تحفۃ القاری

شرح

صحیح البخاری

جلد اوّل

افادات

حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ
شیخ الحدیث وصدر المدرسین دار العلوم دیوبند

ترتیب

مولانا مفتی حسین احمد صاحب پالن پوری
فاضل دار العلوم دیوبند

ناشر
مکتبہ حجاز دیوبند

تفصیلات

نام کتاب : تحفۃ القاری شرح صحیح البخاری جلد اول

افادات : حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم
شیخ الحدیث وصدر المدرسین دارالعلوم دیوبند 09412873888

مرتب : مولانا مفتی حسین احمد صاحب پالن پوری زید مجدہٗ فاضل دارالعلوم دیوبند
09837094794-09897413547
Emil:husaindbd@yahoo.in

سائز : $\frac{۲۰×۳۰}{۸}$

صفحات : ۵۹۲

تاریخ طباعت : باراول ربیع الثانی ۱۴۳۲ ہجری مطابق مارچ ۲۰۱۱ عیسوی

کمپیوٹر کتابت : روشن کمپیوٹرز، محلّہ اندرون کوٹلہ دیوبند

کاتب : مولوی حسن احمد پالن پوری فاضل دارالعلوم دیوبند 09997658227
Mhcamron@gmail.com

پریس : ایچ، ایس پرنٹرس، ۱۴۷ چاندی محل، دریا گنج دہلی (011)23244240
09811122549

ناشر

مکتبہ حجاز دیوبند ضلع سہارن پور۔(یو،پی)

تفصیلی فہرست مضامین عربی

تحفۃ القاری

شرح

صحیح البخاری

شارح

حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ
شیخ الحدیث وصدر المدرسین دار العلوم دیوبند

عربی ابواب کی فہرست

۲– کتاب الإیمان

(۱) مصری نسخہ میں ایک باب زائد ہے، ہندی نسخہ میں وہ پہلے باب میں شامل ہے، اس لئے نمبر ۲ حذف کیا ہے ۱۲

كتابُ العِلْمِ

كتابُ الْوُضُوْءِ



عربی ابواب کی فہرست

۲- کتابُ الْغُسْلِ

كتابُ الْحَيْضِ

كتابُ التَيَمُّمِ

كتابُ الصَّلاَةِ

أَبْوَابُ ثِيَابِ الْمُصَلِّيْ

أَبْوَابُ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ

أَبْوَابُ آدَابِ الْمَسَاجِدِ

كتابُ مَوَاقِيْتِ الصَّلٰوةِ

كتابُ الْأَذَانِ

أَبْوَابُ صَلَاةِ الْجَمَاعَةِ والإِمَامَةِ



عربی ابواب کی فہرست

أبواب صفة الصلاة

كِتَابُ الْجُمُعَةِ

أَبْوَابُ صَلاَةِ الْخَوْفِ

كِتَابُ الْعِيْدَيْنِ

أَبْوَابُ الْوِتْرِ

أَبْوَابُ الإِسْتِسْقَاءِ

أَبْوَابُ الْكُسُوْفِ

أَبْوَابُ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ

أَبْوَابُ تَقْصِيْرِ الصَّلاَةِ

كِتَابُ التَّهَجُّدِ [وَالتَّطَوُّعِ]

كِتَابُ فَضْلِ الصَّلٰوةِ فِيْ مَسْجِدِ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ

أَبْوَابُ الْعَمَلِ فِي الصَّلَاةِ

كِتَابُ السَّهْوِ

كِتَابُ الْجَنَائِزِ

عربی ابواب کی فہرست

بقية كتاب الجنائز

كتابُ الزَّكَاةِ

صَدَقَةُ الْفِطْرِ

كتاب المناسك

أبواب العمرة

بَابُ الْمُحْصَرِ

بَابُ جَزَاءِ الصَّيْدِ وَنَحْوِهِ

فَضَائِلُ الْمَدِيْنَةِ

كتاب الصوم

عربی ابواب کی فہرست

بقية كتاب الصوم

صلاة التراويح

فضل ليلة القدر

أبواب الاعتكاف

كتاب البيوع

كتاب السَّلَم

كتاب الشفعة

كتاب الإجارة

كتاب الحوالة

كتاب الكفالة

كتاب الوكالة

كتاب الحرثِ والمزارعة

کتاب المساقاة

کتاب الإِسْتِقْرَاضِ وأَدَاءِ الدُّيُوْنِ وَالْحَجْرِ وَالتَّفْلِيْسِ

فی الخصومات

كتاب اللقطة

كتابُ الْمَظَالِمِ وَالْقَصَاصِ

كتاب الشركة

كتاب الرهن

كتاب العتق

كتاب المكاتب

كتاب الهبة

عربی ابواب کی فہرست

کتاب الشهادات

كتاب الصلح

كتاب الشروط

كتاب الوصايا

كتاب الجهاد والسِّيَر

كتاب الجهاد (الخمسُ والفيءُ)

كتاب الجهاد (الجزية والموادعة)

كتاب بدء الخلق

كتاب الأنبياء



عربی ابواب کی فہرست

بقية كتاب الأنبياء

كتاب المناقب

ماقبل الهجرة

عربی ابواب کی فہرست

کتاب المغازی

عربی ابواب کی فہرست

کتاب التفسیر

۲- سورۃ البقرۃ

٣- سورةُ آل عِمْرَانَ

٤- سورة النساء

۵- سورة المائدة

٦- سورة الأنعام

٧- سورة الأعراف

٨- سورة الأنفال

٩- سورة براءة

١٠- سورة يونس

١١- سورة هود

١٢- سورة يوسف

١٣- سورة الرعد

١٤- سورة إبراهيم

١٥- سورة الحجر

١٦- سورة النحل

١٧- سورة بنی إسرائيل

١٨- سورة الكهف

۳۰- سورة الروم

۳۱- سورة لقمان

۳۲- تنزيلُ السَّجْدَةِ

۳۳- سورة الأحزاب

۳۴- سورة سَبأ

٣٦- سورة يس

٣٧- سورة الصَّافَّات

٣٨- سورة ص

٣٩- سورة الزُّمَر

٤١- سورة حم السَّجدة

٤٢- سورة الشورى

٤٣- سورة الزُّخْرفِ

٤٤- سورة الدخان

٤٥- سورة الجاثية

٤٦- سورة الأحقاف

٤٧- سورة محمد

٤٨- سورة الفتح

٤٩- سورة الحجرات

٥٠- سورة ق

۵۹– سورة الحشر

٦۰– سورة الممتحنة

٦۱– سورة الصف

٦۲– سورة الجمعة

[٦۳– سُوْرَةُ الْمُنَافِقِيْنَ]

٦۵– سورة الطلاق

۹۲– سورة الليل

۹۳– سورة الضُّحٰى

۹٦– سورة العلق

۹۹– سورة الزلزال

عربی ابواب کی فہرست

کتاب فضائل القرآن

كتاب النكاح

كتاب الطلاق

كتاب النفقات

كتاب الأطعمة

كتاب الْعَقِيْقَة

كتاب الذَّبَائح والصَّيد والتسمية

كتاب الأضاحي

كتاب الأشْرِبَةِ

كتاب المَرْضٰى

كتاب الطب

كتاب اللباس

عربی ابواب کی فہرست

کتاب الأدب

کتاب الاِستیذان

كتاب الدعوات

كتاب الرقاق

كتاب القدر

كتاب الأيمان والنذور

كفارات الأيمان

كتاب الفرائض

كتاب المَرضٰى

كتاب الديات

كتابُ استتابةِ المُعانِدِيْنَ وَالْمُرْتَدِّيْنَ وقِتَالِهم

كتابُ الإكراه

کتابُ الحِیَل

عربی ابواب کی فہرست

کتاب التعبیر

كتاب الفتن

كتاب الأحكام

كتاب التمنى

كتاب أخبار الآحاد

كتاب الاعتصام

كتاب الرد على الجهمية وغيرهم: التوحيد

فہرست مضامین

مقدمہ

بابٌ: كيفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم

كتاب الإيمان

۳-کتابُ العلم

٤ - كتابُ الوضوء

فہرست مضامین

کتاب الغسل

غسل کا بیان

کِتَابُ الْحَیْضِ

حیض کا بیان

کِتَابُ التَّیَمُّمِ

تیمّم کا بیان

کِتَابُ الصَّلاَةِ

نماز کا بیان

أبواب ثِیَابِ الْمُصَلِّی

أَبْوابُ اسْتِقْبالِ الْقِبْلَةِ

أَبْوَابُ آدَابِ الْمَسَاجِدِ

أَبْوَابُ سُتْرَةِ الْمُصَلِّي

کِتَابُ مَوَاقِیْتِ الصَّلاَۃِ

نماز کے اوقات کا بیان

كِتَابُ الْأَذَانِ

اذان کا بیان

أَبْوَابُ صَلاَةِ الْجَمَاعَةِ وَالإِمَامَةِ

جماعت اور امامت کا بیان

فہرست مضامین

أبواب صفة الصلاة

كِتَابُ الْجُمُعَةِ

أَبْوَابُ صَلاَةِ الْخَوْفِ

كِتَابُ الْعِيْدَيْنِ

أَبْوَابُ الْوِتْرِ

أَبْوَابُ الاِسْتِسْقَاءِ

أَبْوَابُ الْكُسُوْفِ

أَبْوَابُ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ

أَبْوَابُ تَقْصِيْرِ الصَّلاَةِ

کِتَابُ التَهَجُّدِ [والتَّطوُّعِ]

نوافل کا بیان

كِتَابُ فَضْلِ الصَّلَاةِ فِيْ مَسْجِدِ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ

أَبْوَابُ الْعَمَلِ فِيْ الصَّلَاةِ

كِتَابُ السَّهْوِ

كِتَابُ الْجَنَائِزِ

فہرست مضامین

باقی کتاب الجنائز

کِتَابُ الزَّکَاۃِ

كتاب المناسك

أَبْوَابُ الْعُمْرَةِ

بَابُ الْمُحْصَرِ

بَابُ جَزَاءِ الصَّيْدِ وَنَحْوِهِ

فَضَائِلُ الْمَدِيْنَةِ

كتاب الصوم

فہرست مضامین

باقی کتاب الصوم

فضيلة ليلة القدر

أبواب الاعتكاف

کتاب البیوع

كتاب السَّلَمِ

کتابُ الشُّفْعَةِ

کتاب الإِجَارَةِ

کتاب الحوالۃ

کتاب الکفالۃ

کتاب الوکالۃ

كتابُ الْحَرْثِ وَالْمُزَارَعَةِ

كتابُ الْمُسَاقَاةِ

كتاب الِاسْتِقْرَاضِ وأَدَاءِ الدُّيُوْنِ وَالْحَجْرِ وَالتَّفْلِيْسِ

فِی الْخُصُوْمَاتِ

كتاب اللُّقَطَةِ

كتاب المظالم والقصاص

کتاب الشرکة

کتاب الرہن

کتاب العتق

کتاب المکاتب

کتاب الھبۃ

فہرست مضامین

کتاب الشھادات

كتاب الصلح

کتاب الشروط

کتاب الوصایا

كتاب الجهاد والسِّيَر

کتاب الجهاد (الخمسُ و الفیءُ)

کتاب الجهاد (الجزية والموادعة)

کتاب بدء الخلق

کتاب الأنبیاء

فہرست مضامین

باب(۵۰): بنی اسرائیل کے واقعات

کتاب المناقب

فضائل الصحابة

فہرست مضامین

کتاب المغازی
(ما بعدَ الھجرۃ)

مہماتِ نبوی ﷺ
(ہجرت کے بعد کے احوال)

یہود کے احوال وانجام

غزوۂ احد

دو دردناک حادثے
رجیع کا حادثہ اور بیر معونہ کا المیہ

غزوۂ احزاب یا غزوۂ خندق مع غزوۂ بنو قریظہ

غزوہ ذات الرقاع

غزوۂ بنی المصطلق یا غزوۂ مریسیع

غزوۂ حدیبیہ (صلح حدیبیہ)

غزوۂ خیبر

غزوۂ موتہ

غزوۂ فتح مکہ

غزوۂ حنین

حجۃ الوداع: نبی ﷺ کا آخری حج

غزوۂ تبوک

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری اور دنیا سے تشریف بری

فہرست مضامین

کتاب التفسیر

۱- سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

۲- سورۃ البقرۃ

۳- سورۃ آل عمران

٤ – سورة النساء

۵ — سورة المائدة

٦- سورة الأنعام

۷- سورة الأعراف

۸- سورة الأنفال

۹- سورة بَراءة

۱۰ — سورۃ یونس

۱۱ — سورۃ ھود

۱۲ – سورة يوسف

۱۳ – سورة الرعد

۱٤ – سورة إبراهيم

۱٥ – سورة الحجر

۱٦ – سورة النحل

۱۷ – سورة بني إسرائيل

۱۸ – سورة الكهف

۱۹ – سورة مريم

۲۰ – سورة طٰه

۲۱ – سورة الأنبياء

۲۲ – سورة الحج

۲۴ – سورة النور

۲۵ – سورة الفرقان

۲۶ – سورة الشُّعراء

۲۸ – سورة القصص

۳۰ – سورة الروم

۳۱ – سورة لقمان

۳۲ – سورۃ تنزیلِ السَّجْدَۃِ

۳۳ –سورۃ الأحزاب

۳٤ – سورۃ سَبأ

۳٦ – سورۃ یس

۳۷ – سورۃ الصَّافَات

۳۸ – سورۃ ص

۳۹ – سورۃ الزُّمَر

٤٠ – سورۃ المؤمن

٤١ – سورۃ حم السَّجدۃ

٤٢ – سورۃ الشوریٰ

٤٤ – سورۃ الدخان

٤٥ – سورة الجاثية

٤٦ – سورة الأحقاف

٤٧ – سورة محمد

٤٨ – سورة الفتح

٤٩ – سورة الحجرات

٥٠ – سورة ق

۵۱– سورۃ الطور

۵۳– سورۃ النجم

۵۴– سورۃ القمر

۵۵– سورۃ الرحمن

٥٦– سورة الواقعة

٥٩– سورة الحشر

٦٠– سورة الممتحنة

٦١– سورة الصف

٦٢– سورة الجمعة

٦٣– سورة المنافقين

٦٥ – سورة الطلاق

٦٦ – سورة التحريم

٦٨ – سورة القلم

٧١ – سورة نوح

٧٢ – سورة الجن

۹۱- سورة الشمس

۹۲- سورة الليل

۹۳- سورة الضحى

۹٦- سورة العلق

۹۸- سورة البينة

۹۹- سورة الزلزال

۱۰۹– سورة الكافرون

۱۱۰– سورة النصر

۱۱۲– سورة الصمد

۱۱۳ – سورة الفلق

۱۱٤– سورة الناس



فہرست مضامین

کتاب فضائل القرآن

کتاب النکاح

کتاب الطلاق

کتاب النفقات

كتاب الأطعمة

کتاب العقيقة

كتاب الذَّبائح والصَّيد والتسمية

كتاب الأضاحي

کتاب الأشربة

کتاب المرضیٰ

کتاب الطب

كتاب اللباس



فہرست مضامین

کتاب الأدب

کتاب الاِستیذان

کتاب الدعوات

کتاب الرقاق

کتاب الحوض

کتاب القدر

كتاب الأيمان والنذور

قسموں اور منتوں کا بیان

كَفَّارَاتُ الأَيْمَانِ

كتاب الفرائض

کتاب الحدود

کتاب الدِّیَاتِ

كتابُ استتابَة المُعانِدِيْنَ وَالْمُرْتَدِّيْنَ وقِتَالِهم

كتاب الإكراه

کسی کام کے کرنے پر یا کسی بات کے بولنے پر مجبور کرنا

كتاب الحِيل

بچنے کی تقدیریں



فہرست مضامین

کتاب التعبیر
خواب کا مطلب بتانا

کتاب الفِتَنِ
آزمائشیں

كتاب الأحكام

حکومت کے احکام

كتاب التَّمَنِّىْ
آرزو کرنا

كتاب أخبار الآحاد
غیر متواتر حدیثوں سے استدلال کرنا

کتاب الاعتصام

دین کو مضبوط پکڑنا

کتاب الرد علی الجهمية وغيرهم: التوحيدِ

جہمیہ وغیرہ (معتزلہ) کی تردید

اللہ تعالیٰ کے لئے صفات کا ثبوت توحید کے منافی نہیں

تقریب اختتام

اللہ حافظ !

عرضِ مرتب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین، والعاقبة للمتقین، والصلوة والسلام علی سید الأنبیاء والمرسلین، وعلی آلہ وأصحابہ وأزواجہ وذریاتہ وعلماء أمتہ أجمعین، أما بعد:

علوم اسلامیہ کا سرچشمہ اور دین وشریعت کی اصل واساس قرآن مجید ہے۔ اور احادیثِ مبارکہ اس کی تبیین وتشریح اور توضیح وتفسیر ہیں، ان کے بغیر نہ آیات مبارکہ کے شانِ نزول اور مطالب ومقاصد تک رسائی ممکن ہے اور نہ اجمال کی تشریح، عموم کی تخصیص اور مبہم کی تفصیل ممکن ہے، اسی لئے مسلمانوں نے آغازِ اسلام ہی سے قرآنِ کریم کے بعد سب سے زیادہ توجہ احادیثِ شریفہ کی طرف مبذول کی ہے، اور حضور اقدس ﷺ کی حیاتِ طیبہ کے ہر گوشے اور ہر خدوخال کو کمال دیانت واحتیاط سے محفوظ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ اور ہر اس علم کی حفاظت وتدوین، نقل واشاعت، جمع وترتیب اور ضبط واتقان کی طرف خصوصی توجہ مبذول کی ہے جس کا کوئی رشتہ علم حدیث سے ہے، اور پوری جان کاہی، قابلیت، عقیدت اور اخلاص کے ساتھ اس کی ایسی خدمت کی ہے کہ جس کی آج تک کوئی مثال ہے نہ نظیر، اور نہ آئندہ ہوگی۔

خدامِ حدیث کے اس زمرہ میں ایک وقیع نام محدثِ جلیل متکلم اسلام، فقیہ النفس حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم ومدت فیوضہم (شیخ الحدیث وصدر المدرسین دارالعلوم دیوبند) کا بھی آتا ہے، جن کی تقریر بخاری کی یہ پہلی جلد بنام 'تحفۃ القاری' ہدیۂ ناظرین کی جارہی ہے، حضرت موصوف کو اللہ عزوجل نے بیان وتوضیح کا ایک خاص ملکہ عطا فرمایا ہے، آپ مشکل مسائل کو تقریر وتحریر کے ذریعہ نہایت عمدہ طریقہ پر ذہن نشین کردیتے ہیں، آپ کا ذوق لطیف، طبیعت سادہ اور نفیس ہے، مزاج میں استقلال واعتدال ہے۔ اور حق وباطل اور صواب وخطا کے درمیان امتیاز کرنے کی وافر صلاحیت رکھتے ہیں، اور حقائق ومعارف کے ادراک میں یکتائے زمانہ ہیں، موصوف کو خداوند قدوس نے ذکاوتِ طبع، ذہنِ رسا اور فطری سلامت روی کا جوہر عطا فرمایا ہے، اور علمی ریاضت سے قلبی فراست اور فرقانی قوت بھی عطا فرمائی ہے۔ اسی وجہ سے آپ کی ذات میں علم کے ساتھ معرفت، تبحر کے ساتھ

تفقہ اور دراست کے ساتھ علمی لطافتیں جمع ہیں، آپ قرآن وسنت کے غواص ہیں، آپ کو علوم نقلیہ کے ساتھ علوم عقلیہ میں بھی کمال حاصل ہے، اسی لئے آپ کی زبان وقلم سے نقلی مسائل بھی عقلی اور استدلالی رنگ اختیار کرلیتے ہیں۔ آپ امام اکبر، مسند الہند حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ کے سب سے بڑے شارح ہیں۔ اور ازہر الہند دارالعلوم دیوبند میں بیس سال تک آپ نے حجۃ اللہ البالغہ کا کامیاب درس دیا ہے، اور رحمۃ اللہ الواسعہ کے نام سے پانچ ضخیم جلدوں میں حجۃ اللہ البالغہ کی شرح لکھی ہے جو مطبوعہ ہے اور مقبول عام وخاص ہے، اس لئے حکمت شرعیہ سے بھی آپ کو حظ وافر حاصل ہے۔ دین کا کوئی کیسا ہی مسئلہ ہو، دقیق ہو یا رقیق، آپ اس کی ایسی دلنشیں حکمت بیان فرماتے ہیں کہ طبیعت عش عش کرنے لگتی ہے، چنانچہ موصوف کا ہر درس، ہر تقریر اور ہر تحریر علمی نکات ولطائف اور اسرار وحکم سے لبریز ہوتی ہے۔ موصوف آیاتِ قرآنیہ اور احادیث نبویہ کے رازوں سے اس طرح پردہ اٹھاتے ہیں کہ محسوس ہوتا ہے جیسے علوم وفنون کا ایک بحر ذخار موجزن ہے، خداوند قدوس نے آپ کو رسوخ فی العلم کے ساتھ مرتب گفتگو کا سلیقہ بھی عطا فرمایا ہے، آپ کا طرزِ تدریس، افہام وتفہیم کا انداز اور مشکل سے مشکل مباحث کو سہل انداز میں پیش کرنے کا سلیقہ: منفرد اور ممتاز ہے، آپ کی ہر تحریر اور ہر تقریر حسن ترتیب اور مشکل کو آسان بنانے میں شاہکار کی حیثیت رکھتی ہے، اور گنجینۂ علم وحکمت ہوتی ہے۔

حضرت الاستاذ دامت برکاتہم کو خداوند قدوس نے طویل تدریس کا موقع عنایت فرمایا ہے، نصف صدی سے زائد تدریسی تجربہ رکھتے ہیں، اور چالیس سال سے ایشیاء کی عظیم دینی درسگاہ دارالعلوم دیوبند میں تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں، اور علوم وفنون میں بھی طالبان علوم نبوت کو سیراب کرتے رہے ہیں، آپ کا انداز خطابت نہایت مؤثر، درس نہایت مقبول اور عام فہم ہے، بالخصوص حدیث شریف کا سبق خصوصی شان کا حامل ہے۔ اس کی سب سے بڑی شہادت دورۂ حدیث کے طلبہ کی موصوف کے ساتھ گرویدگی ہے، آپ نے تیس سال مسلسل ترمذی شریف کا کامیاب درس دیا ہے، جو مرتب ہوکر بنام 'تحفۃ الالمعی' دادِ تحسین حاصل کرچکا ہے، اور مقبول عام وخاص ہے۔ یہ شرح اپنی ظاہری ومعنوی خوبیوں کی وجہ سے بےنظیر وبےبہا ہے، اور حضرت والا کی للّٰہیت عشقِ نبوی اور زندگی بھر کی علمی وعملی کاوشوں اور وسیع تر مطالعہ کا ثمرہ ہے۔

حضرت الاستاذ دامت برکاتہم نے ۱۴۰۲ھ میں جو کیمپ کا سال تھا، جب قضیہ نامرضیہ پیش آیا، بخاری شریف جلد ثانی پوری پڑھائی تھی، پھر ۱۴۰۵ھ میں جب سابق شیخ الحدیث حضرت الاستاذ مولانا نصیر احمد خان صاحب رحمہ اللہ کی آنکھوں کا آپریشن ہوا، اور موصوف نے طویل رخصت لی تو مجلسِ تعلیمی نے بخاری شریف جلد اول کا سبق حضرت والا کو سونپا، اس وقت حضرت اقدس مولانا ریاست علی صاحب بجنوری دامت برکاتہم ناظم تعلیمات تھے، اس تجویز کی نقل

حسب ذیل ہے:

حضرتِ محترم مولانا سعید احمد صاحب! زید مجدکم

سلام مسنون: حضرت مولانا نصیر احمد صاحب زید مجدہم کی تحریر پر غور وخوض کے بعد مجلسِ تعلیمی منعقدہ ۱۸-۱-۱۴۰۵ھ نے بخاری شریف جلد اول کا سبق عارضی طور پر آں محترم سے متعلق کیا ہے، ساعت چہارم میں شروع فرمادیں، دعا ہے کہ خداوند قدوس علم وعمل میں ترقی عطا فرمائے، آمین (حضرت مولانا) ریاست علی (صاحب) ۱۸-۱-۱۴۰۵ھ

اگلے سال حسب معمول حضرت مولانا نصیر احمد خان صاحب رحمہ اللہ نے بخاری شریف پڑھائی، پھر ۱۴۲۹ھ میں حضرت رحمہ اللہ نے علالت کی وجہ سے تدریس سے معذرت کی اور صدارت سے بھی سبک دوشی حاصل کی تو مجلسِ تعلیمی نے پھر حضرت والا ہی کو بخاری شریف جلد اول کا سبق سپرد کیا۔ اس وقت ناظم تعلیمات حضرت مولانا سید ارشد مدنی صاحب دامت برکاتہم تھے، تجویز کی نقل درج ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترم المقام حضرت مولانا سعید احمد صاحب زیدت معالیکم

سلام مسنون: حضرت مولانا نصیر احمد خان صاحب مدظلہ صدر المدرسین کی تحریر گرامی جس میں حضرت نے بوجہ علالت بخاری شریف کے درس سے معذرت کی ہے مجلسِ تعلیمی میں پیش ہوئی، مجلس تعلیمی نے طے کیا ہے کہ چونکہ حضرت صدر صاحب مدظلہ نے گذشتہ بیماری میں بھی بخاری شریف کا درس آپ سے متعلق کردیا تھا، اس لئے مجلس تعلیمی نے بخاری شریف جلد اول کا درس آپ سے متعلق کیا ہے۔ مورخہ ۱۷ربیع الاول ۱۴۲۹ھ چہارشنبہ سے آں جناب بخاری شریف جلد اول کا سبق ساعت چہارم میں شروع فرماکر ممنون فرمائیں، نوازش ہوگی۔ والسلام

(حضرت مولانا سید) ارشد (صاحب) ۱۶-۳-۱۵۲۹ھ

پھر اسی سال شعبان میں جب مجلسِ شوری کا اجلاس ہوا تو مؤقر شوری نے اس تجویز کی توثیق کی، اور شیخ الحدیث کے منصب کے ساتھ صدر المدرسین کے عہدۂ جلیلہ کے لئے بھی آپ کا انتخاب فرمایا، اس تجویز کا متن حسب ذیل ہے:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرم ومحترم حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب زید مجدکم العالی

السلام علیکم ورحمۃ وبرکاتہ

خدا کرے مزاج عالی بعافیت ہو۔ اطلاعاً تحریر ہے کہ مجلسِ شوری منعقدہ ۲۱رشعبان المعظم ۱۴۲۹ھ نے اپنی پہلی نشست میں جناب والا کو دارالعلوم دیوبند کا صدر المدرسین منتخب کیا ہے۔ حسب دستور دارالعلوم دیوبند کا صدر المدرسین بحیثیتِ عہدہ مجلس شوری کا رکن ہوتا ہے، اس لئے جناب والا آئندہ مجلس شوری کے جلسوں میں شرکت

فرمائیں گے۔شوریٰ کی اگلی نشست ان شاء اللہ آج ہی بعد نماز مغرب متصلاً مہمانخانہ دارالعلوم میں منعقد ہوگی، جناب اس میں شرکت فرمائیں۔فقط والسلام،مرغوب الرحمٰن عفی عنہ مہتمم دارالعلوم دیوبند

اس وقت سے آج تک حضرت والا برابر بخاری شریف جلد اول کا درس دے رہے ہیں، اور صدارت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ موصوف کی عمر میں برکت عطا فرمائیں اور ان کے فیوض وبرکات کو عام وتام فرمائیں، آمین یارب العالمین!

سن ۱۴۲۹ھ میں حضرت مدظلہ نے بخاری شریف کتاب التہجد سے شروع فرمائی تھی، یہاں تک حضرت مولانا نصیر احمد خان صاحب رحمہ اللہ نے پڑھائی تھی، اسی وقت سے حضرت والا کے احباب وتلامذہ اصرار کر رہے تھے کہ ترمذی شریف کی طرح بخاری شریف کا درس بھی مرتب ہوکر شائع ہو، تاکہ آپ کے فیوض عام وتام ہوں، اور آنے والی نسلیں قیامت تک ان سے مستفیض ہوں، مگر چونکہ درس درمیان سے شروع ہوا تھا، اس لئے درخواست قبول کرنے کی کوئی صورت نہیں تھی، پھر اگلے سال با قاعدہ اسباق ریکارڈ کئے گئے، مگر کسی وجہ سے ترتیب کا کام شروع نہ ہوسکا۔

امسال احقر نے حضرت والد صاحب کے حکم سے درس وتدریس موقوف کر کے سبق میں پابندی کے ساتھ حاضر رہ کر با قاعدہ بخاری شریف پڑھی، اور برادر محترم مولوی محمد توصیف مظفر پوری نے جو دارالعلوم دیوبند کے فاضل ہیں اسباق ریکارڈ کئے اور ٹیپ سے حرف حرف نقل کر کے احقر کو دیئے، میں نے ان کو مرتب کیا اور دورانِ درس جن کتب حدیث اور کتبِ فقہ کا حوالہ آیا ان کی مراجعت کر کے بقید صفحات بین القوسین حوالے درج کئے، تاکہ مراجعت میں سہولت ہو، پھر مسودہ حضرت والد صاحب کی خدمت میں پیش کیا، آپ نے اس کو پڑھا اور حذف واضافہ کر کے قابل اشاعت بنایا۔

حضرت الاستاذ دامت برکاتہم درس میں سنت کے مطابق ٹھہر ٹھہر کر کلام فرماتے ہیں اور دقیق مضامین دو تین بار بیان فرماتے ہیں کبھی بلفظہ مکرر بیان کرتے ہیں اور کبھی الفاظ بدل کر مضمون دوہراتے ہیں، نبی ﷺ کا بھی یہی طریقہ تھا، اس لئے دقیق علمی مضامین بھی قابل فہم بن جاتے ہیں، اور ائمہ سلف، ائمہ مجتہدین اور محدثین کرام کا ذکر انتہائی ادب وعظمت کے ساتھ کرتے ہیں، اور فقہاء کے مذاہب اور دلائل کی وضاحت میں جو طریقہ اختیار فرماتے ہیں وہ عام فہم ہونے کے ساتھ انوکھا بھی ہوتا ہے۔حضرت موصوف اقوال مختلفہ کی تنقیح اس انداز سے کرتے ہیں کہ ہر امام کا قول حدیث شریف سے قریب نظر آتا ہے۔عام طور پر درس میں مجتہدین کے مذاہب میں تقابل اور ترجیح قائم کی جاتی ہے، اور ائمہ کے مذاہب وادلہ بیان کرتے وقت بعض مرتبہ اعتدال قائم نہیں رہتا۔حضرت الاستاذ اس کو پسند نہیں کرتے، وہ

فرمایا کرتے ہیں کہ جب چاروں مذاہب برحق ہیں تو ان میں ترجیح قائم کرنے سے کیا فائدہ؟ حق بہر حال حق ہے، اس میں تشکیک اور مراتب نہیں، البتہ یہ ضروری ہے کہ اختلاف کی بنیاد نکھاری جائے، کیونکہ مجتہدین امت کے سامنے سارے دلائل ہیں، ان کے سامنے ایک طرفہ دلائل نہیں ہیں، پھر اختلاف کیوں ہوا؟ اس کی کوئی وجہ ہونی چاہئے، اس لئے حضرت مدظلہ ایسا طریقہ اختیار فرماتے ہیں کہ ائمہ کرام کے دلائل بھی سامنے آجاتے ہیں، اور اختلاف کی بنیاد بھی نکھر جاتی ہے۔ اور ائمہ حق کا مقام ومرتبہ بھی ملحوظ رہتا ہے، اور پڑھنے والا یہ محسوس کرتا ہے کہ یہ تمام راستے ایک ہی منزل کی طرف رواں دواں ہیں، اور چلنے والا جس راہ کو بھی اختیار کرے گا منزل مقصود تک پہنچ جائے گا۔

حدیث پڑھانے والوں کی ایک عادت یہ چلی آرہی ہے کہ سال کے شروع میں اتنی لمبی تقریریں کرتے ہیں کہ زیادہ تر تطویل کی وجہ سے طلبہ کے لئے غیر مفید اور نا قابل فہم ہوتی ہیں، اور سال کے آخر میں چونکہ کتاب کا اکثر حصہ باقی رہ جاتا ہے، اور ختم کرانا ضروری ہوتا ہے اس لئے اتنی مختصر تقریر ہوتی ہے کہ اختصار کی وجہ سے طلبہ کے پلّے کچھ نہیں پڑتا، بلکہ بعض اوقات تو صرف عبارت خوانی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ حضرت والد صاحب کے درس کی ایک اہم خوبی یہ ہے کہ پورا سال درس اس ٹھہراؤ اور ترتیب سے ہوتا ہے کہ کتاب بحسن وخوبی مکمل ہوجاتی ہے، یہ نہیں ہوتا کہ بعض مشہور مباحث میں اتنا وقت صرف کر دیا جائے کہ دوسرے مباحث اور بقیہ کتاب کے لئے وقت باقی نہ رہے اور صرف ورق گردانی کرکے بقیہ کتاب پوری کردی جائے۔

اور موصوف کے درس کی دوسری خوبی یہ ہے کہ آپ جو بھی کتاب پڑھاتے ہیں اس کا ایک ایک حرف حل کرتے ہیں، کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں چھوڑتے، امسال حضرت مدظلہ نے بخاری شریف کی عبارت خود ہی پڑھی ہے، تاکہ صحیح اعراب ریکارڈ ہوجائیں، اور کوئی بات تشنہ نہ رہے، جب طالب علم عبارت پڑھتا ہے تو بار بار روک کر ہر ہر لفظ کی وضاحت نہیں کی جاسکتی۔ اس لئے آپ نے خود عبارت پڑھی اور ہر عبارت کی ضروری وضاحت کی۔ اس لئے احقر نے باب سے متعلق تقریر لکھنے کے بعد عبارت صحیح اعراب کے ساتھ رکھی ہے، پھر حضرت الاستاذ کی وہ وضاحتیں درج کی ہیں جو عبارت خوانی کے ضمن میں آئی ہیں، ان شاء اللہ اس سے طلبہ کو فائدہ پہنچے گا۔

شرح کے چند امتیازات:

۱- بخاری شریف کے تراجم دقیق ہیں، ان کے ضمن میں امام بخاری رحمہ اللہ اپنا فقہی مسلک بھی بیان فرماتے ہیں، کیونکہ آپ مجتہد ہیں، اور ابواب واحادیث کے درمیان گہرا تعلق ہوتا ہے، اس لئے بخاری شریف میں تراجم اور احادیث کے درمیان تطبیق معرکۃ الآراء مسئلہ سمجھا جاتا ہے، حضرت الاستاذ نے اس پہلو کو خاص طور پر اجاگر کیا ہے، ہر ترجمہ کا مقصد

امام بخاری رحمہ اللہ کا مسلک اور ابواب واحادیث کا باہمی ربط خاص طور پر واضح فرمایا ہے اور اس پر محققانہ کلام کیا ہے۔

آپ نے بخاری شریف فخر المحدثین حضرت مولانا فخر الدین احمد صاحب مرادآبادی قدس سرہ (سابق شیخ الحدیث وصدر المدرسین دارالعلوم دیوبند) سے پڑھی ہے۔ حضرت فخر المحدثین قدس سرہ کو دو باتوں میں کمال حاصل تھا۔ ایک: بخاری شریف کی کتابوں اور ابواب کے درمیان ربط قائم کرنا، دوم: ہر باب کا مقصد متعین کرنا اور باب کی حدیثوں کو اس پر منطبق کرنا۔ پہلے موضوع پر حضرت مرادآبادی کی ایک مطبوعہ تصنیف ہے، جس کا نام ہے: القول الفصیح بِنَضْدِ أبوابِ الصحیح: نضد کے معنی ہیں: جوڑنا، یعنی بخاری شریف کی کتب وابواب میں ربط بیان کیا ہے یہ قیمتی کتاب مطبوعہ ہے مگر کبریت احمر ہے، اور دوسرے موضوع پر بھی حضرتؒ کی تصنیف دو جلدوں میں چھپی ہوئی ہے جو ابواب الحج کے ختم تک ہے، اس میں مقاصد ابواب، اور حدیثوں کا باب سے ربط بیان کیا ہے۔ اس کا نام القول النصیح فی مقاصد أبواب الصحیح ہے، اس کی جلد اول حضرت مرادآبادی رحمہ اللہ نے خود شائع کی تھی جو کتاب الطہارہ تک ہے، اور دوسری جلد ۱۴۰۵ھ میں جب حضرت الاستاذ نے بخاری شریف کی جلد اول پڑھائی تو اس کا مسودہ حضرت مولانا ریاست علی صاحب مدظلہ سے لے کر شائع فرمایا مگر وہ بھی اب کبریت احمر ہے۔ یہ کتاب حضرت الاستاذ کے مطالعہ میں رہتی ہے، اور آپ حضرت مرادآبادی قدس سرہ کی خوشہ چینی کرتے ہیں، اس لئے بہت سے ابواب میں آپ کو حضرت مرادآبادی قدس سرہ کی جھلک نظر آئے گی، غرض مقاصد ابواب میں اگر کوئی خوبی نظر آئے تو وہ دراصل حضرت مرادآبادی قدس سرہ کی مرہون منت ہے۔

۲- ایمانیات میں جو مسائل اہل السنہ والجماعہ کے درمیان اختلافی ہیں ان کی ایسی دلنشیں وضاحت فرمائی ہے کہ اختلاف کی بنیاد اور وجوہات واضح ہوجاتی ہیں، اور قاری یہ محسوس کرتا ہے کہ اہل حق کے درمیان اختلاف محض لفظی ہے، حقیقی اختلاف فرق باطلہ کے ساتھ ہے، آپ نے فرق باطلہ کا تعارف کرایا ہے اور ان کی گمراہی کے اسباب پر محققانہ کلام فرمایا ہے۔

۳- کتاب کے شروع میں ایک طویل مقدمہ ہے، حقیقت یہ ہے کہ یہ مقدمہ خود ایک مکمل کتاب کی حیثیت رکھتا ہے، اور بڑی قیمتی اور نایاب معلومات وتحقیقات پر مشتمل ہے۔ حضرت مدظلہ نے حدیث کی حیثیت وحجیت، اس کی تدوین وترتیب کے تاریخی مراحل، حجازی اور عراقی مکاتبِ فکر کی تاریخ، جمع قرآن وجمع حدیث کی تاریخ بڑے اچھے انداز میں بیان فرمائی ہے، اور دیگر بہت سے اہم، معرکۃ الآراء، پیچیدہ اور مختلف فیہ مسائل پر نہایت محققانہ کلام فرمایا ہے۔ خاص طور پر تقلید کی ضرورت واہمیت پر موصوف نے اعلی اور استدلالی انداز میں روشنی ڈالی ہے، اور اجماع وقیاس کی واقعی حیثیت اور وحی اور صاحب وحی کے مقام پر جس علمی انداز میں بحث کی ہے وہ بصیرت پیدا کرنے والی باتیں ہیں۔ اور علماء کے لئے عام طور پر اور طلبہ کے لئے خاص طور قیمتی سوغات ہیں۔

۴- بخاری شریف کے ہندوستانی نسخہ میں عبارت قدیم طرز پر چھپی ہوئی ہے، کچھ پتا نہیں چلتا کہ بات کہاں سے شروع ہوتی ہے اور کہاں ختم ہوتی ہے، ہم نے متن مصری نسخہ کا رکھا ہے، مگر اس کو ہندی نسخہ کے مطابق کیا ہے اور مصری نسخہ کی ترقیم کی پیروی کی ہے، کیونکہ وہی ترقیم شائع ذائع ہے، البتہ مصری نسخہ میں بعض حدیثیں زائد ہیں اور بعض حدیثیں ہندوستانی نسخہ میں زائد ہیں، مصری نسخہ میں جو زائد حدیثیں ہیں ان کو حذف کیا ہے اور ان کا نمبر بھی حذف کیا ہے اور ہندوستانی نسخہ میں جو زائد حدیثیں ہیں ان کو شامل کیا ہے، کیونکہ ہمارے دیار میں یہی نسخہ رائج ہے اور ان پر بٹا لگا کر نمبر ڈالے ہیں، نیز عبارتوں کو جدا جدا کیا ہے، اس سے بھی ان شاء اللہ کتاب فہمی میں مدد ملے گی۔

۵- بخاری شریف کے شروع میں طویل گفتگو کا معمول نہیں۔ بڑے بڑے عربی شراح بھی معمولی خطبہ لکھ کر کتاب شروع کر دیتے ہیں، مگر حضرت الاستاذ سال کے شروع میں پندرہ دن مسلسل تمہیدی باتیں کرتے ہیں اور اس کی وجہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ جو طلبہ مشکوٰۃ سے دورہ میں آتے ہیں ان کا علمی مستوی فروتر ہوتا ہے۔ جب کہ دورہ میں دقیق ابحاث سے ان کو سابقہ پڑتا ہے۔ اس لئے حضرت الاستاذ فن حدیث سے متعلقہ مباحث بہت تفصیل سے بیان کرتے ہیں تا کہ طلبہ کا ذہنی معیار بلند ہو، اور وہ دورہ کی ابحاث سے کما حقہ فائدہ اٹھا سکیں۔

۶- پہلے طلبہ جید الاستعداد ہوتے تھے، احادیث سمجھے ہوئے ہوتے تھے، اس لئے اکابرین کی توجہ مقصد باب اور باب کے ساتھ حدیث کی تطبیق کی طرف زیادہ رہتی تھی، حدیثوں کی شرح عام طور پر نہیں کی جاتی تھی۔ حضرت شیخ الہند قدس سرہ کی بخاری شریف کی جو تقریریں چھپی ہوئی ہیں اور فیض الباری کے ملاحظہ سے یہ بات آشکارا ہے، مگر اب دور بدل گیا ہے، کچھ طلبہ تو اب بھی حدیثیں سمجھے ہوئے ہوتے ہیں مگر عام طلبہ کو حدیث سمجھانی پڑتی ہے، جبھی ان کی سمجھ میں حدیث کی باب سے تطبیق آسکتی ہے، اس لئے حضرت الاستاذ ہر حدیث کی وضاحت فرماتے ہیں تا کہ ہر طالب علم سبق سے کما حقہ فائدہ اٹھائے، جو حدیثیں مکرر آتی ہیں ان کو تو بار بار نہیں سمجھاتے مگر جب حدیث پہلی مرتبہ آتی ہے تو پوری وضاحت کے ساتھ حدیث سمجھاتے ہیں، یہ بھی اس تقریر کی ایک خصوصیت ہے۔

یہ شرح کے چند واضح امتیازات میں جو عرض کئے گئے، ان کے علاوہ بھی قارئین بہت سی خوبیاں پائیں گے۔

حضرت والا کی سبق میں پابندی سبق آموز ہے، ابتداء وانتہاء میں منٹ منٹ کا لحاظ فرماتے ہیں، نہ ذرا دیر پہلے سبق شروع فرماتے ہیں اور نہ دیر تک جاری رکھتے ہیں، اور دورانِ سبق صرف سبق پڑھاتے ہیں ادھر اُدھر کی باتوں سے گریز کرتے ہیں، البتہ طلبہ کی اصلاح سے متعلق کوئی بات ہو تو نصیحت فرماتے ہیں اور کسی ملامت کرنے والے کی پرواہ نہیں کرتے، اور ایمان واخلاص، فکر آخرت اور اصلاح وتربیت میں رسماً آگے بڑھنے کے بجائے نہایت دل سوزی اور مؤثر انداز میں اصلاح وتربیت کی طرف اشارہ فرماتے ہیں، اگر سبق کے دوران سہو ہو جائے تو متنبہ ہونے پر بلا تکلف رجوع

فرمالیتے ہیں، کبھی دوسرے دن آکر رجوع فرماتے ہیں، اور فرماتے ہیں کہ میں نے فلاں بات غلط کہی تھی، صحیح بات یہ ہے۔ اور حضور اقدس ﷺ سے عشق ایسا ہے کہ صاف صاف درود شریف پڑھتے ہیں اور طلبہ کو بار بار اس کی نصیحت فرماتے ہیں۔ اور جلدی درود پڑھنے پر ناگواری کا اظہار فرماتے ہیں اور ہر بار درود شریف پڑھنے کی تاکید فرماتے ہیں۔

فن خطابت میں بھی اللہ عزوجل نے حضرت والا کو منفرد سلیقہ مرحمت فرمایا ہے، ملک و بیرون ملک میں آپ کے تبلیغی اور اصلاحی اسفار برابر جاری رہتے ہیں مگر سبق کے ایام میں آپ عام طور پر معذرت کر لیتے ہیں اور بدرجۂ مجبوری سفر کرنے کی صورت میں دیگر اوقات میں تلافی مافات کرتے ہیں۔

آج احقر کے جسم کا رواں رواں منعم حقیقی، رب کریم کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہے کہ اس نے اس ناکارہ کو ناکارگی اور تساہلی کے باوجود حضرت اقدس مدظلہ کے دروس بخاری شریف کے مجموعہ کی پہلی جلد بنام 'تحفۃ القاری' ہدیہ ناظرین کرنے کی سعادت بخشی۔ اور حضرت والا کے ہزاروں محبین ومتوسلین کی دیرینہ خواہش پوری فرمائی۔ اس عظیم نعمت پر رب کریم کا جس قدر شکر ادا کیا جائے کم ہے۔

میں نے اس بات کی پوری کوشش کی ہے کہ کتاب میں کوئی جگہ تشنہ نہ رہے، اگر میں اس مقصد میں کسی درجہ کامیاب ہوا ہوں تو وہ اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم اور حضرت الاستاذ کا فیض ہے اور اگر کسی جگہ کوئی غلطی ہوگئی ہے تو درگذر فرمائیں اور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اس کی اصلاح کردی جائے۔ وما توفیقی إلا باللہ علیه توکلت وإلیه أنیب، وصلی اللہ علی النبی الکریم وعلی آله وصحبه أجمعین۔

کتبہ

حسین احمد عفا اللہ عنہ پالن پوری

ابن

حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری

۱۸ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ = مطابق ۲۲ فروری ۲۰۱۱ء بروز منگل



احادیث کے حوالوں کی وضاحت

حدیثوں کے آخر میں دو طرح کے حوالے آتے ہیں:

۱- حدیث کے بعد اُنْظُرْ ہوتا ہے، پھر اس کے بعد ایک یا زیادہ نمبر ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے، اور آگے اِن اِن نمبروں پر آئے گی، جیسے پہلی حدیث کے بعد انظر ہے، پھر چھ نمبرات ہیں یعنی إنما الأعمال بالنيات آگے چھ جگہ اور آئے گی، یہ حدیث بخاری شریف میں کل سات جگہ آئی ہے۔ اور اگر کوئی حدیث ایک ہی جگہ آئی ہے تو اس کے بعد کوئی حوالہ نہیں ہوگا، جیسے حدیث نمبر ۹ کے بعد کوئی حوالہ نہیں، کیونکہ وہ ایک ہی جگہ آئی ہے۔

۲- حدیث کے بعد رَاجِعْ (رجوع کرو) ہوتا ہے، اس کے بعد ایک نمبر ہوتا ہے، جیسے حدیث نمبر ۲۱ کے بعد رَاجع ہے، پھر نمبر ۱۶ ہے۔ رَاجَعَ فلاناً في أمر کے معنی ہیں: رجوع کرنا، مڑنا، پلٹنا، یعنی راجع کے بعد جو حدیث کا نمبر ۱۶ ہے اس کو دیکھیں، وہاں انظر ہوگا اور اس کے بعد ایک یا زیادہ نمبر ہونگے، ان میں زیرِ نظر حدیث ۲۱ کا بھی نمبر ہوگا، وہاں سے معلوم ہو جائے گا کہ حدیث بخاری میں کہاں کہاں آئی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جامعہ دارالعلوم دیوبند کی جانب سے حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم کو بخاری شریف کی تفویض پر

اظہارِ مُسرّت

از رشحۂ قلم: ظفرؔ جنک پوری قاسمی

ہُوا یہ سعید! آپ پر فضلِ باری ۞ ملی جامعہ میں تُمھیں جو بُخاری
ہرایک پڑھنے والے کو اچھّا لگے گا ۞ تمہارا حسیں طرز درسِ بُخاری
یقیناً ہر اک سے نرالا ہی ہوگا ۞ تمہارا وہ اندازِ درسِ بُخاری
تمنّا تھی ہر طالبِ علمِ دیں کی ۞ تمھی کو ملے جامعہ میں بُخاری
تمہیں شادماں ہو کے برزخ میں دیگی ۞ بہت داد و تحسین، روحِ بُخاری
تمھی پیکرِ خُلق وزُہد و ورع ہو ۞ تمھیں زیب دیتا ہے درسِ بُخاری

ظفرؔ ایک مدت سے، محوِ دعا تھا
ملے جامعہ میں تمھی کو بخاری

نذر گزارِ خلوص: سید عبدالعزیز ظفرؔ جنکپوری قاسمی الحسینی غفرلہ
امام وخطیب شاہی مسجد خواجہ پیر ۵۹۔ڈی فرینڈس کالونی نئی دہلی ۱۱۰۰۶۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دو باتیں

فضلِ الٰہی اور مولیٰ کی دستگیری سے بخاری شریف جلد اول کی شرح تحفۃ القاری سات جلدوں میں مکمل ہوگئی، اب یہ آٹھویں جلد پیشِ خدمت ہے، اس جلد سے بخاری شریف جلد ثانی کی شرح شروع ہو رہی ہے، اس جلد میں کتاب المغازی پوری آگئی ہے، اس موقع پر دو باتیں عرض کرنی ہیں:

۱- بخاری شریف کی تدریس میں بے اعتدالی

قارئین کرام جانتے ہیں کہ بخاری شریف میں حدیثیں مکرر آتی ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ ایک ہی حدیث بار بار لاتے ہیں، اور اس سے نئے نئے مسائل مستنبط کرتے ہیں۔ کتاب المغازی میں ۵۲۵ حدیثیں ہیں، ان میں سے تقریباً ۳۵۰ مکرر ہیں، صرف ۱۷۵ نئی حدیثیں ہیں، اب جب جلد ثانی نیا استاذ پڑھاتا ہے تو مکرر احادیث کو بھی سمجھاتا ہے، کیونکہ اس کے حصہ میں حدیث پہلی بار آئی ہے، بلکہ ترجمہ بھی کرتا ہے، اور بعض اساتذہ تو سند کا بھی ترجمہ کرتے ہیں، تاکہ سال کا بڑا حصہ کتاب المغازی میں گذر جائے، پھر آگے عبارت پڑھا دیتے ہیں، اور کتاب التفسیر تو نہ سمجھنے کی ہے نہ سمجھانے کی! اور طالب علم عبارت بھی اس طرح پڑھتا ہے کہ صحیح غلط کا کوئی امتیاز نہیں ہوتا، بس عبارت خوانی سے مطلب ہوتا ہے، بلکہ اب تو یہ رواج بھی چل پڑا ہے کہ دس دس پاروں کے تین حصے کر کے تین اساتذہ پڑھاتے ہیں، اور بنگال کے ایک مدرسہ کے بارے میں اطلاع ملی ہے کہ انھوں نے بخاری شریف کے سات حصے کئے ہیں اور سات اساتذہ پڑھاتے ہیں، پس ہر استاذ کے یہاں جب حدیث پہلی مرتبہ آئے گی تو وہ اس کی پوری تشریح کرے گا، اس طرح طلباء کا وقت ضائع ہوتا ہے، چند حدیثوں کی بار بار وضاحت کی جاتی ہے، اور باقی کتاب سرداً پڑھا دی جاتی ہے۔

اور جہاں ایک استاذ پوری بخاری شریف پڑھاتا ہے، وہ بھی ایک ربع (عبادات کا حصہ) تفصیل سے پڑھاتا ہے، پھر یہ کہتا رہتا ہے کہ 'حدیث آچکی' یا 'حدیث گذر چکی' چلو، حالانکہ ابواب ومسائل تو نئے ہوتے ہیں مگر وہ بھی نہیں سمجھاتا، یہ بخاری شریف کی تدریس میں بے اعتدالی ہے، اس سے کتاب کی اہمیت وافادیت متأثر ہوتی ہے، پس چاہئے کہ ایک استاذ پوری بخاری شریف پڑھائے یا دو پڑھائیں، اور ابواب ومسائل سمجھائیں اور حدیث سے مسئلہ کیسے مستنبط ہوتا ہے اس کو واضح کریں، اس کے بغیر 'رسم اذاں' تو رہ جائے گی 'روحِ بلالی' بدست نہیں آئے گی، واللہ الموفق!

۲-بخاری شریف کی سند پر اشکال کا جواب:

تحفۃ القاری (۱:۱۲۰) میں میری بخاری شریف کی سند چھپی ہے، پاکستان کے حضرت مولانا شیر جان صاحب مہتمم واستاذ الحدیث جامعہ عربیہ مصدر العلوم سنجاوی زیدمجدہم نے اشکال بھیجا ہے، ان کی تحریر درج ذیل ہے:

''گذارش ہے کہ مفتی سعید احمد پالن پوری صاحب کی تو ویسے تمام تصانیف امت مسلمہ کے لئے نعمتِ خداوندی ہیں، اور خاص کر حدیث پڑھنے پڑھانے والوں کے لئے تحفۃ الالمعی اور تحفۃ القاری: دو ایسے عظیم الشان تحفے ہیں جن کے ہاتھ آنے سے پہلے، ہم جتنی شروح کو زیر مطالعہ رکھتے تھے، قریباً قریباً وہ اب الماریوں میں رہ گئے، میری معلومات کی حد تک پاکستان کے اکثر مدارس میں مذکورہ دونوں شروح اساتذۂ حدیث کے زیر مطالعہ ہیں.......... جلد اول میں حضرت کی اپنی سند بخاری کا مطالعہ کیا تو اس میں سخت اشکال کا سامنا ہوا، کیونکہ حضرت مفتی صاحب نے اپنے سلسلہ اسناد میں ہر ایک شیخ کی تاریخ پیدائش و وفات بھی تحریر کیا ہے، انہی تاریخوں کو دیکھتے ہوئے سلسلہ سند میں چار عدد ایسے شیوخ بھی آئے ہیں جن کی عمریں اپنے اساتذہ کی وفات کے وقت صرف چھ (۶) سات (۷) اور آٹھ (۸) سال بن جاتے ہیں، تحمل حدیث کے لئے اگرچہ عمر کی کوئی خاص حد مقرر نہیں ہے، مگر یہاں تو سوال مکمل بخاری پڑھنے پڑھانے کا ہے، جو یقیناً چھ سالہ بچہ اس کے لئے اہل نہیں ہے''

اسی طرح ترمذی شریف کی سند میں تین جگہ اشکال ہے، راوی اور مروی عنہ میں دس بارہ سال کا تفاوت ہے، اس کا پہلا جواب یہ ہے کہ یہ سنین مرتب نے لکھے ہیں، اور اس نے مختلف مصادر سے لکھے ہیں، استاذ سبق میں جب سند بیان کرتا ہے تو سنین ولادت و وفات بیان نہیں کرتا۔ دوسری اہم بات: یہ ہے کہ بڑے لوگوں کا وفات کا سنہ تو عام طور پر صحیح ہوتا ہے (کبھی اس میں بھی اختلاف ہوجاتا ہے) مگر سنین ولادت بس اندازہ سے لوگ لکھتے ہیں، کس کو معلوم ہوتا ہے کہ یہ بچہ بڑا ہوکر کیا بنے گا؟ اس لئے اس کی تاریخ پیدائش محفوظ نہیں ہوتی، خود میری تاریخ پیدائش محفوظ نہیں، ستّر سال پہلے دیہاتوں میں کوئی ریکارڈ نہیں رکھا جاتا تھا، میرے پاسپورٹ میں اندازہ سے سنہ ولادت ۱۹۴۲ء لکھا ہے، اور مولانا محمد امین صاحب نے الخیر الکثیر میں ۱۹۴۰ء لکھا ہے، یہ سب اندازہ ہے، اسی طرح مظاہر علوم سہارن پور اور دارالعلوم دیوبند میں فارم داخلہ میں تاریخ ولادت محض اندازے سے لکھی گئی ہے، اور آج بھی نوے فی صد طلبہ اپنی ولادت کی تاریخ اندازے سے لکھتے ہیں، پس سند کے راویوں کے جو سنین ولادت ہیں ان پر تکیہ نہیں کرنا چاہئے، راوی کا مروی عنہ سے بخاری شریف روایت کرنا معروف ومشہور ہے: وہ کافی ہے۔ واللہ اعلم

سعید احمد عفا اللہ عنہ پالن پوری
خادم دارالعلوم دیوبند
۲۰ رشوال ۱۴۳۴ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله، نحمده ونستعينه ونستغفره، ونعوذ بالله من شرور أنفسنا، ومن سيئات أعمالنا، من يهده الله فلا مضل له، ومن يضلله فلا هادى له، وأشهد أن لا إله إلا الله وحده لاشريك له، وأشهد أن محمداً عبده ورسوله.

شہادتین کا جواب دینا چاہئے اور جواب دینے کے دوطریقے:

طلبۂ عزیز! جس طرح اذان میں شہادتین کا جواب دیا جاتا ہے، اسی طرح جب خطبہ پڑھا جائے تو بھی شہادتین کا جواب دینا چاہئے، عام طور پر لوگ اس مسئلہ سے واقف نہیں۔ اذان میں شہادتین کا جواب تو دیتے ہیں، مگر خطبہ میں کوئی جواب نہیں دیتا، یہ ٹھیک نہیں۔

اور جواب دینے کے دوطریقے ہیں: ایک مفصل، دوسرا مختصر۔ مفصل طریقہ یہ ہے کہ جب مؤذن یا خطیب کہے: **أشهد أن لا إله إلا الله** تو سامعین بھی کہیں: **أشهد أن لا إله إلا الله** اور جب مؤذن یا خطیب کہے: **أشهد أن محمداً رسول الله** تو سامعین بھی کہیں: **أشهد أن محمداً رسول الله۔**

اور جواب دینے کا مختصر طریقہ یہ ہے کہ آپ شہادتین کے جواب میں کہیں: وأنا (میں بھی) حدیث شریف میں ہے کہ آنحضور ﷺ جب جمعہ کے دن خطبہ کے لئے منبر پر تشریف فرما ہوتے اور مؤذن اذان میں شہادتین پکارتا تو آپ کہتے: وأنا: میں بھی یہ گواہی دیتا ہوں (مشکوٰۃ حدیث ۶۷۷) مگر زور سے کہنا ضروری نہیں، آہستہ بھی کہہ سکتے ہیں، غرض شہادتین کا جواب دینا چاہئے خواہ مفصل ہو یا مختصر۔

طلباء کو متون حدیث سے مناسبت پیدا کرنی چاہئے:

عزیزو! آج کل طلبہ کا یہ حال ہے کہ وہ اپنی ساری توجہ تقریر میں بیان ہونے والے فنی مباحث پر مرکوز کردیتے ہیں، متن حدیث کے ساتھ مناسبت پیدا کرنے کی کوشش نہیں کرتے، حالانکہ یہ فنی مباحث اصل نہیں، اصل احادیث ہیں۔ گذشتہ سالوں میں آپ حضرات نے حدیث کی تین کتابیں پڑھی ہیں: مشکوٰۃ الآثار، الفیۃ الحدیث اور مشکوٰۃ المصابیح۔ مگر آپ نے حدیثیں یاد نہیں کیں، آپ حضرات کو کم از کم پانچ سو حدیثیں یاد ہونی چاہئے تھیں، لیکن شاید ہی کسی کو پانچ

حدیثیں یاد ہوں۔ یہ صورتِ حال ٹھیک نہیں، حدیث کے متن کو یاد کرو اور اس کا مفہوم اچھی طرح سمجھو۔ سال پورا ہوتے ہوتے ہر طالب علم کو کم از کم دو ہزار حدیثیں یاد ہونی چاہئیں۔

میرا معمول یہ ہے کہ میں روزانہ سبق شروع کرنے سے پہلے ایک حدیث یاد کراتا ہوں، اور ابتداء اسماء حسنیٰ سے کرتا ہوں، یعنی سب سے پہلے اسمائے حسنیٰ یاد کراتا ہوں، جب طلبہ کو اسماء حسنیٰ یاد ہوجاتے ہیں تو پھر میں جو کتاب پڑھاتا ہوں اس میں سے ایک حدیث یاد کراتا ہوں، تاکہ جب کتاب میں وہ حدیث آئے تو سمجھنے میں آسانی ہو، حفظ کی ہوئی بات آسانی سے سمجھ میں آجاتی ہے۔ اگر حدیث یاد نہ ہو تو مطلب آسانی سے سمجھ میں نہیں آتا، اور سمجھ میں آجاتا ہے تو جلدی بھول جاتا ہے، اس لئے میں بخاری شریف ہی میں سے حدیثیں یاد کراؤں گا۔

محفوظات سے بھی حدیثیں یاد کریں:

لیکن ساری کام کی باتیں ہر کتاب میں نہیں ہوتیں بکھری ہوئی ہوتی ہیں:

چہ خوش گفت دانا کہ دانش بسے است ❁ ولکن پراگندہ باہر کسے است

کسی عقلمند نے کتنی اچھی بات کہی ہے کہ عقلمندی کی باتیں بہت ہیں مگر ہر شخص کے پاس بکھری ہوئی ہیں، پس ہمارے کام کی حدیثیں جو ہماری زندگی سے گہرا تعلق رکھتی ہیں بہت ہیں مگر کسی ایک کتاب میں جمع نہیں، طلبہ کے لئے ضروری حدیثیں جو کتب احادیث میں پھیلی ہوئی ہیں میں نے محفوظات میں جمع کی ہیں، محفوظات کے تین حصے ہیں وہ حدیثیں یاد کرنے کے لئے جمع کی ہیں، پس محفوظات کو حاصل کرنا چاہئے اور ان حدیثوں کو بھی یاد کرنا چاہئے۔

اسمائے حسنیٰ یاد کرنے کی فضیلت:

صحیحین کی حدیث ہے: إن للہ تسعةً وتسعین اسماً مِأَةً إلا واحداً، مَن أَحْصَاهَا دَخَل الجنةَ: (بخاری حدیث ۲۷۳۶) بیشک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں سو مگر ایک کم، جو ان کا احاطہ کرے گا وہ جنت میں جائے گا۔

احصاء کے مفہوم میں تین چیزیں شامل ہیں:

أحصی: باب افعال کا فعل ماضی ہے اور حَصَی (کنکری) سے بنا ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: شمار کرنا، پرانے زمانہ میں کنکریوں سے شمار کرتے تھے، بلکہ آج تک کرتے ہیں، مگر إحصاء کے مفہوم میں صرف گننا نہیں بلکہ تین باتیں پائی جائیں تب احصاء ہوگا۔

جیسے طواف کے سلسلہ میں حدیث ہے: مَنْ طافَ بالبیت سَبْعًا فأحصاها: جس نے بیت اللہ کے سات چکر لگائے پس ان کو گنا: یہاں بھی صرف گننا مراد نہیں، بلکہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ساتوں چکروں میں اللہ کی طرف متوجہ رہا، لغوبات سے بچا رہا تو ثواب کا مستحق ہوگا، اور اگر دورانِ طواف باتیں کرتا رہا تو معہود ثواب نہیں ملے گا، گوکہ طواف

ہو جائے گا۔ اسی طرح یہاں احصاء کے مفہوم میں تین چیزیں ہیں: اول: اسمائے حسنیٰ کو حفظ کرنا، دوم: ان کے معانی کو سمجھنا، سوم: اسماء حسنیٰ کی حقیقت اپنے اندر پیدا کرنا۔

اسمائے حسنیٰ دو طرح کے ہیں: عام اور خاص، جو خاص ہیں وہ تو خاص ہیں اور جو عام ہیں ان کی حقیقت اپنے اندر پیدا کرنا احصاء ہے۔

خاص نام کی مثال: اللہ تعالیٰ واحد ہیں، احد ہیں۔ واحد ہونا اور احد ہونا اللہ تعالیٰ کی خاص صفت ہے، وہی یگانہ ہیں، باقی سب چیزیں جوڑا جوڑا ہیں، یٰس شریف میں ہے: ﴿سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْأَزْوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ أَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لاَ یَعْلَمُوْنَ﴾: پاک ہے وہ ذات جس نے تمام چیزیں جوڑا جوڑا بنائیں، جوڑا ہونے سے پاک صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، اس کے علاوہ ہر چیز جوڑا جوڑا ہے، ﴿مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ﴾ زمین سے جو چیزیں اگتی ہیں ﴿وَمِنْ أَنْفُسِهِمْ﴾ اور خود انسان بھی ﴿وَمِمَّا لاَیَعْلَمُوْنَ﴾ اور جن مخلوقات کو لوگ نہیں جانتے: سب جوڑا جوڑا ہیں۔

اور سورۃ الذاریات میں ہے: ﴿وَمِنْ کُلِّ شَیْئٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ﴾: ہم نے ہر چیز کو جوڑا جوڑا بنایا تاکہ تم (آخرت کو) یاد کرو، معلوم ہوا کہ واحد اور احد ہونا اللہ تعالیٰ کی خاص صفت ہے۔

اسی طرح عظیم ہونا اور متکبر (بڑائی والا) ہونا بھی اللہ کے خاص نام ہیں۔ مسلم شریف میں روایت ہے: الکبریاء ردائی والعَظَمَة إزاری —— یہ لفظ ظا کے زبر کے ساتھ ہے، اردو میں ظا کے سکون کے ساتھ عظمت بولتے ہیں جو عربی میں صحیح نہیں، جیسے کھانے کی دعا ہے: بسم اللہ وعلی بَرَکة اللہ: لفظ بَرَکة: راء کے زبر کے ساتھ ہے جس کے معنی ہیں زیادتی، بہتات اور نُمو۔ اردو میں چونکہ برکت راء کے سکون کے ساتھ بولتے ہیں اس لئے لوگ دعا میں بھی راء کے سکون کے ساتھ پڑھ دیتے ہیں، حالانکہ عربی میں یہ لفظ راء کے زبر کے ساتھ ہے، اس کا خیال رکھنا چاہئے —— بہر حال حدیث ہے: الکبریاء ردائی، والعَظَمة إزاری، فمَنْ نَازَعنی واحدًا منهما أَدْخَلْتُه النار (مشکوٰۃ حدیث ۵۱۱۰) بڑائی میری چادر ہے اور عظمت میری لنگی ہے، پس جو یہ دو کپڑے مجھ سے چھینے گا میں اسے جہنم میں داخل کر دونگا، معلوم ہوا کہ یہ دونوں اللہ تعالیٰ کی خاص صفتیں ہیں۔

الغرض: میں یہ سمجھا رہا تھا کہ اسمائے حسنیٰ میں سے کچھ نام اللہ کے ساتھ خاص ہیں، ان صفات کو اللہ کے ساتھ خاص رکھنا ضروری ہے، مگر ایسی صفات کم ہیں۔ اکثر صفات عام ہیں، جیسے اللہ تعالیٰ العدل (انصاف کرنے والے) ہیں پس انسانوں سے بھی یہ مطلوب ہے کہ وہ انصاف کرنے والے بنیں: ﴿اِعْدِلُوْا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی﴾: انصاف کرو، پرہیزگاری سے قریب تر یہی بات ہے، اللہ تعالیٰ غفّار ہیں، بندوں سے بھی یہ صفت مطلوب ہے، یعنی تم بھی معاف کرنے والے بنو، اگر تمہارے ماتحتوں سے کوئی چوک ہو جائے تو درگذر کرو، اللہ غفّار (بہت بخشنے والے) ہیں، بندے اگرچہ بہت بخشنے والے نہیں ہو سکتے، لیکن بخشنے والے ہو سکتے ہیں، اللہ رحیم (مہربانی فرمانے والے) ہیں، انسانوں سے بھی یہ صفت مطلوب

ہے، حدیث میں ہے: **الراحمون یرحمھم الرحمن، ارحموا من فی الأرض یرحمکم من فی السماء**: مہربانی کرنے والوں پر رحمان مہربانی کرتے ہیں، لہٰذا تم زمین والوں پر مہربانی کرو، آسمان والا تم پر مہربانی کرے گا۔

غرض: پہلے ان ناموں کو اچھی طرح یاد کرنا چاہئے پھر ان کے معانی کو سمجھنا چاہئے پھر جو عام صفات ہیں ان کو اپنے اندر پیدا کرنا چاہئے، جب یہ تین باتیں جمع ہونگی تب احصاء کا تحقق ہوگا، اور **دخل الجنة** کی بشارت کا بندہ مستحق ہوگا۔

اسمائے حسنٰی گھر میں لٹکانے پر ثواب کا کوئی وعدہ نہیں:

لوگوں میں اسمائے حسنٰی کے سلسلہ میں بڑی کوتاہی پائی جاتی ہے، اسمائے حسنٰی شاندار چھاپ کر برکت کے لیے گھروں میں لٹکاتے ہیں، مگر ان کو یاد کوئی نہیں کرتا، نہ ان کے معانی کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں، نہ ان کی حقیقتوں کو اپنے اندر پیدا کرنے کی فکر کرتے ہیں۔ عزیزو! جنت پانے کے لئے لٹکانا کافی نہیں، اور ایک اہم بات یہ ہے کہ بچہ پورا قرآن کریم حفظ کر لیتا ہے اور قرآن کے شروع میں اسمائے حسنٰی چھپے ہوئے ہیں مگر وہ حافظ کو زندگی بھر یاد نہیں ہوتے، کیونکہ استاذ نے یاد نہیں کرائے اور یاد کرانا تو درکنار کبھی توجہ بھی نہیں دلائی، کیونکہ خود استاذ صاحب کو ہی یاد نہیں، پس بچوں کو کیا یاد کرائیں گے، اور کیا توجہ دلائیں گے!

اگر حفظ کلاس میں اسمائے حسنٰی یاد کرانے کا سلسلہ شروع ہو جائے تو بڑی تعداد میں لوگوں کو یہ نام یاد ہو جائیں گے، بعض مسجدوں میں دیوار پر یہ نام لکھے ہوئے ہوتے ہیں اور بعض مسجدوں میں اسکرین پر آتے ہیں اور سالوں گذر جاتے ہیں مگر ایک نمازی کو بھی وہ نام یاد نہیں ہوتے، حالانکہ اگر روزانہ صرف ایک نام یاد کیا جائے تو تین مہینے میں سب نام یاد ہو جائیں گے۔ مگر ایک نمازی بھی یاد نہیں کرتا، لوگ سمجھتے ہیں کہ تزئین کے لیے یہ نام لکھے ہیں، جب لوگوں میں اتنی سرد مہری پائی جاتی ہے تو اگر میں آپ حضرات سے کہہ دوں کہ ان ناموں کو یاد کر لینا تو شاید ہی کوئی یاد کرے گا، اس لئے میں سب سے پہلے اسمائے حسنٰی یاد کراتا ہوں۔

اور آپ حضرات بچے نہیں ہیں۔ دورۂ حدیث شریف کے طالب علم ہیں، پس میں کسی نام کے معنی نہیں بتاؤں گا، آپ کو خود سمجھنا ہے، میری ایک کتاب محفوظات ہے، اس کے تین حصے ہیں، دوسرے حصے میں میں نے اسمائے حسنٰی ترجمے کے ساتھ دیئے ہیں چھوٹا سا رسالہ ہے اسے لو اور اس کی مدد سے اسماء حسنٰی کو سمجھو۔

اب آگے بڑھو! سب سے پہلے مصنفِ کتاب حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کے حالات زندگی سے متعلق چند باتیں ذہن نشین کر لینی چاہئیں:

امام بخاری رحمہ اللہ کا نام ونسب:

امام بخاری رحمہ اللہ کا نام: محمد، کنیت ابوعبداللہ، اور لقب امیر المؤمنین فی الحدیث ہے، والد ماجد کا نام اسماعیل ہے،

اسماعیل ذی علم اور بلند پایہ محدث تھے، انھوں نے امام مالک رحمہ اللہ سے روایتیں کی ہیں، حماد بن زید کو دیکھا ہے، اور عبداللہ بن المبارکؒ سے مصافحہ کیا ہے، خود امام بخاری رحمہ اللہ نے التاریخ الکبیر میں ——— یہ کتاب پانچ جلدوں میں مطبوعہ ہے، اس میں امام بخاریؒ نے رواتِ حدیث کا تذکرہ کیا ہے ——— اپنے والد کا بھی تذکرہ کیا ہے، اور لکھا ہے کہ انھوں نے امام مالک رحمہ اللہ سے روایت بھی کی ہے، حماد رحمہ اللہ کو دیکھا ہے اور عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ سے دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کیا ہے۔

دادا کا نام ابراہیم، اور پردادا کا نام مغیرہ ہے، یہ پہلے مجوسی تھے پھر مسلمان ہوئے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا خاندان فارسی خاندان ہے۔ جس کے اراکین خسروانِ ایران کے عہد میں ممتاز عہدوں پر فائز تھے، مغیرہ پہلے شخص ہیں جو حاکم بخاریٰ یمان بن اخنس جُعفی کے ہاتھ پر مشرف باسلام ہوئے، چونکہ اس زمانہ کا دستور تھا کہ جو شخص جس کے ہاتھ پر اسلام قبول کرتا، اس کو اسی کے قبیلہ کی طرف منسوب کرتے تھے، اس لئے امام بخاریؒ کا خاندان جعفی کہلانے لگا، پس یہ نسبت: ولاءً ہے(۱)

مغیرہ کے والد کا نام بَرْدِزْبَہ (باء کے زبر، راء کے سکون، دال کے زیر، زاء کے سکون اور با کے زبر کے ساتھ) تھا یہ مجوسی تھا، اس کا انتقال کفر کی حالت میں ہوا ہے، اور بردزبہ: عجمی لفظ ہے اس کے معنی معلوم نہیں، بعض حضرات نے لکھا ہے: یہ فارسی لفظ ہے اور اس کے معنی ہیں: کسان (کھیتی کرنے والا) واللہ اعلم۔

سوال: امام بخاری رحمہ اللہ کی کوئی اولاد نہیں تھی پھر آپ کی کنیت ابوعبداللہ کیسے ہوئی؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا تھا: یارسول اللہ! آپؐ کی سب بیویوں کی کنیتیں ہیں، میری کوئی کنیت نہیں! آنحضور ﷺ نے فرمایا: ''تم اپنے بھانجے عبداللہ کی نام پر کنیت رکھ لو''
معلوم ہوا اولاد ہی کے نام پر کنیت رکھنا ضروری نہیں، پس ہوسکتا ہے: امام بخاری رحمہ اللہ نے کسی رشتہ دار کے لڑکے کے نام پر اپنی کنیت رکھی ہو ——— یا ہوسکتا ہے: امام بخاریؒ کے یہاں کوئی لڑکا پیدا ہوا ہو جس کا نام عبداللہ رکھا ہو، پھر اس کا بچپن میں انتقال ہو گیا ہو۔

تاریخ ولادت ووفات اور مدتِ عمر:

امام بخاریؒ ۱۳ شوال سنہ ۱۹۴ھ بروز جمعہ شہر بخاری میں پیدا ہوئے۔ اور ۱۲ دن کم ۶۲ برس کی عمر میں سنہ ۲۵۶ھ میں وفات

(۱) دورِ اول میں تین نسبتیں چلتی تھیں: ایک: نسبی نسبت، دوم نسبتِ عتاقہ، سوم: نسبت وَلاء، آباؤ واجداد کی طرف نسبت: نسبی نسبت کہلاتی تھی، اور معتِق (آزاد کرنے والے) کے قبیلہ کی طرف نسبت: نسبتِ عتاقہ کہلاتی تھی، اور اسلام میں داخل کرنے والے کی طرف نسبت: نسبت ولاء کہلاتی تھی۔

پائی، کسی نے آپ کا سن پیدائش، مدتِ عمر اور سنِ وفات اس طرح منضبط کیا ہے، وُلد فی صدق، وعاش حمیدا، ومات فی نور: صدق سے ولادت (۱۹۴ھ) نور سے وفات (۲۵۶ھ) اور حمید سے مدت عمر (۶۲) کے اعداد نکلتے ہیں۔

وفات کا واقعہ:

جب امام بخاری رحمہ اللہ نے حاکم بخاری خالد بن احمد ذُہلی کے گھر جا کر شہزادوں کو درس دینے سے اوران کے لئے مخصوص مجلسکر نے سے انکار کیا تو حاکم اور حضرت کے درمیان اختلاف کی خلیج حائل ہوگئی، لیکن چونکہ حضرت کا پورے شہر بخاری پر بلکہ تمام ممالک اسلامیہ پر گہرا علمی اثر تھا، اس لئے حکومت کے بل بوتے پر حضرت کے خلاف کسی قسم کا اقدام مشکل تھا، چنانچہ حاکم نے حضرت کو عقائد میں متہم کرنے کا پلان بنایا، تاکہ عوام کے جذبات مشتعل ہوجائیں۔ حاکم نے بعض علمائے سوء کو استعمال کیا انھوں نے خلق قرآن کے مسئلہ سے امام صاحب کو متہم کیا، اس کا سہارا لے کر حاکم بخاری نے حضرت کو شہر سے نکل جانے کا حکم دیدیا۔

حضرت بخاریؒ سے بیکند پہنچے، لیکن چونکہ عائد کردہ الزام کی شہرت دور دور تک پہنچ چکی تھی، اس لئے بیکند میں حضرت کی آمد کے سلسلہ میں دو گروہ ہوگئے، کچھ لوگ آپ کی آمد سے خوش تھے اور کچھ ناراض۔ اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے وہاں رہنا پسند نہیں کیا، اور خرتنگ نامی گاؤں کی طرف چل دیئے، جو آپ کا نانہال تھا، یہ گاؤں سمرقند سے دس میل کے فاصلہ پر ہے، اہل سمرقند نے آپ کو سمرقند آنے کی دعوت دی جو آپ نے قبول فرمالی، اور رمضان المبارک کا مہینہ گذار کر شب عید الفطر سنہ ۲۵۶ھ میں اونٹ پر سوار ہونے کی غرض سے چند قدم چلے، جب سواری کے قریب پہنچے تو فرمایا: میں نقاہت محسوس کررہا ہوں، چنانچہ آپ نے سمرقند جانے کو طبیعت کی بحالی تک مؤخر کردیا، لیکن شبِ عید الفطر ہی میں آپ کا خرتنگ میں وصال ہوگیا، اور وہیں قبر مبارک بنی، میں نے آپ کی قبر کی زیارت کی ہے۔

خرتنگ کی تحقیق:

خر کے معنی ہیں: گدھا، اور تنگ کے معنی ہیں: کمی۔ یہ سمرقند سے دس میل کے فاصلہ پر ایک چھوٹا سا گاؤں ہے، اور آباد ہے، وہیں امام بخاریؒ کا مزار ہے، مزار کے ساتھ ایک خوبصورت مسجد بھی ہے، میں نے اس مسجد میں نماز پڑھی ہے، کہتے ہیں: حضرت الامامؒ کی وفات کی خبر سن کر اتنی بڑی تعداد میں لوگ وہاں پہنچے کہ سواری کے گدھے کم پڑ گئے، اس وجہ سے اس گاؤں کا نام خرتنگ پڑ گیا، یا اور کسی بڑے آدمی کی وجہ سے یہ صورت پیش آئی ہوگی اس لئے یہ نام مشہور ہوگیا۔

تعلیم کا آغاز:

امام بخاری رحمہ اللہ ابھی کم عمر ہی تھے کہ سر سے باپ کا سایہ اٹھ گیا، چنانچہ آپ نے ابتدائی تعلیم اپنی والدہ ماجدہ کی

تربیت ونگرانی میں حاصل کی، احادیث یاد کرنے کا شوق بچپن ہی سے تھا، جب دسویں سال میں قدم رکھا تو تحصیل حدیث کا شوق دامنگیر ہوا، چنانچہ آپ نے دس سال کی عمر میں اتنی حدیثیں حفظ کرلیں کہ گیارہویں سال میں ایک بہت بڑے محدث امام داخلی رحمہ اللہ کے سبق میں سند میں ان کی غلطی پکڑی۔ دورانِ سبق امام داخلی کی زبان سے نکلا: سفیان، عن أبی الزبیر، عن إبراهیم: امام بخاریؒ نے عرض کیا: ابوالزبیر ابراہیم سے روایت نہیں کرتے، داخلی نے ان کی بات تسلیم نہیں کی اور اصل کتاب دیکھنے کے لئے مکان میں تشریف لے گئے، اور اپنی غلطی پر متنبہ ہوئے اور باہر آ کر فرمایا: ''میں نے جو کہا تھا وہ غلط تھا، صحیح آپ بتلائیں؟'' امام بخاری نے کہا صحیح: سفیان، عن الزبیر بن عدی، عن إبراهیم ہے، داخلیؒ یہ سن کر حیران رہ گئے۔ اور امام بخاریؒ کی تصویب کی۔ یہ واقعہ امام موصوف کی عمر کے گیارہویں سال کا ہے، جب آپ سولہ سال کے ہوئے تو عبداللہ بن المبارکؒ کی تمام کتابیں یاد کرلیں، اور امام وکیع رحمہ اللہ کی کتابیں بھی ازبر کرلیں۔

زیارتِ حرمین شریفین:

امام بخاری رحمہ اللہ گیارہ سال کی عمر میں والدہ ماجدہ اور بڑے بھائی احمد کے ساتھ حج کے لئے مکہ معظّمہ گئے، حج سے فارغ ہوکر والدہ اور بھائی تو وطن لوٹ گئے، مگر امام صاحب نے تحصیل علم کے لئے مکہ معظّمہ ہی میں قیام کیا، گویا گیارہ سال کی عمر تک تو انھوں نے وطن کے محدثین سے حدیثیں حاصل کیں، اور گیارہ سال کے بعد تحصیل حدیث اور زیارتِ علماء کے لئے دور دراز کے اسفار شروع کیے، اور اس راہ کی سخت تکالیف کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا۔

شیوخ واساتذہ:

امام بخاری رحمہ اللہ کا دور اسلام کی فتوحات کا دور ہے، اسلامی مملکت وسیع ہوگئی تھی اور تابعین، تبع تابعین اور حاملین حدیث دور دور تک پھیل گئے تھے، اس لئے امام بخاریؒ کو تحصیل حدیث کے لئے طویل اسفار کرنے پڑے۔ بعض مرتبہ صرف ایک حدیث کے لئے امام صاحب نے ایک ماہ کی مسافت طے کی ہے، کہا جاتا ہے کہ امام بخاریؒ کے اساتذہ کی تعداد ایک ہزار اسّی ہے، جن سے آپ نے حدیثیں لکھی ہیں۔

تعداد روایات:

امام بخاری رحمہ اللہ نے چھ لاکھ حدیثوں میں سے انتخاب کر کے بخاری شریف تصنیف فرمائی ہے۔ بخاری شریف میں کل حدیثیں بشمول مکررات، معلقات اور متابعات نو ہزار بیاسی ہیں۔ اور مکررات کو کم کرنے کے بعد یہ تعداد دو ہزار سات سو اکسٹھ رہ جاتی ہیں [1]

(۱) شیخ تقی الدین ابن الصلاح کی تحقیق کے مطابق بخاری شریف میں کل احادیث مع مکررات سات ہزار دوسو پچھتر ہیں ←

جاننا چاہئے کہ بخاری شریف میں تکرار صرف متن حدیث میں ہوتی ہے، سندوں میں تکرار نہیں ہوتی، جلد اول میں خود امام بخاریؒ نے ایک جگہ (کتاب الحج، باب التعجیل إلی الموقف ا:۲۶۲ میں) یہ بات لکھی ہے کہ فلاں باب میں جو حدیث گذری ہے وہ اس باب میں بھی لکھی جا سکتی ہے، مگر چونکہ مکرر حدیث لکھنا میرا طریقہ نہیں اس لئے میں نہیں لکھ رہا۔ اور جب حدیث کی سند بدل جاتی ہے تو حدیث بدل جاتی ہے، پھر حضرت اس کو دوبارہ لکھتے ہیں۔

بعد میں علماء نے جائزہ لیا تو پوری کتاب میں ایک سوا اڑسٹھ حدیثیں مکرر پائی گئیں، یعنی بخاری شریف میں اتنی حدیثیں بعینہٖ سند کے ساتھ ایک سے زیادہ جگہ آئی ہیں، اب سوال یہ ہے کہ جب حضرت نے خود لکھا ہے کہ مکرر حدیثیں نہیں لکھتا پھر یہ حدیثیں مکرر کیوں لائے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ بخاری شریف سولہ سال میں لکھی گئی ہے اور وہ ایک ضخیم کتاب ہے، اتنی بڑی کتاب میں نظر چوک سکتی ہے، ایسی بھول ہو جاتی ہے اور ہر انسان سے ہوتی ہے، لہٰذا اگر یہ حدیثیں مکرر ہیں تو یہ کوئی قابل اعتراض بات نہیں۔

مظاہر علوم سہارن پور کے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یونس صاحب کا اس موضوع پر ایک رسالہ ہے جو ان کی کتاب **الیواقیت الغالیۃ** جلد سوم میں مطبوعہ ہے، تفصیل کے لئے اس کو دیکھنا چاہئے۔

امام بخاریؒ حدیث لکھنے سے پہلے غسل کرتے تھے اور دو نفلیں پڑھتے تھے:

بہر حال مکررات کے ساتھ بخاری شریف میں کل حدیثیں نو ہزار بیاسی ہیں، جن کا انتخاب حضرت نے چھ لاکھ

← اور علامہ نوویؒ سے بھی یہی تعداد مروی ہے اور حذف مکررات کے بعد تعداد چار ہزار ہے (مقدمہ فتح الباری ص:۴۶۵) لیکن حافظ رحمہ اللہ کی تحقیق کے مطابق بخاری شریف میں مسند احادیث کی تعداد: سات ہزار تین سو ستانوے ہے اور تعالیق کی تعداد: ایک ہزار تین سو اکتالیس ہے، اور متابعات علی اختلاف الروایات تین سو چوالیس ہیں، **وجملۃُ ما فیہ من المتابعات والتنبیہ علی اختلاف الروایات ثلاث مأۃ وأحد وأربعون حدیثا** (مقدمہ فتح الباری ص:۴۶۹) یہاں **أحد وأربعون** کتابت کی غلطی ہے، صحیح: **أربعۃ وأربعون** ہے، اور دلیل یہ ہے کہ حافظؒ نے مجموعہ نو ہزار بیاسی بتایا ہے۔ فرماتے ہیں: **تسعۃ آلاف واثنان وثمانون حدیثا**: اور یہ بات اسی وقت صحیح ہو سکتی ہے جب متابعات کی تعداد تین سو چوالیس ہو۔ علامہ قسطلانی رحمہ اللہ نے بھی اس کی صراحت کی ہے کہ بخاری شریف میں کل احادیث نو ہزار بیاسی ہیں اور ان میں احادیث موقوفہ (صحابہ کے اقوال) اور احادیث مقطوعہ (اکابر تابعین کے اقوال) شمار نہیں: **وجملۃُ ما فیہ من المتابعات والتنبیہ علی اختلاف الروایات ثلاث مأۃ وأربعۃ وأربعون حدیثا، فجملۃ ما فی الکتاب علی ہذا بالمکرر تسعۃُ آلاف واثنان وثمانون حدیثا خارجا عن الموقوفات علی الصحابۃ والمقطوعات علی التابعین فمن بعدہم** (مقدمہ قسطلانی ا:۵۰) اور حذف مکررات کے بعد تعداد دو ہزار پانچ سو تیرہ ہے (غیر مکرر روایات مرفوعہ ۲۳۵۳ ہیں۔ اور غیر مکرر متابع ومعلقات ۱۶۰۔ پس مجموعہ: ۲۵۱۳ ہوا) **وجمیعُ ما فیہ موصولا ومعلقابغیر تکرار ألفا وخمسین مأۃ حدیث وثلاثۃ عشر حدیثا** (مقدمہ لامع ص:۳۷)

احادیث سے کیا ہے، اور طریقہ حضرت کا یہ تھا کہ جب بھی کوئی حدیث لکھتے تو پہلے غسل کرتے دو رکعت نفل پڑھتے، پھر اس حدیث کی تمام سندوں پر غور کرتے، جو صحیح سند ہوتی اس کو درج کرتے۔

ثلاثیات:

وہ احادیث ثلاثیات کہلاتی ہیں جن میں امام بخاری اور نبی ﷺ کے درمیان صرف تین واسطے ہوں، بخاری شریف میں ۲۲ ثلاثیات ہیں، ان میں سے بیس حدیثیں حنفی شیوخ سے روایت کی ہیں۔

اصحاب وتلامذہ:

آپ کے تلامذہ اور مستفیدین کا حلقہ نہایت وسیع ہے، کہا جاتا ہے کہ آپ سے براہ راست نوے ہزار تلامذہ نے جامع صحیح سنی ہے، آپ کے شاگردوں میں بڑے بڑے علماء ومحدثین ہیں مثلاً امام ترمذی، امام نسائی اور امام مسلم وغیرہ۔

والدہ کی دعا:

امام بخاریؒ بچپن میں نابینا ہوگئے تھے، جس کی وجہ سے ان کی والدہ پریشان رہتی تھیں، وہ نہایت گریہ وزاری کے ساتھ بارگاہِ ایزدی میں ان کی بصارت کے لئے دعا کیا کرتی تھیں، ایک رات ماں نے خلیل اللہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں دیکھا، وہ ان سے فرمارہے تھے، اللہ تعالیٰ نے تیری گریہ وزاری اور کثرتِ دعا کی وجہ سے تیرے بیٹے کو بصارت عطا فرمادی، جب وہ صبح کو اٹھیں تو اپنے فرزند کی آنکھوں کو روشن پایا۔

بخاری شریف تصنیف کرنے کا داعیہ:

امام بخاری رحمہ اللہ کے احوال وکوائف سے متعلق ضروری باتیں تقریباً سب بیان ہوچکی ہیں، جس کو مزید باتیں درکار ہوں وہ امام بخاریؒ کی زندگی پر چھوٹی بڑی بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں اردو میں بھی اور عربی میں بھی ان کا مطالعہ کرے، البتہ دو باتیں نہایت اہم ہیں، طالب علموں کو ان سے واقف ہونا چاہئے۔

پہلی بات: امام بخاریؒ نے بخاری شریف کیوں لکھی؟ اس کا جواب کتاب کے شروع میں جو مقدمہ ہے اس میں ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ [1] کی مجلس میں جس میں امام بخاریؒ بھی شریک تھے کسی نے کہا: "کاش تم میں سے کوئی ایسی کتاب لکھے جس میں اختصار کے ساتھ نبی ﷺ کی حدیثوں کو جمع کیا گیا ہو" کیونکہ اب حدیثیں بہت ہوگئی ہیں اور ان کی سندیں پھیل گئی ہیں، اس لئے صحیح جامع اور مختصر مجموعہ کی ضرورت ہے۔

امام بخاریؒ کے دل میں یہ بات اتر گئی اور انھوں نے یہ پُر خار وادی طے کرنے کی ٹھان لی، اور بخاری شریف لکھ کر

(۱) حضرت اسحاق: امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے خواجہ طاش یعنی استاذ بھائی ہیں۔

امت پر احسان عظیم فرمایا۔

ملحوظہ (۱): بعض حضرات کہتے ہیں: امام بخاریؒ سے بخاری شریف لکھنے کی درخواست خود حضرت اسحاق بن راہویہؒ نے کی تھی، مگر یہ بات صحیح نہیں، صحیح بات وہ ہے جو میں نے ابھی بیان کی کہ یہ درخواست حضرت اسحاق کی مجلس میں شریک کسی دوسرے شخص نے کی تھی، بخاری شریف کے شروع میں جو مقدمہ ہے اس میں ہے: **فقال بعضُ أصحابنا: لو جمعتم کتابا مختصِراً** ـــــ صاد کے کسرہ اور فتح دونوں کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں، جیسے مستقبَل کی باء دونوں طرح پڑھی جاسکتی ہے ـــــ **لسنن النبی صلی اللہ علیہ وسلم**۔ اس میں صراحت ہے کہ درخواست کرنے والا حضرت اسحاق بن راہویہ کے علاوہ کوئی اور شخص تھا۔

ملحوظہ (۲): پہلے یہ بات آچکی ہے کہ دور اول میں سندوں کے بدلنے سے حدیث بدلتی تھی، جیسے حدیث **إنما الأعمال بالنیات:** آنحضور ﷺ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، پھر ان سے حضرت علقمہ روایت کرتے ہیں، اور ان سے ابراہیم تیمی، پھر ان سے یحییٰ بن سعید انصاری یہاں تک سند ایک ہے، پھر یحییٰ بن سعید انصاری سے پانچ سو تلامذہ اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، پس یہ پانچ سو حدیثیں ہوگئیں، اس طرح حدیثیں لاکھوں سے متجاوز ہوگئی تھیں، خود امام بخاریؒ نے چھ لاکھ احادیث میں سے انتخاب کر کے بخاری شریف لکھی ہے، کیونکہ درخواست کرنے والے نے اختصار کے ساتھ حدیثوں کو جمع کرنے کا مشورہ دیا تھا۔

بخاری شریف کا نام:

دوسری بات: بخاری شریف کا نام بہت لمبا ہے۔ لوگوں کے لئے اتنا لمبا نام لینا اور یاد رکھنا دشوار تھا اس لئے لوگوں نے اصل نام کی جگہ مصنف کے وطن کا نام رکھ دیا، جیسے طحاوی شریف کا نام ہے: **شرحُ معانی الآثار المختلفةِ المرویةِ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الأحکام:** مسائل فقہیہ میں نبی پاک ﷺ سے مروی روایتوں میں جو تعارض نظر آتا ہے ان روایتوں کے معانی کی ایسی وضاحت جس سے تعارض ختم ہوجائے۔

یہ طحاوی شریف کا پورا نام ہے، اور اُس کتاب کا موضوع بھی یہی ہے یعنی مسائل فقہیہ میں جن مسائل میں روایات متعارض ہیں، امام طحاویؒ باب قائم کر کے اولاً ان تمام متعارض روایتوں کو لاتے ہیں، پھر ان کی اس طرح توجیہ کرتے ہیں کہ روایتوں کا تعارض ختم ہوجائے۔

مگر جب لوگوں کے لئے اتنا طویل نام یاد رکھنا مشکل ہوگیا تو انھوں نے آگے پیچھے سے حذف کر کے معانی الآثار نام کر دیا۔ پھر جب معانی الآثار کا مفہوم بھی پلے نہیں پڑا تو پورا نام حذف کر دیا اور اب نام ہوگیا طحاوی شریف۔ چنانچہ جب بھی طحاوی شریف بولتے ہیں تو ذہن فوراً اس کتاب کی طرف متوجہ ہوجاتا ہے اور اتنی بات کافی ہے، لیکن طالب علم

کے لئے اتنی بات کافی نہیں۔ طالب علم کو پورا نام، اس کے معنی اور اس کی حقیقت معلوم ہونی چاہئے، کیونکہ عنوان معنون پر دلالت کرتا ہے، جب تک عنوان نہیں سمجھے گا معنون سمجھ میں نہیں آئے گا۔

اسی طرح بخاری شریف کا نام بھی بہت طویل ہے: الجامع الْمُسْنَدُ الصحيحُ المختصرُ: من أمور رسولِ الله صلى الله عليه وسلم وسُنَنِهِ وَأَيَّامِه: من أمور کا تعلق چاروں کلموں سے ہے صرف المختصر سے نہیں، امام بخاریؒ من سے پہلے چار لفظ لائے ہیں: جامع، مسند، صحیح اور مختصر۔ اور مِن کے بعد تین لفظ لائے ہیں: امور، سنن اور ایام۔ ان ساتوں چیزوں کی حقیقت جان لینے کے بعد کتاب کا موضوع سمجھ میں آئے گا۔

جامع کسے کہتے ہیں؟

علماء کرام نے فن حدیث کو آٹھ اقسام میں گھیرا ہے، جیسے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے الفوز الکبیر میں قرآن کریم کے مضامین کو پانچ علوم میں گھیرا ہے: علم الاحکام، علم المخاصمہ، التذکیر بایام اللہ، التذکیر بآلاء اللہ اور علم المعاد۔ یا جیسے علماء نے پورے دین کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا ہے: اعتقادات، عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاق۔ اسی طرح محدثین نے احادیث کا آٹھ عنوانوں میں احاطہ کیا ہے، اور وہ اس شعر میں جمع ہیں:

سِیَر، آداب وتفسیر وعقائد ❁ فتن، اَشراط واَحکام ومناقب

۱- سِیَر: سِیْرۃ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: اسلام کا حربی نظام۔ اس کے لئے امام بخاریؒ نے المغازی کا لفظ استعمال کیا ہے، مغازی اور سیر ہم معنی ہیں یعنی اسلام کا حربی نظام۔

۲- آداب: ادب کی جمع ہے، ادب کے معنی ہیں: ما يُحمَد فِعْلُه، ولا يُذَمُّ تركُه: یعنی وہ کام جن کے کرنے پر تعریف کی جائے اور جن کے چھوڑنے پر برائی نہ کی جائے، جیسے اونچی جگہ بیٹھ کر وضو کرنا آداب میں سے ہے، لہٰذا اگر کوئی اونچی جگہ بیٹھ کر وضو کرتا ہے تو بہت اچھا کرتا ہے اور اگر ایسا نہیں کرتا یعنی وضو کے لئے کسی اونچی جگہ کا انتخاب نہیں کرتا البتہ وضو کرتے وقت کپڑوں کی حفاظت کرتا ہے تو کوئی بات نہیں۔

۳- تفسیر: قرآنِ کریم کی بیشتر آیتیں واضح ہیں۔ ان کی تفسیر کے لئے حدیثوں کی ضرورت نہیں، لیکن کچھ آیات ایسی ہیں جن کا پس منظر ہے۔ جب تک وہ پس منظر معلوم نہ ہو ان آیتوں کو کماحقہٗ نہیں سمجھا جا سکتا۔ جیسے سورۂ احزاب میں آیت ہے: ﴿فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا﴾: جب حضرت زید بن حارثہ نے اپنی زوجہ حضرت زینبؓ سے اپنی حاجت پوری کر لی تو ہم نے ان کا نکاح آپؐ سے کر دیا۔ اس آیت کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے ان روایات کا جاننا ضروری ہے جن میں اس کا شان نزول آیا ہے۔

چنانچہ حدیثوں میں کافی روایات تفسیر قرآن سے متعلق بھی ہیں، ترمذی شریف میں کتاب التفسیر اتنی بڑی ہے کہ تحفہ

الالمعی کی پوری ساتویں جلد میں سمائی ہے۔اور بخاری شریف کی کتاب التفسیر اس سے بھی طویل ہے،اسی طرح مستدرک حاکم میں بھی کتاب التفسیر کافی لمبی ہے،البتہ مسلم شریف میں مختصر ہے۔

۴-**عقائد**: عقائد دین کی بنیادیں ہیں۔ بخاری شریف میں دو کتابیں عقائد کے تعلق سے ہیں،شروع میں کتاب الایمان ہے اور آخر میں کتاب التوحید۔

۵-**فتن**: فتنۃ کی جمع ہے،یعنی وہ واقعات جو مستقبل میں پیش آنے والے ہیں جن کی وجہ سے مؤمنین کے پیر لڑکھڑا جائیں گے اور بہت سے ایمان سے کنارہ کش ہوکر کفر کی پناہ تلاش کریں گے،احادیث میں ان فتنوں کی پہلے سے اطلاع دی گئی ہے تاکہ مسلمانوں کے لئے فتنوں کے زمانہ میں ایمان پر ثابت قدم رہنا آسان ہو۔

مثلاً نبی پاک ﷺ کی وفات ایک ایسی ہی بڑی آزمائش تھی، چنانچہ قرآنِ کریم میں پہلے سے اس کی خبر دیدی گئی، تاکہ جب واقعہ پیش آئے مؤمنین کے قدم لڑکھڑا نہ جائیں۔ جب آنحضور ﷺ کی وفات کی خبر پھیلی تو منافقین نے پروپیگنڈہ شروع کردیا کہ اسلام کا شیرازہ منتشر ہونے والا ہے۔اب مسلمان باقی رہنا ضروری نہیں،حضرت عمر رضی اللہ عنہ تلوار لے کر کھڑے ہوگئے کہ اگر کوئی کہے گا کہ آنحضرت ﷺ کی وفات ہوگئی تو میں اس کی گردن اڑادوں گا،اس فتنہ یعنی آزمائش کی خبر پہلے سے دیدی گئی تھی، چنانچہ جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے سورۂ آل عمران کی آیت (۱۴۴) تلاوت فرمائی تو معاملہ ٹھنڈا پڑ گیا ﴿وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ﴾ محمد (ﷺ) صرف ایک رسول ہیں، خدا نہیں ہیں۔خدا حی لایموت ہے ﴿قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ﴾: آپؐ کی وفات کوئی انوکھا واقعہ نہیں، آپؐ سے پہلے بہت سے رسول وفات پاچکے ہیں، ﴿أَفَائِنْ مَّاتَ أَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى أَعْقَابِكُمْ؟﴾ تو کیا اگر آنحضور ﷺ کی وفات ہوجائے یا آپؐ جامِ شہادت نوش فرمالیں تو تم اپنی ایڑیوں پر واپس پلٹ جاؤ گے؟ یعنی مرتد ہوجاؤ گے؟ ﴿وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا﴾: اگر کوئی اپنی ایڑیوں پر پلٹتا ہے اور اسلام سے کنارہ کشی اختیار کرتا ہے تو اس میں اسلام کا کچھ نقصان نہیں وہ خود اپنی دنیا وآخرت برباد کررہا ہے ﴿وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشَّاكِرِيْنَ﴾: اور شکر گذار بندوں کے لئے اللہ تعالیٰ کے یہاں بہترین بدلہ ہے۔یعنی جو لوگ ثابت قدم رہیں گے، موج حوادث سے متاثر ہوکر راہ حق سے دستبردار نہیں ہونگے ان کا اللہ تعالیٰ کے یہاں بڑا مقام ہے اور آرام دہ جگہ جنت ان کی ثابت قدمی کا بدلہ ہے۔

غرض آنحضور ﷺ کی وفات بھی امت کے لئے ایک بڑی آزمائش تھی،لفظ فتنہ کا مفہوم ہمارے ذہنوں میں غلط بیٹھا ہوا ہے اس لئے میں نے اس کی جگہ لفظ آزمائش استعمال کیا،غرض یہ آزمائش پیش آنی تھی، کسی نہ کسی دن آنحضرت ﷺ کی وفات ہونی تھی اس لئے قرآن نے پہلے سے آیت نازل کردی تاکہ جب یہ واقعہ پیش آئے تو لوگ بچل نہ جائیں،اسی طرح مستقبل میں پیش آنے والے بہت سے واقعات ہیں جو حضور ﷺ نے بیان فرمائے ہیں تاکہ جب وہ واقعات پیش آئیں تو لوگ ڈگمگا نہ جائیں۔

نصیرالدین طوسی نے امیر تیمور لنگ کو پہلی

رصدگاہ بنانے کے لئے کس طرح آمادہ کیا؟

رصدگاہ: جس میں ستاروں کی چالوں اور حرکتوں کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے اور آئندہ پیش آنے والے احوال کا اندازہ کیا جاتا ہے، سب سے پہلے تیمور لنگ کے زمانہ میں نصیرالدین طوسی نے رصدگاہ قائم کی ہے، نصیرالدین نے تیمور لنگ سے کہا: ہمیں رصدگاہ قائم کرنی چاہئے، تیمور لنگ نے پوچھا: اس پر کتنا خرچ آئے گا؟ نصیرالدین نے پچاس ہزار کا تخمینہ بتایا، بادشاہ نے پوچھا: رصدگاہ بنانے سے فائدہ کیا ہوگا؟ وزیر نے کہا: ہم ستاروں کی چالوں اور حرکتوں پر نظر رکھیں گے جس کی وجہ سے آنے والے واقعات کی خبر ہمیں پہلے سے ہوجائے گی، مثلاً: طوفانی بارش ہونے والی ہے، تیز ہوا چلنے والی ہے، یا زلزلہ آنے والا ہے، اس کی ہمیں پہلے سے خبر ہوجائے گی، بادشاہ نے کہا: کیا ہم ان حادثات کو روک سکیں گے؟ وزیر نے کہا: نہیں، حادثات اپنے وقت پر پیش آکر رہیں گے، بادشاہ نے کہا: پھر پہلے سے جاننے کا کیا فائدہ؟ جب حادثہ پیش آئے گا لوگ خود بخود جان لیں گے، رصدگاہ قائم کرنا اور اس پر اتنا بڑا اصرفہ کرنا فضول ہے۔ نصیرالدین نے عرض کیا: میں اس کی افادیت سمجھاؤں گا۔

پھر اس نے برتن بنانے والوں کو بلاکر حکم دیا کہ بہت سارے ایسے ہلکے پھلکے برتن بناؤ جو کسی کو لگیں تو چوٹ نہ آئے اور شور بہت ہو۔ جب برتن تیار ہوگئے تو اس نے بادشاہ سے دربار بلانے کی درخواست کی، اور دربار ہال کی چھت میں چند سوراخ کھلوادیئے اور اجلاس شروع ہوا، جب پلان کے مطابق مقررہ وقت پر سوراخوں سے دھڑا دھڑ برتن گرنے لگے تو لوگ حواس باختہ ہوکر بھاگے، لیکن بادشاہ اور وزیر اپنی جگہ اطمینان سے بیٹھے رہے، جب تماشہ ختم ہوا تو وزیر نے عرض کیا: جہاں پناہ! پہلے سے حادثہ کو جاننے کا یہ فائدہ ہے، ہم چونکہ اس کے بارے میں جانتے تھے اس لئے مطمئن رہے، اور درباری نہیں جانتے تھے اس لئے بھاگ کھڑے ہوئے۔ تیمور لنگ کی سمجھ میں آگیا اور اس نے رصدگاہ قائم کرنے کی اجازت دیدی۔

غرض: حادثہ کی پہلے سے اطلاع ہو تو جب حادثہ پیش آتا ہے آدمی ڈگمگاتا نہیں، جب ہمیں پہلے سے معلوم ہے کہ کانا دجال نکلے گا، اور اس کے ساتھ جنت وجہنم ہوگی، اور اس کے حکم پر زمین اپنے خزانے اگل دے گی، پس جب دجال آکر یہ کرشمے دکھائے گا تو مؤمن پریشان نہیں ہوگا، کیونکہ وہ ان باتوں کو پہلے سے جانتا ہے، آنحضور ﷺ نے اس کی پیشگی اطلاع دیدی ہے، اسی طرح کی تمام وہ روایتیں جن میں آپؐ نے آئندہ پیش آنے والے واقعات کی اطلاع دی ہے وہ فتن کی احادیث کہلاتی ہیں۔

۶- أشراط: شَرَط کی جمع ہے۔ شرط کے معنی ہیں: علامت، اور أشراط الساعة کے معنی ہیں: قیامت کی علامتیں،

قیامت کب آئے گی؟ کوئی نہیں جانتا، حتی کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام جن کی ڈیوٹی صور پھونکنے کی ہے وہ بھی نہیں جانتے، حدیث جبرئیل میں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آنحضور ﷺ سے قیامت کے بارے میں پوچھا تھا، آپؐ نے اس کا جواب دیا: آپ کو بھی اس کا علم نہیں مجھے بھی نہیں، جتنا آپ جانتے ہیں اتنا ہی میں جانتا ہوں، قیامت بالیقین آنے والی ہے، مگر کب آئے گی، اس کو رب ذوالجلال کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔

سورۃ النمل (آیت ۶۵) میں ارشاد پاک ہے: ﴿قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ﴾: آپؐ کہیں: جو خلقت آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے ان میں سے کوئی غیب کو نہیں جانتا بجز رب کائنات کے، ﴿وَمَا يَشْعُرُوْنَ أَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ﴾ اور نہ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ وہ کب دوبارہ اٹھائے جائیں گے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ غیب کی باتیں صرف اللہ تعالیٰ جانتے ہیں۔

پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پوچھا: قیامت کی علامتیں کیا ہیں؟ جن سے پتہ چل جائے کہ اب قیامت قریب ہے، آپ ﷺ نے دو علامتیں بتائیں، ایک: باندی اپنی مالکہ کو جنے، دوسری: ننگے، بھوکے چرواہے یعنی بے حیثیت لوگ ایک دوسرے سے بڑھ کر عمارتیں بنانے لگیں۔

ان کے علاوہ بھی آنحضور ﷺ نے مختلف روایات میں بہت سی قیامت کی علامتیں بیان فرمائی ہیں، وہ سب اشراط الساعہ ہیں اور یہ بھی فن حدیث کا ایک مستقل عنوان ہے۔

۷- احکام: اس کے لئے دوسرا لفظ شریعت (قانون) ہے حدیثوں کا بڑا حصہ احکام پر مشتمل ہے۔

۸- مناقب: منقبت کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: فضیلت، جن روایتوں میں آنحضور ﷺ کے عہد میں موجود شخصیات کی خوبیاں بیان کی گئی ہیں، یا گذشتہ انبیاء کی فضیلتوں کو بیان کیا گیا ہے، یا آئندہ آنے والی شخصیات کے فضائل بیان کئے گئے ہیں جیسے حضرت مہدی کے فضائل: ان کو مناقب کی روایت کہتے ہیں۔ حدیث کی ہر کتاب میں کتاب المناقب آتی ہے، اس میں یہی حدیثیں ہوتی ہیں۔

پس جس کتاب میں مذکورہ آٹھوں مضامین کی حدیثیں جمع کی گئی ہوں اس کو ''جامع'' کہتے ہیں، امام بخاریؒ نے اپنی کتاب کے نام میں پہلا لفظ یہی جامع استعمال کیا ہے، آپ جو کتابیں دورۂ حدیث شریف میں پڑھتے ہیں ان میں جامع صرف دو کتابیں ہیں: بخاری شریف اور ترمذی شریف، اور مسلم شریف کے بارے میں اختلاف ہے، کیونکہ اس میں تفسیر کا حصہ بہت کم ہے، باقی کتابیں جامع نہیں۔

المُسند:

امام بخاری رحمہ اللہ نے کتاب کے نام میں دوسرا لفظ مسند استعمال کیا ہے، اس کا سادہ ترجمہ: باسند حدیثیں ہے، بخاری میں کوئی حدیث بے سند نہیں، مُسند، أَسند (باب افعال) سے اسم مفعول ہے، أَسْند کے معنی ہیں: رَفْعُ الحدیثِ

إلى قائِله (بات اٹھائی جائے اس کے کہنے والے کی طرف) یعنی سند کے ساتھ بات بیان کی جائے۔ أسند الحدیث کا مطلب ہے: آنحضور ﷺ تک بات سند کے ساتھ پہنچائی۔

ایک دوسرا لفظ ہے: مَسند (میم کے زبر کے ساتھ) اس کے معنی ہیں: بیٹھنے کی جگہ، ٹیک لگانے کی جگہ، بعض طلبہ ان دونوں میں فرق نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں: مَسند امام احمد بن حنبل، یہ غلط ہے، جیسے پیر کا خلیفہ مُجاز (میم کے پیش کے ساتھ) ہے یہ بھی اسم مفعول ہے أجازَ سے (اجازت دیا ہوا) اور ایک لفظ حقیقت کا مقابل مَجاز (میم کے زبر کے ساتھ) ہے، لوگ ان دونوں میں بھی فرق نہیں کرتے وہ کہتے ہیں: فلاں صاحب فلاں حضرت کے مَجاز (بفتح المیم) ہیں یہ بھی غلط ہے صحیح لفظ میم کے پیش کے ساتھ مُجاز ہے، اسی طرح طلبہ لفظ مُسند میں بھی غلطی کرتے ہیں، اس لئے یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلینی چاہئے کہ کتب حدیث کے ناموں میں جو لفظ آتا ہے وہ مُسند (بضم المیم) ہے، یعنی وہ کتاب جس میں حدیثیں سند کے ساتھ بیان کی گئی ہیں، امام بخاریؒ نے اپنی کتاب کے نام میں دوسرا لفظ المُسند استعمال کیا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ میری اس کتاب میں تمام حدیثیں سند کے ساتھ ہیں، سند کے بغیر کوئی حدیث نہیں۔

ملحوظہ (۱): بعض کتابوں میں حدیثیں سندوں کے بغیر بھی بیان کی گئی ہیں جیسے مشکوٰۃ شریف۔ آپ حضرات جانتے ہیں کہ مشکوٰۃ میں حدیثوں کی سند نہیں ہے صرف صحابی کا نام ہے، اور صحابی کا نام بھی صاحب مشکوٰۃ نے بڑھایا ہے، ورنہ مشکوٰۃ کی اصل مصابیح السنۃ میں امام بغوی رحمہ اللہ نے صحابی کا نام بھی نہیں لکھا، نہ حوالہ دیا ہے، یہ دونوں کام صاحب مشکوٰۃ نے کئے ہیں، یعنی شروع میں صحابی کا نام بڑھایا ہے اور آخر میں ان کتابوں کا حوالہ دیا ہے جہاں سے حدیث لی ہے، اور جب حوالہ دیدیا تو گویا سند بیان کردی، کسی کو سند دیکھنی ہو تو جس کتاب کا حوالہ ہے اس میں دیکھ لے۔

غرض: مشکوٰۃ شریف کی حدیثیں مجرّد ہیں، کیونکہ صاحب مشکوٰۃ نے یہ حدیثیں اپنی سند سے روایت نہیں کیں، بلکہ دوسری کتابوں سے نقل کی ہیں اور ان کی سندیں اصل کتابوں میں موجود ہیں، اصطلاح میں ایسی کتابوں کو مجرد اور ایسا کرنے کو تجرید کہا جاتا ہے۔

ملحوظہ (۲): بخاری شریف میں ایسی روایتیں بھی ہیں جو بلا سند ہیں وہ روایتیں معلقات کہلاتی ہیں۔ المُسند سے وہ روایتیں مراد نہیں، کیونکہ وہ بخاری شریف کی روایتیں نہیں ہیں۔ وہ روایتیں تو باب کے ضمن میں آئی ہیں، وہ مسئلہ کی دلیل کے طور پر یا تائید کے طور پر لائی گئی ہیں، اسی لئے امام بخاری رحمہ اللہ تعلیق میں معمولی ضعیف روایتیں بھی لاتے ہیں، بخاری شریف کی اصل حدیثیں وہ ہیں جو سند کے ساتھ مذکور ہیں، اور ایسی کسی روایت میں ہلکا سا ضعف بھی نہیں ہوتا، اسی لئے بخاری کی معلق روایتوں کا جب حوالہ دیتے ہیں تو رواہ البخاری نہیں کہتے بلکہ رواہ البخاری تعلیقا یا رواہ البخاری فی ترجمۃ الباب کہتے ہیں۔ خلاصۂ کلام: معلقات بخاری شریف کی روایتیں نہیں، بخاری شریف کی روایتیں صرف وہ ہیں جو باسند ہیں، اور المُسند سے وہی روایتیں مراد ہیں۔

الصحیح:

امام بخاری رحمہ اللہ نے کتاب کے نام میں تیسرا لفظ الصحیح استعمال کیا ہے، جس زمانہ میں حضرتؒ نے یہ کتاب لکھی ہے اس زمانہ میں حدیث کی دو ہی قسمیں تھیں، یا تین قسمیں تھیں: صحیح، ضعیف اور موضوع، موضوع کو حدیث کہنا ہی صحیح نہیں، موضوع حدیث نہیں ہوتی جیسے بعض حضرات مرزا غلام احمد قادیانی کے حالات میں مرزا کی تین بیویاں لکھتے ہیں، تیسری بیوی احمدی بیگم کو بتاتے ہیں، حالانکہ احمدی بیگم سے مرزا کا نکاح نہیں ہوا، احمدی بیگم کے تعلق سے تو مرزا کی بڑی فضیحت ہوئی ہے۔ مرزا نے پیشین گوئی کی تھی کہ میرا نکاح احمدی بیگم سے ہوگا، مگر مرتے دم تک نکاح نہیں ہوا۔ پس جو لوگ احمدی بیگم کو مرزا کی تیسری بیوی بتاتے ہیں وہ صحیح نہیں، اسی طرح موضوع کو حدیث کی تیسری قسم قرار دینا غلط ہے۔

بہر حال حدیث کی دو قسمیں ہیں: صحیح اور ضعیف، یعنی جس وقت بخاری شریف لکھی گئی اس وقت حدیث کی یہی دو قسمیں تھیں، اور آج جو حدیث کی بہت سی قسمیں ہیں وہ امام بخاریؒ کے بعد میں وجود میں آئی ہیں۔ چھٹی صدی میں امام نووی رحمہ اللہ نے تقریب لکھی پھر سیوطیؒ نے اس کی شرح تدریب لکھی، پھر نویں صدی میں حافظ ابن حجر عسقلانی نے نخبۃ اور نزہۃ لکھیں اور رفتہ رفتہ حدیث کی اقسام بڑھتی گئیں۔

صحیح اور ضعیف سند کی صفتیں ہیں:

اور صحیح اور ضعیف سند کی صفتیں ہیں، متن کی صفتیں نہیں۔ یعنی صحیح اور ضعیف سند ہوتی ہے حدیث نہیں ہوتی، حدیث تو دو حال سے خالی نہیں یا تو جو بات نبی پاک ﷺ کی طرف منسوب کی گئی ہے وہ واقعی آپؐ کی بات ہے یا آپؐ کی بات نہیں ہے، اگر آپؐ کی بات ہے تو سر آنکھوں پر، ورنہ وہ مردود ہے، مگر اس کا پتہ چلانا ممکن نہیں، اس کا فیصلہ ظن غالب کے طور پر سند ہی کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے، اگر سند میں کوئی خرابی نہیں یعنی سند متصل ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں تو فیصلہ کیا جائے گا کہ یہ آپؐ کا قول و فعل ہے، اور بصورتِ دیگر دوسرا فیصلہ کیا جائے گا۔ اور یہ دونوں فیصلے ظنی ہونگے۔ پس حدیث کو جو صحیح یا ضعیف کہا جاتا ہے وہ مجازی تعبیر ہے۔

اور صحت و ضعف کا تعلق صرف ان سندوں سے ہے جو کتب حدیث کے مصنّفین سے رسول اللہ ﷺ تک پہنچتی ہیں، اور مصنّفین کتب کے بعد جو سندیں ہم تک پہنچی ہیں وہ صرف برائے برکت ہیں، حدیث کی صحت و ضعف پر اثر انداز نہیں، مثلاً امام بخاریؒ سے ہم تک جو سند پہنچی ہے اس میں بہت سے اساتذہ مجہول ہیں، ان کے حالات معلوم نہیں، اور جب وہ مجہول ہیں تو ساری بخاری شریف مجہول ہو جائے گی، حالانکہ ایسا نہیں ہے، بلکہ مصنّفین کتب کے بعد جو سندیں چلتی ہیں وہ صرف برکت کے لئے ہوتی ہیں۔ اعتبار مصنّفین کتب تک کا ہے۔

بخاری شریف میں صرف صحیح، مسلم شریف میں صحیح

اور حسن اور دیگر کتب میں ضعیف حدیثیں بھی ہیں:

امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب میں صرف صحیح مرفوع متصل روایتیں لی ہیں، حسن اور ضعیف روایتیں نہیں لیں۔ اور امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں حسن روایات بھی لی ہیں، کیونکہ حدیث حسن سے بھی استدلال کیا جاتا ہے۔ البتہ ضعیف روایات نہیں لیں، امام مسلمؒ نے خود اپنی صحیح کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ میں اصول میں صحیح حدیثیں لاؤنگا اور متابعات میں حسن حدیثیں بھی لاؤنگا اور اگر کسی باب میں اصول میں صحیح احادیث نہ ہونگی تو پھر حسن حدیثیں لاؤنگا۔

غرض: امام مسلم کا معیار امام بخاریؒ سے فروتر ہے، اور ان دونوں بزرگوں کے علاوہ اور حضرات نے بھی صحیح کے موضوع پر کتابیں لکھی ہیں جیسے صحیح ابن خزیمہ، صحیح ابن حبان اور صحیح ابن السکن وغیرہ، مگر ان کا معیار بخاری و مسلم کے معیار سے فروتر ہے، اور سنن اربعہ کے مصنّفین نے تو ضعیف احادیث بھی لی ہیں، کیونکہ ضعیف اگر حسن لغیرہ بن جائے تو وہ بھی قابل استدلال ہوجاتی ہے۔

المختصر:

چوتھا لفظ **المختصر** استعمال کیا ہے، اس کو اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں پڑھ سکتے ہیں، لیکن عام طور پر اسم مفعول پڑھتے ہیں، جیسے مختصر المعانی، یعنی امام بخاریؒ فرمارہے ہیں کہ میری صحیح مطول نہیں ہے بلکہ مختصر ہے، یعنی صحیح سندوں سے مروی تمام حدیثیں صحیح بخاری میں نہیں ہیں، بلکہ تھوڑی سی ہیں، اور پہلے یہ بات بیان کی جاچکی ہے کہ امام بخاریؒ نے اپنی صحیح چھ لاکھ احادیث سے انتخاب کرکے تصنیف فرمائی ہے۔ ان چھ لاکھ احادیث میں سے ہر صحیح حدیث بخاری شریف میں نہیں لی گئی، اس صورت میں بخاری شریف بہت طویل ہوجاتی، بلکہ یہ صحیح بالاختصار لکھی گئی ہے، کتاب کے شروع میں جو مقدمہ ہے اس کے دوسرے صفحہ پر امام بخاریؒ کا یہ قول ہے: **ما أدخلتُ فی کتاب الجامع إلا ما صَحَّ وترکتُ کثیراً من الصحاح لحال الطول:** میں نے اپنی کتاب میں صرف صحیح حدیثیں لی ہیں اور میں نے بہت سی صحیح حدیثیں چھوڑ دی ہیں کتاب کے طول کا خیال کرکے۔

اس جملہ کا خلاصہ یہ ہے کہ بخاری شریف کی ہر حدیث کی سند صحیح ہے، لیکن جتنی صحیح حدیثیں ہیں وہ سب بخاری میں نہیں ہیں، وہ حدیثیں بخاری کے علاوہ دوسری کتابوں میں ہیں، اور اس کی موٹی دلیل یہ ہے کہ مسلم شریف کی حدیثیں بھی صحیح ہیں اور بہت سی حدیثوں میں امام مسلمؒ متفرد ہیں، یعنی وہ حدیثیں صرف مسلم میں ہیں، بخاری میں نہیں ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ سب صحیح حدیثیں بخاری میں نہیں ہیں، بخاری کے علاوہ کتب حدیث میں بھی صحیح حدیثیں ہیں، پس غیر

مقلدین کا ہر مسئلہ میں بخاری کی حدیث کا مطالبہ صحیح نہیں۔

مِنْ أُمور رسولِ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم وسُنَنِہِ وَأَيَّامِہ :

کتاب کے نام کے شروع میں جو چار لفظ آئے ہیں: جامع، مُسند، صحیح اور مختصر ان کی ضروری تفصیل گذر چکی، اور بعد میں جو تین لفظ آئے ہیں: امور، سنن اور ایام ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

أمور:

أَمرٌ کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: کام، معاملہ۔ یہ لفظ بہت عام ہے، آنحضور ﷺ کے اقوال، افعال، تقریرات اور اوصاف سب کو شامل ہے، اور رسول اللہ کی قید سے صحابہ اور تابعین کے اقوال وافعال نکل گئے۔ امام بخاریؒ فرمارہے ہیں: میری صحیح میں صرف احادیث مرفوعہ ہیں، موقوفہ اور مقطوعہ نہیں۔

جاننا چاہئے کہ امام بخاریؒ باب کے ضمن میں صحابہ اور تابعین کے اقوال بھی لاتے ہیں مگر جس طرح ضمناً آنے والی حدیثیں بخاری کی حدیثیں نہیں، اسی طرح ضمناً آنے والے صحابہ وتابعین کے اقوال بھی بخاری کی روایتیں نہیں، بخاری کی روایتیں صرف وہی ہیں جو حدثنا کے بعد آتی ہیں۔

اور بخاری میں احادیثِ موقوفہ ومقطوعہ کو جگہ نہ دینے کی وجہ یہ ہے کہ تدوینِ حدیث کے تیسرے دور میں جبکہ صحیح بخاری لکھی گئی ہے عام ذہن یہ بن گیا تھا کہ صرف مرفوع روایات حدیثیں ہیں، صحابہ اور تابعین کے اقوال وفتاوی حدیثیں نہیں، اس لئے ان کو حدیث کی کتابوں میں نہیں لینا چاہئے، اور یہ ذہن کیوں بنا تھا؟ اس کی تفصیل آگے تدوین حدیث کے عنوان کے تحت آئے گی!

سُننہ:

سُنن: سنة کی جمع ہے۔ یہ تعمیم کے بعد تخصیص ہے، لفظ امور عام تھا اور لفظ سنن خاص ہے، یعنی امام بخاریؒ فرماتے ہیں: احادیث مرفوعہ میں سے جو سنت ہیں ان کو میں نے اپنی کتاب میں لیا ہے، اس تخصیص سے معلوم ہوا کہ حدیث اور سنت میں فرق ہے، دونوں ایک نہیں، اگر دونوں ایک ہوتے تو تخصیص کی ضرورت نہ تھی، یہ خاص سمجھنے کا مضمون ہے اس کو اچھی طرح ذہن نشین کرنا چاہئے۔

قرآن وحدیث اور فقہ میں سنت کے معنی:

سب سے پہلے یہ بات جاننی چاہئے کہ سنت کا لفظ قرآن کریم میں بھی آیا ہے: ﴿وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا﴾: آپ اللہ کی سنت کو بدلتا ہوا نہیں پائیں گے، اور حدیثوں میں بھی یہ لفظ آیا ہے: ترکتُ فیکم أمرین لن تَضِلُّوا ما

تَمَسَّکْتُمْ بھما: کتابَ اللّٰہِ وسنةَ رسولِه (مشکوٰۃ حدیث۱۸۶) میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑ کر جارہا ہوں، جب تک تم ان دونوں کو مضبوط پکڑے رہو گے گمراہ نہیں ہوؤ گے: ایک: اللہ کی کتاب، دوسری: میری سنت، اور فقہ میں بھی لفظ سنت آتا ہے مگر تینوں جگہ معنی الگ الگ ہیں۔

قرآنِ کریم میں سنت کے کیا معنی ہیں؟ اس موضوع پر حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ کے مبحث اول میں مفصل کلام کیا ہے، تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ میں ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات میں جو صلاحیتیں ودیعت فرمائی ہیں اور جن کی وجہ سے اسباب سے مسببات وجود میں آتے ہیں ان ودیعت کردہ صلاحیتوں سے مسببات کے وجود میں آنے کا نام اللہ کی سنت ہے، جیسے اللہ تعالیٰ نے آگ میں جلانے کی صلاحیت وقابلیت ودیعت فرمائی، اور پانی میں بجھانے کی صلاحیت ودیعت فرمائی، چنانچہ آگ اپنا کام کرتی ہے، کوئی بھی چیز آگ میں ڈالیں گے تو وہ جل جائے گی[1] آگ پر پانی ڈالدو بجھ جائے گی یہ جو آگ اور پانی میں اللہ کی ودیعت فرمائی ہوئی صلاحیتیں ہیں جن سے مسببات وجود میں آتے ہیں، اسی کا نام اللہ کی سنت ہے، غرض قرآن کریم میں جہاں بھی لفظ سنت آیا ہے یہی معنی ہیں۔

اور قرآنِ کریم میں یہ لفظ قوموں کے عروج وزوال کے تعلق سے بھی آیا ہے، جن میں کفار کی شامتِ اعمال کا بیان ہوتا ہے، سورہ بنی اسرائیل (آیت ۷۷) اور سورۃ الفاطر (آیت ۴۳) میں یہی بات بیان کی گئی ہے یعنی ایمان واعمال صالحہ سے معاشرہ ترتا ہے، اور کفر وطغیانی اور انبیاء کی مخالفت سے ڈوبتا ہے۔ یہ اللہ کی سنت ہے، جو کبھی بدلتی نہیں۔

اور فقہ میں جو احکام ستّہ ہیں: فرض، واجب، سنت، مستحب اور مباح۔ ان میں سنت کا تیسرا درجہ ہے، اوپر سے بھی اور نیچے سے بھی۔ اس خاص درجے کے جو احکام ہیں وہ سنت کہلاتے ہیں، پھر سنت کی دو قسمیں ہیں: مؤکدہ اور غیر مؤکدہ۔

اور حدیثوں میں سنت کے معنی ہیں: الطَّریقة المَسْلُوکة فی الدین: دینی راہ یعنی وہ راستہ جس پر مسلمانوں کو چلنا ہے۔

حدیث وسنت میں فرق:

حدیث وسنت نہ تو دونوں ایک دوسرے سے بالکل جدا ہیں یعنی دونوں میں تبائن کی نسبت نہیں ہے اور نہ دونوں ایک ہیں، یعنی دونوں میں تساوی کی نسبت بھی نہیں ہے، بلکہ عام وخاص من وجہ کی نسبت ہے، اور جہاں یہ نسبت ہوتی ہے وہاں تین مادّے ہوتے ہیں، دو افتراقی اور ایک اجتماعی، جیسے ابیض اور حیوان میں من وجہ کی نسبت ہے، اور مادۂ

---

(۱) سوال: اگر کوئی کہے کہ اللہ نے آگ میں جلانے کی صلاحیت رکھی ہے، پھر آگ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کیوں نہیں جلایا؟ تو جواب یہ ہے کہ یہ خرق عادت ہے، اللہ تعالیٰ اسباب کی صلاحیت کے خلاف بھی کرتے ہیں تاکہ معلوم ہوجائے کہ اسباب: اسباب ہیں، خدا نہیں، خدا ان سے اوپر ہے، اور اسباب کی لگام خدا کے ہاتھ میں ہے، جب تک وہ چاہیں گے اسباب کام کریں گے، اور جب وہ نہیں چاہیں گے اسباب کچھ نہیں کریں گے۔

افتراقی سفید کپڑا اور کالی بھینس ہیں، اول صرف ابیض ہے اور ثانی صرف حیوان، اور سفید بیل مادۂ اجتماعی ہے وہ ابیض بھی ہے اور حیوان بھی، حدیث اور سنت کے درمیان بھی یہی نسبت ہے۔ اس لئے کبھی حدیث الگ ہوجاتی ہے، وہ سنت نہیں ہوتی اور کبھی سنت الگ ہوجاتی ہے وہ حدیث نہیں ہوتی، اور کبھی دونوں جمع ہوجاتے ہیں وہ حدیث بھی ہوتی ہے اور سنت بھی۔

وہ روایتیں جو صرف حدیث ہیں سنت نہیں:

پہلا مادّۂ افتراقی: تین قسم کی روایتیں ہیں جو صرف حدیث ہیں سنت نہیں:

پہلی قسم: وہ حدیثیں جو منسوخ ہیں سنت نہیں، کیونکہ مسلمانوں کو ان پر نہیں چلنا، بعد میں جو ناسخ حدیثیں آئی ہیں مسلمانوں کو ان پر چلنا ہے، جیسے حدیث ہے: تَوَضَّئُوْا مِمَّا مَسَّتِ النارُ: آگ پر پکی ہوئی چیز کی مزاولت سے وضو کرو، یہ اعلی درجہ کی صحیح حدیث ہے، مگر بعد میں یہ حکم باقی نہیں رہا۔ بعد میں نبی ﷺ، خلفائے راشدین اور دیگر صحابہ آگ پر پکی ہوئی چیز کھاتے پیتے تھے اور وضو کئے بغیر نماز پڑھتے تھے۔ اس لئے حدیث توضؤا مما مست النار: منسوخ ہے پس وہ سنت نہیں۔

قرآن کریم میں ایسی کوئی آیت نہیں جو اپنے تمام مواد میں منسوخ ہو:

اور قرآنِ کریم میں نسخ کی دو شکلیں ہوتی تھیں: ایک: اللہ تعالیٰ منسوخ آیت کو اٹھالیتے تھے، دوسری: اللہ تعالیٰ منسوخ آیت بھلادیتے تھے، حضور ﷺ اور صحابہ سب اس کو بھول جاتے تھے، ﴿سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى إِلَّا مَاشَاءَ اللّٰهُ﴾: ہم آپ کو قرآن پڑھائیں گے پس آپؐ اس کا کوئی حرف نہیں بھولیں گے مگر جسے اللہ چاہیں یعنی جس کو منسوخ کرنا ہوتا تھا اس کو بھلادیتے تھے۔

آج جو قرآن کریم موجود ہے کیا اس میں ایسی کوئی آیت ہے جو اپنے تمام مواد میں منسوخ ہو؟ آپ حضرات الفوز الکبیر میں یہ بحث پڑھ کر آئے ہیں، متقدمین کہتے ہیں: قرآن میں پانچ سو آیتیں منسوخ ہیں، پھر ابن العربی اور سیوطی رحمہما اللہ نے کہا: بیس آیتیں منسوخ ہیں، پھر حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے کہا: صرف پانچ آیتیں منسوخ ہیں، اور میں نے الفوز الکبیر کی عربی شرح العون الکبیر میں لکھا ہے کہ قرآن کریم میں ایسی کوئی آیت نہیں جو اپنے تمام مواد میں منسوخ ہو، اور شاہ صاحبؒ نے جن پانچ آیتوں کو منسوخ مانا ہے، العون الکبیر میں ان کا مطلب بیان کیا ہے اور میری یہ نئی رائے نہیں، اور حضرات نے بھی یہ بات لکھی ہے۔

غرض: قرآن میں ایسی کوئی آیت نہیں جو اپنے تمام مواد میں منسوخ ہو، ہاں ایسی آیتیں ہیں جو بعض احوال میں معمول بہا ہیں اور بعض میں نہیں، جیسے مؤلفۃ القلوب والی آیت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو موقوف کیا ہے، منسوخ

نہیں کیا، اگر کبھی حالات خراب ہوجائیں اور دور اول جیسے حالات پیدا ہوجائیں تو زمانے کا امیر المؤمنین مؤلفۃ القلوب کا حصہ جاری کرسکتا ہے، مفتی جاری نہیں کرسکتا۔ مجتہد جاری نہیں کرسکتا، جب زمانے کے امیر المؤمنین نے موقوف کیا ہے تو زمانے کا امیر المؤمنین ہی اس کو جاری کرسکتا ہے۔

ایسی اور بھی آیتیں ہیں، جیسے قرآن میں ہے: جب موت کا وقت قریب آئے تو والدین کے لئے اور رشتہ داروں کے لئے شریعت کے مطابق وصیت کرو، اب یہ حکم باقی نہیں، کیونکہ میراث کے احکام اللہ تعالیٰ نے نازل فرمادیئے، مگر اب بھی ایسی صورت پیش آسکتی ہے کہ وصیت ضروری ہو، جیسے کسی کو ڈر ہو کہ اس کے بعد لڑکے سب ترکے پر قبضہ کرلیں گے، ماں باپ کو کچھ نہیں دیں گے، یا بعض بیٹے قبضہ کرلیں گے اور بعض کو کچھ نہیں دیں گے تو ایسی صورت میں شریعت کے احکام کے مطابق وصیت نامہ لکھ کر کورٹ سے رجسٹر کرالینا چاہئے، ایسی صورت میں اس آیت پر عمل ہوگا۔

حدیث کی کتابوں میں منسوخ حدیثیں بھی ہیں:

بہر حال قرآنِ کریم میں تو ایسی کوئی آیت نہیں جو اپنے تمام مواد میں منسوخ ہو، لیکن حدیثوں میں منسوخ حدیثیں بھی ہیں۔ دور اول کے جو احکام تھے وہ بھی حدیث کی کتابوں میں موجود ہیں اور بعد میں جو احکام آئے وہ بھی کتابوں میں ہیں، پس پہلی قسم کی روایتیں صرف حدیث ہیں سنت نہیں، اور دوسری قسم کی روایتیں حدیث بھی ہیں اور سنت بھی۔

منسوخ حدیث کا پتہ کیسے چل سکتا ہے؟

اور حدیثوں میں نسخ کا پتہ کبھی تو قرینہ سے چلتا ہے اور کبھی خود صحابہ صراحت کرتے ہیں کہ یہ حکم پہلے تھا، بعد میں یہ حکم نہیں رہا، جیسے ابوداؤد اور ترمذی میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: كان آخِرَ الأمرين من رسول الله صلى الله عليه وسلم تركُ الوضوء مما مست النار: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو نہ کرنا آنحضور ﷺ کا آخری عمل ہے، اس حدیث میں حضرت جابرؓ نے صراحت کی ہے کہ وہ حدیثیں جن میں آگ پر پکی ہوئی چیزوں کی مزاولت سے وضو کا حکم ہے وہ دورِ اول کی ہیں اور منسوخ ہیں۔

اور کبھی قرینہ سے اس کا پتہ چلتا ہے، جیسے آنحضور ﷺ کا ارشاد ہے: كنتُ نَهَيْتُكم عن زيارة القُبور فَزُورُوها (مشکوٰۃ حدیث ۱۷۶۲) میں نے تمہیں قبرستان جانے سے روکا تھا، اب قبرستان جایا کرو، اس حدیث میں قرینہ ہے کہ قبرستان جانے کی ممانعت دور اول میں تھی، بعد میں اجازت ہوگئی۔ پس جواز کی روایات سنت ہیں اور ممانعت کی روایتیں صرف حدیث ہیں۔

اور کبھی نہ کوئی قرینہ موجود ہوتا ہے، نہ صحابہ کی صراحت سے تقدیم وتاخیر کا پتہ چلتا ہے، ایسی صورت میں مجتہدین غور کرتے ہیں اور تقدیم وتاخیر کا فیصلہ کرتے ہیں، پھر کبھی تو مجتہدین متفق ہوجاتے ہیں اور کبھی ان میں اختلاف ہوجاتا

ہے، جیسے دو حدیثیں ہیں: الماء من الماء: اور إذا التقی الخِتَانان فقد وَجَبَ الغُسل: پہلی حدیث کا مدعی یہ ہے کہ اگر میاں بیوی صحبت کریں اور انزال ہو جائے تو غسل واجب ہوگا اور اگر انزال سے پہلے مجامعت ختم کردیں تو غسل واجب نہیں ہوگا، اور دوسری حدیث کا مدعی یہ ہے کہ جب صحبت شروع کردی اور مرد کی شرم گاہ عورت کی شرم گاہ میں چلی گئی تو دونوں پر غسل واجب ہو گیا، انزال ہو یا نہ ہو۔

ان دونوں حدیثوں میں سے کونسی حدیث مقدم ہے اور کونسی مؤخر؟ اس کی کوئی صراحت نہیں، نہ کوئی قرینہ ہے، اس لئے دور اول میں صحابہ میں اس مسئلہ میں اختلاف رہا، بعض صحابہ اکسال کی صورت میں عدم غسل کا فتوی دیتے تھے اور بعض وجوب غسل کا، اور یہ اختلاف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ تک باقی رہا، حضرت عمرؓ کے زمانہ میں اس مسئلہ میں صحابہ نے غور کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ یہ مسئلہ ازواج مطہرات سے پوچھا جائے، چنانچہ حضرت عمرؓ نے ایک شخص کو اپنی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا مگر انھوں نے لاعلمی ظاہر کی، اور کہا: میرے ساتھ ایسا واقعہ پیش نہیں آیا۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آدمی بھیجا تو انھوں نے کہا: میرے اور نبی ﷺ کے درمیان ایسی صورت پیش آئی ہے اور ہم نے غسل کیا ہے، جب صحابہ کو نبی ﷺ کا عمل معلوم ہو گیا تو حضرت عمرؓ نے لوگوں سے کہا: آج کے بعد اگر کوئی شخص ایسا کرے گا اور غسل نہیں کرے گا تو میں اس کو سخت سزا دوں گا (تفصیل طحاوی میں ہے) اس دن سے تمام صحابہ کا اجماع ہو گیا کہ اکسال کی صورت میں غسل واجب ہے، اب اس مسئلہ میں کوئی اختلاف باقی نہیں رہا۔

اور کبھی تقدیم وتاخیر کی تعیین میں مجتہدین کے درمیان اختلاف ہو جاتا ہے، جیسے رفع یدین اور ترکِ رفع کی روایات۔ یعنی رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین مسنون ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں اعلی درجہ کی صحیح روایتیں موجود ہیں کہ نبی پاک ﷺ ان دونوں موقعوں پر رفع یدین کرتے تھے، اور پانچ روایتیں ایسی ہیں کہ حضور اکرم ﷺ پوری نماز میں کہیں بھی رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ غرض: رفع کی روایتیں زیادہ ہیں اور ترک رفع کی پانچ ہیں —— اور جاننا چاہئے کہ نماز کے شروع میں تکبیر تحریمہ کے ساتھ جو رفع ہے وہ نماز سے باہر ہے، اس لئے وہ زیر بحث نہیں۔

بہر حال اس مسئلہ میں صحابہ کے زمانہ سے اختلاف چلا آرہا تھا، وہی اختلاف جب ائمہ مجتہدین کے دور تک پہنچا تو امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ نے یہ موقف اختیار کیا کہ رفع کی روایتیں دورِ اول کی ہیں اور ترک رفع کی بعد کی، اور قرینہ یہ ہے کہ آنحضور ﷺ کے وصال کے بعد چاروں خلفاء نے جو آپؐ کے مصلے پر کھڑے ہوئے رفع یدین نہیں کیا، جبکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سترہ نمازیں آپؐ کی حیات میں پڑھائی ہیں، پس کیا یہ ممکن ہے کہ آنحضور ﷺ کا آخری عمل حضرت ابوبکرؓ آپؐ کے مصلے پر کھڑے ہوتے ہی موقوف کردیں؟ یہ بات ممکن نہیں۔

پس چاروں خلفاء کا رفع یدین نہ کرنا دلیل ہے کہ رفع کی روایتیں دورِ اول کی ہیں اور ترک رفع کی روایتیں بعد کی،

اس لئے رفع کی روایتیں منسوخ ہیں اور ترک رفع کی روایتیں ناسخ، اور ناسخ روایتیں ہی سنت اور معمول بہا ہوتی ہیں۔

اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا رجحان اس کے برعکس ہے، یعنی ان کے نزدیک ترک رفع کی روایتیں مقدم اور منسوخ ہیں اور رفع کی روایتیں مؤخر ہیں اس لئے وہی روایتیں سنت اور معمول بہا ہیں۔

وہ کہتے ہیں: رفع تعظیم فعلی اور نماز کا زیور ہے، بیٹی کے لئے زیور بنا کر رکھ دیتے ہیں جب شادی کا وقت آتا ہے تو زیور اس کو پہناتے ہیں، اسی طرح رفع یدین جو تعظیم فعلی اور نماز کا زیور ہے آخر میں نماز کو پہنایا گیا ہے، یعنی رفع آنحضور ﷺ نے آخر میں شروع کیا ہے۔

ان کی دلیل یہ ہے کہ صغار صحابہ نے اپنے زمانہ میں رفع یدین کیا ہے اگر رفع والی روایتیں منسوخ ہوتیں تو صحابہ اس پر کیسے عمل کرتے؟ منسوخ روایات پر عمل جائز نہیں۔

بہر حال دونوں فریقوں کے پاس قرائن ہیں اس لئے ناسخ ومنسوخ متعین کرنے میں اختلاف ہوگیا، لیکن اتنی بات طے ہوگئی کہ بڑے دواماموں کے نزدیک ترکِ رفع کی روایتیں سنت ہیں، اور رفع کی روایتیں صرف حدیث ہیں اور چھوٹے دواماموں کے نزدیک رفع کی روایتیں سنت ہیں اور ترک رفع کی روایتیں صرف حدیث ہیں۔

دوسری قسم: وہ حدیثیں جو نبی ﷺ کے ساتھ خاص ہیں وہ اگرچہ حدیثیں ہیں مگر سنت نہیں، جیسے نبی ﷺ کے لئے نکاح کے باب میں چار کی قید نہیں تھی، آپؐ کے نکاح میں نو بیویاں جمع ہوئی ہیں، جب حضور ﷺ کا یہ فعل ہے تو حدیث ہوئی مگر سنت نہیں، امت کو جس راستہ پر چلنا ہے وہ یہ ہے کہ آدمی چار ہی بیویاں ایک ساتھ جمع کرسکتا ہے، اور حضور کا فعل حضور کے ساتھ خاص ہے۔

سورۂ احزاب (آیت ۵۰) میں ہے: ﴿خَالِصَةً لَكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ یہ حکم آپؐ کے لئے خاص ہے، مؤمنین کے لئے نہیں ہے ﴿قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْ أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ﴾ امت کے لئے ان کی بیویوں اور باندیوں کے سلسلہ میں جو احکام ہیں وہ ہم جانتے ہیں، کیونکہ وہ ہم نے مقرر کئے ہیں، چنانچہ سورۂ نساء کے شروع میں ہے: ﴿فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبَاعَ﴾: پس نکاح کرو تم ان عورتوں سے جو تمہیں پسند ہوں دو دو، تین تین اور چار چار سے۔ امت کے لئے یہی حکم ہے۔ وہ ایک وقت میں زیادہ سے زیادہ چار سے نکاح کرسکتے ہیں اور آنحضور ﷺ کے نکاح میں جو چار سے زیادہ ازواج جمع ہوئی ہیں وہ آپؐ کی خصوصیت ہے۔

مگر اہل حدیث (غیر مقلد) اس حدیث پر بھی عمل کرتے ہیں، ان کے نزدیک امت کے لئے بھی نکاح کے باب میں کوئی تحدید نہیں، نواب صدیق حسن خان صاحب بھوپالی کے صاحبزادے نواب نور الحسن خان صاحب نے عرف الجادی میں یہ مسئلہ صراحتاً لکھا ہے، حالانکہ یہ فعل نبوی سنت نہیں، امت کا اجماع ہے کہ امت کے لئے چار سے زیادہ بیویاں جمع کرنا جائز نہیں۔

صوم وصال کا حکم:

صوم وصال: دو یا زیادہ دنوں کے روزے مسلسل رکھنا، بیچ میں افطار نہ کرنا، نبی پاک ﷺ اس طرح کا روزہ رکھتے تھے، لیکن آپؐ نے امت کو اس روزے سے منع فرمایا (بخاری حدیث ۱۹۶۱) بعد میں اختلاف ہوا کہ صوم وصال کا جواز آنحضور ﷺ کے ساتھ خاص تھا یا امت کے لئے بھی یہ روزہ جائز ہے؟ حضرت عمر اور حضرت عائشہ اور حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہم کے نزدیک صوم وصال کا جواز آنحضور ﷺ کے ساتھ خاص نہیں تھا، امت کے لئے بھی جائز ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی پاک ﷺ نے امت کو صوم وصال سے شفقت کی بنا پر منع فرمایا ہے (بخاری حدیث ۱۹۶۴) پس صوم وصال فی نفسہ جائز ہے۔ حضرت عائشہ، حضرت عمر اور حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہم صوم وصال رکھتے تھے۔ مگر اکثر صحابہ کی رائے یہ تھی کہ یہ روزہ حضور ﷺ کے ساتھ خاص تھا۔

غرض حدیثوں میں بعض احکام وہ ہیں جو آنحضور ﷺ کے ساتھ خاص ہیں، ایسے احکام حدیث ہیں سنت نہیں۔

تیسری قسم: نبی ﷺ نے کسی مصلحت سے کوئی بات فرمائی یا کوئی عمل کیا یا کسی مسئلہ کی وضاحت کے لئے کوئی عمل کیا تو وہ حدیث ہے مگر سنت نہیں، جیسے ایک مرتبہ نبی ﷺ نے ایک قوم کی کوڑی پر کھڑے ہو کر پیشاب فرمایا (بخاری حدیث ۲۲۴) یہ حدیث ہے مگر سنت نہیں، یعنی یہ دینی طریقہ نہیں، کیونکہ آپؐ ہمیشہ بیٹھ کر ہی پیشاب فرماتے تھے، پس وہی سنت ہے۔

پھر ایک مرتبہ حضور ﷺ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیوں کیا؟ **جواب**: مسئلہ کی وضاحت کے لئے، کبھی انسان کو ایسی مجبوری پیش آتی ہے کہ بیٹھ نہیں سکتا، مثلاً کوڑی ہے، گندگی کی جگہ ہے ایسی مجبوری میں کھڑے ہو کر پیشاب کرنا جائز ہے، یا کسی بیماری کی وجہ سے بیٹھ نہیں سکتا تب بھی یہی حکم ہے۔

پھر سنت کیا ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: **مَن حدَّثکم أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کان یبولُ قائمًا فلا تُصدِّقُوہ ما کان یبول إلا قاعِدًا**: اگر تم سے کوئی بیان کرے کہ آپؐ کی عادت کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی تھی تو ہرگز نہ ماننا، آپؐ ہمیشہ بیٹھ کر ہی پیشاب فرمایا کرتے تھے (ترمذی حدیث ۱۱)

لطیفہ: نیویارک کی ایک مسجد میں ایک غیر مقلد حدیث کی تعلیم کر رہا تھا اس نے بخاری شریف کھول کر یہی حدیث بیان کی اور کہا: کھڑے ہو کر پیشاب کرنا سنت ہے، اس حدیث سے یہ بات صراحتاً ثابت ہوتی ہے، مجمع میں سے ایک شخص نے سوال کیا: یہ سنت صرف مردوں کے لئے ہے یا عورتوں کے لئے بھی؟ بس سٹی گم ہوگئی۔

دوسری مثال: بخاری شریف (کتاب التہجد باب ۳۵ حدیث ۱۱۸۳) میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: **صلّوا قبل صلوۃ المغرب**: مغرب سے پہلے نفلیں پڑھو، یہ بات دو مرتبہ فرمائی، پھر تیسری مرتبہ **لِمَنْ شاء** بڑھایا۔ یعنی مغرب سے پہلے کوئی نفلیں پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے، راوی عبداللہ مزنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آپؐ نے **لِمَنْ شاءَ** اس لئے

بڑھایا کہ لوگ اس کو سنت نہ سمجھ لیں، کراهیَةَ أن یَتَّخِذَها الناسُ سنةً: اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کہ لوگ اس کو سنت بنالیں، اس سے معلوم ہوا کہ حدیث اور سنت میں فرق ہے اور ارشاد پاک: صلُّوا قبل صلوة المغرب مسئلہ کی وضاحت کے لئے تھا، عصر کے فرضوں کے بعد جو نفلوں کی ممانعت ہے وہ غروب شمس تک ممتد ہے، سورج چھپتے ہی کراہیت ختم ہوجاتی ہے، اب کوئی نفلیں پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے، مگر اس وقت میں نفلیں پڑھنا سنت نہیں، نہ نبی ﷺ نے مغرب سے پہلے کبھی نفلیں پڑھی ہیں اور نہ چاروں خلفاء نے، کیونکہ مغرب میں تعجیل (جلدی کرنا) مطلوب ہے، سنتیں پڑھنے سے تاخیر ہوجائے گی،

تیسری مثال: ایک مرتبہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کے ساتھ لیٹی ہوئی تھیں کہ حیض شروع ہوگیا، وہ اٹھ کر خاص کپڑے باندھنے لگیں، تو آپؐ نے فرمایا: لنگی باندھ کر میرے ساتھ لیٹ جاؤ۔ یہ زندگی میں ایک مرتبہ کا واقعہ تھا اور مسئلہ کا بیان تھا سنت نہیں تھا۔ جب حضرت عائشہؓ یہ واقعہ بیان کرتیں تو ساتھ ہی کہتیں: و أیُّکم یَملِكُ أَرَبَه: تم میں سے کون ہے جو اپنی خواہش پر کنٹرول رکھ سکتا ہے! یعنی اس کو سنت سمجھ کر حالت حیض میں بیوی کو ساتھ مت لٹاؤ، ورنہ گناہ میں مبتلا ہوجاؤ گے۔

سوال: وہ کونسا مسئلہ ہے، جس کی اس فعلنے وضاحت کی ہے؟

جواب: اس حدیث نے سورۃ البقرۃ (آیت ۲۲۲) کی تفسیر کی ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ؟ قُلْ: هُوَ أَذًى، فَاعْتَزِلُوْا النَّسَاءَ فِيْ الْمَحِيْضِ، وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ﴾: لوگ آپؐ سے حیض کا حکم پوچھتے ہیں؟ آپؐ کہیں: وہ تکلیف دہ حالت ہے، پس تم حیض کے زمانے میں عورتوں سے علاحدہ رہا کرو، اور ان کے نزدیک مت جایا کرو، جب تک وہ پاک نہ ہوجائیں۔

اور نزول آیت کے وقت یہود و مجوس حالت حیض میں عورت کے ساتھ کھانے پینے اور ایک گھر میں رہنے کو بھی جائز نہیں سمجھتے تھے، اور نصاریٰ و مشرکین مجامعت سے بھی پرہیز نہیں کرتے تھے۔ اس لئے اس کی وضاحت ضروری تھی کہ کہاں تک نزدیک جاسکتے ہیں، اور کہاں پہنچ کر رک جانا ضروری ہے۔ چنانچہ آپؐ نے اپنے مختلف افعال سے اس کی وضاحت فرمائی۔ آپؐ حائضہ بیوی کے ساتھ کھاتے تھے، بلکہ اس کی کھائی ہوئی ہڈی لے کر نوش فرماتے تھے، اس کی گود میں سر رکھ کر سوتے تھے، بلکہ قرآن بھی پڑھتے تھے۔ اسی سلسلہ کی یہ روایت بھی ہے کہ آپؐ نے حائضہ بیوی کو لنگی کے ساتھ اپنے ساتھ لٹایا ہے، اس سے آگے آپؐ کا کوئی عمل نہیں، چنانچہ امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس جگہ رک جانا ضروری ہے۔ ناف اور گھٹنے کے درمیان کے جسم کو بغیر حائل کے ہاتھ لگانا جائز نہیں۔ باقی جسم کو ہاتھ لگاسکتے ہیں۔

غرض: یہ تین قسم کی روایتیں حدیثیں تو ہیں مگر سنت نہیں، اول: جو حدیثیں منسوخ ہیں، دوم: جو حدیثیں نبی پاک ﷺ کے ساتھ خاص ہیں یا جن میں آپؐ کے ذاتی احوال کا بیان ہے۔ سوم: وہ کام جو نبی ﷺ نے کسی مصلحت

سے کیا ہے۔

خلفائے راشدین نے جو کام ملک وملت کی تنظیم کے لئے کئے ہیں وہ سنت ہیں حدیث نہیں:

دوسرا مادۂ افتراقی: کچھ چیزیں سنت ہیں مگر حدیث نہیں، وہ خلفائے راشدین کی سنتیں ہیں، وہ من أمور الخلفاء الراشدین ہیں، من أمور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ہیں۔

جاننا چاہئے کہ حکومتیں دو طرح کی ہیں: قومی حکومت (نیشنل گورنمنٹ) اور بین الاقوامی حکومت (انٹرنیشنل گورنمنٹ) آنحضور ﷺ کے زمانہ تک اسلامی حکومت صرف جزیرۃ العرب میں قائم ہوئی تھی یعنی قومی حکومت تھی اس لئے آنحضور ﷺ نے صرف قومی حکومت کے احکام بیان فرمائے، بین الاقوامی حکومت کے احکام بیان نہیں فرمائے۔ اس لئے کہ اگر بین الاقوامی حکومت کے احکام بیان کئے جاتے تو وہ قبل از وقت ہوتے اور ان کو سمجھنے میں بھی دشواری ہوتی اور یاد رکھنے میں بھی، یہ تو صرف قرآن کریم کا معجزہ ہے کہ ایک حرف سمجھے بغیر عجمی بچہ پورا قرآن حفظ کر لیتا ہے۔ اور اس طرح پڑھتا ہے جیسے سمجھ کر پڑھ رہا ہو، کوئی دوسری کتاب سمجھے بغیر حفظ کر کے کوئی دکھائے تو ہم جانیں!

غرض: قبل از وقت احکام بیان کئے جائیں گے تو ان کا سمجھنا بھی مشکل ہوگا اور یاد رکھنا بھی، جیسے آج کل کلونک کا مسئلہ چل رہا ہے، یہ انگریزی لفظ ہے، اس کے معنی ہیں: قلم کاری، یعنی ایک آدمی سے چند آدمی بنانا، اگر آنحضور ﷺ چودہ سو سال پہلے یہ مسئلہ بیان کرتے تو کون سمجھتا؟ اسی طرح اگر حضور ﷺ بین الاقوامی حکومت کے احکام بیان کرتے تو صحابہ کیسے سمجھتے؟ اور نہ سمجھتے تو یاد کیسے کرتے؟ اور امت تک کیسے پہنچاتے؟ مسئلہ وقت پر ہی سمجھ میں آتا ہے، اور وقت پر ہی بیان کیا جاتا ہے، اس لئے آنحضور ﷺ نے بین الاقوامی حکومت کے احکام بیان نہیں کئے، بین الاقوامی حکومت قائم ہوئی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کل دو سال رہی ہے، اور وہ دو سال بھی بڑے ہنگاموں میں گذرے ہیں، اندرونی مسائل اتنے پیچیدہ تھے کہ ان سے نمٹنا مشکل تھا۔ پھر جب جزیرۃ العرب کے مسائل نمٹ گئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جزیرۃ العرب سے متصل جو دو سپر پاور تھے: ایران اور روم، ان کے ساتھ جنگیں شروع ہوئیں، اور اللہ نے مسلمانوں کو فتح نصیب فرمائی، ایران تو بالکل ختم ہوگیا اور روم پیچھے ہٹ گیا، اور بین الاقوامی حکومت قائم ہوئی، ملت بھی بہت بڑھ گئی، بے شمار لوگ اسلام میں داخل ہوئے، اس طرح جب بین الاقوامی حکومت قائم ہوئی تو اس کے احکام بیان کرنے ضروری ہوئے۔ وہ خلفاء راشدین نے بیان کئے اور وہ ان کی سنتیں قرار پائیں۔ اور جب ملت بڑھ گئی تو ملت کی تنظیم بھی ضروری ہوئی، وہ خلفاء راشدین نے کی اور وہ ان کی سنتیں ٹھہریں۔

غرض ملک وملت کو منظّم کرنے کے لئے چاروں خلفائے راشدین نے جو طریقے رائج کئے ہیں وہ خلفاء راشدین کی

سنتیں ہیں، حدیثیں نہیں ہیں۔ یہ دوسرا مادۂ افتراقی ہوا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سنت:

جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو کچھ قبائل نے دارالحکومت (سنٹرل گورنمنٹ) کو زکوتیں دینے سے انکار کردیا، ان کو مانعین زکوۃ کہتے ہیں۔ مانعین زکوۃ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ زکوۃ کے وجوب کا انکار کرتے تھے، بلکہ مانعین زکوۃ کہتے تھے کہ ہم اپنی زکوۃ خود اپنے غریبوں میں تقسیم کریں گے، مدینہ (دارالحکومت) کو نہیں بھیجیں گے، یہ حضور ﷺ کی خصوصیت تھی، ان کی دلیل یہ تھی کہ سورۃ التوبہ (آیت ۱۰۳) میں ارشاد پاک ہے: ﴿خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ، إِنَّ صَلوٰتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ﴾: آپؐ ان کے مالوں میں سے صدقہ (زکات) لیجئے، جس کے ذریعہ آپ ان کو پاک صاف کریں، اوران کے لئے دعا کیجئے بیشک آپؐ کی دعاؤں سے ان کو تسلی ہوتی ہے، اب جبکہ آنحضور ﷺ دنیا سے پردہ فرما گئے تو کون دعائیں دے گا؟ اور کس کی دعا تسکین کا باعث ہوگی؟ لہٰذا اب ہم سنٹرل گورنمنٹ کو زکوتیں نہیں بھیجیں گے، ہم اپنے قبیلے کی زکوتیں وصول کرکے خود تقسیم کریں گے۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا: میں ان کے ساتھ جنگ کروں گا، حضرت عمرؓ نے فرمایا: یہ لوگ مسلمان ہیں، ان کے ساتھ جنگ کیسے جائز ہے؟ حدیث میں ہے: أُمرتُ أن أُقاتِل الناس حتی یقولوا: لا إله إلا الله: مجھے حکم ہے کہ میں لوگوں سے اس وقت تک لڑوں جب تک وہ مسلمان نہ ہوجائیں یعنی اسلام قبول کرنے پر جنگ بند کردینا ضروری ہے۔ مگر صدیق اکبرؓ برابر یہی فرماتے رہے کہ میں ان سے جنگ کروں گا، اگر وہ نبی ﷺ کے زمانہ میں زکات میں رسی دیتے تھے اور وہ نہیں دیں گے تو بھی میں ان سے جنگ کروں گا اور ان کو مجبور کروں گا کہ وہ زکوۃ مرکزی حکومت کو بھیجیں (مشکوۃ حدیث ۱۷۹۰) مگر پھر جنگ کی نوبت نہیں آئی، وہ لوگ قائل ہوگئے اور انھوں نے سنٹرل گورنمنٹ کو زکوۃ بھیجنی شروع کردی۔

اب مسئلہ طے ہوگیا کہ جو چیزیں شعائر اسلام میں سے ہیں اگرچہ وہ سنت ہوں اگر مسلمانوں کی کوئی جماعت بالاتفاق ان شعائر کو ترک کردے تو ان کے ساتھ جنگ کی جائے گی اور ان کو مجبور کیا جائے گا کہ وہ شعائر اسلام کو قائم کریں، مثلاً کسی علاقہ کے لوگ بالاتفاق طے کرلیں کہ وہ اذان نہیں دیں گے تو اگرچہ اذان دینا سنت ہے، فرض یا واجب نہیں، مگر چونکہ اذان شعائر اسلام میں سے ہے اس لئے ان کے ساتھ جنگ کی جائے گی اور ان کو اذان دینے پر مجبور کیا جائے گا، یا کسی علاقہ کے مسلمان طے کرلیں کہ وہ اپنے بچوں کی ختنہ نہیں کرائیں گے تو اگرچہ ختنہ کرانا اصح قول کے مطابق سنت ہے مگر شعائر اسلام میں سے ہے۔ اس وجہ سے ان کو ختنہ کرانے پر مجبور کیا جائے گا یہ سب مسائل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سنت سے طے ہوئے۔

دوسری سنت: آنحضور ﷺ نے اپنے بعد کوئی خلیفہ نامزد نہیں کیا، حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کے اشارے فرمائے مگر صراحت نہیں کی، چنانچہ آپؐ کے بعد بالاتفاق حضرت ابوبکرؓ خلیفہ چنے گئے، لیکن صدیق اکبرؓ نے اپنے بعد خلیفہ نامزد کیا،

ایک پرچہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا نام لکھا اور بند کر کے لوگوں کے پاس بھیجا اور اس پر بیعت لی، چنانچہ حضرت ابوبکرؓ کے بعد حضرت عمرؓ خلیفہ ہوگئے، حضرت ابوبکرؓ نے اپنے بعد خلیفہ نامزد کرنے کا جو طریقہ اختیار کیا وہ بھی آپؓ کی سنت ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سنت:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سنتیں تو بے شمار ہیں، جن کے ذریعہ آپؓ نے ملک وملت کی تنظیم کی ہے، جیسے باجماعت تراویح کا نظام بنایا، آنحضور ﷺ کے زمانہ میں باجماعت تراویح کا نظام نہیں تھا، لوگ اپنے طور پر تراویح پڑھتے تھے، حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں بھی اسی طرح چلتا رہا، پھر جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو انھوں نے باقاعدہ جماعت کے ساتھ تراویح کا نظام بنایا اور ملت کو منظّم کیا۔ اسی طرح ایک مجلس کی اور ایک لفظ کی تین طلاقوں کو تین قرار دیا اور چور دروازہ بند کر دیا یہ بھی ملت کی تنظیم کی ہے، علاوہ ازیں: عراق جو لڑ کر فتح کیا گیا تھا اس کی زمینیں مجاہدین میں تقسیم نہیں کیں اور ذمیوں پر جزیہ کی شرح مقرر کی یہ سب ملک کی تنظیم ہے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی سنت:

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے دو زبردست کام کئے ہیں: ایک: جمعہ کی پہلی اذان بڑھائی، دوسرا: قرآن کو سرکاری ریکارڈ سے نکال کر لوگوں کو سونپ دیا اور امت کو لغتِ قریش پر جمع کر دیا۔ یہ حضرت عثمانؓ کے دو بڑے کام ہیں جن کے ذریعہ انھوں نے ملت کی تنظیم کی۔

آنحضور ﷺ کے زمانے میں جمعہ کی دو ہی اذانیں تھیں، پہلی اذان اس وقت ہوتی تھی جب امام منبر پر آ کر بیٹھتا تھا، یہ اذان مسجد کے دروازے کی چھت پر ہوتی تھی، پھر خطبہ کے بعد نماز سے پہلے اقامت ہوتی تھی یہ دوسری اذان تھی، حضرت عثمانؓ کے زمانے میں مدینہ کی آبادی دور تک پھیل گئی لوگ اذان کے بعد بھی خطبہ کے دوران آتے رہتے تھے، اس لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ایک اذان بڑھائی تاکہ سب لوگ خطبہ شروع ہونے سے پہلے مسجد میں پہنچ جائیں، چنانچہ پہلی اذان کے دس منٹ کے بعد حضرت عثمانؓ منبر پر تشریف لاتے تھے، پھر دوسری اذان امام کے سامنے دی جاتی تھی، پھر نماز سے پہلے اذان یعنی اقامت ہوتی تھی، اس طرح جمعہ کی پہلی اذان کے ذریعہ حضرت عثمانؓ نے امت کو منظّم کیا یہ آپؓ کی سنت ہے، حدیث نہیں۔

دوسرے کام کی تفصیل: نبی ﷺ کی وفات کے بعد فوراً مسیلمہ کذاب کے ساتھ جنگ یمامہ پیش آئی جس میں کافی حفاظ شہید ہوئے، حضرت عمرؓ نے صورتِ حال سے گھبرا کر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا کہ قرآنِ کریم کو سرکاری ریکارڈ میں لے لیا جائے تاکہ اس کے ضائع ہونے کا اندیشہ نہ رہے، حضرت عمرؓ نے اس پر بہت اصرار کیا، چنانچہ صدیق اکبرؓ نے قرآن کو سرکاری ریکارڈ میں لے لیا، پھر حضرت عثمانؓ کے زمانہ کے آخر میں یہ بات سامنے آئی کہ

لوگوں نے مختلف طرح سے قرآن لکھ رکھے ہیں۔ کسی نے نزول کی ترتیب سے، کسی نے لوح محفوظ کی ترتیب سے، اس سے اختلاف رونما ہونا ناگزیر تھا، چنانچہ جب حضرت حذیفۃ بن الیمانؓ جنگ ارمینیہ اور آزربائجان سے لوٹے تو انھوں نے حضرت عثمانؓ کو اختلافات کی اطلاع دی، اور عرض کیا کہ اس سے پہلے کہ امت قرآن میں مختلف ہوجائے آپ اس کی خبر لیں، چنانچہ آپؓ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو بلایا اور تین چار آدمیوں کی کمیٹی بنائی اور ان کو دوبارہ قرآن جمع کرنے کا حکم دیا۔

کمیٹی نے پانچ مصاحف تیار کئے، ایک مصحف حضرت عثمانؓ نے اپنے پاس مدینہ میں رکھا اور باقی مصاحف مختلف شہروں میں بھیج دیئے، اور حکم دیا کہ اب مسلمان اس قرآن سے نقلیں لیں اور یہ بھی حکم دیا کہ لوگوں نے جو مختلف قرآن لکھ رکھے ہیں وہ پایۂ تخت کو بھیج دیں، اس طرح حضرت عثمانؓ نے لوگوں کو موجودہ قرآن پر جمع کردیا۔

غرض حضرت عثمانؓ نے اس ایک کام کے ذریعہ دو کام کئے: ایک: لوگوں کو موجودہ قرآن پر جمع کردیا، اس لئے آپؓ **جامع الناس علی ھذا القرآن** ہیں مگر تخفیفاً آپؓ کو **جامع القرآن** کہا جاتا ہے۔

دوم: قرآن جو صدیق اکبرؓ کے زمانہ میں سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا تھا اس کو ریکارڈ سے نکال کر مسلمانوں کو سونپ دیا (جمع قرآن کی تاریخ کے لئے تحفۃ الالمعی ۱:۶۱-۶۶ دیکھیں)

چنانچہ آج بھی قرآن کریم دنیا کی کسی اسلامی حکومت کے ریکارڈ میں نہیں، سعودی حکومت قرآن کریم چھاپتی ہے، تفسیر چھاپتی ہے یہ اس کے لئے سعادت کی بات ہے، مگر سعودیہ سمیت کوئی اسلامی حکومت قرآن کریم کی محافظ نہیں۔ قرآن کریم کو حضرت عثمانؓ نے سرکاری ریکارڈ سے نکال کر مسلمانوں کو سونپ دیا ہے، جیسا کہ نبی ﷺ نے سونپا تھا۔ اب پوری ملت اسلامیہ قرآن کریم کی حفاظت کی ذمہ دار ہے، کوئی اسلامی حکومت ذمہ دار نہیں، یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا دوسرا بڑا کارنامہ ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سنت:

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلیفہ بنتے ہی مسلمانوں میں جنگیں شروع ہوئیں، پہلی جنگ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ہوئی، اس جنگ میں حضرت عائشہؓ اونٹ پر سوار تھیں اس لئے اس جنگ کا نام جنگ جمل پڑا، اس جنگ میں حضرت عائشہؓ کی فوج ہاری، اور مال غنیمت اکٹھا ہوا اور قیدی بھی پکڑے گئے، حضرت عائشہؓ بھی قیدیوں میں تھیں، حضرت علیؓ کی فوج نے مال غنیمت کی تقسیم کا مطالبہ کیا، حضرت علیؓ نے تقریر فرمائی کہ اگر مال غنیمت تقسیم ہوگا تو قیدی بھی غلام باندی بنائے جائیں گے، پس تم میں سے کون منحوس ہے جو اپنی ماں حضرت عائشہؓ کو اپنی باندی بنائے گا؟ بس سناٹا چھا گیا اور مسئلہ طے ہوگیا کہ اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں آپس میں لڑیں تو نہ مال: مال غنیمت ہوگا اور نہ قیدی غلام باندی بنائے جائیں گے، یہ حضرت علیؓ کی سنت ہے۔

خلفائے راشدین کی سنتوں کی پیروی کیوں ضروری ہے؟

غرض یہ خلفائے راشدین کے وہ طریقے ہیں جو ملک وملت کی تنظیم سے تعلق رکھتے ہیں، جن کو حدیث شریف کی رو سے اپنانا ضروری ہے۔ نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے: **علیکم بسنتی وسنۃِ الخلفاء الرَّاشِدِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ، تَمَسَّکوا بھا، وعَضُّوا علیھا بالنَّواجذ**: میرا طریقہ لازم پکڑو اور میرے بعد جو میرے جانشین آئیں گے ان کا طریقہ لازم پکڑو، **سنَّتی وسنۃ الخلفاء** میں واو کے ذریعہ عطف کیا گیا ہے اور جہاں واؤ کے ذریعہ عطف کیا جاتا ہے من وجہٍ اتحاد ہوتا ہے اور من وجہٍ مغایرت، پس حضور ﷺ کی سنت اور خلفائے راشدین کی سنتوں میں فی الجملہ مغایرت ماننی پڑے گی۔ اور دونوں ہی سنتوں کی پیروی ضروری ہوگی۔

سوال: یہاں کسی کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ آنحضور ﷺ کا طریقہ تو اس لئے لازم پکڑنا ضروری ہے کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں، گفتۂ او گفتۂ اللہ بود، آپؐ کی ہر بات اللہ کی بات ہوتی ہے: ﴿وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی، إِنْ ھُوَ إِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی﴾ لیکن خلفاء کی پیروی کیوں ضروری ہے؟ وہ تو اللہ کے رسول نہیں ہیں؟

جواب: نبی پاک ﷺ نے فرمایا ہے کہ ان کی پیروی دو وجہ سے ضروری ہے: **ایک**: وہ راشد ہونگے، راشد کے معنی ہیں: راہ یاب۔ **دوم**: وہ مہدی ہونگے، مہدی کے معنی ہیں: ہدایت مآب۔ یعنی ہدایت ان کی گھٹّی میں پڑی ہوگی، آنحضور ﷺ نے یہ دو سندیں ان کو عطا فرمائی ہیں اس لئے ان کی بات ماننی ضروری ہے۔

اور ائمہ کی تقلید بھی اسی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ وہ پورے دین کے جاننے والے ہیں انھوں نے کوئی بات اپنی طرف سے نہیں کہی، انھوں نے جو کچھ کہا ہے وہ قرآن وحدیث سے سمجھ کر کہا ہے۔

بہرحال خلفائے راشدین کی پیروی اس لئے کرنی ہے کہ وہ راہ یاب، ہدایت مآب ہونگے، پھر حضور ﷺ نے تاکید فرمائی: **تَمَسَّکوا بھا**: مفرد کی ضمیر لائے ہیں، تثنیہ کی ضمیر نہیں لائے، کیونکہ حضور ﷺ کی سنت کو مضبوط پکڑنے میں تو کسی مسلمان کو تردد نہیں ہوسکتا، ہاں خلفائے راشدین کی سنتوں کی پیروی میں اشکال ہوسکتا ہے۔ اس لئے حضور ﷺ نے تاکید فرمائی: **تَمَسَّکوا بھا**: اور ضمیر کا مرجع اقرب ہوتا ہے یعنی خلفائے راشدین کی سنتوں کو مضبوط پکڑو، پھر مزید تاکید فرمائی: **وعَضُّوا علیھا بالنَّواجذ**: اور خلفائے راشدین کی سنتوں کو ڈاڑھوں سے مضبوط پکڑو، ہاتھوں ہی سے نہیں، ڈاڑھوں سے مضبوط پکڑو!

خلفائے راشدین کی باتیں حضورؐ کے جانشین ہونے کی وجہ سے حجت ہیں:

اس حدیث سے دو باتیں سمجھ میں آئیں: **ایک**: خلفائے راشدین کی باتیں حجت ہیں، **دوم**: خلفائے راشدین کی باتیں اس وجہ سے حجت ہیں کہ وہ خلفاء ہیں، حضور ﷺ کے جانشین ہیں، حکومت کے سربراہ اور ذمہ دار ہیں، صرف

امت کے مجتہد ہونے کی حیثیت سے ان کی باتیں حجت نہیں، اسی لئے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے دو چیزوں کی تخصیص کی، فرمایا: ملک اور ملت کی تنظیم سے تعلق رکھنے والی خلفائے راشدین کی جو باتیں ہیں ان کو اپنانا ضروری ہے، اور ان کے علاوہ جو باتیں ہیں وہ خلفائے راشدین کے عام اجتہادات ہیں، ان میں خلفاء دیگر صحابہ کے مانند ہیں، جس طرح دیگر صحابہ کے اجتہادات میں سے کچھ باتیں لی جاتی ہیں اور کچھ باتیں چھوڑی جاتی ہیں، اسی طرح خلفاء کے اجتہادات میں سے بھی کچھ باتیں لی جاتی ہیں اور کچھ باتیں چھوڑی جاتی ہیں، جیسے عورت کو ہاتھ لگانے سے وضوٹوٹتا ہے یا نہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے تھی کہ وضوٹوٹ جاتا ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اس کو نہیں لیا، یا جیسے کسی حاملہ عورت کا شوہر وفات پاجائے تو عدت چار مہینے دس دن ہوگی یا وضع حمل؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی رائے تھی کہ أبعد الأَجَلَين عدت ہوگی، چاروں فقہاء نے اس کو نہیں لیا، بالاجماع وضع حمل سے عدت پوری ہوجائے گی، غرض خلفاء کے جو اجتہادات ہیں وہ مجتہدین کے عام اجتہادات کی طرح ہیں ان کو لینا ضروری نہیں، ہاں جو باتیں ملک وملت کی تنظیم سے تعلق رکھتی ہیں ان کو لینا ضروری ہے۔

وہ روایتیں جو حدیث بھی ہیں اور سنت بھی:

مادۂ اجتماع: بہرحال میں یہ سمجھا رہا تھا کہ جہاں من وجہٍ کی نسبت ہوتی ہے وہاں تین مادے ہوتے ہیں دوافتراقی اور ایک اجتماعی، دوافتراقی مادے میں نے سمجھا دیئے، باقی جتنی حدیثیں ہیں وہ سب سنتیں بھی ہیں اور حدیثیں بھی۔ اور وہ اٹھانوے فیصد ہیں، صرف ایک فیصد ایسی حدیثیں ہیں جو سنت نہیں، اور ایک فیصد خلفائے راشدین کی وہ باتیں ہیں جن کو لینا ضروری ہے اور وہ حدیث نہیں، صرف سنت ہیں۔

آمدم برسر مطلب:

غرض امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح کے نام میں تعمیم کے بعد تخصیص کی ہے یعنی من أمور رسول اللہ کے بعد سننه لاکر اشارہ کیا ہے کہ اس کتاب میں وہ حدیثیں جو سنتیں ہیں ان کو بیان کیا ہے۔

أيامه:

پھر تیسرا لفظ لائے وأيامه: أيّام: یوم کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: دن، لیکن قرآن کریم کی اصطلاح میں ایام اللہ (اللہ کے دن) ان عظیم واقعات کو کہا جاتا ہے جن میں اطاعت شعار بندوں کو انعامات سے نوازا گیا ہے اور نافرمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹادیا گیا ہے، جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا واقعہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام مع متبعین صحیح سالم سمندر سے پار ہوگئے اور فرعون اپنے لاؤلشکر کے ساتھ غرقاب ہوگیا۔ یہ واقعہ ایام اللہ کی مثال ہے۔ اسلام میں اس کی

مثال جنگ بدر ہے، ایک طرف ایک ہزار مسلح فوج تھی، دوسری طرف صرف تین سو تیرہ نہتے صحابہ تھے جو تیرہ سال سے ظلم وستم کی چکی میں پس رہے تھے، لیکن جب مقابلہ ہوا تو صرف آدھے دن میں رزلٹ آ گیا، وہ ہزار جو ہر طرح آلاتِ حرب سے لیس تھے اور فخر وغرور اور تکبر کے ساتھ دندناتے ہوئے آئے تھے بری طرح ہارے اور پورے عرب میں ذلیل وخوار ہوئے، اور مسلمان فتح ونصرت کا پھریرا اڑاتے ہوئے اور مال غنیمت سمیٹ کر بامراد گھروں کو لوٹے، غرض: ایام اللہ نام ہے ان عظیم واقعات کا جو اللہ کی طرف سے رونما ہوتے ہیں، جن میں نیک بندوں کو سرخ روئی حاصل ہوتی ہے، اور نافرمان ذلیل وخوار ہوتے ہیں۔

پس امام بخاریؒ کی کتاب کے نام میں جو ایّام ہے اس سے مغازی اور غزوات مراد ہیں، یعنی آنحضور ﷺ نے جو جنگیں لڑی ہیں ان کا بیان بھی بخاری شریف میں ہے۔

سوال: بخاری شریف میں تفسیر کے مضامین بھی ہیں۔ آداب بھی ہیں، فتن بھی ہیں، اَشراط الساعہ بھی ہیں، مناقب بھی ہیں، پھر دو کی تخصیص کیوں کی؟ یعنی سنن وایام کی تخصیص کیوں کی؟

جواب: حدیثوں کو جو آٹھ عنوانوں میں گھیرا گیا ہے یہ بعد کے لوگوں نے گھیرا ہے، جس وقت یہ کتاب لکھی جارہی تھی اس وقت حدیثوں کو ان آٹھ عنوانوں میں گھیرا نہیں گیا تھا، جیسے شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے قرآن کریم کے مضامین کو پانچ علوم میں گھیرا ہے، شاہ صاحبؒ سے پہلے کسی نے ان علوم خمسہ میں قرآن کے مضامین کو نہیں گھیرا، اگرچہ مفسرین نے قرآن کریم کے مضامین کا احاطہ کرنے کی کوشش کی تھی، مگر ان کے الگ الگ عنوانات تھے، علوم خمسہ میں سب سے پہلے شاہ صاحب نے گھیرا ہے، اسی طرح احادیث کو آٹھ عناوین میں بعد میں تقسیم کیا گیا ہے، امام بخاریؒ کے زمانہ میں یہ تقسیم نہیں تھی۔

دوسرا جواب: عام میں جب تخصیص کی جاتی ہے تو اہم کی تخصیص کی جاتی ہے، غیر اہم کو چھوڑ دیا جاتا ہے، مذکورہ آٹھ عناوین میں سب سے اہم یہی دو ہیں یعنی سُنن وایام۔ سنن کا یعنی فقہ اسلامی کا اہم ہونا تو ظاہر ہے، اور ایام کی یعنی غزوات کی حدیثیں بھی اہمیت کی حامل ہیں، لوگوں کے ذہنوں میں یہ اشکال آتا ہے کہ جب آنحضور ﷺ پوری کائنات کے لئے رحمت ہیں تو پھر آپ ﷺ نے جنگیں کیوں لڑیں؟ مغازی کی احادیث میں اس کا جواب ہے کہ یہ جنگیں دین کے کاز کے لئے لڑی گئی ہیں، جاہ وجلال اور رعب ودبدبہ قائم کرنے کے لئے نہیں لڑی گئیں، جیسے ڈاکٹر سڑے ہوئے عضو کو کاٹ دیتا ہے، پھوڑے میں نشتر لگاتا ہے، یہ سرسری نظر میں ظلم نظر آتا ہے، مریض کو تکلیف پہنچاتا ہے، مگر حقیقت میں وہ مریض پر احسان ہے، اسی طرح جہاد بھی رحمت کا مظہر ہے، سڑے ہوئے عضو کو کاٹنے کی مثال ہے۔

احادیث میں صرف سنت کو مضبوط پکڑنے کا حکم دیا گیا ہے:

یہاں ایک اہم بات جاننی چاہئے، پورے ذخیرۂ حدیث میں ایک بھی حدیث ایسی نہیں جس میں آنحضور ﷺ

نے حدیث کو مضبوط پکڑنے کا حکم دیا ہو، ایسی روایتیں تو ہیں جن میں آپؐ نے حدیثوں کو یاد کرنے کے فضائل بیان کئے ہیں، حدیثیں محفوظ کر کے دوسروں تک پہنچانے والوں کو دعائیں دی ہیں، لیکن کوئی ضعیف حدیث بھی ایسی نہیں جس میں آپؐ نے حدیث کو مضبوط پکڑنے کا حکم دیا ہو، ہر جگہ سنت کو مضبوط پکڑنے کا حکم دیا ہے، جیسے ابھی آپ نے حدیث سنی: **عليكم بسنتي وسنة الخلفاء**: بسنتی فرمایا، بحدیثی نہیں فرمایا مشکوٰۃ (حدیث ۱۸۶) میں ہے: **تركتُ فيكم أمرين لن تضلوا ما تمسكتم بهما: كتابَ الله وسنةَ رسوله**: اس میں بھی سنت کا لفظ آیا ہے۔ اور مشہور حدیث ہے: **من تمسَّك بسنتي عند فساد أمتي فله أجر مأة شهيد** (مشکوٰۃ شریف ۱۷٦)

غرض کسی حدیث میں حدیثوں کو مضبوط پکڑنے کا حکم نہیں دیا، ہاں حدیثوں کو یاد کرنے کے فضائل آئے ہیں اور دوسروں تک پہنچانے کے بھی فضائل آئے ہیں، چنانچہ امت نے تمام حدیثیں محفوظ کیں، مخصوص بھی اور منسوخ بھی اور وہ ہم تک پہنچائیں، مگر جہاں تک ہدایت کا تعلق ہے سب روایات میں سنت کو مضبوط پکڑنے کا حکم دیا گیا ہے۔

اہل قرآن کے مقابلہ میں ہمارا مسلکی عنوان حجیت حدیث ہے

اور اہل حدیث (غیر مقلدین) کے مقابلہ میں حجیت سنت ہے:

غرض یہ بات ہم منقح کر چکے کہ حدیث اور سنت میں عموم وخصوص من وجہ کی نسبت ہے، احادیث کا اٹھانوے فیصد حصہ مادۂ اجتماعی ہے، اور دو فیصد مادۂ افتراقی، اب اصل بات سمجھنی چاہئے، ہمارا مسلکی عنوان ہے: حجیتِ حدیث یعنی ہمارا دعوی یہ ہے کہ حدیث حجت ہے مگر یہ عنوان فرقہ اہل قرآن کے مقابلہ میں ہے، یہ فرقہ حدیث کا انکار کرتا ہے یعنی حدیث کی حجیت کا انکار کرتا ہے، پس ان کے مقابلہ میں ہمارا عنوان حجیتِ حدیث ہوگا۔

سوال: عرف عام میں حدیث اور سنت کو ایک سمجھا جاتا ہے، اور ایک کو دوسرے کی جگہ استعمال کرتے ہیں، پس من وجہٍ کی نسبت کیسے ہوسکتی ہے؟ تساوی کی نسبت ہونی چاہئے؟

جواب: کبھی دو چیزوں میں معمولی فرق ہوتا ہے تو عمومی استعمال میں اس کا لحاظ نہیں کرتے، لیکن خصوصی استعمال میں اس فرق کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔ جیسے لوگ ایمان واسلام کے استعمال میں فرق ملحوظ نہیں رکھتے۔ ایک کی جگہ دوسرے کو استعمال کرتے ہیں، ایمان کی جگہ اسلام اور اسلام کی جگہ ایمان بول دیتے ہیں۔ نصوص میں بھی ایک کا دوسرے پر اطلاق آیا ہے، مگر خصوصی استعمال میں فرق ملحوظ رکھا جاتا ہے۔

پہلی مثال: حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آنحضور ﷺ سے پہلا سوال کیا تھا: **ما الإيمان**؟ ایمان کیا ہے؟ آپؐ نے چھ عقیدے بتلائے، پھر انھوں نے دوسرا سوال کیا: **ما الإسلام**؟ اسلام کیا ہے؟ تو آپؐ نے پانچ اعمال بتلائے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اسلام اور ایمان دو الگ الگ چیزیں ہیں، اسی لئے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے الگ الگ

سوال کیئے، اور آپؐ نے الگ الگ جواب دیئے۔ غرض خصوصی استعمال میں ایمان واسلام کے درمیان فرق ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ اور وہ فرق یہ ہے کہ عقیدوں کا نام ایمان ہے، اور اعمال جو عقیدوں کے پیکر محسوس ہیں ان کا نام اسلام ہے۔

دوسری مثال: قرآنِ کریم میں ہے: ﴿قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا، قُلْ لَمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ﴾: گنوار کہتے ہیں: ہم ایمان لے آئے، آپؐ کہیں: تم ایمان نہیں لائے، ہاں یوں کہو کہ ہم مسلمان ہو گئے یعنی مخالفت چھوڑ کر مطیع ہو گئے اور ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا [الحجرات ۱۴]

اس آیت سے دو باتیں معلوم ہوئیں: ایک: ایمان اور اسلام کے درمیان فرق، بدوؤں نے جو کہا تھا: آمَنَّا: قرآن نے کہا: تم غلط کہتے ہو، أسلمنا: کہو یعنی ہم سرینڈر ہوئے، ہم نے اطاعت قبول کی، وہ لوگ اعمال ظاہری کرتے تھے، مسجدوں میں نماز پڑھتے تھے۔ زکات دیتے تھے، حج کرتے تھے، پس أسلمنا کہنا تو درست ہے، لیکن عقائد ابھی ان کے دلوں میں نہیں گھسے، پس آمنّا کہنا درست نہیں۔

دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ ایمان کا محل قلب ہے یعنی ایمان تصدیق قلبی کا نام ہے، محض اعمال کا نام نہیں (یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے، تفصیل کتاب الایمان کے شروع میں آئے گی)

اسی طرح حدیث اور سنت میں فرق ہے، اگرچہ ایک دو فیصد ہی کا سہی مگر ہے، اور اٹھانوے فیصد ایک کا دوسرے پر اطلاق ہوتا ہے۔ اسی لئے جب ہمارا مقابلہ فرقۂ اہل قرآن سے ہوگا تو ہمارا مسلکی عنوان حجیتِ حدیث ہوگا۔ اہل قرآن کے نزدیک مصدر تشریع صرف قرآن ہے، یعنی صرف قرآن کریم سے احکام شرعیہ مستنبط کئے جاتے ہیں، حدیثوں سے مستنبط نہیں کئے جاتے، ان کے نزدیک حدیثیں مصدر تشریع نہیں۔

جاننا چاہئے کہ فرقہ اہل قرآن حدیثوں کی تاریخی حیثیت کا انکار نہیں کرتا بلکہ ان کے نزدیک حدیثیں بزرگوں کے ملفوظات کی طرح ہیں، جس طرح بزرگوں کے ملفوظات سے استفادہ کرنا چاہئے لیکن ان سے شرعی احکام ثابت نہیں ہونگے، اسی طرح حدیثیں بھی ہیں، ان سے فائدہ اٹھانا چاہئے لیکن وہ مصدر تشریع نہیں ان سے احکام مستنبط نہیں کئے جائیں گے۔

اہل قرآن کے مقابلہ میں ہمارا دعوی یہ ہے کہ قرآن کی طرح حدیثیں بھی حجت ہیں قانون سازی کا مصدر ہیں، اس لئے ہمارا عنوان ہوگا کہ حدیثیں بھی حجت ہیں اور یہ عنوان اٹھانوے فیصد حدیثوں کے لحاظ سے ہوگا، کیونکہ عمومی استعمال میں ایک دو فیصد کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔

اور اہل حدیث (غیر مقلدین) کے مقابلہ میں ہمارا مسلکی عنوان حجیت سنت ہوگا، ہم نے اپنا نام اہل السنۃ رکھا ہے اور غیر مقلدین نے اہل حدیث۔ ان کے نزدیک ہر حدیث حجت ہے خواہ منسوخ ہو یا مخصوص، اور ہمارے نزدیک مطلق حدیث حجت نہیں بلکہ وہ حدیث حجت ہے جو سنت بھی ہے، جو حدیثیں سنت نہیں وہ مسائل میں حجت نہیں، اسی وجہ سے

ہمارا نام اہل السنۃ ہے۔

اجماع بھی حجت ہے

پھر غیر مقلدین سے ہمارا دوسرا اختلاف یہ ہے کہ اجماع بھی حجت ہے۔ اہل حدیث کہتے ہیں: قرآن وحدیث کے بعد کوئی چیز حجت نہیں۔ پس ہمارے نزدیک مصادر شرعیہ تین ہیں: قرآن، سنت اور اجماع۔ اس لئے ہمارا پورا نام: اہل السنہ والجماعہ ہے، یعنی سنت کو اور مسلمانوں کے اجماعی فیصلوں کو حجت ماننے والے۔

اہل السنہ والجماعہ کا نام ایک حدیث سے لیا گیا ہے:

اور یہ نام ایک حدیث سے لیا گیا ہے۔ روایت میں ہے کہ بنی اسرائیل کے بہتّر فرقے ہوئے اور میری امت کے تہتّر فرقے ہونگے، جن میں سے ایک جنت میں جائے گا باقی جہنم رسید ہونگے، پوچھا گیا: یارسول اللہ! وہ ایک فرقہ کونسا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: **ما أنا علیه و أصحابی**: وہ وہ فرقہ ہے جو میرے اور میرے صحابہ کے طریقہ پر ہوگا (مشکوٰۃ حدیث ۱۷۱)

ما أنا علیه: نبی ﷺ جس طریقہ پر تھے اس کا نام سنت ہے، اور صحابہ کی جماعت جس طریقے پر تھی وہ امت کا اجماعی راستہ ہے۔ اس حدیث سے اہل السنۃ والجماعہ کا نام لیا گیا ہے۔

علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے منہاج السنۃ میں اہل السنۃ والجماعہ کے یہی معنی بیان کئے ہیں، فرماتے ہیں: سنت سے مراد نبی پاک ﷺ کا طریقہ ہے اور جماعت سے مراد صحابہ کا اجماع ہے، غیر مقلد عالم نواب وحیدالزماں صاحب نے بھی نزول الابرار میں یہی معنی بیان کئے ہیں کہ سنت سے مراد حضور ﷺ کا طریقہ ہے اور جماعت سے مراد امت کا اجماع ہے (تحفۃ الالمعی ۱:۸۵)

اور میں نے کہا کہ اہل قرآن سے امتیاز کرنے کے لئے ہمارا مسلکی عنوان حجیت حدیث ہے اور اہل حدیث سے امتیاز کرنے کے لئے ہمارا نام اہل السنہ ہے اور چونکہ ہم چار فقہاء کے مقلد ہیں اور امت کے اجماعی فیصلوں کو حجت مانتے ہیں اس لئے ہمارا پورا نام اہل السنہ والجماعہ ہے۔

ملحوظہ: فرقہ اہل قرآن: قرآن سے نیچے کسی چیز کو حجت نہیں مانتا، اس لئے وہ کافر ہیں، مفتی عبدالرحیم صاحب لاجپوریؒ نے فتاویٰ رحیمیہ (۱:۴) میں اس کی صراحت کی ہے، اور فرقہ اہل حدیث: جو حدیث کو حجت مانتا ہے مگر اجماع کو حجت نہیں مانتا وہ مسلمان ہے مگر گمراہ فرقہ ہے، اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت نصیب فرمائیں (آمین)

اہل قرآن قدیم فرقہ ہے اور حدیثوں میں اس کی خبر دی گئی ہے:

اور اہل قرآن ابھی وجود میں نہیں آئے بلکہ وہ قدیم فرقہ ہے اور حدیث میں اس کی پیشین گوئی ہے۔ نبی ﷺ نے

فرمایا: میری امت میں عنقریب ایسے لوگ پیدا ہونگے جو مسہریوں پر تکیہ لگائے دراز پڑے ہونگے، جب ان کو میرے دیئے ہوئے احکام میں سے کوئی حکم پہنچے گا، یعنی کوئی ایسی حدیث پہنچے گی جس میں آنحضور ﷺ نے از قبیل امر یا از قبیل نہی کوئی حکم دیا ہے تو وہ پڑا پڑا کہے گا: حسبُنا کتابُ اللہ! ہمارے لئے قرآن کافی ہے یعنی حدیث کو رہنے دو۔ حضور ﷺ نے فرمایا: سنو! مجھے قرآن کے ساتھ قرآن کے مانند احکام دیئے گئے ہیں یا اس سے بھی زیادہ۔ یعنی جتنے احکام قرآن میں ہیں، اتنے ہی احکام حدیثوں میں ہیں، بلکہ ان سے بھی زیادہ۔ میں نے حدیثوں میں حکم بھی دیئے ہیں، ممانعتیں بھی کی ہیں، وعظ بھی کہے ہیں، نصیحتیں بھی کی ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۶۲)

غرض اس فتنہ کی خبر سین اور سوف کے ذریعہ دی گئی ہے، یعنی بہت جلد یہ فرقہ وجود میں آئے گا۔ چنانچہ صحابہ کے آخر دور میں یہ فرقہ وجود میں آیا، اور انھوں نے اپنا نام اہل القرآن رکھا۔ حالانکہ قرآن کو ساری امت مانتی ہے وہ اکیلے ہی قرآن والے کیوں ہوگئے؟ بلکہ ان کا صحیح نام منکرین حدیث ہے اور اس نام میں مضاف پوشیدہ ہے، یعنی منکرینِ حجیتِ حدیث۔

میں نے پہلے یہ بات بتائی ہے کہ اہل قرآن حدیث کی تاریخی حیثیت کا انکار نہیں کرتے، بلکہ وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ سب آنحضور ﷺ کے ارشادات ہیں، انہیں پڑھو اور نصیحت حاصل کرو، جیسے بزرگوں کے ملفوظات سے نصیحت حاصل کرتے ہیں، باقی قانونِ اسلامی ان حدیثوں سے اخذ نہیں کیا جائے گا، وہ صرف قرآن سے اخذ کیا جائے گا، لوگوں کو لفظ منکرین حدیث سے دھوکہ ہوتا ہے، وہ سمجھتے ہیں کہ یہ فرقہ حدیث کی تاریخی حیثیت کا انکار کرتا ہے، ایسا نہیں ہے، بلکہ وہ منکرین حجیت حدیث ہیں، یعنی وہ حدیث کی حجیت کا انکار کرتے ہیں، اس لئے ان کے مقابلہ میں ہمارا مسلکی عنوان حجیت حدیث ہوگا اور چونکہ یہ قدیم فرقہ ہے اس لئے اس کی تردید میں بہت کچھ لکھا گیا ہے، ڈاکٹر مصطفیٰ سباعی کی السنۃ ومکانتھا فی التشریع الإسلامی، اور حضرت مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی محدث کبیر علیہ الرحمہ کی حجیت حدیث اور حضرت مولانا مناظر احسن گیلانی رحمہ اللہ کی تدوین حدیث اس سلسلہ کی بہترین کتابیں ہیں۔

باطل نظریہ وجود میں آکر ختم نہیں ہوتا، کسی نہ کسی شکل میں موجود رہتا ہے:

اور جاننا چاہئے کہ جب کوئی غلط نظریہ اور گمراہ جماعت پیدا ہوتی ہے تو پھر وہ نظریہ کبھی ختم نہیں ہوتا، اس کی جڑیں باقی رہتی ہیں اور کسی نہ کسی شکل میں ظاہر ہوتی ہیں، جیسے اب معتزلہ ناپید ہوگئے مگر ان کے نظریے باقی ہیں، وہ اس زمانہ میں مودودیت کی شکل میں ظاہر ہوئے ہیں، اسی طرح انکار حدیث کا فتنہ آج بھی موجود ہے۔ اس لئے ان پرانے نظریات سے بحث کرنا فضول نہیں۔

کچھ لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ مدرسوں میں شرح عقائد پڑھاتے ہیں اور معتزلہ کی تردید کرتے ہیں، جب معتزلہ دنیا میں رہے نہیں تو ان کی تردید کرنے سے کیا فائدہ؟ موجودہ زمانے میں جو گمراہ فرقے ہیں ان کی تردید کرنی چاہئے۔

یہ اعتراض غلط ہے، اس لئے کہ اگر چہ معتزلہ ناپید ہو گئے ہیں مگر ان کے نظریات اب بھی باقی ہیں، وہ مختلف شکلوں میں نمودار ہوتے رہتے ہیں، پس اگر شرح عقائد میں معتزلہ کی تردید کی جاتی ہے تو معتزلہ کی تردید کے ضمن میں آج جو باطل نظریات پائے جاتے ہیں ان کی بھی تردید ہو جاتی ہے۔

سوال: یہاں ایک معقول سوال ہے کہ آج کل جو باطل نظریے پائے جاتے ہیں براہ راست ان کی تردید کیوں نہیں کی جاتی؟ ضمناً تردید کیوں کرتے ہیں؟

جواب: ایسی کوئی کتاب موجود نہیں جس میں موجودہ باطل نظریات کی تردید کی گئی ہو، جو عربی میں ہو اور نصاب میں داخل کرنے کے قابل ہو، یہ ایک مجبوری ہے، اس لئے پرانی کتابوں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔

بہر حال اہل قرآن فرقے کے جو خیالات ہیں وہ ختم نہیں ہوئے، اور وہ جماعت بھی ختم نہیں ہوئی، آج بھی دنیا میں اہل قرآن فرقے سے تعلق رکھنے والے لوگ موجود ہیں، وہ خود کو اہل قرآن کہتے ہیں۔

حدیث لکھنے کی ممانعت سے حجیت حدیث پر اعتراض کا جواب:

فرقہ اہل قرآن جو حدیث کو حجت نہیں مانتا وہ بہت سے شبہات (بوگس دلیلیں) رکھتا ہے ان سب اعتراضوں کے جوابات تدوینِ حدیث اور حجیت حدیث کے موضوع پر لکھی گئی عربی اور اردو کی کتابوں میں موجود ہیں، ان کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ یہاں ہم ان کے ایک اعتراض کو لیتے ہیں کیونکہ اس کا جواب تشفی بخش نہیں دیا گیا۔

اہل قرآن جو صرف قرآن کو حجت مانتے ہیں ان کا ایک بڑا اعتراض یہ ہے کہ جس طرح قرآن نزول کے ساتھ ہی لکھ کر محفوظ کر لیا گیا، حدیثیں لکھ کر محفوظ کیوں نہ کی گئیں، اور نہ صرف یہ کہ حدیثیں لکھی نہیں گئیں بلکہ آنحضور ﷺ نے صاف فرمایا کہ اگر کسی نے قرآن کے ساتھ میری باتیں لکھی ہیں تو وہ ان کو مٹادے، چنانچہ سو سال تک حدیثیں زبانی روایت ہوتی رہیں، یہ اتنا طویل زمانہ ہے کہ اس میں سب کچھ ہو سکتا ہے، حدیثوں میں زیادتی بھی ہو سکتی ہے اور کمی بھی اور کچھ حدیثیں ضائع بھی ہو سکتی ہیں، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حدیثیں نہ وحی ہیں نہ حجت شرعیہ۔

جواب: اس اعتراض کا جواب عام طور پر یہ دیا جاتا ہے کہ حدیثیں آنحضور ﷺ کے زمانہ میں بھی لکھی گئی ہیں، مثلاً حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے نبی پاک ﷺ کی اجازت سے حدیثیں لکھی تھیں، جس کا نام انھوں نے صحیفۂ صادقہ رکھا تھا، یا جیسے آنحضور ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر جو تقریر فرمائی تھی، یمن کے ایک شخص نے جن کا نام ابوشاہ تھا عرض کیا تھا کہ یا رسول اللہ! یہ تقریر میرے لئے لکھوا دیجئے میں اس کو یمن لے جاؤں گا، آپؐ نے فرمایا: اکتبوا لأبی شاہ: ابوشاہ کو یہ تقریر لکھ کر دیدو، یا مختلف معاہدے، خطوط اور دستاویز لکھے گئے، پس یہ کہنا صحیح نہیں کہ حدیثیں نہیں لکھی گئیں۔

مگر یہ جواب تشفی بخش نہیں، کیونکہ ان روایات سے تدوین حدیث ثابت نہیں ہوتی، صرف جواز ثابت ہوتا ہے، جبکہ

منکرین حدیث جواز کو مانتے ہیں، ان کا اشکال یہ ہے کہ حدیثیں بھی اگر وحی اور حجت ہوتیں تو قرآن کی طرح ان کو بھی لکھ کر محفوظ کرلیا جاتا، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ جملہ روایات لکھ کر محفوظ نہیں کی گئیں۔

پس اس اعتراض کا صحیح جواب یہ ہے کہ قرآن کریم کی بھی حفاظت لکھ کر نہیں کی گئی، حفظ کے ذریعہ کی گئی ہے، اور حدیثوں کی بھی اسی طرح حفاظت کی گئی ہے، کیونکہ چھپے ہوئے قرآن میں تو جو چاہے ردوبدل کرسکتا ہے، لیکن حافظوں کے دل ودماغ میں جو قرآن محفوظ ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں کرسکتا، نہ سب حافظوں کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ کسی کے ماتھے پر نہیں لکھا کہ وہ حافظ ہے۔

غرض نہ تو قرآن لکھ کر محفوظ کیا گیا نہ حدیثیں لکھی گئیں بلکہ دونوں کی حفاظت حفظ کے ذریعہ کی گئی، یعنی نہ تو قرآن کریم ریکارڈ میں رکھا گیا نہ حدیثوں کا ریکارڈ تیار کیا گیا، بلکہ دونوں کی حفاظت کا مدار حفظ پر رکھا گیا۔

تفصیل: بندوں کی ہدایت کے لئے اللہ نے انبیاء بھیجے، ان پر کتابیں نازل فرمائیں جن کی تعداد ایک سو چار بیان کی جاتی ہے، وہ سب کتابیں اللہ کا کلام نہیں تھیں، اللہ کا کلام صرف یہی آخری کتاب یعنی قرآنِ کریم ہے، پورے قرآن میں کسی بھی جگہ سابقہ کتابوں کو کلام اللہ نہیں کہا گیا، جگہ جگہ کتاب اللہ کہا گیا ہے، اور قرآن کریم کو کتاب اللہ بھی کہا گیا ہے اور کلام اللہ بھی۔

گذشتہ کتابوں کی حفاظت کی ذمہ داری بھی امتوں کے سر تھی، حکومتیں ان کی محافظ نہیں تھیں، اسی طرح قرآن کریم کی حفاظت کی ذمہ داری بھی مسلمانوں کی ہے، حکومتیں حفاظت کی ذمہ دار نہیں، سورۂ مائدہ (آیت ۴۴) میں ہے: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيهَا هُدًى وَّنُوْرٌ، يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ أَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبَّانِيُّوْنَ وَالْأَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ﴾ ترجمہ: بیشک ہم نے تورات نازل فرمائی جس میں ہدایت اور روشنی تھی، انبیاء جو کہ اللہ کے مطیع تھے اس کے موافق یہود کو حکم دیا کرتے تھے، اور اہل اللہ اور علماء بھی، بایں وجہ کہ ان کو اس کتاب کی نگہداشت کا حکم دیا گیا تھا۔ اور وہ اس کے اقراری ہوگئے تھے۔

معلوم ہوا کہ تورات کی حفاظت کی ذمہ داری لوگوں کی تھی حکومت کی نہیں تھی، قرآنِ کریم کی حفاظت کا ذمہ دار بھی امت کو بنایا گیا ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُوْنَ﴾: حافظون: حافظ کی جمع ہے، اس لفظ میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن کی حفاظت کرنے والے ہیں، مگر چونکہ یہ دنیا دارالاسباب ہے، یہاں ہر چیز کا سبب ہے اس لئے قرآن کے اصل محافظ تو اللہ ہیں مگر دنیا میں اس کی حفاظت حافظوں کے ذریعہ کرتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اللہ کی کتابوں میں تو تحریف ہوسکتی ہے مگر اللہ کے کلام میں تحریف ممکن نہیں، اللہ کا ارشاد ہے: ﴿لَاتَبْدِيْلَ لِكَلِمَاتِ اللّٰهِ﴾: اللہ کی باتوں کو کوئی بدل نہیں سکتا، مگر احادیث شریفہ کی یہ صورتِ حال نہیں، ان میں تبدیلی ممکن ہے، کیونکہ احادیث شریفہ گذشتہ کتابوں کی طرح ہیں، احادیث شریفہ بھی اگرچہ وحی ہیں مگر قرآن کی وحی

میں اور حدیثوں کی وحی میں فرق ہے، اسی لئے قرآن کریم کو وحی متلو اور احادیث شریفہ کو وحی غیر متلو کہا جاتا ہے۔ چنانچہ محدثین ہمیشہ حدیثوں پر محنت کرتے رہتے ہیں اور اپنی پوری توانائی صرف کر کے جو خامیاں پیدا ہوتی ہیں ان کی نشاندہی کرتے ہیں، اور وجہ اس کی یہی ہے کہ احادیث شریفہ اگرچہ وحی ہیں لیکن اللہ کا کلام نہیں، اور کلام اللہ کے علاوہ ہر چیز میں گڑبڑ کا امکان ہے، تبدیلی اور تحریف سے محفوظ صرف کلام اللہ ہے۔

نزولِ قرآن کے ساتھ حفظ شروع ہوا:

بہر حال نزولِ قرآن کے ساتھ حفظ کا سلسلہ شروع ہوا، ہر رات جتنا قرآن نازل ہوا تھا اللہ پاک کو سنانا پڑتا تھا ــــ حفظ سنانے کے چار درجے ہیں: ایک: بچہ سبق یاد کر کے خود کو سناتا ہے یعنی زبانی پڑھ کے دیکھتا ہے کہ سبق یاد ہوگیا یا نہیں؟ پھر صبح استاذ کو سناتا ہے، استاذ کو سنانے کے لئے اور پکا چاہئے، چنانچہ صبح اٹھ کر یاد کرتا ہے، استاذ کو سنانے کے لئے رات کا یاد کیا ہوا کافی نہیں، پھر تیسرا سنانا اللہ پاک کو ہے، نماز میں پڑھنا ہے، یہ اللہ کو سنانا ہے، یہ سنانا استاذ کو سنانے سے بھی زیادہ مشکل ہے، جو سبق استاذ کو سنایا ہے وہ نماز میں پڑھنے کے لئے کافی نہیں، نماز میں پڑھنے کے لئے اور پکا یاد کرنا پڑتا ہے، تب اللہ پاک کو سنا سکتا ہے، ورنہ نماز میں بھولے گا اور چوتھا سنانا لوگوں کو ہے۔ فرض نماز میں یا تراویح میں پڑھنا ہے، یہ اور بھی مشکل ہے۔

دورِ اول میں تہجد اسی لئے فرض کیا گیا تھا کہ جتنا قرآن نازل ہوا ہے وہ سارا اللہ پاک کو سنایا جائے، کیونکہ بڑی عمر کا حفظ پکا نہیں ہوتا، بچپن کا حفظ پکا ہوتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ بچہ بے اختیار ہوتا ہے، جب تک استاذ کہتا ہے رٹتا ہے، اور بڑا با اختیار ہوتا ہے وہ خود فیصلہ کرتا ہے اور رٹنا چھوڑ دیتا ہے، حالانکہ مطلوبہ مقدار تک رٹے بغیر قرآن پکا نہیں ہوتا، اس لئے صحابہ کو رٹوایا گیا، انھیں نماز میں اللہ کو سنانے کا حکم دیا گیا، پھر جب لوگ اس کے عادی ہوگئے تو تہجد تو باقی رہا مگر اس کی فرضیت منسوخ ہوگئی۔

سوال: جب حفاظتِ قرآن کا مدار حفظ پر تھا تو پھر نزول کے ساتھ ہی قرآن کیوں لکھوایا گیا؟

جواب: قرآن میں متعدد چیزیں ایسی ہیں جن کی حفاظت لکھ کر ہی کی جاسکتی ہے، مثلاً:

۱- آیات توقیفی ہیں یعنی گول دائرے والی آیات کی تعیین من جانب اللہ ہے، ان کو لکھے بغیر یاد نہیں رکھا جاسکتا، چھوٹی آیتیں ایک سانس میں ملا کر پڑھی جاتی ہیں، پس ان کو لکھے بغیر کیسے یاد رکھا جاسکتا ہے؟

۲- قرآن کا رسم الخط توقیفی ہے، یعنی کونسا لفظ کس طرح لکھا جائے گا یہ بات بھی اللہ تعالیٰ کی جانب سے بتائی گئی ہے، جیسے **اللذی** کو **الَّذی**: ایک لام کے ساتھ، **الليل** کو **الَّیل** ایک لام کے ساتھ اور **العالمین** کو **العٰلمین** ع پر کھڑے زبر کے ساتھ، اور **بالغداة** کو **بالغدٰوۃ** واؤ اور دال پر کھڑے زبر کے ساتھ لکھا گیا ہے، یہ رسم الخط بھی لکھے بغیر محفوظ نہیں رکھا جاسکتا۔

۳- جب قرآن کریم کا نزول شروع ہوا تو سات طرح سے قرآن پڑھنے کی اجازت تھی، **أُنْزِلَ القرآن علی سبعة**

أحرف: اور سات کا عدد عربی میں تکثیر کے لئے ہے، حصر کے لئے نہیں، لیکن قرآن نازل ہوا تھا قریش کی لغت میں، موجودہ قرآن لغت قریش ہی کے مطابق لکھا ہوا ہے، مگر اس کو مختلف طرح سے پڑھنے کی اجازت دو وجہ سے تھی:

پہلی وجہ: بڑی عمر کے لوگ اپنی مادری زبان کی کتاب کو معنی کی رعایت کے ساتھ یاد تو کر سکتے ہیں مگر ان کے لئے بعینہٖ رٹنا دشوار ہوتا ہے، اس لئے شروع اسلام میں معنی کی حفاظت کرتے ہوئے الفاظ بدل کر پڑھنے کی اجازت دی گئی تھی۔

مثلاً سورۃ الفرقان کی پہلی آیت ہے: ﴿تَبَارَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا﴾ اس میں اگر کوئی تبارك کی جگہ تعالیٰ پڑھے تو جائز ہے، کیونکہ دونوں کے معنی ایک ہیں، اور نَزَّل کی جگہ أَنْزَلَ الفرقان کی جگہ القرآن، علی عبده کی جگہ علی محمد اور نذیرًا کی جگہ بشیرًا پڑھے تو جائز ہے، کیونکہ قرآن کے پہلے مخاطب اہل لسان اور عمر رسیدہ لوگ تھے، بچوں کی طرح رٹنا ان کے بس میں نہیں تھا اس لئے معنی کی رعایت کے ساتھ بعض الفاظ کو بدل کر پڑھنے کی اجازت دی گئی تھی، مگر یہ عارضی رخصت تھی۔

بخاری شریف میں یہ واقعہ ہے کہ حضرت ہشام بن حکیم رضی اللہ عنہ نماز میں سورۃ الفرقان پڑھ رہے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سنا تو وہ کچھ کا کچھ پڑھ رہے تھے، ان کو غصہ آیا، جب حضرت ہشامؓ نے نماز پوری کی تو حضرت عمرؓ نے ان کو گریبان سے پکڑا اور حضور ﷺ کے پاس لے گئے اور کہا: یارسول اللہ! یہ شخص سورۃ الفرقان غلط پڑھ رہا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا: ان کو چھوڑ دو، پھر حضرت ہشامؓ سے فرمایا: پڑھو، انھوں نے ویسا ہی پڑھا جیسا حضرت عمرؓ نے سنا تھا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: هكذا أُنزلت: سورۃ الفرقان اسی طرح اتاری گئی ہے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اب تم پڑھو، انھوں نے جس طرح حضور ﷺ نے ان کو پڑھایا تھا پڑھا آپؐ نے فرمایا: هكذا أُنزلت: سورۃ الفرقان اسی طرح اتاری گئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حیرت میں پڑ گئے کہ دونوں طرح ٹھیک کیسے ہوسکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: أُنزل القرآن علی سبعة أحرف: قرآنِ کریم سات حروف پر نازل کیا گیا ہے، پس جس کے لئے جو آسان ہو اس طرح پڑھے (بخاری ۴۹۹۲) اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ معنی کی رعایت کے ساتھ الفاظ کی تبدیلی جائز تھی۔

دوسری وجہ: بعض قبائل الف لام تعریف کی جگہ میم استعمال کرتے تھے، وہ رب العالمین کو رب مّعالمین پڑھ سکتے تھے، مگر اس طرح لکھنا جائز نہیں تھا، جیسے بعض ممالک کے لوگ آج بھی جیم ادا نہیں کر سکتے وہ گاف پڑھتے ہیں، وہ وِجْهَة کو وِ گھة پڑھتے ہیں مگر اس طرح لکھنا جائز نہیں، پس اگر تمام قبائل اپنے اپنے قاعدوں کے مطابق پڑھیں گے اور قرآن لکھا ہوا نہ ہوگا تو اصل لفظ کیا ہے؟ اس کی حفاظت کیسے ہوگی؟ ان دو دشواریوں کی وجہ سے نزول کے ساتھ ہی قرآن لکھوایا گیا تھا، کچھ حفاظت ہی کے لئے نہیں لکھا گیا تھا۔

قرآن سرکاری ریکارڈ میں نہیں رکھا گیا:

اور اس کی دلیل کہ قرآن کا لکھنا حفاظت کے لئے نہیں تھا بلکہ اور مقاصد کے لئے تھا: یہ ہے کہ جب قرآن کی کوئی

آیت نازل ہوتی تو کاتبین وحی کو بلا کر لکھوالیا جاتا، اور لکھا ہوا کاتبوں کے پاس رہتا۔ حضور ﷺ کے گھر میں نہیں رہتا تھا، پھر جب کوئی نئی وحی آتی تو حضرت جبرئیل علیہ السلام بتلاتے کہ اسے فلاں سورت میں فلاں آیت کے بعد لکھا جائے، اس طرح جب کوئی سورت مکمل ہوجاتی تو کاتبین پوری سورت کسی ایک جگہ لکھ لیتے اور آنحضور ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے۔ آپؐ ملاحظہ فرماتے اور صحابہ میں سے جو مانگتا اسے دیدیتے، لکھا ہوا نہ کاتبین کے پاس رہتا تھا نہ حضور ﷺ کے پاس۔

آنحضور ﷺ جہاں اللہ کے رسول تھے، امیر المؤمنین بھی تھے، یعنی اسلامی حکومت کے سربراہ بھی تھے، اگر حضور ﷺ کے گھر میں لکھا ہوا قرآن رہتا تو اس کو سرکاری ریکارڈ میں رکھنا کہتے۔ مگر مشیت ایزدی یہ تھی کہ قرآن سرکاری ریکارڈ میں نہ رہے، کیونکہ جو چیز سرکاری ریکارڈ میں ہوتی ہے اس کی حفاظت کی ذمہ داری سرکار کی ہوتی ہے، پبلک کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوتی، اور حکومتیں بدلتی رہتی ہیں اور ریکارڈ ضائع بھی ہوجاتے ہیں اس لئے اگر قرآن سرکاری ریکارڈ میں رہتا تو محفوظ نہ رہتا، چنانچہ عام لوگوں کو قرآن سونپ دیا گیا۔ قرآن انہی کی طرف اتارا گیا ہے اور انہی کو اس کی حفاظت کرنی ہے، اللہ کی گذشتہ کتابوں کے ساتھ بھی یہی معاملہ تھا، وہ کتابیں بھی لوگوں کو سونپ دی گئی تھیں مگر انھوں نے اللہ کی کتابوں کی حفاظت نہ کی اور مسلمانوں نے نہ صرف یہ کہ اس کی حفاظت کی بلکہ اس کو عزیز از جان رکھا۔

قرآن نبی ﷺ کی معرفت لوگوں کی طرف بھیجا گیا ہے:

قرآنِ کریم صرف نبی ﷺ کی طرف نازل نہیں کیا گیا، بلکہ لوگوں کی طرف نازل کیا گیا ہے، البتہ نبی ﷺ کی معرفت آیا ہے، سورۃ النحل میں ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ﴾ یہ قرآن لوگوں کی طرف آپؐ کی معرفت اس لئے اتارا گیا ہے کہ آپؐ ان کے لئے قرآن کی تشریح کریں، ان کو قرآن سمجھائیں ورنہ درحقیقت قرآن لوگوں کی طرف اتارا گیا ہے، قرآن ﴿هُدًى لِلنَّاسِ﴾ ہے، جب لوگوں کی طرف اتارا گیا ہے تو اس کی حفاظت بھی لوگوں کو کرنی ہے، حکومت کی ذمہ داری نہیں۔ اگر حضور ﷺ لکھا ہوا قرآن اپنے گھر میں رکھتے تو حفاظت کی ذمہ داری گورنمنٹ کی ہوجاتی، اس لئے حضور ﷺ نے لکھا ہوا قرآن اپنے پاس محفوظ نہیں رکھا، بلکہ لوگوں کو سونپ دیا، یہ دلیل ہے کہ قرآن کا لکھوانا حفاظت کے لئے نہیں تھا، اگر حفاظت کے لئے لکھوایا ہوتا تو لکھا ہوا آپؐ کے گھر میں رہتا، یا کم از کم کاتبین وحی کے پاس رہتا، جبکہ ایسا نہیں کیا گیا۔

مذکورہ بالا تفصیل یہ بات سمجھنے کے لئے کافی ہے کہ قرآنِ کریم کی حفاظت بھی حفظ کے ذریعہ سے ہوئی ہے اور حدیثوں کی حفاظت بھی حفظ کے ذریعہ سے ہوئی ہے۔ صحابہ جو کچھ سنتے تھے یاد کرتے تھے پھر آپس میں مذاکرہ کرتے تھے، اصاغر: اکابر کو سناتے تھے اور بعض حضرات نبی ﷺ کو سناتے تھے، بخاری شریف میں روایت ہے کہ ایک صحابی کو نبی ﷺ نے ایک دعا سکھائی، انھوں نے یاد کر کے آپؐ کو سنائی اور بنبیك الذی أرسلت کی جگہ برسولك الذی

أرسلت پڑھا تو آپؐ نے ٹوکا اور فرمایا: بنبیك الذی أرسلت (بخاری حدیث ۲۴۷) اس سے معلوم ہوا کہ صحابہ حدیثیں یاد کر کے آنحضور ﷺ کو سناتے تھے۔

غرض جس طرح صحابہ قرآن کو یاد کرتے تھے، حدیثوں کو بھی یاد کرتے تھے، پس اہل قرآن کا یہ وسوسہ کہ جس طرح قرآن کی حفاظت لکھ کر کی گئی ہے، حدیثوں کی حفاظت لکھ کر کیوں نہ کی گئی؟ یہ محض وسوسہ ہے دلیل نہیں۔ قرآن کی حفاظت بھی حفظ کے ذریعہ ہوئی ہے اور حدیثوں کی بھی۔ دونوں مصادر شرعیہ کی ایک ہی طرح حفاظت کی گئی ہے۔

سوال: یہ بات تو واضح ہوگئی کہ قرآن وحدیث کی حفاظت حفظ کے ذریعہ کی گئی، اور قرآن جو لکھا گیا تھا وہ دو مقاصد سے لکھا گیا تھا، حفاظت کے مقصد سے نہیں لکھا گیا تھا، مگر سوال یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے حدیثیں لکھنے سے منع کیوں کیا؟

جواب: قرآن صحابہ کے گھروں میں بکھرا ہوا تھا، کوئی سورت کسی کے پاس تھی اور کوئی کسی کے پاس، اور آئندہ قرآن کا جمع کرنا مقدر تھا، اس وقت اصل تحریروں کی ضرورت پیش آئے گی، پس اگر صحابہ کے گھروں میں قرآن بھی لکھا ہوا ہوتا اور حدیثیں بھی تو اشتباہ کا اندیشہ تھا، اس لئے نبی ﷺ نے عمومی طور پر حدیثیں لکھنے سے منع فرمایا تا کہ جب جمع قرآن کا موقع آئے تو اشتباہ کا کوئی اندیشہ نہ رہے۔

اور جو خاص مواقع میں حدیثیں لکھی گئیں ان میں اشتباہ کا اندیشہ نہیں تھا، کیونکہ ان کے عناوین میں اشارہ تھا کہ وہ قرآن نہیں ہیں، حدیثیں ہیں، جیسے حدیبیہ میں معاہدہ لکھا گیا **هذا ما قاضٰی علیه محمد رسول الله إلخ** یہ عنوان خود بولے گا کہ یہ قرآن نہیں ہے، صلح نامہ ہے، اسی طرح خطوط میں **من محمد إلی کسری، من محمد إلی هرقل** لکھا گیا تھا، اس میں صاف اشارہ تھا کہ یہ قرآن نہیں ہے، حدیثیں ہیں۔ اور ابوشاہؓ کے لئے مکہ کا جو خطبہ لکھا گیا تھا، اس کے شروع میں کاتب لکھے گا: **هذا ما خَطَب رسول الله صلی الله علیه وسلم یومَ فتح مکة**: اس سے سمجھ میں آجائے گا کہ یہ حدیث ہے قرآن نہیں، اسی طرح کوئی خاص شخص ایسا ہوسکتا ہے جو حدیثوں کو قرآن سے الگ رکھے، جیسے حضرت عبداللہ۔ غرض حدیثیں عام طور پر لکھنے کی اجازت ہوتی تو ہر شخص حدیثیں لکھ کر اپنے گھر میں رکھتا، اور اسی گھر میں قرآن بھی ہوتا تو اشتباہ کا اندیشہ تھا، اس لئے آنحضور ﷺ نے عمومی طور پر حدیثیں لکھنے سے منع فرمایا، اور خاص مواقع میں حدیثیں لکھی گئیں اور خاص آدمیوں کو اجازت دی۔

سوال: جب قرآن کی حفاظت کا مدار روز اول سے آج تک حفظ پر ہے تو حدیثوں کی حفاظت کا مدار آج تک حفظ پر کیوں نہیں؟ سو سال کے بعد حدیثوں کو مدون کیوں کیا گیا؟

جواب: عرصہ گذرنے کے بعد حدیثوں میں کچھ ایسی نئی باتیں پیدا ہوئیں کہ تدوین ناگزیر ہوگئی، اور ایسی باتیں قرآن میں آج تک پیدا نہیں ہوئیں، مثلاً:

جب کبار صحابہ کا دور گذر گیا اور صغار صحابہ کا دور شروع ہوا تو انھوں نے حدیثوں میں سند کا اضافہ کیا کیونکہ کچھ لوگوں

نے حدیثیں گڑھنے کا کاروبار شروع کردیا تھا، اس لئے صحیح حدیثوں کو گھڑی ہوئی حدیثوں سے جدا کرنے کے لئے سند ناگزیر ہوگئی، مقدمۂ مسلم میں محمد بن سیرین رحمہ اللہ کا قول ہے کہ سلف یعنی صحابہ اسناد کا مطالبہ نہیں کرتے تھے، مگر جب فتنہ واقع ہوا یعنی گمراہ فرقے وجود میں آئے تو انھوں نے کہا: سَمُّوْا لنا رجالکم: حدیث کی سند بیان کروتاکہ دیکھا جائے کہ راوی ٹھیک ہے تو اس کی روایت لی جائے، اور اگر راوی گمراہ فرقے سے تعلق رکھتا ہے تو اس کی روایت نہ لی جائے، نیز مقدمہ مسلم ہی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ جب لوگ ہر طرح کی سواری پر سوار ہونے لگے تو ہم نے ہر طرح کے راویوں سے حدیث لینا چھوڑ دیا۔

اسناد کا یہ سلسلہ دن بدن بڑھتا رہا اور متن کا یاد رکھنا تو آسان ہے مگر راویوں کی معرفت کے بغیر اسناد کا یاد رکھنا مشکل ہے، اور زمانہ اتنی تیزی سے گذرتا ہے کہ پچاس سال میں تین نسلیں دیکھی جاسکتی ہیں۔ پس غور کریں: اگر آج تک سندوں کا سلسلہ جاری ہوتا تو ایک جملہ والی حدیث جیسے: إنما الأعمال بالنیات اس کی سند دسیوں لائن میں ہوتی، سوچو، روات اس بارگراں کو کیسے اٹھاتے؟ اس لئے تدوین حدیث ضروری ہوگئی۔

علاوہ ازیں: علم کے جو اصل حامل تھے یعنی عرب ان کا حافظہ تو بے مثال تھا لیکن پہلی صدی گذرتے گذرتے علم حدیث کے حامل عجمی بن گئے، عرب برائے نام رہ گئے، تاریخ میں ایک واقعہ لکھا ہے۔ امام زہری رحمہ اللہ جب حج سے واپس آئے تو عبدالملک بن مروان سے ان کی ملاقات ہوئی، اس زمانہ میں حج میں علماء خاص طور سے آتے تھے تاکہ دوسرے علماء سے استفادہ کریں۔ عبدالملک نے امام زہری سے پوچھا: مکہ میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟ امام زہریؒ نے کہا: حضرت طاؤس، اس نے پوچھا: کیا وہ عرب ہیں یا آزاد کردہ؟ زہریؒ نے کہا: وہ آزاد کردہ ہیں، یعنی عجمی ہیں، پھر اس نے اور مختلف شہروں کے نام لئے کہ وہاں بڑا عالم کون ہے؟ اور وہ عرب ہیں یا عجمی؟ سب جگہ بڑے عالم موالی اور عجمی تھے، آخر میں اس نے کوفہ کے بارے میں پوچھا، امام زہریؒ نے کہا: وہاں کے بڑے عالم ابراہیم نخعی ہیں اور وہ عرب ہیں، یہ سن کر عبدالملک نے ٹھنڈی سانس لی، اور کہا: قریب تھا میں کہ میری جان نکل جاتی اچھا کیا تم نے جو ایک عرب کا نام لیا کہاں گئے عرب؟ جو علم عجمیوں کے پاس چلا گیا! ان وجوہ سے تدوین حدیث ناگزیر ہوگئی۔

جمع قرآن کی تاریخ

آنحضور ﷺ کے بعد جنگ یمامہ میں جب متعدد حفاظ شہید ہوگئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا کہ قرآن کو سرکاری ریکارڈ میں لے لیا جائے تاکہ اس کے ضائع ہونے کا اندیشہ ختم ہوجائے۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا: میں وہ کام کیسے کروں جو نبی ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمرؓ نے کہا: بخدا! یہ کام اچھا ہے۔ اس طرح دونوں بزرگوں کے درمیان تبادلۂ خیال ہوتا رہا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے صدیق اکبرؓ کا سینہ کھول دیا، ان کو شرح صدر ہوگیا، پھر دونوں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو جمع قرآن کا کام سونپا، ابتداءً حضرت

زید نے بھی وہی بات کہی جو حضرت ابوبکرؓ نے کہی تھی، لیکن دونوں حضرات کے سمجھانے پر ان کا بھی شرح صدر ہو گیا۔

پھر اعلان کیا گیا کہ جس کے پاس قرآن کی اصل تحریر ہے، جو نبی ﷺ کے ملاحظہ سے گذر چکی ہے اور اس کے اصلی ہونے پر دو گواہ بھی موجود ہیں ایسی تحریریں لائی جائیں، جب اصل تحریریں جمع ہو گئیں تو پہلے حافظوں کے حفظ سے مقابلہ کیا گیا، جب اطمینان ہو گیا تو حضرت زیدؓ نے اس کو مختلف چیزوں پر نقل کیا اور اس کو ایک تھیلے میں بھر کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سونپ دیا، اس طرح قرآن کریم سرکاری ریکارڈ (حفاظت) میں لے لیا گیا، اور وہ اصلی تحریریں جن لوگوں سے حاصل کی گئی تھیں ان کو واپس کر دی گئیں کیونکہ وہ امانت تھیں۔

پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں قرآن میں اختلاف ہوا تو انھوں نے دوبارہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ایک کمیٹی بنائی اور قرآن کو لغت قریش کے مطابق لکھوا کر پانچ مصاحف تیار کرائے، اور ایک مصحف مدینہ منورہ میں رکھا اور باقی مصاحف مختلف شہروں میں بھیج دیئے اور حکم دیا کہ اب مسلمان اسی قرآن سے نقلیں لیں، نیز یہ بھی حکم بھیجا کہ لوگوں نے جو مختلف طرح سے قرآن لکھے ہیں وہ پایۂ تخت بھیج دیئے جائیں۔ جب سب قرآن آ گئے تو حضرت عثمانؓ نے ان کو جلوا دیا، اس طرح حضرت عثمانؓ نے لوگوں کو موجودہ قرآن پر جمع کر دیا۔ اور جو قرآن سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا تھا وہ دوبارہ مسلمانوں کو سونپ دیا (تفصیل کے لئے دیکھئے تحفۃ الالمعی ۱:۶۱-۶۵)

حضرت عمرؓ نے حدیثیں جمع کرنے کا ارادہ کیا مگر اشارہ نہ پایا:

غرض سب سے پہلے قرآن جمع کرنے کا خیال حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو آیا، اور ان کے مشورہ سے قرآن جمع کیا گیا، اسی طرح حدیثیں جمع کرنے کا خیال بھی سب سے پہلے حضرت عمرؓ کو آیا، انھوں نے اپنے دور خلافت میں احادیث جمع کرنے کا یعنی ان کو سرکاری ریکارڈ میں لینے کا ارادہ کیا تا کہ حدیثیں ضائع نہ ہوں نہ ان میں گڑبڑ ہو سکے۔ چنانچہ آپؓ نے مشورہ کے لئے صحابہ کو جمع کیا اور ان کے سامنے اپنا خیال ظاہر کیا، تمام صحابہ نے تائید کی مگر آپؓ کو شرح صدر نہ ہوا۔ آپؓ نے استخارہ شروع کیا اور ایک ماہ تک مسلسل استخارہ کرتے رہے، اس کے بعد شرح صدر ہوا کہ حدیثوں کو مدون نہیں کرنا چاہئے، چنانچہ آپؓ نے پھر صحابہ کو جمع کیا اور فرمایا: مجھے یاد آیا: گذشتہ امتوں نے جو اللہ کی کتابیں ضائع کیں تو اس کی وجہ یہ ہوئی کہ انھوں نے اپنے پیغمبروں کی باتیں بھی لکھ لیں، پھر وہ ان میں ایسے مشغول ہوئے کہ اللہ کی کتابوں سے ان کی توجہ ہٹ گئی اور وہ ضائع ہو گئیں، پس بخدا! میں اللہ کی کتاب کے ساتھ کسی چیز کو نہیں رلاؤں گا۔

(جامع بیان العلم ۱:۷۶، السنة ومكانتها فی التشريع الإسلامی ص:۱۲۱)

تدوین حدیث کا سہرا حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے سر بندھا:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد تدوین حدیث کا کسی کو خیال نہیں آیا، یہاں تک کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ

خلیفہ بنے ـــــ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ پہلی صدی کے ختم پر خلیفہ بنے ہیں۔ آپ کا حضرت عمرؓ سے ماں کی طرف سے رشتہ ہے، آپ کی نانی حضرت عمرؓ کی پوتی تھی ـــــ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے سوچا کہ اکثر صحابہ گذر چکے ہیں، اور حدیثوں کے ساتھ سندوں کا اضافہ ہوگیا ہے، اور حدیثیں گڑھنے کا رواج بھی شروع ہو چکا ہے۔ پس اگر سلسلہ اسی طرح چلتا رہا تو آئندہ بہت دشواری پیش آئے گی اس لئے آپ کے ذہن میں احادیث مدون کرنے کا خیال آیا۔ آپ نے مدینہ منورہ کے گورنر اور قاضی ابوبکر بن حزم کو لکھا کہ مدینہ میں جو حدیثیں اساتذہ بیان کرتے ہیں ان کو لکھ کر میرے پاس بھیج دو، کیونکہ مجھے علم کے مٹنے کا اور علماء کے ختم ہونے کا اندیشہ ہے، خاص طور پر عبدالرحمٰن بن اسعد بن زرارہؓ کی بیٹی عَمرہ (متوفیہ سنہ ۹۸ھ) اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پوتے قاسم (متوفی سنہ ۱۲۰ھ) کی حدیثیں جو وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں لکھ کر بھیجو، یہی حکم آپ نے تمام گورنروں کے نام لکھا کہ آپ حضرات کے علاقوں میں جو حدیثیں بیان کی جاتی ہیں وہ سب لکھ کر میرے پاس بھیجو، حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا پروگرام یہ تھا کہ جب سب جگہ سے حدیثیں آجائیں گی تو امام زہری ان کو مرتب کریں گے۔ پھر وہ سرکاری ریکارڈ میں محفوظ کر لی جائیں گی، گورنروں نے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا والا نامہ علماء کو دکھایا اور یہ کام ان کے سپرد کیا، چنانچہ علماء نے کام شروع کر دیا، ابھی حدیثیں جمع ہو کر پایۂ تخت کو نہیں پہنچی تھیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کا انتقال ہو گیا، ان کے بعد ولید خلیفہ بنا، ولید کو اس کام سے کوئی دلچسپی نہیں تھی، اس لئے وہ آڈر گیا گذرا ہو گیا، مگر علماء نے جو کام شروع کیا تھا وہ چلتا رہا۔ اس طرح تدوین حدیث کا آغاز ہوا اور اس کا سہرا حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے سر بندھا۔

تدوین حدیث کے پہلے دور میں علاقہ واری حدیثیں جمع کی گئیں:

تدوین حدیث کے پہلے دور میں علماء نے علاقہ واری حدیثیں جمع کیں، مدینہ کے محدثین نے مدینہ کی، بصرہ والوں نے بصرہ کی، کوفہ والوں نے کوفہ کی، یمن والوں نے یمن کی اور شام والوں نے شام کی حدیثیں جمع کیں، اس طرح بہت سی کتابیں وجود میں آگئیں، ان کتابوں میں سے آج صرف امام مالک رحمہ اللہ کی موطا اور امام اعظم رحمہ اللہ کی مسانید موجود ہیں، باقی کتابیں مفقود ہو گئیں۔ تدوین حدیث کا یہ پہلا دور دوسری صدی کے نصف اول پر مکمل ہو گیا۔

تدوین حدیث کے دوسرے دور میں جوامع لکھی گئیں:

جب تدوین حدیث کے پہلے دور میں علاقہ واری حدیثیں جمع کی گئیں تو ضرورت محسوس ہوئی کہ ایسی کتابیں لکھی جائیں جن میں تمام حدیثیں جمع ہوں، کیونکہ مختلف کتابوں میں سے حدیث تلاش کرنا مشکل ہے، اس طرح تدوین حدیث کا دوسرا دور شروع ہوا، چنانچہ دوسری صدی کے نصف آخر میں جوامع لکھی گئیں، جیسے جامع سفیان ثوری، مصنف عبدالرزاق، مصنف ابن ابی شیبہ، مسند امام احمد وغیرہ۔ اس دور کے مصنّفین نے پہلے دور کی کتابوں سے حدیثیں نقل نہیں

کیں، بلکہ اسلامی دنیا کی خاک چھانی۔ ہر ہر محدث کے پاس پہنچ کر حدیثیں لیں، اور اپنی کتابوں میں درج کیں۔

اس دور کی کتابوں میں صحیح غیر صحیح کا خیال نہیں رکھا گیا، مرفوع غیر مرفوع کا بھی امتیاز نہیں کیا، بلاتفریق سب روایات لے لیں، البتہ پہلے دور کی کتابوں میں امام مالکؒ نے صحیح غیر صحیح کا امتیاز کیا ہے، اور دوسرے دور کی کتابوں میں امام احمدؒ نے صحیح (قابل استدلال) حدیثوں کا انتخاب کیا ہے، اور انھوں نے اپنی مسند میں صرف مرفوع روایات لی ہیں، موقوف اور مقطوع روایات نہیں لیں۔

ملحوظہ: امام احمدؒ کا مُسند تیسرے دور کی کتاب بھی ہوسکتا ہے، اس لئے کہ امام احمد کا انتقال سنہ ۲۴۱ھ میں ہوا ہے، جبکہ تدوین حدیث کا دوسرا دور دوسری صدی پر مکمل ہوگیا ہے، پس اگر مسند احمد کو تیسرے دور کی کتابوں میں شمار کیا جائے تو دوسرے دور کی کتابوں میں کوئی ایسی کتاب نہیں جس میں صحیح اور غیر صحیح کا امتیاز کیا گیا ہو۔

تدوین حدیث کا دوسرا دور مکمل ہونے پر تین نئی باتیں پیدا ہوئیں:

تدوین حدیث کے پہلے دو مرحلوں کی کتابوں میں احادیثِ مرفوعہ، احادیثِ موقوفہ (صحابہ کے اقوال وفتاوی) اور احادیث مقطوعہ (اکابر تابعین کے اقوال وفتاوی) سب لئے گئے ہیں، پھر جب تدوین حدیث کا دوسرا دور مکمل ہوا تو تین نئی باتیں سامنے آئیں:

پہلی بات: یہ خیال پیدا ہوا کہ حدیث کی کتابوں میں صرف نبی ﷺ سے تعلق رکھنے والی باتیں ہی لی جائیں۔ صحابہ اور تابعین کے اقوال وفتاوی کو حدیث کی کتابوں میں نہیں لینا چاہئے، جیسا کہ دور اول میں امام مالکؒ نے عام طور پر اور دور ثانی میں امام احمدؒ نے خاص طور پر ایسا کیا ہے۔

دوسری بات: امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے زمانہ تک صحابہ کے فتاوی بھی حجت سمجھے جاتے تھے، ان کی موجودگی میں مجتہد قیاس نہیں کرتا تھا، ان کے اقوال کو لیتا تھا، اور اگر صحابہ میں اختلاف ہوتا تو مجتہد انتخاب کرتا تھا، مگر اب یہ نیا خیال پیدا ہوا کہ ھم رجال ونحن رجال: وہ بھی مجتہد ہیں اور ہم بھی مجتہد ہیں۔ شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے مذہبِ شافعی کے وجود میں آنے کی جو پانچ بنیادیں بیان کی ہیں ان میں سے چوتھی بنیاد یہی ہے، فرماتے ہیں: امام شافعی رحمہ اللہ کے زمانہ میں صحابہ کے اقوال جمع کئے گئے تو وہ بہت ہوگئے، اور ان میں اختلاف وانتشار پایا گیا اور ان میں سے بہت سے اقوال کو امام شافعیؒ نے صحیح حدیثوں کے خلاف پایا اس لئے امام شافعیؒ نے صحابہ کے اقوال سے تمسک چھوڑ دیا، جب تک کہ وہ کسی بات پر متفق نہ ہوجائیں اور فرمایا کہ وہ بھی آدمی ہیں اور ہم بھی آدمی ہیں، یعنی وہ بھی امت کے مجتہد ہیں اور ہم بھی مجتہد ہیں، اور ایک مجتہد پر دوسرے مجتہد کی اتباع لازم نہیں۔ اور چونکہ تمام محدثین امام شافعیؒ کے بلاواسطہ یا بالواسطہ شاگرد تھے اس لئے اس نئے رجحان سے تمام محدثین متاثر ہوگئے۔

تیسری بات: مرسل روایات حجت ہیں یا نہیں؟ حنفیہ اور مالکیہ مرسل ومنقطع روایات سے بھی استدلال کرتے تھے،

مگر جب حدیثیں تمام طرق سے جمع کی گئیں تو یہ بات سامنے آئی کہ بہت سی مرسل روایتیں بے اصل ہیں، اور بہت سی مرسل روایتیں مسند روایات کے خلاف ہیں، اس لئے امام شافعیؒ نے مرسل روایات سے صرف نظر کی، اور چند مخصوص مراسیل کے علاوہ عام طور پر مرسل روایتوں سے استدلال چھوڑ دیا۔ امام شافعی کے اس خیال سے بھی محدثین متأثر ہوئے۔

ملحوظہ: متقدمین کی اصطلاح میں منقطع، معضل، معلق اور مرسل سبھی پر مرسل کا اطلاق ہوتا تھا، منقطع وہ روایت ہے جس کی سند کے درمیان سے کوئی راوی چھوٹ گیا ہو، پھر اگر مسلسل دو راوی چھوٹ گئے ہوں تو وہ معضل ہے، ورنہ منقطع اور ابتداء سند سے ایک یا زیادہ راوی چھوٹ گئے ہوں تو وہ معلق ہے، اور تابعی کے بعد صحابی کا تذکرہ چھوڑ دیا گیا ہے وہ مرسل اصطلاحی ہے۔

تدوین حدیث کا تیسرا دور اور امور مذکورہ کی رعایت:

تیسری صدی پوری تدوین حدیث کا تیسرا دور ہے، اس دور میں جو کتابیں لکھی گئیں وہی اب پڑھائی جاتی ہیں، اس دور کی کتابوں میں مذکورہ تین باتیں ملحوظ رکھی گئی ہیں، یعنی اس دور کی کتابوں میں صرف مرفوع حدیثیں لی گئی ہیں، صحابہ کے انفرادی فتاوی نہیں لئے گئے، نہ مرسل روایتیں لی گئیں ہیں، بلکہ امام بخاریؒ نے تو صرف صحیح مرفوع متصل روایتیں ہی لی ہیں، اور امام مسلمؒ نے صحیح کے ساتھ حسن کو بھی لیا ہے، اور ارباب سنن نے ضعیف احادیث بھی لی ہیں، کیونکہ ضعیف اگر حسن لغیرہ بن جائے تو وہ قابل استدلال ہوجاتی ہے۔

کتب ستہ کے مصنّفین کا زمانہ:

غرض دورۂ حدیث میں جتنی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں وہ سب ایک ہی زمانہ کے مصنّفین کی ہیں۔ امام بخاریؒ کا انتقال ۲۵۶ ہجری میں ہوا ہے اور امام مسلمؒ کا ۲۶۱ ہجری میں، امام ابن ماجہؒ کا ۲۷۳ ہجری میں، امام ابوداؤدؒ کا ۲۷۵ ہجری میں، امام ترمذیؒ کا ۲۷۹ ہجری میں اور امام نسائی کا ۳۰۳ ہجری میں انتقال ہوا ہے۔

اور تیسرے دور میں جو تدوین حدیث عمل میں آئی وہ بھی رجال حدیث سے براہ راست روایتیں لے کر کتابوں میں درج کی گئیں، پہلی کتابوں سے نقل نہیں کیں، اس زمانہ میں ایسا کرنا جائز نہیں تھا حتی کہ مجتہدین کے اقوال بھی ان کی کتابوں سے نقل کرنا جائز نہیں تھا۔ رجال سے روایت کرنا ضروری تھا۔

تدوین حدیث کے چوتھے دور میں باقی ماندہ حدیثیں جمع کی گئیں:

پھر تیسرے دور کے مصنّفین نے جو حدیثیں چھوڑ دی تھیں بعد کے محدثین نے ان کو اپنی کتابوں میں درج کیا، اور براہ راست اساتذہ سے حاصل کر کے لکھا، جیسے طبرانی کے معاجم ثلاثہ اور بیہقی کی سنن کبری، تدوین حدیث کے چوتھے

دور کی کتابیں ہیں۔ اب ساری حدیثیں مدون ہوگئیں، آگے پھر تدوین نہیں ہوئی، البتہ حدیث کی مختلف طرح سے خدمت ہوتی رہی اور وہ آج تک جاری ہے۔

خلاصۂ مراد:

پوری بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ جس طرح قرآن کی حفاظت حفظ کے ذریعہ ہوئی ہے، اسی طرح حدیثوں کی حفاظت بھی حفظ کے ذریعہ ہوئی ہے، مگر قرآن میں تو آج تک کوئی نئی بات پیدا نہیں ہوئی، جس طرح صحابہ قرآن حفظ کرتے تھے، صحابہ کے بچے بھی حفظ کرتے تھے، اور آج ہم بھی اور ہمارے بچے بھی اسی طرح حفظ کرتے ہیں، لیکن حدیثوں میں کئی نئی باتیں ایسی پیدا ہوگئیں کہ حدیثوں کو منضبط کرنا ضروری ہوگیا۔ مگر حدیثیں سرکاری ریکارڈ میں چلی جائیں یہ اللہ کو منظور نہیں تھا، کیونکہ جو چیز سرکاری ریکارڈ میں چلی جاتی ہے اس کی طرف سے لوگ غافل ہوجاتے ہیں، لوگ اپنی کوئی ذمہ داری محسوس نہیں کرتے، چنانچہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے حدیثوں کو سرکاری ریکارڈ میں لینا چاہا مگر اللہ نے اس کو پسند نہیں کیا، اور آزادانہ تدوین حدیث شروع ہوئی، اور چار مرحلوں میں مکمل ہوئی۔

بخاری شریف کے شروع میں وحی کا بیان بطور تمہید ہے

امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ایمان کے بیان سے شروع کی ہے، اور کتاب التوحید پر ختم کی ہے، اور شروع میں وحی کا بیان بہ طور تمہید لائے ہیں، یعنی حجیتِ حدیث ثابت کرنے کے لئے وحی کا بیان شروع میں لائے ہیں، جیسے فقہ کی کتابیں نماز کے بیان سے شروع ہوتی ہیں، کیونکہ نماز دین کا بنیادی ستون ہے۔ مگر چونکہ نماز کے لئے طہارت شرط ہے اس لئے فقہاء بہ طور تمہید پہلے طہارت کے مسائل بیان کرتے ہیں، اسی طرح دین نام ہے دو چیزوں کا: عقائد کا اور اعمال کا، عقائد: ایمان کہلاتے ہیں اور اعمال: اسلام کہلاتے ہیں۔ اور چونکہ اعمال کا مدار عقائد پر ہے اس لئے وہ اصل الاصول ہیں۔ اس لئے امام بخاریؒ نے اپنی صحیح ایمان کے بیان سے شروع کی ہے اور ایمان ہی کے بیان پر ختم کی ہے۔ کتاب التوحید بھی کتاب الایمان ہی ہے، اور اعمال کا تذکرہ بیچ میں لائے ہیں، کیونکہ ایمان اور اعمال میں دو فرق ہیں: ایک: اعمال کے لئے ایمان شرط ہے، اور ایمان کے لئے کوئی چیز شرط نہیں۔ دوسرا: فرق یہ ہے کہ اعمال منقطع ہوجاتے ہیں، مثلاً: نماز شروع کی تو پانچ سات منٹ میں پوری ہوگئی، روزہ شروع کیا غروب شمس پر پورا ہوگیا، مگر ایمان مسلسل چلنے والی حقیقت ہے، ایک لمحہ کا انقطاع بھی گوارا نہیں ﴿لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ﴾: اگر تو ایک لمحہ کے لئے بھی شرک میں مبتلا ہوجائے تو سابقہ تمام اعمال ختم ہوجائیں گے۔

غرض: امام بخاریؒ نے بخاری شریف کتاب الایمان سے شروع کی ہے اور کتاب الایمان ہی پر ختم کی ہے، اور درمیان میں اعمال کا بیان لائے ہیں، اور اس طرف اشارہ کیا ہے کہ اعمال کے لئے ایمان شرط ہے اور ایمان کا موت

سے اتصال ضروری ہے۔

اور شروع میں وحی کا بیان تمہید کے طور پر لائے ہیں، وہ مقصود نہیں۔ حدیث کی حجیت ثابت کرنے کے لئے یہ مضمون لائے ہیں، اور وحی کے بیان سے ابتداء کر کے حضرت نے منکرین حدیث کا رد کیا ہے، ان سے سوال کریں گے کہ قرآن حجت کیوں ہے؟ وہ یہی جواب دیں گے کہ قرآن وحی ہے اس لئے حجت ہے، پس حدیثیں بھی تو وحی ہیں، پھر وہ حجت کیوں نہیں؟ دونوں وحی جلی ہیں، یہ الگ بات ہے کہ ایک وحی متلو ہے اور ایک غیر متلو، مگر دونوں وحی ہیں اور وحی بھی جلی۔ پھر ایک وحی تو حجت ہو اور دوسری نہ ہو یہ کیا بات ہوئی؟ حدیث کی حجیت پر امام بخاری رحمہ اللہ کا یہ مختصر مگر نہایت مضبوط استدلال ہے۔

حدیث کے وحی ہونے پر قرآن سے استدلال

حدیث کے وحی ہونے پر قرآن میں متعدد دلیلیں ہیں اور احادیث شریفہ میں بھی دلیلیں ہیں، مگر چونکہ منکرین حدیث صرف قرآن کو حجت مانتے ہیں اس لئے ہمیں قرآن ہی سے دلیل پیش کرنی ہوگی ـــــــ قرآنِ کریم میں متعدد آیات ہیں جو حدیث کے وحی ہونے پر صریح دلیل ہیں۔

پہلی آیت: سورۃ القیامہ میں ہے: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ، إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ، فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ، ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾: ترجمہ: آپؐ قرآن پڑھنے کے لئے اپنی زبان نہ ہلائیں تاکہ جلدی سے اس کو سیکھ لیں، بیشک ہمارے ذمہ اس کو جمع کرنا اور اس کا پڑھنا ہے (آپؐ کی زبان سے) پس جب ہم پڑھیں (فرشتہ کی زبانی) تو آپؐ اس کے پڑھنے کی پیروی کریں یعنی خاموشی سے سنیں، پھر بیشک ہمارے ذمہ اس کو کھول کر بیان کرنا ہے۔

تفسیر: جب حضرت جبرئیل علیہ السلام آنحضور ﷺ کو وحی (قرآن) سناتے تھے تو آپؐ زبان سے ان کے ساتھ پڑھتے تھے تاکہ قرآن یاد ہو جائے، اس سے آنحضور ﷺ پر دوہرا بوجھ پڑتا تھا۔ بخاری شریف میں پہلے ہی صفحہ پر حدیث ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب آنحضور ﷺ پر وحی نازل ہوتی تھی تو آپؐ پر اتنا بوجھ پڑتا تھا کہ سخت جاڑے کے زمانے میں آپؐ کے ماتھے سے پسینہ ٹپکنے لگتا تھا، ایک طرف وحی کا بوجھ، دوسری طرف یہ فکر تھی کہ کہیں وحی کا کوئی حصہ یاد ہونے سے رہ نہ جائے، اس لئے آپؐ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ پڑھتے تھے اس لئے اللہ نے منع فرمایا: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ﴾: نہ ہلایئے آپؐ وحی کے ساتھ اپنی زبان کو تاکہ قرآن کو آپؐ جلدی سے لے لیں، یعنی یہ اندیشہ نہ کریں کہ وحی کا کوئی حصہ یاد ہونے سے رہ جائے گا اس لئے کہ: ﴿إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ﴾: بیشک ہمارے ذمہ ہے اس وحی کو آپؐ کے دل ودماغ میں جمع کر دینا، پھر اس کو پڑھنا یعنی جو وحی نازل ہوئی ہے اس کو یاد کرانا ہمارے ذمہ ہے، آپؐ کو وہ وحی خود بخود یاد ہو جائے گی، پھر جب آپؐ وہ وحی لوگوں کے سامنے پڑھنا چاہیں گے تو ہم صحیح صحیح پڑھا دیں گے۔

غرض جو اندیشہ تھا اس کو دور کر دیا، پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ پڑھ کر بلاوجہ مشقت برداشت کیوں کی جائے؟ ﴿فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ﴾ پس جب ہم اس وحی کو پڑھیں —— یہ التفات ہے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے پڑھنے کو اللہ تعالیٰ نے اپنا پڑھنا قرار دیا ہے —— پس آپؐ اس کے پڑھنے کی پیروی کریں یعنی آپؐ اس وحی کی طرف جو حضرت جبرئیل علیہ السلام پڑھ رہے ہیں متوجہ رہیں ﴿ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾ پھر اس وحی کو کھولنا اور بیان کرنا ہمارے ذمہ ہے، یعنی آپؐ حضرت جبرئیل علیہ السلام سے سوال نہ کریں کہ اس وحی کا کیا مطلب ہے؟ ہم خود اس کا مطلب آپ کو سمجھا دیں گے، چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام وحی پہنچا کر چلے جاتے تھے، حضور ﷺ ان سے کچھ نہیں پوچھتے تھے۔

پھر اللہ تعالیٰ اس وحی کو کیسے کھولتے تھے؟ اس کی بہت سی شکلیں ہوتی تھیں۔ علماء نے وحی کے تیرہ طریقے بیان کئے ہیں اور وہ بھی استقرائی ہیں یعنی تلاش وجستجو کے بعد اتنے ہی طریقے سامنے آئے ہیں، ان میں حصر نہیں، وحی کے ان کے علاوہ اور بھی طریقے ہو سکتے ہیں۔ بہر حال اللہ تعالیٰ مختلف طرح سے اس وحی کو یعنی قرآن کریم کو آنحضور ﷺ کے لئے کھولتے تھے۔

یہ جو اللہ نے وحی آپؐ کے لئے کھولی، پھر آپؐ نے اسے سمجھایا یہی حدیثیں ہیں، پس قرآنِ کریم سے حدیثوں کا وحی ہونا ثابت ہوا اس طرح کہ اللہ نے قرآن حضور ﷺ پر کھولا، اور آپؐ نے اپنے الفاظ میں اسے سمجھایا، پس حدیثیں بھی اللہ کی وحی ہیں۔

مثلاً: قرآن میں جگہ جگہ نماز قائم کرنے کا حکم آیا ہے، لیکن ایک جگہ بھی تفصیل نہیں آئی کہ نماز کیا ہے؟ آنحضور ﷺ نے اس کی تفصیل سمجھائی، بلکہ نماز پڑھ کر دکھائی اور فرمایا: صَلّوا کما رأیتمونی أُصلی: جس طرح تم نے مجھے نماز پڑھتے دیکھا اسی طرح نماز پڑھو۔ اسی طرح زکوٰۃ کا جو نظام نبی پاک ﷺ نے بنایا وہ سب حدیثیں زکوٰۃ کی تبیین وتشریح ہیں، اسی طرح حضورؐ نے جو مختلف قتلوں کی دیت مقرر کی وہ ﴿دِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ﴾ کی تفصیل ہے۔

بہر حال بے شمار باتیں قرآن میں ایسی ہیں جن پر آنحضور ﷺ کی تبیین وتشریح کے بغیر عمل نہیں کیا جا سکتا، اور یہ تبیین وتشریح خود اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے: ﴿ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾: پھر وحی (قرآن) کو کھولنا اور اس کو سمجھانا ہمارے ذمہ ہے، اور اللہ کا سمجھایا ہوا وہی ہے جو حدیثوں میں آیا ہے، پس حدیثیں بھی وحی ہوئیں، بس فرق اتنا ہے کہ قرآن وحی متلو ہے اور حدیثیں غیر متلو۔

دوسری آیت: مشرکین کا ایک اعتراض یہ تھا کہ اللہ کے یہاں کرّوبیوں کی کمی نہیں —— کرّوبی: فارسی لفظ ہے، جس کے معنی ہیں: مقرب فرشتہ —— جب اللہ کو رسول بھیجنا ہی تھا تو کسی فرشتہ کو رسول بنا کر کیوں نہیں بھیجا؟ انسانوں میں سے ایک ایسا انسان جو ہماری طرح کھاتا پیتا ہے، شادی بیاہ کرتا ہے، بازاروں میں گھومتا ہے بلکہ مالی اعتبار سے بے حد تنگ دست بھی ہے، اس کو رسول بنا کر کیوں بھیجا؟ یہ مشرکین کا اعتراض تھا، اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں کئی جگہ موقع

کی مناسبت سے اس کا جواب دیا ہے، سورۃ النحل (آیت ۴۳) میں ہے: ﴿وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا نُوْحِيْ إِلَيْهِمْ﴾: حضرت آدم علیہ السلام سے سرورِ کائنات ﷺ تک سنت الٰہی یہی رہی ہے کہ ہمیشہ مردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا ہے، کبھی کسی فرشتہ کو رسول بنا کر نہیں بھیجا۔

نبوت بھاری ذمہ داری ہے اس لئے عورتوں کو نبوت سے سرفراز نہیں کیا گیا

یہاں سے معلوم ہوا کہ عورتیں کبھی نبی اور رسول نہیں بنائی گئیں، نبوت سے سرفراز ہمیشہ مرد ہی کئے گئے، اور عورتوں کو یہ منصب اس لئے سپرد نہیں کیا کہ نبوت بھاری ذمہ داری ہے۔ اور عورتوں پر کوئی بھاری ذمہ داری نہیں رکھی گئی، اس لئے کہ وہ صنف نازک ہیں، جیسے کمانا عورتوں کے ذمہ نہیں رکھا گیا، کیونکہ مال حاصل کرنے کے لئے دن بھر دوڑ دھوپ کرنا، مزدوری کرنا، پیٹھ پر بوجھ ڈھونا، مشقت کا کام ہے، عورتوں کے بس کا یہ کام نہیں۔ اسی طرح جہاد عورتوں پر فرض نہیں کیا، کیونکہ میدانِ جنگ میں سورماؤں کا پتہ پانی ہوجاتا ہے۔ اسی طرح نبوت ورسالت بھی بھاری ذمہ داری ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام سے آنحضور ﷺ تک جن نبیوں کے تذکرے قرآن میں آئے ہیں، ان کو پڑھو، پتہ چلے گا کہ وہ کن کن پریشانیوں سے دوچار ہوئے ہیں۔

علاوہ ازیں: عورت اپنی وضع (نسوانی حالت) برقرار رکھتے ہوئے نبوت ورسالت کی ذمہ داری سے عہدہ برآ نہیں ہوسکتی، اس لئے اللہ نے عورتوں کو نبی اور رسول نہیں بنایا۔

اس کی نظیر (۱): حضرت لوط علیہ السلام کے پاس جب فرشتے آئے اور قوم نے بدفعلی کی نیت سے ان کا مطالبہ کیا تو حضرت لوط علیہ السلام پریشان ہوگئے۔ ان کو پتا نہیں تھا کہ یہ فرشتے ہیں، حضرت یہ سمجھ رہے تھے کہ یہ نوجوان ہیں جو میرے یہاں مہمان آئے ہیں، چنانچہ قوم کے مطالبہ سے پریشان ہوکر حضرت لوط علیہ السلام نے فرمایا: ﴿لَوْ أَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِيْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ﴾: کاش میرے اندر تم سے نمٹنے کا بل ہوتا، یا میرا کوئی مضبوط جتھا ہوتا (تو میں تمہیں مزہ چکھاتا!)

اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: حضرت لوط علیہ السلام اتنے پریشان ہوگئے تھے کہ ان کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہر نبی جتھے ہی میں بھیجا (تاکہ آڑے وقت میں قوم کام آئے)

آنحضور ﷺ کا جب بائیکاٹ کیا گیا اور آپؐ شعب ابی طالب میں محصور ہوگئے تو بنو مطلب اور بنو ہاشم نے آخر تک آپؐ کا ساتھ دیا، حالانکہ اس وقت تک وہ سب مسلمان نہیں ہوئے تھے، تین سال تک انھوں نے آنحضور ﷺ

(۱) نظیر وہ ہے جو ممثل لہ کا فرد نہ ہو مگر ممثل لہ کی وضاحت کرے اور مثال ممثل لہ کا فرد ہوتی ہے اور ممثل لہ کی وضاحت کرتی ہے، جیسے كلُّ فاعل مرفوعٌ، نحو أكل زيدٌ: یہ مثال ہے اس لئے کہ یہ ممثل لہ کا فرد ہے۔ اور كلُّ فاعل مرفوع نحو كان اللّٰهُ عليمًا: یہ نظیر ہے اس لئے کہ اللہ جو کان کا اسم ہے وہ مسند الیہ ہے اور فاعل بھی مسند الیہ ہوتا ہے پس یہ نظیر ہوئی۔

کے ساتھ ہر طرح کی مشقت برداشت کی، لیکن آپ کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ بہر حال خاندان اور قبیلہ سہارا بنتا ہے اسی لئے حضرت لوط علیہ السلام نے مضبوط خاندان کی تمنا کی اور اللہ نے بعد میں جتنے بھی نبی مبعوث فرمائے سب جتھے ہی میں مبعوث فرمائے۔

یہ اس بات کی نظیر ہے کہ نبوت ورسالت بھاری ذمہ داری ہے، عورتوں کے لئے اس سے نپٹنا آسان نہیں، اس لئے اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ مردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا، عورتوں کو رسول بنا کر نہیں بھیجا۔

انبیاء بھی عام انسانوں کی طرح بشر ہیں لیکن ان میں ایک سُرخاب کا پر لگا ہوا ہے!

یہاں ایک سوال ہے کہ انبیاء بھی رجال ہیں اور ہم بھی رجال ہیں، پھر ہم میں اور ان میں فرق کیا ہے؟ قرآن کہتا ہے: ہم جس کو نبی اور رسول بناتے ہیں اس میں سُرخاب کا پر لگاتے ہیں، وہ سرخاب کا پر تمہارے اندر نہیں ہے، ﴿وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالاً نُوْحِيْ إِلَيْهِمْ﴾: ہم جس کو نبی بناتے ہیں اس کی طرف وحی بھیجتے ہیں، یہ سُرخاب کا پر ہے، اب وہ دوسرے رجال کی طرح نہیں رہتے۔ بیشک وہ بشر ہوتے ہیں لیکن دوسرے بشروں کی طرح نہیں ہوتے۔ سورۂ کہف میں ارشاد پاک ہے: ﴿قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُوْحىٰ إِلَيَّ﴾: میں تمہاری طرح بشر ہوں، لیکن میری طرف اللہ تعالیٰ وحی بھیجتے ہیں، یہ میرا امتیاز ہے۔

اور قرآن کے جو مخاطبِ اول تھے یعنی مشرکین مکہ ان کا رسالت ونبوت کے ساتھ عہد بہت دور چلا گیا تھا۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بعد مشرکین میں کوئی نبی اور رسول مبعوث نہیں ہوا تھا، لیکن جزیرۃ العرب میں بنی اسرائیل رہتے تھے، ان میں یعنی حضرت اسحاق ویعقوب کی اولاد میں نبوت ورسالت کا سلسلہ جاری تھا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو انبیاء بنی اسرائیل کے خاتم ہیں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تقریباً چھ سو سال پہلے گذرے ہیں، اس لئے قرآن نے کہا: ﴿فَاسْئَلُوْا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لاَ تَعْلَمُوْنَ﴾: اگر تمہیں یہ بات معلوم نہ ہو کہ ہمیشہ رجال ہی رسول ہو کر آتے رہے ہیں تو اہل کتاب تمہارے درمیان موجود ہیں ان سے پوچھ لو کہ ہمیشہ رسول کون آیا ہے؟ وہ تمہیں بتائیں گے کہ ہمیشہ انسان ہی رسول بن کر آئے ہیں ﴿بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ﴾: جار مجرور کے دو متعلق ہو سکتے ہیں: ایک: أرسلنا اور دوسرا: لاتعلمون۔ پہلی صورت میں یہ ایک سوال کا جواب ہوگا۔ سوال یہ ہے کہ جب نبی اور رسول ہمارے جیسے انسان ہیں تو وہ ہمیں قائل کیسے کریں گے؟ فرشتہ ہوتا تو کرشمہ دکھاتا اور کرشمے دکھا کر قائل کرتا! اس کا جواب دیا کہ ہم نے ان کو خالی ہاتھ نہیں بھیجا بلکہ ﴿بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ﴾: واضح دلیلوں کے ساتھ اور آسمانی کتابوں کے ساتھ بھیجا ہے، وہ آسمانی کتابوں کے ذریعہ اور ان کی واضح دلیلوں کے ذریعہ لوگوں کو قائل کریں گے۔

اور اگر جار مجرور کا تعلق لاتعلمون سے ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ اگر تمہارے پاس آسمانی کتابوں کا علم نہیں تو اہل کتاب کے پاس کئی آسمانی کتابیں موجود ہیں: تورات، انجیل، زبور، سب ان پر نازل ہوئی ہیں۔ اور دین کی واضح دلیلیں بھی ان

کے پاس موجود ہیں پس ان سے دریافت کرلو کہ کیا کبھی کوئی فرشتہ نبی اور رسول بن کر آیا ہے؟ وہ تمہیں بتائیں گے کہ رسول ہمیشہ مرد ہی آئے ہیں، کبھی کوئی فرشتہ رسول بن کر نہیں آیا۔

اس کے بعد فرمایا: ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾: اور ہم نے آپؐ کی طرف الذکر (قرآنِ کریم) نازل کیا، تاکہ آپؐ لوگوں کو وہ وحی کھول کر سمجھائیں جو لوگوں کی طرف نازل کی گئی ہے، اور تاکہ لوگ بھی سوچیں۔

قرآنِ کریم لوگوں کی طرف اتارا گیا ہے مگر رسول اللہ کی معرفت بھیجا گیا ہے، اگرچہ اللہ کی رحمتیں براہ راست آتی ہیں، واسطہ سے نہیں آتیں، بارش سیدھی برستی ہے اور کھیتی کو سیراب کرتی ہے، ہوا سیدھی ہماری ناک تک پہنچتی ہے، اللہ کی سب نعمتیں سیدھی آتی ہیں۔ پھر دین اور قرآن براہ راست کیوں نہیں آیا؟ درمیان میں رسول اللہ کا واسطہ کیوں ہے؟ اس کا جواب دیا کہ اگر قرآن ہر شخص کے گھر میں لٹکا دیا جاتا تو اس کو کون سمجھاتا؟ اس لئے ہم نے یہ قرآن رسول کی معرفت بھیجا ہے، ورنہ حقیقت میں یہ قرآن لوگوں کی طرف اتارا گیا ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ کی معرفت اس لئے بھیجا ہے کہ وہ لوگوں کو قرآن کھول کر سمجھا دیں۔ آپ ﷺ نے جو قرآن کی تبیین وتشریح کی ہے وہی حدیثیں ہیں، پس حدیثوں کا وحی الٰہی ہونا ثابت ہوگیا۔

احادیث شریفہ میں جو کچھ آیا ہے وہ سب قرآن کریم ہی کی تشریح وتوضیح ہے، اس سے الگ کچھ نہیں، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ وعظ میں یہ حدیث بیان کی: لَعَنَ اللّٰهُ الواصِلَةَ والمُستوصِلَة، والواشِمَةَ والْمُسْتَوْشِمَةَ: اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی اس عورت پر جو بالوں میں دوسرے کے بال ملاتی ہے اور اس عورت پر جو اپنے بالوں میں دوسرے کے بال ملواتی ہے، اور بدن گودنے والی پر اور بدن گدوانے والی پر۔ جب ابن مسعودؓ بیان کر چکے تو ایک عورت نے سوال کیا: آپ ایسی باتیں بیان کرتے ہیں جو ہم قرآن میں نہیں پاتے۔ حضرت ابن مسعودؓ نے پوچھا: کیا تو نے سارا قرآن پڑھ لیا ہے؟ اس نے کہا: ہاں میں قرآن کی حافظہ ہوں، حضرت نے پوچھا: کیا تو نے قرآن میں یہ آیت نہیں پڑھی: ﴿مَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا﴾: رسول تمہیں جو کچھ دیں اس کو لے لو، اور جس سے روک دیں اس سے رک جاؤ؟ اس عورت نے کہا: ہاں یہ آیت تو قرآن میں ہے۔ حضرتؓ نے فرمایا: یہ حدیث اسی آیت کے ذیل میں آتی ہے (بخاری حدیث ۵۹۳۹)

غرض تمام احادیث شریفہ کسی نہ کسی آیت کی توضیح وتشریح ہیں، چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ جب وہ کوئی کتاب شروع کرتے ہیں تو سب سے پہلے آیات لکھتے ہیں، پھر باب قائم کرکے حدیثیں لاتے ہیں، اور اس طرف اشارہ کرتے ہیں کہ آگے آنے والی تمام روایات اسی آیت کی تفسیر ہیں۔

آگے فرمایا: ﴿وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾: اور تاکہ لوگ (بھی) غور کریں، اس میں اجتہاد کی اعتباریت کا بیان ہے،

آنحضور ﷺ نے قیامت تک کے مسائل بیان نہیں فرمائے، کیونکہ مسائل قبل از وقت نہیں سمجھے جاسکتے، اور بغیر سمجھے یاد بھی نہیں رکھے جاسکتے، اس لئے آپؐ نے صرف اپنے زمانے کی ضروریات بیان فرمائی ہیں، پھر آگے قیامت تک پیش آنے والے مسائل مجتہدین امت قرآن وحدیث میں غور کرکے نکالیں گے، اسی کا نام اجتہاد ہے، پس اجتہاد کی اعتباریت ﴿وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾ سے ثابت ہوئی۔

تیسری آیت: سورۃ النجم میں ہے: ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى﴾: نبی ﷺ اپنی خواہش سے کچھ نہیں بولتے، آپؐ جو کچھ فرماتے ہیں وہ اللہ کی وحی ہوتی ہے جو ان کی طرف کی جاتی ہے، اس آیت کے عموم میں قرآن کے ساتھ احادیث بھی داخل ہیں، کیونکہ تفسیر کا قاعدہ ہے: العِبرةُ لِعمُوم اللفظ لالخصوص المَوْرِد: اگر آیت کسی خاص واقعہ میں نازل ہوئی ہو، مگر الفاظ عام ہوں تو حکم عام ہوتا ہے، پس یہ کہنا کہ آیت کا تعلق قرآن سے ہے، یعنی نبی ﷺ جو کلام پیش کررہے ہیں وہ آپؐ کا اپنا کلام نہیں، بلکہ اللہ کا کلام ہے، حدیثوں سے اس آیت کا کچھ تعلق نہیں۔ یہ بات تفسیر کے مذکورہ قاعدہ کے خلاف ہے۔ آیت کے الفاظ عام ہیں تو حکم بھی عام رہے گا۔

﴿إِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ﴾ کا مصداق

جیسے طالب علم سوال کرتے ہیں کہ آیت: ﴿فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ﴾ کا مصداق کونسی اذان ہے؟ پہلی اذان مصداق ہے یا جو اذان خطیب کے سامنے دی جاتی ہے وہ مصداق ہے؟ جواب یہ ہے کہ پہلی اذان مصداق ہے، اس پر طلباء اشکال کرتے ہیں کہ پہلی اذان تو آنحضور ﷺ کے زمانہ میں نہیں تھی، وہ تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بڑھائی ہے، وہ آیت کا مصداق کیسے ہوسکتی ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ نماز جمعہ کے لئے اذانِ اول ہی سے بلایا جاتا ہے، اذانِ ثانی تو اس بات کی اطلاع کے لئے ہے کہ خطیب آگیا، پس بات چیت اور نماز بند کرو۔ غرض: ﴿إِذَا نُوْدِيَ﴾ کے الفاظ عام ہیں، پس پہلی ہی اذان مصداق ہوگی، کیونکہ تفسیر کا قاعدہ ہے کہ جب نص کے الفاظ عام ہوں تو حکم بھی عام ہوگا، شان نزول کی خصوصیت کا اعتبار نہیں ہوگا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب مذکورہ آیت نازل ہوئی تو جمعہ کی دو ہی اذانیں تھیں۔ پہلی اذان جو خطیب کے منبر پر آنے کے بعد مسجد نبوی کے دروازے کی چھت پر دی جاتی تھی، وہ دو مقاصد کے لئے تھی۔ ایک غائبین کو بلانے کے لئے، دوم حاضرین کو امام کی آمد کی اطلاع دینے کے لئے، پس یہی اذانِ اول آیت کا مصداق تھی، کیونکہ اسی کے ذریعہ لوگوں کو نماز کے لئے بلایا جاتا تھا۔

پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں مدینہ کی آبادی بڑھ گئی اور پھیل گئی، اور لوگ خطبہ کے دوران بھی آتے رہے، تو آپؓ نے دونوں مقاصد الگ الگ کردیئے، اور ہر مقصد کے لئے الگ اذان مقرر کی۔ غائبین کو بلانے کے لئے خطبہ شروع ہونے سے دس منٹ پہلے (مثلاً) اذان دی جاتی تھی اور زوراء پر دی جاتی تھی، جو کوئی بلند جگہ تھی،

تاکہ آواز دور تک پہنچ جائے، اور دوسری اذان حاضرین کو اطلاع دینے کے لئے مسجد کے اندر امام کے سامنے دی جانے لگی، اب اس کو چھت پر دینے کی ضرورت نہیں رہی تھی۔

غرض: حقیقت میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کوئی اذان نہیں بڑھائی، پہلے ایک اذان دو مقاصد کے لئے تھی، حضرت عثمانؓ نے دونوں مقاصد کے لئے الگ الگ اذانیں کردیں اور بس۔ پس اب نماز کے لئے پہلی ہی اذان سے بلایا جاتا ہے، اس لئے وہی ﴿نُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ﴾ کا مصداق ہے، کیونکہ آیت میں پہلی یا دوسری کی کوئی تخصیص نہیں، آیت کے الفاظ عام ہیں۔

قرآنِ کریم کو بے وضو چھونا جائز نہیں

اسی طرح سورۃ الواقعہ کی آیت ۷۹ ہے: ﴿لَایَمَسُّہُ إِلَّا الْمُطَھَّرُوْنَ﴾: نہیں چھوتے لوح محفوظ کو مگر نہایت پاکیزہ بندے۔ اس آیت سے یہ مسئلہ مستنبط کیا گیا ہے کہ بغیر وضو قرآن کو چھونا جائز نہیں۔ مگر غیر مقلدین کے نزدیک جائز ہے، مودودی صاحب کا بھی اسی طرف میلان ہے، وہ کہتے ہیں آیت لوح محفوظ کے بارے میں ہے، ہم کہتے ہیں: آیت کے الفاظ عام ہیں پس حکم بھی عام ہوگا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ اوپر سے یہ مضمون چلا آرہا ہے: ﴿فَلَآ أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُوْمِ﴾ میں قسم کھاتا ہوں یعنی دلیل میں پیش کرتا ہوں ایک برج میں ستاروں کے اکٹھا ہونے کی جگہ کو ـــــ جس سال قرآن کا نزول شروع ہوا اس سال سات ستارے ایک برج میں اکٹھا ہوئے تھے، جو نہ کبھی اس سے پہلے اکٹھا ہوئے اور نہ آئندہ کبھی اکٹھا ہونگے ـــــ جب آسمانوں میں ایسا انوکھا واقعہ پیش آیا تو لامحالہ زمین میں بھی کوئی عظیم الشان واقعہ پیش آنا چاہئے، وہ عظیم الشان واقعہ نزول قرآن کا واقعہ تھا ﴿وَإِنَّہُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ﴾: اور یہ بہت بڑی دلیل ہے اگر تم بوجھو! جب سے کائنات شروع ہوئی ہے کبھی وہ ستارے ایک جگہ اکٹھا نہیں ہوئے اور نہ آئندہ ہونگے، اس سے معلوم ہوا کہ زمین میں کوئی عظیم الشان واقعہ پیش آنے والا ہے۔

سوال: کیا علویات کے سفلیات پر اثرات پڑتے ہیں جیسا کہ علم نجوم کہتا ہے؟

جواب: علم نجوم باریک باتوں کا نام ہے، جیسے موت وحیات، نیک بختی اور بدبختی، ان کو تو شریعت نے سند نہیں دی، مگر موٹی موٹی باتیں تو شریعت مانتی ہے، جیسے دن، رات، صبح، دوپہر اور شام کا تعلق سورج سے ہے۔ یہ علویات ہی کے اثرات سفلیات پر پڑرہے ہیں، ایسے واضح اثرات شریعت مانتی ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمایا ہے کہ علویات کے جو سفلیات پر موٹے موٹے اثرات مرتب ہوتے ہیں ان کا شریعت انکار نہیں کرتی۔

یہ کس بات کی دلیل ہے؟ ﴿إِنَّہُ لَقُرْآنٌ کَرِیْمٌ﴾ اس بات کی کہ قرآن باعزت پڑھنے کی کتاب ہے، یہ دعوی ہے اس

پر مذکورہ دلیل قائم کی ہے ﴿فِیْ كِتَابٍ مَّكْنُوْنٍ﴾ وہ قرآن چھپا کر رکھی ہوئی کتاب میں ہے۔ یعنی لوح محفوظ میں ہے، وہاں سے زمین پر اتارا گیا ہے۔ اور لوح محفوظ کہاں ہے؟ ﴿لَا يَمَسُّهٗ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾ اس کو نہایت پاکیزہ بندوں کے سوا کوئی نہیں چھوتا یعنی وہاں تک فرشتوں ہی کی پہنچ ہے۔ شیاطین وہاں نہیں پہنچ سکتے، جب شیاطین وہاں پہنچ ہی نہیں سکتے تو وہ قرآن میں کیا گڑبڑ کر سکتے ہیں؟ ﴿تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾: سارے جہانوں کے پالنہار نے اس کو نازل کیا ہے۔

غرض آیت لوح محفوظ سے متعلق ہے، اس کے باوجود چاروں ائمہ نے اس سے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ بے وضو قرآنِ کریم کو ہاتھ لگانا جائز نہیں، صحابہ کے زمانہ سے یہ مسئلہ اس آیت سے سمجھا جاتا رہا ہے۔ اور صرف صحابہ ہی نہیں صحابیات بھی یہ مسئلہ اسی آیت سے اخذ کرتی تھیں۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے اسلام قبول کرنے کے واقعہ میں ہے کہ جب وہ اپنی بہن کے گھر پہنچے اور بہنوئی اور بہن کی پٹائی کی اور بہن کے چہرے پر خون دیکھا تو انھیں ندامت ہوئی، اور انھوں نے کہا: تم کیا پڑھ رہے تھے لاؤ مجھے دو، بہن نے کہا: تم ناپاک ہو، اُس کتاب کو صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں۔ غسل کرو پھر دونگی، چنانچہ حضرت عمرؓ نے غسل کیا پھر سورۂ طٰہٰ ان کو دی گئی جس کو انھوں نے پڑھا اور ان کے دل کی کایا پلٹ گئی۔

اور یہ مسئلہ اس آیت سے اس طرح ثابت ہوتا ہے کہ آیت کا شانِ نزول (موردِ) اگرچہ خاص ہے یعنی آیت لوح محفوظ کے بارے میں ہے مگر اس میں دو عام الفاظ ہیں: ایک: لَا يَصِلُ إليه کے بجائے لَا يَمَسُّهٗ کہا گیا ہے۔ دوسرا: الملائکۃ کے بجائے المطھّرون فرمایا گیا ہے، اب آیت کا مطلب صرف اتنا ہی نہیں کہ لوح محفوظ ایسی جگہ ہے جہاں فرشتوں کے علاوہ کسی کی پہنچ نہیں، بلکہ الفاظ کے عموم تک مسئلہ ثابت کیا جائے گا۔ یعنی پاک بندے (باوضو) ہی اس کو چھو سکتے ہیں بے وضو نہیں چھو سکتے، یہی ائمہ اربعہ کی متفقہ رائے ہے۔

فائدہ: قرآنِ کریم میں جہاں بھی غیر اللہ کی قسم کھائی ہے واو قسمیہ کے ذریعہ کھائی ہے، یا لام کے ذریعہ کھائی ہے، باء کے ذریعہ کسی جگہ قسم نہیں کھائی، اور اُن قسموں میں اس دعوے کی دلیل ہوتی ہے جو آگے صراحتاً آتا ہے یا مضمون سے منتزع کیا جاتا ہے، یعنی وہ صرف صورتاً قسم ہوتی ہے حقیقتاً قسم نہیں ہوتی، اس لئے کہ غیر اللہ کی قسم کھانا جائز نہیں۔ اور اگر کہیں فعل قسم استعمال کیا ہے تو لا زائدہ بڑھا کر قسم کھائی ہے، جیسے کشتی چلانے والے کو اردو میں ''ناخدا'' کہتے ہیں، یہ 'نا' اس لئے بڑھایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشابہت ختم ہو جائے، اسی طرح لفظ قسم کے ساتھ لا زائدہ بڑھاتے ہیں تاکہ غیر اللہ کی قسم نہ رہے جو حرام ہے (فائدہ ختم ہوا)

غرض میں یہ بتلا رہا تھا کہ اگر کوئی کہے: ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى، إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى﴾ کا سیاق وسباق اس پر دلالت کرتا ہے کہ یہ آیات وحی متلو (قرآن کریم) کے ساتھ خاص ہیں، کیونکہ آگے ارشاد ہے: ﴿عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى، ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى، وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلٰى﴾: ان کو ایک فرشتہ تعلیم کرتا ہے جو بڑا طاقت ور ہے، زور آور ہے، پھر وہ فرشتہ اپنی اصل شکل میں نمودار ہوا ایسی حالت میں کہ وہ آسمان کے بلند کنارے پر تھا۔

اور شانِ نزول کی روایات میں ہے کہ یہ سورۃ المدثر کے نزول کا واقعہ ہے، اس موقع پر حضرت جبرئیل علیہ السلام اپنی اصل صورت میں نمودار ہوئے تھے، اور اس سورت کی ابتدائی آیات وحی کی تھیں پس اس آیت سے حدیث کی حجیت پر استدلال کیسے ہوسکتا ہے؟ یہ آیات تو وحی متلو (قرآن کی وحی) کے ساتھ خاص ہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ مورِد (شانِ نزول) اگرچہ خاص ہے مگر آیت کے الفاظ عام ہیں، اور ایسی صورت میں خاص شان نزول کا اعتبار نہیں ہوتا، بلکہ الفاظ کے عموم کا اعتبار ہوتا ہے۔

اور آیت عام اس طرح ہے کہ وما یتلو کے بجائے وما ینطق فرمایا ہے، یہ الفاظ عام ہیں، یعنی رسول اللہ ﷺ جو بھی بولیں وہ وحی ہے۔ بولنا عام ہے، خواہ قرآن کے الفاظ تلاوت کریں خواہ اس کی تبیین وتشریح کریں، سب وحی ہیں، پس ثابت ہوا کہ قرآن کی طرح احادیث بھی وحی ہیں۔

حدیث کے وحی ہونے کا طریقہ کیا تھا؟

قرآنِ کریم کی وحی کا جو طریقہ تھا وہ حدیث کی وحی کا نہیں تھا، بلکہ جب قرآن میں کوئی حکم نازل ہوتا تو اس کی پوری حقیقت آنحضور ﷺ کو سمجھا دی جاتی، پھر موقع بہ موقع آپؐ اس حکم کی تفصیلات امت کے سامنے بیان کرتے، مثلاً سورۃ الاعراف (آیت ۱۵۷) میں ارشاد پاک ہے: ﴿یَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَیُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبَاتِ وَیُحَرِّمُ عَلَیْهِمُ الْخَبَائِثَ، وَیَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلٰلَ الَّتِیْ كَانَتْ عَلَیْهِمْ﴾: آپؐ لوگوں کو نیک باتوں کا حکم دیتے ہیں اور ناجائز باتوں سے روکتے ہیں۔ اور پاکیزہ چیزوں کی ان کے لئے حلت بیان کرتے ہیں، اور گندی چیزوں کی ان پر حرمت واضح کرتے ہیں اور لوگوں پر جو بوجھ اور طوق تھے ان کو ان سے دور کرتے ہیں۔

اس آیت میں نبی ﷺ کے پانچ فرائض منصبی بیان کئے گئے ہیں، آیت کے نزول کے ساتھ ہی آپؐ کو پانچوں باتوں کی حقیقت سمجھا دی گئی۔ معروف کیا ہے اور منکر کیا ہے؟ طیب کی حقیقت کیا ہے اور خبیث کی کیا ہے؟ اور بوجھ اور طوق کس قسم کی چیزیں ہیں؟ پھر پوری زندگی آپؐ اُس خداداد علم کے ذریعہ احکام کی تشریح کرتے رہے، احادیث کی وحی کا یہی طریقہ تھا۔

وحی کی تین صورتیں:

پہلی صورت: یہ تھی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا کلام لے کر آتے، اور نبی ﷺ کے سامنے اس کی تلاوت کرتے، وحی کے الفاظ آپؐ کے دل ودماغ میں محفوظ ہوجاتے، پھر آپؐ اس وحی کی صحابہ کے سامنے تلاوت کرتے اور کاتبین وحی میں سے جو موجود ہوتا اس کو بلا کر لکھوا لیتے، اس وحی میں نہ جبرئیل علیہ السلام کا کچھ دخل ہوتا، نہ نبی ﷺ کا، یہ قرآنِ کریم کی وحی کا طریقہ تھا، اور یہ وحی کی سب سے اعلیٰ قسم ہے۔

دوسری صورت: اللہ تعالیٰ کے یہاں سے ایک مفصل مضمون آتا الفاظ نہیں آتے۔ مضمون کا دل میں القاء کیا جاتا، نبی ﷺ اس مضمون کو اپنے الفاظ میں تعبیر کرتے مثلاً کوئی اردو کتاب کسی انگریزی جاننے والے کو دی جائے کہ اس کا ترجمہ کردو تو مترجم کا مضمون میں کوئی دخل نہیں ہوگا، وہ صرف زبان بدلے گا۔ وحی کی یہ صورت حدیث قدسی کہلاتی ہے، حدیث: بایں معنی کہ الفاظ نبی ﷺ کے ہیں اور قدسی: بایں معنی کہ مضمون اللہ تعالیٰ کی طرف سے آیا ہے، حدیث قدسی کی علامت یہ ہے کہ اس کے شروع میں قال اللہ تبارك وتعالیٰ یا عن اللہ تبارك وتعالیٰ یا اس کے مانند کوئی جملہ آتا ہے، احادیث قدسیہ دوسو سے کچھ زائد ہیں اور ان میں احکام نہیں، وہ مواعظ ورقاق سے تعلق رکھنے والی روایات ہیں۔

تیسری صورت: تفہیمی وحی ہے یعنی نزول قرآن کے ساتھ حکم خداوندی کی پوری حقیقت نبی ﷺ کو سمجھادی جاتی ہے، پھر آپؐ اپنی خداداد فہم سے موقع بہ موقع اس کی تفصیل فرماتے ہیں اور اس کی جزئیات بیان کرتے ہیں، جیسے: ﴿أَقِيْمُوْا الصَّلٰوةَ﴾ کے نزول کے ساتھ ہی اقامتِ صلوٰۃ کا مطلب سمجھادیا یعنی دو باتوں کی پوری تفصیل سمجھادی: ایک: نماز کی حقیقت کیا ہے؟ دوم: اقامت (اہتمام کرنے) کے کیا معنی ہیں؟ پھر مختلف مواقع میں آپؐ نے دونوں باتوں کی تفصیل کی۔ نماز کے ارکان ستہ کو جوڑ کر اس کی ہیئت کذائی بنائی، اور منبر پر چڑھ کر صحابہ کو نماز پڑھ کر دکھائی، اور نماز کے اہتمام کے لئے مسجدیں بنائیں۔ مکی دور میں اس کا موقع نہیں تھا اس لئے آپؐ کسی گھر میں نماز ادا فرماتے تھے، ہجرت کے بعد مدینہ پہنچنے سے پہلے ہی قُبا میں مسجد بنائی، پھر مدینہ منورہ میں مسجد بنائی، پھر جماعت کے لئے بلاوے کا انتظام کیا، اذان کا سلسلہ قائم کیا۔ پھر مدینہ میں محلّہ محلّہ مسجدیں بنوائیں، جماعت کا نظام بنایا۔ نماز کے ارکان وشرائط بیان کئے، مستحبات ومندوبات سکھلائے، مکروہات وممنوعات سے واقف کیا۔ یہ سب احادیث نبویہ ہیں، حدیث: بایں معنی کہ الفاظ نبی ﷺ کے ہیں اور نبوی: بایں معنی کہ مضمون بھی نبی ﷺ نے پھیلایا ہے، یہ احکام تفصیل سے نازل نہیں ہوئے بالاجمال سمجھائے گئے ہیں۔

جیسے مہتمم صاحب کے پاس ڈاک جمع ہوجاتی ہے تو آپ پیشکار کو بلا کر جوابات سمجھادیتے ہیں، ایک خط دیتے ہیں اور فرماتے ہیں: جواب لکھ دو: آنا مشکل ہے، دوسرا خط دیتے ہیں اور کہتے ہیں: دعا کرتا ہوں، تیسرا خط دیتے ہیں اور فرماتے ہیں: شکریہ لکھ دو۔ اب پیشکار مفصل جوابات لکھ کر لاتا ہے، مہتمم صاحب اس کو پڑھتے ہیں اور دستخط کرتے ہیں اگر کوئی جواب صحیح نہیں ہوتا یا اس میں کمی ہوتی ہے تو دوبارہ لکھنے کو کہتے ہیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کا انبیاء کے ساتھ معاملہ ہوتا ہے۔

وحی کی دو قسمیں

علاوہ ازیں وحی کی دو قسمیں ہیں: وحی صریح اور وحی حکمی۔ پھر وحی صریح کی دو قسمیں ہیں: متلو یعنی قرآنِ کریم، اور غیر متلو یعنی احادیث شریفہ۔ اور وحی حکمی پانچ چیزیں ہیں: نبی کا خواب، نبی کا اجتہاد، اجماع امت، صحابہ کا اجتہاد اور مجتہدین کا اجتہاد۔

قرآنِ کریم کا نام وحی متلور کھنے کی وجہ

مَتْلُوّ: اسم مفعول ہے اس کے معنی ہیں: تلاوت کی ہوئی۔ قرآنِ کریم کو وحی متلو اس وجہ سے کہتے ہیں کہ فرشتہ اللہ کے یہاں سے الفاظ لے کر آتا ہے اور نبی پاک ﷺ کے سامنے ان کی تلاوت کرتا ہے۔ پھر نبی ﷺ ان الفاظ کی امت کے سامنے تلاوت کرتے ہیں، اس وحی میں نہ فرشتہ کا کوئی دخل ہوتا ہے نہ نبی ﷺ کا۔ جب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کے سامنے اور نبی ﷺ نے امت کے سامنے تلاوت کر دی تو ان کا عمل مکمل ہو گیا، پھر امت کو نماز میں تلاوت کرنے کا حکم دیا اور نمازوں کے علاوہ بھی کچھ نہ کچھ حصہ تلاوت کرنے کا حکم دیا، اور اس تلاوت کو باعثِ اجر وثواب گردانا، اس لئے اس کا نام وحی متلو رکھا گیا۔

احادیث شریفہ کا نام وحی غیر متلوّ رکھنے کی وجہ

وحی صریح کی دوسری قسم: وحی غیر متلو ہے، یعنی جس کے الفاظ اللہ کے یہاں سے نہیں آئے، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اپنے الفاظ میں حکم خداوندی پہنچایا یا اللہ تعالیٰ نے قلبِ نبوت میں مضمون الہام فرمایا یا اللہ تعالیٰ نے نبی پاک ﷺ کو جو فہم عطا فرمایا تھا اس سے آپ نے قرآنِ کریم سے استنباط کیا۔ یہ سب احادیث ہیں اور ان کا نام وحی غیر متلو ہے، کیونکہ وحی کی اس قسم کی تلاوت مشروع نہیں اس لئے اس کا یہ نام رکھا گیا ہے۔

نبی کا اجتہاد، نبی کا خواب اور اجماع امت بھی وحی ہیں:

اور وحی حکمی باقاعدہ تو وحی نہیں ہوتی مگر حقیقت میں وہ بھی وحی ہوتی ہے یعنی اللہ کی طرف سے ہوتی ہے، اور وحی حکمی پانچ چیزیں ہیں:

۱- نبی پاک ﷺ کا اجتہاد: نبی پاک ﷺ بھی دیگر مجتہدین کی طرح اجتہاد فرماتے ہیں، اور دیگر مجتہدین کے اجتہاد میں جس طرح خطا وصواب کا احتمال ہوتا ہے نبی پاک ﷺ کے اجتہاد میں بھی یہ دونوں احتمال ہوتے ہیں، مگر فرق یہ ہے کہ مجتہد کی غلطی باقی رہ سکتی ہے، اس کو تنبیہ نہیں کی جاتی اور نبی کو خطا پر برقرار نہیں رکھا جاتا، وحی صریح کے ذریعہ اس کو اطلاع کر دی جاتی ہے، پس جب نبی ﷺ کو اجتہاد پر باقی رکھا جائے تو وہ اللہ کی مرضی کے مطابق ہوتا ہے۔ اس لئے وہ اجتہاد بھی حکماً وحی ہے۔

۲- نبی کا خواب بھی وحی ہے، امت کے کسی فرد کا خواب حجت نہیں کیونکہ وہ وحی نہیں، اس کی حیثیت صرف بشارت کی ہوتی ہے، مگر نبی کا خواب حکماً وحی ہوتا ہے، چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے خواب کو حکم خداوندی جان کر اپنے صاحبزادے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کا ارادہ کیا، اگر نبی کا خواب وحی نہ ہوتا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنے صاحبزادے کو ذبح کرنے کی ضرورت پیش نہ آتی، کیونکہ آپ کو ذبح کرنے کا حکم خواب کے علاوہ کسی اور

طریقہ سے نہیں دیا گیا تھا۔

۳-اجماعِ امت بھی حکماً وحی ہے، خود نبی ﷺ نے اس کی صحت کی اطلاع دی ہے۔ ارشاد فرمایا: **لا تجتمع أمتی علی الضّلالة**: میری امت گمراہی پر متفق نہیں ہوگی (مشکوٰۃ حدیث ۱۷۴) پس اگر کسی بات پر اجماع ہوجائے تو یہ عنداللہ اس کے حق ہونے کی دلیل ہے، یہ حدیث مستدرک حاکم (۱:۱۱۵) میں اس طرح ہے: **لایَجْمَع اللہ هذه الأمةَ علی الضلالة أبدا، وقال: ید الله علی الجماعة، فاتَّبِعُوْا السَّواد الأعظم، فإنَّه مَن شَذَّ شَذَّ فی النار**: اللہ تعالیٰ اس امت کو گمراہی پر کبھی جمع نہیں ہونے دیں گے (معلوم ہوا کہ صرف صحابہ کا اجماع ہی نہیں بلکہ قیامت تک امت کا اجماع حجت ہے) اور ارشاد فرمایا: اللہ کا ہاتھ (تائید ونصرت) جماعت پر ہے، پس امت کی اکثریت کا اتباع کرو جو امت کی اکثریت سے علاحدہ ہوگا وہ دوزخ میں اکیلا ہوگا یعنی امت جنت میں جائے گی اور وہ اکیلا جہنم میں ہوگا۔

اور سورۃ النساء کی آیت:۱۱۵ ہے: ﴿وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَاءَ تْ مَصِيْرًا﴾: اس آیت میں حجیت حدیث اور حجیت اجماع کا بیان ہے، ارشاد ہے: جو شخص رسول کی مخالفت کرے گا اس کے بعد کہ اس کے لئے امر حق واضح ہو چکا (یہ حجیت حدیث کا بیان ہے) اور مسلمانوں کا راستہ چھوڑ کر دوسرے راستہ پر چلے گا (یہ حجیت اجماع کا بیان ہے) تو ہم اس کو جو کچھ وہ کرتا ہے کرنے دیں گے، اور اس کو جہنم میں داخل کریں گے۔ اور وہ لوٹنے کی بری جگہ ہے۔ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب الرِّسالة میں اس آیت سے حجیت اجماع پر استدلال کیا ہے، آپ نے فرمایا: ''یہ مؤمنین کا راستہ ہی اجماعِ امت ہے''

غیر مقلدین: قرآن کے بعد صرف حدیثوں کو حجت مانتے ہیں اور وہ بھی صحیح حدیثوں کو، ضعیف حدیثوں کو حجت نہیں مانتے، البانی صاحب نے ضعیف حدیثوں کو موضوع حدیثوں کے ساتھ ملا دیا ہے اور ان کو ناقابل حجت قرار دیا ہے اور غیر مقلدین شیعوں کی طرح اجماعِ امت کو بھی حجت نہیں مانتے، اور ناچنا نہیں آنگن ٹیڑھا کے طور پر کہتے ہیں: ہم قطعی اجماع کو حجت مانتے ہیں، ظنی اجماع کو حجت نہیں مانتے، تو کیا اجماع کا تذکرہ قرآنِ کریم میں ہوگا؟ اس کے قطعی ہونے کی اور کیا صورت ہے؟ اور جب اخبار آحاد جو ظنی ہیں حجت ہیں تو اجماع ظنی کیوں حجت نہیں؟

اجتہاد (قیاس) بھی حکماً وحی ہے:

وحی حکمی کی چوتھی اور پانچویں صورت: صحابہ کا اجتہاد اور امت کا اجتہاد بھی حکماً وحی ہے اور یہ حکماً وحی دو وجہ سے ہے:

پہلی وجہ: اجتہاد (قیاس) کی اعتباریت قرآن وحدیث سے ثابت ہے اور اس کی یہی وجہ ہو سکتی ہے کہ وہ حکماً وحی ہو، اس کی دوسری کوئی وجہ نہیں ہو سکتی، سورۃ النحل کی آیت ۴۴ جو پہلے آچکی ہے اس کے آخر میں ہے: ﴿وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾: اور تاکہ وہ (یعنی امت کے مجتہدین) غور وفکر کریں، یعنی پہلے نبی ﷺ الذکر کی تبیین وتشریح کریں گے پھر اس کو اسوہ بنا کر امت کے مجتہدین غور وفکر کریں گے، اور نو پید صورتوں کے احکام اس میں سے مستنبط کریں گے، اگر امت کا اجتہاد

حجت نہیں تو اس آیت کے کوئی معنی نہیں!

اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے۔ انھوں نے عرض کیا: أَجْتَهِدُ رَأْيِي ولا آلو: اگر قضیہ کا حکم سنت رسول اللہ میں نہیں ملے گا تو میں اپنی رائے کو تھکاؤں گا اور ذرا کوتاہی نہیں کروں گا، یعنی انتہائی غور وفکر کر کے قرآن وسنت سے مسئلہ مستنبط کروں گا۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا: الحمد لله الذی وَفَّقَ رسولَ رسولِ الله لما یَرْضٰی رسولُ اللّٰہِ: اللہ کا شکر ہے کہ اس نے اپنے رسول کے رسول کو وہ بات سُجھائی جو اللہ کے رسول کو پسند ہے (ابوداؤد حدیث ۳۵۹۲ کتاب الأقضية) غرض: حضرت معاذؓ کے اجتہاد کو رسول اللہ ﷺ کا غایت درجہ پسند فرمانا اس کے حکماً وحی ہونے کی واضح دلیل ہے۔ رہا قیاس میں خطا (چوک) کا احتمال تو اس سے درگذر کیا جائے گا جیسے بدر کے قیدیوں کے سلسلہ میں اجتہاد میں خطا ہوئی تھی، اس سے درگذر کیا گیا اور مال غنیمت کو حلال رکھا گیا۔

دوسری وجہ: شریعتِ اسلامیہ آفاقی اور ابدی ہے، اور زمانہ تغیر پذیر ہے، دنیا کے احوال بدلتے رہتے ہیں، پس قیامت تک پیش آنے والے احوال کے احکام تفصیل سے قرآن وحدیث میں بیان نہیں کئے گئے، کیونکہ ان کو محفوظ کرنا اور روایت کرنا بہت دشوار تھا، اس لئے قرآن وحدیث میں زیادہ تر احکام اصولی رنگ میں بیان کئے گئے ہیں، ان کو زمانہ کے احوال پر منطبق کرنا مجتہدین امت کا کام ہے، غرض: یہ ایک ایسی ضرورت ہے جو اجتہاد کے بغیر تکمیل پذیر نہیں ہوسکتی۔ اور نئے مسائل کے تعلق سے اجتہاد کا دروازہ بند نہیں ہوا، وہ برابر کھلا ہوا ہے۔ جیسا کہ آگے تفصیل سے آئے گا ——— اور اس وجہ کی طرف بھی ﴿وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾ میں اشارہ ہے۔ ورنہ غور وفکر کی کوئی حاجت نہ تھی۔

حدیث کی تعریف:

علامہ عینی رحمہ اللہ نے شرح البخاری میں حدیث کی تعریف یہ کی ہے: ما أُضِيفَ إلى النبی صلی الله علیه وسلم من قولٍ أو فعلٍ أو تقريرٍ أو صفةٍ: حدیث: وہ باتیں ہیں جو نبی ﷺ کی طرف منسوب ہوں، خواہ وہ آپ کا ارشاد ہو، یا آپؐ کا کیا ہوا کام ہو، یا آپؐ کی برقرار رکھی ہوئی بات ہو یا آپؐ کے ذاتی حالات ہوں۔

قول، فعل اور صفت (ذاتی حالات) تو واضح ہیں اور تقریر کے معنی ہیں: تائید، یعنی کسی مسلمان نے آپؐ کے سامنے کوئی کام کیا جس کو آپؐ نے دیکھا مگر اس پر نکیر نہیں فرمائی تو یہ تقریر ہوئی، پھر تائید کی دو صورتیں ہیں: ظاہری اور خفی، تقریر ظاہری: یعنی بالفعل آنحضور ﷺ کے علم میں وہ بات آگئی، جیسے جب آپؐ ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگوں میں کھجوروں کی بیع سلم کا رواج تھا۔ بیع سلم شرعی اصول سے ناجائز ہے کیونکہ اس میں بوقت عقد مبیع موجود نہیں ہوتی، مگر آپؐ نے اس کو برقرار رکھا اور جہالت وتنازع کو ختم کرنے کے لئے تین شرطوں کا اضافہ کیا، فرمایا: جب کیل معلوم ہو، وزن معلوم ہو اور مبیع سونپنے کا وقت معلوم ہو تو بیع جائز ہے، یہ تقریر ظاہری کی مثال ہے۔

اور تقریر خفی یہ ہے کہ بالقوۃ آنحضور ﷺ کے علم میں بات آئی اور آپؐ نے نکیر نہ فرمائی ہو، جیسے حضرت جابر

رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب قرآنِ کریم نازل ہورہا تھا ہم بیویوں اور باندیوں سے عزل کیا کرتے تھے، مگر آپؐ نے ہمیں منع نہیں کیا۔ عزل لوگوں کا پرائیویٹ معاملہ ہے۔ گھروں کے اندر پیش آتا ہے، اس لئے اس کا علم آنحضور ﷺ کو بالفعل نہیں ہوسکتا، لیکن اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہیں اگر یہ فعل ناجائز ہوتا تو وحی متلو یا وحی غیر متلو کے ذریعہ آنحضور ﷺ کو اس کی اطلاع کی جاتی اور آپؐ لوگوں کو اس سے منع فرماتے، لیکن حضور ﷺ نے منع نہیں کیا، معلوم ہوا کہ عزل جائز ہے، یہ عزل کا جواز تقریرِ نبوی سے ہے۔

فن حدیث کی تعریف:

فن حدیث ایک کلی ہے اس کے تحت بہت سی انواع ہیں، اصول حدیث کی کتابوں میں اس کی اسّی سے زیادہ انواع بیان کی گئی ہیں۔ جیسے: فن غریب الحدیث، مشکل الحدیث، مختلف الحدیث، فقہ السنہ، فن رجال اور اس کی انواع وغیرہ۔

فن حدیث: علمٌ یُبْحَثُ فیه عن قول رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وفعله وتقریره: روایةً ودِرایَةً: فن حدیث وہ علم ہے جس میں تین باتوں سے بحث کی جاتی ہے: نبی ﷺ کے اقوال وافعال وتقریرات سے اور یہ گفتگو دو حیثیتوں سے کی جاتی ہے، روایت کے اعتبار سے اور درایت کے اعتبار سے —— نبی ﷺ کے ذاتی احوال سے فن حدیث میں بحث نہیں کی جاتی، کیونکہ وہ آپؐ کے ساتھ خاص ہیں۔

اور روایۃً کے معنی ہیں: اتصالاً وانقطاعاً: أی صحةً وضُعفًا: یعنی اس حیثیت سے بحث کی جاتی ہے کہ جو حدیثیں ہم تک پہنچی ہیں وہ سند متصل سے مروی ہیں یا سند میں کسی جگہ انقطاع ہے؟ اگر سند متصل ہے تو اس کے تمام راوی ثقہ ہیں یا بعض راوی ضعیف بھی ہیں؟ اگر تمام راوی ثقہ ہیں تو وہ حدیث صحیح ہے، اور اگر ایک بھی راوی ضعیف ہے تو وہ حدیث ضعیف ہے۔

گذشتہ سالوں میں آپ حضرات نے حدیث شریف کی تین کتابیں پڑھی ہیں: مشکوٰۃ الآثار، الفیۃ الحدیث اور مشکوٰۃ المصابیح۔ یہ تینوں کتابیں حدیث شریف پڑھنے کے لئے ہیں، فن حدیث پڑھنے کے لئے نہیں۔ اگرچہ اب اساتذہ نے مشکوٰۃ شریف میں بھی فن حدیث پڑھانا شروع کردیا ہے، جب میں مشکوٰۃ شریف پڑھتا تھا تو ایک ہی استاذ پوری مشکوٰۃ پڑھاتے تھے، اور دو گھنٹے میں پوری کرادیتے تھے اور پڑھنے کا طریقہ یہ تھا کہ طالب علم حدیث پڑھتا اگر کہیں اعراب غلط پڑھتا تو استاذ ٹوکتا اور اعراب صحیح کراتا، اور وجہ بتاتا، پھر استاذ ایسا ترجمہ کرتا کہ عام طور پر ترجمہ ہی سے حدیث کا مفہوم واضح ہوجاتا، پھر استاذ مختصر تشریح کرتا اور کوئی حدیث بظاہر مسلک احناف کے خلاف نظر آتی تو استاذ وضاحت کرتا کہ احناف اس حدیث کی یہ توجیہ کرتے ہیں۔

لیکن اب اساتذہ نے جس طرح دورۂ حدیث میں بحثیں ہوتی ہیں، مشکوٰۃ میں بھی بحثیں شروع کردی ہیں، حالانکہ مشکوٰۃ شریف صرف حدیث پڑھانے کے لئے ہے، فن حدیث پڑھانے کے لئے دورۂ حدیث ہے۔ چنانچہ مشکوٰۃ شریف

میں ساری سندیں حذف کردی ہیں اور دورہ میں فن حدیث پڑھنا ہے، ہر ہر حدیث پر روایۃ بھی بحث کرنی ہے اور درایۃ بھی۔ مگر بخاری و مسلم میں روایۃً بحث کی کوئی خاص ضرورت نہیں، اس لئے کہ شیخینؒ نے صحیح سندیں ہی ذکر کی ہیں، گوکہ صحیحین کی بعض سندوں پر اشکالات ہیں مگر وہ بہت معمولی اشکالات ہیں، اس لئے میں عام طور پر بخاری میں روایۃً یعنی صحۃً و ضعفاً بحث نہیں کرتا۔

اور دِرایۃً کے معنی ہیں: فَهمًا و استدلالاً: یعنی حدیث کو سمجھنا اور اس سے مسائل کا استنباط کرنا، علماء دیوبند نے اس کے لئے طریقہ یہ اختیار کیا ہے کہ گذشتہ اکابر نے حدیث کا جو مطلب سمجھا ہے اور حدیث سے جو مسئلہ مستنبط کیا ہے اس کو زیر بحث لایا جائے اور اس میں کوئی اختلاف ہو تو اس کو بھی زیر بحث لایا جائے، اور اس کو حدیث فہمی کا ذریعہ بنایا جائے۔

کچھ لوگ (غیر مقلدین) یہ پروپیگنڈہ کرتے ہیں کہ دیوبند میں حدیث نہیں پڑھائی جاتی، اقوال رجال پڑھائے جاتے ہیں۔ ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں، شافعیؒ یہ کہتے ہیں، مالکؒ اور احمد یہ کہتے ہیں، بلکہ بعض تو یہ بھی کہتے ہیں کہ دیوبند میں مذہبِ حنفی کی ترجیح پڑھائی جاتی ہے۔ حدیث نہیں پڑھائی جاتی۔

یہ دونوں باتیں غلط ہیں، میں نے ابھی بتایا کہ ہمارے یہاں گذشتہ اکابر کے اقوال اس لئے زیر بحث لائے جاتے ہیں کہ حدیث فہمی میں وہ معین و مددگار بنیں۔ اور دوسری بات غلط اس لئے ہے کہ دورۂ حدیث میں پچیس پچاس شوافع تو ہمیشہ رہتے ہیں، اور کبھی مالکی اور حنبلی طلبہ بھی آجاتے ہیں، مگر دارالعلوم کی ڈیڑھ سوسالہ تاریخ میں ایک واقعہ بھی ایسا نہیں کہ دیوبند میں دورہ پڑھ کر کوئی شافعی، مالکی یا حنبلی حنفی بن گیا ہو، اگر حنفیت کی ترجیح پڑھائی جاتی تو ہر سال دو چار طالب علم ضرور متأثر ہوتے اور شافعیت سے نکل کر حنفیت میں آجاتے، مگر اس طرح کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، اس لئے کہ ہماری بحثوں کا حاصل حدیث فہمی ہے، حنفیت کو ترجیح دینا نہیں ہے۔ البتہ ایک بات قدرتی ہے: میں حنفی ہوں، پس جب میں کسی مسئلہ پر گفتگو کروں گا تو خود بخود بات مذہب کی ترجیح کی طرف چلی جائے گی، جیسے امام طحاوی رحمہ اللہ نے طحاوی شریف اس لئے نہیں لکھی کہ حنفیت کو ترجیح دیں، بلکہ اس لئے لکھی ہے کہ متعارض احادیث میں تطبیق دیں۔ مگر امام طحاویؒ چونکہ مذہب احناف کے بہت بڑے محقق ہیں اس لئے جب وہ کسی مسئلہ میں گفتگو کریں گے تو بات خود بخود حنفیت کی ترجیح کی طرف چلی جائے گی۔ حالانکہ خود امام طحاویؒ نے مقدمہ میں صراحت کی ہے کہ انھوں نے یہ کتاب ان لوگوں کے جواب میں لکھی ہے جو کم فہمی کی وجہ سے احادیث کو باہم متعارض سمجھتے ہیں، یعنی منکرین حدیث کے جواب میں لکھی ہے، نہ کہ حنفیت کی ترجیح میں، اسی طرح جب استاذ حنفی ہوگا تو اس کی گفتگو خود بخود حنفیت کی ترجیح کی طرف چلی جائے گی کیونکہ یہ بات فطری ہے۔

ایک واقعہ: سوڈان کا ایک مالکی طالب علم تھا، احمد میرف۔ بڑا ذہین اور سمجھ دار طالب علم تھا، وہ مجھ سے مناسبت رکھتا تھا اور عصر کے بعد میرے پاس آتا تھا۔ ایک دن مجھ سے کہنے لگا: جب میں پڑھ کر سوڈان جاؤں گا تو دیوبند کے طرز

پر حدیث پڑھاؤں گا! میں نے پوچھا: دیوبند کا کیا طریقہ ہے؟ کہنے لگا: دیوبند میں اساتذہ مذہب حنفی کی ترجیح قائم کرتے ہیں، جب میں اپنے یہاں دورۂ حدیث شریف پڑھاؤں گا تو مذہب مالکی کی ترجیح قائم کروں گا۔ میں نے کہا: جب تیرا دورہ کامیاب ہوجائے تو مجھے لکھنا میں تیرے یہاں پڑھنے آؤں گا!

غرض: اقوالِ رجال سے بحث کرنے کا مقصد حدیث فہمی ہے۔ خود اقوال رجال مقصود نہیں، نہ حنفیت کی ترجیح مقصود ہے۔ جیسے حدیث میں ہے: أُمِرَ بلالٌ أن يَّشفع الأذانَ ويوتر الإقامة: حضرت بلال رضی اللہ عنہ حکم دیئے گئے کہ اذان دوہری کہیں، اور تکبیرا کہری کہیں، دوہرا کہنے اور اکہرا کہنے کا کیا مطلب ہے؟ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: مماثل کلمات ایک ایک مرتبہ کہے جائیں، البتہ شروع اور آخر میں اللہ اکبر دو دو مرتبہ کہا جائے، اور شوافع اور حنابلہ کے نزدیک قد قامت الصلوة بھی دو مرتبہ کہا جائے، اور امام مالکؒ کے نزدیک قد قامت الصلوة ایک مرتبہ کہا جائے، پس ان کے نزدیک تکبیر کے کلمات دس ہونگے اور باقی دو اماموں کے نزدیک گیارہ، اور اذان دوہری کہی جائے یعنی مماثل کلمات دو دو مرتبہ کہے جائیں۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: يوتر الإقامة میں ایتار صوتی مراد ہے، ایتار کلماتی مراد نہیں، یعنی مماثل کلمات کو ایک ایک مرتبہ کہنا مراد نہیں بلکہ ایک آواز میں کہنا مراد ہے، اذان میں مماثل کلمات دو سانس میں کہے جاتے ہیں اور تکبیر میں ایک ہی سانس میں۔

اب ہمیں غور کرنا ہے کہ کس کا بیان کیا ہوا مطلب قرینِ صواب ہے، چنانچہ روایات کا جائزہ لیا گیا تو ابوداؤد میں صحیح سند سے یہ روایت ملی: حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے تکبیر کے سترہ کلمات سکھائے اور اذان کے انیس، سترہ کا عدد خاص ہے جس میں کمی بیشی کا احتمال نہیں۔ پس ثابت ہوا کہ ایتار سے ایتار صوتی مراد ہے، ایتار کلماتی مراد نہیں۔ اگر ایتار کلماتی مراد لیا جائے گا تو دونوں روایتوں میں تعارض ہوجائے گا اور تطبیق کی کوئی شکل باقی نہیں رہے گی۔

علاوہ ازیں ایتار صوتی کی توجیہ ایسی ہے جس کو شوافع نے بھی اللہ اکبر میں اختیار کیا ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری کتاب الاذان باب دوم میں یہی جواب دیا ہے کہ چونکہ الله أكبر دو مرتبہ ایک سانس میں کہا جاتا ہے اس لئے وہ ایک ہی کلمہ ہے۔

غرض اس طرح جب غور کیا جائے گا تو حدیث کا صحیح مطلب سمجھ میں آجائے گا۔ گذشتہ مجتہدین کے اقوال کو زیر بحث لانے کا یہی مقصد ہے، حنفیت کی ترجیح ہرگز مقصود نہیں۔

اجتہاد کا دروازہ من وجہٍ بند ہوا ہے، بالکلیہ بند نہیں ہوا

گذشتہ مجتہدین کے اجتہادات واستنباطات کو زیر بحث لانے کا دوسرا فائدہ یہ ہے کہ یہ ایک طرح کی ریہل سل ہے، اس سے قیامت تک نئے پیش آنے والے مسائل کا حل قرآن وحدیث سے نکالنے کا سلیقہ پیدا ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی سوال کرے کہ اجتہاد کا دروازہ تو بند ہے پھر اس تمرین کا کیا فائدہ؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اجتہاد کا دروازہ من وجہ

بند ہے، بالکلیہ بند نہیں، یعنی چوتھی صدی تک جو مسائل طے ہوگئے، خواہ اتفاقی طے ہوئے یا اختلافی، ان میں اجتہاد کا دروازہ بند ہے۔ اب ان مسائل کو تحقیق کا موضوع نہیں بنایا جائے گا، اس سے امت میں انتشار پھیلے گا، مثلاً: نماز میں رفع یدین سنت ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ طے ہوگیا ہے اور اختلافی ہے، اب اگر کوئی اس کو تحقیق کا موضوع بنائے گا اور دو باتوں میں سے کوئی ایک بات اختیار کرے گا، تو تحقیق کا کیا فائدہ ہوا؟ اور اگر کوئی تیسری رائے قائم کرے گا تو امت میں اختلاف بڑھے گا۔ اب تک امت دو دھڑوں میں بٹی ہوئی ہے، آئندہ تین میں بٹ جائے گی اس لئے کہ اس رائے کے ماننے والے بھی کچھ نہ کچھ ضرور ہونگے۔ بیوقوفوں کی دنیا میں کمی نہیں۔

اور اگر وہ محقق ترجیح قائم کرتا ہے مثلاً رفع یدین والی روایت کو راجح قرار دیتا ہے تو دنیا کی کونسی طاقت ہے جو ترک رفع والوں کو اس رائے پر لے آئے؟ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے ایک جگہ لکھا ہے کہ میرا جی چاہتا ہے کہ حنفیت اور شافعیت کو ملا کر ایک فقہ تیار کروں اور سب مسلمان اس کی پیروی کریں، حالانکہ اصول کے اختلاف کے ساتھ فروعات کا اتحاد ممکن نہیں، اور فرض کرو ایسا مجموعہ مرتب کرلیا جائے تو دنیا کے تمام احناف اور شوافع کو اس نئی فقہ پر کون لائے گا؟ یہ ناممکن بات ہے، پس امت پر رحم کیا جائے، وہ جس حال میں ہے اسی پر اس کو رہنے دیا جائے۔

البتہ قیامت تک جو نئی باتیں پیش آئیں گی ان میں اجتہاد ناگزیر ہے، اجتہاد کے بغیر قرآن وحدیث میں سے ان کے احکام کیسے نکلیں گے؟ پس اجتہاد کے دروازے کا ایک پٹ بند ہے، اور ایک کھلا ہے، چنانچہ کوئی بھی نیا مسئلہ دارالافتاء کو بھیجا جاتا ہے تو وہاں سے جواب ضرور آتا ہے۔ یہ اجتہاد ہی سے تو جواب دیا جاتا ہے؟

اور یہ جو متجددین کہتے ہیں کہ زمانہ بدل گیا ہے، اس لئے اجتہاد کا دروازہ کھولو یعنی ازسرنو اجتہاد کرو، ان کا مقصد یہ ہے کہ منصوصات شرعیہ میں بھی اجتہاد کرو، جن امور کی حرمت مصرح ہے ان کو بھی جائز کرو، جیسے مبیع اگر معدوم ہو تو بیع باطل ہے، وہ کہتے ہیں: اب زمانہ بدل گیا ہے لہٰذا مسئلہ بدلو۔ بیع کے وقت مبیع کا وجود ضروری نہیں، اسی طرح آج سود کے بغیر گذارہ نہیں، لہٰذا سود کے جواز کا فتوی دو۔

ظاہر ہے یہ مہمل باتیں ہیں جو منصوصات ہیں ان میں مجتہدین کا کیا اختیار ہے؟ پس ان کا مطالبہ غلط ہے، اور علماء جو کہتے ہیں کہ چوتھی صدی کے بعد اجتہاد کا دروازہ بند ہوگیا ہے اس کا مطلب وہ ہے جو میں نے بیان کیا، نو پید مسائل کے احکام تو قرآن وسنت سے نکالنے ہونگے اور اس کے لئے تیاری بھی کرنی پڑے گی، تفاسیر میں احکام القرآن کی بحث اور احادیث میں فقہاء کی آراء کا تذکرہ اور ان کے استدلالات کا جائزہ یہ سیکھنے کے لئے ہے کہ ان حضرات نے مسائل کس طرح مستنبط کئے ہیں؟ اس سے طلبہ میں صلاحیت پیدا ہوگی اور وہ نئے مسائل کے احکام نصوص سے نکال سکیں گے۔

فن حدیث کا موضوع:

فن حدیث کا موضوع ہے: المَرویات مِن حیثُ الرِّوایة و الدِّرایة: فن حدیث کا موضوع مرویات ہیں، روایت

ودرایت کے اعتبار سے، موضوع تعریف سے اخذ کیا جاتا ہے، اور حیثیت کی قید کے ساتھ محیّث (مقید) ہوتا ہے، پس فن حدیث کا موضوع نبی ﷺ کے اقوال وافعال وتقریرات ہیں، دو حیثیتوں سے: روایت کی حیثیت سے اور درایت کی حیثیت سے، یعنی ان دو اعتباروں سے مذکورہ تین چیزوں سے فن حدیث میں بحث کی جاتی ہے۔

فن حدیث کی غرض وغایت

فن حدیث کی غرض وغایت دو ہیں: عمومی اور خصوصی، عمومی غرض وغایت تمام علوم شرعیہ کی ایک ہے، علوم شرعیہ چھ ہیں اور وہ علوم عالیہ کہلاتے ہیں: قرآن یعنی تفسیر، حدیث، فقہ اور تینوں کے اصول یعنی اصول تفسیر، اصول حدیث اور اصول فقہ۔ یہ چھ فنوں علوم شرعیہ ہیں اور یہی علوم ہمارے مدارس عربیہ کی غرض وغایت ہیں، ان کے علاوہ مدارس میں جو کچھ پڑھایا جاتا ہے وہ علوم آلیہ ہیں، الہ کے معنی ہیں: اوزار، ذریعہ، یعنی باقی علوم مذکورہ چھ علوم کے لئے وسیلہ اور ذریعہ ہیں، غرض: تمام علوم شرعیہ کی عمومی غرض وغایت سعادت دارین ہے۔ دنیا وآخرت کی نیک بختی حاصل کرنا ان علوم کا مقصد ہے۔

اور خصوصی غرض وغایت علوم شرعیہ کی الگ الگ ہیں، اور فن حدیث کی خصوصی غرض وغایت دو ہیں: تأسّی اور تشریع۔ تأسّی کے معنی ہیں: اسوہ بنانا، نمونۂ عمل بنانا، اور تشریع کے معنی ہیں: قانون سازی، دستور وآئین بنانا، پس احادیث شریفہ دو مقاصد سے پڑھنی چاہئیں:

پہلا مقصد: آنحضور ﷺ کی ذات کو نمونۂ عمل بنانا۔ آپ ﷺ نے جو احکام دیئے ہیں اور جو ارشادات فرمائے ہیں ان کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا، قرآن کریم میں متعدد جگہ آیا ہے کہ رسول کی اطاعت کرو، اطاعت کا مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ نے جو احکام دیئے ہیں ان پر عمل کرو، شمائل ترمذی میں روایت ہے: ازہر ؓ نامی ایک صحابی تھے، وہ گاؤں کے رہنے والے تھے، جمعہ کے لئے مدینہ آتے تھے، اور گاؤں میں کھیتوں میں جو سبزی ترکاری ہوتی ہے وہ آنحضور ﷺ کے لئے ہدیہ لاتے تھے، پھر جب وہ گھر لوٹتے تھے تو آنحضور ﷺ گھریلو ضرورت کی چیزیں خرید کر ان کو ہدیہ کرتے تھے، آپ ﷺ نے ان کے بارے میں فرمایا تھا: ازہر ہمارا گاؤں ہے اور ہم اس کا شہر ہیں۔ یعنی ہماری گاؤں کی ضرورتیں ازہر پوری کرتے ہیں اور ہم اس کی شہر کی ضرورتیں پوری کرتے ہیں۔

غرض ان کا آنحضور ﷺ سے گہرا تعلق تھا، ایک مرتبہ وہ بازار میں خرید وفروخت میں مشغول تھے کہ آنحضور ﷺ نے پیچھے سے ان کی آنکھیں دبا دیں، انھوں نے کہا: کون ہے؟ چھوڑ! پھر جب انھوں نے دست مبارک کی نرمی سے اور بدن مبارک کی خوشبو سے آپ ﷺ کو پہچان لیا تو اپنی پیٹھ آپ ﷺ کے سینہ سے لگادی، آپ ﷺ نے ہاتھ ہٹالیا، اس سے بھی گہرے تعلق کا اندازہ ہوتا ہے۔

پھر آپ ﷺ نے مزاحاً فرمایا: اس بندے کو کون خریدتا ہے؟ حضرت ازہر ؓ کالے تھے۔ انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے

رسول! تب تو آپؐ مجھے کھوٹا پائیں گے یعنی مجھ کالے کلوٹے کو کون خریدے گا؟ اور خریدے گا تو کیا قیمت دے گا؟ آپؐ نے فرمایا: مگر تم اللہ کے نزدیک کھوٹے نہیں ہو!

اس کے بعد آپؐ نے ان کی لنگی پر نظر ڈالی۔ وہ ٹخنوں سے نیچے تھی، آپؐ نے فرمایا: اپنی لنگی اونچی باندھو، اس میں دو فائدے ہیں: ایک: لنگی کا نچلا حصہ صاف ستھرا رہتا ہے، دوسرا: لنگی زیادہ دنوں تک چلتی ہے۔ (لنگی نیچی ہوگی تو چلتے وقت پیروں میں الجھے گی اور جلدی پھٹے گی) حضرت ازہرؓ نے پہلی بات کا تو کوئی جواب نہیں دیا، البتہ دوسری کا جواب دیا۔ عرض کیا: یارسول اللہ! یہ تو لٹھے کی لنگی ہے (پھٹ جائے گی تو دوسری لے آئیں گے) آپؐ نے فرمایا: أَمَالَكَ فِيَّ أسوة؟ کیا تمہارے لئے میری ذات میں کوئی نمونہ نہیں؟ انھوں نے آنحضور ﷺ کی لنگی دیکھی تو وہ آدھی پنڈلی تک تھی، بس انھوں نے فوراً اپنی لنگی اوپر کرلی اور جہاں تک آپؐ کی لنگی تھی وہاں تک اپنی لنگی باندھ لی۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آنحضور ﷺ کی ذات اسوہ اور نمونہ ہے، اور اسی لئے ہم حدیثیں پڑھتے ہیں کہ ہم خود کو حضور کا نمونہ بنائیں۔ سورۃ الاحزاب (آیت ۲۱) میں ارشاد پاک ہے: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ تمہارے لئے اللہ کے رسول میں عمدہ نمونہ ہے، پس اگر طلبہ اس مقصد کا استحضار کرکے حدیثیں پڑھیں تو ان کو فائدہ ہوگا، ورنہ سعی لاحاصل رہے گی۔

دوسرا مقصد: قانون سازی ہے یعنی احادیث سے آئین اسلامی بنانا ہے، اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے لئے دنیا میں زندگی گذارنے کے لئے جو دستور نازل کیا ہے اس کا ماخذ قرآن وسنت ہیں، تمام احکام شرعیہ انہی دو سے ماخوذ ہیں۔ اسی لئے ہم گذرے ہوئے مجتہدین کے اقوال زیر بحث لاتے ہیں تاکہ قرآن وسنت سے مسائل اخذ کرنے کا ہمارے اندر سلیقہ پیدا ہو۔

لیکن میرے عزیزو! آج کل ایک عام غلطی ہو رہی ہے، جس کی وجہ سے ہمارے فضلاء میں عموماً عصر حاضر کے مسائل حل کرنے کی صلاحیت پیدا نہیں ہوتی، اور وہ یہ ہے کہ فضلاء مسلسل محنت جاری نہیں رکھتے، ایک وقت تک ریہل سل کرتے ہیں پھر چھوڑ دیتے ہیں، جیسے طلبہ سال بھر مناظرہ کی تمرین کرتے ہیں لیکن فارغ ہونے کے بعد اس مشق کو جاری نہیں رکھتے۔ اس لئے روز نئے نئے فتنے سر ابھار رہے ہیں اور ہمارے فضلاء ان سے لوہا نہیں لے سکتے، اگر وہ ریہل سہل جاری رکھیں تو ایک دن آئے گا کہ وہ ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر باتیں کرسکیں گے۔

ہمارے طلبہ مدارس سے نکل کر فارغ ہوجاتے ہیں، یہ فراغت کا تصور ان کو آگے نہیں بڑھنے دیتا، وہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے مدرسہ میں سب کچھ پڑھ لیا۔ حالانکہ مدارس میں سب کچھ نہیں پڑھایا جاتا، نہ یہ بات ممکن ہے، بلکہ مدارس میں علم حاصل کرنے کی استعداد بنائی جاتی ہے، اب طلباء کو مدارس سے نکلنے کے بعد زندگی بھر اپنا علمی سفر جاری رکھنا ہے۔ تحصیل علم کا زمانہ پالنے سے قبر تک ہے۔ اگر ہمارے فضلاء اس بات کو پلّے باندھیں تو ان کا مقام ثریا سے بھی بلند ہوسکتا ہے۔

حجازی اور عراقی مکاتب فکر

اب یہ بات جاننی چاہئے کہ صحابہ کے زمانہ تک عقائد میں اختلاف نہیں تھا، یہ اختلاف تابعین کے زمانہ سے شروع ہوا، مگر اعمال میں اختلاف صحابہ کے زمانہ میں بھی تھا، بلکہ آنحضور ﷺ کی حیات مبارکہ میں بھی صحابہ میں اختلاف ہوا ہے۔ مشہور واقعہ ہے: غزوۂ احزاب میں بنوقریظہ نے غداری کی تھی۔ نبی ﷺ نے غزوۂ احزاب سے فارغ ہوکر صحابہ کو حکم دیا کہ فوراً بنوقریظہ پر چڑھائی کرو، اور عصر کی نماز وہاں جاکر پڑھو، چنانچہ صحابہ تیاری کرکے بنوقریظہ کی طرف چل پڑے، راستہ میں عصر کی نماز کا وقت آگیا۔ صحابہ میں اختلاف ہوا، بعض نے کہا: عصر کی نماز بنوقریظہ میں جاکر پڑھیں گے، ہمیں یہی حکم ہے، اور بعض نے کہا: حکم کا منشا یہ ہے کہ فوراً بنوقریظہ پہنچو، عصر کی نماز قضا کرو، یہ منشا نہیں۔ ان حضرات نے راستہ میں عصر پڑھی، دوسرے دن جب آپؐ پہنچے تو یہ واقعہ ذکر کیا گیا، آپؐ نے دونوں جماعتوں میں سے کسی سے کچھ نہیں کہا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں صحابہ کے درمیان احکام میں اختلاف ہوا ہے، مگر ان کے زمانہ میں فقہی مکاتب فکر وجود میں نہیں آئے تھے، سب سے پہلی تقسیم جو امت میں ہوئی وہ یہ تھی کہ امت دو حصوں میں تقسیم ہوئی: ایک: حجازی مکتب فکر وجود میں آیا اور دوسرا: عراقی مکتب فکر۔

اور اس تقسیم کی وجہ یہ ہوئی کہ آنحضور ﷺ کے بعد چار خلفاء ہوئے ہیں، ان میں سے تین مدینہ منورہ میں رہے ہیں، اس وقت تمام علماء مدینہ میں اکٹھا تھے، پھر جب حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو وہ خلافت لے کر کوفہ (عراق) چلے گئے، اور ان سے پہلے وہاں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھیج چکے تھے، اس لئے ان کے شاگرد وہاں پہلے سے موجود تھے، اور اب جب کہ خلافت وہاں منتقل ہوئی تو سارے علماء بھی ادھر آگئے، اس طرح قدرتی طور پر دو مکتب فکر وجود میں آگئے، ایک: حجازی مکتب فکر: جو تین خلفاء اور ان کے زمانہ کے علماء سے بنا، اور ایک عراقی مکتب فکر: جو حضرت ابن مسعود، حضرت علی رضی اللہ عنہما اور ان کے شاگردوں سے وجود میں آیا۔ یہ امت میں سب سے پہلی تقسیم ہوئی۔

اس سے پہلے مکاتب فکر کا اختلاف نہیں تھا، پوری امت ایک تھی اور جس کو کوئی مسئلہ پیش آتا وہ جو بھی عالم ملتا اس سے پوچھ لیتا۔ لیکن جب امت دو مکاتب فکر میں بٹ گئی تو حجازی مکتب فکر والا جو ذہن رکھتے تھے وہ اپنے مکتب فکر کے عالم ہی سے مسئلہ پوچھتے تھے۔ عراقی مکتب فکر کے عالم سے مسئلہ نہیں پوچھتے تھے۔ اور جو عراقی مکتب فکر والا ذہن رکھتے تھے وہ اپنے مکتب فکر کے عالم ہی سے مسئلہ پوچھتے تھے، دوسرے سے نہیں پوچھتے تھے۔ بہرحال امت میں سب سے پہلے یہ دو مکتبِ فکر وجود میں آئے اور یہ تابعین کے زمانہ کی بات ہے۔

دونوں مکاتب فکر کے اصلی اور ذیلی کام:

حجازی مکتب فکر کا اصل کام حدیثیں روایت کرنا تھا اور وہ مسائل جو حدیث میں نہیں ہیں ان کے بارے میں اگر کوئی سوال

کرتا تو وہ اس کے جواب بھی دیتے تھے، کیونکہ وہ مجتہد بھی تھے۔ پس وہ 'محدثین فقہاء' کہلائے۔ اور عراقی مکتب فکر کا اصل کام فقہ پر محنت کرتا تھا، کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جو خلافت مدینہ منورہ سے نکل کر عراق میں چلی گئی تھی وہ پھر واپس نہیں آئی۔ اور یہ قدرتی بات ہے کہ گورنمنٹ کو حدیثوں سے زیادہ پیش آمدہ معاملات میں احکام شرعیہ کی ضرورت ہوتی ہے، اس لئے اس مکتب فکر کے علماء کی اصل محنت مسائل پر رہی، مگر مسائل کے لئے قرآن وسنت کو جاننا ضروری ہے، اس لئے وہ قرآن وسنت کو بھی جانتے تھے، مگر محنت ان کی مسائل پر ہوتی تھی، اس لئے وہ 'فقہاء محدثین' کہلائے۔

پھر مسائل طے کرنے میں فقہاء اتنے آگے بڑھ گئے کہ وہ زمانے کی ضرورت سے آگے سوچنے لگے۔ اگر یہ صورت پیش آئے تو یہ حکم ہے اور یہ صورت پیش آئے تو یہ حکم ہے۔ امام محمد رحمہ اللہ کی مبسوط میں ایسے فرضی سوالات أَرَأَیْتَ (بتلایئے) کے عنوان سے ہیں، تاکہ جب وہ صورتیں پیش آئیں تو ان کے احکام پہلے سے معلوم ہوں، اور حجازی مکتب فکر والے اس کو پسند نہیں کرتے تھے، وہ کہتے تھے: جب تک واقعہ پیش نہ آئے احکام کیوں بیان کرتے ہو؟ مگر فقہاء گورنمنٹ کی ضرورت سے کام کررہے تھے اور گورنمنٹ کے پاس ہر معاملہ کا حل پہلے سے موجود رہنا چاہئے۔

پھر آگے چل کر حجازی مکتب فکر میں رمزی نام امام مالکؒ کا استعمال ہونے لگا، اور وہ اس جماعت کے سرخیل بن گئے، پھر امام مالکؒ کے شاگرد امام شافعیؒ آئے، پھر امام شافعیؒ کے شاگرد امام احمدؒ آئے اور تینوں میں مسائل میں اختلافات ہوئے، اس لئے حجازی مکتب فکر تین مکاتبِ فکر میں بٹ گیا۔ اور عراقی مکتب فکر میں رمزی نام امام ابوحنیفہؒ کا استعمال ہونے لگا۔ عراق میں اور بھی مجتہد ہوئے مگر یہ مکتب فکر تقسیم نہیں ہوا۔ امام اعظمؒ کے دو شاگرد: امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ بڑے مجتہد تھے، حضرت امام شافعیؒ نے ان کے سامنے زانوئے ادب تہ کیا ہے۔ خود فرماتے ہیں: حَمَلْتُ عن محمد وِقْرَی بَعیرٍ: میں نے امام محمدؒ سے ایک اونٹ کا بوجھ حاصل کیا ہے، اس زمانے میں طلبہ موٹے کاغذ پر لکھتے تھے۔

بہر حال عراقی مکتب فکر آخر تک ایک رہا، امام اعظمؒ کے شاگردوں نے خود کو امام اعظمؒ سے الگ نہیں کیا، آج امام ابو یوسفؒ کے سارے اقوال فقہ حنفی میں شامل ہیں، امام محمدؒ کے سارے اقوال فقہ حنفی میں شامل ہیں، ان کے علاوہ بھی بڑے بڑے شاگرد ہوئے ہیں، ان سب کے اقوال فقہ حنفی میں شامل ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ تین چوتھائی دنیا نے عراقی مکتب فکر کی پیروی کی، اور ایک چوتھائی دنیا حجازی مکاتب فکر میں بٹ گئی۔

فقہی مکاتب فکر میں برحق چار مکاتب ہیں

اور آپ حضرات جانتے ہیں کہ مسائل فقہیہ کے کچھ اصول ہیں، اگر اصول صحیح ہیں تو ان پر مبنی فقہ بھی صحیح ہے، اور اگر اصول غلط ہیں تو فقہ بھی غلط ہے۔

اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک بنیادی اصول تین ہیں، اور ایک فرعی اصل ہے، منار الانوار متن نور الانوار کے شروع میں ہے: إعلم أنّ أصول الشرع ثلاثۃٌ: کتابُ اللہ، وسنۃُ رسولِہ، وإجماعُ الأمۃ، والأصل الرابع: القیاس المُسْتَنْبَطُ

من هذه الأُصول الثلاثة: یہ بات جان لیں کہ شریعت (فقہ) کے اصول تین ہیں: اللہ کی کتاب، اللہ کے رسول کی سنت اور اجماع امت، اور چوتھی اصل وہ قیاس ہے جس کے ذریعہ ان تین اصولوں سے مسائل نکالے جاتے ہیں۔

اب دیکھو! سب سے پہلے ایک فرقہ پیدا ہوا، اس نے کہا: حسبُنا کتابُ اللہ: ہمارے لئے قرآن کافی ہے۔ اس سے آگے ہم کوئی چیز نہیں مانتے، یہ فرقہ خود کو اہل قرآن کہتا ہے اور حقیقت میں وہ منکرین حدیث ہیں۔ پس یہ فرقہ جو صرف قرآن کو مانتا ہے اس کی فقہ کیسے برحق ہوسکتی ہے؟ اصول تو تین ہیں ان میں سے جو صرف قرآن کو مانتا ہے: اس کی فقہ قطعاً غلط ہے۔

دوسرا فرقہ کہتا ہے: قرآن کے بعد حدیثیں حجت ہیں (سنت نہیں) اور اس سے آگے کوئی چیز حجت نہیں۔ یہ فرقہ خود کو اہل حدیث کہتا ہے اور حقیقت میں وہ منکر اجماع وقیاس ہے، یہ فرقہ چونکہ سنت کو اور اجماع کو حجت نہیں مانتا اور قیاس (تعلیل) سے بھی کام نہیں لیتا، صرف نص کے ظاہر کو لیتا ہے اس لئے اس کی فقہ (فقہ ظاہری) بھی برحق نہیں ہوسکتی؟

اور اہل السنۃ والجماعہ کہتے ہیں: قرآن کے بعد ہر حدیث حجت نہیں بلکہ وہ حدیث حجت ہے جو سنت بھی ہے۔ اور حدیث اور سنت کے درمیان فرق بیان کیا جاچکا ہے، پھر تیسری اصل اجماع امت ہے، یہ بھی حجت شرعیہ ہے اس لئے ان کا نام اہل السنۃ والجماعہ ہوا۔ رہا قیاس تو وہ آلۂ استنباط ہے، وہ مثبت حکم نہیں، بلکہ مُظہر حکم ہے، اس لئے منار میں اس کو الگ بیان کیا ہے۔ یہی وہ امت کا سواد اعظم ہے جس کے اصول صحیح ہیں، پس ان پر مبنی فقہ بھی برحق ہے۔

پھر اہل السنۃ والجماعہ چار جماعتوں میں تقسیم ہوگئے: حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی۔ یہ حضرات قرآن کو بھی حجت مانتے ہیں، سنت کو بھی، اجماع کو بھی اور قیاس کو بھی، ایک شخص نے دعوت کی، تین ڈیگیں تیار کیں: پلاؤ کی، قورمہ کی اور زردہ کی۔ ان میں سے کھانا کیسے نکالا جائے گا؟ اس کے لئے بڑے چمچے (ڈوئی، کف گیر) کی ضرورت ہے، یہی کف گیر قیاس ہے۔ اور تین ڈیگیں قرآن، سنت اور اجماع امت ہیں، پس جب قیاس کے ذریعہ احکام: اصول شرع سے نکالے جائیں گے تو اصول کی طرح قیاس بھی معتبر ہوگا، ورنہ اصول شرع کی اعتباریت محل نظر ہوجائے گی۔

تقلید صرف تین قسم کے مسائل میں ہے، اور ان میں تقلید کے بغیر چارہ نہیں:

اور ائمہ کی تقلید صرف تین قسم کے مسائل میں کی جاتی ہے، باقی ساری شریعت میں کسی کی تقلید نہیں کی جاتی، اللہ اور اس کے رسول ہی کی تقلید کی جاتی ہے، اور ان تین قسم کے مسائل میں تقلید کے علاوہ چارہ نہیں۔ اور وہ تین قسم کے مسائل فقہ کے بیس فیصد مسائل ہیں۔

وہ تین قسم کے مسائل یہ ہیں:

۱- کبھی نص فہمی میں اختلاف ہوجاتا ہے کہ اِس آیت کا اور اِس حدیث کا کیا مطلب ہے؟ ایک امام کہتا ہے: یہ مطلب ہے، دوسرا کہتا ہے: یہ مطلب ہے، اور زبان کی رو سے دونوں مطلب ہوسکتے ہیں تو تقلید کے علاوہ چارہ نہیں رہتا۔

۲-کبھی ناسخ ومنسوخ متعین کرنے میں اختلاف ہوجاتا ہے، یعنی کونسی روایت مقدم ہے اور کونسی مؤخر: اس میں اختلاف ہوجاتا ہے۔

۳-کبھی مسئلہ استنباطی ہوتا ہے، نص کی تہ میں جا کر مسئلہ نکالنا ہوتا ہے، اوراس میں اختلاف ہوجاتا ہے۔ سب کی مثالیں یہ ہیں:

نص فہمی میں اختلاف کی مثالیں:

پہلی مثال: قرآنِ کریم میں ہے: ﴿أَوْلاَمَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾: یا تم نے عورتوں سے قربت کی ہو۔ اس آیت میں وضو توڑنے والی چیز کا ذکر ہے یا غسل توڑنے والی چیز کا؟ قرآنِ کریم میں لاَمَسَ: باب مفاعلہ سے ہے، لَمَسَ: مجرد نہیں ہے، لَمَسَ کے معنی ہیں: چھونا، اور لاَمَسَ کے معنی ہیں: دو شخصوں میں سے ہر ایک کا دوسرے کو چھونا۔

امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس آیت میں موجباتِ غسل کا بیان ہے، لاَمَسَ باب مفاعلہ سے ہے، اور ایک ساتھ مرد عورت کو پکڑے اور عورت مرد کو پکڑے: ایسا کب ہوتا ہے؟ جب آدمی صحبت کرتا ہے اور فراغت کا وقت آتا ہے تو مرد بیوی کو پکڑتا ہے اور بیوی مرد کو، اور دونوں فارغ ہوتے ہیں۔ پس جب انزال ہوگیا تو غسل واجب ہوگیا۔ غرض امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک ﴿لاَمَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾ میں نواقض غسل کا بیان ہے۔

اور دوسرے تین اماموں کے نزدیک لاَمَسَ: لَمَسَ کے معنی میں ہے اوراس آیت میں نواقض وضو کا بیان ہے، وہ کہتے ہیں: اگر باوضو آدمی نے کسی عورت کو ہاتھ لگایا تو وضو ٹوٹ گیا۔ اور عربی زبان کے قواعد سے دونوں معنی کی گنجائش ہے اور ہر ایک کی بات معقول نظر آتی ہے، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔

دوسری مثال: اسی آیت کا یہ ٹکڑا ہے: ﴿أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ﴾: یا آیا ہو تم میں سے کوئی نشیبی جگہ سے (تو وضو ٹوٹ جائے گا) اب فقہاء میں اختلاف ہوا، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے فرمایا: جب آدمی نشیبی جگہ میں جاتا ہے تو انسان کے بدن سے ناپا کی نکلتی ہے، پس سر سے پیر تک کہیں سے بھی ناپا کی نکل کر بہہ جائے: تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ دو راہوں کی کوئی تخصیص نہیں۔ اور تین اماموں نے کہا: نشیبی جگہ میں ناپا کی اگلی راہ سے یا دونوں راہوں سے نکلتی ہے، باقی جسم سے نہیں نکلتی، اس لئے انھوں نے طے کیا کہ سبیلین سے ناپا کی نکلے گی تو وضو ٹوٹے گا، ورنہ نہیں۔ چنانچہ ان کے نزدیک قئی، نکسیر، پھوڑے پھنسی سے پیپ یا خون نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

جب ایسا اختلاف ہوجائے تو ہم کیا کریں؟ جس کو جس امام سے عقیدت ہو اس کی تقلید کرے، ایسی صورت میں تقلید کے علاوہ راستہ کیا ہے؟ ہمارے پاس اتنا علم نہیں کہ ہم خود فیصلہ کریں کہ آیت کا یہ مطلب ہے یا وہ۔

تیسری مثال: نبی پاک ﷺ نے فرمایا: صَلاَةُ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى، فَإِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِرَكْعَةٍ: رات کی نماز (تہجد کی نماز) دو دو، دو دو رکعتیں ہیں، پس جب تمھیں اندیشہ لاحق ہو کہ صبح صادق ہونے والی ہے تو ایک رکعت کے

ذریعہ نماز کو طاق بناؤ۔

اس حدیث میں دو مسئلوں میں اختلاف ہوا:

پہلا اختلافی مسئلہ: تہجد کی نماز میں ہر دو رکعت پر سلام پھیرنا: یہ مسئلہ ہے یا یہ تہجد گذاروں کے لئے سہولت ہے؟ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: یہ تہجد گذاروں کے لئے ایک سہولت ہے، مسئلہ نہیں۔

مسئلہ کیا ہے؟ مسئلہ اختلافی ہے کہ نفلوں میں دو پر سلام پھیرنا اولیٰ ہے یا چار پر؟ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کہتے ہیں: خواہ رات کے نفل ہوں یا دن کے (اور سنت مؤکدہ بھی نفل ہیں) دو رکعتوں پر سلام پھیرنا اولیٰ ہے، اور اگر کوئی ایک سلام سے چار پڑھے تو یہ بھی جائز ہے، البتہ دو رکعت پر سلام پھیرنا اولیٰ ہے۔

اور امام مالکؒ فرماتے ہیں: رات میں ایک سلام سے چار رکعتیں پڑھنا جائز ہی نہیں، اور دن میں اولیٰ یہ ہے کہ دو پر سلام پھیرے، اور چار ایک سلام سے جائز ہیں۔

اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ رات میں دو پر سلام پھیرنا اولیٰ ہے، اور دن میں چار نفلیں ایک سلام سے پڑھنا افضل ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ نے فرمایا: رات کے نفل ہوں یا دن کے: چار ایک سلام سے پڑھنا افضل ہے، اور دو پر سلام پھیرنا جائز ہے۔

اور امام اعظم کی دو دلیلیں ہیں:

ایک: دن میں بھی فرض نماز چار رکعتوں والی ہے (ظہر اور عصر) اور رات میں بھی فرض نماز چار رکعتوں والی ہے (عشاء) اور فرائض غیر اولیٰ ہیئت پر نہیں ہوسکتے، بہترین حالت پر ہی فرائض ہوتے ہیں۔ پس ایک سلام سے چار نفلیں پڑھنا اولیٰ ہے۔

دوسری دلیل: نبی ﷺ سے دن میں چار رکعتیں ایک سلام سے پڑھنا ثابت ہے، آپؐ ظہر سے پہلے چار سنتیں ایک سلام سے پڑھتے تھے، اور کبھی عصر سے پہلے بھی چار سنتیں ایک سلام سے پڑھتے تھے، اور نبی کبھی مسئلہ کی وضاحت کے لئے تو غیر اولیٰ کام کرسکتا ہے، جیسے آپؐ نے ایک مرتبہ کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا، مگر نبی بالدوام یا بالاکثر غیر اولیٰ کام نہیں کرتا، اور حضورؐ نے دن میں چار سنتیں ہمیشہ یا اکثر ایک سلام سے پڑھی ہیں، اس لئے یہی افضل ہے، اور رات کے نفلوں کو دن کے نفلوں پر قیاس کریں گے، پس رات میں بھی چار رکعتیں ایک سلام سے پڑھنا افضل ہے۔

اور حضورؐ نے جو فرمایا ہے: صلاۃُ اللیل مثنیٰ مثنیٰ: امام اعظم رحمہ اللہ کہتے ہیں: یہ مسئلہ نہیں مصلحت ہے، یہ تہجد گذاروں کے لئے ایک سہولت ہے۔

صحابہ تہجد کی نماز بہت لمبی پڑھتے تھے، پس اگر چار کی نیت باندھیں گے تو تھک جائیں گے، اس لئے فرمایا: دو کی نیت باندھو اور لمبی پڑھو، پھر سلام پھیر کر ذرا ٹانگیں سیدھی کرو، اور ستالو، پھر اگلی دو کی نیت باندھو۔ اس طرح اگر کوئی

رات بھر بھی نفلیں پڑھتا رہے گا تو تھکے گا نہیں۔

بہر حال حدیث کے پہلے ٹکڑے میں اختلاف ہوا ہے، امام اعظم کی رائے اور ہے، اور صاحبین کی اور، اور دیگر ائمہ کی اور۔ اور سب حضرات اسی حدیث سے استدلال کرتے ہیں، پس ایسی صورت میں تقلید کے علاوہ راستہ کیا ہے؟

دوسرا اختلافی مسئلہ: حدیث کا اگلا ٹکڑا ہے: إِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِرَكْعَةٍ: جب تمہیں اندیشہ لاحق ہو کہ اب صبح ہونے والی ہے تو ایک رکعت کے ذریعہ نماز کو طاق بناؤ۔ اس کا کیا مطلب ہے؟ تین امام کہتے ہیں: اب دو رکعتوں پر سلام پھیر دو، اور ایک رکعت علاحدہ پڑھو، ایک رکعت کے ذریعہ طاق بنانے کا یہی مطلب ہے، چنانچہ ان کے نزدیک دو پر سلام پھیرتے ہیں، اور ایک رکعت الگ سلام سے پڑھتے ہیں۔

اور احناف کہتے ہیں: اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ جب تمہیں صبح کا اندیشہ لاحق ہو تو اب دو کی نیت مت باندھو، بلکہ تین کی نیت باندھو، اور دو کے ساتھ تیسری رکعت بھی ملاؤ، یہ آخری تین رکعتیں طاق ہوگئیں، اِس سے پہلے والی سب رکعتیں جفت تھیں۔

اور حنفیہ کے نزدیک اس حدیث کا یہ مطلب اس لئے ہے کہ نسائی شریف میں سند صحیح سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ نبی ﷺ وتروں کی دو رکعتوں پر سلام نہیں پھیرتے تھے[1] اس حدیث کی روشنی میں حنفیہ نے مذکورہ بالا حدیث کا مطلب سمجھا ہے۔

احناف کے نزدیک أوتر برکعة: ایک رکعت کے ذریعہ نماز طاق بناؤ کا یہی مطلب ہے کہ اس سے پہلے والی دو رکعتوں کو طاق بناؤ، غرض یہی حدیث حنفیہ کی بھی دلیل ہے اور تین اماموں کی بھی، اور اختلاف نص فہمی کا ہے۔ اب ہم کیا کریں؟ ہمارے لئے ایک ہی راستہ ہے: جس کو جس امام سے عقیدت ہو اس کی تقلید کرے۔

روایات میں بھی اختلاف اور تطبیق میں بھی اختلاف:

دوسری قسم کے مسائل: کبھی روایات میں بھی تعارض ہوتا ہے، اور ان کی تطبیق میں بھی اختلاف ہو جاتا ہے، یعنی ناسخ و منسوخ کی تعیین میں اختلاف ہو جاتا ہے، جیسے حدیث کی کتابوں میں رفع یدین کی روایات بھی ہیں اور عدم رفع کی بھی، یہ دونوں روایتیں ایک زمانہ کی نہیں ہوسکتیں۔ اب ان میں سے کونسی دور اول کی ہیں اور کونسی دور مابعد کی؟ یہ طے کرنے میں ائمہ میں اختلاف ہوگیا، بڑے دو امام کہتے ہیں: رفع والی روایتیں دورِ اول کی ہیں، اور عدم رفع والی روایتیں بعد کی ہیں، اور چھوٹے دو امام کہتے ہیں: عدم رفع والی روایتیں دورِ اول کی ہیں اور رفع والی بعد کی۔ غرض ناسخ و منسوخ طے کرنے میں اختلاف ہوگیا، پس ہم کیا کریں؟ یہی کہ جس کو جس امام سے عقیدت ہو اس کی تقلید کرے۔

(۱) نسائی شریف، حدیث ۱۶۹۸ باب كيف الوتر بثلاث؟ كتاب قيام الليل۔

اور بڑے دواماموں کی دلیل یہ ہے کہ خلفائے راشدین نے رفع یدین نہیں کیا۔ اگر رفع یدین نبی ﷺ کا آخری عمل ہوتا تو چاروں خلفاء رفع ضرور کرتے، ایسا ممکن نہیں کہ خلفاء آپؐ کے مصلّٰی پر کھڑے ہوتے ہی آپؐ کا عمل بدل دیں۔

استنباطی مسائل میں اختلاف:

تیسری قسم کے مسائل: استنباطی مسائل ہیں۔ موتی دریا کی تہ میں ہوتے ہیں، اوپر نہیں تیرتے، اور موتی ہر کوئی نہیں نکال سکتا، غواص (غوطہ خور) ہی نکال سکتا ہے۔ ایسے ہی استنباطی مسائل ہیں: جو قرآن وحدیث کی ظاہری سطح پر نہیں ہیں، بلکہ تہ میں ہیں: ان کو کون نکالے گا؟ مجتہدین امت نکالیں گے، مگر ان میں کبھی اختلاف ہوجاتا ہے، ایسی صورت میں تقلید (پیروی) کے علاوہ راستہ کیا ہے؟ میں اس کی ایک مثال دیتا ہوں:

آیتِ وضو میں پانچ استنباطی مسائل اور ان میں اختلاف

قرآنِ کریم میں آیتِ وضوء ہے، اس آیت میں وضو کا جو طریقہ بیان کیا گیا ہے: دنیا کے تمام مسلمان اسی طرح وضو کرتے ہیں، لیکن اس آیت میں پانچ استنباطی مسائل ہیں، جن میں اختلاف ہوا ہے:

پہلا مسئلہ: یہ ہے کہ وضو میں نیت ضروری ہے یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ضروری ہے۔ دوسرے ائمہ کے نزدیک ضروری نہیں، اور اس کی صرف دو صورتیں ہیں: ایک آدمی کھیت میں ہل چلا رہا تھا، بارش شروع ہوگئی اور وہ سر سے پیر تک بھیگ گیا، اب نماز کا وقت ہوگیا، تو کیا نماز پڑھنے کے لئے اُس کو وضو کرنی پڑے گی یا وہ جو بھیگا ہے اس سے وضو ہوگئی؟ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس سے وضو نہیں ہوئی، اس لئے کہ اس نے نیت نہیں کی، اور دوسرے ائمہ کہتے ہیں: اس کی وضو ہوگئی۔

یا ایک آدمی جنبی تھا اور تالاب پر کھڑا تھا، اس کا دوست آیا اور دھکا دیدیا، وہ تالاب میں گر پڑا اور ڈوب کر نکل آیا، پس کیا اس کا غسل ہوگیا؟ امام شافعیؒ فرماتے ہیں: نہیں ہوا، کیونکہ اس نے غسل کی نیت نہیں کی، اور دوسرے ائمہ کہتے ہیں ہوگیا۔ یہ مسئلہ آیت کے ظاہر میں نہیں ہے، یہ استنباطی مسئلہ ہے، اور اس میں اختلاف ہوا ہے، پس ہم کیا کریں؟ یہی نا کہ جس کو جس امام سے عقیدت ہو اس کی پیروی کرے۔

دوسرا مسئلہ: آیت میں وضو کی جو ترتیب ہے وہ لازم ہے یا غیر لازم؟ یعنی اسی ترتیب سے وضو کرنی ضروری ہے یا نہیں؟ ایک آدمی کھیت سے آیا، اس نے پہلے مٹی سے آلودہ پیر دھوئے، پھر چہرہ دھویا، پھر ہاتھ دھوئے اور مسح کیا، تو وضو ہوئی یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وضو نہیں ہوئی، کیونکہ وضو میں ترتیب ضروری ہے، دوسرے ائمہ کہتے ہیں: وضو ہوگئی، ترتیب سنت ہے، ضروری نہیں، اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ آیت میں جو واو ہے وہ ترتیب کے لئے ہے یا مطلق جمع کے لئے؟ اس میں اختلاف ہوا ہے، اور یہ استنباطی مسئلہ ہے، اس میں تقلید کے علاوہ چارہ کیا ہے؟

تیسرا مسئلہ: آیت وضو میں إلی المرافق اور إلی الکعبین ہے، یعنی ہاتھوں کو کہنیوں تک اور پیروں کو ٹخنوں تک دھوؤ، اس ''تک'' کا کیا مطلب ہے؟ کہنیاں دھونی ہیں یا نہیں؟ ٹخنے دھونے ہیں یا نہیں؟ امام زفر رحمہ اللہ کہتے ہیں: نہیں دھونے، غایت: مغیا سے خارج ہے۔ باقی ائمہ کہتے ہیں: دھونے ہیں، غایت: مغیا میں داخل ہے۔ غرض إلی کے معنی متعین کرنے میں اختلاف ہو گیا۔

چوتھا مسئلہ: وضو میں موالات شرط ہے یا نہیں؟ موالات کے معنی ہیں: ایک عضو خشک ہونے سے پہلے دوسرا عضو دھونا۔ کسی نے ایک عضو دھویا، پھر کسی سے باتیں کرنے لگا، اور دھویا ہوا عضو خشک ہو گیا، پھر اگلا عضو دھویا تو وضو ہوا یا نہیں؟ امام مالکؒ کہتے ہیں: وضو نہیں ہوا، موالات شرط ہے۔ باقی ائمہ کہتے ہیں وضو ہو گیا۔

پانچواں مسئلہ: وضو میں پیر دھونے ہیں یا ان پر مسح کرنا ہے؟ شیعہ کہتے ہیں: پیروں پر مسح کرنا ہے، اور اہل السنہ والجماعۃ کہتے ہیں: پیر دھونے ہیں، اگر ان پر خفین نہ ہوں۔ شیعہ آیت کی جر والی قراءت سے استدلال کرتے ہیں، اور اہل السنہ فتح والی قراءت سے۔

میں یہ مثالیں اس بات کی پیش کر رہا ہوں کہ جو استنباطی مسائل ہیں، جو نص کی تہ میں ہیں، ان مسائل میں غواصوں (ائمہ مجتہدین) کے درمیان اختلاف ہوئے ہیں، پس یہ تین قسم کے مسائل ہیں: ۱- نص فہمی کا اختلاف ۲- جہاں روایات میں تعارض ہو اور تطبیق میں بھی اختلاف ہو ۳- استنباطی مسائل، جن کے استنباط میں اختلاف ہو جائے تو ان تین قسم کے مسائل میں تقلید کرنی ضروری ہے، ان میں تقلید کے علاوہ کوئی راستہ نہیں، اور یہ مسائل فقہ اسلامی کا بیس فیصد حصہ ہیں، باقی اسّی فیصد مسائل وہ ہیں جو قرآن وحدیث میں صراحۃً آئے ہیں، ان میں کسی امام کی تقلید نہیں، ان میں اللہ و رسول ہی کی تقلید کی جاتی ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ کا مذہب

اب ہمیں امام بخاری رحمہ اللہ کا مسلک جاننا چاہئے، اس لئے کہ مصنَّف (اسم مفعول) کو جاننے کے لئے مصنِّف (اسم فاعل) کے کوائف اور اس کے مذہب سے واقفیت ضروری ہے۔ تاکہ کتاب علی وجہ البصیرت شروع کی جاسکے، امام بخاریؒ کے ضروری حالات پہلے بیان ہو چکے ہیں یہاں صرف ان کے مسلک کے بارے میں گفتگو کرنی ہے۔

حضرت امام بخاریؒ اپنے خیال میں مجتہد مطلق تھے، وہ کسی کی پیروی نہیں کرتے تھے، انھوں نے بخاری شریف میں احناف پر بھی رد کیا ہے، شوافع، مالکیہ اور حنابلہ پر بھی۔ لیکن چوتھی صدی میں جب مجتہدین بہت ہو گئے تو چار منقح اور مدون مذاہب کو تقلید کے لئے متعین کیا گیا اور باقی کو چھوڑ دیا گیا، ان میں حضرت امام بخاریؒ کے مسلک کو بھی چھوڑ دیا گیا ہے، آج دنیا میں کوئی ان کی تقلید کرنے والا نہیں، بلکہ چوتھی صدی سے پہلے بھی کوئی ان کی تقلید نہیں کرتا تھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ جو امام بخاری رحمہ اللہ کے خاص شاگرد ہیں، جن کی محبت وعقیدت کا یہ حال تھا کہ امام بخاریؒ کی وفات پر

روتے روتے آنکھیں کھودیں، انھوں نے بھی پوری ترمذی شریف میں ایک جگہ بھی امام بخاریؒ کا کوئی فقہی قول بیان نہیں کیا، جبکہ وہ ترمذی شریف میں جگہ جگہ رجال حدیث اور اسنادِ حدیث کے سلسلہ میں امام بخاریؒ کی رائیں نقل کرتے ہیں اور بیس سے زائد مجتہدین کے فقہی اقوال ترمذی شریف میں لائے ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ امام ترمذیؒ کے نزدیک امام بخاریؒ درجۂ اجتہاد کو نہیں پہنچے تھے، جیسے پانچویں صدی میں ابن جریر طبری رحمہ اللہ بہت بڑے مؤرخ اور محدث ہوئے ہیں، ان کا بھی دعوی تھا کہ وہ امت کے پانچویں مجتہد ہیں مگر امت نے ان کو مجتہد نہیں مانا۔ اسی طرح امام بخاریؒ اگرچہ خود کو مجتہد سمجھتے تھے مگر امت نے ان کو مجتہد تسلیم نہیں کیا۔

امام بخاری رحمہ اللہ اور فقہ حنفی:

جاننا چاہئے کہ صحاح ستّہ کے مصنّفین چونکہ حجازی مکتبِ فکر سے تعلق رکھتے تھے، اس لئے قدرتی بات ہے کہ ان کو عراقی مکتبِ فکر سے کلی مناسبت نہیں ہوسکتی۔ ان حضرات نے اہل الرائے کی فقہ کا مطالعہ ضرور کیا ہے، مگر اس کو باقاعدہ پڑھا نہیں، اور مطالعہ اور اساتذہ سے پڑھنے میں فرق ظاہر ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کے ساتھ تو ابتداء میں کچھ ایسے عوامل بھی پیش آئے ہیں جس کی وجہ سے انھوں نے فقہ حنفی کی تحصیل چھوڑ کر حدیث کی طرف توجہ فرمائی ہے۔ چنانچہ حضرت علامہ محمد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کا قول صحیح معلوم ہوتا ہے کہ ''امام بخاری رحمہ اللہ کو مذہب حنفی کی پوری واقفیت نہ تھی، جس کی وجہ سے باب الحیل وغیرہ میں ائمہ حنفی کی طرف مسائل کا انتساب غلط کیا ہے'' (انوار الباری ۱:۵)

دیگر محدثین کی صورت حال یہ نہیں تھی۔ اور امام ترمذیؒ نے ترمذی شریف میں جو امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کا نام لے کر کوئی قول ذکر نہیں کیا، اس کی صحیح وجہ یہ تھی کہ اس زمانہ میں کتابوں سے نقل کرنا جائز نہیں تھا، سند سے اقوال روایت کئے جاتے تھے۔ کتاب العلل میں امام ترمذیؒ نے مجتہدین کے اقوال کی سندیں لکھی ہیں۔ فقہاء کے یہ اقوال حدیثوں کے ساتھ روایت کئے جاتے تھے، سفیان ثوری اور ابن المبارک رحمہما اللہ کے اقوال جو انھوں نے مجلس درس میں بیان کئے تھے وہ امام ترمذی رحمہ اللہ کو سند کے ساتھ پہنچے تھے، اور احناف کے اقوال سند کے ساتھ نہیں پہنچے تھے، مگر حجازی مکتبِ فکر کے حضرات: عراقی مکتبِ فکر کی فقہ کا مطالعہ کرتے تھے، اس طرح وہ ان کے فقہی اقوال سے واقف تھے، اسی طرح عراقی مکتبِ فکر کے حضرات: حجازی مکتبِ فکر کے محدثین کی کتابیں پڑھتے تھے اور وہ ان کی حدیثوں سے واقف تھے۔ جیسے امام طحاویؒ شرح معانی الآثار میں ائمہ احناف کا تو نام لیتے ہیں مگر دوسرے ائمہ کے لئے ذهب قوم کہتے ہیں، اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ ان کے اقوال امام طحاوی کو سند کے ساتھ نہیں پہنچے۔

امام بخاری رحمہ اللہ کو دو ابتلاء پیش آئے:

پہلا ابتلاء: نیشاپور میں پیش آیا۔ جب امام بخاری رحمہ اللہ نیشاپور میں وارد ہوئے تو آپ کا شاندار استقبال کیا

گیا۔ پھر جب انھوں نے درسِ حدیث شروع کیا تو سب محفلیں سونی پڑ گئیں، کہتے ہیں: اس سے امام ذُہلی رحمہ اللہ کے دل میں حسد پیدا ہوا، اور کسی نے بھری محفل میں پوچھا: **ما تقول فی اللفظ بالقرآن، مخلوق ھو أم غیر مخلوق؟** ہم جو قرآن پڑھتے ہیں: اس کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں، آیا وہ پڑھنا حادث ہے یا قدیم؟ امام بخاریؒ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ سائل بار بار کھڑے ہو کر یہی سوال کرتا رہا، تیسری مرتبہ سوال کرنے پر امام صاحب نے جواب دیا: **القرآن کلام اللہ غیر مخلوق، وأفعال العباد مخلوقۃ، والامتحان بدعۃ:** قرآن اللہ کا کلام ہے اور قدیم ہے (کیونکہ یہ اللہ کی صفت ہے) اور بندوں کے افعال حادث ہیں یعنی انسان کا پڑھنا حادث ہے، اور آزمائش کرنا ناجائز ہے، اس پر سائل نے اور دوسرے لوگوں نے ہنگامہ بپا کر دیا (سیر اعلام النبلاء ۱۲: ۴۵۳)

دوسرا ابتلاء: پھر جب آپ بخاری پہنچے تو وہاں بھی چین نہیں ملا، مؤرخین نے اس کی دو وجہیں لکھی ہیں: ایک: بخاری کے امیر خالد نے آپ سے درخواست کی کہ اس کے گھر آ کر اس کی اولاد کو بخاری شریف اور التاریخ الکبیر پڑھائیں۔ امام صاحب نے انکار کیا، اس نے دوسری درخواست کی کہ اس کی اولاد کے لئے علاحدہ مجلس منعقد کریں، جس میں دوسرے طلباء شریک نہ ہوں، امام صاحب نے یہ درخواست بھی نہیں مانی تو اس کا پارہ چڑھ گیا، اور آپ کو بخاری سے نکال دیا۔

اور حاکم نے دوسری وجہ لکھی ہے: **کان جماعۃ یختلفون إلیہ، یُظھرون شِعار أھل الحدیث من إفراد الإقامۃ، ورفع الأیدی فی الصلاۃ وغیر ذلک:** کچھ لوگ (غیر مقلدین) آپ کے پاس آنے جانے لگے، اور وہ غیر مقلدوں کے خاص مسائل برملا کرنے لگے، جیسے اقامت اکہری کہنا، نماز میں رفع یدین کرنا وغیرہ تو لوگوں نے کہا: یہ بندہ ہنگامہ بپا کرے گا، اور شہر کا سارا ماحول بگاڑ ڈالے گا، اور محمد بن یحییٰ نے اس کو نیشاپور سے نکال دیا ہے درانحالیکہ وہ محدثین کے پیشوا ہیں، چنانچہ لوگوں نے امیر بخاری سے مدد طلب کی اور امام صاحب کو بخاری سے چلتا کیا (سیر ۱۲: ۴۶۵)

یہی غیر مقلدین جو امام بخاری رحمہ اللہ کے اخراج کا سبب بنے آج تک ان کی کتاب کے گرد ہالہ بنائے ہوئے ہیں، وہ ہر مسئلہ میں مطالبہ کرتے ہیں کہ بخاری شریف میں حدیث دکھاؤ، گویا سب صحیح حدیثیں بخاری شریف میں آگئی ہیں۔ حالانکہ خود امام بخاری رحمہ اللہ نے صراحت فرمائی ہے کہ تمام صحیح حدیثیں میں نے اپنی کتاب میں نہیں لیں۔ جو صحیح حدیثیں میں نے کتاب میں نہیں لیں وہ اس سے زیادہ ہیں جو میں نے لی ہیں۔ کتاب کے طویل ہو جانے کے اندیشہ سے امام صاحب نے ایسا کیا ہے۔ مگر غیر مقلدین لوگوں کو دھوکہ دیتے ہیں، اور یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں کہ ساری صحیح حدیثیں بخاری شریف میں آگئی ہیں ——— اور یہ تو آخر کا حال ہے۔ داؤد ظاہری تو شروع سے امام بخاری کے ساتھ لگے رہے ہیں۔ فیض الباری (۱: ۲۴۳) میں ہے کہ طلب حدیث کے اسفار میں داؤد ظاہری امام بخاری کے ساتھ رہے ہیں۔ اس طرح ان لوگوں نے امام بخاری رحمہ اللہ کو متاثر بھی کیا ہے اور بدنام بھی کیا ہے، بلکہ آج تک کر رہے ہیں۔

عبارت میں پیچیدگی:

اور بخاری شریف کوعلی وجہ البصیرت شروع کرنے کے لئے یہ بات بھی جان لینی چاہئے کہ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کا مقام اگرچہ حدیث میں امیر المؤمنین فی الحدیث کا ہے مگر آپ کی تحریرات میں پیچیدگی ہوتی ہے۔ شراح امام صاحب کی مراد پانے میں بہت جگہ پریشان ہوجاتے ہیں اور کلام میں تعقید تین وجوہ سے ہوتی ہے: مضمون کی بلندی سے، عبارت میں ایجاز سے اور بیان میں عدم سلاست سے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے کلام میں تینوں وجوہ جمع ہیں۔ مضمون مجتہدانہ ہوتا ہے، تراجم کی عبارت بہت مختصر ہوتی ہے اور آپ کی عبارت میں امام ترمذی رحمہ اللہ جیسی سلاست بھی نہیں ہوتی، اس لئے تراجم ابواب سمجھنے کے لئے بعض جگہ بہت غور کرنا پڑتا ہے۔

ثلاثیات بخاری:

امام بخاری رحمہ اللہ سے آنحضور ﷺ تک کم سے کم تین واسطے ہیں، ان حدیثوں کو ثلاثیات بخاری کہتے ہیں اور وہ بائیس حدیثیں ہیں جو بخاری شریف کا امتیاز ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کی مسند میں ڈھائی سو ثلاثیات ہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ کی موطا میں ثنائیات بھی ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کی مُسند میں وحدانیات بھی ہیں، کیونکہ امام اعظمؒ کا بعض صحابہ سے سماع ہے [1] اس لئے صرف صحابی کا ایک واسطہ ہے، اور ترمذی شریف میں صرف ایک ثلاثی حدیث ہے، اور ابوداؤد ونسائی میں ثلاثیات نہیں۔

بخاری شریف کی سند

میری سند امام بخاری رحمہ اللہ تک بائیس واسطوں سے پہنچتی ہے۔ آپ حضرات کے لئے میرا ایک واسطہ بڑھ جائے گا۔

① ـــــ میں بخاری شریف دو حضرات سے روایت کرتا ہوں:

اول: فخر المحدثین حضرت مولانا سید فخر الدین احمد صاحب مراد آبادی قدس سرہ (۱۳۰۷-۱۳۹۲ھ) آپ نے ۱۳۲۸ھ میں فراغت حاصل کی ہے، آپ دار العلوم دیوبند میں شیخ الحدیث کے عہدۂ جلیلہ پر فائز رہے۔ اور علامہ کی وفات کے بعد صدر المدرسین بھی ہوئے۔

دوم: جامع المعقول والمنقول حضرت علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ (۱۳۰۴-۱۳۸۷ھ) آپ نے

(۱) امام اعظم رحمہ اللہ کی ولادت سنہ ۸۰ھ میں ہوئی ہے۔ اس وقت متعدد صحابہ بقید حیات تھے، جن سے امام اعظمؒ کی ملاقات ہوئی ہے، اور ان سے روایت بھی کی ہے (تفصیل کے لئے دیکھئے: قواعد فی علوم الحدیث ص:۳۰۶ تحقیق شیخ عبد الفتاح ابوغدہ رحمہ اللہ)

۱۳۲۷ھ میں فراغت حاصل کی، آپ دارالعلوم دیوبند میں صدر المدرسین کے عہدۂ جلیلہ پر فائز رہے، احقر نے آپ سے مقدمہ مسلم مع کتاب الایمان اور ترمذی جلد اول پڑھی ہے، اور اوائل کتب حدیث پڑھ کر عام اجازت حاصل کی ہے۔

(۴) ـــــ مذکورہ دونوں حضرات روایت کرتے ہیں زعیم حریت، شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن بن ذوالفقار علی صاحب دیوبندی رحمہما اللہ (۱۲۶۸-۱۳۳۹ھ) سے، آپ ۱۳۰۸ھ سے تاوفات دارالعلوم دیوبند کے صدر المدرسین رہے۔ بخاری شریف اور ترمذی شریف آپ کے زیر درس رہتی تھیں، آپ سے چار اکابر دارالعلوم صحیح بخاری شریف اور دیگر کتب حدیث روایت کرتے ہیں۔

اول: محدث العصر علامہ محمد انور شاہ بن محمد معظم شاہ کشمیری قدس سرہ (۱۲۹۲-۱۳۵۲ھ) آپ نے ۱۳۱۴ھ میں فراغت حاصل کی ہے۔

دوم: شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب بن سید حبیب اللہ صاحب فیض آبادی، ثم مدنی، ثم دیوبندی قدس سرہ (۱۲۹۶-۱۳۷۷ھ) آپ نے ۱۳۱۶ھ میں فراغت حاصل کی ہے۔

سوم: فخر المحدثین حضرت مولانا سید فخر الدین احمد صاحب قدس سرہ مرادآبادی (۱۳۰۷-۱۳۸۷ھ) آپ نے ۱۳۲۷ھ میں فراغت حاصل کی ہے۔

چہارم: حضرت علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ (۱۳۰۴-۱۳۸۷ھ) آپ نے ۱۳۲۷ھ میں فراغت حاصل کی ہے۔ حضرت علامہ محمد انور شاہ صاحب قدس سرہ کا دور تو اب ختم ہوگیا۔ اب دنیا میں شاہ صاحب کا کوئی شاگرد نہیں رہا، البتہ شیخ الاسلام حضرت مدنی، فخر المحدثین حضرت مرادآبادیؒ اور علامہ بلیاویؒ کے شاگرد موجود ہیں، اس وقت اس درسگاہ میں (دارالعلوم دیوبند کی دارالحدیث میں) جتنے اساتذۂ کرام حدیث پڑھاتے ہیں وہ یا تو حضرت مدنی کے شاگرد ہیں یا حضرت مرادآبادی اور علامہ بلیاوی کے۔

(۳) ـــــ حضرت شیخ الہند: حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہ (۱۲۴۸-۱۲۹۷ھ) سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت نانوتویؒ نے علوم عقلیہ ونقلیہ سے فارغ ہوکر دہلی کے ایک مطبع میں جو حضرت مولانا احمد علی بن شیخ لطف اللہ صاحب محدث سہارن پوری کا تھا تصحیح کتب کا کام کیا ہے، ۱۲۷۳ھ میں حضرت نے انگریزوں کے خلاف شاملی کے جہاد میں شرکت کی، اس تحریک کے ناکام ہونے کے بعد حضرت روپوش ہوگئے، کیونکہ حضرت کے خلاف وارنٹ تھا، پھر ۱۲۷۷ھ میں سفر حج پر تشریف لے گئے اور دوران سفر قرآن کریم حفظ کیا، حرمین شریفین سے واپسی کے بعد میرٹھ میں قیام کیا اور ایک مطبع میں جس کے مالک ممتاز علی خان صاحب تھے تصحیح کتب کا کام کیا۔

جس وقت دیوبند میں حاجی عابد حسین صاحب قدس سرہ نے دارالعلوم کی بنیاد رکھی: حضرت نانوتوی قدس سرہ میرٹھ میں تھے، حضرت کے مشورے سے دارالعلوم دیوبند کی بنیاد ڈالی گئی تھی، اور حضرت اس کی مجلس شوری کے رکن رکین تھے

کچھ زمانہ کے بعد حضرت دیوبند تشریف لائے اور چھتہ کی مسجد میں قیام فرمایا۔ حضرت نانوتویؒ دارالعلوم دیوبند کے مہتمم نہیں رہے۔ اساتذہ کو جب کوئی مشکل پیش آتی تو وہ حضرت سے رجوع کرتے، حضرت نانوتوی قدس سرہ سے: حضرت شیخ الہندؒ نے میرٹھ کے قیام کے زمانہ میں دورہ کی تمام کتابیں پڑھی ہیں۔

④ —— حضرت نانوتوی قدس سرہ: حضرت شاہ عبدالغنی بن شاہ ابی سعید مجددی دہلوی، ثم مدنی قدس سرہ (۱۲۳۵-۱۲۹۶ھ) سے حدیث روایت کرتے ہیں —— حضرت شاہ عبدالغنی صاحب مجددی: حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد بن عبدالاحد سرہندی رحمہ اللہ کے خاندان سے ہیں، جب انگریزی حکومت کا ہندوستان پر پوری طرح تسلط ہوگیا اور تحریک جہاد بالاکوٹ میں ناکام ہوگئی تو انگریزی حکومت نے حضرت کے خلاف وارنٹ جاری کیا، کیونکہ آپ اس تحریک کے پشت پناہ تھے، اس لئے حضرت ۱۲۷۳ھ میں ہجرت کر کے اولاً مکہ مکرمہ تشریف لے گئے، پھر مدینہ منورہ میں فروکش ہوگئے، اور وہیں وفات پائی۔

⑤ —— شاہ عبدالغنی مجددی: حضرت ابوسلیمان محمد اسحاق بن محمد افضل عمری دہلوی ثم مکی رحمہ اللہ (۱۱۹۶-۱۲۶۲ھ) سے روایت کرتے ہیں —— شاہ محمد اسحاق: سراج الہند حضرت شاہ عبدالعزیز بن شاہ ولی اللہ صاحب کے نواسے ہیں، شاہ عبدالعزیزؒ نے ان کو اپنا بیٹا اور نائب بنایا تھا، اور اپنی تمام کتابیں اور گھر وغیرہ انہی کو عطا کر دیا تھا، چنانچہ حضرت اپنے نانا کی جگہ بیٹھ کر طویل عرصہ تک مخلوق خدا کو فیضیاب کرتے رہے، پھر ۱۲۴۰ھ میں سفر حج پر تشریف لے گئے اور شیخ عمر بن عبدالکریم مکیؒ (متوفی ۱۱۴۷ھ) سے اجازت حاصل کی، پھر ہندوستان واپس تشریف لائے، اور دہلی میں سولہ سال تک درس وتدریس میں مشغول رہے، پھر ۱۲۵۸ھ میں مع اہل وعیال مکہ کی طرف ہجرت فرمائی اور وہیں واصل بحق ہوئے، اور جنت المعلی میں حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا کے جوار میں مدفون ہوئے۔

⑥ —— شاہ محمد اسحاقؒ: سراج الہند حضرت شاہ عبدالعزیز بن شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی قدس سرہ (۱۱۵۹-۱۲۳۹ھ) سے روایت کرتے ہیں —— حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب زہد وتقوی، علم وذکاوت، فہم وفراست اور حفظ میں اپنے ہم عصروں میں ممتاز تھے، حضرت کا تاریخی نام غلام حلیم تھا۔ پندرہ سال کی عمر میں فراغت حاصل کی، اور درس وتدریس میں مشغول ہوئے، علماء کی ایک جماعت نے آپ سے استفادہ کیا، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ کی وفات کے وقت آپ کی عمر سولہ سال تھی، والد کے انتقال کے بعد حضرت شاہ صاحب نے شیخ نوراللہ بڈھانوی، شیخ محمد امیر کشمیری، اور شیخ محمد عاشق بن عبیداللہ پھلتی سے جو آپ کے والد کے اجل تلامذہ میں سے تھے استفادہ کیا اور اجازت حاصل کی۔

⑦ —— شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ: مسند الہند شاہ ولی اللہ احمد بن عبدالرحیم عمری دہلوی قدس سرہ (۱۱۱۴-۱۱۷۶ھ) سے روایت کرتے ہیں —— شاہ ولی اللہ صاحبؒ: مُسند الہند ہیں، برصغیر کی حدیث کی تمام سندیں آپ کے واسطہ سے اوپر جاتی ہیں، آپ انتہائی ذہین تھے، سات سال کی عمر میں حافظ قرآن ہوگئے تھے، اور پندرہ سال کی عمر میں تمام

علوم متداولہ سے فارغ ہوگئے تھے،اس کے بعد تقریباً تیرہ سال دہلی میں درس وتدریس میں مشغول رہے، پھر ۱۱۴۳ھ میں حجاز مقدس کا سفر کیا،اور دو سال وہاں رہ کر ہر مکتب فکر کے علماء سے استفادہ کیا،اور اجازتِ حدیث حاصل کر کے دو سال بعد ہندوستان واپس تشریف لائے اور درس وتدریس نیز تصنیف وتالیف میں مشغول ہوئے۔

⑧ ـــــ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ: شیخ ابو طاہر محمد بن ابراہیم بن حسن کُردی کورانی شہرزوری ثم مدنی شافعی رحمہ اللہ (۱۰۸۱-۱۱۵۴ھ) سے حدیث روایت کرتے ہیں۔

⑨ ـــــ شیخ ابوطاہر کردیؒ: اپنے والد شیخ ابواسحاق شہاب الدین ابراہیم بن حسن کردی کورانی شہرزوری ثم مدنی شافعی (۱۰۲۵-۱۱۰۱ھ) سے روایت کرتے ہیں،آپ فقہائے شافعیہ میں درجۂ اجتہاد تک پہنچے ہوئے تھے،اسّی سے زائد کتابوں کے مصنف ہیں۔ان میں سے الأَمَمُ لإيقاظ الْهِمَم طبع ہوگئی ہے۔

⑩ ـــــ شیخ ابراہیم کردی: شیخ ابواسحاق: صفی الدین احمد بن محمد بن یونس دَجانی ، قُشَاشی ، مالکی ثم شافعیؒ (متوفی ۱۰۷۱ھ) سے روایت کرتے ہیں،آپ دَجانی قبیلہ کی طرف منسوب ہیں آپ کے دادا یونس قُدس سے مدینہ منتقل ہوگئے تھے،اور قُشَاشه (کباڑ) بیچتے تھے اس لئے یہ نسبت ہوگئی،آپ ستّر کتابوں کے مصنف ہیں ان میں سے الدرَّةُ الثَّمينة فيما لزائر النبی صلی الله عليه وسلم إلى المدينة طبع ہوگئی ہے۔

⑪ ـــــ قشاشی رحمہ: ابو المواہب احمد بن علی بن عبد القدوس شنّاوی، مصری ثم مدنی (۹۷۵-۱۰۲۸ھ) سے روایت کرتے ہیں،شَنُّو مصر کے غربی حصہ میں ایک دیہات ہے۔

⑫ ـــــ شنّاوی رحمہ اللہ: علامہ شمس الدین محمد بن شہاب الدین احمد بن حمزہ رملی،منوفی،مصری انصاری معروف بہ شافعی صغیر (۹۱۹-۱۰۰۴ھ) سے روایت کرتے ہیں،رملہ: منوفیہ (مصر) کا گاؤں ہے فقہ شافعی میں نهاية المحتاج إلى شرح المنهاج وغیرہ آپ کی متعدد کتابیں ہیں۔

⑬ ـــــ رملی رحمہ اللہ: شیخ الاسلام،قاضی القضاۃ،زین الدین زکریا بن محمد انصاری،قاہری،ازہری شافعی (۸۲۳-۹۲۶ھ) سے روایت کرتے ہیں،آپ کی تفسیر فتح الرحمان اور تحفۃ الباری علی صحیح البخاری وغیرہ کتابیں مطبوعہ ہیں۔

⑭ ـــــ شیخ الاسلام زکریا انصاری رحمہ اللہ: امام الائمہ،حافظ الدنیا ابوالفضل احمد بن علی کنانی عسقلانی ثم قاہری شافعی معروف بہ ابن حجر عسقلانی (۷۷۳-۸۵۲ھ) سے روایت کرتے ہیں،فتح الباری شرح بخاری،تہذیب التہذیب اور نخبۃ الفکر وغیرہ کتابوں کے مصنف ہیں اور علمی دنیا کی معروف شخصیت ہیں۔

⑮ ـــــ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ: مسند القاہرہ شیخ ابراہیم بن احمد بن عبد الواحد تنُّوخی ، بَعْلی،ثم شامی ثم قاہری (۷۱۰-۸۰۰ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑯ ـــــ تنوخی رحمہ اللہ: شہاب الدین ابوالعباس احمد بن طالب مقرنی ثم صالحی (۶۲۳-۷۳۰ھ) سے روایت

کرتے ہیں، آپ نے ایک سوسات سال کی عمر میں وفات پائی، اور وفات کے دن بھی صحیح بخاری کا سبق پڑھایا۔

⑰ ـــــ شیخ شہاب الدین: ابوعلی حسین بن مبارک زَبِیْدی ثم بغدادی حنفی (۵۴۶-۶۳۱ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑱ ـــــ شیخ ابوعلی: شیخ عبدالاول بن عیسیٰ بن شعیب سِجْزی ہروی (۴۵۸-۵۵۳ھ) سے روایت کرتے ہیں، سِجزی: سیستان کی طرف نسبت ہے۔

⑲ ـــــ شیخ سجزیؒ: ابوالحسن عبدالرحمٰن بن محمد بن مظفر داؤدی بُوسنجی (۳۷۴-۴۶۴ھ) سے روایت کرتے ہیں۔ بُوسَنج: ہرات کے مضافات میں ایک گاؤں ہے، آپ نے ۳۸۱ھ میں ابن حَمُّویہ سے بخاری شریف پڑھی ہے۔

⑳ ـــــ داؤدی رحمہ اللہ: ابومحمد عبد اللہ بن احمد بن حَمُّویہ، حموی، سرخسی (۲۹۳-۳۸۱ھ) سے روایت کرتے ہیں، آپ نے ۳۱۶ھ میں فربریؒ سے بخاری شریف سنی ہے۔

㉑ ـــــ ابن حَمُّویۃ رحمہ اللہ: ابوعبداللہ محمد بن یوسف بن مطر، فربری رحمہ اللہ (۲۳۱-۳۲۰ھ) سے روایت کرتے ہیں، فِرَبْر: بخارا کے مضافات میں ایک گاؤں ہے۔

㉒ ـــــ فِرَبْری رحمہ اللہ: حضرت امام بخاری رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں ـــــ امام بخاری رحمہ اللہ سے بخاری شریف نوے ہزار تلامذہ نے سنی ہے، لیکن سب کی سندیں منقطع ہوگئیں، صرف فربری رحمہ اللہ کی سند باقی ہے، انھوں نے بخاری شریف امام بخاریؒ کے وفات والے سال عنفوان شباب میں پڑھی ہے۔

اجازتِ حدیث کے لئے تین شرطیں:

اس کے بعد ایک خاص بات یاد رکھنی چاہئے۔ حدیث کی اجازت تین شرطوں کے ساتھ دی جاتی ہے، جب یہ شرطیں پائی جائیں گی اجازت ہوگی ورنہ نہیں:

پہلی شرط: طالب علم نے استاذ کے سامنے حدیث پڑھی ہو یا سنی ہو، اگر اس نے نہ حدیث پڑھی نہ سنی، غیر حاضر تھا یا بیٹھا ہوا سوتا رہا تو اس کو اجازت نہ ہوگی۔

دوسری شرط: وہ حدیث کو سمجھا بھی ہو، جو حدیث کو نہیں سمجھا اس کو اجازت نہ ہوگی۔

تیسری شرط: تَثَبُّت یعنی حدیث کا مضبوط یاد ہونا، اور پوری احتیاط کے ساتھ آگے بیان کرنا۔

لہٰذا طلباء کو سبق میں پابندی سے حاضر رہنا چاہئے، کوئی حدیث پڑھنے سے یا سننے سے رہ نہ جائے، اور خوب توجہ سے حدیث کو سمجھنا چاہئے اور آئندہ حدیث بیان کرتے وقت پوری احتیاط سے کام لینا چاہئے۔ اور یہ پڑھنا ہی اجازت ہے۔ تصدِّی للإقراء (استاذ کا پڑھانے کے لئے بیٹھنا) ہی اجازت ہوتی ہے، سال کے آخر میں مستقل اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اور اوائل کتب پڑھ کر جو اجازت دی جاتی ہے وہ کاملین کو دی جاتی ہے، ہر کسی کو نہیں دی جاتی، چنانچہ دارالعلوم کی سند میں بھی حدیث کی اجازت نہیں دی جاتی، صرف یہ لکھا جاتا ہے کہ اس فاضل نے حدیث کی یہ یہ کتابیں پڑھی ہیں اور بس۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باٰبٌ: کیفَ کَانَ بَدْءُ الوَحْیِ إلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وحی کی تاریخ

بَدءٌ: کے لغوی معنی ہیں: ابتداء، آغاز، اس باب میں پانچ حدیثیں ہیں، بعض حضرات نے ان کو سات بنایا ہے، ان میں سے صرف تیسری حدیث میں آغاز وحی کا بیان ہے، باقی حدیثوں میں ابتداء وحی کا بیان نہیں، اس لئے یہ اشکال ہوسکتا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ اس باب میں دوسری حدیثیں کیوں لائے ہیں؟

جواب: بدءٌ خاص اصطلاح ہے، امام بخاریؒ اور امام ترمذیؒ کے نزدیک بَدأٌ کے معنی ہیں: تاریخ، احوال: از ابتداء تا انتہاء، باب بدأ الحیض میں بھی یہی معنی ہیں: یعنی حیض کے احوال: از ابتداء تا انتہاء۔ باب بدأ الأذان میں بھی یہی معنی ہیں: اذان کے احوال: از ابتداء تا انتہاء پس بدأ الوحی کے معنی ہیں: وحی کے احوال: شروع سے آخر تک، اب سب حدیثیں باب سے منطبق ہوجائیں گی، کوئی بے جوڑ نہیں رہے گی، کیونکہ الگ الگ روایات میں وحی کے الگ الگ احوال مذکور ہیں۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ سورۃ النساء کی آیت (۱۶۳) لائے ہیں: ﴿إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَى نُوْحٍ وَالنَّبِيِّيْنَ مِنْ بَعْدِهِ﴾ یہ آیت لکھ کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ وحی غیر متلو نبی ﷺ کی خصوصیت نہیں، ایسی وحی گذشتہ نبیوں پر بھی آتی رہی ہے۔ انبیاء علیہم السلام ٹیپ ریکارڈ کی مثال نہیں ہیں کہ جو کچھ اس میں بھر دیا گیا وہی بولتا ہے، انبیاء تو سب سے زیادہ ذہین ہوتے ہیں، وہ وحی کی تبیین وتشریح کرتے ہیں، اور ان کی وضاحتیں بھی وحی ہوتی ہیں۔

حدیث: علقمۃ بن وقاص لیثی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو منبر پر یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اعمال کا نیتوں سے موازنہ کیا ہوا ہے، اور انسان کے لئے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی ہے، یعنی عمل کا ثمرہ نیت پر مرتب ہوتا ہے، مثلاً: جس نے دنیا کمانے کے لئے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لئے ہجرت کی تو اس کی ہجرت اسی چیز کے لئے ہے، جس کی اس نے نیت کی ہے، یعنی اس کی ہجرت لاحاصل ہے، اس کا کوئی ثواب نہیں ملے گا۔

تشریح: اس حدیث کے ضمن میں چند باتیں جاننی چاہئیں:

پہلی بات: یہ حدیث بہت اہم ہے اور اپنے جلو میں ایک اصولی ہدایت لئے ہوئے ہے۔ امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے پانچ لاکھ حدیثوں میں سے چار حدیثیں ایسی منتخب کی ہیں جو دین کا خلاصہ ہیں:

پہلی حدیث: إنما الأعمال بالنیات ہے۔ یعنی اعمال کی قبولیت وعدم قبولیت کا مدار صحیح اور فاسد نیت پر ہے، ہر عمل کرنے والے کو اس کی نیت کے مطابق صلہ ملتا ہے، صحیح نیت ہے تو ثواب ملتا ہے، مباح نیت ہے تو عمل لاحاصل رہتا ہے، اور بری نیت ہے تو گنہ ہوتا ہے۔ مثلاً ہجرت ایک عمل ہے، اگر ہجرت کرنے والی کی نیت صحیح ہے تو اس کی ہجرت مقبول ہے، ورنہ اس کی ہجرت کا کوئی ثواب نہیں۔

دوسری حدیث: مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْأِ تَرْکُه مالا یَعْنِیْه: آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ لایعنی باتوں سے پرہیز کرے، بےکار باتوں میں وقت ضائع نہ کرے، یہ بہترین مسلمان ہے۔

تیسری حدیث: لایکون المُؤْمنُ مؤمناً حتّٰی یَرضٰی لأخیه ما یَرضاه لِنَفْسِه: آدمی مؤمن اس وقت ہوتا ہے جب وہ اپنے بھائی (مسلمان) کے لئے وہی بات پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

چوتھی حدیث: الحلالُ بَیِّنٌ والحرامُ بَیِّنٌ: یعنی مؤمن کا مزاج یہ بن جانا چاہئے کہ وہ محتاط زندگی گذارے، فرمایا: حلال واضح ہے پس اس کو بے تکلف اختیار کرو، اور حرام بھی واضح ہے پس اس کے قریب بھی مت جاؤ، اور دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ امور ہیں جن کے بارے میں بہت سے لوگ نہیں جانتے کہ وہ حلال ہیں یا حرام؟ ایسی مشتبہ چیزوں کے بارے میں مؤمن کا مزاج یہ ہونا چاہئے کہ اس سے بچے جب تک جائز ہونا واضح نہ ہوجائے۔ اسی صورت میں آدمی کا دین اور اس کی عزت محفوظ رہے گی (تفصیل کے لئے دیکھیں: تحفۃ الالمعی ۴: ۱۰۳)

دوسری بات: إنما الأعمال بالنیات: میں إنما کلمۂ حصر ہے، اس کے بعد ہمیشہ مبتداء خبر آتے ہیں۔ اعمال: مبتداء ہے اور بالنیات: ظرف مستقر ہوکر خبر ہے —— جار مجرور کا متعلَّق (اسم مفعول) لفظوں میں مذکور ہو تو اس کو ظرفِ لغو کہتے ہیں اور محذوف ہو تو وہ ظرف مستقر ہے —— اور متعلَّق: یا تو فعل ہوتا ہے یا شبہ فعل، اسم میں متعلق بننے کی صلاحیت نہیں ہوتی، پس جار مجرور اعمال سے متعلق نہیں ہوسکتے —— جار مجرور متعلِّق (بکسر اللام) ہیں اور وہ جس کے ساتھ جڑتے ہیں وہ متعلَّق (بفتح اللام) ہے —— حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری (۱: ۱۳) میں متعدد متعلق پوشیدہ مانے ہیں، فرماتے ہیں: ولابد من محذوف یتعلق به الجار والمجرور، فقیل: تُعتبر، وقیل تُکمل، وقیل: تصح، وقیل: تحصل، وقیل: تستقر: میرے نزدیک ان میں راجح فعل: تُعتبَرُ یا اسم مفعول: مُعْتَبَرۃ ہے، پس تقدیر عبارت: الأعمال تُعْتَبَر بالنیات، یا الأعمال مُعْتَبَرۃ بالنیات ہے۔

لفظ اعتبار قرآن میں بھی آیا ہے ﴿فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَارُ اور الفوز الکبیر میں آپ نے 'فن اعتبار' پڑھا ہے،

اعتبار کے معنی ہیں: موازنہ کرنا، اندازہ کرنا، جیسے کفش دوز جوتے کی تلی چمڑے پر رکھ کر اس کے برابر کاٹتا ہے، یہی اعتبار (موازنہ کرنا) ہے اور یہ قیاس نہیں ہے بلکہ قیاس کی ایک خاص نوعیت ہے۔ پس نبی پاک ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن اعمال کا نیتوں کے ساتھ موازنہ کیا جائے گا، اعمال کو نیتوں سے ملا کر دیکھا جائے گا، مگر بات ابھی واضح نہیں ہوئی اس لئے فرمایا: وإنما لکل امرئ مانوی: یہاں بھی إنما کلمۂ حصر ہے، پس اس کے بعد مبتداء خبر ہونگے، اور لکل امرئ: خبر مقدم ہے اور مانوی: مبتداء مؤخر، یعنی ہر شخص نے جیسی نیت کی ہے ویسا ہی اس کو بدلہ ملے گا، یہ پہلے ہی جملہ کی شرح ہے اس میں کوئی نئی بات نہیں۔

مگر بات اب بھی واضح نہیں ہوئی، اس لئے آپؐ نے اس کو ایک مثال سے سمجھایا، مثال سے معنویات محسوسات بن جاتے ہیں۔ جس وقت آنحضور ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے ہجرت کا عمل جاری تھا، ہجرت کر کے لوگ مدینہ شریف آرہے تھے، چنانچہ نبی ﷺ نے ہجرت کی مثال بیان فرمائی کہ تین شخص ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے، ایک: اس لئے آیا کہ ابھی اسلام کا پودا جما نہیں، اس کی آبیاری کی ضرورت ہے، دشمنوں سے اس کی حفاظت ضروری ہے، اس نے سوچا: اگر میں وطن میں رہا تو اسلام کی کوئی خدمت نہیں کرسکوں گا۔ اس لئے وہ وطن چھوڑ کر مدینہ منورہ آگیا تاکہ اسلام کی خدمت کرسکے۔

دوسرا شخص اس لئے ہجرت کر کے آیا کہ اس کی گاؤں میں پرچون کی دکان تھی، گاؤں میں سے لوگ ہجرت کر کے مدینہ جارہے ہیں، اور گاؤں کی آبادی گھٹ رہی ہے، اس لئے اس کی دکان پھیکی پڑ گئی، اس نے سوچا: مدینہ کی آبادی بڑھ رہی ہے اگر میں اپنی دکان وہاں لے جاؤں تو خوب چلے گی، میلے ٹھیلے میں لوگ اسی لئے دکانیں لگاتے ہیں کہ وہاں لوگ زیادہ جمع ہوتے ہیں۔ اور بکری خوب ہوتی ہے، چنانچہ اس شخص نے اسی نیت سے ہجرت کی۔

تیسرا شخص ایک عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے، وہ عورت مسلمان ہو کر مدینہ جا چکی ہے، اس لئے اس نے سوچا: میں بھی ہجرت کر کے مدینہ چلا جاؤں تاکہ اس عورت سے نکاح ہوسکے، چنانچہ وہ بھی ہجرت کر کے مدینہ چلا آیا۔

آنحضور ﷺ نے فرمایا: پہلا شخص جس نے دینی مقصد سے ہجرت کی ہے اس کی ہجرت اللہ و رسول کی طرف ہے، اس کو ہجرت پر اجر و ثواب ملے گا، اور دوسرے اور تیسرے بندوں کی ہجرت دنیوی مقاصد سے ہے اس لئے ان کو کوئی اجر و ثواب نہیں ملے گا۔

فائدہ (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے ام قیسؓ نامی عورت کے پاس شادی کا پیغام بھیجا، ام قیسؓ نے شرط لگائی کہ وہ مدینہ ہجرت کر کے آجائے تو شادی ہوسکتی ہے، چنانچہ وہ شخص ہجرت کر کے مدینہ آگیا اور مہاجر ام قیسؓ کے نام سے مشہور ہوگیا (اصابہ تراجم نساء ترجمہ ۱۴۵۹)

فائدہ (۲): آنحضور ﷺ نے جو مثالیں دی ہیں وہ مباح مقاصد سے ہجرت کی مثالیں ہیں، ناجائز مقصد سے بھی ہجرت ہوسکتی ہے، آپؐ نے قاعدہ کلیہ بیان فرمایا ہے: **فهجرته إلى ما هاجر إليه:** یہ قاعدہ مباحات کے ساتھ خاص

نہیں، پس اگر کوئی چوری کی نیت سے مسجد میں یا حج کے لئے جائے تو وہ گنہ گار ہوگا، بلکہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک وہ شرعی رخصتوں (قصر وافطار وغیرہ) کا مستحق نہیں ہوگا۔

تیسری بات: اس حدیث کے تحت صرف عبادتیں اور مباحات آتے ہیں، معاصی اس حدیث کے تحت نہیں آتے، پس یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے کہ جب اعمال کا مدار نیتوں پر ہے تو اگر کوئی برا کام اچھی نیت سے کرے تو اس کو اس پر بھی ثواب ملنا چاہئے۔ مثلاً ایک شخص اس نیت سے چوری کرتا ہے یا ڈاکہ مارتا ہے کہ جو مال حاصل ہوگا اس سے غریبوں اور مسکینوں کی مدد کرے گا۔ یہ شخص ثواب کا مستحق ہونا چاہئے، یہ سوچنا غلط ہے اس لئے کہ جو کام فی نفسہ برے ہیں اور جن سے اللہ ورسول نے منع کیا ہے وہ اچھی نیت سے نیک نہیں بن سکتے۔ وہ بہر حال قبیح ہونگے۔ اس حدیث کا منشا صرف یہ سمجھانا ہے کہ اعمال صالحہ اگر بری نیت سے کئے جائیں تو وہ اعمال صالحہ نہیں رہیں گے، بری نیت کی وجہ سے برے ہو جائیں گے جیسے کوئی شخص خشوع وخضوع سے نماز پڑھتا ہے تاکہ لوگ اس کو بزرگ سمجھیں تو یہ ریاکاری ہے، حدیث میں اس کو شرک قرار دیا ہے۔

چوتھی بات: عبادات کی دو قسمیں ہیں: مقصودہ اور غیر مقصودہ، عباداتِ مقصودہ جیسے نماز، روزہ وغیرہ یہ عبادتیں اس حدیث کے تحت بالاتفاق آتی ہیں، اور عباداتِ غیر مقصودہ جیسے وضو اور غسل اس حدیث کے تحت آتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک وہ بھی اس حدیث کے تحت آتے ہیں، چنانچہ ان کے نزدیک عبادت غیر مقصودہ کے لئے بھی نیت ضروری ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نہیں آتے اس لئے ان کے نزدیک عبادت غیر مقصودہ کے لئے نیت ضروری نہیں۔

یہاں دو اہم سوال ہیں:

پہلا سوال یہ ہے کہ باب کے شروع میں حدیث **إنما الأعمال بالنیات** کیوں لائے؟ وحی سے اس کا کیا تعلق ہے؟

دوسرا سوال یہ ہے کہ حدیث مختصر کرکے کیوں لائے؟ **فمن کانت ھجرتہ إلی اللہ ورسولہ فھجرتہ إلی اللہ ورسولہ**: کو کیوں چھوڑ دیا؟ یہ حدیث بخاری شریف میں سات جگہ آئی ہے، اس جگہ کے علاوہ سب جگہ مکمل ہے، صرف اسی ایک جگہ مختصر کیوں لائے ہیں؟

پہلے سوال کا ایک مشہور جواب: یہ ہے کہ شروع میں یہ حدیث لاکر امام بخاری رحمہ اللہ نے طالب علموں کو نصیحت کی ہے کہ اچھی نیت سے پڑھو، اگر حُسن نیت کے ساتھ علم حاصل کروگے تو ثواب ملے گا ورنہ دھوبی کا کتّا نہ گھر کا رہے گا نہ گھاٹ کا!

علم دین حاصل کرنا بڑی عبادت ہے، جہاد کے درجہ کی عبادت ہے، حدیث میں ہے: **مَن خَرَجَ فی طَلَبِ العلم فھو فی سبیل اللہ حتی یَرْجِعَ**: (مشکوٰۃ حدیث ۲۲۰) پس اگر اخلاص کے ساتھ یعنی اللہ کی خوشنودی کے لئے پڑھوگے تو

جس ثواب کا وعدہ ہے وہ ملے گا، ورنہ محنت رائگاں جائے گی۔

یہ جواب عام طور پر دیا جاتا ہے مگر فٹ نہیں بیٹھتا۔ مشکوۃ میں تو یہ توجیہ ٹھیک ہے، کیونکہ صاحب مشکوۃ نے خطبہ کے بعد باب سے پہلے یہ حدیث ذکر کی ہے، اگر امام بخاریؒ بھی بسم اللہ لکھ کر فوراً یہ حدیث ذکر کرتے، پھر باب قائم کرتے تو توجیہ صحیح ہوتی، لیکن یہاں تو نقشہ ہی دوسرا ہے، پہلے باب قائم کیا ہے، پھر آیتِ کریمہ لکھی ہے پھر یہ حدیث لائے ہیں۔

اس لئے صحیح جواب یہ ہے کہ یہ حدیث وحی کے بیان سے تعلق رکھتی ہے اور وحی کا بیان شروع کرنے سے پہلے استدراک (کسی امر کی تلافی) کے طور پر لائے ہیں۔ اور وہ یہ ہے کہ وحی کی دو قسمیں ہیں: وحی ربانی اور وحی شیطانی، حجت وحی ربانی ہے، وحی شیطانی حجت نہیں۔ جیسے ہجرت کی دو قسمیں ہیں: اللہ و رسول کی طرف ہجرت، اور دنیا طلبی کے لئے ہجرت۔ اول دینی عمل ہے اور ثانی دینی عمل نہیں، اسی طرح وحی کی بھی دو قسمیں ہیں اور حجت وحی ربانی ہے وحی شیطانی نہیں، اور اسی کی طرف اشارہ کرنے کے لئے حدیث کا ایک جز حذف کیا ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ سورۃ النساء کی آیت (۱۶۲) جو امام بخاری رحمہ اللہ نے لکھی ہے اس میں وحی ربانی کا بیان ہے جو معتبر اور حجت ہے، پھر اس کے بعد امام بخاریؒ حدیث شریف کا صرف وہی جز لائے ہیں جس میں غیر معتبر ہجرت کا بیان ہے۔ اب قاری کے لئے لمحۂ فکر پیدا ہوگا، وہ سوچے گا: آخر ایک ہی ٹکڑا کیوں لائے، دوسرا ٹکڑا حذف کیوں کیا، ہر جگہ حدیث پوری لائے ہیں پھر یہاں ایک ٹکڑا حذف کیوں کیا؟ یہ تو کہہ نہیں سکتے کہ امام بخاری رحمہ اللہ سے ان کے استاذ حمیدیؒ نے ادھوری حدیث بیان کی ہوگی، کیونکہ مُسند حمیدی میں یہ حدیث پوری ہے، اس لئے لامحالہ قاری کے لئے لمحۂ فکر پیدا ہوگا، وہ سوچے گا کہ یہاں حدیث مختصر کرنے کی کوئی وجہ ہونی چاہئے۔ وہ سوچتے سوچتے اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ جس طرح ہجرت کی ایک قسم معتبر ہے اور ایک غیر معتبر، اسی طرح وحی کی بھی دو قسمیں ہونی چاہئیں معتبر اور غیر معتبر، اور وحی ربانی کا معتبر (حجت) ہونا قرآن سے ثابت ہے پس دوسری قسم وحی شیطانی ہوگی، جو غیر معتبر ہے۔

سوال: اگر کوئی پوچھے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے معتبر ہجرت والا جز کیوں حذف کیا؟ غیر مقبول ہجرت والا جز بھی تو حذف کر سکتے تھے؟

جواب: اس کی وجہ معلوم نہیں، اگر امام بخاریؒ آپ کے خیال کے مطابق کرتے تب بھی آپ یہی سوال اٹھاتے، جیسے سورۃ المدثر میں ہے: ﴿عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ﴾ جہنم پر انیس فرشتے ہیں، طلبہ پوچھتے ہیں: انیس کیوں ہیں؟ استاذ جواب دیتا ہے: اٹھارہ ہوتے تب بھی تو یہی پوچھتا۔ اور بیس ہوتے تب بھی تیرا یہی سوال ہوتا۔ اصل جواب یہ ہے کہ خلقت خداوندی کی حکمتیں خدا ہی جانتے ہیں، تو بتا تیرے دو پیر کیوں ہیں؟ اور جانوروں کے چار پیر کیوں ہیں؟ اس کا جواب یہی ہے نا کہ خالق ہی اس کی حکمت جانتے ہیں۔ اسی طرح یہاں بھی جواب یہ ہے کہ امام بخاری ہی جانتے ہیں کہ انھوں نے یہ جزء کیوں حذف کیا ہے؟ میں اس کی کوئی وجہ نہیں پا سکا ہوں۔ واللہ اعلم

انسانوں میں بھی شیطان ہوتے ہیں:

جاننا چاہئے کہ جس طرح جنات میں شیطان ہوتے ہیں، انسانوں میں بھی شیطان ہوتے ہیں، ارشاد پاک ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيَاطِيْنَ الإِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا﴾ (سورۃ الانعام آیت ۱۱۲) ترجمہ: اوراسی طرح بنایا ہم نے ہر نبی کے لئے دشمن انسانوں میں سے شیاطین (شریروں) کواور جناتوں میں سے شیاطین (شریروں) کو جوسکھلاتے ہیں ایک دوسرے کوملمع کی ہوئی باتیں فریب دینے کے لئے۔ اس آیت سے دو باتیں معلوم ہوئیں: ایک: یہ کہ شیاطین صرف جنات میں نہیں ہوتے، انسانوں میں بھی ہوتے ہیں، دوسری یہ کہ شیطان بھی وحی کرتے ہیں۔

ایک واقعہ: تحفظ ختم نبوت والوں نے ایک قصہ گھڑا ہے جس سے بات سمجھنے میں مدد ملے گی۔ ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء کی حاضری لی، جب حاضری لے چکے تو دیکھا کہ ایک کونے میں ایک لمبی ڈاڑھی والا بڈھا اور ایک کانا، بھدّا بیٹھے ہیں۔ جن کا نام رجسٹر میں نہیں ہے ان سے پوچھا: تم کون ہو؟ تمہارا نام تو رجسٹر میں نہیں؟ لمبی ڈاڑھی والا بولا: پروردگار عالم! آپ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء بھیجے جو میری چھاتی پر مونگ دلتے رہے، میں نے سب کو برداشت کیا، اس ایک کو میں نے مبعوث کیا ہے، آپ اس کو برداشت نہیں کرسکتے؟ اس کا نام رجسٹر میں نہیں لکھ سکتے؟ لمبی ڈاڑھی والا شیطان تھا، اور کانا بھدّا مرزا غلام احمد قادیانی تھا۔

اس لطیفہ سے صرف اتنی بات سمجھانی ہے کہ شیطان بھی نبی مبعوث کرتا ہے، اور وہ بھی وحی بھیجتا ہے، غلام احمد قادیانی کے یہاں ایک حکیم نورالدین بھیروی تھا، قادیانی کو سب مواد وہی فراہم کرتا تھا اور قادیانی دھڑا دھڑ کتابیں لکھتا تھا، یہ انسانی شیطان تھا، پھر اس کے پیچھے برٹش گورنمنٹ تھی پھر اس کے پیچھے سب کا مہا گرو ابلیس تھا، یہ شیاطین کا سلسلہ تھا جو باہم ایک دوسرے کو وحی کرتے تھے۔

غرض: وحی اللہ کی طرف سے بھی آتی ہے اور شیاطین کی طرف سے بھی، حجت اور معتبر صرف وحی الٰہی ہے، وحی شیطانی نہ حجت ہے نہ معتبر!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

١- بَابٌ كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الْوَحْيِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ﴿إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلٰى نُوْحٍ وَالنَّبِيِّيْنَ مِنْ بَعْدِهِ﴾ [النساء ١٦٣]

[١-] حدثنا الحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حدثنا يَحيىَ بْنُ سَعِيْدٍ الأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُحمدُ

ابْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رضى الله عنه عَلَى الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلٰى دُنْيَا يُصِيْبُهَا، أَوْ إِلٰى امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا: فَهِجْرَتُهُ إِلٰى مَاهَاجَرَ إِلَيْهِ.

[انظر: ٥٤، ٢٥٢٩، ٣٨٩٨، ٥٠٧٠، ٦٦٨٩، ٦٩٥٣]

ترجمہ: (امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:) ہم سے حمیدیؒ نے حدیث بیان کی، وہ کہتے ہیں: ہم سے سفیان بن عیینہؒ نے حدیث بیان کی، وہ کہتے ہیں: ہم سے یحییٰ بن سعید انصاریؒ نے حدیث بیان کی، وہ کہتے ہیں: مجھے محمد بن ابراہیم تیمیؒ نے خبر دی، انھوں نے علقمہ بن وقاص لیثی رحمہ اللہ کو کہتے ہوئے سنا کہ میں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو منبر پر کہتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: (سند کا ترجمہ سب جگہ اسی طرح کریں گے اور حدیث کا ترجمہ اوپر آچکا)

تشریح:

۱- ایک حدیث ہے جس کو عام طور پر لوگ تین حدیثیں سمجھتے ہیں، اور تین نہیں تو دو تو سمجھتے ہی ہیں، حالانکہ وہ ایک حدیث ہے، مختلف طرق سے اس کے مختلف الفاظ آئے ہیں، وہ روایت یہ ہے: کل أمرٍ ذی بال لم يُبْدَأ ببسم الله فهو أقطع: کسی طریق میں بسم اللہ ہے، کسی میں حمد للہ ہے اور کسی میں ذکر اللہ ہے، یہ الگ الگ روایتیں نہیں ہیں، ایک ہی روایت ہے، پس جب کوئی اہم کام بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کردیا جائے تو تینوں روایتوں پر عمل ہوگیا، بسم اللہ والی روایت پر تو عمل ظاہر ہے، اور الرحمن الرحیم اللہ کی تعریف ہے، اور پوری بسم اللہ اللہ کا ذکر ہے، اس لئے اہم کام بسم اللہ سے شروع کرنا کافی ہے، نبی ﷺ نے جتنے خطوط یا معاہدے لکھوائے ہیں سب میں صرف بسم اللہ ہے، اسی وجہ سے حدیث شریف کی اکثر کتابیں بشمول بخاری شریف صرف بسم اللہ سے شروع کی گئی ہیں۔

۲- امام بخاری رحمہ اللہ نے باب کے بعد فوراً سورۃ النساء کی آیت (۱۶۲) لکھی ہے اور مختصر لکھی ہے، اور صرف اتنی ہی آیت مراد نہیں، بلکہ یہ مضمون دور تک چلا گیا ہے وہ پورا مضمون مراد ہے۔ ان آیات مبارکہ کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام سے آخری پیغمبر ﷺ تک جتنے انبیاء آئے ہیں سب کے پاس وحی آئی ہے۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام سے پہلے بھی نبی ہوئے ہیں، حضرت آدم علیہ السلام پہلے نبی ہیں، پھر شیث علیہ السلام نبی ہوئے ہیں، پھر ایک روایت کے مطابق ادریس علیہ السلام نبی ہوئے ہیں، ان انبیاء کے پاس بھی وحی آئی ہے پھر ان کا تذکرہ کیوں نہیں کیا؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام اول الرسل ہیں، ان سے پہلے جو حضرات گذرے ہیں وہ صرف انبیاء تھے، رسول

نہیں تھے، اس لئے تشبیہ تام اس وقت ہوگی جب نوح علیہ السلام کا ذکر کیا جائے۔

نبی اور رسول میں انسانوں کی بہ نسبت عام خاص مطلق کی نسبت ہے، نبی عام ہے اور رسول خاص، تمام وہ برگزیدہ شخصیتیں جن کے پاس اللہ کے یہاں سے کتاب اور شریعت آئی ہے وہ رسول ہیں، اور جو صرف تبلیغ کے لئے مبعوث ہوئے ہیں، ان کو کوئی مستقل کتاب اور شریعت نہیں دی گئی وہ نبی ہیں، اور فرشتوں کو بھی شامل کرلیا جائے تو من وجہٍ کی نسبت ہوگی۔ انسان نبی اور فرشتہ رسول مادۂ افتراقی ہیں، اول صرف نبی ہے اور ثانی صرف رسول۔ اور مادۂ اجتماعی انسان رسول ہیں وہ نبی بھی ہیں اور رسول بھی۔

غرض حضرت نوح علیہ السلام اول الرسل ہیں، اور آنحضور ﷺ بھی رسول ہیں، لہٰذا جہاں سے رسولوں کا سلسلہ شروع ہوا ان کے ساتھ تشبیہ دی ہے، حضرت نوح علیہ السلام کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام رسول ہوئے ہیں، اس لئے فرمایا: ﴿وَأَوْحَيْنَا إِلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِيْلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ﴾: اور ہم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس بھی وحی بھیجی اور حضرت اسماعیل، حضرت اسحاق، حضرت یعقوب علیہم السلام اور ان کی اولاد کے پاس بھی، مثلاً حضرت عیسیٰ، حضرت ایوب، حضرت یونس، حضرت ہارون اور حضرت سلیمان علیہم السلام۔ پھر فرمایا: ﴿وَآتَيْنَا دَاوُدَ زَبُوْرًا﴾: اور ہم نے حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد میں سے حضرت داؤد علیہ السلام کو زبور عطا فرمائی۔ ﴿وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ﴾ اور ہم نے وہ رسول بھیجے جن کے احوال ہم نے آپ کو اس سے پہلے سنائے اور ایسے رسول بھی جن کے احوال ہم نے آپ کو نہیں سنائے، کیونکہ تمام انبیاء ورسل کا تذکرہ قرآن کریم میں نہیں ہے۔ قرآن کریم میں صرف پچیس انبیاء ورسل کا ذکر ہے، اس لئے کہ قرآنِ کریم کے اولین مخاطب انہی شخصیتوں سے واقف تھے، دیگر انبیاء ورسل کو وہ نہیں جانتے تھے۔ پس اگر ان کے نام لئے جاتے تو قرآن ان کے لئے ایک چیستاں بن جاتا، قرآن کوئی تاریخی کتاب نہیں ہے، بلکہ کتاب ہدایت ہے، اس لئے پوری توجہ ہدایت پر مرکوز رہنی چاہئے، پھر فرمایا: ﴿وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا﴾ اور اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے رو در رو یعنی بلا واسطہ کلام کیا ﴿تَكْلِيْمًا﴾ مفعول مطلق ہے لہٰذا کَلَّمَ کے مجازی معنی: وحی بھیجنا مراد نہیں لیں گے، اس لئے کہ مفعول مطلق تاکید کے لئے آتا ہے۔ یہ سب وحیاں کیوں بھیجی گئیں؟ فرمایا: ﴿رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ﴾: بھیجے ہم نے پیغمبر خوشخبری اور ڈر سنانے والے تاکہ انبیاء کے آجانے کے بعد لوگوں کے لئے اللہ پر کوئی دلیل باقی نہ رہے، یعنی اللہ نے پیغمبروں کو اس لئے بھیجا تاکہ مؤمنین کو خوشخبری سنائیں اور کافروں کو ڈرائیں، اور لوگوں کے لئے قیامت کے دن یہ بہانہ بنانے کا موقع نہ رہے کہ پروردگار عالم! ہم کو آپ کی مرضی اور غیر مرضی معلوم نہیں تھی، اگر معلوم ہوجاتی تو ہم ضرور اس پر چلتے ﴿وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا﴾ اور اللہ زبردست حکمت والے ہیں۔

غرض: یہاں تک سب آیتیں مراد ہیں، پس آیتوں کا حاصل یہ ہے کہ میرے پاس جو اللہ کے یہاں سے وحی آتی

ہے وہ کوئی نیا سلسلہ نہیں ﴿قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ﴾: آپ لوگوں سے کہہ دیں کہ میں کوئی انوکھا رسول نہیں ہوں، رسولوں کا ایک سلسلہ ہے اور میں اس کی آخری کڑی ہوں۔

سوال: جب حدیث کے ذریعہ وحی کی دو قسمیں کرنی ہے تو پھر حدیث پہلے لکھنی چاہئے اور آیت بعد میں؟

جواب: بات صحیح ہے لیکن کلام اللہ کا حق ہے کہ آیت پہلے لکھی جائے، اور امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ بھی یہی ہے، وہ ہر کتاب کے شروع میں آیات لکھتے ہیں، اور یہاں باب بمنزلہ کتاب ہے۔

جیسے نماز میں چار حالتیں ہیں: قیام، رکوع، سجدہ اور قعدہ، قراءت کے لئے قیام خاص کیا ہے اور رکوع وسجود میں قراءت کی ممانعت کی ہے، اس کی وجہ شاہ ولی اللہ صاحب نے یہ بیان فرمائی ہے کہ قیام اشرف حالت ہے، اس لئے قرآن کا حق ہے کہ نماز میں جو بہتر حالت ہے اس میں قراءت کی جائے، اسی طرح حدیث پہلے لانی چاہئے تھی مگر کلام اللہ کے حق کا خیال کر کے آیت پہلے لکھی ہے۔

۳- اس حدیث کو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے علقمہ بن وقاص لیثی رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں، پھر ان سے محمد بن ابراہیم تیمیؒ روایت کرتے ہیں، پھر ان سے یحییٰ بن سعید انصاریؒ روایت کرتے ہیں (ایک دوسرے راوی یحییٰ بن سعید القطانؒ ہیں وہ بعد کے ہیں) یہ تینوں حضرات تابعی ہیں، اور یحییٰ انصاریؒ تک حدیث کی یہی ایک سند ہے البتہ حضرت عمرؓ کے علاوہ دیگر صحابہ سے بھی یہ حدیث مروی ہے مگر ان کی سندیں الگ ہیں، حضرت عمرؓ تک پہنچنے والی یہی ایک سند ہے، پھر یحییٰ انصاریؒ سے بہت سے تلامذہ نے یہ حدیث روایت کی ہے۔

غرض اس حدیث کی آدھی سند غریب ہے مگر اس سے حدیث پر کوئی اثر نہیں پڑتا کیوں کہ یہ حدیث حضرت عمرؓ کے علاوہ دیگر صحابہ سے بھی مروی ہے۔

وحی کی صورتیں (۱)

وحی کا بیان سورۃ الشوریٰ آیت (۵۱) میں آیا ہے اس لئے پہلے وہ آیت سمجھنی چاہئے: ارشاد پاک ہے: ﴿وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللّٰهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِإِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ، إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ﴾: کسی بشر میں سکت نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے رو در رو بات کریں، بشر اس کو برداشت نہیں کر سکتے، اس لئے وحی کی یہ صورت تو ممکن نہیں اور اس کی وجہ بشر کی کمزوری ہے۔ یہ کمزوری آخرت میں ختم ہو جائے گی۔ چنانچہ بندوں کو اللہ تعالیٰ کی زیارت اور ہم کلامی کا شرف حاصل ہوگا۔

(۱) یہ عنوان حدیث (۲) سے تعلق رکھتا ہے۔

اور یہاں ضعفِ بشر اس وجہ سے ہے کہ یہ دنیا عمل کی زندگی ہے، پھل کھانے کی زندگی دوسری ہے، پس اگر اس عالم میں انسان قوی بنایا جاتا تو لاکھوں سال عمل کرنا پڑتا، اس لئے اس دنیا میں انسان ضعیف البنیان بنایا گیا ہے، ساٹھ ستر سال میں مرجاتا ہے، اور عمل کی زندگی ختم ہوجاتی ہے، پھر تا ابد پھل کھانا ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے، اس حکمت کے پیش نظر انسان اس دنیا میں ضعیف البنیان بنایا گیا ہے، اس کی ہر چیز ضعیف ہے، آنکھیں ضعیف ہیں، کان ضعیف ہیں، ناک ضعیف ہے، زبان ضعیف ہے، حتی کہ وہ حواس بھی ضعیف ہیں، جن کے پیچھے عقل کام کرتی ہے۔

جیسے ہم دوپہر میں سورج کو دیکھتے ہیں تو آنکھیں خیرہ ہوجاتی ہیں اور عقل کچھ ادراک نہیں کرسکتی، پس جب سورج کو دیکھ کر آنکھیں خیرہ ہوجاتی ہیں اور عقل کچھ ادراک نہیں کرسکتی تو اللہ تعالیٰ کا ادراک بھلا انسان کیسے کرسکتا ہے؟ اور کان اللہ کی باتیں کیسے سن سکتے ہیں؟

بہرحال ان وجوہ سے کسی بندے میں سکت نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے رودررو گفتگو کریں، ہاں تین صورتیں ممکن ہیں:

وحی کی پہلی صورت:

﴿إِلَّا وَحْيًا﴾ مگر وحی کے طور پر: وحی کے لغوی معنی ہیں: اشارہ خفیہ، اشارہ سریعہ، یعنی چپکے سے کوئی اشارہ کردینا، جلدی سے کوئی اشارہ کردینا، جس کو وہی سمجھے جس کو اشارہ کیا گیا ہے، دوسرا کوئی نہ سمجھے، وحی ایک ایسا لفظ ہے جس میں فطرت یعنی نیچر میں رکھی ہوئی صلاحیتوں سے لے کر الہام تک کی سب صورتیں آجاتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کی فطرت میں وہ بات ودیعت فرمادی ہے جس کے لئے وہ مخلوق پیدا کی گئی ہے، اور قرآنِ کریم نے اس کو وحی سے تعبیر کیا ہے، ﴿وَأَوْحَى رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ﴾: تیرے پروردگار نے شہد کی مکھی کی طرف وحی بھیجی ﴿أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ﴾ کہ پہاڑوں میں گھر بنا، اور درختوں میں (بھی) اور لوگ جو عمارتیں بناتے ہیں ان میں (بھی) ﴿ثُمَّ كُلِي مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ﴾ پھر ہر پھل سے کھا یعنیان کا رس چوس، غرض پورا سسٹم شہد کی مکھیوں کی فطرت میں رکھ دیا، اور اس کو قرآن نے وحی سے تعبیر کیا۔ اسی طرح آنکھ سے اشارہ کیا جائے، جس کو صرف مشیر اور مشارٌ الیہ سمجھیں یہ بھی وحی ہے یا اشارہ کنایہ میں بات کہی جائے یا خواب کے ذریعہ رہبری کی جائے یا اللہ تعالیٰ دل میں کوئی خیر کی بات ڈالیں یہ سب وحی ہیں ——— اللہ کی طرف سے دل میں کوئی خیر کی بات ڈالی جائے تو وہ الہام ہے اور شیطان کی طرف سے کوئی شر کی بات دل میں ڈالی جائے تو وہ وسوسہ ہے۔

غرض وحی کی بہت شکلیں ہیں، ابتدائی شکل فطرت میں کوئی بات ودیعت فرمانا ہے۔ اور آخری درجہ دل میں کوئی خیر کی بات ڈالنا ہے، اور درمیان میں بہت سی شکلیں ہیں اسی میں یہ صورت بھی ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام یا کوئی اور فرشتہ آنحضور ﷺ کے دل میں کوئی بات ڈالے، حدیث میں ہے: نَفَثَ فِي رُوعِي: جبرئیل علیہ السلام نے میرے دل میں

یہ بات ڈالی۔اس صورت میں حضرت جبرئیل علیہ السلام سامنے نہیں آتے صرف آپ ﷺ کے دل میں بات ڈالتے ہیں۔

غرض وحی کے لغوی معنی اشارہ خفیہ اور اشارہ سریعہ کے ہیں اور اصطلاحی معنی ہیں: اللہ کا وہ پیغام جو کسی انسان پر نازل ہوتا ہے اور جس کو دوسرے بندوں تک پہنچانے کا حکم دیا جاتا ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے پاس وحی کس طرح آئی تھی؟

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ میں ہے: ﴿وَأَوْحَيْنَا إِلٰى أُمِّ مُوْسٰى أَنْ أَرْضِعِيْهِ﴾ الآیۃ: ہم نے موسیٰ کی والدہ کے پاس وحی بھیجی کہ موسیٰ کو دودھ پلاتی رہو، یہاں وحی بمعنی الہام ہے، باقاعدہ کوئی فرشتہ آکر یہ بات نہیں کہہ گیا تھا۔ آگے فرمایا: پھر جب تم کو ان کی نسبت اندیشہ ہو تو ان کو دریا میں ڈال دینا اور نہ ڈرنا نہ غم کرنا۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے الہام ربانی کے مطابق موسیٰ علیہ السلام کو ایک کشتی نما بکس میں رکھا اور دریائے نیل کے حوالے کیا، مگر وہ بے چین ہوگئیں: ﴿وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا﴾ یہ دلیل ہے کہ یہ الہام تھا، فرشتہ آکر کہہ جاتا تو بے چینی کی کوئی وجہ نہیں تھی، وہ مؤمنہ تھیں! اور الہام غیر نبی کا قطعی نہیں ہوتا، اس لئے بے چینی کے لئے وجہ جواز تھی۔

حضرت صدیقہ مریم رضی اللہ عنہا کے واقعہ میں ہے کہ وہ شروع میں بہت بے چین ہوگئی تھیں، مگر جب فرشتہ آکر کہہ گیا کہ گھبرائیں نہیں، بے خوف ہوکر بچہ کو لے کر بستی میں چلی جائیں، تو وہ مطمئن ہوگئیں، ایسے ہی موسیٰ کی والدہ کو مطمئن ہوجانا چاہئے تھا، مگر چونکہ وہ وحی بشکل الہام تھی، اس لئے ان کا دل بے قرار ہوگیا۔

غرض: شارحین کرام نے نصوص کا جائزہ لے کر وحی کی بارہ تیرہ قسمیں بیان کی ہیں، وہ سب ﴿إِلَّا وَحْيًا﴾ میں داخل ہیں:

وحی کی دوسری صورت:

﴿أَوْ مِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ﴾: یا اللہ تعالیٰ کسی انسان سے بات کریں پردہ کے پیچھے سے: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ طور پر اسی طرح ہم کلامی ہوئی تھی اور نبی ﷺ سے بھی معراج میں اسی طرح ہم کلامی ہوئی ہے، مسلم شریف میں حدیث ہے: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے پوچھا: کیا معراج میں آپ ﷺ نے اللہ کو دیکھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نُوْرٌ أَنّٰى أَرَاهُ (حدیث ۱۷۸ کتاب الایمان) میں اللہ کو کیسے دیکھتا وہ تو نور ہیں! حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی اللہ کو نہیں دیکھا اس کی دلیل خود قرآن میں ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے درخواست کی ہے: ﴿رَبِّ أَرِنِيْ أَنْظُرْ إِلَيْكَ﴾: پروردگار! میں آپ کو دیکھنا چاہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿لَنْ تَرٰنِيْ﴾ تم مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکتے۔ آگے فرمایا: انسان کی بساط کیا ہے؟ یہ پہاڑ کروڑوں سال سے کھڑے ہیں، آندھیاں آتی ہیں، طوفان اٹھتے ہیں مگر ایک پتھر اپنی جگہ سے نہیں سرکتا ﴿اُنْظُرْ إِلَى الْجَبَلِ﴾ تم پہاڑ کی طرف دیکھو ہم اس پر اپنی تجلی ڈالتے ہیں اگر یہ برداشت کر سکے تو تم بھی مجھے دیکھ سکو گے ﴿فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا﴾ پھر جب تجلی ہوئی تو پہاڑ پاش پاش ہوگیا، اس کا وجود

باقی نہ رہا، اور موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہوکر گر پڑے۔ معلوم ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھا تھا۔

نور اللہ کا حجاب ہے:

اور اللہ کا حجاب نور ہے یعنی خود تجلی مانع رویت تھی، کوئی اور حجاب نہیں تھا، کیونکہ اللہ کے علاوہ کوئی چیز اللہ کو چھپا نہیں سکتی، جیسے ہم دوپہر میں سورج کو دیکھتے ہیں تو دیکھ نہیں سکتے، حجاب مانع بنتا ہے، اور حجاب سورج کی روشنی ہوتی ہے، روشنی کی تیزی کی وجہ سے آنکھیں خیرہ ہوجاتی ہیں اور آدمی دیکھ نہیں سکتا۔

سوال: اللہ تعالیٰ کا پردہ کے پیچھے سے ہم کلامی کرنا ان دو واقعوں میں منحصر ہے یا ان کے علاوہ بھی کسی کی اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی ہوئی ہے؟

جواب: زمین پر صرف حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ہم کلامی ہوئی ہے اور آسمانوں میں آنحضور ﷺ سے ہم کلامی ہوئی ہے، اور ممکن ہے جنت میں حضرت آدم علیہ السلام سے بھی ہم کلامی ہوئی ہو۔ غرض: زمین پر ہم کلامی صرف حضرت موسیٰ سے ہوئی ہے، اس لئے وہ کلیم اللہ کہلاتے ہیں ان کے علاوہ جس سے بھی ہم کلامی ہوئی ہے وہ فوق السماوات ہوئی ہے اور وہ چونکہ دوسری دنیا ہے اس لئے ان کو کلیم اللہ نہیں کہا گیا ـــــــ اور طور پر موسیٰ علیہ السلام جن ستّر آدمیوں کو منتخب کر کے لے گئے تھے: انھوں نے صرف اللہ کا کلام سنا تھا، جیسے نبی ﷺ فرشتے کے واسطے کے بغیر بھی اللہ کا کلام سنتے تھے، پھر جب انھوں نے کہا: ﴿أَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً﴾ ہمیں اللہ کو بالکل سامنے دکھلاؤ (النساء آیت ۱۵۴) تو ایک بجلی نے ان کو ہلاک کردیا۔

وحی کی تیسری صورت:

﴿أَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلاً فَيُوْحِيَ بِإِذْنِهِ مَايَشَاءُ﴾: یا اللہ تعالیٰ قاصد (فرشتہ) بھیجتے ہیں پس وہ وحی کرتا ہے اللہ کے حکم سے جو اللہ چاہتے ہیں یعنی جو بات دے کر اللہ تعالیٰ نے فرشتہ کو بھیجا ہے وہ اتنی بات رسول کو پہنچا دیتا ہے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی دو صفتیں ہیں ﴿إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ﴾ علیٌّ کے معنی ہیں: برتر، عالی شان، یہ ﴿وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ﴾ کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں سے براہ راست ہم کلامی اس لئے نہیں فرماتے کہ وہ عالی شان اور برتر ہیں، اور دوسری صفت ہے: حکیم، جب اللہ تعالیٰ حکیم ہیں تو ضرور انسانوں کی تربیت کے لئے ان کے پاس پیغام بھیجیں گے تاکہ بندے اللہ کی مرضی اور نامرضی کو جان لیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے مذکورہ تین راہیں نکالیں۔

اس کے بعد ارشاد پاک ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوْحًا مِنْ أَمْرِنَا﴾ ـــــــ قرآن میں روح کے متعدد معانی ہیں ان میں سے ایک معنی ہیں: سبب حیات، جسم کے لئے جو چیز سبب حیات ہے وہ بھی روح کہلاتی ہے اور خود روح کے لئے جو چیز سبب حیات ہے وہ بھی روح کہلاتی ہے، یعنی روح کی حیات ابدی کے لئے اللہ تعالیٰ نے جو دین

نازل فرمایا ہے اس کے لئے بھی لفظ روح استعمال کیا گیا ہے۔ سورۃ النحل کی دوسری آیت: ﴿يُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ أَمْرِهِ﴾ میں روح سے یہی معنی مراد ہیں یعنی اللہ تعالیٰ فرشتوں کو اتارتے ہیں سبب حیات کے ساتھ، اپنے حکم سے۔ سبب حیات سے مراد دین ہے۔ سورۃ المؤمن (آیت ۱۵) میں بھی دین کو روح سے تعبیر کیا ہے۔

بہرحال اگلی آیت ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوْحًا مِنْ أَمْرِنَا﴾: اور اسی طرح ہم نے اپنا دین (تین طریقوں سے) آپؐ پر نازل کیا ہے۔ ﴿مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَاالْكِتٰبُ وَلَا الإِيْمَانُ﴾: نبوت سے پہلے آپؐ نہ جانتے تھے کہ کتاب (قرآن) کیا ہے اور ایمان کیا ہے؟

کتاب سے مراد قرآن ہے اور قرآن کی تخصیص اس لئے کی گئی ہے کہ وہ وحی متلو ہے، دوسری وحیاں اس کے تابع ہیں، اور ایمان سے عقائد واعمال مراد ہیں، لیکن ایمان (عقائد) اسلام (اعمال) سے افضل ہیں اس لئے ایمان کی تخصیص کی ﴿وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا﴾: لیکن ہم نے قرآن وایمان کو نور بنایا۔ اس کے ذریعہ ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں راہ راست دکھاتے ہیں، ﴿جَعَلْنٰهُ﴾ میں ہ ضمیر کا مرجع قرآن وایمان دونوں ہیں اس لئے کہ دونوں ایک ہیں۔

کیا قرآنِ کریم میں آنحضور ﷺ کو کہیں نور کہا گیا ہے؟

قرآن کریم میں صرف اللہ کی کتابوں کو نور کہا گیا ہے، کسی بھی نبی کو نور نہیں کہا گیا اور سورۃ المائدہ (آیت ۱۵) ﴿قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ﴾: میں نور اور کتاب مبین سے قرآن کریم مراد ہے۔ نبی ﷺ مراد نہیں، مگر بریلوی کہتے ہیں: آنحضور ﷺ مراد ہیں اور اسی بنیاد پر وہ کہتے ہیں: حضور ﷺ بشر نہیں تھے، اور جن آیات کریمہ میں آپؐ کو بشر کہا گیا ہے وہ ان آیات کا غلط ترجمہ کرتے ہیں۔

اور جب آپؐ نور تھے تو آپؐ کا سایہ نہیں تھا اس لئے کہ نور کا سایہ نہیں ہوتا، حالانکہ مسند احمد (۶:۱۳۲) کی روایت میں صراحت ہے کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے آپؐ کا سایہ دیکھا ہے —— ایک مرتبہ آنحضور ﷺ حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے ناراض ہوگئے، ایک مہینہ آپؐ ان کے پاس نہیں گئے پھر ایک دن دوپہر کے وقت تشریف لے گئے، آپؐ دیوار کی اوٹ سے آرہے تھے، حضرت زینبؓ نے آپؐ کا سایہ دیکھا اور پہچان لیا کہ یہ حضور کا سایہ ہے، پھر سوچا کہ حضور ﷺ تو مجھ سے ناراض ہیں یہ سایہ کس کا ہوسکتا ہے؟ ابھی وہ سوچ ہی رہی تھیں کہ آپؐ نمودار ہوئے۔ اس روایت میں صاف صراحت ہے کہ حضور ﷺ کا سایہ تھا۔

بریلویوں کی بات دو وجہ سے غلط ہے:

پہلی وجہ: اگلی آیت ہے: ﴿يَهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ﴾ اس میں مفرد کی ضمیر ہے، اگر نور اور کتاب مبین الگ الگ ہوتے تو

بھما تثنیہ کی ضمیر آتی، مفرد ضمیر صاف دلالت کرتی ہے کہ نور اور کتاب مبین ایک ہیں۔

دوسری وجہ: قرآنِ کریم میں جگہ جگہ اللہ کی کتابوں کو نور کہا گیا ہے، اور کسی ایک جگہ بھی کسی انسان کو نور نہیں کہا گیا، پس یہاں بھی کتاب مبین ہی مراد ہے۔

ملحوظہ: اور اس سلسلہ میں جو حدیث پیش کی جاتی ہے وہ قطعاً موضوع ہے۔ حدیث کی ابتداء اس طرح ہے: أول ما خلق الله نوری: پھر لمبی حدیث ہے جو کشف الخفاء میں مذکور ہے، اس کے پڑھنے سے صاف اندازہ ہوتا ہے کہ یہ روایت قطعاً بے اصل ہے اور مصنف عبدالرزاق کا جو لوگ حوالہ دیتے ہیں وہ بھی غلط ہے، مصنف میں یہ روایت نہیں ہے۔

غرض ان آیاتِ پاک میں وحی کی جملہ اقسام کو اکٹھا کر دیا ہے اور اللہ تعالیٰ انبیاء و رسل پر وحی کیوں بھیجتے تھے؟ اس کی وجہ بھی بیان کر دی ہے، لہٰذا اب جو کچھ حدیثوں میں آیا ہے وہ اسی آیت کریمہ کی تفسیر ہوگی۔

[۲-] حدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضى الله عنها: أَنَّ الْحَارِثَ بنَ هِشَامٍ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! كَيْفَ يَـأْتِيْكَ الْوَحْىُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَحْيَانًا يَأْتِيْنِىْ مِثْلَ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ، وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَىَّ، فَيَفْصِمُ عَنِّىْ، وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْهُ مَا قَالَ، وَأَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِىَ الْمَلَكُ رَجُلاً، فَيُكَلِّمُنِىْ، فَأَعِىْ مَايَقُوْلُ"

قَالَتْ عَائِشَةُ: وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الْوَحْىُ فِى الْيَوْمِ الشَّدِيْدِ الْبَرْدِ، فَيَفْصِمُ عَنْهُ وَإِنَّ جَبِيْنَهُ لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا. [انظر:۳۲۱۵]

ترجمہ: (سند کا ترجمہ اسی طرح کریں جس طرح پہلی حدیث میں کیا گیا ہے) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ (ابوجہل کے بھائی) حضرت حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: اے اللہ کے رسول! آپؐ کے پاس وحی کس طرح آتی ہے؟ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: "کبھی میرے پاس وحی گھنٹی کی مسلسل آواز کی طرح آتی ہے، اور وحی کی یہ صورت مجھ پر بہت شاق (بھاری) ہوتی ہے، پس وہ مجھ سے منقطع ہوتی ہے درانحالیکہ میں محفوظ کر چکا ہوتا ہوں اس سے وہ بات جو اس نے کہی" یعنی وہ بات پوری طرح دل و دماغ میں محفوظ ہوجاتی ہے، اُسے یاد نہیں کرنا پڑتا، "اور کبھی فرشتہ میرے سامنے آدمی کا پیکر اختیار کرتا ہے" یعنی انسانی شکل میں نمودار ہوتا ہے، "پس وہ مجھ سے بات کرتا ہے، پس میں اس بات کو محفوظ کر لیتا ہوں جو وہ کہتا ہے" —— (وحی کی پہلی صورت کی وضاحت میں) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: البتہ واقعہ یہ ہے کہ میں نے آنحضور ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ پر وحی اتر رہی ہے، سخت جاڑے کے دنوں میں، پس وہ وحی آپؐ سے جدا ہوتی تھی درانحالیکہ آپؐ کا ماتھا پسینہ ٹپکاتا ہوتا تھا۔

تشریح:

۱- حضرت حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ فتح مکہ کے موقع پر مشرف باسلام ہوئے ہیں اور جنگ یرموک میں جام شہادت نوش فرمایا ہے، یہ ابوجہل کے بھائی تھے، ان کے ایک دوسرے بھائی عمرو بن ہشام بھی ہیں وہ بھی مسلمان ہوگئے تھے، وہ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ جب آنحضور ﷺ پر وحی نازل ہوتی ہے تو کیا کیفیت ہوتی ہے؟ حضرت یعلیٰؓ بھی اس کے خواہش مند تھے، متفق علیہ حدیث میں ہے کہ انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہہ رکھا تھا کہ رسول اللہ ﷺ پر وحی کس طرح آتی ہے؟ مجھے دیکھنا ہے! پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ جعرانہ میں ایک بدّو نے عمرہ کا احرام باندھا، اس نے جبہ پہن رکھا تھا اور خوشبو بھی لگا رکھی تھی، آپؐ سے اس کے متعلق دریافت کیا گیا، آپؐ پر وحی کے آثار شروع ہوئے، جب آپؐ پر وحی کے آثار شروع ہوتے تھے تو جو لوگ موقع پر موجود ہوتے وہ آپؐ پر کوئی کپڑا ڈال دیتے۔ حضرت عمرؓ: حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ کی تلاش میں نکلے اور ان کو لاکر چادر کے نیچے گھسایا کہ دیکھ وحی اس طرح آتی ہے (مشکوٰۃ ۲۶۸۰)

غرض جس طرح حضرت یعلیٰؓ جاننا چاہتے تھے کہ وحی کس طرح آتی ہے؟ حضرت حارثؓ بھی جاننا چاہتے تھے، چنانچہ انھوں نے سوال کیا۔ آپؐ نے فرمایا:

قولہ: أحیانا یَأْتِیْنِیْ مِثلَ صَلصَلة الجَرَس: اور ایک روایت میں ہے: مِثْلَ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ عَلٰی صَفْوَانٍ صفوان کے معنی ہیں: چکنا پتھر، اگر کوئی زنجیر لے کر چکنے پتھر پر دوڑے تو ایک مسلسل آواز اور جھنکار پیدا ہوگی، آپؐ نے فرمایا: میرے پاس جو وحی آتی ہے وہ اس کے مانند ہوتی ہے۔

جاننا چاہئے کہ دنیا کی ہر زبان (بھاشا) ایک صوتِ مسلسل ہے، تقطیع (ٹکڑے ٹکڑے) کرکے اصطلاحات مقرر کی جاتی ہیں کہ یہ جیم ہے یہ دال ہے وغیرہ، چنانچہ جب ہم وہ زبان جو ہم نہیں جانتے سنتے ہیں تو وہ ہمیں ایک صوتِ مسلسل معلوم ہوتی ہے جس میں اتار چڑھاؤ ہوتا ہے، لیکن حقیقت میں وہ صوت مسلسل نہیں ہوتی، اس میں تقطیع ہوتی ہے جو حروف کہلاتے ہیں، چنانچہ جو اس زبان سے واقف ہوتا ہے وہ بات سمجھ لیتا ہے، اسی طرح آنحضور ﷺ پر جو وحی آتی تھی وہ صوتِ مسلسل ہوتی تھی، مگر حقیقت میں صوتِ مسلسل نہیں ہوتی تھی، اس میں تقطیع ہوتی تھی، اور آنحضور ﷺ اس کو سمجھتے تھے، جیسے حضرت سلیمان علیہ السلام جانوروں کی زبان سمجھتے تھے، ہم نہیں سمجھتے، ہمیں ان کا بولنا ایک صوتِ مسلسل معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں وہ صوتِ مسلسل نہیں، اس میں تقطیع ہے، اس لئے حضرت سلیمان اس کو سمجھتے تھے۔

وحی کی اس صورت میں آنحضور ﷺ کو کوئی نظر نہیں آتا تھا، اور آواز بھی آپؐ اکیلے سنتے تھے، آپؐ کے پاس جو صحابہ موجود ہوتے تھے وہ اس آواز کو نہیں سنتے تھے۔

رہی یہ بات کہ جو صوتِ مسلسل آنحضور ﷺ سنتے تھے وہ کس کی آواز ہوتی تھی؟ اس سلسلہ میں مختلف اقوال ہیں، کوئی کہتا ہے وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کی اصلی آواز ہوتی تھی اور کوئی کہتا ہے: حضرت جبرئیل علیہ السلام کے پروں کی

آواز ہوتی تھی، لیکن حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی آواز ہوتی تھی، یہ مسئلہ حضرتؒ نے کتاب التوحید میں چھیڑا ہے، وہاں جہمیہ کا رد کیا ہے، جہمیہ اللہ تعالیٰ کے لئے صفاتِ متشابہات نہیں مانتے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کی تردید میں اللہ کے لئے صفات ثابت کی ہیں، اور من جملۂ صفات: صوتِ باری بھی ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی آواز تھی، اور اس میں کچھ استبعاد نہیں، کوہ طور پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ کا کلام سنا ہے، وہ آواز چاروں طرف سے آرہی تھی، اس کی کوئی جہت نہیں تھی۔ ارشاد پاک ہے: ﴿وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا﴾ تکلیما: مفعول مطلق تاکید کے لئے ہے، پس کلّم بمعنی وحی نہیں ہوسکتا، پس اسی طریقہ پر اگر وہ آواز اللہ کی ہو اور آنحضور ﷺ اس کو سنتے ہوں تو اس میں کوئی استبعاد نہیں، ہمارے علامہ کشمیری قدس سرہ نے بھی فیض الباری (۱:۲۰) میں اسی رائے کو اختیار کیا ہے، اگرچہ عام طور پر بخاری کے شراح اس رائے سے متفق نہیں، امام بخاری رحمہ اللہ کے دلائل درج ذیل ہیں:

پہلی دلیل: امام بخاریؒ نے دلیل میں یہ حدیث پیش کی ہے: إذا تكلّم الله بالوحی إلخ جب اللہ وحی بولتے ہیں تو اس آواز کو تمام فرشتے سنتے ہیں اور گھبراہٹ سے سب بیہوش ہوجاتے ہیں، صرف بڑے فرشتے یعنی ساتویں آسمان کے فرشتے ہوش میں رہتے ہیں، پھر جب ان فرشتوں کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے یعنی وہ ہوش میں آتے ہیں تو نیچے والے فرشتے اوپر والے فرشتوں سے پوچھتے ہیں: پروردگار عالم نے کیا حکم دیا؟ یعنی وہ وحی کا ابتدائی حصہ سنتے ہی بے ہوش ہوجاتے ہیں اس لئے ہوش میں آنے کے بعد اوپر والے فرشتوں سے وحی کے بارے میں پوچھتے ہیں، وہ فرشتے بتاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا، اور اللہ نے جو حکم دیا وہ برحق ہے اور اللہ برتر و بالا ہیں! اس حدیث میں ہے: جب اللہ تعالیٰ وحی بولتے ہیں، پس تکلم ثابت ہوا، اور اس تکلم کو تمام فرشتے سنتے ہیں، پس صوت بھی ثابت ہوئی (بخاری کتاب التوحید باب قول الله تعالىٰ: وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗ إلخ)

دوسری دلیل: بخاری کے مذکورہ باب میں حضرت عبداللہ بن اُنیسؓ کی معلق حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بندوں کو جمع فرمائیں گے پھر اللہ تعالیٰ پکار کر کوئی بات فرمائیں گے تو قریب اور دور کے سب اہل محشر اس بات کو یکساں سنیں گے، اس میں ہے: فيناديهم، پروردگار ان کو پکاریں گے، اس سے بھی اللہ تعالیٰ کا تکلم اور اللہ کے لئے صوت کا ہونا ثابت ہوا۔

قوله: وأحيانا يتمثل لِيَ المَلَك رجُلًا: وحی کی دوسری صورت یہ ہوتی ہے کہ فرشتہ میرے سامنے پیکر محسوس اختیار کرتا ہے ـــــ پیکر کے معنی ہیں: صورت و شکل۔ اور محسوس کے معنی ہیں نظر آنے والی ـــــ یعنی فرشتہ انسانی شکل میں آنحضور ﷺ کے سامنے نمودار ہوتا ہے، مگر اس فرشتہ کو عام طور پر حضور ﷺ کے علاوہ کوئی نہیں دیکھتا، البتہ کبھی صحابہ دیکھتے تھے، جیسے حدیث جبرئیل میں سب صحابہ نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا تھا، اور حضرت جبرئیل عام طور پر دحیہ کلبی

رضی اللہ عنہ کی صورت میں آتے تھے مگر اس وقت غیر معروف صورت میں آئے تھے اس لئے صحابہ نے ان کو نہیں پہچانا۔

قولہ: وهو أشده علی: یعنی وحی کی پہلی صورت آنحضور ﷺ پر بہت بھاری ہوتی تھی، کیونکہ اس صورت میں آپ کو حیز بشریت سے اٹھ کر حیز ملکوت میں پہنچنا پڑتا تھا، یعنی لوازم بشریت سے گونہ مجرد ہو کر صفات ملکیت سے متصف ہونا پڑتا تھا، اس لئے کہ موحی اور موحی الیہ میں فی الجملہ مناسبت ضروری ہے، دشواری کی وجہ یہ تھی ——— اور وحی کی دوسری صورت میں آپ اپنی حالت پر برقرار رہتے تھے۔ اور فرشتہ حیز ملکوت سے نزول کرتا تھا اور حیز بشریت میں قدم رکھتا تھا، اس لئے یہ صورت آپؐ پر بھاری نہیں ہوتی تھی۔

فائدہ (۱): علماء کرام نے فرمایا ہے کہ قرآنِ کریم کی وحی ہمیشہ حضرت جبرئیل علیہ السلام لے کر آتے تھے، وحی کی جو پہلی صورت ہے اس طریقہ پر قرآن کی وحی نہیں آتی تھی، کیونکہ قرآن کی وحی کے لئے ضروری تھا کہ وسائط قابل اعتبار ہوں، قرآنِ کریم آنحضور ﷺ تک پہنچا ہے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے واسطہ سے۔ حضرت جبرئیلؑ معتبر فرشتے ہیں، قرآن میں ان کی پانچ صفتیں ہیں، پھر حضرت جبرئیلؑ نے وہ وحی آنحضور ﷺ کو پہنچائی۔ آپؐ موحی الیہ ہیں، آپؐ بھی صدفی صد قابل اعتبار ہیں، آپؐ کی بھی قرآن میں پانچ صفتیں ہیں، پھر احتمالاتِ خارجیہ جو اعتباریت میں قادح بنتے ہیں ان کی نفی بھی ضروری ہے۔ قرآنِ کریم میں اس کی بھی پانچ دلیلیں ہیں، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن کی وحی حضرت جبرئیل علیہ السلام ہی لے کر آتے تھے، اگر صوتِ متدارک (پے بہ پے مسلسل آنے والی آواز) کے ذریعہ قرآن کریم کی وحی آتی تو مذکورہ تین مضمون بیان کرنے کی ضرورت نہ تھی یعنی حضرت جبرئیلؑ قابل اعتبار ہیں، حضورؐ قابل اعتبار ہیں، اور احتمالات قادحہ منتفی ہیں، ان مضامین کو قرآن میں بیان کرنے کی ضرورت نہ تھی۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ قرآنِ کریم میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کی پانچ صفات آئی ہیں:

۱- وہ اللہ کے نزدیک قربِ منزلت رکھتے ہیں یعنی ذی رتبہ ہیں۔ ۲- وہ امانت دار ہیں۔ ۳- وہ کمزور نہیں۔ ۴- ان پر کسی کا اثر نہیں ہوسکتا۔ ۵- وہ تنہا نہیں ——— سورۃ التکویر (آیات ۱۹-۲۱) ہیں: ﴿إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ. ذِىْ قُوَّةٍ، عِنْدَ ذِى الْعَرْشِ مَكِيْنٍ. مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِيْنٍ﴾: یہ قرآن کلام ہے ایک معزز فرشتہ کا لایا ہوا، جو قوت والا ہے، اور مالک عرش کے نزدیک ذی رتبہ ہے، وہاں اس کا کہا مانا جاتا ہے، امانت دار ہے۔ اور سورۃ النجم (۵و۶) میں ہے: ﴿عَلَّمَهُ شَدِيْدُ الْقُوىٰ، ذُوْ مِرَّةٍ﴾: ان کو ایک فرشتہ تعلیم کرتا ہے جو بڑا طاقتور ہے، مضبوط بنا ہوا ہے یعنی پیدائشی طور پر طاقتور ہے۔

اور نبی ﷺ کی بھی پانچ صفات ذکر کی گئی ہیں:

۱- آپؐ بے عقل نہیں۔ ۲- آپؐ سے غلطی نہیں ہوئی۔ ۳- آپؐ نے بالقصد غلطی نہیں کی۔ ۴- آپؐ نے غرض فاسد سے بات نہیں بنائی۔ ۵- نہ آپؐ بات چھپانے والے ہیں ——— سورۃ التکویر میں ہے: ﴿وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ﴾: اور تمہارے ساتھی مجنون نہیں ﴿وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ﴾: اور وہ مخفی (بتلائی ہوئی) باتوں کے سلسلہ میں بخیل نہیں۔

اور سورۃ النجم میں ہے: ﴿مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى، وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى﴾: تمہارے ساتھی (نبی ﷺ) نہ راہ سے بھٹکے اور نہ غلط راستہ پر پڑ گئے، اور نہ وہ اپنی خواہش سے باتیں بناتے ہیں۔

اور پانچ احتمالاتِ خارجیہ قادحہ کی نفی کی ہے:

۱- ایسا نہیں ہے کہ راوی (حضور) نے مروی عنہ (جبرئیل) کو دیکھا نہیں: ﴿وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِيْنِ﴾: اور انھوں نے اس فرشتہ کو اصلی صورت میں آسمان کے صاف کنارہ پر دیکھا ہے۔

۲- ایسا بھی نہیں کہ راوی نے مروی عنہ کو پہچانا نہیں: ﴿فَاسْتَوٰى، وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلٰى﴾: پھر وہ فرشتہ اپنی اصلی شکل پر نمودار ہوا، درانحالیکہ وہ آسمان کے بلند کنارے پر تھا۔

۳- ایسا بھی نہیں کہ راوی مروی عنہ کی دوری کی وجہ سے بات اخذ نہ کرسکا ہو: ﴿ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى، فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى﴾: پھر وہ فرشتہ نزدیک آیا، پھر اور نزدیک آیا، سو دو کمانوں کے بقدر فاصلہ رہ گیا، بلکہ اور بھی کم۔

۴- ایسا بھی نہیں کہ جبرئیل نے جو کچھ وحی کی اس سے اللہ تعالیٰ بے خبر ہوں: ﴿فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى﴾: پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے پر وحی نازل فرمائی جو کچھ وحی نازل فرمائی، یعنی جبرئیل کی کردہ وحی اللہ تعالیٰ ہی کی وحی ہے۔

۵- ایسا بھی نہیں کہ حضور ﷺ نے بات غلط سمجھ لی ہو: ﴿مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأٰى﴾: دل نے غلط بیانی نہیں کی اس میں جو اس نے دیکھی۔

فائدہ (۲): نبی ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصل صورت میں دو مرتبہ دیکھا ہے، ابتداء وحی میں اور معراج کی رات میں۔ ان دو موقعوں کے علاوہ کبھی آپؐ نے ان کو اصلی صورت میں نہیں دیکھا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ حضرت جبرئیلؑ آنحضور ﷺ کے پاس سب سے پہلی وحی لے کر جبل نور پر غار حراء میں آئے ہیں، اس وقت وہ انسانی شکل میں تھے، اور سورۂ اقراء کی پانچ آیتیں نازل کی تھیں، پھر فترت کا زمانہ ہے، فترت کے معنی ہیں: سستی یعنی وحی سست پڑ گئی، اور فترت کا زمانہ کتنا ہے؟ عام طور پر علماء تین سال لکھتے ہیں لیکن میری ناقص رائے میں زمانۂ فترت چھ ماہ ہے۔

بخاری شریف جلد ثانی میں یہ روایت ہے کہ آنحضور ﷺ زمانۂ فترت میں بہت زیادہ بے چین رہتے تھے، سوچتے تھے کہ کسی پہاڑ پر چڑھ کر خود کو گرادوں یعنی خودکشی کرلوں، یہ روایت غالباً صحیح نہیں اس لئے کہ یہ ابن شہاب زُہری رحمہ اللہ کی مرسل روایت ہے، اور ابن شہابؒ کے مراسیل بالاتفاق ضعیف ہوتے ہیں، وہ شِبْهُ لاشیئ ہوتے ہیں یعنی صرف پرچھائی ہوتے ہیں، حقیقت میں کچھ نہیں ہوتے، یہ روایت کتاب التعبیر کی پہلی حدیث ہے (حدیث نمبر ۶۹۸۲)

آنحضور ﷺ نبوت سے چھ ماہ پہلے سے غار حراء میں تشریف لے جاتے تھے، وہاں تنہا رہ کر اللہ کی عبادت کرتے تھے، پھر پہلی وحی نازل ہوئی تو آپؐ گھبرا گئے، اور گھبراہٹ کی وجہ علماء نے یہ بیان کی ہے کہ اس وقت آپؐ کو یہ نہیں بتایا

گیا تھا کہ آپؐ کو رسالت سے سرفراز کیا گیا ہے، اور آئندہ آپؐ پر جو وحی نازل ہونے والی ہے اس سلسلہ کی یہ پہلی کڑی ہے، اس لئے آنحضور ﷺ پریشان ہوئے، پھر حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا کی دلداری سے، اور ورقہ بن نوفل کی بات سے آپؐ مطمئن ہو گئے اور حسب معمول غار حراء میں جانے لگے، کئی دن وہاں رہ کر عبادت کرتے تھے، پھر جب توشہ ختم ہو جاتا تو واپس آجاتے، پھر کچھ دن گھر رہتے، پھر دوبارہ توشہ لے کر وہیں چلے جاتے، یہ سلسلہ چھ ماہ تک چلتا رہا، یہ فترت کا زمانہ ہے، اس میں وحی نہیں آئی، پھر چھ ماہ بعد ایک مرتبہ آنحضور ﷺ غار حراء سے گھر واپس تشریف لا رہے تھے اور آپؐ اجیاد نامی محلّہ سے گذر رہے تھے کہ آپؐ نے ایک آواز سنی، چاروں طرف دیکھا کچھ نظر نہ آیا، جب اوپر دیکھا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام اپنی اصلی شکل میں کرسی پر بیٹھے ہوئے نظر آئے، ان کے چھ سو پر تھے اور ان کے جسم نے آسمان کے کنارے کو بھر رکھا تھا، آپؐ ان کو دیکھ کر گھبرا گئے اور جلدی قدم بڑھا دیئے، گھر پہنچ کر گھر والوں سے کہا: دَثِّرُونی، دَثِّرونی، مجھے کمبل اڑھاؤ، مجھے کمبل اڑھاؤ، اتنے میں وہ فرشتہ جو آسمان پر نظر آیا تھا لٹک کر قریب آگیا ﴿فَکَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰی﴾: وہ دو کمانوں کے بقدر رہ گیا، بلکہ اس سے بھی قریب آگیا، اور دوسری وحی ﴿يٰاَيُّهَا الْمُدَّثِّرْ، قُمْ فَأَنْذِرْ﴾ نازل کی اور آپؐ کو بتلایا کہ آپؐ کو رسالت سے سرفراز کیا گیا ہے۔ اب حضور ﷺ کی پریشانی ختم ہوگئی۔ اور آپ نے دعوت کا کام شروع کر دیا، اور غار حراء میں جانا موقوف کر دیا۔

بہرحال ایک موقعہ تو یہ تھا جب آپؐ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی شکل میں دیکھا ہے۔ پھر دوسری مرتبہ معراج میں دیکھا، آنحضور ﷺ کو مکہ مکرمہ سے بیت المقدس تک براق پر لے جایا گیا، پھر براق کو اس کھونٹے سے باندھ دیا جس سے انبیاء اپنی سواریاں باندھا کرتے تھے، پھر آسمانوں پر چڑھنے کے لئے سیڑھی (لفٹ) لگائی گئی جس کے ذریعہ آپؐ آسمانوں پر چڑھے، یہاں تک کہ سدرۃ المنتہی پر پہنچے، سدرۃ کے معنی ہیں: بیری کا درخت اور منتہی کے معنی ہیں: آخری حد، باڈر۔ عالم تحتانی کا ایک باڈر ہے، وہاں بیری کا درخت ہے، وہ باڈر کی بیری ہے، اس کے پھل مٹکوں کے برابر اور پتے ہاتھی کے کان کے برابر ہیں، اس درخت پر سونے کے پتنگے چھا رہے ہیں، وہ درخت اتنا خوبصورت ہے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا: ''میں اس کی خوبصورتی بیان نہیں کر سکتا!'' وہاں پہنچ کر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ساتھ چھوڑ دیا، اور عرض کیا: اب آپ تنہا آگے جائیں، ہماری سرحد آگئی، جب حضرت جبرئیلؑ وہاں پہنچے ہیں تو اپنی اصل شکل میں ہو گئے، یہ دوسرا موقعہ ہے جب آپؐ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو اصلی صورت میں دیکھا ہے۔

قولہ: أحيانا يأتيني مثل صلصلة الجرس: أَحیان: حینٌ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: مطلق وقت، قلیل و کثیر سب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے، اور یہ ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے، اور عامل بعد میں آنے والا فعل ہے (عمدۃ القاری ۱:۴۲) اور صلصلہ لغت میں اس آواز کو کہتے ہیں جو پتھر پر لوہے کی زنجیر کھینچنے سے پیدا ہوتی ہے، اور جرس کے معنی ہیں: گھنٹی، جسے جانور کے گلے میں باندھتے ہیں۔

قولہ: فيفصم عني: اس کو باب ضرب سے فعل معروف بھی پڑھ سکتے ہیں: یَفصِمُ (جدا ہونا) اور مجہول بھی پڑھ سکتے ہیں یُفصَم (جدا کیا جانا) اور باب افعال سے بھی معروف پڑھ سکتے ہیں یُفصِم، پہلی صورت اولیٰ ہے۔

قولہ: يتمثل لي الملك رجلاً: میں رجلاً منصوب بنزع خافض ہے، تقدیر عبارت ہے: أي تصور لي الملك تصورَ رجل (عمدة ۱:۴۲)

قولہ: ولقد رأيتُه: میں لام توطئہ للقسم ہے، توطئہ کے معنی ہیں: تمہید، جب کسی بڑے آدمی کی کار گذرنے والی ہوتی ہے تو اس سے آگے بائک سوار چلتے ہیں: جو اس بات کا اعلان ہوتا ہے کہ پیچھے چیف منسٹر کی گاڑی آرہی ہے، پس یہ لام توطئہ للقسم ہے۔ یہ اعلان کرتا ہے کہ آگے قسم آرہی ہے لیکن اس کے بعد قسم نہیں آتی، یہ لام خود ہی قسم کی قائم مقامی کرتا ہے، اس لئے اس لام کا ترجمہ ہے: بخدا، اور قد: ماضی پر تحقیق کے لئے آتا ہے۔

قولہ: في اليوم الشديد البرد: قاعدہ سے البرد الشديد ہونا چاہئے، کیونکہ الشديد: البرد کی صفت ہے، لیکن جس طرح کلام کو سُبک کرنے کے لئے مرکب توصیفی کو مرکب اضافی سے بدل دیتے ہیں، مگر ترجمہ مرکب توصیفی کا کرتے ہیں، اسی طرح کبھی مرکب توصیفی کو موصوف صفت باقی رکھ کر الٹ دیتے ہیں، یہاں ایسا ہی کیا ہے۔

وحی کے ابتدائی احوال

حضرات انبیاء کے نفوس قدسیہ ابتداء ہی سے کفر وشرک اور ہر قسم کے فحشاء ومنکر سے پاک اور منزہ ہوتے ہیں، وہ سراپا حق وصدق کی مثال ہوتے ہیں، ان کے قول وفعل اور نیت وعزم میں کہیں کذب کا شائبہ اور نام ونشان نہیں ہوتا، چونکہ منصب نبوت آنحضور ﷺ کے لئے ازل سے مقدر ہو چکا تھا اس لئے حق جل مجدہ نے ابتداء ہی سے آپؐ کے قلب اطہر کو ان تمام امور سے متنفر اور بیزار کر دیا جو منصب نبوت ورسالت کے منافی ہیں۔ جب زمانۂ نبوت قریب آیا تو رویائے صادقہ وصالحہ (سچے اور درست خواب) دکھائی دینے لگے، یعنی وحی کی ابتداء رویائے صالحہ وصادقہ سے ہوئی، آپؐ جو خواب دیکھتے وہ صبح کی روشنی کی طرح ظاہر ہو کر رہتا، اور علماء نے فرمایا ہے کہ صبح صادق کے ساتھ تشبیہ اس لئے دی گئی ہے کہ ابھی آفتاب نبوت طلوع نہیں ہوا تھا، جس طرح صبح صادق کی روشنی طلوع آفتاب کا دیباچہ ہوتی ہے، اسی طرح رؤیائے صالحہ طلوع آفتاب نبوت ورسالت کا دیباچہ تھے، ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پھر آپؐ کے لئے تنہائی محبوب بنادی گئی، آپؐ غار حراء میں خلوت فرماتے اور کئی کئی راتیں وہاں رہ کر عبادت کرتے، پھر جب توشہ ختم ہو جاتا، اور گھر والوں کی یاد آتی تو آپؐ گھر واپس آتے، پھر چند دنوں کے بعد دوبارہ توشہ لے کر وہیں چلے جاتے اور مصروف عبادت ہو جاتے، یہ سلسلہ اسی طرح چھ ماہ تک چلتا رہا یہاں تک کہ جب عمر مبارک چالیس سال ہوگئی اور حسب معمول

آپؐ غارحراء میں تشریف فرما تھے کہ اچانک فرشتہ آیا۔اس نے کہا: إقرأ: پڑھیئے، آپؐ نے جواب دیا: ما أنا بقارئ: میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، فرشتہ نے آپؐ کو باہوں میں لیا، اور سینہ سے لگا کر دبایا، اور اتنا سخت بھینچا کہ آپؐ فرماتے ہیں: ''میری طاقت نے جواب دیدیا!'' اس کے بعد چھوڑ دیا، اور پھر کہا: إقرأ: آپؐ نے پھر وہی جواب دیا، فرشتہ نے دوبارہ بھینچا اور چھوڑ دیا، تیسری مرتبہ بھینچنے کے بعد سورۃ العلق کی ابتدائی پانچ آیتیں پڑھائیں اور چلا گیا، آنحضور ﷺ گھبرائے ہوئے گھر لوٹے اور حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا سے پورا واقعہ بیان کیا، اور فرمایا: مجھ کو اپنی جان کا خطرہ ہو چلا ہے! حضرت خدیجہؓ نے عرض کیا: ''ہرگز نہیں! خدا کی قسم! اللہ آپؐ کو کبھی رسوا نہیں کرے گا، آپؐ صلہ رحمی کرتے ہیں، آپؐ لوگوں کے بوجھ اٹھاتے ہیں، یعنی دوسروں کے قرضے اپنے سر لیتے ہیں، ناداروں کی خبر گیری کرتے ہیں، مہمانوں کی ضیافت کرتے ہیں، سماوی آفات میں آپؐ لوگوں کی مدد کرتے ہیں'' ۔یعنی جو شخص ایسے محاسن وکمالات کا جامع ہو اس کی رسوائی ممکن نہیں، نہ وہ دنیا میں رسوا ہو سکتا ہے نہ آخرت میں، اس کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا آپؐ کو لے کر ورقہ بن نوفل کے پاس گئیں جو توریت وانجیل کے بڑے عالم تھے اور سریانی زبان سے عربی زبان میں انجیل کا ترجمہ کرتے تھے۔حضرت خدیجہؓ نے ان سے کہا: اے میرے چچازاد بھائی! ذرا اپنے بھتیجے کا حال سنئے اور بتایئے کیا معاملہ پیش آیا ہے؟ ورقہ کے استفسار پر آنحضور ﷺ نے سارا واقعہ سنایا، ورقہ نے حال سن کر کہا یہ وہی سب سے بڑا راز دار فرشتہ ہے جو موسیٰ علیہ السلام کے پاس وحی لاتا تھا، کاش میں آپؐ کے زمانۂ پیغمبری میں توانا ہوتا، جبکہ آپؐ کی قوم آپؐ کو اس شہر سے نکالے گی، اگر میں اس وقت تک زندہ رہا تو آپ کی بھر پور مدد کرونگا۔آپؐ نے تعجب سے پوچھا: کیا وہ مجھے نکالیں گے، ورقہ نے کہا: جب بھی کوئی شخص پیغمبر ہو کر آتا ہے اور اللہ کا دین پیش کرتا ہے تو لوگ اس کے دشمن ہو جاتے ہیں، پھر کچھ زیادہ دن نہیں گذرے تھے کہ ورقہ کا انتقال ہو گیا، اور وحی سست پڑ گئی، یعنی کچھ عرصہ کے لئے وحی رک گئی۔

ملحوظہ: یہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کا خلاصہ ہے، چونکہ یہ حدیث طویل ہے اس لئے قارئین کی سہولت کے لئے اس کو چند ٹکڑوں میں تقسیم کر کے ترجمہ اور ضروری وضاحت لکھی جائے گی۔

[۳-] حدثنا يَحْيىَ بْن بُكَيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضی الله عنها أَنَّهَا قَالَتْ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ فِيْ النَّوْمِ، فَكَانَ لايَرَى رُؤْيًا إِلَّا جَاءَ تْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ، ثُمَّ حُبِّبَ إِلَيْهِ الْخَلاءُ وَكَانَ يَخْلُوْ بِغَارِ حِرَاءٍ، فَيَتَحَنَّثُ فِيْهِ – وَهُوَ التَّعَبُّدُ – اللَّيَالِيَ ذَوَاتِ الْعَدَدِ، قَبْلَ أَنْ يَنْزِعَ إِلٰى أَهْلِهِ، وَيَتَزَوَّدُ لِذٰلِكَ، ثُمَّ يَرْجِعُ إِلٰى خَدِيْجَةَ، فَيَتَزَوَّدُ لِمِثْلِهَا، حَتّٰى جَاءَ هُ الْحَقُّ، وَهُوَ فِيْ غَارِ حِرَاءٍ، فَجَاءَ هُ الْمَلَكُ فَقَالَ: اقْرَأْ، فَقَالَ: فَقُلْتُ: '' مَا أَنَا بِقَارِئٍ'' قَالَ: فَأَخَذَنِي فَغَطَّنِيْ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّيْ الْجَهْدَ، ثُمَّ أَرْسَلَنِيْ، فَقَالَ: اقْرَأْ، فَقُلْتُ: '' مَا أَنَا بِقَارِئٍ'' فَأَخَذَنِيْ فَغَطَّنِيْ الثَّانِيَةَ حَتَّى بَلَغَ مِنِّيْ الجَهْدَ، ثُمَّ أَرْسَلَنِيْ، فَقَالَ: اقْرَأْ، فَقُلْتُ: '' مَا

أَنَا بِقَارِئٍ" قَالَ: فَأَخَذَنِیْ فَغَطَّنِیْ الثَّالِثَةَ، ثُمَّ أَرْسَلَنِیْ، فَقَالَ: ﴿ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ، خَلَقَ الإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ، اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ﴾

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پہلی وہ وحی جس کے ساتھ رسول اللہ ﷺ شروع کیے گئے: سونے کی حالت میں اچھے خواب ہیں، پس آپؐ خواب نہیں دیکھا کرتے تھے مگر وہ سپیدۂ صبح کی طرح سامنے آجاتا تھا، یعنی خواب تعبیر کا محتاج نہیں ہوتا تھا، جو کچھ خواب میں دیکھا ہے اسی طرح واقعہ سامنے آجاتا تھا، پھر آپؐ کو تنہائی بھانے لگی، اور آپؐ غار حراء میں خلوت فرمایا کرتے تھے، پس اس میں کئی کئی دن عبادت کیا کرتے تھے، گھر یاد آنے پر گھر لوٹنے سے پہلے اور اس کے لئے توشہ لے جاتے تھے، پھر خدیجہ رضی اللہ عنہا کی طرف لوٹتے تھے، پس اتنے ہی دنوں کا توشہ لے کر چلے جاتے تھے (عرب راتوں سے گنتے ہیں اور ہم دنوں سے) یہاں تک کہ آپؐ کے پاس دین حق پہنچا، درانحالیکہ آپؐ غار حراء میں تھے، پس آپؐ کے پاس فرشتہ آیا اور اس نے کہا: پڑھئے۔ آپؐ نے جواب دیا: میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: پس اس نے مجھے پکڑ کر بھینچا، یہاں تک کہ وہ بھینچنا میری آخری طاقت کو پہنچ گیا (یہ عربی محاورہ ہے اور اردو محاورہ ہے: یہاں تک کہ میری ہڈی پسلی ایک ہوگئی) پھر مجھے چھوڑ دیا، اور کہا: پڑھئے، میں نے دوبارہ یہی جواب دیا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، پس فرشتہ نے مجھے پکڑ کر دوبارہ بھینچا یہاں تک کہ وہ بھینچنا میری آخری طاقت کو پہنچ گیا، پھر مجھے چھوڑ دیا، اور کہا پڑھئے، میں نے پھر وہی جواب دیا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، آپؐ نے فرمایا: اس نے پھر تیسری بار مجھے پکڑ کر بھینچا پھر مجھے چھوڑ دیا، اور کہا: ﴿إِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ﴾ یعنی پانچ آیتیں نازل کیں۔

ترکیب:

قولہ: أول ما بُدئ: أولُ: مضاف، ما بُدِئَ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتداء اور الرویا الصّالحة فی النوم: خبر ہے، اور ما بُدئ میں ما موصولہ ہے اور مِن الوحی: اس کا بیان ہے۔

آپؐ کو نبوت کب ملی؟

تمام محدثین ومؤرخین کا اتفاق ہے کہ پیر کے دن پہلی وحی نازل ہوئی ہے، مگر اس میں اختلاف ہے کہ کس مہینے میں پہلی وحی آئی؟ حافظ ابن عبد البر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ماہ ربیع الاول کی آٹھ تاریخ کو نبوت سے سرفراز کیا گیا۔ پس بعثت کے وقت ٹھیک آپؐ کی عمر چالیس سال تھی، اور محمد بن اسحاق کی رائے یہ ہے کہ سترہ رمضان المبارک کو نبوت ملی۔ اور سترہ رمضان کو پہلی وحی آئی، پس بعثت کے وقت عمر چالیس سال چھ ماہ تھی۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری میں اسی قول کو راجح قرار دیا ہے، اور بعض حضرات نے دونوں قولوں کو جمع کیا ہے۔ اس طرح کہ نبوت ورسالت کی تمہید یعنی رویائے صالحہ کی ابتداء ربیع الاول سے ہوئی، اور باقاعدہ وحی کا سلسلہ چھ ماہ بعد سترہ رمضان سے شروع ہوا۔

سچے خوابوں کی حقیقت:

جو خواب از قبیل مبشرات ہوتے ہیں وہ عالم مثال میں لے جا کر دکھائے جاتے ہیں ـــــ ہماری یہ دنیا عالم ناسوت ہے (ناس سے ناسوت بنا ہے) اور اس سے آگے عالم مثال ہے، مثال کے معنی ہیں: مانند، ٹو کا پی، عالم مثال دنیا کی اور آخرت کی ٹو کا پی ہے، پھر اس سے آگے عالم ملکوت (فرشتوں کی دنیا) ہے، (ملکوت: ملک سے بنا ہے) پھر اس سے آگے عالم جبروت (اللہ کی ذات) ہے (یہ جبار سے بنا ہے)

نبوت سے چھ ماہ پہلے آنحضور ﷺ کو رویائے صالحہ نظر آنے لگے، بار بار آپؐ کو ناسوت سے عالم مثال میں لے جایا جاتا تاکہ عالم ملکوت سے مناسبت پیدا ہو جائے اور یہ بات آنحضور ﷺ کے ساتھ خاص نہیں، سبھی انبیاء کے ساتھ یہی معاملہ رہا ہے، علقمۃ بن قیسؒ جو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے خاص تلمیذ ہیں ایک مرسل روایت میں فرماتے ہیں: انبیاء کو سب سے پہلے خواب دکھلائے جاتے ہیں، یہاں تک کہ جب سچے خوابوں سے ان کے قلوب مطمئن ہو جاتے ہیں تو بحالت بیداری ان پر اللہ کی طرف سے وحی نازل ہوتی ہے (فتح الباری ۱:۱۷)

قولہ: مثلَ فَلَقِ الصبح: لفظ مثل منصوب ہے اور مصدر محذوف کی صفت ہے، تقدیر عبارت ہے: إلا جاء تْ مجیئًا مثلَ فَلَقِ الصبح (عمدہ ۱:۵۶) ـــــ اور فَلَق (فا اور لام کے زبر کے ساتھ) کے معنی ہیں: پھاڑنا، چیرنا، ارشاد پاک ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوىٰ﴾: اللہ تعالیٰ دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے ہیں، یعنی اگانے والے ہیں۔

حضرات علماء نے فرمایا: اس تشبیہ میں لطیف اشارہ ہے کہ سابق انبیاء چاند ستاروں کے مانند ہیں اور نبی اکرم ﷺ آفتاب نبوت ہیں، اور جس طرح طلوع آفتاب کی خبر صبح صادق دیتی ہے اسی طرح رویائے صالحہ آفتاب نبوت کے مبادی اور پیش خیمہ ہوتے ہیں۔

قولہ: ثم حُبِّبَ إلیه الخلاء: ثم یہاں ترتیب ذکری کے لئے ہے، اس کے مشہور معنی تراخی یہاں مراد نہیں، یعنی رویائے صالحہ اور خلوت کی محبت ساتھ ساتھ ہیں ـــــ اور حُبِّبَ (فعل مجہول) میں اس طرف اشارہ ہے کہ خلوت کی محبت خود بخود پیدا نہیں ہوئی تھی، بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کا عطیہ تھا۔

خلوت گزینی کی افادیت:

اور خلوت کی محبت اس لئے دل میں ڈالی گئی کہ خلوت گزینی یعنی مخلوق سے علاحدگی تمام عبادتوں کی جڑ ہے، بلکہ بذات خود عبادت ہے۔ اور اگر خلوت کے ساتھ ذکر وفکر کی توفیق بھی مل جائے تو نور علی نور! میرے شیخ حضرت مولانا زکریا صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں: جس نے لوگوں سے دوری اختیار کی، اور تنہائی کو پسند کیا: وہ اگر ٹھیکری بھی ہوگا تو ہیرا بن جائے گا۔ اور جو لوگوں کے ساتھ تعلقات کا خواہاں ہوتا ہے اور یارانہ گانٹھنے کا شوقین ہوتا ہے وہ اگر ہیرا بھی ہوگا تو ٹھیکری

(بے وقعت) بن جائے گا۔

غارِ حراء کا بیان:

غارِ حراء: کعبہ شریف سے تین میل کے فاصلہ پر منی جاتے ہوئے بائیں طرف ایک پہاڑ ہے اس کا نام جبل نور ہے اس پر یہ غار ہے۔ یہ غار دیکھنے میں ایسا لگتا ہے: گویا قدرت نے عبادت کے لئے اس کو چھوٹا سا کمرہ بنایا ہے، اس کی اونچائی اتنی ہے کہ آدمی بسہولت کھڑا ہو سکے اور وسعت اتنی ہے کہ بہ سہولت لیٹ سکے، اور سامنے کی جانب بند ہے مگر اس میں سوراخ ہے جس سے بیت اللہ صاف نظر آتا ہے، باقی کچھ نظر نہیں آتا۔ غرض یہ غار نہ تو مکہ معظّمہ سے اتنا دور ہے کہ وہاں تک پہنچنا مشکل ہو اور نہ اتنا قریب ہے کہ خلوت کا مقصد فوت ہو جائے، اور وہاں سے ہر وقت بیت اللہ نظر آتا ہے، اس وجہ سے آنحضور ﷺ نے عبادت کے لئے اس غار کا انتخاب فرمایا۔

قولہ: فَيَتَحَنَّثُ - وهو التّعبُّد- الليالي ذوات العدد: يَتَحَنَّثُ: باب تفعّل سے فعل مضارع معروف ہے، چونکہ یہ فعل غیر معروف ہے اس لئے امام زہری رحمہ اللہ نے وھو التَّعبُّد سے اس کی وضاحت کی۔ پس یہ کلمہ حدیث میں مُدرج ہے، اور تَحَنُّث کے معنی تعبُّد حقیقی معنی نہیں، بلکہ التزامی معنی ہیں اس لئے کہ یہ حِنْث سے مشتق ہے اور حِنْث کے معنی ہیں: گناہ، لیکن چونکہ باب تفعّل کی ایک خاصیت سلب مأخذ ہے اس لئے تَحَنُّث کے معنی ہیں: گناہ سے بچنا، اور رضاء الٰہی کے لئے گناہ سے بچنا عبادت ہے اس لئے تحنُّث کے معنی عبادت کے ہوئے۔

آپؐ غار حراء میں عبادت کس طرح کرتے تھے؟

اور آنحضور ﷺ غار حراء میں عبادت کس طرح کرتے تھے؟ اس سلسلہ میں مختلف اقوال ہیں، اور راجح یہ ہے کہ آپؐ دین ابراہیمی واسماعیلی کے مطابق عبادت کرتے تھے، درمختار (۱:۱۶۳) میں ہے: **والمختار عندنا أنه كان يعمل بما ظهر له من الكشف الصادق من شريعة إبراهيم وغيره۔**

قولہ: قبل أن ينزع: نَزَعَ (ض) نزعا کے معنی ہیں: اشتیاق کے ساتھ گھر لوٹنا، اور رَجَع کے معنی ہیں: صرف لوٹنا۔

قولہ: ويَتَزَوَّدُ لذلك: آنحضور ﷺ چونکہ کئی کئی دن تک غار میں ٹھہرتے تھے، روزانہ گھر واپس نہیں آتے تھے اس لئے آپؐ توشہ لے جاتے تھے، اور توشہ ساتھ لے جانے میں اس طرف اشارہ ہے کہ کھانے اور پینے کا انتظام رکھنا توکل کے منافی نہیں، بلکہ رزق خداوندی کی طرف اپنے فقر و فاقہ اور ضرورت و حاجت کا اظہار ہے جو عین عبادت ہے۔

قولہ: حتى جاءه الحق وهو في غار حراء: جب آنحضور ﷺ کی عمر مبارک چالیس سال پوری ہوئی تو آپؐ توشہ ختم ہو جانے کی وجہ سے غروب شمس کے بعد گھر لوٹنے کے ارادہ سے غار حراء سے نکلے۔ غار کے سامنے ایک چھوٹا سا میدان ہے جب آپؐ اس میں پہنچے تو اچانک حضرت جبرئیل علیہ السلام انسانی شکل میں سامنے آئے، اور انھوں نے

فرمایا: إقرأ، یہ إقرأ: حضرت جبرئیل علیہ السلام کا قول ہے یا وہ جو پہلی وحی لائے ہیں اس کا پہلا کلمہ ہے؟ دونوں احتمال ہیں، اور میرا رجحان یہ ہے کہ یہ حضرت جبرئیلؑ کا قول نہیں بلکہ پہلی وحی کا پہلا کلمہ ہے، جب بچے کو پڑھاتے ہیں تو پوری آیت ایک ساتھ نہیں پڑھاتے، ایک ایک کلمہ پڑھاتے ہیں، پس یہ پہلی وحی کا پہلا کلمہ ہے۔ مگر آنحضور ﷺ نے خیال فرمایا کہ یہ مجھے کچھ پڑھنے کو کہہ رہے ہیں، اس لئے آپؐ نے جواب دیا: میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، اس پر فرشتہ نے آپؐ کو تین مرتبہ شدت سے دبایا۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام کا یہ دبانا ملکی اور روحانی فیض پہنچانے کے لئے تھا، تا کہ ملکیت آپؐ کی بشریت پر غالب آجائے اور قلب مبارک آیات الٰہیہ، اسرار غیبیہ اور علوم ربانیہ کے تحمل کے لئے تیار ہو جائے۔ حضرات عارفین کا اس طرح فیض پہنچانا بطریق تواتر ثابت ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک بار نبی ﷺ نے مجھ کو اپنے سینے سے لگایا اور یہ دعا فرمائی: اللّٰهم علِّمه الكتاب: اے اللہ! اس کو اپنی کتاب کا علم عطا فرما۔ نبی اکرم ﷺ کا ابن عباس کو اپنے سینہ سے لگانا ایسا ہی تھا جیسا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ کو اپنے سینہ سے لگایا تھا (ماخوذ از سیرت النبی ۱:۱۴۹)

قوله: حتى بلغ منى الجهد: یہ حدیث امام بخاری رحمہ اللہ کتاب التفسیر اور کتاب التعبیر میں بھی لائے ہیں مگر حتى بلغ منى الجهد: یہاں صرف پہلی اور دوسری مرتبہ کے ساتھ ذکر کیا ہے لیکن کتاب التفسیر اور کتاب التعبیر میں تیسری مرتبہ کے ساتھ بھی ذکر کیا ہے۔

الجهد: میں جیم پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں اور پیش بھی، اور اس کو بَلَغَ کا فاعل بنا کر مرفوع بھی پڑھ سکتے ہیں اور مفعول بنا کر منصوب بھی، میرے نزدیک راجح مفعول بنانا ہے اور فاعل هُو ضمیر پوشیدہ ہے جو بھینچنے کی طرف راجع ہے، ترجمہ ہے: یہاں تک کہ وہ بھینچنا پہنچ گیا میری آخری طاقت کو۔

قوله: فجاءه الملك: یہ فاء تفسیریہ تفصیلیہ ہے، تعقیبیہ نہیں ہے۔

فَرَجَعَ بِهَا رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَرْجُفُ فُؤَادُه، فَدَخَلَ عَلَى خَدِيْجَةَ بِنْتِ خُوَيْلِدٍ فَقَالَ: "زَمِّلُوْنِىْ، زَمِّلُوْنِىْ" فَزَمَّلُوْهُ حَتّٰى ذَهَبَ عَنْهُ الرَّوْعُ، فَقَالَ لِخَدِيْجَةَ وَأَخْبَرَهَا الْخَبَرَ: " لَقَدْ خَشِيْتُ عَلٰى نَفْسِىْ" فَقَالَتْ لَهُ خَدِيْجَةُ: كَلَّا، وَاللّٰهِ! مَا يُخْزِيْكَ اللّٰهُ أَبَدًا، إِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ، وَتَحْمِلُ الْكَلَّ، وَتَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ، وَتَقْرِىْ الضَّيْفَ، وَتُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ، فَانْطَلَقَتْ بِهٖ خَدِيْجَةُ حَتّٰى أَتَتْ بِهٖ وَرَقَةَ بْنَ نَوْفَلِ بْنِ أَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزّٰى — ابْنَ عَمِّ خَدِيْجَةَ — وَكَانَ امْرَءً تَنَصَّرَ فِىْ الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ يَكْتُبُ الْكِتَابَ الْعِبْرَانِيَّ، فَيَكْتُبُ مِنَ الإِنْجِيْلِ بِالْعِبْرَانِيَّةِ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَكْتُبَ، وَكَانَ شَيْخًا كَبِيْرًا قَدْ عَمِىَ، فَقَالَتْ لَهُ خَدِيْجَةُ: يَاابْنَ عَمِّ اسْمَعْ مِنِ ابْنِ أَخِيْكَ، فَقَالَ لَهُ وَرَقَةُ: يَا ابْنَ أَخِيْ مَاذَا تَرٰى؟ فَأَخْبَرَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَبَرَ مَا رَأٰى، فَقَالَ لَهُ وَرَقَةُ: هٰذَا النَّامُوْسُ الَّذِىْ نَزَّلَ اللّٰهُ عَلٰى مُوْسٰى، يَا لَيْتَنِىْ فِيْهَا جَذَعًا! يَا لَيْتَنِي أَكُوْنُ

حَيًّا إِذْ يُخْرِجُكَ قَوْمُكَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَوَ مُخْرِجِيَّ هُمْ؟" قَالَ: نَعَمْ، لَمْ يَأْتِ رَجُلٌ قَطُّ بِمِثْلِ مَا جِئْتَ بِهِ إِلَّا عُوْدِيَ، وَإِنْ يُدْرِكْنِيْ يَوْمُكَ أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا، ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ أَنْ تُوُفِّيَ وَفَتَرَ الْوَحْيُ. [انظر: ۳۳۹۲، ۴۹۵۳، ۴۹۵۵، ۴۹۵۶، ۴۹۵۷، ۶۹۸۲]

ترجمہ: پس آنحضرت ﷺ ان آیات کے ساتھ گھر لوٹے، درانحالیکہ آپؐ کا دل لرز رہا تھا (اور یونس اور معمر کی روایت میں فؤادہ کی جگہ بوادرہ ہے یعنی آپؐ کے مونڈھے کا گوشت کانپ رہا تھا) پس آپ حضرت خدیجہ بنت خویلد کے پاس آئے اور آپؐ نے فرمایا: مجھے کمبل اڑھاؤ، مجھے کمبل اڑھاؤ! چنانچہ انھوں نے کمبل اڑھادیا (گھر میں حضرت خدیجہ کے ساتھ غلام وغیرہ بھی ہونگے اس لئے جمع کا صیغہ لائے ہیں) یہاں تک کہ آپؐ کا ڈر ختم ہوگیا۔ پس آپؐ نے حضرت خدیجہؓ سے فرمایا: درانحالیکہ ان کو واقعہ بتایا (یہ جملہ حالیہ ہے) بخدا! واقعہ یہ ہے کہ مجھے اپنی ہلاکت کا اندیشہ لاحق ہوچلا ہے (یہ قال کا مقولہ ہے) پس آپؐ سے حضرت خدیجہؓ نے کہا: ہرگز نہیں یعنی آپؐ ہلاک نہیں ہونگے خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ آپؐ کو کبھی بھی رسوا نہیں کریں گے، بیشک آپؐ صلہ رحمی کرتے ہیں، اور آپؐ بوجھ اٹھاتے ہیں یعنی مقروضوں کی طرف سے قرضے ادا کرتے ہیں، اور معدوم (انتہائی غریب) کے لئے کماتے ہیں یعنی ناداروں کی خبر گیری کرتے ہیں، اور آپؐ مہمان نوازی کرتے ہیں، اور آپؐ قدرتی آفات میں لوگوں کی مدد کرتے ہیں، پھر حضرت خدیجہؓ آپؐ کو لے کر چلیں یہاں تک کہ آپؐ کو ورقہ بن نوفل کے پاس لائیں جو نوفل بن اسد بن عبدالعزی کے بیٹے اور حضرت خدیجہ کے چچازاد بھائی تھے، اور ورقہ ایسے آدمی تھے جو زمانۂ جاہلیت میں نصرانی ہوگئے تھے، وہ عبرانی کتاب لکھا کرتے تھے، پس انجیل سے عبرانی میں لکھتے تھے جو اللہ تعالیٰ چاہتے کہ لکھیں، اور وہ بہت بوڑھے آدمی تھے جو نابینا ہوچکے تھے۔ پس ان سے حضرت خدیجہؓ نے کہا: اے میرے چچازاد بھائی! اپنے بھتیجے کی بات سنئے، پس آپؐ سے ورقہ نے پوچھا: اے بھتیجے! تم نے کیا دیکھا؟ پس رسول اللہ ﷺ نے ان کو وہ پورا واقعہ بتلایا جو آپؐ کے ساتھ پیش آیا تھا۔ پس آپؐ سے ورقہ نے کہا: یہ وہی ناموس (رازدار فرشتہ) ہے جس کو اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا تھا۔ کاش میں زمانۂ دعوت میں جوان ہوتا! اے کاش میں اس وقت تک زندہ رہوں جب آپؐ کو آپؐ کی قوم (مکہ سے) نکالے گی۔ پس رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: کیا اور وہ مجھے نکالنے والے ہیں؟ ورقہ نے کہا: ہاں، نہیں لایا کوئی شخص کبھی بھی اس کے مانند جو آپؐ لائے ہیں مگر وہ دشمنی کیا گیا ہے، یعنی جو شخص بھی اللہ کا کلام اور پیام لے کر آتا ہے لوگ اس کے دشمن ہوجاتے ہیں اور اگر میں نے آپؐ کا وہ زمانہ پایا تو میں آپؐ کی بھرپور مدد کروں گا، پھر کچھ ہی دن گذرے تھے کہ ورقہ کا انتقال ہوگیا اور وحی سست پڑ گئی یعنی وقتی طور پر رک گئی۔

حضرت خدیجہؓ کا ذکر خیر:

ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا آنحضور ﷺ کی پہلی زوجۂ مطہرہ ہیں اور بالاجماع پہلی مسلمان

ہیں۔ حافظؒ نے اس روایت کو نقل کرنے کے بعد فرمایا ہے کہ یہ روایت صراحۃً اس پر دلالت کرتی ہے کہ علی الاطلاق سب سے پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا ایمان لائیں، آپؓ قبیلہ قریش سے تھیں، بڑی شریف اور مالدار عورت تھیں، زمانۂ جاہلیت کے رسوم ورواج سے پاک تھیں، اس لئے بعثت نبوی سے پہلے ہی آپؓ طاہرہ کے لقب سے مشہور تھیں، آپؓ کا سلسلہ نسب قُصی پر پہنچ کر آنحضرت ﷺ کے ساتھ مل جاتا ہے۔ آپؓ کا پہلا نکاح ابو ہالہ بن زرارہ تیمیؓ سے ہوا تھا جس سے ہند اور ہالہ دو بیٹے پیدا ہوئے، اور دونوں مشرف باسلام ہوئے، پھر دوسرا نکاح عتیق بن عائذ مخزومی سے ہوا جن سے ایک لڑکی ہند پیدا ہوئی یہ بھی مشرف باسلام ہوئیں۔ کچھ عرصہ کے بعد آپؓ پھر بیوہ ہوگئیں اور پھر آنحضور ﷺ کی زوجیت میں آئیں۔

قولہ: الرَّوع: (بفتح الراء) کے معنی ہیں: خوف، ڈر، اور راء کے پیش کے ساتھ رُوع کے معنی ہیں: دل، دماغ۔ حدیث میں ہے: إن جبرئیل نَفَثَ فی رُوعی: حضرت جبرئیلؑ نے میرے دل میں ڈالا۔

قولہ: وأخبرها الخبر: جملہ حالیہ ہے اور لقد خشیت علی نفسی: قال کا مقولہ ہے۔

قولہ: کلاَ واللّٰہ ما یُخزیك اللّٰہ أبداً: جب آنحضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اپنی ہلاکت کا اندیشہ ہو چلا ہے تو حضرت خدیجہؓ نے آپؐ کو تسلی دی اور فرمایا: بخدا! اللہ تعالیٰ آپؐ کو کبھی رسوا نہیں کریں گے یعنی ہلاکت تو آخری مرحلہ ہے، مگر کبھی ہلاکت سے پہلے ایسے حالات پیش آتے ہیں کہ آدمی کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہتا۔ حضرت خدیجہؓ نے ابتدائی مرحلہ کی نفی کردی کہ اللہ تعالیٰ آپؐ کو رسوا بھی نہیں کریں گے۔ کیونکہ آپؐ پانچ ایسے کام کرتے ہیں جو رفاہ عام کے ہیں۔ اور جو بھی رفاہ عام کے کام کرتا ہے وہ کبھی رسوا نہیں ہوتا، حدیث میں ہے: الصَّدقۃ تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ ومِیْتَۃَ السَّوْء: خیرات رفاہی کام ہے اور اس کے دو فائدے ہیں: اس سے اللہ کا غصہ ٹھنڈا پڑتا ہے اور آدمی بری موت سے بچ جاتا ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رفاہ عام کے کام کرنے والوں سے لوگ محبت کرتے ہیں اور وہ بے وقاری اور رسوائی سے دوچار نہیں ہوتے، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے ایسے پانچ کام ذکر کئے ہیں:

(۱) ـــــ **إنك لَتَصِلُ الرَّحِم:** آپؐ صلہ رحمی کرتے ہیں، اردو میں رحَم (بچہ دانی، بفتح الراء) بولتے ہیں مگر عربی میں راء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ رَحِم کی جمع أرحام ہے اور وَصَلَ (ض) وَصْلا کے معنی ہیں: ملانا، یعنی آپؐ رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہیں، حسن سلوک سے خاندانی تعلقات ہموار ہوتے ہیں اور میل ملاپ پیدا ہوتا ہے۔

(۲) ـــــ **وَتَحْمِلُ الکلَّ:** اور آپؐ بوجھ اٹھاتے ہیں یعنی جو بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں ان کی اعانت کرتے ہیں اور ان کو بوجھ سے نکالتے ہیں، مثلاً کسی پر بھاری قرضہ آپڑا ہے اور اس میں قرضہ ادا کرنے کی سکت نہیں تو آپؐ ایسے لوگوں کا تعاون کرتے ہیں۔

(۳) ـــــ **وَتَکْسِبُ المعدومَ:** کسب (ض) کسبًا کے معنی ہیں: کمانا۔ اور المعدوم کے معنی ہیں: نیست، جس کا

وجود باقی نہیں رہا یعنی انتہائی درجہ کا غریب آدمی، یہ لفظ مجاز مَا یَؤُوْل ہے یعنی وہ بندے جو انتہائی درجہ لاچار، اور مجبور ہیں، جیسے لولے لنگڑے، اندھے محتاج اور بوڑھی بیوہ عورتیں جن کی کوئی خبر گیری نہیں کرے گا تو مر جائیں گے۔ ایسوں کو نبی ﷺ کماتے ہیں یعنی مدد کرکے ان کو زندہ رکھتے ہیں یا ان کے لئے کماتے ہیں (اس صورت میں لام جارّہ محذوف ہوگا) یعنی کما کر ان کو روزی پہنچاتے ہیں۔

فائدہ: شارحین بخاری اس جملہ کے حل کرنے میں بہت پریشان ہوئے ہیں، حتی کہ خطابی رحمہ اللہ نے جو امام ابوداؤد رحمہ اللہ کے صرف ایک واسطہ سے شاگرد ہیں، جنھوں نے ابوداؤد کی سب سے پہلی شرح **مَعالم السُّنن** لکھی ہے، اور بخاری شریف کی بھی شرح لکھی ہے، فرماتے ہیں کہ **المعدوم** کاتبوں کی تصحیف ہے، صحیح لفظ **المُعْدِم** ہے، یہ باب افعال سے اسم فاعل ہے جس کے معنی ہیں: ختم کرنے والا، نادار۔ یعنی جس کے پاس کچھ بھی نہیں بچا۔ حالانکہ معدوم کا بھی یہی مطلب ہے اس لئے بخاری کے تمام شارحین خطابی رحمہ اللہ کی بات سے متفق نہیں، ان کے نزدیک یہی لفظ صحیح ہے اور اس کو معدوم مجاز مَایَؤُوْل کے اعتبار سے کہا گیا ہے یعنی اگرچہ ابھی نہیں مرا مگر اگر یہی حال رہا تو بیچارہ مر جائے گا۔

اور تصحیف نہ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ آگے (حدیث ۳۹۰۵) حضرت ابوبکرؓ کے واقعہ میں بھی یہی لفظ آرہا ہے، اور دونوں جگہ کاتبوں نے گڑبڑ کردی ہو یہ بات بہت بعید ہے۔

④ —— **وَتَقْرِی الضَّیْفَ:** اور آپؐ مہمانوں کی مہمان نوازی کرتے ہیں، قَرَی (ض) قَرْیًا کے معنی ہیں: مہمانی کرنا، آج کل جگہ جگہ ہوٹل کھل گئے ہیں اور جیب بھی گرم ہیں اس لئے کھانے پینے کی کوئی پریشانی نہیں، مگر قدیم زمانہ میں یہ سہولت نہیں تھی، بڑے قصبات میں بھی کوئی ہوٹل نہیں تھا، ایسی جگہوں میں مہمان نوازی کرنا اور مسافروں کو کھانا کھلانا رفاہ عام کا کام ہے اور اس میں بہت بڑا ثواب ہے۔

⑤ —— **وَتُعِیْنُ علی نوائبِ الحق:** تُعِیْنُ (از باب افعال): مدد کرنا، اور نوائب: نائبة کی جمع ہے: حادثہ اور نوائب الحق مرکب اضافی درحقیقت مرکب توصیفی ہے اس کے معنی ہیں: قدرتی حوادث، جیسے زلزلہ، بادوباراں کا طوفان وغیرہ نَابَ (ن) نَوْبًا کے معنی ہیں: پیش آنا۔ اور الحق کے معنی ہیں اللہ تعالیٰ، یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو حوادثات پیش آتے ہیں آپؐ ان میں لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔

غرض: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپؐ یہ یہ رفاہی کام کرتے ہیں اور ایسے کام کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ کبھی رسوا نہیں کرتے، ہلاکت تو دور کی بات ہے۔

اور ان پانچ رفاہی کاموں کی نہ تخصیص ہے نہ حصر، اور بھی ایسے کام ہوسکتے ہیں، بخاری شریف کتاب المناقب (حدیث نمبر ۳۹۰۵) میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث آرہی ہے، اس میں ابن الدغنہ نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے بھی یہی پانچ کام بیان کئے ہیں، اس لئے ان کاموں کی آپ ﷺ کے ساتھ تخصیص نہیں۔

پھر حضرت خدیجہؓ آپؐ کو اپنے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں، ورقہ توریت وانجیل کے بڑے عالم تھے اور بت پرستی سے بیزار ہوکر عیسائی بن گئے تھے۔ وہ سریانی زبان سے عربی زبان میں انجیل کا ترجمہ کرتے تھے، اور لوگوں میں تقسیم کرتے تھے، تاکہ لوگ عیسائیت قبول کریں یعنی وہ دین کی نشر واشاعت کا کام کرتے تھے، وہ بہت بوڑھے تھے اور نابینا ہوگئے تھے۔ ان کی باتوں سے نبی ﷺ کو اطمینان اس لئے ہوا تھا کہ پہلی وحی کے موقع پر آپؐ کو کچھ نہیں بتایا گیا تھا، نہ اس وقت دعوت کا حکم دیا گیا تھا، یہ سب کچھ دوسری وحی کے موقعہ پر بتایا گیا تھا۔

قولہ: وکان امرأً تنصَّر فی الجاهلية: ورقہ بن نوفل عبرانی زبان کے ماہر تھے اور وہ انجیل کو عبرانی زبان میں لکھا کرتے تھے، یہاں یہ ہے اور کتاب التعبیر میں ہے: **وکان یکتبُ الکتاب العربی، فیکتُب بالعربیة من الإنجیل ماشاء الله أن یکتُب** (حدیث ۶۹۸۲) یعنی ورقہ عربی میں لکھا کرتے تھے، انجیل کا عربی میں ترجمہ کیا کرتے تھے، ان دونوں باتوں میں کوئی تعارض نہیں، اس لئے کہ ورقہ عربی اور عبرانی دونوں زبانیں جانتے تھے اور انجیل کا سُریانی سے عربی اور عبرانی دونوں زبانوں میں ترجمہ کرتے تھے۔

قولہ: یا ابن عمِّ: ورقہ: حضرت خدیجہؓ کے حقیقی چچازاد بھائی تھے، اسد بن عبدالعزی کے دولڑکے تھے نوفل اور خویلد۔ ورقہ: نوفل کے لڑکے تھے اور حضرت خدیجہؓ: خویلد کی لڑکی تھیں اور مسلم (ص:۸۸) کی ایک روایت میں یا عمِّ آیا ہے، یہ کبرسنی کی وجہ سے احتراماً کہا ہے، جیسے بڑا چھوٹے کو بھتیجا کہتا ہے۔ ورقہ نے بھی آپؐ کو یا ابن أخی کہا ہے۔ آنحضور ﷺ اور ورقہ کا نسب قصی میں جا کر ملتا ہے اس طرح بھی آپؐ اور ورقہ چچازاد بھائی ہوئے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ قُصی کے ایک لڑکے کا نام عبد مناف تھا جو آنحضور ﷺ کے جدامجد ہیں اور دوسرے لڑکے کا نام عبدالعزّیٰ تھا جو ورقہ کے جدامجد ہیں، جب یہ دونوں بھائی تھے تو نیچے ان کی اولاد چچازاد بھائی ہوگی، جیسے حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی والدہ اور حضرت زکریا علیہ السلام کی بیوی بہنیں تھیں، پس حضرت زکریا کی اہلیہ: حضرت مریم کی خالہ ہوئیں، اور حضرت زکریا کے صاحبزادے حضرت یحییٰ علیہ السلام: حضرت مریم کے خالہ زاد بھائی ہوئے۔ اس لئے حضرت مریمؑ کے صاحبزادے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام بھی خالہ زاد بھائی ہوئے۔ یہی صحیح رشتہ ہے۔ معراج میں جب حضور اکرم ﷺ تیسرے آسمان پر پہنچے ہیں تو وہاں آپؐ کی حضرت عیسیٰ اور حضرت یحییٰ علیہما السلام سے ملاقات ہوئی ہے۔ اُس حدیث میں ہے کہ دو خالہ زاد بھائیوں سے ملاقات ہوئی۔

قولہ: هذا الناموس الذی نزَّل الله علی موسیٰ: ناموس کے معنی ہیں: راز دار، یہ جاسوس کا مقابل ہے، بری خبریں لانے والے کو جاسوس اور اچھی خبر لانے والے کو ناموس کہتے ہیں، اس کی جمع نوامیس ہے۔ اور نوامیس الٰہیہ: اللہ کے یہاں سے آئے ہوئے احکام کو کہتے ہیں، چونکہ وہ احکام حضرت جبرئیل علیہ السلام کی معرفت آتے ہیں اس لئے ان کو نوامیس کہا جاتا ہے۔

سوال: جب ورقہ نصرانی تھے تو ان کو کہنا چاہئے تھا کہ یہ وہی ناموس ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس وحی لے کر آتا تھا، انھوں نے حضرت عیسیٰ کے بجائے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام کیوں لیا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام انبیاء بنی اسرائیل کے اصل الاصول ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس سلسلہ کے خاتم ہیں، پس اصل دین دین موسوی ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی اسی دین پر بھیجے گئے تھے جیسے آنحضرت ﷺ ملت اسماعیلی پر مبعوث کئے گئے ہیں، چنانچہ بنیادی احکام موسیٰ علیہ السلام پر آئے ہیں، اور انجیل میں احکام میں کچھ اضافہ ہوا ہے اور کچھ تبدیلی ہوئی ہے۔ باقی اصل احکام عیسائیت میں بھی وہی ہیں جو تورات میں ہیں، انجیل مستقل کتاب نہیں، توریت کا ضمیمہ ہے، ورقہ اس حقیقت سے واقف تھے اس لئے انھوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام لیا ہے۔

قوله: يا ليتني فيها جذَعا: یعنی ابھی تو آپ کو دعوت کا کام سپرد نہیں ہوا، لیکن آگے ہوگا، پس جب آپؐ پر یہ ذمہ داری عائد کی جائے گی: کاش اس وقت میں جوان ہوتا تو آپؐ کا معاون ومددگار بنتا ــــــ جذَعًا: کے معنی ہیں: پٹھا یعنی نوجوان، اور فیھا کی ضمیر دعوت کی طرف راجع ہے۔

قوله: يا ليتني أكون حيًّا إذ يُخرجُك قومُك: یعنی جب آپؐ کو آپؐ کی قوم اس شہر سے نکالے گی: کاش میں اس وقت تک زندہ رہوں، تو میں آپؐ کی بھرپور مدد کرونگا، لیکن اس کے بعد چند ہی دن گذرے تھے کہ ورقہ کا انتقال ہوگیا، ترمذی شریف میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ سے پوچھا: یارسول اللہ! ورقہ نے آپ کی تصدیق کی تھی لیکن اعلانِ نبوت سے پہلے فوت ہوگئے، پس ان کا کیا حال ہے؟ آپؐ نے فرمایا: میں نے ورقہ کو خواب میں دیکھا، وہ سفید لباس پہنے ہوئے تھے، اگر وہ دوزخی ہوتے تو کسی اور لباس میں ہوتے، اور مسند بزار اور مستدرک حاکم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ورقہ کو برا مت کہو میں نے ان کے لئے جنت میں ایک باغ یا فرمایا: دو باغ دیکھے ہیں (فتح الباری ۸: ۵۵۴ کتاب التفسیر سورۂ اقراء)

[٤-] قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ، فَقَالَ فِيْ حَدِيْثِهِ: بَيْنَا أَنَا أَمْشِيْ إِذْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَآءِ فَرَفَعْتُ بَصَرِيْ فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِيْ جَاءَ نِيْ بِحِرَاءٍ جَالِسٌ عَلَى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَرُعِبْتُ مِنْهُ، فَرَجَعْتُ، فَقُلْتُ: زَمِّلُوْنِيْ، زَمِّلُوْنِيْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿يٰأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ، قُمْ فَأَنْذِرْ، وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ، وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ، وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ﴾ فَحَمِيَ الْوَحْيُ وَتَتَابَعَ.

تَابَعَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، وَأَبُوْ صَالِحٍ: وَتَابَعَهُ هِلَالُ بْنُ رَدَّادٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ؛ وَقَالَ يُوْنُسُ وَمَعْمَرٌ: بَوَادِرُهُ [انظر: ٣٢٣٨، ٤٩٢٢، ٤٩٢٣، ٤٩٢٤، ٤٩٢٥، ٤٩٢٦، ٤٩٥٤، ٦٢١٤]

ترجمہ: ابوسلمہ کہتے ہیں: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: درانحالیکہ وہ وقفۂ وحی کا تذکرہ کررہے تھے، پس آپؐ نے اپنی بات میں فرمایا: ''دریں اثنا کہ میں چل رہا تھا میں نے آسمان سے ایک آواز سنی، میں نے اپنی نظر اٹھائی، اچانک وہ فرشتہ جو میرے پاس غارِ حراء میں آیا تھا آسمان وزمین کے درمیان کرسی پر بیٹھا ہوا ہے۔ پس میں اس سے گھبرایا اور میں گھر لوٹا، اور میں نے کہا: مجھے کپڑا اڑھاؤ! مجھے کپڑا اڑھاؤ! پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں فرمائیں: اے کپڑا اوڑھنے والے! اٹھئے یعنی مستعد ہوجایئے، پس ڈرایئے اور اپنے رب کی بڑائی بیان کیجئے، اور اپنے کپڑوں کو پاک کیجئے، اور بتوں کو چھوڑ دیجئے، یعنی لوگوں کو سمجھایئے کہ وہ بتوں کو چھوڑ دیں، پس وحی گرم ہوگئی اور مسلسل آنے لگی یعنی پھر لمبا وقفہ نہیں ہوا۔

تشریح:

۱- پہلے یہ بتایا جاچکا ہے کہ سب سے پہلے سورۃ العلق کی پانچ آیتیں نازل ہوئی ہیں پھر چھ ماہ کے لئے وحی رک گئی پھر ایک بار آپؐ غارِ حراء سے اتر کر گھر آرہے تھے، جب آپؐ اجیاد نامی محلّہ سے گذر رہے تھے تو آپؐ نے ایک آواز سنی، آپؐ نے چاروں طرف دیکھا کوئی نظر نہ آیا، پھر آپؐ نے نظر اٹھائی تو حضرت جبرئیل علیہ السلام آسمان وزمین کے درمیان کرسی پر بیٹھے ہوئے نظر آئے۔ آپؐ پر ہیبت طاری ہوگئی، آپؐ گھبرا کر گھر لوٹے اور کپڑوں میں لپٹ گئے، اسی وقت سورۃ المدثر کی ابتدائی پانچ آیتیں نازل ہوئیں، جن میں آپؐ کو مستعد ہوکر کافروں کو ڈرانے کا اور ان کو بتوں سے باز رکھنے کا حکم دیا۔ چنانچہ آپؐ نے فوراً دعوت وتبلیغ کا کام شروع کردیا اور غار حراء میں جانا موقوف کردیا۔

۲- اس حدیث کی سند بھی ابن شہاب تک وہی ہے جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کی تھی۔ پھر ابن شہاب نے یہ حدیث حضرت ابوسلمہ سے روایت کی ہے، حضرت ابوسلمہ مدینہ منورہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں، مگر ان کا اپنے والد سے لقاء وسماع نہیں۔ ابھی وہ بچے تھے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کا انتقال ہوگیا تھا۔

قولہ: تابعه عبد الله بن يوسف وأبو صالح: تابعہ کی ضمیر امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ یحییٰ بن بُکیر کی طرف راجع ہے، یعنی عبداللہ بن یوسف اور ابوصالح نے یحییٰ بن بکیر کی متابعت کی ہے، یعنی بخاریؒ کے استاذ الاستاذ امام لیث مصری سے اس حدیث کو یحییٰ بن بکیر، عبداللہ بن یوسف اور ابوصالح تینوں روایت کرتے ہیں اور ان کی روایتوں میں کوئی اختلاف نہیں، اس کا نام متابعت تامہ ہے، یعنی اگر کسی استاذ کے تلامذہ ایک دوسرے کے مانند روایت کریں تو وہ ایک دوسرے کے لئے متابع ہونگے اور اس کو متابعت تامہ کہیں گے۔

قولہ: وتابعه هلال بن رداد عن الزهري: تابعہ کی ضمیر عقیل کی طرف راجع ہے، یعنی ہلال بن رداد اور عقیل کی روایت بھی اسی طرح ہے، یہ متابعت قاصرہ ہے، یعنی اگر اوپر کے کسی استاذ کے تلامذہ ایک دوسرے کی موافقت کریں تو اس کو متابعت قاصرہ کہتے ہیں۔

البتہ ابن شہاب زہریؒ کے دوسرے دوشاگرد یونس اور معمر کی روایت میں ذرا فرق ہے وہ فؤادہ کی جگہ بوادرہ کہتے ہیں، بس اس ایک فرق کے علاوہ باقی کوئی فرق نہیں۔

دوراول میں روایت بالمعنی کرتے تھے، مگر دور مابعد میں محدثین لفظوں کا فرق بھی ملحوظ رکھتے تھے، چنانچہ متابعت پیش کرکے امام بخاریؒ نے یحییٰ بن بکیر والی روایت کو ترجیح دی کیونکہ وہ چار راوی ہیں اور یہ دو ہیں اس لئے چار کی روایت راجح ہوگی۔

فائدہ: امام بخاریؒ کے استاذ الاستاذ: امام لیث بن سعد مصریؒ بلند پایہ محدث اور فقیہ ہیں، امام مالکؒ کے ہم پلہ ہیں، بلکہ ان سے بھی بڑے ہیں، امام مالکؒ نے بہت سے مسائل خط لکھ کر ان سے دریافت کئے ہیں، اور حضرت امام شافعیؒ نے قیام مصر کے زمانہ میں ان سے پڑھا ہے، اور ان سے پڑھنے کے بعد بہت سے اقوال سے رجوع کیا ہے جو ان کے اقوال جدیدہ کہلاتے ہیں۔

نبی ﷺ کو قرآن یاد نہیں کرنا پڑتا تھا، خود بخود یاد ہوجاتا تھا

سورۃ القیامہ میں ہے: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ، إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ، فَإِذَا قَرَأْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ، ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾: آپؐ قرآن کے ساتھ اپنی زبان نہ ہلائیں تاکہ اس کو جلدی لے لیں، یعنی یاد کرلیں، بیشک ہمارے ذمہ ہے اس کا (آپؐ کے دل ودماغ میں) جمع کرنا، اور اس کو (لوگوں کے سامنے) پڑھوانا، پس جب ہم (یعنی جبرئیلؑ) اس کو پڑھیں تو آپؐ اس کے پڑھنے کی پیروی کریں، یعنی سننے کی طرف متوجہ رہیں، پھر بیشک ہمارے ذمہ ہے اس کو کھولنا، یعنی اس کے مضمرات کو سمجھانا۔ غرض: یاد کرادینا، لوگوں کے سامنے پڑھوادینا، اور اس کے معانی سمجھادینا: سب ہمارے ذمہ ہیں۔

ان آیات کی تفسیر کرتے ہوئے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جب نبی ﷺ پر قرآن نازل ہوتا تھا تو آپؐ قرآن کے ساتھ اپنے ہونٹ ہلاتے تھے یعنی سراً پڑھتے تھے اس سے آپؐ پر دوہرا بوجھ پڑتا تھا، سورۃ القیامہ کی مذکورہ آیات میں آپؐ کو اس سے روک دیا، فرمایا: جب قرآن نازل ہورہا ہو تو آپؐ سننے کی طرف متوجہ رہیں۔ جبرئیلؑ کے ساتھ نہ پڑھیں، قرآن کو یاد کرادینا، لوگوں کے سامنے پڑھوادینا اور اس کے معانی سمجھادینا: سب ہمارے ذمے ہے۔

آیات کا ماقبل سے ربط: ماقبل میں یہ آیات ہیں: ﴿بَلِ الْإِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ، وَلَوْ أَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ﴾: انسان خود اپنی حالت سے واقف ہے اگرچہ وہ اپنے بہانے پیش کرے، یعنی قیامت کے دن انسان کو سب احوال یاد آجائیں گے۔ اس دن بھول کی نعمت ختم کردی جائے گی: ﴿يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ مَاسَعٰى﴾: جس دن انسان کو اپنا

سب کیا کرایا یاد آجائے گا (النازعات ۳۵) پھر بھی کافر بہانے بنائے گا، اور اپنے کفر و معاصی کے حیلے گھڑے گا۔

جیسے نبی اکرم ﷺ کو وحی خود بخود یاد ہو جاتی تھی، کبھی اس کا تجربہ نہیں ہوا کہ آپؐ وحی کا کچھ حصہ بھول گئے ہوں مگر پھر بھی آپؐ قرآن کو یاد کرنے کے لئے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ سرا پڑھتے تھے، ہونٹ ہلانے کا یہی مطلب ہے، مگر سرا پڑھنے سے آپؐ پر دوہرا بوجھ پڑتا تھا، اس لئے یہ بے ضرورت مشقت برداشت کرنا تھا۔ لیکن اگر آپؐ سے اس عمل کی وجہ پوچھی جائے تو آپؐ ضرور کہیں گے کہ میں اِس لئے پڑھتا ہوں کہ قرآن یاد ہو جائے، یہ عذر بس ویسا ہی ہے۔ کیونکہ وحی بھولنے کا آپؐ کو کبھی تجربہ نہیں ہوا۔ اسی طرح قیامت کے دن کفار بہانے بنائیں گے وہ بھی عذر بارد ہونگے، کیونکہ خود ان کو اپنے کرتوت یاد آجائیں گے۔

آیات کا مابعد سے ربط: پھر ان چار آیتوں کے بعد ہے: ﴿كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ، وَتَذَرُوْنَ الآخِرَةَ﴾: ہرگز نہیں، بلکہ تم جلدی (دنیا) کو پسند کرتے ہو اور پچھلی (آخرت) کو چھوڑے ہوئے ہو، یعنی انسان دنیا کو محبوب رکھتا ہے اور آخرت سے بے اعتنائی برتتا ہے، اس کی کوئی تیاری نہیں کرتا۔ ساری توانائی دنیا کے پیچھے خرچ کر دیتا ہے ـــــ اس کی مثال بھی وہی ہے کہ نزول وحی کے وقت کی حالت ہی آپؐ کے پیش نظر رہتی ہے، حالانکہ پچھلی حالت پیش نظر رہنی چاہئے، جب آپؐ کو وحی خود بخود یاد ہو جاتی ہے تو بے ضرورت دوہری مشقت کیوں برداشت کی جائے؟

بھول اور آگاہی: پھر ایک مرتبہ نبی ﷺ سے بھول ہوگئی، آپ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ پڑھنے لگے، پس یہ آیت نازل ہوئی: ﴿وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُّقْضٰى إِلَيْكَ وَحْيُهُ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا﴾: اور آپؐ قرآن لینے میں جلدی نہ کریں، اُس سے پہلے کہ آپؐ کی طرف اس کی وحی مکمل کر دی جائے اور آپؐ دعا کریں: ''اے پروردگار! میرے علم میں اضافہ فرما!'' پھر اس آیت کو سورۂ طٰہٰ میں ایک خاص جگہ رکھا گیا (آیت ۱۱۴) کیونکہ وہاں ماقبل اور مابعد سے گہرا ربط ہے۔

ماقبل سے ربط: ماقبل میں یہ آیت ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا﴾: اور اسی طرح ہم نے قرآن کو نہایت واضح پڑھنے کی کتاب بنا کر نازل کیا ہے، یہاں لفظ قرآن اسم علم کے طور پر نہیں، بلکہ اپنے مصدری معنی میں ہے ﴿وَصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ﴾: اور ہم نے اس میں ہر طرح کے انتباہات دیئے ہیں، یعنی جس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے کچھ واقعات وحی کے ذریعہ سنائے اسی طرح یہ پورا قرآن ہم نے نہایت واضح پڑھنے کی کتاب بنا کر نازل کیا ہے اور اس میں پھیر پھیر کر انتباہات دیئے ہیں، یعنی بنیادی مسائل: توحید، رسالت اور آخرت کو مختلف انداز سے بار بار بیان کیا ہے، اس لئے کہ قرآن مثانی ہے اس میں مواعظ و قصص کو مختلف پیرایوں میں بار بار دہرایا گیا ہے تاکہ وہ مضامین اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں ﴿لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ﴾: تاکہ لوگ (کفر و شرک اور معاصی سے) بچیں، یعنی ایمان لائیں اور اپنی زندگیاں سنواریں۔ چنانچہ بہت سے بندے قرآن سنتے ہی ایمان لائے، جیسے حضرت عمر بن الخطاب رضی

اللہ عنہ نے سورۂ طٰہٰ کی ابتدائی آیات پڑھیں تو فوراً ایمان لے آئے ﴿أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا﴾: یا قرآن ان کے لئے کچھ نصیحت پیدا کرے، یعنی ان کے لئے لمحۂ فکریہ پیدا کرے، اور وہ اپنے انجام کو سوچیں اور یہ سوچ ان کو ہدایت تک پہنچادے ﴿فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ﴾: پس بہت عالی شان ہیں اللہ تعالیٰ برحق بادشاہ! ——— یہ قرآن بھیجنے کی حکمت ہے۔ دنیا کے بادشاہ جو محض مجازی حاکم ہوتے ہیں ہمیشہ اپنی رعایا کی فکر کرتے ہیں، ان کے لئے دستور بناتے ہیں، ان کی بھلائی کی تدبیریں سوچتے ہیں، پس اللہ تعالیٰ جو برحق بادشاہ ہیں اور جو بڑے عالی شان ہیں: وہ یہ کام کیوں نہ کریں گے؟ ان کی شانِ عالی سے یہ بات بہت بعید ہے کہ وہ اپنی اشرف مخلوق انسان کو بس یونہی چھوڑ دیں، اور اس کی دینی اور روحانی ضرورت کا انتظام نہ کریں۔

اسی روحانی ضرورت کی تکمیل کے لئے اللہ تعالیٰ نے یہ عظیم الشان کتاب نازل فرمائی ہے، یہ پڑھنے کی کتاب ہے، صرف سن لینے کی نہیں، سنی ہوئی بات ذہن سے نکل بھی جاتی ہے لیکن اگر کسی کتاب کو بار بار پڑھا جائے تو اس کا فائدہ تام ہوتا ہے۔ پھر قرآن کوئی پیچیدہ کتاب نہیں، نہایت صاف واضح کتاب ہے، ہر شخص خواہ عربی ہو یا عجمی، شہری ہو یا دیہاتی، مرد ہو یا عورت، پڑھا لکھا ہو یا بے پڑھا اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اور ایمان کی منزل تک پہنچ سکتا ہے۔

اس کے بعد یہ آیت ہے: ﴿وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُّقْضٰى إِلَيْكَ وَحْيُهُ وَقُلْ: رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا﴾: اور آپؐ قرآن کے بارے میں جلدی نہ کریں، اس سے پہلے کہ آپؐ کی طرف اس کی وحی مکمل کردی جائے، اور آپؐ دعا کریں: اے میرے پروردگار! میرے علم میں اضافہ فرما ——— یعنی جو غیر مسلم قرآن کریم کا مطالعہ کرے، اس کے لئے خاص ہدایت یہ ہے کہ وہ قرآن کے بارے میں فیصلہ کرنے میں جلدی نہ کرے، پہلے اطمینان سے پورے قرآن کا مطالعہ کرلے، اس لئے کہ قرآن مثانی ہے، پس ممکن ہے کوئی مضمون ایک جگہ سمجھ میں نہ آئے، جب وہ مضمون دوسری جگہ آئے گا تو بات واضح ہوجائے گی۔ البتہ یہ دعا کرتا رہے: الٰہی! میری راہ نمائی فرما۔ میرے علم میں اضافہ فرما اور مجھے ہدایت سے ہم کنار فرما، اگر اس طرح قرآن کریم کا مطالعہ کیا جائے گا تو ذہن کے دریچے کھلیں گے، اور لوگ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو وہ منزل مقصود تک پہنچیں گے۔

مابعد سے ربط: اس کے بعد قرآن کا مطالعہ کرنے والے کو ایک انتباہ دیا گیا ہے، ارشاد ہے: ﴿وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلٰى آدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا﴾: اور البتہ واقعہ یہ ہے کہ ہم نے قبل ازیں آدمؑ سے ایک پیمان باندھا تھا، پس وہ بھول گئے اور ہم نے ان میں پختگی نہ پائی، اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام سے جو عہد و پیمان باندھا تھا اس کا تذکرہ اگلی آیات میں ہے اس واقعہ کو یاد دلانے سے مقصود یہ ہے کہ قرآن پاک کا مطالعہ کرنے والا مطالعہ کی ہدایت کو بھول نہ جائے، وہ قرآن کا مطالعہ پورا کرنے سے پہلے کوئی منفی فیصلہ نہ کرے۔ اگر وہ ایسا کرے گا تو اپنا ہی نقصان کرے گا۔ اور بھول کا احتمال اس لئے ہے کہ وہ آدم زاد ہے اور آدم علیہ السلام سے ذہول ہو چکا ہے، انھوں نے اللہ کی تاکید کے باوجود

بھول کر ممنوع درخت کھالیا تھا، اور اولاد میں باپ کا اثر ضرور آتا ہے، چنانچہ انسان کی فطرت میں بھی کسی مصلحت سے بھول کا مادہ رکھا گیا ہے، اس لئے انسان میں ارادہ کی پختگی نہیں، پس مطالعہ کرنے والے کو مذکورہ نصیحت یاد رکھنی چاہئے۔

[۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بنُ أَبِيْ عَائِشَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضى الله عنهما فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿لاَتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ﴾ قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُعَالِجُ مِنَ التَّنْزِيْلِ شِدَّةً، وَكَانَ مِمَّا يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ - فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: رضى الله عنهما فَأَنَا أُحَرِّكُهُمَا لَكَ كَمَا كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحَرِّكُهُمَا. وَقَالَ سَعِيْدٌ: أَنَا أُحَرِّكُهُمَا كَمَا رَأَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رضى الله عنهما يُحَرِّكُهُمَا، فَحَرَّكَ شَفَتَيْهِ - فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿لاَتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ، إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ﴾ قَالَ: جَمْعُهُ لَكَ صَدْرَكَ وَتَقْرَأُهُ﴿ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ﴾ قَالَ: فَاسْتَمِعْ لَهُ وَأَنْصِتْ ﴿ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا أَنْ تَقْرَأَهُ، فَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ ذٰلِكَ إِذَا أَتَاهُ جِبْرِيْلُ اسْتَمَعَ، فَإِذَا انْطَلَقَ جِبْرِيْلُ قَرَأَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم كَمَا قَرَأَهُ [انظر: ۴۹۲۷، ۴۹۲۸، ۴۹۲۹، ۵۰۴۴، ۷۵۲۴]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے آیت پاک: ﴿لاَتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ﴾ کی تفسیر میں مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نزول قرآن کی وجہ سے سختی برداشت کرتے تھے۔ اور آپؐ ان لوگوں میں سے تھے جو ہونٹ ہلاتے تھے ـــــ ابن عباسؓ نے فرمایا: میں تجھے ہونٹ ہلا کر دکھاتا ہوں جس طرح رسول اللہ ﷺ ہونٹ ہلاتے تھے۔ اور سعید بن جبیر نے (اپنے شاگردوں سے) کہا: میں ہونٹ ہلاتا ہوں جس طرح میں نے ابن عباسؓ کو ہونٹ ہلاتے دیکھا ہے، چنانچہ انھوں نے اپنے ہونٹ ہلائے ـــــ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل کیں: ''آپ قرآن کے ساتھ اپنی زبان نہ ہلائیں تاکہ اس کو جلدی لے لیں، بیشک ہمارے ذمہ ہے اس کا جمع کرنا'' یعنی یاد کرانا، ابن عباسؓ نے فرمایا: قرآن کو آپؐ کے سینہ میں جمع کر دینا اور آپؐ اس کو لوگوں کے سامنے پڑھیں گے یعنی پڑھوانا بھی ہمارے ذمہ ہے۔ ''پس جب ہم (یعنی جبرئیلؑ) اس کو پڑھیں تو آپؐ اس پڑھنے کی پیروی کریں'' ابن عباسؓ نے فرمایا: آپ غور سے سنیں اور خاموش رہیں: ''پھر بیشک ہمارے ذمہ ہے اس کو کھولنا'' (ابن عباسؓ نے فرمایا:) پھر بیشک ہمارے ذمہ ہے کہ آپ اس کو پڑھیں، پس اس کے بعد جب جبرئیلؑ وحی لے کر آتے تو آپؐ بغور سنتے، پھر جب وہ چلے جاتے تو آپؐ اسی طرح قرآن پڑھتے جس طرح جبرئیلؑ نے اس کو پڑھا تھا۔

تشریح:

۱- یہ حدیث مسلسل بتحریک الشفتین ہے، ہر محدث ہونٹ ہلا کر اپنے تلامذہ کو دکھایا کرتا تھا، مگر اب اس کا تسلسل باقی

نہیں رہا، ہمارے اساتذہ نے ہمیں ہونٹ ہلا کرنہیں دکھایا بلکہ شاید ہی کسی مسلسل حدیث کا تسلسل باقی ہو، ننانوے فیصد مسلسلات کا تسلسل ختم ہوگیا ہے۔

۲- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے قرآنہ اور بیانہ میں فرق کیا ہے کہ پہلے حضرت جبرئیل علیہ السلام قرآن پڑھتے تھے، پھر آپؐ ان کو وحی سناتے تھے، پھر حضرت جبرئیلؑ کے جانے کے بعد لوگوں کو وہ وحی سناتے تھے، یہ بیانہ کا مطلب ہے۔

لیکن میں نے اوپر بھی بیان کیا ہے اور مقدمہ میں بھی یہ بات آئی ہے کہ پہلے قرآنہ کا مطلب ہے: لوگوں کو سنانا، یعنی اللہ کے ذمہ ہے وحی آپؐ کے دل ودماغ میں محفوظ کردینا، پھر لوگوں کے سامنے اس کو پڑھوانا، اور بیانہ کا مطلب ہے: وحی کی تبیین وتشریح بھی اللہ کے ذمہ ہے، چنانچہ کسی روایت میں یہ نہیں آیا کہ آپؐ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے کسی آیت کا مطلب پوچھا ہو۔ جب تبیین وتشریح کی ذمہ داری خود رب العالمین نے لے لی تو پھر حضرت جبرئیلؑ سے پوچھنے کی کیا ضرورت ہے؟ علماء نے عام طور پر یہی تفسیر کی ہے، اور حضرت تھانوی قدس سرہ نے یہیں سے اپنی تفسیر کا نام 'بیان القرآن' رکھا ہے۔

باب سے مناسبت: باب تھا: وحی کی تاریخ: از ابتدا تا انتہا۔ اور اس حدیث میں وحی کی ایک خاص حالت کا بیان ہے اور اس خاص حالت میں ایک ہدایت ہے، پس باب سے مناسبت ہوگئی۔

حل عبارت: یُعالج: یہ باب مفاعلہ سے فعل مضارع معروف ہے، اس کے معنی ہیں: دوا دارو کرنا۔ علاج معالجہ کرنا، اور یہاں مراد ہے: سہنا، برداشت کرنا ــــ من التنزیل: میں من اجلیہ ہے ــــ مِمَّا کی اصل من ما ہے، ما موصولہ الذی کے معنی میں ہے اور بعض حضرات نے مما کو بمعنی رُبَّما لیا ہے ــــ پڑھتے وقت زبان اور ہونٹ دونوں ہلتے ہیں اور آیت پاک میں صرف زبان کا تذکرہ ہے اور حدیث میں صرف ہونٹوں کا، یہ علی سبیل الاکتفاء ہے، اور کتاب التفسیر میں جریر کی روایت میں زبان اور ہونٹ دونوں کا تذکرہ ہے (عینی) ــــ جمعه لك صدرك: گیلری میں فی صدرك ہے وہ زیادہ موزون ہے۔

رمضان المبارک میں آنحضرت ﷺ کی سخاوت بہت بڑھ جاتی تھی

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ سخی تھے۔ اور رمضان المبارک میں جب جبرئیل علیہ السلام آپؐ سے ملاقات کرتے تھے تو آپؐ کی سخاوت اور بڑھ جاتی تھی، اور حضرت جبرئیلؑ رمضان المبارک کی ہر رات میں آپؐ سے ملاقات کرتے تھے اور آپؐ کے ساتھ قرآنِ کریم کا دور کرتے تھے،

پس بخدا! نبی پاک ﷺ نفع پہنچانے میں چلنے والی ہوا سے بھی زیادہ سخی ہوجاتے تھے۔

تشریح: حدیث کا حاصل یہ ہے کہ نبی ﷺ اگرچہ جود وسخا کا پیکر تھے، لیکن رمضان المبارک میں آپؐ کی سخاوت نقطۂ عروج تک پہنچ جاتی تھی، کیونکہ رمضان المبارک کی راتوں میں حضرت جبرئیل علیہ السلام آپؐ سے روزانہ ملتے تھے اور آپؐ کے ساتھ قرآن کا دور کرتے تھے۔

پہلی وحی سترہ رمضان المبارک کو آئی ہے، مگر وہ روایت امام بخاری رحمہ اللہ کی شرط کے مطابق نہیں، اس لئے امام بخاریؒ نے یہ روایت لاکر اشارہ کیا کہ پہلی وحی رمضان المبارک میں آئی ہے، یہی باب کے ساتھ مناسبت ہے۔

اور یہ بات اشارۃ النص سے ثابت ہوتی ہے، اس طرح کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ہر رمضان میں ملاقات کرتے تھے، پس پہلی وحی بھی رمضان المبارک میں لائے ہونگے۔

اور اس حدیث سے یہ مضمون بھی نکلتا ہے کہ قرآنِ کریم کو رمضان المبارک کے ساتھ خاص مناسبت ہے اسی لئے حضرت جبرئیلؑ رمضان کی ہر رات میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ دور کیا کرتے تھے، اور رات میں دور کرنے کی وجہ یہ ہے کہ رات کے مزاج میں انبساط ہے، اور دن کے مزاج میں انقباض، اسی وجہ سے دن کی نمازیں گونگی (سری) ہیں اور رات کی نمازیں جہری۔

مگر ہمارے حفاظ دن میں دور کرتے ہیں کیونکہ ان کا قرآن کچا ہوتا ہے، رات میں یاد کرتے ہیں، اور دن میں دور کرتے ہیں، حالانکہ حافظ کا قرآن ایسا پکا ہونا چاہئے کہ تراویح کے بعد رات میں دور ممکن ہو۔

غرض رمضان کے ساتھ قرآن کا خاص تعلق ہے اسی وجہ سے رمضان المبارک کی شب قدر میں پہلی وحی آئی ہے، اسی خاص تعلق کی وجہ سے اللہ نے رمضان کے روزے فرض کئے ہیں اور نبی پاک ﷺ نے رات میں تراویح مسنون کی ہے۔ حدیث میں ہے: فَرَضَ اللّٰهُ صیامَ رمضان، وسَنَّ رسول الله صلی الله علیه وسلم قیامه: اللہ نے رمضان کے روزے فرض کئے اور رسول اللہ ﷺ نے اس کی راتوں میں سونے سے پہلے نفلیں (تراویح) مسنون کی (ابن عدی ۳: ۲۲۷) تاکہ ان میں قرآن پڑھا جائے۔

فائدہ: باب کی حدیث سے یہ بات نکلتی ہے کہ نیک بندوں کے ساتھ ملنا اثر انداز ہوتا ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿یٰٓأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ﴾: اے مؤمنو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھی بنو، کیونکہ صحبت کا اثر پڑتا ہے۔ اسی وجہ سے آنحضور ﷺ رمضان المبارک میں چلنے والی ہوا سے بھی زیادہ سخی ہوجاتے تھے۔

[٦-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا یُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ ح: قَالَ: وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا یُوْنُسُ- وَمَعْمَرٌ نَحْوَهُ - عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما قَالَ: کَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَجْوَدَ النَّاسِ،

وَكَانَ أَجْوَدُ مَا يَكُوْنُ فِيْ رَمَضَانَ حِيْنَ يَلْقَاهُ جِبْرِيْلُ، وَكَانَ يَلْقَاهُ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ، فَيُدَارِسُهُ الْقُرْآنَ، فَلَرَسُوْلُ اللّٰهِ أَجْوَدُ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ. [انظر: ۱۹۰۲، ۳۲۲۰، ۳۵۵۴، ۴۹۹۷]

وضاحت: حدیث کا ترجمہ اوپر آ گیا۔ اس حدیث کی دو سندیں ہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے ح لکھ کر دوسری سند بیان کی ہے —— ح: تحویل کا مخفف ہے، تحویل: باب تفعیل کا مصدر ہے اس کے معنی ہیں: ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف منتقل کرنا، تحویل میں ت زائد ہے، اس لئے تخفیف میں مادہ کا پہلا حرف لیا ہے۔

عربی زبان کی ایک خصوصیت ہے جو دوسری زبانوں میں نہیں پائی جاتی۔ عربی میں تخفیف کے لئے شروع کا حرف بھی لیتے ہیں، بیچ کا بھی اور آخر کا بھی، جیسے ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: الٓمٓ میں الف اللہ کا ہے، ل جبرئیل کا اور م محمد کی، یعنی یہ اللہ کا کلام ہے جو جبرئیل کے ذریعہ محمد ﷺ پر نازل ہوا، اللہ کا اور محمد کا پہلا حرف لیا اور جبرئیل کا آخری حرف لیا۔

عربی زبان کی ایک دوسری خصوصیت یہ ہے کہ بڑے جملہ کو چھوٹا جملہ بلکہ ایک کلمہ بنا لیتے ہیں، جیسے بسم اللہ الرحمن الرحیم کا مخفف بَسْمَلة ہے، لاحول ولاقوۃ إلا باللہ کا مخفف حوقلۃ ہے۔ حی علی الصلوۃ کا مخفف حَيْعَلَةَ ہے، أنا مع الناس کا مخفف إِمَّعَة ہے۔

الغرض تحویل کا جو مادہ ہے اس کا پہلا حرف لے کر مخفف بنایا ہے، ح: کو تین طرح پڑھنے کا رواج رہا ہے: (۱) پورا لفظ تحویل پڑھا جائے (۲) تخفیف کے ساتھ بغیر مد حا پڑھا جائے (۳) مد کے ساتھ حاءٌ پڑھا جائے۔ یہ تینوں طریقے رائج رہے ہیں، مگر اب صرف ایک ہی طریقہ چل رہا ہے یعنی بغیر مد کے قصر کے ساتھ حا پڑھا جائے۔

اور یہ سند بدلنے کی علامت ہے، عام طور پر سند مصنف کتاب کی طرف سے بدلتی ہے اور جس راوی پر مختلف سندیں اکٹھا ہوتی ہیں اس کو مدار الاسناد یا مدار الحدیث کہتے ہیں جیسے یہاں دونوں سندیں عبداللہ بن المبارک پر اکٹھا ہوئیں اس لئے ابن المبارک مدار الاسناد ہیں۔

جاننا چاہئے کہ عبدان کی سند میں امام زہریؒ کے صرف ایک شاگرد یونس کا تذکرہ ہے، اور بشر بن محمد کی سند میں زہری کے دوسرے شاگرد معمر کا بھی تذکرہ ہے اور معمر کی روایت یونس کی روایت کی طرح ہے، یعنی دونوں کی روایت باللفظ متحد نہیں ہے، صرف معنیً متحد ہے، اور حدیث میں الفاظ یونس کی روایت کے ہیں۔

امام زہری رحمہ اللہ کے استاذ عبیداللہ بن عبداللہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بھائی عتبہ کے پوتے ہیں اور یہ مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں، فقہائے سبعہ وہ سات کبار تابعین ہیں جن کے فتاوی پہلی صدی کے نصف آخر میں مدینہ منورہ میں چلتے تھے جبکہ صحابہ بقید حیات تھے [1]

(۱) وہ سات حضرات فقہاء یہ ہیں:

(۱) حضرت سعید بن المسیب مخزومی قرشی رحمہ اللہ (۱۳-۹۴ھ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قضایا کے حافظ تھے اور ←

قولہ:فَیُدَارِسُه القرآن: دَارَسَ مُدَارَسَةً (باب مفاعلہ) کے معنی ہیں: دو شخصوں کا باہم ایک دوسرے کو سبق سنانا، پڑھنا پڑھانا۔ اس کے لئے دوسرا لفظ مذاکرۃ ہے اور اردو میں اس کا نام تکرار ہے، آج کل تکرار کا جو طریقہ چل پڑا ہے کہ ایک طالب علم سبق دوہراتا ہے اور باقی سب اَخفش کی بکریاں بن کر سنتے ہیں یہ تکرار نہیں، تکرار کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ مجلس میں شریک ہر طالب علم سبق دوہرائے، جیسے رمضان میں جب حافظ دور کرتے ہیں تو ہر حافظ پڑھتا ہے، ہاں اس میں کوئی حرج نہیں کہ اگر وقت کم ہو تو ایک طالب علم ایک کتاب کی تکرار کرائے اور دوسرا دوسری کتاب کی۔ کیونکہ تکرار کا مقصود سبق یاد کرنا اور پڑھانے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔ پس جب ہر طالب علم تکرار کرائے گا تبھی اس میں صلاحیت پیدا ہوگی۔

قولہ: الریح المرسلة: المرسلة: اسم مفعول ہے: چھوڑی ہوئی یعنی چلنے والی۔ ایک ہوا ٹھہری ہوئی ہوتی ہے، جیسے اس درسگاہ میں ہوا بھری ہوئی ہے، مگر اس کا کوئی نفع نہیں، جب پنکھا چلتا ہے اور ہوا کو ہلاتا ہے تو ہوا ہمیں محسوس ہوتی ہے۔ دوسری ہوا چلتی ہوئی ہوتی ہے، دروازہ کھولو فوراً لگے گی، یہ **الریح المرسلة** ہے اس کا مقابل ٹھہری ہوئی ہوا ہے۔

← روایہ عمر کہلاتے تھے، یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایتوں کے حافظ تھے۔

(۲) حضرت عروۃ بن الزبیر بن العوام اَسدی قرشی رحمہ اللہ (۲۲-۹۳ھ) اپنی خالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے علم حاصل کیا، عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کے حقیقی بھائی تھے، تمام سیاسی خرخشوں سے دور رہے۔

(۳) حضرت قاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق رحمہ اللہ (۳۷-۱۰۷ھ) صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پوتے تھے، اپنی پھوپی حضرت عائشہؓ سے علم حاصل کیا تھا۔

(۴) حضرت خارجۃ بن زید بن ثابت رحمہ اللہ (۲۹-۹۹ھ) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے والا تبار صاحبزادے ہیں۔

(۵) حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبۃ بن مسعود ھُذَلی رحمہ اللہ (وفات ۹۸ھ) مدینہ منورہ کے مفتی، حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کے اتالیق اور کبار تابعین میں ہیں۔

(۶) حضرت سلیمان بن یسار مولیٰ ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہ (۳۴-۱۰۷ھ) آپ کے والد فارسی تھے، مولیٰ: آزاد کردہ۔

(۷) اور ساتویں فقیہ کے بارے میں تین قول ہیں:

(الف) ابوسلمۃ بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری مدنی (وفات ۹۴ھ یا ۱۰۴ھ) یہ قول حاکم ابوعبداللہ نے علمائے حجاز سے نقل کیا ہے۔

(ب) حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر عدوی قرشی رحمہ اللہ (وفات ۱۰۶ھ) یہ قول عبداللہ بن المبارک کا ہے۔

(ج) ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن الحارث بن ہشام مخزومی (متوفی ۹۴ھ) یہ قول ابوالزناد عبداللہ بن ذکوان (متوفی ۱۳۰ھ) کا ہے۔

شہنشاہِ روم کے نام دعوتی والا نامہ

حدیبیہ میں آنحضور ﷺ اور کفار کے درمیان جن شرائط پر صلح ہوئی تھی ان میں ایک دفعہ یہ تھی کہ دس سال تک آپس میں لڑائی موقوف رہے گی، چنانچہ اہل مکہ نے مطمئن ہوکر کاروبار کی طرف توجہ دی اور آنحضور ﷺ نے اشاعت اسلام کی طرف توجہ مبذول فرمائی۔ جزیرۃ العرب میں تو دعوت کا کام چل ہی رہا تھا، اس کے اطراف میں جو چھوٹی بڑی حکومتیں تھیں آنحضرت ﷺ نے ان سب کو دعوت اسلام کے خطوط روانہ فرمائے، ان میں سے ایک خط حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ اس وقت کے سب سے بڑے سپر پاور روم کے بادشاہ قیصر کے نام روانہ فرمایا۔

قیصر: لقب ہے، روم کا ہر بادشاہ قیصر کہلاتا تھا، جیسے ایران کا ہر بادشاہ کسری، مصر کا ہر بادشاہ فرعون، اور حبشہ کا ہر بادشاہ نجاشی کہلاتا تھا۔

قیصر اس وقت فارس پر فتح یابی کے شکریہ میں قسطنطنیہ سے پیدل چل کر بیت المقدس آیا ہوا تھا، حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے امیر بُصری کے توسط سے وہ والا نامہ قیصر کے دربار میں پہنچایا، قیصر نے حکم دیا کہ عرب کے لوگ ملک میں آئے ہوئے ہوں تو ان کو حاضر کیا جائے، اتفاق سے ابوسفیان قریش کے قافلہ کے ساتھ تجارت کے لئے ملک شام گئے ہوئے تھے اور مقام غزّہ میں مقیم تھے۔ ابوسفیان اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے، قیصر کے آدمیوں نے پورے قافلہ کو دربار میں حاضر کیا، قیصر نے ان لوگوں سے پوچھا کہ اس مدعی نبوت کا قریبی رشتہ دار کون ہے؟ ابوسفیان نے کہا: میں ہوں! قیصر نے ان کو آگے بٹھایا اور باقی قافلہ والوں کو ان کے پیچھے، اور ان سے کہا: میں کچھ باتیں دریافت کروں گا اگر یہ جھوٹ بولے تو تم اس کی تکذیب کر دینا۔ ابوسفیان کہتے ہیں: اگر مجھے اندیشہ نہ ہوتا کہ پیچھے والے تکذیب کریں گے تو میں جھوٹ بولتا۔

پھر قیصر نے ترجمان کے واسطہ سے ابوسفیان سے گیارہ سوال کئے، انھوں نے سب کے صحیح جواب دیئے، بس ایک جگہ ذرا گڑبڑ کردی، ان کو موقع مل گیا تھا۔

ابوسفیان اسلام کے کٹر مخالف تھے، مسلمانوں کے خلاف جتنی جنگیں لڑی گئیں بدر کے علاوہ ان سب میں کمانڈر انچیف ابوسفیان تھے، مگر جب آنحضور ﷺ نے ان کی بیٹی حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کرلیا تو ان کی مکھی تیل میں گری، پھر انھوں نے مدینہ منورہ پر چڑھائی کرنے کی ہمت نہ کی، میں نے علمی خطبات (ص:۱۷۸) میں یہ بات تفصیل سے بیان کی ہے کہ آنحضور ﷺ نے حضرت خدیجہ اور حضرت سودہ رضی اللہ عنہما کے علاوہ جتنے نکاح کئے ہیں وہ سب ملّی، ملکی اور شخصی مصالح سے کئے ہیں۔ حضرت ام حبیبہؓ سے نکاح ملکی مصلحت سے کیا تھا۔

غرض ابوسفیان کو یہ ڈر تو نہیں تھا کہ ان کے ساتھی بادشاہ کے سامنے ان کی تکذیب کریں گے اس لئے کہ وہ سب اسلام

مخالف تھے، البتہ یہ ڈر تھا کہ مکہ پہنچ کر یہ لوگ پروپیگنڈہ کریں گے کہ ابوسفیان نے قیصر کے دربار میں جھوٹ بولا، اور عربوں کے یہاں سچ کی بڑی قدر و قیمت تھی، کسی سردار کی طرف جھوٹ کی نسبت اس کے لئے ڈوب مرنے کی بات تھی اس لئے ابوسفیان نے قیصر کے سوالوں کے بالکل صحیح جواب دیئے، بس ایک جگہ موقع مل گیا تو چوکے نہیں!

ہرقل کے سوال، اور ابوسفیان کے جواب

۱- ہرقل: تم میں اس مدعی نبوت کا نسب (خاندان) کیسا ہے؟
ابوسفیان: وہ ہم میں عالی نسب ہیں۔
۲- ہرقل: کیا تم میں کسی نے ان سے پہلے ایسا دعوی کیا ہے؟
ابوسفیان: نہیں۔
۳- ہرقل: اس مدعی نبوت کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ ہوا ہے؟
ابوسفیان نہیں۔
۴- ہرقل: کیا شریف لوگ (رؤسا) ان کی پیروی کرتے ہیں یا کمزور لوگ؟
ابوسفیان: کمزور لوگ ان کی پیروی کرتے ہیں۔
۵- ہرقل: ان کے پیروکاروں کی تعداد بڑھ رہی ہے یا گھٹ رہی ہے؟
ابوسفیان: بڑھ رہی ہے۔
۶- ہرقل: کیا ان کے دین میں داخل ہو کر کوئی بر بنائے ناراضگی پلٹتا ہے؟
ابوسفیان: نہیں۔
۷- ہرقل: کیا تم نے ان کے بارے میں دعوئے نبوت سے پہلے کبھی جھوٹ کا تجربہ کیا ہے؟
ابوسفیان: نہیں۔
۸- ہرقل: کیا وہ عہد و پیمان کر کے اس کی خلاف ورزی کرتے ہیں؟
ابوسفیان: نہیں۔ مگر آج کل ہمارے اور ان کے درمیان ناجنگ معاہدہ چل رہا ہے، معلوم نہیں وہ اس میں کیا کرتے ہیں (یہ ابوسفیان کو گڑبڑ کا موقعہ مل گیا)
۹- ہرقل: کیا کبھی تمہاری ان کے ساتھ جنگ ہوئی ہے؟
ابوسفیان: ہوئی ہے۔
۱۰- ہرقل: پھر جنگ کا نتیجہ کیا رہا؟

ابوسفیان: جنگ ہمارے اوران کے درمیان کنویں کا ڈول رہی، کبھی انھوں نے پانی بھرلیا، کبھی ہم نے۔
۱۱- ہرقل: وہ تمہیں کن باتوں کا حکم دیتے ہیں یعنی ان کی تعلیمات کیا ہیں؟
ابوسفیان: وہ کہتے ہیں: ایک اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، اور شرک کی باتیں جو تمہارے آباؤ اجداد کرتے تھے ان کو چھوڑ دو۔ وہ ہمیں نماز کا، خیرات کا، سچ بولنے کا، پاک دامنی کا، عہد وفا کرنے کا، امانتیں ادا کرنے کا اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں۔

ابوسفیان کے جوابات پر ہرقل کا تبصرہ

۱- ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ اس مدعی نبوت کا نسب تم میں کیسا ہے؟ تم نے بتایا کہ وہ عالی نسب ہیں، پس سنو! انبیاء ہمیشہ عالی نسب (خاندان) میں مبعوث کئے جاتے ہیں (پس یہ ان کے سچے نبی ہونے کی علامت ہے)

۲- ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ کیا تم میں سے کسی نے ان سے پہلے یہ بات کہی ہے یعنی نبوت کا دعوی کیا ہے؟ تم نے نفی میں جواب دیا۔ پس سنو! اگر تم میں سے کسی نے ایسا دعوی کیا ہوتا تو میرے لئے یہ سوچنے کا موقعہ تھا کہ اِس نے اُس کی سُر میں سُر ملائی!

۳- ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ اس مدعی نبوت کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ ہوا ہے؟ تم نے اس کا جواب بھی نفی میں دیا، پس سنو! اگر اس کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ گذرا ہوتا تو میرے لئے بدگمانی کا موقعہ تھا کہ یہ شخص اپنے آباؤ اجداد کا کھویا ہوا ملک حاصل کرنا چاہتا ہے، اور اس کے لئے نبوت کا سوانگ بھرا ہے!

۴- ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ تم نے کبھی دعوئے نبوت سے پہلے ان کے بارے میں جھوٹ کا تجربہ کیا ہے؟ تم نے انکار کیا۔ پس سنو! یہ بات کیسے ممکن ہے کہ جو لوگوں کے معاملات میں جھوٹ نہ بولے، وہ سیدھا اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولنے لگے!

۵- ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ شرفاء ان کی پیروی کرتے ہیں یا معمولی لوگ؟ تم نے کہا: معمولی لوگ ان کی پیروی کرتے ہیں۔ پس سنو! انبیاء کی پیروی کرنے والے شروع میں معمولی لوگ ہی ہوتے ہیں۔

۶- ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ ان کے پیروکاروں کی تعداد دن بہ دن بڑھ رہی ہے یا گھٹ رہی ہے؟ تم نے کہا: بڑھ رہی ہے۔ پس سنو! ایمان کا یہی معاملہ ہے، اس کی پیروی کرنے والے دن بہ دن بڑھتے ہیں، تا آنکہ وہ حد کمال کو پہنچ جائے۔

۷- ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ ان کے دین میں داخل ہونے کے بعد کوئی شخص اس دین سے ناراض ہوکر پلٹتا ہے یا نہیں؟ تم نے بتایا: کوئی نہیں پلٹتا۔ تو سنو! ایمان کا یہی معاملہ ہے، جب اس کی بشاشت دلوں میں سما جاتی ہے تو نکلتی نہیں!

۸- ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ وہ عہد شکنی کرتے ہیں یا نہیں؟ تم نے کہا: نہیں! پس سنو! انبیاء عہد شکنی نہیں کیا کرتے (اور ابوسفیان نے جو گڑبڑ کی تھی، اس کو ہرقل گول کر گیا، کیونکہ وہ بات سمجھ گیا تھا)

۹-و۱۰ ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ تمہاری کبھی ان سے جنگ ہوئی ہے؟ اور ہوئی ہے تو نتیجہ کیا رہا؟ تم نے جواب دیا کہ ان کے ساتھ تمہاری جنگیں ہوئی ہیں، اور نتیجہ کنویں کا ڈول رہا، کبھی تم جیتے کبھی وہ جیتے۔ پس سنو! انبیاء کے ساتھ ابتداء میں اللہ کا ایسا ہی معاملہ ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ ان کا بھی امتحان کرتے ہیں، مگر اچھا انجام انہی کے لئے ہوتا ہے (یہ تبصرہ یہاں روایت میں نہیں ہے، آگے حدیث (۲۸۰۴) میں آرہا ہے)

۱۱- ہرقل: میں نے تم سے پوچھا تھا کہ ان کی تعلیمات کیا ہیں؟ تم نے بتایا کہ وہ اللہ کی عبادت کا حکم دیتے ہیں، شرک سے روکتے ہیں، بتوں کو کنڈم کرتے ہیں، اور نماز کا، زکات کا، وفائے عہد کا، ادائے امانت کا، صدق وسچائی کا، پاک دامنی کا اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں۔ پس سنو! اگر یہ باتیں سچی ہیں تو وہ عنقریب میرے ان دو پیروں کی جگہ (بیت المقدس) کے مالک ہوجائیں گے۔ اور میں بالیقین جانتا تھا کہ وہ ظاہر ہونے والے ہیں، مگر میرا خیال یہ نہیں تھا کہ وہ تم میں ظاہر ہونگے۔ اور اگر مجھے یقین ہوتا کہ میں ان تک پہنچ سکوں گا تو میں ان کی ملاقات کے لئے ہر مشقت برداشت کرتا، اور اگر میں ان کے پاس ہوتا تو میں ان کے پیر دھوتا!

فائدہ: آنحضور ﷺ کے زمانہ میں دو سپر پاور (بڑی حکومتیں) تھے: روم اور ایران۔ رومی اہل کتاب (نصرانی) تھے اور ایرانی آتش پرست، دونوں طاقتوں کے درمیان عرصۂ دراز سے جنگ جاری تھی، اور مشرکین آتش پرستوں کو اپنے قریب سمجھتے تھے اور رومی اہل کتاب ہونے کی وجہ سے مسلمانوں کے قریب سمجھے جاتے تھے، ایک جنگ میں ایرانی لشکر نے رومیوں کو شکست دی اور قیصر کو قسطنطنیہ میں پناہ لینے پر مجبور کردیا، بلکہ رومیوں کا دارالسلطنت بھی خطرے میں پڑ گیا، اس کی خبر جب مکہ پہنچی تو مشرکین نے خوب خوشیاں منائیں، وہ اس واقعہ سے مسلمانوں کے مقابلہ میں اپنے غلبہ کا فال لینے لگے، اور مسلمانوں کو سخت صدمہ پہنچا، اسی موقع پر سورۂ روم کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں کہ روم جزیرۃ العرب سے لگواں ملک میں ہارا لیکن وہ عنقریب چند سالوں میں جیتیں گے۔ چنانچہ سات سال کے بعد ایران کو شکست ہوئی اور رومیوں کو زبردست کامیابی حاصل ہوئی۔

اِدھر قیصر روم نے یہ منت مان رکھی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ اسے ایران پر فتح عطا فرمائیں گے تو وہ بیت المقدس پیدل جائے گا، جیسے پیدل حج کرنے کی منت درست ہے، اسی طرح وہ لوگ بیت المقدس پیدل جاتے تھے۔ چنانچہ وہ منت پوری کرنے کے لئے قسطنطنیہ سے پیدل ایلیاء (بیت المقدس) کے لئے چلا وہ جب بیت المقدس پہنچا اسی زمانہ میں آنحضور ﷺ کا والا نامہ حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے حاکم بُصری کی معرفت پہنچایا، وہ پہلے سے یہ بات جانتا تھا کہ مکہ میں ایک شخص نے نبوت کا دعوی کیا ہے، اس لئے بادشاہ نے مناسب سمجھا کہ خط پڑھنے سے پہلے اس مدعی نبوت کے بارے میں تحقیق کرے، چنانچہ اس نے ابوسفیان کو ان کے ساتھیوں کے ساتھ دربار میں بلایا اور آنحضور ﷺ کے بارے میں گیارہ سوال کئے، تفصیل گذر چکی۔

ملحوظہ: یہ حدیث طویل ہے، قارئین کی سہولت کے لئے تین حصوں میں لکھی جاتی ہے۔

[۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ فِيْ رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَكَانُوْا تُجَّارًا بِالشَّأْمِ فِي الْمُدَّةِ الَّتِيْ كَانَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَادَّ فِيْهَا أَبَا سُفْيَانَ وَكُفَّارَ قُرَيْشٍ، فَأَتَوْهُ وَهُمْ بِإِيْلِيَاءَ، فَدَعَاهُمْ فِيْ مَجْلِسِهِ وَحَوْلَهُ عُظَمَاءُ الرُّوْمِ، ثُمَّ دَعَاهُمْ وَدَعَا تَرْجُمَانَه فَقَالَ: أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا بِهٰذَا الرَّجُلِ الَّذِيْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: فَقُلْتُ: أَنَا أَقْرَبُهُمْ نَسَبًا، فَقَالَ: أَدْنُوْهُ مِنِّيْ، وَقَرِّبُوْا أَصْحَابَهُ فَاجْعَلُوْهُمْ عِنْدَ ظَهْرِهِ، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُمْ: إِنِّيْ سَائِلٌ هٰذَا عَنْ هٰذَا الرَّجُلِ، فَإِنْ كَذَبَنِيْ فَكَذِّبُوْهُ، فَوَ اللّٰهِ لَوْلاَ الْحَيَاءُ مِنْ أَنْ يَأْثِرُوْا عَلَيَّ كَذِبًا لَكَذَبْتُ عَنْهُ.

ثُمَّ كَانَ أَوَّلَ مَا سَأَلَنِيْ عَنْهُ أَنْ قَالَ: كَيْفَ نَسَبُهُ فِيْكُمْ؟ قُلْتُ: هُوَ فِيْنَا ذُوْ نَسَبٍ، قَالَ: فَهَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ مِنْكُمْ أَحَدٌ قَطُّ قَبْلَهُ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مِنْ مَلِكٍ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَأَشْرَافُ النَّاسِ اتَّبَعُوْهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ قَالَ: أَيَزِيْدُوْنَ أَمْ يَنْقُصُوْنَ؟ قُلْتُ: بَلْ يَزِيْدُوْنَ، قَالَ: فَهَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ سَخْطَةً لِدِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيْهِ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ مَا قَالَ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: لاَ، وَنَحْنُ مِنْهُ فِيْ مُدَّةٍ لاَنَدْرِيْ مَا هُوَ فَاعِلٌ فِيْهَا – قَالَ: وَلَمْ تُمَكِّنِّيْ كَلِمَةٌ أُدْخِلُ فِيْهَا شَيْئًا غَيْرَ هٰذِهِ الْكَلِمَةِ – قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ، قُلْتُ: نَعَمْ؟ قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ قُلْتُ: الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالٌ، يَنَالُ مِنَّا وَنَنَالُ مِنْهُ، قَالَ: مَاذَا يَأْمُرُكُمْ؟ قُلْتُ: يَقُوْلُ: اعْبُدُوْا اللّٰهَ وَحْدَهُ، وَلاَ تُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا، وَاتْرُكُوْا مَا يَقُوْلُ آبَاؤُكُمْ، وَيَأْمُرُنَا بِالصَّلاَةِ، وَالصِّدْقِ، وَالْعَفَافِ، وَالصِّلَةِ.

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ابوسفیانؓ نے ان سے یہ واقعہ بیان کیا کہ ہرقل نے

قریش کی ایک جماعت کے ساتھ ان کے پاس بلاوا بھیجا، اور وہ بغرض تجارت شام گئے ہوئے تھے، اس زمانہ میں جس میں آنحضور ﷺ نے کفار قریش کے ساتھ مصالحت کی تھی، پس وہ سب ہرقل کے پاس پہنچے درانحالیکہ ہرقل ایلیاء میں تھا۔ پس بادشاہ نے ان کو اپنے دربار میں بلایا، درانحالیکہ اس کے اردگرد روم کے چودھری بیٹھے تھے، پھر ہرقل نے ان کو بلایا اور ترجمان کو بلایا (بادشاہ عربی سے ناواقف تھا اور ابوسفیان وغیرہ رومی زبان سے ناواقف تھے، اس وجہ سے ترجمان کا واسطہ رکھا) چنانچہ ہرقل نے پوچھا: وہ شخص جو یہ دعوی کرتا ہے کہ وہ نبی ہے اس کا سب سے قریبی رشتہ دار کون ہے؟ ابو سفیان کہتے ہیں: میں نے کہا: میں سب سے زیادہ قریبی رشتہ دار ہوں۔ پس ہرقل نے (درباریوں سے) کہا: اس کو مجھ سے قریب کرو، اور اس کے ساتھیوں کو اس کے قریب اس کی پیٹھ کے پیچھے بٹھاؤ، پھر ہرقل نے ترجمان سے کہا: ان سے کہو کہ میں اس (ابوسفیان) سے اس شخص (مدعوی نبوت) کے بارے میں پوچھوں گا پس اگر وہ مجھ سے جھوٹ کہے تو تم اس کا جھوٹ ظاہر کر دینا، ابوسفیان کہتے ہیں: قسم بخدا! اگر یہ شرم مانع نہ ہوتی کہ وہ میری طرف سے جھوٹ کو نقل کریں گے تو میں یقیناً حضورؐ کے بارے میں کذب بیانی کرتا۔

پھر پہلی بات جو ہرقل نے حضور ﷺ کے بارے میں مجھ سے پوچھی یہ تھی کہ تم میں اس کا نسب (خاندان) کیسا ہے؟ میں نے کہا: وہ ہم میں عالی نسب ہیں۔ ہرقل نے پوچھا: کیا تم میں کسی نے اس سے پہلے یہ بات کہی ہے؟ میں نے کہا: نہیں۔ ہرقل نے پوچھا: کیا اس کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ گذرا ہے؟ میں نے کہا: نہیں۔ ہرقل نے پوچھا: کیا شرفاء (اونچی ناک والے) ان کی پیروی کرتے ہیں یا کمزور لوگ؟ میں نے کہا: غرباء پیروی کرتے ہیں۔ ہرقل نے پوچھا: ان کے پیروکاروں کی تعداد بڑھ رہی ہے یا گھٹ رہی ہے؟ میں نے کہا: روز بروز بڑھ رہی ہے، ہرقل نے پوچھا: کیا ان میں سے کوئی دین میں داخل ہو کر بر بنائے ناراضگی دین سے پلٹتا ہے؟ میں نے کہا: نہیں۔ ہرقل نے پوچھا: کیا تم نے ان کو دعوئے نبوت سے پہلے کبھی جھوٹ کے ساتھ متّہم کیا ہے؟ یعنی کبھی ان کو جھوٹ بولتے دیکھا ہے؟ میں نے کہا: نہیں۔ ہرقل نے پوچھا: کیا وہ عہد و پیمان کی خلاف ورزی کرتے ہیں؟ میں نے کہا: نہیں، لیکن آج کل ہمارے اور ان کے درمیان ایک صلح ٹھہری ہوئی ہے، ہم نہیں جانتے کہ وہ اس میں کیا کریں گے؟ ابوسفیان کہتے ہیں: موقع نہیں دیا مجھے کسی بات نے کہ گھساؤں میں اس میں سوائے اس بات کے یعنی یہی ایک بات خلاف واقعہ کہنے کا مجھے موقعہ مل گیا، مگر ہرقل سمجھدار تھا، وہ سمجھ گیا کہ اس کے پیچھے کیا مقصد کارفرما ہے، چنانچہ اس نے اس بات سے صرف نظر کر لی اور جب جوابوں پر تبصرہ کیا تو اس بات کا ذکر ہی نہیں کیا۔ ہرقل نے پوچھا: کیا تمہاری ان کے ساتھ جنگ ہوئی ہے؟ میں نے کہا: ہاں۔ ہرقل نے پوچھا: لڑائی کیسی رہی؟ یعنی کون ہارا کون جیتا؟ میں نے کہا: جنگ ہمارے اور ان کے درمیان کنویں کا ڈول رہی، حاصل کرتے تھے وہ ہم سے اور حاصل کرتے تھے ہم ان سے، یعنی کامیابی کبھی ان کے قدم چومتی تھی اور کبھی ہمارے۔ ہرقل نے پوچھا: وہ تمہیں کن باتوں کا حکم دیتے ہیں؟ میں نے کہا: وہ یہ کہتے ہیں کہ ایک اللہ کی عبادت کرو، اور

اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، اور کفر وشرک کے تمام مراسم جو تمہارے آباؤ اجداد کرتے تھے ان کو یک لخت چھوڑ دو، اور وہ ہمیں نماز کا، سچائی کا، پاک دامنی کا اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں۔

وضاحتیں اور حل عبارت

قوله: في ركب: یہ راکب کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: قافلہ: یہ قافلہ تیس آدمیوں پر مشتمل تھا ــــ **قوله:** مَادَّفيها: مَادَّ: باب مفاعلہ سے ماضی معروف ہے، اصل مَادَدَ تھا۔ اجتماع مثلین کی وجہ سے ادغام کیا گیا ــــ **فأتوه وهم بإيلياء:** بعض نسخوں میں وهو بإيلياء: مفرد کی ضمیر ہے جو ہرقل کی طرف راجع ہے اور وہی نسخہ صحیح معلوم ہوتا ہے ــــ **فدعاهم في مجلسه:** دربار میں بلایا، اور **ثم دعاهم** سے مراد گفتگو کے لئے اپنے پاس بلایا۔ ابوسفیانؓ کا نسب چوتھی پشت میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ مل جاتا ہے: **أبو سفيان صخر بن حرب بن أمية بن عبد شمس بن عبد مناف۔**

قوله: ثم كان أَوَّلَ إلخ: أَوَّلَ ماسألني: خبر مقدم ہے اور أَنْ قال اسم مؤخر۔ پس أولَ منصوب ہے۔

قوله: سخطة: س: پر زبر اور پیش دونوں صحیح ہیں۔

فائدہ: ابوسفیان کا داماد عبید اللہ بن جحش مسلمان ہوا تھا اور ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ حبشہ ہجرت کی تھی، مگر وہاں ایک عورت کے عشق میں گرفتار ہو کر مرتد (نصرانی) ہو گیا، پس اُس ارتداد کی وجہ دین سے ناراضگی نہیں تھی بلکہ عشق تھا، اسی وجہ سے ابوسفیان نے کہا: بر بناء ناراضگی دین سے کوئی نہیں پھرا۔

قوله: الكذِب: بکسر الذال اسم ہے: جھوٹ اور ذال کے جزم اور ک کے زیر کے ساتھ كِذْب: مصدر ہے: جھوٹ بولنا ــــ **قوله:** في مُدَّةٍ: أي في مصالحة ــــ **قوله:** سِجَال: کنویں کا ڈول، پرانے زمانے میں گاؤں سے باہر ایک کنواں ہوتا تھا جس میں سے سارا گاؤں پانی بھرتا تھا اس کنویں پر چند ڈول رکھے رہتے تھے لوگ ان سے باری باری پانی بھرتے تھے، ابوسفیان نے جواب دیا کہ جنگوں کا نتیجہ کنویں کے ڈولوں کی طرح رہا، کبھی وہ پہلے پانی بھر لیتے تھے، کبھی ہم یعنی کامیابی کبھی ان کے قدم چومتی تھی کبھی ہماری۔ غرض: سِجْل کے معنی ہیں: پانی سے بھرا ہوا ڈول، اور خالی ڈول کو دَلْو کہتے ہیں۔

قوله: الصِدْق: بعض نسخوں میں اس کی جگہ صَدَقَة ہے، چونکہ نصوص میں اکثر نماز کے ساتھ صدقہ کا ذکر آیا ہے اس لئے غالب گمان یہ ہے کہ صدقة والا نسخہ صحیح ہے ــــ اور عفاف کے معنی ہیں: پاک دامنی یعنی شہوانی گناہ: زنا اغلام وغیرہ سے بچنا۔ الصِّلة: خاندان کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ **كتاب الشهادات، باب مَن أَمَرَ بإنجاز الوعد** (حدیث ۲۶۸۱) میں اس حدیث میں دو لفظ آئے ہیں: **الوفاء بالعهد:** عہد و پیمان کو پورا کرنا، و**أداء الأمانة:** امانت سپرد کرنا۔ یہ اسلام کی بنیادی تعلیمات ہیں جن سے ابوسفیان جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے وہ بھی واقف تھے۔

باب سے حدیث کی مناسبت

حدیث کا یہی حصہ باب سے متعلق ہے، تفصیل جاننے سے پہلے یہ سمجھنا چاہئے کہ استدلال کی دوصورتیں ہیں: استدلال لِمّی اور استدلال اِنّی۔ علت سے معلول پر استدلال کا نام استدلال لِمّی ہے، اور معلول سے علت پر استدلال کا نام استدلال اِنّی ہے۔

جیسے: آپ نے کوئی دینی بات کہی، مخاطب نہیں مانتا، آپ نے کہا: حدیث میں یہ بات آئی ہے، اس نے بات مان لی کیونکہ نبی کی بات جھوٹی نہیں ہوسکتی، پس ہم نے اپنی بات کے صحیح ہونے پر حدیث سے استدلال کیا یہ علت سے معلول پر استدلال ہے۔ اور ابوسفیان نے جو اسلامی تعلیمات بتلائیں ہرقل نے ان سے نبی پاک ﷺ کے سچے نبی ہونے پر استدلال کیا، یہ معلول سے علت پر استدلال ہے۔

دوسری مثال: دور دھواں نظر آیا، ہم نے دھویں سے آگ پر استدلال کیا اور کہا کہ وہاں آگ لگ رہی ہے، یہ معلول سے علت پر استدلال ہے اور یہ استدلال اِنّی ہے، اور اگر ہمارے سامنے انگیٹھی رکھی ہو، اس میں کوئلے جل رہے ہوں اور وہاں نام کو بھی دھواں نہ ہو، مگر ایک شخص کہتا ہے: انگیٹھی پر دھواں ہے، یہ علت سے معلول پر استدلال ہے اور یہ استدلال لِمّی ہے۔

غرض: یہاں تعلیماتِ اسلام سے آنحضور ﷺ کے دعوئے نبوت میں سچا ہونے پر استدلال کیا گیا ہے، اور یہ تعلیمات اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہیں اور اللہ تعالیٰ کے یہاں سے تعلیمات بذریعہ وحی ہی آتی ہیں پس وحی کا باب سے کا تعلق ہوگیا۔

بالفاظ دیگر: کبھی عنوان سے معنون پر استدلال کیا جاتا ہے اور کبھی معنون سے عنوان پر، جو شخص قرآن کو اللہ کا کلام (وحی) مانتا ہے اور وہ رسول اللہ ﷺ کو سچا نبی تسلیم کرتا ہے وہ قرآن وحدیث سے اسلامی تعلیمات کے برحق ہونے پر استدلال کرے گا، یہ عنوان سے معنون پر استدلال ہے، اور غیر مسلم جو نہ قرآن کو مانتا ہے، نہ نبی پاک ﷺ کی تصدیق کرتا ہے جب وہ تعلیمات اسلام کا مطالعہ کرے گا تو اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ جس نبی کی یہ تعلیمات ہیں وہ سچے نبی ہیں اور انھوں نے جو کتاب پیش کی ہے وہ اللہ کی کتاب ہے، یہ معنون سے عنوان پر استدلال ہوا، اور حدیث میں ہرقل نے معنون سے عنوان پر استدلال کیا ہے یعنی یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ تعلیمات بذریعہ وحی آنحضور ﷺ کے پاس آئی ہیں اور وحی کا باب چل رہا ہے، پس حدیث کا باب سے تعلق قائم ہوگیا۔

فَقَالَ لِلتَّرْجُمَانِ: قُلْ لَهُ: سَأَلْتُكَ عَنْ نَسَبِهِ؟ فَذَكَرْتَ أَنَّهُ فِيْكُمْ ذُوْ نَسَبٍ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِيْ نَسَبِ قَوْمِهَا، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ قَالَ أَحَدٌ مِنكُمْ هٰذَا الْقَوْلَ؟ فَذَكَرْتَ أَنْ لاَ، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ أَحَدٌ قَالَ هٰذَا

الْقَوْلَ قَبْلَهُ لَقُلْتُ: رَجُلٌ يَأْتَسِىْ بِقَوْلٍ قِيْلَ قَبْلَهُ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مِنْ مَلِكٍ؟ فذَكَرْتَ أَنْ لاَ، فَقُلْتُ: فَلَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مِنْ مَلِكٍ، قُلْتُ: رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ أَبِيْهِ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَّقُوْلَ مَاقَالَ؟ فَذَكَرْتَ أَنْ لاَ، فَقَدْ أَعْرِفُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَذَرَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ، وَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ: أَشْرَافُ النَّاسِ اتَّبَعُوْهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَذَكَرْتَ أَنَّ ضُعَفاءَهُمْ اتَّبَعُوْهُ، وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ: أَيَزِيْدُوْنَ أَمْ يَنْقُصُوْنَ؟ فَذَكَرْتَ أَنَّهُمْ يَزِيْدُوْنَ، وَكَذٰلِكَ أَمْرُ الإِيْمَانِ حَتّٰى يَتِمَّ، وَسَأَلْتُكَ: أَيَرْتَدُّ أَحَدٌ سَخْطَةً لِدِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيْهِ؟ فَذَكَرْتَ أَنْ لاَ، وَكَذٰلِكَ الإِيْمَانُ حِيْنَ تُخَالِطُ بَشَاشَتُهُ الْقُلُوْبَ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ يَغْدِرُ؟ فَذَكَرْتَ أَنْ لاّ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ لاَ تَغْدِرُ، وَسَأَلْتُكَ: بِمَا يَأْمُرُكُمْ؟ فَذَكَرْتَ أَنَّهُ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوْا اللّٰهَ، وَلاَ تُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا، وَيَنْهَاكُمْ عَنْ عِبَادَةِ الْأَوْثَانِ، وَيَأْمُرُكُمْ بِالصَّلاَةِ، والصِّدْقِ، وَالْعَفَافِ، فَإِنْ كَانَ مَا تَقُوْلُ حَقًّا فَسَيَمْلِكُ مَوْضِعَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ، وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، وَلَمْ أَكُنْ أَظُنُّ أَنَّهُ مِنْكُمْ، فَلَوْ أَنِّىْ أَعْلَمُ أَنِّىْ أَخْلُصُ إِلَيْهِ لَتَجَشَّمْتُ لِقَاءَ هُ، وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ.

ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الَّذِىْ بَعَثَ بِهِ دِحْيَةُ الْكلبىُّ إِلٰى عَظِيْمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ إِلٰى هِرَقْلَ، فَقَرَأَهُ، فَإِذَا فِيْهِ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ إِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ، سَلاَمٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ: فَإِنِّى أَدْعُوْكَ بِدِعَايَةِ الإِسْلاَمِ، أَسْلِمْ تَسْلَمْ، يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْيَرِيْسِيِّيْنَ، و:﴿ يٰأَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ، أَنْ لَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ، وَلاَ نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَلاَ يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوْا اشْهَدُوْا بِأَنَّا مُسْلِمُوْنَ﴾

قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: فَلَمَّا قَالَ مَا قَالَ، وَفَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ، كَثُرَ عِنْدَهُ الصَّخَبُ، فَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ، وَأُخْرِجْنَا، فَقُلْتُ لِأَصْحَابِىْ حِيْنَ أُخْرِجْنَا: لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِىْ كَبْشَةَ! إِنَّهُ يَخَافُهُ مَلِكُ بَنِىْ الْأَصْفَرِ! فَمَا زِلْتُ مُوْقِنًا أَنَّهُ سَيَظْهَرُ، حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الإِسْلاَمَ.

ترجمہ: پس ہرقل نے ترجمان سے کہا: ان سے کہو: میں نے تم سے ان کے خاندان کے بارے میں دریافت کیا تھا، تم نے جواب دیا کہ وہ تم میں عالی نسب ہیں، اور اسی طرح انبیاء اپنی قوم کے اعلیٰ خاندان میں بھیجے جاتے ہیں، اور میں نے تم سے پوچھا کہ کیا تم میں سے کسی نے اس سے پہلے یہ بات کہی ہے، تم نے جواب دیا: نہیں۔ پس میں نے سوچا: اگر ان سے پہلے کسی نے یہ بات کہی ہوتی تو میں کہتا: یہ ایسا آدمی ہے جو اقتداء کررہا ہے اس بات کی جو اس سے پہلے کہی گئی ہے۔ اور میں نے تم سے پوچھا: کیا اس کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ گذرا ہے؟ تم نے جواب دیا: نہیں، پس میں نے سوچا: اگر اس کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ گذرا ہوتا تو میں یہ سمجھتا کہ یہ ایک ایسا آدمی ہے جو اپنے باپ دادا کا ملک

حاصل کرنا چاہتا ہے، اور میں نے تم سے پوچھا: کیا تم اس کو جھوٹ کے ساتھ متہم گردانتے تھے، اس سے پہلے کہ انھوں نے دعوی کیا جو کیا، تم نے جواب دیا: نہیں۔ پس میں بالیقین جانتا ہوں کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ ایک شخص لوگوں پر جھوٹ نہ بولے اور اللہ پر جھوٹ بول دے، اور میں نے تم سے پوچھا: شریف لوگ ان کی پیروی کرتے ہیں یا کمزور لوگ؟ تم نے جواب دیا: کمزور لوگوں نے ان کی پیروی کی ہے۔ اور وہی لوگ رسولوں کی پیروی کرنے والے ہیں۔ اور میں نے تم سے پوچھا: ان کی تعداد بڑھ رہی ہے یا گھٹ رہی ہے؟ تم نے جواب دیا: وہ لوگ بڑھ رہے ہیں، اور یہی ایمان کا حال ہے، تا آنکہ وہ حد کمال کو پہنچ جائے، اور میں نے تم سے پوچھا: کیا کوئی دین میں داخل ہوکر بربناء ناراضگی دین سے پلٹتا ہے؟ تم نے جواب دیا: نہیں۔ اور یہی ایمان کا حال ہے: جب اس کی بشاشت دلوں میں پیوست ہوجاتی ہے (تو نکلتی نہیں) اور میں نے تم سے پوچھا: کیا وہ عہد شکنی کرتے ہیں؟ تم نے کہا: نہیں۔ اور اسی طرح انبیاء عہد شکنی نہیں کرتے۔ اور میں نے تم سے پوچھا کہ وہ تم کو کن باتوں کا حکم دیتے ہیں؟ تم نے بیان کیا کہ وہ تمہیں حکم دیتے ہیں کہ اللہ کی عبادت کرو، اور اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، اور وہ تمہیں بتوں کی عبادت سے روکتے ہیں اور تمہیں نماز کا، سچ بولنے کا، اور پاک دامنی کا حکم دیتے ہیں، پس اگر وہ باتیں جو تم نے کہی ہیں سچ ہیں تو وہ عنقریب میرے ان دونوں پیروں کی جگہ کے مالک ہوجائیں گے، اور میں بالتحقیق جانتا تھا کہ یہ نبی ظاہر ہونے والے ہیں، لیکن میرا یہ گمان نہیں تھا کہ وہ تم میں سے ہونگے، یعنی میں سمجھتا تھا کہ وہ نبی آخر الزماں بنی اسرائیل میں مبعوث ہونگے، پس اگر میں جانتا کہ میں ان تک پہنچ سکونگا تو میں ان سے ملاقات کے لئے ہر مشقت برداشت کرتا، اور اگر میں ان کے پاس ہوتا تو میں ان کے پیر دھوتا یعنی ہر خدمت کرتا۔

پھر ہرقل نے رسول اللہ ﷺ کا والا نامہ طلب کیا جو حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے عظیم بُصری (حارث بن شمر غسانی) کو دیا تھا، پس اس نے وہ ہرقل کو دیا اور ہرقل نے اس کو پڑھا، پس اچانک اس میں تھا:

''شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔ یہ خط اللہ کے بندے اور اس کے رسول محمدؐ کی طرف سے ہرقل کے نام ہے جو روم کی بڑی شخصیت ہے۔ اس شخص کے لئے سلامتی ہو جو ہدایت کی پیروی کرے۔ تمہید کے بعد: میں تمہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں، اسلام قبول کرلو، محفوظ رہوگے (اور) اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارا ڈبل اجر عطا فرمائیں گے، اور اگر تم نے روگردانی کی تو یقیناً تم پر رعایا کا گناہ ہوگا، اور اے اہل کتاب! آؤ ایک ایسی بات کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان مشترک ہے کہ ہم ایک اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں، اور ہم ان کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔ اور ہم میں سے ایک دوسرے کو اللہ سے ورے آقا نہ بنائے، پس اگر وہ لوگ روگردانی کریں تو تم کہہ دو: کہ تم ہمارے اس اقرار کے گواہ رہو کہ ہم ماننے والے ہیں (سورۂ آل عمران آیت ۶۴)

ابوسفیان کہتے ہیں: جب ہرقل نے کہی وہ باتیں جو اس نے کہی اور خط پڑھ کر فارغ ہوا تو اس کے پاس بہت شور ہوا، پس آوازیں بلند ہوگئیں، اور ہم (دربار سے) نکال دیئے گئے، پس میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا جب ہم باہر کردیئے

گئے: بخدا! ابو کبشہ کے لڑکے کا معاملہ تو بڑا سنگین ہوگیا! اس سے تو رومیوں کا بادشاہ ڈرتا ہے! (ابوسفیان کہتے ہیں) پس مجھے برابر یقین رہا کہ عنقریب آپ غالب آجائیں گے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام کی توفیق دی۔

تشریحات:

۱- ہرقل نے ابوسفیان سے دس گیارہ سوال کئے ہیں پھر ان کے ہر جواب پر تبصرہ کیا ہے، لیکن یہاں حدیث میں صرف نو جوابوں پر تبصرہ ہے، دو جوابوں پر تبصرہ آگے حدیث (نمبر ۲۸۰۴) میں آئے گا۔

۲- تمام سماوی ادیان کے ماننے والے شروع میں بے حیثیت لوگ ہوتے ہیں، اونچی ناک والے امراؤ شرفاء اس وقت قبول کرتے ہیں جب وہ پھیلنے لگتا ہے، اس وقت ان کو اپنی حیثیت برقرار رکھنے کے لئے منقاد ہونا پڑتا ہے، مگر یہ بات اکثری ہے، کلی نہیں۔ حضرت خدیجۃ الکبری اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما شرفاء میں سے تھے، مگر سب سے پہلے ایمان لائے ہیں۔

۳- انبیاء کے پیروکاروں کی پہلی جماعت دین پر مضبوطی سے جمتی ہے، ان میں عام طور پر ارتداد کا واقعہ پیش نہیں آتا، تاریخ میں دو چار ہی واقعات ایسے ملیں گے کہ کوئی شخص اسلام قبول کرنے کے بعد مرتد ہوگیا، جیسے حضرت ام حبیبہؓ کا شوہر عبید اللہ بن جحش حبشہ جاکر نصرانی ہوگیا، مگر عام طور پر پہلی جماعت کے افراد مذہب سے نہیں پلٹتے، کیونکہ وہ مذہب کے صحیح جاننے والے ہوتے ہیں، پھر جب دین مکمل ہوجاتا ہے اور جماعت بھی بڑی ہوجاتی ہے اور ان کی خبر گیری کرنے والا کوئی نہیں رہتا تو کچھ لوگ جہالت کی وجہ سے یا دنیاوی اغراض سے دین سے پھر جاتے ہیں، ہرقل نے یہی بات کہی ہے کہ اسلام قبول کرنے والوں کا اس مذہب پر جمے رہنا اور کسی کا الٹے پاؤں نہ پھرنا اس مذہب کے سچا ہونے کی دلیل ہے۔

قولہ: بَشَاشَتُہُ القلوبَ: لفظ بشاشت اردو میں بھی مستعمل ہے اور اس کے معنی ہیں: دل کے اطمینان کی کیفیت جس کا چہرے پر اثر ظاہر ہو، اور ت کو حذف کرکے بشاش بھی بولتے ہیں، کہتے ہیں: آپ بہت ہشاش بشاش نظر آرہے ہیں، بہر حال جب یہ کیفیت ہوجاتی ہے کہ ایمان کی خوشی چہرے پر نظر آنے لگے تو پھر وہ ایمان سے پلٹ نہیں سکتا، اور جب تک یہ کیفیت ظاہر نہیں ہوتی ایمان کمال تک نہیں پہنچتا، نہ اس کی کوئی گارنٹی ہے۔

قولہ: یأمرکم بالصلاۃ والصدق: یہ حدیث کتاب الجہاد (حدیث نمبر ۲۹۴۱) میں بھی ہے، وہاں الصِّدق کی جگہ الصَّدَقۃ ہے، اور کتاب التفسیر (حدیث نمبر ۴۵۵۳) میں الزکاۃ ہے، حافظ رحمہ اللہ نے لفظ الزکاۃ کی بنیاد پر یہ بات کہی ہے کہ صحیح لفظ الصدقۃ ہے کیونکہ روایت بالمعنی کرتے ہوئے الزکاۃ کا ترجمہ الصِّدق نہیں کیا جاسکتا، ہاں الصدقۃ کیا جاسکتا ہے، لیکن میرا خیال یہ ہے کہ دونوں لفظ صحیح ہیں، ایک راوی نے الصِّدق کا ذکر کیا، دوسرے نے الصدقۃ کا اور دونوں لفظوں کو جمع کرنے میں کوئی دشواری نہیں، اس لئے دونوں لفظ صحیح ہیں۔

قولہ: وقد کنتُ أعلم أنہ خارج، ولم أکن أظن أنہ منکم: ہرقل جب ابوسفیان کے جوابوں پر تبصرہ کرچکا تو

پہلی بات اس نے یہ کہی کہ میں بالیقین جانتا تھا کہ نبی آخرالزماں پیدا ہونے والے ہیں یعنی ان کے ظہور کا وقت قریب آ گیا ہے، مگر میرا خیال تھا کہ وہ بنی اسرائیل میں پیدا ہونگے، عربوں میں پیدا ہونگے ایسا میرا خیال نہیں تھا۔

جیسے ہندو بھی نبی آخرالزماں کے بارے میں خوب جانتے ہیں، ان کی ویدوں میں لفظ نراشیش سے آپ کی پیشین گوئی موجود ہے، یہ سنسکرت کا لفظ ہے اس کے معنی ہیں ستودہ، تعریف کیا ہوا، یہی محمد کے معنی ہیں، مگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ نراشیش نام کا کوئی شخص ہوگا اور وہ ہندوؤں میں پیدا ہوگا۔ اور ان کے پرانوں میں —— وید قدیم کتابیں ہیں اور پَران بعد کی —— لفظ کلکی اوتار سے آپ کی خبر دی گئی ہے، ہندو برگزیدہ شخصیات (انبیاء) کو اوتار کہتے ہیں، ان کا عقیدہ یہ ہے کہ جب دنیا کے احوال حد سے زیادہ خراب ہوجاتے ہیں تو بھگوان بذات خود دنیا میں آتے ہیں، وہ باقاعدہ کسی عورت کے پیٹ سے جنم لیتےہیں اور دنیا کو سنوار کر اپنی جگہ چلے جاتے ہیں، اور کلکی کے معنی ہیں: آخری، آج بھی ہندو کلکی اوتار کے منتظر ہیں، ان کا خیال یہ ہے کہ کلکی اوتار (آخری نبی) ہندوؤں میں پیدا ہونگے، مگر اللہ نے یہ فضیلت نہ نصاریٰ کو بخشی نہ ہندوؤں کو، بلکہ یہ نعمت عربوں کے نصیب میں آئی۔

قولہ: فإن كان ما تقول حقا فسيملك موضِعَ قدمَيَّ هاتين: دوسری بات ہرقل نے یہ کہی کہ اگر تم نے میرے سوالات کے جوابات صحیح دیئے ہیں تو وہ میرے پیروں کے نیچے کی زمین (بیت المقدس) کے مالک ہوجائیں گے، چنانچہ یہ پیشین گوئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں پوری ہوئی، بیت المقدس فتح ہوکر اسلام کے زیر نگیں آ گیا۔

قولہ: لو أني أعلم أني أخلص إليه لتجشمتُ لقاء ہ: ہرقل نے تیسری بات یہ کہی کہ اگر میں نبی آخرالزماں تک پہنچ سکتا تو ہر طرح کی مشقت برداشت کرتا اور خدمت اقدس میں حاضر ہوتا، اور آپ کے پاؤں دھوتا یعنی ہر طرح کی خدمت کرتا، مگر میرے لئے ان تک پہنچنا ممکن نہیں، میری حکومت چلی جائے گی!

قولہ: بسم الله الرحمن الرحيم: آنحضور ﷺ نے شاہانِ عجم کے نام جتنے خطوط روانہ فرمائے ہیں سب کی ابتداء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ہوئی ہے، اور یہی اسلامی طریقہ ہے، بعض لوگ بسم اللہ کی جگہ اس کا عدد ۷۸٦ لکھتے ہیں، یہ غیر اسلامی طریقہ ہے، وہ لوگ کہتے ہیں: اگر مکتوب الیہ خط کی حفاظت نہیں کرے گا تو اللہ کے نام کی توہین ہوگی، مگر یہ عذر صحیح نہیں، خط لکھنے والے کی ذمہ داری ہے بسم اللہ لکھنا، اور مکتوب الیہ کی ذمہ داری ہے اس کا احترام کرنا، اگر وہ احترام نہیں کرے گا تو وہ گنہ گار ہوگا، آنحضور ﷺ نے یہ والا نامے کافر بادشاہوں کو لکھے ہیں، کیا یہ امید تھی کہ وہ ان خطوط کا احترام کریں گے؟ اونچے طاق میں رکھیں گے؟ ہوسکتا تھا کہ نیچے پھینک دیں اور ایران کے بادشاہ نے پھاڑ کر نیچے پھینک بھی دیا تھا مگر آنحضور ﷺ نے ہر خط کے شروع میں پوری بسم اللہ لکھی ہے، یہی اسلامی طریقہ ہے۔

اور کچھ لوگ خط کے شروع میں **باسمہ تعالیٰ** لکھتے ہیں، یہ بھی ٹھیک نہیں، یہ بھی حضور ﷺ کے عمل کے خلاف ہے، مگر چونکہ یہ بسم اللہ ہی کے ہم معنی ہے اس لئے جائز ہے، مگر یہ بھی اسلامی طریقہ نہیں، اسلامی طریقہ پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لکھنا ہے، صلح حدیبیہ کے معاہدے میں آپؐ نے پوری بسم اللہ لکھنے کا حکم دیا تھا۔ مشرکین نے اعتراض کیا، اور باسمك اللّٰھم لکھنے پر اصرار کیا تو آپؐ نے قبول فرمالیا۔

قولہ: من محمد عبد الله ورسوله: اس میں اشارہ ہے کہ خط لکھنے والا اپنا نام پہلے لکھے، اور مکتوب الیہ کا بعد میں، حضرات صحابہ کا بھی یہی معمول تھا، جب وہ آپؐ کو خط لکھتے تھے تو پہلے اپنا نام لکھتے تھے (کذا فی شرح البخاری للنووی ص:۸۶) لیکن یہ ضروری اور واجب نہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہما کو ایک جگہ بھیجا، وہاں پہنچ کر دونوں حضرات نے آپؐ کی خدمت میں عریضہ لکھا۔ حضرت علیؓ نے تو آپؐ کا نام پہلے لکھا اور اپنا بعد میں، اور حضرت خالدؓ نے اپنا نام پہلے لکھا، جس سے معلوم ہوا کہ دونوں امر جائز ہیں۔ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو اور عبدالملک بن مروان کو خط لکھا تو پہلے حضرت معاویہ اور عبدالملک کا نام لکھا تھا۔ اسی طرح زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے جب حضرت معاویہ کو خط لکھا تو انھوں نے بھی حضرت معاویہؓ کا نام پہلے لکھا تھا۔

(فتح الباری ۸:۱۶۸ بحوالہ سیرۃ المصطفیٰ ۲:۳۹۰)

قولہ: إلی هرقل عظیم الروم: اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ جب کسی بڑے کو خط لکھا جائے تو مناسب القاب لکھے جائیں، اگرچہ وہ غیر مسلم ہو۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظ مَلِك (بادشاہ) نہیں لکھا اس لئے کہ یہ لفظ اللہ کو پسند نہیں اور ملک الاملاک (شہنشاہ) تو اللہ کو نہایت ناگوار ہے (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۴۷۵۵)

قولہ: سلامٌ علی من اتبع الهدی: اس میں اشارہ ہے کہ غیر مسلم کو اسلامی سلام: السلام علیکم نہیں کرنا چاہئے بلکہ اس طرح سلام کرے کہ نہ سانپ بچے نہ لاٹھی ٹوٹے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے دربار میں اسی طرح سلام کیا تھا، انھوں نے کہا تھا ﴿وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی﴾: جو ہدایت کی پیروی کرے اس کو سلام! اور جو پیروی نہ کرے وہ دعا سے محروم!

قولہ: أَدْعوك بِدِعایة الإسلام: میں تمہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں، یہ پورے جملہ کا ترجمہ ہے، أدعوك کا علاحدہ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں، دِعَایَة: دعا یدعو کا مصدر ہے، دَعْوَةٌ بھی مصدر آتا ہے، اور دِعایة الإسلام میں اضافت ایسی ہے جیسے خاتَمُ فضَّةٍ میں یعنی اضافت بیانیہ ہے، پس جس طرح خَاتَم اور فضَّة ایک ہیں دعایة اور اسلام ایک ہیں۔

قولہ: أَسْلِمْ تَسْلَمْ: اسلام قبول کرلو محفوظ رہوگے (دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی) ——— قیصر نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد پر غور نہیں کیا، اگر وہ اسلام قبول کرلیتا تو آخرت تو سلامت رہتی ہی، دنیا (حکومت) بھی سلامت رہتی۔

قولہ: یؤتك الله أجرك مرتین: اسلام قبول کروگے تو اللہ تعالیٰ تمہیں ڈبل ثواب دیں گے، ایک اجر سابق نبی پر ایمان لانے کا، اور دوسرا اجر نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا۔ بخاری و مسلم میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ

سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین شخصوں کے لئے دوہرا اجر ہے، ان میں سے ایک وہ شخص ہے جو گذشتہ نبی پر اور اس کی کتاب پر ایمان لایا، پھر نبی آخر الزماں پر بھی ایمان لایا (مشکوٰۃ حدیث ١١)

دوہرا اجر پانے کی دوسری وجہ: حدیث میں ہے: الدَّالُ علی الخیر کفاعله: بھلی بات کی طرف راہنمائی کرنے والا بھلی بات پر عمل کرنے والے کی طرح ہے، پس اگر بادشاہ ایمان لے آئے گا تو اس کے ساتھ بے شمار لوگ ایمان لے آئیں گے، کیونکہ: الناس علی دین ملوکھم: لوگ اپنے بادشاہوں کے طریقوں پر چلتے ہیں پس سب ایمان لانے والوں کا ثواب بھی اس کو ملے گا، اور اس صورت میں مَرَّتین (تثنیہ) عدد کے لئے نہیں ہوگا، بلکہ تکرار کے لئے ہوگا، جیسے ﴿ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ﴾: پھر آسمان کی طرف بار بار دیکھو، آسمان میں تمہیں کوئی دراڑ شگاف نظر نہیں آئے گا، یہاں تثنیہ تکرار کے لئے ہے عدد کے لئے نہیں ہے، اسی طرح یؤتك الله أجرك مرتين میں بھی تثنیہ تکرار کے لئے ہوگا۔ اب ترجمہ ہوگا: تمہیں بے حساب اجر ملے گا، جتنے لوگ تمہاری وجہ سے مسلمان ہونگے سب کا ثواب تم کو بھی ملے گا۔

اور اگر تم دین حق قبول کرنے سے اعراض کروگے تو تمام پبلک کا گناہ تمہارے سر ہوگا، اس لئے کہ بدی کی طرف بلانے والا اور اس کا سبب بننے والا گناہ کرنے والے کی طرح ہے، مسلم شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے کسی بھلی بات کی طرف راہنمائی کی تو اس کو اس بھلائی پر عمل کرنے والوں کے بقدر ثواب ملے گا، اور ان عمل کرنے والوں کے ثواب میں سے کچھ کم نہ ہوگا، اور جس نے کسی گناہ کے کام کی طرف راہنمائی کی تو اس پر اس گناہ کرنے والوں کا وبال ہوگا، اور ان برائی کرنے والوں کے گناہ میں سے کچھ کم نہ ہوگا (مشکوٰۃ حدیث ١٥٧)

قولہ: إثم الْیَرِیْسِیِّیْنَ: اور ایک نسخہ میں إثم الأریسیین ہے۔ یہ کس زبان کا لفظ ہے اس کے کیا معنی ہیں؟ یہ بات معلوم نہیں، بعض حضرات نے لکھا ہے کہ اس کے معنی کسان کے ہیں، چونکہ روم کی اکثریت کھیتی کرتی تھی اس لئے یہ لفظ استعمال کیا ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ اس لفظ کی حقیقت معلوم نہیں، البتہ مرادی معنی پبلک (رعایا) ہیں۔

پھر حضور ﷺ نے سورہ آل عمران کی آیت (٦٤) لکھی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ہمارے اور تمہارے درمیان ایک مشترک نقطہ ہے، اس پر آجاؤ، اور وہ نقطہ یہ ہے کہ ہم اللہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کریں، اور اللہ سے نیچے کسی کو رب نہ بنائیں، تمام ادیان سماویہ کا یہی مشترک نقطہ ہے، پس اس بیج سے جو شاخیں نکلیں گی وہ مختلف کیسے ہوسکتی ہیں؟

قولہ: لقد أَمِرَ أمرُ ابْنِ أبی کبشة: أَمِرَ کے معنی ہیں: عَظُم، اور ابن ابی کبشہ سے آنحضور ﷺ مراد ہیں۔ اور ابوسفیان نے آپؐ کو ابوکبشہ کا لڑکا کیوں کہا، جبکہ آپؐ کی ددھیال اور ننھیال میں اس نام کا کوئی شخص نہیں گذرا؟ علماء نے اس کی مختلف توجیہیں کی ہیں، میرے نزدیک سب سے بہتر توجیہ یہ ہے کہ آنحضور ﷺ سے پہلے عرب میں ابوکبشہ نام کا ایک شخص گذرا ہے، جس نے مورتیوں کی پوجا کی مخالفت کی تھی، اور اسلام کی بھی یہی تعلیم ہے، اس لئے ابوسفیان

نے بطور تشبیہ آپ ﷺ کو ابو کبشہ کا بیٹا کہا ہے، جیسے بریلوی: دیوبندیوں کو وہابی کہتے ہیں حالانکہ اکابر دیوبند میں کوئی اس نام کا نہیں گذرا، اس کی وجہ یہ ہے کہ عرب میں محمد بن عبدالوہاب نام کی ایک شخصیت گذری ہے، انھوں نے بدعات کی سخت مخالفت کی ہے، اور علماء دیوبند نے بھی یہی کام کیا ہے، اس لئے کہنے والوں نے ان کو بھی وہابی کہہ دیا، اسی طرح ابو کبشہ نے مورتی پوجا کی سخت مخالفت کی تھی، اور اسلام بھی مخالفت کرتا ہے، اس لئے ابو سفیان نے آپ ﷺ کو ابو کبشہ کا بیٹا کہا، قرین صواب یہی بات مجھے نظر آتی ہے۔ واللہ اعلم

وَكَانَ ابْنُ النَّاطُوْرِ صَاحِبُ إِيْلِيَاءَ وَهِرَقْلَ سُقُفَّ عَلٰى نَصَارَى الشَّامِ، يُحَدِّثُ أَنَّ هِرَقْلَ حِيْنَ قَدِمَ إِيْلِيَاءَ أَصْبَحَ يَوْمًا خَبِيْثَ النَّفْسِ، فَقَالَ بَعْضُ بَطَارِقَتِهِ: قَدِ اسْتَنْكَرْنَا هَيْئَتَكَ، قَالَ ابْنُ النَّاطُوْرِ: وَكَانَ هِرَقْلُ حَزَّاءً، يَنْظُرُ فِي النُّجُوْمِ، فَقَالَ لَهُمْ حِيْنَ سَأَلُوْهُ: إِنِّيْ رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ حِيْنَ نَظَرْتُ فِي النُّجُوْمِ مَلِكَ الْخِتَانِ قَدْ ظَهَرَ، فَمَنْ يَخْتَتِنُ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ؟ قَالُوْا: لَيْس يَخْتَتِنُ إِلَّا الْيَهُوْدُ فَلَا يُهِمَّنَّكَ شَأْنُهُمْ، وَاكْتُبْ إِلٰى مَدَائِنِ مُلْكِكَ، فَلْيَقْتُلُوْا مَنْ فِيْهِمْ مِنَ الْيَهُوْدِ.

فَبَيْنَاهُمْ عَلَى أَمْرِهِمْ أُتِيَ هِرَقْلُ بِرَجُلٍ أَرْسَلَ بِهِ مَلِكُ غَسَّانَ، يُخْبِرُ عَنْ خَبَرِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا اسْتَخْبَرَهُ هِرَقْلُ قَالَ: اذْهَبُوْا فَانْظُرُوْا أَمُخْتَتِنٌ هُوَ أَمْ لَا؟ فَنَظَرُوْا إِلَيْهِ فَحَدَّثُوْهُ أَنَّهُ مُخْتَتِنٌ، وَسَأَلَهُ عَنِ الْعَرَبِ، فَقَالَ: هُمْ يَخْتَتِنُوْنَ، فَقَالَ هِرَقْلُ: هٰذَا مَلِكُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ قَدْ ظَهَرَ.

ثُمَّ كَتَبَ هِرَقْلُ إِلٰى صَاحِبٍ لَهُ بِرُوْمِيَةَ، وَكَانَ نَظِيْرَهُ فِي الْعِلْمِ، وَسَارَ هِرَقْلُ إِلٰى حِمْصَ، فَلَمْ يَرِمْ حِمْصَ حَتّٰى أَتَاهُ كِتَابٌ مِنْ صَاحِبِهِ يُوَافِقُ رَأْيَ هِرَقْلَ عَلٰى خُرُوْجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَّهُ نَبِيٌّ فَأَذِنَ هِرَقْلُ لِعُظَمَاءِ الرُّوْمِ فِيْ دَسْكَرَةٍ لَهُ بِحِمْصَ، ثُمَّ أَمَرَ بِأَبْوَابِهَا فَغُلِّقَتْ، ثُمَّ اطَّلَعَ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّوْمِ! هَلْ لَكُمْ فِي الْفَلَاحِ وَالرُّشْدِ، وَأَنْ يَثْبُتَ مُلْكُكُمْ، فَتُبَايِعُوْا هٰذَا النَّبِيَّ؟ فَحَاصُوْا حَيْصَةَ حُمُرِ الوَحْشِ إِلَى الْأَبْوَابِ، فَوَجَدُوْهَا قَدْ غُلِّقَتْ، فَلَمَّا رَأَى هِرَقْلُ نَفْرَتَهُمْ وَأَيِسَ مِنَ الإِيْمَانِ، قَالَ: رُدُّوْهُمْ عَلَيَّ، وَقَالَ: إِنِّيْ قُلْتُ مَقَالَتِيْ آنِفًا أَخْتَبِرُ بِهَا شِدَّتَكُمْ عَلٰى دِيْنِكُمْ، فَقَدْ رَأَيْتُ، فَسَجَدُوْا لَهُ، وَرَضُوْا عَنْهُ، فَكَانَ ذٰلِكَ آخِرَ شَأْنِ هِرَقْلَ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: رَوَاهُ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، وَيُوْنُس، وَمَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ.

[انظر: ٥١، ٢٦٨١، ٢٨٠٤، ٢٩٤١، ٢٩٧٨، ٣١٧٤، ٤٥٥٣، ٥٩٨٠، ٦٢٦٠، ٧١٩٦، ٧٥٤١]

ترجمہ: اور ابن الناطور جو ایلیاء کا گورنر، ہرقل کا دوست اور شام کے نصاری کا مذہبی پیشوا تھا بیان کرتا ہے کہ ہرقل جب ایلیاء آیا تو ایک دن وہ کبیدہ خاطر تھا، پس اس کے کسی مصاحب نے عرض کیا: ہم آج آپ کی حالت دیگر گوں پاتے ہیں! (کیا بات ہے؟) ابن الناطور کہتا ہے: اور ہرقل ماہر کاہن تھا، ستاروں میں غور کرتا تھا (اور آئندہ کے احوال کا پتہ

چلاتا تھا) پس جب لوگوں نے ہرقل سے اس کی متغیر حالت کے بارے میں دریافت کیا تو اس نے کہا: بیشک آج رات جب میں نے ستاروں کی چالوں میں غور کیا تو دیکھا کہ ختنہ کرنے والی قوم کا بادشاہ (ہم پر) غالب آگیا (مجھے بتاؤ!) کونسی قوم ختنہ کرتی ہے؟ حاضرین نے جواب دیا: یہود کے علاوہ کوئی ختنہ نہیں کرتا، پس ان کا معاملہ آپ کو فکرمند نہ کرے، آپ اپنے ملک کے تمام شہروں میں حکم بھیج دیں کہ وہاں جتنے یہودی ہیں ان کو قتل کردیں۔

پس اس درمیان کہ وہ اپنے معاملہ پر تھے یعنی ابھی مشورہ چل رہا تھا کہ ہرقل کے پاس ایک شخص لایا گیا جس کو غسّان کے بادشاہ نے بھیجا تھا جو آنحضور ﷺ کے احوال بیان کرتا تھا، پس جب ہرقل نے اس سے احوال دریافت کئے تو اس نے کہا: اس کو لے جاکر دیکھو: آیا ختنہ شدہ ہے یا نہیں؟ لوگوں نے اس کو دیکھا پھر ہرقل کو بتایا کہ وہ ختنہ شدہ ہے اور ہرقل نے اس سے عرب کے بارے میں دریافت کیا، اس نے کہا: وہ ختنہ کراتے ہیں، پس ہرقل نے (اپنے درباریوں سے) کہا: اس قوم کا بادشاہ یقیناً غالب آئے گا۔

پھر ہرقل نے اپنے ایک دوست (ضغاطر) کو لکھا جو رومیہ کا رہنے والا تھا اور کہانت میں ہرقل کا ہم پلہ تھا، اور ہرقل حِمص کی طرف چل دیا، پس ابھی وہ حمص سے آگے بڑھنے نہیں پایا تھا کہ اس کے دوست کا خط آیا جس میں اس نے ہرقل کی رائے سے اتفاق کیا کہ نبی ﷺ پیدا ہوچکے ہیں اور وہ (برحق) نبی ہیں۔ چنانچہ ہرقل نے حمص میں اپنے دربار میں روم کے چودھریوں کو جمع کیا، پھر دربار کے دروازے بند کرنے کا حکم دیا، چنانچہ وہ بند کردیئے گئے، پھر وہ دربار میں آیا، اور خطاب کیا: رومیو! کیا تم کامیابی، ہدایت اور اپنی حکومت کی بقا چاہتے ہو؟ پس اس نبی کے ہاتھ پر بیعت کرلو (یہ سن کر) لوگ نیل گایوں کے بھاگنے کی طرح دروازوں کی طرف بھاگے، پس انھوں نے دروازے بند پائے۔ پس جب ہرقل نے ان کی دین سے بیزاری دیکھی اور وہ ان کے ایمان سے مایوس ہوگیا تو اس نے کہا: لوگوں کو میرے پاس واپس لاؤ، اور اس نے کہا: میں نے ابھی جو بات کہی اس کے ذریعہ میں تمہاری مذہب میں پختگی اور مضبوطی کی آزمائش کررہا تھا، سو میں نے وہ دیکھ لی، پس سب نے اس کو سجدہ کیا اور اس سے راضی ہوگئے، پس یہ ہرقل کے آخری احوال ہیں۔

تشریحات

۱- ابوسفیان والا واقعہ جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کیا ہے پورا ہوچکا، اب یہاں سے دوسرا واقعہ شروع ہورہا ہے، اس واقعہ کو ابن الناطور سے کون روایت کرتا ہے؟ کتابوں میں لکھا ہے کہ ابن شہاب زہری رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے، یعنی اوپر والا واقعہ جو ابوسفیان کا بیان کیا ہوا ہے، اس کو امام زہری: عبید اللہ بن عبد اللہ سے، اور وہ ابن عباس سے روایت کرتے ہیں اور اس واقعہ کو ابن الناطور سے براہ راست امام زہریؒ روایت کرتے ہیں، حافظؒ نے فتح الباری میں اور ابونعیم نے دلائل النبوہ میں لکھا ہے کہ عبد الملک بن مروان کے زمانہ حکومت میں امام زہری کی ابن الناطور سے دمشق میں ملاقات ہوئی اور انھوں نے خود ابن الناطور سے یہ واقعہ سنا۔ ابن الناطور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ

خلافت میں مسلمان ہوگئے تھے، مگر مجھے اس بات پر حیرت ہے، ابن شہاب زہریؒ پہلی صدی کے آخر کے ہیں اور ابن الناطور آنحضور ﷺ کے زمانہ میں تھا ہرقل کا دوست اور ایلیاء کا گورنر اور مذہبی پیشوا تھا پس اس وقت وہ عمر رسیدہ آدمی ہوگا، پھر اس کی ابن شہاب زہریؒ سے ملاقات کیسے ہوئی؟ اور ابن شہاب نے اس سے یہ واقعہ براہ راست کیسے سنا؟ یہ بات عقل باور نہیں کرتی، پس میری رائے یہ ہے کہ ابن الناطور نے حضرت عمرؓ کے زمانہ میں مسلمان ہونے کے بعد حضرت ابن عباسؓ سے یہ واقعہ بیان کیا ہے۔ پس یہ بھی ابن عباسؓ کی روایت ہے اور ابن شہاب دونوں واقعے حضرت ابن عباس سے بہ واسطہ عبید اللہ روایت کرتے ہیں واللہ اعلم بالصواب۔

۲- اور ناطور کس زبان کا لفظ ہے؟ یہ معلوم نہیں، حاشیہ میں اس کے معنی حارث البُستان: مالی، باغباں لکھے ہیں، اور سُقُف: یا أُسقف: عیسائیوں کے یہاں ایک مذہبی عہدہ تھا، جیسے آج کل بشپ ایک عہدہ ہے۔

۳- اس روایت میں دو واقعے ہیں: ایک ابوسفیان والا، دوسرا ابن الناطور والا، ان میں پہلا واقعہ کونسا ہے، اور دوسرا کونسا؟ اس سلسلہ میں روایات میں اور شارحین میں بہت اختلاف ہے، اور میں کسی نتیجہ پر نہیں پہنچا، اور اس کا فیصلہ کرنے کی کوئی خاص ضرورت بھی نہیں۔

۴- بطارق: بِطْریق کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: مصاحب —— حَزَّاء: کے لغوی معنی ہیں: زیرک، ذہین۔ اور اصطلاح میں حزّاء کاہن کو کہتے ہیں جس کے تابع مؤکل (جنات) ہوتے ہیں اور جو مستقبل کی پیشین گوئیاں کرتے ہیں —— صاحبُ ایلیاء: ابن الناطور کی صفت ہے، پس وہ مرفوع ہے، اور اس کو علی الاختصاص منصوب بھی پڑھا گیا ہے —— سُقُفًّا: یہی اصل اعراب ہے اس لئے کہ یہ کان کی خبر ہے اور اس کو الف کے ساتھ أُسقُفًّا بھی پڑھا گیا ہے، اور بعض لوگوں نے مبتدا محذوف کی خبر بنا کر اس کو مرفوع پڑھا ہے —— مَلِكُ الْخِتان بھی پڑھ سکتے ہیں یعنی ختنہ کا بادشاہ، اور مُلْكُ الْخِتان: بھی پڑھ سکتے ہیں، یعنی ختنہ کا ملک ہم پر غالب آگیا —— دَسْکَرَۃ: عجمی لفظ ہے اور اس کے معنی ہیں: عظیم محل —— فکان ذلك آخر شأن: ذلك کا مشار الیہ یہ پورا واقعہ ہے جو ابن الناطور نے بیان کیا ہے، یعنی ہرقل کا بس اتنا ہی معاملہ ہمارے علم میں ہے، آئندہ کیا ہوا؟ وہ مسلمان ہوا یا نہیں؟ اس کی موت اسلام پر ہوئی یا کفر پر؟ ہمیں معلوم نہیں، البتہ مسند احمد میں یہ روایت ہے کہ ہرقل نے تبوک سے ایک خط آنحضرت ﷺ کو لکھا تھا جس میں لکھا تھا کہ میں مسلمان ہوں، آپؐ نے فرمایا: یہ شخص جھوٹا ہے، ابھی تک اپنی نصرانیت پر قائم ہے، واللہ اعلم

(بحوالہ سیرت المصطفیٰ ۲: ۳۹۲)

ملحوظہ: صالح، یونس اور معمر کی روایتیں آگے آرہی ہیں، یہ روایت بخاری شریف میں بارہ جگہ آئی ہے، کہیں مفصل کہیں مختصر۔

﴿الحمد للہ! بدء الوحی کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الإیمان

باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم:" بنی الإسلام علی خمس" وھو قول وفعل ویزید وینقص

ایمان کا مبنی پانچ اعمال ہیں اور ایمان قول وفعل ہے اور وہ گھٹتا بڑھتا ہے

بخاری کی ابتدا وانتہا ایمان کے بیان سے ہوئی ہے

یہ بات پہلے آچکی ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ایمان کے بیان سے شروع کی ہے، اور ایمان ہی کے بیان پر ختم کی ہے، آخری کتاب: کتاب التوحید ہے۔ ایمان اور توحید ایک چیز ہیں۔ اور لفظوں کا اختلاف تفنن (نہج بدلنا) ہے، اور اعمال کا بیان درمیان میں لائے ہیں، اس میں دو باتوں کی طرف اشارہ ہے:

پہلی بات: اعمال کی اعتباریت کے لئے ایمان کی مقارنت شرط ہے۔ ایمان کے بغیر اعمال بے ثمرہ ہیں۔ سورۃ النحل (آیت ۹۷) میں ہے: ﴿مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ﴾: جو شخص کوئی نیک کام کرے، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ وہ صاحبِ ایمان ہو، کیونکہ کافر کے اعمال صالحہ آخرت میں مقبول نہیں۔ وہ سراب (چمکتی ریت) کی طرح ہیں۔ سورۃ النور (آیت ۳۹) میں ان کی یہی تمثیل آئی ہے۔

دوسری بات: ایمان میں استمرار ضروری ہے، اس میں لمحہ بھر کا انقطاع گوارہ نہیں۔ سورۃ الزمر (آیت ۶۵) میں ہے: ﴿لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ، وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ﴾: اگر تو شرک کرے گا تو تیرا کیا کرایا سب غارت ہوجائے گا، اور آخرت میں تو خسارے میں پڑ جائے گا۔

فائدہ: ایمان کی جزاء ابدی جنت اور شرک وکفر کی سزا ابدی جہنم اس لئے ہیں کہ یہ ابدی حقیقتیں ہیں، موت کے بعد بھی مستمر رہتی ہیں، اور اعمال منقطع ہوجاتے ہیں، نماز پڑھ کر فارغ ہوا عمل پورا ہوگیا، زنا کر کے نمٹا عمل منقطع ہوگیا۔ اور مسلمانوں کے اعمال صالحہ آخرت میں اس کے ایمان کے تابع کردیئے جائیں گے، اس لئے اس کی جزا بھی تا ابد ملتی رہے گی، اور اس کی برائیاں ایمان کے تابع نہیں کی جاسکتیں، کیونکہ وہ ہم جنس نہیں، بلکہ منافی ہیں۔ اس لئے ان کی سزا دنیا میں، قبر میں، میدانِ حشر میں اور جہنم میں ملے گی، پھر ان کی نجات ہوگی ——— اور کافر کے نیک کاموں کو کفر کے تابع نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ وہ ہم جنس نہیں، بلکہ منافی ہیں، اس لئے ان کا بدلہ دنیا ہی میں دیدیا جاتا ہے، جیسا کہ مسلم

شریف کی حدیث (نمبر ۲۸۰۸) میں آیا ہے۔اور کافر کی برائیاں اس کے کفر وشرک کے تابع کردی جائیں گی،اور وہ ان کی سزا جہنم میں تا ابد پائے گا۔

ایمان کے معنی:

ایمان کے لغوی معنی ہیں: تصدیق کرنا۔یعنی کسی کے اعتبار واعتماد پر اس کی بات کو سچا ماننا،اور اصطلاحی معنی ہیں: اللہ کے پیغمبروں نے جو ایسی حقیقتیں ہم کو بتلائی ہیں جو ہمارے حواس اور آلاتِ ادراک کی حدود سے ماوراء ہیں اور انھوں نے جو علم وہدایت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمیں پہنچائی ہے ان سب کو سچ ماننا اور ان انبیاء کی تصدیق کرنا،اور ان کے لائے ہوئے دین کو قبول کرنا یہ شرعی ایمان ہے۔

ایمان شرعی کا تعلق درحقیقت ایسے امور غیب ہوتا سے ہے جن کو ہم آلاتِ احساس وادراک (آنکھ: ناک، کان وغیرہ) کے ذریعہ معلوم نہیں کرسکتے،اس لئے قرآنِ کریم میں ایمان کے ساتھ ﴿بِالْغَيْبِ﴾ کی قید آئی ہے،یعنی اللہ تعالیٰ، ان کی صفات،رسولوں کی رسالت،ان پر وحی کی آمد اور مبدأ ومعاد کے تعلق سے انبیاء نے جو اطلاعات دی ہیں،ان سب کو ان کی سچائی کے اعتماد پر حق جان کر دل سے قبول کرنے کا نام اصطلاح شریعت میں ایمان ہے،اور پیغمبر کی اس قسم کی بتلائی ہوئی باتوں میں سے کسی ایک بات کو بھی نہ ماننا یا اس کو حق نہ سمجھنا اس کی تکذیب ہے، جو آدمی کو ایمان کے دائرے سے خارج کرکے کفر کی سرحد میں داخل کردیتی ہے۔

امور ایمان:

امور ایمان کو عقائد اسلام بھی کہا جاتا ہے، یہ عقائد اگر پھیلائے جائیں تو بہت ہیں،بہشتی زیور میں پچاس عقیدے بیان کئے ہیں اور اگر ان کو سمیٹا جائے تو وہ چھ عقیدے ہیں،جن کا ذکر حدیث جبرئیل میں آیا ہے اور جن کو ایمان مفصل میں لیا گیا ہے،یعنی اللہ تعالیٰ پر،فرشتوں پر،اللہ کی کتابوں پر،اللہ کے رسولوں پر،قیامت کے دن پر،(مرنے کے بعد زندہ ہونے پر) اور بھلی بری تقدیر پر ایمان لانا،اور اگر مزید سمیٹا جائے تو صرف دو بنیادی عقیدے رہ جاتے ہیں جو کلمہ طیبہ میں لئے گئے ہیں یعنی توحید اور رسالتِ محمدی کا اقرار،پھر مزید سمیٹا جائے تو بنیادی عقیدہ لا إله إلا الله ہے جس میں رسالت محمدی وغیرہ تمام عقائد شامل ہیں۔جیسے ایک انچ کا ربڑ لیں اور اس کو دونوں کناروں سے پکڑ کر کھینچیں،تو ایک بالشت لمبا ہوجائے گا پھر چھوڑ دیں تو ایک انچ رہ جائے گا،اسی طرح تمام عقائد سمٹ کر لا إله إلا الله میں آجاتے ہیں، اور وہی پھیل کر پچاس عقیدے بن جاتے ہیں۔

اسلام کے معنی:

اسلام کے لغوی معنی ہیں: سرافگندگی، یعنی خود کو کسی کے سپرد کردینا، بالکل اسی کے تابع اور فرمانبردار ہوجانا۔ اور

اصطلاحی معنی ہیں: اللہ کی نازل کی ہوئی شریعت کو اپنا دستورِ زندگی بنانا، اس کے احکام کا مطیع ہونا۔ سورۃ الحج میں ہے: ﴿إِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوْا﴾: اللہ ہی تمہارا ایک معبود ہے پس تم اسی کے مطیع ہو جاؤ۔ اور سورۃ النساء میں ہے: ﴿وَمَنْ أَحْسَنُ دِيْنًا مِمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ﴾: اور اس سے بہتر کون ہے جس نے خود کو خدا کے سپرد کر دیا؟ اور رسورۂ آل عمران میں ہے: ﴿وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ﴾: جو اسلام کے علاوہ کوئی دین چاہے گا وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ آخرت میں بڑے گھاٹے میں رہے گا۔

غرض اسلام کی اصل روح اور حقیقت یہی ہے کہ بندہ خود کو کلی طور پر اللہ کے حوالہ کر دے، اور ہر پہلو سے ان کا مطیع وفرمانبردار بن جائے، انبیاء کی شریعتوں میں کچھ مخصوص بنیادی اعمال کا بھی حکم دیا گیا ہے، جو ایمان کے پیکر محسوس ہیں اور باطنی حقیقت کی نشو ونما اور اس کی بالیدگی کا مدار انہی مخصوص ارکان پر ہے، اس لئے لوگوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ان کو دستورِ حیات بنائیں۔ انہی ارکان پر اسلام کا اطلاق کیا جاتا ہے، نبی ﷺ کی لائی ہوئی شریعت میں یہ ارکان پانچ ہیں: (۱) توحید ورسالت کی گواہی دینا یعنی منکروں کو یہ دو بنیادی عقیدے پہنچانا (۲) نماز پڑھنا (۳) زکوٰۃ دینا (۴) روزہ رکھنا (۵) اور بیت اللہ کا حج کرنا۔ انہی پانچ چیزوں کو ارکانِ اسلام کہا جاتا ہے۔

البتہ نصوص میں ایمان واسلام ایک دوسرے کی جگہ مستعمل ہوئے ہیں، عقائد پر اسلام کا اور اعمال پر ایمان کا اطلاق کیا گیا ہے۔

ایک معرکۃ الآراء مسئلہ جو پوری کتاب الایمان کا موضوع ہے

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ایک معرکۃ الآراء مسئلہ ہے، جس میں اہل حق اور باطل فرقوں کے درمیان اختلاف ہوا ہے، بلکہ اہل حق کے درمیان بھی اختلاف ہے، اور اس مسئلہ کی تین تعبیریں ہیں:

۱- ایمان مرکب ہے یا بسیط؟ یعنی ایمان اجزاء دار ہے یا اس کا کوئی جزء نہیں؟

۲- ایمان میں اعمال (قول وفعل) داخل ہیں یا نہیں؟ یعنی تصدیق قلبی تو بالاتفاق ایمان ہے۔ مگر قول: یعنی اللہ کی وحدانیت کا اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کا اقرار کرنا، اور عمل: یعنی اقرار کے تقاضے کے مطابق عمل کرنا ایمان کے اجزاء ہیں یا نہیں؟

۳- مؤمنین کا ایمان گھٹتا بڑھتا ہے یا نہیں؟ یعنی تمام مؤمنین کا ایمان ایک درجہ میں ہے یا ان میں کمی بیشی ہوتی ہے؟

نوٹ: امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے باب میں یہ تینوں تعبیریں جمع کی ہیں، پھر پوری کتاب الایمان میں اسی ایک مسئلہ پر ابواب قائم کئے ہیں، ہر باب میں ذیلی فوائد بھی آئیں گے، مگر بنیادی مسئلہ یہی چلتا رہے گا۔

غرض: اس مسئلہ میں امت میں بڑا اختلاف ہوا ہے۔ اس لئے اس مسئلہ کو تفصیل سے سمجھنا ضروری ہے، اور اس کو

کماحقہ سمجھنے کے لئے پہلے گمراہ فرقوں کی معرفت ضروری ہے۔

صحابہ کے بعد عقائد میں اختلاف شروع ہوا:

صحابۂ کرام کے آخری دور میں امت میں اختلاف شروع ہوا(۱) مگر یہ اختلاف صحابہ میں نہیں ہوا، صحابہ کے درمیان عقائد میں کوئی اختلاف نہیں تھا، ایک سو دس ہجری میں آخری صحابی کا انتقال ہوا، پھر علماء نے صحابہ کا جائزہ لے کر یہ بات بتلائی کہ صحابہ کے درمیان عقائد میں کوئی اختلاف نہیں ہوا(۲) صحابہ کے درمیان مسائل میں اختلاف تھا، مگر وہ کوئی اہم بات نہیں تھی، خطرناک اختلاف عقائد کا اختلاف ہے، اور جو مشہور حدیث ہے کہ بنی اسرائیل کے بہتر فرقے ہوئے اور میری امت کے تہتر فرقے ہونگے ایک فرقہ جنت میں جائے گا باقی سب جہنم رسید ہونگے (مشکوٰۃ حدیث ۱۷۱) اس میں عقائد کی بنیاد پر ہونے والے اختلاف کا بیان ہے، اور جو بہتر فرقے ناری ہیں اگر وہ اسلام کے دائرے سے نکل گئے

(۱) جاننا چاہئے کہ خیر القرون یعنی دور صحابہ، تابعین اور تبع تابعین زمانہ کی چوڑائی میں بھی ساتھ ساتھ ہیں اور لمبائی میں بھی۔ زمانہ کی لمبائی کو تو ہر شخص سمجھتا ہے کہ صحابہ کا دور ختم ہوا تو تابعین کا دور شروع ہوا، وہ ختم ہوا تو تبع تابعین کا دور شروع ہوا، مگر زمانہ کی چوڑائی میں بھی یہ تینوں ادوار ساتھ ساتھ چلتے تھے، کیونکہ صحابی وہ ہے جس نے حالتِ ایمان میں آنحضور ﷺ کی زیارت کی ہے، اور ایمان ہی پر اس کی وفات ہوئی ہے، اور حضور کے زمانہ میں سارے جزیرۃ العرب میں ایمان پھیل گیا تھا مگر جتنے لوگ مسلمان ہوئے تھے سب نے حضورؐ کی زیارت نہیں کی تھی، جس کی قسمت میں یہ سعادت تھی اس نے آپؐ کی زیارت کی تھی، پھر کوئی صحابی مثال کے طور پر سفر کرتے ہوئے کسی قبیلہ سے گذرا یا زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے، یا گورنر بن کر گیا اور وہاں کے مسلمانوں نے اس کو دیکھا تو وہ تابعی بن گئے، یہ تابعی بھی حضور ﷺ کے زمانہ میں تھے، اور بعض مسلمان ایسے بھی تھے جنھوں نے کسی صحابی کو بھی نہیں دیکھا تھا بلکہ ان لوگوں کو دیکھا تھا جنھوں نے کسی صحابی کو دیکھا تھا، پس یہ تبع تابعی ہوئے، اور ایسے بھی مسلمان تھے جنھوں نے کسی تابعی کو بھی نہیں دیکھا تھا بلکہ تبع تابعین کو دیکھا تھا ان کا شمار چوتھے قرن میں ہوگا۔ اور فضیلت تین قرنوں کے لئے ہے، چوتھے قرن کے لئے کوئی فضیلت نہیں۔

(۲) یہ حکم استقرائی ہے، استقراء کے معنی ہیں: جائزہ لینا، پھر استقراء کی دو قسمیں ہیں: استقراء تام اور استقراء ناقص، استقراء تام قطعی ہوتا ہے، اور استقراء ناقص ظنّی، اور استقراء تام وہاں ہوتا ہے جہاں کسی کلی کے سارے افراد منقضی (ختم) ہوجائیں، اور جس کلی کے افراد مسلسل چل رہے ہوں اس کا استقراء تام نہیں ہوسکتا۔

جیسے ۱۱۰ ہجری میں صحابہ کا دور ختم ہوگیا، تب محدثین نے تمام صحابہ کی روایات کا جائزہ لیا تو یہ بات سامنے آئی کہ کسی صحابی نے جان بوجھ کر کسی روایت میں گڑبڑ نہیں کی، اس لئے قاعدہ بنادیا: **الصحابةُ کلُّهم عُدول**: سب صحابہ نقلِ دین میں قابل اعتماد ہیں، یہ ضابطہ استقراء تام سے بنا ہے اس لئے قطعی ہے، اسی طرح یہ بات کہ صحابہ میں عقائد میں اختلاف نہیں ہوا، استقراء تام سے کہی گئی ہے، اس لئے قطعی ہے۔

ہیں تو وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے، اور اگر وہ اسلام کے سرکل کے اندر ہیں تو وہ اپنے غلط عقائد کا خمیازہ بھگتنے کے لئے جہنم میں جائیں گے، پھر ان کی نجات ہوگی۔

بہر حال صحابہ کے دور تک عقائد میں اختلاف نہیں ہوا، تابعین کے دور سے عقائد میں اختلاف شروع ہوا، اور سب سے پہلے دو فرقے وجود میں آئے: شیعہ اور خوارج، یہ دونوں فرقے سیاسی عوامل سے وجود میں آئے تھے، پھر انھوں نے مستقل مذہبی حیثیت اختیار کرلی۔

شیعہ فرقے کا تعارف:

شیعہ کے معنی ہیں: متبعین، پارٹی، اور اصطلاح میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پارٹی کو شیعہ کہا جاتا ہے، یہ پارٹی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نہیں بنائی تھی، بلکہ ان کے نام پر بنائی گئی تھی، اور اس کے پیچھے سیاسی عوامل کارفرما تھے۔ پھر ان میں سے جن لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت میں غلو کیا وہ روافض کہلائے۔ رَفَضَ کے معنی ہیں: چھوڑنا، ان لوگوں کا عقیدہ یہ تھا کہ آنحضور ﷺ کے بعد صرف چھ صحابہ مسلمان باقی رہے باقی سب مرتد ہوگئے، اس لئے وہ لوگ روافض کہلائے، پس شیعہ اور روافض کے درمیان عام خاص مطلق کی نسبت ہے، شیعہ عام ہے اور روافض خاص، ہر شیعہ کے لئے رافضی ہونا ضروری نہیں مگر ہر رافضی شیعہ ضرور ہوتا ہے اور فرقہ امامیہ شیعہ بھی ہے اور رافضی بھی۔

فرقہ امامیہ کے بنیادی عقیدے دو ہیں:

۱- حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ بلافصل ہیں اور تین خلفاء کی خلافت صحیح نہیں، ان کے نزدیک وہ غاصب تھے، جبکہ اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ یہ ہے کہ چار خلفاء جس ترتیب سے ہوئے ہیں اسی ترتیب سے خلافتیں برحق ہیں۔

۲- آنحضور ﷺ پر وحی منقطع نہیں ہوئی، آپؐ کے بعد بھی بارہ اماموں تک وحی جاری رہی اور ان پر تشریعی وحی بھی آتی رہی، اور ان کی وحی سے آنحضور ﷺ کی وحی منسوخ ہوسکتی ہے، مگر وہ امام پر نبی کا اطلاق نہیں کرتے، جبکہ اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ ہے کہ آنحضرت ﷺ خاتم النبیین ہیں، اور وحی نبوت کے خواص ولوازم میں سے ہے، اس لئے وحی کا سلسلہ بھی آپؐ پر ختم ہوگیا۔

خوارج کا تعارف:

جنگ صفین میں حضرت علیؓ نے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کو، اور حضرت معاویہؓ نے حضرت عمرو بن العاصؓ کو حَکَم بنایا پھر فیصلہ میں حضرت عمروؓ نے چال چلی تو دونوں طرف کے کچھ لوگوں نے فیصلہ کی مخالفت کی اور کہا: ﴿إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ﴾: اللہ کے سوا کسی کا حکم نہیں، یعنی پنچایت بٹھانا جائز نہیں، اور علی اور معاویہ حکم بنانے کی وجہ سے کافر ہوگئے جبکہ اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ ہے کہ اختلاف میں حکم بنانا اور فیصلہ سونپنا جائز ہے۔ بنوقریظہ کے معاملہ میں آنحضور ﷺ نے اور

بنوقریظہ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو حکم بنایا تھا۔

خوارج کے بنیادی عقائد:

۱-حضرت علیؓ، حضرت معاویہؓ، اصحابِ جمل وصفین یعنی جنگ جمل اور جنگ صفین کے شرکاء اور حکمین یعنی حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ اور حضرت عمرو بن العاصؓ اور وہ سب لوگ جو تحکیم پر راضی تھے یا آج ہیں وہ سب کافر ہیں۔

۲-اسلامی حکومت کا سربراہ اگر ظالم وجابر ہو تو بغاوت واجب ہے۔

۳-مرتکب کبیرہ کافر ہے، یعنی جس نے کسی گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا اور توبہ کئے بغیر مر گیا تو وہ کافر ہے، وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔

معتزلہ کا تعارف:

شیعہ اور خوارج کے علاوہ ایک فرقہ معتزلہ کا ہے، جس کا تذکرہ آپ نے شرح عقائد میں پڑھا ہے، اس کا بانی واصل بن عطا ہے جو حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا شاگرد تھا[1]، اس فرقہ کا عقیدہ یہ ہے کہ مرتکب کبیرہ نہ کافر ہے نہ مؤمن، بلکہ دونوں کے بیچ کا بیچولیا ہے۔

اس فرقہ کا دوسرا نام قدریہ ہے، یعنی منکرینِ تقدیر، اور ان کا یہ نام حدیث میں آیا ہے۔ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: **القدريَّةُ مجوسُ هذه الأمة**: قدریہ (منکرین تقدیر) اس امت کے مجوسی ہیں، اور ان کو مجوسی اس وجہ سے کہا گیا ہے کہ ان کا عقیدہ ہے کہ بندے اپنے اعمال اختیاریہ کے خود خالق ہیں، پس انھوں نے بھی مجوس کی طرح دو خدا مانے، مجوس دو خدا کے قائل ہیں، خیر کا خالق یزداں کو اور شر کا خالق اہرمن کو مانتے ہیں، اسی طرح قدریہ (معتزلہ) بھی دو خدا مانتے ہیں: اللہ تعالیٰ کو اور بندوں کو، اس لئے ان کو اس امت کا مجوسی قرار دیا ہے۔

معتزلہ کے بنیادی عقائد

۱-صفات باری تعالیٰ کا انکار: اللہ تعالیٰ کی صفات دو طرح کی ہیں: ایک: وہ صفات ہیں جن کی مخلوق سے مشابہت

(۱) واصل بن عطاء (۸۰-۱۳۱ھ) حضرت حسن بصری رحمہ اللہ (۲۱-۱۱۰ھ) کا شاگرد تھا، ایک مرتبہ حضرت حسن بصریؒ سے کسی نے سوال کیا کہ ہمارے زمانہ میں کچھ لوگ کہتے ہیں کہ مرتکب کبیرہ ایمان سے خارج ہے اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ایمان کے ساتھ کوئی گناہ مضر نہیں، آپ بتائیں کہ ہم کس کی بات مانیں؟ حضرت حسن بصریؒ سوچنے لگے، اتنے میں واصل بن عطاء جو حضرت حسنؒ کے درس میں شریک تھا بول پڑا کہ مرتکب کبیرہ نہ مؤمن ہے نہ کافر، اس طرح اس نے ایمان وکفر کے درمیان واسطہ ثابت کیا، جس پر حضرت حسنؒ نے فرمایا: اعْتَزَلَ عَنَّا: یہ ہماری جماعت (اہل حق) سے علاحدہ ہو گیا چنانچہ اسی روز سے واصل بن عطاء اور اس کے متبعین کو معتزلہ کہا جانے لگا یعنی اہل حق سے علاحدگی اختیار کرنے والا فرقہ (شرح عقائد)

نہیں، جیسے اللہ ایک ہیں، اللہ بے نیاز ہیں۔ دوسری: وہ صفات ہیں جو مخلوق سے مشابہت رکھتی ہیں جیسے اللہ سنتے ہیں، اللہ دیکھتے ہیں، اللہ کا ہاتھ ہے، اللہ کا چہرہ ہے، اللہ رات کے آخری حصہ میں سمائے دنیا پر اترتے ہیں اور ہم بھی سنتے ہیں، دیکھتے ہیں، ہمارا بھی ہاتھ ہے، چہرہ ہے اور ہم بھی اوپر سے نیچے اترتے ہیں، پس جو صفتیں مخلوق کے مشابہ نہیں وہ تو زیر بحث نہیں آئیں مگر جو صفتیں مخلوق کی صفات کے مشابہ ہیں وہ زیر بحث آئیں کہ ان صفات کا کیا مطلب ہے؟

صفات کے تعلق سے مختلف فرقے وجود میں آئے:

اور صفات متشابہات میں اختلاف کی وجہ سے مختلف فرقے وجود میں آئے:

۱- معتزلہ نے صفات باری تعالیٰ کا انکار کر دیا مگر صاف انکار نہیں کیا، بلکہ یہ کہا کہ اللہ کی صفات اللہ کی ذات کا عین ہیں یعنی صفاتِ باری کا نہ الگ کوئی مفہوم ہے نہ وجود، اللہ کی ذات ہی ان کی صفات کا منبع ہے، قرآن کے قدیم وحادث ہونے کا مسئلہ اسی پر متفرع ہے۔

اور مُعَطِّلَة نے گول مول صفات کا انکار نہیں کیا، بلکہ صاف کہا کہ اللہ تعالیٰ کی صفاتِ متشابہات نہیں ہیں، کیونکہ ان سے اللہ تعالیٰ کا مخلوق کے مشابہ ہونا لازم آتا ہے درانحالیکہ اللہ تعالیٰ مخلوق کی مشابہت سے پاک ہیں، پس انھوں نے اللہ تعالیٰ کو صفات سے معطّل کر دیا، اس لئے وہ معطلہ (اسم فاعل) کہلائے، اور یہ بھی معتزلہ ہی کا فرقہ ہے۔

ان کے برخلاف مُجَسِّمَة اور مُشَبِّهَة نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا ہماری طرح جسم ہے، ہاتھ، پیر اور چہرہ ہے اور ان کی صفات مخلوق کی صفات کی طرح ہیں (مجسِّمة اور مشبهة دونوں اسم فاعل واحد مؤنث ہیں یعنی اللہ کے لئے جسم ماننے والے اور اللہ کو مخلوق کے مشابہ قرار دینے والے) اور اہل السنہ والجماعہ کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جو صفتیں قرآن وحدیث میں آئی ہیں: وہ سب صفتیں اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت ہیں مگر وہ مخلوق کی صفات کی طرح نہیں، رہی یہ بات کہ اللہ کی یہ صفات کیسی ہیں؟ تو اہل السنۃ نے کہا: ہم ان کی کیفیت نہیں جانتے، بس بالاجمال یہ جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں۔

معتزلہ کے باقی عقائد:

۲- رویت باری تعالیٰ کا انکار: کیا اللہ تعالیٰ کو دیکھنا ممکن ہے؟ معتزلہ اس کا انکار کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ رویت باری تعالیٰ نہ دنیا میں ممکن ہے نہ آخرت میں بلکہ خود اللہ تعالیٰ بھی اپنے آپ کو نہیں دیکھ سکتے، اور اہل السنۃ والجماعہ کا عقیدہ ہے کہ دنیا میں تو رویت باری تعالیٰ محال ہے اور یہ محال عقلی نہیں، محال عادی ہے، اور آخرت میں رویت باری تعالیٰ نہ صرف یہ کہ ممکن ہے بلکہ واقعی ہے، جنتی اللہ تعالیٰ کا دیدار کریں گے۔

۳- کلام اللہ حادث ہے: اور جب کلام اللہ حادث ہے تو قرآنِ کریم میں جتنے اوامر ونواہی اور اخبار ہیں وہ سب حادث ہیں، ازل سے یہ امور طے نہیں، معتزلہ تقدیر الٰہی کے منکر ہیں۔

۴-بندے اپنے افعال اختیاریہ کے خود خالق ہیں، اسی وجہ سے ان کو مجوسی کہا گیا ہے۔
۵-کوئی چیز ازل سے طے نہیں، بلکہ معاملہ اچھوتا ہے، جب حادثات وواقعات رونما ہوتے ہیں تو اللہ کو بھی پتا چلتا ہے اور بندوں کو بھی۔ اسی عقیدے کی وجہ سے مسلمانوں نے ان کا نام قدریہ رکھا ہے۔ یعنی تقدیر کے منکر۔
۶-مرتکب کبیرہ ایمان سے خارج ہے مگر کافر نہیں، بلکہ بیچ کے درجہ میں ہے۔ اور یہ مسئلہ ایمان کی بساطت وترکیب پر متفرع ہے۔
۷-اللہ پر عدل (انصاف کرنا) واجب ہے، یعنی اطاعت گذار بندوں کو ثواب دینا اور گنہ گار بندوں کو سزا دینا واجب ہے کیونکہ یہی عدل کا تقاضہ ہے، اسی طرح اچھی بات کا حکم دینا اور بری بات سے روکنا بھی واجب ہے۔ انھوں نے اپنا نام **أصحاب العدل والتوحید** رکھا ہے۔ اللہ پر عدل واجب کیا اس لئے عدل والے ہوئے، اور صفات کا انکار کیا اس لئے موحد ہوئے۔
۸-عقل کو نقل پر بالادستی حاصل ہے: عقل ونقل میں تعارض ہوجائے تو بالادستی کس کو حاصل ہے عقل کو یا نقل کو؟ معتزلہ کے نزدیک ایسی صورت میں عقل کو بالادستی حاصل ہوتی ہے۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں: قرآن وحدیث کی جو باتیں ہماری عقل قبول کرے ان باتوں کو ہم تسلیم کریں گے، اور جو باتیں عقل کی سمائی میں نہ آئیں وہ اگر قرآن کی باتیں ہیں تو تاویل کرتے ہیں اور احادیث کو ضعیف بتا کر دامن جھٹک لیتے ہیں، اور اہل السنۃ والجماعہ کا عقیدہ ہے کہ جو بات قرآن میں آئی ہے یا صحیح حدیث سے ثابت ہے اس کو ماننا ضروری ہے، خواہ عقل کی سمائی میں آئے یا نہ آئے۔
۹-قرآن کے مخلوق ہونے کا عقیدہ: کلام بھی اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے، سب سے پہلے یہ صفت زیر بحث آئی، اور اسی مسئلہ کی وجہ سے علم التوحید والصفات کا نام علم کلام پڑ گیا۔ قرآنِ کریم میں ہے: ﴿وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا﴾: اللہ تعالیٰ نے موسیٰ سے کلام فرمایا، تکلیماً: مفعولِ مطلق تاکید کے لئے ہے، اس میں کوئی تاویل نہیں ہوسکتی، پس اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ کلام ثابت ہوئی، اور اس صفت کا پیکر محسوس قرآنِ کریم ہے، دیگر صفات کا کوئی پیکر نہیں، جیسے اللہ تعالیٰ سمیع ہیں تو اس کی کوئی نظر آنے والی صورت نہیں یہی حال بصیر کا ہے، اس کا بھی کوئی پیکر محسوس نہیں، مگر صفتِ کلام کا پیکر محسوس ہے اس لئے یہ صفت زیر بحث آئی۔
معتزلہ نے کہا: قرآن اگرچہ اللہ کا کلام ہے، مگر یہ قدیم نہیں، حادث ہے، اور ان کے نزدیک صفتِ کلام کا مطلب کسی محل میں کلام پیدا کرنا ہے، قرآن بھی اللہ تعالیٰ قاری کی زبان پر پیدا کرتے ہیں، اس لئے وہ مخلوق (حادث) ہے۔
اور اہل السنۃ والجماعہ نے کہا: قرآنِ کریم چونکہ اللہ کی صفتِ کلام کا پیکر محسوس ہے، اس لئے وہ قدیم اور غیر مخلوق ہے۔ اگر قرآن حادث ہوگا تو اللہ کی صفتِ کلام کا حادث ہونا لازم آئے گا، اور اللہ کی کوئی صفت حادث نہیں ہوسکتی، ورنہ اللہ تعالیٰ کا محلِ حوادث ہونا لازم آئے گا، جو باطل ہے۔

اہل حق کی دو جماعتیں: اشاعرہ اور ماتریدیہ:

۱- اشاعرہ: کے سرخیل امام ابوالحسن اشعری رحمہ اللہ ہیں۔ آپ صحابی رسول حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی نسل سے ہیں، اس وجہ سے اشعری کہلاتے ہیں۔ آپ سن ۲۶۰ھ میں بصرہ میں پیدا ہوئے، والد صاحب کا بچپن میں انتقال ہوگیا تھا، والدہ نے اس وقت کے مشہور متکلم اور مذہب اعتزال کے پر جوش داعی ابوعلی جُبائی سے نکاح کرلیا، شیخ ابوالحسنؒ نے انہی کی آغوش میں تربیت پائی، ابوعلی جبائی کامیاب مدرس اور مصنف ضرور تھے مگر زبان وبیان پر خاص قدرت نہیں تھی، اور شیخ ابوالحسنؒ چرب زبان اور حاضر جواب تھے، ابوعلی جبائی مناظروں میں ان کو آگے بڑھا دیتے تھے، ظاہری قرائن بتلاتے تھے کہ وہ مذہب اعتزال کی حمایت واشاعت میں ابوعلی جبائی سے آگے نکل جائیں گے۔ مگر رب ذوالجلال کو ان سے قرآن وسنت کی اشاعت کا کام لینا تھا (ماخوذ از تاریخ دعوت وعزیمت)

چنانچہ وہ واقعہ پیش آیا جو آپ نے شرح عقائد میں پڑھا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ شیخ ابوالحسن کو معتزلہ کے **أصلح للعباد** والے قاعدہ پر کچھ بے اطمینانی ہوئی، معتزلہ یہ کہتے ہیں کہ بندوں کے حق میں جو مفید و بہتر کام ہو، اللہ تعالیٰ پر اس کا کرنا واجب ہے، شیخ کو اس اصول پر شرح صدر نہ تھا، چنانچہ انھوں نے اپنے مربی واستاذ ابوعلی جبائی سے پوچھا: آپ اُن تین بھائیوں کے بارے میں کیا کہتے ہیں جن میں سے ایک مطیع وفرمانبردار مرا، دوسرا معصیت ونافرمانی میں مرا اور تیسرا احکام شرعیہ کا مکلّف ہونے سے پہلے ہی بچپن میں انتقال کرگیا؟ ابوعلی جبائی نے جواب دیا: پہلا جنت میں ثواب دیا جائے گا، دوسرا جہنم میں عذاب دیا جائے گا اور تیسرا نہ ثواب دیا جائے گا نہ عذاب۔

شیخ ابوالحسن اشعریؒ نے پوچھا: اگر تیسرا کہے کہ اے رب ذوالجلال! آپ نے مجھے مہلت کیوں نہ دی کہ میں بھی بڑا ہوکر آپ کے احکام پر عمل کرتا اور جنت میں داخل ہوتا، تو اللہ تعالیٰ کیا جواب دیں گے؟ ابوعلی جبائی نے **أصلح للعباد** کے اصول سے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ اس سے کہیں گے: مجھے معلوم تھا کہ تو بڑا ہوکر نافرمانی کرتا، اس لئے تیرے حق میں بہتر یہی تھا کہ تو بچپن ہی میں مرجائے، شیخ نے پوچھا: اگر دوسرا یہ سوال کرے کہ اے رب! آپ نے مجھے بچپن ہی میں کیوں نہ ماردیا تاکہ میں نہ آپ کے احکام کا مکلّف ہوتا اور نہ عاصی ونافرمان بن کر جہنم میں جاتا، تو اللہ تعالیٰ کیا جواب دیں گے؟ ابوعلی جبائی کے پاس اس کا کوئی جواب نہیں تھا، وہ لاجواب ہوگیا، پس شیخ ابوالحسن سمجھ گئے کہ معتزلہ کی باتیں صرف ذہانت کی باتیں ہیں، حقیقت سے ان کا کوئی تعلق نہیں، چنانچہ اسی دن سے شیخ کی طبیعت میں اعتزال کے خلاف ردعمل شروع ہوا، بالآخر انھوں نے جامع مسجد کے منبر سے برملا اعلان کیا کہ میں اب تک معتزلی تھا، میرے یہ یہ عقائد تھے، اب میں ان سے توبہ کرتا ہوں، اور آئندہ میرا کام اعتزال کی تردید اور ان کی کمزوریوں کو ظاہر کرنا ہوگا۔

۲- ماتریدیہ: کے سرخیل امام ابومنصور ماتریدی (متوفی ۳۳۳ھ) ہیں، ماترید: ماوراء النہر کی ایک بستی ہے، آپ نے بھی معتزلہ کے جو عقائد قرآن وسنت کے خلاف تھے ان کو برملا ظاہر کیا اور ان کی پرزور تردید کی اور حدیث وسنت کے

بیان کردہ اور جماعت صحابہ کے اختیار کردہ طریق کی حمایت واشاعت میں لگ گئے، شیخ ابومنصور ماتریدی فقہی مسلک کے اعتبار سے حنفی تھے اور شیخ ابوالحسن شافعی، اس وجہ سے اصول وعقائد میں شوافع عموماً اشعری ہوتے ہیں، اور احناف ماتریدی، اشاعرہ اور ماتریدیہ کے درمیان بارہ مسائل میں اختلاف ہے جو سب فروعی (غیر اہم) مسائل ہیں۔ بنیادی کسی مسئلہ میں اختلاف نہیں، ان بارہ مسائل کو علامہ احمد بن سلیمان معروف بہ ابن کمال پاشا رحمہ اللہ (متوفی ۹۴۰ھ) نے ایک رسالہ میں جمع کیا ہے، وہ رسالہ رحمۃ اللہ الواسعہ جلد اول کے شروع میں بعینہ شائع کیا گیا ہے، اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

ان دونوں جماعتوں کو سب سے پہلے صفتِ کلام کی بحثوں سے واسطہ پڑا، معتزلہ نے یہ مسئلہ چھیڑ رکھا تھا، وہ چونکہ صفات باری کے منکر تھے، صفات کو عینِ ذات مانتے تھے یا ان کی تاویل کرتے تھے، اس لئے انھوں نے قرآن پاک کو اللہ کی صفت اور قدیم ماننے سے انکار کیا، اور کلام اللہ کو حادث کہا، متکلمین نے دیگر صفاتِ متشابہات کی طرح صفتِ کلام کی کلام نفسی سے تاویل کی، جو اہل السنہ کے امام حضرت احمد بن حنبل رحمہ اللہ کو پسند نہ آئی، انھوں نے بغیر تاویل کے کلام اللہ کو اللہ کی صفت قرار دیا اور اس کو قدیم کہا، اس طرح ان کا الگ مسلک وجود میں آیا۔

اہل حق کی تیسری جماعت حنبلی (سلفی) کیسے وجود میں آئی؟

سلفیت بھی اشعریت وماتریدیت کی طرح اہل السنۃ کا ایک مکتب فکر ہے۔ اس کا امتیاز صفات میں تاویل نہ کرنا ہے، امام مالک اور سفیان بن عیینہ وغیرہ سے دریافت کیا گیا کہ استوی علی العرش کے کیا معنی ہیں؟ انھوں نے جواب دیا: اس کے معنی تو ہر کوئی جانتا ہے، ہاں اس کی کیفیت کوئی نہیں جانتا، اور اللہ کے عرش پر استوی کی جو بھی کیفیت ہے اس کو بغیر سمجھے ماننا ضروری ہے، یہی ایمان بالغیب ہے، اور اس سلسلہ میں کھود کرید کرنا بدعت ہے، سلف (صحابہ وتابعین) نے اس سلسلہ میں سوال نہیں کیا، بغیر کیفیت جانے ان کا ایمان مکمل تھا، پھر آج تم کیوں اس کے چکر میں پڑے ہو!

یہی سلفیت ہے، تنزیہ مع التفویض ہی سلف کا مسلک تھا۔ پھر جب معتزلہ نے صفتِ کلام کا مسئلہ چھیڑا، تو امام اہل السنہ حضرت احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے ٹھیک یہی بات کہی کہ قرآن اللہ کا کلام ہے اور قدیم ہے۔ تفصیل کچھ نہیں! مگر ظاہر ہے کہ ایسی مجمل بات عقل کے سورماؤں کو مطمئن نہیں کرسکتی تھی، بے پینڈے کے لوٹے لڑھک جاتے ہیں، ان بیمار ذہنوں کے لئے خلف (اشاعرہ اور ماتریدیہ) نے تاویل کی راہ اختیار کی، یہ بھی درست راہ تھی، خود امام احمد رحمہ اللہ نے صفات کی بعض حدیثوں کی تاویل کی ہے۔

نوٹ: شروع میں امام احمد رحمہ اللہ کی کلامی اور فقہی رایوں کو حنبلیت کہا جاتا تھا، پھر یہ اصطلاح فقہی آراء کے لئے خاص ہوگئی، اور کلامی مسائل کے لئے سلفیت کی اصطلاح چل پڑی، مگر آج کی سلفیت امام احمد کی سلفیت سے مختلف ہے، آج کے سلفی تو تجسیم کی طرف مائل ہوگئے ہیں، اور یہ تبدیلی امام احمدؒ کے فوراً بعد آئی تھی، اور اسی کا خمیازہ امام بخاری رحمہ اللہ کو بھگتنا پڑا تھا، تفصیل مقدمہ میں گذری ہے۔

فرقہ مرجئہ کا تعارف:

مُرْجِئَة: إرجاء (باب افعال) سے بنا ہے، جس کے معنی ہیں: مؤخر کرنا، پیچھے کرنا۔ اس فرقہ کا بانی کون ہے؟ یہ بات مشخص طور پر معلوم نہیں۔ اس فرقہ کا بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ ایمان کے ساتھ طاعات تو مفید ہیں، مگر معاصی مضر نہیں! ان کا یہ قول ایمان کی تفسیر پر مبنی ہے، ان کے نزدیک ایمان صرف تصدیق قلبی کا نام ہے، اعمال اس کی حقیقت میں داخل نہیں، اور نجات کا مدار ایمان پر ہے، اس لئے طاعات تو مفید ہیں مگر معاصی مضر نہیں، مرتکب کبیرہ کی بھی مغفرت ہو جائے گی۔

مرجئہ ختم نہیں ہوئے:

آج غور کیا جائے تو اکثر مسلمانوں کا یہی حال ہے، انھوں نے ایمان پر تکیہ کر رکھا ہے، وہ اعمال صالحہ کو تو مفید سمجھتے ہیں، مگر معاصی سے ان کو قطعاً باک نہیں، نماز نہیں پڑھتے جو دین کا بنیادی ستون ہے، اور ہر برائی بے دھڑک کرتے ہیں، اور سمجھتے ہیں کہ جنت ہمارے باپ کی جاگیر ہے، اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہیں، وہ ہمیں بال بال بخش دیں گے۔

اسلامی فرقے پانچ ہیں اور اختلاف کی بنیادیں چار ہیں:

ان کے علاوہ اور بھی بہت فرقے ہیں۔ علامہ مقریزی نے جو بہت بڑے مؤرخ ہیں لکھا ہے کہ اسلامی فرقے پانچ ہیں: اہل السنۃ والجماعہ، شیعہ، خوارج، معتزلہ اور مرجئہ اور اختلاف کی بنیادیں چار ہیں: ۱- صفاتِ باری تعالیٰ کا اثبات وانکار ۲- جبر وقدر کا مسئلہ یعنی انسان مجبور محض ہے یا اپنے افعال اختیاریہ کا کسی درجہ میں اختیار رکھتا ہے؟ ۳- عقائد واعمال کا باہمی ارتباط کیا ہے؟ یعنی عقائد واعمال کے درمیان کوئی جوڑ ہے یا وہ بالکل ایک دوسرے سے الگ ہیں؟ ۴- اور بوقت تعارض بالا دستی عقل کو حاصل ہے یا نقل کو؟ یہ چار بنیادیں ہیں جن پر اختلاف کا مدار ہے۔

فرقوں کے تعارف میں، خاص طور پر معتزلہ کے تعارف میں درازنفسی کی وجہ:

ایمان کی ترکیب وبساطت کی بحث سمجھنے کے لئے اسلامی فرقوں کا اتنا مفصل تعارف ضروری نہیں تھا۔ مگر چونکہ ابن ماجہ میں بھی ان فرقوں کا ذکر آئے گا، اس لئے درازنفسی سے کام لیا گیا۔ امید ہے کہ یہ باتیں آپ حضرات کے لئے مفید ہی ثابت ہونگی۔ اب ہم اصل مسئلہ کو لیتے ہیں۔ ایمان کی حقیقت کیا ہے؟ مرکب ہے یا بسیط؟ اقوال وافعال ایمان کی ماہیت میں داخل ہیں یا نہیں؟ اور ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، اور بنیادی اقوال دو ہیں، اس لئے ایمان کی تعریفیں بھی دو ہیں:

ایمان کی پہلی تعریف:

ماتریدیہ اور جمہور محققین صرف تصدیق قلبی کو ایمان قرار دیتے ہیں، اور سرخسی، بزدوی اور بعض دیگر احناف تصدیق

قلبی اور اقرار لسانی کے مجموعہ کو ایمان کہتے ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ نے الفقہ الاکبر (۱) میں لکھا ہے: الإیمان هو الإقرار والتصدیق: لیکن امام اعظمؒ نے اس کی صراحت نہیں کی کہ اقرار: شرط ہے یا شطر، یعنی اقرار: ایمان کا حقیقی جزء ہے یا اضافی؟ محققین کا خیال ہے کہ اضافی جزء ہے، دنیا میں کسی کو مسلمان قرار دینے کے لئے اقرار ضروری ہے، ورنہ ایمان بسیط ہے اس کا کوئی جزء نہیں، پس ماتریدیہ کی تعریف میں اور سرخسی اور بزدوی کی تعریف میں کوئی حقیقی اختلاف نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ مؤمن ہونے کے لئے جن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے ان تمام چیزوں کو دل سے مان لینے کا نام ایمان ہے، حدیث جبرئیل میں ہے کہ ایمان یہ ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کو، اس کے فرشتوں کو، اس کی کتابوں کو، اس کے رسولوں کو، اس دنیا کے آخری دن کو اور بھلی بری تقدیر کو مانیں۔ اس سے یہ بات واضح ہوئی کہ ایمان صرف تصدیق قلبی کا نام ہے۔ کیونکہ حدیث میں ایمان کا صلہ ب آیا ہے اور اس صورت میں ایمان کے معنی تصدیق یعنی یقین کرنے کے ہوتے ہیں، اور اس حدیث میں مذکور چھ چیزیں جن کے ماننے کو ایمان قرار دیا گیا ہے مُؤْمَن به اور مُصَدَّق به کہلاتی ہیں، اس کی دوسری مختصر تعبیر الإیمانُ بماجاء به الرسول بھی ہے یعنی رسول اللہ ﷺ کی لائی ہوئی تمام تعلیمات کو دل سے مان لینے کا نام ایمان ہے، اگر ان میں سے کسی ایک چیز کو بھی دل سے نہیں مانا تو وہ مؤمن نہیں، اسی طرح اگر کوئی شخص ایمان لانے کے بعد مُؤْمَن به میں سے کسی ایک چیز کا بھی دل سے انکار کردے تو وہ بھی مؤمن نہیں رہے گا، کافر ہو جائے گا۔

بساطتِ ایمان کی دلیلیں:

اور ایمان کے بسیط ہونے کی پہلی دلیل یہ ہے کہ متعدد آیتوں میں دل کو ایمان کا محل قرار دیا ہے، مثلاً: ﴿أُولٰئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الإِيْمَانَ﴾: یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان ثابت فرمایا [المجادلۃ ۲۲] اور یہ بات ظاہر ہے کہ دل میں صرف تصدیق پائی جاتی ہے پس وہی ایمان ہے۔

(۱) دورِ اول میں علم الکلام اور علم الفقہ ایک ساتھ تھے، اور دونوں کے مجموعے کو فقہ کہتے تھے، پھر علم کلام کو الفقہ الاکبر اور مسائل کو صرف فقہ کہنے لگے، پھر جب صفت کلام کی بحث شروع ہوئی تو عقائد کے مجموعہ کا نام علم الکلام پڑ گیا، جیسے دورِ اول میں نحو وصرف ایک ساتھ تھے، دونوں کے مسائل ایک ساتھ بیان کئے جاتے تھے، الفیہ ابن مالک اور اس کی شرح ابن عقیل میں نحو وصرف کے مسائل ایک ساتھ ہیں، پھر جب دونوں کی تفصیلات بڑھیں تو نحو کو الگ فن کر دیا اور صرف کو الگ، اسی طرح فقہ کی کتابوں میں عقائد ومسائل ایک ساتھ لکھے جاتے تھے جیسے مالا بد منہ میں پہلے اہل السنۃ والجماعہ کے عقائد کا بیان ہے پھر مسائل کا، اسی طرح بہشتی زیور میں پہلے پچاس عقیدے ہیں پھر مسائل شروع ہوئے ہیں، تعلیم الاسلام میں بھی ایسا ہی کیا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کی الفقہ الاکبر علم کلام کی کتاب ہے اور مطبوعہ ہے، اس کی شرحیں بھی لکھی گئی ہیں۔

اور دوسری دلیل یہ ہے کہ بعض آیتوں میں ایمان کی دل کی طرف نسبت کی گئی ہے، یعنی ایمان کو دل کا فعل بتایا ہے، مثلاً: ﴿قَالُوْا آمَنَّا بِأَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ﴾: وہ اپنے مونہوں سے کہتے ہیں: ہم ایمان لائے حالانکہ ان کے دلوں نے یقین نہیں کیا [المائدہ ۴۱] اس قسم کی آیات سے واضح ہوتا ہے کہ ایمان دل کا فعل ہے اور دل کا فعل تصدیق ہے، پس وہی ایمان ہے۔

ایمان کی دوسری تعریف:

جمہور محدثین، اشاعرہ، معتزلہ اور خوارج کے نزدیک ایمان تین چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے یعنی تصدیق قلبی، اقرار لسانی اور عمل بدنی کا۔ ان حضرات نے بھی اپنے موقف کو قرآن وحدیث سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے، پھر جب ان حضرات نے اعمال کو ایمان کا جزء قرار دیا تو قدرتی طور پر سوال پیدا ہوا کہ ایمان گھٹتا بڑھتا ہے یا نہیں؟ اور تمام مؤمنین کا ایمان یکساں ہے یا متفاوت؟ کیونکہ اعمال متفاوت ہیں، پہلی جماعت کے نزدیک چونکہ اعمال: ایمان کا جز نہیں اس لئے انھوں نے کمی بیشی کا انکار کیا۔ اور کہا کہ ایک مؤمن کا ایمان اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کا ایمان برابر ہے، اور تمام مؤمنین ایمان میں یکساں ہیں، کیونکہ اعمال: ایمان کا جز نہیں، اور نفس تصدیق میں کمی بیشی ممکن نہیں۔

اور اسی قول کی بنا پر احناف پر الزام لگا کہ یہ حضرات عمل کو کوئی اہمیت نہیں دیتے، جیسے مرجئہ کہتے ہیں کہ اعمال صالحہ تو آخرت میں مفید ہونگے مگر اعمال سیئہ سے انسان کو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا، مؤمنین کی تمام برائیاں معاف کردی جائیں گی، بلکہ بعض حضرات نے تو کھل کر امام اعظم رحمہ اللہ اور احناف کو مرجئہ کہہ دیا، حالانکہ امام اعظمؒ نے خود الفقہ الاکبر میں صراحت کی ہے کہ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہماری نیکیاں تو مقبول ہیں اور ہماری برائیاں معاف ہیں جیسے مرجئہ کہتے ہیں (۱)، اور دوسری جگہ فرمایا ہے: آسمان والوں اور زمین والوں کا ایمان مؤمن بہ کے اعتبار سے بڑھتا گھٹتا نہیں، البتہ تصدیق ویقین کے اعتبار سے بڑھتا گھٹتا ہے، یعنی تصدیق ویقین میں شدت وضعف کے اعتبار سے کمی بیشی ہوتی ہے، ورنہ تمام مؤمنین ایمان وتوحید میں یکساں ہیں، صرف اعمال میں کمی بیشی ہوتی ہے (۲)

پھر جب یہ مسئلہ سامنے آیا کہ مرتکب کبیرہ مؤمن ہے یا نہیں؟ تو معتزلہ اور خوارج نے یہ موقف اختیار کیا کہ وہ ایمان سے خارج ہے کیونکہ ایمان تین اجزاء سے مرکب ہے اور مرکب کا کوئی جز فوت ہوجائے تو مرکب باقی نہیں رہتا، پس جب عمل صالح نہ رہا کیونکہ اس نے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا تو وہ ایمان سے خارج ہوگیا، اور احناف نے مرتکب کبیرہ کو

(۱) الفقہ الأکبر کی عبارت: ولانقول: إنّ حَسَنَاتِنَا مَقْبُوْلَةٌ وسَيِّئَاتِنَا مَغْفُورَةٌ كقول المُرْجِئَة۔

(۲) الفقہ الأکبر کی عبارت: إيمانُ أَهلِ السَّمَاءِ والأرضِ لَايزيدُ ولا يَنْقُصُ من جِهَةِ اليقين والتَّصديقِ، والمُؤْمنون مُسْتَوُوْنَ في الإيمان والتوحيد، مُتَفَاضِلُوْن في الأعمال۔

مؤمن قرار دیا۔اسی طرح اشاعرہ اور تمام محدثین نے بھی مرتکب کبیرہ کو مؤمن قرار دیا، ایمان سے خارج نہیں کیا اور جب ان سے پوچھا گیا کہ مرتکب کبیرہ مؤمن کیسے ہوسکتا ہے؟ ایمان تو مرکب ہے؟ یعنی اعمال ایمان کا جز ہیں پس عمل کے فوت ہونے سے ایمان فوت ہوجانا چاہئے؟ تو انھوں نے جواب دیا کہ اعمال ایمان کا اصل جزء نہیں، بلکہ تکمیلی اور تزئینی جزء ہیں، اس لئے ان کے نہ رہنے سے ایمان فوت نہ ہوگا۔

الغرض: اس جگہ محدثین نے معتزلہ وخوارج کا ساتھ چھوڑ دیا اور احناف کے ساتھ ہوگئے، پس واضح ہوگیا کہ محدثین نے اعمال کو جس ایمان کا جز قرار دیا ہے وہ ایمان کامل ہے، اور احناف نے جو اعمال کو ایمان کا جزء قرار نہیں دیا وہ نفس ایمان کا جز قرار نہیں دیا، اس طرح جب حقیقت کھلی تو معلوم ہوا کہ اہل حق کے درمیان اختلاف حقیقی نہیں صرف لفظی ہے[1] ملا علی قاری رحمہ اللہ نے لکھا ہے: **ولِذَا ذَهَبَ الإمامُ الرازِيُّ و كثيرٌ من المتكلمين إلى أنَّ هذا الخلافَ لفظيٌّ**: اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے بھی اس کی صراحت کی ہے کہ یہ اختلاف لفظی ہے، البتہ معتزلہ اور خوارج کے ساتھ جو اختلاف ہے وہ حقیقی ہے[2]

فائدہ: احناف کے نزدیک چونکہ اعمال: ایمان کا جز نہیں، اس لئے انھوں نے کہا: **إیمانی کإیمان جبرئیل**: میرا ایمان جبرئیلؑ کے ایمان کے مانند ہے! اور **المُؤمنون مُسْتَوُوْن فی الإیمان**: تمام مؤمنین ایمان میں مساوی ہیں! اور

---

(۱) لفظی نزاع: کئی طرح کا ہوتا ہے، مثلاً دو مختلف باتوں کا محکوم علیہ (وہ چیز جس پر حکم لگایا جائے) علاحدہ علاحدہ ہو جیسے زید کے دو لڑکے ہوں: ایک عالم اور دوسرا جاہل، پس اگر کوئی کہے کہ زید کا لڑکا بڑا عالم ہے اور دوسرا کہے کہ جاہل ہے اور دونوں کے پیش نظر الگ الگ لڑکے ہوں تو یہ لفظی نزاع کہلائے گا، کیونکہ جب حقیقت حال کھلے گی کہ زید کے دو لڑکے ہیں ایک عالم اور ایک جاہل تو جھگڑا ختم ہوجائے گا۔

یا مثلاً: ایک لفظ کے دو معنی ہوں، کسی کے پیش نظر ان میں سے ایک معنی ہوں اور دوسرے کے پیش نظر دوسرے معنی اور وہ آپس میں بحث کریں تو یہ محض لفظی نزاع ہے، جب حقیقت حال سامنے آئے گی کہ اس لفظ کے دو معنی ہیں تو جھگڑا ختم ہوجائے گا۔

یا ایک چیز کی دو قسمیں ہوں، کچھ حضرات کے پیش نظر ایک قسم ہو اور دوسرے لوگوں کے پیش نظر دوسری قسم اور آپس میں اختلاف کریں تو یہ بھی لفظی نزاع ہے (تسہیل ادلۂ کاملہ ص: ۱۰۸)

(۲) جاننا چاہئے کہ مرجئہ، کرامیہ اور جہمیہ کے نزدیک بھی ایمان بسیط ہے، مگر ان کے درمیان بھی اختلاف ہے:

۱- مرجئہ کے نزدیک: ایمان کی حقیقت و ماہیت صرف تصدیق قلبی ہے، اقرار لسانی اور اعمال نہ ایمان کے لئے رکن ہیں نہ شرط، نہ اجزائے مقوّمہ نہ اجزائے مکملہ۔ بلکہ اعمال ایمان سے بے تعلق ہیں، بدعملی سے ایمان کی رونق میں کچھ فرق نہیں آتا نہ اس کا آخرت میں کوئی نقصان ہوگا۔

۲- اور جہمیہ کے نزدیک ایمان کی حقیقت صرف معرفت قلبی ہے، تصدیق و یقین بھی ضروری نہیں۔

۳- اور کرامیہ کے نزدیک صرف اقرار لسانی ایمان کی حقیقت ہے بشرطیکہ دل میں انکار نہ ہو۔

یہ کہنا اس لئے صحیح ہے کہ اعمال: ایمان کا جز نہیں اور نفس تصدیق میں کمی بیشی ممکن نہیں، اس لئے کہ تصدیق: مقولۂ کیف سے ہے نہ کہ مقولۂ کم سے۔ یعنی تصدیق ایک قلبی کیفیت کا نام ہے اور کیفیت میں شدت وضعف تو ممکن ہے، مگر کمی زیادتی ممکن نہیں، کمی زیادتی کمیات کا خاصہ ہے، کیفیت میں کمی بیشی نہیں ہوتی۔

کمی زیادتی دوطرح سے ہوتی ہے: حقیقی اور مجازی، دو چیزوں کا عدد ومقدار میں متفاوت ہونا حقیقی کمی زیادتی ہے اور کیفیت یعنی شدت وضعف میں متفاوت ہونا مجازی کمی زیادتی ہے۔

حقیقی معنی کے اعتبار سے ایمان میں کمی بیشی نہیں ہوسکتی، کیونکہ مؤمن به (جن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے) محدود ومتعین ہیں، ان میں کمی بیشی کا امکان نہیں، البتہ کیفیت یعنی شدت وضعف کے اعتبار سے کمی بیشی ہونا ایسی بدیہی بات ہے کہ کوئی اس کا انکار نہیں کرسکتا۔

کیفیت میں تفاوت دواعتباروں سے ہوتا ہے:

اول: مؤمَن به کی تصدیق کے اعتبار سے: کیونکہ یقین، یقین سب برابر نہیں، ایک ما وشما کا یقین ہے اور ایک اولیاء کرام، انبیاء عظام اور فرشتوں کا یقین ہے ان سب یقینوں کو مساوی اور یکساں کوئی نہیں کہہ سکتا۔

دوم: اعمال کے اعتبار سے: اس اعتبار سے بھی مؤمنین کے درجات میں کمی بیشی ایک مسلّمہ حقیقت ہے، انبیاء کرام کا عمل اور ایک امتی کا عمل یکساں نہیں ہوسکتا، پھر امتیوں کے اعمال میں بھی حد درجہ تفاوت ہوتا ہے، لہٰذا اعمال کے اعتبار سے بھی مساوات کا دعوی نہیں کیا جاسکتا۔

امام اعظم رحمہ اللہ کی بات سے غلط فہمی اور اس کا ازالہ:

امام اعظم رحمہ اللہ کی اس بات سے کہ تمام مؤمنین کا ایمان یکساں ہے، بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوگئی، جس کی وجہ سے امام صاحب نے اس کی وضاحت ضروری سمجھی، شرح الفقہ الاکبر میں ہے: امام اعظم رحمہ اللہ سے روایت کیا گیا کہ انھوں نے فرمایا: میرا ایمان حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ایمان کے مشابہ ہے، اور میں یہ نہیں کہتا کہ میرا ایمان جبرئیل علیہ السلام کے ایمان کے مانند ہے کیونکہ مثلیت (مانند ہونا) کے معنی ہیں: تمام صفات میں برابری اور مشابہت کے لئے یہ ضروری نہیں، بلکہ بعض اوصاف میں برابری کی بنا پر بھی مشابہ کہا جاسکتا ہے، بھلا ایسا کون شخص ہے جو ہر اعتبار سے افراد امت، ملائکہ اور انبیاء علیہم السلام کے ایمان کو برابر کہتا ہو؟![1]

(۱) رُوی عن أبی حنِیفةَ أَنَّهُ قال: إیمانی کإیمانِ جبرئیل علیه السلام، ولا أقولُ: مِثلَ إیمان جبرئیلَ لِأَنَّ المِثْلِیَّةَ تَقْتَضِی المُساوَاة فی کل الصِّفات، والتَّشْبِیْهُ لا یَقْتَضِیْهِ، بل یَکْفِیْ لإطلاقِه المُسَاوَاةُ فی بعضِه، فلا أحدٌ یُسَوِّیْ بین إیمانِ آحادِ الناسِ وإیمانِ المَلائِکةِ والانبیاء علیهم السلام من کل وجهٍ (بحوالہ ایضاح الادلہ ص: ۱۷۷)

مگر امام صاحب رحمہ اللہ کی اس وضاحت کے بعد بھی بعض لوگ ان کی بات کو نہیں سمجھے اور وہ برابر امام اعظمؒ کے قول کے غلط معنی بیان کر کے حضرت کو بدنام کرتے رہے، اس لئے امام محمد رحمہ اللہ نے فرمایا: میں إیمانی کإیمان جبرئیل کہنا پسند نہیں کرتا بلکہ اس کی جگہ آمَنْتُ بما آمَنَ به جبرئیلُ علیه السلام کہنا پسند کرتا ہوں ——— امام محمد رحمہ اللہ کا یہ ارشاد در حقیقت لوگوں کو غلط فہمی سے بچانے کے لئے ہے، ورنہ دونوں قولوں کا مطلب ایک ہے۔

غرض: إیمانی کإیمانِ جبرئیل: کہنا حضرت امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک جائز ہے، اور ائمہ ثلاثہ اور محدثین کے نزدیک جائز نہیں، اور یہ اختلاف ایمان کے مرکب و بسیط ہونے پر مبنی ہے، جو حضرات ایمان کو مرکب مانتے ہیں یعنی اعمال کو ایمان کا جز قرار دیتے ہیں ان کے نزدیک مذکورہ جملہ جائز نہیں کیونکہ اعمال کے اعتبار سے تفاوت ہوتا ہے، اور ایمان کو بسیط قرار دینے والوں کے نزدیک جائز ہے اس لئے کہ مُؤْمَن به سب کے حق میں یکساں ہے۔

أنا مؤمن إن شاء الله کہنے کا حکم:

دوسرا مسئلہ یہ اختلافی ہے کہ أنا مؤمنٌ إن شاء الله: کہنا جائز ہے یا نہیں؟ اس کی تین صورتیں ہیں: اگر زمانۂ حال میں تردد کی بنا پر إن شاء الله بڑھائے تو جائز نہیں، اور زمانۂ آئندہ پر نظر کر کے إن شاء الله بڑھائے تو ابن تیمیہؒ کے علاوہ سب کے نزدیک جائز ہے، صرف ابن تیمیہؒ عدم جواز کے قائل ہیں، اور اگر بطور تبرک بڑھائے تو بالاتفاق جائز ہے۔

سوال: جب ایمان مقولۂ کیف سے ہے اور اس میں کمی زیادتی نہیں ہوسکتی تو پھر مساوات کیسے ہوگی؟ مساوات تو انہی چیزوں میں ہوتی ہے جن میں کمی بیشی کا امکان ہوتا ہے۔ لہٰذا احناف کا یہ کہنا کہ تمام مؤمنین ایمان میں مساوی ہیں، کیونکر صحیح ہوسکتا ہے؟

جواب: ایمان میں اگرچہ بالذات مساوات نہیں ہوسکتی، مگر محلِ ایمان یعنی مُؤمن به کے اعتبار سے برابری ہوسکتی ہے، اور احناف نے مؤمن به کے اعتبار سے ہی مساوات کو ثابت کیا ہے۔

کبھی شرعی معنی لغوی معنی سے علاحدہ ہوتے ہیں اور کبھی ایک ہوتے ہیں:

شریعت مطہرہ کی جتنی اصطلاحات ہیں جیسے صلوۃ، زکوۃ وغیرہ: وہ الفاظ پہلے سے عربی زبان میں مستعمل ہوتے ہیں، اور ان کے لغوی معنی ہوتے ہیں، پھر شریعت ان کو اپنی اصطلاح بناتی ہے۔ اور جب شریعت کسی لفظ کو اپنی اصطلاح بناتی ہے تو اس کے لغوی معنی برقرار رکھ کر اس کو نئے معنی میں استعمال کرتی ہے اور وہ نئے معنی: معنی مرادی کہلاتے ہیں، جیسے لفظ صلوٰۃ کے لغوی معنی ہیں: دعاء اور اصطلاحِ شریعت میں صلوۃ نام ہے: افعال مخصوصہ اور اذکار مخصوصہ کے مجموعہ کا۔ یہ صلوٰۃ کے مرادی معنی ہیں اور زکوٰۃ کے لغوی معنی ہیں: صفائی ستھرائی اور اصطلاح شریعت میں زکوٰۃ نام ہے: مال کے مخصوص حصہ کا جو سال میں ایک مرتبہ غرباء کے لئے نکالا جاتا ہے، یہ زکوٰۃ کے مرادی معنی ہیں۔

اور کبھی لفظ کے جولغوی معنی ہوتے ہیں وہی قرآن وحدیث میں برقرار رہتے ہیں، جیسے تحریمها التكبير: كَبَّرَ تکبیرًا (باب تفعیل) کے معنی ہیں: اللہ کی عظمت وبڑائی بیان کرنا۔ حدیث میں بھی یہی معنی ہیں، چنانچہ احناف کے نزدیک ہر ذکر مشعر تعظیم سے نماز شروع کرنا جائز ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خاص لفظ اللہ اکبر سے نماز میں داخل ہونا ضروری ہے، کسی اور لفظ سے نماز شروع نہیں ہوسکتی، صرف امام شافعی رحمہ اللہ الله الأكبر کی گنجائش رکھتے ہیں، وہ کہتے ہیں: خبر پر الف لام داخل کرنے سے معنی میں زیادتی ہوتی ہے، اس لئے وہ اللہ اکبر کے حکم میں ہے۔

امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نزول قرآن کے وقت تکبیر کے لغوی معنی تھے، سورۃ المدثر میں ہے: ﴿وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ﴾: اپنے پروردگار کی بڑائی بیان کر، اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھ، اور بتوں کو لات مار، کیونکہ جب بتوں سے کنارہ کشی اختیار کی جائے گی تبھی اللہ کی عظمت وبڑائی ظاہر ہوگی۔

غرض نزول قرآن کے وقت تکبیر کے یہی معنی تھے، اور ائمہ ثلاثہ جو معنی لیتے ہیں یعنی اللہ اکبر کہنا: وہ عرفی معنی ہیں جو بعد میں پیدا ہوئے ہیں، ان کو نصوص میں مراد نہیں لیا جائے گا۔ جیسے فقہاء کی اصطلاحات: فرض وواجب وغیرہ نصوص میں مراد نہیں لی جاتیں کیونکہ وہ بعد میں پیدا ہوئی ہیں۔

پس لفظ کے مرادی معنی کے لئے قوی دلیل چاہئے جیسے قرآن وحدیث میں لفظ صلوٰۃ آیا ہے، وہاں صرف لغوی معنی مراد نہیں بلکہ شرعی معنی یعنی افعال مخصوصہ اور اذکار مخصوصہ مراد ہیں، کیونکہ بے شمار احادیث میں صلوٰۃ کے یہی معنی آئے ہیں، لیکن اگر معنی مرادی کی کوئی دلیل نہیں تو پھر لغوی معنی ہی مراد لیں گے۔

ایمان کے علاحدہ کوئی شرعی معنی نہیں:

اب یہ قاعدہ یہاں جاری کریں۔ ایمان باب افعال کا مصدر ہے، اس کا مجرد: أَمِنَ يَأْمَنُ أَمْنًا (از سمع) ہے، اور اس کے معنی ہیں: مطمئن ہونا، اور باب افعال کا ہمزہ یا تو صیرورت کے لئے ہے یا تعدیہ کے لئے۔ اول صورت میں معنی ہونگے: امن والا ہونا، یعنی کسی کو سچا جان کر اور اس کی بات کو مان کر مطمئن ہوجانا۔ اور ثانی صورت میں معنی ہونگے: جَعْلُ الغير آمناً: کسی کو امن والا بنانا، یعنی کسی کی تصدیق کر کے اس کو تکذیب سے مامون وبے خوف کر دینا۔

قرآن وحدیث میں یہ لفظ باب افعال سے استعمال ہوا ہے اور اس بات کی کوئی دلیل نہیں کہ شریعت نے ایمان کے کوئی نئے معنی تجویز کئے ہیں۔ اور ابن ماجہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جو حدیث مروی ہے: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الإيمانُ معرفةٌ بالقلبِ، وقولٌ بِاللِّسانِ، وعَمَلٌ بِالأَرْكَانِ (حدیث نمبر ۶۵) یہ روایت حد درجہ ضعیف ہے، بلکہ علامہ ابن جوزیؒ نے اس کو موضوع قرار دیا ہے، اس کے ایک راوی عبدالسلام بن صالح ابوالصلت کے ضعف پر تقریباً محدثین کا اتفاق ہے، اور اس کے علاوہ دوسری کوئی دلیل نہیں ہے جو اس بات پر دلالت کرے کہ شریعت نے ایمان کے نئے معنی تجویز کئے ہیں، اور جب اس کی کوئی دلیل نہیں تو ایمان کے لغوی معنی ہی قرآن وحدیث میں مراد

لئے جائیں گے۔اور وہ معنی ہیں: تصدیق کرنا،اور تصدیق قلب کا فعل ہے۔پس ثابت ہوا کہ ایمان بسیط ہے،البتہ دنیا میں کسی کو مسلمان قرار دینے کے لئے اقرار ضروری ہے،اور اعمال: ایمان کے تکمیلی اور تزئینی اجزاء ہیں یعنی ایمان کامل کے اجزاء ہیں،نفس ایمان کے اجزاء نہیں۔

ایمان کی حقیقت میں اختلاف کی وجہ:

آخری بات: حضرت استاذ الاستاذ شیخ الہند قدس سرہ نے ایک بہت ہی قیمتی بات فرمائی ہے، وہ بات درس بخاری میں ہے، جو صاحب فتح الملہم علامہ شبیر احمد عثمانی قدس سرہ کی درسی تقریر ہے، جو ڈابھیل سے چھپی ہے اور صرف ایک جلد چھپی ہے، حضرتؒ نے فرمایا: ایمان کی حقیقت و ماہیت میں جو اختلاف ہوا ہے وہ اختلاف: نظر (دلائل) کا اختلاف نہیں ہے نہ ثمرہ (نتیجہ) کا اختلاف ہے بلکہ وہ مقتضیات مقام کا اختلاف ہے۔محدثین کا مقابلہ مرجئہ سے تھا اور مرجئہ اعمال کی حیثیت گھٹاتے ہیں، وہ ایمان کے ساتھ اعمال سیئہ کو مضر نہیں مانتے اس لئے محدثین کے لئے ضروری تھا کہ وہ اعمال کو مثبت و منفی ہر پہلو سے ایمان کا جز بنائیں، چنانچہ انھوں نے ایسا کیا۔اور حنفیہ کا مقابلہ معتزلہ سے تھا اور معتزلہ اعمال کو ایمان کا حقیقی جز مانتے تھے، اور اسی وجہ سے مرتکب کبیرہ کو ایمان سے خارج کرتے تھے، پس حنفیہ کے لئے ضروری تھا کہ وہ اعمال کو ایمان کا جز نہ بنائیں، تاکہ مرتکب کبیرہ ایمان سے نکل نہ جائے۔

پہلی بات بھی نہایت قیمتی ہے:

اور پہلے جو بات میں نے کہی ہے وہ بھی نہایت قیمتی ہے، وہ بات حضرت الاستاذ علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ نے فرمائی ہے کہ کبھی شریعت کسی لفظ کو لے کر اپنی علاحدہ اصطلاح بناتی ہے اور لفظ کو نئے معنی میں استعمال کرتی ہے، جیسے صلوٰۃ اور زکوٰۃ وغیرہ کے شریعت نے الگ معنی تجویز کئے ہیں۔اور کبھی لفظ کو اس کے لغوی معنی میں باقی رکھ کر استعمال کرتی ہے۔پس جہاں مضبوط اور قوی دلیل ہو کہ شریعت نے لفظ کو نئے معنی میں استعمال کیا ہے تو وہاں وہی نئے معنی مراد لیں گے، اور جہاں ایسی کوئی دلیل نہ ہو وہاں لغوی معنی ہی مراد ہونگے، اور لفظ ایمان کے شریعت نے کوئی نئے معنی تجویز کئے ہیں اس کی کوئی دلیل نہیں، سوائے ابن ماجہ کی روایت کے جو حد درجہ ضعیف یا موضوع ہے، لہٰذا قرآن وحدیث میں جہاں بھی لفظ ایمان آیا ہے وہ لغوی معنی ہی میں مستعمل ہے اور ایمان کے لغوی معنی ہیں: تصدیق کرنا، کسی کو سچا مان کر اس کی بات پر بھروسہ کرنا، اور یہ قلب کا فعل ہے پس ایمان کا بسیط ہونا ثابت ہوا۔

ایمان کی ترکیب پر محدثین کے دلائل صریح نہیں:

اور محدثین ایمان کے مرکب ہونے پر جو دلائل پیش کرتے ہیں، جیسے امام بخاریؒ نے اٹھارہ نصوص پیش کی ہیں، اور ان کے ذریعہ محدثین کے موقف کو ثابت کیا ہے، وہ صریح دلائل نہیں، ان میں تاویل کی گنجائش ہے۔

٢- كتاب الإيمان

بسم الله الرحمن الرحيم

[١-] بَابُ قَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: "بُنِيَ الإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ" وَهُوَ قَوْلٌ وَفِعْلٌ، وَيَزِيْدُ وَيَنْقُصُ

[١-] قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿لِيَزْدَادُوْا إِيْمَانًا مَع إِيْمَانِهِمْ﴾[الفتح: ٤]

[٢-] ﴿وَزِدْنَاهُمْ هُدًى﴾[الكهف: ١٣]

[٣-] ﴿وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدُوْا هُدًى﴾[مريم: ٧٦]

[٤-] ﴿وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَآتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ﴾[محمد: ١٧]

[٥-] ﴿ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِيْمَانًا﴾ [المدثر: ٣١]

[٦-] وَقَوْلُهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهِ إِيْمَانًا؟ فَأَمَّا الَّذِيْن آمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ إِيْمَانًا﴾[التوبة: ١٢٤]

[٧-] وَقَوْلُهُ: ﴿فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيْمَانًا﴾[آل عمران: ١٧٣]

[٨-] وَقَوْلُهُ: ﴿وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيْمَانًا وَتَسْلِيْمًا﴾[الأحزاب: ٢٢]

[٩-] والحُبُّ فِيْ اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِيْ اللّٰهِ مِنَ الإِيْمَانِ.

[١٠-] وَكَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ إِلٰى عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ: إِنَّ لِلإِيْمَانِ فَرَائِضَ وَشَرَائِعَ وَحُدُوْدًا وَسُنَنًا، فَمَنِ اسْتَكْمَلَهَا اسْتَكْمَلَ الإِيْمَانَ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَكْمِلْهَا لَمْ يَسْتَكْمِلِ الإِيْمَانَ، فَإِنْ أَعِشْ فَسَأُبَيِّنُهَا لَكُمْ حَتَّى تَعْمَلُوْا بِهَا، وَإِنْ أَمُتْ فَمَا أَنَا عَلٰى صُحْبَتِكُمْ بِحَرِيْصٍ.

[١١-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامَ: ﴿ وَلٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ﴾[البقرة: ٢٦٠]

[١٢-] وَقَالَ مُعَاذٌ: اجْلِس بِنَا نُؤْمِنْ سَاعَةً.

[١٣-] وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: الْيَقِيْنُ الإِيْمَانُ كُلُّهُ.

[١٤-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَايَبْلُغُ الْعَبْدُ حَقِيْقَةَ التَّقْوٰى حَتَّى يَدَعَ مَا حَاكَ فِيْ الصَّدْرِ.

[١٥-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ ﴿ شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّيْنِ مَا وَصَّى بِهِ نَوْحًا﴾[الشورى: ١٣]: أَوْ صَيْنَاكَ يَا مُحَمَّدُ وَإِيَّاهُ دِيْنًا وَاحِدًا.:

[١٦-] وَقَالَ ابنُ عبَّاسٍ: ﴿ شِرْعَةً وَمِنْهَا جًا﴾[المائدة: ٤٨] : سَبِيْلًا وَسُنَّة .

[١٧-] و﴿ دُعَاؤُ كُمْ﴾ [الفرقان: ٧٧] : إِيْمَانُكُمْ.

تشریح:

امام بخاری رحمہ اللہ کے استدلالات شروع کرنے سے پہلے دو باتیں جان لینی چاہئیں:

پہلی بات: محدثین کرام ایمان کی ترکیب پر جتنے دلائل پیش کرتے ہیں ان میں سے کوئی دلیل صریح نہیں، اور ان کا استدلال اس طرح ہے کہ نصوص سے ثابت ہے کہ ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے، اور ظاہر ہے کمی بیشی بر بناء اعمال ہوتی ہے، پس اعمال کا جزء ایمان ہونا اور ایمان کا مرکب ہونا ثابت ہوا ——— اور فقہاء کے دلائل صریح ہیں کہ نصوص میں جگہ جگہ قلب کو ایمان کا محل قرار دیا ہے، اور قلب میں صرف تصدیق ہوتی ہے، پس ایمان کا بسیط ہونا ثابت ہوا۔

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں اٹھارہ نصوص پیش کی ہیں، اور ان سے محدثین کے موقف پر استدلال کیا ہے وہ نصوص دو قسم کی ہیں۔ ایک نص میں مُؤْمَن بہ میں اضافہ کی وجہ سے کمی زیادتی کا ذکر ہے، اور یہ بات نزول قرآن کے زمانہ میں تھی، جب شریعت مکمل ہوگئی تو مُؤْمَن بہ محدود و متعین ہوگیا اور اس میں کمی زیادتی کا امکان باقی نہیں رہا۔

اور باقی تمام نصوص میں کیفیت یعنی شدت وضعف کے اعتبار سے کمی بیشی کا ذکر ہے، مگر اس کا تعلق نفس ایمان سے نہیں ہے بلکہ ایمان کامل سے ہے، اور ایمان کامل میں کمی بیشی کا کوئی منکر نہیں ——— جاننا چاہئے کہ نفس ایمان پر نجات کا مدار ہے اور ایمان کامل نجات اوّلی کا ضامن ہے۔

دوسری بات: امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک ایمان، اسلام، دین اور تقوی سب مترادف الفاظ ہیں، ایمان واسلام کا ایک دوسرے پر اطلاق تو نصوص میں بکثرت موجود ہے، امام بخاریؒ نے دین اور تقوی کو بھی اسی معنی میں لیا ہے، اسی ترادف پر امام صاحب کے تمام استدلالات موقوف ہیں، مگر یہ اصل ہی صحیح نہیں ایمان واسلام کو ایک کہنا صحیح نہیں، دونوں میں اگرچہ تباین کی نسبت نہیں، مگر تساوی کی نسبت بھی نہیں، دونوں میں فی الجملہ فرق ہے۔

پہلی دلیل: سورۃ الحجرات کی آیت (۱۴) ہے: ﴿قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا، قُلْ لَمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْا أَسْلَمْنَا، وَلَمَّا يَدْخُلِ الإِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ﴾: بدّو کہتے ہیں: ہم ایمان لائے، آپ کہیں: تم ایمان نہیں لائے، ہاں یہ کہو: ہم نے ظاہری طور پر اطاعت قبول کی، اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا۔ اس ارشاد سے دو باتیں معلوم ہوئیں: ایک: ایمان واسلام ایک نہیں، بلکہ ان میں فرق ہے۔ ظاہری اطاعت وانقیاد کا نام اسلام ہے اور پوری شریعت کو دل سے ماننے کا نام ایمان ہے، اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ ایمان کا محل قلب ہے، پس ایمان بسیط ہوا کیونکہ دل میں صرف تصدیق ہوتی ہے۔

دوسری دلیل: حدیث جبرئیلؑ ہے، اس میں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دو الگ الگ سوال کئے ہیں: ما الإیمان؟ ایمان کیا ہے؟ آپؐ نے چھ عقائد بتلائے، پھر انھوں نے دوسرا سوال کیا: ما الإسلام؟ اسلام کیا ہے؟ تو آپؐ نے پانچ اعمال بتلائے۔ اگر ایمان واسلام ایک ہوتے تو دو سوالوں کی ضرورت نہیں تھی۔

نیز اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ایمان کا تعلق عقائد سے ہے اور عقائد کا محل قلب ہے۔ اور اسلام کا تعلق اعمال سے ہے اور اعمال کا محل جوارح (اعضاء) ہیں، پس دونوں کے درمیان فرق بدیہی طور پر ثابت ہوا۔

امام بخاری رحمہ اللہ کے استدلالات

استدلال (۱): حضرت امام بخاریؒ کا پہلا استدلال حدیث: **بُنی الإسلام علی خمسٍ** سے ہے(۱)، اس میں آنحضور ﷺ نے دین اسلام کو ایک بڑے محل سے تشبیہ دی ہے، پھر مشبہ بہ (محل) کے لوازم میں سے بناء (بنیاد) کو مشبہ (اسلام) کے لئے ثابت کیا ہے اور اسلام کی بنیاد پانچ باتوں پر ہے (یہ صغری ہے) اور بناء (نیو) محل کا جز ہوتی ہے جیسے دیواریں اور چھت محل کا جز ہوتی ہیں (یہ کبری ہے) پس پانچوں باتیں اسلام کا جزء ہوئیں، اور اسلام اور ایمان ایک ہیں (یہ اکبر ہے) پس وہ پانچوں باتیں ایمان کا بھی جزء ہوئیں، اس طرح ایمان کا مرکب ہونا ثابت ہوا۔

جواب: بیشک پانچوں باتیں اسلام کا جزء ہیں مگر اکبر قابل قبول نہیں یعنی یہ دعوی کہ ایمان اور اسلام ایک ہیں: محل نظر ہے۔ دونوں میں فی الجملہ فرق ہے پس حدیث سے ایمان کی ترکیب پر استدلال صحیح نہیں۔

قولہ: وهو قولٌ وفعلٌ: هو کا مرجع اسلام ہے۔ اور بخاری شریف کے ایک نسخہ میں فعلٌ کی جگہ عملٌ ہے، دونوں کا ایک ہی مطلب ہے کہ اسلام قول وفعل (عمل) کا نام ہے (یہ صغری ہے) اور قول وفعل عمل ہیں، قول لسانی عمل ہے اور افعال دیگر جوارح (اعضاء) کے اعمال ہیں۔ اور ایمان واسلام مترادف ہیں (یہ اکبر ہے) پس قول وفعل ایمان کے بھی اجزاء ہوئے اور ایمان کا مرکب ہونا ثابت ہوا۔

جواب: ایمان واسلام کو مترادف قرار دینا اور ان میں تساوی کی نسبت ماننا صحیح نہیں۔ دونوں میں فی الجملہ فرق ہے۔ اور اسلام قول وفعل کا نام ہے اس کا کوئی منکر نہیں۔ کسی بھی شخص پر مسلمان ہونے کا حکم اس وقت لگایا جائے گا جب وہ توحید ورسالت کا اقرار کرے، اور ایمان کی تکمیل اعمال سے ہوتی ہے۔

قولہ: یزید ویَنقُص: یہ ضمیریں بھی اسلام کی طرف راجع ہیں، یعنی اسلام میں کمی بیشی ہوتی ہے، اور اسلام: ایمان کا مترادف ہے، پس ایمان میں بھی کمی بیشی ثابت ہوئی، اور ظاہر ہے کہ کمی بیشی بر بناء اعمال ہوتی ہے پس اعمال ایمان کے اجزاء ہوئے اور ایمان کا مرکب ہونا ثابت ہوا۔

جواب: بیشک ایمان میں تفاوت ہوتا ہے، نیک صالح مسلمان کا ایمان اور تارک فرائض کا ایمان یکساں نہیں ہوسکتا، مگر بر بناء اعمال جو تفاوت ہوتا ہے وہ نفس ایمان میں نہیں ہوتا، بلکہ ایمان کامل میں ہوتا ہے، اور ایمان کامل میں تفاوت

(۱) خَمسٍ کا معدود محذوف ہے أی خَمْسِ خِصَالٍ، اور یہ قاعدہ یاد رکھنا چاہئے کہ عدد کی تذکیر وتانیث میں معدود مفرد کا لحاظ ہوتا ہے۔ خصال: کا مفرد خَصْلَۃٌ ہے، اس وجہ سے خمسٌ مذکر ہے۔

مسلّم ہے۔

استدلال (۲-۹): اب امام بخاری رحمہ اللہ قرآنِ کریم کی آٹھ آیتیں پیش کرتے ہیں، جن سے ایمان کی ترکیب پر استدلال کیا ہے:

پہلی آیت: سورۃ الفتح کی (آیت۴) ہے ﴿لِیَزْدَادُوْا إِیْمَانًا مَعَ إِیْمَانِهِمْ﴾: تاکہ صحابہ کا ایمان بالائے ایمان ہوجائے۔ یعنی صلح حدیبیہ کو کھلی فتح بنایا تاکہ صحابہ کے ایمان میں ترقی ہو(۱) پس ایمان میں کمی بیشی ثابت ہوئی۔

دوسری آیت: سورۃ الکھف کی (آیت۱۳) ہے: ﴿وَزِدْنَاهُمْ هُدًى﴾: اور ہم نے اصحاب کہف کی ہدایت میں اضافہ کیا —— اور امام بخاریؒ کے نزدیک ہدایت، تقوی، دین، اسلام اور ایمان سب مترادف ہیں اور اس آیت سے ہدایت میں زیادتی ثابت ہوئی، پس ایمان میں بھی زیادتی ثابت ہوئی۔

تیسری آیت: سورۂ مریم کی (آیت۷۶) ہے: ﴿وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى﴾: اور اللہ جن کو راہ راست پر لاتا ہے ان کی ہدایت میں اضافہ فرماتا ہے —— اور ہدایت اور ایمان مترادف ہیں پس ایمان میں زیادتی ثابت ہوئی۔

چوتھی آیت: سورۂ محمد کی (آیت۱۷) ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَآتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ﴾: جو لوگ راہ راست پر آگئے اللہ تعالیٰ ان کی ہدایت میں اضافہ فرماتے رہتے ہیں۔ اور ان کو تقوی کی دولت سے نوازتے ہیں —— اس میں بھی ہدایت (ایمان) میں زیادتی کا بیان ہے۔

پانچویں آیت: سورۃ المدثر کی (آیت۳۱) ہے: ﴿وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِيْمَانًا﴾: اور مؤمنین کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے، اس بات سے کہ جہنم میں عذاب کے انیس محکمے ہیں اور ہر محکمہ کا ایک فرشتہ ذمہ دار ہے(۲) —— اس میں بھی ایمان میں زیادتی کا بیان ہے۔

---

(۱) جب سورۃ الفتح کی ابتدائی آیات: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا﴾ نازل ہوئی تو حضرات صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ تو آپؐ کے لئے ہوا، ہمارے لئے کیا ہے؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی: ﴿هُوَ الَّذِيْ أَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْا إِيْمَانًا مَعَ إِيْمَانِهِمْ﴾: اللہ وہ ہستی ہیں جنھوں نے مؤمنین کے دلوں میں اطمینان اتارا تاکہ ان کا ایمان اپنے سابقہ ایمان پر بڑھ جائے، اطمینان اتارا: یعنی باوجود خلاف طبع ہونے کے نبی ﷺ کے حکم پر جمے رہے، ضدی کافروں کی طرح ضد نہیں کی، اس کی برکت سے ان کے ایمان کا درجہ بڑھا، اور مراتب عرفان ویقین میں ترقی ہوئی (ماخوذ از فوائد عثمانی)

(۲) سورۃ المدثر کی آیت ۳۰ ہے: ﴿عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ﴾: جہنم پر انیس فرشتے مقرر ہیں، یعنی دوزخ کے انتظام پر فرشتوں کا جو لشکر مقرر ہے اس کے انیس ذمہ دار ہیں اور سب سے بڑے ذمہ دار (داروغہ) کا نام مالک ہے، علماء نے انیس کے عدد کی حکمتوں پر بہت کچھ کلام کیا ہے، اور شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ نے بھی تفسیر عزیزی میں اس پر مفصل گفتگو فرمائی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جہنم میں عذاب کی انیس قسمیں ہیں جن پر انیس ذمہ دار فرشتے مقرر ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ فرشتہ کی ←

چھٹی آیت: سورۃ التوبہ کی (آیت ۱۲۴) ہے: ﴿أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهِ إِيْمَانًا، فَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ إِيْمَانًا﴾: جب بھی کوئی نئی سورت نازل ہوتی ہے تو بعض منافقین غریب مسلمانوں سے تمسخر کرتے ہیں اور کہتے ہیں: بتاؤ! اس سورت نے تم میں سے کس کا ایمان بڑھا دیا، سنو! جو لوگ ایمان دار ہیں: اس سورت نے ان کے ایمان میں اضافہ کیا ہے ـــــ چونکہ یہ آیت الگ انداز کی ہے، اس میں مُؤمن به میں اضافہ کا بیان ہے اس لئے امام بخاریؒ نے قوله عزّ وجل بڑھایا۔

ساتویں آیت: سورۂ آل عمران کی (آیت ۱۷۳) ہے: ﴿فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيْمَانًا﴾: پس ڈروان سے یعنی قافلہ والوں نے ان کو ڈرایا تو ان کے ایمان میں اضافہ ہوا۔ جنگ احد کے بعد ایک قافلہ والوں نے مسلمانوں کو خوف زدہ کیا کہ اہل مکہ لشکر جرار لے کر آرہے ہیں، وہ تمہیں پیس کر رکھ دیں گے، پس بجائے خوف زدہ ہونے کے مسلمانوں کے ایمان میں اضافہ ہوا[1] ـــــ سورۃ التوبہ کی آیت سے الگ کرنے کے لئے اور سابقہ آیتوں سے جوڑنے کے لئے

← طاقت بہت بڑی ہے اور ایک فرشتہ وہ کام کرسکتا ہے جو لاکھوں آدمی مل کر نہیں کر سکتے، لیکن ہر فرشتہ کی یہ قوت اسی دائرہ میں محدود ہے جس کام کے کرنے کے لئے وہ مامور ہوا ہے، حضرت عزرائیلؑ لاکھوں آدمیوں کی جان ایک آن میں نکال سکتے ہیں مگر ماں کے پیٹ میں کسی مردہ بچہ میں جان نہیں ڈال سکتے، حضرت جبرئیل علیہ السلام آن واحد میں پیغام الٰہی لے کر آسکتے ہیں مگر بارش نہیں برسا سکتے، پس اگر ایک فرشتہ عذاب کے واسطے دوزخ پر مقرر ہوتا تو اس سے ایک ہی قسم کا عذاب دوزخیوں پر ہوسکتا تھا، دوسری قسم کا عذاب جو اس کے دائرہ اختیار سے باہر ہے ممکن نہ تھا ـــــ جب یہ آیت نازل ہوئی تو مشرکین ٹھٹھا کرنے لگے کہ ہم ہزاروں ہیں انیس ہمارا کیا بگاڑ لیں گے۔ اور ایک پہلوان بولا: سترہ کو تو میں اکیلا دبا لونگا، باقی دو کا تم سب مل کر تیا پانچا کر دینا۔ اس پر یہ آیت اتری: ﴿وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً﴾: جہنم پر جو انیس افسر مقرر ہیں وہ آدمی نہیں ہیں فرشتے ہیں، جن کی قوت کا حال یہ ہے کہ ایک فرشتہ نے قوم لوط کی ساری بستی کو ایک بازو پر اٹھا کر پٹک دیا تھا۔

اور انیس کے عدد میں ایک طرف تو کافروں کی جانچ اور امتحان مقصود ہے کہ دیکھتے ہیں کہ کون اس کو سن کر ڈرتا ہے اور کون ہنسی مذاق اڑاتا ہے۔ اور دوسری طرف اہل کتاب پر آپؐ کی نبوت کی حقانیت پر دلیل قائم کرنا مقصود ہے، کیونکہ کتب سماویہ کے ذریعہ اہل کتاب پہلے سے جانتے تھے کہ جہنم پر انیس قسم کے فرشتے مقرر و متعین ہیں۔ آنحضور ﷺ کا اس کی خبر دینا جب کہ آپؐ امی تھے، کتب سماویہ کو جانتے نہیں تھے آپؐ کے سچا ہونے کی پکی دلیل ہے، اور یہ بات مؤمنین کے لئے بھی انشراح وطمانینت اور مسرت وبشاشت کا ذریعہ ہے جو بالیقین ان کے علم وعرفان میں اضافہ کا باعث بنے گا (ماخوذ از فوائد عثمانی)

(۱) اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ جب ابوسفیان احد سے مکہ واپس گیا تو راستہ میں خیال آیا کہ ہم نے بڑی غلطی کی، ہزیمت یافتہ اور زخم خوردہ مسلمانوں کو یونہی چھوڑ کر چلے آئے۔ اور مشورہ میں یہ طے پایا کہ پھر مدینہ واپس جا کر ان کا قصہ تمام کر دیں۔ آنحضور ﷺ کو جب اس کی خبر ہوئی تو آپؐ نے اعلان فرمایا کہ جو لوگ کل ہمارے ساتھ لڑائی میں حاضر تھے دشمن کا تعاقب کرنے کے لئے تیار ہو جائیں۔ مسلمان زخم خوردہ ہونے کے باوجود اللہ ورسول کی پکار پر نکل پڑے اور حمراء الاسد (جو مدینہ منورہ سے آٹھ ←

وقوله لائے ہیں۔

آٹھویں آیت: سورۃ الاحزاب کی (آیت ۲۲) ہے: ﴿وَمَا زَادَهُمْ إِلَّآ إِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا﴾: اورنہیں زیادہ کیا ان کو مگرایمان وانقیاد میں، یعنی جب عرب کے تمام قبائل ایک ساتھ مل کر مسلمانوں پر حملہ آور ہوئے تو اس صورت حال نے ان کے ایمان وانقیاد میں اضافہ کیا ـــــــ ان آیتوں میں ایمان میں اضافہ کا بیان ہے۔

جواب: سورۃ التوبہ والی آیت میں تو یہ بات صراحتاً موجود ہے کہ ایمان میں زیادتی احکام واخبار کے بڑھنے کی وجہ سے ہوئی تھی، یعنی جب بھی اللہ کا نیا کلام نازل ہوتا ہے تو مؤمنین کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے، اور مُؤمَن بہ میں یہ اضافہ نزول وحی کے زمانہ تک ہوتا تھا اب وحی مکمل ہوچکی ہے اس لئے مُؤمن بہ میں اضافہ کی کوئی صورت نہیں۔

اس کی مزید تشریح یہ ہے کہ اسلام کے دور اول میں جتنا قرآن نازل ہوتا تھا بس اتنے پر ایمان لانا ضروری تھا، اسی طرح جو احکام نازل ہوچکے تھے ان پر ایمان لانا مکمل ایمان تھا، پھر جب نئی وحی آتی اور نئے احکام اترتے تو ان پر بھی ایمان لانا ضروری ہوتا اس طرح ان حضرات کا ایمان بڑھتا رہتا تھا، مگر وہ زیادتی نفس ایمان میں نہیں ہوتی تھی، بلکہ مؤمن بہ میں ہوتی تھی، یعنی ان چیزوں میں ہوتی تھی جن پر ایمان لانا ضروری تھا، مُؤمن بہ کی اسی زیادتی کو ایمان کی زیادتی قرار دیا گیا ہے ـــــــ پھر جب نبوت کا زمانہ ختم ہوگیا اور وحی مکمل ہوگئی تو اب مُؤمن بہ محدود ومتعین ہوگیا اور اب سب لوگوں کے لئے انہی باتوں پر ایمان لانا ضروری ہوگیا، اب ان میں نہ زیادتی ہوسکتی ہے نہ کمی۔ لہٰذا مؤمن بہ کے اعتبار سے ایمان میں کمی زیادتی کا سوال ختم ہوگیا۔

اور باقی نصوص میں تصدیق کے مکملات اور کیفیت کے اعتبار سے اور شدت وضعف کے اعتبار سے ایمان میں کمی زیادتی کا بیان ہے اور اس کا کوئی منکر نہیں۔ نفس ایمان میں کمی زیادتی پر ان نصوص کی کوئی دلالت نہیں۔

استدلال (۱۰): نبی پاک ﷺ نے فرمایا: ”اللہ کے لئے کسی سے محبت کرنا اور اللہ کے لئے کسی سے بغض رکھنا ایمان کی وجہ سے ہے“ ـــــــ امام بخاریؒ کا استدلال اس حدیث سے اس طرح ہے کہ مِن تبعیضیہ ہے، پس یہ دونوں عمل ایمان کے اجزاء ہوئے۔

جواب: حدیث میں مِن تبعیضیہ ہے اس کی کوئی دلیل نہیں، من: اجلیہ بھی ہوسکتا ہے: أی مِن أجل الإیمان، یعنی

← میل ہے) تک کفار کا تعاقب کیا۔ جب ابوسفیان کو اس کی خبر ہوئی تو اس پر سخت رعب ودہشت طاری ہوئی اور وہ مع لاؤلشکر مکہ کی طرف بھاگا، اور ایک تجارتی قافلہ مدینہ آرہا تھا ابوسفیان نے اس کو کچھ دے دلا کر اس پر آمادہ کیا کہ وہ مدینہ پہنچ کر مشہور کرے کہ مکہ والوں نے بڑا بھاری لشکر اور سامان مسلمانوں کے استیصال کی غرض سے تیار کیا ہے تاکہ مسلمان مرعوب وخوفزدہ ہوں مگر یہ سن کر مسلمانوں کے دلوں میں خوف کی جگہ جوش ایمان بڑھ گیا اور وہ پکار اٹھے: ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾: ساری دنیا کے مقابلہ میں اکیلا خدا ہم کو کافی ہے!

یہ دو عمل ایمان کی وجہ سے ہیں، یعنی کامل ایمان کا ثمرہ ہیں۔

استدلال (۱۱): حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ[1] نے اپنے دور خلافت میں جزیرہ ابن عمر کے گورنر عدی بن عدی کو خط لکھا کہ ایمان کے لئے کچھ فرائض، کچھ قوانین، کچھ حدود، اور کچھ سنتیں ہیں، پس جو ان پر پوری طرح عمل پیرا ہوگا اس نے اپنا ایمان مکمل کرلیا، اور جو ان پر پوری طرح عمل نہیں کرے گا اس کا ایمان مکمل نہیں (پھر حضرتؒ نے لکھا: ابھی بالاجمال لکھتا ہوں) پس اگر میں زندہ رہا تو آئندہ ان کی تفصیلات لکھوں گا، تاکہ تم ان پر عمل کرو، اور اگر میرا انتقال ہوگیا تو مجھے تمہارے ساتھ رہنے کی لالچ نہیں! ——— حضرت عمر رحمہ اللہ نے فرائض وواجبات اور حدود ومعاصی اور سنن ومستحبات کو ایمانی امور قرار دیا ہے، پس ایمان کا ذو اجزا (مرکب) ہونا ثابت ہوا۔

جواب: یہ سب امور ایمان کے اجزائے مکملہ ہیں اجزائے مقوّمہ نہیں، چنانچہ حضرت عمرؒ نے یہ نہیں فرمایا کہ ان امور کے نہ رہنے کی صورت میں ایمان جاتا رہے گا، بلکہ یہ فرمایا: ''جو ان امور پر پوری طرح عمل نہیں کرے گا اس کا ایمان مکمل نہیں ہوگا'' یعنی ایمان کا کمال ان امور پر موقوف ہے پس ثابت ہوا کہ یہ امور حقیقتِ ایمان میں داخل نہیں۔

استدلال (۱۲): سورۃ البقرۃ (آیت ۲۶۰) ہے: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بارگاہ ایزدی میں عرض کیا: پروردگار! آپ بروز قیامت مردوں کو کس طرح زندہ کریں گے، مجھے اس کا ایک نمونہ دکھلا دیں، جواب ملا! کیا تمہیں ہماری قدرت پر یقین نہیں؟ کیف کے ذریعہ کبھی سوال ذات کے بارے میں ہوتا ہے اور کبھی صفات کے بارے میں، اس لئے کسی کو یہ شبہ ہوسکتا تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو معاذ اللہ احیاء موتی کے سلسلہ میں تردد تھا، چنانچہ خداوند قدوس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زبانی جواب دلاکر اس تردد کو رفع فرمادیا، حضرت ابراہیمؑ نے عرض کیا: ﴿بَلٰی﴾ کیوں نہیں! احیاء موتی پر میرا پورا یقین ہے لیکن میں اطمینان قلب کے لئے مشاہدہ کرنا چاہتا ہوں ——— حضرت ابراہیمؑ کو احیاء موتی پر یقین پہلے سے تھا، ﴿وَلٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِىْ﴾ سے ایمان میں زیادتی مطلوب تھی۔

---

(۱) حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ: عبدالملک بن مروان کے بعد ۹۹ھ میں خلیفہ بنے، اور ۱۰۱ھ میں وفات پائی، پس آپ کی خلافت کی مدت کل دو سال اور چند ماہ ہے، اس قلیل عرصہ میں آپ نے دنیا کو عدل وانصاف سے بھر دیا۔ اس وجہ سے آپ کی خلافت کو خلفاء راشدین کی خلافت کا تتمہ قرار دیا گیا۔ آپ نے خلیفہ بنتے ہی بنو امیہ کی وہ جائدادیں ضبط کرلیں جو انھوں نے ناجائز طریقے پر حاصل کی تھیں اور وہ سب سامان بیت المال میں داخل کردیا، یہاں تک کہ اپنی اہلیہ سے بھی فرمایا: یہ جو قیمتی ہار تم نے اپنی گردن کی زینت بنا رکھا ہے اگر میری رفاقت چاہتی ہو تو اسے بیت المال میں داخل کردو، چنانچہ اہلیہ محترمہ نے وہ قیمتی ہار بیت المال میں داخل کردیا۔ آپ کے عدل وانصاف، خشیت الٰہی، تواضع وعاجزی، گریہ وزاری اور دنیا سے بے تعلقی اور آخرت کی تیاری کے ہزار ہا واقعات ہیں جو آپ کی سیرت میں ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں۔ آپ کی وفات زہر کی وجہ سے ہوئی، بنو امیہ نے آپ کو کھانے میں ملاکر زہر دیدیا، کیونکہ آپ نے ان کو صراط مستقیم کی دعوت دی تھی ۱۲

جواب: زیادتی ایمانی مطلوب نہیں تھی بلکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام عین الیقین کے خواستگار تھے جو مشاہدہ پر موقوف تھا۔

جاننا چاہئے کہ اطمینان ویقین کے مختلف درجات ہیں۔ ابتدائی درجہ علم الیقین ہے، پھر مشاہدہ کے بعد ترقی ہوتی ہے اور عین الیقین کا درجہ حاصل ہوتا ہے، پھر تجربہ کے بعد جب ایمان کمال عروج پر پہنچ جاتا ہے تو حق الیقین حاصل ہوتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام درجۂ عین الیقین اور حق الیقین کے خواستگار تھے۔

استدلال (۱۳): حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے کسی سے فرمایا: ہمارے پاس بیٹھو ہم تھوڑی دیر ایمان لائیں، یعنی خدا اور سول کا تذکرہ کریں ــــــ حضرت معاذؓ نے مذاکرۂ ایمانی کو جو کہ ایک عمل ہے ایمان کہا ہے۔ معلوم ہوا کہ ایمان ذو اجزاء ہے۔

جواب: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے قول کا مطلب یہ ہے کہ دنیوی کاموں میں پڑ کر کچھ غفلت سی ہوگئی ہے، آؤ اللہ کا ذکر کریں تاکہ غفلت دور ہو، اور ایمان تازہ ہو، پس اس ارشاد میں ایمان کی ترکیب وبساطت کی طرف کوئی اشارہ نہیں۔

استدلال (۱۴): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: ''یقین پورا ایمان ہے'' ــــــ اس جملہ میں لفظ کل سے ایمان کی تاکید لائی گئی ہے اور لفظ کل سے تاکید ذو اجزاء کی لائی جاتی ہے پس ایمان کا ذو اجزاء ہونا ثابت ہوا۔

جواب: یہ نفس ایمان کی تاکید نہیں ہے، بلکہ ایمان کامل کی تاکید ہے۔ اور ایمان کامل کے ذو اجزاء ہونے کا کوئی منکر نہیں۔ علاوہ ازیں: امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا پورا قول ذکر نہیں کیا۔ ان کی پوری بات حاشیہ میں ہے کہ صبر آدھا ایمان ہے، اور یقین پورا ایمان ہے یعنی جب مصیبت آئے تو اس کو برداشت کرنا، سہنا اور ہمت سے کام لینا آدھا ایمان ہے، اور صبر پر جو ثواب کا وعدہ ہے اس کا یقین رکھنا پورا ایمان ہے، پس اس قول کا مسئلہ زیر بحث سے کچھ تعلق نہیں۔

استدلال (۱۵): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ارشاد ہے: بندہ تقوی کی حقیقت تک نہیں پہنچ سکتا تا آنکہ وہ ان چیزوں کو چھوڑ دے جو دل میں کھٹک پیدا کرتی ہیں ــــــ معلوم ہوا کہ تقوی کے مختلف درجات ہیں اور تقوی اور ایمان ایک ہیں، پس ایمان کے بھی درجات ہوئے اور ایمان ذو اجزاء ہوا۔

جواب: تقوی اور ایمان ایک نہیں، تقوی کے لغوی معنی ہیں: بچنا، اور شرعی معنی ہیں: آخرت میں نقصان پہنچانے والی چیزوں سے کنارہ کش رہنا، پس تقوی کے مختلف درجات ہیں، ابتدائی درجہ کفر وشرک سے بچنا ہے، اور اعلی درجہ ماسوی اللہ سے صرف نظر کرنا ہے، اور ہر کام رضاء الٰہی کے لئے کرنا مقربین کا مقام ہے، اور دل میں کھٹکنے والی چیزوں کو چھوڑ دینا تقوی کا درمیانی درجہ ہے، اور حضرت ابن عمرؓ کا یہ ارشاد حدیث: دَعْ ما یُرِیْبُكَ إلی مالا یُرِیْبُكَ کے قبیل سے ہے، پس اس کا بھی مبحث سے کچھ تعلق نہیں۔

استدلال (۱۶): حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے سورۃ الشوری کی آیت (۱۳) ﴿شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا﴾ کی تفسیر میں فرمایا: اے محمدؐ ہم نے آپ کو اوران کو (نوح علیہ السلام کو) ایک ہی دین کی وصیت کی ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام سے بلکہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضور ﷺ تک سب نبیوں پر ایک ہی دین (دینِ اسلام) نازل کیا ہے، البتہ شریعتیں مختلف رہی ہیں، کیونکہ شریعت میں زمانہ کے احوال کا لحاظ کیا جاتا ہے، حضرت آدم علیہ السلام کی شریعت میں بہن سے نکاح جائز تھا، کیونکہ اس وقت بہن کے علاوہ عورتیں نہیں تھیں، پھر جب نسل انسانی بڑھی اور عورتیں زیادہ ہوگئیں تو بہن سے اور قریبی رشتہ داروں سے نکاح حرام کیا گیا۔

اور دین عقائد کا نام ہے۔ اور عقائد میں تبدیلی نہیں آتی، اللہ تعالیٰ یگانہ ہیں، ان کا کوئی ساجھی نہیں، انبیاء اور آسمانی کتابیں برحق ہیں۔ فرشتے واقعی مخلوق ہیں، ان باتوں میں کیا تبدیلی آسکتی ہے؟ چنانچہ دین ہمیشہ ایک رہا ہے۔

اور اس سے امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال اس طرح ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کا دین اصول وفروع کا مجموعہ تھا، اسی طرح آنحضور ﷺ کا دین بھی اصول وفروع کا مجموعہ ہے، اس لئے فروع (اعمال) ایمان کا جز ہوئے، پس ایمان ذواجزا ہوا۔

جواب: اس آیت سے اور حضرت مجاہدؒ کی تفسیر سے اصولِ دین میں اتحاد اور فروع میں اختلاف ثابت ہوتا ہے، اور احناف اس کے قائل ہیں کہ اصلِ دین یعنی نفس ایمان بسیط ہے اس میں کمی بیشی کا کوئی احتمال نہیں۔ البتہ فروع (اعمال) میں کمی زیادتی ہوتی ہے جو ایمان کے اجزائے مکمّلہ ہیں نہ کہ اجزائے مقوّمہ۔

استدلال (۱۷): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سورۃ المائدہ کی آیت (۴۸) ﴿لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَا جًا﴾: میں شرعة: کی تفسیر: سنة (بڑے راستہ) سے کی ہے اور منها جا کی تفسیر سبيلاً (چھوٹے راستے) سے کی ہے، عبارت میں لف ونشر مشوّش (غیر مرتب) ہے اور بڑے راستہ سے دین وعقائد مراد ہیں اور چھوٹے راستہ سے اعمال، یعنی تمام انبیاء کا دین ایک رہا ہے اور شریعتیں مختلف۔

امام بخاری رحمہ اللہ کا اس سے استدلال اس طرح ہے کہ شرعة (دین وعقائد) اور منهاج (اعمال) ایک ہیں، پس اعمال ایمان کے اجزاء ہوئے —— جواب یہ ہے کہ یہ دونوں چیزیں ایک نہیں، ان میں فی الجملہ فرق ہے۔

استدلال (۱۸): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سورۃ الفرقان کی آخری آیت: ﴿قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ﴾ میں دعاء کی تفسیر ایمان سے کی ہے، اور دعا زبان کا عمل ہے، پس اعمال ایمان کی ماہیت میں داخل ہوئے۔

جواب: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ارشاد: دعاؤكم: إيمانكم میں دعاء سے دعوتِ ایمان مراد ہے، نماز کے بعد والی دعا مراد نہیں۔ دعا يدعو کے کئی مصدر آتے ہیں ان میں سے ایک دعاء بھی ہے، دوسرا مصدر دعوة ہے۔ اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ ایمان کی طرف بلانا ابھی جاری ہے اس لئے عذاب ٹل رہا ہے، ورنہ موجب عذاب

(تکذیب) متحقق ہےاور عذاب کے لئے کوئی چیز مانع نہیں۔

سورۃ الفتح (آیت ۲۵) میں ہے: ﴿لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا﴾: مکہ میں بہت سے مردوزن ایسے ہیں جنھوں نے ایمان چھپا رکھا ہے، اللہ کے علاوہ ان کا ایمان کوئی نہیں جانتا، اگر وہ مکہ سے ہٹ جاتے تو ہم اہل مکہ کو پیس کر رکھ دیتے، چنانچہ بدر میں جب کفار مکہ سے علاحدہ ہو گئے تو عذاب سے دوچار ہو گئے، تمام سرکش تہ تیغ کر دیئے گئے۔

غرض حضرت ابن عباسؓ نے تفسیر باللازم کی ہے کہ اہل مکہ پر عذاب اس لئے نہیں آرہا کہ ان کو ابھی ایمان کی دعوت دی جارہی ہے اوران کے ایمان کی امید ہے، اگر یہ بات نہ ہوتی تو عذاب پہنچ جاتا کیونکہ موجب عذاب متحقق ہے، پس یہاں دعاء سے زبان کا عمل مرادنہیں، بلکہ نفس ایمان مراد ہے۔اورآیت کا مبحث سے کچھ تعلق نہیں۔

[۸-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " بُنِيَ الإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالْحَجِّ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ" [انظر: ٤٥١٥]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ باتوں پر قائم کی گئی ہے: (۱) اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اوراس بات کی گواہی دینا کہ محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں (۲) اورنماز قائم کرنا (۳) اورزکات ادا کرنا (۴) اور بیت اللہ کا حج کرنا (۵) اوررمضان المبارک کے روزے رکھنا۔

تشریح:

۱- یہ حنظلۃ بن ابی سفیان کی روایت ہے جس کو ان سے عبیداللہ بن موسیٰ عبسی نے روایت کیا ہے، اس میں حج کا تذکرہ پہلے ہےاور صوم رمضان کا بعد میں، مگر مسلم شریف (حدیث نمبر ۱۶) میں ابن عمرؓ کی اسی روایت میں جو سعد بن عُبیدہ کی سند سے مروی ہے، اس کے برعکس ہے یعنی صوم رمضان مقدم ہےاور حج مؤخر۔اوراس روایت میں یہ بھی ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ حدیث یاد کر کے سنائی اور حج کو مقدم کر دیا اور صوم رمضان کو مؤخر تو ابن عمرؓ نے ٹوکا اور فرمایا: لا، صِیامَ رمضان و الحجِ، هكذا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم: اور حنظلۃ کی روایت میں بھی جو بواسطہ عبداللہ بن نُمیر مروی ہے صوم رمضان کا ذکر مقدم ہےاور حج کا مؤخر۔مگر امام بخاریؒ اس حدیث کی وجہ سے اپنی صحیح میں کتاب الحج پہلے لائے ہیں اور کتاب الصوم بعد میں۔مگر تمام فقہاء ومحدثین کتاب الصوم کو کتاب الحج سے پہلے لاتے ہیں۔

۲-اس حدیث میں نبی ﷺ نے اسلام کو ایک ایسی عمارت سے تشبیہ دی ہے جو چند ستونوں پر قائم ہو۔پس کسی

مسلمان کے لئے اس کی قطعاً گنجائش نہیں کہ وہ ان ارکان کے ادا کرنے میں غفلت برتے، کیونکہ یہ اسلام کے بنیادی ستون ہیں۔اور مختلف روایات میں یہ بات آئی ہے کہ جس طرح وضو کی صحت کے لئے اعضاء مغسولہ کو کم از کم ایک بار بالاستیعاب دھونا اور کم از کم چوتھائی سر کا مسح کرنا ضروری ہے اسی طرح آخرت میں نجات اولی کے لئے اسلام کے ارکانِ خمسہ کی ادائیگی ضروری ہے، جو شخص گناہوں سے بچتے ہوئے ان اعمال پر عمل پیرا ہوگا وہ اگر دیگر طاعات نہ بھی کرے: اس کی نجات اوّلی ہوگی، وہ عذاب جہنم سے بچ جائے گا اور جنت کا حق دار ہوگا۔

۳- اور ان ارکانِ خمسہ کو اسلام کی رکنیت کے لئے اس وجہ سے خاص کیا ہے کہ یہ پانچوں اعمال لوگوں کی مشہور عبادتیں ہیں۔تمام امتوں نے ان کو اختیار کیا ہے اور ان کا انتظام کیا ہے۔یہود ہوں یا عیسائی، مجوس ہوں یا عرب جو دین ابراہیمی پر کسی درجہ میں قائم تھے سب ان طاعات کو اپنائے ہوئے تھے اگرچہ ان عبادتوں کی ادائیگی کے طریقوں میں ان میں اختلاف تھا، یہود کی نماز کا طریقہ اور تھا اور عیسائیوں کا اور۔مگر سب نماز ادا کرتے تھے۔یہی حال زکوٰۃ وغیرہ کا تھا، سب ملتوں کے ماننے والے غریبوں پر خرچ کرتے تھے، پس یہ متفق علیہ امور ہیں اس لئے ان کو رکنیت کے لئے خاص کیا گیا ہے، پھر ان طاعات خمسہ میں جو خوبیاں ہیں وہ دیگر طاعتوں میں نہیں ہیں اس لئے یہ طاعات رکنیت کے لئے خاص کی گئی ہیں۔

۴- توحید کا اقرار، رسالت محمدی کی تصدیق اور پوری شریعت کو تسلیم کرنا پھر ان دونوں باتوں کی دوسروں کو دعوت دینا اسلام کا بنیادی رکن ہے۔یہی وہ چیزیں ہیں جن کے ذریعہ موافق ومخالف کے درمیان امتیاز کیا جاسکتا ہے، انہی کی بنیاد پر کسی کے مسلمان ہونے کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے اور ان میں کوتاہی پر باز پرس کی جاسکتی ہے۔

۵- اور نوع بشری کی نیک بختی کا مدار اور نجات اخروی کا سرمایہ چار اخلاق ہیں: (۱) اخبات یعنی اللہ کے سامنے نیاز مندی (۲) طہارت یعنی پاکی اختیار کرنا (۳) سماحت یعنی فیاضی سے کام لینا (۴) عدل وانصاف برتنا ـــــــ اور نماز کے ذریعہ اخبات ونظافت بدست آتے ہیں کیونکہ نماز کے لئے پاکی شرط ہے اور نماز بارگاہ خداوندی میں اعلی درجہ کی نیاز مندی ہے، اور زکوٰۃ ادا کرنے سے فیاضی اور عدل کی صفات بدست آتی ہیں، کیونکہ شرائط کا لحاظ کرکے زکوٰۃ کی ادائیگی اعلی درجہ کی فیاضی ہے، اور یہی انصاف کی بات بھی ہے کہ مالدار اللہ کی بخشی ہوئی دولت میں سے غریبوں کا حق ادا کرے۔

پھر انسانوں کے لئے کوئی ایسی عبادت بھی ضروری ہے جو اس کی خواہشات پر قہرمان ہو جس کے ذریعہ نفسانی خواہشات کو دبایا جاسکے اور ایسی عبادت روزہ ہے، اس مقصد کے لئے اس سے بہتر کوئی عبادت نہیں اس لئے روزہ کو چوتھا رکن قرار دیا۔

اور اللہ کی شریعتوں میں ایک بنیادی حکم یہ بھی رہا ہے کہ شعائر اللہ کی تعظیم کی جائے اور اسلام کے اہم شعائر چار ہیں: قرآن مجید، کعبہ شریف، نبی اور نماز، حج کی عبادت کعبہ شریف کی تعظیم کے لئے مقرر کی گئی ہے، نیز اس کا ایک اہم مقصد جذبۂ محبت کو مہمیز کرنا بھی ہے۔ہر مؤمن کے دل میں محبت الٰہی کی چنگاری موجود ہے اس کو بھڑکا کر لاوا بنانا حج کی عبادت کا خاص مقصد ہے۔

فائدہ(۱): اسلام کے فرائض ان ارکانِ خمسہ کے علاوہ بھی ہیں جیسے: جہاد، امر بالمعروف، نہی عن المنکر وغیرہ مگر جو اہمیت وخصوصیت ان پانچ باتوں کو حاصل ہے وہ اوروں کو حاصل نہیں۔اس لئے اسلام کا رکن صرف انہی کو قرار دیا گیا۔

اور وہ خصوصیت واہمیت یہ ہے کہ یہ پانچ ارکان دین اسلام کے لئے بمنزلۂ پیکرِ محسوس کے ہیں، نیز یہی وہ خاص عبادتیں ہیں جو بالذات مطلوب ومقصود ہیں ان کی فرضیت کسی عارض کی وجہ سے اور کسی خاص حالت سے وابستہ نہیں۔ یہ مستقل اور دائمی فرائض ہیں، برخلاف جہاد اور امر بالمعروف وغیرہ کے کہ ان کی یہ حیثیت نہیں، وہ خاص حالات میں اور خاص موقعوں پر فرض ہیں۔

فائدہ(۲): لوگوں نے پہلے رکن کو یعنی توحید ورسالت کی گواہی کو جو سب سے اہم رکن ہے رکنیت سے خارج کر کے ایمانیات میں داخل کردیا ہے، اس طرح لوگوں میں ارکان اربعہ مشہور ہوگئے، حالانکہ گواہی کورٹ میں مدعی علیہ کے سامنے دی جاتی ہے، جب کہ مدعی علیہ مدعی کے دعوی کا انکار کرے، اسی طرح ان دو باتوں کی گواہی ان لوگوں کے سامنے دینی ہے جو ان دو عقیدوں کے منکر ہیں، پھر جس طرح کورٹ میں گواہوں کا کام صرف گواہی دینا ہے اس پر فیصلہ قاضی کرتا ہے اسی طرح یہاں بھی مسلمانوں کی ذمہ داری غیر مسلموں تک یہ دو باتیں پہنچانا ہے، پھر فیصلہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کریں گے ﴿اللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾: اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان قیامت کے دن فیصلہ کریں گے (الحج آیت ۹۶) پس فیصلہ کرنا ہمارا کام نہیں، ہمارا کام یہ ہے کہ جو لوگ یہ دو عقیدے نہیں مانتے ان کے سامنے گواہی دیدیں۔

لیکن اگر گواہ کوتاہی کریں، وہ گواہی کا فریضہ انجام نہ دیں تو قاضی کس بنیاد پر فیصلہ کرے گا؟ بلکہ ممکن ہے کسی درجہ میں گواہ بھی ماخوذ ہوجائیں کہ تم نے اپنا فریضہ کیوں ادا نہ کیا؟ اگر تم دین کی دعوت دوسروں تک پہنچاتے تو ممکن تھا وہ بھی اللہ کے بندے بن جاتے، اور جنت میں پہنچ جاتے، اس لئے یہ امت کی کوتاہی تصور کی جائے گی، مگر اب امت کا عجیب حال ہوگیا ہے، انھوں نے اس دعوت کو ارکان کی فہرست سے نکال دیا ہے اور ایمانیات میں داخل کردیا ہے۔ فیا للعجب!

بلکہ امت کا یہ حال ہوگیا ہے کہ مسلمان ہی کلمہ سے محروم ہوگئے، ہم ان تک بھی کلمہ نہیں پہنچا سکے۔ جو لوگ ان دو عقیدوں کا انکار کرتے ہیں ان تک ہم کلمہ کیا پہنچاتے؟ ہم اذان میں شہادتین ضرور پکارتے ہیں مگر ان کو سمجھتا کون ہے؟ جب کہ اس امت کا فریضہ ہے کہ ہر وہ انسان جو یہ دو عقیدے نہیں مانتا اس کے سامنے ان عقیدوں کی گواہی دے۔

توحید ورسالت کی گواہی کس طرح دی جائے؟

ہماری دکان میں ایک غیر مسلم ملازم ہے یا ہم ٹرین میں سفر کر رہے ہیں، ساتھ میں ایک غیر مسلم بیٹھا ہوا ہے، آپ بات چھیڑیں اور اس سے پوچھیں: آپ کا مذہب کیا ہے؟ وہ جواب دے گا: میرا مذہب یہ ہے، مثلاً کہے گا: میں ہندو ہوں۔ اب آپ اس سے اس کے مذہب کے بارے میں پوچھیں، جب وہ اپنی بات پوری کرے تو آپ کہیں: آپ

جانتے ہیں: میرا مذہب کیا ہے؟ وہ کہے گا: ہاں جانتا ہوں، آپ مسلمان ہیں، یا کہے گا: میں نہیں جانتا، پس آپ کہیں: میں مسلمان ہوں اور میرا عقیدہ یہ ہے کہ معبود صرف اللہ تعالیٰ ہیں، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں اسی کی بندگی کرتا ہوں، کسی اور کے سامنے سرِ نیاز خم نہیں کرتا، اور مکہ میں آج سے چودہ سو سال پہلے ایک شخصیت پیدا ہوئی تھی جس کا نام پاک محمد (ﷺ) تھا ان کو میں آخری نبی مانتا ہوں۔ وہ اللہ کے یہاں سے جو پیغام لائے ہیں اس پر میں چلتا ہوں۔ بس اتنی بات جب آپ نے اس کے سامنے رکھ دی تو آپ نے گواہی دیدی۔ اب اگر وہ سمجھ دار ہے، اللہ نے اس کے نصیب میں خیر رکھی ہے تو اس کے لئے لمحۂ فکریہ پیدا ہوگا اور وہ اپنے عقیدوں کا ہمارے عقیدوں سے موازنہ کرے گا اور اللہ چاہیں گے تو وہ اور سوچے گا اور مطالعہ کرے گا اور اگر نہیں کرے گا تو ہم نے اپنا فریضہ ادا کردیا، گواہی بس اتنی ہی ہے مگر ہماری کوتاہی یہ ہے کہ بیس سال سے ایک ہندو ہماری فرم میں ملازم ہے، ہمارے کھیت میں کام کرتا ہے مگر ہم نے کبھی اس کو نہیں سمجھایا کہ اسلام کے بنیادی عقیدے یہ ہیں۔

اسی طرح امت میں عرصہ سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ متروک ہوگیا ہے، حالانکہ احیائے دین کے لئے تبلیغ ضروری ہے، حدیث میں ہے: بَلِّغُوا عنِّی ولو آیۃ: جس کو دین کی ایک بات بھی معلوم ہے وہ دوسروں تک پہنچائے، اور فریضۂ تبلیغ چھوڑ بیٹھنے کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ آدھی امت دین سے بے خبر ہوکر رہ گئی ہے، فیَا لَلأسَف! ـــــــ پس جو دین کا بول بالا دیکھنا چاہتا ہے وہ دعوت وتبلیغ کی محنت کے لئے تیار ہوجائے اس کے بغیر دین کا احیاء ممکن نہیں۔

فائدہ (۳): دورِ اول میں اسلام تیزی سے پھیلتا تھا اور اس کی تین وجوہ تھیں:

اول: ہر مسلمان اسلام کا داعی تھا، آج ہزاروں میں کوئی ایک داعی ہے، اکثر نے اسلام کے رکن اول توحید ورسالت کی گواہی کو اسلامیات سے نکال کر ایمانیات میں داخل کردیا ہے۔

دوم: تعصب کا دور نہیں تھا، آج معاملہ برعکس ہوگیا ہے۔ آج اگر ایک ہندو مسلمان ہوتا ہے تو پورے ملک میں ہنگامہ بپا ہوجاتا ہے، یہ عصبیت پہلے نہیں تھی۔ اور یورپ وامریکہ میں آج بھی نہیں ہے، اس لئے وہاں روز غیر مسلم اسلام میں داخل ہورہے ہیں، ہندوستان میں بھی بہت سے غیر مسلم اسلام کی حقانیت پر پورا یقین رکھتے ہیں، مگر حالات سے مجبور ہیں، اقرار نہیں کرسکتے، یہی وہ بندے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ لپ بھر کر جہنم سے نکال کر جنت میں ڈالیں گے۔ بخاری ومسلم کی ایک طویل روایت میں مروی ہے کہ قیامت کے دن جب سفارش کرنے والوں کی سفارش ختم ہوجائے گی اور تمام گناہ گار مسلمان جہنم سے نکال لئے جائیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اب میری باری ہے۔ اور اللہ تعالیٰ تین لپ بھر کر جہنم سے جنت میں ڈالیں گے جو جنت میں عتقاء الرحمٰن کے نام سے پہچانے جائیں گے (مشکوۃ حدیث ۵۵۷۹)

پس کہاں اقرار پایا گیا اور کہاں اعمال پائے گئے؟ یہ تو وہ مسلمان ہیں جنھوں نے کبھی کوئی عمل نہیں کیا اور ان کے ایمان کو اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔

سوم: اب نومسلموں کو اپنانے کا سلسلہ نہیں رہا، دورِاول میں جب کوئی مسلمان ہوتا تھا تو ہاتھوں ہاتھ لیا جاتا تھا، وہ جس کے ہاتھ پر مسلمان ہوتا تھا اس کے خاندان اور قبیلہ کا فرد سمجھا جاتا تھا، اس کی دیکھ بھال، شادی بیاہ اور کاروبار کھڑا کرنے کی ذمہ داری اس قبیلہ کی ہوتی تھی، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کی جُعفی نسبت اسی وجہ سے ہے کہ ان کے جدامجد مغیرہ نے قبیلۂ جعفی کے ایک شخص یمان کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا تھا۔

غرض ان تین وجوہ سے اسلام جتنی تیزی سے پھیلنا چاہئے نہیں پھیل رہا، اگر یہ موانع نہ ہوتے تو اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد ہمارے وہم وگمان سے کہیں زیادہ ہوتی۔

بدنی عبادتیں دو اور مالی عبادت ایک کیوں ہے؟

حدیث مذکور میں دو عبادتیں بدنی ہیں: نماز اور روزہ، اور ایک عبادت مالی ہے: زکوۃ، اور حج مال وبدن سے مرکب ہے، یہ جمہور کی رائے ہے، اور حضرت امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک حج بھی بدنی عبادت ہے، چنانچہ ان کے نزدیک حج کی فرضیت کے لئے زادوراحلہ شرط نہیں، وہ فرماتے ہیں کہ جو بھی شخص پیدل مکہ پہنچ جاسکتا ہے اس پر حج فرض ہے۔

خیر اب یہ جاننا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے بدنی عبادتیں دو، اور مالی عبادت ایک کیوں رکھی ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے بدن میں روح رکھی ہے اور روح کی دو صفتیں (حالتیں) ہیں: ایک: ملکیت یعنی فرشتوں جیسی استعداد اور دوسری بہیمیت یعنی جانوروں جیسی استعداد، بالفاظ دیگر: ایک لمۂ خیر ہے دوسرا لمۂ شر (لمۃ: اثر) قرآن میں ہے: ﴿وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰاهَا﴾: قسم ہے نفس (روح) کی اور اس نفس کو درست بنانے کی، یعنی اللہ تعالیٰ نے انسان کا نفس نہایت عمدہ بنایا ہے، ﴿فَأَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰاهَا﴾: پس اللہ نے اس نفس کو اس کی نیکوکاری اور اس کی بدکاری الہام فرمائی۔ یہی روح کی دو صفتیں (ملکیت اور بہیمیت) ہیں، قرآن میں دوسری جگہ ہے: ﴿وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ﴾: ہم نے انسان کو دونوں راہیں سُجھا دیں، نیکوکاری کی راہ بھی اور بدکاری کی راہ بھی، اب انسان کو اختیار ہے: نیکوکاری کی راہ پر چلے تو جنت میں جائے گا اور بدکاری کی راہ اپنائے گا تو جہنم رسید ہوگا۔

یہ جو اللہ نے انسان کو دو راہیں سجھائی ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان کی روح میں اللہ نے نیکی اور بدی کی صلاحتیں رکھی ہیں۔ اب ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کی شریعت میں ایسے اعمال اور ایسی عبادتیں ہوں جو ملکیت (نیکوکاری) کو بڑھاوا دیں اور بہیمیت (بدکاری) کو لگام دیں، چنانچہ نماز رکھی گئی نیکوکاری کو بڑھاوا دینے کے لئے، لمۂ خیر کی ترقی کے لئے، اور روزہ رکھا گیا نفسانی تقاضے دبانے کے لئے، آدمی میں تقوی اور پرہیزگاری پیدا کرنے کے لئے، لمۂ شر کو دبانے کے لئے، اسی کو قرآن میں کہا گیا ہے ﴿لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ﴾ یعنی روزے اس لئے فرض کئے گئے ہیں کہ تم پرہیزگار بنو۔

غرض روزہ لمۂ شر یعنی بہیمیت پر کنٹرول کرنے کے لئے ہے تاکہ آدمی میں تقوی اور پرہیزگاری پیدا ہو، اور نماز اس لئے ہے کہ آدمی میں نورانیت پیدا ہو، لمۂ خیر ابھرے، اللہ کا قرب حاصل ہو، اللہ کی یاد آئے، قرآن میں ہے: ﴿وَلَذِكْرُ

اللّٰہِ أَکْبَرُ﴾: اللہ کی یاد نماز کا سب سے بڑا فائدہ ہے۔ اور حدیث شریف میں ہے کہ جب بندہ سجدہ کرتا ہے تو اللہ کے قدموں پر سجدہ کرتا ہے یعنی اتنا قریب ہوجاتا ہے۔

بہر حال نماز کا مقصد یہ ہے اور روزہ کا مقصود وہ ہے اور چونکہ ایسی کوئی بدنی عبادت نہیں تھی جس سے دونوں مقصد حاصل ہوں اس لئے بدنی عبادتیں دو اور مالی عبادت ایک رکھی، کیونکہ مال میں دو مقصد نہیں، مالی عبادت: زکوۃ ہے اور صدقۃ الفطر اور نفلی صدقات اسی لائن کی چیزیں ہیں۔

استدلال: امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال اوپر آچکا کہ اسلام اور ایمان ایک ہیں، اور جب اعمال خمسہ اسلام کے ارکان ہیں تو یہ پانچوں ایمان کے بھی ارکان ہوئے پس ایمان کا ذو اجزاء (مرکب) ہونا ثابت ہوا۔

جواب: ہم اوپر تفصیل سے بتا چکے ہیں کہ ایمان واسلام ایک نہیں، اگرچہ عرف عام میں توسُّعا ایک کا دوسرے پر اطلاق ہوتا ہے، بلکہ ایمان بمنزلہ بیج کے ہے اور ارکانِ خمسہ اس کا پیکر محسوس ہیں، یعنی ایمان کے درخت پر نمودار ہونے والی پانچ شاخیں ہیں اس لئے حضرتؒ کا استدلال غور طلب ہے۔

ملحوظہ: شھادۃ: پر تینوں اعراب پڑھ سکتے ہیں۔ جملہ مستأنفہ قرار دیں تو مبتدا محذوف کی خبر بنا کر مرفوع پڑھیں گے۔ اور خمسٍ سے بدل بنائیں تو مجرور پڑھیں گے۔ اور أی حرف تفسیر پوشیدہ مانیں تو منصوب پڑھیں گے۔ إقام الصلوٰۃ اور إیتاء الزکوٰۃ وغیرہ پر بھی یہ تینوں اعراب پڑھ سکتے ہیں ــــــ اور خمسٍ کا مضاف الیہ خصالٍ محذوف ہے، خمسٍ کی تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہے۔

بابُ أُمُوْرِ الإِیْمانِ

ایمانی اعمال کا بیان

حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے الفیض الجاری بشرح صحیح البخاری میں جو حضرت کی درسی تقریر ہے اور جس کو کسی طالب عالم نے عربی میں ضبط کیا ہے اور پینتیس سال پہلے حضرت مولانا عبد الاحد صاحب رحمہ اللہ استاذ حدیث دارالعلوم دیوبند نے اس کو شائع کیا ہے اور اس پر میرا مقدمہ ہے: اس میں ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ پہلے عام باب قائم کرتے ہیں، پھر ذیلی ابواب لاتے ہیں، جن میں اس عام باب کی جزئیات ہوتی ہیں، اور ان میں افادۂ مزید بھی ہوتا ہے، وہ سب ابواب ایک ہی سلسلہ کی کڑی ہوتے ہیں، میں نے حضرت رحمہ اللہ کی اس بات پر اضافہ کیا ہے کہ امام بخاریؒ کبھی ایک سے زیادہ عام باب قائم کرتے ہیں، پھر ذیلی ابواب لاتے ہیں، یہاں بھی ایسا ہی کیا ہے۔ یہ دوسرا عام باب ہے اس کے بعد ذیلی ابواب شروع کریں گے۔

اس باب میں امام بخاریؒ نے دو آیتیں لکھی ہیں: پہلی آیت سورۃ البقرہ کی (آیت ۱۷۷) ہے: یہود ونصاری قبلہ کے

سلسلہ میں باہم جھگڑتے تھے کہ ہمارا قبلہ یہ ہے اور تمہارا قبلہ یہ، اللہ عزوجل نے فرمایا: یہ بے فائدہ جھگڑا ہے، قبلہ مشرق کی طرف ہے یا مغرب کی طرف: یہ کوئی نیکی کا کام نہیں، نیکی کے کام یہ ہیں: اللہ پر، قیامت کے دن پر، فرشتوں پر، آسمانی کتابوں پر اور نبیوں پر ایمان لانا۔ اور لوجہ اللہ اپنا مال رشتہ داروں پر، یتیموں پر، مسکینوں پر، مسافروں پر، مانگنے والوں پر اور غلاموں کو آزاد کرنے میں خرچ کرنا اور نماز پڑھنا، زکوۃ دینا، عہد و پیمان کو پورا کرنا، سختی اور تکلیف میں صبر کرنا اور میدانِ جہاد میں ثابت قدم رہنا: یہ دین کے کام ہیں، جو لوگ یہ کام کرتے ہیں وہ سچے اور پرہیزگار لوگ ہیں۔

اور دوسری: اٹھارہویں پارے کی ابتدائی آیات ہیں جن میں اللہ عزوجل نے فرمایا ہے کہ جو لوگ سات کام کرتے ہیں وہی کامیاب ہوتے ہیں: (۱) نماز خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھتے ہیں (۲) لایعنی باتوں سے بچتے ہیں (۳) زکوتیں ادا کرتے ہیں (۴) اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں (۵) امانتوں کو ٹھیک ٹھیک ادا کرتے ہیں (۶) عہد و پیمان پورا کرتے ہیں (۷) اور نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں یعنی ان کے اوقات میں پڑھتے ہیں: جو لوگ یہ سات کام کرتے ہیں وہی آخرت میں کامیاب ہونگے اور جنت کے حقدار ہونگے وہ سدا جنت میں رہیں گے۔

پھر باب میں حدیث لائے ہیں کہ ایمان کے درخت کی ساٹھ سے زیادہ شاخیں ہیں اور شرم ولحاظ ایمان کی بہت اہم شاخ ہے۔

حضرت امام بخاریؒ نے دو آیتیں اور حدیث لکھ کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ یہ سب ایمانی امور ہیں یعنی ایمان کی باتیں ہیں، پس یہ سب ایمان کے اجزا ہوئے، اور ایمان کا ذو اجزاء (مرکب) ہونا ثابت ہوا۔

جواب: امام بخاریؒ نے جو عنوان باندھا ہے: باب أمور الإیمان: یہ عنوان محل نظر ہے، صحیح عنوان باب أمور البر: ہونا چاہئے۔ کیونکہ آیت پاک میں لفظ بِرّ آیا ہے، جو ایمان واسلام سے عام ہے، اور بِرّ (نیکی کے کام) کے تحت عقیدے بھی آتے ہیں اور اعمال بھی، پس آیت پاک میں مذکور عقائد واعمال بِرّ کے تو اجزا ہوئے مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ایمان کے بھی اجزا ہوں! جو نیکی کے کام از قبیل عقائد ہیں وہ ایمان میں داخل ہیں اور جو از قبیل اعمال ہیں وہ اسلام میں داخل ہیں اور دونوں کا مجموعہ بِرّ ہے۔

اور سورۃ المؤمنون میں ﴿الَّذِیْنَ هُمْ﴾ موصول صلہ مل کر ﴿اَلْمُؤْمِنُوْنَ﴾ کی صفت ہیں، اور موصوف صفت میں نہ تو من کل الوجوہ اتحاد ہوتا ہے اور نہ من کل الوجوہ تغایر۔ آپ حضرات شرح عقائد میں پڑھ کر آئے ہیں کہ معتزلہ کہتے ہیں: اللہ کی صفات اللہ کا عین ہیں یعنی اللہ کی صفات اللہ کی ذات سے علاحدہ کوئی چیز نہیں، اور اہل السنہ والجماعہ کہتے ہیں: اللہ کی صفات نہ عینِ ذات ہیں نہ غیرِ ذات، بلکہ من وجہٍ اتحاد ہے اور من وجہ مغایرت جیسے ثوبٌ جمیلٌ میں ثوبٌ کی حقیقت الگ ہے اور جمال اس کا ایک زائد وصف ہے جو ثوبٌ کا نہ عین ہے نہ غیر، اسی طرح یہاں امور سبعہ مؤمنین کی صفتیں ہیں پس وہ ایک کیسے ہو جائیں گی؟ اس لئے حضرت کا یہ دعوی کہ امور سبعہ ایمان کے اجزاء ہیں، غور طلب ہے۔

[۳-] بَابُ أُمُوْرِ الإِيْمَانِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿الْمُتَّقُوْنَ﴾

[۲-] ﴿قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾ الآية.

[۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الإِيْمَانُ بِضْعٌ وَسِتُّوْنَ شُعْبَةً، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيْمَانِ"

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایمان کی ساٹھ سے زیادہ شاخیں ہیں اور حیاء (شرم ولحاظ) ایمان کی اہم ترین شاخ ہے۔

تشریحات:

۱- قرآنِ کریم کی بہت سی آیتوں میں اور بہت سی حدیثوں میں امورِ ایمان کا بیان ہے۔ امام بخاریؒ ان میں سے دو جامع آیتیں اور ایک جامع حدیث لائے ہیں اور ان سے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ یہ سب امورِ ایمان ہیں پس ایمان مرکب ہوا۔ مگر ہم اوپر ذکر کرآئے ہیں کہ یہ امورِ ایمان نہیں ہیں، بلکہ امورِ اسلام ہیں، اور ایمان واسلام میں فرق ہے۔

۲- بِضْعٌ: کا اطلاق تین سے نو تک ہوتا ہے ـــــ اور حدیث میں لفظ شعبة آیا ہے جس کے معنی ہیں: شاخ، ٹہنی، اور ترمذی کی روایت میں (حدیث نمبر ۲۶۱۲) بابٌ (دروازے) آیا ہے، اور مسلم شریف میں اس حدیث میں یہ اضافہ ہے: فأفضلها قولُ لا إلٰه إلا الله، وأدناها إماطة الأذى عن الطريق (حدیث نمبر ۵۸) یعنی ایمان کی اعلیٰ ترین شاخ (بہترین عمل) لا إلٰه إلا الله کہنا ہے یعنی اس کلمہ کا ذکر کرنا ہے اور کمترین شاخ (معمولی عمل) راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹا دینا ہے۔ اور درمیان میں بہت سی شاخیں ہیں ان میں سے ایک اہم ترین شاخ حیاء (شرم ولحاظ) ہے۔

۳- نبی پاک ﷺ نے ایمان کامل کو کبھی سرسبز تناور درخت کے ساتھ تشبیہ دی ہے، اور کبھی بڑے محل کے ساتھ۔ یہ تشبیہ اس پر دلالت کرتی ہے کہ کمی بیشی کا تعلق ایمانِ کامل سے ہے، کیونکہ اگر درخت کے پتے جھڑ جائیں، پھل پھول گر جائیں، شاخیں نہ رہیں، صرف تنا باقی رہ جائے تو بھی درخت باقی رہتا ہے، اگرچہ وہ ناقص ہوتا ہے، اسی طرح جو شخص تمام مُؤْمَن به کو مانتا ہے مگر اعمالِ صالحہ نہیں کرتا بلکہ اعمالِ سیئہ کرتا ہے تو اس کا نفس ایمانی موجود ہے مگر وہ کامل ایمان نہیں، اس لئے اس ایمان کی وجہ سے نہ تو جنت کا دخول اوّلی نصیب ہوگا نہ وہ درجات عالیہ کا حق دار بنے گا۔

۴- بعض روایتوں میں ستون شعبة آیا ہے اور بعض میں سبعون شعبة، اس تعارض کے دو حل ہیں، اول: سبعون والی روایت اصل ہے کیونکہ ستون والی روایت خود بخود اس کے ضمن میں آجاتی ہے۔ دوم: پہلے آنحضور ﷺ کو وحی کے ذریعہ ایمان کی ساٹھ شاخوں کی خبر دی گئی، پھر اس میں اضافہ کیا گیا تو آپؐ نے سبعون فرمایا —— اور ایک جواب یہ بھی دیا گیا ہے کہ ستون اور سبعون برائے عدد نہیں بلکہ برائے تکثیر ہیں یعنی ایمان کی بہت شاخیں ہیں۔

۵- شرم وحیاء: ایک بنیادی وصف ہے جس کا انسان کی سیرت سازی میں اور معاشرہ کو سنوارنے میں بہت زیادہ دخل ہے، یہی وصف انسان کو بہت سے برے کاموں سے اور بری باتوں سے روکتا ہے۔ اور فواحش ومنکرات سے اس کو بچاتا ہے، اور اچھے اور شریفانہ کاموں پر آمادہ کرتا ہے —— اور حیا: اس کیفیت کا نام ہے جس کی وجہ سے ہر نامناسب اور ناپسندیدہ کام سے آدمی کو انقباض ہوتا ہے اور وہ اس کے ارتکاب سے بچتا ہے —— پھر حیاء صرف انسانوں کی صفت نہیں ہے، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی صفت بھی ہے۔ ابوداؤد (حدیث ۴۰۱۲) میں ہے: إِنَّ اللّٰهَ حَيِيٌّ سِتِّيرٌ، يُحِبُّ الْحَيَاءَ وَالسِّتْرَ: اللہ تعالیٰ بہت شرم کرنے والے، پردہ پوش ہیں، شرم اور پردہ پوشی کو پسند فرماتے ہیں۔ پس جب یہ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے تو ضروری ہے کہ مؤمن اس کو اپنے اندر پیدا کرے —— اور اللہ تعالیٰ کے حیاء دار ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام کام شاندار اور پر حکمت ہوتے ہیں، کوئی کام نامناسب اور برا نہیں ہوتا، پس جس مؤمن میں یہ صفت ہوگی وہ بھی ہمیشہ اچھے کام کرے گا اور برے اور شرمناک کاموں سے بچے گا —— غرض حیاء اور ایمان میں خاص مناسبت ہے اور دونوں میں گہرا تعلق ہے، جس طرح کا تعلق درخت اور اس کی شاخوں میں ہوتا ہے۔

اور حیا صرف ہم جنسوں سے نہیں کی جاتی بلکہ اصل حیا حق تعالیٰ سے کی جاتی ہے۔ ترمذی (أبواب البر والصلة) میں حدیث ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ایسی حیا کرو جیسی اس سے حیا کرنی چاہئے، پھر آپؐ نے اس کی وضاحت فرمائی کہ سر کی اور سر میں جو افکار وخیالات ہیں ان کی حفاظت کرو، اور پیٹ کی اور جو کچھ اس میں ہے ان کی نگرانی کرو، اور موت کے بعد قبر میں جو حالت پیش آئے گی اس کو یاد کرو، جس نے یہ سب کچھ کیا اس نے اللہ سے حیا کی جیسا کہ اس سے حیا کرنے کا حق ہے۔

۶- امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد اس حدیث سے یہ ثابت کرنا ہے کہ اعمال ایمان کا جز ہیں، مگر ہم نے شروع میں یہ بات عرض کی ہے کہ نصوص میں ایمان اور اسلام کا ایک دوسرے پر اطلاق ہوتا ہے، پس اس حدیث میں ایمان سے اسلام مراد ہے۔ علاوہ ازیں: ایمان کے دو معنی ہیں: حقیقی ایمان جس پر نجات کا مدار ہے اور کامل ایمان جو نجات اوّلی کا ضامن ہے، اور جس کی وجہ سے جنت کے بلند درجات ملتے ہیں اور اختلاف جو کچھ ہے وہ پہلے معنی میں ہے، دوسرے معنی میں کوئی اختلاف نہیں، سب اہل حق متفق ہیں کہ اعمالِ صالحہ ایمان کامل کا جز ہیں، پس حیاء بھی دوسرے معنی کے اعتبار سے ایمان کا جزء ہے۔

بابُ الْمُسْلِمِ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں

حدیث: نبی پاک ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان سے اور جس کے ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں، اور مہاجر وہ ہے جو ممنوعات شرعیہ کو چھوڑ دے۔

تشریحات:

۱- حدیث میں صرف زبان اور ہاتھ کی ایذاء رسانی کا تذکرہ اس لئے کیا گیا ہے کہ عام طور پر انہی دو اعضاء سے تکلیف پہنچائی جاتی ہے، ورنہ حدیث کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان کی شان یہ ہے کہ لوگوں کو اس سے کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچے۔

اور المسلمون کی قید اتفاقی ہے، ابن حبان کی روایت میں المسلمون کے بجائے الناس ہے یعنی ایک مسلمان کو تمام انسانوں کے لئے بے آزار ہونا چاہئے۔

اور اس حدیث میں جس ایذاء رسانی کو اسلام کے منافی قرار دیا گیا ہے وہ وہ ایذاء رسانی ہے جو بغیر کسی معقول وجہ کے ہو، مجرموں کو سزا دینا، ظالموں اور مفسدوں کی فساد انگیزی کا سد باب کرنا: مسلمانوں کا فرض منصبی ہے، اگر ایسا نہیں کیا جائے گا تو دنیا امن وراحت سے محروم ہو جائے گی۔

۲- اس حدیث میں ناقص کو کالعدم فرض کر کے کلام کیا گیا ہے ہر زبان میں بات کرنے کا یہ ایک طریقہ ہے، جیسے: مَن تَرَكَ الصَّلاةَ متعمِّدًا فقد كَفَرَ: تارکِ صلوٰۃ ناقص الایمان ہے اس لئے اس کے ایمان کو کالعدم فرض کر کے کافر کہا گیا ہے۔

کفر دو ہیں: ایک بڑا کفر جو حقیقی کفر ہے، دوسرا چھوٹا کفر جس کو فسق وفجور کہتے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ کی تعبیر کفرٌ دون کفر ہے یعنی تارک صلوٰۃ حقیقی کافر نہیں، وہ فاسق ہے مگر ناقص کو کالعدم فرض کر کے فقد كَفَرَ کہہ دیا، ایسا زجر وتوبیخ کے لئے کیا کرتے ہیں، یہاں بھی حدیث میں ایسا ہی کیا گیا ہے۔ جو مسلمان دوسروں کو تکلیف پہنچاتا ہے وہ مسلمان ہے مگر اس کے ایمان کو کالعدم فرض کر کے فرمایا کہ وہ مسلمان نہیں، مسلمان وہی ہے جس کی زبان سے اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔

۳- حدیث میں دوسرا مضمون یہ ہے کہ ہجرت صرف یہ نہیں ہے کہ وطن چھوڑ کر دار الاسلام میں چلا آئے، بلکہ حقیقی ہجرت یہ ہے کہ وہ ممنوعات شرعیہ سے بچ جائے، اسی وجہ سے ہجرت اُس جگہ سے فرض ہے جہاں دین پر عمل کرنا مشکل ہے، اور جس دار الکفر میں دین پر عمل کرنے میں غیر معمولی پریشان نہ ہو وہاں سے ہجرت فرض نہیں، پس جو شخص ہجرت کر کے مدینہ آیا مگر اس نے ممنوعات شرعیہ کو نہیں چھوڑا تو اس کی ہجرت بے فائدہ ہے، حقیقی مہاجر وہ ہے جو ممنوعات شرعیہ کو چھوڑ دے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ الفاظ اپنی دلالت اور خواص سے منفک نہیں ہوتے، پس المسلم اور المُهاجر کے جو معنی اوران کی جو خاصیتیں ہیں وہ ضرور ان میں پائی جانی چاہئیں۔ مُسلِم: کا مادہ ہے: سَلِمَ، جس کے معنی ہیں: محفوظ رہنا اور محفوظ کرنا، پس یہ معنی اور یہ خاصیت لفظ مسلم میں ضرور پائی جانی چاہئے، اس ضابطہ سے آنحضور ﷺ نے یہ حکم متفرع فرمایا کہ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے لوگ محفوظ رہیں۔ اور جب دوسرے اس کی ایذاء رسانی سے محفوظ ہونگے تو وہ خود بھی دوسروں کی ایذاء رسانی سے محفوظ ہوجائے گا، کیونکہ یہ دنیا گنبد کی صدا ہے اس میں آدمی جو بولتا ہے وہی سنتا ہے۔

اور المهاجر کے معنی ہیں: چھوڑنے والا۔ آپؐ نے اس پر یہ حکم متفرع فرمایا کہ مہاجر وہ نہیں ہے جو وطن چھوڑ کر دارالاسلام میں آجائے بلکہ مہاجر کے مفہوم میں یہ بھی داخل ہے کہ تمام ممنوعات شرعیہ کو چھوڑ دے، پس حقیقی مہاجر ممنوعات شرعیہ کو چھوڑنے والا ہے۔

استدلال: حدیث سے امام بخاریؒ کا استدلال واضح ہے کسی کو تکلیف نہ پہنچانا اور ممنوعات شرعیہ کو چھوڑ دینا ایک عمل ہے، اس کو اسلام کا جزء قرار دیا ہے اور اسلام اور ایمان ایک ہیں پس یہ ایمان کے بھی اجزا ہوئے۔

اور جواب وہی ہے کہ ایمان اور اسلام ایک نہیں، دونوں میں فرق ہے۔ علاوہ ازیں: یہ اعمال: ایمان کامل کے اجزاء ہیں اوراس کا کوئی منکر نہیں۔

[٤-] بَابٌ: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

[١٠-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ، وَإِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يُحَدِّثُ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَالَ عَبْدُ الْأَعْلٰى: عَنْ دَاوُدَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم [انظر: ٦٤٨٤]

وضاحت: امام بخاریؒ نے اس حدیث کی دو سندیں اور بھی لکھی ہیں، پہلی سند (ابو معاویہ والی) اس لئے لائے ہیں کہ اس میں عامر شعبیؒ کا حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے سماع مصرح ہے۔ اور دوسری سند (عبدالاعلی والی) اس لئے لائے ہیں کہ اس میں عبداللہ مطلق ہے، اور حدیث میں جب مطلق عبداللہ بولتے ہیں تو عبداللہ بن مسعودؓ مراد ہوتے ہیں، اس لئے یہ سند لاکر اشارہ کیا کہ یہاں عبداللہ سے ابن مسعود مراد نہیں، بلکہ عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ مراد ہیں۔

بابٌ: أَيُّ الإسلامِ أَفْضَلُ؟

کونسا اسلام بہتر ہے؟

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ وغیرہ نے آنحضور ﷺ سے دریافت کیا کہ کونسا اسلام بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''جس کی زبان سے اور جس کے ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں''

تشریحات:

۱- سوال میں مجاز بالحذف ہے، اسلام کے بارے میں نہیں، بلکہ اعمال اسلام کے بارے میں پوچھا گیا تھا، اور قرینہ جواب ہے۔ جس طرح سوال سے جواب سمجھا جاتا ہے، اسی طرح جواب سے بھی سوال کی نوعیت سمجھی جاتی ہے، پس سوال کی تقدیر عبارت ہے: أی خصال الإسلام أفضل؟(۱)

۲- یہ سوال پوچھنے والا کون تھا؟ یہاں روایت میں یہ ہے کہ صحابہ نے پوچھا تھا، اور مسلم شریف میں قلنا ہے، پس حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بھی سوال کرنے والوں میں شامل ہونگے۔ بلکہ معجم طبرانی اور صحیح ابن حبان میں صراحت ہے کہ سوال کرنے والے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ تھے۔

۳- احادیثِ شریفہ کا جائزہ لیا جائے تو اس قسم کے سوال متعدد صحابہ نے کئے ہیں اور آنحضور ﷺ نے ان کے مختلف جواب دیئے ہیں، مثلاً: کسی نے پوچھا: أَیُّ الإسلام خیرٌ؟ تو آپؐ نے فرمایا: تُطْعِمُ الطَّعامَ وَتَقْرأُ السلامَ علی مَن عَرَفْتَ ومَن لَمْ تَعْرِفْ۔ ایک حدیث میں ہے: سُئِلَ عن أَفْضَلِ الإیمان؟ آپؐ نے فرمایا: أن تُحِبَّ للّٰہ، وتُبْغِضَ للّٰہِ، وتُعْمِلَ لسانَك من ذکر اللّٰہ، ایک مرتبہ آپؐ نے خود حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: أَیُّ عُرَی الإیمان أَوْثَقُ؟ (ایمان کے کنڈوں میں سے کونسا کنڈا سب سے مضبوط ہے؟) حضرت ابوذرؓ نے عرض کیا: اللّٰہ ورسولہ أعلم! آپؐ نے فرمایا: الحُبُّ فی اللّٰہ، والبُغْضُ فی اللّٰہ، والمُوالاۃُ فی اللّٰہ غرض جب سوال ایک ہے تو جواب مختلف کیوں ہے؟

---

(۱) بعض حضرات کے نزدیک تقدیر عبارت ہے: أَیُّ ذوی الإسلام أَفْضَلُ؟ اور یہ تقدیر بہتر ہے اس لئے کہ جواب میں صاحب اسلام کا ذکر ہے، اور دوسرا قرینہ یہ ہے کہ مسلم شریف کی اسی روایت میں: أیّ المسلمین أفضل ہے۔ اور أَیُّ خصال الإسلام أفضل؟ کی تقدیر میں سوال وجواب میں مطابقت نہیں رہتی، سوال میں صفت کا ذکر ہے اور جواب میں موصوف کا، اور علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ جواب دینے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ساتھ ہی علت بھی ذکر کردی جائے۔ یہاں جواب میں خصلت کے ساتھ صاحب خصلت کا بھی ذکر کردیا، یعنی سلامتی: اسلام کے خصال میں سب سے اہم خصلت ہے۔ اور اس کی وجہ سے صاحب خصلت بھی افضل ہوجاتا ہے (ماخوذ از ایضاح البخاری ۱:۲۰۶)

جواب:

۱-سوال تقریباً ایک ہیں بعینہ ایک نہیں، اورسوال اگر ذرا بھی مختلف ہوجائے تو جواب مختلف ہوجاتا ہے۔

۲-سائل کے احوال کی رعایت کرکے آپؐ نے جوابات مختلف دیئے ہیں، مثلاً: ایک شخص ڈاڑھی منڈا ہے وہ پوچھتا ہے: سب سے اہم سنت کونسی ہے؟ تو جواب ہوگا: سب سے اہم سنت ڈاڑھی رکھنا ہے۔ دوسرے کی ڈاڑھی غیر مقلدوں جیسی ہے پس جواب ہوگا: ایک مشت سے زائد ڈاڑھی کاٹ لینا سب سے اہم سنت ہے۔ سوال دونوں کا ایک تھا، مگر دونوں کے احوال کی رعایت کرکے جوابات مختلف دیئے اسی طرح آنحضور ﷺ نے بھی سائل کے احوال کی رعایت کرکے جوابات مختلف دیئے ہیں۔

استدلال: حضرت امام بخاریؒ کا استدلال واضح ہے۔ آنحضور ﷺ نے ایذاء رسانی سے بچنے کو اسلام کا جزء قرار دیا ہے، اور اسلام اور ایمان ایک ہیں پس یہ عمل ایمان کا بھی جزء ہوا ——— اور جواب یہ ہے کہ اسلام اور ایمان ایک نہیں، علاوہ ازیں: یہ عمل ایمان کامل کا جزء ہے۔

[۵-] بَابٌ: أَيُّ الإِسْلَامِ أَفْضَلُ؟

[۱۱-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: ثنا أَبِيْ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! أَيُّ الإِسْلَامِ أَفْضَلُ؟ قَالَ:" مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ"

باب: إِطْعَامُ الطَّعَامِ مِنَ الإِسْلَامِ؟

غریبوں کو کھانا کھلانا اسلامی عمل ہے

حدیث: ایک شخص نے آنحضور ﷺ سے پوچھا: کونسا اسلام بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''غریبوں کو کھانا کھلانا اور لوگوں کو سلام کرنا، خواہ آپ ان کو پہچانتے ہوں یا نہ پہچانتے ہوں''

تشریحات:

۱-حدیث میں پیشہ ور فقیر مراد نہیں، ان میں سے بعض تو صاحب نصاب ہوتے ہیں، بلکہ حقیقی غریب مراد ہے، اس کو کھانا کھلانا بہترین عمل ہے، اور یہ مسئلہ شامی میں ہے کہ بھکاری کے سلام کا جواب دینا واجب نہیں، کیونکہ اس کا سلام بھی سوال ہے، اگر کچھ دینا ہے تو دیدو، ورنہ سلام کا جواب واجب نہیں۔

۲-اردو محاورہ ہے: سلام کرنا اور سلام کہنا، اور عربی محاورہ ہے: سلام پڑھنا۔ کسی کو سلام کہلوانا ہو تو کہیں گے: اقرأ

مِنِّی السلامَ علیه اورسلام پہنچانا ہوتو کہیں گے: فلانٌ یقرأ علیك السلام۔

٣- مَن عَرفتَ ومَن لم تعرف میں ملّی معرفت وعدم معرفت مرادنہیں، بلکہ شخصی معرفت وعدم معرفت مراد ہے، ملّی معرفت تو ضروری ہے غیر مسلم کو اسلامی سلام کرنا جائز نہیں، اب مسلمانوں کا عجیب حال ہو گیا ہے۔ ملی معرفت بھی باقی نہیں رہی، راستے میں ایک شخص ملتا ہے، سوچتا ہوں کہ سلام کروں یا نہ کروں، کیونکہ مسلمان ہے: اس کی کوئی پہچان نہیں۔

استدلال: امام بخاریؒ کا استدلال واضح ہے: غریبوں کو کھانا کھلانا اور ہر مسلمان کو سلام کرنا بہترین اسلامی عمل ہے، پس یہ ایمان کا بھی جزء ہوا ——— اور جواب بھی واضح ہے کہ یہ دونوں عمل اسلام کے جزء ہیں ایمان کے نہیں، یا ایمان کامل کے جزء ہیں۔

[٦-] بَابٌ: إِطْعَامُ الطَّعَامِ مِنَ الإِسْلَامِ

[١٢-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي الخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الإِسْلَامِ خَيْرٌ؟ فَقَالَ: "تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ" [انظر: ٢٨، ٦٢٣٦]

بابٌ: مِنَ الإِيْمَانِ أَنْ يُّحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

جو اپنے لئے پسند کرے وہ اپنے بھائی کے لئے پسند کرے: یہ بھی ایمانی عمل ہے

ایمان کے اصل مقام (نکتہ عروج) تک پہنچنے کے لئے ضروری ہے کہ آدمی خودغرض نہ ہو، قرآن کریم میں ہے: ﴿وَمَنْ يُوْقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾: جو لوگ خودغرضی سے بچائے گئے وہی کامیاب ہونے والے ہیں، اور خودغرضی کا علاج یہ ہے کہ آدمی اپنے لئے جو پسند کرے وہی دوسرے مسلمان کے لئے بھی پسند کرے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "تم میں سے کوئی (کامل) مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک اپنے بھائی کے لئے وہ چیز پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے"

تشریح: یہ حدیث صحیح ابن حبان میں بھی ہے، وہاں الفاظ ہیں: لایَبْلُغُ العبدُ حقیقةَ التقوی حتی یُحِبَّ إلخ کوئی شخص تقوی کی حقیقت پا نہیں سکتا جب تک وہ پسند نہ کرے الی آخرہ۔ معلوم ہوا یہاں ایمان بمعنی تقوی ہے، کیونکہ جس طرح ایک آیت دوسری آیت کی تفسیر کرتی ہے ایک حدیث بھی دوسری حدیث کی تفسیر کرتی ہے ——— اور اس حدیث میں بھی ناقص کو کالعدم فرض کرکے کلام کیا گیا ہے، خودغرض آدمی مؤمن ہے مگر ناقص الایمان ہے، اس لئے لایُؤْمِنُ کہا۔

[۷-] بَابٌ: مِنَ الإِيْمَانِ أَنْ يُحِبَّ لِأَخِيْهِ ما يُحِبُّ لِنفْسِهِ

[۱۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عَنْهُ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم؛ وَعَنْ حُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "لَايُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ"

وضاحت: اس حدیث کوحضرت قتادہ سے شعبہ اور حسین معلّم دونوں روایت کرتے ہیں، اور دونوں کی سندوں میں یہ فرق ہے کہ شعبہ نے قتادہ سے بصیغۂ عن روایت کیا ہے اور حسین معلّم نے حدثنا کہا ہے، لیکن چونکہ شعبہ مدلِّس نہیں اس لئے ان کا عنعنہ بمنزلۂ تحدیث ہے، البتہ حضرت قتادہ مدلس ہیں اس لئے ان کی معنعن روایت بغیر کسی توثیق کے قابل قبول نہیں ہوتی اور شعبہ توثیق کے لئے کافی ہیں۔

باب: حُبُّ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الإِيْمَانِ

نبی ﷺ سے محبت ایمانی عمل ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے! تم میں سے کوئی مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کی ماں، باپ اور اس کی اولاد سے زیادہ محبوب نہ ہوجاؤں —— دوسری حدیث میں والناس أجمعین بھی ہے یعنی جب تک تمام لوگوں سے زیادہ آپؐ سے محبت نہ ہوجائے کوئی مؤمن نہیں ہوسکتا۔

تشریح: دونوں حدیثوں کا مدعی یہ ہے کہ تکمیل ایمان کے لئے ضروری ہے کہ آنحضور ﷺ کی محبت ہر چیز سے زیادہ ہو، ماں باپ سے، اولاد سے، مال ودولت سے، اپنی ذات سے اور تمام لوگوں سے اللہ اور ان کے دین کی محبت بڑھی ہوئی ہو، آگے حدیث آرہی ہے: ذَاقَ طَعْمَ الإیمانِ مَنْ رَضِیَ باللہ رَبًّا وبالإسلام دینا وبمحمدٍ رسولاً: اس شخص نے ایمان کا مزہ چکھا جو اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہوگیا، اور دوسری حدیث میں ہے: ثلاثٌ من کنَّ فیه وَجَدَ حلاوَةَ الإیمان: جس میں تین باتیں ہوں اس نے ایمان کا مزہ چکھ لیا: مَن کان اللہ وَرسولُه أحبَّ إلیه مِمَّا سِواهما: جس کو اللہ اور اس کے رسول تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہوں، ومَن أَحَبَّ عبدًا لایُحِبُّه إلا للہِ: اور وہ جس سے بھی محبت کرے لوجہ اللہ کرے، ومَن یکرہ أن یُّعودَ فی الکفر بعد إذ أنْقَذَهُ اللّٰه کما یَکْرَهُ أَن یُلْقٰی فی النار: اور جو کفر میں لوٹنے کو ایسا ناپسند کرے جیسا آگ میں ڈالے جانے کو ناپسند کرتا ہے —— اور قرآنِ کریم میں ہے: ﴿وَالَّذِیْنَ آمَنُوْا أَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ!﴾ (البقرۃ آیت ۱۶۵) ایمان والوں کو اللہ سے بہت زیادہ محبت ہوتی ہے، اور سورۃ التوبہ (آیت ۲۴) میں ارشاد پاک ہے: ”آپ کہہ دیجئے! اگر تمہارے باپ، اولاد،

بھائی، عورتیں، برادری اور مال جو تم نے کمایا ہے، اور وہ تجارت جس کے بند ہونے کا تمھیں خطرہ ہے اور وہ حویلیاں جن کو تم پسند کرتے ہو اگر تم کو اللہ اور اس کے رسول سے، اور اللہ کی راہ میں لڑنے سے زیادہ محبوب ہوں تو تم اللہ کے حکم کا انتظار کرو، اور اللہ تعالیٰ نافرمانوں کو راہ نہیں دیتے۔

ان آیات پاک اور احادیث شریفہ سے معلوم ہوا کہ اللہ ورسول اور دین سے محبت ہر چیز سے زیادہ ہونی چاہئے، بخاری ہی میں آگے یہ حدیث آرہی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! میں جب اپنا جائزہ لیتا ہوں تو آپؐ کی محبت کو ہر چیز سے بڑھا ہوا پاتا ہوں مگر اپنی ذات سے نہیں، یعنی مجھے اپنی ذات سے زیادہ محبت ہے، آپؐ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! تم اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتے جب تک کہ میری محبت تمھاری ذات سے بھی بڑھ نہ جائے، حضرت عمرؓ سر ڈال کر بیٹھ گئے تھوڑی دیر کے بعد عرض کیا: یارسول اللہ! اب میں آپؐ کی محبت اپنی ذات سے بھی زیادہ پاتا ہو، آپؐ نے فرمایا: الآن یا عمر! اے عمر! اب ایمان کامل ہوا۔

اور محبت کی دو قسمیں ہیں: عقلی اور طبعی۔ عقلی محبت معنویات اور غائب سے ہوتی ہے، اور طبعی محبت محسوسات اور حاضر سے ہوتی ہے، اور قوی محبت عقلی ہے مگر انسان پر غلبہ طبعی محبت کا رہتا ہے، مؤمن کو اللہ ورسول اور دین سے جو محبت ہے وہ عقلی ہے۔ اور آل اولاد، ماں باپ اور مال ودولت سے جو محبت ہے وہ طبعی ہے عام حالات میں طبعی محبت غالب نظر آتی ہے، مگر جب کوئی موقعہ آتا ہے تو عقلی محبت غالب آجاتی ہے، کوئی شخص اللہ ورسول کی شان میں گستاخی کرے تو کوئی مسلمان اس کو برداشت نہیں کرسکتا، وہ مارنے مرنے کے لئے تیار ہوجاتا ہے، اگرچہ وہ گستاخی کرنے والا اس کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو۔ یہ دلیل ہے کہ محبت عقلی قوی ہے۔

ایک واقعہ: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر جنگ بدر میں کفار کے ساتھ تھے، مسلمان ہونے کے بعد ایک مرتبہ انھوں نے حضرت ابوبکرؓ سے عرض کیا: ابا جان! بدر میں کئی مرتبہ آپ میری تلوار کی زد میں آگئے تھے مگر میں نے باپ سمجھ کر چھوڑ دیا۔ حضرت ابوبکرؓ نے جواب دیا: بیٹا! اگر تو میری تلوار کی زد میں ایک مرتبہ بھی آجاتا تو میں تجھے نہ چھوڑتا!

استدلال: امام بخاریؒ کا استدلال اس حدیث سے اس طرح ہے کہ محبت ایک عمل ہے جس کو ایمان کا جزء بتایا گیا ہے، پس اعمال: ایمان کا جزء ہوئے —— اور جواب وہی ہے کہ محبت نفس ایمان کا جزء نہیں، بلکہ کمال تک پہنچنے کے لئے ضروری ہے، یعنی محبت: کامل ایمان کا جزء ہے، نفس ایمان کا جزء ہونے کی کوئی دلیل نہیں۔

[۸-] بَابٌ: حُبُّ الرَّسُوْلِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنَ الإِیْمَانِ

[۱۴-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: ثَنَا شُعَیْبٌ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ

صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " وَالَّذِیْ نَفْسِيْ بِیَدِہٖ لَا یُؤْمِنُ أَحَدُکُمْ حَتّٰی أَکُوْنَ أَحَبَّ إِلَیْہِ مِنْ وَالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ "

[۱۵-] حدثنا یَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاھِیْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَیَّةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ صُھَیْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، ح: وَحَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِیْ إِیَاسٍ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَایُؤْمِنُ أَحَدُکُمْ حَتّٰی أَکُوْنَ أَحَبَّ إِلَیْہِ مِنْ وَالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ أَجْمَعِیْنَ "

بابُ حَلاَوَۃِ الإِیْمَانِ

ایمان کی چاشنی

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تین باتیں جس شخص میں ہوں وہ ایمان کا مزہ پاتا ہے: (۱) اللہ اور اس کے رسول کی محبت اس میں تمام ماسوا سے زیادہ ہو (۲) اور یہ بات ہو کہ جس سے بھی محبت کرے اللہ کے لئے کرے (۳) اور یہ بات ہو کہ کفر کی طرف پلٹنے کو، اِس کے بعد کہ اللہ نے اس کو کفر سے بچالیا، ایسا ناپسند کرے جیسا آگ میں ڈالے جانے کو ناپسند کرتا ہے۔

تشریح:

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ایمان کی حلاوت اسی آدمی کو محسوس ہوتی ہے جو اللہ ورسول کی محبت میں ایسا سرشار ہو کہ ہر چیز سے زیادہ اس کو اللہ ورسول سے محبت ہو، اور اس محبت کا اس کے دل پر ایسا قبضہ ہو کہ اگر وہ کسی اور سے بھی محبت کرے تو اللہ ہی کے لئے کرے، اور دین اسلام اس کو اتنا پیارا ہو کہ اس کے چھوڑنے کا خیال اس کے لئے آگ میں گرنے کی تکلیف کے برابر ہو۔

استدلال: امام بخاریؒ کا استدلال یہ ہے کہ پھل کی مٹھاس پھل کا جزء ہوتی ہے، جیسے گلاب کا عرق، رنگ اور خوشبو گلاب کا جزء ہوتی ہیں، پس جب ان تین باتوں سے ایمان کی حلاوت محسوس ہوتی ہے تو یہ چیزیں ایمان کا جزء ہوئیں، اور ایمان کا ذو اجزاء ہونا ثابت ہوا ——— اور جواب وہی ہے کہ یہ باتیں ایمان کامل کا جزء ہیں کیونکہ پھل میں مٹھاس پھل پکنے کے بعد آتی ہے یعنی درجۂ عروج پر پہنچنے کے بعد پیدا ہوتی ہے، اور ان امور کے ایمان کامل کا جزء ہونے میں کوئی اختلاف نہیں۔

[۹-] بَابٌ: حَلاَوَۃُ الإِیْمَانِ

[۱۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَھَّابِ الثَّقَفِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَیُّوْبُ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " ثَلاَثٌ مَنْ کُنَّ فِیْہِ وَجَدَ حَلاَوَۃَ الإِیْمَانِ:

أَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَأَنْ يُحِبَّ الْمَرْءَ لاَ يُحِبُّهُ إِلاَّ لِلّٰهِ، وَأَنْ يَكْرَهَ أَنْ يَعُوْدَ فِيْ الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُقْذَفَ فِيْ النَّارِ" [انظر: ٢١، ٦٠٤١، ٦٩٤١]

قوله: ثلاثٌ من كنَّ فيه: کُنَّ کی ضمیر ثلاث کی طرف اور فیه کی ضمیر مَن کی طرف راجع ہے ـــــ اور أن یُحِبَّ المرء: اللہ سے محبّ کی فرع اور اثر ہے، اور أن یکرہ أن یعودَ دین سے محبت کی فرع اور اثر ہے۔

فائدہ: امام بخاریؒ کا مقصد ان تمام ابواب میں اگرچہ محدثین کے موقف کو مدلل کرنا ہے کہ ایمان مرکب ہے، لیکن ساتھ ہی حضرت نے مرجئہ کی تردید بھی کی ہے کہ وہ لوگ اعمال کو بے حیثیت گردانتے ہیں، یہ ان کی گمراہی ہے، اعمال کے بغیر ایمان بے شاخوں اور بے پتوں کا درخت ہے، چنانچہ پہلے حدیث لاکر ارکانِ خمسہ کی اہمیت بتائی، پھر یہ بتایا کہ اسلام وایمان میں یہ بھی داخل ہے کہ کوئی مسلمان دوسرے کو ضرر نہ پہنچائے، پھر غریبوں کو کھانا کھلانے کا اور سلام کو رواج دینے کا تذکرہ کیا، پھر بتلایا کہ انسان کے اندر خیر اندیشی کا جذبہ اسی وقت پیدا ہوسکتا ہے جب وہ ہر ایک کا بھلا چاہے، اور یہ تمام باتیں اسی کے اندر پائی جاتی ہیں جو اللہ ورسول اور دین سے حد درجہ محبت رکھتا، اور جو شخص ترقی کرکے یہ درجہ پالیتا ہے اس کو ایمان کی حلاوت محسوس ہونے لگتی ہے اور وہ اطاعت خداوندی میں سرشار اور معاصی سے بیزار ہوجاتا ہے، اور مقام تقوی تک پہنچ کر دونوں عالم میں بامراد ہوتا ہے۔

بابٌ: عَلاَمَةُ الإِيْمَانِ حُبُّ الأَنْصَارِ

انصار سے محبت ایمان کی علامت ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''انصار سے محبت مؤمن ہونے کی نشانی ہے اور انصار سے بغض وعداوت منافق ہونے کی نشانی ہے''

تشریح:

حدیث کا پہلا مطلب: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حدیث کا شان ورود یہ بیان کیا ہے کہ مہاجرین کا تعلق مُضر قبائل سے تھا اور انصار کا قحطانی قبائل سے، یہ دونوں بھائی تھے اور دونوں میں دشمنیاں تھیں اور خاندانی دشمنیوں کا ایک ہی حل ہے کہ جدا جدا ہوجائیں، چنانچہ قحطان وطن چھوڑ کر یمن چلا گیا اور مُضر حجاز (تہامہ) میں رہا۔ نبی ﷺ اور قریش مضری ہیں، اور انصار (اوس وخزرج) قحطانی۔ الگ الگ ہوجانے کے بعد بھی ان میں نفرتیں چلتی رہیں، پھر اسلام کا دور آیا۔ اسلام میں مہاجرین کا بڑا مقام ہے، سید الاولین والآخرین کا شمار مہاجرین میں ہے، اور انصار وہ ہیں جن کی وجہ سے اسلام پروان چڑھا، اور انھوں نے مسلمانوں کو مدینہ میں پناہ دی اس لئے اسلام میں انصار کی بھی بڑی اہمیت ہے، لیکن پرانی عداوتوں کی وجہ سے آنحضور ﷺ نے محسوس کیا کہ بعض مہاجرین کے دلوں میں اب

بھی انصار کی نفرت ہے، اس لئے آپؐ نے یہ ارشاد فرمایا کہ انصار سے محبت کرو، یہ کامل مؤمن ہونے کی نشانی ہے اور انصار سے بغض وعداوت مت رکھو یہ منافق یعنی اسلام میں غیر مخلص ہونے کی علامت ہے۔

دوسرا مطلب: اور عام طور پر علماء نے حدیث کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ انصار سے محبت دین کی فرع ہے اس لئے کہ وہ دین کی حمایت ونصرت کرنے والی اولین جماعت ہے۔ پس ان سے محبت ہونی چاہئے، جسے بھی دین سے محبت ہے وہ انصار سے محبت کرے، کیونکہ جب کسی سے محبت ہوجاتی ہے تو صرف اسی سے محبت نہیں ہوتی بلکہ اس کی آل اولاد، احباب ومتعلقات یہاں تک کہ اس کے گاؤں اور اس کے درودیوار سے بھی محبت ہوجاتی ہے، مجنوں کا مشہور شعر ہے ـــــ لوگوں نے مجنوں کے نام پر بہت اشعار گڑھے ہیں اردو میں بھی، فارسی میں بھی اور عربی میں بھی وہ اشعار خود مجنوں کے نہیں ہیں لوگوں نے مجنوں کے نام پر بنائے ہیں:

أَمُرُّ على الدِّيار دِيارِ لَيْلىٰ ❁ أُقَبِّلُ ذَا الْجِدَارِ وَذالجِدَارِ

وما حُبُّ الدِّيار شَغَفْنَ قَلْبِىْ ❁ ولكن حُبُّ مَنْ سَكَنَ الدِّيَارَ

ترجمہ: میں لیلیٰ کے گاؤں سے گذرتا ہوں تو کبھی اس دیوار کو چومتا ہوں اور کبھی اس دیوار کو............ گاؤں کی محبت نے میرے دل پر قبضہ نہیں کیا بلکہ اس لیلیٰ کی محبت نے میرے دل پر قبضہ کیا ہے جو اس گاؤں میں رہتی ہے۔

غرض جب کسی سے محبت ہوجاتی ہے تو اس کی ہر چیز سے محبت ہوجاتی ہے، اور جب کسی سے نفرت ہوجاتی ہے تو اس کی ہر چیز سے نفرت ہوجاتی ہے، اور یہ دونوں باتیں فطری ہیں۔ چنانچہ فرمایا انصار کی محبت ایمان کی نشانی ہے یعنی وہ ایمان سے ناشی ہے، اور انصار سے نفرت نفاق کی نشانی ہے یعنی وہ اسلام میں عدم اخلاص سے ناشی ہے۔

استدلال: جب انصار سے محبت ایمان کا جزء ہوئی، اور ان سے بغض رکھنا ایمان کے منافی ہوا، تو اعمال کا جزء ایمان ہونا ثابت ہوگیا، کیونکہ حب وبغض قلب کے افعال ہیں۔

جواب: مسجد کے مینارے مسجد کی علامت ہیں، مگر وہ مسجد کا جز نہیں، صرف علامت ہیں، چنانچہ بہت سی مسجدوں میں مینارے نہیں ہوتے، اگر مینارے مسجد کی ماہیت کا جزء ہوتے ان کے بغیر مسجد کا تحقق نہ ہوتا۔ اسی طرح حب انصار بھی ایمان کی علامت ہے مگر جزء نہیں، ہاں کمال ایمان کی دلیل ضرور ہے، اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔

[۱۰-] بَابٌ: عَلامَةُ الإِيْمَانِ حُبُّ الأَنْصَارِ

[۱۷-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ ابْنَ مَالِكٍ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " آيَةُ الإِيْمَانِ حُبُّ الأَنْصَارِ، وَآيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الأَنْصَارِ"

[انظر: ۳۷۸٤]

بابٌ

یہ باب بغیر عنوان ہے، اور ایسا باب پہلی مرتبہ آیا ہے، مصری نسخے میں تو وحی کے بیان میں بھی ہر حدیث پر بے عنوان ابواب لگے ہوئے ہیں، مگر ہمارے نسخے میں وہاں ابواب نہیں ہیں، یہاں یہ پہلا بے عنوان باب آیا ہے۔

اور شارحینِ کرام نے پوری کتاب کا جائزہ لے کر ایسے ابواب کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے:

ایک: جو کالفصل من الباب السابق ہوتے ہیں، جیسے حمد وصلوٰۃ کے بعد أما بعد فصل کرنے کے لئے آتا ہے۔ اور اس قسم کے ابواب کی علامت یہ ہے کہ باب کی حدیث کا اوپر والے باب سے گونہ تعلق ہو۔

دوسرے: مستقل ابواب ہوتے ہیں، اور ان کی علامت یہ ہے کہ باب کی حدیث کا گذشتہ باب سے کچھ تعلق نہ ہو، وہ نیا مضمون ہوتا ہے۔ ایسی جگہ امام بخاری رحمہ اللہ طلبہ کی تمرین کے لئے بے عنوان باب رکھ دیتے ہیں کہ خود باب لگاؤ، تاکہ طلبہ میں عنوان قائم کرنے کی صلاحیت پیدا ہو، شارحین بھی ایسی جگہ ترجمہ قائم کرتے ہیں، ہمیں بھی عنوان لگانے کی سعی کرنی چاہئے۔ یہاں پہلی قسم کا باب ہے۔ اوپر باب آیا ہے: علامة الإيمان حب الأنصار۔ اب اس باب میں اس کی وجہ بیان کرتے ہیں کہ انصار کی اسلام کے تعلق سے سنہری خدمات ہیں، ان کا تقاضا ہے کہ ان سے محبت کی جائے، نفرت نہ رکھی جائے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ مکے میں جب آپ ﷺ کا کوئی ہمنوا نہ رہا، مسلمان اہل مکہ کے ظلم وستم سے پریشان ہو کر آپؐ کے حکم سے حبشہ کی طرف ہجرت کر گئے تو اس نازک وقت میں انصار نے آپؐ کا اور اسلام کا ساتھ دیا۔ انھوں نے منی کے پاس ایک گھاٹی میں آپؐ سے بیعت کی، اور آپؐ کو مدینہ چلنے کی دعوت دی۔ باب کی حدیث میں اسی کا بیان ہے، پس حدیث کا باب سابق سے گونہ تعلق ہو گیا، اور باب رکھ کر فصل کرنا اس لئے ضروری تھا کہ حدیث میں مستقل نیا مضمون ہے۔

حدیث: ابو ادریس خولانی رحمہ اللہ حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے جو جنگ بدر میں شریک ہوئے ہیں اور وہ گھاٹی والی رات کے بارہ ذمہ داروں میں سے ایک ہیں: روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جبکہ آپؐ کے گرد صحابہ کی ایک جماعت تھی کہ مجھ سے بیعت کرو ان شرطوں پر کہ تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراؤ گے، اور چوری نہیں کرو گے، اور زنا نہیں کرو گے، اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے، اور کسی پر ایسا بہتان نہیں لگاؤ گے جس کو تم اپنے ہاتھوں اور پیروں کے درمیان گھڑو، اور نیک کاموں میں نافرمانی نہیں کرو گے، پس تم میں سے جو ان شرطوں کو پورا کرے گا اس کا ثواب اللہ کے ذمہ ہے، اور جو ان میں سے کسی بات کا ارتکاب کرے گا پس وہ دنیا میں سزا دیا گیا تو وہ سزا اس کے لئے کفارہ ہوگی۔ اور جس نے کسی بات کا ارتکاب کیا پھر اللہ نے اس کو چھپا لیا تو اس کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے، اگر وہ چاہیں گے تو اس سے درگذر فرمائیں گے، اور اگر چاہیں گے تو اس کو سزا دیں گے (حضرت عبادہؓ کہتے ہیں) پس ہم نے آپؐ سے ان باتوں پر بیعت کی۔

تشریح:

حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کی توصیف میں ایک بات تو یہ ذکر کی ہے کہ وہ بدری صحابی ہیں، بدری صحابہ کا امت میں بڑا مقام ہے، اور بارگاہ ایزدی سے بواسطہ لسانِ نبوت ان کو اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَکُمْ کا پروانہ ملا ہے اور آنحضور ﷺ نے ان کے بارے میں فرمایا ہے: ''جو شخص جنگ بدر میں شریک ہوا وہ ہرگز جہنم میں نہیں جائیگا'' (مسند احمد)

اور حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی دوسری فضیلت یہ بیان کی ہے کہ وہ بیعتِ عقبہ ثانیہ میں نقیب (قوم کے ذمہ دار) مقرر کئے گئے تھے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے مسلسل دس سال تک اہل مکہ کو ایک خدا کی عبادت کی طرف بلایا اور کفر وشرک سے باز رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی، مگر چند خوش نصیب نفوس کے علاوہ عام طور پر لوگوں نے آپؐ کی مخالفت کی، اور آپؐ کو دعوت سے باز رکھنے کے لئے ہر ناجائز طریقہ اختیار کیا، یہاں تک کہ نبوت کے گیارہویں سال قبیلۂ خزرج کے کچھ لوگ حج کے لئے آئے۔ آنحضور ﷺ حج کے موقعہ پر مکہ آنے والے قبائل کو اسلام کی دعوت دیتے تھے، آپؐ ان لوگوں کے پاس تشریف لے گئے، اپنا تعارف کرایا، ان کو اسلام کی دعوت دی، اور قرآن پاک سنایا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے سینوں کو اسلام کے لئے کھول دیا، وہ اسی مجلس میں مسلمان ہوگئے، یہ چھ حضرات تھے (۱)

یہ حضرات آپؐ سے رخصت ہوکر مدینہ منورہ پہنچے وہ جس مجلس میں بھی بیٹھتے آپؐ کا ذکر کرتے، چنانچہ مدینہ کا کوئی گھر اور کوئی مجلس آپؐ کے ذکر سے خالی نہ رہی، پھر اگلے سال یعنی نبوت کے بارہویں سال بارہ اشخاص آپؐ سے ملنے کے لئے مکہ آئے، پانچ تو ان چھ میں سے تھے باقی سات اور تھے۔ ان حضرات نے رات میں منی کے قریب ایک گھاٹی میں آپؐ سے ملاقات کی اور بیعت ہوئے، یہ پہلی بیعت تھی جس کو بیعت عقبہ اولیٰ کہتے ہیں، حضرت عبادہؓ ان بیعت کرنے والوں میں شامل تھے۔

(۱) ان حضرات سے آپؐ کی منی کے پاس اتفاقی ملاقات ہوئی تھی، اور اس موقعہ پر شاید بیعت نہیں لی تھی۔ مگر بعض حضرات نے اس کو بیعت عقبہ اولیٰ لکھا ہے، پس اگلے سال کی بیعت ثانیہ اور اس کے بعد کی بیعت ثالثہ ہوگی۔ اس پہلی ملاقات میں حضرت عبادہؓ نہیں تھے، اور وہ چھ حضرات یہ تھے: ۱- اسعد بن زرارہ۔ ۲- عوف بن الحارث۔ ۳- رافع بن مالک بن عجلان۔ ۴- قطبۃ بن عامر۔ ۵- عقبۃ بن عامر۔ ۶- جابر بن عبداللہ بن رباب رضی اللہ عنہم (یہ مشہور جابر بن عبداللہ نہیں ہیں، اِن کے دادا کا نام حرام ہے)

اور اگلے سال جو بارہ اشخاص خاص ملاقات ہی کے لئے آئے تھے ان سے گھاٹی میں ملاقات کی تھی اور بیعت لی تھی، ان میں حضرت عبادہ شامل تھے، مگر اس موقعہ پر نقیب مقرر نہیں کئے تھے۔ پھر اس کے بعد والے سال ۷۵ اشخاص حاضر ہوئے تھے، ان میں بھی حضرت عبادہ شامل تھے، او یہ ملاقات بھی گھاٹی میں ہوئی تھی۔ اس موقعہ پر بھی بیعت لی تھی، اور اسی موقعہ پر بارہ نقیب مقرر کئے گئے تھے، ان میں حضرت عبادہؓ بھی نقیب مقرر ہوئے تھے، پس باب کی حدیث میں کونسی بیعت کا ذکر ہے؟ دونوں احتمال ہیں، پہلی بیعتِ عقبہ بھی ہوسکتی ہے اور دوسری بھی، واللہ اعلم

جب یہ لوگ مدینہ واپس ہونے لگے تو آپؐ نے عبداللہ بن ام مکتومؓ اور مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہما کو قرآن کی تعلیم کے لئے ان کے ساتھ بھیجا، ان حضرات نے مدینہ میں حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کے مکان میں قیام کیا، اور مدینہ کے لوگوں میں دعوت کی محنت شروع کی، جس کے نتیجہ میں بہت سے لوگ مسلمان ہوگئے، اور آئندہ سال یعنی نبوت کے تیرہویں سال حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ مشہور قول کے مطابق پچھتر آدمی حج کے لئے مکہ آئے جن میں تہتر مرد اور دو عورتیں تھیں، انھوں نے بھی اُسی گھاٹی میں بیعت کی۔ یہ بیعتِ عقبہ ثانیہ کہلاتی ہے، جب سب بیعت کر چکے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل میں سے بارہ نقیب منتخب فرمائے تھے، اسی طرح میں بھی حضرت جبرئیل علیہ السلام کے اشارے پر تم میں سے بارہ نقیب منتخب کرتا ہوں، اور ان بارہ سے مخاطب ہوکر یہ فرمایا کہ تم اپنی قوم کے کفیل اور ذمہ دار ہو، جیسے حواریین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوم کے ذمہ دار تھے (طبقات ابن سعد ا:۱۵۰) ان بارہ نقیبوں میں حضرت عبادہؓ بھی تھے۔ اور دونوں مرتبہ بیعت کا مضمون ایک ہی تھا۔

بیعت کے معنی:

بَیْعَۃٌ: باع یبیع بَیْعًا کا مصدر ہے، آخر میں عربی میں گول ۃ اور اردو میں لمبی ت لگاتے ہیں، اس کے معنی ہیں: فروخت کرنا، بیچنا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: اپنی جان کو برضاء و رغبت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ جنت کے عوض میں بیچنا۔ حضرات صحابہ نے آنحضور ﷺ کے ہاتھ پر مختلف بیعتیں کی ہیں، یہاں جس بیعت کا ذکر ہے وہ بیعت سلوک ہے، سورۂ ممتحنہ (آیت ۱۰) میں بھی اس بیعت کا ذکر ہے۔

بیعت سلوک: نوافلِ اعمال کر کے جنت کے بلند درجات حاصل کرنے کے لئے بیعت کی جاتی ہے، اور یہ بات جان لینی چاہئے کہ نجات اخروی کے لئے بیعت سلوک ضروری نہیں، ورنہ تمام صحابہ وصحابیات یہ بیعت کرتے، آخرت میں نجات کے لئے ایمان صحیح اور اعمالِ صالحہ کافی ہیں، اور جاہلوں کا یہ خیال کہ پیر کے بغیر نجات نہیں ہوسکتی صحیح نہیں۔

بیعت سلوک کے تعلق سے مختلف نظریے:

جاننا چاہئے کہ بیعتِ سلوک کے تعلق سے دنیا میں تین نظریے پائے جاتے ہیں:

پہلا نظریہ: غیر مقلدین، سلفیوں، نجدیوں اور مودودیوں کا ہے، ان کے نزدیک بیعتِ سلوک بے اصل ہے، اس کا کوئی ثبوت نہیں، بلکہ مودودی صاحب نے تو اس کو چُنیا بیگم کہا ہے، چنیا بیگم افیم کو کہتے ہیں۔

دوسرا نظریہ: بریلویوں کا ہے، وہ کہتے ہیں: آخرت میں نجات کے لئے بیعت ضروری ہے، اور جس کا کوئی پیر نہیں: اس کا پیر شیطان ہے، بلکہ ان کے جاہل تو کہتے ہیں: گونگے پیر (قرآنِ کریم) سے نجات نہیں ہوگی، بولتا پیر (زندہ پیر) چاہئے۔

تیسرا نظریہ: علمائے دیوبند کا ہے، وہ کہتے ہیں: بیعتِ سلوک کا قرآن وحدیث سے ثبوت ہے، مگر نجات اخروی کے

لئے بیعت ضروری نہیں۔ نجات کا مدار ایمانِ صحیح اور اعمالِ صالحہ پر ہے۔ البتہ بیعتِ سلوک کے دو بڑے فائدے ہیں:

ایک: بیعت نوافل اعمال میں زیادتی اور اس کے ذریعہ جنت میں بلند درجات حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ آدمی خود بھی نوافل اعمال کرسکتا ہے مگر تجربہ یہ ہے کہ وہ کامیاب نہیں ہوتا اگر خود کو کسی کے سپرد کردے تو یہ مقصد آسانی سے حاصل ہوسکتا ہے۔

دوسرا: بیعت کے ذریعہ باطن کی صفائی کی جاسکتی ہے، جس طرح ہمارا ظاہر میلا ہوتا ہے اور اس کو صاف کرنا پڑتا ہے، اسی طرح باطن بھی میلا ہوتا ہے اور اس کی صفائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ باطن کا میل اخلاق رذیلہ ہیں جس کی صفائی آنحضور ﷺ کا فرضِ منصبی تھا، سورۃ البقرۃ (آیت ۱۲۹) میں آنحضور ﷺ کے چار فرائض بیان کئے گئے ہیں، ان میں سے ایک: ﴿یُزَکِّیْھِمْ﴾: ہے یعنی مسلمانوں کے باطن کو صاف کرنا اور ان کو اخلاق حسنہ سے آراستہ کرنا، اور آپؐ کا ارشاد ہے: بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ مَکَارِمَ الْأَخْلَاقِ: میری بعثت اخلاق حسنہ کی تعلیم کے لئے ہوئی ہے، یہ مقصد بھی بیعت ہی کے ذریعہ سے حاصل ہوسکتا ہے۔

بیعتِ سلوک کی دفعات اور اس کی تفصیلات:

بیعتِ عقبہ ثانیہ میں آنحضور ﷺ نے صحابہ وصحابیات سے چھ عہد لئے تھے:

۱– اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراؤ گے: شرک دو ہیں: ایک: شرک جلی ہے جس کو شرک اکبر بھی کہتے ہیں۔ یہ مشرکین کا شرک ہے۔ حدیث میں یہ شرک مراد نہیں کیونکہ بیعت کرنے والے سب مسلمان تھے، دوسرا شرک: شرک خفی ہے، اس کی بہت سی شکلیں ہیں، مثلاً: قبر کا طواف کرنا، قبروں کو سجدہ کرنا، ان کو چومنا، صاحب قبر کی منت ماننا، صاحب قبر کی نیاز کرنا وغیرہ سب شرک کی باتیں ہیں، مگر یہ نیچے کے درجہ کا شرک ہے، اور شرک کا ادنی درجہ نام ونمود ہے، جس طرح شرک جلی سے عمل باطل ہوجاتا ہے، ریاکاری سے بھی عمل خراب ہوجاتا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: میں شرکاء میں شرک سے سب سے زیادہ بے نیاز ہوں، جس نے کوئی ایسا عمل کیا جس میں میرے علاوہ کو شریک کیا تو میں اس عمل سے بیزار ہوں۔ وہ عمل اسی شریک کے لئے ہے (مشکوٰۃ حدیث ۵۳۱۵) غرض: ہر طرح کے شرک سے بچنا چاہئے شرک جلی سے بھی اور شرک خفی سے بھی، مولانا محمد علی جوہرؒ نے کیا خوب کہا ہے:

توحید تو یہ ہے کہ خدا خود حشر میں کہہ دے ❁ یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لئے ہے!

۲– چوری نہیں کرو گے: شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ البالغہ میں لکھا ہے کہ کچھ بندوں کو کمانے کی اچھی راہیں نہیں ملتیں اس لئے وہ بری راہوں کی طرف چل پڑتے ہیں، چوری کمانے کی ایسی ہی بری راہ ہے، جس طرح لڑنا اور مال غنیمت لوٹنا عربوں کی گھٹی میں پڑا ہوا تھا: چوریاں کرنا بھی ان کا بہترین مشغلہ تھا، اس لئے آنحضور ﷺ نے دوسرا عہد یہ لیا کہ چوری نہیں کرو گے۔

۳-زنا نہیں کروگے: عربوں میں زنا کوئی برائی نہیں تھی، جیسے یورپ اور امریکہ میں زنا کوئی برائی نہیں، ان کی سوچ یہ ہے کہ مرد اور عورت باہمی رضامندی سے جو چاہیں کریں سرکار کو اس میں دخل دینے کا کوئی حق نہیں۔ غرض: عربوں میں زنا عام تھا اس لئے تیسرا عہد زنا کے بارے میں لیا۔

۴-اولاد کو قتل نہیں کروگے: قتل اولاد کا بھی عربوں میں عام رواج تھا، لڑکوں کو رزق کے ڈر سے قتل کرتے تھے اور لڑکیوں کو عار کے خوف سے، اگر لڑکی زندہ رہے گی تو کسی کو داماد بنانا پڑے گا جو بڑی شرم کی بات ہے، حالانکہ خود دوسرے کی لڑکی گھر میں بسائے ہوئے تھے، وہ کوئی شرم کی بات نہیں تھی۔

قرآنِ کریم میں ایک جگہ ہے: ﴿وَلَاتَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ﴾ اور دوسری جگہ ہے: ﴿مِنْ إِمْلَاقٍ﴾ یعنی سردست تنگی ہے، کھانے کے لئے کچھ نہیں پھر اولاد کو کہاں سے کھلائیں گے؟ اس لئے قتل کرتے تھے۔ یہ ﴿مِنْ إِمْلَاقٍ﴾ ہے، اور فی الحال تو تنخواہ سے گذارہ ہوجاتا ہے لیکن اگر بچے زیادہ ہوگئے تو تنخواہ ناکافی ہوجائے گی اس لئے بھی قتل کرتے تھے۔ یہ ﴿خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ﴾ ہے، دونوں وجوہ میں سے کسی بھی وجہ سے قتل کرنا جائز نہیں۔

جاننا چاہئے کہ قتل اولاد کے بہت سے درجات ہیں: پیدا ہونے کے بعد بچہ کو مار ڈالنا، روح پڑنے کے بعد حمل گرادینا، روح پڑنے سے پہلے حمل گرادینا، یہ سب قتل اولاد کی شکلیں ہیں اور سب سے ادنی شکل عزل ہے یعنی مانع حمل صورتیں اختیار کرنا۔ مسلم شریف میں روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے عزل کے متعلق پوچھا گیا، آپؐ نے فرمایا: ذاك الوَأْدُ الخَفِيُّ: یہ چپکے سے بچہ کو زندہ درگور کرنا ہے (مشکوۃ حدیث ۳۱۸۹) اور جب قتل اولاد کے درجات مختلف ہیں تو احکام بھی مختلف ہونگے، تفصیل کے لئے ملاحظہ کریں: تحفۃ الالمعی (۳: ۵۶۹-۵۷۱)

۵-اپنے ہاتھوں اور پیروں کے درمیان بہتان گھڑ کر نہیں لاؤگے: تفترونہ بین أیدیکم وأرجلکم: ایک محاورہ ہے جس کے معنی ہیں: جھوٹ گھڑنا۔ اور اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی کا بچہ کسی کی طرف منسوب نہیں کروگے، مثلاً: شوہر والی عورت نے زنا کیا اور اس کے حمل کو شوہر کی طرف منسوب کیا، یا کسی مرد نے شوہر والی عورت سے زنا کیا اور حمل کو اس عورت کے شوہر کی طرف منسوب کردیا یہ افتراء ہے ـــــ افتراء کی اور بھی بہت صورتیں ہیں: کہیں کوئی بچہ گرا پڑا ملا اس کو اٹھا کر پال لیا اور کہہ دیا کہ میرا بچہ ہے، یا اسپتال میں نرس سے مل کر چپکے سے دوسرے کا لڑکا رکھ لیا اور اپنی لڑکی اس کے گود میں ڈال دی۔ یہ افتراء کی نہایت گھناؤنی صورت ہے۔

۶-کسی نیک کام میں نافرمانی نہیں کروگے: معروف: وہ کام ہے جو شرعاً جائز ہے، اور منکر: وہ کام ہے جو شرعاً ناجائز ہے۔ اور مشہور حدیث ہے: لاطاعةَ لمخلوقٍ فی معصیة الخالق: اللہ کی نافرمانی والے کام میں کسی کی اطاعت جائز نہیں، صرف جائز کاموں میں بڑوں کی اطاعت کرنی چاہئے، پیر بھی معروف کا حکم دے تو اطاعت کرے ورنہ نہیں۔

اس کے بعد فرمایا: جو عہد و پیمان کا لحاظ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ثواب سے نوازیں گے اور لازوال نعمت جنت کا

وارث بنائیں گے، اور جو عہد و پیمان کا پاس نہیں کرے گا اور کسی گناہ کا ارتکاب کرے گا، تو اس کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے، چاہیں گے تو سزا دیں گے: دنیا میں یا آخرت میں۔ اور چاہیں گے تو معاف کردیں گے وہ بڑے بخشنے والے اور رحم کرنے والے ہیں۔

مسئلہ: بیعتِ سلوک مردوزن کے لئے یکساں ہے اور اس کی دفعات میں کمی بیشی کر سکتے ہیں، مثلاً ایک شخص غیبت کرتا ہے جب اس کو بیعت کریں گے تو کہیں گے: کہو: غیبت نہیں کروں گا، یا کسی علاقہ میں اغلام کی وبا عام ہے تو وہاں کے لوگوں سے یہ گناہ نہ کرنے کا بھی عہد لیں گے یا کسی جگہ میت کا ماتم کیا جاتا ہے تو وہاں کی عورتوں سے بیعت میں یہ حرکت نہ کرنے کا عہد لیں گے۔

حدود کفارات ہیں یا زواجر؟

امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک حدود کفارۂ سیئات ہیں، یعنی حد جاری ہونے سے گناہ معاف ہوجاتا ہے، ان کا استدلال اسی حدیث سے ہے، اور احناف کے نزدیک حدود درحقیقت زواجر ہیں یعنی جھڑکنے والی سزائیں ہیں، وہ گناہوں سے باز رکھتی ہیں، ان سے گناہ معاف نہیں ہوتے، حاشیہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ایک روایت لکھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حدود کفارہ ہیں یا نہیں؟ میں نہیں جانتا، اور چوری کی سزا والی آیت (المائدہ آیت ۳۸) میں ہے ﴿نکالاً مِنَ اللّٰہِ﴾: یہ عبرتناک سزا ہے۔ معلوم ہوا کہ حدود سزا اور زواجر ہیں، کفارہ نہیں ہیں۔

علاوہ ازیں: اہل حق کا اجماع ہے کہ کبائر کے لئے توبہ شرط ہے، پس حد اسی وقت کفارہ بنے گی جب اس کے ساتھ سچی توبہ مل جائے، خواہ قولی توبہ ہو یا فعلی، قولی توبہ تو ظاہر ہے، اور فعلی توبہ یہ ہے کہ آدمی زندگی کا ورق پلٹ دے، یعنی برائی چھوڑ کر شریعت کی پابندی کرنے لگے تو ان شاء اللہ اس کا گناہ معاف ہوجائے گا۔

جب کسی پر حد جاری ہوتی ہے تو عادی مجرم کی بات تو الگ ہے مگر جس سے اتفاقاً گناہ ہوگیا ہے وہ آئندہ گناہ نہ کرنے کا عزم مصمم کرلیتا ہے، یعنی حدود کے ساتھ فعلی توبہ مل ہی جاتی ہے۔ اس اعتبار سے حدود کو گناہوں کے لئے کفارہ کہا گیا ہے، ورنہ تمام کبائر کے لئے جو ضابطہ ہے وہی یہاں بھی ہے۔

اور ترمذی شریف میں یہ واقعہ مذکور ہے کہ ایک شخص نے کسی جرم کا ارتکاب کیا، پھر پشیمان ہوا اور اپنے گناہ کا اعتراف کرنا چاہا اور حضرات شیخین رضی اللہ عنہما سے مشورہ کیا دونوں نے اس کو جرم کا اعتراف کرنے سے روک دیا، اس سے معلوم ہوا کہ گناہ کی معافی حد پر موقوف نہیں، اصل توبہ ہے۔

غرض گناہ کبیرہ کے لئے بھی سچی پکی توبہ ضروری ہے اور توبہ سے ہر گناہ معاف ہوجاتا ہے خواہ اس پر حد جاری ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو، اور اگر توبہ کرنے سے پہلے مرگیا تو اللہ چاہیں گے تو سزا دیں گے اور معاف فرمادیں تو وہ بڑے

بخشنے والے ہیں۔

[۱۱-] بَابٌ

[۱۸-]حدثنا أَ بُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَ بُوْ إِدْرِیْسَ عَائِذُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ: أَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ـــ وَکَانَ شَهِدَ بَدْرًا، وَهُوَ أَحَدُ النُّقَبَاءِ لَیْلَةَ الْعَقَبَةِ ـــ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ وَحَوْلَهُ عِصَابَةٌ مِنْ أَصْحَابِه:" بَایِعُوْنِیْ عَلٰی أَنْ لاَ تُشْرِکُوْا بِاللّٰهِ شَیْئًا، وَلاَ تُسْرِقُوْا، وَلاَ تَزْنُوْا، وَلاَ تَقْتُلُوْا أَوْلاَدَکُمْ، وَلاَ تَأْتُوْ بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهُ بَیْنَ أَیْدِیْکُمْ وَأَرْجُلِکُمْ، وَلاَ تَعْصَوْا فِیْ مَعْرُوْفٍ، فَمَنْ وَفٰی مِنْکُمْ فَأَجْرُهُ عَلَی اللّٰهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِکَ شَیْئًا فَعُوْقِبَ فِیْ الدُّنْیَا فَهُوَ کَفَّارَةٌ لَهُ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِکَ شَیْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللّٰهُ فَهُوَ إِلَی اللّٰهِ، إِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ، وَإِنْ شَاءَ عَاقَبَهُ" فَبَایَعْنَاهُ عَلٰی ذٰلِکَ.

[انظر: ۳۸۹۲، ۳۸۹۳، ۳۹۹۹، ۴۸۹۴، ٦۷۸۴، ٦۸۰۱، ٦۸۷۳، ۷۰۵۵، ۷۱۹۹، ۷۲۱۳، ۷۴٦۸]

بَابٌ: مِنَ الدِّیْنِ الْفِرَارُ مِنَ الْفِتَنِ

فتنوں سے بھاگنا دینداری ہے

جہاں رہ کر دین پر عمل کرنا مشکل ہو وہاں سے ہجرت کرنا فرض ہے، بس نکل کھڑا ہو، اللہ کی زمین بہت کشادہ ہے، اللہ پاک فرماتے ہیں: ﴿وَمَنْ یُّهَاجِرْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یَجِدْ فِیْ الْأَرْضِ مُرٰغَمًا کَثِیْرًا وَّسَعَةً﴾ (النساء۱۰۰) جو اللہ کی راہ میں وطن چھوڑے گا وہ زمین میں بہت جگہ اور کشایش پائے گا، جب روس میں کمیونسٹوں کا غلبہ ہوا اور وہاں دین پر عمل کرنا دشوار ہو گیا تو بہت سے اللہ کے بندے کسی چیز کی پرواہ کئے بغیر نکل کھڑے ہوئے۔ حضرت مولانا محمد ہاشم صاحب بخاری رحمہ اللہ جو دارالعلوم دیوبند میں مدرس رہے ہیں اور میرے استاذ ہیں، اپنی ہجرت کے بڑے دلدوز واقعات سنایا کرتے تھے۔ دو ہزار آدمی ازبکستان سے نکلے تھے اور ہمالہ کا پہاڑ سر کر کے کشمیر پہنچے تھے، فرماتے تھے کہ صرف چھ سو آدمی کشمیر پہنچے، باقی سب راستے میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ گورنمنٹ نے ان کو اس وقت ایک پروانہ دیا تھا، اس میں کیا لکھا تھا؟ بالکل پڑھا نہیں جاتا تھا، مگر اس کاغذ کا ویلیو اتنا تھا کہ دنیا کے کسی بھی ملک میں بس سکتے تھے، آخر میں حضرت مدینہ منورہ ہجرت کر کے چلے گئے، اور وہیں انتقال ہو گیا۔

اور جو لوگ وہیں رہ گئے تھے، ہجرت نہیں کی تھی ان کا یہ حال ہو گیا کہ سلام کا جواب بھی نہیں دے سکتے تھے۔ ایک مرتبہ میرا تاشقند، سمرقند کا سفر ہوا، جب ہم نماز پڑھتے تو سیکڑوں مرد اور عورتیں ہمارے گرد اکٹھا ہو جاتے، وہ کہتے تھے: ہمارے آباؤ اجداد بھی ایسا کرتے تھے۔

[۱۲-] بَابٌ مِنَ الدِّیْنِ الفِرَارُ مِنَ الْفِتَنِ

[۱۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِی صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِی سَعِیْدِ الْخُدَرِیِّ، أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: ”یُوْشِكُ أَنْ یَكُوْنَ خیْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ یَتَّبِعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ، وَمَوَاقِعَ القَطْرِ، یَفِرُّ بِدِیْنِهِ مِنَ الْفِتَنِ“

[انظر: ۳۳۰۰، ۳۶۰۰، ٦٤٩٥، ۷۰۸۸]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ زمانہ جلدی آرہا ہے کہ مسلمان کا بہترین مال وہ بکریاں ہونگی جن کو وہ لئے لئے پھرے گا پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور بارش کی جگہوں پر، وہ اپنا دین لے کر فتنوں سے بھاگے گا!

ترکیب: یُوشك: افعال مقاربہ میں سے ہے، اور جملہ أن یکون اسم وخبر کے قائم مقام ہے، اور خیرَ: کان کی خبر مقدم ہے، اور غَنَمٌ اسم مؤخر، چونکہ یَتَّبِعُ بِهَا اس کی صفت آئی ہے اس لئے نکرہ کو اسم (مسندالیہ) بنانا صحیح ہوا ہے بر بناء تخصیص۔
اور خَیْرٌ کو اسم بنا کر مرفوع اور غنماً کو خبر بھی بنا سکتے ہیں، گیلری والا نسخہ یہی ہے............شَعَفٌ: شَعَفَةٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: پہاڑ کی چوٹی............اور اتَّبَعَهُ کے معنی ہیں: پیچھے پیچھے چلنا اور اتَّبَعَ بها کے معنی ہیں: لئے لئے چلنا ......مواقع: موقع کی جمع ہے: گرنے کی جگہ اور القَطْر کے یہاں معنی ہیں: بارش اور مواقع القطر سے مراد بیابان ہے۔

تشریح: اس حدیث میں آنحضور ﷺ نے بطور پیشین گوئی یہ بات فرمائی ہے کہ بہت جلدی وہ زمانہ آرہا ہے کہ فتنوں کا ایسا غلبہ ہوگا کہ شہر اور گاؤں میں رہنا دشوار ہوجائے گا، آدمی مجبور ہوکر پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور بیابانوں میں ٹھکانہ تلاش کرے گا، مثلاً: مسلمانوں کے درمیان خانہ جنگی شروع ہوجائے گی، گھر رہیں تو ضرور کسی کا ساتھ دینا ہوگا، اس لئے آدمی مجبور ہوکر پہاڑوں اور بیابانوں کو اپنا مسکن بنائے گا۔

استدلال: فتنوں سے بچنے کے لئے وطن چھوڑنا ایک عمل ہے جو دین کے تقاضہ سے ہوتا ہے پس یہ دین کا جزء ہوا۔ اور دین وایمان مترادف ہیں پس یہ ایمان کا بھی جزء ہوا۔

جواب: دین وایمان مترادف نہیں، یا یہ ایمان کامل کا جزء ہے اس لئے کہ فتنوں کی وجہ سے وطن مؤمن کامل ہی چھوڑتا ہے۔

بابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: ”أَنَا أَعْلَمُكُمْ بِاللّٰهِ!“ وَأَنَّ الْمَعْرِفَةَ فِعْلُ الْقَلْبِ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿وَلٰكِنْ یُؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ﴾

علم ومعرفت دل کا فعل ہے اور ایمان کا جزء ہے

امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمۃ الباب میں ایک تو حدیث لکھی ہے جو باب میں آرہی ہے، اور سورۃ البقرہ کی آیت

(۲۲۵) لکھی ہے جو قسم سے متعلق ہے، دونوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ علم ومعرفت قلب کا فعل ہے اور ایمان کا جزء ہے۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ جب صحابہ کو حکم دیتے تھے تو انہی کاموں کا حکم دیتے تھے جو ان کے بس میں ہوتے تھے یعنی جس پر وہ مداومت کر سکتے تھے (ایک مرتبہ) صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہمارا حال آپ کے حال جیسا نہیں، اللہ نے آپؐ کے تمام اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیئے ہیں (پس آپؐ کے لئے تھوڑی عبادت بھی کافی ہے مگر ہمارے لئے تھوڑی عبادت کافی نہیں) پس آپؐ ناراض ہوجاتے یہاں تک کہ غصہ آپؐ کے چہرے سے محسوس ہوتا، پھر فرماتے: ''بیشک تم میں سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا، اور سب سے زیادہ اللہ کو جاننے والا میں ہوں!''

تشریح: اس حدیث میں دو مضمون ہیں:

۱- بندہ انہی اعمال پر مداومت کرسکتا ہے جن پر آسانی سے عمل کیا جاسکے۔ مشکل کام آدمی چند روز تو کر لیتا ہے پھر چھوڑ دیتا ہے، اس لئے نبی ﷺ صحابہ کو ہمیشہ ایسے کاموں کا حکم دیتے تھے جو آسان ہوں، ایک مستحاضہ کو آپؐ نے روزانہ پانچ غسل بتائے اور تین غسل بھی، پھر فرمایا: ''یہ تین غسل والا عمل مجھے زیادہ پسند ہے'' کیونکہ وہ عمل کے اعتبار سے آسان ہے۔

بلکہ کوئی اپنی رائے سے سخت عمل شروع کر دیتا تو آپؐ اس کو روک دیتے، اس وجہ سے عام صحابہ کو صوم وصال سے روک دیا، اور حضرت عبداللہ بن عمرو کو ہر دن روزہ رکھنے سے اور رات بھر نفلیں پڑھنے سے روک دیا۔ اور حضرت عثمان بن مظعونؓ کو تبتل سے روک دیا، اور فرمایا: ''میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں، پھر بھی روزہ رکھتا ہوں اور نہیں بھی رکھتا۔ رات میں نفلیں پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں، اور ازواج سے تعلق بھی رکھتا ہوں''

غرض: ہمیشہ روزے رکھنا، رات بھر نفلیں پڑھنا اور بیوی سے بے تعلق رہنا دشوار عمل ہے۔ سادھوسنت، بشپ اور ننیں تجرد کی زندگی گذارتے ہیں، مگر در پردہ سب کچھ کرتے ہیں۔

۲- صحابہ آپ کا مذکورہ طرز عمل دیکھ کر عرض کرتے: یارسول اللہ! آپ تو مغفورلہٗ ہیں، آپؐ کے اگلے پچھلے سب گناہ اللہ نے معاف کر دیئے ہیں، اور اس کا اعلان بھی کر دیا ہے، پس آپؐ کے لئے تو تھوڑی عبادت بھی بہت ہے، مگر ہمارے لئے تھوڑی عبادت کافی نہیں۔ اس بات پر آپ ناراض ہوجاتے، چہرے سے غصہ محسوس ہونے لگتا، اور فرماتے: ''میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں، اور تم سے زیادہ اللہ کو پہچانتا ہوں!'' یعنی کثرتِ عبادت کا منشا گنہ گار ہونا نہیں ہے، بلکہ معرفتِ خداوندی اس کا منشا ہے، اور وہ مجھے تم سے زیادہ حاصل ہے، پھر بھی میں اعتدال سے عبادت کرتا ہوں، تم غلو کیوں کرتے ہو!

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے سورۃ البقرہ کی یہ آیت لکھی ہے: ﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ، وَلٰكِنْ

﴿يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ﴾: اللہ تعالیٰ تمہاری بیہودہ قسموں پر (جو تکیہ کلام کے طور پر کھائی گئی جاتی ہیں) پکڑ نہیں کریں گے بلکہ ان قسموں پر داروگیر کریں گے جو تمہارے دلوں نے کمائی ہے، یعنی جو قسمیں تم نے جان بوجھ کر کھائی ہیں ان پر مؤاخذہ ہوگا جان بوجھ کر قسم کھانا معرفت ہے، اور اس کی نسبت قلوب کی طرف کی گئی ہے، معلوم ہوا کہ معرفت دل کا فعل ہے، اور علم اور معرفت ایک چیز ہیں، پس علم بھی دل کا فعل ہوا۔

یہ امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال ہے مگر حضرت نے یہ واضح نہیں کیا کہ علم ومعرفت ایمان کا جزء کیسے ہیں؟ ایمان وتصدیق دل کا فعل ہیں، علم ومعرفت بھی دل کا فعل ہیں اور تقوی بھی دل کا فعل ہے، دل میں تو ہزاروں چیزیں ہوتی ہیں مگر اس سے یہ کہاں لازم آیا کہ اعمال ایمان کا جزء ہیں؟ جب تک یہ بات واضح نہ ہو مدعی ثابت نہیں ہوسکتا۔

[۱۳-] بابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَنَا أَعْلَمُكُمْ بِاللّٰهِ! "

وَأَنَّ الْمَعْرِفَةَ فِعْلُ الْقَلْبِ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَلٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ﴾

[۲۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا أَمَرَهُمْ: أَمَرَهُمْ مِنَ الْأَعْمَالِ بِمَا يُطِيْقُوْنَ، قَالُوْا: إِنَّا لَسْنَا كَهَيْئَتِكَ يارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ قَدْ غَفَرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، فَيَغْضَبُ، حَتّٰى يُعْرَفَ الْغَضَبُ فِيْ وَجْهِهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: " إِنَّ أَتْقَاكُمْ وَأَعْلَمَكُمْ بِاللّٰهِ أَنَا "

سوال: تمام انبیاء معصوم ہیں، کسی سے گناہ کا صدور ممکن نہیں، اب دوسوال ہیں:

(الف) صرف نبی ﷺ کے لئے یہ اعلان کیوں کیا گیا، دوسرے انبیاء کے لئے یہ اعلان کیوں نہیں کیا گیا؟

(ب) جب گناہوں کا وجود ہی نہیں تو معافی کے اعلان کا کیا فائدہ؟

جواب: ایک تقریب پیدا ہوگئی تھی اس لئے نبی ﷺ کے حق میں یہ اعلان کیا گیا، اور دوسرے انبیاء کے لئے اعلان کی کوئی ضرورت پیش نہیں آئی، اس لئے اعلان نہیں کیا گیا، اور آپؐ کے لئے جو اعلان کیا گیا وہ بھی بالفرض ہے یعنی فرض کرو کوئی کوتاہی ہوئی ہے تو وہ معاف ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ یہ اعلان سورۃ الفتح میں ہے۔ اور سورۃ الفتح صلح حدیبیہ کے موقع پر نازل ہوئی ہے۔ صلح حدیبیہ کی دفعات مسلمانوں کی توقعات کے خلاف تھیں ان دفعات سے مسلمانوں کے جذبات اس قدر مجروح ہوئے تھے کہ وہ غم سے نڈھال تھے، اور سب سے زیادہ غم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تھا، انھوں نے خدمت نبوی میں حاضر ہوکر عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم حق پر اور وہ باطل پر نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کیوں نہیں! حضرت عمرؓ نے عرض کیا: کیا ہمارے

مقتول جنت میں اوران کے مقتول جہنم میں نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کیوں نہیں! انھوں نے عرض کیا: پھر ہم اپنے دین کی رسوائی کیوں برداشت کریں؟ حدیث لمبی ہے جو آگے آئے گی، واپسی میں راستہ میں سورۃ الفتح نازل ہوئی، اس میں صلح حدیبیہ کو فتح مبین قرار دیا اور ساتھ ہی اعلان کیا کہ آنحضور ﷺ نے جن شرائط پر صلح کی ہے اگر بالفرض کسی کے ذہن میں وسوسہ آئے کہ نبی ﷺ نے یہ صلح ٹھیک نہیں کی تو وہ سن لے: ہم نے اپنے نبی کی سب اگلی پچھلی کوتاہیاں معاف کردیں، پس کسی کو اس قسم کا وسوسہ دل میں نہیں لانا چاہئے۔ غرض تمام انبیاء معصوم ہیں مگر آنحضور ﷺ کے لئے ایک موقع آیا تھا اس لئے یہ اعلان کیا گیا، دیگر انبیاء کے لئے ایسی کوئی تقریب پیدا نہیں ہوئی تھی اس لئے اعلان نہیں کیا گیا۔

علاوہ ازیں: گناہوں کے چار درجات ہیں: معصیت (نافرمانی) سیئہ (برائی) خطیئۃ (غلطی) اور ذنب (کوتاہی) ذنب: گناہوں کا سب سے ادنی درجہ ہے، وہ کوتاہی جو آدمی کو عیب دار کردے ذنب کہلاتی ہے۔ اور یہ بات بھی لوگوں کے خیالات کے اعتبار سے تھی ورنہ انبیاء معصوم ہوتے ہیں، ان سے ادنی درجہ کا گناہ بھی نہیں ہوسکتا، اور یہ اعلان صرف گمان کرنے والوں کے گمان کے اعتبار سے کیا گیا تھا۔

بابٌ: مَنْ كَرِهَ أَنْ يَّعُوْدَ فِي الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُلْقَى فِي النَّارِ مِنَ الإِيْمَانِ

کفر سے انتہائی درجہ نفرت ایمانی عمل ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”تین باتیں جس میں ہوں اس نے ایمان کا مزہ چکھ لیا: جسے اللہ ورسول تمام ماسواء سے زیادہ محبوب ہوں، اور جو کسی سے محبت کرے تو اللہ ہی کے لئے کرے (یہ اللہ سے محبت کی فرع ہے) اور جو کفر میں لوٹنے کو اس کے بعد کہ اللہ نے اس کو دوزخ سے بچالیا آگ میں ڈالے جانے کی طرح ناپسند کرے (یہ دین سے محبت کی فرع ہے)

تشریح: یہ حدیث چار ابواب پہلے گذری ہے، اب تک مثبت پہلو سے اعمال کو ایمان کا جز ثابت کیا تھا، اب منفی پہلو سے اعمال کو ایمان کا جزء ثابت کرتے ہیں۔ کفر میں لوٹنے کو ناپسند کرنا بھی ایمان کا جزء ہے مگر یہ ایمانِ کامل کا جزء ہے یعنی ایمان میں پختہ ہونے کی نشانی ہے، نفس ایمان کا جزء ہونے پر حدیث کی کوئی دلالت نہیں۔

[۱۴-] بابٌ: مَنْ كَرِهَ أَنْ يَّعُوْدَ فِي الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُلْقَى فِي النَّارِ مِنَ الإِيْمَانِ

[۲۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الإِيْمَانِ: مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَمَنْ أَحَبَّ عَبْدًا لَايُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ، وَمَنْ يَكْرَهُ أَنْ يَعُوْدَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنْقَذَهُ اللّٰهُ كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُلْقَى فِي النَّارِ" [راجع:۱۶]

بابُ تَفَاضُلِ أَهْلِ الإِیْمَانِ فِیْ الأَعْمَالِ

مؤمنین کے اعمال کا کم وبیش ہونا

کتاب الایمان کے شروع میں جو عام باب تھا اس کا ایک جزء تھا: یزید وینقص: ایمان گھٹتا بڑھتا ہے۔ اب اس کی تفصیل شروع کرتے ہیں۔

مؤمنین کے اعمال ایک درجہ کے نہیں، اور یہ بدیہی بات ہے، اور اعمال ہی ایمان کی کمی بیشی کا سبب ہیں پس ثابت ہوا کہ اعمال ایمان کا جزء ہیں، اور ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے۔

مگر ہم بتا چکے ہیں کہ اعمال ایمانِ کامل کا جزء ہیں، اور ایمانِ کامل میں کمی بیشی ہوتی ہے، اس کا اہل حق میں سے کوئی انکار نہیں کرتا، پس اس باب میں مرجئہ کی تردید ہے، جو اعمال کی حیثیت گھٹاتے ہیں ــــ اس باب میں دو حدیثیں ہیں:

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب جنتی جنت میں پہنچ جائیں گے، اور جہنمی جہنم میں۔ تو اللہ تعالیٰ (سفارش کرنے والوں سے) فرمائیں گے: تم ہر اس شخص کو جس کے دل میں رائے کے دانے کے برابر ایمان (یا خیر) ہے اس کو جہنم سے نکال لو، پس وہ جہنم سے نکالے جائیں گے درانحالیکہ وہ جل کر کوئلہ ہو چکے ہونگے، پھر ان کو نہر حیات میں ڈالا جائے گا، پس وہ اس میں سے نکلیں گے جیسے دانہ نالے کی جانب میں اگتا ہے، کیا نہیں دیکھتا تو کہ وہ پیلا لپٹا ہوا نکلتا ہے!“

تشریحات:

۱- جب بارش ہوتی ہے تو کوڑا نالے میں بہہ چلتا ہے، پھر پانی اس کو دونوں جانبوں میں نکال دیتا ہے، پس ایک دو دن میں بیج اس کوڑے میں اگ آتے ہیں، اس وقت ان کے پتّے پیلے لپٹے ہوئے بڑے خوبصورت معلوم ہوتے ہیں، کوڑے کا ان میں کوئی اثر نہیں ہوتا۔ اسی طرح یہ لوگ بھی جو جہنم میں جل کر کوئلہ ہو چکے ہونگے آب حیات سے نکل آئیں گے، ان کے بدن نہایت خوبصورت ہونگے، ان پر جہنم کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔

پس یہ تروتازگی اور حسن وجمال میں تشبیہ ہے۔ رہی یہ بات کہ وہ لوگ کتنی دیر میں اس نہر سے نکلیں گے؟ اس کی طرف حدیث میں کوئی اشارہ نہیں۔

۲- امام بخاری رحمہ اللہ کے دو استاذ الاستاذ ہیں: امام مالک اور وہیب۔ دونوں کی روایتوں میں تین فرق ہیں:

اول: امام مالک رحمہ اللہ نے اپنے استاذ عمرو بن یحییٰ سے بصیغۂ عن روایت کی ہے، اور وہیب کی روایت میں تحدیث ہے۔

دوم: امام مالک کی روایت میں **الحیا** اور **الحیاة** کے درمیان شک ہے، اور وہیب کی روایت میں بغیر شک کے **الحیاة** ہے۔

سوم: امام مالکؒ کی روایت میں من إیمان ہے اور وہیب کی روایت میں من خیر۔

استدلال: امام مالک رحمہ اللہ کی روایت میں جو من إیمان ہے اس کو اصل مان کر امام بخاریؒ نے باب باندھا ہے کہ ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے، کسی کا ایمان رائی کے دانے کے برابر ہوتا ہے، کسی کا اس سے زیادہ، اور کسی کا پہاڑ جیسا!

جواب:

نبی ﷺ کے اصل الفاظ کیا ہیں؟ یہ بات معلوم نہیں، اگر اصل لفظ من خیر ہے تو امام صاحب کا استدلال ختم! کیونکہ قرآنِ کریم کا تو ہر ہر کلمہ محفوظ ہے اس لئے ہر ہر کلمے سے استدلال درست ہے۔ مگر احادیث کی یہ صورت نہیں۔ صحابہ اور تابعین روایت بالمعنی کرتے تھے، پس اگر راویوں میں الفاظ حدیث میں کوئی اختلاف نہیں تو یہ ظن غالب قائم کیا جاسکتا ہے کہ یہی نبی ﷺ کے الفاظ ہیں، لیکن اگر کسی لفظ میں راویوں میں اختلاف ہوجائے تو اب کسی ایک لفظ پر اصرار مناسب نہیں، اور من خیر کا مطلب ہے کوئی بھی نیک کام، اور مؤمنین میں نیک کاموں میں کمی بیشی بدیہی ہے، اور جب ایمان کی تخصیص نہ رہی تو استدلال ختم ہوگیا۔

علاوہ ازیں: رائی کے دانے کے برابر سے کیا مراد ہے؟ ایمان مراد نہیں ہوسکتا ورنہ ایمان میں تجزی لازم آئے گی، حالانکہ تمام مُؤمَن به پر ایمان لانا ضروری ہے، اس لئے من ایمان سے من عمل مراد لینا ہوگا اور قرینہ من خیر بنے گا اور خیر: اعمال کا نام ہے، پس من ایمان سے بھی اعمال مراد ہونگے۔

علاوہ ازیں: ایمان ایک مخفی چیز ہے اس کو پیکر محسوس ہی سے پہچانا جاسکتا ہے، ترمذی شریف میں حدیث ہے: جب تم کسی کو دیکھو کہ پانچوں نمازیں پابندی سے مسجد میں پڑھتا ہے تو اس کے ایمان کی گواہی دو۔ اس سے معلوم ہوا کہ ایمان ایک مخفی چیز ہے اس کو پیکر محسوس ہی سے پہچانا جاسکتا ہے، پس سفارش کرنے والے لوگ اور فرشتے اعمال ہی سے جہنم میں پہنچے ہوئے مؤمنین کو پہچانیں گے، ایک متفق علیہ روایت میں ہے کہ جب تمام سفارش کرنے والے سفارش کرلیں گے، اور ان کی سفارش سے لوگ جہنم سے نکال لئے جائیں گے تو پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اب رب العزت کی باری ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ مٹھی بھر کر ایسے لوگوں کو دوزخ سے نکالیں گے اور جنت میں ڈالیں گے جنھوں نے کبھی کوئی نیک عمل نہیں کیا، وہ لوگ جنت میں عتقاء الرحمٰن کے نام سے معروف ہونگے (مشکوٰۃ حدیث ۵۵۷۹) اس سے معلوم ہوا کہ ایمان ایک مخفی چیز ہے، اللہ کے علاوہ اس کو کوئی نہیں جان سکتا، اور سفارش کرنے والے لوگ اور فرشتے تو خیر یعنی اعمال ہی کے ذریعے پہچانیں گے، اس لئے بھی من ایمانٍ: من خیر کے معنی میں ہوگا، اور حدیث کا اس مسئلہ سے کہ اعمال ایمان کا جزء ہیں کوئی تعلق نہ ہوگا۔

سوال: من إیمانٍ کو من خیرٍ کے معنی میں کیسے لیا جاسکتا ہے؟ خیر سے تو اعمال مراد ہوتے ہیں، اور اعمال کا تعلق جوارح (اعضاء) سے ہوتا ہے، جبکہ حدیث میں في قلبه آیا ہے۔ اور قلب میں ایمان ہی ہوتا ہے، پس من خیر کو من إیمان کے معنی میں لینا ہوگا۔

جواب: عمل کا تعلق دورانِ عمل اعضاء سے ہوتا ہے، پھر جب عمل پورا ہوجاتا ہے تو اس کا تعلق دل کے ساتھ ہوجاتا ہے، جیسے نماز اذکارِ مخصوصہ اور افعالِ مخصوصہ کا نام ہے، اذکار زبان کا عمل ہے اور افعال اعضاء کا۔ پھر جب نماز پوری ہوجاتی ہے تو دل کے ساتھ اس کا تعلق قائم ہوجاتا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ یہ بات بیان فرمائی ہے، شاہ صاحب کی تعبیر یہ ہے کہ اعمال جود میں آنے کے بعد ختم نہیں ہوجاتے بلکہ وہ نفس کی طرف لوٹ جاتے ہیں۔ اور نفس کے دامن سے چمٹ جاتے ہیں۔

مثلاً ایک بھینس بھاگتی ہے اس کے پاؤں کے نیچے بچہ آجاتا ہے اور مرجاتا ہے، پھر دوسرا اور تیسرا بچہ اسی طرح کچل جاتا ہے، مگر بھینس کو کوئی احساس نہیں ہوتا، جس بے دردی سے اس نے پہلے بچے کو کچلا ہے اسی بے دردی سے دوسرے اور تیسرے بچے کو بھی کچل دیتی ہے۔ اس کے برخلاف انسان کا معاملہ یہ ہے کہ اگر اس کی گاڑی کے پہیے میں بچہ آجائے اور مرجائے تو زندگی بھر وہ کانٹا اس کے دل سے نہیں نکلتا، خواہ وہ دیت ادا کردے، یا مقتول کے ورثاء اس کو معاف کردیں!

یہ فرق کیوں ہے؟ اس لئے کہ بھینس کا عمل وجود میں آکر ختم ہوگیا اور انسان کا عمل ختم نہیں ہوا بلکہ اس کے نفس کی طرف لوٹ گیا، اور نفس کے دامن کے ساتھ چمٹ گیا۔ خیر کا تعلق بھی اسی طرح قلب کے ساتھ قائم ہوجاتا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں نے خواب میں لوگوں کو دیکھا کہ وہ میرے سامنے پیش کئے جارہے ہیں درانحالیکہ انھوں نے کرتے پہن رکھے ہیں، کسی کا کرتہ پستانوں تک پہنچا ہوا ہے، کسی کا اس سے نیچے ہے، اور میرے سامنے عمر بن الخطاب پیش کئے گئے درانحالیکہ انھوں نے ایسا کرتہ پہن رکھا ہے جس کو وہ گھسیٹ رہے ہیں! صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ نے اس کی تعبیر کیا لی؟ آپؐ نے فرمایا: ''دین داری''

تشریح: کرتہ کی تعبیر دین داری متعین نہیں، بلکہ خواب میں لوگوں نے جس طرح چھوٹے بڑے کرتے پہن رکھے تھے اس تناظر میں اس کی تعبیر دین داری ہے۔

قولہ: ما یبلغ الثدی: ثُدَیَّ: ثَدْیٌ کی جمع ہے: پستان۔ ہندوعورتیں پستان تک کرتی پہنتی ہیں، بعض لوگوں نے ایسے ہی چھوٹے کرتے پہن رکھے تھے۔

سوال: اس حدیث سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر فضیلت لازم آتی ہے، جبکہ باجماع امت حضرت ابوبکرؓ افضل ہیں۔

جواب: اس منظر میں حضرت ابوبکرؓ تھے اس کی کیا دلیل ہے؟ ممکن ہے وہ نہ ہوں، پس فضیلت کیسے لازم آئے گی؟ اور اگر وہ اس منظر میں تھے تو یہ جزئی فضیلت ہے، جو کلی فضیلت کے معارض نہیں ہوتی، جیسے زید دورے میں اول آیا مگر بکر کے ترمذی میں پچاس نمبر ہیں، اور زید کے ۴۵۔ پس ترمذی کے نمبرات کے اعتبار سے بکر کو فضیلت حاصل ہے، مگر یہ

جزئی فضیلت ہے، اور مجموعی نمبرات کے اعتبار سے زید اول آیا ہے، یہ کلی فضیلت ہے۔

استدلال: اور امام بخاری رحمہ اللہ کا اس حدیث سے استدلال واضح ہے کہ تمام مؤمنین اعمال میں یکساں نہیں، ان میں کمی بیشی ہے اور اعمال ایمان کا جزء ہیں، پس اس میں بھی کمی بیشی ہوگی —— اور جواب یہ ہے کہ یہ کمی بیشی ایمانِ کامل میں ہے، نفسِ ایمان میں نہیں۔

[۱۵-] بابُ تَفَاضُلِ أَهْلِ الإِيْمَانِ فِيْ الأَعْمَالِ

[۲۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيىَ المَازِنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " يَدْخُلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ، ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ: أَخْرِجُوْا مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ، فَيُخْرَجُوْنَ مِنْهَا قَدِ اسْوَدُّوْا، فَيُلْقَوْنَ فِيْ نَهْرِ الْحَيَاءِ أَوِ: الْحَيَاةِ– شَكَّ مَالِكٌ – فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ الحِبَّةُ فِيْ جَانِبِ السَّيْلِ، أَلَمْ تَرَ أَنَّهَا تَخْرُجُ صَفْرَاءَ مُلْتَوِيَّةً " قَالَ وُهَيْبٌ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو: "الحَيَاةِ" وَقَالَ: " خَرْدَلٍ مِنْ خَيْرٍ "

[انظر: ۴۵۸۱، ۴۹۱۹، ۶۵۶۰، ۶۵۷۴، ۷۴۳۸، ۷۴۳۹]

[۲۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِىْ أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُوْنَ عَلَيَّ، وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ: مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ، وَمِنْهَا مَا دُوْنَ ذٰلِكَ، وَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ،وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ يَجُرُّهُ " قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَ ذٰلك يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " الدِّيْنَ "

[انظر: ۳۶۹۱، ۷۰۰۸، ۷۰۰۹]

قوله: مادون ذلك: یعنی پہلے کی بہ نسبت نیچا جیسے فوقیت کبھی اوپر کی طرف ہوتی ہے اور کبھی نیچے کی طرف ....قوله: الدينَ: أى أَوَّلتُ الدينَ۔

بابٌ: الْحَيَاءُ مِن الإيمان

شرم ایمانی عمل ہے

پہلے (کتاب الایمان باب ۲ میں) یہ بات گذری ہے کہ حیاء وہ خوبی ہے جو آدمی کو بہت سی برائیوں سے روکتی ہے، اِس وجہ سے حیا کا ایمان سے خاص رشتہ ہے۔ اور حیا ہر حال میں مطلوب ہے، مگر شرعی امور میں حیا محمود نہیں، شرعی امور تو ہر حال میں کرنے ہیں۔ جیسے ایک شخص کی ماموں کی لڑکی سے منگنی ہوئی ہے، وہ ماموں کے گھر گیا، رات میں اس کو غسل

کی حاجت پیش آ گئی اب وہ نہاتا نہیں اور فجر کی نماز قضا کرتا ہے، یہ حیا محمود نہیں، البتہ دنیوی امور میں حیا محمود ہے۔ کچھ لوگ اپنا حق مانگنے میں شرماتے ہیں یہ حیا محمود ہے، نبی پاک ﷺ کے بارے میں آتا ہے کہ آپؐ کنواری لڑکی سے بھی زیادہ حیادار تھے، چنانچہ آپؐ کوئی ناگواری کی بات دیکھتے تو منہ پر نہیں کہتے تھے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ ایک انصاری صحابی کے پاس سے گذرے، وہ اپنے بھائی کو شرم کے سلسلہ میں نصیحت کر رہا تھا (امام بخاریؒ کی الادب المفرد میں ہے: **وهو يُعاتِب أخاه في الحياء**: وہ اپنے بھائی کو حیا کے سلسلہ میں ملامت کر رہا تھا، وہ کہہ رہا تھا: تو اتنا شرماتا ہے کہ اپنا نقصان کر لیتا ہے) نبی ﷺ نے اس کی بات سنی اور فرمایا: ''رہنے دے حیا ایمانی عمل ہے''

استدلال: امام بخاریؒ نے من تبعیضیہ لیا ہے پس حیاء ایمان کا جزء ہوئی، مگر من کے تبعیضیہ ہونے کی کوئی دلیل نہیں من اجلیہ بھی ہوسکتا ہے یعنی حیا ایمان کی وجہ سے ہے، حیا ایمان کا تقاضہ ہے۔

[۱۶-] بابٌ: الْحَيَاءُ مِنَ الإيمان

[۲٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَرَّ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَهُوَ يَعِظُ أَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " دَعْهُ فَإِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الإِيْمَانِ " [انظر: ٦١١٨]

بابٌ: ﴿فَإِنْ تَابُوْا، وَأَقَامُوْا الصَّلٰوةَ، وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ﴾

ایمان واعمال کے بعد کافر قیدیوں کو چھوڑ دیا جائے

جب دنیا میں ایمان کے ساتھ اعمال کے بغیر رستگاری ممکن نہیں تو آخرت میں ایمان کے باوجود اعمال کے بغیر نجات کیسے ہوسکتی ہے؟ اللہ پاک کا ارشاد ہے: ''پس اگر وہ (قیدی) توبہ کریں یعنی ایمان لے آئیں اور نماز پڑھیں اور زکوۃ ادا کریں تو ان کا راستہ چھوڑ دو'' (التوبہ آیت ۵) یعنی جب دنیا میں ایمان کے ساتھ اعمال ضروری ہیں تو آخرت میں بدرجۂ اولیٰ ضروری ہونگے، پس مرجئہ اور کرامیہ کا یہ خیال کہ آخرت میں طاعات تو مفید ہیں مگر معاصی مضر نہیں: غلط خیال ہے۔ کیونکہ اعمال سے ایمان قوی ہوتا ہے اور معاصی سے ایمان کمزور پڑتا ہے، اور ایمان کے ساتھ اعمال کے بغیر نہ دنیا میں رستگاری ممکن ہے نہ آخرت میں، پس ایمان میں کمی زیادتی ثابت ہوئی اور مرجئہ پر رد بھی ہوگیا۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں حکم دیا گیا ہوں کہ لوگوں سے جنگ کروں، یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، اور نماز قائم کریں، اور زکوۃ ادا کریں، پس جب انھوں نے یہ کام کئے

تو انھوں نے مجھ سے اپنے خون اور اپنے مال محفوظ کر لئے، مگر حق اسلام کی وجہ سے اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ پر ہے"

تشریح: یہ حدیث بہت اہم ہے، اسی حدیث کی وجہ سے یہ پیرو پیگنڈہ کیا جاتا ہے کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے، وہ لوگ اس حدیث کا مدعی یہ سمجھتے ہیں کہ جب تک دنیا میں ایک بھی کافر ہے جنگ برابر جاری رکھی جائے، حالانکہ یہ ان کی غلط فہمی ہے، حدیث کا یہ مطلب نہیں اس لئے حدیث کو اچھی طرح سمجھنا چاہئے۔

اس حدیث میں جنگ کرنے کا نہیں بلکہ جنگ بندی کا بیان ہے۔ دشمن اگر جنگ کے دوران ایمان لے آئے تو فوراً جنگ بند کردینی ضروری ہے، خواہ اس نے مسلمانوں کو کتنا ہی نقصان پہنچایا ہو، جب وہ ایمان لے آیا تو وہ ہمارا دینی بھائی ہے، اب اس سے لڑنا جائز نہیں، اور جس طرح یہ حکم دشمن قوم کے لئے ہے: فرد کے لئے بھی ہے، اگر کوئی فرد دورانِ جنگ صدق دل سے کلمہ پڑھ لے تو اب اس کو قتل کرنا جائز نہیں۔ آگے یہ واقعہ آرہا ہے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے قبیلۂ جہینہ کے ایک آدمی کو قتل کیا، جس نے مسلمانوں کو بہت نقصان پہنچایا تھا حالانکہ جب وہ حضرت اسامہ کی تلوار کی زد میں آیا تو اس نے کلمۂ طیبہ پڑھ لیا تھا، مگر حضرت اسامہؓ نے یہ خیال کیا کہ یہ جان بچانے کے لئے کلمہ پڑھ رہا ہے، صدق دل سے مسلمان نہیں ہوا۔ جب اس واقعہ کی آنحضور ﷺ کو اطلاع ہوئی تو آپ ﷺ نے حضرت اسامہؓ سے فرمایا: "کیا کلمہ پڑھنے کے بعد بھی تم نے اس کو قتل کر دیا؟" آپ ﷺ نے یہ جملہ بار بار فرمایا، حضرت اسامہؓ تمنا کرنے لگے کہ کاش میں آج ہی مسلمان ہوا ہوتا (بخاری حدیث ۴۲۶۹) اور بخاری ہی میں یہ واقعہ بھی آرہا ہے کہ ایک جنگ میں حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کفار کو اسلام کی دعوت دی، انھوں نے أسلمنا کے بجائے صَبَأْنَا کہا، حضرت خالدؓ نے ان کا مطلب نہیں سمجھا، اور ان کو قتل کرنے کا حکم دیدیا۔ جب آنحضور ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ ﷺ نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور فرمایا: "اے اللہ! خالد نے جو کیا میں اس سے بری ہوں، میں نے اس کو ایسا کرنے کا حکم نہیں دیا تھا" (بخاری حدیث ۴۳۳۹)

ان واقعات سے بخوبی یہ بات سمجھی جاسکتی ہے کہ اگر دشمن جنگ کے دوران ایمان لے آئے تو فوراً جنگ بند کرنا ضروری ہے اب اس کو قتل کرنا جائز نہیں، مذکورہ حدیث کا صحیح مطلب یہی ہے۔

لیکن اگر یہ حدیث آدھی پڑھی جائے تو غلط فہمی ہوگی، جیسے ﴿لَاتَقْرَبُوْا الصَّلوٰةَ﴾ پر رک جائیں اور ﴿وَأَنْتُمْ سُكَارىٰ﴾ نہ پڑھیں تو مطلب کچھ سے کچھ ہوجائے گا۔ اسی طرح اس حدیث کو بھی آدھی پڑھ کر رک جائیں تو غلط فہمی ہوگی کہ نبی ﷺ کو جنگ کے ذریعہ دین پھیلانے کا حکم دیا گیا تھا، لیکن اگر حدیث پوری پیش نظر رکھی جائے تو یہ غلط فہمی ہرگز نہیں ہوگی، بلکہ صحیح مطلب سمجھ میں آجائے گا کہ حدیث میں جنگ کرنے کا نہیں بلکہ جنگ بندی کا حکم ہے۔

قوله: يُقِيْمُوْا الصلوة اور يُؤْتُوْا الزكاة: بطور مثال ہیں، بدنی عبادت میں سے اہم کو لیا ہے اور مالی عبادت میں سے بھی اہم کو لیا ہے، اور حدیث شریف کی مراد پورا دین اسلام قبول کرنا ہے، محض کلمہ پڑھ لینا مراد نہیں۔

قوله: إلا بحق الإسلام کا مطلب یہ ہے کہ اسلام قبول کرنے کے بعد اگر لوگ کوئی ایسا جرم کریں جس کی سزا اللہ

کے قانون میں جان یا مال لینا ہوتو حکم خداوندی کے مطابق اس کو سزادی جائے گی، ایمان لانے سے اور مسلمان کہلانے سے وہ قانونی گرفت سے بچ نہیں سکیں گے۔

قولہ: حسابہم علی اللہ: کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کلمۂ اسلام پڑھ کر اپنا مؤمن ہونا ظاہر کرے ہم اس کو مؤمن مان کر جنگ بند کردیں گے، اور اس کے ساتھ مسلمانوں جیسا معاملہ کریں گے، لیکن اگر حقیقت میں اس کی نیت میں کھوٹ ہے تو اس کا حساب آخرت میں اللہ تعالیٰ لیں گے، وہ عالم الغیب ہیں، دلوں کے رازوں سے واقف ہیں وہ اس کا پورا پورا حساب چکائیں گے۔

فائدہ (۱): ایمان لانے پر جنگ بند کرنا اس لئے ضروری ہے کہ جہاد کا مقصد اس کے علاوہ کچھ نہیں کہ اللہ کے بندوں کو اللہ کی بندگی کے راستہ پر ڈالا جائے، اور ان کو عذاب ابدی سے بچایا جائے، پس جو شخص اللہ کے دین کو قبول کرلے اور اللہ کی بندگی کا اقرار کرکے آئین وشریعت پر چلنا منظور کرلے اس کے ساتھ جہاد کرنے کے کوئی معنی نہیں، اب جنگ موقوف کردینا ضروری ہے۔

فائدہ (۲): جہاد کی نوبت اس وقت آتی ہے جب دعوتِ اسلام اور اللہ کی بندگی کی راہ میں روڑے اٹکائے جائیں، لوگ اللہ کے داعیوں کو دعوت کا موقع نہ دیں، یا مسلمانوں کو ستائیں اور دین پر عمل نہ کرنے دیں تو فتنہ فرو کرنے کے لئے تلوار اٹھانی پڑتی ہے، کیونکہ فتنہ پردازی جہاد میں قتل کرنے سے بدتر ہے ﴿وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ﴾ (البقرہ آیت ۲۱۷) اور ضررِ اشد کو ہٹانے کے لئے ضررِ اخف کو اختیار کرنا بالکل معقول بات ہے۔

[۱۷-] بابٌ: ﴿فَإِنْ تَابُوْا، وَأَقَامُوْا الصَّلٰوةَ، وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ﴾

[۲۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَوْحٍ الْحَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاقِدِ ابْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاس حَتَّى يَشْهَدُوْا أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ، وَيُقِيْمُوْا الصَّلَاةَ، وَيُؤْتُوْا الزَّكَاةَ، فَإِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوْا مِنِّيْ دِمَاءَ هُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّ الإِسْلَامِ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ "

بابُ مَنْ قَالَ: إِنَّ الإِيْمَانَ هُوَ الْعَمَلُ

ایمان اور عمل میں تساوی کی نسبت ہے

امام بخاری رحمہ اللہ کے ابواب کے سلسلہ میں ایک قاعدہ حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ کے حوالہ سے پہلے گذر چکا ہے کہ حضرت کتاب کے شروع میں پہلے عام باب قائم کرتے ہیں پھر ذیلی ابواب لاتے ہیں۔ دوسرا قاعدہ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ

حضرت کبھی دوسرے کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلاتے ہیں، یعنی کسی دوسرے کی بات نقل کرتے ہیں جو صحیح نہیں ہوتی، مگر وہ بات حضرت کے لئے مفید ہوتی ہے۔ پوری کتاب میں جہاں بھی مَن قال آئے تو وہاں سمجھ لینا چاہئے کہ یہ حضرت کی اپنی بات نہیں ہے، نہ حضرت اس سے متفق ہیں، مگر وہ بات حضرت کے مفید مطلب ہے اس لئے اس کو لائے ہیں۔

اسی طرح جہاں بھی باب کے شروع میں ھل: استفہامیہ آئے وہاں یہ مطلب ہوتا ہے کہ مسئلہ اختلافی ہے اور امام صاحبؒ یا تو کوئی فیصلہ نہیں کر سکے یا نہیں کرنا چاہتے، قارئین کے حوالے کرنا چاہتے ہیں کہ وہ خود فیصلہ کر لیں۔

بعض لوگ اعمال وایمان کے درمیان تساوی کی نسبت کے قائل ہوئے ہیں، امام بخاریؒ نے اب تک اعمال کو ایمان کا جزء ثابت کیا ہے، اور جزء وکل کے درمیان عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہوتی ہے، مگر یہ فریق کہتا ہے کہ اعمال اور ایمان ایک ہی چیز ہیں —— امام بخاریؒ نے ترجمۃ الباب میں تین آیتیں اور ایک حدیث لکھی ہے، جس سے اس قائل نے استدلال کیا ہے، پہلے ان کو سمجھ لینا چاہئے پھر جواب دیں گے۔

پہلی دلیل: سورۃ الزخرف کی آیت (۷۲) ہے: ﴿وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِیْ أُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾: جنتیوں سے کہا جائے گا: یہ جنت تمہارے ان کاموں کا بدلہ ہے جو تم دنیا میں کیا کرتے تھے، اور جنت درحقیقت ایمان کی جزاء ہے جیسے جہنم کفر وشرک کی سزا ہے، پس ﴿بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾ کے معنی ہیں: بما کنتم تؤمنون یعنی ایمان کی وجہ سے تمہیں جنت ملی ہے، اور ایمان کو عمل سے اس لئے تعبیر کیا کہ دونوں ایک ہیں۔

دوسری دلیل: سورۃ الحجر (آیت ۹۲) میں ہے: ﴿فَوَرَبِّكَ لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِیْنَ ، عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ﴾: تیرا پروردگار ضرور پوچھے گا سبھی سے، ان کاموں کے بارے میں جو وہ کیا کرتے تھے، متعدد سلف نے جن میں حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی ہیں اس آیت کی تفسیر لا إلٰہ إلا اللہ کہنے سے کی ہے، یعنی قیامت کے دن ہر شخص سے پوچھا جائے گا کہ وہ لا إلٰہ إلا اللہ کا قائل تھا یا نہیں؟ اور یہ ایمان ہے جس کو عمل سے تعبیر کیا گیا ہے، پس معلوم ہوا کہ اعمال اور ایمان میں تساوی کی نسبت ہے۔

تیسری دلیل: سورۃ الصافات (آیات ۵۵-۶۱) میں ہے: ایک جنتی اور اس سے تعلق رکھنے والے جہنمی میں باتیں ہونگی، جنتی کہے گا: تو دنیا میں مجھے بہت ورغلاتا تھا مگر مجھ پر خداوند کریم کا فضل ہوا کہ میں تیرے بہکاوے میں نہ آیا۔ اور اب موت نہیں آئے گی جو موت آنی تھی وہ آچکی، پس ہم ابدی راحت میں رہیں گے اور تم ابدی عذاب میں ﴿إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ﴾ بلاشبہ یہ بڑی کامیابی ہے، یہاں فوز عظیم: سے ایمان مراد ہے۔ پھر فرمایا: ﴿لِمِثْلِ هٰذَا فَلْیَعْمَلِ الْعَامِلُوْنَ﴾ اسی بڑی کامیابی کو حاصل کرنے کے لئے عمل کرنے والوں کو چاہئے کہ عمل کریں، یعنی ایمان لائیں، اور ایمان کو عمل سے اس لئے تعبیر کیا کہ اعمال اور ایمان ایک ہیں۔

چوتھی دلیل: آنحضرت ﷺ سے دریافت کیا گیا: أَیُّ العَمَلِ أَفْضَلُ؟ سب سے بہترین عمل کونسا ہے؟ آپؐ

نے فرمایا: ''اللہ ورسول پر ایمان لانا'' سب سے بہترین عمل ہے ـــــ سوال عمل کے بارے میں تھا اور جواب ایمان کے ساتھ دیا، پس دونوں میں تساوی کی نسبت ثابت ہوئی۔

جواب: سورۃ الزخرف کی آیت ﴿بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾ اپنی اصل پر ہے، ایمان کے معنی میں نہیں، کیونکہ آخرت میں مؤمن کے اعمال صالحہ اس کے ایمان کے تابع کردیئے جائیں گے، پس جنت اگرچہ حقیقت میں ایمان کا صلہ ہے مگر اعمال کا بھی صلہ ہے۔ چنانچہ قرآن وحدیث بھرے پڑے ہیں کہ اگر جنت چاہتے ہو تو ایمان کے ساتھ نیک اعمال کرو، کسی ایک جگہ بھی صرف ایمان پر جنت کو مرتب نہیں کیا، جہاں بھی جنت کا مژدہ سنایا ہے وہاں ایمان کے ساتھ اعمال صالحہ کا تذکرہ ضرور کیا ہے۔

سوال: نصوص قرآنیہ سے پتا چلتا ہے کہ جنت ایمان واعمال کا صلہ ہے، جبکہ آئندہ بخاری میں یہ حدیث آرہی ہے کہ کوئی شخص اپنے عمل کی وجہ سے جنت میں نہیں جائے گا۔ جو بھی جنت میں جائے گا فضل خداوندی کی وجہ سے جائے گا، صحابہ نے پوچھا: کیا آپ بھی یارسول اللہ! اپنے عمل کی وجہ سے جنت میں نہیں جائیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: میں بھی نہیں جاؤنگا، مگر یہ کہ اللہ اپنی مغفرت ورحمت میں مجھے چھپالیں (بخاری حدیث ۶۴۶۷)

جواب: حصولِ جنت کے دوسبب ہیں، ایک قریب، دوسرا بعید۔ سبب قریب ایمان واعمال ہیں، اور سببِ بعید فضل خداوندی ہے، بخاری کی مذکورہ حدیث میں سببِ بعید کا بیان ہے اور اکثر نصوص میں سببِ قریب کا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ پوری کائنات صفات باری کا پَرتَو (اثر، عکس) ہے اور اس دنیا میں جو اسباب ہیں وہ مسببات کے لئے اسباب قریبہ ہیں اور سببِ بعید اللہ کی صفات ہیں، جیسے ہم کھانے سے شکم سیر ہوتے ہیں اور پانی سے سیراب۔ مگر یہ کھانا اور پینا شکم سیری اور سیرابی کے لئے اسباب قریبہ ہیں، اور اللہ کی صفتِ ارادہ ومشیت سببِ بعید ہے۔ اللہ چاہیں گے تو ہم سیراب اور شکم سیر ہونگے ورنہ کھاتے کھاتے اور پیتے پیتے پیٹ پھٹ جائے گا، اور کچھ فائدہ نہ ہوگا۔

غرض نصوص میں زیادہ تر سببِ قریب کا ذکر آتا ہے، لیکن حقیقی سبب اللہ کا فیصلہ ہے۔ بخاری شریف کی حدیث میں اس کا تذکرہ ہے، یعنی ایمان واعمال مغفرت کے لئے اسباب قریبہ ہیں اور سببِ حقیقی اللہ کی رحمت ومغفرت ہے۔

اس کی مزید تفصیل یہ ہے کہ حصول جنت کے لئے جو اسباب قریبہ ہیں وہ برائے عمل ہیں ان کو اختیار کرنا ضروری ہے اور اللہ کی صفات اسباب بعیدہ ہیں ان کا اعتقاد رکھنا ضروری ہے، جیسے: بارہویں پارے کی پہلی آیت ہے: ﴿وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللهِ رِزْقُهَا﴾: مخلوقات کا رزق اللہ کے ذمہ ہے، مگر ذرائع معاش بھی اختیار کرنے ضروری ہیں حدیث میں ہے: حلال روزی کمانا فرض کے بعد کا فرض ہے۔ اور جنگ احد میں آنحضور ﷺ نے اوپر تلے دو لوہے کے کرتے پہنے تھے حالانکہ آپؐ سید المتوکلین تھے، وجہ اس کی یہ تھی کہ احد کا معرکہ بڑا سخت تھا، اور یہ دنیا دار الاسباب ہے، یہاں اسباب اختیار کرنے ضروری ہیں، مگر اللہ پر بھروسہ بھی کرنا ہے کہ جو وہ چاہیں گے وہی ہوگا۔

حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ میں ہے کہ جب تمام بھائی بشمول بنیامین مصر کے لئے روانہ ہوئے تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے وصیت کی کہ سب ایک ساتھ ایک دروازہ سے داخل مت ہونا، الگ الگ دروازوں سے داخل ہونا تاکہ حاسدوں کی نظر میں نہ آجاؤ اور وہ تمہارے درپئے آزار نہ ہوجائیں، مگر ساتھ ہی حضرت یعقوب علیہ السلام نے یہ بھی کہا تھا کہ اگر اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہوگا کہ تمہیں کوئی گزند پہنچے تو میری یہ تدبیر کچھ کام نہ آئے گی۔ اللہ جو چاہیں گے وہ ہوگا۔

سوال: جب تدبیر اللہ کے فیصلہ کو بدل نہیں سکتی تھی تو پھر تدبیر کیوں بتائی؟ یہ فعل عبث ہے اور سمجھ دار آدمی عبث کام نہیں کرتا؟

جواب: تدبیر تو کام نہ آئی مگر حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنا ارمان پورا کرلیا، وہ ارمان تھا: اسباب اختیار کرنا۔ انبیاء خود بھی اسباب اختیار کرتے ہیں اور امت کو بھی اسباب اختیار کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ ایک بدّو نے پوچھا: میں اونٹ کا پاؤں باندھ کر اللہ پر بھروسہ کروں یا اس کو ویسے ہی چرنے کے لئے چھوڑ دوں اور اللہ پر بھروسہ کروں؟ آپؐ نے فرمایا: اعْقِلْها وَتوَكَّلْ: اونٹ کا پاؤں باندھو پھر بھروسہ کرو۔

غرض آیتِ کریمہ اپنے ظاہر پر ہے، اس میں کوئی تاویل نہیں، اور اس میں اعمال کی ترغیب ہے، سورۃ الاعراف (آیت ۴۳) میں ہے کہ جنتی جنت میں بیٹھے باتیں کریں گے، وہ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرتے ہوئے کہیں گے: اگر خداوند کریم ہماری راہنمائی نہ کرتے تو ہم کبھی جنت میں نہیں پہنچ سکتے تھے، اللہ نے ہماری طرف انبیاء بھیجے، انھوں نے ہماری راہنمائی کی اور ہم جنت نشیں ہوئے۔ ابھی وہ یہ باتیں کر ہی رہے ہونگے کہ آواز آئے گی: ﴿تِلْكُمُ الْجَنَّةُ الَّتِي أُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾: دنیا میں جو تم عمل کرکے آئے ہو، اس کی وجہ سے یہ جنت تمہیں ملی ہے، پس جنتیوں نے سببِ بعید ذکر کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے سببِ قریب ذکر کرکے جنتیوں کو شادکام کیا۔

بہرحال دنیا دارالاسباب ہے، یہاں اسباب اختیار کرنے ضروری ہیں، مگر ساتھ ہی یہ عقیدہ بھی رکھنا ہے کہ اصل اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے، اور نصوص میں زیادہ تر اسباب قریبہ کا ذکر آتا ہے۔ مگر آخری سبب اللہ کا فیصلہ ہے، بخاری شریف کی حدیث میں اسی کا تذکرہ ہے۔

اور دوسری آیت بھی اپنے ظاہر پر ہے اس لئے کہ سلف نے اس کی تفسیر لا إلٰه إلا الله کہنے سے کی ہے اور یہ اللہ کی وحدانیت کا اقرار ہے، جو زبان کا ایک عمل ہے۔ علاوہ ازیں: اس سے صرف لا إلٰه إلا الله کہنا مراد نہیں بلکہ رسالت محمدی اور دین وشریعت پر عمل کیا ہے یا نہیں؟ ان سب کے بارے میں پوچھا جائے گا، پس کسی تاویل کی ضرورت نہیں۔ امام نووی رحمہ اللہ نے لکھا ہے: الظَّاهِرُ أَنَّ الْمُرَادَ ﴿لَنَسْأَلَنَّهُمْ﴾ عَنْ أَعْمَالِهِمْ كلِّها، وَالتَّخْصِيصُ بقوله: لا إلٰه إلا الله دَعْوَى لادليلَ عليها: اللہ پاک کے ارشاد: ﴿لَنَسْأَلَنَّهُمْ﴾ کی مراد یہ ہے کہ قیامت کے دن لوگوں سے تمام اعمال کے بارے میں پوچھا جائے گا، صرف لا إلٰه إلا الله کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا، تخصیص کی کوئی دلیل نہیں۔

اور تیسری دلیل کو علامہ عینی رحمہ اللہ نے یہ کہہ کر رد کر دیا ہے کہ جو لوگ ﴿فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُوْنَ﴾ کو فَلْيُؤْمِنِ الْمُؤْمِنُوْنَ کے معنی میں لیتے ہیں ان کا دعوی بلا دلیل ہے جس کو قبول نہیں کیا جا سکتا یہ بات حاشیہ میں ہے، اور ھذا کا مشار الیہ فوز عظیم ہے اور اس سے مراد ایمان واعمال دونوں ہیں۔

اور حدیث میں جو اللہ ورسول پر ایمان لانے کو سب سے افضل عمل قرار دیا گیا ہے اس سے اللہ کی وحدانیت اور رسول کی رسالت کا اقرار کرنا مراد ہے۔ اور یہ زبان کا ایک عمل ہے۔ اور اس کو افضل عمل اس لئے کہا گیا ہے کہ دنیا میں اسی اقرار پر احکام جاری کئے جاتے ہیں۔ غرض حدیث میں تصدیق مراد نہیں بلکہ اقرار مراد ہے۔

[۱۸-] بابُ مَنْ قَالَ: إِنَّ الإِيْمَانَ هُوَ الْعَمَلُ

[۱-] لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ أُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾ [الزخرف: ۷۲]

[۲-] وَقَالَ عِدَّةٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى ﴿فَوَرَبِّكَ لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِيْنَ، عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾: عَنْ قَوْلِ لاَ إِلٰـهَ إِلاَّ اللّٰهُ [الحجرات: ۹۲]

[۳-] وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُوْنَ﴾ [الصافات: ٦١]

[۲٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، وَمُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالاَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ: أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "إِيْمَانٌ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ" قِيْلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: "الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" قِيْلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: "حَجٌّ مَبْرُوْرٌ"

[انظر: ۱۵۱۹]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: کونسا عمل افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ ورسول پر ایمان لانا یعنی اقرار کرنا پوچھا گیا: پھر کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا: راہِ خدا میں لڑنا، پوچھا گیا: پھر کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا: مقبول حج۔

تشریح: مبرور: بِرّ (نیکی) سے بنا ہے، اس کے معنی ہیں: مقبول۔ اور حج مقبول کی ایک ظاہری علامت ہے اور ایک باطنی۔ ظاہری علامت یہ ہے کہ حج مسائل کا لحاظ کر کے کیا گیا ہو، یعنی جو فرائض وواجبات، سنن ومستحبات ہیں ان پر پوری طرح عمل کیا ہو، اور جو ممنوعات ہیں ان سے اجتناب کیا ہو۔ اور علماء نے اس کی باطنی علامت یہ لکھی ہے کہ حج کے بعد زندگی بدل گئی ہو، اگر پہلے ڈاڑھی منڈاتا تھا، کاروبار میں گھپلا کرتا تھا، گالی گلوچ کرتا تھا تو حج کے بعد اس کی زندگی بدل جائے اور وہ نیک صالح بن جائے۔ اور اپنی بری زندگی کا ورق پلٹ دے۔

اور اگر پہلے وہ نیک تھا تو حج کے بعد اس کی نیکی میں اضافہ ہو جائے، اگر یہ علامت پائی جائے تو سمجھنا چاہئے کہ اسے حج مقبول نصیب ہوا۔ اور اگر حاجی کی زندگی میں کوئی تبدیلی نہ آئے، پہلے کی طرح شتر بے مہار رہے، گالی گلوچ کرتا

پھرے، نماز سے غافل اور کاروبار میں مشغول رہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس کا حج مقبول نہیں ہوا، اسے چاہئے کہ دوبارہ حج کرے اور زندگی سنوارے۔

بابٌ: إِذَا لَمْ يَكُنِ الإِسْلَامُ عَلَى الْحَقِيْقَةِ، وكَانَ عَلَى الِاسْتِسْلَامِ أَوِ الْخَوْفِ مِنَ الْقَتْلِ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿قَالَتِ الأَعْرَابُ آمَنَّا، قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْا أَسْلَمْنَا﴾ فَإِذَا كَانَ عَلَى الْحَقِيْقَةِ فَهُوَ عَلٰى قَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الإِسْلَامُ﴾ الآية

کیا ایمان واعمال میں تباین کی نسبت ہے؟

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے، دوسرا فریق کہتا ہے: ایمان واعمال کے درمیان تباین کی نسبت ہے، چونکہ اوپر والا باب امام بخاریؒ کے مفید مطلب تھا اس لئے اس رائے کی تردید نہیں کی تھی، اور یہ دوسری رائے امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے کے خلاف ہے اس لئے اس کی تردید کرتے ہیں۔

یہ فریق آیتِ پاک: ﴿قَالَتِ الأَعْرَابُ آمَنَّا﴾: سے استدلال کرتا ہے۔ اس آیت میں آنحضور ﷺ سے کہا گیا ہے کہ آپؐ بدوؤں سے کہہ دیں: آمَنّا مت کہو أسلمنا کہو، یعنی یہ نہ کہو کہ ہم ایمان لائے، بلکہ یہ کہو کہ ہم نے ظاہری انقیاد اور اطاعت قبول کی۔ ابھی تم مؤمن نہیں ہوئے، اس لئے کہ ایمان تمہارے دلوں میں نہیں اترا۔

اس آیتِ شریفہ سے یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ ایمان اور اسلام دو الگ الگ حقیقتیں ہیں، اسلام ظاہری اعمال کا نام ہے اور ایمان دل کے اعتقاد کا۔ پس ایمان واعمال میں تباین کی نسبت ہوئی۔

دوسری دلیل حدیث جبرئیل ہے، اس میں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دو مختلف سوال کئے ہیں، اور آپؐ نے جواب دیئے ہیں۔ ما الإیمان؟ کے جواب میں چھ عقیدے بتلائے ہیں اور ما الإسلام؟ کے جواب میں پانچ اعمال۔ یہ بھی دلیل ہے کہ دونوں کے درمیان تباین کی نسبت ہے۔

امام بخاریؒ کا جواب: اسلام کبھی مجازی معنی میں ہوتا ہے، اس وقت اسلام کے معنی ہوتے ہیں: استسلام، یعنی ظاہری انقیاد اور اطاعت قبول کرنا، یا معنی ہوتے ہیں: قتل کے خوف سے اقرار کرنا یعنی زبانی جمع خرچ کرنا۔

دونوں معنی میں فرق: ظاہری طور پر اطاعت قبول کرنے کے بعد جلوت وخلوت میں اس پر باقی رہنا استسلام کہلاتا ہے، جیسے منافقین دل میں کفر چھپاتے تھے مگر ظاہری طور پر پورے منقاد رہتے تھے، اور اگر قتل کے ڈر سے اقرار کیا اور ڈر ہٹا تو کتے کی دم ٹیڑھی ہوگئی، یہ قتل کے خوف سے اطاعت قبول کرنا ہے۔

غرض مذکورہ بالا آیت پاک میں اسلام حقیقی معنی میں نہیں ہے، بلکہ مجازی معنی میں ہے، اس لئے ایمان واسلام کے درمیان تباین کی نسبت نظر آرہی ہے، مگر حقیقی معنی کے اعتبار سے اسلام: ایمان کا مترادف ہے۔ دلیل سورۂ آل عمران کی

آیت (۸۵) ہے: ﴿إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الإِسْلَامُ﴾: اللہ تعالیٰ کے نزدیک معتبر دین اسلام ہے۔ یہاں اسلام اپنے حقیقی معنی میں ہے اور آیت شریفہ سے صاف یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ دین اور اسلام مترادف ہیں، پس ایمان اور اسلام بھی مترادف ہوئے، اور ان میں تساوی کی نسبت ہوئی۔

جواب: بلاشبہ دین اور اسلام مترادف ہیں مگر اس سے یہ کہاں لازم آیا کہ اسلام اور ایمان بھی مترادف ہیں؟ دین تو ملت کا نام ہے اور ملت اعتقادات واعمال کا مجموعہ ہے، اور اسلام بھی اعتقاد واعمال کا مجموعہ ہے، چنانچہ ایمان کے بغیر اعمال بیکار ہیں پس آیت سے دین اور اسلام میں تو تساوی کی نسبت ثابت ہوتی ہے، مگر ایمان واسلام میں تساوی کی نسبت ثابت نہیں ہوتی۔

علاوہ ازیں: حدیث جبرئیل میں یہ تاویل نہیں چل سکتی، وہاں ایمان بھی حقیقی معنی میں ہے اور اسلام بھی۔ اور دونوں کے جواب مختلف ہیں، پس تساوی کی نسبت کہاں ہوئی؟

حدیث: جنگ حنین کے بعد جب آنحضور ﷺ نے جعرانہ میں مالِ غنیمت تقسیم فرمایا تو آپؐ نے نئے مسلمانوں کو جن کے دلوں میں ابھی اسلام راسخ نہیں ہوا تھا تالیف قلب کے لئے مال عطا فرمایا۔ اس موقع کا قصہ ہے، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ ایک جماعت کو بلا کر مال دیا۔ اس وقت حضرت سعدؓ آپؐ کے پاس تھے، آپؐ نے ایک شخص (جُعیل بن سراقہؓ) کو چھوڑ دیا انہیں کچھ نہ دیا۔ حالانکہ ان کی دینی حالت میرے نزدیک ان لوگوں سے زیادہ اچھی تھی جن کو آپؐ دے رہے تھے۔ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپ جُعیل کو کیوں نہیں دیتے؟ قسم بخدا! میرا گمان یہ ہے کہ وہ مؤمن ہیں! آپؐ نے فرمایا: ''یا مسلمان ہیں'' میں تھوڑی دیر خاموش رہا پھر جُعیل کے بارے میں میں جو جانتا تھا وہ مجھ پر غالب آیا۔ چنانچہ میں نے دوبارہ عرض کیا: آپؐ فلاں کو کیوں نہیں دیتے؟ قسم بخدا! میرا گمان یہ ہے کہ وہ مؤمن ہیں، آپؐ نے پھر فرمایا: ''یا مسلمان ہیں'' پھر میں تھوڑی دیر خاموش رہا، پھر جُعیل کے بارے میں میرا علم مجھ پر غالب آیا، چنانچہ میں نے وہی بات پھر عرض کی، اور رسول اللہ ﷺ نے بھی وہی جواب دیا، پھر فرمایا: ''میں ایک شخص کو دیتا ہوں جبکہ دوسرا شخص مجھے اس کی بہ نسبت زیادہ پسند ہوتا ہے، اس اندیشہ سے کہ کہیں اللہ تعالیٰ اس کو جہنم میں اوندھے منہ نہ ڈال دیں'' ——— یعنی جو پکا مسلمان ہوتا ہے، اور جس کے دل میں اسلام راسخ ہو چکا ہوتا ہے، جس کے دین وایمان کے سلسلہ میں مجھے کوئی اندیشہ نہیں ہوتا اس کو نہیں دیتا اور اس کو اس کے ایمان کے حوالے کرتا ہوں، اور جو نیا مسلمان ہوا ہے اور ابھی اس کے دل میں اسلام کا پودا جما نہیں، اس کو دیتا ہوں تاکہ وہ ایمان پر جم جائے، ایسا نہ ہو کہ وہ الٹے پاؤں پھر جائے اور اپنی عاقبت خراب کرلے۔

تشریح:

۱- حضرت جُعیل بن سراقہ رضی اللہ عنہ کامل الایمان تھے۔ ان کی تالیف قلب کی ضرورت نہیں تھی، اس لئے آنحضور

ﷺ نے ان کو مال عنایت نہیں فرمایا، بلکہ ان کو ایمان کے حوالے فرمایا۔

۲- اور أو مسلماً میں آپؐ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو ایک مسئلہ سمجھایا ہے کہ امورِ غیبیہ میں قطعی حکم نہیں لگانا چاہئے۔ کفر و ایمان غیبی امور ہیں پس کسی کو قطعی طور پر کافر یا مسلمان نہیں کہنا چاہئے بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ اس کی ظاہری حالت بتاتی ہے کہ وہ صاحبِ ایمان ہے۔ اور أو حرف عطف ہے یعنی دو باتوں میں تردید کرو کہ مؤمن ہے یا مسلم، قطعیت کے ساتھ مؤمن مت کہو۔

۳- اور صاحب قیل کا حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ أَوْ: أحد الأمرین کے لئے آتا ہے، پس مطلب یہ ہوگا کہ جُعیل یا تو مؤمن ہیں یا مسلمان، پس دونوں کے درمیان تباین کی نسبت ثابت ہوئی۔

جواب: اور امام بخاری رحمہ اللہ کا جواب یہ ہے کہ یہاں مسلماً مجازی معنی میں ہے یعنی اس کے معنی استسلام کے ہیں۔ ظاہری انقیاد و اطاعت مراد ہے اس لئے دونوں میں تباین نظر آرہا ہے ورنہ حقیقی معنی کے اعتبار سے اسلام اور ایمان مترادف ہیں۔

[۱۹-] بابٌ: إِذَا لَمْ يَكُنِ الإِسْلَامُ عَلَى الْحَقِيْقَةِ، وكَانَ عَلَى الاِسْتِسْلَامِ أَوِ الْخَوْفِ مِنَ الْقَتْلِ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿قَالَتِ الأَعْرَابُ آمَنَّا، قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْا أَسْلَمْنَا﴾ فَإِذَا كَانَ عَلَى الْحَقِيْقَةِ فَهُوَ عَلٰى قَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الإِسْلَامُ﴾ الآية

[۲۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَال: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ سَعْدٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْطَى رَهْطًا، وَسَعْدٌ جَالِسٌ، فَتَرَكَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً، هُوَ أَعْجَبُهُمْ إِلَيَّ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَالَكَ عَنْ فُلَانٍ؟ فَوَ اللّٰهِ إِنِّيْ لَأُرَاهُ مُؤْمِنًا! فَقَالَ: "أَوْ مُسْلِمًا" فَسَكَتُّ قَلِيْلاً، ثُمَّ غَلَبَنِيْ مَا أَعْلَمُ مِنْهُ، فَعُدْتُ لِمَقَالَتِيْ، فَقُلْتُ: مَالَكَ عَنْ فُلَانٍ؟ فَوَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُرَاهُ مُؤْمِنًا! فَقَالَ: "أَوْ مُسْلِمًا"، فَسَكَتُّ قَلِيْلاً، ثُمَّ غَلَبَنِيْ مَا أَعْلَمُ مِنْهُ، فَعُدْتُّ لِمَقَالَتِيْ، وَعَادَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: "يَا سَعْدُ إِنِّيْ لَأُعْطِي الرَّجُلَ، وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ، خَشْيَةَ أَنْ يَكُبَّهُ اللّٰهُ فِيْ النَّارِ" وَرَوَاهُ يُوْنُسُ، وَصَالِحٌ، وَمَعْمَرٌ، وَابْنُ أَخِيْ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ. [انظر: ۱۴۷۸]

باب کا ترجمہ: جب اسلام کے حقیقی معنی مراد نہ ہوں، بلکہ ظاہری انقیاد اور قتل کا خوف مراد ہو (تو تباین کی نسبت سمجھ میں آئے گی) اور اسلام ان معانی میں آتا ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: بدوؤں نے کہا: ہم ایمان لائے، آپؐ کہیں تم ایمان نہیں لائے، بلکہ کہو ہم نے ظاہری طور پر تابعداری قبول کی یا قتل کے ڈر سے سپر ڈالی (اس آیت میں اسلام کے مجازی

معنی ہیں، اس لئے تباین کی نسبت مفہوم ہوتی ہے) پس جب اسلام کے حقیقی معنی ہوں تو وہ (ایمان کا مترادف ہوگا) جیسے ارشاد پاک ہے: معتبر دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے (پس دین اور اسلام مترادف ہوئے، اور دین ہی کا نام ایمان ہے، پس اسلام اور ایمان بھی مترادف ہوئے) (عبارت میں تعقید ہے، غور کریں گے تب بات سمجھ میں آئے گی)

لغات: رهط: کا اطلاق تین سے دس تک ہوتا ہے...... أَری: معروف کے معنی ہیں: آنکھ سے دیکھنا۔ اور أُری: مجہول کے معنی ہیں: گمان کرنا، اور ایمان آنکھ سے دیکھنے کی چیز نہیں اس کو صرف عقل سے پہچانا جا سکتا ہے، اس لئے مجہول پڑھنا بہتر ہے.......... أَوْ مسلما: بعض حضرات نے أَوَ پڑھا ہے، اس صورت میں واو عاطفہ، اور ہمزہ استفہام کے لئے ہوگا۔ مگر بڑے شراح أَوْ حرف تردید پڑھتے ہیں۔

بابٌ: إِفْشَاءُ السَّلَامِ مِنَ الإِسلامِ

سلام کو رواج دینا اسلامی عمل ہے

ہر مسلمان کو سلام کرنا، خواہ معرفت ہو یا نہ ہو، ایک اسلامی عمل ہے، اور ایمان و اسلام مترادف ہیں، پس سلام کو رواج دینا ایمان کا جزء ہوا ـــــ علماء نے لکھا ہے: سلام کا جواب دینا اگرچہ واجب ہے، اور سلام کرنا سنت ہے، مگر یہ ایسی سنت ہے جس کا ثواب واجب سے زیادہ ہے ـــــ اور حدیث میں ہے: سلام کرنے میں پہل کرنے والا تکبر سے پاک ہوتا ہے (مشکوۃ حدیث ۴۶۶۶) ـــــ دوسری حدیث میں ہے: سلام کرنے میں پہل کرنے والا اللہ تعالیٰ سے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے (مشکوۃ حدیث ۴۶۴۶)

روایت: حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس شخص نے اپنے اندر تین باتیں جمع کر لیں اس نے ایمان کو سمیٹ لیا: ۱- اپنے ساتھ انصاف کرنا۔ ۲- جہاں کے لئے سلام خرچ کرنا یعنی ہر مسلمان کو سلام کرنا۔ ۳- تنگ دستی میں خرچ کرنا۔ حضرت عمارؓ نے سلام کے رواج دینے کو ایمان کا ایک حصہ قرار دیا ہے، معلوم ہوا کہ یہ عمل ایمان کا جزء ہے۔

اور باب کی حدیث ابھی گذری ہے۔ سائل پوچھتا ہے: کونسا اسلام بہتر ہے؟ آپؐ نے جواب میں دو عمل بتائے، معلوم ہوا کہ اعمال اسلام کا جزء ہیں۔ اور اسلام اور ایمان ایک ہیں۔ پس اعمال ایمان کے بھی اجزاء ہوئے۔

اور جواب یہ ہے کہ ایمان و اسلام ایک نہیں، دونوں میں فی الجملہ فرق ہے۔ نیز ایمان سے ایمان کامل مراد ہے، اور اعمال ایمان کامل کا جزء ہیں اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

تشریح: حضرت عمارؓ کے قول میں دو باتیں وضاحت طلب ہیں:

۱- اپنے ساتھ انصاف کرنا کیا ہے؟ دوسروں کے معاملہ میں انصاف کرنا تو ہر کوئی جانتا ہے اور کرتا ہے، اور اپنے اور اپنے متعلقین کے معاملہ میں انصاف کرنے کو بھی ہر کوئی جانتا ہے، مگر یہ کام مشکل ہے، قوی ایمان والا ہی یہ کام کر سکتا

ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ جب خلیفہ ہوئے تو انھوں نے بنو امیہ کی ناجائز املاک بحق حکومت ضبط کرلیں، یہاں تک کہ اپنی اہلیہ کا قیمتی ہار بھی بیت المال میں داخل کرادیا۔ اور دارالعلوم دیوبند کے مہتمم حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ نے اپنے پوتے کے معاملہ میں دو فیصد غیر حاضری کی بھی رعایت نہیں کی، اور اس کو سالانہ امتحان میں شریک نہیں کیا۔ یہ ہے اپنی ذات کے ساتھ انصاف کرنا۔

۲- تنگ دستی میں خرچ کرنا بھی کامل ایمان کی دلیل ہے۔ کشادگی میں تو سب خرچ کرتے ہیں، مگر ناداری کی حالت میں جوڑ کر خرچ کرنا جُہد المقل (غریب کی انتہائی کوشش) ہے، اور اس کی اللہ کے نزدیک بڑی قیمت ہے۔

[۲۰-] بابٌ: إِفْشَاءُ السَّلَامِ مِنَ الإِسلامِ

وَقَالَ عَمَّارٌ: ثَلَاثٌ مَنْ جَمَعَهُنَّ فَقَدْ جَمَعَ الإِيْمَانَ: الإِنْصَافُ مِنْ نَفْسِكَ، وَبَذْلُ السَّلَامِ لِلْعَالَمِ، وَالإِنْفَاقُ مِنَ الإِقْتَارِ.

[۲۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الإِسْلَامِ خَيْرٌ؟ قَالَ: "تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ" [راجع: ۱۲]

بابُ كُفْرَانِ الْعَشِيْرِ، وَكُفْرٌ دُوْنَ كُفْرٍ

شوہر کی ناشکری ایمان کے منافی عمل ہے، اور کفر اور کفر برابر نہیں

اب منفی پہلو سے ابواب شروع ہورہے ہیں، جب اعمال صالحہ ایمان کا جزء ہیں تو ان کی اضداد یعنی اعمال سیئہ ایمان کے منافی ہونگے، مثلاً: شوہر کے احسانات کی ناشکری ایک بہت برا عمل ہے جو ایمان کے منافی ہے اسی لئے آنحضرت ﷺ نے اس پر کفر کا اطلاق کیا ہے۔ اسی طرح نماز نہ پڑھنا بھی ایمان کے منافی عمل ہے، اس پر بھی کفر کا اطلاق آیا ہے، مگر یہاں بڑا کفر مراد نہیں، بلکہ چھوٹا کفر مراد ہے۔ کفر کے بھی درجات ہیں، ایک: بڑا کفر ہے جو مشرکین کرتے ہیں، جس کی وجہ سے آدمی ایمان سے نکل جاتا ہے، اور دوسرا کم درجہ کا کفر ہے جو فقہاء کی اصطلاح میں فسق کہلاتا ہے۔ اور فاسق کا ایمان ناقص ہوتا ہے اور ناقص کو کبھی کالعدم فرض کرکے کلام کرتے ہیں، یہاں ناقص ایمان کو بالکل معدوم فرض کرکے کافر کہا گیا ہے، ورنہ حقیقت میں شوہر کی نافرمانی کرنے کی وجہ سے اور نماز چھوڑنے کی وجہ سے اسلام سے خارج نہیں ہوجاتا۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں کفر کی یہ تفصیل اس لئے کی کہ گیند معتزلہ اور خوارج کے پالے میں نہ چلی

جائے، آپ حضرات جانتے ہیں کہ محدثین، معتزلہ اور خوارج ایمان کو مرکب مانتے ہیں، مگر محدثین اعمال کو اجزائے مکمّلہ مانتے ہیں اور معتزلہ اور خوارج اجزائے مقوّمہ۔ اسی لئے مرتکب کبیرہ ان کے نزدیک ایمان سے خارج ہے، وہ اُن حدیثوں سے استدلال کرتے ہیں جن میں آنحضور ﷺ نے بعض گناہوں پر کفر کا اطلاق کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ منافی ایمان اعمال اسلام سے خارج کر دیتے ہیں، حضرت نے جواب دیا کہ اس حدیث میں بڑا کفر مراد نہیں بلکہ چھوٹا کفر مراد ہے، اور چھوٹے کفر سے آدمی ایمان سے نہیں نکلتا۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے اس جواب سے یہ بات صاف ہوگئی کہ محدثین کرام: معتزلہ اور خوارج کے ساتھ نہیں، اور اعمال ایمان حقیقی کے اجزاء نہیں، بلکہ ایمان کامل کے اجزاء ہیں۔ اور اس میں اہل حق کے درمیان کوئی اختلاف نہیں۔

حدیث: ایک مرتبہ عید کے دن آنحضور ﷺ نے پہلے مردوں میں تقریر فرمائی پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو لے کر عورتوں کے مجمع کے قریب تشریف لے گئے اور وہاں تقریر فرمائی، اس تقریر میں ایک بات یہ فرمائی کہ مجھے شب معراج میں جہنم دکھلائی گئی، میں نے جہنم میں عورتوں کی تعداد زیادہ دیکھی، کیونکہ وہ کفر کرتی ہیں۔ کسی عورت نے پوچھا: یا رسول اللہ! کیا عورتیں اللہ کا انکار کرتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: شوہروں کا انکار کرتی ہیں یعنی ان کے احسانوں کا انکار کرتی ہیں۔ اگر آپ ان میں سے ایک کے ساتھ زمانہ بھر احسان کریں پھر وہ شوہر کی طرف سے کوئی کمی دیکھے تو کہے گی: میں نے تیری طرف سے کبھی کوئی بھلائی نہیں دیکھی۔

تشریح: عورتیں اکثر شوہر کا احسان بھول جاتی ہیں، شوہر زندگی بھر احسان کرے اور ایک بات ان کی مرضی کے خلاف ہوجائے تو زندگی بھر کے احسان پر پانی پھیر دے گی، کہے گی: میں نے تیرے گھر میں آکر کیا دیکھا ہے؟ چار چیتھڑے اور چار ٹھیکرے! اسی ناشکری کی وجہ سے عورتیں زیادہ تر جہنم میں جائیں گی۔

فائدہ: آنحضرت ﷺ کو چھ مرتبہ معراج ہوئی ہے، ایک بڑی معراج ہے جو جسمانی ہے باقی منامی معراجیں ہیں، ان میں سے کسی ایک میں آپؐ کو دوزخ دکھائی گئی ہے۔

[۲۱-] بابٌ: كُفْرَانِ الْعَشِيْرِ، وَكُفْرٌ دُوْنَ كُفْرٍ

فِيْهِ عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم

[۲۹-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم: " أُرِيْتُ النَّارَ، فَإِذَا أَكْثَرُ أَهْلِهَا النِّسَاءُ، يَكْفُرْنَ" قِيْلَ: أَيَكْفُرْنَ بِاللهِ؟ قَالَ: " يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ، وَيَكْفُرْنَ الإِحْسَانَ، لَوْ أَحْسَنْتَ إِلَى إِحْدَاهُنَّ الدَّهْرَ، ثُمَّ رَأَتْ مِنْكَ شَيْئًا، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ "[انظر: ۴۳۱، ۷۴۸، ۱۰۵۲، ۳۲۰۲، ۵۱۹۷]

لغات: کفران: مصدر ہے، کفر یکفر (ن) کا کفرٌ بھی مصدر آتا ہے .... **العشیر:** شوہر، جمع عُشَراء .... **کفر دون کفر:** یہ امام بخاریؒ کی اصطلاح ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ کفر کفر سب برابر نہیں کوئی بڑا کفر ہے اور کوئی اس سے نیچے کا کفر ہے۔ اسی طرح امام بخاریؒ کی ایک دوسری اصطلاح آگے آرہی ہے: ظُلْمٌ دونَ ظلمٍ: یعنی ظلم کے بھی درجات ہیں، ظلم کے معنی ہیں: حق تلفی کرنا۔ سب سے بڑا ظلم شرک ہے، کیونکہ اس میں اللہ کی حق تلفی ہے، پھر اس سے نیچے کی حق تلفیاں ہیں۔

ملحوظہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث آگے باب الحیض (حدیث نمبر ۳۰۴) میں آرہی ہے، چونکہ اس حدیث کی امام بخاریؒ کے پاس ایک ہی سند ہے اور حضرت حدیث مکرر نہیں لکھتے اس لئے یہاں وہ حدیث نہیں لکھی۔

بابٌ: الْمَعَاصِیْ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَلاَ يُكَفَّرُ صَاحِبُهَا بِارْتِكَابِهَا إِلَّا بِالشِّرْكِ

معاصی امور جاہلیت سے ہیں مگر ان کا مرتکب کافر نہیں

معاصی امور جاہلیت سے ہیں، اس لئے وہ ایمان کے منافی ہیں اور ان کی اضداد یعنی طاعات ایمان سے ہم آہنگ ہیں اور وہ ایمان کے اجزاء ہیں، یہاں کسی کے ذہن میں یہ بات آسکتی ہے کہ جب معاصی ایمان کے منافی ہوئے تو ان کا مرتکب ایمان سے خارج ہوجانا چاہئے جیسا کہ معتزلہ اور خوارج کہتے ہیں، حضرت نے اس کی تردید میں صاف فرمایا کہ آدمی معاصی کا ارتکاب کرنے کی وجہ سے کافر نہیں ہوجاتا، کافر صرف شرک کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اب پردہ کھلا کہ محدثین جو ایمان کو مرکب کہتے ہیں اور فقہاء جو بسیط کہتے ہیں یہ محض لفظی اختلاف ہے۔ کیونکہ فقہاء اعمال کو نفسِ ایمان کا جزء تو قرار نہیں دیتے مگر ایمان کامل کا جزء قرار دیتے ہیں اور محدثین کے نزدیک بھی اعمال ایمان کامل ہی کے اجزاء ہیں، اسی وجہ سے مرتکب کبیرہ ان کے نزدیک کافر نہیں، پس اہل حق کے درمیان اختلاف محض لفظی ہے، البتہ معتزلہ اور خوارج کے ساتھ اختلاف حقیقی ہے۔

یہاں باب میں دو دعوے ہیں، پہلا دعوی یہ ہے کہ معاصی جاہلیت کی باتیں ہیں اور وہ ایمان کے منافی ہیں اور دوسرا دعوی یہ ہے کہ مرتکب کبیرہ اسلام سے خارج نہیں۔

پہلے دعوے کی دلیل: آنحضور ﷺ کا وہ ارشاد ہے جو آپؐ نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا، حضرت ابوذرؓ نے ایک شخص کو گالی دی، اس سے کہا: او کالی کے! اس پر آپؐ نے فرمایا: ''کیا تم نے اس کو ماں کی گالی دی! تم ایسے شخص ہو جس میں جاہلیت کی باتیں ہیں!'' اور ظاہر ہے جاہلیت کی بات ایمان کے منافی ہوتی ہے، پس اس کی ضد ایمان سے ہم آہنگ ہوگی۔

اور دوسرے دعوے کی پہلی دلیل: یہ ارشادِ پاک ہے: ''بیشک اللہ تعالیٰ شرک کو تو معاف نہیں کریں گے، اور اس کے

علاوہ جس گناہ کو چاہیں گے بخش دیں گے (النساء آیت ۴۸) معلوم ہوا کہ مرتکب کبیرہ کی بھی بخشش ہوگی پس وہ کافر نہیں۔

دوسری دلیل: یہ ارشاد پاک ہے: ''اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں آپس میں لڑیں تو ان کے درمیان صلح کراؤ'' (الحجرات آیت ۹) مسلمانوں کا باہم جھگڑنا گناہ کبیرہ ہے، اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے دونوں جماعتوں کو مؤمنین کی جماعتیں کہا، معلوم ہوا کہ مرتکب کبیرہ اسلام سے خارج نہیں۔

حدیث: احنف بن قیسؒ جو مشہور جرنیل ہیں فرماتے ہیں: میں گھر سے نکلا تا کہ اس شخص کی (حضرت علی رضی اللہ عنہ کی) مدد کروں، راستہ میں میری حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، انھوں نے پوچھا: کہاں کا ارادہ ہے؟ میں نے جواب دیا: میں حضرت علیؓ کی مدد کے ارادہ سے نکلا ہوں، حضرت ابوبکرہؓ نے فرمایا: واپس لوٹ جاؤ اس لئے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''جب دو مسلمان باہم بھڑیں اپنی تلواروں کے ساتھ تو قاتل اور مقتول دونوں جہنم رسید ہونگے'' میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! قاتل کا جہنم میں جانا تو سمجھ میں آیا، مگر مقتول جہنم میں کیوں گیا؟ وہ تو مظلوم ہے، آپؐ نے فرمایا: ''اس لئے کہ وہ اپنے بھائی کو مارنے کا پختہ ارادہ کر کے گھر سے نکلا تھا'' مگر اس کا داؤ نہ چلا، وہ مارنے کے بجائے مارا گیا، اگر اس کا داؤ چل جاتا تو وہ ضرور اپنے بھائی کو مار ڈالتا، پس حقیقت میں وہ بھی قاتل ہے، اس لئے وہ بھی جہنم میں جائے گا۔

تشریح: جو باتیں دماغ میں وسوسہ کے طور پر آتی ہیں اور ان پر عمل کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہوتا وہ معاف ہیں ان پر کوئی مواخذہ نہیں، متفق علیہ روایت ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِيْ مَا وَسْوَسَتْ به صُدُوْرُهَا مَالَمْ تَعْمَلْ بِهِ أَوْ تَتَكَلَّمْ: (مشکوٰۃ حدیث ۶۳) اللہ نے میری امت کی ان باتوں سے درگذر فرمایا ہے جو ان کے ذہنوں میں کوندتی ہیں جب تک وہ ان پر عمل نہ کریں یا اس کو منہ سے نہ نکالیں۔

البتہ غلط عقائد پر مؤاخذہ ہوگا اور ان باتوں پر بھی مؤاخذہ ہوگا جن کو عملی جامہ پہنانے کا پختہ ارادہ ہے، پھر چاہے وہ ان کو عملی جامہ نہ پہنا سکا ہو۔ سورۃ البقرہ کے آخری رکوع میں اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَإِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ﴾: تمہارے دلوں میں جو کچھ ہے، چاہے تم اس کو ظاہر کرو یا چھپاؤ: اللہ تعالیٰ ان پر ضرور تمہارا مؤاخذہ کریں گے۔ اس آیت کا مصداق باطل عقائد اور وہ اعمال ہیں جن کو کرنے کا عزم مصمم ہے۔

استدلال: اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ آنحضور ﷺ نے دونوں بھڑنے والوں کو مسلمان کہا ہے جب کہ مسلمانوں کا باہم جھگڑنا کبیرہ گناہ ہے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ اس حدیث کا مصداق ذاتی اور انفرادی جھگڑے ہیں، اجتہادی خطاء کی بنا پر ہونے والے جھگڑے حدیث کا مصداق نہیں، مثلاً: حضرت علی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کے درمیان جو جنگ ہوئی تھی اس کی بنیاد اجتہادی خطا تھی، حضرت عائشہ، حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم کا مطالبہ یہ تھا کہ پہلے قاتلین عثمانؓ سے قصاص لیا

جائے، پھر ہم بیعت کریں گے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا جواب یہ تھا کہ پہلے بیعت کرلو اور میری خلافت کو مستحکم بنادو پھر میں قصاص لوں گا، مطالبہ بھی جائز تھا اور جواب بھی صحیح تھا، پس یہ جنگ اجتہادی غلطی کی بنا پر ہوئی تھی، اس لئے دونوں طرف کے لوگ ماجور اور مقتول شہداء ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دونوں طرف کے مقتولین کے بارے میں پوچھا گیا تھا تو آپ نے فرمایا: ہمارے مقتول اور ان کے مقتول سب جنت میں ہیں۔

حدیث (۲): حضرت معرورؒ کہتے ہیں: میری حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ربذہ میں ملاقات ہوئی (یہ مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں ہے) انھوں نے جیسا جوڑا پہن رکھا تھا ویسا ہی ان کے غلام نے بھی پہن رکھا تھا (جبکہ آقا اور غلام کے درمیان فرق ہوتا ہے) میں نے ان سے اس سلسلہ میں پوچھا: انھوں نے جواب دیا: میں نے ایک شخص کو گالی دی تھی، اور میں نے اس کو اس کی ماں کے ذریعہ عار دلائی تھی (کہا تھا: او کالی کے یعنی حبشن کے! آنحضور ﷺ نے یہ بات سن لی) آپؐ نے فرمایا: اے ابوذر! کیا تم نے اس کو اس کی ماں کے ذریعہ عار دلائی ؟! (اس کی ماں کالی تھی اس میں اس کا کیا قصور تھا؟ اللہ نے اس کو ایسا بنایا تھا) تم ایک ایسے شخص ہو جس میں جاہلیت کی باتیں ہیں (پھر فرمایا:) تمہارے غلام باندی تمہارے خدام ہیں، اللہ نے تم کو ان کا مالک بنایا ہے، پس جس کا بھائی (غلام باندی) اس کے ہاتھ کے نیچے ہو تو چاہئے کہ وہ اس کو کھلائے وہ جو خود کھاتا ہے، اور اس کو پہنائے وہ جو خود پہنتا ہے، اور ان کو ایسا کام کرنے کا حکم نہ دے جو ان کو ہرادے یعنی وہ اکیلا نہ کرسکے۔ پس اگر وہ ان کو ایسا حکم دے تو ان کی مدد کرے۔

تشریح: اسی حدیث کی بنا پر امام بخاریؒ نے معاصی کو امور جاہلیت سے شمار کیا ہے، پس معاصی ایمان کے منافی ہوئے، اور ان کی اضداد یعنی طاعات ایمان سے ہم آہنگ ہوئیں، پس ثابت ہوا کہ طاعات ایمان کا جزء ہیں (مگر وہ ایمان کامل کا جزء ہیں) ـــــ اور اس حدیث کی وجہ سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام کو اپنے جیسا جوڑا پہنا رکھا تھا ـــــ اور غلاموں کو بھائی اولادِ آدم ہونے کی وجہ سے کہا ہے، جذبۂ ترحم ابھارنے کے لئے۔

[۲۲-] بابٌ: الْمَعَاصِیْ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَلاَ يُكَفَّرُ صَاحِبُهَا بِارْتِكَابِهَا إِلَّا بِالشِّرْكِ

[۱-] لِقَوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيْكَ جَاهِلِيَّةٌ"

[۲-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لاَيَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾[النساء: ۴۸]

[۳-] ﴿وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا﴾: فَسَمَّاهُمُ الْمُؤْمِنِيْنَ [الحجرات: ۹]

[۳۰-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: ثَنَا أَيُّوْبُ، وَيُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: ذَهَبْتُ لِأَنْصُرَ هٰذَا الرَّجُلَ، فَلَقِيَنِیْ أَبُوْ بَكْرَةَ، فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيْدُ؟ قُلْتُ: أَنْصُرُ هٰذَا الرَّجُلَ، قَالَ: ارْجِعْ فَإِنِّیْ سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ:" إِذَا الْتَقَی الْمُسْلِمَانِ

بِسَيْفَيْهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِيْ النَّارِ" قُلْتُ: يَا رسولَ اللّٰهِ! هٰذَا الْقَاتِلُ، فَمَا بَالُ الْمَقْتُوْلِ؟ قَالَ: " إِنَّهُ كَانَ حَرِيْصًا عَلَى قَتْلِ صَاحِبِهِ" [انظر: ٦٨٧٥، ٧٠٨٣]

[۳۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ، قَالَ: لَقِيْتُ أَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ، وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ، وَعَلىٰ غُلَامِهِ حُلَّةٌ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ. فَقَالَ: إِنِّيْ سَابَبْتُ رَجُلًا، فَعَيَّرْتُهُ بِأُمِّهِ، فَقَالَ لِي النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " يَا أَبَا ذَرٍّ! أَعَيَّرْتَهُ بِأُمِّهِ؟ إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيْكَ جاهِلِيَّةٌ! إِخْوَانُكُمْ خَوَلُكُمْ، جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ أَيْدِيْكُمْ، فَمَنْ كَانَ أَخُوْهُ تَحْتَ يَدِهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَأْكُلُ، وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ، وَلَا تُكَلِّفُوْهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ، فَإِنْ كَلَّفْتُمُوْهُمْ فَأَعِيْنُوْهُمْ" [انظر: ٢٥٤٥، ٦٠٥٠]

بابٌ: ظُلْمٌ دُوْنَ ظُلْمٍ

سب ظلم برابر نہیں

جس طرح کفر کے مختلف درجات ہیں، شرک اور ظلم کے بھی مختلف درجات ہیں۔ ظلم کے معنی ہیں: کسی کی حق تلفی کرنا، اور سب سے بڑا ظلم اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرانا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا حق مارنا ہے، کیونکہ بندگی صرف اللہ کا حق ہے، پس جو شخص عبادت میں غیر اللہ کو شریک کرتا ہے یا صرف غیر اللہ کی بندگی کرتا ہے وہ اللہ کا حق مارتا ہے، پس اس سے بڑا ظالم کون ہوسکتا ہے؟ سورۂ لقمان میں ہے: ﴿إِنَّ الشَّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا سب سے بڑا ظلم ہے، پھر اس سے کم درجے کے ظلم ہیں، جو کبیرہ گناہ ہیں۔ حدیث میں ہے: الظُلمُ ظُلُماتٌ یومَ القیامة: ظلم قیامت کے دن تاریکیاں ہوگا (مشکوٰۃ حدیث ۵۱۲۳)

حدیث: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب سورۃ الانعام کی آیت (۸۲) نازل ہوئی کہ وہ بندے جو ایمان لائے اور انھوں نے اپنے ایمان کو ظلم کے ساتھ ملایا نہیں، وہی بندے قیامت کے دن مامون ہونگے اور وہی دنیا میں راہ یاب ہیں۔ یہ آیت صحابہ پر شاق گذری (انھوں نے کہا: کون ایسا ہے جس سے چھوٹا موٹا ظلم سرزد نہیں ہوا!) انھوں نے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوکر عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے کون ایسا ہے جس نے ظلم نہیں کیا! ہر شخص کچھ نہ کچھ ظلم کرتا ہے، پس قیامت میں نہ کوئی مامون ہوگا اور نہ دنیا میں راہ یاب، آنحضور ﷺ نے فرمایا: آیت پاک میں چھوٹا ظلم مراد نہیں جیسا کہ تم سمجھ رہے ہو، بلکہ وہ ظلم مراد ہے جو حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے بتایا ہے: ﴿إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾: یعنی ظلم سے شرک مراد ہے ——— ثابت ہوا کہ ظلم اور ظلم میں فرق ہے۔

فائدہ: شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے الفوز الکبیر میں تحریر فرمایا ہے کہ صحابہ اور تابعین ہر اس واقعہ کے لئے جو آیت کا مصداق ہوسکتا ہو أنزل الله كذا کہتے تھے۔ پس سورۂ لقمان کی مذکورہ آیت پہلے سے نازل شدہ تھی،

آنحضور ﷺ نے اس کو بطور دلیل پیش فرمایا ہے مگر راوی نے أنزل اللہ کہہ دیا یعنی یہ شان نزول حقیقی نہیں، احتمالی ہے۔

[۲۳-] باب: ظُلْمٌ دُوْنَ ظُلْمٍ

[۳۲-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، ح: قَالَ: وَحَدَّثَنِىْ بِشْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ قَالَ أَصْحَابُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ؟ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ ﴿إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾

[انظر: ۳۳۶۰، ۳۴۲۸، ۳۴۲۹، ۴۶۲۹، ۴۷۷۶، ۶۹۱۸، ۶۹۳۷]

بابُ عَلَامَةِ الْمُنَافِقِ

منافق کی علامتیں

منافقت: کے معنی ہیں: دل میں کفر چھپانا اور بظاہر ایمان کا دعوی کرنا۔ پس منافق: وہ شخص ہے جو بناوٹی ایمان ظاہر کرتا ہے، دل میں یقین نہیں ہوتا صرف لوگوں کے ڈر سے یا کسی مصلحت سے مؤمن ہونے کا دعوی کرتا ہے۔

نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگ تین طرح کے تھے: ایک: خالص مؤمن، دوسرے: خالص کافر، تیسرے: منافق: نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے دلوں کے احوال معلوم کرادیئے تھے، اس لئے اس وقت یہ تین فرقے تھے، مگر اب دو ہی فرقے ہیں: مؤمن اور کافر، یہ بات حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے (مشکوٰۃ حدیث ۶۲) اور حضرت حذیفہؓ وہ صحابی ہیں جو منافقین کے ناموں کے سلسلہ میں حضور ﷺ کے راز دار تھے۔

اگرچہ آج بھی کبھی نفاق اعتقادی کا پتہ چل جاتا ہے، جیسے کسی کے بارے میں معتبر شہادت سے معلوم ہو کہ وہ مسلمانوں کے سامنے تو اسلام کا دعوی کرتا ہے مگر کافروں میں جا کر ان کی رسموں میں شرکت کرتا ہے۔ مندروں میں جا کر بتوں کے سامنے ڈنڈوت کرتا ہے تو وہ یقیناً منافق ہے۔

اعتقادی نفاق انسان کی بدترین حالت ہے، ان منافقین کے بارے میں فرمایا گیا ہے: ﴿إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِىْ الدَّرْكِ الأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ﴾: منافقین دوزخ کے سب سے نچلے طبقے میں ہونگے۔

علاوہ ازیں: بعض بری عادتیں اور بری خصلتیں ایسی ہیں جن کو منافقوں سے خاص مناسبت ہے، وہ دراصل انہی کی عادتیں اور خصلتیں ہیں، کسی صاحب ایمان میں ان کی پرچھائیں بھی نہیں ہونی چاہئے۔ اس باب میں منافقین کے انہی اخلاق وعادات کا بیان ہے، اگر بدقسمتی سے کسی مسلمان میں ان میں سے کوئی عادت پائی جائے تو اسے منافقانہ عادت کہا جائے گا، اور اگر کسی میں بدبختی سے منافقوں والی ساری عادتیں پائی جائیں تو وہ پورا منافق کہلائے گا، مگر ہوگا وہ مسلمان،

اورایک مسلمان کے لئے جس طرح یہ ضروری ہے کہ وہ کفروشرک اوراعتقادی نفاق کی گندگی سے بچے،اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ وہ منافقانہ سیرت وکردار کی گندگی سے بھی اپنے کومحفوظ رکھے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: منافق کی تین نشانیاں ہیں: (۱) جب بات کرے جھوٹ بولے (۲) جب وعدہ کرے خلاف کرے (۳) اور جب اس کوامانت سونپی جائے تواس میں خیانت کرے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: چار عادتیں جس شخص میں ہوں وہ خالص (پکا) منافق ہے،اوراگرکسی میں ان میں سے ایک عادت ہوتواس میں نفاق کی ایک عادت ہے، یہاں تک کہ وہ اس کوچھوڑدے (۱) جب اس کوامانت سونپی جائے تو خیانت کرے (۲) اور جب بھی بات کرے جھوٹ بولے (۳) اور جب عہدو پیمان باندھے تو بے وفائی کرے (۴) اور جب جھگڑا کرے تو گالیاں بکے۔

تشریح:

۱- علماء کے نزدیک ان حدیثوں کا مصداق نفاق عملی ہے، کیونکہ نفاق اعتقادی نبی ﷺ کے زمانہ میں تھا،یعنی دورنبوت میں اس کا پتا چلتا تھا،اب عام طور پراس کا پتانہیں چلتا،پس ان دونوں روایتوں میں جونشانیاں بیان کی گئی ہیں وہ عملی منافق کی ہیں۔

۲- جوشخص گاہ بہ گاہ جھوٹ بولتا ہے یاوعدہ خلافی کرتا ہے وہ حدیث کا مصداق نہیں، بلکہ وہ شخص مصداق ہے جوان باتوں کا عادی ہے، نیزان میں سے ہرہربات نفاق کی علامت ہے مگرکامل علامت ان کا مجموعہ ہے۔

۳- پہلی حدیث میں نفاق کی تین علامتوں کا بیان ہےاوردوسری میں چار کا،اور یہ تعارض نہیں،اس لئے کہ ذکرعدد نفی ماعدا کومستلزم نہیں،ایسی صورت میں بڑے عدد کولیا جائے گا،چھوٹا عدد خودبخوداس میں آجائے گا،اوراختلاف کواس پر محمول کریں گے کہ جیسی وحی آتی گئی حضور ﷺ بتاتے گئے۔ پہلے تین کے بارے میں وحی آئی وہ بتائیں پھردوسری وحی میں اضافہ ہواتو آپؐ نے چارباتیں بتائیں۔

۴- دونوں روایتوں کی علامتوں کوجمع کیا جائے تو پانچ علامتیں ہوجاتی ہیں: کذب،خیانت، وعدہ خلافی،عہدشکنی۔ اورفجور۔

استدلال: کذب وفجوراورعہدشکنی وغیرہ ایمان کے منافی اعمال ہیں پس ان کی اضداد ایمان کا جزء ہونگی (مگر ایمان کامل کا جزء ہونگی)

[۲٤-] بَابُ عَلَامَةِ الْمُنَافِقِ

[۳۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ أَبُو الرَّبِيعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ مَالِكِ بْنِ أَبِي

عَامِرٍ أَبُوْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلاَثٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا ائْتُمِنَ خَانَ " .[انظر: ۲۶۸۲، ۲۷۴۹، ۶۰۹۵]

[۳۴-] حدثنا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا، وَمَنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ، حَتَّى يَدَعَهَا: إِذَا ائْتُمِنَ خَانَ، وَإِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ، وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ " تَابَعَهُ شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ. [انظر: ۲۴۵۹، ۳۱۷۸]

وضاحت: دوسری حدیث میں امام بخاریؒ کے استاذ قبیصہ ہیں، انھوں نے سفیان ثوریؒ سے بچپن میں پڑھا ہے، اس لئے امام بخاریؒ نے متابع پیش کیا ہے کہ اس حدیث کو شعبہؒ نے بھی اعمشؒ سے روایت کیا ہے، پس یہ سفیان ثوریؒ کے لئے متابعت تامہ ہے، اور قبیصہ کے لئے متابعت قاصرہ، اور متابعت قاصرہ کا بھی اپنا ایک مقام ہے، پس جو اعتراض ہوسکتا تھا وہ رفع ہوگیا۔

بابٌ: قِيَامُ لَيْلَةِ الْقَدْرِ مِنَ الإِيْمَانِ

شبِ قدر کے نوافل ایمانی عمل ہیں

اب پھر مثبت ابواب شروع ہورہے ہیں۔ قیام کے معنی ہیں: سونے سے پہلے نفلیں پڑھنا۔ رمضان المبارک میں ایک تو سونے سے پہلے باجماعت نفلیں پڑھی جاتی ہیں، جن کا نام تراویح ہے اور خاص شبِ قدر میں سونے سے پہلے نفلیں پڑھنا قیامُ لیلۃ القدر کہلاتا ہے۔ اور یہ ایک مستقل نماز ہے اور اس کی خاص فضیلت ہے۔ جاننا چاہئے کہ رمضان کی ہر رات میں شبِ قدر ہونے کا احتمال ہے اس لئے صرف تراویح پر اکتفا نہیں کرنا چاہئے بلکہ روزانہ سونے سے پہلے تراویح کے علاوہ بھی کچھ نفلیں پڑھنی چاہئیں تاکہ دونوں فضیلتیں حاصل ہوجائیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ قیامِ لیل کا یہ مطلب نہیں ہے کہ رات بھر نفلیں پڑھے اور بالکل نہ سوئے، اس کے لئے لفظ إحیاء (زندہ کرنا) آتا ہے جو شبِ عیدین کی فضیلت میں آیا ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مَن أَحْيَا لَيْلَةَ الفِطْرِ وَلَيْلَةَ الأَضْحٰى لَمْ يَمُتْ قَلْبُه يَوْمَ تَمُوْتُ القُلُوْبُ: جس نے عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی راتوں کو زندہ کیا تو اس کا دل اس دن نہیں مرے گا جس دن دل مرجائیں گے (الترغیب والترہیب ۲:۱۵۳) یہ حدیث ضعیف ہے۔

اور رمضان اور شبِ قدر کے بارے میں لفظ قام آیا ہے، اس لفظ کا مفہوم ہے: اللہ تعالیٰ جتنی توفیق دیں سونے سے پہلے نفلیں پڑھے، رات بھر نفلیں پڑھنا اس لفظ کا مفہوم نہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے شبِ قدر میں سونے سے پہلے نفلیں پڑھیں (ثواب کے) یقین

کے ساتھ اور ثواب کی امید کے ساتھ تو اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

تشریح:

۱- اس حدیث میں آنحضور ﷺ نے مشکل کام کو آسان بنانے کا فارمولہ بیان فرمایا ہے۔ وہ فارمولہ ہے: إیمانا واحتسابًا: ایمان کے جو معروف معنی ہیں وہ یہاں مراد نہیں، یہاں ایمان کے معنی ہیں: ثواب کا یقین کرنا اور احتساب کے معنی ہیں: ثواب کی امید رکھنا، پس عطف تفسیری ہے اور دونوں لفظوں کا مطلب ہے: اللہ تعالیٰ نے اعمال پر جو ثواب کے وعدے کئے ہیں: اس پر پختہ یقین رکھنا اور اس کو نظروں کے سامنے لانا، مشکل کام کو آسان بنادیتا ہے۔

۲- گناہ کے چار درجے ہیں: (۱) معصیة (نافرمانی) (۲) سیِّئة (برائی) (۳) خطیئة (غلطی) (۴) ذنوب (نامناسب کام) نماز اور روزے وغیرہ سے کونسے گناہ معاف ہوتے ہیں؟ حضرت علامہ انور شاہ کشمیری قدس سرہ نے اس سلسلہ میں یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ نص میں جو لفظ آیا ہے وہ اور اس کے نیچے کے گناہ معاف ہونگے۔ اس سے اوپر کے گناہ معاف نہیں ہوں گے، جیسے یہاں حدیث میں لفظ ذنب آیا ہے، پس شب قدر میں نفلیں پڑھنے سے اسی درجہ کے گناہ معاف ہونگے اس سے اوپر کے درجے کے گناہ معاف نہیں ہونگے۔

جاننا چاہئے کہ جو کامل مؤمن ہوتا ہے اس کے نامۂ اعمال میں ذنوب ہی ہوتے ہیں وہ اس سے اوپر کے گناہ کرتا ہی نہیں۔ اور ذنوب حسنات سے خود بخود معاف ہوجاتے ہیں۔

استدلال: حدیث میں جو لفظ إیمانا آیا ہے اس سے امام بخاریؒ کا استدلال ہے کہ شب قدر کا قیام ایمان کا جزء ہے، مگر میں نے بتلایا کہ یہاں ایمان بمعنی تصدیق قلبی نہیں بلکہ جو ثواب کا وعدہ ہے اس پر یقین رکھنا مراد ہے۔

[۲۵-] بابٌ: قِیَامُ لَیْلَةِ الْقَدْرِ مِنَ الإِیْمَانِ

[۳۵-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "مَنْ یَقُمْ لَیْلَةَ الْقَدْرِ إِیْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"

[انظر: ۳۷، ۳۸، ۱۹۰۱، ۲۰۰۸، ۲۰۰۹، ۲۰۱٤]

بابٌ: الجهادُ مِنَ الإِیْمَانِ

جہاد ایمانی عمل ہے

جہاد: قرآن وحدیث کی ایک خاص اصطلاح ہے، اس کے معنی ہیں: دین کی حفاظت اور سربلندی کے لئے دشمنانِ اسلام سے لڑنا۔ جَاهَدَ العَدُوَّ مُجَاهَدَةً وجِهَادًا کے معنی ہیں: دشمن سے لڑنا اور جاهَدَ فِیْ الْأَمْرِ: کے معنی ہیں: کسی کام

میں پوری طاقت لگانا، پوری کوشش کرنا، اسی سے مجاہدہ ہے۔

قرآن وحدیث میں یہ لفظ مختلف طرح استعمال کیا گیا ہے، کہیں صرف جہاد اور مجاہدہ آیا ہے کہیں اس کے ساتھ فی سبیل اللہ آیا ہے اور کہیں اس کے بعد اللہ یا اللہ کی طرف لوٹنے والی ضمیر آئی ہے۔ اسی طرح فی سبیل اللہ بھی کبھی تنہا آیا ہے، اور کبھی جہاد کے مادہ کے ساتھ آیا ہے، پس جہاں مجاہدہ کا مادہ مطلق آیا ہے یا اس کے بعد فی اللہ یا فینا آیا ہے، وہ آیتیں عام ہیں۔ مفسرین کرام ان جگہوں میں لفظ دین محذوف مانتے ہیں، جیسے ﴿جَاهِدُوْا فِيْ اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ﴾ یعنی اللہ کے دین کے لئے پوری طاقت خرچ کرو، اور ﴿وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا﴾: جو لوگ ہمارے دین کے لئے انتہائی کوشش کرتے ہیں: ہم ان کو اپنی راہیں سجھاتے ہیں۔ یہ آیات پاک دین کی ہر محنت کے لئے عام ہیں، کسی بھی لائن سے دین کی محنت کرنے والے اس کا مصداق ہیں، لیکن جہاں لفظ جہاد آیا ہے یا مجاہدہ کے مادہ کے ساتھ فی سبیل اللہ آیا ہے یا صرف فی سبیل اللہ آیا ہے جیسے مصارف زکوٰۃ کے بیان میں اور انفاق کی فضیلت کی آیت میں وہاں خاص اصطلاحی معنی مراد ہیں، اگرچہ حضرت تھانوی قدس سرہ نے انفاق کی فضیلت والی آیت میں عام معنی کئے ہیں ﴿الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ اور ﴿مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ کی تفسیر میں بیان القرآن میں فی سبیل اللہ کو عام رکھا ہے۔ لیکن مصارف زکوٰۃ کی آیت (التوبہ آیت ۶۰) میں جو فی سبیل اللہ آیا ہے وہاں مفتی بہ قول یہ ہے کہ اس کا مصداق منقطع الغزات ہیں، یعنی وہ مجاہدین مراد ہیں جو دشمنانِ اسلام سے لڑنا چاہتے ہیں، مگر ان کے پاس اسباب نہیں، ان کو زکوٰۃ کے مال سے ہتھیار وغیرہ خرید کر دے سکتے ہیں۔ اگرچہ امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک منقطع الحاج آیت کا مصداق ہے مگر فتوی امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول پر ہے۔

بہر حال جہاں لفظ جہاد آیا ہے یا مجاہدہ کے مادہ کے ساتھ فی سبیل اللہ آیا ہے، وہاں خاص اصطلاحی معنی مراد ہیں۔ سورۃ التوبہ میں جہاں بھی اس قسم کی آیات آئی ہیں: وہاں حضرت شاہ عبد القادر صاحب دہلوی قدس سرہ نے اور ان کی اتباع میں حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے ''لڑنا'' ترجمہ کیا ہے۔ اور حدیث کی کتابوں میں جو ابواب الجہاد اور ابواب فضائل الجہاد آتے ہیں وہاں بھی یہی خاص اصطلاحی معنی مراد ہوتے ہیں۔ چنانچہ ترمذی وغیرہ میں جب ابواب الجہاد شروع ہوتے ہیں تو فوراً ذہن خاص معنی ہی کی طرف سبقت کرتا ہے، اور کسی لفظ کو سن کر ذہن کا کسی معنی کی طرف سبقت کرنا: دلیل ہوتی ہے کہ وہی لفظ کے حقیقی معنی ہیں۔

بلکہ جب لفظ جہاد بولتے ہیں تو مسلمانوں ہی کا نہیں، غیر مسلموں کا بھی ذہن اسی خاص معنی کی طرف جاتا ہے، لیکن کچھ لوگوں نے ان آیات کو عام کر دیا ہے۔ اور عام نہیں کیا بلکہ اپنے کام کے لئے خاص کر دیا ہے۔ وہ اپنے کام ہی کو جہاد کہتے ہیں۔ دوسرے دینی کاموں کو جہاد نہیں کہتے۔ اور جب انھوں نے اپنے کام کو جہاد قرار دیدیا تو جہاد کے فضائل میں جو آیات پاک اور احادیث شریفہ آئی ہیں ان کو اپنے کام پر منطبق کرتے ہیں، ان کی یہ رائے صحیح نہیں، جہاد ایک

اسلامی اصطلاح ہے، جب قرآن وحدیث میں یہ لفظ بولا جاتا ہے تو اس سے قتال فی سبیل اللہ مراد ہوتا ہے۔

البتہ بعض کاموں کو جہاد کے ساتھ لاحق کیا گیا ہے، مگران کے لئے یہ الحاق ہی فضیلت ہے، جیسے حدیث میں ہے: مَن خَرَجَ فِي طَلَبِ العلم فهو في سبيل الله حتى يَرْجِعَ: اس میں نبی ﷺ نے طلب علم کو فی سبیل اللہ قرار دیا ہے، یہ الحاق طالب علم کی فضیلت ہے، اسی طرح دعوت وتبلیغ کے کام کو فی سبیل اللہ کے ساتھ لاحق کیا جاسکتا ہے، اور یہ الحاق ہی اس کی فضیلت ہوگی۔ قرآن وحدیث میں فضائل جہاد کی جو آیتیں اور حدیثیں ہیں وہ سب فضیلتیں نہ طالب علم پر منطبق کی جاسکتی ہیں نہ تبلیغ والوں پر، یہ خاص بات یاد رکھنی چاہئے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ نے ذمہ داری لی ہے اس شخص کی جو راہِ خدا میں اعدائے اسلام سے لڑنے کے لئے نکلا ـــــ اس کا نکلنا مجھ پر یقین اور میرے رسول کی تصدیق کی بنا پر ہو ـــــ تو میں اس کو غنیمت کے ساتھ لوٹاؤں گا یا اس کو جنت میں داخل کروں گا، پھر آپؐ نے فرمایا: اگر میری امت پر بھاری نہ ہوتا تو میں کسی سریہ سے پیچھے نہ رہتا، اور مجھے یہ پسند ہے کہ میں اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں، پھر قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کیا جاؤں۔

قولہ: لایُخْرِجُه إلا إیمانٌ بی أو تصدیقٌ برسلی: یہ جملہ معترضہ ہے اور أَوْ بمعنی واؤ ہے، گیلری میں واؤ لکھا ہوا بھی ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ثواب یا مالِ غنیمت کے ساتھ لوٹانے کی اور شہید ہوگیا تو جنت میں داخل کرنے کی جو گارنٹی لی ہے: وہ وعدہ اس شرط پر موقوف ہے کہ اس نے اللہ کا بول بالا کرنے کے لئے دشمنانِ اسلام سے جنگ لڑی ہو۔ اگر اس کے علاوہ کوئی اور مقصد تھا مثلاً: اپنی بہادری کا جوہر دکھانے کے لئے، مالِ غنیمت کے لالچ میں یا قوم کی حمایت ونصرت وغیرہ کے جذبے سے لڑا ہے تو اس کے لئے یہ فضیلت نہیں۔

اور امام بخاریؒ کا استدلال یہ ہے کہ أَوْ بمعنی واؤ ہے جو مطلق جمع کے لئے ہے، پس تصدیقٌ برسلی: یعنی اللہ کے رسول نے جہاد پر جو ثواب کے وعدے فرمائے ہیں ان کو سچا جان کر اور ان وعدوں پر یقین کرکے جہاد کے لئے نکلنا: ایمان کا جزء ہوا، اور جہاد ایک عمل ہے پس اعمال ایمان کے اجزاء ہوئے۔

قولہ: مِنْ أَجْرٍ أو غنیمة: یہ أو مانعة الخلو کا ہے، یعنی اجر وثواب اور مالِ غنیمت دونوں جمع ہوسکتے ہیں، منتفی نہیں ہوسکتے۔

قولہ: لو لا أن أَشُقَّ: آنحضور ﷺ نے فرمایا: میری امت کے لئے دشواری ہے ورنہ میں ہر سریہ میں نکلتا، سریہ چھوٹے لشکر کو کہتے ہیں جس میں آنحضور ﷺ شامل نہیں ہوتے، اور دشواری یہ ہے کہ جب آپؐ سریہ میں نکلیں گے تو ہر شخص نکلنے کی کوشش کرے گا اور ہر شخص کے لئے ہر وقت نکلنے کا موقعہ نہیں ہوتا، مگر نکلیں گے ضرور! پس مشقت ہوگی۔

اور دوسری بات آپؐ نے یہ فرمائی کہ شہید کا اللہ کے یہاں جو مقام ومرتبہ ہے اس کی وجہ سے میری خواہش ہے کہ میں بار بار راہِ خدا میں قتل کیا جاؤں اور بار بار زندہ کیا جاؤں۔

[۲۶-] بابٌ: الجِهادُ مِنَ الإِيْمَانِ

[۳۶-] حدثنا حَرَمِيُّ بْنُ حَفْصٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ، حَدَّثَنَا أَبُوْ زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " انْتَدَبَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لِمَنْ خَرَجَ فِيْ سَبِيْلِهِ — لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا إِيْمَانٌ بِيْ أَوْ تَصْدِيْقٌ بِرُسُلِيْ— أَنْ أَرْجِعَهُ بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيْمَةٍ، أَوْ أُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، وَلَوْلَاأَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ مَا قَعَدْتُ خَلْفَ سَرِيَّةٍ، وَلَوَدِدْتُ أَنِّيْ أُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، ثُمَّ أُحْيَا، ثُمَّ أُقْتَلُ، ثُمَّ أُحْيَا، ثُمَّ أُقْتَلُ" [انظر: ۲۷۸۷، ۲۷۹۷، ۲۹۷۲، ۳۱۲۳، ۷۲۲۶، ۷۲۲۷، ۷۴۵۷، ۷۴۶۳]

لغات اور ترکیب: اِنْتَدَبَ به للأمر: کے معنی ہیں: لبیک کہنا، بلانے پر حاضر ہوجانا، جو لوگ کانفرنسوں میں بلائے جاتے ہیں ان کو "مندوب" کہتے ہیں۔ یہاں انتدب کے مرادی معنی ہیں: فوراً جواب دینا، ذمہ داری لینا...... أن أَرْجِعَه: بتاویل مصدر ہوکر انتدب کا مفعول ہے۔ اور درمیان میں جملہ معترضہ ہے...... أن أشقَّ میں أن مصدریہ ہے۔

ملحوظہ: حاشیہ میں ایک اعتراض لکھا ہے کہ أو: أحد الأمرین کے لئے آتا ہے، پس ایمان باللہ اور تصدیقِ رسالت میں سے کوئی ایک کافی ہے، حالانکہ ایسا نہیں دونوں پر ایمان لانا ضروری ہے، اور جواب اوپر آچکا کہ یہ أو بمعنی واؤ ہے، چنانچہ ایک نسخہ میں واؤ ہے اور وہی نسخہ گیلری میں لکھا ہے۔

بابٌ: تَطَوُّعُ قیامِ رَمَضَانَ من الإیمان

رمضان کی راتوں کے نوافل ایمانی عمل ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص رمضان میں ایمان واحتساب کے ساتھ نوافل پڑھے اس کے سابقہ گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

تشریح: قیام رمضان کا دوسرا نام تراویح ہے، یہ دور مابعد کی اصطلاح ہے، قیام رمضان کا لفظی ترجمہ ہے: رمضان میں کھڑا ہونا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: رمضان میں عشاء کے بعد سونے سے پہلے نفلیں پڑھنا۔

رمضان میں دو نمازیں الگ الگ ہیں، ایک سونے سے پہلے ہے اس کا نام قیام رمضان (تراویح) ہے، اس کی جماعت کے ساتھ بیس رکعتیں سنت ہیں۔ اور ایک دوسری نماز ہے جو پورے سال پڑھی جاتی ہے اسے رمضان میں بھی پڑھنا ہے اور وہ تہجد کی نماز ہے۔ آنحضرت ﷺ عام طور پر آٹھ رکعت تہجد پڑھا کرتے تھے۔

استدلال: حدیث میں جو لفظ إیمانا آیا ہے اس سے امام بخاریؒ نے استدلال کیا ہے کہ قیام رمضان ایمان کا جزء ہے۔ اور میں نے ابھی بتایا کہ یہاں ایمان کے معروف معنی مراد نہیں، بلکہ جو ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے اس پر یقین رکھنا

مراد ہے، اور یہ مشکل عمل کو آسان بنانے کا ایک فارمولہ ہے۔

[۲۷-] بابٌ: تَطَوُّعُ قِیَامِ رَمَضَانَ مِنَ الإِیْمَانِ

[۳۷-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِیْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" [راجع: ۳۵]

بابٌ: صومُ رَمَضَانَ احْتِسَابًا مِنَ الإِیْمانِ

بامید ثواب رمضان کے روزے رکھنا ایمانی عمل ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے یقین کے ساتھ اور ثواب کی امید کے ساتھ اس کے سابقہ گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

تشریح: یہ سب حدیثیں ایک ہی شاکلہ (انداز) پر ہیں، اور ان تمام حدیثوں کا مدعی یہ ہے کہ رمضان میں دن میں روزے رکھنا اور رات میں نفلیں پڑھنا بیگار نہیں ہے، بیگار کا مطلب ہے: مفت میں کام لینا، پرانے زمانے میں راجے مہاراجے لوگوں سے مفت کام لیتے تھے، اس کو بیگار کہتے تھے، اللہ تعالیٰ ہمارے خالق ومالک ہیں اور ہم ان کے بندے ہیں وہ جو حکم دیں ہمارے لئے اس کی تعمیل ضروری ہے۔ اور اس کا کوئی عوض نہ دیں تو مطالبہ کا ہمیں کوئی حق نہیں، مگر انھوں نے ہم سے بیگار نہیں لی۔ بلکہ یہ کہا کہ کام کرو ہم یہ ثواب دیں گے، یہ جو ثواب کے وعدے اللہ نے کئے ہیں ان کو نگاہوں کے سامنے رکھا جائے تو عبادتیں کرنا اور روزے رکھنا آسان ہوجائے گا —— امام بخاریؒ کا استدلال وہی ہے جو اوپر آچکا، اور جواب بھی وہی ہے جو پہلے آچکا۔

[۲۸-] بابٌ: صُوْمُ رَمَضَانَ احْتِسَابًا مِنَ الإِیْمَانِ

[۳۸-] حدثنا ابْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، عن أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِیْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" [راجع: ۳۵]

بابٌ: الدِّیْنُ یُسْرٌ

دین آسان ہے

اوپر جو چار باب آئے ہیں ان کا مفادیہ ہے کہ دین کے لئے ریاضاتِ شاقہ کی جائیں، انتہائی درجہ کی محنتیں کی

جائیں، ظاہر ہے شب قدر کی تلاش میں پورے مہینے سونے سے پہلے نفلیں پڑھنا، تراویح پڑھنا، پورے مہینے روزے رکھنا اور اعداء اللہ سے لوہا لینا: پُر مشقت کام ہیں۔ ان سے ذہن یہ بنتا ہے کہ دین مشکل ہے، ہر شخص اس پر عمل نہیں کرسکتا۔ اس وہم کو ہٹانے کے لئے یہ باب قائم کیا ہے کہ دین آسان ہے۔ اور ریاضاتِ شاقہ مخصوص حضرات کے لئے ہیں۔ شریعت ہر شخص سے ریاضتوں کا مطالبہ نہیں کرتی۔ اور جو فرائض وواجبات ہیں وہ بہت تھوڑے ہیں، ان کی وجہ سے دین کو مشکل نہیں کہہ سکتے۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں کتاب الصلوٰۃ میں ایک جگہ تحریر فرمایا ہے کہ رکوع وسجود وغیرہ میں جو طویل اذکار مروی ہیں، وہ اذکار مخصوص حضرات کے لئے ہیں، عوام کے لئے مختصر ذکر: **سبحان ربی العظیم** اور **سبحان ربی الأعلی** ہے، اسی کو دوہرانے کا حکم ہے، اور دلیل یہ پیش کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ آنحضور ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ تکبیر تحریمہ کے بعد فوراً قراءت شروع نہیں کرتے، کچھ دیر خاموش رہتے ہیں، آپؐ اس دوران کیا پڑھتے ہیں؟ آپؐ نے ایک لمبی دعا بتلائی کہ یہ پڑھتا ہوں (مشکوٰۃ حدیث ۸۱۲) یہ حدیث دلیل ہے کہ طویل اذکار ہر شخص کے لئے نہیں ہیں، چنانچہ جب تک حضرت ابو ہریرہؓ نے دریافت نہیں کیا آپؐ نے نہیں بتایا۔ اس وجہ سے احناف اور حنابلہ ثنا کو ترجیح دیتے ہیں کیونکہ وہ مختصر ذکر ہے جو عوام کے مناسب ہے۔

اسی طرح آنحضور ﷺ اور حضرات صحابہ سال بھر بکثرت روزے رکھا کرتے تھے۔ زکوٰۃ کے علاوہ بھی بہت مال راہ خدا میں خرچ کرتے تھے، غزوۂ تبوک کے موقع پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے تین سو اونٹ مع ساز وسامان کے اور ایک ہزار دینار بارگاہِ نبوی میں پیش کئے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نصف مال پیش کیا تھا، اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کل مال آپؐ کے سامنے پیش کردیا تھا۔ یہ سب مخصوص حضرات کے احوال ہیں، عوام کے لئے تو رمضان کے روزے اور سال بھر میں ایک مرتبہ زکوٰۃ نکالنا کافی ہے۔

غرض اوپر کے ابواب سے ذہنوں میں جو شبہ پیدا ہوسکتا ہے کہ شریعت ریاضات شاقہ کا مطالبہ کرتی ہے اس باب سے اسی شبہ کو رفع کیا ہے کہ دین کا عمومی مزاج آسانی کا ہے۔ اور جو لوگ جنت کے درجات عالیہ کے آرزومند ہیں ان کو عام آدمی کی بہ نسبت زیادہ محنتیں کرنی چاہئیں مگر یہ ان کا ذاتی اور انفرادی معاملہ ہے، ہر شخص سے انتہائی درجہ کی محنتیں مطلوب نہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمۃ الباب میں ایک معلّق حدیث لکھی ہے جس کو سند کے ساتھ الادب المفرد میں لائے ہیں، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ''اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ دین یکسو ہونے والی آسان ملت (اسلام) ہے''

وضاحت: حنیفٌ: فعیلٌ کا وزن ہے۔ حَنَفَ کے معنی ہیں: مائل ہونا، جھکنا، اور حنیف کے معنی ہیں: باطل سے رخ پھیر کر حق کی طرف مائل ہونے والا، یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب ہے: ﴿مَا كَانَ إِبْرَاهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَلَا

نَصْرَانِيًّا وَلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُسْلِمًا﴾ (آل عمران آیت ۶۷) ابراہیمؑ نہ یہودی تھے نہ نصرانی، بلکہ وہ ہمہ تن اللہ کی طرف متوجہ ہونے والے فرمانبردار تھے، اسی سے الحنیفیة بنانا ہے، اور اس کا موصوف الملة محذوف ہے اور السَّمْحة: کے معنی ہیں: آسان۔ اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوئیں: ایک یہ کہ توحید میں کسی اور سے لو لگانے کی قطعاً گنجائش نہیں، ہر باطل سے رُخ پھیر کر اللہ ہی کا ہو رہنا ضروری ہے۔ دوسری بات: یہ معلوم ہوئی کہ اعمال کے اعتبار سے دین آسان ہے یہی باب کا مدعی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک دین آسان ہے، اور جو شخص دین میں تشدد اختیار کرے گا دین اس پر غالب آجائے گا۔ لہٰذا میانہ روی اختیار کرو اور قریب قریب چلو، اور خوش ہو جاؤ، اور صبح وشام اور رات کے کچھ آخری حصہ سے مدد حاصل کرو۔

تشریح:

اگر اس حدیث کو ناتمام پڑھا جائے تو مطلب غلط ہو جائے گا، کچھ لوگ صرف الدین یسرٌ: پڑھتے ہیں اور اس کا مطلب یہ سمجھتے ہیں کہ کافروں کے ملک میں ڈاڑھی رکھنے میں دشواری ہے، لہٰذا ڈاڑھی منڈ وا سکتے ہیں، بیوع باطلہ اور فاسدہ کر سکتے ہیں، سود لے سکتے ہیں اس لئے کہ دین آسان ہے۔ حدیث کا یہ مطلب قطعاً غلط ہے، اس کے صحیح مطلب دو ہیں:

پہلا مطلب: اللہ تعالیٰ نے جو شریعت نازل فرمائی ہے اس میں آسانی کا لحاظ کیا ہے، کسی حکم میں کوئی دشواری باقی نہیں چھوڑی۔ نماز فرض کی تو فرمایا: اگر تندرست ہوؤ تو کھڑے ہو کر نماز پڑھو۔ بیمار ہوؤ اور کھڑے ہو کر نہیں پڑھ سکتے تو بیٹھ کر پڑھو، اور بیماری سخت ہے، بیٹھ بھی نہیں سکتے تو لیٹ کر پڑھو۔ نماز میں رکوع وسجدہ کرو، نہیں کر سکتے تو اشارہ کرلو، آدمی پاگل ہو گیا، یا چوبیس گھنٹے سے زیادہ بیہوش رہا تو نماز معاف ہے۔ غرض ہر طرح کی آسانی ملحوظ رکھ کر اللہ تعالیٰ نے نماز کا حکم دیا ہے۔ رمضان میں روزے فرض کئے، مگر آدمی بیمار ہے یا سفر درپیش ہے تو رخصت دی کہ اگر ابھی روزے نہ رکھنا چاہو تو نہ رکھو بعد میں رکھ لینا۔ پھر فرمایا: ﴿يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ﴾: اللہ تعالیٰ تم پر آسانی کرنا چاہتے ہیں، تنگی کرنا نہیں چاہتے، اس لئے روزے میں رخصت دی۔ غرض ایک مطلب تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو حکم بھی نازل کیا ہے اس میں بندوں کے احوال کا لحاظ کر کے حکم نازل کیا ہے۔

اور دوسرا مطلب: یہ ہے کہ عموماً بندے انہی احکام کے مکلّف بنائے گئے ہیں جن پر وہ بسہولت عمل کر سکتے ہیں، ریاضاتِ شاقہ کا مکلّف نہیں کیا، حدیث آگے پڑھی جائے تو یہ مطلب متعین ہو جاتا ہے۔

قوله: ولن يُشادَّ الدين: شَادَّ في الأمر کے معنی ہیں: غالب آنے کی کوشش کرنا، مقابلہ کرنا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی شخص دین پر غالب آنے کی کوشش کرے گا یعنی دین میں تشدد اختیار کرے گا تو وہ کامیاب نہیں ہوگا۔ دین

اس پر غالب آجائے گا اور اس کو ہرادے گا، یعنی ریاضاتِ شاقہ کروگے تو ان کو زیادہ دنوں تک نباہ نہ سکو گے، اتنے ہی اعمال سرلو جن کو بآسانی نباہ سکو۔ متفق علیہ روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے نزدیک محبوب وہ اعمال ہیں جو پابندی کے ساتھ کئے جائیں خواہ وہ تھوڑے ہوں'' (مشکوۃ حدیث ۱۲۴۲) خود حضور ﷺ کی شان میں آگے آرہا ہے کہ جب آپ کوئی عمل شروع کرتے تو اس پر مداومت فرماتے، اور بھاری عبادتوں پر مداومت مشکل ہے، مثلاً: جو طالب علم رات میں گیارہ بارہ بجے تک مطالعہ کرتا ہے پھر سوجاتا ہے وہ مسلسل اپنا عمل جاری رکھ سکتا ہے، اور جو رات میں چار بجے تک مطالعہ کرتا ہے وہ اپنا عمل مسلسل جاری نہیں رکھ سکتا، ہفتہ دو ہفتہ میں تھک جائے گا۔ اسی طرح نوافل اعمال کرنے چاہئیں، مگر بہت زیادہ نہیں کرنے چاہئیں۔ یہ دین سے ٹکر لینا ہے جس میں آدمی کامیاب نہیں ہوسکتا۔

قولہ: فَسَدِّدُوْا وقاربوا: سَدَّدَ کے معنی ہیں: راہ راست کی طرف راہنمائی کرنا، فَسَدِّدوا: راہ راست پر چلو، مگر کبھی بالکل راہ راست پر چلنا دشوار ہوجاتا ہے تو فرمایا: وقارِبُوا: راہ راست سے قریب قریب رہو، دور مت ہٹ جاؤ، قَارَبَ مُقَارَبَۃً کے معنی ہیں: کسی معاملہ میں غلو چھوڑ دینا اور اصل معاملہ سے قریب قریب رہنا، بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ فسدِّدوا وقاربوا: ہم معنی ہیں، دونوں کے معنی ہیں: راہ راست پر چلو، یعنی ریاضتوں والا راستہ مت اپناؤ، شریعت نے جو عام راستہ تجویز کیا ہے اسی پر رہو۔

لیکن میرا خیال یہ ہے کہ دونوں میں فرق ہے: سَدِّدُوْا: یہ ہے کہ آدمی بالکل سیدھے راستہ پر چلے، لیکن کبھی یہ بات بہت مشکل ہوجاتی ہے تو پھر حکم ہے قَارِبُوْا: یعنی راہ راست سے نزدیک رہو، دور مت ہٹ جاؤ۔

قولہ: وَابْشِرُوْا: بَشَر بہ، باب نصر کے معنی ہیں: خوش ہونا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: یہ خیال مت کرو کہ اگر بہت زیادہ عبادتیں نہیں کریں گے تو آخرت میں گھاٹے میں رہیں گے، رحمت الٰہی سے پُر امید رہو، خوش ہوجاؤ کہ تمہارے تھوڑے اعمال بھی آخرت میں کافی ہوجائیں گے۔

قولہ: واستعینوا إلخ یہ تشبیہ ہے، عرب میں جب گھوڑوں اور اونٹوں پر سفر ہوتا تھا: دن کے شروع حصہ میں سفر کرتے تھے، پھر دس بجے رک جاتے تھے، اس وقت گرمی سخت ہوجاتی ہے۔ پھر جب گرمی کی شدت ٹوٹ جاتی تھی اور موسم ٹھنڈا ہوجاتا تھا تو دوبارہ سفر شروع کرتے تھے، پس غُدوۃ کے معنی ہیں: صبح میں سفر کرنا، اور رَوْحَۃ کے معنی ہیں: شام میں سفر کرنا، اور رات کے کچھ حصہ میں بھی سفر جاری رکھتے تھے، یہ شیئٌ من الدُّلْجَۃ ہے، پس حضور اکرم ﷺ نے اس تشبیہ کے ذریعہ سالکین کو جو اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لئے نوافل اعمال کرتے ہیں سمجھایا ہے کہ جس طرح مسافر غُدوۃ، روحہ اور شیئٌ من الدُّلجہ سے سفر میں مدد حاصل کرتا ہے اسی طرح آپ لوگوں کو بھی کچھ اوراد و وظائف صبح میں کرلینے چاہئیں، کچھ شام میں اور کچھ رات میں سونے سے پہلے یا سونے کے بعد تہجد میں کرلینے چاہئیں۔ اتنا کافی ہے اس سے زیادہ ریاضتوں کی ضرورت نہیں۔ یہ تھوڑا بہت ہوجائے گا، اگر پابندی سے کیا جائے۔

[۲۹-] بابٌ: الدِّيْنُ يُسْرٌ

قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَحَبُّ الدِّيْنِ إِلَى اللّٰهِ الْحَنِيْفِيَّةُ السَّمْحَةُ"

[۳۹-] حدثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ، قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مَعْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْغِفَارِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ، وَلَنْ يُشَادَّ الدِّيْنَ أَحَدٌ إِلَّا غَلَبَهُ، فَسَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا، وَابْشُرُوْا، وَاسْتَعِيْنُوْا بِالْغُدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ وَشَيْئٍ مِنَ الدُّلْجَةِ"

[انظر: ٥٦٧٣، ٦٤٦٣، ٧٢٣٥]

بابٌ: الصَّلٰوةُ مِنَ الإِيْمَانِ

نماز ایمانی عمل ہے

نماز ایک ایمانی عمل ہے یعنی ایمانِ کامل کے تقاضہ سے یہ عمل وجود میں آتا ہے، آج اسّی فیصد مسلمان نماز نہیں پڑھتے: کیا وہ مسلمان نہیں ہیں؟ ہیں، مگر ان کا ایمان ناقص ہے اس لئے نماز نہیں پڑھتے، اگر مؤمن کامل ہوتے تو ضرور پڑھتے، پس نماز جو ایک عمل ہے ایمان کامل کا جزء ہوا اور اتنی بات متفق علیہ ہے۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک آیت کریمہ لکھی ہے۔ اس آیت کریمہ کے بارے میں پہلے دو باتیں سمجھنی چاہئیں پھر استدلال بیان کرونگا:

۱- دوسرے پارے کے شروع میں تحویل قبلہ کے سلسلہ میں جو آیات پاک ہیں ان میں سے ایک آیت ہے: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ﴾: اس کا شانِ نزول حضرت براء رضی اللہ عنہ سے یہ مروی ہے کہ جب آنحضور ﷺ ہجرت کرکے مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپؐ اپنے نانھیال میں فروکش ہوئے، آپؐ کے جدامجد ہاشم کی شادی قبیلۂ بنوالنجار میں ہوئی تھی، اور میزبانِ رسول حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا تعلق بنوالنجار سے تھا، مدینہ منورہ تشریف آوری کے بعد آپؐ نے سولہ یا سترہ مہینے بیت المقدس کی طرف منہ کرکے نماز پڑھی، لیکن آپؐ کی شدید خواہش تھی کہ بیت اللہ کو قبلہ قرار دیا جائے۔

آنحضور ﷺ کی بعثت ملت ابراہیمی اسماعیلی پر ہوئی ہے۔ ابراہیمی یعقوبی بنی اسرائیل کہلاتے ہیں اور ان کا قبلہ بیت المقدس تھا، اور عرب ابراہیمی اسماعیلی ہیں اور ان کا قبلہ بیت اللہ تھا، اور مسجد اقصیٰ کو قبلہ مقرر کرنے میں ایک مصلحت یہ تھی کہ مدینہ منورہ کی بڑی آبادی یہودیوں کی تھی، ان کو اسلام سے قریب لانے کے لئے بیت المقدس کی طرف رخ کرکے نماز پڑھنے کا عارضی حکم دیا گیا تھا۔ مگر یہود بے بہود قریب تو کیا آتے الٹا انھوں نے یہ پروپیگنڈہ شروع کردیا کہ

محمدؐ آہستہ آہستہ دین یہود کی طرف آرہے ہیں، وہ عنقریب مذہب یہود کو قبول کرلیں گے۔

غرض تحویل قبلہ کا یہ مقصد پورا نہ ہوا تو سولہ یا سترہ مہینے کے بعد دوبارہ تحویل ہوئی، اس وقت آنحضور ﷺ بنوسلمہ کے ایک نوجوان صحابی بشیر بن براء کے جنازے میں شرکت کے لئے ان کے محلّہ میں تشریف لے گئے تھے، اور مسجد بنوسلمہ میں ظہر پڑھا رہے تھے، آپؐ نے دو رکعتیں پڑھائی تھیں کہ نماز میں وحی نازل ہوئی، اور آپؐ اور صحابہ شمال کی جانب سے جنوب کی طرف گھوم گئے۔ اور باقی دو رکعتیں کعبہ شریف کی طرف پڑھیں، مدینہ منورہ سے بیت المقدس شمال کی جانب ہے اور بیت اللہ جنوب کی جانب، اسی مسجد بنوسلمہ کو مسجد القبلتین کہتے ہیں، پھر آپؐ نے عصر کی نماز مسجد نبوی میں کعبہ شریف کی طرف منہ کرکے پڑھائی۔ ایک صحابی یہاں سے عصر پڑھ کر بنو حارثہ کی مسجد کے پاس سے گذرے وہاں لوگ سابقہ قبلہ کی طرف نماز پڑھ رہے تھے، انھوں نے گواہی دی کہ قبلہ بدل گیا ہے، چنانچہ سب نماز کے اندر بیت اللہ کی طرف گھوم گئے، پھر اگلے دن ایک صحابی مسجدِ نبوی میں فجر پڑھ کر قبا پہنچے جو مدینہ منورہ سے تین چار میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں تھا وہاں لوگ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھ رہے تھے، جب انھوں نے تحویل کی خبر دی تو وہ سب بھی نماز ہی کے اندر کعبہ شریف کی طرف پھر گئے۔

۲- یہ حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اس کے ایک طریق میں یہ مضمون آیا ہے کہ تحویل قبلہ کے بعد آنحضور ﷺ سے دریافت کیا گیا: یارسول اللہ! جو لوگ تحویل قبلہ سے پہلے انتقال کرگئے یا شہید ہوگئے اور انھوں نے کعبہ شریف کی طرف ایک بھی نماز نہیں پڑھی ان کی نمازوں کا کیا ہوگا؟ یہ بالکل ویسا ہی سوال تھا جیسے جب تحریم خمر کی آیات نازل ہوئیں تو حضرات صحابہ نے سوال کیا کہ یارسول اللہ! ان مسلمانوں کا کیا حال ہوگا جنھوں نے حکم تحریم سے پہلے شراب پی اور اسی حالت میں انتقال کرگئے، مثلاً بعض صحابہ جنگ احد میں شراب پی کر شریک ہوئے اور اسی حالت میں شہید ہوگئے۔

قرآنِ کریم میں جواب آیا: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا﴾: الآیۃ (المائدہ آیت ۹۳) اور یہاں قرآن نے جواب دیا: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ﴾ جواب کا حاصل یہ ہے کہ وہ مؤمن بندے تھے، وہ بامراد ہونگے اور جنت میں جائیں گے اس لئے کہ جنت درحقیقت ایمان کا صلہ ہے، اس کے لئے اعمال ضروری نہیں، قبیلہ بنی عبدالاشہل کا ایک شخص جن کا نام عمرو بن ثابتؓ تھا اور جو اُصَیرِم کے لقب سے معروف تھے، جنگ احد کے دن اسلام لائے اور فوراً تلوار لے کر میدان کارزار میں اتر گئے اور شہید ہوگئے، رسول اللہ ﷺ نے ان کے جنتی ہونے کی بشارت دی (زرقانی ۱:۳۱۶) معلوم ہوا کہ جنت میں جانے کے لئے اعمال ضروری نہیں۔ اعمال کا موقع ملے تو اعمال ضروری ہیں، جب ان صحابہ کو کعبہ شریف کی طرف نماز پڑھنے کا موقع ہی نہیں ملا مگر وہ مؤمن تھے پس وہ جنت میں جائیں گے اس لئے کہ جنت درحقیقت ایمان کا صلہ ہے اور مؤمن کے اعمال اس کے ایمان کے تابع کردیئے جائیں گے۔

استدلال: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہاں إیمانکم سے صلوٰتکم مراد ہے، یعنی جو نمازیں تم نے بیت

المقدس کی جانب پڑھی ہیں اللہ تعالیٰ ان کو ضائع نہیں کریں گے، پس اس آیت میں نماز کو ایمان سے تعبیر کیا گیا ہے، معلوم ہوا کہ اعمالِ صالحہ ایمان کا جزء ہیں اور ایمان کی ماہیت میں داخل ہیں۔

یہ حضرت کا استدلال ہے اور جواب اوپر آچکا کہ یہاں ﴿إِيْمَانَكُمْ﴾ سے ایمان ہی مراد ہے نماز مراد نہیں۔ اور آیت کا حاصل یہ ہے کہ جنت درحقیقت ایمان کا صلہ ہے نماز وغیرہ طاعات پر جنت میں جانا موقوف نہیں، پس جو لوگ تحویل قبلہ سے پہلے انتقال کر گئے وہ بامراد ہونگے، کیونکہ وہ ایماندار تھے، اللہ ان کا ایمان ضائع نہیں کریں گے۔

مکی دور میں قبلہ کعبہ تھا یا بیت المقدس؟

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی رائے یہ ہے کہ بیت المقدس قبلہ تھا پھر ہجرت کے بعد بھی سولہ، سترہ مہینے تک بیت المقدس ہی قبلہ رہا، مگر آنحضور ﷺ مکی دور میں اس طرح نماز پڑھتے تھے کہ بیت اللہ اور بیت المقدس دونوں سامنے آجاتے تھے (أخرجه ابن أبی شيبه والبيهقی فی سننه)

مگر جمہور کی رائے یہ ہے کہ مکی دور میں قبلہ کعبہ شریف تھا، پھر ہجرت کے بعد مسجدِ اقصیٰ کو عارضی قبلہ مقرر کیا گیا تاکہ یہود جان لیں کہ دینِ یہود اور دینِ اسلام کا سرچشمہ ایک ہے، مگر یہ مقصد حاصل نہ ہوا تو دوبارہ تحویل ہوئی۔ اور کعبہ شریف کو قبلہ قرار دیا گیا۔

غرض: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک مرتبہ نسخ مانتے ہیں اور جمہور دو مرتبہ۔ جمہور کہتے ہیں: کعبہ شریف کے پاس نماز پڑھنے والا تو دونوں قبلوں کی طرف ایک ساتھ منہ کر سکتا ہے مگر آنحضور ﷺ اور صحابہ ہمیشہ بیت اللہ کے پاس ہی نمازیں نہیں پڑھتے تھے؟ گھروں میں بھی پڑھتے تھے، اور گھر میں پڑھنے والا دونوں قبلوں کو سامنے نہیں رکھ سکتا۔ اس لئے عام طور پر جمہور نے حضرت ابن عباس کی رائے کو نہیں لیا۔

مگر امام بخاریؒ نے حضرت ابن عباسؓ کی رائے کو ترجیح دی ہے، انھوں نے ﴿إِيْمَانَكُمْ﴾ کی تفسیر صلوتكم عند البيت سے کی ہے، اور بین السطور میں صلوتكم سے اوپر لکھا ہے: إلى بيت المقدس اور عند البيت کے نیچے لکھا ہے: صلوتكم بمكة یعنی تم نے مکہ مکرمہ میں بیت اللہ کے پاس جو نمازیں مسجد اقصیٰ کی طرف منہ کر کے پڑھی ہیں اللہ تعالیٰ ان کو ضائع نہیں کریں گے، یہ تفسیر ابن عباسؓ کی رائے پر مبنی ہے۔

[۳۰-] بابٌ: الصَّلاَةُ مِنَ الإِيْمَانِ

وَقَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ﴾ يَعْنِىْ صَلاَتَكُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ.

[۴۰-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: نَا زُهَيْرٌ، قَالَ: نَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ أَوَّلَ مَا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ نَزَلَ عَلٰى أَجْدَادِهِ - أَوْ قَالَ: أَخْوَالِهِ - مِنَ الأَنْصَارِ، وَأَنَّهُ صَلَّى قِبَلَ بَيْتِ

الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا أَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا، وَكَانَ يُعْجِبُهُ أَنْ تَكُوْنَ قِبْلَتُهُ قِبَلَ الْبَيْتِ، وَإِنَّهُ صَلَّى أَوَّلَ صَلَاةٍ صَلَّاهَا صَلَاةَ الْعَصْرِ، وَصَلَّى مَعَهُ قَوْمٌ، فَخَرَجَ رَجُلٌ مِمَّنْ صَلَّى مَعَهُ، فَمَرَّ عَلٰى أَهْلِ مَسْجِدٍ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ فَقَالَ: أَشْهَدُ بِاللّٰهِ لَقَدْ صَلَّيْتُ مَعَ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قِبَلَ مَكَّةَ، فَدَارُوْا كَمَا هُمْ قِبَلَ الْبَيْتِ، وَكَانَتِ الْيَهُوْدُ قَدْ أَعْجَبَهُمْ إِذْ كَانَ يُصَلِّيْ قِبَلَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَأَهْلُ الْكِتَابِ، فَلَمَّا وَلَّى وَجْهَهُ قِبَلَ الْبَيْتِ أَنْكَرُوْا ذٰلِكَ.

قَالَ زُهَيْرٌ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ فِيْ حَدِيْثِهِ هٰذَا: أَنَّهُ مَاتَ عَلَى الْقِبْلَةِ قَبْلَ أَنْ تُحَوَّلَ رِجَالٌ، وَقُتِلُوْا، فَلَمْ نَدْرِ مَا نَقُوْلُ فِيْهِمْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيعَ إِيْمَانَكُمْ﴾ [البقرة: ١٤٣]

[انظر: ٣٩٩، ٤٤٨٦، ٤٤٩٢، ٧٢٥٢]

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو پہلے آپ اپنے نانھیال میں اترے (علی أجداده اور علی أخواله کا ایک مطلب ہے) اور آپ نے سولہ یا سترہ مہینے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھی، اور آپ کو یہ بات پسند تھی کہ آپ کا قبلہ کعبہ شریف ہو۔ اور پہلی نماز جو آپ نے کعبہ شریف کی طرف پڑھی عصر کی نماز تھی، اور آپ کے ساتھ ایک جماعت نے نماز پڑھی (یعنی تحویل قبلہ کے بعد آپ نے مسجدِ نبوی میں پہلی نماز عصر کی پڑھائی) پس ایک شخص آپ کے ساتھ عصر پڑھ کر نکلا اور وہ ایک مسجد (مسجد بنی حارثہ) پر سے گذرا درانحالیکہ وہ رکوع میں تھے (اور ان کا رخ مسجد اقصیٰ کی طرف تھا) اس نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کعبہ شریف کی طرف نماز پڑھی ہے۔ پس وہ نماز ہی میں کعبہ شریف کی طرف گھوم گئے۔ اور جب آپ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھا کرتے تھے تو یہود اور دیگر اہل کتاب خوش تھے، پھر جب تحویل قبلہ کا حکم آ گیا اور آپ بیت اللہ کی طرف نماز پڑھنے لگے تو ان کو برا لگا (اور انھوں نے کہنا شروع کیا کہ مسجد اقصیٰ میں کیا کیڑے پڑ گئے جو بیت اللہ کی طرف نماز پڑھنے لگے)

دوسری سند سے اس حدیث میں یہ اضافہ ہے: تحویل قبلہ سے پہلے کچھ لوگ وفات پا گئے یا شہید ہو گئے، پس ہم نہ سمجھ سکے کہ ان کے متعلق کیا کہیں؟ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری: ''اللہ ایسا نہیں کہ تمہارا ایمان ضائع کر دے''

قوله: علی أجداده: آنحضرت ﷺ کے پردادا ہاشم کا نکاح قبیلہ بنو النجار کی ایک خاتون سلمیٰ بنت عمرو سے ہوا تھا، اور ماں جس خاندان کی ہوتی ہے وہ نانھیال کہلاتا ہے، پس دادی کا خاندان بھی نانھیال ہوا، اور نانھیال میں ماموں بھی ہوتے ہیں اس لئے أخواله کہا، اور ایک روایت میں نَزَلَ علی بنی النجار أخوالِ عبد المطلب ہے: آپ اپنے دادا عبدالمطلب کے نانھیال میں اترے۔ یہ حقیقی تعبیر ہے۔

جاننا چاہئے کہ آپ کا نانھیال میں قیام ارادی نہیں تھا، بلکہ اتفاقی تھا، جب آپ قُبا سے روانہ ہوئے تھے تو ہر قبیلہ آرزو مند تھا کہ آپ اس کے مہمان بنیں، مگر آپ نے فرمایا: میری اونٹنی من جانب اللہ مامور ہے، جہاں اللہ کا حکم ہوگا، وہیں

رکے گی، اس کا راستہ چھوڑ دو، اور آپؐ نے خود بھی لگام اونٹنی کی گردن پر ڈال دی، ناقہ وادی یثرب سے نکل کر ایک باغ میں جو دو یتیموں کا تھا اور اجڑا ہوا تھا جا کر بیٹھ گئی۔ وہاں سے قریب بنو النجار کا محلّہ تھا، کچھ دیر کے بعد اونٹنی اٹھی اور کچھ دور جا کر پھر واپس اسی جگہ آ کر بیٹھ گئی، اور اپنی گردن زمین پر ڈال دی، وہاں سے سب سے قریب حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا مکان تھا وہ ناقہ پر سے کجاوہ لے کر گھر چل دیئے، آپؐ نے فرمایا: ''آدمی اپنے کجاوے کے ساتھ ہوتا ہے'' چنانچہ آپؐ نے حضرت ابوایوب انصاریؓ کے گھر میں قیام فرمایا اور وہ باغ جو یتیموں کا تھا خرید کر آپؐ نے وہاں مسجد نبوی بنائی۔

قولہ: ستة عشر شهراً: آنحضور ﷺ ربیع الاول میں مدینہ منورہ پہنچے ہیں اور تحویل قبلہ آئندہ سال ماہ رجب میں ہوئی ہے، پس اگر دونوں ناقص مہینوں کو جوڑ کر ایک مہینہ بنالیا جائے تو سولہ مہینے بنتے ہیں اور دونوں کو مستقل شمار کیا جائے تو سترہ مہینے بنتے ہیں۔

قولہ: وکان يُعْجِبُهُ: حضرت ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کا قبلہ بیت اللہ تھا، اور آنحضور ﷺ ملت ابراہیمی اسماعیلی پر مبعوث کئے گئے تھے، اور قرآن کے اولین مخاطب عرب تھے، اور ان کا قبلہ بیت اللہ تھا اس لئے آپؐ کی خواہش تھی کہ بیت اللہ کو قبلہ مقرر کیا جائے۔

قولہ: راکعون: یہ یُصَلُّوْن کے معنی میں بھی ہوسکتا ہے اور حقیقی معنی میں بھی یعنی جب تحویل قبلہ کی خبر دی گئی تو لوگ رکوع میں تھے، اور اسی حالت میں وہ کعبہ شریف کی طرف گھوم گئے۔

قولہ: أشهد بالله: یہاں سے یہ قاعدہ بنایا گیا ہے کہ خبر واحد محتف بالقرائن (قرائن سے گھری ہوئی) یقین کا فائدہ دیتی ہے، آنحضرت ﷺ کا تحویل کی تمنا کرنا صحابہ جانتے تھے، اس قرینہ کی وجہ سے جب ایک شخص نے اللہ کی قسم کھا کر گواہی دی تو لوگوں نے خبر مان لی اور فوراً کعبہ کی طرف گھوم گئے۔

مسئلہ: اگر تحری سے نماز پڑھ رہا تھا اور نماز کے درمیان تحری بدل گئی یا کسی نے صحیح قبلہ کی خبر دی، یا کسی اور طریقہ سے خطا ظاہر ہوئی، یا ٹرین گھوم گئی تو فوراً صحیح قبلہ کی طرف گھوم جانا ضروری ہے، اور نماز ہوجائے گی، اور گھومنا ممکن نہ ہو تو نماز ازسرنو پڑھے یہ مسئلہ بھی اسی حدیث سے لیا گیا ہے۔

قال زُهير: یہاں یہ حدیث معلق ہے مگر آگے (حدیث نمبر ۴۴۸۶) موصولاً آرہی ہے، زُہیر سے اس حدیث کو ابونعیم نے اور ان سے امام بخاریؒ نے روایت کیا ہے۔

بابُ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ

آدمی کے اسلام کی خوبی

اب تک حضرت کا دعوی یہ تھا کہ اعمال ایمان کا جزء ہیں، اب فرماتے ہیں کہ اعمال کے اوصاف بھی اعمال کا جزء

ہیں اور اعمال ایمان کے اجزاء ہیں، پس اعمال کے اوصاف بھی ایمان کے اجزاء ہوئے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے دو وصف ذکر کئے ہیں: اس باب میں وصفِ حُسن کا ذکر کیا ہے اور اگلے باب میں وصفِ مداومت کا، مثلاً: نماز شاندار پڑھنا: نماز کا وصف ہے، اور تہجد پر مداومت کرنا: تہجد کا وصف ہے، یہ اوصاف بھی ایمان کے اجزاء ہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے ایک معلق حدیث لکھی ہے پھر مسند حدیث لائے ہیں، مضمون دونوں کا ایک ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص مسلمان ہوا پھر اس کا اسلام اچھا ہوا یعنی وہ سچا پکا مسلمان ہوا تو اللہ تعالیٰ اس کے وہ تمام گناہ معاف فرما دیتے ہیں جن کے قریب وہ گیا ہے، یعنی جن گناہوں کا ارتکاب کیا ہے، پھر اس کے بعد حساب کا نمبر ہے (اور ضابطہ یہ ہے کہ) نیکی کا بدلہ دس گنا سے سات سو گنا تک بڑھایا جاتا ہے، اور برائی کی سزا اس کے برابر دی جاتی ہے، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کی برائی سے درگذر فرمائیں۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی نے اپنے اسلام کو شاندار بنایا تو ہر وہ نیکی جس کو وہ کرے گا اس کا ثواب دس گنا سے سات سو گنا تک لکھا جائے گا، اور ہر وہ برائی جس کا وہ ارتکاب کرے گا اسی کے مانند لکھی جائے گی۔

تشریح: ان حدیثوں میں ایک بات تو یہ ہے کہ صدق دل سے اسلام قبول کرنے سے سابقہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں، حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **إن الإسلامَ يَهْدِمُ ما كان قَبْلَهُ**: اسلام قبول کرنے سے سابقہ گناہ منہدم ہوجاتے ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۲۸)

اور دوسری بات: ثواب کا یہ ضابطہ بیان کیا گیا ہے کہ نیکی کا ثواب کم سے کم دس گنا اور زیادہ سے زیادہ سات سو گنا لکھا جاتا ہے۔ اور برائی کا گناہ برائی کے مانند لکھا جاتا ہے، مگر اس میں ایک استثناء ہے: اگر اللہ تعالیٰ معاف فرمادیں تو پھر بیڑا پار ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ﴾: اللہ تعالیٰ شرک کو تو معاف نہیں فرمائیں گے، اس کے علاوہ جس گناہ کو چاہیں گے بخش دیں گے۔

اور نیکیوں کے ضابطہ سے روزہ اور انفاق فی سبیل اللہ مستثنیٰ ہیں، روزے کا ثواب کم سے کم تو دس گنا ہے، مگر زیادہ کی کوئی مقدار متعین نہیں، حدیث میں ہے: قیامت کے دن جب بندہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے گا اور اللہ تعالیٰ اس کو اس کے روزہ کا ثواب عنایت فرمائیں گے تو وہ خوش خوش ہوجائے گا (مسلم حدیث ۱۱۵۱) یعنی روزہ دار کے سان گمان سے بھی زیادہ ثواب عنایت فرمائیں گے۔

اور انفاق فی سبیل اللہ کا ثواب کم سے کم سات سو گنا ہے، تیسرے پارے کے شروع میں راہ خدا میں خرچ کرنے کی تمثیل آئی ہے: ایک آدمی نے گیہوں کا ایک دانہ بویا، اس میں سے سات بالیاں نکلیں، ہر بالی میں سو دانے ہیں، یعنی

انفاق فی سبیل اللہ کا ثواب کم سے کم سات سوگنا ضرور ملے گا، اور زیادہ کی کوئی حد نہیں ﴿واللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ﴾ موقع اور محل کے اعتبار سے انفاق فی سبیل اللہ کا ثواب بڑھتا چلا جاتا ہے۔ حدیث میں ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ نے راہ خدا میں جو ایک مُد یا نصف مُد جو خرچ کیا ہے بعد کے لوگ اگر احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کریں تو بھی وہ ان کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتے (مشکوۃ حدیث ۶۰۰۷) اور دوسری حدیث میں ہے کہ تندرستی میں ایک درہم خرچ کرنا مرض وفات میں سو درہم خرچ کرنے سے بہتر ہے (مشکوۃ حدیث ۱۸۷۰) معلوم ہوا کہ موقع اور محل کے اعتبار سے ثواب بڑھتا ہے۔

استدلال: یہاں حدیث میں حُسن اسلام کا ذکر ہے، اور اسلام وایمان مترادف ہیں پس یہ ایمان کی بھی صفت ہوئی، اور حسن میں درجات کا تفاوت مسلّم ہے پس ایمان میں بھی مراتب ہونگے۔ اور جواب یہ ہے کہ یہ ایمان کامل کی خاصیت ہے نفس ایمان گھٹتا بڑھتا نہیں۔

فائدہ: شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو یہ علم وادراک دیدیا ہے کہ وہ بندوں کے نیک اعمال کی کیفیت کا اندازہ کر کے خود ہی ثواب لکھ دیتے ہیں، ان کو اللہ تعالیٰ سے دریافت کرنے کی ضرورت نہیں، مگر روزوں کے ثواب کا وہ بھی اندازہ نہیں کر سکتے، اس لئے وہ صرف روزے لکھ لیتے ہیں اور ثواب کا خانہ خالی چھوڑ دیتے ہیں۔ روزوں کا ثواب قیامت کے دن خود اللہ تعالیٰ ڈکلیر کریں گے۔

[۳۱-] بابُ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ

[۴۱-] قَالَ مَالِكٌ: أَخْبَرَنِیْ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، أَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِیَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِذَا أَسْلَمَ الْعَبْدُ فَحَسُنَ إِسْلَامُهُ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَنْهُ كُلَّ سَيِّئَةٍ كَانَ زَلَّفَهَا، وَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ الْقِصَاصُ: الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلٰى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ، وَالسَّيِّئَةُ بِمِثْلِهَا، إِلَّا أَنْ يَتَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهَا"

[۴۲-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أَحْسَنَ أَحَدُكُمْ إِسْلَامَهُ، فَكُلُّ حَسَنَةٍ يَعْمَلُهَا، تُكْتَبُ لَهُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلٰى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ، وَكُلُّ سَيِّئَةٍ يَعْمَلُهَا تُكْتَبُ لَهُ بِمِثْلِهَا"

وضاحت: زَلَفَ (ن) اور زَلَّفَ (تفعیل) دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں اور اس کے معنی ہیں: آگے کرنا...... **القصاص:** کے یہاں معنی ہیں: حساب وکتاب .... **قال مالك:** یہ روایت معلق ہے اس لئے کہ امام بخاریؒ کی امام مالکؒ سے ملاقات نہیں۔

باب: أَحَبُّ الدِّیْنِ إِلَی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ أَدْوَمُهُ

اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند وہ اعمال ہیں جن پر مداومت کی جائے

باب کی تقدیر عبارت ہے: أَحَبُّ أَعْمَالِ الدین، اور یہ مبتدا ہے اور أَدْوَمُهُ خبر ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ان کے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، اس وقت ان کے پاس ایک عورت تھی، آپؐ نے پوچھا: یہ کون عورت ہے؟ حضرت عائشہؓ نے بتلایا: فلاں عورت ہے جس کی نماز کا بڑا چرچا ہے (اس خاتون کا نام حولاء بنت تُویت تھا) آپؐ نے فرمایا: بس رہنے دو! تم لازم پکڑو انہی اعمال کو جن کو تم نباہ سکو، خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ تنگ دل نہیں ہوتے جب تک تم تنگ دل نہ ہو جاؤ، اور اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ وہ اعمال ہیں جن پر آدمی مداومت کرے۔

تشریح:

جو بندہ پابندی کے ساتھ مسلسل عمل کرتا ہے وہ سرخ رُو ہوتا ہے، چاہے وہ عمل تھوڑا ہو، کچھوے اور خرگوش کا واقعہ مشہور ہے: ان کے درمیان دوڑ کی شرط ٹھہری، خرگوش چوکڑیاں بھرتا ہوا چلا اور کچھوے سے بہت آگے نکل گیا، پھر اس نے سوچا کہ ابھی کچھوا بہت پیچھے ہے، ایک درخت کے نیچے پڑ کر سو گیا، اور کچھوا آگے نکل گیا۔ اس واقعہ میں یہ سبق ہے کہ کچھوے کی رفتار اگرچہ دھیمی تھی مگر اس کے عمل میں تسلسل تھا اس لئے وہ کامیاب ہو گیا، اور خرگوش کے عمل میں تسلسل نہیں تھا اس لئے وہ ہار گیا۔

آنحضرت ﷺ نے مذکورہ حدیث میں ایک نصیحت تو یہ فرمائی ہے کہ اتنے ہی اعمال کو وظیفہ بناؤ جن کو نباہ سکو، اور مراد نوافل اعمال ہیں، فرائض وواجبات مراد نہیں، وہ تو سب کرنے ہیں، البتہ نوافل اعمال بقدر استطاعت کرنے چاہئیں اور ان پر مداومت کرنی چاہئے، ترمذی وغیرہ میں یہ روایت آئی ہے کہ ایک مرتبہ آنحضور ﷺ کی ظہر کی سنتیں رہ گئیں آپؐ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں عصر کے بعد وہ سنتیں پڑھیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس واقعہ کے بعد جب بھی نبی ﷺ عصر کے بعد میرے گھر تشریف لائے تو آپؐ نے دو نفلیں پڑھیں۔ حضرت عائشہؓ کی اس حدیث پر زید بن ثابتؓ وغیرہ متعدد حضرات نے نقد کیا ہے مگر ہمیں حدیث کا طالب علم ہونے کی وجہ سے دونوں حدیثوں میں تطبیق دینی ہے، حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ نے ایک عجیب بات فرمائی کہ محبّ کو محبوب کا جس وقت وہ آتا ہے انتظار رہتا ہے۔ اگر محبوب کسی دن ناوقت آجائے تو اگلے دن اس وقت میں بھی محبّ کو انتظار رہے گا اور اللہ تعالیٰ محبّ ہیں اور آنحضور ﷺ محبوب ہیں، ایک دن آپؐ نے عصر کے بعد دو نفل پڑھے اور اللہ سے ملاقات کی، پس اب اللہ کو انتظار رہے گا کہ میرا محبوب روز اس وقت میں آئے، چنانچہ آپؐ نے اس واقعہ کے بعد ہمیشہ عصر کے

بعد دو نفلیں پڑھیں، اور یہ آپ کی خصوصیت تھی۔ حضرت عائشہؓ نے اس کی صراحت کی ہے (ابوداؤد ۱۸۲:۱)

غرض جب کوئی عمل شروع کیا جائے تو اس کو پابندی سے کرنا چاہئے، کبھی کرنا اور کبھی چھوڑ دینا مناسب نہیں، اور پابندی تھوڑے اعمال پر ہوسکتی ہے، بہت زیادہ اعمال تھوڑے دن تو آدمی کرسکتا ہے پھر تھک کر چھوڑ دیتا ہے۔ ایسا شخص اللہ کا محبوب نہیں بن سکتا، جو شخص شاہی دربار میں روزانہ متعین وقت پر حاضری دیتا ہے اور جو کبھی کبھی آتا ہے بادشاہ اس پر مہربان نہیں ہوسکتا۔ امام غزالی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کسی چٹان پر موسلا دھار بارش پڑے تو چٹان پر اس کا کوئی اثر نہ ہوگا، لیکن اگر قطرہ قطرہ مسلسل گرتا رہے تو وہ پتھر میں سوراخ کردے گا، اس لئے قربِ خداوندی حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ عمل میں مداومت ہو، اگرچہ عمل قلیل ہو۔

پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اس وقت تک ملول نہیں ہوتے جب تک تم ملول نہ ہوجاؤ'' بندے کا رنجیدہ ہونا یہ ہے کہ وہ تھک ہار کر بیٹھ جائے اور عمل چھوڑ دے، اور اللہ کا رنجیدہ ہونا مشاکلۃً ہے، جیسے ﴿يُخَادِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ﴾ دھوکہ دینا اللہ کی شان نہیں، صرف مشاکلۃً ﴿وَهُوَ خَادِعُهُمْ﴾ کہا گیا ہے، پس اللہ کے رنجیدہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ثواب دینا بند کردیتے ہیں۔

پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ وہ اعمال ہیں جن پر بندہ مداومت کرے'' جب بندہ روز معینہ وقت پر کوئی عبادت کرے گا تو اللہ کو اس کا انتظار رہے گا، اس لئے پابندی کے ساتھ عمل کرنا چاہئے خواہ تھوڑا ہو۔

استدلال: حضرت کا استدلال یہ ہے کہ عمل پر مداومت عمل کا وصف ہے، پس جس طرح اعمال ایمان کا جزء ہیں اعمال کے اوصاف بھی ایمان کے اجزاء ہیں۔

قوله: مَهْ: بمعنی اُكْفُفْ اسم فعل ہے، اور خطاب حضرت عائشہؓ سے بھی ہوسکتا ہے کہ اس خاتون کی تعریف بند کرو، اور حولاء بنت تویتؓ سے بھی ہوسکتا ہے کہ زیادہ نفلیں مت پڑھو، زیادہ دن نباہ نہ سکوگی، بلکہ اپنی قوت وطاقت کے بقدر وظیفہ بناؤ۔

قوله: تَذْكُرُ: مضارع معروف اور فاعل حضرت عائشہ ہیں، یعنی انھوں نے اس خاتون کا تعارف کراکر یہ بھی کہا کہ یہ خاتون بڑی عبادت گذار ہیں، رات بھر نفلیں پڑھتی ہیں، اور گیلری والا نسخہ يُذْكَرُ: مضارع مجہول واحد مذکر غائب ہے، اب مطلب ہوگا کہ یہ وہ خاتون ہیں جن کی نمازوں کا بڑا چرچہ ہے۔

قوله: كان أحب الدين إليه: إليه کا مرجع اللہ تعالیٰ بھی ہوسکتے ہیں، اس صورت میں یہ حدیث ہوگی، اور رسول اللہ ﷺ بھی ہوسکتے ہیں، اس صورت میں حدیث حتی تملوا تک ہوگی، اور کان: حضرت عائشہؓ کا قول ہوگا۔

[۳۲-] بابٌ: أَحَبُّ الدِّيْنِ إِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ أَدْوَمُهُ

[۴۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ

صلی اللہ علیہ وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا، وَعِنْدَهَا امْرَأَةٌ، فَقَالَ: "مَنْ هٰذِهِ؟" قَالَتْ: فُلَانَةٌ، تُذْكَرُ مِنْ صَلَاتِهَا، قَالَ: "مَهْ! عَلَيْكُمْ بِمَا تُطِيقُوْنَ، فَوَاللّٰهِ لَايَمَلُّ اللّٰهُ حَتّٰى تَمَلُّوْا، وَكَانَ أَحَبُّ الدِّيْنِ إِلَيْهِ مَا دَاوَمَ عَلَيْهِ صَاحِبُهُ"

[انظر: ۱۱۵۱]

بابُ زِيَادَةِ الإِيْمَانِ وَنُقْصَانِهِ

ایمان میں کمی بیشی کا بیان

پہلے کتاب الایمان کے شروع میں یہ بات گذر چکی ہے، وہاں الفاظ تھے: يَزِيْدُ وَيَنْقُصُ، یہاں الفاظ دوسرے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ کبھی ایسا کرتے ہیں کہ ایک ہی باب الفاظ بدل کر دوبارہ لاتے ہیں، شراح اس کو تفنُّن (نہج بدلنا) کہتے ہیں۔

اور حضرت شیخ الہند قدس سرہ کے حوالہ سے یہ بات بھی گذری ہے کہ فقہاء (احناف) کا مقابلہ معتزلہ سے تھا، اور محدثین کا مرجئہ سے۔ مرجئہ اعمال کو کچھ اہمیت نہیں دیتے، ان کا نظریہ تھا کہ ایمان کے ساتھ اعمالِ صالحہ تو مفید ہیں مگر اعمال سیئہ مضر نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ برابر مرجئہ کی تردید کرتے آرہے ہیں، وہ قارئین پر رنگ چڑھانے کے لئے ایک ہی بات بار بار نہج بدل کر کہہ رہے ہیں کہ نجات اوّلی کے لئے صرف ایمان کافی نہیں، اعمال بھی ضروری ہیں، اعمال کے بغیر ایمان کی مثال اس درخت کے تنے جیسی ہے جس پر کوئی شاخ ہو نہ پتّہ، پھل ہو نہ پھول، ایسا درخت کس کام کا؟

آج دنیا میں اسّی فیصد مسلمان عملی طور پر مرجئہ ہیں، وہ اعمال صالحہ کو مفید سمجھتے ہیں، جب کوئی بڑا دن یا بڑی رات آتی ہے تو نوافل میں جُت جاتے ہیں، کیونکہ وہ اعمال صالحہ کو مفید سمجھتے ہیں مگر جھوٹ بولتے ہیں، وعدہ خلافی کرتے ہیں، ڈاڑھی منڈواتے ہیں، نماز نہیں پڑھتے، سود کھاتے ہیں اور نہ جانیں کیا کیا برائیاں کرتے ہیں، کیونکہ ان کے خیال میں معاصی مضر نہیں، اگر وہ گناہوں کو مضر سمجھتے تو ان کی زندگیوں کا یہ نقشہ نہ ہوتا۔

اور تکرار کی دوسری وجہ یہ ہے کہ حضرت رحمہ اللہ کوئی تقریب نکال کر حدیث کی سب صحیح سندیں کتاب میں لانا چاہتے ہیں، جیسے کتاب الاستسقاء میں ایک ہی حدیث حضرت نے پورے باب میں گھمائی ہے اور نئے نئے ابواب قائم کرکے حدیث کو بار بار لائے ہے، وہاں مقصد اُس حدیث کی تمام سندوں کو جمع کرنا ہے، اگر ایک ہی حدیث بار بار لاتے اور نئے ابواب قائم نہ کرتے تو قاری بوریت محسوس کرتا، اس مقصد سے بھی تفنن کرتے ہیں۔

یہاں ترجمۃ الباب میں پہلے سورۃ الکہف کی آیت (۱۳) اور سورۃ المدثر کی آیت (۳۱) لکھی ہے ان کے سلسلہ میں کلام کتاب الایمان کے شروع میں گذر چکا ہے۔ پھر سورۃ المائدہ کی آیت (۱۳) لکھی ہے، اس آیت میں چونکہ استدلال کا نہج بدلا ہوا ہے اس لئے پہلے قال لکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''آج ہم نے تمہارا دین مکمل کردیا'' یہ آیت حجۃ الوداع میں عرفہ کے دن نازل ہوئی ہے، اس آیت سے استدلال اس طرح ہے کہ إکمال (افعال) کا مادہ کمال ہے، اور ظاہر ہے کہ دین کا کمال دین کا وصف ہے، اور جس طرح اعمال ایمان کے اجزاء ہیں اسی طرح اوصاف بھی ایمان کے اجزاء ہیں، پس دین کا کمال بھی دین کا جزء ہوا، اور دین وایمان مترادف ہیں، پس یہ وصف ایمان کا بھی جزء ہوا۔ لہٰذا جو شخص احکام شرعیہ پر عمل پیرا نہیں، نماز ہی نہیں پڑھتا، روزے نہیں رکھتا، زکوتیں نہیں دیتا اس کے دین میں نقصان ہوگا، اور دین پر عمل کرے گا تو ایمان میں اضافہ ہوگا، پس ایمان میں کمی زیادتی ثابت ہوئی، اس آیت سے اسی طرح استدلال کیا ہے، چنانچہ فرماتے ہیں: ''اگر کمال میں سے کوئی چیز چھوڑ دی جائے تو ایمان میں نقصان آئے گا'' یعنی مکمل دین پر عمل کرے گا تبھی ایمان کامل ہوگا اور کچھ اعمال چھوڑ دے گا تو دین ناقص رہ جائے گا۔

حدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''قیامت کے دن دوزخ سے تمام وہ لوگ نکال لئے جائیں گے جنھوں نے **لا إلٰہ إلا اللہ** کا اقرار کیا ہے اور ان کے دل میں جو کے دانے کے برابر ایمان ہے، گیہوں کے دانے کے برابر ایمان ہے، یا ذرہ بھر ایمان ہے''

تشریح:

۱- یہ حدیث چند ابواب پہلے (حدیث نمبر۲۲) گذری ہے، وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث تھی اور یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہے، اس کو حضرت انسؓ سے قتادہ رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں اور ان سے ہشام نے بھی روایت کیا ہے اور ابان نے بھی، اور دونوں کی روایتوں میں ایک فرق تو یہ ہے کہ ہشام نے **قتادہ عن أنس** کہا ہے۔ اور ابان کی روایت میں تحدیث کی صراحت ہے، **قال أبان: حدثنا قتادۃ، حدثنا أنس** چونکہ حضرت قتادہؒ مدلس تھے اور مدلس کا عنعنہ معتبر نہیں (۱) اس لئے امام بخاریؒ نے متابع پیش کردیا، تاکہ اعتراض رفع ہوجائے۔ اور دوسرا فرق یہ ہے کہ

(۱) تدلیس (تفعیل) کے معنی ہیں: عیب چھپانا، دَلَّسَ البائعُ: سامان کا عیب چھپانا۔ اصطلاح میں تدلیس کے معنی ہیں: محدث کا حدیث کی روایت میں کسی راوی کا نام نہ لینا، بلکہ اس سے اوپر کے راوی کا نام لینا، اور لفظ ایسا اختیار کرنا جس میں سماع کا احتمال ہو، اس فعل کے مرتکب کو مدلِّس اور اس کی روایت کو مدلَّس اور راوی کے حذف کو سقط کہتے ہیں۔

تدلیس دو وجہ سے کی جاتی ہے:

ایک غرض فاسد سے، یعنی کسی محدث کا استاذ معمولی درجہ کا ہو اور استاذ کا استاذ عالی رتبہ ہو اور محدث کو اس معمولی استاذ سے روایت کرنے میں شرم محسوس ہوتی ہو تو وہ اس کو حذف کردیتا تھا، اس مقصد سے تدلیس حرام ہے۔

دوم: کوئی محدث اختصار کے لئے استاذ کو حذف کرتا تھا جیسا کہ بعض اکابر محدثین نے ایسا کیا ہے، اس کی گنجائش ہے۔

اور تدلیس کی بہت سی صورتیں ہیں، مگر مشہور قسمیں تین ہیں: تدلیس الاسناد، تدلیس الشیوخ اور تدلیس التسویہ۔ ←

ہشام کی روایت میں من خیر ہے اور ابان کی روایت میں من إیمان ہے۔

۲- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ میں گیہوں کا دانہ جَو کے دانہ سے چھوٹا ہوتا تھا۔ زمینوں کے تفاوت سے غلوں میں دانے چھوٹے بڑے ہوتے ہیں، ہمارے یہاں جَو اور گیہوں کے دانے تقریباً برابر ہوتے ہیں، بلکہ گیہوں کا دانہ ذرا بڑا ہوتا ہے۔

اور ذرّۃ کے بین السطور میں دو معنی لکھے ہیں: ایک: روشن دان سے دھوپ آرہی ہو اور آپ فرش پر ہاتھ ماریں تو دھوپ میں جو چیزیں نظر آئیں گی وہ ذرّے ہیں، اور دوسرے معنی لکھے ہیں: مکئی کا دانہ، مکئی کے دانے کو ذُرہ (ذال پر پیش اور راء مخفف) کہتے ہیں پس حدیث میں ذُرَہ بھی پڑھ سکتے ہیں، اور ذُرہ کے ایک معنی ہیں: چینا، یہ بھی ایک غلہ ہے اس کا دانہ سرسوں کے دانہ کے برابر ہوتا ہے، اس پر سے چھلکا نکلتا ہے، پھر اس کی مہری وغیرہ پکتی ہے، غرض چینا: گیہوں اور جو کے دانوں سے چھوٹا ہوتا ہے۔

استدلال: امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ حدیث میں خیر بمعنی ایمان ہے، ابان کی روایت سے اس کی تائید ہوتی ہے، ان کی روایت میں من إیمان ہے، پس حدیث اس پر صاف دلالت کرتی ہے کہ ایمان وخیر میں تفاوت ہے، کسی کا ایمان جَو کے دانہ کے برابر ہوتا ہے، کسی کا گیہوں کے دانہ کے برابر اور کسی کا مکئی یا چینے کے دانے کے برابر اور کسی کا ذرّہ کے برابر۔ اور جو شخص پوری شریعت پر عمل کرتا ہے اس کا ایمان پہاڑ سے بھی بڑا ہوتا ہے، معلوم ہوا کہ ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے۔

جواب یہ ہے کہ ایمان: خیر کے معنی میں بھی تو ہوسکتا ہے، یعنی یہ کمی بیشی اعمال میں ہوتی ہے یعنی ایمان کامل میں ہوتی ہے۔

← تدلیس الاسناد: یہ ہے کہ محدث کسی حدیث کو ایسے شخص سے روایت کرے جو اس کا ہم عصر ہے، مگر اس سے ملاقات نہیں ہوئی، یا ملاقات تو ہوئی ہے مگر اس سے کوئی حدیث نہیں سنی، یا حدیث تو سنی ہے مگر یہ حدیث جو بیان کر رہا ہے وہ نہیں سنی، یہ حدیث اس شیخ کے کسی معمولی یا ضعیف شاگرد سے سنی ہے اور اس واسطہ کو حذف کر کے شیخ سے اس طرح روایت کرتا ہے کہ سماع کا وہم پیدا ہوتا ہے، تدلیس کی یہ قسم مذموم اور ناجائز ہے۔

تدلیس الشیوخ: یہ ہے کہ محدث اپنے شیخ کا ذکر غیر معروف نام سے یا غیر معروف کنیت سے یا غیر معروف نسبت سے یا غیر معروف صفت سے کرے، تاکہ لوگ اس کو پہچان نہ سکیں، کیونکہ وہ ضعیف یا معمولی درجہ کا راوی ہے، تدلیس کی یہ صورت بھی نامناسب ہے، مگر ناجائز نہیں۔

تدلیس التسویہ: یہ ہے کہ محدث اپنے شیخ کو تو حذف نہ کرے البتہ حدیث کو عمدہ بنانے کے لئے اوپر کے کسی ضعیف یا معمولی راوی کو حذف کرے، اور وہاں ایسا لفظ رکھ دے جس میں سماع کا احتمال ہو۔ تدلیس کی یہ صورت حرام ہے (تحفۃ الدرر ص: ۲۵-۲۷)

دوسری حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ان کے دورِ خلافت میں ایک یہودی آیا، اس نے کہا: اے امیر المؤمنین! تمہاری کتاب میں ایک آیت ہے جس کو تم پڑھتے ہو مگر تمہیں اس کی قدر و قیمت معلوم نہیں، اگر وہ آیت ہم یہودیوں پر اترتی تو ہم اس دن جشن منایا کرتے۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا: وہ کونسی آیت ہے؟ اس نے کہا: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ، وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِيْنًا﴾ حضرت عمرؓ نے فرمایا: ہم اس دن کو اور اس جگہ کو جہاں نبی ﷺ پر یہ آیت اتری ہے، خوب جانتے ہیں، جب یہ آیت اتری آپؐ وقوفِ عرفہ کئے ہوئے تھے اور وہ جمعہ کا دن تھا۔

تشریح:

یہودیوں کا دعوی ہے کہ دینِ موسوی دائمی ہے، وہ آفاقی دین کے دعوے دار تو نہیں، یعنی وہ یہ نہیں کہتے کہ یہودیت تمام انسانوں کے لئے ہے، ان کے نزدیک بھی یہودیت نسلی مذہب ہے، بنی اسرائیل یعنی حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد کے لئے ہے، ان کے علاوہ کوئی یہودی نہیں بن سکتا، مگر وہ اپنے مذہب کو ابدی مانتے ہیں یعنی قیامت تک کے لئے مانتے ہیں، مگر تورات میں اس کی کوئی دلیل نہیں، یہ محض ان کا دعوی ہے۔ اس لئے وہ یہودی کہہ رہا ہے کہ اگر یہ آیت تورات میں ہوتی تو ہم اس دن جس دن وہ آیت اتری ہوتی فنکشن (جشن) منایا کرتے، اور تمہارے قرآن میں یہ آیت ہے، تم صبح و شام اس کو پڑھتے ہو مگر تمہارے نزدیک اس کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس یہودی کو جواب دیا کہ ہمیں کوئی جشن منانے کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ جس دن آیت اتری ہے ہماری دو عیدیں جمع تھیں، ایک: جمعہ کا دن تھا جو مسلمانوں کی چھوٹی عید ہے۔ دوسری: عرفہ کا دن تھا جس میں ساری دنیا کے حاجی میدانِ عرفہ میں جمع ہوتے ہیں، پھر جمعہ کا دن تو ہمیشہ اس معین تاریخ میں نہیں آتا مگر عرفہ کا دن اس وقت سے آج تک ہمیشہ اسی معین تاریخ میں آتا ہے، اور قیامت تک اسی معین تاریخ میں آتا رہے گا، اس دن ساری دنیا کے حجاج مکہ مکرمہ کے اسی میدانِ عرفات میں اکٹھا ہوتے ہیں جہاں یہ آیت اتری تھی اور اتنا بڑا اجتماع ہوتا ہے کہ دنیا میں اتنا بڑا دوسرا کوئی اجتماع ممکن نہیں، پھر ہمیں الگ سے فنکشن منانے کی کیا ضرورت ہے؟

قولہ: إِنَّ رجلاً من الیہود: یہ یہودی کون تھا؟ ایک رائے میں کعب احبار نے یہ بات کہی تھی، یہ بات صحیح معلوم نہیں ہوتی، کعب احبارؒ تو مسلمان ہو گئے تھے، اور وہ صادق الایمان تھے، وہ اگرچہ تورات کی باتیں بیان کرتے تھے مگر وہ منافق نہیں تھے، مخلص مسلمان تھے۔ وہ حضرت عمرؓ سے ایسی بات کیسے کہہ سکتے ہیں۔ یہ بات تو وہ کہے گا جو ابھی یہودی ہے، اور اس کو اپنے مذہب سے دلچسپی ہے، پھر اس شخص کا قرآن کو مسلمانوں کی کتاب کہنا، اور یہ کہنا کہ اگر ہم یہودیوں پر یہ آیت اترتی: یہ دلیل ہے کہ وہ کوئی دوسرا یہودی تھا[1] واللہ اعلم

(۱) حضرت کعبؒ ایک قول کے مطابق حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں مسلمان ہوئے ہیں اور دوسرا قول یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت میں مسلمان ہوئے ہیں (تہذیب ۸: ۴۳۸) اگر یہ دوسرا قول لیں تو حضرت کعبؒ کو مصداق بنایا جاسکتا ہے۔ یہ بات انھوں نے مسلمان ہونے سے پہلے کہی ہوگی۔

استدلال: امام بخاری رحمہ اللہ نے اس حدیث سے ایمان کی کمی بیشی پر اس طرح استدلال کیا ہے کہ دین ۲۳ سال میں مکمل ہوا ہے، پس دین ۲۳ سال تک برابر بڑھتا رہا، پھر پایۂ تکمیل کو پہنچا، اور دین وایمان مترادف ہیں پس ثابت ہوا کہ ایمان بڑھتا رہا۔

اور جواب کتاب الایمان کے بالکل شروع میں سورۃ التوبہ کی آیت (۱۲۴) کے ضمن میں گذر چکا ہے کہ یہاں مُؤمَن بہ میں اضافہ ہوا ہے۔ یعنی ۲۳ سال تک جو ایمان میں اضافہ ہوتا رہا ہے وہ زیادتی احکام واخبار بڑھنے کی وجہ سے تھی، اس وقت جتنے احکام نازل ہوتے تھے وہی مکمل دین تھا، پھر جب کوئی نیا حکم نازل ہوتا تو اس کے ساتھ دین کامل ہوتا، غرض: پہلا دین ناقص نہیں تھا، جیسے شروع اسلام میں دو نمازیں فرض تھیں پس وہی کامل دین تھا پھر پانچ نمازیں فرض ہوئیں تو اب یہ کامل دین ہوا۔ اور مُؤْمَن بہ میں اضافہ نزول وحی کے زمانہ میں ہوتا تھا، اب وحی مکمل ہوچکی اس لئے مؤمن بہ میں اضافہ کی کوئی صورت نہیں۔

[۳۳-] بابُ زِيَادَةِ الإِيْمَانِ وَنُقْصَانِهِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَزِدْنَاهُمْ هُدًى﴾ [الكهف: ۱۳]

[۲-] ﴿وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِيْمَانًا﴾ [المدثر: ۳۱]

[۳-] وَقَالَ: ﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾: فَإِذَا تَرَكَ شَيْئًا مِنَ الْكَمَالِ فَهُوَ نَاقِصٌ.

[٤٤-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "يُخْرَجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَفِيْ قَلْبِهِ وَزْنُ شَعِيْرَةٍ مِنْ خَيْرٍ، وَيُخْرَجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَفِيْ قَلْبِهِ وَزْنُ بُرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ، وَيُخْرَجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَفِيْ قَلْبِهِ وَزْنُ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ أَبَانُ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: "مِنْ إِيْمَانٍ" مَكَانَ "خَيْرٍ" [انظر: ٤٤٧٦، ٦٥٦٥، ٧٤١٠، ٧٤٤٠، ٧٥٠٩، ٧٥١٠، ٧٥١٦]

[٤٥-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ، سَمِعَ جَعْفَرَ بْنَ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعُمَيْسِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْيَهُوْدِ قَالَ لَهُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! آيَةٌ فِيْ كِتَابِكُمْ تَقْرَءُوْنَهَا لَوْ عَلَيْنَا مَعْشَرَ الْيَهُوْدِ نَزَلَتْ لَاتَّخَذْنَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ عِيْدًا، قَالَ: أَيُّ آيَةٍ؟ قَالَ: ﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِيْنًا﴾ قَالَ عُمَرُ: قَدْ عَرَفْنَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ وَالْمَكَانَ الَّذِيْ نَزَلَتْ فِيْهِ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ قَائِمٌ بِعَرَفَةَ يَوْمَ جُمُعَةٍ.

[انظر: ٤٤٠٧، ٤٦٠٦، ٧٢٦٨]

بابٌ: الزَّکَاۃُ مِن الإسلام

زکات اسلامی عمل ہے

اعمال اسلامی میں ایک زکوٰۃ بھی ہے پس جو مسلمان زکوٰۃ ادا نہیں کرتا وہ کامل مسلمان نہیں، ناقص مسلمان ہے۔اور ایمان واسلام ایک ہیں پس ثابت ہوا کہ زکوٰۃ بھی ایمان کا جزء ہے۔

محدثین کا مقابلہ چونکہ مرجئہ کے ساتھ رہا ہے، اور آج اسّی فیصد مسلمان عملی طور پر مرجئ ہیں وہ اعمال کو تو مفید سمجھتے ہیں چنانچہ بڑے دنوں میں اور بڑی راتوں میں خوب عبادتیں کرتے ہیں اور برائی کو ایمان کے لئے مضر نہیں سمجھتے، چنانچہ ہر برائی کا برملا ارتکاب کرتے ہیں، نمازوں سے غفلت برتتے ہیں، زکوٰتیں ادا نہیں کرتے، اس لئے اعمال کی حیثیت زیادہ سے زیادہ بڑھا کر بیان کرنی چاہئے تاکہ بے عمل مسلمانوں کو ہوش آئے اور وہ اپنا محاسبہ کریں۔

امام بخاریؒ نے ترجمۃ الباب میں سورۃ البینہ کی ایک آیت لکھی ہے۔اس کو سمجھنے کے لئے شروع سورت سے مضمون سمجھنا ضروری ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ أَھْلِ الْکِتَابِ﴾ الآیۃ: الذین کفروا: لم یکن کا اسم ہے، اور من بیانیہ ہے، الذین کا بیان ہے، اور منفکین خبر ہے، ترجمہ: نہیں تھے وہ لوگ جنھوں نے نبی ﷺ کا انکار کیا خواہ وہ اہل کتاب میں سے ہوں یا مشرکین میں سے: اپنے حال سے جدا ہونے والے یہاں تک کہ ان کے پاس واضح دلیل آجائے۔

تمام انبیاء نبوت کے چاند تارے ہیں اور آقائے دوجہاں ﷺ آفتابِ نبوت ہیں، رات میں جب سورج نہیں ہوتا چاند تارے اپنی روشنی پھیلاتے ہیں لیکن جب سورج نکل آتا ہے تو چاند تارے بے نور ہو جاتے ہیں، وہ آسمان میں موجود ہوتے ہیں لیکن سورج کے نکلنے کے بعد ان کی روشنی پھیکی پڑ جاتی ہے۔اور دور دورہ سورج کا شروع ہو جاتا ہے۔

قرآنِ کریم یہی کہہ رہا ہے کہ آج سے پہلے تو چاند تاروں سے کام چلتا تھا، لیکن اب تاریکی گھٹاٹوپ ہوگئی ہے اب چاند تاروں سے کام چلنے والا نہیں، اب ضروری ہے کہ آفتابِ نبوت طلوع ہو۔

یہ اس بات کا جواب ہے کہ آنحضور ﷺ کو سب سے آخر میں کیوں مبعوث فرمایا گیا؟ جواب یہ دیا گیا کہ اب سے پہلے بھی دنیا میں تاریکی چھاتی تھی لیکن وہ تاریکی ہلکی ہوتی تھی، اس لئے چاند تاروں سے کام چل جاتا تھا لیکن جس دور میں آنحضور ﷺ مبعوث فرمائے گئے وہ ایسا دور تھا کہ تمام انسان گمراہی کی دل دل میں پھنس چکے تھے، اور تاریکی اتنی گہری ہوگئی تھی کہ چاند تاروں سے کام چلنے والا نہیں تھا، جب تک آفتابِ نبوت طلوع نہ ہو تاریکی چھٹنے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی تھی، اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی کو مبعوث فرمایا، جن کو قرآن نے ﴿سِرَاجًا مُنِیْرًا﴾ کہا ہے ﴿الْبَیِّنَۃ﴾ سے خاص آنحضور ﷺ کی ذات اقدس مراد ہے، اور دلیل یہ ہے کہ آگے بدل آرہا ہے ﴿رَسُوْلٌ مِنَ اللّٰہِ یَتْلُوْا صُحُفًا مُطَھَّرَۃً﴾ رسولٌ: میں تنوین تعظیم کے لئے ہے، یعنی جب تک اللہ کا بہت بڑا رسول کوئی کتاب لے کر نہ آئے گمراہی ختم

ہونے والی نہیں تھی، قرآنِ کریم کی ایک سو چودہ سورتیں ہیں ہر سورت ایک صحیفہ ہے۔ پہلے یہ صحیفے الگ الگ تھے، پھر ان کو کتابی شکل دی گئی ﴿فِیْهَا كُتُبٌ قَیِّمَةٌ﴾ ان صحیفوں میں قیمتی مضامین ہیں، جن سے روشنی پھیلے گی اور تاریکی چھٹے گی۔ حالی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

اتر کر حراء سے سوئے قوم آیا ❁ اور ایک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

یعنی رسول قرآن ساتھ لے کر آیا تو گمراہی ختم ہوئی اور تاریکی چھٹی ﴿وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِیْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَاجَاءَتْهُمُ الْبَیِّنَةُ﴾: جب وہ بڑا رسول حاملِ قرآن بن کر آیا تو خاص طور پر اہل کتاب نے انکار کر دیا، مشرکین نے بھی انکار کیا مگر ان پر زیادہ حیرت نہیں، اس لئے کہ وہ اللہ کی کتابوں سے اور نبیوں کی تعلیمات سے ناواقف تھے، لیکن جو لوگ اہل کتاب تھے، جن کے پاس اللہ کی کتابیں تھیں اور ان میں واضح ہدایتیں تھیں ان کا آنحضور ﷺ کی رسالت کا انکار کرنا زیادہ افسوس ناک تھا۔ اس آیت میں البینة سے مراد سابقہ کتابیں ہیں۔ اور تفرق سے مراد نبی ﷺ سے جدا ہونا ہے یعنی آپؐ کی رسالت کا انکار کرنا مراد ہے۔

گذشتہ کتابوں میں کیا ہدایات تھیں؟ ﴿وَمَا أُمِرُوْا إِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰهَ﴾ الآیة: ان کتب سماویہ میں اہل کتاب کو یہی حکم دیا گیا تھا کہ وہ ایک خدا کی بندگی کریں درانحالیکہ وہ دین کو اللہ کے لئے خالص کرنے والے ہوں ﴿مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ﴾ پہلا حال ہے اور ﴿حُنَفَاءَ﴾ دوسرا حال ہے یعنی یہ بھی حکم تھا کہ تمام ادیانِ باطلہ سے یکسو ہو کر دین حق کی طرف مائل ہو جائیں۔ یہود کے دین میں گڑبڑ ہوگئی تھی، اس لئے ضروری تھا کہ وہ حضور ﷺ کی طرف متوجہ ہو جائیں، ﴿وَیُقِیْمُوْا الصَّلٰوةَ﴾ اور ان کو یہ بھی حکم تھا کہ نمازوں کا اہتمام کریں ﴿وَیُؤْتُوْا الزَّكَاةَ﴾ اور زکوتیں ادا کریں ﴿وَذٰلِكَ دِیْنُ الْقَیِّمَةِ﴾ ذلك: مبتداء ہے اور الدین القیمة: خبر ہے۔ یہ درحقیقت موصوف صفت ہیں، ان کو مرکب اضافی سے بدلا گیا ہے[1] فرمایا: اور یہ سیدھا دین ہے، یعنی جو احکام کتب سماویہ میں دیئے گئے ہیں وہی احکام قرآن میں ہیں، پس یہود کا قرآن کی تعلیمات سے روگردانی کرنا حیرت ناک ہے، اس کے بعد یہ مضمون ہے کہ تمام منکرین خواہ وہ مشرک ہوں یا اہل کتاب سب دوزخ میں جائیں گے، اور وہ بدترین خلائق ہیں اور نیک کام کرنے والے مؤمنین خیر البریّہ ہیں، ان کو ایمان اور اعمالِ صالحہ کی جزاء آخرت میں ملے گی۔ یہ پوری سورت کا خلاصہ ہے۔

(۱) کبھی مرکب توصیفی کو الٹ کر مرکب اضافی بناتے ہیں جیسے جسمٌ جمیلٌ سے جمیلُ الجسم، اور کبھی موصوف صفت کو بحالہ باقی رکھ کر موصوف کی صفت کی طرف اضافت کرتے ہیں، یہاں ایسا ہی کیا ہے، مگر ترجمہ موصوف صفت ہی کا کرتے ہیں اور ایسا عبارت کو سُبک اور سہل بنانے کے لئے کرتے ہیں۔ رہا یہ سوال کہ موصوف صفت میں مطابقت ضروری ہے جب صفت مؤنث ہے تو موصوف مذکر کیسے ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں ملة پوشیدہ ہے۔ تقدیر عبارت ہے: ذلك دین الملة القیمة یعنی القیمة: الدین کی راست صفت نہیں، اس لئے موصوف صفت میں مطابقت ضروری نہیں۔

استدلال: امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ **ذلك** کا مشارالیہ سابقہ ادیان کی باتیں ہیں، ان میں زکوٰۃ بھی ہے، اور اللہ نے فرمایا: ''یہ مستقیم دین ہے'' معلوم ہوا کہ زکوٰۃ دین کا ایک جزء ہے، اور دین وایمان ایک ہیں پس ثابت ہوا کہ اعمال ایمان کا جزء ہیں۔

فائدہ: کچھ متجددین کہتے ہیں کہ اہل کتاب: یہود ونصاری کافر نہیں اور ان کو کافر کہنا جائز نہیں۔ اس لئے کہ وہ انبیاء کو مانتے ہیں، اللہ کی کتابوں کو مانتے ہیں، فرشتوں کو، قیامت کو اور جنت وجہنم کو مانتے ہیں، پس ان کو کافر کیسے کہہ سکتے ہیں؟ ان کی یہ بات غلط ہے، سورۃ البینہ میں دوجگہ اہل کتاب کو کافر کہا گیا ہے۔ پہلی آیت میں اور آیت ۶ میں۔ اور ان لوگوں کو اشکال اس وجہ سے ہوا ہے کہ انھوں نے کفر کے معنی اچھی طرح نہیں سمجھے، جس نبی کا زمانہ چل رہا ہے اس نبی کو نہ ماننے والا کافر ہے۔ البتہ لفظ کافر اب گالی بن گیا ہے اس لئے یہ لفظ استعمال نہ کیا جائے، اس کی جگہ کوئی اور لفظ مثلاً غیر مسلم کہا جائے۔

حدیث کا خلاصہ: یہ حدیث بخاری شریف میں متعدد جگہ آئی ہے اور دیگر کتب حدیث میں بھی معمولی اختلاف کے ساتھ آئی ہے۔ ان تمام روایتوں کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے دعوت وتبلیغ کے لئے صحابہ کی ایک جماعت ایک قبیلہ کی طرف بھیجی، انھوں نے محنت کی، سارا قبیلہ مسلمان ہونے کے لئے تیار ہوگیا، مگر پہلے انھوں نے داعیوں کی باتوں کی تصدیق کرنے کا ارادہ کیا، چنانچہ حضرت ضمام بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ کو نمائندہ بنا کر روانہ کیا، جس وقت وہ پہنچے ہیں آنحضور ﷺ کی مجلس ہورہی تھی۔ انھوں نے کسی سے پوچھا: تم میں محمد کون ہیں؟ اس نے بتایا: وہ جو گورے رنگ کے حضرت ٹیک لگائے بیٹھے ہیں وہ محمد ہیں، وہ مجلس کو چیر کر آگے بڑھا اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھ گیا، اور بات یہاں سے شروع کی کہ میں آپؐ سے کچھ باتیں دریافت کروں گا اور سخت لہجہ میں پوچھونگا، آپؐ مجھ پر ناراض نہ ہوں، آپؐ نے فرمایا: پوچھو جو پوچھنا ہے، اس نے سب باتیں پوچھیں، پھر اٹھ کر یہ کہتا ہوا چل دیا کہ آپؐ نے جو باتیں بتائی ہیں ان میں نہ کمی کرونگا نہ زیادتی یعنی بے کم وکاست قوم تک یہ باتیں پہنچاؤں گا۔

حدیث کا ترجمہ: حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ جو عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے پاس نجد کا ایک شخص آیا جو پراگندہ سر تھا، یعنی سفر کی وجہ سے اس کے بال گرد آلود بکھرے ہوئے تھے، وہ جب مسجد میں داخل ہوا تو کچھ گنگنا رہا تھا، ہم اس کی آواز کی بھنبھناہٹ سن رہے تھے اور ہم سمجھ نہیں رہے تھے کہ وہ کیا کہہ رہا ہے، یہاں تک کہ وہ قریب آگیا۔ تب پتا چلا کہ وہ اسلام کے بارے میں پوچھ رہا ہے، آپؐ نے فرمایا: ''رات دن میں پانچ نمازیں فرض ہیں'' اس نے پوچھا: کیا ان کے علاوہ بھی فرض ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''نہیں مگر یہ کہ تم نفل ادا کرو'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اور رمضان کے روزے فرض ہیں، اس نے پوچھا: کیا میرے ذمہ اس کے علاوہ بھی کچھ روزے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں مگر یہ کہ تم نفل روزے رکھو۔ راوی کہتا ہے: اور رسول اللہ ﷺ نے زکاۃ کا بھی ذکر کیا، اس نے پوچھا: کیا میرے ذمہ اس کے علاوہ بھی کچھ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں مگر یہ کہ تم نفلی خیرات کرو۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے

ہیں: پس وہ شخص واپس جانے کے لئے مڑا درانحالیکہ وہ کہہ رہا تھا: خدا کی قسم! میں ان باتوں میں نہ کچھ بڑھاؤں گا اور نہ ان میں سے کچھ گھٹاؤں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر اس نے سچ کہا تو کامیاب ہوگیا!

سوال: اس حدیث میں نہ حج کا ذکر ہے اور نہ منہیات کا، پس کیا حج فرائض میں سے نہیں؟ اور منہیات سے بچنا ضروری نہیں؟

جواب: بخاری ہی میں آئندہ اسی حدیث (نمبر ۱۸۹۱) میں یہ بھی ہے: **فأخبرَه رسول الله صلی الله علیه وسلم بشرائع الإسلام:** آپؐ نے اس کو اسلام کے سارے ہی احکام بتلائے، یہاں حدیث مختصر ہے۔

قوله: لاأزید علی هذا ولا أنقص کے علماء نے متعدد مطلب بیان کئے ہیں، میرے نزدیک اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ شخص قوم کا نمائندہ بن کر آیا تھا، اس لئے اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ آپؐ نے جو باتیں بتائی ہیں بے کم وکاست وہ باتیں اپنی قوم کو پہنچاؤں گا، ان میں نہ کمی کروں گا نہ زیادتی۔

اور آپؐ نے اس کو جو بشارت سنائی ہے اس کی وجہ یہ تھی کہ اس نے جس انداز سے گفتگو کی ہے اس سے آنحضور ﷺ نے اس کی قلبی کیفیت کا اندازہ کرلیا اور یہ بشارت سنائی۔ شیخ سعدی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

تامرد سخن نہ گفتہ باشد ❁ عیب و ہنرش نہفتہ باشد

جب تک آدمی بات نہیں کرتا اس کے عیب وہنر کا پتہ نہیں چلتا، جب کلام کرتا ہے تو اندازہ ہوجاتا ہے کہ کتنے پانی میں ہے؟ غرض حضرت ضمام بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ نے جس انداز سے گفتگو کی تھی اس سے حضور ﷺ ان کی قلبی کیفیت پر مطلع ہوگئے، اور اسی بنیاد پر یہ خوشخبری سنائی۔ واللہ اعلم

[۳۴-] بابٌ: الزَّکَاةُ مِنَ الإِسْلاَمِ

وَقَوْلُهُ تَعَالٰی: ﴿وَمَا أُمِرُوْا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ، حُنَفَاءَ، وَيُقِيْمُوْا الصَّلاَةَ وَيُؤْتُوْا الزَّكَاةَ، وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ﴾[البينة: ۵]

[۴۶-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ عَمِّهِ أَبِیْ سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَمِعَ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مِنْ أَهْلِ نَجْدٍ، ثَائِرَ الرَّأْسِ، نَسْمَعُ دَوِيَّ صَوْتِهِ، وَلاَ نَفْقَهُ مَا يَقُوْلُ، حَتّٰی دَنَا، فَإِذَا هُوَ يَسْأَلُ عَنِ الإِسْلاَمِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِی الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ " فَقَالَ: هَلْ عَلَیَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: "لاَ، إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ" قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" وَصِيَامُ رَمَضَانَ" قَالَ: هَلْ عَلَیَّ غَيْرُهُ؟ قَالَ: " لاَ، إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ" قَالَ: وَذَكَرَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم الزَّكَاةَ، قَالَ: هَلْ عَلَیَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ:"لاَ، إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ" قَالَ:

فَأَدْبَرَ الرَّجُلُ وَهُوَ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لاَ أَزِيْدُ عَلَى هٰذَا وَلاَ أَنْقُصُ، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَفْلَحَ إِنْ صَدَقَ" [انظر: ١٨٩١، ٢٦٧٨، ٦٩٥٦]

وضاحت: ابو سُہیل حضرت امام مالک رحمہ اللہ کے چچا ہیں اور بلند پایہ محدث ہیں۔ اور امام مالک کے دادا بھی بڑے محدث تھے۔

قولہ: أَنَّهُ سَمِعَ: أَنَّه کبھی عبارت میں لکھتے ہیں اور کبھی چھوڑ دیتے ہیں جیسے اوپر حدیث (۴۵) میں لکھا ہوا نہیں ہے، ایسی جگہ أَنَّهُ بڑھا کر پڑھ سکتے ہیں، جیسے حدثنا اور أخبرنا سے پہلے قال بڑھاتے ہیں۔

قولہ: دَوِيٌّ: بھنبھناہٹ، شہد کی مکھیوں کی آواز کو اردو میں بھنبھناہٹ اور عربی میں دَوِيٌّ کہتے ہیں۔

قولہ: ثائر الرأس: اس کو حال بھی بنا سکتے ہیں پس منصوب پڑھیں گے، اور مبتدا محذوف کی خبر بھی بنا سکتے ہیں پس مرفوع پڑھیں گے، تقدیر عبارت ہوگی: ھو ثائرُ الرأس۔

بابُ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ مِنَ الإِيْمَانِ

جنازہ کے ساتھ جانا ایمانی عمل ہے

جنازے کے ساتھ جانا ایمانی عمل ہے یعنی ایمان کے تقاضہ سے آدمی جنازہ کے ساتھ جاتا ہے۔ رشتہ داری کی بات الگ ہے ورنہ جنازے کے ساتھ جانے کی کس کو فرصت ہے؟ جو بندہ اپنی مصروفیات نظر انداز کرتا ہے اور جنازے کے ساتھ جاتا ہے وہ ایمان کے تقاضہ سے ہی ایسا کرتا ہے۔

حدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جنازہ کے ساتھ گیا یقین کرتے ہوئے اور ثواب کی امید رکھتے ہوئے اور جنازہ کے ساتھ رہا یہاں تک کہ اس کی نماز جنازہ پڑھی گئی اور اس کی تدفین سے فراغت ہوگئی تو وہ لوٹتا ہے ثواب کے دو قیراط کے ساتھ، ہر قیراط احد پہاڑ کے برابر ہوتا ہے۔ اور جس نے میت کی نماز جنازہ پڑھی پھر تدفین سے پہلے لوٹ گیا تو وہ ایک قیراط کے ساتھ لوٹتا ہے۔

تشریح:

۱- اتَّبع کے معنی ہیں: پیچھے چلنا —— جنازہ کے آگے چلنا افضل ہے یا پیچھے؟ اس میں اختلاف ہے، امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک آگے چلنا افضل ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک پیچھے چلنا افضل ہے۔ یہ حدیث امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل ہے، اور یہ اختلاف درحقیقت نقطۂ نظر کا اختلاف ہے۔ حضرت امام شافعیؒ کا خیال یہ ہے کہ جو لوگ جنازہ کے ساتھ جاتے ہیں وہ شافع (سفارشی) بن کر جاتے ہیں اور سفارش کرنے والا آگے چلتا ہے، اور امام اعظمؒ کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ وہ لوگ میت کو رخصت کرنے جاتے ہیں اور رخصت کرنے والے پیچھے چلتے ہیں، تفصیل کتاب الجنائز میں آئے گی۔

۲- حدیث شریف میں مسلم کی قید احترازی ہے، پس غیر مسلم کے جنازہ کے ساتھ جانا جائز نہیں، اگرچہ اس کے ساتھ روابط ہوں، ہاں تعزیت کے لئے اس کے گھر جاسکتے ہیں اور کوئی غیر مسلم کسی مسلمان کے جنازہ کے ساتھ آئے تو اس کو منع نہیں کرنا چاہئے، وہ اس کا عمل ہے۔

۳- إیمانا و احتسابا: حدیثوں میں بار بار آیا ہے اور پہلے بتایا ہے کہ ایمان کے معروف معنی (تصدیق قلبی) مراد نہیں، بلکہ یقین کے معنی ہیں، اور احتساب کے معنی ہیں: ثواب کی امید رکھنا، اور یہ مشکل عمل کو آسان بنانے کا فارمولہ ہے، ظاہر ہے کاروبار چھوڑ کر اور دیگر مصروفیات کو نظر انداز کر کے جنازہ کے ساتھ جانا مشکل امر ہے، اور مشکل کام کو آسان بنانے کا فارمولہ یہ ہے کہ اس کام پر جو ثواب ملنے والا ہے اس کا یقین کیا جائے اور اس ثواب کو نظروں کے سامنے لایا جائے پس ہر مشکل کام آسان ہوجائے گا۔

۴- قیراط درہم کے چھٹے حصہ کو کہتے ہیں، مگر یہاں دنیا کا قیراط مراد نہیں، بلکہ آخرت کا قیراط مراد ہے، اور آخرت کا قیراط احد پہاڑ جتنا بڑا ہوگا، اور جو تدفین تک جنازہ کے ساتھ رہا اس کو دو قیراط ملیں گے، ایک قیراط جنازہ پڑھنے کا اور دوسرا قیراط تدفین میں شامل رہنے کا۔

پہلے طریقہ یہ تھا کہ جنازہ پڑھ کر لوگ خود قبر کھودتے تھے، پھر میت کو اتار کر خود ہی قبر بھرتے تھے، اس لئے اس کا علاحدہ ثواب رکھا گیا ہے، اگر سب لوگ نماز پڑھ کر چل دیں گے تو سارا کام میت کے پسماندگان کو کرنا پڑے گا، کوئی ان کا ہاتھ بٹانے والا نہ ہوگا۔ اب شہروں میں اگرچہ یہ صورت نہیں رہی، گورکن قبر تیار کرتا ہے اور وہی قبر بھرتا ہے، مگر دوسری مصلحتوں سے اب بھی حکم یہی ہے کہ دوسرا قیراط تدفین نمٹنے تک ساتھ رہنے کی صورت میں ملے گا۔

استدلال: امام بخاریؒ نے لفظ إیمانا سے استدلال کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے جنازہ کے ساتھ جانے کو ایک ایمانی عمل قرار دیا ہے، پس وہ ایمان کا جزء ہوا۔ مگر میں نے اوپر بتایا ہے کہ یہاں ایمان اپنے معروف معنی میں نہیں ہے، بلکہ اس کے معنی یہاں یقین کرنے کے ہیں، یعنی جنازہ کے ساتھ جانے پر ثواب کا جو وعدہ کیا گیا ہے اس کا یقین کرنا مراد ہے۔

[۳۵-] بابٌ: اتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ مِنَ الإِيْمَانِ

[۴۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَلِيٍّ الْمَنْجُوْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنِ الْحَسَنِ، وَمُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنِ اتَّبَعَ جَنَازَةَ مُسْلِمٍ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا، وَكَانَ مَعَهُ حَتَّى يُصَلَّى عَلَيْهَا، وَيُفْرَغَ مِنْ دَفْنِهَا، فَإِنَّهُ يَرْجِعُ مِنَ الْأَجْرِ بِقِيْرَاطَيْنِ، كُلُّ قِيْرَاطٍ مِثْلُ أُحُدٍ، وَمَنْ صَلَّى عَلَيْهَا ثُمَّ رَجَعَ قَبْلَ أَنْ تُدْفَنَ، فَإِنَّهُ يَرْجِعُ بِقِيْرَاطٍ"

تَابَعَهُ عُثْمَانُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ. [انظر: ۱۳۲۳، ۱۳۲۵]

وضاحت: اس حدیث کو عوف اعرابی سے رَوح اور عثمان المؤذن نے روایت کیا ہے، البتہ رَوح نے عوف کے دو استاذ ذکر کیئے ہیں: حسن بصریؒ اور محمد بن سیرینؒ، اور عثمان المؤذن نے صرف محمد بن سیرین کا تذکرہ کیا ہے، یہ فرق ظاہر کرنے کے لئے متابع لائے ہیں۔

ملحوظہ: و کان معه: اس کو مذکر و مؤنث دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، معه: پڑھیں تو مرجع مسلم ہوگا، اور معها پڑھیں تو جنازة مرجع ہوگا............ یصلی اور یفرغ کو معروف و مجہول دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں............ مثل أحد کو اگر رفع پڑھیں تو یہ خبر ہوگا، اور کل قیراط مبتداء ہوگا، اور نصب پڑھیں تو منصوب بنزع خافض ہوگا، أی کمثل أُحُدٍ۔

بابُ خَوْفِ الْمُؤْمِنِ أَنْ يُحْبَطَ عَمَلُهُ وَهُوَ لاَيَشْعُرُ

مؤمن کو دھڑکا لگا رہنا چاہئے کہ کہیں اس کے اعمال غارت نہ ہو جائیں اور اس کو پتا بھی نہ چلے

اس باب میں دو مضمون ہیں، پہلے مضمون کی دلیل میں تین آثار لائے ہیں، پھر دوسرا مضمون ہے اس کی دلیل میں آیت لائے ہیں، اس کے بعد دو حدیثیں ہیں، ان میں سے پہلی حدیث دوسرے مضمون سے متعلق ہے اور دوسری حدیث پہلے مضمون سے متعلق ہے، یعنی لف ونشر مشوّش ہے۔

پہلا مضمون: مؤمن کو ہمیشہ دھڑکا لگا رہنا چاہئے کہ کہیں اس کے اعمال ضائع نہ ہو جائیں اور اسے پتا بھی نہ چلے، اور ظاہر ہے جب کسی مؤمن کے اعمال کسی گناہ کی وجہ سے غارت ہونگے تو اس کا ایمان کمزور پڑے گا، اور ایمان میں نقص آئے گا پس ثابت ہوا کہ ایمان میں کمی زیادتی ہوتی ہے۔

قرآنِ کریم میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَرْفَعُوْا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلاَ تَجْهَرُوْا لَهُ بِالْقَوْلِ﴾ الآیة (الحجرات آیت ۲) اے مسلمانو! نبی ﷺ کے سامنے زور سے مت بولو، ہوسکتا ہے تمہارے اعمال غارت ہو جائیں اور تمہیں پتا بھی نہ چلے، اگر تمہارے زور سے بولنے کی وجہ سے حضور ﷺ کے قلبِ مبارک میں میل آ گیا تو تمہارے اعمال ختم ہو جائیں گے اور تمہیں اس کا احساس بھی نہ ہوگا، معلوم ہوا کہ بعض گناہوں کی وجہ سے زندگی بھر کا کیا کرایا غارت ہو جاتا ہے، اس لئے ہمیشہ اپنے اعمال کے سلسلہ میں دھڑکا لگا رہنا چاہئے، مطمئن کبھی نہیں رہنا چاہئے۔

دلائل:

پہلا اثر: حضرت ابراہیم تیمی رحمہ اللہ جو لوگوں میں وعظ کہا کرتے تھے فرماتے ہیں: میں نے جب بھی اپنے قول کو اپنے عمل پر پیش کیا تو مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں میں اپنی بات کی تردید تو نہیں کر رہا، یعنی میرا عمل میری تقریر اور وعظ کے خلاف تو نہیں۔ یہ مطلب مکذِّبًا: اسم فاعل پڑھنے کی صورت میں ہے۔ اور مُکَذَّبًا: اسم مفعول پڑھیں تو مطلب یہ ہوگا کہ مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں لوگ میری تکذیب تو نہیں کریں گے، وہ کہیں گے: مولوی کہتا کچھ ہے اور کرتا کچھ ہے۔ اور

لفظی ترجمہ ہوگا: کہیں میں جھٹلایا ہوا تو نہیں ہونگا۔ اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ راجح اسم فاعل ہے............غرض مؤمن کو ہمیشہ اپنے اعمال کے بارے میں دھڑ کا لگا رہنا چاہئے جیسے ابراہیم تیمی رحمہ اللہ کو لگا رہتا تھا۔

دوسرا اثر: ابن ابی ملیکہ رحمہ اللہ جو اکابر تابعین میں سے ہیں فرماتے ہیں: میں تیس صحابہ سے ملا ہوں، اور ان سے علم حاصل کیا ہے، اور حاشیہ میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی ان کی ملاقات ہوئی ہے اور ان سے بھی علم حاصل کیا ہے، فرماتے ہیں کہ وہ تمام صحابہ اپنے بارے میں نفاق سے ڈرتے تھے یعنی نفاق عملی سے، یعنی ان سب کو یہ خوف لگا رہتا تھا کہ کہیں ہم عملی طور پر منافق تو نہیں ہیں، اور ان صحابہ میں سے کوئی یہ نہیں کہتا تھا کہ اس کا ایمان حضرت جبرئیل ومیکائیل علیہما السلام کے ایمان جیسا ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ نے بھی فرمایا ہے کہ إیمانی کإیمان جبرئیل کہنا تو جائز ہے، مگر مثل إیمان جبرئیل کہنا جائز نہیں۔ اس لئے کہ مثلیت میں تمام صفات میں برابری ضروری ہے اور تشبیہ کے لئے یہ بات ضروری نہیں، بعض اوصاف میں برابری بھی کافی ہے۔

کہتے ہیں: زیدٌ کالأسد یعنی زید وصف شجاعت میں شیر کی طرح ہے۔ لہٰذا ابن ابی ملیکہ رحمہ اللہ کا قول احناف کے خلاف نہیں، کیونکہ علی إیمان جبرئیل ومیکائیل کا مطلب ہے: میرا ایمان حضرت جبرئیل ومیکائیل کے ایمان کے برابر ہے جس کے احناف بھی قائل نہیں۔

تیسرا اثر: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اللہ سے مؤمن ہی ڈرتا ہے اور اللہ سے منافق ہی بے خوف رہتا ہے............ما خافه کی ضمیر کا مرجع بین السطور میں منافق لکھا ہے وہ صحیح نہیں۔ صحیح مرجع اللہ ہے............ جب چاہو اس بات کا تجربہ کر سکتے ہو۔ جو شخص سچا پکا مؤمن ہوتا ہے اس کے دل کو دیکھو، اس کے دل میں خوف ہوگا کہ اللہ جانے مرنے کے بعد میرا کیا حشر ہوگا؟ میری بخشش ہوگی یا نہیں؟ اور جو نماز نہیں پڑھتا، روزہ نہیں رکھتا زکوٰۃ نہیں دیتا صرف نام کا مسلمان ہے اس کے دل کو ٹٹولو، اس کے دل میں کوئی خوف نہ ہوگا، وہ مطمئن ہوگا کہ جنت تو ہماری جاگیر ہے، اللہ ہمیں نہیں بخشیں گے تو کس کو بخشیں گے؟ ایسا شخص عملی منافق ہوتا ہے۔

دوسرا مضمون: وما یُحذَّر من الإصرار إلخ: کا عطف خوف المؤمن پر ہے۔

ترجمہ: اور اس باب میں ان چیزوں کا بھی بیان ہے جن سے مؤمن کو ڈرایا جاتا ہے، جیسے باہمی قتال پر اور گناہ پر اصرار کرنا، توبہ نہ کرنا یعنی دوسری چیز جس سے مؤمن کو ڈرنا چاہئے وہ گناہوں پر اصرار کرنا ہے، مؤمن کی شان یہ ہونی چاہئے کہ اگر اس سے کوئی گناہ ہو جائے تو فوراً اللہ کی طرف متوجہ ہو اور معافی طلب کرے، یہ انبیاء کی صفت ہے، حضرت آدم علیہ السلام سے ایک لغزش ہوئی تو فوراً بارگاہِ الٰہی سے بخشش کے خواستگار ہوئے۔ گناہ پر اڑے نہیں، گناہ پر اڑنا شیطان کا کام ہے، وہ آج تک اپنی غلطی پر اڑا ہوا ہے۔ سورۂ آل عمران (آیت ۱۳۴و۱۳۵) میں متقیوں کی یہ صفات بیان کی گئی ہیں:

وہ راہ خدا میں مال خرچ کرتے ہیں خوشی میں بھی اور تنگی میں بھی، اور جب کوئی ناگوار بات پیش آتی ہے تو غصہ پی جاتے ہیں اور لوگوں سے درگذر کرتے ہیں۔ پھر منفی پہلو سے ذکر کیا کہ جب ان سے کوئی بے حیائی کا کام ہو جاتا ہے یا وہ اپنے اوپر کوئی ظلم کر لیتے ہیں تو فوراً اللہ کو یاد کرتے ہیں اور اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرتے ہیں۔ یہاں سے آنحضور ﷺ نے صلوۃ التوبہ مستنبط فرمائی۔ اگر کسی شخص سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو پہلے صلوۃ التوبہ پڑھے، اللہ کو یاد کرنے کی سب سے اعلیٰ شکل نماز ہے، پھر اس گناہ کی معافی مانگے اور متقیوں کی ایک خاص صفت یہ ہے کہ وہ جان بوجھ کر اپنے گناہ پر اصرار نہیں کرتے، فوراً صلوۃ التوبہ پڑھ کر اللہ سے معافی مانگتے ہیں، معلوم ہوا کہ گناہوں پر اصرار نہ کرنا صلحاء کی صفت ہے۔

حدیث: زُبید کہتے ہیں: میں نے حضرت ابو وائل رحمہ اللہ سے مرجئہ کے بارے میں پوچھا کہ وہ جو کہتے ہیں کہ ایمان کے ساتھ طاعات تو مفید ہیں مگر معاصی مضر نہیں، ان کی یہ بات کہاں تک درست ہے؟ ابو وائل نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی یہ حدیث سنائی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان کو گالی دینا فسق (حد اطاعت سے نکلنا) ہے اور اسے قتل کرنا کفر ہے''

تشریح:

۱- ابو وائل شقیق بن سلمہ کبار محدثین میں سے ہیں اور حضرت ابن مسعودؓ کے خاص شاگرد ہیں۔ ان کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ مرجئہ کی بات غلط ہے اس لئے کہ آنحضور ﷺ نے مسلمان کو گالی دینے والے کو فاسق کہا ہے اور مسلمان کے قتل کرنے والے کو کافر کہا ہے۔ معلوم ہوا کہ معاصی ایمان کے ساتھ مضر ہیں۔

۲- دین کے دو دائرے ہیں: ایک چھوٹا دائرہ ہے اور وہ دینداری کا دائرہ ہے اس سے نکلنے والا فاسق ہے، اور دوسرا بڑا دائرہ ہے اور وہ دین کا دائرہ ہے اس سے نکلنے والا کافر ہے۔

معتزلہ اور خوارج وغیرہ گمراہ فرقوں نے اس قسم کی احادیث سے استدلال کیا ہے اور کہا ہے کہ مرتکب کبیرہ ایمان سے نکل جاتا ہے، مگر اہل السنہ والجماعہ کا متفقہ فیصلہ ہے کہ یہ وعید کی حدیث ہے، اور یہاں ناقص کو کالعدم فرض کر کے کلام کیا گیا ہے، یعنی مسلمان کو قتل کرنے والا مسلمان ہے مگر اس کا ایمان ناقص ہے، اس لئے اس ناقص ایمان کو کالعدم فرض کر کے کافر کہہ دیا زجر و توبیخ کے موقعہ پر ایسا کرتے ہیں۔

مناسبت: یہ حدیث دوسرے مضمون سے متعلق ہے، آنحضور ﷺ نے لوگوں کو ڈرایا کہ مسلمان کو گالی مت دو ورنہ دینداری کے دائرے سے نکل جاؤ گے اور مسلمان کو قتل مت کرو ورنہ دین کے دائرہ سے بھی نکل جاؤ گے۔

حدیث (۲): حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ لیلۃ القدر کی اطلاع دینے کے لئے حجرہ سے باہر تشریف لائے، اس وقت دو مسلمان آپس میں لڑ رہے تھے۔ آپؐ ان کے درمیان صلح کرانے میں مشغول ہو گئے اور شبِ قدر کا علم ذہن سے نکل گیا۔ چنانچہ آپؐ نے فرمایا: میں اس لئے نکلا تھا کہ تمہیں لیلۃ القدر کی معین تاریخ بتلاؤں

مگر فلاں اور فلاں میں جھگڑا ہو رہا تھا، اس کی وجہ سے معین تاریخ کا علم اٹھالیا گیا۔ اور ہوسکتا ہے اسی میں تمہارے لئے بھلائی ہو، پس تلاش کرو تم شب قدر کو ساتویں، نویں اور پانچویں رات میں۔

تشریح: ایک رمضان میں آنحضور ﷺ کو شب قدر کی معین تاریخ بتلادی گئی تھی اور یہ تعیین خاص اسی رمضان کے لئے تھی، آپ صحابہ کو بتلانے کے لئے مسجد میں تشریف لائے آپؐ نے دیکھا کہ عبداللہ بن ابی حدرد اسلمی اور کعب بن مالک رضی اللہ عنہما آپس میں جھگڑ رہے ہیں۔ حضرت کعبؓ کا عبداللہ بن ابی حدردؓ پر قرضہ تھا جس کا وہ مطالبہ کررہے تھے، اور حضرت عبداللہ تنگ دستی کا عذر کررہے تھے۔ آپؐ نے کعبؓ سے فرمایا: نصف معاف کردو، انھوں نے معاف کردیا پھر آپؐ نے عبداللہ کو نصف قرضہ فوری ادا کرنے کا حکم دیا۔ اس دوران آپؐ کے ذہن سے شبِ قدر کی تعیین نکل گئی۔ چنانچہ آپؐ نے فرمایا: میں اس لئے آیا تھا کہ تمہیں شب قدر کی اطلاع دوں مگر فلاں اور فلاں جھگڑ رہے تھے ان کے جھگڑے کی نحوست سے تعیین اٹھالی گئی، پھر فرمایا: شاید اسی میں تمہارے لئے خیر ہو، اگر معین رات بتادی جاتی تو اسی ایک رات میں لوگ عبادت کرتے، اب سب راتوں میں عبادت کریں گے، لہٰذا رمضان کی ہر رات میں شبِ قدر تلاش کرو خاص طور پر ستائیسویں، انتیسویں اور پچیسویں رات میں تلاش کرو۔

مناسبت: یہ حدیث پہلے مضمون سے متعلق ہے، دو آدمی جھگڑ رہے تھے، ان کی نحوست سے آنحضور ﷺ کے قلب اطہر سے شبِ قدر کی تعیین محو ہوگئی، معلوم ہوا کہ کچھ اعمال ایسے ہیں جن کی نحوست سے علم اٹھ جاتا ہے، اسی طرح عمل بھی حبط ہوجاتا ہے۔

[۳٦-] بابُ خَوْفِ الْمُؤْمِنِ أَنْ يَحْبَطَ عَمَلُهُ وَهُوَ لاَيَشْعُرُ

[۱-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ التَّيْمِيُّ: مَا عَرَضْتُ قَوْلِيْ عَلَى عَمَلِيْ إِلَّا خَشِيْتُ أَنْ أَكُوْنَ مُكَذِّبًا.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: أَدْرَكْتُ ثَلاَثِيْنَ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم كُلُّهُمْ يَخَافُ النِّفَاقَ عَلَى نَفْسِهِ، مَا مِنْهُمْ أَحَدٌ يَقُوْلُ إِنَّهُ عَلَى إِيْمَانِ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ.

[۳-] وَيُذْكَرُ عَنِ الْحَسَنِ: مَا خَافَهُ إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلاَ أَمِنَهُ إِلَّا مُنَافِقٌ.

وَمَا يُحَذَّرُ مِنَ الإِصْرَارِ عَلَى التَّقَاتُلِ وَالعِصْيَانِ، مِنْ غَيْرِ تَوْبَةٍ، لِقَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلَى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ﴾ [آل عمران: ۱۳۵]

[۴۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زُبَيْدٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا وَائِلٍ عَنِ الْمُرْجِئَةِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم: قَالَ: "سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ"

[انظر: ٦٠٤٤، ٧٠٧٦]

[٤٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ يُخْبِرُ بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَتَلَاحَى رَجُلَانِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَقَالَ: "إِنِّيْ خَرَجْتُ لِأُخْبِرَكُمْ بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَإِنَّهُ تَلَاحَى فُلَانٌ وَفُلَانٌ، فَرُفِعَتْ، وَعَسَى أَنْ يَكُوْنَ خَيْرًا لَكُمْ، الْتَمِسُوْهَا فِيْ السَّبْعِ وَالتِّسْعِ وَالْخَمْسِ" [انظر: ۲۰۲۳، ٦۰٤٩]

بابُ سُؤَالِ جِبْرَئِيْلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْإِيْمَانِ وَالإِسْلَامِ وَالإِحْسَانِ وَعِلْمِ السَّاعَةِ

ایمان، اسلام، احسان اور قیامت کا علم سب دین ہے

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ایک مرتبہ صحابہ کی موجودگی میں غیر معروف صورت میں آکر آنحضور ﷺ سے ایمان، اسلام، احسان اور قیامت کے بارے میں پوچھا تھا۔ آنحضور ﷺ نے ان کو جوابات دیئے، پھر ان کے چلے جانے کے بعد آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: جبرئیل اس لئے آئے تھے کہ تمہیں دین سکھائیں۔ جبرئیلؑ نے جو چار سوال کئے تھے وہ دین کا خلاصہ تھے، اور انھوں نے وہ سوال اس لئے کئے تھے کہ نبی اکرم ﷺ ان کا جو جواب دیں اس کو صحابہ محفوظ کرلیں۔ غرض حضور ﷺ نے ان چاروں سوالوں کے مجموعہ کو دین کہا ہے۔ علاوہ ازیں: وفد عبدالقیس کے لئے ایمان کی تشریح کرتے ہوئے رسول اللہ ﷺ نے اعمال کو ایمان میں شامل کیا ہے۔

قولہ: وما بَيَّنَ النبيُّ الخ میں واؤ بمعنی مع ہے۔ یعنی صرف حدیث جبرئیل سے استدلال نہیں کیا بلکہ وفد عبد القیس کے لئے جو آنحضور ﷺ نے ایمان کی شرح کرتے ہوئے اعمال کو ایمان میں شامل کیا ہے اس کو بھی حدیث جبرئیل کے ساتھ ملانا ہے اور سورۂ آل عمران کی جو آیت لکھی ہے اس کو بھی ملانا ہے۔ تینوں مل کر دلیل بنیں گے۔

اور استدلال اس طرح ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جو چار باتیں پوچھی ہیں حضور ﷺ نے ان کو دین کہا ہے۔ اور دین و ایمان ایک ہیں پس وہ چاروں باتیں ایمان کا جزء ہوئیں۔ اور وفد عبدالقیس کی روایت میں آپؐ نے ایمان کی شرح میں اعمال کو لیا ہے پس اعمال ایمان کا جزء ہوئے اور قرآن نے فرمایا ہے: "اگر کوئی شخص اسلام کے علاوہ کوئی اور دین اختیار کرے گا تو وہ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا" معلوم ہوا کہ اسلام اور دین ایک ہیں پس ثابت ہوا کہ اسلام، دین اور ایمان مترادف ہیں۔ یہی اس باب کا مدعی ہے۔

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ایک دن رسول اللہ ﷺ مجمع میں تشریف فرما تھے۔ اچانک ایک شخص آیا اور اس نے پوچھا: ایمان کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تم اللہ پر، فرشتوں پر، اللہ سے ملاقات کرنے پر اور اس کے رسول پر یقین کرو اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا یقین کرو۔ اس نے دوسرا سوال کیا: اسلام کیا ہے؟

آپؐ نے فرمایا: اسلام یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو، اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، اور نماز کا اہتمام کرو، اور فرض زکوۃ ادا کرو، اور رمضان کے روزے رکھو۔ اس نے پھر سوال کیا: احسان کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: احسان یہ ہے کہ تم اللہ کی اس طرح عبادت کرو کہ گویا تم اس کو دیکھ رہے ہو، اور اگر تم اس کو نہیں دیکھ رہے تو بلا شبہ وہ تمہیں دیکھ رہے ہیں، پھر اس نے سوال کیا: قیامت کب آئے گی؟ آپؐ نے فرمایا: جس سے پوچھا جا رہا ہے وہ پوچھنے والے سے زیادہ جاننے والا نہیں! ہاں میں قیامت کی نشانیاں بتاتا ہوں: (۱) جب باندی اپنی مالکہ کو جنے (۲) اور جب سیاہ اونٹوں کے چرانے والے عمارتوں میں تفاخر کریں۔ قیامت کا علم ان پانچ باتوں میں سے ایک ہے جن کو کوئی نہیں جانتا۔ پھر نبی ﷺ نے سورۂ لقمان کی آیت (۳۴) تلاوت فرمائی (جس میں ان پانچ باتوں کا ذکر ہے) پھر وہ سائل واپس چلا گیا۔ آپؐ نے فرمایا: اس کو واپس لاؤ، پس لوگوں نے کچھ نہ دیکھا یعنی وہ نہ ملا۔ پس آپؐ نے فرمایا: یہ جبرئیل تھے اس لئے آئے تھے کہ لوگوں کو ان کا دین سکھلائیں۔

امام بخاریؒ فرماتے ہیں: آپؐ نے ان تمام چیزوں کو ایمان میں شامل فرمایا ہے۔

قوله: ما الإيمان: یہ روایت مختلف سندوں سے مروی ہے اور سوالوں کی ترتیب میں تھوڑا فرق ہے، مشکوٰۃ شریف میں جو حدیث ہے اس میں اسلام کے بارے میں سوال پہلے ہے اور ایمان کے بارے میں بعد میں۔ صاحب مشکوٰۃ نے وہ حدیث مسلم شریف سے لی ہے۔ اور یہاں ایمان کے بارے میں سوال پہلے ہے اور یہی صحیح ترتیب ہے ـــــــ اور یہاں حدیث میں تمام ایمانیات مذکور نہیں۔ حدیث جبرئیل میں عام طور پر چھ ایمانیات کا ذکر آتا ہے، اور سب حدیثوں کو جمع کیا جائے تو سات باتیں ہوتی ہیں۔ انہی سات عقیدوں کو ایمان مفصل میں لیا گیا ہے۔

ایمانیات کی تفصیل:

۱- اللہ پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے موجود، وحدہ لاشریک لہ، خالق کائنات اور رب العالمین ہونے کا یقین کیا جائے اور ہر عیب ونقص سے اس کو پاک اور ہر صفت کمال سے اس کو متصف کیا جائے۔

۲- فرشتوں پر ایمان لانا یہ ہے کہ ان کے وجود کو تسلیم کیا جائے، اور یقین کیا جائے کہ وہ اللہ کی پاکیزہ اور محترم مخلوق ہیں، ہر شر اور نافرمانی سے پاک ہیں، ان کا کام اللہ کی بندگی اور ان کی جو ڈیوٹیاں ہیں ان کو بخوبی انجام دینا ہے، اور وہی اللہ کے پیغامات رسولوں تک پہنچاتے ہیں۔

۳- اور اللہ کی کتابوں پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ یقین کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے وقتاً فوقتاً اپنے رسولوں کے ذریعہ ہدایت نامے بھیجے ہیں، ان میں سب سے آخری پیغام قرآن مجید ہے جو پہلی سب کتابوں کی تصدیق کرنے والا ہے، یعنی گذشتہ کتابوں کی تعلیم کا خلاصہ اور نچوڑ قرآنِ کریم میں لیا گیا ہے۔ پس یہ آخری کتاب سب سے مستغنی کرنے والی کتاب ہے۔

۴- اور اللہ کے رسولوں پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اس حقیقت کو تسلیم کیا جائے کہ اللہ نے اپنے بندوں کی راہنمائی کے لئے وقتاً فوقتاً اور مختلف علاقوں میں اپنے برگزیدہ بندوں کو اپنی ہدایت کا پیغام ودستور دے کر بھیجا ہے اور

انھوں نے پوری امانت و دیانت کے ساتھ خدا کا وہ پیغام بندوں کو پہنچایا ہے۔ اور لوگوں کو راہِ راست پر لانے کی پوری پوری کوششیں کی ہیں۔ یہ سب پیغمبر اللہ کے برگزیدہ اور صادق بندے تھے، اس لئے ان رسولوں کی تصدیق کرنا، اور بحیثیتِ پیغمبران کا پورا پورا احترام کرنا ایمان کے شرائط میں سے ہے۔ نیز اس پر ایمان لانا بھی ضروری ہے کہ اس سلسلہ نبوت کو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر ختم کر دیا گیا ہے۔ آپؐ خاتم الانبیاء اور اللہ کے آخری رسول ہیں۔ اب قیامت تک انسانوں کی نجات و فلاح آپؐ ہی کی ہدایت کی پیروی میں منحصر ہے۔

۵- اور اس دنیا کے آخری دن پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اس حقیقت کا یقین کیا جائے کہ یہ دنیا ایک دن فنا کر دی جائے گی، اور اُس آخری دن میں اللہ تعالیٰ جزاء و سزا کے فیصلے کریں گے، اور اس کے مطابق لوگ جنت اور جہنم میں جائیں گے، قیامت کا یہ عقیدہ سارے نظام دین کی بنیاد ہے، اگر کوئی اس کا قائل نہ ہو تو پھر کسی دین و مذہب اور تعلیمات و ہدایات کو ماننے کی اور اس پر عمل کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی ——— اور بعث بعد الموت کا عقیدہ یوم آخر کے عقیدے میں شامل ہے۔

موت کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ پہلی موت سے صرف جسم مرتا ہے، روح نہیں مرتی، وہ عالم برزخ میں چلی جاتی ہے، پھر جب اس دنیا کا آخری دن آئے گا تو اللہ تعالیٰ تمام اجسام کو زمین سے دوبارہ بنائیں گے، پھر ان کی طرف ان کی روحیں لوٹائیں گے۔ پس نئی زندگی شروع ہو جائے گی، پھر حساب و کتاب ہوگا، جزاء و سزا کے فیصلے ہونگے اور لوگ جنت و جہنم میں پہنچ کر دم لیں گے اور وہاں تا ابد نعمتوں میں یا عذاب میں رہیں گے۔

فرشتوں پر ایمان لانا کیوں ضروری ہے؟

انسان چونکہ اللہ کے بندے ہیں اس لئے اللہ نے ان کو پیدا کرنے کے بعد ان کی جسمانی اور روحانی ضرورتوں کا انتظام کیا ہے، جسمانی ضرورتیں: جیسے بارش برسانا، زمین سے غلہ اگانا، گرمی سردی کا توازن قائم کرنا وغیرہ۔ اور روحانی ضرورتیں: ایمان و عمل صالح کی راہنمائی کرنا ہے، تاکہ بندے بہشت میں پہنچیں اور جہنم سے بچیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی جسمانی ضرورتوں کا انتظام تو بلا واسطہ کیا ہے، اور روحانی ضرورتوں کا انتظام نبوت کا سلسلہ قائم کر کے کیا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ اس دنیا میں انسانوں سے براہِ راست خطاب نہیں کرتے، یہ بات ان کی سکت سے باہر ہے، اس لئے وہ اپنے پیغامات فرشتوں کے واسطہ سے انبیاء کرام علیہم السلام کے پاس بھیجتے ہیں اس لئے فرشتوں پر ایمان لانا ضروری ہے تاکہ یہ سوال پیدا نہ ہو کہ انبیاء کے پاس یہ ہدایتیں کس ذریعہ سے آئیں؟

گذشتہ نبیوں پر اور گذشتہ کتابوں پر ایمان لانا کیوں ضروری ہے؟

اور گذشتہ نبیوں پر اور گذشتہ کتابوں پر ایمان لانا اس لئے ضروری ہے کہ یہ حضرات ایک ہی ہستی کے نمائندے ہیں اور ان

کی کتابیں ایک ہی سرچشمہ سے نکلی ہوئی نہریں ہیں، سب کا دین متحد ہے، اور وہ اسلام ہے ﴿إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الإِسْلَامِ﴾ البتہ شریعتیں (آئین) مختلف ہیں، کیونکہ زمانہ کے تقاضے مختلف ہیں مگر سب شریعتیں اللہ کی طرف سے نازل کی ہوئی ہیں، پس خاتم النّبیین ﷺ پر نازل کیا ہوا دین بھی اور اللہ کی کتاب قرآن مجید اور آئین بھی اسی سرچشمہ سے آیا ہے، پس آخری دین اور شریعت کو ماننے کا لازمی تقاضہ یہ ہے کہ گذشتہ دین اور شریعتوں کو اور گذشتہ پیغمبروں کو بھی تسلیم کیا جائے۔

قولہ: بلقائه: اس کا مفاد ہے: آخرت پر ایمان لانا، کیونکہ اللہ سے ملاقات آخرت میں ہوگی۔ اور بلقائه اور بالبعث میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے، مرنے کے بعد زندہ تو ہر ایک کو ہونا ہے مگر اللہ سے صرف مؤمنین کی ملاقات ہوگی، قرآن میں ہے: ﴿إِنَّهُمْ عَنْ رَبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَمَحْجُوْبُوْنَ﴾ (المطففین آیت: ۱۵) کفار کو قیامت کے دن اللہ کے دیدار سے محروم کر دیا جائے گا، اور یہ ان کے لئے سزا ہوگی اور یہ محرومی اسی وقت سزا بن سکتی ہے جبکہ وہ اللہ کے دیدار کے امیدوار ہوں، جیسے عاشق سے کہا جائے کہ تیرے محبوب کا جلوہ تجھے نہیں دکھایا جائے گا، تو وہ ماہی بے آب کی طرح تڑپے گا، اور جس کو کسی بندے سے تعلق ہی نہ ہو اس سے کہا جائے کہ تجھے فلاں آدمی نہیں دکھایا جائے گا تو وہ کہے گا: میرے پاپوش سے! مجھے دیکھ کر کیا کرنا ہے، غرض دیدار الٰہی سے محرومی اسی وقت سزا بن سکتی ہے جب کہ جہنمیوں کو اللہ سے ملنے کی اور اس کے دیدار کی انتہائی آرزو ہو۔

قولہ: أن تعبد الله: پہلے ابن عمرؓ کی حدیث گذری ہے وہاں تھا: شهادة أن لا إله إلا الله اور یہاں دوسرے الفاظ ہیں، کیونکہ یہ روایت بالمعنی ہے۔

قولہ: الزكاة المفروضة: طالب علم سوال کرتا ہے: المفروضة کی قید کیوں بڑھائی؟ جواب یہ ہے کہ برکت کے لئے بڑھائی ہے۔ عزیزو! حدیثیں تو روایت بالمعنی ہیں، اور جب کوئی حدیث روایت بالمعنی ہو کر مختلف سندوں سے آتی ہے تو تعبیرات کا اختلاف ہو ہی جاتا ہے، اس لئے حدیثوں میں ہر ہر لفظ کے بارے میں سوال نہیں کرنا چاہئے کہ اس لفظ کے بڑھانے میں کیا نکتہ ہے؟ ہاں قرآن میں یہ سوال کیا جا سکتا ہے، کیونکہ اس کا لفظ لفظ محفوظ ہے۔ اور قرآن علم ومعانی کا سمندر ہے اور اس کے ہر ہر لفظ میں نکتے اور لطائف ہیں، جیسے یہاں حدیث میں حج کا ذکر نہیں آیا، اس لئے بعض حضرات نے کہہ دیا کہ حج اس وقت تک فرض نہیں ہوا تھا، یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ ایک روایت میں صراحت ہے کہ یہ سوال آخر عمر میں ہوئے ہیں اور اسی حدیث کے دوسرے طریق میں حج کا ذکر آیا ہے، لہٰذا صرف ایک روایت میں حج کا ذکر نہ آنے کی وجہ سے یہ حکم لگا دینا درست نہیں۔ اس روایت میں تو بہت اختلاف ہے اور ایسا مقام کے اقتضاءات سے ہوتا ہے۔

قولہ: ما الإحسان: احسان: باب افعال کا مصدر ہے، اس کا ماٴ خذ حُسن (خوبی) ہے پس احسان کے معنی ہیں: نکو کردن، یعنی اچھا بنانا، سائل نے تیسرا سوال کیا ہے کہ ارکانِ خمسہ کو اور دیگر اعمال کو عمدہ طریقہ پر ادا کرنے کی صورت کیا ہے؟ آپؐ نے اس کو دو طریقے بتائے: ایک اعلی اور دوسرا ادنی۔

اعلیٰ طریقہ: اس دنیا میں اللہ کا دیدار ممکن نہیں، البتہ ''گویا'' کے درجہ میں ممکن ہے، یعنی استحضاری کیفیت اتنی بڑھ جائے گویا وہ اللہ کو دیکھ رہا ہے، پس اس حالت میں جو عبادت کرے گا وہ نہایت اعلیٰ درجہ کی ہوگی، جیسے غلام آقا کے احکام کی تعمیل اس وقت کرے جب وہ سامنے ہو، اس وقت غلام خوش اسلوبی سے وظائف خدمت انجام دیتا ہے، یہی حال بندوں کا ہے، جس وقت بندہ یہ محسوس کرے کہ میں اپنے مولیٰ کے سامنے ہوں اور وہ میرے ہر کام اور ہر حرکت کو دیکھ رہا ہے اس وقت اس کی بندگی میں ایک خاص شانِ نیازمندی پیدا ہوگی، اور اعمال نہایت عمدہ کیفیت کے ساتھ وجود میں آئیں گے۔

ادنی طریقہ: اور اگر یہ استحضاری کیفیت حاصل نہ ہو تو پھر اس عقیدہ کو تازہ کرلیا جائے کہ اللہ تعالیٰ اسے دیکھ رہے ہیں۔ سورۃ الانعام (آیت ۱۰۳) میں ہے: ﴿لَاتُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ، وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ، وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ﴾ یعنی اس کو تو کسی کے نگاہ محیط نہیں ہوسکتی مگر وہ سب نگاہوں کو محیط ہے، وہ بڑے باریک بیں باخبر ہیں، اس لئے کوئی چیز ان سے مخفی نہیں۔ جب اس عقیدے کے ساتھ عبادت کرے گا تب بھی عبادت شاندار ہوگی۔ جیسے مکتب کا مدرس استنجے کے لئے گیا اور روزن سے بچوں کو دیکھ رہا ہے، بچے اس کو نہیں دیکھ رہے، مگر بچوں کو یقین ہے کہ ان کی ہر حالت استاذ کی نگاہ میں ہے تو بھی بچے سکون کے ساتھ پڑھتے رہیں گے، دنگا فساد نہیں کریں گے، اسی طرح جب بندہ اس یقین کے ساتھ عبادت کرتا ہے کہ وہ اللہ کی نگاہ میں ہے تو بھی شاندار عبادت وجود میں آئے گی۔

فائدہ (۱): جاننا چاہئے کہ یہ حدیث نماز کے ساتھ خاص نہیں، حدیث میں تعبُّد کا لفظ ہے جس کے معنی مطلق عبادت وبندگی کے ہیں، بلکہ ایک حدیث میں تخشی بھی آیا ہے، یعنی تم خدا سے اس طرح ڈرو کہ گویا اس کو دیکھ رہے ہو، اور ایک دوسری روایت میں تَعْمَل بھی آیا ہے، ان روایتوں سے واضح ہوا کہ احسان کا تعلق انسان کی پوری زندگی سے ہے۔

فائدہ (۲): فارسی کے دو لفظ ہیں: ایک: نیکو کردن یہ نیک سے بنا ہے یعنی اچھے اعمال کرنا۔ دوسرا: نکو کردن یعنی عمدہ بنانا۔ احسان کا ترجمہ (بغیری کے) نکو کردن ہے، ابو داؤد میں حدیث (نمبر ۲۸۱۴ کتاب الضحایا) ہے: إن الله كَتَبَ الإحسانَ على كل شيئٍ: اللہ تعالیٰ نے ہر چیز میں عمدہ کرنا فرض کیا ہے، پس جب تم دشمن کو قتل کرو تو بہترین طریقہ پر قتل کرو، یعنی لاش نہ بگاڑو، اور جب تم جانور کو ذبح کرو تو بہترین طریقہ پر ذبح کرو اور چاہئے کہ تم میں سے ایک اپنی چھری تیز کرلے اور چاہئے کہ وہ اپنے ذبیحہ کو آرام پہنچائے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ احسان یعنی عمدہ کرنے کا تعلق ہر چیز سے ہے۔

فائدہ (۳): تصوف کے لئے قرآنِ کریم اور احادیث شریفہ میں یہی احسان کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے۔ فرمایا: ﴿بَلٰى مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِنْدَ رَبِّهِ﴾ ہاں جس نے خود کو خدا کے سپرد کردیا درانحالیکہ وہ نکوکار بھی ہے تو اس کے لئے اس کے رب کے پاس اس کا اجر ہے، اور دوسری جگہ ہے: ﴿وَمَنْ أَحْسَنُ دِيْنًا مِمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ﴾ اور اس سے دین میں اچھا کون جس نے خود کو خدا کے سپرد کردیا، اور ساتھ ہی وہ نکوکار بھی ہے؟ یعنی اعمال بہترین طریقہ پر ادا کرتا ہے۔

اوراحادیث میں احسان کے علاوہ تصوف کے لئے زہد کی اصطلاح بھی استعمال کی گئی ہے، پھر جب لوگ خوش حال ہوگئے، اورشاندار کپڑے پہننے لگے مگر اللہ کے دیندار بندے صوف (اون) کے کپڑے ہی پہنتے رہے تو وہ صوفی اوران کا طریقہ تصوف کہلانے لگا، اور حاصل تینوں کا تصحیح نیت ہے۔یعنی احسان کا مقصد، زہد کی غرض اور تصوف کا حاصل یہ ہے کہ بندہ اپنی نیت درست کرلے، اور ہر عمل کو اللہ کے لئے خالص کرے۔ یہ اخلاص ہی تصوف کی جان ہے، اور وہی احسان سے مراد ہے۔

قولہ: ما المسئول: قیامت کا خاص وقت جس طرح سائل کو معلوم نہیں تھا نبی ﷺ کو بھی معلوم نہیں تھا، کیونکہ قیامت کا وقت ان پانچ چیزوں میں سے ہے جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔سورۂ لقمان کی آخری آیت میں ہے: ’’اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے، اور وہی بارش برساتے ہیں اور وہی جانتے ہیں جو کچھ بچہ دانی میں ہے اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کرے گا؟ اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا؟ اللہ تعالیٰ ہی ان سب باتوں کو جاننے والے باخبر ہیں‘‘

شارحین کرام نے لکھا ہے کہ نبی ﷺ نے قیامت کے سوال کے جواب میں لا أدری! (میں نہیں جانتا) فرمانے کے بجائے: یہ پیرایۂ بیان اس لئے اختیار فرمایا ہے کہ لوگوں کو معلوم ہوجائے کہ کسی بھی سائل اور کسی بھی مسئول کو قیامت کا علم نہیں۔

قولہ:عن أشراطھا: قیامت کی چھوٹی علامتیں اشراط کہلاتی ہیں اور اس کے لئے دوسرا لفظ آثار ہے۔ اور بڑی علامتوں کے لئے لفظ آیات ہے اور چھوٹی نشانیاں پہلے پائی جاتی ہیں اور بڑی نشانیاں بعد میں، جیسے بخار ہوتا ہے تو اس کے آثار ظاہر ہوتے ہیں، پھر بدن گرم ہوتا ہے، یہ بدن کا گرم ہونا بخار کی علامت ہے۔

آنحضور ﷺ نے قیامت کی دو نشانیاں بیان فرمائی ہیں:

ایک: باندی اپنی مالکہ کو جنے۔ رَبَّۃٌ: رَبٌّ کا مؤنث ہے، معنی ہیں: مالک، آقا، سردار۔ اس جملہ کی شارحین نے مختلف تفسیریں کی ہیں، میرے نزدیک راجح تفسیر یہ ہے کہ بیٹی ماں پر حکم چلائے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب باندیاں تھیں اور مولیٰ اس سے صحبت کرتا تھا تو اس سے جو اولاد ہوتی تھی وہ آزاد ہوتی تھی اور باندی ام ولد بن جاتی تھی، مگر باندی ہی رہتی تھی، اس لئے اولاد بڑی ہوکر ماں پر حکم چلاتی تھی کیونکہ ماں گھر کی لونڈی تھی، اور صرف لڑکے ہی حکم نہیں چلاتے تھے، لڑکیاں بھی چلاتی تھیں۔ پس حدیث کا مفاد یہ ہے کہ اولاد بدتمیز ہوجائے۔ ماں باپ کو نوکر سمجھنے لگے، آج کل اولاد کا عام طور پر یہی حال ہے اور اگر اولاد نے کچھ پڑھ لکھ لیا تو پھر ماں باپ کی ان کی نگاہوں میں کچھ وقعت نہیں رہتی۔ وہ ان سے نوکر جیسا معاملہ کرتے ہیں، یہ بات علامات قیامت میں سے ہے۔

دوسری علامت: سیاہ اونٹوں کے چرانے والے یعنی معمولی کاروبار کرنے والے عمارتیں بنانے میں تفاخر کرنے لگیں .... تطَاوَلَ: ایک دوسرے سے دراز ہونا، لمبا ہونا، غرور وتکبر کرنا .... رُعَاۃ: راعی کی جمع ہے: چرواہا .... البُھم: اگر اس کو ابل کی صفت بنائیں تو مجرور پڑھیں گے اور ترجمہ ہوگا: کالے اونٹوں کے چرانے والے۔ سرخ

اونٹ اعلی درجہ کا مال سمجھا جاتا ہے، اور کالے اونٹ نکمے ہوتے ہیں۔ اور اگر رُعاۃ کی صفت بنائیں تو پھر البھم کو مرفوع پڑھیں گے اور ترجمہ ہوگا: اونٹ چرانے والے کالے یعنی حبشی۔

اور اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ دولت کی ریل پیل ہو جائے، انتہائی درجہ کے قلاش لوگ بھی تعمیرات میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنے لگیں تو سمجھنا چاہئے کہ قیامت قریب ہے۔

قوله: في خَمْسٍ لا يعلمها: یہ ایک سوال مقدر کا جواب ہے۔ آنحضور ﷺ سید الاولین والآخرین ہیں، اور محبوب رب العالمین ہیں، اور ان کا علم پوری کائنات سے بڑھا ہوا ہے، ان کو بھی قیامت کا خاص وقت معلوم نہیں تھا، یہ بات بڑی عجیب ہے، اس کا جواب دیا کہ یہ کوئی عجیب بات نہیں، اس لئے کہ پانچ چیزیں ایسی ہیں جن کا علم بجز رب کائنات کے کسی کو نہیں، ان میں سے ایک قیامت کا علم بھی ہے۔

قوله: رُدُّوْه: یہاں روایت میں یہ ہے کہ سائل کے جانے کے بعد فوراً آپؐ نے اس کو واپس لانے کا حکم دیا۔ جب وہ نہیں ملا تو آپؐ نے فرمایا: وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تھے، تمہیں دین سکھانے کے لئے آئے تھے یعنی اس لئے آئے تھے کہ وہ ایسے سوالات کریں جن کے جوابات میں پورے دین کا خلاصہ آجائے، اور صحابہ اس کو محفوظ کرلیں، اور کسی روایت میں ہے کہ آپؐ نے تین دن کے بعد خبر دی (ترمذی حدیث ۲۶۰۸) اور بعض روایتوں میں مَلِیًّا آیا ہے یعنی عرصہ کے بعد خبر دی (مشکوٰۃ شریف) یہ واقعہ کے متعلقات میں اختلاف ہے، اس کو چنداں اہمیت نہیں دینی چاہئے۔

قال أبو عبد الله: استدلال یہ ہیکہ حضرت جبرئیلؑ نے جو سوال کئے ہیں ان میں عقائد بھی ہیں اور اعمال بھی۔ اور نبی ﷺ نے ان کے مجموعہ کو دین قرار دیا ہے، اور دین و ایمان ایک ہیں، پس ثابت ہوا کہ اعمال ایمان کا جزء ہیں۔

[۳۷-] بابُ سُؤَالِ جِبْرِيْلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه سلم عَنِ الإِيْمَانِ وَالإِسْلاَمِ وَالإِحسانِ وَعِلْمَ السَّاعَةِ، وَبَيَانِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم لَهُ، ثُمَّ قَالَ:" جَاءَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ" فَجَعَلَ ذٰلِكَ كُلَّهُ دِيْنًا. وَمَا بَيَّنَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لِوَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ مِنَ الإِيْمَانِ. وَقَوْلِهِ تَعَالىٰ: ﴿وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلاَمِ دِيْنًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ﴾ [آل عمران: ۸۵]

[۵۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِى زُرْعَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بَارِزًا يَوْمًا لِلنَّاسِ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: مَا الإِيْمَانُ؟ قَالَ: " الإِيْمَانُ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللهِ، وَمَلاَئِكَتِهِ، وَبِلِقَائِهِ، وَرُسُلِهِ، وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ" قَالَ: مَا الإِسْلاَمُ؟ قَالَ: "الإِسْلاَمُ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ، وَلاَ تُشْرِكَ بِهِ، وَتُقِيْمَ الصَّلاَةَ، وَتُؤَدِّىَ الزَّكَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ، وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ" قَالَ: مَا الإِحْسَانُ؟ قَالَ:" أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ" قَالَ: مَتى السَّاعَةُ؟ قَالَ: "مَا

الْمَسْئُوْلُ بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ، وَسَأُخْبِرُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا: إِذَا وَلَدَتِ الْأَمَةُ رَبَّتَهَا، وَإِذَا تَطَاوَلَ رُعَاةُ الْإِبِلِ الْبُهْمِ فِيْ الْبُنْيَانِ فِيْ خَمْسٍ لاَ يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ" ثُمَّ تَلاَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم ﴿إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾ الآية [لقمان: ٣٤] ثُمَّ أَدْبَرَ فَقَالَ: "رُدُّوْهُ" فَلَمْ يَرَوْا شَيْئًا، فَقَالَ: "هٰذَا جِبْرِيْلُ جَاءَ يُعَلِّمُ النَّاسَ دِيْنَهُمْ" قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: جَعَلَ ذٰلِكَ كُلَّهُ مِنَ الْإِيْمَانِ. [انظر: ٤٧٧٧]

بابٌ

یہ باب بغیر ترجمہ کے ہے۔اور کالفصل من الباب السابق ہے، یعنی اس باب میں جو حدیث ہے اس کا تعلق اوپر والے باب سے ہے، کوئی نیا مضمون نہیں، البتہ فی الجملہ فرق ہے اس لئے باب قائم کیا۔

اور یہ حدیث پہلے آچکی ہے، قیصر روم ہرقل نے ابوسفیان سے دس یا گیارہ سوال کئے تھے، ہرقل نے ایک سوال یہ کیا تھا کہ تمہاری اس مدعی نبوت کے ساتھ جنگ ہوئی ہے؟ ابوسفیانؓ نے کہا: ہاں۔ پھر اس نے پوچھا: جنگ کا نتیجہ کیا رہا؟ ابوسفیان نے کہا: کنویں کا ڈول رہا، اگر اس کو دوالگ الگ سوال وجواب قرار دیں تو سوال گیارہ ہو جائیں گے، اور اگر ایک ہی سوال قرار دیں تو سوال دس رہ جائیں گے۔

غرض: ابوسفیان سے ہرقل نے دس یا گیارہ سوال کئے ہیں ان میں سے ایک سوال یہ تھا کہ جو لوگ اسلام قبول کرتے ہیں ان کی تعداد بڑھ رہی ہے یا گھٹ رہی ہے؟ ابوسفیان نے کہا: بڑھ رہی ہے، اس پر ہرقل نے کہا: ایمان کی یہی شان ہے۔اس کو قبول کرنے والے روز بروز بڑھتے رہتے ہیں، یہاں تک کہ وہ پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے۔

اور دوسرا سوال ہرقل نے یہ کیا تھا کہ اسلام قبول کرنے کے بعد کوئی شخص بر بنائے ناراضگی اس دین سے پھرتا ہے یا نہیں؟ ابوسفیانؓ نے کہا: نہیں پھرتا! اس پر ہرقل نے کہا: ایمان کی یہی شان ہے، جب اس کی بشاشت (خوشی) دل میں پیوست ہو جاتی ہے تو نکلتی نہیں۔

اور دورِ اول میں جو ارتداد کے چند واقعات پیش آئے ہیں مثلاً: عرینہ کے کچھ لوگ مسلمان ہو کر مدینہ منورہ آئے، ان کو مدینہ کی آب وہوا راس نہیں آئی، ان کو جوی بیماری ہوگئی، رسول اللہ ﷺ نے ان کو صدقات کے اونٹوں میں بھیج دیا اور فرمایا: ان کا دودھ اور موت پیو، پیا اور ٹھیک ہو گئے، پھر انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے چرواہے کو قتل کر دیا اور تمام اونٹ لے کر چل دیئے، یہ ارتداد کا واقعہ اس وقت پیش آیا تھا جب ایمان کی بشاشت دلوں میں داخل نہیں ہوئی تھی، وہ لوگ مسلمان ہوتے ہی مرتد ہو گئے تھے، انھوں نے ابھی ایمان کی چاشنی نہیں چکھی تھی، اور ہرقل نے یہ کہا ہے کہ جس کے دل میں ایمان کی بشاشت داخل ہو جاتی ہے تو نکلتی نہیں۔اور یہ واقعات ایمان کی مٹھاس محسوس کرنے سے پہلے کے ہیں۔

استدلال: امام بخاری رحمہ اللہ کا حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ ہرقل نے جو دو تبصرے کئے ہیں ان سے پتا چلتا ہے کہ ایمان میں زیادتی ہوتی ہے اور ہر کمالے راز والے است! پس ثابت ہوا کہ ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے۔اور

ترجمہ حضرت نے اس لئے نہیں رکھا کہ ہرقل کی مراد مؤمنین کا گھٹنا بڑھنا تھی، ایمان کا گھٹنا بڑھنا نہیں تھی، اس لئے استدلال کمزور تھا، چنانچہ حضرت نے ترجمہ ہی نہیں رکھا، صرف باب کہہ دیا، آگے قاری جانے!

قولہ: كذلك الإيمان حتى يَتِمَّ: اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ جب بھی کوئی نیا نبی مبعوث ہوتا ہے تو شروع میں ایمان لانے والوں کی تعداد دن بدن بڑھتی ہے، یہاں تک کہ جماعت تشکیل پا جاتی ہے، اس وقت تک کوئی ایمان سے نہیں نکلتا۔ اس کے بعد کچھ لوگ تربیت نہ پانے کی وجہ سے یا جہالت کی وجہ سے ایمان سے پھر جاتے ہیں، جیسے کسی کے پاس پچیس بکریاں ہوں تو کوئی بکری ریوڑ سے نہیں نکلے گی، کیونکہ چرواہے کی ہر بکری پر نظر ہوگی، مگر جب ریوڑ بڑھ جائے اور بکریاں ہزار بارہ سو ہو جائیں تو مالک کی ہر بکری پر نظر نہیں رہ سکتی، اس لئے کوئی بکری ریوڑ سے نکل سکتی ہیں۔

اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ جب تک ملت چھوٹی ہوتی ہے تربیت کی طرف پوری توجہ ہوتی ہے، اس لئے کوئی ایمان سے نہیں پھرتا، لیکن جب ملت بہت بڑی ہو جاتی ہے تو پھر تربیت مشکل ہو جاتی ہے، مصلحین ہر ایک پر نظر نہیں رکھ سکتے، اس لئے جہالت کا دور دورہ شروع ہو جاتا ہے اور ارتداد کے واقعات پیش آتے ہیں مگر اس کی وجہ دین میں کوئی کمی نہیں ہوتی، بلکہ تربیت کی کمی ہوتی ہے۔

[۳۸-] بابٌ

[۵۱-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ: أَنَّ هِرَقْلَ قَالَ لَهُ: سَأَلْتُكَ: هَلْ يَزِيْدُوْنَ أَمْ يَنْقُصُوْنَ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيْدُوْنَ، وَكَذٰلِكَ الإِيْمَانُ حَتَّى يَتِمَّ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ سَخْطَةً لِدِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيْهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ، وَكَذٰلِكَ الإِيْمَانُ حِيْنَ تُخَالِطُ بَشَاشَتُهُ الْقُلُوْبَ، لاَ يَسْخَطُهُ أَحَدٌ. [راجع:۷]

بابُ فَضْلِ مَنِ اسْتَبْرَأَ لِدِيْنِهِ

دین کو پاک صاف رکھنے کی اہمیت

یہاں استبرأ کا صلہ لام آیا ہے، اہل لغت صلہ میں صرف مِن لکھتے ہیں، مگر یہ حدیث دلیل ہے کہ لام بھی صلہ میں آتا ہے۔ استبرأ لدينه کے معنی ہیں: اپنے دین کو پاک صاف رکھنا، اور باب میں جو حدیث ہے اس کا حاصل پرہیزگاری ہے۔ نبی ﷺ نے پرہیزگاری کو دین قرار دیا ہے۔ اور دین اسلام اور ایمان مترادف ہیں، پس وَرَع (پرہیزگاری) بھی ایمان کا جزء ہوئی، یہی امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حلال واضح ہے اور حرام واضح ہے، اور دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں، جن کے بارے میں بہت سے لوگ نہیں جانتے (ترمذی کی حدیث میں یہ بھی ہے: أَمِنَ الْحَلاَلِ هِیَ أَمْ مِنَ الْحَرَامِ؟: کیا وہ حلال ہیں یا حرام؟) پس جو شخص مشتبہ امور سے بچا اس نے اپنا دین اور اپنی آبرو پاک صاف رکھی، اور جو مشتبہ چیزوں میں پڑا وہ اس چرواہے کی طرح ہے جو سرکاری چراگاہ کے پاس جانور چراتا ہے، قریب ہے کہ وہ سرکاری چراگاہ میں جا پڑے، سنو! ہر بادشاہ کے لئے ریزرو چراگاہ ہوتی ہے، سنو! اور اللہ تعالیٰ کی محفوظ چراگاہ محرمات (حرام کئے ہوئے کام) ہیں، سنو! اور جسم میں گوشت کی ایک بوٹی ہے، جب تک وہ ٹھیک ہے سارا جسم ٹھیک ہے، اور جب وہ خراب ہوجاتی ہے تو سارا جسم خراب ہوجاتا ہے، سنو! وہ بوٹی دل ہے۔

تشریح:

یہ حدیث نہایت اہم ہے، اور ایک اصولی ہدایت اپنے جلو میں لئے ہوئے ہے، اور بدء الوحی کے شروع میں بتایا تھا کہ امام ابوداؤدؒ نے پانچ لاکھ حدیثوں میں سے چار ایسی حدیثیں منتخب کی ہیں جو حفاظت دین کے لئے کافی ہیں، یہ حدیث ان میں سے ایک ہے، اس حدیث میں مؤمن کا ایک خاص مزاج بنایا گیا ہے۔ مؤمن کا مزاج یہ ہونا چاہئے کہ وہ محتاط زندگی گذارے، اور جن چیزوں کا حلال ہونا یقینی نہیں ان سے بچے تو دین پاک صاف رہے گا۔ تفصیل درج ذیل ہے:

ارشاد فرمایا: حلال واضح ہے پس اسے بے تکلف اختیار کرو، اور حرام بھی واضح ہے پس اس کے قریب بھی مت جاؤ، اور دونوں کے درمیان مشتبہ چیزیں ہیں، مشتبہ چیزیں کیا ہیں؟ اس کی تفصیل ادھر ادھر تلاش کرنے کی ضرورت نہیں، خود حدیث میں اس کی وضاحت ہے۔ ترمذی (حدیث ۱۱۹۰ ابواب البیوع کی پہلی حدیث) میں ہے: أَمِنَ الْحَلاَلِ هِیَ أَمْ مِنَ الْحَرَامِ؟ یعنی مشتبہ چیزیں وہ ہیں جن کے بارے میں عام لوگ نہیں جانتے کہ وہ حلال ہیں یا حرام؟ بڑے علماء تو ان کے احکام جانتے ہیں مگر عام مسلمان جب وہ چیزیں پہلی مرتبہ ان کے سامنے آتی ہیں تو ان کے احکام سے واقف نہیں ہوتے، وہ چیزیں ان کے لئے مشتبہ ہیں۔ ایسی چیزوں کے بارے میں کچھ لوگوں کا مزاج یہ ہوتا ہے کہ ابھی کرلو، جب عدم جواز کا فتوی آئے گا تو چھوڑ دیں گے۔ یہ ذہن غلط ہے، اس حدیث میں یہ اصولی ہدایت دی گئی ہے کہ ایسی مشتبہ چیزوں کے بارے میں مؤمن کا مزاج اور ذہن یہ ہونا چاہئے کہ ابھی بچو، جب جواز کا فتوی آئے گا اختیار کریں گے۔ اس صورت میں آدمی کا دین اور اس کی عزت محفوظ رہتی ہے، کیونکہ اگر حکم شرعی معلوم ہونے سے پہلے بے احتیاطی سے اس کو کرلیا، پھر عدم جواز کا فتوی آیا تو کیا کروگے؟ ناجائز کا ارتکاب تو ہوچکا، اب کھایا ہوا پیٹ سے کیسے نکالوگے؟ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مشتبہ امور کو چھوڑ دیا اس نے اپنا دین اور اپنی آبرو محفوظ کرلی، کیونکہ ہر جائز کام کرنا ضروری نہیں، مگر ہر ناجائز کام سے بچنا ضروری ہے، اور جو شخص مشتبہ امور میں سے کسی امر میں گھسا تو وہ قریب ہے کہ حرام میں جا پڑے! جب مزاج میں دین کے تعلق سے بے باکی پیدا ہوگئی تو اب حرام کا ارتکاب کرنے میں کیا باک ہوگا؟

پھر اس مضمون کو آنحضور ﷺ نے ایک مثال سے سمجھایا ہے: جو شخص سرکاری چراگاہ کے آس پاس جانور چراتا ہے وہ قریب ہے کہ چراگاہ میں جا پڑے، چرواہا ذرا غافل ہوا کہ جانور ریزرو ایریے میں جا گھسیں گے، اور پولیس اس کی خبر لے لی گی! اور جو چرواہا محتاط ہے، سرکاری چراگاہ سے ایک میل دور جانور رکھتا ہے، اگر وہ غافل بھی ہوگیا اور جانور آگے بڑھ گئے تو کہاں تک جائیں گے؟ چراگاہ تک نہیں پہنچیں گے۔

پس سنو! جس طرح حکومتیں سرکاری جانوروں کے لئے چراگاہ مخصوص کرتی ہیں جن میں پبلک کو جانور چرانے کی اجازت نہیں ہوتی، اسی طرح اللہ نے جو کام حرام کئے ہیں وہ اللہ کا محفوظ ایریا ہیں، مؤمنین کو اس کی حدود میں داخل ہونے کی اجازت نہیں، بلکہ احتیاط کی بات یہ ہے کہ مشتبہ امور سے بھی دور رہے، اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے جب تحقیق کے بعد اقدام کرے، جب تک کسی چیز کا حلال ہونا واضح نہ ہوجائے، اس سے کنارہ کش رہے، یہی مزاج اور یہی ذہن بنانا اس حدیث کا مقصود ہے۔

ایک دوسری حدیث میں اسی مضمون کو اس طرح سمجھایا ہے: دَعْ مَا یُرِیْبُكَ إِلٰی مَالاَ یُرِیْبُكَ، فَإِنَّ الصدقَ طُمَأْنِیْنَةٌ وَالْكِذْبَ رِیْبَةٌ: جو بات کھٹک پیدا کرے اسے چھوڑ دو، اور بے کھٹک بات اختیار کرو، مثلاً سچ بولو اور جھوٹ سے بچو، کیونکہ سچ بولنے سے قلب کو اطمینان نصیب ہوتا ہے، اور جھوٹ بولنا دل کی بے چینی کا سبب بنتا ہے۔

پھر مزید وضاحت کے لئے ایک مثال پیش کی، فرمایا: جسم میں ایک بوٹی ہے جب وہ سنور جاتی ہے تو سارا جسم سنور جاتا ہے، اعضاء ٹھیک ٹھیک کام کرنے لگتے ہیں، اور جب وہ بوٹی خراب ہوجاتی ہے تو سارے اعضاء بگڑ جاتے ہیں، آنکھ خیانت کرنے لگتی ہے، قدم غلط جگہوں کی طرف اٹھنے لگتے ہیں، زبان غلط بولنے لگتی ہے، کان غلط سننے لگتے ہیں، ذہن غلط باتیں سوچنے لگتا ہے۔ غرض ہر عضو کا فعل بگڑ جاتا ہے اور وہ گوشت کی بوٹی جس پر بدن کے صلاح وفساد کا مدار ہے قلب ہے، اس کو سنوار لو بیڑا پار ہے!

فائدہ: عقل وفہم کا محل کہاں ہے؟ یہ بات آج تک کوئی طے نہیں کرسکا۔ قرآن وحدیث میں قلب اور فُؤاد کے الفاظ آئے ہیں۔ اور عام طور پر لفظ عقل استعمال کیا جاتا ہے، مگر عقل کا محل کہاں ہے؟ سر میں جو بھیجا ہے وہ عقل کا محل ہے یا دل اس کا محل ہے؟ آج تک یہ بات نہ کوئی طے کرسکا ہے نہ آئندہ طے کرسکے گا۔

[۳۹-] بابُ فَضْلِ مَنِ اسْتَبْرَأَ لِدِیْنِهِ

[۵۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَیْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِیَّا، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِیْرٍ یَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: " الْحَلاَلُ بَیِّنٌ، وَالْحَرامُ بَیِّنٌ، وَبَیْنَهُمَا مُشَبَّهَاتٌ، لاَ یَعْلَمُهَا كَثِیْرٌ مِنَ النَّاسِ، فَمَنِ اتَّقَی الْمُشَبَّهَاتِ اسْتَبْرَأَ لِدِیْنِهِ وَعِرْضِهِ، وَمَنْ وَقَعَ فِی الشُّبُهَاتِ كَرَاعٍ یَرْعٰی حَوْلَ الْحِمٰی، یُوْشِكُ أَنْ یُوَاقِعَهُ، أَلاَ! وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًی، أَلآ! إِنَّ حِمَی اللّٰهِ مَحَارِمُهُ، أَلاَ! وَإِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا

صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ، وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ، أَلَا! وَهِيَ الْقَلْبُ. [انظر: ۲۰۵۱]

بابُ أَدَاءِ الْخُمُسِ مِنَ الإِيْمَانِ

مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ مرکزی حکومت کو بھیجنا ایمانی عمل ہے

اس باب میں جو حدیث ہے وہ ذرا مشکل ہے، فی نفسہ تو مشکل نہیں، لیکن حضرت الامام کے استدلال کے اعتبار سے مشکل ہے، اور یہ حدیث بار بار آئے گی، اس لئے اس کو یہیں اچھی سمجھ لینا چاہئے۔

ابو جمرۃ حدیثیں پڑھنے کے لئے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئے، یہ واقعہ اس زمانہ کا ہے جب حضرت ابن عباسؓ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے بصرہ کے گورنر تھے۔ حضرت ابن عباسؓ نے اندازہ لگایا کہ یہ ذہین طالب علم ہے، فارسی اچھی جانتا ہے اور بصرہ فارسی علاقہ ہے، اس لئے حضرت نے اس سے فرمایا: میرے پاس رک جا، مجھے جو وظیفہ ملتا ہے اس میں سے تجھے بھی کچھ دیدوں گا، اس زمانہ میں باقاعدہ تنخواہیں نہیں ملتی تھیں، لیکن حکومت کی طرف سے گورنروں کو، علماء کو اور دیگر دینی کام کرنے والوں کو وظیفے ملتے تھے، چنانچہ ابو جمرۃ یہ سوچ کر رک گئے کہ حضرت سے حدیثیں سننے کا خوب موقع ملے گا۔ حضرت ابن عباسؓ ان کو اپنے ساتھ اپنے تخت پر بٹھایا کرتے تھے۔ ابو جمرۃ حضرت ابن عباسؓ کے پاس دو ماہ ٹھہرے ہیں۔

اس زمانہ کا واقعہ ہے کہ ایک بڑھیا حضرت ابن عباس کے پاس آئی اور اس نے مسئلہ پوچھا کہ روغنی گھڑے کی نبیذ جائز ہے یا نہیں؟ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: جائز نہیں، بڑھیا کے جانے کے بعد ابو جمرۃ نے حضرت ابن عباسؓ سے کہا: میں تو روغنی گھڑے کی نبیذ پیتا ہوں، اور یہ بھی کہا کہ اگر زیادہ پی لوں تو پیٹ میں گیس پیدا ہو جاتی ہے، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: مت پی، یہ نہیں فرمایا کہ وہ نبیذ جائز نہیں۔ پھر حضرت ابن عباسؓ نے وفد عبد القیس کی حدیث سنائی (یہ تفصیل فتح الباری میں ہے)

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: جب وفد عبد القیس آنحضرت ﷺ کے پاس آیا تو آپ نے پوچھا: کس قبیلہ کے لوگ ہو؟ یا فرمایا: کس قوم کے نمائندے ہو؟ انھوں نے کہا: ربیعہ کے ہیں، آپؐ نے فرمایا: آپ لوگوں کا آنا مبارک! یا فرمایا نمائندوں کا آنا مبارک! نہ رسوائی ہے نہ پشیمانی! انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہم آپ تک محترم مہینوں (رجب، ذوالقعدہ، ذوالحجہ اور محرم) ہی میں پہنچ سکتے ہیں، اس لئے کہ ہمارے اور آپؐ کے درمیان قبائل مضر حائل ہیں (جن سے قبائل ربیعہ کی ہمیشہ جنگ رہتی تھی اس لئے وہ مضر کی بستیوں سے گذر کر دیگر مہینوں میں مدینہ منورہ تک نہیں پہنچ سکتے تھے) پس آپ ہمیں کسی ایسی واضح بات کا حکم دیں جس کی طرف ہم ان لوگوں کو بلائیں جو ہمارے پیچھے ہیں اور ہم ان پر عمل کر کے جنت میں داخل ہوں، اور انھوں نے آپؐ سے شراب کے برتنوں کے بارے میں بھی پوچھا: آنحضور ﷺ نے

ان کو چار باتوں کا حکم دیا اور چار برتنوں سے روکا، آپؐ نے ان کو ایک اللہ پر ایمان لانے کا حکم دیا، پھر پوچھا: کیا تم جانتے ہو کہ ایک اللہ پر ایمان لانے کا کیا مطلب ہے؟ انھوں نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ایک اللہ پر ایمان لانا یہ ہے کہ اس بات کی گواہی دو کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔ اور نماز کا اہتمام کرو، اور زکوٰۃ ادا کرو، اور رمضان کے روزے رکھنا، اور مال غنیمت کا پانچواں حصہ مرکزی حکومت کو بھیجنا۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو شراب کے چار برتنوں سے روکا، روغنی گھڑے سے، تونبی سے، لکڑی کھود کر بنائے ہوئے برتن سے اور تارکول پھیرے ہوئے گھڑے سے، اور کبھی راوی نے المزفّت کی جگہ المقیَّر کہا، معنی دونوں کے ایک ہیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان باتوں کو اچھی طرح یاد کرلو، اور جو لوگ پیچھے ہیں ان کو یہ باتیں بتاؤ۔

تشریح:

نزار بن معد بن عدنان کے دولڑکے تھے: ربیعہ اور مضر۔ دونوں کے درمیان اختلافات تھے، بعد میں دونوں بڑے قبائل بن گئے، عبد القیس ربیعہ کی ایک شاخ ہے جس کا وطن بحرین قطیف اور ہجر مقامات تھے اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب مضر سے ملتا ہے، اور پرانی عداوتیں اب تک نسلوں میں باقی تھیں اس لئے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی دلجوئی کے طور پر فرمایا: تمہارا آنا مبارک! نہ غمگین ہونے کی ضرورت ہے نہ پشیمان ہونے کی، پرانی باتیں بھولی بسری ہوگئیں۔

انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہماری مضر قبائل سے ہمیشہ جنگ رہتی ہے، ہم ہر وقت مدینہ منورہ نہیں آسکتے، صرف محترم مہینوں میں آسکتے ہیں، اس لئے آپ ہمیں جامع احکام بتائیں تا کہ ہم ان پر عمل کر کے جنت میں جائیں، اور پیچھے والوں کو بھی بتائیں، تا کہ وہ بھی ان پر عمل کریں اور جنت حاصل کریں۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو چار باتوں کا حکم دیا اور شراب کے چار برتنوں سے منع کیا، سب سے پہلے ایک اللہ پر ایمان لانے کا حکم دیا، پھر اس کی وضاحت فرمائی کہ ایک اللہ پر ایمان لانا یہ ہے کہ اس بات کی گواہی دی جائے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، اور نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو، رمضان کے روزے رکھو اور مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ بھیجو۔

سوال: یہ تو پانچ باتیں ہوگئیں جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چار باتوں کا وعدہ فرمایا تھا؟

جواب: قاضی بیضاویؒ فرماتے ہیں: یہ پانچوں باتیں ایمان باللہ کی شرح ہیں یعنی یہ ایک ہی بات ہوئی، باقی تین باتیں یا تو راوی بھول گیا یا اس نے اختصاراً چھوڑ دیا۔

اور ابن بطال رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جن چار باتوں کا وعدہ فرمایا تھا وہ شہادتین، اقامت صلوٰۃ، ایتاء زکوٰۃ اور صوم رمضان ہیں، پھر آپؐ نے ایک مزید بات بتلائی، جیسے ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا کہ ہم جنگل میں اونٹ چرانے جاتے ہیں، اور چھاگل میں پینے کے لئے پانی لے جاتے ہیں پس اگر ذرا سا پادنکل جائے تو کیا وضو

کئے بغیر نماز پڑھ سکتے ہیں کیونکہ پانی تھوڑا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: إذا فَسا أحدُکم فَلْیَتوَضَّأْ ولا تَأْتُوا النِّسَاءَ فی أدبارھن: جب تم میں سے کوئی گوز مارے تو چاہئے کہ وضو کرے اور تم عورتوں سے پچھلی راہ میں صحبت مت کرو، یہ آخری بات ان صاحب نے نہیں پوچھی تھی، یہ بات نبی ﷺ نے از خود بتائی، کیونکہ: الشیئُ بالشیئِ یُذکر: بات سے بات نکلتی ہے، نبی ﷺ نے سائل کو ایک مزید بات بتلائی، اسی طرح یہاں بھی آپؐ نے چار باتوں کا وعدہ فرمایا تھا، پھر خیال آیا کہ ان کی مضر قبائل کے ساتھ جنگیں ہوتی رہتی ہیں اس لئے آپؐ نے ان کو ایک مزید بات بتلائی کہ تمہیں جو مال غنیمت حاصل ہو اس کا پانچواں حصہ مرکزی حکومت کو بھیجو۔

اور امام نووی رحمہ اللہ نے ابن بطالؒ کی تائید فرمائی ہے، مگر محشی کو اس پر شرح صدر نہیں۔ اس کا اعتراض یہ ہے کہ اگر خمس ادا کرنے کو چار باتوں سے الگ کر دیا جائے گا تو حدیث باب سے بے جوڑ ہو جائے گی۔ امام بخاریؒ اس باب میں خمس کی ادائیگی کو ایمان کا جزء ثابت کرنا چاہتے ہیں، اگر اس کو علاحدہ کر دیا جائے گا تو حدیث کا باب سے ربط نہیں رہے گا، اس لئے محشی کی رائے میں چار باتیں یہ ہیں: اقامتِ صلوۃ، ایتائے زکوۃ، صوم رمضان اور ادائے خمس۔ اور آپؐ نے جو شروع میں ایمان باللہ کی شہادتین سے تفسیر فرمائی ہے وہ تمہید ہے، چار باتوں میں شامل نہیں، اس لئے کہ وہ لوگ مسلمان تھے، ان کو ایمان لانے کا حکم دینا بے معنی تھا۔

لیکن میرے نزدیک ابن بطال رحمہ اللہ کی رائے راجح ہے، اس لئے کہ آپؐ نے ان کو ایمان باللہ کا حکم دیا ہے، پھر وہ تمہید کیسے ہو سکتی ہے؟

اب دو باتیں حل طلب ہیں: ایک یہ کہ جب وہ مسلمان تھے تو ان کو ایمان کا حکم کیوں دیا؟ دوم: حدیث کا باب سے تعلق کیسے ہوگا؟

پہلی بات کا جواب: یہ ہے کہ ایمان باللہ کا حکم ان لوگوں کو پیش نظر رکھ کر دیا گیا ہے جو اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ وفد عبد القیس نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا تھا کہ ہمیں جامع بات بتائیں تاکہ ہم خود بھی اس پر عمل کریں اور جو پیچھے رہ گئے ہیں ان کو بھی اس بات کی دعوت دیں، جو لوگ پیچھے رہ گئے تھے وہ سب مسلمان نہیں ہوئے تھے، بعض ان میں سے کافر تھے، اس لئے آپؐ نے ان کو ملحوظ رکھ کر پہلا حکم ایمان باللہ کا دیا، پھر اس کی وضاحت فرمائی، یعنی اس وفد کو یہ حکم دیا کہ جو لوگ پیچھے رہ گئے ہیں اور ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے پہلے ان سے شہادتین کا اقرار لیا جائے، جب وہ شہادتین کا اقرار کر لیں تو پھر نماز، روزہ، زکوۃ اور ادائے خمس کا حکم دیا جائے، اور تم خود بھی اور وہ بھی اس پر عمل کریں۔

اور دوسری بات کا جواب: یہ ہے کہ اگر حدیث کا باب سے تعلق باقی نہیں رہتا تو اس کی ہم پر کیا ذمہ داری ہے؟ امام بخاریؒ نے حدیث جس طرح سمجھی ہے استدلال کیا ہے، ان کی رائے یہ ہے کہ ایمان باللہ تمہید ہے اور باقی چار باتیں اس کی تفسیر ہیں، پس انھوں نے اپنے فہم کے مطابق ترجمہ قائم کیا اور ادائے خمس کو ایمان کا جزء ثابت کیا۔ اور ابن بطال

رحمہ اللہ نے اپنی فہم کے مطابق حدیث کی شرح کی، ان کو حدیث کی دوسری شرح کرنے کا حق ہے اور ہمیں اس شرح کو قبول کرنے کا بھی حق ہے۔

شراب کے برتنوں کی تفصیل اور ان میں نبیذ بنانے کا حکم:

۱-حَنْتَم: حَنْتَمَة کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: روغنی گھڑا۔

۲-الدُّبَّاء: سوکھا کدّو، جو برتن کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اردو میں اس کو تونبی کہتے ہیں۔ تونبا: ایک قسم کا تلخ کدو ہے جس کا چھلکا بہت موٹا ہوتا ہے اس کو فقیر سکھا کر کشکول بناتے ہیں، میں نے زامبیا میں یہ برتن بکتے ہوئے دیکھے ہیں۔

۳- النقیر: بمعنی منقور، نَقَرَ یَنْقُر کے معنی ہیں: کریدنا، کھودنا، لوگ درخت کے تنے کرید کر برتن بناتے تھے، پھر اس میں نبیذ بناتے تھے۔

۴-المُزَفَّت: تارکول پھیرا ہوا گھڑا، اس کے لئے دوسرا لفظ مَقَیَّر ہے یہ قِیْر سے ہے، سڑکوں پر جو تارکول ڈالتے ہیں وہ قیر ہے۔

آنحضور ﷺ نے ان چار برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا، نَبِیْذٌ: فعیلٌ کا وزن ہے، اور مَنْبُوْذٌ کے معنی میں ہے، اور نَبَذَ الشیئَ کے معنی ہیں: ڈالنا، پانی میں کوئی چیز ڈالی جائے جب وہ گل جائے اور اس کی شیرینی پانی میں آجائے مگر ابھی نشہ پیدا نہ ہوا ہو تو وہ نبیذ ہے اور وہ بالاتفاق حلال ہے۔

اور آنحضور ﷺ نے مذکورہ چار برتنوں میں نبیذ بنانے سے اس لئے منع فرمایا کہ اس میں جلدی نشہ پیدا ہوجاتا ہے، جب گھڑے پر تارکول پھیر دیا جاتا ہے یا اس کو رنگ دیا جاتا ہے تو اس کے مسامات بند ہوجاتے ہیں اور تونبی میں اور لکڑی کے برتن میں مسامات ہوتے ہی نہیں، اس لئے ان میں جلدی گرمی پیدا ہوجاتی ہے، اور پانی میں ڈالی ہوئی چیز جلدی سڑ جاتی ہے اور اس میں نشہ پیدا ہوجاتا ہے اور پتا نہیں چلتا کہ نشہ ہوگیا ہے، اس لئے آپؐ نے ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا، اور لوگوں کو حکم دیا کہ چمڑے کے مشکیزے میں نبیذ بنائیں اور اس کا منہ باندھ دیں اگر اس میں گیس پیدا ہوگی تو مشکیزہ پھولے گا اور پتا چل جائے گا کہ نشہ ہوگیا۔

اور جمہور کی رائے یہ ہے کہ ان برتنوں میں نبیذ بنانے کی ممانعت پہلے تھی پھر ختم ہوگئی، مسلم شریف میں روایت ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے لوگوں کو چند برتنوں سے منع کیا تھا اب جان لو کہ کوئی برتن نہ کسی چیز کو حلال کرتا ہے نہ حرام۔ البتہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے (مشکوٰۃ حدیث ۴۲۹۱)

اور دوسری رائے یہ ہے کہ ممانعت اب بھی باقی ہے، اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ ممانعت کی علت کیا ہے؟ جمہور کے نزدیک ممانعت کی علت یہ ہے کہ لوگوں کو شراب کے برتن دیکھ کر شراب یاد آئے گی، یعنی تذکّر خمر علت ہے۔ جیسے کوئی بیڑی چھوڑنا چاہتا ہے تو اس پر لازم ہے کہ ماچس جیب میں نہ رکھے، کیونکہ جب بھی ماچس بجے گی بیڑی یاد آئے گی،

اسی طرح اگر شراب کے برتن گھر میں رہیں گے تو جب بھی ان پر نظر پڑے گی شراب یاد آئے گی۔ اس لئے آنحضور ﷺ نے شراب کے برتن استعمال کرنے کی ممانعت فرمادی، پھر جب طبیعتیں شراب سے ہٹ گئیں تو ممانعت ختم کردی گئی۔

اور دیگر حضرات کے نزدیک علت احتمالِ تخمر ہے یعنی ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے اس لئے منع کیا کہ ان میں مسامات نہیں ہوتے اس لئے ان میں نبیذ جلدی بگڑ جاتی ہے، پس ان برتنوں کے حکم میں دھات کے تمام برتن ہونگے، اگر احتیاط سے ان برتنوں میں نبیذ بنائی جائے تو جائز ہے، ورنہ نہیں۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بڑھیا کو روغنی گھڑے کی نبیذ سے اس لئے روکا تھا کہ ان کے نزدیک ممانعت کی علت احتمال تخمر ہوگی، اور ابو جمرہ کے نزدیک علت تذکر خمر ہوگی جو عرصۂ دراز گذر جانے کے بعد باقی نہیں رہی تھی، اس لئے وہ روغنی گھڑے کی نبیذ پیتے تھے۔

اور دوسری توجیہ یہ ہوسکتی ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے بڑھیا کو اختیار اولیٰ کے طور پر منع کیا ہوگا یعنی روغنی گھڑے میں نبیذ بنانا جائز تو ہے مگر بہتر نہیں۔

اور بعض حضرات نے یہ جواب دیا ہے کہ شاید ابن عباس کو وہ حدیث نہیں پہنچی ہوگی جس میں آنحضور ﷺ نے ان برتنوں میں نبیذ بنانے کی اجازت دی ہے، مگر مجھے یہ جواب پسند نہیں، میرے نزدیک راجح دوسری توجیہ ہے۔

فائدہ: آنحضور ﷺ نے لفظ أربعٌ اس لئے استعمال کیا ہے کہ یاد رکھنے میں آسانی ہو، اگر کسی موقع پر تین ہی باتیں یاد رہیں گی تو آدمی غور کرے گا کہ چوتھی بات کیا ہے؟ پھر ایک روایت میں ہے کہ آپؐ نے ہر بات پر انگلی بند کی یعنی لفظ کے ساتھ اشارہ کو بھی شامل کیا تاکہ سمجھنے میں بھی مدد ملے، پھر مزید تاکید فرمائی کہ ان باتوں کو یاد رکھنا اور پیچھے والوں کو بتانا۔

[٤٠-] بابُ: أَدَاءِ الْخُمُسِ مِنَ الإِيْمَانِ

[٥٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ، قَالَ: كُنْتُ أَقْعُدُ مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَيُجْلِسُنِيْ عَلٰى سَرِيْرِهِ، فَقَالَ: أَقِمْ عِنْدِيْ حَتّٰى أَجْعَلَ لَكَ سَهْمًا مِنْ مَالِيْ، فَأَقَمْتُ مَعَهُ شَهْرَيْنِ ثُمَّ قَالَ: إِنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ لَمَّا أَتَوُا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنِ الْقَوْمُ أَوْ: مَنِ الْوَفْدُ؟" قَالُوْا: رَبِيْعَةُ، قَالَ: "مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ، أَوْ: بِالْوَفْدِ، غَيْرَ خَزَايَا وَلاَ نَدَامَى" فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّا لاَ نَسْتَطِيْعُ أَنْ نَأْتِيَكَ إِلاَّ فِيْ الشَّهْرِ الْحَرَامِ، وَبَيْنَنَا وَبَيْنَكَ هٰذَا الْحَيُّ مِنْ كُفَّارِ مُضَرَ، فَمُرْنَا بِأَمْرٍ فَصْلٍ نُخْبِرْ بِهِ مَنْ وَرَاءَ نَا، وَنَدْخُلْ بِهِ الْجَنَّةَ، وَسَأَلُوْهُ عَنِ الأَشْرِبَةِ، فَأَمَرَهُمْ بِأَرْبَعٍ، وَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ، أَمَرَهُمْ بِالإِيْمَانِ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ، قَالَ: "أَتَدْرُوْنَ مَا الإِيْمَانُ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: "شَهَادَةُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسولُ اللّٰهِ، وَإِقَامُ الصَّلاَةِ، وَإِيْتَاءُ الزَّكَاةِ، وَصِيَامُ رَمَضَانَ، وَأَنْ تُعْطُوْا مِنَ الْمَغْنَمِ الْخُمُسَ" وَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ، عَنِ الْحَنْتَمِ، وَالدُّبَّاءِ، وَالنَّقِيْرِ، وَالْمُزَفَّتِ، وَرُبَّمَا قَالَ: الْمُقَيَّرِ - وَقَالَ: "احْفَظُوْهُنَّ وَأَخْبِرُوْا بِهِنَّ مَنْ وَرَاءَ كُمْ"

[انظر: ٨٧، ٥٢٣، ١٣٩٨، ٣٠٩٥، ٣٥١٠، ٤٣٦٨، ٤٢٦٩، ٦١٧٦، ٧٢٦٦، ٧٥٥٦]

وضاحت: الوفد: باحیثیت یا بااقتدار لوگوں کے پاس کسی مقصد سے جانے والی منتخب افراد کی جماعت، ڈیلی گیشن۔ جمع وفود.......... مَرْحَبًا: أی أتَیْتُم مکانًا رَحْبًا: تم کشادہ جگہ آئے.......... خزایا: خزیان کی جمع ہے، رسوا.......... نَدَامٰی: نَدمان کی جمع ہے: پشیمان.......... شهادةُ: مرفوع ہے کیونکہ ھی مبتداء محذوف کی خبر ہے، اور إقام وغیرہ مرفوع اور مجرور دونوں ہوسکتے ہیں، اگر ان کا عطف شهادة پر کیا جائے تو مرفوع ہونگے اور اگر عطف الإیمان پر کیا جائے تو مجرور ہونگے۔ امام بخاریؒ نے شهادة پر عطف کیا ہے، اس صورت میں حدیث کا مطلب ہوگا کہ اللہ پر ایمان لانے میں شہادتین اقامت صلوٰۃ، ایتاءِ زکوٰۃ، صوم رمضان اور مال غنیمت میں سے خمس ادا کرنا: سب باتیں شامل ہیں پس حدیث کا تعلق باب سے ہوگیا کہ ادائے خمس ایمان کا جزء ہے، اور وہ عمل ہے پس ثابت ہوا کہ اعمال ایمان کا جزء ہیں۔

اور اگر عطف الإیمان پر کریں تو ایمان باللہ کی شرح صرف شہادتین ہونگی، باقی اعمال ایمان سے خارج ہونگے، اور حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ نبی ﷺ نے جن چار باتوں کا وعدہ فرمایا تھا ان میں سے باقی باتیں یہ ہیں۔ اس صورت میں حدیث سے باب ثابت نہیں ہوگا، یعنی اعمال کا جزء ایمان ہونا ثابت نہیں ہوگا۔ اور ادائے خمس کا حکم افادۂ مزید ہوگا۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ الأَعْمَالَ بِالنِّيَّةِ والْحِسْبَةِ

اقرار کے ساتھ نیت ضروری ہے

کچھ لوگ کہتے ہیں: ایمان نام صرف اقرار کا ہے، خواہ اس کے پیچھے دل کا ارادہ ہو یا نہ ہو۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں ان کی تردید کی ہے کہ صرف زبان سے اللہ کی وحدانیت اور رسول کی رسالت کا اقرار کرلینے سے کوئی شخص مسلمان نہیں ہوجاتا، اقرار کے ساتھ عقدِ قلب چاہئے یعنی اسلام قبول کرنے کی نیت ہونی چاہئے۔

یہاں سے معلوم ہوا کہ اقرار اور نیت ایک دوسرے سے منفک ہوسکتے ہیں، ایک شخص زبان سے کلمہ پڑھ رہا ہے مگر دل میں ایمان لانے کا کوئی ارادہ نہیں تو وہ صرف اقرار ہے، اور ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ دل میں اسلام کی حقانیت کا اور اس کے دونوں عقیدوں پر پختہ یقین ہو، مگر کسی مجبوری میں زبان سے اقرار نہ کرسکے تو صرف عقدِ قلب اور نیت ہوگی اقرار نہیں ہوگا۔ اور دونوں جمع بھی ہوسکتے ہیں، جب دونوں جمع ہوجائیں تو وہ بالیقین مؤمن ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں، لیکن اگر دونوں منفک ہوجائیں تو کیا حکم ہے؟ امام بخاریؒ نے فرمایا: صرف قول ایمان نہیں، اس کے ساتھ عقد قلب ضروری ہے اس سے معلوم ہوا کہ اصل تصدیق ہے کیونکہ اگر صرف تصدیق بھی ایمان نہیں تو اس کے لئے باب قائم کرنا چاہئے تھا، حالانکہ ایسا کوئی باب قائم نہیں کیا، پس ایک مہینے سے جس مسئلہ میں جھگڑ رہے ہیں اس کا خود بخود فیصلہ ہوگیا کہ ایمان صرف تصدیق کا نام ہے۔

قوله: الأعمالُ بالنِّيَّةِ والحِسْبَة: یہ وہی حدیث ہے جو کتاب کے شروع میں گذری ہے اس کے ایک طریق میں

الحِسْبَة بھی ہے، مگر اس کی سند اس قابل نہیں تھی کہ اس کو بخاری شریف میں لاتے اس لئے باب میں یہ لفظ لے آئے۔
ایمان بھی قلب کا ایک عمل ہے، پس اس کے لئے بھی نیت ضروری ہے اور الحسبة کے معنی ہیں: ثواب کی امید رکھنا، یعنی ثواب کی امید رکھ کر ایمان قبول کیا جائے تو ایمان معتبر ہے اور اگر زبانی جمع خرچ کیا جائے اور ثواب کا کوئی ارادہ نہ ہو یعنی نیت نہ ہو تو وہ مؤمن نہیں،

قولہ: لکل امرئ ما نوی: یہ بھی اسی حدیث کا ٹکڑا ہے۔ اگر ایمان لانے کی نیت ہے تو ایمان لانے کا ثواب ملے گا، اور اگر ایمان لانے کی نیت نہیں صرف زبانی جمع خرچ کیا ہے تو کوئی ثواب نہیں ملے گا۔ پھر فرماتے ہیں: یہ حدیث عام ہے، اس میں ایمان، وضو، نماز، زکوۃ، حج، روزہ اور سب معاملات داخل ہیں کیونکہ ایمان قلب کا عمل ہے اور باقی چیزیں جوارح کے اعمال ہیں۔

ملحوظہ: وضو، عبادتِ مقصودہ نہیں، اس لئے حنفیہ کے نزدیک وضو اور غسل اس حدیث کے تحت نہیں آتے، ان کے لئے نیت ضروری نہیں، اور شوافع کے نزدیک نیت ضروری ہے، ان کے نزدیک وہ بھی اس حدیث کے تحت ہیں، اور احکام سے مراد معاملات ہیں، اور ان میں سے بعض بالاتفاق نیت کے بغیر درست ہیں۔

قولہ: ﴿قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ﴾: یہ سورہ بنی اسرائیل کی آیت (۸۴) ہے۔ اور شاکلة کے معنی ہیں: روش، افتادِ طبع، مزاج، جبلّت۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کی تفسیر نیت سے کی ہے، یعنی جیسی نیت ہوگی ویسا عمل ہوگا۔ پس جس نے مسلمان ہونے کی نیت سے کلمہ پڑھا وہ مسلمان ہوا اور جس نے بس یونہی کلمہ پڑھا وہ مسلمان نہیں۔

قولہ: نفقةُ الرجل: آدمی کا بیوی بچوں پر ثواب کی نیت سے خرچ کرنا صدقہ ہے، یعنی اس پر بھی ثواب ملے گا، اور اگر بغیر نیت کے محض اس وجہ سے خرچ کیا کہ ان پر خرچ کرنا شوہر کی اور باپ کی ذمہ داری ہے تو کوئی ثواب نہیں ملے گا۔ بامید ثواب خرچ کرے گا تبھی ثواب ملے گا۔ ہاں شرعی ذمہ داری سمجھ کر خرچ کرے تو ثواب ملے گا کیونکہ یہی نیت ہے۔

قولہ: قال النبیُّ: یہ ارشاد نبی ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر فرمایا تھا کہ اب مکہ سے ہجرت فرض نہیں رہی، کیونکہ مکہ دارالاسلام بن گیا، لیکن جہاد اور نیت جہاد قیامت تک باقی رہیں گے۔ لہٰذا اگر کوئی جہاد کا موقع آئے تو جہاد کے لئے ضرور مدینہ آئے، اور جب جہاد جاری نہ ہو تو جہاد کی نیت رکھے۔

[۴۱-] بابُ مَاجَاء أَنَّ الْأَعْمَالَ بِالنِّيَّةِ وَالْحِسْبَةِ

[۱-] وَلِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوٰى، فَدَخَلَ فِيْهِ الإِيْمَانُ، وَالْوُضُوْءُ، وَالصَّلَاةُ، وَالزَّكَاةُ، وَالْحَجُّ، وَالصَّوْمُ، وَالْأَحْكَامُ.

[۲-] وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ﴾[الإسراء: ۸٤]: عَلٰى نِيَّتِهٖ.

[۳-] نَفَقَةُ الرَّجُلِ عَلٰى أَهْلِهٖ يَحْتَسِبُهَا صَدَقَةٌ.

[٤-] وَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " وَلٰکِنْ جِهَادٌ وَنِیَّةٌ "

[٥٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " الْأَعْمَالُ بِالنِّیَّةِ، وَلِکُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَی، فَمَنْ کَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَمَنْ کَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْیَا یُصِیْبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ یَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلَی مَا هَاجَرَ إِلَیْهِ" [راجع: ١]

[٥٥-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَدِیُّ بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ یَزِیْدَ، عَنْ أَبِیْ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "إِذَا أَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلَی أَهْلِهِ یَحْتَسِبُهَا فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ". [انظر: ٤٠٠٦، ٥٣٥١]

[٥٦-] حدثنا الْحَکَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِیْ وَقَّاصٍ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " إِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِیْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا أُجِرْتَ عَلَیْهَا، حَتّٰی مَا تَجْعَلُ فِیْ فِیْ امْرَأَتِكَ"

[انظر: ١٢٩٥، ٢٧٤٢، ٢٧٤٤، ٣٩٣٦، ٤٤٠٩، ٥٣٥٤، ٥٦٥٩، ٥٦٦٨، ٦٣٧٣، ٦٧٣٣]

ترجمہ: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم جو کچھ بھی خرچ کرو جس سے تمہارا مقصد اللہ کی خوشنودی حاصل کرنا ہو تو تمہیں اس پر ثواب دیا جائے گا۔ یہاں تک کہ جو لقمہ تم اپنی بیوی کے منہ میں رکھو اس پر بھی ثواب ملے گا۔

طلبہ اس جملہ کا یہ مطلب سمجھتے ہیں کہ پیار اور محبت میں بیوی کو کھلانا مراد ہے، یہ صحیح نہیں، جوانی کی تُرنگ میں ذہن اس مطلب کی طرف جاتا ہے، اس جملہ کا صحیح مطلب یہ ہے کہ بعض مرتبہ بیوی کسی بیماری کی وجہ سے خود نہیں کھا سکتی، تو شوہر اپنے ہاتھ سے اس کو کھلاتا ہے تو اس کا بھی ثواب ملے گا۔ اور کما کر لانے کا الگ ثواب ملے گا، یا بیٹا، بیٹی یا بہو وغیرہ نے کھلایا تو ان کو بھی ثواب ملے گا، اسی طرح شوہر بیمار پڑ گیا اور بیوی بچوں نے کھلایا تو ان کو بھی ثواب ملے گا۔

بابُ قَوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: الدِّیْنُ النَّصِیْحَةُ: لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِیْنَ وَعَامَّتِهِمْ، وَقَوْلِهِ تَعَالٰی: ﴿إِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ﴾

خیرخواہی ایمان کا جزء ہے

یہ حدیث نہایت اہم ہے، اس کو اسلامی تعلیمات کا چوتھائی قرار دیا گیا ہے بلکہ امام نووی رحمہ اللہ نے تو اس کو سارا ہی

دین قرار دیا ہے، پس حدیث کو غور سے پڑھیں اور اس پر عمل کریں۔

ایک مرتبہ نبی ﷺ نے خطاب عام میں تین مرتبہ فرمایا: دین خیر خواہی ہے! دین خیر خواہی ہے! دین خیر خواہی ہے! الدینُ النَّصیحة: زیدٌ عدلٌ کے قبیل سے ہے، اس میں مبالغہ ہے کہ خیر خواہی دین کا قوام ہے، یعنی دین کے وجود اور بقا کا مدار خیر خواہی پر ہے، اور جب نبی ﷺ کوئی اہم بات مجمع میں فرماتے تھے تو تین مرتبہ فرماتے تھے۔ جب آپؐ نے بار بار یہ بات فرمائی تو صحابہ نے پوچھا: لِمَنْ؟ یارسول اللہ! اے اللہ کے رسول! کس کی خیر خواہی؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ کی، اللہ کے رسول کی، حکومت کے سربراہوں کی، اور عام مسلمانوں کی۔ اور ایک حدیث میں ولکتابہ بھی ہے یعنی قرآن کی۔

تشریح:

بعض الفاظ کے نسبتیں بدلنے سے معانی بدلتے ہیں جیسے صلوٰۃ کے معنی ہیں: انتہائی درجہ کا میلان، پھر نسبتوں کے بدلنے سے اس کی صورتیں بدلتی ہیں۔ اللہ کے تعلق سے اس کے معنی ہیں: مہربانی کرنا، اور بندوں کا اللہ تعالیٰ کی طرف آخری درجہ کا میلان نماز ہے، اور رسول اللہ ﷺ کی طرف آخری درجہ کا میلان دعا ہے، اور فرشتوں کے تعلق سے صلوٰۃ کے معنی استغفار کے ہیں، اسی طرح خیر خواہی کی شکلیں نسبت کے بدلنے سے مختلف ہوتی ہیں۔

۱- اللہ تعالیٰ کی خیر خواہی: اللہ تعالیٰ پر صحیح ایمان لانا ہے یعنی اللہ کا وجود تسلیم کرنا، ان کی صفات کو ٹھیک ٹھیک ماننا، ان میں الحاد و کجروی اختیار نہ کرنا، ان کے رب ہونے کو ماننا، اور صرف انہی کی بندگی کرنا، بندگی میں کسی کو شریک نہ ٹھہرانا اور ان کے احکام کی اطاعت کرنا۔

۲- اللہ کے رسول کی خیر خواہی: ان پر ایمان لانا، ان کی تعظیم کرنا، ان سے بے حد محبت کرنا مگر ان کی شان میں غلو نہ کرنا، اور ان کے دین کو چار دانگ عالم پھیلانے کی محنت کرنا ہے۔

۳- امراء کی خیر خواہی: ان کے احکام کو سننا اور ان کی تعمیل کرنا۔ اور ان کا بہی خواہ رہنا اور شدید مجبوری کے بغیر ان سے بغاوت نہ کرنا ہے۔

۴- عام مسلمانوں کی خیر خواہی: ان کے فائدے کو سوچنا، ان کو بھلائی پہنچانے کی نیت رکھنا، لوگوں کو دین سکھانا۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا ہے۔

۵- اللہ کی کتاب (قرآن مجید) کی خیر خواہی: اس کو پڑھنا، اس کو سمجھنا، اس کے معانی میں غور و فکر کرنا، اس کے احکام پر عمل پیرا ہونا اور اس کی دعوت کو عام کرنا ہے۔

اور یہ صورتیں ہم نے بطور مثال بیان کی ہیں، ان کے علاوہ خیر خواہی کی اور صورتیں بھی ہوسکتی ہیں۔

پھر سورۃ التوبہ کی آیت (۹۱) کا ایک ٹکڑا لکھا ہے۔ پوری آیتِ کریمہ کا حاصل یہ ہے کہ جو لوگ واقعی معذور ہیں یا بیمار ہیں یا تنگ دست ہیں اور وہ جہاد میں شریک نہیں ہوسکتے تو ان پر کوئی گناہ نہیں بشرطیکہ وہ اللہ و رسول کے ساتھ خیر خواہی

کریں، یعنی منافقین کی طرح اسلام کی جڑیں نہ کھودیں، جہاد میں شرکت کرنے والوں کی ہمتیں پست نہ کریں بلکہ مقدور بھر ان کی اعانت ونصرت کریں، تو حق تعالیٰ کی بخشش ومہربانی سے توقع ہے کہ وہ درگذر فرمائیں گے۔

حدیث (۱): حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے تین باتوں پر بیعت کی ہے: (۱) نماز کا اہتمام کرنا (۲) زکوٰۃ ادا کرنا (۳) اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنا۔

تشریح:

طبرانی میں حضرت جریر رضی اللہ عنہ کا ایک واقعہ لکھا ہے۔ انھوں نے اپنے آزاد کردہ غلام کو حکم دیا کہ تین سو درہم میں ایک گھوڑا خرید لاؤ، وہ بازار گیا اور ایک گھوڑے کا سودا کرکے اس کے مالک کو ساتھ لے کر آیا تاکہ حضرت جریرؓ اس کو رقم ادا کریں۔ حضرت جریرؓ نے گھوڑا دیکھ کر گھوڑے والے سے کہا: تیرا گھوڑا تین سو درہم سے زیادہ قیمت کا ہے کیا تو اس کو چار سو درہم میں بیچتا ہے؟ اس نے خوش ہوکر کہا: جیسی آپ کی مرضی! یعنی اگر آپ چار سو درہم دیں تو مجھے کونسے برے لگیں گے۔ آپ نے فرمایا: تیرا گھوڑا چار سو درہم سے بھی زیادہ قیمت کا ہے کیا تو اس کو پانچ سو درہم میں بیچتا ہے؟ اس طرح وہ قیمت بڑھاتے ہوئے آٹھ سو تک لے گئے پھر آٹھ سو میں اس کو خرید لیا، کسی نے حضرت سے عرض کیا: آپ نے ایسا کیوں کیا؟ وہ تو تین سو میں بیچنے کے لئے تیار تھا؟ آپ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ سے اس پر بیعت کی ہے کہ ہر مسلمان کے لئے بھلائی چاہوں گا اس شخص کا گھوڑا میرے نزدیک تین سو سے زیادہ قیمت کا تھا اگر میں تین سو میں خریدتا تو یہ خیر خواہی کے منافی ہوتا۔ اس لئے اس کے گھوڑے کی جو واقعی قیمت تھی وہ میں نے اس کو دی، اللہ اکبر! خیر خواہی کا کیا جذبہ تھا، یہ آخری درجہ کی خیر خواہی ہے۔

حدیث (۲): جب حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کا جو کوفہ کے گورنر تھے انتقال ہوا تو حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ لوگوں میں تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے، سب سے پہلے اللہ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا: لوگو! ایک اللہ سے ڈرنے کو لازم پکڑو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، اور باوقار اور سنجیدہ رہو (دونوں کا عطف باتقاء اللہ پر ہے) یہاں تک کہ اگلا امیر آجائے، یعنی جب تک نیا امیر نامزد نہ ہوجائے سنجیدگی اختیار کرو اور دنگے فساد سے بچو، اگلا امیر تمہارے پاس بہت جلد آنے والا ہے۔ پھر فرمایا: اپنے امیر کے لئے دعاء مغفرت کرو، اس لئے کہ وہ عفو ودرگذر کو پسند کرتے تھے، اس لئے ہمیں بھی دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ عفو ودرگذر کا معاملہ فرمائیں، پھر فرمایا: أما بعد! (یہ نہج بدلا) میں نبی ﷺ کے پاس آیا، اور میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں اسلام پر بیعت کرنا چاہتا ہوں یعنی مسلمان ہونے کے لئے آیا ہوں، اور بیعت اسلام کرنا چاہتا ہوں پس آپؐ نے مجھ سے شہادتین کے علاوہ کچھ اور باتوں پر بھی بیعت لی، ان میں سے ایک شرط یہ تھی کہ ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنا، پس میں نے ان باتوں پر بیعت کی، اور اس مسجد کے رب کی قسم میں نے ابھی جو بات کہی ہے کہ نئے امیر کے آنے تک باوقار اور سنجیدہ رہو، فساد نہ مچاؤ، یہ بات تمہاری خیر

خواہی میں کہی ہے، اس کے بعد حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے لئے دعاء مغفرت کی اور منبر سے اتر آئے۔

تشریح: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے کوفہ کے گورنر تھے، ۵۰ ہجری میں ان کا انتقال ہوا، ان کے بعد حضرت معاویہؓ نے زیاد کو کوفہ کا گورنر مقرر کیا۔

اور عفو ودرگذر اللہ کی صفت ہے اور حدیث میں ہے: تَخَلَّقُوْا بأخلاق اللّٰهِ: اللہ کی صفتیں اپنے اندر پیدا کرو، چنانچہ عفو ودرگذر کرنا حضرت مغیرہؓ کی خاص شان تھی، اس لئے حضرت جریرؓ نے فرمایا ہمیں بھی ان کے لئے دعائے مغفرت کرنی چاہئے۔

[٤٢-] بابُ قَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: " الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ: لِلّٰهِ، وَلِرَسُوْلِهِ، وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ، وَعَامَّتِهِمْ" وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿إِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ﴾[التوبه: ٩١]

[٥٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ قَيْسُ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَايَعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى إِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ. [انظر: ٥٢٤، ١٤٠١، ٢١٥٧، ٢٧١٤، ٢٧١٥، ٧٢٠٤]

[٥٨-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ يَوْمَ مَاتَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، قَامَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، وَقَالَ: عَلَيْكُمْ بِاتِّقَاءِ اللّٰهِ وَحْدَهُ لاَشَرِيْكَ لَهُ، وَالْوَقَارِ وَالسَّكِيْنَةِ حَتّٰى يَأْتِيَكُمْ أَمِيْرٌ، فَإِنَّمَا يَأْتِيْكُمُ الآنَ، ثُمَّ قَالَ: اسْتَعْفُوْا لِأَمِيْرِكُمْ، فَإِنَّهُ كَانَ يُحِبُّ الْعَفْوَ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ: فَإِنِّيْ أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أُبَايِعُكَ عَلَى الإِسْلاَمِ، فَشَرَطَ عَلَيَّ: "وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ" فَبَايَعْتُهُ عَلٰى هٰذَا، وَرَبِّ هٰذَا الْمَسْجِدِ إِنِّيْ لَنَاصِحٌ لَكُمْ، ثُمَّ اسْتَغْفَرَ وَنَزَلَ.

قوله: يقول يوم مات: یوم مات مقولہ نہیں، مقولہ آگے قال کے بعد آرہا ہے، اور فصل ہوجانے کی وجہ سے قال مکرر لائے ہیں۔

﴿الحمد للہ! کتاب الایمان کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



کتابُ العِلْمِ

بسم الله الرحمن الرحیم

بَابُ فَضْلِ الْعِلْمِ

علم کی فضیلت کا بیان

اب علم کا بیان شروع کررہے ہیں، اس لئے کہ آگے پوری کتاب میں اعمال وغیرہ کا بیان آرہا ہے، اور اعمال کو صحیح طرح سے ادا کرنے کے لئے علم ضروری ہے، اس لئے ایمان کے بعد علم کا بیان لائے ہیں۔

یہاں ایک سوال ہے کہ ایمان بھی تو ایک عمل ہے چنانچہ حضرت نے پیچھے بار بار کہا ہے کہ ایمان قلب کا ایک عمل ہے پس جب ایمان قلب کا عمل ہے تو کتاب العلم کو کتاب الایمان سے پہلے لانا چاہئے تھا، ایمان کے بارے میں علم ہوگا جبھی لوگ ایمان لائیں گے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ علم کی دو قسمیں ہیں: وہبی (فطری) اور کسبی۔ وہبی علم وہ ہے جو انسان کی جبلّت (فطرت) میں ودیعت رکھا گیا ہے، وہ علم ایمان سے مقدم ہے اسی لئے مجنون پر اور بچے پر ایمان لانا ضروری نہیں۔ اس لئے کہ ان کو فطری علم حاصل نہیں۔ اور علم اکتسابی وہ ہے جسے بندہ خود اپنے اختیار سے حاصل کرتا ہے، وہ علم ایمان سے مؤخر ہے، یہاں علم اکتسابی مراد ہے اس لئے اسے ایمان کے بعد لایا گیا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں دو آیتیں لکھی ہیں، پہلی آیت سورۂ مجادلہ کی (آیت ۱۱) ہے، ارشاد پاک ہے: اللہ تعالیٰ بلند کرتے ہیں تم میں سے ان لوگوں کے درجات جو ایمان لائے ہیں اور علم رکھتے ہیں ـــــ یَرفع: مضارع جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے، اور ساکن کو جب ملاتے ہیں تو اس کو کسرہ کی حرکت دیتے ہیں۔ قاعدہ ہے: الساکن إذا حُرِّكَ حُرِّكَ بالکسر، اس لئے یہاں مضارع کو جر دیا ہے۔

پوری آیت کا خلاصہ: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا إِذَا قِیْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِیْ الْمَجٰلِسِ﴾ اے ایمان والو! جب تم سے کہا جائے کہ بیٹھنے کی جگہوں میں گنجائش پیدا کرو ﴿فَافْسَحُوْا یَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ﴾ تو گنجائش پیدا کرو،

اللہ تمہارے لئے گنجائش پیدا کریں گے۔عربوں کے بیٹھنے کا طریقہ اور ہے اور ہمارے بیٹھنے کا طریقہ اور ہے۔عرب حلقہ بنا کر بیٹھتے ہیں تا کہ ہر ایک کے ساتھ مواجہہ ہو، پھر جب مجلس میں کوئی نیا آدمی آتا ہے تو میر مجلس کہتا ہے: تفسَّحوا: گنجائش پیدا کرو، پس سب لوگ تھوڑا تھوڑا پیچھے ہٹیں گے اور ایک آدمی کی جگہ نکل آئے گی۔ یہ ہے کشادگی پیدا کرنا۔ ہمارے یہاں مجلس میں بیٹھنے کا طریقہ وہ ہے جس انداز پر آپ حضرات بیٹھے ہیں، ایسی صورت میں جب کہا جائے: تفسَّحوا تو سب تھوڑا تھوڑا آگے بڑھیں، پیچھے جگہ نکل آئے گی اور آنے والا وہاں بیٹھ جائے گا۔﴿وَإِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا﴾ اور جب کہا جائے کہ اٹھ جاؤ تو اٹھ جاؤ۔یعنی اگر کوئی ذی حیثیت آدمی مجلس میں آئے اور کسی سے کہا جائے کہ تم یہاں سے اٹھ کر دوسری جگہ بیٹھ جاؤ تو اس کو اٹھ جانا چاہئے۔آگے اس کی تعلیل ہے:﴿يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوْا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ﴾ تم میں سے جو مؤمنین ہیں یعنی کامل الایمان ہیں یا ذی علم ہیں اللہ تعالیٰ ان کے درجات بڑھاتے ہیں۔

اس آیت سے کمال ایمان کی بھی فضیلت ثابت ہوئی اور کمال علم کی بھی۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی آیت کی ترتیب کے مطابق ایمان کو مقدم کیا ہے، اور علم کا بیان بعد میں لائے ہیں۔

دوسری آیت سورۂ طٰہٰ کی (آیت ۱۱۴) ہے: فرمایا: اور دعا کیجئے: اے میرے پروردگار! میرے علم میں اضافہ فرما! علم کوئی قابل فضیلت چیز تھی جبھی دعا کرنے کا حکم ہے۔ لہٰذا اس آیت سے بھی علم کی فضیلت ثابت ہوئی۔

اشکال: یہاں طلبہ یہ سوال کرتے ہیں کہ امام بخاریؒ اس باب میں کوئی حدیث کیوں نہیں لائے؟

پہلا جواب: دو آیتیں لائے کیا یہ کافی نہیں۔ جب قرآن مجید کی دو آیتیں لائے ہیں تو پھر حدیث کی کیا ضرورت ہے؟ کتاب العلم تو حدیثوں سے بھری پڑی ہے، کوئی ضروری ہے کہ ہر باب میں حدیث لائیں۔

دوسرا جواب: آگے کتاب العلم میں باب ۲۲ بعینہ یہی آرہا ہے، وہاں حاشیہ میں تکرار باب کا ایک جواب یہ دیا ہے کہ کتاب العلم کے شروع میں اکثر نسخوں میں باب نہیں ہے، کتاب العلم کے بعد دو آیتیں لکھی ہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ کی بخاری شریف میں جو عادت ہے اس سے ہم آہنگ یہی بات ہے۔ آپ ہر کتاب کے شروع میں ایسی آیت یا آیات لکھتے ہیں جس کی تفسیر کتاب کی جملہ احادیث ہوتی ہیں۔ یہاں بھی جو دو آیتیں لکھی ہیں وہ کتاب العلم کی پیشانی ہیں، اور کتاب العلم کی ساری حدیثیں ان کی تفسیر ہیں۔

۳- کتابُ العِلْمِ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۱-] بابُ فَضْلِ الْعِلْمِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى:﴿ يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوْا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

خَبِيْرٌ﴾ [المجادلة: ۱۱]
[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا﴾[طٰه: ۱۱٤]

فائدہ: یہاں تسمیہ لکھنے کی وجہ غالبًا یہ ہے کہ متقدمین کے یہاں ہر کتاب الگ الگ کاپی میں لکھنے کا رواج تھا وہ کتاب الایمان الگ کاپی میں لکھتے تھے، کتاب العلم، کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلوٰۃ وغیرہ الگ الگ کاپیوں میں، پھر سب کو یکجا کردیا کرتے تھے۔ امام بخاریؒ نے بھی کتاب الایمان الگ کاپی میں اور کتاب العلم الگ کاپی میں لکھی ہوگی اس لئے یہاں بسم اللہ ہے۔

بابُ مَنْ سُئِلَ عِلْمًا، وَهُوَ مُشْتَغِلٌ فِيْ حَدِيْثِهِ، فَأَتَمَّ الحَدِيْثَ، ثُمَّ أَجَابَ السَّائِلَ

کوئی شخص بات میں مشغول تھا اور کسی نے مسئلہ پوچھا پس اس نے فارغ ہوکر جواب دیا تو یہ جائز ہے

کوئی شخص سبق پڑھا رہا ہے، وعظ کہہ رہا ہے، یا کسی سے گفتگو کررہا ہے، درمیان میں کوئی بے سلیقہ آدمی سوال کرے یا مسئلہ پوچھے تو کیا کرنا چاہئے؟ سبق اور وعظ روک کر پہلے مسئلہ بتانا چاہئے یا سبق پڑھاتے رہیں، وعظ کہتے رہیں، جب فارغ ہوجائیں تو مسئلہ بتائیں؟

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات حالات کے تابع ہے، اگر پوچھنے والا ایمرجنسی پوچھ رہا ہے تو پہلے مسئلہ بتانا چاہئے، اور زیادہ جلدی نہیں ہے تو سبق اور وعظ جاری رکھ سکتے ہیں، جب سبق پورا ہوجائے مسئلہ بتائیں۔ جیسے کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہے، اور ماں نے یا باپ نے پکارا تو کیا کرے؟ یہاں بھی یہی مسئلہ ہے۔ اگر ماں باپ کمزور ہیں اور انہیں کوئی فوری ضرورت پیش آگئی ہے اور وہ جانتے بھی ہیں کہ بیٹا نماز پڑھ رہا ہے پھر بھی پکار رہے ہیں یعنی ایمرجنسی پکار رہے ہیں تو فوراً نماز توڑ کر جواب دے، اور اگر قرائن سے اندازہ ہو کہ ایمرجنسی آواز نہیں بلکہ ان کو پتا بھی نہیں کہ بیٹا نماز پڑھ رہا ہے تو نماز پوری کرے پھر جواب دے۔ اسی طرح زیر بحث مسئلہ بھی حالات کے تابع ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دریں اثناء کہ نبی ﷺ ایک مجلس سے خطاب فرمارہے تھے، ایک بدّو آیا۔ اس نے آتے ہی سوال کیا: قیامت کب آئے گی؟ آپؐ بیان فرماتے رہے (فوراً جواب نہیں دیا) کسی نے کہا: نبی ﷺ نے اس کی بات سنی ہے مگر اس کے سوال کو ناپسند کیا (اس لئے جواب نہیں دیا) دوسرے نے کہا: آپؐ نے اس کی بات نہیں سنی، یہاں تک کہ آپؐ نے اپنی بات پوری فرمائی، پھر آپؐ نے فرمایا: قیامت کے بارے میں سوال کرنے والا کہاں ہے؟ اس نے عرض کیا: حاضر ہوں اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: ''جب امانتیں ضائع کی جائیں تو قیامت کا انتظار کر'' امانتیں ضائع کرنے کا کیا مطلب ہے؟ یہ بات اس بدو کی سمجھ میں نہیں آئی تو اس نے پھر پوچھا:

امانت کیسے ضائع ہوتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''جب معاملہ نااہل کو سونپا جائے تو قیامت کا انتظار کر''

تشریح: اس حدیث میں قیامت کی ایک نشانی یہ بیان کی گئی ہے کہ عہدے نااہلوں کو سونپے جائیں۔ اور یہ حدیث عام ہے، سرکاری عہدوں کے ساتھ خاص نہیں، انجمنوں کے عہدوں تک یہ حدیث عام ہے، عہدہ بھی ایک امانت ہے، اس لئے وہ اہل ہی کو سونپنا چاہئے، نااہل کو عہدہ سونپنا امانت کو ضائع کرنا ہے۔ ایسی صورت میں قیامت کا انتظار کرنا چاہئے یعنی اب دنگے فساد اور فتنہ برپا ہوگا، جب نااہل کو صدر یا سکریٹری بنادیا جائے گا تو جھگڑے ہونگے اور واقعی اہل کو عہدہ سونپا جائے گا تو کوئی جھگڑا اور فساد نہیں ہوگا، آنحضور ﷺ نے پہلے عہدہ کو لفظ امانت سے تعبیر کیا، مگر جب سائل سمجھا نہیں تو آپؐ نے وہی بات الفاظ بدل کر فرمائی۔

اس حدیث میں دو باتیں سمجھنی ہیں:

اول: نبی ﷺ نے سائل کا جواب فوراً نہیں دیا کیونکہ سوال ایمرجنسی نہیں تھا، اور سائل مجلس میں بیٹھ گیا تھا۔

دوم: نبی ﷺ سے متعدد صحابہ نے یہی سوال کیا ہے، اور آپؐ نے سائل کا منشا جان کر مختلف جواب دیئے ہیں، مثلاً: حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بھی یہی سوال کیا تھا: متی الساعة؟ آپؐ نے اندازہ کیا کہ سائل قیامت کا معین وقت جاننا چاہتا ہے اس لئے آپؐ نے جواب دیا کہ قیامت کو متعین طور پر کوئی نہیں جانتا۔ جس طرح سائل نہیں جانتا، مسئول بھی نہیں جانتا، اور اس حدیث میں بدو نے بھی یہی سوال کیا ہے۔ حضور ﷺ نے اندازہ کیا کہ یہ قرب قیامت کی نشانیوں کے بارے میں پوچھ رہا ہے چنانچہ آپؐ نے آثار قیامت میں سے ایک نشانی بتائی، اور ایک اور شخص نے بھی یہی سوال کیا تھا، آپؐ نے اس سے پوچھا: تو نے قیامت کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے جواب دیا: یارسول اللہ! میرے پاس نہ بہت نمازیں ہیں، نہ بہت روزے، البتہ مجھے اللہ اور اس کے رسول سے محبت ہے، آپؐ نے فرمایا: آدمی آخرت میں اس کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو محبت ہے۔ ایک اور شخص نے بھی یہی سوال کیا تھا۔ آپؐ نے اندازہ کیا کہ یہ شخص جزا کے بارے میں پوچھ رہا ہے یعنی اعمال کا بدلہ کب ملے گا۔ چنانچہ آپؐ نے فرمایا: جس کی موت آگئی اس کی قیامت شروع ہوگئی یعنی اس کی جزاء وسزا شروع ہوگئی۔ غرض آنحضور ﷺ نے ایک ہی سوال کے سائل کے منشا کو پیش نظر رکھ کر مختلف جواب دیئے ہیں۔

[۲-] بابُ مَنْ سُئِلَ عِلْمًا، وَهُوَ مُشْتَغِلٌ فِيْ حَدِيْثِهِ، فَأَتَمَّ الحَدِيْثَ، ثُمَّ أَجَابَ السَّائِلَ

[۵۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: ثَنَا فُلَيْحٌ، ح: وَحَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ قَالَ: ثَنَا أَبِيْ قَالَ: حَدَّثَنِيْ هِلَالُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَجْلِسٍ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ، جَاءَهُ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ فَمَضَى رَسُوْلُ اللهِ صلى الله

عليه وسلم يُحدِّثُ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: سَمِعَ مَا قَالَ فَكَرِهَ مَا قَالَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ لَمْ يَسْمَعْ، حَتّٰى إِذَا قَضَى حَدِيْثَهُ قَالَ: " أَيْنَ أُرَاهُ السَّائِلُ عَنِ السَّاعَةِ؟" قَالَ: هَا أَنَا يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَإِذَا ضُيِّعَتِ الْأَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ" قَالَ: كَيْفَ إِضَاعَتُهَا؟ قَالَ" إِذَا وُسِّدَ الْأَمْرُ إِلٰى غَيْرِ أَهْلِهِ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ"

قوله: أين أُراه السائِلُ: أُراه (بضم الهمزۃ) کے معنی ہیں: أَظُنُّ اور بفتح الہمزہ کے معنی ہیں: آنکھ سے دیکھنا، حدیث میں دونوں ہو سکتے ہیں اور السائلُ پر اعراب حکائی ہے۔

بابُ مَنْ رَفَعَ صَوْتَهُ بِالْعِلْمِ

علمی بات زور سے کہنا

زیادہ زور سے بولنا (چلانا) کوئی اچھی بات نہیں، قرآن میں ہے: ﴿إِنَّ أَنْكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرُ﴾ اور ہونٹوں میں بولنا بھی اچھا نہیں، صاف اور درمیانی آواز میں بولنا چاہئے، لیکن اگر کوئی ضرورت ہو تو زور سے بول سکتے ہیں۔ حدیث میں یہ واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ لوگ سفر کر رہے تھے، راستہ میں عصر کی نماز کا وقت آ گیا، لشکر کا اگلا حصہ پانی پر پہنچ کر جلدی جلدی وضو کرنے لگا کیونکہ نماز کا وقت تنگ ہو رہا تھا، جلدی کی وجہ سے بعض کی ایڑیاں خشک رہ گئیں، حضور ﷺ پیچھے سے آئے اور اونٹ پر سے تین مرتبہ پکار کر کہا: ویلٌ للأعقاب من النار: ان لوگوں کے لئے جہنم کی وعید ہے جنھوں نے ایڑیاں دھونے میں کوتاہی کی ہے، اس میں مجاز بالحذف ہے، تقدیر عبارت ہے: ویل للمقصِّرین فی غَسل الأعقاب من النار: یعنی جو لوگ ایڑیاں دھونے میں کوتاہی کرنے والے ہیں ان کے لئے دوزخ کی وعید ہے .... اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ضرورت کے وقت زور سے بول سکتے ہیں۔

[۳-] بابُ مَنْ رَفَعَ صَوْتَهُ بِالْعِلْمِ

[۶۰-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو، قَالَ: تَخَلَّفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفْرَةٍ سَافَرْنَاهَا، فَأَدْرَكَنَا وَقَدْ أَرْهَقَتْنَا الصَّلَاةُ وَنَحْنُ نَتَوَضَّأُ، فَجَعَلْنَا نَمْسَحُ عَلٰى أَرْجُلِنَا، فَنَادَى بِأَعْلٰى صَوْتِهِ: "وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ" مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا.

[انظر: ۹۶، ۱۶۳]

ترجمہ: عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ ایک ایسے سفر میں ہم سے پیچھے رہ گئے جو ہم نے کیا، پس آپؐ نے ہمیں پایا درانحالیکہ ہم پر نماز چھا رہی تھی، یعنی نماز کا وقت تنگ ہو رہا تھا اور ہم (جلدی) وضو

کرر ہے تھے، پس ہم نے اپنے پاؤں ہلکے دھوئے (یہاں مسح غسل خفیف کے معنی میں ہے) تو آپ ﷺ نے بآواز بلند دو یا تین مرتبہ فرمایا: وضو میں خشک رہ جانے والی ایڑیوں کے لئے جہنم کی وعید ہے۔

تشریح: شیعہ امامیہ کے نزدیک وضو میں پاؤں کا وظیفہ مسح ہے، اور ان کا استدلال ﴿اَرْجُلِكُمْ﴾ میں کسرہ والی قراءت سے ہے۔ جب آگے یہ مسئلہ آئے گا تو ہم جواب دیں گے کہ جب أرجلکم کا تعلق امسحوا کے ساتھ ہوگا تو مسح کے معنی غسل خفیف کے ہونگے، اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ یہاں لفظ مسح: غسل خفیف ہی کے معنی میں ہے اس کو یاد رکھنا چاہئے۔

بابُ قَوْلِ الْمُحَدِّثِ: حَدَّثَنَا وَأَخْبَرَنَا وَأَنْبَأَنَا

تحدیث کے وقت حدثنا، أخبرنا اور أنبأنا یکساں ہیں

کتاب العلم کے شروع میں علم کی فضیلت کا باب آیا ہے، پھر دوسرا باب تھا: مَن سُئِلَ علما یہ باب اس لئے تھا کہ علم سوال کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے، پس جو علم کا طالب ہے چاہئے کہ وہ سوال کرے، دور اول میں جب کتابیں نہیں تھیں پڑھنے پڑھانے کا طریقہ یہ تھا کہ استاذ درسگاہ میں آکر بیٹھ جاتا پھر طلبہ سوال کرتے اور استاذ جواب دیتا۔ اُس زمانہ میں یہی علم حاصل کرنے کا طریقہ تھا۔ پھر یہ باب لائے کہ مفتی صاحب علمی بات بوقت ضرورت پکار کر کہہ سکتے ہیں۔ اب چوتھا باب یہ لائے ہیں کہ استاذ جو جواب دے اس کے لئے استناد ضروری ہے، قرآنِ کریم کا ثبوت تو تواتر طبقہ سے ہے، لیکن احادیث شریفہ کی یہ صورت نہیں، اس لئے احادیث شریفہ میں خاص طور پر سند چاہئے، دور اول میں مختلف طرح سے روایت بیان کی جاتی تھی، مثلاً: تحدیث، اخبار، انباء، سماعت، مناولہ، مکاتبہ اور قراءت علی الشیخ وغیرہ سب علم منتقل کرنے کی شکلیں تھیں۔ امام بخاریؒ نے اس باب میں ان تمام شکلوں کے بارے میں گفتگو کی ہے۔ لیکن یہ ساری گفتگو مصنّفین کتب حدیث کے زمانہ تک تھی۔ اب کتاب کا حوالہ کافی ہے، جب کتابیں نہیں تھیں بلکہ رودررو حدیثیں بیان کی جاتی تھیں یہ اس زمانہ تک کی بحث ہے۔

جاننا چاہئے کہ تحدیث کا سلسلہ اسی طرح شروع ہوا کہ نبی ﷺ ارشاد فرماتے اور صحابہ سنتے تھے۔ پھر صحابہ بیان کرتے اور تابعین سنتے تھے۔ اسی طرح یہ سلسلہ چلتا رہا اس کا نام ''تحدیث'' ہے، جب صحابہ تابعین کے سامنے حدیث بیان کریں گے تو کہیں گے حدَّثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم۔ اور تابعی نے جس صحابی سے سنا ہے اس کا نام لیگا اور کہے گا: حدثنا أبو هريرة۔ پھر جب تبع تابعین کا دور آیا تو محدثین نے اپنی کتابیں لکھیں جیسے امام مالک رحمہ اللہ نے موطا مالک لکھی۔ اب امام مالکؒ حدیثیں خود نہیں پڑھتے تھے بلکہ ایک معین طالب عالم جو پہلے موطا حضرت سے پڑھ چکا ہوتا تھا وہی پڑھتا تھا اور باقی سب سنتے تھے۔ جب یہ نیا طریقہ شروع ہوا تو اختلاف ہوا کہ یہ جائز ہے یا نہیں؟ کیونکہ اب تک تو استاذ پڑھتا تھا اور طالب علم سنتے تھے، اب طالب علم پڑھتا ہے اور استاذ سنتا ہے۔ پس یہ طریقہ جائز ہے

یانہیں؟ شروع شروع میں اختلاف رہا۔ بہت سے لوگوں نے اس کو ناجائز کہا مگر رفتہ رفتہ اختلاف مضمحل (پاش پاش) ہوگیا۔اورسب نے مان لیا کہ یہ صورت بھی جائز ہے، پھر یہ اختلاف ہوا کہ یہ جو نیا طریقہ چلا ہے اس کے لئے طالب علم آگے کیا لفظ کہے گا؟ اس کے لئے لفظ أَخْبرنا تجویز پایا، یعنی اگر طالب علم نے حدیث پڑھی ہے اور استاذ نے سنی ہے تو طالب علم آگے أخبرنا کہہ کر حدیث بیان کرے گا،اوراگر طالب علم نے خودنہیں پڑھا بلکہ کسی اورطالب علم نے پڑھا ہے اور اس نے سنا ہے توقُرِئَ علیه و أنا أَسْمَع کہے گا۔ پھر یہ اختلاف بھی آگے چل کر مضمحل ہوگیا۔اور طے پایا کہ خواہ استاذ نے پڑھا ہو یا طالب علم نے اور خواہ پڑھا ہو یا سنا ہو ہر صورت میں حدثنا کہہ سکتے ہیں۔ نیز أخبرنا، أنبأنا اور سمعتُ بھی کہہ سکتے ہیں۔ چاروں لفظوں کے معنی یکساں ہیں اور سب کا مطلب یہ ہے کہ سند متصل ہے اور ایک پانچواں لفظ عن ہے، پہلے اس میں بھی اختلاف تھا لیکن بعد میں اس کو بھی مذکورہ چار لفظوں میں شامل کرلیا گیا۔ یہ بھی اتصال پر دلالت کرتا ہے۔ البتہ اگر راوی مدلِّس ہو یعنی اس کے اندر استاذ کا نام چھپانے کا عیب ہو تو اس کے عنعنہ کو اتصال پر محمول نہیں کریں گے۔

مناولہ اور مکاتبہ کا حکم:

مناولہ: یہ ہے کہ شیخ اپنی اصل کتاب یا اس کی نقل تلمیذ کو دے یا تلمیذ شیخ کی کتاب نقل کرکے شیخ کے روبرو پیش کرے اور دونوں صورتوں میں شیخ کہے: میں اس کتاب کو فلاں سے روایت کرتا ہوں اور میں آپ کو اپنی سند سے روایت کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔

شرط: مناولہ سے روایت کرنے کے لئے شرط یہ ہے کہ تلمیذ کا اصل کتاب پر یا اس کی نقل پر قبضہ ہو۔ اگر محض اجازت دی ہو اور تلمیذ کا اصل کتاب یا اس کی نقل پر قبضہ نہ ہو تو وہ مناولہ نہیں۔ پھر مناولہ کی دو قسمیں ہیں: با اجازت اور بے اجازت، اول بالاتفاق معتبر ہے اور ثانی میں اختلاف ہے۔

اور مکاتبہ یہ ہے کہ شیخ اپنی حدیثیں لکھ کر کسی کے پاس بھیجے پھر اس کی بھی دو قسمیں ہیں با اجازت اور بے اجازت۔ اول معتبر ہے اور اگر روایت کی اجازت نہیں دی تو پھر بالاتفاق اس سے روایت کرنا درست نہیں۔

ملحوظہ: مگر یہ سب باتیں اس زمانہ کی ہیں جب کتابیں قلمی تھیں اور زبانی روایت کی جاتی تھیں۔ اب زمانہ بدل گیا ہے۔ اب معتبر کتابوں سے حدیثیں بیان کی جاتی ہیں، اس لئے اب یہ محض ایک مسئلہ ہے۔

[٤-] بابُ قَوْلِ الْمُحدِّثِ: حَدَّثَنَا وَأَخْبرَنَا وَأَنْبَأَنَا

[١-] وَقَالَ لَنَا الْحُمَيْدِيُّ: كَانَ عِنْدَ ابْنِ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا وَ أَخْبرَنَا وأَنْبَأَنَا وسَمِعْتُ وَاحِدًا.

[٢-] وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: حَدَّثَنَا رَسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ.

[٣-] وَقَالَ شَقِيْقٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: سَمِعْتُ النبيَّ صلی الله علیه وسلم كَلِمَةً كَذَا.

[٤-] وَقَالَ حُذَيْفَةُ: حَدَّثَنَا رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثَيْنِ.
[٥-] وَقَالَ أَبُوْ الْعَالِيَةِ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْمَا يَرْوِىْ عَنْ رَبِّهِ.
[٦-] وَقَالَ أَنَسٌ: عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، يَرْوِيْهِ عَنْ رَبِّهِ.
[٧-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، يَرْوِيْهِ عَنْ رَبِّكُمْ تبارَكَ وَتَعالٰى.

تشریح: اس باب کے تحت سب سے پہلے حضرت سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ کا قول لائے ہیں کہ چار لفظ: **حدثنا، أخبرنا، انبأنا** اور **سمعتُ** ہم معنی ہیں۔ پھر چھ روایتوں کے ابتدائی حصے لائے ہیں، صحابہ کرام نے نبی ﷺ سے جو حدیثیں سنی تھیں ان کو کبھی **حدثنا** کہہ کر، کبھی **سمعتُ** کہہ کر اور کبھی بصیغۂ **عن** روایت کیا ہے۔ نمبر دو میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے **حدثنا** کہا ہے، اور نمبر تین میں **سمعتُ** استعمال کیا ہے۔ اسی طرح روایت نمبر ۴ میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے لفظ **حدثنا** استعمال کیا ہے۔ اور باقی روایتوں میں حضرات ابن عباس، انس اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم نے لفظ **عن** استعمال کیا ہے۔ ان روایات سے ثابت ہوا کہ یہ الفاظ ایک ہی حقیقت کی ترجمانی کرتے ہیں۔

لغت: **الصادق** کے معنی ہیں: سچا۔ اور **المصدوق** کے معنی ہیں: جس کو لوگ سچا سمجھیں، اور **کلمةَ کذا** میں **کلمة** کی مابعد کی طرف اضافت ہے، اور **کذا** اسم کنایہ ہے، یعنی ایک بات میں نے حضور ﷺ سے سنی ہے۔

ملحوظہ: حدیث کی دو قسمیں ہیں: حدیث نبوی اور حدیث قدسی، جس حدیث کے شروع میں **قال الله تبارك وتعالىٰ**، یا **عن الله تبارك وتعالىٰ**، یا اس کے مانند کوئی جملہ ہو وہ حدیث قدسی کہلاتی ہے۔ اور باقی حدیثیں احادیث نبویہ کہلاتی ہیں، تفصیل مقدمہ میں دیکھیں۔

[٦١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً لاَ يَسْقُطُ وَرَقُهَا، وَإِنَّهَا مَثَلُ الْمُسْلِمِ، فَحَدِّثُوْنِىْ مَا هِىَ؟" فَوَقَعَ النَّاسُ فِىْ شَجَرِ الْبَوَادِىْ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَوَقَعَ فِىْ نَفْسِىْ أَنَّهَا النَّخْلَةُ، فَاسْتَحْيَيْتُ، ثُمَّ قَالُوْا: حَدِّثْنَا مَا هِىَ يَا رسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " هِىَ النَّخْلَةُ" [انظر: ٦٢، ٧٢، ١٣١، ٢٢٠٩، ٤٦٩٨، ٥٤٤٤، ٥٤٤٨، ٦١٢٢، ٦١٤٤]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: درختوں میں ایک درخت ایسا ہے جس کے پتے نہیں جھڑتے۔ اور وہ درخت مسلمان کی مثال ہے۔ بتاؤ وہ درخت کونسا ہے؟ پس لوگ جنگل کے درختوں میں کھو گئے یعنی غور کرنے لگے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں: میرے دل میں آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے لیکن مجلس میں اکابر صحابہ موجود تھے اس لئے میں شرما گیا اور خاموش رہا۔ جب کوئی بوجھ نہ سکا تو صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ بتلائیں: وہ کونسا درخت ہے؟ رسول اللہ ﷺ

نے فرمایا: ''وہ کھجور کا درخت ہے''

تشریح: یہ حدیث یہاں مختصر ہے۔ اس کا پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپؐ کے پاس جُمّار لایا گیا، جُمّار کیا ہے؟ اللہ جانے کیا ہے! لوگوں نے اس کا ترجمہ ''کھجور کا گوند'' کیا ہے۔ آپؐ نے اسے حاضرین کے سامنے رکھ دیا۔ سب کھانے لگے، پھر آپؐ نے سورۂ ابراہیم کی آیت (۲۴) پڑھی: ﴿كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ. تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا﴾ پھر آپؐ نے حاضرین سے فرمایا: ایک درخت ایسا ہے جس کے پتے کبھی نہیں جھڑتے، وہ درخت مسلمان کی مثال ہے۔ بتاؤ! وہ کونسا درخت ہے؟ سب سوچنے لگے۔ مگر کسی کی سمجھ میں نہیں آیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں سمجھ گیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے مگر مجلس میں حضرات شیخین اور دیگر اکابر صحابہ موجود تھے اس لئے مجھے شرم آئی اور میں خاموش رہا۔ جب کسی کی سمجھ میں نہ آیا تو انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہی بتلائیں: وہ کونسا درخت ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے۔ حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں: بعد میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میرے ذہن میں جواب آ گیا تھا مگر چونکہ مجلس میں اکابر صحابہ موجود تھے اس لئے میں خاموش رہا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر تم بتا دیتے تو مجھے اتنی خوشی ہوتی کہ دنیا بھر کی نعمتیں پا کر بھی مجھے اتنی خوشی نہ ہوتی۔

اس حدیث کے ضمن میں چند باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ذہن اس طرح منتقل ہوا تھا کہ اس وقت جمّار کھایا جا رہا تھا، نیز حضور ﷺ نے سورۂ ابراہیم کی جو ایک آیت پڑھی تھی اس کا مصداق کھجور کا درخت تھا۔ ان دو قرینوں سے حضرت ابن عمرؓ سمجھ گئے کہ وہ کھجور کا درخت ہے، اور دیگر صحابہ کا ذہن اس لئے منتقل نہیں ہوا کہ آپؐ نے فرمایا تھا: ''اس کے پتے کبھی نہیں جھڑتے'' اور کھجور کے پتے نہیں ہوتے بلکہ اس کی ٹہنیاں ہوتی ہیں۔ اردو میں بھی ان کو پتے نہیں کہتے، اور عربی میں ان کو سَعْف کہتے ہیں وَرَق نہیں کہتے۔ اور چونکہ حضور ﷺ نے وَرَق لفظ استعمال کیا تھا، اس لئے دوسرے صحابہ کا ذہن منتقل نہیں ہوا۔ پھر جب آپؐ نے جواب دیا تو پتا چلا کہ آپؐ نے ورق لفظ مجازاً استعمال کیا تھا۔

دوسری بات: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جو ادب کا لحاظ کیا ہے وہ اچھی بات ہے۔ چھوٹا منہ بڑی بات ٹھیک نہیں ہوتی لیکن کسی خاص موقعہ پر اگر ادب ملحوظ نہ رکھیں تو یہ بھی اچھی بات ہے۔ اگر حضرت ابن عمرؓ جواب دیتے تو حضور ﷺ کے دل میں ان کی قدر بڑھتی۔ آپؐ دعا دیتے اور بیٹے کی فضیلت باپ کے لئے بھی فضیلت ہوتی۔ اس لئے حضرت ابن عمرؓ کے بولنے میں گونا گوں فوائد تھے، اور ان کی خاموشی میں صرف ایک فائدہ تھا کہ بڑوں کا ادب ملحوظ رہا، اس لئے حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر تم جواب دیتے تو میرے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہوتا۔

آگے بخاری شریف میں یہ واقعہ آئے گا کہ حضرت عمرؓ اپنے دورِ خلافت میں اکابر صحابہ کی مجلس میں حضرت ابن

عباس رضی اللہ عنہما کو بھی شریک کرتے تھے۔ حالانکہ اس وقت وہ بالکل نوجوان تھے، ان کی عمر کم وبیش بیس سال تھی، ایک مرتبہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے دبے لفظوں میں اعتراض بھی کیا کہ ابن عباس کی عمر کے ہمارے بھی لڑکے ہیں، حضرت عمرؓ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ پھر کسی موقع پر حاضرین سے سوال کیا کہ سورۂ نصر کے نزول کا منشا کیا ہے؟ سب نے کہا: اس سورت میں اللہ تعالیٰ نے خوشخبری سنائی ہے کہ اب اسلام کا دائرہ وسیع ہوگا۔ لوگ جوق جوق اسلام میں داخل ہونگے، لہٰذا مسلمانوں کو خوش ہونا چاہئے کہ ان کی محنتوں کا پھل حاصل ہوا۔ حضرت عمرؓ نے ابن عباسؓ سے پوچھا: کیا تم بھی یہی کہتے ہو؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: نہیں، میرے نزدیک اس سورت کا منشا آنحضور ﷺ کو ان کی وفات کی اطلاع دینا ہے کہ آپؐ کی دنیوی زندگی پوری ہونے والی ہے اب آپ آخرت کی تیاری شروع کریں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں بھی یہی کہتا ہوں (بخاری حدیث ۳۶۲۷) سب حضرات کی سمجھ میں آ گیا کہ ابن عباس اکابر کی مجلس میں شریک ہونے کے قابل ہیں۔ اگر اس وقت حضرت ابن عباسؓ ادب کا لحاظ کرتے اور سوال کا جواب نہ دیتے تو ان کی فضیلت اکابر صحابہ کے سامنے کیسے ظاہر ہوتی؟ اسی طرح اگر حضرت ابن عمرؓ جواب دیتے تو حضور ﷺ کے دل میں ان کی وقعت پیدا ہوتی، آپؐ خوش ہوتے اور دعائیں دیتے۔ اور یہ بات حضرت عمرؓ کے لئے بھی فضیلت ہوتی۔

تیسری بات: آنحضور ﷺ نے مسلمان کو کھجور کے درخت کے ساتھ تشبیہ دی ہے: وجہ شبہ کیا ہے؟ علماء نے متعدد وجوہ بیان کی ہیں۔ بعض کہتے ہیں: تشبیہ افادیت میں ہے، مؤمن بارہ ماسی کھجور کی طرح ہر وقت لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ اس زمانہ میں کھجور ہی بارہ ماسی ہوتی تھی۔ اب تو بہت سے درخت بارہ ماسی ہوگئے ہیں، اور یہ بات اس آیت سے مفہوم ہوتی ہے جو اس موقعہ پر آپؐ نے تلاوت فرمائی تھی، ﴿تُؤْتِیْ أُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا﴾ یعنی جس طرح کھجور کا درخت بارہ ماسی ہوتا ہے سال بھر اس کا پھل کھایا جاتا ہے مسلمان بھی سرچشمۂ خیر ہوتا ہے، مخلوق خدا ہمیشہ اس سے فیضاب ہوتی رہتی ہے۔

اور بعض نے یہ وجہ بیان کی ہے کہ کھجور کی جڑیں مضبوط اور گہری ہوتی ہیں اور اس کا تنہ بلند ہوتا ہے بالکل یہی حال مؤمن کا ہوتا ہے کہ ایمان اس کے قلب میں رچا بسا ہوتا ہے اور اعمال خیر اوپر چڑھتے ہیں ﴿إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ، وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ﴾ یہ تشبیہ ﴿أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ﴾ سے سمجھی گئی ہے۔ اور بھی وجوہ بیان کی گئی ہیں جو کتابوں میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

مناسبت: حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری میں فرمایا ہے کہ اس حدیث کے بعض طرق میں حَدِّثونی آیا ہے اور بعض میں أخبرونی اور بعض میں أنبئونی، ظاہر ہے یہ الفاظ صحابہ نے بدلے ہیں۔ حضور ﷺ نے تو ان میں سے کوئی ایک لفظ استعمال کیا ہے، معلوم ہوا کہ صحابہ کے نزدیک یہ سب الفاظ ہم معنی تھے، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

بابُ طَرْحِ الإمَامِ الْمَسْئَلَةِ عَلَى أَصْحَابِهِ لِيَخْتَبِرَ مَا عِنْدَهُمْ مِنَ الْعِلْمِ

طلبہ سے سوال کرنا تا کہ ان کی علمی لیاقت کا اندازہ ہو

بات آگے بڑھاتے ہیں: سبق کے دوران استاذ کو طالب علموں سے غافل نہیں رہنا چاہئے، طالب علم کبھی ذہنی طور پر غیر حاضر ہو جاتا ہے جب استاذ ایسا محسوس کرے تو فوراً کوئی ایسی بات پوچھ لے جس سے پتا چل جائے کہ وہ درسگاہ میں موجود ہے یا دماغ غیر حاضر ہے۔

علاوہ ازیں طالب علموں سے وقتاً فوقتاً سوال بھی کرتا رہے تا کہ ان کی علمی لیاقت کا اندازہ ہو، مگر اب جماعتیں اتنی بڑی ہوگئیں ہیں کہ درسگاہ وعظ کی مجلس بن گئی ہے۔ اس صورت میں ہم تمہاری کیا تربیت کر سکتے ہیں؟ اور کس طرح جانچ سکتے ہیں؟ پہلے جماعتیں چھوٹی ہوتی تھیں، استاذ جب پڑھاتا تھا تو طالب علم سوال کرتے تھے، بحث ومباحثہ ہوتا تھا، پھر جماعتیں بڑی ہوگئیں تو طلبہ پرچہ لکھ کر بھیجنے لگے، پھر جہالت چھا گئی تو اب جو پرچہ آتا ہے اس میں طالب علم مسئلہ پوچھتا ہے، کتاب سے متعلق کوئی اشکال نہیں کرتا، حالانکہ سبق سے متعلق کوئی اشکال ہو تو وہ کرنا چاہئے۔ امام بخاریؒ کے اس باب کا مقصد یہ ہے کہ وقتاً فوقتاً طلبہ سے سوال کرنا چاہئے تا کہ طالب علموں کی استعداد کا اندازہ ہوتا رہے۔

اس باب میں وہی حدیث ہے جو آپ نے ابھی پڑھی۔ اس میں آنحضور ﷺ نے صحابہ سے سوال کیا تھا کہ بتاؤ وہ کونسا درخت ہے جس کے پتے نہیں جھڑتے اور وہ مسلمان کی مثال ہے؟

یہاں یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ طلبہ سے اندھا سوال نہیں کرنا چاہئے، ایسا سوال کرنا چاہئے کہ جواب کے کچھ قرائن ہوں۔ آنحضور ﷺ نے جب سوال کیا تھا تو آپ جمّار کھا رہے تھے جو کھجور کا گوند ہے۔ پھر آپؐ نے سورۂ رعد کی آیت پڑھی تھی پھر سوال کیا تھا۔ یہ دو جواب کے قرینے تھے، اور انہی قرائن سے ابن عمرؓ صحیح جواب تک پہنچ گئے تھے۔

ایسا سوال جو بالکل اندھا ہو اغلوطات کے قبیل سے ہوتا ہے، ابوداؤد شریف میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اغلوطات سے یعنی چیستانوں سے منع فرمایا (مشکوۃ حدیث ۲۴۳) ایسے سوال سے کند ذہنی پیدا ہوتی ہے، بلکہ ایسا سوال پوچھنا چاہئے جس کے ساتھ کوئی قرینہ ہو اور وہ سوال ذرا دقیق ہو، تا کہ طلبہ کی استعداد کا پتہ چلے اور ان کو سوچنا بھی پڑے اس سے صلاحیت بڑھتی ہے۔

[٥-] بابُ طَرْحِ الإمَامِ الْمَسْئَلَةِ عَلَى أَصْحَابِهِ لِيَخْتَبِرَ مَا عِنْدَهُمْ مِنَ الْعِلْمِ

[٦٢-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً لاَ يَسْقُطُ وَرَقُهَا، وَإِنَّهَا مَثَلُ الْمُسْلِمِ، حَدِّثُوْنِيْ مَا

هِیَ؟" قَالَ: فَوَقَعَ النَّاسُ فِیْ شَجَرِ الْبَوَادِیْ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَوَقَعَ فِیْ نَفْسِیْ أَنَّهَا النَّخْلَةُ، فَاسْتَحْیَیْتُ ثُمَّ قَالُوْا: حَدِّثْنَا یَارسولَ اللّٰهِ! مَاهِیَ؟ قَالَ:" هِیَ النَّخْلَةُ" [راجع: ٦١]

لغت: مَثَل (بفتحتین) اور مِثْل (بکسر المیم وسکون المثلثة) دونوں پڑھ سکتے ہیں، اور دونوں کے معنی ہیں: مانند، مشابہ، نظیر۔ مَثَل کے ایک معنی کہاوت کے بھی ہیں وہ یہاں مراد نہیں۔

بابُ الْقِرَاءَ ةِ وَالْعِرْضِ عَلَی الْمُحَدِّثِ

استاذ کے سامنے حدیث پڑھنا

قراءت علی المحدث اور عرض علی المحدث ایک ہیں، یعنی طالب عالم کا استاذ کے سامنے حدیث پڑھنا اور پیش کرنا۔ پہلے بتایا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ سے جو طریقہ چلا آرہا تھا وہ یہ تھا کہ استاذ پڑھتا تھا اور طالب علم سنتا تھا، لیکن جب محدثین نے اپنی کتابیں لکھیں اور جماعتیں بڑی ہوگئیں تو سب سے پہلے امام مالک رحمہ اللہ نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ طالب علم پڑھتا تھا اور حضرت سنتے تھے، پس لوگوں میں چہ می گوئیاں شروع ہوئیں، اور جب بھی کوئی نئی بات شروع ہوتی ہے تو چہ می گوئیاں ہوتی ہیں، چنانچہ اختلاف ہوگیا کہ حدیثیں بیان کرنے کا یہ جو نیا طریقہ شروع ہوا ہے وہ جائز بھی ہے یا نہیں؟ اکابر محدثین کے نزدیک یہ طریقہ جائز تھا، امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے بھی یہی ہے کہ استاذ کا حدیث پڑھنا اور شاگرد کا سننا یا شاگرد کا حدیث پڑھنا اور پیش کرنا اور استاذ کا سننا دونوں جائز ہیں اور دونوں کا ایک ہی درجہ ہے۔

پھر یہ بحث شروع ہوئی کہ ان میں سے اولیٰ کیا ہے؟ ایک رائے یہ تھی کہ استاذ کا پڑھنا اولیٰ ہے، کیونکہ استاذ ٹھیک پڑھے گا اور طالب علم غلطی کرسکتا ہے، اور ہوسکتا ہے استاذ اصلاح نہ کرسکے، اس لئے استاذ کا پڑھنا اولیٰ ہے۔ دوسری رائے یہ تھی کہ طالب علم کا پڑھنا بہتر ہے، کیونکہ طالب علم غلطی کرے گا تو استاذ تصحیح کرے گا اور استاذ غلطی کرے گا تو طالب علم تصحیح نہیں کرسکتا۔ غرض یہ اختلاف نقطۂ نظر کا اختلاف تھا اور دونوں ہی رائیں اپنی جگہ درست ہیں۔

اس باب میں چند آثار ہیں جو اس بات کی دلیل ہیں کہ طالب علم کا پڑھنا درست ہے۔ تفصیل عبارت کے بعد آئے گی۔

[٦-] بابُ الْقِرَاءَ ةِ وَالْعِرْضِ عَلَی الْمُحَدِّثِ

[١-] وَرَأَی الْحَسَنُ، وَالثَّوْرِیُّ، وَمَالِكٌ الْقِرَاءَ ةَ جَائِزَةً.

[٢-] وَاحْتَجَّ بَعْضُهُمْ فِیْ الْقَرَاءَ ةِ عَلَی الْعَالِمِ بَحدِیْثِ ضِمَامِ بْنِ ثَعْلَبَةَ أَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: آللّٰهُ أَمَرَكَ أَنْ نُصَلِّیَ الصَّلٰوةَ؟ قَالَ:" نَعَمْ"، قَالَ: فَهٰذِهِ قِرَاءَ ةٌ عَلَی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، أَخْبَرَ ضِمَامٌ قَوْمَهُ بِذٰلِكَ فَأَجَازُوْهُ.

[۳-] وَاحْتَجَّ مَالِكٌ بِالصَّكِّ، يُقْرَأُ عَلَى الْقَوْمِ، فَيَقُوْلُوْنَ: أَشْهَدَنَا فُلاَنٌ.

[٤-] وَيُقْرَأُ عَلَى الْمُقْرِئِ فَيَقُوْلُ الْقَارِئُ: أَقْرَأَنِيْ فُلاَنٌ.

[٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَمٍ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ عَوْفٍ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: لاَبَأْسَ بِالْقِرَاءَ ةِ عَلَى الْعَالِمِ.

[٦-] وحدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوْسى، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: إِذَا قُرِئَ عَلَى الْمُحَدِّثِ فَلاَ بَأْسَ أَنْ يَقُوْلَ: حَدَّثَنِيْ.

[٧-] قَالَ: وَسَمِعْتُ أَبَا عَاصِمٍ يَقُوْلُ عَنْ مَالِكٍ وَسُفْيَانَ: الْقِرَاءَ ةُ عَلَى الْعَالِمِ وَقِرَاءَ تُهُ سَوَاءٌ.

۱-حضرت حسن بصری، سفیان ثوری اور مالک رحمہم اللہ فرماتے ہیں: (جس طرح تحدیث جائز ہے) قراءت علی المحدث اور عرض علی المحدث بھی جائز ہے۔

۲-حمیدی رحمہ اللہ نے قراءت علی المحدث اور عرض علی المحدث کے جواز پر ایک حدیث سے استدلال کیا ہے، آنحضور ﷺ نے حضرت ضِمام بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ کے قبیلہ کی طرف چند دُعات بھیجے، انھوں نے قبیلہ کو جو باتیں بتائیں حضرت ضمام ان کی تصدیق کے لئے خدمت اقدس میں حاضر ہوئے، انھوں نے وہ باتیں حضور ﷺ کے سامنے پیش کیں آپؐ نے تصدیق فرمائی، یہی قراءت اور عرض علی المحدث ہے، معلوم ہوا کہ یہ طریقہ بھی جائز ہے۔

(یہ حدیث تفصیل سے باب میں آرہی ہے)

قولہ: فَأَجَازُوْه: یعنی حضرت ضمامؓ نے جب تصدیق کرکے ساری باتیں اپنی قوم سے بیان کیں تو قوم نے ان کو مان لیا۔

۳- پہلے الصَّكّ کے معنی تھے: دستاویز، اب یہ لفظ چیک کے لئے خاص ہوگیا ہے۔ ایک شخص نے کسی سے مکان خریدا، اس کا دستاویز لکھا گیا، مُنشی نے وہ دستاویز سب کو سنایا، بائع اور مشتری کو بھی اور گواہوں کو بھی، بیس سال بعد مکان کے سلسلہ میں بائع اور مشتری میں جھگڑا ہوا تو گواہ کورٹ میں گواہی دے سکتے ہیں، کیونکہ ان کو لکھا ہوا دستاویز پڑھ کر سنایا گیا ہے، یہ قراءت علی المحدث کی نظیر ہے، اس لئے کہ گواہوں نے خود اس دستاویز کو نہیں پڑھا بلکہ مُنشی نے پڑھ کر سنایا ہے۔

اور معاملات دینیات کی بہ نسبت اہم ہیں، اسی لئے گواہی کی ضرورت معاملات میں پڑتی ہے، دینیات میں گواہی کی ضرورت نہیں ہوتی، اور حدیث روایت کرنا دیانت کے قبیل سے ہے، پس جب معاملات میں قراءت علی الشہود معتبر ہے تو قراءت علی المحدث کیوں معتبر نہیں؟ وہ بدرجۂ اولیٰ معتبر ہونی چاہئے۔

۴-ایک طالب علم نے کسی قاری کو قرآن پڑھ کر سنایا جب طالب علم فارغ ہوگا اور دوسروں کو پڑھائے گا تو کہے گا: أَقْرَأَني فلانٌ: فلاں نے مجھے قرآن پڑھایا۔ حالانکہ قاری صاحب نے نہیں پڑھا، اس نے خود پڑھا ہے مگر اس کے باوجود وہ أقرأني فلانٌ کہہ سکتا ہے، اور قرآن کی اہمیت حدیثوں کی بہ نسبت زیادہ ہے، پس جب قرآن میں عرض علی القاری کی

بنیاد پر أقرأنی فلان کہہ سکتا ہے تو حدیثوں میں عرض علی المحدث کی بنیاد پر حدَّثنی فلان کیوں نہیں کہہ سکتا؟

قولہ: المقرئ: (پڑھانے والا) یہ عربی انداز ہے، اردو میں قاری کہتے ہیں، عربی میں قاری نہیں کہتے، کیونکہ قاری کے معنی ہیں: پڑھنے والا، پڑھانے والے کے لئے لفظ المقرئ ہے۔

۵- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: طالب علم استاذ کے سامنے حدیث پڑھے تو اس میں کوئی حرج نہیں، ایسا کرسکتے ہیں (باب کے شروع میں حضرت حسن بصریؒ کی رائے آئی ہے، اب اس کو سند کے ساتھ بیان کیا ہے)

۶- سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب محدث کے سامنے حدیثیں پڑھی گئیں اور طالب علم نے سنیں تو وہ حدثنی فلان کہہ کر ان حدیثوں کو بیان کرسکتا ہے۔

۷- امام مالک اور سفیان ثوری رحمہما اللہ فرماتے ہیں: طالب علم استاذ کو حدیثیں پڑھ کر سنائے، یا استاذ پڑھے اور طالب علم سنے دونوں کا ایک ہی درجہ ہے۔

ملحوظہ: ابو عاصم: امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ نہیں، اس لئے سند میں انقطاع ہے۔

[۶۳/۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدٍ، هُوَ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه سلم فِيْ الْمَسْجِدِ، دَخَلَ رَجُلٌ عَلٰى جَمَلٍ، فَأَنَاخَهُ فِيْ الْمَسْجِدِ، ثُمَّ عَقَلَهُ، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: أَيُّكُمْ مُحَمَّدٌ؟ وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُتَّكِئٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ، فَقُلْنَا: هٰذَا الرَّجُلُ الْأَبْيَضُ الْمُتَّكِئُ، فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: يَا ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " قَدْ أَجَبْتُكَ" فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: إِنِّيْ سَائِلُكَ فَمُشَدِّدٌ عَلَيْكَ فِيْ الْمَسْأَلَةِ، فَلَا تَجِدْ عَلَيَّ فِيْ نَفْسِكَ، فَقَالَ:" سَلْ عَمَّا بَدَا لَكَ" فَقَالَ: أَسْأَلُكَ بِرَبِّكَ وَرَبِّ مَنْ قَبْلَكَ، آللّٰهُ أَرْسَلَكَ إِلَى النَّاسِ كُلِّهِمْ؟ فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ! نَعَمْ" فَقَالَ أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ، آللّٰهُ أَمَرَكَ أَنْ تُصَلِّيَ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ فِيْ الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ؟ قَالَ:" اللّٰهُمَّ نَعَمْ" قَالَ: أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ، آللّٰهُ أَمَرَكَ أَنْ تَصُوْمَ هٰذَا الشَّهْرَ مِنَ السَّنَةِ؟ قَالَ: "اللّٰهُمَّ نَعَمْ" قَالَ: أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ، آللّٰهُ أَمَرَكَ أَنْ تَأْخُذَ هٰذِهِ الصَّدَقَةَ مِنْ أَغْنِيَائِنَا، فَتَقْسِمَهَا عَلٰى فُقَرَائِنَا؟ فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ نَعَمْ" فَقَالَ الرَّجُلُ: آمَنْتُ بِمَا جِئْتَ بِهِ، وَأَنَا رَسُوْلُ مَنْ وَرَائِيْ مِنْ قَوْمِيْ، وَأَنَا ضِمَامُ بْنُ ثَعْلَبَةَ أَخُوْ بَنِيْ سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ.

رَوَاهُ مُوْسَى، وَعَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دریں اثنا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے

ایک شخص اونٹ پر سوار ہوکر (احاطۂ) مسجد میں آیا، اس نے اپنا اونٹ (احاطۂ) مسجد میں بٹھایا پھر اس کا پیر باندھ دیا، پھر اس نے لوگوں سے پوچھا: تم میں محمد کون ہیں؟ درانحالیکہ نبی ﷺ لوگوں کے درمیان ٹیک لگائے ہوئے بیٹھے تھے، ہم نے کہا: وہ جو گورے آدمی ٹیک لگائے ہوئے بیٹھے ہیں وہی محمد ﷺ ہیں، اس شخص نے آپؐ سے کہا: اے ابن عبد المطلب! نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہیں جواب دیا یعنی میں حاضر ہوں کہو کیا کہنا ہے؟ اس شخص نے کہا: میں آپؐ سے کچھ باتیں پوچھوں گا اور پوچھنے میں سختی کروں گا، آپ ناراض نہ ہوں، آپؐ نے فرمایا: جو چاہو پوچھو، اس نے کہا: میں آپؐ کو آپ کے رب کی اور آپؐ سے پہلے گذرے ہوئے لوگوں کے رب کی قسم دیتا ہوں! کیا اللہ نے آپؐ کو تمام لوگوں کی طرف مبعوث فرمایا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اللّٰهُمَّ نَعَم، یعنی اللہ گواہ ہے اسی نے مجھے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ اس نے کہا: میں آپؐ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں: کیا اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ آپ لوگ دن رات میں پانچ نمازیں پڑھیں، آپؐ نے فرمایا: اللّٰهم نعم: جی ہاں اللہ گواہ ہے! اس نے کہا: میں آپؐ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں: کیا اللہ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ لوگ سال میں اس ایک ماہ (رمضان) کے روزے رکھیں؟ آپؐ نے فرمایا: اللّٰهم نعم، اس نے کہا: میں آپؐ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں: کیا اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ آپؐ زکوٰۃ ہمارے مالداروں سے لیں اور ہمارے غریبوں پر خرچ کریں؟ آپؐ نے فرمایا: اللّٰهم نعم، پس اس شخص نے کہا: میں اُن تمام باتوں پر ایمان لایا جو آپؐ لے کر آئے ہیں، اور میں اپنے پیچھے والی اپنی قوم کا نمائندہ ہوں اور میرا نام ضمام بن ثعلبہ ہے، قبیلہ بنی سعد بن بکر کا آدمی ہوں۔

اس حدیث کو موسیٰ بن اسماعیل نے اور علی بن عبدالحمید نے سلیمان سے اور انھوں نے ثابت سے اور انھوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور انھوں نے نبی ﷺ سے اس کے مانند روایت کیا ہے۔

تشریحات:

۱- سعید: مقبری اس لئے کہلاتے تھے کہ ان کا گھر قبرستان کے پاس تھا، یہ مطلب نہیں کہ وہ گورکن تھے۔

۲- حضرت ضمام بن ثعلبہؓ بنی سعد بن بکر قبیلہ کے تھے۔ یہ وہی قبیلہ ہے جس میں آنحضور ﷺ نے دودھ پیا ہے۔ وہ قوم کے وافد بن کر آئے تھے اور کہاں آئے تھے؟ مدینہ منورہ میں آئے تھے یا مکہ میں آئے تھے؟ یا جعرانہ میں آئے تھے؟ یا طائف میں آئے تھے؟ یقین سے اس بارے میں کچھ کہنا مشکل ہے، البتہ پہلے حدیث (نمبر ۴۶) آئی ہے کہ نجد سے ایک صاحب آئے تھے، اللہ جانیں وہ واقعہ اور یہ واقعہ ایک ہے یا الگ الگ؟ بظاہر الگ واقعات معلوم ہوتے ہیں۔

اور مسجد سے مسجد نبوی مراد ہونا ضروری نہیں، بلکہ جب حضور ﷺ سفر کرتے تھے تو جہاں آپؐ کا خیمہ ہوتا تھا اس کے قریب کوئی جگہ ہموار کر کے عارضی مسجد بنالی جاتی تھی، سب صحابہ نمازیں وہیں آکر پڑھتے تھے، اس کو بھی مسجد کہتے تھے، لہٰذا مسجد کے قرینہ سے ایسا سمجھنا کہ مسجد نبوی میں آئے ہونگے ایسا ضروری نہیں۔ اور یہ ایسا اختلاف ہے جس کے فیصلہ کی کوئی ضرورت نہیں۔

۳- مسلم شریف (حدیث نمبر۱۲) میں اسی روایت میں حج کا بھی ذکر ہے، پس یہ قاعدہ یاد رکھنا چاہئے کہ جو حدیث بار بار مختلف سندوں سے آتی ہے کہیں مختصر کہیں مفصل، وہاں کسی ایک معین روایت کو سامنے رکھ کر سوال نہیں کرنا چاہئے، مجموعۂ روایات میں غور کرنا چاہئے۔

۴- آمنتُ بما جئتَ به: یہاں یہ بھی احتمال ہے کہ حضرت ضمامؓ ابھی ایمان لائے ہوں اور یہ بھی احتمال ہے کہ پہلے ایمان لا چکے ہوں اور اب تجدید ایمان کی ہو۔

۵- مذکورہ حدیث کو موسیٰ بن اسماعیل اور علی بن عبدالحمید نے روایت کیا ہے، پھر امام بخاریؒ نے موسیٰ کی جس حدیث کا حوالہ دیا ہے اس کو سند کے ساتھ لائے ہیں۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب موسیٰ بن اسماعیل کی حدیث فوراً لائے ہیں تو پھر اس کا حوالہ کیوں دیا ہے؟ بعض حضرات کہتے ہیں: یہ حدیث عام طور پر بخاری شریف کے نسخوں میں نہیں ہے، صرف فربری کے نسخہ میں ہے۔ اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ الاستاذ سلیمان بن المغیرۃ اس درجہ کے راوی نہیں کہ ان کی روایت بخاری میں لائی جائے، اس لئے امام بخاری نے تعلیقاً روایت ذکر کی۔ مگر علامہ عینی رحمہ اللہ نے ان کی گرفت کی ہے کہ امام بخاریؒ سلیمان بن المغیرہ کی روایت بابٌ یَرُدُّ المصلی من مَرَّ بین یدیه (حدیث ۵۰۹) میں لائے ہیں، پھر یہاں لانے میں کیا پریشانی ہے؟ علامہ عینی کی گرفت بہت مضبوط ہے اس لئے ہوسکتا ہے کہ حضرت نے بعد میں یہ حدیث بڑھائی ہو، کیونکہ فربری نے سب سے آخر میں بخاری شریف پڑھی ہے، اس زمانہ میں اساتذہ کتابوں میں کمی بیشی کرتے رہتے تھے، بہر حال آگے جو حدیث آرہی ہے وہ یہی حدیث ہے جو اوپر آئی ہے۔

[۲/۶۳-] حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: ثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نُهِيْنَا فِيْ الْقُرْآنِ أَنْ نَسْأَلَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ يُعْجِبُنَا أَنْ يَجِيْءَ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ الْعَاقِلُ، فَيَسْأَلُهُ وَنَحْنُ نَسْمَعُ، فَجَآءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ، فَقَالَ: أَتَانَا رَسُوْلُكَ فَأَخْبَرَنَا أَنَّكَ تَزْعَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ أَرْسَلَكَ؟ قَالَ: صَدَقَ، فَقَالَ: فَمَنْ خَلَقَ السَّمَآءَ؟ قَالَ: اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ، قَالَ: فَمَنْ خَلَقَ الْأَرْضَ وَالْجِبَالَ؟ قَالَ: اللّٰهُ عَزوَجَّلَ، قَالَ: فَمَنْ جعلَ فِيْهَا الْمَنَافِعَ؟ قَالَ: اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ، قَالَ: فَبِالَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاءَ وَخَلَقَ الْأَرْضَ وَنَصَبَ الْجِبَالَ وَجَعَلَ فِيْهَا الْمَنَافِعَ! آللّٰهُ أَرْسَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ! قَالَ: زَعَمَ رَسُوْلُكَ أَنَّ عَلَيْنَا خَمْسَ صَلَوَاتٍ وَزَكٰوةً فِيْ أَمْوَالِنَا، قَالَ: صَدَقَ، قَالَ: بِالَّذِيْ أَرْسَلَكَ! آللّٰهُ أَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ! قَالَ: وَزَعَمَ رَسُوْلُكَ أَنَّ عَلَيْنَا صَوْمَ شَهْرٍ فِيْ سَنَتِنَا، قَالَ: صَدَقَ، قَالَ: فَبِالَّذِيْ أَرْسَلَكَ آللّٰهُ أَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَزَعَمَ رَسُوْلُكَ أَنَّ عَلَيْنَا حِجَّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً، قَالَ: صَدَقَ، قَالَ: فَبِالَّذِيْ أَرْسَلَكَ آللّٰهُ أَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَوَ الَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! لَا أَزِيْدُ عَلَيْهِنَّ شَيْئًا وَلَا أَنْقُصُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، إِنْ صَدَقَ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم قرآن میں اس بات سے روک دیئے گئے تھے کہ نبیؐ سے کچھ پوچھیں، اور ہمیں یہ بات پسند تھی کہ کوئی عقلمند دیہاتی آتا۔ پس وہ رسول اللہ ﷺ سے سوال کرتا اور ہم سنتے (اور فائدہ اٹھاتے) پس ایک بدّو آیا اور اس نے آپؐ سے کہا: ہمارے پاس آپ کا قاصد آیا اور اس نے ہمیں بتلایا کہ آپ کہتے ہیں: اللہ عزوجل نے آپ کو مبعوث فرمایا ہے، آپؐ نے فرمایا: قاصد نے ٹھیک کہا، اس نے پوچھا: یہ بتایئے آسمان کو کس نے پیدا کیا؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ نے، اس نے پوچھا: اچھا یہ بتایئے کہ زمین کو اور پہاڑوں کو کس نے بنایا؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ نے، اس نے پوچھا: زمین اور پہاڑوں میں منافع کس نے پیدا کئے؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ نے، پھر اس نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آسمان کو پیدا کیا، زمین کو پیدا کیا، پہاڑوں کو جمایا۔ اور اس میں کارآمد چیزیں بنائیں کیا واقعی اللہ نے آپؐ کو مبعوث فرمایا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ اس نے کہا: آپؐ کا قاصد کہتا ہے کہ ہم پر پانچ نمازیں فرض ہیں اور ہمارے مالوں میں زکوٰۃ فرض ہے، آپؐ نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا۔ اس نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو مبعوث فرمایا! کیا اللہ نے آپؐ کو ان کا حکم دیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، اس نے کہا: آپؐ کا قاصد کہتا ہے کہ ہر سال میں ایک ماہ کے روزے فرض ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا، اس نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو مبعوث کیا! کیا واقعی اللہ نے آپؐ کو اس کا حکم دیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ اس نے پوچھا: اور آپؐ کا قاصد یہ بھی کہتا ہے کہ ہم پر بیت اللہ کا حج فرض ہے جو وہاں تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو، آپؐ نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا (میں نے پہلے مسلم کا حوالہ دیا تھا اور اس حدیث کا حوالہ اس لئے نہیں دیا تھا کہ یہ حدیث بخاری میں ہے بھی یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے) اس نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو مبعوث فرمایا ہے کیا واقعی اللہ نے آپؐ کو اس کا حکم دیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، پھر اس نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق دے کر مبعوث فرمایا ہے نہ میں ان باتوں میں کچھ اضافہ کروں گا، اور نہ ان میں کچھ کمی کرونگا (یعنی بے کم وکاست یہ باتیں قوم کو پہنچاؤں گا) پس نبی ﷺ نے فرمایا: اگر اس نے سچ کہا تو وہ جنت میں جائے گا۔

تشریح:

سورۃ المائدہ (آیت ۱۰۱) ہے: اے ایمان والو! ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کردی جائیں تو تمہیں ناگوار ہوں۔ اس آیت کا شانِ نزول حدیث میں یہ آیا ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے، اور آپؐ نے بہت لمبی تقریر فرمائی پھر لوگوں سے کہا: ''جس کو جو پوچھنا ہے پوچھے!'' حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہما نے کھڑے ہوکر دریافت کیا کہ یارسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ ان کے ابا کے بارے میں لوگوں میں چہ می گوئیاں ہوتی تھیں، آپؐ نے فرمایا: تیرے ابا حذیفہ ہیں (بخاری حدیث ۵۴۰) اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی، اس میں صحابہ کو تنبیہ کی گئی کہ رسول اللہ ﷺ سے لایعنی اور فضول سوال مت کیا کرو، اگر خدانخواستہ آپؐ حذیفہ کے علاوہ کسی اور کا نام

بتاتے تو ہمیشہ کے لئے ان پر بٹا لگ جاتا۔

اس آیت کے نزول کے بعد صحابہ نے چپ سادھ لی۔ کیونکہ کونسا سوال یعنی ہے اور کونسا لایعنی، اس کا فیصلہ مشکل ہے، مگر صحابہ علم کے رسیا تھے۔ اس لئے ان کی آرزو تھی کہ دیہات سے کوئی عقلمند آدمی آتا اور سوال کرتا تو ان کے لئے علم کے دروازے کھلتے، دیہاتی آداب مجلس سے زیادہ آشنا نہیں ہوتے۔ وہ بے خوف اور نڈر ہو کر بات کرتے ہیں، اس لئے صحابہ چاہتے تھے کہ دیہات سے کوئی آدمی آئے اور وہ عقلمند بھی ہو، تاکہ وہ کوئی کام کی بات پوچھے، اور حضور ﷺ اس کا جواب دیں تو صحابہ فائدہ اٹھائیں، اسی زمانہ میں حضرت ضمام آئے ہیں اور مذکورہ سوال کئے ہیں، پھر آیت کے نزول سے صحابہ پر جو سہم اور خوف طاری ہو گیا تھا وہ رفتہ رفتہ ختم ہو گیا اور صحابہ خود آپؐ سے پوچھنے لگے۔

قولہ: لا أَزِيْدُ: پہلے میں نے بتایا ہے کہ حضرت ضمام بن ثعلبہؓ اپنی قوم کے نمائندے تھے پس ان کے اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ آپؐ نے جو باتیں بتائی ہیں بے کم وکاست قوم کو پہنچاؤں گا، ان میں اپنی طرف سے نہ کوئی اضافہ کروں گا اور نہ کمی کروں گا۔

اور بعض شارحین نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ میں بس اتنے ہی احکام پر عمل کروں گا، جو آپؐ نے بتلائے ہیں، نہ ان سے زیادہ عمل کروں گا اور نہ ان سے کم، میرے نزدیک یہ مطلب صحیح نہیں، اور حضور ﷺ نے ان کو جنت کی بشارت ان کی قلبی حالت پر مطلع ہونے کی وجہ سے سنائی ہے۔

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الْمُنَاوَلَةِ، وَكِتَابِ أَهْلِ الْعِلْمِ بِالْعِلْمِ إِلَى الْبُلْدَانِ

مناولہ اور مکاتبہ کا بیان

حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے ابواب البخاری کے سلسلہ میں ایک قیمتی بات ارشاد فرمائی ہے، آئندہ بار بار اس کی ضرورت پیش آئے گی اس لئے یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے۔

حضرت نے فرمایا: امام بخاری رحمہ اللہ کبھی ایک باب قائم کرتے ہیں پھر وہ تنگی محسوس کرتے ہیں پس باب بڑھا دیتے ہیں، کیونکہ جو بات بڑھائی ہے اس کے دلائل حدیثوں میں ہیں اور پہلی بات کے دلائل نہیں ہیں، اس لئے امام بخاریؒ یہ طریقہ اختیار کرتے ہیں۔ پھر جب دوسرے جزء کو دلائل سے ثابت کریں گے تو پہلا جزء خود بخود ثابت ہو جائے گا۔

اور میں نے پہلے بتایا ہے کہ مناولہ یہ ہے کہ شیخ اپنی اصل کتاب یا اس کی نقل تلمیذ کو دے اور اس سے روایت کرنے کی اجازت بھی دے تو یہ مناولہ مقرونہ بالاجازۃ ہے، اس سے روایت کرنا جائز ہے، حدثنا کہہ کر بھی روایت کر سکتے ہیں اور أخبرنا اور أنبأنا کہہ کر بھی، جیسے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے سنی ہوئی حدیثیں لکھی تھیں اور اس کا نام صحیفۂ صادقہ رکھا تھا، ان کی وفات کے بعد ان کا پوتا شعیب اس صحیفہ سے روایت کرتا تھا، حضرت عبداللہؓ

نے پوتے کو صحیفہ خود دیا تھا یا دادا کی وفات کے بعد شعیب از خود اس صحیفہ سے روایت کرتے تھے؟ اس میں اختلاف ہے، اسی لئے شیخین رحمہما اللہ اس سند سے کوئی روایت صحیحین میں نہیں لائے۔ اس کے علاوہ مناولہ کی اور کوئی مثال نہیں۔ امام بخاریؒ نے مناولہ کے ساتھ مکاتبہ کو بھی ملایا ہے۔ کیونکہ اس کے دلائل حدیثوں میں موجود ہیں، پھر جب مکاتبہ ثابت ہوجائے گا تو مناولہ خود بخود ثابت ہوجائے گا۔

اور مکاتبہ یہ ہے کہ کوئی محدث اپنی حدیثیں لکھ کر کسی شخص کو بھیجے، پھر اگر روایت کرنے کی اجازت بھی دے تو وہ مکاتبہ مقرونہ بالاجازۃ ہے اور اس سے روایت کرنا بالاتفاق جائز ہے، اور اگر محض حدیثیں لکھ کر بھیجی ہیں، اجازت نہیں لکھی تو یہ مکاتبہ مجردہ ہے اور اس صورت میں روایت کرنے میں اختلاف ہے۔

[۷-] بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الْمُنَاوَلَةِ، وَكِتَابِ أَهْلِ الْعِلْمِ بِالْعِلْمِ إِلَى الْبُلْدَانِ

[۱-] وَقَالَ أَنَسٌ: نَسَخَ عُثْمَانُ الْمَصَاحِفَ. فَبَعَثَ بِهَا إِلَى الآفَاقِ.

[۲-] وَرَأَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، وَمَالِكٌ ذٰلِكَ جَائِزًا.

[۳-] وَاحْتَجَّ بَعْضُ أَهْلِ الْحِجَازِ فِي الْمُنَاوَلَةِ بِحَدِيْثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم حَيْثُ كَتَبَ لِأَمِيْرِ السَّرِيَّةِ كِتَابًا، وَقَالَ: " لَا تَقْرَأْهُ حَتَّى تَبْلُغَ مَكَانَ كَذَا وَكَذَا" فَلَمَّا بَلَغَ ذٰلِكَ الْمَكَانَ قَرَأَهُ عَلَى النَّاسِ، وَأَخْبَرَهُمْ بِأَمْرِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

تشریح:

۱- مناولہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: ایک دوسرے کو دینا، مگر کبھی باب مفاعلہ میں مشارکت نہیں ہوتی، یہاں مناولہ میں مشارکت نہیں، یہاں معنی ہیں: استاذ کا تلمیذ کو اپنی اصل کتاب یا اس کی نقل دینا، پھر اگر اجازت بھی دی ہے تو وہ مناولہ مقرونہ بالاجازۃ ہے اور وہ بحکم تحدیث ہے۔ اور اجازت نہیں دی تو وہ مناولہ مجردہ ہے اور اس سے روایت کرنے میں اختلاف ہے۔

۲- اسی طرح مکاتبہ بھی باب مفاعلہ کا مصدر ہے اور یہاں بھی اشتراک نہیں، یعنی استاذ کا حدیثیں لکھ کر کسی تلمیذ کو بھیجنا، اس کی بھی دو قسمیں ہیں: مقرونہ بالاجازۃ اور غیر مقرونہ، اول بہ حکم تحدیث ہے اور ثانی سے روایت میں اختلاف ہے۔

۳- یہاں اصل باب مناولہ کے بارے میں ہے مگر اس کے دلائل حدیثوں میں نہیں تھے اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے اس کے ساتھ مکاتبہ مقرونہ بالاجازۃ کو ملایا۔ اس کے دلائل حدیثوں میں ہیں اور ان کے ضمن میں مناولہ کا بھی ثبوت ہوجائے گا۔

۴- کتابُ أهل العلم میں اضافت الی الفاعل ہے اور بالعلم: کتاب (مصدر) سے متعلق ہے۔

قولہ: نَسَخَ عثمانُ: آنحضور ﷺ کے بعد لوگوں نے مختلف طرح سے قرآن لکھ رکھے تھے، کسی نے نزول کی ترتیب سے، کسی نے لوح محفوظ کی ترتیب سے، کسی نے حاشیہ میں کچھ تفسیری کلمات بھی لکھ رکھے تھے اس سے اختلاف پیدا ہوا۔ چنانچہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جنگ آرمینیہ وغیرہ سے لوٹ کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ اس سے پہلے کہ امت قرآن میں مختلف ہوجائے آپ اس کی خبر لیں، چنانچہ حضرت عثمانؓ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ایک کمیٹی بنائی اوران کو لغت قریش کے مطابق چند مصاحف تیار کرنے کا حکم دیا۔ اس کمیٹی نے پانچ مصاحف تیار کئے، ایک مصحف حضرت عثمانؓ نے اپنے پاس مدینہ منورہ میں رکھا اور باقی مصحف مختلف شہروں میں بھیج دیئے اور حکم بھیجا کہ مسلمان اسی سے نقلیں لیں، نیز یہ بھی حکم بھیجا کہ لوگوں نے جو مختلف قرآن لکھے ہیں وہ پایۂ تخت کو بھیج دیئے جائیں، جب سب قرآن آگئے تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کو جلوا دیا۔ اس طرح حضرت عثمانؓ نے لوگوں کو موجودہ قرآن پر جمع کردیا۔

حضرت عثمانؓ نے جو قرآن لکھ کر بھیجے تھے یہی مکاتبہ ہے۔ اور جب یہ مکاتبہ قرآن کے حق میں معتبر ہے تو حدیثوں کے حق میں بدرجۂ اولیٰ معتبر ہے۔

قولہ: رأی عبدُ الله: عبداللہ بن عمر عمری، یحییٰ بن سعید انصاری اور امام مالک رحمہم اللہ نے مکاتبہ کو جائز قرار دیا ہے۔ یہاں عبداللہ بن عمر سے کون مراد ہے؟ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر صحابی رسول مراد ہیں، مگر ان سے اس سلسلہ میں کوئی روایت مروی نہیں۔ ایک اور عبداللہ بن عمر ہیں جو عمری کہلاتے ہیں، یہ دو بھائی تھے: عبداللہ بن عمر عمری اور عبید اللہ بن عمر عمری۔ عبیداللہ حدیث شریف کے بہت مضبوط راوی ہیں، اور عبداللہ ذرا کمزور ہیں۔ یہ دونوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عاصم کے پوتے ہیں، علامہ عینی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہاں یہی عبداللہ عمری مراد ہیں، اور حافظؒ کی رائے یہ ہے کہ ابن عمرؓ مراد ہیں، علماء نے علامہ عینی کی رائے کو ترجیح دی ہے، حافظ ابن حجرؒ کا اعتراض یہ ہے کہ حضرت یحییٰ بن سعید اور امام مالک بڑے درجہ کے محدث وفقیہ ہیں اور عبداللہ عمری اس درجہ کے نہیں، پھر ان کا نام پہلے کیوں آیا؟ پس ماننا چاہئے کہ یہ ابن عمر صحابی رسول ہیں اسی لئے پہلے نام آیا ہے، مگر یہ کوئی زیادہ مضبوط دلیل نہیں۔ عبداللہ بن عمر عمری بھی فقیہ ہیں اور ناموں میں ان سب باتوں کا لحاظ نہیں رکھا جاتا ہے، اس لئے حافظ صاحبؒ کا اعتراض زیادہ وزنی نہیں۔

قولہ: وَاحْتَجَّ بَعْضُ أَهْلِ الْحِجَازِ: محدث حمیدی رحمہ اللہ نے مناولہ کے جواز پر ایک حدیث سے استدلال کیا ہے۔ وہ حدیث یہ ہے کہ نبی پاک ﷺ نے آٹھ آدمیوں پر مشتمل ایک سریہ روانہ فرمایا، اور امیر لشکر عبداللہ بن جحشؓ کو ایک خط دیا، اور ہدایت کی کہ مکہ کے راستہ پر چلو، دو دن کی مسافت طے کرنے کے بعد خط کھول کر ساتھیوں کو سنانا، پھر اگر کوئی ساتھی واپس لوٹنا چاہے تو اس کو واپس بھیج دینا، چنانچہ سریہ روانہ ہوا، اور دو دن کے بعد خط کھول کر پڑھا گیا اس میں لکھا تھا کہ تمہیں طائف اور مکہ کے درمیانی علاقہ میں ٹھہرنا ہے اور مکہ والوں کی نقل وحرکت پر نظر رکھنی ہے اور ہمیں مطلع

کرتے رہنا ہے، یہ جنگ بدر سے پہلے کا واقعہ ہے، مکہ والے جنگ کی تیاریاں کررہے تھے اس لئے حضور ﷺ نے ان کی نقل وحرکت پر نظر رکھنے کے لئے آٹھ آدمیوں کا یہ سریہ روانہ کیا تھا۔ یہی مناولہ ہے اور اس کو مکاتبہ بھی کہہ سکتے ہیں، معلوم ہوا کہ مناولہ اور مکاتبہ معتبر ہے۔ اور حمیدی رحمہ اللہ نے اس حدیث سے جو استدلال کیا ہے وہ درست ہے مگر اس استدلال میں ایک کمزوری ہے کہ یہاں حدیث روایت کرنے کا کوئی مسئلہ نہیں، یہ تو امیر لشکر کو ان کے مفوّضہ کام سے متعلق ایک تحریر دی ہے پس اس کو مناولہ اور مکاتبہ کے معروف معنی میں نہیں لے سکتے۔

سوال: آنحضور ﷺ نے سریہ کو اسی وقت کیوں نہیں بتادیا کہ تمہیں فلاں جگہ پر اور فلاں کام پر جانا ہے؟

جواب: بعض حضرات نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ اگر اسی وقت یہ بات بتادی جاتی تو شاید بعض حضرات اس خطرناک مہم پر جانے میں پس وپیش کرتے، لیکن جب نکل کھڑے ہوئے اور دو دن کی مسافت طے کر چکے تو اب ہمت کرکے آگے بڑھتے رہیں گے۔

مگر میرے نزدیک یہ جواب صحیح نہیں۔ اس لئے کہ وہ صحابہ تھے، اسلام کے لئے کسی بھی قربانی سے پیچھے ہٹنے والے نہیں تھے، وہ اسلام کے سچے اور پکے سپاہی تھے۔ میرے خیال میں اس کی وجہ یہ تھی کہ بات آوٹ نہ ہوجائے اور مکہ والوں تک اس کی خبر نہ پہنچ جائے۔ اگر روانہ ہونے سے پہلے ہی بتادیا جاتا تو کوئی نہ کوئی اپنے گھر والوں سے اس کا تذکرہ کردیتا، پس بات آوٹ ہوجاتی اور خبر مکہ تک پہنچ جاتی، اس مصلحت سے آپؐ نے اس وقت نہیں بتایا، بلکہ مہر بند خط دیا اور دو دن کی مسافت طے کرلینے کے بعد پڑھنے کا حکم دیا، اب بات لیک ہونے کا احتمال نہیں رہا۔

حدیث: صلح حدیبیہ کے بعد نبی ﷺ نے شاہانِ عجم کے نام جو دعوتی خطوط روانہ فرمائے تھے ان میں ایک خط ایران کے بادشاہ کسری کے نام بھی تھا، حضرت عبداللہ بن حُذافہ سہمی رضی اللہ عنہ کو یہ والا نامہ دے کر روانہ فرمایا تھا اور یہ ہدایت دی تھی کہ یہ خط بحرین کے گورنر مُنذر کو دیدینا اور اس سے کسری تک پہنچانے کی درخواست کرنا۔ چنانچہ بحرین کے گورنر نے وہ والا نامہ کسری تک پہنچایا، کسری کے دربار میں وہ خط پڑھا گیا جب اس نے آنحضور ﷺ کا نام اپنے نام سے پہلے دیکھا تو آگ بگولہ ہوگیا اور خط لے کر چاک کردیا۔ درحقیقت وہ اُن تین واقعات سے بوکھلایا ہوا تھا جو اس والا نامہ کے پہنچنے سے پہلے پیش آئے تھے، ایک واقعہ تو یہ پیش آیا تھا کہ فارس کا آتش کدہ جو ایک ہزار سال سے جل رہا تھا ایک دن اچانک بجھ گیا، اور یہ ان کے اعتقاد میں بڑی نحوست کی بات تھی، اور دو خواب تھے، ایک خواب تو خود بادشاہ نے دیکھا تھا کہ اس کے محل کی چودہ برجیاں گر پڑیں، اور دوسرا خواب موبذان نے دیکھا تھا کہ عرب کی طرف سے اونٹ آرہے ہیں اور وہ ایران کے گھوڑوں کو دباتے جارہے ہیں، اور دریائے دجلہ سے پار ہوکر تمام ممالک میں پھیل گئے ہیں۔ ان واقعات کی وجہ سے وہ پریشان تھا۔ اسی دوران آنحضور ﷺ کا والا نامہ پہنچا، اس میں آپؐ کا نام نامی پہلے دیکھ کر کسری کا پارہ چڑھ گیا اور اس نے والا نامہ کو پھاڑ دیا اور زمین پر پھینک دیا، آنحضور ﷺ کو جب اس کی خبر ہوئی تو

آپؐ نے فرمایا: ”جس طرح اس نے میرا خط پھاڑا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ اس کے ملک کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیں!“ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ بادشاہ نے جو خواب دیکھا تھا کہ محل کی چودہ برجیاں گرگئی ہیں اس کی تعبیر یہ تھی کہ چودہ بادشاہوں تک ایران کی حکومت رہے گی، پھر ختم ہو جائے گی۔ چنانچہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ایران مکمل فتح ہو گیا۔

استدلال: امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ حضور ﷺ نے جو والا نامہ بھیجا تھا وہی مکاتبہ ہے، اگر مکاتبہ معتبر نہیں تو پھر والا نامہ بھیجنے کا کیا فائدہ؟ پس ثابت ہوا کہ مکاتبہ معتبر ہے اور اسی کے حکم میں مناولہ ہے۔

[٦٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شَهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ بِكِتَابِهِ رَجُلاً، وَأَمَرَهُ أَنْ يَدْفَعَهُ إِلٰى عَظِيْمِ الْبَحْرَيْنِ، فَدَفَعَهُ عَظِيْمُ الْبَحْرَيْنِ إِلٰى كِسْرَى، فَلَمَّا قَرَأَهُ مَزَّقَهُ، فَحَسِبْتُ أَنَّ ابْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ: فَدَعَا عَلَيْهِمْ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُمَزَّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ. [انظر: ٢٩٣٩، ٤٤٢٤، ٧٢٦٤]

[٦٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَتَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم كِتَابًا، أَوْ: أَرَادَ أَنْ يَكْتُبَ، فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّهُمْ لاَ يَقْرَؤُنَ كِتَابًا إِلَّا مَخْتُوْمًا، فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، نَقْشُهُ: مُحَمَّدٌ رسولُ اللّٰهِ، كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى بَيَاضِهِ فِيْ يَدِهِ، فَقُلْتُ لِقَتَادَةَ: مَنْ قَالَ: نَقْشُهُ مُحَمَّدٌ رسولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنَسٌ.

[انظر: ٢٩٣٨، ٥٨٧٠، ٥٨٧٢، ٥٨٧٤، ٥٨٧٥، ٥٨٧٧، ٧١٦٢]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص (عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ) کو خط دے کر روانہ فرمایا، اور ان کو حکم دیا کہ وہ والا نامہ بحرین کے گورنر (منذر بن ساوی) کو دیدیں، چنانچہ بحرین کے گورنر نے وہ والا نامہ کسری تک پہنچایا، جب کسری نے اس کو پڑھا تو اس کو پھاڑ دیا۔ ابن شہاب زہری کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ ابن المسیبؒ نے یہ بھی فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایرانیوں کے لئے بددعا فرمائی کہ ان کا ملک پوری طرح ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے۔

تشریح:

حضرت سعید رحمہ اللہ مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں ان کے والد کا نام مسیّب ہے، اس کو اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ مُسَیِّب: اسم فاعل کے معنی ہیں: بتوں کے نام پر جانور چھوڑنے والا۔ اور اسم مفعول کے معنی ہیں: بتوں کے نام پر چھوڑا ہوا۔ اور حضرت سعید کے دادا کا نام حُزن (غم) تھا وہ صحابی ہیں، آنحضور ﷺ نے ان

کا نام سہل رکھا تھا مگر انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اپنے ماں باپ کا رکھا ہوا نام پسند ہے، آپؐ نے فرمایا: تم جانو! حضرت سعیدؒ فرماتے ہیں: دادا کے نام کا اثر آج بھی خاندان میں موجود ہے، غرض ممکن ہے حزن رضی اللہ عنہ نے زمانۂ جاہلیت میں بتوں کی منت مانی ہو اور بیٹے کو بتوں کے نام پر چھوڑ دیا ہو اس لئے ان کا نام مسیَّب (اسم مفعول) پڑ گیا ہو۔

دوسری حدیث کا ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک خط لکھایا فرمایا: خط لکھنے کا ارادہ کیا تو آپؐ سے عرض کیا گیا کہ عجمی لوگ مہر کے بغیر خط قبول نہیں کرتے، چنانچہ آپؐ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس پر محمد رسول اللہ کندہ کرایا، گویا میں اس کی چمک اب بھی آپ کے ہاتھ میں دیکھ رہا ہوں، یعنی وہ منظر اب بھی نگاہوں کے سامنے ہے۔ شعبہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے اپنے استاذ حضرت قتادہؒ سے پوچھا: نقشُه محمدٌ رسولُ اللّٰهِ: یہ جملہ کس کا ہے؟ پوچھنا اس لئے پڑا کہ قتادہ رحمہ اللہ تدلیس کرتے تھے اور عام طور پر اس روایت میں یہ جملہ نہیں، اس لئے حضرت شعبہ نے خیال کیا کہ شاید قتادہ رحمہ اللہ نے یہ جملہ کسی اور سے سنا ہوگا، اس لئے پوچھا۔ حضرت قتادہ رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ جملہ بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی کا ہے ——— قال أنسٌ سے پہلے ایک قال پوشیدہ ہے أی قال: قال أنس، اور اگر پوشیدہ نہ مانیں تو پھر قال کا فاعل قتادہ ہونگے، اور أنسٌ: من قال کا جواب ہوگا۔

بابُ مَنْ قَعَدَ حَيْثُ يَنْتَهِي بِهِ الْمَجْلِسُ، وَمَنْ رَأَى فُرْجَةً فِي الْحَلْقَةِ فَجلَسَ فِيْهَا

بعد میں آنے والا پیچھے بیٹھے، البتہ آگے جگہ ہو تو بڑھ سکتا ہے

اگر درسگاہ میں طلبہ نے آگے جگہ چھوڑ رکھی ہے تو بعد میں آنے والا آگے بڑھ سکتا ہے، اور آگے جگہ نہ ہو تو مجلس کے آخر میں بیٹھ جانا چاہئے، سبق چھوڑ کر چلا جانا محرومی کی بات ہے، ایسا نہیں کرنا چاہئے۔

حدیث: یہاں مختصر آئی ہے پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی پاک ﷺ کی مجلس ہورہی تھی، تین شخص آئے، مجلس میں صرف ایک آدمی کی جگہ تھی چنانچہ ایک آدمی آگے بڑھا اور مجلس میں بیٹھ گیا، اور دو چل دیئے، کچھ دور جا کر ان میں سے ایک لوٹ آیا، اور مجلس میں پیچھے بیٹھ گیا، دوسرا واپس نہیں آیا، آنحضور ﷺ نے یہ منظر دیکھا، جب مجلس ختم ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: کیا میں تمھیں ان تین آدمیوں کا حال بتاؤں؟ ایک نے اللہ کی طرف ٹھکانہ پکڑا تو اللہ نے اس کو ٹھکانہ دیا، یعنی وہ اللہ کا اچھا بندہ ہے۔ اور دوسرا شرمایا پس اللہ بھی شرمائے یعنی اس کی غلطی نظر انداز کردی اور تیسرے نے اعراض کیا تو اللہ نے بھی اس سے اعراض کیا یعنی وہ علم سے محروم رہا۔

[۸-] بابُ مَنْ قَعَدَ حَيْثُ يَنْتَهِي بِهِ الْمَجْلِسُ، وَمَنْ رَأَى فُرْجَةً فِي الْحَلْقَةِ فَجلَسَ فِيْهَا

[٦٦-] حدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ: أَنَّ أَبَا مُرَّةَ مَوْلَى

عَقِيْلِ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، أَخْبَرَهُ، عَنْ أَبِيْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِيْ الْمَسْجِدِ، وَالنَّاسُ مَعَهُ، إِذْ أَقْبَلَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ، فَأَقْبَلَ اثْنَانِ إِلٰى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَذَهَبَ وَاحِدٌ، قَالَ: فَوَقَفَا عَلٰى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَرَأَى فُرْجَةً فِيْ الْحَلْقَةِ فَجَلَسَ فِيهَا، وَأَمَّا الآخَرُ فَجَلَسَ خَلْفَهُمْ، وَأَمَّا الثَّالِثُ فَأَدْبَرَ ذَاهِبًا، فَلَمَّا فَرَغَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" أَلَا أُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلَاثَةِ: أَمَّا أَحَدُهُمْ فَأَوَى إِلٰى اللّٰهِ فَآوَاهُ اللّٰهُ، وَأَمَّا الآخَرُ فَاسْتَحْيَا فَاسْتَحْيَا اللّٰهُ مِنْهُ، وَأَمَّا الآخَرُ فَأَعْرَضَ فَأَعْرَضَ اللّٰهُ عَنْهُ" [انظر: ٤٧٤]

ترجمہ: ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دریں اثنا کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں بیٹھے تھے اور لوگ آپؐ کے پاس تھے کہ تین شخص آئے پس دو رسول اللہ ﷺ کے پاس آ گئے یعنی مجلس میں بیٹھ گئے اور ایک چلا گیا۔ راوی کہتا ہے: وہ دونوں رسول اللہ ﷺ کی مجلس کے پاس ٹھہرے، پھر ان میں سے ایک نے حلقہ میں کشادگی دیکھی تو وہ آگے بڑھ کر بیٹھ گیا، اور دوسرا پیچھے بیٹھا، اور تیسرا چلا گیا، جب رسول اللہ ﷺ فارغ ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ان تینوں کی حالت نہ بتلاؤں؟ ان میں سے ایک نے اللہ کی طرف ٹھکانہ پکڑا، پس اللہ نے اس کو ٹھکانہ دیا، اور دوسرا شرمایا تو اللہ اس سے شرمائے یعنی اسے بھی علم سے نواز دیا، اور تیسرے نے اعراض کیا تو اللہ نے بھی اس سے اعراض کیا۔

بابُ قَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: " رُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعَى مِنْ سَامِعٍ "

کبھی حدیث پہنچایا ہوا سننے والے سے زیادہ یاد رکھنے والا ہوتا ہے

رُبَّ: تقلیل کے لئے بھی آتا ہے اور تکثیر کے لئے بھی، پھر کبھی اس کے ساتھ ما ملاتے ہیں اس صورت میں رُبّ مشدد بھی ہوتا ہے اور مخفف بھی۔ اور ما کے بغیر صرف مشدد ہوتا ہے۔ یہاں رُبّ تقلیل کے لئے ہے۔ اور یہ باب لا کر حضرت رحمہ اللہ نے طلبہ کو نصیحت فرمائی ہے کہ پڑھ کر پڑھاؤ، جو پڑھا ہے اس کو لے کر بیٹھے نہ رہو، اگر ایسا نہیں کروگے تو علم ضائع ہو جائے گا۔ بعض مرتبہ طالب علم کا حافظ کمزور ہوتا ہے وہ پڑھا ہوا بھول جاتا ہے اور علم ضائع ہو جاتا ہے۔ اور اگر علم آگے بڑھا دیا جائے گا تو ہوسکتا ہے اس کا شاگرد اس سے مضبوط حافظہ والا ہو، پس علم ضائع نہ ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کبھی مُبلَّغ یعنی جس کو حدیث پہنچائی گئی ہے حدیث سننے والے سے زیادہ یاد رکھنے والا ہوتا ہے" یعنی علم کو آگے بڑھانے کے بے شمار فائدے ہیں، ان میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ علم محفوظ ہو جاتا ہے، ضائع نہیں ہوتا۔

علم میں بخیلی ایک قدیم مزاج رہا ہے، کیونکہ ہر نفیس چیز میں آدمی بخیلی کرتا ہے، اور علم سے زیادہ نفیس چیز کوئی نہیں، اس لئے علم کے سلسلہ میں بخیلی کرنا عام مزاج رہا ہے، فن طب میں ایک رسالہ قبریہ ہے، کہتے ہیں: اس کا نام رسالہ قبریہ اس لئے رکھا گیا ہے کہ ایک حکیم نے اس میں نبض کی تفصیلات لکھی تھیں اور زندگی بھر کسی کو اس رسالہ کی ہوا نہیں لگنے دی،

بلکہ مرتے وقت وصیت کی کہ یہ رسالہ میرے ساتھ دفن کیا جائے، چنانچہ اس رسالہ کو اس کے ساتھ دفن کردیا گیا مگر ایک آدمی جانتا تھا اس نے قبر کھول کر وہ رسالہ نکال لیا اس لئے وہ رسالہ قبریہ کہلایا۔

غرض علم کے سلسلہ میں بخیلی برتنا ایک قدیم بیماری ہے، لوگ ایسا سمجھتے ہیں کہ اگر علم خرچ کیا جائے گا تو خزانہ خالی ہوجائے گا، حالانکہ سونے چاندی کے خزانے میں اور علم کے خزانے میں فرق ہے، سونے چاندی کا خزانہ خرچ کرنے سے گھٹتا ہے اور علم کا خزانہ بڑھتا ہے، چنانچہ سب سے پہلے اسلام ہی نے علم سے اجارہ داری ہٹائی، اور علم کو عام کرنے کا حکم دیا، اور فرمایا: اگر تم سے کوئی علمی بات پوچھی جائے اور وہ بات تم جانتے ہو تو اسے بتاؤ ورنہ قیامت کے دن آگ کی لگام پہنائی جائے گی، اسی قبیل کی یہ حدیث بھی ہے، آنحضور ﷺ نے فرمایا: جو بات تم نے مجھ سے سنی ہے اسے اپنی ذات تک مت رکھو، اُسے آگے بڑھاؤ، ہوسکتا ہے جس کو تم حدیث پہنچاؤ اس کا حافظہ تم سے قوی ہو، پس وہ اس کو اچھی طرح محفوظ رکھے گا، اور حدیث ضائع ہونے سے بچ جائے گی۔

[۹-] باب قَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: " رُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعَى مِنْ سَامِعٍ "

[٦٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: قَالَ ذَكَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: قَعَدَ عَلٰى بَعِيْرِهِ، وَأَمْسَكَ إِنْسَانٌ بِخِطَامِهِ أَوْ: بِزِمَامِهِ، ثُمَّ قَالَ: "أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟" فَسَكَتْنَا حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ سِوَى اسْمِهِ، قَالَ:" أَلَيْسَ يَوْمُ النَّحْرِ؟" قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ:" فَأَيُّ شَهْرٍ هٰذَا؟" فَسَكَتْنَا حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ فَقَالَ: " أَلَيْسَ بِذِي الْحِجَّةِ؟" قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: "فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَإِنَّ الشَّاهِدَ عَسَى أَنْ يُبَلِّغَ مَنْ هُوَ أَوْعٰى لَهُ مِنْهُ"

[انظر: ١٠٥، ١٧٤١، ٣١٩٧، ٤٤٠٧، ٤٦٦٢، ٥٥٥٠، ٧٠٧٨، ٧٤٤٧]

ترجمہ: یہ حدیث حجۃ الوداع کے موقع کی ہے۔ دس ذی الحجہ میں جو یوم النحر ہے آپؐ نے یہ تقریر فرمائی ہے، آپؐ اونٹنی پر سوار تھے، جلو میں ایک لاکھ سے زیادہ پروانے تھے، حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے اونٹنی کی لگام تھام رکھی تھی، آپؐ نے لوگوں سے پوچھا: بتاؤ آج کونسا دن ہے؟ ابوبکرہؓ کہتے ہیں: ہم خاموش رہے، ہم نے یہ خیال کیا کہ آپؐ اس دن کا کوئی اور نام رکھیں گے، آپؐ نے فرمایا: کیا آج یوم النحر نہیں؟ ہم نے کہا: بیشک، آج یوم النحر ہے، آپؐ نے پھر پوچھا: یہ کونسا مہینہ ہے؟ ہم خاموش رہے، ہم نے خیال کیا کہ آپؐ اس مہینہ کا کوئی اور نام رکھیں گے۔ آپؐ نے فرمایا: کیا یہ ذی الحجہ نہیں؟ ہم نے کہا: کیوں نہیں! (اور آگے حدیث (نمبر ۱۷۴۱) میں یہ بھی ہے کہ آپؐ نے پوچھا: یہ کونسی جگہ ہے؟ صحابہ خاموش رہے، آپؐ نے فرمایا: کیا یہ محترم شہر مکہ مکرمہ نہیں؟ صحابہ نے کہا: کیوں نہیں؟) پھر آپؐ نے فرمایا: ''بیشک

تمہارے خون، تمہارے مال اور تمہاری آبرو، تمہارے درمیان ایک دوسرے پر حرام ہیں اس دن، اس مہینے اور اس جگہ کی حرمت کی طرح'' پھر آپؐ نے فرمایا: ''چاہئے کہ پہنچائے حاضر غائب کو، اس لئے کہ ہوسکتا ہے کہ وہ پہنچائے اس شخص کو جو اس سے زیادہ یاد رکھنے والا ہے''

قوله: قال: ذكر النبي صلى الله عليه وسلم: یہ جملہ کچھ بے جوڑ سا معلوم ہوتا ہے، اصل بات یہ ہے کہ ایک مجلس میں حضرت ابوبکرہؓ نے کئی حدیثیں بیان کی ان میں سے ایک حدیث یہ بھی ہے۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں: ابا نے نبی ﷺ کا ذکر کیا یعنی مرفوع حدیثیں بیان کیں ان میں سے آنے والی حدیث بھی ہے، پس یہ مستقل جملہ ہے۔

اور اونٹنی کی لگام خود حضرت ابوبکرہؓ نے تھام رکھی تھی، مگر راوی کبھی خود کو غائب کر دیتا ہے...... **اور خطام اور زِمام**: ہم معنی ہیں، اور بعض لوگوں نے یہ فرق بیان کیا ہے کہ اونٹ کی ناک میں جو ڈنڈی ہوتی ہے وہ خطام ہے اور اس میں جو رسّی بندھی ہوتی ہے وہ زمام ہے۔

اور غائبین سے مراد وہ حضرات ہیں جو اس سال حج میں نہیں آئے، اور وہ بھی مراد ہوسکتے ہیں جو حج میں آئے ہیں، مگر مجلس میں موجود نہیں۔

بابٌ: العِلْمُ قَبْلَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ

قول وعمل سے پہلے علم حاصل کرنا چاہئے

گذشتہ باب تھا کہ علم حاصل کر کے دوسروں تک پہنچاؤ، اس سے علم محفوظ رہے گا، اب یہ باب ہے کہ پہلے علم حاصل کرو، پھر دوسروں تک پہنچاؤ اور خود بھی اس پر عمل کرو۔ یہاں قول سے مراد تبلیغ ہے یعنی دوسروں تک علم پہنچاؤ، اگر خود ٹھیک سے علم حاصل نہیں کیا تو دوسروں تک کیا پہنچائے گا اور کس طرح عمل کرے گا؟

کتاب العلم کے شروع میں میں نے بتایا تھا کہ علم کی دو قسمیں ہیں: وہبی (فطری) اور کسبی۔ وہبی علم ایمان سے مقدم ہے، اسی لئے مجنون اور بچے ایمان کے مکلّف نہیں، کیونکہ ان کو فطری علم حاصل نہیں اور اکتسابی علم وہ ہے جو بندہ خود حاصل کرتا ہے، یہ ایمان سے مؤخر ہے، آدمی پہلے ایمان لاتا ہے، پھر علم دین حاصل کرتا ہے، اگر ایمان ہی نہیں لایا تو علم دین کیوں حاصل کرے گا؟ جو واقعی مؤمن ہے وہی علم دین حاصل کرتا ہے، غرض یہاں اکتسابی علم مراد ہے، اس لئے اس کو ایمان سے مؤخر کیا ہے، اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ تبلیغ سے پہلے علم حاصل کرنا ضروری ہے۔

دلائل:

۱- سورۂ محمد کی آیت (۱۹) ہے: ﴿فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ﴾: پس جان لے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اس میں علم کا ذکر پہلے ہے، اور لا إلٰه إلا الله جو قول ہے اس کا ذکر بعد میں ہے، پس معلوم ہوا کہ علم: قول وعمل سے پہلے ہے۔

۲-ابوداؤد اور ترمذی کی حدیث ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک علماء ہی انبیاء کے وارث ہیں'' (مبتداء خبر کے درمیان ضمیر فصل حصر کے لئے آئی ہے) انبیاء نے ان کو علم کا وارث بنایا ہے۔ پس جس نے علم دین حاصل کیا اس نے انبیاء کی میراث وافر مقدار میں حاصل کی۔

علماء کو میراث میں جو علم ملا ہے وہ علم اکتسابی ہے، پس پہلے علم حاصل کرے پھر تبلیغ کرے اور اس پر عمل کرے، علم حاصل کئے بغیر کیسے تبلیغ کرے گا؟ اور کیسے عمل کرے گا؟ معلوم ہوا کہ پہلے علم ہے پھر قول و عمل ہے۔

۳-مسلم شریف کی حدیث ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی ایسے راستہ پر چلا جس پر چلنے کے ذریعہ (ضمیر کا مرجع سلوک ہے جو سَلَكَ سے نکلتا ہے) علم حاصل کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتے ہیں، یہ طلب علم کی فضیلت ہے، اور طلب علم کی یہ فضیلت اس لئے ہے کہ جب وہ علم حاصل کرے گا تو خود بھی اس پر عمل کرے گا اور دوسروں کو بھی عمل کرائے گا، اور یہ دونوں باتیں جنت میں جانے کا سبب ہیں، اور سبب کا سبب بھی سبب ہوتا ہے، پس عمل موقوف ہوا علم پر، اور علم موقوف ہے تحصیل علم پر، اسی طرح تبلیغ موقوف ہے علم پر، اور علم موقوف ہے تحصیل علم پر۔ پس جو فضیلت علم کی ہے وہی فضیلت تحصیل علم کی بھی ہے۔

۴-سورۂ فاطر کی آیت ۲۸ ہے: ﴿إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ﴾ یعنی اللہ سے اس کے بندوں میں سے اللہ کی معرفت رکھنے والے بندے ہی ڈرتے ہیں، یہاں علماء لغوی معنی میں ہے، عرفی معنی میں نہیں، یعنی جو بھی بندے اللہ کی معرفت رکھتے ہیں، اللہ کو پہچانتے ہیں وہی اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں، اور جو اللہ تعالیٰ کو نہ جانتے ہیں نہ پہچانتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ سے کیوں ڈریں گے؟

مثال: میں کبھی راستے میں چل رہا ہوتا ہوں، سامنے سے دو طالب علم آتے ہیں، جب ان کی نظر مجھ پر پڑتی ہے تو ان کی چال بدل جاتی ہے، وہ احترام کے ساتھ سلام کر کے گذرتے ہیں، اور ایک اور شخص ہے جو کوٹ پتلون پہن کر سگریٹ پیتا ہوا آرہا ہے، وہ بھی مجھے دیکھتا ہے، اس کی چال میں کوئی فرق نہیں آتا، وہ میرے کندھے سے کندھا ٹکرا کر چلتا ہے اور سگریٹ کا دھواں میرے منہ پر چھوڑتا ہے، یہ فرق کیوں ہے؟ اس لئے کہ وہ طالب علم جانتے ہیں کہ میں استاذ ہوں، اور وہ کوٹ پتلون والا نہیں جانتا کہ میں کون ہوں؟ اس لئے وہ کوئی احترام نہیں کرتا۔

اس مثال سے سمجھنا چاہئے کہ جن کو اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہے، جو اللہ کو جانتے ہیں وہی اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں، یعنی اللہ کے احکام کی اطاعت کرتے ہیں اور جو اللہ کو نہیں جانتے، ان کا مقام و مرتبہ نہیں پہچانتے وہ اللہ کے احکام کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کا اس آیت سے استدلال اس طرح ہے کہ علم مقدم ہے اور خشیت مؤخر، خشیت کے معنی ہیں: اللہ کے احکام کی خلاف ورزی کرنے سے ڈرنا، یہ قلب کا ایک عمل ہے، اور خشیت اسی میں ہوتی ہے جس کو اللہ کی معرفت

حاصل ہوتی ہے، وہی اللہ کے احکام کی اطاعت کرتے ہیں۔ پس علم مقدم ہوا اور اطاعت یعنی عمل مؤخر ہوا، اور یہی باب کا مقصد ہے۔

۵-سورۂ عنکبوت کی آیت ۴۳ ہے: ﴿وَمَا یَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُوْنَ﴾: اور ان مثالوں کو بس علم والے ہی سمجھتے ہیں۔ اس سے اوپر اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی ہے: جو شخص اللہ کے علاوہ کسی کو حمایتی بناتا ہے اس کی مثال مکڑی کے جالے کی سی ہے جو ہلکے سے اشارے سے ٹوٹ جاتا ہے، حالانکہ حامی اور مددگار ایسا ہونا چاہئے جو آڑے وقت میں کام آئے۔ پھر فرمایا: ﴿وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضرِبُهَا لِلنَّاسِ﴾: ہم یہ مثالیں لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ ہوش کے ناخن لیں۔ ﴿وَمَا یَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُوْنَ﴾ مگر ان مثالوں کو جاننے والے ہی بوجھتے ہیں۔ اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بیان کئے ہوئے مضامین کو سمجھنے کے لئے عقل وفہم یعنی علم ضروری ہے، معلوم ہوا کہ علم عمل سے مقدم ہے۔

۶-سورۃ الملک کی آیت (۱۰) ہے کہ قیامت کے دن جہنمی کہیں گے: اگر ہم نے دنیا میں انبیاء کی باتیں سنی ہوتیں اور سمجھی ہوتیں تو آج ہمیں دوزخ کا منہ دیکھنا نہ پڑتا، معلوم ہوا کہ دین پر عمل علم پر موقوف ہے۔ یہی باب کا مدعیٰ ہے۔

۷-سورۃ الزمر کی آیت (۹) میں اللہ پاک نے ایک سوال کیا ہے: بتاؤ! جو لوگ دین کی بات جانتے ہیں اور جو نہیں جانتے وہ برابر ہو سکتے ہیں؟ ظاہر ہے برابر نہیں ہو سکتے، جو دین کی بات جانتا ہے وہ دین پر عمل کرے گا اور دین دوسروں تک پہنچائے گا اور جو جانتا نہیں وہ کیا عمل کرے گا اور کیا پہنچائے گا؟ پس ثابت ہوا کہ قول وعمل سے پہلے علم ضروری ہے۔

۸-چند ابواب کے بعد حدیث آرہی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو جس کے ساتھ خیر منظور ہوتی ہے اس کو اللہ تعالیٰ دین کا فہم عطا فرماتے ہیں۔

واقعہ: امام محمد رحمہ اللہ کی سوانح میں ایک واقعہ لکھا ہے: جب آپ کا انتقال ہوا تو کسی نے آپ کو خواب میں دیکھا۔ اس نے پوچھا: پسِ مرگ آپ کے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟ امام محمد رحمہ اللہ نے فرمایا: فرشتوں نے مجھے اللہ کے دربار میں پیش کیا، اللہ نے مجھ سے فرمایا: محمد! اگر مجھے تیرے ساتھ خیر منظور نہ ہوتی تو میں تجھے اپنے دین کا فہم عطا نہ فرماتا! پھر فرشتوں کو حکم دیا کہ اس کو جنت میں لے جاؤ! اس واقعہ کی روشنی میں حدیث کو سمجھو! جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو خیر منظور ہوتی ہے اس کو اللہ تعالیٰ دین کی سمجھ بوجھ عطا فرماتے ہیں، اور جب دین کی سمجھ بوجھ حاصل ہوگئی تو وہ خود بھی عمل کرے گا اور دوسروں کو بھی پہنچائے گا۔ پس قول وعمل بعد میں ہوئے اور دین کی سمجھ سوجھ پہلے ہوئی، یہی اکتسابی علم ہے جو مقدم ہے، پس مدعیٰ ثابت ہوگیا۔

۹-طبرانی میں روایت ہے: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **إنما العلم بالتعلم:** علم سیکھنے ہی سے آتا ہے (إنما حصر کے لئے ہے) علم خود بخود نہیں آجاتا، معلوم ہوا کہ سیکھنا یعنی علم حاصل کرنا

مقدم ہے اور قول وعمل مؤخر۔

۱۰- حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ شام میں تھے، وہ یہ فتوی دیتے تھے کہ دراہم ودنانیر کو جمع کرکے رکھنا جائز نہیں، اور دلیل میں سورۂ توبہ کی آیت (۳۴) پیش کرتے تھے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''وہ لوگ جو سونا اور چاندی جمع کرکے رکھتے ہیں، اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔ ان کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنادیجئے!'' شام کے گورنر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ تھے، وہ فرماتے تھے: یہ آیت اہل کتاب کے بارے میں ہے، مگر حضرت ابوذرؓ نہیں مانتے تھے، وہ فرماتے تھے کہ آیت اہل کتاب کے ساتھ خاص نہیں، عام ہے، مسلمان بھی اس کا مصداق ہیں۔

جب حضرت ابوذرؓ یہ مسئلہ بیان کرتے تو لوگوں میں ہیجان ہوتا، کیونکہ مالدار ہمیشہ کم ہوتے ہیں، غریبوں کی کثرت ہوتی ہے، غرباء جہاں کسی مالدار کو دیکھتے، زور سے یہ آیت پڑھتے، مالدار حضرت معاویہؓ سے شکایت کرتے۔ حضرت معاویہؓ سمجھاتے، مگر حضرت ابوذرؓ نہیں مانتے تھے، ان کا مقام حضرت معاویہؓ سے بلند تھا، اس لئے وہ کچھ کر نہیں سکتے تھے۔ چنانچہ حضرت معاویہؓ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خط لکھا۔ اور ساری صوتِ حال بیان کی۔ حضرت عثمانؓ نے حضرت ابوذرؓ کو اپنے پاس بلالیا، چنانچہ وہ مدینہ منورہ آگئے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کعب احبار کو تیار کیا تھا کہ جب حضرت ابوذرؓ آئیں تو تم ان سے گفتگو کرنا، کعب احبار تابعی ہیں، حضرت ابوبکر یا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اسلام لائے ہیں۔ وہ ذی علم آدمی تھے۔ جب حضرت ابوذرؓ آئے تو انھوں نے مسئلہ چھیڑا، پوچھا: حضرت! دنانیر ودراہم جمع کرنے کا کیا حکم ہے؟ حضرت ابوذرؓ نے جواب دیا: جائز نہیں اور آیت پڑھی: ﴿وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ﴾ کعب احبارؒ نے کہا: حضرت! جب دنانیر ودراہم کو جمع کرکے نہیں رکھ سکتے تو پھر شریعت نے زکوٰۃ کس چیز میں فرض کی ہے؟ زکوٰۃ حولانِ حول کے بعد فرض ہوتی ہے، سونا چاندی سال بھر تک باقی رہیں تب زکوٰۃ فرض ہوگی؟ اس سوال کا حضرت ابوذرؓ کے پاس کوئی جواب نہیں تھا، وہ ڈنڈا لے کر کھڑے ہوئے، اور کعب احبارؒ کو مارنے کے لئے دوڑے، کعب احبار حضرت عثمانؓ کے گرد گھوم رہے تھے اور حضرت ابوذرؓ ان کے پیچھے دوڑ رہے تھے، بالآخر ڈنڈا مار ہی دیا آدھا کعب کو لگا اور آدھا حضرت عثمانؓ کو۔

جب حضرت عثمانؓ نے دیکھا کہ ان کو قائل کرنا مشکل ہے تو حکم دیا کہ آپ ربذہ میں رہیں (یہ مدینہ منورہ سے قریب ایک چھوٹا سا گاؤں ہے) تاکہ مجھے کوئی مسئلہ پوچھنا ہو یا کوئی مشورہ کرنا ہو تو آسانی سے آپ کو بلاسکوں، چنانچہ وہ امیر المؤمنین کے حکم سے ربذہ چلے گئے۔ اور باقی زندگی وہیں رہے۔

حضرت عثمانؓ نے ان کو فتوی دینے سے روک دیا تھا۔ اسی زمانہ کا قصہ ہے: حضرت ابوذرؓ حج کے لئے گئے، اور رمی جمرات سے فارغ ہوکر ایک طرف کھڑے ہوگئے اور یہی مسئلہ بیان کرنا شروع کیا، کسی نے ان کو یاددلایا کہ آپ کو امیر المؤمنین نے فتوی دینے سے روک دیا ہے، اس کا حضرت ابوذرؓ نے جو جواب دیا وہ اس روایت میں آیا ہے۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم تلوار اس جگہ رکھ دو، اور اپنی گدی کی طرف اشارہ کیا، پھر میرا خیال یہ ہو کہ میں نافذ کرسکوں گا یعنی بیان کرسکوں گا اس بات کو جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے اس سے پہلے کہ تم مجھ پر تلوار چلا دو تو میں ضرور اس بات کو بیان کروں گا۔ یعنی میں نے جو کچھ رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے اس کو میں ضرور بیان کروں گا، خواہ تم مجھے قتل کردو۔

استدلال: امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال کلمةً سمعتُها سے ہے، اس طرح کہ رسول اللہ ﷺ سے سننا یعنی علم حاصل کرنا مقدم ہے اور قول یعنی اس کو بیان کرنا مؤخر ہے۔

۱۱- حجۃ الوداع کے موقع پر آنحضور ﷺ نے ایک طویل تقریر فرمائی، اس تقریر میں یہ بھی فرمایا کہ جو لوگ موجود ہیں وہ میری بات غائبین تک پہنچا دیں۔

استدلال: حاضرین نے آنحضور ﷺ سے سن کر علم حاصل کیا، اب قول یعنی تبلیغ کا نمبر ہے، معلوم ہوا کہ علم قول سے مقدم ہے۔

۱۲- سورۂ آل عمران کی آیت (۷۹) ہے: ﴿كُونُوا رَبَّانِيِّينَ﴾ یہ جمع ہے، اس کا مفرد رَبَّانِيٌّ ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے رَبَّانِيٌّ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا: حکیم بنو، عالم بنو، فقیہ بنو۔ ان تینوں میں ترتیب اس طرح ہے: پہلا مرحلہ عالم بننے کا ہے پھر دوسرا مرحلہ فقیہ بننے کا اور آخری مرحلہ حکیم بننے کا۔

عالم وہ ہے جو دین یعنی مسائل جانتا ہے اور جو شخص مسائل کو ان کی حقیقتوں (دلائل) کے ساتھ جانتا ہے وہ فقیہ ہے، اور جو مسئلہ کی علت بھی جانتا ہے وہ حکیم ہے۔ یہ آخری درجہ ہے اس سے آگے کوئی درجہ نہیں ﴿وَمَنْ يُؤْتَى الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا﴾: جس کو حکمت مل گئی اس کو خیر کثیر مل گئی۔

بہر حال حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: ربانی ہونے کے تین درجے ہیں اور وہ تدریجاً حاصل ہوتے ہیں، پہلے آدمی عالم بنتا ہے، پھر فقیہ اور آخر میں حکیم بنتا ہے۔

استدلال: جب آدمی عالم بنے گا، فقیہ بنے گا، حکیم بنے گا تبھی تبلیغ کرے گا اور عمل کرے گا، معلوم ہوا کہ علم قول وفعل سے مقدم ہے۔

بعض حضرات نے رَبَّانِيّ کے معنی کئے ہیں: طالب علموں کی چھوٹی باتوں کے ذریعہ تربیت کرنا، پھر بڑی باتیں بیان کرنا۔ شروع میں موٹی موٹی باتیں بیان کی جائیں، پھر جب ان کی استعداد پختہ ہوجائے، اور ان میں علوم اخذ کرنے کی صلاحیت پیدا ہوجائے تب دقیق باتیں بیان کی جائیں، جس شخص میں یہ مہارت ہوتی ہے، اور جو اس طرح طالب علموں کی تربیت کرتا ہے وہ ربانی ہے، اس لئے کہ اگر ابتداء ہی سے طالب علم کے سامنے دقیق مضامین بیان کئے جائیں گے تو اس کے پلے کچھ نہیں پڑے گا، بلکہ وہ بھاگ جائے گا۔

ایک واقعہ: مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہ کے پاس میرٹھ میں امروہہ کا ایک طالب علم پڑھنے کے لئے آیا، اس کا نام احمد حسن تھا۔ اس نے حضرت سے شمسِ بازغہ شروع کی، حضرت کے پڑھانے کا طریقہ یہ تھا کہ جب طالب علم عبارت پڑھ لیتا تو حضرت فرماتے: اس مسئلہ میں قاسم کی رائے یہ ہے، کتاب نہیں سمجھاتے تھے، کیونکہ اس زمانہ میں طلبہ کتاب حل کر کے سبق میں آتے تھے، اس لئے جو عبارت پڑھی گئی ہے اس مسئلہ میں حضرت اپنی رائے بیان کرتے، مگر وہ طالب علم کتاب ہی سمجھے ہوئے نہیں ہوتا تھا، قاسم کی رائے اس کے پلّے کیا پڑتی! چنانچہ چند دن کے بعد وہ بھاگ گیا۔ حضرت نے دوسرے طالب علموں سے پوچھا: احمد حسن کہاں ہے؟ طلبہ نے بتایا، وہ گھر چلا گیا، اور جاتے وقت وہ یہ کہہ رہا تھا کہ میری سمجھ میں کتاب ہی نہیں آتی، اور حضرت فرماتے ہیں: قاسم کی رائے یہ ہے، ان کی رائے کو میں کیا سمجھوں؟ حضرت رحمہ اللہ امروہہ تشریف لے گئے اور اس بچہ کو یہ کہہ کر واپس لائے کہ اب کتاب سمجھاؤں گا قاسم کی نہیں سناؤں گا، وہی بچہ بڑا ہو کر حضرت نانوتوی قدس سرہ کے علوم کا وارث بنا۔

غرض طالب علموں کو ابتداء میں موٹی موٹی باتیں بتانی چاہئیں، پھر جب ان کی استعداد پختہ ہو جائے تو دقیق باتیں بیان کرے، جس شخص میں یہ کمال ہوتا ہے وہ ربانی کہلاتا ہے۔ مگر امام بخاریؒ کا استدلال اس تفسیر پر موقوف ہے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کی ہے، اس لئے یُقال سے حضرت رحمہ اللہ نے دوسرے قول کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے۔

خلاصۂ بحث: اس پورے باب کا حاصل یہ ہے کہ علم: قول و فعل پر مقدم ہے، علم وہبی بھی اور علم اکتسابی بھی، بلکہ علم وہبی تو ایمان پر بھی مقدم ہے، البتہ علم اکتسابی ایمان سے مؤخر ہے۔

[۱۰-] بابٌ: العِلْمُ قَبْلَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ

[۱-] لِقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ﴿فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ﴾ [محمد: ۱۹] فَبَدَأَ بِالْعِلْمِ.

[۲-] وَأَنَّ الْعُلَمَاءَ هُمْ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ، وَرَّثُوْا الْعِلْمَ، مَنْ أَخَذَهُ أَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ.

[۳-] وَمَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَطْلُبُ بِهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ طَرِيْقًا إِلَى الْجَنَّةِ.

[٤-] وَقَالَ: ﴿إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ﴾ [فاطر: ۲۸]

[٥-] وَقَالَ: ﴿وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُوْنَ﴾ [العنكبوت: ٤٣]

[٦-] وَقَالَ: ﴿وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْ أَصْحَابِ السَّعِيْرِ﴾ [الملك: ۱۰]

[۷-] وَقَالَ: ﴿هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ﴾ [الزمر: ۹]

[۸-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِى الدِّيْنِ"

[۹-] وَ"إِنَّمَا الْعِلْمُ بِالتَّعَلُّمِ"
[۱۰-] وَقَالَ أَبُوْ ذَرٍّ: لَوْ وَضَعْتُمُ الصَّمْصَامَةَ عَلٰى هٰذِهِ - وَأَشَارَ إِلٰى قَفَاهُ - ثُمَّ ظَنَنْتُ أَنِّيْ أُنفِذُ كَلِمَةً سَمِعْتُهَا مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَبْلَ أَنْ تُجِيزُوْا عَلَيَّ لَأَنْفَذْتُهَا.
[۱۱-] وَقَوْلُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ.
[۱۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿كُوْنُوْا رَبَّانِيِّيْنَ﴾ [آل عمران: ۷۹] حُكَمَاءَ، عُلَمَاءَ، فُقَهَاءَ، وَيُقَالُ: الرَّبَّانِيُّ الَّذِيْ يُرَبِّيْ النَّاسَ بِصِغَارِ الْعِلْمِ قَبْلَ كِبَارِهِ.

بابُ مَا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَخَوَّلُهُمْ بِالْمَوْعِظَةِ وَالْعِلْمِ: كَيْ لَا يَنْفِرُوْا

روز روز نصیحت نہ کی جائے تا کہ لوگ ملول نہ ہوجائیں

تَخَوَّلَ خالاً (تفعُّل) کے معنی ہیں: ماموں بنانا۔ اور تَخَوَّلَ فلانٌ کے معنی ہیں: دیکھ بھال کرنا، نگرانی کرنا، اور تَخَوَّلَ فُلَانًا بِالْمَوْعِظَةِ کے معنی ہیں: پند و نصیحت کے ذریعہ نگرانی کرنا، نگہداشت کرنا، ذہنی تربیت کرنا............ **بالموعظة والعلم**: عطف تفسیری ہے، لفظ علم بڑھا کر امام بخاریؒ نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ یہاں صرف دلوں کو نرم کرنے والی باتیں ہی مراد نہیں، بلکہ علمی باتیں بھی مراد ہیں۔ اور کَی لَا یَنْفِرُوْا: علت ہے یعنی رسول اللہ ﷺ روز روز نصیحت اس لئے نہیں فرماتے تھے کہ صحابہ ملول نہ ہوجائیں، اکتا نہ جائیں۔ بڑے سے بڑا عالم بھی اگر روز وعظ کہے گا تو لوگ اکتا جائیں گے، پھر صحابہ تو اہل وعیال والے اور کام دھندے والے لوگ تھے، اگر حضور ﷺ ہر وقت ان کو لئے رہتے تو دوسرے کام کیسے چلتے! اس لئے آنحضور ﷺ روز روز نصیحت نہیں کرتے تھے، بلکہ گاہ بہ گاہ وعظ فرماتے تھے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے اب تک طلبہ کو نصیحت کی تھی اب اساتذہ کو نصیحت کررہے ہیں کہ طلبہ کی ذہنی تربیت کرنی چاہئے، ان کی نگہداشت کرنی چاہئے، ان کو تحصیل علم میں مشغول رکھنا چاہئے، مگر ان پر ناقابل برداشت بوجھ نہیں ڈالنا چاہئے، ورنہ وعظ و نصیحت اور تعلیم و تعلّم کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا، طلبہ متنفر ہوکر بھاگ جائیں گے۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی پاک ﷺ گاہ بہ گاہ وعظ و نصیحت کے ذریعہ ہماری نگہداشت فرمایا کرتے تھے۔ ہمارے اکتا جانے کو ناپسند کرتے ہوئے۔

تشریح:

آنحضور ﷺ حضراتِ صحابہ کے نشاط وملال اور حوائج و فراغت کا لحاظ فرما کر تعلیم و تذکیر فرمایا کرتے تھے۔ اس حدیث میں ہمارے لئے یہ سبق ہے کہ نشاط اور فراغت کے اوقات میں تعلیم دینی چاہئے، تاکہ علم کے ساتھ طالبینِ علم کی

دلچسپی قائم رہے، ہر وقت کی تعلیم طالب علم کو دل برداشتہ کر کے تعلیم سے متنفر کردے گی۔ رسول اللہ ﷺ کی تعلیم وتذکیر میں اگرچہ صحابہ کے اکتا جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا، مگر اکتانا بہر حال بشریت کا تقاضہ ہے، اس لئے آپؐ نے یہ سنت جاری فرما کرامت کے لئے ایک معتدل راہ تجویز فرمادی، تاکہ مربی حضرات اس کا لحاظ کریں۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آسانی کرو، تنگی مت کرو، اور خوشخبری سناؤ، نفرت مت دلاؤ۔

تشریح:

آنحضور ﷺ جب صحابہ کو دعوت کے کام کے لئے یا گورنر بنا کر یا کسی اور مقصد سے کسی علاقہ کی طرف بھیجتے تھے تو خاص طور پر یہ نصیحت فرماتے تھے کہ لوگوں پر آسانی کرنا، ان کو تنگی میں مت ڈالنا، ان کو بشارتیں سنانا، ڈرا کر بدکا نہ دینا۔

جاننا چاہئے کہ صرف بشارتیں بے باکی پیدا کرتی ہیں، آج کل واعظین عام طور پر بشارتیں سناتے ہیں، جب کسی بڑی رات میں یا بڑے دن میں وعظ کہتے ہیں تو بشارتیں ہی بشارتیں سناتے ہیں، اس سے لوگ بے باک ہوجاتے ہیں، وہ سمجھنے لگتے ہیں کہ بس آج رات عبادت کرلو بیڑا پار ہے۔ اور صرف ڈراوا اللہ کی رحمت سے مایوس کرتا ہے، پس انذار وتبشیر ساتھ ساتھ ہونے چاہئیں، قرآن کریم کا یہی اسلوب ہے جب کسی مناسبت سے کفار کا ذکر آتا ہے اور ان کو دوزخ کے عذاب سے ڈرایا جاتا ہے تو مؤمنین کو ضرور بشارت سنائی جاتی ہے، اور اگر کہیں مؤمنین کو بشارتیں سنائی جاتی ہیں تو وہاں کفار کو ضرور عذاب سے ڈرایا جاتا ہے، پس بَشِّروا ولا تُنَفِّروا کا یہ مطلب نہیں سمجھنا چاہئے کہ صرف بشارتیں سناؤ، بلکہ مطلب یہ ہے کہ صرف ڈراؤ نہیں، بلکہ دونوں باتیں ساتھ ساتھ چلاؤ، تاکہ اعتدال پیدا ہو۔

فائدہ: یہاں بعض شارحین نے ایک اعتراض اٹھایا ہے کہ بَشِّرُوْا کے مقابل لَاتُنْذِرُوْا آنا چاہئے، لَاتُنَفِّرُوْا کیوں آیا؟ پھر بڑی محنت سے جواب دیا ہے، مگر یہ کوئی خاص اعتراض نہیں، کیونکہ تبشیر کا مقابل بے شک انذار ہے، مگر انذار کے لئے تنفیر لازم ہے، پس ملزوم کی جگہ اگر لازم کو ذکر کیا تو اس میں اعتراض کی کیا بات ہے، ایسا تو کیا جاتا ہے۔

[۱۱-] بابُ مَا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَخَوَّلُهُمْ بِالْمَوْعِظَةِ وَالْعِلْمِ: كَيْ لَا يَنْفِرُوْا

[۶۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ، كَرَاهَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا. [انظر: ۷۰، ۶۴۱۱]

[۶۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحيى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا، وَبَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا"

[انظر: ۶۱۲۵]

بابُ مَنْ جَعَلَ لِأَهْلِ الْعِلْمِ أَيَّامًا مَعْلُومَةً

تعلیم کے لئے وقت کی تعیین چاہئے

شیخ الہند قدس سرہ نے ابواب بخاری کے سلسلہ میں ایک قاعدہ یہ بھی بیان فرمایا ہے کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک باب میں متعدد حدیثیں لائی جاسکتی ہیں، ایسی جگہوں میں امام ابوداؤد رحمہ اللہ باب قائم کرکے سب حدیثیں ایک ہی باب میں لے آتے ہیں۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ کوئی ایک حدیث لاتے ہیں اور باقی کا حوالہ دے دیتے ہیں۔ اور امام بخاریؒ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ ہر حدیث پر نیا ترجمہ قائم کرتے ہیں تاکہ افادۂ مزید ہوجائے، اس باب میں بھی وہی حدیث لائے ہیں جو اوپر آچکی ہے، البتہ نیا ترجمہ قائم کرکے اساتذہ اور واعظین کو نصیحت فرمائی ہے کہ وقت کی تعیین کے بغیر تعلیم و تذکیر نہیں کرنی چاہئے، لوگوں کو پہلے سے معلوم ہونا چاہئے کہ کب وعظ ہوگا، کب سبق ہوگا، تاکہ سب آجائیں، کوئی محروم نہ رہے۔

اور اہل علم سے مراد طلبہ ہیں، ان کو مجاز مایؤول کے اعتبار سے اہل العلم کہا ہے، جیسے آپ حضرات کو مولوی بمعنی عالم مجاز مایؤول کے اعتبار سے کہتے ہیں، مولوی (اللہ والے) تو تم بالفعل ہو، مگر عالم بالفعل نہیں ہو، بالقوۃ ہو۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ مَولیٰ: اللہ کی صفت ہے قرآن میں ہے: ﴿نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ﴾ اور وہ لفظ جس کے آخر میں ی یا ی سے بدلا ہوا الف ہو، جب اس کے آخر میں یائے نسبتی لگاتے ہیں تو ی کو واؤ سے بدل دیتے ہیں، جیسے دہلی سے دہلوی، مولیٰ کے آخر میں جب یائے نسبت لگائیں گے تو کہیں گے: مَوْلَوِیْ یعنی اللہ والے، پس تم اللہ کے فضل سے بالفعل اللہ والے ہو لیکن ابھی عالم نہیں بنے، اور عرف میں لفظ مولوی بمعنی عالم استعمال کرتے ہیں، پس یہ مجاز مایؤول ہے، اسی طرح باب میں طلبہ کو جو أهل العلم کہا ہے وہ مجاز مایؤول ہے۔

حدیث: ابووائل کہتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہفتہ میں جمعرات کے دن لوگوں کو نصیحت فرمایا کرتے تھے، ان سے کسی نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہمارا جی چاہتا ہے کہ آپ ہمیں روزانہ نصیحت فرمائیں۔ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: سنو! مجھے ایسا کرنے سے یہ بات روکتی ہے کہ میں تمہیں تنگی میں ڈالنا نہیں چاہتا، میں تمہاری وعظ ونصیحت کے ذریعہ اسی طرح نگہداشت کرتا ہوں جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہماری نگہداشت کیا کرتے تھے، یعنی آپؐ بھی روزانہ وعظ ونصیحت نہیں فرماتے تھے، ہمارے اکتا جانے کے اندیشہ سے۔

تشریح: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہفتہ میں ایک دن تعلیم وتذکیر فرمایا کرتے تھے، ایک طالب علم نے عرض کیا: حضرت! اس سے ہمیں سیری نہیں ہوتی، سبق میں اضافہ ہونا چاہئے، حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: ہوسکتا ہے تم میں سے بعض کی یہ خواہش ہو اور وہ دل سے اضافہ کے خواہش مند ہوں مگر میں اس کے خلاف مصلحت سمجھتا ہوں، روزانہ کی تعلیم میں طلبہ کی ملالت اور تنگ دلی کا اندیشہ ہے، کہیں وہ پریشان ہوکر بھاگ نہ جائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کے

نشاط وفراغت کا لحاظ کر کے تعلیم فرمایا کرتے تھے، آپؐ کو یہ بات ناپسند تھی کہ تعلیم میں صحابہ پر تنگی ہو، لہٰذا جس طرح نبی ﷺ تعلیم میں شوق ورغبت کی رعایت فرماتے تھے، میں بھی اس کی رعایت کرتا ہوں۔

[۱۲-] بابُ مَنْ جَعَلَ لِأَهْلِ الْعِلْمِ أَيَّامًا مَعْلُوْمَةً

[۷۰-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُذَكِّرُ النَّاسَ فِيْ كُلِّ خَمِيْسٍ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! لَوَدِدْتُ أَنَّكَ ذَكَّرْتَنَا كُلَّ يَوْمٍ، قَالَ: أَمَا إِنَّهُ يَمْنَعُنِيْ مِنْ ذٰلِكَ أَنِّيْ أَكْرَهُ أَنْ أُمِلَّكُمْ، وَإِنِّيْ أَتَخَوَّلُكُمْ بِالْمَوْعِظَةِ كَمَا كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَخَوَّلُنَا بِهَا، مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا.

وضاحت: إِنَّهُ میں ضمیر شان ہے اور أَنِّيْ أَكْرَهُ جملہ بتاویل مصدر ہو کر يَمْنَعُنِيْ کا فاعل ہے۔

بابٌ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

دین کا فہم اس کو ملتا ہے جس کے ساتھ خیر منظور ہوتی ہے

طالب علم کو کب تک پڑھنا چاہئے؟ تحصیل علم کی آخری حد کیا ہے؟ جب اتنا پڑھ لے کہ دین کی سمجھ پیدا ہو جائے تو آخری حد آ گئی، اب کام شروع کرے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ابھی گذرا ہے کہ ربانی کا ابتدائی درجہ عالم ہونا ہے، جب طالب علم کتب متداولہ پڑھ کر فارغ ہو جائے تو عالم بن گیا، مگر ابھی آخری حد نہیں آئی، ابھی آگے پڑھنا ہے، ابھی فقیہ بننا ہے، یہ فقاہت عام طلبہ کے لئے آخری حد ہے، اس کے بعد حکمت کا درجہ ہے، مگر یہ مقام جلدی حاصل نہیں ہوتا، فقاہت تک پہنچنا تو آسان ہے، مگر حکمت جس کے مقدر میں ہوتی ہے اسی کو ملتی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو خیر (بھلائی) منظور ہوتی ہے اس کو اللہ تعالیٰ دین کا فہم عطا فرماتے ہیں۔ اور میں صرف بانٹنے والا ہوں، دینے والے اللہ تعالیٰ ہیں۔ اور اس امت کی ایک جماعت برابر دینِ حق پر قائم رہے گی، مخالفین ان کو کچھ ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے''

تشریح:

اس حدیث میں تین مضمون ہیں۔ اور تینوں باہم مربوط ہیں:

۱- جو عالم دین بنتا ہے وہ اللہ کی عنایت سے بنتا ہے، اپنی محنت سے کوئی کچھ حاصل نہیں کر سکتا، پہلے امام محمد رحمہ اللہ کا یہ واقعہ گذرا ہے کہ ان کو بعد از وفات کسی نے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ آپ کے ساتھ اللہ نے کیا معاملہ کیا؟ امام محمدؒ نے کہا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''محمد! اگر مجھے تیرے ساتھ خیر منظور نہ ہوتی تو میں تجھے اپنا علم نہ دیتا''

۲- جو بات پہلے جملہ سے اشارۃً مفہوم ہوتی ہے وہی بات دوسرے جملہ میں صراحۃً ہے کہ میں صرف بانٹنے والا ہوں، دینے والے اللہ تعالیٰ ہیں۔ اگر استاذ کے بس میں ہوتا تو وہ تمام تلامذہ کو علم گھونٹ کر پلا دیتا۔ مگر استاذ کے بس میں کچھ نہیں، استاذ صرف پڑھاتا ہے، پھر کس کو علم کتنا ملے گا، یہ اللہ کی مشیت پر موقوف ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ سے کو لگاؤ، اس سے مانگو، اس دربار سے کوئی خالی ہاتھ نہیں آتا۔

البتہ ایسا ہوسکتا ہے کہ طالب علم نے خوب محنت کی ہو، اللہ تعالیٰ سے کو بھی لگائی ہو، مگر اس کا ذہن کمزور ہو اس لئے وہ فقیہ نہ بن سکا، مگر وہ بھی محروم نہیں رہے گا، اس لئے کہ مئے خانہ کا محروم بھی محروم نہیں! اللہ تعالیٰ اس کے علم میں نورانیت پیدا فرمائیں گے، اور اس سے ایسے ایسے کام لیں گے کہ بڑے بڑے علماء، فقہاء اور حکماء اس پر رشک کریں گے۔

۳- پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس امت میں ایک جماعت برابر دین حق پر جمی رہے گی، مخالفین ان کو ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آجائے''

هذه الأمة: کا مصداق کسی نے مجاہدین کو قرار دیا ہے، کسی نے محدثین کو، کسی نے فقہاء کو اور کسی نے علماء کو۔ میرے نزدیک راجح یہ ہے کہ اس کا مصداق اہل السنہ والجماعہ ہیں۔ مشہور حدیث ہے کہ اس امت کے تہتر فرقے ہونگے، ان میں سے ایک ناجی اور باقی پاجی (گمراہ) ہونگے۔ ظاہر ہے وہ گمراہ فرقے اس حدیث کا مصداق نہیں ہوسکتے، اور ایک فرقہ جو ناجی ہوگا وہ اہل السنہ والجماعہ ہے، پس وہی حدیث کا مصداق ہیں۔ اور علماء، فقہاء، محدثین، مجاہدین، حکماء اور امراء سب اس میں آگئے، اور أَمْرُ اللهِ سے قیامت اور قرب قیامت مراد ہے۔

اور اس آخری جزء کا ماقبل سے جوڑ یہ ہے کہ جو امت دین حق پر جمے گی وہ علماء حق کی محنتوں کے نتیجہ میں جمے گی، پس تینوں اجزاء میں ربط یہ ہوا کہ جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ خیر چاہتے ہیں اس کو دین کی سمجھ عطا فرماتے ہیں، اور ہر شخص کو فقاہت حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے، مگر دینے والے اللہ تعالیٰ ہیں، جس کی قسمت میں ہوگا اس کو فقاہت مل جائے گی۔ اور جس کی قسمت میں نہیں ہوگا وہ بھی محروم نہیں رہے گا۔ اور یہی علماء، فقہاء، صلحاء اور محدثین امت پر محنتیں کریں گے، اس کے نتیجہ میں ایک جماعت ہمیشہ دین حق پر جمی رہے گی، مخالفین کی ریشہ دوانیاں ان کا کچھ بگاڑ نہ سکیں گی۔

فائدہ (۱): اسلام کی کتابِ دعوت دو ہیں: قرآنِ کریم اور قرآن کریم کا پیکر محسوس یعنی امت قائمہ علی الحق۔ اور دونوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے، جب تک قرآن رہے گا امت حقہ بھی رہے گی، اور قرب قیامت میں جب قرآن نہیں رہے گا تو اس کا پیکر محسوس بھی نہیں رہے گا۔

اس کو ایک مثال سے سمجھیں: جب بڑی بلڈنگ بنانی ہوتی ہے تو پہلے ایک ماڈل تیار کرتے ہیں جس کو دیکھ کر معمار بلڈنگ بناتے ہیں۔ امت حقہ قرآن مجید کا ماڈل ہے، اس کی روشنی میں قرآن کو سمجھنا ہے، اگر یہ ماڈل ہی نہیں رہے گا تو قرآن چیستاں بن جائے گا، اور ہر شخص من مانی تفسیر کرے گا، پس ضروری ہے کہ جب تک قرآن موجود رہے اس کا پیکر

محسوس بھی موجود رہے۔

فائدہ (۲): دور اول میں اکثر مسلمان قرآن کا پیکر محسوس تھے، ان کا عمل قرآن کے مطابق تھا، ان کو دیکھ کر غیر مسلم متاثر ہوتے تھے، اس لئے تیزی سے اسلام پھیلتا تھا، اب مسلمانوں کا عمل غیر مسلموں کو متاثر نہیں کرتا، کیونکہ ان کا عمل قرآن کے مطابق نہیں رہا، اس لئے کوئی غیر مسلم مسلمانوں کے عمل سے متاثر ہوکر اسلام قبول نہیں کرتا۔ بعض غیر مسلم قرآن کا مطالعہ کرتے ہیں، پھر حلقہ بگوش اسلام ہوجاتے ہیں، لیکن ایسے لوگ بہت کم ہیں، زیادہ تر ماڈل دیکھتے ہیں، امت مسلمہ کو دیکھتے ہیں، اور بدک جاتے ہیں، وہ سمجھتے ہیں اگر یہی لوگ قرآن کی دعوت کا نمونہ ہیں تو ہم میں اور ان میں کچھ فرق نہیں، پھر مسلمان ہونے سے کیا فائدہ؟

[۱۳-] بابٌ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

[۷۱-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ خَطِيْبًا، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ، وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ يُعْطِيْ، وَلَنْ تَزَالَ هٰذِهِ الْأُمَّةُ قَائِمَةً عَلٰى أَمْرِ اللّٰهِ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰى يَأْتِيَ أَمْرُ اللّٰهِ" [انظر: ۳۱۱۶، ۳۶٤۱، ۷۳۱۲، ۷٤٦۰]

بابُ الْفَهْمِ فِي الْعِلْمِ

علم کو سمجھنا ضروری ہے

یہ باب بھی گذشتہ سے پیوستہ ہے۔ اور اس باب کا حاصل یہ ہے کہ استاذ نے جو کچھ بتایا ہے اس پر اکتفا نہیں کرنا چاہئے، بلکہ اس میں غور و تدبر کرنا چاہئے، دماغ لڑانا چاہئے، رٹ کر یاد کرلینا اور غور نہ کرنا چھوٹے بچوں کے لئے تو مناسب ہے مگر منتہی طلبہ کے لئے یہ بات ٹھیک نہیں۔ وہ اگر ترقی کرنا چاہتے ہیں، اپنے علم میں جلا پیدا کرنا چاہتے ہیں، اپنے علم کو نکھارنا چاہتے ہیں تو استاذ نے جو کچھ بتایا ہے اسے یاد کریں، پھر اس میں غور و فکر کریں، اگر کوئی اشکال پیش آئے تو اس کو حل کریں، اس سے علم بڑھے گا اور استعداد پختہ ہوگی۔

حدیث: مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں ایک مرتبہ سفر میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھا۔ ہم مدینہ منورہ جارہے تھے، پورے راستہ میں حضرت ابن عمرؓ نے کوئی حدیث بیان نہیں کی، صرف ایک حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جُمّار (کھجور کا گوند) لایا گیا، آپؐ نے صحابہ سے پوچھا: بتاؤ! وہ کونسا درخت ہے جس کے پتے نہیں جھڑتے، اور وہ درخت مسلمان کی مثال ہے؟ میرے ذہن میں جواب آگیا، مگر مجلس میں سب سے چھوٹا تھا اس لئے

مجھے شرم آئی اور میں خاموش رہا، نبی ﷺ نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے (یہ حدیث تفصیل سے پہلے گذر چکی ہے)

استدلال: اس حدیث میں ہے کہ جب آپؐ نے سوال کیا تو سب صحابہ جنگل کے درختوں میں کھو گئے تھے، یہی علمی بات کو سوچنا سمجھنا ہے۔

[١٤-] بابُ الْفَهْمِ فِيْ العِلْمِ

[٧٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قَالَ لِيْ ابْنُ أَبِيْ نَجِيْحٍ: عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ إِلٰى الْمَدِيْنَةِ فَلَمْ أَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا حَدِيْثًا وَاحِدًا، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَأُتِيَ بِجُمَّارٍ فقَالَ: " إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً مَثَلُهَا كَمَثَلِ الْمُسْلِمِ" فَأَرَدْتُ أَنْ أَقُوْلَ: هِيَ النَّخْلَةُ، فَإِذَا أَنَا أَصْغَرُ الْقَوْمِ فَسَكَتُّ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "هِيَ النَّخْلَةُ" [راجع: ٦١]

بابُ الِاغْتِبَاطِ فِيْ الْعِلْمِ وَالْحِكْمَةِ

علم وحکمت میں رشک کرنا

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ اگر طلبہ ترقی کرنا چاہتے ہیں تو ابنائے عصر کے ساتھ مسابقت کریں، جب تک اقران کے ساتھ مقابلہ نہیں کرے گا غایت تک نہیں پہنچ سکے گا۔ مظاہر علوم سہارن پور میں میرا ملاحسن میں ایک طالب علم کے ساتھ مقابلہ ہو گیا، چنانچہ میں رات بھر پڑھتا تھا، ملاحسن کا ایک ایک حاشیہ میں نے رٹ ڈالا تھا۔ پھر کبھی کسی سے مقابلہ نہیں ہوا مگر اس وقت سے محنت کی عادت پڑ گئی۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے بھی کسی جگہ لکھا ہے کہ اقران کے ساتھ جب تک مسابقت نہ ہو آدمی ترقی نہیں کر سکتا۔ پس اگر تمہیں علم میں ترقی کرنی ہے تو ہم عصروں کے ساتھ پڑھنے میں ریس کرو، یہی چیز آگے بڑھاتی ہے۔

اور اغتباط کے معنی ہیں: رشک کرنا۔ اور حسد وغبطہ میں فرق یہ ہے کہ کسی کی نعمت کے زوال کی تمنا کرنا حسد (جلنا) ہے پھر خواہ وہ نعمت اسے ملے یا نہ ملے، حسد حرام ہے، یہ فتنوں کی جڑ ہے، جب کسی سے حسد ہو جاتا ہے تو آدمی اس کو نیچا دکھانے کے لئے ہر کردنی ناکردنی کرتا ہے۔ اور ایسے ایسے حربے استعمال کرتا ہے کہ خدا کی پناہ! اور غبطہ (رشک) یہ ہے کہ کسی کی نعمت دیکھ کر تمنا کرے کہ کاش مجھے بھی یہ نعمت مل جائے، مگر اس کی نعمت کے زوال کی تمنا نہ کرے، یہی ریس کرنا ہے جو مطلوب ہے۔ ارشاد پاک ہے: ﴿وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ﴾ اور اس میں یعنی جنت کی نعمتوں میں چاہئے کہ ریس کریں ریس کرنے والے، یعنی دینی کاموں میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کریں۔ غرض علم کے لئے مقابلہ مفید ہے اور علم ہی کے لئے نہیں ساری صلاحیتیوں کے لئے مقابلہ مفید ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد:

تَفَقَّهُوْا قَبلَ أَنْ تُسَوَّدُوْا: سردار بنائے جانے سے پہلے دین کی سمجھ حاصل کرلو۔ سَوَّدَہٗ (تفعیل) کے معنی ہیں: سردار بنانا۔ تُسَوَّدُوْا: فعل مجہول ہے۔ علماء کرام نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ارشاد کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ ذمہ داری آنے سے پہلے علم حاصل کرلو، جب ذمہ داری آپڑتی ہے، شادی ہوجاتی ہے، بچے ہوجاتے ہیں، کسی عہدے پر فائز ہوجاتا ہے یا کاروبار شروع کردیتا ہے تو علم حاصل کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔

دوسرا مطلب: جو پہلے مطلب سے قریب ہے: یہ ہے کہ حکومت کے عہدے بہرحال تقسیم ہونگے، پس سرکاری عہدہ وہی شخص قبول کرے جو دین کی سمجھ حاصل کرچکا ہے، اگر ابھی دین کی سمجھ حاصل نہیں تو عہدہ قبول کرنے سے پہلے فقاہت کے زیور سے آراستہ ہوجاؤ۔

اس کی نظیر: ترمذی شریف میں حضرت عمرؓ کا قول ہے: **لایَبِعْ فی سوقنا من لم یتفقه فی الدین**: جس نے دین کی سمجھ حاصل نہیں کی وہ ہمارے بازار میں کاروبار نہ کرے یعنی بازار میں دوکان اسی وقت کھولنی چاہئے جب بیع وشراء کے ضروری مسائل سے واقف ہوجائے۔

اس کے بعد امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور سردار بنائے جانے کے بعد بھی علم حاصل کرو، کیونکہ صحابہ کرام نے بڑی عمروں میں علم حاصل کیا تھا یعنی حضرت عمرؓ کا قول اختیار اولیٰ پر محمول ہے۔ ان کے ارشاد کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ذمہ داریاں سر پہ آجانے کے بعد کوئی علم حاصل نہیں کرسکتا، صحابہ نے تمام ذمہ داریوں کے ساتھ علم حاصل کیا ہے۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد یہاں اس لئے لائے ہیں کہ فقاہت مسابقت ہی سے حاصل ہوتی ہے اور مسابقت فراغت کے زمانہ ہی میں ہوسکتی ہے، آدمی فارغ البال ہو تو پڑھنے میں ریس کرسکتا ہے۔ مشغولیت کے بعد مقابلہ نہیں کرسکتا۔ لہٰذا ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش میں لگ جاؤ، منزل پالوگے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: حسد جائز نہیں، مگر دو باتوں میں:

ایک: وہ بندہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا ہے، پھر اس کو راہ خدا میں مال اڑانے پر مسلط کیا ہے پس وہ دونوں ہاتھوں سے اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتا ہے اس پر رشک کرنا چاہئے یعنی یہ تمنا کرے کہ کاش میرے پاس بھی مال ہوتا تو میں بھی اسی طرح راہ خدا میں خرچ کرتا، پس اسے حسن نیت کا ثواب مل جائے گا۔

دوسرا: وہ بندہ ہے جس کو اللہ نے دین کی سمجھ عطا فرمائی ہے، پس وہ اس کے ذریعہ لوگوں کے درمیان فیصلے کرتا ہے اور ان کو تعلیم دیتا ہے۔ اس پر بھی رشک کرنا چاہئے۔ یعنی اس جیسا بننے کی کوشش کرنی چاہئے اور یہی مسابقت ہے۔

تشریح:

۱- اس باب میں یہ حدیث لاکر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ یہاں حسد بمعنی غبطہ ہے حقیقی حسد کسی حال میں جائز

نہیں، وہ تمام شرور وفتن کی جڑ ہے، البتہ غبطہ کی گنجائش ہے، بلکہ مذکورہ دوصورتوں میں محمود ہے۔

۲- مال دودھاری تلوار ہے، احتیاط سے استعمال کی جائے تو ٹھیک ہے ورنہ اپنا سر پھوڑے گی، اسی طرح مال مفید بھی ہے اور مضر بھی۔ قرآن مجید میں صرف دو چیزوں کو قِیَامًا لِلنَّاسِ (لوگوں کے لئے سہارا) کہا گیا ہے، کعبہ شریف کو اور مال کو، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِلنَّاسِ﴾ (المائدہ آیت ۹۷) اللہ تعالیٰ نے بزرگی والے گھر کعبہ شریف کو لوگوں کے لئے سہارا بنایا ہے، یعنی دنیا کی آبادی اسی وقت تک ہے جب تک کعبہ برقرار ہے، پھر جب اللہ کا ارادہ اس کارخانۂ عالم کو ختم کرنے کا ہوگا تو سب سے پہلے کعبہ شریف اٹھالیا جائے گا۔ بخاری میں آئندہ حدیث آرہی ہے کہ ایک سیاہ فام حبشی کعبہ شریف کی اینٹ اینٹ اکھاڑ دے گا، اس کے بعد پھر کعبہ آباد نہ ہوگا اور قیامت قائم ہوجائے گی۔

دوسری چیز جسے لوگوں کی بقاء کا سامان قرار دیا گیا ہے مال ہے۔ سورۂ نساء (آیت ۵) میں ہے: ﴿وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِي جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيَامًا﴾: جن لوگوں کی تربیت میں یتیم بچے ہوں ان سے کہا جارہا ہے کہ اگر بالغ ہونے کے بعد بھی وہ بچے ناسمجھ ہوں تو ان کا مال ان کو مت دو، کیونکہ مال کو اللہ تعالیٰ نے مایۂ زندگی بنایا ہے، وہ لوگوں کے لئے سہارا ہے۔ اگر ناسمجھوں کو دوگے تو وہ اناپ شناپ اڑادیں گے۔

پس جیسے ستون چھت کے لئے سہارا ہیں مال بھی لوگوں کے لئے سہارا ہے، جب مال نہیں رہتا تو آدمی ہمت ہار جاتا ہے۔

بہرحال مال مہتم بالشان چیز ہے مگر وہ دودھاری تلوار ہے۔ اگر ٹھیک سے کمایا اور ٹھیک طور پر خرچ کیا تو ٹھیک ہے ورنہ مال فتنہ ہے۔ حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہر امت کے لئے آزمائش ہے اور میری امت کی آزمائش مال ہے'' (مشکوٰۃ حدیث ۵۱۹۴) اور سورۃ التغابن (آیت ۱۵) میں ہے: ﴿إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ﴾ مال اور اولاد آزمائش ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ مال اور اولاد کے ذریعہ لوگوں کو جانچتے ہیں کہ کون اولاد کی اچھی تربیت کرتا ہے اور کون مال کو راہِ خدا میں خرچ کرتا ہے۔

[۱۵-] بابُ الِاغْتِبَاطِ فِي الْعِلْمِ وَالْحِكْمَةِ

وَقَالَ عُمَرُ رضى الله عنه: تَفَقَّهُوْا قَبْلَ أَنْ تُسَوَّدُوْا. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَبَعْدَ أَنْ تُسَوَّدُوْا، وَقَدْ تَعَلَّمَ أَصْحَابُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ كِبَرِ سِنِّهِمْ.

[۷۳-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ. قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ – عَلٰى غَيْرِ مَا حَدَّثَنَاهُ الزُّهْرِيُّ – قَالَ: سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ أَبِيْ حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله

علیه وسلم:" لَا حَسَدَ إِلَّا فِيْ اثْنَتَيْنِ: رَجُلٍ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً، فَسَلَّطَهُ عَلٰى هَلَكَتِه فِيْ الْحَقِّ، وَرَجُلٍ آتَاهُ اللّٰهُ الْحِكْمَةَ، فَهُوَ يَقْضِيْ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا" [انظر: ۱٤۰۹، ۷۱٤۱، ۷۳۱٦]

قوله: علی غیر ما حدثناه الزهریؒ: سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں: یہ حدیث میں نے امام زہری رحمہ اللہ سے بھی سنی ہے، اور اسماعیل بن ابی خالد سے بھی، مگر اسماعیل کی حدیث امام زہریؒ کی حدیث سے مختلف ہے............ اختلاف کیا ہے؟ سند میں اختلاف ہے یا متن میں؟ معلوم نہیں، حاشیہ میں لکھا ہے کہ سفیان کی حدیث جو ابن شہاب زہری سے مروی ہے وہ کسی کتاب میں موجود نہیں، اس لئے اختلاف کی نوعیت سمجھنا مشکل ہے۔ رجل: مبتدا محذوف کی خبر بھی ہوسکتا ہے، پس اس کو مرفوع پڑھیں گے اور اثنتین سے بدل بھی ہوسکتا ہے پس وہ مجرور ہوگا............ **فی اثنتین: أی فی خصلتین:** دو باتوں میں۔

بَابُ مَا ذُكِرَ فِيْ ذَهَابِ مُوْسَى فِيْ الْبَحْرِ إِلَى الْخَضِرِ

تحصیل علم کے لئے سمندر کا سفر کرنا

کبھی تحصیل علم کے لئے سفر ناگزیر ہوجاتا ہے، پس سفر کرسکتے ہیں اور سمندری سفر بھی کرسکتے ہیں، دور اول میں سمندر کا سفر خطرناک سمجھا جاتا تھا، بغیر انجن کی بوٹیں ہوا کے رحم وکرم پر چلتی تھیں، کبھی ڈوب بھی جاتی تھیں اور کبھی کہیں سے کہیں نکل جاتی تھیں۔ چنانچہ حدیث میں ہے کہ دریا کا سفر نہ کرے مگر حاجی یا غازی یا عمرہ کرنے والا (مشکوۃ حدیث ۳۸۳۸) یعنی نہایت اہم ضرورت ہی سے دریا کا سفر کیا جائے، بے ضرورت خطرہ نہ مولا جائے، اور تحصیل علم کے لئے سفر کرنا جائز ہے، کیونکہ یہ بھی نہایت اہم ضرورت ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کے لئے پہلے خشکی کا سفر کیا، پھر ان کے ہمراہ بحری سفر کیا۔ اور وہی علمی سفر تھا، اس سے پہلے جو خشکی کا سفر کیا تھا وہ اس سفر کی تمہید تھا، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے تقدیم وتاخیر کی ہے **إلی الخضر** کو جو حقیقت میں مقدم ہے بعد میں لائے، اور **فی البحر** کو پہلے لائے، کیونکہ وہی علمی سفر تھا اور باب کا مقصد بھی یہی ہے، تحصیل علم کے لئے بحری سفر کا جواز بیان کرنا مقصود ہے اس لئے **فی البحر** کو پہلے لائے ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قصہ سورۃ الکہف میں دو رکوع میں آیا ہے۔ یہاں حدیث کا صرف وہ ٹکڑا لائے ہیں جس میں بحری سفر کا ذکر ہے۔

واقعہ کی ابتداء: ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم میں مؤثر وعظ کہا، جس سے آنکھیں نم ہوگئیں، اور دل پگھل گئے، لوگوں نے پوچھا: اس وقت سب سے بڑا عالم کون ہے؟ آپؑ نے فرمایا: میں ہوں! اللہ کو یہ جواب پسند نہ آیا، وحی آئی کہ میرا ایک بندہ دو دریاؤں کے سنگم پر ہے وہ آپ سے زیادہ علم رکھتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا:

خدایا! مجھے اس کا پتہ نشان بتادیا جائے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ایک مچھلی لو، دریاؤں کے سنگم پر جہاں مچھلی گم ہوجائے وہاں وہ بندہ ملے گا، چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے مچھلی لے کر سفر شروع کیا۔

مجمع البحرین کی تعیین مشکل ہے، اگر یہ واقعہ قیام مصر کے زمانہ میں پیش آیا ہے تو سوڈان میں خرطوم شہر کے پاس جہاں دریائے نیل کی دوشاخیں ملتی ہیں: وہ جگہ مراد ہے۔ مگر جمہور مفسرین کا خیال ہے کہ یہ واقعہ وادئ سینا کی اسارت کے زمانہ کا ہے، پس بحر قلزم کی دوشاخیں: خلیج عقبہ اور خلیج سویز جہاں ملتی ہیں: وہ جگہ مراد ہے۔

اس سفر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ان کے خادم یوشع بن نون بھی تھے۔ دونوں منزل بہ منزل بڑھتے رہے، یہاں تک کہ مجمع البحرین پر پہنچ گئے۔ اور ایک پتھر پر سر رکھ کر سوگئے۔ اور ستا کر آگے کی راہ لی، اور مچھلی والا تھیلا دونوں وہیں بھول گئے۔ یہ مچھلی کھانے کے لئے نہیں تھی۔ بطور علامت تھی کہ جہاں وہ گم ہوجائے وہیں وہ بندۂ خدا ملے گا۔

ان حضرات کے روانہ ہونے کے بعد مچھلی زندہ ہوکر سمندر میں چلی گئی، اور جس راستہ سے گئی تھی وہاں سرنگ نما سوراخ بن گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''موسیٰ علیہ السلام کو اس وقت تکان محسوس ہوا، جب وہ منزل مقصود سے آگے بڑھے'' یعنی بامقصد کام سے آدمی نہیں تھکتا، بے مقصد محنت تھکا دیتی ہے۔

رہی یہ بات کہ موسیٰ علیہ السلام کو تو پتہ ہی نہیں تھا کہ وہ منزل مقصود سے آگے جارہے ہیں پھر ان کو تکان کیسے محسوس ہوا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ نفس الامری بات کا قلب نبوت پر انعکاس ہوا، جس سے طبیعت متأثر ہوئی۔ جیسے رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ جہری نماز پڑھا رہے تھے، پیچھے کسی نے سراً قراءت کی، نماز کے بعد آپؐ نے پوچھا: کیا کسی نے میرے پیچھے پڑھا؟ ایک شخص نے کہا: جی ہاں! آپؐ نے فرمایا: میں سوچ رہا تھا: قرآن پڑھنے میں مجھ سے جھگڑا کیوں کیا جارہا ہے، یعنی امر منکر کا قلب نبوت پر اثر پڑا اور آپؐ کے لئے قراءت دشوار ہوگئی۔

القصہ: جب اگلی صبح کو موسیٰ علیہ السلام نے ناشتہ مانگا تو خادم نے کہا: ہم جب اس چٹان کے پاس ٹھہرے تھے تو میں اس مچھلی کو بھول گیا، یہ حسن ادب تھا کہ بھولنے کو اپنی طرف منسوب کیا۔ مخدوم کو اس میں شامل نہ کیا۔ ویسے سامان کا ذمہ دار بھی خادم ہی ہوتا ہے، اگرچہ اس میں مخدوم کی بھی کچھ نہ کچھ ذمہ داری ہوتی ہے۔

اور شیطان ہی نے مجھے بھلادیا کہ میں اس کو یاد کروں، یعنی میں غفلت کی وجہ سے نہیں بھولا، بلکہ کم بخت شیطان نے بھلادیا، اور ایسا بھلادیا کہ اس پورے وقت میں اس کا خیال ہی نہیں آیا، موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اسی جگہ کی ہمیں تلاش تھی، وہی مقام ہماری منزل تھا، ہمیں وہیں رک جانا تھا، چنانچہ دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے واپس لوٹے، پس اسی جگہ جہاں پہلے قیام کیا تھا، حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے عرض کیا: کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں کہ آپ مجھے اس رشد وہدایت کی تعلیم دیں جس کی آپ کو تعلیم دی گئی ہے؟ یہاں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تعلیمی سفر شروع ہوگا (تفصیل: میری تفسیر ہدایت القرآن میں ہے)

حدیث: حضرت ابن عباسؓ اور حر بن قیسؒ کے درمیان موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی کے بارے میں بحث ہوئی کہ حضرت موسیٰ کس سے ملنے گئے تھے؟ ابن عباسؓ نے کہا: وہ حضرت خضر سے ملنے گئے تھے۔ حر کسی اور کا نام لیتے تھے، اسی وقت ان کے پاس سے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ گذرے، حضرت ابن عباسؓ نے ان کو بلایا، اور کہا: میرے اور ان کے درمیان حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی کے بارے میں اختلاف ہو رہا ہے جن سے ملاقات کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے راہ دریافت کی تھی، کیا آپؓ نے نبی ﷺ سے اس بارے میں کچھ سنا ہے؟ حضرت ابیؓ نے فرمایا: ہاں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ دریں اثناء کہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کی ایک جماعت کے ساتھ تھے کہ ان کے پاس ایک شخص آیا۔ اس نے پوچھا: کیا آپ کسی کو جانتے ہیں جو آپ سے بھی بڑا عالم ہو؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں! ـــــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ جواب واقعہ کے مطابق تھا۔ اس لئے کہ حضرت موسیٰ اولوالعزم پیغمبر تھے۔ اور پیغمبر کے علم کے مقابلہ میں غیر پیغمبر کا علم کچھ نہیں ہوتا۔ لیکن یہ جواب پیغمبرانہ شان کے خلاف تھا۔ موسیٰ علیہ السلام کو چاہئے تھا کہ علم اللہ کے حوالے کرتے اس لئے ان کی گرفت ہوئی۔

چنانچہ حضرت موسیٰ کے پاس وحی آئی: کیوں نہیں! ہمارا ایک بندہ خضر ہے وہ تم سے زیادہ علم رکھتا ہے۔ حضرت موسیٰ نے عرض کیا: مجھے اس کا پتہ نشان بتایا جائے، اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایک مچھلی کو علامت بنایا اور ان سے کہا گیا کہ جب مچھلی گم ہو جائے تو لوٹ جانا، وہیں تمہاری ان سے ملاقات ہو جائے گی۔ چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام مچھلی والے تھیلے پر ہمیشہ نظر رکھتے تھے، پھر جب دونوں مچھلی والا تھیلا بھول گئے، اور آگے نکل گئے اور رات دن چلنے کے بعد خادم کو یاد آیا تو اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: ارے! جب ہم اس چٹان کے پاس ٹھہرے تھے تو میں اس مچھلی کو بھول گیا، اور شیطان ہی نے مجھے بھلایا کہ میں اس کو یاد کروں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اسی جگہ کی ہمیں تلاش تھی، چنانچہ دونوں اپنے قدموں کے نشانات دیکھتے ہوئے واپس لوٹے۔ دونوں نے حضرت خضر کو اس جگہ پایا، پھر ان دونوں کا وہ معاملہ ہوا جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے۔

تشریح:

۱- حضرت موسیٰ علیہ السلام کس سے ملنے گئے تھے؟ حضرت ابن عباس اور حضرت حر بن قیس رضی اللہ عنہما کے درمیان یہ مسئلہ زیر گفتگو آیا۔ حضرت ابن عباسؓ کی رائے تھی کہ حضرت خضر علیہ السلام سے ملنے گئے تھے۔ اور حضرت حر کی رائے کچھ اور تھی، حضرت ابن عباسؓ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو بلایا، تا کہ ان سے اس سلسلہ میں دریافت کریں۔ اس موقع پر حضرت ابی بن کعبؓ نے مذکورہ حدیث سنائی۔ جس سے حضرت ابن عباس کی تائید ہوئی۔

ایک اور اختلاف سعید بن جبیر اور نوف بِکالی کے درمیان ہوا ہے، یہ دونوں تابعی ہیں، اور نوف بکالی: کعب احبار کی بیوی کے لڑکے ہیں، وہ اختلاف یہ تھا کہ قرآن مجید میں جس موسیٰ کا واقعہ ہے وہ مشہور پیغمبر حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں

جن کے والد کا نام عمران ہے، یا کوئی اور موسیٰ ہیں؟ سعید بن جبیر کہتے تھے کہ وہ بنی اسرائیل والے پیغمبر حضرت موسیٰ تھے جن کے والد کا نام عمران ہے، اور نوف بکالی کہتے تھے: وہ ایک دوسرے موسیٰ تھے جن کے باپ کا نام میشان تھا۔ سعید بن جبیر نے یہ بات حضرت ابن عباسؓ سے ذکر کی تو انھوں نے نوف کی تردید کی اور فرمایا: اللہ کا دشمن جھوٹ بولتا ہے، یہ روایت آگے بخاری ہی میں آرہی ہے (حدیث ۱۲۲) غرض دونوں واقعے الگ الگ ہیں۔

۲- حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو مچھلی ساتھ لی تھی وہ کھانے کے لئے نہیں تھی بلکہ نشانِ راہ کے طور پر تھی، اور حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات اسی جگہ ہوئی تھی جہاں مچھلی گم ہوئی تھی، جب دونوں حضرات اپنے نشانِ قدم دیکھتے ہوئے اس جگہ آئے جہاں مچھلی گم ہوئی تھی تو انھوں نے ایک شخص کو دیکھا جو کپڑا اوڑھے لیٹا ہے، حضرت موسیٰ نے اس کو سلام کیا، اس شخص نے کہا: آپ کے علاقہ میں سلام کہاں سے آیا؟ یعنی یہ علاقہ تو غیر مسلموں کا ہے، آپ کون ہیں؟ موسیٰ نے کہا: میں موسیٰ ہوں، اس بندے نے پوچھا: بنی اسرائیل کے موسیٰ؟ موسیٰ نے کہا: ہاں، اس بندے نے کہا: اے موسیٰ! آپ اللہ کے علوم میں سے ایک ایسا علم سکھلائے گئے ہیں جس کو میں نہیں جانتا، یعنی شریعت کا علم، اور میں اللہ کے علوم میں سے ایک ایسا علم سکھلایا گیا ہوں جس کو آپ نہیں جانتے یعنی تکوینیات کا علم۔ پس موسیٰ علیہ السلام نے کہا: کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں، اس مقصد سے کہ آپ مجھے اُس رشد وہدایت کی تعلیم دیں جس کی آپ کو تعلیم دی گئی ہے، چنانچہ حضرت خضر علیہ السلام نے ایک شرط کے ساتھ ان کو اجازت دیدی، اس کے بعد بحری سفر شروع ہوا جو تعلیمی سفر تھا، یہ تفصیلی روایت آئندہ بخاری (حدیث ۱۲۲) میں بھی آرہی ہے اور ترمذی میں بھی ہے (دیکھئے: تحفۃ الالمعی ۷: ۳۳۱-۳۳۵)

۳- خَضِر (خاء کا زبر اور ضاد کا زیر) اور خِضْر (خاء کا زیر اور ضاد کا زبر) کے معنی ہیں: سبزہ زار، سرسبز مقام، اور آئندہ بخاری میں حدیث (نمبر ۳۴۰۲) آرہی ہے کہ اس بندے کو خضر اس وجہ سے کہا گیا ہے کہ وہ ایک مرتبہ سفید سوکھی ہوئی زمین پر بیٹھے تھے تو وہ یکا یک سرسبز ہو کر لہلہانے لگی۔

۴- اور اس میں اختلاف ہے کہ آپ انسان تھے یا فرشتے؟ پھر انسان تھے تو ولی تھے یا نبی؟ اور کیا اب تک وہ حیات ہیں یا وفات پا چکے ہیں؟ نصوص میں اس سلسلہ میں کوئی صراحت نہیں۔ اور علماء ومفسرین کی آراء مختلف ہیں، اور قرین قیاس یہ ہے کہ آپ انسان نہیں تھے بلکہ خاص قسم کے فرشتے تھے۔ جن کو رجال الغیب کہا جاتا ہے۔ رجال اس لئے کہ زمینی فرشتے عناصر کی بھاپ سے پیدا ہوتے ہیں۔ آسمانی فرشتوں کی طرح نور سے پیدا نہیں ہوتے، اور غیب اس لئے کہ وہ عام طور پر نظر نہیں آتے، کیونکہ وہ لطیف مادہ سے پیدا کئے جاتے ہیں۔

قولہ: فکان یَتَّبِعُ أَثَرَ الحُوتِ فِی البَحْرِ: اس جملہ کا صحیح مفہوم میرے نزدیک یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اس تھیلے پر جس میں مچھلی تھی ہمیشہ نظر رکھتے تھے، کیونکہ وہ مچھلی نشانِ راہ کے طور پر تھی، بعض حضرات نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ مچھلی تھیلے میں سے نکل کر سمندر میں چلی گئی، اور سمندر میں سرنگ بن گئی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کا

خادم دونوں اس سرنگ میں داخل ہوئے اور کسی جزیرے میں پہنچے، وہاں حضرت خضر سے ملاقات ہوئی۔

مگر صحیح بات وہ ہے جو آئندہ حدیث (۱۲۲) میں آرہی ہے اور جو میں نے اوپر بیان کی ہے کہ دونوں اپنے نشانِ قدم دیکھتے ہوئے اس چٹان کے پاس آئے جہاں تھیلا بھول گئے تھے، وہاں ایک بندہ کپڑا اوڑھے ہوئے لیٹا تھا، وہی حضرت خضر تھے، اور جس جگہ سے مچھلی پانی میں گئی تھی وہاں اللہ تعالیٰ نے پانی کا بہاؤ روک دیا، اور پانی طاق کی طرح بن گیا، وہ طاق مچھلی کے لئے سرنگ تھا اور موسیٰ اور ان کے خادم کے لئے حیرت زا تھا، یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پانی اس طرح کیوں رکا تھا؟ جواب یہ ہے کہ وہ حضرت خضرؑ کے لئے علامت کے طور پر رکا تھا، چنانچہ وہ اسی جگہ موسیٰؑ کے انتظار میں ٹھہر گئے، یا وہ موسیٰؑ کے لئے علامت کے طور پر رکا تھا کہ لوٹ کر موسیٰؑ اسی جگہ آجائیں، وہیں اس بندے سے ملاقات ہوگی مگر اتفاق کہ وہ بندہ وہاں پہلے پہنچ گیا۔

ربط: اوپر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد آیا ہے کہ سردار بنائے جانے سے پہلے علم حاصل کرلو اور امام بخاریؒ نے اس کی وضاحت کی تھی کہ قبل السیادہ علم حاصل کرنا بھی جائز ہے اور بعد السیادۃ بھی۔ حضرات صحابہ نے کبرسنی میں علم حاصل کیا ہے، اس پر کوئی کہہ سکتا تھا کہ صحابہ کا کبرسنی میں علم حاصل کرنا ایک مجبوری تھی، ان کو عالم جوانی میں کوئی معلّم نہیں ملا تھا اس لئے جب انھوں نے اسلام قبول کیا، اور آنحضور ﷺ سے متعلق ہوئے تب علم حاصل کیا، لہٰذا یہ بات بعد السیادۃ تحصیل علم کے جواز کی دلیل نہیں بن سکتی۔ اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ یہ حدیث لائے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بڑے پیغمبر صاحبِ کتاب رسول تھے، انھوں نے تحصیل علم کے لئے سفر فرمایا ہے معلوم ہوا کہ حصول علم کی راہ میں سیادت مانع نہیں ہونی چاہئے۔

[۱۶-] بابُ مَا ذُكِرَ فِيْ ذَهَابِ مُوْسَى فِيْ الْبَحْرِ إِلَى الْخَضِرِ

وَقَوْلِهِ تبَارَكَ وَتَعَالىٰ: ﴿هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلٰى أَنْ تُعَلِّمَنِ﴾ الآيَةَ [الكهف:٦٦]

[٧٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ غُرَيْرٍ الزُّهْرِيُّ، قَالَ: ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: ثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، يَعْنِيْ ابْنَ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَهُ أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ تَمَارٰى هُوَ وَالْحُرُّ بْنُ قَيْسِ بْنِ حِصْنٍ الْفَزَارِيُّ فِيْ صَاحِبِ مُوْسَى: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هُوَ خَضِرٌ، فَمَرَّ بِهِمَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، فَدَعَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: إِنِّيْ تَمَارَيْتُ أَنَا وَصَاحِبِيْ هٰذَا فِيْ صَاحِبِ مُوْسَى الَّذِيْ سَأَلَ مُوْسَى السَّبِيْلَ إِلَى لُقِيِّهِ: هَلْ سَمِعْتَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ شَأْنَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "بَيْنَمَا مُوْسَى فِيْ مَلأٍ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: هَلْ تَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْكَ؟ قَالَ مُوْسَى: لاَ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَى مُوْسَى: بَلٰى عَبْدُنَا خَضِرٌ، فَسَأَلَ مُوْسَى السَّبِيْلَ إِلَيْهِ، فَجَعَلَ اللّٰهُ لَهُ الْحُوْتَ آيَةً، وَقِيْلَ لَهُ:

إِذَا فَقَدْتَ الْحُوْتَ فَارْجِعْ فَإِنَّكَ سَتَلْقَاهُ، فَكَانَ يَتَّبِعُ أَثَرَ الْحُوْتِ فِيْ الْبَحْرِ، فَقَالَ لِمُوْسَى فَتَاهُ:﴿ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ، وَمَا أَنْسَانِيْهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ﴾ قَالَ:﴿ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا قَصَصًا﴾ فَوَجَدَا خَضِرًا فَكَانَ مِنْ شَأْنِهِمَا مَا قَصَّ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ كِتَابِهِ "

[انظر:۷۸، ۱۲۲، ۲۲۶۷، ۲۷۲۸، ۳۲۷۸، ۳۴۰۰، ۳۴۰۱، ۴۷۲۵، ۴۷۲۶، ۴۷۲۷، ۶۶۷۲، ۷۴۷۸]

بابُ قَوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ

اے اللہ! ابن عباس کو قرآن سکھا!

امام بخاری رحمہ اللہ اب طلبہ کو ایک خاص بات بتارہے ہیں وہ یہ ہے کہ تحصیل علم کے لئے جہاں فہم وذکاوت، انابت الی اللہ، مسابقت اور اسفار وغیرہ ضروری ہیں، اساتذہ کی دعا لینا بھی ضروری ہے۔ اس کے بغیر مقصد میں سو فیصد کامیابی نہیں ہوتی۔ اور دعا لینے کا طریقہ یہ ہے کہ اساتذہ کی خدمت کی جائے، غایت درجہ احترام کیا جائے، ان کے حکم کو واجب الامتثال سمجھا جائے، اور ان کے حکم کی خلاف ورزی نہ کی جائے، اگر کسی دن طالب علم کی خدمت اور فرمانبرداری سے خوش ہوکر استاذ کے دل سے دعا نکل گئی تو بیڑا پار ہے۔ ایک مرتبہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سمجھ اور احترام سے خوش ہوکر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سینے سے لگا کر دعا دی تھی: اے اللہ! اس کو قرآن مجید کا فہم عطا فرما، چنانچہ دعائے نبوی کی برکت سے ابن عباس کو فہم قرآن میں بڑا مقام حاصل ہوا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بھی اس کے قائل تھے۔

مگر یہ دعا آسانی سے حاصل نہیں ہوتی، اس کے لئے اساتذہ کی خدمت کرنی پڑتی ہے، ان کی فرمانبرداری کرنی پڑتی ہے، پھر خدمت واطاعت کے نتیجہ میں کسی استاذ کے دل سے دعا نکل گئی تو بیڑا پار ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو جو مخصوص دعا ملی تھی اس سلسلہ میں حدیثوں میں دو واقعے آئے ہیں:

ایک واقعہ: یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی عبادت دیکھنے کے لئے اپنی خالہ ام المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر رک گئے تھے، جب رات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تہجد شروع کیا تو ابن عباس نے بھی وضو کرکے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کی، ابن عباس بائیں طرف کھڑے ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ سے ان کو دائیں طرف لے لیا، مگر وہ ذرا پیچھے کھڑے ہوئے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پوری کی تو ان سے ساتھ کھڑے نہ ہونے کی وجہ دریافت کی، انھوں نے عرض کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر کھڑا ہونا کیسے روا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جواب پسند کیا اور دعا دی۔ یہ حدیث بخاری شریف میں متعدد جگہ آئی ہے اور اس تفصیل کے ساتھ مسند احمد میں ہے۔

دوسرا واقعہ: یہ ہے کہ ایک مرتبہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء تشریف لے گئے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے وضو کے لئے پانی رکھ دیا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء سے نکلے اور وضو کا پانی تیار دیکھا تو پوچھا: کس نے پانی رکھا ہے؟ بتایا گیا

کہ عبداللہ نے رکھا ہے، آپ ﷺ خوش ہوئے اور سینہ سے لگا کر دعا دی (یہ واقعہ بخاری حدیث ۱۴۳ میں آرہا ہے)
پہلا واقعہ احترام کے قبیل سے ہے اور یہ واقعہ خدمت کے قبیل سے، ان دو موقعوں میں سے کسی ایک موقع پر آنحضور ﷺ نے ابن عباسؓ کو مذکورہ دعا دی ہے۔

[۱۷-] بابُ قَوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ

[۷۵-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ضَمَّنِیْ رَسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَقَالَ: "اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ". [انظر: ۱۴۳، ۳۷۵۶، ۷۲۷۰]

بَابُ مَتَى يَصِحُّ سَمَاعُ الصَّغِيْرِ؟

تحمل حدیث کے لئے کتنی عمر ضروری ہے؟

آغاز تعلیم کے لئے عمر کی کوئی قید نہیں، جب بھی بچے میں شعور پیدا ہو تعلیم شروع کرا سکتے ہیں، عام طور پر بچوں میں شعور پانچ چھ سال میں پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح تحمل حدیث کے لئے بھی عمر کی کوئی قید نہیں، جب بھی شعور پیدا ہو حدیث پڑھ سکتا ہے۔

پہلے میں نے بتایا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ باب میں جہاں بھی ھل استفہامیہ لاتے ہیں وہاں مسئلہ کا فیصلہ قارئین کے حوالے کرتے ہیں کہ روایتیں پڑھ کر خود فیصلہ کرو، متی کا بھی یہی معاملہ ہے۔

یہاں باب میں دو حدیثیں لائے ہیں، پہلی حدیث حضرت ابن عباسؓ کی ہے اور دوسری حضرت محمود بن الربیعؓ کی۔

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر میں ایک گدھی پر سوار ہو کر منی میں پہنچا، اس وقت میں قریب البلوغ تھا، نبی ﷺ منی میں دیوار کے علاوہ کی طرف نماز پڑھا رہے تھے، یعنی آپؐ کے سامنے دیوار نہیں تھی کوئی سترہ تھا، میں بعض صف کے سامنے سے گذرا، پھر میں نے گدھی کو چرنے کے لئے چھوڑ دیا۔ اور میں صف میں کھڑا ہو گیا، پس مجھ پر کسی نے نکیر نہیں کی۔

تشریح: حضرت ابن عباسؓ نے ایک دوسری حدیث پر تنقید کی ہے۔ روایت میں آیا ہے کہ اگر نمازی کے سامنے سے گدھا یا کتا یا عورت گذر جائے تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ اس حدیث پر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بھی تنقید کی ہے اور یہاں حضرت ابن عباسؓ نے تنقید کی ہے کہ گدھے کے نمازی کے سامنے سے گذرنے سے نماز کیسے فاسد ہوگی؟ میرا اپنا مذکورہ واقعہ ہے اگر گدھے کے سامنے سے گذرنے سے نماز فاسد ہوتی تو لوگ مجھ پر نکیر کرتے، حالانکہ کسی نے نکیر نہیں کی (مزید تفصیل کتاب الصلوٰۃ میں آئے گی)

اس واقعہ سے یہ استدلال کرنا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ اس وقت بالغ نہیں ہوئے تھے۔ پس تحمل حدیث کے لئے بلوغ شرط نہیں۔

حدیث (۲): ایک مرتبہ آنحضور ﷺ حضرت محمود بن الربیع کے گھر تشریف لے گئے، اس وقت ان کی عمر صرف پانچ سال تھی، آپؐ نے وضو کے لئے پانی طلب کیا، گھر میں کنواں تھا اس میں سے ڈول بھر کر پانی لایا گیا، آپؐ نے وضو فرمایا، پھر چلو بھر کر پانی منہ میں لیا اور کلی محمودؓ کے منہ پر ڈالی۔ محمودؓ کہتے ہیں: مجھے وہ بات یاد ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ پانچ سال کی عمر میں بھی تحمل حدیث درست ہے۔ تحمل حدیث کے لئے عمر کی کوئی قید نہیں، جب بھی بچے میں شعور پیدا ہو جائے سماع معتبر ہے۔

[۱۸-] بَابُ مَتَى يَصِحُّ سَمَاعُ الصَّغِيْرِ؟

[۷۶-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَقْبَلْتُ رَاكِبًا عَلٰى حِمَارٍ أَتَانٍ، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْ نَاهَزْتُ الاحْتِلَامَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ بِمِنًى إِلٰى غَيْرِ جِدَارٍ، فَمَرَرْتُ بَيْنَ يَدَيْ بَعْضِ الصَّفِّ، وَأَرْسَلْتُ الْأَتَانَ تَرْتَعُ، وَدَخَلْتُ فِي الصَّفِّ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيَّ أَحَدٌ. [انظر: ۴۹۳، ۸۶۱، ۱۸۵۷، ۴۴۱۲]

[۷۷-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مُسْهِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، قَالَ: عَقَلْتُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَجَّةً مَجَّهَا فِيْ وَجْهِيْ، وَأَنَا ابْنُ خَمْسِ سِنِيْنَ: مِنْ دَلْوٍ. [انظر: ۱۸۹، ۸۳۹، ۱۱۸۵، ۶۳۵۴، ۶۴۲۲]

قوله: إلى غير جدار: دیوار کے علاوہ کی طرف یعنی سامنے سترہ تھا دیوار نہیں تھی، آگے ابواب السترۃ میں اس حدیث پر پہلا باب یہی باندھا ہے .... **حمار:** عام ہے اس لئے أتان بڑھایا یعنی وہ مادہ تھی، پھر بھی کسی نے نکیر نہیں کی .... **مَجَّة:** کلی، **مَجَّهَا:** ڈالا اس کو .... **من دلو** کا تعلق مجة کے ساتھ ہے یعنی آپؐ نے کلی بالٹی سے بھری تھی۔

بَابُ الْخُرُوْجِ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ

تحصیل علم کے لئے گھر سے نکلنا

اوپر بحری سفر کا باب آیا تھا، یہ خشکی کے سفر کا باب ہے، یعنی طلب علم کے لئے بحری سفر بھی کر سکتے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بحری سفر کیا تھا اور خشکی کا سفر بھی کر سکتے ہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ ایک حدیث کے لئے عبداللہ بن

اُنیس رضی اللہ عنہ کے پاس مدینہ منورہ سے شام تشریف لے گئے، جو اس زمانہ میں ایک مہینہ کی مسافت تھی، رہی یہ بات کہ وہ کونسی حدیث تھی جس کو حاصل کرنے کے لئے حضرت جابرؓ نے ایک ماہ کی مسافت طے کی تھی؟ یہ بات یقین سے معلوم نہیں، علماء نے درجہ احتمال میں متعدد حدیثیں لکھی ہیں، جو حاشیہ میں ہیں دیکھ لیں۔

[۱۹-] بابُ الْخُرُوْجِ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ

وَرَحَلَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ فِيْ حَدِيْثٍ وَاحِدٍ.

[۷۸-] حدثنا أَبُوْ الْقَاسِمِ خَالِدُ بْنُ خَلِيٍّ قَاضِيْ حِمْصَ، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: أَخْبَرَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ تَمَارٰى هُوَ وَالْحُرُّ بْنُ قَيْسِ بْنِ حِصْنٍ الْفَزَارِيُّ فِيْ صَاحِبِ مُوْسٰى، فَمَرَّ بِهِمَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ فَدَعَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: إِنِّيْ تَمَارَيْتُ أَنَا وَصَاحِبِيْ هٰذَا فِيْ صَاحِبِ مُوْسٰى الَّذِيْ سَأَلَ السَّبِيْلَ إِلٰى لُقِيِّهِ: هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ شَأْنَهُ؟ فَقَالَ أُبَيٌّ: نَعَمْ، سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ شَأْنَهُ، يَقُوْلُ:" بَيْنَمَا مُوْسٰى فِيْ مَلَأٍ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: هَلْ تَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْكَ؟ قَالَ مُوْسٰى: لَا، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلٰى مُوْسٰى: بَلٰى، عَبْدُنَا خَضِرٌ، فَسَأَلَ السَّبِيْلَ إِلٰى لُقِيِّهِ، فَجَعَلَ اللّٰهُ لَهُ الْحُوْتَ آيَةً، وَقِيْلَ لَهُ: إِذَا فَقَدْتَ الْحُوْتَ فَارْجِعْ فَإِنَّكَ سَتَلْقَاهُ، فَكَانَ مُوْسٰى يَتَّبِعُ أَثَرَ الْحُوْتِ فِي الْبَحْرِ، فَقَالَ فَتٰى مُوْسٰى لِمُوْسٰى:﴿أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ، وَمَا أَنْسَانِيْهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ﴾ قَالَ مُوْسٰى:﴿ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ، فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا قَصَصًا﴾ فَوَجَدَا خَضِرًا، فَكَانَ مِنْ شَأْنِهِمَا مَا قَصَّ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهِ" [راجع: ۷۴]

ملحوظہ: یہ حدیث دو ابواب پہلے آئی ہے، ترجمہ وتشریح وہاں ملاحظہ کریں۔ اور تفصیل سے یہ روایت آگے (حدیث ۱۲۲) آرہی ہے۔

بابُ فَضْلِ مَنْ عَلِمَ وَعَلَّمَ

دین پڑھنے پڑھانے کی اہمیت

علم دین پڑھ کر یونہی نہیں چھوڑ دینا چاہئے، بلکہ جو پڑھا ہے اسے دوسروں تک پہنچانا چاہئے۔ جو شخص علم دین پڑھ کر دوسروں کو پہنچاتا ہے، اس کی حدیث میں بڑی فضیلت آئی ہے۔ اور اس باب کی حدیث اہم ہے، اس کو اچھی طرح سمجھنا چاہئے:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اس ہدایت اور علم کی مثال جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھیجا ہے موسلا دھار

بارش جیسی ہے۔ جو کسی زمین پر برسی، اس زمین کا ایک حصہ زرخیز تھا، اس نے پانی پیا، پس اس نے سبز وخشک گھاس اور بہت زیادہ ہری گھاس اگائی، اور دوسرا حصہ چٹیل تھا اس نے پانی روک لیا، پس اللہ نے اس کے ذریعہ لوگوں کو نفع پہنچایا، انھوں نے پیا، پلایا اور کھیتوں کو سیراب کیا، اور اس زمین کا ایک حصہ چٹیل میدان تھا نہ اس نے پانی روکا اور نہ گھاس اگائی، پس یہ اس شخص کی مثال ہے جس نے اللہ کے دین کی سمجھ حاصل کی اور اللہ نے اس کو نفع پہنچایا اس علم وہدایت سے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھیجا ہے، پس اس نے دین سیکھا اور دوسروں کو سکھلایا (حدیث کا یہی حصہ باب سے متعلق ہے) اور یہ مثال ہے اس شخص کی جس نے سر نہیں اٹھایا اس دین کی طرف اور اللہ کی اس ہدایت کو قبول نہیں کیا جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں۔

حل عبارت: ما موصولہ ہے اور به کی ضمیر ما کی طرف راجع ہے۔ اور من الھدی و العلم: ما کا بیان ہے۔ اور ہدایت اور علم دین ایک ہیں، فرق صرف اعتباری ہے ـــــ نَقِيَّة (نون کا زبر، قاف کا زیر اور ی مشدد) کے لغوی معنی ہیں: صاف ستھرا، مراد زرخیز زمین ہے یہ کان کا اسم مؤخر ہے اور منها خبر مقدم ہے .... الكلأ: وہ گھاس جس کو جانور رغبت سے کھاتے ہیں، تر بھی اور خشک بھی، جیسے چری اور جوار باجرے کی گھاس، یہ گھاس خشک ہو کر زرد نہیں پڑتی۔ .... العُشْب: وہ گھاس جو تر ہو تو جانور کھاتے ہیں اور جب خشک ہوجاتی ہے تو بیکار ہوجاتی ہے، جانور اسے نہیں کھاتے، یہ گھاس خشک ہو کر پیلی پڑ جاتی ہے، ایسی گھاس جنگل میں برسات کے زمانہ میں بہت اگتی ہے اور گیہوں وغیرہ کا کھیت جب نیارتے ہیں تو جو خودرو گھاس ہوتی ہے اس کو چن لیتے ہیں، وہ جب تک ہری رہتی ہے جانور کھاتے ہیں، خشک ہونے کے بعد بیکار ہوجاتی ہے، یہ عُشب ہے، اور وہ بے حساب پیدا ہوتی ہے اس لئے اس کی صفت الكثير لائے ہیں .... أَجَادِب: جَدْب کی خلاف قِیاس جمع ہے، بنجر، نشیب والی زمین جو نہ پانی چوسے نہ گھاس اگائے، مگر پانی روک لے .... قِيْعَانٌ: قَاع کی جمع چٹیل میدان۔

تشریح:

اس حدیث میں تمثیل ہے۔ آنحضور ﷺ جو رشد وہدایت لے کر آئے ہیں اس کی مثال موسلا دھار بارش جیسی ہے جب وہ برستی ہے تو زمین کی تین قسمیں ہوجاتی ہیں:

ایک: زرخیز زمین: جو پانی جذب کرتی ہے اور کلأ اور بہت عُشب اگاتی ہے۔

دوم: بنجر مگر نشیب والی زمین: وہ پانی نہیں پیتی، نہ گھاس اگاتی ہے، مگر پانی روکتی ہے، جس سے دنیا فائدہ اٹھاتی ہے۔

سوم: چٹیل سپاٹ زمین: جس پر سے پانی بہہ جاتا ہے۔

تطبیق: جو بندے ایمان لائے، اور انھوں نے دین وشریعت کا علم حاصل کیا، پھر خود بھی اس پر عمل کیا اور دوسروں کو بھی وہ علم پہنچایا تو وہ پہلی قسم کی زمین کی طرح ہیں۔ اور كَلَأ کا مصداق وہ علماء ہیں جن سے لوگ ان کی حیات میں بھی فائدہ اٹھاتے

ہیں اوران کی وفات کے بعد بھی، ان کے تلامذہ، تصنیفات اور دیگر علمی کاموں سے دیر تک امت فیضیاب ہوتی ہے۔

اور وہ علماء جن کا فیض ان کی زندگی تک رہتا ہے، وفات کے بعد منقطع ہوجاتا ہے اور امت کے صلحاء عُشب کا مصداق ہیں، ان کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے اس لئے اس کی صفت کثیر لائے ہیں۔

اور وہ بندے جو ایمان لائے، اور دین کا فہم حاصل کیا، پھر دوسروں تک دین پہنچایا مگر خود اس پر عمل نہیں کیا وہ أجادب (بنجر، مگر نشیب والی زمین) جیسے ہیں۔ آنحضور ﷺ کے عہد مبارک میں اس قسم کے مسلمان نہیں تھے اس لئے آپؐ نے ان کا تذکرہ چھوڑ دیا ہے۔

اور وہ بندے جنھوں نے ایمان ہی قبول نہیں کیا، وہ چٹیل سپاٹ زمین کی طرح ہیں کہ بارش برسی مگر انھیں کچھ حاصل نہ ہوا، نہ خود فیضاب ہوئے، نہ دوسروں تک فیض پہنچایا۔

جاننا چاہئے کہ آنحضور ﷺ نے صرف پہلے اور تیسرے طائفہ کو مشخص کیا ہے، بیچ والے طائفہ کو چھوڑ دیا ہے، اس لئے شارحین بہت پریشان ہوئے ہیں، ہر شارح نے حدیث کی الگ شرح کی ہے، جیسے سورۃ الاعراف (آیات ۱۶۳-۱۶۶) میں ایک واقعہ آیا ہے، یہود سنیچر کے دن مچھلی پکڑنے کا حیلہ کرتے تھے۔ اس دن مچھلیاں پانی پر تیرتی تھیں، باقی دنوں میں چھپ جاتی تھیں۔ اور یہود کے لئے سنیچر کے دن کام کرنا حرام تھا، چنانچہ انھوں نے یہ حیلہ کیا کہ سمندر کے قریب کھڈے کھود لئے اور ان تک پانی کا راستہ بنالیا، پھر جب سمندر میں جوار بھاٹا آتا تو نالی کے راستے سے پانی کھڈوں میں بھر جاتا اور ساتھ ہی مچھلیاں بھی آجاتیں، پھر اتوار میں ان کو پکڑ لیتے۔

جب بعض یہود نے یہ حیلہ شروع کیا تو لوگ تین حصوں میں منقسم ہوگئے۔ ایک حیلہ کرنے والے، دوم: نصیحت کرنے والے جو ان کو سمجھاتے تھے کہ ایسا مت کرو، سوم: خاموش رہنے والے، جو نہ اس عمل میں شریک تھے نہ ان لوگوں کو منع کرتے تھے، بلکہ نصیحت کرنے والوں کو سمجھاتے تھے کہ ان کے ساتھ مغز پچی کیوں کرتے ہو، یہ ماننے والے نہیں۔

پھر جب عذاب آیا تو حیلہ کرنے والوں کو ذلیل بندر بنادیا گیا، اور ناصحین عذاب سے بچ گئے، اور خاموش رہنے والوں کا تذکرہ قرآن نے چھوڑ دیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ بھی عذاب سے محفوظ رہے، اور قرآن نے ان کا تذکرہ اس لئے چھوڑ دیا کہ ان کے عمل کا استحسان (پسندیدگی) ثابت نہ ہو۔ اسی طرح وہ مؤمن جو دین پڑھے ہوئے ہیں، دوسروں تک دین پہنچاتے بھی ہیں مگر خود اس پر عمل نہیں کرتے اگر ان کا تذکرہ کیا جاتا تو ان کے عمل کا استحسان ثابت ہوتا، حالانکہ شریعت کی نظر میں ان کا عمل قابل ستائش نہیں۔

فائدہ: کچھ لوگ دین کا علم حاصل کرتے ہیں، پھر لوگوں کو فیض بھی پہنچاتے ہیں مگر خود ایمان قبول نہیں کرتے جیسے **المعجم المفهرس لألفاظ الحديث الشريف** کا مصنف یہودی تھا، اس نے سات جلدوں میں یہ کتاب لکھی ہے جو مطبوعہ ہے یہ حدیث کی چودہ کتابوں کا انڈیکس (فہرست) ہے اس سے ایک دنیا استفادہ کرتی ہے مگر وہ یہودی مرا، ایسے

لوگ کس قسم میں داخل ہونگے؟ اس سلسلہ میں میرا رجحان یہ ہے کہ ان کا شمار اجادب میں کیا جا سکتا ہے، اگرچہ آنحضور ﷺ کے پیشِ نظر اس قسم کے لوگ نہیں تھے، بلکہ وہ لوگ تھے جو مؤمن ہیں، علم دین پڑھے ہوئے ہیں، دوسروں کو پڑھاتے ہیں مگر خود عمل نہیں کرتے، ان کو ایک فضیلت (ایمان کی) حاصل ہے۔ اور یہ غیر مسلم ہے، اس لئے اس کو اس قسم میں شامل نہیں کرنا چاہئے حقیقت میں وہ ایک دوسری حدیث کا مصداق ہے، قال: إن الله ينصر هذا الدين بالرجل الفاجر: کبھی اللہ تعالیٰ دین اسلام کی خدمت بدکار آدمی سے بھی لے لیتے ہیں۔

[۲۰-] بابُ فَضْلِ مَنْ عَلِمَ وَعَلَّمَ

[۷۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَثَلُ مَا بَعَثَنِىَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْهُدَى وَالْعِلْمِ كَمَثَلِ الْغَيْثِ الْكَثِيْرِ، أَصَابَ أَرْضاً، فَكَانَ مِنْهَا نَقِيَّةٌ، قَبِلَتِ الْمَاءَ، فَأَنْبَتَتِ الْكَلَأَ وَالْعُشْبَ الْكَثِيْرَ. وَكَانَتْ مِنْهَا أَجَادِبُ، أَمْسَكَتِ الْمَاءَ، فَنَفَعَ اللّٰهُ بِهَا النَّاسَ، فَشَرِبُوْا، وَسَقَوْا وَزَرَعُوْا، وَأَصَابَ مِنْهَا طَائِفَةً أُخْرَى، إِنَّمَا هِىَ قِيْعَانٌ، لَا تُمْسِكُ مَاءً وَلَا تُنْبِتُ كَلَأً.

فَذٰلِكَ مَثَلُ مَنْ فَقُهَ فِىْ دِيْنِ اللّٰهِ، وَنَفَعَهُ بِمَا بَعَثَنِىَ اللّٰهُ بِهِ، فَعَلِمَ وَعَلَّمَ، وَمَثَلُ مَنْ لَمْ يَرْفَعْ بِذٰلِكَ رَأْسًا، وَلَمْ يَقْبَلْ هُدَى اللّٰهِ الَّذِىْ أُرْسِلْتُ بِهِ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ إِسْحَاقُ، عَنْ أَبِىْ أُسَامَةَ: وَكَانَ مِنْهَا طَائِفَةٌ قَيَّلَتِ الْمَاءَ.

قَاعٌ: يَعْلُوْهُ الْمَاءُ، وَالصَّفْصَفُ: الْمُسْتَوِىُّ مِنَ الْأَرْضِ.

وضاحت: یہ حدیث اسحاق بن راہویہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ اس میں قَبِلَتِ الْمَاءَ کی جگہ قَيَّلَتِ الْمَاءَ ہے، اللہ جانیں یہ کیا لفظ ہے۔ عام طور پر شارحین اس کو تصحیف قرار دیتے ہیں، صحیح لفظ قبلت ہے، کتابت میں ایسی غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ ایک طالب علم نے شعبہ اور سفیان ثوری رحمہما اللہ سے پڑھا تھا، اس کی کاپی میں شعبة کا سبعة ہو گیا، اور سفیان کا سبعین۔ پس جب وہ روایت کرتا تو عن سبعة و سبعين کہتا جو تصحیف تھی۔

جاننا چاہئے کہ بخاری شریف میں جہاں بھی اسحاق مطلق آتا ہے تو اسحاق بن راہویہ مراد ہوتے ہیں (فتح)

قیعان: کا مفرد قاعٌ ہے، اور قاع: ایسے میدان کو کہتے ہیں جس پر پانی چڑھ کر آگے گذر جائے یعنی چٹیل سپاٹ میدان، یہ لفظ سورۂ طٰہٰ میں آیا ہے: ﴿فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا﴾: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ساری زمین کو چٹیل ہموار میدان بنا دیں گے، الصَّفْصَفَ کے معنی ہیں: ہموار زمین۔

فائدہ: امام بخاری رحمہ اللہ کی عادت ہے کہ حدیث میں کوئی مشکل لفظ آتا ہے تو اس کے معنی بیان کرتے ہیں، پھر

اگر وہ لفظ قرآنِ کریم میں آیا ہے تو جس آیت میں وہ لفظ آیا ہے اس میں اگر کوئی اور لفظ مشکل ہوتا ہے تو اس کے بھی معنی بیان کرتے ہیں۔

بابُ رَفْعِ الْعِلْمِ وَظُهُوْرِ الْجَهْلِ

علم کے اٹھنے اور جہل کے پھیلنے کا بیان

پڑھنے کے بعد پڑھانا اس لئے ضروری ہے کہ اگر یہ سلسلہ جاری نہیں رہے گا تو علم اٹھ جائے گا اور جہالت پھیل جائے گی۔ آج پورا ملک علماء سے بھرا پڑا ہے، مگر جگہ جگہ غیر مقلدین کا فتنہ سر ابھار رہا ہے۔ قادیانی اچھل کود کر رہے ہیں، جماعت اسلامی کے لوگ دندناتے پھر رہے ہیں۔ رضا خانی لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں مگر کوئی فاضل ان سے لوہا لینے والا نہیں، کوئی ایسا نہیں جو ان کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کرے، ہاں چند حضرات ہیں، مگر وہ ایک انار سو بیمار کی مثال ہیں، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے فضلاء فارغ ہو جاتے ہیں، زندگی بھر کسی موضوع کے پیچھے لگے نہیں رہتے، اس صورتِ حال نے گمراہ فرقوں کو پھیلنے کا موقع دیا اس لئے فارغ اور فاضل کا تصور ذہن سے نکال دو اور کام میں لگو۔ اگر ایسا نہیں کروگے تو علم اٹھ جائے گا اور زمین گمراہی سے بھر جائے گی۔

حضرت ربیعۃ الرائے جو بہت بڑے محدث وفقیہ ہیں اور امام مالک رحمہ اللہ کے استاذ ہیں: فرماتے ہیں: جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے کچھ بھی علم دیا ہے اس کے لئے مناسب نہیں کہ وہ اپنے آپ کو ضائع کرے، اور خود کو ضائع کرنا یہ ہے کہ پڑھ کر فارغ ہو جائے پس جو تھوڑا بہت علم حاصل کیا تھا وہ بھی ضائع ہو جائے گا۔ لٰہذا یہاں سے نکلنے کے بعد پڑھنا جاری رکھو، قطرہ قطرہ دریا شود، پڑھتے رہوگے تو بڑھتے رہوگے۔ اور لوگوں کو فیض پہنچاؤ، فیض پہنچانے کی بہت سی شکلیں ہیں، کسی عربی مدرسہ میں پڑھانا ہی ضروری نہیں، اور بھی طریقے ہیں، کسی بھی طریقے سے اپنا علمی سفر جاری رکھو۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے کہ علم اٹھا لیا جائے اور جہالت جم جائے، اور شراب پی جائے اور زنا عام ہو جائے۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں تمہیں ایک ایسی حدیث سناتا ہوں جو میرے بعد تمہیں کوئی نہیں سنائے گا، میں نے نبی پاک ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ (۱) علم کم ہو جائے (۲) جہل ظاہر ہو جائے (۳) زنا پھیل جائے (۴) عورتیں زیادہ ہو جائیں اور مرد کم ہو جائیں، یہاں تک کہ پچاس عورتوں کا ذمہ دار ایک مرد ہو۔

تشریح:

پہلے اشراط اور آیات کا فرق بتایا تھا کہ قیامت کی بڑی نشانیوں کو آیات کہتے ہیں اور چھوٹی نشانیوں کو اشراط، ان

حدیثوں میں چند چھوٹی نشانیوں کا ذکر ہے............اور یَرفع العلم، ویثبت الجھل میں چولی دامن کا ساتھ ہے، اسی طرح تشرب الخمر، ویظھر الزناء: میں بھی ربط ہے۔

یہ دونوں حدیثیں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہیں، پہلی حدیث میں أن یُرْفع العلم ہے اور دوسری میں أن یقل العلم، یہ روایت بالمعنی ہے، دورِاول میں روایت بالمعنی ہوتی تھی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ میں وفات پانے والے صحابہ میں آخری صحابی ہیں، اس لئے آپؓ نے فرمایا کہ نبی ﷺ سے یہ حدیث سننے والا اب میرے علاوہ کوئی باقی نہیں رہا۔

اور پچاس عورتوں کا ذمہ دار ایک مرد ہوگا، اس کی کیا صورت ہوگی یہ بات ابھی نہیں بتائی جاسکتی۔ یا تو مرد جنگوں میں مارے جائیں گے، اس لئے یہ صورتِ حال ہوجائے گی یا لڑکیوں کی شرح پیدائش بڑھ جائے گی، یا کوئی اور وجہ ہوگی، بہرحال وقت پر ہی اس کی وجہ معلوم ہوگی۔ قبل از وقت کچھ کہنا مشکل ہے۔

[۲۱-] بابُ رَفْعِ الْعِلْمِ وَظُهُوْرِ الْجَهْلِ

وَقَالَ رَبِيْعَةُ: لاَيَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ عِنْدَهُ شَيْئٌ مِنَ الْعِلْمِ أَنْ يُضَيِّعَ نَفْسَهُ.

[۸۰-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَبِيْ التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ: أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَثْبُتَ الْجَهْلُ، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَيَظْهَرَ الزِّنَاءُ" [انظر: ۸۱، ۵۲۳۱، ۵۵۷۷، ۶۸۰۸]

[۸۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَأُحَدِّثَنَّكُمْ حَدِيْثًا لاَ يُحَدِّثُكُمْ أَحَدٌ بَعْدِيْ، سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ: أَنْ يَقِلَّ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَيَظْهَرَ الزِّنَاءُ، وَتَكْثُرَ النِّسَاءُ، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَأَةً الْقَيِّمُ الْوَاحِدُ" [راجع: ۸۰]

بابُ فَضْلِ الْعِلْمِ

علم کی فضیلت کا بیان

یہاں ایک اشکال ہے: کتاب العلم کے شروع میں بالکل یہی باب آچکا ہے، پھر یہ باب مکرر کیوں لائے؟ حاشیہ میں اس کے دو جواب دیئے ہیں:

پہلا جواب: کتاب العلم کے شروع میں جو باب ہے وہ بعض نسخوں میں ہے، اکثر نسخوں میں نہیں ہے، اور یہ

جواب راجح ہے اس لئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ ہر کتاب کے شروع میں آیات لکھتے ہیں۔ اور پوری کتاب کی حدیثیں انہی آیات کی تفسیر ہوتی ہیں، کتاب العلم کے شروع میں بھی امام بخاریؒ نے دو آیتیں لکھی ہیں وہاں باب نہیں ہے۔

اور دوسرا جواب: یہ ہے کہ وہاں علماء کی فضیلت کا بیان تھا اور یہاں علم کی فضیلت کا بیان ہے، وہاں حضرت رحمہ اللہ نے جو دو آیتیں لکھی ہیں ان میں علماء کی فضیلت ہے، اور اب علم کی فضیلت بیان کرتے ہیں، اور اتنا معمولی فرق امام بخاریؒ کے نزدیک نیا باب قائم کرنے کے لئے کافی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دریں اثناء کہ میں سویا ہوا تھا میرے پاس دودھ کا ایک پیالہ لایا گیا، میں نے اس کو پیا یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ سیرابی میرے ناخنوں سے نکل رہی ہے (یہ عربی محاورہ ہے اور اردو محاورہ ہے: میرا رواں رواں سیراب ہوگیا) پھر میں نے اپنا بچا ہوا عمر کو دیا۔ صحابہ نے پوچھا: اس کی تعبیر کیا ہے اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: علم!

تشریح:

آنحضور ﷺ کے بعد امت میں سب سے اونچا علمی مقام حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہے، اور یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی جزئی فضیلت ہے اس سے ان کی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر برتری لازم نہیں آتی، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے ازالۃ الخفاء میں ایک مستقل رسالہ اقوالِ عمر کے نام سے لکھا ہے اگر اس کو علاحدہ کردیا جائے تو دو سو صفحے کی کتاب تیار ہوجائے گی۔ اتنی زیادہ رائیں حضرت عمرؓ سے مروی ہیں اگرچہ روایت حدیث میں حضرت ابو ہریرہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہما بڑھے ہوئے ہیں، مگر وہ ان کا اپنا علم نہیں، بلکہ آنحضور ﷺ کے ارشادات ہیں۔

اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے حدیثیں بھی کم مروی ہیں اور فقہی آراء بھی۔ اور وجہ اس کی یہ ہے کہ آپؓ کا انتقال جلدی ہوگیا ہے، اس لئے ان سے مرویات کم ہیں، تاہم اگر یہ بات کہیں کہ یہ حضرت عمرؓ کی جزئی فضیلت ہے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں، اس لئے کہ جزئی فضیلت کلی فضیلت سے معارض نہیں ہوتی۔

اور پہلے میں نے اس کی مثال دی ہے کہ ایک طالب علم دورے میں اول آیا مگر ترمذی شریف میں اس کے پینتالیس نمبر ہیں اور ایک دوسرے طالب علم کے پچاس نمبر ہیں مگر وہ اول نہیں آیا تو یہ جزئی فضیلت ہے اور کلی فضیلت اس کو حاصل ہے جو اول آیا ہے۔

باب سے مناسبت: آنحضور ﷺ نے اپنا بچا ہوا دودھ یعنی علم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عنایت فرمایا، اس سے علم کی فضیلت ثابت ہوئی۔

[۲۲-] بابُ فَضْلِ الْعِلْمِ

[۸۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ حَتّٰى إِنِّيْ لَأَرَى الرِّيَّ يَخْرُجُ فِيْ أَظْفَارِيْ، ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِيْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" الْعِلْمَ" [انظر: ۳۶۸۱، ۷۰۰۶، ۷۰۰۷، ۷۰۲۷، ۷۰۳۲]

قوله: العلمَ: بر بنائے مفعول منصوب ہے أی أَوَّلْتُ الْعِلْمَ۔

بابُ الْفُتْيَا وَهُوَ وَاقِفٌ عَلٰى ظَهْرِ الدَّابَّةِ أَوْ غَيْرِهَا

سواری وغیرہ کی پیٹھ سے فتوی دینا

مسئلہ بتاتے وقت سائل اور مسئول کا ایک لیول پر ہونا ضروری نہیں۔ اگر سائل زمین پر ہو اور مفتی اونٹ وغیرہ پر، تو اس میں کچھ حرج نہیں، یا سائل بلند جگہ ہو اور مفتی نیچے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منی میں لوگوں کے لئے کھڑے ہوئے تا کہ لوگ آپؐ سے مسائل پوچھیں، چنانچہ آپؐ کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا: مجھے خیال نہیں رہا اور میں نے قربانی سے پہلے سر منڈا لیا؟ آپؐ نے فرمایا: اب قربانی کرلو کوئی حرج نہیں۔ دوسرا شخص آیا اس نے کہا: مجھے خیال نہیں رہا اور میں نے رمی سے پہلے قربانی کرلی، آپؐ نے فرمایا: اب رمی کرلو کوئی حرج نہیں! حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: اس دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جس نے بھی تقدیم وتاخیر کے بارے میں پوچھا آپؐ نے یہی جواب دیا کہ جو کام رہ گیا ہے وہ کرلو، کوئی حرج نہیں۔

تشریح:

ذی الحجہ کی دس تاریخ کو منی میں چار کام کرنے ہوتے ہیں: پہلے رمی، پھر قربانی، پھر سر منڈا کر یا زلفیں بنوا کر احرام کھولنا، پھر طواف زیارت کرنا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مناسک اسی ترتیب سے ادا فرمائے ہیں۔ اور یہی ترتیب صحابہ کو بتائی گئی تھی۔ اب اختلاف ہوا کہ ان میں ترتیب واجب ہے یا سنت؟

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک قارن اور متمتع پر رمی، ذبح اور حلق میں ترتیب واجب ہے، تقدیم وتاخیر کی صورت میں دم واجب ہوگا، اور طواف زیارت میں ترتیب واجب نہیں، البتہ مسنون یہ ہے کہ مناسک ثلاثہ کے بعد طواف زیارت کرے، اور مفرد پر چونکہ قربانی واجب نہیں اس لئے اس پر صرف رمی اور حلق میں ترتیب واجب ہے، احناف کے

یہاں فتوی اسی پر ہے، اور ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک مذکورہ چاروں مناسک میں ترتیب سنت ہے، پس تقدیم وتاخیر کی صورت میں کوئی دم واجب نہیں۔

مذکورہ حدیث سے جمہور نے استدلال کیا ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر دونوں سائل مفرد تھے تو ان پر قربانی واجب نہیں تھی، پس ان کے لئے رمی سے پہلے قربانی اور قربانی سے پہلے حلق جائز تھا۔

علاوہ ازیں لاحرج والی روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے (رواہ البخاری، مشکوۃ حدیث ۲۶۵۶) پھر ابن عباسؓ کا فتوی تھا: مَن قَدَّمَ شَيْئًا مِنْ حَجِّه أَوْ أَخَّرَه فَلْيُهْرِقْ لِذٰلِكَ دَمًا: یعنی جو مناسک میں تقدیم وتاخیر کردے اس کو چاہئے کہ دم دے (اعلاء السنن ۱۰: ۵۹) لہٰذا اب لاحرج والی روایت میں تاویل ضروری ہوگی اس لئے کہ راوی اپنی روایت کے خلاف فتوی نہیں دے سکتا۔

اور تاویل یہ ہے کہ مذکورہ بالا حدیث میں تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، جب کوئی نیا مسئلہ بتایا جاتا ہے تو فوری طور پر جو الجھن پیش آتی ہے اس میں شریعت سہولت دیتی ہے، ترمذی (حدیث ۱۴۹۶) میں حدیث ہے: حضور اقدس ﷺ نے عید قربان کے دن تقریر فرمائی اور (پہلی مرتبہ) یہ مسئلہ بیان کیا کہ تم میں سے کوئی قربانی نہ کرے جب تک عید کی نماز نہ ہوجائے۔ حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے ماموں کھڑے ہوئے، انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ ایسا دن ہے جس میں گوشت ناپسند ہوجاتا ہے، یعنی شروع میں تو لوگ رغبت سے گوشت کھاتے ہیں مگر جب ہر طرف گوشت ہوجاتا ہے تو طبیعت گوشت سے ہٹ جاتی ہے، اس لئے میں نے جلدی قربانی کرلی تاکہ گھر والے اور پڑوسی رغبت سے گوشت کھائیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''آپ اپنی قربانی دوبارہ کریں'' انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے پاس بکری کا ایک بچہ ہے جو گھر کی بکری کے دودھ سے پلا ہے، وہ قصائی کی دو بکریوں سے اچھا ہے، تو کیا میں اس کی قربانی کرسکتا ہوں؟ آپؐ نے اجازت دی اور فرمایا: لاتُجْزِئُ جَذَعَةٌ بعدك: یہ سہولت صرف آپ کے لئے ہے، آپ کے بعد کسی اور کے لئے جذع (ایک سال سے کم عمر کی بکری) کی قربانی جائز نہیں۔

اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جب نیا قانون بنتا ہے اس وقت جو الجھن پیش آتی ہے اس میں شریعت سہولت دیتی ہے، یہی تشریع کے وقت کی ترخیص ہے۔

اسی طرح اگرچہ مناسک کی ترتیب سمجھادی گئی تھی مگر عدم مزاولت سے خلاف ورزی ہوگئی، تو آپؐ نے درگذر فرمایا اور کفارہ کا حکم نہیں دیا (مزید تفصیل کتاب الحج میں آئے گی)

[۲۳-] بابُ الْفُتْيَا وَهُوَ وَاقِفٌ عَلٰى ظَهْرِ الدَّابَّةِ أَوْ غَيْرِهَا

[۸۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَقَفَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِمِنًى لِلنَّاسِ يَسْأَلُوْنَهُ، فَجَاءَ هُ رَجُلٌ فَقَالَ: لَمْ أَشْعُرْ فَحَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ؟ قَالَ: "اذْبَحْ وَلاَ حَرَجَ" فَجَاءَ آخَرُ فَقَالَ: لَمْ أَشْعُرْ فَنَحَرْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ؟ قَالَ: "ارْمِ وَلاَ حَرَجَ" قَالَ: فَمَا سُئِلَ النبيُّ صلی الله علیه وسلم عَنْ شَيْئٍ قُدِّمَ وَلاَ أُخِّرَ إِلَّا قَالَ: افْعَلْ وَلاَ حَرَجَ. [انظر: ۱۲۴، ۱۷۳۶، ۱۷۳۷، ۱۷۳۸، ۶۶۶۵]

بابُ مَنْ أَجَابَ الْفُتْيَا بِإِشَارَةِ الْيَدِ وَالرَّأْسِ

ہاتھ یا سر کے اشارہ سے مسئلہ بتانا

فتوی دینے کے لئے منہ سے بولنا ضروری نہیں، آنکھ سے، ہاتھ سے یا سر کے اشارۂ مفہمہ سے بھی جس کو مستفتی سمجھ لے جواب دے سکتے ہیں۔ اس باب میں تین حدیثیں ہیں:

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے حجۃ الوداع کے موقع پر سوالات کئے گئے، ایک شخص نے پوچھا: میں نے رمی سے پہلے قربانی کر لی تو آپؐ نے ہاتھ کے اشارہ سے فرمایا: کوئی حرج نہیں، دوسرے شخص نے پوچھا: میں نے قربانی سے پہلے سر منڈا لیا؟ آپؐ نے اشارہ فرمایا: کوئی حرج نہیں۔

تشریح: اشارے قوموں کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں، جیسے ہمارے یہاں اگر کوئی انگوٹھا دکھائے تو گالی سمجھی جاتی ہے، اور یورپ اور امریکہ میں شکریہ ہے، پس حضور اقدس ﷺ نے کس طرح اشارہ فرمایا تھا یہ بات میں نہیں سمجھا جا سکتا، کیونکہ اس سلسلہ میں حدیث میں کوئی اشارہ نہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (آئندہ) ''علم اٹھا لیا جائے گا، اور جہالت اور فتنے پھیل جائیں گے، اور ہرج بڑھ جائے گا'' صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! ہرج کیا ہے؟ آپؐ نے اس طرح ہاتھ سے اشارہ کیا، پس ہاتھ کو ٹیڑھا کیا گویا آپؐ قتل مراد لے رہے ہیں۔

لغت: هَرَجَ الْقَوْمُ يَهْرِجُ هَرْجًا: لوگوں کا فتنہ وفساد اور قتل وقتال میں مبتلا ہونا۔ اردو میں اس کو ہرج مرج یعنی شورش وبلوی کہتے ہیں۔

تشریح: اور علم اٹھا لئے جانے کا مطلب یہ ہے کہ علم کی گرم بازاری ختم ہو جائے گی۔ لوگ فتنوں میں پڑ جائیں گے، اور فتنے بڑھ کر بلوے کی شکل اختیار کر لیں گے، صحابہ کرامؓ ہرج کی مراد نہیں سمجھے تھے اس لئے سوال کیا، آپؐ نے ہاتھ ٹیڑھا کر کے جواب دیا کہ قتل مراد ہے یہی ٹکڑا باب سے متعلق ہے۔

[۲۴-] بابُ مَنْ أَجَابَ الْفُتْيَا بِإِشَارَةِ الْيَدِ وَالرَّأْسِ

[۸۴-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النبيَّ

صلی اللہ علیه وسلم سُئِلَ فِیْ حَجَّتِهِ، فَقَالَ: ذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِیَ؟ فَأَوْمَأَ بِیَدِهِ، قَالَ:" وَلاَ حَرَجَ" وَقَالَ: حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ؟ فَأَوْمَأَ بِیَدِهِ: " وَلاَ حَرَجَ" [انظر: ۱۷۲۱،۱۷۲۲، ۱۷۲۳، ۱۷۳٤، ٦٦٦٦]

[۸۵-] حدثنا الْمَكِّیُّ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: أَنَا حَنْظَلَةُ، عَنْ سَالِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَیْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" یُقْبَضُ الْعِلْمُ، وَیَظْهَرُ الْجَهْلُ وَالْفِتَنُ، وَیَكْثُرُ الْهَرْجُ" قِیْلَ: یَارسولَ اللّٰهِ! وَمَا الْهَرْجُ؟ فَقَالَ: هٰكَذَا بِیَدِهِ، فَحَرَّفَهَا كَأَنَّهُ یُرِیْدُ الْقَتْلَ.

[انظر: ۱۰۳٦، ۱٤۱۲، ۳٦۰۸، ٤٦۳۵، ٤٦۳٦، ٦۰٤۷، ٦۵۰٦، ۷۰٦۱، ۷۱۱۵، ۷۱۲۱]

حدیث (۳): صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بڑی صاحبزادی حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئی درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہی تھیں۔ میں نے ان سے پوچھا: لوگوں کا کیا حال ہے؟ انھوں نے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔ پس اچانک لوگ کھڑے تھے یعنی نماز پڑھ رہے تھے۔ حضرت عائشہؓ نے کہا: سبحان اللہ! یعنی میں نماز پڑھ رہی ہوں، کیسے بولوں! میں نے پوچھا: کوئی نشانی ظاہر ہوئی ہے؟ انھوں نے سر کے اشارہ سے کہا: ہاں! پس میں بھی نماز میں کھڑی ہوگئی، یہاں تک کہ مجھ پر غشی طاری ہوگئی، یعنی گرمی کی شدت کی وجہ سے بے ہوش ہونے کے قریب ہوگئی، میں اپنے سر پر پانی ڈالتی تھی (نماز کے بعد نبی ﷺ نے تقریر فرمائی) پہلے اللہ عزوجل کی حمد وثنا کی پھر فرمایا: ''کوئی چیز باقی نہیں رہی جس کو میں نے (معراج میں) نہیں دیکھا تھا، مگر میں نے اس کو اس جگہ دیکھ لیا یہاں تک کہ جنت وجہنم کو بھی دیکھ لیا، پھر میری طرف وحی کی گئی کہ تم اپنی قبروں میں آزمائشوں میں مبتلا کئے جاؤ گے دجال کے فتنہ کی طرح یا اس کے لگ بھگ! راوی کہتا ہے: مجھے لفظ مثل اور قریب میں شک ہے کہ حضرت اسماءؓ نے کونسا لفظ بولا تھا اس (مقبور) سے پوچھا جائے گا: ان (محمد ﷺ) کے بارے میں تو کیا جانتا تھا؟ پس رہا مؤمن یا فرمایا مُوقن —— راوی کو شک ہے کہ حضرت اسماء نے کونسا لفظ کہا تھا —— تو وہ کہے گا: یہ محمد ﷺ ہیں، جو اللہ کے رسول ہیں۔ ہمارے پاس واضح نشانیاں اور ہدایت لے کر آئے، پس ہم نے ان کی دعوت قبول کی اور ہم نے ان کی پیروی کی۔ وہ محمد ﷺ ہیں، یہ بات بطور تاکید تین مرتبہ کہے گا۔ پس اس سے کہا جائے گا: آرام سے سوجا، ہم پہلے سے جانتے تھے کہ تو ان پر یقین رکھتا ہے۔

اور رہا منافق یا کہا مُرتاب —— راوی کہتا ہے: مجھے نہیں معلوم کہ حضرت اسماءؓ نے کونسا لفظ بولا تھا —— کہے گا، میں کچھ نہیں جانتا، میں نے لوگوں کو کچھ کہتے سنا تھا سو میں نے بھی کہا تھا کہ یہ اللہ کے رسول ہیں۔

تشریح:

۱- اس حدیث میں تقدیم وتاخیر ہے، واقعہ کی صحیح نوعیت یہ ہے کہ مدنی دور میں سورج گہن ہوا جس میں سورج

آدھے سے زیادہ پکڑا گیا، یہ گہن صبح تقریباً آٹھ نو بجے کے درمیان ہوا تھا اور مغرب سے پہلے جیسی صورت ہوتی ہے ویسی صورت ہوگئی۔ یہ واقعہ سن ۱۰ ہجری کا ہے۔

جب سورج گہن شروع ہوا تو حضور اکرم ﷺ نے اعلان کرایا: الصلوۃ جامعۃٌ: یعنی جامع مسجد چلو جماعت ہورہی ہے، یہ اعلان سن کر مدینہ امنڈ آیا۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بھی آئیں، اس وقت مسجد نبوی میں جماعت ہورہی تھی۔ حضرت عائشہؓ اپنے حجرہ سے اقتداء کررہی تھیں، حضرت اسماءؓ نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا: کیا بات پیش آئی؟ یہ بے وقت کی نماز کیسی؟ حضرت عائشہؓ نے منہ سے سبحان اللہ کہا یعنی میری نیت بندھ رہی ہے، کیسے بولوں؟ اور شہادت کی انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔

حضرت اسماءؓ نے پوچھا: کیا کوئی نشانی ظاہر ہوئی ہے؟ حضرت عائشہؓ نے سر کے اشارہ سے کہا: ہاں، (یہی ٹکڑا باب سے متعلق ہیں) حضرت اسماءؓ بھی شریک جماعت ہوگئیں چونکہ گرمی شدید تھی، اس وجہ سے ان پر بیہوشی کی سی کیفیت طاری ہوئی تو ان کے برابر برتن میں پانی رکھا تھا وہ اس میں سے پانی لے کر اپنے اوپر ڈالتی تھیں تا کہ گرمی سے کچھ راحت ملے، اور بے ہوشی آگے نہ بڑھے۔

۲-نماز کے بعد آنحضور ﷺ نے ایک مختصر تقریر فرمائی جس میں ایک بات یہ فرمائی کہ سورج اور چاند کسی کی موت یا حیات کی وجہ سے نہیں گہناتے، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ مخلوق کو دکھاتے ہیں، اور یہ بات خاص طور پر اس لئے فرمائی کہ زمانۂ جاہلیت سے یہ تصور چلا آرہا تھا کہ جب کوئی بڑا حادثہ پیش آتا ہے تو کائنات بھی سوگ مناتی ہے، جس دن سورج گہنایا تھا اس سے ایک دن پہلے آنحضور ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیمؓ کا انتقال ہوا تھا، اس لئے لوگوں میں یہ باتیں چلیں کہ آج سورج نے سوگ منایا۔ حضور اقدس ﷺ نے اس باطل خیال کی تردید فرمائی۔ یہ مضمون یہاں نہیں ہے کسوف کی دیگر حدیثوں میں ہے۔

۳-اور دوسرا مضمون یہ بیان فرمایا کہ ہر شخص قبر میں آزمائش سے دوچار ہوگا، جیسے خروج دجال کے وقت ہر شخص آزمائش میں مبتلا ہوگا، جب دجال کا ظہور ہوگا تو وہ ایسی ایسی کرامتیں دکھائے گا کہ مؤمنین مشکل میں پڑ جائیں گے، قبر کی آزمائش بھی اسی طرح کی ہولناک آزمائش ہے، جب میت قبر میں رکھ دی جاتی ہے تو دو فرشتے آتے ہیں منکر نکیر، منکر کے معنی ہیں: اوپرا، نامانوس۔ اور نکیر: فعیل کا وزن ہے وہ بھی مُنْکَر (اسم مفعول) کے معنی میں ہے۔ اس طرح فرشتے کافر میت کے پاس آتے ہیں، ان کی آنکھیں نیل گوں ڈراؤنی ہوتی ہیں اور یہ آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا مضمون یہ ہے کہ مسلمان میت کے پاس فرشتے نہایت خوبصورت مانوس شکل میں آتے ہیں ان کے نام مُبشِّر اور بشیر ہیں۔ مُبَشِّر (اسم فاعل) کے معنی ہیں: خوشخبری سنانے والا، اور بشیر (فعیل کا وزن) مُبَشِّر ہی کے معنی میں ہے، وہ میت سے تین سوال کرتے ہیں: تیرا رب کون ہے؟ تیرا دین کیا ہے؟ پھر آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جاتی ہے اور پوچھا جاتا ہے

کہ یہ بزرگ کون ہے؟

جاننا چاہئے کہ قبر کی دنیا میں آڑ اور پہاڑ نہیں، اور فاصلے بھی نہیں، یہ سب چیزیں ہماری اس دنیا میں ہیں، پس ہر میت اپنی جگہ سے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کرے گی۔

پھر مؤمن تمام سوالوں کے جواب صحیح صحیح دے گا، آنحضور ﷺ کے بارے میں کہے گا: یہ محمد ﷺ ہیں، اور یہ اللہ کے رسول ہیں، ہمارے پاس رشد وہدایت لے کر آئے، ہم نے ان کی دعوت قبول کی، اور ان کی پیروی کی۔

اور کافر یا منافق کو جب آپؐ کی زیارت کرائی جائے گی تو وہ ہر سوال کے جواب میں ہاہا کرے گا اور جواب دے گا: میں ان کے بارے میں کچھ نہیں جانتا، لوگ ان کو اللہ کا رسول کہتے تھے: میں بھی کہتا تھا۔ یہ جواب قرینہ ہے کہ حدیث میں صحیح لفظ منافق ہے اس لئے کہ وہی منافقانہ محمد رسول اللہ کہتا تھا۔

۴- قبر میں کافر سے سوال ہوگا یا نہیں؟ بعض کی رائے ہے کہ کافر سے سوال نہیں ہوگا، مرتے ہی اس پر عذاب شروع ہوجائے گا، کیونکہ حدیثوں میں لفظ منافق آیا ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ کافر سے بھی سوال ہوگا۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے ذریعہ جو دین بھیجا ہے اگلی دنیا میں داخلہ امتحان ہوگا کہ آدمی اس دین کو لے کر آیا ہے یا تہی دست آیا ہے، پس ہر شخص سے سوال ہوگا۔ واللہ اعلم

فائدہ: آنحضور ﷺ نے جب صلوٰۃ کسوف پڑھائی تو غیب کے درمیان جو پردے حائل تھے سب ہٹا دیئے گئے، چنانچہ جدار قبلی میں جنت وجہنم آپؐ کو نظر آئیں، بخاری میں حدیث (نمبر ۱۰۵۲) آرہی ہے، آنحضور ﷺ کبھی نماز میں قبلہ کی طرف بڑھے اور ہاتھ بڑھایا گویا کچھ لینا چاہتے ہیں اور کبھی پیچھے ہٹ آئے، یہاں تک کہ پہلی صف سے مل گئے۔ نماز کے بعد صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! یہ کیا کیفیت تھی؟ آپؐ نے فرمایا: نماز میں میرے سامنے جنت اور جہنم پیش کی گئیں۔ جب جنت سامنے آئی تو میں آگے بڑھا تاکہ تمہارے لئے انگور کا ایک خوشہ لے لوں۔ اگر میں خوشہ لے لیتا تو تم رہتی دنیا تک اس کو کھاتے۔ پھر جب میرے سامنے جہنم آئی تو مجھے اتنی گرمی محسوس ہوئی کہ میں پیچھے ہٹ آیا۔

نوٹ: یہ حدیث آگے بار بار آئے گی، یہاں اچھی طرح سمجھ لیں۔

[۸۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ فَاطِمَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: أَتَيْتُ عَائِشَةَ وَهِيَ تُصَلِّيْ، فَقُلْتُ: مَا شَأْنُ النَّاسِ؟ فَأَشَارَتْ إِلَى السَّمَاءِ، فَإِذَا النَّاسُ قِيَامٌ، فَقَالَتْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، قُلْتُ: آيَةٌ، فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا: أَيْ نَعَمْ، فَقُمْتُ حَتّٰى عَلَانِيَ الْغَشْيُ، فَجَعَلْتُ أَصُبُّ عَلٰى رَأْسِيْ الْمَاءَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: "مَا مِنْ شَيْئٍ لَمْ أَكُنْ أُرِيْتُهُ إِلَّا رَأَيْتُهُ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا، حَتّٰى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، فَأُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُوْنَ فِيْ قُبُوْرِكُمْ مِثْلَ أَوْ: قَرِيْبًا - لَا أَدْرِيْ أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ - مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، يُقَالُ: مَا عِلْمُكَ بِهٰذَا الرَّجُلِ؟ فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ أَوْ: الْمُوْقِنُ - لَا أَدْرِيْ

أَيُّهُمَا قَالَتْ أَسْمَاءُ – فَيَقُوْلُ: هُوَ مُحَمَّدٌ، هُوَ رَسولُ اللّٰهِ، جَاءَ نَا بِالبَيِّنَاتِ وَالْهُدَى، فَأَجَبْنَاهُ وَاتَّبَعْنَاهُ، هُوَ مُحَمَّدٌ – ثَلاَثًا – فَيُقَالُ: نَمْ صَالِحًا، قَدْ عَلِمْنَا إِنْ كُنْتَ لَمُوْقِنًا بِهِ، وَأَمَّا الْمُنَافِقُ أَوْ الْمُرْتَابُ – لاَ أَدْرِيْ أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ – فَيَقُوْلُ: لاَ أَدْرِيْ! سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ شَيْئًا فَقُلْتُهُ“

[انظر: ۱۸٤، ۹۲۲، ۱۰۵۳، ۱۰٥٤، ۱۰٦۱، ۱۲۳٥، ۱۳۷۳، ۲٥۱۹، ۲٥۲۰، ۷۲۸۷]

بابُ تَحْرِيْضِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلٰى أَنْ يَّحْفَظُوْا الإِيْمَانَ وَالْعِلْمَ وَيُخْبِرُوْا مَنْ وَرَاءَ هُمْ

وفدعبدالقیس کو نبی ﷺ نے ترغیب دی کہ ایمان وعلم کی باتیں محفوظ کریں اور قبیلہ کے لوگوں کو پہنچائیں

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ مدرسہ میں جو کچھ پڑھتے ہیں وہ ان کی جاگیر نہیں، امانت ہے، پس ضروری ہے کہ اس کو امت تک پہنچائیں۔ حضور اقدس ﷺ نے وفد عبدالقیس کو چار باتوں کا حکم دیا تھا اور شراب کے چار برتنوں کی ممانعت کی تھی، پھر فرمایا کہ میری ان باتوں کو اچھی طرح یاد کرلو، اور قبیلہ کے جو لوگ پیچھے ہیں ان کو پہنچاؤ، تحصیل علم کا یہی مقصد ہے۔ قرآنِ کریم میں ہے: ﴿وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ﴾: چاہئے کہ ہر قبیلہ میں سے کچھ لوگ دین کی سمجھ حاصل کرنے کے لئے نکلیں، پھر علم حاصل کر کے قبیلہ کی طرف لوٹیں، اور ان کو عذاب آخرت سے ڈرائیں، تاکہ وہ دین کی مخالفت سے باز آجائیں، اور آخرت کی تیاری میں لگ جائیں۔ یہ علماء کا فرض منصبی ہے۔

اور پہلے میں نے بتایا ہے کہ امام بخاریؒ کے نزدیک وفدعبدالقیس کی حدیث میں ایمان اصل ہے اور باقی چار باتیں اسی کی وضاحت ہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ ترجمہ میں لفظ ایمان لائے ہیں اور باقی باتوں کو علم میں شامل کیا ہے۔

روایت: حضرت مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ اور ان کے چچازاد بھائی دین سیکھنے کے لئے مدینہ منورہ آئے، بیس دن قیام کیا پھر جب نبی ﷺ نے محسوس کیا کہ ان کو گھر یاد آرہا ہے تو آپؐ نے ان کو لوٹنے کی اجازت دی اور تاکید فرمائی کہ تم نے جو علم حاصل کیا ہے گھر جا کر قبیلہ والوں کو وہ علم سکھلانا۔

[۲۵-] بابُ تَحْرِيْضِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلٰى أَنْ يَّحْفَظُوْا الإِيْمَانَ وَالْعِلْمَ وَيُخْبِرُوْا مَنْ وَرَاءَ هُمْ

وَقَالَ مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ: قَالَ لَنَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "ارْجِعُوْا إِلٰى أَهْلِيْكُمْ، فَعَلِّمُوْهُمْ"

[۸۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ، قَالَ: كُنْتُ أُتَرْجِمُ

بَيْنَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَبَيْنَ النَّاسِ، فَقَالَ: إِنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ أَتَوُا النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" مَنِ الْوَفْدُ؟ أَوْ: مَنِ الْقَوْمُ؟" قَالُوْا: رَبِيْعَةُ، فَقَالَ:" مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ أَوْ: بَالْوَفْدِ غَيْرَ خَزَايَا وَلاَ نَدَامٰى"، قَالُوْا: إِنَّا نَأْتِيكَ مِنْ شُقَّةٍ بَعِيْدَةٍ، وَبَيْنَنَا وَبَيْنَكَ هٰذَا الْحَيُّ مِنْ كُفَّارِ مُضَرَ، وَلاَ نَسْتَطِيْعُ أَنْ نَأْتِيَكَ إِلَّا فِيْ شَهْرٍ حَرَامٍ، فَمُرْنَا بِأَمْرٍ نُخْبِرُ بِهِ مَنْ وَرَاءَ نَا، نَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ، فَأَمَرَهُمْ بِأَرْبَعٍ، وَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ، أَمَرَهُمْ بِالإِيْمَانِ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ، قَالَ: " هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الإِيْمَانُ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ:" شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَإِقَامُ الصَّلاَةِ، وَإِيْتَاءُ الزَّكَاةِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ، وَتُعْطُوْا الْخُمْسَ مِنَ الْمَغْنَمِ" وَنَهَاهُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالْمُزَفَّتِ، قَالَ شُعْبَةُ: رُبَّمَا قَالَ:" النَّقِيْرِ، وَرُبَّمَا قَالَ:" الْمُقَيَّرِ" قَالَ:" احْفَظُوْهُ وَأَخْبِرُوْهُ مَنْ وَرَاءَ كُمْ" [راجع: ۵۳]

وضاحت: یہ حدیث ترجمہ اور تفصیل کے ساتھ پہلے (نمبر۵۳ پر) گذر چکی ہے.........ابو جمرہؒ کہتے ہیں: میں حضرت ابن عباسؓ اور لوگوں کے درمیان ترجمان تھا یعنی جب کوئی فارسی بولنے والا آتا تو میں ترجمانی کے فرائض انجام دیتا......**شُقَّةٌ بعیدةٌ:** شُقة کے معنی ہیں: مسافت، یعنی ہم دور علاقے سے آئے ہیں، وفد عبد القیس بحرین سے آیا تھا۔

قال شعبةُ: جن چار برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کیا تھا وہ یہ ہیں: **دباء:** تونبی، سوکھی لوکی۔ **حنتم:** ہرے رنگ کا گھڑا۔ **مزفَّت:** تارکول پھیرا ہوا گھڑا۔ چوتھا برتن کیا تھا؟ شعبہؒ کہتے ہیں: ابو جمرۃ نے کبھی نقیر کہا یعنی لکڑی کھود کر بنایا ہوا برتن، اور کبھی مقیّر کہا یعنی تارکول پھیرا ہوا برتن، مگر صحیح لفظ پہلا ہے، اسی صورت میں چار برتن ہوتے ہیں، کیونکہ مقیّر اور مزفَّت ایک ہیں۔ اور حدیث (۵۳) میں نقیر ہی ہے۔

بابُ الرَّحْلَةِ فِيْ الْمَسْأَلَةِ النَّازِلَةِ

پیش آمدہ مسئلہ کی وجہ سے سفر کرنا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ اگر کوئی مسئلہ پیش آئے اور اس کا حکم معلوم نہ ہو، اور مقامی طور پر اس کا حکم بتلانے والا کوئی نہ ہو تو سفر کر کے ایسے عالم کے پاس جانا چاہئے جو اس کا حکم بتائے۔

پہلے باب آیا ہے: **بابُ الخروج فی العلم:** وہ باب اور یہ باب ایک ہیں، پس یہ تکرار ہے؟ جواب تکرار نہیں اس لئے کہ گذشتہ باب کا مقصد تھا: علم حاصل کرنے کے لئے سفر کرنا، اور اس باب کا حاصل ہے: پیش آمدہ مسئلہ کا حکم معلوم کرنے کے لئے سفر کرنا، پس دونوں میں فرق ہو گیا، جیسے ایک شخص علم حاصل کرنے کے لئے دار العلوم میں آکر داخل ہوا، یہ **الخروج فی العلم** ہے، اور دوسری صورت یہ ہے کہ گاؤں میں ایک مسئلہ پیش آیا، اس کا حکم بتانے والا گاؤں میں کوئی نہیں تھا، اس لئے دو چار آدمی دیوبند دار الافتاء میں مسئلہ معلوم کرنے کے لئے آئے یہ **الرحلة فی المسئلة النازلة**

ہے، پس دونوں بابوں میں عام وخاص مطلق کی نسبت ہے، گذشتہ باب عام تھا اور یہ باب خاص ہے، اتنے معمولی فرق سے بھی امام بخاریؒ باب قائم کرتے ہیں۔

حدیث: حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے ابو اہاب کی لڑکی سے نکاح کیا جب شادی کی شہرت ہوئی تو ایک کالی عورت ان کے پاس آئی، اس نے کہا: عقبہ تو نے کس سے نکاح کرلیا، میں نے تجھے اور جس سے تو نے نکاح کیا ہے دونوں کو دودھ پلایا ہے۔ عقبہؓ نے کہا: یہ بات میں نہیں جانتا، نہ آج سے پہلے تو نے یہ بات بتائی، پھر وہ سوار ہوکر رسول اللہ ﷺ کے پاس مدینہ گئے، اور آپؐ سے مسئلہ دریافت کیا، آپؐ نے فرمایا: اس کو کیسے نکاح میں رکھو گے جبکہ وہ یہ بات کہہ رہی ہے؟ چنانچہ حضرت عقبہ نے اس عورت کو علاحدہ کردیا اور دوسری عورت سے نکاح کیا۔

تشریح: جب نکاح کی شہرت ہوئی تو ایک حبشن آئی اور اس نے کہا: میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے، پس تم دونوں بھائی بہن ہو اور تمہارا نکاح درست نہیں۔ حضرت عقبہؓ مسئلہ دریافت کرنے کے لئے مدینہ پہنچے، اور آپ سے عرض کیا: میں نے فلاں عورت سے نکاح کیا، اب ایک حبشن کہتی ہے: میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے، اور یارسول اللہ! وہ جھوٹی ہے، پس نبی ﷺ نے رخ پھیرلیا، انھوں نے دوسری طرف سے آکر یہی بات کہی تو آپؐ نے پھر رخ پھیرلیا، ان کو احساس نہ ہوا کہ آپؐ کیوں اعراض کررہے ہیں؟ جب تیسری مرتبہ یہی بات عرض کی تو آپؐ نے رخ نہیں پھیرا بلکہ فرمایا: جب وہ کہتی ہے کہ اس نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے تو تم اس کو نکاح میں کیسے رکھو گے؟ اسے چھوڑ دو! یہ تفصیل آگے حدیث (نمبر ۵۱۰۴) میں آرہی ہے۔

مذاہبِ فقہاء: ثبوتِ رضاعت میں ایک عورت کی گواہی کافی ہے یا نہیں؟ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک: رضاعت میں ایک عورت کی گواہی کافی ہے بشرطیکہ وہ خود مرضعہ (دودھ پلانے والی) ہو اور دوسرے گواہ کی جگہ اس سے قسم لی جائے گی، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک: دو مردوں کی یا ایک مرد اور دو عورتوں کی یا چار عورتوں کی گواہی ضروری ہے، اس سے کم شہادت کافی نہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دو عورتوں کی گواہی کافی ہے۔ غرض ائمہ ثلاثہ نے رضاعت میں صرف عورتوں کی گواہی کا اعتبار کیا ہے اور حنفیہ کا اصول یہاں بھی وہی ہے جو معاملات میں ہے یعنی ثبوت رضاعت کے لئے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی ضروری ہے، تنہا عورتوں کی گواہی سے حرمت ثابت نہیں ہوگی۔

اور مذکورہ حدیث سے امام احمد رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے، مگر ان کا استدلال محل نظر ہے، کیونکہ یہاں نہ تو مرضعہ قاضی کے سامنے آئی اور نہ گواہی دی، صرف حضرت عقبہؓ نے اس کی اطلاع دی ہے، پس یہ حدیث کسی بھی امام کا مستدل نہیں، اور یہ مسئلہ منصوص نہیں اجتہادی ہے۔

اور آنحضور ﷺ نے حضرت عقبہؓ کو علاحدگی اختیار کرنے کا حکم دیانۃً دیا تھا قضاءً نہیں دیا تھا، جب ایک عورت کہہ رہی ہے کہ اس نے دونوں کو دودھ پلایا ہے تو اب شک پیدا ہوگیا، اور حدیث ہے: **دَعْ مَا يُرِيْبُكَ إِلٰى مالا يُرِيْبُكَ**:

جو بات بے کھٹک ہو اسے اختیار کرو اور کھٹک والی بات چھوڑ دو، پس دینداری کا تقاضہ یہ ہے کہ اس عورت کو الگ کر دیا جائے، دنیا میں عورتیں بہت ہیں کسی اور سے نکاح کرے، دینداری کے نقطۂ نظر سے یہ بات ضروری ہے۔ اگرچہ قضاء ضروری نہیں۔

مناسبت: حدیث کا باب سے ربط واضح ہے۔ حضرت عقبہ کو ایک مسئلہ پیش آیا تھا، گاؤں میں کوئی اس کا حل بتانے والا نہیں تھا پس وہ سفر کر کے مدینہ منورہ آئے اور نبی ﷺ سے مسئلہ دریافت کیا، یہی باب ہے۔

[۲۶-] بابُ الرَّحْلَةِ فِي الْمَسْأَلَةِ النَّازِلَةِ

[۸۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّهُ تَزَوَّجَ ابْنَةً لِأَبِيْ إِهَابِ بْنِ عَزِيْزٍ، فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ: إِنِّيْ قَدْ أَرْضَعْتُ عُقْبَةَ، وَالَّتِيْ تَزَوَّجَ بِهَا، فَقَالَ لَهَا عُقْبَةُ: مَا أَعْلَمُ أَنَّكِ أَرْضَعْتِنِيْ وَلاَ أَخْبَرْتِنِيْ، فَرَكِبَ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِيْنَةِ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَيْفَ وَقَدْ قِيْلَ؟" فَفَارَقَهَا عُقْبَةُ وَنَكَحَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ. [انظر: ۲۰۵۲، ۲٦٤۰، ۲٦٥۹، ۲٦٦۰، ٥۱۰٤]

قاعدہ: راویوں میں جہاں بھی عبداللہ مطلق آتا ہے تو عبداللہ بن المبارک مراد ہوتے ہیں، اور صحابہ میں عبداللہ بن مسعودؓ مراد ہوتے ہیں۔

بابُ التَّنَاوُبِ فِي الْعِلْمِ

باری باری علم حاصل کرنا

صحابہ عام طور پر بڑی عمروں میں مسلمان ہوئے تھے، اور ان کے کاروبار تھے، کوئی تجارت کرتا تھا، کوئی کھیتی باڑی کرتا تھا، کوئی باغبانی کرتا تھا، اس لئے انھوں نے علم حاصل کرنے کے لئے باریاں مقرر رکھی تھیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بھی ایک انصاری صحابی کے ساتھ باری مقرر تھی، ایک دن وہ انصاری حضور اقدس ﷺ کی مجلس میں حاضر رہتے اور حضرت عمرؓ اونٹ چراتے یا دوسرے کام کرتے، شام میں وہ ساتھی دن بھر کے احوال سے حضرت عمرؓ کو باخبر کرتا، پھر اگلے دن حضرت عمرؓ خدمتِ نبوی میں حاضر رہتے اور انصاری کام کرتے، شام میں حضرت عمرؓ دن بھر کے احوال سے ان کو مطلع کرتے، یہی تحصیل علم کے لئے باری مقرر کرنا ہے۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اور میرا ایک انصاری پڑوسی قبیلہ بنی امیہ بن زید میں رہتے تھے، یہ قبیلہ مدینہ کے عوالی میں رہتا تھا۔ ہم نبی ﷺ کی خدمت میں باری باری حاضر ہوتے تھے، ایک دن وہ حاضر رہتا اور

ایک دن میں حاضر رہتا۔ جب میں حاضر رہتا تو ان کو دن بھر کی وحی وغیرہ سے باخبر کرتا، اور جب وہ حاضر رہتے تو وہ بھی ایسا ہی کرتے، ایک دن میرے انصاری ساتھی اپنی باری کے دن گھر لوٹے اور زور سے میرا دروازہ کھٹکھٹایا اور کہا: کیا وہ گھر میں ہیں؟ میں گھبرایا ہوا نکلا، انھوں نے کہا: بہت بڑا حادثہ پیش آ گیا، پھر میں حفصہؓ کے پاس آیا وہ رو رہی تھیں، میں نے پوچھا: کیا تم کو رسول اللہ ﷺ نے طلاق دیدی؟ اس نے کہا: مجھے معلوم نہیں۔ پھر میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور میں نے کھڑے کھڑے پوچھا: کیا آپؐ نے اپنی ازواج کو طلاق دیدی؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں! پس میں نے زور سے کہا: اللہ اکبر!

تشریح: بنو نضیر اور بنو قریظہ کی فتوحات کے بعد جب نبی ﷺ کی آمدنی بڑھ گئی تو ازواج مطہرات نے آنحضور ﷺ سے نفقہ میں اضافہ کا مطالبہ کیا، آپؐ کو اس مطالبہ سے رنج ہوا، کیونکہ آمدنی بڑھی تھی تو ساتھ ہی مسلمانوں کی ضروریات بھی بڑھی تھیں، اسلام تیزی سے پھیلنا شروع ہوا تھا اور نو مسلموں کی معاشی کفالت حضور ﷺ کی ذمہ داری تھی۔

علاوہ ازیں: اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کے لئے جو معیارِ زندگی پسند فرمایا تھا اس سے بھی یہ مطالبہ میل نہیں کھاتا تھا۔ چنانچہ آپؐ ناراض ہو کر اس بالا خانہ میں فروکش ہو گئے جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ پر بنا ہوا تھا۔

اس واقعہ سے پورے مدینہ میں کہرام مچ گیا، اور اس دن باری حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پڑوسی عتبان بن مالک کی تھی وہ گھبرائے ہوئے حضرت عمرؓ کے پاس آئے اور زور زور سے دروازہ کھٹکھٹایا۔ حضرت عمرؓ گھبرا کر باہر نکلے تو انھوں نے کہا: ایک بہت بڑا حادثہ پیش آ گیا ہے۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا: کیا غسّان نے حملہ کر دیا ہے؟ ان دنوں غسان کے مدینہ پر حملہ کرنے کی افواہ بڑی تیزی سے گشت کر رہی تھی اس نے کہا: نہیں، اس سے بھی بڑا واقعہ پیش آیا ہے۔ نبی ﷺ نے اپنی تمام ازواج کو طلاق دیدی ہے، اس خبر سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پریشان ہو گئے اور انھوں نے بڑی بے چینی سے رات کاٹی، صبح سویرے مسجدِ نبوی میں پہنچے اور سب سے پہلے اپنی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے، اس وقت وہ رو رہی تھیں، ان سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے تم ازواج کو طلاق دیدی؟ انھوں نے کہا: مجھے معلوم نہیں، وہ مسجد میں تشریف لائے، مسجد میں صحابہ بیٹھے رو رہے تھے، انھوں نے آپؐ کے غلام سے کہا: عمر کے لئے اجازت طلب کر، وہ اندر گیا اور باہر آیا اور کہا: میں نے نبی ﷺ سے تمہارا تذکرہ کیا مگر آپؐ نے مجھ سے کچھ نہیں فرمایا۔ حضرت عمرؓ منبر کے پاس جہاں چند لوگ بیٹھے رو رہے تھے آ کر بیٹھ گئے۔ کچھ دیر کے بعد پھر غلام کے پاس آئے اور کہا: عمر کے لئے اجازت طلب کر، آپؐ پھر خاموش رہے، حضرت عمرؓ پھر منبر کے پاس آ کر بیٹھ گئے۔ پھر بے چینی بڑھی تو پھر غلام کے پاس آئے اور اس سے کہا: عمر کے لئے اجازت طلب کر اور یہ بھی کہا کہ آنحضور ﷺ سے یہ بھی عرض کرنا کہ حفصہ کی طرفداری میں نہیں آیا۔ اگر حکم ہوگا تو اس کا سر پیش کروں گا، یہ بات زور سے کہی، تاکہ آنحضور ﷺ سن لیں۔ اس بار آپؐ نے اجازت دیدی، حضرت عمرؓ نے حجرہ میں داخل ہو کر کھڑے کھڑے سوال کیا: یا رسول اللہ! کیا آپؐ نے ازواج کو طلاق دیدی؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں! آپؐ نے فرطِ مسرت میں بآوازِ بلند اللہ اکبر کہا تاکہ مسجد میں جو لوگ

رور ہے تھے ان کو تسلی ہو جائے۔ اور وہ مطمئن ہو کر گھر جائیں، یہ حدیث بہت طویل ہے، بخاری شریف میں متعدد بار آئی ہے، کتاب المظالم میں تفصیلی روایت ہے۔

[۲۷-] بابُ التَّنَاوُبِ فِی الْعِلْمِ

[۸۹-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، ح: قَالَ: وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ: أَنَا یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ ثَوْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ: کُنْتُ أَنَا وَجَارٌ لِیْ مِنَ الْأَنْصَارِ فِیْ بَنِیْ أُمَیَّةَ بْنِ زَیْدٍ، وَهِیَ مِنْ عَوَالِیْ الْمَدِیْنَةِ، وَکُنَّا نَتَنَاوَبُ النُّزُوْلَ عَلٰی رَسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، یَنْزِلُ یَوْمًا وَأَنْزِلُ یَوْمًا، فَإِذَا نَزَلْتُ جِئْتُهُ بِخَبَرِ ذٰلِكَ الْیَوْمِ مِنَ الْوَحْیِ وَغَیْرِهِ، وَإِذَا نَزَلَ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَنَزَلَ صَاحِبِیْ الْأَنْصَارِیُّ یَوْمَ نَوْبَتِهِ، فَضَرَبَ بَابِیْ ضَرْبًا شَدِیْدًا فَقَالَ: أَثَمَّ هُوَ؟ فَفَزِعْتُ فَخَرَجْتُ إِلَیْهِ، فَقَالَ: قَدْ حَدَثَ أَمْرٌ عَظِیْمٌ، فَدَخَلْتُ عَلٰی حَفْصَةَ فَإِذَا هِیَ تَبْکِیْ، فَقُلْتُ: أَطَلَّقَکُنَّ رَسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَتْ: لَا أَدْرِیْ، ثُمَّ دَخَلْتُ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقُلْتُ وَأَنَا قَائِمٌ: أَطَلَّقْتَ نِسَاءَ كَ؟ قَالَ: لَا، فَقُلْتُ: اللّٰهُ أَکْبَرُ.

[انظر: ۲۴۶۸، ۴۹۱۳، ۴۹۱۵، ۵۱۹۱، ۵۲۱۸، ۵۸۴۳، ۷۲۵۶، ۷۲۶۳]

وضاحت: اس حدیث کی امام بخاری رحمہ اللہ نے دو سندیں ذکر کی ہیں، ایک: شعیب عن الزہری اور دوسری یونس عن الزہری۔ مگر وہ ٹکڑا جس سے ترجمۃ الباب کا تعلق ہے صرف شعیب کی روایت میں ہے، یونس کی روایت میں اس کا ذکر نہیں (عمدۃ)

لغت: تَنَاوُب: باب تفاعل کا مصدر ہے اس کے معنی ہیں: باری باری آنا............ اور عوالی وہ بستیاں کہلاتی ہیں جو مدینہ منورہ کی مشرقی جانب میں تھیں، بنو امیہ کا محلّہ اسی جگہ واقعہ تھا، وہاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بھی ایک گھر تھا۔

بابُ الْغَضَبِ فِی الْمَوْعِظَةِ وَالتَّعْلِیْمِ إِذَا رَأَی مَا یَکْرَهُ

تعلیم وتذکیر کے وقت اگر کوئی نامناسب بات سامنے آئے تو غصہ کرسکتا ہے

متعدد آیات وروایات میں ہے کہ طلبہ کے ساتھ نرمی برتنی چاہئے، ان کے ساتھ خیر خواہی اور حسن سلوک کرنا چاہئے۔ ارشاد پاک ہے: ﴿وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ﴾: آپؐ اپنا بازو مؤمنین کے لئے جھکا دیں، یہ مثبت پہلو ہے اور منفی پہلو سے فرمایا: ﴿وَلَوْ کُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ﴾: اگر آپؐ درشت خو اور سخت مزاج ہوتے تو صحابہ آپؐ کے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے [آل عمران ۱۵۹]

ان آیات وروایات سے کسی کو یہ غلط فہمی ہوسکتی ہے کہ طالب علم خواہ کیسی ہی بے تمیزی کرے اس کو ڈانٹنا نہیں چاہئے، اس پر غصہ نہیں ہونا چاہئے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ یہ باب لائے کہ اگر ضرورت پیش آئے تو ڈانٹ ڈپٹ کرسکتے ہیں، یہ بھی تربیت کا ایک انداز ہے۔ شیخ سعدی رحمہ اللہ نے گلستان میں فرمایا ہے:

وقتے بلطف گوی ومدارا و مردمی ❁ باشد کہ در کمندِ قبول آوری دلے

وقتے بقہر گوئی کہ صد کوزۂ نبات ❁ گہ گہ چناں بکار نیاید کہ حنظلے

(کسی وقت نرمی، مہربانی اور ہمدردی سے ❁ کسی کے دل کو قبولیت کی پھندے میں لانا چاہئے

اور کبھی سخت بات کہنے کے ذریعہ کیونکہ مصری کی سوڈلیاں ❁ کبھی کبھی ایسا کام نہیں کرتیں جو ایک اندرائن کرتی ہے)

غرض غصہ بھی اپنے وقت پر مفید ہوتا ہے، اور غصہ صفتِ محمودہ ہے۔ اللہ کو بھی غصہ آتا ہے، اللہ کے رسول کو بھی غصہ آتا تھا، پس غصہ صفتِ محمودہ ہے۔ اللہ ورسول میں صفت مذمومہ نہیں ہوسکتی۔ جب غصہ صفتِ محمودہ ہے تو اس سے گاہ بہ گاہ کام لینا چاہئے۔ پس اس باب کا حاصل یہ ہے کہ اگر ضرورت ہو تو طالب علم پر غصہ بھی کیا جاسکتا ہے، مگر نفسانیت سے غصہ نہیں کرنا چاہئے، ایسا غصہ طالب علم کو بگاڑ دیتا ہے ـــــ اور اس باب میں تین حدیثیں ہیں:

حدیث (۱): ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! نہیں قریب ہوں میں کہ جماعت میں شریک ہوؤں فلاں صاحب کے لمبی نماز پڑھانے کی وجہ سے، ابومسعودؓ کہتے ہیں: پس میں نے نبی ﷺ کو موعظت میں اس دن سے زیادہ غضبناک کبھی نہیں دیکھا، آپؐ نے فرمایا: لوگو! تم جماعت سے متنفر کرنے والے ہو، جو شخص لوگوں کو نماز پڑھائے چاہئے کہ وہ ہلکی نماز پڑھائے، اس لئے کہ جماعت میں بیمار، کمزور اور حاجت مند ہوتے ہیں۔

تشریح:

۱- حضرت معاذ رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھ کر اپنے قبیلہ کی مسجد میں امامت کرتے تھے، اور طویل قراءت فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ نبی پاک ﷺ نے عشاء کی نماز تاخیر سے پڑھائی، اس لئے حضرت معاذؓ اپنے قبیلہ کی مسجد میں تاخیر سے پہنچے، پھر انھوں نے نماز میں سورۂ بقرہ شروع کردی اور اس زمانہ میں قرآن میں رکوع نہیں تھے اس لئے جب سورت ختم ہوگی تبھی رکوع کریں گے۔ چنانچہ ایک صحابی جو دن بھر کے تھکے ہوئے تھے برداشت نہ کرسکے، انھوں نے نماز توڑ دی اور تنہا نماز پڑھ کر جاکر سوگئے، لوگوں نے کہنا شروع کیا: فلاں منافق ہوگیا۔ اگلے دن وہ صحابی آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت معاذؓ بھی اتفاق سے موجود تھے، انھوں نے سارا قصہ بیان کیا، حضور اکرم ﷺ حضرتِ معاذ پر سخت غضبناک ہوئے اور فرمایا: معاذ! کیا تم لوگوں کو آزمائش میں ڈال دوگے! یہ تفصیل بخاری (حدیث ۷۰۵) میں ہے اور مجمع الزوائد (۷۲:۲) میں ہے: ''آئندہ یا تو میرے ساتھ نماز پڑھو، یا ہلکی نماز پڑھاؤ'' .... پھر آپؐ نے کسی اور موقع پر یہ بات خطاب عام میں بھی فرمائی کیونکہ مدینہ میں مسجد نبوی کے

علاوہ نو مسجدیں اور بھی تھیں۔

۲- اس حدیث میں اماموں کو ہلکی نماز پڑھانے کا حکم ہے، کیونکہ جماعت میں بیمار، بوڑھے اور حاجت مند سبھی طرح کے لوگ ہوتے ہیں، پس سب کی رعایت کر کے نماز پڑھانی چاہئے۔

۳- فقہ کی کتابوں میں مسنون قراءت کی جو مقدار بیان کی گئی ہے یعنی فجر وظہر میں طوال مفصل، عصر وعشاء میں اوساط مفصل اور مغرب میں قصار مفصل، یہ مقدار حدیثوں کی روشنی میں تجویز کی گئی ہے، اور اتنی مقدار پڑھنا ہلکی قراءت ہے، عمومی احوال میں مسجد کی جماعت میں اس سے کم قراءت نہیں کرنی چاہئے۔

۴- تخفیف کا تعلق قراءت سے ہے، رکوع وسجود سے نہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کی نماز ہلکی مگر کامل ہوتی تھی، یعنی قراءت مختصر فرماتے تھے مگر رکوع وسجود تام کرتے تھے (یہ حدیث آئندہ آرہی ہے)

۵- فعل کاد: البیلا فعل ہے۔ محلِ نفی میں اثبات کرتا ہے اور محلِ اثبات میں نفی کرتا ہے، جیسے کنتُ أَمْشِی فی المکان الزَّلِقِ و کِدتُّ أَنْ أَزِلَّ: میں پھلسن کی جگہ میں چل رہا تھا اور قریب تھا کہ پھسل جاؤں، یعنی نہیں پھسلا۔ یہاں کدتُّ محلِ اثبات میں ہے اس لئے فعل کی نفی کی۔ اور کنتُ أَمْشِیْ فی الطریق الواضحۃ وما کِدتُّ أَنْ أَزِلَّ: میں صاف راستہ پر چل رہا تھا اور قریب نہیں تھا کہ پھسل جاؤں یعنی پھر بھی پھسل گیا، یہاں کدتُ محلِ نفی میں ہے اس لئے فعل کا اثبات کیا باب کی حدیث میں لا أکادُ محلِ نفی میں ہے اس لئے اثبات کرے گا اور یہ مطلب ہوگا کہ وہ صحابی جماعت میں شریک ہوتے تھے۔

[۲۸-] بابُ الْغَضَبِ فِیْ الْمَوْعِظَةِ وَالتَّعْلِیْمِ إِذَا رَأَی مَا یَکْرَهُ

[۹۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ کَثِیْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْیَانُ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِیِّ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: یَارسولُ اللّٰهِ! لَا أَکَادُ أُدْرِكُ الصَّلَاةَ مِمَّا یُطَوِّلُ بِنَا فُلَانٌ، فَمَا رَأَیْتُ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ مَوْعِظَةٍ أَشَدَّ غَضَبًا مِنْ یَوْمِئِذٍ، فَقَالَ: "یَا أَیُّهَا النَّاسُ، إِنَّکُمْ مُنفِّرُوْنَ، فَمَنْ صَلَّی بِالنَّاسِ فَلْیُخَفِّفْ، فَإِنَّ فِیْهِمُ الْمَرِیْضَ وَالضَّعِیْفَ وَذَا الْحَاجَةِ" [انظر: ۷۰۲، ۶۱۱۰، ۷۱۵۹]

حدیث (۲): حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے نبی ﷺ سے لقطہ (گری پڑی چیز) کا حکم دریافت کیا، آپ نے فرمایا: اس کا تسمہ یا فرمایا: اس کا برتن اور اس کی تھیلی محفوظ رکھو، پھر ایک سال تک تشہیر کرو، پھر اس کو خرچ کرلو، پھر اگر مالک آجائے تو اپنے پاس سے دو۔ ایک شخص نے عرض کیا: اگر گم شدہ اونٹ مل جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ آپ کو غصہ آگیا، یہاں تک کہ آپ کا رخسار یا چہرہ سرخ ہوگیا، آپ نے فرمایا: تجھے اس سے کیا لینا ہے؟ اس کے ساتھ اس کا مشکیزہ ہے اور اس کا جوتا ہے یعنی نہ دھوپ میں اس کے پیر جلتے ہیں اور نہ پیاس اس کو ستاتی

ہے، اس کے پاس پانی کا اسٹاک ہے، وہ خود پانی پر پہنچتا ہے اور درخت کھاتا ہے، اس کو چھوڑ دے یہاں تک کہ اس کا مالک اس سے ملاقات کرے۔ ایک اور شخص نے عرض کیا: گم شدہ بکری کا کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ تیرے لئے ہے یا تیرے بھائی کے لئے یا بھیڑیئے کے لئے۔

تشریح: اس حدیث میں تقدیم تاخیر ہے، گم شدہ بکری کا حکم پہلے دریافت کیا گیا تھا اور اونٹ کا بعد میں............

اور اس حدیث میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: گری پڑی چیز پانے کے بارے میں ہے۔ اگر کوئی چیز ایسی جگہ پڑی ہو جہاں اس کے ضائع ہونے کا اندیشہ نہ ہو اور غالب گمان یہ ہو کہ مالک وہاں اس کو تلاش کرتا ہوا آئے گا تو اس کو اٹھانا نہیں چاہئے، مثلاً درسگاہ میں کسی کی کتاب رہ گئی اس کو اٹھانا نہیں چاہئے۔ جب طالب علم درسگاہ میں آئے گا خود اپنی کتاب اٹھائے گا، اور اگر غالب گمان یہ ہو کہ مالک اس کو وہاں تلاش کرتا ہوا نہیں آئے گا اور وہ محفوظ جگہ ہے، چیز کے ہلاک ہونے کا اندیشہ نہیں تو اختیار ہے چاہے اٹھائے چاہے نہ اٹھائے، اور اگر اس کے ضائع ہونے کا یقین یا ظن غالب ہو تو اس کو اٹھالینا واجب ہے۔

پھر اگر معمولی چیز ہے مثلاً ایک کھجور ہے تو اس کے مالک کو تلاش کرنا ضروری نہیں، اور اگر وہ قیمتی چیز ہے تو اس کے مالک کو تلاش کرنا ضروری ہے، اور مالک تلاش کرنے کی مدت مالیت کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے۔ یہاں حدیث میں ایک سال تک تشہیر کرنے کا حکم ہے۔ اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ کے عہد مبارک میں ایک تھیلی ملی تھی جس میں سو دینار تھے، آپؐ نے ان کو تین سال تک تشہیر کرنے کا حکم دیا تھا (ترمذی حدیث ۱۳۵۷) ان حدیثوں کی بناء پر علماء نے فرمایا ہے کہ پڑی ہوئی چیز کی اس وقت تک تشہیر کرنا واجب ہے جب تک غالب گمان ہو کہ اس کا مالک اس کو تلاش کر رہا ہوگا۔

دوسرا مسئلہ: اگر جنگل میں کوئی گم شدہ بکری ملے تو اس کو پکڑ لینا چاہئے، ورنہ درندہ اس کو پھاڑ کھائے گا، اور اونٹ کو نہ پکڑے اس کو درندوں سے کوئی خطرہ نہیں، اس لئے کہ عرب کے پہاڑ خشک ہیں وہاں بھیڑیئے تو ہوتے ہیں شیر نہیں ہوتے، اور اونٹ کو بھیڑیئے سے کوئی خطرہ نہیں، علاوہ ازیں اس کے ساتھ اس کا مشکیزہ اور اس کا جوتا ہے، یعنی وہ کئی دن کا پانی اسٹاک کر لیتا ہے اور حسب ضرورت نکال کر کام میں لاتا ہے اور اس کے پاؤں دھوپ میں جلتے نہیں۔ اور کھانے کی اسے کوئی پریشانی نہیں اس کی گردن اتنی لمبی ہے کہ اونچے سے اونچے درخت کے پتے کھا سکتا ہے، پس اس کے بھوک پیاس سے ہلاک ہونے کا خطرہ نہیں۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ بکریوں کا ریوڑ بڑا ہوتا ہے، اگر اتفاق سے کوئی بکری پیچھے رہ گئی تو پتا نہیں چلے گا۔ اور کوئی جنگل جا کر اس کو تلاش نہیں کرے گا، اور اونٹ تھوڑے ہوتے ہیں، اگر ایک اونٹ بھی کم آیا تو پتہ چل جائے گا اور مالک اس کو تلاش کرنے کے لئے جنگل جائے گا۔ پس اگر کوئی شخص اس کو پکڑ کر گھر لے آیا تو مالک بے چارہ رات بھر پریشان پھرے گا۔

مگر آج کل کے احوال اور ہیں، اب کوئی چیز کہیں محفوظ نہیں حتی کہ مسجد میں بھی محفوظ نہیں، پس گم شدہ اونٹ بھی گھر لے آنا چاہئے تاکہ چور نہ پکڑ لے جائیں۔

لقطہ کا حکم: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اگر پڑی چیز اٹھانے والا خود غریب ہے تو اپنے استعمال میں لاسکتا ہے۔ اور مالدار (صاحبِ نصاب) ہے تو خیرات کردے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مالدار بھی اپنے استعمال میں لاسکتا ہے۔ پھر اگر مالک آجائے تو اس کو صورتِ حال بتائے وہ منظور کرے تو فبہا ورنہ اپنے پاس سے ضمان دے۔ اور صدقہ کا ثواب اٹھانے والے کو ملے گا۔

مناسبت: پڑی چیز کو اٹھا لینے کا حکم مال کو ہلاک ہونے سے بچانا ہے، پس جہاں لقطہ کے تلف ہونے کا امکان ہو وہاں لقطہ اٹھالینا واجب ہے، اور جہاں یہ اندیشہ نہ ہو بلکہ گمان غالب یہ ہو کہ مالک تلاش کرتا ہوا اس تک پہنچ جائے گا اس لقطہ کو اٹھانا جائز نہیں، سائل نے اس نقطہ پر نظر نہیں کی اور گم شدہ اونٹ کا حکم دریافت کیا، اس پر آپ ﷺ کو غصہ آگیا، اس لئے کہ سائل نے مقصد التقاط کے سمجھنے میں لاپرواہی کا ثبوت دیا تھا۔

[۹۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ الْمَدِيْنِيُّ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سَأَلَهُ رَجُلٌ عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ: "اعْرِفْ وِكَاءَ هَا - أَوْ قَالَ: وِعَاءَ هَا - وَعِفَاصَهَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، ثُمَّ اسْتَمْتِعْ بِهَا، فَإِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَأَدِّهَا إِلَيْهِ"

قَالَ: فَضَالَّةُ الإِبِلِ؟ فَغَضِبَ حَتّٰى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ - أَوْ قَالَ: احْمَرَّ وَجْهُهُ - فَقَالَ: " مَالَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا، تَرِدُ الْمَاءَ وَتَرْعَى الشَّجَرَ، فَذَرْهَا حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا"

قَالَ: فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ قَالَ:" لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ " [انظر: ۲۳۷۲، ۲۴۲۷، ۲۴۲۸، ۲۴۲۹، ۲۴۳۶، ۲۴۳۸، ۵۲۹۲، ۶۱۱۲]

قولہ: المدینيُّ: دورِ اول میں مدینہ منورہ کے علاوہ آٹھ شہر اور تھے جن کے ساتھ لفظ مدینہ لگتا تھا، جیسے مدینۃ السلام، جب ان شہروں کی طرف نسبت کرتے تھے تو ی کے ساتھ مدینی کہتے تھے، اور مدینہ منورہ کی طرف نسبت کرتے تھے تو ی کے بغیر مدنی کہتے تھے۔ یہ قاعدہ انساب کی کتابوں میں لکھا ہوا ہے، مگر یہ قاعدہ دور مابعد کے لئے ہے۔ کتب حدیث میں جو رُوات آتے ہیں وہ دورِ ماقبل کے ہیں اس وقت مدینہ طیبہ کی طرف بھی مدینی نسبت کرتے تھے اور مدنی بھی، جیسے امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ علی بن المدینیؒ کے آباؤ اجداد مدینہ منورہ کے تھے اور حضرت خود بصرہ جا بسے تھے، ان کی نسبت مدینی ہے۔ اور سلیمان بن بلال بھی مدینہ طیبہ کے تھے، حوض میں نسبت مدینی ہے اور گیلری میں مدنی، یہ

دونوں ایک ہی ہیں، مدینی پہلے کی نسبت ہے، اور مدنی بعد کی۔

قولہ: لُقَطَة: صحیح تلفظ قاف کے زبر کے ساتھ ہے۔ اردو میں قاف کے سکون کے ساتھ بولتے ہیں۔

پرانے زمانے میں دراہم ودنانیر چھوٹی تھیلی میں بند کرکے بڑی تھیلی میں رکھتے تھے۔ پھر کسی ڈوری سے اس کا منہ باندھ دیتے تھے، یہ ڈوری جس سے تھیلی کا منہ باندھا ہے اس کو اردو میں تسمہ اور عربی میں وکاء کہتے ہیں، اور بڑی تھیلی وعاء ہے اور چھوٹی تھیلی عِفاص ہے، پس اگر کوئی تھیلی یا بٹوا ملے جس میں روپے ہوں تو پہلے اس کی تشہیر کرے پھر استعمال کرلے یا صدقہ کردے، اور تسمہ اور تھیلی اپنے پاس محفوظ رکھے، اگر مالک آجائے تو اس سے علامت پوچھے، اگر وہ ٹھیک ٹھیک علامت بتائے اور ظن غالب ہوجائے کہ وہ صحیح کہہ رہا ہے تو ضمان دے۔

حدیث (۳): حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ سے کچھ ایسے سوالات کئے گئے جن کو آپؐ نے ناپسند کیا، پس جب لوگوں نے آپؐ پر سوالات کی بوچھار کردی تو آپؐ کو غصہ آگیا، آپؐ نے فرمایا: ''جو چاہو پوچھو'' ایک شخص نے عرض کیا: میرے ابا کون ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: تمہارے ابا حُذافہ ہیں، دوسرا شخص کھڑا ہوا اس نے بھی یہی سوال کیا: آپؐ نے فرمایا: تمہارے ابا سالم ہیں، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے چہرۂ انور میں غصہ کے آثار دیکھے تو سامنے آکر دوزانو بیٹھ گئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! ہم ایسے سوالات سے توبہ کرتے ہیں۔

تشریح: ایک موقع پر نبی ﷺ سے بے تکے سوالات پوچھے گئے۔ آپؐ کو اس سے ناگواری ہوئی اور ہر سوال پر آپؐ کا غصہ بڑھتا گیا، آپؐ نے غصہ میں فرمایا: آج جو تمہیں پوچھنا ہے پوچھ لو، صحابہ سہم گئے اور خاموش ہوگئے۔ آپؐ نے کچھ دیر کے بعد فرمایا: پوچھتے کیوں نہیں؟ پوچھو! لوگ خاموش رہے، جب آپؐ نے تیسری بار یہی بات فرمائی تو ایک صحابی کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ وہ حضرت حذافہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت عبداللہؓ تھے، لوگ انہیں نسب کے بارے میں مطعون کرتے تھے، اور کہا کرتے تھے: تم حذافہ کے نہیں ہو۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا باپ حذافہ ہے۔ ایک دوسرے صحابی کے بارے میں بھی اسی قسم کی باتیں ہوتی تھیں۔ انھوں نے بھی اپنے باپ کے بارے میں دریافت کیا: آپؐ نے فرمایا: تمہارا باپ سالم ہے یعنی جس باپ کی طرف تم منسوب ہو وہی تمہارا باپ ہے، پھر جب حضرت عبداللہ بن حذافہ گھر پہنچے تو ان کی والدہ نے ان کو لیا کہ تو نے مجھے بدنام کرنے کا سامان کیا، اگر آپؐ کسی اور کا نام لیتے تو مجھ پر قیامت تک کے لئے دھبہ لگ جاتا۔

پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے چہرۂ مبارک میں غصہ کے آثار دیکھے تو اپنی جگہ سے اٹھ کر آپؐ کے سامنے دوزانو بیٹھے اور عرض کیا: ہم ان بے تکے سوالات سے توبہ کرتے ہیں اور دو مرتبہ یا تین مرتبہ فرمایا: ہم اللہ کی ربوبیت، اسلام کی حقانیت اور محمد ﷺ کی رسالت پر راضی ہیں۔ چنانچہ آپؐ کا غصہ ٹھنڈا ہوگیا............معلوم ہوا کہ اگر استاذ

طلبہ میں کسی طرح کی بے تمیزی محسوس کرے تو اسے غصہ کرنے کا حق ہے۔

[۹۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: سُئِلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَشْيَاءَ كَرِهَهَا، فَلَمَّا أُكْثِرَ عَلَيْهِ غَضِبَ، ثُمَّ قَالَ لِلنَّاسِ: "سَلُوْنِيْ عَمَّا شِئْتُمْ" قَالَ رَجُلٌ: مَنْ أَبِيْ؟ قَالَ: "أَبُوْكَ حُذَافَةُ" فَقَامَ آخَرُ فَقَالَ: مَنْ أَبِيْ يَارسولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: "أَبُوْكَ سَالِمٌ مَوْلٰى شَيْبَةَ" فَلَمَّا رَأٰى عُمَرُ مَا فِيْ وَجْهِهِ قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ، إِنَّا نَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ. [انظر: ۷۲۹۱]

بابُ مَنْ بَرَكَ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ عِنْدَ الإمَامِ أَوِ الْمُحَدِّثِ

امیر یا محدث کے سامنے دوزانو بیٹھنا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو استاذ کے سامنے باادب دوزانو بیٹھنا چاہئے، بے ادب محروم گشت از فضل رب! جس طالب علم میں ادب نہیں ہوتا، اس کو نہ علم آتا ہے نہ اس کے علم میں برکت ہوتی ہے، اس لئے ہمیشہ استاذ کا احترام کرنا چاہئے خواہ وہ علوم آلیہ: منطق وفلسفہ، نحو وصرف اور ادب وغیرہ پڑھاتا ہو یا علوم عالیہ: قرآن وحدیث اور فقہ وغیرہ پڑھاتا ہو۔

اور حضرت الاستاذ علامہ سید فخر الدین احمد صاحب مرادآبادی قدس سرہ نے مقصد ترجمہ یہ بیان کیا تھا کہ نماز کی چار حالتیں ہیں: قیام، رکوع، سجدہ اور قعدہ، رکوع اور سجدہ کسی حال میں غیر اللہ کے لئے جائز نہیں، پس کوئی خیال کرسکتا تھا کہ قعدہ کی ہیئت میں یعنی دوزانو استاذ کے سامنے بیٹھنا بھی جائز نہ ہوگا۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب لاکر بتایا کہ بڑوں کے سامنے خواہ وہ دنیا کے بڑے ہوں جیسے امیر المؤمنین یا دین کے بڑے ہوں جیسے محدث وفقیہ اور استاذ: ان کے سامنے دوزانوں بیٹھنا جائز ہے، جیسے کسی کے سامنے باادب کھڑا رہنا جائز ہے اسی طرح قعدہ کی ہیئت بنا کر دوزانوں بیٹھنا بھی جائز ہے۔

حدیث: وہی ہے جو ابھی گذری کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ سے بے تکے سوال بہت پوچھے گئے، آپؐ کو غصہ آگیا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی جگہ سے کھڑے ہوئے اور آپ کے سامنے دوزانو بیٹھے، اور تین بار کہا کہ ہم اللہ کی ربوبیت پر، اسلام کی حقانیت پر اور محمد ﷺ کی رسالت پر راضی ہیں، چنانچہ آپؐ کا غصہ ٹھنڈا ہوگیا اور آپ خاموش ہوگئے۔

[۲۹-] بابُ مَنْ بَرَكَ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ عِنْدَ الإمَامِ أَوِ الْمُحَدِّثِ

[۹۳-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُذَافَةَ، فَقَالَ: مَنْ أَبِيْ؟ فَقَالَ: "أَبُوْكَ حُذَافَةُ" ثُمَّ أَكْثَرَ أَنْ يَقُوْلَ: "سَلُوْنِيْ" فَبَرَكَ عُمَرُ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ فَقَالَ: رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالإِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه

وسلم نَبِيًّا، ثَلَاثًا، فَسَكَتَ.

[انظر: ٥٤٠، ٧٤٩، ٤٦٢١، ٦٣٦٢، ٦٤٦٨، ٦٤٨٦، ٧٠٨٩، ٧٠٩٠، ٧٠٩١، ٧٢٩٤، ٧٢٩٥]

بابُ مَنْ أَعَادَ الْحَدِيْثَ ثَلَاثًا لِيُفْهَمَ عَنْهُ

بات تین مرتبہ دوہرانا تاکہ اچھی طرح سمجھ لی جائے

معلم اور واعظ کو اہم اور دقیق بات ایک سے زیادہ مرتبہ بیان کرنی چاہئے، خواہ بلفظہ دوہرائے یا بالفاظ دیگر تاکہ طلباء اور عوام بات اچھی طرح سمجھ لیں۔ اور ترجمۃ الباب میں ثلاثا کی قید عمومی احوال کے اعتبار سے ہے۔ نبی ﷺ دورانِ تقریر جب کوئی اہم بات ارشاد فرماتے تو عام طور پر تین بار دوہراتے، موقعہ کی رعایت سے اس میں کمی بیشی کی بھی گنجائش ہے۔ اگر دو مرتبہ بیان کرنا کافی ہو تو دو مرتبہ بیان کرے اور زیادہ کی ضرورت ہو تو زیادہ تکرار کرے، کیونکہ تکرار کا مقصد یہ ہے کہ معلم اور واعظ کی بات اچھی طرح سمجھ لی جائے۔ پس جہاں ضرورت ہو مکرر مضمون بیان کرنا چاہئے۔

باب میں دو روایتیں بے سند ہیں:

۱- حضور اقدس ﷺ ایک مرتبہ صحابہ کے درمیان ٹیک لگائے ہوئے بیٹھے تھے، آپؐ نے فرمایا: کیا میں تم سے کبیرہ گناہ بیان نہ کروں؟ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ضرور بیان کیجئے۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، اور والدین کے ساتھ بدسلوکی کرنا، پھر آپؐ سیدھے بیٹھ گئے اور فرمایا: ''سنو! اور جھوٹی بات'' یہ بات آپؐ بار بار فرماتے رہے، تاکہ اس کی اہمیت ذہن نشین ہو۔

۲- حجۃ الوداع کے موقعہ پر آنحضور ﷺ نے منی میں ایک طویل تقریر فرمائی، اس تقریر کے آخر میں لوگوں سے پوچھا: هل بَلَّغتُ؟ کیا میں نے دین تمہیں پہنچادیا؟ یہ تین مرتبہ پوچھا: ایک مرتبہ سامنے والوں سے اور دو مرتبہ دائیں بائیں والوں سے۔ سب نے اقرار کیا: ہاں یا رسول اللہ! آپؐ نے پورا دین پہنچادیا، پھر آپؐ نے شہادت کی انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کیا، پھر وہ انگلی سارے مجمع پر گھمائی اور فرمایا: اللّٰھُمَّ اشْھَدْ: اے اللہ! گواہ رہیں!

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کوئی بات ارشاد فرماتے تو تین مرتبہ دوہراتے، تاکہ وہ بات اچھی طرح سمجھ لی جائے۔ اور جب کسی قوم کے پاس تشریف لے جاتے اور سلام کرتے تو تین مرتبہ سلام کرتے۔

تشریح: آنحضور ﷺ ہر بات تین مرتبہ نہیں دوہراتے تھے بلکہ جس بات کی اہمیت ظاہر کرنی ہوتی تھی اسی کو تین مرتبہ دوہراتے تھے تاکہ لوگ اچھی طرح سمجھ لیں، اسی طرح جب آپؐ کسی کے گھر تشریف لے جاتے تو اجازت طلبی کے

لئے وقفہ وقفہ سے تین مرتبہ سلام کرتے۔ اگر صاحبِ خانہ جواب دیتا تو ٹھیک، ورنہ واپس لوٹ جاتے۔

اور علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے زاد المعاد میں لکھا ہے کہ نبی ﷺ کا یہ طریقہ بڑے مجمع کو سلام کرنے کی صورت میں تھا۔ جب ایک سلام سب کو نہیں پہنچ سکتا تھا تو آپؐ سامنے اور دائیں بائیں الگ الگ سلام کرتے تھے۔ پھر علامہ نے فرمایا: مَن تأمَّلَ هَدْيَه عَلِمَ أنَّ الأَمْرَ ليس كذلك، وَأَنَّ تكرارَ السَّلاَمِ مِنْهُ كَانَ أَمْرًا عارِضًا فِيْ بَعْضِ الأحيان: جو شخص سیرت پاک میں غور کرے گا وہ جان لے گا کہ تین مرتبہ سلام کرنا معمول نبوی نہیں تھا، اور کبھی آپؐ کا مکرر سلام کرنا ایک عارضی بات تھی پس حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ سلام کی تکرار اجازت طلبی کے وقت ہوتی تھی۔

حدیث (۲): عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ایک ایسے سفر میں ہم سے پیچھے رہ گئے جو ہم نے آپؐ کے ساتھ کیا، پس آپؐ نے ہمیں اس حال میں پایا کہ ہم پر عصر کی نماز چھا رہی ہے، یعنی عصر کا وقت تنگ ہو رہا ہے۔ ہم نے (جلدی جلدی) وضو کیا اور اپنے پاؤں کو ہلکا دھویا، تو آپؐ نے دو مرتبہ یا تین مرتبہ پکار کر فرمایا: ''وضو میں خشک رہ جانے والی ایڑیوں کے لئے جہنم کی وعید ہے!'' .... یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے۔

[۳۰-] بابُ مَنْ أَعَادَ الْحدِيْثَ ثلاثًا لِيُفْهَمَ عَنْهُ

[۱-] فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَلَا وَقَوْلُ الزُّوْرِ" فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " هَلْ بَلَّغْتُ"؟ ثَلاثًا.

[۹۵-] حدثنا عَبْدَةُ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: ثَنَا ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ رضى الله عنه، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ إِذَا تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ أَعَادَهَا ثَلاثًا حَتّٰى تُفْهَمَ عَنْهُ، وَإِذَا أَتَى عَلٰى قَوْمٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ ثَلاثًا. [انظر: ٦٢٤٤]

[۹۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: تَخَلَّفَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ سَافَرْنَاهُ، فَأَدْرَكَنَا وَقَدْ أَرْهَقْنَا الصَّلَاةَ، صَلاةَ الْعَصْرِ، وَنَحْنُ نَتَوَضَّأُ، فَجَعَلْنَا نَمْسَحُ عَلٰى أَرْجُلِنَا، فَنَادٰى بِأَعْلٰى صَوْتِهِ: " وَيْلٌ لِلأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ" مَرَّتَيْنِ أَوْثَلاثًا. [راجع: ٦٠]

ترکیب: لیفهم: کو مجرد سے بھی پڑھ سکتے ہیں اور مزید سے بھی، مجرد سے پڑھیں گے تو معروف پڑھیں گے اور باب افعال سے معروف و مجہول دونوں پڑھ سکتے ہیں .... ثلاثًا أى قاله ثلاثا ...... وقد أَرْهَقْنَا الصلاةَ: ہم نے نماز مؤخر کی تھی یعنی عصر کی نماز میں دیر ہو رہی تھی، اور گیلری میں أَرْهَقَتْنَا الصلاةُ ہے یعنی نماز ہم پر چھا رہی تھی یعنی نماز میں تاخیر ہو گئی تھی، مطلب دونوں صورتوں میں ایک ہے۔

ملحوظہ: یہاں مصری نسخہ میں ایک حدیث زائد ہے، ہمارے نسخہ میں وہ حدیث نہیں ہے، اس لئے اس کو حذف کیا ہے اور اس کا نمبر شمار (۹۴) بھی حذف کیا ہے تاکہ نمبروں کا فرق نہ ہو جائے۔

بابُ تَعْلِيمِ الرَّجُلِ أَمَتَهُ وَأَهْلَهُ

باندی اور بیوی کو تعلیم دینا

ہر شخص کو اپنی فیملی کی تعلیم وتربیت کی طرف توجہ دینی چاہئے، اس سلسلہ میں طلبہ میں بھی تھوڑی کمی ہے، جب وہ چھٹیوں میں گھر جائیں تو بھائی بہن اور ماں باپ کو لے کر بیٹھیں اگر وہ (قرآن پڑھنا نہیں جانتے) تو ان کو ناظرہ پڑھائیں، اور اگر وہ قرآن پڑھنا جانتے ہیں مگر صحیح نہیں پڑھتے تو ان کا قرآن صحیح کرائیں، وہ بے نمازی ہیں تو ان کو نمازی بنائیں، ان کی دینی تربیت کریں، جبھی تمہارے پڑھنے کا فائدہ ہے۔

اسی طرح تمہاری شادی ہوئی، اور بیوی غیر تعلیم یافتہ آئی، یا اس کی تعلیم ناقص ہے تو اس کی تعلیم کی طرف توجہ دو، جاہل ماں کی گود میں اور پڑھی ہوئی ماں کی گود میں پلنے والی اولاد میں آسمان زمین کا فرق ہوتا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ اسی مقصد سے یہ باب لائے ہیں، اور أمته کو مقدم اس کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے کیا ہے۔ کیونکہ باندی ثانوی درجہ کی بیوی ہوتی ہے اور آزاد عورت اول درجہ کی، اس لئے بیوی کا ذکر پہلے آنا چاہئے تھا، مگر قرآن وحدیث میں اہمیت ظاہر کرنے کے لئے کبھی تقدیم وتاخیر کرتے ہیں، بیوی کی طرف تو آدمی شاید توجہ کرے مگر باندی کی طرف کون توجہ کرتا ہے، وہ تو گھر کی نوکرانی ہے، اس لئے اس کو مقدم کیا تاکہ اس کی تعلیم کی اہمیت ظاہر ہو۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین شخصوں کو دوہرا ثواب ملتا ہے: ایک: وہ اہل کتاب جو اپنے نبی پر ایمان لایا اور محمد ﷺ پر بھی ایمان لایا۔ دوسرا: وہ غلام جو اللہ کا بھی حق ادا کرتا ہے اور اپنے آقاؤں کا بھی۔ تیسرا: وہ شخص جس کے پاس کوئی باندی ہے جس سے وہ صحبت کرتا ہے پس اس نے اس کی تربیت کی اور اچھی تربیت کی، اور اس کو تعلیم دی اور اچھی تعلیم دی، پھر اس کو آزاد کیا اور اس سے نکاح کر لیا تو اس کے لئے دوہرا اجر ہے۔

تشریح:

سب سے پہلے یہ جاننا چاہئے کہ حدیث کا مقصود ترغیب دینا ہے اہل کتاب (یہود ونصاری) کو نبی ﷺ پر ایمان لانے کی، غلام کو اللہ کا حق ادا کرنے کی اور باندی کے مالک کو باندی کو آزاد کر کے نکاح کرنے کی: اس عمل کا ان کو دوہرا ثواب ملے گا۔ کیونکہ یہ کام بہت بھاری ہیں، اس لئے اجر بقدر مشقت کے ضابطہ سے ان کا ثواب بڑھ جاتا ہے۔

مشرک کے لئے ایمان لانا اتنا بھاری نہیں جتنا اہل کتاب کے لئے ایمان لانا بھاری ہے۔ اس کا اپنے نبی پر اور اس کی کتاب پر ایمان ہوتا ہے، اس کے ساتھ اعتقادی وابستگی ہوتی ہے، اس کو چھوڑ کر خاتم النّبیین ﷺ پر ایمان لانا بہت

مشکل ہے۔اور غلام آقا کا حق ادا کرنے پر تو مجبور ہے،اس کے حق کی ادائیگی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا حق بھی ادا کرنا مشکل کام ہے۔اسی طرح جس کے پاس باندی ہے اور وہ اس کو بیوی کے طور پر استعمال کرتا ہے،اسے کیا پڑی ہے کہ اس کو دینی تعلیم دے اور اسلامی تربیت کرے، پھر آزاد کر کے اس سے نکاح کرے؟ یہ مشکل امر ہے،اس لئے ان تینوں کو ان کے عمل کا دوہرا ثواب ملتا ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ حدیث میں مذکور تینوں شخصوں کے دو دو عمل ہیں: اہل کتاب کا اپنے نبی پر ایمان لانا، پھر حضور ﷺ پر ایمان لانا،غلام کا حقِ مولیٰ ادا کرنا اور حق اللہ ادا کرنا، باندی کے مالک کا باندی سے استفادہ کرنا اور اس کی دینی تربیت کر کے نکاح کرنا: پس تینوں کو دوہرا اجر کس عمل پر ملے گا؟ چار احتمال ہیں:

۱- دونوں عملوں پر ایک ایک اجر ملے گا،مگر یہ احتمال صحیح نہیں، کیونکہ جب عمل دو ہیں تو اجر بھی دو ہونگے،اس میں نئی بات کیا ہوئی؟

۲- دونوں عملوں میں سے ہر عمل کا دوہرا ثواب ملے گا۔ یہ احتمال بھی صحیح نہیں۔کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت سے یہودیت منسوخ ہوگئی،اور نبی ﷺ کی بعثت سے عیسائیت منسوخ ہوگئی، پھر ان پر ایمان لانے کا اجر کیسے ملے گا؟ علاوہ ازیں: اس صورت میں چار اجر ہو جائیں گے جبکہ حدیث میں دو اجروں کی صراحت ہے۔

۳- ان تینوں شخصوں کو زندگی بھر ہر عمل کا دوہرا ثواب ملے گا، یہ احتمال بھی بداہۃً باطل ہے،ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو تو حسنات پر ایک ایک ثواب ملے اور اہل کتاب صحابہ کو دوہرا ثواب یہ بات عقل کے خلاف ہے۔

۴- ان تینوں کو صرف دوسرے عمل پر دوہرا ثواب ملے گا، یہی احتمال صحیح ہے، یعنی اہل کتاب کو نبی ﷺ پر ایمان لانے کا دوہرا اجر ملے گا، کیونکہ یہ کام ان کے لئے بھاری ہے،اسی طرح غلام کو حق اللہ ادا کرنے پر ڈبل ثواب ملے گا،اور باندی کے مالک کو باندی سے نکاح کرنے پر دوہرا اجر ملے گا۔

سوال (۱): آخری آدمی کے چار کام ہیں: (۱) باندی کی اچھی تربیت کرنا (۲) اچھی تعلیم دینا (۳) آزاد کرنا (۴) اور نکاح کرنا۔ اگر اس کو بھی دو ہی اجر ملیں گے تو اس کا نقصان ہوگا؟

جواب: یہ چاروں کام درحقیقت ایک ہیں،اس لئے چاروں کاموں کے مجموعہ پر دوہرا ثواب ملے گا۔

سوال (۲): جب اہل کتاب کو ایمان لانے پر دوہرا ثواب ملے گا تو ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما پر ان کی فضیلت لازم آئے گی؟

جواب: یہ اہل کتاب کی جزئی فضیلت ہے اور جزئی فضیلت کلی فضیلت کے معارض نہیں ہوتی۔یعنی ایمان لانے کا ثواب تو اہل کتاب صحابہ کو زیادہ ملے گا،مگر ایمان لانے کے بعد مؤمن زندگی بھر جو اعمال کرے گا ان کا ثواب ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو اتنا بڑھا ہوا ملے گا کہ اہل کتاب صحابہ ان دونوں کے برابر نہیں ہو سکتے۔

آخری بات: حضرت عامر شعبی رحمہ اللہ نے حدیث بیان کر کے طالب علم سے فرمایا: میں نے تجھے یہ حدیث بغیر کسی عوض کے دیدی، پہلے اس سے معمولی بات کے لئے سفر کر کے مدینہ منورہ جانا پڑتا تھا، تجھے کوفہ میں بیٹھے ہوئے یہ حدیث مل گئی۔ حضرت عامر شعبیؒ کوفہ کے رہنے والے تھے، بڑے مجتہد اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے معاصر تھے، ان کے مزاج میں دُعابہ یعنی دل لگی تھی، پس ہوسکتا ہے حضرت نے طالب علم کی چٹکی لی ہو اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس کو تنبیہ کی ہو کہ حدیث یاد رکھنا، بے مشقت ملی ہے اس لئے بھول نہ جانا۔

ملحوظہ: جب باندیوں کا دور تھا تو آقا ہر باندی سے صحبت نہیں کرتا تھا، بلکہ کسی ایک کو صحبت کے لئے خاص کرتا تھا ایسی باندی کو سُرِّیَّۃ کہتے تھے، مذکورہ حدیث میں اسی سریہ کا تذکرہ ہے۔

[۳۱-] بابُ تَعْلِيمِ الرَّجُلِ أَمَتَهُ وَأَهْلَهُ

[۹۷-] حدثنا مُحَمَّدٌ، هُوَ ابْنُ سَلاَمٍ قَالَ: أَنَا الْمُحَارِبِيُّ، قَالَ: نَا صَالِحُ بْنُ حَيَّانَ، قَالَ: قَالَ عَامِرٌ الشَّعْبِيُّ: حَدَّثَنِي أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "ثَلاَثَةٌ لَهُمْ أَجْرَانِ: رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ آمَنَ بِنَبِيِّهِ وَآمَنَ بِمُحَمَّدٍ، وَالْعَبْدُ الْمَمْلُوْكُ إِذَا أَدَّى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيْهِ، وَرَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهُ أَمَةٌ يَطَأُهَا، فَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ تَأْدِيْبَهَا، وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِيْمَهَا، ثُمَّ أَعْتَقَهَا، فَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ"

ثُمَّ قَالَ عَامِرٌ: أَعْطَيْنَاكَهَا بِغَيْرِ شَيْئٍ، قَدْ كَانَ يُرْكَبُ فِيْمَا دُوْنَهَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ.

[انظر: ۲۵۴۴، ۲۵۴۷، ۲۵۵۱، ۳۰۱۱، ۳۴۴۶، ۵۰۸۳]

بابُ عِظَةِ الإِمَامِ النِّسَاءَ وَتَعْلِيْمِهِنَّ

امیر کا عورتوں کو نصیحت کرنا اور ان کو تعلیم دینا

اس باب کا مقصد واضح ہے۔ صرف مردوں ہی کی تعلیم وتربیت کی فکر نہیں کرنی چاہئے بلکہ عورتوں کی بھی تعلیم وتربیت کی فکر کرنی چاہئے، وہ امت کا آدھا حصہ ہیں، اور اگلی نسل انہی کی گود میں پرورش پائے گی، پس اگر عورتوں کی تعلیم وتربیت کی طرف توجہ دی جائے تو آنے والی نسل کی بھی اچھی تربیت ہوگی۔ اور خود عورتوں کے لئے بھی دنیا وآخرت میں بھلائی کی بات ہوگی، لہٰذا ان کی تعلیم وتربیت کا خاص خیال رکھنا چاہئے۔

تعلیم کو تو آپ حضرات سمجھتے ہیں: باقاعدہ مکتب قائم کئے جائیں جہاں لڑکیاں پڑھیں، اور اب دار العلوم بھی قائم ہونے لگے ہیں، وہ بھی اسی مد میں آتے ہیں، اور موعظت یہ ہے کہ گاہ گاہ عورتوں کے لئے وعظ کا انتظام کیا جائے، مثلاً: مدرسہ کا جلسہ ہو تو عورتوں کا بھی انتظام کیا جائے وہ پردہ کے پیچھے سے تقریریں سنیں یا کسی جگہ مستقل عورتوں کو جمع کیا جائے اور دین کی باتیں بتائی جائیں، یہ موعظت ہے۔

موعظت کے سلسلہ میں کوتاہی چل رہی ہے، جب مدرسہ کے جلسے ہوتے ہیں عورتوں کے لئے انتظام کرتے ہیں مگر ہر گاؤں میں بڑا مدرسہ نہیں ہے پس چاہئے کہ مہینہ میں ایک دن خاص عورتوں کا اجتماع کیا جائے اوراس میں بیان ہو، اللہ کے فضل سے تبلیغ والے اس طرف متوجہ ہیں وہ عورتوں کا الگ اجتماع کرتے ہیں، لیکن یہ بات صرف تبلیغ کی حد تک نہیں رہنی چاہئے، ہر بستی میں جہاں بھی علماء ہیں یہ سلسلہ شروع کیا جائے، کیونکہ جو بڑی عمر کی عورتیں ہیں وہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے مکتب یا مدرسہ میں نہیں جاسکتیں، اس لئے ان کو وعظ ونصیحت کے ذریعہ سنبھالنا ضروری ہے۔

اورلڑکیوں کو تعلیم دینے کے لئے جو دارالعلوم قائم کرتے ہیں وہ اچھا کام ہے، مگر مردوں کے ذریعہ لڑکیوں کو تعلیم دینا صحیح نہیں، اسلامی تاریخ میں اس کی مثال نہیں، عورتوں نے مردوں کا تو پڑھایا ہے، ازواج مطہرات سے صحابہ استفادہ کرتے تھے مگر مردوں نے عورتوں کو پڑھایا ہو اس کی کوئی مثال نہیں اور عورتوں پر مردوں کو قیاس کرنا درست نہیں، اگر درست ہوتا تو اب تک اس کا رواج کیوں نہیں ہوا؟ مردوں سے تعلیم دلانے کے بے شمار مفاسد ہیں، ہر کوئی سمجھتا ہے، ان کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔ میں نے ایسے اساتذہ سے جو لڑکیوں کو پس پردہ پڑھاتے ہیں: پوچھا ہے کہ تمہارے دلوں کا کیا حال ہے؟ انھوں نے بتایا کہ ان کے دلوں کا حال اچھا نہیں، پس دوسری طرف بھی یہی حال ہوگا۔اور پردہ کے پیچھے سے گاہ بہ گاہ مردوں کا عورتوں کو وعظ ونصیحت کرنا جائز ہے، اس میں کوئی مفسدہ نہیں، اسی طرح لڑکیوں کا دارالاقامہ بھی بے اصل ہے، لڑکیاں دن میں آئیں اور شام کو گھر چلی جائیں اسی حد تک مدارس عربیہ قائم کرنے چاہئیں۔

اورخاص بات یہ یاد رکھنی چاہئے کہ لڑکیوں کو عربی تعلیم اچھی طرح دینی چاہئے، آج کل مدارس جو تعلیم دیتے ہیں وہ محض ایک رسم ہے، ان کا نصاب بھی تین سالہ یا پانچ سالہ کر دیا گیا ہے جبکہ لڑکوں کو سات یا آٹھ سال میں کمال حاصل نہیں ہوتا، لڑکیاں کیسے باکمال بن جائیں گی؟ لڑکیوں کو تعلیم ضرور دی جائے مگر خاطر خواہ تعلیم دی جائے، تاکہ آگے عورتیں تعلیم کے سلسلہ میں خود کفیل بنیں، ورنہ ہمیشہ مردوں ہی کے ذریعہ تعلیم دلانی ہوگی جو درست نہیں۔

علاوہ ازیں: پردے کے پیچھے سے جو تعلیم دی جاتی ہے وہ نصف تعلیم ہوتی ہے۔ جیسے خط اور ٹیلیفون کی ملاقات نصف ملاقات ہوتی ہے، پوری تعلیم تو بالمشافہہ ہی دی جاسکتی ہے، اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے کہ تعلیم دینے والی خواتین ہوں۔

اورمیرے علم میں یہ بات بھی آئی ہے کہ جو مرد پس پردہ تعلیم دیتے ہیں وہ اردو شرح لے کر بیٹھتے ہیں اور اس میں سے پڑھ کر سناتے ہیں یعنی وہ خود کتاب سمجھے ہوئے نہیں ہوتے، پھر طالبات کیا سمجھ لیں گی؟

حدیث: ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے عید الفطر کے دن عید گاہ میں خطبہ دیا، عید گاہ میں عورتیں بھی تھیں، آپؐ نے محسوس کیا کہ آپؐ نے عورتوں کو نہیں سنایا، یعنی عورتوں تک آواز نہیں پہنچی، چنانچہ آپ عورتوں کے قریب تشریف لے گئے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ ساتھ تھے۔آپ نے عورتوں کے قریب جا کر الگ سے عورتوں کو وعظ ونصیحت فرمائی، اور خاص طور پر صدقہ کرنے کی ترغیب دی، چنانچہ عورتیں بالیاں اور انگوٹھیاں ڈالنے لگیں، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ اپنے

کپڑے میں ان کو لینے لگے۔

تشریح: اس حدیث پر امام بخاریؒ نے جو باب باندھا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عورتوں میں امام ہی وعظ کہے گا یا امام کا مقرر کیا ہوا آدمی وعظ کہے گا۔ حدیث میں ہے: ''وعظ نہ کہے مگر امیر یا مامور یعنی جس کو امام نے وعظ کہنے پر مقرر کیا ہے یا گھمنڈی (رواہ ابوداؤد، مشکوٰۃ حدیث نمبر ۲۴۰)

[۳۲-] بابُ عِظَةِ الإِمَامِ النِّسَاءَ وَتَعْلِيْمِهِنَّ

[۹۸-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَيُّوْبَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِيْ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَوْ قَالَ عَطَاءٌ: أَشْهَدُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ، وَمَعَهُ بِلَالٌ، فَظَنَّ أَنَّهُ لَمْ يُسْمِعِ النِّسَاءَ، فَوَعَظَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ، فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تُلْقِيْ الْقُرْطَ وَالْخَاتَمَ، وَبِلَالٌ يَأْخُذُ فِيْ طَرَفِ ثَوْبِهِ.

وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ: عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَطَاءٍ. قَالَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَشْهَدُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ۸۶۳، ۹۶۲، ۹۶۴، ۹۷۵، ۹۷۷، ۹۷۹، ۹۸۹، ۱۴۳۱، ۱۴۴۹، ۴۸۹۵، ۵۲۴۹، ۵۸۸۰، ۵۸۸۱، ۵۸۸۳، ۷۳۲۵]

وضاحت: اس حدیث کی دو سندیں ہیں: ایک: شعبہ، عن ایوب، عن عطاء، عن ابن عباس۔ اور دوسری: اسماعیل، عن ایوب، عن عطاء عن ابن عباس، شعبہ والی سند میں أشهد على النبی اور أشهد على ابن عباس میں شک ہے۔ یعنی یا تو حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ میں حضور ﷺ پر گواہی دیتا ہوں، یا عطاء نے کہا کہ میں ابن عباسؓ پر گواہی دیتا ہوں، اور اسماعیل والی سند میں جزم کے ساتھ أشهد على النبیِّ ہے............ عِظَةٌ: مصدر ہے، وعظ (ض) وَعْظًا و عِظَةً کے معنی ہیں: وعظ ونصیحت کرنا............ حضرت عطاء: ابن عباس کے خاص شاگرد ہیں اور امام اعظم رحمہ اللہ کے استاذ ہیں۔

بابُ الْحِرْصِ عَلَى الْحَدِيْثِ

حدیث کی بے پناہ خواہش

علوم دینیہ (عالیہ) چھ ہیں: قرآن، حدیث، فقہ اور تینوں کے اصول: اصول تفسیر، اصولی حدیث اور اصول فقہ۔ ان میں اول نمبر کس کا ہے؟ فقہ کا اول نمبر نہیں ہوسکتا، کیونکہ وہ قرآن وحدیث کا نچوڑ اور خلاصہ ہے اور فقہاء کا نکالا ہوا ہے، اور علم تفسیر کا بھی اول نمبر نہیں ہوسکتا کیونکہ وہ مفسرین کے اقوال کا مجموعہ ہے، انھوں نے جو قرآن سے سمجھا ہے وہ تفسیر میں بیان کیا ہے، اور احادیث شریفہ حضور اقدس ﷺ کے ارشادات ہیں، اس لئے اول نمبر حدیثوں کا ہے۔ قرآنِ کریم بیشک اول نمبر ہے مگر قرآنِ کریم کوئی فن نہیں، وہ سارے علوم کا سرچشمہ ہے۔ اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب

قائم کیا کہ حدیثیں حاصل کرنے کی کوشش کرو، ان کے پیچھے دوڑو کیونکہ وہی علوم شرعیہ میں اول نمبر پر ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: یارسول اللہ! قیامت کے دن آپ کی شفاعت کے ساتھ سب سے زیادہ کامیاب کون ہوگا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابو ہریرہ! میرا گمان تھا کہ تم سے پہلے کوئی شخص مجھ سے یہ سوال نہیں کرے گا، کیونکہ میں دیکھ رہا ہوں کہ تمہیں حدیثوں کی بے پناہ خواہش ہے، سب سے زیادہ نیک بخت قیامت کے دن میری شفاعت سے وہ شخص ہوگا جس نے دل کی تھاہ سے یا فرمایا: دل کے اخلاص سے لا إلٰه إلا الله کہا۔

تشریح:

۱- سوال کرنے والے خود حضرت ابو ہریرہؓ تھے، راوی کبھی خود کو غائب کر دیتا ہے، جب حضرت ابو ہریرہؓ نے یہ سوال کیا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا: میرا گمان یہ تھا کہ تم ہی سب سے پہلے یہ سوال کرو گے، چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور تمہارے بارے میں میرا یہ گمان اس لئے تھا کہ تم حدیثوں کے معاملہ میں بہت حریص ہو۔ معلوم ہوا کہ آدمی کو سب سے زیادہ خواہش حدیثوں کی ہونی چاہئے۔

مدارس میں سب سے زیادہ حدیثیں پڑھائی جاتی ہیں، مگر ہمارے فضلاء سب سے زیادہ حدیث میں کمزور ہوتے ہیں، ملک ہی میں نہیں پوری دنیا میں غیر مقلدین کا فتنہ سر ابھار رہا ہے ان کے پاس مسئلہ کے ایک رخ کی چند رٹی رٹائی حدیثیں ہوتی ہیں، اور کچھ نہیں مگر ہمارا کوئی فاضل ان سے لوہا نہیں لیتا إلا ماشاء اللہ! پس آدمی کو حدیث کا حریص ہونا چاہئے، زندگی بھر حدیث کی کوئی کتاب مطالعہ میں رہنی چاہئے، اور روزانہ ایک گھنٹہ قرآن کا بھی مطالعہ کرنا چاہئے، تفسیروں کا مطالعہ کرو اور قرآن کو سمجھو، یہ محنت برابر جاری رہنی چاہئے، جگہ جگہ تفسیر قرآن کے اور تعلیم حدیث کے حلقے قائم کرو، اس سے لوگوں کو بھی فائدہ پہنچے گا اور اپنا بھی مطالعہ وسیع ہوگا، اللہ توفیق دیں (آمین)

۲- حدیث میں لفظ أَسْعَدُ: اسم تفضیل ہے، یہ یا تو سعید کے معنی میں ہے، تفضیلی معنی میں نہیں ہے۔ اس صورت میں سائل کے سوال کا مطلب یہ ہوگا کہ یارسول اللہ! قیامت کے دن آپ کی شفاعت کس کو حاصل ہوگی؟ آپ نے جواب دیا: ہر اس شخص کو حاصل ہوگی جس نے صدق دل سے کلمہ پڑھا ہے یعنی سچا مسلمان ہے۔

اور اگر أسعد کو تفضیلی معنی میں لیا جائے تو جواب نبوی علی اسلوب الحکیم ہوگا، اور سائل کو تنبیہ ہوگی کہ تمہارا سب سے زیادہ شفاعت کے حقدار کے بارے میں سوال کرنا مناسب نہیں، مطلق سوال کرو کہ شفاعت کس کو نصیب ہوگی؟ پس جان لو کہ ہر کلمہ گو کو میری شفاعت نصیب ہوگی، کوئی مسلمان میری شفاعت سے محروم نہیں رہے گا۔

[۳۳-] بابُ الْحِرْصِ عَلَى الْحَدِيْثِ

[۹۹-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ

أَبِیْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّـهُ قَالَ: قِیْلَ: یَارسولَ اللّٰهِ، مَنْ أَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ؟ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " لَقَدْ ظَنَنْتُ یَا أَبَا هُرَیْرَةَ أَنْ لَّا یَسْأَلَنِیْ عَنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ أَحَدٌ أَوَّلَ مِنْكَ، لِمَا رَأَیْتُ مِنْ حِرْصِكَ عَلٰی الْحَدِیْثِ: أَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مِنْ قَلْبِهِ أَوْ: نَفْسِهِ " [انظر: ٦٥٧٠]

بابٌ: کَیْفَ یُقْبَضُ الْعِلْمُ

علم کیسے اٹھایا جائے گا؟

قربِ قیامت میں علم اٹھالیا جائے گا، اور علم اٹھالینے کا طریقہ یہ نہیں ہوگا کہ مولانا صاحب رات میں سوئے، صبح اٹھے تو سب علم بھول گئے، بلکہ علماء اٹھالئے جائیں گے اور ان کی جگہ لینے والا کوئی نہیں ہوگا، پس لوگ جاہلوں کو پیشوا بنالیں گے، ان سے دین کی باتیں پوچھیں گے، وہ الٹے سُلٹے مسئلے بتائیں گے، اس طرح وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے سب سے پہلے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے ایک خط کا حوالہ دیا ہے، انھوں نے اپنے دورِ خلافت میں مدینہ منورہ کے گورنر اور قاضی ابوبکر بن حزم کو لکھا کہ مدینہ منورہ میں اساتذہ جو حدیثیں بیان کرتے ہیں ان کو لکھ کر میرے پاس بھیج دو، مجھے علم کے مٹ جانے کا اور علماء کے اٹھ جانے کا اندیشہ ہے (خاص طور پر عبدالرحمٰن بن اسعد بن زُرارہ کی بیٹی) عَمرۃ (متوفیہ ۹۸ھ) اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پوتے قاسم (متوفی ۱۲۰ھ) کی حدیثیں جو وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں لکھ کر بھیجو)

قولہ: ولا یقبل إلا حدیثُ النبی: یہ امام بخاری رحمہ اللہ کا اضافہ ہے، امام صاحب نے دو باتیں بڑھائی ہیں:

۱– صرف مرفوع حدیثیں ہی حدیث کی کتابوں میں لی جائیں، موقوف ومقطوع روایات نہ لی جائیں۔

۲– علماء علم کو پھیلائیں، اس کو رواج دیں، اور اپنا حلقہ قائم کریں، پڑھانے بیٹھیں، تاکہ جو علم سے ناواقف ہیں وہ واقف ہوجائیں، کیونکہ علم پر زوال اس وقت آئے گا جب وہ راز بن جائے گا، مخصوص حلقوں ہی میں پڑھنے پڑھانے کا رواج رہ جائے گا، عام لوگوں کو علم کی ہوا نہ لگنے دی جائے گی، پس علم ختم ہوجائے گا۔

اور پہلی بات کی تفصیل یہ ہے کہ تدوینِ حدیث کے چار دور ہیں۔ پہلے اور دوسرے دور میں احادیث مرفوعہ، موقوفہ اور مقطوعہ: سب حدیث کی کتابوں میں لی جاتی تھیں۔ پہلے دور کی موطا مالک اور دوسرے دور کی عبدالرزاق اور ابن ابی شیبہ کی کتابیں اس کی شاہد عدل ہیں۔ لیکن تدوینِ حدیث کے تیسرے دور میں یہ خیال پیدا ہوا کہ حدیث کی کتابوں میں صرف مرفوع صحیح احادیث لی جائیں۔ موقوف اور مقطوع احادیث نہ لی جائیں، یہ خیال سب سے پہلے حضرت امام

شافعی رحمہ اللہ کو آیا اور بعد کے محدثین بالواسطہ یا بلاواسطہ آپ کے شاگرد تھے اس لئے یہ خیال عام ہوگیا۔امام بخاری رحمہ اللہ سب سے زیادہ اس خیال سے متأثر ہوئے ہیں، چنانچہ انھوں نے اپنی صحیح میں صرف مرفوع صحیح حدیثیں لی ہیں، حسن اور ضعیف حدیثیں نہیں لیں۔مگر امام مسلم رحمہ اللہ نے جو امام بخاری رحمہ اللہ کے شاگرد ہیں استاذ سے اختلاف کیا اور صحیح مسلم میں صحیح کے ساتھ حسن روایتیں بھی لیں، ضعیف نہیں لیں۔اور دیگر محدثین نے ضعیف روایتیں بھی لیں، کیونکہ بوقتِ ضرورت فقہاء ضعیف روایات سے بھی استدلال کرتے ہیں۔

البتہ احادیث موقوفہ اور مقطوعہ یعنی صحابہ اور تابعین کے اقوال وافعال کو تیسرے اور چوتھے دور کی کتابوں میں نہیں لیا گیا، جبکہ پہلے اور دوسرے دور کی کتابوں میں ان کو بھی لیا گیا تھا، کیونکہ ان کے بغیر فقہ کی تدوین ممکن نہیں، امام بخاری رحمہ اللہ بھی باب میں ان روایات کو لانے پر مجبور ہوئے ہیں۔

قوله: وَلْيُفْشُوْا الْعِلْمَ: اور چاہئے کہ علماء علم پھیلائیں، یہ أفشی یُفشی (باب افعال) سے امر کا صیغہ ہے، اس کے معنی ہیں: رواج دینا، پھیلانا۔علم کو پھیلانے کی کیا شکل ہے؟ **ولیجلسوا حتی یُعلَّم من لایعلم:** اور چاہئے کہ علماء درس کی مجلسیں قائم کریں، تاکہ سکھلایا جائے وہ شخص جو دین کی باتیں نہیں جانتا۔**فإن العلم لا يَهلِك حتى يكون سِرًّا:** اس لئے کہ علم اس وقت تک ختم نہیں ہوگا جب تک وہ راز نہ بن جائے، جب علم پرائیویٹ ہوجائے گا اور اس پر لوگوں کی اجارہ داری قائم ہوجائے گی تو علم باقی نہیں رہے گا، جیسے ہندوؤں کے یہاں مذہبی علم صرف برہمن سیکھ سکتا ہے اور کوئی نہیں سیکھ سکتا، اس لئے ان کا علم ضائع ہوگیا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی دو باتیں اس طرح حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے خط کے مضمون کے ساتھ ملائی ہیں کہ دھوکہ لگتا ہے کہ یہ بھی حضرت عمرؒ کی باتیں ہیں۔اور ہمارے نسخے میں اگرچہ علاء کی سند لاکر وضاحت فرمادی ہے کہ حضرت عمر کا قول ذهاب العلماء تک ہے، مگر یہ بات عربی نسخوں میں نہیں ہے، اس لئے شارحین کرام بہت پریشان ہوئے ہیں۔صرف علامہ عینیؒ نے الأظهر کہہ کر یہ بات بیان کی ہے کہ یہ آخری دو باتیں امام بخاریؒ کی ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ علم کو چھیننے کے طور پر نہیں سمیٹیں گے کہ اس کو لوگوں سے چھین لیں، بلکہ وہ علم کو قبض کریں گے علماء کو قبض کرنے کے ذریعہ، یہاں تک کہ جب کوئی عالم باقی نہیں رہے گا (یا کسی عالم کو باقی نہیں چھوڑیں گے) تو لوگ نہایت نادانوں کو سردار بنالیں گے، پس ان سے مسائل پوچھے جائیں گے، اور وہ علم کے بغیر فتوے دیں گے، اس طرح وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

تشریح: اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ علم کو دین کی حفاظت کے لئے پڑھو پڑھاؤ۔اور خوب محنت سے علم حاصل کرو، ورنہ صورت حال بگڑ جائے گی، اور اس حدیث سے یہ بات بھی سمجھ میں آئی کہ فتوی ایک اہم ذمہ داری ہے، اس کے لئے

کافی علم کی ضرورت ہے۔

ترکیب: انتزاعاً: یا تو لا یقبض کا مفعول مطلق ہے: من غیر لفظه: اس صورت میں جملہ ینتزعه: انتزاعاً کی صفت ہوگا، اور نوعیت انتزاع کی وضاحت کرے گا، اور یہ بھی احتمال ہے کہ انتزاعا: بعد میں آنے والے فعل کا مفعول مطلق ہو۔ اس صورت میں ینتزعه: جملہ حالیہ ہوگا، یعنی اللہ تعالیٰ لوگوں سے علم دین کو اس طرح نہیں اٹھائیں گے کہ لوگوں کے درمیان سے اس کو اچک لیں، بلکہ عالم اسباب میں اس کی شکل یہ ہوگی کہ علماء یکے بعد دیگرے اٹھتے چلے جائیں گے، پس لوگ جاہلوں کو بڑا بنا لیں گے، ان سے مسائل پوچھیں گے، وہ علم کے بغیر اپنی رائے سے فتوے دیں گیں، خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

[۳۴-] بابٌ: كَيْفَ يُقْبَضُ الْعِلْمُ

وَكَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ إِلٰى أَبِىْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ: انْظُرْ مَا كَانَ مِنْ حَدِيْثِ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاكْتُبْهُ، فَإِنِّىْ خِفْتُ دُرُوْسَ الْعِلْمِ وَذَهَابَ الْعُلَمَاءِ.

وَلاَ يُقْبَلُ إِلَّا حَدِيْثُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلْيُفْشُوْا الْعِلْمَ، وَلْيَجْلِسُوْا حَتّٰى يُعَلَّمَ مَنْ لاَ يَعْلَمُ، فَإِنَّ الْعِلْمَ لاَ يَهْلِكُ حَتّٰى يَكُوْنَ سِرًّا.

حَدَّثَنَا الْعَلاَءُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ بِذٰلِكَ يَعْنِىْ حَدِيْثَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ إِلٰى قَوْلِهِ: ذَهَابَ الْعُلَمَاءِ.

[۱۰۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِىْ أُوَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ اللّٰهَ لاَ يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ الْعِبَادِ، ولٰكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، حَتّٰى إِذَا لَمْ يَبْقَ عَالِمٌ اتَّخَذَ النَّاسُ رُؤُسًا جُهَّالاً، فَسُئِلُوْا فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوْا وَأَضَلُّوْا "

قَالَ الفِرَبْرِيُّ: حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ هِشَامٍ نَحْوَهُ. [انظر: ۷۳۰۷]

وضاحت: دُروس: دَرَسَ (ن) کا مصدر ہے، دَرْس کی جمع نہیں۔ دَرَسَ الرسمُ: مٹنا............لم یُبْقِ عالماً: اگر باب افعال سے پڑھیں تو عالماً منصوب ہوگا۔ گیلری میں یہی لکھا ہے، پس ترجمہ ہوگا: یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کسی عالم کو باقی نہیں چھوڑیں گے۔ اور باب سمع سے لم یَبْقَ پڑھیں تو عالمٌ مرفوع ہوگا، اور ترجمہ ہوگا: یہاں تک کہ کوئی عالم باقی نہیں رہے گا۔

سند کی بحث: کتبِ حدیث کی ایک قسم مستخرج ہے۔ مستخرج: اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں کسی دوسری کتاب کی

احادیث کو اپنی سند سے روایت کیا ہو جس میں مصنف کا واسطہ نہ آیا ہو، جیسے اسماعیلی کا مستخرج بخاری شریف پر، اور ابو عوانہ کا مستخرج مسلم شریف پر۔ یہاں فربری رحمہ اللہ نے بھی جو بخاری شریف کے راوی ہیں ایسا ہی کیا ہے۔ انھوں نے اپنی سند دوسرے طریق سے ہشام سے ملائی ہے اس میں امام بخاریؒ کا واسطہ نہیں آیا، اسی کا نام استخراج ہے، اس سے کتاب کی سند کی تائید ہوتی ہے کیونکہ ہشام سے یہ حدیث اور طریق سے بھی مروی ہے۔

بابٌ: هَلْ يُجْعَلُ لِلنِّسَاءِ يَوْمٌ عَلٰى حِدَةٍ فِي الْعِلْمِ

عورتوں کی تعلیم کے لئے الگ دن مقرر کرنا چاہئے

علی حدة: اردو میں بھی استعمال ہوتا ہے، صرف رسم الخط کا فرق ہے۔ عربی میں علی کو الگ اور حدة کو الگ لکھتے ہیں اور اردو میں ملا کر علاحدہ لکھتے ہیں۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر عورتوں کی تعلیم کے لئے مخصوص ایام متعین کر دیئے جائیں تو اس میں کوئی حرج نہیں، بلکہ ایسا کرنا چاہئے، جیسے تبلیغی جماعت کا نظام ہے کہ ہفتہ میں ایک دن عورتوں کا اجتماع رکھتے ہیں، اور ان کو دین کی باتیں بتاتے ہیں۔

حدیث: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خواتین نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا: آپؐ کی مجلس میں مرد ہم پر غالب آ گئے یعنی مرد آپؐ کو گھیرے رہتے ہیں، ہمیں استفادہ کا موقع نہیں ملتا، لہٰذا آپؐ ہمارے لئے کوئی دن مقرر فرمائیں (جس میں ہم آپؐ سے استفادہ کریں) چنانچہ آپؐ نے ان سے ایک دن کا وعدہ فرمایا۔ اس دن آپؐ نے ان سے ملاقات کی، پس ان کو نصیحت فرمائی، اور ان کو کچھ احکام بتائے، اس دن آپؐ نے عورتوں سے جو باتیں کہیں ان میں سے ایک بات یہ تھی کہ نہیں ہے تم میں سے کوئی عورت جس کے تین (نابالغ) بچے گذر جائیں مگر ہونگے وہ بچے اس کے لئے جہنم کی آگ سے آڑ، ایک عورت نے عرض کیا: دو بچے گذرے ہوں تو؟ آپؐ نے فرمایا: دو بھی، دوزخ سے حجاب بن جائیں گے۔

تشریح:

۱- مرد و زن ننانوے فیصد احکام میں مشترک ہیں، صرف ایک فیصد صنفی احکام مختلف ہیں۔ جیسے عورتوں کو ماہواری آتی ہے اور مردوں کی ڈاڑھی نکلتی ہے، پس صنفی احکام کے اختلاف کی وجہ سے ہر روز عورتوں کی الگ مجلس کرنی ضروری نہیں، جب مردوں کے سامنے وعظ کہیں گے تو عورتیں بھی پردہ میں بیٹھ کر سنیں گی، البتہ گاہ بہ گاہ عورتوں کے لئے مخصوص وعظ ضروری ہے، جس میں عورتوں کے مخصوص احکام بیان کئے جائیں۔

۲-جاننا چاہئے کہ حدیث میں مذکور فضیلت صرف ماں کے لئے نہیں، باپ کے لئے بھی ہے، بچپن میں فوت شدہ بچے ماں باپ کے لئے دوزخ سے آڑ بنیں گے، اور جس کا ایک بچہ فوت ہوا ہو اس کے لئے بھی یہ فضیلت ہے۔ (مشکوۃ حدیث ۱۷۵۵)

البتہ چند شرطیں پائی جائیں تب یہ فضیلت حاصل ہوگی:

۱-بچہ زمانۂ طفولت میں فوت ہوا ہو۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے: لم يبلغوا الحِنْثَ: وہ بچے بلوغ تک نہ پہنچے ہوں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ بچپن میں ماں باپ کا التفات بچوں کی طرف کامل ہوتا ہے اور بچوں کا التفات بھی ماں باپ کی طرف کامل ہوتا ہے۔ اور شادی کے بعد جانبین سے التفات کم ہونے لگتا ہے، یہ اللہ تعالیٰ کا نظام ہے کہ اولاد ماں باپ سے دور ہو اور دنیا آباد ہو۔ بچپن میں جانبین کا ایک دوسرے کی طرف جیسا التفات ہوتا ہے اگر بلوغ کے بعد بھی وہی حالت باقی رہے تو آج ساری دنیا ایک گھر میں بسی ہوئی ہوتی، نہ ماں باپ اولاد کو دور جانے دیتے اور نہ اولاد ماں باپ سے دور جاتی۔ پھر دنیا کیسے آباد ہوتی؟ اس لئے قادر مطلق نے انسان کی فطرت میں یہ بات ودیعت فرمائی کہ جب بچے کے بال و پر آجاتے ہیں تو وہ اڑنے کی کوشش کرتا ہے، اور جب بچہ دور چلا گیا، اور اس کا التفات کم ہوگیا تو ماں باپ کا التفات بھی کم ہوجاتا ہے۔ غرض: بچپن میں ماں باپ کا التفات زیادہ ہوتا ہے اس لئے فوت ہونے پر صدمہ بھی زیادہ پہنچتا ہے جس پر وہ صبر کرتے ہیں اس لئے یہ بشارت ہے۔

۲-یہ فضیلت اس کے لئے ہے جو اس وقت صبر کرے جب پہلی بار مصیبت دل سے ٹکرائے، بعد میں تو ہر کسی کو صبر آہی جاتا ہے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ''صبر صدمہ کی ابتداء میں ہے'' (مشکوۃ حدیث ۱۷۵۸) اس حدیث کا شان ورود یہ ہے کہ ایک بار آپ قبرستان کے قریب سے گذرے، آپؐ نے ایک عورت کو قبر پر روتے ہوئے دیکھا اس کا بیٹا فوت ہوگیا تھا، وہ اس کی قبر پر رو رہی تھی، آپؐ نے اس کو صبر کی تلقین فرمائی۔ اس نے آپ کو پہچانا نہیں اور کہا: جاؤ میاں! جو مصیبت مجھ پر آئی ہے اگر تم پر آتی تو میں جانتی کہ تم کیسا صبر کرتے ہو! آپؐ وہاں سے آگے بڑھ گئے بعد میں کسی نے اس عورت کو بتایا کہ وہ آنحضرت ﷺ تھے اب وہ اپنا غم بھول گئی۔ دوڑی ہوئی آپؐ کے گھر پہنچی، آپ گھر پر موجود نہیں تھے۔ وہ بیٹھ کر رونے لگی، جب آپؐ تشریف لائے تو اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا، آپؐ نے فرمایا: الصبر عند الصدمة الأولىٰ: جس وقت صدمہ پہنچے اسی وقت صبر کرنے کا ثواب ہے۔ بعد میں تو سب کو صبر آہی جاتا ہے (بخاری حدیث ۱۲۸۳)

۳-فضائل کی روایات پلاستر والے مکان پر پینٹ کرنے کی مثال ہیں، جس کا ایمان کا ڈھانچہ ہی تیار نہ ہو، اس کے لئے کوئی فضیلت نہیں۔ روایات میں رمضان میں مرنے کے فضائل آئے ہیں پس کیا وہ فضائل غیر مسلم کے لئے بھی ہیں؟ ظاہر ہے اس کے لئے وہ فضیلت نہیں کیونکہ اس کے ایمان کا ڈھانچہ ہی تیار نہیں پس کیا وہ ہوا میں پینٹ کرے گا! اسی طرح

مکان تو تیار ہے مگر اس پر پلاستر ہوا ہوا نہیں تو اس پر پینٹ کیا کھلے گا، یہ بے عمل اور بد عمل مؤمن کی مثال ہے۔ ان کو فضائل کی روایات کا فائدہ نہیں پہنچے گا، فضائل کی روایتیں حقیقت میں صالحین کے لئے ہیں، انہی کو کامل فائدہ پہنچے گا۔

[۳۵-] بابٌ: هَلْ يُجْعَلُ لِلنِّسَاءِ يَوْمٌ عَلٰى حِدَةٍ فِي الْعِلْمِ

[۱۰۱-] حدثنا آدمُ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ ذَكْوَانَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَتِ النِّسَاءُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: غَلَبَنَا عَلَيْكَ الرِّجَالُ، فَاجْعَلْ لَنَا يَوْمًا مِنْ نَفْسِكَ، فَوَعَدَهُنَّ يَوْمًا لَقِيَهُنَّ فِيْهِ، فَوَعَظَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ، فَكَانَ فِيْمَا قَالَ لَهُنَّ: "مَا مِنْكُنَّ امْرَأَةٌ تُقَدِّمُ ثَلَاثَةً مِنْ وَلَدِهَا إِلَّا كَانَ لَهَا حِجَابًا مِنَ النَّارِ" فَقَالَتِ امْرَأَةٌ: وَاثْنَيْنِ؟ فَقَالَ: "وَاثْنَيْنِ".

[انظر: ۱۲۴۹، ۷۳۱۰]

[۱۰۲-] حدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: ثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا.

وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: "ثَلَاثَةٌ لَمْ يَبْلُغُوْا الْحِنْثَ"

[انظر: ۱۲۵۰]

وضاحت: مذکورہ حدیث عبدالرحمٰن بن الاصبہانی: ابوصالح ذکوان سے بھی روایت کرتے ہیں اور ابوحازم سے بھی، ذکوان نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے اور ابوحازم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے، حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت میں **لم يبلغوا الحنث** بڑھا ہوا ہے............ غُندر کا نام محمد بن جعفر ہے، غندر ان کا لقب ہے، یہ بہت اچھے راوی ہیں۔ غندر کے معنی ہیں: جھکّی، یہ ابن جریج کے سبق میں بہت سوالات کرتے تھے، ایک دن ابن جریج نے جھلا آ کر کہا: **ما تريد يا غُنْدَرُ**؟: ارے جھکّی کیا چاہتا ہے؟ اس دن سے انھوں نے اپنا لقب غندر رکھ لیا، پہلے دارالعلوم میں جمعرات کے دن اساتذہ کی نگرانی میں انجمنیں ہوتی تھیں، ایک طالب علم تُک بندی کرتا تھا، وزن قافیہ کچھ نہیں جانتا تھا، الٹے سیدھے اشعار کہتا تھا، ایک مرتبہ اس نے اپنی نظم سنائی، شیخ الہند قدس سرہ نے فرمایا: **أنت چُغدُ الشعراء**: چغد فارسی لفظ ہے، اس کے معنی ہیں: الّو، اس طالب علم نے اپنا تخلص چغدر کھ لیا، اسی طرح محمد بن جعفر نے اپنا تخلص غندر رکھ لیا تھا۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ محمد بن بشار کا لقب بُندار تھا، شاید یہ بنڈل کی عربی ہو۔ کہتے ہیں: ان کے پاس علاقہ کی تمام حدیثیں جمع تھیں، وہ حدیثوں کے اسٹاکسٹ تھے، حدیثوں کے ان کے پاس بنڈل کے بنڈل تھے، اس لئے ان کا لقب بندار پڑ گیا۔

بابُ مَنْ سَمِعَ شَيْئًا فَلَمْ يَفْهَمْهُ فَرَاجَعَهُ حَتّٰى يَعْرِفَهُ

کوئی بات سمجھ میں نہیں آئی، تو دوبارہ پوچھے اور سمجھ کر چھوڑے

اگر سبق میں کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو اس کو سمجھے بغیر نہیں چھوڑنا چاہئے، سبق کے بعد استاذ کے پاس جائے اور اس کو دوبارہ سمجھے، اور اگر استاذ نہ سمجھا سکے تو کسی اور عالم کے پاس جائے اور بات کو اچھی طرح سمجھے، کوئی بات سمجھے بغیر نہ چھوڑے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا مزاج یہ تھا کہ جب وہ کوئی حدیث سنتیں، اور بات سمجھ میں نہ آتی تو وہ آنحضور ﷺ سے رجوع کرتیں، اور بات سمجھ کر چھوڑتیں، ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس کا حساب ہوگا اس کا بیڑا غرق ہوگا (من حوسب عُذِّب) حضرت عائشہؓ نے سوال کیا: یارسول اللہ! قرآن میں ہے: ﴿فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيْرًا﴾ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض لوگوں کا آسان حساب ہوگا یعنی وہ حساب کے بعد نجات پائیں گے اور آپ فرما رہے ہیں کہ جس کا بھی حساب ہوگا وہ سزا دیا جائے گا یہ تعارض ہے؟ آپؐ نے فرمایا: حساب لینے کی دو صورتیں ہیں: ایک: سرسری حساب لینا اور ایک حساب میں مناقشہ کرنا۔ سرسری حساب لینا یہ ہے کہ گناہ پیش کردیئے جائیں اور یہ نہ پوچھا جائے کہ یہ گناہ تو نے کیوں کیا؟ یہ آسان حساب ہے۔ یہ بندہ نجات پائے گا، اور جس شخص سے مناقشہ کیا جائے اور پوچھا جائے کہ یہ گناہ تو نے کیوں کیا؟ اس کی لٹیا ڈوبی!

[٣٦-] بابُ مَنْ سَمِعَ شَيْئًا فَلَمْ يَفْهَمْهُ فَرَاجَعَهُ حَتّٰى يَعْرِفَهُ

[١٠٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم كَانَتْ لَا تَسْمَعُ شَيْئًا لَا تَعْرِفُهُ إِلَّا رَاجَعَتْ فِيْهِ حَتّٰى تَعْرِفَهُ، وَأَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ حُوْسِبَ عُذِّبَ" قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: أَوَ لَيْسَ يَقُوْلُ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا﴾ [الانشقاق:٨]؟ قَالَتْ: فَقَالَ: " إِنَّمَا ذٰلِكَ الْعَرْضُ، ولٰكِنْ مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ يَهْلِكُ". [انظر: ٤٩٣٩، ٦٥٣٦، ٦٥٣٧]

ترجمہ: ابوملیکہ کہتے ہیں: حضرت عائشہؓ نہیں سنتی تھیں کوئی بات جس کو وہ نہیں سمجھ پاتی تھیں، مگر اس کو مکرر دریافت کرتی تھیں، یہاں تک کہ اس کو سمجھ لیتیں۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے فرمایا: "جس کا حساب لیا گیا وہ سزا دیا گیا" حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: کیا اللہ عزوجل نے یہ نہیں فرمایا کہ عنقریب وہ آسان حساب لیا جائے گا؟ آپؐ نے فرمایا: "یہ اعمال پیش کرنا ہے، لیکن جس سے حساب میں مناقشہ کیا گیا وہ ہلاک ہوا"

باب: لِيُبَلِّغِ الْعِلْمَ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ

حاضر غائب کو علم پہنچائے

یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے، اور العلم مفعول اول ہے، الشاهدُ: فاعل ہے اور الغائب: مفعول ثانی ہے۔ پہلے یہ بات بتلائی ہے کہ آپ جو علم حاصل کر رہے ہیں وہ آپ کی جاگیر نہیں، آپ کے پاس امانت ہے، آپ کا علم امت کا سرمایہ ہے، اگر آپ نے یہ علم اپنے ہی پاس رکھا، دوسروں تک نہ پہنچایا تو آپ نے امت کے حق میں خیانت کی۔ سورۃ النساء (آیت ۵۸) میں اللہ تعالیٰ نے امانتیں ادا کرنے کا حکم دیا ہے اور حدیث میں آیا ہے کہ جس سے کوئی علمی بات پوچھی گئی، جس کو وہ جانتا تھا، مگر نہیں بتائی تو قیامت کے دن اس کو آگ کی لگام دی جائے گی، پس ہر شخص کو اللہ تعالیٰ نے جو تھوڑا بہت علم دیا ہے وہ دوسروں تک پہنچائے خواہ کسی شکل میں پہنچائے۔

جب یزید بادشاہ بنا تو عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ نے اس کے ہاتھ پر بیعت نہیں کی، وہ مکہ چلے گئے، وہاں اپنے لئے بیعت لی، یزید نے مدینہ کے گورنر عمرو بن سعید لطیم الشیطان کو لکھا کہ وہ بزور عبداللہ کو بیعت پر مجبور کرے، چنانچہ اس نے مکہ لشکر روانہ کرنا شروع کیا، جب وہ لشکر روانہ کر رہا تھا تو ابوشریح عدوی رضی اللہ عنہ اس کے پاس گئے اور اس کو درج ذیل حدیث سنائی:

حدیث: ابوشریح عدویؓ نے عمرو بن سعید سے کہا جب وہ مکہ لشکر روانہ کر رہا تھا: اے امیر! آپ مجھے اجازت دیں میں آپ سے وہ بات بیان کروں جو رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے دوسرے دن اپنی تقریر میں فرمائی تھی جس کو میرے کانوں نے سنا، میرے دل نے محفوظ کیا، میری آنکھیں آپؐ کو دیکھ رہی تھیں، جب آپؐ تقریر فرما رہے تھے۔ آپؐ نے اللہ کی تعریف کی، اس کی ثنا بیان کی، پھر فرمایا: ”مکہ مکرمہ کو اللہ تعالیٰ نے محترم قرار دیا ہے کسی آدمی نے اس کو محترم قرار نہیں دیا۔ پس کسی ایسے شخص کے لئے جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر یقین رکھتا ہو: جائز نہیں کہ وہ حرم میں خون بہائے، یا حرم کے کسی درخت کو کاٹے، پس اگر کوئی نبی ﷺ کے حرم میں قتال کرنے کی وجہ سے جواز پر استدلال کرے (فتح مکہ کے دن نبی ﷺ مکہ کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے تھے، وہاں جنگ کی نوبت نہیں آئی تھی، اور حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ زیریں حصہ سے داخل ہوئے تھے، وہاں جن لوگوں نے مزاحمت کی ان میں سے کچھ لوگ مارے گئے تھے) تو تم اس سے کہنا: بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اس کی اجازت دی تھی، اور تجھے اجازت نہیں دی۔ اور میرے لئے بھی حرم میں قتال کی اجازت دن کے ایک خاص حصہ میں (طلوع شمس سے عصر تک) تھی، اور آج اس کی حرمت لوٹ آئی گذشتہ کل کی حرمت کی طرح، یعنی اب میرے لئے بھی حرم میں قتال جائز نہیں، اور چاہئے کہ حاضرین غائبین تک یہ بات پہنچا دیں (یہی جملہ باب سے متعلق ہے) ابوشریح سے طالب علموں نے پوچھا: عمرو بن سعید نے آپ کی بات کا کیا

جواب دیا؟ آپؓ نے فرمایا: اس نے کہا: اے ابوشریح! میں یہ باتیں آپ سے زیادہ جانتا ہوں، حرم کسی نافرمان (باغی) کو پناہ نہیں دیتا اور نہ خون کر کے بھاگے ہوئے کو پناہ دیتا ہے۔ اور نہ کوئی جنایت (یا چوری) کر کے بھاگے ہوئے کو پناہ دیتا ہے۔ طالب علموں نے پوچھا: جب عمرو بن سعید نے یہ بات کہی تو آپؓ نے کیا جواب دیا؟ ابوشریح نے فرمایا: میں نے کہا: جب حضور ﷺ نے یہ تقریر فرمائی تھی تو میں وہاں موجود تھا اور تو موجود نہیں تھا، اور نبی ﷺ نے ہم کو یہ حکم دیا تھا کہ حاضرین غائبین تک میری بات پہنچائیں سو میں نے پہنچادی، پھر میں چلا آیا۔

تشریح:

۱- عمرو بن سعید کے نزدیک حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ حکومت کے باغی تھے۔ اس وجہ سے وہ ان کے خلاف لشکر کشی کر رہا تھا، حالانکہ ابن الزبیرؓ نے یزید کے ہاتھ پر بیعت ہی نہیں کی تھی۔ پس بغاوت کے کیا معنی؟ اور نہ انھوں نے کوئی جنایت کی تھی نہ کسی کو قتل کیا تھا نہ چوری کی تھی پھر ان کے خلاف لشکر کشی کا کیا جواز تھا؟

۲- اگر کوئی شخص جنایت کر کے حرم میں گھس جائے تو اسے وہاں سزا دی جائے گی یا نہیں؟ جواب: اگر اس نے کوئی مالی جرم کیا ہے، جیسے کسی کا مال غصب کیا ہے یا بالقصد مال تلف کیا ہے یا کوئی مادون النفس جرم کیا ہے مثلاً کسی کا ہاتھ کاٹا ہے تو اسے بالاجماع حرم میں سزا دی جائے گی، اور غصب کیا ہوا مال واپس دلایا جائے گا، اور اگر کسی کو عمداً قتل کیا ہے تو اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک اس سے حرم میں قصاص لیا جائے گا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک حرم میں قصاص نہیں لیا جائے گا، البتہ اس کا حقّہ پانی بند کر دیا جائے گا، تاکہ وہ مجبور ہو کر باہر نکلے یا مر جائے۔

احناف کی دلیل سورۂ آل عمران کی آیت ۹۷ ہے: ﴿وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا﴾: جو حرم میں داخل ہو گیا وہ مامون ہو گیا۔ اس آیت کے عموم سے بالاجماع دو شخص مخصوص ہیں: مالی جرم کرنے والا، اور مادون النفس جنایت کرنے والا، اب اگر عمداً قتل کرنے والے کی بھی تخصیص کی جائے گی تو آیت کا کچھ مصداق باقی نہیں رہے گا، جیسے: متروک التسمیہ ناسیاً بالاجماع حلال ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک متروك التسمیه متعمداً بھی حلال ہے۔ احناف کہتے ہیں: اگر یہ جانور بھی حلال ہوگا تو آیت: ﴿وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ﴾ (سورۃ الانعام آیت ۱۲۱) کا کچھ مصداق باقی نہیں رہے گا، آیت ایسی مونگ پھلی ہو جائے گی جس میں گری نہیں ہوگی۔ احناف کے نزدیک جب نص کا ایک فرد باقی رہ جائے تو تخصیص جائز نہیں۔ اسی طرح مذکورہ آیت میں مالی جرم کرنے والے اور مادون النفس جنایت کرنے والے کی بالاجماع تخصیص کی گئی ہے پس اب قتل عمد کرنے والے کی تخصیص نہیں ہو سکتی، اگر کی جائے گی تو آیت کا کچھ مصداق باقی نہیں رہے گا۔

اور احناف نے حضور ﷺ کے ارشاد: ولایحل لامرئ یؤمن بالله والیوم الآخر أن یسفك بها دمًا: سے بھی استدلال کیا ہے یعنی جو کسی کو عمداً قتل کر کے حرم میں چلا جائے اسے وہاں قتل نہیں کیا جائے گا، ورنہ حرم میں خون بہانا لازم آئے گا۔ اور ائمہ ثلاثہ نے عمرو بن سعید کے قول: ولا فارًّا بدمٍ سے استدلال کیا ہے، ببیں تفاوتِ راہ از کجا است تا بہ کجا؟

۳-حرم کے احکام دوسری جگہوں سے مختلف ہیں، وہاں شکار کرنا جائز نہیں، پالتو جانور بکری، گائے، مرغی وغیرہ کو ذبح کر سکتے ہیں مگر شکار کو حرم میں مارنا جائز نہیں۔ اگر کوئی شکار کو ذبح کرے گا تو وہ مردار ہو جائے گا، چاہے اللہ کا نام لے کر ذبح کرے۔ اور جزاء (بدلہ) واجب ہوگی البتہ پانچ جانور اس سے مستثنیٰ ہیں (تفصیل کتاب الحج میں آئے گی) اور یہ حکم محرم غیر محرم سب کے لئے ہے، اسی طرح حرم کی خودرو گھاس اور جنگلی درخت کاٹنا جائز نہیں، البتہ جو درخت انسان اگاتے ہیں جیسے: آم، سیب، کیلا، گیہوں وغیرہ ان کو کاٹنا جائز ہے، خواہ وہ خود اگا ہو یا کسی نے اگایا ہو، اسی طرح خودرو گھاس یا درخت یا اس کی کوئی ٹہنی جب سوکھ جائے تو کاٹ سکتے ہیں۔ اور تر گھاس اور تر درخت کو کاٹنے میں جزاء واجب ہوگی۔ اور حرم کی گھاس اور درخت اگر جانور خود چریں تو کوئی مضائقہ نہیں، مگر گھاس کاٹ کر یا پتے توڑ کر جانور کو کھلانا جائز نہیں، جزاء واجب ہوگی۔

ملحوظہ: عمرو بن سعید کے دو لقب تھے، ایک: اشدق (منہ پھٹ) دوسرا: لطیم الشیطان (شیطان کا تھپڑ مارا ہوا) ان لقبوں سے اس کی حیثیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ بعد میں اسی حکومت نے جس کا وہ آلۂ کار تھا اس کو قتل کر دیا۔

[۳۷-] بابٌ: لِيُبَلِّغِ الْعِلْمَ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ

قَالَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۰٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسَفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدٌ، هُوَ ابْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ شُرَيْحٍ، أَنَّهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ، وَهُوَ يَبْعَثُ الْبُعُوْثَ إِلٰى مَكَّةَ: ائْذَنْ لِيْ أَيُّهَا الْأَمِيْرُ أُحَدِّثْكَ قَوْلاً قَامَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْغَدَ مِنْ يَوْمِ الْفَتْحِ، سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ، وَوَعَاهُ قَلْبِيْ، وَأَبْصَرَتْهُ عَيْنَايَ، حِيْنَ تَكَلَّمَ بِهِ، حَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: "إِنَّ مَكَّةَ حَرَّمَهَا اللّٰهُ، وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ، فَلَا يَحِلُّ لِامْرِئٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ يَسْفِكَ بِهَا دَمًا، وَلَا يَعْضِدَ بِهَا شَجَرَةً، فَإِنْ أَحَدٌ تَرَخَّصَ لِقِتَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْهَا، فَقُوْلُوْا: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَذِنَ لِرَسُوْلِهِ وَلَمْ يَأْذَنْ لَكُمْ، وَإِنَّمَا أَذِنَ لِيْ فِيْهَا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، ثُمَّ عَادَتْ حُرْمَتُهَا الْيَوْمَ كَحُرْمَتِهَا بِالْأَمْسِ، وَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ" فَقِيْلَ لِأَبِيْ شُرَيْحٍ: مَاقَالَ عَمْرٌو؟ قَالَ: أَنَا أَعْلَمُ مِنْكَ يَا أَبَا شُرَيْحٍ، إِنَّ مَكَّةَ لَا تُعِيْذُ عَاصِيًا، وَلَا فَارًّا بِدَمٍ، وَلَا فَارًّا بِخَرْبَةٍ. [انظر: ۱۸۳۲، ٤۲۹٥]

[۱۰٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ: ذَكَرَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ - قَالَ مُحَمَّدٌ: وَأَحْسَبُهُ قَالَ: وَأَعْرَاضَكُمْ - عَلَيْكُمْ حَرَامٌ، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، أَلَا لِيُبَلِّغُ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ" - وَكَانَ مُحَمَّدٌ يَقُوْلُ: صَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ ذٰلِكَ - "أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟" مَرَّتَيْنِ. [راجع: ٦٨]

لغات: البَعْث: فوج، ہر وہ جماعت جو کہیں بھیجی جائے جمع بُعوث .... سَفَكَ (ض) سَفْكًا الدمَ أو الماءَ: خون یا پانی بہانا......... أُحدِّثْك: جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے......... إئذن کے ہمزہ کو ی سے بدل کر إيْذن بھی پڑھ سکتے ہیں .... عَضَدَ (ض) عَضْدًا الشجرةَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا......... تَرَخَّصَ في الأَمْرِ: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا......... لِقتال میں لام اجلیہ ہے أی لأجل قتال......... خَرْبَة: عیب، لغزش، جنایت اور ایک روایت میں خِزْية ہے یعنی رسوائی کا کام......... ہندوستانی نسخے میں لاتُعيذ سے پہلے إنَّ مكة چھوٹ گیا ہے، مصری نسخہ میں ہے، اس کے بغیر بات پوری نہیں ہوتی۔ اسی طرح حوض والے نسخہ میں عن أبی بكرة نہیں ہے، گیلری میں ہے وہی نسخہ صحیح ہے۔

قوله: ذكر النبیّ: یہ وہی جملہ ہے جو پہلے بھی آیا ہے۔ حضرت ابوبکرہؓ نے حدیثیں کسی کاپی میں لکھ رکھی تھیں۔ یہ ان حدیثوں میں سے ایک ہے، یہ روایت پہلے (حدیث نمبر ۶۷) تفصیل سے آئی ہے۔ وہاں الفاظ تھے: فإن دماء كم وأموالكم وأعراضكم: یہاں وأعراضكم سے پہلے محمد بن سیرین نے وَأَحْسَبُه قال کہا ہے، یعنی محمد بن سیرین کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ حدیث میں وأعراضكم بھی ہے۔

قوله: صدق رسول الله: اس جملہ کا مفہوم یہ ہے: محمد بن سیرینؒ کہتے ہیں: آنحضور ﷺ نے جو فرمایا تھا کہ حاضرین غائبین تک بات پہنچائیں، یہ خواب شرمندۂ تعبیر ہو گیا، صحابہ نے آپؐ کے ارشادات غائبین تک پہنچا دیئے۔

قوله: ألا هل بَلَّغْتُ؟: حدیث سے جڑا ہوا ہے، اور و كان محمدٌ جملہ معترضہ ہے۔

ملحوظہ: حَسِب قرآنِ کریم میں باب سمع سے آیا ہے، سورۂ نور میں ہے: ﴿يَحْسَبُهُ الظَّمْآنُ مَاءً﴾ البتہ بعض قراء يَحْسِبُه (عین کلمہ مکسور) پڑھتے ہیں، اسی لئے منشعب میں اس کو مستقل باب شمار کیا ہے۔

بابُ إِثْمِ مَنْ كَذَبَ عَلَى النبیِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی جانب جھوٹی بات منسوب کرنے کا گناہ

اس باب کا ماقبل سے ربط یہ ہے کہ دین پہنچانے میں غلط بیانی کا احتمال ہے اس لئے یہ باب لائے، اور نصیحت فرمائی کہ نقلِ دین میں احتیاط سے کام لو، دانستہ یا نادانستہ غلط بیانی سے بچو، نادانستہ غلطی تو ہو سکتی ہے، جہل ونسیان انسان کی فطرت ہے مگر جب غلطی کا احساس ہو جائے تو فوراً رجوع کر لینا چاہئے، غلطی پر اصرار نہیں کرنا چاہئے۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھ پر جھوٹ مت بولو، کیونکہ جو مجھ پر جھوٹ بولے گا وہ جہنم میں جائے گا۔

تشریح:

۱- نبی ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں جس طرح صحابہ قرآنِ کریم کی تبلیغ کرتے تھے یعنی نیا نازل شدہ قرآن سب

مسلمانوں تک پہنچاتے تھے کیونکہ اس کا حکم تھا: بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آیَةً: میری طرف سے پہنچاؤ اگرچہ ایک آیت ہو، اسی طرح حیات نبوی میں صحابہ حدیثیں بھی روایت کرتے تھے، کیونکہ سب صحابہ ہمہ وقت خدمت نبوی میں حاضر نہیں رہتے تھے۔ پس جو موجود ہوتے اور کوئی حدیث سنتے وہ اس کو دوسرے صحابہ تک پہنچاتے، اس لئے باب کی احادیث میں ہدایت ہے کہ کوئی شخص نبی ﷺ کی طرف سے غلط غلط بات منسوب نہ کرے، صحیح بات اور بے کم وکاست پہنچائے۔

۲- اور یہ حکم حیاتِ نبوی کے ساتھ خاص نہیں، قیامت تک کے لئے ہے، پس احادیث شریفہ پوری احتیاط کے ساتھ بیان کرنی چاہئیں، صحیح روایات ہی بیان کریں اور بالقصد کوئی جھوٹی بات حضور ﷺ کی طرف منسوب نہ کریں۔

۳- کچھ لوگوں نے لفظ علیَّ سے یہ بات نکالی ہے کہ دین کو نقصان پہنچانے والی حدیثیں تو گڑھنا جائز نہیں مگر دین کو فائدہ پہنچانے والی حدیثیں گڑھ سکتے ہیں، کیونکہ یہ لَہٗ ہے عَلَیَّ نہیں ہے، چنانچہ خلیل نحوی کے غلام نے ہر سورت کے فضائل میں حدیثیں گھڑی ہیں، لوگوں نے اس سے کہا: یہ کیا کرتا ہے؟ اس نے کہا: لوگوں کو قرآن سے قریب کرتا ہوں! وہ قرآن زیادہ پڑھیں گے، حاشیہ میں اس کی تردید ہے۔ علی اور لام میں فرق ضرور ہے، علی ضرر کے لئے آتا ہے اور لام فائدے کے لئے، مگر جب علی صلہ میں آتا ہے تو یہ فرق ملحوظ نہیں رہتا، اور یہاں علی صلہ میں آیا ہے۔

[۳۸-] بابُ إِثْمِ مَنْ كَذَبَ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[۱۰۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: أَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَنْصُوْرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَقُوْلُ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لاَ تَكْذِبُوْا عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ فَلْيَلِجِ النَّارَ"

حدیث (۲): حضرت عبداللہ الزبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اپنے ابا حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا بات ہے میں آپ کو اس طرح حدیثیں بیان کرتے نہیں دیکھتا جس طرح فلاں اور فلاں صاحبان بیان کرتے ہیں، حضرت زبیرؓ نے فرمایا: سنو! میں نبی اکرم ﷺ سے جدا نہیں ہوا، لیکن میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص مجھ پر جھوٹ بولے اس کو چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

تشریح: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں، آنحضور ﷺ کے پھوپی زاد بھائی اور ہم زلف ہیں، اور حواری رسول کے لقب سے معروف ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بڑی صاحبزادی حضرت اسماء رضی اللہ عنہا آپ کے نکاح میں تھیں، عبداللہ بن الزبیرؓ انہی کے بطن سے ہیں، یہ وہی عبداللہ ہیں جن سے جنگ کے لئے عمرو بن سعید مکہ مکرمہ لشکر بھیج رہا تھا اور ابوشریح عدوی نے اس کو حدیث سنائی تھی، انھوں نے اپنے والد سے عرض کیا: آپ بہ کثرت حدیثیں کیوں بیان نہیں کرتے، جس طرح فلاں اور فلاں صحابہ بیان کرتے ہیں؟ کیا آپ کو صحبتِ نبوی کا زیادہ موقع نہیں ملا؟ یا آپ کو حدیثیں محفوظ نہیں، آپؓ نے فرمایا: یہ دونوں باتیں نہیں، بلکہ میں نے حضور اقدس

ﷺ سے ایک حدیث سنی ہے، وہ حدیث مجھے بہ کثرت حدیثیں بیان کرنے سے روکتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: جس شخص نے میرے نام سے جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے، اور بہ کثرت حدیثیں بیان کرنے میں بلاارادہ بھی غلط بیانی ہوسکتی ہے اس لئے میں ڈرتا ہوں اور کثرتِ حدیث سے بچتا ہوں .... پس آج جولوگ اناپ شناپ حدیثیں بیان کرتے ہیں ان کو محتاط رہنا چاہئے، حدیث کی مذکور وعید کا مصداق نہیں بننا چاہئے۔

[۱۰۷-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قُلْتُ لِلزُّبَيْرِ: إِنِّىْ لاَ أَسْمَعُكَ تُحَدِّثُ عَنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَمَا يُحَدِّثُ فُلاَنٌ وَفُلاَنٌ، قَالَ: أَمَا إِنِّى لَمْ أُفَارِقْهُ، وَلٰكِنْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بیشک مجھے روکتی ہے بکثرت حدیثیں بیان کرنے سے یہ بات کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''جس نے مجھ پر بالقصد کذب بیانی کی اس کو چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے!''

حدیث (۴): حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''جس نے میری طرف منسوب کرکے وہ بات کہی جو میں نے نہیں کہی تو اس کو اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالینا چاہئے!''

تشریح: اس مضمون کی روایتیں ستر صحابہ سے مروی ہیں، اور حضرت انسؓ مکثرین صحابہ میں سے ہیں اور فرماتے ہیں کہ مجھے تکثیر حدیث سے مذکورہ حدیث روکتی ہے۔ اگر میں نے حضور اقدس ﷺ سے یہ حدیث نہ سنی ہوتی تو میں اور بھی حدیثیں بیان کرتا۔

[۱۰۸-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ أَنَسٌ: إِنَّهُ لَيَمْنَعُنِىْ أَنْ أُحَدِّثَكُمْ حَدِيْثًا كَثِيْرًا أَنَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ تَعَمَّدَ عَلَيَّ كَذِبًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"

[۱۰۹-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِىْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، هُوَ ابْنُ الْأَكْوَعِ، قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ يَقُلْ عَلَيَّ مَالَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"

قوله: أن أحدثكم: أن مصدریہ ہے اور اس سے پہلے مِن پوشیدہ ہے أی مِن أن أحدثكم اور أَنَّ النبيَّ فاعل ہے۔

حدیث (۵): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میرے نام پر نام رکھو اور میری کنیت نہ رکھو، اور جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا اس لئے کہ شیطان میرا پیکر نہیں بنا سکتا، اور جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس کو اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنانا چاہئے!''

تشریح: اس حدیث میں تین مضمون ہیں:

پہلا مضمون: محمد نام رکھنا جائز ہے اور ابو القاسم کنیت رکھنا جائز نہیں۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ کہیں تشریف لے جارہے تھے، اس جانب ایک اور شخص بھی جارہا تھا اس کی کنیت ابو القاسم تھی، کسی نے پیچھے سے پکارا یا أبا القاسم نبی پاک ﷺ متوجہ ہوئے، اس نے کہا: میں فلاں شخص کو بلا رہا ہوں، اس وقت آپؐ نے فرمایا: ''میرے نام پر نام رکھو مگر میری کنیت مت رکھو (مشکوٰۃ حدیث ۴۷۵۰)

اور آپ کا نام رکھنے کی اجازت اس لئے تھی کہ عرب بڑے آدمی کو نام سے نہیں پکارتے تھے، کنیت سے پکارتے تھے۔ صحابہ آپؐ کو یا رسول اللہ کہہ کر پکارتے تھے اور غیر مسلم ابو القاسم کہہ کر، اس لئے نبی ﷺ نے اپنا نام رکھنے کی اجازت دی اور کنیت رکھنے سے منع کیا۔

پس ابو القاسم کنیت رکھنے کی ممانعت لغیرہ ہے اور جہاں لغیرہ ممانعت ہوتی ہے فی نفسہ جواز ہوتا ہے، اس لئے اب ابو القاسم کنیت رکھنا جائز ہے، جیسے ایک حدیث میں ابو عیسیٰ کنیت رکھنے کی ممانعت آئی ہے (مصنف ابن ابی شیبہ) یہ ممانعت بھی لغیرہ ہے، اس ایہام سے بچنے کے لئے ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کوئی باپ تھا، فی نفسہ ممانعت نہیں۔ چنانچہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے اپنی کنیت ابو عیسیٰ رکھی تھی، اور نبی ﷺ کو اس کا علم تھا۔ آپؐ نے منع نہیں فرمایا۔ (ابوداؤد ۲: ۳۲۲)

دوسرا مضمون: جس نے آپؐ کو خواب میں دیکھا اس نے آپؐ ہی کو دیکھا۔ متقدمین میں سے بعض کی رائے یہ تھی کہ جس نے نبی ﷺ کو آخری زندگی والے حلیے میں دیکھا اس نے بالیقین آپؐ کو دیکھا، چنانچہ وہ حضرات خواب دیکھنے والے سے حلیہ دریافت کرتے تھے۔

اور متقدمین کی دوسری رائے یہ تھی کہ آپؐ کو آخری زندگی والے حلیہ میں دیکھنا ضروری نہیں، کسی بھی زمانہ کے حلیہ میں دیکھے تو اس نے آپ ہی کو دیکھا، اور اگر ایسے حلیہ میں دیکھے جو کبھی بھی آپؐ کا حلیہ نہیں رہا تو اس نے آپ کو نہیں دیکھا۔

اور متاخرین کی رائے یہ ہے کہ خواب دیکھنے والے نے آپؐ کو جس حلیہ میں بھی دیکھا ہو، اگرچہ نامناسب حلیہ میں دیکھا ہو، مگر قرائن سے جان لیا ہو کہ یہ نبی ﷺ ہیں تو وہ آپؐ ہی ہیں، خواہ روایات میں منقول حلیہ میں دیکھا ہو یا کسی اور حلیہ میں۔

حضرت گنگوہی قدس سرہ فرماتے ہیں: یہی رائے صحیح ہے، کیونکہ خواب دیکھنے والے کو جس شخص سے مناسبت ہوتی ہے اس کی شکل میں آپؐ نظر آتے ہیں، نیز خواب دیکھنے والے کی ایمانی حالت اور امور باطنہ کے اختلاف سے بھی آپؐ کی زیارت مختلف صورتوں میں ہوتی ہے۔

تیسرا مضمون: وہی ہے جس کے لئے باب قائم کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر بالقصد کذب بیانی حرام ہے، اس کی سزا دوزخ کی آگ ہے، چونکہ نادانستہ غلطی ممکن ہے اس لئے **معتمداً** کی قید لگائی کہ یہ وعید دانستہ کذب بیانی کی صورت میں ہے۔

[١١٠-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: ثنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " تَسَمَّوْا بِاسْمِيْ، وَلاَ تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ، وَمَنْ رَآنِيْ فِيْ الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِيْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لاَ يَتَمَثَّلُ فِيْ صُوْرَتِيْ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"

[انظر: ٣٥٣٩، ٦١٨٨، ٦١٩٧، ٦٩٩٣]

بابُ كِتَابَةِ الْعِلْمِ

علم کو لکھنے کا بیان

غائبین تک علم پہنچانے کی ایک صورت کتابتِ علم ہے اس کے ذریعہ دین پھیلتا ہے اور فیض باقی رہتا ہے، شروع میں حدیثیں لکھنے کی ممانعت تھی، مگر اسی زمانہ میں حدیثیں لکھی بھی گئیں، چنانچہ جب مانع ختم ہوگیا تو حدیثوں کی تدوین کا سلسلہ شروع ہوگیا اور اب اس کے جواز پر اجماع ہے۔

حدیث: ابو جُحیفہ کہتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا خاندانِ نبوت کے پاس کوئی خاص کتاب ہے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: نہیں! البتہ قرآنِ کریم ہے یا وہ سمجھ ہے جو کسی مسلمان کو دی جاتی ہے یا وہ چیز ہے جو اس صحیفہ میں ہے (یہی ٹکڑا باب سے متعلق ہے) راوی کہتا ہے: میں نے پوچھا: صحیفہ میں کیا ہے؟ آپؓ نے فرمایا: دیت کے اور قیدیوں کو چھڑانے کے احکام ہیں اور یہ بات ہے کہ کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے۔

تشریح:

شیعوں نے پروپیگنڈہ کیا تھا کہ حضور اقدس ﷺ نے خاندانِ نبوت (بنو ہاشم) کو خاص علوم دیئے ہیں جو دوسروں کو نہیں دیئے، اور دلیل یہ دیتے تھے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی تقریروں میں، وعظوں میں، اور اسباق میں وہ باتیں بیان کرتے ہیں جو دوسرے صحابہ بیان نہیں کرتے، معلوم ہوا کہ خاندانِ نبوت کے پاس کوئی خاص کتاب ہے جس میں سے وہ باتیں بیان کرتے ہیں۔

اس لئے حضرت ابو جحیفہؒ نے سوال کیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ ہمارے پاس کوئی مخصوص تحریر نہیں ہے، بس یہی قرآن ہے جو ساری امت کے پاس ہے، اور شیعوں کا یہ کہنا کہ حضرت علیؓ جو علمی باتیں بیان کرتے ہیں وہ دوسرے صحابہ بیان نہیں کرتے: یہ خداداد فہم ہے، اللہ تعالیٰ ہر آدمی کو الگ فہم دیتے ہیں مجھے اللہ تعالیٰ نے خاص فہم عنایت فرمایا ہے اس لئے میں قرآن سے وہ باتیں سمجھتا ہوں جو دوسرے صحابہ نہیں سمجھتے۔

پھر حضرت علیؓ نے طلبہ کا ذہن دوسری طرف پھیر دیا، فرمایا: ہاں میرے پاس ایک خاص تحریر ہے جو کسی اور کے پاس

نہیں، وہ تحریر میری تلوار کی مٹھ میں ہے، طلبہ نے اجازت لے کر وہ تحریر نکالی، اس میں زکوٰۃ کے مسائل تھے، دیت کے احکام تھے، مسلمان قیدیوں کو چھڑانے کا حکم تھا اور ایک بات یہ بھی تھی کہ کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے، نصاب زکوٰۃ کی تفصیلات اور صحابہ کے پاس بھی تھیں، باقی تین باتیں اس تحریر میں زائد تھیں، اس لئے راوی نے انہی کا ذکر کیا۔ اور نصابِ زکوٰۃ کا تذکرہ چھوڑ دیا۔

قولہ: لا یُقْتَلُ مسلمٌ بِکافرٍ: غیر مسلم چار قسم کے ہیں: (۱) ذمی: یعنی وہ غیر مسلم جس کو اسلامی ملک کی شہریت حاصل ہے (۲) مستأمن: امن طلب کرنے والا، یعنی وہ غیر مسلم جو ویزا لے کر اسلامی ملک میں آیا ہے (۳) معاہد: عہد و پیمان کرنے والا: یعنی دار الحرب کا وہ غیر مسلم جس کے ساتھ اسلامی ملک نے ناجنگ معاہدہ کر رکھا ہے (۴) حربی: دار الحرب کا باشندہ، جس کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں۔

تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر کوئی مسلمان مستأمن، معاہد یا حربی کو قتل کر دے تو قصاص میں مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا۔ اور ذمی میں اختلاف ہے۔ احناف کے نزدیک اس کے بدلے میں مسلمان کو قتل کیا جائے گا، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قتل نہیں کیا جائے گا۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ حدیث عام ہے۔ چاروں قسموں کو شامل ہے۔ اور احناف کے نزدیک ذمی کو یہ حدیث شامل نہیں، کیونکہ عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم نے ذمی کے بدلے میں مسلمان کو قتل کیا ہے یا اس کا حکم دیا ہے۔ یہ بات متعدد روایات میں آئی ہے، وہ روایات اعلاء السنن (۱۸: ۹۴-۱۰۵) میں ہیں، وہ روایات اگرچہ ضعیف ہیں مگر سب مل کر قوی قابل استدلال ہو جاتی ہیں۔

اور مذکورہ حدیث احناف کے نزدیک دمائے جاہلیت کے بارے میں ہے، یعنی اگر کوئی کافر کسی دوسرے کافر کو قتل کر دے پھر قاتل اور مقتول کے ورثاء مسلمان ہو جائیں اور وہ قصاص کا مطالبہ کریں تو اس قتل کے بدلے میں جو زمانہ جاہلیت میں ہوا تھا اس مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا (مزید تفصیل آگے آئے گی)

[۳۹-] بابُ كِتَابَةِ الْعِلْمِ

[۱۱۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيٍّ رضی اللہ عنہ: هَلْ عِنْدَكُمْ كِتَابٌ؟ قَالَ: لَا، إِلَّا كِتَابُ اللّٰهِ، أَوْ فَهْمٌ أُعْطِيَهُ رَجُلٌ مُسْلِمٌ، أَوْ مَا فِيْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ، قَالَ: قُلْتُ: وَمَا فِيْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ؟ قَالَ: الْعَقْلُ، وَفَكَاكُ الْأَسِيْرِ، وَلَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ. [انظر: ۱۸۷۰، ۳۰۴۷، ۳۱۷۲، ۳۱۷۹، ۶۷۵۵، ۶۹۰۳، ۶۹۱۵، ۷۳۰۰]

وضاحت: یہاں روایت میں جو سفیان ہیں وہ کونسے سفیان ہیں: ثوری یا ابن عیینہ؟ جواب: معلوم نہیں۔ اس لئے کہ دونوں سفیان اساتذہ اور تلامذہ میں شریک ہیں، اس لئے جب تک صراحت نہ ملے تعیین مشکل ہے، مگر اس جہالت

سے حدیث کی صحت میں کوئی فرق نہیں پڑتا، اس لئے کہ دونوں سفیان ثقہ اور قابل اعتماد ہیں۔

قاعدہ: اگر دو راویوں کے درمیان امتیاز مشکل ہو اور دونوں ثقہ ہوں تو حدیث صحیح ہے، اور دونوں ضعیف ہوں تو حدیث ضعیف ہے اور ایک ثقہ اور ایک ضعیف ہے تو توقف کیا جاتا ہے یعنی اس سے استدلال نہیں کیا جاتا۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فتح مکہ کے سال قبیلۂ خزاعہ نے قبیلۂ بنولیث کے ایک آدمی کو قتل کیا اپنے اس مقتول کے بدلے میں جس کو پہلے قبیلۂ بنولیث نے قتل کیا تھا، نبی ﷺ کو یہ بات بتلائی گئی تو آپؐ اونٹنی پر سوار ہوئے اور تقریر فرمائی۔ آپؐ نے فرمایا: بیشک اللہ نے مکہ والوں سے قتل کو یا فرمایا: ہاتھی کو روک دیا —— امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اس کو شک پر محمول کرو، ابونعیم نے اسی طرح کہا تھا: القتل، أو: الفيل، اور ابونعیم کے علاوہ دیگر روات تعیین کے ساتھ الفیل کہتے ہیں —— اور مکہ والوں پر رسول اللہ ﷺ کو اور مسلمانوں کو قابو دیا۔ سنو! مکہ مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہیں ہوا اور نہ میرے بعد کسی کے لئے حلال ہوگا، سنو! میرے لئے بھی دن کے ایک مخصوص حصہ میں حلال کیا گیا تھا۔ سنو! مکہ اس وقت بھی حرام ہے اس کا کانٹا یعنی کانٹے دار درخت نہ تراشا جائے اور اس کا درخت نہ کاٹا جائے، اور اس کا لقطہ نہ اٹھایا جائے مگر وہ شخص جو مالک تک پہنچانے کی نیت سے اٹھائے۔ پس اب جو قتل کیا جائے گا اس کے ورثاء کو دو مفید باتوں میں اختیار ہوگا، یا تو دیت لیں یا قاتل کو قصاصاً قتل کریں۔

تقریر کے بعد یمن کا ایک شخص آپؐ کے پاس آیا اور اس نے کہا: یارسول اللہ! یہ تقریر میرے لئے لکھوا دیجئے، آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: یہ تقریر ابوشاہ کو لکھ کر دیدو (یہی ٹکڑا ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) پھر قریش کے ایک شخص: حضرت عباسؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اذخر کا استثناء فرما دیجئے، اس لئے کہ ہم اس کو چھتوں پر بچھاتے ہیں اور قبروں میں ڈالتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''مگر اذخر مستثنیٰ ہے''

تشریح: زمانۂ جاہلیت میں قبائل میں خون ریزی ہوتی تھی، جس کا داؤ چلتا دشمن قبیلہ کے آدمی کو اڑا دیتا پھر جب موقع ملتا تو مقتول کا قبیلہ قاتل کے قبیلہ کے کسی بھی آدمی کو قتل کر دیتا، اس طرح قتل اور جواب قتل کا سلسلہ چلتا رہتا۔ فتح مکہ کے سال خزاعہ نے بنولیث کے کسی آدمی کو قتل کیا تھا، بنولیث پہلے خزاعہ کا آدمی مار چکے تھے، جب آنحضور ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ نے تقریر فرمائی کہ اس قتل کی دیت تو میں دیتا ہوں مگر آئندہ قتل ہوگا تو قاتل مقتول کے ورثاء کو سونپ دیا جائے گا، پھر ان کو دیت اور قصاص کے درمیان اختیار ہوگا اور یہ دونوں ہی باتیں ان کے لئے مفید ہیں، کبھی قصاص لینے سے دل کی آگ ٹھنڈی پڑ جاتی ہے اور آگے قتل کا سلسلہ رک جاتا ہے، اور کبھی دیت لینا مقتول کے ورثاء کے لئے مفید ہوتا ہے۔

اُس تقریر میں آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ ہاتھی والے بھی مکہ پر چڑھائی کی کوشش کر چکے ہیں مگر اللہ تعالیٰ نے قتل کو یا فرمایا: ہاتھی کو مکہ سے روک دیا۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابونعیم (شیخ بخاریؒ) کو شک تھا کہ نبی ﷺ نے کیا لفظ استعمال

فرمایا تھا: القتل یا الفیل، مگر دیگر روات یقین کے ساتھ الفیل کہتے ہیں، اور یہی صحیح معلوم ہوتا ہے، کیونکہ ہاتھی والوں کے آنے کی خبرسن کر مکہ والے پہاڑوں میں چلے گئے تھے، مکہ خالی کر دیا تھا، اس لئے ہاتھی والے کس کا خون بہاتے؟

اور یہ بھی فرمایا کہ آج تک حرم میں قتال نہ کسی کے لئے جائز تھا اور نہ آئندہ جائز ہوگا، صرف مجھے قتال کی اجازت دی گئی، اور وہ بھی مخصوص وقت کے لئے اب اس کی حرمت پہلے کی طرح لوٹ آئی ہے۔ اب میرے لئے بھی یہاں قتال جائز نہیں۔

اور یہ بھی فرمایا کہ مکہ کا کوئی بھی درخت کانٹے دار یا بغیر کانٹے کا نہ کاٹا جائے، اور نہ پڑی چیز اٹھائی جائے مگر یہ کہ مالک تک پہنچانے کی نیت سے اٹھائے تو کوئی حرج نہیں (حرم کے کونسے درخت کاٹ سکتے ہیں اور کونسے نہیں؟ نیز لقطہ کے احکام کے سلسلہ میں کچھ تفصیل پہلے باب ۳۷ میں گذر چکی ہے)

تقریر کے بعد حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اذخر گھاس کا استثناء فرمادیجئے، اس لئے کہ یہ گھاس ہم چھتوں پر ڈالتے ہیں اور قبروں میں بچھاتے ہیں۔ آپؐ نے اس کا استثناء فرمادیا۔

تقریر کے بعد ایک شخص نے جو یمن کا رہنے والا تھا اور جس کا نام ابوشاہ تھا: عرض کیا کہ یہ تقریر مجھے لکھ کر دی جائے تاکہ میں اس کو یمن لے جاؤں اور لوگوں کو سناؤں، آپؐ نے حکم دیا اور صحابہ نے وہ تقریر ابوشاہ کو لکھ کر دی، اسی مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں کہ علم (حدیث) کو لکھنا جائز ہے، کیونکہ اس کی اصل یہ حدیث ہے۔

قوله: بخير النظَرَيْن: النَّظَرَ کے معنی ہیں: شفقت، مہربانی، مفید، یعنی مقتول کے ورثاء کو دو مفید باتوں کے درمیان اختیار ہوگا، وہ دو باتیں: دیت اور قصاص ہیں، قتل عمد کی دیت بہت بھاری ہے، آج کل کے حساب سے تقریباً بیس لاکھ روپے بنتی ہے۔ یہ دیت مفید اس طرح ہے کہ اس سے ورثاء کو کاروبار کھڑا کرنے کا موقع ملے گا، اور قصاص میں بھی فائدہ ہے اس صورت میں غصہ ٹھنڈا ہوگا، اگر دیت ملے نہ قصاص تو اندر اندر لاوا ابلتا رہے گا اور مقتول کے ورثاء کو جب بھی موقع ملے گا قاتل کو یا اس سے تعلق رکھنے والے کسی بھی شخص کو قتل کر دیں گے، اس طرح یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔

اور مقتول کے ورثاء کو جو دیت لینے کا اختیار ہے وہ اختیار تام ہے یا ناقص؟ احناف کے نزدیک اختیار ناقص ہے یعنی قاتل کی رضامندی سے دیت لے سکتے ہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اختیار کامل ہے، دیت لینے کے لئے قاتل کی رضامندی ضروری نہیں۔

[۱۱۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، قَالَ: ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ خُزَاعَةَ قَتَلُوْا رَجُلاً مِنْ بَنِيْ لَيْثٍ، عَامَ فَتْحِ مَكَّةَ، بِقَتِيْلٍ مِنْهُمْ قَتَلُوْهُ، فَأُخْبِرَ بِذٰلِكَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَرَكِبَ رَاحِلَتَهُ، فَخَطَبَ فَقَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ حبَسَ عَنْ مَكَّةَ الْقَتْلَ أَوْ: الْفِيْلَ - قَالَ مُحَمَّدٌ: وَافْعَلُوْهُ

عَلَى الشَّكِّ، كَذَا قَالَ أَبُوْ نُعَيْمٍ: الْقَتْلَ أَوِ الْفِيلَ، وَغَيْرُهُ يَقُوْلُ: الْفِيلَ– وَسُلِّطَ عَلَيْهِمْ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَالْمُؤْمِنُوْنَ، أَلاَ، وَإِنَّهَا لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِيْ، وَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ بَعْدِيْ، أَلاَ، وَإِنَّهَا حَلَّتْ لِيْ سَاعَةً مِنْ نَّهَارٍ، أَلاَ، وَإِنَّهَا سَاعَتِيْ هٰذِهِ حَرَامٌ، لاَ يُخْتَلٰى شَوْكُهَا، وَلاَ يُعْضَدُ شَجَرُهَا، وَلاَ تُلْتَقَطُ سَاقِطَتُهَا إِلاَّ لِمُنْشِدٍ، فَمَنْ قُتِلَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ: إِمَّا أَنْ يُعْقَلَ وَإِمَّا أَنْ يُقَادَ أَهْلُ الْقَتِيْلِ"

فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ، فَقَالَ: اكْتُبْ لِيْ يَارسولَ اللهِ! فَقَالَ: " اكْتُبُوْا لِأَبِيْ فُلاَنٍ"

فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ: إِلاَّ الإِذْخِرَ يَارسولَ اللهِ! فَإِنَّا نَجْعَلُهُ فِيْ بُيُوْتِنَا وَقُبُوْرِنَا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِلاَّ الإِذْخِرَ، إِلاَّ الإِذْخِرَ" [انظر: ۲٤۳٤، ٦۸۸۰]

حدیث (۳): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی پاک ﷺ کے اصحاب میں سے کسی کے پاس مجھ سے زیادہ حدیثیں نہیں ہیں، سوائے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے، یعنی ان کے پاس مجھ سے زیادہ حدیثیں ہیں، کیونکہ وہ حدیثیں لکھتے تھے اور میں نہیں لکھتا تھا۔

تشریح: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی اجازت سے سنی ہوئی حدیثیں ایک کاپی میں لکھی تھیں جس کا نام انھوں نے صحیفۂ صادقہ رکھا تھا۔ اس لئے ان کے پاس حدیثیں زیادہ تھیں۔ مگر آج حضرت ابو ہریرہؓ کی مرویات زیادہ ہیں، حضرت ابو ہریرہؓ کی مرویات پانچ ہزار تین سو ہیں، اور حضرت عبداللہ کی سات سو سے نو سو تک۔ اور اس کی علماء نے متعدد وجوہ بیان کی ہیں، مثلاً: حضرت ابو ہریرہؓ پوری زندگی مدینہ منورہ میں رہے، اور انھوں نے اپنے آپ کو ہمیشہ تعلیم و تعلّم میں مصروف رکھا جبکہ حضرت عبداللہؓ وفات نبوی کے بعد مصر چلے گئے تھے، اور ان کا زیادہ رجحان عبادات کی طرف تھا، اس لئے مرکزی جگہ میں ہونے کی وجہ سے حضرت ابو ہریرہؓ کے پاس واردین وصادرین کی تعداد زیادہ تھی، اس وجہ سے ان کی روایات کی تعداد بڑھ گئی۔ کہتے ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے آٹھ سو تابعین نے حدیثیں روایت کی ہیں۔ حضرت عبداللہ نے حدیثیں لکھی تھیں اسی مناسبت سے یہ روایت یہاں لائے ہیں۔

[۱۱۳–] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: ثَنَا عَمْرٌو، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ وَهْبُ بْنُ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَخِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَحَدٌ أَكْثَرَ حَدِيْثًا عَنْهُ مِنِّيْ، إِلاَّ مَا كَانَ مِنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، فَإِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ وَلاَ أَكْتُبُ. تَابَعَهُ مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

وضاحت: وہب اور ہمام دونوں بھائی ہیں، ہمام بہت مضبوط راوی ہیں، انھوں نے حضرت ابو ہریرہؓ سے سنی ہوئی حدیثیں ایک کاپی میں لکھی تھیں، جس کا نام صحیفۂ ہمام بن منبہ ہے، جو ڈاکٹر حمید اللہ رحمہ اللہ کی تحقیق سے چھپ چکا ہے، اس میں تقریباً سو حدیثیں ہیں۔ ان کے بھائی وہب ہلکے راوی ہیں اس لئے ان کے متابع معمر کو لائے، معمر بھی ہمام سے

یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔

حدیث (۴): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب مرض وفات میں حضور اقدس ﷺ کی تکلیف بڑھی تو آپ ؐ نے فرمایا: میرے پاس کاغذ قلم لاؤ، میں تمہیں وہ بات لکھوادوں جس کے بعد تم گمراہ نہ ہوؤ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اس وقت آپ ؐ پر مرض کا غلبہ ہے اور ہمارے پاس قرآنِ کریم موجود ہے۔ قرآن ہمارے لئے کافی ہے، پس موجود لوگوں میں اختلاف ہوا، بعض کی رائے تھی کہ تحریر لکھوالینی چاہئے تاکہ امت گمراہ نہ ہو، اور بعض حضرت عمرؓ کی موافقت میں تھے۔ چنانچہ شور زیادہ ہوا، پس آپ ؐ نے فرمایا: سب میرے پاس سے چلے جاؤ، میرے پاس جھگڑا مناسب نہیں، حضرت ابن عباسؓ یہ حدیث بیان کرکے جب گھر سے نکلے تو طالبین سے فرمایا: مصیبت بالائے مصیبت یہ ہوئی کہ حضور ﷺ جو کچھ لکھوانا چاہتے تھے: لوگ اس کے درمیان اور آپ ؐ کے درمیان حائل ہوگئے!

تشریح:

۱- حضور اقدس ﷺ کیا لکھوانا چاہتے تھے؟ اس سلسلہ میں قیاس آرائیوں سے کوئی فائدہ نہیں جب آپ ؐ نے نہ لکھوایا نہ بتلایا تو اب کوئی یہ بات کیسے جان سکتا ہے؟ ایک ظاہری احتمال یہ ہے کہ آپ ؐ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کی صراحت کرنا چاہتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ آپ ؐ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے اپنی اس خواہش کا اظہار بھی فرمایا تھا۔ آگے بخاری (کتاب الاحکام، باب الاستخلاف حدیث نمبر ۷۲۱۷) میں یہ حدیث آرہی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیماری کی حالت میں حضرت عائشہؓ سے فرمایا: ”میرا ارادہ ہوتا ہے کہ ابوبکر اور ان کے فرزند عبدالرحمٰن کو بلاؤں اور ان کو وصیت کروں، اور ان کو ولی عہد بناؤں، تاکہ کہنے والا کچھ نہ کہے۔ اور تمنا کرنے والا تمنا نہ کرے، پھر میں نے سوچا کہ اللہ تعالیٰ ابوبکر کے علاوہ کسی اور کی خلافت پر راضی نہ ہونگے، اور مسلمان بھی سوائے ابوبکر کے کسی اور کی خلافت قبول نہ کریں گے: لقد هَمَمْتُ أن أُرسل إلى أبى بكر وابنه فَأَعْهَدَ، أن يقولَ القائلون أو يتمنى المتمنون، ثم قلت: يأبى الله ويدفع المؤمنون: یہ متفق علیہ حدیث ہے، اس حدیث سے ظاہری احتمال یہ نکلتا ہے کہ آپ ؐ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کے بارے میں لکھوانا چاہتے تھے، یا اپنے بعد ہونے والے خلفاء کو ترتیب وار لکھوانا چاہتے تھے۔

بہر حال آپ ؐ نے کسی کو خلیفہ نامزد نہیں کیا البتہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو نماز کی امامت سونپ کر ان کی خلافت کی طرف واضح اشارہ فرمایا۔ چنانچہ سقیفۂ بنی ساعدہ میں جب خلافت کے مسئلہ میں اختلاف ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے امامت صغریٰ سے امامت کبریٰ پر استدلال کیا، جس کو تمام صحابہ نے تسلیم کیا اور آپؓ بالاتفاق خلیفہ قرار پائے۔ اگرچہ چند اصحاب نے شروع میں ناگواری کا اظہار کیا، مثلاً حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیعت نہیں کی، مگر ان کی ناراضگی کے اسباب دوسرے تھے، پھر جب صورتِ حال ان کے سامنے آئی تو ان کی ناراضگی ختم ہوگئی اور انھوں نے بھی بیعت کرلی۔

۲-اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے طلبہ کو حدیث سنا کر گھر سے نکلتے وقت جو تأسف کا اظہار کیا ہے کہ کاش لوگ مانع نہ بنتے اور تحریر لکھوا لیتے تو امت گمراہ نہ ہوتی۔ یہ تأسف اس بنا پر تھا کہ شیعہ جو پروپیگنڈہ کرتے ہیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بلا فصل قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ یہی لکھوانا چاہتے تھے جس کو عمرؓ نے لکھوانے نہیں دیا: یہ پروپیگنڈہ ختم ہوجاتا، اب تو قیامت تک ان کا منہ کون پکڑ سکتا ہے!

۳-شیعہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر یہ طعن کرتے ہیں کہ آخر وقت میں پیغمبر خدا ﷺ کو وصیت کرنے سے روکا، تحریر لکھنے نہ دی، پس آپؐ کی نافرمانی اور حکم عدولی کی وجہ سے وہ کافر ہوگئے۔

اس کا جواب: یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکم عدولی نہیں کی تھی بلکہ خیر خواہی کی تھی۔ حضرت عمرؓ یہ چاہتے تھے کہ ایسی تکلیف اور بیماری کی شدت میں حضور کو تکلیف دینا مناسب نہیں۔ جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے صلح حدیبیہ میں صلح نامہ میں سے لفظ ''رسول اللہ'' کو مٹانے کا حکم دیا تھا، مگر حضرت علیؓ نے نہیں مٹایا، یہ حکم عدولی نہیں تھی، بلکہ یہ انکار کمالِ محبت اور کمالِ عظمت کی دلیل تھی۔

علاوہ ازیں: آنحضور ﷺ جو کچھ لکھوانا چاہتے تھے وہ بات اگر اتنی ہی ضروری تھی تو اس واقعہ کے بعد آپؐ پانچ روز حیات رہے ہیں آپؐ بعد میں بھی وہ تحریر لکھوا سکتے تھے، مگر نہ تو آپؐ نے دوبارہ کاغذ قلم منگوایا نہ گھر والوں سے اس بارے میں کچھ فرمایا۔ معلوم ہوا کہ وہ کوئی ایسا ضروری حکم نہیں تھا جس پر دین وشریعت کا مدار ہو، بلکہ بر بنائے شفقت آپؐ کچھ لکھوانا چاہتے تھے اور صحابہ قرائن سے اس کو جانتے تھے اس لئے نہ لکھوانے سے کچھ ضرر نہیں ہوا۔

مناسبت: حدیث کا باب سے ربط واضح ہے۔ آپؐ نے آخر حیات میں کچھ لکھوانا چاہا، یہی کتابتِ علم ہے، مگر باہمی اختلاف مانع بنا۔ اس لئے تحریر وجود میں نہیں آئی، مگر ارادہ کرنا استدلال کے لئے کافی ہے۔

[١١٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا اشْتَدَّ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَجَعُهُ، قَالَ: " ائْتُوْنِي بِكِتَابٍ أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لاَ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ " قَالَ عُمَرُ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم غَلَبَهُ الْوَجَعُ، وَعِنْدَنَا كِتَابُ اللّٰهِ حَسْبُنَا، فَاخْتَلَفُوْا وَكَثُرَ اللَّغَطُ، قَالَ: " قُوْمُوْا عَنِّيْ، وَلاَ يَنْبَغِيْ عِنْدِيْ التَّنَازُعُ" فَخَرَجَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: إِنَّ الرَّزِيَّةَ كُلَّ الرَّزِيَّةِ مَا حَالَ بَيْنَ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبَيْنَ كِتَابِهِ.

[انظر: ٣٠٥٣، ٣١٦٨، ٤٤٣١، ٤٤٣٢، ٥٦٦٩، ٧٣٦٦]

ملحوظہ: اس حدیث سے شیعوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر چار اعتراض کئے ہیں، جن کے جوابات تحفہ اثنا عشریہ میں حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمہ اللہ نے دیئے ہیں اور وہاں سے ایضاح البخاری کے حاشیہ میں نقل کئے ہیں۔

بابُ الْعِلْمِ وَالْعِظَةِ بِاللَّيْلِ

رات میں علمی باتیں اور نصیحت کرنا

گذشتہ باب کا حاصل یہ تھا کہ علم کو لکھ کر محفوظ کرلو۔ حدیث میں ہے: قَيِّدُوْا الْعِلْمَ بِالْكِتَابَةِ: لکھ کر علم کے پیر باندھ دو (قرطبی ۱۰: ۲۰۶) یعنی علم کو محفوظ کرلو تا کہ بھول نہ ہوجاؤ، مگر یہ روایت امام بخاری کے معیار کی نہیں اس لئے اس کو نہیں لائے۔ اب یہ باب باندھا ہے کہ دن تو پڑھنے کے لئے ہے ہی، رات میں بھی پڑھو، پھر چاہے رات کے شروع میں سوجاؤ پھر اٹھ کر پڑھو، صبح کے وقت ذہن تازہ ہوتا ہے، اس وقت کا مطالعہ بہت مفید ہوتا ہے اور اگر چاہو تو رات کے شروع میں پڑھو پھر سوجاؤ، اکثر لوگوں کے لئے یہی آسان ہوتا ہے۔ اس لئے اگلا باب لائیں گے: بابُ السَّمَرَ بالعلم: سَمَر کے معنی ہیں: رات میں سونے سے پہلے باتیں کرنا، پس سونے سے پہلے پڑھنا پڑھانا بھی سمر ہے۔

مگر جو کچھ پڑھو، اسے یاد بھی کرو، ورنہ پڑھنا بیکار ہے، جو طالب علم خواندہ یاد نہیں کرتا اس کی مثال اس شخص جیسی ہے جو ہاتھوں میں سوراخ کرکے پانی پیتا ہے، پانی کبھی اس کے منہ تک نہیں پہنچے گا، جو کچھ استاذ ہاتھ میں ڈالے گا نیچے بہہ جائے گا، اس لئے اگلا باب لائیں گے: بابُ حفظ العلم۔

اُس کے بعد یہ باب آرہا ہے کہ جب پڑھنے کے لئے استاذ کے سامنے بیٹھو تو خاموش رہ کر استاذ کی بات غور سے سنو، اگر آپس میں باتیں کروگے تو استاذ کی بات غور سے نہیں سن سکوگے اور کچھ بھی پلے نہیں پڑے گا۔ اس لئے اگلا باب ہے: بابُ الإنصات للعلماء: علماء کے سامنے خاموش رہنا اور توجہ سے سننا۔ یہ مسلسل چار ابواب ہیں جن کا باب کتابة العلم کے ساتھ جوڑ ہے۔

حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک رات نبی ﷺ بیدار ہوئے، اور آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ پاک ہیں! آج رات کتنے فتنے اتارے گئے، اور کتنے خزانوں کے دوازے کھولے گئے۔ کمرے والیوں کو (ازواج مطہرات کو) بیدار کرو، بہت سی عورتیں دنیا میں کپڑے پہننے والی آخرت میں ننگی ہونگی۔

تشریح:

۱- آپ ﷺ نے رات میں خواب دیکھا جس سے گھبرا کر اٹھ گئے۔ اور اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کی، خواب کیا دیکھا تھا؟ معلوم نہیں، ہوسکتا ہے آپؐ نے یہی خواب بعینہٖ دیکھا ہو کہ امت کے لئے خزانوں کے دروازے کھول دیئے گئے اور فتنوں کے دوازے بھی۔ اس لئے کہ مال اور فتنے میں چولی دامن کا ساتھ ہے، جب بھی مال آتا ہے فتنے ساتھ لاتا ہے یعنی جب کسی قوم میں خوش حالی آتی ہے تو عام طور پر اللہ کا ڈر اٹھ جاتا ہے لوگوں کے احوال دگرگوں ہوجاتے ہیں۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپؐ نے خواب میں کچھ اور دیکھا ہو جس کی تعبیر آپؐ نے یہ بیان کی ہو۔

۲- ازواج مطہرات کے کمرے الگ الگ تھے، اوراس رات آنحضرت ﷺ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں تھے۔اس لئے آپؐ نے فرمایا: یہاں کوئی ہے جو جا کر سب ازواج مطہرات کو بیدار کرے تا کہ وہ عبادت میں مشغول ہوں، اس ارشاد سے معلوم ہوا کہ فتنوں سے حفاظت کا سامان اللہ تعالیٰ سے لولگانا اور عبادت میں مشغول ہونا ہے۔

پھراس سے گہرااشارہ یہ ہے کہ جب لوگوں کے پاس مال آتا ہے تو سب سے پہلے عورتیں فتنے میں مبتلا ہوتی ہیں، ان میں فیشن چل پڑتا ہے۔پس عورتوں کو فتنے سے بچنے کا سامان زیادہ کرنا ہے۔یعنی ان کو عبادت میں مصروف زیادہ ہونا ہے۔

۳- اور مال کی وجہ سے عورتوں میں سب سے بڑا فتنہ لباس کے تعلق سے آتا ہے، پہلے لوگ اس حدیث کی شرح یہ کرتے تھے کہ عورتیں اتنا باریک کپڑا پہنیں گی کہ بدن جھلکے گا، بظاہر لباس پہن رکھا ہوگا مگر بدن جھلک رہا ہوگا، پس گویا وہ ننگی ہونگی اس لئے آخرت میں ان کو یہ سزا ملے گی کہ وہ حقیقتاً ننگی ہونگی، مگراب مغربیت کا سیلاب امنڈ آیا ہے مرد بھی ایسے کپڑے پہنتے ہیں کہ ننگے معلوم ہوتے ہیں اور عورتیں بھی ایسے کپڑے پہنتی ہیں کہ ننگی معلوم ہوتی ہیں۔پتلون ایسا ہی عریاں لباس ہے اس کو مرد تو پہنتے ہی ہیں عورتیں بھی پہننے لگی ہیں، بلکہ فیشن پرست عورتیں تو حقیقتاً ننگی ہوتی ہیں، ذراسا کپڑا بدن پر ڈال لیتی ہیں، باقی سارا بدن کھلا رہتا ہے۔

اور یہ بگاڑ ٹی وی کے راستے سے دنیا میں آیا ہے، ٹی وی سانپوں کی پٹاری ہے اس کے ذریعہ تبلیغ کے بغیر مغربی کلچر ساری دنیا میں پھیل رہا ہے، پس ٹی وی درحقیقت ٹی بی ہے جو انسانیت کی روح کو کھوکھلا کردیتی ہے۔

اور ٹی وی کے بعد دوسرا نمبر کیمرے کا ہے، آپ کوئی بھی اخبار اٹھا کر دیکھیں خاص طور پر انگریزی اخبار، آپ کو ہر صفحے پر عورتوں کی ننگی تصویریں نظر آئیں گی اور بہت سے لوگ تو ان تصویروں کی وجہ سے اخبار خریدتے ہیں۔ان دو شیطانی چرخوں نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، اور ہر جگہ یورپ وامریکہ کا کلچر عام ہورہا ہے، جس کی وجہ سے عورتیں کپڑے پہننے کے باوجود ننگی ہوتی ہیں۔اور مرد بھی ننگے ہوتے ہیں، ان کو آخرت میں یہ سزا ملے گی کہ وہ حقیقتاً ننگے ہونگے۔

مناسبت: یہ ارشاد حضور اقدس ﷺ نے رات کے پچھلے حصہ میں بیدار ہونے کے بعد فرمایا ہے۔پس رات میں سوکر اٹھنے کے بعد پڑھنے پڑھانے کا ثبوت نکل آیا اور یہی باب کا مدعی ہے۔

[٤٠-] بابُ الْعِلْمِ وَالْعِظَةِ بِاللَّيْلِ

[١١٥-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ هِنْدٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، ح: وَعَمْرٌو، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ امْرَءَ ةٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتِ: اسْتَيْقَظَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَقَالَ: "سُبْحَانَ اللهِ! مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتَنِ، وَمَاذَا فُتِحَ مِنَ الْخَزَائِنِ، أَيْقِظُوْا صَوَاحِبَ الْحُجَرِ، فَرُبَّ كَاسِيَةٍ فِيْ الدُّنْيَا عَارِيَةٍ فِيْ الآخِرَةِ" [انظر: ١١٢٦، ٣٥٩٩، ٥٨٤٤، ٦٢١٨، ٧٠٦٩]

بابُ السَّمَرِ فِی الْعِلْمِ

سونے سے پہلے علمی باتیں کرنا

رات میں سونے سے پہلے بھی پڑھنا پڑھانا جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں، سَمَر کے معنی ہیں: رات میں سونے سے پہلے قصہ گوئی کرنا تاکہ نیند آجائے۔

حدیث (۱): ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے اپنی آخری زندگی میں ایک رات عشا کی نماز پڑھائی، پھر جب سلام پھیرا تو آپؐ کھڑے ہوئے اور فرمایا: ''تم اپنی اس رات کو دیکھو یعنی یاد رکھو، پس بیشک اس رات سے سو سال کے ختم پر ان لوگوں میں سے کوئی باقی نہیں رہے گا جو آج زمین کی پیٹھ پر ہیں''

تشریح:

۱- اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ سو سال ہوتے ہوتے یہ قرن ختم ہوجائے گا۔ بعض لوگوں کو اس حدیث سے غلط فہمی ہوئی، انھوں نے حدیث کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ صدی کے ختم پر قیامت آجائے گی، حالانکہ آپؐ کی مراد یہ تھی کہ سو سال ہوتے ہوتے یہ قرن ختم ہوجائے گا، یہ مطلب خود راوی حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا ہے۔

(ترمذی حدیث ۲۲۳۹، ابواب الفتن)

۲- لوگوں نے اس حدیث کے ذیل میں حیاتِ خضر، حیاتِ عیسیٰ اور حیاتِ جنّات کے مسائل چھیڑے ہیں، انھوں نے خیال کیا کہ یہ منطق کا کلیہ ہے، اس سے کوئی جزئیہ خارج نہیں رہنا چاہئے، حالانکہ یہ خطابی ارشاد ہے جو اکثری احوال کے اعتبار سے ہوتا ہے۔ اگر بعض جزئیات اس سے خارج ہوجائیں تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ غرض مذکورہ مسائل کا اس حدیث سے کچھ تعلق ہیں۔ ان کو اگر طے کرنا ہے تو ان کے دلائل سے طے کرنا چاہئے، اس حدیث سے ان کا کچھ تعلق نہیں۔

مناسبت: آنحضرت ﷺ نے یہ ارشاد عشاء کے بعد فرمایا ہے، پس ثابت ہوا کہ رات میں سونے سے پہلے بھی پڑھنے پڑھانے کی گنجائش ہے۔

[٤١-] بابُ السَّمَرِ فِی الْعِلْمِ

[١١٦-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، وَأَبِیْ بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِیْ حَثْمَةَ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: صَلّٰى لَنَا النبیُّ صلى الله عليه وسلم الْعِشَاءَ فِیْ آخِرِ حِيَاتِهِ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ، فَقَالَ: " أَرَأَيْتُكُمْ لَيْلَتَكُمْ هٰذِهِ، فَإِنَّ رَأْسَ مِائَةِ سَنَةٍ مِنْهَا لاَ يَبْقَى مِمَّنْ هُوَ عَلٰى ظَهْرِ الأَرْضِ أَحَدٌ" [انظر: ٥٦٤، ٦٠١]

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے ایک رات اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر گذاری، اس دن نبی ﷺ کی حضرت میمونہ کے یہاں باری تھی، نبی ﷺ نے عشا کی نماز پڑھائی، پھر گھر تشریف لائے، پھر چار رکعتیں پڑھیں، پھر سو گئے، پھر کھڑے ہوئے اور پوچھا: بچونگڑا سو گیا؟ یا اس کے مانند کوئی جملہ فرمایا، پھر آپ نماز کے لئے کھڑے ہوئے، پس میں آپؐ کی بائیں طرف کھڑا ہوا، آپؐ نے مجھے اپنی دائیں طرف لے لیا۔ آپؐ نے پانچ رکعتیں پڑھیں، پھر دو رکعتیں پڑھیں، پھر سو گئے یہاں تک کہ میں نے آپؐ کے خراٹوں کی آواز سنی، پھر آپؐ نماز (فجر) کے لئے تشریف لے گئے۔

تشریح: یہ حدیث بخاری شریف میں کئی جگہ آئی ہے۔ اور راویوں میں ترتیب واقعہ اور تعداد رکعات میں اختلاف ہے، اور سندیں سب کی صحیح ہیں، بخاری میں آئی ہیں۔ یہاں جو ترتیب ہے اس کے اعتبار سے حدیث باب سے بے جوڑ ہے۔ حقیقت میں واقعہ کی صحیح نوعیت وہ ہے جو آئندہ بخاری میں آرہی ہے اور وہ یہ ہے: ایک رات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اپنی خالہ ام المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر رک گئے تاکہ آنحضور ﷺ کی رات کی عبادت دیکھیں، وہ حضرت میمونہؓ کی باری کا دن تھا۔ اور اُن دنوں وہ نماز نہیں پڑھتی تھیں۔ حضرت ابن عباسؓ تکیہ کی چوڑائی میں سر رکھ کر لیٹ گئے، ابھی پوری طرح سوئے نہیں تھے کہ حضور اقدس ﷺ عشا پڑھا کر تشریف لائے اور آپؐ نے چار رکعتیں پڑھیں، یہ عشاء کے بعد کی دو سنت مؤکدہ اور دو سنت غیر مؤکدہ تھیں۔ پھر آپؐ نے پوچھا: بچونگڑا سو گیا؟ (یہ آپؐ نے سونے سے پہلے پوچھا تھا) حضرت میمونہؓ نے کہا: جی ہاں سو گیا۔ پھر آپؐ اور حضرت میمونہؓ تکیہ کی لمبائی میں سر رکھ کر لیٹ گئے اور باتیں کرتے ہوئے سو گئے (یہ سمر ہے) پھر رات میں آنحضور ﷺ خاموشی سے اٹھے تاکہ کسی کی نیند خراب نہ ہو، اور استنجے وغیرہ سے فارغ ہو کر گھر میں ایک مشکیزہ لٹک رہا تھا اس کے پاس آئے اور ہلکا وضو کیا پھر تہجد شروع فرمایا، ابن عباسؓ سارا منظر دیکھ رہے تھے کیونکہ وہ سوئے نہیں تھے، چنانچہ انھوں نے بھی اسی طرح وضو کیا، اور آنحضور ﷺ کی اقتداء کرلی، مگر آپؐ کی بائیں طرف کھڑے ہوئے آپؐ نے اشارہ سے ان کو دائیں طرف لے لیا۔

یہ جو آنحضور ﷺ نے سونے سے پہلے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے باتیں کی ہیں یہی سمر ہے، پس ثابت ہوا کہ رات میں سونے سے پہلے پڑھنا پڑھانا جائز ہے۔ اسی مقصد سے یہ حدیث لائے ہیں (سونے سے پہلے باتیں کرنے والا مضمون کتاب التفسیر (حدیث نمبر ۴۵۶۹) میں ہے)

فائدہ: امام بخاری رحمہ اللہ کا ایک طریقہ یہ ہے کہ کبھی وہ باب میں جو روایت لاتے ہیں اس کو پیش نظر رکھ کر ترجمہ قائم نہیں کرتے بلکہ نفس الامر میں جو واقعہ ہوتا ہے جو کسی دوسری روایت میں آیا ہوتا ہے اس کو پیش نظر رکھ کر ترجمہ قائم کرتے ہیں، یہاں ایسا ہی کیا ہے۔

[۱۱۷-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: ثَنَا الْحَكَمُ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: بِتُّ فِيْ بَيْتِ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ زَوْجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَهَا فِيْ لَيْلَتِهَا، فَصَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْعِشَاءَ، ثُمَّ جَاءَ إِلٰى مَنْزِلِهِ فَصَلَّى أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ، ثُمَّ نَامَ، ثُمَّ قَامَ، ثُمَّ قَالَ: " نَامَ الْغُلَيِّمُ؟" أَوْ: كَلِمَةً تُشْبِهُهَا، ثُمَّ قَامَ فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَجَعَلَنِيْ عَنْ يَمِيْنِهِ، فَصَلَّى خَمْسَ رَكْعَاتٍ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ نَامَ حَتّٰى سَمِعْتُ غَطِيْطَهُ، أَوْ: خَطِيْطَهُ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّلاَةِ.[انظر:۱۳۸، ۱۸۳، ۶۹۷، ۶۹۸، ۶۹۹، ۷۲۶، ۷۲۸، ۸۵۹، ۱۱۹۸، ۴۵۶۹، ۴۵۷۰، ۴۵۷۱ ۵۹۱۹، ۶۲۱۵، ۶۳۱۶، ۷۴۵۲]

وضاحت: خراٹوں کا آغاز خطیط کہلاتا ہے۔اور بعد والی کیفیت غطیط ،راوی کو شک ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے کونسا لفظ بولا تھا۔

بابُ حِفْظِ الْعِلْمِ

علم کی حفاظت کرنا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ خواندہ یاد کرنا چاہئے، پڑھنا اور خواندہ یاد نہ کرنا غیر مفید ہے، پڑھنا اسی وقت مفید ہے جب خواندہ یاد کیا جائے۔

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لوگ کہتے ہیں: ابو ہریرہ بہت حدیثیں بیان کرتا ہے، اگر قرآن مجید کی دو آیتیں نہ ہوتیں تو میں کبھی بھی حدیث بیان نہ کرتا، پھر سورۂ بقرہ کی دو آیتیں (۱۵۹و۱۶۰) تلاوت فرمائیں: ''جو لوگ چھپاتے ہیں ان واضح دلیلوں کو اور ہدایت کی باتوں کو جو ہم نے اتاریں، اس کے بعد کہ ہم نے وہ باتیں لوگوں کے واسطے کھول دیں کتاب (توریت) میں ان پر اللہ تعالیٰ لعنت بھیجتے ہیں، اور لعنت کرنے والے بھی یعنی جن وانس، ملائکہ وحیوانات سب لعنت بھیجتے ہیں۔مگر جنھوں نے توبہ کی اور اپنے کام درست کر لئے اور حق بات بیان کر دی پس میں ان کو معاف کر دونگا۔اور میں بڑا معاف کرنے والا نہایت مہربان ہوں''

بیشک ہمارے مہاجر بھائی بازاروں میں مشغول رہتے تھے اور ہمارے انصاری بھائی باغوں میں مشغول رہتے تھے، اور ابو ہریرہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ لگا رہتا تھا، اس کو صرف کھانے کی فکر تھی، اور وہ اس وقت حاضر رہتا تھا جب مہاجرین وانصار حاضر نہیں رہتے تھے، اور ان حدیثوں کو یاد کرتا تھا جن کو مہاجرین وانصار یاد نہیں کرتے تھے۔

تشریح: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر بہ کثرت حدیثیں بیان کرنے کی وجہ سے ان کی زندگی ہی میں اعتراض ہوا

تھا۔اس روایت میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس اعتراض کا جواب دیا ہے۔پہلی بات تو یہ فرمائی کہ اگر میرے سامنے سورۂ بقرہ کی مذکورہ دوآیتیں نہ ہوتیں تو میں کبھی بھی حدیث بیان نہ کرتا۔اُن آیتوں کی وجہ سے مجبوراً میں حدیثیں بیان کرتا ہوں، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن آیات میں ارشاد فرمایا ہے کہ جولوگ رشد وہدایت اور علم دین کو چھپاتے ہیں ان پر اللہ کی اور کل کائنات کی لعنت ہے۔اس وعید سے بچنے کے لئے میں حدیثیں بیان کرتا ہوں۔

پھر اعتراض کا جواب دیا کہ مہاجرین کاروبار میں مشغول رہا کرتے تھے اور انصار کھیتی باڑی میں، وہ حضرات جب وقت ملتا مجلسِ نبوی میں حاضر ہوتے، باقی وقت کاروبار میں اور بیوی بچوں میں مشغول رہتے۔اور ابوہریرہؓ کو کیا چاہئے تھا؟ دوروٹی اور دوبوٹی جو آنحضور ﷺ کے دسترخوان پر مل جاتی تھیں، اس لئے میں ہر وقت آنحضور ﷺ کے ساتھ لگا رہتا تھا۔آپ کے ارشادات سنتا اور ان کو یاد کرتا، اس کے علاوہ میرا کوئی کام نہیں تھا۔اس لئے میرے پاس حدیثیں زیادہ ہیں۔

مناسبت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو دعائے نبوی کی برکت سے بھی جس کی تفصیل اگلی حدیث میں آرہی ہے ساری حدیثیں یاد رہتی تھیں، وہ کوئی حدیث بھولتے نہیں تھے۔اور دیگر صحابہ بھول بھی جاتے تھے، یہی ٹکڑا یعنی **یحفظ مالا یحفظون** باب سے متعلق ہے۔

سوال: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو دعائے نبوی کی برکت سے حدیثیں خود بخود یاد ہوجاتی تھیں، ان کو یاد نہیں کرنا پڑتی تھیں، پس حدیث باب کے ساتھ منطبق نہیں، باب ہے: جو پڑھا ہے اس کو یاد کرو، اور حضرت ابو ہریرہؓ کو یاد نہیں کرنا پڑتا تھا۔

جواب: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو دعا کی برکت حاصل تھی مگر وہ حدیثیں یاد بھی کرتے تھے اور آپؐ کی وفات کے بعد حدیثیں یاد کرکے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو سناتے بھی تھے۔

[٤٢-] بابُ حِفْظِ الْعِلْمِ

[١١٨-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: إِنَّ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ: أَكْثَرَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ! وَلَوْلَا آيَتَانِ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ مَا حَدَّثْتُ حَدِيْثًا، ثُمَّ يَتْلُوْ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدٰى﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿الرَّحِيْمُ﴾ [البقرة: ١٥٩] إِنَّ إِخْوَانَنَا مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ كَانَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفَقُ بِالأَسْوَاقِ، وَإِنَّ إِخْوَانَنَا مِنَ الْأَنْصَارِ كَانَ يَشْغَلُهُمُ الْعَمَلُ فِىْ أَمْوَالِهِمْ، وَإِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يَلْزَمُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِشِبَعِ بَطْنِهِ، وَيَحْضُرُ مَالاَ يَحْضُرُوْنَ، وَيَحْفَظُ مَالاَ يَحْفَظُوْنَ.[انظر: ١١٩، ٢٠٤٧، ٢٣٥٠، ٣٦٤٨، ٧٣٥٤]

قولہ: لِشِبَعِ بطنہ: میں لام تعلیلہ ہے أی لأجل یعنی ابو ہریرہ کو کیا چاہئے تھا؟ پیٹ بھر کھانا!

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپؐ سے بہت سی باتیں سنتا ہوں مگر بھول جاتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: اپنی چادر پھیلاؤ، میں نے چادر پھیلا دی، آپؐ نے اس میں لپ بھر کر ڈالا یعنی ڈالنے کا اشارہ کیا، پھر فرمایا: چادر کو سینہ سے لگالو، میں نے چادر سینہ سے ملالی اس کے بعد میں کبھی کوئی حدیث نہیں بھولا، جو حدیث سنتا خود بخود یاد ہو جاتی۔

تشریح: یہ واقعہ بیان کر کے حضرت ابو ہریرہؓ نے لوگوں کے اعتراض کا جواب دیا ہے کہ لوگ حدیث کی کثرت کی وجہ سے مجھ پر طعن کرتے ہیں۔ جواب یہ دیا ہے کہ میں ایک طرف ہر وقت نبی ﷺ کے ساتھ لگا رہتا تھا، دوسری طرف حضور اقدس ﷺ کی ایک خصوصی دعا بھی مجھے حاصل تھی۔ جب میں نے حافظہ کی کمزوری کی شکایت کی تو آپؐ نے میری چادر میں کچھ ڈالا، ہاتھ بظاہر خالی تھے، مگر ان میں علم کے خزانے تھے، چنانچہ میں اس کے بعد آپؐ کی کوئی بات نہیں بھولا، یہ وجہ ہے میرے پاس حدیثیں زیادہ ہونے کی۔

[۱۱۹-] حدثنا أَبُوْ مُصْعَبٍ أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ أَسْمَعُ مِنْكَ حَدِيْثًا كَثِيْرًا أَنْسَاهُ، قَالَ: "ابْسُطْ رِدَاءَ كَ" فَبَسَطْتُهُ، قَالَ: فَغَرَفَ بِيَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: "ضُمَّ"، فَضَمَمْتُهُ، فَمَا نَسِيْتُ شَيْئًا بَعْدُ.

[راجع: ۱۱۷]

حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ فُدَيْكٍ بِهٰذَا، قَالَ: فَغَرَفَ بِيَدِهِ فِيْهِ.

وضاحت: یہ حدیث ابراہیم بن المنذر: ابن ابی فُدیک سے، اور وہ ابن ذئب سے بھی روایت کرتے ہیں۔ اور دونوں حدیثوں میں فرق یہ ہے کہ پہلی حدیث میں بیدیہ تثنیہ ہے اور دوسری حدیث میں بیدہ مفرد ہے اور بس۔

حدیث (۳): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے دو برتن محفوظ کئے ہیں۔ ان میں سے ایک برتن میں نے پھیلایا ہے۔ یعنی اس کی حدیثیں بیان کی ہیں اور رہا دوسرا برتن تو اگر میں اس کو پھیلاؤں تو یہ گردن کاٹ دی جائے۔

تشریح:

۱- وہ حدیثیں جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان نہیں کیں وہ فتنوں کی حدیثیں تھیں۔ آنحضور ﷺ نے کچھ فتنے نام بہ نام بیان کئے تھے، جیسے مدینہ منورہ میں جو منافقین تھے آپؐ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو ان کے نام بتادیئے تھے، مگر حضرت حذیفہؓ کو بیان کرنے کی اجازت نہیں تھی۔ اسی وجہ سے وہ "رسول اللہ کے بھیدی" کہلاتے تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے دورِ خلافت میں جب کسی کے ایمان کے بارے میں شک ہوتا، اور اس کا انتقال ہوتا، اور جنازہ آتا تو آپؓ پوچھتے: حذیفہؓ جنازہ پڑھنے آئے ہیں؟ اگر آئے ہوتے تو آپؓ جنازہ پڑھاتے، ورنہ نہیں پڑھاتے، اسی طرح چند امراء کے نام حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بتائے تھے مگر ان کو بیان کرنے کی اجازت نہیں تھی، اسی تھیلے کی حدیثوں کا حضرت ابو ہریرہؓ نے تذکرہ کیا ہے۔

۲- جب حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو منافقین اور فتنہ پرور امراء کے نام بتائے تھے تو پھر ان کو بیان کرنے کی اجازت کیوں نہیں دی تھی؟ جواب: اس کی وجہ ہمیں معلوم نہیں، جب کسی حدیث میں اس کا کوئی اشارہ نہیں آیا تو ہم کیسے بتلائیں؟ رہے عقلی احتمالات تو اس کا کوئی فائدہ نہیں۔

۳- دونوں تھیلوں کا برابر ہونا ضروری نہیں، ممکن ہے ایک تھیلا اتنا بڑا ہو کہ اس میں پانچ ہزار حدیثیں آئیں، اور دوسرے تھیلے میں صرف پانچ۔ بہرحال ایک تھیلا حضرت ابو ہریرہؓ نے کھول دیا اس کی حدیثیں امت تک پہنچا دیں، اور دوسرا تھیلا محفوظ رکھا اسے کھولنے میں فتنہ کا اندیشہ تھا۔

۴- اس حدیث میں اس طرف اشارہ ہے کہ جن باتوں کے بیان کرنے میں فتنے کا اندیشہ ہو وہ باتیں لوگوں کے سامنے بیان نہیں کرنی چاہئیں۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو غالباً اسی وجہ سے بیان کرنے سے منع کیا ہوگا۔

۵- گردن میں دو رگیں ہیں: ایک سے سانس آتا جاتا ہے وہ حُلقوم ہے، اور دوسری سے کھانا پانی آتا جاتا ہے وہ بُلعوم ہے مگر یہاں مراد گردن ہے۔

[۱۲۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وِعَاءَيْنِ، فَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَبَثَثْتُهُ، وَأَمَّا الآخَرُ فَلَوْ بَثَثْتُهُ قُطِعَ هٰذَا الْبُلْعُوْمُ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْبُلْعُوْمُ: مَجْرَى الطَّعَامِ.

بَابُ الإِنْصَاتِ لِلْعُلَمَاءِ

علماء کے سامنے خاموش رہنا

تعلّم کے وقت علماء کے سامنے خاموش رہنا چاہئے، خاموش ہو کر بات سننی چاہئے، اگر بات سُن بھی رہا ہے اور باتیں بھی کر رہا ہے تو بات پوری طرح سمجھ میں نہیں آئے گی۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ﴿إِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهُ وَأَنْصِتُوْا﴾: جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو غور سے سنو اور خاموش رہو، خاموش رہنے کا حکم اسی وجہ سے ہے کہ قرآن غور سے سنا جائے۔

حدیث: حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی پاک ﷺ نے ان سے حجۃ الوداع کے موقعہ پر فرمایا: لوگوں کو خاموش کرو۔ حضرت جریرؓ نے لوگوں کو خاموش کیا، جب سب لوگ خاموش ہوگئے تو آپؐ نے فرمایا: ''میرے بعد کافر مت ہو جانا کہ بعض بعض کی گردنیں مارنے لگیں!''

تشریح:

یہاں حقیقی کفر مراد نہیں، بلکہ دین کا عملی انکار مراد ہے، جس کی ایک صورت مسلمانوں کا باہم قتل وقتال بھی ہے، اس لئے کہ باہمی نزاعات مونڈنے والے ہیں، اور سر نہیں مونڈتے، دین مونڈ دیتے ہیں، فتنے جب سر ابھارتے ہیں تو قتل وقتال کی نوبت آتی ہے جو عملی طور پر دین کا انکار ہے۔

اور جو مشہور ہے کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ وفات نبوی سے پچاس دن پہلے مسلمان ہوئے ہیں، یہ بات شاید صحیح نہ ہو۔ حضرت جریرؓ حجۃ الوداع میں شریک تھے، پس اغلب یہ ہے کہ آپؓ ۹ ہجری میں مسلمان ہوئے ہیں، ذوالخلصہ کا مندر نبی ﷺ نے آپؓ کے ذریعہ منہدم کرایا ہے، بڑے حسین وجمیل تھے، حضرت عمرؓ آپؓ کو اس امت کا یوسف کہتے تھے، جنگ قادسیہ میں قبیلۂ بجیلہ کا علم آپؓ کے ہاتھ میں تھا، حضرت علیؓ نے آپ کو سفیر بنا کر حضرت معاویہؓ کے پاس بھیجا تھا، مگر بعد میں آپؓ فتنوں سے الگ ہوگئے اور ۵۱ ہجری میں وفات پائی۔ آنحضور ﷺ جب بھی آپ کو دیکھتے مسکراتے، یہ مسکرانا اکرام یا انبساط کے لئے تھا۔ جب وہ پہلی مرتبہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں تو آپؐ نے ان کے لئے اپنی چادر بچھائی ہے۔

اور اس حدیث میں دو جملے ہیں اور دونوں کے درمیان واوِ عاطفہ نہیں ہے، پس دونوں جملوں میں کمال اتصال ہے، اس لئے دونوں جملوں کا مفہوم ایک ہے۔

[۴۳-] بَابُ الإِنْصَاتِ لِلْعُلَمَاءِ

[۱۲۱-] حدثنا حَجَّاجٌ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَلِیُّ بْنُ مُدْرِكٍ، عَنْ أَبِیْ زُرْعَةَ، عَنْ جَرِیْرٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ لَهُ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: اسْتَنْصِتِ النَّاسَ، فَقَالَ: "لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ" [انظر: ۴۴۰۵، ۶۸۶۹، ۷۰۸۰]

بابُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْعَالِمِ إِذَا سُئِلَ: أَیُّ النَّاسِ أَعْلَمُ؟ فَيَكِلُ الْعِلْمَ إِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى

جب عالم سے پوچھا جائے کہ سب سے بڑا عالم کون ہے؟ تو کہے: اللہ بہتر جانتے ہیں

عالم کے لئے تواضع اور خاکساری ضروری ہے، حدیث میں ہے: مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ: جو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی

کے لئے خاکساری اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اونچا اٹھاتے ہیں، جس عالم میں غرور ہوتا ہے اس کا فیض عام نہیں ہوتا۔ اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارا فیض عام ہو تو اپنے علم پر کبھی غرور نہ کرو، اپنے آپ کو چھوٹا سمجھو، خاکساری اختیار کرو، تمہارا فیض عام ہوگا۔ یہ باب اسی مقصد سے لائے ہیں، مثلاً: ایک گاؤں ہے، جہاں تنہا آپ ہی عالم ہیں، آپ کے علاوہ دوسرا کوئی عالم نہیں۔ اب اگر آپ سے پوچھا جائے کہ گاؤں میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟ اور آپ جواب دیں کہ میں ہوں تو یہ جواب صحیح ہے مگر مبنی بر تکبر ہے، ''میں'' اللہ کو پسند نہیں۔ ایسے موقعہ پر علم کو اللہ کی طرف پھیر دینا چاہئے، یعنی یہ جواب دینا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں۔

تواضع کی مثال: آپ بیٹھے ہیں، کوئی کھڑے کھڑے آپ سے مسئلہ پوچھتا ہے آپ اس کی بے تمیزی کا خیال نہ کریں اس کو مسئلہ بتادیں، یہ بات باب تواضع سے ہے، اس لئے اگلا باب لائے: **بابُ مَنْ سَأَلَ وَهُوَ قَائِمٌ عالمًا جالِسًا**: یعنی اگر کوئی کھڑے کھڑے مسئلہ پوچھے تو اسی حالت میں مسئلہ بتلا دے بلکہ اگر مفتی صاحب کسی کام میں مشغول ہوں اور کوئی مسئلہ پوچھے تو بھی بتا دینا چاہئے، سائل کی بے تمیزی کا خیال نہیں کرنا چاہئے، چنانچہ اگلا باب لائے: **بابُ السُّؤَالِ وَالْفُتْيَا عند رَمْيِ الْجِمَارِ**، آخر بندہ کس چیز پر اکڑے؟ کس برتے پر اپنے کو لمبا کھینچے؟ اس کے پاس کیا ہے؟ ساری کائنات کا علم مل کر بھی اللہ کے علم کے پاسنگ کو نہیں پہنچتا، انسان کے پاس معمولی علم ہے، اس کو اس پر غرور زیب نہیں دیتا اس لئے اگلا باب لائے: **بابُ قول اللہ تعالیٰ ﴿وَمَا أُوْتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلاَّ قَلِيْلاً﴾** یہ مسلسل چار ابواب کے درمیان ربط اور ان کے مقاصد کا بیان ہے۔

یہاں حدیث میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ایک تعلیمی سفر کا تذکرہ ہے جو مختصر طور پر پہلے (باب ۱۶ میں) گذر چکا ہے۔ یہ واقعہ بنی اسرائیل کے پیغمبر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہے، مگر یہود نے اس واقعہ کو اپنے پیغمبر کی کسر شان سمجھا، اس لئے انھوں نے اس واقعہ کو ایک فرضی موسیٰ کے ساتھ جوڑ دیا، نوف بن فضالہ بِکالی ایک تابعی ہیں، وہ کعب احبار کی بیوی کے لڑکے تھے، اور انھوں نے کعب احبار کے گھر میں تربیت پائی تھی۔ اور کعب احبار کتب یہود کے بڑے عالم تھے، ان سے نوف نے یہ بات حاصل کی کہ قرآن مجید میں جس موسیٰ کا واقعہ ہے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نہیں ہیں بلکہ وہ ایک دوسرے موسیٰ ہیں جن کے باپ کا نام میشان تھا، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام عمران تھا، حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے نوف بکالی کی یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ذکر کی تو آپؓ نے نوف کی بات کی پرزور تردید کی، اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث سنائی جو درج ذیل ہے۔

حدیث: سعید بن جبیر رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا: نوف بکالی کہتا ہے کہ جو موسیٰ حضرت خضر سے ملنے گئے تھے وہ بنی اسرائیل والے موسیٰ نہیں تھے جو صاحبِ شریعت تھے اور جن کے باپ کا نام عمران تھا، بلکہ وہ ایک دوسرے موسیٰ تھے (جن کے باپ کا نام میشان تھا) ابن عباسؓ نے فرمایا: اللہ کا دشمن جھوٹ کہتا ہے،

مجھ سے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے حدیث بیان کی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جو نبی تھے (اس لفظ میں نوف بکالی کی تردید ہے) بنی اسرائیل میں تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے، آپؑ سے پوچھا گیا: لوگوں میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: میں سب سے بڑا عالم ہوں۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب فرمایا، کیونکہ انھوں نے علم کو اللہ کی طرف نہیں پھیرا، اللہ نے ان کے پاس وحی بھیجی کہ میرے بندوں میں ایک بندہ دو دریاؤں کے سنگم پر ہے، وہ آپ سے زیادہ علم رکھتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: خدایا! میں اس تک کیسے پہنچ سکتا ہوں؟ یعنی مجھے اس کا پتہ نشان بتادیا جائے، تاکہ میں اس کے پاس پہنچوں۔ موسیٰ سے کہا گیا: کسی تھیلے میں ایک مچھلی رکھ لو، جہاں اس کو گم کرو وہیں وہ بندہ ملے گا۔ چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام چلے، ان کے ساتھ ان کا خادم یوشع بن نون بھی تھا، دونوں نے ایک تھیلے میں مچھلی رکھ لی، یہاں تک کہ جب دونوں ایک چٹان کے پاس آئے تو دونوں وہاں اپنا سر رکھ کر سو گئے، پس (موسیٰ کے روانہ ہونے کے بعد) مچھلی تھیلے سے نکل کر سمندر میں چلی گئی۔ مچھلی کا سمندر میں جانا سرنگ نُما تھا اور موسیٰ اور خادم کے لئے حیرت زا تھا (پہلی تعبیر نفس الامر کے اعتبار سے ہے اور دوسری ناظر کے اعتبار سے) پس دونوں باقی رات اور پورے دن چلتے رہے، جب (اگلے دن کی) صبح ہوئی تو موسیٰ نے خادم سے فرمایا: ناشتہ لاؤ، آج کے سفر سے تو ہم تھک گئے! اور موسیٰ علیہ السلام نے ذرا بھی تھکن محسوس نہیں کی یہاں تک کہ اس جگہ سے آگے بڑھ گئے جس جگہ کا حکم دیئے گئے تھے ـــــ یعنی منزل مقصود سے آگے بڑھنے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تھکن محسوس ہوئی، بامقصد محنت سے آدمی نہیں تھکتا، بے مقصد محنت تھکا دیتی ہے (۱) ـــــ موسیٰ علیہ السلام سے خادم نے کہا: ارے! جب ہم چٹان پر ٹھہرے تھے تو میں اس مچھلی کو بھول گیا، حضرت موسیٰ نے کہا: اسی جگہ کی ہمیں تلاش تھی، چنانچہ دونوں اپنے قدموں کے نشانات دیکھتے ہوئے واپس لوٹے، جب دونوں چٹان کے پاس پہنچے تو دیکھا ایک شخص چادر اوڑھ کر لیٹا ہوا ہے (راوی کو شک ہے کہ حدیث میں مُسَجًّی بثوبٍ ہے یا تَسَجَّی

(۱) سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تو پتا ہی نہیں تھا کہ ہم منزل مقصود سے آگے بڑھ رہے ہیں، پھر ان کو تکان کیوں محسوس ہوا؟
جواب: نفس الامری بات کا قلبِ نبوت پر اثر پڑا جس سے طبیعت متأثر ہوئی، قلوب صافیہ پر نفس الامری بات کا اثر پڑتا ہے۔ حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ نے ایک مرتبہ یہ واقعہ سنایا کہ میں روزانہ عشا کے بعد شیخ الہند قدس سرہ کے سر میں تیل رکھنے کے لئے جایا کرتا تھا، کبھی تو حضرت دیر تک تیل لگواتے اور کبھی جلدی سر چھڑا لیتے، میں نے غور کیا تو وجہ یہ سمجھ میں آئی کہ جب میں باوضو تیل لگانے کے لئے جاتا ہوں تو حضرت دیر تک تیل لگواتے ہیں، اور جس دن بے وضو جاتا ہوں جلدی سر چھڑا لیتے ہیں، چنانچہ میں باوضو تیل لگانے کے لئے جانے لگا۔ معلوم ہوا کہ قلب مصفی پر نفس الامری بات کا اثر پڑتا ہے، یا جیسے نبی ﷺ ایک مرتبہ جہری نماز پڑھا رہے تھے، پیچھے کسی نے سراً پڑھا جس سے آپ پر قراءت دشوار ہوگئی، چونکہ امام کے پیچھے پڑھنا ایک امر منکر ہے اس لئے اس کا قلب نبوت پر اثر پڑا اور آپؐ پر قراءت دشوار ہوگئی (باب ۱۶ دیکھئے)

بثوبہ ہے مفہوم دونوں کا ایک ہے) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس بندہ کو سلام کیا۔ حضرت خضر نے کہا: آپ کے علاقہ میں سلام کہاں سے آیا؟ موسیٰ نے فرمایا: میں موسیٰ ہوں، حضرت خضر نے پوچھا: بنی اسرائیل والے موسیٰ؟ انھوں نے کہا: ہاں (یہاں سے معلوم ہوا کہ نوف بکالی کی بات غلط تھی) حضرت موسیٰ نے کہا: کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں اس غرض سے کہ آپ مجھے اس رشد و ہدایت کی تعلیم دیں جس کی آپ کو تعلیم دی گئی ہے، حضرت خضر نے کہا: آپ میرے ساتھ صبر نہیں کرسکیں گے (میرے بعض اعمال ظاہر شریعت کے خلاف ہونگے آپ ان پر ضرور نکیر کریں گے) اے موسیٰ! میں اللہ کے علوم میں سے ایسا علم سکھلایا گیا ہوں جس کو آپ نہیں جانتے، اور آپ اللہ کے علوم میں سے ایک ایسا علم سکھلائے گئے ہیں جس کو میں نہیں جانتا۔ حضرت موسیٰ نے کہا: آپ مجھے اگر اللہ نے چاہا تو صبر کرنے والا پائیں گے، اور میں آپ کی حکم عدولی نہیں کروں گا الی اخرہ۔

یہاں تک حدیث کی شرح (باب ۱۶) میں گذر چکی ہے۔ وہاں دیکھ لی جائے۔ اور حضرت خضر علیہ السلام کا یہ فرمانا کہ جو علم آپ کو دیا گیا ہے اسے میں نہیں جانتا اور جو علم مجھے دیا گیا ہے اسے آپ نہیں جانتے: یہاں سے میں نے یہ رائے قائم کی ہے کہ حضرت خضر انسان نہیں تھے، رجال الغیب میں سے تھے، رجال الغیب زمینی فرشتوں کو کہتے ہیں جو عام طور پر نظر نہیں آتے، اور کبھی نظر بھی آتے ہیں، ان کو تکوینیات کا علم دیا جاتا ہے، تفصیل باب ۱۶ میں گذری ہے، بعض لوگ ان کو انسان کہتے ہیں، پھر بعض ولی مانتے ہیں اور بعض نبی۔ ان کے دلائل حاشیہ میں ہیں وہاں دیکھ لیں۔

[٤٤-] بابُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْعَالِمِ إِذَا سُئِلَ: أَيُّ النَّاسِ أَعْلَمُ؟ فَيَكِلُ الْعِلْمَ إِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى

[١٢٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُسْنِدِيُّ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: ثَنَا عَمْرٌو، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِيَّ يَزْعُمُ أَنَّ مُوْسَى لَيْسَ مُوْسَى بَنِیْ إِسْرَائِيْلَ، إِنَّمَا هُوَ مُوْسَى آخَرُ، فَقَالَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ! حَدَّثَنَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " قَامَ مُوْسَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَطِيْبًا فِیْ بَنِیْ إِسْرَائِيْلَ، فَسُئِلَ: أَيُّ النَّاسِ أَعْلَمُ؟ فَقَالَ: أَنَا أَعْلَمُ، فَعَتَبَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلَيْهِ، إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ أَنَّ عَبْدًا مِنْ عِبَادِیْ بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ، قَالَ: رَبِّ! وَكَيْفَ بِهِ؟ فَقِيْلَ لَهُ: احْمِلْ حُوْتًا فِیْ مِكْتَلٍ، فَإِذَا فَقَدْتَهُ فَهُوَ ثَمَّ، فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقَ مَعَهُ بِفَتَاهُ يُوْشَعَ بْنِ نُوْنٍ، وَحَمَلَا حُوْتًا فِیْ مِكْتَلٍ، حَتّٰى كَانَا عِنْدَ الصَّخْرَةِ وَضَعَا رُؤُسَهُمَا فَنَامَا، فَانْسَلَّ الْحُوْتُ مِنَ الْمِكْتَلِ، فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهُ فِیْ الْبَحْرِ سَرَبًا، وَكَانَ لِمُوْسَى وَفَتَاهُ عَجَبًا، فَانْطَلَقَا بِقِيَّةَ لَيْلَتِهِمَا وَيَوْمَهُمَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ، قَالَ مُوْسَى لِفَتَاهُ: ﴿ آتِنَا غَدَاءَ نَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا﴾ وَلَمْ يَجِدْ مُوْسَى مَسًّا مِنَ النَّصَبِ حَتَّى جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِیْ أُمِرَ بِهِ، فَقَالَ لَهُ فَتَاهُ: ﴿ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلٰى الصَّخْرَةِ فَإِنِّیْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ﴾ قَالَ مُوْسٰى:

﴿ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا قَصَصًا﴾ فَلَمَّا انْتَهَيَا إِلَى الصَّخْرَةِ إِذَا رَجُلٌ مُسَجًّى بِثَوْبٍ، أَوْ قَالَ: تَسَجَّى بِثَوْبِهِ، فَسَلَّمَ مُوْسَى، فَقَالَ الْخَضِرُ: وَأَنّٰى بِأَرْضِكَ السَّلَامُ؟ فَقَالَ: أَنَا مُوْسَى، فَقَالَ: مُوْسَى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ:﴿ هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلٰى أَنْ تُعَلِّمَنِيْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا؟ قَالَ: إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا﴾ يَا مُوْسَى إِنِّيْ عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِيْهِ لاَ تَعْلَمُهُ أَنْتَ، وَأَنْتَ عَلٰى عِلْمٍ عَلَّمَكَهُ اللّٰهُ لاَ أَعْلَمُهُ، ﴿قَالَ: سَتَجِدُنِيْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَلاَ أَعْصِيْ لَكَ أَمْرًا﴾

(آگے کا ترجمہ) پھر دونوں چلے، یعنی باہم قول وقرار کر کے دونوں دریا کے کنارے کنارے چلے —— اب خادم کا تذکرہ نہیں آئے گا، ممکن ہے موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کے بعد خادم کو واپس بھیج دیا ہو، اور اس کا بھی امکان ہے کہ مجمع البحرین پر ٹھہرا دیا ہو، تاکہ واپسی میں ساتھ لے لیں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ساتھ ہو مگر تابع ہونے کی وجہ سے اس کا ذکر نہ کیا ہو۔ مفسرینِ کرام عام طور پر تیسرا احتمال لکھتے ہیں، پھر آگے کوئی ایسا مقام آیا جس سے آگے جانے کے لئے کشتی درکار تھی مگر ان کے پاس کشتی نہ تھی، پس ان کے پاس سے ایک کشتی گذری، انھوں نے کشتی والوں سے درخواست کی کہ وہ ان کو سوار کرلیں —— گیلری میں تثنیہ کا صیغہ لکھا ہے فکلّماھم، وہی نسخہ صحیح ہے، اس لئے کہ اب خادم غائب ہے —— حضرت خضر علیہ السلام پہچان لئے گئے، چنانچہ انھوں نے دونوں کو بغیر اجرت کے کشتی میں بٹھا لیا —— یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر حضرت خضر زمینی فرشتے ہیں تو ان کو دریا پار کرنے کے لئے کشتی کی کیا ضرورت ہے؟ جواب: ساتھی کی رعایت ملحوظ تھی، اور کشتی سے متعلق بھی ایک امر خداوندی کی تعمیل کرنی تھی —— پس ایک چڑیا آئی اور وہ کشتی کے کنارے پر بیٹھی، اور اس نے سمندر میں ایک چونچ یا دو چونچ ماری —— دونوں یہ منظر دیکھ رہے تھے —— حضرت خضر نے کہا: نہیں گھٹایا میرے علم نے اور آپ کے علم نے اللہ کے علم میں سے مگر جتنا گھٹایا اس چڑیا نے سمندر میں سے —— یعنی مخلوق کے علم میں اور اللہ کے علم میں اتنی بھی نسبت نہیں جتنی چڑیا کی چونچ کے پانی میں اور سمندر کے پانی میں نسبت ہے۔ حضرت خضر علیہ السلام کو بتلا دیا گیا ہوگا کہ موسیٰ علیہ السلام نے أنا أعلم کا دعوی کیا ہے۔ اس لئے انھوں نے یہ بات فرمائی کہ غور کرو، چڑیا نے سمندر میں سے جو پانی پیا ہے اس پانی کے درمیان اور سمندر کے پانی کے درمیان کیا نسبت ہے؟ میرے اور تمہارے علم کی بلکہ پوری کائنات کے علم کی اللہ کے علم کے ساتھ یہ نسبت بھی نہیں پھر أنا أعلم کا دعوی کیسے درست ہوسکتا ہے؟ —— پھر حضرت خضر نے کشتی کے تختوں میں سے ایک تخت کا قصد کیا اور اس کو اکھاڑ دیا —— ظاہر ہے کشتی کا تختہ ہاتھ سے نہیں اکھڑتا کلہاڑی وغیرہ کی ضرورت پیش آتی ہے۔ مگر حضرت خضر نے ہاتھ سے اکھاڑ دیا، اس سے معلوم ہوا کہ وہ انسان نہیں فرشتے تھے —— پس حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ان لوگوں نے ہمیں بغیر اجرت کے کشتی میں سوار کیا اور آپ نے ان کی کشتی کا قصد کیا، اور اس کو پھاڑ ڈالا تاکہ کشتی والوں کو ڈبو دیں —— اس سے معلوم ہوا کہ حضرت خضر

نے کشتی اترتے وقت پھاڑی تھی۔ چنانچہ حضرت موسیٰ نے کشتی والوں کے ڈوب جانے کا اندیشہ ظاہر کیا، اپنا کوئی تذکرہ نہیں کیا، یعنی جب کشتی آگے روانہ ہوگی، اور دریا میں موجیں اٹھیں گی تو پانی کشتی میں داخل ہوجائے گا۔ غرض یہ عمل نہ شرعاً درست ہے نہ اخلاقاً، پس آپ نے یہ بہت ہی معیوب کام کیا —— حضرت خضر نے کہا: کیا میں نے کہا نہ تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کرسکیں گے —— سو دیکھئے وہی بات سامنے آگئی —— حضرت موسیٰ نے کہا: بھول پر آپ میری گرفت نہ فرمائیں، یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بھول تھی —— یہاں سے یہ بات ثابت ہوئی کہ انبیاء کرام سے بھول ہوتی ہے، سورۂ طٰہٰ (آیت ۱۵۵) میں حضرت آدم علیہ السلام کے بھولنے کی صراحت ہے، اور حدیث شریف میں ہے کہ ایک بار حضور ﷺ نے ظہر کی یا عصر کی پانچ رکعتیں پڑھادیں، اور آخر میں سجدۂ سہو کیا۔ اور نماز کے بعد ارشاد فرمایا: میں ایک انسان ہوں جس طرح آپ لوگوں کو یاد رہتا ہے مجھے بھی یاد رہتا ہے، اور جس طرح آپ لوگوں کو بھول لگتی ہے مجھے بھی بھول لگتی ہے (مسند احمد ۱: ۴۲۰) پس بھولنا نہ کمالِ نبوت کے منافی ہے نہ کارِ نبوت کے۔ حضرت خضرؑ نے موسیٰ علیہ السلام کا عذر قبول کرلیا۔

تشریح: حضرت خضر علیہ السلام نے کشتی اس لئے پھاڑی تھی کہ وہ کشتی جدھر جارہی تھی اس طرف ایک ظالم بادشاہ کی عملداری تھی جو ہر اچھی کشتی کو غصب کرلیتا تھا، اگر حضرت خضرؑ اس کشتی کو پھاڑ کر عیب دار نہ کردیتے تو وہ بادشاہ اسے چھین لیتا اور ان غریبوں کا ذریعہ معاش چلا جاتا۔ اب وہ لوگ مرمت کرالیں گے اور نقصان سے بچ جائیں گے۔

فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ عَلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ، لَيْسَ لَهُمَا سَفِيْنَةٌ، فَمَرَّتْ بِهِمَا سَفِيْنَةٌ، فَكَلَّمُوْهُمْ أَنْ يَحْمِلُوْهُمَا، فَعُرِفَ الْخَضِرُ فَحَمَلُوْهُمَا بِغَيْرِ نَوْلٍ، فَجَاءَ عُصْفُوْرٌ فَوَقَعَ عَلٰى حَرْفِ السَّفِيْنَةِ فَنَقَرَ نَقْرَةً أَوْ نَقْرَتَيْنِ فِيْ الْبَحْرِ، فَقَالَ الْخَضِرُ: يَا مُوْسَى مَا نَقَصَ عِلْمِيْ وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى إِلَّا كَنَقْرَةِ هٰذَا الْعُصْفُوْرِ فِيْ الْبَحْرِ، فَعَمَدَ الْخَضِرُ إِلٰى لَوْحٍ مِنْ أَلْوَاحِ السَّفِيْنَةِ فَنَزَعَهُ، فَقَالَ مُوْسَى: قَوْمٌ حَمَلُوْنَا بِغَيْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَ إِلٰى سَفِيْنَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا﴿ قَالَ: أَلَمْ أَقُلْ: إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا؟ قَالَ: لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ﴾ فَكَانَتِ الْأُوْلٰى مِنْ مُوْسَى نِسْيَانًا.

(آگے کا ترجمہ) پھر دونوں چلے —— یعنی کشتی سے اتر کر خشکی کی راہ لی —— پس اچانک ایک لڑکا جو بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، خضرؑ نے اس کے سر کو اوپر سے پکڑا اور ہاتھ سے اس کا سر اکھاڑ دیا —— یعنی ایک گاؤں کے قریب چند لڑکے کھیل رہے تھے ان میں سے ایک کو جو زیادہ خوبصورت اور سیانا تھا پکڑ کر مار ڈالا۔ یہاں سوچنے کی بات یہ ہے کہ بچوں نے شور کیوں نہیں مچایا؟ اور ان کا پیچھا کیوں نہیں کیا؟ معلوم ہوا کہ حضرت خضرؑ کا یہ عمل کسی نے نہیں دیکھا، موسیٰ علیہ السلام کو دکھانا مقصود تھا۔ انھوں نے دیکھا، باقی کسی نے نہیں دیکھا۔ بظاہر ایسا نظر آیا کہ کوئی حادثہ پیش آیا، جس سے

بچہ کا سر کٹ گیا، معلوم ہوا کہ حضرت خضرؑ انسان نہیں تھے ـــــ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: کیا آپ نے ایک بے گناہ کی جان لے لی، جس نے کسی کا خون نہیں کیا؟ حضرت خضر نے کہا: کیا میں نے آپ سے کہا نہیں تھا کہ آپ میرے ساتھ ہرگز صبر نہیں کر سکتے۔ ابن عیینہؒ فرماتے ہیں: اس میں (لك کے اضافہ میں) زیادہ تاکید ہے ـــــ یعنی اس مرتبہ خفگی بڑھ گئی، اس لئے لك بڑھایا۔ موسیٰ علیہ السلام نے بھی اس بار بھول کر نہیں ٹوکا تھا بلکہ عمداً نکیر کی تھی، کیونکہ احکام شریعت کی خلاف ورزی پر تحمل جب عام صالحین سے نہیں ہوسکتا تو موسیٰ علیہ السلام تو پیغمبر تھے۔ ان کا کام ہی ہر قسم کی بدی کو روکنا اور نیکی کو پھیلانا تھا، وہ بھلا اس امر منکر پر خاموش کیسے رہ سکتے تھے؟

تشریح: اس لڑکے کی سرشت میں کفر و سرکشی تھی، والدین اس کے نیک اور صالح تھے۔ حضرت خضر علیہ السلام کو وحی سے یہ بات معلوم ہوئی کہ یہ لڑکا بڑا ہو کر والدین کے لئے فتنہ بنے گا، والدین اپنی طبعی محبت کی وجہ سے بے دینی میں اس کا ساتھ دیں گے، اس لئے حضرت خضر علیہ السلام نے اس لڑکے کا کام تمام کردیا۔ اور لڑکے کا مارا جانا والدین کے حق میں رحمت اور ان کے دین کی حفاظت کا ذریعہ بن گیا۔ اور جو صدمہ ان کو پہنچا تھا حق تعالیٰ نے اس کی تلافی ایسی اولاد سے کردی جو پاکیزگی میں مقتول لڑکے سے بہتر تھی۔ اور ماں باپ پر شفقت و مہربانی میں بڑھی ہوئی تھی۔ کہتے ہیں کہ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کو ایک نیک لڑکی دی جو ایک نبی سے منسوب ہوئی اور ایک نبی اس سے پیدا ہوئے، جس سے ایک امت چلی ـــــ یہاں دو سوال پیدا ہوتے ہیں۔

ایک: یہ کہ جب اللہ تعالیٰ کے علم میں یہ بات تھی کہ وہ لڑکا بڑا ہو کر کافر ہوگا اور ماں باپ کو گمراہ کرے گا تو پھر علم الٰہی کے مطابق ہونا ضروری تھا، کیونکہ علم الٰہی کے خلاف کوئی بات نہیں ہوسکتی، پھر وہ مارا کیسے گیا؟ اور اللہ تعالیٰ کا علم غلط کیسے ہوگیا؟

دوم: یہ کہ جب اللہ تعالیٰ کو منظور تھا کہ اس کے ماں باپ ایمان پر قائم رہیں اور اس کی وجہ سے حکمت مقتضی ہوئی کہ پیش آنے والی رکاوٹ دور کردی جائے، چنانچہ حضرت خضر علیہ السلام کو بھیج کر اسے قتل کرادیا تو اس سے بہتر تو یہ تھا کہ اس لڑکے کو پیدا ہی نہ کرتے، یا کرتے تو اس کو اس قدر شریر نہ ہونے دیتے، یا جہاں لاکھوں کافر دنیا میں موجود ہیں اس کے والدین کو بھی کافر ہوجانے دیتے؟!

پہلے سوال کا جواب: سمجھنے کے لئے پہلے تین باتیں سمجھیں:

۱۔ علم معلوم کے تابع ہوتا ہے، اس کا برعکس نہیں ہوتا، مثلاً کوئی شخص تاج محل دیکھے اور ویسا ہی جانے جیسا وہ ہے تو یہ جاننا مطابق واقعہ اور صحیح ہے۔ اس صورت میں تاج محل کا علم: معلوم یعنی خود تاج محل کے تابع ہوگا، اور اگر کوئی شخص ذہن میں خیالی تاج محل بنائے تو آگرہ والے تاج محل کا اس کے مطابق ہونا ضروری نہیں، کیونکہ معلوم علم کے تابع نہیں ہوتا۔

۲۔ اللہ کے علم میں اور مخلوقات کے علم میں یہ فرق ہے کہ اللہ کا علم حضوری ہے یعنی وہ وجود معلوم کا محتاج نہیں۔ ازل سے اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جانتے ہیں، اور مخلوق کا علم کسبی ہے، وہ وجود معلومات کا محتاج ہے، جب شئ موجود ہوتی ہے تبھی اس

کا علم ہوتا ہے، پس تا ابد جو کچھ ہونے والا ہے: اللہ تعالیٰ کو ازل سے اس کا علم ہے، مگر اللہ کے جاننے سے لازم نہیں آتا کہ ایسا ہی ہو، یہ بات اس وقت ضروری ہوگی جب معلوم علم کے تابع ہو، جیسے ہمارے کسی بات کو جاننے سے — مثلاً استاذ ایک طالب علم کے بارے میں جانتا ہے کہ وہ اول آئے گا یا فیل ہوگا — ویسا ہی ہونا ضروری نہیں، بس فرق اتنا ہے کہ اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہیں اور ہماری معلومات سرسری ہیں۔

۳- تقدیر کا حاصل یہ ہے کہ بندے پیدا ہوکر جو اچھے برے کام کریں گے: اللہ تعالیٰ ان کو ازل سے جانتے ہیں اور جانتے ہی نہیں، سب کچھ لوح محفوظ میں لکھ بھی رکھا ہے۔ مگر اس جاننے اور لکھنے سے انسان مجبور نہیں ہوجاتا، کیونکہ معلوم علم کے تابع نہیں ہوتا، بلکہ جو کچھ پیش آنے والا ہے، اور بندے اپنی مرضی سے جو اچھے اور برے کام کرنے والے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو ازل سے جانتے ہیں اور ان کو لکھ بھی لیا ہے، کیونکہ ان کا علم حضوری ہے، وجودِ معلوم کا محتاج نہیں، اور اللہ تعالیٰ کا یہ جاننا مطابق واقعہ ہے، کیونکہ جو علم معلوم سے ماخوذ ہو وہی صحیح علم ہوتا ہے، پس اللہ تعالیٰ کے علم کے خلاف اس لئے نہیں ہوسکتا کہ اللہ تعالیٰ وہی جانتے ہیں جو ہونے والا ہے۔

یہ مضمون یوں بھی سمجھا جاسکتا ہے کہ تقدیر کے معنی پلاننگ کے ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے ازل میں کائنات کے لئے جو اندازہ مقرر کیا ہے اس میں یہ بھی طے ہے کہ انسان جزوی اختیار رکھنے والی مخلوق ہوگی، پھر وہ اپنی مرضی اور اپنے جزوی اختیار سے جو کچھ کرے گی اس کو اللہ تعالیٰ ازل سے جانتے ہیں اور اس کو لکھ بھی لیا ہے۔

اب جواب آسانی سے سمجھ میں آجائے گا: اللہ تعالیٰ ازل میں صرف یہی نہیں جانتے کہ وہ لڑکا بڑا ہوکر ضرور کافر ہوگا، اور اس کے والدین اس کے فتنہ میں مبتلا ہونگے، بلکہ علم الٰہی میں پوری تفصیل ہے کہ اگر وہ لڑکا بڑا ہوتا تو کافر ہوتا، اور اس کے والدین کے لئے فتنہ بنتا، مگر وہ بلوغ سے پہلے بچپن ہی میں مرجائے گا یا ماردیا جائے گا۔ اس لئے وہ نہ کافر ہوگا نہ اپنے والدین کے لئے فتنہ بنے گا۔ غرض تقدیر صرف اجمالی نہیں، بلکہ پوری تفصیل کے ساتھ ہے۔

دوسرے سوال کا جواب: یہ ہے کہ تکوینیات کے بارے میں انسان کا علم محدود ہے، حضرت خضر علیہ السلام نے اس سے تو پردہ اٹھایا کہ اس لڑکے کو مار ڈالنے میں یہ حکمت تھی مگر یہ بات کوئی نہیں جانتا کہ اس کو پیدا کرنے میں کیا حکمت تھی، مثلاً انسان کے بدن میں کئی جگہ بال اگتے ہیں، ناخن بڑھتے ہیں۔ شریعت کا حکم یہ ہے کہ ان کو صاف کیا جائے، یہ نظافت کا تقاضہ ہے، یہاں بھی یہی سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب ان کا کاٹنا ضروری ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا ہی کیوں کیا؟ جواب میں بس یہی کہا جائے گا کہ اس کی حکمت اللہ ہی جانتے ہیں، ہم صرف اجمالاً یہ بات جانتے ہیں کہ ان بالوں کو پیدا کرنے میں کوئی نہ کوئی مصلحت ضرور ہے۔ اسی طرح اس لڑکے کو پیدا کرنے میں بھی کوئی حکمت تھی جو ہم نہیں جانتے، اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں۔ حضرت خضرؑ نے بھی اس سے پردہ نہیں اٹھایا، اس لئے عقل انسانی کے لئے بجز اعترافِ عجز وقصور کے کوئی راہ نہیں، ہمیں تو بس یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ دنیا میں جو چیزیں: خراب اور بری سمجھی جاتی ہیں ان میں

بھی مجموعۂ عالم کے اعتبار سے خیر اور فائدے ہیں۔

فَانْطَلَقَا فَإِذَا غُلَامٌ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ، فَأَخَذَ الْخَضِرُ بِرَأْسِهِ مِنْ أَعْلَاهُ، فَاقْتَلَعَ رَأْسَهُ بِيَدِهِ، فَقَالَ مُوْسَى: ﴿أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ؟ قَالَ: أَلَمْ أَقُلْ لَكَ: إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا؟﴾ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: وَهٰذَا أَوْ كَدُ.

(آگے کا ترجمہ) پھر دونوں چلے یہاں تک کہ جب وہ ایک بستی والوں کے پاس پہنچے تو دونوں نے گاؤں والوں سے کھانا مانگا، پس گاؤں کے لوگوں نے دونوں کی ضیافت کرنے سے انکار کر دیا —— یعنی ایک بستی میں پہنچ کر وہاں کے لوگوں سے ملے اور چاہا کہ بستی والے مہمان بنا کر کھانا کھلائیں، قدیم زمانہ میں جبکہ سرایوں کا رواج نہیں تھا نہ ہوٹلوں اور کھانے پینے کی دوکانوں کا سلسلہ تھا تو مسافر اپنا حق سمجھتے تھے کہ بستی والوں سے کھانا پانی طلب کریں۔ اور بستی والے بھی ان کی مہمانداری اپنا فریضہ سمجھتے تھے۔ اور بڑی خوش دلی سے یہ فریضہ انجام دیتے تھے، مگر اس گاؤں کے لوگوں کی قسمت میں یہ سعادت نہیں تھی انھوں نے موسیٰ وخضر علیہما السلام جیسے مقربین کی مہمانی کرنے سے انکار کر دیا —— یہاں پھر ایک بار سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر حضرت خضر فرشتے تھے تو ان کو کھانے کی کیا ضرورت تھی؟ جواب یہ ہے کہ ساتھی کی موافقت منظور تھی، پھر جب کھانا مل جائے گا تو کھانے والا کھالے گا اور دوسرا کوئی عذر کر دے گا۔ غرض آیت پاک سے حضرت خضر علیہ السلام کا کھانا مانگنا ثابت ہوتا ہے اور اتنی بات ان کے فرشتہ ہونے کی منافی نہیں۔ کھانا کھانا ثابت نہیں ہوتا جو فرشتہ ہونے کے منافی ہو۔

پھر انھوں نے گاؤں میں ایک دیوار دیکھی جو گرنا چاہتی تھی، حضرت خضر علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور اس دیوار کو سیدھا کر دیا —— یعنی گاؤں والوں کا برتاؤ دیکھ کر چاہئے تو یہ تھا کہ ایسے تنگ دل اور بے مروت لوگوں پر غصہ آتا مگر حضرت خضر علیہ السلام نے غصہ کے بجائے ان پر احسان کیا۔ بستی میں ایک بڑی بھاری دیوار جھکی جارہی تھی اور قریب تھا کہ زمین بوس ہو جائے، لوگ اس کے نیچے سے گذرتے ہوئے ڈرتے تھے۔ حضرت خضر علیہ السلام نے ہاتھ لگا کر اس کو سیدھا کر دیا —— پس حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: اگر آپ چاہتے تو اس کام کی اجرت لیتے! —— یعنی بستی والوں نے مسافر کا حق نہ سمجھا پھر ان کی دیوار مفت میں ٹھیک کرنے کی کیا ضرورت تھی؟! اگر کچھ معاوضہ لے کر دیوار سیدھی کرتے تو ہمارا ابھی کام بن جاتا اور ان تنگ دل بخیلوں کو بھی تنبیہ ہوتی —— حضرت خضر علیہ السلام نے کہا: بس میرا آپ کا ساتھ ختم ہوا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ موسیٰ پر رحم فرمائیں! ہماری خواہش تھی کہ وہ صبر کرتے تاکہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان کی باتیں سناتے۔

تشریح: وہ دیوار دو یتیم لڑکوں کی تھی جو اس گاؤں میں رہتے تھے، اور اس کے نیچے خزانہ مدفون تھا، اور ان کا باپ نیک آدمی تھا۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اس دیوار کے نیچے سونے چاندی کا ذخیرہ تھا (رواہ الترمذی

والحاکم) جوان کے باپ سے ان کو میراث میں پہنچا تھا، اگر دیوار گر پڑتی تو یتیم بچوں کا جو مال وہاں گڑا تھا ظاہر ہو جاتا اور بدنیت لوگ اٹھا لیتے، بچوں کا باپ چونکہ نیک آدمی تھا اس لئے اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس کے مال کو اس کی اولاد کے لئے محفوظ رکھا، اور حضرت خضرؑ کو بھیج کر دیوار درست کرادی، اور مال کی یہ حفاظت اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے تھی، حضرت خضر کا دیوار کو سیدھا کرنا بامر خداوندی تھا۔ اور جو کام خدا کے حکم سے کرنا ضروری ہو اس پر مزدوری لینا جائز نہیں، یہیں سے یہ ضابطہ بنا ہے کہ طاعات مقصودہ پر اجارہ باطل ہے۔

فائدہ: حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہما السلام کے واقعہ میں ہمارے لئے جو سب سے بڑا سبق ہے وہ یہ ہے کہ ہمیں یقین رکھنا چاہئے کہ کائنات میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ ٹھیک حکمتِ خداوندی کے مطابق ہو رہا ہے، کائنات میں کوئی بات بایں معنی شر نہیں کہ سبب کا مقتضی پورا نہ ہو، یا اس کی ضد صادر ہو، ہر چیز خدا نے جس مقصد کے لئے پیدا کی ہے وہ اس مقصد کی تکمیل کرتی ہے۔ البتہ ایسا ہو سکتا ہے کہ کوئی کام انسان کی مصلحت سے ہم آہنگ نہ ہو یا اس کے حق میں زیادہ بہتر نہ ہو، مگر مجموعۂ عالم کے اعتبار سے وہ بھی خیر ہی ہوتا ہے، پس ظاہر بین نگاہیں دنیا میں بظاہر جو کچھ ہوتا دیکھتی ہیں اس سے کبھی غلط نتیجہ اخذ کر لیتی ہیں، اس وجہ سے کہ ان کے سامنے اللہ کی مصلحتیں نہیں ہوتیں۔ مثلاً ظالموں کا پھلنا پھولنا، اور بے گناہوں کا تکلیفوں میں مبتلا ہونا۔ نافرمانوں پر انعامات کی بارش ہونا اور فرمانبرداروں پر مصائب کا ہجوم ہونا، بدکاروں کا عیش اڑانا اور نیکوکاروں کا خستہ حالی میں زندگی بسر کرنا: یہ سب وہ مناظر ہیں جو آئے دن انسانوں کے سامنے آتے رہتے ہیں، اور جو لوگ حقیقتِ حال سے واقف نہیں ہوتے وہ غلط فہمیوں کا شکار ہو جاتے ہیں، ایسے ہی معاملات میں غور کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اس واقعہ کے ذریعہ کارخانہ قدرت سے پردہ اٹھا کر ہم کو ایک جھلک دکھائی ہے، تا کہ ہم جان لیں کہ یہاں شب و روز جو کچھ ہو رہا ہے وہ عین حکمت و مصلحت کے مطابق ہو رہا ہے، اگرچہ ہماری کوتاہ نظریں اس کی حقیقت تک نہ پہنچ سکتیں، مگر ہمیں یقین کرنا چاہئے کہ باغبان باغ کی مصلحت دیکھ کر ہی کام کرتا ہے۔

فَانْطَلَقَا حَتّٰى أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوْهُمَا، فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُرِيْدُ أَنْ يَنْقَضَّ، قَالَ الْخَضِرُ بِيَدِهِ، فَأَقَامَهُ، فَقَالَ لَهُ مُوْسَى: لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا؟ قَالَ: هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسَى، لَوَدِدْنَا لَوْ صَبَرَ حَتّٰى يُقَصَّ عَلَيْنَا مِنْ أَمْرِهِمَا" [راجع: ۷۴]
قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ: ثَنَا بِهِ علی بن خَشْرَمٍ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ بِطُوْلِهِ.

وضاحت: حدیث کے آخر میں فربریؒ نے اپنی سند بڑھائی ہے جو اوپر جا کر حضرت سفیانؒ سے مل جاتی ہے، اور درمیان میں امام بخاریؒ کا واسطہ نہیں آتا۔ اسی کا نام استخراج ہے۔

بابُ مَنْ سَأَلَ وَهُوَ قَائِمٌ عَالِمًا جَالِسًا

کھڑے ہوئے شخص کا بیٹھے ہوئے عالم سے مسئلہ پوچھنا

اگر مفتی صاحب بیٹھے ہوں اور کوئی شخص کھڑے ہو کر مسئلہ پوچھے تو مفتی صاحب کو اس کی بے تمیزی کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے، اسے مسئلہ بتا دینا چاہئے، اور یہ بات بابِ تواضع سے ہے۔

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص نبی پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ کی راہ میں جہاد کرنا کیا ہے؟ ہم میں سے کوئی بر بنائے غضب قتال کرتا ہے اور کوئی بر بنائے عصبیت قتال کرتا ہے، یعنی قوم و وطن کی پاسداری میں لڑتا ہے، یا دشمن قوم پر غصہ آتا ہے اس لئے لڑتا ہے پس کیا یہ قتال فی سبیل اللہ ہے؟ آپؐ نے اس کی طرف سر اٹھایا۔ راوی کہتا ہے: آپؐ نے سر اس لئے اٹھایا کہ وہ کھڑا تھا۔ آپؐ نے فرمایا: ''جس نے اس لئے قتال کیا کہ اللہ کا نام سر بلند ہو وہی اللہ کی راہ میں قتال کرنے والا ہے''

تشریح: قتال مختلف مقاصد سے ہوتا ہے، ان میں سے صرف ایک جہاد فی سبیل اللہ ہے اور وہ یہ ہے کہ اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے لڑے، اس کے علاوہ قتال کی جو شکلیں ہیں وہ شرعی جہاد نہیں، جیسے ہجرت کئی مقاصد سے ہوتی ہے، مگر ہجرت کا ثواب صرف ایک شخص کے لئے ہے باقی کے لئے ہجرت کا ثواب نہیں۔

[٤٥-] بابُ مَنْ سَأَلَ وَهُوَ قَائِمٌ عَالِمًا جَالِسًا

[١٢٣-] حدثنا عُثْمَانُ، قَالَ: ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ أَبِي مُوْسَى، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا الْقِتَالُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ؟ فَإِنَّ أَحَدَنَا يُقَاتِلُ غَضَبًا، وَيُقَاتِلُ حَمِيَّةً، فَرَفَعَ إِلَيْهِ رَأْسَهُ، قَالَ: وَمَا رَفَعَ إِلَيْهِ رَأْسَهُ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ قَائِمًا، فَقَالَ:" مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" [انظر: ٢٨١٠، ٣١٢٦، ٧٤٥٨]

بابُ السُّؤَالِ وَالْفُتْيَا عِنْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ

رمی جمار کے وقت مسئلہ پوچھنا اور جواب دینا

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو جمرات کے پاس دیکھا درانحالیکہ آپؐ پوچھے جا رہے تھے۔ یعنی آپؐ رمی جمرات کے لئے تشریف لے گئے وہیں لوگوں نے آپؐ سے مسائل پوچھنے شروع کئے۔ ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ! میں نے رمی سے پہلے قربانی کر لی؟ آپؐ نے فرمایا: اب رمی

کرلے کوئی حرج نہیں۔ دوسرے شخص نے پوچھا: یارسول اللہ! میں نے قربانی سے پہلے سر منڈالیا؟ آپؐ نے فرمایا: اب قربانی کرلے کوئی حرج نہیں (حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں) اس دن نہیں پوچھے گئے آپؐ کسی چیز کے بارے میں جس کو اس نے آگے پیچھے کردیا تھا مگر آپؐ نے فرمایا: اب کرلے کوئی حرج نہیں۔

تشریح: یہ حدیث پہلے بھی گذری ہے، وہاں بتایا تھا کہ حاجی کو ۱۰ ذی الحجہ میں چار کام کرنے ہوتے ہیں: (۱) جمرۂ عقبیٰ کی رمی (۲) قربانی (۳) حلق یا قصر (۴) اور طواف زیارت۔ اول تین کاموں کے درمیان متمتع اور قارن کے لئے ترتیب امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک واجب ہے۔ اور جمہور کے نزدیک سنت ہے۔ اور یہ روایت امام اعظم رحمہ اللہ کے خلاف نہیں، اس لئے کہ وہ دونوں سائل اگر مفرد تھے تو ان پر قربانی واجب نہیں تھی، پس تقدیم وتاخیر میں کچھ حرج نہیں۔

یہاں سمجھنے کی بات یہ ہے کہ رمی جمرات کا وقت مشغولیت کا وقت ہے، مگر آنحضور ﷺ نے اسی حال میں مسائل بتائے، لہٰذا اگر مفتی کسی کام میں مشغول ہو اور کوئی اس سے مسئلہ پوچھے تو مسئلہ بتادے، یہ بات بابِ تواضع سے ہے اور یہی باب کا مدعیٰ ہے۔

[٤٦-] بابُ السُّؤَالِ وَالْفُتْيَا عِنْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ

[١٢٤-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ الْجَمْرَةِ وَهُوَ يُسْأَلُ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! نَحَرْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ؟ قَالَ: "ارْمِ وَلاَ حَرَجَ" قَالَ آخرُ: يَارسولَ اللّٰهِ! حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَنْحرَ؟ قَالَ: "انْحَرْ وَلاَ حَرَجَ" فَمَا سُئِلَ عَنْ شَيْئٍ قُدِّمَ وَلاَ أُخِّرَ إِلاَّ قَالَ: "افْعَلْ وَلاَ حَرَجَ" [راجع: ٨٣]

بابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى ﴿وَمَا أُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلاَّ قَلِيْلاً﴾

انسان بس برائے نام علم دیا گیا ہے!

یہ گذشتہ سلسلہ کا آخری باب ہے، اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ آدمی کس برتے پر اپنے کو لمبا کھینچتا ہے؟ انسان کے پاس علم ہی کتنا ہے؟ اللہ پاک کا ارشاد ہے: "اور نہیں دیئے گئے تم علم میں سے مگر تھوڑا" پس انسان کو غرور وتکبر زیب نہیں دیتا، اس کا کمال تواضع وخاکساری کو زیور بنانا ہے، اور غرور وتکبر سے دامن چھڑانا ہے۔

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثناء کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مدینہ منورہ کے ویران علاقے میں چل رہا تھا، اور آپؐ کھجور کی ٹہنی پر جو آپؐ کے ہاتھ میں تھی ٹیک لگا کر چل رہے تھے کہ آپؐ یہود کی ایک جماعت کے پاس سے گذرے، ان میں سے بعض نے کہا: ان سے روح کے بارے میں پوچھو، دوسروں نے کہا: مت

پوچھو، کہیں وہ کوئی ایسی بات نہ کہہ دیں جو تمہیں ناگوار ہو۔ بعض کہنے لگے: ہم ضرور ان سے پوچھیں گے، چنانچہ ان میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا اور اس نے کہا: اے ابو القاسم! روح کیا چیز ہے؟ آپؐ خاموش رہے، میں نے دل میں سوچا: آپ پر وحی آرہی ہے، پس میں (آپؐ کے پیچھے) کھڑا ہو گیا، پس جب آپؐ سے وہ کیفیت دور ہوئی تو آپؐ نے سورۂ بنی اسرائیل کی آیت (۸۵) تلاوت فرمائی: ''لوگ آپ سے روح کے بارے میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں روح میرے پروردگار کے حکم سے ایک چیز ہے اور نہیں دیئے گئے وہ (یہود) علم میں سے مگر تھوڑا سا!'' اعمشؒ کہتے ہیں: ہماری قراءت اسی طرح ہے۔

تشریح:

۱- قرآنِ کریم میں ﴿وَمَا أُوْتِيْتُمْ﴾ جمع حاضر کا صیغہ ہے۔ اور اعمش کی قراءت میں ﴿وَمَا أُوْتُوْا﴾ جمع مذکر غائب کا صیغہ ہے، مگر یہ قراءت نہ تو قراءت متواترہ میں سے ہے اور نہ قراءت مشہورہ میں سے، بلکہ شاذ قراءت ہے۔

۲- حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں ایک مستقل باب قائم کرکے روح کی حقیقت بیان کی ہے، اور سب سے پہلے اس اعتراض کا جواب دیا ہے کہ جب قرآن کریم نے روح کی حقیقت نہیں سمجھائی اور اس کی وجہ قلت علم بتائی تو کوئی اس کی حقیقت کیسے سمجھ سکتا ہے؟

شاہ صاحب نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ امام اعمش رحمہ اللہ کی قراءت میں ﴿وَمَا أُوْتُوْا﴾ جمع غائب کا صیغہ ہے۔ پس یہ آیت یہود کے ساتھ خاص ہے اور ﴿وَمَا أُوْتِيْتُمْ﴾ سے بھی یہود ہی مراد ہیں، یعنی یہود کے پاس اتنا علم نہیں کہ وہ روح کی حقیقت سمجھ سکیں۔ اس آیت کا یہ مطلب نہیں کہ غیر یہود بھی روح کی حقیقت نہیں سمجھ سکتے۔

مگر غور کرنے کی بات یہ ہے کہ ﴿وَمَا أُوْتُوْا﴾ کو بھی ﴿وَمَا أُوْتِيْتُمْ﴾ کی طرف لوٹا سکتے ہیں۔ پس آیت کا مصداق سبھی انسان ہونگے اور یہود بھی کلی کا ایک فرد ہونگے، اب آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ کسی بھی انسان کو اس درجہ کا علم نہیں دیا گیا ہے کہ وہ روح کی حقیقت سمجھ سکے۔ اور یہ قاعدہ کہ بعض قراءتیں دوسری قراءتوں کی تفسیر کرتی ہیں صحیح ہے، مگر وہ قاعدہ صرف قراءت متواترہ اور مشہورہ کی حد تک ہے۔ قراءت شاذہ کو شامل نہیں اور امام اعمشؒ کی قراءت شاذ ہے۔

سوال: یہ آیت مکی دور میں نازل ہو چکی ہے، جب یہود کے بتانے پر اہل مکہ نے آنحضور ﷺ سے تین سوال کئے تھے، اس وقت یہ آیت نازل ہوئی تھی، اور یہاں حدیث میں یہ ہے کہ مدینہ منورہ میں یہ آیت نازل ہوئی۔ پس یہ تعارض ہے؟

جواب: یہ آیت ہجرت سے پہلے مکہ میں بھی نازل ہوئی ہے اور ہجرت کے بعد مدینہ میں بھی، اور اس کو اصولِ تفسیر میں تکرار نزول کہتے ہیں، اور تکرار نزول دو مقصد سے ہوتا ہے، کبھی کسی آیت یا سورت کی اہمیت ظاہر کرنی ہوتی ہے تو بار بار نازل کی جاتی ہے، اور کبھی ذہن کو ملتفت کرنا مقصود ہوتا ہے یعنی آپ اس سوال کا جواب فلاں آیت سے دیں یہاں

یہی صورت ہوئی تھی۔

[٤٧-] بابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى ﴿وَمَا أُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيْلاً﴾

[١٢٥-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: ثَنَا الْأَعْمَشُ سُلَيْمَانُ بْنُ مِهْرَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَيْنَا أَنَا أَمْشِيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ خِرَبِ الْمَدِيْنَةِ، وَهُوَ يَتَوَكَّأُ عَلٰى عَسِيْبٍ مَعَهُ، فَمَرَّ بِنَفَرٍ مِنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: سَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ: قَالَ بَعْضُهُمْ: لَا تَسْأَلُوْهُ لَا يَجِيْءُ فِيْهِ بِشَيْئٍ تَكْرَهُوْنَهُ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَنَسْأَلَنَّهُ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْهُمْ، فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ، مَا الرُّوْحُ؟ فَسَكَتَ، فَقُلْتُ: إِنَّهُ يُوْحَى إِلَيْهِ، فَقُمْتُ، فَلَمَّا انْجَلٰى عَنْهُ، قَالَ: ﴿وَيَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ؟ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّيْ، وَمَا أُوْتُوْا مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيْلاً﴾ [الإسراء: ٨٥] قال الْأَعْمَشُ: هِيَ كَذَا فِيْ قِرَاءَتِنَا: وَمَا أُوْتُوْا. [انظر: ٤٧٢١، ٧٢٩٧، ٧٤٥٦، ٧٤٦٢]

بابُ مَنْ تَرَكَ بَعْضَ الْأَخْبَارِ مَخَافَةَ أَنْ يَقْصُرَ فَهْمُ بَعْضِ النَّاسِ فَيَقَعُوْا فِي أَشَدَّ مِنْهُ

ایسی باتیں جو عوام کی سمجھ سے باہر ہوں، بیان نہیں کرنی چاہئیں

اب آدابِ عالم شروع کررہے ہیں، آداب: ادب کی جمع ہے، اور ادب کے معنی ہیں: ما يُحْمَدُ فِعْلُه ولا يُذَمُّ تَرْكُه: وہ باتیں جن کا کرنا تعریف کیا جاتا ہے، اور نہ کرنے کی برائی نہیں کی جاتی، یعنی کرو تو واہ واہ! اور نہ کرو تو کوئی بات نہیں، جیسے اونچی جگہ بیٹھ کر وضو کرنا ایک ادب ہے۔ اگر کوئی اس کی رعایت کرے تو سبحان اللہ! اور اگر نہ کرے مگر چھینٹوں سے بچے تو کوئی گناہ نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں الأخبار بھی ہے اور الاختیار بھی۔ الاخْتِیار: کے معنی ہیں: مستحب امر، اور بعض الاختيار کا ترجمہ ہے: کچھ مستحب باتیں، اور گیلری میں الأخبار ہے، اس کے معنی ہیں: بعض باتیں۔ دونوں لفظوں کو پیش نظر رکھ کر میں کلام کرونگا۔

بعض الاختيار کا مطلب ہے: جو عالم مقتدی اور پیشوا ہو وہ بر بنائے مصلحت بعض مستحبات کو ترک کرسکتا ہے، جیسے نبی ﷺ نے فتح مکہ کے موقعہ پر ایک وضو سے پانچ نمازیں ادا فرمائیں، آپؐ نے فجر سے پہلے مجمع کے سامنے وضو فرمایا اور اعضاء مغسولہ کو ایک ایک مرتبہ دھویا، اور سر اور خفین پر مسح کیا، پھر اس وضو سے فجر سے عشا تک پانچ نمازیں پڑھائیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آج آپ نے وہ کام کیا جو کبھی نہیں کیا یعنی آپ کا معمول یہ نہیں تھا، آپؐ اعضائے مغسولہ کو تین تین بار دھوتے تھے، ہر فرض نماز کے لئے نیا وضو کرتے تھے۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

اے عمر! میں نے بالقصد ایسا کیا ہے (رواہ الترمذی) کیونکہ مکہ نیا فتح ہوا تھا، اور مکہ کے سب لوگ مسلمان ہو گئے تھے، پس انہیں نمازیں بھی پڑھنی ہونگی اور عرب میں پانی بہت کم تھا، اور پانچ نمازیں پڑھنے کے لئے کم از کم پانچ لوٹے پانی چاہئے، اور گھر میں دس آدمی ہوں تو پچاس لوٹے صرف نماز کے لئے چاہئیں، اتنا پانی کہاں سے لائیں گے؟ اس کا ذہنوں پر بوجھ پڑسکتا تھا، اس لئے آپؐ نے مجمع کے سامنے وضو کر کے دکھایا کہ وضو میں بہت زیادہ پانی کی ضرورت نہیں، سو گرام پانی سے بھی وضو ہوسکتا ہے، پھر ہر نماز کے لئے نیا وضو بھی ضروری نہیں۔ ایک وضو سے جب تک وہ باقی رہے متعدد نمازیں پڑھ سکتے ہیں۔ غرض اس موقعہ پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض مستحبات کو بر بنائے مصلحت ترک کر دیا۔

یا جیسے شاہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ میں لکھا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ کی رات میں بالقصد تہجد نہیں پڑھا تھا، کیونکہ ایک لاکھ سے زیادہ مسلمان جمع تھے۔ اور پورے جزیرۃ العرب سے لوگ آئے ہوئے تھے، پس اگر آپؐ تہجد پڑھتے تو بعض لوگ یہ سمجھتے کہ یہ نماز بھی ضروری ہے، اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بالقصد اس رات تہجد نہیں پڑھا، تہجد پڑھنا مستحب ہے، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بر بناء مصلحت مزدلفہ کی رات میں تہجد ترک کر دیا۔

باب کا یہ مطلب اس صورت میں ہے جب لفظ **الاختیار** ہو اور اگر لفظ **الأخبار** ہو تو **بعض الأخبار** کا مطلب ہوگا: عالم کو ہر بات عوام کے سامنے بیان نہیں کرنی چاہئے، جو بات عام آدمی سمجھ سکتا ہے وہی بات بیان کرنی چاہئے، کیونکہ اگر ایسی باتیں بیان کریں گے جس کو لوگ نہیں سمجھ سکتے تو وہ بیان کرنے والے کی تکذیب نہیں کریں گے، بلکہ اللہ و رسول کی بات میں شک کریں گے۔ اور اپنی عاقبت خراب کرلیں گے۔

البتہ مخصوص حضرات کے سامنے وہ باتیں بیان کر سکتے ہیں، اس لئے اگلا باب لائے: **بابُ مَنْ خَصَّ بالعلم**: اس باب کا مقصد یہ ہے کہ مخصوص حضرات کے سامنے وہ باتیں بیان کر سکتے ہیں، عام لوگوں کے سامنے وہ باتیں بیان نہیں کرنی چاہئیں، مثلاً میں سبق میں کبھی کوئی مسئلہ بیان کرتا ہوں اور ہدایت کرتا ہوں کہ یہ مسئلہ کسی کو بتانا نہیں، عام لوگ اس کو نہیں بوجھ سکیں گے جیسے کوئی جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو، اور اس کو ایمر جنسی ہو، ٹرین آگئی ہو تو جب امام قعدۂ اخیرہ میں تشہد پڑھ لے یا بقدر تشہد بیٹھ چکے تو مقتدی سلام پھیر کر جا سکتا ہے، ظاہر ہے یہ مسئلہ عوام کو بتانے کا نہیں، ورنہ جب امام سلام پھیرے گا تو پیچھے کوئی نہیں ہوگا۔

قوله: مخافةَ أن يقصُرَ: دلیل ہے کہ باب میں صحیح لفظ **الأخبار** ہے۔ چنانچہ میں نے متن میں یہی لفظ رکھا ہے اور اس صورت میں مطلب ہوگا کہ بعض باتیں اس لئے چھوڑ دی جائیں کہ بعض لوگ ان کو نہیں سمجھ سکیں گے، وہ غلطی میں پڑ جائیں گے اور اللہ و رسول کی تکذیب کرنے لگیں گے۔

حدیث: اسود بن یزیدؒ کہتے ہیں: حضرت عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما نے اپنے دورِ خلافت میں مجھ سے پوچھا: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کچھ باتیں تم سے چپکے چپکے بیان کرتی تھیں تو کیا انھوں نے کعبہ شریف کے بارے میں بھی کوئی

بات بیان کی ہے؟ میں نے کہا: حضرت عائشہؓ نے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! اگر تیری قوم (کے کفر) کا زمانہ قریب نہ ہوتا (بکفر: ابن الزبیر کا اضافہ ہے) تو میں کعبہ کو ڈھا دیتا اور بنائے ابراہیمی پر تعمیر کرتا، اور میں اس کے دو دروازے رکھتا۔ ایک دروازے سے لوگ داخل ہوتے اور دوسرے دروازے سے نکلتے، پھر ابن الزبیرؓ نے کعبہ شریف کی تعمیر کی، اور منشائے نبوی کے مطابق اس کے دو دروازے رکھے، مگر حجاج نے پھر اس کو حسب سابق کر دیا۔

تشریح:

۱- کعبہ کی اصل شکل دائیں قدم کی طرح تھی، انگوٹھے کی جگہ حجر اسود لگا ہوا ہے، اور چھوٹی انگلی کی جگہ رکن یمانی ہے، اور حطیم کی طرف ایڑی کی طرح کعبہ گول تھا، اور اس کے دو دروازے تھے ایک سے لوگ داخل ہوتے تھے اور دوسرے سے نکلتے تھے، اس زمانہ میں لوگ نماز کعبہ کے اندر پڑھتے تھے، وہی مسجد تھی۔ نبوت سے پہلے جب آپؐ کی عمر ۳۵ سال تھی قریش نے کعبہ دوبارہ تعمیر کیا تھا، اور حطیم کی طرف کا کچھ حصہ کعبہ سے باہر نکال دیا تھا، کعبہ چھوٹا تعمیر کیا تھا، اور ایک دروازہ بند کر دیا تھا، اور دوسرے دروازہ کو قدم آدم اونچا کر دیا تھا تاکہ قریش اپنی اجارہ داری قائم رکھ سکیں، جسے چاہیں اندر جانے دیں اور جسے چاہیں روک دیں۔ چنانچہ فتح مکہ کے موقعہ پر نبی ﷺ نے ارادہ فرمایا کہ کعبہ کو از سر نو بنائے ابراہیمی پر تعمیر کریں، مگر اس کی تعمیل نہیں کی، عبداللہ بن الزبیرؓ نے اس کی تعمیل کی، پھر جب حجاج نے ان کو شکست دی تو ان کا نام باقی نہ رہے اس لئے کعبہ کو بحالہ کر دیا۔

۲- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا یہ حدیث سب کے سامنے بیان نہیں کرتی تھیں، مخصوص حضرات کے سامنے ہی بیان کرتی تھیں، پس ثابت ہوا کہ ہر بات عوام کے سامنے بیان نہیں کرنی چاہئے، اور یہی باب کا مدعی ہے، اور یہ بات عالم کے آداب میں سے ہے۔

۳- اس حدیث سے یہ ضابطہ نکلتا ہے کہ جو کام استحباب کے درجہ کا ہو اگر وہ فتنہ کا باعث بن سکتا ہو تو وہ کام نہیں کرنا چاہئے، پہلے ماحول سازگار بنانا چاہئے پھر وہ کام کرنا چاہئے، کعبہ شریف کو بنائے ابراہیمی پر تعمیر کرنا استحباب کے درجہ کا کام تھا۔ اس لئے کہ کعبہ بہر حال کعبہ ہے، چاہے وہاں سرے سے کوئی عمارت نہ ہو، اور اسے منہدم کر کے بنائے ابراہیمی پر تعمیر کرنے میں جو لوگ نئے مسلمان ہوئے تھے ان کے بدکنے کا اندیشہ تھا، اس لئے آنحضور ﷺ نے یہ کام نہیں کیا، مگر صدیقہؓ کے سامنے خواہش کا اظہار کیا، تاکہ جب یہ اندیشہ باقی نہ رہے تو یہ کام کیا جائے، ابن الزبیرؓ کے زمانہ میں وہ اندیشہ باقی نہیں رہا، اس لئے انھوں نے منشائے نبوی کے مطابق کعبہ شریف تعمیر کر دیا، مگر برا ہو حجاج کا اس نے پھر حسب سابق کر دیا۔ مگر حجاج نے صرف حطیم کی طرف کی دیوار نئی بنائی ہے اور ایک دروازہ بند کر دیا ہے اور ایک اونچا کر دیا ہے، باقی تعمیر ابن الزبیر کی ہے۔ پھر ہارون رشید نے منشائے نبوی کے مطابق تعمیر کرنے کا ارادہ کیا مگر امام مالک رحمہ اللہ نے روک دیا تاکہ کعبہ شریف بادشاہوں کا کھلونا نہ بن جائے۔

[٤٨-] بابُ مَنْ تركَ بَعْضَ الأَخْبَارِ مَخافَةَ أَنْ يَقْصُرفَهْمُ بعْضِ النَّاسِ فيَقعُوْا فى أَشَدَّ مِنْهُ

[١٢٦-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ، عَنِ الأَسْوَدِ، قَالَ: قَالَ لِىْ ابْنُ الزُّبَيْرِ: كَانَتْ عَائِشَةُ تُسِرُّ إِلَيْكَ كَثِيْرًا، فَمَا حَدَّثَتْكَ فِىْ الْكَعْبَةِ؟ فَقُلْتُ: قَالَتْ لِىْ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم :" يا عَائِشَةُ! لَوْلَا قَوْمُكِ حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ - قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ: بِكُفْرٍ - لَنَقَضْتُ الْكَعْبَةَ، فَجَعَلْتُ لَهَا بَابَيْنِ: بَابًا يَدْخُلُ النَّاسُ، وَبَابًا يَخْرُجُوْنَ مِنْهُ" فَفَعَلَهُ ابْنُ الزُّبَيْرِ. [انظر: ١٥٨٣، ١٥٨٤، ١٥٨٥، ١٥٨٦، ٣٣٦٨، ٤٤٨٤، ٧٢٤٣]

بابٌ: مَنْ خَصَّ بِالْعِلْمِ قَوْمًا دُوْنَ قَوْمٍ كِرَاهِيَةَ أَنْ لَا يَفْهَمُوْا

خاص باتیں خاص لوگوں ہی کے سامنے بیان کی جائیں

خاص باتیں مخصوص حضرات ہی سے بیان کرنی چاہئیں، عوام سے بیان نہیں کرنی چاہئیں، ہوسکتا ہے وہ بات سمجھ نہ سکیں، اور اپنی عاقبت خراب کرلیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں کے سامنے وہی باتیں بیان کرو جو وہ جانتے ہیں، یعنی سمجھ سکتے ہیں اگر ان سے ایسی باتیں بیان کروگے جو ان کی سمجھ سے بالاتر ہیں تو ہوسکتا ہے وہ اللہ ورسول کی باتوں میں شک کریں اور ان باتوں کی تکذیب کردیں، کیا تم اس کو پسند کروگے؟ ظاہر ہے کوئی شخص اس کو پسند نہیں کرسکتا، آج کل واعظین اپنے بیانوں میں انوکھی باتیں بیان کرنے کو پسند کرتے ہیں، پھر لوگ تحقیق کرتے پھرتے ہیں کہ یہ بات صحیح ہے یا نہیں؟

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ترجمۃ الباب کے دو جزء ہیں: ایک: ہر بات ہر آدمی سے بیان نہیں کرنی چاہئے اور اس کی دلیل باب کی حدیث ہے۔ دوم: ہر بات عوام کے سامنے بیان کی جائے گی تو وہ سمجھ نہ سکیں گے پس لوگ اس بات میں شک کریں گے اور اس کی دلیل حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے، اور حضرت علیؓ کا قول پہلے لائے ہیں اور سند بعد میں، محدثین ایسا کرتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ بھی ایسا کرتے ہیں۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ گدھے پر سوار ہوکر کہیں تشریف لے جارہے تھے اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ آپؐ کے پیچھے بیٹھے تھے، آپؐ نے آواز دی: اے معاذ بن جبل! انھوں نے جواب دیا: یارسول اللہ! حاضر ہوں! آپؐ خاموش ہوگئے، کچھ دیر کے بعد پھر آواز دی: انھوں نے پھر جواب دیا کہ حاضر ہوں یارسول اللہ! آپؐ پھر خاموش ہوگئے، کچھ دیر کے بعد تیسری مرتبہ آواز دی انھوں نے جواب دیا: یارسول اللہ! حاضر ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: جو بھی شخص سچے دل سے اس بات کی گواہی دے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد ﷺ

اللہ کے رسول ہیں تو اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کی آگ حرام کردیتے ہیں" حضرت معاذؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میں لوگوں کو یہ بشارت سنادوں تاکہ وہ خوش ہوجائیں؟ آپؐ نے فرمایا: "رہنے دو، وہ بھروسہ کرکے بیٹھ جائیں گے" چنانچہ حضرت معاذؓ نے زندگی بھر یہ حدیث بیان نہیں کی، موت کے وقت بیان کی تاکہ گنہ گار نہ ہوں۔

تشریح:

۱- آج اسّی فیصد مسلمان توحید ورسالت کی گواہی پر تکیہ کرکے بیٹھ گئے ہیں۔ عمل سے قطعی غافل ہوگئے ہیں اور واعظین کا حال یہ ہے کہ جہاں وعید کی حدیث آئی فوراً تاویل کردی، مثلاً من ترك الصلاة متعمداً فقد كَفَرَ: جو دانستہ نماز چھوڑے وہ یقیناً کافر ہوگیا۔ واعظین فوراً تاویل کریں گے کہ کفر حقیقی مراد نہیں، مجازی معنی ہیں اور حدیث کا مطلب یہ ہے وہ ہے، پس وعید کا جو مقصد تھا وہ فوت ہوگیا۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے آپؐ نے یہی فرمایا ہے کہ اگر تم لوگوں کو یہ خوشخبری سنادوگے تو وہ عمل سے غافل ہوجائیں گے۔

یہاں ہمارے سمجھنے کی بات یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے یہ بات صرف حضرت معاذؓ سے بیان کی جو خواص میں سے تھے، پس باب کا پہلا جزء ثابت ہوگیا، اور آگے بیان کرنے سے منع کردیا، کیونکہ لوگ غلط فہمی کا شکار ہوجائیں گے، پس باب کا دوسرا جزء بھی ثابت ہوگیا۔

۲- مؤمن پر جہنم کی آگ حرام ہے: اس کا یہ مطلب نہیں کہ خواہ کیسے ہی گناہ کرے جہنم میں نہیں جائے گا، کبائر کی وجہ سے جہنم میں جانا پڑسکتا ہے، البتہ ہمیشہ وہاں رہنا نہیں ہوگا، گناہوں کی سزا بھگتنے کے بعد جہنم سے نکال لیا جائے گا۔

۳- حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے وفات سے پہلے یہ حدیث اس لئے بیان کی کہ علم چھپانے کے سلسلہ میں جو وعید ہے اس کا مصداق نہ بن جائیں۔

۴- اور حضور ﷺ نے بار بار اس لئے پکارا تھا کہ وہ پوری طرح متوجہ ہوجائیں۔ اور غور سے بات سنیں اور محفوظ کریں۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھ سے یہ بات بیان کی گئی کہ حضور اقدس ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "جو اللہ سے ملا اس حال میں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا تھا تو وہ جنت میں جائے گا" حضرت معاذؓ نے پوچھا: کیا میں لوگوں کو یہ خوشخبری سنادوں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، مجھے اندیشہ ہے کہ وہ اس پر بھروسہ کرکے بیٹھ جائیں گے۔

تشریح: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا انتقال بہت پہلے ہوگیا ہے، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے براہ راست ان سے یہ حدیث نہیں سنی، بلکہ ان کے کسی تلمیذ سے سنی ہے، اور یہ اوپر والی روایت ہی ہے مگر روایت بالمعنی ہے، صحابہ وتابعین روایت بالمعنی کرتے تھے۔

[٤٩-] بابٌ: مَنْ خَصَّ بِالْعِلْمِ قَوْمًا دُوْنَ قَوْمٍ، كِرَاهِيَةَ أَنْ لاَ يَفْهَمُوْا

[١٢٧-] وَقَالَ عَلِيٌّ: حَدِّثُوْا النَّاسَ بِمَا يَعْرِفُوْنَ، أَتُحِبُّوْنَ أَنْ يُكَذَّبَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ؟ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ مَعْرُوْفِ [بْنِ خَرَّبُوْذَ] عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه.

[١٢٨-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: ثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم - وَمُعَاذٌ رَدِيْفُهُ عَلَى الرَّحْلِ - قَالَ: "يَا مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ" قَالَ: لَبَّيْكَ يَارسولَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ، قَالَ: " يا مُعَاذُ" قَالَ: لَبَّيْكَ يَارسولَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ، قَالَ يا مُعَاذُ! قَالَ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، ثَلاَثًا - قَالَ:" مَا مِنْ أَحَدٍ يَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، صِدْقًا مِنْ قَلْبِهِ، إِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ" قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَفَلاَ أُخْبِرُ بِهِ النَّاسَ فَيَسْتَبْشِرُوْا؟ قَالَ:" إِذًا يَتَّكِلُوْا" وَأَخْبَرَ بِهَا مُعَاذٌ عِنْدَ مَوْتِهِ تَأَثُّمًا. [انظر: ١٢٩]

[١٢٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: ذُكِرَ لِيْ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِمُعَاذٍ:" مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ لاَ يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ " قَالَ: أَلاَ أُبَشِّرُ بِهِ النَّاسَ؟ قَالَ:" لاَ، أَخَافُ أَنْ يَتَّكِلُوْا" [راجع: ١٢٨]

بابُ الْحَيَاءِ فِي الْعِلْمِ

طلب علم میں شرم نہیں کرنی چاہئے

اب آدابِ متعلّم شروع کررہے ہیں، علم کے معاملہ میں شرم کرنا ٹھیک نہیں، دلیل حضرت مجاہد رحمہ اللہ کا قول ہے جو کتاب میں ہے، حیاء صفتِ محمودہ ہے اور ایمان کی اہم ترین شاخ ہے، مگر یہ طلب علم کی راہ کا روڑا ہے، پس طالب علم کے لئے حیا کرنا ٹھیک نہیں، اب تو کتابوں کا دور آگیا ہے، دور اول میں جب کتابیں نہیں تھیں پڑھنے کا طریقہ سوال وجواب تھا۔ حضور ﷺ نے ایک مرتبہ صحابہ سے پوچھا: بتاؤ! وہ کونسا درخت ہے جس کے پتے نہیں جھڑتے اور وہ مسلمان کی مثال ہے؟ حضرت ابن عمرؓ جواب سمجھ گئے، مگر شرما گئے اور بولے نہیں تو حضرت عمرؓ نے اس کو پسند نہیں کیا، اور فرمایا: تمہیں جواب دینا چاہئے تھا، اگر تم جواب دیتے تو مجھے بے حد خوشی ہوتی۔

غرض علم کے معاملہ میں شرمانا نہیں چاہئے، جو بات معلوم نہ ہو بے جھجک پوچھنی چاہئے، اور کسی وجہ سے خود نہ پوچھ سکے تو دوسرے کے ذریعہ پوچھوائے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ایک معاملہ درپیش تھا، ان کو حضور ﷺ سے پوچھتے ہوئے شرم آتی تھی کیونکہ وہ حضور ﷺ کے داماد تھے اس لئے انھوں نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ سے پوچھوایا، پس اس کی تو گنجائش ہے مگر چپ سادھ لینا کہ نہ خود پوچھے نہ دوسرے سے پوچھوائے: ٹھیک نہیں۔

۱- مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دو شخصوں کو علم نہیں آتا: شرم کرنے والے کو اور گھمنڈی کو، شرم کرنے والا بھی نہیں پوچھے گا اور گھمنڈی بھی نہیں پوچھے گا، پس ان کو علم کیسے حاصل ہوگا؟

۲- حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: انصار کی عورتیں بھلی عورتیں ہیں، حیاء نے دین کی سمجھ حاصل کرنے سے ان کو نہیں روکا، یعنی انصار کی عورتوں میں حیا تھی، مگر دین کے معاملہ میں وہ شرم نہیں کرتی تھیں، بے تکلف حضور ﷺ سے پوچھتی تھیں۔

واقعہ: ایک انصاری خاتون تھیں، ان کے شوہر جنگ احد میں شہید ہوگئے تھے، ان کے باپ نے ان کا نکاح کسی جگہ کر دیا۔ اور ان سے نہیں پوچھا، وہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ابا نے ایک شخص سے میرا نکاح کر دیا اور مجھ سے نہیں پوچھا میں اس نکاح کو پسند نہیں کرتی، آنحضور ﷺ نے وہ نکاح رد کر دیا، جب آپؐ نے یہ فیصلہ سنا دیا تو اس نے کہا: یارسول اللہ! مجھے وہ نکاح منظور ہے، اور میں اس پر راضی ہوں، دوسری عورتوں نے اس سے کہا: اللہ کی بندی! جب تجھے باپ کا نکاح برقرار رکھنا تھا تو پھر تو نے حضور ﷺ سے شکایت کیوں کی؟ اس خاتون نے جواب دیا: میں حضور ﷺ کے پاس اس لئے گئی تھی کہ انصار کی سب عورتوں کو معلوم ہو جائے کہ باپ کو بیٹی پر زبردستی کرنے کا کوئی حق نہیں، اب مسئلہ واضح ہوگیا اور میرے باپ نے میرا جو نکاح کیا ہے اسے میں منظور کرتی ہوں۔ یہ ایک انصاری عورت کا واقعہ ہے، اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ دین سیکھنے کے معاملہ میں کتنی جری تھیں اور حدیث میں جو واقعہ آرہا ہے وہ بھی ایک انصاری خاتون ہی کا ہے۔

حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ام سُلیم (حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ) حضور اقدس ﷺ کے پاس آئیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ حق بات بیان کرنے میں شرماتے نہیں (پس حق بات پوچھنے میں کیا شرمانا، یہ تمہید قائم کر کے سوال کیا) کیا عورت پر بھی غسل ہے جب وہ پانی دیکھے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں اس پر بھی غسل واجب ہے جب وہ پانی دیکھے، یعنی کپڑے پر منی کا اثر دیکھے۔ ام سلمہؓ نے شرم سے اپنا چہرہ چھپا لیا، اور کسی دوسرے وقت عرض کیا: یارسول اللہ! کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، تیرا دایاں ہاتھ خاک آلود ہو، بچہ عورت کے مشابہ کیسے ہوتا ہے؟

تشریح:

۱- اس حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا نے خدمتِ نبوی میں حاضر ہو کر تنہائی میں مسئلہ پوچھا ہے مگر یہ بات صحیح نہیں، واقعہ کی صحیح نوعیت یہ ہے کہ آنحضور ﷺ کی مجلس ہو رہی تھی، اس میں عورتیں بھی پیچھے بیٹھی تھیں، اسی مجلس میں ام سُلیم نے یہ مسئلہ پوچھا ہے اور مردوں کے سامنے پوچھا ہے، اور چونکہ شرم کا مسئلہ تھا اس لئے پہلے تمہید قائم کی کہ یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ حق بات بیان کرنے میں شرم نہیں کرتے، مکھی مچھر کی مثال بھی بیان کرتے ہیں، پس بندوں کو بھی حق بات دریافت کرنے میں شرم نہیں کرنی چاہئے، پھر مسئلہ پوچھا۔ اسی وجہ سے حضرت ام سلمہ

رضی اللہ عنہا نے شرم سے چہرہ چھپالیا، اور کسی وقت ام سُلیم سے کہا: ام سُلیم! تو نے تو چوراہے پر عورتوں کا بھانڈا پھوڑ دیا، یعنی بھری مجلس میں عورتوں کی پوشیدہ بات ظاہر کردی، پھر کسی دوسرے موقع پر خود حضرت ام سلمہؓ نے بھی آپؐ سے یہ مسئلہ پوچھا اور آپؐ نے ان کو بھی یہی جواب دیا کہ اگر عورت بیدار ہو اور کپڑے پر منی کی تری دیکھے تو اس پر غسل واجب ہے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایک بات ام سلمہؓ پوچھیں تو عورتوں کی فضیحت نہ ہو اور وہی بات اُم سلیم پوچھیں تو عورتیں رسوا ہو جائیں یہ کیا بات ہوئی؟

اس کا جواب یہ ہے کہ ام سلمہؓ نے شوہر سے یعنی رسول اللہ ﷺ سے تنہائی میں پوچھا ہے، اور ام سلیم نے مردوں کی مجلس میں دریافت کیا ہے، اس لئے دونوں کے پوچھنے میں فرق ہے۔

۲- عورتوں کو احتلام کی نوبت کم آتی ہے کیونکہ ان کا مزاج مرطوب ہے۔ اور ان کا نظام تولید اندر ہے اس لئے تحریک کم ہوتی ہے، اور مرد کا نظام باہر ہے اور مزاج گرم خشک ہے اور عضو سے کپڑا وغیرہ لگتا ہے اس لئے احتلام کی نوبت زیادہ آتی ہے۔ اور اکثر عورتوں کو تو احتلام کا تجربہ ہی نہیں ہوتا، ام سلیم کے سوال سے مردوں کو معلوم ہو گیا کہ عورتوں کو بھی یہ صورت پیش آتی ہے، چوراہے پر بھانڈا پھوڑنے کا یہی مطلب ہے۔

۳- بیشتر احکام میں مرد وزن میں اشتراک ہے اس لئے کہ دونوں ایک نوع کی دو صنفیں ہیں، البتہ کچھ احکام میں فرق ہے جن کا تعلق صنف سے ہے، بدخوابی کا تعلق صنف سے نہیں، بلکہ نوع سے ہے اس لئے دونوں کا حکم یکساں ہے۔

۴- اگر کوئی شخص خواب دیکھے کہ وہ صحبت کر رہا ہے اور انزال ہو گیا مگر بیدار ہونے کے بعد کپڑے پر منی کے اثرات نہ پائے تو اس پر غسل واجب نہیں، اور اس کی برعکس صورت میں غسل واجب ہے، یعنی خواب یاد نہ ہو، یا خواب میں انزال ہونا یاد نہ ہو مگر بیدار ہونے کے بعد کپڑے پر تری دیکھے تو اس پر غسل واجب ہے، پہلی صورت میں یہ کہا جائے گا کہ بلی کے خواب میں چھیچھڑے! کیونکہ اگر انزال ہوا تھا تو تری کہاں گئی؟ اور دوسری صورت میں کہا جائے گا کہ گہری نیند کی وجہ سے خواب یاد نہیں رہا۔ جب کپڑے پر منی ہے تو بدخوابی ضرور ہوئی ہے اس لئے غسل واجب ہے۔

۵- حضرت ام سلمہؓ نے یہ بھی پوچھا تھا کہ یا رسول اللہ! کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے؟ یعنی عورت کی بھی منی ہوتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اگر عورت کا پانی نہیں ہوتا تو پھر بچے میں ننھیال کی مشابہت کہاں سے آتی ہے؟ بچہ کبھی ننھیال کے مشابہ ہوتا ہے اور کبھی ددھیال کے۔ معلوم ہوا کہ مرد کی طرح عورت کا بھی پانی ہوتا ہے۔

۶- تَرِبَتْ یَمِیْنُكِ: تیرا دایاں ہاتھ خاک آلود ہو، یہ لفظی ترجمہ ہے، مگر یہ محاورہ ہے اور محاورہ کا لفظی ترجمہ نہیں کیا جاتا نہ وہ مراد ہوتا ہے، بلکہ محاورہ کا محل استعمال ملحوظ رکھا جاتا ہے، جیسے پیار و شفقت کے لئے اردو میں کہتے ہیں: باؤلے! کیا بات پوچھی! یہ بات پوچھنے کی ہے؟ تو یہاں باؤلے کا لفظی ترجمہ مراد نہیں، بلکہ یہ ایک محاورہ ہے، جو پیار و شفقت کے موقعہ پر بولا جاتا ہے اسی طرح یہ عربی محاورہ ہے اور پیار و شفقت کے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔

مناسبت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث لاکر بس اتنا استدلال کرنا ہے کہ دینی معاملہ میں شرم محمود نہیں۔ حضرت ام سُلیمؓ کو ایک مسئلہ معلوم کرنا تھا، اور وہ شرم کا مسئلہ تھا مگر انھوں نے شرم نہیں کی بلکہ مسئلہ دریافت کرلیا پس دینی بات پوچھنے میں شرم نہیں کرنی چاہئے کیونکہ شرم علم کی راہ کا روڑا ہے۔

حدیث (۲): ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ سے پوچھا: ایک درخت ہے جس کے پتے نہیں جھڑتے، اور وہ درخت مسلمان کی مثال ہے، بتاؤ وہ کونسا درخت ہے؟ پس لوگ جنگل کے درختوں میں کھوگئے، ابن عمرؓ کہتے ہیں: میرے دل میں جواب آ گیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے۔ لیکن میں شرمایا، اور بولا نہیں۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ ہی بتائیں کہ وہ کونسا درخت ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے بعد میں اپنے ابا حضرت عمرؓ سے کہا: میں جواب سمجھ گیا تھا، مگر مجلس میں اکابر صحابہ موجود تھے اس لئے مجھے شرم آئی اور میں خاموش رہا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم جواب دیتے تو مجھے اس سے زیادہ خوشی ہوتی کہ میرے لئے اتنا اور اتنا مال ہو، یعنی دنیا بھر کی دولت پاکر بھی مجھے اتنی خوشی نہ ہوتی جتنی تمہارے جواب سے ہوتی۔

مناسبت: یہ حدیث پہلے کئی مرتبہ گذری ہے، یہاں یہ استدلال کرنا ہے کہ دینی معاملہ میں ابن عمرؓ نے شرم کی تو حضرت عمرؓ نے اس کو پسند نہیں کیا۔ معلوم ہوا کہ دینی معاملہ میں شرم محمود نہیں۔

[۵۰-] بابُ الْحَيَاءِ فِي الْعِلْمِ

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: لاَ يَتَعَلَّمُ الْعِلْمَ مُسْتَحْيٍ وَلاَ مُسْتَكْبِرٌ.

[۲-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: نِعْمَ النِّسَاءُ نِسَاءُ الأَنْصَارِ لَمْ يَمْنَعْهُنَّ الْحَيَاءُ أَنْ يَتَفَقَّهْنَ فِي الدِّيْنِ.

[۱۳۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: أَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ جَاءَ تْ أُمُّ سُلَيْمٍ إِلَى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ لاَيَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ، فَهَلْ عَلَى الْمَرْأَةِ مِنْ غُسْلٍ إِذَا احْتَلَمَتْ؟ فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا رَأَتِ الْمَاءَ" فَغَطَّتْ أُمُّ سَلَمَةَ - تَعْنِيْ وَجْهَهَا - وَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَوَ تَحْتَلِمُ الْمَرْأَةُ؟ قَالَ: "نَعَمْ، تَرِبَتْ يَمِيْنُكِ، فَبِمَ يُشْبِهُهَا وَلَدُهَا؟" [انظر: ۲۸۲، ۳۳۲۸، ۶۰۹۱، ۶۱۲۱]

[۱۳۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً لاَ يَسْقُطُ وَرَقُهَا، وَهِيَ مَثَلُ الْمُسْلِمِ، حَدِّثُوْنِيْ مَا هِيَ؟" فَوَقَعَ النَّاسُ فِيْ شَجَرِ الْبَادِيَةِ، وَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ أَنَّهَا النَّخْلَةُ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَاسْتَحْيَيْتُ، قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! أَخْبِرْنَا بِهَا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هِيَ النَّخْلَةُ" قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَحَدَّثْتُ أَبِيْ بِمَا وَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ، فَقَالَ: لَأَنْ تَكُوْنَ قُلْتَهَا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَكُوْنَ لِيْ كَذَا وَكَذَا. [راجع: ۳۱]

بابُ مَنِ اسْتَحْیٰ فَأَمَرَ غَیْرَہُ بِالسُّؤَالِ

مسئلہ پوچھنے میں شرم آئے تو دوسرے سے پوچھوائے

اگر خود مسئلہ پوچھنے میں کسی وجہ سے شرم آتی ہو تو اتنی گنجائش ہے کہ دوسرے سے پوچھوائے، نہ خود پوچھنا نہ دوسرے سے پوچھوانا ٹھیک نہیں۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایسا آدمی تھا جس کو مذی بہت نکلتی تھی، پس میں نے مقداد رضی اللہ عنہ سے کہا کہ رسول اللہ صَلَّیٰ اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ سے اس کا حکم دریافت کریں، چنانچہ انھوں نے پوچھا۔ آپؐ نے فرمایا: اس میں وضو ہے۔

تشریح: حضرت علیؓ جب بھی بیوی سے مذاق کرتے مذی نکل آتی، اور غسل کرتے، ان کے خیال میں منی اور مذی کا حکم ایک تھا پھر جب بار بار نہانے سے مشقت لاحق ہوئی تو خیال آیا کہ دین میں تنگی نہیں، شاید میں مسئلہ صحیح نہیں سمجھ رہا۔ اس لئے انھوں نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ سے مسئلہ پوچھنے کے لئے کہا، اور خود اس لئے نہیں پوچھا کہ آپ داماد تھے، جب حضرت مقدادؓ نے مسئلہ پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: غسل منی نکلنے سے واجب ہوتا ہے۔ مذی میں وضو کر لینا کافی ہے۔

اور حدیث کی باب سے مناسبت یہ ہے کہ حضرت علیؓ نے خود مسئلہ نہیں پوچھا۔ حضرت مقدادؓ سے پوچھوایا، معلوم ہوا کہ اگر کوئی مانع ہو تو دوسرے کے ذریعہ بھی مسئلہ پوچھوا سکتے ہیں۔

فائدہ: کسی روایت میں ہے کہ یہ مسئلہ حضرت مقدادؓ نے پوچھا تھا، اور کسی میں ہے کہ حضرت عمارؓ نے پوچھا تھا، اور کسی میں ہے کہ خود حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا تھا، ان میں تطبیق یہ ہے کہ حضرت علیؓ نے پہلے حضرت مقدادؓ سے مسئلہ پوچھنے کے لئے کہا، مگر جب ان کی طرف سے تاخیر ہوئی تو حضرت عمارؓ سے کہا، پھر جب پریشانی بڑھی تو خود ہی پوچھ لیا۔ پھر ان دونوں حضرات نے بھی پوچھا، پس روایات میں کوئی تعارض نہیں۔

[۵۱-] بابُ مَنِ اسْتَحْیٰ فَأَمَرَ غَیْرَہُ بِالسُّؤَالِ

[۱۳۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رضی اللہ عنه، قَالَ: كُنْتُ رَجُلاً مَذَّاءً، فَأَمَرْتُ الْمِقْدَادَ أَنْ يَسْأَلَ النبيَّ صلی اللہ علیه وسلم، فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: " فِيْهِ الْوُضُوْءُ" [انظر: ۱۷۸، ۲۶۹]

بابُ ذِکْرِ الْعِلْمِ والْفُتْیَا فِی الْمَسْجِدِ

مسجد میں تعلیم وتعلّم اور فتوی دینا

اب آداب عامہ شروع کرتے ہیں، تعلیم وتعلّم کے سلسلہ کے دو ادب بیان کئے ہیں: **ایک:** مسجد میں تعلیم وتعلّم اور

فتوی دینے کی گنجائش ہے، دورِاول میں تعلیم وتعلّم اور مسائل کی مجلسیں مسجدوں میں ہوتی تھیں۔ باقاعدہ درسگاہیں نہیں تھیں، بلکہ آج بھی بعض جگہ مسجدوں ہی میں اسباق ہوتے ہیں، پس اس کی گنجائش ہے، اس سلسلہ میں یہ پہلا باب ہے، اور دوسرا باب یہ ہے کہ مفتی سائل کے سوال سے زیادہ جواب دے سکتا ہے، یعنی جواب دے کر کوئی اور ضروری بات بتانا چاہے تو بتا سکتا ہے۔ یہ دوسرا ادب ہے اور اس کے لئے اگلا باب آرہا ہے۔

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: ایک شخص مسجد میں کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ ہمیں کہاں سے احرام باندھنے کا حکم دیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: مدینہ منورہ والے ذوالحلیفہ سے احرام باندھیں، اور شام والے جحفہ سے، اور نجد والے قرن سے، ابن عمرؓ کہتے ہیں: اور لوگ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ یمن والے یلملم سے احرام باندھیں۔ یعنی شروع کے تین مواقیت تو حضرت ابن عمرؓ نے آنحضور ﷺ سے براہِ راست سنے ہیں اور چوتھا صحابہ کے واسطہ سے سنا ہے، اور ابن عمرؓ کہا کرتے تھے کہ میں نے یہ رسول اللہ ﷺ سے نہیں سمجھا، یعنی حضور ﷺ نے یہ چوتھا میقات بھی بیان کیا تھا مگر ابن عمرؓ نہیں سمجھے اس لئے صحابہ سے دریافت کیا۔

مناسبت: سائل نے یہ سوال مسجد میں کیا تھا، اور آنحضور ﷺ نے مسجد ہی میں جواب دیا تھا، پس معلوم ہوا کہ مسجد میں پڑھنے پڑھانے کی اور مسئلہ بتانے کی گنجائش ہے۔

[۵۲-] بابُ ذِكْرِ الْعِلْمِ والْفُتْيَا فِي الْمَسْجِدِ

[۱۳۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ مُوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلاً قَامَ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مِنْ أَيْنَ تَأْمُرُنَا أَنْ نُهِلَّ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يُهِلُّ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ مِنْ ذِى الْحُلَيْفَةِ، وَيُهِلُّ أَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ، وَيُهِلُّ أَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ" وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَيَزْعُمُوْنَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "وَيُهِلُّ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ" وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ: لَمْ أَفْقَهْ هٰذِهِ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ۱۵۲۲، ۱۵۲۵، ۱۵۲۷، ۱۵۲۸]

بابُ مَنْ أَجَابَ السَّائِلَ بِأَكْثَرَ مِمَّا سَأَلَهُ

سوال سے زیادہ جواب دینا

یہ آدابِ عامہ کے سلسلہ کا دوسرا باب، اور کتاب العلم کا آخری باب ہے، اس باب کا مقصد یہ ہے کہ مفتی سائل کے سوال سے زیادہ افادہ کرسکتا ہے، یعنی سوال کا جواب دے کر کوئی اور ضروری بات بتانا چاہے تو بتا سکتا ہے، چند ابواب پہلے

یہ باب گذرا ہے کہ اگر عالم کچھ خاص باتیں عوام کے سامنے بیان نہ کرے تو اس کی گنجائش ہے، یہ اس کا مقابل باب ہے کہ اگر عالم ازخود کوئی بات بیان کرنا چاہے تو اس کی گنجائش ہے۔

مگر امام بخاریؒ جو حدیث لائے ہیں وہ صریح نہیں۔ صریح روایت یہ ہے کہ ایک بدّو نے پوچھا: یارسول اللہ! ہم جنگل میں اونٹ چرانے جاتے ہیں، اور چھاگل میں پینے کے لئے پانی لے جاتے ہیں، پس اگر ذراسی ہوا نکل جائے تو کیا وضو کئے بغیر نماز پڑھ سکتے ہیں کیونکہ پانی میں قلت ہے؟ آپؐ نے فرمایا: إِذَا فَسَا أَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّأْ، وَلاَ تَأْتُوْا النِّسَاءَ فِي أَدْبَارِهِنَّ: جب تم میں سے کوئی گوز مارے تو چاہئے کہ وضو کرے، اور تم عورتوں سے پچھلی راہ میں صحبت مت کرو، یہ آخری بات ان صاحب نے نہیں پوچھی تھی۔ یہ بات نبی ﷺ نے ازخود بتائی۔ یہ اس باب کی صریح مثال ہے۔ مگر یہ روایت حضرتؒ کے معیار کی نہیں اس لئے اسے نہیں لائے، اور جو روایت لائے ہیں اس میں سے یہ بات نکالنا ذرا مشکل ہے۔

حدیث: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے پوچھا: محرم کیا کیا کپڑے پہن سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: محرم کرتا نہ پہنے، پگڑی نہ باندھے، پائجامہ نہ پہنے، ٹوپی نہ اوڑھے (حاشیہ میں لکھا ہے کہ بُرنس لمبی ٹوپی کو کہتے ہیں، اسی طرح جو ٹوپی جبہ کے ساتھ سلی ہوئی ہو اس کو بھی بُرنس کہتے ہیں) اور نہ کوئی ایسا کپڑا پہنے جس کو ورس یا زعفران نے چھویا ہے یعنی ان میں رنگا گیا ہے اور محرم اگر چپل نہ پائے تو چاہئے کہ خفین پہنے اور چاہئے کہ ان کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ لے۔

تشریح:

۱- سائل نے مثبت پہلو سے سوال کیا تھا مگر آپؐ نے منفی پہلو سے جواب دیا۔ اس لئے کہ محرم جو کپڑے پہن سکتا ہے وہ غیر محدود ہیں، اور جو نہیں پہن سکتا وہ محدود ہیں، اس لئے آپؐ نے منفی پہلو سے جواب دیا کہ ان کپڑوں کے علاوہ ہر کپڑا پہن سکتا ہے۔

غرض حدیث میں صرف سوال کا جواب ہے اگر چہ بالواسطہ ہے کوئی افادۂ مزید نہیں، اس لئے میں نے کہا تھا کہ حدیث کو باب سے منطبق کرنا ذرا مشکل ہوگا۔

۲- محرم کرتا اور پائجامہ نہیں پہن سکتا: اس سے علماء نے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ جو کپڑا بدن کی ساخت پر سیا گیا ہو یا بُنا گیا ہو وہ محرم نہیں پہن سکتا، جیسے کرتا، جبہ، پائجامہ، چڈی، نیکر اور بنیان وغیرہ، اور جو کپڑا بدن کی ساخت پر نہیں سیا گیا جیسے لنگی بدن کے ساخت پر نہیں سی جاتی بلکہ اس کے دونوں کنارے ملا کر سی دیتے ہیں اس لئے محرم سلی ہوئی لنگی پہن سکتا ہے۔

اور ٹوپی اور پگڑی نہیں باندھ سکتا: اس سے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ احرام میں مرد کے لئے سر ڈھانپنا منع ہے اور چہرہ ڈھانپنا بھی منع ہے، اور چھتری سے سایہ کرنا سر ڈھانپنا نہیں، کیونکہ اس کے اور سر کے درمیان فاصلہ رہتا ہے، اور یہ ایسا ہی ہے جیسے چھت کے نیچے رہنا بالاتفاق جائز ہے۔

اور ورس اور زعفران میں رنگا ہوا کپڑا نہیں پہن سکتا: اس سے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ ہر وہ کپڑا جو خوشبودار رنگ میں رنگا

گیا ہو یا خوشبو میں بسایا گیا ہو: محرم نہیں پہن سکتا، نہ مرد پہن سکتا ہے نہ عورت، اور ممانعت کی وجہ خوشبو ہے رنگ نہیں۔

اور احرام میں خفین پہننا بھی جائز نہیں، اور اگر کسی کے پاس چپل نہ ہوں تو وہ خفین کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ لے اور جوتی نما بنا کر پہن سکتا ہے۔ جاننا چاہئے کہ ٹخنے دو ہیں: ایک: وہ جہاں تک وضو میں پاؤں دھونا ضروری ہے یعنی پیر کی دونوں جانبوں میں ابھری ہوئی ہڈی، دوسرے: پاؤں کا اوپری حصہ جہاں بال اگتے ہیں، وہ بھی ٹخنے ہیں، احرام میں دونوں ٹخنے کھلے رکھنے ضروری ہیں۔ مزید تفصیل کتاب الحج میں آئے گی۔

مناسبت: حدیث کے باب کے ساتھ انطباق میں تین احتمال ہیں:

ایک: آپؐ نے سوال کا جواب نہیں دیا بلکہ صرف ایک زائد بات بتائی کہ محرم یہ یہ کپڑے نہیں پہن سکتا، پس افادۂ مزید ہو گیا مگر یہ احتمال ٹھیک نہیں۔ اس لئے کہ افادۂ مزید کا تحقق اس وقت ہوگا جب پہلے سوال کا جواب دیا جائے، پھر کوئی زائد بات بتائی جائے۔

دوم: آپؐ نے جو اِن ڈائرکٹ جواب دیا اس میں سائل کے سوال کا جواب بھی ہے اور فائدہ مزید بھی، اس لئے کہ جواب نبوی سے ضمناً یہ بات سمجھ میں آ گئی کہ محرم مذکورہ ممنوع کپڑوں کے علاوہ کپڑے پہن سکتا ہے، یہ جواب ہوا۔ اور یہ یہ کپڑے نہیں پہن سکتا، یہ افادۂ مزید ہوا۔

سوم: چپل نہ ہوں تو خفین ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ کر پہنے، یہ جزء افادۂ مزید ہے۔ مگر یہ احتمال صحیح نہیں، اس لئے کہ چپل پہنے جاتے ہیں، اور سائل نے یہ پوچھا ہے کہ محرم کیا کیا چیزیں نہیں پہن سکتا، اس لئے صحیح احتمال دوسرا ہے۔

[۵۳-] بابُ مَنْ أَجَابَ السَّائِلَ بِأَكْثَرَ مِمَّا سَأَلَهُ

[۱۳۴-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَهُ: مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ؟ فَقَالَ: "لاَيَلْبَسُ الْقَمِيْصَ، وَلاَ الْعِمَامَةَ، وَلاَ السَّرَاوِيْلَ، وَلاَ الْبُرْنُسَ، وَلاَ ثَوْبًا مَسَّهُ الْوَرْسُ أَوِ الزَّعْفَرَانُ، فَإِنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ، وَلْيَقْطَعْهُمَا حَتّٰى يَكُوْنَا تَحْتَ الْكَعْبَيْنِ"

[انظر: ۳۶۶، ۱۵۴۲، ۱۸۳۸، ۱۸۴۲، ۵۷۹۴، ۵۸۰۳، ۵۸۰۵، ۵۸۰۶، ۵۸۴۷، ۵۸۵۲]

وضاحت: ابن ابی ذئب نے نافع، عن ابن عمر کے طریق سے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے اور زہری، عن سالم، عن ابن عمر کے طریق سے بھی۔

﴿الحمد للہ! کتاب العلم کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتابُ الْوُضُوْءِ

بابُ مَاجَاءَ فِی الْوُضُوْءِ

وضوء کا بیان

امام بخاری رحمہ اللہ نے یہاں جو آیت لکھی ہے وہ سورۂ مائدہ کی آیت ٦ ہے۔ یہ آیت پوری کتاب الوضوء کی پیشانی ہے، اور آیت سے پہلے جو باب ہے وہ باب نہیں ہونا چاہئے۔ اس پر نون لکھا ہے، یعنی یہ باب ایک نسخہ میں ہے، تمام نسخوں میں نہیں ہے، اور یہی نسخے صحیح ہیں، اس لئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ کتاب کے شروع میں آیت لکھتے ہیں پھر احادیث لاتے ہیں، اور پوری کتاب اس آیت کی تفسیر ہوتی ہے۔ یہاں بھی ایسا ہی کیا ہے کتاب الوضوء کے بعد آیت لکھی ہے، پھر تراجم قائم کر کے احادیث لکھی ہیں، وہ تمام حدیثیں اسی آیت کی تفسیر ہیں، اگر یہاں باب ہوگا تو آیت کا صرف اسی باب سے تعلق ہوگا، حالانکہ یہ آیت پوری کتاب الوضوء کی تمہید ہے، اس لئے میں یہاں آیتِ کریمہ کی تفسیر نہیں کرتا، قبل از وقت تفسیر کی ضرورت نہیں، پوری کتاب الوضوء آیت کی تفسیر ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اعضاء مغسولہ کو ایک ایک بار دھونا فرض کا ادنیٰ درجہ ہے، اور دو مرتبہ دھونا پہلا تکمیلی درجہ ہے اور تین تین مرتبہ دھونا آخری تکمیلی درجہ ہے، اور یہ بات نبی ﷺ سے مختلف احادیث میں مروی ہے جو آئندہ آرہی ہیں، اور تین مرتبہ پر رک جانا ضروری ہے، تین مرتبہ سے زیادہ دھونا اسراف فی المرّات ہے، اور وضو میں زائد از ضرورت پانی صرف کرنا اسراف فی الماء ہے، اور علماء نے دونوں کو مکروہ لکھا ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ وضو کر رہے تھے، اور پانی میں اسراف کر رہے تھے، نبی ﷺ کا وہاں سے گذر ہوا، آپؐ نے فرمایا: اے سعد! یہ اسراف کیسا؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا پانی میں بھی اسراف ہوتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، اگرچہ تم جاری نہر پر وضو کرو (مشکوٰۃ حدیث ۴۲۷) اور ہمارے علاقہ میں اللہ کے فضل سے پانی بہت ہے، اس لئے ہمیں پانی کی قدر معلوم نہیں نل سے وضو کرتے ہیں، ہر آدمی ایک بالٹی پانی ضائع کرتا ہے، جبکہ ایک لوٹے سے کامل وضو ہوسکتا ہے، ایسا کرنا ٹھیک نہیں، یہ اسراف ہے اس سے بچنا چاہئے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اعضاء کو تین مرتبہ سے زیادہ دھونا اس وقت مکروہ ہے جب غسل کی تکمیل کی نیت سے دھوئے، تبرید یا تنظیف کے مقصد سے تین سے زیادہ مرتبہ دھونے میں مضائقہ نہیں، اور ایک مرتبہ دھونے کا اطلاق اس

وقت ہوگا جبکہ پورا عضو دھل جائے، اگر بعض عضو دھلا ہے تو اس کو پورا عضو دھونا نہیں کہیں گے۔

٤- كِتَابُ الْوُضُوْءِ

بسم الله الرحمن الرحيم

[١-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ الْوُضُوْءِ

[١-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلاَةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُؤُسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ﴾[المائدة: ٦]

[٢-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَبَيَّنَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَنَّ فَرْضَ الْوُضُوْءِ مَرَّةً مَرَّةً، وَتَوَضَّأَ أَيْضًا مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، وَثَلاَثًا ثَلاَثًا، وَلَمْ يَزِدْ عَلٰى ثَلاَثٍ، وَكَرِهَ أَهْلُ الْعِلْمِ الإِسْرَافَ فِيْهِ، وَأَنْ يُجَاوِزُوْا فِعْلَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: أن يُجاوزوا کا عطف الإسراف پر ہے اور أن مصدریہ ہے یعنی علماء پانی میں اسراف کو ناپسند کرتے ہیں اور نبی ﷺ کے فعل سے تجاوز کو بھی یعنی تین مرتبہ سے زیادہ دھونے کو بھی ناپسند کرتے ہیں۔

بابٌ: لاَ تُقْبَلُ صَلاَةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ

پاکی کے بغیر نماز صحیح نہیں

نماز کی صحت کے لئے طہارت یعنی وضو اور غسل ضروری ہیں، اگر دونوں میں سے ایک بھی نہ ہو تو نماز صحیح نہیں ہوگی۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس شخص کی نماز قبول نہیں جو نئی بات پیدا کرے یہاں تک کہ وضو کرے، ایک شخص نے جو حضر موت کا تھا پوچھا: حضرت! نئی بات پیدا کرنا کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: پادنا یا گوز مارنا، ریح زیادہ مقدار میں خارج ہو تو فُساء ہے، اردو میں اس کو 'پاد' کہتے ہیں، اور تھوڑی ریح ضُراط کہلاتی ہے، اردو میں اس کو 'گوز' کہتے ہیں۔ مراد حدث اصغر ہے۔

تشریح:

۱- یہ حدیث آگے (حدیث ۱۷۶) بھی آرہی ہے، وہاں مضمون یہ ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص مسجد میں نماز کا انتظار کرتا ہے وہ نماز میں شمار ہوتا ہے، جب تک نئی بات پیدا نہ کرے، ایک عجمی طالب علم نے پوچھا: حضرت! نئی بات پیدا کرنا کیا ہے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: گوز مارنا نئی بات پیدا کرنا ہے ——— عام طور پر شارحین کا

خیال یہ ہے کہ مذکورہ سوال وجواب وہاں ہوئے ہیں، اس حدیث میں یہ سوال وجواب نہیں ہیں مگر دونوں جگہ سوال وجواب مان لیں تو حرج کچھ نہیں!

۲- قبول کے دو معنی ہیں: قبول بمعنی صحت اور قبول بمعنی رضا (پسندیدگی) مثلاً مسلم شریف میں حدیث ہے: مَن أَتَی عَرَّافًا فَسَأَلَه عن شيئٍ لَمْ تُقْبَلْ له صلوۃُ أربعین لیلۃ: جو شخص کاہن کے پاس جائے اور اس سے غیب کی باتیں پوچھے اس کی نماز چالیس دن تک قبول نہیں کی جاتی (مشکوٰۃ حدیث ۴۵۹۵) اس میں قبول بمعنی رضا (پسندیدگی) ہے، اور یہاں حدیث میں قبول بمعنی صحت ہے۔

۳- اسحاق بن ابراہیم الحنظلی: یہ اسحاق بن راہویہ ہیں، جو بڑے مجتہد ہیں، ان کے والد کا نام ابراہیم ہے اور لقب راہویہ۔ یہ فارسی لفظ ہے، راہ کے معنی ہیں: راستہ، اور ویہ کے معنی ہیں: والا، راہویہ: یعنی راستہ والا، کہتے ہیں حضرت اسحاق کی دادی سفر حج پر جارہی تھیں کہ راستہ میں یہ بچہ پیدا ہوا اس لئے راہویہ (راستے والا) کے لقب سے معروف ہوا، عرب اس کو رَاهُوْيه پڑھتے ہیں، کیونکہ واؤ سے پہلے ضمہ ہوتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ عربی کے علاوہ ہر زبان کے ہر لفظ کا آخری حرف ساکن ہوتا ہے، فارسی میں صرف دو اعراب ہیں، ایک مضاف پر اور ایک موصوف پر باقی فارسی کے بھی تمام الفاظ آخر سے ساکن ہیں، راہ: الگ لفظ ہے اور وَیہ: الگ، مگر عرب اس کو نہیں سمجھتے وہ ملا کر پڑھتے ہیں اور واؤ سے پہلے ضمہ پڑھتے ہیں اور ہم لوگ رَاهْوَيْهْ پڑھتے ہیں، دونوں لفظوں کو ساکن کرتے ہیں اور حضرموت (بسکون الضاد) یمن کا ایک مشہور شہر ہے۔

[۲-] بابٌ: لَا تُقْبَلُ صَلَاةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ

[۱۳۵-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَا تُقْبَلُ صَلَاةُ مَنْ أَحْدَثَ حَتّٰى يَتَوَضَّأَ" قَالَ رَجُلٌ مِنْ حَضْرَ مَوْتَ: مَا الْحَدَثُ يا أَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: فُسَاءٌ أَوْ ضُرَاطٌ. [انظر: ٦٩٥٤]

بابٌ: فَضْلُ الْوُضُوْءِ، وَالْغُرُّ الْمُحَجَّلُوْنَ مِنْ آثَارِ الْوُضُوْءِ

وضو کی فضیلت اور وضو کی برکت سے چہرے اور اعضاء کی چمک

وضو کی فضیلت میں ایک حدیث عبداللہ صنابحی رضی اللہ عنہ کی ہے جو تفصیل سے نسائی، ابن ماجہ اور موطا مالک میں ہے کہ جب مسلمان بندہ وضو کرتا ہے اور مضمضہ کرتا ہے تو گناہ اس کے منہ سے نکل جاتے ہیں۔ اور جب ناک صاف کرتا ہے تو گناہ ناک سے نکل جاتے ہیں، اور جب چہرہ دھوتا ہے تو چہرے سے یہاں تک کہ پلکوں کے نیچے سے گناہ

نکلتے ہیں اور جب ہاتھ دھوتا ہے تو ہاتھوں سے یہاں تک کہ ناخنوں سے گناہ نکلتے ہیں اور جب سر پر مسح کرتا ہے تو سر سے یہاں تک کہ کانوں سے گناہ نکلتے ہیں اور جب پاؤں دھوتا ہے تو پاؤں سے یہاں تک کہ ناخنوں سے گناہ نکلتے ہیں۔ پھر اس کا مسجد جانا اور نماز پڑھنا مزید ثواب کا باعث ہوتا ہے۔

اور وضو کی دوسری فضیلت یہ ہے کہ اس کی وجہ سے قیامت کے دن اعضاءِ وضو چمکیں گے —— غُرَّۃ کے معنی ہیں: پیشانی کی سفیدی، اور غُرٌّ اور أَغَرُّ کے معنی ہیں: روشن پیشانی، اسی لئے مہینہ کی پہلی تاریخ کو غُرَّۃُ الشَّھْرِ کہتے ہیں، نیا چاند مہینہ کی پیشانی کو روشن کرتا ہے، پہلے راتیں تاریک تھیں اب تھوڑی روشنی ہوئی —— اور مُحَجَّلُوْن: تَحْجِیل سے اسم مفعول ہے، اس کے معنی ہیں: وہ گھوڑا جس کا رنگ سفید نہ ہو اور اس کے چاروں پیر سفید ہوں۔

حدیث: نُعیم مجمر کہتے ہیں: میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مسجد کی چھت پر گیا، وہاں آپؓ نے وضو کیا، اور فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت قیامت کے دن بلائی جائے گی اس حال میں کہ وضو کی وجہ سے ان کے چہرے اور ہاتھ پاؤں چمک رہے ہونگے، لہٰذا تم میں سے جو اپنے اعضاء کی چمک کو لمبا کر سکے تو چاہئے کہ وہ ایسا کرے۔

تشریح:

۱- ترمذی میں یہ حدیث اس طرح ہے: میری امت قیامت کے دن سجدوں کی وجہ سے روشن چہرہ، وضو کی وجہ سے روشن اعضاء ہوگی، یعنی قیامت کے دن اس امت کی امتیازی نشانی یہ ہوگی کہ اس کے وہ اعضاء جو وضو میں دھوئے جاتے ہیں اور وہ اعضاء جو سجدے میں استعمال ہوتے ہیں: نماز اور وضو کی وجہ سے خاص طور پر روشن اور چمکدار ہونگے، اور ہر شخص پہچان لے گا کہ یہ آخری نبی کا امتی ہے۔

اور سابقہ امتوں میں بھی نماز اور وضو تھے پس ان کو بھی ان دونوں عملوں کا فائدہ پہنچے گا مگر وہ فائدہ کسی اور شکل میں ہوگا، اس حدیث میں جو فائدہ بیان کیا گیا ہے وہ اس امت کی خصوصیت ہے۔

۲- کبھی قرآن وحدیث میں فہم سامع پر اعتماد کر کے آدھا مضمون چھوڑ دیتے ہیں، جیسے ﴿بِیَدِكَ الْخَیْرُ﴾ (آل عمران آیت ۲۶) آپ کے ہاتھ میں خیر ہے، شر بھی اللہ ہی کے قبضہ میں ہے، مگر فہم سامع پر اعتماد کر کے اس کو چھوڑ دیا، اس لئے کہ اس سے پہلے متقابلات آئے ہیں پس سامع خود یہ آدھا مضمون سمجھ لے گا۔ ترمذی شریف کی حدیث میں بھی دونوں مضمونوں میں سے آدھا بیان کیا ہے، اور باقی آدھا فہم سامع پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا ہے، فرمایا: میری امت قیامت کے دن سجدوں کی وجہ سے روشن پیشانی ہوگی، اور صرف پیشانی ہی نہیں بلکہ دوسرے اعضاء بھی جو سجدے میں استعمال ہوتے ہیں روشن ہونگے، یہ آدھا مضمون چھوڑ دیا ہے، کیونکہ وہ اگلے مضمون کے ساتھ مقابلہ کرنے سے سمجھ میں آجائے گا اور دوسرا مضمون یہ ارشاد فرمایا کہ میری امت وضو کی وجہ سے روشن اعضاء ہوگی، یعنی ان کے ہاتھ پاؤں چمکتے ہونگے اور

صرف اعضاء ہی نہیں چہرہ اور سر بھی روشن ہونگے، یہ آدھا مضمون چھوڑ دیا ہے۔ کیونکہ وہ پہلے مضمون کے ساتھ مقابلہ کرنے سے سمجھ میں آجائے گا، اور جو اعضاء سجدے میں بھی استعمال ہوتے ہیں اور وضو میں بھی دھوئے جاتے ہیں یعنی چہرہ، کفین اور قدمین ان میں دونوں عبادتوں کی برکتیں جمع ہونگی اس لئے ان کی چمک دوبالا ہوجائے گی۔

۳- اسی طرح معادلین میں سے ایک جگہ جو مضمون بیان کرتے ہیں اسے دوسری جگہ لے جاتے ہیں اور دوسری جگہ جو مضمون بیان کرتے ہیں اسے پہلی جگہ لاتے ہیں، جیسے سورۂ ہود (آیات ۱۰۶ و ۱۰۷) میں ہے: جو لوگ بدبخت ہوئے وہ دوزخ میں رہیں گے جب تک آسمان وزمین قائم ہیں، ہاں اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہوتو دوسری بات ہے ﴿إِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيْدُ﴾ بیشک تیرا رب جو چاہتا ہے کرڈالتا ہے، پھر جنتیوں کا تذکرہ ہے کہ نیک لوگوں کو ان کے اعمال کے صلہ میں جنت ملے گی، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان وزمین قائم ہیں مگر جو چاہے تیرا رب کرسکتا ہے ﴿عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ﴾ مگر جنت کبھی ختم نہ ہونے والا صلہ ہے، یہ جملہ اوپر بھی جائے گا یعنی جہنم بھی کبھی ختم نہ ہونے والی سزا ہے، اور اوپر والا مضمون یہاں آئے گا یعنی جنتی جو جنت میں ہمیشہ رہیں گے وہ اللہ کی مرضی سے رہیں گے، اللہ تعالیٰ بے بس نہیں ہوجائیں گے، اسی طرح جہنمی جہنم میں جو ہمیشہ رہیں گے وہ بھی اللہ کی مرضی سے رہیں گے، اللہ تعالیٰ بے بس نہیں ہوجائیں گے۔ غرض: وہاں کا جملہ یہاں لانا ہے اور یہاں کا جملہ وہاں لے جانا ہے، تب بات مکمل ہوگی، جو لوگ یہ قاعدہ نہیں جانتے اور ﴿عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ﴾ والا مضمون اوپر نہیں لے جاتے انھوں نے یہ غلط رائے قائم کی کہ جہنم کسی دن ختم ہوجائے گی، اور جنت ہمیشہ رہے گی، ان کو یہ غلط فہمی یہ قاعدہ نہ جاننے کی وجہ سے ہوئی۔ اس قاعدہ کی رو سے بھی ترمذی شریف کی حدیث میں دونوں مضمونوں میں تبادلہ ہوگا، پس چہرہ اور اعضاء وضو کی وجہ سے بھی روشن ہونگے اور سجدوں کی وجہ سے بھی۔

۴- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہاتھ مونڈھوں تک اور پاؤں گھٹنوں تک دھوئے، اس پر نُعیم مجمر کو حیرت ہوئی اور سوال کیا تو حضرت نے فرمایا: میں ہاتھ پاؤں مونڈھوں اور گھٹنوں تک اس لئے دھورہا ہوں کہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: قیامت کے دن وضو کی وجہ سے اعضاء چمکیں گے، میں چاہتا ہوں کہ میرے اعضاء زیادہ سے زیادہ چمکیں، اس لئے میں یہاں تک ہاتھ پاؤں دھورہا ہوں، اسی کا نام ہے: إطالةُ الغُرَّة: چمک کو لمبا کرنا ——— ''پس جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے اعضاء زیادہ چمکیں تو وہ اس طرح کرے'' یہ ارشاد حضور ﷺ کا ہے یا حضرت ابو ہریرہؓ کا؟ ظاہر یہ ہے کہ یہ ابو ہریرہؓ کا قول ہے، کیونکہ یہ حضور ﷺ کا ارشاد ہوتا تو امت کا اس پر عمل ہوتا، میں نے بڑوں کو دیکھا ہے کوئی اس پر عمل نہیں کرتا تھا، یہ دلیل ہے کہ یہ حضرت ابو ہریرہؓ کا ارشاد ہے مرفوع حدیث نہیں۔

سوال: جب امام بخاری رحمہ اللہ الغُرُّ المحجَّلُون والی روایت باب میں لائے ہیں تو پھر باب میں ان دونوں لفظوں کا تذکرہ کیوں کیا؟

جواب: وضو کی فضیلت میں متعدد روایات ہیں مگر وہ امام بخاریؒ کے معیار کی نہیں، اس لئے حضرتؒ نے باب میں اضافہ کیا ہے، پھر اضافہ کو پیش نظر رکھ کر حدیث لائے ہیں، پس جب یہ جزء ثابت ہوگیا تو پہلا جزء بھی ثابت ہوگیا یعنی وضو کی اہمیت سمجھ میں آگئی۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ الغر المحجلون إلخ ایک نسخہ میں ہے اس پر ن بنا ہوا ہے، ہر نسخہ میں یہ عبارت نہیں ہے، پس ان نسخوں کے لحاظ سے کوئی اعتراض نہیں۔

[۳-] بابٌ: فَضْلُ الْوُضُوْءِ، وَالْغُرُّ الْمَحَجَّلُوْنَ مِنْ آثَارِ الْوُضُوْءِ

[۱۳۶-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِلاَلٍ، عَنْ نُعَيْمٍ الْمُجْمِرِ قَالَ: رَقِيْتُ مَعَ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَلىٰ ظَهْرِ الْمَسْجِدِ فَتَوَضَّأَ، فَقَالَ: إِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ أُمَّتِيْ يُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرًّا مُّحَجَّلِيْنَ مِنْ آثَارِ الْوُضُوْءِ" فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يُطِيْلَ غُرَّتَهُ فَلْيَفْعَلْ.

بابٌ لاَيَتَوَضَّأُ مِنَ الشَّكِّ حَتّٰى يَسْتَيْقِنَ

شک سے وضو نہیں ٹوٹتا

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ شک سے وضو نہیں ٹوٹتا، جب کسی ناقض کے پائے جانے کا یقین ہوجائے تب وضو ٹوٹے گا۔ بعض مرتبہ پیٹ میں قراقر ہوتا ہے، ہوا مبرز کے قریب آکر واپس لوٹ جاتی ہے، اس وقت شکی مزاج خیال کرتا ہے کہ شاید ہوا نکل گئی ہو، ایسے شک سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

حدیث: عباد بن تمیم اپنے چچا عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس شخص کی شکایت کی جسے وہم ہوتا ہے کہ اس نے نماز میں کوئی چیز پائی یعنی جسے نماز پڑھتے ہوئے ہوا نکلنے کا شک ہوتا ہے، آپؐ نے فرمایا: وہ نماز سے نہ لوٹے تا آنکہ آواز سنے یا بدبو محسوس کرے، یعنی جب تک ہوا نکلنے کا یقین نہ ہو نماز نہ چھوڑے۔

تشریح:

۱- یہ حدیث قطع وساوس کے باب سے ہے، اس میں نقض وضو کی تمام صورتوں کا بیان نہیں، جب پیٹ میں قراقر ہوتا ہے اور ہوا مبرز کے قریب آکر لوٹ جاتی ہے تو شکی مزاج لوگوں کو خروج ریح کا گمان ہوتا ہے، یہ ارشاد ایسے ہی لوگوں کے لئے ہے ان کو جب تک خروج ریح کا یقین نہ ہوجائے وضو نہیں ٹوٹتا، اور یقین کے بہت سے طریقے ہیں، ایک آواز

سننا ہے، دوسرا بد بو محسوس کرنا ہے، پس اگر کسی اور طریقہ سے خروج ریح کا یقین ہو جائے تو بھی وضو ٹوٹ جائے گا۔

۲- اس حدیث کو زہریؒ حضرت سعید سے بھی روایت کرتے ہیں اور عباد بن تمیم سے بھی۔ اور وہ دونوں عباد کے چچا عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں —— عبداللہ بن زیدؓ نام کے دو صحابی ہیں، ایک کے دادا کا نام عاصم ہے یہ وضو والے عبداللہ ہیں، اور دوسرے کے دادا کا نام عبدربہ ہے وہ اذان والے عبداللہ ہیں۔

قوله: شُكِيَ: کو مجہول بھی پڑھ سکتے ہیں اس صورت میں الرجلُ مرفوع ہوگا، اور معروف بھی پڑھ سکتے ہیں پس وہ منصوب ہوگا اور فاعل عبداللہ ہونگے —— اور خَيَّل تخييلا کے معنی ہیں: شک کرنا، وہم کرنا۔ خُيِّلَ: فعل مجہول ہے یعنی وہم ہوتا ہے۔

[٤-] بابُ لايَتَوَضَّأُ مِنَ الشَّكِّ حَتّٰى يَسْتَيْقِنَ

[١٣٧-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: ثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَعَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ، أَنَّهُ شَكىٰ إِلىٰ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الرَّجُلَ الَّذِىْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهُ يَجِدُ الشَّيْئَ فِى الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ: "لاَ يَنْفَتِلُ - أَوْ: لاَ يَنْصَرِفُ - حَتّٰى يَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ يَجِدَ رِيْحًا" [انظر: ١٧٧، ٢٠٥٦]

بابُ التَّخْفِيْفِ فِى الْوُضُوْءِ

وضو ہلکا کرنا

اس باب میں تخفیف فی المرات کا بیان ہے، یعنی اعضاء وضو کو ایک ایک مرتبہ یا دو دو مرتبہ دھونا، ہلکا وضو اس وقت کرنا چاہئے جب اس سے نماز نہ پڑھنی ہو، صرف باوضو رہنے کے لئے وضو کیا ہو، یا پانی میں قلت ہو، یا وضو پر وضو کرے تو ہلکا وضو کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ حضور اقدس ﷺ سے یہ ثابت ہے۔

حدیث: پہلے گذری ہے اور آئندہ بھی آئے گی، یہ سفیان بن عیینہ کی حدیث ہے جس کو وہ عمرو بن دینار سے، وہ کریب سے اور وہ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ سوئے یہاں تک کہ خراٹے لینے لگے، پھر نماز پڑھی اور کبھی کہا: نبی ﷺ کروٹ پر لیٹے یہاں تک کہ خراٹے لینے لگے، پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی (تحویل) علی بن المدینی کہتے ہیں: پھر ابن عیینہ نے ہم سے بار بار یہ حدیث مذکورہ سند سے اس طرح بیان کی: ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں نے ایک رات اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر گذاری جب رات کا کچھ حصہ گذر گیا تو نبی ﷺ کھڑے ہوئے، اور آپؐ نے ایک مشکیزہ سے جو لٹک رہا تھا ہلکا وضو فرمایا (سفیان کہتے ہیں) عمرو بن دینار اس کو ہلکا کرتے تھے اور کم کرتے تھے یعنی عمرو بن دینار نے ہلکا وضو کر کے تلامذہ کو دکھایا۔ شارحین نے لکھا ہے کہ یہ تخفیف

فی المرات تھی یعنی اعضاء کوایک ایک مرتبہ یا دودومرتبہ دھویا پھر آپؐ نے کھڑے ہوکر نماز شروع فرمائی (ابن عباسؓ کہتے ہیں) میں نے بھی آپؐ کی طرح وضوکیا، پھر آپ کی بائیں طرف کھڑا ہوگیا، سفیان کبھی یسارہ کے بجائے شمالہ کہتے تھے (مطلب دونوں کا ایک ہے) پس آپؐ نے مجھے گھمایا اور اپنی دائیں جانب لے لیا، پھر آپؐ نے نماز پڑھی جتنا اللہ نے چاہا، پھر کروٹ پر لیٹ گئے، اور سوگئے یہاں تک کہ خراٹے لینے لگے۔ پھر مؤذن نے آکر نماز کی اطلاع دی تو آپؐ اس کے ساتھ نماز کے لئے تشریف لے گئے اور نماز پڑھائی اور نیا وضونہیں کیا۔

نوم انبیاء ناقض وضونہیں:

طلبہ نے عمرو بن دینار سے کہا: لوگ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی آنکھیں سوتی ہیں، دل نہیں سوتا، یعنی لوگوں میں جو مشہور ہے کہ انبیاء کی نیند ناقض وضونہیں، اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عمرو بن دینار نے کہا جی ہاں! اس حدیث سے یہ مسئلہ ثابت ہوتا ہے، پھر فرمایا: میں نے عبید بن عُمیر سے سنا ہے کہ انبیاء کا خواب وحی ہوتا ہے، پس انبیاء کی نیند ناقض وضو کیسے ہوسکتی ہے؟ کیونکہ اگر انبیاء غافل سوئیں گے تو وحی کیسے اخذ کریں گے، چوکنا سوئیں گے جبھی وحی اخذ کریں گے۔ اور چوکنا سونے سے وضونہیں ٹوٹتا، امت چوکنا سوئے تو اس کا بھی وضونہیں ٹوٹتا، اور امت کے چوکنا سونے کی صورت یہ ہے کہ کھڑے کھڑے یا رکوع، سجدہ اور قعدہ کی حالت میں سوئے یا مقعد زمین پر جما کر سوئے، یہ چوکنا سونا ہے، اس طرح سونے سے وضونہیں ٹوٹتا، اور ٹیک لگا کر سونا، یا چت لیٹ کر یا کروٹ پر سونا غفلت والا سونا ہے پس وہ ناقض وضو ہے۔

پھر عبید بن عُمیر نے سورۂ صافات کی آیت (۱۰۲) تلاوت فرمائی: "اے بیٹے! میں نے خواب میں دیکھا کہ میں تمہیں ذبح کررہا ہوں" پھر آپؑ نے حکم کی تعمیل کی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ خواب تین مرتبہ دیکھا تھا۔

فائدہ: یہ حدیث مختلف طرح سے آئی ہے، یہاں یہ ہے کہ آپؐ نے رات میں بیدار ہونے کے بعد ہلکا وضوکیا اور آگے حدیث (نمبر ۱۸۳) میں ہے کہ کامل وضوکیا، میرا رجحان یہ ہے کہ جب آپؐ تہجد کے لئے بیدار ہوئے ہیں تو کامل وضوکیا ہے پھر دورانِ تہجد جب آپؐ سوئے ہیں تو اٹھ کر ہلکا وضوکیا ہے، کیونکہ یہ وضو پر وضو تھا۔ پھر فجر کی سنتیں پڑھ کر سوگئے، اور جب اطلاع دی گئی تو نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے گئے اور وضونہیں فرمایا، اس لئے کہ انبیاء کی نیند ناقض وضونہیں۔

[٥-] بابُ التَّخْفِيْفِ فِيْ الْوُضُوْءِ

[١٣٨-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ كُرَيْبٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَامَ حَتّٰى نَفَخَ، ثُمَّ صَلَّى، وَرُبَّمَا قَالَ: اضْطَجَعَ حَتّٰى نَفَخَ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى ح: ثُمَّ حَدَّثَنَا بِهِ سُفْيَانُ مَرَّةً بَعْدَ مَرَّةٍ عَنْ عَمْرٍو، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بِتُّ عِنْدَ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ لَيْلَةً

فَقَامَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم مِنَ اللَّیلِ، فَلَمَّا کَانَ فِیْ بَعْضِ اللَّیْلِ قَامَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم فَتَوَضَّأَ. ثُمَّ جِئْتُ فَقُمْتُ عَنْ یَسَارِہِ – وَرُبَّمَا قَالَ سُفْیَانُ: عَنْ شِمَالِهِ – فَحَوَّلَنِیْ فَجَعَلَنِیْ عَنْ یَمِیْنِهِ، ثُمَّ صَلّٰی مَاشَاءَ اللّٰہُ، ثُمَّ اضْطَجَعَ فَنَامَ حَتّٰی نَفَخَ ثُمَّ أَتَاہُ الْمُنَادِیْ فَآذَنَهُ بِالصَّلاَۃِ، فَقَامَ مَعَهُ إِلَی الصَّلاَۃِ، فَصَلّٰی وَلَمْ یَتَوَضَّأْ.

قُلْنَا لِعَمْرٍو: إِنَّ نَاسًا یَقُوْلُوْنَ إِنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم تَنَامُ عَیْنُهُ وَلاَ یَنَامُ قَلْبُهُ قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ عُبَیْدَ بْنَ عُمَیْرٍ یَقُوْلُ: رُؤْیَا الْأَنْبِیَاءِ وَحْیٌ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنِّیْ أَرٰی فِی الْمَنَامِ أَنِّیْ أَذْبَحُكَ﴾ [الصافات: ۱۰۲] [راجع: ۱۱۷]

بابُ إِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ

کامل وضو کرنے کا بیان

اِسباغ (افعال) مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: کامل کرنا، اگر وضو پر وضو کرے یا صرف باوضو رہنے کے لئے وضو کرے یا پانی میں قلت ہو تو ہلکا وضو کرنے کی گنجائش ہے، ورنہ عام حالات میں کامل وضو کرنا چاہئے۔

حدیث: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ عرفہ سے روانہ ہوئے، یہاں تک کہ جب آپؐ گھاٹی میں پہنچے تو سواری سے اترے، اور پیشاب فرمایا، پھر وضو کیا مگر کامل وضو نہیں کیا، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! نماز کا ارادہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نماز تیرے آگے ہے، یعنی مزدلفہ میں جا کر نماز پڑھیں گے، پھر آپؐ سوار ہو کر چلے جب مزدلفہ میں آئے تو آپؐ نے وضو کیا اور کامل وضو کیا، پھر نماز کے لئے اقامت کہی گئی آپؐ نے مغرب پڑھائی، پھر ہر آدمی نے اپنے اونٹوں کو ان کی جگہوں میں بٹھایا، پھر عشاء کے لئے تکبیر کہی گئی پس آپؐ نے عشاء کی نماز پڑھائی، اور مغرب اور عشاء کے درمیان نوافل نہیں پڑھے۔

تشریح: آپؐ نے عرفہ سے واپسی میں کسی گھاٹی میں پیشاب کیا پھر ہلکا وضو کیا، یعنی اعضاء ایک ایک مرتبہ دھوئے، پھر مزدلفہ پہنچ کر کامل وضو فرمایا، پھر نماز پڑھائی، اور مغرب اور عشاء کے درمیان اتنا فاصلہ رکھا کہ لوگ جانوروں پر سے سامان اتار سکیں اور جانوروں کا گھاس چارہ کر سکیں، اور آپؐ نے مغرب اور عشاء کے درمیان نفل نہیں پڑھے۔

اور حدیث کا باب سے انطباق یہ ہے کہ آپؐ نے راستہ میں جو وضو فرمایا تھا وہ باوضو رہنے کے لئے تھا، اس لئے آپؐ نے ہلکا وضو کیا تھا، پھر مزدلفہ میں کامل وضو کیا۔

اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اسباغ کے معنی انقاء (صفائی) کے کئے ہیں، یہ تفسیر باللازم ہے، ورنہ اسباغ کا اصل مفہوم اعضاء مغسولہ کو تین تین مرتبہ دھونا ہے، ظاہر ہے جب اعضاء تین تین بار دھوئے جائیں گے تو صاف

ہوجائیں گے۔ پس یہ تفسیر باللازم ہے اور اگر تین مرتبہ دھونے کے بعد بھی اعضاء صاف نہ ہوں تو زائد بھی دھوسکتا ہے خود ابن عمرؓ سے ابن المنذر نے صحیح سند سے روایت کیا ہے کہ وہ پیروں کو سات مرتبہ دھوتے تھے۔

فائدہ: آنحضور ﷺ نے مزدلفہ میں مغرب وعشاء کے درمیان بالقصد نفل نہیں پڑھے تھے، تاکہ کوئی ان کو ضروری نہ سمجھ لے۔

[٦-] بابُ إِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ

وَقَدْ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: إِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ الإِنْقَاءُ.

[١٣٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: دَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ عَرَفَةَ حَتّٰى إِذَا كَانَ بِالشِّعْبِ نَزَلَ فَبَالَ ثُمَّ تَوَضَّأَ وَلَمْ يُسْبِغِ الْوُضُوْءَ فَقُلْتُ: الصَّلَاةَ يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ:" الصَّلَاةُ أَمَامَكَ" فَرَكِبَ فَلَمَّا جَاءَ الْمُزْدَلِفَةَ نَزَلَ فَتَوَضَّأَ فَأَسْبَغَ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ أَنَاخَ كُلُّ إِنْسَانٍ بَعِيْرَهُ فِيْ مَنْزِلِهِ، ثُمَّ أُقِيْمَتِ الْعِشَاءُ فَصَلَّى وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا. [انظر: ١٨١، ١٦٦٧، ١٦٦٩، ١٦٧٢]

بابُ غَسْلِ الْوَجْهِ بِالْيَدَيْنِ مِنْ غُرْفَةٍ وَاحِدَةٍ

ایک چلو پانی لے کر دونوں ہاتھوں سے چہرہ دھونا

اس باب میں تخفیف فی الماء کا بیان ہے۔ وضو میں اسراف جائز نہیں، ایک مرتبہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے لوگوں کو وضو کر کے دکھایا، چہرہ دھونے کے لئے ایک چلو میں پانی لیا پھر اس کے ساتھ دوسرا ہاتھ ملایا اور چہرہ دھویا، ہم چہرہ دھونے کے لئے لب بھر کر پانی لیتے ہیں۔ ایک لب میں چار چلو پانی آتا ہے، مگر ہمیں اس کا احساس نہیں ہوتا کہ ہم پانی زیادہ استعمال کر رہے ہیں، کیونکہ ہم ایسے علاقہ میں رہتے ہیں جہاں پانی بکثرت ہے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ وضو کر رہے تھے اور اسراف کر رہے تھے۔ نبی ﷺ کا وہاں سے گذر ہوا، آپؐ نے فرمایا: اے سعد! یہ اسراف کیسا؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا وضو میں بھی اسراف ہوتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں اگرچہ تم جاری نہر پر وضو کرو (مشکوۃ حدیث ۴۲۷)

حدیث: عطاء بن یسار کہتے ہیں: ابن عباسؓ نے وضو کیا، پس اپنا چہرہ دھویا، ایک چلو پانی لیا اور اس سے مضمضہ اور استنشاق کیا یعنی وصل کیا، پھر ایک چلو پانی لیا اور اس طرح اس کے ساتھ اپنا دوسرا ہاتھ ملایا، اور اس سے چہرہ دھویا، پھر ایک چلو پانی لیا، اور اس سے اپنا دایاں ہاتھ دھویا، پھر ایک چلو پانی لیا اور اس سے اپنا بایاں ہاتھ دھویا، پھر سر پر مسح کیا، پھر

ایک چلو پانی لیا اور اس کو دائیں پاؤں پر ڈالا، اور اس کو دھویا (یہاں رَشَّ بمعنی غَسَلَ ہے) پھر دوسرا چلو لیا۔ اور اس سے اپنا بایاں پاؤں دھویا، پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس طرح وضو کرتے دیکھا ہے، یعنی لوگوں کو عمل کر کے دکھایا، کیونکہ تعلیم فعلی اوقع فی النفس ہوتی ہے۔

[۷-] بابُ غَسْلِ الْوَجْهِ بِالْيَدَيْنِ مِنْ غُرْفَةٍ وَاحِدَةٍ

[۱۴۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ قَالَ: أَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ الْخُزَاعِيُّ مَنْصُوْرُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: أَنَا ابْنُ بِلَالٍ يَعْنِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ تَوَضَّأَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ، أَخَذَ غَرْفَةً مِنْ مَاءٍ فَمَضْمَضَ بِهَا وَاسْتَنْشَقَ، ثُمَّ أَخَذَ غَرْفَةً مِنْ مَاءٍ فَجَعَلَ بِهَا هٰكَذَا أَضَافَهَا إِلٰى يَدِهِ الْأُخْرٰى، فَغَسَلَ بِهَا وَجْهَهُ ثُمَّ أَخَذَ غَرْفَةً مِنْ مَاءٍ فَغَسَلَ بِهَا يَدَهُ الْيُمْنٰى، ثُمَّ أَخَذَ غَرْفَةً مِنْ مَاءٍ فَغَسَلَ بِهَا يَدَهُ الْيُسْرٰى، ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ ثُمَّ أَخَذَ غَرْفَةً مِنْ مَاءٍ فَرَشَّ عَلٰى رِجْلِهِ الْيُمْنَى حَتّٰى غَسَلَهَا، ثُمَّ أَخَذَ غَرْفَةً أُخْرَى فَغَسَلَ بِهَا رِجْلَهُ يَعْنِيْ الْيُسْرَى، ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ.

بابُ التَّسْمِيَةِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَعِنْدَ الْوِقَاعِ

ہر حال میں بسم اللہ پڑھنا اور بیوی کے ساتھ مقاربت کے وقت بھی

وضو سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہئے، تسمیہ کو خواہ سنت کہو یا مستحب یا ادب، بہر حال بسم اللہ پڑھنی چاہئے۔ تسمیہ علی الوضو کے سلسلہ میں روایتیں ہیں۔ خاص حدیث بھی ہے اور عام حدیث بھی، مشہور حدیث ہے: کل أَمْرٍ ذی بالٍ لم يُبْدَأ ببسم الله فهو أَقْطَع: کوئی بھی اہم کام اگر اللہ کے نام سے شروع نہ کیا جائے تو وہ ناقص ہے، اور وضو بھی اہم کام ہے اس لئے اس کو بھی بسم اللہ سے شروع کرنا چاہئے، یہ عمومی حدیث ہے، اور خصوصی حدیث ترمذی شریف میں تسمیہ فی الوضو کے باب میں ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: لا وضو لمن لم يذكر اسم الله عليه: اس شخص کی وضو نہیں جو اس پر اللہ کا نام نہ لے، اس کے علاوہ اور بھی حدیثیں ہیں مگر کوئی حدیث بخاری شریف میں لانے کے قابل نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ ترجمۃ الباب میں ضعیف حدیث لاتے ہیں مگر ہلکی ضعیف لاتے ہیں، بہت زیادہ ضعیف تعلیقاً بھی نہیں لاتے اور ترمذی میں امام احمد رحمہ اللہ کا قول ہے کہ میں تسمیہ علی الوضو کے سلسلہ میں کوئی حدیث نہیں جانتا جس کی سند اچھی ہو۔ اور خصوصی حدیث محکم الدلالہ بھی نہیں، یعنی تسمیہ علی الوضو کے سلسلہ میں صریح بھی نہیں، کیونکہ ربیعۃ الرائے اور شاہ ولی اللہ صاحبان رحمہما اللہ نے اس سے نیت مراد لی ہے۔

غرض: کوئی روایت بخاری شریف میں لانے کے قابل نہیں، ایسی جگہ امام بخاری رحمہ اللہ باب میں اضافہ کرتے

ہیں پھر اضافہ کو دلیل سے ثابت کرتے ہیں اس طرح اصل مدعی خود بخود ثابت ہوجاتا ہے، یہاں بھی ایسا ہی کیا ہے، پہلے ایک کلیہ بنایا پھر اس کلیہ کی ایک جزئی لائے اور اس جزئی کو دلیل سے ثابت کیا، پس وہی حکم کلی کے ہر فرد کے لئے ثابت ہوگا، اور اس کلیہ کے افراد میں تسمیہ علی الوضو بھی ہے اس لئے اس کے لیے بھی یہ حکم ثابت ہوگا۔ پہلے یہ کلیہ ذکر کیا کہ ہر حال میں تسمیہ چاہئے پھر اس کا ایک فرد لائے کہ بیوی سے مقاربت کے وقت بھی تسمیہ چاہئے، پھر اس جزئی کو حدیث سے ثابت کیا تو کلی کے ہر فرد کے لئے حکم ثابت ہوگیا۔

دوسری تقریر: حدیث سے عند الجماع تسمیہ ثابت ہے، جب کہ بوقت جماع خاموش رہنے کا حکم ہے، اور جماع کوئی عبادت بھی نہیں، اس کے باوجود حدیث سے تسمیہ ثابت ہے اور وضو تو عبادت ہے اور اس وقت خاموش رہنے کا حکم بھی نہیں، پس وضو سے پہلے تسمیہ بدرجۂ اولیٰ ثابت ہوگا۔ یہ استدلال بدلالۃ النص ہے۔

فائدہ: ہر اہم کام سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہئے، اور صرف ''بسم اللہ'' کہنا بھی کافی ہے اور پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں، مگر معمول نبوی یہ تھا کہ بسم اللہ کے ساتھ موقع کی مناسبت سے واو عطف کے ساتھ یا اس کے بغیر دوسرا جملہ ملاتے تھے، جیسے جانور ذبح کرنے کا تسمیہ ہے **بسم الله والله أكبر**: (مشکوٰۃ حدیث ۱۴۶۱) اور کھانے کا تسمیہ ہے: **بسم الله وعلى بَرَكة الله** (مستدرک حاکم ۴: ۱۰۷ کنز العمال ۱۵: ۲۵۶ حدیث ۴۰۸۴۵) اور وضو کا تسمیہ طبرانی کی معجم صغیر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں: **بسم الله والحمدلله** آیا ہے۔ اور حدیث کی سند اچھی ہے (معارف السنن ۱: ۱۵۷)

اور ذبح کے تسمیہ میں اللہ اکبر ملانے کی حکمت یہ ہے کہ ذابح اس زعم میں مبتلا نہ ہوجائے کہ میں زبردست ہوں، زبردست اللہ تعالیٰ ہیں اور وضو کے تسمیہ میں **الحمد لله** ملانے کی حکمت یہ ہے کہ اللہ نے وضو کی توفیق دی اس پر اللہ کا شکر بجالانا چاہئے۔ اور کھاتے وقت برکت کی دعا کی حکمت واضح ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس گیا اور اس نے یہ دعا پڑھی: اے اللہ: ہمیں شیطان سے بچا اور شیطان کو ہم سے بچا، اور اس اولاد سے بچا جو (اس صحبت سے) آپ ہمیں عنایت فرمائیں، پس اگر ان کے لئے اولاد کا فیصلہ کیا گیا تو اس بچے کو شیطان ضرر نہیں پہنچا سکے گا۔

تشریح: میاں بیوی با اختیار، عاقل و بالغ ہیں وہ اپنے کسب و اختیار سے شیطان سے بچ سکتے ہیں اس لئے یہ دعا کی: ''اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا'' یعنی خود میاں بیوی کی ذمہ داری ہے کہ وہ شیطان سے بچیں، صحبت کرتے وقت کوئی نامناسب کام (شیطانی کام) نہ کریں، اور اولاد چونکہ بے اختیار ہے اس کے پاس عقل و خرد نہیں اس لئے تعبیر بدلی: ''اور بچا شیطان کو اس اولاد سے جو آپ ہمیں عنایت فرمائیں'' یعنی شیطان اس کو ضرر نہ پہنچائے۔

جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو شیطان اس کو چونکا مارتا ہے، غیر محسوس طریقہ پر اس کو نقصان پہنچاتا ہے، جیسے بعض بچے پیدا

ہونے کے بعد سوکھنے لگتے ہیں اردو میں اس کو ہوا لگنا کہتے ہیں، اور عاملوں کی اصطلاح میں ام الصبیان کہتے ہیں یہ شیطان کے مَس (چھونے) کا اثر ہے۔ اگر صحبت سے پہلے میاں بیوی یہ دعا پڑھ لیں تو اولاد شیطان کے ضرر سے محفوظ رہے گی۔

[٨-] بابُ التَّسْمِيَةِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَعِنْدَ الْوِقَاعِ

[١٤١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا، فَقُضِيَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ لَمْ يَضُرَّهُ ". [انظر: ٣٢٧١، ٣٢٨٣، ٥١٦٥، ٦٣٨٨، ٧٣٩٦]

قوله: يبلُغ به النبيَّ: ابن عباسؓ پہنچتے ہیں اس حدیث کے ساتھ نبی ﷺ تک یعنی حدیث مرفوع ہے، مگر ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ حدیث نبی ﷺ سے براہ راست سنی ہے یا کسی صحابی کے واسطہ سے؟ اس پر اس جملہ کی کوئی دلالت نہیں۔

بابُ مَايَقُوْلُ عِنْدَ الْخَلَاءِ

بیت الخلاء جانے کی دعا

جب ہر حال میں تسمیہ مطلوب ہے تو بیت الخلاء جاتے وقت بھی تسمیہ چاہئے، اور اس خاص موقعہ کا تسمیہ الگ ہے۔ لوگ عام طور پر وضو سے پہلے استنجا کرتے ہیں اس لئے یہاں یہ ابواب لائے ہیں۔

بیت الخلاء جانے کی دعا: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ: الخبث کی ب پر ضمہ اور جزم دونوں جائز ہیں، ضمہ کی صورت میں خبیث کی جمع ہے اور مراد مذکر شیاطین ہیں، اور خبائث سے مراد مؤنث شیاطین ہیں اور دعا کا ترجمہ یہ ہے: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں مذکر ومؤنث شریر جنّات سے! اور الخُبْث (بالسکون) مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: گندگی، ناپاکی، اب دعا کا ترجمہ ہے: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں گندگی سے اور شریر مذکر ومؤنث جنات سے، اس صورت میں مذکر شیاطین مؤنث شیاطین کے تابع ہونگے۔

مؤنث کو مذکر کے تابع کرنا تو عام بات ہے مگر کبھی مذکر کو بھی مؤنث کے تابع کرتے ہیں، جیسے زنا کے باب میں اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿الزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ﴾ اس ارشاد میں عورت کو مقدم کیا ہے اور مرد کو تابع، اور چوری کے باب میں ارشاد ہے: ﴿وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ﴾ اس میں مرد کو مقدم کیا ہے اور عوت کو تابع۔ اس لئے کہ زنا کے وجود میں عورت کا دخل زیادہ ہوتا ہے، اگر عورت راضی نہ ہو تو زنا مشکل ہے، زبردستی کی بات اور ہے، اور چوری مرد زیادہ کرتے ہیں اس لئے مرد

کومقدم کیا، معلوم ہوا کہ کبھی مذکر کوبھی مؤنث کے تابع کرتے ہیں، اسی طرح یہاں بھی مذکر: مؤنث کے تابع ہوجائیں گے، اور خبائث سے دونوں کومراد لیا جائے گا۔

دعا کی حکمت: جنات ہم کو دیکھتے ہیں اگرچہ ہم ان کونہیں دیکھتے اور جب بھی شرارت کا موقع آتا ہے تو اس کو شیاطین ہاتھ سے نہیں جانے دیتے اس لئے ان کی شرارت سے بچنے کے لئے یہ دعا تلقین فرمائی، ترمذی کتاب الصلوٰۃ کے آخر میں یہ حدیث ہے کہ جب انسان بسم اللہ کہہ کر بیت الخلاء جاتا ہے تو شیاطین کو انسان کی شرم گاہ نظر نہیں آتی، پردہ پڑجاتا ہے، اور وہ کھلواڑ نہیں کرسکتے ہیں۔

سوال: اس دعا میں تسمیہ کا ذکر نہیں جبکہ مسئلہ یہ بیان کرنا ہے کہ بیت الخلاء جاتے وقت بسم اللہ پڑھنی چاہئے؟

جواب: تسمیہ کا ذکر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے جو ترمذی میں کتاب الصلوٰۃ کے آخر میں ہے، وہ حدیث یہاں بھی لانی چاہئے تھی، یعنی بیت الخلاء جاتے وقت بسم اللہ کہہ کر یہ دعا پڑھے، اور دوسرا جواب یہ ہے کہ اللّٰہم: تسمیہ کے قائم مقام ہے۔

مسائل: بیت الخلاء جاتے وقت اور نکلتے وقت حدیثوں میں جو دعائیں آئی ہیں وہ باہر پڑھ کر بیت الخلاء میں جانا چاہئے، اور بعد کی دعا باہر نکل کر پڑھنی چاہئے۔ اور جنگل میں قضائے حاجت کے لئے جائے تو ستر کھولنے سے پہلے اور ستر باندھنے کے بعد پڑھے —— اور اگر کوئی شخص باہر دعا پڑھنا بھول جائے اور اندر جانے کے بعد یاد آئے تو اگر بیت الخلاء صاف ستھرا ہے جیسے فلش، اس میں بالفعل گندگی نہیں ہوتی پس وہ جنگل کے حکم میں ہے، ستر کھولنے سے پہلے دعا پڑھ سکتا ہے۔ اور بعد کی دعا باہر نکل کر پڑھنی چاہئے، کیونکہ استنجے کے بعد بیت الخلاء میں بدبو ہوتی ہے —— اور اگر بیت الخلاء میں بالفعل گندگی ہے یا صفائی نہ ہونے کی وجہ سے بدبو ہے تو دعا دل میں پڑھے زبان سے نہ پڑھے، کیونکہ گندگی کے قریب اللہ کا ذکر مکروہ ہے۔

ملحوظہ: الخلاء: کے معنی ہیں: خالی جگہ اس میں لفظ 'بیت' اردو والوں نے بڑھایا ہے تاکہ جو شخص لفظ خلاء کو نہیں سمجھتا وہ سمجھ لے، جیسے زم زم پر لفظ آب بڑھایا حالانکہ آب اور زم زم ایک ہیں، پھر آب بھی فارسی لفظ ہے جس کو عام طور پر لوگ نہیں سمجھتے اس لئے انھوں نے لفظ 'پانی' بڑھایا، وہ کہتے ہیں: آبِ زم زم کا پانی —— اسی طرح عربی میں لفظ الخلاء کے ساتھ بیت بڑھانے کی ضرورت نہیں، کیونکہ الخلاء کے معنی بیت الخلاء ہیں۔

[۹-] بابُ مَایَقُوْلُ عِنْدَ الْخَلاَءِ

[۱۴۲-] حدثنا آدمُ قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ صُهَیْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَساً یَقُوْلُ: کَانَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم إِذَا دَخَلَ الْخَلاَءَ قَالَ: "اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ"

تَابَعَهُ ابْنُ عَرْعَرَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، وَقَالَ غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ: "إِذَا أَتَى الْخَلَاءَ" وَقَالَ مُوْسَى، عَنْ حَمَّادٍ: "إِذَا دَخَلَ" وَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ: "إِذَا أَرَادَ أَنْ يَدْخُلَ" [انظر: ٦٣٢٢]

وضاحت: یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہے، ان سے عبدالعزیز بن صہیب روایت کرتے ہیں، پھر عبدالعزیز سے تین حضرات روایت کرتے ہیں: شعبہؒ، حماد بن زیدؒ اور سعید بن زیدؒ، ان تینوں حضرات کے الفاظ میں معمولی فرق ہے۔

پھر شعبہ رحمہ اللہ سے تین تلامذہ روایت کرتے ہیں: آدم، ابن عرعرۃ اور غندر، آدم کے الفاظ ہیں: **إذا دَخَلَ الخلاء**: اور ابن عرعرۃ ان کے متابع ہیں یعنی ان کے الفاظ بھی یہی ہیں، اور غندر کے الفاظ ہیں: **إذا دخل الخلاء**، مگر اس اختلاف سے معنی پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔

اور عبدالعزیز کے دوسرے شاگرد حماد بن زید کے الفاظ بھی یہی ہیں: **إذا دخل الخلاء** ـــــ اور تیسرے شاگرد سعید بن زید کے الفاظ ہیں: **إذا أَراد أن يَدْخُلَ**۔

ملحوظہ: حماد بن زید بڑے محدث اور مضبوط راوی ہیں، اور سعید بن زید ان کے بھائی ہیں اور ذرا ضعیف ہیں، متکلم فیہ راوی ہیں۔ بخاری شریف میں صرف اسی ایک جگہ تعلیقاً ان کی روایت آئی ہے، اور وہ بھی اس وجہ سے لائے ہیں کہ وہ حدیث کے الفاظ کے ساتھ متفرد نہیں، عبدالوارث نے بھی عبدالعزیز سے انہی الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے، ان کی روایت: بیہقی میں ہے اور علی شرط الشیخین ہے ـــــ اور سعید بن زید کی حدیث کے جو الفاظ ہیں اس سے مسئلہ طے ہوگیا کہ بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے یہ دعا پڑھنی چاہئے، البتہ اگر باہر دعا پڑھنا بھول جائے اور فلش صاف ستھرا ہو نہ وہاں بالفعل گندگی ہو نہ بدبو ہو تو کپڑا کھولنے سے پہلے وہاں بھی دعا پڑھ سکتا ہے، آج کل کے فلش جنگل کے حکم میں ہیں۔

ملحوظہ: حماد بن زید (متوفی ۱۶۷ھ) کے بارے میں حاشیہ میں لکھا ہے کہ وہ ابدال میں سے تھے، اور انھوں نے اولاد کی طلب میں ستر نکاح کئے تھے مگر کوئی اولاد نہ ہوئی، کیونکہ ابدال کے یہاں اولاد نہیں ہوتی، ورنہ باپ کے مرنے کے بعد بیٹا دعویدار ہوگا کہ میں بدل بنوں، جب کہ بیٹے میں ابدال کے اوصاف ہونے ضروری نہیں۔

بابُ وَضْعِ الْمَاءِ عِنْدَ الْخَلَاءِ

بیت الخلاء میں پانی رکھنا

کوئی بیت الخلاء گیا، اس کے خادم نے وضو کے لئے پانی رکھا تو یہ جائز ہے، حدیث سے اس کا ثبوت ہے، اور بیت الخلاء میں استنجے کے لئے پانی رکھنا بھی جائز ہے۔ حدیث سے اس کا بھی ثبوت ہے۔

حدیث: پہلے گذری ہے، آنحضور ﷺ استنجے کے لئے تشریف لے گئے، حضرت ابن عباسؓ نے سوچا: آپؐ بیت الخلاء سے نکل کر وضو فرمائیں گے، اس لئے انھوں نے وضو کا پانی رکھ دیا، جب آپؐ بیت الخلاء سے باہر آئے، اور وضو کا پانی رکھا ہوا دیکھا تو پوچھا: کس نے پانی رکھا ہے؟ بتایا گیا کہ ابن عباسؓ نے رکھا ہے۔ آپؐ خوش ہوئے اور دعا دی: ''اے اللہ! اس کو دین کی سمجھ عطا فرما'' چنانچہ وہ دعائے نبوی کی برکت سے حبر الامۃ (بڑے عالم) بنے۔ حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما جیسی شخصیات نے ان کے علم و فضل کا اعتراف کیا ہے ـــــ اور وضو کے لئے پانی رکھنا وضو میں استعانت نہیں، متعلقاتِ وضو میں استعانت ہے جس میں کوئی حرج نہیں۔

[۱۰-] بابُ وَضْعِ الْمَاءِ عِنْدَ الْخَلاَءِ

[۱۴۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: ثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: ثَنَا وَرْقَاءُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ الْخَلاَءَ، فَوَضَعْتُ لَهُ وَضُوْءً ا، قَالَ:'' مَنْ وَضَعَ هٰذَا؟'' فَأُخْبِرَ، فَقَالَ:'' اللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِىْ الدِّيْنِ''. [راجع: ۷۵]

بابٌ لاَ تُسْتَقْبَلُ الْقِبْلَةُ بِغَائِطٍ أَوْ بَوْلٍ إِلَّا عِنْدَ الْبِنَاءِ: جِدَارٍ أَوْ نَحْوِهِ

چھوٹے بڑے استنجا میں صحراء میں استقبال ممنوع ہے، بنیان میں جائز ہے

یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے، اور اس مسئلہ میں اختلاف نص فہمی کا نہیں بلکہ دلائل کا ہے، ایسے معرکۃ الآراء مسائل میں تین مرحلوں میں بیان کرتا ہوں۔ سب سے پہلے اقوال فقہاء بیان کرتا ہوں، پھر مسئلہ سے تعلق رکھنے والی روایت بیان کرتا ہوں، پھر آخر میں یہ بتاتا ہوں کہ ائمہ مجتہدین نے ان روایات سے کس طرح استدلال کیا ہے؟ ہر ایک نے جو مذہب اختیار کیا ہے اس کی وجہ بیان کرتا ہوں۔

مذاہبِ فقہاء:

استقبال واستدبار کے سلسلہ میں بنیادی اقوال یہ ہیں:

۱- امام اعظم رحمہ اللہ سے چار قول منقول ہیں: (۱) دونوں مطلقاً مکروہ تنزیہی ہیں ـــــ مطلقاً کا مطلب ہے: بنیان (عمارت) اور صحراء (کھلی جگہ) دونوں میں استقبال واستدبار ممنوع ہیں ـــــ (۲) دونوں مطلقاً مکروہ تحریمی ہیں اور یہی مفتی بہ قول ہے۔ (۳) استدبار مطلقاً جائز ہے اور استقبال مطلقاً مکروہ تحریمی ہے (۴) استدبار صرف بنیان میں جائز ہے اور استقبال دونوں جگہ ناجائز ہے ـــــ یہ قول درحقیقت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا ہے مگر حکماً یہ قول بھی امام اعظمؒ کا شمار کیا جاتا ہے۔

۲-امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک دونوں باتیں بنیان میں جائز ہیں اور صحراء میں ناجائز۔

۳-امام احمد رحمہ اللہ سے تین قول مروی ہیں: (۱) امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے قول کے موافق یعنی بنیان میں دونوں جائز اور صحراء میں ناجائز (۲) احناف کے مفتی بہ قول کے موافق، یعنی دونوں مطلقاً مکروہ تحریمی (۳) استقبال مطلقاً ناجائز اور استدبار مطلقاً جائز۔

۴-داود ظاہری، ربیعۃ الرائے اور اصحاب ظواہر کے نزدیک استقبال واستدبار دونوں مطلقاً جائز ہیں۔

۵-امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک استدبار مطلقاً جائز ہے، اور استقبال صرف بنیان میں جائز ہے صحراء میں جائز نہیں ——— اور بنیان سے مراد یہ ہے کہ سامنے کوئی آڑ ہو، خواہ دیوار ہو، پہاڑ ہو، درخت ہو یا کوئی اور چیز ہو۔

۶-ابراہیم نخعی اور حسن بصری رحمہما اللہ کے نزدیک بیت اللہ کی طرف بھی دونوں مطلقاً مکروہ ہیں اور بیت المقدس کی طرف بھی۔

روایات:

اس مسئلہ میں چار حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی ہے۔ یہ حدیث یہاں مختصر ہے، تفصیلی روایت آگے (حدیث ۳۹۴) آرہی ہے، حضرت ابوایوبؓ یہ ارشاد نبوی نقل کرتے ہیں: ''جب تم میں سے کوئی نشیبی زمین میں آئے'' ——— غائط کے اصل ہیں: نشیبی زمین اور کھجوروں کا جھنڈ۔ دورِ اول میں لوگ قضائے حاجت کے لئے ایسی ہی جگہوں میں جاتے تھے، اور مراد بیت الخلاء ہے ——— ''تو قبلہ کی طرف نہ منہ کرے اور نہ پیٹھ، بلکہ مشرق یا مغرب کی طرف منہ یا پیٹھ کرے''

حضرت ابوایوبؓ کہتے ہیں: ہم لوگ ملک شام گئے۔ وہاں ہم نے بیت الخلاء قبلہ رخ بنے ہوئے پائے، ہم ان میں بہ تکلف گھوم کر بیٹھتے تھے، یعنی حتی الامکان استقبال واستدبار سے بچتے تھے، اور اللہ سے استغفار کرتے تھے۔

دوسری حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں ایک مرتبہ اپنی بہن حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر کی چھت پر چڑھا ——— اس وقت حضور اکرم ﷺ بیت الخلاء میں تھے۔ اور حضرت ابن عمرؓ اس سے واقف نہیں تھے، اور بیت الخلاء کی چھت نہیں تھی ——— پس اچانک میری نظر پڑی، میں نے حضور ﷺ کو اس طرح قضائے حاجت کرتے ہوئے دیکھا کہ آپؐ کا منہ شام کی طرف تھا اور پیٹھ کعبہ کی طرف (یہ حدیث اعلی درجہ کی ہے اور ابھی آرہی ہے)

تیسری حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ہم کو پیشاب کرتے وقت قبلہ کی جانب منہ کرنے سے منع کیا تھا۔ پھر میں نے نبی ﷺ کو انتقال سے ایک سال پہلے قبلہ کی جانب منہ کرکے پیشاب کرتے ہوئے دیکھا (یہ روایت ترمذی میں ہے اور حسن ہے)

چوتھی حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ کی مجلس میں اس کا تذکرہ آیا کہ لوگ قبلہ کی طرف پیٹھ کرنے کو ناپسند کرتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: استقبلوا بمقعدتی القبلة: میری نشست گاہ قبلہ کی طرف کردو، یعنی اس طرح کردو کہ پیٹھ قبلہ کی طرف ہو (ابن ماجہ ص:۲۷)

یہ روایت قابل استدلال نہیں کیونکہ اس کی سند میں خالد بن ابی الصلت ہے جو ضعیف راوی ہے۔ علامہ ذہبیؒ نے اس کو منکر الحدیث کہا ہے، اور ابن حزم نے اس کو مجہول کہا ہے۔ دوسری خرابی یہ ہے کہ خالد کا استاذ عراک بن مالک حضرت عائشہؓ سے اس حدیث کو بلا واسطہ روایت کرتا ہے یا بالواسطہ؟ اس میں اختلاف ہے۔ چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو مضطرب قرار دیا ہے۔

علاوہ ازیں: یہ روایت محکم الدلالۃ بھی نہیں، کیونکہ نبی ﷺ کے ارشاد استقبلوا بمقعدتی القلبة کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بیت الخلاء میں بیٹھنے کا رخ بدل دو، اس طرح کہ قضاء حاجت کے وقت آپؐ کی پیٹھ قبلہ کی طرف ہو، اور یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ مسجد وغیرہ میں آپؐ کی نشست گاہ اس طرح رکھی جائے کہ پیٹھ قبلہ کی طرف ہو، تاکہ لوگ جان لیں کہ استقبال واستدبار کی ممانعت صرف مخصوص حالت میں ہے، ہر وقت نہیں۔ غرض یہ حدیث محکم الدلالہ بھی نہیں، اس لئے بحث سے خارج ہے۔

مجتہدین کے استدلالات:

ربیعۃ الرائے اور اصحاب ظواہر وغیرہ نے ان روایات کو ناسخ ومنسوخ قرار دیا ہے۔ ان کے نزدیک ممانعت کی روایات منسوخ ہیں اور جواز کی روایات ناسخ ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بنیان میں استدبار کا جواز ثابت ہوا پس وہی حکم استقبال کا بھی ہوگا۔ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے صحراء میں پیشاب کرتے وقت استقبال ثابت ہوا، پس وہی حکم استدبار کا بھی ہوگا، جب دونوں کا مطلقاً جواز ثابت ہوگیا تو ممانعت کی روایات منسوخ ہوگئیں۔

دیگر ائمہ ان روایات میں نسخ نہیں مانتے وہ دو باتیں کہتے ہیں:

۱- حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی روایت عہد فاروقی کی ہے، جب شام فتح ہوا اور اسلامی لشکر بستی میں داخل ہوا تو اس نے سرکاری عمارتوں میں قیام کیا۔ وہاں جو بیت الخلاء بنے ہوئے تھے وہ قبلہ رخ تھے، صحابہ نے مجبوراً ان کو استعمال کیا اور استقبال یا استدبار سے بچنے کے لئے بہ تکلف گھوم کر بیٹھتے تھے پھر استغفار کرتے تھے۔ اگر ممانعت کی روایات منسوخ ہوتیں تو اس تکلف کی کیا ضرورت تھی؟

۲- اور اگر ممانعت منسوخ ہوگئی تھی تو ضروری تھا کہ نبی ﷺ امت کو اس کی اطلاع دیتے، محض چھپ کر عمل نہ کرتے، جبکہ ایک بھی روایت ایسی اطلاع دہی کی نہیں ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ نے حضرت ابو ایوبؓ کی روایت پر حکم کا مدار رکھا ہے اس لئے کہ حنفیہ کے یہاں دو اصول ہیں:

۱- جب قولی اور فعلی روایات میں تعارض ہوتا ہے تو احناف قولی روایت کو لیتے ہیں اور فعلی روایت کی تاویل کرتے ہیں: لِأَنَّ أحادیثَ الأَفعال یَتطَرَّقُ إلیها الاحتمال: یعنی فعلی روایت میں احتمال نکل سکتے ہیں، مثلاً: یہ احتمال کہ اچانک دیکھنے کی صورت میں ابن عمرؓ سے چوک ہوگئی ہو، اور وہ بالکل صحیح سمت کا اندازہ نہ کرسکے ہوں۔ یا یہ احتمال کہ یہ نبی ﷺ کی خصوصیت ہو، اور ممانعت صرف امت کے لئے ہو، اس لئے کہ آپؐ کعبہ سے افضل ہیں۔ اور اعلی کے ذمہ ادنی کی تعظیم نہیں، یا یہ احتمال کہ آپؐ گھوم کر بیٹھے ہوں جیسے صحابہ ملک شام میں اسی طرح بیٹھتے تھے، اور اچانک دیکھنے والا اس کا اندازہ نہیں کرسکتا ـــــ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت اولاً تو اعلی درجہ کی نہیں، نیز وہ بھی فعلی روایت ہے، اس میں بھی احتمال نکل سکتے ہیں، مثلاً: یہ احتمال کہ بے پردگی سے بچنے کے لئے مجبوراً آپؐ نے ایسا کیا ہو، یا یہ احتمال کہ یہ آپؐ کی خصوصیت ہو۔

۲- احناف جب محرم اور مُبیح روایات میں تعارض ہوتا ہے تو محرم روایات کو ترجیح دیتے ہیں، کیونکہ اس میں احتیاط ہے، اور حضرت ابوایوبؓ کی روایت محرم یعنی ممانعت کرنے والی ہے، اور دوسری دو روایتیں مبیح یعنی جواز ثابت کرتی ہیں، پس احتیاط اولیٰ ہے اور وہ محرم روایات کو لینے میں ہے۔

اور ائمہ ثلاثہ کا اصول اس کے برعکس ہے، وہ بوقت تعارض فعلی روایت کو ترجیح دیتے ہیں، کیونکہ ان کے نزدیک فعلی روایت قولی روایت سے اقوی ہے، قولی روایت میں نسخ کا احتمال ہے اور فعلی روایت میں یہ احتمال نہیں ہوتا۔ چنانچہ وہ ابن عمرؓ کی روایت سے حضرت ابوایوبؓ کی روایت میں تخصیص کرتے ہیں، اور بنیان میں استقبال واستدبار کا یا مطلقاً استدبار کا جواز ثابت کرتے ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ ابن عمر کی روایت سے بنیان میں استدبار کا جواز ثابت ہوتا ہے، امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ استقبال کو اس پر قیاس کرتے ہیں، اور بنیان میں دونوں کا جواز ثابت کرتے ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ صحراء میں استدبار کو اس پر قیاس کرتے ہیں اور استدبار کا مطلقاً جواز اور استقبال کا مطلقاً عدم جواز ثابت کرتے ہیں، اور وجہ فرق یہ ہے کہ بڑے استنجے میں ناپاکی نیچے کی طرف جاتی ہے، اس لئے اس میں کعبہ شریف کی توہین نہیں، اور چھوٹے استنجے میں ناپاکی کعبہ کی طرف جاتی ہے اس لئے اس میں کعبہ کی اہانت ہے، چنانچہ وہ مطلقاً ممنوع ہے ـــــ حنفیہ کا بھی ایک قول یہی ہے۔

اور امام ابویوسف رحمہ اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث سے صرف بنیان میں استدبار کا جواز ثابت کرتے ہیں اس پر نہ استقبال کو قیاس کرتے ہیں اور نہ صحراء میں استدبار کو، چنانچہ ان کے نزدیک صرف بنیان میں استدبار جائز ہے۔ اور استقبال مطلقاً ناجائز ہے اور صحراء میں استدبار بھی ممنوع ہے[1]

(۱) نوٹ: تحفۃ الالمعی (۱: ۲۰۹ نمبر ۴) میں ہے کہ ابویوسفؒ فرماتے ہیں: ابن عمرؓ کی روایت سے صرف استدبار کا جواز ثابت ہوتا ہے، پس بنیان اور صحراء دونوں میں استدبار کی اجازت ہے، یہ غلط چھپا ہے، صحیح بات وہ ہے جو یہاں ہے۔

اورامام بخاریؒ کے نزدیک حضرت ابوایوبؓ کی حدیث صحراء کے ساتھ خاص ہے۔ بنیان سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ اور حضرت ابوایوبؓ نے جوحدیث کو بنیان پر محمول کیا ہے وہ ان کی رائے ہے مجتہد کے لئے اس کا لینا ضروری نہیں۔

اور حدیث صحراء کے ساتھ خاص ہے اس کے چار قرائن ہیں:

(۱) لفظ الغائط: اس کے اصل معنی ہیں: نشیبی جگہ، پرانے زمانہ میں استنجے کے لئے لوگ جنگل جاتے تھے اور نشیبی جگہ تلاش کرتے تھے، تاکہ پردہ ہوجائے، قرآن (المائدہ آیت ۶) میں بھی یہی لفظ آیا ہے۔

(۲) حدیث میں جہات اربعہ کا تذکرہ ہے۔ اور چاروں جہتوں کی آزادی جنگل میں ہوتی ہے، بنیان میں یہ آزادی نہیں ہوتی، بنیان میں جس طرح بیت الخلاء بنا ہوا ہے اسی طرح بیٹھنا ہے۔

(۳) عربوں کا طریقہ بڑے استنجے کے لئے جنگل جانے کا تھا، ظاہر ہے جس ماحول میں ارشاد فرمایا گیا ہے اسی ماحول میں حدیث سمجھی جائے گی۔

(۴) نبی ﷺ سے بنیان میں قضاء حاجت کے وقت کعبہ کی طرف پیٹھ کرنا ثابت ہے جیسا کہ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث میں ہے، اور حضرت ابوایوبؓ کی حدیث میں اس کی ممانعت ہے، پس تعارض ختم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ایک کو بنیان کے لئے اور دوسری کو صحراء کے لئے تجویز کیا جائے —— یہ چار قرائن ہیں جن سے پتا چلتا ہے کہ ابوایوبؓ کی حدیث صحراء کے ساتھ خاص ہے۔

غرض: امام بخاری رحمہ اللہ نے صحراء میں استدبار کو بنیان میں استدبار پر قیاس کیا اور اس کو علی الاطلاق جائز کہا، یعنی ابن عمرؓ کی حدیث سے حضرت ابوایوبؓ کی حدیث میں سے استدبار فی الصحراء کو خاص کیا، اور بنیان میں استقبال کو بھی جائز کہا، اس لئے کہ بنیان میں استقبال کی ممانعت کی کوئی دلیل نہیں۔ حضرت ابوایوبؓ کی روایت بنیان کے لئے نہیں ہے —— اور بنیان سے مراد یہ ہے کہ استنجا کرنے والے کے سامنے آڑ ہو، خواہ دیوار ہو پہاڑ ہو، درخت ہو یا کوئی اور چیز ہو تو قبلہ کی طرف منہ کرنا بھی جائز ہے۔

اور حضرت ابراہیم نخعی اور حسن بصری رحمہا اللہ نے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ والی حدیث کو نہ صرف عام رکھا بلکہ وہی حکم بیت المقدس کے لئے بھی ثابت کیا، اس لئے کہ وہ بھی ایک زمانہ میں مسلمانوں کا قبلہ رہ چکا ہے، اور اب بھی اس کی عظمت برقرار ہے۔ اور نبی ﷺ کو نماز میں کعبہ شریف کی طرف اس لئے پھیرا گیا کہ وہ ملت ابراہیمی اسماعیلی کا قبلہ ہے اور آپ ﷺ کی بعثت اسی ملت پر ہوئی ہے۔ پس یہ بہتر کی طرف تحویل ہے، اس لئے بیت المقدس کا احترام تحویل قبلہ کے بعد بھی باقی ہے، اس لئے استنجا کرتے وقت اس کی طرف بھی منہ یا پیٹھ کرنا ممنوع ہے۔

فائدہ (۱): شَرِّقوا أَوْ غَرِّبُوْا کا حکم مدینہ والوں کے لئے اور ان لوگوں کے لئے ہے جو کعبہ سے شمال یا جنوب میں رہتے ہیں اور جو لوگ کعبہ سے مشرق یا مغرب کی جانب رہتے ہیں جیسے ہم مشرق میں ہیں تو ان کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ

جنوب یا شمال کی طرف منہ یا پیٹھ کریں۔

فائدہ(۲): امام بخاری رحمہ اللہ باب میں لفظ استدبار نہیں لائے، کیونکہ ان کے نزدیک استدبار مطلقاً جائز ہے، اور استقبال کی دو قسمیں ہیں: (۱) استقبال فی البنیان (۲) اور استقبال فی الصحراء۔ پھر اول کا استثناء کیا یعنی جائز کہا تو ثانی کا عدم جواز ثابت ہوا۔

[۱۱-] بابٌ لاَ تُسْتَقْبَلُ الْقِبْلَةُ بِغَائِطٍ أَوْ بَوْلٍ، إِلَّا عِنْدَ الْبِنَاءِ: جِدَارٍ أَوْ نَحْوِهِ

[۱۴۴-] حدثنا آدمُ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ قَالَ: ثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا أَتَى أَحَدُكُمُ الْغَائِطَ فَلاَ يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ، وَلاَ يُوَلِّهَا ظَهْرَهُ، شَرِّقُوْا أَوْ غَرِّبُوْا ".[انظر: ۳۹٤]

وضاحت: يستقبل: میں ھو ضمیر أحدکم کی طرف راجع ہے .... ولا يُوَلِّها ظَهْرَه: اور نہ پھیرے کعبہ کی طرف اپنی پیٹھ، یعنی استدبار نہ کرے .... شَرِّقُوْا أو غَرِّبُوْا: مشرق کی طرف یا مغرب کی طرف منہ یا پیٹھ کرے۔

بابُ مَنْ تبرَّزَ عَلَى لَبِنَتَيْنِ

قدمچوں پر استنجا کرنا

لَبِنَةٌ کے معنی ہیں: کچی اینٹ، اینٹ کو پکا لیا جائے تو وہ آجُرَّة ہے، جس کی جمع آجُرّ ہے، اور دو کچی اینٹوں پر یعنی قدمچوں پر استنجا کرنا: یہ بہتر ہے، اس لئے کہ اس صورت میں ناپاکی میں تلویث کا اندیشہ نہیں رہتا۔ ابھی اوپر والے مسئلہ سے متعلق ہی ابواب چل رہے ہیں۔ پہلے بتایا ہے کہ حضرت رحمہ اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ اگر ایک ہی مسئلہ سے متعلق متعدد روایات لانی ہوں تو حضرت رحمہ اللہ ہر حدیث پر نیا باب قائم کرتے ہیں تاکہ افادۂ مزید ہو جائے، اس باب میں حضرت ابن عمرؓ کی حدیث ہے، اس میں ایک بات یہ ہے کہ نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ دو کچی اینٹوں پر یعنی قدمچوں پر استنجا فرما رہے تھے۔ اسی افادۂ مزید کے لئے نیا باب قائم کیا ہے۔

حدیث: مختصر ہے، پورا واقعہ یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما مسجدِ نبوی میں تشریف فرما تھے اور آپ کی پیٹھ کعبہ کی طرف تھی اور واسع بن حبان نماز پڑھ رہے تھے۔ نماز سے فارغ ہو کر وہ حضرت ابن عمرؓ کی طرف مڑے، مگر سامنے نہیں بیٹھے دائیں یا بائیں مڑ کر بیٹھے تاکہ بیت المقدس کی طرف پیٹھ نہ ہو۔ ابن عمرؓ سمجھ گئے کہ وہ سامنے کیوں نہیں بیٹھے۔ چنانچہ آپؓ نے مسئلہ چھیڑا اور فرمایا: کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ جب آپ چھوٹے بڑے استنجے کے لئے بیٹھیں تو نہ قبلہ کی طرف منہ کریں اور نہ بیت المقدس کی طرف (اور پیٹھ بھی نہ کریں، ابراہیم نخعی اور حسن بصری کی یہی رائے ہے۔ اور یہ رائے

پہلے سے چلی آرہی ہے، ابن عمرؓ نے اس خیال کی تردید کی) فرمایا: میں ایک دن اپنے گھر (حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر) کی چھت پر چڑھا، میں نے نبی ﷺ کو قدمچوں پر استنجا کرتے ہوئے دیکھا درانحالیکہ آپؐ کا رخ بیت المقدس کی طرف تھا (جب بوقت قضاء حاجت بیت المقدس کی طرف منہ کرسکتے ہیں تو عام حالات میں اس کی طرف پیٹھ کیوں نہیں کرسکتے؟ پھر دوسری عقلی دلیل دی) فرمایا: شاید تو ان لوگوں میں سے ہے جو اپنی سرینوں کو زمین سے لگا کر نماز پڑھتے ہیں، یعنی نماز میں بھی تو بیت المقدس کی طرف پیٹھ ہوتی ہے، یا تو عورتوں کی طرح سرین زمین پر بچھا کر سجدہ کرتا ہے، عورت سرین زمین سے لگا کر سجدہ کرتی ہے، اور مرد اٹھا کر، اس وقت بھی تو بیت المقدس کی طرف پیٹھ ہوتی ہے، پھر عام حالات میں بیت المقدس کی طرف پیٹھ کرنے میں کیا مضائقہ ہے؟ واسع نے کہا: بخدا! میں یہ مسئلہ نہیں جانتا تھا۔ حضرت ابن عمرؓ کے اس ارشاد کے بعد مسئلہ کی پوری حقیقت میری سمجھ میں آگئی —— امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت ابن عمرؓ کے ارشاد: لعلك من الذين إلخ سے مراد وہ لوگ ہیں جو نماز پڑھتے ہوئے سجدہ میں زمین سے سرین نہیں اٹھاتے بلکہ سرین زمین سے لگا کر سجدہ کرتے ہیں، یعنی عورتیں مراد ہیں (یہ تفصیلی روایت مسلم شریف میں ہے)

تشریح: استنجا کرتے وقت بیت اللہ کی طرف پیٹھ کرنا اور عام حالات میں پیٹھ کرنا: الگ الگ دو حالتیں ہیں، ان میں فرق کرنا ضروری ہے مگر بعض لوگوں نے فرق نہیں کیا۔ انھوں نے یہ خیال کیا کہ عام حالات میں بھی بیت اللہ کی طرف پیٹھ کرنا جائز نہیں۔ جب نبی ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو آپؐ نے اپنی نشست گاہ اس طرح کرادی کہ بیٹھتے وقت قبلہ کی طرف پیٹھ ہوتا کہ لوگ جان لیں کہ استقبال واستدبال کی ممانعت مخصوص حالت میں ہے ہر وقت نہیں (ابن ماجہ) اور بعض لوگوں نے اور غلو کیا، انھوں نے کہا کہ عام حالات میں بھی بیت المقدس کی طرف پیٹھ کرنا جائز نہیں۔ حضرت ابن عمرؓ نے اس خیال کی تردید کی کہ نبی ﷺ سے قضاء حاجت کے وقت بیت المقدس کی طرف منہ کرنا ثابت ہے۔ پس مخصوص حالت میں بھی اور عام حالت میں بھی پیٹھ کرنا بدرجۂ اولیٰ جائز ہے، کیونکہ آدمی جب نماز پڑھتا ہے تو سرین اٹھا کر سجدہ کرتا ہے۔ اس وقت بھی تو بیت المقدس کی طرف پیٹھ ہوتی ہے، پس نماز کے علاوہ حالتوں میں بیت المقدس کی طرف پیٹھ کرنے میں کیا مضائقہ ہے؟

فائدہ: کعبہ شریف کا ایک ادب لوگوں میں یہ مشہور ہے کہ بیت اللہ کی طرف پاؤں نہیں پھیلانے چاہئیں، یہ ادب کسی روایت میں نہیں آیا، شاید یہ ادب آیتِ پاک: ﴿وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰهِ فَإِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبُ﴾ سے ماخوذ ہو، بیت اللہ شعائر میں سے ہے۔ پس اس کی تعظیم ضروری ہے، مگر یہ تقوی کی بات ہے۔

[۱۲-] بابُ مَنْ تَبرَّزَ عَلَى لَبِنَتَيْنِ

[۱۴۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ

حَبَّانَ، عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: إِنَّ نَاسًا يَقُوْلُوْنَ: إِذَا قَعَدْتَ عَلٰى حَاجَتِكَ فَلَا تَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلَا بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: لَقَدِ ارْتَقَيْتُ يَوْمًا عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ لَنَا، فَرَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى لَبِنَتَيْنِ، مُسْتَقْبِلًا بَيْتَ الْمَقْدِسِ لِحَاجَتِهِ، وَقَالَ: لَعَلَّكَ مِنَ الَّذِيْنَ يُصَلُّوْنَ عَلٰى أَوْرَاكِهِمْ، فَقُلْتُ: لَا أَدْرِيْ وَاللّٰهِ! قَالَ مَالِكٌ: يَعْنِيْ الَّذِيْ يُصَلِّيْ وَلَا يَرْتَفِعُ عَنِ الْأَرْضِ، يَسْجُدُ وَهُوَ لَاصِقٌ بِالْأَرْضِ. [انظر: ۱۴۸، ۱۴۹، ۳۱۰۲]

وضاحت: حبَّان: ح کے زبر اور زیر کے ساتھ دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، اور اس میں الف نون زائدتان ہیں، حَبٌّ کے معنی ہیں: دانہ، اور حِبٌّ کے معنی ہیں: حبیب، جو محبوب کے معنی میں ہے۔

بابُ خُرُوْجِ النِّسَاءِ إِلَى الْبَرَازِ

عورتوں کا استنجے کے لئے جنگل جانا

اگر گھر میں بیت الخلاء نہ ہو تو استنجے کے لئے جنگل جا سکتے ہیں۔ مرد بھی اور عورتیں بھی، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ازواج مطہرات رات میں جب استنجے کی ضرورت محسوس کرتیں مناصع کی طرف نکلتیں، اور یہ (بقیع قبرستان کے قریب) ایک لمبا چوڑا میدان تھا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے کہا کرتے تھے کہ آپؐ ازواج مطہرات کو گھروں میں روک لیں (ضرورت کے وقت بھی گھر سے نہ نکلنے دیں) مگر نبی ﷺ ایسا نہیں کرتے تھے۔ ایک رات عشاء کے قریب حضرت سودہ رضی اللہ عنہا قضائے حاجت کے لئے نکلیں۔ اور وہ قدر آور تھیں، حضرت عمرؓ نے ان کو پہچان لیا اور پکار کر کہا: سودہ! ہم نے آپ کو پہچان لیا، اس حرص میں کہ پردہ کا حکم نازل ہو، پس اللہ نے حجاب کے احکام نازل فرمائے۔

تشریح: مذکورہ واقعہ نزول حجاب کے بعد کا ہے۔ آیت حجاب نازل ہونے کے بعد بھی ازواج مطہرات بڑے استنجے کے لئے گھر سے نکلتی تھیں اور رات میں جاتی تھیں، اس لئے کہ گھروں میں بیت الخلاء نہیں تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خواہش تھی کہ ازواج مطہرات کا پردہ دوسری عورتوں سے سخت ہو، وہ بول و براز کے لئے بھی گھر سے نہ نکلیں، تاکہ ہر کس و ناکس کی ان پر نظر نہ پڑے۔ مگر آنحضور ﷺ ایسا نہیں کرتے تھے، اس لئے کہ قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو ضرورت کے وقت گھر سے نکلنے کی اجازت دی ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ﴾ (الاحزاب آیت ۵۶) اے نبی!! آپ اپنی بیویوں سے، بیٹیوں سے اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دیں کہ وہ اپنی چادریں ذرا نیچے لٹکا لیا کریں۔ اس آیت کے اشارے سے معلوم ہوا کہ ضرورت کے وقت عورتیں باپردہ گھر سے نکل سکتی ہیں۔ اور یہ رخصت ازواج مطہرات کے لئے بھی تھی، چنانچہ ایک رات

عشاء کے قریب حضرت سودہ رضی اللہ عنہا باپردہ قضائے حاجت کے لئے جنگل جارہی تھیں، راستہ میں حضرت عمرؓ مل گئے۔ حضرت سودہؓ بھرے بدن کی اور لمبے قد کی تھیں، چال سے پہچانی جاسکتی تھیں۔ حضرت عمرؓ نے ان کو پہچان لیا، اور دور سے پکار کر کہا: اے سودہؓ! میں نے آپ کو پہچان لیا، آپؓ نے ایسا اس لئے کیا کہ ازواج مطہرات کے سلسلہ میں پردے کے خصوصی احکام نازل ہوں۔ حضرت سودہؓ فوراً واپس لوٹ گئیں اور حضور اقدس ﷺ کے پاس گئیں، اس وقت آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے، اور کھانا تناول فرمارہے تھے۔ آپؐ کے دست مبارک میں ہڈی تھی جسے آپؐ نوش فرمارہے تھے۔ حضرت سودہؓ نے آکر واقعہ بیان کیا تو اسی حال میں وحی کے آثار شروع ہوئے۔ جب وحی پوری ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: قد أُذِنَ أَنْ تَخْرُجْنَ فِيْ حَاجَتِكُنَّ: تمہیں ضرورت کے لئے گھر سے نکلنے کی اجازت دی گئی، پس تم ضرورت کے لئے جنگل جاسکتی ہو۔ یعنی حضرت عمرؓ کی خواہش کے مطابق وحی نازل نہیں ہوئی، بہت سے احکام میں حضرت عمرؓ کی رائے کے مطابق وحی نازل ہوئی ہے۔ مگر ازواج مطہرات کے سلسلہ میں جس خصوصی حکم کے وہ خواہش مند تھے اس کے مطابق وحی نازل نہیں ہوئی، کیونکہ اس میں مشقت تھی، گھروں میں بیت الخلاء بنے ہوئے نہیں تھے (واقعہ کی یہ تفصیل آئندہ (حدیث ۴۷۹۵) آرہی ہے)

فائدہ: بخاری شریف کی تمام سندیں صحیح ہیں، اگرچہ بعض سندوں پر دارقطنی نے اعتراض کئے ہیں مگر حافظ رحمہ اللہ نے ان کے جواب دیئے ہیں، البتہ سند کی صحت کے لئے متن کے ہر ہر جزء کی صحت لازم نہیں، راوی کا وہم ہوسکتا ہے، بڑوں سے بھی وہم ہوجاتا ہے۔ اسی طرح سند کے ضعف سے متن کے ہر ہر جزء کا خلافِ واقعہ ہونا ضروری نہیں، کبھی سند ضعیف ہوتی ہے مگر بات صحیح ہوتی ہے، اس کی مثال ابھی گذری ہے: حماد بن زید وغیرہ کے الفاظ تھے: إذا دخل الخلاء: اور سعید بن زید جو متکلم فیہ راوی ہیں ان کے الفاظ تھے: إذا أراد أن يدخل، اور یہی الفاظ صحیح ہیں، باقی روایتیں اسی پر محمول ہیں، باب کی روایت میں بھی وہم ہے، آگے حدیث (نمبر ۴۷۹۵) میں ہے: خرجت سودةُ بعد ما ضُربَ الحجابُ لحاجتها: یعنی یہ واقعہ نزول حجاب کے بعد کا ہے۔ پس اس روایت میں فأنزل الله الحجاب: راوی کا وہم ہے۔

[١٣-] بابُ خُرُوْجِ النِّسَاءِ إِلَى الْبَرَازِ

[١٤٦-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَزْوَاجَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم كُنَّ يَخْرُجْنَ بِاللَّيْلِ إِذَا تَبَرَّزْنَ إِلَى الْمَنَاصِعِ، وَهُوَ صَعِيْدٌ أَفْيَحُ، وَكَانَ عُمَرُ يَقُوْلُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: احْجُبْ نِسَاءَكَ، فَلَمْ يَكُنْ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُ، فَخَرَجَتْ سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ زَوْجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةً مِنَ اللَّيَالِيْ عِشَاءً، وَكَانَتِ امْرَأَةً طَوِيْلَةً، فَنَادَاهَا عُمَرُ: أَلَا قَدْ عَرَفْنَاكِ يَا سَوْدَةُ، حِرْصًا عَلَى أَنْ يُنْزَلَ الْحِجَابُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ الْحِجَابَ.

[انظر: ١٤٧، ٤٧٩٥، ٥٢٣٧، ٦٢٤٠]

[۱۴۷-] حدثنا زَکَرِیَّا، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "قَدْ أُذِنَ أَنْ تَخْرُجْنَ فِیْ حَاجَتِکُنَّ" قَالَ هِشَامٌ: یَعْنِیْ الْبَرَازَ. [راجع: ۱۴۶]

وضاحت: پہلی حدیث حضرت عروہؒ سے امام زہریؒ روایت کرتے ہیں اور دوسری ان کے صاحبزادے ہشامؒ...... جب حضرت سودہؓ واپس آئیں اور حضرت عمرؓ کی بات بتائی تو فوراً وحی کے آثار شروع ہوئے۔ جب وحی نازل ہوچکی تو آپؐ نے فرمایا: تمہیں ضرورت کے لئے گھر سے نکلنے کی شریعت نے اجازت دی ہے۔ لہٰذا حاجت کے لئے جنگل جاسکتی ہو.......... صَعیدٌ أفیَح: بڑا میدان، فَیْحٌ کے معنی ہیں: بڑا، پھیلا ہوا۔ حدیث میں ہے: إنَّ شدة الحر من فَیْحِ جهنم: گرمی کی زیادتی جہنم کے پھیلاؤ سے ہے۔ بڑے ہال کو قاعةٌ فَیْحَاءُ، بڑے کمرے کو غُرفة فَیْحاء کہتے ہیں، صعیدٌ مذکر ہے اس لئے أفیح مذکر آیا ہے.......... مناصِع: مَنْصَع (بروزن مَقْعَد) کی جمع ہے، بقیع قبرستان کے قریب یہ ایک میدان تھا.......... کانت امرأةٌ طویلةٌ بھی پڑھ سکتے ہیں، اس صورت میں کان تامہ ہوگا اور خبر کی ضرورت نہ ہوگی۔

باب التَّبَرُّزِ فِیْ الْبُیُوْتِ

گھروں میں استنجا کرنا

پہلے گھروں میں بیت الخلاء نہیں تھے، لوگ قضاء حاجت کے لئے جنگل جاتے تھے، مرد بھی اور عورتیں بھی۔ پھر گھروں میں بیت الخلاء بن گئے تو جنگل میں جانے کی ضرورت نہ رہی۔ آنحضور ﷺ بھی بیت الخلاء میں قضاء حاجت فرماتے تھے۔

حدیث (۱): ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں کسی ضرورت سے حضرت حفصہؓ کے گھر کی چھت پر چڑھا، میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپؐ قضائے حاجت فرمارہے ہیں، درانحالیکہ قبلہ کی طرف آپؐ کی پیٹھ اور شام (بیت المقدس) کی طرف آپ کا منہ ہے۔

حدیث (۲): ابن عمرؓ کہتے ہیں: ایک دن میں اپنے گھر (یہ مجاز ہے) کی چھت پر چڑھا، میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپؐ دو کچی اینٹوں (قدمچوں) پر بیٹھے ہوئے ہیں اور بیت المقدس کی طرف آپؐ کا رخ ہے۔

تشریح: ان حدیثوں کا یہاں مقصد یہ ہے کہ گھروں میں قضاء حاجت جائز ہے۔ نبی ﷺ سے یہ ثابت ہے۔

[۱۴-] باب التَّبَرُّزِ فِیْ الْبُیُوْتِ

[۱۴۸-] حَدَّثَنِیْ إِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِیَاضٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ حَبَّانَ، عَنْ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: ارْتَقَیْتُ عَلٰی ظَهْرِ بَیْتِ حَفْصَةَ لِبَعْضِ

حَاجَتِيْ، فَرَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْضِيْ حَاجَتَهُ مُسْتَدْبِرَ الْقِبْلَةِ مُسْتَقْبِلَ الشَّامِ.[راجع: ١٤٥]
[١٤٩-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: أَنَا يَحْيىَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيىَ بْنِ حَبَّانَ: أَنَّ عَمَّهُ وَاسِعَ بْنَ حَبَّانَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ، قَالَ: لَقَدْ ظَهَرْتُ ذَاتَ يَوْمٍ عَلىٰ ظَهْرِ بَيْتِنَا، فَرَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَاعِدًا عَلَى لَبِنَتَيْنِ، مُسْتَقْبَلَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ.[راجع: ١٤٥]

وضاحت: مستقبل: عربی میں ب کے زبر کے ساتھ اور اردو میں ب کے زیر کے ساتھ ہے۔

بابُ الِاسْتِنْجَاءِ بِالْمَاءِ

پانی سے استنجا کرنا

پانی سے استنجا کرنے کے سلسلہ میں پہلے اختلاف تھا۔ حضرت سعید بن المسیبؒ عدم جواز کے قائل تھے۔ اور ان کی دلیل یہ تھی کہ پانی محترم ہے، جیسے روٹی محترم ہے، وہ کھائی جاتی ہے اس لئے اس سے استنجا جائز نہیں، اسی طرح پانی بھی محترم ہے، وہ پیا جاتا ہے پس اس سے بھی استنجا کرنا جائز نہیں۔ مگر جب امت کے سامنے آنحضور ﷺ کا عمل آیا کہ آپؐ نے پانی سے استنجا فرمایا ہے تو اختلاف ختم ہوگیا۔ کیونکہ نص کے مقابلہ میں قیاس نہیں چلتا۔

جاننا چاہئے کہ دورِ اول میں عام طور پر لوگ چھوٹا بڑا استنجا ڈھیلوں سے کرتے تھے مگر آنحضور ﷺ ڈھیلوں کے ساتھ پانی استعمال فرماتے تھے یا صرف پانی استعمال فرماتے تھے؟ اس کی تفصیل روایات میں نہیں آئی مگر آپؐ سے استنجے میں پانی کا استعمال ثابت ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب قضاء حاجت کے لئے تشریف لے جاتے تو میں اور ایک دوسرا لڑکا اپنے ساتھ پانی لے کر جاتے (ابوالولید کہتے ہیں) اس پانی سے آپؐ استنجا فرماتے تھے۔

تشریح: حضرت انس رضی اللہ عنہ آپؐ کے خادم تھے، جب آپؐ ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لائے تو ان کی والدہ ان کو لے کر حاضر خدمت ہوئیں اور عرض کیا: یا رسول اللہ! اس لڑکے کو خدمت کے لئے قبول فرمالیں، اس وقت ان کی عمر دس سال تھی، پھر وہ وفات تک آپؐ کی خدمت میں رہے۔ ایک دوسرا انصاری لڑکا بھی آپؐ کا خادم تھا، ان دونوں کے ذمہ دو خدمتیں تھیں: ایک: استنجے کا پانی ساتھ لے جانا، دوسری: کھلی جگہ میں نماز پڑھنی ہو تو سترہ بنانے کے لئے نیزہ ساتھ لے جانا۔ یہاں حدیث سے بس یہ استدلال کرنا ہے کہ نبی ﷺ پانی سے استنجا کرتے تھے۔

[١٥-] بابُ الِاسْتِنْجَاءِ بِالْمَاءِ

[١٥٠-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ مُعَاذٍ – وَاسْمُهُ عَطَاءُ بْنُ أَبِيْ

مَيْمُوْنَةَ – قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا خَرَجَ لِحَاجَتِهِ أَجِيْءُ أَنَا وَغُلَامٌ، مَعَنَا إِدَاوَةٌ مِنْ مَاءٍ، يَعْنِي يَسْتَنْجِي بِهِ. [انظر: ١٥١]

لفظی ترجمہ: آتا تھا میں اور ایک لڑکا، ہمارے ساتھ پانی کا برتن ہوتا تھا، مراد لے رہے ہیں حضرت انسؓ: آپؐ اس سے استنجا کرتے تھے۔

بابُ مَنْ حُمِلَ مَعَهُ الْمَاءُ لِطُهُوْرِهِ

استنجے کے لئے خادم کا پانی لے جانا تا کہ مخدوم استنجا کرے

ایک شخص استنجے کے لئے گیا، اس کے ساتھ اس کا خادم پانی لے کر گیا تا کہ مخدوم اس پانی سے استنجا کرے: یہ جائز ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ اور ایک دوسرا لڑکا آنحضور ﷺ کے ساتھ پانی لے کر جاتے تھے۔ یہ حدیث اوپر آچکی ہے، مگر حضرت کو کوئی تقریب نکال کر حدیث کی سب سندیں بخاری میں لانی ہیں اس لئے الفاظ بدل کر نیا باب قائم کیا اور دوسری سند سے حدیث لے آئے۔

حدیث: حضرت علقمہ وغیرہ کچھ طلبہ دمشق آئے تا کہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے حدیثیں حاصل کریں۔ حضرت نے پوچھا: کہاں سے آئے ہو؟ انھوں نے بتایا: کوفہ سے آئے ہیں۔ حضرت نے فرمایا: کیا وہاں چپلوں والے، وضو کے پانی والے اور تکیہ والے صحابی نہیں ہیں؟ ان کی مراد حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ تھے۔ ان کے ذمہ تین خدمتیں تھیں: وہ بیٹھنے کا گدا ساتھ لئے رہتے تھے اور دونوں چپل رکھ لیتے تھے جب آپؐ اٹھتے تو چپل پہناتے، اسی طرح وضو کا پانی اور مسواک وغیرہ رکھنے کی خدمت بھی آپؐ کے سپرد تھی، اس وجہ سے آپؓ صاحب النعلین والطهور والوسادة کہلاتے تھے۔ ابوالدرداءؓ نے فرمایا: جب کوفہ میں ابن مسعودؓ موجود ہیں تو کسی اور کے پاس جانے کی ضرورت کیا ہے؟ جاؤ ان سے علم حاصل کرو۔

حضرت ابوالدرداءؓ کے اس قول سے معلوم ہوا کہ حضور اقدس ﷺ کے لئے وضو کا پانی رکھنے کی خدمت حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے سپرد تھی، لہٰذا کوئی خادم استنجے کے لئے پانی ساتھ لے کر جائے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں۔

فائدہ: عربوں کے یہاں دو طرح کے تکیے ہوتے تھے۔ ایک بچھا کر بیٹھنے کا جس کو اردو میں گدا کہتے ہیں، عربی میں اس کو وِسادۃ کہتے ہیں، اور دوسرا سر کے نیچے رکھنے کا، اس کو مِخَدَّۃ کہتے ہیں، اور وسادہ کبھی سر کے نیچے بھی رکھتے ہیں۔

[-١٦] بابُ مَنْ حُمِلَ مَعَهُ الْمَاءُ لِطُهُوْرِهِ

وَقَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ: أَلَيْسَ فِيْكُمْ صَاحِبُ النَّعْلَيْنِ وَالطُّهُوْرِ وَالْوِسَادِ؟

[۱۵۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُوْنَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا خَرَجَ لِحَاجَتِهِ تَبِعْتُهُ أَنَا وَغُلَامٌ مِنَّا، مَعَنَا إِدَاوَةٌ مِنْ مَاءٍ. [راجع: ۱۵۰]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب قضاء حاجت کے لئے تشریف لے جاتے تو میں اور ہم میں سے ایک لڑکا (انصار میں سے) اپنے ساتھ ایک برتن میں پانی لے کر جاتے تھے۔

بَابُ حَمْلِ الْعَنَزَةِ مَعَ الْمَاءِ فِي الِاسْتِنْجَاءِ

استنجا کے پانی کے ساتھ ڈنڈا لے جانا

عَنَزَة: اس ڈنڈے کو کہتے ہیں جس کے نیچے پھل لگا ہوا ہوتا ہے، جمع عَنَز وعَنَزات آتی ہے۔ ابھی او پر والے مسئلہ سے متعلق ہی ابواب چل رہے ہیں۔ نبی ﷺ جب قضاء حاجت کے لئے تشریف لے جاتے تو حضرت انس اور انصاری لڑکا پانی اور ڈنڈا ساتھ لے کر جاتے تھے، ڈنڈا کیوں لے جاتے تھے؟ علماء نے درجۂ احتمال میں چند باتیں لکھی ہیں، جو حاشیہ میں ہیں، میرے نزدیک اقرب یہ ہے کہ ان دونوں لڑکوں کے ذمہ دو خدمتیں تھیں، ایک: جب آپ استنجے کے لئے جائیں تو پانی ساتھ لے جانا۔ دوم: کھلی جگہ نماز پڑھنی ہو تو ڈنڈا ساتھ لے جانا تاکہ اس کا سترہ بنایا جائے، یہ دو الگ الگ خدمتیں تھیں جن کو راوی نے ایک ساتھ کر دیا ہے، اس لئے بات الجھ گئی ہے۔ مگر امام بخاری رحمہ اللہ کا رجحان اس طرف ہے کہ بوقت استنجا پانی اور ڈنڈا دونوں ساتھ لے جائے جاتے تھے، اسی بات کو پیش نظر رکھ کر باب قائم کیا ہے۔ اور حاشیہ میں دونوں کو ساتھ لے جانے کی متعدد وجہیں بیان کی ہیں۔

[۱۷-] بَابُ حَمْلِ الْعَنَزَةِ مَعَ الْمَاءِ فِي الِاسْتِنْجَاءِ

[۱۵۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُوْنَةَ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَدْخُلُ الْخَلَاءَ فَأَحْمِلُ أَنَا وَغُلَامٌ إِدَاوَةً مِنْ مَاءٍ وَعَنَزَةً يَسْتَنْجِي بِالْمَاءِ، تَابَعَهُ النَّضْرُ وَشَاذَانُ عَنْ شُعْبَةَ، الْعَنَزَةُ: عَصًا عَلَيْهِ زُجٌّ. [راجع: ۱۵۰]

ترجمہ: جب نبی ﷺ جنگل (الخلاء سے جنگل مراد ہے) تشریف لے جاتے تو میں اور ایک لڑکا پانی کا برتن اور ڈنڈا اٹھاتے، اس پانی سے آپ استنجا کرتے (اور ڈنڈا کیوں لے جاتے تھے؟ حضرت انسؓ نے اس کی وجہ بیان نہیں کی)......... نضر اور شاذان: محمد بن جعفر کے متابع ہیں یعنی یہ دونوں حضرات بھی شعبہ رحمہ اللہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں......... عَنَزَة: اس ڈنڈے کو کہتے ہیں جس کے نیچے لوہے کا پھل لگا ہوا ہوتا ہے۔

بابُ النَّهْيِ عَنْ الِاسْتِنْجَاءِ بِالْيَمِيْنِ

دائیں ہاتھ سے استنجا کرنے کی ممانعت

شریعت مطہرہ نے جن محاسن اخلاق کی تعلیم دی ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ تمام اچھے کام دائیں ہاتھ سے کئے جائیں اور برے کام بائیں ہاتھ سے، اچھے کام: جیسے کھانا، پینا، قرآن یا کتاب پکڑنا: سب کے لئے دایاں ہاتھ استعمال کیا جائے، اور برے کام: جیسے بغل میں یا زیر ناف کھجانا، ناک یا کان میں انگلی ڈالنا، ناک صاف کرنا اور چھوٹا یا بڑا استنجا کرنا: ایسے کاموں کے لئے بایاں ہاتھ استعمال کیا جائے۔

یہ شریعتِ مطہرہ کی ایک خوبی ہے کہ اس نے ایسی اچھی باتوں کی تعلیم دی جن تک عقل انسانی کی رسائی نہیں ہوتی۔ آپ ان لوگوں کو دیکھیں جو شریعت کی روشنی سے محروم ہیں، وہ سب کام دائیں ہاتھ سے کرتے ہیں، اسی سے استنجا کرتے ہیں اسی سے کھاتے ہیں۔ یورپ کے لوگ جو خود کو مہذب کہتے ہیں ان کی سمجھ میں یہ بات تو آ گئی کہ ہم جس ہاتھ سے استنجا کرتے ہیں اس سے کھانا نہیں چاہئے، چنانچہ وہ چھری کانٹوں سے کھاتے ہیں مگر آج تک ان کی سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ ہاتھوں کو اچھے برے کاموں کے لئے تقسیم کرنا چاہئے، یہ نبی ﷺ کا احسان ہے کہ آپؐ نے امت کو چھری کانٹوں سے نجات دی اور ہاتھوں کی تقسیم کر کے مسئلہ حل کر دیا۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی پیئے تو برتن میں سانس نہ لے۔ اور جب بیت الخلاء جائے تو اپنی شرم گاہ کو دائیں ہاتھ سے نہ چھوئے اور نہ دائیں ہاتھ سے استنجا کرے۔

تشریح: اس حدیث میں ایک ادب تو یہ سکھایا ہے کہ پانی وغیرہ پیتے وقت برتن میں سانس نہیں لینا چاہئے، اگر سانس لینا ہو تو برتن منہ سے ہٹا لے، برتن میں سانس لینا تہذیب کے خلاف ہے۔ اور کبھی ایک برتن سے لوگ یکے بعد دیگرے پیتے ہیں ایسی صورت میں جس کا نمبر بعد میں ہوگا اس کو کراہیت ہوگی، اور دوسرا ادب یہ سکھایا ہے کہ دائیں ہاتھ سے شرم گاہ کو چھونا نہیں چاہئے، نہ دائیں ہاتھ سے استنجا کرنا چاہئے، بلکہ تمام ناپسندیدہ کام بائیں ہاتھ سے کرنے چاہئیں۔

[۱۸-] بابُ النَّهْيِ عَنِ الِاسْتِنْجَاءِ بِالْيَمِيْنِ

[۱۵۳-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: ثَنَا هِشَامٌ - هُوَ الدَّسْتَوَائِيُّ - عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَفَّسْ فِيْ الإِنَاءِ، وَإِذَا أَتَى الْخَلَاءَ فَلَا يَمَسَّ ذَكَرَهُ بِيَمِيْنِهِ، وَلَا يَتَمَسَّحْ بِيَمِيْنِهِ" [انظر: ۱۵۴، ۵۶۳۰]

بابٌ: لَایُمْسِكُ ذَكَرَهُ بِيَمِيْنِهِ إِذَا بَالَ

پیشاب کرتے وقت شرم گاہ کو دائیں ہاتھ سے نہ پکڑے

یہ ذیلی باب ہے، اوپر پیشاب کرنے کا ذکر نہیں آیا تھا، اس لئے اس کی تخصیص کر رہے ہیں کہ پیشاب کرتے وقت بھی شرم گاہ دائیں ہاتھ سے نہیں پکڑنی چاہئے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی پیشاب کرے تو ہرگز اپنا عضو دائیں ہاتھ سے نہ پکڑے، اور نہ دائیں ہاتھ سے استنجا کرے، اور نہ برتن میں سانس لے۔

[۱۹-] بابٌ: لَایُمْسِكُ ذَكَرَهُ بِيَمِيْنِهِ إِذَا بَالَ

[۱۵۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا بَالَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَأْخُذَنَّ ذَكَرَهُ بِيَمِيْنِهِ، وَلَا يَسْتَنْجِ بِيَمِيْنِهِ، وَلَا يَتَنَفَّسْ فِيْ الْإِنَاءِ" [راجع: ۱۵۳]

بابُ الِاسْتِنْجَاءِ بِالْحِجَارَةِ

پتھر سے استنجا کرنے کا بیان

الاستنجا میں دونوں الف وصلی ہیں، پس جب اس کو ملائیں گے تو دونوں الف گر جائیں گے، اور ل پر کسرہ پڑھیں گے اس لئے کہ ساکن کو جب حرکت دیتے ہیں تو کسرہ کی حرکت دیتے ہیں، جیسے: ﴿بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ﴾ (الحجرات آیت ۱۱) یہاں بھی دونوں الف وصلی ہیں ان کو گرا کر ل پر کسرہ پڑھیں گے۔

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ چھوٹے بڑے استنجا میں پانی استعمال کرنا ضروری نہیں، ڈھیلے پتھر پر اکتفا کرنا بھی جائز ہے، بشرطیکہ انقاء (صفائی) ہو جائے۔ البتہ پانی استعمال کرنا بہتر ہے۔ اور ڈھیلے پتھر پر اکتفا کرنے کی اجازت اس صورت میں ہے جب نجاست مخرج سے متجاوز نہ ہوئی ہو۔ اگر نجاست مخرج سے متجاوز ہو گئی ہو تو پھر ڈھیلے پر اکتفا کرنا جائز نہیں، بلکہ پانی کا استعمال ضروری ہے۔

اور مخرج سے متجاوز ہونے والی ناپاکی کتنی معاف ہے؟ اس میں اختلاف ہے، امام شافعی رحمہ اللہ معمولی نجاست کو بھی معاف نہیں رکھتے، ناپاکی تھوڑی بھی متجاوز ہو جائے تو اس کا دھونا ضروری ہے، ڈھیلے پر اکتفا جائز نہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب ماجاء فی غسل دم الحیض من الثوب میں امام شافعیؒ کا یہ قول بیان کیا ہے کہ ان کے نزدیک اگر

مصلی کے کپڑوں پر یا بدن پر معمولی ناپاکی بھی ہوتو اس کی نماز نہیں ہوگی، پھر امام ترمذیؒ نے اس قول پر تبصرہ کیا ہے کہ **شَدَّد في ذلك**: امام شافعیؒ نے مسئلہ میں سختی کردی، قلیل ناپاکی سے بچنا ممکن نہیں۔

اور امام احمد رحمہ اللہ نے رائے مبتلی بہ پر یہ بات چھوڑ دی ہے۔ اگر ناظر کثیر سمجھے تو دھونا ضروری ہے ورنہ ڈھیلے پر اکتفا کرنا جائز ہے، یعنی نماز ہوجائے گی۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک درہم سے کم ناپاکی معاف ہے، ڈھیلے پر اکتفا کرنا جائز ہے اس کی نماز بلا کراہیت درست ہوگی اور اگر نجاست بقدر درہم ہوتو اس کو دھونا ضروری ہے، ورنہ نماز مکروہ تحریمی ہوگی، اور درہم سے زائد ہوتو دھونا فرض ہے، بغیر دھوئے نماز نہیں ہوگی۔

فائدہ (۱): حجارة (پتھر) سے مراد ہے: **كُلُّ طاهرٍ غيرِ محترمٍ قالعٍ للنجاسة**: یعنی ہر وہ پاک چیز جو قابل احترام نہ ہو اور نجاست کو صاف کرنے والی ہو جیسے: مٹی کا ڈھیلا، پرانا کپڑا اور استنجے کا کاغذ وغیرہ، نئے اور کارآمد کپڑے سے استنجا کرنا مکروہ ہے، اسی طرح لکھنے کے کاغذ سے بھی استنجا مکروہ ہے کیونکہ یہ قابل احترام چیزیں ہیں۔

فائدہ (۲): بعض مسجدوں میں اینٹ یا مٹی کے ڈھیلے رکھے رہتے ہیں جن کو لوگ بار بار استعمال کرتے ہیں، اگر ان کے بعد پانی استعمال کیا جائے تو کوئی حرج نہیں، ناپاک ڈھیلے سے پیشاب خشک کرسکتے ہیں، اور اگر صرف ان ناپاک ڈھیلوں سے استنجا کیا جائے تو درست نہیں، نماز کی صحت کے لئے پاک ڈھیلوں سے استنجا کرنا ضروری ہے۔

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پیچھے چلا درانحالیکہ آپؐ قضائے حاجت کے لئے تشریف لے جارہے تھے۔ آپؐ چلتے وقت دائیں بائیں نہیں دیکھتے تھے اس لئے میں آپؐ سے قریب ہوا (تاکہ آپؐ کو میرے ساتھ ہونے کا احساس ہو) آپؐ نے فرمایا: میرے لئے پتھر تلاش کرکے لاؤ تاکہ میں ان کے ذریعہ جھاڑوں (یہ لفظی ترجمہ ہے اور مراد ہے: استنجا کروں) ابوہریرہؓ کہتے ہیں: یا اس کے مانند کوئی جملہ فرمایا۔ اور یہ ہدایت فرمائی کہ ہڈی اور لید نہ لانا، پس میں اپنی چادر کے پلے میں باندھ کر چند پتھر لایا، اور ان کو آپؐ کے پاس رکھ دیا، اور آپؐ کے پاس سے ہٹ گیا، جب آپ قضائے حاجت سے فارغ ہوئے تو آپؐ نے ان پتھروں کے ذریعہ ناپاکی کا پیچھا کیا یعنی استنجا کیا۔

تشریح:

عرب میں اگرچہ ہر جگہ پتھر ہی پتھر ہوتے ہیں مگر استنجے کے لئے موزون پتھر ہر جگہ دستیاب نہیں ہوتے، اس لئے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ دور سے موزون پتھر تلاش کرکے لائے۔ اور ہڈی چکنی ہوتی ہے اس سے مخرج صاف نہیں ہوتا، اور لید ناپاک ہے، پس ایک ناپاکی دوسری ناپاکی کو کس طرح پاک کرے گی؟ اس لئے آپؐ نے ہڈی اور لید سے منع کیا۔ علاوہ ازیں ہڈی جنات کی خوراک ہے۔ ترمذی میں حدیث (نمبر ۲۱) ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: لید اور ہڈی سے استنجا مت کرو اس لئے کہ یہ چیزیں تمہارے بھائی جنات کی خوراک ہیں۔ غرض لید اور ہڈی سے استنجا کرنے کی ممانعت

لغیرہ ہے، اور 'غیر' ہڈی کا چکنا ہونا اور لید کا ناپاک ہونا ہے یا یہ دونوں چیزیں جنات کی خوراک ہیں۔ اور جہاں نہی لغیرہ ہوتی ہے وہاں فی نفسہ جواز ہوتا ہے اس لئے اگر کوئی شخص ہڈی یا لید سے استنجا کرے اور صفائی ہو جائے تو استنجا درست ہوگا اور نماز صحیح ہوگی۔

[۲۰-] بابُ الِاسْتِنْجَاءِ بِالْحِجَارَةِ

[۱۵۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرٍو الْمَكِّيُّ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: اتَّبَعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَخَرَجَ لِحَاجَتِهِ، فَكَانَ لَا يَلْتَفِتُ، فَدَنَوْتُ مِنْهُ، فَقَالَ: " ابْغِنِيْ أَحْجَارًا أَسْتَنْفِضْ بِهَا - أَوْ: نَحْوَهُ - وَلَا تَأْتِنِيْ بِعَظْمٍ وَلَا رَوْثٍ " فَأَتَيْتُهُ بِأَحْجَارٍ بِطَرَفِ ثِيَابِيْ، فَوَضَعْتُهَا إِلَى جَنْبِهِ، وَأَعْرَضْتُ عَنْهُ، فَلَمَّا قَضَى أَتْبَعَهُ بِهِنَّ. [انظر: ۳۸۶۰]

بابٌ لَا يُسْتَنْجَى بِرَوْثٍ

لید سے استنجا جائز نہیں

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ استنجے کے لئے تشریف لے گئے۔ آپؐ نے مجھے تین پتھر لانے کا حکم دیا، مجھے دو پتھر ملے، میں نے تیسرا تلاش کیا مگر نہیں ملا، میں نے ایک لید لی، دو پتھر اور ایک لید لے کر آپؐ کے پاس آیا۔ آپؐ نے پتھر لے لئے اور لید پھینک دی، اور فرمایا: یہ ناپاک ہے!

تشریح: اس باب کا مقصد بس اتنا ہے کہ لید سے استنجا نہیں کرنا چاہئے، نبی ﷺ نے لید سے استنجا نہیں کیا، اور اس حدیث کے تحت یہ مسئلہ چھیڑا جاتا ہے —— اگرچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے نہیں چھیڑا —— کہ جو شخص صرف ڈھیلوں سے استنجا کرے تو کتنے ڈھیلوں سے استنجا کرنا ضروری ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ اور دو باتیں اجماعی ہیں:

ایک: استنجے میں انقاء (صفائی) ضروری ہے، چاہے تین ڈھیلوں سے ہو یا زیادہ سے، اگر انقاء کے بغیر استنجا کرنے والا نماز پڑھے گا تو نماز نہیں ہوگی۔

دوم: اگر تین ڈھیلوں سے انقاء نہ ہو اور چوتھا ڈھیلا استعمال کرنا پڑے تو پھر طاق ڈھیلے استعمال کرنا مستحب ہے۔

لیکن اگر ایک یا دو ڈھیلوں سے صفائی ہو جائے تو پھر تین ڈھیلے استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟ یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے اور اختلاف نص فہمی کا ہے، دلائل کا اختلاف نہیں۔

مذاہبِ فقہاء: امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک اگر ایک یا دو ڈھیلوں سے انقاء ہو جائے تو تین کا عدد سنت ہے۔ پس اگر استنجاء کرنے والا ایک یا دو پتھروں پر اکتفا کرے تو اس کا استنجا درست ہوگا اور نماز درست ہوگی۔

اورامام شافعی اورامام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک تثلیث اور انقاء دونوں ضروری ہیں، پس ایک یا دو ڈھیلوں سے انقاء ہوجائے تب بھی تیسرا ڈھیلا استعمال کرنا ضروری ہے، ورنہ نماز نہیں ہوگی۔

دلائل: احادیث دو طرح کی ہیں، بعض وہ ہیں جن میں تین پتھروں سے استنجا کرنے کا حکم ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: أَمَرَ بِثلاَثَةِ أَحْجَارٍ (ابن ماجہ، دارمی) اور بعض وہ ہیں جن میں تین سے کم پر اکتفا کرنے سے منع کیا ہے۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: نهانا أن نَسْتَنْجِىَ بِأَقَلَّ من ثلاثةِ أَحْجَارٍ. (مسلم)

ان روایات کا ملحظ (پیش نظر) کیا ہے؟ تثلیث (تین کا عدد) یا انقاء؟ امام اعظمؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک ان روایات کا ملحظ انقاء (صفائی) ہے، عدد نہیں، نبی ﷺ نے ایک ایسا عدد اختیار کیا ہے جس سے عام طور پر صفائی ہوجاتی ہے۔ جیسے فقہ میں ناپاک کپڑے کو پاک کرنے کا طریقہ یہ بتایا ہے کہ تین مرتبہ دھوؤ اور ہر مرتبہ نچوڑو، لیکن اگر کوئی شخص ناپاک کپڑے کو دو مرتبہ دھوئے اور ظن غالب ہوجائے کہ ناپاکی نکل گئی تو کپڑا پاک ہوجائے گا، اور اگر تین مرتبہ دھونے کے باوجود ناپاکی کپڑے میں نظر آئے تو چوتھی اور پانچویں مرتبہ دھونا ضروری ہے، اسی طرح یہاں بھی فرض صرف انقاء ہے۔ اور احادیث میں تین پتھروں کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ اس سے عام طور پر انقاء ہوجاتا ہے۔ پس جس شخص نے ایک یا دو ڈھیلوں سے انقاء کرلیا تو اس کا استنجا ہوگیا، اور اگر نہیں ہوا تو تیسرا بلکہ چوتھا اور پانچواں ڈھیلا بھی استعمال کرنا ضروری ہے، اور دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: إذا ذَهَبَ أَحَدُكم إلى الغائِطِ فَلْيَذْهَبْ مَعَهُ بثلاثَةِ أَحْجَارٍ، فَلْيَسْتَطِبْ بِهَا، فَإِنَّهَا تُجْزِئُ عَنْهُ: جب تم میں سے کوئی شخص استنجے کے لئے جائے تو اس کو چاہئے کہ اپنے ساتھ تین پتھر لے جائے، پس ان کے ذریعہ صفائی حاصل کرے، اس لئے کہ تین ڈھیلے اس کے لئے کافی ہوجائیں گے (نسائی شریف ۱:۸)

یہ حدیث صریح ہے کہ جن روایات میں تثلیث کا حکم ہے یا تین سے کم کی ممانعت ہے ان کا ملحظ انقاء ہے، عدد نہیں۔ اور چونکہ نبی ﷺ کی عادت تین ڈھیلوں سے استنجا کرنے کی تھی اور صحابہ وتابعین کا بھی یہی معمول تھا اس لئے تثلیث سنت ہے۔ اور حضرت امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک احادیث تثلیث کا ملحظ تثلیث وانقاء دونوں ہیں، پس ان کے نزدیک دونوں چیزیں ضروری ہیں، دو سے انقاء ہوجائے تب بھی تیسرا ڈھیلا استعمال کرنا ضروری ہے۔

احناف کے نزدیک یہ حقیقت ومجاز کو جمع کرنا ہے اس لئے کہ تثلیث کے حقیقی معنی ہیں: تین ڈھیلے استعمال کرنا، اور مجازی معنی ہیں: انقاء۔ اور انقاء کی فرضیت تمام علماء نے انہی احادیث سے ثابت کی ہے، انقاء کی فرضیت کے لئے اور کوئی دلیل نہیں۔ پس جب مجازی معنی لے لئے تو اب حقیقی معنی مراد لینا درست نہیں۔

فائدہ (۱): امام طحاویؒ اور علامہ کاسانی وغیرہ نے اس حدیث سے تثلیث کی عدم فرضیت پر استدلال کیا ہے اس طرح کہ نبی ﷺ نے جہاں استنجاء کرنے کا ارادہ فرمایا تھا وہاں موزون پتھر نہیں تھے، ورنہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو تلاش

کرنے کے لئے بھیجنے کی کیا ضرورت تھی؟ پھر ابن مسعود کو بھی صرف دو ہی پتھر ملے، معلوم ہوا کہ آس پاس بھی پتھر نہیں تھے، اور آپؐ نے صرف دو پتھر قبول کئے اور لید پھینک دی، معلوم ہوا کہ اس دن آپؐ نے صرف دو پتھروں سے استنجا کیا۔ اور جب زندگی میں ایک مرتبہ دو ڈھیلوں سے استنجا کرنا ثابت ہوا تو تثلیث کا وجوب ختم ہوگیا۔ مگر اس حدیث سے یہ استدلال کمزور ہے کیونکہ یہ روایت مسند احمد میں بھی ہے، اس میں ہے: ائتنی بحجرٍ: کوئی پتھر لاؤ (مسند احمد ۱: ۴۵۰) حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اس حدیث کے تمام روات ثقہ ہیں (فتح ۱: ۲۷۵) پس مذکورہ استدلال کمزور ہے۔ صحیح بات وہ ہے جو میں نے بتائی کہ اس باب میں اختلاف دلائل کا نہیں، نص فہمی کا ہے۔

فائدہ (۲): مَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوْتِرْ، مَنْ فَعَلَ فَقَدْ أَحْسَنَ وَمَنْ لاَ فَلاَ حَرَجَ: جو استنجے کے لئے پتھر تلاش کرے وہ تین پتھر تلاش کرے، جس نے ایسا کیا اس نے اچھا کیا اور جس نے ایسا نہیں کیا تو کوئی حرج نہیں (مشکوۃ حدیث ۳۵۲) اس جیسی حدیثوں میں جو ایتار کا حکم ہے اس سے تثلیث کے وجوب کے قائل تین کے بعد کا ایتار مراد لیتے ہیں اور تین کے بعد کی وتریت کے استحباب پر اجماع ہے، اور جو دو امام تثلیث کو واجب نہیں کہتے ان کے نزدیک تین کا عدد بھی مراد ہے، جبکہ دو سے انقاء ہوجائے، اور تیسرا پتھر لینا مستحب نہیں بلکہ سنت ہے، کیونکہ عمل نبوی سے اس کا ثبوت ہے اور بعد کا وتر عدد مستحب ہے۔

[۲۱-] بابٌ لاَ يُسْتَنْجَى بِرَوْثٍ

[۱۵٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: لَيْسَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ ذَكَرَهُ، وَلٰكِنْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: أَتَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْغَائِطَ فَأَمَرَنِيْ أَنْ آتِيَهُ بِثَلاَثَةِ أَحْجَارٍ، فَوَجَدْتُ حَجَرَيْنِ، وَالْتَمَسْتُ الثَّالِثَ، فَلَمْ أَجِدْ، فَأَخَذْتُ رَوْثَةً فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَأَخَذَ الْحَجَرَيْنِ وَأَلْقَى الرَّوْثَةَ، وَقَالَ: هٰذَا رِكْسٌ. وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ.

قال: ليس أبو عبيدة ذكره: اس حدیث کو حضرت ابن مسعودؓ سے ان کے صاحبزادے ابوعبیدۃ بھی روایت کرتے ہیں، جو اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں۔ کتبِ ستہ میں ان کی روایتیں ہیں، مگر ابھی سات سال کے تھے کہ ابن مسعودؓ کی وفات ہوگئی، اس لئے انھوں نے اپنے والد سے نہیں پڑھا بلکہ ان کے شاگردوں سے پڑھا ہے۔ اور اس زمانہ میں چونکہ اسناد کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا اس لئے انھوں نے یاد نہیں رکھا کہ کونسی حدیث کس سے لی ہے۔ چنانچہ جب اسناد کا سلسلہ شروع ہوا تو وہ عن ابن مسعود کہہ کر حدیثیں بیان کرتے تھے، اس لئے ان کی روایتیں مرسل ہیں۔ مگر ان کے مراسیل (منقطع روایتیں) بالاجماع حجت ہیں، بہر حال ابوعبیدۃ والی سند میں انقطاع ہے اس لئے ابواسحاق نے صراحت کی کہ میں

یہ روایت ابوعبیدۃ سے نقل نہیں کرتا بلکہ عبدالرحمٰن بن الاسود سے بیان کرتا ہوں، اس سند میں کوئی انقطاع نہیں۔

قولہ: وقال إبراهيم بن يوسف إلخ: اوپر والی سند زہیر کی ہے مگر زہیر نے ابواسحاق سے ان کی آخری عمر میں پڑھا ہے جبکہ ان کا حافظہ بگڑ گیا تھا اس لئے ان کا متابع لائے کہ یہ حدیث اس سند سے ابواسحاق سے ان کے صاحبزادے یوسف بھی روایت کرتے ہیں پھر ان سے ان کے صاحبزادے ابراہیم روایت کرتے ہیں اور اس سند میں تحدیث کی صراحت بھی ہے۔

بابُ الوُضُوْءِ مَرَّةً مَرَّةً

ایک ایک مرتبہ دو دو مرتبہ اور تین تین مرتبہ اعضائے وضو دھونا

یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے کہ وضو میں اعضاء مغسولہ کو ایک ایک مرتبہ دھونا فرض ہے، اور دو دو مرتبہ دھونا پہلا تکمیلی درجہ ہے، اور تین تین مرتبہ دھونا آخری تکمیلی درجہ ہے۔ اور تین سے زیادہ دھونا مالیخولیائی آدمی کا کام ہے۔ جاننا چاہئے کہ بعض روایات میں یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اعضاء وضو کو ایک ایک مرتبہ دھویا اور بعض میں ہے کہ دو دو مرتبہ دھویا اور بعض میں ہے کہ تین تین مرتبہ دھویا، ان میں تعارض نہیں، کیونکہ یہ الگ الگ واقعات ہیں۔

[۲۲-] بابُ الوُضُوْءِ مَرَّةً مَرَّةً

[۱۵۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: تَوَضَّأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَرَّةً مَرَّةً.

[۲۳-] بابُ الوُضُوْءِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ

[۱۵۸-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيْسَى، قَالَ: ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ.

[۲٤-] بابُ الوُضُوْءِ ثَلاَثًا ثَلاَثًا

[۱۵۹-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأُوَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَزِيْدَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ حُمْرَانَ مَوْلَى عُثْمَانَ، أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ رَأَى عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ دَعَا بِإِنَاءٍ، فَأَفْرَغَ عَلَى كَفَّيْهِ ثَلاَثَ مِرَارٍ فَغَسَلَهُمَا، ثُمَّ أَدْخَلَ يَمِيْنَهُ فِي الإِنَاءِ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاَثًا وَيَدَيْهِ إِلَى

الْمِرْفَقَيْنِ ثَلَاثَ مِرَارٍ، ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ إِلَى الْكَعْبَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، لَا يُحَدِّثُ فِيْهِمَا نَفْسَهُ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ". [انظر: ١٦٠، ١٦٤، ١٩٣٤، ٦٤٣٣]

[١٦٠-] وَعَنْ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَلٰكِنْ عُرْوَةُ يُحَدِّثُ عَنْ حُمْرَانَ: فَلَمَّا تَوَضَّأَ عُثْمَانُ قَالَ: لَأُحَدِّثَنَّكُمْ حَدِيْثًا لَوْلَا آيَةٌ مَا حَدَّثْتُكُمُوْهُ، سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لَا يَتَوَضَّأُ رَجُلٌ يُحْسِنُ وُضُوْءَهُ، وَيُصَلِّيْ الصَّلَاةَ إِلَّا غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الصَّلَاةِ حَتّٰى يُصَلِّيَهَا" قَالَ عُرْوَةُ: الآيَةُ ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَا أَنْزَلْنَا﴾ [البقرة: ١٥٩] [راجع: ١٥٩]

ترجمہ: حُمران جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں کہتے ہیں: انھوں نے حضرت عثمانؓ کو دیکھا کہ ایک برتن میں پانی منگوایا، پھر برتن کو جھکا کر اپنی ہتھیلی میں پانی لیا اور دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھویا۔ پھر دایاں ہاتھ برتن میں ڈال کر پانی لیا اور کلی کی اور ناک جھاڑی، پھر چہرہ تین مرتبہ دھویا، پھر دونوں ہاتھ کہنیوں تک تین مرتبہ دھوئے، پھر سر کا مسح کیا، پھر دونوں پاؤں ٹخنوں تک تین مرتبہ دھوئے، پھر فرمایا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "جس نے میرے وضو کی طرح وضو کیا پھر دو رکعتیں (تحیۃ الوضو) پڑھیں۔ ان دونوں رکعتوں میں دل میں کوئی خیال نہیں لایا یعنی اللہ کی طرف متوجہ رہا تو اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جائیں گے"

تشریح:

۱- رسول اللہ ﷺ کی عادت مستمرہ اعضاء مغسولہ کو تین تین مرتبہ دھونے کی تھی، مگر آپؐ نے بیان جواز کے لئے گاہ بہ گاہ اعضاء مغسولہ کو ایک ایک مرتبہ یا دو دو مرتبہ بھی دھویا ہے۔ نیز ایک ہی وضو میں بعض اعضاء کو ایک مرتبہ، بعض کو دو مرتبہ اور بعض کو تین مرتبہ بھی دھویا ہے۔ اس لئے یہ سب صورتیں جائز ہیں، اور مسئلہ یہ ہے کہ اعضاء مغسولہ کو ایک ایک مرتبہ دھونا فرض ہے اور دو دو مرتبہ دھونا افضل ہے اور یہ افضلیت کا ادنی درجہ ہے۔ اور تین تین مرتبہ دھونا فضیلت کا اعلی درجہ ہے۔ اس سے اوپر کوئی درجہ نہیں، البتہ اگر تین مرتبہ دھونے کے بعد بھی عضو کے خشک رہ جانے کا یقین یا ظن غالب ہو تو پھر چوتھی اور پانچویں مرتبہ دھونا ضروری ہے۔

۲- مَضْمَضَ الماء في فيه: کے معنی ہیں: پانی کو منہ میں پھرایا، یعنی کلی کی اور الاستنشاق کے معنی ہیں: پانی سونگھنا، ناک میں پانی چڑھانا، پھر سانس کی قوت سے پانی باہر جھاڑنا الاستنثار ہے۔

۳- سر کا مسح ایک مرتبہ سنت ہے یا تین مرتبہ؟ یہ مسئلہ امام بخاری رحمہ اللہ نے بیان نہیں کیا، امام ترمذی رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سر کا مسح تین مرتبہ نئے پانیوں سے سنت ہے۔ باقی تمام فقہاء ایک مرتبہ مسح کو سنت کہتے ہیں۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے مسح کو غسل پر قیاس کیا ہے جبکہ صحیح حدیثوں سے نبی ﷺ کا ایک مرتبہ مسح کرنا

ثابت ہے۔ امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے (ابوداؤد ا:۱۵) فرمایا ہے: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ساری صحیح حدیثیں اس پر دلالت کرتی ہیں کہ سر کا مسح ایک مرتبہ ہے، کیونکہ راویوں نے اعضاء مغسولہ کو تین تین بار دھونے کا ذکر کیا ہے اور انھوں نے ان سب روایات میں مَسَحَ رَأْسَه کہا ہے۔ اور کوئی عدد ذکر نہیں کیا۔ جس طرح سر کے علاوہ میں انھوں نے عدد ذکر کیا ہے، اور قرینِ قیاس بھی یہی بات ہے کیونکہ سر پر مسح کا حکم تخفیف کے لئے ہے، اگر تین نئے پانیوں سے تین بار مسح کریں گے تو غسل ہوجائے گا۔

۴- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو وضو کر کے دکھایا جیسا کہ حضور ﷺ نے وضو کر کے دکھایا تھا، پھر آپؐ نے فرمایا: جس نے میری طرح وضو کیا پھر دو نفلیں پڑھیں، ان میں اپنے دل میں کوئی خیال نہیں لایا تو اس کے گذشتہ گناہ معاف کردیئے جائیں گے (یہ بڑی سخت شرط ہے، دورانِ نماز دل میں کوئی خیال نہ آئے بہت مشکل ہے، اگر کوشش کرے گا تو یہی خیال مسلط ہوجائے گا کہ دل میں خیال نہیں لانا چاہئے)

۵- اس حدیث کو حمران سے حضرت عروہؒ بھی روایت کرتے ہیں، ان کی روایت کا متن عطاء بن یزید کی روایت سے مختلف ہے۔ حمران کہتے ہیں: حضرت عثمانؓ نے وضو کیا اور فرمایا: میں تم سے ایک حدیث بیان کرتا ہوں، اگر قرآنِ کریم میں ایک آیت نہ ہوتی تو میں کبھی تم سے یہ حدیث بیان نہ کرتا۔ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جب بھی کوئی شخص اچھی طرح وضو کرتا ہے اور نماز (تحیۃ الوضوء) پڑھتا ہے تو اس کے وہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں جو اس وضو اور اگلی نماز (فرض نماز) کے درمیان ہونگے یہاں تک کہ وہ اگلی نماز پڑھ لے —— یہ مضمون کہ وضو اور اگلی نماز کے درمیان جو گناہ ہونگے وہ معاف ہوجائیں گے عروہ کی روایت میں زیادہ ہے، اور ظاہر ہے حضرت عثمانؓ نے بار بار لوگوں کو وضو کر کے دکھایا ہے اور یہ حدیث بار بار بیان کی ہے، پس عطاء بن یزید اور عروہ کی حدیثوں میں کوئی تعارض نہیں۔ اور وہ آیت جس کی وجہ سے حضرت عثمانؓ نے یہ حدیث بیان کی ہے وہ سورۂ بقرہ کی آیت ۱۵۹ ہے، اس میں اللہ تعالیٰ نے علم چھپانے پر وعید بیان کی ہے، اس وعید سے بچنے کے لئے حضرت عثمانؓ نے یہ حدیث بیان کی۔

ملحوظہ: فضائل کی روایتوں سے لوگ کبھی غلط فائدہ اٹھاتے ہیں، وہ گناہوں پر بے باک ہوجاتے ہیں، اس لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ یہ حدیث بیان نہیں کرتے تھے، مگر علم چھپانا جائز بھی نہیں، اس لئے بیان کردی۔

بَابُ الِاسْتِنْثَارِ فِی الْوُضُوْءِ

وضو میں ناک جھاڑنے کا بیان

ناک میں پانی چڑھانے کو استنشاق کہتے ہیں پھر سانس کی قوت سے جھاڑنے کو استنثار کہتے ہیں۔ استنثار کے لئے استنشاق لازم ہے، پانی چڑھائے گا تبھی جھاڑے گا۔ حضرت عثمان، عبداللہ بن زید اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کی حدیثوں

میں استنثار کا ذکر ہے۔ یہ روایتیں بخاری میں مختلف جگہ آئی ہیں۔

وضو میں متعدد افعال ہیں ان میں سے خاص استنثار کو اس کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے ذکر کیا ہے، عام طور پر لوگ وضو کرتے وقت ناک میں پانی چڑھاتے ہیں مگر جھاڑتے نہیں، ناک میں پہلے سے آلائش ہوتی ہے جب وہ بھیگتی ہے تو ناک میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے، اس لئے خاص طور پر اس جزء کو بیان کیا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب کوئی وضو کرے تو چاہئے کہ ناک جھاڑے اور جب استنجے کے لئے پتھر تلاش کرے تو چاہئے کہ طاق عدد اختیار کرے'' —— **استجمر** میں س ت طلب کے لئے ہیں، مادہ جَمْرٌ ہے جس کے معنی ہیں: پتھر، اور یہاں طاق سے مراد بالا جماع ایک کے بعد کا طاق ہے، پھر امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک تین کے بعد کا ایتار مراد ہے اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک تین کا عدد بھی مراد ہے جبکہ دو سے انقاء ہو جائے۔

تشریح: امام احمد رحمہ اللہ نے دونوں امروں کو وجوب پر محمول کیا ہے اس لئے ان کے نزدیک **مضمضہ** اور **استنشاق** وضو اور غسل دونوں میں واجب ہیں اور استنجے میں تثلیث بھی واجب ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ نے پہلے امر کو استحباب پر اور دوسرے کو وجوب پر محمول کیا ہے اس لئے ان کے نزدیک **مضمضہ** اور **استنشاق** دونوں میں سنت ہیں اور تثلیث واجب ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ نے دونوں امروں کو استحباب پر محمول کیا ہے اس لئے ان کے نزدیک وضو میں مضمضہ اور استنشاق سنت ہیں اور استنجے میں تثلیث بھی سنت ہے جبکہ دو ڈھیلوں سے انقاء ہو جائے۔

[۲۵-] بابُ الاِسْتِنْثَارِ فِی الْوُضُوْءِ

ذَکَرَهُ عُثْمَانُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ، وَابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم.

[۱۶۱-] حدثنا عَبْدَانُ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ إِدْرِيْسَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم: أَنَّهُ قَالَ: '' مَنْ تَوَضَّأَ فَلْيَسْتَنْثِرْ وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوْتِرْ''[انظر: ۱۶۲]

بابُ الاِسْتِجْمَارِ وِتْرًا

طاق ڈھیلے استعمال کرنا

پہلے استنجے کے سلسلہ میں ابواب آئے ہیں، وہاں یہ باب قائم نہیں کیا تھا، اور اوپر حدیث میں ایتار کا ذکر آیا اس لئے ضمناً یہ باب قائم کر دیا، اس کو باب در باب کہتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا باب قائم کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے —— استنجے کے ڈھیلوں میں تین کا عدد سنت ہے یا واجب؟ اس میں اختلاف ہے، مگر تین کے بعد ایتار بالا جماع مستحب ہے، تفصیل گذر چکی۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی وضو کرے تو ناک میں پانی ڈالے پھر اس کو جھاڑے، اور جو استنجے کے لئے ڈھیلے تلاش کرے تو طاق عدد لے، اور جب تم میں سے کوئی نیند سے بیدار ہو تو وضو کے برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے انہیں دھولے اس لئے کہ تم میں سے کوئی نہیں جانتا کہ اس کے ہاتھ نے رات کہاں گذاری ہے۔

تشریح:

۱- عرب کے لوگ عام طور پر چھوٹے بڑے استنجے میں پتھر استعمال کرتے تھے، اور صرف پتھر استعمال کرنے والا خواہ کتنا ہی مبالغہ کرے نجاست کے کچھ نہ کچھ اجزاء باقی رہ جاتے ہیں، اور وہ لوگ لنگی پہنتے تھے اور علاقہ گرم تھا، پس اگر نیند میں ہاتھ محل نجاست پر پہنچ گیا تو ہاتھ ناپاک ہوجائے گا، کیونکہ نجاست اپنے محل میں تو معاف ہے مگر دوسری جگہ معاف نہیں، پس اگر وہ شخص بیدار ہونے کے بعد ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں ڈالے گا تو پانی ناپاک ہوجائے گا، اس لئے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ پہلے ہاتھ دھوؤ پھر برتن میں ڈالو۔

۲- امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک حدیث میں مذکور حکم باب نظافت سے ہے، طہارت ونجاست سے اس کا کچھ تعلق نہیں، دیگر ائمہ کے نزدیک طہارت ونظافت دونوں سے تعلق ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ ناپاکی گرنے سے پانی ناپاک ہوتا ہے یا نہیں؟ اور ہوتا ہے تو کب ہوتا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ اصحاب ظواہر یعنی غیر مقلدین کہتے ہیں: پانی کی ذات پاک ہے اس کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی، خواہ پانی تھوڑا ہو یا زیادہ، اور خواہ ناپاکی گرنے سے اوصاف میں تغیر آئے یا نہ آئے بہر حال پانی پاک ہے۔

اور دیگر فقہاء ومحدثین کے نزدیک قلیل پانی میں ناپاکی گرنے سے پانی ناپاک ہوجاتا ہے، اور کثیر پانی جب تک اس کا کوئی وصف نہ بدلے ناپاک نہیں ہوتا —— پھر قلیل کی تعیین میں اختلاف ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک: ظُهور الأثر وعَدَمُه: پر مدار ہے، یعنی تھوڑا یا زیادہ ہونا امر اضافی ہے، اگر پانی میں ناپاکی کا اثر ظاہر ہوجائے تو پانی ناپاکی کی بہ نسبت قلیل ہے اس لئے ناپاک ہوجائے گا، اور اگر ناپاکی کا اثر ظاہر نہ ہو تو پانی ناپاکی کی بہ نسبت کثیر ہے، اس لئے ناپاک نہ ہوگا۔

اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قلیل وکثیر کا مدار قلتین پر ہے، اگر پانی دو مٹکے یا زیادہ ہے تو کثیر ہے اور دو مٹکوں سے کم ہے تو قلیل ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک قلیل وکثیر کا مدار پانی کے پھیلاؤ پر ہے، اگر پانی کا پھیلاؤ اتنا ہے کہ ایک طرف کی حرکت کا اثر دوسری طرف نہیں پہنچتا تو وہ کثیر ہے اور اگر حرکت دوسری طرف پہنچتی ہے تو وہ قلیل ہے۔ امام اعظمؒ کے مسلک کے لئے تعبیر ہے: خُلوصُ الأثر وعدمه: ایک طرف کے اثر کا دوسری طرف پہنچنا اور نہ پہنچنا، مگر چونکہ اس کا اندازہ کرنا عوام کے لئے مشکل تھا اس لئے بعد کے مفتیوں نے دہ در دہ کو فتوی کے لئے متعین کردیا۔

غرض تین ائمہ کے نزدیک مذکورہ حدیث کا تعلق نظافت وطہارت دونوں سے ہے لہٰذا اگر ہاتھوں پر بالیقین ناپاکی ہے اور دھوئے بغیر ہاتھ برتن میں ڈال دیئے تو پانی ناپاک ہوجائے گا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک پانی ناپاک نہیں ہوگا جبکہ اس ناپاکی سے پانی کا کوئی وصف نہ بدلے، ان کے نزدیک یہ حدیث باب نظافت سے ہے۔

جاننا چاہئے کہ پانی کی طہارت وعدم طہارت کا مسئلہ امام بخاریؒ نے یہاں بیان نہیں کیا اور آئندہ بھی بیان نہیں کریں گے، اس لئے کہ اس کا مدار بیر بُضاعہ اور قلتین والی حدیثوں پر ہے اور وہ حدیثیں بخاری میں لانے کے قابل نہیں۔

۳- علت پر حکم کا مدار ہوتا ہے وہ پائی جائے تو حکم پایا جاتا ہے اور وہ نہ رہے تو حکم بھی نہیں رہتا، جیسے شراب کا حرام ہونا: نشہ آور ہونے کی وجہ سے ہے، پس اگر وہ سرکہ بن جائے اور اس میں نشہ نہ رہے تو حرمت مرتفع ہوجائے گی، اور حکمت پر حکم کا مدار نہیں ہوتا۔ وہ رہے یا نہ رہے حکم باقی رہتا ہے، اور علت ہمیشہ ایک ہوتی ہے، اور حکمتیں متعدد ہوسکتی ہیں۔ جیسے بڑے برتن میں مجلس میں پانی لایا گیا پس حکم یہ ہے کہ ایک سانس میں مت پیو، اور برتن میں سانس مت لو، اور اس کی دو حکمتیں ہیں: ایک: بعد میں جس کا نمبر آئے گا اس کو ناگوار نہ ہو۔ دوسری: پانی جسم میں رچے پچے۔ اب گلاسوں میں اور چھوٹے برتنوں میں پانی پیا جاتا ہے پس پہلی حکمت ختم ہوگئی۔ مگر دوسری حکمت اب بھی باقی ہے، اسی طرح ہاتھ دھوئے بغیر برتن میں ڈالنے کی ممانعت کی بھی دو حکمتیں ہیں: ایک: احتمالِ نجاست۔ دوسری: پانی کی نظافت۔ پہلی حکمت اب باقی نہیں رہی کیونکہ اب لوگ پانی سے استنجاء کرتے ہیں مگر دوسری حکمت اب بھی باقی ہے، سوتے ہوئے آدمی زیر ناف ہاتھ لے جاتا ہے، بغل میں کھجاتا ہے، ناک کان میں انگلی ڈالتا ہے اور ان جگہوں میں اگرچہ ناپاکی نہیں ہوتی مگر میل کچیل ہوتا ہے، پس نظافت کا تقاضہ اب بھی یہ ہے کہ ہاتھ دھوئے بغیر برتن میں نہ ڈالے۔

مسئلہ: اگر ہاتھ کے ناپاک ہونے کا یقین یا ظن غالب ہو تو پانی میں ڈالنے سے پہلے ہاتھوں کا دھونا فرض ہے۔ دھوئے بغیر پانی میں ہاتھ ڈالے گا تو پانی ناپاک ہوجائے گا۔ اور اگر ناپاکی کا صرف احتمال ہے تو ہاتھوں کا دھونا سنت مؤکدہ ہے اگر دھوئے بغیر پانی میں ہاتھ ڈالے گا تو پانی ناپاک نہ ہوگا۔ فقہی ضابطہ ہے: اليقين لايزول بالشك: جو بات یقینی ہے وہ شک سے ختم نہیں ہوتی۔ اور اگر ہاتھ بالیقین پاک ہیں تب بھی دھوکر ڈالنا مستحب ہے، اب یہ حکم صرف باب نظافت سے ہوگا۔

[۲۶-] بابُ الِاسْتِجْمَارِ وِتْرًا

[۱۶۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُمْ فَلْيَجْعَلْ فِي أَنْفِهِ مَاءً، ثُمَّ لِيَنْتَثِرْ، وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوْتِرْ، وَإِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنْ نَوْمِهِ فَلْيَغْسِلْ يَدَهُ قَبْلَ أَنْ يُدْخِلَهَا فِي وَضُوْئِهِ، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لاَ يَدْرِي أَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ "[راجع: ۱۶۱]

بابُ غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ، وَلاَ يَمْسَحُ عَلَى الْقَدَمَيْنِ

پاؤں کا دھونا ضروری ہے مسح جائز نہیں

یہ باب فرقہ امامیہ کی تردید میں ہے ان کے نزدیک چہرہ اور ہاتھ مغسول اعضاء ہیں اور سر اور پیر ممسوح، وہ ﴿أَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ﴾ (المائدۃ آیت ۶) میں کسرہ والی قراءت سے استدلال کرتے ہیں اور اس کو ﴿وَامْسَحُوْا﴾ کے تحت لیتے ہیں، اور اہل السنہ والجماعہ کے نزدیک ننگے پاؤں کا وظیفہ (خاص حکم) دھونا ہے، ان کے نزدیک ننگے پاؤں پر مسح جائز نہیں۔

جمہور کے دلائل:

۱- باب کی روایت ہے جو پہلے بھی گذری ہے۔ ایک مرتبہ لوگ مکہ سے مدینہ کی طرف سفر کر رہے تھے، راستہ میں عصر کی نماز کا وقت آ گیا، لوگ ایک پانی پر پہنچے اور چونکہ نماز میں دیر ہو رہی تھی اس لئے صحابہ نے جلدی جلدی وضو کیا، چنانچہ بعض کی ایڑیاں خشک رہ گئیں۔ نبی ﷺ نے پکار کر دو یا تین مرتبہ فرمایا: ویلٌ للأعقابِ من النار: وضو میں خشک رہ جانے والی ایڑیوں کے لئے جہنم کی وعید ہے۔ معلوم ہوا کہ پیروں کا وظیفہ غسل ہے مسح نہیں، کیونکہ مسح پیروں کے اوپر کیا جاتا ہے ایڑیوں اور تلووں پر نہیں کیا جاتا، پس ان کے خشک رہ جانے پر وعید سنانے کے کوئی معنی نہیں۔

۲- فضل طہور کی روایات میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے: جب آدمی اپنے دونوں پیر دھوتا ہے تو ان سے ہر غلطی نکل جاتی ہے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ پاؤں کا وظیفہ غسل ہے، اگر ان پر مسح فرض ہوتا تو پاؤں دھونے سے گناہ نہ نکلتے یہ دلیل امام طحاوی رحمہ اللہ نے پیش کی ہے مگر یہ دلیل غور طلب ہے، اس لئے کہ غسل مسح سے ابلغ ہے اور کامل کے ضمن میں ناقص پایا جاتا ہے جیسے وضو میں اگر کوئی سر پر مسح کرنے کے بجائے سر دھو ڈالے تب بھی وضو ہو جاتا ہے اس لئے گناہ بھی نکلیں گے۔

۳- أَرجلَکم: میں نصب والی قراءت جمہور کی دلیل ہے، کیونکہ اس صورت میں أرجل کا عطف وجوہ اور أیدی پر ہوگا اور آیت کے معنی ہونگے: اپنے پیروں کو دونوں ٹخنوں تک دھوؤ، اور شیعوں کا قراءت جر سے پیروں پر مسح کے لئے استدلال درست نہیں، کیونکہ اس صورت میں إلی الکعبین کی قید بے معنی ہو جائے گی، کیونکہ مسح تین انگلیوں کے بقدر ہوتا ہے، انگلیوں کو کھینچ کر ٹخنوں تک لے جانا ضروری نہیں۔

قراءتِ جر کی توجیہ:

① جر جر جوار ہے، یعنی پڑوس کے اثر سے آیا ہے، مگر اس توجیہ کو علامہ ابن الہمام نے رد کیا ہے وہ کہتے ہیں: پڑوس

کے اثر سے غیر منصرف پر تنوین پڑھنے کی نظیر تو قرآن میں ہے مگر پڑوس کے اثر سے بجائے رفع ونصب کے کسرہ پڑھنے کی کوئی نظیر نہ قرآن میں ہے اور نہ کلام عرب میں۔

(۲) جر کی قراءت مسح علی الخفین پر محمول ہے مگر یہ توجیہ بھی محل نظر ہے کیونکہ اس صورت میں إلی الکعبین کی قید بے معنی ہوجاتی ہے، مسح علی الخفین میں ٹخنوں تک انگلیوں کو کھینچ کر لے جانا ضروری نہیں۔

(۳) مسح بمعنی غسل خفیف ہے، اور آیت میں صنعت استخدام ہے، صنعت استخدام یہ ہے کہ لفظ کے ایک معنی لئے جائیں پھر جب اس کی طرف ضمیر لوٹائی جائے تو دوسرے معنی لئے جائیں جیسے شاعر کہتا ہے:

إذا نزل السَّمَاءُ بأرض قومٍ ❁ رَعَيْنَاه وإن كانوا غَضْبَانًا

ترجمہ: جب کسی قوم کے علاقہ میں بارش ہوتی ہے تو ہم گھاس چرا آتے ہیں چاہے وہ غضبناک ہوں۔

اس شعر میں السماء سے مراد بارش ہے، پھر جب اس کی طرف رعیناہ کی ضمیر لوٹائی تو گھاس مراد لی جو بارش سے اگتی ہے، یہی صنعت استخدام ہے، اسی طرح دو ضمیریں کسی ایک مرجع کی طرف لوٹائی جائیں اور مرجع کے الگ الگ معنی لئے جائیں تو یہ بھی صنعت استخدام ہے۔ اسی طرح دو معمولوں کو ایک فعل سے جوڑا جائے اور ہر معمول کے ساتھ تعلق کے وقت الگ معنی مراد لئے جائیں تو یہ بھی صنعت استخدام ہے۔ آیتِ کریمہ میں رؤس اور أرجل دونوں کو امسحوا کے ساتھ جوڑا گیا ہے مگر رؤس کے ساتھ تعلق کی صورت میں مسح کے معنی ہیں: کسی چیز پر بھیگا ہوا ہاتھ پھیرنا (إمرارُ الید المبتلّة علی الشیئ) اور أرجل کے ساتھ تعلق کی صورت میں مسح کے معنی ہیں: ہلکا دھونا۔ لفظ مسح اس معنی میں بھی آتا ہے۔ یہاں حدیث میں نمسح علی أرجلنا میں مسح: غسل خفیف کے معنی میں ہے۔

اور اس کی دلیل کہ جب أرجل کا تعلق امسحوا کے ساتھ کیا جائے تو معنی غسل خفیف کے ہونگے، نصب والی قراءت ہے۔ نصب کی قراءت میں ارجل کا تعلق اغسلوا کے ساتھ ہے اور غسل بالغ مراد ہے۔ پس جر کی قراءت میں بھی یہی معنی لینے ہونگے، فرق صرف بالغ اور خفیف کا ہوگا، اور ایسا نہیں کریں گے تو دو قراءتوں میں تعارض ہوجائے گا، حالانکہ جس طرح دو آیتوں میں تعارض نہیں ہوسکتا دو قراءتوں میں بھی تعارض نہیں ہوسکتا۔

دوسری دلیل: پیروں کے دھونے کا تعامل وتواتر ہے، کسی حدیث سے نبی ﷺ کا یا کسی صحابی کا وضو میں ننگے پیروں پر مسح کرنا ثابت نہیں، پس ثابت ہوا کہ جر کی قراءت میں بھی غسل ہی مراد ہے۔

فائدہ: قراءتِ جر سے لوگوں کے ذہنوں سے ایک بوجھ ہٹانا مقصود ہے، جزیرۃ العرب میں پانی بہت کم تھا، اور دورِ نبوی میں لوگ عام طور پر ننگے پاؤں چلتے تھے جس سے پیر گندے ہوجاتے تھے، پھر جب اسلام نے نماز اور وضو کا حکم دیا اور وضو بھی روزانہ پانچ مرتبہ تو ہر مرتبہ ایک لوٹا پانی چاہئے تا کہ میلے پیر صاف ہوں، اور ایک گھر میں دس نفر ہوں تو سوچئے کتنا پانی درکار ہوگا، اتنا پانی وہ لوگ کہاں سے لائیں گے، ذہنوں سے اس بوجھ کو ہٹانے کے لئے أرجل کا تعلق بجائے

غسل کے مسح کے ساتھ جوڑا، اور مسح سے غسل خفیف مراد لیا، یعنی وضو میں پیروں کو دھو کر صاف کرنا ضروری نہیں بلکہ پیروں کا بھیگ جانا اور دو چار قطرے ٹپک جانا وضو کے لئے کافی ہے، برخلاف چہرہ اور ہاتھ کے وہ عام طور پر گندے نہیں ہوتے اس لئے تھوڑے پانی سے بھی ان میں غسل بالغ ہو جاتا ہے، جیسے فتح مکہ کے موقع پر جب سارا مکہ مسلمان ہوا تھا، نبی ﷺ نے ایک مرتبہ فجر میں لوگوں کے سامنے وضو کیا، چہرے اور ہاتھوں کو ایک ایک مرتبہ دھویا، سر اور خفین پر مسح کیا پھر اس وضو سے فجر سے عشا تک پانچ نمازیں پڑھائیں، جب کہ یہ معمولِ نبوی نہیں تھا اور ایسا آپؐ نے اس لئے کیا تھا تا کہ لوگ جان لیں کہ وضو میں کچھ زیادہ پانی درکار نہیں، اسی طرح جہر کی قراءت کے ذریعہ لوگوں کے ذہنوں سے بوجھ ہٹانا مقصود ہے۔

[۲۷-] بابُ غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ، وَلاَ يَمْسَحُ عَلَى الْقَدَمَيْنِ

[۱۶۳-] حَدَّثَنِيْ مُوْسَى، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: تَخَلَّفَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم عَنَّا فِيْ سَفْرَةٍ، فَأَدْرَكَنَا وَقَدْ أَرْهَقْنَا الْعَصْرَ، فَجَعَلْنَا نَتَوَضَّأُ وَنَمْسَحُ عَلٰى أَرْجُلِنَا، فَنَادَى بِأَعْلٰى صَوْتِهِ: "وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ" مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا. [راجع: ٦٠]

وضاحت: ويلٌ للأعقاب من النار: میں مجاز بالحذف ہے تقدیر عبارت ہے: ويلٌ للمقصِّرين فى غَسْلِ الأعقاب من النار، یعنی جو لوگ ایڑیاں دھونے میں کوتاہی کرتے ہیں ان کے لئے دوزخ کی وعید ہے۔

بابُ الْمَضْمَضَةِ فِيْ الْوُضُوْءِ

وضو میں کلی کرنا

پہلے استنشاق اور استنثار کا باب آیا تھا، یہ مضمضہ کا باب ہے۔ حضرت ابن عباس اور عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہما کی حدیثوں میں مضمضہ کا بھی ذکر ہے۔ اور پہلے بتایا تھا کہ مضمضہ اور استنشاق امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک وضو اور غسل دونوں میں واجب ہیں۔ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک دونوں میں سنت ہیں اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک وضو میں سنت اور غسل میں واجب ہیں۔

[۲۸-] بابُ الْمَضْمَضَةِ فِيْ الْوُضُوْءِ

قَالَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱٦٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ حُمْرَانَ

مُوْلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، أَنَّهُ رَأَى عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ دَعَا بِوَضُوْءٍ، فَأَفْرَغَ عَلٰى يَدَيْهِ مِنْ إِنَائِهِ، فَغَسَلَهُمَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ أَدْخَلَ يَمِيْنَهُ فِي الْوَضُوْءِ، ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَاسْتَنْثَرَ، ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَيَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثَلَاثًا، ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ، ثُمَّ غَسَلَ كُلَّ رِجْلٍ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا، وَقَالَ:" مَنْ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا، وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ فِيْهِمَا نَفْسَهُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" [راجع: ۱۵۹]

بابُ غَسْلِ الْأَعْقَابِ

وضو میں ایڑیاں دھونا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ وضو میں اعضاء مغسولہ کا استیعاب ضروری ہے، اور اعقاب کا ذکر اتفاق واقعہ کے طور پر ہے، باب کی حدیث میں اعقاب کا ذکر آیا ہے۔ ان کے خشک رہ جانے کی وجہ سے نبی ﷺ نے وعید سنائی ہے، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے بھی باب میں اعقاب کو خاص کیا، محمد بن سیرین رحمہ اللہ وضو میں انگوٹھی نکال کر یا ہلا کر اس کے نیچے پانی پہنچاتے تھے، معلوم ہوا کہ اعضاء مغسولہ کو بالاستیعاب دھونا ضروری ہے۔

حدیث: محمد بن زیاد کہتے ہیں: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا، جب وہ ہمارے قبیلہ کی مسجد کے پاس سے گذرے اور لوگ لوٹوں سے وضو کر رہے تھے، آپؓ نے لوگوں کو وضو کرتے ہوئے دیکھ کر فرمایا: اچھی طرح وضو کرو، اس لئے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: وضو میں خشک رہ جانے والی ایڑیوں کے لئے جہنم کی وعید ہے۔

تشریح: کبھی وضو میں خاص طور پر سردیوں میں ایڑیاں اور کہنیاں خشک رہ جاتی ہیں، اس لئے وضو میں ان کے دھونے کا خاص اہتمام کرنا چاہئے۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے یہی نصیحت فرمائی ہے۔.......... المِطْهَرَة: لوٹا۔ نبی ﷺ کے زمانہ میں عام طور پر لوگ برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی لے کر وضو کرتے تھے پھر لوٹے عام ہو گئے تو لوگ لوٹوں سے وضو کرنے لگے، اب نل سے وضو کرتے ہیں اس میں اسراف ہے۔ حضرت مولانا ابرار الحق صاحب ہردوئی رحمہ اللہ کے مدرسہ میں نل لگے ہوئے ہیں مگر درمیانی سائز کے لوٹے بھی رکھے ہوئے ہیں۔ اور حکم ہے کہ لوٹے میں پانی بھرو اور وضو کرو، یہی صحیح طریقہ ہے۔ اس میں پانی کی بچت ہے۔

[۲۹-] بابُ غَسْلِ الْأَعْقَابِ

وَكَانَ ابْنُ سِيْرِيْنَ يَغْسِلُ مَوْضِعَ الْخَاتَمِ إِذَا تَوَضَّأَ.

[۱۶۵-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا

هُرَيْرَةَ، وَكَانَ يَمُرُّ بِنَا، وَالنَّاسُ يَتَوَضَّؤُنَ مِنَ الْمِطْهَرَةِ، قَالَ: أَسْبِغُوْا الْوُضُوْءَ، فَإِنِّ أَبَا الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " وَيْلٌ لِلأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ"

بابُ غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ فِيْ النَّعْلَيْنِ، وَلاَ يَمْسَحُ عَلَى النَّعْلَيْنِ

چپل پہنے ہوئے پاؤں دھونا اور چپلوں پر مسح نہ کرنا

اگر پیروں میں خفین نہ ہوں تو ان کا وظیفہ غسل ہے، اگرچہ چپل پہن رکھے ہوں۔ البتہ چپل پہنے ہوئے پاؤں دھونا جائز ہے، غرض: چپل بمنزلہ خف نہیں، اس لئے ان پر مسح جائز نہیں، مسح اسی صورت میں جائز ہے جب خفین پہن رکھے ہوں، پس یہ باب بھی گذشتہ سے پیوستہ ہے، اس میں بھی شیعوں کی تردید ہے۔

حدیث: عبید بن جُریج نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! میں آپ کو ایسے چار کام کرتے ہوئے دیکھتا ہوں کہ آپ کے اصحاب میں سے کسی کو یہ کام کرتے ہوئے نہیں دیکھتا۔ ابن عمرؓ نے پوچھا: وہ چار کام کیا ہیں اے ابن جریج؟ انھوں نے کہا:

(۱) میں دیکھتا ہوں کہ آپ کعبہ شریف کے صرف دو یمنی گوشوں کا استلام کرتے ہیں یعنی آپ صرف اس کنارے کا جس میں حجر اسود لگا ہوا ہے اور اس کے مقابل کنارے (رکن یمانی) کا استلام کرتے ہیں۔ کعبہ شریف کے باقی دو کونوں کا جن کو رکن شامی کہتے ہیں، استلام نہیں کرتے جبکہ دیگر لوگ ان کا بھی استلام کرتے ہیں۔

(۲) اور میں دیکھتا ہوں کہ آپ ایسے چمڑے کے چپل پہنتے ہیں جن پر سے بال اڑا دیئے گئے ہیں۔ ایسا چمڑا اعلی شمار ہوتا ہے، اور جس چمڑے پر سے بال اڑائے نہیں گئے وہ معمولی سمجھے جاتے ہیں۔ حضرت ابن عمرؓ اعلی درجہ کے چپل پہنتے تھے جبکہ عام طور پر لوگ بالوں والے چپل یعنی معمولی چپل پہنتے تھے۔

(۳) اور میں دیکھتا ہوں کہ آپ زرد رنگ میں رنگا ہوا کپڑا پہنتے ہیں۔

(۴) اور میں دیکھتا ہوں کہ جب آپ مکہ میں ہوتے ہیں تو لوگ ذی الحجہ کا چاند دیکھتے ہی احرام باندھ لیتے ہیں اور آپ احرام نہیں باندھتے یہاں تک کہ یوم الترویہ آتا ہے، یعنی آپ آٹھ ذی الحجہ کو احرام باندھتے ہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے چاروں باتوں کی وجہ بیان کی کہ نبی ﷺ صرف دو یمنی کونوں کا استلام کرتے تھے، اس لئے میں بھی صرف ان دو کونوں کا استلام کرتا ہوں۔ اور شامی کونوں کا استلام نہیں کرتا، کیونکہ نبی ﷺ سے ان کا استلام نہیں کیا، اور رہے بال اڑائے ہوئے چمڑے کے چپل تو میں نے نبی ﷺ کو ایسے چپل پہنے ہوئے دیکھا ہے جن پر بال نہیں ہوتے تھے اور آپؐ ان میں وضو فرماتے تھے (یہی ٹکڑا باب سے متعلق ہے) اس لئے میں ان کو پہننا پسند کرتا ہوں۔ یعنی میں اعلی درجہ کے چپل اتباعِ سنت میں پہنتا ہوں۔ اور رہا زرد رنگ کا کپڑا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو زرد رنگ

میں رنگا ہوا کپڑا پہنتے ہوئے دیکھا ہے، یعنی میرا زرد کپڑا پہننا بھی اتباع سنت میں ہے، اور رہا احرام باندھنا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے کہ آپ ؐ نے احرام باندھا جب آپ ؐ کو آپ ؐ کی اونٹنی لے کر روانہ ہوئی۔

تشریح:

۱- چاروں ائمہ متفق ہیں کہ طواف میں صرف یمن کی طرف کے دو کونوں کا استلام سنت ہے، شامی کونوں کا استلام سنت نہیں۔ اس لئے کہ وہ اپنی اصل جگہ پر (بناء ابراہیمی پر) نہیں ہیں، مگر دورِ اول میں بعض صحابہ وتابعین ان کونوں کا بھی استلام کرتے تھے، یہ اختلاف رفتہ رفتہ ختم ہو گیا اب رکن شامی کا کوئی استلام نہیں کرتا۔

۲- زرد رنگ کا کپڑا مردوں کے لئے ناپسندیدہ ہے، اس قسم کے کپڑے سادھو سنت اور پادری پہنتے ہیں، اس لئے ان سے مشابہت کی وجہ سے شریعت نے مردوں کے لئے اس رنگ کو پسند نہیں کیا، ترمذی میں حدیث (نمبر ۱۷۱۵) ہے، نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو زرد رنگ کا کپڑا پہننے سے منع فرمایا، اور آنحضور ﷺ نے پھر آپ ؐ کی اتباع میں حضرت ابن عمرؓ نے جو زرد کپڑا پہنا ہے وہ ہلکا زرد ہوگا۔ جیسے حدیث میں سرخ کپڑے کی ممانعت آئی ہے، اور آنحضور ﷺ سے سرخ کپڑا زیب تن فرمانا ثابت ہے۔ علماء نے فرمایا کہ تیز سرخ رنگ ناپسندیدہ ہے اور ہلکا سرخ رنگ اور سیاہی مائل سرخ رنگ یعنی براؤن رنگ جائز ہے۔

۳- نبی ﷺ بال بغیر کے چپل پہنتے تھے اور ان میں وضو فرماتے تھے۔ علماء نے اس جملہ کے دو مطلب بیان کئے ہیں: (۱) آپ ؐ چپل پہنے ہوئے پیر دھوتے تھے، پیر دھونے کے لئے چپل نکالتے نہیں تھے (۲) پیر دھو کر گیلے پیروں میں چپل پہن لیتے تھے، پیر خشک ہونے کا انتظار نہیں کرتے تھے، اس لئے کہ جب چمڑا رنگ دیا گیا تو وہ پاک ہو گیا خواہ مردار کا ہو، پس گیلے پیروں میں چپل پہننے جائز ہیں، میرے نزدیک یہ دوسرا مطلب راجح ہے اس لئے کہ چمڑے کے چپل پہن کر اگر پاؤں دھوئے جائیں گے تو چمڑا خراب ہو جائے گا، اور چپل چند دنوں میں استعمال کے قابل نہیں رہیں گے۔

۴- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب مکہ میں قیام پذیر ہوتے تھے تو آٹھ ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھتے تھے۔ اس لئے کہ نبی ﷺ نے بھی ذوالحلیفہ سے اس وقت احرام شروع کیا تھا جب آپ ؐ کی اونٹنی آپ ؐ کو لے کر روانہ ہوئی تھی، حضرت ابن عمرؓ کا اس سے استدلال یہ ہے کہ آپ ؐ نے سفر سے متصل احرام باندھا ہے، پہلے سے احرام نہیں باندھا، معلوم ہوا کہ مکہ والے جب سفر حج شروع کریں تب احرام باندھیں، ذی الحجہ کا چاند دیکھ کر احرام باندھنا ضروری نہیں۔ اور حج کا سفر آٹھ ذی الحجہ سے شروع ہوتا ہے، اس دن حجاج منیٰ میں جاتے ہیں پس اس دن سے احرام شروع کرنا کافی ہے۔

فائدہ: آنحضور ﷺ ۲۵ ذی قعدہ میں ظہر کی نماز پڑھ کر مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے اور ذوالحلیفہ میں قیام فرمایا۔ پھر اگلے دن طلوع شمس کے بعد ذوالحلیفہ میں ایک درخت کے قریب دوگانہ ادا فرمایا اور تلبیہ پڑھ کر احرام شروع کیا، مگر اس کا علم صرف ان لوگوں کو ہوا جو وہاں موجود تھے۔ پھر جب اونٹنی آپ ؐ کو لے کر کھڑی ہوئی تو آپ ؐ نے تلبیہ پڑھا، پس

کچھ لوگوں کو غلط فہمی ہوئی اور انھوں نے خیال کیا کہ آپ نے اب احرام شروع کیا، چنانچہ انھوں نے یہی بات روایت کی (ابن عمرؓ یہی روایت کرتے تھے) پھر جب اونٹنی بیداء نامی ٹیلے پر چڑھی تو آپؐ نے پھر تلبیہ پڑھا، پس جن لوگوں نے یہی تلبیہ سنا انھوں نے اسی کو پہلا تلبیہ سمجھا اور یہ بیان کیا کہ آپؐ نے بیداء سے احرام باندھا، مگر صحیح بات یہ ہے کہ آپؐ نے درخت کے قریب مسجد کے پاس احرام شروع کیا ہے (ابوداؤد حدیث ۱۷۷۰)

[۳۰-] بابُ غَسْلِ الرِّجلَيْنِ فِي النَّعْلَيْنِ، وَلاَ يَمْسَحُ عَلَى النَّعْلَيْنِ

[۱۶۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ، أَنَّهُ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! رَأَيْتُكَ تَصْنَعُ أَرْبَعًا لَمْ أَرَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِكَ يَصْنَعُهَا، قَالَ: وَمَا هِيَ يَا ابْنَ جُرَيْجٍ؟ قَالَ: رَأَيْتُكَ لاَ تَمَسُّ مِنَ الْأَرْكَانِ إِلَّا الْيَمَانِيَّيْنِ، وَرَأَيْتُكَ تَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ، وَرَأَيْتُكَ تَصْبُغُ بِالصُّفْرَةِ، وَرَأَيْتُكَ إِذَا كُنْتَ بِمَكَّةَ أَهَلَّ النَّاسُ إِذَا رَأَوُا الْهِلاَلَ وَلَمْ تُهِلَّ أَنْتَ حَتّٰى كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ.

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَمَّا الْأَرْكَانُ فَإِنِّيْ لَمْ أَرَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمَسُّ إِلَّا الْيَمَانِيَّيْنِ، وَأَمَّا النِّعَالُ السِّبْتِيَّةُ فَإِنِّيْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَلْبَسُ النِّعَالَ الَّتِيْ لَيْسَ فِيْهَا شَعْرٌ، وَيَتَوَضَّأُ فِيْهَا، فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَلْبَسَهَا، وَأَمَّا الصُّفْرَةُ فَإِنِّيْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَصْبُغُ بِهَا، فَإِنِّيْ أُحِبُّ أَنْ أَصْبُغَ بِهَا، وَأَمَّا الإِهْلاَلُ فَإِنِّيْ لَمْ أَرَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُهِلُّ حَتّٰى تَنْبَعِثَ بِهِ رَاحِلَتُهُ.

[انظر: ۱۵۱۴، ۱۵۵۲، ۱۶۰۹، ۲۸۶۵، ۵۷۵۱]

بابُ التَّيَمُّنِ فِي الْوُضُوْءِ وَالْغُسْلِ

وضو اور غسل میں دائیں سے شروع کرنا

وضو میں بھی اور غسل میں بھی دائیں کو مقدم کرنا چاہئے۔ وضو میں دائیں کی تقدیم کی کوئی حدیث نہیں، اور غسل میں ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں غسل کا اضافہ کیا۔ جب یہ جزء ثابت ہوجائے گا تو دوسرا جزء یعنی وضو میں دائیں کی تقدیم خود بخود ثابت ہوجائے گی۔

حدیث (۱): جب نبی ﷺ کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا تو آپؐ نے ان عورتوں سے جو صاحبزادی کو غسل دینے کے لئے جمع ہوئی تھیں فرمایا: میت کی دائیں جانب سے اور اس کے اعضاء وضو سے شروع کرو، یعنی پہلے میت کو وضو کراؤ پھر نہلاؤ، اور وضو اور غسل دونوں میں دائیں کو مقدم کرو۔

تشریح: اس حدیث میں غسل کے ضمن میں وضو کا ذکر ہے۔ مستقل وضو کا ذکر نہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے

باب میں الغسل کا اضافہ فرمایا.......... مَیَامن: مَیْمَنَه کی جمع ہے اور اس کے معنی ہیں: دایاں۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ دائیں طرف سے شروع کرنے کو پسند فرماتے تھے، چپل پہننے میں، تیل کنگھا کرنے میں اور پاکی حاصل کرنے میں (ان تین چیزوں کا بیان بطور مثال ہے) اور سارے ہی احوال میں آپ کو دائیں طرف سے شروع کرنا پسند تھا۔

تشریح: طُھور لفظ عام ہے، وضو اور غسل دونوں کو شامل ہے اس لئے میں نے کہا تھا کہ وضو کے لئے کوئی خاص حدیث نہیں .... اور جوتا چپل پہننے میں ادب یہ ہے کہ پہلے دایاں چپل پہنا جائے پھر بایاں۔ اور نکالنے کا معاملہ برعکس ہے، پہلے بایاں نکالے پھر دایاں .... اور تَرَجُّل کے اصل معنی ہیں: تیل کنگھا کرنا، یعنی پہلے سر کو اچھی طرح دھونا پھر بالوں کو تیل پلانا، پھر کنگھا کرنا۔ نبی ﷺ سر مبارک دھونے میں بھی اور کنگھی کرنے میں بھی دائیں کو مقدم کرتے تھے.......... اور حدیث میں مذکور تین کام بطور مثال ہیں آپؐ ہر اچھا کام دائیں ہاتھ سے کرتے تھے اور دائیں طرف سے شروع فرماتے تھے۔

[۳۱-] بابُ التَّیَمُّنِ فِی الْوُضُوْءِ وَالْغُسْلِ

[۱۶۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا إِسْمَاعِیْلُ، قَالَ: ثنا خَالِدٌ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أُمِّ عَطِیَّةَ قَالَتْ: قَالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم لَهُنَّ فِیْ غَسْلِ ابْنَتِهِ: "ابْدَأْنَ بِمَیَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا"

[انظر: ۱۲۵۳، ۱۲۵۴، ۱۲۵۵، ۱۲۵۶، ۱۲۵۷، ۱۲۵۸، ۱۲۵۹، ۱۲۶۰، ۱۲۶۱، ۱۲۶۲، ۱۲۶۳]

[۱۶۸-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَشْعَثُ بْنُ سُلَیْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: کَانَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم یُعْجِبُهُ التَّیَمُّنُ فِیْ تَنَعُّلِهِ، وَتَرَجُّلِهِ، وَطُهُوْرِهِ وَفِیْ شَأْنِهِ کُلِّهِ. [اطر: ۴۲۶، ۵۳۸۰، ۵۸۵۴، ۵۹۲۶]

بابُ الْتِمَاسِ الوَضُوْءِ إِذَا حَانَتِ الصَّلاَةُ

جب نماز کا وقت ہو جائے پانی تلاش کیا جائے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ نماز کا وقت داخل ہونے سے پہلے پانی تلاش کرنا ضروری نہیں۔ جب قبل از وقت وضو ضروری نہیں تو پانی کی تلاش کیوں کر ضروری ہو سکتی ہے؟ تیمّم والے واقعہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب صبح ہوئی تو پانی تلاش کیا گیا مگر پانی نہیں ملا۔ چنانچہ صحابہ نے مضطربانہ خدمت اقدس میں عرض کیا: یارسول اللہ! نماز فجر کا وقت ہو گیا ہے اور کسی کے پاس پانی نہیں ہے، نماز کس طرح پڑھیں؟ آپؐ ناراض نہیں ہوئے کہ پہلے سے اس کا

خیال کیوں نہیں رکھا؟ معلوم ہوا کہ قبل از وقت پانی تلاش کرنا ضروری نہیں۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا درانحالیکہ عصر کی نماز کا وقت ہو گیا تھا، لوگوں نے وضو کے لئے پانی تلاش کیا مگر نہیں ملا۔ پس نبی ﷺ کے پاس کسی برتن میں تھوڑا سا پانی لایا گیا، آپؐ نے اس میں اپنا دست مبارک رکھا اور لوگوں کو حکم دیا کہ اس سے وضو کریں۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں نے دیکھا کہ آپؐ کی انگلیوں کے درمیان سے چشمہ کی طرح پانی پھوٹ رہا تھا، یہاں تک کہ آخری فرد نے بھی وضو کر لیا۔

تشریح:

۱- یہ واقعہ سفر کا ہے یا حضر کا؟ اور اس واقعہ کا پس منظر کیا ہے؟ یہ باتیں مجھے معلوم نہیں۔ پورا واقعہ اس طرح ہے کہ آنحضور ﷺ کی مجلس ہو رہی تھی، عصر کی نماز کا وقت آگیا، جن کے گھر قریب تھے وہ وضو کرنے کے لئے گھر چلے گئے، کیونکہ عرب کی مساجد میں وضو کا انتظام نہیں ہوتا، اور جن کے گھر دور تھے وہ نہیں گئے، انھوں نے پانی تلاش کیا مگر تھوڑا سا پانی ملا، ایک برتن میں وہ پانی آپؐ کی خدمت میں لایا گیا، اور عرض کیا: یارسول اللہ! بس اتنا پانی ہے، برکت کی دعا فرمادیں۔ نبی ﷺ نے اپنا دست مبارک اس برتن میں رکھا، بس کیا تھا آپؐ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے پھوٹ پڑے، تمام صحابہ نے اس سے وضو کیا اور وہ اسّی حضرات تھے............پس بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضر کا واقعہ ہے۔ اس لئے کہ بعض حضرات وضو کرنے کے لئے گھر چلے گئے تھے اور جن کے گھر دور تھے وہ رک گئے تھے۔

۲- اس واقعہ میں بھی حضور ﷺ خفا نہیں ہوئے کہ پہلے سے پانی تلاش کر کے کیوں نہیں رکھا؟ معلوم ہوا کہ قبل از وقت پانی تلاش کرنا ضروری نہیں، اور دونوں واقعوں میں وقت ہونے کے بعد پانی تلاش کیا گیا، معلوم ہوا کہ وقت ہونے کے بعد پانی تلاش کرنا ضروری ہے، چاہے پانی نہ ملنے کا یقین ہو، پھر بھی تلاش کرنا ضروری ہے، کیونکہ بعض مرتبہ ایسی جگہ سے پانی مل جاتا ہے جدھر خیال بھی نہیں جاتا، البتہ پہلے سے پانی کا انتظام رکھنا امر محمود ہے۔

[۳۲-] بابُ الْتِمَاسِ الوَضُوْءِ إِذَا حَانَتِ الصَّلَاةُ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ: حَضَرَتِ الصُّبْحُ فَالْتُمِسَ الْمَاءُ فَلَمْ يُوْجَدْ فَنَزَلَ التيَمُّم.

[۱٦۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَحَانَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ، فَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوْءَ فَلَمْ يَجِدُوْا، فَأُتِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِوَضُوْءٍ، فَوَضَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ ذٰلِكَ الإِنَاءِ يَدَهُ، وَأَمَرَ النَّاسَ أَنْ يَتَوَضَّؤُا مِنْهُ، قَالَ: فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ تَحْتِ أَصَابِعِهِ، حَتّٰى تَوَضَّؤُا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ. [انظر: ۱۹۵، ۲۰۰، ۳۵۷۲، ۳۵۷۳ ۳۵۷٤، ۳۵۷۵]

بابُ الْمَاءِ الَّذِیْ یُغْسَلُ بِهِ شَعْرُ الإِنْسَانِ وَسُؤْرِ الْکِلَابِ وَمَمَرِّهَا فِیْ الْمَسْجِدِ

جس پانی سے انسان کے بال دھوئے جائیں وہ پانی پاک ہے، کتوں کا جھوٹا اوران کا مسجد میں گذرنا

یہ دوہراباب ہے، اس باب میں امام بخاری رحمہ اللہ کی دوعادتیں سامنے آئی ہیں:

پہلی عادت: کبھی حضرتؒ ایک باب میں دومختلف مسئلے اکٹھا کردیتے ہیں، یہاں بھی ایسا ہی کیا ہے، ایک مسئلہ تو یہ ہے کہ جس پانی سے انسان کے بال دھوئے جائیں وہ پانی پاک ہے۔ اوردوسرا مسئلہ: یہ ہے کہ کتّے کا جھوٹا پاک ہے۔ یہ دوالگ الگ مسئلے ہیں جن کوحضرت نے ایک باب میں جمع کردیا ہے۔

پہلا مسئلہ بیان کرکے اس سے تعلق رکھنے والا حضرت عطاءؒ کا اثر لائے ہیں، پھر دوسرا مسئلہ ذکر کیا ہے اوراس سے متعلق حضرت زہریؒ کا اثر لائے ہیں، پھر پہلے مسئلہ سے متعلق دوحدیثیں لائے ہیں، پھر دوسرے مسئلہ سے متعلق چار حدیثیں لائے ہیں۔ مگر بابٌ کہہ کر دوسرے مسئلہ سے متعلق حدیثوں کوجدا کردیا ہے، بلکہ ایک نسخہ میں توتفصیلی باب ہے، بہرحال ایک عادت تویہی سامنے آئی ہے کہ ایک ہی باب میں دومختلف مسئلے اکٹھا کردیئے ہیں۔

دوسری عادت: یہ سامنے آئی ہے کہ جب کسی مسئلہ میں اختلاف ہوجاتا ہے اورفریقین کے دلائل مضبوط ہوتے ہیں توحضرت رحمہ اللہ دونوں فریق کے دلائل پیش کرکے آگے بڑھ جاتے ہیں، کوئی فیصلہ نہیں کرتے، دوسرے مسئلہ میں حضرت نے ایسا ہی کیا ہے۔ سورکلب کی طہارت وعدم طہارت کے سلسلہ میں دونوں فریق کے دلائل قوی تھے اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے اپنی رائے محفوظ رکھی، اورکوئی فیصلہ نہیں کیا۔

پہلا مسئلہ: ایک شخص نے کسی برتن میں اپنی ڈاڑھی یاسر کے بال دھوئے اور بالوں پرکوئی حسی ناپاکی نہیں تھی تووہ پانی پاک ہے یاناپاک؟ یہ مسئلہ نہ کسی حدیث کی کتاب میں ہے نہ فقہ میں۔ البتہ فقہ میں یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ ہروہ عضوجس میں حیات حلول نہیں کرتی وہ پاک ہے، زندگی میں بھی اورموت کے بعد بھی۔ البتہ اس سے خنزیر مستثنیٰ ہے اورشوافع کے نزدیک کتا بھی مستثنیٰ ہے، ان کے نزدیک کتا بھی نجس العین ہے، اور بالوں میں حیات حلول نہیں کرتی پس جس پانی میں بال دھوئے جائیں وہ پانی پاک ہے، اسی طرح جانوروں کے بال بھی اگراس پرحسی ناپاکی نہ ہوتوپاک ہیں، پس بلّی گود میں بیٹھ جائے یا کتابستر پرچڑھ جائے اوران کے بدن پرحسی ناپاکی نہ ہوتو کپڑاناپاک نہیں ہوگا۔

البتہ فقہ میں یہ مسئلہ ہے کہ بال اکھاڑنے کے بعداس کی جڑ میں جوسفید رطوبت ہوتی ہے وہ ناپاک ہے، بعض لوگ بال اکھاڑ کرمنہ میں لیتے ہیں، یہ جائزنہیں، اگراس رطوبت کے ساتھ بال پانی میں گرجائے توپانی ناپاک ہوجائے گا، کیونکہ تھوڑا پانی قلیل ناپاکی سے بھی ناپاک ہوجاتا ہے۔

غرض: مذکورہ مسئلہ کسی کتاب میں نہیں، نہ کتبِ حدیث میں اورنہ فقہ میں، حالانکہ باب کی حدیث کے ضمن میں یہ

مسئلہ چھیڑا جاسکتا ہے مگر کسی محدث نے نہیں چھیڑا، صرف امام بخاری رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے۔ اور جس پانی میں بال دھوئے گئے ہیں وہ پانی پاک ہے یا ناپاک؟ اس کا مدار اس پر ہے کہ بال کٹنے کے بعد پاک ہیں یا ناپاک؟ اگر پاک ہیں تو کٹنے سے پہلے بھی پاک ہیں، پس پانی پاک ہے اور اگر ناپاک ہیں تو کٹنے سے پہلے بھی ناپاک ہیں، پس پانی ناپاک ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ اس سلسلہ میں ایک اثر اور ایک حدیث لائے ہیں۔

اثر: عطاء بن ابی رباح جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے خاص شاگرد اور امام اعظم رحمہ اللہ کے استاذ ہیں: ان سے یہ مسئلہ پوچھا گیا کہ حج سے فارغ ہوکر لوگ جو بال کٹواتے ہیں کیا ان بالوں کی رسی بٹ سکتے ہیں؟ حضرت عطاءؒ نے فرمایا: کوئی مضائقہ نہیں، ان بالوں سے دھاگے بھی بُن سکتے ہیں اور رسّی بھی، معلوم ہوا کہ بال کٹنے کے بعد پاک ہیں، پس کٹنے سے پہلے بھی پاک ہیں۔

فائدہ: حضرت عطاء رحمہ اللہ کی اس رائے سے احناف متفق نہیں، ان کے نزدیک انسان کا کوئی بھی جز استعمال کرنا جائز نہیں، یہ احترام انسانیت کے خلاف ہے، اعضاء کی پیوندکاری کا بھی اصلی حکم یہی ہے، اگرچہ اعضاء کی پیوندکاری میں امتہان (پامالی، ناقدری) نہیں ہے مگر جس باڈی میں سے آنکھ اور گردے وغیرہ نکالے جاتے ہیں اس باڈی کی توہین ہوتی ہے، مگر مفتیانِ کرام اضطرار کی حالت میں اجازت دیتے ہیں، البتہ جسم کے وہ اجزاء جن کا متبادل جسم میں پیدا ہوتا ہے ان کا بوقت ضرورت استعمال جائز ہے لیکن اس کی خرید وفروخت جائز نہیں، جیسے عورت کا دودھ بچہ دوسال تک پی سکتا ہے، یہ ایک ضرورت ہے مگر اس دودھ کو بیچنا جائز نہیں، عورت دوسرے کے بچہ کو دودھ پلاسکتی ہے، ہدیہ دے سکتی ہے مگر بیچ نہیں سکتی۔ اسی طرح خون بھی دے سکتے ہیں مگر اس کا بیچنا جائز نہیں۔ بعض لوگوں کا خیال یہ ہے کہ بدن میں بعض اعضاء ضرورت سے زائد ہیں جیسے ایک گردہ زائد ہے پس اس کو بیچ سکتے ہیں، یہ خیال غلط ہے، کوئی گردہ زائد نہیں، دونوں گردے ایک ساتھ کام کرتے ہیں، جیسے دونوں آنکھیں ایک ساتھ کام کرتی ہیں۔

سوال: اعضاء کی پیوندکاری ایک انسانی ضرورت ہے، ایک شخص مرگیا، اس کی آنکھیں یا گردہ نکال کر کسی دوسرے کو لگادیا جائے اور اس کی حیات لمبی کردی جائے تو اس میں کیا حرج ہے؟ بیشک خرید وفروخت منع ہے، مگر پیوندکاری تو جائز ہونی چاہئے۔

جواب: اضطرار یعنی سخت مجبوری کی حالت میں جائز ہے، مطلقاً منع نہیں، مگر جب سے اعضاء کی پیوندکاری کا سلسلہ شروع ہوا ہے میڈیکل سائنس کی ترقی رک گئی ہے، اگر اعضاء کی پیوندکاری کا سلسلہ بند ہوجائے تو میڈیکل سائنس ترقی کرے گی اور مصنوعی آنکھیں اور گردے وغیرہ تیار ہونگے، کیونکہ ضرورت ایجاد کی ماں ہے، جب ضرورت پیش آتی ہے تو سائنس والے غور وفکر کرتے ہیں اور نئی نئی چیزیں ایجاد کرتے ہیں، چونکہ مرنے والوں کے اعضاء سے کام چل رہا ہے اس لئے سائنس دان آگے نہیں بڑھتے، اس طرح میڈیکل سائنس کی ترقی رک گئی ہے۔

مسائل:

۱-خون وغیرہ وہ اجزاء جن کا متبادل پیدا ہوجاتا ہے ان کو کسی حال میں بیچنا جائز نہیں مگر مجبوری میں خریدنا جائز ہے، جیسے مجبوری کی حالت میں رشوت دینے کی گنجائش ہے جبکہ رشوت دیئے بغیر اپنا حق نہ مل سکتا ہو، مگر رشوت لینے کی کسی حال میں گنجائش نہیں۔

۲-اسی طرح اعضاء کی وصیت کرنا بھی جائز نہیں، بعض لوگ زندگی میں یہ وصیت کرتے ہیں کہ ان کی وفات کے بعد ان کے اعضاء نکال لئے جائیں اور ضرورت مند کو لگا دیئے جائیں ایسی وصیت کرنا جائز نہیں، اس لئے کہ انسان اپنے اعضاء کا مالک نہیں، جیسے زندگی میں کوئی عضو بیچنا جائز نہیں اسی طرح وصیت کرنا بھی جائز نہیں۔

قوله: وسؤر الكلاب ومَمَرِّها فى المسجد: سے دوسرا مسئلہ بیان کیا ہے، کتّے کا جھوٹا پاک ہے یا ناپاک؟ امام مالک رحمہ اللہ پاک کہتے ہیں اور دیگر ائمہ ناپاک۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے محتاط لفظ استعمال کیا ہے: **وسؤر الكلاب:** اور کتّے کا جھوٹا، وہ پاک ہے یا ناپاک اس سلسلہ میں کچھ نہیں کہا، کیونکہ سؤر کلب کی طہارت یا عدم طہارت پر کوئی صریح دلیل نہیں۔ حدیثوں میں ولوغ کلب سے برتن دھونے کا حکم ہے، اس کی وجہ کیا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ حکم طہارت کے لئے ہے اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک یہ حکم تعبدی ہے، یعنی شریعت نے دھونے کا حکم دیا ہے اس لئے دھوتے ہیں، اس کی وجہ معلوم نہیں، مگر سؤر کلب پاک ہے۔ اور مسلم شریف (۱: ۱۳۷) میں جو حدیث ہے: **طُهور إناء أحدكم إذا ولغ الكلب فيه أن يغسله سبع مرات:** اس کو امام مالکؒ روایت بالمعنی قرار دیتے ہیں۔

غرض: امام بخاری رحمہ اللہ نے تنگی محسوس کی اس لئے باب میں اضافہ کیا: **ومَمَرِّها فى المسجد:** اور کتوں کا مسجد میں گذرنا، اس جزء کی دلیل تھی اس لئے باب میں اس کا اضافہ فرمایا۔

جب مسجدِ نبوی تعمیر ہوئی تو دروازوں پر کواڑ نہیں تھے، رات میں کتّے گھس آتے تھے، اور کتا ہانپتا ہے پس اس کا تھوک مسجد میں گرتا ہے، معلوم ہوا کہ کتے کا تھوک پاک ہے، ورنہ صحابہ مسجد کو دھوتے، اور جب کتّے کا لعاب پاک ہے تو اس کا جھوٹا بھی پاک ہے۔

غرض: حضرت رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ تو نہیں کیا مگر اس جزء کی وجہ سے پھر باب میں جو احادیث لائے ہیں ان کی وجہ سے کہا جاسکتا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ بھی امام مالک رحمہ اللہ کی طرح سؤر کلب کی طہارت کے قائل ہیں۔

ابن شہاب زہریؒ کا قول:

امام زہریؒ فرماتے ہیں: اگر کسی برتن میں پانی ہے اور اس میں کتّے نے منہ ڈال دیا اور وضو کے لئے کوئی دوسرا پانی نہیں تو اسی پانی سے وضو کرے (زہریؒ کا قول پورا ہوا) سفیان ثوری رحمہ اللہ نے اس کی تائید کی، فرمایا: مسئلہ واقعی یہی

ہے یعنی امام زہریؒ نے بالکل صحیح مسئلہ بتایا اس لئے کہ تیمّم کی اجازت اس وقت ہے جب پانی نہ ہو، اور یہاں پانی موجود ہے، پس تیمّم نہیں کرے گا بلکہ اس پانی سے وضو کرے گا۔

پھر فرمایا: مگر میرے دل میں اس سلسلہ میں کچھ دغدغہ ہے، یعنی مجھے امام زہریؒ کی بات پر پورا اطمینان نہیں، بلکہ میری رائے یہ ہے کہ اس پانی سے وضو بھی کرے اور تیمّم بھی کرے (یہ عجیب بات ہوئی، ابھی تو استاذ کی تائید کررہے تھے اور ابھی دوسری رائے دیدی)

فائدہ: تابعین کے اقوال وآثار اگر حنفیہ کے خلاف ہوں تو جواب دینے کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ وہ بھی مجتہد تھے، اور امام اعظم رحمہ اللہ بھی مجتہد ہیں اور ایک مجتہد کی رائے دوسرے مجتہد پر حجت نہیں، ہاں اگر کوئی حدیث بظاہر احناف کے خلاف ہو تو اس کی تاویل ضروری ہے، اسی طرح کسی صحابی کا کوئی قول وفعل احناف کے خلاف نظر آئے تو بھی تاویل ضروری ہے اس لئے کہ احناف کے نزدیک صحابہ کے اقوال وافعال بھی حجت ہیں۔

[۳۳-] بابُ الْمَاءِ الَّذِیْ یُغْسَلُ بِهِ شَعْرُ الإِنْسَانِ

وَكَانَ عَطَاءٌ لاَيَرَى بِهِ بَأْسًا: أَنْ يُتَّخَذَ مِنْهَا الْخُيُوْطُ وَالْحِبَالُ.

وَسُؤْرِ الْكِلاَبِ وَمَمَرِّهَا فِي الْمَسْجِدِ.

وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: إِذَا وَلَغَ فِيْ إِنَاءٍ لَيْسَ لَهُ وَضُوْءٌ غَيْرُهُ يَتَوَضَّأُ بِهِ، وَقَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا الْفِقْهُ بِعَيْنِهِ، لِقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا﴾ [النساء: ۴۳] وَهٰذَا مَاءٌ، وَفِي النَّفْسِ مِنْهُ شَيْءٌ، يَتَوَضَّأُ بِهِ وَيَتَيَمَّمُ.

حدیث (۱): محمد بن سیرین نے عَبیدۃ بن قیس سلمانی (جو نبی ﷺ کی حیات میں مسلمان ہوگئے تھے مگر آپؐ سے ملاقات نہیں ہوئی) سے کہا: ہمارے پاس نبی ﷺ کے موئے مبارک ہیں جو ہمیں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یا کہا: حضرت انسؓ کے خاندان کے لوگوں سے حاصل ہوئے ہیں۔ عبیدہ نے کہا: اگر میرے پاس آپؐ کا کوئی موئے مبارک ہوتا تو مجھے دنیا اور اس کی تمام نعمتوں سے زیادہ محبوب ہوتا۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب (حجۃ الوداع میں) نبی ﷺ نے سر مبارک حلق کرایا تو ابو طلحہ رضی اللہ عنہ پہلے وہ شخص تھے جنھوں نے موئے مبارک لئے۔

تشریح: ترمذی میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں جمرۂ عقبہ کی رمی کرنے کے بعد قربانی کی، پھر حالق کو سر مبارک کی دائیں جانب دی اس نے اس کو مونڈا، آپؐ نے وہ بال حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ (حضرت انسؓ کے سوتیلے والد) کو دیئے، پھر حالق کو اپنے سر کی بائیں جانب دی اس نے وہ بال کاٹے، آپؐ نے وہ بال بھی ابوطلحہ کو دیئے اور فرمایا: ان کو لوگوں میں تقسیم کردو، اور مسلم (۴۲۱:۱) میں ہے کہ دائیں جانب کے بال آپؐ نے خود لوگوں میں تقسیم

فرمائے اور بائیں طرف کے بال ابوطلحہ کو دیئے، اور مسلم ہی کی روایت میں یہ بھی ہے کہ ام سُلیم کو دیئے۔ علامہ عینی رحمہ اللہ نے اس تعارض کو اس طرح حل کیا ہے کہ دراصل دونوں جانبوں کے بال نبی ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو دیئے تھے۔ پھر دائیں جانب کے بال حضرت ابوطلحہ نے نبی ﷺ کے حکم سے لوگوں میں تقسیم کردیئے، اور بائیں جانب کے بال آپؐ کے حکم سے اپنی اہلیہ حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا کو دیدیئے (عمدۃ ۳:۳۸)

اور یہ حدیث تبرکات کی اصل ہے اور ظاہر ہے تبرک کوئی پاک چیز ہی بن سکتی ہے، اور نبی ﷺ نے ایسی کوئی صراحت نہیں کی کہ میرے بال تو پاک ہیں، اور دوسروں کے پاک نہیں۔ پس ثابت ہوا کہ بال پاک ہیں............ یہ دونوں حدیثیں پہلے مسئلہ سے متعلق ہیں۔

[۱۷۰-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: ثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَبِيْدَةَ: عِنْدَنَا مِنْ شَعْرِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَصَبْنَاهُ مِنْ قِبَلِ أَنَسٍ، أَوْ: مِنْ قِبَلِ أَهْلِ أَنَسٍ، فَقَالَ: لَأَنْ تَكُوْنَ عِنْدِيْ شَعْرَةٌ مِنْهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا. [انظر: ۱۷۱]

[۱۷۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: نَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: ثَنَا عَبَّادٌ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لَمَّا حَلَقَ رَأْسَهُ كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَوَّلَ مَنْ أَخَذَ مِنْ شَعْرِهِ. [راجع: ۱۷۰]

بابٌ: إِذَا شَرِبَ الْكَلْبُ فِي الإِنَاءِ

یہ تفصیلی باب ایک نسخہ میں ہے، اور ایک نسخہ میں صرف بابٌ ہے، اس صورت میں یہ کالفصل من الباب السابق ہوگا............ کتے کے جھوٹے کے سلسلہ میں تین مسئلے ہیں: (۱) کتے کا جھوٹا پاک ہے یا ناپاک؟ (۲) کتا برتن میں منہ ڈال دے تو سات مرتبہ دھونا ضروری ہے یا تین مرتبہ دھونے سے برتن پاک ہوجائے گا؟ (۳) مٹی سے مانجھنے کا کیا حکم ہے؟

پہلا مسئلہ: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک کتے کا جھوٹا پاک ہے اور دیگر ائمہ کے نزدیک ناپاک ہے۔ جاننا چاہئے کہ امام مالکؒ اپنی اصل پر ہیں، اس لئے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تمام درندوں کا جھوٹا پاک ہے۔ انھوں نے سورِ ہرّہ پر تمام درندوں کے سور کو قیاس کیا ہے، اور کتا بھی ایک درندہ ہے پس اس کا جھوٹا بھی پاک ہونا چاہئے، چنانچہ امام مالکؒ اسی کے قائل ہیں مگر چھوٹے دو امام اس مسئلہ میں ان سے الگ ہوگئے، انھوں نے کتے کے جھوٹے کو ناپاک قرار دیا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک تو تمام درندوں کا جھوٹا ناپاک ہے، پس کتے کا جھوٹا بھی ناپاک ہے، اور امام اعظمؒ نے سور

ہرہ کے حکم کو سوا کن البیوت کی طرف متعدی کیا ہے۔

دوسرا مسئلہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ولوغ کلب کی صورت میں برتن کو سات مرتبہ دھونا ضروری ہے اور احناف کے نزدیک تین مرتبہ دھونے سے برتن پاک ہوجاتا ہے۔ البتہ سات مرتبہ دھونا مستحب ہے۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل باب کی پہلی حدیث ہے، اس میں نبی ﷺ نے سات مرتبہ دھونے کا حکم دیا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ آپؐ کا یہ ارشاد استحباب پر محمول ہے کیونکہ حدیث کے راوی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا فتوی یہ ہے کہ تین مرتبہ دھونے سے برتن پاک ہوجاتا ہے (حضرت ابوہریرہؓ کا یہ فتوی طحاوی باب سؤر الکلب میں ہے)

پھر ائمہ ثلاثہ کے درمیان اس میں اختلاف ہوا ہے کہ برتن دھونے کا حکم کیوں ہے؟ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک یہ حکم طہارت کے لئے ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک یہ حکم تعبدی ہے، کیونکہ کتے کا جھوٹا ان کے نزدیک پاک ہے، اور تعبد کا مطلب یہ ہے کہ شریعت نے دھونے کا حکم دیا ہے اس لئے دھوتے ہیں، اس کی وجہ ہم نہیں جانتے، اور جمہور کی دلیل مسلم شریف کی روایت ہے: طُهور إناء أحدكم إذا وَلَغَ الكلبُ فيه أن يَغْسِلَه سبعَ مرات: تمہارے برتن کی پاکی جب اس میں کتا منہ ڈال دے یہ ہے کہ اس کو سات مرتبہ دھوؤ (مسلم ۱:۱۳۷) جمہور لفظ طُهور سے استدلال کرتے ہیں اور امام مالکؒ اس کو بالمعنی روایت قرار دیتے ہیں، یعنی راوی نے جیسا سمجھا ایسا لفظ بدل دیا۔

تیسرا مسئلہ: برتن کو مٹی سے مانجھنا امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک واجب ہے، لہٰذا اگر کوئی شخص سات مرتبہ دھوئے مگر مٹی سے نہ مانجھے تو برتن پاک نہیں ہوگا۔ پھر امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک دو مرتبہ مٹی سے مانجھنا ضروری ہے، ایک مرتبہ سات کے اندر، دوسرے: آٹھویں مرتبہ۔ کیونکہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی حدیث میں والثامنة بالتُراب آیا ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سات کے اندر مانجھنا کافی ہے، اور آٹھویں مرتبہ مانجھنا مستحب ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک مانجھنا ضروری نہیں صرف مستحب ہے۔

فائدہ: ائمہ ثلاثہ تتریب و تسبیع کو شرعی حکم قرار دیتے ہیں، یعنی برتن کی پاکی کے لئے سات مرتبہ دھونا اور مٹی سے مانجھنا ضروری ہے۔ البتہ امام مالکؒ تعبدی حکم قرار دیتے ہیں اور مٹی سے مانجھنے کو ضروری نہیں کہتے، اور احناف اس حکم کو ارشادی قرار دیتے ہیں، یعنی لوگوں کو ان کی بھلائی کی بات بتائی گئی ہے۔ لوگوں کو چاہئے کہ کتے کے جھوٹے برتن کو سات مرتبہ دھوئیں اور ایک مرتبہ مٹی سے مانجھیں، اور علامہ ابن رشد مالکی رحمہ اللہ نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ ممکن ہے کتا ہڑکایا (باؤلا) ہو، اور ہڑک کے جراثیم چپکو ہوتے ہیں، جب تک مریں گے نہیں برتن سے نکلیں گے نہیں، اور ان کا علاج نوشادر ہے جو مٹی میں ہر جگہ موجود ہوتا ہے۔ پس جب برتن مٹی سے مانجھا جائے گا تو جراثیم مرجائیں گے اور بار بار دھونے سے نکل جائیں گے۔ اور ان کی مضرت سے آدمی بچ جائے گا۔

یا تتریب و تسبیع کا مقصد تنفیر ہے، یعنی لوگوں کے دلوں میں کتوں کی نفرت بٹھانا ہے، پس تتریب و تسبیع کا حکم وجوبی

نہیں استحبابی ہوگا۔ اور حدیث کے راوی کا فتوی عدم وجوب کی دلیل ہے، اور بعض حضرات اس حدیث کو منسوخ قرار دیتے ہیں، مگر یہ توجیہ ٹھیک نہیں، کیونکہ تسبیع وتتریب کے استحباب کا قول احناف کے یہاں بھی موجود ہے، اگر یہ حکم ختم ہوگیا تھا تو استحباب کیسے باقی رہتا؟ اس لئے صحیح پہلی دو توجیہیں ہیں۔

بابٌ: إِذَا شَرِبَ الْكَلْبُ فِي الإِنَاءِ

[۱۷۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا شَرِبَ الْكَلْبُ فِيْ إِنَاءِ أَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعًا "

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے برتن میں کتا پیئے تو چاہئے کہ وہ اس کو سات مرتبہ دھوئے۔

تشریح: یہ حدیث سورِ کلب کی طہارت وعدمِ طہارت میں صریح نہیں، اور مسلم شریف کی حدیث جس میں لفظ طھور ہے امام بخاریؒ نے اس کی تخریج نہیں کی۔ اس وجہ سے بعض حضرات نے یہ اندازہ کیا ہے کہ امام بخاریؒ اس مسئلہ میں امام مالکؒ کے ساتھ ہیں۔

[۱۷۳-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم " أَنَّ رُجلاً رَأَى كَلْبًا يَأْكُلُ الثَّرَى مِنَ الْعَطَشِ، فَأَخَذَ الرَّجُلُ خُفَّهُ فَجعَلَ يَغْرِفُ لَهُ بِهِ، حَتّٰى أَرْوَاهُ، فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ فَأَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ "

[انظر: ۲۳۶۳، ۲٤٦٦، ٦٠٠٩]

ترجمہ: گذشتہ امتوں میں سے کسی شخص کا واقعہ ہے کہ وہ پانی پینے کے لئے کنویں میں اترا، جب پانی پی کر باہر نکلا تو اس نے ایک کتے کو دیکھا جو پیاس کی وجہ سے گیلی مٹی چاٹ رہا تھا، اس نے سوچا: جتنی شدید پیاس مجھے لگی تھی کتا بھی اتنا شدید پیاسا ہے، اس کو پانی پلانا چاہئے، چنانچہ وہ دوبارہ کنویں میں اترا اور اپنے خف میں پانی بھر کر لایا اور کتے کے سامنے چلو بھر بھر کر پانی ڈالنے لگا یہاں تک کہ اس کو سیراب کردیا، پس اللہ تعالیٰ نے اس بندے کا شکریہ ادا کیا، اور اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرنا یہ ہے کہ اس کی بخشش فرمادی اور اس کو جنت میں داخل فرمایا۔

تشریح: اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ اس بندے نے خف میں پانی پلایا تھا، اور کتے نے خف میں منہ ڈال کر پانی پیا تھا، اگر کتے کا جھوٹا ناپاک ہوتا تو موزہ ناپاک ہوجاتا اور وہ بندہ اس موزے کو دھوتا حالانکہ حدیث میں اس کا تذکرہ نہیں۔

اس استدلال کے حاشیہ میں متعدد جواب لکھے ہیں، مثلاً: یہ گذشتہ شریعت کا واقعہ ہے جو ہماری شریعت میں حجت

نہیں، ہماری شریعت میں کتے کے جھوٹے کے بارے میں مستقل احکام ہیں۔ دوسرا جواب: اس بندے نے خف میں پانی پلایا تھا اس کی کوئی دلیل نہیں، ہوسکتا ہے کسی گڈھے وغیرہ میں پانی ڈالا ہو جہاں سے کتے نے پیا ہو، پس جب احتمال نکل آیا تو استدلال باطل ہوگیا۔

[۱۷۴-] وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبٍ: ثَنَا أَبِيْ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَتِ الْكِلَابُ تُقْبِلُ وَتُدْبِرُ فِيْ الْمَسْجِدِ فِي زَمَانِ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرُشُّوْنَ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ.

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں کتے مسجدِ نبوی میں آتے جاتے تھے اور صحابہ اس کی وجہ سے مسجد کو دھوتے نہیں تھے۔

تشریح:

جب مسجدِ نبوی نئی تعمیر ہوئی تو اس کے کواڑ نہیں تھے، رات میں کتے گھس آتے تھے، اور کتا زبان نکالے رہتا ہے، اس کی رال ٹپکتی رہتی ہے، مسجدِ نبوی میں بھی ان کا لعاب ٹپکتا ہوگا مگر صحابہ مسجد کو دھوتے نہیں تھے، معلوم ہوا کہ کتے کا لعاب پاک ہے، پس اس کا سور بھی پاک ہے۔

مگر یہ استدلال محلِ نظر ہے، کیونکہ ابن عمرؓ کی اسی حدیث میں ابوداؤد میں یہ بھی ہے کہ کتے مسجدِ نبوی میں پیشاب کرتے تھے اور مسجد دھوئی نہیں جاتی تھی (ابوداؤد ۱:۵۵ باب فی طهور الأرض إذا يبست) ظاہر ہے کتے کا پیشاب پاک نہیں، اور مسجدِ نبوی نہ دھونے کی وجہ یہ تھی کہ زمین جس طرح دھونے سے پاک ہوتی ہے خشک ہوجانے سے بھی پاک ہوجاتی ہے جبکہ زمین پر ناپاکی کا اثر: رنگ، بو، مزہ باقی نہ رہے۔ حضرت عائشہ، حضرت ابن عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہم سے مروی حدیث ہے: زَكَاةُ الْأَرْضِ يُبْسُهَا: زمین کی پاکی اس کا سوکھ جانا ہے۔ یہ حدیث حسن لغیرہ ہے، متعدد صحابہ اس کو روایت کرتے ہیں (نصب الرایہ ۱:۲۱۱) پس جس طرح پیشاب دھوئے بغیر خشک ہوجانے کی وجہ سے زمین پاک ہوجاتی ہے اسی طرح لعاب بھی خشک ہوگیا تو زمین پاک ہوگئی، پس اس حدیث سے لعاب کا پاک ہونا ثابت نہیں ہوتا۔

[۱۷۵-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ابنِ أَبِيْ السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ الْمُعَلَّمَ فَقَتَلَ فَكُلْ، وَإِذَا أَكَلَ فَلاَ تَأْكُلْ فَإِنَّمَا أَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهِ" قُلْتُ: أُرْسِلُ كَلْبِيْ فَأَجِدُ مَعَهُ كَلْبًا آخرَ؟ قَالَ: "فَلاَ تَأْكُلْ، فَإِنَّمَا سَمَّيْتُ عَلٰى كَلْبِكَ وَلَمْ تُسَمِّ عَلٰى كَلْبِ آخرَ"

[انظر: ۲۰۵٤، ۵٤۷۵، ۵٤۷٦، ۵٤۷۷، ۵٤۸۳، ۵٤۸٤، ۵٤۸۵، ۵٤۸٦، ۵٤۸۷، ۷۳۹۷]

ترجمہ: عدی بن حاتم (جو مشہور سخی حاتم طائی کے بیٹے ہیں پہلے نصرانی تھے پھر مسلمان ہوئے) کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے پوچھا (کہ ہم کتے کو شکار پر چھوڑتے ہیں پس کیا وہ جو شکار مارے وہ ہمارے لئے حلال ہے؟) آپؐ نے فرمایا: جب تم نے شکار کا طریقہ سکھلائے ہوئے کتّے کو شکار پر چھوڑا پس اس نے شکار کو مار ڈالا یعنی ذبح اختیاری کا موقع نہیں ملا تو وہ حلال ہے اسے کھاؤ، اور اگر اس نے خود شکار میں سے کھایا تو نہ کھاؤ، اس لئے کہ اب اس نے شکار اپنے لئے مارا ہے، میں نے پوچھا: میں اپنا کتا شکار پر چھوڑتا ہوں، پس میں اس کے ساتھ دوسرے کتے کو پاتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: اس صورت میں شکار حرام ہے اس کو کھانا جائز نہیں، اس لئے کہ تم نے اپنے کتے پر بسم اللہ پڑھی ہے، دوسرے کتے پر بسم اللہ نہیں پڑھی۔

تشریح:

۱- اس کتّے کا شکار حلال ہے جو معلّم (سکھلایا ہوا) ہو، اور کتے میں تعلیم کی علامت یہ ہے کہ وہ شکار میں سے نہ کھائے، ایسا کتا بسم اللہ پڑھ کر چھوڑا جائے تو اس کا کیا ہوا شکار حلال ہے خواہ وہ مر چکا ہو، اور اگر کتے نے شکار میں سے کھالیا تو یہ دلیل ہے کہ وہ معلّم نہیں، پس وہ شکار حرام ہے۔

۲- اگر شکار زندہ ملے تو ذبح اختیاری ضروری ہے، اور مرا ہوا ملے تو حلال ہے بشرطیکہ کتے نے شکار کو کسی جگہ سے پھاڑا ہو، یہ پھاڑنا ذبح اضطراری کے قائم مقام ہو جائے گا اور شکار حلال ہوگا، تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔

۳- اگر شکار پر چھوڑے ہوئے کتے کے ساتھ غیر معلّم کتا مل جائے، اور دونوں مل کر شکار کریں یا دوسرا کتا بھی معلّم ہو مگر وہ چھوڑا نہ گیا ہو یا بغیر تسمیہ کے چھوڑا گیا ہو، یا غیر مسلم کا کتا ہو تو ان سب صورتوں میں شکار حلال نہیں۔ اور اگر دونوں کتے معلّم ہوں اور مسلمانوں کے یا کتابی کے ہوں اور دونوں تسمیہ کے ساتھ چھوڑے گئے ہوں تو شکار حلال ہے۔

۴- اس حدیث سے یہ ضابطہ بنایا گیا ہے کہ اگر کسی شکار میں دو سبب موت جمع ہو جائیں ایک حلال اور دوسرا حرام تو حرام والے سبب کو ترجیح ہوگی اور شکار حرام ہوگا، اسی میں احتیاط ہے، جیسے شکار تیر کھا کر پانی میں گرا اور نکالتے نکالتے مر گیا تو وہ حلال نہیں، کیونکہ یہاں دو سبب موت جمع ہوئے، ایک تیر لگنا، دوسرا پانی میں گرنا۔ پس دوسرے سبب کو ترجیح ہوگی، اور یہ سمجھا جائے گا کہ وہ بغیر ذبح مرا ہے اس لئے حرام ہوگا۔

۵- اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ جب کتا شکار کو پکڑے گا تو لامحالہ اس کے دانت گوشت میں گھسیں گے، اور گوشت پر لعاب لگے گا، اور نبی ﷺ نے گوشت دھونے کا حکم نہیں دیا، اس سے معلوم ہوا کہ کتے کا لعاب پاک ہے، پس اس کا سور بھی پاک ہے۔

جواب: یہ بات مفروغ عنہ ہے، ہر مسلمان جانتا ہے کہ کتے کا جھوٹا ناپاک ہے، اس لئے اس کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں، سائل نے جو بات پوچھی تھی اس کا جواب دیا۔

بابُ مَنْ لَمْ يَرَ الْوُضُوْءَ إِلَّا مِنَ الْمَخْرَجَيْنِ: الْقُبُلِ وَالدُّبُرِ

سبیلین سے نکلنے والی چیز ہی سے وضوٹوٹتا ہے

یہ باب اہم ہے،اوراس کے دوجزء ہیں: ایک: ایجابی، دوسرا: سلبی۔ ایجابی جزء یہ ہے: سبیلین سے جو بھی چیز نکلے وہ ناقض وضو ہے، خواہ وہ نکلنے والی چیز معتاد ہو یا غیر معتاد (یعنی ایسی چیز نکلے جو عادۃً نکلتی ہے یا ایسی چیز نکلے جو عام طور پر نہیں نکلتی، جیسے کیڑا وغیرہ) اور وہ نکلنے والی چیز خواہ قلیل ہو یا کثیر، اور سلبی جزء ہے: سبیلین کے علاوہ بدن سے نکلنے والی چیز خواہ پاک ہو جیسے آنسو پسینہ وغیرہ یا ناپاک ہو جیسے خون پیپ وغیرہ ان سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں متعدد آثار ہیں ان میں سے بعض جزءِ اول سے متعلق ہیں اور بعض ثانی سے، اور میں نے باب کی تحلیل کرکے دو جزء اس لئے بنائے ہیں کہ تمام آثار باب پر منطبق ہو جائیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ آیتِ کریمہ: ﴿أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ أَوْلَمَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾ (المائدہ:۶) کے دونوں ٹکڑوں میں صرف نواقض وضو کا بیان ہے یا ناقض وضو اور ناقض غسل کا؟ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: دونوں میں نواقض وضو کا بیان ہے، ان کے نزدیک غائط سے مراد سبیلین سے نکلنے والی ناپاکی ہے اور لامستم: لَمَسْتُمْ کے معنی میں ہے، یعنی وضو دو چیزوں سے ٹوٹتا ہے ایک: ماخَرَجَ من السبیلین سے، دوم: عورت کو چھونے سے۔ دونوں ٹکڑوں میں ان کے نزدیک نواقض وضو کا بیان ہے۔ اور صحابہ میں سے حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی بھی یہی رائے تھی، ائمہ ثلاثہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

اور حنفیہ کے نزدیک آیت کے پہلے ٹکڑے میں ناقض وضو کا بیان ہے اور دوسرے ٹکڑے میں ناقض غسل کا، اور اس کی دو دلیلیں ہیں:

۱- اس سے پہلے وضو اور غسل دونوں کا بیان آیا ہے، پس عقل کا تقاضا ہے کہ جب نواقض کا بیان آئے تو دونوں کا آئے۔

۲- اللہ تعالیٰ نے لامستم النساء فرمایا ہے، جو باب مفاعلہ سے جمع مذکر حاضر کا صیغہ ہے اور اس باب کا خاصہ اشتراک ہے، یعنی دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا، پس لامستم کے معنی ہیں: مرد عورتوں کو اور عورتیں مردوں کو پکڑیں، اور یہ کیفیت انزال کے وقت ہوتی ہے لہٰذا یہ کنایہ ہے جماع سے، اور اس میں ناقض غسل کا بیان ہے۔ حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے علاوہ صحابہ کی یہی رائے تھی، اسی کو حنفیہ نے لیا ہے۔............اب آثار واحادیث پڑھئے۔

[۳۴-] بابُ مَنْ لَمْ يَرَ الْوُضُوْءَ إِلَّا مِنَ الْمَخْرَجَيْنِ: الْقُبُلِ وَالدُّبُرِ

[۱-] لِقَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ﴾ [المائدة:٦]

[۲-] وَقَالَ عَطَاءٌ فِيمَنْ يَخْرُجُ مِنْ دُبُرِهِ الدُّوْدُ، أَوْ مِنْ ذَكَرِهِ نَحْوُ الْقَمْلَةِ: يُعِيْدُ الْوُضُوْءَ.
[۳-] وَقَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: إِذَا ضَحِكَ فِي الصَّلاَةِ أَعَادَ الصَّلاَةَ وَلَمْ يُعِدِ الْوُضُوْءَ.
[٤-] وَقَالَ الْحَسَنُ: إِنْ أَخَذَ مِنْ شَعْرِهِ أَوْ أَظْفَارِهِ أَوْ خَلَعَ خُفَّيْهِ فَلاَ وُضُوْءَ عَلَيْهِ.
[۵-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: لاَ وُضُوْءَ إِلاَّ مِنْ حَدَثٍ.

۱-﴿أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِّنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ﴾: اس آیت کی تنقیح میں اختلاف ہوا ہے۔ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک اس سے ما خرج من السبیلین: مراد ہے، کیونکہ بیت الخلاء میں سبیلین ہی سے ناپاکی نکلتی ہے، اور اس کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ سبیلین کے علاوہ سے نکلنے والی ناپاکی ناقض وضو نہیں۔ یہ باب کا سلبی جزء ہوا اور احناف سبیلین کی تخصیص نہیں کرتے، وہ ہر اس ناپاکی کو جو انسان کے بدن سے نکلے آیت کا مصداق قرار دیتے ہیں، لہٰذا سبیلین سے ناپاکی نکلے یا بدن سے خون یا پیپ نکلے یا منہ بھر کر قے ہو سب صورتوں میں وضو ٹوٹ جائے گا۔

۲-حضرت عطاءؒ کہتے ہیں: اگر پچھلی راہ سے کیڑا نکلے یا اگلی شرم گاہ سے جوں جیسی کوئی چیز نکلے تو وضو ٹوٹ جائے گا، حضرت عطاء تابعی ہیں اور تابعی کا قول مجتہدین پر حجت نہیں، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کی رائے بھی یہی ہے کہ سبیلین سے کوئی بھی چیز نکلے خواہ معتاد چیز نکلے یا غیر معتاد وضو ٹوٹ جائے گا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک سبیلین سے معتاد چیز نکلے تو وضو ٹوٹے گا، اور کیڑا نکلے تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اس لئے کہ اس کا نکلنا معتاد نہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اگر نکلنے والے کیڑے پر ناپاکی ہے تو وضو ٹوٹے گا اور ناپاکی نہیں ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ اس لئے کہ کیڑا فی نفسہ پاک ہے اور ناقض ناپاکی کا نکلنا ہے —— حضرت عطاء کا یہ قول باب کے ایجابی جزء سے متعلق ہے، ایجابی جزء تھا: سبیلین سے نکلنے والی ہر چیز ناقض وضو ہے خواہ وہ معتاد ہو یا غیر معتاد، تھوڑی نکلے یا زیادہ۔ اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، حضرت عطاء کا یہی فتوی ہے۔

۳-حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص نماز میں ہنسا تو نماز ٹوٹ گئی، مگر وضو باقی ہے اس کے اعادہ کی ضرورت نہیں —— یہ قول سلبی جزء سے متعلق ہے یعنی سبیلین کے علاوہ سے کوئی بھی چیز نکلے مثلاً منہ سے ہنسی نکلے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہی فتوی ہے۔

وضاحت: ہنسی کے تین درجے ہیں: پہلا درجہ تبسم ہے، اس کو اردو میں مسکرانا کہتے ہیں، یعنی چہرہ پر ہنسی کے آثار ظاہر ہوں، ہونٹ کھلیں، دانت نظر آئیں، مگر آواز نہ پیدا ہو۔ اس سے نماز نہیں ٹوٹتی، اور نہ وضو ٹوٹتا ہے —— پھر اس سے اوپر ضحک (ہنسنا) ہے، یعنی آواز پیدا ہو، مگر آواز خود سنے، دوسرا نہ سنے، اس سے صرف نماز ٹوٹتی ہے وضو نہیں ٹوٹتا —— پھر آخری درجہ ہے قهقهة: اردو میں اس کو کھلکھلا کر ہنسنا کہتے ہیں، یعنی ہنسی کی آواز دوسرے سنیں اس سے نماز اور وضو دونوں ٹوٹ جاتے ہیں۔ پس حضرت جابرؓ کا فتوی حنفیہ کے خلاف نہیں، احناف بھی ضحک کی صورت میں نماز

کے ٹوٹ جانے کے اور وضو کے نہ ٹوٹنے کے قائل ہیں۔

اور قہقہہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اس سلسلہ میں گیارہ حدیثیں ہیں: چار مرسل اور سات مسند، علامہ عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری میں اسی باب میں ان سب کو جمع کیا ہے، انہیں دیکھنا چاہئے۔

۴- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کسی باوضو شخص نے سر کے بال منڈائے، یا ناخن کاٹے یا پیروں میں سے خفین نکالے تو اس پر وضو ضروری نہیں، یعنی بالوں پر جو مسح کیا تھا وہ کافی ہے، دوبارہ مسح کی ضرورت نہیں، اسی طرح دوبارہ ناخن دھونے کی ضرورت نہیں اسی طرح خفین نکالنے کے بعد صرف پیر دھونے کافی ہیں از سرنو وضو کی ضرورت نہیں ـــــ امام بخاریؒ نے اس قول سے غیر ما خرج من السبیلین کے ناقض وضو نہ ہونے پر استدلال کیا ہے۔

۵- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''وضو واجب نہیں مگر حدث سے'' یہ حدیث آئندہ صفحہ پر آرہی ہے، اس سے ایجابی جزء بھی ثابت ہوتا ہے کہ سبیلین سے نکلنے والی چیز ناقض وضوء ہے اور مفہوم مخالف سے سلبی جزء بھی ثابت ہوتا ہے کہ سبیلین کے علاوہ سے نکلنے والی چیز ناقض نہیں۔

جواب (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد اس حدیث کا خلاصہ ہے جو آئندہ صفحہ پر آرہی ہے، کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہے، دورانِ نماز اس کے پیٹ میں قراقر ہوا اور ہوا مبرز کے قریب آکر واپس لوٹ گئی، تو کیا حکم ہے؟ حضرت نے فرمایا: وضو نہیں ہے مگر حدث سے یعنی جب تک حدث کا یقین نہ ہو جائے نماز پڑھتا رہے، شک سے وضو نہیں ٹوٹتا، یعنی حضرت ابو ہریرہؓ کا یہ ارشاد نواقض وضو کے بارے میں نہیں ہے بلکہ اس میں قطع وساوس کا بیان ہے کہ شک سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

جواب (۲): اس ارشاد میں حصر اضافی ہے، حقیقی نہیں، اگر حصر میں کوئی بھی فرد خارج نہ ہو، تمام افراد آجائیں تو وہ حصر حقیقی ہے، جیسے لا إله إلا الله میں حصر حقیقی ہے۔ اور مخصوص افراد کے اعتبار سے حصر ہو تو وہ حصر اضافی ہے، جیسے کہیں کہ بہادر زید ہی ہے، ایسا مخصوص افراد کے اعتبار سے کہا جاتا ہے، دنیا کے تمام بہادروں کا احاطہ مقصود نہیں ہوتا۔ اسی طرح یہاں حدیث میں بھی حصر اضافی ہے، لہٰذا اس حدیث سے ایجابی جزء تو ثابت ہوسکتا ہے کہ ما خَرَجَ من السبیلین: ناقض وضو ہے مگر سلبی جزء ثابت نہیں ہوسکتا، کیونکہ مفہوم مخالف معتبر نہیں۔

[٦-] وَيُذْكَرُ عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ فِيْ غَزْوَةِ ذَاتِ الرِّقَاعِ فَرُمِيَ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَنَزَفَهُ الدَّمُ، فَرَكَعَ وَسَجَدَ، وَمَضَى فِيْ صَلاَتِهِ.

[٧-] وَقَالَ الحَسَنُ: مَا زَالَ الْمُسْلِمُوْنَ يُصَلُّوْنَ فِيْ جِرَاحَاتِهِمْ.

[٨-] وَقَالَ طَاؤُسٌ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، وَعَطَاءٌ، وَأَهْلُ الْحِجَازِ: لَيْسَ فِيْ الدَّمِ وُضُوْءٌ.

۶- حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ غزوۂ ذات الرقاع میں ایک صحابی کو نماز کے دوران دشمن نے تیر مارا، وہ نماز میں مشغول رہے کیونکہ وہ سورۂ کہف پڑھ رہے تھے، اوران کو بہت مزہ آرہا تھا، جب دشمن نے یکے بعد دیگرے تین تیر مارے تو انھوں نے نماز ختم کی اوراپنے ساتھ کو جگایا، جب کافر نے محسوس کیا کہ یہاں اور بھی چوکیدار ہے تو وہ بھاگ گیا (یہ ایک لمبا واقعہ ہے جو تفصیل سے ابوداؤد حدیث ۱۹۸ میں ہے) اس حدیث سے اس طرح استدلال کیا ہے کہ اگر خون ناقض وضو ہوتا تو وہ صحابی پہلے ہی تیر پر نماز ختم کردیتے۔ ان کا نماز کو جاری رکھنا دلیل ہے کہ خون ناقض وضو نہیں۔

جواب: اس واقعہ سے استدلال صحیح نہیں، اس لئے کہ وہ صحابی خون میں لت پت تھے۔ ابو داؤد میں ہے: جب مہاجری نے انصاری صحابی کو خون میں لت پت دیکھا تو کہا: سبحان اللہ! آپؓ نے مجھے پہلے ہی تیر پر کیوں نہ جگادیا؟ انھوں نے فرمایا: میں ایک ایسی سورت پڑھ رہا تھا جس کو میں درمیان میں چھوڑنا نہیں چاہتا تھا، **فلما رأى المهاجری مابالأنصاری من الدِّماء، قال سبحان الله: ألا أَنْبَهْتَنِی أَوَّل ما رَمَی، قال: کنتُ فی سورة أقرأُ ها فلم أحِبَّ أن أَقْطَعَها**۔ اورخون بالا جماع ناپاک ہے، پس جب یہ صحابی خون میں لت پت ہو گئے تھے تو ان کی نماز کیسے باقی رہی؟ اصل بات یہ ہے کہ اس واقعہ کا تعلق عشق سے ہے، جس کے احکام جدا ہیں۔

۷- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مسلمان فوجی برابر جنگوں میں زخموں کے ساتھ نماز پڑھتے رہے ہیں، یعنی زخموں سے خون نکلتا رہتا تھا اور وہ نماز پڑھتے رہتے تھے۔ معلوم ہوا کہ سبیلین کے علاوہ سے خون وغیرہ کا نکلنا ناقض وضو نہیں۔

جواب: یہ استدلال بھی تام نہیں، اس لئے کہ وہ معذور تھے اور معذور کے احکام جدا ہیں، معذور کا عذر سے وضو نہیں ٹوٹتا، پس حضرت حسن رحمہ اللہ کا ارشاد بجا ہے مگر اس کا نواقض وضو سے کوئی تعلق نہیں، اس کا تعلق معذور سے ہے۔

۸- حضرت طاؤسؒ، محمد بن علیؒ (امام باقر) عطاء بن ابی رباحؒ اور حجازی علماء کہتے ہیں کہ خروج دم سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

حضرت طاؤس مکہ کے رہنے والے تھے، ان کا لقب طاؤس العلماء تھا، پرندوں میں جو مقام مور کو حاصل ہے علماء میں حضرت طاؤس کو وہی مقام حاصل تھا۔ اور محمد بن علی حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے پوتے اور حضرت علی زین العابدین کے صاحبزادے اور حضرت جابرؓ کے خاص شاگرد ہیں اور باقر کے لقب سے معروف ہیں۔ باقِر: اسم فاعل کے معنی ہیں: پھاڑنے والا، مراد وسیع العلم ہے۔ اور عطاء بن ابی رباح کا تعارف پہلے آچکا ہے کہ وہ حضرت ابن عباسؓ کے خاص شاگرد اور امام اعظم رحمہ اللہ کے استاذ ہیں۔ اور حجازی علماء سے مراد ائمہ ثلاثہ وغیرہ ہیں۔ ان سب حضرات کی رائے ہے: **لیس فی الدم وضوءٌ**: خون نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا، مگر تابعین کے اقوال مجتہدین پر حجت نہیں، پھر دم کی دو قسمیں ہیں: سائل اور غیر سائل۔ یہاں کونسا دم مراد ہے؟ یہ بات معلوم نہیں، دم غیر سائل بھی مراد ہوسکتا ہے اس سے حنفیہ کے نزدیک بھی وضو نہیں ٹوٹتا۔

[۹-] وَعَصَرَ ابْنُ عُمَرَ بَثْرَةً فَخَرَجَ مِنْهَا دَمٌ فَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

[۱۰-] وَبَزَقَ ابْنُ أَبِي أَوْفَى دَمًا فَمَضَى فِي صَلَاتِهِ.

[۱۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ، وَالْحَسَنُ فِيْمَنْ يَحْتَجِمُ: لَيْسَ عَلَيْهِ إِلَّا غَسْلُ مَحَاجِمِهِ.

۹-حضرت ابن عمرؓ نے ایک مرتبہ پھنسی دبائی، اس میں سے کچھ مواد نکلا، انھوں نے اس کو انگلیوں سے مسل دیا اور وضو کئے بغیر نماز پڑھی۔

جواب: امام بخاری رحمہ اللہ نے جن الفاظ میں یہ اثر پیش کیا ہے وہ پورے الفاظ نہیں، یہ روایت مصنف ابن ابی شیبہ میں اس طرح ہے: عَصَرَ بَثْرَةً في وجهِه فَخَرَجَ منها شيئٌ مِنْ دَمٍ فَحَكَّه بين أُصْبُعَيْهِ ثم صَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ: حضرت ابن عمرؓ کے چہرے میں پھنسی تھی، اس کو دبایا تو اس میں سے کچھ خون نکلا، حضرت نے اس خون کو انگلیوں میں مسل دیا، پھر نماز پڑھی اور نیا وضو نہیں کیا، اس میں صراحت ہے کہ پھنسی میں سے ذرا سا خون نکلا تھا یعنی وہ دم غیر سائل تھا اور دم غیر سائل حنفیہ کے نزدیک بھی ناقض وضو نہیں۔

۱۰-حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ نے خون تھوکا یعنی تھوک میں خون آیا اور وہ نماز پڑھتے رہے، خون کی وجہ سے نماز نہیں توڑی، معلوم ہوا کہ خون کا نکلنا ناقض وضوء نہیں۔

وضاحت: حنفیہ کے نزدیک اس مسئلہ میں تفصیل ہے، اگر منہ میں خون پیٹ سے آیا ہے تو قئی کے احکام جاری ہونگے، منہ بھر کر خون ہو تو وضو ٹوٹے گا ورنہ نہیں، اور دانتوں میں سے خون نکلا ہے تو غلبہ کا اعتبار ہوگا، اگر تھوک غالب ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور خون غالب ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ نے تھوک میں جو خون دیکھا تھا وہ پیٹ کا خون تھا یا دانتوں کا؟ اور غالب تھا یا مغلوب؟ جب تک یہ بات طے نہ ہو استدلال درست نہیں۔

فائدہ: حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ آخری صحابی ہیں جن کا کوفہ میں انتقال ہوا ہے۔ سن ۸۷ھ میں آپ کا انتقال ہوا ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ نے ان کو بالیقین دیکھا ہے اور ان سے روایت بھی کی ہے، امام اعظم کی پیدائش میں دو قول ہیں: ۷۰ھ اور ۸۰ھ۔ دوسرے قول کے اعتبار سے ابن ابی اوفی کی وفات کے وقت آپ کی عمر آٹھ سال ہوگی، یہ عمر تحمل حدیث کے لئے کافی ہے۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھنا بھی نہایت قوی دلائل سے ثابت ہے اور تقریباً بیس اکابر علماء نے اس کو تسلیم کیا ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں: قواعد فی علوم الحدیث ص: ۳۰۶، تحقیق شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ)

۱۱-حضرت ابن عمرؓ اور حسن بصریؒ نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جو پچھنے لگوائے کہ اس پر لازم نہیں مگر پچھنے لگوانے کی جگہ کا دھونا۔

وضاحت: اس اثر سے امام بخاریؒ کا استدلال اس پر موقوف ہے کہ یہ حصر حقیقی ہو، یعنی پچھنے لگوانے والے پر صرف

پچھنے کی جگہ کو دھونا ہے، اس کے علاوہ کچھ واجب نہیں، نہ غسل واجب ہے نہ وضو، مگر حنفیہ کے نزدیک یہ حصر اضافی ہے اور غسل کے اعتبار سے حصر ہے کہ صرف محاجم کو دھونا ضروری ہے، پورے بدن کو دھونا ضروری نہیں، رہا مسئلہ وضو کا تو وہ مسکوت عنہ ہے۔

[۱۷۶-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِیْ إِیَاسٍ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، قَالَ: ثَنَا سَعِیْدُ الْمَقْبُرِیُّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " لَا یَزَالُ الْعَبْدُ فِیْ صَلَاةٍ مَا کَانَ فِیْ الْمَسْجِدِ یَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ مَا لَمْ یُحْدِثْ" فَقَالَ رَجُلٌ أَعْجَمِیٌّ: مَا الْحَدَثُ یَا أَبَا هُرَیْرَةَ؟ قَالَ: الصَّوْتُ، یَعْنِيْ الضَّرْطَةَ.

[انظر: ٤٤٥، ٤٧٧، ٦٤٧، ٦٤٨، ٦٥٩، ٢١١٩، ٣٢٢٩، ٤٧١٧]

[۱۷۷-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِیْدِ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ عُیَیْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِیْمٍ، عَنْ عَمِّهِ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " لَا یَنْصَرِفُ حَتّٰی یَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ یَجِدَ رِیْحًا " [راجع: ۱۳۷]

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: آدمی برابر نماز میں رہتا ہے جب تک وہ مسجد میں نماز کا انتظار کرتا ہے، جب تک وہ نئی بات پیدا نہ کرے، ایک عجمی طالب علم نے پوچھا: حضرت! نئی بات پیدا کرنا کیا ہے؟ آپؓ نے فرمایا: آواز کرنا یعنی پادنا نئی بات پیدا کرنا ہے۔

تشریح:

۱- اس حدیث سے یہ ضابطہ بنا ہے کہ منتظر صلوٰۃ بحکم صلوٰۃ ہے۔ ایک طالب علم کہتا ہے: جب انتظارِ صلوٰۃ سے نوافل کا ثواب ملتا ہے تو پھر نفلیں پڑھنے کی کیا ضرورت ہے؟ روٹی ملے یوں تو کھیتی کرے کیوں؟ جواب: بیشک منتظر صلوٰۃ کو نفلوں کا ثواب ملتا ہے، مگر صرف اصلی ثواب ملتا ہے فضلی نہیں ملتا، اور جو بالفعل نماز پڑھ رہا ہے اس کو اصلی اور فضلی (انعامی) دونوں ثواب ملتے ہیں، جیسے ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنے سے تہائی قرآن کا ثواب ملتا ہے، یہ تہائی قرآن کا اصلی ثواب ہے اور جو تہائی قرآن پڑھے گا اس کو اصلی اور فضلی دونوں ثواب ملیں گے، جو یقیناً ایک ثواب سے بڑھ کر ہیں۔

۲- امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال اس طرح ہے کہ حدث کے اصل معنی ہیں: ہگنا، اور ہگنا دو ہیں: ایک بڑا ہگنا، یعنی پاخانہ کرنا اور دوسرا چھوٹا ہگنا یعنی ریح خارج کرنا۔ نبی ﷺ نے اسی کو ناقض وضو کہا ہے، معلوم ہوا کہ ماخرَجَ من السبیلین ناقض ہے اور اس کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ ما خرج من غیر السبیلین ناقض وضو نہیں، پس ثابت ہوا کہ سبیلین سے کوئی چیز نکلے گی تو وضو ٹوٹے گا، اور غیر سبیلین سے نکلنے کی صورت میں وضو نہیں ٹوٹے گا۔

جواب: یہ ہے کہ اس حدیث میں ناقض وضو کا بیان نہیں، بلکہ یہ حدیث قطع وساوس کے باب سے ہے کہ اگر کوئی نماز پڑھ رہا ہے یا نماز کا انتظار کر رہا ہے اور پیٹ میں قراقر ہو اور ہوا مبرز کے قریب آکر لوٹ جائے تو شکی مزاج آدمی کو وضو

ٹوٹنے کا وہم ہوتا ہے، اس سے کہا جا رہا ہے کہ اس وہم پر دھیان نہ دے، جب تک حدث کا یقین نہ ہو نماز پڑھتا رہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا (نماز سے) واپس نہ پھرے یہاں تک کہ آواز سنے یا بدبو محسوس کرے، یہ حدیث بھی قطع وساوس کے باب سے ہے، یعنی جب تک حدث کا یقین نہ ہو جائے خواہ ریح کی آواز سن کر یقین ہو، یا بدبو سے یقین ہو یا کسی اور طرح سے یقین ہو، اس وقت تک وضو نہیں ٹوٹتا............ اسی حدیث سے یہ فقہی ضابطہ بنا ہے: **الیقین لایَزُول بالشَّكِّ۔**

[۱۷۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ مُنْذِرٍ أَبِيْ يَعْلَى الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: كُنْتُ رَجُلاً مَذَّاءً فَاسْتَحْيَيْتُ أَنْ أَسْأَلَ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَأَمَرْتُ الْمِقْدَادَ ابْنَ الأَسْوَدِ فَسَأَلَهُ فَقَالَ: "فِيْهِ الْوُضُوْءُ" وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنِ الأَعْمَشِ. [راجع: ۱۳۲]

اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ مذی ذکر سے نکلتی ہے اور اس میں وضو ہے، پس اس کا مفہوم مخالف یہ نکلا کہ ما خرج من غیر السبیلین ناقضِ وضو نہیں۔

اور جواب یہ ہے کہ مفہوم مخالف حنفیہ کے نزدیک حجت نہیں، علاوہ ازیں: حضرت علیؓ جب بھی مذی نکلتی تھی تو غسل کرتے تھے، اس اعتبار سے حصر ہے کہ مذی میں صرف وضو ہے، غسل ضروری نہیں۔

ملحوظہ: شعبہ رحمہ اللہ جریر کے متابع ہیں یعنی وہ بھی اعمشؒ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں۔

[۱۷۹-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، أَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَأَلَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، قُلْتُ: أَرَأَيْتَ إِذَا جَامَعَ وَلَمْ يُمْنِ؟ قَالَ عُثْمَانُ: يَتَوَضَّأُ كَمَا يَتَوَضَّأُ لِلصَّلَاةِ، وَيَغْسِلُ ذَكَرَهُ، قَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلْتُ عَنْ ذٰلِكَ عَلِيًّا، وَالزُّبَيْرَ، وَطَلْحَةَ، وَأُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ رضی الله عنهم فَأَمَرُوْهُ بِذٰلِكَ. [انظر: ۲۹۲]

[۱۸۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا النَّضْرُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَكْوَانَ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَرْسَلَ إِلٰى رَجُلٍ مِنَ الأَنْصَارِ فَجَاءَ وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَعَلَّنَا أَعْجَلْنَاكَ" فَقَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أُعْجِلْتَ أَوْ: قُحِطْتَ فَعَلَيْكَ الْوُضُوْءُ" تابعَهُ وَهْبٌ قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، وَلَمْ يَقُلْ غُنْدَرٌ وَيَحْيَى عَنْ شُعْبَةَ: الْوُضُوْءُ.

حدیث (۱): زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ کی کیا رائے

ہے جب کوئی شخص بیوی سے صحبت کرے اور انزال نہ ہو تو کیا حکم ہے؟ حضرت عثمانؓ نے فرمایا: وہ نماز والی وضو کرے اور شرم گاہ کو دھوڈالے۔ یعنی اکسال کی صورت میں صرف وضو ہے غسل واجب نہیں۔ پھر حضرت عثمانؓ نے فرمایا: میں نے یہ بات نبی ﷺ سے سنی ہے، حضرت زیدؓ کہتے ہیں: پھر میں نے یہی مسئلہ حضرات علی، زبیر، طلحہ اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہم سے پوچھا تو انھوں نے بھی اسی کا حکم دیا، یعنی یہی مسئلہ بتایا کہ صرف وضو واجب ہے غسل واجب نہیں۔

حدیث (۲): ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو ایک انصاری کے پاس بھیجا وہ اس حال میں آئے کہ ان کے سر سے غسل کا پانی ٹپک رہا تھا۔ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: شاید ہم نے تم کو جلدی کرادی؟ انھوں نے کہا: ہاں یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: جب تم جلدی کرادیئے جاؤ یا فرمایا کہ پانی کا قحط ہو جائے یعنی انزال نہ ہو تو تم پر وضو ہے۔

تشریح:

۱-اکسال: باب افعال کا مصدر ہے اس کے معنی ہیں: سست کرنا۔ یعنی جماع شروع کرنے کے بعد کسی وجہ سے عضو میں فتور آجائے اور آدمی انزال کے بغیر جماع چھوڑ دے تو اس صورت میں غسل واجب ہوگا یا نہیں؟ یہ مسئلہ دور صحابہ میں اختلافی تھا، مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اختلاف ختم ہو گیا، اب پوری امت متفق ہے کہ اکسال کی صورت میں غسل واجب ہے۔ یہ مسئلہ تفصیل سے کتاب الغسل کے آخر میں آئے گا۔

۲-امام بخاری رحمہ اللہ نے ان حدیثوں سے باب کے دونوں جزوں پر استدلال کیا ہے کہ اکسال میں مذی تو نکلتی ہے اس لئے نبی ﷺ نے وضو کو واجب کیا، معلوم ہوا کہ سبیلین سے نکلنے والی چیز ناقض وضو ہے۔ اور اس کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ سبیلین کے علاوہ سے نکلنے والی چیز ناقض نہیں، پس پہلا جزء بھی ثابت ہو گیا —— اور جواب اوپر آچکا کہ احناف کے نزدیک مفہوم مخالف معتبر نہیں۔

۳-حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی اس روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے ان صحابی کو بلانے کے لئے کسی کو بھیجا تھا، اور ایک روایت میں ہے کہ آپؐ خود ان کے گھر تشریف لے گئے تھے۔ آپؐ کسی مہم پر جا رہے تھے، بعض صحابہ ساتھ تھے، ان انصاری صحابی کو بھی ساتھ لینا تھا، آپؐ نے آواز دی، اتفاق سے اس وقت وہ بیوی کے ساتھ مشغول تھے۔ نبی ﷺ کی آواز سن کر وہ فوراً بیوی سے علاحدہ ہو گئے اور جلدی سے نہا کر باہر آئے اس حال میں کہ ان کے سر سے پانی ٹپک رہا تھا —— یہ واقعہ کے متعلقات ہیں، اور متعلقات میں کبھی ایسا اختلاف ہو جاتا ہے، پس اس کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے۔

۴-دوسری حدیث کو حضرت شعبہؒ سے نضر بن شمیل، وہب، غندر اور یحیٰ: چار حضرات روایت کرتے ہیں، ان کی روایتوں میں یہ فرق ہے کہ نضر بن شمیل أخبرنا کہتے ہیں اور وہب حدثنا، اور یحیٰ اور غندر کی روایت میں وضو کا ذکر نہیں،

ان کی روایت مسند احمد میں ہے، اس کے الفاظ ہیں: ليس عليك الغسل، وضو کا تذکرہ نہیں۔

بابُ الرَّجُلِ يُوَضِّئُ صَاحِبَهُ

استاذ کو وضو کرانا

متعلقاتِ وضو میں استعانت جائز ہے، البتہ بے ضرورت اعضاء دھونا مکروہ ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ نے مسئلہ کی تین صورتیں کی ہیں: (۱) کسی کے لئے پانی اور مسواک وغیرہ رکھنا (۲) بے ضرورت وضو کرانا یعنی پانی ڈالنا (۳) بے ضرورت دوسرے کا اعضاء دھونا۔ اول جائز ہے، ثانی مکروہ تنزیہی (خلاف اولیٰ) ہے اور ثالث مکروہ تحریمی ہے۔

علامہ عینی رحمہ اللہ نے امام نوویؒ کی اس بات پر اعتراض کیا ہے کہ احادیث سے صحابہ کا آنحضور ﷺ کو وضو کرانا یعنی پانی ڈالنا ثابت ہے، پس اس کو مکروہ اور خلافِ اولیٰ کیسے کہہ سکتے ہیں؟ جس طرح متعلقاتِ وضو میں بے ضرورت استعانت جائز ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی ﷺ کے لئے وضو کا پانی رکھا تھا، آپؐ نے خوش ہوکر ان کو دعا دی تھی، اسی طرح صحابہ کرام نے نبی ﷺ کو وضو کرایا ہے، پس یہ بھی بلا کراہت جائز ہے، البتہ بے ضرورت دوسرے کا اعضاء دھونا مکروہ ہے، کیونکہ اس کا ثبوت نہیں۔

مگر علامہ عینی رحمہ اللہ کا اعتراض صحیح نہیں، اس لئے کہ جن روایات میں صحابہ کا نبی ﷺ کو وضو کرانا یعنی پانی ڈالنا مروی ہے وہ تمام سفر کے واقعات ہیں، اور سفر میں پانی چھاگل میں ہوتا ہے جیسے آج کل بوتل میں ہوتا ہے، پس کوئی پانی ڈالے گا تبھی وضو کیا جائے گا۔ غرض: سفر میں صحابہ کا پانی ڈالنا اور آپؐ کو وضو کرانا ضرورت کی وجہ سے تھا، اس لئے بات وہی صحیح معلوم ہوتی ہے جو امام نوویؒ نے فرمائی ہے۔

حدیث (۱): حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ جب عرفہ سے لوٹے تو ایک گھاٹی میں تشریف لے گئے اور قضاء حاجت فرمائی۔ حضرت اُسامہؓ کہتے ہیں: پس میں نے پانی ڈالا اور آپؐ نے وضو فرمایا، میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا آپ نماز پڑھیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: نماز آگے ہے یعنی مزدلفہ میں جاکر نماز پڑھیں گے۔

تشریح: أفاض کے معنی ہیں: لوٹنا۔ مگر یہ لفظ عرفہ سے لوٹنے کے لئے خاص ہے، جیسے تلاوت کے معنی ہیں: پڑھنا۔ مگر یہ لفظ آسمانی کتابوں کے لئے خاص ہے، کسی اور کتاب کے لئے یہ لفظ استعمال نہیں کیا جاتا۔ حجۃ الوداع میں عرفہ سے لوٹتے وقت نبی ﷺ نے راستہ میں کسی گھاٹی میں پیشاب فرمایا ہے پھر ہلکا وضو کیا ہے۔ اس میں حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے پانی ڈالا ہے اور یہ پانی ڈالنا ضرورت کی وجہ سے تھا۔

حدیث (۲): حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: وہ ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، آپؐ قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے، پھر حضرت مغیرہؓ نے پانی ڈالا اور آپؐ نے وضو فرمایا، پس آپؐ نے اپنا چہرہ اور ہاتھ

دھوئے، اور سر پر اور خفین پر مسح کیا۔

تشریح: یہ غزوۂ تبوک کا واقعہ ہے، اس میں بھی حضرت مغیرہؓ نے پانی ڈالا ہے اور یہ پانی ڈالنا بھی ضرورت سے تھا۔

[۳۵-] بابُ الرَّجُلِ یُوَضِّئُ صَاحِبَهُ

[۱۸۱-] حدثنا ابْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ یَحْیَی، عَنْ مُوْسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ کُرَیْبٍ مَوْلٰی ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم لَمَّا أَفَاضَ مِنْ عَرَفَةَ عَدَلَ إِلٰی الشِّعْبِ، فَقَضَی حَاجَتَهُ، قَالَ أُسَامَةُ: فَجَعَلْتُ أَصُبُّ عَلَیْهِ وَیَتَوَضَّأُ، فَقُلْتُ: یَارسولَ اللّٰهِ، أَتُصَلِّیْ؟ فَقَالَ: "الْمُصَلّٰی أَمَامَكَ" [راجع: ۱۳۹]

[۱۸۲-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ یَحْیَی بْنَ سَعِیْدٍ یَقُوْلُ: أَخْبَرَنِیْ سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، أَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، یُحَدِّثُ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، أَنَّهُ کَانَ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ سَفَرٍ، وَأَنَّهُ ذَهَبَ لِحَاجَةٍ لَهُ، وَأَنَّ الْمُغِیْرَةَ جَعَلَ یَصُبُّ الْمَاءَ عَلَیْهِ، وَهُوَ یَتَوَضَّأُ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَیَدَیْهِ، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، وَمَسَحَ عَلَی الْخُفَّیْنِ.

[انظر: ۲۰۳، ۲۰۶، ۳۶۳، ۳۸۸، ۲۹۱۸، ۴۴۲۱، ۵۷۹۸، ۵۷۹۹]

لغت: المصلّٰی: نماز پڑھنے کی جگہ۔ أمامك: تیرے آگے۔

بابُ قِرَاءَ ةِ الْقُرْآنِ بَعْدَ الْحَدَثِ وَغَیْرِهِ

بے وضوء تلاوت اور ادعیہ واذکار جائز ہیں

حدث سے حدث اصغر (بے وضو ہونا) مراد ہے اور حدث اکبر کے لئے لفظ جنابت استعمال کرتے ہیں، اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ بے وضو قرآن مجید کی تلاوت جائز ہے، بے وضو قرآن کو چھونا الگ مسئلہ ہے، اور اس میں اختلاف ہے، مگر بے وضو قرآن مجید کی تلاوت جائز ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔ اور غیرہ کا عطف قراء ۃ القرآن پر ہے، اور غیر سے مراد اذکار وادعیہ ہیں، یعنی بے وضو تلاوت قرآن بھی جائز ہے اور اذکار وادعیہ بھی۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

اور بعض لوگوں نے الحدث پر عطف کیا ہے، یعنی حدثِ اصغر اور حدث اکبر دونوں صورتوں میں قرآن کی تلاوت جائز ہے، غیر مقلدین اسی کے قائل ہیں۔ اور امام بخاریؒ کی بھی یہی رائے ہے، مگر حضرت نے یہ مسئلہ کتاب الحیض (باب تقضی الحائض المناسك کلّها) میں بیان کیا ہے، یہاں یہ مسئلہ نہیں چھیڑا، اس لئے صحیح یہ ہے کہ وغیرہ کا عطف قراء ۃ القرآن پر ہے اور غیر سے مراد اذکار وادعیہ ہیں۔

امام بخاریؒ نے حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے دوقول پیش کئے ہیں: ایک منصور کی سند سے ہے اور دوسرا: حماد کی سند سے، ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں: حمام میں تلاوتِ قرآن کی گنجائش ہے، لا بأس بہ کے معنی ہیں: گنجائش ہے اس میں خلاف اولیٰ کا مفہوم ہے، یعنی جائز تو ہے مگر مناسب نہیں۔

حمام: نہانے دھونے کے ہوٹل کو کہتے ہیں، جن ملکوں میں پانی کم ہے وہاں جگہ جگہ ہوٹل بنے ہوئے ہوتے ہیں جہاں نہانے دھونے کا پورا انتظام ہوتا ہے، لوگ وہاں جا کر نہاتے دھوتے ہیں، جو حمام میں نہانے کے لئے جائے گا، عام طور پر وہ بے وضو ہوگا، اور حضرت ابراہیمؒ نے وہاں تلاوت قرآن کو جائز کہا ہے، معلوم ہوا کہ بے وضو قرآن کریم کی تلاوت کرسکتا ہے۔

اور بے وضو خط لکھنے کی بھی گنجائش ہے: خط میں بھی کبھی آدمی قرآن کی کوئی آیت لکھتا ہے، یا کم از کم بسم اللہ ضرور لکھتا ہے، وہ بھی قرآن کی ایک آیت ہے، جب بے وضو قرآن مجید کی آیت لکھ سکتا ہے تو بے وضو قرآن کریم کی تلاوت بھی کرسکتا ہے، کَتْب مصدر ہے اور اس کا عطف القراءۃ پر ہے، کبھی حرف جر کو لوٹا کر عطف کرتے ہیں۔

دوسرا اثر: جو شخص غسل خانہ میں ہو اس کو سلام کرسکتے ہیں؟ حضرت نخعیؒ نے فرمایا: اگر اس نے لنگی پہن رکھی ہے تو سلام کرسکتے ہیں اور ننگا ہو تو سلام کرنا جائز نہیں، ظاہر ہے جو غسل خانہ میں نہانے کے لئے گیا ہے وہ بے وضو ہوگا، اور وہ سلام کا جواب دے سکتا ہے، اور سلام ذکر ہے پس معلوم ہوا کہ بے وضو اللہ کا ذکر کرسکتے ہیں، یہ غیرہ کی مثال ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: انھوں نے ایک رات حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر گذاری، وہ ان کی خالہ ہیں۔ پس میں تکیہ کی چوڑائی میں سر رکھ کر سو گیا، اور نبی ﷺ اور زوجۂ مطہرہ تکیہ کی لمبائی میں سر رکھ کر سوئے، رسول اللہ ﷺ آدھی رات تک یا کچھ پہلے تک یا کچھ بعد تک سوئے (وہ گھڑیوں کا دور نہیں تھا، اس لئے اندازہ کیا کہ نصف رات تک یا کچھ کم یا زیادہ سوئے) پھر آپؐ بیدار ہوئے اور بیٹھ کر اپنے ہاتھوں سے چہرے سے نیند کو پونچھا، یعنی آنکھیں مل کر نیند اڑائی۔ پھر آپ ﷺ نے سورۂ آل عمران کے آخری رکوع کی دس آیتیں پڑھیں، پھر آپؐ ایک پرانے مشکیزہ کے پاس تشریف لائے جو گھر میں لٹکا ہوا تھا، اور اس سے وضو فرمایا، اور کامل وضو فرمایا، یعنی اعضاء مغسولہ کو تین تین بار دھویا، پھر نماز شروع فرمائی۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس میں بھی کھڑا ہوا اور اسی طرح کیا جس طرح نبی ﷺ نے کیا تھا، یعنی میں نے بھی آنکھیں ملیں، اور نبی ﷺ جیسا وضو کیا، پھر میں گیا اور آپؐ کے پہلو میں (بائیں طرف) کھڑا ہوگیا، آپؐ نے اپنا دایاں ہاتھ میرے سر پر رکھا اور میرے دائیں کان کو پکڑا آپؐ اس کو موڑ رہے تھے یعنی اشارہ کر کے دائیں طرف لے لیا، پس آپؐ نے دو دو کر کے تہجد کی بارہ رکعتیں پڑھیں، پھر وتر پڑھا، پھر آپؐ کروٹ پر لیٹ گئے، یہاں تک کہ مؤذن نے آکر نماز کی اطلاع دی، پس آپ کھڑے ہوئے اور دو ہلکی رکعتیں پڑھیں (یہ فجر کی سنتیں تھیں) پھر گھر سے باہر تشریف لائے اور فجر کی نماز پڑھائی۔

تشریح:

۱- حضرت ابن عباسؓ کی یہ روایت بار بار آئی ہے، اس میں ایک مضمون یہ ہے کہ آپؐ نے بیدار ہونے کے بعد سورۂ آل عمران کا آخری رکوع تلاوت فرمایا جس میں دس آیتیں ہیں۔ اس رکوع میں درحقیقت گیارہ آیتیں ہیں مگر عرب کسر چھوڑ دیتے ہیں اس لئے دس کہا، اور اس وقت بہ ظاہر آپؐ بے وضو ہونگے، اسی حال میں آپؐ نے قرآن پڑھا، معلوم ہوا کہ بے وضو تلاوت جائز ہے۔ پس ذکر واذکار اور ادعیہ وغیرہ بدرجۂ اولیٰ جائز ہیں۔

۲- بخاری شریف کے شروع میں شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ کے جو تراجم ابواب ہیں وہاں حضرت نے فرمایا ہے کہ طویل سونے کے بعد حدث کا احتمال ہے اور نوم انبیاء ناقض وضو نہیں، اُس مسئلے کا اِس مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں، یعنی یہ بات کہ نوم انبیاء ناقض وضو نہیں بالکل صحیح ہے مگر وہ مسئلہ الگ ہے اور یہ مسئلہ الگ ہے۔

۳- پہلے بتایا تھا کہ عربوں کے یہاں دو تکیے ہوتے ہیں ایک: بیٹھنے کے لئے جس کو اردو میں گدا کہتے ہیں اور عربی میں اس کو وِسادۃ کہتے ہیں، اور دوسرا: سر کے نیچے رکھنے کے لئے، اس کو مِخَدَّۃ کہتے ہیں، جس تکیہ پر حضرت ابن عباسؓ سر رکھ کر سوئے تھے وہ گدا تھا جس کو موڑ کر تکیہ بنالیا گیا تھا، اس کی چوڑائی پر ابن عباسؓ سوئے اور لمبائی پر نبی ﷺ اور زوجۂ مطہرہ سوئیں۔

۴- یہاں حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے بیدار ہونے کے بعد کامل وضو فرمایا، یعنی اعضاء مغسولہ کو تین تین بار دھویا، اور پہلے ایک باب گذرا ہے باب التخفیف فی الوضوء، وہاں ابن عباسؓ کی اسی حدیث میں یہ تھا کہ آپؐ نے ہلکا وضو فرمایا۔ وہ وضو دورانِ تہجد جب آپؐ سوئے ہیں اس وقت فرمایا ہے، اور تہجد شروع کرنے سے پہلے کامل وضو فرمایا ہے۔

۵- یہ روایت بخاری شریف میں متعدد بار آئی ہے، اور تعداد رکعات میں سخت اضطراب ہے۔ یہاں بارہ رکعتوں کا تذکرہ ہے، اس سلسلہ میں یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ ایسے اختلاف کی صورت میں کسی ایک روایت کو سامنے رکھ کر کوئی بات طے کرنا جائز نہیں، اور وتر کی ایک رکعت پڑھی تھی یا تین؟ اس سلسلہ میں بھی یہ روایت صریح نہیں، پس یہ روایت نہ کسی کے موافق ہے اور نہ مخالف۔

[۳۶-] بابُ قِراءَ ۃِ الْقُرْآنِ بَعْدَ الْحَدَثِ وَغَيْرِهِ

[۱-] وَقَالَ مَنْصُوْرٌ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ: لاَ بَأْسَ بِالْقِرَاءَ ۃِ فِي الْحَمَّامِ، وَبِكَتْبِ الرِّسَالَةِ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ.

[۲-] وَقَالَ حَمَّادٌ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ: إِنْ كَانَ عَلَيْهِمْ إِزَارٌ فَسَلِّمْ، وَإِلَّا فَلاَ تُسَلِّمْ.

[۱۸۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ بَاتَ لَيْلَةً عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: وَهِيَ خَالَتُهُ،

فَاضْطَجَعْتُ فِيْ عَرْضِ الْوِسَادَةِ، وَاضْطَجَعَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَهْلُهُ فِيْ طُوْلِهَا، فَنَامَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى انْتَصَفَ اللَّيْلُ، أَوْ قَبْلَهُ بِقَلِيْلٍ أَوْ بَعْدَهُ بِقَلِيْلٍ، اسْتَيْقَظَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَجَلَسَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهِ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَرَأَ الْعَشْرَ الآيَاتِ الْخَوَاتِيْمَ مِنْ سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ، ثُمَّ قَامَ إِلٰى شَنٍّ مُعَلَّقَةٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهَا فَأَحْسَنَ وُضُوْءَهُ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَقُمْتُ فَصَنَعْتُ مِثْلَ مَا صَنَعَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقُمْتُ إِلٰى جَنْبِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلٰى رَأْسِيْ، وَأَخَذَ بِأُذُنِيْ الْيُمْنٰى يَفْتِلُهَا، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَوْتَرَ، ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰى أَتَاهُ الْمُؤَذِّنُ، فَقَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلّٰى الصُّبْحَ.

[راجع: ۱۱۷]

بابُ مَنْ لَمْ يَتَوَضَّأْ إِلَّا مِنَ الْغَشْيِ الْمُثْقَلِ

ہلکی بیہوشی ناقض وضونہیں، کامل بیہوشی ناقض ہے

غَشْیٌ کے معنی ہیں: بے بھان ہوجانا، یعنی ہلکی بیہوشی۔ اس صورت میں حواس باقی رہتے ہیں۔ اور وہ بیہوشی جس میں حواس باقی نہ رہیں اس کے لئے لفظ إغماء ہے اور دوسرا لفظ ہے: الغَشْيُ الْمُثْقَل: (بھاری بیہوشی) ہلکی بیہوشی سے وضونہیں ٹوٹتا، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ اور وہ بیہوشی جس میں ہوش نہ رہے اس سے وضوٹوٹ جاتا ہے، چاہے ایک لمحہ کے لئے بیہوشی طاری ہو جیسے لیٹ کر سو گیا اس کا وضوٹوٹ گیا، چاہے ایک لمحہ کے لئے سویا ہو، کیونکہ خروج ریح کا مظنہ پیدا ہوگیا۔ اسی طرح بیہوشی سے چاہے ایک لمحہ کے لئے ہو وضوٹوٹ جاتا ہے، کیونکہ خروج ریح کا مظنہ پیدا ہوجاتا ہے، لیکن بیہوشی کا ابتدائی مرحلہ جس کو عربی میں غشی کہتے ہیں اور اردو میں اس کے لئے کوئی خاص لفظ نہیں اس سے بالا جماع وضو نہیں ٹوٹتا، کیونکہ اس میں ہوش باقی رہتا ہے۔

حدیث: پہلے گذری ہے: نبی ﷺ کے زمانہ میں ایک مرتبہ سورج گہن ہوا، آپؐ نے مدینہ منورہ میں منادی کرائی: الصلوة جامعة: جامع مسجد چلو نماز ہورہی ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی بہن حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بھی آئیں، اس وقت صدیقہ نماز پڑھ رہی تھیں، اور مسجد میں جماعت ہورہی تھی اور صدیقہؓ حجرہ سے اقتدا کر رہی تھیں۔ حضرت اسماءؓ نے پوچھا: یہ بے وقت کی نماز کیسی؟ صدیقہؓ نے سبحان اللہ کہا یعنی دیکھ نہیں رہی میری نیت بندھی ہوئی ہے اور انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کیا، انھوں نے پوچھا: کیا کوئی نشانی ظاہر ہوئی ہے؟ صدیقہؓ نے سر کے اشارہ سے ہاں کہا۔ چنانچہ وہ بھی جماعت میں شریک ہوگئیں، وہ کہتی ہیں کہ گرمی شدید تھی اس وجہ سے مجھ پر بیہوشی چھانے لگی، قریب میں ایک برتن میں پانی رکھا تھا، اس میں سے پانی لے کر میں سر پر ڈالتی تھی، تاکہ گرمی سے کچھ راحت ملے۔

حضرت اسماءؓ پر جو بیہوشی طاری ہوئی تھی وہ ہلکی بیہوشی تھی، ان کو ہوش تھا اسی وجہ سے وہ سر پر پانی ڈال رہی تھیں۔ معلوم ہوا کہ ہلکی بیہوشی ناقض وضو نہیں (باقی حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الوضوء باب ۲۴ (حدیث ۸۶) میں پڑھیں)

[۳۷-] باب مَنْ لَمْ يَتَوَضَّأْ إِلَّا مِنَ الْغَشْيِ الْمُثْقِلِ

[۱۸٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنِ امْرَأَتِهِ فَاطِمَةَ، عَنْ جَدَّتِهَا أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، أَنَّهَا قَالَتْ: أَتَيْتُ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَإِذَا النَّاسُ قِيَامٌ يُصَلُّوْنَ فَإِذَا هِيَ قَائِمَةٌ تُصَلِّيْ، فَقُلْتُ: مَا لِلنَّاسِ؟ فَأَشَارَتْ بِيَدِهَا نَحْوَ السَّمَاءِ، وَقَالَتْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! فَقُلْتُ: آيَةٌ؟ فَأَشَارَتْ: أَنْ نَعَمْ، فَقُمْتُ حَتّٰى تَجَلَّانِيَ الْغَشْيُ، وَجَعَلْتُ أَصُبُّ فَوْقَ رَأْسِيْ مَاءً، فَلَمَّا انْصَرَفَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَمِدَ اللّٰهِ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " مَا مِنْ شَيْءٍ كُنْتُ لَمْ أَرَهُ إِلَّا قَدْ رَأَيْتُهُ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا حَتّٰى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، وَلَقَدْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُوْنَ فِي الْقُبُوْرِ مِثْلَ أَوْ: قَرِيْبًا مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ " - لَا أَدْرِيْ أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ - يُؤْتَى أَحَدُكُمْ فَيُقَالُ لَهُ: مَا عِلْمُكَ بِهٰذَا الرَّجُلِ؟ فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ أَوِ: الْمُوْقِنُ - لَا أَدْرِيْ أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ - فَيَقُوْلُ: هُوَ مُحَمَّدٌ رسولُ اللّٰهِ، جَاءَ نَا بِالْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَى، فَأَجَبْنَا وَآمَنَّا وَاتَّبَعْنَا، فَيُقَالُ: نَمْ صَالِحًا، فَقَدْ عَلِمْنَا إِنْ كُنْتَ لَمُؤْمِنًا. وَأَمَّا الْمُنَافِقُ أَوِ: الْمُرْتَابُ - لَا أَدْرِيْ أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ - فَيَقُوْلُ: لَا أَدْرِيْ، سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ شَيْئًا فَقُلْتُهُ [راجع: ۸٦]

باب مَسْحِ الرَّأْسِ كُلِّهِ

پورے سر کا مسح کرنا

وضو میں پورے سر کا مسح فرض ہے یا بعض سر کا؟ امام مالک اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک پورے سر کا مسح فرض ہے، ایک بال بھی مسح سے رہ گیا تو وضو نہیں ہوگا اور نماز صحیح نہیں ہوگی، دیگر ائمہ کے نزدیک بعض سر کا مسح فرض ہے۔ پھر حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک چوتھائی سر کا مسح فرض ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک کم از کم اتنی مقدار جس پر مسح کا اطلاق ہو سکے کافی ہے۔ چنانچہ ان کے کئی قول ہیں: (۱) کم از کم تین بالوں کا مسح فرض ہے (۲) ایک بال پر بھی مسح کافی ہے (۳) بال کے بعض حصہ پر بھی مسح کافی ہے۔ جاننا چاہئے کہ احناف کا ایک قول یہ ہے کہ تین انگلیوں کے بقدر مسح فرض ہے مگر اس پر فتوی نہیں، مفتی بہ قول ربع رأس کا ہے۔

امام بخاریؒ کے دلائل:

پہلی دلیل: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ﴾ رأس پورے سر کو کہتے ہیں، پس پورے سر پر مسح

فرض ہے، اور باء زائدہ ہے جیسے آیتِ تیمّم ﴿فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ﴾ میں باء زائدہ ہے، اسی لئے تیمّم میں پورے چہرے پر مسح فرض ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اسی طرح آیت وضو میں بھی باء زائدہ ہے۔

دوسری دلیل: حضرت سعید بن المسیبؒ فرماتے ہیں: عورت مرد کی طرح ہے، وہ بھی اپنے سر پر مسح کرے گی، حضرت سعیدؒ نے لفظ بعض استعمال نہیں کیا، بلکہ رأس استعمال کیا ہے جبکہ بیان کا موقعہ ہے اور محل بیان میں بات پوری بیان کی جاتی ہے۔ پس اگر بعض سر کا مسح فرض ہوتا تو حضرت سعیدؒ اس کی وضاحت کرتے۔

تیسری دلیل: عقلی ہے جو حضرت سعیدؒ کے قول سے نکلتی ہے کہ عورت کا سر ستر ہے، اگر مسح میں کچھ تخفیف ہوتی تو عورت کے لئے ہوتی مگر اس کے لئے بھی کوئی تخفیف نہیں، اس کو بھی سر کھول کر پورے سر کا مسح کرنا ہے پس مرد کو بدرجۂ اولیٰ پورے سر کا مسح کرنا ہوگا۔

جمہور کے دلائل:

جمہور کے نزدیک آیت وضو میں باء تبعیضیہ ہے، اور دلیل حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے وضو کیا اور ناصیہ پر اور پگڑی پر مسح کیا، یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور مسلم شریف میں ہے (مشکوٰۃ حدیث ۳۹۹) اور دوسری دلیل حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے پگڑی میں ہاتھ داخل کیا اور سر کے اگلے حصہ پر مسح کیا اور پگڑی توڑی نہیں (ابوداؤد حدیث ۱۴۷) ظاہر ہے پگڑی کے اندر ہاتھ ڈال کر بعض سر کا ہی مسح کیا جاسکتا ہے۔

غرض حنفیہ اور حنابلہ نے حضرت مغیرہؓ کی حدیث سامنے رکھ کر دو باتیں کہیں:

ایک: آیتِ وضو میں باء تبعیضیہ ہے اور پورے سر کا نہیں بلکہ بعض سر کا مسح فرض ہے، ورنہ ماننا پڑے گا کہ اس دن نبی ﷺ کا وضو نہیں ہوا، ایسی بات بھلا کون کہہ سکتا ہے؟

دوم: مقدار ناصیہ پر یعنی ربع رأس پر مسح فرض ہے۔ اگر اس سے کم پر مسح جائز ہوتا تو نبی ﷺ زندگی میں ایک مرتبہ عمل کر کے ضرور دکھاتے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بھی باء تبعیضیہ ہے اور اتنی بات اس حدیث سے ثابت ہے مگر مقدار اپنے اجتہاد سے طے فرمائی ہے، ان کے نزدیک تین بال پر، یا ایک بال پر یا بال کے بعض حصہ پر مسح کافی ہے۔

اور جمہور کہتے ہیں جب آیتِ وضو کی تفسیر حدیث میں موجود ہے تو آیتِ تیمّم پر قیاس کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ آیت کی تفسیر حدیث سے کی جائے گی، جیسے تیمّم میں ہاتھوں پر مسح مرفقین تک ہے یا رُسغین تک؟ حضرت ابن عباسؓ کے نزدیک رسغین تک ہے۔ انھوں نے آیتِ تیمّم کو آیتِ سرقہ پر قیاس کیا ہے۔ آیتِ سرقہ میں صرف ہاتھ کاٹنے کا حکم ہے، غایت مذکور نہیں۔ اور چور کا ہاتھ گٹے سے کاٹا جاتا ہے، اور آیتِ تیمّم میں بھی غایت مذکور نہیں، پس ان پر بھی مسح

گٹوں تک کیا جائے گا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس رائے کو امام احمد رحمہ اللہ کے علاوہ کسی نے نہیں لیا، کیونکہ جب حدیث میں صراحت ہے کہ تیمّم کہنیوں تک کیا جائے گا تو اب قیاس کی کیا ضرورت ہے، اسی طرح یہاں بھی حدیث سے بعض سر پر مسح ثابت ہے پس اس کی روشنی میں آیت کی تفسیر کی جائے گی۔ آیتِ تیمّم پر قیاس کرنا درست نہیں۔

علاوہ ازیں: چہرہ پر تیمّم: چہرہ دھونے کے قائم مقام ہے اور اصل میں یعنی چہرہ دھونے میں استیعاب فرض ہے پس اس کے نائب تیمّم میں بھی استیعاب فرض ہوگا، اور تیمّم کی آیت میں باء کے تبعضیہ ہونے کی کوئی دلیل نہیں برخلاف مسح رأس کے: وہ خود اصل ہے کسی کا قائم مقام نہیں، پس اس کو آیتِ تیمّم پر قیاس کرنا درست نہیں، اور برؤسکم میں باء تبعیضیہ ہے اس کی دلیل موجود ہے۔

اور حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ کا قول مجتہدین پر حجت نہیں، وہ تابعی ہیں۔ علاوہ ازیں: عورت کو بعض سر پر مسح کرنا ہے یا کل پر؟ حضرت سعیدؒ نے یہ مسئلہ بیان نہیں کیا، بلکہ ان کے قول کا مطلب یہ ہے کہ مردوں کی طرح عورت کو بھی سر کھول کر مسح کرنا ہے۔ وہ اوڑھنی وغیرہ پر مسح نہیں کر سکتی، کوئی اجنبی موجود ہو تب بھی سر کھول کر مسح کرے یہ شرعی ضرورت ہے، اس لئے حضرت سعیدؒ نے لفظ کل یا بعض استعمال نہیں کیا ان کو یہ مسئلہ بیان کرنا مقصود ہی نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ جمہور کے دلائل پر مالکیہ نے اعتراض کیا ہے کہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے ناصیہ پر اور پگڑی پر مسح کیا، اس طرح پورے سر کا مسح ہو گیا، بعض پر اصالۃً ہوا اور بعض پر ضمناً۔ چنانچہ امام احمد رحمہ اللہ محنک پگڑی پر مسح کے جواز کے قائل ہیں، ان کے نزدیک پگڑی توڑے بغیر سر پر مسح کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے امام مالکؒ اور امام بخاریؒ نے ناصیہ والی حدیث کو نہیں لیا، مگر یہ اعتراض درست نہیں، یہ اعتراض حنابلہ کی طرف سے تو ہو سکتا ہے مالکیہ نہیں کر سکتے کیونکہ مالکیہ کے نزدیک پگڑی پر مسح درست نہیں۔

ہمیشہ پورے سر کا مسح کرنا چاہئے

جو مسائل معرکۃ الآراء ہوتے ہیں ان میں چونکہ لمبی بحثیں ہوتی ہیں اس لئے بعض مرتبہ ذہن غلط بن جاتا ہے، چنانچہ عام طور پر احناف آدھے سر کا مسح کرتے ہیں اور شوافع سر کے ذرا سے حصے کا۔ یہ بات ٹھیک نہیں، نبی ﷺ کی سنت مستمرہ پورے سر کا مسح کرنے کی ہے، صرف ایک مرتبہ مسئلہ کی وضاحت کے لئے سر کے اگلے حصہ کا مسح کیا ہے۔ اس لئے پورے سر کا مسح فرض نہ سہی سنت تو ہے، اس لئے ہمیشہ پورے سر کا مسح کرنا چاہئے۔

[۳۸-] بابُ مَسْحِ الرَّأْسِ كُلِّهِ

[۱-] لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَامْسَحُوْا بِرُؤُسِكُمْ﴾ [المائدة:٦]

[۲-] وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ: الْمَرْأَةُ بِمَنْزِلَةِ الرَّجُلِ، تَمْسَحُ عَلٰى رَأْسِهَا.
[۳-] وَسُئِلَ مَالِكٌ: أَيُجْزِئُ أَنْ يَمْسَحَ بَعْضَ رَأْسِهِ؟ فَاحْتَجَّ بِحَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ.
[۱۸۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ - وَهُوَ جَدُّ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى - أَتَسْتَطِيْعُ أَنْ تُرِيَنِيْ كَيْفَ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ: نَعَمْ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَأَفْرَغَ عَلٰى يَدِهُ فَغَسَلَ يَدَهُ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلاَثًا، ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاَثًا، ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ، ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَهُ بِيَدَيْهِ فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ، بَدَأَ بِمُقَدَّمِ رَأْسِهِ حَتّٰى ذَهَبَ بِهِمَا إِلٰى قَفَاهُ؛ ثُمَّ رَدَّهُمَا إِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ بَدَأَ مِنْهُ، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ. [انظر: ۱۸۶، ۱۹۱، ۱۹۲، ۱۹۷، ۱۹۹]

ترجمہ: یحییٰ بن عمارہ کہتے ہیں: ایک شخص نے (عمرو بن عُمارہ نے جو یحییٰ کے بھائی ہیں) حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے کہا: —— اور وہ یعنی سائل عمرو بن یحییٰ کے دادا ہیں (بلکہ وہ عمرو بن یحییٰ کے چچا ہیں) —— کیا آپ مجھے نبی ﷺ کا وضو دکھا سکتے ہیں کہ آپؐ کس طرح وضو فرماتے تھے؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا: ہاں، چنانچہ انھوں نے پانی منگوایا، پھر پانی اپنے ہاتھ پر ڈالا، اور ہاتھ دو مرتبہ دھوئے، پھر تین مرتبہ کلی کی اور ناک جھاڑی یعنی وصل کیا، پھر چہرہ تین مرتبہ دھویا، پھر دونوں ہاتھ دو دو مرتبہ کہنیوں تک دھوئے، پھر دونوں ہاتھ سے سر پر مسح کیا، پس ان دونوں میں اقبال وادبار کیا، سر کے اگلے حصہ سے مسح شروع کیا، یہاں تک کہ دونوں ہاتھوں کو گدی تک لے گئے، پھر ان کو اس جگہ واپس لائے جہاں سے مسح شروع کیا تھا، پھر دونوں پاؤں دھوئے۔

تشریح:

۱- اس حدیث کے راویوں میں تھوڑا الجھاؤ ہے، حاشیہ میں بھی الجھاؤ ہے اس لئے اس کو اچھی طرح سمجھ لیں، ایک شخص ہیں ابوحسن یہ بدری عقبی صحابی ہیں، ان کے لڑکے ہیں: عمارہ، پھر عمارہ کے دو لڑکے ہیں عمرو اور یحییٰ، پھر یحییٰ کے لڑکے عمرو ہیں، یہ جو یحییٰ کے لڑکے عمرو ہیں وہ اپنے ابا یحییٰ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں اور سائل ہیں عمرو بن عمارہ جو یحییٰ کے بھائی اور عمرو بن یحییٰ کے چچا ہیں، وہ ہمیشہ باوضو رہتے تھے، ان کی وضو کے ساتھ خاص دلچسپی تھی اس لئے انھوں نے حضرت عبداللہؓ سے یہ سوال کیا ہے۔ اور وھو جد عمرو بن یحییٰ میں ھو کا مرجع سائل عمرو بن عمارہ ہیں جو عمرو بن یحییٰ کے دادا نہیں بلکہ چچا ہیں۔

۲- إقبال کے معنی ہیں: سامنے آنا، جیسے باب الظاہر سے کوئی شخص میری طرف آئے تو یہ اقبال ہے، اور إدبار کے معنی ہیں: پیٹھ پھیر کر جانا جیسے میری طرف سے باب الظاہر کی طرف جانا ادبار ہے۔ اجمال میں اقبال پہلے ہے اور إدبار بعد

میں، اور تفسیر میں إدبار کی تفسیر پہلے کی ہے، کیونکہ عرف میں اقبال پہلے اور ادبار بعد میں استعمال کیا جاتا ہے جبکہ مسح کا مسنون طریقہ یہ نہیں، اس لئے أدبر کی تفسیر پہلے کی۔

امام مالک رحمہ اللہ نے اس حدیث سے مسح رأس میں استیعاب کی فرضیت پر استدلال کیا ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے دونوں ہاتھوں سے پورے سر کا مسح کیا ہے۔ مگر یہ فعلی حدیث ہے اور فعلی حدیث سے فرضیت ثابت نہیں ہوتی، ہاں فعلی روایت سے عدم فرضیت ثابت ہوسکتی ہے۔ حضرت مغیرہؓ کی حدیث فعلی ہے اس سے سر کے مسح میں استیعاب کی عدم فرضیت ثابت ہوسکتی ہے۔

۳- اس حدیث میں مضمضہ اور استنثار کے بعد ایک مرتبہ ثلاثاً آیا ہے، اور جہاں ایک مرتبہ ثلاثاً آئے وہاں وصل مراد ہوتا ہے، اور جہاں دو مرتبہ ثلاثاً آئے وہاں فصل مراد ہوتا ہے۔ وصل کے معنی ہیں: دونوں کو ملانا، یعنی ایک چلو پانی لے کر تھوڑے پانی سے کلی کرنا اور باقی پانی سے ناک صاف کرنا، اور فصل کہتے ہیں: دونوں کو علاحدہ علاحدہ نئے پانی سے کرنا، مضمضمہ اور استنشاق میں فصل اولیٰ ہے یا وصل؟ اس میں اختلاف ہے، اور یہ اختلاف جواز وعدم جواز کا نہیں بلکہ اولیٰ غیر اولیٰ کا ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک وصل اولیٰ ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک فصل اولی ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ سے دو روایتیں ہیں: ایک امام شافعیؒ کے موافق اور دوسری امام اعظمؒ کے موافق۔

۴- منیۃ المصلی میں جو فقہ کی کتاب ہے اور جس کی شرح کبیری ہے، محیط سے مسح کا طریقہ یہ لکھا ہے کہ دونوں ہاتھ بھگا کر خنصر، بنصر اور وسطی تین انگلیوں کو سر کے اگلے حصہ پر رکھے اور انگوٹھا اور ہتھیلی الگ رکھے، پھر انگلیوں کو کھینچ کر گدی تک لے جائے، پھر ہتھیلی سے سر کی دونوں جانبوں کا مسح کرتا ہوا ہاتھوں کو آگے لائے، پھر شہادت کی انگلیوں سے کانوں کے اندر کا اور انگوٹھوں سے کانوں کے باہر کا مسح کرے۔ علامہ ابن ہمام نے فتح القدیر میں لکھا ہے کہ یہ طریقہ کسی حدیث سے ثابت نہیں۔ مسح کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھ سر کے اگلے حصہ پر رکھے اور سر کو گھیرتا ہوا پیچھے لے جائے، پھر پیچھے سے آگے لائے، اور شہادت کی انگلیوں سے کانوں کے اندر کا اور انگوٹھوں سے کانوں کے باہر کا مسح کرے، اور یہ خیال کہ اس طرح مسح کرنے سے ہاتھ، انگلیاں اور انگوٹھے مستعمل ہوجائیں گے کبیری اور فتح القدیر میں اس کا یہ جواب دیا ہے کہ ہاتھ جب تک ایک عضو پر چلتا رہتا ہے مستعمل نہیں ہوتا، جیسے ہاتھ دھوتے ہیں تو پانی ہتھیلی سے کہنی تک چلتا ہے پھر گرتا ہے، یہ پانی ہاتھ سے علاحدہ ہونے کے بعد مستعمل ہوگا، جب تک عضو پر چلتا رہے گا مستعمل نہیں ہوگا۔ یہی حکم مسح میں بھی ہے اور کان چونکہ سر کا جزء ہیں اور ہاتھ کو علاحدہ کئے بغیر ان کا مسح ممکن نہیں اس لئے انکے حق میں بھی انگلیاں اور انگوٹھے مستعمل نہیں ہونگے۔ ہاں خفین پر مسح کرنے کے لئے دوسرا پانی لینا ہوگا کیونکہ وہ دوسرا عضو ہیں۔

۵- گردن پر مسح کا کیا حکم ہے؟ اس سلسلہ میں تین رائیں ہیں: (۱) امام نووی رحمہ اللہ اس کو بدعت کہتے ہیں (۲) اکثر احناف اور اصحاب متون مستحب کہتے ہیں اور یہی صحیح قول ہے (۳) اور بعض لوگ سنت کہتے ہیں۔ اس سلسلہ کی تمام

روایات کو مولانا ابوالحسنات عبدالحئی لکھنوی رحمہ اللہ نے تحفة الطلبة فی مسح الرقبة نامی رسالہ میں جمع کیا ہے اور سعایہ شرح شرح وقایہ (۱:۸۷۱) میں بھی تفصیل ہے۔

بابُ غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ

پیر ٹخنوں سمیت دھونا

وضو میں ہاتھ اور پاؤں کہنیوں اور ٹخنوں سمیت دھونے ضروری ہیں اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔ اگر چہ امام زفر رحمہ اللہ کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک کہنیاں اور ٹخنے غسل میں شامل نہیں، مگر جب چار ائمہ کی تقلید پر امت کا اجماع ہو گیا تو اب جو مسئلہ ان کے درمیان متفق علیہ ہے وہ اجماعی ہے، اور جو مسئلہ ان کے درمیان اختلافی ہے وہ اختلافی ہے، اس لئے میں نے کہا کہ یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

حدیث: عمرو بن یحییٰ اپنے والد یحییٰ سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: میری موجودگی میں عمرو بن ابی حسن نے عبداللہ بن زیدؓ سے نبی ﷺ کے وضو کے بارے میں پوچھا: پس انھوں نے ایک تسلے میں پانی منگوایا، اور لوگوں کو دکھانے کے لئے نبی ﷺ جیسا وضو کیا۔ پہلے تسلے کو جھکا کر اپنے ہاتھ پر پانی ڈالا اور دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوئے، پھر اپنا ہاتھ تسلے میں ڈالا اور تین چلو سے مضمضہ استنشاق اور استنثار کیا یعنی وصل کیا۔ پھر برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی لیا اور چہرہ تین مرتبہ دھویا، پھر ہاتھ ڈال کر پانی لے کر دونوں ہاتھ دو مرتبہ کہنیوں سمیت دھوئے، پھر ہاتھ ڈال کر پانی لیا اور سر پر ایک مرتبہ مسح کیا اور ان دونوں کے ساتھ اقبال و ادبار کیا، یعنی پہلے دونوں ہاتھ سر پر رکھ کر پیچھے لے گئے پھر دونوں کو آگے لائے، پھر دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئے۔

تشریح: صحیح عمرو بن عمارة بن ابی حسن ہے۔ کبھی دادا کی طرف نسبت کر دیتے ہیں، جیسے غزوۂ حنین کے موقع پر نبی ﷺ نے یہ رجز پڑھا ہے:

أنا النبيُّ لاكَذِبْ ۞ أنا ابْنُ عبد المطلب

عبدالمطلب آپؐ کے دادا تھے، والد حضرت عبداللہ تھے، پس یہ مجاز ہے .... نبی ﷺ ہاتھوں کو سر پر رکھ کر پہلے پیچھے لے گئے پھر آگے لائے۔ راوی نے اس کو ایک مرتبہ مسح کہا ہے، کیونکہ دوسرا اور تیسرا مسح اس وقت کہا جائے گا جب نیا پانی لے کر مسح کرے۔

[۳۹-] بابُ غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ

[۱۸۶-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: نَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْهِ: شَهِدْتُ عَمْرَو بْنَ أَبِيْ حَسَنٍ سَأَلَ عَبْدَ

اللّٰہِ بْنَ زَیْدٍ عَنْ وُضُوْءِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَدَعَا بِتَوْرٍ مِنْ مَاءٍ، فَتَوَضَّأَ لَهُمْ وَضُوْءَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَأَکْفَأَ عَلٰی یَدِهٖ مِنَ التَّوْرِ، فَغَسَلَ یَدَیْهِ ثَلاَ ثًا، ثُمَّ أَدْخَلَ یَدَهُ فِی التَّوْرِ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلاثَ غَرَفَاتٍ، ثُمَّ أَدْخَلَ یَدَهُ فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاثًا ثُمَّ أَدْخَلَ یَدَهُ فَغَسَلَ یَدَیْهِ مَرَّتَیْنِ إِلَی الْمِرْفَقَیْنِ، ثُمَّ أَدْخَلَ یَدَهُ فَمَسَحَ رَأْسَهُ فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ مَرَّةً وَاحِدَةً، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَیْهِ إِلَی الْکَعْبَیْنِ. [راجع: ۱۸۵]

بابُ اسْتِعْمَالِ فَضْلِ وَضُوْءِ النَّاسِ

وضو سے بچا ہوا پانی پاک ہے

فضل کے معنی ہیں: بچا ہوا۔ خواہ کھانے پینے سے بچا ہو یا وضو اور غسل سے۔ یہاں وضو سے بچا ہوا پانی مراد ہے۔ دورِ اول میں عام طور پر بڑے برتن میں پانی ہوتا تھا، اس میں ہاتھ ڈال کر پانی لیتے تھے اور وضو اور غسل کرتے تھے، جیسے آج کل لوگ حوض سے وضو کرتے ہیں۔ پھر برتن میں جو پانی بچ گیا وہ فضل الوضوء ہے، یہ ماء مستعمل نہیں، پس دوسروں کے لئے اس سے وضو اور غسل کرنا جائز ہے۔

فائدہ: سور کے معنی ہیں: باقی ماندہ۔ یہ لفظ بھی فضل کی طرح عام ہے، اردو میں اس کا ترجمہ ''جھوٹا'' کرتے ہیں، یہ ترجمہ جھوٹا ہے، اسلام میں جھوٹے کا تصور نہیں، یہ ہندوانہ تصور ہے۔ اسلام میں سب سچا ہے یعنی پاک ہے، لہٰذا ہر انسان کا خواہ وہ کوئی ہو اس کا بچا ہوا کھانا اور پانی پاک ہے، اس کے ساتھ بھی کھا سکتے ہیں اور اس کا بچا ہوا بعد میں بھی کھا سکتے ہیں۔ اور لوگوں میں ایک حدیث مشہور ہے: سؤر المؤمن شفاء: مسلمان کا بچا ہوا شفا ہے، یہ بے اصل روایت ہے۔ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے الموضوعات الکبری میں اس کی صراحت کی ہے، درحقیقت کسی نے جھوٹے کے ہندوانہ تصور کو توڑنے کے لئے یہ بات چلائی ہے۔ اگر یہ حدیث ہوتی تو مسلمانوں کا اس پر عمل ہوتا، گھر میں کوئی بیمار پڑتا تو پانی یا کھانا گھر والوں کو یا محلّہ والوں کو تھوڑا تھوڑا کھلا کر بچا ہوا بیمار کو کھلاتے مگر مسلمانوں میں اس کا رواج نہیں۔

ہاں مسلمانوں میں تبرک کا رواج ہے، یعنی کسی نیک آدمی کا بچا ہوا لوگ شوق سے کھاتے ہیں، تبرک کا ثبوت حدیث سے ہے: ایک مرتبہ نبی ﷺ نے دودھ نوش فرمایا، دائیں طرف ام ہانی تھیں، آپؐ نے بچا ہوا ان کو عنایت فرمایا، انھوں نے روزہ ہونے کے باوجود اس کو پی لیا، کیونکہ روزے کی قضا کی جا سکتی ہے، اور تبرک ہاتھ سے چلا جائے گا تو اگلی بے جائے گی۔

غرض: تبرک کا ثبوت ہے اور مسلمانوں میں اس کا رواج بھی ہے، مگر مؤمن کے بچے ہوئے کا شفا ہونا بے اصل بات ہے۔ اور اس کا رواج بھی نہیں۔ بڑے لوگ بھی یہ غلطی کرتے ہیں اور اس جملہ کو حدیث کے طور پر پیش کرتے ہیں، اس لئے اس بات سے واقف رہنا ضروری ہے۔

ماءِ مستعمل کا حکم:

ماءِ مستعمل امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک طاہر (پاک) ہے، مگر مطہر (پاک کرنے والا) نہیں، پس ماءِ مستعمل کپڑے پر گر جائے تو کپڑا پاک ہے، مگر اس سے وضو اور غسل کرنا جائز نہیں، کیونکہ وہ مطہر نہیں۔ یہ امام محمد رحمہ اللہ کی امام اعظمؒ سے ایک روایت ہے اور یہی مفتی بہ ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید بھی یہی ہے[1] اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک ماءِ مستعمل نجاست خفیفہ ہے، یہ بھی امام اعظمؒ کی ایک روایت ہے، مگر اس پر فتوی نہیں، اور امام اعظمؒ سے بواسطہ حسن بن زیاد ایک روایت یہ بھی ہے کہ ماءِ مستعمل نجاست غلیظہ ہے، مگر اس پر بھی فتوی نہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک ماءِ مستعمل پاک بھی ہے اور پاک کرنے والا بھی ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی طرف بھی یہی قول منسوب کیا گیا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں ماءِ مستعمل کا بیان نہیں ہے، بلکہ فضل سے مراد وہ پانی ہے جو وضو کرنے کے بعد برتن میں بچ جاتا ہے۔ حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں اس کی صراحت کی ہے، ماءِ مستعمل تو اس پانی کو کہتے ہیں جو رفع حدث یا ثواب حاصل کرنے کی غرض سے استعمال کیا جاتا ہے، اور جو پانی برتن میں ہے اور جس میں ہاتھ ڈال کر پانی لے کر وضو کیا ہے اس پر یہ تعریف صادق نہیں آتی، پس اس کو ماءِ مستعمل کہنا اور یہ کہنا کہ امام بخاریؒ کے نزدیک بھی ماءِ مستعمل پاک ہے: صحیح نہیں، اس طرف باب میں ادنی اشارہ بھی نہیں۔

اثر: حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ پانی میں بھگو کر مسواک کرتے تھے، اور ایسا کئی بار کرتے تھے، ان کی بیوی اس پانی سے وضو کرنا چاہتی تو حضرت جریرؓ فرماتے: اس پانی سے وضو کر یعنی یہ ماءِ مستعمل نہیں، **فضل الوضوء** ہے، بلکہ **فضل السِّواك** ہے، اس پر ماءِ مستعمل کا اطلاق درست نہیں۔

حدیث (۱): حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمارے پاس نبی ﷺ ٹھیک دوپہر میں تشریف لائے، پس وضو کا پانی لایا گیا، تو آپؐ نے وضو فرمایا۔ پس لوگ آپؐ کے وضو کے بچے ہوئے پانی کو لینے لگے، اور اس کو اپنے بدن پر ملنے لگے، پھر نبی ﷺ نے ظہر کی دو رکعتیں اور عصر کی دو رکعتیں پڑھائیں، اور آپؐ کے سامنے پھل لگا ہوا ڈنڈا تھا جس کو سترہ بنایا گیا تھا۔

تشریح: فضل وضوء سے مراد وہ پانی ہے جو اس برتن میں بچ گیا تھا جس میں سے آپؐ نے وضو فرمایا تھا۔ لوگوں نے برکت کے لئے وہ پانی اپنے چہروں پر اور بدن پر مل لیا —— اور یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے۔ ابطح مقام میں آپؐ نے یہ وضو فرمایا تھا۔ اور وہاں ظہر اور عصر پڑھائی تھی اور دو دو رکعتیں پڑھائی تھیں، کیونکہ آپؐ مسافر تھے۔

حدیث (۲): حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک برتن میں پانی منگوایا، اور اس

---

(۱) امام شافعی رحمہ اللہ پہلے بغداد میں رہتے تھے، اس زمانہ کے آپ کے اجتہادات قول قدیم کہلاتے ہیں، پھر آخر کے دو سال مصر میں گذارے ہیں وہاں آپ کی بہت سی رائیں بدل گئی ہیں، یہ آپ کے جدید اقوال ہیں۔

میں اپنے ہاتھ اور چہرہ دھویا، پھر اس میں کلی کی، پھر ان دونوں سے فرمایا: دونوں اس میں سے کچھ پیو، اور باقی اپنے چہروں پر اور سینوں پر ڈالو۔

تشریح: یہ روایت یہاں بہت مختصر ہے، تفصیلی روایت بابُ غزوۃ الطائف (حدیث ۴۳۲۸) میں آئے گی۔ نبی ﷺ جعرانہ میں ٹھہرے ہوئے تھے، وہیں حنین وطائف کی غنیمتیں آپؐ نے تقسیم فرمائی تھیں۔ جب مال تقسیم ہو گیا اور کچھ باقی نہ رہا تو ایک بدو آیا اور اس نے کہا: مالِ غنیمت میں میرا جو حصہ ہے وہ مجھے دیجئے، آپؐ نے فرمایا: ''خوشخبری سن لو'' یعنی دینے کے لئے مادی نعمت نہیں رہی، روحانی نعمت قبول کرلے، مگر وہ نہیں سمجھا، اس نے کہا: آپؐ خوشخبریاں بہت سناتے ہیں، کچھ مال بھی تو دیں، اس جواب سے آپؐ کو ناگواری ہوئی، اتفاق سے اسی وقت حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما آگئے، وہ خاص وقت تھا آپؐ نے ان دونوں سے فرمایا: یہ بندہ تو خوشخبری قبول نہیں کرتا تم دونوں قبول کرلو، دونوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم قبول کرتے ہیں، پھر آپؐ نے پانی منگوایا، اور اس میں ہاتھ اور چہرہ دھویا، پھر اس میں کلی کی اور ان دونوں سے فرمایا: اس میں سے کچھ پی لو اور باقی سر اور سینوں پر ڈال لو، چنانچہ دونوں نے اس میں سے کچھ پیا اور باقی سروں پر اور چہروں پر ڈالنے لگے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا پردہ کے پیچھے سے سارا منظر دیکھ رہی تھیں، انھوں نے پکار کر کہا: سارا نہ پی جانا اپنی امی کے لئے بھی کچھ بچانا، چنانچہ انھوں نے کچھ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے لئے بھی بچایا۔

یہ جو نبی ﷺ نے چہرہ اور ہاتھ دھوئے تھے اور اس میں کلی ڈالی تھی وہ ماءِ مستعمل نہیں تھا، اس لئے کہ آپؐ نے وضو نہیں کیا تھا، اور وہ دھونا نہ رفع حدث کے لئے تھا اور نہ قربت کے لئے، اس لئے اس کو ماءِ مستعمل کہنا صحیح نہیں۔

حدیث (۳): محمود بن الربیع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: یہ محمود وہ ہیں جن کے چہرے پر نبی ﷺ نے کلی ڈالی تھی، درانحالیکہ وہ اس وقت بچے تھے وہ کلی آپؐ نے اس کنویں کے پانی سے بھر کر ڈالی تھی جو ان کے گھر میں تھا۔ اور عروہ: مسور بن مخرمہ وغیرہ سے روایت کرتے ہیں اور ان دونوں میں سے ایک اپنے ساتھی کی تصدیق کرتا ہے کہ جب نبی ﷺ وضو فرماتے تھے تو قریب تھا کہ لوگ آپؐ کے وضو کے بچے ہوئے پانی کو حاصل کرنے کے لئے ایک دوسرے سے لڑ پڑیں۔ کاد: محل اثبات میں ہے اس لئے فعل کی نفی کرے گا یعنی لڑے نہیں تھے۔

تشریح: یہ حدیث پہلے بھی گذری ہے کہ نبی ﷺ ایک مرتبہ محمود بن الربیعؓ کے گھر تشریف لے گئے، اس وقت وہ پانچ سال کے تھے، آپؐ نے وضو کے لئے پانی منگوایا، گھر میں کنواں تھا، اس میں سے کھینچ کر ایک ڈول پانی پیش کیا گیا۔ آپؐ نے اس میں سے وضو فرمایا، پھر منہ میں پانی لے کر حضرت محمودؓ کے منہ پر کلی ڈالی۔ آپؐ نے ان کے منہ پر کلی کیوں ڈالی تھی؟ اس کی وجہ معلوم نہیں، اس حدیث میں اور کسی دوسری حدیث میں اس کی کوئی وجہ مروی نہیں، بعض کہتے ہیں: آپؐ نے بچے کا مذاق کیا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں: تبرکاً ڈالی تھی، اور بعض کہتے ہیں علاجاً ڈالی تھی۔ حضرت محمودؓ بیمار ہو نگے۔

عروہ: یہ عروۃ بن الزبیر ہیں جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کے صاحبزادے ہیں، اور مدینہ منورہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں، اور غیرہ سے مراد مروان بن الحکم ہے جو مدینہ منورہ کا گورنر تھا بعد میں امیر المؤمنین بنا، حضرت عروہ رحمہ اللہ مسور اور مروان دونوں سے روایت کرتے ہیں۔ دونوں نے حضرت عروہ سے الگ الگ موقعوں پر یہ حدیث بیان کی ہے، دونوں کی حدیثوں کا مفہوم تقریباً ایک ہے، یُصدق کلُّ واحد منهما صاحِبَه کا یہی مطلب ہے، اور یہ صلح حدیبیہ کے واقعہ کا ایک حصہ ہے، وہاں جب نبی ﷺ وضو فرماتے تو صحابہ آپؐ کے وضو کا بچا ہوا پانی لینے کے لئے دوڑتے یعنی ہر شخص وہ تبرک حاصل کرنے کی کوشش کرتا، یہ وہ پانی ہے جو برتن میں بچ گیا ہے جس میں سے آپؐ نے وضو فرمایا ہے، یہ ماء مستعمل نہیں ہے، برتن میں وضو کا باقی ماندہ پانی ہے، پس اس حدیث کا بھی ماء مستعمل سے کچھ تعلق نہیں۔

[۱/۴۰-] بابُ اسْتِعْمَالِ فَضْلِ وَضُوْءِ النَّاسِ

وَأَمَرَ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَهْلَهُ أَنْ يَتَوَضَّؤُا بِفَضْلِ سِوَاكِهِ.

[۱۸۷-] حدثنا آدمُ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: ثَنَا الْحَكَمُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ يَقُوْلُ: خَرَجَ عَلَيْنَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْهَاجِرَةِ فَأُتِيَ بِوَضُوْءٍ، فَتَوَضَّأَ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَأْخُذُوْنَ مِنْ فَضْلِ وَضُوْئِهِ، فَيَتَمَسَّحُوْنَ بِهِ، فَصَلَّى النبيُّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ، وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ، وَبَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةٌ.

[انظر: ۳۷٦، ٤۹٥، ٤۹۹، ٥۰۱، ٦۳۳، ٦۳٤، ۳٥٥۳، ۳٥٦٦، ٥۷۸٦، ٥۸٥۹]

[۱۸۸-] وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِقَدَحٍ فِيْهِ مَاءٌ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ فِيْهِ، وَمَجَّ فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُمَا: "اشْرَبَا مِنْهُ وَأَفْرِغَا عَلَى وُجُوْهِكُمَا وَنُحُوْرِكُمَا" [انظر: ۱۹٦، ٤۳۲۸]

[۱۸۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: ثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ.

قَالَ: وَهُوَ الَّذِيْ مَجَّ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ وَجْهِهِ وَهُوَ غُلَامٌ مِنْ بِئْرِهِمْ.

وَقَالَ عُرْوَةُ عَنِ الْمِسْوَرِ وَغَيْرِهِ يُصَدِّقُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ: وَإِذَا تَوَضَّأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم كَادُوْا يَقْتَتِلُوْنَ عَلَى وَضُوْئِهِ. [راجع: ۷۷]

وضاحت: یہ دو الگ الگ روایتیں ہیں اور پہلی روایت میں قال کا فاعل امام زہری رحمہ اللہ ہیں، انھوں نے حضرت محمود کا تعارف کرایا ہے، اور اس حدیث سے بھی استدلال کرنا ہے، آپؐ نے وضو کا بچا ہوا پانی منہ میں لے کر حضرت محمودؓ پر ڈالا تھا، معلوم ہوا کہ فضل الوضوء پاک ہے —— اور دوسری حدیث صلح حدیبیہ کے موقعہ کی ہے، اس کو

امام زہری نے حضرت عروہ سے روایت کیا ہے اور اس سے استدلال کرنا ہے کہ فضل الوضوء پاک ہے۔

بابٌ

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اور یہ حدیث بھی گذشتہ مسئلہ سے متعلق ہے۔

حدیث: سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے میری خالہ نبی ﷺ کے پاس لے گئیں، اور عرض کیا: یارسول اللہ! یہ میرا بھانجا ہے اور بیمار ہے (اس حدیث میں وَقِعٌ ہے اور ایک نسخہ میں وَجِعٌ ہے۔ دونوں صفت کے صیغے ہیں اور دونوں کے معنی ایک ہیں) آپؐ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور میرے لئے برکت کی دعا کی، پھر وضو فرمایا، پس میں نے آپؐ کا وضو کا بچا ہوا پانی پیا، پھر میں آپؐ کی پیٹھ کے پیچھے کھڑا ہوا، تو میں نے مہر نبوت دیکھی جو چھپر کھٹ کی گھنڈی جیسی تھی (دوسرا ترجمہ:) جو چکور کے انڈے جیسی تھی۔

تشریح:

۱- حضرت سائبؓ کو دو بیماریاں تھیں، سر میں درد رہتا تھا اور پیٹ میں تکلیف تھی، نبی ﷺ نے سر پر ہاتھ پھیرا اور شفا کی دعا فرمائی تو ایک بیماری دور ہوگئی، اور وضو کا بچا ہوا پانی پیا تو پیٹ کی تکلیف دور ہوگئی، اور یہ وہ پانی تھا جو برتن میں بچ گیا تھا، ماءِ مستعمل نہیں تھا۔

۲- مہر نبوت علاماتِ نبوت میں سے تھی، اور ولادت کے وقت ہی سے تھی، اور وفات کے وقت غائب ہوگئی تھی، اور اس پر کچھ لکھا ہوا نہیں تھا۔ اور جن روایتوں میں کچھ لکھا ہوا ہونا منقول ہے وہ روایات درجۂ ثبوت کو نہیں پہنچی، اور مہر نبوت کی مقدار اور رنگ میں روایتیں مختلف ہیں کیونکہ یہ تشبیہات ہیں اور ہر شخص کی تشبیہ اس کے ذہن کے موافق ہوتی ہے۔ اس لئے اختلاف ناگزیر ہے۔

۳- چونکہ حضرت سائبؓ کے سر پر نبی ﷺ نے ہاتھ پھیرا تھا اور وضو کا پانی پلایا تھا: اس لئے میں نے یہ سمجھا ہے کہ درد: سر اور پیٹ میں ہوگا۔ واللہ اعلم

۴- **الزِّر:** بٹن، گھنڈی .... **الحَجَلَة:** گنبد نما کپڑوں سے آراستہ کیا ہوا دولہن کا کمرہ۔ گھر کے اندر دولہن کے لئے لگایا ہوا پردہ .... اس کا ترجمہ چکور بھی کیا گیا ہے، یہ کبوتر جیسا ایک پرندہ ہے جس کے پیر اور چونچ سرخ ہوتی ہے اور اس کا گوشت عمدہ ہوتا ہے، اس صورت میں زر کا ترجمہ انڈا کیا جائے گا۔

[۴۰/۲-] بابٌ

[۱۹۰-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الْجَعْدِ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ يَقُوْلُ: ذَهَبَتْ بِيْ خَالَتِيْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ، إِنَّ ابْنَ

أُخْتِیْ وَقِعٌ، فَمَسَحَ رَأْسِیْ وَدَعَا لِیْ بِالْبَرَکَةِ، ثُمَّ تَوَضَّأَ فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهِ، ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ فَنَظَرْتُ إِلٰی خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَیْنَ کَتِفَیْهِ مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ. [انظر: ۳۵۴۰، ۳۵۴۱، ۵۶۷۰، ۶۳۵۲]

بَابُ مَنْ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ غُرْفَةٍ وَاحِدَةٍ

ایک چلو سے مضمضہ اور استنشاق کرنا

مضمضہ اور استنشاق میں فصل اولیٰ ہے یا وصل؟ فصل کہتے ہیں: دونوں کو علاحدہ علاحدہ پانیوں سے کرنا، اور وصل نام ہے دونوں کو ملانے کا یعنی ایک چلو پانی لے کر تھوڑے سے کلی کرنا اور باقی سے ناک صاف کرنا۔

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک وصل اولیٰ ہے، اور فصل جائز ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک فصل اولیٰ ہے اور وصل جائز ہے، پس اختلاف جواز وعدم جواز کا نہیں بلکہ اولیٰ غیر اولیٰ کا ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ سے دونوں فریق کے موافق روایتیں ہیں۔

حدیث: یحییٰ بن عمارہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کا وضو روایت کرتے ہیں: انھوں نے برتن جھکا کر ہاتھوں پر ڈالی ڈالا اور ان کو دھویا، پھر ایک چلو سے منہ دھویا یا کہا: منہ میں پانی گھمایا اور پانی سونگھا (ایک چلو سے منہ دھویا یا مضمضہ اور استنشاق کیا صحیح کونسی تعبیر ہے اس میں راوی کو شک ہے) اور ایسا تین بار کیا، یعنی وصل کیا، پھر ہاتھوں کو کہنیوں کے ساتھ دو دو مرتبہ دھویا، پھر سر پر مسح کیا اس میں اقبال وادبار کیا، پھر دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئے، پھر فرمایا: نبی ﷺ کا وضو ایسا تھا۔

تشریح: یہ وہی سند ہے جو اوپر آئی تھی، جس میں الجھن تھی، صحیح بات یہاں ہے کہ راوی یحییٰ ہیں جن سے ان کے فرزند عمرو روایت کرتے ہیں اور سائل کا نام بھی عمرو ہے وہ یحییٰ کے بھائی اور عمرو بن یحییٰ کے چچا ہیں۔ اس حدیث میں مضمضہ اور استنشاق کے بعد ثلاثاً ایک مرتبہ آیا ہے۔ اور میں نے بتایا تھا کہ اگر ثلاثا ایک مرتبہ آئے تو وصل مراد ہوتا ہے۔ پس یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا مستدل ہے۔

اور حنفیہ کی دلیل طلحہ بن مُصرف کی حدیث ہے جو ابوداؤد میں ہے: فَرَأَیْتُهُ یَفْصِلُ بَیْنَ الْمَضْمَضَةِ وَالاستنشاق: (ابوداؤد ا:۹) یعنی میں نے رسول اللہ ﷺ کو مضمضہ اور استنشاق میں فصل کرتے ہوئے دیکھا۔ اسی طرح صحیح ابن السکن میں شقیق بن سلمہ کی حدیث ہے کہ میں نے حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کو وضو کرتے دیکھا: تَوَضَّاءَ ا ثلاثاً ثلاثاً، وأَفْرَدَا الْمَضْمَضَةَ من الاستنشاق: دونوں نے اعضاء وضو کو تین تین مرتبہ دھویا۔ اور دونوں نے مضمضہ کو استنشاق سے جدا کیا، پھر دونوں حضرات نے فرمایا: هکذا رأینا رسولَ الله صلی الله علیه وسلم تَوَضَّأَ: ہم نے اسی طرح نبی ﷺ کو وضو کرتے دیکھا ہے (رواہ ابن السکن فی صحیحه: بحوالہ التعلیق الصبیح ا:۲۰۵) ان کے علاوہ

اور بھی بہت سی روایات ہیں جن میں ثلاثاً ثلاثاً آیا ہے اس لئے احناف نے فصل کو افضل کہا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ احادیث میں مضمضہ اور استنشاق کے مختلف طریقے آئے ہیں، بعض میں ایک چلو، بعض میں دو چلو، بعض میں تین چلو، اور بعض میں چھ چلو کا ذکر ہے (کشف النقاب ۱: ۴۰۱-۴۰۳) پس وضو کرنے والے کو جس طریقہ پر سہولت ہو مضمضہ اور استنشاق کرے، کوئی پابندی نہیں۔

دنیا کے حالات یکساں نہیں، ہمارے یہاں اللہ کے فضل سے پانی بہت ہے، لیکن دنیا میں ایسی جگہیں بھی ہیں جہاں پانی بہت کم ہے، وہاں ایک لوٹے میں پورا گھر وضو کرتا ہے۔ اس طرح کے مسائل کی اہمیت وہاں زیادہ ہے جہاں پانی کم ہے، لیکن اگر آدمی درجۂ کمال حاصل کرنا چاہتا ہے تو مضمضہ اور استنشاق تین تین مرتبہ کرے، منہ اور ناک کی پوری صفائی اسی صورت میں ہوگی۔ جیسے نبی ﷺ سے پوچھا گیا کہ ایک کپڑے میں نماز پڑھ سکتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: أَوَ لِكُلِّكُمْ ثَوْبَان؟ کیا تم میں سے ہر شخص کے پاس دو کپڑے ہیں؟ (ابوداؤد ا: ۹۲) ظاہر ہے: نہیں ہیں، ہر شخص کو اُس زمانہ میں دو کپڑے میسر نہیں تھے۔ پھر ان کو ضروری کیسے قرار دیا جاسکتا ہے؟ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: الصَّلاةُ فی الثوب الواحد سنة: ایک کپڑے میں نماز پڑھنا سنت ہے، ہم لوگ نبی ﷺ کے عہد مبارک میں ایسا کرتے تھے، اور ہمارا یہ عمل برا نہیں سمجھا جاتا تھا، مگر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ حکم اس وقت تھا جب کپڑے کم تھے، اب اللہ نے کشادگی فرمائی ہے پس دو کپڑوں میں نماز پڑھنا افضل ہے (مشکوٰۃ ا: ۳۷ باب الستر) یہاں بھی یہی مسئلہ ہے، جن علاقوں میں پانی قلیل ہے وہاں کے لوگ کسی بھی روایت پر عمل کریں، البتہ جن علاقوں میں پانی وافر ہے وہاں افضل پر عمل کرنا چاہئے۔

[٤١-] باب مَنْ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ غُرْفَةٍ وَاحِدَةٍ

[١٩١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيىٰ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ: أَنَّهُ أَفْرَغَ مِنَ الإِنَاءِ عَلىٰ يَدَيْهِ فَغَسَلَهُمَا، ثُمَّ غَسَلَ أَوْ: مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ كَفَّةٍ وَاحِدَةٍ، فَفَعَلَ ذٰلِكَ ثَلاثًا، فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاثًا، ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ مَا أَقْبَلَ وَمَا أَدْبَرَ، وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا وُضُوْءُ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ١٨٥]

بابُ مَسْحِ الرَّأْسِ مَرَّةً

سر کا مسح ایک مرتبہ مسنون ہے

سر کا مسح ایک بار سنت ہے یا تین بار؟ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سر کا مسح تین بار نئے پانیوں سے سنت ہے، ان

کے علاوہ سب فقہاء ایک بار مسح کو سنت کہتے ہیں۔اور امام شافعیؒ کی نقلی دلیل چند ضعیف روایات ہیں اور انھوں نے مسح کو غسل پر قیاس کیا ہے، جبکہ بہت سی صحیح نصوص سے نبی ﷺ کا ایک مرتبہ مسح کرنا ثابت ہے۔ باب کی حدیث میں بھی ایک ہی مرتبہ مسح کا ذکر ہے، اور امام ابوداؤدؒ نے فرمایا ہے: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ساری حدیثیں اس پر دلالت کرتی ہیں کہ سر کا مسح ایک مرتبہ ہے، کیونکہ راویوں نے اعضاء مغسولہ کو تین تین بار دھونے کا ذکر کیا ہے۔ مگر انھوں نے ان سب روایات میں مسح رأسه کہا ہے، اور کوئی عدد ذکر نہیں کیا، جس طرح سر کے علاوہ میں انھوں نے عدد ذکر کیا ہے (۱:۱۵)

اور مسح کو غسل پر قیاس نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ مسح کا حکم تخفیف کے لئے ہے، اگر سنت کے مطابق مسح کیا جائے اور تین مرتبہ نئے پانیوں سے کیا جائے تو وہ غسل (دھونا) ہوکر رہ جائے گا، پھر امام شافعیؒ کے نزدیک کانوں کا مسح بھی تین مرتبہ تین نئے پانیوں سے مسنون ہے، ان کا تو غسل بالغ ہو جائے گا۔ علاوہ ازیں یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے اس لئے صحیح نہیں، اور اختلافِ روایات کی صورت میں اصح ما فی الباب کو لیا جاتا ہے، اس اصول کے بھی خلاف ہے۔

جاننا چاہئے کہ بعض روایات میں دو مرتبہ مسح کا ذکر آیا ہے اور بعض میں تین مرتبہ، جیسے ابن عقیل کی روایت میں دو مرتبہ مسح کا ذکر ہے (ترمذی حدیث ۳۶) اور حُمران مولیٰ عثمان کی روایت میں تین مرتبہ مسح کا ذکر ہے (ابوداؤد حدیث ۱۰۷) یہ دونوں روایتیں قابل تمسک نہیں، ابن عقیل صدوق سیئ الحفظ ہیں اور ابوداؤد والی روایت میں عبدالرحمٰن بن وردان ہیں، ان کی دارقطنی وغیرہ نے تضعیف کی ہے، پھر وہ روایت شاذ ہے، ثقہ روات کے خلاف ہے۔ اُس حدیث میں ثقہ روات ثلاثا کا ذکر نہیں کرتے (بذل ۱:۵۱۵) علاوہ ازیں: نبی ﷺ نے مسح میں جو اقبال و ادبار کیا ہے، یعنی پہلے ہاتھوں کو سر پر رکھ کر گدی تک لے گئے ہیں پھر آگے لائے ہیں اس کو دو مرتبہ مسح کرنا کہا ہے، پھر بالوں کو ٹھیک کرنے کے لئے سر پر ہاتھ پھیرا تو بعض نے اس کو تین مرتبہ مسح کرنا کہا، حالانکہ یہ ایک ہی مرتبہ مسح ہے۔ اور امام شافعی بھی ان حدیثوں سے استدلال نہیں کرتے، اس لئے کہ ان کے نزدیک تین نئے پانیوں سے تین مرتبہ مسح کرنا مسنون ہے، اور یہاں نبی ﷺ نے نیا پانی نہیں لیا۔

[۴۲-] بابُ مَسْحِ الرَّأْسِ مَرَّةً

[۱۹۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: ثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: شَهِدْتُ عَمْرَو بْنَ أَبِيْ حَسَنٍ سَأَلَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ وُضُوْءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَدَعَا بِتَوْرٍ مِنْ مَاءٍ فَتَوَضَّأَ لَهُمْ، فَكَفَأَهُ عَلٰى يَدَيْهِ فَغَسَلَهُمَا ثَلَاثًا، ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلَاثًا بِثَلَاثِ غُرُفَاتٍ مِنْ مَاءٍ، ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ، فَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، فَأَقْبَلَ بِيَدِهِ وَأَدْبَرَ بِهَا، ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ فَغَسَلَ رِجْلَيْهِ، حَدَّثَنَا مُوْسَى قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ: مَسَحَ بِرَأْسِهِ مَرَّةً. [راجع: ۱۸۵]

وضاحت: یہی حدیث گذشتہ باب میں آئی ہے، اُس کو عمرو بن یحییٰ سے خالد بن عبداللہ نے روایت کیا تھا اور اِس کو وُہیب روایت کرتے ہیں، پھر وُہیب سے سُلیمان بن حرب بھی روایت کرتے ہیں اور موسیٰ بن اسماعیل بھی۔ موسیٰ کی حدیث میں یہ اضافہ ہے کہ نبی ﷺ نے سر پر ایک مرتبہ مسح کیا، موسیٰ کی روایت چند ابواب پہلے (باب ۳۹) گذری ہے۔ اور عمرو بن ابی حسن میں دادا کی طرف نسبت ہے، باپ کا نام عمارہ ہے۔

بَابُ وُضُوْءِ الرَّجُلِ مَعَ امْرَأَتِهِ، وَفَضْلِ وُضُوْءِ الْمَرْأَةِ

میاں بیوی کا ایک ساتھ وضو کرنا اور عورت کے وضو کا بچا ہوا پانی پاک ہے

اس باب میں دو مسئلے ہیں: (۱) میاں بیوں دونوں ایک ساتھ برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی لیں اور وضو یا غسل کریں تو جائز ہے یا نہیں؟ (۲) مرد اور عورت آگے پیچھے پانی استعمال کریں، یعنی مرد نے پہلے وضو یا غسل کیا اور برتن میں پانی بچ گیا تو کیا دوسرا کوئی مرد یا عورت اس باقی ماندہ پانی کو استعمال کر سکتے ہیں؟ یا عورت نے استعمال کیا تو اس کا بچا ہوا پانی دوسری عورت یا مرد استعمال کر سکتا ہے۔

پہلا مسئلہ اجماعی ہے کہ مرد اور عورت دونوں ایک ساتھ پانی استعمال کریں تو جائز ہے۔ اسی طرح مرد کا بچا ہوا دوسرا مرد بھی استعمال کر سکتا ہے اور عورت بھی، اس میں بھی کوئی اختلاف نہیں، البتہ عورت کا غسل جنابت سے بچا ہوا پانی مرد استعمال کر سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ عدم جواز کے قائل ہیں اور جمہور جائز کہتے ہیں۔

امام احمد رحمہ اللہ کی دلیل: حضرت حکم بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے عورت کی طہارت سے بچے ہوئے پانی سے منع کیا، انہی کی دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ نبی ﷺ نے اس بات سے منع کیا کہ مرد عورت کی طہارت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرے (ترمذی حدیث ۶۷ و ۶۸)

اور جمہور کی دلیل: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے: انھوں نے ایک بڑے برتن سے غسل جنابت کیا، اس میں پانی بچ گیا، نبی ﷺ نے اس سے وضو کرنا چاہا تو بیوی صاحبہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں جنبی تھی، نبی ﷺ نے فرمایا: ''پانی جنبی نہیں ہوتا'' (ترمذی حدیث ۶۶) جمہور نے اس حدیث کو لیا ہے، کیونکہ یہ باب کی سب سے زیادہ صحیح روایت ہے۔ اور حضرت حکم کی روایات کی تاویل کی ہے کہ ان میں ممانعت بر بناء مصلحت تھی، قطع وساوس مقصود تھا، اور اس کی احادیث میں بہت نظیریں ہیں۔

پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''نمازی اس وقت تک نماز سے نہ پلٹے جب تک آواز نہ سنے یا بدبو محسوس نہ کرے'' اسی طرح آپ ؐ نے غسل خانہ میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا، یہ بھی اسی حکمت سے تھا۔ اسی طرح

یہ حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک وضو کے لئے ایک شیطان ہے جس کو وَلہان (سرگشتگی) کہا جاتا ہے۔ پس پانی کے وسوسوں سے بچو (رواہ ابن ماجہ ومسند احمد، مشکوٰۃ حدیث ۴۱۹) پانی کے وسوسے یہ ہیں کہ اعضاء دھوتا ہی رہے اور اس کو دھلنے کا یقین نہ ہو، مؤمن کو چاہئے کہ وہ شریعت کی مقرر کی ہوئی حد پر رکے۔ حضرت حکمؓ کی روایت بھی اسی قبیل سے ہے، کبھی عورت بے سلیقہ ہوتی ہے، پاکی ناپاکی کے مسائل سے واقف نہیں ہوتی، یا محتاط نہیں ہوتی، ایسی صورت میں اس کا بچا ہوا پانی مرد استعمال کرے گا تو اس کی طبیعت میں وسوسے پیدا ہونگے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا: کیا عورت مرد کے ساتھ نہا سکتی ہے؟ انھوں نے جواب دیا: ہاں! اگر وہ سمجھ دار ہے (یہ حدیث نسائی شریف میں ہے) اس جواب سے ممانعت کی علت سمجھ میں آ گئی، اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں بھی اس طرف اشارہ ہے کہ نبی ﷺ نے پہلے عورت کے فضل سے منع فرمایا ہے، ورنہ اطلاع کرنے کی ضرورت نہیں تھی، اور نبی ﷺ نے: إن الماء لایُجنب: فرما کر اشارہ کیا کہ وہ ممانعت بر بناء مصلحت تھی، یعنی قطع وساوس کے لئے تھی، ورنہ فی نفسہ عورت کے استعمال کرنے سے پانی ناپاک نہیں ہو جاتا۔

[۴۳-] بابُ وُضُوْءِ الرَّجُلِ مَعَ امْرَأَتِهِ، وَفَضْلِ وُضُوْءِ الْمَرْأَةِ

وَتَوَضَّأَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ بِالْحَمِيْمِ مِنْ بَيْتِ نَصْرَانِيَّةٍ

[۱۹۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ: كَانَ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ يَتَوَضَّؤُنَ فِيْ زِمَانِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم جَمِيْعًا.

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ شام تشریف لے گئے، وہ ٹھنڈا علاقہ ہے۔ آپؓ نے وہاں کسی نصرانی عورت کے گھر کے گرم پانی سے وضو کیا، ہندوستانی نسخہ میں من بیت سے پہلے واؤ ٹھیک نہیں۔ اور حدیث یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں مرد اور عورتیں ایک ساتھ وضو کیا کرتے تھے۔

تشریح: حدیث شریف سے باب کا پہلا جزء: مرد اور عورت ایک ساتھ پانی استعمال کر سکتے ہیں: صراحتاً ثابت ہوتا ہے اور دوسرا اجزء: ضمناً ثابت ہوتا ہے، جب مرد اور عورت ایک ساتھ وضو کریں گے تو ان کے ہاتھ برتن میں آگے پیچھے پڑیں گے، دونوں ایک ساتھ ہاتھ ڈالیں اور پانی لیں ایسا نہیں ہوتا، پس جب عورت نے ہاتھ ڈال کر پانی لیا تو باقی ماندہ اس کا فضل ہوا۔ اور صحابہ اس کو بے تکلف استعمال کرتے تھے، اور نبی ﷺ یہ بات جانتے تھے، پس معلوم ہوا کہ عورت کا فضل مرد استعمال کر سکتا ہے، اور ہو سکتا ہے باب کا دوسرا اجزء حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اثر سے ثابت کیا ہو، اس طرح کہ اس گرم پانی میں جو نصرانی عورت نے حضرت عمرؓ کو پیش کیا تھا اس نے اس میں ہاتھ ڈالا ہوگا۔ اور حضرت عمرؓ نے اس کو استعمال کیا، معلوم ہوا کہ عورت کا فضل مرد استعمال کر سکتا ہے۔

بابُ صَبِّ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَضُوْءَ ہٗ عَلٰی الْمُغْمٰی عَلَیْہِ

نبی ﷺ کا بیہوش پر وضو کا پانی ڈالنا

چند ابواب پہلے ایک باب گذرا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک ماء مستعمل طاہر بھی ہے اور مطہر بھی، یہ اسی سلسلہ کا دوسرا باب ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سخت بیمار پڑے، نبی ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کی عیادت کے لئے گئے، وہ بیہوش تھے، آپؐ نے پانی منگوا کر وضو فرمایا، اور برتن میں بچا ہوا پانی ان کے اوپر چھڑکا، جس سے ان کو ہوش آ گیا، انھوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! میں کلالہ ہوں، یعنی نہ میرے اصول ہیں نہ فروع، پس میری میراث کس کو ملے گی؟ اس وقت سورۂ نساء کی آخری آیت جس میں کلالہ کے احکام ہیں نازل ہوئی۔

تشریح: نبی ﷺ نے حضرت جابرؓ پر جو پانی چھڑکا تھا وہ کون سا پانی تھا؟ ماء مستعمل تھا یا وضو کے بعد برتن میں بچا ہوا پانی تھا؟ دونوں احتمال ہیں، پس یہ حدیث ماء مستعمل کی طہارت وعدم طہارت کے بارے میں نص نہیں، علاوہ ازیں: اس حدیث سے زیادہ سے زیادہ ماء مستعمل کی طہارت ثابت ہوگی، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں، اختلاف اس میں ہے کہ ماء مستعمل مطہر ہے یا نہیں؟ اور اس مسئلہ سے اس حدیث کا کوئی تعلق نہیں۔

[٤٤-] بابُ صَبِّ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَضُوْءَ ہٗ عَلٰی الْمُغْمٰی عَلَیْہِ

[١٩٤-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِیْدِ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ: جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَعُوْدُنِيْ وَأَنَا مَرِيْضٌ لاَ أَعْقِلُ، فَتَوَضَّأَ وَصَبَّ عَلَيَّ مِنْ وَضُوْئِهِ، فَعَقَلْتُ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! لِمَنِ الْمِيرَاثُ؟ إِنَّمَا يَرِثُنِيْ كَلاَلَةٌ، فَنَزَلَتْ آيَةُ الْفَرَائِضِ.

[انظر: ٤٥٧٧، ٥٦٥١، ٥٦٦٤، ٥٦٧٤، ٦٧٢٣، ٦٧٤٣، ٧٣٠٩]

بابُ الْغُسْلِ وَالْوُضُوْءِ فِيْ الْمِخْضَبِ وَالْقَدَحِ وَالْخَشَبِ وَالْحِجَارَةِ

لگن، پیالے، لکڑی اور پتھر کے برتن میں وضوء وغسل کرنا

یہ باب علماء کے اعتبار سے اگرچہ قلیل النفع ہے، مگر عام مسلمانوں کے اعتبار سے اہمیت وافادیت رکھتا ہے۔

المِخْضَبْ کے معنی ہیں: لگن، یعنی وہ بڑا برتن جس میں کپڑے دھوتے ہیں اور خانساماں اس میں چاول بھگاتے ہیں .... اور القَدَح کے معنی ہیں: پینے کا برتن، چھوٹا ہو یا بڑا، اس کی جمع: أقداح ہے .... اور الخَشَب کے معنی ہیں:

لکڑی، اور الحجارۃ کے معنی ہیں: پتھر، ان دونوں کا تذکرہ بطور مثال ہے یعنی برتن میں خواہ وہ لکڑی کا ہو، پتھر کا ہو، یا کسی اور دھات کا ہو وضو اور غسل کرنا جائز ہے۔

[٤٥-] بابُ الْغُسْلِ وَالْوُضُوْءِ فِيْ الْمِخْضَبِ وَالْقَدَحِ وَالْخَشَبِ والْحِجَارَةِ

[١٩٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بَكْرٍ، قَالَ: ثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: حَضَرَتِ الصَّلاَةُ فَقَامَ مَنْ كَانَ قَرِيْبَ الدَّارِ إِلٰى أَهْلِهِ، وَبَقِيَ قَوْمٌ فَأُتِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمِخْضَبٍ مِنْ حِجَارَةٍ فِيْهِ مَاءٌ، فَصَغُرَ الْمِخْضَبُ أَنْ يَبْسُطَ فِيْهِ كَفَّهُ، فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ قُلْنَا: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: ثَمَانِيْنَ وَزِيَادَةً. [راجع: ١٦٨]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ کہتے ہیں: نماز کا وقت آ گیا، پس جن کے گھر قریب تھے وہ (وضو کرنے کے لئے) اپنے گھر چلے گئے، اور کچھ لوگ باقی رہ گئے (ان کے گھر دور تھے) پس نبی ﷺ کے پاس پتھر کا ایک لگن لایا گیا جس میں پانی تھا، وہ برتن چھوٹا تھا اس میں ہتھیلی پھیلانا مشکل تھا، یعنی اوپر سے منہ چوڑا تھا مگر اندر سے تنگ تھا، پس سب لوگوں نے اس پانی سے وضو کیا، طلبہ نے پوچھا: آپ حضرات کتنے تھے؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: اسّی سے کچھ زیادہ آدمی تھے۔

تشریح: یہ حدیث ابھی گذری ہے، اس میں صراحت ہے کہ نماز کا وقت ہونے کے بعد کچھ حضرات جن کے گھر قریب تھے، وضو کرنے کے لئے گھر چلے گئے تھے، معلوم ہوا کہ یہ مدینہ منورہ کا واقعہ ہے۔ اس برتن میں تھوڑا سا پانی تھا۔ آپؐ نے اس میں دست مبارک رکھا تو انگلیوں کے درمیان سے چشمے پھوٹ نکلے۔ سب صحابہ نے اس پانی سے وضو کیا، وہ اسّی سے کچھ زیادہ تھے۔ یہ پانی پتھر کے ایک برتن میں لایا گیا تھا، جس کا منہ چوڑا تھا اور اندر سے تنگ تھا۔ اس برتن سے پانی لے کر سب حضرات نے وضو کیا، معلوم ہوا کہ پتھر کے برتن میں وضو وغسل کرنا جائز ہے۔

[١٩٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم دَعَا بَقَدَحٍ فِيْهِ مَاءٌ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ فِيْهِ، وَمَجَّ فِيْهِ. [راجع: ١٨٨]

ترجمہ: ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک پیالہ منگوایا جس میں پانی تھا، آپؐ نے اس میں دونوں ہاتھ اور چہرہ دھویا اور اس میں کلی فرمائی۔

تشریح: یہ حدیث ابھی چند ابواب پہلے گذری ہے، اور یہ حدیث مختصر ہے پورا واقعہ غزوۃ الطائف میں آیا ہے اور حدیث کی باب کے ساتھ مناسبت واضح ہے۔

[١٩٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، عَنْ

أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: أَتَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْرَجْنَا لَهُ مَاءً فِيْ تَوْرٍ مِنْ صُفْرٍ، فَتَوَضَّأَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاثًا، وَيَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، فَأَقْبَلَ بِهِ وَأَدْبَرَ، وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ. [راجع: ۱۸۵]

ترجمہ: عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ (ہمارے گھر) تشریف لائے، ہم آپؐ کے لئے تانبے کی ایک تھال میں پانی لائے، آپؐ نے وضوفرمایا، پس چہرہ تین مرتبہ دھویا، ہاتھوں کو دودو مرتبہ دھویا، اور سر پر مسح کیا اور مسح میں اقبال وادبار کیا، اور دونوں پیر دھوئے۔

تشریح: یہ حدیث بار بار آرہی ہے، یہاں یہ ہے کہ تانبے کی ایک تھال سے آپؐ نے وضو کیا، پس مخضب اور قدح کے علاوہ دیگر دھاتوں کے برتن سے بھی وضو کرنا جائز ہے۔

[۱۹۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمَا ثَقُلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَاشْتَدَّ بِهِ وَجَعُهُ، اسْتَأْذَنَ أَزْوَاجَهُ فِيْ أَنْ يُمَرَّضَ فِيْ بَيْتِيْ، فَأَذِنَّ لَهُ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ رَجُلَيْنِ تَخُطُّ رِجْلاَهُ فِيْ الْأَرْضِ، بَيْنَ عَبَّاسٍ وَرَجُلٍ آخَرَ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَأَخْبَرْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ: أَتَدْرِيْ مَنِ الرَّجُلُ الآخَرُ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ، وَكَانَتْ عَائِشَةُ تُحَدِّثُ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ بَعْدَ مَادَخَلَ بَيْتَهُ وَاشْتَدَّ وَجَعُهُ: " هَرِيْقُوْا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَمْ تُحْلَلْ أَوْكِيَتُهُنَّ، لَعَلِّيْ أَعْهَدُ إِلَى النَّاسِ"، وَأُجْلِسَ فِيْ مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ طَفِقْنَا نَصُبُّ عَلَيْهِ تِلْكَ، حَتّٰى طَفِقَ يُشِيْرُ إِلَيْنَا أَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى النَّاسِ.

[انظر: ٦٦٤، ٦٦٥، ٦٧٩، ٦٨٣، ٦٨٧، ٧١٢، ٧١٣، ٧١٦، ٢٥٨٨، ٣٠٩٩، ٣٣٨٤، ٤٤٤٢، ٤٤٤٥، ٥٧١٤، ٧٣٠٣]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ بیمار ہوئے اور آپ کی بیماری بڑھ گئی تو آپؐ نے اپنی ازواج سے میرے گھر میں بیماری کے ایام گذارنے کی اجازت مانگی، تمام ازواج نے آپؐ کو اجازت دیدی، پس نبی ﷺ دو آدمیوں کے سہارے نکلے اس حال میں کہ آپ کے قدم مبارک زمین پر نشان بنارہے تھے، یعنی آپؐ بیماری کی شدت کی وجہ سے پاؤں اٹھا کر نہیں چل پارہے تھے۔ حضرت عباسؓ اور ایک دوسرے شخص کے سہارے چل رہے تھے۔ راوی عبیداللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباسؓ کو یہ حدیث سنائی کہ حضرت عائشہؓ نے آپؐ کے مرض وفات کا یہ واقعہ مجھ سے بیان کیا، حضرت ابن عباسؓ نے تصدیق کی اور پوچھا: کیا تم جانتے ہو وہ دوسرا شخص کون تھا جس کے سہارے نبی ﷺ چل رہے تھے اور جس کا نام حضرت عائشہؓ نے نہیں لیا؟ میں نے کہا: نہیں، انھوں نے فرمایا: وہ

حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا یہ بھی بیان فرماتی تھیں کہ میرے گھر آنے کے بعد اور تکلیف بڑھنے کے بعد (ایک دن) آپؐ نے فرمایا: مجھ پر ایسی سات مشکیزوں کا پانی ڈالو جن کے تسمے کھولے نہ گئے ہوں، شاید میں لوگوں سے کوئی عہد و پیمان باندھوں، چنانچہ آپؐ ایک لگن میں بٹھائے گئے جو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا تھا (یہی جزء باب سے متعلق ہے) پھر ہم آپؐ پر ان مشکیزوں کا پانی ڈالنے لگے، یہاں تک کہ آپؐ نے ہماری طرف اشارہ کرنا شروع کیا یعنی اشارہ سے کہا کہ اب رک جاؤ، تم اپنا کام کر چکیں، پھر آپؐ لوگوں کی طرف نکلے۔

تشریح:

۱-حضور اقدس ﷺ کا مرض وفات تیرہ یوم رہا ہے۔ بدھ کے دن سے مرض شروع ہوا، وہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی باری کا دن تھا، اور پیر کے دن وصال ہوا۔ مرض کی ابتدا دردِ سر سے ہوئی، آپؐ اپنے غلام ابو مویہبہ کے ساتھ شب میں بقیع قبرستان تشریف لے گئے، اور اموات کے لئے دعا مغفرت فرمائی۔ وہاں سے تشریف لائے تو دفعۃً مزاج ناساز گار ہو گیا، سر میں درد شروع ہوا جو دن بدن بڑھتا رہا، آپؐ حسب معمول ازواج مطہرات کے یہاں تشریف لے جاتے، مگر ازواج سے پوچھتے کہ کل میں کہاں ہونگا؟ جب آپؐ نے متعدد بار یہ پوچھا تو ازواج مطہرات منشأ نبوی سمجھ گئیں، اور انھوں نے باہم مشورہ کیا کہ نبی ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا انتظار ہے، چنانچہ سب نے جمع ہو کر برضا و رغبت آپؐ کو حضرت عائشہؓ کے گھر بیماری کے ایام گذارنے کی اجازت دیدی، پس آپؐ حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے سہارے حضرت عائشہؓ کے گھر تشریف لے آئے۔ مرض کا یہ حال تھا کہ آپ قدم مبارک نہیں اٹھا پا رہے تھے، وہ زمین پر گھسٹ رہے تھے، اسی حال میں صدیقہؓ کے گھر تشریف لائے، اور وہیں آپ کا صدیقہ کی باری کے دن وصال ہوا اور اسی حجرہ میں قبر اطہر بنی۔

۲-عرب کا علاقہ گرم خشک ہے۔ ایسی جگہوں میں ٹھنڈا پانی بخار کا علاج ہے، اور سات کی قید کیوں تھی؟ اور تسمے نہ کھولے گئے ہوں یہ قید کیوں تھی؟ طبی تدابیر اور عملیات میں ایسی باتوں کا ایک اثر ہوتا ہے، عملیات میں ایسی قیدیں اور شرطیں ہیں کہ ایسے سات کنوں کا پانی لاؤ، ایسی سات ندیوں کا اور نہروں کا پانی لاؤ، عامل ایسی شرطیں لگاتے ہیں، ان کی کوئی تاثیر ہے جبھی شرطیں لگاتے ہیں، یا جیسے سات مرتبہ دعا پڑھ کر مریض پر دم کرتے ہیں۔ غرض بالا جمال سبھی جانتے ہیں کہ اس طرح کی قیدوں کی تاثیر ہے، اور بالتفصیل حکماء اور عامل میں بھی نہیں جانتے۔

بابُ الْوُضُوْءِ مِنَ التَّوْرِ

پانی پینے کے برتن سے وضو کرنے کا بیان

حدیث (۱): عمرو بن یحییٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: میرے چچا بہت زیادہ وضو کیا کرتے تھے

یعنی ہروقت باوضو رہتے تھے (قال کا فاعل اگر عمرو بن یحییٰ کو بنائیں تو تعبیر صحیح ہے، اور اگر یحییٰ فاعل ہوں تو یہاں بھی صحیح تعبیر نہیں، وہ یحییٰ کے نہیں عمرو کے چچا تھے اور ان کا نام بھی عمرو تھا اور ان کے والد کا نام عمارہ تھا) انھوں نے عبداللہ بن زیدؓ سے کہا: کیا آپؓ مجھے بتاسکتے ہیں کہ آپؐ نے نبی ﷺ کو کس طرح وضو کرتے دیکھا ہے؟ چنانچہ حضرت عبداللہ نے ایک پانی پینے کے برتن میں پانی منگوایا (یہی ٹکڑا باب سے متعلق ہے) اور اس کو جھکا کر ہاتھوں پر پانی ڈالا، اور ان کو تین مرتبہ دھویا، پھر برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی لیا اور ایک چلو سے مضمضہ اور استنثار کیا اور ایسا تین مرتبہ کیا، پھر برتن میں ہاتھ ڈالا، اور چلو میں پانی لیا اور اس کے ساتھ دوسرا ہاتھ ملا کر چہرہ دھویا، ایسا تین مرتبہ کیا، پھر دونوں ہاتھ کہنیوں کے ساتھ دو مرتبہ دھوئے، پھر ہاتھ میں پانی لیا اور سر پر مسح کیا اور اس میں اقبال و ادبار کیا، پھر دونوں پاؤں دھوئے، پھر فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو اس طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے کسی برتن میں پانی منگوایا، پس ایک بڑا برتن لایا گیا جس میں تھوڑا سا پانی تھا، آپؐ نے اس برتن میں اپنی انگلیاں رکھ دیں، حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس میں پانی کو دیکھ رہا تھا، جو آپؐ کی انگلیوں کے درمیان سے پھوٹ رہا تھا، حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں نے ان لوگوں کا اندازہ لگایا جنھوں نے اس پانی سے وضو کیا، وہ ستر اور اسّی کے درمیان تھے............تور کی طرح قدح بھی ایک برتن ہے۔ اس مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے۔

ایک اہم بات:

یہ حدیث پہلے بھی آئی ہے اس میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان تھا کہ وضو کرنے والے اسّی سے زیادہ تھے، اور یہاں ہے کہ ستر اور اسّی کے درمیان تھے۔ نیز پہلے یہ آیا ہے کہ مخضب میں پانی لایا گیا تھا جو اوپر سے کشادہ اور اندر سے تنگ تھا اور یہاں ہے کہ قدح میں پانی لایا گیا تھا پس جاننا چاہئے کہ یہ واقعہ کے متعلقات ہیں۔ ان میں اختلاف سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ دورِ اول میں حدیثیں روایت بالمعنی کی جاتی تھیں، اور صحابہ حدیثیں بار بار بیان کرتے تھے، ایسی صورت میں واقعہ کے متعلقات میں اختلاف ناگزیر تھا۔ حافظ رحمہ اللہ روایات میں جو اس قسم کے اختلافات آئے ہیں ان میں تطبیق کی کوشش کرتے ہیں، اور جب کوئی راہ نظر نہیں آتی تو تعدد واقعہ کہہ کر گذر جاتے ہیں، جیسے نبی ﷺ کی ایک مرتبہ سفر میں فجر کی نماز قضاء ہوئی، وہ نماز قضاء کہاں ہوئی تھی؟ ایک روایت میں ہے کہ خیبر کے راستہ میں قضاء ہوئی تھی، دوسری میں ہے کہ تبوک کے راستہ میں قضاء ہوئی تھی، کسی نے دونوں میں اس طرح تطبیق دی کہ جب آپؐ خیبر تشریف لے گئے تو پہلے تبوک والے راستہ پر چلے تھے، پھر خیبر والے راستہ پر پڑ گئے۔ مگر میں نے قاعدہ بنایا ہے کہ اصل واقعہ پر توجہ مرکوز رکھنی چاہئے، واقعہ کے متعلقات میں اختلاف سے پریشان نہیں ہونا چاہئے۔

[٤٦-] بابُ الْوُضُوْءِ مِنَ التَّوْرِ

[١٩٩-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ عَمِّيْ يُكْثِرُ مِنَ الْوُضُوْءِ، فَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ: أَخْبِرْنِيْ كَيْفَ رَأَيْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ؟ فَدَعَا بِتَوْرٍ مِنْ مَاءٍ، فَكَفَأَ عَلٰى يَدَيْهِ، فَغَسَلَهُمَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فِيْ التَّوْرِ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مِنْ غُرْفَةٍ وَاحِدَةٍ، ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فَاغْتَرَفَ بِهَا فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِهِ مَاءً فَمَسَحَ بِهِ رَأْسَهُ، فَأَدْبَرَ بِهِ وَأَقْبَلَ، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ، فَقَالَ: هٰكَذَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ. [راجع: ١٨٥]

[٢٠٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَعَا بِإِنَاءٍ مِنْ مَاءٍ، فَأُتِيَ بِقَدَحٍ رَحْرَاحٍ، فِيْهِ شَيْئٌ مِنْ مَاءٍ، فَوَضَعَ أَصَابِعَهُ فِيْهِ، قَالَ أَنَسٌ: فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَى الْمَاءِ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ، قَالَ أَنَسٌ: فَحَزَرْتُ مَنْ تَوَضَّأَ مِنْهُ مَا بَيْنَ السَّبْعِيْنَ إِلَى الثَّمَانِيْنَ. [راجع: ١٦٩]

لغت: الرَّحْراح: فراخ کشادہ، إناء رَحْراح: چھوٹی دیوار والا کشادہ برتن۔

بابُ الْوُضُوْءِ بِالْمُدِّ

ایک مُد پانی سے وضو کرنا

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ایک صاع سے لے کر پانچ مد تک پانی سے غسل فرماتے تھے، اور ایک مُد سے وضو فرماتے تھے۔

تشریح: ایک مُد دو رطل کا ہوتا ہے، یعنی سات سو نوے گرام کا اور صاع چار مد کا، یعنی تین کلو ایک سو پچاس گرام کا۔

یہ حدیث اگر ایسی جگہ بیان کی جائے جہاں پانی بہت ہے تو حدیث کا سبق یہ ہے کہ وضو اور غسل میں اسراف نہیں کرنا چاہئے، نبی ﷺ اتنے ہی پانی سے وضو اور غسل فرمایا کرتے تھے۔ اور اگر یہ حدیث ایسی جگہ بیان کی جائے جہاں پانی کی قلت ہے تو حدیث کا سبق یہ ہے کہ وضو اور غسل میں بخیلی نہیں کرنی چاہئے۔ بہت تھوڑے پانی سے وضو اور غسل کرنے میں بدن خشک رہ جانے کا احتمال ہے۔ نبی ﷺ پانی کی قلت کے باوجود آٹھ سو گرام پانی سے وضو اور سوا تین لیٹر سے غسل فرمایا کرتے تھے، پس لوگوں کو بھی چاہئے کہ پانی استعمال کرنے میں کنجوسی نہ کریں۔

[٤٧-] بابُ الْوُضُوْءِ بِالْمُدِّ

[٢٠١-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: ثَنَا مِسْعَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ جَبْرٍ، قَالَ: سِمَعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: كَانَ النبيُّ

صلی اللہ علیہ وسلم یَغْسِلُ أَوْ: کَانَ یَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ إِلٰی خَمْسَةِ أَمْدَادٍ، وَیَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ.

بابُ الْمَسْحِ عَلَی الْخُفَّیْنِ

چمڑے کے موزوں پر مسح کرنا

خفین پر مسح جائز ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، اس میں صرف شیعوں کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک پیر ممسوح عضو ہیں، ننگے پیروں پر مسح ضروری ہے اور خفین پر مسح جائز نہیں۔ اور غیر مقلدین کے نزدیک خفین پر ہی نہیں بلکہ عام سوتی اور اونی موزوں پر بھی مسح جائز ہے۔

جاننا چاہئے کہ بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ خفین پر مسح کے قائل نہیں تھے، یہ غلط انتساب ہے ان کے نزدیک بھی مسح علی الخفین جائز ہے، البتہ توقیت وتحدید میں ان کا اختلاف ہے جو آپ طحاوی میں پڑھیں گے۔

فائدہ: چمڑے کے موزوں کو عربی میں خُفّ کہتے ہیں، اور جو موزے چمڑے کے علاوہ کسی اور مادے کے ہوں ان کو جورب کہتے ہیں، یہ فارسی لفظ ہے اس کی اصل گورپا (پاؤں کی قبر) ہے۔ اور جورب کی بنیادی قسمیں دو ہیں: ثخین (دبیز موٹا) اور رقیق (پتلا، باریک)

ثخین: وہ موزہ ہے جس میں تین شرطیں پائی جائیں: (۱) وہ اتنا موٹا ہو کہ پانی چھن کر اندر نہ جائے (۲) وہ اپنی ضخامت کی وجہ سے پنڈلی پر کھڑا رہے، اس کو باندھنا نہ پڑے۔ اور آج کل جو سوتی، اونی اور نائلون کے موزے استعمال ہوتے ہیں ان کے اندر ربڑ ہوتا ہے جو پنڈلی کو تھامے رہتا ہے، پس یہ خود سے رکنا نہیں (۳) ان کو پہن کر ایک فرسخ یعنی تین میل یعنی تقریباً پانچ کلومیٹر چلا جاسکے............ اگر یہ تینوں شرطیں جمع ہوں تو جورب ثخین ہے ورنہ رقیق۔

پھر ہر ایک کی تین تین قسمیں ہیں: مجلد، منعّل اور سادہ۔

مجلّد: وہ موزہ ہے جس کے اوپر نیچے پورے پیر پر چمڑا چڑھا دیا گیا ہو۔ اور منعّل: وہ موزے ہے جن کی صرف تلی پر یا تلی اور پیر کے کناروں پر چمڑا چڑھایا گیا ہو، اور جس پر بالکل چمڑا نہ چڑھایا گیا ہو وہ سادہ موزہ ہے۔

احکام:

(۱و۲) جو جورب مجلد ہوں خواہ ثخین ہوں یا رقیق ان پر بالاجماع مسح جائز ہے، کیونکہ جب اس پر چمڑا چڑھا دیا گیا تو وہ خف ہو گیا۔

(۳) ثخین منعل پر بھی بالاجماع مسح جائز ہے۔

(۴) اور ثخین سادہ میں پہلے اختلاف تھا، صاحبین اور ائمہ ثلاثہ مسح جائز کہتے تھے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ ناجائز، مگر

وفات سے تین دن پہلے یا نو دن پہلے امام اعظم رحمہ اللہ نے اپنے قول سے رجوع کرلیا ہے، اس لئے اب اس پر بھی بالاجماع مسح جائز ہے۔

(۵) رقیق سادہ موزوں پر بالاجماع مسح جائز نہیں۔ غیر مقلدین اس پر بھی مسح جائز کہتے ہیں، یہ لوگ کہتے ہیں کہ حدیث میں لفظ جورب آیا ہے اور فقہاء نے جو ثخین کی قید بڑھائی ہے وہ حدیث سے ثابت نہیں، اس لئے ہر جورب پر مسح جائز ہے۔ مگر یہ تو ''کالے کالے جامن'' والی بات ہوگئی، محض نام پر احکام کیسے دائر کئے جاسکتے ہیں؟ اور قیود فقہاء نے اس لئے بڑھائی ہیں کہ دورِ نبوی میں جورب کی یہی حالت تھی، بعد میں مشینری دور آیا تو موزے باریک سے باریک بننے لگے، ان کے لئے وہ سابقہ حکم کیسے ہوسکتا ہے؟

(۶) رقیق منعل پر مسح جائز ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ متقدمین کی کتابوں میں نہیں ہے، جن بعض کتابوں میں ہے اس میں ناجائز لکھا ہے، البتہ متاخرین کی کتابوں میں یہ مسئلہ ہے، بعض حضرات ان پر مسح جائز کہتے ہیں، اور عام طور پر علماء کی رائے یہ ہے کہ ان پر مسح جائز نہیں۔

[٤٨-] بابُ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

[٢٠٢-] حدثنا أَصْبَغُ بْنُ الفَرَجِ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرٌو، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ النَّضْرِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ سَأَلَ عُمَرَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ: نَعَمْ، إِذَا حَدَّثَكَ شَيْئًا سَعْدٌ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَلاَ تَسْأَلْ عَنْهُ غَيْرَهُ، وَقَالَ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ النَّضْرِ، أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ سَعْدًا حَدَّثَهُ، فَقَالَ عُمَرُ لِعَبْدِ اللّٰهِ نَحْوَهُ.

ترجمہ: ابن عمرؓ سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے خفین پر مسح کیا۔ ابن عمرؓ نے اپنے ابا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی اس سلسلہ میں دریافت کیا یعنی حضرت سعدؓ کی تصدیق چاہی تو آپؓ نے فرمایا: سعدؓ نے صحیح کہا، پھر ابن عمرؓ کو نصیحت فرمائی کہ جب تم سے حضرت سعدؓ نبی ﷺ کی کوئی حدیث بیان کریں تو پھر وہ حدیث کسی اور سے مت پوچھو یعنی تصدیق کرنے کی ضرورت نہیں۔

وضاحت: یہ ابوالنضر کی حدیث ہے، اس کو ان سے عمرو بھی روایت کرتے ہیں اور موسیٰ بن عتبہ بھی۔ عمرو کی روایت میں ابوسلمہ اور حضرت سعدؓ کے درمیان ابن عمر کا واسطہ ہے، اور موسیٰ کی روایت میں یہ واسطہ نہیں۔

[٢٠٣-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ أَبِيْهِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم،

أَنَّـهُ خَرَجَ لِحَاجَتِهِ، فَاتَّبَعَهُ الْمُغِيْرَةُ بِإِدَاوَاةٍ فِيْهَا مَاءٌ، فَصَبَّ عَلَيْهِ حِيْنَ فَرَغَ مِنْ حَاجَتِهِ، فَتَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ [راجع: ۱۸۲]

حدیث: پہلے گذری ہے، یہ سفر تبوک کا واقعہ ہے، حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے، حضرت مغیرہؓ پانی کا برتن لے کر آپؐ کے پیچھے گئے، جب آپ قضاء حاجت سے فارغ ہوئے تو انھوں نے پانی ڈالا اور آپؐ نے وضو کیا، اور خفین پر مسح کیا۔

تشریح: مسح علی الخفین کی روایات حد تواتر تک پہنچی ہوئی ہیں، مگر شیعہ ان کو منسوخ مانتے ہیں، اور ناسخ آیتِ وضو کو بتاتے ہیں۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ کی روایت ان کے اس خیال کی تردید کرتی ہے۔ ایک مرتبہ انھوں نے وضو کیا اور خفین پر مسح کیا، طلبہ نے سوال کیا: آپ خفین پر مسح کرتے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: کیوں نہ کروں، جب کہ میں نے نبی ﷺ کو خفین پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ طلبہ نے پوچھا: آیتِ وضو کے نزول سے پہلے دیکھا ہے یا بعد میں؟ حضرت جریرؓ نے فرمایا: میں تو مسلمان ہی آیتِ وضو نازل ہونے کے بعد ہوا ہوں، یعنی میں نے بعد میں دیکھا ہے۔ یہ حدیث مفسر ہے کہ مسح علی الخفین کی روایات معمول بہ ہیں، اور شیعوں کا ان کو منسوخ کہنا صحیح نہیں۔

[۲۰٤-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ أَنَّـهُ رَأَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَتَابَعَهُ حَرْبٌ وَأَبَانُ عَنْ يَحْيىَ.[انظر: ۲۰۵]

[۲۰۵-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَعْفَرِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَمْسَحُ عَلىٰ عِمَامَتِهِ وَخُفَّيْهِ. وَتَابَعَهُ مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرٍو، رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۲۰٤]

ترجمہ: حضرت عمرو بن امیہ ضمریؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کو خفین پر مسح کرتے دیکھا ہے............ اور دوسری حدیث میں ہے کہ خفین پر اور پگڑی پر مسح کرتے دیکھا ہے۔

تشریح: اس حدیث کو عمرو بن امیہؓ سے ان کے لڑکے جعفر روایت کرتے ہیں، پھر ان سے ابوسلمہ روایت کرتے ہیں، یہ مدینہ منورہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں، پھر ان سے یحییٰ روایت کرتے ہیں، اور ان سے روایت کرنے والے بہت ہیں۔ ایک امام اوزاعی بھی ہیں، ان کی حدیث میں پگڑی پر مسح کا بھی ذکر ہے، دیگر روات پگڑی کا تذکرہ نہیں کرتے، حاشیہ میں ہے کہ یہ امام اوزاعی کا وہم ہے، اور معمر بھی اس حدیث کو یحییٰ سے روایت کرتے ہیں، اور ان کی حدیث میں بھی پگڑی کا ذکر ہے مگر ان کی روایت منقطع ہے اس لئے کہ وہ ابوسلمہ اور حضرت عمرو بن امیہ کے درمیان واسطہ ذکر نہیں کرتے۔

پگڑی پر مسح کا حکم:

امام احمد رحمہ اللہ محنک پگڑی پر مسح جائز کہتے ہیں، اور یہ پگڑی باندھنے کا ایک خاص طریقہ ہے، حَنَك کے معنی ہیں: ٹھوڑی، پگڑی کا پیچ ٹھوڑی کے نیچے سے لیا جاتا ہے، جنگ میں خاص طور پر اس طرح پگڑی باندھ کر اس پر خود پہنا جاتا ہے تاکہ وہ ہلے نہ اور سر زخمی نہ ہو، ایسی پگڑی پر امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک مسح جائز ہے، دیگر فقہاء پگڑی پر مسح کرنا جائز نہیں کہتے، ان کی دلیل یہ آیت ہے: ﴿وَامْسَحُوْا بِرُؤُسِكُمْ﴾ اس میں سر پر مسح کا حکم ہے، لہٰذا سر ہی پر مسح کرنا ضروری ہے۔ دوسری دلیل: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے پوتے ابوعبیدہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے خفین پر مسح کے بارے میں پوچھا: انھوں نے فرمایا: سنت ہے، پھر انھوں نے پوچھا: پگڑی پر مسح کا کیا حکم ہے؟ حضرت جابرؓ نے فرمایا: بالوں کو ہاتھ لگاؤ، یعنی پگڑی پر مسح جائز نہیں (ترمذی شریف ۱۰۴)

اور امام احمد رحمہ اللہ نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے خفین پر اور پگڑی پر مسح کیا، اور دوسری دلیل حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے خفین پر اور خمار (پگڑی) پر مسح کیا، اور تیسری دلیل حضرت عمرو بن امیہ کی حدیث ہے۔

جمہور کہتے ہیں کہ حضرت عمرو کی حدیث میں علت خفیہ ہے، وہ استشہاد میں پیش کئے جانے کے قابل نہیں، اور حضرت مغیرہؓ کی حدیث میں مسلم شریف میں یہ ہے کہ ناصیہ پر اور پگڑی پر مسح کیا، پس یہ درحقیقت ناصیہ پر مسح ہے، پھر جب پگڑی صحیح کی تو اس پر بھی مسح ہوگیا، مگر یہ مسح ضمناً اور صورۃً تھا، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی حدیث کے بعض طرق میں بھی ناصیہ کا ذکر ہے (کشف النقاب ۲: ۴۳۹) علاوہ ازیں یہ اخبار آحاد ہیں ان سے قرآن پر زیادتی جائز نہیں، اس کے لئے خبر متواتر یا کم از کم خبر مشہور چاہئے، جیسے قرآن میں پاؤں دھونے کا حکم ہے، اور مسح علی الخفین کی روایات سے اس پر زیادتی کی گئی ہے، اور خفین پر مسح کو جائز کہا گیا ہے، اس لئے کہ وہ روایات متواتر ہیں، اسی طرح قرآن میں سر پر مسح کا حکم ہے۔ اس پر زیادتی کے لئے خبر متواتر چاہئے، اخبار آحاد کافی نہیں۔

بابٌ إِذَا أَدْخَلَ رِجْلَيْهِ وَهُمَا طَاهِرَتَانِ

جواز مسح کے لئے پاکی پر خفین پہننا شرط ہے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ خفین پر مسح اس وقت جائز ہے جب ان کو پاکی پر پہنا ہو، اس میں ائمہ اربعہ کے درمیان کوئی اختلاف نہیں، البتہ داؤد ظاہری اختلاف کرتے ہیں، ان کے نزدیک اگر پیروں پر حسّی ناپاکی نہ ہو اور خفین پہنے ہوں تو مسح جائز ہے۔ جواز مسح کے لئے طہارت شرط نہیں، اور دوسرا اختلاف ائمہ اربعہ کے درمیان ہے، امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: خفین پر مسح اسی وقت جائز ہے جب ان کو طہارت کاملہ پر پہنا ہو، دیگر ائمہ کے نزدیک جب پہلی بار

حدث لاحق ہو اس وقت طہارت کاملہ ہونا ضروری ہے، خفین پہننے کے وقت طہارت کاملہ ضروری نہیں، مثلاً ایک شخص نے پاؤں دھوکر خفین پہن لئے پھر چہرہ اور ہاتھ دھوئے اور سر پر مسح کیا پھر حدث پیش آیا تو اب خفین پر مسح جائز ہے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک جائز نہیں، کیونکہ جس وقت خفین پہنے ہیں اس وقت طہارت کامل نہیں، اور پاؤں دھوکر خفین پہن لئے اور ابھی چہرہ اور ہاتھ نہیں دھوئے تھے کہ حدث پیش آ گیا تو کسی کے نزدیک مسح جائز نہیں۔

اور یہ اختلاف درحقیقت ایک دوسرے مسئلہ پر متفرع ہے، وضو میں ترتیب واجب ہے یا سنت؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ترتیب واجب ہے، جس ترتیب سے قرآن میں وضو کا ذکر ہے اسی ترتیب سے وضو کرنا ضروری ہے۔ اور جمہور کے نزدیک سنت ہے، وہ کہتے ہیں کہ واوٗ مطلق جمع کے لئے ہے، ترتیب کے لئے نہیں ہے، پس جس نے صرف پیر دھوکر خفین پہنے پھر وضو کامل کیا تو امام شافعی کے نزدیک اس کا وضو نہیں ہوا، پس اس کے لئے خفین پر مسح کرنا جائز نہیں، اور جمہور کے نزدیک اس کا وضو صحیح ہے اس لئے مسح جائز ہے۔

اس مسئلہ میں امام مالکؒ کا بھی اختلاف ہونا چاہئے تھا، ان کے نزدیک وضو میں موالات شرط ہے، لہٰذا اگر خفین پہن کر فوراً وضو مکمل کیا تب تو مسح جائز ہے، اور کچھ دیر بعد وضو مکمل کیا تو مسح جائز نہیں، مگر کتابوں میں یہ اختلاف نہیں لکھا۔

[۴۹-] بابٌ إِذَا أَدْخَلَ رِجْلَيْهِ وَهُمَا طَاهِرَتَانِ

[۲۰۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: ثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، فَأَهْوَيْتُ لِأَنْزِعَ خُفَّيْهِ، فَقَالَ: "دَعْهُمَا، فَإِنِّيْ أَدْخَلْتُهُمَا طَاهِرَتَيْنِ" فَمَسَحَ عَلَيْهِمَا. [راجع: ۱۸۲]

ترجمہ: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک سفر میں (غزوۂ تبوک میں) نبی ﷺ کے ساتھ تھا (انھوں نے آپؐ کو وضو کرایا) پس میں جھکا تاکہ آپؐ کے موزے نکالوں، آپؐ نے فرمایا: ان کو رہنے دو، میں نے ان کو پاکی کی حالت میں پہنا ہے، پھر آپؐ نے ان پر مسح فرمایا۔

بابُ مَنْ لَمْ يَتَوَضَّأْ مِنْ لَحْمِ الشَّاةِ وَالسَّوِيْقِ

بکری کا گوشت اور ستو کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ بکری کا گوشت اور ستّو کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ اور یہ مسئلہ اجماعی ہے، اور شاۃ کی قید اس لئے لگائی ہے کہ اونٹ کے گوشت میں امام احمد رحمہ اللہ کا اختلاف ہے۔ ان کے نزدیک اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، خواہ گوشت کچا کھائے یا پکا کر کھائے، اور گائے بھینس وغیرہ شاۃ کے حکم میں ہیں۔ ان کے گوشت سے

وضو نہیں ٹوٹتا، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ دورِ اول میں اس مسئلہ میں اختلاف تھا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی رائے یہ تھی کہ ما مسّت النار کی مزاولت سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یعنی ہر وہ چیز جس کو آگ پر پکایا گیا ہے اس کے استعمال سے خواہ خارجی استعمال ہو یا داخلی: وضو ٹوٹ جاتا ہے، پھر یہ اختلاف مضمحل ہو گیا، اب پوری امت متفق ہے کہ مامست النار سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ امام احمد رحمہ اللہ کا صرف اونٹ کے گوشت میں اختلاف ہے —— جاننا چاہئے کہ مامست النار سے وضو ٹوٹنے کی روایات اعلی درجہ کی صحیح ہیں، مگر وہ منسوخ ہیں۔ امام بخاریؒ ان میں سے کوئی روایت نہیں لائے، صرف ناسخ روایتیں لائے ہیں۔

حضرات ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم نے اپنے اپنے دورِ خلافت میں بکری کا گوشت کھایا، پھر نیا وضو کئے بغیر نماز پڑھائی۔ معلوم ہوا کہ بکری کا گوشت کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ طالب علم کہتا ہے کہ لحمًا عام ہے، بکری وغیرہ ہر گوشت کو شامل ہے پس حضرات خلفاء ثلاثہ کا یہ عمل باب سے کس طرح منطبق ہوگا؟ جواب یہ ہے کہ عرف وعادت بکری کا گوشت کھانے ہی کی تھی، اس اعتبار سے یہ اثر باب سے منطبق ہے۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے بکری کے شانہ کا گوشت نوش فرمایا، پھر نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

حدیث (۲): عمرو بن امیہؓ سے مروی ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا درانحالیکہ آپؐ بکری کے شانہ کا گوشت چھری سے کاٹ کر نوش فرما رہے تھے، آپؐ کو نماز کی اطلاع دی گئی تو آپؐ نے چھری رکھ دی اور نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ضرورت کے وقت چھری سے گوشت، ڈبل روٹی اور پھل وغیرہ کاٹنا جائز ہے، البتہ بے ضرورت چھری کا استعمال ٹھیک نہیں، یہ عجمیوں کا طریقہ ہے، وہ چھری کانٹے سے کھاتے ہیں۔ اور ضعیف روایات میں جو گوشت اور روٹی کاٹنے کی ممانعت آئی ہے اس کا یہی محمل ہے (۱)

[۵۰-] بابُ مَنْ لَمْ يَتَوَضَّأْ مِنْ لَحْمِ الشَّاةِ وَالسَّوِيْقِ

وَأَكَلَ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ رضى الله عنهم لَحْمًا، فَلَمْ يَتَوَضَّؤُا.

(۱) ابوداؤد (حدیث ۳۷۷۴) میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مرفوع روایت ہے کہ چھری سے گوشت مت کاٹو۔ اس لئے کہ یہ عجمیوں کا طریقہ ہے، بلکہ اس کو دانتوں سے نوچ کر کھاؤ، وہ زیادہ خوش گوار اور زود ہضم ہے (اس کا ایک راوی ابو معشر نجیح بن عبد الرحمن سندی مدنی ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو منکر الحدیث کہا ہے)

اور طبرانی میں حضرت ابن عباس اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہم کی روایت ہے کہ چھری سے روٹی مت کاٹو، جس طرح عجمی لوگ کاٹتے ہیں اور جب تم میں سے کوئی گوشت کھانے کا ارادہ کرے تو اس کو چھری سے نہ کاٹے بلکہ اس کو اپنے ہاتھ میں لے اور چاہئے کہ اس کو دانتوں سے نوچ کر کھائے، پس وہ زیادہ خوش گوار اور زود ہضم ہے (یہ حدیث عباد بن کثیر ثقفی کی وجہ سے ضعیف ہے)

[۲۰۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ أَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَكَلَ كَتِفَ شَاةٍ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

[انظر: ٥٤٠٤، ٥٤٠٥]

[۲۰۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَحْتَزُّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ، فَدُعِيَ إِلَى الصَّلاَةِ، فَأَلْقَى السِّكِّيْنَ فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. [انظر: ٦٧٥، ٢٩٢٣، ٥٤٠٨، ٥٤٢٢، ٥٤٦٢]

لغت: اِحْتَزَّہ: کاٹنا..........حَزَّہ (ن) حَزًّا: کاٹنا مگر الگ نہ کرنا۔

بابُ مَنْ مَضْمَضَ مِنَ السَّوِيْقِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

ستّو کھا کر کلی کرنا اور وضو نہ کرنا

یہ باب افادہ کے لئے قائم کیا ہے، اوپر والا باب عام تھا، اسی باب کی حدیثیں ابھی چل رہی ہیں۔

حدیث: حضرت سُوید بن النعمانؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ خیبر کے سال نکلے، جب آپ صہباء مقام میں پہنچے جو خیبر کے قریب ہے تو آپؐ نے عصر کی نماز پڑھی۔ پھر توشہ منگوایا، آپؐ کے پاس صرف ستولایا گیا، آپؐ نے اس کو تیار کرنے کا حکم دیا چنانچہ اس کو بھگایا گیا، یعنی پانی ڈال کر اور کھجور سے میٹھا کر کے ربڑی بنائی گئی۔ پس رسول اللہ ﷺ نے بھی کھایا اور ہم نے بھی کھایا، پھر جب نماز مغرب کا وقت ہوا تو آپؐ کھڑے ہوئے اور کلی کی اور ہم نے بھی کلی کی۔ پھر آپؐ نے نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

تشریح: ستّو کو آگ پر بھونتے ہیں۔ پہلے گیہوں کو ہلکا سا بھونتے ہیں پھر اس کو موٹا موٹا پیستے ہیں پھر گھی وغیرہ میں اس کو بھون کر تیار کر لیتے ہیں۔ نبی ﷺ نے اس کو کھا کر وضو نہیں کیا، صرف منہ صاف کرنے کے لئے کلی کی، معلوم ہوا کہ ما مست النار سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ اور حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے۔

حدیث (۲): حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ان کے گھر میں بکری کے شانہ کا گوشت تناول فرمایا، پھر نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔

تشریح: اس حدیث کا ذیلی باب سے کوئی جوڑ نہیں۔ شارحین پریشان ہوئے ہیں اور حاشیہ میں بحث ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ حدیث اوپر والے باب کی ہے، جاہل کاتبوں نے اس باب میں لکھ دی ہے، یہ عجیب وغریب توجیہ ہے۔ اس سے تو پوری کتاب ناقابل اعتبار ہو کر رہ جائے گی، اور یہ بحث ہی فضول ہوگی کہ حدیث باب سے منطبق ہے یا

نہیں؟ اورنہیں ہے تو کیوں نہیں ہے؟ اور میرے پاس بھی اس کی کوئی توجیہ نہیں، سوائے اس کے کہ یوں کہیں کہ ذیلی باب کی حدیث کا ذیلی باب سے منطبق ہونا ضروری نہیں، جنرل باب سے منطبق ہوجائے تو بھی کافی ہے، یہ زبردستی کی توجیہ ہے مگر کاتبوں کے سر ٹھیکرا پھوڑنے سے بہتر ہے۔

[۵۱-] بابُ مَنْ مَضْمَضَ مِنَ السَّوِيْقِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

[۲۰۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ مَوْلٰى بَنِىْ حَارِثَةَ، أَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ أَخْبَرَهُ، أَنَّـهُ خَرَجَ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ خَيْبَرَ، حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِالصَّهْبَاءِ - وَهِيَ أَدْنٰى خَيْبَرَ - فَصَلّٰى الْعَصْرَ، ثُمَّ دَعَا بِالْأَزْوَادِ، فَلَمْ يُؤْتَ إِلَّا بِالسَّوِيْقِ، فَأَمَرَ بِهِ فَثُرِّيَ، فَأَكَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَكَلْنَا، ثُمَّ قَامَ إِلَى الْمَغْرِبِ فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. [انظر: ۲۱۵، ۲۹۸۱، ٤١٧٥، ٤١٩٥، ٥٣٨٤، ٥٣٩٠، ٥٤٥٤، ٥٤٥٥]

[۲۱۰-] حَدَّثَنَا أَصْبَغُ، قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عَمْرٌو، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَكَلَ عِنْدَهَا كَتِفًا، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

بابٌ هَلْ يُمَضْمَضُ مِنَ اللَّبَنِ؟

کیا دودھ پی کر کلی کرنی چاہئے؟

دودھ پیا، چائے پی، حلوا کھایا یا کوئی اور چیز کھائی یا پی اور فوراً نماز پڑھنی ہے تو منہ صاف کر کے یا کم از کم کلی کر کے نماز پڑھنی چاہئے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے دودھ نوش فرمایا پھر کلی کی اور فرمایا: دودھ میں چکناہٹ ہے۔

تشریح: یہ حدیث درحقیقت آدابِ طعام کی ہے، سب سے پہلے امام مالک رحمہ اللہ نے اس کو کتاب الطہارۃ میں لیا اور چونکہ امام مالکؒ تمام محدثین کے سرخیل ہیں۔ اس لئے بعد کے محدثین نے بھی اس کو کتاب الطہارۃ میں لیا ....دَسَمٌ کے معنی ہیں: چکناہٹ، نبی ﷺ نے اپنے فعل کی وجہ بیان کی ہے، اس لئے حکم ہر اس چیز کو عام ہوگا جس میں چکناہٹ ہو، مثلاً: اونٹ کا گوشت، اور گھی کا کوئی بھی آئٹم، اس کو کھا کر کلی کر لینی چاہئے۔

مسئلہ: کوئی چیز کھانے کے بعد منہ میں اس کا مزہ باقی ہو اس حالت میں نماز پڑھنا جائز ہے، مثلاً چائے پی، ابھی اس کا مزہ منہ میں باقی ہے اس حالت میں کلی کئے بغیر کوئی نماز پڑھے تو درست ہے مگر کلی کر کے پڑھنا بہتر ہے۔

[۵۲-] بابٌ هَلْ يُمَضْمَضُ مِنَ اللَّبَنِ؟

[۲۱۱-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، وَقُتَيْبَةُ، قَالاَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَرِبَ لَبَنًا فَمَضْمَضَ، وَقَالَ: ''إِنَّ لَهُ دَسَمًا'' تَابَعَهُ يُونُسُ وَصَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ.[انظر: ۵۶۰۹]

وضاحت: یونس اور صالح: عقیل کے متابع ہیں، یعنی وہ دونوں بھی ابن شہاب زہریؒ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں۔

بابُ الْوُضُوْءِ مِنَ النَّوْمِ، وَمَنْ لَمْ يَرَ مِنَ النَّعْسَةِ وَالنَّعْسَتَيْنِ أَوِ الْخَفْقَةِ وُضُوْءً ا

نیند ناقض وضو ہے مگر ہلکی نیند ناقض نہیں

نیند ناقض وضو ہے یا نہیں؟ اس مسئلہ میں اختلاف ہے۔ تفصیل حاشیہ میں ہے، ہمیں صرف احناف کا مسلک سمجھنا ہے۔ حنفیہ کے نزدیک نیند بعض حالتوں میں ناقض ہے اور بعض میں نہیں۔ اگر اس طرح سویا کہ خروج ریح کا مظنہ (احتمال) پیدا ہو گیا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ اور اگر ایسی ہیئت پر سویا کہ خروج ریح کا مظنہ پیدا نہیں ہوا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر نماز کی ہیئاتِ اربعہ یعنی قیام، رکوع، سجدہ اور قعدہ کی حالت میں سویا، خواہ نماز کے اندر سویا یا نماز کے باہر سویا، یا مقعد زمین پر جما کر سویا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ جاننا چاہئے کہ سجدہ سے مردوں کا سجدہ مراد ہے، عورت سجدہ میں سو جائے یا کوئی مرد عورت کی طرح سجدہ کرے اور سو جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا، اسی طرح چت لیٹ کر یا کروٹ پر سویا یا ٹیک لگا کر سویا کہ اگر وہ ٹیک ہٹا لی جائے تو گر جائے تو بھی وضو ٹوٹ جائے گا۔

اور اگر ٹیک خود نہیں لگائی بلکہ ٹیک خود لگی جیسے کرسی وغیرہ پر ٹیک خود لگتی ہے تو دو صورتیں ہیں: اگر صرف ٹیک لگی ہوئی ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اور ٹیک لگا بھی رکھی ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور فیصلہ رائے مبتلی پر چھوڑ دیا جائے گا۔

غرض: احناف کے نزدیک نیند فی حالٍ ناقض وضو ہے دون حالٍ، مذکورہ پانچ صورتوں میں ناقض نہیں۔ ان ہیئتوں میں خروج ریح کا مظنہ پیدا نہیں ہوتا۔ اور مذکورہ تین صورتوں میں ناقض وضو ہے، اس لئے کہ خروج ریح کا مظنہ پیدا ہو جاتا ہے۔

باب میں حدیث ہے کہ جب تہجد میں کوئی سوتا تو نبی ﷺ اس سے فرماتے: پہلے سو جاؤ، جب نیند پوری ہو جائے تب نماز پڑھنا، ہو سکتا ہے تم دعا کرو اور بے خبری میں بد دعا کرنے لگو، اس لئے پہلے نیند پوری کر لو، پھر نشاط کے ساتھ نماز پڑھو، معلوم ہوا کہ نیند مطلقاً ناقض وضو نہیں، صرف بعض احوال میں ناقض ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نیند سے وضوٹوٹ جاتا ہے، البتہ ایک مرتبہ جھومنا یا دومرتبہ جھومنا یا ایک مرتبہ جھوکا مارنا، اس سے وضونہیں ٹوٹتا............نُعاس: نیند کا ابتدائی درجہ ہے اس میں آنکھیں بند ہوجاتی ہیں مگر کسی قدر شعور باقی رہتا ہے۔ اردو میں اس کو اونگھنا کہتے ہیں، ہم نے ترجمہ کیا ہے: 'جھومنا' پھر اس کے بعد کا درجہ ہے 'جھوکا' جب اونگھ گہری ہوجاتی ہے تو جھوکا آتا ہے۔ وہ خَفْقَۃ کہلاتا ہے، یعنی امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک بھی بعض احوال میں نیند ناقض ہے اور بعض میں نہیں۔

اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کثیر نیند ناقض ہے قلیل نہیں، امام احمد رحمہ اللہ کی بھی ایک روایت یہی ہے۔ اور شاید امام بخاریؒ کی بھی یہی رائے ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کی امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ رائے بیان کی ہے کہ ان کے نزدیک اگر نیند گہری ہو تو وضوٹوٹ جائے گا جیسے سوتے ہوئے خواب نظر آیا، یا جسم کا پچھلا حصہ زمین سے اٹھ گیا تو گہری نیند ہے اور ناقض ہے۔ اور امام شافعیؒ کا ایک قول احناف کے قول کے موافق ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ نماز میں سونا مطلقاً ناقض نہیں، اور نماز سے باہر سونا مطلقاً ناقض ہے۔ اور اسحاق بن راہویہؒ نے فرمایا: جب نیند عقل پر غالب آجائے یعنی انسان بے خبر ہوجائے تو وضوٹوٹ جاتا ہے، خواہ کسی حالت میں سوئے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اونگھنے لگے درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہا ہے تو چاہئے کہ وہ سوجائے، یہاں تک کہ نیند پوری ہوجائے، اس لئے کہ تم میں سے کوئی جب اونگھتے ہوئے نماز پڑھتا ہے تو وہ نہیں جانتا کہ شاید وہ استغفار کرے اور اپنے لئے بددعا کرنے لگے۔

تشریح:

اس حدیث میں نماز سے تہجد کی نماز مراد ہے، وہی دیر تک پڑھی جاتی ہے اور اسی میں اونگھ آتی ہے۔ فرائض تو تھوڑی دیر میں نمٹ جاتے ہیں، کبھی آدمی تہجد میں اٹھتا ہے اور نیند پوری نہیں ہوتی تو نماز میں اونگھ آتی ہے، اس حال میں تہجد نہیں پڑھنا چاہئے، بلکہ نماز جلدی سے پوری کرکے سوجائے، جب نیند پوری ہوجائے تب نماز پڑھے۔ اس لئے کہ ہوسکتا ہے کہ وہ دعا مانگنا چاہے مگر بے شعوری میں اپنے لئے بددعا کرنے لگے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اونگھ ناقض وضونہیں، آپؐ نے نماز پوری کرکے سونے کے لئے فرمایا ہے، فلیرقد کا یہی مفہوم ہے جو نماز پڑھ رہا ہے اس کو جلدی سے پوری کرکے سوجائے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب نماز (تہجد) میں اونگھ آنے لگے تو چاہئے کہ جاکر سوجائے، یہاں تک کہ وہ جانے جو کچھ پڑھ رہا ہے یعنی نیند پوری ہوجائے، اور نشاط آجائے، تاکہ سمجھ کر تلاوت کرے اور اللہ سے دعا مانگے۔

[۵۳-] بابُ الْوُضُوْءِ مِنَ النَّوْمِ، وَمَنْ لَمْ يَرَ مِنَ النَّعْسَةِ وَالنَّعْسَتَيْنِ أَوِ الْخَفْقَةِ وُضُوْءًا

[۲۱۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ

صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَلْيَرْقُدْ، حَتَّى يَذْهَبَ عَنْهُ النَّوْمُ، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا صَلَّى وَهُوَ نَاعِسٌ لاَ يَدْرِيْ لَعَلَّهُ يَسْتَغْفِرُ فَيَسُبُّ نَفْسَهُ"

[۲۱۳-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:" إِذَا نَعَسَ فِيْ الصَّلاَةِ فَلْيَنَمْ حَتّٰى يَعْلَمَ مَا يَقْرَأُ"

بابُ الْوُضُوْءِ مِنْ غَيْرِ حَدَثٍ

باوضو کا وضو کرنا

وضو پر وضو کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ باعثِ اجر ہے۔ نبی ﷺ سے ثابت ہے، یہ اسراف نہیں، اس باب کا یہی مقصد ہے۔

حدیث: عمرو بن عامر کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ ہر نماز کے لئے نیا وضو کرتے تھے، میں نے پوچھا: صحابہ کا عمل کیا تھا؟ انھوں نے کہا: ہمارے لئے ایک وضو کافی تھا جب تک حدث پیش نہ آئے۔

تشریح:

۱- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہر نماز کے لئے نیا وضو ضروری نہیں، ایک وضو جب تک رہے فرض اور نفل نمازیں پڑھ سکتے ہیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ رہی یہ بات کہ نبی ﷺ کے لئے کیا حکم تھا، اب اس کو طے کرنے کی ضرورت نہیں۔ طحاوی شریف میں ایک روایت ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ پر پہلے ہر فرض نماز کے لئے نیا وضو کرنا ضروری تھا، پھر جب آپؐ کے لئے اس میں دشواری ہوئی تو یہ حکم اٹھالیا گیا اور اس کی جگہ مسواک کرنے کا حکم دیا گیا۔

۲- اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نبی ﷺ ہر نماز کے لئے نیا وضو کرتے تھے خواہ پہلا وضو باقی ہو یا ٹوٹ گیا ہو، معلوم ہوا کہ وضو پر وضو کرنا فعل عبث اور اسراف نہیں، بلکہ مسنون ہے۔

حدیث (۲): سوید بن النعمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خیبر والے سال نکلے، جب ہم صہباء مقام میں پہنچے تو ہمیں رسول اللہ ﷺ نے عصر کی نماز پڑھائی، جب نماز سے فارغ ہوگئے تو آپؐ نے کھانا منگوایا، پس آپؐ کے پاس صرف ستو لایا گیا، پس ہم نے کھایا اور پیا۔ پھر آپ مغرب کے لئے کھڑے ہوئے، پس آپؐ نے کلی کی اور مغرب پڑھائی اور وضو نہیں کیا ـــــ معلوم ہوا کہ آپؐ پر بھی ہر فرض نماز کے لئے نیا وضو کرنا ضروری نہیں تھا، مگر آپؐ پھر بھی نیا وضو فرماتے تھے کیونکہ یہ باعث اجر ہے۔

[۵٤-] بابُ الْوُضُوْءِ مِنْ غَيْرِ حَدَثٍ

[۲۱٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا ح:

قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ عَامِرٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ عِنْدَ كُلِّ صَلاَةٍ، قُلْتُ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ؟ قَالَ: يُجْزِئُ أَحَدَنَا الْوُضُوْءُ مَالَمْ يُحْدِثْ.

[۲۱۵-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سُوَيْدُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ خَيْبَرَ، حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ صَلَّى لَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْعَصْرَ، فَلَمَّا صَلَّى دَعَا بِالْأَطْعِمَةِ فَلَمْ يُؤْتَ إِلَّا بِالسَّوِيْقِ، فَأَكَلْنَا وَشَرِبْنَا، ثُمَّ قَامَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمَغْرِبِ فَمَضْمَضَ ثُمَّ صَلَّى لَنَا الْمَغْرِبَ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. [راجع: ۲۰۹]

بابٌ مِنَ الْكَبَائِرِ أَنْ لاَ يَسْتَتِرَ مِنْ بَوْلِهِ

اپنے پیشاب سے احتراز نہ کرنا کبیرہ گناہ ہے

بول سے آدمی کا پیشاب مراد ہے، وہ نجاست غلیظہ ہے، ایسی ناپاکی درہم سے کم معاف ہے، درہم کے بقدر یا اس سے زیادہ معاف نہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تو ذرا سی بھی معاف نہیں۔ اس لئے پیشاب سے بچنے کا خاص اہتمام کرنا چاہئے، پیشاب سے نہ بچنا گناہ کبیرہ ہے، ایسے شخص کی کوئی نماز صحیح نہیں ہوتی۔ پس جس طرح نماز نہ پڑھنا گناہ کبیرہ ہے، پیشاب سے نہ بچنا بھی گناہ کبیرہ ہے۔ جو لوگ پیشاب کے بعد استبراء سے پہلے پانی سے دھوکر اٹھ جاتے ہیں وہ ٹھیک نہیں کرتے، پیشاب کے عضو کی نالی میں پیشاب رکا رہتا ہے جو چلنے سے نکلتا ہے، اس لئے پیشاب کے بعد ڈھیلا یا استنجے کا کاغذ استعمال کرنا چاہئے، یا خوب استبراء کرکے پانی استعمال کرنا چاہئے یا پیشاب استنجے کا کپڑا الگ رکھے، کیونکہ عام حالات میں ناپاک لنگی پہننا جائز ہے، اس میں سونا بھی جائز ہے۔

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ مکہ یا مدینہ کے باغوں میں سے ایک باغ سے گذرے، آپؐ نے دو انسانوں کی آواز سنی جو اپنی قبروں میں عذاب دیئے جارہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا: یہ دونوں قبر والے عذاب دیئے جارہے ہیں، اور کسی اہم معاملے میں عذاب نہیں دیئے جارہے بلکہ معمولی بات میں عذاب دیئے جارہے ہیں، پھر فرمایا: کیوں نہیں! (اہم معاملہ میں عذاب دیئے جارہے ہیں) ان میں سے ایک اپنے پیشاب سے نہیں بچتا تھا، اور دوسرا چغلیاں کھاتا تھا۔ پھر آپؐ نے کھجور کی ایک شاخ منگوائی، اور چیر کر اس کے دو ٹکڑے کئے، اور ہر قبر پر ایک ٹہنی گاڑی، آپؐ سے عرض کیا گیا: یارسول اللہ! آپؐ نے ایسا کیوں کیا؟ یعنی قبر پر ٹہنیاں گاڑنے کا کیا مقصد ہے؟ آپؐ نے فرمایا: شاید ان کے عذاب میں تخفیف کی جائے جب تک ٹہنیاں خشک نہ ہوں۔

تشریح:

۱- راوی کو شک ہے کہ یہ مکہ مکرمہ کا واقعہ ہے یا مدینہ منورہ کا، اور راجح یہ ہے کہ مدینہ منورہ کا واقعہ ہے، اس لئے کہ مکہ میں باغات نہیں ہیں۔

۲- حائط کے معنی ہیں: دیوار، اس کی جمع حیطان ہے اور مراد کھجوروں کے باغ ہیں۔ اس زمانہ میں باغ کے چاروں طرف دیوار بنانے کا دستور تھا، اس لئے یہ لفظ استعمال ہونے لگا۔ اب باغ کو حائط کہیں گے، اگرچہ اس کے اطراف میں دیوار نہ ہو، یہ جس خاندان کا باغ تھا انھوں نے اپنے اموات کی تدفین باغ میں کی ہوگی، آج بھی لوگ اپنے باغوں میں اپنے اموات کی تدفین کرتے ہیں۔

۳- آپؐ نے فرمایا: ان دونوں کو کسی اہم معاملہ میں عذاب نہیں ہو رہا، پھر فرمایا: کیوں نہیں! یعنی اہم معاملہ میں عذاب ہو رہا ہے۔ یہ دو مختلف باتیں اس طرح جمع ہیں کہ عمل کے اعتبار سے یہ دونوں باتیں معمولی ہیں، پیشاب سے بچنا کیا مشکل ہے؟ اور چغل خوری کا کیا فائدہ ہے؟ مگر نتائج کے اعتبار سے یہ دونوں باتیں سنگین ہیں۔ اگر پیشاب سے نہیں بچے گا تو ساری نمازیں برباد ہونگی، اور لگائی بجھائی کرنا مونڈنے والی خصلت ہے۔ اور سر نہیں مونڈتی، دین مونڈ دیتی ہے یعنی یہ فساد ذات البین کا سبب ہے، اس سے دین کا جنازہ نکل جاتا ہے۔

۴- آنحضور ﷺ نے جو قبروں پر ٹہنیاں گاڑی تھیں اس کی وجہ خود بیان فرمائی ہے کہ شاید ان کے خشک ہونے تک ان کے عذاب میں تخفیف کردی جائے، اور مسلم شریف کے آخر میں جابرؓ کی روایت ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں: أَحْبَبْتُ بِشَفَاعَتِیْ أَنْ یُرَفَّهُ ذاك عنهما ما دام الغُصْنَانِ رَطْبَیْنِ (۴۱۸:۲): پسند کیا میں نے اپنی سفارش کی وجہ سے کہ کلفت دور کرے یہ عمل ان دونوں سے جب تک دونوں ٹہنیاں تر رہیں یعنی میں نے ان کے لئے سفارش کی، میری سفارش مطلقاً قبول نہیں ہوئی، مقید قبول ہوئی۔ جب تک یہ ٹہنیاں تر رہیں گی میری سفارش کی وجہ سے ان کے عذاب میں تخفیف ہوگی۔

پس بدعتیوں کا اس روایت سے قبروں پر پھول چڑھانے کے جواز پر استدلال کرنا صحیح نہیں، اور ان کا یہ کہنا بھی بے دلیل ہے کہ پھول تسبیح پڑھیں گے، اس سے میت کو فائدہ پہنچے گا، کیونکہ جب نبی ﷺ نے خود اپنے عمل کی وجہ بیان کی ہے تو اب دوسرے کو فعل نبوی کی وجہ بیان کرنے کا حق نہیں۔

۵- قبر پر پھول چڑھانا حرام ہے، چڑھانا بندگی ہے، اور غیر اللہ کی کسی بھی درجہ میں بندگی شرک ہے، ہاں قبر پر پھول پتّے اور گھاس وغیرہ رکھنا اور ڈالنا جائز ہے، اور دونوں کا فرق اس طرح معلوم کیا جاسکتا ہے کہ جو شخص پھول لے کر کسی قبر پر جارہا ہے اس کو نیم کے پتوں کا ایک گٹھر دو اور کہو: پھولوں کی یہ چند پنکھڑیاں مجھے دیدے، اور یہ ڈھیر سارے پتے لے جا کر قبر پر رکھدے، یہ ان سے زیادہ تسبیح پڑھیں گے، اگر وہ اس کے لئے بے تکلف تیار ہوجائے تو سمجھ لو کہ وہ پھول رکھنے جارہا

ہے اور اگر وہ ناک منہ چڑھائے اور اس کو صاحب قبر کی توہین سمجھے تو سمجھ لو کہ وہ پھول چڑھانے جا رہا ہے جو شرک ہے۔

علاوہ ازیں: یہ بات بھی غور کرنے کی ہے کہ نبی ﷺ نے ایسی قبروں پر ٹہنیاں گاڑی تھیں جن کو عذاب ہو رہا تھا، اور بدعتی بزرگوں کی قبر پر پھول چڑھاتے ہیں، تو کیا ان کے خیال میں ان بزرگوں کو قبر میں عذاب ہو رہا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ وہ کچھ بھی کہیں وہ قبروں پر پھول چڑھاتے ہیں، رکھتے نہیں، اور چڑھانا بحکم نذر ہے جو طاعت ہے اور غیر اللہ کی عبادت شرک ہے۔

فائدہ: ایک حدیث مشہور ہے کہ نبی ﷺ ایک صالح مؤمن کی تدفین سے فارغ ہوئے تو آپؐ نے پایا کہ اس پر عذاب ہو رہا ہے، آپؐ نے اس کی بیوی سے پوچھا کہ اس کا کیا عمل تھا؟ اس پر قبر میں عذاب ہو رہا ہے؟ بیوی نے بتایا وہ بکریاں چراتے تھے اور ان کے پیشاب سے بچتے نہیں تھے۔ آپؐ نے فرمایا: اسی وجہ سے عذاب ہو رہا ہے۔ اور فرمایا: پیشاب سے بچو، اس لئے کہ قبر میں عام طور پر عذاب پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے ہوگا۔ علامہ کشمیری قدس سرہ نے فرمایا: یہ حدیث ثابت نہیں، اگر یہ واقعہ صحیح سند سے ثابت ہو جائے تو بول ما یؤکل لحمہ کی طہارت وعدم طہارت کا مسئلہ طے ہو جائے (معارف السنن ۱:۲۷۶) یہاں ماکول اللحم جانوروں کے پیشاب کا مسئلہ چند ابواب کے بعد آرہا ہے۔

[۵۵-] بابُ مِنَ الْكَبَائِرِ أَنْ لاَ يَسْتَتِرَ مِنْ بَوْلِهِ

[۲۱۶-] حدثنا عُثْمَانُ، قَالَ: ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِحَائِطٍ مِنْ حِيطَانِ الْمَدِينَةِ أَوْ: مَكَّةَ، فَسَمِعَ صَوْتَ إِنْسَانَيْنِ يُعَذَّبَانِ فِي قُبُوْرِهِمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " يُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ فِي كَبِيْرٍ" ثُمَّ قَالَ: "بَلَى، كَانَ أَحَدُهُمَا لاَ يَسْتَتِرُ مِنْ بَوْلِهِ، وَكَانَ الآخَرُ يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ" ثُمَّ دَعَا بِجَرِيْدَةٍ فَكَسَرَهَا كِسْرَتَيْنِ، فَوَضَعَ عَلَى كُلِّ قَبْرٍ مِنْهُمَا كِسْرَةً، فَقِيْلَ لَهُ: يَارسولَ اللّٰهِ! لِمَ فَعَلْتَ هٰذَا؟ قَالَ " لَعَلَّهُ أَنْ يُخَفَّفَ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا"

[انظر: ۲۱۸، ۱۳۶۱، ۱۳۷۸، ۶۰۵۲، ۶۰۵۵]

بابُ مَاجَاءَ فِيْ غَسْلِ الْبَوْلِ

پیشاب دھونے کا بیان

یہ جنرل باب ہے۔ اور البول میں الف لام عہد ذہنی کا ہے۔ مراد انسان کا پیشاب ہے، وہ نجاست غلیظہ ہے۔ لہٰذا اگر بدن پر یا کپڑے پر لگے تو اس کا دھونا ضروری ہے۔ نبی ﷺ نے ایک قبر کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: ''یہ قبر والا اپنے پیشاب سے نہیں بچتا تھا''، یعنی پیشاب سے نہ بچنا گناہ کبیرہ ہے اس وجہ سے عذاب میں مبتلا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اورآپؐ نے انسانی پیشاب کے علاوہ کا تذکرہ نہیں کیا: یہ امام بخاریؒ نے ماکول اللحم جانوروں کے پیشاب کی طہارت کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اگران کا پیشاب بھی ناپاک ہوتا تو نبی ﷺ اس کی صراحت کرتے، انسانی پیشاب کی تخصیص دلیل ہے کہ وہی ناپاک ہے ماکول اللحم جانوروں کا پیشاب ناپاک نہیں۔

مگرحضرت رحمہ اللہ کی بات غورطلب ہے، اس لئے کہ یہ تخصیص بر بناء واقعہ ہے، اگرآپؐ نے ازخودمسئلہ بیان کیا ہوتا، پھرتخصیص کرتے تو امام بخاری کی بات صحیح ہوتی، مگرآپؐ نے تو مسئلہ بیان نہیں کیا، بلکہ ایک واقعہ کا اظہارفرمایا ہے، جیسے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا تھا: یارسول اللہ! میری والدہ کا انتقال ہوگیا ہے، اگرمیں ان کی طرف سے خیرات کروں تو کیا میری ماں کواس کا ثواب پہنچے گا؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں پہنچے گا۔ غیرمقلدین کہتے ہیں کہ عبادت بدنیہ کا ایصال ثواب جائز نہیں۔ اگر جائز ہوتا تو آپؐ نے اس کو بیان کیوں نہیں کیا؟ یہ دھوکا ہے۔ نبی ﷺ اگراقداماً مسئلہ بیان کرتے اورصدقہ کی تخصیص کرتے تو استدلال درست ہوتا، مگرآپؐ نے ازخودمسئلہ بیان نہیں کیا سوال کا جواب دیا ہے۔ اسی طرح یہاں بھی تخصیص بر بناء واقعہ ہے۔ ماکول اللحم کے ارواث وابوال کی طہارت وعدم طہارت کے مسائل آئندہ آرہے ہیں۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب قضاء حاجت کے لئے تشریف لے جاتے تو میں آپؐ کے ساتھ پانی لے کر جاتا، آپ اس سے استنجاءفرماتے ـــــ استنجے میں سبیلین کودھویا جاتا ہے، پس بول کا دھونا ثابت ہوا۔

تشریح: یہ حدیث پہلے بھی گذری ہے۔ اور یہاں نیزہ کا ذکرنہیں، معلوم ہوا کہ استنجے کے وقت نیزہ ساتھ نہیں لے جایا جاتا تھا وہ دوالگ الگ موقعوں کی دوالگ الگ خدمتیں تھیں، اوردونوں خدمتیں حضرت انسؓ اوردوسرے انصاری لڑکے کے ذمہ تھیں۔ پہلے حدیث میں دونوں خدمتوں کوایک ساتھ جمع کردیا ہے۔

[۵۶/۱-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ غَسْلِ الْبَوْلِ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِصَاحِبِ الْقَبْرِ: "كَانَ لاَ يَسْتَتِرُ مِنْ بَوْلِهِ" وَلَمْ يَذْكُرْ سِوَى بَوْلِ النَّاسِ.

[۲۱۷-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَطَاءُ بْنُ أَبِيْ مَيْمُوْنَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا تَبَرَّزَ لِحَاجَتِهِ أَتَيْتُهُ بِمَاءٍ فَيَغْسِلُ بِهِ. [راجع: ۱۵۰]

بابٌ

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے۔ اورایک نسخہ میں ہے، سب نسخوں میں نہیں ہے، پس یہ حدیث بھی باب

سابق سے متعلق ہے۔

حدیث: ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ دو قبروں کے پاس سے گذرے، آپؐ نے فرمایا: ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے، اور کسی بڑے معاملہ میں عذاب نہیں ہو رہا، رہا ان میں سے ایک تو وہ اپنے پیشاب سے بچتا نہیں تھا، اور رہا دوسرا تو وہ چغلی کے ساتھ چلتا تھا یعنی لگائی بجھائی کرتا تھا، پھر آپؐ نے کھجور کی ایک تر ٹہنی لی، اور اس کو بیچ سے چیرا۔ اور ہر قبر پر ایک ایک ٹہنی گاڑی، صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے ایسا کیوں کیا؟ آپؐ نے فرمایا: شاید ان دونوں کے عذاب میں تخفیف کی جائے جب تک وہ خشک نہ ہوں۔

تشریح: اس حدیث میں بھی بول سے انسان کا پیشاب مراد ہے، اس لئے کہ اوپر حدیث میں مِن بولہ آیا ہے۔ اور اس حدیث کو مجاہدؒ سے اعمشؒ روایت کرتے ہیں، اعمش بہت بڑے آدمی ہیں، محدث بھی ہیں، فقیہ بھی ہیں اور قاری بھی مگر تدلیس کرتے تھے، بعض بڑے لوگ بھی تدلیس کرتے تھے، خود امام بخاریؒ پر بھی تدلیس کا الزام ہے، اس لئے دوسری سند لائے اس میں سماعت کی صراحت ہے۔

فائدہ: اس حدیث کو مجاہد رحمہ اللہ ابن عباسؓ سے براہ راست بھی روایت کرتے ہیں اور اپنے خواجہ طاش طاؤسؒ کے واسطہ سے بھی۔ اوپر والی حدیث حضرت مجاہدؒ نے راست روایت کی ہے، اور اس میں حضرت طاؤس کا واسطہ ہے، اور اس میں مضمون بڑھا ہوا ہے، پس اس کو مزید فی متصل الاسناد کہیں گے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اوپر والی حدیث سے اس حدیث کو اصح قرار دیا ہے، مگر اس تکلف کی ضرورت نہیں، دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔

[۵۶-۲/] بابٌ

[۲۱۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، قَالَ: ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِقَبْرَيْنِ، فَقَالَ: "إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ، وَمَا يُعَذَّبَانِ فِيْ كَبِيْرٍ، أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ لَا يَسْتَتِرُ مِنَ الْبَوْلِ، وَأَمَّا الآخَرُ فَكَانَ يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ" ثُمَّ أَخَذَ جَرِيْدَةً رَطْبَةً، فَشَقَّهَا نِصْفَيْنِ، فَغَرَزَ فِيْ كُلِّ قَبْرٍ وَاحِدَةً، قَالُوْا: يَارسولَ اللهِ! لِمَ فَعَلْتَ هٰذَا؟ قَالَ: "لَعَلَّهُ يُخَفَّفُ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا" قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى: وَحَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا مِثْلَهُ. [راجع: ۲۱۶]

بَابُ تَرْكِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالنَّاسِ الْأَعْرَابِيَّ حَتّٰى فَرَغَ مِنْ بَوْلِهِ فِي الْمَسْجِدِ

نبی ﷺ نے اور لوگوں نے بدّو کو مسجد میں پورا پیشاب کرنے دیا

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک بدو کو دیکھا، وہ مسجد میں پیشاب کر رہا تھا، آپؐ

نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو، یہاں تک کہ وہ فارغ ہوگیا، پس آپؐ نے پانی منگوایا اور اس کے پیشاب پر ڈلوایا۔

تشریح: یہ حدیث بہت مختصر لائے ہیں، پورا واقعہ یہ ہے کہ مسجدِ نبوی میں مجلس ہورہی تھی، ایک بدو آیا اور نماز شروع کردی، اور نماز پڑھ کر یہ دعا کی: اے اللہ! مجھ پر اور محمدؐ پر رحم فرما، اور کسی پر رحم نہ فرما۔ نبی ﷺ نے اس کو ٹوکا اور فرمایا: لقد تَحَجَّرْتَ واسعًا: تو نے کشادہ چیز کو تنگ کردیا۔ پھر وہ اٹھا اور مسجد کے ایک کونے میں پیشاب کرنے لگا، صحابہ نے کہا: رُک رُک کیا کررہا ہے! آپؐ نے صحابہ کو منع کیا، جب وہ پیشاب کر چکا تو آپؐ نے اس کو بلا کر سمجھایا کہ مسجدیں اللہ کا ذکر، تسبیح وتہلیل اور نماز کے لئے ہیں، پیشاب پاخانہ کے لئے نہیں ہیں۔ پھر آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ جہاں اس نے پیشاب کیا ہے اس کو کھود کر مٹی باہر ڈال دو، اور ایک ڈول پانی لاکر اس پر ڈال دو، اور صحابہ کو نصیحت فرمائی کہ تم آسانی کرنے والے بنا کر بھیجے گئے ہو، سختی کرنے والے بنا کر نہیں بھیجے گئے۔

تشریح:

۱- نبی ﷺ نے صحابہ کو کیوں روکا تھا؟ اس کی ایک وجہ علماء نے یہ بیان کی ہے کہ اگر اس کو پیشاب کرتے ہوئے بھگایا جاتا تو جگہ جگہ پیشاب گرتا، پس مسجد بھی ناپاک ہوتی، اور خود بدو کے کپڑے بھی ناپاک ہوتے، اس لئے آپؐ نے اس کو پیشاب کرنے دیا اور صحابہ کو روک دیا، اور دوسری وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ اس سے پیشاب میں بند لگنے کا خطرہ تھا، اس لئے آپؐ نے منع فرمایا، یہ وجہ حدیث میں آئی ہے، مسلم شریف، کتاب الطہارۃ (حدیث ۹۸) میں اسی حدیث میں ہے: دَعُوْهُ وَلاَ تُزْرِمُوْهُ: اس کو چھوڑ دو اور اس کو بند نہ لگادو۔ پس پہلی توجیہ کی ضرورت نہیں۔

۲- حدیث شریف کی باب سے مناسبت واضح ہے۔ اور آپؐ نے جو پیشاب پر پانی ڈلوایا تھا وہی پیشاب کو دھونا ہے، پس جنرل باب سے بھی حدیث منطبق ہوگئی۔

۳- آپؐ نے پیشاب پر پانی کیوں ڈلوایا تھا؟ ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کہتے ہیں: زمین کو پاک کرنے کے لئے ڈلوایا تھا، چنانچہ ان کے نزدیک زمین کو پاک کرنے کا طریقہ صرف دھونا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: پیشاب کی بدبو ختم کرنے کے لئے ڈلوایا تھا، آپؐ نے پہلے مٹی کھدوا کر باہر ڈلوائی تھی پھر پانی ڈلوایا تھا۔ طحاوی کے پہلے ہی باب میں اس حدیث میں اس کی صراحت ہے، جب مٹی کھود کر باہر ڈال دی تو زمین پاک ہوگئی مگر بدبو پیشاب سے آگے جاتی ہے اس لئے آپؐ نے پانی ڈلوایا تاکہ بدبو زمین میں اتر جائے۔ لہٰذا اس حدیث سے ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری کا یہ استدلال کرنا کہ زمین کی طہارت کا طریقہ صرف اس کو دھونا ہے: صحیح نہیں۔ زمین دھونے سے بھی پاک ہوتی ہے اور خشک ہوجانے سے بھی اور ناپاکی کا اثر زائل ہوجانے سے بھی پاک ہوجاتی ہے۔ حدیث میں ہے: زکاۃ الأرض یُبْسُھا: زمین کی پاکی اس کا سوکھ جانا ہے، یہ حدیث متعدد حضرات سے مروی ہے اور حسن لغیرہ ہے (تفصیل کے لئے دیکھئے: نصب الرایہ ۱: ۲۱۱) اسی طرح حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں جو ابوداؤد میں ہے یہ ہے کہ شروع میں

مسجدِ نبوی کے کواڑ نہیں تھے، اس میں کتّے گھس آتے تھے، اور پیشاب کرتے تھے اور صحابہ مسجد کو دھوتے نہیں تھے، یہ حدیث صریح ہے کہ زمین خشک ہو جانے سے پاک ہو جاتی ہے۔

[۵۷-] بابُ تَرْكِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالنَّاسِ الْأَعْرَابِيَّ حَتّٰى فَرَغَ مِنْ بَوْلِهِ فِيْ الْمَسْجِدِ

[۲۱۹-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: ثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى أَعْرَابِيًا يَبُوْلُ فِيْ الْمَسْجِدِ فَقَالَ: "دَعُوْهُ" حَتّٰى إِذَا فَرَغَ، دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ.

[انظر: ۲۲۱، ۶۰۲۵]

بابُ صَبِّ الْمَاءِ عَلَى الْبَوْلِ فِيْ الْمَسْجِدِ

مسجد میں پیشاب پر پانی ڈالنا

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک دیہاتی کھڑا ہوا اور مسجد میں پیشاب کرنے لگا۔ لوگوں نے اس کو لیا یعنی ڈانٹا، نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: اس کو چھوڑ دو اور اس کے پیشاب پر پانی کا ڈول بھر کر لا کر ڈال دو (راوی کو شک ہے کہ حدیث میں سجل ہے یا ذنوب) تم آسانی کرنے والے بنا کر بھیجے گئے ہو، تنگی کرنے والے بنا کر نہیں بھیجے گئے۔

تشریح: حدیث شریف کا جنرل باب اور ذیلی باب سے انطباق واضح ہے۔ اور اس حدیث میں ایک خاص نکتہ یہ ہے کہ دعوت و تبلیغ کا کام کرنے والوں کو نرمی سے کام لینا چاہئے، کامیابی کا یہی گُر ہے۔ نبی ﷺ کا یہ ارشاد کہ: تم آسانی کرنے والے بنا کر بھیجے گئے ہو، سختی کرنے والے بنا کر نہیں بھیجے گئے: اس میں یہی تعلیم ہے۔

فائدہ: شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے کہ نبی ﷺ کی افضلیت کی ایک وجہ آپؐ کی بعثت کا دوہرا ہونا ہے، آپؐ براہ راست صحابہ کی طرف مبعوث تھے، اور صحابہ کے واسطہ سے پوری دنیا کی طرف مبعوث تھے، اس طرح صحابہ بھی آپؐ کی طرف سے مبعوث تھے۔ یہ حدیث اس کی دلیل ہے (مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: رحمۃ اللہ الواسعہ ۲: ۵۰-۵۵، تحفۃ الالمعی ۱: ۴۳۵)

[۵۸-] بابُ صَبِّ الْمَاءِ عَلَى الْبَوْلِ فِيْ الْمَسْجِدِ

[۲۲۰-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَامَ أَعْرَابِيٌّ، فَبَالَ فِيْ الْمَسْجِدِ، فَتَنَاوَلَهُ النَّاسُ، فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "دَعُوْهُ وَهَرِيْقُوْا عَلٰى بَوْلِهِ سَجْلاً مِنْ مَاءٍ، أَوْ: ذَنُوْبًا مِنْ مَاءٍ، فَإِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِيْنَ وَلَمْ تُبْعَثُوْا

مُعَسِّرِيْنَ" [انظر: ۶۱۲۸]

[۲۲۱-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: ح: وَحَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ فَبَالَ فِيْ طَائِفَةِ الْمَسْجِدِ، فَزَجَرَهُ النَّاسُ، فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا قَضَى بَوْلَهُ أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِذَنُوْبٍ مِنْ مَاءٍ فَأُهْرِيْقَ عَلَيْهِ.

وضاحت: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ان سے یحیٰ انصاریؒ روایت کرتے ہیں اور ان سے عبداللہ بن المبارکؒ اور سلیمانؒ روایت کرتے ہیں، پھر دونوں کی سندیں الگ الگ ہیں، اس لئے سند میں تحویل ہے۔

لغت: خالی ڈول کو دَلْو کہتے ہیں، تھوڑا پانی ہو تو سجل ہے اور بھرا ہوا ہو تو ذنوب ہے۔

بَابُ بَوْلِ الصِّبْيَانِ

بچوں کے پیشاب کا حکم

وہ لڑکا اور لڑکی جو ماں کے دودھ پر اکتفا کرتے ہیں، ابھی انھوں نے باہر کی غذا لینی شروع نہیں کی ان کا پیشاب بھی بالاجماع ناپاک ہے۔ البتہ طریقۂ تطہیر میں اختلاف ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک لڑکی کے پیشاب کو دھونا ضروری ہے اور لڑکے کے پیشاب پر چھینٹا دینا کافی ہے۔ اور چھینٹا دینے کا طریقہ یہ ہے کہ جہاں لڑکے نے پیشاب کیا ہے چلو میں پانی لے کر اس پر اتنا ٹپکایا جائے کہ پانی پیشاب کو ڈھانک لے، مگر نچوڑنا چاہیں تو نہ نچڑے، شوافع کی کتابوں میں اس کے لئے تعبیر ہے: الغَمْرُ بالماء: پانی کے ذریعہ پیشاب کو ڈبو دینا، ہاتھ بھگا کر چھینٹا دینا مراد نہیں۔

اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک دونوں کے پیشاب کو دھونا ضروری ہے۔ پھر امام مالکؒ فرماتے ہیں: دونوں میں غسل بالغ ضروری ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک لڑکی کے پیشاب کو اچھی طرح دھونا ضروری ہے، اور لڑکے کے پیشاب میں غسل خفیف (ہلکا دھونا) کافی ہے، اور ہلکا دھونا یہ ہے کہ پیشاب پر پانی ڈالا جائے۔ جب پیشاب کپڑے سے نکل جائے تو نچوڑ دیا جائے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ایسے لڑکے کے پیشاب کے بارے میں حدیثوں میں پانچ لفظ آئے ہیں: (۱) نَضْحٌ (۲) رَشٌّ (دونوں کے معنی ہیں: چھینٹا دینا، چھڑکنا) (۳) صَبٌّ: ریڑھنا، (۴) اتباع الماء: پانی کو پیشاب کے پیچھے کرنا، یعنی پیشاب پر اتنا پانی ڈالنا کہ وہ دوسری طرف نکل جائے (۵) لم يَغْسِلْهُ غَسْلاً: یعنی اچھی طرح نہیں دھویا، اس میں نفی مفعول مطلق کی ہے، نفس دھونے کی نہیں۔

ان پانچ لفظوں میں سے صبٌّ، اتباع الماء اور لم یغسله غسلا کی دلالت دھونے پر قطعی ہے، باقی دولفظ محتمل ہیں، ان کے معنی چھینٹا دینے کے بھی ہوسکتے ہیں اور دھونے کے بھی، چھینٹا دینے کے معنی تو واضح ہیں اور یہ دونوں لفظ غسل کے معنی میں بھی آتے ہیں، اس کے قرائن یہ ہیں:

۱- حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی حدیث میں حیض کے خون کی تطہیر کا طریقہ یہ بیان کیا گیا ہے: تَحُتُّه ثم تَقْرُصُه بالماءِ، وَتَنْضَحُهُ، وَتُصَلَّی فیه: حیض کے خون کو کھرچ دو، پھر کپڑے کو پانی سے بھگو کر انگلیوں کے سروں سے رگڑ دو، پھر اس کو دھوڈالو، پھر اس میں نماز پڑھو۔ یہ حدیث چند ابواب کے بعد (حدیث ۲۲۷) آرہی ہے۔ یہاں نضح کے معنی دھونے کے متعین ہیں۔

۲- پہلے ابن عمرؓ کی حدیث (نمبر ۱۷۱) گذری ہے کہ مسجدِ نبوی میں رات میں کتّے گھس آتے تھے، فلم یکونوا یَرُشُّوْن شیئًا من ذلك: اس کی وجہ سے صحابہ مسجد کو دھوتے نہیں تھے۔ یہاں بھی رشٌّ کے معنی بالیقین دھونے کے ہیں۔

۳- طحاوی میں روایت ہے: إنی لَأَعْرِفُ مدینةً یَنْضَحُ الْبَحْرُ بجانبها: میں ایک ایسا شہر جانتا ہوں جس کے ساحل سے سمندر ٹکراتا ہے، یہ عمان شہر ہے جو ساحل سمندر پر واقع ہے، جب سمندر میں جوار بھاٹا آتا ہے تو پانی شہر کے کنارے سے ٹکراتا ہے۔ اس حدیث میں بھی نضح کے معنی چھڑکنے کے نہیں ہوسکتے۔

اس لئے بڑے دواماموں نے مسئلے کی بنیاد اس تین لفظوں پر رکھی ہے جو محکم الدلالہ ہیں، اور جو دولفظ محتمل ہیں ان کی تاویل کی ہے کہ ان سے بھی دھونا مراد ہے، اور یہی احتیاط کی بات ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مزاج بھی احتیاط کا ہے، جب عبادات کی روایات میں تعارض ہوتا ہے تو آپ احتیاط والا پہلو لیتے ہیں اور جب معاملات کی روایات میں تعارض ہوتا ہے تو آپ انصاف والا پہلو لیتے ہیں۔

اور باقی دواماموں نے اُن دولفظوں پر مسئلے کا مدار رکھا ہے جن میں چھینٹا دینے کے معنی کا احتمال ہے۔ اور باقی تین لفظوں کے بارے میں فرماتے ہیں کہ وہ روایت بالمعنی ہیں، راوی نے جس طرح سمجھا اسی طرح لفظ بدل دیا، یا یہ کہ کبھی نبی ﷺ نے دھویا بھی ہوگا، جیسے اعضاء وضو تین تین مرتبہ دھوئے جاتے ہیں مگر یہ فرض کا درجہ نہیں، اسی طرح اگر کوئی لڑکے کے پیشاب کو دھوئے تو سبحان اللہ، مگر تطہیر کے لئے دھونا ضروری نہیں۔

وجہ فرق: یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب دونوں پیشاب ناپاک ہیں اور ان کو دھونا ضروری ہے تو روایات میں دونوں پیشابوں کے لئے الگ الگ لفظ کیوں آئے ہیں؟ وجہ فرق کیا ہے؟ وجہ فرق یہ ہے کہ لڑکی کے مزاج میں برودت ہوتی ہے، اس لئے اس کے پیشاب میں عفونت ہوتی ہے، پس اس کے پیشاب کو مبالغہ کے ساتھ دھونا ضروری ہے، ورنہ کپڑا پاک ہونے کے بعد بھی بدبودار ہ جائے گی، اور لڑکے کے مزاج میں حرارت ہوتی ہے، اس لئے اس کے پیشاب میں عفونت کم ہوتی ہے، اس لئے اس میں غسل خفیف بھی کافی ہے۔

علاوہ ازیں: لڑکے کے پیشاب کا مخرج تنگ ہوتا ہے، اس لئے پیشاب ایک جگہ گرتا ہے، اور لڑکی کا مخرج کشادہ ہوتا ہے اس لئے پیشاب کپڑے پر بکھر جاتا ہے۔ پس لڑکے کے پیشاب پر تو پانی ریڑھا جاسکتا ہے، اور لڑکی کے پیشاب میں پورا کپڑا دھونا ضروری ہوتا ہے۔

اور ایک فرق یہ بھی ہے کہ لڑکوں میں ابتلائے عام ہے، مرد اس کو اٹھائے اٹھائے پھرتے ہیں اور لڑکی کی یہ صورت نہیں، اس لئے شریعت نے لڑکے کے پیشاب میں تخفیف کی، اور لڑکی کے پیشاب میں اس کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی پاک ﷺ کے پاس ایک بچہ لایا گیا، اس نے آپؐ کے کپڑے پر پیشاب کر دیا، پس پانی لایا گیا پس پیچھے کیا آپؐ نے پانی کو پیشاب کے۔

تشریح: أَتْبَعَهُ إِيَّاهُ: میں دو ضمیریں ہیں، ہ ضمیر متصل اور إِيَّاه: ضمیر منفصل، متصل ضمیر پانی کی طرف راجع ہے اور منفصل پیشاب کی طرف، اور اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ جس جگہ بچے نے پیشاب کیا تھا اس پر پانی ریڑھا، پس دوسری طرف پیشاب نکل گیا اور اس کے پیچھے پانی نکلا، اسی کا نام غسل خفیف ہے اور یہ امام اعظم رحمہ اللہ کی صریح دلیل ہے۔

حدیث (۲): ام قیسؓ کہتی ہیں: وہ اپنا چھوٹا بچہ جو ابھی باہر کی غذا نہیں لیتا تھا لے کر نبی پاک ﷺ کے پاس آئیں، آپؐ نے اس کو اپنی گود میں بٹھالیا، اس نے آپؐ کے کپڑے پر پیشاب کر دیا۔ آپؐ نے پانی منگوایا اور اس پر چھڑک دیا، کپڑا دھویا نہیں۔

تشریح: اس حدیث سے چھوٹے دو اماموں نے استدلال کیا ہے، مگر امام اعظمؒ فرماتے ہیں کہ یہاں نضح: بمعنی غسل ہے، نضح کا استعمال غسل کے معنی میں عام ہے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا، اور لم يَغْسِلْهُ: حدیث مرفوع کا جز نہیں، ابن شہابؒ کا قول ہے (عمدہ ۳:۱۳۳) یا یہ غسل بالغ کی نفی ہے، یعنی آپؐ نے کپڑا اچھی طرح نہیں دھویا، ہلکا دھولیا۔

[۵۹-] بابُ بَوْلِ الصِّبْيَانِ

[۲۲۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَنَّهَا قَالَتْ: أُتِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِصَبِيٍّ فَبَالَ عَلٰى ثَوْبِهِ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَأَتْبَعَهُ إِيَّاهُ.

[انظر: ٥٤٦٨، ٦٠٠٢، ٦٣٥٥]

[۲۲۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ: أَنَّهَا أَتَتْ بِابْنٍ لَهَا صَغِيْرٍ لَمْ يَأْكُلِ الطَّعَامَ، إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَجْلَسَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حِجْرِهِ، فَبَالَ عَلٰى ثَوْبِهِ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَنَضَحَهُ، وَلَمْ يَغْسِلْهُ.

[انظر: ٥٦٩٣]

بابُ الْبَوْلِ قَائِمًا وَقَاعِدًا

کھڑے ہوکراور بیٹھ کر پیشاب کرنا

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ کھڑے ہوکر بھی پیشاب کر سکتے ہیں اور بیٹھ کر بھی۔ مگر باب میں جو روایت ہے اس میں صرف کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کا تذکرہ ہے، بیٹھ کر پیشاب کرنے کا تذکرہ نہیں۔ چونکہ بیٹھ کر پیشاب کرنے کا جواز بدیہی ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ اس کی دلیل نہیں لائے، یا حضرت رحمہ اللہ نے یہ جزء دلالت اولیٰ کے طور پر ثابت کیا ہے، جب کھڑے ہوکر پیشاب کرنا جائز ہے تو بیٹھ کر پیشاب کرنا بدرجہ اولیٰ جائز ہے۔

جاننا چاہئے کہ نبی ﷺ نے ایک مرتبہ کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا ہے مگر یہ سنت نہیں، بلکہ بیان جواز کے لئے آپؐ نے یہ عمل کیا ہے، تاکہ مجبوری میں کھڑے ہوکر پیشاب کرنے میں کوئی تنگی محسوس نہ کرے، لہٰذا یہ صرف حدیث ہے، مسئلہ کی وضاحت کے لئے ہے، سنت نہیں۔ سنت وہ ہے جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں آیا ہے کہ اگر تم سے کوئی بیان کرے کہ نبی ﷺ کھڑے ہوکر پیشاب کیا کرتے تھے تو اس کی بات نہ ماننا، نبی ﷺ بیٹھ کر ہی پیشاب کیا کرتے تھے (ترمذی حدیث ۱۱)

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ایک قوم کی کوڑی پر تشریف لے گئے اور کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا، پھر پانی منگوایا، میں آپؐ کے پاس پانی لے کر آیا، پس آپؐ نے وضوء فرمایا۔

تشریح:

۱- نبی ﷺ نے جو کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا ہے بعض نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ وہ جگہ گندی تھی، کپڑے خراب ہونے کا اندیشہ تھا، اس لئے کھڑے ہوکر پیشاب کیا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ آپؐ کے گھٹنے میں تکلیف تھی، بیٹھنا دشوار تھا اس لئے کھڑے ہوکر پیشاب کیا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ کمر میں تکلیف تھی جس کا علاج عربوں کے نزدیک کھڑے ہوکر پیشاب کرنا تھا، مگر صحیح بات یہ ہے کہ آپؐ نے یہ عمل بیان جواز کے لئے کیا تھا، یعنی مسئلہ کی وضاحت کے لئے کیا تھا۔ اس لئے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ پانی رکھ کر جانے لگے تو آپؐ نے ان کو روک لیا تھا تاکہ آپ کا یہ عمل ان کے علم میں آئے اور امت تک وہ اس عمل کو پہنچائیں، اگر کسی مجبوری میں آپؐ نے ایسا کیا ہوتا تو اس سے امت کو واقف کرنا ضروری نہیں تھا۔

۲- نبی ﷺ کبھی بیان جواز کے لئے خلافِ اولیٰ کام کرتے ہیں، اور وہ نبی کے حق میں خلاف اولیٰ نہیں ہوتا، کیونکہ وہ تشریع کے لئے ہوتا ہے، مگر وہ سنت نہیں ہوتا، سنت کی تعریف ہے: **الطریقة المسلوكة فی الدین:** یعنی دینی راہ جس پر امت کو چلنا ہے اور یہ عمل جو بیان جواز کے لئے کیا جاتا ہے وہ دینی راہ نہیں ہوتا، صرف مجبوری کا حکم ہوتا ہے۔

لطیفہ: نیویارک کی ایک مسجد میں ایک غیر مقلد حدیث کی تعلیم کر رہا تھا۔ اس نے یہی کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی روایت پڑھی، اور کہا: کھڑے ہوکر پیشاب کرنا سنت ہے، اس حدیث سے یہ بات صراحتاً ثابت ہوتی ہے۔ مجمع میں سے ایک شخص نے سوال کیا کہ یہ سنت صرف مردوں کے لئے ہے یا عورتوں کے لئے بھی؟ بس اس کی سٹی گم ہوگئی۔

۳- سنت وحدیث میں فرق دو طرح کیا جاسکتا ہے: یا تو حدیث میں صراحت ہو، جیسے آئندہ حدیث (نمبر ۱۱۸۳) آرہی ہے نبی ﷺ نے فرمایا: مغرب سے پہلے نفلیں پڑھو، یہ بات دو مرتبہ فرمائی، پھر تیسری مرتبہ لِمَنْ شَاء بڑھایا، یعنی مغرب سے پہلے کوئی نفلیں پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے۔ راوی حدیث حضرت عبداللہ مزنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آپؐ نے لمن شاء اس لئے بڑھایا کہ لوگ اس کو سنت نہ بنالیں: کراهیةَ أن یَتَّخِذَها الناسُ سنةً: اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کہ لوگ اس نماز کو سنت بنالیں، معلوم ہوا کہ حدیث اور سنت میں کچھ فرق ہے اور ارشاد پاک: صَلُّوْا قبل صلوة المغرب: مسئلہ کی وضاحت کے لئے ہے یعنی عصر کے بعد نفلوں کی جو ممانعت ہے وہ غروب شمس تک ہے، سورج چھپتے ہی کراہیت ختم ہوجاتی ہے، اب کوئی نفلیں پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے مگر اس وقت میں نفلیں پڑھنا سنت نہیں۔

اور اگر روایت میں کوئی صراحت نہ ہو تو پھر صحابہ کا عمل دیکھا جائے گا۔ اگر صحابہ نے اس پر بالکل عمل نہیں کیا، یا عام طور پر عمل نہیں کیا، صرف مجبوری میں گاہ بہ گاہ عمل کیا ہے تو یہ دلیل ہے کہ وہ سنت نہیں، کسی مسئلہ کی وضاحت کے لئے وہ ارشاد یا عمل تھا، پس کھڑے ہوکر پیشاب کرنا بھی سنت نہیں۔ صحابہ نے اس حدیث پر عمل نہیں کیا۔ دو چار مثالیں ضرور ملیں گی کہ بعض صحابہ نے کسی مجبوری میں کھڑے ہوکر پیشاب کیا ہے، عام طور پر صحابہ کا اس پر عمل نہیں تھا، اگر کھڑے ہوکر پیشاب کرنا سنت ہوتا تو صحابہ ضرور اس پر عمل کرتے، صحابہ سب سے زیادہ سنت کے عاشق تھے۔

[۶۰-] بابُ الْبَوْلِ قَائِمًا وَقَاعِدًا

[۲۲۴-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَیْفَةَ، قَالَ: أَتَی النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ، فَجِئْتُهُ بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ. [انظر: ۲۲۵، ۲۲۶، ۲۴۷۱]

بابُ الْبَوْلِ عِنْدَ صَاحِبِهِ، وَالتَّسَتُّرِ بِالْحَائِطِ

ساتھی کی موجودگی میں پیشاب کرنا اور دیوار وغیرہ سے پردہ کرنا

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دیکھا میں نے مجھ کو اور نبی ﷺ کو کہ ہم ساتھ چل رہے تھے۔ پس آپؐ ایک قوم کی کوڑی پر دیوار کے پیچھے آئے اور کھڑے ہوئے جیسا کہ تم لوگ کھڑے ہوتے ہو، پس پیشاب فرمایا، پس میں آپؐ سے دور ہونے لگا، آپؐ نے مجھے اشارہ کیا، میں آپؐ کے پیچھے (دوسری جانب منہ کرکے) کھڑا ہوگیا، یہاں تک کہ آپؐ پیشاب سے فارغ ہوگئے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لوگوں کے قریب میں چھوٹا بڑا استنجاء کرنا جائز ہے، بشرطیکہ پردہ ہو، جیسے اب گھروں میں بیت الخلاء بنتے ہیں، اور لوگ گھر والوں کی موجودگی میں اس میں استنجاء کرتے ہیں، کیونکہ پردہ ہوتا ہے۔ اس ترجمہ کا یہی مقصد ہے۔

فائدہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں صرف خفین پر مسح کرنے کا اور کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کا ذکر ہے۔ ناصیہ پر مسح کرنے کا ذکر اس حدیث میں نہیں، حضرت مغیرہؓ کی حدیث میں ہے، ہدایہ میں دونوں حدیثیں گڈمڈ ہوگئی ہیں، اس لئے طلبہ کے ذہن میں یہ رہ جاتا ہے کہ ناصیہ پر مسح کرنے کا ذکر حضرت حذیفہؓ کی حدیث میں ہے۔

[٦١-] بابُ الْبَوْلِ عِنْدَ صَاحِبِهِ، وَالتَّسَتُّرِ بِالْحَائِطِ

[٢٢٥-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: رَأَيْتُنِیْ أَنَا وَالنَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم نَتَمَاشَى، فَأَتَى سُبَاطَةَ قَوْمٍ خَلْفَ حَائِطٍ، فَقَامَ كَمَا يَقُوْمُ أَحَدُكُمْ فَبَالَ، فَانْتَبَذْتُ مِنْهُ، فَأَشَارَ إِلَیَّ فَجِئْتُهُ عِنْدَ عَقِبِهِ حَتّٰى فَرَغَ. [راجع: ٢٢٤]

وضاحت: رَأَيْتُنِی میں دو ضمیریں ہیں، تُ: ضمیر مرفوع متصل ہے اور ی: منصوب متصل، اور أنا ضمیر فصل ہے، اور النبیَّ کا ضمیر منصوب پر عطف ہے، اس لئے أنا ضمیر فصل لائے ہیں۔

بابُ الْبَوْلِ عِنْدَ سُبَاطَةِ قَوْمٍ

کسی قوم کی کوڑی پر پیشاب کرنا

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ پیشاب کے معاملہ میں بہت سخت تھے، خود بھی احتیاط برتتے تھے، قارورہ میں پیشاب کرتے تھے، اور دوسروں کو بھی احتیاط کرنے کی تاکید کرتے تھے۔ ایک مرتبہ انھوں نے ایک آدمی کو دیکھا جو کھڑے ہوکر پیشاب کررہا تھا، آپؓ نے فرمایا: ویحك! أفلاَ قاعداً: تیرا ناس ہو، بیٹھ کر پیشاب کیوں نہیں کرتا؟ پھر حضرت نے بنی اسرائیل کا تذکرہ کیا کہ ان کے لئے یہ حکم تھا کہ اگر کپڑے پر پیشاب لگ جائے تو جہاں پیشاب لگا ہے اس جگہ کو کاٹ دینا ضروری تھا، کپڑا پاک کرنے کا کوئی طریقہ نہیں تھا۔ جب اس واقعہ کی حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو خبر ہوئی تو آپؓ نے فرمایا: کاش وہ رک جاتے! یعنی سختی نہ کرتے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا ہے اور میں اس کا گواہ ہوں، آپؐ ایک قوم کی کوڑی پر تشریف لے گئے اور کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا، معلوم ہوا کہ مجبوری میں کھڑے ہوکر احتیاط کے ساتھ پیشاب کرنا جائز ہے۔

تشریح: مسلم شریف میں اسی روایت میں جِلد أحدهم ہے اور جلد سے مراد انسان کا بدن نہیں بلکہ وہ چمڑا مراد

ہے جس کا لباس بنا کر پہنا جاتا تھا، پرانے زمانہ میں چمڑا عام لباس تھا۔ اب بھی لباس میں چمڑا استعمال ہوتا ہے، مگر اب ہائی کلاس لباس میں استعمال ہوتا ہے۔ اگر اس پر پیشاب لگ جائے تو اس چمڑے کو کاٹنے کا حکم تھا۔ اور ابوداؤد شریف میں جَسَدَ أَحَدِهِم ہے، یہ روایت بالمعنی ہے، اس کی تاویل ممکن نہیں، راوی نے جیسا سمجھا روایت کر دیا۔ اس لئے کہ بدن کو کاٹنے کا حکم تکلیف مالا یُطاق ہے۔

اس حدیث کی شرح میں حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں فرمایا ہے: **الأَظْهَرُ أَنَّهُ فَعَلَ ذلك لِبَيَانِ الجواز**: دلیل کے اعتبار سے قوی یہ ہے کہ نبی ﷺ نے جو کھڑے ہو کر پیشاب فرمایا تھا وہ بیان جواز کے لئے تھا۔ لہٰذا علماء نے جو توجیہیں کی ہیں ان کی ضرورت نہیں۔

[٦٢-] بابُ الْبَوْلِ عِنْدَ سُبَاطَةِ قَوْمٍ

[٢٢٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ قَالَ: كَانَ أَبُوْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيُّ يُشَدِّدُ فِي الْبَوْلِ، وَيَقُوْلُ: إِنَّ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ كَانَ إِذَا أَصَابَ ثَوْبَ أَحَدِهِمْ قَرَضَهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: لَيْتَهُ أَمْسَكَ، أَتَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا. [راجع: ٢٢٤]

بابُ غَسْلِ الدَّمِ

خون دھونے کا بیان

بہنے والا خون ناپاک ہے اور نجاست غلیظہ ہے۔ اگر بدن پر یا کپڑے پر لگ جائے تو اس کا دھونا ضروری ہے۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ اور ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ﴾: میں دم مسفوح مراد ہے اور الف لام عہد ذہنی کا ہے، دم مسفوح وہ خون ہے جو رگوں میں ڈوڑتا ہے، یہ تھرڈ کلاس خون ہوتا ہے، اور اعلیٰ خون سے مادّہ اور گوشت بنتا ہے۔ شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ نے تفسیر عزیزی میں مذکورہ آیت کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ اس سے دم مسفوح مراد ہے جو حرام ہے، اور وہ خون جو گوشت کے ساتھ متصل ہوتا ہے وہ دم غیر مسفوح ہے اور وہ حلال و پاک ہے، مگر اس کو کھانا نہیں چاہئے، گوشت کو دھو کر کھانا چاہئے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے جانور کے سات اعضاء کو مکروہ قرار دیا ہے، ان میں سے ایک یہی دم غیر مسفوح ہے، اور اس باب میں دم مسفوح کا ذکر ہے، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں، ائمہ متفق ہیں کہ دم مسفوح ناپاک ہے اور نجاست غلیظہ ہے۔

حدیث: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ایک عورت نبی ﷺ کے پاس آئی (یہ خود حضرت اسماء تھیں، راوی کبھی خود کو غائب کر دیتا ہے) اور اس نے عرض کیا: آپؐ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں جب ہم میں سے کوئی اپنے کپڑے میں حیض دیکھے تو کیا کرے؟ یعنی حیض کا خون کپڑے پر لگ جائے تو کس طرح پاک کرے؟ آپؐ نے فرمایا: پہلے خون کو

کھرچ ڈالو، پھر کپڑے کو پانی میں بھگو کر انگلیوں کے درمیان رگڑو، پھر اس کو دھوڈالو، پھر اس میں نماز پڑھو۔

تشریح: اب اللہ کے فضل سے عورتوں کے پاس کپڑوں کی فراوانی ہے، وہ حیض کے زمانہ کے کپڑے الگ رکھتی ہیں، دورِ اول میں یہ فراوانی نہیں تھی۔ عام دنوں میں جو کپڑے عورتیں پہنتی تھیں ایام حیض میں بھی انہی کو پہنتی تھیں اور کچھ زائد کپڑے کرسف وغیرہ بھی استعمال کرتی تھیں۔ مگر کبھی خون زیادہ آجاتا تھا اور کپڑے پر لگ جاتا تھا، اس کو دھونا ضروری ہے۔ اور حیض کا خون خوب رگڑ کر دھونا چاہئے تاکہ اس کا اثر یعنی رنگ اور بو زائل ہو جائے، پھر اس میں نماز پڑھ سکتی ہے خواہ کپڑا خشک نہ ہوا ہو۔

اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ دم مسفوح ناپاک ہے وہ کپڑے پر لگ جائے تو اس کا دھونا ضروری ہے، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں، اور اس حدیث میں نضح: غسل کے معنی میں ہے، چھینٹا دینے کے معنی یہاں نہیں ہو سکتے۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: فاطمہ بنت ابی حُبیش ؓ نبی ﷺ کے پاس آئیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں ایک ایسی عورت ہوں جس کو برابر حیض آتا ہے، میں پاک ہی نہیں ہوتی تو کیا میں نماز چھوڑے رہوں؟ آپ ؐ نے فرمایا: نہیں، یہ رگ کا خون ہے، حیض کا خون نہیں، لہٰذا جب حیض آئے تو نماز چھوڑ دے، اور جب حیض کے ایام گذر جائیں تو خون دھوڈال، (اس میں مجاز بالحذف ہے أی أَثَرَ الدم، خون کا اثر یعنی جنابت دھوڈال یعنی غسل کر لے) پھر نماز شروع کر دے۔ ہشام کہتے ہیں کہ میرے ابا نے کہا: پھر تو ہر نماز کے لئے وضو کر یہاں تک کہ وہ وقت (یعنی حیض کا زمانہ) آجائے۔

تشریح:

حضرت فاطمہ بنت ابی حبیش ؓ کو استحاضہ کی بیماری تھی، وہ اپنے آپ کو حائضہ سمجھتی تھیں اور نماز نہیں پڑھتی تھیں، جب زیادہ دن ہو گئے اور خون نہیں رکا تو وہ پریشان ہوئیں، مؤمن کا قلب ایک کسوٹی ہے، وہ صحیح بات ہی کو قبول کرتا ہے ورنہ اس کا دل بے چین رہتا ہے۔ چنانچہ وہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور سارا ماجرا بیان کیا، آپ ؐ نے فرمایا: یہ حیض کا خون نہیں ہے، بلکہ بیماری کا خون ہے، رحم کے منہ پر ایک رگ ہے جس کا نام عاذِلُ ہے کسی وجہ سے وہ کھل جاتی ہے تو خون بہنے لگتا ہے، یہ بیماری ہے اور حیض کا خون قعر رحم سے آتا ہے، وہ تندرستی کی علامت ہے اور دونوں کے احکام الگ الگ ہیں، لہٰذا مستحاضہ ایام حیض میں نماز روزے ترک کر دے، پھر جب حیض کے ایام گذر جائیں تو نہا کر نماز شروع کر دے اور ہر فرض نماز کے وقت کے لئے نیا وضوء کرے۔

حضرت فاطمہ ؓ معتادہ تھیں، معتادہ: وہ مستحاضہ ہے جس کی بیماری لاحق ہونے سے پہلے عادت متعین تھی، وہ عادت کے ایام میں حائضہ ہوگی اور باقی ایام میں پاک ہوگی، مثلاً ایک عورت کو ہر مہینہ کی پانچ تاریخ کو حیض آتا تھا اور سات دن رہتا تھا پھر اس کو استحاضہ کی بیماری لاحق ہوگئی تو وہ ہر مہینہ کی پانچ تا بارہ تاریخ میں نماز چھوڑ دے گی۔ باقی ایام میں وہ پاک

عورت کی طرح ہوگی، مزید تفصیل کتاب الحیض میں آئے گی۔

قولہ: تم تَوَضَّئِ لکل صلوٰۃ: یہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے یا حضرت عروہ کا؟ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مدرج ہے۔ حضرت عروہ کا قول ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے۔ چنانچہ ہشام کے متعدد تلامذہ مثلاً: امام ابوحنیفہ، حماد بن سلمہ، اور ابوعوانہ، ابن سلیم اور ابوحمزہ اس کو حدیث مرفوع کے طور پر روایت کرتے ہیں اور یہ سب ائمہ حدیث ہیں (زبدۃ شرح معانی الآثار ص:۸۲)

چنانچہ ائمہ اربعہ اسی کے قائل ہیں کہ مستحاضہ ہر نماز کے لئے یا ہر نماز کے وقت کے لئے وضو کرے گی۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ہر فرض نماز کے وقت کے لئے وضو کرے گی اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ہر فرض نماز کے لئے وضو کرے گی۔ اور ثمرۂ اختلاف اس طرح ظاہر ہوگا کہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اس وضو سے صرف فرض نماز اور اس کے تابع جو سنن ونوافل ہیں وہ پڑھ سکتی ہے، قضاء نماز کے لئے نیا وضو ضروری ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک وقت کے اندر مستحاضہ: فرض قضاء واجب سنن اور نوافل سب پڑھ سکتی ہے اور قرآن کی تلاوت بھی کرسکتی ہے۔

امام شافعی رحمہ اللہ کا استدلال اسی حدیث سے ہے اور امام اعظمؒ لام وقتیہ مانتے ہیں، اور قرینہ وہ حدیث ہے جس میں عند کل صلوۃ یالوقت کل صلوٰۃ آیا ہے (فاطمہ بنت ابی حُبیش کی حدیث کے ایک طریق میں لوقت کل صلوٰۃ آیا ہے، دیکھیں: کتاب الآثار ا:۱۹۱ باب غسل المستحاضة والحائض)

قولہ: فَاغْسِلی عنكِ الدَّمَ: اس جملہ کا بظاہر مفہوم یہ ہے کہ کپڑے پر یا بدن پر جو خون لگا ہے اس کو دھوڈالے۔ امام بخاریؒ نے اسی مفہوم کے اعتبار سے باب قائم کیا ہے اور حقیقی مفہوم یہ ہے کہ غسل جنابت کرے اور نماز شروع کردے۔

[٦٣-] بابُ غَسْلِ الدَّمِ

[٢٢٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِى فَاطِمَةُ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: أَرَأَيْتَ إِحْدَانَا تَحِيْضُ فِيْ الثَّوْبِ: كَيْفَ تَصْنَعُ؟ قَالَ: " تَحُتُّهُ، ثُمَّ تَقْرُصُهُ بِالْمَاءِ، وَتَنْضَحُهُ بِالْمَاءِ، وَتُصَلِّيْ فِيْهِ". [انظر:٣٠٧]

[٢٢٨-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَ تْ فَاطِمَةُ بِنْتُ أَبِيْ حُبَيْشٍ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّي امْرَأَةٌ أُسْتَحَاضُ فَلاَ أَطْهُرُ، أَفَأَدَعُ الصَّلاَةَ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ، إِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ، وَلَيْسَ بِحَيْضٍ، فَإِذَا أَقْبَلَتْ حَيْضَتُكِ فَدَعِيْ الصَّلاَةَ، وَإِذَا أَدْبَرَتْ فَاغْسِلِيْ عَنْكِ الدَّمِ، ثُمَّ صَلِّى" قَالَ: وَقَالَ أَبِيْ: " ثُمَّ تَوَضَّئِيْ لِكُلِّ صلاَةٍ حَتّٰى يَجِيْءَ ذٰلِكِ الْوَقْتُ"

بابُ غَسْلِ الْمَنِيِّ وَفَرْكِهِ، وَغَسْلِ مَا يُصِيبُ مِنَ الْمَرْأَةِ

منی کو دھونا اور کھرچنا، اور بیوی سے جو رطوبت پہنچے اس کو دھونا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ منی ناپاک ہے اور اس کی دلیل غَسل اور فرك والی روایات ہیں۔ اور دوسری عقلی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے مرد کے عضو پر جو مہبل کی تری لگتی ہے اس کو دھونے کا حکم دیا ہے، اور وہ تری یا تو مذی کی ہوگی یا منی کی، پس معلوم ہوا کہ منی ناپاک ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک منی ناپاک ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ اور امام مالک رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے۔ اور دوسرے دواماموں کے نزدیک منی پاک ہے۔ امام بخاریؒ نے غَسل اور فرک والی روایات سے استدلال کیا ہے، اس طرح کہ کسی بھی روایت میں یہ بات مروی نہیں کہ آپؐ کے کپڑوں پر منی تھی اور آپؐ نے نماز پڑھی۔ اگر منی پاک ہوتی تو بیانِ جواز کے لئے زندگی میں کم ازکم ایک مرتبہ آپؐ منی کے ساتھ نماز پڑھتے تا کہ امت کے سامنے حقیقت کھل کر آجاتی، مگر پوری حیاتِ طیبہ میں ایک واقعہ بھی ایسا نہیں، ہمیشہ آپؐ کے کپڑوں پر سے منی یا تو دھوئی جاتی تھی یا کھرچی جاتی تھی، چنانچہ امام اعظم رحمہ اللہ نے دونوں روایتوں کو لیا ان کے نزدیک منی پاک کرنے کا طریقہ غسل اور فرک دونوں ہیں، یعنی اگر منی تر ہے تو دھونا ضروری ہے اور کپڑے پر خشک ہو جائے تو کھرچنا کافی ہے۔

بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ پہلے منی گاڑھی ہوتی تھی، اس لئے کھرچنا کافی تھا۔ اب قوی کمزور ہو گئے ہیں اس لئے اب کھرچنا کافی نہیں، یہ بات صحیح نہیں، مسئلہ اب بھی وہی ہے جو پہلے تھا خشک منی کھرچ دینے سے کپڑا پاک ہو جاتا ہے۔

اور امام مالک رحمہ اللہ فرک کے قائل نہیں۔ ان کے نزدیک منی کو دھونا ضروری ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں لفظ فرك رکھا ہے مگر اس تعلق سے کوئی روایت نہیں لائے، ہوسکتا ہے امام بخاریؒ بھی امام مالکؒ کی طرح فرک کی روایتوں کو نہ لیتے ہوں۔ مگر ان دونوں لفظوں کے بغیر استدلال تام نہیں ہوتا، اس لئے ترجمہ میں دونوں لفظ رکھے ہیں۔

دوسری عقلی دلیل: منی اگر فی نفسہ پاک بھی ہو تو لغیرہ ناپاک ہوگی، کیونکہ منی سے پہلے مذی نکلتی ہے اور مذی ناپاک ہے، پس جب مذی کے ساتھ منی ملے گی تو وہ پاک کیسے رہے گی؟ اور مذی عضو کی نالی میں پھیلی رہتی ہے تا کہ گاڑھی منی کا تنگ سوراخ سے نکلنا ممکن ہو، جیسے کٹورے میں پیشاب ہے، اس میں بلغم تھوکا تو وہ ناپاک ہو گیا، کیونکہ اس کے ساتھ پیشاب لگ گیا، اسی طرح جب منی کے ساتھ مذی لگ گئی تو وہ پاک کہاں رہی؟

اور مذی ناپاک ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ دورِ اول میں اکسال کی صورت میں غسل واجب نہیں تھا، مگر اس وقت بھی یہ حکم تھا کہ مرد کے عضو پر عورت کے عضو سے جو تری لگے اس کو دھونا ضروری ہے۔ ظاہر ہے وہ تری مذی کی تھی، منی تو نکلی نہیں، اور اس کو دھونے کا حکم اس لئے تھا کہ مذی ناپاک ہے، وہ ناپاک مذی جب منی کے ساتھ لگ گئی تو منی لغیرہ ناپاک ہوگئی۔

حدیث(۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نبی ﷺ کے کپڑوں پر سے منی کو دھویا کرتی تھی۔ پس آپؐ نماز کے لئے تشریف لے جاتے درانحالیکہ دھونے کا نشان (دھبہ) آپؐ کے کپڑے میں صاف چمکتا تھا۔

تشریح: یہ حدیث دلیل ہے کہ منی ناپاک ہے۔ اگر منی پاک ہوتی تو اس قدر اہتمام کی کیا ضرورت تھی؟ نظافت کے لئے تو نماز کے بعد بھی دھوئی جاسکتی تھی۔ اور ابوداؤد میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔ انھوں نے اپنی بہن ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: نبی ﷺ جن کپڑوں میں مجامعت فرماتے تھے ان میں نماز پڑھتے تھے؟ ام حبیبہؓ نے کہا: نعم، إذا لم يَرَ فيه أَذًى: ہاں پڑھتے تھے جب ان میں گندگی نہ دیکھتے (ابوداؤد:۳۶۶) ظاہر ہے أذًی سے منی کی گندگی ہی مراد ہے اگرچہ مذی کا بھی احتمال ہے، مگر ظاہر احتمال پہلا ہی ہے، یہ حدیث بھی منی کی نجاست پر صریح دلیل ہے۔

حدیث(۲): سُلیمان کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے منی کے بارے میں پوچھا کہ وہ کپڑے پر لگ جائے تو کیا حکم ہے؟ انھوں نے فرمایا: میں نبی ﷺ کے کپڑے پر سے منی کو دھوتی تھی، پس آپؐ نماز کے لئے تشریف لے جاتے اس حال میں کہ دھونے کا دھبہ آپؐ کے کپڑے میں ہوتا تھا۔

[٦٤-] بابُ غَسْلِ الْمَنِيِّ وَفَرْكِهِ، وَغَسْلِ مَا يُصِيبُ مِنَ الْمَرْأَةِ

[٢٢٩-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: أَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنٍ الْجَزَرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَغْسِلُ الْجَنَابَةَ مَنْ ثَوْبِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَيَخْرُجُ إِلَى الصَّلاَةِ، وَإِنَّ بُقَعَ الْمَاءِ فِيْ ثَوْبِهِ. [انظر: ٢٣٠، ٢٣١، ٢٣٢]

[٢٣٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: ثَنَا يَزِيْدُ، قَالَ: ثَنَا عَمْرٌو، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ ح: وَثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الْمَنِيِّ يُصِيْبُ الثَّوْبَ؟ فَقَالَتْ: كُنْتُ أَغْسِلُ مِنْ ثَوْبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَيَخْرُجُ إِلَى الصَّلاَةِ وَأَثَرُ الْغَسْلِ فِيْ ثَوْبِهِ: بُقَعُ الْمَاءِ. [راجع: ٢٢٩]

بابٌ: إِذَا غَسَلَ الْجَنَابَةَ أَوْ غَيْرَهَا فَلَمْ يَذْهَبْ أَثَرُهُ

منی یا کوئی نجاست دھوئی مگر اس کا اثر زائل نہ ہوا

جب ناپاک کپڑا تین مرتبہ دھو کر نچوڑ لیا اور ناپاکی کپڑے میں سے نکل گئی تو کپڑا پاک ہوگیا، اگرچہ دھبہ کپڑے میں باقی رہ جائے، اب تو صابن وغیرہ کے ذریعہ کیسا بھی دھبہ ہو مٹادیا جاتا ہے، پرانے زمانہ میں یہ چیزیں نہیں تھیں،

بعض مرتبہ کپڑے میں دھبہ باقی رہ جاتا تھا، اس کو نکالنا مشکل ہوتا تھا، پس جب کپڑا اچھی طرح دھولیا تو وہ پاک ہوگیا خواہ دھبہ باقی رہ جائے، یہی باب کا مقصد ہے۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نبی ﷺ کے کپڑے پر سے منی کو دھوتی تھی، پھر آپ نماز کے لئے تشریف لے جاتے تھے درانحالیکہ دھونے کا اثر کپڑے میں واضح طور پر معلوم ہوتا تھا، اور وہ اثر پانی کا دھبہ ہوتا تھا۔

تشریح: أثر الغسل: مبتداء ہے اور فیہ خبر ہے۔ اور بُقَعُ الماء: الگ جملہ ہے، یہ ھو مبتدا محذوف کی خبر ہے، اور مرجع أثر الغسل ہے۔ اس حدیث سے استدلال تام نہیں، اس لئے کہ نبی ﷺ کے کپڑے میں جو دھبہ نظر آتا تھا وہ ناپاکی کا اثر نہیں تھا بلکہ دھونے کا اثر تھا کیونکہ منی دھونے سے آسانی سے نکل جاتی ہے اس کا اثر باقی نہیں رہتا۔ البتہ دھونے کا یعنی بھیگنے کا نشان نظر آتا ہے، مگر باب میں یہ مراد نہیں۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ وہ نبی ﷺ کے کپڑے سے منی دھویا کرتی تھیں، پھر وہ اس کو کپڑے میں ایک دھبہ یا متعدد دھبوں کی شکل میں دیکھتی تھیں۔

تشریح: أَری: ہمزہ کے زبر کے ساتھ: آنکھوں سے دیکھنا، اور ہمزہ کے پیش کے ساتھ: گمان کرنا۔ یہاں زبر کے ساتھ ہے، اور بُقْعة کے معنی ہیں: ایک دھبہ، اور بُقَعًا کے معنی ہیں: متعدد دھبے، ایک جگہ منی لگی ہوتی تو ایک جگہ دھونے کا دھبہ ہوتا اور متعدد جگہ منی لگی ہوتی تو متعدد جگہ دھبے ہوتے۔

[۶۵-] بابٌ: إِذَا غَسَلَ الْجَنَابَةِ أَوْ غَيْرَهَا فَلَمْ يَذْهَبْ أَثَرُهُ

[۲۳۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ فِيْ الثَّوْبِ تُصِيْبُهُ الْجَنَابَةُ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: كُنْتُ أَغْسِلُهُ مِنْ ثَوْبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَى الصَّلَاةِ، وَأَثَرُ الْغَسْلِ فِيْهِ: بُقَعُ الْمَاءِ. [راجع: ۲۲۹]

[۲۳۲-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: ثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تَغْسِلُ الْمَنِيَّ مِنْ ثَوْبِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ أَرَاهُ فِيْهِ بُقْعَةً أَوْ بُقَعًا. [راجع: ۲۲۹]

باب أَبْوَالِ الإِبِلِ وَالدَّوَابِّ وَالْغَنَمِ وَمَرَابِضِهَا

اونٹوں، چوپایوں اور بکریوں کے پیشاب کا اور ان کے باڑوں کا حکم

تمام وہ جانور جن کا گوشت کھایا جاتا ہے خواہ وہ پالتو ہوں یا جنگلی ان کے فضلات ـــــ پیشاب، لید، گوبر اور مینگنی وغیرہ ـــــ حضرات مالک، احمد، محمد اور بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک پاک ہیں۔ اور حضرات ابوحنیفہ، شافعی اور ابو یوسف

رحمہم اللہ کے نزدیک ناپاک ہیں۔اور اصحاب ظواہر کے نزدیک انسان، خنزیر اور کتے کے علاوہ تمام جانوروں کے فضلات پاک ہیں خواہ وہ ماکول اللحم ہوں یا غیر ماکول اللحم۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں اونٹ اور بکری کی صراحت اس لئے کی ہے کہ ان کے بارے میں نص موجود ہے۔اور دیگر ماکول اللحم جانوروں کو دواب میں لیا ہے۔

فائدہ: ماکول اللحم جانوروں کے فضلات کے بارے میں احناف کے یہاں دو قول ہیں: نجاست غلیظہ کا اور نجاست خفیفہ کا۔اور دوسرا قول راجح ہے، اس لئے کہ اس کے بارے میں ائمہ میں اختلاف ہے۔اور جب کسی مسئلہ میں ائمہ میں اختلاف ہوتا ہے تو حکم ہلکا پڑ جاتا ہے۔اسی طرح جب کسی حدیث مرفوع سے کسی صحابی کا قول وفعل معارض ہو جاتا ہے تو بھی حکم ہلکا پڑتا ہے، جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں کچھ لوگوں کو آگ میں زندہ جلایا، وہ لوگ آپؓ کی الوہیت کے قائل تھے، آپؓ نے ان کو سمجھایا مگر نہیں مانے تو آپؓ نے ان کو جلانے کی سزا دی۔حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو جب اس کی خبر ہوئی تو فرمایا: اگر میں ہوتا تو قتل کرتا، جلاتا نہیں، اس لئے کہ نبی ﷺ نے جلانے سے منع فرمایا ہے۔پھر جب حضرت علیؓ کو ابن عباسؓ کی یہ بات پہنچی تو فرمایا: صدق ابنُ عباس: ابن عباس کی بات صحیح ہے۔معلوم ہوا کہ حضرت علیؓ اس حکم شرعی سے واقف تھے، پس ممانعت کی حدیث کو خلافِ اولیٰ پر محمول کریں گے، اس کو حرام قرار نہیں دیں گے اس لئے کہ صحابی کا عمل اس کے معارض ہے، اسی طرح ماکول اللحم جانوروں کے فضلات میں ائمہ میں اختلاف ہوا ہے اس لئے حکم ہلکا پڑ جائے گا اور نجاست خفیفہ قرار دیا جائے گا۔

اثر: حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ جو کوفہ وغیرہ کے گورنر رہے ہیں انھوں نے کوفہ کی ڈاک چوکی میں نماز پڑھی، پرانے زمانہ میں ڈاک چوکی میں گھوڑے تیار رہتے تھے، ڈاک گھوڑوں پر چلتی تھی، ڈاک چوکی سے ڈاک لے کر ایک آدمی گھوڑے پر چلتا تھا، دس پندرہ میل کے بعد دوسری چوکی آتی تھی وہاں دوسرا شخص گھوڑے پر تیار رہتا تھا، وہ ڈاک لے کر چل دیتا تھا۔اس طرح مہینوں کی مسافت دنوں میں طے ہو جاتی تھی اور جہاں گھوڑے بندھتے ہیں وہاں لید اور پیشاب پڑا رہتا ہے۔حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے وہاں نماز پڑھی، جبکہ ڈاک چوکی سے لگواں پاک صاف میدان موجود تھا، پھر نماز سے فارغ ہو کر فرمایا: یہاں اور وہاں سب برابر ہے، اس سے معلوم ہوا کہ گھوڑوں کی لید اور پیشاب پاک ہے، اور گھوڑا ماکول اللحم جانور ہے، پس یہی حکم تمام ماکول اللحم جانوروں کا ہے۔

جواب: یہ استدلال اس وقت صحیح ہے جب ثابت ہو کہ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے کپڑا بچھائے بغیر نماز پڑھی تھی اس احتمال کے ساتھ استدلال تام نہیں۔

[٦٦-] بابُ أَبْوَالِ الإِبِلِ وَالدَّوَابِّ وَالْغَنَمِ وَمَرَابِضِهَا

وَصَلّٰى أَبُوْ مُوْسَى فِيْ دَارِ الْبَرِيْدِ وَالسِّرْقِيْنِ وَالْبَرِّيَّةُ إِلٰى جَنْبِهِ، فَقَالَ: هَاهُنَا وَثَمَّ سَوَاءٌ.

لغت: مَرَابِض: مَرْبَض کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: بیٹھنا۔ اور یہ لفظ بکریوں کے بیٹھنے کے لئے خاص ہے، پس مَربض کے معنی ہیں: بکریوں کا باڑا، وہاں ہر طرف مینگنیاں اور پیشاب پڑا ہوا ہوتا ہے، وہاں نماز پڑھ سکتے ہیں؟ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا اثر دلالت کرتا ہے کہ پڑھ سکتے ہیں، کیونکہ بکریاں بھی ماکول اللحم ہیں، پس ان کے فضلات بھی پاک ہیں —— مگر ابوموسیٰ کے اثر سے استدلال تام نہیں، اس لئے یہ مسئلے بھی طے نہیں —— **دار البرید**: ڈاک چوکی .... **السِّرقین**: گوبر، یہ لفظ گائے بھینس کے فضلہ کے لئے استعمال ہوتا ہے، یہاں گھوڑے کی لید مراد ہے، اس کو مرفوع بھی پڑھ سکتے ہیں اور مجرور بھی۔ مجرور پڑھیں گے تو دارالبرید پر عطف ہوگا اور مستدل بنے گا، مگر کپڑا بچھا کر نماز پڑھی ہو یہ احتمال باقی رہے گا، اس لئے استدلال تام نہ ہوگا۔ اور اگر مرفوع پڑھیں گے تو مابعد سے تعلق ہوگا، اور مطلب ہوگا: جہاں حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے نماز پڑھی تھی اس کے برابر میں لید پڑی تھی، اور صاف میدان بھی موجود تھا، یعنی جہاں نماز پڑھی تھی وہاں لید نہیں تھی، وہ جگہ صاف تھی، البتہ اس کے برابر میں لید تھی، پس استدلال ختم ہوگیا .... **البَرِّیَّة** کے معنی ہیں: صاف میدان۔

[۲۳۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ أُنَاسٌ مِنْ عُكْلٍ أَوْ عُرَيْنَةَ، فَاجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ، فَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِلِقَاحٍ، وَأَنْ يَشْرَبُوْا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا، فَانْطَلَقُوْا فَلَمَّا صَحُّوْا قَتَلُوْا رَاعِيَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَاسْتَاقُوْا النَّعَمَ فَجَاءَ الْخَبَرُ فِيْ أَوَّلِ النَّهَارِ، فَبَعَثَ فِيْ آثَارِهِمْ، فَلَمَّا ارْتَفَعَ النَّهَارُ جِيْءَ بِهِمْ، فَأَمَرَ فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسُمِّرَتْ أَعْيُنُهُمْ، وَأُلْقُوْا فِي الْحَرَّةِ، يَسْتَسْقُوْنَ فَلَا يُسْقَوْنَ، قَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ: فَهٰؤُلَاءِ سَرَقُوْا وَقَتَلُوْا وَكَفَرُوْا بَعْدَ إِيْمَانِهِمْ، وَحَارَبُوْا اللهَ وَرَسُوْلَهُ. [انظر: ۱۵۰۱، ۳۰۱۸، ۴۱۹۲، ۴۱۹۳، ۴۶۱۰، ۵۶۸۵، ۵۶۸۶، ۵۷۲۷، ۶۸۰۲، ۶۸۰۳، ۶۸۰۴، ۶۸۰۵، ۶۸۹۹]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: قبیلۂ عُکل یا عُرینہ کے کچھ لوگ مدینہ منورہ آئے، پس ان کو مدینہ میں جَوِی بیماری لگ گئی، ان کو نبی ﷺ نے دودھ والی اونٹنیوں کا حکم دیا (مدینہ منورہ سے چند میل کے فاصلے پر صدقات کی اونٹنیاں چرتی تھیں اور وہیں رہتی تھیں اور ان میں نبی ﷺ کی ذاتی اونٹنیاں بھی تھیں، وہاں جاکر رہنے کا حکم دیا) اور ان کا پیشاب اور دودھ پینے کا حکم دیا، چنانچہ وہ سب وہاں چلے گئے۔ جب تندرست ہوگئے تو انھوں نے نبی ﷺ کے چرواہے کو قتل کردیا، اور اونٹنیوں کو ہانک لے گئے، صبح سویرے اس کی خبر مدینہ منورہ پہنچی تو آپؐ نے ان کے تعاقب میں گھوڑ سوار روانہ فرمائے، پس جب دن چڑھ گیا تو وہ پکڑ کر لائے گئے، پس آپؐ کے حکم سے ان کے ہاتھ اور پاؤں (جانب مخالف سے) کاٹے گئے۔ اور ان کی آنکھیں پھوڑی گئیں، اور ان کو حرّہ نامی میدان میں پھینک دیا گیا، وہ پانی

مانگتے تھے مگران کو پانی نہیں دیا گیا (اس لئے کہ وہاں کوئی نہیں تھا) ابوقلابہ کہتے ہیں: ان لوگوں نے چوری کی، اور چرواہے کو قتل کیا، اور ایمان کے بعد کفر کیا، یعنی مرتد ہو گئے اور اللہ اور رسول کے ساتھ جنگ کی۔

تشریح:

۱- یہ آٹھ آدمی تھے، چار قبیلہ عُرینہ کے تھے، تین قبیلہ عکل کے اور ایک کسی اور قبیلہ کا، انھوں نے اسلام قبول کیا، مگر ابھی بشاشت ان کے قلوب میں داخل نہیں ہوئی تھی کہ مُدینہ کی آب وہوا ان کو راس نہ آئی، جوئی بیماری لگ گئی، یہ بدہضمی اور یرقان کے علاوہ بیماری ہے۔ معدہ کی خرابی کا نام بدہضمی ہے اور جگر کی خرابی سے یرقان ہوتا ہے، جوئی بیماری ان کے علاوہ ہے مگر آثار مشترک ہیں۔ نبی ﷺ نے ان کو اونٹنیوں کا دودھ اور پیشاب پینے کا حکم دیا۔ قائلین طہارت نے اس سے استدلال کیا کہ اونٹ کا پیشاب پاک ہے، اور مینگنیوں کو پیشاب پر قیاس کیا، پھر دوسرے ماکول اللحم جانوروں تک حکم متعدی کیا۔

جواب: جوئی بیماری میں اونٹ کا دودھ پیا جاتا ہے اور پیشاب سونگھا جاتا ہے۔ نبی ﷺ نے ان کو اسی کا حکم دیا تھا۔ بخاری کی ایک حدیث میں صرف دودھ پینے کا ذکر ہے، پیشاب کا ذکر نہیں (حدیث ۵۶۸۵) اور پیشاب انھوں نے خود پیا تھا اس لئے کہ عربوں کے تصورات میں جوئی بیماری میں پیشاب بھی پیا جاتا تھا۔

اور اگر مان لیا جائے کہ ان کو پیشاب پینے کا حکم دیا گیا تھا تو وہ علاج کے طور پر تھا، پس طہارت ثابت نہ ہوگی، جیسے ایک جنگ میں حضرت زبیر اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کو خارش کی وجہ سے ریشم کا کرتا پہننے کی اجازت دی تھی مگر اس سے مردوں کے لئے ریشم کی حلت ثابت نہیں ہوتی، کیونکہ وہ اجازت علاج کی ضرورت سے تھی، یہی معاملہ یہاں بھی ہے۔

قائلین نجاست کے دلائل:

جو تین امام ماکول اللحم جانوروں کے فضلات کو ناپاک کہتے ہیں ان کے دلائل درج ذیل ہیں:

(۱) نبی ﷺ نے جلّالہ جانور کا گوشت کھانے سے اور دودھ پینے سے منع فرمایا (ترمذی حدیث ۱۸۱۸) جِلَّة کے معنی ہیں: مینگنی، اور جَلّالة: وہ بکری وغیرہ ہے جو مینگنی کھاتی ہے جس کی وجہ سے اس کے دودھ اور پسینے میں بدبو پیدا ہوگئی ہے، اگر مینگنی پاک ہوتی تو وہ چنے کے مانند ہوتی، اس کے گوشت اور دودھ سے کیوں روکا جاتا؟ معلوم ہوا کہ مینگنیاں ناپاک ہیں اور اسی سے تمام ماکول اللحم جانوروں کے فضلات کا ناپاک ہونا ثابت ہوگا۔

(۲) مشہور حدیث ہے: اِسْتَنْزِهُوْا مِنَ الْبَوْلِ فَإِنَّ عَامَّةَ عذابِ القبر منه: پیشاب سے بچو! اس لئے کہ قبر میں زیادہ تر عذاب پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے ہوگا (دارقطنی ۱:۱۲۸ باب نجاسة البول، حدیث ۷) یہ حدیث عام ہے،

انسان اور غیر انسان، اسی طرح ماکول اللحم اور غیر ماکول اللحم سب کے پیشاب کو شامل ہے۔

(۳) ابوداؤد میں روایت ہے: جب کوئی شخص مسجد میں آئے تو اپنے چپل دیکھ لے، اگر اس میں ناپاکی ہو تو اس کو پونچھ ڈالے، پھر اس میں نماز پڑھے (ابوداؤد: ۹۵) راستوں میں عام طور پر جانوروں ہی کے فضلات پڑے رہتے ہیں، پس اس روایت سے بھی ان کا ناپاک ہونا ثابت ہوا۔

۲- ابوقلابہ کہتے ہیں: یہ لوگ راہ زن بھی تھے کہ اونٹوں کو ہانک لے گئے، قاتل بھی تھے، چرواہے کو قتل کیا، مرتد بھی ہوگئے، اور اللہ ورسول کے ساتھ جنگ بھی کی، اس لئے ان کو یہ سزا دی گئی، یعنی ان کو قصاصاً قتل نہیں کیا گیا بلکہ ڈاکوؤں والی سزا دی گئی، ارشادِ پاک ہے: ﴿إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِيْنَ يَحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَيَسْعَوْنَ فِيْ الْأَرْضِ فَسَادًا، أَنْ يُقَتَّلُوْا أَوْ يُصَلَّبُوْا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيْهِمْ وَأَرْجُلُهِمْ مِنْ خِلَافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ﴾ (المائدہ آیت ۳۳) جو لوگ اللہ ورسول کے ساتھ جنگ کریں، اور زمین میں فساد برپا کریں ان کو قتل کیا جائے یا سولی پر چڑھایا جائے، یا جانب مخالف سے ہاتھ پاؤں کاٹے جائیں۔ یا زمین سے دور کردیئے جائیں یعنی جلاوطن کئے جائیں یا جیل میں بند کئے جائیں۔

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ قصاص میں مماثلت کے قائل ہیں، انھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔ عرینیین نے نبی ﷺ کے چرواہے کے پہلے ہاتھ پاؤں کاٹے تھے، پھر ببول کے کانٹوں سے اس کی آنکھیں پھوڑی تھیں، پھر مرنے کے لئے چھوڑ دیا تھا اس لئے نبی ﷺ نے بھی ان کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کیا۔ اور احناف کے نزدیک قصاص تلوار سے ہے خواہ قاتل نے قتل میں کوئی بھی صورت اختیار کی ہو، اس کی صرف گردن ماری جائے گی، زخموں میں مماثلت نہیں ہوگی، اور عرینیین کو یہ سزا سورۂ مائدہ آیت ۳۳ کی رو سے دی گئی تھی۔ وہ اللہ ورسول سے جنگ کرنے والے تھے، ان کو قصاص میں قتل نہیں کیا گیا تھا، ابوقلابہ یہی کہہ رہے ہیں، تفصیل اپنی جگہ پر آئے گی۔

فائدہ: ناپاک یا حرام چیز سے علاج کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے اور راجح قول یہ ہے کہ اگر جان کا خطرہ ہو تو حرام چیز سے علاج کرنا جائز ہے، جبکہ شفا اس میں منحصر ہو، لوگ دوسرا کوئی علاج نہ جانتے ہوں۔

[۲۳۴-] حدثنا آدمُ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَنَا أَبُوْ التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ قَبْلَ أَنْ يُبْنَى الْمَسْجِدُ فِيْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ مسجدِ نبوی بننے سے پہلے بکریوں کے باڑوں میں نماز پڑھا کرتے تھے۔

تشریح: مسجدِ نبوی کی تعمیر میں تقریباً چھ ماہ لگے ہیں اس وقت تک نماز بکریوں کے باڑوں میں پڑھی جاتی تھی، اور باڑے میں ہر طرف پیشاب اور مینگنیاں بکھری ہوئی ہوتی ہیں وہاں جماعت کرنا دلیل ہے کہ بکریوں کے فضلات پاک

ہیں، مگر تقریب تام نہیں، اس لئے کہ احتمال ہے کہ کپڑا اچھا کر نماز پڑھی ہو، پس اس سے استدلال کیسے صحیح ہوگا؟

بَابُ مَا يَقَعُ مِنَ النَّجَاسَاتِ فِيْ السَّمْنِ وَالْمَاءِ

گھی اور پانی میں ناپا کی گر جانے کا حکم

اصحاب ظواہر کے نزدیک پانی کسی حال میں ناپاک نہیں ہوتا، خواہ پانی تھوڑا ہو یا زیادہ۔ اور خواہ ناپا کی تھوڑی ہو یا زیادہ۔ اور ائمہ کے نزدیک قلیل پانی ناپا کی گرنے سے ناپاک ہوجاتا ہے، اور کثیر پانی اس وقت ناپاک ہوتا ہے جبکہ ناپا کی کا اثر: رنگ، بو یا مزہ اس میں ظاہر ہو۔ پھر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک قلیل وکثیر امر اضافی ہے، یعنی اگر ناپا کی پانی کی بہ نسبت تھوڑی ہے تو پانی کثیر ہے ناپاک نہیں ہوگا، اور ناپا کی پانی کی بہ نسبت زیادہ ہو تو پانی قلیل ہے ناپاک ہوجائے گا، اور قلیل وکثیر کو پہچاننے کا معیار یہ ہے کہ اگر ناپا کی کا اثر پانی میں ظاہر ہوجائے تو پانی قلیل ہے ورنہ کثیر ہے، اور اس کے لئے تعبیر ہے: ظُهور الأثر وعدمه۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک دو مٹکے پانی پر مدار ہے، اگر دو مٹکے یا زیادہ پانی ہے تو کثیر ہے، ناپا کی گرنے سے ناپاک نہیں ہوگا مگر یہ کہ ناپا کی کا اثر اس میں ظاہر ہو۔ اور دو مٹکوں سے کم پانی تھوڑا ہے وہ ناپاک ہوجائے گا خواہ ناپا کی کا اثر ظاہر ہو یا نہ ہو۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر پانی کا پھیلاؤ اتنا ہے کہ ایک طرف کی حرکت دوسری طرف نہیں پہنچتی تو وہ کثیر پانی ہے، اور دوسری طرف حرکت پہنچتی ہے تو وہ قلیل پانی ہے۔ اس کے لئے تعبیر ہے: خُلوصُ الأثر وعدمه۔

امام اعظمؒ کی دلیل غدیر (تالاب) کی روایت ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ یا حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، ہم ایک ایسے تالاب پر پہنچے جس میں مردار پڑا ہوا تھا۔ پس ہم رک گئے اور لوگ بھی رک گئے، یہاں تک کہ نبی ﷺ تشریف لائے، آپؐ نے پوچھا کیا بات ہے! پانی کیوں نہیں پیتے؟ ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ مردار ہے، آپؐ نے فرمایا: استَقُوْا فإن الماء لاینجسه شيئ: پانی پیو پس بیشک پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔ چنانچہ ہم نے پیا اور سیراب ہوئے، یہ روایت امام طحاوی رحمہ اللہ نے شرح معانی الآثار کے پہلے باب میں ذکر کی ہے، اور ابن ماجہ (حدیث ۵۲۹) میں بھی ہے۔ احناف نے اس سے یہ قاعدہ بنایا ہے کہ اگر پانی کا پھیلاؤ اتنا ہے کہ ایک طرف گری ہوئی ناپا کی کا اثر دوسری طرف نہیں پہنچتا تو وہ پانی کثیر ہے ورنہ قلیل ہے۔ پھر لوگوں کی سہولت کے لئے بعد کے مفتیوں نے دہ در دہ والے قول پر فتوی دیا۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ نے قلتین والی روایت پر مسئلہ کا مدار رکھا۔ مگر احناف اس کو ماء جاری پر محمول کرتے ہیں، تفصیل ترمذی شریف میں ہے۔ دیکھئے تحفۃ الالمعی (۲۹۹:۱-۳۰۷)

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے تغیر اوصاف پر مدار رکھا ہے، اگر نجاست کا اثر پانی میں ظاہر ہوگیا تو پانی ناپاک ہے ورنہ

نہیں، یعنی امام مالک رحمہ اللہ کی ہمنوائی کی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ تغیر کا اثر مثبت اور منفی دونوں طرح ظاہر ہوتا ہے، یعنی تغیر کی وجہ سے ناپاک چیز پاک بھی ہوجاتی ہے اور پاک چیز ناپاک بھی ہوجاتی ہے، جیسے نبی ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن جب شہید آئے گا تو اس کے زخم تازہ ہونگے اور ان میں سے خون بہہ رہا ہوگا، جو مشک کی طرح مہک رہا ہوگا۔ مشک ہرن کا خون ہے جو قدرتی طور پر اس کے نافہ میں آکر جمع ہوتا ہے، پھر سوکھ کر نافہ گرجاتا ہے، یہ اعلیٰ قسم کی خوشبو ہے اور بالاجماع پاک ہے۔ اس لئے کہ اب وہ خون نہیں رہا، اس میں تغیر آگیا، معلوم ہوا کہ تغیر سے ناپاک چیز پاک ہوجاتی ہے، یہ منفی پہلو سے مثال تھی، اور مثبت پہلو سے مثال یہ ہے کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھی میں ایک چوہا گرکر مرگیا، آپؐ نے فرمایا: چوہا نکال دو اور اس کے اردگرد جو گھی ہے اس کو پھینک دو، باقی گھی استعمال کرو، معلوم ہوا کہ تغیر سے پاک چیز ناپاک ہوجاتی ہے۔ غرض امام بخاریؒ نے امام مالکؒ کی ہمنوائی کی ہے، اور تغیر پر مدار رکھا ہے، اور منفی پہلو سے بھی مثال پیش کی ہے اور مثبت پہلو سے بھی، اس خلاصہ کو ذہن نشین کرکے پہلے آثار پڑھیں، پھر احادیث سمجھیں گے۔

[٦٧-] بابُ مَا يَقَعُ مِنَ النَّجَاسَاتِ فِيْ السَّمْنِ وَالْمَاءِ

[١-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: لاَبَأْسَ بِالْمَاءِ مَا لَمْ يُغَيِّرْهُ طَعْمٌ، أَوْ رِيْحٌ، أَوْ لَوْنٌ.

[٢-] وَقَالَ حَمَّادٌ: لاَ بَأْسَ بِرِيْشِ الْمَيْتَةِ.

[٤-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ فِيْ عِظَامِ الْمَوْتَى نَحْوِ الْفِيْلِ وَغَيْرِهِ: أَدْرَكْتُ نَاسًا مِنْ سَلَفِ الْعُلَمَاءِ يَمْتَشِطُوْنَ بِهَا، وَيَدَّهِنُوْنَ فِيْهَا، لاَ يَرَوْنَ بِهِ بَأْسًا.

[٤-] وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ وَإِبْرَاهِيْمُ: لاَ بَأْسَ بِتِجَارَةِ الْعَاجِ.

وضاحت: جاننا چاہئے کہ ترجمہ کا مقصد پانی اور گھی کی طہارت وعدم طہارت کا مسئلہ ہے۔ مگر حضرت نے ضمناً یہ مسئلہ بھی بیان کیا ہے کہ جن چیزوں میں حیات حلول نہیں کرتی، موت کے بعد وہ پاک رہتی ہیں، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔ اصل مسئلہ میں اختلاف ہے۔

١- امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں (ناپاکی گرا ہوا) پانی استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں، جب تک کہ اس کا مزہ، بو اور رنگ نہ بدلے، یعنی جب تک تغیر اوصاف نہ ہو پانی پاک ہے، یہی امام مالک اور امام بخاری رحمہما اللہ کی رائے ہے۔

٢- حماد بن سلیمان (یہ امام اعظمؒ کے استاذ ہیں، آپ نے ان سے فقہ پڑھی ہے) کہتے ہیں: مردار کے پروں میں کوئی حرج نہیں، یعنی مردار کے پر پاک ہیں، ان سے انتفاع جائز ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، کیونکہ پروں میں حیات حلول نہیں کرتی، امام بخاریؒ نے یہ مسئلہ ضمناً بیان کیا ہے۔

۳- امام زہریؒ نے ہاتھی وغیرہ مردار کی ہڈیوں کے بارے میں فرمایا: میں نے اسلاف کو ہاتھی دانت[1] سے بنی ہوئی کنگھیوں سے کنگھی کرتے دیکھا ہے، اور ہاتھی دانت کے برتنوں میں جو تیل ہوتا ہے اس کو لگاتے ہوئے دیکھا ہے۔ اسلاف اس میں کوئی تنگی محسوس نہیں کرتے تھے، یعنی بے تکلف اس تیل اور کنگھی کو استعمال کرتے تھے، معلوم ہوا کہ مردار کی ہڈیاں پاک ہیں۔

۴- ابن سیرین اور ابراہیم نخعی رحمہما اللہ فرماتے ہیں: ہاتھی دانت کی تجارت میں کچھ حرج نہیں، معلوم ہوا کہ وہ ناپاک نہیں ورنہ ان کی بیع جائز نہ ہوتی۔

[۲۳۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنْ فَأْرَةٍ سَقَطَتْ فِيْ سَمْنٍ، فَقَالَ: " أَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا، فَاطْرَحُوْهُ، وَكُلُوْا سَمْنَكُمْ" [انظر: ۲۳۶، ۵۵۳۸، ۵۵۳۹، ۵۵۴۰]

[۲۳۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْنٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنْ فَأْرَةٍ سَقَطَتْ فِيْ سَمْنٍ؟ فَقَالَ: " خُذُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا فَاطْرَحُوْهُ"، قَالَ مَعْنٌ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ مَالاَ أُحْصِيْهِ يَقُوْلُ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ. [راجع: ۲۳۵]

ترجمہ: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ سے اس چوہے کے بارے میں پوچھا گیا جو گھی میں گر جائے اور مر جائے، آپؐ نے فرمایا: اس کو اور جو گھی اس کے ارد گرد ہو اس کو پھینک دو، اور باقی گھی کھاؤ۔

تشریح:

۱- امام بخاری رحمہ اللہ کے دو استاذ ہیں: اسماعیل اور علی بن المدینی، اسماعیل امام مالکؒ سے براہ راست روایت کرتے ہیں، اور ابن المدینی معن کے واسطہ سے۔ معن کہتے ہیں: امام مالک رحمہ اللہ نے ہم سے یہ حدیث کئی مرتبہ بیان کی، ہمیشہ حضرت میمونہؓ کا ذکر کرتے تھے، یعنی یہ حدیث حضرت میمونہؓ کے مسانید میں سے ہے، ابن عباس کے مسانید میں سے نہیں، بعض سندوں میں حضرت میمونہ کا ذکر نہیں پس اسے مرسل صحابی کہیں گے۔

۲- جمے ہوئے گھی وغیرہ میں چوہا وغیرہ مر جائے تو اس کو نکال کر پھینک دیا جائے اور جو گھی وغیرہ اس کے ارد گرد ہو وہ بھی نکال کر پھینک دیا جائے، باقی گھی پاک ہے اس کو کھا سکتے ہیں۔

اور اگر گھی پگھلا ہوا ہو تو وہ ناپاک ہو جائے گا، پھر اس میں اختلاف ہے کہ اس کا خارجی استعمال جائز ہے یا نہیں؟

(۱) ہاتھی دانت ایک محاورہ ہے، ہاتھی کی ہڈیوں سے بنے ہوئے برتنوں کو بھی ہاتھ دانت کے برتن کہتے ہیں۔

مثلاً اس سے چراغ جلانا، یا اس کو جوتے وغیرہ پر لگانا۔ امام احمد رحمہ اللہ عدم جواز کے قائل ہیں، وہ اس سے کسی بھی طرح فائدہ اٹھانے کی اجازت نہیں دیتے، کیونکہ حدیث میں ہے: وإن كان مائعا فلا تقربوه (مشکوٰۃ حدیث ۴۱۲۳) اگر گھی سیال ہو تو اس کے نزدیک مت جاؤ۔ اور امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک اس کا خارجی استعمال جائز ہے۔ اس کو چراغ میں استعمال کر سکتے ہیں اور دوسری طرح بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں مگر اس کا کھانا اور بیچنا ممنوع ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک بیچنا بھی جائز ہے، صرف کھانا جائز نہیں کیونکہ وہ نجس لغیرہ ہے، نجس لعینہ نہیں، پس اس کے خارجی استعمال میں اور بیع وشراء میں مضائقہ نہیں۔

۳- جو چیزیں نچوڑی نہیں جاسکتیں جیسے چٹائی، ناپاک پانی پلائی ہوئی چھری اور ناپاک پانی میں اوبالا ہوا گوشت وغیرہ ان کو پاک کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک تین بار دھونے سے اور ہر بار سکھانے سے پاک ہوجائیں گی، اور شہد اور دودھ جیسی چیزوں میں چوہا وغیرہ گر جائیں تو اس میں ہم وزن پانی ملایا جائے پھر پکایا جائے یہاں تک کہ پانی جل جائے، تین مرتبہ اس طرح کرنے سے شہد اور دودھ پاک ہوجائے گا۔ اور فتوی امام ابو یوسفؒ کے قول پر ہے۔ اور امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو چیزیں نچوڑی نہیں جاسکتیں اگر وہ ناپاک ہوجائیں تو ان کو پاک کرنے کی کوئی شکل نہیں، مگر اس قول پر فتوی نہیں۔ یہ تفصیل عمدۃ القاری (۱: ۹۲۸) میں ہے۔

اور ایک طریقہ بہشتی زیور میں یہ بھی لکھا ہے کہ ناپاک گھی تیل میں اس کے بقدر پانی ڈال کر ہلایا جائے پھر جب وہ گھی تیل پانی کے اوپر آجائے تو کسی طرح اس کو اٹھالیا جائے اس طرح تین دفعہ پانی ملا کر گھی تیل اٹھالینے سے پاک ہوجائے گا۔ اور اگر گھی ناپاک ہونے کے بعد جم گیا ہو تو پانی ڈال کر آگ پر رکھ دیا جائے جب پگھل جائے تو اس کو اٹھالیا جائے (بہشتی زیور حصہ دوم، نجاست کے پاک کرنے کا طریقہ مسئلہ ۲۹)

اور اگر نجاست ایسی چیز میں لگی ہو جس کو نچوڑ نہیں سکتے جیسے تخت، چٹائی، مٹی کا برتن وغیرہ تو اس کے پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک دفعہ دھو کر ٹھہر جاوے، جب پانی ٹپکنا بند ہوجائے تو پھر دھوئے، اس طرح تین مرتبہ دھونے سے وہ چیز پاک ہوجائے گی۔

اور اگر بڑا فرش یا قالین ناپاک ہوجائے تو اس پر پانی ڈال کر بھگو دیا جائے، پھر مشین سے اس کا پانی چوسا لیا جائے، اس طرح تین مرتبہ کرنے سے قالین اور فرش پاک ہوجائے گا، یا فرش اور قالین کو جاری نہر میں باندھ دیا جائے، چوبیس گھنٹے کے بعد نکال لیا جائے، پاک ہوجائے گا۔

[۲۳۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "كُلُّ كَلْمٍ يُكْلَمُهُ الْمُسْلِمُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، يَكُوْنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَهَيْئَتِهَا إِذْ طُعِنَتْ، تَفَجَّرُ دَمًا، اللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ، وَالْعَرْفُ عَرْفُ الْمِسْكِ" [انظر: ۲۸۰۳، ۵۵۳۳]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ہر وہ زخم جو راہِ خدا میں مسلمان کو لگایا جائے قیامت کے دن وہ زخم اسی حالت میں ہوگا جس حالت میں اس وقت تھا جب وہ لگایا گیا تھا۔ اس سے خون بہہ رہا ہوگا، اس کا رنگ خون کا رنگ ہوگا، اور خوشبو مشک کی خوشبو ہوگی۔

تشریح: شہید تازہ زخم اور خون کے ساتھ اس لئے آئے گا کہ میدانِ حشر میں اس کی مظلومیت ظاہر ہو، اور قاتل رسوا ہو اور اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ مشک ہرن کا خون ہے، جو اس کے نافہ میں جمع ہوتا ہے اور خشک ہو کر گر جاتا ہے، وہ اعلی درجہ کی خوشبو ہے، شہید کے خون سے بھی ویسی ہی مہک آئے گی اور وہ بالاجماع پاک ہے۔ معلوم ہوا کہ ناپاک چیز تغیر کے بعد پاک ہو جاتی ہے اور اس کے برعکس بھی ہوتا ہے، یعنی پاک چیز تغیر کے بعد ناپاک ہو جاتی ہے۔

لغات: تَفَجَّر: میں ایک ت حذف کر دی گئی ہے أی تتفجر اور یہ مستقل جملہ ہے............ عَرف: عین کے زبر کے ساتھ ہے، بعض طلبہ عین کا پیش پڑھتے ہیں جو صحیح نہیں۔ عَرف کے معنی ہیں: خوشبو۔

بابُ الْبَوْلِ فِيْ الْمَاءِ الدَّائِمِ

ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا

یہ باب ایک نسخہ میں ہے تمام نسخوں میں نہیں ہے، اگر یہاں باب مانیں تو یہ باب در باب ہے، یعنی ضمنی باب ہے، اور حدیث اوپر والے باب سے متعلق ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہم دنیا میں آخری اور آخرت میں پہلی امت ہیں'' یعنی اگرچہ ہم دنیا میں تمام امتوں کے بعد آئے ہیں مگر آخرت میں ہمارا معاملہ سب سے پہلے پیش ہوگا۔

اور ابوالیمان ہی کی سند سے آپؐ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی شخص ہرگز ٹھہرے ہوئے پانی میں جو جاری نہ ہو پیشاب نہ کرے، پھر اس میں نہائے''

قولہ: نحن الآخرون السابقون: یہ ایک صحیفہ کا سرنامہ ہے، امام بخاریؒ جب بھی اس صحیفہ سے حدیث لاتے ہیں تو یہ سرنامہ ذکر کرتے ہیں۔ پھر مناسبِ مقام حدیث لاتے ہیں، یہاں سرنامہ مراد نہیں، بلکہ اگلے نمبر پر جو حدیث ہے وہ مراد ہے۔ جیسے پہلے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث گذری ہے، ان کے صاحبزادے عبدالرحمٰن نے اپنے ابا سے سن کر ایک کاپی میں حدیثیں لکھی تھیں، اس کا سرنامہ ذکر النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم تھا، جب بھی اس کاپی سے حدیث لائیں گے، پہلے یہ جملہ لائیں گے، پھر مناسبِ مقام حدیث لائیں گے، یا جیسے امام مسلم رحمہ اللہ جب بھی ہمام بن منبہ کے صحیفہ سے حدیث لاتے ہیں تو فذکر منھا أحادیث سے آغاز کرتے ہیں۔

دائم کے معنی ہیں: ہمیشہ رہنے والا، یعنی نہ بہنے والا، نبی ﷺ نے نہ بہنے والے پانی میں پیشاب کرنے سے منع

کیا، اور یہ ممانعت اس وجہ سے ہے کہ اگر وہ پانی تھوڑا ہے تو پیشاب کرنے سے ناپاک ہوجائے گا، اور کثیر ہے تو اگرچہ ناپاک نہیں ہوگا مگر اس میں پیشاب کرنا نظافت کے خلاف ہے۔ پھر جب وہ خود دوسرے وقت اس پانی سے غسل کرے گا تو اس کا جی کیسے چاہے گا؟

اور ماء جاری میں پیشاب کرنے کی ممانعت نہیں، کیونکہ پیشاب بہہ کر چلا جائے گا۔ غرض نبی ﷺ نے فرمایا: کوئی ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے، پھر وہ اس میں نہائے، وہ پانی پاک ہے، جبھی نہائے گا، معلوم ہوا کہ تغیر کے بغیر پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ یہی امام مالک اور امام بخاری رحمہما اللہ کا استدلال ہے۔

فائدہ: بعض لوگ حوض میں وضو کرتے ہیں اور دھوون حوض میں گراتے ہیں بلکہ پیر بھی اندر ڈال کر دھوتے ہیں، یہ تہذیب کے خلاف ہے۔ ان لوگوں کو سمجھایا جائے تو جواب دیتے ہیں: حوض ناپاک نہیں ہوتا، بیشک ناپاک نہیں ہوتا مگر گندہ تو ہوتا ہے، جبکہ شریعت مطہرہ نے پانی کو صاف رکھنے کا حکم دیا ہے۔ حوض صرف اس لئے ہوتا ہے کہ اس میں سے پانی لے کر وضو کیا جائے، نہ اس لئے کہ سارا میل اس میں ڈالا جائے۔

[۶۸-] بابُ الْبَوْلِ فِيْ الْمَاءِ الدَّائِمِ

[۲۳۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: نا شُعَيْبٌ، قَالَ: أَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ هُرْمُزَ الْأَعْرَجَ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّـهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " نَحْنُ الآخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ"

[انظر: ۸۷۶، ۸۹۶، ۲۹۵۶، ۳۴۸۶، ۶۶۲۴، ۶۸۸۷، ۷۰۳۶، ۷۴۹۵]

[۲۳۹-] وَبِإِسْنَادِهِ، قَالَ: " لَايَبُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ فِيْ الْمَاءِ الدَّائِمِ، الَّذِيْ لَا يَجْرِيْ، ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ"

بابٌ: إِذَا أُلْقِيَ عَلٰى ظَهْرِ الْمُصَلِّي قَذَرٌ أَوْ جِيفَةٌ لَمْ تَفْسُدْ عَلَيْهِ صَلَاتُهُ

نمازی پر گندگی یا مردار ڈالا جائے تو نماز فاسد نہیں ہوگی

اس باب کا مقصد ابتدائے صلوٰۃ اور بقائے صلوٰۃ میں فرق کرنا ہے۔ اگر نمازی کو کپڑے پر یا بدن پر ناپاکی کا علم ہے تو اس کے ساتھ نماز شروع کرنا صحیح نہیں، اور نماز کے اندر ناپاکی کا علم ہو تو فوراً ناپاک چیز بدن سے علاحدہ کردے، اور نماز پڑھتا رہے، نماز صحیح ہوگی۔ اور دلیل حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا عمل ہے۔ انھوں نے نماز کے اندر اپنے کپڑے پر خون دیکھا تو اس کپڑے کو الگ کردیا اور نماز جاری رکھی، یا نماز کے بعد ناپاکی کا علم ہو تو بھی نماز صحیح ہے۔ اس کا اعادہ واجب نہیں۔ حضرت سعید بن المسیب اور عامر شعبی رحمہما اللہ نے یہ بات فرمائی ہے (یہ باب کی تقریر ہے)

اور حضرت الاستاذ علامہ فخر الدین احمد مرادآبادی قدس سرہ نے فرمایا کہ یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے۔

اوپر یہ حدیث آئی ہے کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ کیونکہ کھڈّے میں ایک آدمی کے پیشاب کرنے سے تغیر اوصاف نہیں ہوتا، اس لئے اس پانی سے نہا سکتا ہے۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ پیشاب کھڈے میں بالیقین موجود ہے، پھراس پانی سے نہانا کیسے صحیح ہوگا؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے اِس باب سے اعتراض کا جواب دیا ہے کہ جس طرح نمازی کو معلوم نہیں تھا کہ اس کے کپڑے پر یا بدن پر ناپاکی ہے اوراس نے نماز پڑھی تو اس کی نماز صحیح ہوگئی جبکہ اس کے بدن پر بالیقین ناپاکی تھی، پھر بھی نماز صحیح ہے۔اسی طرح کھڈے میں بھی بالیقین پیشاب ہے مگر تغیر اوصاف نہ ہونے کی وجہ سے اس سے نہا سکتا ہے کیونکہ وہ پاک ہے۔غرض امام بخاریؒ کے نزدیک ابتداء صلوٰۃ اور بقاء صلوٰۃ کے احکام الگ الگ ہیں، ناپاکی کے علم کے ساتھ نماز شروع کرنا صحیح نہیں،اورعلم کے بغیر پڑھی ہوئی نماز صحیح ہے۔

اوراحناف کے نزدیک ابتداءاور بقا کا حکم ایک ہے۔پس جس طرح ناپاکی کے ساتھ نماز شروع کرنا صحیح نہیں،نماز کے بعد ناپاکی کا علم ہواور یقین ہو کہ نماز میں ناپاکی کپڑے پر تھی اور درہم سے زیادہ تھی تو نماز کا اعادہ واجب ہے،اور درہم کے بقدر تھی تو وقت میں اعادہ واجب ہے،اوروقت کے بعد مستحب،اور درہم سے کم تھی تو نماز صحیح ہوگئی اعادہ ضروری نہیں، یا یقین نہ ہوتو بھی اعادہ ضروری نہیں۔مثلاً ایک شخص بواسیر کا مریض ہے ایسے مریض کو کبھی استنجے کے بعد متصلاً خون آتا ہے، کچھ دیر کے بعد نہیں آتا۔اس نے فجر سے پہلے استنجاء کیا پھر فجر پڑھی، پھر گھنٹہ دو گھنٹہ کے بعد پاجامہ میں خون دیکھا تو وہ خون بالیقین نماز میں تھا، پس اگر وہ درہم سے زیادہ ہوتو نماز کا اعادہ واجب ہے۔اور اگر نماز کے بعد استنجا کیا تھا تو اب شک پیدا ہوگیا کہ بوقت نماز خون تھا یا نہیں؟ تو نماز صحیح ہے اور اعادہ ضروری نہیں۔

اسی طرح دورانِ نماز مصلی کے بدن پر یا کپڑے پر ناپاکی گری اوراس نے فوراً ناپاک چیز الگ کردی،ایک رکن کے بقدر ناپاکی بدن پر نہیں رہی تو نماز صحیح ہے،اوراگر ایک رکن کے بقدر ناپاکی بدن پر رہ گئی پھر الگ کی تو نماز فاسد ہوگئی، جیسے کوئی شخص بے سلی لنگی پہن کر نماز پڑھ رہا تھا، ہوا چلی اور ران کھل گئی مگر اس نے فوراً ستر ڈھانک لیا ایک رکن کے بقدر ران کھلی نہیں رہی تو نماز صحیح ہے،اوراگر ایک رکن کے بقدر ران کھلی رہ گئی تو نماز فاسد ہوگئی............امام بخاری رحمہ اللہ اس باب میں دوآثار اور ایک حدیث لائے ہیں، جن سے حضرت رحمہ اللہ نے مدعی ثابت کیا ہے،ان کو سمجھنا ہے۔

[۶۹-] بابٌ: إِذَا أُلْقِيَ عَلٰى ظَهْرِ الْمُصَلِّي قَذَرٌ أَوْ جِيفَةٌ لَمْ تَفْسُدْ عَلَيْهِ صَلَاتُهُ

[۱-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا رَأَى فِيْ ثَوْبِهِ دَمًا وَهُوَ يُصَلِّيْ وَضَعَهُ وَمَضَى فِيْ صَلَاتِهِ.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ، وَالشَّعْبِيُّ: إِذَا صَلَّى وَفِيْ ثَوْبِهِ دَمٌ أَوْ جَنَابَةٌ، أَوْ لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ، أَوْ تَيَمَّمَ وَصَلَّى ثُمَّ أَدْرَكَ الْمَاءَ فِيْ وَقْتِهِ: لَايُعِيْدُ.

پہلا اثر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نماز کے اندر اپنے کپڑے پر خون دیکھا تو اس کپڑے کو الگ کردیا اور نماز

جاری رکھی، یعنی پہلے سے ان کے علم میں نہیں تھا کہ کپڑے پر خون لگا ہوا ہے، نماز کے دوران خون پر نظر پڑی تو کپڑا اتار کر ایک طرف رکھ دیا اور نماز جاری رکھی۔ معلوم ہوا کہ نماز کے دوران مصلی کے بدن پر یا کپڑے پر ناپاکی گرے یا نماز کے اندر ناپاکی کا علم ہو تو نماز صحیح ہے اس کا اعادہ واجب نہیں۔

جواب: حضرت ابن عمرؓ کے کپڑے پر جو خون تھا وہ پہلے سے تھا اور حضرت کے علم میں نہیں تھا: اس کا بھی احتمال ہے، اور یہ بھی احتمال ہے کہ نماز شروع کرنے کے بعد وہ خون نکلا اور کپڑے پر لگا اور وہ دم غیر مسفوح تھا پس نہ وضوٹوٹا اور نہ نماز، اس لئے ابن عمرؓ نماز پڑھتے رہے اور خون آلود کپڑا ایک طرف رکھ دیا۔ مگر یہ جواب کمزور ہے۔

اصل جواب یہ ہے کہ وہ خون درہم کے بقدر تھا یا کم یا زیادہ؟ یہ بات جب تک طے نہ ہو استدلال ممکن نہیں، ہوسکتا ہے وہ خون ایک درہم کے بقدر یا کم رہا ہو تو احناف کے نزدیک بھی نماز صحیح ہے، اور یہ بات جاننے کی اب کوئی صورت نہیں۔ پس اس سے مدعی پر استدلال درست نہیں۔

فائدہ: حضرت ابن عمرؓ کے اس عمل سے یہ مسئلہ نکلا کہ درہم سے کم نجاست اگرچہ معاف ہے مگر اس کے ساتھ نماز نہیں پڑھنی چاہئے، نجاست زائل کر کے نماز پڑھنی چاہئے، لیکن اگر کسی کو معلوم نہ ہو اور اس نے نماز پڑھ لی تو نماز صحیح ہوگئی اس کا اعادہ واجب نہیں۔

دوسرا اثر: سعید بن المسیب اور عامر شعبی رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جب کسی شخص نے نماز پڑھی اس حال میں کہ اس کے کپڑے پر خون تھا یا منی تھی، یا غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھی، یا تیمّم کر کے نماز پڑھی پھر وقت کے اندر پانی مل گیا تو نماز صحیح ہے اس کا اعادہ واجب نہیں، یعنی لاعلمی میں ناپاک کپڑے میں یا غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھی تو نماز صحیح ہے، غلطی پر مطلع ہونے کے بعد اس کا اعادہ واجب نہیں، خواہ وقت کے اندر غلطی پر مطلع ہوا ہو، یا وقت گذرنے کے بعد، اسی طرح پانی نہیں تھا، تیمّم کر کے نماز پڑھی پھر وقت کے اندر یا بعد میں پانی مل گیا تو بھی نماز کا اعادہ واجب نہیں، معلوم ہوا کہ ابتداء صلوٰۃ اور بقاء صلوٰۃ کا حکم الگ الگ ہے۔

جواب: غیر قبلہ کی طرف پڑھی ہوئی نماز احناف کے نزدیک بھی صحیح ہے، جبکہ تحری کر کے پڑھی ہو، اور پانی نہ ہونے کی وجہ سے تیمّم سے نماز پڑھی ہو تو بھی نماز صحیح ہے، پانی ملنے کے بعد اس کا اعادہ واجب نہیں خواہ وقت کے اندر پانی ملے یا وقت گذر جانے کے بعد۔ البتہ اگر کپڑے پر خون یا منی تھی اور لاعلمی میں نماز پڑھی تو اگر نجاست ایک درہم سے زیادہ تھی تو اس نماز کا اعادہ واجب ہے، اور درہم کے بقدر تھی تو وقت میں اعادہ واجب ہے اور وقت گذر جانے کے بعد مستحب، اور کم تھی تو اعادہ واجب نہیں، اور سعید بن المسیب اور عامر شعبی رحمہما اللہ تابعی ہیں ان کے قول امام اعظمؒ پر حجت نہیں۔

[۲۴۰–] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ قَالَ: بَیْنَا رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم سَاجِدٌ ح: قَالَ وَحَدَّثَنِیْ أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُرَیْحُ

ابْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَهُ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ عِنْدَ الْبَيْتِ، وَأَبُوْ جَهْلٍ وَأَصْحَابٌ لَهُ جُلُوْسٌ، إِذْ قَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: أَيُّكُمْ يَجِيْءُ بِسَلَى جَزُوْرِ بَنِيْ فُلاَنٍ، فَيَضَعُهُ عَلٰى ظَهْرِ مُحَمَّدٍ إِذَا سَجَدَ؟ فَانْبَعَثَ أَشْقَى الْقَوْمِ، فَجَاءَ بِهِ، فَنَظَرَ حَتّٰى إِذَا سَجَدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَضَعَهُ عَلٰى ظَهْرِهِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، وَأَنَا أَنْظُرُ، لاَ أُغْنِيْ شَيْئًا، لَوْ كَانَتْ لِيْ مَنَعَةٌ! قَالَ: فَجَعَلُوْا يَضْحَكُوْنَ، وَيُحِيْلُ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سَاجِدٌ لاَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ، حَتّٰى جَاءَ تْهُ فَاطِمَةُ فَطَرَحَتْهُ عَنْ ظَهْرِهِ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ قَالَ:" اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ" ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، فَشَقَّ عَلَيْهِمْ إِذْ دَعَا عَلَيْهِمْ، قَالَ: وَكَانُوْا يَرَوْنَ أَنَّ الدَّعْوَةَ فِيْ ذٰلِكَ الْبَلَدِ مُسْتَجَابَةٌ، ثُمَّ سَمَّى:" اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِأَبِيْ جَهْلٍ، وَعَلَيْكَ بِعُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَشَيْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَالْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَأُمَيَّةَ بْنِ خَلْفٍ، وَعُقْبَةَ بْنِ أَبِيْ مُعَيْطٍ" - وَعَدَّ السَّابِعَ فَلَمْ نَحْفَظْهُ - قَالَ: فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَقَدْ رَأَيْتُ الَّذِيْنَ عَدَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَرْعَى فِي الْقَلِيْبِ قَلِيْبِ بَدْرٍ.

[انظر: ۵۲۰، ۲۹۳۴، ۳۱۸۵، ۳۸۵۴، ۳۹۶۰]

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ بیت اللہ شریف کے قریب نماز پڑھ رہے تھے، اور ابوجہل اور اس کے ساتھی وہاں بیٹھے تھے، اچانک ان میں سے بعض نے بعض سے کہا: تم میں سے کون ہے جو فلاں قبیلہ کی اونٹنی کا میل لائے اور جب محمد (ﷺ) سجدے میں جائیں تو اس کو ان کی پیٹھ پر رکھ دے؟ پس ان میں سے نہایت بدبخت (عقبہ بن ابی معیط) اٹھا اور میل لے آیا، اور انتظار میں رہا، یہاں تک کہ جب آپؐ نے سجدہ فرمایا تو اس میل کو آپؐ کی پیٹھ پر کندھوں کے درمیان رکھ دیا (ابن مسعودؓ کہتے ہیں) اور میں یہ سارا ماجرا دیکھ رہا تھا، مگر میں کچھ نہیں کرسکتا تھا کاش مجھے قوت حاصل ہوتی! ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس وہ سب ہنسنے لگے، اور ایک دوسرے پر لوٹ پوٹ ہونے لگے۔ اور آپ سجدے میں پڑے رہے، آپؐ نے سر نہیں اٹھایا، یہاں تک کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں اور آپؐ کی پیٹھ سے میل کو الگ کیا (حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بیٹی اور بچی تھیں وہ بدبخت ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے تھے، اور حضرت ابن مسعودؓ کی پٹائی کردیتے اس لئے وہ کچھ نہ کرسکے) پھر آپؐ نے سر اٹھایا اور بددعا فرمائی: اے اللہ! قریش کو پکڑ لے اور یہ بددعا تین مرتبہ فرمائی۔ یہ بددعا ان پر بہت بھاری ہوئی۔ ابن مسعودؓ کہتے ہیں: وہ جانتے تھے کہ بیت اللہ کے قریب دعا قبول کی جاتی ہے پھر آپؐ نے نام بنام بددعا فرمائی، اے اللہ! ابوجہل کو پکڑ لے، اور عتبہ بن ربیعہ کو، شیبہ بن ربیعہ کو، ولید بن عتبہ کو، امیہ بن خلف کو اور عقبہ بن ابی مُعیط کو۔ ابواسحاق کہتے ہیں: عمرو بن میمون نے ساتویں کا نام لیا مگر ہمیں وہ یاد نہ رہا (وہ عمارۃ بن الولید تھا) ابن مسعودؓ کہتے ہیں: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں نے ان سب کو جن کے نام نبی ﷺ نے لئے تھے، بدر کے کنویں میں پچھڑے ہوئے دیکھا۔

تشریح:

۱-سَلٰی کا ترجمہ عام طور پر 'اوجھڑی' کیا جاتا ہے۔ اور بعض لوگ 'بچہ دانی' ترجمہ کرتے ہیں۔ یہ دونوں ترجمے صحیح نہیں، اس کا صحیح ترجمہ 'میل' ہے۔ رحم مادر میں ایک جھلّی ہوتی ہے، اس میں بچہ پلتا بڑھتا ہے اور اس میں گندہ پانی رہتا ہے۔ جب دردزہ شروع ہوتا ہے تو وہ جھلی پھٹتی ہے اور چکنے پانی کے ساتھ بچہ باہر آجاتا ہے اور بچہ کی ناف ایک آنت سے جڑی ہوئی ہوتی ہے، تین انگلیوں کے بقدر چھوڑ کر اس آنت کو کاٹ دیتے ہیں، پھر وہ آنت اندر چلی جاتی ہے، اور بچہ کی ناف کو دھاگے سے باندھ دیتے ہیں، کچھ دیر کے بعد دوبارہ درد ہوتا ہے اور وہ پردہ باہر آجاتا ہے، اس کو انسان کے تعلق سے نال اور جانور کے تعلق سے میل کہتے ہیں۔ عربی میں انسان کی نال کے لئے مَشِیْمَۃَ لفظ ہے اور جانور کے لئے سَلَی. جانور کا میل پھینک دیتے ہیں اور عورت کی نال زمین میں گاڑ دیتے ہیں۔ یہیں سے محاورہ چلا ہے کہ اس کی نال فلاں جگہ گڑی، یعنی وہ فلاں جگہ پیدا ہوا۔ اوجھڑی اور بچہ دانی جانور ذبح کرنے کے بعد نکلتی ہے اور ان کو لوگ کھاتے ہیں اور حدیث میں ایسا کوئی لفظ نہیں جس میں یہ اشارہ ہو کہ وہ اونٹنی ذبح کی گئی تھی۔ اور رہی یہ بات کہ حدیث میں لفظ جَزُوْر ہے، اور جزور اس اونٹ کو کہتے ہیں جو کاٹنے کھانے ہی کے لئے ہوتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان میں بھی توالد وتناسل ہوتا ہے، پس یہ جزور کا میل تھا۔

۲-یُحیل بعضھم علی بعض: کا ترجمہ ہے: مارے ہنسی کے ایک دوسرے پر گرنے لگے، یعنی ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو گئے اور حاشیہ میں ایک مطلب لکھا ہے کہ ایک دوسرے کے حوالہ کرنے لگے یعنی ایک کہتا: تو نے کیا، دوسرا کہتا: تو نے کیا، یہ ترجمہ مناسب نہیں، کیونکہ یہ مذموم حرکت جس نے کی تھی اس کو سب نے دیکھا تھا، پس ایک دوسرے کے سر الزام دھرنے کا کیا موقعہ تھا؟

۳-عقبہ بن ابی معیط ملعون نے جب میل لا کر آپؐ کی پیٹھ پر رکھا تو ابن مسعود رضی اللہ عنہ وہاں موجود تھے اور سارا منظر دیکھ رہے تھے مگر مزاحمت نہیں کر سکتے تھے۔ اس لئے کہ ان کے پاس خاندانی شرافت نہیں تھی، ان کا ایک معمولی اور غریب گھرانے سے تعلق تھا اور نہ وہ بہت زیادہ طاقت ور تھے۔ بہت چھوٹے قد کے آدمی تھے، ایسا ناتواں بندہ کیا مزاحمت کر سکتا تھا! اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس خاندانی شرافت تھی وہ قریش کے اعلی خاندان بنو ہاشم سے تعلق رکھتی تھیں۔ پھر بچی تھیں، ان پر دست درازی بنو ہاشم کو اپنا دشمن بنا لینا تھا۔ اس لئے ان شیاطین نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کچھ نہیں کہا۔

۴-اس حدیث سے امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال اس طرح ہے کہ نبی ﷺ پر سجدہ کی حالت میں نجاست رکھ دی گئی، پھر بھی آپؐ سجدہ میں رہے، نماز جاری رکھی، معلوم ہوا کہ دورانِ نماز اگر نمازی پر کوئی ناپاکی گر جائے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔

جواب: یہ استدلال بایں وجہ صحیح نہیں کہ نماز جاری تھی اس کی کوئی دلیل نہیں، نماز تو ٹوٹ گئی تھی۔ اور آپؐ سجدہ میں اس لئے پڑے رہے تھے کہ اس روح فرسا واقعہ سے آپؐ کا دل ٹوٹ گیا تھا، آپؐ نے حزن وملال کی وجہ سے سر نہیں اٹھایا پھر جب صاحبزادی نے پیٹھ سے گندگی ہٹائی تو آپؐ نے سر اٹھایا اور فوراً بددعا شروع کی، یہ دلیل ہے کہ آپ کی نماز باقی نہیں تھی ورنہ نماز پوری کر کے بددعا فرماتے۔

۵- حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جن شیاطین نے یہ مذموم حرکت کی تھی اور آپؐ نے نام بنام ان کے لئے بددعا کی تھی، اس بددعا کا اثر بدر میں ظاہر ہوا وہ تمام شیاطین کیفر کردار کو پہنچے۔ چنانچہ جنگ کے بعد نبی ﷺ نے ان سرداروں کی لاشیں ایک کچے بدبودار کنویں میں ڈلوا دیں۔

بابُ البُصَاقِ وَالْمُخَاطِ وَنَحْوِهِ فِيْ الثَّوْبِ

تھوک اور رینٹ وغیرہ کو کپڑے میں لینا

البُزاق: تھوک، **المخاط:** ناک کی رینٹ ——— تھوک، رینٹ، پسینہ اور آنسو وغیرہ کپڑے پر لگیں تو کچھ فرق نہیں پڑتا، اس لئے کہ یہ چیزیں پاک ہیں۔

حضرت عروہ: مسور بن مخرمہ اور مروان بن الحکم سے صلح حدیبیہ کا واقعہ روایت کرتے ہیں، وہ لمبی حدیث ہے، اس میں ایک مضمون یہ ہے کہ نبی ﷺ جب بھی ناک کی رینٹ جھاڑتے تو کوئی نہ کوئی صحابی اس کو ہاتھ میں لے لیتا، اور اس کو بدن پر مل لیتا، معلوم ہوا کہ رینٹ، تھوک اور آنسو وغیرہ پاک ہیں۔

وضاحت: حضرت مسور بن مخرمہؓ صحابی ہیں اور مروان بن الحکم مدینہ منورہ کا گورنر بھی رہا ہے اور امیر المؤمنین بھی بنا ہے۔ یہ نبی ﷺ کے عہد مبارک میں پیدا ہوا ہے، اس کا باپ حکم فتح مکہ کے موقعہ پر مسلمان ہوا تھا، مگر آپؐ نے اس کو طائف کی طرف جلاوطن کر دیا تھا، اس لئے کہ وہ آپؐ کے راز ظاہر کر دیتا تھا، مروان بھی باپ کے ساتھ طائف چلا گیا تھا، وہ اس وقت ناسمجھ بچہ تھا، اس نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی ہے یا نہیں؟ اور وہ صحابی ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، راجح یہ ہے کہ وہ صحابی نہیں، اور وہ اس درجہ کا راوی بھی نہیں کہ اس کی روایت بخاری میں لائی جائے، اس لئے امام بخاری تعلیقاً اس کی حدیث لاتے ہیں اور کسی دوسرے کے ساتھ ملا کر لاتے ہیں، تنہا مروان کی حدیث تعلیقاً بھی نہیں لائے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنے کپڑے میں تھوکا .... یہ روایت مختصر ہے: آپؐ نماز پڑھ رہے تھے، اور تھوکنے کی ضرورت پیش آئی تو آپ نے کپڑے میں تھوک کر اس کو مل دیا اور نماز پڑھتے رہے۔ معلوم ہوا کہ تھوک بھی پاک ہے اور اوپر رینٹ کے بارے میں روایت تھی، پس دونوں کی طہارت ثابت ہوئی۔

سوال: کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ آپؐ کے تھوک اور رینٹ کا پاک ہونا آپؐ کی خصوصیت تھی، اس سے تمام انسانوں کے تھوک اور رینٹ کے پاک ہونے پر استدلال کیسے صحیح ہوسکتا ہے؟

جواب: امام بخاری رحمہ اللہ بلا دلیل خصوصیت کے قائل نہیں، ان کے نزدیک کسی بھی بات کو آپؐ کی خصوصیت قرار دینے کے لئے دلیل کی ضرورت ہے۔ یہ بات حضرت الاستاذ نے القول الفصیح میں لکھی ہے جو مطبوعہ کتاب ہے۔

[۷۰-] بابُ البُصَاقِ وَالْمُخَاطِ وَنَحْوِهِ فِيْ الثَّوْبِ

وَقَالَ عُرْوَةُ عَنِ الْمِسْوَرِ وَمَرْوَانَ: خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم زَمَنَ الْحُدَيْبِيَّةِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ: وَمَا تَنَخَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نُخَامَةً إِلَّا وَقَعَتْ فِيْ كَفِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهُ وَجِلْدَهُ.

[۲٤۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: بَزَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ ثَوْبِهِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: طَوَّلَهُ ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٤٠٥، ٤١٢، ٤١٣، ٤١٧، ٥٣١، ٥٣٢، ٨٢٢، ١٢١٤]

قوله: طوَّله ابن أبي مريم: امام بخاریؒ فرماتے ہیں: ابن ابی مریم نے اس حدیث کو تفصیل سے بیان کیا ہے، ان کی سند دوسری ہے جو اوپر جا کر حمید سے مل جاتی ہے، اس میں سمعتُ أنسا کی صراحت ہے۔

ایک بڑے محدث گذرے ہیں حماد بن سلمہ انھوں نے اس حدیث پر اعتراض کیا ہے کہ حمید طویل نے یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی، بلکہ ثابت بنانی سے سنی ہے، اور انھوں نے ابونضرہ سے اور انھوں نے حضرت انسؓ سے یعنی درمیان میں دو واسطے ہیں۔ امام بخاریؒ نے ابن ابی مریم کے حوالہ سے ان کی تردید کی کہ ان کی حدیث میں سمعتُ انسا کی صراحت ہے۔

باب: لَايَجُوْزُ الْوُضُوْءُ بِالنَّبِيْذِ وَلَا بِالْمُسْكِرِ

نبیذ اور نشہ آور چیز سے وضو جائز نہیں

امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک کسی بھی نبیذ سے وضو جائز نہیں، مگر حضرت کے پاس عدم جواز کی کوئی دلیل بھی نہیں۔ اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے مسکر کا سہارا لیا ہے، باب میں اس کا اضافہ کیا ہے، تاکہ اس کے ذریعہ نبیذ سے وضو کے عدم جواز پر استدلال کریں، حالانکہ نشہ آور نبیذ سے وضو کوئی بھی جائز نہیں کہتا، پس یہ کہا جائے کہ امام بخاریؒ کے پیش نظر امام اعظم رحمہ اللہ کے قول سے تعرض کرنا نہیں ہے، نفس مسئلہ بیان کرنا مقصود ہے کہ اگر نبیذ میں نشہ پیدا ہوجائے تو اس سے

وضو جائز نہیں، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

نبیذ: فعیل کا وزن ہے اور اسم مفعول کے معنی میں ہے، اس کے معنی ہیں: ڈالا ہوا، اور اصطلاح میں نبیذ اس پانی کو کہتے ہیں جس میں کھجور یا کشمش ڈالی گئی ہو، اور یہ چیزیں پانی میں گل گئی ہوں اور پانی میٹھا ہو گیا ہو۔

تمام ائمہ متفق ہیں کہ کھجور کے علاوہ کسی دوسری چیز کی نبیذ سے وضو جائز نہیں، اسی طرح کھجور کی وہ نبیذ جو گاڑھی ہو گئی ہو، اور اس میں نشہ پیدا ہو گیا ہو یا وہ پکالی گئی ہو اس سے بھی وضو جائز نہیں، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ البتہ کھجور کی وہ نبیذ جس میں کھجور کا اثر ظاہر ہو گیا ہو یعنی پانی میٹھا ہو گیا ہو مگر ابھی رقیق وسیال ہو اور اس کو پکایا بھی نہ گیا ہو تو اس سے وضو کے جواز وعدم جواز میں پہلے اختلاف تھا، امام اعظم رحمہ اللہ اس نبیذ سے وضو ضروری قرار دیتے تھے، ایسی نبیذ کی موجودگی میں تیمّم جائز نہیں تھا۔

حضرت امام اعظمؒ کے اس مسئلہ میں اور بھی اقوال تھے۔ مگر آخر میں آپ نے جمہور کے قول کی طرف رجوع کر لیا تھا اور اسی پر فتوی ہے، پس مفتی بہ قول کے اعتبار سے کوئی اختلاف نہیں رہا۔ امت متفق ہے کہ نبیذ تمر سے بھی وضو جائز نہیں۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۱: ۳۴۶) میں ہے۔

آثار:

۱- حضرت حسن بصری اور ابو العالیہ رحمہما اللہ فرماتے ہیں: نبیذ سے وضو کرنا مکروہ ہے —— یہ قول امام اعظم رحمہ اللہ کے قول اول سے قریب ہے۔ اگر کسی کے پاس مطلق پانی نہ ہو اور نبیذ تمر ہو تو امام اعظم رحمہ اللہ اس سے وضو کو ضروری قرار دیتے تھے۔ یہ دونوں بزرگ بھی یہی فرمارہے ہیں کہ اس سے وضو کرنا جائز ہے مگر مکروہ ہے۔ پس اس سے امام اعظم کے قول اول کی تائید ہوتی ہے۔ امام بخاریؒ کا مدعی ثابت نہیں ہوتا، امام بخاری عدم جواز کے قائل ہیں اور یہ دونوں بزرگ کراہیت کی بات کہہ رہے ہیں، اور کراہیت اور عدم جواز میں فرق ہے۔

۲- حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھے نبیذ اور دودھ سے وضو کرنے کی بہ نسبت تیمّم کرنا زیادہ پسند ہے —— دودھ سے وضو کرنا بالاجماع جائز نہیں، کیونکہ وہ پانی نہیں، اور نبیذ کا تذکرہ اس کے ساتھ ملا کر کیا ہے پس اس سے بھی وضو جائز نہیں۔ یہ قول امام بخاریؒ کا مستدل بن سکتا ہے، مگر یہ تابعی کا قول ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ہر پینے کی چیز جو نشہ آور ہو حرام ہے۔

تشریح: ہر مسکر حرام ہے (صغری) اور مسکر سے وضو بالاجماع جائز نہیں (کبری) پس حرام چیز سے وضو جائز نہیں (نتیجہ) مگر یہ حدیث اس نبیذ کی دلیل بن سکتی ہے جو مسکر ہے، اور مسکر نبیذ سے وضو کے جواز کا کوئی قائل نہیں۔

[۷۱-] بابٌ: لاَیَجُوْزُ الْوُضُوْءُ بِالنَّبِیْذِ وَلاَ بِالْمُسْکِرِ

وَکَرِهَهُ الْحَسَنُ وَأَبُوْ الْعَالِیَةِ، وَقَالَ عَطَاءٌ: التَّیَمُّمُ أَحَبُّ إِلَیَّ مِنَ الْوُضُوْءِ بِالنَّبِیْذِ وَاللَّبَنِ.

[۲۴۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ثَنا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ" [انظر: ۵۵۸۵، ۵۵۸۶]

بابُ غَسْلِ الْمَرْأَةِ أَبَاهَا الدَّمَ مِنْ وَجْهِهِ

عورت کا اپنے باپ کے چہرے سے خون دھونا

حافظ رحمہ اللہ فتح الباری میں تحریر فرماتے ہیں کہ اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ نجاست وغیرہ کو مثلاً خون، تھوک اور رینٹ کو صاف کر دینا چاہیے، بدن پر باقی نہیں رہنے دینا چاہیے۔ اور حضرت الاستاذ رحمہ اللہ نے مقصد ترجمہ یہ بیان فرمایا تھا کہ نفس وضو میں ضرورت کے وقت استعانت جائز ہے، پہلے یہ مسئلہ آیا ہے کہ متعلقاتِ وضو میں تو استعانت جائز ہے مگر نفس وضو میں جائز نہیں، اس لئے یہ باب لاکر اشارہ فرمایا کہ کراہت بے ضرورت استعانت میں ہے، عند الضرورت نفس وضو میں بھی استعانت جائز ہے۔

حضرت ابوالعالیہ رحمہ اللہ کو گھر والوں نے وضو کرایا، آخر میں ایک پیر دھویا، جب دوسرے پیر کا نمبر آیا تو حضرت نے فرمایا: اس پر مسح کر دو، یہ بیمار ہے، حاشیہ میں ہے کہ اس پیر پر پھوڑا نکل رہا تھا، اور پیر دھونے میں مرض بڑھ جانے کا اندیشہ تھا، حضرت ابوالعالیہ کے اس عمل سے پتا چلا کہ ضرورت کے وقت نفس وضو میں بھی استعانت جائز ہے، اور یہ قول حضرت الاستاذ رحمہ اللہ نے جو مقصد ترجمہ بیان فرمایا ہے اس کے اعتبار سے تو باب سے منطبق ہے مگر حافظ رحمہ اللہ کے بیان کے اعتبار سے باب سے منطبق نہیں۔

حدیث: ابوحازمؒ سے مروی ہے کہ انھوں نے سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے سنا درانحالیکہ ان سے لوگوں نے پوچھا تھا —— اور اس وقت میرے اور ان کے درمیان کوئی حائل نہیں تھا، یعنی میں ان کے بالکل قریب بیٹھا تھا —— جنگ احد میں نبی ﷺ کے زخم کا علاج کس چیز سے کیا گیا تھا؟ انھوں نے فرمایا: اب دنیا میں مجھ سے زیادہ یہ بات جاننے والا کوئی نہیں رہا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی ڈھال میں پانی لارہے تھے اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آپؐ کے چہرۂ مبارک سے خون دھو رہی تھیں (جب خون نہیں رکا تو) ایک چٹائی لی گئی، اور وہ جلائی گئی، اور اس کی راکھ زخم میں بھری گئی تب خون رکا۔

تشریح: جنگِ احد میں نبی ﷺ کے دانت میں چوٹ آئی تھی اور خود (لوہے کی ٹوپی) کی دو کڑیاں پیشانی میں گڑ گئی تھیں، حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے ان کو دانتوں سے کھینچ کر نکالا تھا جس کی وجہ سے ان کے دو دانت گر گئے تھے۔ اس زخم سے خون پھوٹ پڑا، حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال میں پانی لائے اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے زخم کو دھویا، مگر جب خون نہ رکا تو ایک چٹائی جلائی گئی اور اس کی راکھ زخم میں بھری گئی جس سے خون بند ہو گیا۔

نبی ﷺ کے چہرے سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے خون دھویا تھا، معلوم ہوا کہ بدن پر سے خون وغیرہ نجاست کو صاف کر دینا چاہئے، پس یہ حدیث حافظ رحمہ اللہ نے جو مقصد ترجمہ بیان کیا ہے اس کے اعتبار سے بھی باب سے منطبق ہے۔

[۷۲-] بابُ غَسْلِ الْمَرْأَةِ أَبَاهَا الدَّمَ مِنْ وَجْهِهِ

وَقَالَ أَبُوْ الْعَالِيَةِ: امْسَحُوْا عَلٰى رِجْلِيْ، فَإِنَّهَا مَرِيْضَةٌ.

[۲۴۳-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، وَسَأَلَهُ النَّاسُ، وَمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ أَحَدٌ: بِأَيِّ شَيْئٍ دُوِيَ جُرْحُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: مَا بَقِيَ أَحَدٌ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ، كَانَ عَلِيٌّ يَجِيْءُ بِتُرْسِهِ، فِيْهِ مَاءٌ، وَفَاطِمَةُ تَغْسِلُ عَنْ وَجْهِهِ الدَّمَ، فَأُخِذَ حَصِيْرٌ فَأُحْرِقَ فَحُشِيَ بِهِ جُرْحُهُ. [انظر: ۲۹۰۳، ۲۹۱۱، ۳۰۳۷، ۴۰۷۵، ۵۲۴۸، ۵۷۲۲]

وضاحت: سَمِع سهلَ بْنَ سعد: سے پہلے أَنَّه بڑھا سکتے ہیں جیسے حدثنا سے پہلے قال بڑھاتے ہیں ……… دُوِی: دَاوَی یُدَاوِیْ مُدَاوَاۃ (مفاعلہ) سے ہے، ایک واؤ محذوف ہے، اس کی جگہ الٹا پیش لگایا گیا ہے، اس کا نام صلہ ہے، صلہ: وَصَلَ یَصِلُ (ض) کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: ملانا، یعنی واؤ کو پیش میں، الف کو زبر میں اوری کو زیر میں ملانا، جیسے ﴿یَخْلُدْ فِیْهٖ مُهَانًا﴾ میں ی کو کسرہ میں ملایا گیا ہے اس لئے کھڑا زیر لکھا گیا ہے، اور ﴿مَا أَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ﴾ میں واؤ کو پیش میں ملایا گیا ہے اس لئے الٹا پیش لکھا گیا ہے، اور عربی میں صلہ عام ہے جیسے طاوٗس، داوٗد وغیرہ ان میں بھی واؤ پیش میں ملایا گیا ہے۔

بابُ السِّوَاكِ

مسواک کرنے کا بیان

سِواك: دانت صاف کرنے کی لکڑی، اس کو مسواک بھی کہتے ہیں، اس کی جمع مَساوِیك ہے، ساك يسوك سوكا الشیئ: رگڑنا، ملنا —— مسواک کی سنت متفق علیہ ہے مگر اس میں اختلاف ہے کہ وضو کی سنت ہے، یا نماز کی یا دین کی؟ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے کتاب الوضوء میں یہ باب لا کر اشارہ فرمایا کہ یہ وضو کی سنت ہے، یعنی وضو سے پہلے مسواک کرنا چاہئے۔ اور شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ کی رائے یہ ہے کہ یہ دین کی سنت ہے، لہٰذا اس کے لئے کوئی وقت متعین نہیں، جب بھی منہ میں تغیر آجائے مسواک کرنا چاہئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ جب بھی باہر سے گھر میں تشریف لاتے تو مسواک فرماتے (مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۳۷۷) شاہ صاحب رحمہ اللہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں

تحریر فرمایا ہے کہ مضمضہ اور استنشاق امور فطرت میں سے ہیں جن کو وضو میں شامل کیا گیا ہے۔اسی طرح مسواک بھی امور فطرت میں سے ہے جس کو طہارت میں لیا گیا ہے۔اس سے معلوم ہوا کہ مسواک درحقیقت دین اسلام کی سنت ہے اس کو وضو میں لیا گیا ہے، چنانچہ علامہ ابن الہمام نے مسواک کو پانچ جگہ مستحب قرار دیا ہے: جب دانت پیلے پڑ جائیں، جب منہ میں بدبو پیدا ہو جائے، جب آدمی نیند سے بیدار ہو، وضو سے پہلے اور نماز سے پہلے (فتح القدیر ۱:۲۲)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے ایک رات نبی ﷺ کے گھر گذاری، جب آپؐ تہجد کے لئے اٹھے تو مسواک کی۔ یہ روایت بار بار گذری ہے، اور استنان کے معنی ہیں: دانتوں پر لکڑی یا انگلی پھیرنا، سِنٌّ کے معنی ہیں: دانت۔استنان اسی سے مشتق ہے۔

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس آیا میں نے دیکھا آپؐ اپنے ہاتھ میں مسواک لے کر مسواک فرما رہے ہیں اور آپؐ کے منہ سے اع اع کی آواز نکل رہی ہے، درانحالیکہ مسواک آپؐ کے منہ میں تھی، گویا آپؐ قے کر رہے ہیں۔

تشریح: حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ جب خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تھے تو آپؐ مسواک فرما رہے تھے، اور منہ سے اع اع کی آواز نکل رہی تھی، جیسے کوئی بہ تکلف قے کرتا ہے۔ظاہر ہے صرف دانتوں پر مسواک پھیرنے سے آواز پیدا نہیں ہوتی، آواز پیدا ہونا قرینہ ہے کہ مسواک زبان پر پھیری جا رہی تھی، معلوم ہوا کہ زبان کا صاف کرنا بھی اہم ہے، کیونکہ جب بلغم زبان پر جم جاتا ہے تو ذہن میں بلادت پیدا ہو جاتی ہے اور زبان کی حرکت بھی ٹھیک نہیں رہتی، الفاظ کے تلفظ پر اثر پڑتا ہے۔اس لئے وضو میں دانت اور زبان دونوں کو صاف کرنا چاہئے تاکہ نماز میں قراءت بے تکلف ہو۔

حدیث (۲): حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ رات میں جب تہجد کے لئے بیدار ہوتے تو اپنے منہ کو مسواک سے رگڑتے تھے۔

تشریح: نیند میں معدہ کے ابخرہ منہ میں آتے ہیں جن سے منہ میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے اس لئے بیدار ہونے کے بعد مسواک کرنا سنت ہے، حنفیہ کے نزدیک مسواک دراصل وضو کی سنت ہے مگر اس کے علاوہ اوقات میں بھی سنت ہے جیسا کہ ابن الہمامؒ نے لکھا ہے۔

[۷۳-] بابُ السِّوَاكِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: بِتُّ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَنَّ.

[۲۴۴-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَوَجَدْتُهُ يَسْتَنُّ بِسِوَاكٍ بِيَدِهِ، يَقُوْلُ: أُعْ أُعْ، وَالسِّوَاكُ فِيْ فِيْهِ، كَأَنَّهُ يَتَهَوَّعُ.

[۲۴۵-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: ثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَیْفَةَ، قَالَ: کَانَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم إِذَا قَامَ مِنَ اللَّیْلِ یَشُوْصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ. [انظر: ۸۸۹، ۱۱۳۶]

بابُ دَفْعِ السِّوَاكِ إِلٰی الْأَکْبَرِ

مسواک بڑے کو دینا

مسواک بذاتِ خود معمولی چیز ہے، پس چھوٹے کو دینی چاہئے، جیسے نبی ﷺ کی خدمت میں جب پہلا پھل لایا جاتا تو آپؐ برکت کی دعا فرماتے پھر جو سب سے چھوٹا بچہ ہوتا اس کو بلا کر عنایت فرماتے، مسواک کی لکڑی بھی معمولی چیز ہے، وہ بھی چھوٹے کو دینی چاہئے، مگر شریعت کی نظر میں وہ اہم ہے، اس لئے بڑے کو دینے کا اشارہ دیا گیا۔

حدیث: نبی ﷺ نے خواب دیکھا: آپؐ مسواک فرما رہے ہیں۔ دو شخص آپؐ کے پاس آئے ایک بڑا تھا اور دوسرا چھوٹا۔ آپؐ نے چھوٹے کو مسواک دینا چاہا، حضرت جبرئیل علیہ السلام فوراً آئے اور فرمایا: بڑے کو دیجئے، چنانچہ آپؐ نے بڑے کو مسواک دی۔ معلوم ہوا کہ شریعت کی نظر میں مسواک کی بڑی اہمیت ہے۔

[۷۴-] بابُ دَفْعِ السِّوَاكِ إِلٰی الْأَکْبَرِ

[۲۴۶-] وَقَالَ عَفَّانُ: حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَیْرِیَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " أُرَانِیْ أَتَسَوَّكُ بِسِوَاكٍ، فَجَاءَ نِیْ رَجُلَانِ: أَحَدُهُمَا أَکْبَرُ مِنَ الآخَرِ، فَنَاوَلْتُ السِّوَاكَ الْأَصْغَرَ مِنْهُمَا، فَقِیْلَ لِیْ: کَبِّرْ، فَدَفَعْتُهُ إِلٰی الْأَکْبَرِ مِنْهُمَا "

وَقَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: اخْتَصَرَهُ نُعَیْمٌ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ أُسَامَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

وضاحت: وقال عفان: یہ شروع سے سند ہے تعلیق نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے جو حدیثیں باقاعدہ اساتذہ سے پڑھی ہیں وہاں حدثنا لکھتے ہیں۔ اور جو حدیثیں مذاکرے میں حاصل کی ہیں ان کو قال سے شروع کرتے ہیں، اس قال کو بھی حدثنا کی طرح جلی لکھنا چاہئے .... امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو نُعیمؒ ابن المبارکؒ سے، وہ اسامہؒ سے، وہ نافع سے، وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں، مگر وہ حدیث مختصر ہے اور طبرانی کی معجم اوسط میں ہے، اس میں صرف یہ جملہ ہے: أمرنی جبریل أَنْ أُکبر: جبرئیلؑ نے مجھے حکم دیا کہ مسواک بڑے کو دوں، اس میں خواب کا ذکر نہیں ہے۔

بابُ فَضْلِ مَنْ بَاتَ عَلَی الْوُضُوْءِ

رات میں باوضو سونے کی فضیلت

نیند موت کی بہن ہے، جس طرح موت سے پہلے ذکر خوش نصیبی ہے، اسی طرح باوضو اللہ کا ذکر کرتے ہوئے سونا

بھی افضل ہے، تاکہ اگر سوتے ہوئے موت آجائے تو خاتمہ طہارت وذکر پر ہو اور موت فطرت پر واقع ہو۔

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھ سے فرمایا: جب آپ سونے کے لئے بستر پر آئیں تو پہلے نماز والی وضو کرلیں، پھر دائیں کروٹ پر لیٹیں اور یہ دعا پڑھیں: اے اللہ! میں نے اپنی ذات آپ کے سپرد کی، اور اپنا معاملہ آپ کو سونپ دیا، اور اپنی پیٹھ آپ کی طرف لگادی، مجھے آپ سے امید بھی ہے اور آپ کا ڈر بھی، آپ کے سوا نہ کوئی پناہ کی جگہ ہے اور نہ نجات کی، مگر آپ کی طرف، اے اللہ! میں ایمان لایا ان تمام کتابوں پر جو آپ نے نازل فرمائی ہیں اور ان تمام نبیوں پر جن کو آپ نے مبعوث فرمایا ہے۔

پس اگر آپ رات میں مرگئے تو فطرت (دین) پر مریں گے، اور ان کلمات کو آخری بات بنائیں جن کو آپ بولیں، یعنی اس کے بعد کچھ نہ بولیں اور بولیں تو یہ ذکر دوبارہ کرلیں۔

حضرت براءؓ کہتے ہیں: میں نے یہ دعا نبی ﷺ کے سامنے دوہرائی، جب میں **اللّٰهم آمنت بكتابك الذى أنزلت** پر پہنچا تو میں نے **بنبيك** کی جگہ **برسولك** کہا، آپؐ نے فرمایا: نہیں، **وبنبيك الذى أرسلتَ**۔

تشریح:

۱- یہ دعا سوتے وقت سب سے آخر میں پڑھنی چاہئے۔ پھر کسی سے بات نہیں کرنی چاہئے اور اگر کی تو دعا دوبارہ پڑھے، جیسے حدیث میں ہے: **مَن كان آخر كلامه لا إله إلا الله دخل الجنة**: جس کا آخری کلام **لا إله إلا الله** ہو وہ جنت میں جائے گا، یہاں بھی یہی مسئلہ ہے: کلمہ طیبہ پڑھ کر مریض کسی سے بات نہ کرے، اور اگر کوئی دنیوی بات کرے تو دوبارہ کلمہ کی تلقین کی جائے۔

۲- حضرت براء رضی اللہ عنہ نے جب مذکورہ دعا یاد کرکے نبی ﷺ کو سنائی تو **بنبيك** کی جگہ **برسولك** کردیا۔ آپؐ نے ٹوکا اس لئے کہ رسول تو بڑے حضرات کو کہتے ہیں جو نئی شریعت کے ساتھ مبعوث کئے جاتے ہیں۔ اگر ان کی تخصیص کی جائے گی تو چھوٹے حضرات (انبیاء) نکل جائیں گے۔ حالانکہ تمام انبیاء پر ایمان لانا ضروری ہے۔ اسی لئے نبی ﷺ کی صفت خاتم النّبیین آئی ہے۔ خاتم المرسلین نہیں آئی، نبی عام ہے، رسول غیر رسول سب کو شامل ہے۔ کیونکہ وہ اسم جنس ہے اور تمام انبیاء کو شامل ہے اور لفظ کتاب بھی اسم جنس ہے، اللہ کی تمام کتابوں کو شامل ہے۔ خاص قرآن مجید اور خاص نبی ﷺ مراد نہیں۔

۳- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسنون دعاؤں اور مسنون اذکار کی حفاظت کرنی چاہئے، اس میں تبدیلی نہیں کرنی چاہئے، ہوسکتا ہے الفاظ کی تبدیلی سے مفہوم بدل جائے اور دعا کرنے والا سمجھ نہ سکے، اس لئے مسنون اذکار وادعیہ کی حفاظت کرنی چاہئے، البتہ اس میں اضافہ کرنے کی گنجائش ہے، شروع میں بھی، آخر میں بھی اور درمیان میں بھی مگر درمیان میں اضافہ کرنا مجھے پسند نہیں۔

[۷۵-] بابُ فَضْلِ مَنْ بَاتَ عَلَى الْوُضُوْءِ

[۲۴۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" إِذَا أَتَيْتَ مَضْجَعَكَ فَتَوَضَّأْ وُضُوْءَ كَ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّكَ الْأَيْمَنِ، ثُمَّ قُلْ:" اللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ وَجْهِیْ إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِیْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِیْ إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، اللّٰهُمَّ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیْ أَنْزَلْتَ، وَبِنَبِيِّكَ الَّذِیْ أَرْسَلْتَ" فَإِنْ مُتَّ مِنْ لَيْلَتِكَ فَأَنْتَ عَلٰى الْفِطْرَةِ، وَاجْعَلْهُنَّ آخِرَ مَا تَتَكَلَّمُ بِهِ "

قَالَ: فَرَدَّدْتُهَا عَلٰى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَلَمَّا بَلَغْتُ: "اللّٰهُمَّ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیْ أَنْزَلْتَ" قُلْتُ: وَرَسُوْلِكَ، قَالَ:" لَا، وَنَبِيِّكَ الَّذِیْ أَرْسَلْتَ" [انظر: ۶۳۱۱، ۶۳۱۳، ۶۳۱۵، ۷۴۸۸]

﴿الحمدللہ! کتاب الوضوء کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتابُ الْغُسْلِ

وَقَوْلِ اللّٰہِ تَعَالٰی:﴿وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا﴾ إِلٰی قَوْلِہِ: ﴿لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ﴾ وَقَوْلِہِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾ إِلٰی قَوْلِہِ ﴿عَفُوًّا غَفُوْرًا﴾

امام بخاری رحمہ اللہ نے سب سے پہلے دو آیتیں لکھی ہیں، پہلی آیت سورۂ مائدہ (آیت ۶) کی ہے، اور دوسری سورۂ نساء (آیت ۴۳) کی۔ اور حضرتؒ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ کتاب کے شروع میں ایک یا چند آیات لکھتے ہیں پھر ابواب قائم کر کے احادیث لاتے ہیں، تمام احادیث انہی آیات کی تفسیر ہوتی ہیں۔ کتاب الوضوء کے شروع میں بھی ایسا ہی کیا ہے، اور ہمارے نسخوں میں جو وہاں آیت کریمہ سے پہلے باب ہے وہ باب نہیں ہونا چاہئے، اس باب پر نسخہ کا نشان بنا ہوا ہے یعنی وہ باب ایک نسخہ میں ہے، سب نسخوں میں نہیں۔ اور وہی نسخہ صحیح ہے جس میں باب نہیں، کیونکہ امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ یہی ہے جو یہاں ہے۔

امام بخاریؒ نے یہاں جو دو آیتیں لکھی ہیں ان کے تعلق سے چند باتیں عرض ہیں:

پہلی بات: حضرتؒ نے مائدہ کی آیت پہلے اور نساء کی آیت بعد میں لکھی ہے، جبکہ سورۂ نساء سورۂ مائدہ سے مقدم ہے، اس کی وجہ حافظ رحمہ اللہ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ مائدہ والی آیت میں اجمال ہے، اور نساء والی آیت میں تفصیل، اس لئے سورۂ نساء کی آیت بعد میں لکھی ہے تا کہ وہ مائدہ والی آیت کی تفسیر بن جائے، سورۂ مائدہ میں ہے: ﴿وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا﴾: اگر تم جنبی ہوؤ تو خوب پاکی حاصل کرو، خوب پاکی کس طرح حاصل کی جائے؟ سورۂ نساء میں ہے: ﴿حَتّٰی تَغْتَسِلُوْا﴾: یہاں تک کہ تم غسل کرلو۔ اب بات واضح ہوگئی کہ خوب پاکی حاصل کرنے کا طریقہ غسل کرنا ہے، پس یہ آیت مفسِّر (اسم فاعل) ہے اس لئے امام بخاریؒ اس کو بعد میں لائے ہیں۔

غسل جنابت میں دلک فرض نہیں

دوسری بات: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک غسل جنابت میں دلک (بدن رگڑنا) فرض ہے۔ وہ فرماتے ہیں:

﴿فَاطَّهَّرُوْا﴾ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اور اغتسال کے معنی ہیں: کسی چیز پر پانی کے ساتھ ہاتھ گذارنا، محض پانی بہانا اغتسال نہیں، اس کے لئے لفظ صَبَّ ہے۔

اور جمہور کے نزدیک دلک فرض نہیں، وہ کہتے ہیں: اغتسال کے مفہوم میں مغسول پر ہاتھ گذارنا شامل نہیں، عربی کا محاورہ ہے: غَسَلَتْنِی السَّمَاءُ: مجھے بارش نے نہلا دیا۔ معلوم ہوا کہ اغتسال کے لئے مغسول پر ہاتھ گذارنا ضروری نہیں۔

علاوہ ازیں: ازواج مطہرات حضرات صدیقہ و میمونہ رضی اللہ عنہما نے حضور اقدس ﷺ کے غسل جنابت کو تفصیل سے روایت کیا ہے، وہ روایتیں باب میں آرہی ہیں، دونوں میں سے کسی نے دلک کا ذکر نہیں کیا، اگر غسل جنابت میں دلک فرض ہوتا تو دونوں اس کا ذکر ضرور کرتیں۔

اور ﴿فَاطَّهَّرُوْا﴾ میں وضو کے اعتبار سے مبالغہ ہے، یعنی اگر حدث اصغر لاحق ہو اور نماز پڑھنی ہو تو وضو کرو یعنی اطراف دھوؤ، اور اگر جنابت لاحق ہو اور نماز پڑھنی ہو تو اب اطراف دھونے سے کام نہیں چلے گا، اب پورا بدن دھوؤ، خوب پاکی حاصل کرنے کا یہی مطلب ہے، بدن رگڑ رگڑ کر نہاؤ یہ آیتِ کریمہ کا مفہوم نہیں۔

غسلِ جنابت میں مضمضہ اور استنشاق فرض ہیں

تیسری بات: غسل جنابت میں ظاہر بدن دھونا بالاجماع فرض ہے، بال برابر بھی جگہ خشک رہ جائے گی تو غسل نہیں ہوگا۔ اور مضمضہ اور استنشاق فرض ہیں یا سنت؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک سنت ہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرض قرار دیتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ منہ اور ناک من وجہ ظاہر اور من وجہ باطن ہیں، منہ کھلا ہو اور ناک اٹھی ہوئی ہو تو دونوں کے اندر کا حصہ نظر آتا ہے۔ اور عام حالات میں نظر نہیں آتا، اسی طرح روزے کے احکام میں بھی دونوں پہلوؤں کی رعایت ہے۔ کلی کرنے سے اور ناک میں پانی ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، معلوم ہوا دونوں ظاہر ہیں، اور تھوک اور رینٹ نگلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، معلوم ہوا کہ دونوں باطن ہیں۔ اور فاطّھروا میں سارا ظاہر بدن دھونے کا حکم ہے اور منہ اور ناک من وجہ ظاہر ہیں پس ان دونوں کو دھونا بھی ضروری ہے، اور وضو میں وجہ (چہرہ) دھونے کا حکم ہے اور ان دونوں کے ساتھ مواجہہ نہیں ہوتا، اس وجہ سے وضو میں مضمضہ اور استنشاق سنت ہیں۔ اور آنکھ بھی من وجہ ظاہر اور من وجہ باطن ہے، مگر اس کے دھونے میں حرج ہے، بینائی چلی جانے کا اندیشہ ہے، اس لئے آنکھ کے اندر کا دھونا ضروری نہیں۔

احکام کی آیات میں تکرار نہیں ہوتا

چوتھی بات: احکام کی آیات میں تکرار نہیں ہوتا، تذکیر کی، ترغیب و ترہیب کی اور مخاصمہ کی آیات میں تکرار ہوتا ہے کیونکہ ان کا مقصد رنگ چڑھانا بھی ہے اور احکام کی آیات کا مقصد مسائل بتلانا ہے اس لئے احکام کی آیات میں تکرار نہیں ہوتا، مگر قرآن مجید میں دو جگہ احکام کی آیات میں تکرار ہے، ایک: یہاں، دوسرے: روزوں کے احکام میں، دونوں جگہ نسخ کا

ایہام تھا اس لئے تکرار کیا ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ سورۂ نساء کی آیت مقدم ہے، وہ آیت اس وقت نازل ہوئی ہے جب شراب حلال تھی، اور سورۂ مائدہ کی آیت بعد کی ہے، یہ آیت درحقیقت وضو وغسل کے احکام بیان کرنے کے لئے نازل ہوئی ہے، پس اگر آیت ﴿وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا﴾ پر روک دی جاتی تو خیال پیدا ہوسکتا تھا کہ اعذار کی صورت میں جو تیمّم کا حکم ہے، جس کا بیان سورۂ نساء میں ہے، وہ حکم شاید اب باقی نہیں رہا۔ اس لئے بعینہ وہ الفاظ جو سورۂ نساء میں تھے آیت وضو میں بھی لوٹائے، تاکہ نسخ کا احتمال باقی نہ رہے۔

روزوں کے احکام میں تکرار کی وجہ

اسی طرح جن آیتوں میں روزوں کے احکام ہیں وہاں بھی تکرار ہے (سورۃ البقرۃ آیات ۱۸۴و۱۸۵) جب اللہ تعالیٰ نے روزے فرض کئے تو پہلے سات طرح سے ذہن سازی کی پھر روزے فرض کئے چھٹی مرتبہ ذہن سازی کے مرحلہ میں فرمایا: ﴿فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ﴾ اس آیت میں ذہنوں سے ایک بوجھ ہٹایا گیا ہے، ذہنوں میں یہ خلجان پیدا ہوسکتا تھا کہ عرب کا ملک گرم ملک ہے اور لوگوں کی معیشت سفر سے وابستہ ہے، جزیرۃ العرب میں کوئی معیشت نہیں، لوگ شام وغیرہ کا سفر کرتے تھے اور وہاں سے اشیاء خرید کر لاتے تھے، بیچتے تھے اور کھاتے تھے، یہی ان کی معیشت تھی، اس لئے ذہن میں یہ بات آسکتی تھی کہ اس گرم ملک میں سفر میں روزے کیسے رکھیں گے؟ اس لئے فرمایا: ﴿فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ﴾ یعنی سفر میں اور بیماری میں روزے نہ رکھنے کی اجازت ہے، یہ روزے بعد میں رکھ لئے جائیں، اور جتنے گئے ہیں اتنے ہی رکھے جائیں، زائد نہیں۔

پھر سات طریقوں سے ذہن سازی کرنے کے بعد اس مہینہ کی اہمیت بیان کی ہے جس کا روزہ فرض کرنا ہے کہ وہ ایسا مہینہ ہے جس میں قرآن اترا ہے، اور قرآن وہ کتاب ہے جو تمام لوگوں کے لئے راہنما ہے اور اس میں ہدایت کی واضح دلیلیں ہیں، اور وہ حق وباطل کے درمیان فیصلہ کن کتاب ہے، اس طرح ماہ رمضان کی اہمیت بیان کرکے فرمایا: ﴿فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ﴾: تم میں سے جو اس مہینہ کو دیکھے اسے چاہئے کہ اس مہینہ کے روزے رکھے۔ یہاں یہ وہم پیدا ہوسکتا تھا کہ سفر اور مرض میں روزے نہ رکھنے کی جو رخصت دی گئی تھی وہ رخصت شاید اب باقی نہیں رہی، اس لئے مکرر فرمایا: ﴿فَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ﴾: یعنی مریض اور مسافر کے لئے رخصت بدستور قائم ہے یہ سہولت منسوخ نہیں ہوئی (تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۱۷۳-۱۷۵) میں پڑھئے وہاں سات طرح ذہن سازی کی تفصیل بھی ہے)

ملحوظہ: بعض حضرات نزول کے اعتبار سے سورۂ مائدہ کی آیت کو مقدم اور سورۂ نساء کی آیت کو مؤخر مانتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا بھی غالبًا یہی رجحان ہے، چنانچہ آپؒ نے کتاب التیمم کے شروع میں سورۂ مائدہ کی آیت لکھی ہے، یہاں بھی مائدہ والی آیت کی تقدیم کی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے۔ اس اعتبار سے تقریر کتاب التیمم میں آئے گی۔

آیتِ مائدہ اور آیتِ نساء کا ماسیق لاجلہ الکلام

پانچویں بات: آیتِ نساء میں اصل مسئلہ یہ بیان کرنا ہے کہ نشہ کی حالت میں نماز پڑھنا جائز نہیں۔ نماز سے اتنی دیر پہلے شراب چھوڑ دینا ضروری ہے کہ نماز کے وقت نشہ اتر جائے، پس یہ آیت شراب کی حرمت نازل ہونے سے پہلے کی ہے۔ اور اس میں دو مسئلے ضمناً بیان ہوئے ہیں:

ایک: جنابت کی حالت میں بھی نماز پڑھنا جائز نہیں، یہاں تک کہ نہالے، دوسرا: پانی نہ ہو تو تیمّم کر کے نماز پڑھے، مریض بھی، مسافر بھی، حدث اصغر میں بھی اور حدث اکبر میں بھی۔

اور آیت مائدہ میں اصل وضو اور غسل کا حکم بیان کرنا ہے۔ لیکن اگر غسل کے بیان پر آیت روک دی جاتی تو یہ وہم پیدا ہوسکتا تھا کہ سورۂ نساء میں پانی نہ ہونے کی صورت میں جو تیمّم کی سہولت دی گئی ہے شاید وہ رخصت اب باقی نہیں رہی، اس لئے اُس مضمون کو بعینہ دوبارہ لوٹایا: ﴿وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضٰى﴾: اگر تم بیمار ہو (یہ سماوی عذر ہے) ﴿أَوْ عَلٰى سَفَرٍ﴾ یا سفر میں ہو (یہ اختیاری عذر ہے) ﴿أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِّنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ﴾ یا بیت الخلاء میں ہو کر آؤ (اس میں حدث اصغر کا بیان ہے) ﴿أَوْلٰمَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾ یا بیویوں سے صحبت کرو (اس میں حدث اکبر کا بیان ہے) ﴿فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا﴾ پس تمہارے پاس پانی نہ ہو تو چاروں صورتوں میں پاک مٹی کا قصد کرو، پھر تیمّم کا طریقہ سکھلا کر وضو و غسل اور تیمّم کی حکمت بیان کی ﴿مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ﴾ وضو اور غسل کا حکم دے کر اللہ تعالیٰ تنگی میں ڈالنا نہیں چاہتے، بلکہ اللہ تعالیٰ تمہیں پاکیزہ اور صاف ستھرا کرنا چاہتے ہیں اور تیمّم کا حکم نازل فرما کر تم پر اپنے انعامات کی تکمیل کرنا چاہتے ہیں، تاکہ تم شکر گذار بندے بنو، یہ زائد مضمون صرف سورۂ مائدہ میں ہے، سورۂ نساء میں اس حکمت کا بیان نہیں ہے، پس تکرار باقی نہیں رہی۔

اسی طرح احکام صوم میں روزے لازم کر کے مسافر اور مریض کے لئے جو سہولت دی گئی تھی اس کو دوبارہ ذکر کیا، پھر فرمایا: ﴿يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَايُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ﴾: یہ سہولت اس لئے دی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر آسانی کرنا چاہتے ہیں، تنگی کرنا نہیں چاہتے، جب دوسری جگہ یہ مضمون زائد ہے تو اب تکرار باقی نہیں رہی، یہ بھی تکرار کے مسئلہ کو حل کرنے کی ایک صورت ہے۔

و أنتم محدثون کے حذف کا قرینہ

چھٹی بات: ﴿فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ﴾ سے پہلے وَأَنْتُمْ مُحْدِثُوْن پوشیدہ ہے، یعنی نماز سے پہلے وضو کا حکم اس وقت ہے جب تم بے وضو ہو، اور یہ بات ﴿وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا﴾ کے ساتھ مقابلہ کرنے سے سمجھ میں آتی تھی۔ اس لئے اس کو چھوڑ دیا، اور اس میں حکمت یہ ہے کہ وضو پر وضو یعنی ہر نماز سے پہلے نیا وضو کرنا مستحسن ہے اگر وہاں یہ قید مذکور ہوتی تو یہ غلط فہمی

ہوسکتی تھی کہ اطراف دھونے کا حکم اسی صورت میں ہے جب کہ حدث اصغر لاحق ہو، اس لئے فہم سامع پر اعتماد کرکے اس قید کو چھوڑ دیا۔

ساتویں بات: امام بخاری رحمہ اللہ نے یہاں سورۂ مائدہ کی آیت جہاں سے غسل کا بیان شروع ہوتا ہے وہاں سے لکھی ہے، اور ایسا شاید اس لئے کیا ہے کہ شروع کا ٹکڑا کتاب الوضوء میں لکھ چکے ہیں، اور یہاں سے کتاب الغسل شروع ہورہی ہے، اس لئے جہاں سے غسل کا بیان شروع ہوا ہے وہاں سے آیت لکھی ہے، مگر فاطَّهَّرُوْا کا مفہوم سمجھنے کے لئے اس کا وضو والے جزء سے مقابلہ کرنا ضروری ہے، جب تک اس کے ساتھ مقابلہ نہیں کیا جائے گا فاطھروا کا مفہوم سمجھ میں نہیں آئے گا۔ اس لئے پوری آیت لکھتے تو بہتر ہوتا۔

بعض احکام میں عمل پہلے شروع ہوتا ہے

آٹھویں بات: اکثر احکام میں آیات کے نزول کے بعد عمل شروع ہوا ہے، مگر بعض احکام میں عمل پہلے شروع ہوا ہے اور آیت بعد میں نازل ہوئی ہے۔ آیت وضو اسی قبیل سے ہے، وہ مدنی دور میں نازل ہوئی ہے جبکہ وضو اس سے بہت پہلے مکی دور میں جب نماز فرض ہوئی تھی اس وقت سے کیا جارہا تھا، اس کی مشروعیت وحی غیر متلو سے ہوئی تھی، پھر جب موقع آیا تو اس سلسلہ کی آیت نازل ہوئی، جیسے اذان کی مشروعیت بھی وحی غیر متلو سے ہوئی ہے، حضرت عبداللہ بن زید بن عبد ربہ نے خواب میں فرشتہ کو دیکھا جس نے ان کو اذان سکھلائی، پھر نبی ﷺ نے تائید فرمائی اور اذان کی مشروعیت ہوئی، اور آیت (سورۂ جمعہ آیت ۹) بعد میں نازل ہوئی۔

یہ چند ضروری باتیں تھیں جو عرض کی گئیں، تفصیل اور بھی ہے مگر اس کے لئے ہفتہ درکار ہے اس لئے ان سے صرف نظر کرتا ہوں۔

بَابُ الْوُضُوْءِ قَبْلَ الْغُسْلِ

غسل سے پہلے وضو کرنا

غسل کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ وضو سے اس کا آغاز کیا جائے، اور غسل کے بعد بے ضرورت دوبارہ وضو کرنا اچھا نہیں، بعض علماء اس کو بدعت کہتے ہیں، ہاں حدث پیش آجائے اور نماز پڑھنی ہو تو وضو کرنا ضروری ہے، یا کوئی شافعی ہو اور اس نے غسل کے بعد مس ذکر کیا ہو اور نماز پڑھنی ہو تو دوبارہ وضو کرے، بلا ضرورت وضو کا اعادہ ٹھیک نہیں۔

اور غسل سے پہلے جو وضو کیا جاتا ہے اس میں پیر دھونے چاہئیں یا نہیں؟ یہ بات مُغْتَسَلَ (غسل خانہ) کی حالت کے تابع ہے۔ اگر پکا فرش ہے اور غسالہ جمع نہیں ہوتا تو پیر بھی دھولے، اور غسالہ جمع ہوتا ہے تو ابھی پیر نہ دھوئے، غسل کے بعد وہاں سے ہٹ کر پیر دھوئے۔

غسل سے پہلے وضو کی حکمت

صحبت کے بعد اور بستر سے نکلنے کے بعد آدمی کا جسم گرم ہوتا ہے، اس لئے اگر بدن پر ایک دم ٹھنڈا پانی ڈالے گا تو برا ردعمل ہوگا، اس لئے شریعت نے پہلے اطراف بدن دھونے کا حکم دیا، اطراف میں یہ تاثیر ہے کہ ان کے دھونے سے جسم کا ظاہری حصہ ٹھنڈا پڑ جاتا ہے، پھر بدن پر پانی ڈالے گا تو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا، مگر وضو ضروری نہیں، اگر کوئی جنبی پانی میں ڈبکی لگائے اور پورا بدن بھیگ جائے تو غسل ہو جائے گا بشرطیکہ اس نے مضمضہ اور استنشاق کیا ہو، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دلک یعنی بدن رگڑنا بھی ضروری ہے۔

غسل جنابت کا مستحب طریقہ: یہ ہے کہ پہلے اپنے دونوں ہاتھ دھوئے، اس کے بعد شرم گاہ کو اور ران وغیرہ کو جہاں ناپاکی لگی ہے دھوئے، پھر وضو کرے، یعنی کلی کرے، ناک صاف کرے، چہرہ اور ہاتھوں کو دھوئے، مسح کرے اور پاؤں دھوئے، پھر پورے بدن پر پانی ڈالے، بال برابر بھی جگہ خشک نہ رہے تو غسل ہو گیا، اور اگر غسل کرنے کی جگہ میں غسالہ جمع ہوتا ہے تو وضو میں پاؤں نہ دھوئے، غسل سے فارغ ہو کر اس جگہ سے ہٹ کر دھوئے۔

[۱-] بابُ الْوُضُوْءِ قَبْلَ الْغُسْلِ

[۲۴۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: نا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ بَدَأَ فَغَسَلَ يَدَيْهِ، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ كَمَا يَتَوَضَّأُ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ يُدْخِلُ أَصَابِعَهُ فِي الْمَاءِ، فَيُخَلِّلُ بِهَا أُصُوْلَ الشَّعْرِ، ثُمَّ يَصُبُّ عَلٰى رَأْسِهِ ثَلَاثَ غُرَفٍ بِيَدِهِ، ثُمَّ يُفِيْضُ الْمَاءَ عَلٰى جِلْدِهِ كُلِّهِ. [انظر: ۲۶۲، ۲۷۲]

[۲۴۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: تَوَضَّأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ، غَيْرَ رِجْلَيْهِ، وَغَسَلَ فَرْجَهُ وَمَا أَصَابَهُ مِنَ الْأَذٰى، ثُمَّ أَفَاضَ عَلَيْهِ الْمَاءَ، ثُمَّ نَحّٰى رِجْلَيْهِ فَغَسَلَهُمَا، هٰذِهِ غُسْلُهُ مِنَ الْجَنَابَةِ. [انظر: ۲۵۷، ۲۵۹، ۲۶۰، ۲۶۶، ۲۷۴، ۲۷۶، ۲۸۱]

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم غسل جنابت فرماتے تو ہاتھوں کو دھونے سے (غسل) شروع فرماتے، یعنی سب سے پہلے دونوں ہاتھ دھوتے، پھر نماز والا وضو کرتے، پھر انگلیاں پانی میں بھگا کر بالوں کی جڑوں میں خلال کرتے، پھر ایک ہاتھ میں پانی لے کر سر پر تین چلو ڈالتے، پھر سارے بدن پر پانی بہاتے۔

تشریح: آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر بال تھے، اس لئے پہلے انگلیاں بھگا کر بالوں کی جڑوں میں خلال کرتے تھے، تاکہ

جڑیں تر ہو جائیں، پھر جب سر پر پانی ڈالا جائے تو جڑوں میں پانی پہنچ جائے، اس کے بعد جسم اطہر پر پانی بہاتے، معلوم ہوا کہ جہاں پانی پہنچنے میں دشواری ہو، اور جن کے خشک رہ جانے کا احتمال ہو، ان کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہئے، ہاتھوں کو تر کر کے اس حصے کو بھگا دینا چاہئے تا کہ جب بدن پر پانی ڈالے تو اس جگہ بسہولت پانی پہنچ جائے۔

حدیث (۲): حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے نماز والا وضو کیا سوائے پیر دھونے کے، یعنی وضو کے وقت پیر نہیں دھوئے، وہاں غسالہ جمع ہو رہا تھا، اور اپنی شرم گاہ کو دھویا، اور بدن پر جہاں ناپا کی لگتی ہے اس حصہ کو دھویا، پھر بدن پر پانی بہایا، پھر پیروں کو وہاں سے ہٹایا، پھر ان دونوں کو دھویا، یہ آپ کا غسل جنابت ہے۔

بابُ غُسْلِ الرَّجُلِ مَعَ امْرَأَتِهِ

بیوی کے ساتھ غسل کرنا

مرد وعورت کے ایک ساتھ وضو کرنے کا بیان پہلے گذرا ہے، اور یہ مرد وعورت کے ایک ساتھ غسل جنابت کرنے کا بیان ہے، یہاں تین باتیں جاننی چاہئیں:

۱- برتن میں بیک وقت میاں بیوی ہاتھ ڈال کر پانی لیں اور غسل کریں تو یہ جائز ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

۲- جب میاں بیوی ایک برتن سے پانی لیں گے تو ایک دوسرے کا مَس ہوگا، مرد کا ہاتھ عورت کے ہاتھ سے اور عورت کا ہاتھ مرد کے ہاتھ سے لگے گا، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، کیونکہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک مس مرأۃ ناقض وضو نہیں، احناف کی بھی یہی رائے ہے۔

۳- باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے معیت کی قید لگائی ہے جبکہ حدیث میں وحدتِ اناء کا ذکر ہے، معیت کا ذکر نہیں۔ اور علامہ سندھی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ وحدتِ اناء معیت کو مستلزم نہیں، کیونکہ مرد نے پہلے غسل کیا اور عورت نے برتن میں بچے ہوئے پانی سے بعد میں غسل کیا تو یہ بھی وحدتِ اناء ہے، پس ایک برتن سے نہانے کے لئے معیت فی الاغتسال لازم نہیں۔ مگر حضرت رحمہ اللہ نے باب میں معیت کی قید بڑھائی ہے، اس لئے کہ باب کی حدیث میں اگرچہ اس کا تذکرہ نہیں مگر اسی روایت میں دوسری جگہ معیت کا ذکر ہے، آئندہ کتاب الغسل ہی میں یہ حدیث آرہی ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں اور نبی ﷺ ایک برتن سے غسل کیا کرتے تھے اور ہم ایک ساتھ پانی لیا کرتے تھے۔ **کنت أغتسل أنا والنبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم من إناء واحد، نَغْرِفُ منه جمیعا** (حدیث ۲۷۳) اور کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ میں حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: میرے اور نبی ﷺ کے سامنے ایک برتن رکھا رہتا تھا۔ ہم اس میں سے ایک ساتھ نہانا شروع کرتے تھے۔ **کان یوضع لی ولرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم هذا الِمرکنُ فَنَشْرَعُ فیه جمیعا** (حدیث ۷۳۳۹) اور امام بخاری رحمہ اللہ کبھی باب کی روایت کے پیش نظر ہی ترجمہ قائم نہیں کرتے بلکہ وہ روایت جو

دوسری جگہ ہوتی ہے اس کو پیش نظر رکھ کر بھی باب قائم کرتے ہیں۔

[۲-] بابُ غُسْلِ الرَّجُلِ مَعَ امْرَأَتِهِ

[۲۵۰-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِیْ إِیَاسٍ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: کُنْتُ أغْتَسِلُ أَنَا وَالنَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، مِنْ قَدَحٍ یُقَالُ لَهُ: الْفَرَقُ.

[انظر: ۲۶۱، ۲۶۳، ۲۷۳، ۲۹۹، ۵۹۵۶، ۷۳۳۹]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں اور نبی ﷺ لکڑی کے ایک برتن سے غسل کیا کرتے تھے جس کو فرق کہا جاتا ہے۔

تشریح: قدح چھوٹے اور بڑے دونوں طرح کے برتن کو کہتے ہیں، جمع أقداح ہے، اور فَرَق ایک پیمانہ تھا جس میں سولہ رطل پانی آتا تھا۔ شوافع کے نزدیک سولہ رطل کے تین صاع بنتے ہیں کیونکہ ان کے یہاں ایک صاع پانچ رطل اور ثلث رطل کا ہوتا ہے۔ اور احناف کے یہاں سولہ رطل کے دو صاع بنتے ہیں، اس لئے کہ ان کے یہاں ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے۔

بابُ الْغُسْلِ بِالصَّاعِ وَنَحْوِهِ

ایک صاع اور اس کے بقدر پانی سے غسل کرنا

حضور اقدس ﷺ تقریباً ایک صاع پانی سے غسل فرمایا کرتے تھے "تقریباً" نحوہ کا ترجمہ ہے، کتاب الوضوء میں ایک مُد پانی سے وضو کرنے کے سلسلہ میں باب گذرا ہے، وہاں بتایا تھا کہ صاع چار مُد کا ہوتا ہے، یعنی تین کلو ایک سو پچاس گرام کا، اور ایک مد دو رطل کا ہوتا ہے، یعنی سات سو نوے گرام کا، اتنی مقدار وضو اور غسل کے لئے بہت کافی ہے، مگر تحدید نہیں اسراف سے بچتے ہوئے پانی میں کمی بیشی کرنا جائز ہے۔

[۳-] بابُ الْغُسْلِ بِالصَّاعِ وَنَحْوِهِ

[۲۵۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ بَکْرِ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ، یَقُوْلُ: دَخَلْتُ أَنَا وَأَخُوْ عَائِشَةَ عَلٰی عَائِشَةَ، فَسَأَلَهَا أَخُوْهَا عَنْ غُسْلِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَدَعَتْ بِإِنَاءٍ نَحْوٍ مِّنْ صَاعٍ، فَاغْتَسَلَتْ، وَأَفَاضَتْ عَلٰی رَأْسِهَا، وَبَیْنَنَا وَبَیْنَهَا حِجَابٌ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، وَبَهْزٌ، وَالْجُدِّیُّ، عَنْ شُعْبَةَ: قَدْرِ صَاعٍ.

ترجمہ: ابوسلمہ کہتے ہیں: میں اور حضرت عائشہؓ کے رضاعی بھائی (عبداللہ بن یزید) حضرت عائشہؓ کے پاس گئے، صدیقہؓ سے ان کے بھائی نے نبی ﷺ کے غسل کے بارے میں دریافت کیا (کہ آپؐ کتنے پانی سے غسل فرماتے تھے؟) صدیقہؓ نے ایک برتن میں پانی منگوایا جس میں تقریباً ایک صاع پانی تھا (یہی جز باب سے متعلق ہے) پس صدیقہؓ نے غسل کرکے دکھایا، اور اپنے سر پر پانی بہایا، اور ان کے اور ہمارے درمیان پردہ تھا۔

تشریح:

۱- حضرت ابوسلمہ رحمہ اللہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے والا تبار صاحبزادے ہیں اور مدینہ منورہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی بھانجے ہیں، انھوں نے زمانہ طفولت میں حضرت عائشہؓ کی بہن ام کلثوم کا دودھ پیا ہے، اور عبداللہ بن یزیدؒ رضاعی بھائی ہیں، دونوں حضرت عائشہؓ کے پاس پڑھنے کے لئے گئے، چونکہ دونوں محرم ہیں اس لئے کمرہ کے اندر گئے، ورنہ طلبہ باہر مسجد میں بیٹھتے تھے اور حضرت عائشہؓ اندر سے حدیثیں بیان کرتی تھیں، بھانجے کے مقابلہ میں بھائی زیادہ بے تکلف ہوتا ہے اس لئے عبداللہ بن یزید نے دریافت کیا کہ نبی ﷺ کتنے پانی سے غسل فرماتے تھے؟ حضرت عائشہؓ نے ایک برتن میں پانی منگوایا جو تقریباً ایک صاع تھا، اور اس سے غسل کرکے دکھایا اور درمیان میں پردہ حائل تھا، معلوم ہوا کہ نبی ﷺ تقریباً ایک صاع پانی سے غسل فرماتے تھے اور یہی باب ہے۔

۲- اس حدیث کو شعبہ رحمہ اللہ سے عبدالصمد بن عبدالوارث کے علاوہ یزید بن ہارون، بہز بن اسد اور عبدالملک جُدّی (جدہ کے رہنے والے) بھی روایت کرتے ہیں اور ان کی روایت میں نحوٍ من صاعٍ کے بجائے قدرِ صاعٍ ہے، مطلب دونوں کا ایک ہے۔

[۲۵۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: ثَنَا يَحْيىَ بْنُ آدَمَ، قَالَ: ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ جَعْفَرٍ، أَنَّهُ كَانَ عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، هُوَ وَأَبُوْهُ، وَعِنْدَهُ قَوْمٌ، فَسَأَلُوْهُ عَنِ الْغُسْلِ؟ فَقَالَ: يَكْفِيْكَ صَاعٌ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَا يَكْفِيْنِیْ! فَقَالَ جَابِرٌ: كَانَ يَكْفِیْ مَنْ هُوَ أَوْفَى مِنْكَ شَعْرًا، وَخَيْرًا مِنْكَ، ثُمَّ أَمَّنَا فِیْ ثَوْبٍ.

[انظر: ۲۵۵، ۲۵٦]

ترجمہ: ابوجعفر یعنی امام باقر رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ وہ اور ان کے ابا (علی زین العابدین) حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، اور ان کے پاس اور لوگ بھی تھے، انھوں نے حضرت جابرؓ سے غسل کے بارے میں پوچھا: آپؓ نے فرمایا: تیرے لئے ایک صاع پانی کافی ہے، ایک شخص نے کہا: میرے لئے ایک صاع پانی کافی نہیں! حضرت جابرؓ نے فرمایا: اتنا پانی کافی تھا اس ذات کو جس کے بال تجھ سے زیادہ تھے، اور جو تجھ سے بہتر تھے، پھر حضرت جابرؓ نے ایک کپڑے میں ہماری امامت فرمائی۔

تشریح: ابوجعفر: حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ کے ابا کی کنیت تھی، ان کا نام محمد باقر رحمہ اللہ تھا، وہ حضرت جابر رضی اللہ

عنہ کے خاص شاگرد ہیں،اوران کے ابا علی زین العابدین ہیں جو حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی مجلس تھی، یہ حضرات موجود تھے، مجلس میں کسی نے دریافت کیا: کتنے پانی سے غسل کرنا چاہئے؟ آپؓ نے فرمایا: غسل میں ایک صاع پانی کافی ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے محمد بن الحنفیہ کے لڑکے حسن نے کہا: میرے سر پر بال بہت ہیں، ایک صاع پانی میرے لئے کافی نہیں، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک صاع پانی تیرے لئے کیوں کافی نہیں؟ حضور اقدس ﷺ کے سر اور ڈاڑھی کے بال تجھ سے زیادہ تھے، اور وہ تجھ سے افضل تھے، آپؐ ایک صاع پانی سے غسل فرماتے تھے، تیرے لئے ایک صاع پانی کیوں کافی نہیں؟ پھر جب نماز کا وقت ہوا تو حضرت جابرؓ نے امامت فرمائی اور ایک کپڑے میں نماز پڑھائی، جبکہ دوسرا کپڑا موجود تھا، وہیں اسٹینڈ پر رکھا تھا، نماز کے بعد کسی نے عرض کیا: حضرت! دوسرا کپڑا موجود ہے، پھر بھی آپؓ نے ایک کپڑے میں نماز پڑھائی؟ حضرت نے فرمایا: میں نے ایسا اس لئے کیا کہ تیرے جیسا بے وقوف جان لے کہ ایک کپڑے میں نماز جائز ہے، حضور ﷺ کے زمانہ میں ہر شخص کے پاس دو کپڑے کہاں تھے؟ یعنی مسئلہ کی وضاحت کے لئے میں نے ایسا کیا ہے۔

پس اس حدیث میں دو مسئلے ہیں: ایک: حضور اقدس ﷺ ایک صاع پانی سے غسل فرماتے تھے، دوسرا: ایک کپڑے میں نماز درست ہے، اگرچہ دوسرا کپڑا موجود ہو، رہی یہ بات کہ بہتر کیا ہے؟ یہ مسئلہ آگے آرہا ہے۔

[۲۵۳-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وَمَيْمُوْنَةَ كَانَا يَغْتَسِلَانِ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ.

قَالَ أَ بُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: كَانَ ابْنُ عُيَيْنَةَ يَقُوْلُ أَخِيْرًا: عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، وَالصَّحِيْحُ مَا رَوَى أَبُوْ نُعَيْمٍ.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا ایک برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔

تشریح: یہ حدیث حضرت ابن عباسؓ کے مسانید میں سے ہے یا حضرت میمونہؓ کے؟ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: سفیان بن عیینہؒ اس حدیث میں پہلے حضرت میمونہؓ کا تذکرہ نہیں کرتے تھے، چنانچہ ابُونعیم نے ان سے اسی طرح روایت کیا ہے، ان کی روایت میں عن میمونۃ نہیں ہے، مگر ابن عیینہ بعد میں عن میمونۃ بڑھانے لگے تھے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: ابونعیم والی حدیث اصح ہے، یعنی یہ حدیث ابن عباس کے مسانید میں سے ہے، حضرت میمونہؓ کے مسانید میں سے نہیں ہے، مگر دیگر محدثین کی رائے یہ ہے کہ یہ حضرت میمونہؓ کے مسانید میں سے ہے، کیونکہ نبی ﷺ اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا ساتھ غسل کرنا ایسی بات ہے جو حضرت ابن عباسؓ نہیں دیکھ سکتے تھے، یہ بات انھوں نے اپنی خالہ حضرت میمونہؓ ہی سے سنی ہوگی، پس حدیث کے آخر میں عن میمونۃ ہونا چاہئے اور امام بخاریؒ کا فیصلہ دیگر محدثین نے قبول نہیں کیا۔

حدیث کی باب سے مناسبت: اس حدیث میں صاع کا ذکر نہیں، اس لئے بعض حضرات نے اس کو ترجمہ سے غیر متعلق

قرار دیا ہے مگر یہ بات صحیح نہیں، اس باب میں یہ حدیث لاکر امام بخاریؒ نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ اس حدیث میں اگرچہ صاع کا ذکر نہیں، مگر مراد ہے۔ اس لئے کہ روایات میں غور کرنے سے پتا چلتا ہے کہ آپ ﷺ اکیلے ایک صاع پانی سے غسل فرماتے تھے، اور بیوی صاحبہ کے ساتھ فرق سے غسل فرماتے تھے جس میں سولہ رطل پانی ہوتا ہے جس کے احناف کے یہاں دو صاع بنتے ہیں۔

بابُ مَنْ أَفَاضَ عَلٰی رَأْسِهِ ثَلاَثًا

سر پر تین مرتبہ پانی ڈالنا

بالوں کی جڑوں میں انگلیاں بھگا کر خلال کرنے کے بعد اور ان کو تر کرنے کے بعد تین لپ بھر کر پانی سر پر ڈالنا کافی ہے، اس لئے کہ تثلیث تکرار کی آخری حد ہے، اور یہ تثلیث بالذات مقصود نہیں بلکہ لأجل الاستیعاب مقصود ہے، جیسے وضو میں چہرہ اور ہاتھ تین تین مرتبہ دھوئے جاتے ہیں یہ تثلیث لذاتہ مطلوب نہیں، استیعاب کے مقصد سے مطلوب ہے، تاکہ چہرہ اور ہاتھ پوری طرح دھل جائیں، اسی طرح بالوں کی جڑوں میں خلال کرنے کے بعد سر پر تین لپ بھر کر پانی ڈالنا مقصود لذاتہ نہیں، بلکہ استیعاب کے مقصد سے مطلوب ہے۔ پس اگر دو مرتبہ سے استیعاب ہو جائے تو تین بار ضروری نہیں اور تین میں بھی استیعاب نہ ہو تو چوتھی مرتبہ پانی ڈالنا ضروری ہے۔

[٤-] بابُ مَنْ أَفَاضَ عَلٰی رَأْسِهِ ثَلاَثًا

[٢٥٤-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَمَّا أَنَا فَأُفِيْضُ عَلٰی رَأْسِیْ ثَلاَثًا" وَأَشَارَ بِيَدَيْهِ كِلْتَيْهِمَا.

[٢٥٥-] حدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مِخْوَلِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم يُفْرِغُ عَلٰی رَأْسِهِ ثَلاَثًا.

[راجع: ٢٥٢]

[٢٥٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَحْيَی بْنِ سَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ جَعْفَرٍ، قَالَ: قَالَ لِیْ جَابِرٌ: أَتَانِیْ ابْنُ عَمِّكَ، يُعَرِّضُ بِالْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ، قَالَ: كَيْفَ الْغُسْلُ مِنَ الْجَنَابَةِ؟ فَقُلْتُ: كَانَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم يَأْخُذُ ثَلاَثَ أَكُفٍّ، فَيُفِيْضُهَا عَلٰی رَأْسِهِ، ثُمَّ يُفِيْضُ عَلٰی سَائِرِ جَسَدِهِ، فَقَالَ لِی الْحَسَنُ: إِنِّیْ رَجُلٌ كَثِيْرُ الشَّعْرِ، فَقُلْتُ: كَانَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم أَكْثَرَ مِنْكَ شَعْرًا [راجع: ٢٥٢]

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''رہا میں تو میں اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہاتا ہوں'' اور آپؐ نے دونوں ہاتھوں سے (پانی ڈالنے کا) اشارہ فرمایا۔

تشریح: یہ حضرت جبیر بن معطم رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور یہاں مختصر ہے۔ پورا واقعہ مسلم شریف میں ہے کہ کسی مجلس میں غسل جنابت کا طریقہ زیر بحث آیا، کسی نے کہا: میں اس طرح نہاتا ہوں، دوسرا بولا: میں اس طرح نہاتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: رہا میں تو میں تین لپ بھر کر سر پر پانی بہاتا ہوں، غرض أَمَّا تفصیلیہ ہے اور اس کی قسیم مسلم کی حدیث میں مذکور ہے، اور باب کے ساتھ تطبیق واضح ہے (مسلم شریف حدیث ۲۲۷ کتاب الحیض باب ۱۱)

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہایا کرتے تھے (یہ حدیث پہلے بھی گذری ہے اور اگلے نمبر پر بھی آرہی ہے)

حدیث (۳): ابو جعفر رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھ سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے پاس تیرا چچازاد بھائی آیا، وہ محمد بن الحنفیہ کے لڑکے حسن کی طرف اشارہ کررہے تھے، اور اس نے پوچھا: غسل جنابت کا طریقہ کیا ہے؟ میں نے کہا: نبی ﷺ تین لپ بھر کر پانی لیتے تھے اور اس کو اپنے سر پر بہاتے تھے۔ پھر پورے جسم پر پانی بہاتے تھے، وہ مجھ سے کہنے لگا: میں ایسا شخص ہوں جس کے سر پر بال بہت ہیں، یعنی میرے لئے اتنا پانی کافی نہیں، پس میں نے کہا: نبی ﷺ تجھ سے زیادہ بال والے تھے (اور ان کے لئے اتنا پانی کافی تھا پھر تیرے لئے کیوں کافی نہیں؟)

تشریح:

۱- حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دو لڑکے تھے: ایک: حضرت حسین رضی اللہ عنہ، ان کے لڑکے علی زین العابدین تھے، جو ابو جعفر محمد باقرؒ کے والد تھے، اور دوسرے: محمد بن الحنفیہ تھے، حسنؒ ان کے لڑکے ہیں، پس وہ امام باقرؒ کے چچا ہوئے، جبکہ حضرت جابر نے ان کو چچازاد بھائی کہا ہے حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ مجاز ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ نسب بیان کرنے کا اسلامی طریقہ یہی ہے، علی زین العابدین کے ابا حضرت حسین رضی اللہ عنہ محمد بن الحنفیہ کے بھائی تھے، پس وہ علی زین العابدینؒ کے چچا ہوئے، اور امام باقر کے بھی چچا ہوئے، ہندوانہ تصور میں دادا کے بھائی کو بھی دادا کہتے ہیں مگر اسلام میں حضرت آدم علیہ السلام تک ہر دادا کا بھائی چچا ہے، اسی وجہ سے وہ عصبہ بنفسہ ہوتا ہے، اور اس کو چچا کی میراث ملتی ہے۔ دادا کی میراث نہیں ملتی۔ پس جب محمد بن الحنفیہ امام باقر کے چچا ہوئے تو ان کے لڑکے حسن چچازاد بھائی ہوئے، پس حضرت جابرؓ کا ان کو چچازاد بھائی کہنا مبنی برحقیقت ہے، مجاز نہیں۔

۲- اوپر حدیث (نمبر ۲۵۲) میں یہ آیا ہے کہ جس مجلس میں حسن نے مذکورہ بات پوچھی تھی ابو جعفر اس مجلس میں موجود تھے، اور اس حدیث میں ہے کہ وہ موجود نہیں تھے بلکہ حضرت جابرؓ نے ان کو یہ واقعہ سنایا، اس تعارض کا حل یہ ہے کہ وہ مجلس جس میں سوال وجواب ہوئے تھے بڑی تھی اور ابو جعفر کی موجودگی سے حضرت جابرؓ واقف نہیں تھے اس لئے دوسرے وقت

جب وہ ان کے پاس آئے تو آپؐ نے ان کو واقعہ سنایا، یا ہوسکتا ہے کہ حضرت جابرؓ بھول گئے ہوں کہ اس مجلس میں ابوجعفر بھی موجود تھے اس لئے یہ بات سنائی۔ واللہ اعلم

بابُ الْغُسْلِ مَرَّةً وَاحِدَةً

ایک مرتبہ بدن دھونا

جس طرح وضو میں اعضاء مغسولہ کو ایک ایک بار دھونا فرض ہے اور دو دو، تین تین بار دھونا سنت ہے اسی طرح غسل جنابت میں بھی پورا بدن ایک مرتبہ دھونا فرض ہے، اور دو اور تین مرتبہ دھونا فرض کی تکمیل کے لئے ہے اور سنت ہے۔

[٥-] بابُ الْغُسْلِ مَرَّةً وَاحِدَةً

[٢٥٧-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَتْ مَيْمُوْنَةُ: وَضَعْتُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَاءً لِلْغُسْلِ، فَغَسَلَ يَدَهُ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاثًا، ثُمَّ أَفْرَغَ عَلٰى شِمَالِهِ، فَغَسَلَ مَذَاكِيْرَهُ، ثُمَّ مَسَحَ يَدَهُ بِالْأَرْضِ، ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ أَفَاضَ عَلٰى جَسَدِهِ، ثُمَّ تَحَوَّلَ مِنْ مَكَانِهِ فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ. [راجع: ٢٤٩]

حدیث: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کے لئے غسل کا پانی رکھا، آپؐ نے پہلے اپنا (دایاں) ہاتھ دو یا تین مرتبہ دھویا، پھر برتن کو جھکا کر بائیں ہاتھ میں پانی لے کر مذاکیر دھوئے (یہ ذکر کی خلاف قیاس جمع ہے مراد ذکر اور دو فوطے ہیں) پھر اسی (بائیں) ہاتھ کو مٹی میں رگڑ کر دھویا، پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور چہرہ اور ہاتھوں کو دھویا، پھر پورے بدن پر پانی بہایا، پھر اپنی جگہ سے ہٹ کر دونوں پیر دھوئے (جہاں آپؐ نے غسل فرمایا تھا وہاں غسالہ جمع ہو رہا تھا اس لئے غسل کے آخر میں اپنی جگہ سے ہٹ کر پیر دھوئے)

تشریح: ابن بطال رحمہ اللہ نے فرمایا کہ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال ثم أفاض علی جسدہ سے ہے، حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے اس کو مطلق رکھا ہے، کسی عدد کے ساتھ مقید نہیں کیا، اور تکرار خلافِ اصل ہے پس اقل عدد مراد ہوگا، مگر اس پر علامہ سندھی رحمہ اللہ نے اعتراض کیا ہے کہ یہ حکایت واقعہ ہے، غسل کی حالت کا بیان نہیں، اس لئے تعداد کے عدم ذکر سے یہ نہیں سمجھا سکتا کہ دھونا ایک ہی مرتبہ ہوا تھا۔

اور علامہ کشمیری قدس سرہ نے فرمایا کہ میں نے یہ روایت اس کے تمام طرق سے دیکھی تو مجھے تردد ہوگیا کہ آپؐ نے جسم اطہر پر ایک مرتبہ پانی بہایا تھا یا تین مرتبہ؟ اور میرا رجحان یہ ہے کہ جس طرح آپؐ کی عادت شریفہ وضو میں اعضاء کو تین تین مرتبہ دھونے کی تھی اسی طرح اس غسل میں بھی آپؐ نے جسم کو تین مرتبہ دھویا ہوگا۔ واللہ اعلم

بابُ مَنْ بَدَأَ بِالْحِلَابِ أَوِ الطِّيْبِ عِنْدَ الْغُسْلِ

بووالے یا خوشبووالے پانی سے وضو غسل کرنا جائز ہے

الحِلاب: دودھ دوہنے کا برتن، جو برتن دودھ دوہنے کے لئے ہوتا ہے اس میں بو ہوتی ہے، اگر اس میں گھنٹے دو گھنٹے پانی بھر کر چھوڑ دیا جائے تو اس میں بو پیدا ہو جاتی ہے، اُس بووالے پانی سے غسل کرنا جائز ہے، اسی طرح پانی میں دو چار قطرے عطر کے ٹپکا کر خوشبووالے پانی سے غسل کرنا بھی جائز ہے، اس میں کوئی مضائقہ نہیں، اس لئے کہ پانی کے بووالا یا خوشبووالا ہونے سے پانی کی ماہیت نہیں بدلتی، پس اس سے وضو اور غسل کر سکتے ہیں۔ یہ اس ترجمہ کا مقصد ہے، شارحین کرام اس باب میں بہت پریشان ہوئے ہیں کہ حلاب اور طیب میں کیا جوڑ ہے؟ اصل لفظ حِلَابْ ہے یا یہ جُلَابْ (گلاب) کی تصحیف ہے؟ علامہ کشمیری قدس سرہ نے فیض الباری میں فرمایا ہے کہ اس کو تصحیف قرار دینا صحیح نہیں، بلکہ اس ترجمہ میں تقابل تضاد ہے کہ پانی میں خواہ بو ہو یا خوشبو، اس سے وضو اور غسل کرنا جائز ہے، اور یہی ترجمہ کا مقصد ہے۔

اور باب کا ترجمہ ہے: جس نے دودھ کے برتن سے یا خوشبو سے ابتدا کی نہاتے وقت یعنی شروع سے آخر تک اسی پانی سے نہایا، یعنی شروع میں یا آخر میں سادہ پانی استعمال نہیں کیا تو بھی غسل درست ہے۔

[٦-] بابُ مَنْ بَدَأَ بِالْحِلَابِ أَوِ الطِّيْبِ عِنْدَ الْغُسْلِ

[٢٥٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ، دَعَا بِشَيْءٍ نَحْوَ الْحِلَابِ فَأَخَذَ بِكَفِّهِ، فَبَدَأَ بِشِقِّ رَأْسِهِ الْأَيْمَنِ ثُمَّ الْأَيْسَرِ، فَقَالَ بِهِمَا عَلٰى وَسْطِ رَأْسِهِ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ جب غسل جنابت کا ارادہ کرتے تو دودھ دوہنے کے برتن جیسا کوئی برتن منگواتے، پھر پانی ہتھیلی میں لیتے، اور سر کی دائیں جانب سے شروع فرماتے، پھر بائیں جانب کو دھوتے، پھر دونوں ہاتھوں سے اشارہ کیا سر کے درمیان کی طرف یعنی لپ بھر کر سر کے بیچ میں پانی ڈالتے تھے۔

تشریح: نحو الحِلاب: میں امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک لفظ نحو زائد ہے، یعنی آپؐ حلاب ہی سے غسل فرماتے تھے، اور طیب کو اس پر قیاس کیا ہے، کیونکہ بعض طرق میں اس کی صراحت ہے (فیض الباری ۱: ۳۵۰) اور آپؐ غسل کا آغاز سر کی دائیں جانب سے فرماتے تھے، پہلے انگلیاں بھگا کر سر کی دائیں جانب میں بالوں کی جڑوں میں خلال فرماتے تھے، پھر چلو بھر کر اس پر پانی ڈالتے تھے، پھر بائیں طرف بھی اسی طرح کرتے تھے، پھر لپ بھر کر تین مرتبہ سر پر پانی ڈالتے اور سر دھوتے............ قال کے صلہ میں ب آئے تو معنی اشارہ کرنے کے ہوتے ہیں۔

بابُ الْمَضْمَضَةِ وَالِاسْتِنْشَاقِ فِیْ الْجَنَابَةِ

غسلِ جنایت میں مضمضہ اوراستنشاق کرنا

غسل جنابت میں مضمضہ اور استنشاق واجب ہے یا سنت؟ اس میں اختلاف ہے، حضرت امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک دونوں واجب ہیں، وضو میں بھی اور غسل میں بھی، اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک دونوں میں سنت ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک وضو میں سنت اور غسل میں واجب ہیں، اور یہ مسئلہ منصوص نہیں، اجتہادی ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کی دلیل مواظبت تامہ ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ وضو اور غسل میں مضمضہ اور استنشاق کیا ہے، ایک مرتبہ بھی ترک نہیں کیا، یہ مواظبت وجوب کی دلیل ہے۔ اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک فعل سے وجوب ثابت نہیں ہوتا، اور وجوب کی دوسری کوئی دلیل نہیں۔ پس انھوں نے دونوں کو سنت کہا، اور امام اعظم رحمہ اللہ نے فرمایا: ﴿فَاطَّهَّرُوْا﴾ میں مبالغہ ہے، پس غسل جنابت میں ظاہر بدن کو دھونا ضروری ہے اور ناک اور منہ کے اندر کا حصہ من وجہ ظاہر ہے پس ان کو دھونا بھی ضروری ہے، اس لئے غسل جنابت میں مضمضہ اور استنشاق واجب ہیں اور وضو میں وجوب کی کوئی دلیل نہیں، اس لئے اس میں دونوں سنت ہیں، اور آنکھ کے اندر کا حصہ بھی من وجہ ظاہر ہے اور من وجہ باطن، مگر اس کے دھونے میں حرج ہے، بینائی ختم ہوجانے کا اندیشہ ہے اس لئے اس کا دھونا ساقط ہے۔

اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کی کیا رائے ہے؟ وثوق سے کچھ کہنا مشکل ہے، راجح یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک بھی غسل جنابت میں دونوں واجب ہیں، اس لئے کہ حضرت نے کتاب الغسل میں سب سے پہلا ترجمہ **بابُ الوضوء قبل الغسل** رکھا ہے، یعنی غسل کا آغاز وضو سے ہونا چاہئے، اور وضو کے ضمن میں مضمضہ اور استنشاق آجاتے ہیں، پھر امام بخاریؒ نے مضمضہ اور استنشاق کے لئے مستقل باب قائم کیا، اگر غسل جنایت میں بھی مضمضہ اور استنشاق کی وہی حیثیت ہوتی جو وضو میں تھی تو الگ سے ترجمہ قائم کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ واللہ اعلم بالصواب

[۷-] بابُ الْمَضْمَضَةِ وَالِاسْتِنْشَاقِ فِیْ الْجَنَابَةِ

[۲۵۹-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: ثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَالِمٌ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا مَيْمُوْنَةُ، قَالَتْ: صَبَبْتُ لِلنَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم غُسْلاً، فَأَفْرَغَ بِيَمِيْنِهِ عَلٰى يَسَارِهِ، فَغَسَلَهُمَا، ثُمَّ غَسَلَ فَرْجَهُ، ثُمَّ قَالَ بِيَدِهِ الْأَرْضَ، فَمَسَحَهَا بِالتُّرَابِ، ثُمَّ غَسَلَهَا ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ، وَأَفَاضَ عَلٰى رَأْسِهِ، ثُمَّ تَنَحَّى فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ أُتِیَ بِمِنْدِيْلٍ فَلَمْ يَنْفُضْ بِهَا.

[راجع: ۲۴۹]

حدیث: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کے لئے غسل کا پانی رکھا (صَبَبْتُ بمعنی وضعتُ ہے) آپؐ نے دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا، پس دونوں ہاتھ دھوئے، پھر شرم گاہ دھوئی، پھر ہاتھ سے زمین کی طرف اشارہ کیا اور اس کو مٹی سے رگڑا، پھر اس کو دھویا، پھر مضمضہ اور استنشاق کیا، پھر چہرہ دھویا، اور اپنے سر پر پانی بہایا، پھر اپنی جگہ سے ہٹ کر پیر دھوئے، پھر رومال لایا گیا پس آپؐ نے اس کے ذریعہ پانی نہیں جھاڑا، یعنی بدن نہیں پونچھا۔

تشریح: مِندیل: میم کے زیر اور زبر کے ساتھ: رومال، اس کا مادہ ہے: ندل (ن) ندلا الشیئ: جلدی سے کوئی چیز اچک لینا، منتقل کرنا، تولیہ بدن سے پانی اچک لیتا ہے اس لئے اس کو مندیل کہتے ہیں، اس کے لئے دوسرا لفظ مِنْشَفَة ہے۔ نَشَف (ن،س) نشْفًا الثوبُ: کپڑے کا پانی کو جذب کر لینا۔

وضو اور غسل کے بعد تولیہ استعمال کرنا چاہئے یا نہیں؟

امام شافعی رحمہ اللہ کی ایک روایت اور سعید بن المسیبؒ اور امام زہریؒ کا مذہب یہ ہے کہ تولیہ استعمال کرنا مکروہ ہے، اور جمہور کا مذہب اور امام شافعی رحمہ اللہ کی دوسری روایت یہ ہے کہ اس کی گنجائش ہے، کوئی کراہیت نہیں۔

اور مذکورہ حدیث سے بدن پونچھنے کے عدم جواز پر استدلال درست نہیں، اس حدیث سے صرف بدن نہ پونچھنے کا جواز نکلتا ہے، کبھی دیر تک ٹھنڈا رہنے کے لئے یا کسی اور وجہ سے آدمی بدن نہیں پونچھتا، پس اس کی گنجائش ہے، اور جو حضرات کراہیت کے قائل ہیں وہ بھی اس حدیث سے استدلال نہیں کرتے بلکہ ان کا مستدل یہ ہے کہ قیامت کے دن وضو کا پانی تولا جائے گا، لہٰذا اس کو پونچھنا نہیں چاہئے۔ اعضاء پر خشک ہونے دینا چاہئے تاکہ وہ قیامت کے دن تولا جائے۔ اور حضرت عائشہ اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہما کی حدیثوں سے جواز نکلتا ہے، وہ حدیثیں ترمذی (حدیث نمبر ۵۷ و ۵۸) میں ہیں، اور ضعیف ہیں مگر اباحت ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں۔ اور امام زہریؒ کا یہ فرمانا کہ وضو کا پانی تولا جائے گا یہ اس پر دلالت نہیں کرتا کہ تولیہ استعمال نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ وضو کا پانی بہرحال تولا جائے گا خواہ اعضاء پر خشک ہو جائے یا تولیہ میں چلا جائے، یا نالی میں بہ جائے، وہ میزانِ عمل میں ضرور لایا جائے گا۔

بابُ مَسْحِ الْيَدِ بِالتُّرَابِ لِتَكُوْنَ أَنْقَى

مٹی سے ہاتھ ملنا تاکہ صاف ہو جائے

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی اس روایت میں جو بار بار آرہی ہے ایک بات یہ ہے کہ نبی ﷺ نے شرم گاہ دھونے کے بعد ہاتھ مٹی سے رگڑ کر دھویا، یہ مٹی سے رگڑ کر دھونا غسل کی ماہیت میں داخل ہے یا خارج؟ یہ بات بیان کرنے کے لئے یہ باب لائے ہیں اور ترجمہ میں لتکون أنقى بڑھا کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ ہاتھ کو مٹی سے رگڑنا صفائی کے مقصد سے تھا، غسل کی ماہیت میں داخل نہیں۔ اور اب صابون سے ہاتھ دھونا مٹی سے دھونے کے معنی میں ہے۔

[۸-] بابُ مَسْحِ الْيَدِ بِالتُّرَابِ لِتكُوْنَ أَنْقٰى

[٢٦٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ فَغَسَلَ فَرْجَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ دَلَكَ بِهَا الْحَائِطَ، ثُمَّ غَسَلَهَا، ثُمَّ تَوَضَّأَ وُضُوْءَ هُ لِلصَّلَاةِ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهِ غَسَلَ رِجْلَيْهِ. [راجع: ٢٤٩]

بابٌ هَلْ يُدْخِلُ الْجُنُبُ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ قَبْلَ أَنْ يَّغْسِلَهَا

إِذَا لَمْ يَكُنْ عَلٰى يَدِهِ قَذَرٌ غَيْرُ الْجَنَابَةِ؟

اگر جنبی کے ہاتھ صاف ہوں تو دھوئے بغیر پانی میں ڈال سکتا ہے

جنبی کو ہاتھ دھوکر پانی میں ڈالنے چاہئیں، اگر کوئی جنبی ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں ڈال دے اور اس کے ہاتھ پر جنابت کے علاوہ کوئی ناپاکی نہ ہو تو پانی پاک ہے، اس لئے کہ جنابت نجاست حکمی ہے، حقیقی نجاست نہیں اس لئے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

اس باب کے دو جزء ہیں: ایجابی اور سلبی: جنبی کا ہاتھ دھونے سے پہلے پانی میں ڈالنا: ایجابی جزء ہے، اور ہاتھ پر جنابت کے علاوہ کوئی اور ناپاکی نہ ہو: سلبی جزء ہے یا کہیں کہ باب میں مشروط اور شرط ہیں، اور باب میں دو آثار اور چار مرفوع احادیث ہیں، بعض ایجابی جزء سے متعلق ہیں اور بعض سلبی جزء۔

[۹-] بابٌ هَلْ يُدْخِلُ الْجُنُبُ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ قَبْلَ أَنْ يَّغْسِلَهَا

إِذَا لَمْ يَكُنْ عَلٰى يَدِهِ قَذَرٌ غَيْرُ الْجَنَابَةِ؟

[١-] وَأَدْخَلَ ابْنُ عُمَرَ وَالْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ يَدَهُ فِي الطَّهُوْرِ وَلَمْ يَغْسِلْهَا، ثُمَّ تَوَضَّأَ.

[٢-] وَلَمْ يَرَ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ بَأْسًا بِمَا يَنْتَضِحُ مِنْ غُسْلِ الْجَنَابَةِ.

[٢٦١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ تَخْتَلِفُ أَيْدِيْنَا فِيْهِ. [راجع: ٢٥٠]

[٢٦٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ غَسَلَ يَدَهُ. [راجع: ٢٤٨]

[٢٦٣-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ مِنْ جَنَابَةٍ – وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: مِثْلَهُ. [راجع: ٢٥٠]

[٢٦٤-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم وَالْمَرْأَةُ مِنْ نِسَائِهِ يَغْتَسِلاَنِ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ – زَادَ مُسْلِمٌ، وَوَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ: مِنَ الْجَنَابَةِ.

۱- حضرات ابن عمر اور براء بن عازب رضی اللہ عنہما نے اپنا ہاتھ پانی میں ڈالا جبکہ اس کو دھویا نہیں، پھر وضو کیا۔

استدلال: اس سے معلوم ہوا کہ ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں ڈال سکتے ہیں، اس سے پانی کی طہارت پر اثر نہیں پڑے گا، مگر اس استدلال پر اعتراض کیا گیا ہے کہ ان دونوں بزرگوں نے وضو کیا ہے غسل نہیں کیا، جبکہ باب یہ ہے کہ جنبی غسل سے پہلے ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں ڈال سکتا ہے۔ اور اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ وضو غسلِ جنابت سے پہلے والا وضو ہے، جو مسنون ہے۔ پس اثر باب سے منطبق ہے، مگر اس توجیہ پر یہ اشکال ہے کہ غسل جنابت تنہائی میں کیا جاتا ہے جبکہ ان دونوں بزرگوں نے وضو طالب علموں کے سامنے کیا تھا، پس یہ محض وضو ہے، غسل جنابت سے پہلے والا وضو نہیں۔

۲- حضرات ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہما اُن چھینٹوں میں جو غسل جنابت کے وقت پانی میں گرتے ہیں کوئی مضائقہ نہیں دیکھتے تھے، اور حاشیہ میں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا قول لکھا ہے کہ: من يَمْلِكُ انتشارَ الماء: چھینٹوں سے کون بچ سکتا ہے؟ فإنا لنرجو من رحمة الله ماهو أوسع من هذا: پس ہمیں اللہ کی رحمت سے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے درگذر فرمائیں گے، ان حضرات کے اقوال کا حاصل یہ ہے کہ نہاتے وقت جو چھینٹیں پانی میں پڑیں اس سے پانی ناپاک نہیں ہوتا، پس جنابت والا ہاتھ پانی میں ڈالنے سے بدرجۂ اولیٰ پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں اور نبی ﷺ ایک برتن سے غسل کیا کرتے تھے، ہمارے ہاتھ برتن میں آگے پیچھے پڑتے تھے۔

تشریح: اس حدیث میں غسل سے غسل جنابت مراد ہے، عبدالرحمٰن نے بھی اپنے ابا قاسم سے اس حدیث کو روایت کیا ہے ان کی حدیث میں جنابت کی صراحت ہے، اور غسل کی تکمیل سے پہلے جنابت باقی ہوتی ہے، معلوم ہوا کہ جنابت والا ہاتھ پانی میں ڈالنے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا۔

حدیث (۲): صدیقہؓ فرماتی ہیں: ''جب نبی ﷺ غسل جنابت فرماتے تو پہلے اپنا ہاتھ دھوتے تھے۔

تشریح: یہ حدیث باب کے سلبی جزء سے متعلق ہے۔ اگر ہاتھ پر حسی نجاست ہو تو پہلے ہاتھ دھونے ضروری ہیں، اور نجاست نہ ہو تو بھی دھونے چاہئیں۔

حدیث (۳): صدیقہؓ فرماتی ہیں: میں اور نبی ﷺ ایک ہی برتن سے غسل جنابت کیا کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کو حضرت عائشہؓ سے حضرت عروہ نے روایت کیا ہے اور اس میں جنابت کی صراحت ہے، اور حضرت قاسم نے بھی روایت کیا ہے، پھر ان سے ان کے صاحبزادے عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں، ان کی روایت میں بھی جنابت کی صراحت ہے۔

حدیث (۴): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ اور آپؐ کی ایک زوجہ ایک ہی برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کو شعبہ رحمہ اللہ سے ابوالولید کے علاوہ مسلم بن ابراہیم اور وہب بھی روایت کرتے ہیں ان کی روایتوں میں بھی جنابت کی صراحت ہے۔

بابُ مَنْ أَفْرَغَ بِيَمِيْنِهِ عَلٰى شِمَالِهِ فِى الْغُسْلِ

نہاتے وقت دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالنا

غسل جنابت اور استنجے وغیرہ میں جب دونوں ہاتھ استعمال کرنے ناگزیر ہوں تو موضع نجاست بائیں ہاتھ سے دھوئے اور دائیں ہاتھ سے پانی ڈالے، اس ترجمہ کا یہی مقصد ہے۔

[۱۰-] بابُ مَنْ أَفْرَغَ بِيَمِيْنِهِ عَلٰى شِمَالِهِ فِى الْغُسْلِ

[۲۶۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا أَبُوْعَوَانَةَ، قَالَ: ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِى الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، قَالَتْ وَضَعْتُ لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غُسْلاً، وَسَتَرْتُه، فَصَبَّ عَلٰى يَدِهِ، فَغَسَلَهَا مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ - قَالَ سُلَيْمَانُ: لاَ أَدْرِىْ أَذْكَرَ الثَّالِثَةَ أَمْ لاَ؟ - ثُمَّ أَفْرَغَ بِيَمِيْنِهِ عَلٰى شِمَالِهِ، فَغَسَلَ فَرْجَهُ، ثُمَّ دَلَكَ يَدَهُ بِالْأَرْضِ أَوْ: بِالْحَائِطِ، ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، وَغَسَلَ رَأْسَهُ، ثُمَّ صَبَّ عَلٰى جَسَدِهِ، ثُمَّ تَنَحَّى فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ، فَنَاوَلْتُهُ خِرْقَةً، فَقَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا، وَلَمْ يُرِدْهَا. [راجع: ۲۴۹]

حدیث: حضرت میمونہؓ کہتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کے لئے غسل کا پانی رکھا اور میں نے پردہ کیا (گھر میں غلام وغیرہ ہونگے اس لئے پردہ کیا) آپؐ نے اپنے ہاتھ پر پانی ڈالا اور اس کو ایک یا دو مرتبہ دھویا —— سلیمان اعمش کہتے ہیں: سالم نے تیسری بار ہاتھ دھونے کا تذکرہ کیا یا نہیں؟ مجھے یاد نہیں —— پھر دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا، اور شرم گاہ دھوئی (یہی جزباب سے متعلق ہے) پھر ہاتھ زمین پر یا دیوار پر رگڑا، پھر مضمضہ اور استنشاق کیا، اور چہرے اور ہاتھوں کو دھویا، اور سر دھویا پھر پورے بدن پر پانی بہایا، پھر اپنی جگہ سے ہٹ کر پیر دھوئے، میں نے کپڑے کا ایک ٹکڑا پیش کیا تو آپؐ نے اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کیا اور اس کا ارادہ نہیں کیا۔

تشریح: قال کے صلہ میں ب آئے تو معنی اشارہ کرنے کے ہوتے ہیں، اور لم یردھا کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ایک: حضرت میمونہؓ کپڑا لا رہی تھیں تو آپؐ نے اشارہ سے منع کیا، دوم: سر اور بدن سے پانی جھاڑا اور تولیہ استعمال نہیں کیا، اور بعض حضرات نے اس کو لَمْ یَرُدَّھَا پڑھا ہے یعنی کپڑے کو واپس نہیں کیا مگر یہ غلط ہے، مسند احمد کے الفاظ ہیں: أشار بیدہ أن لا أُرِیْدُ ھا: اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ میں تولیہ نہیں چاہتا۔ معلوم ہوا کہ لم یُرِدْھا ہی صحیح ہے، اور غسل اور وضو کے بعد رومال یا تولیہ استعمال کرنے کا حکم گذر چکا ہے۔

ملحوظہ: یہ باب اور آئندہ باب مصری نسخہ میں مقدم ومؤخر ہیں، ہم نے باب اور حدیث کے نمبر بدلے ہیں۔

بابُ تَفْرِیْقِ الْغُسْلِ وَالْوُضُوْءِ

وضو اور غسل میں موالات ضروری نہیں

وضو اور غسل میں موالات شرط ہے یا نہیں؟ موالات کے معنی ہیں: پے بہ پے کرنا، یعنی ایک عضو خشک ہونے سے پہلے دوسرا عضو دھونا، کیا یہ بات وضو اور غسل میں ضروری ہے؟ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک موالات شرط ہے، اگر ایک عضو دھونے کے بعد دوسرا عضو دھونے میں اتنی تاخیر ہوگئی کہ پہلا عضو خشک ہو گیا تو از سر نو وضو اور غسل کرے۔ اور جمہور کے نزدیک بشمول امام بخاریؒ موالات شرط نہیں، مثلاً ایک شخص نے غسل جنابت کیا اور مضمضہ اور استنشاق بھول گیا، دو چار گھنٹہ کے بعد یاد آیا تو اب مضمضہ اور استنشاق کرلے، پورا غسل لوٹانا ضروری نہیں ـــــ اس باب میں ایک اثر اور ایک حدیث ہے۔

[۱۱-] بابُ تَفْرِیْقِ الْغُسْلِ وَالْوُضُوْءِ

وَیُذْکَرُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ غَسَلَ قَدَمَیْهِ بَعْدَ مَا جَفَّ وَضُوْؤُهُ.

[۲۶۶-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِی الْجَعْدِ، عَنْ کُرَیْبٍ مَوْلٰی ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَتْ مَیْمُوْنَةُ: وَضَعْتُ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم مَاءً یَغْتَسِلُ بِهِ، فَأَفْرَغَ عَلٰی یَدَیْهِ فَغَسَلَهُمَا مَرَّتَیْنِ مَرَّتَیْنِ أَوْ: ثَلاَثًا، ثُمَّ أَفْرَغَ بِیَمِیْنِهِ عَلٰی شِمَالِهِ فَغَسَلَ مَذَاکِیْرَهُ، ثُمَّ دَلَکَ یَدَهُ بِالْأَرْضِ، ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ وَیَدَیْهِ، ثُمَّ غَسَلَ رَأْسَهُ ثَلاَثًا، ثُمَّ صَبَّ عَلٰی جَسَدِهِ، ثُمَّ تَنَحّٰی مِنْ مَقَامِهِ، فَغَسَلَ قَدَمَیْهِ.

اثر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے وضو کیا، اور چہرہ اور ہاتھ دھوکر اور سر پر مسح کر کے کسی کام میں مصروف ہوگئے، اس کام سے فارغ ہوکر پھر پاؤں دھوئے اس وقت تک چہرہ اور ہاتھ خشک ہو چکے تھے، معلوم ہوا کہ وضو میں موالات شرط نہیں، اور غسل کو اس پر قیاس کریں گے، پس غسل میں بھی موالات شرط نہیں۔

حدیث: باب میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جو بار بار آرہی ہے، اس میں ایک جزء یہ ہے کہ آپؐ نے غسل سے فارغ ہوکر پیر دھوئے۔ وضو کے ساتھ پیر نہیں دھوئے، یہی اعضاء وضو دھونے میں تفریق کرنا ہے۔

فائدہ: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے، اور کسی بھی طریق میں مسح رأس کا ذکر نہیں، مگر مسح غَسل کی بہ نسبت ادنی ہے، اور اعلیٰ کے ضمن میں ادنی خود بخود آجاتا ہے۔ اس لئے جب آپؐ نے سر مبارک پر پانی بہایا تو مسح ہوگیا۔

بابٌ: إِذَا جَامَعَ ثُمَّ عَادَ، وَمَنْ دَارَ عَلٰى نِسَائِهِ فِيْ غُسْلٍ وَاحِدٍ

غسل کئے بغیر دوبارہ صحبت کرنا یا دوسری بیوی سے صحبت کرنا جائز ہے

صحبت کرنے کے بعد غسل کئے بغیر اور شرم گاہ دھوئے بغیر معاودت جائز ہے، یعنی اسی بیوی سے یا دوسری بیوی سے دوبارہ صحبت کرنا جائز ہے، بہ الفاظ دیگر: عورت کے جسم میں ناپاک عضو داخل کرنا جائز ہے۔ ایک شخص نے پیشاب کیا، اور استنجاء نہیں کیا اور صحبت کی تو اس میں کچھ حرج نہیں —— احادیث پڑھنے سے پہلے چند باتیں ذہن نشین کرلیں۔

پہلی بات: جس شخص کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوں اس پر ان کے درمیان باری مقرر کرنا واجب ہے، اور ایک کی باری میں اس کی اجازت کے بغیر دوسری بیوی سے صحبت کرنا جائز نہیں، یہ حکم حضر کا ہے سفر کا نہیں۔ اور آنحضور ﷺ پر باری مقرر کرنا واجب نہیں تھا ﴿تُرْجِيْ مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِيْ إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ﴾ میں اس کا بیان ہے۔ البتہ آپؐ نے از خود ازواج کے درمیان باری مقرر کر رکھی تھی۔

دوسری بات: جب آپؐ کسی لمبے سفر سے لوٹتے تو تمام ازواج سے ملتے تاکہ سب کا حق ادا ہوجائے پھر باری مقرر فرماتے۔ اس لئے کہ لمبے سفر سے لوٹنے کے بعد جس طرح مرد کو عورت کی خواہش ہوتی ہے عورت بھی مرد کی منتظر ہوتی ہے۔ غزوۂ تبوک سے مراجعت کے بعد آپؐ نے تمام ازواج سے صحبت فرمائی ہے اور ہر صحبت کے بعد غسل فرمایا ہے، اور حجۃ الوداع میں احرام باندھنے سے قبل اور احرام کھولنے کے بعد بھی تمام ازواج سے صحبت فرمائی ہے، اس لئے کہ احرام سے قبل اور احرام کے بعد جس طرح مرد کے لئے صحبت کرنا مسنون ہے عورت کے لئے بھی مسنون ہے۔ چنانچہ آپؐ نے تمام ازواج سے صحبت فرمائی اور آخر میں ایک غسل فرمایا کیونکہ یہ سفر کا موقعہ تھا، سفر میں پانی تھوڑا ہوتا ہے۔

تیسری بات: احرام شروع کرنے سے پہلے سر، ڈاڑھی یا بدن میں خوشبو لگانے کا کیا حکم ہے؟ حضرت ابن عمرؓ اس کو ناجائز کہتے تھے۔ جب یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو معلوم ہوئی تو آپ نے اس کی تردید کی اور فرمایا: ذوالحلیفہ میں احرام شروع کرنے سے پہلے میں نے خود نبی ﷺ کے خوشبو لگائی ہے اور آپؐ کی مانگ میں خوشبو بھری ہے، جو کئی دنوں تک آپؐ کی مانگ میں چمکتی رہی، اس میں سے خوشبو آتی تھی، پس اس کو ناجائز کیسے کہہ سکتے ہیں؟!

چوتھی بات: کسی نے احرام کی چادر میں خوشبو لگائی پھر احرام شروع کیا پس جب تک وہ چادر بدن پر رہے گی کوئی مضائقہ نہیں، مگر بدن سے الگ کرنے کے بعد دوبارہ اس کو اوڑھنا جائز نہیں، ورنہ جنایت لازم آئے گی، اسی طرح بدن پر خوشبو لگائی پھر احرام شروع کیا تو مضائقہ نہیں، مگر اس خوشبو سے چادر خوشبودار ہوگئی تو اس چادر کو بدن سے جدا کرنے کے بعد دوبارہ اوڑھنا جائز نہیں ورنہ جنایت لازم آئے گی۔

[۱۲-] بابٌ: إِذَا جَامَعَ ثُمَّ عَادَ، وَمَنْ دَارَ عَلٰى نِسَائِهِ فِيْ غُسْلٍ وَاحِدٍ

[۲۶۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: ذَكَرْتُهُ لِعَائِشَةَ، فَقَالَتْ: يَرْحَمُ اللّٰهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! كُنْتُ أُطَيِّبُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَيَطُوْفُ عَلٰى نِسَائِهِ، ثُمَّ يُصْبِحُ مُحْرِمًا يَنْضَخُ طِيْبًا [انظر: ۲۷۰]

حدیث (۱): محمد بن المنتشر کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہؓ سے یہ بات ذکر کی تو انھوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوعبد الرحمٰن (ابن عمر) پر رحم فرمائیں! میں نبی ﷺ کے خوشبو لگاتی تھی، پس آپؐ تمام بیویوں کے پاس تشریف لے جاتے، پھر صبح کرتے احرام کی حالت میں یعنی صبح میں احرام باندھتے، درانحالیکہ خوشبو آپؐ کے بدن سے مہک رہی ہوتی تھی۔

تشریح: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے نزدیک احرام سے پہلے ایسی خوشبو لگانا جس کا اثر احرام کے بعد تک باقی رہے جائز نہیں تھا، جب محمد بن المنتشر نے یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتائی تو انھوں نے اس کی تردید کی اور فرمایا: اللہ ابو عبدالرحمٰن پر رحم فرمائیں، میں نے خود نبی ﷺ کو احرام سے پہلے خوشبو لگائی ہے، جو احرام کے بعد بھی آپؐ کے بدن سے پھوٹ رہی تھی، پس اس کو ناجائز کیسے کہہ سکتے ہیں؟

اس موقع پر آپؐ نے تمام ازواج سے صحبت فرمائی تھی اور آخر میں ایک غسل فرمایا تھا اور یہی امام بخاری رحمہ اللہ کا مدعی ہے کہ ایک مرتبہ صحبت کرنے کے بعد غسل کرنے سے پہلے اسی بیوی سے یا دوسری بیوی سے صحبت کرنا جائز ہے۔

[۲۶۸-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَدُوْرُ عَلٰى نِسَائِهِ فِي السَّاعَةِ الْوَاحِدَةِ مِنَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَهُنَّ إِحْدَى عَشْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: أَوَ كَانَ يُطِيْقُهُ؟ قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّهُ أُعْطِيَ قُوَّةَ ثلاثِيْنَ.
وَقَالَ سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ: إِنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ: تَسْعُ نِسْوَةٍ. [انظر: ۲۸۴، ۵۰۶۸، ۵۲۱۵]

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ رات اور دن کی ایک گھڑی میں اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے جاتے تھے، اور ازواج گیارہ تھیں، راوی کہتا ہے: میں نے حضرت انسؓ سے پوچھا: کیا آپؐ اس کی طاقت

رکھتے تھے؟ انھوں نے فرمایا: ہم (صحابہ) آپس میں باتیں کرتے تھے کہ آپؐ کو تیس مردوں کی طاقت دی گئی تھی۔

تشریح:

۱-آنحضور ﷺ نے دن میں بھی ایک وقت میں تمام ازواج مطہرات سے صحبت فرمائی ہے اور رات میں بھی، غزوۂ تبوک سے مراجعت کے بعد دن میں تمام ازواج سے مجامعت فرمائی ہے، اور ہر بیوی کے یہاں غسل فرمایا ہے، طحاوی (۱:۹۸) میں اس کی صراحت ہے، اور ذوالحلیفہ والی رات میں بھی تمام ازواج سے مجامعت فرمائی ہے اور آخر میں ایک غسل فرمایا ہے۔

۲-الساعة الواحدة سے عرفی ساعت مراد نہیں بلکہ تھوڑا وقت مراد ہے، یعنی تھوڑے وقت میں تمام ازواج سے مجامعت فرمائی، اور ظاہر ہے تھوڑے وقت میں تمام ازواج سے مجامعت اسی وقت ممکن ہے جب کہ آخر میں ایک غسل کیا ہو، ہر صحبت کے بعد غسل نہ کیا ہو، ورنہ اس کے لئے زیادہ وقت درکار ہوگا، پس باب ثابت ہوا کہ ایک مرتبہ مجامعت کے بعد غسل کئے بغیر معاودت جائز ہے اور دوسری بیوی سے بھی صحبت جائز ہے۔

۳-اس حدیث کو قتادہ رحمہ اللہ سے ہشام نے بھی روایت کیا ہے اور سعید بن ابی عروبہ نے بھی، ہشام کی روایت میں ازواج مطہرات کی تعداد گیارہ ہے اور سعید کی روایت میں نو، اور یہی صحیح ہے اس لئے کہ نبی ﷺ کے نکاح میں ایک وقت میں نو سے زیادہ بیویاں جمع نہیں ہوئیں، اور حضرت ہشام کی روایت کی یہ تاویل کی گئی ہے کہ نو ازواج مطہرات تھیں اور دو باندیاں تھیں، جن کے نام ماریہ قبطیہ اور ریحانہ تھے، پس تعداد گیارہ ہوگئی[1]

۴-حضرت قتادہ رحمہ اللہ نے حیرت سے پوچھا کہ کیا نبی ﷺ میں اتنی طاقت تھی کہ ایک وقت میں نو ازواج سے صحبت فرمائیں؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: صحابہ میں یہ چرچا تھا کہ آپؐ کو تیس آدمیوں کی طاقت دی گئی تھی، اور صحیح اسماعیلی کی روایت میں چالیس جنتی مردوں کے برابر قوت کا ذکر ہے، اور ترمذی میں یہ بھی ہے کہ جنت کے ایک مرد کی طاقت دنیا کے سو آدمیوں کے برابر ہے، اس حساب سے نبی ﷺ کو چار ہزار مردوں کے برابر قوت دی گئی تھی، مگر اس کے باوجود آپؐ نے پچیس سال کی عمر تک کوئی نکاح نہیں فرمایا، جو شباب اور امنگوں کے اصلی دن ہیں، پھر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمایا جن کی عمر ڈھل چکی تھی، اور دو مرتبہ بیوہ ہو چکی تھیں، پھر ترپن سال تک اسی ایک بیوی کے ساتھ زندگی بسر کی، پھر چند اور نکاح فرمائے وہ بھی اپنی ضرورت سے نہیں بلکہ ملّی، ملکی اور شخصی ضرورت سے جس کی تفصیل

---

(۱) آپ ﷺ نے دو باندیوں کو بیوی کے طور پر رکھا تھا وہ سرّیّات کہلاتی ہیں: (۱) حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا (متوفیہ ۱۶ھ) آپؓ رسول اللہ ﷺ کی ام ولد ہیں، ذوالحجہ ۸ھ میں حضرت ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ آپ کے بطن سے پیدا ہوئے تھے، مُقَوْقِسْ (شاہ مصر) نے حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ کے ساتھ آپ کو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا، آپ عالیہ (مدینہ کے بالائی حصہ) میں رہتی تھیں (۲) حضرت ریحانہ رضی اللہ عنہا: بنونضیر یا بنوقریظہ کے سبایا میں سے تھیں، حضور ﷺ نے آپ کو بھی حجاب میں رکھا تھا، آپؓ کا انتقال حجۃ الوداع کے بعد ۱۰ھ میں حضور ﷺ کی حیات ہی میں ہوگیا تھا۔

'علمی خطبات' میں ہے۔

اور صحابہ کے درمیان جس بات کا چرچا تھا اس کی دلیل بھی یہی واقعہ ہے، یہ واقعہ آپؐ کی آخری زندگی کا ہے، حجۃ الوداع کے موقع پر آپؐ کی عمر مبارک تریسٹھ سال ہوچکی تھی جو بڑھاپے کا زمانہ ہے اور وفات سے دوتین ماہ پہلے کا واقعہ ہے۔ اس عمر میں ایک رات میں نو یا گیارہ بیویوں سے صحبت کرنا غیر معمولی قوت کی دلیل ہے، جوان: جوانی میں اتنی مرتبہ جماع نہیں کرسکتا پس اس واقعہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو غیر معمولی قوت عطا فرمائی تھی۔

علاوہ ازیں: موسم، آب وہوا اور غذا کے تفاوت سے قوت مردمی کا متفاوت ہونا ایک بدیہی امر ہے، عرب میں جا کر کوئی بسے تو چند مہینوں ہی میں اپنے اندر تفاوت محسوس کرے گا، اور ٹھنڈے ملکوں کے باشندے چالیس پچاس سال کی عمر کے بعد کسی قابل نہیں رہتے، اگر ان کی سمجھ میں تعدد ازواج کا مسئلہ نہ آئے تو وہ معذور ہیں، وہ اس ضرورت کو سمجھ ہی نہیں سکتے، رہا یہ مسئلہ کہ امت کے لئے چار کی تحدید اور آپؐ کے لئے عدم تحدید کیوں تھی؟ اس کی وجہ کی طرف اوپر ہم نے اشارہ کیا ہے کہ ملّی، ملکی اور شخصی (بیوی صاحبہ یا اس کے متعلق کی) ضرورت کی وجہ سے عدم تحدید تھی، کیونکہ یہ مصلحتیں تحدید کو قبول نہیں کرتیں، اور چار سے زیادہ ازواج ہونے کی صورت میں ظلم کے اندیشے سے نبی معصوم ہوتا ہے، اس سے ایسا گناہ سرزد نہیں ہوسکتا، اس کی مزید تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵:۹۹) میں ہے۔

بابُ غَسْلِ الْمَذِیِّ وَالْوُضُوْءِ مِنْهُ

مذی ناپاک اور ناقص وضو ہے

اس باب میں تین مسئلے ہیں: (۱) مذی ناپاک ہے، منی کی طہارت وعدم طہارت میں تو اختلاف ہے مگر مذی کے ناپاک ہونے میں کوئی اختلاف نہیں (۲) مذی کی تطہیر کے لئے غسل ضروری ہے، منی امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک دھونے سے بھی پاک ہوتی ہے، اور کپڑے پر سے کھرچنے سے بھی، مگر مذی کی تطہیر کے لئے غسل متعین ہے (۳) مذی ناقص وضو ہے، ناقض غسل نہیں، اور یہ سب مسائل اجماعی ہیں اور باب کی حدیث سے تینوں مسائل ثابت ہوتے ہیں، اور حدیث کتاب العلم کے آخر میں گذر چکی ہے۔

[۱۳-] بابُ غَسْلِ الْمَذِیِّ وَالْوُضُوْءِ مِنْهُ

[۲۶۹-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ أَبِیْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ: كُنْتُ رَجُلاً مَذَّاءً، فَأَمَرْتُ رَجُلاً أَنْ يَسْأَلَ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم لِمَكَانِ ابْنَتِهِ، فَسَأَلَ، فَقَالَ: "تَوَضَّأْ وَاغْسِلْ ذَكَرَكَ" [راجع: ۱۳۲]

بَابُ مَنْ تَطَيَّبَ ثُمَّ اغْتَسَلَ وَبَقِيَ أَثَرُ الطِّيْبِ

خوشبو لگائی پھر نہایا، اور خوشبو کا اثر باقی رہا تو کچھ حرج نہیں

اگر بدن پر تیل یا خوشبو ملی، پھر غسل کیا اور اثر باقی رہ گیا تو کچھ حرج نہیں، اور یہ باب درحقیقت دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، کسی شخص نے صحبت سے پہلے خوشبو لگائی تاکہ نشاط پیدا ہو، یا غسل جنابت سے پہلے تیل لگایا تاکہ بدن میں تری آئے تو تیل پانی کو بدن تک پہنچنے نہیں دے گا اس لئے غسل بھی نہیں ہوگا، اس وہم کو دور کرنے کے لئے یہ باب لائے ہیں کہ غسل صحیح ہوگا، اس لئے کہ جنابت نجاست حکمی ہے، وہ نہ خوشبو میں سرایت کرتی ہے نہ تیل میں، اور خوشبو اور تیل پانی کو بدن تک پہنچنے سے روکتے بھی نہیں اس لئے غسل صحیح ہے۔

البتہ اگر کوئی ایسی چیز لگائے جس کی پرت جمتی ہے جیسے عورتیں ناخن پالش لگاتی ہیں، اس کی ناخن پر پرت جمتی ہے، اس کو کھرچے بغیر غسل و وضو صحیح نہیں ہوگا، اور وہ چیزیں جن کی پرت نہیں جمتی صرف رنگ چڑھتا ہے جیسے مہندی کا رنگ تو وہ وضو اور غسل کے لئے مانع نہیں۔

[١٤-] بَابُ مَنْ تَطَيَّبَ ثُمَّ اغْتَسَلَ وَبَقِيَ أَثَرُ الطِّيْبِ

[٢٧٠-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ، وَذَكَرْتُ لَهَا قَوْلَ ابْنِ عُمَرَ: مَا أُحِبُّ أَنْ أُصْبِحَ مُحْرِمًا أَنْضَخُ طِيْبًا! فَقَالَتْ عَائِشَةُ: أَنَا طَيَّبْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ طَافَ فِيْ نِسَائِهِ، ثُمَّ أَصْبَحَ مُحْرِمًا. [راجع: ٢٦٧]

[٢٧١-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَكَمُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَى وَبِيْصِ الطِّيْبِ فِيْ مَفْرِقِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُحْرِمٌ.

[انظر: ١٥٣٨، ٥٩١٨، ٥٩٢٣]

حدیث: محمد بن المنتشر کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا اور آپؓ سے حضرت ابن عمرؓ کا قول ذکر کیا کہ وہ فرماتے ہیں: مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں احرام کی حالت میں صبح کروں درانحالیکہ میرے بدن سے خوشبو پھوٹ رہی ہو۔ یعنی ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ احرام سے پہلے ایسی خوشبو لگانا جائز نہیں جس کا اثر بعد میں باقی رہے۔ صدیقہؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کے خوشبو لگائی، پھر آپؐ تمام ازواج کے پاس تشریف لے گئے، پھر صبح میں احرام شروع فرمایا۔

اور دوسری حدیث میں صدیقہؓ فرماتی ہیں گویا میں دیکھ رہی ہوں نبی ﷺ کی مانگ میں خوشبو کی چمک درانحالیکہ آپ محرم تھے، یعنی احرام شروع کرنے سے قبل رات میں میں نے آپؐ کو خوشبو لگائی تھی اور آپؐ کی مانگ میں خوشبو بھری تھی، جو

احرام کے بعد بھی آپؐ کی مانگ میں چمک رہی تھی، وہ منظر آج تک میری نظروں کے سامنے ہے، پس ابن عمرؓ کی بات صحیح نہیں۔

تشریح: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ذوالحلیفہ والی رات میں آپؐ کے خوشبو لگائی تھی اور آپؐ کی مانگ میں خوشبو بھری تھی، پھر آپؐ نے تمام ازواج سے صحبت فرمائی، اور آخر میں ایک غسل فرمایا، پھر صبح میں احرام شروع فرمایا، احرام سے پہلے خوشبو نہیں لگائی، اور احرام کے بعد بھی آپؐ کے بدن مبارک سے خوشبو پھوٹ رہی تھی اور مانگ میں خوشبو نظر آرہی تھی۔ معلوم ہوا کہ خوشبو میں جنابت سرایت نہیں کرتی، اور غسل جنابت کے بعد خوشبو کا اثر جسم پر باقی رہے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں، غسل صحیح ہے۔ اور دلک یعنی رگڑ کر بدن دھونے کی عدم فرضیت بھی ثابت ہوئی، اگر آپؐ خوب رگڑ کر نہاتے تو مانگ میں خوشبو نظر نہ آتی، جبکہ وہ نظر آرہی تھی، معلوم ہوا کہ دلک فرض نہیں۔

بابُ تَخْلِيْلِ الشَّعْرِ، حَتّٰى إِذَا ظَنَّ أَنَّهُ قَدْ أَرْوَى بَشَرَتَهُ أَفَاضَ عَلَيْهِ

بالوں میں خلال کرنا، پھر جب بالوں کی جڑیں تر ہوجائیں تو سر پر پانی ڈالنا

اگر سر پر بال بڑے ہوں تو غسل جنابت میں پہلے انگلیاں بھگا کر بالوں کی جڑوں میں خلال کرنا چاہئے، اور جڑوں کو تر کرنا چاہئے، پھر نہانا شروع کرے۔ جاننا چاہئے کہ وضو میں گھنی ڈاڑھی میں خلال کرنا مستحب ہے، مگر غسل جنابت میں بالوں میں خلال کرنا مستحب نہیں، کیونکہ ڈاڑھی میں خلال فی نفسہ مطلوب ہے پس وہ مستحب ہے اور بالوں میں خلال فی نفسہ مطلوب نہیں، بلکہ بالوں کی جڑوں کو تر کرنے کے مقصد سے خلال کرنے کا حکم ہے، پس وہ مستحب نہیں، اگر کسی اور طریقہ سے بالوں کی جڑیں تر ہوجائیں اور جڑیں خشک رہنے کا احتمال نہ رہے تو کافی ہے خلال ضروری نہیں۔ جیسے ہمارے علاقہ میں خدا کے فضل سے پانی بہت ہے، نہانے والا مگّے بھر بھر کر سر پر ڈالتا ہے اور بالوں کی جڑوں کے خشک رہ جانے کا کوئی احتمال نہیں رہتا اس لئے بالوں میں کوئی خلال نہیں کرتا، اور نہ کوئی یہ مسئلہ جانتا ہے، اس کی وجہ یہی ہے کہ بالوں میں خلال فی نفسہ مطلوب نہیں اسی لئے حضرت رحمہ اللہ نے یہ ترجمہ قائم کیا کہ بالوں کی جڑوں میں خلال کرو، یہاں تک کہ غالب گمان ہوجائے کہ کھال نے پانی پی لیا، یعنی جڑیں تر ہوگئیں تو نہانا شروع کرے، یعنی خلال کا مقصد بالوں کی جڑوں کو تر کرنا ہے وہ فی نفسہ مطلوب نہیں۔

[۱۵-] بابُ تَخْلِيْلِ الشَّعْرِ، حَتّٰى إِذَا ظَنَّ أَنَّهُ قَدْ أَرْوَى بَشَرَتَهُ أَفَاضَ عَلَيْهِ

[۲۷۲-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ غَسَلَ يَدَيْهِ، وَتَوَضَّأَ وُضُوْءَ هُ لِلصَّلاَةِ، ثُمَّ اغْتَسَلَ، ثُمَّ تَخَلَّلَ بِيَدِهِ شَعْرَهُ، حَتّٰى إِذَا ظَنَّ أَنَّهُ قَدْ أَرْوَى بَشَرَتَهُ أَفَاضَ عَلَيْهِ الْمَاءَ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ غَسَلَ سَائِرَ جَسَدِهِ. [راجع: ۲۴۸]

[۲۷۳-] وَقَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ نَغْرِفُ مِنْهُ جَمِيْعًا.
[راجع: ۲۵۰]

وضاحت: یہ حضرت عائشہؓ کی حدیث ہے جو بار بار آرہی ہے اور یہاں اس میں تقدیم وتاخیر ہے، پہلے آپؐ نے خلال کیا اور بالوں کی جڑوں کو تر کیا، پھر غسل فرمایا۔ یا اغتسل: أراد أن يغتسل کے معنی میں ہے کہ جب آپؐ غسل جنابت کا ارادہ فرماتے تو پہلے بالوں میں خلال فرماتے .... اور نغرف منه جميعا کا مطلب ہے: ہم دونوں ہی اس برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی لیتے تھے۔

بابُ مَنْ تَوَضَّأَ فِيْ الْجَنَابَةِ، ثُمَّ غَسَلَ سَائِرَ جَسَدِهِ، وَلَمْ يُعِدْ غَسَلَ مَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهُ مَرَّةً أُخْرَى

غسل جنابت کے شروع میں وضو کیا، پھر سارا بدن دھویا، اور اعضاء وضو کو دوبارہ نہیں دھویا تو غسل درست ہے

گذشتہ باب میں یہ مسئلہ تھا کہ غسل جنابت میں بالوں میں خلال کرنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اب اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ غسلِ جنابت سے پہلے وضو کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ حضرت رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس نے غسل جنابت کیا، پھر باقی بدن کو دھویا (سائر کے دو معنی ہیں: سارا اور باقی۔ یہاں دوسرے معنی ہیں، اور قرینہ اگلا جملہ ہے) اور اعضائے وضو دوبارہ نہیں دھوئے تو بھی غسل صحیح ہے۔

غسل جنابت میں وضو مستقلاً مطلوب ہے یا تبعاً للغسل مطلوب ہے؟ ایک رائے یہ ہے کہ مستقلاً مطلوب ہے، پس وضو غسل جنابت کا جزء نہیں ہوگا، اور غسل کے وقت اعضاء وضو پر دوبارہ پانی بہانا ہوگا۔

مگر امام بخاری رحمہ اللہ اس رائے سے متفق نہیں۔ حضرت کے نزدیک غسل جنابت کے شروع میں جو وضو ہے، وہ تبعاً للغسل ہے، یعنی اعضاء وضو کی شرافت کی وجہ سے وضو کا حکم ہے، اور وہ وضو غسل جنابت کا جزء ہے، یہی جمہور کی رائے ہے، پس اگر غسل جنابت میں ان اعضاء پر دوبارہ پانی نہیں بہایا تو بھی غسل صحیح ہوگا۔

[۱۶-] بابُ مَنْ تَوَضَّأَ فِيْ الْجَنَابَةِ، ثُمَّ غَسَلَ سَائِرَ جَسَدِهِ، وَلَمْ يُعِدْ غَسَلَ مَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهُ مَرَّةً أُخْرَى

[۲۷۴-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، قَالَ: أَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ كُرَيْبٍ

مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، قَالَتْ: وَضَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَضُوْءَ الْجَنابَةِ، فَأَكْفَأَ بِيَمِيْنِهِ عَلٰى يَسارِهِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاثًا، ثُمَّ غَسَلَ فَرْجَهُ، ثُمَّ ضَرَبَ يَدَهُ بِالْأَرْضِ أَوِ الْحائِطِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثلاثًا، ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَذِراعَيْهِ، ثُمَّ أَفَاضَ عَلٰى رَأْسِهِ الْماءَ، ثُمَّ غَسَلَ جَسَدَهُ، ثُمَّ تَنَحَّى فَغَسَلَ رِجْلَيْهِ، قَالَتْ: فَأَتَيْتُهُ بِخِرْقَةٍ، فَلَمْ يُرِدْها، فَجَعَلَ يَنْفُضُ بِيَدِهِ.[راجع: ٢٤٩]

وضاحت: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث میں یہ ہے کہ نبی ﷺ نے غسل کا پانی خود رکھا، جبکہ پہلے یہ بات گذری ہے کہ حضرت میمونہؓ نے پانی رکھا تھا، یہ تعارض نہیں اس لئے کہ خادم کا عمل مخدوم کا عمل سمجھا جاتا ہے............اور حدیث کا باب کے ساتھ جوڑ یہ ہے کہ بدن دھونے کا وضو کے ساتھ مقابلہ کیا گیا ہے۔ پہلے اعضاء وضو دھونے کا ذکر ہے، پھر بدن دھونے کا، اس مقابلہ سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ باقی جسم دھویا ہے سارا جسم نہیں دھویا، ورنہ تقابل نہیں رہے گا۔

اور دوسری تطبیق یہ ہے کہ اگر غسل جنابت میں وضو مستقلاً مطلوب ہوتا تو آپؐ وضو میں پاؤں بھی دھوتے، ان کا غسل مؤخر نہ کرتے، اگر یہ کہا جائے کہ جہاں آپؐ نے غسل فرمایا تھا وہاں غسالہ جمع ہو رہا ہوگا اس لئے پیر دھونے کو مؤخر کیا تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر وضو بالذات مقصود ہوتا تو آپؐ وضو میں بھی پیر دھوتے اور غسالہ جمع ہونے کی وجہ سے بعد میں بھی دھوتے، دوبارہ پیر دھونے میں دشواری کیا تھی؟ مگر آپؐ نے ایسا نہیں کیا، معلوم ہوا کہ غسل جنابت میں وضو مستقل مطلوب نہیں، تبعاً اور ضمناً مطلوب ہے۔

قوله: فجعل ينفض بيده: یہ جملہ پہلے (حدیث ۲۵۹) بھی گذرا ہے، وہاں یہ بتایا تھا کہ اس کے دو مطلب ہوسکتے ہیں: ایک: ہاتھ کے اشارہ سے منع کیا کہ تولیہ نہیں چاہئے، دوسرا: ہاتھ سے بدن پر سے پانی جھاڑا، پہلے جو الفاظ گذرے ہیں ان سے پہلے معنی کی تائید ہوتی ہے، اور یہاں جو الفاظ ہیں ان سے دوسرے معنی کی تائید ہوتی ہے اور یہی صحیح ہے۔

بابٌ: إِذَا ذَكَرَ فِي الْمَسْجِدِ أَنَّهُ جُنُبٌ خَرَجَ كَمَا هُوَ وَلاَ يَتَيَمَّمُ

مسجد میں یاد آیا کہ جنبی ہے تو اسی حال میں نکل جائے، تیمّم نہ کرے

عربی میں بعض افعال ایسے ہیں جن کے ماضی مضارع ایک ہیں اور مصدر مختلف، اور مصدر کے اختلاف سے معنی بدلتے ہیں۔ جیسے دَخَلَ يَدْخُلُ دُخُوْلاً: کے معنی ہیں: کسی چیز کے اندر جانا، اور دَخل يَدْخُلُ دَخلاً کے معنی ہیں: دَغل فصل کرنا، چار سو بیسی کرنا، اسی طرح ذَكَرَ يَذْكُرُ ذِكْرًا کے معنی ہیں: اللہ کا ذکر کرنا، اللہ کو یاد کرنا۔ اور ذَكَرَ يَذْكُرُ ذُكْرًا کے معنی ہیں: بھولی ہوئی بات یاد کرنا، باب میں ذَكَرَ: ذُكْرًا سے ہے، یعنی ایک آدمی بھول گیا کہ وہ جنبی ہے اور وہ مسجد میں چلا گیا، پھر اسے جنبی ہونا یاد آیا تو کیا کرے؟ فوراً نکل جائے یا دیوار وغیرہ پر تیمّم کرکے نکلے؟ یہ مسئلہ منصوص نہیں، اجتہادی ہے اور ہر فقیہ کی رائے الگ ہے، میں ان میں سے چند ضروری آراء ذکر کرتا ہوں، اصل تو ہمیں احناف کا مذہب جاننا ہے اور امام بخاری

رحمہ اللہ کی رائے کو سمجھنا ہے۔

اوراس مسئلہ کے ساتھ اور بھی مسائل ملحق ہیں، مثلاً: مسجد میں سویا تھا کہ احتلام ہوگیا، یا ڈول رسّی مسجد کے اندر ہیں اور کوئی لاکر دینے والا نہیں، اور طہارت حاصل کرنے کی کوئی صورت نہیں، یا مسجد میں سے گذرنا ہے، دوسرا کوئی راستہ نہیں تو امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر مسجد سے باہر جنابت لاحق ہوئی ہے تو تیمّم کر کے مسجد میں جائے اور ڈول رسّی لائے یا مسجد میں سے گذرے اور مسجد کے اندر جنابت لاحق ہوئی ہے تو مسجد کی مٹی کے علاوہ سے تیمّم کرے، مسجد کے فرش اور دیوار پر تیمّم کرنا جائز نہیں، اور مسجد کے علاوہ کوئی تیمّم کا سامان نہ ہو تو فوراً نکل جائے، حالت جنابت میں مسجد میں ٹھہرنا جائز نہیں۔ البتہ اعذار کی صورتیں مستثنیٰ ہیں، مثلاً باہر کرفیو لگا ہوا ہے، یا سردی سخت ہے، ٹھنڈے ملکوں میں مسجد گرم رکھی جاتی ہے، اور معقول انتظام کے بغیر باہر نکلنے میں جان کا خطرہ ہوتا ہے تو مسجد میں ٹھہر سکتا ہے، یہ حنفیہ کی رائے ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مسجد سے گذرنے کی اجازت ہے ٹھہرنے کی اجازت نہیں، ان کے نزدیک تیمّم کے بغیر بھی مسجد سے گذر سکتا ہے اور ڈول رسّی لے سکتا ہے، البتہ مسجد میں ٹھہرنا جائز نہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ مطلقاً عدم جواز کے قائل ہیں، جنبی کے لئے نہ عبور کی اجازت ہے نہ ٹھہرنے کی۔ وہ فرماتے ہیں: اگر جنبی مسجد سے باہر ہے تو اندر جانا جائز نہیں، اور بھول کر چلا گیا تو فوراً نکل آئے۔ حدیث شریف میں یہ واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لائے، تکبیر اور صفیں درست ہوگئیں اچانک آپؐ نے فرمایا: اپنی جگہ رہو، اور آپؐ گھر میں تشریف لے گئے، اور نہا کر تشریف لائے اس حال میں کہ بالوں سے پانی ٹپک رہا تھا، آپؐ نے نماز پڑھائی اور فرمایا: میں جنبی تھا، مجھے غسل کرنا یاد نہیں رہا، میں بھول گیا تھا۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا اس سے استدلال یہ ہے کہ آپؐ بھول سے مسجد میں آ گئے، پھر جب یاد آیا تو تیمّم نہیں کیا بلکہ فوراً مسجد سے نکل گئے اور غسل کر کے تشریف لائے، معلوم ہوا کہ مسجد میں جنبی کے لئے تیمّم کی مقدار بھی ٹھہرنا جائز نہیں۔

غرض امام بخاری رحمہ اللہ کی دلیل باب کی حدیث ہے مگر شارحین نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ یہ نبی ﷺ کی خصوصیت تھی، ترمذی شریف میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مناقب میں حدیث ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''اس مسجد میں میرے اور تیرے علاوہ کسی کے لئے جنبی ہونا جائز نہیں'' (ترمذی حدیث ۳۷۵۶) پس اس حدیث سے استدلال درست نہیں۔

مگر یہ اعتراض صحیح نہیں، اس لئے کہ یہ حدیث غایت درجہ ضعیف ہے بلکہ ابن جوزی رحمہ اللہ نے اس کو موضوعات میں لیا ہے۔ اس کا ایک راوی عطیہ عوفی: شیعہ تھا اور مدلس تھا اور حدیث میں بہت زیادہ غلطیاں کرتا تھا۔ اس سے یہ حدیث دو شخص روایت کرتے ہیں، کثیر بن اسماعیل النّوّاء: یہ غالی شیعہ اور ضعیف راوی تھا۔ دوسرا: سالم بن ابی حفصہ عجلی ابو یونس کوفی: یہ بھی غالی شیعہ تھا، اس لئے یہ روایت یا تو موضوع ہے یا غایت درجہ ضعیف ہے۔ اور امام بخاریؒ اس حدیث سے ناواقف بھی نہیں، امام بخاریؒ نے امام ترمذیؒ سے جو دو حدیثیں سنی ہیں جو ترمذی میں ہیں ان میں سے ایک حدیث یہ ہے، اور اس کو

انتہائی درجہ ضعیف قرار دیا ہے پس اس سے نہ استدلال ہوسکتا ہے اور نہ کوئی خصوصیت ثابت ہوسکتی ہے۔

غرض اگر جنبی بھول کر مسجد میں چلا گیا تو کوئی حرج نہیں، رُفع عن أمتی الخطأ و النسیان: مگر یاد آتے ہی امام بخاریؒ کے نزدیک فوراً نکل جانا ضروری ہے، تیمّم کے بقدر بھی مسجد میں ٹھہرنا جائز نہیں، نبی ﷺ یاد آتے ہی فوراً نکل گئے تھے، آپؐ نے تیمّم نہیں کیا تھا، یہی رائے امام شافعی رحمہ اللہ کی بھی ہے، ان کے نزدیک عبور کی اجازت ہے لبث کی نہیں، اور حنفی بھی فوراً نکل جائے گا کیونکہ مسجد میں عام طور پر مسجد کی مٹی کے علاوہ کوئی چیز تیمّم کے لئے نہیں ہوتی، پس تمام رائیں تقریباً ایک ہوگئیں البتہ داؤد ظاہری اور امام مزنی (یہ امام شافعیؒ کے خاص شاگرد ہیں) کے نزدیک ہر حال میں مسجد میں ٹھہرنا جائز ہے، غیر مقلدین اسی کے قائل ہیں۔

[١٧-] بابٌ: إِذَا ذَكَرَ فِي الْمَسْجِدِ أَنَّهُ جُنُبٌ خَرَجَ كَمَا هُوَ وَلاَ يَتَيَمَّمُ

[٢٧٥-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ، وَعُدِّلَتِ الصُّفُوْفُ قِيَامًا، فَخَرَجَ إِلَيْنَا رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا قَامَ فِيْ مُصَلاَّهُ ذَكَرَ أَنَّـهُ جُنُبٌ، فَقَالَ لَنَا: "مَكَانَكُمْ" ثُمَّ رَجَعَ فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَيْنَا وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ، فَكَبَّرَ فَصَلَّيْنَا مَعَهُ – تَابَعَهُ عَبْدُ الأَعْلَى، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَرَوَاهُ الأَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ.

[انظر: ٦٣٩، ٦٤٠]

باب کا ترجمہ: جب مسجد میں یاد آیا کہ وہ جنبی ہے تو اسی حال میں نکل جائے اور تیمّم نہ کرے .... **حدیث کا ترجمہ:** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نماز کے لئے اقامت کہی گئی اور صفیں بالکل سیدھی کرلی گئیں پس نبی ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے، جب آپؐ اپنی نماز کی جگہ میں کھڑے ہوئے تو آپؐ کو یاد آیا کہ آپؐ جنبی ہیں، آپؐ نے ہم سے فرمایا: اپنی جگہ رہو (یعنی مسجد ہی میں رہو، کھڑے رہنا ضروری نہیں) پھر آپؐ لوٹ گئے اور غسل فرما کر ہمارے پاس آئے اس حال میں کہ سر سے پانی ٹپک رہا تھا، آپؐ نے تکبیر کہی اور ہم نے آپؐ کے ساتھ نماز پڑھی۔

تشریح:

۱- **قیامًا:** ترکیب میں کیا واقع ہے؟ شارحین نے مختلف باتیں کہی ہیں، میرے نزدیک راجح یہ ہے کہ یہ **مفعول مطلق** ہے **من غیر لفظہ**۔ اور تاکید کے لئے آیا ہے، یعنی صفیں بالکل درست کردی گئیں "بالکل" **مفعول مطلق** کا ترجمہ ہے ....

مکانَکم: أی الزموا مکانکم: اپنی جگہ برقرار رہو، اس کا یہ مطلب نہیں کہ کھڑے رہو، بلکہ مطلب یہ ہے کہ مسجد میں رہو۔

۲- اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ دوبارہ تکبیر نہیں کہی گئی، جو تکبیر پہلے کہی گئی تھی اسی سے نماز پڑھائی، اور اس سلسلہ میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ اگر اقامت اور تکبیر تحریمہ کے درمیان زیادہ فصل ہوجائے تو تکبیر کا اعادہ کرنا چاہئے، اور زیادہ فصل نہ

ہوا ہو تو اعادہ کی ضرورت نہیں، اور کم وبیش کا فیصلہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا جائے گا۔

۳-عبدالاعلی: عثمان بن عمر کے متابع ہیں وہ بھی بواسطہ معمر امام زہری رحمہ اللہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، اور اوزاعی نے بھی زہری سے اس کو روایت کیا ہے۔

بابُ نَفْضِ الْيَدَيْنِ مِنْ غُسْلِ الْجَنَابَةِ

غسل جنابت کے بعد ہاتھوں کو جھاڑنا

اس باب میں ماء مستعمل کی طہارت کا مسئلہ ہے۔ ماء مستعمل پاک تو ہے مگر مطہّر ہے یا نہیں؟ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک مطہر بھی ہے، دوسرے فقہاء مطہر نہیں مانتے، البتہ ماء مستعمل کے طاہر ہونے میں کوئی اختلاف نہیں، جاننا چاہئے کہ جب تک پانی عضو پر چلتا ہے مستعمل نہیں ہوتا، عضو سے منفصل ہونے کے بعد مستعمل ہوتا ہے، لہٰذا نہانے کے بعد بدن پر جو پانی ہے وہ مستعمل نہیں، پھر جب آپؐ نے بدن پر سے پانی جھاڑا تو وہ مستعمل ہوگیا، وہ پاک ہے اگر وہ کپڑے وغیرہ پر گرے تو کپڑا ناپاک نہیں ہوگا۔

[۱۸-] بابُ نَفْضِ الْيَدَيْنِ مِنْ غُسْلِ الْجَنَابَةِ

[۲۷۶-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَنَا أَبُوْ حَمْزَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْأَعْمَشَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِيْ الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَتْ مَيْمُوْنَةُ: وَضَعْتُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم غُسْلاً، فَسَتَرْتُهُ بِثَوْبٍ، وَصَبَّ عَلٰى يَدَيْهِ فَغَسَلَهُمَا، ثُمَّ صَبَّ بِيَمِيْنِهِ عَلٰى شِمَالِهِ، فَغَسَلَ فَرْجَهُ، فَضَرَبَ بِيَدِهِ الْأَرْضَ فَمَسَحَهَا، ثُمَّ غَسَلَهَا، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ، ثُمَّ صَبَّ عَلٰى رَأْسِهِ، وَأَفَاضَ عَلٰى جَسَدِهِ، ثُمَّ تَنَحّٰى فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ، فَنَاوَلْتُهُ ثَوْبًا فَلَمْ يَأْخُذْهُ فَانْطَلَقَ وَهُوَ يَنْفُضُ يَدَيْهِ [راجع: ۲۴۹]

وضاحت: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث بار بار آرہی ہے، یہاں اس جزء سے استدلال ہے کہ نبی ﷺ نے غسل جنابت کے بعد تولیہ نہیں لیا اور ہاتھوں سے بدن پر سے پانی جھاڑا۔ ظاہر ہے وہ ماء مستعمل تھا اگر وہ کسی پاک چیز پر گرے تو وہ چیز ناپاک نہیں ہوگی، کیونکہ ماء مستعمل پاک ہے۔

بابُ مَنْ بَدَأَ بِشِقِّ رَأْسِهِ الْأَيْمَنِ فِيْ الْغُسْلِ

غسل میں سر کی دائیں جانب سے شروع کرنا

غسل میں لب بھر کر سر پر پانی ڈالیں تو یمین ویسار نہیں ہوگا، اسی طرح نل کھول کر اس کے نیچے کھڑے ہوجائیں تو بھی

یمین ویسار نہیں ہوگا، اور چلو بھر کر پانی ڈالیں تو یمین ویسار کا لحاظ کرنا چاہئے۔ پہلے دائیں طرف پھر بائیں طرف پانی ڈالنا چاہئے، یہ اس ترجمہ کا مقصد ہے۔

[۱۹-] بابُ مَنْ بَدَأَ بِشِقِّ رَأْسِهِ الأَيْمَنِ فِيْ الْغُسْلِ

[٢٧٧-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ نَافِعٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنَّا إِذَا أَصَابَ إِحْدَانَا جَنَابَةٌ، أَخَذَتْ بِيَدَيْهَا ثَلاَثًا فَوْقَ رَأْسِهَا، ثُمَّ تَأْخُذُ بِيَدِهَا عَلٰى شِقِّهَا الأَيْمَنِ، وَبِيَدِهَا الأُخْرَى عَلٰى شِقِّهَا الأَيْسَرِ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب ہم میں سے کسی کو جنابت لاحق ہوتی تو وہ تین بار لب بھر کر سر پر پانی ڈالتی، پھر ایک ہاتھ سے دائیں طرف اور دوسرے ہاتھ سے بائیں طرف پانی ڈالتی۔

تشریح: اس حدیث میں اگر چہ رأس کا ذکر نہیں، مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں رأس کی قید لگا کر اس طرف اشارہ کیا کہ اس حدیث میں سر دھونے کا بیان ہے، اس لئے کہ بدن دھونے کے لئے چلو بھر کر پانی کافی نہیں۔

میں کہتا ہوں: روایت سے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ جسم کا دایاں بایاں مراد ہے، اور جب پانی ڈالنے کے لئے کوئی برتن نہ ہو اور ہاتھ سے پانی ڈالے تو سر دھونے کے بعد لب بھر کر پانی ڈالے، ظاہر ہے بیک وقت سارے جسم پر پانی نہیں ڈال سکتا پہلے شق ایمن پر پانی ڈالے پھر ایسر پر۔ پس خلاصہ حدیث یہ ہے کہ سر ہو یا جسم اگر وہ صب کرے تو کر سکتا ہے، اس وقت یمین ویسار کی رعایت نہ ہوگی مگر اگر تھوڑا تھوڑا پانی ڈالے تو سر میں بھی یمین ویسار کی رعایت کرے (کما مر فی باب من بدأ بالحلاب) اور جسم میں بھی یمین ویسار کی رعایت کرے کما فی هذا الحدیث۔

بابُ مَنِ اغْتَسَلَ عُرْيَانًا وَحْدَهُ فِي الْخَلْوَةِ، وَمَنْ تَسَتَّرَ فَالتَّسَتُّرُ أَفْضَلُ

تنہائی میں ننگے نہانا جائز ہے اور ستر چھپا کر نہانا افضل ہے

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ خلوت میں ننگے نہانا جائز ہے دو پیغمبروں سے ثابت ہے مگر ستر چھپا کر نہانا افضل اور اولیٰ ہے، باب میں ایک معلق اور ایک مرفوع حدیث ہے جس میں دو پیغمبروں کا واقعہ ہے، معلق حدیث سے ستر کی افضیلت ثابت ہوتی ہے اور مرفوع حدیث سے عریاناً غسل کا جواز ثابت ہوتا ہے۔

[۲۰-] بابُ مَنْ اغْتَسَلَ عُرْيَانًا وَحْدَهُ فِي الْخَلْوَةِ، وَمَنْ تَسَتَّرَ فَالتَّسَتُّرُ أَفْضَلُ

وَقَالَ بَهْزٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "اللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ يُسْتَحْيَا مِنْهُ مِنَ النَّاسِ"

یہ حضرت معاویہ بن حیدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو ابوداؤد شریف میں ہے۔ انھوں نے نبی ﷺ سے پوچھا: عورا تُنا ما نأْ تِیْ وما نَذَرُ؟ ہم اپنے ستر میں سے کیا لائیں اور کیا چھوڑیں؟ یعنی کب ننگا ہونا جائز ہے اور کب جائز نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: احفظ عورتك إلا من زوجتك أو ماملكت يمينك: بیوی اور باندی کو چھوڑ کر دیگر جگہوں میں ننگا نہیں ہونا چاہئے، انھوں نے پوچھا: إذا كان أحدنا خاليا؟ جب تنہائی ہو؟ آپؐ نے فرمایا: الله أحق أن يستحيى منه من الناس: لوگوں کی بہ نسبت اللہ تعالیٰ زیادہ حق دار ہیں کہ ان سے شرم کی جائے (ابوداؤد حدیث ۴۰۱۷ باب فی التعری) معلوم ہوا کہ تنہائی میں بھی ستر چھپا کر نہانا افضل ہے، اور ننگا نہانا بھی جائز ہے اور اس کی دلیل دو پیغمبروں کے واقعے ہیں جو آگے آرہے ہیں۔

[۲۷۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " كَانَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ يَغْتَسِلُوْنَ عُرَاةً، يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ، وَكَانَ مُوْسَى صلى الله عليه وسلم يَغْتَسِلُ وَحْدَهُ، فَقَالُوْا: وَاللّٰهِ مَا يَمْنَعُ مُوْسَى أَنْ يَغْتَسِلَ مَعَنَا إِلَّا أَنَّهُ آدَرُ، فَذَهَبَ مَرَّةً يَغْتَسِلُ، فَوَضَعَ ثَوْبَهُ عَلٰى حَجَرٍ، فَفَرَّ الْحَجَرُ بِثَوْبِهِ، فَجَمَحَ مُوْسَى فِیْ أَثَرِهِ، يَقُوْلُ: ثَوْبِیْ يَاحَجَرُ، ثَوْبِیْ يَا حَجَرُ، حَتّٰى نَظَرَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ إِلٰى مُوْسَى قَالُوْا: وَاللّٰهِ مَا بِمُوْسَى مِنْ بَأْسٍ، وَأَخَذَ ثَوْبَهُ، فَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا، فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَاللّٰهِ إِنَّهُ لَنَدَبٌ بِالْحَجَرِ سِتَّةٌ أَوْ سَبْعَةٌ ضَرْبًا بِالْحَجَرِ.

[انظر: ۳۴۰۴، ۴۷۹۹]

[۲۷۹-] وَعَنْ أبی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " بَيْنَا أَيُّوْبُ يَغْتَسِلُ عُرْيَانًا فَخَرَّ عَلَيْهِ جَرَادٌ مِنْ ذَهَبٍ، فَجَعَلَ أَيُّوْبُ يَحْتَثِیْ فِیْ ثَوْبِهِ، فَنَادَاهُ رَبُّهُ: يَا أَيُّوْبُ! أَلَمْ أَكُنْ أَغْنَيْتُكَ عَمَّا تَرَى؟ قَالَ: بَلٰى وَعِزَّتِكَ! وَلٰكِنْ لَاغِنَى بِیْ عَنْ بَرَكَتِكَ"

وَرَوَاهُ إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ صَفْوَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَيْنَا أَيُّوْبُ يَغْتَسِلُ عُرْيَانًا" [انظر: ۳۳۹۱، ۷۴۹۳]

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل ننگے نہایا کرتے تھے (نہاتے وقت) ایک دوسرے کو دیکھتے تھے، اور موسیٰ علیہ السلام تنہا نہاتے تھے۔ بنی اسرائیل نے ایک دوسرے سے کہا: بخدا! نہیں روکتی موسیٰ کو ہمارے ساتھ نہانے سے کوئی چیز مگر یہ بات کہ ان کے خصیے پھولے ہوئے ہیں، پس حضرت موسیٰ ایک مرتبہ غسل کرنے کے لئے گئے، آپ نے اپنے کپڑے ایک پتھر پر رکھے، وہ پتھر آپ کے کپڑے لے کر بھاگا، حضرت موسیٰ علیہ السلام اس کے پیچھے دوڑے، فرمارہے تھے: او پتھر میرے کپڑے! او پتھر میرے کپڑے! یہاں تک کہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا پس انھوں نے کہا: خدا کی قسم! موسیٰ علیہ السلام میں کوئی عیب نہیں، اور آپ نے اپنے کپڑے

لئے اور پتھر کو مارنے لگے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: خدا کی قسم! حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مار کی وجہ سے اس پتھر میں چھ یا ساتھ نشان پڑ گئے تھے۔

دوسرا واقعہ: اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے یہ بھی روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: اس درمیان کہ حضرت ایوب علیہ السلام ننگے نہا رہے تھے، اچانک آپ پر سونے کی ٹڈیاں گرنے لگیں، حضرت ایوبؑ ان کو اپنے کپڑے میں جمع کرنے لگے پس آپ کو آپ کے پروردگار نے پکارا! اے ایوب! کیا میں نے تجھ کو بے نیاز نہیں کیا، اس چیز سے جس کو تو دیکھتا ہے؟ یعنی سونے کی ٹڈیوں سے؟ حضرت ایوب علیہ السلام نے عرض کیا: کیوں نہیں! آپ کی عزت کی قسم! لیکن میں آپ کی برکت سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔

اور اس حدیث کو ابراہیم نے موسیٰ بن عقبہ سے، انھوں نے صفوان سے، انھوں نے عطاء بن یسار سے، انھوں نے ابو ہریرہ سے اور انھوں نے نبی ﷺ سے روایت کیا کہ آپؐ نے فرمایا: اس درمیان کہ حضرت ایوبؑ ننگے غسل فرما رہے تھے۔

تشریح: اس حدیث میں دو واقعے ہیں: پہلا واقعہ: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہے۔ آپ کی قوم بنی اسرائیل ایک دوسرے کے سامنے ننگے نہایا کرتی تھی، مگر آپ خلوت میں غسل فرماتے تھے، اس وجہ سے لوگوں میں چہ میگوئیاں ہوئیں کہ آپ لوگوں کے سامنے اس لئے نہیں نہاتے کہ آپ کو کوئی بیماری ہے، بعض نے کہا کہ آپ کو اُدرہ کی بیماری ہے، اس بیماری میں خصیوں میں پانی بھر جاتا ہے اور خصیے پھول جاتے ہیں، ایسے شخص سے لوگ گھن کرتے ہیں، اور انبیاء کو کوئی ایسی بیماری نہیں ہو سکتی جس سے لوگ گھن کریں اس لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کی براءت کا ارادہ فرمایا۔ چنانچہ یہ واقعہ پیش آیا کہ آپ نہانے کے لئے کسی تالاب پر گئے، کپڑے نکال کر ایک پتھر پر رکھے، جب نہا کر کپڑے پہننے کا ارادہ کیا تو پتھر کپڑے لے کر بھاگا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اس کے پیچھے دوڑے مگر پتھر ہاتھ نہ آیا، اور ایک ایسی جگہ جا کر رکا جہاں بنی اسرائیل بیٹھے تھے، سب نے دیکھا کہ آپ تندرست ہیں، آپ کو کوئی بیماری نہیں۔ حضرت موسیٰ نے جلدی سے کپڑے پہنے اور مارے غصہ کے پتھر کو بجانا شروع کیا، ان کی مار کی وجہ سے پتھر پر چھ یا سات نشان پڑ گئے۔

اور دوسرا واقعہ یہ ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام ننگے غسل فرما رہے تھے، اچانک سونے کی ٹڈیاں برسنے لگیں، حضرت ایوبؑ ان کو ایک کپڑے میں جمع کرنے لگے، آواز آئی ہم نے تمھیں بہت مال و دولت سے نوازا ہے پھر بھی تم مال کے لئے اتنے بیتاب ہو؟ حضرت ایوبؑ نے شاندار جواب دیا کہ پروردگار عالم! مال کی مجھے ضرورت نہیں، مگر آپ کے یہاں سے جو برکت آئے اس سے میں کیسے صبر کر سکتا ہوں؟

ان دونوں واقعوں سے استدلال یہ ہے کہ حضرت موسیٰ اور حضرت ایوب علیہما السلام دونوں ننگے نہا رہے تھے۔ معلوم ہوا کہ ننگے نہانا جائز ہے، اگر یہ حکم گذشتہ شریعت کے لئے خاص ہوتا اور اِس شریعت میں اس کی اجازت نہ ہوتی تو نبی ﷺ اس کی وضاحت فرماتے، مگر آپ نے ایسی کوئی بات نہیں فرمائی، معلوم ہوا کہ تنہائی میں ننگے غسل کرنا جائز ہے۔

بابُ التَّسَتُّرِ فِي الْغُسْلِ عِنْدَ النَّاسِ

لوگوں کے سامنے باپردہ نہانا

لوگوں کی موجودگی میں پردہ کے ساتھ غسل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اور طلبہ جو لنگی باندھ کر سب کے سامنے نل پر غسل کرتے ہیں یہ صورت اس باب کا مصداق نہیں، یہ بے تمیزی کی بات ہے، اس لئے کہ جب بدن پر پانی پڑے گا اور لنگی بھیگے گی تو بدن سے چپک جائے گی، اور ننگا معلوم ہوگا۔ باب کا مصداق یہ صورت ہے کہ لوگ موجود ہوں اور کوئی پردہ کے پیچھے غسل کرے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں، جیسے گھروں میں بیت الخلاء ہوتے ہیں اور لوگوں کی موجودگی میں آدمی ان میں چھوٹا بڑا استنجاء کرتا ہے، اسی طرح لوگوں کی موجودگی میں غسل کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں —— باب میں دو حدیثیں ہیں اور دونوں سے جواز ثابت ہوتا ہے۔

[٢١-] بابُ التَّسَتُّرِ فِي الْغُسْلِ عِنْدَ النَّاسِ

[٢٨٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أَبَا مُرَّةَ مَوْلَى أُمِّ هَانِيءٍ بِنْتِ أَبِي طَالِبٍ، أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أُمَّ هَانِيءٍ بِنْتَ أَبِي طَالِبٍ تَقُوْلُ: ذَهَبْتُ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْفَتْحِ، فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ، وَفَاطِمَةُ تَسْتُرُهُ، فَقَالَ: مَنْ هٰذِهِ؟ فَقُلْتُ: أَنَا أُمُّ هَانِيءٍ.

[انظر: ٣٥٧، ٣١٧١، ٦١٥٨]

ترجمہ: حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں فتح مکہ کے سال رسول اللہ ﷺ کے پاس گئی، میں نے آپؐ کو غسل کرتے پایا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا پردہ کئے ہوئے تھیں، آپؐ نے فرمایا: یہ کون عورت ہے؟ میں نے کہا: میں ام ہانی ہوں۔

تشریح: ام ہانی: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن اور رسول اللہ ﷺ کی چچا زاد بہن ہیں، ہجرت کر کے مدینہ نہیں آئی تھیں، مکہ ہی میں رہتی تھیں، فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ ام ہانی کے گھر تشریف لے گئے، اس وقت ام ہانی گھر پر نہیں تھیں، جب وہ گھر آئیں تو دیکھا: آپؐ غسل فرما رہے ہیں اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا پردہ کئے ہوئے ہیں۔ یہی جزء ترجمہ سے متعلق ہے کہ لوگوں کی موجودگی میں غسل کرنا جائز ہے۔

[٢٨١-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، قَالَتْ: سَتَرْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ، ثُمَّ صَبَّ بِيَمِيْنِهِ عَلٰى شِمَالِهِ، فَغَسَلَ فَرْجَهُ وَمَا أَصَابَهُ، ثُمَّ مَسَحَ بِيَدِهِ عَلَى الْحَائِطِ أَوِ

الْأَرْضِ، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَضُوْءَ هُ لِلصَّلَاةِ غَيْرَ رِجْلَيْهِ، ثُمَّ أَفَاضَ عَلٰى جَسَدِهِ الْمَاءَ، ثُمَّ تَنَحّٰى فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ — تابَعَهُ أَبُوْ عَوَانَةَ، وَابْنُ فُضَيْلٍ فِيْ السَّتْرِ. [راجع: ٢٤٩]

وضاحت: یہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جو پہلے بار بار آئی ہے۔ یہاں یہ بات زائد ہے کہ جب نبی ﷺ غسل فرمارہے تھے تو حضرت میمونہؓ پردہ کئے ہوئے تھیں، گھر میں غلام باندی وغیرہ ہونگے اس لئے پردہ کیا ہوگا اور یہی جزء باب سے متعلق ہے۔ اور اس جزء میں کہ حضرت میمونہؓ نے پردہ کیا، ابوعوانہ اور ابن فضیل نے سفیان کی متابعت کی ہے یعنی ان دونوں کی روایت میں بھی یہ جزء ہے۔

بابٌ إِذَا احْتَلَمَتِ الْمَرْأَةُ

جب عورت کو بدخوابی ہو تو غسل واجب ہے

حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کی طرف یہ بات منسوب ہے کہ ان کے نزدیک احتلام کی وجہ سے مرد پر غسل واجب ہوتا ہے عورت پر نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ ان پر رد کر رہے ہیں کہ مرد کو بدخوابی ہو یا عورت کو دونوں پر غسل واجب ہے۔ حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا نے پوچھا: کیا عورت پر غسل ہے جب اس کو احتلام ہو؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں جب وہ پانی دیکھے، یعنی بیدار ہونے کے بعد کپڑے پر منی کی تری دیکھے تو اس پر بھی غسل واجب ہے۔

[٢٢-] بابٌ إِذَا احْتَلَمَتِ الْمَرْأَةُ

[٢٨٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَنَّهَا قَالَتْ: جَاءَ تْ أُمُّ سُلَيْمٍ امْرَأَةُ أَبِيْ طَلْحَةَ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ لَايَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ، هَلْ عَلَى الْمَرْأَةِ مِنْ غُسْلٍ إِذَا هِيَ احْتَلَمَتْ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "نَعَمْ إِذَا رَأَتِ الْمَاءَ" [راجع: ١٣٠]

ترجمہ: ام سُلیم جو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی بیوی ہیں، نبی پاک ﷺ کے پاس آئیں اور پوچھا: اے اللہ کے رسول! اللہ تعالیٰ حق بات سے شرم نہیں کرتے، کیا عورت پر بھی غسل ہے جب اسے بدخوابی ہو؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں جب وہ پانی دیکھے۔

قوله: إن الله لايستحيي من الحق: ام سُلیمؓ کو شرم کا مسئلہ پوچھنا تھا اس لئے یہ تمہید قائم کی، علماء نے اس جملہ کے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک: شرم والی بات پوچھنے میں اللہ تعالیٰ شرم کرنے کا حکم نہیں دیتے، دوسرا: ضروری بات بیان کرنے

میں اللہ تعالیٰ شرم نہیں کرتے، اگر چہ وہ بات اللہ کے شایانِ شان نہ ہو، مثلاً: مکھی اور مچھر کی مثالیں بھی اللہ تعالیٰ بیان فرماتے ہیں، یہ مثالیں اللہ کے شایانِ شان نہیں، مگر چونکہ اس پر مسئلہ کا سمجھنا موقوف ہوتا ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ بیان فرماتے ہیں: ارشاد پاک ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَایَسْتَحْيِیْ أَنْ يَّضْرِبَ مَثَلاً مَّابَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا﴾ پس ضروری بات پوچھنے میں نہ سائل کو شرمانا چاہئے اور نہ مفتی کو جواب دینے میں شرم کرنی چاہئے، یہ تمہید قائم کر کے حضرت ام سلیمؓ نے مسئلہ پوچھا۔

قولہ: إذا رأتِ الماء: مرد اگر بیدار ہو کر کپڑے پر منی دیکھے تو غسل واجب ہے خواہ اسے خواب یاد ہو یا نہ ہو، یہی حکم عورت کا ہے، اگر وہ بیدار ہونے کے بعد کپڑے پر تری دیکھے تو اس پر بھی غسل واجب ہے خواہ اسے خواب یاد ہو یا نہ ہو، اور اگر خواب یاد ہو کہ کسی مرد نے اس سے صحبت کی مگر بیدار ہونے کے بعد کپڑے پر تری نہ پائی تو غسل واجب نہیں۔

بابُ عَرَقِ الْجُنُبِ وَأَنَّ الْمُسْلِمَ لاَيَنْجُسُ

جنبی کا پسینہ پاک ہے، اور مسلمان ناپاک نہیں ہوتا

اس باب کے دو جزء ہیں، پہلا جزء یہ ہے کہ جنبی کا پسینہ پاک ہے مگر اس کی کوئی دلیل نہیں تھی، اس لئے باب میں اضافہ کیا کہ مسلمان ناپاک نہیں ہوتا، یعنی جنابت کی وجہ سے مسلمان کا ظاہری بدن ناپاک نہیں ہوتا، جنابت حکمی نجاست ہے، پس جب جنبی کا ظاہری بدن پاک ہے تو اس کا پسینہ بھی پاک ہے۔ جب دوسرا جزء ثابت ہو جائے گا تو پہلا جزء خود بخود ثابت ہو جائے گا۔

[۲۳-] بابُ عَرَقِ الْجُنُبِ وَأَنَّ الْمُسْلِمَ لاَيَنْجُسُ

[۲۸۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرٌ، عَنْ أَبِیْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم لَقِيَهُ فِیْ بَعْضِ طَرِيْقِ الْمَدِيْنَةِ وَهُوَ جُنُبٌ، فَانْبَجَسْتُ مِنْهُ، فَذَهَبْتُ فَاغْتَسَلْتُ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: أَيْنَ كُنْتَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: كُنْتُ جُنُبًا فَكَرِهْتُ أَنْ أُجَالِسَكَ وَأَنَا عَلٰی غَيْرِ طَهَارَةٍ، فَقَالَ: "سُبْحَانَ اللّٰهِ، إِنَّ الْمُؤْمِنَ لاَ يَنْجُسُ" [انظر: ۲۸۵]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کی نبی ﷺ سے مدینہ کے کسی راستہ میں ملاقات ہوئی درانحالیکہ وہ جنبی تھے، پس میں کھسک گیا اور غسل کر کے آیا، آپؐ نے پوچھا: ابو ہریرہ! کہاں چلے گئے تھے؟ انھوں نے عرض کیا: میں جنبی تھا، پس میں نے ناپاکی کی حالت میں آپؐ کے ساتھ چلنے کو پسند نہیں کیا، پس آپؐ نے فرمایا: سبحان اللہ! (عجیب بات!) مسلمان ناپاک نہیں ہوتا۔

تشریح: نبی ﷺ کا بعض صحابہ کے ساتھ خصوصی معاملہ تھا، مثلاً جب حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ آتے تو

آپؐ مسکراتے، اسی طرح حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابو ذرؓ سے خصوصی معاملہ تھا کہ ہر ملاقات پر ان سے مصافحہ کرتے، ایک مرتبہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا اچانک آنحضور ﷺ سے آمنا سامنا ہوگیا، وہ جنبی تھے، انھوں نے سوچا: نبی ﷺ ان سے مصافحہ کریں گے اور وہ ناپاک ہیں اس لئے وہ کھسک گئے، اور غسل کرکے آئے۔

اور آگے روایت میں آرہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ ان کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ لے چلے جب آپؐ کسی جگہ تشریف فرما ہوئے تو وہ چپکے سے کھسک گئے، اسی طرح کسی روایت میں ہے کہ یہ سفر کا واقعہ ہے، یہ سب واقعہ کے متعلقات ہیں، انہیں زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے۔

جب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ غسل کرکے آئے تو آپؐ نے پوچھا: کہاں چلے گئے تھے؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں جنبی تھا۔ ناپاکی کی حالت میں آپؐ کے ساتھ بیٹھنا نہیں چاہتا تھا، اس لئے غسل کرنے چلا گیا تھا، آپؐ نے فرمایا: سبحان اللہ! مسلمان ناپاک نہیں ہوتا، یعنی جیسا تم نے خیال کیا ہے مسلمان ایسا ناپاک نہیں ہوتا، بلکہ اس کو نجاست حکمی لاحق ہوتی ہے، اس سے مصافحہ کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا: مؤمن ناپاک نہیں ہوتا، اس سے ملاقات ہوسکتی ہے، اور غالب یہ ہے کہ مسلمان کے بدن پر کچھ نہ کچھ پسینہ ہوتا ہی ہے، معلوم ہوا کہ مؤمن کا پسینہ پاک ہے، بہرحال حدیث سے دوسرا جزء ثابت ہوا، اور دوسرے جزء سے پہلا جزء ثابت ہوا۔

فائدہ: أنبجستُ: یہ لفظ قرآن میں بھی آیا ہے: ﴿فَانْبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا﴾: بارہ چشمے پھوٹ پڑے، اور یہاں انْسَلَلْتُ کے معنی میں ہے...... **ثم جاء:** متکلم کے صیغے چل رہے تھے، یہ غائب کا صیغہ آگیا، اس کا نام التفات ہے، التفات کی بحث آپ نے مختصر المعانی میں پڑھی ہے، اس سے زبان میں لطافت پیدا ہوتی ہے، ایک ہی انداز کے جملے آئیں تو قاری اور سامع بور ہوجاتے ہیں، اور انداز بدل جائے تو نشاط پیدا ہوتا ہے۔

بَابُ الْجُنُبِ يَخْرُجُ وَيَمْشِيْ فِي السُّوْقِ وَغَيْرِهِ

جنبی گھر سے نکل کر بازار وغیرہ میں چل سکتا ہے

جنابت لاحق ہونے کے بعد فوراً غسل کرنا ضروری نہیں۔ جب نماز کا وقت تنگ ہوجائے تب غسل کرنا واجب ہے، پس ہر کام مثلاً گھر سے نکلنا، بازار میں گھومنا پھرنا، خریداری کرنا، کھانا پینا اور سونا سب جائز ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں۔ حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جنبی پچھنے لگوا سکتا ہے، ناخن ترشوا سکتا ہے، حلق کرا سکتا ہے، اگرچہ اس نے وضو نہ کیا ہو، کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ خون، ناخن اور بال وغیرہ جو اجزاء جسم ہیں جنبی ہیں، جنابت کی حالت میں ان کو شاید بدن سے الگ کرنا جائز نہ ہو، حضرت عطاءؒ نے فرمایا: یہ کام کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک رات میں تمام ازواج مطہرات سے صحبت فرمائی اور آخر میں ایک غسل فرمایا، ظاہر ہے جب آپ نے تمام ازواج سے صحبت فرمائی تو ایک گھر سے نکل کر دوسرے گھر میں جائیں گے اور اس میں اور بازار جاکر سودا سلف خریدنے میں کوئی فرق نہیں۔ پس ثابت ہوا کہ جنبی یہ سب کام کرسکتا ہے۔

[٢٤-] بابُ الْجُنُبِ يَخْرُجُ وَيَمْشِيْ فِي السُّوْقِ وَغَيْرِهِ

وَقَالَ عَطَاءٌ: يَحْتَجِمُ الْجُنُبُ، وَيُقَلِّمُ أَظْفَارَهُ، وَيَحْلِقُ رَأْسَهُ وَإِنْ لَمْ يَتَوَضَّأْ.

[٢٨٤-] حدثنا عَبْدُ الأَعْلىٰ بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَطُوْفُ عَلىٰ نِسَائِهِ فِي اللَّيْلَةِ الْوَاحِدَةِ، وَلَهُ يَوْمَئِذٍ تِسْعُ نِسْوَةٍ. [راجع: ٢٦٨]

وضاحت: وغیرہ کا عطف السوق پر ہے، نبی ﷺ کا ایک گھر سے دوسرے گھر جانا وغیرہ کی مثال ہے، چونکہ جنابت کی حالت میں بازار جانے کی کوئی روایت نہیں تھی اس لئے وغیرہ بڑھایا، اس سے پہلا جزء خود بخود ثابت ہوجائے گا۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ایک رات میں اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے گئے اس وقت آپؐ کی نو بیویاں تھیں۔

تشریح: حضرت انسؓ کی یہ حدیث کتاب الغسل کے شروع میں گذری ہے، وہاں تاویل کرنی پڑی تھی کہ الساعة الواحدة سے صبح سے شام تک کا وقت اور شام سے صبح تک کا وقت مراد ہے، یہاں کسی تاویل کی ضرورت نہیں، اسی طرح گذشتہ حدیث میں تھا کہ اس وقت آنحضور ﷺ کی گیارہ بیویاں تھیں، صحیح بات یہاں ہے کہ نو بیویاں تھیں۔

[٢٨٥-] حدثنا عَيَّاشٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلىٰ، قَالَ: ثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: لَقِيَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا جُنُبٌ، فَأَخَذَ بِيَدِيْ، فَمَشَيْتُ مَعَهُ حَتّٰى قَعَدَ، فَانْسَلَلْتُ فَأَتَيْتُ الرَّحْلَ فَاغْتَسَلْتُ، ثُمَّ جِئْتُ وَهُوَ قَاعِدٌ، فَقَالَ: أَيْنَ كُنْتَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ؟ فَقُلْتُ لَهُ؛ فَقَالَ: "سُبْحَانَ اللّٰهِ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! إِنَّ الْمُؤْمِنَ لاَ يَنْجُسُ" [راجع: ٢٨٣]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے ملاقات کی درانحالیکہ میں جنبی تھا، آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑا، پس میں آپؐ کے ساتھ چلا یہاں تک کہ آپ کسی جگہ تشریف فرما ہوئے، پس میں چپکے سے کھسک گیا، اور اپنے کجاوہ میں آیا اور غسل کیا، پھر میں آیا درانحالیکہ آپ تشریف فرما تھے، آپؐ نے پوچھا: ابو ہریرہ! تم کہاں تھے؟ میں نے آپ کو بات بتائی تو آپؐ نے فرمایا: اے ابو ہریرہ سبحان اللہ! (عجیب بات ہے، اتنا موٹا مسئلہ نہیں جانتے!) مسلمان ناپاک نہیں ہوتا۔

تشریح: یہ حدیث گذشتہ باب میں گذری ہے اُس روایت میں اور اِس روایت میں دوجگہ اختلاف ہے، ایک: گذشتہ روایت میں تھا کہ نبی ﷺ سے ملاقات نہیں ہوئی، پہلے ہی حضرت ابو ہریرہؓ کھسک گئے تھے، اوراس روایت میں ملاقات کا اور ہاتھ پکڑ کر ساتھ لے چلنے کا ذکر ہے، اسی طرح اوپر والی روایت میں تھا کہ یہ واقعہ مدینہ منورہ کی کسی گلی میں پیش آیا تھا اور یہاں ہے کہ سفر میں پیش آیا تھا۔ لفظ رحل سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سفر کا واقعہ ہے، مگر یہ سب واقعہ کے متعلقات ہیں، انہیں زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے، اصل بات پر توجہ مرکوز رکھنی چاہئے کہ حضرت ابو ہریرہ جنابت کی حالت میں گھر سے نکلے اور چلے پھرے معلوم ہوا کہ جنبی کے لئے گھومنے پھرنے کی اجازت ہے۔

بابُ كَيْنُوْنَةِ الْجُنُبِ فِي الْبَيْتِ إِذَا تَوَضَّأَ قَبْلَ أَنْ يَّغْتَسِلَ

جنبی نہانے سے پہلے وضو کرکے گھر میں رہ سکتا ہے

یہ باب عام ہے اور اگلا باب نوم کے ساتھ خاص ہے، جنبی کا نہانے سے پہلے گھر میں رہنا، کھانا پینا، سونا اور معاملات کرنا جائز ہے، البتہ فضیلت کا اعلی درجہ یہ ہے کہ نہا کر یہ کام کرے، اور فضیلت کا دوسرا درجہ یہ ہے کہ بدن پر جہاں ناپا کی ہو اسے دھوڈالے اور نماز والا وضو کرکے یہ کام کرے، اور وضو کئے بغیر یہ کام کرنا امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک مکروہ تنزیہی ہے اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک گنجائش ہے، لفظ گنجائش (لابأس به) میں اشارہ ہے کہ وضو کئے بغیر یہ کام کرنا ٹھیک نہیں۔

فائدہ: ابوداؤد (حدیث ۲۲۷) میں ایک روایت ہے کہ جس مکان میں جنبی ہوتا ہے وہاں (رحمت کے) فرشتے نہیں آتے، یہ روایت نُجَیّ حضرمی کوفی تابعی کی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہے، اس راوی کے بارے میں ابن حبانؒ کہتے ہیں: **لایعجبنی الاحتجاج بخبره إذا انفرد** (بذل) جب یہ راوی کسی روایت کے ساتھ متفرد ہو تو اس سے استدلال درست نہیں، اور یہ روایت نجی سے ان کا بیٹا عبداللہ ہی روایت کرتا ہے۔

اس روایت سے بحالت جنابت مکان میں ٹھہرنے کی تنگی معلوم ہوتی ہے، بخاری رحمہ اللہ نے اس باب سے اس کو رفع کیا ہے، اور ابوداؤد کی روایت کا تعلق اس جنبی سے ہے جو جنابت میں رہنے کا عادی ہے، نماز تک میں تہاون کرتا ہے، اور غسل میں تاخیر کرتا ہے (قاله الخطابی کما فی الفتح) الغرض: بعد الوضوء کینونت میں کوئی مضائقہ نہیں۔

[۲۵-] بابُ كَيْنُوْنَةِ الْجُنُبِ فِي الْبَيْتِ إِذَا تَوَضَّأَ قَبْلَ أَنْ يَّغْتَسِلَ

[۲۸۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، وَشَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: أَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَرْقُدُ وَهُوَ جُنُبٌ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، وَيَتَوَضَّأُ. [انظر: ۲۸۸]

ترجمہ: ابوسلمہؒ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا نبی ﷺ جنابت کی حالت میں سوتے تھے؟ انھوں نے

جواب دیا: ہاں اور سونے سے پہلے وضو کر لیتے تھے۔

تشریح: کینونۃ: کان یکون کا مصدر ہے اور حدیث صریح ہے کہ جنبی وضو کر کے گھر میں رہ سکتا ہے اور جب گھر میں رہ سکتا ہے تو کھا پی بھی سکتا ہے اور دیگر کام بھی کر سکتا ہے، اور یہی مقصد ترجمہ ہے۔

بابُ نَوْمِ الْجُنُبِ

جنبی کا سونا

یہ خاص باب ہے، جنبی کے لئے صرف وضو کر کے سونا بھی جائز ہے اور یہ فضیلت کا دوسرا درجہ ہے۔ امام ابو یوسف اور سعید بن المسیب رحمہما اللہ کے نزدیک وضو کئے بغیر سونے میں بھی کچھ حرج نہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ وضو سے جنابت ختم نہیں ہوتی پھر اس کا کیا فائدہ؟ اور ان کی دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ حدیث ہے جو ترمذی شریف (حدیث ۱۲۱) میں ہے، وہ فرماتی ہیں: ''نبی ﷺ جنابت کی حالت میں سوتے تھے اور پانی کو بالکل ہاتھ نہیں لگاتے تھے'' یعنی نہ غسل کرتے تھے نہ وضو اور سوتے تھے۔ اور جمہور کے نزدیک وضو کر کے سونے میں بھی فضیلت ہے، کیونکہ نبی ﷺ کبھی صرف وضو کر کے سوتے تھے جیسا کہ گذشتہ باب میں حدیث گذری ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے پوچھا تھا: کیا ہم میں سے کوئی حالت جنابت میں سو سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں وضو کر کے سو سکتا ہے، یہ روایت باب میں آرہی ہے۔

اور وضو کر کے سونے میں حکمت یہ ہے کہ بہ اطمینان نیند آئے گی، پریشان خواب نہیں آئیں گے، اور سوتے ہوئے موت آگئی تو حکماً پاکی پر مرنے والا قرار دیا جائے گا۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو جنبی وضو کر کے سویا اس نے پاکی کی حالت میں رات گذاری (طحاوی ۱:۷۹) اور حضرت شداد کہتے ہیں: جنبی کو وضو کر کے سونا چاہئے کیونکہ اس صورت میں جنابت آدھی رہ جاتی ہے (بیہقی ۱:۲۰۰)

اور حضرت عائشہؓ کی حدیث جو ترمذی میں ہے، محدثین کے نزدیک وہ صحیح نہیں، اس میں ابو اسحاقؒ سے غلطی ہوگئی ہے، انھوں نے ایک لمبی حدیث کا اختصار کیا ہے، جس سے مضمون بگڑ گیا ہے، مفصل روایت یہ ہے کہ نبی ﷺ کبھی رات کے شروع میں صحبت فرماتے، اور کبھی تہجد سے فارغ ہو کر صبح صادق سے کچھ پہلے، اگر رات کے شروع میں صحبت فرماتے تو نہا کر سوتے تھے اور کبھی بیان جواز کے لئے صرف وضو کر کے سوئے ہیں، اور جب تہجد کے بعد مجامعت فرماتے تو پانی کو چھوئے بغیر سو جاتے، اور صبح صادق ہوتے ہی کود کر کھڑے ہوتے اور غسل فرماتے، یہ سونا چونکہ برائے نام تھا اس لئے وضو کئے بغیر سوتے تھے، تفصیل طحاوی (آخر کتاب الطہارۃ) اور ترمذی میں ہے۔

[۲۶-] بابُ نَوْمِ الْجُنُبِ

[۲۸۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَأَلَ

رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: أَیَرْقُدُ أَحَدُنَا وَھُوَ جُنُبٌ؟ قَالَ: ”نَعَمْ إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُکُمْ فَلْیَرْقُدْ وَھُوَ جُنُبٌ“
[انظر: ۲۸۹، ۲۹۰]

بابُ الْجُنُبِ یَتَوَضَّأُ ثُمَّ یَنَامُ

جنبی وضوکر کے سوئے

یہ اوپر والا ہی باب ہے، جنابت کی حالت میں سونا ہے تو وضو کر کے سونا چاہئے۔ پہلے یہ بات بتائی ہے کہ ایک مسئلہ سے متعلق چند حدیثیں ہوتی ہیں تو دیگر محدثین ان سب کو ایک باب کے تحت جمع کرتے ہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ ہر حدیث پر افادۂ مزید کے لئے نیا عنوان قائم کرتے ہیں۔

[۲۷-] بابُ الْجُنُبِ یَتَوَضَّأُ ثُمَّ یَنَامُ

[۲۸۸-] حدثنا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ أَبِیْ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُرْوَۃَ، عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ: کَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا أَرَادَ أَنْ یَنَامَ وَھُوَ جُنُبٌ، غَسَلَ فَرْجَہُ وَتَوَضَّأَ لِلصَّلاَۃِ. [راجع: ۲۸۶]

[۲۸۹-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: ثَنَا جُوَیْرِیَّۃُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: اسْتَفْتَی عُمَرُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَیَنَامُ أَحَدُنَا وَھُوَ جُنُبٌ؟ قَالَ: ”نَعَمْ إِذَا تَوَضَّأَ“

[۲۹۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِکٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ دِیْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّہُ قَالَ: ذَکَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِرَسُولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّہُ تُصِیْبُہُ الْجَنَابَۃُ مِنَ اللَّیْلِ؟ فَقَالَ لَہُ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: ”تَوَضَّأْ واغْسِلْ ذَکَرَکَ ثُمَّ نَمْ“ [راجع: ۲۸۷]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ جنابت کی حالت میں سونے کا ارادہ فرماتے تو اپنی شرم گاہ دھوتے اور نماز والی وضو کرتے۔

تشریح: اس حدیث میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ جب سونے کا ارادہ فرماتے تو وضو کر کے سوتے تھے، اور ترمذی میں حضرت عائشہؓ کی جو حدیث ہے جس میں وہ فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ جنابت کی حالت میں سوتے تھے اور پانی کو ہاتھ نہیں لگاتے تھے، وہ حدیث صحیح نہیں اس میں ابو اسحاقؒ سے غلطی ہوگئی ہے۔

حدیث: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے ذکر کیا کہ ان کو رات میں جنابت لاحق ہوتی ہے (اور نہانے کا موقع نہیں ہوتا تو کیا حکم ہے؟) نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: وضو کرو، اور شرم گاہ کو دھوڈالو پھر سو جاؤ۔

تشریح: باب کی تینوں روایتوں کا قدر مشترک یہ ہے کہ جنبی پر فوراً غسل کرنا واجب نہیں، شرم گاہ دھوکر اور وضو کر کے سوسکتا ہے۔

بابٌ: إِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ

ختنہ کی جگہیں ملنے سے غسل واجب ہوتا ہے

خِتَانان: تثنیہ ہے، مفرد ختان ہے اس کے معنی ہیں ختنہ کی جگہ، یعنی وہ جگہ جہاں سے ختنہ کی چمڑی کاٹی جاتی ہے، یہ جگہ حشفہ کے بعد ہے، زمانۂ جاہلیت میں لڑکیوں کی بھی ختنہ کی جاتی تھی، مگر ہر لڑکی کی نہیں کی جاتی تھی، اور اب بھی افریقہ کے بعض ممالک میں لڑکیوں کی ختنہ کا رواج ہے، اور عورت کی ختنہ کی جگہ کو خفاض کہتے ہیں۔ اور مرد کی ختنہ کی جگہ عورت کی ختنہ کی جگہ سے اس وقت ملتی ہے جب حشفہ چھپ جائے، جب اس درجہ تک جماع پہنچ جائے تو غسل واجب ہوجاتا ہے، اگرچہ انزال نہ ہوا ہو ـــــــ اس مسئلہ سے متعلق چند باتیں ذہن نشین کر لینی چاہئیں:

پہلی بات: یہ مسئلہ دورِ صحابہ میں اختلافی تھا، اکثر انصار الماء من الماء کا فتوی دیتے تھے یعنی انزال کے بعد غسل واجب ہوگا، اکسال کی صورت میں غسل واجب نہیں ہوگا، صرف وضو واجب ہوگا، اور اکثر مہاجر غسل کو واجب کہتے تھے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اختلاف ختم ہوگیا، واقعہ یہ پیش آیا کہ ایک صاحب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ مسجدِ نبوی میں اپنی رائے سے فتوی دے رہے ہیں کہ اکسال میں غسل واجب نہیں، حضرت عمرؓ نے ان سے کہا: زید کو بلا کر لاؤ اور خود بھی آؤ تاکہ گواہ رہو، وہ آئے، حضرت عمرؓ نے ان سے پوچھا: کیا آپ اکسال کے مسئلہ میں لوگوں کو اپنی رائے سے فتوی دیتے ہیں؟ انھوں نے کہا: میں نے یہ بات اپنے چچاؤں سے سنی ہے، حضرت عمرؓ نے پوچھا: کونسے چچاؤں سے؟ انھوں نے کہا: ابو ایوب انصاری، ابی بن کعب اور رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہم سے، اتفاق سے حضرت رفاعہ وہاں موجود تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: یہ نوجوان کیا کہتا ہے؟ انھوں نے کہا: ٹھیک کہتا ہے، ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں بیویوں سے صحبت کرتے تھے اور انزال نہ ہونے کی صورت میں غسل نہیں کرتے تھے، حضرت عمرؓ نے پوچھا: آپ لوگوں نے یہ مسئلہ نبی ﷺ سے پوچھا تھا؟ انھوں نے کہا: نہیں، پھر حضرت عمرؓ حاضرین کی طرف متوجہ ہوئے کہ آپ حضرات کیا کہتے ہیں؟ ان کے درمیان اختلاف ہوا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اللہ کے بندو! اگر آپ لوگ اس میں اختلاف کروگے تو بعد کے لوگوں کا کیا حال ہوگا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ یہ مسئلہ ازواج مطہرات سے پوچھا جائے، چنانچہ حضرت عمرؓ نے ایک شخص کو اپنی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا، مگر انھوں نے لاعلمی ظاہر کی، اور کہا: میرے ساتھ ایسا واقعہ پیش نہیں آیا، پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آدمی بھیجا تو انھوں نے کہا: میرے اور نبی ﷺ کے درمیان ایسی صورت پیش آئی ہے اور ہم نے دونوں نے غسل کیا ہے۔ جب نبی ﷺ کا عمل معلوم ہوگیا تو حضرت عمرؓ نے

لوگوں سے کہا: آج کے بعد اگر کوئی شخص ایسا کرے گا اور غسل نہیں کرے گا تو میں اس کو سخت سزا دوں گا (یہ واقعہ تفصیل کے ساتھ شرح معانی الآثار میں ہے) اس دن سے تمام صحابہ کا اجماع ہو گیا کہ اکسال کی صورت میں غسل واجب ہے، اب مسئلہ میں کوئی اختلاف باقی نہیں رہا۔

دوسری بات: شروع اسلام کا حکم **الماء من الماء** تھا، پہلے ماء سے مراد غسل کا پانی ہے اور دوسرے ماء سے مراد منی ہے، یعنی منی کے نکلنے کے بعد ہی غسل واجب ہوگا، مگر بعد میں یہ حکم منسوخ ہو گیا جیسا کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے (ترمذی کتاب الطہارۃ باب ۸۱) اور نسخ کی وجہ یہ ہے کہ بعض چیزیں ایسی ہوتی ہیں جن کا ادراک دشوار ہوتا ہے، شریعت ایسی جگہوں میں حقیقی سبب کو ہٹا کر کسی ظاہری چیز کو اس کے قائم مقام کرتی ہے، جیسے سفر میں نمازوں میں قصر کی علت مشقت ہے مگر یہ ایک مخفی چیز ہے، اس کا ادراک مشکل ہے۔ اس لئے نفس سفر کو مشقت کے قائم مقام کر دیا، اسی طرح وضو ٹوٹنے کی علت ریح کا نکلنا ہے، مگر سونے والے کو اس کا ادراک نہیں ہوتا، اس لئے نیند کو خروج ریح کے قائم مقام کر دیا، اسی طرح وجوب غسل کی علت انزال ہے مگر کبھی اس کا ادراک نہیں ہوتا اس لئے التقائے ختانین کو اس کے قائم مقام کر دیا، اب حکم اس ظاہر پر دائر ہوگا، حقیقت کی طرف نظر نہیں کی جائے گی۔

تیسری بات: امام بخاری رحمہ اللہ نے اس مسئلہ کو جس انداز پر پیش کیا ہے اور جو الفاظ استعمال کئے ہیں اس سے ان کے سر یہ الزام لگا ہے کہ وہ اب بھی اکسال میں عدم غسل کے قائل ہیں، حالانکہ یہ الزام سراسر غلط ہے، یہ اجماع کا انکار ہے اور اجماع کا منکر اہل حق میں نہیں رہتا۔ پس امام بخاریؒ اجماع کا انکار کیسے کر سکتے ہیں؟ اور حضرت پر یہ الزام دو وجہ سے لگا ہے:

ایک: حضرت نے جتنے الفاظ استعمال کئے ہیں وہ سب الفاظ ڈھیلے ہیں، چار لفظ استعمال کئے ہیں: (۱) **أجود** (غسل کرنا زیادہ عمدہ ہے) (۲) **أوكد** (زیادہ مؤکد ہے) (۳) **أحوط** (زیادہ احتیاط کی بات ہے) (۴) **أنقى** (غسل میں زیادہ صفائی ہے) اگر یجب یا واجب صاف اور صریح لکھ دیتے تو یہ الزام نہ لگتا۔

دوسری وجہ: اجماع سے پہلے جن صحابہ کا اختلاف تھا کہ اکسال میں غسل واجب نہیں، حضرت اس روایت کو بھی لائے ہیں اور اس کی وجہ خود بیان کی ہے کہ یہ روایت اس لئے لایا ہوں کہ صحابہ میں یہ مسئلہ اختلافی تھا، حالانکہ جب اجماع ہو گیا تو اختلاف رفع ہو گیا، اس لئے کہ قاعدہ ہے: اجماعِ لاحق سے اختلافِ سابق رفع ہو جاتا ہے، یہاں سے بھی بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوئی اور انھوں نے حضرت رحمہ اللہ کے سر یہ الزام دھر دیا کہ آپ اختلاف سابق کو اب بھی برقرار مانتے ہیں۔ اور حدیث ہے: **أصحابي كالنجوم، بأيهم اقتديتم اهتديتم** جب صحابہ کا اختلاف اب بھی برقرار ہے تو دوسری رائے کو بھی لیا جا سکتا ہے۔ غرض ان دو وجوہ سے حضرت رحمہ اللہ کے سر یہ الزام لگا ہے۔

[۲۸-] بابٌ: إِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ

[۲۹۱-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: ثَنَا هِشَامٌ، ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ،

عَنْ أَبِیْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: " إِذَا جَلَسَ بَیْنَ شُعَبِهَا الْأَرْبَعِ، ثُمَّ جَهَدَهَا، فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ"

تَابَعَهُ عَمْرٌو، عَنْ شُعْبَةَ، وَقَالَ مُوْسَی: حَدَّثَنَا أَبَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ مِثْلَهُ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا أَجْوَدُ وَأَوْكَدُ، وَإِنَّمَا بَیَّنَّا الحدیثَ الآخِرَ لِاخْتِلاَفِهِمْ، وَالْغُسْلُ أَحْوَطُ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب مرد عورت کے چار گوشوں کے درمیان بیٹھ جائے، پھر عورت کو مشقت میں ڈالے تو غسل واجب ہوگیا، عمرو بن مرزوق نے شعبہ کی سند سے متابعت کی ہے، اور موسیٰ نے کہا: ہم سے ابان نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں: ہم سے قتادہ نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں: ہمیں حسن نے اس کے مانند خبر دی، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: یہ یعنی غسل کرنا زیادہ عمدہ اور زیادہ مؤکد ہے اور ہم نے آخری حدیث (اگلے باب میں) صحابہ کے درمیان اختلاف کی وجہ سے بیان کی ہے، اور غسل کرنا احتیاط کی بات ہے۔

قولہ: عورت کے چار گوشوں کے درمیان: اس سے مراد فرج کے چار گوشے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی اقوال ہیں، جو حاشیہ میں ہیں مگر راجح یہی قول ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر اس نے بیوی کو مشقت میں ڈالا: جب پہلی مرتبہ عورت کے جسم میں عضو داخل کرتے ہیں تو عورت کو پریشانی ہوتی ہے کیونکہ فرج خشک ہوتی ہے، پس یہ کنایہ ہے غیبوبت حشفہ سے، جب حشفہ غائب ہوگیا تو غسل واجب ہوگیا، انزال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ آخِر (خاء کے زیر کے ساتھ) اول کا مقابل ہے، پیچھے آنے والی روایت، اور خاء کے زبر کے ساتھ آخَر کے معنی ہیں دوسرا۔

سند: قتادہ اگرچہ ثقہ ہیں مگر ان پر تدلیس کا الزام ہے، اور مدلس کا عنعنہ معتبر نہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے متابع پیش کیا ہے، اس میں أخبرنا کی صراحت ہے۔

بابُ غَسْلِ مَا یُصِیْبُ مِنْ فَرْجِ الْمَرْأَةِ

اکسال کی صورت میں وہ رطوبت دھونی ضروری ہے جو عورت کی شرمگاہ سے مرد کے عضو پر لگے

عنوان الماء من الماء نہیں رکھا، بلکہ عنوان یہ رکھا کہ عورت کے ساتھ صحبت کرنے کی صورت میں مرد کے عضو پر عورت کی شرم گاہ سے جو رطوبت لگے اس کو دھونا ضروری ہے، یہ مسئلہ دور اول میں تھا، اب غیبوبت حشفہ کے بعد غسل واجب ہے، پس جب غسل کرے گا تو رطوبت دھل جائے گی۔

[۲۹-] بابُ غَسْلِ مَا یُصِیْبُ مِنْ فَرْجِ الْمَرْأَةِ

[۲۹۲-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَیْنِ الْمُعَلِّمِ، قَالَ یَحْیَی: وَأَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ،

أَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَأَلَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ إِذَا جَامَعَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ فَلَمْ يُمْنِ؟ قَالَ عُثْمَانُ: يَتَوَضَّأُ كَمَا يَتَوَضَّأُ لِلصَّلَاةِ، وَيَغْسِلُ ذَكَرَهُ، قَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُهُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلْتُ عَنْ ذٰلِكَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، وَالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ، وَطَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَأُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَأَمَرُوْهُ بِذٰلِكَ، وَأَخْبَرَنِي أَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا أَيُّوْبَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ ذٰلِكَ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۱۷۹]

[۲۹۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا يَحْيىٰ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبِي، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُوْ أَيُّوْبَ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، أَنَّهُ قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِذَا جَامَعَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ فَلَمْ يُنْزِلْ؟ قَالَ: "يَغْسِلُ مَا مَسَّ الْمَرْأَةَ مِنْهُ، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ وَيُصَلِّيْ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْغُسْلُ أَحْوَطُ، وَذَاكَ الآخِرُ، إِنَّمَا بَيَّنَّاهُ لِاخْتِلَافِهِمْ، وَالْمَاءُ أَنْقَى.

ترجمہ: حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ کی رائے کیا ہے جب آدمی اپنی بیوی سے صحبت کرے اور منی نہ نکلے؟ حضرت عثمانؓ نے فرمایا: وضوکرے جیسا نماز کے لئے وضوکرتا ہے، اور اپنی شرم گاہ کو دھوئے، حضرت عثمانؓ نے فرمایا: میں نے یہ بات نبی ﷺ سے سنی ہے (حضرت زیدؓ کہتے ہیں) پھر میں نے یہ بات حضرات علی، زبیر، طلحہ اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہم سے پوچھی، انھوں نے بھی اسی کا حکم دیا (یحییٰ کہتے ہیں) اور مجھے ابو سلمہ نے خبر دی کہ حضرت عروہ نے ان کو خبر دی کہ حضرت ابو ایوب نے ان کو خبر دی ہے کہ ان سے یہ بات رسول اللہ ﷺ نے فرمائی (یعنی حضرت ابوایوبؓ کا فتوی اوپر والی سند سے نہیں، الگ سند سے مروی ہے)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جب آدمی عورت سے صحبت کرے اور انزال نہ ہوتو؟ آپؐ نے فرمایا: عورت کی شرم گاہ سے جو رطوبت پہنچی ہے اس کو دھوڈالے پھر وضوکرے اور نماز پڑھے۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں: غسل کرنا احتیاط کی بات ہے، یہ دوسری حدیث ہے (جس کا اوپر تذکرہ آیا ہے) ہم نے اس کو صرف اس لئے بیان کیا ہے کہ اس مسئلہ میں صحابہ میں اختلاف تھا، اور پانی میں زیادہ صفائی ہے یعنی غسل کرنے میں صفائی زیادہ ہے۔

﴿الحمدللہ! کتاب الغسل کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتَابُ الْحَيْضِ

حیض کا بیان

امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے سورۂ بقرہ کی آیت (۲۲۲) لکھی ہے، اور یہی حضرت کا طریقہ ہے، وہ کتاب کے شروع میں ایک یا چند آیات لکھتے ہیں پھر احادیث لاتے ہیں، جو اس آیت کی شرح ہوتی ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٦- كِتَابُ الْحَيْضِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَيَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ؟ قُلْ: هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوْا النِّسَاءَ فِيْ الْمَحِيْضِ، وَلاَ تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ، فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللّٰهُ، إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ﴾ [البقرة: ٢٢٢]

آیت کا ترجمہ مع وضاحت: لوگ آپؐ سے حیض کے بارے میں پوچھتے ہیں —— حیض اور محیض جمہور کے نزدیک ایک ہیں، بعض لوگوں کی رائے یہ ہے کہ حیض کا زمانہ محیض ہے، اور بعض کہتے ہیں: حیض کی جگہ محیض ہے، مگر یہ دونوں قول ضعیف ہیں، صحیح بات یہ ہے کہ حیض اور محیض ہم معنی ہیں، اور یہی جمہور کا قول ہے —— آپؐ کہہ دیں کہ حیض ناگوار چیز ہے —— أذی کے معنی ہیں: المكروه الذى ليس بشديد: وہ بات جو سخت ناگوار نہ ہو، حالت حیض میں صحبت کرنا مرد کو بھی ناگوار ہوتا ہے اور عورت کو بھی، مگر بہت زیادہ ناگوار نہیں ہوتا، چنانچہ جس کی ایک بیوی ہوتی ہے اور خود جوان ہوتا ہے تو وہ حالت حیض میں بھی صحبت کر بیٹھتا ہے، اور عورت بھی تیار ہو جاتی ہے۔

اور پاخانہ بھی اذی ہے اور حیض بھی، مگر دونوں میں فرق ہے، جیسے کَرھا (بفتح الكاف) اور کُرھا (بضم الكاف) میں فرق ہے، کَرھا میں ناگواری شدید ہوتی ہے اور کُرھا میں طبعی اور ہلکی، قرآنِ کریم میں ہے: جب اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کو بنایا تو دونوں کو حکم دیا: ﴿ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا﴾: جس مقصد کے لئے تمہیں بنایا گیا ہے اس مقصد کی تکمیل کرو چاہے خوشی سے کرو، چاہے ناگواری سے، اور ماں کے سلسلہ میں جو آیت آئی ہے اس میں ہے: ﴿حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ

﴿كُرْهًا﴾: ماں نے بچہ کو پیٹ میں رکھا ناگواری کے ساتھ اور جنا ناگواری کے ساتھ، مگر یہ ناگواری طبعی ہے، چنانچہ ہر عورت بچہ کے لئے بے تاب رہتی ہے، جب کہ وہ حمل کی تکلیف اور بچہ جننے کی تکلیف جانتی ہے، پھر جب بچہ جنتی ہے تو جان پر بن آتی ہے مگر نفاس سے پاک ہوتے ہی اگلے بچے کے لئے تیار ہوجاتی ہے، اور پرانی باتیں بھول جاتی ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے کُرھا (بضم الکاف) فرمایا۔ اسی طرح پاخانہ بھی ناگوار ہے اور حیض بھی، مگر حیض کی ناگواری ہلکی ہے —— پس حیض کے زمانہ میں عورتوں سے الگ رہو —— عورتوں سے الگ رہنے کی شرح کیا ہے؟ ایک طرف یہود کا عمل تھا، وہ حیض کے زمانہ میں عورت کو بالکل علاحدہ کردیتے تھے، نہ اس کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا کھاتے تھے، اور نہ اس کے ساتھ کمرہ میں رہتے تھے، دوسری طرف مشرکین ہیں، وہ سب کچھ کرتے ہیں، حالت حیض میں صحبت بھی کرتے ہیں، اب اللہ تعالیٰ نے حالت حیض میں الگ رہنے کا حکم دیا۔ الگ رہنے کی تفسیر کیا ہے؟ یہ بات اگلے ابواب میں آرہی ہے —— اور حائضہ عورتوں کے قریب مت جاؤ یہاں تک کہ وہ پاک ہوجائیں —— کہاں تک قریب جاسکتے ہیں اور کہاں جاکر رک جانا ضروری ہے؟ اور پاکی کے دو درجے ہیں: ایک: عادت پر خون بند ہوجائے، دوسرا: عورت نہالے۔ پس آیت میں کونسا درجہ مراد ہے؟ یہ سب باتیں بھی آگے آرہی ہیں —— پس جب وہ خوب پاک ہوجائیں —— یہ مبالغہ کا صیغہ ہے، خون کا بند ہوجانا يَطْهُرن ہے، اور جب عورت نے غسل کرلیا تو تَطَهَّرْن کا تحقق ہوا —— پس ان کے پاس آؤ یعنی ان سے فائدہ اٹھاؤ جہاں سے اللہ تعالیٰ نے تمہیں فائدہ اٹھانے کا حکم دیا ہے —— اگلی آیت ہے: ﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ﴾: تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں، پس آؤ اپنی کھیتی میں جہاں سے چاہو، اس آیت کے معنی ﴿مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللّٰهُ﴾ کی روشنی میں متعین ہونگے —— بیشک اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں —— یعنی گناہ ہوجائے اور حالت حیض میں صحبت کر بیٹھے تو سچی توبہ کرے اور کفارہ بھی دے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص حائضہ بیوی سے صحبت کرے وہ نصف دینار صدقہ کرے، اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ بھی مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اگر بیوی سے اس زمانہ میں صحبت کی جب اسے سرخ خون آرہا تھا تو ایک دینار صدقہ کرے اور زرد خون آرہا تھا تو نصف دینار صدقہ کرے (ترمذی حدیث ۱۳۷ و ۱۳۸) امام احمد اور حضرت اسحاق رحمہما اللہ کے نزدیک صدقہ توبہ کی قبولیت کے لئے شرط ہے اور جمہور کے نزدیک صدقہ کرنا مستحب ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی ۱: ۴۱۹ میں ہے —— اور (اللہ تعالیٰ) خوب پاک ہونے والوں کو پسند کرتے ہیں —— یعنی عادت پر حیض بند ہونے پر صحبت نہ کرے، بلکہ جب عورت نہالے تب صحبت کرے۔

بابُ كَيْفَ كَانَ بَدْأُ الْحَيْضِ

حیض کی تاریخ یعنی حیض کب سے شروع ہوا؟

کتاب الوحی کے شروع میں بتایا تھا کہ امام ترمذی اور امام بخاری رحمہما اللہ کے یہاں بَدأ کے معنی ہیں: آغاز، تاریخ،

احوال از ابتداء تا انتہاء، جیسے باب بدأ الأذان کے معنی ہیں: اذان کا آغاز، اذان کب سے شروع ہوئی؟ اس کی تاریخ کیا ہے؟ بدأ الوحی کے معنی ہیں: وحی کے احوال از ابتداء تا انتہا، پس بدأ الحیض کے معنی ہیں: حیض کا آغاز، یعنی عورتوں کو حیض کب سے آنا شروع ہوا؟ اس کی تاریخ کیا ہے؟

جب سے ولادت کا سلسلہ شروع ہوا، اسی وقت سے حیض کا سلسلہ شروع ہوا، دادی حواء رضی اللہ عنہا جب تک جنت میں رہیں ان کو حیض نہیں آتا تھا، چنانچہ جنت میں ان کی کوئی اولاد نہیں ہوئی، جب حضرت آدم وحواء علیہما السلام زمین پر اتارے گئے اور ولادت کا سلسلہ شروع ہوا تو حیض کا سلسلہ بھی شروع ہوا۔ مستدرک حاکم میں بسند صحیح روایت ہے کہ سب سے پہلے حضرت حواء رضی اللہ عنہا کو حیض آیا جب وہ جنت سے زمین پر اتاری گئیں، اور ایک موقع پر نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا ہے: هذا شيئ كتبه الله على بنات آدم: حیض وہ چیز ہے جسے اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی بیٹیوں پر لازم کیا ہے۔ بنات آدم سے مراد انسان کی صنف نساء ہے۔ پس دادی حواءؑ بھی بنات آدم میں شامل ہیں، جیسے آدم سے آدمی بنا ہے اس میں یاء نسبتی ہے، مرد بھی آدمی ہیں اور عورتیں بھی بلکہ خود حضرت آدم علیہ السلام بھی آدمی ہیں۔

اور حیض اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نعمت ہے جو اس دنیا میں بھیجنے کے بعد حضرت حواءؑ کو دی گئی، اس لئے کہ توالد وتناسل حیض پر موقوف ہے، اگر عورت کو حیض نہ آئے تو توالد وتناسل کا سلسلہ قائم نہیں ہوسکتا، چنانچہ جب بڑی عمر میں حیض آنا بند ہوجاتا تو توالد وتناسل کا سلسلہ رک جاتا ہے۔

جب حمل ٹھہرتا ہے تو بچہ دانی کا منہ بند ہوجاتا ہے اور جو حیض ہر ماہ آتا ہے وہ آتا ہے، مگر خون رگوں میں جمع رہتا ہے اور مشیمہ (نال) کی ایک رگ بچہ کی ناف کے ساتھ جڑی ہوتی ہے، اور پانچ ماہ دس دن کے بعد بچہ میں جان پڑتی ہے اس کے بعد چار ماہ تک بچہ ماں کے پیٹ میں رہتا ہے، اور وہی خون بچہ کی غذا بنتا ہے، یہ قدرت کا نظام ہے۔

غرض حیض خداوند قدوس کی طرف سے ایک نعمت ہے اور جب سے توالد وتناسل کا سلسلہ شروع ہوا ہے حیض کا سلسلہ شروع ہوا ہے اور سب سے پہلے حضرت حواء رضی اللہ عنہا کو حیض آیا ہے —— باب میں ایک مرفوع حدیث ہے اور ایک اثر، مرفوع حدیث پہلے تعلیقاً اور مختصراً لکھی ہے پھر سند کے ساتھ بالتفصیل لکھی ہے، اور اثر وحدیث کے درمیان تعارض ہے، اس کو بھی حل کرنا ہے۔

[۱-] بابُ كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الْحَيْضِ

[۱-] وَقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "هٰذَا شَيْئٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلٰى بَنَاتِ آدَمَ"

[۲-] وَقَالَ بَعْضُهُمْ: كَانَ أَوَّلَ مَا أُرْسِلَ الْحَيْضُ عَلٰى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَحَدِيْثُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَكْثَرُ.

[۲۹۴-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ: خَرَجْنَا لَانَرَی إِلَّا الْحَجَّ، فَلَمَّا کُنَّا بِسَرِفَ حِضْتُ، فَدَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَأَنَا أَبْکِیْ، فَقَالَ: "مَا لَکِ أَنُفِسْتِ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "إِنَّ هٰذَا أَمْرٌ کَتَبَهُ اللّٰهُ عَلٰی بَنَاتِ آدَمَ، فَاقْضِیْ مَا یَقْضِیْ الْحَاجُّ، غَیْرَ أَنْ لَّا تَطُوْفِیْ بِالْبَیْتِ" قَالَتْ: وَضَحّٰی رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ نِسَائِهِ بِالْبَقَرِ.

[انظر: ۳۰۵، ۳۱۶، ۳۱۷، ۳۱۹. ۳۲۸، ۱۵۱۶، ۱۵۱۸، ۱۵۵۶، ۱۵۶۰، ۱۵۶۱، ۱۵۶۲، ۱۶۳۸، ۱۶۵۰، ۱۷۰۹، ۱۷۲۰، ۱۷۳۳، ۱۷۵۷، ۱۷۶۲، ۱۷۷۱، ۱۷۷۲، ۱۷۸۳، ۱۷۸۶، ۱۷۸۷، ۱۷۸۸، ۲۹۵۲، ۲۹۸٤، ٤۳۹۵، ٤٤۰۱، ٤٤۰۸، ۵۳۲۹، ۵۵٤۸، ۵۵۵۹، ۶۱۵۷، ۷۲۲۹]

ترجمہ: (۱) نبی ﷺ کا ارشاد ہے: "یہ (حیض) وہ چیز ہے جو اللہ تعالیٰ نے بناتِ آدم پر لکھ دی ہے" (یہ حدیث باب میں آرہی ہے)

(۲) اور بعض حضرات یعنی ابن مسعود اور عائشہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: "پہلی وہ چیز جو بنی اسرائیل پر بھیجی گئی حیض تھی"

ترکیب: أولُ مع مضاف الیہ کان کی خبر مقدم ہے، اور علی بنی اسرائیل: فعل أرسل سے متعلق ہے، اور الحیضُ: اسم مؤخر ہے، عبارت الجھی ہوئی ہے، حافظ صاحبؒ نے أول کو اسم اور علی بنی اسرائیل کو خبر بنایا ہے۔

حضرت ابن مسعودؓ کا پورا قول اس طرح ہے: کان الرجال والنساء فی بنی إسرائیل یصلون جمیعاً، فکانت المرأة تتشرف للرجل، فألقی اللہ علیهن الحیض، ومنعهن المسجد (فتح الباری): بنی اسرائیل کے مرد اور عورتیں ایک ساتھ نماز پڑھتے تھے، پس عورت مرد کو جھانکتی تھی، پس اللہ نے ان پر حیض مسلط کیا، اور ان کو مسجد سے روک دیا۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور نبی ﷺ کی حدیث زیادہ ہے یعنی ثبوت وقوت کے اعتبار سے بڑھی ہوئی ہے اس لئے اسی کو لیا جائے گا۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم (حجۃ الوداع میں) صرف حج کے ارادے سے نکلے تھے، پھر جب ہم مقام سرف میں پہنچے تو مجھے حیض آگیا، پس میرے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے درانحالیکہ میں رورہی تھی، آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے، کیوں رورہی ہو؟ کیا تمہیں حیض آگیا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں، پس آپؐ نے فرمایا: "یہ وہ چیز ہے جو اللہ تعالیٰ نے بناتِ آدم پر لکھ دی ہے، پس تم تمام ارکان ادا کرو جو حاجی ادا کرتا ہے سوائے بیت اللہ کے طواف کے، حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواج کی طرف سے ایک گائے ذبح فرمائی۔

تشریح:

۱- حیض کا سلسلہ کب سے شروع ہوا؟ حدیث مرفوع سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت حواء رضی اللہ عنہا سے شروع ہوا اور

یہی صحیح ہے۔اور حضرت عائشہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے بنی اسرائیل کی عورتوں پر حیض مسلط کیا گیا، یعنی حیض کا سلسلہ بنی اسرائیل سے شروع ہوا۔ یہ حدیث مرفوع اور قول صحابی میں تعارض ہے:

اس تعارض کے تین حل ہیں:

۱-ایسے تعارض کی صورت میں حدیث مرفوع کو لیں گے اور قول صحابی کو چھوڑ دیں گے، یہ تطبیق امام بخاریؒ نے دی ہے، فرماتے ہیں: **حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم أکثر**: نبی ﷺ کی حدیث زیادہ ہے یعنی ثبوت وقوت کے اعتبار سے بڑھی ہوئی ہے، پس اس کو لیں گے اور قول صحابی کو چھوڑ دیں گے۔

۲-حیض کا نفس آغاز حضرت حواءؑ سے ہوا، اور اس میں اشتدادی کیفیت بنی اسرائیل کی عورتوں سے شروع ہوئی، یعنی حیض سب سے پہلے حضرت حواءؑ کو آیا، مگر اس میں اشتدادی کیفیت نہیں تھی، صرف توالد وتناسل کی غرض سے یہ سلسلہ شروع ہوا تھا، پھر جب بنی اسرائیل کی عورتوں کی بدعنوانیاں بڑھیں تو حیض میں اشتدادی کیفیت پیدا کر کے اس کو باعث تکلیف بنایا، اب یہ عالم ہے کہ ایام حیض میں عورت نچڑ جاتی ہے اور حسن وجمال ماند پڑ جاتا ہے، یہ شدت بنی اسرائیل کے زمانہ سے شروع ہوئی ہے۔

۳-حیض فطری عمل ہے، ہر تندرست عورت کو آتا ہے، جیسے آنسو اور پسینہ وغیرہ فطری امور ہیں اس لئے حیض کے خاص احکام نہیں تھے، پھر جب بنی اسرائیل کی عورتوں نے شرارت شروع کی تو حیض کے خاص احکام نازل ہوئے، تاکہ وہ گھر میں رکیں مسجد میں نہ آئیں۔

۲-حجۃ الوداع میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو سِرف مقام میں جو مکہ سے قریب ایک جگہ ہے حیض شروع ہوا، جس کی وجہ سے وہ رو رہی تھیں کہ اب میرے حج کا کیا ہوگا؟ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: یہ ایسی چیز ہے جو اللہ تعالیٰ نے بناتِ آدم پر لکھ دی ہے، اس سے مفر نہیں، اور یہ حکم دیا کہ تمام ارکان حج ادا کریں، صرف بیت اللہ کا طواف نہ کریں، حائضہ کے لئے مسجد میں جانا جائز نہیں، چنانچہ وہ حالت حیض میں منی اور عرفہ گئیں اور مزدلفہ والی رات میں پاک ہوئیں، اس وقت وہ مزدلفہ میں تھیں اس لئے کہ نبی ﷺ نے عورتوں اور بچوں کو عرفہ سے سیدھا منی بھیج دیا تھا مگر حضرت عائشہؓ آپؐ کے ساتھ رہی تھیں، غرض یہ جو جملہ آیا ہے کہ حیض کو اللہ تعالیٰ نے بناتِ آدم پر لازم کیا ہے، اس مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں۔

۳-**لانری إلا الحج**: اس جملہ کی پوری تفصیل کتاب الحج میں آئے گی۔ یہاں مختصراً اتنی بات جان لیں کہ زمانۂ جاہلیت سے یہ تصور چلا آرہا تھا کہ جس سال حج کرنا ہو اس سال اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا پاپ ہے، چنانچہ حجۃ الوداع میں تمام مسلمان بشمول حضرت اقدس ﷺ صرف حج کا احرام باندھ کر چلے تھے، **لانری إلا الحج** کا یہی مطلب ہے۔ جب قافلہ سرف میں پہنچا اس وقت تک سب کا حج ہی کا احرام تھا، پھر اگلے دن صبح میں قافلہ مکہ معظّمہ پہنچا تو وحی آئی کہ جس کے ساتھ قربانی کا جانور نہیں وہ حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دے، اور طواف وسعی کر کے اور سر منڈا کر یا قصر کرا کر احرام

کھول دے، پھر آٹھ ذی الحجہ کو مکہ سے حج کا احرام باندھے، چونکہ مقام سرف میں حج ہی کا احرام تھا اس لئے نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم حج کے تمام ارکان ادا کرو، سوائے بیت اللہ کے طواف کے، پھر جب مکہ پہنچ کر وحی آئی تو چونکہ حضرت عائشہؓ کے ساتھ قربانی نہیں تھی اس لئے انھوں نے نیت بدل دی، اور حج کا احرام عمرہ سے بدل دیا، اور پاکی کے انتظار میں رہیں، مگر آٹھ تاریخ تک وہ پاک نہ ہوئیں، اب وہ پھر رو رہی تھیں، جب نبی ﷺ تشریف لائے تو عرض کیا: یارسول اللہ! میرا کیا ہوگا؟ میں نے تو ابھی تک عمرہ نہیں کیا؟ اور نہ میں پاک ہوئی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: تم احرام توڑ دو، اور بال کھول لو، اور تیل کنگھا کر کے حج کا احرام باندھ لو۔ چنانچہ انھوں نے ایسا ہی کیا، پھر حج کے بعد تیرہ ذی الحجہ کو آپؐ نے ان کے بھائی عبدالرحمٰن کو بلایا اور کہا اپنی بہن کو تنعیم لے جاؤ، وہاں سے عمرہ کا احرام بندھواؤ اور عمرہ کراؤ، جو عمرہ کا احرام توڑا تھا یہ اس کی قضا تھی۔

۴- ازواج مطہرات کے پاس قربانی نہیں تھی، مگر آنحضور ﷺ نے ان کی طرف سے قربانی کی تھی اور گائے ذبح فرمائی تھی .... بالبَقَر: ۃ مدورہ کے بغیر اسم جنس ہے پس ایک پر اور زائد پر اس کا اطلاق ہوگا، اور ۃ مدورہ کے ساتھ البقرۃ کے معنی ہیں: ایک گائے، اس صورت میں اشکال ہوگا کہ ایک گائے نو بیویوں کی طرف سے کیسے کافی ہوگئی؟ ۃ مدورہ نہ ہو تو کوئی اشکال نہیں، تفصیل کتاب الحج میں آئے گی۔

۵- حاشیہ میں لکھا ہے کہ دوسرے کی طرف سے قربانی کرنے کے لئے علم واجازت ضروری ہے، ایک شخص کو پتا بھی نہ ہو اور دوسرا اس کی طرف سے قربانی کر دے تو واجب ادا نہ ہوگا، وہ قربانی نفلی ہو جائے گی، مگر شوہر کو بیوی کی طرف سے دلالۃً اجازت ہوتی ہے، اس لئے قربانی صحیح ہے۔

۶- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث پر ابو ذر کے نسخہ میں یہ باب ہے: بَابُ الْأَمْرِ بِالنُّفَسَاءِ إِذَا نُفِسْنَ: گیلری میں یہ باب لکھ رکھا ہے، اگر اس نسخہ کا اعتبار کریں تو اس ترجمہ کا مقصد یہ ہوگا کہ حیض کی حالت میں عورت بالکل آزاد نہیں کہ اس سے اوامر ونواہی کا بالکل تعلق نہ ہو، ان ایام میں بھی عورت دینی مجلسوں میں شرکت کر سکتی ہے اور ذکر واذکار بھی کر سکتی ہے، چنانچہ حضرت عائشہؓ کو طواف کے علاوہ تمام ارکان حج کی ادائیگی کی جازت دی تھی۔

بَابُ غَسْلِ الْحَائِضِ رَأْسَ زَوْجِهَا وَتَرْجِيْلِهِ

حائضہ شوہر کے سر کو دھو سکتی ہے اور تیل کنگھا کر سکتی ہے

حائضہ کا شوہر کے سر کو دھونا، تولیہ سے خشک کرنا اور تیل ڈال کر کنگھی کرنا جائز ہے، یہ اعتزال مطلوب کے منافی نہیں، سورۃ البقرۃ (آیت ۲۲۲) میں ارشاد پاک ہے: ﴿فَاعْتَزِلُوْا النِّسَاءَ فِيْ الْمَحِيْضِ﴾: اس آیت میں جو اعتزال کا حکم ہے مذکورہ امور اس کے منافی نہیں، حائضہ ان امور کو انجام دے سکتی ہے۔

جاننا چاہئے کہ حدیث میں صرف ترجیل (تیل کنگھا کرنے) کا ذکر ہے، سر دھونے کا ذکر نہیں، مگر اس حدیث کی دوسری سند میں سر دھونے کا بھی ذکر ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ ایسا کرتے ہیں کہ دوسری جگہ جو حدیث آئی ہے اس کو پیش نظر رکھ کر ترجمہ قائم کرتے ہیں، پس حدیث باب کے ساتھ پوری طرح منطبق ہے، یا یوں کہیں کہ تیل کنگھا کرنے میں پہلے سر کو دھویا جاتا ہے، پھر سر خشک کر کے بالوں کو تیل پلا کر کنگھی کی جاتی ہے، پس ترجیل کے تقاضہ سے غسل رأس خود بخود ثابت ہوگا اور حدیث باب کے ساتھ منطبق ہوگی۔

[۲-] بابُ غَسْلِ الْحَائِضِ رَأْسَ زَوْجِهَا وَتَرْجِيْلِهِ

[۲۹۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أُرَجِّلُ رَأْسَ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا حَائِضٌ.

[انظر: ۲۹۶، ۳۰۱، ۲۰۲۸، ۲۰۳۰، ۲۰۳۱، ۲۰۴۶، ۵۹۲۵]

ترجمہ: صدیقہ فرماتی ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے سر میں تیل کنگھی کرتی تھی درانحالیکہ میں حائضہ ہوتی تھی۔

تشریح: رمضان المبارک میں جب آپ ﷺ اعتکاف فرماتے تو چونکہ بال بڑے تھے، اور دس دن کا اعتکاف فرماتے تھے، اتنے دن اگر سر کو دھویا نہ جائے اور تیل نہ ڈالا جائے تو سر میں کھجلی ہوجاتی ہے، اس لئے آپ مسجد ہی سے کمرے کے اندر سر نکال دیتے تھے اور حضرت عائشہؓ کسی بڑے برتن میں سر دھو دیتی تھیں پھر بالوں کو خشک کر کے تیل پلاتیں اور کنگھی کرتیں، اس زمانہ میں وہ حیض میں ہوتی تھیں، معلوم ہوا کہ حائضہ مرد کی یہ خدمت کر سکتی ہے۔

[۲۹۶-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّهُ سُئِلَ: أَتَخْدُمُنِيْ الْحَائِضُ أَوْ: تَدْنُو مِنِّيْ الْمَرْأَةُ وَهِيَ جُنُبٌ؟ فَقَالَ عُرْوَةُ: كُلُّ ذٰلِكَ عَلَيَّ هَيِّنٌ، وَكُلُّ ذٰلِكَ تَخْدُمُنِيْ، وَلَيْسَ عَلٰى أَحَدٍ فِيْ ذٰلِكَ بَأْسٌ، أَخْبَرَتْنِيْ عَائِشَةُ أَنَّهَا كَانَتْ تُرَجِّلُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهِيَ حَائِضٌ، وَرَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَئِذٍ مُجَاوِرٌ فِيْ الْمَسْجِدِ، يُدْنِيْ لَهَا رَأْسَهُ وَهِيَ فِيْ حُجْرَتِهَا، فَتُرَجِّلُهُ وَهِيَ حَائِضٌ. [راجع: ۲۹۵]

ترجمہ: ہشام کہتے ہیں: حضرت عروہؒ سے کسی نے پوچھا کہ کیا حائضہ میری خدمت کر سکتی ہے؟ یا کہا: مجھ سے قریب ہوسکتی ہے، جبکہ وہ جنبی ہو؟ (أو شک راوی کا بھی ہوسکتا ہے اور تنویع کا بھی، شک کا ہو تو قال بڑھائیں گے) حضرت عروہ نے کہا: میرے اوپر یہ سب آسان ہے، اور حائضہ یہ سب میری خدمت کر سکتی ہے، اور کسی پر اس مسئلہ میں کوئی مضائقہ نہیں (تینوں جملوں کا ایک مطلب ہے) مجھے حضرت عائشہؓ نے بتایا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے سر میں تیل کنگھی کرتی تھیں، حالانکہ

وہ حائضہ ہوتی تھیں، اور رسول اللہ ﷺ اس وقت مسجد میں معتکف ہوتے تھے، آپؐ حضرت عائشہؓ کے لئے اپنا سر قریب کردیتے اور وہ اپنے کمرہ میں ہوتی تھیں، پس وہ آپؐ کے سر میں تیل کنگھی کرتی تھیں، درانحالیکہ وہ حائضہ ہوتی تھیں۔

تشریح: اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ حائضہ اور نفاس والی عورت شوہر کی اس قسم کی خدمت کرسکتی ہے، اس میں کوئی حرج نہیں۔ اور مدینہ منورہ کی اصطلاح میں مجاور: معتکف کو کہتے تھے، کیونکہ جو مسجد میں بیٹھ گیا وہ اللہ کا پڑوسی بن گیا۔

بابُ قِرَاءَةِ الرَّجُلِ فِیْ حَجْرِ امْرَأَتِهِ وِهِیَ حَائِضٌ

حائضہ کی گود میں سر رکھ کر شوہر قرآن پڑھ سکتا ہے

حَجر (حاء کے زبر اور زیر کے ساتھ) کے معنی ہیں: گود، کوئی شخص حائضہ بیوی کی گود میں سر رکھ کر قرآن پڑھے تو یہ جائز ہے، اور یہ بھی ایک طرح کا استخدام ہے، پس جب ہر استخدام جائز ہے تو یہ بھی جائز ہے۔ اور یہاں سے یہ مسئلہ بھی نکلا کہ نجاست کے قُرب میں اگر نجاست مستور ہو تو قرآن پڑھنا جائز ہے، مثلاً کوئی شخص فلیش کے گڈھے پر بیٹھ کر قرآن پڑھے تو یہ جائز ہے کیونکہ ناپاکی مستور ہے۔ اسی طرح جنبی عورت یا مرد کے گود میں سر رکھ کر قرآن پڑھنا بھی جائز ہے۔

[۳-] بابُ قِرَاءَةِ الرَّجُلِ فِیْ حَجْرِ امْرَأَتِهِ وِهِیَ حَائِضٌ

وَكَانَ أَبُوْ وَائِلٍ يُرْسِلُ خَادِمَهُ، وَهِیَ حَائِضٌ، إِلٰى أَبِیْ رَزِيْنٍ لِتَأْتِيَهُ بِالْمُصْحَفِ، فَتُمْسِكُهُ بِعِلَاقَتِهِ.

ترجمہ: ابو وائل اپنی باندی کو (خادم کا لفظ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے) ابو رزین کے پاس بھیجتے تھے جبکہ وہ حائضہ ہوتی تھی، تاکہ وہ ان کے پاس سے قرآن لائے، سو وہ قرآن کو سر بندھن سے پکڑ کر لاتی تھی۔

تشریح: ابو وائل کبار تابعین میں سے ہیں، کوفہ کے رہنے والے ہیں اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے خاص شاگرد ہیں، ان کا نام شقیق بن سلمہ ہے، اور ابو رزین ان کے آزاد کردہ ہیں، ان کا نام مسعود بن مالک ہے، حضرت ابو وائل اپنی باندی کو جو حالت حیض میں ہوتی تھی ابو رزین کے پاس قرآن لینے کے لئے بھیجتے تھے، وہ جزدان میں جو تسمیہ لگا ہوا ہوتا ہے اس سے پکڑ کر قرآن لاتی تھی، اس اثر کا باب کے ساتھ جوڑ یہ ہے کہ باندی حاملِ علاقہ ہے، اور علاقہ حاملِ قرآن ہے، اسی طرح جب شوہر بیوی کی گود میں سر رکھ کر قرآن پڑھ رہا ہے اور وہ حائضہ ہے تو حائضہ حاملِ قاری ہے، اور قاری حاملِ قرآن ہے، اس اعتبار سے یہ اثر باب کے ساتھ منطبق ہے، اور یہ اثر حنفیہ کے موافق ہے اور امام احمد رحمہ اللہ کا بھی مختار قول یہی ہے، البتہ امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک جنبی اور حائضہ کے لئے تسمہ کے واسطہ سے بھی قرآن پکڑنا جائز نہیں۔

مسئلہ: قرآنِ مجید پر جو گتا، کپڑا یا کاغذ وغیرہ چڑھا دیا جاتا ہے اور اس کو جوڑ دیا جاتا ہے وہ قرآن ہی کے حکم میں ہے۔ عربی میں اس کو مُشَرَّج کہتے ہیں، اور جزدان جس میں قرآن لپیٹ کر رکھتے ہیں وہ قرآن کے حکم میں نہیں، جنبی، حائضہ اور

نفاس والی عورت اس کو پکڑ سکتی ہے، حائضہ باندی نے تسمیہ پکڑ رکھا ہے حالانکہ وہ جزدان کے ساتھ جڑا ہوا ہے، مگر وہ جزدان مُشَرَّج نہیں تھا، اس لئے جائز ہے۔

[۲۹۷-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، سَمِعَ زُهَيْرًا، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ صَفِيَّةَ، أَنَّ أُمَّهُ حَدَّثَتْهُ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهَا: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَّكِئُ فِيْ حِجْرِيْ وَأَنَا حَائِضٌ، ثُمَّ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ.

[انظر: ۷۵۴۹]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ میری گود میں ٹیک لگایا کرتے تھے درانحالیکہ میں حائضہ ہوتی تھی، پھر آپ قرآن پڑھتے تھے۔

بابُ مَنْ سَمَّى النِّفَاسَ حَيْضًا

نفاس کو حیض کہنا درست ہے

حیض وہ خون ہے جو تندرست عورت کو آتا ہے اور ہر مہینہ آتا ہے، اور بچہ پیدا ہونے کے بعد جو خون آتا ہے وہ نفاس کہلاتا ہے، جب حمل ٹھہرتا ہے تو حیض کا خون نکلنا بند ہوجاتا ہے، وہ جمع رہتا ہے، پھر جب بچہ میں روح پڑتی ہے تو وہ خون بچہ کی پرورش میں صرف ہوتا ہے، اس کی غذا بنتا ہے، پھر جو خون بچ جاتا ہے وہ بچہ کی پیدائش کے بعد نکل آتا ہے، اس خون کو نفاس کہتے ہیں، پس یہ خون درحقیقت حیض ہی کا خون ہے اس لئے اس کو حیض بھی کہہ سکتے ہیں، اور حیض کو نفاس بھی کہہ سکتے ہیں، کیونکہ دونوں خون ایک ہیں۔ نبی ﷺ نے حیض پر نفاس کا اطلاق کیا ہے، آپؐ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا تھا: أَنُفِسْتِ؟ کیا تمہیں حیض آگیا؟ امام بخاریؒ نے اس کے برعکس باب باندھا ہے کہ نفاس پر حیض کا اطلاق درست ہے، کیونکہ دونوں کے احکام ایک ہیں، دونوں ایک ہی خون ہیں، اس لئے اطلاق میں طرد وعکس درست ہے۔

قوله: من سَمَّى النفاس حيضًا: جس نے نفاس کو حیض کہا، حدیث میں اس کے برعکس ہے، حیض پر نفاس کا اطلاق کیا گیا ہے، اس سے حضرت رحمہ اللہ نے یہ استدلال کیا ہے کہ جب حیض پر نفاس کا اطلاق کیا جاسکتا ہے تو نفاس پر بھی حیض کا اطلاق کیا جاسکتا ہے، پس احکام میں اشتراک ثابت ہوا۔

[٤-] بابُ مَنْ سَمَّى النِّفَاسَ حَيْضًا

[۲۹۸-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهَا، قَالَتْ: بَيْنَا أَنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مُضْطَجِعَةٌ

فِيْ خَمِيْصَةٍ، إِذْ حِضْتُ فَانْسَلَلْتُ، فَأَخَذْتُ ثِيَابَ حَيْضَتِيْ، فَقَالَ: "أَنُفِسْتِ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، فَدَعَانِيْ فَاضْطَجَعْتُ مَعَهُ فِيْ الْخَمِيْلَةِ.[انظر: ۳۲۲، ۳۲۳، ۱۹۴۹]

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: دریں اثناء کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کمبل (خميصة: پتلے کمبل اور پتلی چادر کو کہتے ہیں) میں لیٹی ہوئی تھی کہ اچانک مجھے حیض شروع ہوگیا، میں چپکے سے کمبل سے نکل گئی، اور میں نے اپنے حیض کے کپڑے لئے (حِيضة: حاء کا زبر اور زیر دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں) آپؐ نے فرمایا: کیا تمہارا حیض شروع ہوگیا؟ میں نے کہا: ہاں، آپؐ نے مجھے بلایا پس میں آپؐ کے ساتھ کمبل میں لیٹ گئی۔

تشریح: نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ام سلمہؓ ایک ساتھ ایک چادر میں سورہے تھے کہ اچانک حضرت ام سلمہؓ کا حیض شروع ہوگیا، وہ چپکے سے کمبل سے نکل گئیں، اور حیض کے کپڑے باندھنے لگیں، حیض کے زمانہ میں عورتیں کچھ زائد کپڑے استعمال کرتی ہیں، بعض لنگوٹ باندھتی ہیں، بعض روئی یا کپڑا رکھتی ہیں اور اس پر نیکر پہنتی ہیں تاکہ پائجامہ خراب نہ ہو، اس درمیان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ کھل گئی، آپؐ نے پوچھا: کیا تمہیں حیض آگیا؟ انھوں نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: کپڑے باندھ کر میرے ساتھ آکر لیٹ جاؤ، چونکہ یہ بات رات میں پیش آئی تھی، اور آپؐ کے گھر میں چراغ نہیں جلتا تھا، اور بروقت دوسرا انتظام مشکل تھا اس لئے آپؐ نے زوجۂ مطہرہ کو ساتھ لیٹنے کے لئے فرمایا، ورنہ ازواج مطہرات کا عام معمول یہ تھا کہ وہ ماہواری کے دنوں میں علاحدہ لیٹتی تھیں، ابوداؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: كنتُ إذا حِضْتُ نَزلتُ عن المثال (السرير) على الحصير، فلم نَقرَب رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم ولم نَدنُ منه حتى نطهر: مجھے جب ماہواری آتی تھی تو میں چارپائی سے چٹائی پر اتر جاتی تھی، پس جب تک ہم پاک نہیں ہوتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ نزدیک ہوتے تھے، نہ قریب (جامع الاصول حدیث ۵۳۹۵) اس حدیث میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حیض پر نفاس کا اطلاق کیا ہے، جب حیض پر نفاس کا اطلاق کیا جاسکتا ہے تو نفاس پر بھی حیض کا اطلاق کیا جاسکتا ہے، کیونکہ دونوں خون ایک ہیں، پس دونوں کے احکام بھی ایک ہونگے اور یہی امام بخاری رحمہ اللہ کا مدعی ہے۔

بابُ مُبَاشَرَةِ الْحَائِضِ

حائضہ کے بدن سے بدن لگانا

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ ﴿فَاعْتَزِلُوْا النِّسَاءَ فِيْ الْمَحِيْضِ﴾ کی حدود کیا ہیں؟ حائضہ عورت سے کتنا بچنا ضروری ہے؟ اور کتنا قریب جاسکتے ہیں؟ امام احمد اور امام محمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: فرج کے علاوہ باقی بدن سے بدن لگانا جائز ہے۔

بَشَرَة کے معنی ہیں: کھال، اور مباشرت باب مفاعلہ کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: بدن کو بدن سے لگانا، اور اردو میں

مباشرت کے معنی ہیں: صحبت کرنا، پس لفظ مباشرت سے دھوکہ نہ کھائیں، جیسے شہوت کے عربی معنی ہیں: دل میں گدگدی پیدا ہونا، میلان ہونا، اور اردو میں معنی ہیں: انتشار آلہ، ایسی جگہوں میں طلبہ کو خیال رکھنا چاہئے۔

غرض امام احمد اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک فرج کے علاوہ بدن سے بلا حائل بدن لگانا جائز ہے، اور جمہور بشمول امام بخاریؒ کی رائے یہ ہے کہ ناف سے گھٹنے تک مباشرت جائز نہیں، یعنی اتنے حصہ میں کپڑے کے بغیر ہاتھ اور بدن وغیرہ لگانا جائز نہیں، کپڑے کی آڑ کے ساتھ لگا سکتے ہیں، اور باقی بدن کے ساتھ بدن لگا سکتے ہیں، کپڑے کے ساتھ بھی اور کپڑے کے بغیر بھی۔

باب کی حدیث جمہور کی دلیل ہے، نبی ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا: لنگی باندھ کر میرے ساتھ لیٹ جاؤ، جب لنگی باندھ لیں گی تو ناف سے گھٹنے تک کا بدن چھپ جائے گا، معلوم ہوا کہ بدن کے اس حصہ کو کپڑے کی آڑ کے بغیر ہاتھ اور بدن وغیرہ لگانا جائز نہیں۔

پس آیتِ کریمہ کی دو تفسیریں ہوئیں: امام احمدؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک صرف فرج سے بچنا ضروری ہے، باقی بدن کو ہاتھ وغیرہ لگا سکتے ہیں، کپڑے کے ساتھ بھی اور کپڑے کے بغیر بھی، اور جمہور کے نزدیک ناف اور گھٹنے کے درمیانی بدن سے بچنا ضروری ہے، اس حصہ کو کپڑے کی آڑ کے بغیر ہاتھ وغیرہ لگانا جائز نہیں، باقی بدن کو بدن لگا سکتے ہیں۔

[۵-] بابُ مُبَاشَرَةِ الْحَائِضِ

[۲۹۹-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، وِكَلَانَا جُنُبٌ. [راجع: ۲۵۰]

[۳۰۰-] وَكَانَ يَأْمُرُنِيْ فَأَتَّزِرُ فَيُبَاشِرُنِيْ وَأَنَا حَائِضٌ. [انظر: ۳۰۲، ۲۰۳۰]

[۳۰۱-] وَكَانَ يُخْرِجُ رَأْسَهُ إِلَيَّ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فَأَغْسِلُهُ وَأَنَا حَائِضٌ. [راجع: ۲۹۵]

ترجمہ: (۱) حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: میں اور نبی ﷺ ایک برتن سے غسل کیا کرتے تھے درانحالیکہ ہم دونوں جنبی ہوتے تھے (۲) اور آپؐ مجھے حکم دیا کرتے تھے، پس میں لنگی باندھ لیتی تھی، پس آپؐ مجھے اپنے ساتھ لٹاتے تھے، درانحالیکہ میں حائضہ ہوتی تھی (۳) اور آپؐ سر میری طرف نکالتے تھے درانحالیکہ آپؐ معتکف ہوتے تھے، پس میں سر دھودیتی تھی درانحالیکہ میں حائضہ ہوتی تھی۔

تشریح: اس حدیث میں تین مضمون ہیں: دو کا باب سے کوئی تعلق نہیں اور وہ پہلے گذر چکے ہیں اور ایک باب سے متعلق ہے، جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حیض آتا تو نبی ﷺ ان کو لنگی باندھ کر ساتھ لیٹنے کا حکم دیتے، مگر یہ کبھی کبھار کا عمل تھا، مگر راوی نے اس کو ماضی استمراری سے تعبیر کیا ہے، رُوات ایسا کرتے ہیں۔ جیسے نبی ﷺ نے ایک مرتبہ حج کیا ہے مگر

راوی اس کو ماضی استمراری سے روایت کرتے ہیں، کیونکہ ایک مرتبہ کے عمل سے جو جواز ثابت ہوتا ہے وہ مستمر ہوتا ہے، اس لئے راوی اس کو ماضی استمراری سے تعبیر کرتا ہے، پس اس کو دائمی عمل نہیں سمجھنا چاہئے۔ ازواج مطہرات زمانہ حیض میں الگ سوتی تھیں، گذشتہ باب میں ابوداؤد کے حوالہ سے یہ بات گذر چکی ہے۔

ملحوظہ: أَتَّزِرُ: إِزَار سے ہے، اس کے معنی ہیں: لنگی باندھنا۔ اردو میں پائجامہ کو ازار کہتے ہیں، عربی میں ازار کے معنی لنگی کے ہیں۔

[۳۰۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ: هُوَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ إِحْدَانَا إِذَا كَانَتْ حَائِضًا، فَأَرَادَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُبَاشِرَهَا، أَمَرَهَا أَنْ تَتَّزِرَ فِيْ فَوْرِ حَيْضَتِهَا، ثُمَّ يُبَاشِرُهَا، قَالَتْ: وَأَيُّكُمْ يَمْلِكُ أَرَبَهُ كَمَا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَمْلِكُ أَرَبَهُ؟ —— تابعَهُ خَالِدٌ وَجَرِيْرٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب ہم میں سے کوئی بیوی حائضہ ہوتی اور رسول اللہ ﷺ اس کو ساتھ لٹانا چاہتے تو اس کو حکم دیتے کہ حیض کے شروع دنوں میں لنگی باندھ لے، پھر اس کو لٹاتے، حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: اور تم میں سے کون اپنی خواہش پر ایسا کنٹرول کر سکتا ہے جتنا نبی ﷺ اپنی خواہش پر کنٹرول رکھتے تھے؟

تشریح: ازواج مطہرات حیض کے زمانہ میں علاحدہ سوتی تھیں، مگر بعض مرتبہ ایسا ہوتا تھا کہ بیوی ساتھ سو رہی ہے اور اس کا حیض شروع ہوگیا، پس آپؐ بیوی کو حکم دیتے کہ وہ حیض کے زمانہ کے کپڑے باندھ کر لنگی باندھ لے، پھر آپؐ کے ساتھ لیٹ جائے، اس لئے کہ رات کا وقت ہوتا تھا اور گھر میں چراغ نہیں جلتا تھا، اس لئے علاحدہ سونے کا انتظام کرنا دشوار ہوتا تھا، پھر اگلے دن بیوی علاحدہ سوتی۔

قولہ: فِي فَوْرِ حَيْضَتِهَا کا یہی مطلب ہے کہ یہ حکم دینا اور ساتھ سلانا حیض کے آغاز میں ہوتا تھا۔ اور نبی ﷺ کا یہ فعل بیان جواز کے لئے تھا ﴿فَاعْتَزِلُوْا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيْضِ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ﴾ کی وضاحت کے لئے تھا، پس یہ سنت نہیں، چنانچہ خود حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: تم میں سے کون اپنی خواہش پر اتنا کنٹرول کر سکتا ہے جتنا نبی ﷺ کا اپنی خواہش پر کنٹرول تھا یعنی تم اس کو سنت سمجھ کر بیوی کو ساتھ نہ لٹاؤ ورنہ گناہ میں مبتلا ہو جاؤ گے۔

اس حدیث سے بھی فوق الازار مباشرت کا جواز ثابت ہوا، اور یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے، اور أَرَب (الف اور راء کا زبر) کے معنی ہیں: حاجت، خواہش، اور إِرْب (الف کا زیر اور را پر جزم) کے معنی ہیں: عضو، پس دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں مگر راجح أَرَب (بفتحتین) ہے۔

فائدہ: ابواسحاق دو ہیں: ایک: سبیعی ہمدانی، دوسرے شیبانی، دونوں ایک ہی طبقہ کے ہیں، اس لئے امتیاز کے لئے سند

میں هو الشیبانی بڑھایا، اور خالد اور جریر: علی بن مُسہر کے متابع ہیں، یعنی وہ دونوں بھی ابواسحاق شیبانی سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔

[۳۰۳-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مَيْمُوْنَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَرَادَ أَنْ يُبَاشِرَ امْرَأَةً مِنْ نِسَائِهِ، أَمَرَهَا فَاتَّزَرَتْ، وَهِيَ حَائِضٌ ـــ وَرَوَاهُ سُفْيَانُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ.

ترجمہ: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ جب ازواج میں سے کسی کو ساتھ لٹانے کا ارادہ فرماتے اور وہ حائضہ ہوتی تو اس کو لنگی باندھنے کا حکم دیتے ـــ اس حدیث کو سفیان ثوری بھی شیبانی سے روایت کرتے ہیں۔

تشریح: نبی ﷺ نے زمانہ حیض میں حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما کے علاوہ حضرت میمونہؓ کو بھی ساتھ لٹایا ہے، مسلم شریف (۱۴۲:۱) میں اس کی صراحت ہے۔

بَابُ تَرْكِ الْحَائِضِ الصَّوْمَ

حائضہ کا روزہ نہ رکھنا

حائضہ نہ نماز پڑھے گی اور نہ روزہ رکھے گی، اور امام بخاریؒ نے نماز کا تذکرہ اس لئے چھوڑ دیا کہ نماز کے لئے طہارت شرط ہے، اور حائضہ طاہرہ نہیں، پس وہ نماز نہیں پڑھ سکتی، یہ بات ہر کوئی جانتا ہے، اور روزہ کے لئے طہارت شرط نہیں، اس لئے کوئی خیال کرسکتا تھا کہ حائضہ روزہ رکھے گی، اس لئے حضرتؒ نے یہ ترجمہ قائم کیا کہ حائضہ روزہ بھی نہیں رکھے گی۔

مسئلہ: کوئی عورت روزہ سے ہو، فرض روزہ ہو یا نفل اور حیض شروع ہوجائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا، اور اس کے لئے کھانا پینا جائز ہے، مگر لوگوں کے سامنے نہ کھائے، اور روزے کی قضا کرے، اور اگر حائضہ رمضان میں دن میں پاک ہوجائے تو اب روزہ شروع نہیں کرسکتی، البتہ امساک ضروری ہے، کھائے پیئے گی تو گنہ گار ہوگی، اور اس روزہ کی بھی قضا کرے گی۔

[٦-] بَابُ تَرْكِ الْحَائِضِ الصَّوْمَ

[۳۰٤-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زَيْدٌ: هُوَ ابْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ أَضْحَى أَوْ فِطْرٍ إِلَى الْمُصَلَّى، فَمَرَّ عَلَى النِّسَاءِ، فَقَالَ: "يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ! تَصَدَّقْنَ فَإِنِّيْ أُرِيْتُكُنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ" فَقُلْنَ: وَبِمَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ، مَا رَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِيْنٍ أَذْهَبَ لِلُبِّ الرَّجُلِ

الْحَازِمِ مِنْ إِحْدَاكُنَّ" قُلْنَ: وَمَا نُقْصَانُ دِيْنِنَا وَعَقْلِنَا يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" أَلَيْسَ شَهَادَةُ الْمَرْأَةِ مِثْلَ نِصْفِ شَهَادَةِ الرَّجُلِ؟" قُلْنَ: بَلٰى، قَالَ:" فَذٰلِكَ مِنْ نُقْصَانِ عَقْلِهَا، أَلَيْسَ إِذَا حَاضَتْ لَمْ تُصَلِّ وَلَمْ تَصُمْ؟" قُلْنَ: بَلٰى، قَالَ:" فَذٰلِكَ مِنْ نُقْصَانِ دِيْنِهَا" [انظر: ۱۴۶۲، ۱۹۵۱، ۲۶۵۸]

ترجمہ: ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ عید الاضحیٰ میں یا عید الفطر میں (راوی کو شک ہے) عید گاہ تشریف لے گئے، پس آپ عورتوں کے پاس سے گذرے، اور فرمایا: اے عورتوں کی جماعت! صدقہ کرو، اس لئے کہ میں جہنم میں تمہاری تعداد زیادہ دکھلایا گیا ہوں، عورتوں نے پوچھا: کس وجہ سے اے اللہ کے رسول؟ یعنی عورتیں جہنم میں زیادہ کیوں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: تم لعن طعن زیادہ کرتی ہو، اور شوہروں کی ناشکری کرتی ہو، میں نے عقل اور دین کی ادھوری کوئی مخلوق ایسی نہیں دیکھی جو سمجھ دار اور انجام بیں مرد کی عقل کو اچک لے، تم سے زیادہ! یعنی تم دین میں بھی ناقص ہو اور عقل میں بھی، اس کے باوجود عقلمند آدمی کی عقل کو چٹکی بجا کر مٹھی میں کر لیتی ہو، عورتوں نے پوچھا: ہمارے دین اور عقل کا نقصان کیا ہے اے اللہ کے رسول؟ آپؐ نے پوچھا: کیا عورت کی گواہی مرد کی گواہی سے آدھی نہیں؟ یعنی باب شہادت میں دو عورتیں ایک مرد کے برابر نہیں؟ عورتوں نے کہا: کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا: یہ عقل کا نقصان ہے، کیا یہ بات نہیں ہے کہ جب وہ حائضہ ہوتی ہے تو نہ نماز پڑھتی ہے اور نہ روزہ رکھتی ہے؟ عورتوں نے کہا: کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا: یہ دین کا نقصان ہے۔

تشریح: یہ حدیث کتاب الایمان میں مختصر گذری ہے، ایک مرتبہ آپ ﷺ نے عید الاضحیٰ یا عید الفطر میں خطبہ دیا پھر آپؐ نے خیال فرمایا کہ آپ کی آواز عورتوں تک اچھی طرح نہیں پہنچی اس لئے آپ عورتوں کے مجمع کے قریب تشریف لے گئے، اور ان کے سامنے دوبارہ تقریر فرمائی، حضرت بلال رضی اللہ عنہ ساتھ تھے، اس موقع پر آپؐ نے خاص طور پر عورتوں کو صدقہ کرنے پر ابھارا اور فرمایا کہ میں نے جہنم میں عورتوں کی تعداد زیادہ دیکھی ہے، جہنم آپؐ نے معراج میں بھی دیکھی ہے، آپ کو چھ مرتبہ معراج ہوئی ہے، ان میں سے پانچ منامی معراجیں ہیں اور بڑی معراج میں اختلاف ہے، جمہور کے نزدیک وہ جسمانی ہے، ان معراجوں میں سے کسی معراج میں آپ کو جنت وجہنم دکھائی گئی تو آپؐ نے دیکھا کہ جہنم میں عورتوں کی تعداد زیادہ ہے۔

سوال: ابھی نہ تو کوئی جنت میں گیا ہے نہ جہنم میں، ابھی تو سب عالم برزخ میں ہیں، پھر قیامت کے دن روحیں اس دنیا میں واپس آئیں گی، اس کا نام معاد ہے، پھر حساب وکتاب ہوگا، پھر دو دنیاؤں کے درمیان پل رکھا جائے گا، اس سے گذر کر جنتی جنت میں جائیں گے اور جہنمی جہنم میں۔ پھر حضور ﷺ نے عورتوں کو جہنم میں زیادہ کیسے دیکھا؟

جواب: یہ عالم مثال کی جنت وجہنم ہیں، مثال کے معنی ہیں: فوٹو کاپی، عالم مثال اس دنیا کی بھی فوٹو کاپی ہے اور عالم آخرت کی بھی، اس میں ہماری گذشتہ دنیا اور آنے والی آخرت کی مثالیں موجود ہیں۔ آنحضور ﷺ نے عالم مثال کی جنت وجہنم کی سیر کی ہے، اور جہنم میں عورتوں کی تعداد زیادہ دیکھی ہے۔

غرض: نبی ﷺ نے جہنم میں عورتوں کی تعداد زیادہ دیکھی، اور جہنم میں وہی جائے گا جس سے اللہ ناراض ہوں، اور اللہ کی ناراضگی کو صدقہ ختم کرتا ہے، حدیث میں ہے: إن الصدقة تُطْفِئُ غَضَبَ الربِّ: صدقہ پروردگار کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے، اس لئے آنحضور ﷺ نے عورتوں کو صدقہ کا حکم دیا۔

اور عورتوں کے جہنم میں زیادہ ہونے کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ لعن طعن زیادہ کرتی ہیں، شوہروں کے احسان کی ناشکری کرتی ہیں، بڑے سے بڑے عقلمند کی عقل کو اپنی مٹھی میں کر لیتی ہیں، اور ماں باپ، بھائی بہن، کنبہ اور خاندان سے لڑا دیتی ہیں۔

آنحضور ﷺ نے ان کو دین وعقل میں ناقص بھی قرار دیا، اور عقل کا نقصان یہ بتایا کہ باب شہادت میں دو عورتیں ایک مرد کے برابر مانی جاتی ہیں، اور دین کا نقصان یہ بتلایا کہ مرد ہمیشہ نماز روزہ کرتا ہے، اور عورتیں زمانہ حیض اور زمانہ نفاس میں نہ نماز پڑھتی ہیں نہ روزہ رکھتی ہیں، پھر اگرچہ روزوں کی قضا کر لیتی ہیں مگر نمازوں کی قضا نہیں، اس لئے وہ دین میں مردوں کے برابر نہیں اور یہی جزء باب سے متعلق ہے۔

فائدہ (۱): عورتیں جو زمانہ حیض میں نماز روزہ نہیں رکھتیں ان کو نماز روزہ کا ثواب مل جاتا ہے، مگر وہ صرف اصلی ثواب ہوتا ہے، اور جو بالفعل نماز پڑھتا ہے، روزہ رکھتا ہے اس کو اصلی اور فضلی دونوں ثواب ملتے ہیں، پس وہ صرف اصلی ثواب والے سے بڑھ جاتا ہے، جیسے تہجد گذار جب بڑھاپا یا بیماری کی وجہ سے تہجد نہ پڑھ سکے تو اس کے نامۂ اعمال میں تہجد کا ثواب لکھ دیا جاتا ہے مگر وہ اصلی ثواب ہوتا ہے، اور جو بالفعل تہجد پڑھتا ہے اس کو اصلی اور فضلی دونوں ثواب ملتے ہیں، اس لئے یقیناً وہ ایک ثواب والے سے بڑھ جائے گا۔ مشہور حدیث ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے بغیر عذر کے رمضان کا روزہ کھالیا اگر وہ زمانہ بھر روزہ رکھے تو بھی اس ایک روزہ کے ثواب کو نہیں پاسکتا، اس کی وجہ یہی ہے کہ جو رمضان میں روزہ رکھے گا اس کو اصلی اور فضلی دونوں ثواب ملیں گے، اور بعد میں روزہ قضا کرنے والے کو روزہ کا ثواب تو مل جائے گا، اور ذمہ سے فرض ساقط ہو جائے گا، مگر وہ رمضان کے فضلی ثواب سے محروم رہے گا۔

فائدہ (۲): عورتوں کا ماحول ایسا ہے کہ ان کا حافظہ کمزور پڑ جاتا ہے، صبح سے شام تک بچے دماغ چاٹتے رہتے ہیں، ساس سسر اور شوہر کی فکر سوار رہتی ہے، اس سے حافظہ پر اثر پڑتا ہے، اس لئے باب شہادت میں دو عورتوں کو ایک مرد کے قائم مقام گردانا گیا ہے، کورٹ میں جب دو مرد گواہی دینے کے لئے کھڑے ہونگے تو آگے پیچھے گواہی دیں گے، ایک ساتھ کھڑے نہیں ہونگے، اور عورتیں ایک ساتھ کھڑی ہونگی، کیونکہ وہ دونوں ایک مرد کے قائم مقام ہیں، کتابوں میں یہ قصہ لکھا ہے کہ کسی قاضی نے عورتوں کی گواہی الگ الگ لینی چاہی تو عورتوں نے اعتراض کیا کہ ہم دونوں ساتھ کھڑی ہونگی اور قرآن کی آیت پڑھی: ﴿أَنْ تَضِلَّ إِحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ أَحْدَاهُمَا الْأُخْرَى﴾: چنانچہ قاضی کو ماننا پڑا، اس آیت میں اشارہ ہے کہ عورتوں کا حافظہ کمزور ہو جاتا ہے، اس لئے حدیث میں عقل سے حافظہ مراد ہے، تاریخ میں بہت سی عورتیں گذری ہیں جو بڑی فرزانہ اور زیرک تھیں، حکومتوں کی انھوں نے سربراہی کی ہے اور آج بھی کر رہی ہیں، کیونکہ حافظہ کمزور کرنے والی باتیں ان

کے ساتھ نہیں ہوتیں، مگر عام عورتوں کا حال ان سے مختلف ہے۔

فائدہ (۳): سورۃ الفرقان کے آخری رکوع میں عبادالرحمٰن کی ایک خاص شان یہ بیان ہوئی ہے: ﴿الَّذِيْنَ إِذَا ذُكِّرُوْا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا﴾: رحمان کے بندوں کو جب رحمان کی آیتوں سے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان پر اندھے بہرے ہوکر نہیں گرتے، بلکہ ان کو سمجھتے ہیں اور جو بات سمجھ میں نہ آئے اس کو پوچھتے ہیں۔ صحابہ کی یہی شان تھی، مردوں کی بھی اور عورتوں کی بھی، جب نبی ﷺ نے عورتوں کو دین وعقل میں ناقص قرار دیا تو عورتوں نے فوراً سوال کیا، طلبہ کو بھی کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو پوچھنا چاہئے۔

بابٌ تَقْضِي الْحَائِضُ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا إِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ

حائضہ طواف کے علاوہ حج کے تمام ارکان ادا کرے

تین مسئلوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے، جب تک ان کو الگ الگ نہ کرلیا جائے بات سمجھنا مشکل ہوگا:

(۱) جنابت، حیض اور نفاس کی حالت میں اللہ کا ذکر کرنا جائز ہے یا نہیں؟

(۲) جنبی اور حائضہ کے لئے قرآنِ کریم کی وہ آیات جواذکار وادعیہ اور تعوذ کے قبیل سے ہیں: ان کو پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ جیسے چھینک آنے پر الحمد للہ یا الحمد لله رب العالمين على كل حال کہنا، یا دعا کے طور پر رَبَّنَا آتِنَا فِيْ الدُّنْيَا حَسَنَةً إلخ پڑھنا، یا سوتے وقت معوذتین اور آیت الکرسی وغیرہ پڑھ کر بدن پر دم کرنا: یہ جائز ہے یا نہیں؟

(۳) جنبی اور حائضہ کے لئے تلاوت قرآن کا کیا حکم ہے؟

یہ تین الگ الگ مسئلے ہیں اگر ان کو جدا جدا نہیں کیا جائے گا تو بات سمجھنا مشکل ہوگا، جیسے فاتحہ کے سلسلہ میں دو مسئلے الگ الگ ہیں، ایک: فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟ قطع نظر اس سے کہ نمازی کون ہے؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک وجوب کا تعلق ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرضیت کا، اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ فاتحہ کا کس نمازی سے تعلق ہے؟ نمازی تین ہیں: امام، مقتدی اور منفرد، امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک صرف امام اور منفرد سے فاتحہ کا تعلق ہے مقتدی سے تعلق نہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مقتدی سے بھی فاتحہ کا تعلق ہے، یہ دونوں مسئلے جدا جدا ہیں اگر ان کو الگ نہیں کیا جائے گا تو دلائل کا کھچڑا ہوجائے گا، اسی طرح مذکورہ تینوں مسئلے بھی جب تک الگ نہیں کئے جائیں گے بات الجھی رہے گی، اس لئے ان تینوں مسئلوں کو ایک دوسرے سے جدا کرکے سمجھنا چاہئے تفصیل درج ذیل ہے:

۱- جنبی اور حائضہ کے لئے ہر ذکر جائز ہے (قرآنِ کریم مستثنیٰ ہے) اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

۲- قرآنِ کریم کی آیات: ذکر، دعا اور تعوذ کے طور پر پڑھنا بھی بالاجماع جائز ہے۔

۳- قرآن کی تلاوت میں اختلاف ہے، حضرات ابوحنیفہ، شافعی، احمد اور جمہور کے نزدیک تلاوت جائز نہیں، نہ تھوڑی

نہ زیادہ، اوراحناف کا ایک قول یہ ہے کہ مکمل آیت کی تلاوت جائز نہیں، بعض آیت کی تلاوت جائز ہے، مگر اصح قول یہ ہے کہ طرفِ کلمة یعنی کلمہ کا کچھ حصہ پڑھ سکتے ہیں، پورا کلمہ نہیں پڑھ سکتے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کی دو روایتیں ہیں: ایک: تعوذ کے طور پر چند آیتیں پڑھ سکتے ہیں، دوسری: جنبی اور حائضہ کے لئے مطلقاً تلاوت جائز ہے اور یہی امام بخاری رحمہ اللہ کا مذہب ہے۔

جمہور کے دلائل:

۱- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حائضہ اور جنبی قرآن میں سے کچھ نہ پڑھیں (ترمذی حدیث ۱۳۲) مگر یہ حدیث اسماعیل بن عیاش کی ہے اور ان کے استاذ موسیٰ بن عقبہ حجازی ہیں، اور اسماعیل کی جو حدیثیں شامی اساتذہ سے ہوتی ہیں وہ تو معتبر ہیں مگر حجازی اور عراقی اساتذہ سے جو حدیثیں مروی ہیں ان کو محدثین نے ضعیف قرار دیا ہے۔

۲- حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ہر حال میں قرآن پڑھاتے تھے، البتہ اگر آپ جنبی ہوتے تو قرآن نہیں پڑھاتے تھے (ترمذی حدیث ۱۴۷) معلوم ہوا کہ جنبی کے لئے قرآن پڑھنا جائز نہیں، پس یہی حکم حائضہ اور نفاس والی عورت کا بھی ہوگا۔ اور امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے، مگر یہ حدیث بھی ضعیف ہے اس لئے کہ اس کا مدار عبداللہ بن سلمہ پر ہے، اور وہ بوڑھے ہوگئے تھے اور ان کی احادیث میں نکارت پیدا ہوگئی تھی، اس لئے امام بخاریؒ نے ان حدیثوں کا اعتبار نہیں کیا، اور فرمایا: جنبی، حائضہ اور نفاس والی عورتوں کے لئے مطلقاً قرآن کی تلاوت جائز ہے، کیونکہ ممانعت کی کوئی روایت ثابت نہیں، مگر جمہور کے نزدیک حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث کا ضعف قابل برداشت ہے، یعنی وہ معمولی ضعیف ہے، اور ابن عمرؓ کی حدیث بھی قابل استدلال ہے، کیونکہ مغیرة بن عبدالرحمان اور معشر: اسماعیل کے متابع ہیں، مغیرہ کی حدیث دار قطنی (۱:۱۱۷) میں ہے۔

۳- حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے شاعر تھے، ایک مرتبہ اپنی باندی سے صحبت کررہے تھے، ان کی بیوی نے دیکھ لیا، وہ چاقو لے کر آئی اتنے میں وہ صحبت سے فارغ ہو چکے تھے، وہ ان کو گرا کر سینہ پر بیٹھ گئی، اور چاقو دکھا کر کہا: تم نے باندی سے صحبت کی ہے؟ وہ بیچارے مرتے کیا نہ کرتے، انھوں نے بیوی سے کہا: اگر میں نے باندی سے صحبت کی ہے تو میں جنبی ہوں، اور تم جانتی ہو کہ جنبی قرآن نہیں پڑھ سکتا، بیوی نے کہا: ٹھیک ہے قرآن پڑھ کر دکھاؤ، انھوں نے برجستہ چند اشعار پڑھے جن کا مضمون قرآن کے مضمون سے ملتا جلتا تھا۔ یہ اشعار بخاری شریف کتاب التہجد (حدیث ۱۱۵۵) میں آئیں گے، بیوی نے ان کو قرآن سمجھا اور وہ یہ کہہ کر اٹھ گئی کہ میری آنکھوں نے غلط دیکھا، اللہ کے رسول نے صحیح فرمایا! یہ حدیث بخاری شریف میں مختصراً دو جگہ آئی ہے اور تفصیل سے دیگر کتابوں میں ہے۔ اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ صحابہ ہی نہیں صحابیات بھی جانتی تھیں کہ جنابت کی حالت میں قرآن پڑھنا جائز نہیں۔

نظیر: حضرت عمر رضی اللہ عنہ غصہ میں بھرے ہوئے بہنوئی کے گھر پہنچے، اور بہن بہنوئی کو مارا، جب غصہ ٹھنڈا ہوا تو انھوں نے کہا: اچھا مجھے دکھاؤ تم کیا پڑھ رہے تھے؟ بہن نے کہا: تم ناپاک ہو، تم اللہ کے کلام کو چھو نہیں سکتے، پہلے غسل کرو، چنانچہ حضرت عمرؓ نے غسل کیا پھر انھوں نے سورۂ طٰہٰ کی ابتدائی آیات پڑھیں اور دل کی کایا پلٹ گئی اور حلقہ بگوشِ اسلام ہوگئے، یہ مشہور واقعہ ہے، اس میں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ بے وضو قرآن کو چھونا جائز نہیں، اور یہ مسئلہ ﴿لاَیَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾ سے نکلتا ہے، یہ بات صحابہ ہی نہیں، صحابیات بھی جانتی تھیں، اب اگر غیر مقلدین اور مودودی اس کو نہ سمجھیں تو ہم کیا کریں؟ پڑیں ان کی عقلوں پر پتھر! اسی طرح یہ مسئلہ ہے کہ صحابہ ہی نہیں صحابیات بھی جانتی تھیں کہ جنبی قرآن نہیں پڑھ سکتا۔

غرض: جمہور کی یہ تین دلیلیں ہیں اور جو لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ حالت جنابت میں قرآن پڑھ سکتے ہیں جیسے امام مالک رحمہ اللہ کی ایک روایت ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ کا مذہب ہے، ان کے دلائل کتاب میں ہیں۔ امام بخاریؒ نے باب میں پہلے دو آثار، پھر چار معلق احادیث، پھر ایک اثر اور ایک مرفوع روایت پیش کی ہے، ان میں غور کرنا ہے کہ تقریب تام ہے یا نہیں؟ یعنی ان سے استدلال درست ہے یا نہیں؟

[۷-] بابٌ تَقْضِی الْحَائِضُ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا إِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ

[۱-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: لَابَأْسَ أَنْ تَقْرَأَ الآيَةَ.

[۲-] وَلَمْ يَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِالْقِرَاءَةِ لِلْجُنُبِ بَأْسًا.

[۳-] وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ أَحْيَانِهِ.

[٤-] وَقَالَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ: كُنَّا نُؤْمَرُ أَنْ نُخْرِجَ الْحُيَّضَ فَيُكَبِّرْنَ بِتَكْبِيْرِهِمْ وَيَدْعُوْنَ.

[٥-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سُفْيَانَ أَنَّ هِرَقْلَ دَعَا بِكِتَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَرَأَهُ فَإِذَا فِيْهِ: "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ: ﴿يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿مُسْلِمُوْنَ﴾ [آل عمران: ٦٤]

[٦-] وَقَالَ عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرٍ: حَاضَتْ عَائِشَةُ فَنَسَكَتِ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا غَيْرَ الطَّوَافِ بِالْبَيْتِ وَلَا تُصَلِّيْ.

[٧-] وَقَالَ الْحَكَمُ: إِنِّيْ لَأَذْبَحُ وَأَنَا جُنُبٌ، وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَلَا تَأْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ﴾ [الأنعام: ١٢١]

[٣٠٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَا نَذْكُرُ إِلَّا الْحَجَّ، فَلَمَّا جِئْنَا سَرِفَ طَمَثْتُ، فَدَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا أَبْكِيْ، فَقَالَ: "مَا يُبْكِيْكِ؟" قُلْتُ: لَوَدِدْتُ

وَاللّٰهِ أَنِّی لَمْ أَحُجَّ الْعَامَ! قَالَ: "لَعَلَّكِ نُفِسْتِ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "فَإِنَّ ذٰلِكَ شَيْئٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلٰى بَنَاتِ آدَمَ، فَافْعَلِی مَا يَفْعَلُ الْحَاجُّ، غَيْرَ أَنْ لَا تَطُوْفِی بِالْبَيْتِ حَتّٰى تَطْهُرِی" [راجع: ۲۹٤]

آثار:

۱- حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس میں کوئی حرج نہیں کہ آپ قرآنِ کریم کی آیت پڑھیں —— حضرت رحمہ اللہ نے ایک آیت پڑھنے کی اجازت دی ہے یا مطلقاً قرآن پڑھنے کی؟ پھر تلاوت کے طور پر پڑھنے کی اجازت دی ہے یا دعاء، تعوذ اور ذکر کے طور پر؟ امام بخاریؒ نے حضرت ابراہیم نخعی کا جو قول یہاں نقل کیا ہے اس میں کوئی صراحت نہیں، البتہ ابراہیم نخعی کا یہ قول سنن دارمی وغیرہ میں ہے۔ اس میں صراحت ہے: قال إبراهيم: أربعةٌ لايَقرءون القرآن: الجنبُ والحائضُ وعند الخَلاء وفی الحمام إلا الآيةَ ونحوَها للجنب والحائض: حضرت ابراہیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: چار آدمی قرآن نہ پڑھیں: جنبی، حائضہ، بیت الخلاء میں اور حمام میں مگر جنبی اور حائضہ کے لئے ایک آیت اور اس کے مانند مستثنیٰ ہے، نحوھا میں ایک آیت سے کم بھی مراد لے سکتے ہیں اور کچھ زیادہ بھی، معلوم ہوا کہ حضرت ابراہیم نخعیؒ نے مطلقاً تلاوت کی اجازت نہیں دی بلکہ دعا، تعوذ اور ذکر کے طور پر ایک آیت کی اجازت دی ہے، مثلاً چھینکنے والے نے کہا: الحمد لله رب العالمين على كل حال، تو پوری آیت پڑھی مگر ذکر کے طور پر پڑھی، اس لئے جائز ہے، غرض ابراہیم نخعیؒ کے قول سے امام بخاریؒ کا استدلال کہ جنبی اور حائضہ مطلقاً قرآن پڑھ سکتے ہیں: صحیح نہیں۔

۲- اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جنبی کے لئے قرآن پڑھنے میں تنگی نہیں دیکھی، یعنی حضرت ابن عباسؓ کے نزدیک جنبی کے لئے تلاوت قرآن کی گنجائش ہے —— حضرت ابن عباسؓ کا یہ قول ابن المنذر کی کتاب میں ہے، اور اس کے الفاظ یہ ہیں: إنَّ ابْنَ عباس كان يَقْرَأُ وِرْدَه وهو جنبٌ: ابن عباسؓ جنابت کی حالت میں اپنا وظیفہ پڑھا کرتے تھے، ورد (وظیفہ) اور چیز ہے اور تلاوت اور چیز ہے، دونوں میں عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہے ورد عام ہے، اور تلاوت خاص۔ اور امام بخاریؒ نے جو الفاظ لکھے ہیں وہ الفاظ کہیں نہیں ملے، اور حضرتؒ نے کوئی سند بھی نہیں لکھی، پس جن کتابوں میں سند کے ساتھ قول ہے اسی کا اعتبار ہوگا، ابن المنذر کی کتاب میں لفظ ورد ہے، قراءت نہیں ہے، اور ورد کے معنی ہیں: وظیفہ، وظیفہ میں قرآن بھی داخل ہے مگر وظیفہ قرآن کے ساتھ خاص نہیں، ہم اپنے مریدوں کو پڑھنے کے لئے بارہ تسبیح دیتے ہیں، وہ جنابت کی حالت میں پڑھ سکتے ہیں، کیونکہ وہ ذکر ہے اور جنابت کی حالت میں ذکر جائز ہے۔ غرض ابن عباسؓ کے قول سے بھی استدلال درست نہیں۔

۳- نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے تھے —— یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جو طحاوی میں ہے مگر یہ خاص دعوی کے لئے عام دلیل ہے اور دعوی خاص کے لئے دلیل عام کافی نہیں، دلیل عام سے دعوی خاص ثابت نہیں

ہوسکتا، ذکر: تلاوت سے عام ہے، پس یہ دلیل عام ہے اور جنبی تلاوت کرسکتا ہے یہ دعوی خاص ہے اور دعوی خاص کے لئے دلیل عام کافی نہیں، پس حضرت عائشہؓ کے اس قول سے بھی استدلال درست نہیں۔

علاوہ ازیں: علی کل أحیانه: سے احوال متواردہ مراد ہیں، انسان پر پے بہ پے جو احوال آتے ہیں وہ احوال متواردہ کہلاتے ہیں، مثلاً چھینک آئی، اس نے کہا: الحمدللہ، دوسرے نے جواب دیا: یرحمك الله، گھر میں داخل ہونے کا ایک ذکر ہے، نکلنے کا دوسرا ذکر، مسجد میں آنے جانے کے اذکار ہیں، سلام ومصافحہ کے اذکار ہیں، یہ احوال متواردہ ہیں، حدیث شریف میں یہی احوال متواردہ مراد ہیں، اور پہلے میں نے یہ قاعدہ سمجھایا ہے کہ بعض حدیثیں عام ہوتی ہیں مگر حقیقت میں خاص ہوتی ہیں اور یہ بات بھی بتائی ہے کہ حدیثوں میں جو ضابطے آتے ہیں وہ منطقی ضابطے نہیں ہوتے کہ کوئی فرد اس سے خارج نہ رہے، بلکہ خطابی اور عمومی ضابطے ہوتے ہیں، پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ ارشاد بھی خاص ہے اور اس سے احوال متواردہ مراد ہیں، اس لئے تلاوت کے جواز پر اس سے استدلال درست نہیں۔

علاوہ ازیں: ذکر دو ہیں: بالفعل اور بالقوۃ، ذکر لسانی بالفعل ذکر ہے اور دل ودماغ سے ذکر کرنا بالقوۃ ذکر ہے، پس اگر حدیث میں ذکر بالقوۃ مراد لیا جائے تو کوئی اشکال نہیں، کیونکہ جنبی اور حائضہ دل ودماغ میں قرآن پڑھ سکتے ہیں اس کو اردو میں سوچنا کہتے ہیں۔ مثلاً: کوئی لڑکی حفظ کرتی ہے، اب حیض شروع ہوگیا اور اس کو سبق یاد رکھنا ہے تو وہ دل ودماغ میں پڑھ سکتی ہے، مگر زبان نہیں ہلنی چاہئے یعنی ذکر لسانی نہیں ہونا چاہئے، غرض اس حدیث سے استدلال درست نہیں، اس لئے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت جو اوپر گذری ہے اس کے معارض ہے، پس عموم ذکر وا حوال مراد نہیں لے سکتے، یا تو احوال متواردہ مراد لیں گے، یا ذکر قلبی مراد لیں گے یا قرآن کے علاوہ اذکار مراد لیں گے، تاکہ دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہ رہے۔

۴- ام عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہمیں حکم دیا گیا کہ ہم حائضہ عورتوں کو بھی عیدگاہ لے جائیں، پس وہ بھی نمازیوں کے ساتھ تکبیر کہیں (خطبہ میں بار بار تکبیر کہی جاتی ہے، حائضہ بھی وہ تکبیر کہے گی) اور لوگوں کے ساتھ دعا میں شامل ہوں۔

اس اثر سے امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال اس طرح ہے کہ دعا میں آیتیں بھی ہوتی ہیں پس جب حائضہ دعا میں شامل ہوگی تو آیتیں بھی پڑھے گی، اور تکبیر بھی کہے گی، وہ بھی ایک ذکر ہے، معلوم ہوا کہ حائضہ ہر ذکر کرسکتی ہے، اور قرآن بھی پڑھ سکتی ہے، یہ امام بخاریؒ کا استدلال ہے مگر یہ استدلال بھی کمزور ہے، کیونکہ حائضہ تکبیر تو کہہ سکتی ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں، اور حائضہ آیت بھی دعا کے طور پر پڑھ سکتی ہے تو اس میں بھی کوئی اختلاف نہیں، بالاجماع یہ جائز ہے، اختلاف تلاوت کے طور پر قرآن پڑھنے میں ہے اور یہ بات اس حدیث سے ثابت نہیں ہوتی۔

علاوہ ازیں: حضرت ام عطیہؓ کی یہ حدیث ترمذی شریف (حدیث ۵۴۸) میں ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں: ویشھدن دعوۃَ المسلمین: وہ مسلمانوں کے وعظ ونصیحت میں شریک ہوں، آپؐ نے حائضہ عورتوں کو عیدگاہ جانے کا حکم اس لئے دیا تھا کہ احکام نئے نازل ہورہے تھے، مرد وزن سب اس کو سیکھنے کے محتاج تھے۔ اور عیدین کے موقع پر آنحضور ﷺ اہم اور

قیمتی نصائح بیان فرماتے تھے، اس لئے ہر مرد وزن کو عیدگاہ چلنے کا حکم تھا، تاکہ سب احکام شریعت سیکھیں اور وعظ سننا حائضہ اور جنبی کے لئے جائز ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں، اور دعا: دعا کرنے والا کرے گا، سامعین صرف آمین کہیں گے، اس میں بھی کچھ حرج نہیں، غرض حضرت ام عطیہؓ کی روایت سے بھی استدلال درست نہیں۔

۵- آنحضور ﷺ نے ہرقل کو جو والا نامہ لکھا تھا اس میں ایک تو بسم اللہ پوری لکھی تھی اور سورۂ آل عمران کی آیت (۶۴) لکھی تھی، یہ حدیث کتاب الوحی میں گذر چکی ہے، اس سے امام بخاریؒ کا استدلال یہ ہے کہ ہرقل کافر تھا اور کافر جنبی ہوتا ہے اور اس نے اس والا نامہ کو پڑھا پس آیات کریمہ بھی پڑھیں معلوم ہوا کہ جنبی قرآن پڑھ سکتا ہے۔

یہ استدلال بھی کمزور ہے اس لئے کہ ہرقل نے والا نامہ پڑھا تھا اس کی کیا دلیل ہے؟ وہ عربی نہیں جانتا تھا ورنہ ابوسفیان سے بات کرنے کے لئے ترجمان کی کیا ضرورت تھی؟ وہ والا نامہ کسی اور نے پڑھا تھا، رہی یہ بات کہ وہ پڑھنے والا بھی تو کافر تھا پس مدعی ثابت ہوا تو اس کا جواب یہ ہے کہ والا نامہ پڑھنا قرآن پڑھنا نہیں، یہ تعوذ، دعا اور ذکر کی طرح کا اقتباس ہے۔ مثلاً یہ بخاری شریف ہے، اس میں پانچ سو آیتیں ہونگی، لیکن بے وضو اس کو چھونا جائز ہے اور جنبی بھی چھوسکتا ہے، حائضہ بھی چھوسکتی ہے، اسی طرح تفسیر کی کتابیں اگر تفسیر کے الفاظ زیادہ ہیں اور قرآن کے الفاظ کم ہیں تو بے وضو اس کو چھوسکتا ہے، کیونکہ اب وہ قرآن نہیں، تفسیر کی کتاب ہے، اسی طرح درباری نے خط میں جو آیاتِ کریمہ پڑھی ہیں وہ قرآن پڑھنا نہیں اس لئے یہ استدلال بھی کمزور ہے۔

علاوہ ازیں: احناف کے نزدیک کافر کا غسل صحیح ہے کیونکہ غسل کی صحت کے لئے نیت شرط نہیں، پس ہرقل اور درباری جنبی تھے یہ بات بھی صحیح نہیں۔

۶- حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مقام سرف میں حائضہ ہوگئیں، آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا: تم حج کے تمام ارکان ادا کرو، بس طواف نہ کرنا اور نماز نہ پڑھنا۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا اس سے استدلال اس طرح ہے کہ حائضہ طواف اور نماز کے علاوہ سب کچھ کرسکتی ہے، اور سب کچھ میں دعائیں بھی آئیں اور قرآن کی تلاوت بھی آئی، پس معلوم ہوا کہ حائضہ قرآن پڑھ سکتی ہے، مگر یہ بھی دعوی خاص پر دلیل عام ہے، اور دعوی خاص کے لئے دلیل عام کافی نہیں۔

فائدہ: یہاں ایک گہری بات ہے کہ نماز کی تمام حقیقت قراءت قرآن ہے اور قیام، رکوع، سجود، تسبیحات اور تکبیرات سب حضوری دربار خداوندی کے آداب ہیں، یہ مضمون حضرت نانوتوی قدس سرہ نے توثیق الکلام میں بیان فرمایا ہے، پس اگر کوئی سمجھنا چاہے تو سمجھ سکتا ہے کہ جنبی، حائضہ اور نفساء کو نماز سے اس لئے روکا گیا ہے کہ نماز کی پوری حقیقت قراءت قرآن ہے اور یہ تینوں قرآن نہیں پڑھ سکتے، اگر ان کے لئے قرآن پڑھنا جائز ہوتا تو ان کو نماز سے نہ روکا جاتا۔

۷- حکم بن عُتَیْبَۃ جو جلیل القدر تابعی ہیں، فرماتے ہیں: میں جنابت کی حالت میں جانور ذبح کرتا ہوں، جب جانور ذبح کریں گے تو بسم اللہ پڑھیں گے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَلَا تَأْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ﴾: جس

ذبیحہ پر اللہ کا نام نہ لیا جائے اس کو مت کھاؤ، اس آیت کی رو سے ذبیحہ پر تسمیہ ضروری ہے، پس جب حضرت حکم جنابت کی حالت میں جانور ذبح کرتے ہیں اور ذبح کا تسمیہ بسم اللہ اللہ اکبر پڑھتے ہیں تو معلوم ہوا کہ قرآن بھی پڑھ سکتے ہیں، اس لئے کہ وہ بھی ایک ذکر ہے، مگر یہ تقریب بھی تام نہیں اس لئے کہ جنابت کی حالت میں اللہ کا ذکر بالا جماع جائز ہے۔

حدیث کا ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے درانحالیکہ ہم حج کے علاوہ کسی چیز کا ذکر نہیں کرتے تھے یعنی ذوالحلیفہ سے سب نے حج کا احرام باندھا تھا، اس لئے کہ عربوں کے تصور میں جس سال حج کرنا ہوتا ہے اس سال اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا گناہ تھا، پس جب ہم مقام سرف میں پہنچے تو مجھے حیض آ گیا، میرے پاس نبی ﷺ تشریف لائے، اس وقت میں رو رہی تھی، آپؐ نے پوچھا: کیوں رو رہی ہو؟ میں نے کہا: خدا کی قسم! میری خواہش تھی کہ میں اس سال حج کو نہ آتی، آپؐ نے فرمایا: شاید تمہیں حیض آ گیا ہے؟ میں نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: یہ ایسی بات ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے بناتِ آدم پر لکھ دیا ہے، پس تم تمام ارکان ادا کرو جو حاجی ادا کرتا ہے سوائے اس کے کہ بیت اللہ کا طواف نہ کرنا، یہاں تک کہ تم پاک ہو جاؤ، اس حدیث سے استدلال نمبرے کے ضمن میں گذر چکا۔

تشریح: یہ حدیث بخاری شریف میں ۳۵ مرتبہ آئی ہے اور روایت میں متعدد اختلافات ہیں۔ یہاں صرف دو باتیں سمجھ لیں: باقی تفصیل کتاب الحج میں آئے گی۔

پہلی بات: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھا تھا، سرف مقام میں ان کو حیض آ گیا تو نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: طواف کے علاوہ تمام ارکان ادا کرو، اور جب طواف نہیں کریں گی تو سعی بھی نہیں کریں گی اس لئے کہ سعی طواف کے بعد کی جاتی ہے، پھر مکہ پہنچ کر وحی آئی کہ جن کے پاس قربانی کا جانور نہیں وہ حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دیں، اور طواف وسعی کر کے احرام کھول دیں، پھر آٹھ ذی الحجہ کو دوبارہ حج کا احرام باندھیں، آنحضور ﷺ کے پاس قربانی تھی اس لئے آپؐ نے احرام نہیں کھولا تھا، اور حج کے ساتھ عمرہ کا احرام بھی شامل کر لیا تھا، یہ احناف کی رائے ہے، چنانچہ آئندہ روایت میں آپؐ کا تلبیہ: **اللّٰھم لبیك بحج وعمرۃ** آ رہا ہے۔ اور حضرت عائشہؓ کے پاس قربانی نہیں تھی، اس لئے انھوں نے حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دیا تھا، مگر وہ آٹھ ذی الحجہ تک پاک نہیں ہوئیں پس انھوں نے عمرہ کا احرام توڑ دیا اور حج کا احرام باندھ لیا۔

دوسری بات: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عمرہ کا احرام توڑا تھا یا نہیں؟ شوافع کی رائے ہے کہ احرام توڑا نہیں تھا، بلکہ عمرہ کے احرام پر حج کا احرام باندھ لیا تھا، پس یہ قران ہو گیا، جیسے حضور ﷺ نے حج کے احرام کے ساتھ عمرہ کا احرام شامل کر لیا تھا اس لئے وہ قران ہو گیا تھا۔ اور احناف کہتے ہیں: حضرت عائشہؓ نے احرام توڑ دیا تھا، سر کھولا تھا، اور بالوں میں تیل کنگھی کی تھی، پھر حج کا احرام باندھا تھا، اور اِس کا نبی ﷺ نے ان کو حکم دیا تھا، یہ دو باتیں ذہن نشین کر لیں، باقی باتیں آگے آئیں گی۔

بابُ الاِسْتِحَاضَۃِ

استحاضہ کا بیان

استحاضہ: حیض سے ہے، حاض (ض) حَیْضًا کے معنی ہیں: بہنا۔ عرب کہتے ہیں: حاضَ الوادی: میدان بہا، یعنی اتنی بارش ہوئی کہ نالا چلا، چونکہ خون ہر مہینہ بہتا ہے اس لئے اس کو حیض کہتے ہیں، اور استحاضہ میں س، ت مبالغہ کے لئے ہیں، مستحاضہ وہ عورت ہے جس کو بہت زیادہ خون آتا ہے، مگر یہ زیادتی مقدار کے اعتبار سے نہیں ہوتی بلکہ ایام کے اعتبار سے ہوتی ہے، یعنی جو وقت بے وقت خون آئے وہ استحاضہ ہے۔

جاننا چاہئے کہ حیض ونفاس کا خون بچہ دانی کے اندر سے آتا ہے اور تندرست عورت کو آتا ہے اس لئے اس کے احکام الگ ہیں اور استحاضہ کا خون رگ پھٹنے کی وجہ سے آتا ہے جو فم رحم پر ہوتی ہے، جس کا نام عاذل ہے یا اور کسی بیماری کی وجہ سے آتا ہے اس لئے وہ معذور ہے اور اس کے احکام معذور کے احکام ہیں، اور یہی اس ترجمہ کا مقصد ہے کہ حیض اور استحاضہ کے خون الگ الگ ہیں، حیض کا خون قعر رحم سے آتا ہے اور استحاضہ کا خون فم رحم سے، پس جب دونوں خون الگ الگ ہیں تو احکام بھی الگ الگ ہونگے، اور یہ بات بھی جاننی چاہئے کہ حیض اور استحاضہ کے خون ساتھ ساتھ بھی آتے ہیں، ایسی عورت عادت کے ایام میں نماز روزہ چھوڑ دے گی، باقی دنوں میں نماز روزہ کرے گی۔

[۸-] بابُ الاِسْتِحَاضَۃِ

[۳۰۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِکٌ، عَنْ ھِشَامٍ، عَنْ أَبِیْہِ، عَنْ عَائِشَۃَ، أَنَّھَا قَالَتْ: قَالَتْ فَاطِمَۃُ بِنْتُ أَبِیْ حُبَیْشٍ لِرَسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: یَارسولَ اللّٰہِ! إِنِّیْ لاَ أَطْھُرُ، أَفَأَدَعُ الصَّلاَۃَ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِنَّمَا ذٰلِکِ عِرْقٌ، وَلَیْسَ بِالْحَیْضَۃِ، فَإِذَا أَقْبَلَتِ الْحَیْضَۃُ فَاتْرُکِیْ الصَّلاَۃَ، فَإِذَا ذَھَبَ قَدْرُھَا فَاغْسِلِیْ عَنْکِ الدَّمَ وَصَلِّیْ"

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: فاطمہ بنت ابی حُبیش ؓ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! میں پاک نہیں ہوتی پس کیا میں نماز چھوڑ دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ رگ ہی کا خون ہے حیض کا خون نہیں، پس جب حیض کے ایام آئیں تو نماز چھوڑ دو، پھر جب حیض کے ایام کی مقدار گذر جائے تو خود سے خون کو دھوڈالو یعنی غسل جنابت کرلو (اس میں مجاز بالحذف ہے أی أثر الدم، اور اثر سے مراد جنابت ہے، یعنی غسل کرلو) اور نماز شروع کردو۔

تشریح: حضرت فاطمہ بنت ابی حبیش معتادہ تھیں، ایسی عورت عادت کے ایام میں نماز روزہ چھوڑ دے گی اور باقی ایام میں نماز پڑھے گی، روزے رکھے گی، قرآن کی تلاوت کرے گی اور اس سے صحبت کرنا بھی جائز ہے اس لئے کہ وہ پاک

عورت کی طرح ہے۔

بَابُ غَسْلِ دَمِ الْحَيْضِ

حیض کا خون دھونا

اس باب میں حیض سے کپڑا پاک کرنے کا طریقہ بیان کیا ہے، اگر کپڑے پر حیض کا خون لگ جائے تو اس کو مبالغہ کے ساتھ دھونا چاہئے، حدیث شریف میں غسلِ حیض کا طریقہ یہ آیا ہے کہ پہلے کپڑے کو رگڑ دو، پھر بھگا کر انگلیوں سے ملو، پھر اس پر پانی ڈالو اور اس کو دھوؤ، کپڑا پاک ہوجائے گا۔ اب اس کپڑے میں نماز پڑھ سکتے ہیں، اور اگر باب میں مجاز بالحذف مان لیں أی غسل أثر الدم تو اب مطلب ہوگا کہ غسل حیض خوب اچھی طرح مبالغہ کے ساتھ کرو۔

[۹-] بَابُ غَسْلِ دَمِ الْحَيْضِ

[۳۰۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رضی الله عنها، أَنَّهَا قَالَتْ: سَأَلَتِ امْرَأَةٌ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ إِحْدَانَا إِذَا أَصَابَ ثَوْبَهَا الدَّمُ مِنَ الْحَيْضَةِ، كَيْفَ تَصْنَعُ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أَصَابَ ثَوْبَ إِحْدَاكُنَّ الدَّمُ مِنَ الْحَيْضَةِ فَلْتَقْرُصْهُ، ثُمَّ لْتَنْضَحْهُ بِمَاءٍ، ثُمَّ لْتُصَلِّيْ فِيْهِ" [راجع: ۲۲۷]

[۳۰۸-] حدثنا أَصْبَغُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَتْ إِحْدَانَا تَحِيْضُ ثُمَّ تَقْتَرِصُ الدَّمَ مِنْ ثَوْبِهَا عِنْدَ طُهْرِهَا، فَتَغْسِلُهُ، وَتَنْضَحُ عَلٰى سَائِرِهِ، ثُمَّ تُصَلِّيْ فِيْهِ.

حدیث(۱): حضرت اسماءؓ کہتی ہیں: ایک عورت نے (سوال کرنے والی اسماء خود ہیں راوی کبھی خود کو غائب کر دیتا ہے) نبی ﷺ سے پوچھا: یارسول اللہ! آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں جب ہم میں سے کسی کے کپڑے پر حیض کا خون لگ جائے: پس وہ کیا کرے؟ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے کپڑے پر خون لگ جائے تو چاہئے کہ وہ اس کو چٹکی سے ملے، پھر اس کو پانی سے دھوئے پھر اس میں نماز پڑھے۔

تشریح: حیض کا خون کپڑے پر لگ جائے تو اس کو دھونے میں مبالغہ کرنا چاہئے، اسی طرح حیض کے غسل میں بھی۔ آگے حدیث آرہی ہے کہ مشک کا پھاہا لے اور جہاں خون لگا ہے یعنی شرمگاہ اور اس کا گردو ہاں پھاہا لگائے یہ غسل حیض میں مبالغہ ہے۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم میں سے ایک کو حیض آتا پھر جب وہ پاک ہوتی تو اپنے کپڑے سے خون کو کھرچ ڈالتی، پھر اس خاص جگہ کو (اہتمام سے) دھوڈالتی، اور پھر اس میں نماز پڑھتی۔

تشریح: اس حدیث میں نضح کے معنی دھونے کے ہیں، چھینٹا دینے کے معنی نہیں، معلوم ہوا کہ نضح بمعنی غسل بھی آتا ہے، بچہ کے پیشاب کے مسئلہ میں بڑے دو اماموں نے یہی معنی کئے ہیں۔

بابُ اعْتِكَافِ الْمُسْتَحَاضَةِ

مستحاضہ کا اعتکاف کرنا

استحاضہ کا خون طہارت کے منافی نہیں، پس مستحاضہ اعتکاف کرسکتی ہے، وہ پاک عورت کی طرح ہے، اور حیض ونفاس کا خون طہارت کے منافی ہے، پس حائضہ اور نفساء اعتکاف نہیں کرسکتیں، اعتکاف کے لئے طہارت شرط ہے، اور احتلام ہوجائے تو نہ اعتکاف ٹوٹتا ہے نہ روزہ، اور حیض سے اعتکاف بھی ٹوٹ جاتا ہے اور روزہ بھی اور یہ فرق اس لئے ہے کہ ایک عارضی جنابت ہے اور دوسری اصلی، حیض اور نفاس اصلی جنابت ہیں، پس وہ روزے اور اعتکاف کے منافی ہیں، اور احتلام عارضی جنابت ہے اس لئے وہ نہ اعتکاف کے منافی ہے، نہ روزے کے۔ بہر حال مستحاضہ اعتکاف کرسکتی ہے، گھر میں بھی کرسکتی ہے اور مسجد میں بھی، بشرطیکہ تلویث مسجد کا اندیشہ نہ ہو، پھر جب احوال بدلے اور عورتوں کے لئے مسجد میں آنے کی ممانعت ہوگئی تو مسجد میں عورتوں کے اعتکاف کا مسئلہ ختم ہوگیا۔

[۱۰-] بابُ اعْتِكَافِ الْمُسْتَحَاضَةِ

[۳۰۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ أَبُوْبِشْرٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم اعْتَكَفَ مَعَهُ بَعْضُ نِسَائِهِ، وَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ تَرَى الدَّمَ، فَرُبَّمَا وَضَعَتِ الطَّسْتَ تَحْتَهَا مِنَ الدَّمِ، وَزَعَمَ أَنَّ عَائِشَةَ رَأَتْ مَاءَ الْعُصْفُرِ، فَقَالَتْ: كَأَنَّ هٰذَا شَيْءٌ كَانَتْ فُلَانَةُ تَجِدُهُ. [انظر: ۳۱۰، ۳۱۱، ۲۰۳۸]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے ساتھ ایک بیوی صاحبہ نے اعتکاف کیا درانحالیکہ وہ مستحاضہ تھیں، خون دیکھتی تھیں یعنی خون جاری تھا، پس بسا اوقات خون کی وجہ سے وہ تھال اپنے نیچے رکھ لیتیں، یعنی تسلے میں پانی بھر کر اس میں بیٹھتیں۔ اور عکرمہ نے کہا: حضرت عائشہؓ نے کُسمبا کا پانی دیکھا تو کہا: گویا کہ یہ ایسی چیز ہے جس کو فلاں عورت پاتی تھی، یعنی فلاں عورت جو مستحاضہ تھی جب وہ پانی میں بیٹھتیں تو پانی کا رنگ ایسا ہوجاتا تھا۔

تشریح: رمضان المبارک میں جب آنحضور ﷺ اعتکاف میں بیٹھتے تھے تو بعض ازواج بھی اعتکاف کرتی تھیں اور

حضور ﷺ کی اجازت سے کرتی تھیں، مسجد کا جو مسقّف حصہ تھا اس سے آگے صحن تھا اس میں ان کے خیمے نصب کردیئے جاتے تھے اور وہ اس میں اعتکاف کرتی تھیں، ایک بیوی صاحبہ نے حالتِ استحاضہ میں اعتکاف کیا اور استحاضہ کا ایک علاج یہ ہے کہ کسی بڑے برتن میں پانی بھر کر گھٹنے دو گھنٹے اس میں بیٹھا جائے، اس سے رگیں سکڑتی ہیں اور شفا ہوتی ہے، وہ بیوی صاحبہ اعتکاف میں بھی تسلے میں پانی بھر کر اس میں بیٹھتی تھیں، اتنی دیر تک بیٹھتی تھیں کہ خون پانی میں شامل ہوجاتا اور پانی کا رنگ کسمبا جیسا ہوجاتا تھا، پھر نہا کر نماز پڑھتی۔

فائدہ: علامہ کشمیری قدس سرہ نے فیض الباری میں اس جگہ ایک عجیب بات لکھی ہے کہ عصفر جب کشمیر میں اگے گا تو زعفران بن جائے گا، اور کشمیر کی زعفران دوسری جگہ بوؤ تو عصفر بن جائے گی، جگہوں کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

[۳۱۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتِ: اعْتَكَفَتْ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم امْرَأَةٌ مِنْ أَزْوَاجِهِ، فَكَانَتْ تَرَى الدَّمَ وَالصُّفْرَةَ، وَالطَّسْتُ تَحْتَهَا، وَهِيَ تُصَلِّيْ. [راجع: ۳۰۹]

[۳۱۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ بَعْضَ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ اعْتَكَفَتْ وَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ. [راجع: ۳۰۹]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپؐ کی ازواج میں سے ایک زوجہ نے اعتکاف کیا، پس دیکھتی تھیں وہ خون اور زردی، درانحالیکہ تسلہ ان کے نیچے ہوتا تھا، یعنی علاج کے طور پر پانی میں بیٹھتی تھیں تو خون کی وجہ سے پانی کا رنگ زرد ہوجاتا تھا، پھر وہ نماز پڑھتی تھیں .... اور حضرت عائشہؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ امہات المؤمنین میں سے ایک نے اعتکاف کیا درانحالیکہ وہ مستحاضہ تھیں، ان روایتوں سے پتا چلا کہ استحاضہ کا خون طہارت کے منافی نہیں اور مستحاضہ اعتکاف کرسکتی ہے۔

بابٌ هَلْ تُصَلِّى الْمَرْأَةُ فِيْ ثَوْبٍ حَاضَتْ فِيْهِ؟

کیا عورت زمانۂ حیض میں پہنے ہوئے کپڑوں میں نماز پڑھ سکتی ہے؟

حیض کے زمانہ میں عورت نے جو کپڑے پہن رکھے ہیں اگر ان پر خون نہیں لگا تو پاک ہونے کے بعد ان میں نماز پڑھ سکتی ہے اور خون لگا ہے تو دھو کر پاک کر کے ان میں نماز پڑھ سکتی ہے۔ حیض کے زمانہ میں عورتیں کچھ زائد کپڑے استعمال کرتی ہیں، لنگوٹ باندھتی ہیں، روئی یا کپڑا رکھ کر اس پر انڈرویر پہنتی ہیں اس صورت میں حیض کا خون کپڑے پر نہیں لگتا اگر کپڑے پر خون نہیں لگا ہے تو پاک ہونے کے بعد غسل کر کے عورت ان کپڑوں میں نماز پڑھ سکتی ہے، کپڑوں کو دھونا ضروری

نہیں۔ اور مقصد ترجمہ یہ ہے کہ حائضہ کا پسینہ پاک ہے، حیض کے زمانہ میں عورت کا پسینہ اس کے کپڑوں کو لگے گا مگر اس سے کپڑا ناپاک نہیں ہوتا۔

[۱۱-] بابٌ هَلْ تُصَلِّى الْمَرْأَةُ فِىْ ثَوْبٍ حَاضَتْ فِيْهِ؟

[۳۱۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: مَاكَانَ لِإِحْدَانَا إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ، تَحِيْضُ فِيْهِ، فَإِذَا أَصَابَهُ شَيْئٌ مِنْ دَمٍ قَالَتْ بِرِيْقِهَا، فَقَصَعَتْهُ بِظُفْرِهَا.

ترجمہ: حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: ہم میں سے ایک کے پاس ایک ہی کپڑا ہوتا تھا جس کو وہ حیض کے دنوں میں پہنتی تھی پس جب اس کپڑے پر کچھ خون لگ جاتا تو وہ اس کو اپنے تھوک سے تر کرتی پھر اس کو اپنے ناخن سے کھرچ دیتی۔

تشریح: جہاں حیض کا خون لگتا عورتیں اس حصہ کو اہتمام سے دھوتیں، پہلے اس کو تھوک سے تر کرتیں، پھر ناخن سے خون کو کھرچتیں، پھر کپڑے کو دھو ڈالتی۔

طالب علم کہتا ہے: ایک تو حیض کا خون پھر اس پر تھوک یہ کیسی عجیب بات ہے؟ جواب: تمہارے ذہنوں میں یہ سوال اس لئے آیا ہے کہ تم بہت پانی والے علاقہ میں رہتے ہو، جہاں پانی کی قلت ہے وہاں جا کر دیکھو، کھانے کے برتن برسات ہی میں دھوئے جاتے ہیں، باقی دنوں میں مٹی سے مانجھ دیتے ہیں۔

بابُ الطِّيْبِ لِلْمَرْأَةِ عِنْدَ غُسْلِهَا مِنَ الْمَحِيْضِ

عورت جب حیض کا غسل کرے تو خوشبو استعمال کرے

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ حیض بند ہونے پر غسل کے وقت عورت کو خوشبو استعمال کرنی چاہئے، خاص طور پر خون کی جگہوں میں خوشبو لگانی چاہئے، تاکہ بدبو ختم ہو، کھال کی بدرونقی اور سکڑن دور ہو اور شادابی اور رونق آجائے۔

باب میں جو حدیث ہے اس میں عدت کا بیان ہے، عدت میں ہر قسم کی زینت حرام ہے پھر بھی دورانِ عدت جو خون آئے اس کے بند ہونے پر غسل کے وقت عورت کو خوشبو استعمال کرنے کی اجازت ہے، پس عام احوال میں غسل حیض کے وقت خوشبو کا استعمال اور بھی مؤکد ہوگا، یہی اس ترجمہ کا مقصد ہے۔

[۱۲-] بابُ الطِّيْبِ لِلْمَرْأَةِ عِنْدَ غُسْلِهَا مِنَ الْمَحِيْضِ

[۳۱۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حَفْصَةَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: كُنَّا نُنْهَى أَنْ نُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ، إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا، وَلَا نَكْتَحِلَ، وَلَا نَتَطَيَّبَ،

وَلَا نَلْبَسَ ثَوْبًا مَصْبُوْغًا إِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ، وَقَدْ رُخِّصَ لَنَا عِنْدَ الطُّهْرِ إِذَا اغْتَسَلَتْ إِحْدَانَا مِنْ مَحِيْضِهَا، فِيْ نُبْذَةٍ مِنْ كُسْتِ أَظْفَارٍ، وَكُنَّا نُنْهَى عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ —— رَوَاهُ هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، عَنْ حَفْصَةَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ۱۲۷۸، ۱۲۷۹، ۵۳٤۰، ۵۳٤۱، ۵۳٤۲، ۵۳٤۳]

ترجمہ: ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم منع کی جاتی تھیں میت پر تین دن سے زیادہ سوگ کرنے سے مگر شوہر پر چار ماہ اور دس دن، اور ہم سرمہ نہ لگائیں اور خوشبو استعمال نہ کریں، اور رنگا ہوا کپڑا نہ پہنیں، مگر پٹھے والا کپڑا، اور ہمیں اجازت دی گئی ہے پاکی کے وقت جب ہم میں سے کوئی حیض کا غسل کرے تو تھوڑا قُسط ہندی استعمال کرے اور ہم جنازے کے ساتھ جانے سے روکی جاتی تھیں —— اس حدیث کو ہشام بن حسان نے بھی حفصہ سے اسی سند سے روایت کیا ہے۔

تشریح:

۱- سوگ کے معنی ہیں: ترکِ زینت، اور ترکِ زینت یہ ہے کہ عورت زیور نہ پہنے، بناؤ سنگھار نہ کرے، اور شوخ رنگین کپڑا نہ پہنے، سادہ رنگین کپڑا پہن سکتی ہے، سفید کپڑے ہی پہننے ضروری نہیں، جاہلوں میں سوگ کا جو مطلب سمجھا جاتا ہے کہ عورت عدت میں سورج نہ دیکھے، ہاتھ کی چوڑیاں توڑ دے (سونے کی چوڑیاں اتار لیتی ہیں، کانچ کی توڑ دیتی ہیں) یہ سب جاہلانہ باتیں ہیں، شریعت مطہرہ کا ان فضول باتوں سے کچھ تعلق نہیں، اور عورتوں کو رشتہ داروں کی موت کا غم زیادہ ہوتا ہے اس لئے ان کو تین دن تک سوگ منانے کی اجازت ہے، مردوں کے لئے یہ جائز نہیں، اور کسی بھی میت کا تین دن سے زیادہ سوگ کرنا جائز نہیں، البتہ شوہر مستثنیٰ ہے، اس کا سوگ عورت چار مہینہ دس دن کرے گی۔

قولہ: ثوب عَصْبٍ: عَصب کے معنی ہیں: پٹھا، کپڑے رنگنے کا ایک طریقہ یہ تھا کہ کپڑے پر جگہ جگہ پٹھے یا اس جیسی سخت چیز باندھ دی جاتی تھی، پھر کپڑے کو رنگتے تھے، پس کپڑا کہیں سے رنگین اور کہیں سے سفید رہتا تھا، یہ معمولی قسم کا رنگین کپڑا سمجھا جاتا تھا، عدت میں عورت اس کو پہن سکتی ہے۔

قولہ: كُسْتِ أَظْفَارٍ: کُست کو قُسط ہندی بھی کہتے ہیں، یہ کُٹ کا معرب ہے، اردو میں اس کو کوٹھ بھی کہتے ہیں، اور أظفار (الف کے ساتھ) بعض کے نزدیک ظفر کی جمع ہے، یہ ایک قسم کی نباتی خوشبو ہے جو ناخن کی طرح غلاف دار ہوتی ہے، اس کو بخور میں شامل کر کے کپڑوں وغیرہ کو دھونی دیتے تھے، اس کا پورا نام أظفار الطیب ہے، ہندی یا اردو میں اس کو نکھ کہتے ہیں۔ بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ یہ لفظ أظفار نہیں ظَفَار ہے، یہ ایک قریہ کا نام ہے جو عدن کے ساحل پر واقع ہے۔ جہاں یہ قسط ہندی لا کر فروخت کی جاتی تھی، اس لئے اس کا نام کُست ظَفَار ہو گیا (ماخوذ از ایضاح البخاری)

اور باب سے یہی جزء متعلق ہے کہ جب عدت میں طہر کے وقت غسل حیض میں خوشبو استعمال کرنے کی اجازت ہے تو عام حالات میں اس کی اور بھی زیادہ اہمیت ہوگی۔ پس عورت کو غسل طہارت کے وقت خوشبو ضرور استعمال کرنی چاہئے، اور خوشبو والا صابون اور کریم پاؤڈر خوشبو کے قائم مقام ہو جائیں گے۔

بابُ دَلْكِ الْمَرْأَةِ نَفْسَهَا إِذَا تَطَهَّرَتْ مِنَ الْمَحِيْضِ وَكَيْفَ تَغْتَسِلُ؟وَتَأْخُذُ فِرْصَةً مُمَسَّكَةً، فَتَتَبَّعُ بِهَا أَثَرَ الدَّمِ

عورت غسل طہارت میں خاص عضو کو یا بدن کو رگڑ کر دھوئے

غسل کا طریقہ: مشک کا پھاہا لے کر خون کی جگہ لگائے

حیض کے غسل کے دو امتیاز ہیں: **ایک**: حیض کے غسل میں خاص بدن کو خوب مل کر دھونا ہے، امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک غسل جنابت میں سارے بدن کا مل کر دھونا شرط ہے، دیگر فقہاء کے نزدیک شرط نہیں، سنتِ مؤکدہ ہے، خاص طور پر غسل حیض میں زیادہ تاکید ہے۔ **دوم**: محل دم یعنی فرج اور اس کے اطراف میں جہاں خون کے دھبے لگتے ہیں وہاں مشک یا اور کوئی خوشبو استعمال کرنا، یہ غسل حیض کے دو امتیاز ہیں۔

باب کا ترجمہ: عورت کا اپنی ذات کو (بدن کو یا خاص عضو کو) رگڑ کر دھونا جب وہ حیض سے پاک ہو، یہ پہلا امتیاز ہے، غسل حیض میں بدن کو یا شرمگاہ کو خوب رگڑ کر دھونا چاہئے، اور غسل حیض کا طریقہ یہ ہے کہ خوشبو میں بسایا ہوا پھاہا لے کر خون کے نشانات کا پیچھا کرے، یہ دوسرا امتیاز ہے۔ روئی وغیرہ معطر کر کے فرج اور اس کے اطراف میں جہاں خون کے دھبے لگتے ہیں وہاں خوشبو لگائے، تاکہ بدبو باقی نہ رہے۔

باب میں نفس سے بدن بھی مراد لیا جاسکتا ہے اور شرمگاہ بھی، اگر بدن مراد لیں تو معنی ہونگے: پورا بدن اچھی طرح دھونا، اور شرمگاہ بھی مراد لے سکتے ہیں۔ لامع الدراری میں جو حضرت گنگوہی رحمہ اللہ کی تقریر ہے اور جس پر شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا صاحب رحمہ اللہ کا حاشیہ ہے یہی معنی کئے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب کی حدیث میں دلک کا ذکر نہیں، اور باب میں دلک کا ذکر ہے، پس یا تو یہ کہا جائے کہ جب نظافت کے لئے خوشبو کا استعمال ضروری ہے تو دلک بھی ضروری ہے کیونکہ دلک کے بغیر صفائی ممکن نہیں، یعنی حدیث میں دلک دلالت عقلی سے ثابت ہوگا، یا یہ کہا جائے کہ یہ روایت مسلم شریف میں بھی ہے وہاں الفاظ ہیں: **تَصُبُّ على رأسها فتَدْلُكُهُ دَلْكًا شديداً**: اپنے سر پر پانی ڈالے اور اس کو خوب رگڑ کر دھوئے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کبھی دوسری جگہ جو روایت ہوتی ہے اس کو پیش نظر رکھ کر بھی باب قائم کرتے ہیں۔

[۱۳-] بابُ دَلْكِ الْمَرْأَةِ نَفْسَهَا إِذَا تَطَهَّرَتِ مِنَ الْمَحِيْضِ وَكَيْفَ تَغْتَسِلُ؟وَتَأْخُذُ فِرْصَةً مُمَسَّكَةً، فَتَتَبَّعُ بِهَا أَثَرَ الدَّمِ

[۳۱۴-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ صَفِيَّةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها أَنَّ

امْرَأَةً سَأَلَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ غُسْلِهَا مِنَ الْمَحِيْضِ؟ فَأَمَرَهَا كَيْفَ تَغْتَسِلُ؟ قَالَ: " خُذِي فِرْصَةً مِنْ مِسْكٍ فَتَطَهَّرِي بِهَا" قَالَتْ: كَيْفَ أَتَطَهَّرُ بِهَا؟ قَالَ:" سُبْحَانَ اللّٰهِ! تَطَهَّرِي بِهَا" فَاجْتَبَذْتُهَا إِلَيَّ، فَقُلْتُ: تَتَبَّعِي بِهَا أَثَرَ الدَّمِ.[انظر: ۳۱۵، ۷۳۵۷]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک عورت نے نبی ﷺ سے غسلِ حیض کے بارے میں پوچھا آپؐ نے اس کو بتایا کہ وہ غسل حیض کیسے کرے؟ (پھر) فرمایا: مشک کا پھاہا لے اور اس کے ذریعہ پاکی حاصل کرے اس نے کہا: مشک کے پھاہے سے کیسے پاکی حاصل کروں؟ آپؐ نے فرمایا: سبحان اللہ! مشک کے پھاہے سے پاکی حاصل کر (اس سبحان اللہ کا مطلب یہ ہے کہ یہ بات مردوں سے پوچھنے کی نہیں) حضرت عائشہؓ سمجھ گئیں انھوں نے اس عورت کو اپنی طرف کھینچ لیا اور اس کو سمجھایا کہ آپؐ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ پھاہے سے خون کے دھبوں کا پیچھا کر یعنی ان پر یہ خوشبو لگا۔

بابُ غَسْلِ الْمَحِيْضِ

حیض کی جگہ کو دھونا

اضافت بیانیہ ہے اور باب میں مجاز بالحذف ہے، غسل المحيض أی غسل محل الدم: محل دم یعنی شرمگاہ دھونے کا بیان، غسل حیض میں شرمگاہ خاص اہتمام کے ساتھ دھونی چاہئے اور اس پر خوشبو لگانی چاہئے۔

[۱۴-] بابُ غَسْلِ الْمَحِيْضِ

[۳۱۵-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: ثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: كَيْفَ أَغْتَسِلُ مِنَ الْمَحِيْضِ؟ قَالَ: " خُذِي فِرْصَةً مُمَسَّكَةً، وَتَوَضَّئِي ثَلَاثًا" ثُمَّ إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم اسْتَحْيَا فَأَعْرَضَ بِوَجْهِهِ، أَوْ: قَالَ: "تَوَضَّئِي بِهَا" فَأَخَذْتُهَا فَجَذَبْتُهَا، فَأَخْبَرْتُهَا بِمَا يُرِيْدُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۳۱۴]

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے مروی ہے: ایک انصاری عورت نے نبی ﷺ سے دریافت کیا کہ میں غسل حیض کس طرح کروں؟ آپؐ نے فرمایا: مشک میں بسایا ہوا پھاہا لے اور تین مرتبہ اس سے دھو یعنی شرمگاہ پر تین مرتبہ اس کو لگا، مگر وہ بات سمجھی نہیں اور اس سے زیادہ کھول کر بیان کرنے سے نبی ﷺ کو شرم آئی، پس آپؐ نے چہرہ پھیر لیا یا فرمایا: مشک سے صفائی حاصل کر (یہ شک راوی ہے کہ آپؐ نے توضئی ثلاثا فرمایا یا توضئی بھا فرمایا) حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: میں نے اس کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچ لیا، اور نبی ﷺ کی مراد سمجھائی۔

فائدہ: مشک ایک خوشبو ہے اور نہایت قیمتی خوشبو ہے اب اس کا حصول کبریت احمر ہے، اس کی جگہ اب عورتیں صابن اور کریم استعمال کرتی ہیں، وہ مشک کے قائم مقام ہیں، اس سے بھی مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔

بَابُ امْتِشَاطِ الْمَرْأَةِ عِنْدَ غُسْلِهَا مِنَ الْمَحِيْضِ

غسلِ حیض کے بعد بالوں میں کنگھی کرنا

غسلِ حیض کے بعد عورت بالوں کو کنگھی کر کے سنوار لے، یعنی بناؤ سنگھار اور مانگ پٹی کرے، کیونکہ عام طور پر اس وقت میں شوہر کی بیوی کی طرف رغبت ہوتی ہے۔ نیز یہ علوق (حمل ٹھہرنے) کا بھی بہترین وقت ہے، طہر کی ابتداء میں حمل ٹھہرنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے، اور باب میں جو حدیث ہے اس میں احرام کے وقت غسل کرنے کا بیان ہے، عورت جب احرام باندھنے کا ارادہ کرے تو پہلے بال کھول کر، سر اور بدن دھولے، پھر بالوں میں کنگھی کر کے بال جما کر احرام باندھے، جب غسلِ احرام میں سر میں کنگھی کرنا مطلوب ہے تو غسلِ حیض میں تو بدرجۂ اولیٰ مطلوب ہوگا۔ حدیث کا باب سے یہی جوڑ ہے۔

اور پہلے یہ بات بتائی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے مکہ پہنچ کر حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دیا تھا، مگر وہ پاک نہیں ہوئی تھیں کہ منی جانے کا وقت آ گیا، چنانچہ آپؐ نے عمرہ کا احرام توڑ دینے کے لئے فرمایا انھوں نے نہا کر کنگھی کر کے حج کا احرام باندھ لیا (نہانے کا ذکر ابوداؤد کی حدیث (نمبر ۱۷۸۵) میں ہے) پھر حج کے بعد تنعیم سے اس عمرہ کی قضا کی۔

[۱۵-] بَابُ امْتِشَاطِ الْمَرْأَةِ عِنْدَ غُسْلِهَا مِنَ الْمَحِيْضِ

[۳۱۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَهْلَلْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَكُنْتُ مِمَّنْ تَمَتَّعَ وَلَمْ يَسُقِ الْهَدْيَ، فَزَعَمَتْ أَنَّهَا حَاضَتْ وَلَمْ تَطْهُرْ حَتّٰى دَخَلَتْ لَيْلَةُ عَرَفَةَ، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! هٰذِهِ لَيْلَةُ يَوْمِ عَرَفَةَ، وَإِنَّمَا كُنْتُ تَمَتَّعْتُ بِعُمْرَةٍ؟ فَقَالَ لَهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "انْقُضِيْ رَأْسَكِ وَامْتَشِطِيْ، وَأَمْسِكِيْ عَنْ عُمْرَتَكِ" فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا قَضَيْتُ الْحَجَّ أَمَرَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ لَيْلَةَ الْحَصْبَةِ، فَأَعْمَرَنِيْ مِنَ التَّنْعِيْمِ مَكَانَ عُمْرَتِيَ الَّتِيْ نَسَكْتُ. [راجع: ۲۹۴]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع میں احرام باندھا، اور میں ان لوگوں میں سے تھی جنھوں نے تمتع کیا تھا اور جو ہدی ساتھ نہیں لے گئے تھے، پس وہ کہتی ہیں کہ وہ حائضہ ہو گئیں اور پاک نہیں ہوئیں، یہاں تک کہ عرفہ کی رات آ گئی، (یوم الترویہ کی رات تھی، سات اور آٹھ ذی الحجہ کی درمیانی رات تھی، اور

اگلے دن منی جانا تھا، پھر جو رات آئے گی وہ عرفہ کی رات ہوگی، مگر چونکہ حضرت عائشہؓ اس وقت تک بھی پاک نہیں ہوئی تھیں اس لئے عرفہ کی رات کہا) انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آج عرفہ کی رات ہے اور میں نے عمرہ کے ساتھ فائدہ اٹھایا ہے یعنی حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دیا ہے اور ابھی تک میں نے عمرہ ادا نہیں کیا، آپؐ نے فرمایا: اپنے سر کو کھول لو اور کنگھی کرلو، اور عمرہ سے رک جاؤ، پس میں نے ایسا کیا، پھر جب میں حج سے فارغ ہوئی تو آپ نے عبدالرحمٰن کو لیلۃ الحصبۃ (تیرہ ذی الحجہ) کو حکم دیا، پس انھوں نے مجھے تنعیم سے عمرہ کرایا میرے اس عمرہ کی جگہ جس کا میں نے احرام باندھا تھا۔

تشریح:

۱- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مفردہ تھیں یا قارنہ؟ اس میں تو کوئی اختلاف نہیں کہ آپ نے ابتداء میں صرف حج کا احرام باندھا تھا، پھر مکہ پہنچ کر اس کو عمرہ کے احرام سے بدل دیا تھا مگر آٹھ ذی الحجہ تک آپؓ پاک نہ ہوئیں تو آپؓ نے عمرہ کا احرام توڑ دیا یا اس کے ساتھ حج کا احرام شامل کرلیا؟ اس میں اختلاف ہے، شوافع کی رائے یہ ہے کہ آپؓ نے احرام نہیں توڑا تھا بلکہ عمرہ کے ساتھ حج کا احرام ملا لیا تھا، یعنی آپؓ قارنہ تھیں، اور حج کے بعد آپؓ نے جو عمرہ کیا تھا وہ عام عمرہ تھا کسی دوسرے عمرہ کی قضا نہیں تھی، اور احناف کہتے ہیں: آپؓ نے عمرہ کا احرام توڑ دیا تھا اور حج کا احرام باندھ لیا تھا پھر حج کے بعد توڑے ہوئے عمرہ کی قضا کی تھی، اور دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو غسل کرنے کا، سر کھولنے کا اور کنگھی کرنے کا حکم دیا تھا، غسل کرنے کا ذکر ابوداؤد کی روایت (حدیث ۱۷۸۵) میں ہے اور مذکورہ حدیث کی ایک سند میں جو آگے آرہی ہے عمرہ توڑنے کی صراحت ہے پس احناف کے نزدیک آپؓ مفردہ تھیں، قارنہ نہیں تھیں۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ قارن پر ایک طواف اور ایک سعی ہے یا دو طواف اور دو سعی؟ شوافع کے نزدیک قارن پر ایک طواف اور ایک سعی ہے، اور احناف کے نزدیک دو طواف اور دو سعی، اس لئے حضرت عائشہؓ کو قارنہ ماننے میں احناف کو تکلف ہے، تفصیل کتاب الحج میں آئے گی۔

۲- تمتع کی دو قسمیں ہیں: تمتع لغوی اور تمتع اصطلاحی، تمتع اصطلاحی یہ ہے کہ میقات سے صرف عمرہ کا احرام باندھے اور طواف و سعی اور حلق کرا کر احرام کھول دے، پھر آٹھ ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھے۔ اور تمتع لغوی یہ ہے کہ ایک سفر میں حج و عمرہ کرے خواہ کسی طرح کرے، پس حضرت عائشہؓ کا یہ فرمانا کہ میں متمتع تھی اس سے تمتع لغوی مراد ہے۔

۳- لیلۃ الحَصَبۃ: (نزولِ محصّب کی رات) الحصبۃ کے معنی ہیں: سنگریزے، یہ مکہ سے باہر ایک میدان تھا، تیرہ ذی الحجہ کو منی سے لوٹ کر آپؐ نے اس میدان میں قیام فرمایا تھا اور وہاں عصر تا عشا تین نمازیں ادا فرمائی تھیں، یہ وہی میدان ہے جہاں قریش نے قسمیں کھائی تھیں اور آپؐ کا، ابوطالب کا، بنو ہاشم کا اور بنو عبدالمطلب کا بائیکاٹ کیا تھا، اس میدان کو ابطح، بطحاء، مُحصّب اور خیف بنی کنانہ بھی کہتے ہیں، یہیں سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو عمرہ کے لئے تنعیم بھیجا گیا تھا، اور جس جگہ سے آپؓ نے احرام باندھا تھا اب اس جگہ حضرت عائشہؓ کے نام سے مسجد عائشہ بنی ہوئی ہے۔

بَابُ نَقْضِ الْمَرْأَةِ شَعْرَهَا عِنْدَ غُسْلِ الْمَحِيْضِ

غسلِ حیض کے وقت بالوں کو کھولنا

عورت نے اگر سر کے بالوں کی چوٹیاں بٹ رکھی ہیں تو غسل جنابت میں ان کو کھولنا ضروری نہیں، اور بالوں کو بھگانا بھی معاف ہے، البتہ بالوں کی جڑوں میں پانی پہنچانا ضروری ہے، اگر بے کھولے جڑوں میں پانی نہ پہنچے تو بال کھول ڈالے اور بالوں کو بھگائے، یہی حکم غسلِ حیض کا ہے، البتہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک غسلِ جنابت میں تو چوٹیاں کھولنی ضروری نہیں، اس لئے کہ اس کے بارے میں نص ہے (ترمذی حدیث ۱۰۸) مگر غسل حیض میں چوٹیاں کھولنا، اور سب بال بھگانا اور تمام جڑوں میں پانی پہنچانا ضروری ہے، اس لئے حضرتؒ نے **عند غسل المحیض** کی تخصیص کی، اور حضرت ابن عمر اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے نزدیک غسل جنابت میں بھی چوٹیاں کھولنا اور سب بالوں کو بھگانا اور جڑوں میں پانی پہنچانا ضروری ہے، پس غسل حیض میں بدرجۂ اولیٰ ضروری ہوگا۔ اور باب میں حضرت عائشہؓ کی وہی حدیث ہے جو اوپر والے باب میں گذری ہے، حضرت عائشہؓ نے جب عمرہ کا احرام توڑا تھا اور حج کا احرام باندھا تھا تو نبی ﷺ نے حکم دیا تھا کہ چوٹیاں کھول لو اور بالوں میں کنگھی کر لو، اور یہ غسل حیض کے درمیان میں تھا، پس حیض کے بعد غسل میں چوٹیاں کھولنا بدرجۂ اتم ضروری ہوگا، یہ امام بخاریؒ کا استدلال ہے، مگر تقریب تام نہیں، اس لئے کہ آپؐ نے حضرت عائشہ کو بال کھولنے کا اور کنگھی کرنے کا جو حکم دیا تھا وہ ارشادی تھا یعنی ان کو ایک بھلائی کی بات بتائی تھی، حضور ﷺ حجۃ الوداع میں مدینہ منورہ سے پچیس ذی قعدہ کو نکلے ہیں، اور چار ذی الحجہ کو مکہ معظّمہ پہنچے ہیں پھر آٹھ ذی الحجہ تک مزید چار دن گذرے ہیں، اتنے میں حضرت عائشہؓ کے بال بکھر گئے ہونگے، اس لئے آپؐ نے ان کو ایک فائدہ کی بات بتائی کہ بال کھول لو، کنگھی کرو اور نہا کر احرام باندھ لو، پس آپؐ کا یہ حکم ارشادی تھا، اس لئے اس سے مسئلہ اخذ کرنا کہ غسل حیض میں چوٹیاں کھولنا ضروری ہے، صحیح نہیں۔

[۱٦-] بَابُ نَقْضِ الْمَرْأَةِ شَعْرَهَا عِنْدَ غُسْلِ الْمَحِيْضِ

[۳۱۷-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجْنَا مُوَافِيْنَ لِهِلاَلِ ذِى الْحِجَّةِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُهِلَّ بِعُمْرَةٍ فَلْيُهِلَّ، فَإِنِّى لَوْلاَ أَنِّىْ أَهْدَيْتُ لَأَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ" فَأَهَلَّ بَعْضُهُمْ بِعُمْرَةٍ، وَأَهَلَّ بَعْضُهُمْ بِحَجٍّ، وَكُنْتُ أَنَا مِمَّنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، فَأَدْرَكَنِى يَوْمُ عَرَفَةَ وَأَنَا حَائِضٌ، فَشَكَوْتُ إِلَى النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "دَعِىْ عُمْرَتَكِ، وَانْقُضِىْ رَأْسَكِ، وَامْتَشِطِىْ، وَأَهِلِّىْ بِحَجٍّ" فَفَعَلْتُ حَتّٰى إِذَا كَانَ لَيْلَةُ الْحَصْبَةِ، أَرْسَلَ مَعِىْ أَخِىْ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِىْ بَكْرٍ، فَخَرَجْتُ إِلَى التَّنْعِيْمِ، فَأَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ مَكَانَ عُمْرَتِىْ، قَالَ هِشَامٌ: وَلَمْ يَكُنْ فِىْ شَيْئٍ مِنْ ذٰلِكَ هَدْىٌ وَلاَ صَوْمٌ وَلاَ صَدَقَةٌ. [راجع: ۲۹٤]

ترجمہ اور وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم ایسے وقت نکلے کہ ذی الحجہ کا مہینہ شروع ہونے والا تھا، پچیس ذی قعدہ کو مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے، رات ذوالحلیفہ میں گذاری اور عصر تا فجر وہاں پڑھیں، پھر چھبیس ذی قعدہ کو مکہ مکرمہ کے لئے روانہ ہوئے، مکہ پہنچ کر وحی آئی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: جسے پسند ہو کہ وہ عمرہ کا احرام باندھے تو چاہئے کہ وہ عمرہ کا حرام باندھے، اگر میرے پاس قربانی کے جانور نہ ہوتے تو میں بھی عمرہ کا احرام باندھتا، پس بعض نے عمرہ کا احرام باندھا اور بعض نے حج کا، اور میں ان لوگوں میں سے تھی جنھوں نے عمرہ کا احرام باندھا۔ پس مجھے یوم عرفہ نے پایا درانحالیکہ میں حائضہ تھی، پس میں نے نبی ﷺ سے شکایت کی، پس آپؐ نے فرمایا: ''اپنا عمرہ چھوڑ دو، اور اپنا سر توڑ لو، اور کنگھی کرلو اور حج کا احرام باندھ لو'' چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔ یہاں تک کہ جب تیرہویں کی رات آئی (یہ چودہویں کی رات تھی، ایام منی میں راتیں گذشتہ دنوں کے ساتھ گنی جاتی ہیں) تو آپؐ نے میرے ساتھ عبدالرحمٰنؓ کو بھیجا، پس میں تنعیم کی طرف نکلی، پس میں نے عمرے کا احرام باندھا، میرے (توڑے ہوئے) عمرہ کی جگہ، ہشام کہتے ہیں: اور نہیں تھا کسی چیز میں ان میں سے قربانی کا جانور اور نہ روزہ اور نہ فدیہ۔

جاننا چاہئے کہ عمرہ توڑنے کی وجہ سے احناف کے نزدیک دم واجب ہوتا ہے اور قضا بھی، اور دم نہ ہو تو دس روزے رکھے، تین ایام حج میں اور سات وطن لوٹ کر، اور کتاب الحج میں احصار کا مسئلہ آئے گا، وہاں بتائیں گے کہ احصار کی صورت میں ہدی حرم میں بھیجنی پڑتی ہے جب ہدی وہاں ذبح ہوجائے تب احرام کھلے گا۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک جہاں احصار واقع ہوا ہے اس جگہ جانور ذبح کیا جائے گا۔ حضرت عائشہؓ کا معاملہ کیا تھا؟ انھوں نے عمرہ توڑا تھا یا وہ قارنہ تھیں یا احصار تھا؟ پس ان پر قربانی، روزہ یا صدقہ واجب تھا، حضرت ہشامؒ کہتے ہیں: نہیں تھی ان میں سے کسی میں ہدی نہ روزہ اور نہ صدقہ۔ حاشیہ میں امام نووی رحمہ اللہ کا اعتراض لکھا ہے کہ حضرت عائشہؓ پر نہ ہدی واجب ہوئی، نہ روزہ اور نہ صدقہ یہ کیسے ممکن ہے؟ ان میں سے ایک ضرور واجب ہوگا، مگر امام نوویؒ کا یہ اعتراض اس پر مبنی ہے کہ حضرت عائشہؓ نے ان میں سے کچھ بھی ادا نہیں کیا۔ لیکن اگر حضرت ہشام کے اس قول کا یہ مطلب لیا جائے کہ حدیث میں ان کا تذکرہ نہیں تو اعتراض ختم ہوجاتا ہے، اس لئے کہ عدم ذکر عدم شئ کو مستلزم نہیں، روایت میں مذکور نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ نفس الامر میں بھی نہ ہو، غرض حنفیہ کے قول پر عمرہ توڑنے کی وجہ سے دم واجب ہوگا اور شوافع کے قول پر دم قران واجب ہوگا۔

بابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ﴿مُخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ﴾

بچہ گوشت کی بوٹی سے پیدا ہوتا ہے جو کبھی پوری ہوتی ہے اور کبھی ادھوری رہ جاتی ہے

یہ سورۂ حج کے پہلے رکوع کی آیت (۵) کا ٹکڑا ہے۔ آیت یہاں سے شروع ہوتی ہے: ﴿يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ، ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ، ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ، ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ: مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ﴾: اللہ

تعالیٰ نے انسان کو مٹی سے بنایا ہے، مٹی کے جوہر غذا سے خون بنتا ہے، خون سے نطفہ بنتا ہے، نطفہ سے علقہ بنتا ہے، علقہ سے مضغہ بنتا ہے، پھر آگے بڑھ بھی سکتا ہے اور نہیں بھی بڑھتا ہے، **مخلقة:** کے معنی ہیں: آگے بڑھا ہوا، تخلیق کے مرحلوں میں داخل ہوا ہوا، اور **غیر مخلقة:** کے معنی ہیں: ان مرحلوں میں داخل نہ ہوا ہوا۔

جاننا چاہئے کہ ﴿مُخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ﴾ صرف مضغہ کے ساتھ خاص نہیں، اس کا تعلق پہلے والے تمام مراحل کے ساتھ ہے اور اگلے مراحل کے ساتھ بھی، کبھی نطفہ گر پڑتا ہے، کبھی علقہ گر پڑتا ہے، کبھی مضغہ گر پڑتا ہے، کبھی آگے کے مراحل میں داخل ہوتا ہے، اس کے بعد گر پڑتا ہے، کبھی بچہ مرا ہوا پیدا ہوتا ہے۔ غرض اس ٹکڑے کا تعلق آگے پیچھے کے سب مراحل سے ہے، جیسے ﴿اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ، خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ﴾ میں **علق:** درمیانی مرحلہ ہے، اس سے پہلے تین مرحلے ہیں اور بعد میں تین مرحلے، انسان کی تخلیق سات مرحلوں سے گذر کر ہوتی ہے، علق درمیانی مرحلہ ہے، یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمائی ہے اور میں نے کتاب الوحی کے شروع میں (حدیث ۳) یہ بات تفصیل سے بیان کی ہے، اسی طرح ﴿مُخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ﴾ کا تعلق پہلے اور بعد والے سب مراحل سے ہے۔

مقصد ترجمہ اور حدیث کی باب سے مناسبت: علامہ ابن بطال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ حمل کے زمانہ میں حیض نہیں آسکتا۔ حمل کے زمانہ میں حیض آسکتا ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے۔ حضرات ابوحنیفہ، احمد، ابوثور، ابن المنذر، امام شافعی رحمہم اللہ کا قول قدیم اور امام بخاریؒ کی رائے یہ ہے کہ حمل کے زمانہ میں حیض نہیں آسکتا۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید یہ ہے کہ حمل کے زمانہ میں حیض آسکتا ہے اور یہی امام مالک اور حضرت اسحاق رحمہما اللہ کی رائے ہے۔

یہاں یہ بات جاننی چاہئے کہ سورۂ بقرہ آیت ۲۲۸ میں قروء سے امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک حیض مراد ہے، پس عدت حیض سے گذرے گی، اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک طہر مراد ہے، پس عدت طہر سے گذرے گی، جو حضرات حیض سے عدت کے قائل ہیں ان کی سب سے قوی دلیل یہ ہے کہ عدت کا مقصد استبراء رحم ہے، یعنی بچہ دانی حمل سے خالی ہے یہ بات جاننا ہے، پس اگر حمل کے زمانہ میں بھی حیض آئے گا تو کیسے پتہ چلے گا کہ بچہ دانی میں حمل نہیں ہے، اس لئے یہ حضرات فرماتے ہیں کہ حمل کے زمانہ میں حیض نہیں آسکتا۔

جب باب کا مقصد متعین ہو گیا کہ حمل کے زمانہ میں حیض نہیں آسکتا تو اب حدیث کا باب سے انطباق یہ ہے کہ حمل قرار پاتے ہی فرشتہ رحم پر مقرر ہو جاتا ہے اور حمل کی حفاظت کرتا ہے، اب بھی اگر بچہ دانی کا منہ کھلے اور حیض آئے تو فرشتے کی نگرانی سے کیا فائدہ؟ علاوہ ازیں حمل ٹھہرنے کے بعد حیض کا خون جمع رہتا ہے اور بچہ کی غذا بنتا ہے، اگر حیض آئے تو بچہ کی غذا ضائع ہو جائے گی، پس وہ کیسے پلے بڑھے گا؟ اس طرح حدیث کا باب کے ساتھ جوڑ ہے۔

[۱۷-] بابُ قَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ ﴿مُخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ﴾

[۳۱۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى

الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَكَّلَ بِالرَّحِمِ مَلَكًا، يَقُوْلُ: يَا رَبِّ نُطْفَةٌ، يَا رَبِّ عَلَقَةٌ، يَارَبِّ مُضْغَةٌ، فَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَقْضِيَ خَلْقَهُ قَالَ: أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثٰى؟ شَقِيٌّ أَمْ سَعِيْدٌ؟ فَمَا الرِّزْقُ؟ وَمَا الْأَجَلُ؟ فَيُكْتَبُ فِيْ بَطْنِ أُمِّهِ "[انظر: ۳۳۳۳، ٦٥٩٥]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے بچہ دانی پر ایک فرشتہ مقرر کیا ہے جو کہتا ہے: اے میرے رب! یہ نطفہ ہے، اے میرے رب! یہ خون بستہ ہے، اے میرے رب! یہ گوشت کا لوتھڑا ہے، پھر جب اللہ تعالیٰ اس کو پیدا کرنے کا ارادہ فرماتے ہیں تو وہ پوچھتا ہے: یہ لڑکا ہے یا لڑکی؟ بدبخت ہے یا نیک بخت؟ اس کا رزق کیا ہے؟ اور اس کی موت کا مقررہ وقت کیا ہے؟ یہ ساری باتیں اس کی ماں کے پیٹ میں لکھ دی جاتی ہیں۔

تشریح: انسان اس دنیا میں نیا پیدا نہیں ہوتا، اس دنیا میں صرف اس کا جسم بنتا ہے اس کی روح پہلے پیدا ہو چکی ہے اور تمام روحیں عالم ارواح میں ہیں۔ سورۃ الاعراف (آیت ۱۷۲) میں یہ مضمون ہے: جب روح کے دنیا میں آنے کا وقت ہوتا ہے تو شکم مادر میں اس کے لئے جسم بنتا ہے، اور جسم: چار عناصر سے خاص طور پر مٹی سے بنتا ہے اس طرح کہ عناصر اربعہ کی توانائیاں مجتمع ہو کر انسان کی غذا پیدا کرتی ہے، جب انسان وہ غذا کھاتا ہے تو اس سے خون بنتا ہے، پھر خون کا خاص حصہ مادۂ منویہ بننے کے لئے جدا کر لیا جاتا ہے، پھر میاں بیوی کے مادے رحم میں پہنچتے ہیں، جب علوق (حمل ٹھہرنا) مقدر ہوتا ہے تو مادہ کا کچھ حصہ بچہ دانی میں ٹھہر جاتا ہے اور باقی مادہ باہر نکل آتا ہے، اور اسی وقت سے فرشتہ نگرانی پر مقرر ہو جاتا ہے، وہ پوچھتا ہے: یارب مخلقة وغیر مخلقة؟ اگر حمل گر جانا مقدر ہے تو غیر مخلقة کا حکم ہوتا ہے اور حمل کا ٹھہرنا مقدر ہے تو مخلقة کا حکم ہوتا ہے، اور حمل آگے بڑھتا ہے، اور مشیت خداوندی کے مطابق تخلیق مکمل ہوتی ہے۔

صحیحین میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کی پیدائش جمع کی جاتی ہے اس کی ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک نطفہ کی حالت میں (یعنی اس مدت میں نطفہ میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوتی) پھر اتنی ہی مدت میں علقہ (جما ہوا خون) بنتا ہے پھر اتنی ہی مدت میں مضغہ یعنی گوشت کی بوٹی بنتی ہے، پھر اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجتے ہیں چار باتوں کے ساتھ، پس وہ اس کا عمل، اس کی موت، اس کی روزی اور اس کا نیک یا بد ہونا لکھتا ہے، پھر اس میں روح پھونکی جاتی ہے (مشکوٰۃ حدیث ۸۲) یعنی مراحل تخلیق میں انتقال تدریجی ہوتا ہے، یکبارگی نہیں ہوتا، اور ہر مرحلہ پہلے والے اور بعد والے مراحل سے مختلف ہوتا ہے، مادہ میں جب تک کوئی نمایاں تبدیلی نہیں ہوتی، نطفہ کہلاتا ہے، پھر جب اس میں معمولی انجماد پیدا ہوتا ہے تو علقہ کہلاتا ہے، پھر جب اس میں خوب انجماد ہو جاتا ہے تو مضغہ کہلاتا ہے، پھر اعضاء بننے شروع ہوتے ہیں اور جب تخلیق مکمل ہو جاتی ہے تو اس میں روح ڈالی جاتی ہے۔

اور ایک دوسری حدیث میں جس کو ابن ابی حاتم رازی اور ابن جریر طبری رحمہما اللہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہی سے روایت کیا ہے: نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب نطفہ مختلف ادوار سے گذرنے کے بعد مضغہ بن جاتا ہے تو

فرشتہ جو انسان کی تخلیق پر مامور ہے: اللہ تعالیٰ سے دریافت کرتا ہے: یارب **مُخَلَّقَةٌ أو غيرُ مخلقةٍ**؟ اے پروردگار! اس مضغہ سے انسان بننا مقدر ہے یا نہیں؟ اگر جواب ملتا ہے کہ پیدا ہونا مقدر نہیں تو رحم اس کو ساقط کر دیتا ہے اور اگر جواب ملتا ہے کہ پیدا ہونا مقدر ہے تو فرشتہ پوچھتا ہے: لڑکا یا لڑکی؟ نیک بخت یا بد بخت؟ اور اس کی عمر کیا ہے؟ اور اس کا عمل کیا ہوگا؟ اور کہاں مرے گا؟ (ابن کثیر)

فائدہ: سورۂ لقمان کی آخری آیت میں یہ مضمون ہے کہ پانچ باتوں کا علم اللہ کے علاوہ کسی کو نہیں، ان میں سے ایک ﴿وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ﴾ ہے، یعنی رحم مادر میں کیا ہے؟ لڑکا یا لڑکی؟ اسکو اللہ ہی جانتے ہیں۔ یہاں طالب علم سوال کرتے ہیں کہ اب تو مشین بتا دیتی ہے کہ ماں کے پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی؟ اور یہ آیت کہتی ہے کہ اللہ کے علاوہ اس کو کوئی نہیں جانتا، اس کا جواب یہ ہے کہ آیت میں ما ہے من نہیں، اور ما اور مَن کا فرق آپ جانتے ہیں مَن ذوی العقول کے لئے ہے اور ما غیر ذوی العقول کے لئے اور وہ عام ہے اور مشین جس مرحلہ میں بتاتی ہے اس مرحلہ میں تخلیق پوری ہو جاتی ہے اور وہ مَن بن جاتا ہے ما نہیں رہتا جبکہ اللہ تعالیٰ نے مَا فِي الْأَرْحَامِ فرمایا ہے، یعنی جب نطفہ رحم مادر میں پہنچتا ہے اس وقت سے پیدا ہونے تک کے تمام احوال اللہ جانتے ہیں۔ تخلیق مکمل ہوگی یا نہیں؟ لڑکا ہوگا یا لڑکی؟ بد بخت ہوگا یا نیک بخت؟ اس کا رزق کیا ہوگا؟ عمر کتنی ہوگی؟ کہاں مرے گا؟ یہ سب باتیں اللہ تعالیٰ ابتداء ہی سے جانتے ہیں، جبکہ مشین اس وقت بتاتی ہے جب بچہ کی تخلیق مکمل ہو جاتی ہے، لہٰذا آیت پر کوئی اشکال نہیں۔

ترکیب: **یارب نطفة**: .... **علقة**: .... **مضغة**: اگر یہ مرفوع ہوں تو تقدیر عبارت ہوگی: **یا رب وقعت فی الرحم نطفةٌ** .... **علقةٌ**: .... **مُضغةٌ**: اے رب یہ بس نطفہ ہے؟ .... یہ بس علقہ ہے؟ .... یہ بس مضغہ ہے؟ اس کو یہیں ختم ہو جانا ہے یا آگے بڑھنا ہے؟ اور منصوب پڑھیں تو تقدیر عبارت ہوگی: **خَلَقتَ یارب نُطْفَةً**: ...... **علقةً** ...... **مضغة**: اور یہ جملے فرشتہ مسلسل ایک سانس میں نہیں بولتا بلکہ چالیس دن کے وقفہ سے پوچھتا ہے۔

بابٌ: كَيْفَ تُهِلُّ الْحَائِضُ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ؟

حائضہ حج اور عمرے کا احرام کیسے باندھے؟

کوئی عورت حالت حیض میں ہے اور اس کو حج کا یا عمرہ کا احرام باندھنا ہے تو اس کو نہا کر اور بالوں کو سنوار کر احرام باندھنا چاہئے، یہ نہانا اگرچہ غیر مفید ہے، کیونکہ وہ حالت حیض میں ہے تاہم اسے نہا کر احرام باندھنا چاہئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جب عمرہ کا احرام توڑا تھا اور حج کا احرام باندھا تھا تو بالوں کو کھول کر، نہا کر، اور بالوں میں تیل کنگھی کر کے احرام باندھا تھا، یہاں روایت میں نہانے کا تذکرہ نہیں، مگر ابو داؤد میں اسی حدیث میں نہانے کا بھی ذکر ہے، نیز حدیث باب میں جو الفاظ ہیں کہ سر کو کھول دو اور کنگھی کر لو، اس میں بھی غسل کی طرف اشارہ ہے، غرض حدیث میں جو الفاظ ہیں اس کے اشارہ

سے حدیث باب کے ساتھ منطبق ہے یا دوسری جگہ جو الفاظ آئے ہیں اس کے اعتبار سے منطبق ہے۔

[۱۸-] بابٌ: كَيْفَ تُهِلُّ الْحَائِضُ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ؟

[۳۱۹-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِحَجٍّ، فَقَدِمْنَا مَكَّةَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ أَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ وَلَمْ يُهْدِ فَلْيُحْلِلْ، وَمَنْ أَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ وَأَهْدَى فَلَا يَحِلُّ حَتّٰى يَحِلَّ بِنَحْرِ هَدْيِهِ، وَمَنْ أَهَلَّ بِحَجٍّ فَلْيُتِمَّ حَجَّهُ" قَالَتْ: فَحِضْتُ، فَلَمْ أَزَلْ حَائِضًا حَتّٰى كَانَ يَوْمُ عَرَفَةَ، وَلَمْ أُهْلِلْ إِلَّا بِعُمْرَةٍ، فَأَمَرَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَنْقُضَ رَأْسِيْ وَأَمْتَشِطَ وَأُهِلَّ بِالْحَجِّ، وَأَتْرُكَ الْعُمْرَةَ، فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ، حَتّٰى قَضَيْتُ حَجَّتِيْ، فَبَعَثَ مَعِيْ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِيْ بَكْرٍ، فَأَمَرَنِيْ أَنْ أَعْتَمِرَ مَكَانَ عُمْرَتِيْ مِنَ التَّنْعِيْمِ. [راجع: ۲۹٤]

وضاحت: حدیث واضح ہے اور وَدَاع: واؤ کے زبر کے ساتھ ہے، اردو میں زیر کے ساتھ بولتے ہیں، طالب علم عربی میں بھی واؤ کا زیر پڑھ دیتے ہیں یہ صحیح نہیں، عربی میں واؤ کا زبر ہے .... **قوله: ومن لم یُھد فلیحلل:** جس نے عمرے کا احرام باندھا اور ہدی ساتھ نہیں لایا وہ طواف وسعی کر کے احرام کھول دے، اور جس نے عمرہ کا احرام باندھا اور ہدی ساتھ لایا ہے وہ احرام نہ کھولے یہاں تک کہ وہ اپنی ہدی ذبح کر کے حلال ہو............ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اسی حدیث میں جو پہلے گذری ہے یہ تھا کہ ہم نے صرف حج کا احرام باندھا تھا اس لئے کہ عربوں کے تصورات میں اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا گناہ تھا، اور یہاں حضرت عائشہؓ فرمارہی ہیں کہ ہم میں سے بعض نے حج کا احرام باندھا، اور بعض نے عمرہ کا۔ یہ واقعہ کی صحیح نوعیت نہیں، صحیح بات وہ ہے جو پہلے آئی ہے۔

بابُ إِقْبَالِ الْمَحِيْضِ وَإِدْبَارِهِ

حیض کا آنا اور اس کا بند ہونا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ تمیز بالدم کا اعتبار ہے یا نہیں؟ حنفیہ اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک تمیز بالدم کا اعتبار نہیں۔ حیض کے اقبال وادبار کا مدار عادت پر ہے۔ خون کے رنگ کا کوئی اعتبار نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہؒ تمیز بالدم کا اعتبار کرتے ہیں، اور انھوں نے حیض کے خون کے چھ رنگ تجویز کئے ہیں اور ان کو اقوی اور اضعف قرار دیا ہے، یہ مسئلہ طحاوی میں ہے، بخاری میں یہ مسئلہ نہیں، بخاری میں صرف اتنی بات ہے کہ تمیز بالدم کا اعتبار نہیں۔

فائدہ: مستحاضہ کی ایک قسم مُمیِّزہ ہے یعنی وہ عورت جو خون کے رنگ کے ذریعہ حیض اور استحاضہ کے درمیان فرق

کرسکتی ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک عادت کا اعتبار نہیں، صرف تمیز بالدم کا اعتبار ہے اور احناف کے نزدیک صرف عادت کا اعتبار ہے، تمیز بالدم کا اعتبار نہیں۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ دونوں کا اعتبار کرتے ہیں۔ البتہ امام احمد رحمہ اللہ عادت کو مقدم رکھتے ہیں اور امام شافعی رحمہ اللہ تمیز بالدم کو، غرض ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تمیز بالدم کا اعتبار ہے اور انھوں نے حیض کے چھ رنگ تجویز کئے ہیں: أسود (کالا) أحمر (سرخ) أصفر (زرد) کُدرۃ (گدلا) أخضر (سبز) تربتی (مٹیالا) پھر ان میں اقوی اور اضعف تجویز کئے ہیں کہ فلاں رنگ اقوی ہے اور فلاں اضعف، اور یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ جب اقوی رنگ شروع ہو تو وہ حیض ہے اور جب اضعف آنے لگے تو حیض ختم ہو گیا، مثلاً کالا خون شروع ہوا پھر زرد آنے لگا یا سرخ شروع ہوا پھر مٹیالا آنے لگا تو حیض ختم ہو گیا، اور ائمہ ثلاثہ کی دلیل فاطمہ بن ابی حُبیش کی حدیث ہے جو ابوداؤد وغیرہ میں ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: **إذا کان دم الحیض فإنه دمٌ أسود یُعْرَف، فإذا کان ذلك فأمسکی عن الصلوٰۃ:** حیض کا خون کالا ہوتا ہے بآسانی پہچانا جاسکتا ہے، لہٰذا جب وہ خون آئے تو نماز سے رک جا، اس میں نبی ﷺ نے رنگ کا اعتبار کیا ہے، احناف کہتے ہیں: یہ حدیث متکلم فیہ ہے۔ امام ابوداؤد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابن عدی نے یہ حدیث ایک مرتبہ کتاب سے بیان کی، تب اس کو فاطمہ بن ابی حبیش کی حدیث بتایا، دوسری مرتبہ حافظہ سے بیان کی تو اس کو حضرت عائشہؓ کی حدیث بتایا، علاوہ ازیں اس میں اضطراب بھی ہے، علاء نے اس کو مرفوع روایت کیا ہے اور شعبہ نے موقوف (ابوداؤد:۴۳)

احناف کی دلیلیں دو ہیں:

۱- مدینہ منورہ کی عورتیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ڈبیہ میں کرسف بھیجا کرتی تھیں وہ ہر رنگ دیکھ کر فرماتیں: ابھی نماز پڑھنے میں جلدی نہ کرو، جب تک چونے جیسی سفیدی نہ دیکھو، یہ حدیث باب میں تعلیقاً اور موطا مالک (ص:۲۰ طهر الحائض) میں موصولاً مروی ہے۔

۲- حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم مٹیالے اور زرد رنگ کو کچھ شمار نہیں کرتے تھے، یعنی ان رنگوں کو حیض ہی سمجھتے تھے، پاکی شمار نہیں کرتے تھے۔ یہ حدیث چند ابواب کے بعد آرہی ہے۔ ان دونوں روایتوں سے معلوم ہوا کہ حیض کے زمانہ میں جس رنگ کا بھی خون آئے وہ حیض ہے، مستحاضہ کی باقی اقسام اور ان کے احکام جاننے کے لئے دیکھئے: تحفۃ الالمعی (۴۰۲-۴۰۴) ـــــ باب میں دو آثار اور ایک مرفوع حدیث ہے۔

[۱۹-] بابُ إِقْبَالِ الْمَحِيْضِ وَإِدْبَارِهِ

[۱-] وَكُنَّ نِساءٌ يَبْعَثْنَ إِلَى عَائِشَةَ بِالدُّرْجَةِ، فِيهَا الْكُرْسُفُ، فِيهِ الصُّفْرَةُ، فَتَقُوْلُ: لَا تَعْجَلْنَ حَتّٰى تَرَيْنَ الْقَصَّةَ الْبَيْضَاءَ، تُرِيْدُ بِذٰلِكَ الطُّهْرَ مِنَ الْحَيْضَةِ.

[۲-] وَبَلَغَ بِنْتَ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ نِسَاءً يَدْعُوْنَ بِالْمَصَابِيْحِ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ، يَنْظُرْنَ إِلَى الطُّهْرِ، فَقَالَتْ: مَا كَانَ النِّسَاءُ يَصْنَعْنَ هٰذَا، وَعَابَتْ عَلَيْهِنَّ.

۱- عورتیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ڈبیہ میں کرسف (روئی) بھیجتی تھیں جس میں زردی ہوتی تھی، حضرت عائشہؓ فرماتیں، جلدی نہ کرو جب تک چونے جیسی سفیدی نہ دیکھ لو، وہ اُس سے حیض سے پاک ہونے کا ارادہ فرماتی تھیں، یعنی حضرت عائشہؓ ہر رنگ دیکھ کر فرماتیں: ابھی نماز پڑھنے میں جلدی نہ کرو، جب چونے جیسی سفیدی آجائے تب پاک ہوؤ گی، اس وقت نماز پڑھنا۔

۲- اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی بیٹی کو یہ بات معلوم ہوئی کہ عورتیں رات میں چراغ منگواتی ہیں اور طہر دیکھتی ہیں، تو انھوں نے کہا: پہلے عورتیں ایسا نہیں کرتی تھیں اور انھوں نے اس کو معیوب قرار دیا۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ مشہور صحابی ہیں ان کے بارے میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے: **أعلم الناس بالحلال والحرام**: حلال وحرام کے سب سے زیادہ جاننے والے ہیں، ان کی صاحبزادی نے اپنے زمانہ کی عورتوں پر تنقید کی ہے، عورتیں رات میں چراغ جلا کر دیکھتی تھیں کہ وہ پاک ہوئیں یا نہیں؟ اس پر صاحبزادی نے تنقید کی کہ عورتوں کا یہ طریقہ ٹھیک نہیں، نبی ﷺ کے زمانہ میں عورتیں ایسا نہیں کرتی تھیں، بلکہ صبح اٹھ کر کرسف دیکھتی تھیں، اگر چونے جیسی سفیدی ہے تو رات میں پاک ہوگئیں عشاء کی نماز قضا کریں اور کوئی دوسرا رنگ ہے تو پاک نہیں ہوئیں، اور اس اندیشہ سے کہ شاید رات میں پاک ہوجائیں، اور عشاء کی نماز قضا ہوجائے اس مقصد سے بار بار کرسف دیکھنے کی ضرورت نہیں۔ نبی ﷺ کے زمانہ کی عورتیں ایسا نہیں کرتی تھیں اس سے بھی معلوم ہوا کہ رنگوں کا اعتبار نہیں۔

[۳۲۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ أَبِي حُبَيْشٍ كَانَتْ تُسْتَحَاضُ، فَسَأَلَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "ذٰلِكِ عِرْقٌ وَلَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ، فَإِذَا أَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِيْ الصَّلاَةَ، وَإِذَا أَدْبَرَتْ فَاغْتَسِلِيْ وَصَلِّيْ" [راجع: ۳۰۶]

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: فاطمہ بنت ابی حبیشؓ کو استحاضہ کا خون آتا تھا، انھوں نے نبی ﷺ سے دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: یہ رگ کا خون ہے، حیض کا خون نہیں، پس جب حیض آئے تو نماز چھوڑ دو، اور جب حیض پیٹھ پھیرے تو غسل کر کے نماز شروع کردو۔

تشریح: یہ حدیث پہلے بھی گذری ہے وہاں بتایا تھا کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا معتادہ تھیں اور نبی ﷺ نے ان کو عادت کا اعتبار کرنے کا حکم دیا تھا، اور ابوداؤد میں اس حدیث میں **فإنه دم أسود يُعرف** ہے، مگر یہ ٹکڑا منکر ہے، امام بخاری رحمہ اللہ یہ ٹکڑا کسی جگہ نہیں لائے، اور اسی پر ائمہ ثلاثہ نے تمیز بالدم کا مدار رکھا ہے، غرض جب تمیز بالدم کا اعتبار نہیں تو حیض کے آنے جانے کا مدار عادت پر ہوگا، عادت کے ایام میں مستحاضہ نماز روزہ ترک کردے گی، اور باقی ایام میں نماز روزہ کرے گی۔

بابٌ لاَ تَقْضِیْ الْحَائِضُ الصَّلٰوۃَ

حائضہ نمازوں کی قضا نہ کرے

حیض کی حالت میں عورت نہ نماز پڑھے نہ روزہ رکھے، حضرت جابر اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہما کی روایتوں سے یہ بات ثابت ہے، پھر نمازوں کی قضا نہیں، یہ بات حضرت عائشہؓ کی حدیث سے ثابت ہے، البتہ روزوں کی قضا کرے گی۔

[۲۰-] بابٌ لاَ تَقْضِیْ الْحَائِضُ الصَّلٰوۃَ

وَقَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ وَأَبُوْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "تَدَعُ الصَّلاَۃَ"

[۳۲۱-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: ثنا ھَمَّامٌ، قَالَ: ثَنَا قَتَادَۃُ، قَالَ: حَدَّثَتْنِیْ مُعَاذَۃُ: أَنَّ امْرَأَۃً قَالَتْ لِعَائِشَۃَ: أَتُجْزِئُ إِحْدَانَا صَلاَ تَھَا إِذَا طَھُرَتْ؟ فَقَالَتْ: أَحْرُوْرِیَّۃٌ أَنْتِ؟ کُنَّا نَحِیْضُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَلاَ یَأْمُرُنَا بِہِ، أَوْ قَالَتْ: فَلاَ نَفْعَلُہُ.

حدیث: معاذہ کہتی ہیں: ایک عورت نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا: کیا ہم میں سے ایک عورت نماز کی قضا کرے جب وہ حیض سے پاک ہو؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: کیا تو حروریہ ہے؟ ہمیں نبی ﷺ کے زمانہ میں حیض آتا تھا اور آپؐ ہمیں نماز قضا کرنے کا حکم نہیں دیتے تھے، یا فرمایا: ہم نماز قضا نہیں کرتی تھیں۔

تشریح: حائضہ پر روزوں کی قضا واجب ہے، نمازوں کی قضا واجب نہیں، کیونکہ نمازوں میں تکرار ہے اس لئے ان کی قضا میں دشواری ہے۔ اور شریعت کا قاعدہ ہے: اَلحَرَجُ مَدفُوْعٌ: چنانچہ نمازوں کی قضا معاف ہے اور یہ مسئلہ اجماعی ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں، البتہ خوارج کا اختلاف تھا ان کے نزدیک نمازوں کی بھی قضاء واجب ہے مگر وہ گمراہ فرقہ ہے اور گمراہ فرقوں کا اختلاف اجماع پر اثر انداز نہیں ہوتا۔ اور حضرت عائشہؓ سے سوال کرنے والی خود معاذہ تھیں۔ مصنف عبد الرزاق اور مصنف ابن ابی شیبہ میں اس کی صراحت ہے۔ اور خوارج کو حضرت عائشہؓ نے حروری اس لئے کہا کہ ان کا مرکز حروراء نامی گاؤں تھا۔

بابُ النَّوْمِ مَعَ الْحَائِضِ وَھِیَ فِیْ ثِیَابِھَا

حائضہ کے ساتھ لیٹنا جبکہ وہ اپنے کپڑوں میں ہو

اس باب کے دو مطلب ہیں: **ایک**: اگر حائضہ ننگی نہ ہو، کپڑے پہن رکھے ہوں اور ناف سے گھٹنے تک کا حصہ چھپا ہوا ہو تو اس کے ساتھ لیٹنا جائز ہے۔ دوسرا: وہ اپنے کپڑوں میں ہو، یعنی زائد کپڑے باندھ لئے ہوں۔ عورت ایام حیض میں

کرسف لنگوٹ وغیرہ باندھتی ہے، جب عورت نے زائد کپڑے باندھ لئے اور لنگی یا پائجامہ پہن لیا تو اب مزید احتیاط ہوگئی اس لئے اس کو ساتھ لٹانا جائز ہے۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کے ساتھ سو رہی تھیں کہ حیض شروع ہوگیا، وہ چپکے سے اٹھیں اور زائد کپڑے باندھنے لگیں، نبی ﷺ کی آنکھ کھل گئی، آپؐ نے پوچھا: کیا حیض شروع ہوگیا؟ ام سلمہ نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: کپڑے باندھ کر میرے ساتھ لیٹ جاؤ، چنانچہ حضرت ام سلمہؓ زائد کپڑے باندھ کر اور لنگی پہن کر آپؐ کے ساتھ لیٹ گئیں۔

یہ حدیث پہلے بھی گذری ہے وہاں بتایا تھا کہ نبی ﷺ کا یہ عمل مسئلہ کی وضاحت کے لئے تھا، یہ عمل ﴿فَاعْتَزِلُوْا النِّسَاءَ﴾ کی تفسیر ہے، سنت نہیں، سنت وہ روایت ہے جو حضرت عائشہؓ سے ابوداؤد میں مروی ہے کہ ازواج زمانۂ حیض میں نیچے چٹائی پر علاحدہ سوتی تھیں۔ پس نوجوانوں کو ساتھ لیٹنے سے احتراز کرنا چاہئے، ورنہ گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے۔

[٢١-] بابُ النَّوْمِ مَعَ الْحَائِضِ وَهِيَ فِيْ ثِيَابِهَا

[٣٢٢-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ، حَدَّثَتْهُ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ قَالَتْ: حِضْتُ وَأَنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الخَمِيْلَةِ، فَانْسَلَلْتُ فَخَرَجْتُ مِنْهَا، فَأَخَذْتُ ثِيَابَ حَيْضَتِيْ، فَلَبِسْتُهَا، فَقَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنُفِسْتِ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، فَدَعَانِيْ فَأَدْخَلَنِيْ مَعَهُ فِيْ الْخَمِيْلَةِ، قَالَتْ: وَحَدَّثَتْنِيْ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ، وَكُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ مِنَ الْجَنَابَةِ. [راجع: ٢٩٨]

وضاحت: اس حدیث میں دو مضمون اور بھی ہیں:

ایک: نبی ﷺ روزہ کی حالت میں ام سلمہؓ کا بوسہ لیتے تھے، یہ بھی کبھی کبھار کا عمل تھا اور مسئلہ کی وضاحت کے لئے تھا۔ اور راوی نے ماضی استمراری کا صیغہ اس لئے استعمال کیا ہے کہ جواز مستمر ہے، تفصیل کتاب الصوم میں آئے گی۔

دوم: نبی ﷺ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا ایک ساتھ ایک برتن سے غسل کرتے تھے، یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے۔

بابُ مَنِ اتَّخَذَ ثِيَابَ الْحَيْضِ سِوَى ثِيَابِ الطُّهْرِ

زمانۂ حیض کے کپڑے پاکی کے زمانہ کے کپڑوں کے علاوہ رکھنا

اس باب کے دو مطلب ہیں:

ایک: عورت کے پاس دو جوڑے ہوں، ایک حیض کے زمانہ میں پہننے اور دوسرا طہر کے زمانہ میں، یہ جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں، یہ اسراف نہیں۔

دوم: حیض کے زمانہ میں عورتیں جوزائد کپڑے باندھتی ہیں وہ کپڑے مراد لئے جائیں۔ یہ اچھی بات ہے اس سے لنگی پائجامہ خراب نہیں ہوتا، اور یہ بھی اسراف نہیں، بلکہ یہ ایک ضرورت ہے، اس لئے جائز ہے۔ اور حدیث وہی ہے جو اوپر والے باب میں آئی ہے اور جملہ فأخذتُ ثیاب حیضتی: باب سے متعلق ہے۔

[۲۲-] بابُ مَنِ اتَّخَذَ ثِیَابَ الْحَیْضِ سِوَی ثِیَابِ الطُّهْرِ

[۳۲۳-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ یَحْیَی، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: بَیْنَا أَنَا مَعَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم مُضْطَجِعَةٌ فِیْ خَمِیْلَةٍ: حِضْتُ، فَانْسَلَلْتُ فَأَخَذْتُ ثِیَابَ حَیْضَتِیْ فَقَالَ: "أَنُفِسْتِ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَدَعَانِیْ فَاضْطَجَعْتُ مَعَهُ فِیْ الْخَمِیْلَةِ.[راجع: ۲۹۸]

بابُ شُهُوْدِ الْحَائِضِ الْعِیْدَیْنِ وَدَعْوَةَ الْمُسْلِمِیْنَ وَیَعْتَزِلْنَ الْمُصَلَّی

حائضہ عیدین اور دینی اجتماع میں شریک ہوسکتی ہے، اور نمازیوں سے الگ بیٹھے

عیدین کے موقع پر یا وعظ ونصیحت کی مجلس میں شرکت کی غرض سے حائضہ کا عیدگاہ جانا اور دینی مجلس میں شریک ہونا جائز ہے، اس کام کے لئے طہارت شرط نہیں، البتہ عیدگاہ میں نماز پڑھنے والی عورتوں سے الگ بیٹھے، تاکہ نمازی اور غیر نمازی کا اختلاط نہ ہو۔

قولہ: شهودُ الحائض العیدین: عیدین کے اجتماع میں حائضہ عورتوں کا شرکت کرنا۔ **ودعوة المسلمین:** اور خطبہ میں مسلمانوں کو جو وعظ ونصیحت کی جاتی ہے اس میں شرکت کرنا۔ **دعوة:** کا ترجمہ میں نے دعا نہیں کیا، بلکہ وعظ ونصیحت کیا ہے، اس لئے کہ شاہ صاحب قدس سرہ نے فیض الباری میں عیدین کے بعد دعا کا انکار کیا ہے، کیونکہ عیدین کے بعد دعا کرنا آنحضور ﷺ سے ثابت نہیں، اس لئے میں نے دعوة کا ترجمہ وعظ ونصیحت کیا ہے، اور شاہ صاحب قدس سرہ نے جو بات فرمائی ہے اس پر آپ کو حیرت نہیں ہونی چاہئے، آپ کا معمول فرضوں کے بعد اجتماعی دعا مانگنے کا نہیں تھا، گاہ بہ گاہ آپؐ نے فرضوں کے بعد اجتماعی دعا مانگی ہے، جب فرائض خمسہ کے بعد آپ کا معمول اجتماعی دعا مانگنے کا نہیں تھا، تو آپؐ نے عیدین کے بعد بھی اجتماعی دعا نہیں مانگی ہوگی، اس لئے میں نے دعوة کا ترجمہ دعا نہیں کیا، بلکہ وعظ ونصیحت کیا۔

قولہ: وَیَعْتَزِلْنَ الْمُصَلَّی: اور حائضہ عورتیں عیدگاہ میں نماز پڑھنے کی جگہ سے الگ بیٹھیں، اس لئے کہ نمازی اور غیر نمازی کا اختلاط اچھا نہیں۔

دعا کے تعلق سے ایک ضروری بات:

دعا عبادت کا مغز ہے، حدیث ہے: **الدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَة:** اور نماز سب سے اہم عبادت ہے پس وہ دعا سے خالی نہیں

رہنی چاہئے، ورنہ وہ بے مغز مونگ پھلی کی طرح ہوجائے گی، اور فرضوں میں دعا کا محل قعدۂ اخیرہ ہے، اور نوافل میں اور جگہیں بھی ہیں مثلاً وتر میں تیسری رکعت میں قراءت سے فارغ ہوکر دعا مانگی جاتی ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ سے نوافل میں سجدوں میں دعا مانگنا بھی ثابت ہے، اور ابھی بتایا ہے کہ نبی ﷺ کا معمول فرضوں کے بعد اجتماعی دعا مانگنے کا نہیں تھا، مگر کبھی آپؐ نے فرضوں کے بعد اجتماعی دعا مانگی بھی ہے، نیز رسول اللہ ﷺ نے فرضوں کے بعد دعا مانگنے کی ترغیب بھی دی ہے، یہ تمام باتیں اپنی جگہ ثابت ہیں، اور ان کو تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں۔ (تفصیل کے لئے شاطبی رحمہ اللہ کی الاعتصام اور مولانا محمد منظور نعمانی رحمہ اللہ کی معارف الحدیث دیکھیں)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ دور اول کے تمام مسلمان نماز کے اندر دعا مانگنے پر قادر تھے، عربی ان کی مادری زبان تھی اور وہ صحیح عربی بولتے تھے، اور آج بھی بہت سے عرب علماء اس پر قادر ہیں، مگر جب اسلام عجمیوں تک پہنچا اور عربوں کا حال بھی یہ ہوگیا کہ وہ اگرچہ عربی بولتے ہیں مگر صحیح عربی نہیں جانتے، اس لئے اب عام مسلمان دعائے ماثورہ پر اکتفا کرنے پر مجبور ہیں، اور عجمیوں کے لئے تو وہ محض اذکار بن گئے ہیں، دعا کی شان ان میں باقی نہیں رہی اس لئے علماء نے اس کا متبادل تجویز کیا کہ نمازوں کے بعد دعا مانگی جائے، ہر شخص اپنی زبان میں خوب عاجزی سے دعا مانگے اسی لئے کتابوں میں فرض نمازوں کے بعد دعا کرنے کو سنت نہیں بلکہ مستحب لکھا ہے، پس اس نئے طریقہ کو بدعت نہیں کہیں گے کیونکہ اس کی اصل موجود ہے۔ نبی ﷺ نے فرضوں کے بعد گاہ بہ گاہ اجتماعی دعا مانگی ہے اور آپؐ نے فرضوں کے بعد دعا کرنے کی ترغیب بھی دی ہے اس لئے فرائض کے بعد دعا کرنی چاہئے، یہ ایک ضرورت ہے، اور اس موضوع پر حضرت تھانوی قدس سرہ کا ایک رسالہ: **استحباب الدعوات عقیب الصلوات** ہے، جو امداد الفتاوی جلد اول میں مطبوعہ ہے، اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

مگر بعد میں اس سلسلہ میں چند خرابیاں پیدا ہوگئیں، لوگوں نے ایک اور دعا کا اضافہ کردیا، جس کو دعائے ثانیہ کہتے ہیں، یعنی ایک مرتبہ دعا فرضوں کے بعد متصلاً مانگی جائے اور دوسری مرتبہ سنن ونوافل کے بعد اجتماعی دعا بالالتزام مانگی جائے، اسی طرح دعا کو اتنا لازم اور ضروری سمجھ لیا گیا کہ گویا اس کے بغیر نماز ادھوری ہے، حالانکہ مستحب کو لازم کرلینے سے وہ ناجائز ہوجاتا ہے، اسی طرح جہری دعا کا سلسلہ شروع ہوگیا، امام نے چند ماثورہ دعائیں یاد کرلیں وہ انہی کو پڑھتا ہے جس کو نہ لوگ سمجھتے ہیں نہ دعا مانگنے والا۔

دوسری طرف ردعمل کے طور پر چند لوگوں نے فرضوں کے بعد دعا کو بدعت کہنا شروع کردیا، حالانکہ اس کی اصل موجود تھی، خود رسول اللہ ﷺ نے گاہ بہ گاہ فرضوں کے بعد اجتماعی دعا کی ہے۔ اور فرضوں کے بعد دعا کرنے کی ترغیب دی ہے، پس یہ بدعت کیسے ہوسکتی ہے؟ وہ لوگ کہتے ہیں: اب دعا کا التزام شروع ہوگیا ہے، لہٰذا دعا چھوڑ دینی چاہئے، مگر غور کرنے کی بات یہ ہے کہ یہ غلطی کی اصلاح نہیں، بلکہ دوسری غلطی ہے۔ دعا بند کرنے سے تو بندوں کا اللہ تعالیٰ سے دعا کا تعلق منقطع ہوجائے گا۔

اس لئے صحیح طریقہ یہ ہے کہ جن فرضوں کے بعد سنن ہیں ان میں سلام کے بعد صرف مختصر اذکار کئے جائیں، یہ اذکار احادیث میں آئے ہیں (دیکھئے ترمذی حدیث ۲۹۳-۲۹۶) پھر سنن ونوافل سے فارغ ہوکر ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمدللہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھے، پھر جم کر دعا مانگے، اور ہر شخص اپنے طور پر مانگے، ہیئت اجتماعی نہ ہو۔ اور جن نمازوں کے بعد سنتیں نہیں ہیں ان میں سلام کے بعد متصلاً تسبیحات پڑھے، پھر لوگ دعا مانگیں اور سراً مانگیں، ہر آدمی اپنی مراد اللہ سے مانگے اور اس بات کا خیال رکھا جائے کہ التزام نہ ہو، اور ہیئت اجتماعی کو ضروری نہ سمجھا جائے، جس کا جی چاہے امام سے پہلے دعا شروع کردے جس کو کوئی ضرورت ہو اور وہ چلا جائے تو اس پر نکیر نہ کی جائے، اور جس کی دعا امام کے ساتھ پوری نہ ہو وہ بعد تک مانگتا رہے۔

ہاں اگر پورے مجمع کی مراد مشترک ہو یا امام کے پیش نظر لوگوں کو دعا مانگنے کا طریقہ سکھلانا ہو تو پھر جہراً بھی دعا مانگی جاسکتی ہے، نبی ﷺ نے جہراً دعائیں مانگی ہیں جبھی وہ منقول ہوکر ہم تک پہنچی ہیں۔

خلاصہ: یہ ہے کہ دو باتیں بیشک قابل اصلاح ہیں: ایک: ہیئت اجتماعی، دوسری: التزام، ان دونوں کی اصلاح کا جو طریقہ تجویز کیا جاتا ہے کہ دعا بدعت ہے، اس کو بند کردیا جائے، یہ طریقہ صحیح نہیں، یہ تو دوسری غلطی ہوگئی کہ جس چیز کی اصل تھی اس کو بدعت قرار دیدیا اور بندوں کا اپنے خالق ومالک سے دعا کا رابطہ منقطع کردیا۔

اصلاح کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ عام احوال میں جہری دعا نہ کی جائے، بلکہ ہر شخص اپنی زبان میں اپنی حاجتیں مانگے، پس ہیئت اجتماعی خود بخود ختم ہوجائے گی، تین نمازوں میں تو لوگ نوافل کے بعد دعا کریں گے اور ظاہر ہے نوافل سے سب ایک ساتھ فارغ نہیں ہوتے اس لئے ہیئت اجتماعی خود بخود ختم ہوجائے گی، اور دو نمازوں میں جب جس کی تسبیحات پوری ہوں دعا شروع کردے اور جب اس کی دعا پوری ہو دعا ختم کردے خواہ امام سے پہلے یا امام کے بعد پس اجتماعی ہیئت باقی نہیں رہے گی۔

اور التزام کو ختم کرنے کی صورت یہ ہے کہ امام لوگوں کو مختلف اوقات میں یہ بات سمجھاتا رہے کہ امام اور مقتدیوں کا رابطہ سلام پر ختم ہوجاتا ہے، نماز سلام پر پوری ہوجاتی ہے پس جس کو کوئی حاجت ہو وہ جاسکتا ہے، بلکہ خود امام کو کوئی ضرورت ہو تو وہ بھی جاسکتا ہے۔ دوسرے لوگ اپنی تسبیحات پوری کریں اور اپنی دعا مانگیں، امام کا ان کے ساتھ ہونا ضروری نہیں۔

ایک واقعہ: لوناواڑہ (گجرات) کے پاس ایک قصبہ سنت رام پور ہے، وہاں میرے ایک ساتھی امامت کرتے تھے، میرا ایک مرتبہ وہاں جانا ہوا، مجھے عصر کے وقت واپس لوٹنا تھا، میں نے اپنے ساتھی سے کہا: میں گھر نماز پڑھ کر بس پر چلا جاتا ہوں، آپ مسجد میں جائیں اور نماز پڑھائیں، انھوں نے کہا: نہیں! میں بس پر بٹھانے آؤنگا۔ چنانچہ ہم دونوں سامان لے کر مسجد گئے، انھوں نے نماز پڑھائی، اور نماز کے بعد اعلان کیا: میں مولانا کو بس پر بٹھانے جارہا ہوں، آپ حضرات تسبیحات کے بعد دعا مانگ لیں۔ پھر ہم دونوں سامان لے کر چلے اور نمازیوں کے لئے کوئی اچنبھے کی بات نہیں ہوئی، میں نے مسجد سے نکل کر اپنے ساتھی سے کہا: یار! تو نے بکرے اچھے ٹرینڈ کر رکھے ہیں! انھوں نے کہا: ہاں! میں نے لوگوں کو سمجھا رکھا ہے

کہ امام اور مقتدیوں کا رابطہ سلام پر ختم ہوجاتا ہے، پس اگر کسی مقتدی کو کوئی ضرورت ہو تو وہ جاسکتا ہے، اور امام بھی جاسکتا ہے۔ اور مہینہ میں ایک بار کوئی ضرورت نکال کر چلا جاتا ہوں، تاکہ بات لوگوں کے ذہن میں تازہ رہے —— یہ ہے اصلاح کا طریقہ! دعا کو بدعت کہہ کر بند کردینا اصلاح کا طریقہ نہیں ہے۔

غرض عیدین کے بعد اور فرضوں کے بعد دعا مانگنے کا نبی ﷺ کا عام معمول نہیں تھا، مگر اُس ضرورت سے جو ابھی میں نے بیان کی فرضوں کے بعد بھی دعا کرنا مستحب ہے اور عیدین کے بعد بھی، چنانچہ ہمارے اکابر کا اسی پر عمل ہے، اور فتوی بھی اسی پر ہے۔

[۲۳-] بابُ شُهُوْدِ الْحَائِضِ الْعِيْدَيْنِ وَدَعْوَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَيَعْتَزِلْنَ الْمُصَلَّى

[۳۲٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حَفْصَةَ، قَالَتْ: كُنَّا نَمْنَعُ عَوَاتِقَنَا أَنْ يَخْرُجْنَ فِي الْعِيْدَيْنِ، فَقَدِمَتِ امْرَأَةٌ، فَنَزَلَتْ قَصْرَ بَنِيْ خَلَفٍ، فَحَدَّثَتْ عَنْ أُخْتِهَا، وَكَانَ زَوْجُ أُخْتِهَا غَزَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثِنْتَيْ عَشْرَةَ غَزْوَةً، وَكَانَتْ أُخْتِيْ مَعَهُ فِيْ سِتٍّ، قَالَتْ: فَكُنَّا نُدَاوِيْ الْكَلْمَىْ، وَنَقُوْمُ عَلَى الْمَرْضَى، فَسَأَلَتْ أُخْتِيْ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: أَعَلٰى إِحْدَانَا بَأْسٌ إِذَالَمْ يَكُنْ لَهَا جِلْبَابٌ أَنْ لاَ تَخْرُجَ؟ قَالَ: "لِتُلْبِسْهَا صَاحِبَتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا، وَلْتَشْهَدِ الْخَيْرَ، وَدَعْوَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَلَمَّا قَدِمَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ سَأَلْتُهَا: أَسَمِعْتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: بِأَبِيْ نَعَمْ - وَكَانَتْ لاَ تَذْكُرُهُ إِلَّا قَالَتْ: بِأَبِيْ - سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ:" تَخْرُجُ الْعَوَاتِقُ وَذَوَاتُ الْخُدُوْرِ، وَالْحُيَّضُ، وَلْيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَتَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ الْمُصَلَّى" —— قَالَتْ حَفْصَةُ: فَقُلْتُ: الْحُيَّضُ؟ فَقَالَتْ: أَلَيْسَتْ تَشْهَدُ عَرَفَةَ وَكَذَا وَكَذَا؟

[انظر: ۳۵۱، ۹۷۱، ۹۷٤، ۹۸۰، ۹۸۱، ۱٦۵۲]

ترجمہ: حضرت حفصہ (محمد بن سیرینؒ کی بہن) کہتی ہیں: ہم سیانی لڑکیوں کو عیدگاہ جانے سے روکا کرتے تھے (عواتق: عاتق کی جمع ہے: وہ لڑکی جو ماں باپ کے قہر سے آزاد ہوگئی ہو یعنی جس کو اب ماں باپ ڈانٹ نہیں سکتے اردو میں اس کو سیانی کہتے ہیں۔ اور أَنْ مصدریہ ہے اور اس سے پہلے مِنْ پوشیدہ ہے) پس ایک عورت آئی (یہ عورت مدینہ منورہ سے آئی تھی، اس کا نام معلوم نہیں) اور وہ بنی خلف نامی محل میں اتری (غالباً یہ بصرہ کا مسافر خانہ تھا، باہر سے آنے والے یہاں اترتے تھے۔ جب مدینہ سے وہ عورت آئی تو بصرہ کی عورتیں حدیثیں سننے کے لئے اس کے پاس آئیں، حضرت حفصہؒ بھی آئیں) انھوں نے اپنی بہن کے واسطہ سے یہ حدیث سنائی (ان کی بہن صحابیہ ہیں، ان کا نام معلوم نہیں، ہوسکتا ہے وہ ام عطیہؓ ہوں) اور ان کی بہن کے شوہر نبی ﷺ کے ساتھ بارہ غزوات میں شریک رہے ہیں، اور ان کی بہن اپنے شوہر کے ساتھ چھ غزوات میں شریک رہی ہیں، وہ کہتی ہیں: ہم زخمیوں کی دوا دارو کیا کرتی تھیں اور مریضوں کی تیمارداری کرتی تھیں،

ان کی بہن نے نبی ﷺ سے پوچھا: کیا ہم میں سے کسی عورت پر کچھ حرج ہے جب اس کے پاس اوڑھنا (آج کی اصطلاح میں برقع) نہ ہو کہ وہ گھر سے نہ نکلے یعنی عیدگاہ نہ جائے، آپؐ نے فرمایا: اس کی سہیلی اس کو اپنا اوڑھنا اڑھائے (یعنی جس کے پاس برقعہ زائد ہو وہ ایسی عورت کو مستعار دیدے یا ایک چادر میں دو لپٹ کر جائیں) اور وہ مجالس خیر میں اور دعوت ونصیحت میں شریک ہو، (یہ عطف تفسیری ہے، الخیر اور دعوة المسلمین ایک ہیں) پھر جب حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا (بصرہ) آئیں تو میں نے ان سے دریافت کیا: کیا آپؐ نے نبی ﷺ سے یہ بات سنی ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں، میرے والد آپؐ پر قربان ہوں، اور ام اعطیہؓ جب بھی آپؐ کا ذکر کرتیں تو بأبی کہتیں (جار مجرور مُفَدیً سے متعلق ہیں اور اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ آپؐ پر جو آفت آنی مقدر ہو وہ آپؐ پر نہ آئے میرے ابا پر آئے) میں نے آپؐ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سنیانی لڑکیاں پردہ نشین عورتیں اور حیض والی عورتیں نکلیں اور چاہئے کہ وہ مجالس خیر میں اور دعوت ونصیحت میں شریک ہوں اور حائضہ عورتیں نماز کی جگہ سے الگ رہیں، حضرت حفصہؒ کہتی ہیں: میں نے پوچھا: کیا حائضہ عورتیں بھی شریک ہوں؟ انھوں نے کہا: کیا حائضہ عورتیں عرفہ میں حاضر نہیں ہوتیں اور کیا ایسا اور ایسا نہیں کرتیں؟

تشریح:

۱- عورتوں کے عیدگاہ جانے کے سلسلہ میں امام اعظم رحمہ اللہ سے اجازت اور ممانعت: دونوں قول مروی ہیں، اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جوان عورتوں کو عیدگاہ نہیں جانا چاہئے، بوڑھی عورت جاسکتی ہے۔ اور امام محمد رحمہ اللہ سے کچھ مروی نہیں اور ابن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر عورت عیدگاہ جانے پر اصرار کرے اور وہ روزمرہ کے اور کام کے کپڑوں میں جانے پر راضی ہو تو شوہر اجازت دے اور اگر وہ اس پر راضی نہ ہو بناؤ سنگھار کے ساتھ اور نئے کپڑوں میں جانے پر اصرار کرے تو شوہر کو حق ہے کہ اسے جازت نہ دے، اس لئے کہ اب وہ نماز پڑھنے نہیں جارہی بلکہ اپنے سوٹ اور زیورات کی نمائش کرنے جارہی ہے، اور سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عورتوں کے لئے عیدگاہ جانا مکروہ ہے اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آج کل عورتوں نے جو نئے طریقے نکالے ہیں اگر وہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے آتے تو آپؐ عورتوں کو مسجد جانے سے منع فرمادیتے، حضرت عائشہؓ کا یہ ارشاد پنج وقتہ نمازوں کے تعلق سے ہے، پس اس سے عیدین اور جمعہ کی نمازوں کے لئے جانے کی ممانعت بھی بدرجۂ اولیٰ نکل آئی۔

۲- عورتوں کا جمعہ اور دیگر نمازوں کے لئے مسجد جانا یا عیدین کے لئے عیدگاہ جانا فی نفسہ جائز ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں عورتیں مسجدِ نبوی میں اور عیدین کی نمازوں میں حاضر ہوتی تھیں، لیکن اب لغیرہ یعنی خوف فتنہ کی وجہ سے ممنوع ہے، جاننا چاہئے کہ جو چیز لغیرہ یعنی کسی دوسری چیز کی وجہ سے واجب یا ممنوع ہوتی ہے اس پر دلیل کا مطالبہ صحیح نہیں، دلیل واجب لعینہ اور ممنوع لعینہ کی دی جاسکتی ہے واجب لغیرہ اور ممنوع لغیرہ میں تو اس غیر میں غور کرنا چاہئے کہ اس میں ایجاب وتحریم کی صلاحیت ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو وجوب یا حرمت مان لینی چاہئے ورنہ قصہ بالائے طاق! عورتوں کے لئے عیدگاہ یا مسجد جانے

کی جوممانعت ہے وہ بھی لغیرہ ہے اور وہ غیر ہے خوفِ فتنہ، اگر یہ وجہ معقول ہے تو عورتوں کو مسجد اور عیدگاہ نہیں جانا چاہئے۔

اس کی نظیر: نفس تقلید اور تقلید شخصی کا وجوب ہے، یہ بھی لعینہ واجب نہیں، بلکہ لغیرہ واجب ہے، کیونکہ تقلید اگر واجب لعینہ ہوتی تو مجتہد کے لئے بھی ہوتی، حالانکہ اس پر بالاجماع تقلید واجب نہیں، اور یہاں غیر یہ ہے کہ شریعت پر عمل کرنا فرض ہے اور ہر شخص از خود قرآن وحدیث سے مسائل اخذ نہیں کرسکتا، پس کسی نہ کسی سے پوچھ کر عمل کرنا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿فَاسْئَلُوْا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لاَ تَعْلَمُوْنَ﴾: یعنی اگر تم خود نہیں جانتے تو جاننے والوں سے پوچھو، اور اس پر عمل کرو، پس عوام کو لامحالہ کسی کی تقلید کرنی ہوگی، تقلید کے بغیر زندگی کی گاڑی ایک قدم نہیں چل سکتی، چاہے دنیوی معاملات ہوں یا دینی، فن کے ماہرین کی تقلید کرنی پڑتی ہے۔ غرض تقلید واجب لعینہ نہیں بلکہ واجب لغیرہ ہے، اسی طرح تقلید شخصی بھی واجب لغیرہ ہے کیونکہ اگر تقلید شخصی نہیں کی جائے گی تو لوگ رخصتیں تلاش کریں گے، جس عالم کا قول خواہش کے مطابق ہوگا اس کو لیں گے اور جو قول خواہش کے خلاف ہوگا اس کو چھوڑ دیں گے، پس یہ شریعت پر عمل نہیں ہوگا بلکہ تشہی کا دروازہ کھل جائے گا۔

غرض جس طرح تقلید اور تقلید شخصی واجب لغیرہ ہیں اسی طرح عورتوں کا عیدگاہ اور مسجد جانا بھی ممنوع لغیرہ ہے اور وہ غیر فتنہ کا اندیشہ ہے، اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس کا کوئی انکار نہیں کرسکتا۔

۳- غیر مقلدین اس حدیث کو لئے پھرتے ہیں اور اصرار کرتے ہیں کہ عورتوں کو پانچوں نمازوں میں مسجد میں اور عیدگاہ میں جانا چاہئے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب حضور اکرم ﷺ نے عورتوں کو عیدگاہ جانے کا حکم دیا اور مسجدِ نبوی میں عورتیں آتی تھیں تو آج بھی عورتوں کو مسجد اور عیدگاہ جانا چاہئے، حالانکہ اس حدیث میں صاف اشارہ ہے کہ آنحضور ﷺ کے زمانہ میں عورتیں جو عیدگاہ جاتی تھیں تو مقصود نماز نہیں ہوتی تھی بلکہ تعلیم مقصود ہوتی تھی، ظاہر ہے حائضہ اور نفاس والی عورتوں کے لئے عیدگاہ جانا لاحاصل ہے، کیونکہ ان کے لئے نماز پڑھنا جائز نہیں پھر بھی آپؐ نے ان کو عیدگاہ جانے کا حکم دیا۔

اور اس کی وجہ یہ تھی کہ دین نیا نازل ہو رہا تھا، مرد وزن سب اس کو سیکھنے کے محتاج تھے، اور عیدین کے موقع پر نبی ﷺ اہم اور قیمتی نصائح بیان فرماتے تھے اس لئے ہر مرد وزن کو عیدگاہ جانے کا حکم تھا تاکہ سب احکام شریعت اخذ کریں، اور اب وہ مقصد باقی نہیں رہا، دین مکمل ہو چکا اور وہ کتابوں میں محفوظ ہے، بچے بچپن ہی سے تدریجاً اس کو حاصل کرتے ہیں اور لوگوں کے احوال بھی بدل گئے، فیشن کا دور ہے، طبیعتیں شر پسند ہوگئیں، پس فتنہ کا اندیشہ ہے ان بدلے ہوئے احوال میں مسئلہ یہ ہے کہ عورتوں کو نہ تو فرض نمازوں کے لئے مسجد جانا چاہئے اور نہ جمعہ کے لئے جامع مسجد اور عیدگاہ جانا چاہئے۔

فائدہ: مگر اس مسئلہ سے کہ عورتوں کو مسجد نہیں جانا چاہئے ذہن غلط بن گیا ہے، عورتیں بازار میں، اسٹیشن پر یا پبلک مقامات میں ہوتی ہیں اور نماز کا وقت آجاتا ہے اور نماز پڑھنے کے لئے کوئی جگہ میسر نہیں ہوتی چنانچہ وہ نماز قضا کر دیتی ہیں، مگر مسجد میں جا کر نماز نہیں پڑھتیں، کیونکہ ذہن یہ بن گیا ہے کہ عورتوں کو مسجد میں نہیں جانا چاہئے، حالانکہ مسجدیں مردوں کی جاگیر نہیں ہیں، ایسی مجبوری میں عورتوں کو مسجد میں جا کر کسی علاحدہ جگہ میں نماز پڑھنی چاہئے۔ اور اتفاقاً جماعت ہو رہی ہو تو

وہ جماعت میں شرکت بھی کرسکتی ہیں، ان کو نماز قضا نہیں کرنی چاہئے۔

۴- **تَخْرُجُ العواتِقُ وَذَوَاتُ الْخُدُور**: میں عطف تفسیری ہے کیونکہ لڑکی جب سیانی ہوجاتی ہے تو پردہ نشین ہوجاتی ہے۔ اور **ذوات الخدور** سے وہ عورتیں بھی مراد ہوسکتی ہیں جو گھر سے بالکل نہیں نکلتیں، بعض عورتیں برقعہ پہن کر سب کام کرتی ہیں، بازاروں میں جاتی ہیں اور سودا سلف خریدتی ہیں مگر شرفاء کی عورتیں گھروں سے بالکل نہیں نکلتیں، میری طالب علمی کے زمانہ تک دیوبند کے شرفاء کی عورتیں کبھی گھر سے نہیں نکلتی تھیں، اگر ضرورت پڑتی تو رات کو مغرب کے بعد نکلتی تھیں اور پالکی میں بیٹھ کر ایک گھر سے دوسرے گھر جاتی تھیں، ایسی عورتیں **ذوات الخدور** کہلاتی ہیں، اور جو عورتیں برقعہ پہن کر بے تکلف نکلتی ہیں ان کو عواتق میں لے سکتے ہیں اور اس صورت میں عطف تفسیری قرار دینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

بابٌ إِذَا حَاضَتْ فِيْ شَهْرٍ ثَلَاثَ حِيَضٍ

وَمَا يُصَدَّقُ النِّسَاءُ فِي الْحَيْضِ وَالْحَمْلِ فِيْمَا يُمْكِنُ مِنَ الْحَيْضِ

کیا ایک ماہ میں تین حیض آسکتے ہیں؟

اور حیض وحمل کے سلسلہ میں عورتوں کی ممکن بات مان لی جائے

یہ باب ذرا مشکل ہے، اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ ایک عورت کو اس کے شوہر نے طلاق رجعی دی، ایک مہینہ کے بعد شوہر رجعت کرنا چاہتا ہے، بیوی کہتی ہے: میری عدت پوری ہوگئی، مجھے تین حیض آگئے، تو اس کی یہ بات مانی جائے یا نہیں؟ اور شوہر کو رجوع کا حق ہوگا یا نہیں؟

بہ الفاظ دیگر: ایک مہینہ میں تین حیض آسکتے ہیں یا نہیں؟ یہ مسئلہ اجتہادی ہے اور ہر امام کی رائے الگ ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے کیا ہے؟ کچھ کہنا مشکل ہے، حضرتؒ نے اپنی رائے محفوظ رکھی ہے، البتہ حضرت کا رجحان اس طرف معلوم ہوتا ہے کہ ایک مہینہ میں تین حیض آسکتے ہیں، کیونکہ حضرتؒ نے ایک قاعدہ کلیہ بیان کیا ہے کہ حیض وحمل کے بارے میں مطلقہ جو بیان دے اس کو قبول کرنا چاہئے، اگر مطلقہ بیان دے کہ وہ حاملہ ہے تو اس کو قبول کیا جائے، وہ یہ بیان دے کہ وہ حائلہ (غیر حاملہ) ہے تو اس کو بھی قبول کیا جائے، پس عدت کے سلسلہ میں وہ جو بیان دے گی اس کو بھی قبول کیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْ أَرْحَامِهِنَّ﴾: مطلقہ عورتوں کے لئے ـــــ اوپر سے مطلقہ عورتوں کا ذکر چل رہا ہے ـــــ جائز نہیں کہ وہ اس چیز کو چھپائیں جو اللہ تعالیٰ نے ان کی بچہ دانیوں میں پیدا کی ہے، بچہ دانی میں دو ہی چیزیں ہوسکتی ہیں: حیض یا حمل، اس کو چھپانا مطلقہ کے لئے جائز نہیں، اپنی حالت کو واضح کرنا مطلقہ پر لازم ہے، پس جب اللہ کے حکم کے مطابق مطلقہ اپنی حالت واضح کرے گی تو اس کی بات ماننی پڑے گی، ورنہ مطلقہ کا اپنی حالت

واضح کرنے کا فائدہ کیا؟

لیکن امام بخاری رحمہ اللہ نے قاعدے میں ایک قید بڑھائی ہے: فیما یمکن من الحیض: (جار مجرور یُصدَّق سے متعلق ہیں) حیض کے سلسلہ میں عورت جو بیان دے عقلاً اس کا امکان ہونا چاہئے، تبھی اس کی بات مانی جائے گی اور جو بات عقلاً ممکن نہ ہو وہ نہیں مانی جائے گی۔ اب اس ضابطہ کی روشنی میں غور کرنا ہے کہ ایک ماہ میں تین حیض ممکن ہیں یا نہیں؟ —— امام بخاریؒ نے باب میں چند آثار پیش کئے ہیں، پہلے ان کو پڑھ لیں پھر ائمہ مجتہدین کے اقوال بیان کروں گا۔

[۲۴-] بابٌ إِذَا حَاضَتْ فِيْ شَهْرٍ ثَلَاثَ حِيَضٍ

وَمَا يُصَدَّقُ النِّسَاءُ فِي الْحَيْضِ وَالْحَمْلِ فِيْمَا يُمْكِنُ مِنَ الْحَيْضِ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ وَلاَ يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ يَكْتُمْنَ مَاخَلَقَ اللّٰهُ فِيْ أَرْحَامِهِنَّ﴾ [البقرة:۲۲۸]

[۱-] وَيُذْكَرُ عَنْ عَلِيٍّ وَشُرَيْحٍ: إِنْ جَاءَ تْ بِبَيِّنَةٍ مِنْ بِطَانَةِ أَهْلِهَا مِمَّنْ يُرْضَى دِيْنُهُ أَنَّهَا حَاضَتْ ثَلاَثًا فِيْ شَهْرٍ: صُدِّقَتْ.

[۲-] وَقَالَ عَطَاءٌ، أَقْرَاؤُهَا مَا كَانَتْ، وَبِهِ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ.

[۳-] وَقَالَ عَطَاءٌ: الْحَيْضُ يَوْمٌ إِلٰى خَمْسَةَ عَشَرَ.

[۴-] وَقَالَ مُعْتَمِرٌ: عَنْ أَبِيْهِ: سَأَلْتُ ابْنَ سِيْرِيْنَ عَنِ الْمَرْأَةِ تَرَى الدَّمَ بَعْدَ قُرْئِهَا بِخَمْسَةِ أَيَّامٍ، قَالَ: النِّسَاءُ أَعْلَمُ بِذٰلِكَ.

۱- امام بخاری رحمہ اللہ نے سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور قاضی شریح رحمہ اللہ کا ایک واقعہ پیش کیا ہے، قاضی شریحؒ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مسلمان ہوئے تھے، مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ان کو نصیب نہیں ہوئی، وہ جلیل القدر تابعی اور مُخضرم ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو کوفہ کا قاضی بنایا تھا، بعد میں جتنے خلفاء آئے سب نے ان کو قضاء کے عہدہ پر برقرار رکھا، آپ ساٹھ سال تک قاضی رہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں بھی کوفہ کے قاضی تھے، پھر جب بوڑھے ہوگئے تو خود ہی عہدۂ قضاء چھوڑ دیا، ان کا اور حضرت علیؓ کا ایک واقعہ پیش کیا ہے، اور بہت مختصر پیش کیا ہے، ایسا کرنے سے بعض مرتبہ پوری بات سمجھ میں نہیں آتی۔

امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ایک عورت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس اپنا مقدمہ لے کر آئی (عامر شعبیؒ بہت بڑے آدمی ہیں، جلیل القدر تابعی ہیں مگر ان کی بہت سی روایتیں مرسل ہوتی ہیں، چنانچہ کہتے ہیں کہ حضرت علیؓ سے ان کا لقاء اور سماع نہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے یُذکر: فعل مجہول استعمال کیا ہے) اس عورت کے شوہر نے اس کو طلاق رجعی دی، ایک مہینہ پورا ہونے پر شوہر نے رجعت کا ارادہ کیا تو عورت نے کہا: آپ کو رجعت کا حق نہیں، مجھے تین حیض آچکے، اور

میری عدت پوری ہوچکی،شوہر نے اس کا انکار کیا، چنانچہ وہ عورت اپنا مقدمہ لے کر حضرت علیؓ کے پاس گئی، اتفاق سے قاضی شریح بھی وہاں موجود تھے،حضرت علیؓ نے ان سے کہا: آپ اس مقدمہ کا فیصلہ کریں، انھوں نے عرض کیا: حضرت! آپ کی موجودگی میں؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں میری موجودگی میں، چھوٹا منہ بڑی بات ٹھیک نہیں ہوتی،لیکن اگر بڑا حکم دے تو پھر چھوٹے کو بولنا چاہئے، چنانچہ قاضی شریح نے فیصلہ کیا:إن جاء ت ببينةٍ من بطانة أهلها إلخ: اگر یہ اپنے قریبی خاندان کی گواہی لائے جس کا دین بھی پسندیدہ ہواور امانت بھی یعنی گواہ قابل اعتماد ہواور وہ آکر یہ گواہی دے کہ اس عورت کو ایک ماہ میں تین حیض آگئے ،اور وہ ہر حیض پورا ہونے پر نہائی ہے اور نمازیں پڑھی ہے تو عورت کا دعوی قبول کیا جائے گا اور اگر ایسی گواہی نہ لا سکے تو پھر دعوی قبول نہیں کیا جائے گا۔حضرت علیؓ نے فرمایا:قالون: یہ رومی زبان کا لفظ ہے،عربی میں اس کے معنی ہیں:أَحسنتَ اور انگریزی میں معنی ہیں: وہری گڈ،یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس فیصلہ کی تحسین کی۔

تشریح: علامہ سرخسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قاضی شریح نے اس فیصلہ میں تعلیق بالمحال کی ہے کیونکہ وہ ایسی گواہی نہیں لاسکتی اور من بطانة أهلها (خاندان کے قریب ترین لوگوں کی گواہی) کی قید اس لئے لگائی ہے کہ وہ اس عورت کی چار سو بیسی سے واقف ہوتے ہیں، دور کی عورت کو وہ بہکا سکتی ہے اور جھوٹی گواہی دلا سکتی ہے،مگر خاندان کی قریب ترین عورت سے اور وہ بھی نیک، متقی اور پرہیزگار عورت سے گواہی نہیں دلا سکتی، اس لئے سرخسیؒ فرماتے ہیں کہ قاضی شریح رحمہ اللہ نے یہ تعلیق بالمحال کی ہے،نہ وہ گواہ لا سکے گی نہ دعوی ثابت ہوگا،نہ بارہ من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی!

دوسرے حضرات کہتے ہیں: فرض کرو اگر وہ ایسی گواہی لے آئے تو پھر اس کا دعوی قبول کیا جائے گا،اور یہ دعوی قبول کرنا دلیل ہے کہ ایک ماہ میں تین حیض آسکتے ہیں۔امام بخاریؒ نے یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ عورت کی وہ بات قبول کی جائے گی جس کا امکانِ عقلی ہو، پس اگر وہ گواہ پیش کردے تو اس کا دعوی مانا جائے گا،معلوم ہوا کہ ایک مہینہ میں تین حیض کا امکان عقلی ہے۔امام بخاریؒ نے غالبًا یہ اثر اسی نقطۂ نظر سے پیش کیا ہے،لیکن سرخسی رحمہ اللہ کے نزدیک یہ تعلیق بالمحال ہے، جیسے ﴿حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ﴾: ظاہر ہے اونٹ سوئی کے ناکے میں داخل نہیں ہوسکتا، پس یہ تعلیق بالمحال ہے،اسی طرح قاضی شریح نے بھی تعلیق بالمحال کی ہے، کیونکہ ایک مہینہ میں تین حیض کا امکان عقلی نہیں۔

۲-حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اُس کے حیض وہ ہیں جس پر وہ تھی،اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ عورت اگر دعوی کرے کہ اسے ایک مہینہ میں تین حیض آگئے تو اگر اس واقعہ سے پہلے بھی ایسا ہوا ہے یعنی اس کو ایک مہینہ میں تین حیض آئے ہیں تو اس کا دعوی مان لیا جائے گا،اور اگر پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا اور اب عورت اس کا دعوی کرتی ہے تو دعوی نہیں مانا جائے گا، اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ ایک ماہ میں تین حیض کا امکان عقلی ہے،حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ بھی اسی کے قائل تھے۔

۳-حضرت عطاء کہتے ہیں: حیض کی کم سے کم مدت ایک رات دن اور زیادہ سے زیادہ مدت پندرہ دن ہے۔

۴-معتمر بن سلیمان اپنے ابا سلیمان سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ سے

پوچھا: ایک عورت کوحیض آیا پھروہ پاک ہوئی پھر پانچ دن کے بعد دوبارہ حیض آیا تو پانچ دن کا طہر ہوسکتا ہے؟ ابن سیرین رحمہ اللہ نے جواب دیا: النساء أعلم بذلك: عورتیں اس کوخوب جانتی ہیں، یعنی حضرت نے کوئی فیصلہ نہیں کیا کہ دوحیضوں کے درمیان کتنے دن کا طہر ضروری ہے۔ اور شاید اس سے امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ سمجھا ہے کہ طہر کی کوئی مدت نہیں۔ باب کے آثار پورے ہوئے۔

اب یہ سمجھنا چاہئے کہ یہ مسئلہ تین باتوں پر مبنی ہے، اور وہ تینوں باتیں اختلافی ہیں، لہٰذا اس مسئلہ میں لامحالہ اختلاف ہوگا۔

پہلی بات: حیض کی کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ مدت کیا ہے؟ حنفیہ کے نزدیک کم از کم مدت تین رات دن ہیں اور زیادہ سے زیادہ مدت دس رات دن ہیں، اس سے کم یا زیادہ استحاضہ ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اقل مدت ایک رات دن اور اکثر مدت پندرہ دن ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کم سے کم مدت میں حنفیہ کے ساتھ ہیں اور زیادہ سے زیادہ مدت میں شوافع کے ساتھ، اور امام مالک رحمہ اللہ اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک اقل مدت کوئی نہیں، دفعۃً خون آ کر رک جائے تو بھی حیض ہے، اور مالکیہ کے نزدیک اکثر مدت سترہ دن ہیں۔

دوسری بات: عدت حیض کے ذریعہ گذاری جائے یا طہر کے ذریعہ؟ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک طہر کے ذریعہ، اور امام ابوحنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک حیض کے ذریعہ عدت گذاری جائے گی۔

تیسری بات: طہر کی مدت متعین ہے یا نہیں؟ یعنی دوحیضوں کے درمیان کم سے کم طہر کی مدت کتنی ہے؟ چاروں ائمہ متفق ہیں کہ دوحیضوں کے درمیان پندرہ دن کا طہر ضروری ہے۔

ان تین باتوں کو پیش نظر رکھ کر مسئلہ مذکورہ میں ائمہ مجتہدین کے اقوال درج ذیل ہیں:

۱- احناف: کے یہاں امکان عقلی کی دوصورتیں ہیں، ایک صورت میں کم از کم انتالیس دن میں تین حیض آسکتے ہیں اور دوسری صورت میں ساٹھ دن میں، لہٰذا جو عورت ایک ماہ میں تین حیض آنے کا دعوی کرے، اس کا دعوی معتبر نہیں۔

پہلی صورت: طہر کے بالکل آخر میں شوہر نے طلاق دی پھر حیض شروع ہوگیا اور تین دن رہا، پھر پندرہ دن طہر رہا تو ۱۸ دن ہوئے، پھر تین دن حیض آیا، پھر پندرہ دن طہر تو ۳۶ دن ہوئے، پھر تین دن حیض آیا اس طرح انتالیس دن میں تین حیض آسکتے ہیں۔

دوسری صورت: طہر کے آخر میں طلاق دی اور اکثر مدت دس دن حیض آیا، پھر اس کے بعد پندرہ دن طہر رہا تو ۲۵ دن ہوئے، پھر دس دن حیض آیا پھر پندرہ دن طہر تو ۵۰ دن ہوگئے، پھر دس دن حیض آیا تو ساٹھ دن ہوئے ——— حنفیہ کے یہاں امکان عقلی کی یہی دوصورتیں ہیں، اور پہلا قول دیانۃً ہے اور دوسرا قضاءً یعنی انتالیس دن میں اگر عورت دعوی کرے کہ اس کو تین حیض آگئے تو دیانۃً اس کی بات مان لی جائے گی مگر قاضی اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرے گا، ساٹھ دن سے کم میں قاضی عورت کے دعوی کو خارج کردے گا۔

شوافع: کے یہاں بھی امکان عقلی کی دوصورتیں ہیں: ایک صورت میں ۳۲ دن اور ایک ساعت میں تین حیض آسکتے ہیں، اور دوسری صورت میں ۴۷ دن میں عدت پوری ہوسکتی ہے یعنی شوافع کے یہاں بھی ایک ماہ میں تین حیض نہیں آسکتے، پس عورت کا دعوی خارج کردیا جائے گا۔

پہلی صورت: طہر کے بالکل شروع میں طلاق دی تو پندرہ دن طہر کے پھر ایک دن حیض کا، ۱۶ دن ہوئے، پھر پندرہ دن طہر کے پھر ایک دن حیض کل ۳۲ دن ہوئے، پھر پندرہ دن طہر کے تو مجموعہ ۴۷ دن ہوا۔

دوسری صورت: آخر طہر میں طلاق دی جبکہ حیض آنے میں ایک ساعت (ذرادیر) باقی تھی، وہ ایک ساعت ایک طہر شمار ہوگی، پھر ایک دن حیض، پھر پندرہ دن طہر، ۱۶ دن اور ایک ساعت ہوئی، پھر ایک دن حیض، پھر پندرہ دن طہر، مجموعہ ۳۲ دن اور ایک ساعت ہوا۔

ملحوظہ: جن ائمہ کے نزدیک عدت طہر سے گذرتی ہے ان کے نزدیک جس طہر میں طلاق دی ہے وہ پورا ایک طہر شمار ہوگا، اگرچہ طہر کے بالکل آخر میں طلاق دی ہو، اور جو ائمہ حیض سے عدت گذارنے کے قائل ہیں ان کے یہاں بھی طلاق طہر میں دی جائے گی، ایام حیض میں طلاق دینا جائز نہیں، لیکن اگر کوئی حیض میں طلاق دے تو وہ حیض عدت میں شمار نہیں ہوگا۔

مالکیہ: کے نزدیک ایک ماہ اور تین ساعتوں میں تین حیض آسکتے ہیں، اس طرح کہ طہر کے بالکل آخر میں جب ایک ساعت باقی رہی طلاق دی پس یہ ایک طہر ہوگیا پھر ایک لمحہ کے لئے حیض آیا پھر پندرہ دن طہر رہا پھر ایک ساعت حیض آیا پھر پندرہ دن طہر رہا تو تیس دن اور تین ساعتوں میں عدت پوری ہوگئی۔ امام بخاری رحمہ اللہ اس مسئلہ میں شاید امام مالک کی طرف مائل ہیں، اس لئے یہ باب قائم کیا ہے۔

[۳۲۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ رَجَاءٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ أَبِيْ حُبَيْشٍ سَأَلَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: إِنِّيْ أُسْتَحَاضُ فَلاَ أَطْهُرُ: أَفَأَدَعُ الصَّلاَةَ؟ فَقَالَ: " لاَ، إِنَّ ذٰلِكِ عِرْقٌ، ولٰكِنْ دَعِيْ الصَّلاَةَ قَدْرَ الْأَيَّامِ الَّتِيْ كُنْتِ تَحِيْضِيْنَ فِيْهَا، ثُمَّ اغْتَسِلِيْ وَصَلِّيْ" [راجع: ۳۰۶]

وضاحت: یہ حدیث دو بار گذر چکی ہے، آنحضور ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے جو مستحاضہ معتادہ تھیں فرمایا: جن دنوں میں تمہیں حیض آتا تھا ان دنوں میں نماز چھوڑ دو باقی دنوں میں نماز پڑھو۔ حضور ﷺ نے معاملہ حضرت فاطمہؓ کی صوابدید پر چھوڑ دیا ہے کہ تمہاری عادت کا اعتبار ہے، اس طرح اس حدیث سے استدلال کیا ہے، مگر استدلال بہت ہی خفی ہے، غور کریں۔

بابُ الصُّفْرَةِ وَالْكُدْرَةِ فِيْ غَيْرِ أَيَّامِ الْحَيْضِ

حیض کے علاوہ دنوں میں زرد اور گدلے رنگ کا حکم

الصُّفرۃ کے معنی ہیں: زرد۔ اور **الکُدرۃ** کے معنی ہیں: گدلا، مٹیالا، حیض کے دنوں میں کسی بھی رنگ کا خون آئے وہ حیض ہے، **حتی تری القصة البیضاء**: جب چونے جیسی سفیدی آئے تب پاک ہوگی، یعنی تمیز بالدم کا اعتبار نہیں، یہ حنفیہ کی رائے ہے۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ بھی اسی کے قائل ہیں، تفصیل پہلے گذر چکی ہے، اور باب میں حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے وہ فرماتی ہیں: ہم مٹیالے اور زرد رنگ کو کچھ شمار نہیں کرتے تھے۔ حضرت ام عطیہؓ کا قول بس اتنا ہی ہے، اس میں ایام حیض اور غیر ایام حیض کی کوئی قید نہیں، امام بخاریؒ نے باب میں **فی غیر أیام الحیض** کی قید لگا کر اس قول کی شرح کی ہے کہ یہ بات غیر ایام حیض سے تعلق رکھتی ہے۔

اور حنفیہ کے نزدیک اس قول کا مطلب یہ ہے کہ حیض کے زمانہ میں کسی بھی رنگ کا خون آئے اس کو ہم پاکی شمار نہیں کرتے تھے **شیئًا أی شیئًا من الطھارۃ**: اور دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جو پہلے گذر چکی ہے کہ مدینہ منورہ کی عورتیں ڈبیہ میں کرسف رکھ کر ان کے پاس بھیجتی تھیں، آپؓ ہر رنگ دیکھ کر فرماتیں: ابھی نماز پڑھنے میں جلدی نہ کرو، یہاں تک کہ چونے جیسی سفیدی دیکھ لو، اب ام عطیہؓ کا قول حضرت عائشہؓ کے قول کے ساتھ ملائیں گے تو اس کا مطلب یہی نکلے گا کہ ایام حیض میں کسی بھی رنگ کا خون آئے وہ حیض شمار ہوگا۔ اور امام بخاریؒ نے **فی غیر أیام الحیض** کی قید لگا کر حضرت ام عطیہؓ کے قول کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ پاکی کے زمانہ میں ان دو رنگوں کا خون حیض شمار نہیں ہوگا، اور حیض کے زمانہ میں حیض شمار ہوگا، یعنی تمیز بالدم کا اعتبار نہیں۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اس قول کا مطلب یہ ہے کہ حیض کے زمانہ میں ہم ان رنگوں کو پاکی سمجھتے تھے، کتاب الحیض باب ۱۹ میں یہ بتایا ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تمیز بالدم کا اعتبار ہے اور انھوں نے حیض کے چھ رنگ تجویز کئے ہیں، پھر ان میں اقوی اور اضعف تجویز کئے ہیں، اور یہ کہا ہے کہ جب اضعف خون آنے لگے تو عورت پاک ہوگئی، کدرۃ اور صفرۃ اضعف رنگ ہیں، ان کے آنے پر عورت پاک ہوجائے گی، پس شوافع کے نزدیک اس قول کا مطلب یہ ہے کہ حیض کے زمانہ میں یہ رنگ پاکی کی علامت ہیں، غرض حضرت ام عطیہؓ کے قول کے تین مطلب ہوگئے، ہر فقیہ نے اپنے مذہب کے مطابق اس کی شرح کی ہے۔

[۲۵-] بابُ الصُّفْرَةِ وَالْكُدْرَةِ فِيْ غَيْرِ أَيَّامِ الْحَيْضِ

[۳۲۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: كُنَّا لَا نَعُدُّ الْكُدْرَةَ وَالصُّفْرَةَ شَيْئًا.

بابُ عِرْقِ الِاسْتِحَاضَةِ

استحاضہ رگ کا خون ہے

عِرق: (عین کا کسرہ) کے معنی ہیں: رگ، پہلے یہ بات بتائی ہے کہ حیض کا خون قعر رحم سے آتا ہے، اور استحاضہ کا خون فم رحم سے، جس رگ سے یہ خون آتا ہے، اس کا نام عاذل ہے اس کے پھٹنے سے خون آتا ہے۔ ترمذی میں حضرت حمنہ بنت جحشؓ کی حدیث ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: إنما هی رَكضة من الشیطان: یہ خون شیطان کے ایڑ مارنے سے آتا ہے (ترمذی حدیث ۱۲۹) حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا: یہ استعارہ ہے، خون کی رگوں میں بگاڑ آجاتا ہے اس سے یہ خون آتا ہے، اور یہ شریعت کی ایک تعبیر ہے، شریعت ہر نازیبا بات کو شیطان کی طرف منسوب کرتی ہے اور ہر اچھی بات کو اللہ کی طرف، پس اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ یہ خون بیماری کی وجہ سے آتا ہے، تندرست عورت کو جو ماہواری آتی ہے وہ یہ خون نہیں ہے، غرض امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد اس ترجمہ سے حیض واستحاضہ کے خون کے درمیان فرق کرنا ہے۔

[۲٦-] بابُ عِرْقِ الِاسْتِحَاضَةِ

[۳۲۷-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، قَالَ: ثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى، عَنْ ابْنِ أَبِىْ ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، وَعَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّ أُمَّ حَبِيْبَةَ اسْتُحِيْضَتْ سَبْعَ سِنِيْنَ، فَسَأَلَتْ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، عَنْ ذٰلِكَ؟ فَأَمَرَهَا أَنْ تَغْتَسِلَ، فَقَالَ: "هٰذَا عِرْقٌ" فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلاَةٍ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو سات سال تک استحاضہ کا عارضہ رہا، انھوں نے نبی ﷺ سے دریافت کیا، پس آپؐ نے ان کو غسل کرنے کا حکم دیا، اور فرمایا: یہ رگ کا خون ہے، چنانچہ وہ ہر نماز کے لئے غسل کیا کرتی تھیں؟

تشریح: ام حبیبہؓ ام المؤمنین حضرت زینب بنت جحشؓ کی بہن تھیں، ان کو استحاضہ کی بیماری تھی، اور ان کی بہن حمنہ کو بھی استحاضہ کی بیماری تھی، اور ان کو نبی ﷺ نے ہر فرض نماز کے لئے یا دو نمازوں کے لئے ایک غسل کرنے کا حکم دیا تھا، چنانچہ وہ ہر نماز سے پہلے کسی بڑے برتن میں پانی بھر کر گھنٹے دو گھنٹے اس میں بیٹھتی تھیں، پھر غسل کر کے نماز پڑھتی تھیں، اور اس سے ان کو فائدہ ہوا تھا، چنانچہ ام حبیبہؓ نے بھی اس طریقہ کو اپنایا۔

جاننا چاہئے کہ ائمہ اربعہ کے نزدیک مستحاضہ ہر فرض نماز کے لئے (عند الشافعی) یا ہر فرض نماز کے وقت کے لئے (عند الاحناف) وضو کرے گی، اور نبی ﷺ نے بعض مستحاضہ عورتوں کو جو ہر فرض نماز سے پہلے غسل کرنے کا حکم دیا تھا وہ بطور

علاج تھا، کیونکہ ٹھنڈے پانی سے رگوں میں خون سکڑتا ہے، غسل کا حکم مسئلہ شرعی کے طور پر نہیں تھا۔

بابُ الْمَرْأَةِ تَحِيْضُ بَعْدَ الإفَاضَةِ

طواف زیارت کے بعد عورت کو حیض آجائے تو طواف وداع ساقط ہے

کوئی عورت حج کو گئی اور طوافِ زیارت کے بعد اس کو حیض آگیا تو وہ وطن واپس لوٹ سکتی ہے اس لئے کہ حائضہ اور نفساء پر طواف وداع واجب نہیں، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ پہلے ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اختلاف تھا، وہ فرماتے تھے کہ حائضہ پر بھی طواف وداع ہے، طواف وداع کئے بغیر وہ گھر واپس نہیں آسکتی، لیکن جب حضرت عائشہؓ کی حدیث ان کے سامنے آئی تو انھوں نے اپنے قول سے رجوع کرلیا۔ اب اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں —— اور باب میں یہ حدیث ہے کہ جب منی سے لوٹنے کا وقت آیا تو حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو حیض آگیا، آنحضور ﷺ نے فرمایا: کیا صفیہؓ ہمیں روک دے گی؟ یعنی ان کی وجہ سے سب کو رک جانا پڑے گا؟ پھر آپؐ نے پوچھا: کیا وہ تمہارے ساتھ طواف زیارت کے لئے نہیں گئیں؟ عرض کیا گیا: طوافِ زیارت تو وہ کرچکی ہیں، مگر ابھی انھوں نے طوافِ وداع نہیں کیا، آپؐ نے فرمایا: پھر نہیں، اس لئے کہ حائضہ پر طوافِ وداع واجب نہیں۔

[۲۷-] بابُ الْمَرْأَةِ تَحِيْضُ بَعْدَ الإفَاضَةِ

[۳۲۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ قَدْ حَاضَتْ؟ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَعَلَّهَا تَحْبِسُنَا، أَلَمْ تَكُنْ طَافَتْ مَعَكُنَّ؟" فَقَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: "فَاخْرُجِيْ" [راجع: ۲۹٤]

[۳۲۹-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: رُخِّصَ لِلْحَائِضِ أَنْ تَنْفِرَ إِذَا حَاضَتْ. [انظر: ۱۷۵۵، ۱۷٦۰]

[۳۳۰-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ فِيْ أَوَّلِ أَمْرِهِ: إِنَّهَا لاَ تَنْفِرُ، ثُمَّ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: تَنْفِرُ، إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ لَهُنَّ. [انظر: ۱۷٦۱]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! صفیہؓ کو حیض آگیا ہے، آپؐ نے فرمایا: شاید وہ ہمیں روک دے، کیا انھوں نے تمہارے ساتھ طوافِ زیارت نہیں کیا؟ ازواج نے عرض

کیا: کیوں نہیں! تو آپؐ نے فرمایا: پس وہ نکلیں............اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں: حائضہ کو طواف وداع کئے بغیر مکہ سے جانے کی اجازت دی گئی ہے جب اس کو حیض آجائے، یعنی روانگی کے وقت اگر حیض آگیا تو وہ روانہ ہوسکتی ہے............ (طاؤس کہتے ہیں:) اور ابن عمرؓ پہلے کہتے تھے کہ وہ مکہ سے نہیں جاسکتی، پھر میں نے ان کو یہ فرماتے سنا کہ وہ جاسکتی ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے ان کو اس کی اجازت دی ہے۔

تشریح: طواف زیارت فرض ہے، اس کو کئے بغیر حائضہ وطن واپس نہیں لوٹ سکتی، اگر لوٹ گئی تو واپس آکر طواف زیارت کرنا ضروری ہوگا، اس کے بغیر نہ حج مکمل ہوگا اور نہ وہ شوہر پر حلال ہوگی، البتہ حائضہ پر طواف وداع نہیں، وہ طواف وداع کئے بغیر لوٹ سکتی ہے۔

بَابٌ إِذَا رَأَتِ الْمُسْتَحَاضَةُ الطُّهْرَ

جب مستحاضہ پاکی دیکھے تو نماز شروع کردے

مستحاضہ کو ہر مہینہ حیض آئے گا، پس جب وہ طہر کو دیکھے، چاہے حقیقتاً دیکھے یعنی خون بند ہوجائے یا حکماً دیکھے یعنی عادت کے ایام گذر جائیں اور مبتدأہ ہوتو اکثر مدت حیض گذر جائے (عندالاحناف) یا اقل مدت حیض گذر جائے (عندالشافعی) یا خون کے رنگوں سے پتا چل جائے کہ وہ پاک ہوگئی تو وہ حکماً طہر دیکھنا ہے۔ ایسی عورت غسل کرکے نماز شروع کردے اور اس کے احکام معذور کے احکام ہونگے، اب شوہر کے لئے اس سے مقاربت بھی جائز ہے، مستحاضہ کے اقسام اور احکام کے لئے دیکھئے تحفۃ الالمعی (۱:۴۰۲-۴۰۵)

فائدہ: ائمہ اربعہ کے نزدیک مستحاضہ حیض سے پاک ہونے پر غسل کرے گی، پھر امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ہر فرض نماز کے لئے وضو کرے گی اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ہر فرض نماز کے وقت کے لئے وضو کرے گی، اور ثمرۂ اختلاف اس طرح ظاہر ہوگا کہ مستحاضہ نے فرض نماز کے لئے جو وضو کیا ہے اس سے قضاء نماز پڑھ سکتی ہے یا نہیں؟ امام شافعیؒ کے نزدیک اس وضو سے صرف فرض نماز پڑھ سکتی ہے، اور اس کے تابع جو سنن ونوافل ہیں ان کو پڑھ سکتی ہے قضاء نماز کے لئے نیا وضو شرط ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک وقت کے اندر مستحاضہ: فرض، قضا، واجب، سنن اور نوافل سب پڑھ سکتی ہے اور قرآن کی تلاوت بھی کرسکتی ہے ——— اور ابراہیم نخعی، عبداللہ بن شداد رحمہما اللہ وغیرہ کے نزدیک مستحاضہ روزانہ تین غسل کرے گی اور دو نمازیں ایک غسل سے پڑھے گی اور جمع صوری کرے گی، یعنی ظہر آخر وقت میں اور عصر اول وقت میں پڑھے گی، اسی طرح مغرب آخر وقت میں اور عشا اول وقت میں پڑھے گی اور درمیان میں وضو کرے گی اور فجر سے پہلے علاحدہ غسل کرے گی، اور مجاہد اور سعید بن جبیر رحمہما اللہ کے نزدیک روزانہ پانچ غسل کرے گی اور ہر نماز نئے غسل سے پڑھے گی، دلائل ترمذی میں ہیں، دیکھئے: تحفۃ الالمعی (۱:۳۹۹-۴۱۱)

[۲۸-] بابٌ إِذَا رَأَتِ الْمُسْتَحَاضَةُ الطُّهْرَ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: تَغْتَسِلُ وَتُصَلِّيْ وَلَوْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، وَيَأْتِيْهَا زَوْجُهَا إِذَا صَلَّتْ، الصَّلَاةُ أَعْظَمُ.

[۳۳۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: ثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: ثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِذَا أَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِيْ الصَّلَاةَ، وَإِذَا أَدْبَرَتْ فَاغْسِلِيْ عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّيْ" [راجع: ۳۰۶]

اثر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: مستحاضہ غسل کرے گی اور نماز پڑھے گی اگرچہ ایک لمحہ کے لئے پاکی دیکھے، اور اس کا شوہر اس سے مقاربت کرسکتا ہے جب وہ نماز پڑھنے لگے، اس لئے کہ نماز کا معاملہ اہم ہے۔

تشریح: حضرت ابن عباسؓ کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ مستحاضہ طہر دیکھنے کے بعد فوراً نماز شروع کردے، چاہے حقیقتاً طہر دیکھے یا حکماً اور چاہے ایک لمحہ کے لئے طہر دیکھے، وہ مزید انتظار نہ کرے، ابن عباس طہر میں تحدید مدت کے قائل نہیں، احناف کے نزدیک اگر انقطاع اکثر مدت پر ہوا ہے تو فوراً غسل کرکے نماز ادا کرے اور اگر کم مدت پر ہوا ہے تو ایک نماز کا وقت گذرنے کے بقدر انتظار کرے، پھر غسل کرے اور نماز پڑھے، اور مستحاضہ کے ساتھ شوہر کے لئے مقاربت بھی جائز ہے، نماز اور مقاربت دونوں کے لئے طہارت شرط ہے، پس جب مستحاضہ نماز پڑھ سکتی ہے تو اس سے مقاربت بدرجۂ اولیٰ ہوسکتی ہے، اس لئے کہ نماز کا معاملہ صحبت سے اہم ہے۔

اور باب میں حضرت فاطمہ بنت ابی حبیشؓ کی حدیث ہے جو بار بار آرہی ہے، اور **و إذا أدبرت فاغسلی عنك الدم** سے استدلال ہے، جب حیض نے پیٹھ پھیری تو عورت نے طہر دیکھا، پس وہ غسل کرکے نماز شروع کردے، اور فاء تعقیب مع الوصل کے لئے ہے، معلوم ہوا کہ طہر دیکھنے کے بعد عورت فوراً نماز شروع کردے گی، مزید انتظار نہیں کرے گی، یہی امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال ہے۔

بابُ الصَّلٰوةِ عَلَى النُّفَسَاءِ وَسُنَّتِهَا

حالتِ نفاس میں مرنے والی عورت کی نماز جنازہ پڑھنے کا طریقہ

ہندوستانی نسخہ میں عن ہے جو غلط ہے، فتح الباری میں **علی النفساء** ہے، مصری نسخہ میں بھی یہی ہے اور وہی صحیح ہے۔

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: کسی عورت کا ایام نفاس میں انتقال ہوگیا تو اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، اس کا حق صلوٰۃ ساقط نہیں ہوگا، اور یہ مسئلہ دو وجہ سے بیان کرنا پڑا:

ایک: جب عورت کا نفاس کی حالت میں انتقال ہوا تو نجاست ٹھہر گئی، اب غسل دینے سے بھی وہ نجاست دور نہیں ہوسکتی، اور نماز جنازہ کے لئے میت کا پاک ہونا ضروری ہے اس لئے سوال پیدا ہوا کہ اس کی نماز جنازہ پڑھیں گے یا نہیں؟ جواب یہ ہے کہ یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے، نبی ﷺ نے ایسی عورت کا جنازہ پڑھا ہے، پس جب نفساء پر نماز کا ثبوت نص سے ہے تو قیاس مردود ہے۔

دوم: حدیث میں ہے کہ جس عورت کا بچہ پیدا ہونے کی وجہ سے انتقال ہوجائے وہ شہید ہے، اور بعض ائمہ کے نزدیک شہید کی نماز جنازہ نہیں، پس کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ نفساء کی نماز جنازہ نہیں، اس وہم کو دور کیا گیا کہ نفساء کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی اور وہ اختلاف شہید حقیقی کے بارے میں ہے، شہید حکمی کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں، اور نفساء شہید حکمی ہے پس اس کی نماز جنازہ بالاجماع پڑھی جائے گی۔

دوسرا مسئلہ: ایسی عورت کی نماز جنازہ میں امام کہاں کھڑا ہوگا؟ جواب: جو اختلاف عام عورتوں کی نماز جنازہ کے بارے میں ہے وہی اختلاف یہاں بھی ہے، امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک امام میت کے سر کے مقابل کھڑا ہوگا خواہ جنازہ مرد کا ہو یا عورت کا۔ اور شوافع اور حنابلہ کے نزدیک اگر مرد کا جنازہ ہے تو سر کے مقابل اور عورت کا جنازہ ہے تو نصف بدن کے مقابل کھڑا ہوگا۔ اور احناف کے یہاں دو قول ہیں: ایک: میت کے سینہ کے مقابل کھڑا ہوگا خواہ جنازہ مرد کا ہو یا عورت کا۔ دوم: مرد کے سینہ کے مقابل کھڑا ہوگا اور عورت کے نصف بدن کے مقابل۔ اور حنفیہ کے دونوں قولوں کے درمیان تطبیق یہ ہے کہ اگر جنازہ اچھی طرح ڈھکا ہوا ہے تو امام عورت کے جنازے میں بھی سینہ کے مقابل کھڑا ہوگا اور اگر جنازہ اچھی طرح ڈھکا ہوا نہیں ہے تو پھر امام نصف بدن کے مقابل کھڑا ہوگا تا کہ پردہ ہوجائے۔

[۲۹-] بَابُ الصَّلٰوۃِ عَلَی النُّفَسَاءِ وَسُنَّتِهَا

[۳۳۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِیْ سُرَیْجٍ، قَالَ: ثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُسَیْنِ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ: أَنَّ امْرَأَةً مَا تَتْ فِیْ بَطْنٍ، فَصَلَّی عَلَیْهَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَامَ وَسَطَهَا.

[انظر: ۱۳۳۱، ۱۳۳۲]

ترجمہ: حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک عورت کا بچہ جننے کی وجہ سے انتقال ہوگیا تو نبی ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی، اور آپؐ میت کے بیچ میں کھڑے ہوئے۔

تشریح: نبی ﷺ کے زمانہ میں عورتوں کا جنازہ بھی کھلا ہوا ہوتا تھا اس پر نعش نہیں ہوتی تھی، کہتے ہیں کہ نعش کی وصیت سب سے پہلے حضرت فاطمۃ الکبری رضی اللہ عنہا نے کی تھی، اور سب سے پہلے ان کا جنازہ نعش کے ساتھ پڑھا گیا، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا مرض وفات میں بہت پریشان تھیں، عورتوں نے پریشانی کی وجہ پوچھی، فرمایا: مجھے یہ فکر لاحق ہے کہ میرا

جنازہ مردوں کے سامنے رکھا جائے گا، حضرت اسماء بنت عُمیس نے جنھوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی عرض کیا: ہم نے حبشہ میں عورتوں کے جنازہ کی ایک خاص شکل دیکھی ہے، وہاں چارپائی پر گول لکڑیاں رکھ کر اس میں ڈھانپ کر عورتوں کا جنازہ لایا جاتا ہے، حضرت فاطمہؓ خوش ہوگئیں اور انھوں نے وصیت کی کہ میرا جنازہ بھی اسی طرح لایا جائے، چنانچہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ نعش میں چھپا کر لایا گیا۔ غرض نبی ﷺ کے زمانہ میں عورتوں کا جنازہ کھلا ہوا ہوتا تھا، اس پر نعش نہیں ہوتی تھی، اس لئے آپؐ میت کے نصف بدن کے مقابل کھڑے ہوئے تھے اور یہی احناف کا بھی قول ہے۔

بابٌ

اس پر نسخہ کا نشان بنا رکھا ہے یعنی یہ باب ایک نسخہ میں ہے اور ذ بھی لکھ رکھی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ باب صرف ابو ذر کے نسخہ میں ہے، عام نسخوں میں نہیں ہے، اور یہ باب تشحیذ اذہان کے لئے بھی ہوسکتا ہے کہ طالب علم یہاں باب لگائیں اور اپنی ذہنی صلاحیتوں کا ثبوت دیں اور کالفصل من الباب السابق بھی ہوسکتا ہے۔ پس اس باب کی حدیث سے اوپر والے باب میں جو مسئلہ گذرا ہے اس پر بھی استدلال کیا جاسکتا ہے، مگر استدلال کا نہج بدلا ہوا ہے اس لئے بابٌ کہہ کر فصل کردیا۔

اس باب میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں رات میں نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ میں آڑی لیٹی رہتی تھی، جب آپؐ سجدہ فرماتے تو بعض مرتبہ آپؐ کا کپڑا مجھے لگتا اور میں حالت حیض میں ہوتی تھی، اس حدیث کی روشنی میں یہاں باب لگانا ہے، نمونہ کے طور پر یہ ابواب لگاسکتے ہیں: **باب الصلوة بقُرب الحائضِ: باب الصلوة خَلْفَ الحائض، باب طهارة جَسَد الحائض۔**

اور اگر اس کو کالفصل من الباب السابق قرار دیں تو پھر گذشتہ باب سے اس کا تعلق اس طرح ہوگا کہ نفساء کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی اس لئے کہ نبی ﷺ حائضہ کے پاس نماز پڑھتے تھے، اور کبھی حضور ﷺ کا کپڑا حائضہ کے بدن سے لگتا بھی تھا، پس نفاس والی عورت جس کو غسل دیدیا گیا ہے، اس کے قریب میں نماز کیوں نہیں پڑھی جاسکتی؟

[۳۰-] بابٌ

[۳۳۳-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: أَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ: مِنْ كِتَابِهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهَا كَانَتْ تَكُوْنُ حَائِضًا لَاتُصَلِّيْ، وَهِيَ مُفْتَرِشَةٌ بِحِذَاءِ مَسْجِدِ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُصَلِّيْ عَلٰى خُمْرَتِهِ، إِذَا سَجَدَ أَصَابَنِيْ بَعْضُ ثَوْبِهِ. [انظر: ۳۷۹، ۳۸۱، ۵۱۷، ۵۱۸]

ترجمہ: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ وہ حائضہ ہوتی تھیں اور نماز نہیں پڑھا کرتی تھیں اور وہ نبی ﷺ کے نماز پڑھنے کی جگہ میں سامنے لیٹی رہتی تھیں درانحالیکہ آپؐ چھوٹی چٹائی پر نماز پڑھ رہے ہوتے تھے، جب آپ سجدہ فرماتے تو آپؐ کے کپڑے کا کچھ حصہ مجھے لگتا۔

وضاحت: **أخبرنا أبو عوانة من كتابه**: کا مطلب یہ ہے کہ ابوعوانہ نے یہ حدیث حفظ سے بیان نہیں کی بلکہ کتاب سامنے رکھ کر بیان کی............ **كانت تكون**: یہاں کان پر کان داخل ہوا ہے پس وہ بینا ہو جائے گا یعنی ماضی استمراری بن جائے گا۔

مسئلہ (۱): اگر نمازی پر ناپاکی گرے اور نمازی اس کو ایک رکن کے بقدر تھامے رہے تو نماز فاسد ہو جائے گی، اور اگر فوراً ناپاکی الگ کر دے یا ناپاکی کو تھامے ہوئے نہ ہو تو نماز صحیح ہے، مثلاً ماں نماز پڑھ رہی ہے، بچہ گود میں آ کر بیٹھ گیا، اور اس کے بدن پر ناپاکی لگی ہوئی ہے تو اگر ماں بچہ کو تھامے تو نماز فاسد ہو جائے گی، اور اگر نہ تھامے بچہ تھوڑی دیر گود میں بیٹھ کر چلا گیا تو نماز صحیح ہے، یہ مسئلہ عالمگیری میں ہے۔

مسئلہ (۲): ایک لمبا چوڑا فرش ہے، اس کا ایک کنارہ ناپاک ہے، دوسرے کنارے پر نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ فیض الباری میں ہے کہ اگر وہ کپڑا اتنا بڑا ہے کہ ایک جانب حرکت دینے سے دوسری جانب نہیں ہلتی تو نماز درست ہے، اور اگر دوسری جانب ہلتی ہے تو وہ ایک کپڑا شمار ہوگا اور نماز صحیح نہیں ہوگی، پانی کی طہارت وعدم طہارت میں بھی احناف کے یہاں یہی مسئلہ ہے (یہ دونوں مسئلے **أصابني بعض ثوبه** کی مناسبت سے بیان کئے گئے ہیں)

﴿الحمد للہ کتاب الحیض کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۷- کتاب التَیَمُّمِ

قَوْلُ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَأَيْدِيْكُمْ مِنْهُ﴾ [المائدة: ٦]

امام بخاریؒ نے یہاں سورۂ مائدہ کی آیت (۶) لکھ کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ ہار گم ہونے کے واقعہ میں سورۂ مائدہ کی یہی آیت نازل ہوئی تھی۔ سورۂ نساء کی آیت (۴۳) نازل نہیں ہوئی تھی، کتاب التفسیر میں سورۂ مائدہ کی تفسیر میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں اس کی صراحت ہے کہ ہار والے واقعہ میں سورۂ مائدہ کی یہی آیت نازل ہوئی تھی (حدیث ۴۶۰۸)

بَابُ التَّيَمُّمِ

تیمّم کا بیان

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ دو غزوے ہیں: (۱) غزوۂ بنی المصطلق، اس غزوہ کو غزوۃ المریسیع بھی کہتے ہیں (۲) غزوۂ ذات الرقاع، آیت تیمّم ان دونوں میں سے کونسے غزوے میں نازل ہوئی تھی؟ اس میں اختلاف ہے، مگر تین باتیں طے ہیں: پہلی: آیتِ تیمّم واقعہ افک کے بعد کسی غزوے میں نازل ہوئی ہے، دوسری: جس غزوہ میں آیتِ تیمّم نازل ہوئی ہے اس غزوہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ موجود تھے اور وہ غزوۂ خیبر کے بعد مسلمان ہوئے ہیں، تیسری: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بھی اس غزوہ میں موجود تھے اور وہ بھی غزوہ خیبر کے بعد مدینہ آئے ہیں اور غزوۂ خیبر سنہ ۷ھ میں ہوا ہے۔ اور جس غزوہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگی ہے، وہ غزوہ کب پیش آیا؟ اصحابِ سیر کا آخری قول سنہ ۶ھ کا ہے، ظاہر ہے حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما اس میں شریک نہیں تھے، یہ قرائن ہیں کہ آیتِ تیمّم غزوۂ بنی المصطلق میں نازل نہیں ہوئی، اور غزوہ ذات الرقاع کے بارے میں امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ خیبر کے بعد پیش آیا ہے، پس قرین صواب یہ ہے کہ غزوہ ذات الرقاع میں آیتِ تیمّم نازل ہوئی ہے، جبکہ حضرت عائشہؓ کا ہار گم ہوا تھا، حضرت عائشہؓ کا ہار دو مرتبہ گم ہوا ہے ایک مرتبہ جب مدینہ منورہ کے قریب لشکر نے پڑاؤ ڈالا تھا، اس وقت ہار گم ہوا تھا اور اس وقت آیتِ تیمّم نازل ہوئی تھی، اور دوسری مرتبہ مدینہ منورہ سے دور ہار گم ہوا تھا، اس وقت تہمت لگی تھی، اور تہمت والا واقعہ غزوۂ بنی المصطلق کا ہے، اس میں آیتِ تیمّم نازل نہیں ہوئی اور نہ اس میں حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری

رضی اللہ عنہا شریک تھے، اس کے بعد کسی غزوہ میں آیتِ تیمّم نازل ہوئی ہے، یہ ایک موٹا سا فیصلہ ہے، حرف آخر نہیں۔

اور کتاب الغسل کے شروع میں بتایا ہے کہ آیتِ تیمّم میں تکرار ہے اور احکام کی آیتوں میں تکرار نہیں ہوتا مگر جہاں نسخ کا وہم ہوتا ہے وہاں تکرار ہوتا ہے اور اس کی دو ہی مثالیں ہیں ان میں سے ایک یہ آیت ہے، تیمّم کا حکم سورۂ مائدہ کی اس آیت میں بھی ہے اور سورۂ نساء کی آیت (۴۳) میں بھی۔ ان میں سے کونسی آیت اصل ہے؟ اور کونسی مکرر ہے؟ میں نے وہاں بتایا تھا کہ آیتِ نساء اصل ہے اور آیت مائدہ مکرر ہے، لیکن امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے اس کے برعکس ہے ان کے نزدیک آیت مائدہ اصل ہے اور آیت نساء میں تکرار ہے، اور قرینہ یہ ہے کہ آیتِ نساء میں منہ نہیں ہے اور تکرار کم سے کم ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں اس کی صراحت ہے۔ یہ امام بخاریؒ کے قول کے دلائل ہیں —— باب میں دو حدیثیں ہیں ایک میں مذکورہ آیت کا شانِ نزول ہے اور دوسری میں نبی ﷺ کی چھ خصوصیتوں کا بیان ہے، ان میں تیمّم بھی ہے، اس مناسبت سے وہ حدیث یہاں لائے ہیں۔

[١-] بابُ التَّيَمُّمِ

[٣٣٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، حَتّٰى إِذَا كُنَّا بَالْبَيْدَاءِ - أَوْ: بِذَاتِ الْجَيْشِ - انْقَطَعَ عِقْدٌ لِيْ، فَأَقَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْتِمَاسِهِ، وَأَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ، وَلَيْسُوْا عَلٰى مَاءٍ، فَأَتَى النَّاسُ إِلٰى أَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ فَقَالُوْا: أَلاَ تَرٰى إِلٰى مَا صَنَعَتْ عَائِشَةُ؟ أَقَامَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالنَّاسِ، وَلَيْسُوْا عَلٰى مَاءٍ، وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ وَرَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَاضِعٌ رَأْسَهُ عَلٰى فَخِذِيْ، قَدْ نَامَ، فَقَالَ: حَبَسْتِ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالنَّاسَ، وَلَيْسُوْا عَلٰى مَاءٍ، وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَعَاتَبَنِيْ أَبُوْ بَكْرٍ، وَقَالَ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ، وَجَعَلَ يَطْعُنُنِيْ بِيَدِهِ فِيْ خَاصِرَتِيْ، فَلاَ يَمْنَعُنِيْ مِنَ التَّحَرُّكِ إِلاَّ مَكَانُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى فَخِذِيْ، فَقَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ أَصْبَحَ عَلٰى غَيْرِ مَاءٍ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ آيَةَ التَّيَمُّمِ، فَتَيَمَّمُوْا، فَقَالَ أُسَيْدُ بْنُ الْحُضَيْرِ: مَا هِيَ بِأَوَّلِ بَرَكَتِكُمْ يَا آلَ أَبِيْ بَكْرٍ! قَالَتْ: فَبَعَثْنَا الْبَعِيْرَ الَّذِيْ كُنْتُ عَلَيْهِ فَأَصَبْنَا الْعِقْدَ تَحْتَهُ.

[انظر: ٣٣٦، ٣٦٧٢، ٣٧٧٣، ٤٥٨٣، ٤٦٠٧، ٤٦٠٨، ٥١٦٤، ٥٢٥٠، ٥٨٨٢، ٦٨٤٤، ٦٨٤٥]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کسی سفر میں نکلے یہاں تک کہ جب ہم بیداء نامی جگہ میں یا فرمایا: ذات الجیش نامی جگہ میں تھے تو میرا ہار ٹوٹ گیا، پس رسول اللہ ﷺ اس کو تلاش کرنے کے لئے

ٹھہرے اور آپؐ کے ساتھ لوگ بھی ٹھہرے، اور لوگوں کے پاس پانی نہیں تھا پس لوگ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا: کیا نہیں دیکھتے آپ اس کو جو کیا عائشہ نے! رسول اللہ ﷺ کو روک لیا اور لوگوں کو بھی، اور نہ یہاں پانی ہے اور نہ لوگوں کے پاس پانی ہے، پس حضرت ابوبکرؓ حضرت عائشہؓ کے پاس آئے درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ میری ران پر سر رکھ کر سو رہے تھے، پس ابوبکر نے کہا: تم نے رسول اللہ ﷺ کو روک دیا اور لوگوں کو روک دیا، درانحالیکہ نہ یہاں پانی ہے اور نہ لوگوں کے پاس پانی ہے۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: پس ابوبکرؓ نے مجھے سرزنش کی اور کہا انھوں نے جو اللہ نے چاہا کہ وہ کہیں (یعنی حضرت ابوبکرؓ نے ڈانٹا) اور میری کوکھ میں اپنے ہاتھ سے کچوکے مارنے لگے، پس نہیں روکا مجھ کو ہلنے سے مگر رسول اللہ ﷺ کے میری ران پر سر رکھ کر سونے نے یعنی مجھے تکلیف تو بہت ہوئی مگر میں نہیں ہلی تاکہ رسول اللہ ﷺ کی نیند خراب نہ ہو، پس جب رسول اللہ ﷺ صبح میں بیدار ہوئے تو پانی نہیں تھا، پس اللہ عزوجل نے تیمّم کی آیت نازل کی، چنانچہ لوگوں نے تیمّم کر کے نماز پڑھی، نماز کے بعد حضرت اسید بن حُضیر نے (فرطِ مسرت) سے کہا: اے خاندانِ ابوبکر! یہ تمہاری پہلی برکت نہیں! حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: پھر جب ہم نے اس اونٹ کو اٹھایا جس پر میں سوار تھی تو ہار اس کے نیچے سے ملا۔

تشریح:

۱- حاشیہ میں فتح الباری کے حوالہ سے لکھا ہے کہ آیتِ تیمّم غزوہ بنی المصطلق میں نازل ہوئی ہے، اور اسی غزوہ میں افک کا واقعہ پیش آیا ہے، مگر یہ بات محققین کے نزدیک صحیح نہیں، علماء محققین کی رائے یہ ہے کہ آیتِ تیمّم کا نزول غزوہ بنی المصطلق میں نہیں ہوا بلکہ اس کے بعد کوئی دوسرا سفر پیش آیا ہے اس میں آیتِ تیمّم نازل ہوئی ہے، معجم طبرانی میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک دفعہ میرا ہار گم ہو گیا، اس پر اہل افک نے کہا جو کہا، پھر دوسرے سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ گئی اور میرا ہار گم ہوا اور اس کی تلاش میں رکنا پڑا تو حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عائشہؓ سے کہا: بیٹی! تو ہر سفر میں لوگوں کے لئے مشقت اور بلا بن جاتی ہے اسی وقت اللہ تعالیٰ نے تیمّم کی آیت نازل فرمائی، تیمّم کی سہولت نازل ہونے سے حضرت ابوبکرؓ کو خاص مسرت ہوئی اور حضرت عائشہؓ سے مخاطب ہو کر تین مرتبہ فرمایا: بیٹی! تو بلاشبہ بڑی مبارک ہے —— اس روایت سے بھی صاف ظاہر ہوتا ہے کہ آیتِ تیمّم کا نزول غزوہ بنی المصطلق کے بعد کسی اور غزوہ میں ہوا ہے۔

۲- جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہار گم ہو گیا اور نبی ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو آپؐ نے ہار تلاش کرنے کا حکم دیا، چنانچہ بعض حضرات پچھلی منزل تک ہار تلاش کرنے کے لئے گئے، اور نبی ﷺ اور صحابہ رک گئے، جب صبح تک وہ لوگ ہار تلاش کر کے واپس نہیں لوٹے اور فجر کی نماز کا وقت آ گیا اور نبی ﷺ سے پانی نہ ہونے کی شکایت کی گئی تو آیتِ تیمّم نازل ہوئی، اس وقت حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے جو انصاری صحابی ہیں فرط مسرت سے کہا: جب بھی خاندانِ ابی بکر کے ساتھ کوئی ناگوار بات پیش آتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس میں آلِ ابی بکر کے لئے اور مسلمانوں کے لئے برکت کا سامان کرتے ہیں، یعنی شریعت کا کوئی ایسا حکم نازل ہوتا ہے جو مسلمانوں کے لئے مفید ہوتا ہے۔

اس میں بھی اشارہ ہے کہ اس سے پہلے افک کا واقعہ پیش آچکا ہے، افک کا واقعہ ناپسندیدہ واقعہ تھا مگر اس میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے لئے اور امت کے لئے خیر کا پہلو تھا، اس واقعہ میں حضرت عائشہؓ کی براءت میں سورۂ نور کی دس آیتیں نازل ہوئی تھیں، جو قیامت تک منبر ومحراب سے تلاوت کی جاتی ہیں۔ اس سے بڑی اور کیا فضیلت ہوسکتی ہے؟ اور اُن آیات میں یہ اعلان کردیا گیا کہ اگر کوئی کسی پر تہمت لگائے تو چار گواہوں سے ثابت کرے ورنہ حدِ قذف لگے گی، اس طرح تہمت لگانے کا سد باب ہوگیا، یہی امت کے لئے خیر کا پہلو ہے۔

۳- آلِ أبی بکر: عام ہے مگر اس سے خاص حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مراد ہیں سارا خاندان مراد نہیں .... اور ما ھی بأول برکتکم: میں ھی کا مرجع برکت ہے، جو بعد میں آیا ہے، عربی میں مرجع کبھی بعد میں بھی آتا ہے۔

[۳۳۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ: هُوَ الْعَوَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، ح: قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ النَّضْرِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سَيَّارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ الْفَقِيْرُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جابرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "أُعْطِيْتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ أَحَدٌ قَبْلِيْ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ، وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُوْرًا، فَأَيُّمَا رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِيْ أَدْرَكَتْهُ الصَّلَاةُ فَلْيُصَلِّ، وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ، وَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِيْ، وَأُعْطِيْتُ الشَّفَاعَةَ، وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ إِلٰى قَوْمِهِ خَاصَّةً، وَبُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ عَامَّةً" [انظر: ٤٣٨]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے پانچ ایسی چیزیں دی گئیں ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئیں: (۱) میری رعب کے ذریعہ مدد کی گئی، ایک مہینہ کی مسافت تک (۲) اور میرے لئے پوری زمین کو نماز پڑھنے کی جگہ اور پاکی کا آلہ بنایا گیا، پس میری امت کے جس شخص کو جہاں بھی نماز پائے یعنی جہاں بھی نماز کا وقت ہوجائے پس چاہئے کہ وہ نماز پڑھے (۳) اور میرے لئے غنیمت کو حلال کیا گیا، اور مجھ سے پہلے کسی کے لئے غنیمت کو حلال نہیں کیا گیا (۴) اور مجھے شفاعت دی گئی (۵) اور گذشتہ انبیاء خاص اپنی قوم کی طرف مبعوث کئے جاتے تھے اور میں سب لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا ہوں۔

تشریح: نبی ﷺ کی خصوصیتیں پانچ میں منحصر نہیں، آپؐ کی اور بھی خصوصیتیں ہیں، چنانچہ ایک حدیث میں أُعطیتُ سِتًّا ہے، بلکہ علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے الخصائص الکبری میں آنحضور ﷺ کی بہت سی خصوصیتیں جمع کی ہیں۔

خصوصیات کی وضاحت

۱- آنحضور ﷺ جہاں ہوتے تھے وہاں سے ایک ماہ کی مسافت تک آپؐ کا رعب پڑتا تھا، اور مسند احمد میں ہے: يُقْذَفُ فی قلوب أعداءہ: ایک ماہ کی مسافت تک آپؐ کے دشمنوں کے دلوں میں رعب ڈالا جاتا تھا، اور اس میں ایک ماہ سے زیادہ مسافت تک رعب پڑنے کی نفی نہیں ہے، اور ایک ماہ کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ عموماً آپؐ کے دشمن اتنی مسافت پر تھے اس لئے اتنی مسافت کا ذکر کیا گیا ہے۔

۲- آپ ﷺ کے لئے پوری زمین نماز پڑھنے کی جگہ بنادی گئی ہے، پچھلی امتیں اپنی عبادت گاہوں میں ہی نماز پڑھتی تھیں، آج بھی عیسائی اور یہودی چرچوں میں اور سینے گوگوں ہی میں نماز پڑھتے ہیں، گھر میں نماز نہیں پڑھ سکتے، لیکن اس امت کے لئے ساری زمین نماز پڑھنے کی جگہ بنائی گئی ہے، پس جہاں بھی اور جب بھی نماز کا وقت ہوجائے نماز پڑھ سکتا ہے، مسجد ہی میں نماز پڑھنا ضروری نہیں، اسی طرح ساری زمین اس امت کے لئے آلۂ تطہیر بنادی گئی ہے۔ اور یہ دونوں ایک ہی خصوصیت ہیں، اس لئے کہ نماز اور نماز کے لئے وضو اور تیمّم ایک ہی چیز ہیں، پس اس کو ایک ہی شمار کریں گے اور یہ سوال ذہن میں نہیں آنا چاہئے کہ ناپاک زمین پر نماز نہیں پڑھ سکتے؟ ناپاک مٹی سے تیمّم نہیں کرسکتے؟ اس لئے کہ یہ ممانعت لغیرہ ہے، عارض کی وجہ سے ہے ورنہ فی نفسہ پوری زمین نماز پڑھنے کی جگہ اور آلۂ تطہیر ہے —— اور **فأیُّما رجل من أمتی أدرکتہ الصلوۃ فلیصل**: میں آدھا مضمون ہے اور دوسرا آدھا فہم سامع پر اعتماد کرکے چھوڑ دیا گیا ہے وہ آدھا مضمون یہ ہے: **وأیما رجل من أمتی أدرکتہ الصلوۃ ولم یجد ماءً ا فَلْیَتَیَمَّمْ**: جہاں بھی نماز کا وقت آجائے اور پانی نہ ہو تو تیمّم کرکے نماز پڑھے۔

۳- آپؐ کے لئے غنیمت کو حلال کیا گیا ہے، گذشتہ امتوں کے لئے غنیمت حلال نہیں تھی، صرف اس امت کے لئے حلال کی گئی ہے اور اس کی حکمت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ حضور اقدس ﷺ کے علاوہ تمام انبیاء کی بعثت مخصوص علاقہ اور مخصوص قوم کے لئے تھی، اس لئے ان کا جہاد وقتی تھا، اور نبی ﷺ کی بعثت ساری دنیا کی طرف ہے اور قیامت تک کے لئے ہے، اس لئے آپؐ کی امت میں ہمیشہ جہاد جاری رہے گا، اس لئے اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کی ضرورت کے پیش نظر غنیمت کو حلال کیا ہے۔

بہ الفاظ دیگر: غنیمت میں اصل حلال نہ ہونا ہے تاکہ جو جہاد کرے اخلاص کے ساتھ کرے، اگر غنیمت حلال ہوگی تو غنیمت کے لالچ میں لوگ جہاد کریں گے، مگر امت محمدیہ کے لئے ایک مجبوری تھی، اس وجہ سے ان کے لئے غنیمت حلال کی گئی۔

اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ گذشتہ امتوں کا جہاد معینہ مدت، معین قوم اور معین علاقہ تک محدود تھا کیونکہ ان انبیاء کی بعثت مخصوص قوم اور مخصوص علاقہ کے لئے تھی، اس لئے ان کا جہاد وقتی تھا، اور مجاہدین کے پاس کمانے کھانے کا وقت رہتا تھا، اس لئے غنیمت کو حلال کرنے کی کوئی ضرورت نہیں تھی، مگر اس امت کی صورت حال دوسری ہے، ان کا جہاد ہمیشہ جاری رہے گا اور قیامت تک جاری رہے گا، کیونکہ حضور اقدس ﷺ کی بعثت ساری دنیا کے لئے اور قیامت تک کے لئے ہے، اس وجہ سے اس امت کے لئے غنیمت حلال کی گئی تاکہ سال بھر اور ہمیشہ جہاد جاری رہ سکے اور مجاہدین کی ضرورتیں پوری ہوتی رہیں۔

۴- قیامت کے دن شفاعت کبری کے لئے کوئی پیغمبر تیار نہیں ہونگے۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بارگاہِ ذوالجلال میں پہنچیں گے اور تمام انسانوں کے لئے سفارش فرمائیں گے پس حساب وکتاب شروع ہوگا۔

۵- گذشتہ انبیاء مخصوص اقوام کی طرف اور معین وقت کے لئے مبعوث کئے جاتے تھے اور نبی ﷺ کی بعثت عام ہے،

آپ ﷺ پوری دنیا کی طرف اور قیامت تک کے لئے مبعوث کئے گئے ہیں۔

فائدہ: اس حدیث کے ایک راوی یزید الفقیر ہیں، بین السطور میں لکھا ہے کہ یہ فقیر بمعنی غریب نہیں، بلکہ ان کی ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف تھی اس وجہ سے ان کو فقیر کہا جاتا تھا، ریڑھ کی ہڈی کو عربی میں فَقْرَة کہتے ہیں، اسی سے فقیر بنا ہے۔

بَابٌ إِذَا لَمْ يَجِدْ مَاءً وَلَا تُرَابًا

فاقد الطہورین کا حکم

اگر کسی کے پاس اسباب طہارت (پانی اور مٹی) نہ ہوں تو کیا کرے؟ یہ مسئلہ منصوص نہیں، بلکہ اجتہادی ہے، امام بخاریؒ نے حدیث سے یہ مسئلہ مستنبط کیا ہے، اس مسئلہ میں مجتہدین کی آراء مختلف ہیں:

۱- امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لا یُصلِّی ویقضی: فی الحال نماز نہ پڑھے، بعد میں قضا کرے، اس لئے کہ حدیث میں ہے: لاتقبل صلوةٌ بغیر طُهور: پاکی کے بغیر کوئی نماز قبول نہیں کی جاتی، پس جب آلۂ تطہیر موجود نہیں تو فی الحال نماز نہیں پڑھے گا، جب پانی یا مٹی پر قادر ہوگا تب وضو یا تیمّم کر کے نماز قضاء کرے گا۔

۲- امام احمد رحمہ اللہ کی رائے ہے: یُصَلِّیْ وَلَا یَقْضِیْ: فی الحال نماز پڑھے بعد میں قضا نہیں کرے گا، کیونکہ قاعدہ ہے ﴿لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا﴾ انسان کو اللہ تعالیٰ طاقت سے زیادہ حکم نہیں دیتے، اور یہ شخص اسبابِ طہارت پر قادر نہیں، پس پاکی حاصل کرنے کا مکلّف بھی نہیں، اور نماز پڑھنے پر قادر ہے اس لئے طہارت کے بغیر ہی نماز پڑھے اور قضاء کی حاجت نہیں، اور یہی امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی رائے ہے۔

۳- امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لایُصلِّی ولا یقضی: نہ فی الحال نماز پڑھے اور نہ قضاء کرے، فی الحال اس لئے نہیں پڑھے گا کہ حدیث ہے: لاتقبل صلوة بغیر طهور: اور قضاء اس لئے نہیں کرے گا کہ ﴿لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا﴾: جب وہ شرط یعنی پاکی کے ساتھ نماز ادا کرنے پر قادر نہیں تو وہ مکلّف بھی نہیں، جیسے حائضہ اور نفاس والی عورت پاکی کے ساتھ نماز پڑھنے پر قادر نہیں، تو ان کے حق میں نماز معاف ہے، فاقد الطہورین بھی انہی کی طرح ہے، پس اس کے حق میں بھی نماز کا حکم ساقط ہو جائے گا۔

۴- امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یُصلی ویقضی: فی الحال بھی پڑھے اور بعد میں قضا بھی کرے، فی الحال تو اس لئے پڑھے کہ نماز کا وقت داخل ہوتے ہی حکم خداوندی ﴿أَقِيمُوا الصَّلٰوةَ﴾ متوجہ ہوتا ہے پس اس پر عمل کرنا ضروری ہے اور چونکہ یہ نماز پاکی کے بغیر پڑھی گئی ہے اس لئے صحیح نہیں ہوئی اس لئے قضا بھی کرے۔

۵- اور صاحبین رحمہما اللہ فرماتے ہیں: لَایُصَلِّیْ بل یَتَشَبَّهُ بِالْمُصَلِّین ویَقْضِیْ: فی الحال نماز نہیں پڑھے گا البتہ نماز کی شکل بنائے گا، یعنی پاک جگہ پر کھڑا ہوگا، قبلہ رو ہوگا، تکبیر تحریمہ کے لئے ہاتھ اٹھائے گا، رکوع سجدہ کرے گا، سلام پھیرے گا مگر

پڑھے گا کچھ نہیں، بس نمازیوں کی مشابہت اختیار کرے گا، اور بعد میں قضاء کرے گا، اور فتوی صاحبین کے قول پر ہے، مگر میں جب ایسی نوبت پیش آتی ہے (بس یا ریل میں ازدحام کی صورت میں) تو امام اعظمؒ کے قول پر عمل کرتا ہوں اور بعد میں قضا کرتا ہوں، کیونکہ سبھی لوگ امام اعظمؒ کے قول پر عمل کرتے ہیں، میں نے نمازیوں کی مشابہت کرتے ہوئے کسی کو نہیں دیکھا۔ غرض: صاحبین کے قول پر فتوی ہے مگر عام لوگوں کا عمل امام اعظمؒ کے قول پر ہے، اور به یفتی سے و العمل علیه اقوی ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ احناف کو امام اعظم رحمہ اللہ کے قول پر عمل کرنا چاہئے، مگر صاحبین کا قول دلیل سے قوی ہو تو اس پر فتوی دیا جاتا ہے، اور اس مسئلہ میں کسی کے پاس کوئی صریح دلیل نہیں، صاحبین بھی قیاس کرتے ہیں، کسی نے صحبت کر کے حج یا عمرہ کا احرام توڑ دیا تو اس کو ارکانِ حج وعمرہ کرنے ہیں، اور قضاء بھی کرنی ہے، اسی طرح رمضان میں دن میں عورت کا حیض بند ہو گیا تو اب اس کو امساک کرنا ہے، صاحبین نے حج اور روزے پر نماز کو قیاس کیا ہے، فرمایا: جب دونوں آلۂ طہارت موجود نہیں تو نمازیوں کی صورت بنائے، پھر بعد میں قضا کرے، مگر عام طور پر لوگوں کا عمل امام اعظم رحمہ اللہ کے قول پر ہے اور عمل: فتوی سے اقوی ہے اس لئے میں نے کہا کہ میں مجبوری میں امام صاحب کے قول پر عمل کرتا ہوں۔

[٢-] بَابٌ إِذَا لَمْ يَجِدْ مَاءً وَلاَ تُرَابًا

[٣٣٦-] حدثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا اسْتَعَارَتْ مِنْ أَسْمَاءَ قِلَادَةً، فَهَلَكَتْ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً فَوَجَدَهَا، فَأَدْرَكَتْهُمُ الصَّلاَةُ، وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَصَلَّوْا، فَشَكَوْا ذٰلِكَ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ التَّيَمُّمِ، فَقَالَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ لِعَائِشَةَ: جَزَاكِ اللّٰهُ خَيْرًا، فَوَ اللّٰهِ مَا نَزَلَ بِكِ أَمْرٌ تَكْرَهِيْنَهُ إِلاَّ جَعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ لَكِ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ خَيْرًا. [راجع: ٣٣٤]

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ انھوں نے حضرت اسماءؓ سے ہار عاریۃً لیا اور وہ راستہ میں گم ہو گیا، تو رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو ہار تلاش کرنے کے لئے بھیجا، پس اس نے ہار پالیا، پس ان لوگوں کو نماز نے پالیا اور ان کے پاس پانی نہیں تھا، پس انھوں نے نماز پڑھی، اور اس کی نبی ﷺ سے شکایت کی (کہ پانی نہ ہونے کی وجہ سے ہم نے بغیر وضو کے نماز پڑھی) پس اللہ تعالیٰ نے آیت تیمّم نازل فرمائی۔ حضرت اُسید بن حضیرؓ نے حضرت عائشہؓ سے کہا: اللہ آپ کو بہترین بدلہ عطا فرمائیں، خدا کی قسم! نہیں پیش آیا آپ کے ساتھ کوئی ناپسندیدہ واقعہ مگر اللہ نے اس واقعہ میں آپ کے لئے بھی اور مسلمانوں کے لئے بھی خیر گردانی!

تشریح:

۱- نبی ﷺ نے جن حضرات کو ہار تلاش کرنے کے لئے بھیجا تھا انھوں نے فجر کی نماز بغیر وضو کے پڑھی تھی، ان کے

پاس پانی نہیں تھا اور تیمّم کا ان کو علم نہیں تھا، گو یا وہ فاقد الطہورین تھے اور نبی ﷺ نے ان کو دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم نہیں دیا، معلوم ہوا کہ فاقد الطہورین فی الحال نماز پڑھے گا اور بعد میں قضا نہیں کرے گا۔

۲- نبی ﷺ نے ہار تلاش کرنے کے لئے کئی آدمی بھیجے تھے اور ان کا ایک امیر تھا اس لئے راوی نے کہا: ایک آدمی بھیجا......... اور جب اونٹ کھڑا ہوا تو سب سے پہلے اسی شخص کی ہار پر نظر پڑی اس لئے راوی نے کہا: اس نے ہار پالیا .... اور آیتِ تیمّم ان کے واپس لوٹنے سے پہلے اتر چکی تھی، اور یہاں حدیث میں یہ ہے کہ جب وہ حضرات واپس آئے اور نبی ﷺ سے شکایت کی تب آیت اتری، اس کا جواب یہ ہے کہ صحابہ ہر ممکن صورت کے لئے أُنزل فی کذا استعمال کرتے تھے، یہ بات شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے الفوز الکبیر میں بیان فرمائی ہے۔ پس جب وہ حضرات واپس آئے اور نبی ﷺ سے شکایت کی تو آپؐ نے آیتِ تیمّم سنائی، اس کو راویوں نے أنزل اللہ: سے تعبیر کیا ہے۔

۳- امام بخاریؒ کا استدلال یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو نماز کے اعادہ کا حکم نہیں دیا، اس کا جواب یہ ہے کہ عدم ذکر عدم شیٔ کو مستلزم نہیں، ہوسکتا ہے نبی ﷺ نے ان کو اعادہ کا حکم دیا ہو اور انھوں نے نماز کا اعادہ کیا ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ نماز کا اعادہ نہ کیا ہو، پس جب احتمال نکل آیا تو استدلال باطل ہو گیا اور یہ اعادہ نہ کرنا تشریع کے وقت کی ترخیص قرار دیا جائے گا۔

بابُ التَّیَمُّمِ فِی الْحَضَرِ إِذَا لَمْ یَجِدِ الْمَاءَ وَخَافَ فَوْتَ الصَّلٰوۃِ

مقیم بھی تیمّم کرسکتا ہے جب پانی نہ ہو اور نماز قضاء ہونے کا اندیشہ ہو

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر مقیم کے پاس پانی نہ ہو خواہ حقیقتًا نہ ہو یا حکمًا نہ ہو تو وہ تیمّم کرسکتا ہے، جبکہ نماز فوت ہونے کا اندیشہ ہو۔ قرآنِ کریم میں سفر کی قید ہے ﴿أَوْ عَلٰی سَفَرٍ﴾ اس سے یہ مسئلہ پیدا ہوا:

۱- امام بخاریؒ اور حنفیہ کی رائے یہ ہے کہ حضر میں بھی تیمّم جائز ہے، البتہ اگر پانی ملنے کی امید ہو تو آخر وقت تک پانی کا انتظار کرنا مستحب ہے، اور حنفیہ کا دوسرا قول وجوب کا ہے، اور امام بخاریؒ کے نزدیک واجب ہے یا مستحب؟ یہ بات معلوم نہیں، امام بخاریؒ نے بخاری شریف کے علاوہ کسی کتاب میں اپنی فقہی آراء ذکر نہیں کیں، اس لئے ان کے مذہب کی تفصیلات جاننے کی کوئی صورت نہیں۔ البتہ اتنی بات طے ہے کہ امام صاحب نے اس مسئلہ میں حنفیہ کی موافقت کی ہے۔

۲- امام ابو یوسف اور امام زفر رحمہما اللہ کے نزدیک حضر میں تیمّم جائز نہیں، مگر علامہ عینی رحمہ اللہ نے شرح اقطع سے امام ابو یوسفؒ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اگر پانی نہ ہو تو آخر وقت تک انتظار کرے پھر تیمّم کر کے نماز پڑھے، اور وقت کے اندر پانی مل جائے تو نماز کا اعادہ کرے۔

۳- امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تیمّم کر کے نماز پڑھے، اور بعد میں اعادہ کرے، حضرت رحمہ اللہ کا یہ مذہب حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں ذکر کیا ہے۔

۴- امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک تیمّم کرکے نماز پڑھے، اور وقت کے اندر پانی مل جائے تو اعادہ کرے، وقت کے بعد اعادہ نہیں .... یہ ائمہ مجتہدین کی آراء ہیں، ان کو پیش نظر رکھ کر باب پڑھیں، باب میں دو آثار اور ایک حدیث ہے۔

[۳-] بابُ التَّيَمُّمِ فِيْ الْحَضَرِ إِذَا لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ وَخَافَ فَوْتَ الصَّلٰوةِ وَبِهِ قَالَ عَطَاءٌ

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ فِي الْمَرِيْضِ عِنْدَهُ الْمَاءُ وَلاَ يَجِدُ مَنْ يُنَاوِلُهُ: يَتَيَمَّمُ.

[۲-] وَأَقْبَلَ ابْنُ عُمَرَ مِنْ أَرْضِهِ بِالْجُرُفِ، فَحَضَرَتِ الْعَصْرُ بِمِرْبَدِ الْغَنَمِ، فَصَلَّى، ثُمَّ دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ فَلَمْ يُعِدْ.

امام بخاری رحمہ اللہ کی جو رائے ہے کہ اگر مقیم کے پاس پانی نہ ہو خواہ حقیقتاً نہ ہو یا حکماً نہ ہو یعنی پانی تو ہو مگر بیماری یا کسی اور عذر کی وجہ سے استعمال پر قدرت نہ ہو، تو وہ آخر وقت میں تیمّم کرکے نماز پڑھے، یہی رائے حضرت عطاء رحمہ اللہ کی بھی ہے، اور احناف کا بھی یہی مذہب ہے۔

پہلا اثر: کوئی شخص بیمار ہو اور اتنا بیمار ہو کہ جہاں پانی ہے وہاں تک نہیں جاسکتا اور دوسرا کوئی پانی لاکر دینے والا نہیں، تو حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں: وہ تیمّم کرکے نماز پڑھے، کیونکہ وہ حکماً پانی نہ پانے والا ہے، پس اس کے لئے تیمّم جائز ہے۔

فائدہ: قادر بقدرت الغیر حنفیہ کے نزدیک قادر نہیں، حنفیہ عامل کی قدرت کا اعتبار کرتے ہیں، دوسرے کی قدرت کا اعتبار نہیں کرتے، مثلاً ایک شخص بیمار ناتواں ہے اس نے ناپاک کپڑا دھویا، تین مرتبہ دھویا اور نچوڑا تو کپڑا پاک ہوگیا، اگرچہ وہ کپڑا پہلوان نچوڑے گا تو اور پانی نکلے گا، مگر اس کا اعتبار نہیں، اور حضرت حسن بصریؒ نے ولا یَجِد مَن یُناولہ: کی قید لگائی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قادر بقدرت الغیر کو قادر مانتے ہیں، مگر احناف اس کا اعتبار نہیں کرتے، ان کے نزدیک خود عامل کی قدرت کا اعتبار ہے۔

دوسرا اثر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایک مرتبہ اپنے جنگل (کھیت) گئے، جُرف میں جو مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلہ پر جانب شمال ایک جگہ ہے وہاں حضرت کے کھیت تھے، وہاں سے واپسی میں جب مربد میں پہنچے تو عصر کی نماز کا وقت ہوگیا[۱]۔ حضرت نے وہاں تیمّم کرکے عصر کی نماز پڑھی، پھر جب مدینہ پہنچے تو ابھی سورج کافی اونچا تھا، یعنی عصر کا وقت باقی تھا مگر حضرت نے عصر کی نماز کا اعادہ نہیں کیا، معلوم ہوا کہ حضر میں بھی اگر پانی نہ ہو تو تیمّم جائز ہے، پھر تیمّم سے پڑھی ہوئی نماز کا اعادہ نہیں، نہ وقت کے اندر نہ وقت کے بعد ـــــ اس روایت میں یہاں تیمّم کا ذکر نہیں، مگر دوسری جگہ صراحت ہے، اور حضرت کبھی تشحیذ اذہان کے لئے ایسا کرتے ہیں، صراحت دوسری جگہ لاتے ہیں تاکہ طالب علم جدوجہد کرے اور اس

(۱) مربد وہ جگہ کہلاتی ہے جہاں اونٹ چرتے ہیں، یہ جگہ مدینہ سے ایک دو میل کے فاصلہ پر تھی، اس کو مربد النعم (جانوروں کے چرنے کی جگہ) بھی کہتے تھے۔

روایت کو پالے۔

سوال: امام بخاریؒ نے ترجمہ میں خاف فوت الصلوۃ کی قید لگائی ہے، یعنی تیمّم کر کے نماز پڑھنا اس وقت جائز ہے جب وقت تنگ ہوجائے اور نماز فوت ہونے کا اندیشہ ہو، جبکہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے عصر کا وقت ہوتے ہی تیمّم کر کے نماز پڑھ لی تھی، اس سے معلوم ہوا کہ آخر وقت تک پانی کا انتظار کرنا ضروری نہیں؟

جواب: آخر وقت تک پانی کا انتظار کرنا حنفیہ کے نزدیک مستحب ہے، وجوب کا قول مرجوح ہے، اور ممکن ہے امام بخاریؒ کے نزدیک بھی آخر وقت تک نماز مؤخر کرنا مستحب ہو، واجب نہ ہو، پس کوئی اعتراض واقع نہ ہوگا —— دوسرا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے حضرت ابن عمرؓ کا ارادہ مربد میں رکنے کا ہو، اور آخر وقت تک نماز مؤخر کرنے کا حکم اس شخص کے لئے ہے جس کو پانی ملنے کی امید ہو اور حضرت ابن عمرؓ کو اس کی امید نہیں تھی، اس لئے کہ مربد میں پانی نہیں تھا، پس آپؓ نے تیمّم کر کے نماز پڑھ لی، پھر اتفاقاً کام پورا ہوگیا یا ارادہ بدل گیا اور آپ مدینہ پہنچ گئے، فلا اشکال!

[۳۳۷-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَيْرًا مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَقْبَلْتُ أَنَا وَعَبْدُ اللهِ بْنُ يَسَارٍ، مَوْلَى مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى أَبِيْ جُهَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الصِّمَّةِ الْأَنْصَارِيِّ، فَقَالَ أَبُوْ جُهَيْمٍ: أَقْبَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ نَحْوِ بِئْرِ جَمَلٍ، فَلَقِيَهُ رَجُلٌ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، حَتّٰى أَقْبَلَ عَلَى الْجِدَارِ، فَمَسَحَ بِوَجْهِهِ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ.

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ کے آزاد کردہ عمیر کہتے ہیں: میں اور حضرت میمونہؓ کے آزاد کردہ عبداللہ بن یسار: ابوجُہیم رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، انھوں نے یہ حدیث سنائی: نبی ﷺ بیر جمل کی طرف سے تشریف لا رہے تھے کہ آپؐ سے راستہ میں ایک شخص نے ملاقات کی، اور آپ کو سلام کیا، نبی ﷺ نے اس کو جواب نہیں دیا، یہاں تک کہ آپؐ ایک دیوار کے پاس آئے اور چہرے پر اور ہاتھوں پر مسح کیا یعنی تیمّم کیا، پھر اس کو سلام کا جواب دیا۔

تشریح: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، تفصیلی روایت ترمذی وغیرہ میں ہے۔ نبی ﷺ استنجے سے فارغ ہوکر بیر جمل کی طرف سے آرہے تھے، آپؐ مدینہ کی ایک گلی سے گذر رہے تھے کہ ایک شخص نے سلام کیا، آپؐ نے جواب نہیں دیا، جب وہ شخص نظروں سے اوجھل ہونے لگا تو آپؐ نے تیمّم کر کے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: أما إِنَّه لم يَمْنَعْنِىْ أَنْ أَرُدَّ عليك إلا أني كنتُ لستُ بطاهرٍ: یعنی بے وضو ہونے کی وجہ سے میں نے جواب نہیں دیا، اس موقع پر نبی ﷺ پر کوئی خاص حالت طاری تھی جس کی وجہ سے آپؐ نے بے وضو اللہ کا ذکر کرنا پسند نہیں کیا۔

استدلال: اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ جب سلام کا جواب فوت ہونے کے اندیشہ سے نبی ﷺ نے حضر

میں تیمّم فرمایا تو فرض نماز کا معاملہ تو اس سے زیادہ اہم ہے، پس اس کے فوت ہونے کے اندیشہ سے تیمّم بدرجۂ اولی جائز ہوگا۔

بابٌ: هَلْ يَنْفُخُ فِيْ يَدَيْهِ بَعْدَ مَا يَضْرِبُ بِهِمَا الصَّعِيْدَ لِلتَّيَمُّمِ؟

کیا مٹی پر تیمّم کے لئے ہاتھ مارنے کے بعد ان میں پھونک کر مٹی جھاڑ دے؟

تیمّم میں ہاتھ زمین پر مارنے کے بعد اس میں پھونکنا چاہئے یا نہیں؟ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے الأبواب والتراجم میں — جو کتاب کے شروع میں ہے — فرمایا ہے کہ پھونکنا مستحب ہے تا کہ چہرہ اور ہاتھ گرد آلود نہ ہو جائیں، اور امام بخاریؒ نے یہ باب قائم کر کے ایک وہم دور کیا ہے۔ اعتراض یہ ہوسکتا ہے کہ مٹی پانی کا بدل ہے، پس جس طرح وضو میں پانی خوب استعمال کیا جاتا ہے، اعضاءِ وضو کو تین تین بار دھویا جاتا ہے، اسی طرح تیمّم میں بھی مٹی کو خوب استعمال کرنا چاہئے۔

حضرتؒ نے یہ باب قائم کر کے بتایا کہ اگر چہ قیاس کا تقاضہ یہی ہے مگر ایسا کرنے کا حکم نہیں، اس لئے کہ تیمّم میں مٹی کا استعمال عبادت کے طور پر ہے، تلوث مقصود نہیں، یہ اللہ کا ایک حکم ہے، جس کو بجالانا ہے، چہرے اور ہاتھوں کو خراب کرنا مقصود نہیں، پس زمین پر ہاتھ مارنے کے بعد اس میں پھونک کر اور مٹی اڑا کر مسح کرنا چاہئے۔

اور میں نے پہلے بتایا ہے کہ باب میں جہاں بھی هل یا اور کوئی حرف استفہام آتا ہے وہاں حضرت خود فیصلہ نہیں کرتے بلکہ مسئلہ قاری کے حوالہ کرتے ہیں، یعنی روایت پڑھو اور خود فیصلہ کرو، کیونکہ روایت صریح نہیں...... یُضرب: فعل مجہول بھی ہوسکتا ہے اور بھما نائب فاعل کے قائم مقام ہوگا اور الصعید: مفعول ثانی اور للتیمم: یضرب سے متعلق ہوگا۔ اور فعل معروف بھی پڑھا جاسکتا ہے، اس صورت میں ترکیب واضح ہے۔

[٤-] بابٌ: هَلْ يَنْفُخُ فِيْ يَدَيْهِ بَعْدَ مَا يَضْرِبُ بِهِمَا الصَّعِيْدَ لِلتَّيَمُّمِ؟

[٣٣٨-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: ثَنَا الْحَكَمُ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ: إِنِّيْ أَجْنَبْتُ فَلَمْ أُصِبِ الْمَاءَ؟ فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: أَمَّا تَذْكُرُ أَنَّا كُنَّا فِيْ سَفَرٍ أَنَا وَأَنْتَ، فَأَمَّا أَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ، وَأَمَّا أَنَا فَتَمَعَّكْتُ فَصَلَّيْتُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْكَ هٰكَذَا" فَضَرَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِكَفَّيْهِ الْأَرْضَ، وَنَفَخَ فِيْهِمَا، ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ.

[انظر: ٣٣٩، ٣٤٠، ٣٤١، ٣٤٢، ٣٤٣، ٣٤٥، ٣٤٦، ٣٤٧]

ترجمہ: ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور عرض کیا: میں جنبی ہوگیا اور میں پانی نہیں پاتا؟ پس حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرؓ سے کہا: کیا آپ کو یاد نہیں کہ میں اور آپ ایک سفر میں تھے، پس رہے آپ تو آپ نے نماز

نہیں پڑھی، اور رہا میں تو میں نے مٹی میں لوٹ لگائی، پھر میں نے نماز پڑھی، پھر میں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی تو آپؐ نے فرمایا: ''تیرے لئے اتنی بات کافی تھی'' پھر آپؐ نے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور ان میں پھونکا (یہ جزء باب سے متعلق ہے) پھر ان کو چہرے اور ہتھیلیوں پر پھیرا۔

تشریح: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، یہ ان کی خلافت کے زمانہ کا واقعہ ہے، اس نے عرض کیا: مجھے جنابت لاحق ہوئی ہے اور میرے پاس پانی نہیں تو میں کیا کروں؟ تیمّم کر کے نماز پڑھ سکتا ہوں؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا: نہیں، پانی کا انتظار کر، اتفاق سے اس وقت حضرت عمار رضی اللہ عنہ حاضر تھے، انھوں نے عرض کیا: حضرت! کیا آپ کو وہ واقعہ یاد نہیں کہ آپ کو اور مجھ کو نبی ﷺ نے ایک سریہ میں بھیجا تھا، پھر ہم دونوں اونٹ چرانے گئے اور ایک درخت کے نیچے سو گئے، اتفاق سے ہم دونوں کو بدخوابی ہوئی، پھر میں نے مٹی میں لوٹ لگائی، سارے بدن پر مٹی ملی اور نماز پڑھی، اور آپ نے قضا کی، پھر ڈیرے میں آ کر غسل کر کے نماز پڑھی، پھر جب ہم مدینہ منورہ پہنچے تو میں نے یہ واقعہ نبی ﷺ سے ذکر کیا، آپؐ نے میرے عمل کو درست قرار دیا اور فرمایا: تمہارے لئے یہ کافی تھا پھر آپؐ نے زمین پر ہاتھ مارا اور مٹی پھونک دی، اور چہرے اور ہتھیلیوں پر ہاتھ پھیرے —— امام بخاریؒ کا مقصود یہی جز ہے، تیمّم میں ہاتھوں سے مٹی پھونک دے پھر مسح کرے، مگر اس واقعہ میں آپؐ نے تیمّم نہیں کیا تھا بلکہ معہود تیمّم کی طرف اشارہ کیا تھا، اس لئے استدلال تام نہیں، اور امام صاحب نے بھی فیصلہ قاری کے حوالے کیا ہے۔

ملحوظہ: جنبی کے لئے تیمّم جائز ہے یا نہیں؟ اور تیمّم میں دو ضربیں ہیں یا ایک؟ اور مسح گٹوں تک ہے یا کہنیوں تک؟ یہ سب مسائل آئندہ ابواب میں آ رہے ہیں۔

بابُ التَّيمُّمِ لِلْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ

چہرے اور ہتھیلیوں پر تیمّم کرنا

امام احمد، اسحاق بن راہویہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک تیمّم میں ہاتھوں پر گٹوں تک مسح کیا جائے گا، امام اعظم رحمہ اللہ کی بھی ایک روایت یہی ہے جو مراقی الفلاح شرح نور الایضاح میں ہے، اور امام اعظمؒ کا مفتی بہ قول اور امام مالک اور امام شافعی رحمہم اللہ کا مذہب یہ ہے کہ تیمّم میں دو ضربیں ہیں، اور ہاتھوں پر مسح کہنیوں تک کیا جائے گا۔

اور باب میں حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی وہی حدیث ہے جو ابھی گذری اس میں نبی ﷺ نے حضرت عمارؓ کو جو تیمّم سکھایا تھا اس میں گٹوں تک مسح کیا تھا، معلوم ہوا کہ گٹوں تک مسح ضروری ہے، اور قیاس کا بھی یہی تقاضہ ہے اس لئے کہ آیتِ تیمّم میں غایت کا بیان نہیں اور آیتِ سرقہ میں بھی نہیں، اور آیتِ وضو میں إلى المرفقين کی قید ہے، اور اس پر اجماع ہے کہ چور کا ہاتھ گٹوں سے کاٹا جائے گا، سنت نبوی سے یہ بات ثابت ہے، پس آیتِ تیمّم میں بھی گٹوں تک مسح ضروری ہے، یہ

بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمائی ہے (ترمذی حدیث ۱۴۶)

اور جمہور کی دلیل حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: **التیمم ضربةٌ للوجه وضربةٌ للذراعین إلی المرفقین**: تیمّم ایک ضرب ہے چہرے کے لئے اور دوسری ضرب ہے ہاتھوں کے لئے کہنیوں تک۔ حاکم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کی اسناد صحیح ہے، اور ذہبی رحمہ اللہ نے فرمایا: اس کی سند صحیح ہے اور جو اس کو غیر صحیح کہے اس کی بات پر توجہ نہ دی جائے (عمدۃ ۴: ۲۰)

دوسری دلیل: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: **التیمم ضربتان: ضربةٌ للوجه وضربةٌ للیدین إلی المرفقین**: تیمّم: دو مرتبہ زمین پر ہاتھ مارنا ہے، ایک مرتبہ چہرہ کے لئے اور دوسری مرتبہ ہاتھوں کے لئے کہنوں تک، یہ حدیث طبرانی کی معجم کبیر میں ہے (مجمع الزوائد ۱: ۲۶۲) اور ضعیف ہے مگر چونکہ اس سلسلہ کی حدیثیں متعدد صحابہ سے مروی ہیں، اس لئے مجموعہ حسن لغیرہ اور قابل استدلال ہے۔

حدیث عمار رضی اللہ عنہ کا جواب:

اور جمہور کے نزدیک حضرت عمارؓ کی حدیث میں مسئلہ کا بیان نہیں ہے بلکہ معہود تیمّم کی طرف اشارہ ہے، اس کا تفصیلی واقعہ گذشتہ باب میں بیان کیا ہے، حضرت عمارؓ نے غسل کے تیمّم کو غسل پر قیاس کیا تھا اس لئے سارے بدن پر مٹی ملی تھی، جب انھوں نے اپنا واقعہ نبی ﷺ کو سنایا تو آپؐ نے فرمایا: **إنما یکفیك**: تمہارے لئے یہ کافی تھا، پھر آپؐ نے زمین پر ہاتھ مارا اور مٹی جھاڑ دی، کیونکہ تیمّم کرنا مقصود نہیں تھا، اور چہرے اور ہتھیلیوں پر ہاتھ پھیرے یعنی اشارہ کیا کہ وضو اور غسل کا تیمّم ایک ہے، غسل کے تیمّم میں پورے بدن پر مٹی نہیں ملی جائے گی۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے اس فعلِ نبوی کو **ضربة للوجه والكفین** کے الفاظ سے تعبیر کیا ہے، اور ترمذی میں حضرت عمارؓ کی حدیث کے یہ الفاظ ہیں: **أَمَرَه بالتیمم للوجه والكفین**: لفظ أَمَرَہ یا تو روایت بالمعنی ہے یا حضرت عمارؓ نے ایسا ہی سمجھا ہے۔

اس حدیث میں آپؐ نے تیمّم کا طریقہ نہیں سکھایا بلکہ معہود تیمّم کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ اس حقیقت سے واقف ہیں، چنانچہ گذشتہ باب میں انھوں نے کوئی فیصلہ نہیں کیا تھا بلکہ فیصلہ قاری کے حوالے کیا تھا۔

اور حضرت ابن عباسؓ کے قیاس کا جواب یہ ہے کہ یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے اس لئے معتبر نہیں، علاوہ ازیں مقیس اور مقیس علیہ میں فرق ہے، مقیس عبادت ہے جس میں احتیاط مطلوب ہے اور احتیاط مرفقین تک مسح کرنے میں ہے اور مقیس علیہ عقوبت ہے اس میں بھی احتیاط مطلوب ہے اور اس میں احتیاط یہ ہے کہ ہاتھ کا کم سے کم حصہ کاٹا جائے، چنانچہ آیت پر احتیاط کے ساتھ عمل کرنے کے لئے گٹے سے ہاتھ کاٹا جاتا ہے۔

اور جمہور کی عقلی دلیل یہ ہے کہ تیمّم میں دو عضو ساقط ہیں اور دو باقی ہیں جو ساقط ہیں وہ پورے ساقط ہیں اور جو باقی ہیں ان میں چہرہ بالاجماع پورا باقی ہے، پس قیاس کا تقاضہ ہاتھوں میں یہ ہے کہ وہ بھی پورے (جتنے وضو میں دھونے ضروری

ہیں) باقی رہیں اوراس قیاس کی تائید حدیث مرفوع سے ہوتی ہے۔

[۵-] بابُ التَّیَمُّمِ لِلْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ

[۳۳۹-] حدثنا حَجَّاجٌ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ أَخْبَرَنِي الْحَكَمِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيْهِ: قَالَ عَمَّارٌ بِهٰذَا، وَضَرَبَ شُعْبَةُ بِيَدَيْهِ الْأَرْضَ؛ ثُمَّ أَدْنَاهُمَا مِنْ فِيْهِ، ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ.[راجع: ۳۳۸]

وَقَالَ النَّضْرُ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ ذَرًّا، عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى، قَالَ الْحَكَمُ: وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: عَمَّارٌ.

[۳۴۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ شَهِدَ عُمَرَ، وَقَالَ لَهُ عَمَّارٌ: كُنَّا فِي سَرِيَّةٍ فَأَجْنَبْنَا، وَقَالَ: تفَلَ فِيْهِمَا. [راجع: ۳۳۸]

[۳۴۱-]حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ عَمَّارٌ لِعُمَرَ: تَمَعَّكْتُ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَكْفِيْكَ الْوَجْهُ وَ الْكَفَّيْنِ. [راجع: ۳۳۸]

[۳۴۲-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: شَهِدْتُ عُمَرَ، قَالَ لَهُ عَمَّارٌ، وَسَاقَ الْحَدِيْثَ. [راجع: ۳۳۸]

[۳۴۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: ثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ عَمَّارٌ: فَضَرَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ الْأَرْضَ، فَمَسَحَ وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ. [راجع: ۳۳۸]

(حدیث۳۳۹) **قوله:قال عمار بهذا:** یعنی یہ روایت اوراوپر والی روایت ایک ہیں، گذشتہ روایت کوشعبہ رحمہ اللہ سے آدم بن ابی ایاسؒ نے روایت کیا تھااوراس کوحجاج نے اور آدم کی روایت میں آخر میں نبی ﷺ کے تیمّم کا ذکر ہےاوراس روایت میں حضرت شعبہ رحمہ اللہ کے تیمّم کا، روایت بیان کر کے شعبہ رحمہ اللہ نے اپنے تلامذہ کوتیمّم کر کے دکھایا، پہلے ہاتھ زمین پر مارے، پھر منہ سے قریب کر کے ہاتھوں سے مٹی جھاڑ دی، کیونکہ حضرت شعبہؒ کوبھی تیمّم نہیں کرنا تھا، پھر ہاتھوں کو چہرے اور ہتھیلیوں پر پھیرا۔

قوله:وقال النضر: یہ شعبہ رحمہ اللہ کے تیسرے شاگرد ہیں اس میں سماعت کی صراحت ہے: **سمعتُ ذرًّا ......**
قوله: قال الحکم: اورحکم بن عتیبہ نے صراحت کی کہ میں نے یہ حدیث عبدالرحمٰن بن ابزی کے لڑکے سعید سے سنی ہے۔

حدیث (۳۴۰) **قولہ أنه شهد عُمر**: یعنی جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بدو نے مسئلہ پوچھا تھا اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے اپنا واقعہ سنایا تھا اس وقت عبدالرحمٰن بن ابزی موجود تھے،...... **قولہ: تَفَلَ فیهما**: دونوں ہاتھوں میں تھوکا یعنی پھونک ماری۔

حدیث (۳۴۱) **قولہ: الکفین**: گیلری میں الکفان لکھا ہے، اور وہی صحیح ہے فتح الباری میں بھی الکفان ہے۔ اور یہ راوی کی تعبیر ہے، نبی ﷺ نے تو تیمّم کر کے دکھایا تھا........... **قولہ: حدثنا محمد بن بشار**: اس سند میں اور دوسری سندوں میں صرف یہ فرق ہے کہ اس سند میں امام بخاری اور شعبہ رحمہما اللہ کے درمیان دو واسطے ہیں اور دوسری سندوں میں ایک واسطہ ہے۔

غرض: سب سندیں صحیح ہیں اور یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، مگر نبی ﷺ نے جو تیمّم کیا تھا وہ وضو کے تیمّم کا حوالہ تھا یا تیمّم سکھایا تھا؟ اس میں اختلاف ہے، امام احمد اور امام بخاری رحمہما اللہ یہ سمجھتے ہیں کہ آپؐ نے تیمّم سکھایا تھا اور جمہور کا خیال یہ ہے کہ حوالہ تھا پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔

بابٌ: الصَّعِیْدُ الطَّیِّبُ وَضُوْءُ الْمُسْلِمِ، یَکْفِیْهِ مِنَ الْمَاءِ

پاک مٹی مسلمان کے وضو کا سامان ہے، وہ پانی کی جگہ کافی ہے

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ تیمّم طہارت مطلقہ ہے یا طہارت ضروریہ؟ طہارت مطلقہ کا مطلب یہ ہے کہ ایک تیمّم سے جب تک حدث پیش نہ آئے ہر عبادت کر سکتے ہیں، جیسے وضو طہارت مطلقہ ہے، اور ایک وضو سے جب تک حدث پیش نہ آئے ہر عبادت کر سکتے ہیں، اور طہارت ضروریہ کا مطلب یہ ہے کہ جس عبادت کے لئے تیمّم کیا ہے وہی عبادت کر سکتے ہیں، دوسری عبادت نہیں کر سکتے، دوسری عبادت کے لئے دوسرا تیمّم کرنا ضروری ہے۔

امام اعظم اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک تیمّم طہارت مطلقہ ہے، جس طرح وضو طہارت مطلقہ ہے پس ایک تیمّم سے جب تک حدث پیش نہ آئے ہر عبادت کر سکتے ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک طہارت ضروریہ ہے، لہٰذا اگر نماز جنازہ کے لئے تیمّم کیا ہے تو اس تیمّم سے قرآن نہیں پڑھ سکتے، اس کے لئے الگ سے تیمّم کرنا پڑے گا، کیونکہ قاعدہ ہے: **الضرورۃ تَتَقَدَّرُ بقدر الضرورۃ**: جو عمل ضرورت کی وجہ سے کیا گیا ہو وہ بقدر ضرورت باقی رہتا ہے، ضرورت پوری ہونے پر وہ عمل ختم ہو جاتا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں جو الفاظ رکھے ہیں وہ ایک حدیث مرفوع کے الفاظ ہیں جو ترمذی (حدیث ۱۲۶) میں ہے، مگر حضرت نے اس کو حدیث کے طور پر پیش نہیں کیا، فرمایا: **الصعید الطیب وَضوء المسلم**: پاک مٹی (أرض پوری زمین کو کہتے ہیں اور صعید زمین کی اوپری سطح کو) مسلمان کی پاکی کا سامان ہے **یکفیه من**

الماء: پاک مٹی پانی کی قائم مقامی کرتی ہے، یعنی جو کام پانی کرتا ہے وہی کام پاک مٹی کرتی ہے۔ اور پانی طہارت کاملہ ہے پس مٹی بھی طہارتِ کاملہ ہوگی۔ اور ترمذی شریف کی حدیث یہ ہے: **إن الصعید الطیّب وَضوءُ المسلم و إن لم یجد الماء عشر سنین**: پاک مٹی مسلمان کی پاکی کا سامان ہے، اگرچہ وہ دس سال تک پانی نہ پائے، پھر جب پانی پائے تو چاہئے کہ اس کو اپنی کھال سے چھوائے اس لئے کہ وہ بہتر ہے۔ اس حدیث کی صاف دلالت ہے کہ تیمّم طہارت کاملہ ہے، طہارت ضروریہ نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: اگر کوئی دس سال تک بھی پانی نہ پائے تو اس کے لئے تیمّم کافی ہے، یعنی جب تک کوئی ناقص وضو یا ناقض غسل پیش نہ آئے اس تیمّم سے نمازیں پڑھ سکتا ہے، البتہ وضو اور غسل اصل ہیں اور تیمّم ان کا نائب ہے، اور اصل کی موجودگی میں نائب کام نہیں کرتا، اس لئے جب پانی مل جائے تو وضو اور غسل کرنا ضروری ہوگا۔

اور باب میں تین آثار اور ایک مرفوع حدیث ہے۔

[٦-] بابٌ: الصَّعِیْدُ الطَّیِّبُ وَضُوْءُ الْمُسْلِمِ، یَکْفِیْهِ مِنَ الْمَاءِ

[١-] وَقَالَ الْحَسَنُ: یُجْزِئُهُ التَّیَمُّمُ مَالَمْ یُحْدِثْ.

[٢-] وَأَمَّ ابْنُ عَبَّاسٍ وَهُوَ مُتَیَمِّمٌ.

[٣-] وَقَالَ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ: لَابَأْسَ بِالصَّلَاةِ عَلَی السَّبَخَةِ وَالتَّیَمُّمِ بِهَا.

۱- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تیمّم کافی ہے جب تک حدث پیش نہ آئے، یعنی تیمّم طہارت مطلقہ اور کاملہ ہے، ایک تیمّم سے جب تک حدث پیش نہ آئے ہر عبادت کر سکتے ہیں۔

۲- حضرت ابن عباسؓ نے ایک مرتبہ تیمّم کر کے نماز پڑھائی اور ان کے مقتدی وضو کرنے والے تھے، ان میں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بھی تھے، فتح الباری میں اس کی صراحت ہے، اسی طرح اگلے باب میں یہ واقعہ آرہا ہے کہ ایک سریہ میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو جنابت لاحق ہوئی، سردی کا زمانہ تھا اور پانی بہت ٹھنڈا تھا، حضرت نے تیمّم کر کے نماز پڑھائی اور آپؓ کے مقتدی وضو کرنے والے تھے۔ یہ واقعہ نبی ﷺ سے ذکر کیا گیا، آپؐ نے اس پر کچھ نہیں فرمایا، ان دونوں واقعوں سے معلوم ہوا کہ تیمّم طہارت مطلقہ کاملہ ہے۔ اگر طہارت ضروریہ ہوتا تو متوضئین کی امامت درست نہ ہوتی۔

۳- یحییٰ بن سعید انصاریؒ جو جلیل القدر تابعی ہیں اور مدینہ منورہ کے قاضی رہے ہیں، فرماتے ہیں: نمناک مٹی پر نماز پڑھنے میں اور تیمّم کرنے میں کچھ حرج نہیں —— یہ اثر پیش کر کے امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک دوسرے اختلافی مسئلہ کی طرف اشارہ کیا ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اسی مٹی پر تیمّم جائز ہے جس میں اگانے کی صلاحیت ہے، غیر منبت مٹی پر تیمّم جائز نہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ مُنبت اور غیر منبت کا فرق نہیں کرتے، ان کے نزدیک ہر اس چیز سے جو زمین کی جنس سے ہو، خواہ اس میں اگانے کی صلاحیت ہو یا نہ ہو اس سے تیمّم جائز ہے، حضرت یحییٰ نے یہی بات فرمائی ہے اور امام بخاریؒ

بھی اسی کے قائل ہیں۔

ملحوظہ: باب کی حدیث بہت طویل ہے، جلد اول میں دوجگہ آئے گی، ہم نے قارئین کی سہولت کے لئے اس کو چند حصوں میں لکھا ہے۔

[٣٤٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ ثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: ثَنَا عَوْفٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ، قَالَ: كُنَّا فِيْ سَفَرٍ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَإِنَّا أَسْرَيْنَا، حَتّٰى إِذَا كُنَّا فِيْ آخِرِ اللَّيْلِ وَقَعْنَا وَقْعَةً ـــ وَلاَ وَقْعَةَ أَحْلَى عِنْدَ الْمُسَافِرِ مِنْهَا ـــ فَمَا أَيْقَظَنَا إِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ، فَكَانَ أَوَّلَ مَنِ اسْتَيْقَظَ فُلاَنٌ، ثُمَّ فُلاَنٌ ثُمَّ فُلاَنٌ ـــ يُسَمِّيْهِمْ أَبُوْ رَجَاءٍ، فَنَسِيَ عَوْفٌ ـــ ثُمَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الرَّابِعُ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا نَامَ لَمْ نُوْقِظْهُ حَتَّى يَكُوْنَ هُوَ يَسْتَيْقِظُ، لِأَنَّا لاَ نَدْرِيْ مَا يَحْدُثُ لَهُ فِيْ نَوْمِهِ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ عُمَرُ، وَرَأَى مَا أَصَابَ النَّاسَ، وَكَانَ رَجُلاً جَلِيْدًا، فَكَبَّرَ وَرَفَعَ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيْرِ، فَمَا زَالَ يُكَبِّرُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيرِ حَتّٰى اسْتَيْقَظَ لِصَوْتِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ شَكَوْا إِلَيْهِ الَّذِيْ أَصَابَهُمْ، قَالَ: "لَاضَيْرَ!" أَوْ: "لَايَضِيْرُ! ارْتَحِلُوْا" فَارْتَحَلُوْا، فَسَارَ غَيْرَ بَعِيْدٍ، ثُمَّ نَزَلَ، فَدَعَا بِالْوَضُوْءِ فَتَوَضَّأَ وَنُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ فَصَلَّى بِالنَّاسِ. فَلَمَّا انْفَتَلَ مِنْ صَلاَتِهِ إِذَا هُوَ بِرَجُلٍ مُعْتَزِلٍ لَمْ يُصَلِّ مَعَ الْقَوْمِ، قَالَ:" مَا مَنَعَكَ يَا فُلاَنُ أَنْ تُصَلِّيَ مَعَ الْقَوْمِ؟" قَالَ: أَصَابَتْنِيْ جَنَابَةٌ وَلاَ مَاءَ قَالَ:" عَلَيْكَ بِالصَّعِيْدِ، فَإِنَّهُ يَكْفِيْكَ"

ترجمہ: حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، اور ہم رات میں چلتے رہے، یہاں تک کہ جب رات کا آخری پہر آ گیا تو ہم گہری نیند سو گئے ـــ اور مسافر کے لئے رات کے آخری پہر کی نیند سے زیادہ لذیذ اور میٹھی کوئی چیز نہیں ہوتی ـــ پس ہمیں بیدار نہیں کیا مگر سورج کی تمازت نے، پس پہلا شخص جو بیدار ہوا فلاں تھا، پھر فلاں، پھر فلاں ـــ ابو رجاء عمران بن ملحان عطاردی نے ان کے نام لئے تھے مگر عوف اعرابی ان کو بھول گئے ـــ پھر چوتھے نمبر پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے، اور نبی ﷺ جب سوتے تھے تو ہم آپ کو بیدار نہیں کرتے تھے، یہاں تک کہ آپ خود بیدار ہوتے، کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ آپ کے لئے نیند میں کیا نئی بات پیدا ہو رہی ہے، پس جب حضرت عمرؓ بیدار ہوئے اور انھوں نے وہ بات دیکھی جو لوگوں کو پہنچی یعنی فجر کی نماز قضا ہو گئی اور عمرؓ مضبوط آدمی تھے، پس انھوں نے تکبیر کہی، اور تکبیر کے ساتھ اپنی آواز بلند کی، پس وہ برابر تکبیر کہتے رہے اور تکبر کے ساتھ اپنی آواز بلند کرتے رہے، یہاں تک کہ ان کی آواز سے نبی ﷺ بیدار ہو گئے، پس جب آپؐ بیدار ہوئے تو لوگوں نے آپؐ سے اس بات کی شکایت کی جو ان کو پہنچی، تو آپؐ نے فرمایا: لاضَیر: یا فرمایا: لایَضِیر: کچھ نقصان نہیں! کوچ کرو، پس لوگوں نے کوچ کیا، پس آپؐ چلے مگر زیادہ دور نہیں، پھر اترتے اور وضو کے لئے پانی منگوایا، پس آپؐ نے وضو کیا اور نماز کے لئے اذان دی گئی، پس آپؐ نے

لوگوں کو نماز پڑھائی، پس جب آپؐ اپنی نماز سے پھرے تو اچانک ایک آدمی علاحدہ تھا، اس نے لوگوں کے ساتھ نماز نہیں پڑھی تھی، آپؐ نے پوچھا: کس چیز نے تجھ کو اے فلاں! لوگوں کے ساتھ نماز پڑھنے سے روکا؟ اس نے کہا: مجھے جنابت لاحق ہوئی ہے اور پانی نہیں ہے۔ آپؐ نے فرمایا: تو مٹی کو لازم پکڑ، پس بیشک وہ تیرے لئے کافی ہے۔

تشریح: یہ لیلۃ التعریس کا واقعہ ہے، اور یہ واقعہ کب اور کہاں پیش آیا؟ حاشیہ میں اتنے اقوال ہیں کہ شد خواب من پریشاں ز کثرت تعبیر ہا! یعنی ایک خواب دیکھا، لوگوں نے اس کی اتنی تعبیر دیں کہ خواب خود پریشان ہوگیا، میرے نزدیک یہ واقعہ کے متعلقات ہیں، اصل واقعہ پر توجہ مرکوز رکھنی چاہئے، اور متعلقات میں اختلاف ہو اور تطبیق مشکل ہو تو میں صرفِ نظر کرتا ہوں اس لئے کہ دورِ اول میں عام طور پر روایات بالمعنی کی جاتی تھی۔ اور راوی روایت بار بار بیان کرتا تھا، ایسی صورت میں متعلقات میں اختلاف ناگزیر ہے۔

واقعہ: ایک رات رسول اللہ ﷺ پڑاؤ نہیں کرنا چاہتے تھے، کیونکہ وقت تھوڑا رہ گیا تھا، مگر صحابہ کے اصرار پر اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی ذمہ داری لینے پر آنحضرت ﷺ نے پڑاؤ کیا، حضرت بلال رضی اللہ عنہ صبح صادق کے انتظار میں کجاوے سے ٹیک لگا کر مشرق کی طرف منہ کرکے بیٹھ گئے تاکہ صبح ہوتے ہی اذان دیں اور لوگوں کو بیدار کریں، مگر سوء اتفاق کہ وہ بھی سو گئے، یہاں تک کہ سورج طلوع ہوگیا، سورج کی تمازت سے کچھ حضرات بیدار ہوئے مگر انھوں نے نبی ﷺ کو جگانے کی ہمت نہیں کی، جب نبی ﷺ آرام فرماتے تھے تو صحابہ آپؐ کو بیدار نہیں کرتے تھے، اس لئے کہ کہیں آپ پر وحی آرہی ہو اور بیدار کر دیا جائے تو یہ بات نامناسب ہوگی۔ انبیاء پر خواب میں بھی وحی آتی ہے، چوتھے نمبر پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے، انھوں نے جب دیکھا کہ سورج نکل آیا ہے اور سب سو رہے ہیں تو باآواز بلند مسلسل تکبیر کہنی شروع کی جس سے نبی ﷺ بیدار ہوئے، لوگ گھبرائے ہوئے تھے، آنحضور ﷺ کی نماز ان کے پڑاؤ کا اصرار کرنے کی وجہ سے قضا ہوئی تھی، انھوں نے معذرت کی اور نماز قضا ہونے کا شکوہ کیا، آپؐ نے ان کو تسلی دی اور فرمایا: **إنّ هذا منزلٌ حَضَرَنا فيه الشيطان**: اس جگہ شیطان حاضر ہوگیا ہے اس لیے یہاں سے کوچ کرو، چنانچہ قافلہ وہاں سے روانہ ہوا اور اگلی وادی میں پہنچ کر جو قریب ہی تھی سب نے باجماعت نماز ادا کی، جب آپؐ نماز سے فارغ ہوکر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے تو ایک شخص کو دیکھا جو ایک طرف بیٹھا ہوا ہے، جماعت میں شریک نہیں ہوا، آپؐ نے اس کی وجہ دریافت فرمائی تو اس نے کہا: مجھے جنابت لاحق ہوئی ہے اور میرے پاس پانی نہیں ہے اس لئے میں نے نماز نہیں پڑھی، آپؐ نے فرمایا: اس صورت میں تمھیں مٹی استعمال کرنی چاہئے، وہ تمہارے لئے کافی ہے، یعنی مٹی پانی کے قائم مقام ہے ایسی صورت میں تیمّم کرکے نماز پڑھنی چاہئے۔ حدیث کا یہی جز امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصود ہے، اس جز کی وجہ سے حضرتؒ یہ حدیث لائے ہیں۔

فائدہ (۱): نبی ﷺ نے وہاں سے کوچ کرنے کا حکم اس لئے دیا تھا کہ وہ مکروہ وقت تھا، آپؐ نے یہ خیال فرمایا کہ یہاں بیٹھ کر انتظار کیوں کریں، چلنا تو ہے ہی، اس لئے آپؐ نے کوچ کرنے کا حکم دیا پھر اگلی وادی میں پہنچ کر باجماعت نماز

قضا فرمائی، اس وقت تک مکروہ وقت نکل چکا تھا، ایک روایت میں حتی ابیضت الشمس اور ایک روایت میں ارتفعت الشمس کی صراحت ہے، یہ احناف کا رجحان ہے، ان کے نزدیک مکروہ وقت میں فجر الیوم پڑھنا جائز نہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ناسی اور نائم کے لئے فجر الیوم مکروہ وقت میں پڑھنا جائز ہے، وہ فرماتے ہیں کہ کوچ کرنا مکان کے نقصان سے بچانے کے لئے تھا، کیونکہ وہاں شیطان حاضر ہوگیا تھا، یہ مسئلہ تفصیل سے کتاب الصلوٰۃ میں آئے گا۔

فائدہ (۲): مشہور حدیث ہے "نبی ﷺ کی آنکھیں سوتی ہیں دل نہیں سوتا" اس واقعہ سے اس پر کوئی اعتراض واقع نہیں ہوتا، اس لئے کہ صبح صادق ہوئی یا نہیں؟ اس کا ادراک آنکھ کرتی ہے اور آپؐ کی آنکھیں سو رہی تھیں۔

ثُمَّ سَارَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَاشْتَكٰى إِلَيْهِ النَّاسُ مِنَ الْعَطَشِ، فَنَزَلَ فَدَعَا فُلاَنًا ــــ كَانَ يُسَمِّيْهِ أَبُوْ رَجَاءٍ، نَسِيَهُ عَوْفٌ ــــ وَدَعَا عَلِيًّا، فَقَالَ:" اذْهَبَا فَابْتَغِيَا الْمَاءَ" فَانْطَلَقَا، فَتَلَقَّيَا امْرَأَةً بَيْنَ مَزَادَتَيْنِ أَوْ: سَطِيْحَتَيْنِ مِنْ مَاءٍ عَلٰى بَعِيْرٍ لَهَا، فَقَالاَ لَهَا: أَيْنَ الْمَاءُ؟ قَالَتْ: عَهْدِيْ بِالْمَاءِ أَمْسِ هٰذِهِ السَّاعَةَ، وَنَفَرُنَا خُلُوْفًا، قَالاَ لَهَا: انْطَلِقِيْ إِذًا، قَالَتْ: إِلٰى أَيْنَ؟ قَالاَ: إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: الَّذِيْ يُقَالُ لَهُ: الصَّابِئُ؟ قَالاَ: هُوَ الَّذِيْ تَعْنِيْنَ، فَانْطَلِقِيْ، فَجَاءَ ا بِهَا إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَحَدَّثَاهُ الْحَدِيْثَ، قَالَ: فَاسْتَنْزَلُوْهَا عَنْ بَعِيْرِهَا، وَدَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِإِنَاءٍ، فَفَرَّغَ فِيْهِ مِنْ أَفْوَاهِ الْمَزَادَتَيْنِ أَوْ: السَّطِيْحَتَيْنِ، وَأَوْكَأَ أَفْوَاهَهُمَا، وَأَطْلَقَ الْعَزَالِيَ، وَنُوْدِيَ فِي النَّاسِ: اسْقُوْا وَاسْتَقُوْا، فَسَقَى مَنْ سَقَى، وَاسْتَقَى مَنْ شَاءَ، وَكَانَ آخِرَ ذَاكَ أَنْ أَعْطَى الَّذِيْ أَصَابَتْهُ الْجَنَابَةُ إِنَاءً مِنْ مَاءٍ، قَالَ:" اذْهَبْ فَأَفْرِغْهُ عَلَيْكَ" وَهِيَ قَائِمَةٌ تَنْظُرُ إِلٰى مَا يُفْعَلُ بِمَائِهَا، وَأَيْمُ اللّٰهِ! لَقَدْ أُقْلِعَ عَنْهَا، وَإِنَّهُ لَيُخَيَّلُ إِلَيْنَا أَنَّهَا أَشَدُّ مِلْأَةً مِنْهَا حِيْنَ ابْتَدَأَ فِيْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" اجْمَعُوْا لَهَا" فَجَمَعُوْا لَهَا مِنْ بَيْنِ عَجْوَةٍ، وَدَقِيْقَةٍ، وَسَوِيْقَةٍ، حَتّٰى جَمَعُوْا لَهَا طَعَامًا، فَجَعَلُوْهُ فِيْ ثَوْبٍ، وَحَمَلُوْهَا عَلٰى بَعِيْرِهَا، وَوَضَعُوْا الثَّوْبَ بَيْنَ يَدَيْهَا، قَالَ لَهَا:" تَعْلَمِيْنَ مَا رَزِئْنَا مِنْ مَائِكِ شَيْئًا، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ هُوَ الَّذِيْ أَسْقَانَا"

ترجمہ: پھر نبی ﷺ چلے پس لوگوں نے آپؐ سے پیاس کی شکایت کی، پس آپؐ نے پڑاؤ ڈالا، پس آپؐ نے فلاں کو (راوی حدیث حضرت عمران کو) بلایا ــــ ابو رجاء اس کا نام لیتے تھے جس کو عوف بھول گئے ــــ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا، پس فرمایا: دونوں جاؤ اور پانی تلاش کرو، پس وہ دونوں چلے، اور انھوں نے ایک عورت سے پانی کی دو پکھالوں کے درمیان ملاقات کی جو اونٹ پر سوار تھی، یعنی ایک عورت اونٹ پر پانی لا رہی تھی اور پانی کی دو پکھالیں اونٹ کی دونوں جانبوں میں تھیں، اور درمیان میں وہ بیٹھی ہوئی تھی (مَزادۃ اور سطیحۃ میں راوی کو شک ہے، دونوں کے اصل معنی توشہ دان کے ہیں، یہاں مراد پانی کی پکھال ہے) پس دونوں نے اس سے پوچھا: پانی کہاں ہے؟ اس نے کہا: میرا زمانہ پانی کے

ساتھ گذشتہ کل یہ گھڑی ہے یعنی یہاں سے چوبیس گھنٹے کے فاصلہ پر پانی ہے، اور ہمارے گھر والے کام پر گئے ہوئے ہیں، یعنی سفر پر گئے ہوئے ہیں اور گھر میں ہم عورتیں ہی ہیں اس لئے ہمیں ہی پانی لانا پڑتا ہے (یہ عورت مقامی تھی، اسے معلوم تھا کہ آس پاس پانی نہیں ہے اس لئے وہ اتنی دور سے پانی لا رہی ہے اور قافلہ والے پیاسے تھے اس لئے) دونوں نے اس عورت سے کہا: تب تو (تو ہمارے ساتھ) چل! اس نے کہا: کہاں؟ دونوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے پاس، اس نے کہا: وہ جس کو صابی (بددین) کہا جاتا ہے؟ دونوں نے کہا: وہی وہ ہیں جن کو تو مراد لے رہی ہے، پس تو چل، پس وہ دونوں اس کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لائے۔ اور دونوں نے آپؐ سے واقعہ بیان کیا، پس لوگوں نے اس کو اونٹ سے اتارا (پکھالیں بندھی ہوئی تھیں اس لئے اونٹ بیٹھ نہیں سکتا تھا) اور نبی ﷺ نے ایک برتن منگوایا۔ اور اس میں دونوں پکھالوں کے مونہوں سے پانی ریڑھا اور دونوں کے منہ باندھ دیئے اور نیچے کا دہانہ کھول دیا، اور لوگوں میں اعلان کیا گیا: پلاؤ اور پیئو، پس پلایا جس نے پلایا اور پیا جس نے چاہا، اور آخر میں پانی کا ایک برتن اس شخص کو دیا جس کو جنابت لاحق ہوئی تھی اور فرمایا: جا اس کو اپنے اوپر ریڑھ لے، یعنی غسل کرلے، اور وہ عورت کھڑی ہوئی دیکھ رہی تھی، جو کچھ اس کے پانی کے ساتھ کیا جا رہا تھا، اور اللہ کی قسم! اس کا پانی لینا بند کیا گیا اور ہمارے خیال میں ایسا آتا تھا کہ اب وہ زیادہ بھری ہوئی ہیں، جب سے ان میں سے لینا شروع کیا تھا، یعنی پہلے کی بہ نسبت اب زیادہ بھری ہوئی معلوم ہوتی تھیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اس کے لئے جمع کرو، پس لوگوں نے اس کے لئے عجوہ کھجوریں، آٹا اور ستو جمع کیا، یہاں تک کہ اس کے لئے کھانا جمع ہوا، پس ان سب چیزوں کو ایک کپڑے میں باندھا اور اس کو اونٹ پر سوار کیا اور کپڑا اس کے سامنے رکھا، پس آپؐ نے اس سے فرمایا: ''تو جانتی ہے کہ ہم نے تیرے پانی میں سے کچھ کم نہیں کیا، بلکہ اللہ تعالیٰ ہی وہ ہیں جنھوں نے ہم کو پلایا''

تشریح: قرآن میں بھی صابیٔ آیا ہے (البقرۃ آیت ۶۲) صابی ایک فرقہ ہے جس نے ہر دین میں سے کچھ کچھ لیا ہے، وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مانتے ہیں اور فرشتوں کی بھی پرستش کرتے ہیں اور زبور پڑھتے ہیں اور کعبہ کی طرف نماز پڑھتے ہیں (فوائد عثمانی) مگر اس عورت نے صابی بددین کے معنی میں استعمال کیا ہے، جیسے بدعتی ہم کو وہابی کہتے ہیں اور چوبیس نمبر بھی کہتے ہیں، چوبیس وہابی کے نمبر ہیں، جو بھی صحیح دین پر ہوتا ہے بدعتیوں کے نزدیک وہ وہابی ہے، اور وہ اس لفظ کو گالی کے طور پر استعمال کرتے ہیں، اسی طرح ہر وہ شخص جو دین محمد ﷺ میں داخل ہوتا تھا اس کے لئے لفظ صابی استعمال کرتے تھے۔

ترکیب: آخر ذلك: کو کان کا اسم بھی بنا سکتے ہیں پس مرفوع پڑھیں گے اور خبر بھی، پس منصوب پڑھیں گے، اور انائٌ واحدٌ اسم مؤخر ہوگا، اور ذاك: اسم اشارہ ہے، اصل اسم اشارہ ذا ہے اس میں کاف بھی بڑھاتے ہیں ذاك اور لام اور کاف بھی بڑھاتے ہیں، ذٰلك گیلری میں ذٰلك لکھا ہے۔

فَأَتَتْ أَهْلَهَا، وَقَدِ احْتُبِسَتْ عَنْهُمْ، فَقَالُوْا: مَا حَبَسَكِ يَا فُلاَنَةُ؟ قَالَتِ: الْعَجَبُ! لَقِيَنِيْ رَجُلاَنِ فَذَهَبَا بِيْ إِلٰى هٰذَا الَّذِيْ يُقَالُ لَهُ: الصَّابِئُ، فَفَعَلَ كَذَا وَكَذَا، فَوَاللّٰهِ إِنَّهُ لَأَسْحَرُ النَّاسِ مِنْ بَيْنِ هٰذِهِ وَهٰذِهِ —— وَقَالَتْ

بِإِصْبعِهَا الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ، فَرَفَعَتْهُمَا إِلَى السَّمَاءِ تَعْنِيْ السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ ـــ أَوْ إِنَّهُ لَرَسُولُ اللّٰهِ حَقًّا، فَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدُ يُغِيْرُوْنَ عَلٰى مَنْ حَوْلَهَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، وَلاَ يُصِيْبُوْنَ الصِّرْمَ الَّذِيْ هِيَ مِنْهُ، فَقَالَتْ يَوْمًا لِقَوْمِهَا: مَا أَرٰى هٰؤُلاَءِ الْقَوْمَ قَدْ يَدَعُوْنَكُمْ عَمْدًا، فَهَلْ لَكُمْ فِيْ الإِسْلَامِ؟ فَأَطَاعُوْهَا فَدَخَلُوْا فِيْ الإِسْلَامِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: صَبَأَ: خَرَجَ مِنْ دِيْنٍ إِلٰى غَيْرِهِ. وَقَالَ أَبُوْ الْعَالِيَةِ: الصَّابِئِيْنَ: فِرْقَةٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ، يَقْرَؤُوْنَ الزَّبُوْرَ، أَصْبُ: أَمِلْ [انظر: ۳۴۸، ۳۵۷۱]

ترجمہ: پس وہ اپنے گھر پہنچی درانحالیکہ وہ ان سے روک لی گئی تھی۔ یعنی لوٹنے میں دیر ہوگئی تھی، لوگوں نے پوچھا: کس چیز نے تجھے روکا اے فلانی؟ اس نے کہا: حیرت انگیز بات نے! مجھ سے دو شخصوں نے ملاقات کی، پس وہ مجھے اس آدمی کے پاس لے گئے جس کو صابی کہا جاتا ہے، پس اس نے ایسا اور ایسا کیا یعنی پورا واقعہ سنایا۔ پس بخدا! وہ لوگوں میں سب سے بڑا جادوگر ہے اِس اور اِس کے درمیان اور اپنی وسطی اور سبابہ انگلیوں سے اشارہ کیا، پس دونوں کو آسمان کی طرف اٹھایا مراد لے رہی تھی وہ آسمان اور زمین کو یعنی آسمان وزمین کے درمیان وہ سب سے بڑا جادوگر ہے یا وہ اللہ کے سچے رسول ہیں!

پس اس کے بعد مسلمان حملہ کرتے تھے مشرکین کے ان قبائل پر جو اس کے ارد گرد تھے اور اس شاخ پر حملہ نہیں کرتے تھے جس سے وہ عورت تھی، پس اس نے ایک دن اپنی قوم سے کہا: جو بات میری سمجھ میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ لوگ تمہیں بالقصد چھوڑتے ہیں، پس کیا اسلام میں تمہاری رغبت ہے؟ پس لوگوں نے اس کا کہنا مانا اور وہ سب اسلام میں داخل ہوگئے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صَبَأَ کے معنی ہیں ایک دین سے دوسرے دین کی طرف نکلنا، اور ابو العالیہ کہتے ہیں: صابیٔ: اہل کتاب کا ایک فرقہ ہے جو زبور پڑھتا ہے ـــ سورۂ یوسف میں أَصْبُ کے معنی ہیں: میں مائل ہو جاؤں گا۔

تشریح: جب مسلمانوں کے سریے اس علاقہ کی طرف جاتے تھے جہاں کی وہ عورت تھی تو مسلمان ارد گرد کے قبائل پر حملہ کرتے تھے، اور اس عورت کے قبیلہ پر حملہ نہیں کرتے تھے، جب کئی مرتبہ ایسا ہوا تو اس عورت نے اپنے قبیلہ والوں سے کہا: کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ یہ محض اتفاق ہے، میرا خیال ہے کہ وہ بالقصد ایسا کرتے ہیں اس لئے کہ میرا ان پر ایک احسان ہے، میں نے ان کو پانی پلایا تھا، اس احسان کے بدلے میں وہ ہم سے درگذر کرتے ہیں، پس کیوں تم اس دین کو قبول نہیں کرتے؟ چنانچہ پورا قبیلہ مسلمان ہوگیا۔

قوله: قالت العجب: یہ مستقل جملہ ہے أی حَبَسَنِی العجبُ: مجھے ایک حیرت انگیز بات نے روک لیا .... **من بين هذه وهذه:** جب عورت نے مذکورہ بات کہی تو اس نے وسطی اور سبابہ دو انگلیاں آسمان کی طرف اٹھائیں پھر وسطی کو زمین کی طرف جھکایا اور کہا اس اور اس کے درمیان یعنی آسمان اور زمین کے درمیان یہ سب سے بڑا جادوگر ہے، اور اگر جادوگر نہیں تو پھر برحق رسول ہے۔ دونوں میں سے ایک بات ضرور ہے۔ اور **قالت بإصبعها إلخ** جملہ معترضہ ہے .... **الصِّرم:** کے معنی حاشیہ میں لکھے ہیں: کسی بڑے گاؤں میں سے علاحدہ ہو کر چند گھر الگ بس جائیں تو وہ الصِّرم ہے اردو میں اس کے لئے کوئی

خاص لفظ نہیں آپ اس کو پورہ یا مزرعہ کہہ سکتے ہیں.........حدیث میں صابی لفظ آیا ہے اس کی مناسبت سے حضرت نے اس کے معنی بیان کئے ہیں، صَبَأَ کے معنی ہیں: ایک دین سے نکل کر دوسرا دین اختیار کرنا، خواہ وہ دین صحیح ہو یا غلط۔

اور صابی اہل کتاب کا ایک فرقہ تھا جو زبور پڑھتا تھا، یہ بات ابو العالیہ نے فرمائی ہے، اور سورۂ یوسف میں اسی مادہ سے فعل استعمال ہوا ہے: أَصبُ إليهن: میں ان عورتوں کی طرف مائل ہو جاؤں گا۔

بابٌ: إِذَا خَافَ الْجُنُبُ عَلَى نَفْسِهِ الْمَرَضَ أَوِ الْمَوْتَ أَوْ خَافَ الْعَطَش تَيَمَّمَ

بیماری، موت یا پیاس کا ڈر ہو تو جنبی تیمّم کر سکتا ہے

اس باب میں تین مسئلے ہیں:

۱- اگر وضو یا غسل میں پانی استعمال کرنے سے مرض کا اندیشہ ہو، یعنی بیمار پڑ جانے کا، بیماری بڑھ جانے کا یا بیماری کے ٹھیک ہونے میں دیر لگنے کا خطرہ ہو تو جمہور کے نزدیک بشمول امام بخاریؒ تیمّم کرنا جائز ہے، بعض حضرات خوفِ مرض میں تیمّم کے جواز کے قائل نہیں، یہ قول حضرات عطاء، طاؤس اور صاحبین کی طرف منسوب کیا گیا ہے، مگر جمہور کے نزدیک خوف مرض میں بھی تیمّم کرنا جائز ہے، وضو کے لئے بھی اور غسل کے لئے بھی، اور وہ بیماری جس میں پانی مضر نہیں جیسے سر میں درد ہے، اس میں پانی مضر نہیں، تو جمہور کے نزدیک اس قسم کی بیماری میں تیمّم جائز نہیں، اور داؤد ظاہری کے نزدیک اس میں بھی جائز ہے اور یہ امام مالک رحمہ اللہ کی بھی ایک رائے ہے۔

۲- اگر پانی استعمال کرنے میں موت کا خطرہ ہو تو بالاجماع تیمّم جائز ہے، غسل میں تو ایسا خطرہ ہوتا ہے مگر وضو میں ایسا خطرہ نادر ہے، اس لئے حلوانی اس کو ناجائز کہتے ہیں اور شیخ الاسلام فرماتے ہیں کہ اگر وضو میں بھی ایسا خطرہ ہو تو تیمّم جائز ہے۔

۳- پانی تو موجود ہے مگر ضرورت کے لئے ہے، وضو یا غسل میں استعمال کریں گے تو پیاس سے مر جانے کا خطرہ ہے، اور آگے دور تک پانی کی امید نہیں تو بھی تیمّم جائز ہے ـــــ امام بخاریؒ نے اس باب میں یہ تینوں مسئلے ایک ساتھ بیان کئے ہیں، اور تینوں صورتوں میں جمہور کے نزدیک تیمّم جائز ہے۔

اس کے بعد یہ بات جاننی چاہئے کہ علماء سلف وخلف اور ائمہ اربعہ کا اس پر اتفاق ہے کہ جنبی کے لئے بھی تیمّم جائز ہے، البتہ حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے نزدیک جنبی کے لئے تیمّم جائز نہیں تھا، ان کے نزدیک یہ رخصت صرف وضو کے لئے تھی، پیچھے آپ نے یہ واقعہ پڑھا ہے کہ ایک بدو نے حضرت عمرؓ سے پوچھا تھا: اگر میں سفر میں جنبی ہو جاؤں اور پانی نہ پاؤں تو کیا کروں؟ آپؓ نے فرمایا: پانی ملنے کا انتظار کرو، وہاں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ موجود تھے، انھوں نے عرض کیا: امیر المؤمنین! اس کے لئے تیمّم کی گنجائش ہے، آپ وہ واقعہ یاد کریں جو ہم دونوں کے ساتھ پیش آیا تھا، اس واقعہ میں: حضرت عمرؓ نے کہا: عمار اللہ سے ڈرو! حضرت عمارؓ نے کہا: آپ نہ چاہیں تو میں یہ واقعہ بیان نہ کروں، حضرت عمرؓ نے

فرمایا: نہیں، تم جس بات کے ذمہ دار بنے ہو ہم تم کو اس کے ذمہ دار بناتے ہیں، یہ روایت متفق علیہ ہے۔ اس واقعہ میں حضرت عمرؓ نے جنبی کے لئے جواز تیمّم کا فتوی نہیں دیا۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ کی بھی یہی رائے تھی کہ جنبی کے لئے تیمّم جائز نہیں، اور حضرت ابن مسعودؓ کوفہ کے معلم، قاضی اور بیت المال کے ذمہ دار تھے، اور کوفہ کے گورنر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ تھے، ان کا فتوی جواز کا تھا، اس وجہ سے لوگوں میں خلفشار رہا، جب دو بڑے آدمیوں کے فتاوی مختلف ہوں تو لوگوں میں کنفیوژن لازمی ہے، ایسی صورت میں دونوں بڑوں کو مل بیٹھنا چاہئے اور باہم گفتگو کر کے کوئی ایک رائے قائم کرنی چاہئے، چنانچہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لے گئے، اور دونوں بزرگوں کے درمیان جنبی کے تیمّم کے جواز وعدم جواز میں گفتگو ہوئی۔ حضرت ابوموسیٰ نے کہا: اگر جنبی ایک مہینہ تک پانی نہ پائے تو کیا کرے؟ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: وہ پانی کا انتظار کرے، اور نماز قضاء کرے اس کے لئے تیمّم جائز نہیں، ابوموسیٰ نے حضرت عمارؓ والا واقعہ پیش کیا، ابن مسعودؓ نے فرمایا: اس حدیث پر حضرت عمرؓ نے قناعت نہیں کی، یعنی حضرت عمرؓ صاحب معاملہ تھے پھر بھی انھوں نے اپنی رائے نہیں بدلی، ابوموسیٰ نے کہا: آیتِ کریمہ: ﴿فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا﴾ کو آپ کیا کریں گے؟ ابن مسعودؓ نے فرمایا: لو رُخِّص لهم فی هذا لَأَوْشكوا إِذَا أَبْرَدَ عليهم الماء أن يتيمموا صعيدا طيبا: اگر لوگوں کو تیمّم کی اجازت دی جائے گی تو جب پانی ٹھنڈا ہوگا کھٹ سے تیمّم کر ڈالیں گے، حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: إنما كَرِهْتُمْ هذا لذا: اچھا اس مصلحت سے آپ ناجائز کہتے ہیں؟ (یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۳۲۱) اور مسلم (حدیث ۱۱۰) میں بھی ہے، مگر ان میں تقدیم وتاخیر ہے) اب بات واضح ہوگئی کہ حضرت ابن مسعودؓ کے نزدیک جنبی کے لئے تیمّم جائز تھا، مگر وہ مصلحتاً ناجائز کہتے تھے، حضرت عمرؓ بھی غالباً تیمّم کو جائز سمجھتے تھے مگر مصلحتاً فتوی نہیں دیتے تھے، تاکہ لوگ سہل انگاری کا شکار نہ ہو جائیں، اگر ایسا نہ ہوتا تو وہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی تردید کرتے۔

[۷-] بابٌ: إِذَا خَافَ الْجُنُبُ عَلَى نَفْسِهِ الْمَرَضَ أَوِ الْمَوْتَ أَوْ خَافَ الْعَطَشَ تَيَمَّمَ

وَيُذْكَرُ أَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ أَجْنَبَ فِيْ لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ، فَتَيَمَّمَ، وَتَلاَ: ﴿وَلاَ تَقْتُلُوْا أَنْفُسَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا﴾ [النساء: ۲۹] فَذُكِرَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يُعَنِّفْ.

وضاحت: مذکورہ واقعہ غزوۂ ذات السلاسل کا ہے، جو ماہ جمادی الثانیہ سنہ ۸ھ میں پیش آیا تھا، آنحضور ﷺ کو خبر ملی کہ قبیلۂ نبو قضاعہ کی ایک جماعت مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس لئے آپؐ نے اس کی سرکوبی کے لئے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو ذات السلاسل کی طرف روانہ فرمایا، اور تین سو آدمی اور تیس گھوڑ سواران کے ساتھ کئے، پھر پیچھے سے حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو دو سو آدمیوں کے ساتھ روانہ فرمایا جن میں حضرات شیخین: ابوبکر وعمر

رضی اللہ عنہما بھی تھے، اسی سفر میں یہ واقعہ پیش آیا کہ حضرت عمرو بن العاصؓ کو بدخوابی ہوئی، سردی کی شدت تھی، اس لئے انھوں نے غسل نہیں کیا، تیمّم کرکے صبح کی نماز پڑھائی۔ لوگوں نے اعتراض کیا تو انھوں نے آیتِ کریمہ ﴿وَلَا تَقْتُلُوْا أَنْفُسَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا﴾ پڑھی۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اپنے آپ کو ہلاک مت کرو اور مجھے غسل کرنے میں ہلاکت نظر آرہی ہے، اس لئے میں نے غسل نہیں کیا، جب سریہ مدینہ منورہ واپس آیا اور آنحضرت ﷺ کے سامنے اس واقعہ کا ذکر آیا تو آپؐ نے فرمایا: اے عمرو! تم نے جنابت کی حالت میں نماز پڑھائی! حضرت عمروؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھ کو اپنی جان کا خطرہ نظر آیا اور اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَلَا تَقْتُلُوْا أَنْفُسَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا﴾ پس آپؐ نے تبسم فرمایا اور ان کو ڈانٹا نہیں، یعنی ان کے استدلال کو سراہا اور ان کے عمل کی تائید کی (البدایہ والنہایہ ۴: ۲۷۳، ابوداؤد حدیث ۳۳۲) معلوم ہوا کہ اگر پانی استعمال کرنے کی وجہ سے ہلاکت کا خطرہ ہو تو تیمّم کرنا جائز ہے، اور پیاس اور مرض کے خوف کے وقت بھی یہی حکم ہے۔

[۳۴۵-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ: هُوَ غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ مُوْسَى لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ: إِذَا لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ لَا يُصَلِّيْ؟ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: نَعَمْ، إِنْ لَمْ أَجِدِ الْمَاءَ شَهْرًا لَمْ أُصَلِّ، لَوْ رَخَّصْتُ لَهُمْ فِيْ هٰذَا كَانَ إِذَا وَجَدَ أَحَدُهُمُ الْبَرْدَ، قَالَ هٰكَذَا: يَعْنِيْ تَيَمَّمَ وَصَلّٰى، قَالَ: قُلْتُ: فَأَيْنَ قَوْلُ عَمَّارٍ لِعُمَرَ؟ قَالَ: إِنِّيْ لَمْ أَرَ عُمَرَ قَنِعَ بِقَوْلِ عَمَّارٍ. [راجع: ۳۳۸]

[۳۴۶-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: ثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ شَقِيْقَ بْنَ سَلَمَةَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ وَأَبِيْ مُوْسَى، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ مُوْسَى: أَرَأَيْتَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِذَا أَجْنَبَ فَلَمْ يَجِدْ مَاءً، كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا يُصَلِّيْ حَتّٰى يَجِدَ الْمَاءَ، فَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: فَكَيْفَ تَصْنَعُ بِقَوْلِ عَمَّارٍ حِيْنَ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " كَانَ يَكْفِيْكَ؟" قَالَ: اَلَمْ تَرَ عُمَرَ لَمْ يَقْنَعْ بِذٰلِكَ مِنْهُ؟ فَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: فَدَعْنَا مِنْ قَوْلِ عَمَّارٍ، كَيْفَ تَصْنَعُ بِهٰذِهِ الْآيَةِ؟ فَمَا دَرٰى عَبْدُ اللّٰهِ مَايَقُوْلُ، فَقَالَ: إِنَّا لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِيْ هٰذَا لَأَوْشَكَ إِذَا بَرَدَ عَلٰى أَحَدِهِمُ الْمَاءُ أَنْ يَدَعَهُ وَيَتَيَمَّمَ، فَقُلْتُ لِشَقِيْقٍ: فَإِنَّمَا كَرِهَ عَبْدُ اللّٰهِ لِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ. [راجع: ۳۳۸]

حدیث (۱): ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا: جب کوئی شخص پانی نہ پائے تو نماز نہ پڑھے؟ ابن مسعودؓ نے کہا: جی ہاں! اگر میں ایک مہینہ تک پانی نہ پاؤں تو نماز نہیں پڑھوں گا، اگر میں لوگوں کو اس کی اجازت دوں تو جب بھی کوئی شخص پانی ٹھنڈا پائے گا اس طرح کرے گا یعنی تیمّم کرکے نماز پڑھ لے گا یعنی میں جواز کا فتوی اس لیے نہیں دیتا کہ لوگ سہل انگاری سے کام نہ لیں ابوموسیٰ کہتے ہیں: میں نے کہا: حضرت عمارؓ نے حضرت عمرؓ سے جو بات کہی تھی وہ کہاں ہے؟ یعنی اس کا کیا جواب ہے؟ ابن مسعودؓ نے کہا: کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت عمرؓ نے حضرت عمارؓ کی بات پر

قناعت نہیں کی! ـــــ اس حدیث میں تقدیم وتاخیر ہے، واقعہ کی صحیح نوعیت اگلی حدیث میں ہے۔

حدیث (۲): شقیق بن سلمہ کہتے ہیں: میں ابن مسعود اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کے پاس تھا، حضرت ابن مسعودؓ سے ابو موسیٰؓ نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ کیا فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص جنبی ہو اور وہ پانی نہ پائے تو کیا کرے؟ ابن مسعودؓ نے فرمایا: جب تک پانی نہ پائے نماز نہ پڑھے، ابوموسیٰؓ نے کہا: آپ حضرت عمارؓ کے اس قول کے بارے میں کیا کہیں گے جب نبی ﷺ نے ان سے فرمایا تھا کہ تمہارے لئے یہ کافی ہے؟ ابن مسعودؓ نے کہا: کیا تم نہیں جانتے کہ حضرت عمرؓ نے اس پر قناعت نہیں کی، پس ابوموسیٰ اشعریؓ نے فرمایا: حضرت عمارؓ کے قول کو رہنے دیجئے! آپ اس آیتِ کریمہ کا کیا کریں گے؟ پس حضرت عبداللہ نے نہیں جانا کہ کیا کہیں یعنی وہ لاجواب ہوگئے اور فرمایا: اگر ہم لوگوں کو اس کی اجازت دیں تو ہوسکتا ہے جب کسی کو پانی ٹھنڈا معلوم ہو تو وہ پانی کو چھوڑ کر تیمّم کرلیا کرے، سلیمان اعمش نے شقیق سے کہا: تو ابن مسعودؓ نے اسی وجہ سے تیمّم کی اجازت نہیں دی؟ شقیق نے کہا: جی ہاں۔

تشریح: مناظرہ کی اصل نوعیت اس حدیث میں ہے، اوپر والی حدیث میں تقدیم وتاخیر ہے، راوی کو جس طرح حدیث پہنچی اس نے اسی طرح روایت کردی، محدثین سند کی صحت پر اعتماد کرتے ہیں، ان کو واقعہ کی صحیح نوعیت سے کچھ لینا دینا نہیں، اور مجتہدین تمام روایات جمع کرکے حقیقتِ حال معلوم کرتے ہیں۔

بابٌ: التَّيَمُّمُ ضَرْبَةٌ

تیمّم میں مٹی پر ایک مرتبہ ہاتھ مارنا ہے

اس ترجمہ کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ تیمّم میں ایک مرتبہ مٹی پر ہاتھ مارنا ہے یا دومرتبہ؟ امام احمد اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک ایک مرتبہ ہاتھ مارنا ہے، ایک مرتبہ ہاتھ زمین پر مار کر چہرہ اور ہتھیلیوں پر پھیر لینا کافی ہے، اور جمہور کے نزدیک تیمّم میں دومرتبہ ہاتھ مارنا ضروری ہے، ایک مرتبہ چہرہ کے لئے اور ایک مرتبہ ہاتھوں کے لئے، اور ہاتھوں پر مسح کہنیوں تک کرنا ہے، چند ابواب پہلے یہ مسئلہ گذر چکا ہے کہ تیمّم میں ہاتھوں پر مسح کہاں تک ضروری ہے؟ وہاں حضرت جابر اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مرفوع حدیثیں بیان کی تھیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: تیمّم میں دو ضربیں ہیں، ایک چہرہ کے لئے اور دوسری ہاتھوں کے لئے مرفقین تک۔

اور باب میں وہی حدیث ہے جو ابھی گذری، اس میں حضرت ابن مسعود اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کا مناظرہ ہے، اُس حدیث سے یہاں استدلال اس طرح کیا ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت عمارؓ کو جو تیمّم سکھایا تھا اس میں ایک ہی مرتبہ زمین پر ہاتھ مارا تھا اور کفین تک مسح کیا تھا۔ معلوم ہوا کہ تیمّم میں ایک ہی ضرب ہے اور ہاتھوں پر مسح گٹوں تک ہے، مگر تقریب تام نہیں اس لئے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت عمارؓ کو تیمّم کا طریقہ نہیں سکھایا تھا بلکہ وضو کے تیمّم کا جس کو حضرت

عمار رضی اللہ عنہ جانتے تھے حوالہ دیا تھا ــــ اور جنابت کے تیمّم کے بعد یہ باب لاکر امام بخاریؒ نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ حدث اصغر اور حدث اکبر دونوں کا تیمّم ایک ہے۔

[۸-] بابٌ: التَّيَمُّمُ ضَرْبَةٌ

[۳۴۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ وَأَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ مُوْسَى: لَوْ أَنَّ رَجُلاً أَجْنَبَ فَلَمْ يَجِدِ الْمَاءَ شَهْرًا، مَاكَانَ يَتَيَمَّمُ وَيُصَلِّيْ؟ قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَايَتَيَمَّمُ، وَإِنْ كَانَ لَمْ يَجِدْ شَهْرًا. فَقَالَ لَهُ أَبُوْ مُوْسىٰ: فَكَيْفَ تَصْنَعُوْنَ بِهٰذِهِ الْآيَةِ فِيْ سُوْرَةِ الْمَائِدَةِ ﴿فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا﴾[المائدة: ٦]؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَوْ رُخِّصَ لَهُمْ فِيْ هٰذَا لَأَوْشَكُوْا إِذَا بَرَدَ عَلَيْهِمُ الْمَاءُ أَنْ يَتَيَمَّمُوْا الصَّعِيْدَ؟ قُلْتُ: وَإِنَّمَا كَرِهْتُمْ هٰذَا لِذَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: أَلَمْ تَسْمَعْ قَوْلَ عَمَّارٍ لِعُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ: بَعَثَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَاجَةٍ فَأَجْنَبْتُ، فَلَمْ أَجِدِ الْمَاءَ، فَتَمَرَّغْتُ فِيْ الصَّعِيْدِ، كَمَا تَمَرَّغُ الدَّابَّةُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْكَ أَنْ تَصْنَعَ هٰكَذَا" فَضَرَبَ بِكَفِّهِ ضَرْبَةً عَلَى الْأَرْضِ، ثُمَّ نَفَضَهَا، ثُمَّ مَسَحَ بِهَا ظَهْرَ كَفِّهِ بِشِمَالِهِ، أَوْ: ظَهْرَ شِمَالِهِ بِكَفِّهِ، ثُمَّ مَسَحَ بِهَا وَجْهَهُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَفَلَمْ تَرَ عُمَرَ لَمْ يَقْنَعْ بِقَوْلِ عَمَّارٍ؟

وَزَادَ يَعْلٰى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ وَأَبِيْ مُوْسَى، فَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: أَلَمْ تَسْمَعْ قَوْلَ عَمَّارٍ لِعُمَرَ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَنِيْ أَنَا وَأَنْتَ فَأَجْنَبْتُ، فَتَمَعَّكْتُ بِالصَّعِيْدِ، فَأَتَيْنَا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْنَاهُ فَقَالَ:" إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْكَ هٰكَذَا" وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ وَاحِدَةً.

[راجع: ۳۳۸]

وضاحت: قوله: ثم مسحَ بها ظَهْرَ كفه إلخ: دائیں ہاتھ کی پشت پر بایاں ہاتھ پھیرا یا کہا: بائیں ہاتھ کی پشت پر دایاں ہاتھ پھیرا، صرف ہاتھ کی پشت کا ذکر ہے، باطن کف یعنی ہاتھ کی اندرونی جانب کا ذکر نہیں، یہ روایت میں اختصار ہے، نیز اس میں کفین کا مسح چہرے کے مسح سے مقدم ہے، یہ سب واقعہ کے متعلقات ہیں، اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔

بابٌ

قادر بقدرۃ الغیر قادر نہیں

یہ بلا ترجمہ باب ہے، اور کالفصل من الباب السابق بھی ہوسکتا ہے اور تشحیذ اذہان کے لئے نیا باب بھی ہوسکتا ہے،

اگر کالفصل من الباب السابق ہے تو پھر حدیث سے اوپر والے مسئلہ پر استدلال کریں گے ـــــــــ لیلۃ التعریس میں جو صحابی جماعت میں شریک نہیں ہوئے تھے، جب نبی ﷺ نے ان سے وجہ دریافت کی تو انھوں نے جنبی ہونے کا عذر پیش کیا، آپؐ نے فرمایا: **علیك بالصعید**: پاک مٹی لازم پکڑو، اس حکم پر ایک مرتبہ زمین پر ہاتھ مارنے سے عمل ہو جاتا ہے، پس دو ضربوں کی کیا ضرورت ہے؟ یہ اس حدیث سے اوپر والے مسئلہ پر استدلال ہے، چونکہ اس استدلال کی نوعیت بدلی ہوئی ہے اس لئے اس پر باب رکھ دیا ہے۔

اور اگر اس باب کو تشحیذ اذہان کے لئے قرار دیں تو پھر اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ قادر بقدرۃ الغیر قادر نہیں، ظاہر ہے قافلہ میں کسی نہ کسی کے پاس پانی ہوگا یا چندہ کر کے غسل کے بقدر پانی حاصل کیا جا سکتا تھا، مگر چونکہ وہ پانی لوگوں کی ضرورت کا تھا، اور سفر میں ضرورت کے بقدر ہی پانی ہوتا ہے، اس لئے نبی ﷺ نے پانی کا چندہ کر کے غسل کرنے کا حکم نہیں دیا بلکہ فرمایا: **علیك بالصعید**: معلوم ہوا کہ قادر بقدرت الغیر قادر نہیں، اور یہی حنفیہ کی رائے ہے، پس یہاں یہ باب لگائیں گے: **بابٌ: لایُحْسِنُ سؤالُ الماءِ من الغیر إذا ظَنَّ کونہُ مَشْغُوْلاً**: جب یہ گمان ہو کہ پانی ضرورت کے بقدر ہے تو مانگنا نہیں چاہئے یعنی اگر جنبی کے پاس پانی نہیں ہے اور ساتھیوں کے پاس پانی ہے مگر وہ ضرورت کے بقدر ہے تو پانی مانگنا اچھا نہیں، وہ پانی پر قادر نہیں، پس تیمّم کرے۔

[۹-] بابٌ

[۳۴۸-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَوْفٌ، عَنْ أَبِیْ رَجَاءٍ قَالَ: ثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ الْخُزَاعِیُّ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم رَأَی رَجُلاً مُعْتَزِلاً لَمْ یُصَلِّ فِیْ الْقَوْمِ، فَقَالَ: "یَافُلاَنُ مَا مَنَعَكَ أَنْ تُصَلِّیَ فِیْ الْقَوْمِ؟" فَقَالَ: یَارسولَ اللّٰهِ! أَصَابَتْنِیْ جَنَابَةٌ وَلاَ مَاءَ، قَالَ: "عَلَیْكَ بِالصَّعِیْدِ فَإِنَّهُ یَكْفِیْكَ"

[راجع: ۳۴۴]

وضاحت: چند ابواب پہلے جو طویل حدیث گذری ہے یہ وہی حدیث ہے اور **علیك بالصعید فإنه یکفیك**: میں براعت اختتام ہے، یہ براعت استہلال کی ضد ہے، براعتِ استہلال: کتاب کے شروع میں ایسے الفاظ لانا جو مقصود کی طرف مشیر ہوں، اور براعتِ اختتام: مقصود کے ختم پر ایسا لفظ لانا جو بحث کے مکمل ہونے کی طرف مشیر ہو، **فإنه یکفیك**: میں براعتِ اختتام ہے کہ کتاب الطہارۃ کے مسائل پورے ہو گئے۔

﴿الحمدللہ! کتاب التیمم کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتَابُ الصَّلَاۃ

نماز کا بیان

باب کیف فُرضت الصلاۃُ فی الإسراء؟

معراج میں نماز کس طرح فرض کی گئی؟

کتاب الصلاۃ شروع کرنے سے پہلے چند باتیں ذہن نشین کرلیں:

پہلی بات: جتنی اصطلاحات شرعیہ ہیں سب کے پہلے لغوی معنی ہوتے ہیں، پھر شریعت ان کو اپنی خاص اصطلاح بناتی ہے، اس کو منقول شرعی کہتے ہیں۔ اور لغوی اور شرعی معنی کے درمیان کبھی ادنی مناسبت ہوتی ہے، اور دونوں کا باہم جوڑ بٹھانا مشکل ہوتا ہے، جیسے صلوٰۃ کے لغوی معنی ہیں: تَحْرِیْكُ الصَّلَوَیْنِ: کولہے کی ہڈیوں کو ہلانا۔ جب آدمی رکوع سجدہ کرتا ہے تو پیچھے کی ہڈیاں ہلتی ہیں۔ اور بعض کے نزدیک: مصلیکے لغوی معنی ہیں: وہ گھوڑا جو ریس میں دوسرے نمبر پر آئے۔ ظاہر ہے ان معانی کے درمیان اور شرعی معنی کے درمیان مشکل سے مناسبت سمجھ میں آئے گی، اس لئے مناسبت کی بحث غیر ضروری ہے، بس شرعی معنی جان لینا کافی ہے۔

دوسری بات: شریعت میں صلوٰۃ کے اصل معنی ہیں: غایتِ انعطاف یعنی آخری درجہ کا میلان[1] پھر متعلقات کے اعتبار سے اس کی شکلیں مختلف ہوتی ہیں، اللہ کا اپنے نبی ﷺ اور مؤمنین کی طرف جو میلان ہے اس کی نوعیت الگ ہے، اور فرشتوں کا نبی ﷺ کی طرف میلان الگ نوعیت کا ہے۔ اور مؤمنین کا نبی ﷺ کی طرف یا اللہ کی طرف میلان اور طرح کا ہے۔ جیسے ماں باپ کا اولاد کی طرف اور اولاد کا ماں باپ کی طرف میلان ہوتا ہے، یا بیوی کا شوہر کی طرف اور شوہر کا بیوی کی طرف میلان ہوتا ہے مگر موقع اور محل کے اعتبار سے ان کی نوعیتیں مختلف ہوتی ہیں۔

(۱) یہ معنی علامہ ابوالقاسم سُہیلی رحمہ اللہ نے الروض الانف میں بیان کئے ہیں، پھر وہاں سے علامہ محمد ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ نے **التعلیق الصبیح علی مشکاۃ المصابیح** (۲۶۲:۱) میں نقل کئے ہیں۔

اللہ کا: نبی ﷺ کی طرف یا مؤمنین کی طرف میلان: اللہ کا مہربانی فرمانا ہے، یہی معنی اللہ کے شایانِ شان ہیں، ارشاد پاک ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ﴾ (احزاب آیت ۵۶) اور ارشاد ہے: ﴿هُوَ الَّذِیْ يُصَلِّیْ عَلَيْكُمْ﴾ (احزاب ۴۳) یہاں صلاۃ کے یہی معنی ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ نبی ﷺ پر اور مؤمنین پر مہربانی فرماتے ہیں۔

اور جب صلوٰۃ کا تعلق فرشتوں کے ساتھ ہو تو اس کے معنی استغفار کے ہوتے ہیں۔ استغفار میں س، ت طلب کے لئے ہیں، اور غَفر کے معنی ہیں: ڈھانکنا، چھپانا، جنگوں میں سر پر جو خود پہنتے ہیں اس کو مِغفر کہتے ہیں، وہ اسی غفر سے بنا ہے، پس استغفار کے معنی ہیں: فرشتوں کا یہ دعا کرنا کہ اے اللہ! اپنے حبیب ﷺ کو اور مؤمنین کو اپنی رحمت میں ڈھانپ لیں، ارشاد پاک ہے: ﴿يَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾ (مؤمن آیت ۷) فرشتے مؤمنین کے لئے مغفرت طلب کرتے ہیں، یہی ان کی مؤمنین پر صلوٰۃ ہے۔

اور جب صلوٰۃ کا تعلق مؤمنین کے ساتھ ہوتا ہے تو اس کے معنی دعا کے ہوتے ہیں، ارشاد پاک ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ﴾ (احزاب ۵۶) اے مؤمنو! آنحضور ﷺ کے لئے خاص دعا کرو۔

اور جب بندوں کی صلوٰۃ کا اللہ کے ساتھ تعلق ہو تو اس کے معنی ہیں: ارکانِ مخصوصہ اور افعالِ مخصوصہ کا مجموعہ، جس کو فارسی میں نماز اور سنسکرت میں نَمنا کہتے ہیں، یہی بندوں کا اللہ کی طرف آخری درجہ کا انعطاف (میلان) ہے۔

تیسری بات: استغفار خاص ہے اور دعا عام ہے، دعا کے مفہوم میں دو باتیں شامل ہیں، ایک: آنحضور ﷺ کے لئے رحمت مانگنا، یہی استغفار کا مفہوم ہے، دوسری: نبی ﷺ پر نازل ہونے والے دین کو پھیلانے کے لئے جدوجہد کرنا، ظاہر ہے یہ کام فرشتوں کا نہیں، یہ کام مؤمنین کا ہے، پس فرشتے صرف رحمت کی دعا کرتے ہیں اور مسلمانوں پر اس کے علاوہ شریعت محمد ﷺ کو پھیلانے کی کوشش کرنا بھی ہے، مؤمنین اگر صرف دعا کریں اور دین کو پھیلانے کی کوشش نہ کریں تو یہ ناقص درود ہے۔

اس کی نظیر: لفظ تلاوت ہے، اس کے مفہوم میں قرآن کو پڑھنا اور اس میں جو احکام ہیں ان کے واجب الامتثال ہونے کا عقیدہ رکھنا اور ان پر عمل کرنا سب باتیں داخل ہیں، پس جو شخص قرآن کو سمجھ کر اور اس عقیدے کے ساتھ پڑھتا ہے کہ اس میں جو احکام دیئے گئے ہیں ان کی اطاعت کرے گا تو یہ کامل تلاوت ہے، اور سمجھے بغیر قرآن کی تلاوت ناقص تلاوت ہے، کیونکہ اس صورت میں نزول قرآن کا جو مقصد ہے وہ فوت ہو جاتا ہے۔ اسی لئے تلاوت کا لفظ آسمانی کتابوں کے ساتھ خاص ہے، کیونکہ واجب الامتثال ہونے کے عقیدہ کے ساتھ صرف آسمانی کتابوں کو پڑھا جاتا ہے، مگر بندہ ناقص تلاوت پر بھی ثواب کا مستحق ہوتا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے: قاری کو قرآن کے ہر حرف پر دس نیکیاں ملتی ہیں، اور الٓمٓ ایک حرف نہیں بلکہ تین حرف ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۲۱۳۷) اسی طرح جو شخص صرف درود پر اکتفا کرتا ہے اور شریعت کی اشاعت کے لئے جدوجہد نہیں کرتا اس کا درود اگرچہ ناقص ہے، مگر ثواب اس کے حق میں بھی ثابت ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۸-] کتاب الصلاۃ

[۱-] بابٌ کَیْفَ فُرِضَتِ الصَّلَاۃُ فِی الإِسْرَاءِ؟

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ سُفْیَانَ بْنُ حَرْبٍ فِیْ حَدِیْثِ هِرَقْلَ، فَقَالَ: یَأْمُرُنَا - یَعْنِیْ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم - بِالصَّلَاۃِ وَالصِّدْقِ وَالْعَفَافِ.

تشریح:

کیف کی تین قسمیں ہیں: (۱) کیف مکانی (۲) کیف زمانی (۳) کیف حالی۔ اور کیف کبھی بمعنی کم بھی آتا ہے اور باب میں سب مراد ہیں، تفصیل درج ذیل ہے:

۱- کیف مکانی کا مطلب یہ ہے کہ نماز کہاں فرض ہوئی؟ کیا دیگر فرائض کی طرح حضرت جبرئیل علیہ السلام کی معرفت نماز کی بھی فرضیت نازل ہوئی، یا اس کو فرض کرنے کے لئے کوئی خاص طریقہ اختیار کیا گیا؟ —— جواب: نماز کی رفعت وعظمت کا خیال کر کے اللہ عزوجل نے خاص طور پر حضور اقدس ﷺ کو عرش پر بلایا اور نمازوں کا تحفہ عنایت فرمایا، اس کی دلیل اسراء والی حدیث ہے جو باب میں آرہی ہے، اور یہ واقعہ معروف ومشہور ہے، آپ حضرات اس کو جانتے ہیں۔

۲- کیف بمعنی کَم کا مطلب یہ ہے کہ کتنی نمازیں فرض کی گئیں؟ ابتداء ہی سے پانچ نمازیں فرض کی گئیں یا زائد فرض کی گئیں، پھر کم کر کے پانچ کر دیں؟ —— جواب: ابتداء میں پچاس نمازیں فرض کی گئیں پھر گھٹا کر پانچ کر دی گئیں، جب نمازیں پانچ رہ گئیں تو وحی آئی کہ یہ صورتاً پانچ ہیں مگر حقیقتاً پچاس ہیں، یعنی ان پانچ سے پچاس کا ثواب ملے گا، اور یہ ضابطہ بھی تحفۃً عطا فرمایا کہ ایک نیکی کا ثواب دس گنا ہے، یہ ضابطہ اولاً نمازوں کے تعلق سے نازل ہوا تھا، پھر اس کو عام کر دیا کہ ہر نیکی کا ثواب دس گنا ہے، عطا میں پیغمبر کی عظمتِ شان کا لحاظ رکھا گیا اور پچاس نمازیں فرض کی گئیں، پھر امت کے ضعف کا لحاظ کر کے پانچ کر دی گئیں، مگر ان کا ثواب برقرار رکھا، ثواب نہیں گھٹایا، اس کی دلیل بھی اسراء کی حدیث ہے جو باب میں آرہی ہے۔

۳- کیف زمانی کا مطلب یہ ہے کہ نماز کب فرض ہوئی؟ مکی دور میں یا مدنی دور میں؟ —— جواب: نماز مکی دور میں فرض ہوئی ہے اس کی دلیل ہرقل کی حدیث ہے، قیصر روم ہرقل نے حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے جو دس یا گیارہ سوال کئے تھے جس کی تفصیل کتاب الوحی (حدیث ۶) میں گذر چکی ہے، ان میں ایک سوال یہ تھا کہ تم میں جو صاحب نبوت کا دعوی کرتے ہیں وہ تمہیں کیا تعلیم دیتے ہیں؟ ابوسفیانؓ نے کہا: وہ ہمیں نماز کا، سچائی کا اور پاک دامنی کا حکم دیتے ہیں، یہ واقعہ صلح حدیبیہ کے بعد کا ہے مگر ظاہر ہے کہ ابوسفیانؓ مدینہ نہیں آئے پس لامحالہ انھوں نے یہ بات مکی دور میں سنی ہے، معلوم ہوا کہ

نماز مکی دور میں فرض ہوئی ہے۔

۴- اور کیف حالی کا مطلب یہ ہے کہ موجود شکل میں نماز فرض ہوئی ہے یا اس میں کوئی تبدیلی ہوئی ہے؟ ——

جواب: شروع میں تمام نمازیں مغرب کے علاوہ دو دو رکعت فرض کی گئی تھیں، مغرب شروع ہی سے تین رکعت فرض ہوئی ہے تا کہ وہ دن کی تمام نمازوں کو طاق بنائے، اور اس کے مقابلہ میں رات میں تہجد کے بعد وتر مشروع کیا گیا ہے، تا کہ وہ رات کی تمام نمازوں کو طاق بنائے، اور دو طاق مل کر جوڑا بنیں اور پچاس نمازوں کی تعداد پوری ہو۔

جاننا چاہئے کہ جو حکم تخفیفاً منسوخ ہوتا ہے اس کا استحباب باقی رہتا ہے، شب معراج میں پچاس نمازیں فرض ہوئی تھیں، پھر تخفیف ہوئی اور پانچ رہ گئیں پس ان کا استحباب آج بھی باقی ہے، چنانچہ حضور اقدس ﷺ اور امت میں بہت سے نیک بندے آج بھی رات دن میں پچاس نمازیں (رکعتیں) پڑھتے ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ نماز درحقیقت ایک رکعت ہے، دوسری رکعت اس کے ساتھ ملائی گئی ہے، اس لئے اس کو شفعہ کہتے ہیں، کیونکہ بندہ ایک رکعت کما حقہ نہیں پڑھ سکتا، اسی لئے ایک رکعت نماز کو دم بریدہ کہا گیا ہے۔ پس دوسری رکعت ملانا ضروری ہے، تا کہ پہلی رکعت میں جو کمی رہ گئی ہے اس کی دوسری رکعت سے تلافی ہو جائے، اور جو احکام آسانی کے لئے منسوخ ہوتے ہیں ان کا استحباب باقی رہتا ہے، چنانچہ نبی ﷺ رات دن میں پچاس رکعتیں پڑھتے تھے، آپؐ یہ تعداد فرض، واجب، سنن مؤکدہ، تہجد، اشراق، چاشت اور اوابین وغیرہ کے ذریعہ پوری فرماتے تھے، اور پچاس کی تعداد میں جو کمی رہ جاتی اس کو تہجد میں پورا فرمادیا کرتے تھے، اسی وجہ سے آپؐ نے کم و بیش تہجد پڑھا ہے اور چونکہ مغرب کی تین رکعتیں ہیں اس لئے پچاس کی تعداد پوری نہیں ہوسکتی یا انچاس ہوگی یا اکیاون اس لئے پچاس کی تعداد پوری کرنے کے لئے تین رکعت وتر بڑھائی گئی، تا کہ تعداد ٹھیک پوری ہو جائے، یہ بات حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہ نے توثیق الکلام میں (جس کی میں نے شرح لکھی ہے جس کا نام ہے: ''کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟'') اور مصابیح التراویح میں (یہ رسالہ فارسی میں ہے اور مولانا اشتیاق صاحب رحمہ اللہ نے اس کی شرح لکھی ہے جس کا نام ہے: **أنوار المصابیح**) بیان فرمائی ہے، اور اس مسئلہ پر مفصل کلام کیا ہے۔

غرض شروع میں مغرب کے علاوہ تمام نمازیں دو دو رکعت فرض کی گئی تھیں، پھر سفر میں نمازوں کو ان کی اصل حالت پر برقرار رکھا گیا اور حضر میں ظہرین اور عشاء میں دو دو رکعت کا اضافہ کیا گیا، اور فجر میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا، بلکہ اس کی جگہ طویل قراءت مسنون کی گئی، دیگر نمازیں مشغولیت کے اوقات میں ہیں اس لئے طویل قراءت مسنون نہیں کی گئی بلکہ رکعتیں ڈبل کردی گئیں، اور فجر کا وقت فراغت کا وقت ہے اس لئے اس میں طویل قراءت مسنون کی گئی، اور طویل قراءت مسنون کرنے کا مطلب یہ ہے کہ فجر کا پورا وقت نماز میں صرف کیا جائے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فجر میں پوری سورۂ یوسف پڑھتے تھے، اور نبی ﷺ ساٹھ سے سو آیتیں پڑھتے تھے، یعنی تقریباً پون پارہ پڑھتے تھے، میرے ابا نے مجھ سے

بارہا اپنا یہ واقعہ بیان کیا کہ جب وہ ڈابھیل میں پڑھتے تھے تو کبھی مدرسہ کی مسجد میں حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی قدس سرہ فجر کی نماز پڑھاتے تھے، حضرت شاندار قاری تھے، آواز نہایت عمدہ تھی، جب آپ کا ارادہ نماز پڑھانے کا ہوتا تو صبح صادق کے دس پندرہ منٹ کے بعد مصلے پر آجاتے، مسجد میں دو چار آدمی ہوتے، جب دار الاقامہ میں طلبہ کو پتا چلتا کہ آج حضرت نماز پڑھا رہے ہیں تو بھگدڑ مچ جاتی، اور طلبہ جلدی جلدی وضو کر کے آتے اور نماز میں شریک ہو جاتے، سنت بھی نہیں پڑھتے تھے، جب حضرت نماز پوری فرماتے تو ہم صحن میں نکل کر آسمان کی طرف دیکھتے کہ سورج تو نہیں نکل آیا؟ اتنی طویل نماز پڑھاتے تھے، میرے استاذ مصری صاحب قدس سرہ بھی دار العلوم کی قدیم مسجد میں فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں ہمیشہ پون پارہ پڑھتے تھے، اور دوسری رکعت میں ایک دو رکوع پڑھتے تھے پوری مسجد میں کوئی مسبوق نہیں ہوتا تھا، فجر پڑھنے کا مسنون طریقہ یہی ہے، مگر اب لوگوں میں سستی آگئی ہے پھر ہم عجمی قرآن سمجھتے نہیں، اس لئے صورتِ حال بدل گئی ہے، بہر حال فجر میں رکعتیں نہیں بڑھائی گئیں بلکہ اس کی جگہ طویل قراءت مسنون کی گئی، اور مغرب کو سفر وحضر میں اس کی حالت پر برقرار رکھا گیا، چنانچہ سفر میں بھی مغرب تین ہی رکعت فرض ہیں، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ مغرب میں قصر اس لئے نہیں کہ ڈیڑھ رکعت کیسے پڑھیں گے؟ یہ بات صحیح نہیں، اس لئے کہ قصر کے لئے آدھا ہونا ضروری نہیں، دو رکعتیں بھی پڑھ سکتے ہیں، صحیح بات یہ ہے کہ مغرب شروع ہی سے تین رکعتیں فرض کی گئی ہیں، اور وہ سفر وحضر میں اپنی اصلی حالت پر ہے، اور فجر بھی اپنی اصلی حالت پر ہے، اور ظہرین اور عشاء کو سفر میں اصل حالت پر قرار رکھا۔ اور حضر میں ان میں دو رکعتوں کا اضافہ کیا گیا، اس کی دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جو باب کے آخر میں آرہی ہے۔

خلاصۂ کلام: کیف عام ہے، چاروں قسموں کو شامل ہے، مگر **فی الإسراء** کی قید سے باب خاص ہو گیا، اب یا تو کیف بمعنی کم مراد ہے یا کیف مکانی مراد ہے، اگر حضرتؒ یہ قید نہ لگاتے تو باب چاروں قسموں کو عام رہتا۔

فائدہ (۱): معراج کا واقعہ کب پیش آیا؟ اس سلسلہ میں سن، ماہ، تاریخ اور دن سب میں اختلاف ہے، سن میں چار قول ہیں: ۵ نبوی، ۶ نبوی، ۱۱ نبوی اور ۱۲ نبوی۔ اور مہینہ کے بارے میں پانچ قول ہیں: ماہ ربیع الاول، ربیع الآخر، رجب، رمضان اور شوال۔ اور تاریخ کے بارے میں دو قول ہیں: ۱۷ اور ۲۷۔ اور دن کے بارے میں تین قول ہیں: بار کی رات، جمعہ کی رات اور پیر کی رات، اور لوگوں میں مشہور یہ ہے کہ معراج کا واقعہ ہجرت سے ایک سال پہلے ۲۷ رجب کی شب میں پیش آیا ہے، واللہ اعلم (ہدایت القرآن ۵: ۳۲)

فائدہ (۲): حاشیہ میں لکھا ہے کہ آپ ﷺ کو تین مرتبہ معراج ہوئی ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ چھ مرتبہ معراج ہوئی ہے، پانچ منامی معراجیں ہیں اور ایک کے بارے میں اختلاف ہے، حضرت عائشہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ وہ بھی منامی تھی، باقی سب صحابہ اس کو حالت بیداری میں اور جسمانی مانتے ہیں۔

ملحوظہ: یہ طویل حدیث ہے اور مشہور ہے، آپ حضرات کی پڑھی ہوئی اور سنی ہوئی ہے، زیادہ تفصیل کی ضرورت نہیں،

چند ٹکڑوں میں ترجمہ اور ضروری وضاحت کے ساتھ پیش ہے۔

[۳۴۹-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ أَبُوْ ذَرٍّ يُحدِّثُ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" فُرِجَ عَنْ سَقْفِ بَيْتِيْ وَأَنَا بِمَكَّةَ، فَنزَلَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَفرَجَ صَدْرِيْ، ثُمَّ غَسَلَهُ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ جَاءَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ، مُمْتَلِئٍ حِكْمَةً وَإِيْمَانًا، فَأَفْرَغَهُ فِيْ صَدْرِيْ، ثُمَّ أَطْبَقَهُ، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِيْ فَعَرَجَ بِيْ إِلٰى السَّمَاءِ [الدُّنْيَا]، فَلَمَّا جِئْتُ إِلٰى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، قَالَ جِبْرِيْلُ عليه السلام لِخَازِنِ السَّمَاءِ: افْتَحْ، قَالَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَاجِبْرِيْلُ، قَالَ: هَلْ مَعَكَ أَحَدٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، مَعِيْ مُحَمَّدٌ [صلى الله عليه وسلم] فَقَالَ أَأُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا فُتِحَ عَلَوْنَا السَّمَاءَ الدُّنْيَا، فَإِذَا رَجُلٌ قَاعِدٌ عَلٰى يَمِيْنِهِ أَسْوِدَةٌ، وَعَلٰى يَسَارِهِ أَسْوِدَةٌ، إِذَا نَظَرَ قِبَلَ يَمِيْنِهِ ضَحِكَ، وَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ يَسَارِهِ بَكَى، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ، وَالاِبْنِ الصَّالِحِ، قُلْتُ لِجِبْرِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا آدَمُ، وَهٰذِهِ الْأَسْوِدَةُ عَنْ يَمِيْنِهِ وَشِمَالِهِ نَسَمُ بَنِيْهِ، فَأَهْلُ الْيَمِيْنِ مِنْهُمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ، وَالْأَسْوِدَةُ الَّتِيْ عَنْ شِمَالِهِ أَهْلُ النَّارِ، فَإِذَا نَظَرَ عَنْ يَمِيْنِهِ ضَحِكَ، وَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ شِمَالِهِ بَكَى، حَتّٰى عُرِجَ بِيْ إِلٰى السَّمَاءِ الثَّانِيَةِ، فَقَالَ لِخَازِنِهَا: افْتَحْ، فَقَالَ لَهُ خَازِنُهَا مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُ فَفُتِحَ"

قَالَ أَنَسٌ: فَذَكَرَ أَنَّهُ وَجَدَ فِيْ السَّمٰوَاتِ آدَمَ، وَإِدْرِيْسَ، وَمُوْسٰى، وَعِيْسٰى، وَإِبْرَاهِيْمَ، وَلَمْ يُثْبِتْ كَيْفَ مَنَازِلُهُمْ، غَيْرَ أَنَّهُ ذَكَرَ أَنَّهُ وَجَدَ آدَمَ فِيْ السَّمَاءِ الدُّنْيَا، وَإِبْرَاهِيْمَ فِيْ السَّمَاءِ السَّادِسَةِ.

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ یہ حدیث بیان کیا کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے گھر کی چھت کھولی گئی درانحالیکہ میں مکہ میں تھا، یعنی یہ ہجرت سے پہلے کا واقعہ ہے، پس حضرت جبرئیل علیہ السلام گھر میں داخل ہوئے، پس میرے سینہ کو کھولا پھر اس کو زم زم کے پانی سے دھویا، پھر ایک سونے کا تھال لائے جس میں ایمان ویقین اور دانشمندی بھری ہوئی تھی، اور اس کو میرے سینہ میں انڈیل دیا، پھر سینہ کو بند کر دیا، پھر میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے لے کر پہلے آسمان پر چڑھے، پس جب میں پہلے آسمان پر پہنچا تو حضرت جبرئیلؑ نے دربان سے کہا: دروازہ کھولو، اس نے پوچھا: کون ہے؟ انھوں نے کہا: یہ جبرئیلؑ ہیں (هذا جبرئیل: یہ التفات ہے، اور التفات سے ادبیت پیدا ہوتی ہے، تفصیل آپ نے مختصر المعانی میں پڑھی ہے) اس نے پوچھا: کیا آپ کے ساتھ اور بھی کوئی ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں میرے ساتھ محمد ﷺ ہیں، اس نے پوچھا: کیا آپ کو ان کے لانے کے لئے بھیجا گیا ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں، پس جب دروازہ کھولا گیا تو ہم آسمان دنیا پر چڑھے، پس اچانک وہاں ایک شخص بیٹھے ہیں، ان کی دائیں جانب کچھ اشخاص ہیں اور ان کی بائیں جانب کچھ اشخاص ہیں، جب وہ دائیں طرف دیکھتے ہیں تو ہنستے ہیں اور جب بائیں جانب دیکھتے ہیں تو روتے ہیں،

پس انھوں نے کہا: خوش آمدید اے نیک پیغمبر اور اچھے بیٹے! میں نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا: یہ کون ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ آدم علیہ السلام ہیں اور یہ دائیں بائیں جو اشخاص ہیں وہ ان کی اولاد کی روحیں ہیں، ان میں سے دائیں جانب والے جنتی ہیں اور ان کی بائیں جانب کے لوگ جہنمی ہیں، پس جب وہ دائیں جانب دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں، اس لئے ہنستے ہیں اور جب بائیں جانب دیکھتے ہیں تو غمگین ہوتے ہیں اس لئے روتے ہیں، یہاں تک کہ حضرت جبرئیلؑ مجھے دوسرے آسمان پر لے کر چڑھے اور اس آسمان کے دربان سے بھی کہا: دروازہ کھولو، تو اس دربان نے بھی حضرت جبرئیل علیہ السلام سے وہی سوال وجواب کیا جو پہلے آسمان والے نے کیا تھا، پھر دروازہ کھول دیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آسمانوں میں حضرات آدم، ادریس، موسیٰ، عیسیٰ اور ابراہیم علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ملاقات ہوئی (یہ سب حضرات آپؐ کے استقبال کے لئے وہاں موجود تھے) اور ان کی جگہیں بیان نہیں کیں (بالاجمال اتنا بتایا کہ یہ یہ انبیاء استقبال کے لئے آسمانوں میں تھے) بجز اس کے کہ انھوں نے یہ بیان کیا کہ پہلے آسمان میں حضرت آدم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی، اور چھٹے آسمان میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے، یعنی ان دونوں کی جگہوں کی تعیین کی۔

تشریح:

۱- ایک رات سرور دو عالم ﷺ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہ کے مکان میں آرام فرما تھے اور نیم خوابی کی حالت تھی کہ یکا یک چھت پھٹی، اور حضرت جبرئیل امین علیہ السلام اندر تشریف لائے اور آپؐ کو جگایا اور مسجدِ حرام لے گئے، آپ حطیم میں جا کر سو گئے، پھر حضرت جبرئیل اور حضرت میکائیل علیہما السلام نے آپؐ کو جگایا اور زم زم پر لائے اور سینۂ مبارک چاک کیا، اور قلب مبارک کو زم زم سے دھویا، پھر ایک سونے کا تھال لائے جو ایمان وحکمت سے بھرا ہوا تھا، اس ایمان وحکمت کو قلب مبارک میں بھر کر سینہ ٹھیک کر دیا، تا کہ قلب مبارک عالم ملکوت کی سیر اور تجلیات الٰہیہ اور آیاتِ ربانیہ کا مشاہدہ کر سکے اور اللہ عز وجل کے کلام کا تحمل کر سکے، بعد ازاں براق پر سوار کر کے مسجد حرام سے مسجد اقصی لے گئے، بُراق: بَرْق سے ہے جس کے معنی ہیں تجلی، اور اس سواری کو براق اس کی برق رفتاری کی وجہ سے کہا گیا ہے، یہ سواری جنت سے لائی گئی تھی، اور وہ سفید لانبے قد کا ایک چوپایہ تھا، گدھے سے کچھ بڑا اور خچر سے کچھ چھوٹا، اور یہ جو مشہور ہے کہ اس کا چہرہ عورت جیسا اور جسم گھوڑے جیسا تھا وہ محض بے اصل بات ہے، اور اس سواری کی تیز رفتاری کا حال یہ تھا کہ وہ اپنا پیر منتہائے نظر پر رکھتی تھی، آپ اس پر سوار ہو کر بیت المقدس پہنچے اور اس کنڈے سے اس کو باندھ دیا جس سے انبیاء اپنی سواریاں باندھا کرتے تھے، پھر آپؐ مسجد میں تشریف لے گئے اور اس کی محراب میں تحیۃ المسجد ادا فرمائی، اس وقت مسجد اقصیٰ منہدم کر دی گئی تھی، مگر پوری ختم نہیں ہوئی تھی، محراب باقی تھی، صخرۃ اپنی جگہ پر تھا اور باقی مسجد کو کوڑی دان بنا دیا گیا تھا، تاریخ طبری وقائع سن ۱۵ ہجری میں اس کی صراحت ہے۔ پھر ایک زینہ (لفٹ) لایا گیا جس میں درجے بنے ہوئے تھے، اس کے ذریعہ آپؐ آسمانوں پر چڑھے، مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصی تک کا سفر اسراء کہلاتا ہے، اور مسجدِ اقصیٰ سے آسمانوں کے اوپر تک کی سیر معراج کہلاتی ہے، اسراء کے معنی

ہیں: رات میں چلنا، اور أسری بہ کے معنی ہیں: رات میں لے چلنا، چونکہ یہ سفر رات میں کرایا گیا تھا اس لئے وہ اسراء کہلاتا ہے، اور معراج کے معنی ہیں: سیڑھی، چونکہ آسمانوں پر چڑھنے کے لئے سیڑھی لگائی گئی تھی اس لئے اس سفر کو معراج کہتے ہیں، مگر عرف عام میں دونوں کے مجموعہ کو معراج کہتے ہیں۔

۲- حضرت جبرئیل علیہ السلام جو خلاف معمول چھت کھول کر اندر آئے تھے اس کی علماء نے متعدد حکمتیں بیان فرمائی ہیں، ایک حکمت یہ بیان کی ہے اس طرح آپؐ کو شق صدر پر مطمئن کرنا تھا کہ جس طرح حضرت جبرئیل کے چھت کھولنے میں نہ مٹی گری اور نہ کوئی عیب پیدا ہوا، اسی طرح وہ شق صدر کریں گے، اور بغیر کسی تکلیف کے سینہ چاک کر کے ٹھیک کر دیں گے آپؐ کو بالکل مطمئن رہنا چاہئے۔

۳- حضرت جبرئیل علیہ السلام جس سونے کے تھال میں ایمان وحکمت بھر کر لائے تھے وہ جنت کا مظروف تھا، اور جنت کے سونے چاندی کے ظروف کا استعمال جائز ہے، جنتی جنت میں وہی ظروف استعمال کریں گے، لہٰذا یہ اشکال نہیں ہونا چاہئے کہ سونے کے برتن کا استعمال جائز نہیں، حضرت جبرئیلؑ نے اس کو کیسے استعمال کیا؟ علاوہ ازیں: یہ حکم انسانوں کے لئے ہے، اور حضرت جبرئیل علیہ السلام انسان نہیں فرشتہ ہیں۔

۴- حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کی دائیں پیٹھ پر ہاتھ پھیرا تو ان کی قیامت تک کی تمام نیک اولاد نکل آئی، پھر بائیں پیٹھ پر ہاتھ پھیرا تو ان کی قیامت تک کی تمام بری اولاد نکل آئی، یہ مضمون قرآنِ کریم (اعراف ۱۷۲) میں بھی ہے اور احادیث میں بھی، اور معراج میں نبی ﷺ نے حضرت آدم علیہ السلام کے دائیں بائیں جو لوگ دیکھے تھے وہ بنی آدم کی روحیں تھیں، دائیں جانب نیک اور جنتی روحیں تھیں ان کو دیکھ کر حضرت آدم خوش ہوتے تھے اور ہنستے تھے، اور بائیں جانب بری اور جہنمی روحیں تھیں ان کو دیکھ کر آپ غمگین ہوتے تھے اور روتے تھے۔

قَالَ أَنَسٌ: فَلَمَّا مَرَّ جِبْرِيْلُ عليه السلام بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِإِدْرِيْسَ، قَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْأَخِ الصَّالِحِ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا إِدْرِيْسُ، ثُمَّ مَرَرْتُ بِمُوْسَى، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْأَخِ الصَّالِحِ، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا مُوْسَى، ثُمَّ مَرَرْتُ بِعِيْسَى فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْأَخِ الصَّالِحِ قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ هٰذَا عِيْسٰى، ثُمَّ مَرَرْتُ بِإِبْرَاهِيْمَ، فَقَالَ مَرْحبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالِابْنِ الصَّالِحِ، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا إِبْرَاهِيْمُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب حضرت جبرئیل علیہ السلام نبی ﷺ کو حضرت ادریس علیہ السلام کے پاس سے لے کر گذرے تو انھوں نے کہا: خوش آمد نیک پیغمبر اور بہترین بھائی! میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ جبرئیلؑ نے کہا: یہ ادریسؑ ہیں، پھر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرا، انھوں نے بھی یہی کہا: خوش آمدید نیک پیغمبر اور بہترین

بھائی! میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ جبرئیلؑ نے کہا: یہ موسیٰؑ ہیں، پھر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرا، انھوں نے بھی کہا: خوش آمدید نیک پیغمبر اور بہترین بھائی! میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ جبرئیلؑ نے بتایا: یہ عیسیٰ ہیں، پھر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس سے گذرا انھوں نے کہا: خوش آمدید نیک پیغمبر اور بہترین بیٹے! میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ جبرئیلؑ نے کہا: یہ ابراہیم ہیں۔

تشریح:

۱- پہلے آسمان پر حضرت آدم سے، دوسرے پر حضرت یحیٰ اور حضرت عیسیٰ سے، تیسرے پر حضرت یوسف سے، چوتھے پر حضرت ادریس سے، پانچویں پر حضرت ہارون سے، چھٹے پر حضرت موسیٰ سے اور ساتویں پر حضرت ابراہیم علیہم السلام سے ملاقات ہوئی تھی، تمام انبیاء نے آپؐ کا استقبال کیا اور آپؐ کو خوش آمدید کہا اور دعائیں دیں، یہ ترتیب مسلم شریف کی حدیث (نمبر ۲۵۹) میں آئی ہے۔ اور یہاں حضرت ابوذرؓ کی حدیث میں یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے چھٹے آسمان میں ملاقات ہوئی، اس کی توجیہ علماء نے یہ کی ہے کہ حضرت ابراہیم نے آپؐ کا استقبال چھٹے آسمان پر کیا تھا اور ساتویں آسمان تک آپؐ کے ساتھ رہے تھے، پس دونوں باتیں صحیح ہیں۔

۲- حضرت آدم علیہ السلام ابوالبشر ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی آپؐ کے اجداد میں سے ہیں اس لئے دونوں حضرات نے ابن کہا، اور باقی انبیاء نے أخ کہا، اور حضرت ادریس علیہ السلام نے بھی أخ کہا، اس سے معلوم ہوا کہ وہ نبی ﷺ کے اجداد میں نہیں، یہی رائے امام بخاری رحمہ اللہ کی ہے، حضرت نے کتاب الانبیاء باب ۴ میں فرمایا ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام ہی درحقیقت حضرت ادریس علیہ السلام ہیں، اور وہ بنی اسرائیل کے انبیاء میں سے ہیں، مگر دوسری رائے یہ ہے کہ حضرت ادریس کا زمانہ حضرت نوح علیہ السلام سے پہلے ہے، اور وہ بھی آپؐ کے اجداد میں ہیں، چنانچہ ایک روایت میں انھوں نے بھی ابن کہا ہے۔

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِیْ ابْنُ حَزْمٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، وَأَبَا حَبَّةَ الْأَنْصَارِیَّ، کَانَا یَقُوْلَانِ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "ثُمَّ عُرِجَ بِیْ حَتّٰی ظَهَرْتُ لِمُسْتَوًی أَسْمَعُ فِیْهِ صَرِیْفَ الْأَقْلَامِ" قَالَ ابْنُ حَزْمٍ، وَأَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " فَفَرَضَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلٰی أُمَّتِیْ خَمْسِیْنَ صَلَاةً، فَرَجَعْتُ بِذٰلِكَ حَتّٰی مَرَرْتُ عَلٰی مُوْسَی، فَقَالَ: مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَكَ عَلٰی أُمَّتِكَ؟ قُلْتُ: فَرَضَ خَمْسِیْنَ صَلَاةً، قَالَ: فَارْجِعْ إِلٰی رَبِّكَ، فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِیْقُ [ذٰلِكَ] فَرَاجَعْتُ، فَوَضَعَ شَطْرَهَا، فَرَجَعْتُ إِلٰی مُوْسٰی، قُلْتُ: وَضَعَ شَطْرَهَا، فَقَالَ: رَاجِعْ رَبَّكَ فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِیْقُ ذٰلِكَ، فَرَاجَعْتُ، فَوَضَعَ شَطْرَهَا، فَرَجَعْتُ إِلَیْهِ، فَقَالَ: ارْجِعْ إِلٰی رَبِّكَ، فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِیْقُ ذٰلِكَ، فَرَاجَعْتُهُ، فَقَالَ: هِیَ خَمْسٌ وَهِیَ خَمْسُوْنَ، لَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ، فَرَجَعْتُ إِلٰی مُوْسَی، فَقَالَ: رَاجِعْ رَبَّكَ، فَقُلْتُ: اسْتَحْیَیْتُ مِنْ رَبِّیْ، ثُمَّ انْطَلَقَ بِیْ حَتّٰی انْتَهٰی بِیْ إِلٰی سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی،

وَغَشِيَهَا أَلْوَانٌ لاَ أَدْرِیْ مَاهِيَ، ثُمَّ أُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ، فَإِذَا فِيهَا حَبَائِلُ اللُّؤْلُؤِ، وَإِذَا تُرَابُهَا الْمِسْكُ“

[انظر: ١٦٣٦، ٣٣٤٢]

ترجمہ: ابن شہاب زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھے ابن حزمؒ نے خبر دی کہ ابن عباس اور ابو حبہ انصاری رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: پھر مجھے لے کر چڑھا گیا یہاں تک کہ میں اس لیول پر پہنچ گیا، جہاں میں قلم کی سرسراہٹ سن رہا تھا، ابن حزم اور انس بن مالک کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: پس اللہ عزوجل نے مجھ پر پچاس نمازیں فرض کیں، پس میں ان کو لے کر واپس آیا یہاں تک کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرا، انھوں نے پوچھا: اللہ نے آپؐ کے فائدے کے لئے آپؐ کی امت پر کیا فرض کیا؟ میں نے کہا: پچاس نمازیں فرض کیں، موسیٰؑ نے کہا: اپنے رب کے پاس واپس جائیں (اور تخفیف کی درخواست کریں) اس لئے کہ آپؐ کی امت اس کی طاقت نہیں رکھتی (وہ پچاس نمازیں نہیں پڑھ سکے گی) پس میں واپس گیا تو اللہ تعالیٰ نے بعض (پانچ) نمازیں معاف کردیں (شطر کا ترجمہ یہاں آدھا ٹھیک نہیں) میں پھر حضرت موسیٰ کے پاس آیا اور بتایا کہ اللہ نے کچھ نمازیں معاف کردیں، انھوں نے پھر واپس جانے کے لئے کہا اور یہ کہا کہ آپؐ کی امت اتنی نمازیں بھی نہیں پڑھ سکے گی، چنانچہ میں دوبارہ اللہ کے دربار میں پہنچا، اللہ نے کچھ اور معاف کردیں، میں نے واپس آ کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس کی خبر دی تو انھوں نے پھر واپس جانے اور تخفیف کی درخواست کرنے کے لئے کہا، چنانچہ میں پھر واپس گیا، تو اللہ عزوجل نے فرمایا: یہ پانچ ہیں اور یہ پچاس ہیں، یعنی یہ حقیقتاً پانچ ہیں مگر حکماً پچاس ہیں، ان پانچ پر پچاس کا ثواب ملے گا، ہماری بات بدلتی نہیں، پھر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس واپس آیا تو انھوں نے کہا: پھر واپس جایئے اور تخفیف کی درخواست کیجئے، میں نے انکار کیا کہ اب مجھے واپس جانے میں شرم آتی ہے، پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام مجھے لے کر چلے یہاں تک کہ باڑ کی بیری پر پہنچے، اس درخت پر مختلف الوان چھا رہے تھے، میں نہیں جانتا کہ وہ کیا تھے، پھر میں جنت میں داخل کیا گیا تو اس میں موتیوں کی رسیاں (جھاڑ فانوس) لٹک رہی تھیں، اور جنت کی مٹی مشک کی تھی۔

قولہ: قال ابن شهاب: یہاں سے دوسری حدیث شروع ہوئی ہے، پہلی حدیث ابن شہاب زہریؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت کی تھی، اور اس حدیث کو وہ ابن حزم کے واسطہ سے ابن عباس اور ابو حیّہ انصاریؓ سے روایت کرتے ہیں۔

قولہ: قال ابن حزم وأنس: یہ تیسری حدیث ہے اور اس کو ابن شہاب: ابن حزم اور حضرت انسؓ دونوں سے روایت کرتے ہیں۔

قولہ: أَسْمَعُ فيه صَرِيْفَ الأقلام: سن رہا ہوں میں اس مقام میں قلموں کے چلنے کی آواز کو، سرسراہٹ کو ـــــ انبیاء سے ملاقات کے بعد آپؐ آگے تشریف لے گئے اور ایسے مقام پر پہنچے جہاں کِلْكِ کرّوبیوں کی آواز سنائی دے رہی تھی، یعنی

بارگاہ کے بالکل قریب پہنچ گیا (کلک: قلم، کرّوبی: مقرب فرشتہ)

قولہ: وضع شَطْرَها: حضور اقدس ﷺ کو اللہ عزوجل نے جو خاص تحفہ عنایت فرمایا تھا وہ پچاس نمازیں تھیں، جب آپؐ یہ تحفہ لے کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرے اور ان کے پوچھنے پر بتلایا کہ امت کے لئے یہ سوغات ملی ہے تو انھوں نے واپس لوٹنے کا اور تخفیف کی درخواست کرنے کا مشورہ دیا، اور فرمایا: آپؐ کی امت پچاس نمازیں نہیں پڑھ سکے گی، میں بنی اسرائیل کو آزما چکا ہوں، چنانچہ نبی ﷺ بارگاہِ خداوندی میں واپس گئے اور تخفیف کی درخواست کی، ہر بار پانچ نمازیں کم ہوئیں، یہاں حدیث میں لفظ شطر ہے اس کا ترجمہ بعض (کچھ) ہے، اور کسی روایت میں ایک مرتبہ میں دس یا پندرہ کم کرنے کا تذکرہ ہے وہ راوی نے چند مرتبہ کو جمع کیا ہے۔

جب پانچ نمازیں رہ گئیں تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پھر بھی واپس جانے کے لئے کہا مگر آنحضور ﷺ نے فرمایا: اب شرم آتی ہے، پس وحی آئی کہ یہ شب وروز میں پانچ نمازیں ہیں مگر ہر نماز کا دس گنا بدلہ ہے پس مجموعہ پچاس ہوگیا، اس طرح پہلا قول حکماً برقرار رہا۔ اور یہاں حدیث میں یہ ہے کہ نبی ﷺ جب آخری مرتبہ درخواست لے کر گئے تو نمازوں کی تعداد پانچ کردی گئی، اور یہ مژدہ سنایا گیا کہ یہ حکماً پچاس ہیں، یہ واقعہ کے متعلقات میں اختلاف ہے، واقعہ کی اصل صورت وہ ہے جو میں نے اوپر بیان کی کہ جب پانچ نمازیں رہ گئیں اور حضرت موسیٰ نے پھر واپس جانے کے لئے کہا اور نبی ﷺ نے عذر کیا تو وحی آئی اور یہ خوشخبری سنائی گئی، ترمذی کی روایت (حدیث ۲۰۹) میں ثم نُودی ہے جس سے میری بیان کردہ بات کی تائید ہوتی ہے۔

سوال: آنحضور ﷺ نو مرتبہ آئے گئے اور آپؐ کو شرم نہیں آئی۔ دسویں بار درخواست کرتے ہوئے شرم کیوں آئی؟

جواب: حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے پاس جانے سے شرم نہیں آئی بلکہ امت کے پاس خالی ہاتھ جانے سے شرم آئی، ہر بار پانچ نمازیں معاف ہورہی تھیں، اس بار پھر جائیں گے تو وہ پانچ بھی ختم ہوجائیں گی، پس امت کے پاس خالی ہاتھ جانا پڑے گا اس سے نبی ﷺ کو شرم آئی، مگر حدیث کے الفاظ اسْتَحْیَیْتُ رَبی: کا مفاد یہ ہے کہ اللہ کے پاس جانے سے شرم آئی، اور مذکورہ اعتراض کا جواب یہ ہے کہ جب تک اللہ نے چاہا شرم نہیں آئی، اور جب اللہ کی مشیت ٹھہری کہ پانچ نمازیں امت پر فرض رہیں تو نبی ﷺ کے قلب اطہر میں شرم ڈالی گئی ﴿وَمَا تَشَاؤُنَ اِلَّآ اَنْ یَّشَاءَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ﴾

پھر آنحضور ﷺ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ سدرۃ المنتہی (باڑ کی بیری) تک گئے، یہ جگہ نیچے والی کائنات کی سرحد ہے، اور اس سے آگے علویات کے درجات ہیں، فرشتے اعمال کو سدرۃ المنتہی تک لے جاتے ہیں، اور متعلقہ احکام وہیں سے لاتے ہیں، اس سے آگے نیچے والے فرشتے نہیں جاسکتے، چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بھی یہاں پہنچ کر سپر ڈال دی، اور آگے رفاقت سے معذرت کردی، شیخ سعدی رحمہ اللہ نے اس مضمون کو ایک شعر میں باندھا ہے:

گر یک سرِ مُو برتر پرم ❁ فروغ تجلی بسوزد پرم

(اگر میں بال برابر بھی آگے بڑھوں تو تجلی کی چمک میرے پر جلادے گی)

چنانچہ وہاں سے آگے حضور اقدس ﷺ تنہا گئے، اور جنت کی سیر فرمائی، اس میں موتیوں کے جھاڑ فانوس لٹکے ہوئے تھے اور جنت کی مٹی مشک کی تھی، یعنی مٹی مشک کی طرح معطر تھی ـــــ آپؐ فرماتے ہیں: میں نے سدرۃ المنتہی کو دیکھا، اس کو طرح طرح کے رنگوں نے چھپا رکھا تھا، لیکن ان رنگوں کی حقیقت مجھے معلوم نہ ہوسکی۔ اور بعض روایت میں آیا ہے کہ اس بیری کے پتے ہاتھی کے کان کے برابر تھے، اور اس کے پھل مٹکوں جیسے تھے، پھر جب اس بیری کے درخت پر بحکم خداوندی انوار چھاگئے جو چھاگئے تو اس کا حسن اس درجہ دوبالا ہوگیا کہ اللہ کی مخلوق میں سے کوئی اس کی خوبصورتی بیان نہیں کرسکتا (مسلم حدیث ۲۵۹) اور ایک روایت میں ہے کہ آپؐ نے سدرۃ المنتہی کو دیکھا جس پر اللہ تعالیٰ کے حکم سے سونے کے پتنگے اور مختلف رنگوں کے پروانے گر رہے تھے (مسلم شریف حدیث ۲۷۹) اور وہاں آپؐ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصل شکل میں دیکھا کہ ان کے چھ سو بازو ہیں (مسلم حدیث ۲۸۰)

قولہ: حبائل اللُّؤْلُؤ: اس کے معنی ہیں: موتیوں کی رسیاں۔ حاشیہ میں لکھا ہے کہ اکثر محدثین کے نزدیک یہ تصحیف ہے، صحیح لفظ جنابذ ہے، آئندہ حدیث (نمبر ۳۳۴۲) میں یہی لفظ آرہا ہے اور یہ جُنْبُذ کی جمع ہے، اور یہ گنبد کی عربی ہے، گنبد فارسی لفظ ہے، ہم نے اس کا ترجمہ موتیوں کے جھاڑ فانوس کیا ہے۔

[۳۵۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ: فَرَضَ اللّٰهُ الصَّلَاةَ حِيْنَ فَرَضَهَا رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ، فَأُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ، وَزِيْدَ فِيْ صَلَاةِ الْحَضَرِ. [انظر: ۱۰۹۰، ۳۹۳۵]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: اللہ عزوجل نے جب نمازیں فرض کیں تو دو دو رکعت فرض کیں، حضر میں بھی اور سفر میں بھی، پھر سفر کی نماز کو اس کی اصلی حالت پر برقرار رکھا اور حضر کی نماز میں اضافہ فرمایا۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز شروع میں موجودہ شکل پر فرض نہیں ہوئی، بلکہ اس میں بعد میں تبدیلی آئی ہے، ابتداء میں سب نمازیں مغرب کے علاوہ دو دو رکعت فرض کی گئی تھیں، سفر میں بھی اور حضر میں بھی، پھر سفر کی نماز کو اس کی اصلی حالت پر برقرار رکھا اور حضر میں ظہرین اور عشاء میں دو دو رکعت کا اضافہ کیا اور فجر میں طویل قراءت مسنون کی، اور مغرب میں کوئی تبدیلی نہیں کی، نہ رکعت میں اضافہ کیا اور نہ طویل قراءت مسنون کی ـــــ اور یہ حدیث امام اعظم رحمہ اللہ کی صریح دلیل ہے، ان کے نزدیک سفر میں اتمام جائز نہیں، دیگر ائمہ کے نزدیک سفر میں قصر کی اجازت رخصت ترفیہ ہے، پس اتمام جائز ہے، تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔

أَبْوَابُ ثِيَابِ الْمُصَلِّيْ

بابُ وُجُوْبِ الصَّلاَةِ فِي الثِّيَابِ

صحت صلاۃ کے لئے ستر عورت شرط ہے

یہاں سے أبوابُ ثیاب المصلّی یا: أبواب سَتر العورۃ شروع ہورہے ہیں۔ کتنے کپڑوں میں نماز پڑھنی چاہئے؟ اس سلسلہ میں قرآنِ کریم میں جو ہدایت ہے، پہلے وہ جاننی چاہئے، ارشادِ پاک ہے: ﴿يٰبَنِيْ آدَمَ قَدْ أَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْآتِكُمْ وَرِيْشًا، وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ﴾ (اعراف آیت ۲۶) اے آدمیو! ہم نے تم پر ایسا لباس اتارا ہے جو تمہاری شرم کی جگہوں کو چھپاتا ہے اور آرائش کے کپڑے اور پرہیزگاری کا لباس سب سے بہتر ہے —— یہ آیت لباس کے سلسلہ میں ہے، نماز کے کپڑوں کے بارے میں نہیں ہے، مگر نمازی کے کپڑوں سے اس کا من وجہ تعلق ہے۔

اس آیت میں لباس کے تین درجے بیان فرمائے ہیں:

پہلا درجہ: لباس سوءۃ (شرم کی جگہوں) کو چھپاتا ہے، سوءۃ: وہ اعضاء ہیں جن کا کھلا رہنا خود انسان کو بھی برا لگتا ہے اور دوسروں کو بھی، احناف کے نزدیک ناف کے نیچے سے گھٹنے کے نیچے تک کا حصہ سوءۃ ہے، ناف سوءۃ میں داخل نہیں، اور شوافع کے نزدیک گھٹنے بھی داخل نہیں، اور مالکیہ کے نزدیک ران بھی داخل نہیں، ان کے نزدیک ناف کے نیچے جہاں بال اُگتے ہیں وہاں سے لے کر اگلی پچھلی شرم گاہیں اور ان کا ارد گرد سوءۃ ہے، ران ننگا پانہیں، کیونکہ ان کا کھولنا انسان کو خود بھی برا نہیں لگتا اور دوسروں کو بھی برا نہیں لگتا، مزدور ران کھولے ہوئے کام کرتے ہیں، تفصیل کہیں آگے آئے گی، یہاں بس اتنا جاننا چاہئے کہ ﴿يُوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ﴾ لباس کا پہلا درجہ ہے، یعنی ستر عورت ہر حال میں فرض ہے نماز کے ساتھ اس کی کوئی تخصیص نہیں۔

دوسرا درجہ: ریش کا ہے، ریش پرندے کے پروں کو کہتے ہیں، پرندے کے لئے اس کے پر زینت ہیں، پروں کے بغیر پرندہ برا معلوم ہوتا ہے، پروں کے ساتھ خوبصورت معلوم ہوتا ہے۔ اسی طرح لباس بھی انسان کے لئے زینت ہے، اس سے آدمی خوبصورت معلوم ہوتا ہے اور لباس کے اس درجہ کے ساتھ نماز کا تعلق ہے۔ ارشادِ پاک ہے: ﴿خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ﴾ (اعراف ۳۱) جب نماز پڑھو تو زینت لے کر پڑھو، مزین ہوکر نماز پڑھو، ریش اور زینت کا ایک ہی مفہوم ہے اور یہ درجہ سارے بدن کو ڈھانکنا ہے، اور سر ڈھانکنا زینت میں داخل ہے یا نہیں؟ فیشن پرست سر ڈھانکنے کو زینت میں نہیں لیتے، ان کے نزدیک سر کھلا رکھنا زینت ہے، اور مردوں ہی کے لئے نہیں عورتوں کے لئے بھی سر کھلا رکھنا زینت ہے، مگر اسلامی تہذیب میں سر ڈھانپنا زینت ہے، تین کپڑے زینت ہیں: ایک: پاجامہ (پاؤں کا کپڑا) خواہ وہ لنگی ہو، شلوار ہو یا کوئی اور کپڑا ہو۔ دوسرا: وہ کپڑا جو پورے بدن کو ڈھانپے خواہ وہ کرتا ہو، چادر ہو یا کوئی اور کپڑا ہو،

تیسرا: سر پوش (سر ڈھانکنے کا کپڑا) اس کا سب سے اعلی درجہ عمامہ ہے پھر ٹوپی، ان تین کپڑوں کا نام اسلامی تہذیب میں زینت ہے۔

تیسرا درجہ: پرہیز گاری والا لباس ہے، یعنی نیک لوگوں کا لباس ہے ﴿ذٰلِكَ خَيْرٌ﴾ اور یہ سب سے بہتر لباس ہے پس اس کو پہنو، کوٹ پتلون صالحین کا لباس نہیں، اسے مت پہنو۔

اور اللہ تعالیٰ نے لباس المتقین (پرہیز گاروں کا لباس) کہنے کے بجائے لباس التقوی (پرہیز گاری کا لباس) کہہ کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ صالحین کے لباس سے پرہیز گاری پیدا ہوتی ہے۔ مفسرین کہتے ہیں: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں جو جادوگر میدان میں اترے تھے انھوں نے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کا لباس پہن رکھا تھا، اللہ تعالیٰ نے اس لباس کی برکت سے ان کو ایمان کی دولت سے نواز دیا، اور یہ تجربہ کی بات ہے جس کا جی چاہے تجربہ کر کے دیکھ لے، ایک مہینہ صالحین کا لباس پہنو اور اس کے اثرات دیکھو اور ایک مہینہ دنیا والوں کا لباس پہنو، اپنے قلب میں تبدیلی محسوس کرو گے۔

سنت لباس کیا ہے؟

سنت لباس کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کا لباس سنت لباس ہے، مگر ساری دنیا کے احوال یکساں نہیں، کہیں بہت زیادہ سردی ہے اور کہیں گرمی، اور کہیں کا موسم معتدل ہے۔ اسی طرح تہذیبیں بھی مختلف ہیں اس لئے کوئی معین لباس ساری دنیا کے لئے سنت نہیں بنسکتا، اس لئے ہر زمانہ میں اور ہر جگہ صالحین کا جو لباس ہے وہی تقوی والا لباس اور سنت لباس ہے، یورپ وامریکہ میں جہاں سردی بہت زیادہ ہوتی ہے علماء اور صالحین بھی پتلون پہنتے ہیں اور اس کے اوپر کرتا پہنتے ہیں پس وہاں وہی لباس التقوی ہے۔ غرض ہر علاقہ میں اور ہر زمانہ میں علماء اور صالحین کا جو لباس ہے وہی لباس التقوی ہے۔ اس لئے اس میں جھگڑنا کہ ٹوپی دوپلی ہو یا گول، پانچ کلی کی ہو یا دس کلی کی؟ کرتا کلی دار ہو یا بغیر کلی کا؟ اس میں جھگڑنا ٹھیک نہیں، علماء اور صلحاء کس قسم کا کرتا پہنتے ہیں اور کیسی ٹوپی اوڑھتے ہیں یہی دیکھنا چاہئے، اگر سب طرح کی ٹوپیاں اوڑھتے ہیں، سب طرح کے کرتے پہنتے ہیں تو وہ سب لباس التقوی ہیں، اور وہی سنت لباس ہے، کوئی مخصوص لباس پرہیز گاری کا لباس نہیں۔

الغرض: اس آیتِ کریمہ میں لباس کے تین درجے کئے ہیں، ستر عورت کا درجہ: لباس کے اس درجہ کا نماز کے ساتھ خاص تعلق نہیں، وہ عام ہے ہر حال میں ستر عورت فرض ہے، نماز میں بھی اور نماز سے باہر بھی، اور زینت کا لباس: یہ دوسرے درجہ کا لباس ہے، اس کا نماز کے ساتھ تعلق ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے سب سے پہلے شرائط صلوٰۃ بیان کئے ہیں، ستر عورت یعنی ننگاپے کو چھپا کر نماز پڑھنا فرض ہے، مگر یہ فرضیت نماز کے ساتھ خاص نہیں، اس لئے ستر عورت کے سلسلہ کے ابواب نہیں لائے، البتہ زینت کا یعنی لباس کے دوسرے درجہ کا نماز کے ساتھ خصوصی تعلق ہے اس لئے اس سلسلہ کے ابواب لائے جو دور تک چلے گئے ہیں۔ پھر استقبال قبلہ کے ابواب لائیں گے اس لئے کہ نماز کے لئے وہ بھی شرط ہے، اور

قبلہ خود بھی ایک مسجد ہے **المسجد الحرام** سے خاص قبلہ ہی مراد ہے، اس مناسبت سے ابواب المساجد شروع ہونگے۔

[۲-] بابُ وُجُوْبِ الصَّلاَةِ فِي الثِّيَابِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ﴾[الأعراف: ۳۱]

[۲-] وَمَنْ صَلَّى مُلْتَحِفًا فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ.

[۳-] وَيُذْكَرُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يَزُرُّهُ وَلَوْ بِشَوْكَةٍ" وَفِيْ إِسْنَادِهِ نَظَرٌ.

[٤-] وَمَنْ صَلَّى فِي الثَّوْبِ الَّذِيْ يُجَامِعُ فِيْهِ مَالَمْ يَرَ فِيْهِ أَذًى.

[٥-] وَأَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ لاَ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ.

باب: کپڑوں میں نماز کا وجوب: یہ فقہ والا وجوب نہیں، بلکہ تاکید شدید کے معنی میں ہے، ثیاب: ثوب کی جمع ہے اور اقل جمع تین ہے، پس باب کا مطلب یہ ہے کہ کم سے کم تین کپڑوں میں نماز پڑھو، اس لئے کہ یہی زینت ہے، اور زینت لے کر نماز پڑھنے کا حکم ہے۔

۱- ارشادِ پاک ہے: ﴿خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ﴾ أي عند كل صلوة: ہر نماز مزین ہو کر پڑھو، اور زینت تین کپڑوں سے حاصل ہوتی ہے: ایک کپڑا پاؤں کے لئے ہونا چاہئے جس کو ہم پاجامہ (پاؤں کا کپڑا) کہتے ہیں، دوسرا کپڑا اس کے اوپر ہونا چاہئے، اور ایک کپڑا سر ڈھانکنے کے لئے ہونا چاہئے، ان تین کپڑوں میں نماز پڑھنا مؤکد ہے۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ اپنے تلامذہ سے بیان کیا کہ ایک کپڑے میں نماز پڑھنا سنت ہے، ہم لوگ نبی ﷺ کے زمانہ میں ایسا کرتے تھے اور ہمارا یہ عمل برا نہیں سمجھا جاتا تھا، حضرت ابی بن کعبؓ کی یہ بات جب حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو پہنچی تو انھوں نے فرمایا: یہ حکم اس صورت میں ہے جب کپڑے کم ہوں، **فأما إذا وسَّع الله فالصلوة في الثوبين أزكى**: اب جب اللہ تعالیٰ نے کشادگی فرمادی تو دو کپڑوں میں نماز پڑھنا افضل ہے (مشکوٰۃ حدیث ۷۷۱) جب اس کی خبر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ہوئی تو انھوں نے حضرت ابن مسعودؓ کی تائید کی اور نو شکلیں بتلائیں، ہر ایک میں دو دو کپڑے بتائے کہ یہ دو کپڑے پہن کر نماز پڑھو[1] یہ روایت آگے چند صفحوں کے بعد آرہی ہے، گویا حضرت ابی بن کعبؓ نے جو ایک کپڑے میں نماز کو سنت کہا ہے وہ سنت نہیں، بلکہ مجبوری کا حکم ہے، اور مجبوری میں ایک کپڑے میں نماز ہوجاتی ہے۔ سنت: ﴿خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ﴾ ہے یعنی مزین ہو کر نماز پڑھنا، اور تزئین کے لئے ایک سے زیادہ کپڑے ضروری ہیں۔

۲- اور جس نے ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھی، اس طرح کہ ستر عورت ہوگیا اور وہ کپڑا پاک بھی ہے تو نماز ہوگئی،

(۱) اور تیسرا کپڑا ٹوپی یا عمامہ ضمناً داخل ہے، تفصیل باب ۹ میں آرہی ہے۔

اس لئے کہ نماز میں اصل فرض ستر عورت ہے، اور وہ متحقق ہوگیا، پس ایک کپڑے میں بھی نماز صحیح ہے۔

۳- اور اگر کوئی شخص صرف کرتا پہن کر نماز پڑھ رہا ہو، اور شرم گاہ پر کوئی دوسرا کپڑا نہ ہو تو گریبان بند کرکے نماز پڑھنی چاہئے، اس لئے کہ اگر نمازی کی نظر اپنی شرم گاہ پر پڑ گئی تو نماز تو نہیں ٹوٹے گی، مگر اس سے نماز میں کراہیت آئے گی، اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا: گریبان بند کرکے نماز پڑھو، چاہے کانٹے سے بند کرو، تاکہ رکوع وغیرہ میں اپنی شرم گاہ پر نظر نہ پڑے اور نماز مکروہ نہ ہو، معلوم ہوا کہ ایک کپڑے میں نماز صحیح ہے۔

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث امام بخاری رحمہ اللہ کی التاریخ الکبیر میں ہے اور صحیح ابن حبان، صحیح ابن خزیمہ اور ابوداؤد شریف (حدیث ۶۳۲) میں بھی ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس حدیث کی تضعیف کی ہے، اور تضعیف کی وجہ موسیٰ بن ابراہیم ہے، امام بخاریؒ کا خیال ہے کہ یہ موسیٰ بن ابراہیم تیمی ہے جو ضعیف ہے، چنانچہ فرمایا: **فی إسنادہ نظر**۔ مگر حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ موسیٰ بن ابراہیم مخزومی ہیں اور وہ ثقہ راوی ہیں، پس یہ حدیث صحیح ہے۔

فائدہ: بعض مسائل میں ضعیف حدیث کے بغیر کام نہیں چل سکتا، امام بخاریؒ کے نزدیک یہ حدیث ضعیف ہے پھر بھی حضرت اس کو لائے ہیں، کیونکہ اس مسئلہ میں دوسری کوئی روایت نہیں، اور ایسی مجبوری میں ضعیف حدیث لی جاتی ہے، امام بخاریؒ نے اس کو لیا ہے، یہ خاص یاد رکھنے کی بات ہے — غرض تین کپڑے ضروری نہیں، ایک کپڑے میں بھی جو ساتر عورت ہو اور پاک ہو نماز ہو جاتی ہے، اور یَزُرُّہ کو غائب کا صیغہ بھی پڑھ سکتے ہیں اور حاضر کا بھی، اس لئے اوپر معاً لکھا ہے۔

۴- جو کپڑا پہن کر بیوی سے صحبت کی ہو اگر اس میں ناپاکی نہیں لگی اور وہ ساتر عورت ہے تو اس کو پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے۔

۵- نبی ﷺ نے ننگے طواف کرنے سے منع فرمایا ہے، کیونکہ طواف بحکم نماز ہے، پس جب طواف میں جو فرع ہے ستر عورت ضروری ہے، تو نماز میں بدرجۂ اولیٰ ستر عورت ضروری ہوگا۔ ستر عورت کے بغیر نماز نہیں ہوگی، البتہ اگر مجبوری ہے، کوئی کپڑا میسر نہیں تو پھر درخت کے پتے یا اخبار وغیرہ لپیٹ کر نماز پڑھے، اور وہ بھی میسر نہ ہوں تو ننگے بیٹھ کر پڑھے، اور رکوع وسجود کے لئے اشارہ کرے، یہ بھی تستر کی ایک صورت ہے۔

[۳۵۱-] حدثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: أُمِرْنَا أَنْ نُخْرِجَ الْحُيَّضَ يَوْمَ الْعِيدَيْنِ وَذَوَاتِ الْخُدُوْرِ، فَيَشْهَدْنَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَدَعْوَتَهُمْ، ويَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ عَنْ مُصَلَّاهُنَّ، قَالَتِ امْرَأَةٌ: يَارسولَ اللهِ! إِحْدَانَا لَيْسَ لَهَا جِلْبَابٌ، قَالَ: "لِتُلْبِسْهَا صَاحِبَتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا"

وَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ رَجَاءٍ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا أُمُّ عَطِيَّةَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا. [راجع: ۳۲۴]

یہ حدیث کتاب الحیض (باب ۲۳) میں گذری ہے۔ نبی ﷺ نے سیانی لڑکیوں کو، پردہ نشین خواتین کو حتی کہ حائضہ اور

نفساء کو بھی عیدگاہ جانے کا حکم دیا تا کہ وہ وعظ ونصیحت میں اور دعاؤں میں شرکت کریں، البتہ حائضہ عورتیں نمازی عورتوں سے الگ بیٹھیں، عرض کیا گیا: یارسول اللہ! اگر کسی عورت کے پاس چادر نہ ہو (آج کی اصطلاح میں برقعہ نہ ہو) تو کیا اس پر بھی نکلنا ضروری ہے؟ آپؐ نے فرمایا: دوسری عورت سے برقعہ عاریۃً لے لے یا ایک برقعہ اور ایک چادر میں دو لپٹ کر جائیں —— اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ جب عیدگاہ جانے کے لئے پردہ ضروری ہے تو عیدگاہ میں نماز پڑھنے کے لئے پردہ کیوں ضروری نہیں ہوگا؟

فائدہ: مرد اور عورت کا ستر ایک ہے، ناف سے گھٹنے تک کا حصہ مرد کا بھی ستر ہے اور عورت کا بھی، اتنا حصہ عورت کے لئے دوسری عورت کے سامنے بے ضرورت کھولنا جائز نہیں، پھر عورت پر ستر کے علاوہ حجاب بھی ہے، محارم کے حجاب میں پیٹ اور اس کے مقابل کی پیٹھ داخل ہے، یہ حصہ عورت کے لئے محارم کے سامنے بھی کھولنا جائز نہیں، اور سینہ، اس کے مقابل کی پیٹھ، چہرہ، دونوں ہاتھ اور گھٹنے سے نیچے پنڈلی وغیرہ عورت محارم کے سامنے کھول سکتی ہے، اور اللہ کے حجاب میں چہرہ (جتنا وضو میں دھویا جاتا ہے) دونوں ہتھیلیاں گٹوں تک اور دونوں پیر ٹخنوں سے نیچے تک شامل نہیں، ان کے علاوہ پورا بدن حجاب میں داخل ہے، پس عورت پر نماز میں چہرہ، ہتھیلیاں اور قدمین کے علاوہ پورا بدن چھپانا ضروری ہے، اور اجنبیوں کے حجاب میں چہرہ بھی داخل ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلاَبِيْبِهِنَّ﴾: اے نبی! اپنی ازواج سے، بیٹیوں سے اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دیجئے کہ وہ اپنی چادریں چہرہ پر تھوڑی نیچے تک لٹکا لیا کریں، جب گھر سے نکلا کریں، معلوم ہوا کہ چہرہ حجاب میں داخل ہے، پس عورت پر اجنبی کے سامنے کفین اور قدمین کے علاوہ پورا بدن چہرہ سمیت چھپانا ضروری ہے، اور کفین اور قدمین کو بھی چھپا کر نکلے تو نور علی نور، البتہ کفین اور قدمین کو چھپانا ضروری نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آیتِ حجاب میں صرف چہرہ کو لیا ہے، کفین اور قدمین کو نہیں لیا —— غرض عورت پر عیدگاہ جانے کے لئے پردہ ضروری ہے، پس عیدگاہ میں نماز پڑھنے کے لئے بھی پردہ بدرجۂ اولیٰ ضروری ہوگا، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے مذکورہ حدیث کی ایک دوسری سند بھی لکھی ہے، اس میں تحدیث کی صراحت ہے اس وجہ سے دوسری سند لائے ہیں۔

بابُ عَقْدِ الإِزَارِ عَلَى الْقَفَا فِيْ الصَّلوٰةِ

نماز میں لنگی گدّی پر باندھنا

اگر نمازی کے پاس ایک ہی کپڑا ہے اور وہ وسعت والا نہیں ہے تو دو باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے، ایک: جتنا زیادہ سے زیادہ بدن اس کپڑے میں چھپ سکے چھپائے۔ دوم: کم وسعت ہے تو سینہ کے نیچے یا سینہ کے اوپر باندھے، اور زیادہ وسعت ہے تو گدی پر باندھے، یعنی چادر کا دایاں کنارہ بائیں کندھے پر اور بایاں کنارہ دائیں کندھے پر ڈال کر گدی پر پیچھے

باندھے، اس کو اردو میں گاتی باندھنا کہتے ہیں، غرض اگر ایک ہی کپڑا ہے اور گنجائش والا نہیں ہے تو اس میں زیادہ سے زیادہ بدن چھپائے، اور گاتی باندھے تاکہ کپڑا کھل نہ جائے اور نماز فاسد نہ ہو، اور کپڑا وسعت والا ہے تو اس کے لئے اگلا باب ہے۔

[۳-] بابُ عَقْدِ الإِزَارِ عَلَى الْقَفَا فِي الصَّلٰوةِ

وَقَالَ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: صَلَّوْا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَاقِدِيْ أُزْرِهِمْ عَلٰى عَوَاتِقِهِمْ.

[۳۵۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: ثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ وَاقِدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: صَلّٰى جَابِرٌ فِيْ إِزَارٍ، قَدْ عَقَدَهُ مِنْ قِبَلِ قَفَاهُ، وَثِيَابُهُ مَوْضُوْعَةٌ عَلَى الْمِشْجَبِ، قَالَ لَهُ قَائِلٌ: تُصَلِّيْ فِيْ إِزَارٍ وَاحِدٍ؟ فَقَالَ: إِنَّمَا صَنَعْتُ ذٰلِكَ لِيَرَانِيْ أَحْمَقُ مِثْلُكَ، وَأَيُّنَا كَانَ لَهُ ثَوْبَانِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ [انظر: ۳۵۳، ۳۶۱، ۳۷۰]

[۳۵۳-] حدثنا مُطَرِّفٌ: أَبُوْ مُصْعَبٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الْمَوَالِيْ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: رَأَيْتُ جَابِرًا يُصَلِّيْ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، وَقَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ فِيْ ثَوْبٍ.[راجع: ۳۵۲]

حدیث (۱): حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ صحابہ نے نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی، اس حال میں کہ انھوں نے اپنی لنگیوں میں کندھوں پر گرہ لگا رکھی تھی ـــــ یہ حدیث چند ابواب کے بعد سند کے ساتھ آرہی ہے۔

حدیث (۲): محمد بن المنکدر کہتے ہیں: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ایک کپڑے میں نماز پڑھائی، اس حال میں کہ اس کپڑے کو گدی کی جانب میں باندھ رکھا تھا، اور ان کے کپڑے اسٹینڈ پر رکھے ہوئے تھے، نماز کے بعد کسی نے ان سے کہا: آپ ایک کپڑے میں نماز پڑھتے ہیں؟ حضرت جابرؓ نے کہا: میں نے یہ عمل اس لئے کیا ہے کہ تجھ جیسا بیوقوف میرے اس عمل کو دیکھے اور رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں صحابہ کے پاس دو کپڑے کہاں تھے؟

تشریح: صحابہ کرام قول کے علاوہ فعل سے بھی تعلیم دیتے تھے، اس لئے حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اپنے تلامذہ کو ایک کپڑے میں نماز پڑھائی جبکہ دوسرا کپڑا وہاں موجود تھا، تاکہ تلامذہ یہ مسئلہ جان لیں کہ ایک کپڑے میں بھی نماز صحیح ہے ـــــ **المشجب** کے معنی ہیں: لکڑی کا اسٹینڈ جو کپڑا پھیلانے کے لئے ہوتا ہے۔

حدیث (۳): محمد بن المنکدر کہتے ہیں: میں نے حضرت جابرؓ کو ایک کپڑے میں نماز پڑھتے دیکھا اور انھوں نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو ایک کپڑے میں نماز پڑھتے دیکھا ہے۔

تشریح: اس روایت میں عقد ازار کا تذکرہ نہیں، اس لئے یہ روایت باب سے بے جوڑ معلوم ہوتی ہے مگر اس روایت سے باب ثابت کرنا مقصود نہیں، باب پہلی روایت سے ثابت ہے، بلکہ حضرت جابرؓ کے عمل کو مرفوع کرنا مقصود ہے، حضرت جابرؓ نے جو ایک کپڑے میں نماز پڑھی تو ان کا یہ عمل حدیث مرفوع سے ثابت ہے، نبی ﷺ نے بھی ایک کپڑے میں نماز

پڑھی ہے، خواہ اس کی صورت عقد ازار کی ہو یا کوئی اور صورت ہو۔

بابُ الصَّلاَةِ فِيْ الثَّوْبِ الْوَاحِدِ مُلْتَحِفًا بِهِ

ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھنا

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ اگر کپڑا ایک ہے اور اس میں وسعت ہے یعنی لمبا چوڑا کپڑا ہے تو اس کو باندھنا ضروری نہیں، البتہ اس میں زیادہ سے زیادہ بدن چھپانا چاہئے —— مُلْتَحِفًا کے معنی ہیں: لپٹ کر، یعنی اگر کپڑا وسعت والا ہے تو اس میں لپٹ کر یعنی زیادہ سے زیادہ بدن چھپا کر نماز پڑھنی چاہئے۔

[٤-] بابُ الصَّلاَةِ فِيْ الثَّوْبِ الْوَاحِدِ مُلْتَحِفًا بِهِ

[١-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ فِيْ حَدِيْثِهِ: الْمُلْتَحِفُ: الْمُتَوَشِّحُ، وَهُوَ الْمُخَالِفُ بَيْنَ طَرَفَيْهِ عَلٰى عَاتِقَيْهِ، وَهُوَ الاشْتِمَالُ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ.

[٢-] قَالَ: وَقَالَتْ أُمُّ هَانِئٍ: التَحَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِثَوْبٍ لَهُ، وَخَالَفَ بَيْنَ طَرَفَيْهِ عَلٰى عَاتِقَيْهِ.

۱- امام زہری اپنی (آئندہ) حدیث میں کہتے ہیں: ملتحف یعنی متوشح اور وہ (ملتحف اور متوشح) کپڑے کے دائیں کنارے کو بائیں کندھے پر اور بائیں کنارے کو دائیں کندھے پر ڈالنے والا ہے، اور وہی اپنے دونوں مونڈھوں پر اشتمال ہے۔

تشریح: حدیثوں میں چار لفظ آئے ہیں: (۱) التحاف (۲) توشح (۳) تخالف بین الطرفین (۴) اشتمال، امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ان چاروں لفظوں کا مفہوم ایک ہے، یعنی کپڑے کا دایاں کنارہ بائیں کندھے پر اور بایاں کنارہ دائیں کندھے پر ڈالنا التحاف بھی ہے، توشح بھی ہے، تخالف بین الطرفین بھی ہے اور اشتمال بھی۔

۲- حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہ کہتی ہیں: نبی ﷺ نے اپنے ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھی، اور آپؐ نے چادر کے دونوں کنارے مخالف جانب سے کندھوں پر ڈالے۔

تشریح: حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہ کی اس حدیث میں ایک حقیقت کے لئے دو تعبیریں ہیں، اس سے امام زہریؒ کے قول کی تائید ہوتی ہے —— اس کے بعد امام بخاریؒ نے باب میں تین حدیثیں ذکر کی ہیں، ایک: حضرت عمر بن ابی سلمہؓ کی، یہ آنحضور ﷺ کے پروردہ تھے، ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے لڑکے ہیں، انھوں نے آپ کو ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ دوسری حدیث حضرت ام ہانی کی ہے جو ابھی گذری اور تیسری حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔

[٣٥٤-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، قَدْ خَالَفَ بَيْنَ طَرَفَيْهِ. [انظر: ٣٥٥، ٣٥٦]

[٣٥٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: ثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ فِيْ بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، قَدْ أَلْقَى طَرَفَيْهِ عَلٰى عَاتِقَيْهِ. [راجع: ٣٥٤]

[٣٥٦-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ أَبِيْ سَلَمَةَ أَخْبَرَهُ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، مُشْتَمِلاً بِهِ فِيْ بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، وَاضِعًا طَرَفَيْهِ عَلٰى عَاتِقَيْهِ. [راجع: ٣٥٤]

(۱) عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک کپڑے میں نماز پڑھی اس حال میں کہ کپڑے کے دونوں کناروں کے درمیان تخالف کر رکھا تھا —— اور دوسری حدیث میں وہ کہتے ہیں کہ انھوں نے نبی ﷺ کو حضرت ام سلمہؓ کے گھر میں ایک کپڑے میں نماز پڑھتے دیکھا، درانحالیکہ آپؐ نے چادر کے دونوں کنارے کندھے پر ڈال رکھے تھے —— اور تیسری حدیث میں فرماتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو حضرت ام سلمہؓ کے گھر میں ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھتے دیکھا درانحالیکہ اس کے دونوں کنارے آپؐ نے دونوں کندھوں پر ڈال رکھے تھے۔

تشریح: امام بخاریؒ نے حضرت عمر بن ابی سلمہؓ کی حدیث تین سندوں سے ذکر کی ہے، پہلی سند عالی ہے اس میں امام بخاریؒ اور راوی عمر بن ابی سلمہ کے درمیان تین واسطے ہیں، اور دوسری دو سندیں نازل ہیں، ان میں چار واسطے ہیں، مگر پہلی سند میں مشاہدہ کی صراحت نہیں، اس لئے دوسری سند لائے اس میں دیکھنے کی صراحت ہے، اور تیسری حدیث میں اخبار کی صراحت ہے، اور پہلی دو سندوں میں حضرت عروہ نے عمر بن ابی سلمہ سے بصیغۂ عن روایت کیا ہے اور تیسری حدیث میں سماعت کی صراحت ہے۔

[٣٥٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، انَّ أَبَا مُرَّةَ مَوْلٰى أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِيْ طَالِبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أُمَّ هَانِئٍ بِنْتَ أَبِيْ طَالِبٍ، تَقُوْلُ: ذَهَبْتُ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ الفَتْحِ، فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ، وَفَاطِمَةُ ابْنَتُهُ تَسْتُرُهُ، قَالَتْ: فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: "مَنْ هٰذِهِ؟" فَقُلْتُ: أَنَا أُمُّ هَانِئٍ بِنْتُ أَبِيْ طَالِبٍ، فَقَالَ: "مَرْحَبًا بِأُمِّ هَانِئٍ!" فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهِ قَامَ، فَصَلَّى ثَمَانِيَ رَكْعَاتٍ مُلْتَحِفًا فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! زَعَمَ ابْنُ أُمِّيْ أَنَّهُ قَاتِلٌ رَجُلاً قَدْ أَجَرْتُهُ: فُلَانَ بْنَ هُبَيْرَةَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَدْ أَجَرْنَا مَنْ أَجَرْتِ يَا أُمَّ هَانِئٍ" قَالَتْ أُمُّ هَانِئٍ: وَذَاكَ ضُحًى. [راجع: ٢٨٠]

حدیث (۲): حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں فتح مکہ کے دن نبی ﷺ کے پاس گئی، میں نے آپؐ کو غسل کرتے ہوئے پایا، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے پردہ کررکھا تھا، وہ کہتی ہیں: میں نے آپ کو سلام کیا، آپؐ نے پوچھا: کون عورت ہے؟ میں نے عرض کیا: ام ہانی ہوں، آپؐ نے فرمایا: ام ہانی کا آنا مبارک! جب آپؐ غسل فرما چکے تو نماز کے لئے کھڑے ہوئے اور آپؐ نے آٹھ رکعتیں پڑھیں، درانحالیکہ آپؐ ایک کپڑے میں لپٹے ہوئے تھے (یہی جزباب سے متعلق ہے) جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا ماں جایا کہتا ہے کہ وہ فلاں بن ہُبیرۃ کو قتل کرے گا جس کو میں نے پناہ دی ہے، آپؐ نے فرمایا: جس کو تم نے پناہ دی ہم نے بھی اس کو پناہ دی، ام ہانی فرماتی ہیں: وہ چاشت کا وقت تھا۔

تشریح:

۱- فتح مکہ کے موقع پر نبی ﷺ نے تمام مکہ والوں کو پناہ دی تھی، مگر بارہ آدمیوں کو مستثنیٰ کیا تھا، حکم تھا کہ وہ جہاں بھی ملیں قتل کردیئے جائیں، ان میں سے دو کو حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا نے پناہ دی تھی، ان میں سے ایک ان کے سابق شوہر ہُبَیْرَہ کا لڑکا تھا، اتفاق سے حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کے گھر پہنچ گئے، انھوں نے ان دونوں کو قتل کرنا چاہا، ام ہانی نے کہا: میں نے ان کو پناہ دی ہے، حضرت علیؓ نے فرمایا: عورتوں کو پناہ دینے کا کیا حق ہے؟ وہ خدمت نبوی میں حاضر ہوئیں اور سارا واقعہ عرض کیا، آپؐ نے فرمایا: جن کو تم نے پناہ دی ہم نے بھی ان کو پناہ دی، چنانچہ وہ قتل نہیں کئے گئے۔

۲- اشراق و چاشت دو نمازیں ہیں یا ایک؟ فقہاء و محدثین کے نزدیک دونوں ایک نماز ہیں، اگر سورج نکلنے کے بعد جلدی پڑھ لی جائے تو اشراق ہے، اور دیر سے (نو، دس یا گیارہ بجے) پڑھی جائے تو چاشت ہے۔ اور صوفیاء کے نزدیک یہ دو الگ الگ نمازیں ہیں، اشراق کی کم سے کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ چار رکعتیں ہیں اور چاشت کی کم سے کم آٹھ رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں، ظاہر ہے اس مسئلہ میں صوفیاء کی رائے کو زیادہ اہمیت نہیں دی جاسکتی، کیونکہ صوفیاء شریعت کے رمز شناس نہیں، شریعت کے رمز شناس اور نصوص کو سمجھنے والے اول نمبر پر فقہاء ہیں، پھر محدثین، پس ان حضرات کی جو رائے ہے وہی صحیح ہے —— اور امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: چاشت کی جو روایات مروی ہیں ان میں یہ روایت سب سے اچھی ہے مگر یہ حدیث نماز چاشت کے باب میں صریح نہیں، ممکن ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے شکریہ میں یہ نفلیں پڑھی ہوں، مگر چونکہ وہ چاشت کا وقت تھا اس لئے ان کو چاشت کی نماز تصور کرلیا گیا۔

[۳۵۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ سَائِلاً سَأَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الصَّلَاةِ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَوَ لِكُلِّكُمْ ثَوْبَانِ؟". [انظر: ۳۶۵]

حدیث (۳): ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے پوچھا: کیا ایک کپڑے میں نماز ہوجاتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: کیا تم

میں سے ہر ایک کے پاس دو کپڑے ہیں؟ —— ظاہر ہے کہ ہر ایک کے پاس دو کپڑے نہیں، وہ غربت کا دور تھا، پس نماز کے لئے دو کپڑے لازم کیسے ہوسکتے ہیں؟

استدلال: اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ دو کپڑوں میں نماز افضل ہے مگر مجبوری میں ایک کپڑے میں بھی نماز صحیح ہے، البتہ اگر ممکن ہو تو ایک کپڑے سے دو کپڑوں کا کام لیا جائے، خوب بدن کو چھپا کر نماز پڑھی جائے، اسی کا نام اشتمال والتحاف ہے۔

بابٌ إِذَا صَلَّى فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَلْيَجْعَلْ عَلٰى عَاتِقَيْهِ

جب ایک کپڑے میں نماز پڑھے تو اس کو دونوں کندھوں پر ڈالے

اگر ایک کپڑا ہے اور گنجائش والا ہے تو امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک مونڈھوں کو ڈھکنا فرض ہے، ورنہ نماز نہیں ہوگی۔ امام بخاریؒ نے امام احمدؒ کی موافقت کی ہے، اور دیگر فقہاء کے نزدیک وسعت والے کپڑے میں بھی مونڈھوں کو ڈھکنا مستحب ہے، یہ اس باب کا مدعی ہے، تکرار نہیں ہے۔

[۵-] بابٌ إِذَا صَلَّى فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَلْيَجْعَلْ عَلٰى عَاتِقَيْهِ

[۳۵۹-] حدثنا أَبُوْعَاصِمٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَايُصَلِّيْ أَحَدُكُمْ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، لَيْسَ عَلٰى عَاتِقِهِ شَيْئٌ" [انظر: ۳۶۰]

[۳۶۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُهُ أَوْ: كُنْتُ سَأَلْتُهُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: أَشْهَدُ أَنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ صَلّٰى فِيْ ثَوْبٍ فَلْيُخَالِفْ بَيْنَ طَرَفَيْهِ" [راجع: ۳۵۹]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک کپڑے میں اس حال میں نماز نہ پڑھے کہ اس کے مونڈھے پر کچھ نہ ہو —— اور دوسری حدیث میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں گواہی دیتا ہوں یعنی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص ایک کپڑے میں نماز پڑھے تو چاہئے کہ وہ چادر کا دایاں کنارہ بائیں مونڈھے پر اور بایاں کنارہ دائیں مونڈھے پر ڈال لے۔

تشریح: امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک پہلی حدیث میں نہی تحریمی ہے اور دوسری حدیث میں امر وجوبی ہے۔ اس لئے ان کے نزدیک وسعت والے کپڑے میں نماز میں کم از کم ایک مونڈھا ڈھکنا فرض ہے، ورنہ نماز نہیں ہوگی۔ اور جمہور کے نزدیک نہی تنزیہی ہے اور امر استحبابی ہے۔ پس مونڈھوں کو ڈھکنا ان کے نزدیک مستحب ہے، جمہور کہتے ہیں: مونڈھے ستر

نہیں، اگر مونڈھے ستر ہوتے تو ہر حال میں ان کو ڈھکنا ضروری ہوتا، خواہ کپڑا وسعت والا ہو یا تنگ، پس جب تنگ کپڑے میں مونڈھوں کو ڈھکنا امام احمدؒ کے نزدیک بھی فرض نہیں تو وسعت والے کپڑے میں فرض کیسے ہوسکتا ہے؟ پس امر کو استحباب پر اور نہی کو تنزیہ پر محمول کریں گے۔

ملحوظہ (۱): شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا کہ اس ترجمہ کا مقصد اس طرف اشارہ کرنا ہے کہ وسعت والے کپڑے میں مونڈھوں کو ڈھکنا مستحب ہے، پس یہ باب جمہور کے موافقت میں ہوگا۔

ملحوظہ (۲): دوسری حدیث میں مونڈھوں کا ذکر صراحتاً نہیں، مگر مسند احمد میں اس روایت میں مونڈھوں کا ذکر ہے۔

بابٌ إِذَا كَانَ الثَّوْبُ ضَيِّقًا

جب کپڑا تنگ ہو

اگر کپڑا چھوٹا ہو تو اسے لنگی کے طور پر کمر پر یا سینہ پر حسب گنجائش باندھے، بہ تکلف اشتمال نہ کرے، اور جن ائمہ کے نزدیک ستر عواتق فرض ہے وہ اس صورت میں ہے جبکہ کپڑے میں گنجائش ہو —— اور باب میں یہ حدیث ہے کہ ایک شخص نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا ایک کپڑے میں نماز ہوجاتی ہے؟ حضرت جابرؓ نے اپنا یہ واقعہ سنایا کہ میں ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا، رات میں مجھے ایک ضرورت پیش آئی، میں رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا، اس وقت آپؐ نماز پڑھ رہے تھے، چنانچہ حضرت جابرؓ نے آپؐ کی اقتداء کرلی، اور کپڑا جمع کرکے ٹھوڑی کے نیچے دبا کر پکڑا، آنحضور ﷺ دیکھ رہے تھے، اس لئے کہ وہ بالکل قریب میں دائیں جانب کھڑے تھے، نماز کے بعد نبی ﷺ نے آنے کی وجہ پوچھی اور فرمایا: یہ جو تم نے ایک کپڑا بدن پر لپیٹ رکھا ہے یہ اشتمال کیوں کر رکھا ہے؟ انھوں نے عرض کیا: میرے پاس ایک ہی کپڑا ہے، آپؐ نے ان کو مسئلہ سمجھایا کہ اگر ایک ہی کپڑا ہو اور وہ وسعت والا ہو تو اس کو اوڑھنا چاہئے، اور تنگ ہو تو اس کی گاتی باندھنی چاہئے، ٹھوڑی کے نیچے دبانا نہیں چاہئے، اس سے نماز میں توجہ بٹتی ہے، یہ حدیث حضرت جابرؓ نے سائل کو اس کے جواب میں سنائی ہے، معلوم ہوا کہ ایک کپڑے میں نماز صحیح ہے اور کپڑا تنگ ہو تو گاتی باندھنی چاہئے۔

[٦-] بابٌ إِذَا كَانَ الثَّوْبُ ضَيِّقًا

[٣٦١-] حدثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: ثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: سَأَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ؟ فَقَالَ: خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَجِئْتُ لَيْلَةً لِبَعْضِ أَمْرِيْ، فَوَجَدْتُهُ يُصَلِّيْ، وَعَلَيَّ ثَوْبٌ وَاحِدٌ، فَاشْتَمَلْتُ بِهِ، وَصَلَّيْتُ إِلٰى جَانِبِهِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: "مَا السُّرىٰ يَاجَابِرُ؟" فَأَخْبَرْتُهُ بِحَاجَتِيْ، فَلَمَّا فَرَغْتُ، قَالَ: "مَا هٰذَا الإِشْتِمَالُ الَّذِيْ رَأَيْتُ؟" قُلْتُ: كَانَ ثَوْبًا، قَالَ: "فَإِنْ كَانَ وَاسِعًا فَالْتَحِفْ بِهِ، وَإِنْ كَانَ ضَيِّقًا فَاتَّزِرْ بِهِ" [راجع: ٣٥٢]

ترجمہ: سعید بن الحارث کہتے ہیں: ہم نے حضرت جابرؓ سے ایک کپڑے میں نماز کے بارے میں پوچھا: انھوں نے کہا: میں نبی ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں نکلا، پس میں ایک رات کسی ضرورت سے آیا، میں نے آپؐ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا، اور میں نے ایک کپڑا اوڑھ رکھا تھا، پس میں اس میں لپٹا اور نبی ﷺ کی ایک جانب میں نماز شروع کی، جب آپؐ نے سلام پھیرا تو پوچھا: رات میں کیوں آئے ہو اے جابر؟ میں نے اپنی حاجت بیان کی، جب میں اپنی بات کہہ چکا تو آپؐ نے فرمایا: اس طرح کپڑا لپیٹنے کا جو میں نے دیکھا کیا مقصد ہے؟ میں نے عرض کیا: یہ ایک کپڑا ہے (اور صحیح اسماعیلی میں ضَيِّقًا بھی ہے یعنی کپڑا تنگ ہے، اس لئے ٹھوڑی کے نیچے دبایا تھا) آپؐ نے فرمایا: اگر کپڑے میں وسعت ہو تو اس میں لپٹ جاؤ، اور تنگ ہو تو اس کی لنگی باندھ لو۔

[۳۶۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: كَانَ رِجَالٌ يُصَلُّوْنَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَاقِدِيْ أُزْرِهِمْ عَلٰى أَعْنَاقِهِمْ، كَهَيْئَةِ الصِّبْيَانِ، وَيُقَالُ لِلنِّسَاءِ: لَاتَرْفَعْنَ رُؤُسَكُنَّ حَتّٰى يَسْتَوِيَ الرِّجَالُ جُلُوْسًا. [انظر: ۸۱۴، ۱۲۱۵]

ترجمہ: حضرت سہل سے مروی ہے: لوگ نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے تھے درانحالیکہ ان کی لنگیاں ان کی گردنوں پر بندھی ہوئی ہوتی تھیں، جس طرح بچوں کی گاتی باندھتے ہیں، اور عورتوں سے کہا جاتا تھا، تم اپنا سر نہ اٹھاؤ، یہاں تک کہ مرد ٹھیک طرح سے بیٹھ جائیں۔

تشریح: سردیوں میں عورتیں بچوں کے رومال کے دونوں کنارے مونڈھوں کے اوپر سے مخالف جانب سے نکال کر پیچھے گردن پر باندھتی ہیں، صحابہ بھی اس طرح چادریں گردن پر باندھ کر نماز پڑھتے تھے، اس کو گاتی باندھنا کہتے ہیں۔ اگر کپڑا ایک ہو اور تنگ ہو اور اس میں نماز پڑھنی ہو تو باندھ کر نماز پڑھنی چاہئے، تاکہ کھلے نہ کشف عورت ہو نہ نماز فاسد ہو۔

اور دوسری بات حضرت سہلؓ نے یہ بیان کی کہ مسجدِ نبوی میں مرد و زن سب ایک ساتھ نماز پڑھتے تھے، جہاں مردوں کی صفیں ختم ہوتی تھیں وہیں سے عورتوں کی صفیں شروع ہو جاتی تھیں، درمیان میں کوئی پردہ نہیں تھا، اور صحابہ عام طور پر ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھتے تھے، اور جب ایک کپڑے میں نماز پڑھیں گے تو سجدہ میں پیچھے سے آدمی آدھا ننگا معلوم ہوگا، اس لئے عورتوں کو یہ تاکید کی گئی تھی کہ جب تک مرد سجدہ سے سر نہ اٹھالیں عورتیں سجدہ سے سر نہ اٹھائیں، آج کل لوگ پتلون پہن کر نماز پڑھنے آتے ہیں، اس میں ان کے جسم کا پچھلا حصہ صاف محسوس ہوتا ہے، وہ سجدہ میں نیم عریاں معلوم ہوتے ہیں، ان کو خاص طور پر یہ حدیث سنائی جائے اور صحابہ ایک کپڑے میں نماز پڑھتے تھے وہ ان کی مجبوری تھی، پس پتلون پہن کر لوگ مسجد میں نہ آئیں، اور آئیں تو اوپر کرتا پہن کر آئیں، تاکہ نیم عریاں معلوم نہ ہوں۔

قولہ: ویُقال: گیلری میں قال لکھا ہے۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ مذکورہ تاکید نبی ﷺ نے خود فرمائی تھی، اور

مجہول پڑھیں تو مطلب ہوگا کہ یہ حکم عورتوں کو صحابہ نے نبی ﷺ کی طرف سے دیا تھا، نبی ﷺ نے خود عورتوں سے یہ بات نہیں فرمائی تھی۔

بابُ الصَّلٰوۃ فِیْ الْجُبَّۃِ الشَّامِیَّۃِ

شامی جبہ میں نماز پڑھنا

اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ بلاد کفر میں تیار شدہ کپڑے جن کی طہارت وعدم طہارت کا علم نہیں وہ اصلاً پاک ہیں اور ان کو دھوئے بغیر ان میں نماز پڑھنا جائز ہے، البتہ اگر نجاست موجود ہو یا ناپاک ہونے کا یقین یا ظن غالب ہو تو پھر وہ کپڑا ناپاک ہوگا، دھوئے بغیر اس میں نماز پڑھنا جائز نہیں، نبی ﷺ کے زمانہ میں شام دار الکفر تھا، وہاں سے جو جبّے تیار ہو کر آتے تھے نبی ﷺ ان کو زیب تن فرماتے تھے، ان کپڑوں کی طہارت وعدم طہارت کے بارے میں کوئی تفتیش نہیں فرماتے تھے، نہ ان کو دھلواتے تھے، معلوم ہوا کہ بلاد کفر کے کپڑوں میں اصل پاک ہونا ہے۔

[۷-] بابُ الصَّلٰوۃ فِیْ الْجُبَّۃِ الشَّامِیَّۃِ

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ فِیْ الثِّیَابِ یَنْسِجُھَا الْمَجُوْسِیُّ: لَمْ یَرَ بِھَا بَأْسًا.

[۲-] وَقَالَ مَعْمَرٌ: رَأَیْتُ الزُّھْرِیَّ یَلْبَسُ مِنْ ثِیَابِ الْیَمَنِ مَا صُبِغَ بِالْبَوْلِ.

[۳-] وَصَلّٰی عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ فِیْ ثَوْبٍ غَیْرِ مَقْصُوْرٍ.

[۳۶۳-] حدثنا یَحْیٰی، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِیَۃَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ مُغِیْرَۃَ بْنِ شُعْبَۃَ، قَالَ: کُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ سَفَرٍ، فَقَالَ: "یَا مُغِیْرَۃُ! خُذِ الإِدَاوَۃَ" فَأَخَذْتُھَا، فَانْطَلَقَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم حَتّٰی تَوَارٰی عَنِّیْ، فَقَضٰی حَاجَتَہُ، وَعَلَیْہِ جُبَّۃٌ شَامِیَّۃٌ، فَذَھَبَ لِیُخْرِجَ یَدَہُ مِنْ کُمِّھَا، فَضَاقَتْ، فَأَخْرَجَ یَدَہُ مِنْ أَسْفَلِھَا، فَصَبَبْتُ عَلَیْہِ، فَتَوَضَّأَ وُضُوْءَ ہُ لِلصَّلَاۃِ، وَمَسَحَ عَلٰی خُفَّیْہِ، ثُمَّ صَلّٰی.

[راجع: ۱۸۲]

۱- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے ان کپڑوں کے بارے میں جن کو آتش پرستوں نے بُنا ہے فرمایا: ان میں نماز پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں، معلوم ہوا کہ غیر مسلموں کے تیار کردہ کپڑوں میں اصل پاک ہونا ہے، پس دھوئے بغیر ان میں نماز پڑھ سکتے ہیں۔

۲- معمر رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے امام زہری رحمہ اللہ کو دیکھا: وہ یمن کے وہ کپڑے پہنتے تھے جو پیشاب میں رنگے ہوئے تھے ـــــ اور جب کپڑا پہنا ہے تو غالب یہ ہے کہ اس میں نماز بھی پڑھتے ہونگے، جبکہ وہ کپڑا بالیقین ناپاک ہے۔

اس کے تین جواب ہیں:

۱- ممکن ہے وہ کپڑا دھوکر پہنا ہو، بغیر دھوئے پہنا تھا اس کی روایت میں کوئی صراحت نہیں۔

۲- ممکن ہے وہ کپڑا ماکول اللحم جانور کے پیشاب میں رنگا گیا ہو، اور ماکول اللحم جانوروں کا پیشاب امام زہریؒ کے نزدیک پاک ہو ـــــ مگر علامہ کشمیریؒ نے مصنف عبدالرزاق کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ امام زہریؒ کے نزدیک ماکول اللحم جانوروں کا پیشاب ناپاک تھا (فیض الباری ۲:۱۱)

۳- ممکن ہے وہ افواہ ہو کہ وہ کپڑا پیشاب میں رنگا ہوا ہے، اور افواہ نجاست کا حکم لگانے کے لئے کافی نہیں۔

۴- حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک کورے کپڑے میں یعنی نئے کپڑے میں جس کو ابھی دھویا نہیں گیا تھا نماز پڑھی، معلوم ہوا کہ کپڑوں میں اصل پاک ہونا ہے، اگر اس پر کوئی نجاست نہ ہو اور نجاست کا یقین اور ظن غالب بھی نہ ہو تو اس میں نماز پڑھنا صحیح ہے۔

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث پہلے گذری ہے، غزوۂ تبوک کے موقع پر رات میں سفر جاری تھا، نبی ﷺ کو حاجت محسوس ہوئی، آپؐ نے حضرت مغیرہ کو اشارہ کیا، چنانچہ وہ پانی کا برتن لے کر آپؐ کے ساتھ ہو لئے، آپؐ اتنی دور نکل گئے کہ حضرت مغیرہ کی نظروں سے اوجھل ہو گئے، جب قضاء حاجت فرما کر واپس لوٹے تو حضرت مغیرہؓ نے آپ کو وضو کرایا، آپؐ نے شامی جبہ پہن رکھا تھا، اور اس کی آستینیں تنگ تھیں، جب ہاتھوں کو دھونے کا نمبر آیا تو آستین نہیں چڑھی، چنانچہ آپؐ نے ہاتھ باہر نکال کر دھوئے، اس وضو میں آپؐ نے خفین پر مسح کیا تھا، پھر نماز پڑھی۔

استدلال: اس حدیث سے امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ آپ ﷺ نے شامی جبہ پہنا ہے، اور شام اس وقت دارالکفر تھا، معلوم ہوا کہ بلاد کفر کے کپڑے استعمال کرنے میں کچھ حرج نہیں۔

بَابُ كَرَاهِيَةِ التَّعَرِّيْ فِي الصَّلاَةِ وَغَيْرِهَا

نماز اور غیر نماز میں ننگا ہونے کی حرمت

ستر عورت نماز سے باہر بھی فرض ہے اور نماز کی صحت کے لئے شرط ہے، اور شرط کے بغیر نماز صحیح نہیں ہوتی، کیونکہ جب خارج نماز کشف عورت مذموم ہے تو نماز میں تو وہ بدرجۂ اولیٰ مذموم ہوگا ـــــ یہاں کراھیۃ: بمعنی حرام ہے، محدثین وفقہاء جس چیز کی حرمت قرآن سے ثابت ہوتی ہے اس کے لئے لفظ حرمت استعمال کرتے ہیں، اور جس کی حرمت حدیثوں سے ثابت ہوتی ہے اس کو کراہیت سے تعبیر کرتے ہیں۔

[۸-] بَابُ كَرَاهِيَةِ التَّعَرِّيْ فِي الصَّلاَةِ وَغَيْرِهَا

[۳٦٤-] حدثنا مَطَرُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: ثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: ثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ:

سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يُحَدِّثُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَنْقُلُ مَعَهُمُ الْحِجَارَةَ لِلْكَعْبَةِ، وَعَلَيْهِ إِزَارُهُ، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ عَمُّهُ: يَا ابْنَ أَخِيْ! لَوْ حَلَلْتَ إِزْرَاكَ، فَجَعَلْتَ عَلٰى مَنْكِبَيْكَ دُوْنَ الْحِجَارَةِ، قَالَ: فَحَلَّهُ فَجَعَلَهُ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ، فَسَقَطَ مَغْشِيًّا عَلَيْهِ، فَمَا رُؤِىَ بَعْدَ ذٰلِكَ عُرْيَانًا. [انظر: ۱۵۸۲، ۳۸۲۹]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ لوگوں کے ساتھ کعبہ شریف کے لئے پتھر لاتے تھے، اور آپؐ نے لنگی باندھ رکھی تھی، آپؐ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے آپؐ سے کہا: بھتیجے! اگر آپؐ اپنی لنگی کھول لیں اور اس کو اپنے مونڈھے پر پتھر کے نیچے رکھ لیں تو بہتر ہوگا (لو تمنی کا جواب محذوف ہے أی لکان أسھل علیك) راوی کہتا ہے، پس آپؐ نے لنگی کھولی اور اس کو اپنے مونڈھے پر رکھا پس آپ بیہوش ہوکر گر پڑے، پھر اس واقعہ کے بعد آپؐ کبھی ننگے نہیں دیکھے گئے۔

تشریح: کعبہ شریف مرور زمانہ سے بوسیدہ ہوگیا تھا، اس لئے قریش کو اس کی تعمیر نو کا خیال آیا، اس وقت آپؐ کی عمر کیا تھی؟ پندرہ سے پینتیس سال تک کے اقوال ہیں۔ مشہور قول پینتیس سال کا ہے، اس تعمیر میں آپؐ نے حصہ لیا ہے، آپؐ بھی قریش کے لوگوں کے ساتھ پہاڑوں سے موزون پتھر تلاش کر کے لاتے تھے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ جو آپؐ کے چچا ہیں اور آپؐ سے دوسال بڑے ہیں وہ بھی پتھر لانے والوں میں شامل تھے، انھوں نے آنحضور ﷺ کو مشورہ دیا کہ آپؐ اپنی لنگی کھول کر دوہری چوہری کر کے مونڈھے پر رکھ لیں، پھر اس پر پتھر رکھیں تا کہ مونڈھا چھل نہ جائے، پھر پتھروں کی تلاش میں سب ادھر اُدھر ہوگئے، جب نبی ﷺ کو کوئی موزون پتھر ملا تو آپؐ نے لنگی کھول کر مونڈھے پر رکھنے کا ارادہ فرمایا، اچانک آپؐ بیہوش ہوکر گر پڑے، جب آپؐ کو ہوش آیا تو آپؐ کی لنگی بندھی ہوئی تھی۔ صحیحین کے علاوہ کتب حدیث میں ہے کہ فرشتوں نے آپؐ کی لنگی باندھی تھی (عمدۃ ۴: ۷۲) اس واقعہ کے بعد کبھی آپؐ ننگے نہیں دیکھے گئے۔

اس حدیث سے دو باتیں نکلیں:

ایک: جس جگہ حضور ﷺ نے لنگی کھولی تھی وہاں اور کوئی نہیں تھا، اس لئے فرشتوں نے لنگی باندھی۔

دوسری: اس زمانہ میں عربوں میں لنگی کے نیچے کچھ پہننے کا رواج تھا، اگلے باب میں جو حدیث آرہی ہے اس سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے۔ پھر بھی آپؐ بیہوش ہوکر گر پڑے، معلوم ہوا کہ سوء تین کے علاوہ بھی ستر ہے، جمہور اسی کے قائل ہیں، ان کے نزدیک ران بھی ستر میں داخل ہے، اگرچہ امام بخاریؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک ران ستر نہیں تفصیل چند ابواب کے بعد آرہی ہے۔

بَابُ الصَّلَاةِ فِي الْقَمِيْصِ وَالسَّرَاوِيْلِ وَالتُّبَّانِ وَالْقَبَاءِ

کرتا، شلوار، جانگیا اور چوغہ پہن کر نماز پڑھنا

قمیص کے معنی ہیں: کرتا، سراویل کے معنی ہیں: شلوار، یہ فارسی لفظ ہے اس کی عربی سِروال ہے اور اس کی جمع سراویل ہے،

اور تُبَّان کے معنی ہیں: جانگیا، نیکر، چڈی اور قَبَاء اور عَبَاء کے معنی ہیں: چوغہ، ایک ڈھیلا لباس جو کرتے کے اوپر پہنا جاتا ہے۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کپڑوں میں گنجائش ہو تو کم از کم تین کپڑوں میں نماز پڑھنی چاہئے، اگرچہ ایک کپڑے میں بھی نماز صحیح ہے، مگر بہتر یہ ہے کہ تین کپڑوں میں نماز پڑھی جائے، میں نے پہلے مشکوٰۃ شریف کے حوالہ سے ایک روایت بیان کی ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک کپڑے میں نماز پڑھنا سنت ہے، ہم لوگ نبی ﷺ کے زمانہ میں ایک کپڑے میں نماز پڑھتے تھے اور ہمارا یہ عمل برا نہیں سمجھا جاتا تھا، جب حضرت ابن مسعودؓ کو یہ قول پہنچا تو انھوں نے فرمایا: ایک کپڑے میں نماز پڑھنا سنت نہیں، یہ اس زمانہ کی بات ہے جب کپڑوں میں تنگی تھی، اب جب اللہ نے گنجائش کردی تو اب دو کپڑوں میں نماز پڑھنا افضل ہے۔

چونکہ یہ دونوں بڑے حضرات تھے، اس لئے لوگوں میں ان کی باتوں کا چرچا ہوا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منبر سے اس کی وضاحت کی تاکہ ہر خاص وعام کو بات پہنچ جائے، آپؓ نے فرمایا: القولُ ماقال أُبَیّ، ولم یَأْلُ ابْنُ مسعود: بات وہی ہے جو ابیؓ نے کہی مگر ابن مسعودؓ نے بھی کوتاہی نہیں کی، یعنی دونوں کی باتیں اپنی اپنی جگہ درست ہیں، پھر حضرت عمرؓ نے فرمایا: دو کپڑوں میں نماز پڑھنی چاہئے، پھر اس کی نو صورتیں بیان کیں، حدیث کے راوی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو آٹھ صورتوں کے بارے میں تو کوئی شک نہیں البتہ نویں شکل کے بارے میں شک ہے کہ حضرت عمرؓ نے یہ شکل بیان کی تھی یا نہیں، تفصیل حدیث میں آرہی ہے۔

سوال: ابھی آپ نے کہا تھا کہ اگر کپڑوں میں گنجائش ہو تو تین کپڑوں میں نماز پڑھنی چاہئے، جبکہ حضرت عمرؓ نے دو کپڑوں میں نماز پڑھنے کی نو صورتیں بیان کی ہیں؟ تین کپڑوں کا انھوں نے ذکر نہیں کیا۔

جواب: تیسرا کپڑا ضمنی ہے، جیسے دھوبی ٹوپی کا چارج نہیں کرتا، ٹوپی جوڑے میں ضمناً شامل ہوتی ہے، اسی طرح حضرت عمرؓ نے دو دو کپڑے گنائے ہیں اور عمامہ یا ٹوپی ان میں ضمناً داخل ہیں، اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ باب کی دوسری حدیث میں آرہا ہے کہ محرم نہ کرتا پہنے، نہ پاجامہ، نہ ٹوپی، معلوم ہوا کہ غیر محرم یہ تین کپڑے پہنے گا، اور جب ٹوپی پہنے گا تو کیا نماز کے وقت اس کو اتار کر رکھ دے گا؟ غیر مقلدین ایسا ہی کرتے ہیں، وہ کھلے سر نماز پڑھتے ہیں اور ٹوپی پہن رکھی ہو تو نماز کے وقت اس کو اتار دیتے ہیں، اس کو حماقت کے سوا کیا نام دیا جاسکتا ہے۔

[۹-] بابُ الصَّلاَةِ فِی الْقَمِیْصِ وَالسَّرَاوِیْلِ وَالتُّبَّانِ وَالْقَبَاءِ

[۳٦۵-] حدثنا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَامَ رَجُلٌ إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فَسَأَلَهُ عَنِ الصَّلاَةِ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، فَقَالَ: "أَوَ کُلُّکُمْ یَجِدُ ثَوْبَیْنِ؟" ثُمَّ سَأَلَ رَجُلٌ عُمَرَ، فَقَالَ: إِذَا وَسَّعَ اللّٰهُ فَأَوْسِعُوْا، جَمَعَ رَجُلٌ عَلَیْهِ ثِیَابَهُ، صَلَّی رَجُلٌ فِی إِزَارٍ وَرِدَاءٍ، فِی

إِزَارٍ وَقَمِيْصٍ، فِيْ إِزَارٍ وَقَبَاءٍ، فِيْ سَرَاوِيْلَ وَرِدَاءٍ، فِيْ سَرَاوِيْلَ وَقَمِيْصٍ، فِيْ سَرَاوِيْلَ وَقَبَاءٍ، فِيْ تُبَّانٍ وَقَبَاءٍ، فِيْ تُبَّانٍ وَقَمِيْصٍ، قَالَ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ: فِيْ تُبَّانٍ وَرِدَاءٍ. [راجع: ۳۵۸]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کے سامنے کھڑا ہوا اور اس نے آپؐ سے ایک کپڑے میں نماز پڑھنے کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: کیا تم میں سے ہر ایک دو کپڑے پاتا ہے؟ نہیں پاتا، پس ایک کپڑے میں نماز ہوجاتی ہے (اسی حدیث کو پیش نظر رکھ کر حضرت ابیؓ نے ایک کپڑے میں نماز کو سنت کہا ہے) پھر ایک شخص نے حضرت عمرؓ سے (دورِ فاروقی میں) اس سلسلہ میں پوچھا، پس حضرت عمرؓ نے فرمایا: جب اللہ نے کشادگی کی ہے تو تم بھی کشادگی کرو، یعنی بہتر ایک سے زیادہ کپڑوں میں نماز پڑھنا ہے، چاہئے کہ آدمی اپنے اوپر اپنے کپڑے جمع کرے، آدمی نماز پڑھے: (۱) لنگی اور چادر میں (۲) لنگی اور کرتے میں (۳) لنگی اور چوغہ میں (۴) پائجامہ اور چادر میں (۵) پائجامہ اور کرتے میں (۶) پائجامہ اور چوغہ میں (۷) جانگیا اور چوغہ میں (۸) جانگیا اور کرتے ہیں۔ ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ حضرت عمرؓ نے یہ بھی فرمایا: (۹) جانگیا اور چادر میں۔

قولہ: جَمَعَ رَجُلٌ عَلَيْهِ ثيابه: یہ جملہ خبریہ بمعنی انشاء ہے، أی لِيَجْمَعْ رجلٌ عليه ثيابه، اور ثیاب: جمع ہے، اور اقل جمع تین ہے، لہٰذا تین کپڑے مراد ہونگے، پس تاویل کرکے ٹوپی کو اس میں داخل کریں گے۔

قولہ: صَلَّى رجلٌ فِي إزارٍ: یہ فعل ماضی بمعنی امر ہے أی لِيُصَلِّ رجلٌ فی إزار............ اور قباء یا لمبا کرتا پہن رکھا ہو تو پائجامہ پہننا ضروری نہیں۔ جانگیا اور انڈرویر بھی کافی ہے، کیونکہ کرتے میں اور قباء میں پورا بدن چھپ جاتا ہے۔

[۳۶۶-] حدثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ؟ فَقَالَ: " لاَيَلْبَسُ الْقَمِيْصَ، وَلاَ السَّرَاوِيْلَ، وَلاَ الْبُرْنُسَ، وَلاَ ثَوْبًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَلاَوَرْسٌ، فَمَنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ، وَلْيَقْطَعْهُمَا حَتّٰى يَكُوْنَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ" ـــ وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ. [راجع: ۱۳٤]

وضاحت: یہ حدیث تفصیل کے ساتھ کتاب العلم کے آخری باب میں گذر چکی ہے، اور یہاں اس سے استدلال یہ ہے کہ محرم تین کپڑے: کرتا، پاجامہ اور ٹوپی نہیں پہنے گا، پس غیر محرم ان کو پہنے گا، اور نماز بھی ان تین کپڑوں میں پڑھے گا۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ٹوپی کا ذکر اس لئے نہیں کیا کہ وہ ضمناً لباس میں داخل ہے۔

بابُ مَا يَسْتُرُ مِنَ الْعَوْرَةِ

وہ ستر جس کا چھپانا ضروری ہے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ وہ ننگا پا جس کا ستر واجب ہے اور جس کے کشف سے نماز نہیں ہوتی وہ ستر کیا ہے؟ امام

بخاریؒ کے نزدیک صرف سوء تین (اگلی پچھلی شرم گاہیں) اوران کا اردگرد ننگا پا ہیں، ان کو چھپانا فرض ہے نماز میں بھی اور غیر نماز میں بھی، ان کے کھلنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، اور سوء تین کے علاوہ کوئی چیز ننگا پا نہیں، امام مالک رحمہ اللہ کا بھی یہی مذہب ہے، اوران کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: کوئی شخص ایک کپڑے میں احتباء نہ کرے درانحالیکہ اس کی شرم گاہ پر کوئی کپڑا نہ ہو، اس حدیث میں نبی ﷺ نے شرم گاہ کی تخصیص کی ہے، معلوم ہوا کہ صرف قبل ودبر ننگا پا ہیں، اگر ان کے علاوہ بھی کوئی عضو ننگا پا ہوتا تو نبی ﷺ اس کا بھی ذکر کرتے، سوء تین کی تخصیص نہ کرتے۔

اور احناف کے نزدیک ناف کے نیچے سے گھٹنے کے نیچے تک سب ننگا پا ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ مذکورہ حدیث سے فرج کا ننگا پا ہونا تو ثابت ہوتا ہے مگر غیر فرج کا ننگا پا نہ ہونا ثابت نہیں ہوتا، کیونکہ یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے جو حنفیہ کے نزدیک معتبر نہیں، رہی یہ بات کہ نبی ﷺ نے فرج کی تخصیص کیوں کی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قبل ودبر اغلظ العورات ہیں، ران وغیرہ اس درجہ کا ننگا پا نہیں، اس لئے شرم گاہ کی تخصیص کی۔

[۱۰-] بابُ مَا يُسْتَرُ مِنَ الْعَوْرَةِ

[۳۶۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّـهُ قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ، وَأَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، لَيْسَ عَلٰى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْئٌ. [انظر: ۱۹۹۱، ۲۱۴۴، ۲۱۴۷، ۵۸۲۰، ۵۸۲۲، ۶۲۸۴]

حدیث (۱): ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے منع فرمایا کپڑے میں ٹھوس لپٹ جانے سے، اور اس سے کہ آدمی ایک کپڑے میں حبوہ بنائے درانحالیکہ اس کی شرم گاہ پر اس کپڑے میں سے کچھ نہ ہو۔

تشریح: ایک کپڑا بدن پر اس طرح لپیٹ لینا کہ دونوں ہاتھ اندر بند ہو جائیں ممنوع ہے، بعض مرتبہ اچانک ہاتھوں سے کام لینے کی ضرورت پیش آتی ہے، مثلاً چل رہا تھا کہ اچانک ٹھوکر لگی تو ہاتھ سے ٹیک لگانے کی ضرورت پیش آئے گی، اور ہاتھ جلدی نکل نہ سکیں گے تو گر پڑے گا، اسی طرح ایک کپڑے میں حبوہ بنانا یعنی گھٹنے کھڑے کر کے چاروں طرف سے کپڑا لپیٹ کر بیٹھنا جبکہ شرم گاہ پر کوئی کپڑا نہ ہو ممنوع ہے، کبھی کسی کے دھکا دینے سے آدمی گر پڑتا ہے یا اونگھتے ہوئے گر جاتا ہے تو ننگا پا کھل جائے گا، غرض کپڑا پہننے کی ایسی ہیئت ممنوع ہے جس سے بوقت ضرورت ہاتھ نہ نکل سکیں، یا ننگا ہو جانے کا اندیشہ ہو۔

اس حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام بس اتنا ہے کہ اس طرح حبوہ بنا کر بیٹھنا کہ شرم گاہ پر کوئی کپڑا نہ ہو ممنوع ہے، کیونکہ اغلظ العورات کھلنے کا اندیشہ ہے، البتہ نیکر، چڈی وغیرہ پہن رکھی ہو تو اس طرح حبوہ بنا سکتا ہے، کیونکہ اب اگر گرے گا بھی تو زیادہ سے زیادہ ہلکی شرم گاہ ران وغیرہ کھلے گی، بڑی شرم گاہیں قبل ودبر نہیں کھلیں گے، بس اتنی بات اس حدیث کا مقصود ہے،

رہی یہ بات کہ کونسے اعضاء ننگا پا ہیں اور کونسے نہیں؟ اس سے یہ حدیث بحث نہیں کرتی۔

[٣٦٨-] حدثنا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعَتَيْنِ: عَنِ اللِّمَاسِ، وَالنِّبَاذِ، وَأَنْ يَشْتَمِلَ الصَّمَّاءَ، وَأَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ. [انظر ٥٨٤، ٥٨٨، ١٩٩٣، ٢١٤٥، ٢١٤٦، ٥٨١٩، ٥٨٢١]

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے دو بیعوں سے: بیع ملامسہ سے اور بیع منابذہ سے منع فرمایا، اور ایک کپڑے میں ٹھوس لپٹ جانے سے اور ایک کپڑے میں حبوہ کرنے سے منع فرمایا۔

تشریح: اس حدیث سے بھی وہی استدلال اور جواب ہیں جو اوپر گذرے، اور یہاں حدیث میں اگرچہ لیس علی فرجه شیئ کی قید نہیں، مگر اوپر والی حدیث سے وہ قید یہاں بھی آئے گی —— اور لِمَاس: باب مفاعلہ کا مصدر ہے، لامَسَ مُلامَسَةً ولِمَاسًا کے معنی ہیں: ایک دوسرے کو چھونا، اور نباذ بھی مصدر ہے، نابَذَ مُنابَذَةً وَنِبَاذًا کے معنی ہیں: ایک دوسرے کی طرف پھینکنا، زمانۂ جاہلیت کا دستور تھا کہ اگر سودا کرتے ہوئے بائع مبیع مشتری کی طرف پھینک دے یا مشتری ثمن بائع کی طرف پھینک دے تو سودا پکا ہوگیا، اب دوسرے فریق کو بولنے کا اختیار نہیں، اور ملامسہ کی شکل یہ ہوتی تھی کہ بائع ثمن کو ہاتھ لگادے یا مشتری مبیع کو ہاتھ لگادے تو سودا پکا ہوگیا، ان دونوں بیعوں میں غرر (دھوکا) ہے اس لئے شریعت نے ان دونوں کی ممانعت کی۔ تفصیل کتاب البیوع میں آئے گی۔

[٣٦٩-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: بَعَثَنِي أَبُوْ بَكْرٍ فِي تِلْكَ الْحَجَّةِ فِي مُؤَذِّنِيْنَ يَوْمَ النَّحْرِ، نُؤَذِّنُ بِمِنًى: أَنْ لاَ يَحُجَّ بَعْدَ العَامِ مُشْرِكٌ، وَلاَ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ، قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: ثُمَّ أَرْدَفَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلِيًّا فَأَمَرَهُ أَنْ يُؤَذِّنَ بِـ ﴿بَرَاءَةٌ﴾ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَأَذَّنَ مَعَنَا عَلِيٌّ فِي أَهْلِ مِنًى يَوْمَ النَّحْرِ: لاَيَحُجُّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلاَ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ.

[انظر: ١٦٢٢، ٣١٧٧، ٤٣٦٣، ٤٦٥٥، ٤٦٥٦، ٤٦٥٧]

حدیث (۳): ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: مجھے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس حج میں (۹ ہجری کے حج میں جس کے آپؓ امیر تھے) یوم النحر (۱۰ ذی الحجہ) کو اعلان کرنے والوں کے ساتھ بھیجا تاکہ ہم منی میں اعلان کریں کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج کے لئے نہ آئے، اور نہ کوئی شخص بیت اللہ کا ننگے طواف کرے، حمید بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں: پھر نبی ﷺ نے پیچھے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور ان کو براءت کا اعلان کرنے کا حکم دیا، ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: پس حضرت علیؓ نے

ہمارے ساتھ منی والوں میں یوم النحر میں اعلان کیا: اس سال کے بعد کوئی مشرک حج کے لئے نہ آئے اور نہ کوئی شخص بیت اللہ کا ننگے طواف کرے۔

تشریح:

۱-اس حدیث میں لفظ عُرْیَان ہے،،اس سے استدلال کیا ہے کہ عرف میں تعری اور عدم تعری کا مدار سوءتین کے کشف وستر پر ہے، جس کے سبیلین کھلے ہوں اور سارا بدن چھپا ہوا ہو اس کو ننگا اور بے تمیز کہا جاتا ہے، اور جس نے سوءتین چھپا رکھے ہوں اور باقی بدن کھلا ہو تو اس کو کوئی ننگا نہیں کہتا، مزدور اسی طرح کام کرتے ہیں، اور کوئی ان کو ننگا نہیں کہتا، معلوم ہوا کہ صرف سوءتین ننگا پا ہیں۔

اور اس کا جواب یہ ہے کہ بیشک عرف یہی ہے مگر احکام عرف کے تابع نہیں ہوتے، لفظ کے جو لغوی معنی ہیں اس کے تابع ہوتے ہیں، جیسے ترمذی میں حدیث ہے: تحریمها التکبیر: یہاں تکبیر کے کیا معنی ہیں؟ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: اللہ اکبر کہنا مراد ہے، چنانچہ ان کے نزدیک خاص اللہ أکبر سے نماز شروع کرنا فرض ہے، مگر امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ عرف حادث ہے، جس وقت قرآن نازل ہوا تکبیر کے یہ معنی نہیں تھے بلکہ اس کے معنی ہیں: اللہ کی بڑائی بیان کرنا، ﴿وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ﴾ میں یہی معنی ہیں، پس ذکر مشعر تعظیم سے نماز شروع کر سکتے ہیں، اسی طرح امام بخاری اور امام مالک رحمہما اللہ نے عریانیت وعدم عریانیت کا جس چیز پر مدار رکھا ہے وہ عرف حادث ہے، احکام میں اس کا اعتبار نہیں، بلکہ دیگر قرائن ودلائل سے طے کریں گے کہ کونسے اعضاء ننگا پا ہیں اور کونسے اعضاء ننگا پا نہیں؟

۲-حج سن ۸ ہجری میں فرض ہوا ہے اور ۹ ہجری میں مسلمانوں نے پہلا حج کیا ہے۔ نبی ﷺ اس سال حج کے لئے تشریف نہیں لے گئے تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ حج کرایا تھا، ان کے مکہ روانہ ہونے کے بعد سورہ براءت کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں، جن میں حج کے موقع پر اعلانِ براءت کا حکم دیا تھا، چنانچہ آنحضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مکہ بھیجا، اور ہدایت کی کہ منی کے دنوں میں یہ اعلان کریں کہ جن قبائل کے ساتھ ناجنگ میعادی معاہدہ ہے وہ معاہدہ اس کی مدت تک باقی رہے گا اور جن قبائل کے ساتھ ایسا کوئی معاہدہ نہیں ان کو چار ماہ کی مہلت دی جاتی ہے، اس کے بعد ان پر حملہ ہو سکتا ہے اور یہ اعلان کرنے کے لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خاص طور پر اس لئے بھیجا تھا کہ اس زمانہ کا دستور تھا کہ معاہدوں کا اعلان یا تو خود بادشاہ کرے یا اس کے خاندان کا کوئی فرد کرے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپؐ کے خاندان کے نہیں تھے، اس لئے یہ اعلان کرنے کے لئے حضرت علیؓ کو بھیجا گیا۔

اس موقع پر تین اعلان اور بھی کئے گئے، وہ اعلان دیگر صحابہ کرتے تھے، حضرت علیؓ خاص براءت کا اعلان کرتے تھے پھر ان کے ساتھ دیگر اعلان بھی کرتے تھے، ان میں سے ایک اعلان یہ تھا کہ اس سال کے بعد کوئی بیت اللہ کا ننگے طواف نہیں کرے گا، یہی جزء باب سے متعلق ہے۔

بابُ الصَّلاَۃِ بِغَیْرِ رِدَاءٍ

چادر (کرتے) کے بغیر نماز پڑھنا

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ ناف سے اوپر ستر نہیں، پس کرتے کے بغیر نماز پڑھ سکتے ہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے صرف لنگی باندھ کر نماز پڑھی ہے، جبکہ چادر موجود تھی۔ مُلْتَحِفًا به: مطلق ہے، کپڑے میں لپٹ کر اور کپڑا باندھ کر: دونوں مطلب ہوسکتے ہیں، اور ظاہر ہے لنگی کمر پر باندھی جاتی ہے، پس اوپر کا حصہ کھلا رہے گا، معلوم ہوا کہ ننگا پا ناف تک ہے، اس کے اوپر ننگا پا نہیں۔

[۱۱-] بابُ الصَّلاَۃِ بِغَیْرِ رِدَاءٍ

[۳۷۰-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ابْنُ أَبِیْ الْمَوَالِیْ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰی جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ، وَھُوَ یُصَلِّیْ فِیْ ثَوْبٍ مُلْتَحِفًا بِہٖ، وَرِدَاؤُہُ مَوْضُوْعٌ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قُلْنَا: یَا أَبَا عَبْدِ اللّٰہِ! تُصَلِّیْ وَرِدَاؤُکَ مَوْضُوْعٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَحْبَبْتُ أَنْ یَرَانِیْ الْجُھَّالُ مِثْلُکُمْ، رَأَیْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یُصَلِّیْ کَذَا. [راجع: ۳۵۲]

ترجمہ: محمد بن المنکدر کہتے ہیں: میں حضرت جابرؓ کے پاس گیا اور وہ ایک کپڑے میں نماز پڑھ رہے تھے، اس میں لپٹ کر اور ان کی چادر (قریب میں) رکھی ہوئی تھی، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو ہم نے عرض کیا: اے ابوعبداللہ! آپ ایک کپڑے میں نماز پڑھتے ہیں، درانحالیکہ آپ کی چادر یہیں قریب میں رکھی ہوئی ہے؟ انھوں نے فرمایا: ہاں میں نے پسند کیا کہ دیکھیں مجھ کو تم جیسے بڑے نادان۔ میں نے نبی ﷺ کو اس طرح نماز پڑھتے دیکھا ہے۔

استدلال: ملتحفا به: کے اطلاق سے استدلال کیا ہے، حضرت جابرؓ نے لنگی میں لپٹ کر یا لنگی باندھ کر نماز پڑھی، اور لنگی کمر پر باندھی جاتی ہے، معلوم ہوا کہ ناف سے اوپر ستر نہیں۔

بابُ مَا یُذْکَرُ فِیْ الْفَخِذِ

ران کے سلسلہ کی روایات

اگلی پچھلی شرم گاہیں اور ان کا اردگرد بالاجماع ننگا پا ہیں، اور اگلی شرم گاہ کا اردگرد جنگا سے کہلاتے ہیں، جہاں ران پر پیشاب کا عضو لگتا ہے وہ جنگا سے ہیں۔ اور دبر (گانڈ) کے حوالی سرینیں ہیں، اور جنگا سے اور سرینیں جہاں ختم ہوتی ہیں وہاں سے رانیں شروع ہوتی ہیں، رانیں عورت ہیں یا نہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس سلسلہ میں روایات مختلف

ہیں اور اقوی ران کا ننگا پانہ ہونا ہے، مگر احتیاط اس میں ہے کہ رانوں کو ننگا پامان لیا جائے۔ اور امام مالک اور اصحاب ظواہر کے نزدیک رانیں ننگا پانہیں، اور جمہور کے نزدیک ہیں، البتہ گھٹنوں میں اختلاف ہے، امام شافعی رحمہ اللہ گھٹنے کو عورت نہیں مانتے اور امام اعظم کے نزدیک وہ بھی ننگا پا ہیں۔

[۱۲-] بابُ مَا یُذْکَرُ فِیْ الْفَخِذِ

[۱-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَیُرْوَی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَجَرْهَدٍ، وَمُحَمَّدِ بْنِ جَحْشٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "الْفَخِذُ عَوْرَةٌ" وَقَالَ أَنَسٌ: حَسَرَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ فَخِذِهِ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَحَدِیْثُ أَنَسٍ أَسْنَدُ، وَحَدِیْثُ جَرْهَدٍ أَحْوَطُ، حَتّٰی نَخْرُجَ مِنْ اخْتِلَافِهِمْ.

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَی: غَطَّی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم رُکْبَتَیْهِ حِیْنَ دَخَلَ عُثْمَانُ.

[۳-] وَقَالَ زَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ: أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَفَخِذُهُ عَلٰی فَخِذِیْ، فَثَقُلَتْ عَلَیَّ، حَتّٰی خِفْتُ أَنْ تَرُضَّ فَخِذِیْ.

۱- حضرت ابن عباس، جرہد اور محمد بن جحش رضی اللہ عنہم سے مرفوعاً مروی ہے کہ ران ننگا پا ہے، حضرت ابن عباسؓ کی حدیث ترمذی (أبواب الأدب) میں ہے اور اس کا ایک راوی ابو یحییٰ القتّات ضعیف ہے، اور حضرت جرہدؓ کی حدیث بھی ترمذی میں ہے وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ان کے پاس سے گذرے درانحالیکہ وہ ران کھولے ہوئے تھے، آپؐ نے فرمایا: غَطِّ فَخِذَكَ فإنها من العورة: ران کو چھپاؤ، کیونکہ وہ ننگا پا ہے، یہ حدیث ترمذی کے علاوہ موطا مالک، اور امام بخاری کی التاریخ الکبیر میں بھی ہے اور اس کی سند میں اضطراب ہے، امام ترمذیؒ نے اس کو حسن کہا ہے۔

اور تیسری حدیث محمد بن جحش [۱] رضی اللہ عنہ کی ہے جو مسند احمد، التاریخ الکبیر، طبرانی اور مستدرک حاکم وغیرہ میں ہے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابو کثیر کے علاوہ اس کے سب راوی بخاری و مسلم کے راوی ہیں، اور ابو کثیر محمد بن جحش کے آزاد کردہ ہیں، اور ان کی کسی نے توثیق نہیں کی، یعنی وہ مستور راوی ہے۔ محمد بن جحشؓ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ معمرؓ کے پاس سے گذرا، وہ اپنے گھر کے باہر بازار میں بیٹھے ہوئے تھے، اور ان کی دونوں رانیں کھلی تھیں، نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: غَطِّ فخذيك فإن الفخذين عورة: اپنی رانیں چھپاؤ، کیونکہ رانیں ننگا پا ہیں، ان تینوں حدیثوں کا حاصل یہ ہے کہ ران ننگا پا ہے، مگر تینوں حدیثوں میں کچھ کچھ کمزوری ہے۔

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنی ران کھولی، یہ حدیث باب میں آرہی ہے اور اعلی درجہ کی

(۱) یہ دادا کی طرف نسبت ہے، باپ کا نام عبداللہ ہے، اور یہ ام المؤمنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے بھتیجے ہیں۔ باپ بیٹے دونوں صحابی ہیں۔

صحیح ہے اوراس کا حاصل یہ ہے کہ ران ننگا پا نہیں، ورنہ نبی ﷺ اس کو کیوں کھولتے؟

اب امام بخاریؒ فرماتے ہیں: حضرت انسؓ کی حدیث اسند ہے یعنی سند کے اعتبار سے اصح ہے اور حضرت جرہدؓ کی حدیث لینے میں احتیاط ہے، تاکہ رواۃ کے اختلاف سے ہم نکل جائیں، کسی روایت کے خلاف کرنا لازم نہ آئے۔

فائدہ: اختلاف کی رعایت کرنا اس وقت مستحب ہے جب اپنے مذہب کا مکروہ لازم نہ آئے، مثلاً امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک وضو میں ترتیب اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک موالات فرض ہیں، اب اگر کوئی اس اختلاف کی رعایت کرے اور ترتیب سے اور پے بہ پے وضو کرے تو بڑی اچھی بات ہے، ایسا ضرور کرنا چاہئے یہ مستحب ہے، البتہ اگر اپنے مذہب کا مکروہ لازم آئے تو پھر مراعاتِ خلاف مستحب نہیں۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک فرض ہے، یہاں اختلاف کی رعایت کرنے میں اپنے مذہب کا مکروہ لازم آئے گا۔ اس لئے مراعاتِ خلاف جائز نہیں، اسی طرح صحابہ میں اختلاف ہو تو ایسی شکل اختیار کرنی چاہئے کہ کسی کا اختلاف باقی نہ رہے، اور روایات میں اختلاف ہو تو ایسی شکل اختیار کرنی چاہئے کہ کوئی اختلاف باقی نہ رہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں عورتوں کے زیورات میں زکوۃ کے سلسلہ میں یہی بات لکھی ہے، عورتوں کے زیورات میں زکوۃ ہے یا نہیں؟ دونوں طرف کے دلائل ہیں، پس احتیاط زیورات کی زکوۃ نکالنے میں ہے، اس صورت میں کسی کا اختلاف باقی نہیں رہے گا، نہ روایتوں کا اور نہ ائمہ کا، امام بخاریؒ نے بھی یہاں یہی بات فرمائی ہے کہ سند کے اعتبار سے اچھی روایت حضرت انسؓ کی ہے، مگر حضرت جرہدؓ کی حدیث پر عمل کرنے میں احتیاط ہے، اس لئے اسی پر عمل کرنا چاہئے، تاکہ نہ روایتوں کا اختلاف باقی رہے اور نہ ائمہ کا۔

مگر غور کرنے کی بات یہ ہے کہ حضرت انسؓ کی حدیث بے شک اسند (اصح) ہے مگر صریح بھی ہے یا نہیں؟ حضرت انسؓ کی حدیث صریح نہیں، پس یہ حدیث ان تین حدیثوں کے معارض نہیں، اور مقابل روایات کا مجموعہ حسن لغیرہ ہے اور وہ مسئلہ باب میں صریح بھی ہیں، پس انہی حدیثوں کو لیا جائے گا، اور انہی حدیثوں پر مسئلہ کا مدار رکھا جائے گا۔

تفصیل: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث مسلم شریف (حدیث ۱۳۶۵ باب غزوۃ خیبر) میں ہے وہاں حَسَرَ کے بجائے انْحَسَرَ ہے، یعنی نبی ﷺ نے ران کھولی نہیں بلکہ کھل گئی، جب آپؐ خیبر پہنچے ہیں تو فجر کی نماز کے بعد آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ چاروں طرف گھوڑے دوڑائیں، اور آپؐ نے خود بھی اپنا گھوڑا دوڑایا، تاکہ فوجی مشق بھی ہو اور دشمن پر رعب بھی پڑے۔ حضرت انسؓ اپنے سوتیلے والد حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے پر پیچھے بیٹھے تھے اور ان کے اور نبی ﷺ کے گھوڑے ساتھ ساتھ دوڑ رہے تھے، اسی دوران ہوا سے آنحضور ﷺ کی ران کھل گئی، حضرت انسؓ نے آپؐ کی ران دیکھی، پس اس حدیث سے استدلال صحیح نہیں، کیونکہ آپؐ کی ران خود بخود کھل گئی تھی، مسلم شریف میں لفظ انْحَسَرَ ہے، اور حَسَرَ بھی کبھی لازم آتا ہے، مصباح اللغات میں ہے: حَسَرَ (ن،ض) حُسُوْرًا الشیئُ: کھل جانا، حَسَرَ (ن،ض)

حَسْرًا الشیئَ: کھولنا۔ پس حَسَرَ بھی انحسر کے معنی میں ہے۔

علاوہ ازیں: یہ فعلی روایت ہے اور حضرت ابن عباسؓ وغیرہ کی روایتیں قولی ہیں، اور تعارض کے وقت احناف قولی روایت کو لیتے ہیں، اور فعلی روایت کی تاویل کرتے ہیں، پس یہاں بھی قولی روایت لی جائے گی اور فعلی روایت کی تاویل کریں گے، اور وہ تاویل یہ ہے کہ حَسَرَ: انْحَسَرَ کے معنی میں ہے یعنی نبی ﷺ نے ران کھولی نہیں خود بخود کھل گئی تھی۔

اور دوسری تاویل یہ ہے کہ حضرت انسؓ کی حدیث میں فخذ سے قدم مراد ہے، چنانچہ حضرت انسؓ کی اسی حدیث میں جو آگے آرہی ہے (حدیث نمبر ۶۱۰) یہ ہے کہ میں حضرت ابوطلحہؓ کے گھوڑے پر پیچھے بیٹھا تھا، اور میرا قدم آنحضور ﷺ کے قدم سے لگ رہا تھا، اس میں فخذ کا تذکرہ نہیں، پس یہاں بھی فخذ سے مجازاً قدم مراد لیا جائے گا۔

۲- ایک دن نبی ﷺ کسی باغ میں کنویں پر تشریف فرما تھے، پاؤں کنویں کے اندر لٹکا رکھے تھے، اور رانیں کھول رکھی تھیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور آپؐ کے برابر دائیں جانب بیٹھ گئے اور آپؐ اپنی حالت پر رہے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے، وہ بھی آپؐ کے برابر بائیں جانب بیٹھے اور آپؐ اپنی حالت پر رہے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے اور سامنے بیٹھے تو آپؐ نے ران چھپالی، اور فرمایا: عثمان سے فرشتے بھی شرماتے ہیں، مجھے بھی شرم آئی۔

اس حدیث سے ران کے ستر نہ ہونے پر استدلال کیا گیا ہے مگر تقریب تام نہیں، کیونکہ یہ روایت بہت مختلف طرح سے آئی ہے، کسی میں ران کھولنے کا ذکر ہے اور کسی میں گھٹنہ کھولنے کا، یہاں گھٹنہ کھولنے کا ذکر ہے، درحقیقت آپؐ کی لنگی گھٹنے کے قریب تھی اور کچھ گھٹنا کھلا ہوا تھا اس کو راویوں نے توسعاً کشف فخذ سے تعبیر کیا ہے، پس اس حدیث سے بھی تقریب تام نہیں۔

۳- حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ جو کاتب وحی ہیں آنحضور ﷺ کے بالکل قریب بیٹھے تھے، اسی دوران آپؐ پر وحی کے آثار طاری ہوئے، جب وحی کا نزول ہوتا تھا تو آپؐ پر نا قابل برداشت بوجھ پڑتا تھا، چنانچہ غیر اختیاری طور پر آپؐ کی ران حضرت زیدؓ کی ران پر پڑ گئی، حضرت زیدؓ فرماتے ہیں: مجھ پر اتنا بوجھ پڑا کہ مجھے اندیشہ ہوا کہ میری ران پھٹ جائے گی۔

اس حدیث سے اس طرح استدلال ہے کہ اگر ران ننگا پا ہوتی تو آنحضور ﷺ اپنی ران حضرت زید رضی اللہ عنہ کی ران پر نہ رکھتے اور غیر اختیاری طور پر ران گرگئی تھی تو بعد میں تنبیہ فرماتے، نبی کا غیر اختیاری فعل بھی جس پر آپؐ نے بعد میں تنبیہ نہ فرمائی ہو حجت ہوتا ہے، معلوم ہوا کہ ران عورت نہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ لوگ سوءتین میں تو جو اغلظ العورات ہیں اتصال کے روادار نہیں ہوتے، نہ کسی چیز کی حیلولت کے ساتھ اور نہ حیلولت کے بغیر، اور ران وغیرہ میں جو اخف العورات ہیں کپڑے وغیرہ کی حیلولت کے ساتھ اتصال کو معیوب نہیں سمجھتے، اس لئے نبی ﷺ نے اپنے غیر اختیاری فعل پر کوئی تنبیہ نہیں فرمائی۔

اس کے بعد حضرت انس رضی اللہ عنہ کی وہی حدیث ہے جس کو امام بخاریؒ نے اسند کہا ہے، طویل حدیث ہے اور بخاری شریف میں تیس سے زیادہ جگہ آئی ہے، اور مختلف طرح سے آئی ہے، سب روایتوں کا خلاصہ درج ذیل ہے:

خیبر میں یہود آباد تھے، جو بدعہدی کر کے جنگ احزاب میں کفار مکہ کو مدینہ پر چڑھا لائے تھے، صلح حدیبیہ کے بعد آپ ذی الحجہ اور اوائل محرم میں مدینہ منورہ میں قیام فرما رہے، اور آخر محرم سنہ ۷ھ میں اللہ کے حکم سے خیبر پر چڑھائی کی، اور خیبر میں رات میں پہنچے اور فجر کی نماز اول وقت غلس میں ادا فرمائی، پھر صحابہ کو خیبر کی گلی کوچوں میں گھوڑے دوڑانے کا حکم دیا، تاکہ دشمن مرعوب ہو، چنانچہ گھوڑسواروں نے سارے خیبر میں ہنگامہ بپا کر دیا، نبی ﷺ بھی بنفس نفیس خیبر کی گلیوں میں گھوڑا دوڑا رہے تھے، یہود پھاوڑے اور کدال لے کر اپنے کاروبار کے لئے گھروں سے نکلے تو یہ منظر دیکھ کر خوف زدہ ہو گئے اور یہ کہتے ہوئے کہ محمد (ﷺ) بہت بڑا لشکر لے کر آ گئے، الٹے پاؤں بھاگے، آپ نے تین مرتبہ نعرہ لگایا اور یہ آیت پڑھی: ﴿إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ﴾ (الصفات ۱۷۷) یہود آپ کو دیکھتے ہی مع اہل وعیال قلعہ بند ہو گئے، خیبر میں یہود کے متعدد قلعے تھے، آپ نے ان قلعوں پر حملے شروع کئے اور یکے بعد دیگر سب فتح کر لئے۔

فتح خیبر کے بعد جب قیدی جمع کئے گئے تو ان میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں، جو بعد میں ام المؤمنین بنیں، وہ حُیَی بن اخطب سردار بنی نضیر کی بیٹی تھیں، اور ان کا شوہر کنانۃ بن ابی الحقیق بھی سردار تھا، دونوں غزوۂ خیبر میں مارے گئے تھے۔

حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے ایک باندی مانگی، آپ نے ان کو اجازت دیدی، انھوں نے حضرت صفیہؓ کا انتخاب کیا، قیدیوں کے ذمہ دار نے حاضر خدمت ہو کر عرض کیا: صفیہ: بنونضیر اور بنوقریظہ کے سردار کی لڑکی اور دوسرے سردار کی بیوی ہے، وہ آپ کے سواء کسی اور کے لائق نہیں، چنانچہ آپ نے حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ کو بلایا اور سات غلام کے بدلہ میں حضرت صفیہ کو خرید لیا پھر ان کو آزاد کر کے ان سے نکاح فرمایا (ابوداؤد ۲: ۴۲۱ باب ماجاء فی سهم الصفی)

خیبر سے چل کر آپ مقام صہباء میں رکے، جو خیبر سے ایک منزل پر ہے، وہاں رسم عروسی ادا فرمائی اور یہیں ولیمہ کیا۔

اور ولیمہ عجیب شان سے کیا، چمڑے کا ایک دسترخوان بچھایا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اعلان کرو کہ جس کے پاس جو کچھ ہے وہ لے آئے، کوئی کھجور لایا، کوئی پنیر، کوئی ستو اور کوئی گھی، جب کچھ سامان جمع ہو گیا تو سب نے مل کر کھالیا، اس ولیمہ میں گوشت اور روٹی نہیں تھی۔

حضرت صفیہؓ جب آپ کی زوجیت میں آئیں تو آپ نے ان کے رخسار پر ایک نشان دیکھا، آپ نے پوچھا: یہ نشان کیسا ہے؟ حضرت صفیہؓ نے بتایا کہ ایک روز میں اپنے شوہر کی گود میں سر رکھ کر سو رہی تھی کہ خواب دیکھا کہ چاند میری گود میں آ گیا، یہ خواب میں نے اپنے شوہر سے بیان کیا، اس نے زور سے طمانچہ مارا اور کہا: تو یثرب کے بادشاہ کی تمنا کرتی ہے، یثرب کے بادشاہ سے آنحضور ﷺ کی طرف اشارہ تھا (رواہ ابوحاتم والطبرانی)

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے معاملہ میں روایات مختلف ہیں، بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مالِ غنیمت میں سے نبی ﷺ نے ان کو منتخب کیا تھا، اسی لئے ان کا نام صفیہ (منتخب کردہ) پڑا تھا، پھر آپ نے ان کو آزاد کر کے ان سے نکاح کر لیا تھا، اور مہر آزادی کو مقرر کیا تھا، حضرت انسؓ کی یہ روایت بخاری شریف میں تیس سے زیادہ مرتبہ آئی ہے، اس روایت میں یہی

بات ہے اور دیگر روایات میں یہ ہے کہ وہ پہلے حضرت دحیہ کلبیؓ کے حصہ میں گئی تھیں، انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک باندی لینے کی اجازت طلب کی تھی، آپؐ نے اجازت دیدی تھی، چنانچہ وہ حضرت صفیہ کو لے گئے، پھر قیدیوں کے ذمہ دار نے اطلاع دی کہ وہ سردار کی بیٹی اور دوسرے سردار کی بیوی ہیں، وہ آپؐ کے علاوہ کے حصہ میں نہیں جانی چاہئیں، چنانچہ آپؐ نے ان کو سات بردوں کے عوض خرید لیا تھا یا بدل لیا تھا، پھر آزاد کر کے ان سے نکاح کر لیا تھا، پس اس صورت میں ان کا ثمن ان کا مہر ہوگا، محض عتق مہر نہیں ہوگا، پس غیر مال مہر ہوسکتا ہے یا نہیں: یہ مسئلہ ختم ہوگیا۔

[۳۷۱-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غَزَا خَيْبَرَ، فَصَلَّيْنَا عِنْدَهَا صَلاَةَ الْغَدَاةِ بِغَلَسٍ، فَرَكِبَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَرَكِبَ أَبُوْ طَلْحَةَ، وَأَنَا رَدِيْفُ أَبِيْ طَلْحَةَ، فَأَجْرَى نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ زُقَاقِ خَيْبَرَ، وَإِنَّ رُكْبَتِيْ لَتَمَسُّ فَخِذَ نَبِيِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ حَسَرَ الإِزَارَ عَنْ فَخِذِهِ، حَتّٰى إِنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى بَيَاضِ فَخِذِ نَبِيِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا دَخَلَ الْقَرْيَةَ قَالَ: " اللّٰهُ أَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ! إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ" قَالَهَا ثَلاَثًا.

قَالَ: وَخَرَجَ الْقَوْمُ إِلٰى أَعْمَالِهِمْ، فَقَالُوْا: مُحَمَّدٌ قَالَ: عَبْدُ الْعَزِيْزِ، وَقَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا: وَالْخَمِيْسُ يَعْنِيْ الْجَيْشَ قَالَ: فَأَصَبْنَاهَا عَنْوَةً، فَجُمِعَ السَّبْيُ فَجَاءَ دِحْيَةُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! أَعْطِنِيْ جَارِيَةً مِنَ السَّبْيِ، قَالَ: "اذْهَبْ فَخُذْ جَارِيَةً" فَأَخَذَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ، فَجَاءَ رَجُلٌ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! أَعْطَيْتَ دِحْيَةَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ سَيِّدَةَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيْرِ، لاَ تَصْلُحُ إِلاَّ لَكَ، قَالَ: " ادْعُوْهُ بِهَا" فَجَاءَ بِهَا، فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " خُذْ جَارِيَةً مِنَ السَّبْيِ غَيْرَهَا"

قَالَ: فَأَعْتَقَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَتَزَوَّجَهَا، فَقَالَ لَهُ ثَابِتٌ: يَا أَبَا حَمْزَةَ! مَا أَصْدَقَهَا؟ قَالَ: نَفْسَهَا، أَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا، حَتّٰى إِذَا كَانَ بِالطَّرِيْقِ جَهَّزَتْهَا لَهُ أُمُّ سُلَيْمٍ، فَأَهْدَتْهَا لَهُ مِنَ اللَّيْلِ، فَأَصْبَحَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَرُوْسًا، فَقَالَ: مَنْ كَانَ عِنْدَهُ شَيْئٌ فَلْيَجِيْ بِهِ، وَبَسَطَ نِطَعًا، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيْئُ بِالتَّمْرِ، وَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيْئُ بِالسَّمْنِ، قَالَ: وَأَحْسِبُهُ قَدْ ذَكَرَ السَّوِيْقَ، قَالَ: فَحَاسُوْا حَيْسًا، فَكَانَتْ وَلِيْمَةَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ٦١٠، ٩٤٧، ٢٢٢٨، ٢٢٣٥، ٢٨٨٩، ٢٨٩٣، ٢٩٤٣، ٢٩٤٤، ٢٩٤٥، ٢٩٩١، ٣٠٨٥، ٣٠٨٦، ٣٣٦٧، ٣٦٤٧، ٤٠٨٣، ٤٠٨٤، ٤١٩٧، ٤١٩٨، ٤١٩٩، ٤٢٠٠، ٤٢٠١، ٤٢١١، ٤٢١٣، ٥٠٨٥، ٥١٥٩، ٥١٦٩، ٥٣٨٧، ٥٤٢٥، ٥٥٢٨، ٥٩٦٨، ٦١٨٥، ٦٣٦٣]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر فرمایا پس ہم نے وہاں فجر کی نماز غلس میں

پڑھی، پھر آپ گھوڑے پر سوار ہوئے اور ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بھی سوار ہوئے، اور میں ابوطلحہؓ کے پیچھے بیٹھا تھا، پس آپؐ نے خیبر کی گلیوں میں گھوڑا دوڑایا، اور میرا گھٹنا نبی ﷺ کی ران کو چھو رہا تھا، پھر آپؐ نے اپنی ران پر سے لنگی کھولی (یہی جزء باب سے متعلق ہے) یہاں تک کہ میں آپ کی ران کی سفیدی کو دیکھ رہا ہوں، پس جب آپ آبادی میں داخل ہوئے تو فرمایا: بڑائی اللہ کے لئے ہے، خیبر اجڑا! بیشک ہم جب کسی قوم کے آنگن میں اترتے ہیں تو ڈرائے ہوؤں کی صبح بری ہوتی ہے۔ یہ بات آپؐ نے تین مرتبہ فرمائی۔

حضرت انسؓ کہتے ہیں: اور لوگ اپنے کاموں کے لئے نکلے، پس انھوں نے کہا: محمدؐ آگئے (**جاء محمد**) عبدالعزیز کہتے ہیں: اور ہمارے بعض اساتذہ نے **والخمیس** بھی کہا: خمیس کے معنی ہیں: بڑا لشکر، اور واؤ بمعنی مع ہے، **أی جاء محمد مع الخمیس**: محمد بہت بڑا لشکر لے کر آگئے، پس ہم نے خیبر کو لڑ کر فتح کیا، اور قیدی جمع کئے گئے، پس حضرت دحیہؓ آئے اور انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! مجھے قیدیوں میں سے ایک باندی عنایت فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: جاؤ اور ایک باندی لے لو، چنانچہ انھوں نے حضرت صفیہ کو لے لیا۔ پس ایک شخص (قیدیوں کا ذمہ دار) نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! آپؐ نے دحیہؓ کو صفیہ بنت حیی دی ہے جو قریظہ اور نضیر کی سردار ہے، وہ آپؐ کے علاوہ کسی اور کے لئے مناسب نہیں، آپؐ نے فرمایا: دحیہؓ کو صفیہ کے ساتھ بلاؤ، پس وہ ان کو لے کر آئے، جب نبی ﷺ نے ان کو دیکھا تو آپؐ نے فرمایا: قیدیوں میں سے ان کے علاوہ کوئی اور باندی لے لو۔

حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ نے ان کو آزاد کیا اور ان سے نکاح فرمایا، حضرت انسؓ سے ثابت بُنانی نے پوچھا: اے ابوحمزہ! صفیہ کو مہر کیا دیا؟ حضرت انسؓ نے کہا: خود ان کی ذات، آپؐ نے ان کو آزاد کیا اور نکاح فرمایا یعنی (یہ آزاد کرنا ہی مہر ٹھہرا) یہاں تک کہ جب آپؐ راستہ میں تھے، حضرت ام سلیمؓ نے ان کو نبی ﷺ کے لئے تیار کیا اور اسی شب میں آنحضور ﷺ کی خدمت میں بھیجا، پس نبی ﷺ نے دولھا ہونے کی حالت میں صبح کی، پس آپؐ نے فرمایا: جس کے پاس جو کچھ ہو لائے اور ایک چمڑے کا دسترخوان بچھایا، پس کوئی کھجور لایا اور کوئی گھی لایا، راوی کہتا ہے: اور میرا گمان ہے کہ حضرت انسؓ نے ستو کا بھی ذکر کیا، حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس لوگوں نے ملیدہ بنایا اور یہ نبی ﷺ کا ولیمہ تھا۔

تشریح:

۱- خمیس بڑے لشکر کو کہتے ہیں، اور وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس کے پانچ حصے ہوتے ہیں، مقدمہ، میمنہ، میسرہ، قلب اور ساقہ۔

۲- اعتاق (آزاد کرنا) مہر بن سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اعتاق مہر بن سکتا ہے، دیگر ائمہ کے نزدیک نہیں بن سکتا، اور جمہور اس حدیث کا یہ جواب دیتے ہیں کہ آنحضور ﷺ نے ان کو سات غلاموں کے بدلے میں لے کر آزاد کیا تھا، پھر نکاح فرمایا تھا، اور ان غلاموں کو ان کا مہر بنایا تھا، اور دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ بلا عوض ان کو آزاد کیا تھا پھر انھوں نے اپنی ذات آپ کو ہبہ کر دی تھی، اس صورت میں آپؐ پر مہر کی ادائیگی ضروری نہیں تھی۔ سورۃ

الاحزاب آیت ۵۰ میں آپؐ کی جو چند خصوصیات بیان کی گئی ہیں ان میں سے ایک خصوصیت یہ ہے: ﴿وَامْرَأَةً مُّؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ﴾ یعنی اگر کوئی مؤمن عورت اپنی ذات نبی ﷺ کو ہبہ کردے اور آپؐ اس کو قبول فرمالیں تو وہ عورت آپؐ کے لئے حلال ہے یعنی اس سے بھی نکاح ہوجاتا ہے، اور آپؐ پر کوئی مہر واجب نہیں ہوتا۔

بابٌ فِيْ كَمْ تُصَلِّى الْمَرْأَةُ مِنَ الثِّيَابِ؟

عورت کتنے کپڑوں میں نماز پڑھے؟

بعض لوگ کہتے ہیں: عورت کو دو، تین یا چار کپڑوں میں نماز پڑھنی چاہئے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کوئی عدد ضروری نہیں، پورے بدن کا ستر ضروری ہے، خواہ یہ مقصد ایک کپڑے سے حاصل ہوجائے۔ جاننا چاہئے کہ جمہور کے نزدیک چہرہ جتنا وضو میں دھویا جاتا ہے، دونوں ہتھیلیاں گٹوں تک اور دونوں پیر ٹخنوں سے نیچے تک مستثنیٰ ہیں، عورت ان کو کھلا رکھ کر نماز پڑھے تو جائز ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک قدمین تحت الكعبين بھی مستثنیٰ نہیں، عورت پر نماز میں ان کا ستر ضروری ہے ورنہ نماز نہیں ہوگی —— اور امام بخاریؒ نے اس مسئلہ پر کہ عورت کا ایک کپڑے میں نماز پڑھنا صحیح ہے: جس حدیث سے استدلال کیا ہے وہ تقریب تام نہیں، اگرچہ مسئلہ صحیح ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: فجر پڑھ کر عورتیں اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی نکلتی تھیں، غلس (تاریکی) کی وجہ سے پہچانی نہیں جاتی تھیں، اس حدیث میں یہ جملہ ہے: مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوْطِهِنَّ: مُروط: مِرط کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: اونی چادر، نماز پڑھ کر عورتیں اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی نکلتی تھیں، غلس کی وجہ سے پہچانی نہیں جاتی تھیں، اس سے یہ استدلال کرنا کہ عورتیں بس اسی ایک چادر میں نماز پڑھتی تھیں، اس کے علاوہ کوئی دوسرا کپڑا نہیں ہوتا تھا، یہ استدلال شاید صحیح نہیں، اس لئے کہ یہ چادر تو بمنزلہ برقعہ کے تھی، ہاں حضرت عکرمہ کے قول سے استناد صحیح ہے، وہ فرماتے ہیں: ایک کپڑے میں بھی اگر عورت سارا بدن چھپالے تو نماز صحیح ہے، معلوم ہوا کہ عورت کی نماز کے صحیح ہونے کے لئے کپڑوں کی کوئی تعداد متعین نہیں۔

[۱۳-] بابٌ فِيْ كَمْ تُصَلِّى الْمَرْأَةُ مِنَ الثِّيَابِ؟

وَقَالَ عِكْرِمَةُ: لَوْ وَارَتْ جَسَدَهَا فِيْ ثَوْبٍ جَازَ.

[۳۷۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَقَدْ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّى الْفَجْرَ، فَيَشْهَدُ مَعَهُ نِسَاءٌ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ، مُتَلَفِّعَاتٍ فِيْ مُرُوْطِهِنَّ، ثُمَّ يَرْجِعْنَ إِلٰى بُيُوْتِهِنَّ، مَا يَعْرِفُهُنَّ أَحَدٌ. [انظر: ۵۷۸، ۸۶۷، ۸۷۲]

ترجمہ: عکرمہ کہتے ہیں: اگر عورت نے ایک کپڑے میں سارا جسم چھپالیا تو نماز صحیح ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔صدیقہؓ فرماتی ہیں:

نبی ﷺ فجر پڑھا کرتے تھے، پس مسلمان عورتیں آپؐ کے ساتھ جماعت میں شریک ہوتی تھیں، درانحالیکہ وہ سر سے پیر تک اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی ہوتی تھیں، پھر اپنے گھروں کو لوٹتی تھیں، کوئی ان کو پہچان نہیں سکتا تھا ـــــ یعنی تاریکی میں نماز پوری ہوجاتی تھی، اور تاریکی ہی میں عورتیں چادروں میں لپٹی ہوئی گھروں کو لوٹتی تھیں، اور ابھی اتنی تاریکی ہوتی تھی کہ ان کو پہچاننا مشکل ہوتا تھا۔

تشریح: فجر کی نماز غلس میں افضل ہے یا اسفار میں؟ یہ مسئلہ آگے آئے گا، یہاں تو بس یہ استدلال ہے کہ ایک کپڑے میں نماز صحیح ہے، اور میں نے بتایا ہے کہ تقریب تام نہیں، اس لئے کہ عورتیں جو ایک چادر میں لپٹ کر آتی تھیں وہ چادر بمنزلہ برقعہ کے تھی، پس اس حدیث سے استدلال مشکل ہے۔

بابٌ: إِذَا صَلَّى فِيْ ثَوْبٍ لَهُ أَعْلَامٌ وَنَظَرَ إِلٰى عَلَمِهَا

پھول بوٹے والے کپڑے میں نماز پڑھی، اور نماز میں پھولوں کو دیکھا

أعلام: علَم کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: پھول بوٹے، پھول اور بوٹا ایک ہیں، ایسا کپڑا جس میں پھول بوٹے بنے ہوں اگر کوئی اس کو پہن کر نماز پڑھے اور دوران نماز اس کی نظر بوٹوں پر پڑے تو بھی نماز صحیح ہے، لیکن نماز میں ایسا کپڑا نہ پہننا اولیٰ ہے، تاکہ نماز کی طرف پورا دھیان رہے، حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ کو ایک چادر ہدیۃً پیش کی، اس میں پھول بوٹے تھے، آپؐ نے کرتے کی جگہ اس کو اوڑھا اور نماز پڑھی، نماز کے بعد آپؐ نے وہ چادر اتار دی اور ایک صاحب کو دے کر فرمایا: اسے ابوجہم کو واپس کردو، اور اس کے بدلہ میں ان کے پاس جو انبجانیہ چادر ہے وہ لے آؤ، وہ سادہ چادر تھی، اس میں پھول بوٹے نہیں تھے، اس حدیث سے دو باتیں نکلیں: ایک: آپؐ نے نماز نہیں لوٹائی معلوم ہوا کہ ایسی چادر میں نماز پڑھنا صحیح ہے۔ دوم: آپؐ نے وہ چادر لوٹادی معلوم ہوا کہ ایسی چادر کا ترک اولیٰ ہے۔

[١٤-] بابٌ: إِذَا صَلَّى فِيْ ثَوْبٍ لَهُ أَعْلَامٌ وَنَظَرَ إِلٰى عَلَمِهَا

[٣٧٣-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: أَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى فِيْ خَمِيْصَةٍ لَهَا أَعْلَامٌ، فَنَظَرَ إِلٰى أَعْلَامِهَا نَظْرَةً، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: " اذْهَبُوْا بِخَمِيْصَتِيْ هٰذِهِ إِلٰى أَبِيْ جَهْمٍ، وَائْتُوْنِيْ بِإِنْبِجَانِيَّةِ أَبِيْ جَهْمٍ، فَإِنَّهَا أَلْهَتْنِيْ آنِفًا عَنْ صَلَاتِيْ.

وَقَالَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " كُنْتُ أَنْظُرُ إِلٰى عَلَمِهَا، وَأَنَا فِيْ الصَّلَاةِ، فَأَخَافُ أَنْ تَفْتِنَنِيْ" [انظر: ٧٥٢، ٥٨١٨]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک ایسی چادر میں نماز پڑھی جس میں پھول بوٹے

تھے، نماز کے دوران آپؐ کی ان پر اچٹتی نظر پڑھی، جب آپؐ نے نماز پوری فرمائی تو فرمایا: میری یہ چادر ابوجہمؓ کے پاس لے جاؤ، اور ابوجہم کی انجانیہ چادر میرے پاس لاؤ، اس لئے کہ ان بوٹوں نے ابھی مجھے نماز سے غافل کیا، یعنی ان کی وجہ سے میری توجہ نماز سے ہٹی —— اور ہشام کی روایت میں حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: میں ان بوٹوں کو دیکھ رہا تھا درانحالیکہ میں نماز میں تھا، اور مجھے اندیشہ ہوا کہ وہ بوٹے مجھے فتنہ میں مبتلا کردیں، یعنی میری نماز خراب کردیں۔

وضاحت: **خمیصة**: سرخ یا سیاہ دھاری دار چادر، یعنی کپڑے کی زمین الگ ہو اور اس میں سرخ یا سیاہ دھاریاں ہوں .... حضرت **أبو الجهم** بن حذیفہ قریشی صحابی ہیں اور **أبو الجُهیم** بن الصمہ انصاری ہیں، حضرت اُبیؓ کے بھانجے ہیں، انھوں نے آپؐ کو سلام کیا تھا اور آپؐ نے تیمّم کرکے جواب دیا تھا —— **إنبجانیة**: جگہ کی طرف نسبت ہے۔

بابٌ: إِنْ صَلَّى فِيْ ثَوْبٍ مُصَلَّبٍ أَوْ تَصَاوِيْرَ هَلْ تَفْسُدُ صَلاَتُهُ؟ وَمَا يُنْهَى مِنْ ذٰلِكَ

اگر ایسے کپڑے میں نماز پڑھی جس پر صلیب یا کوئی اور تصویر بنی ہوئی ہو تو کیا نماز فاسد ہوگی؟ اور ایسے کپڑے میں نماز کی ممانعت

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

ایک: وہ کپڑا جس میں کوئی ایسی تصویر بنی ہوئی ہو جس کی پوجا کی جاتی ہے، جیسے صلیب کی تصویر، عیسائیوں کے یہاں صلیب کی پوجا کی جاتی ہے اس میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ جواب یہ ہے کہ نماز ہوجائے گی مگر ایسا کپڑا اور ایسا مصلی استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

دوسرا مسئلہ: کسی جگہ ہر طرف تصویریں لگی ہوئی یا بنی ہوئی ہوں اور ان کے درمیان آدمی نماز پڑھے تو نماز ہوجائے گی مگر ایسی جگہ نماز نہیں پڑھنی چاہئے —— تصاویر کا عطف ثوب پر ہے، اور **إن صَلّٰی فی تصاویر**: کا یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ ایسے کپڑے میں نماز پڑھی جس میں تصویریں تھیں، اور یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ ایسی جگہ نماز پڑھی جہاں دائیں بائیں، آگے پیچھے چاروں طرف تصویریں ہوں، دونوں صورتوں میں نماز صحیح ہوگی مگر ترک اولیٰ ہے، اور جاندار کی تصویر بھی حرام ہے، پس اس کا بھی یہی حکم ہے۔

[۱۵-] بابٌ: إِنْ صَلَّى فِيْ ثَوْبٍ مُصَلَّبٍ أَوْ تَصَاوِيْرَ هَلْ تَفْسُدُ صَلاَتُهُ؟ وَمَا يُنْهَى مِنْ ذٰلِكَ

[۳۷۴-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ قِرَامٌ لِعَائِشَةَ، سَتَرَتْ بِهِ جَانِبَ بَيْتِهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَمِيْطِيْ عَنَّا قِرَامَكِ هٰذَا، فَإِنَّهُ لاَ تَزَالُ تَصَاوِيْرُهُ تَعْرِضُ فِيْ صَلاَتِيْ" [انظر: ۵۹۵۹]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ایک پردہ تھا جس سے انھوں نے گھر کا ایک کونہ چھپا رکھا تھا، نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: اپنا یہ پردہ ہم سے دور کرو، اس لئے کہ اس کی تصویریں برابر نماز میں میرے سامنے آتی رہتی ہیں۔

تشریح: قِرام: باریک پردہ جس میں مختلف رنگ ہوں، حضرت عائشہؓ نے گھر کے کسی کونے میں ایسا پردہ لٹکا رکھا تھا، دوران نماز وہ پردہ نبی ﷺ کو نظر پڑتا تھا، جس کی وجہ سے توجہ بٹتی تھی، آپؐ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا: اس پردہ کو ہٹا دو، اس کی وجہ سے میری نماز خراب ہوتی ہے، چنانچہ حضرت عائشہؓ نے اس کو پھاڑ کر بیٹھنے کا گدا بنا دیا، یہی جزء باب سے متعلق ہے کہ اگر نمازی کے سامنے، دائیں بائیں تصویریں ہوں تو نماز صحیح ہے مگر ایسی جگہ نماز نہیں پڑھنی چاہئے اور جب تصویریں نمازی کے سامنے ہوں اور نماز صحیح ہو جاتی ہے تو تصویریں نمازی کے بدن پر ہوں یعنی نمازی نے ایسا کپڑا پہن رکھا ہو تو بھی نماز صحیح ہے۔

بَابُ مَنْ صَلَّى فِيْ فَرُّوْجِ حَرِيْرٍ ثُمَّ نَزَعَهُ

جس نے ریشم کی عباء میں نماز پڑھی پھر اس کو نکال دیا

فروج: اس عباء کو کہتے ہیں جس کا گریبان پیچھے کی طرف ہو، اور باب میں مسئلہ یہ ہے کہ ریشم کے کپڑے میں نماز جائز ہے یا نہیں؟ ریشم مردوں کے لئے حرام ہے، اگر کوئی ریشم کا کپڑا پہن کر نماز پڑھے تو اس کی نماز ہوگی یا نہیں؟ جواب یہ ہے کہ ریشم حرام ہے لیکن اگر کوئی اس میں نماز پڑھے تو نماز ہو جائے گی ــــــ اور باب میں جو حدیث ہے وہ مسئلہ باب میں صریح نہیں۔ نبی ﷺ نے ایک مرتبہ ریشم کا جبّہ پہن کر نماز پڑھی، وہ جبہ آپؐ کو کسی نے ہدیہ دیا تھا، نماز کے بعد آپؐ نے اس کو ناگواری کے ساتھ اتار دیا اور فرمایا: یہ متقیوں کے لئے مناسب نہیں، اور مسلم شریف میں ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے مجھے اس سے منع کیا (حدیث ۲۰۷۰ أبواب اللباس) یعنی اس واقعہ کے بعد ریشم کی حرمت نازل ہوئی، پس اس حدیث سے جواز پر استدلال مشکل ہے، لیکن مسئلہ اپنی جگہ صحیح ہے کہ نماز درست ہو جائے گی۔

[۱۶-] بَابُ مَنْ صَلَّى فِيْ فَرُّوْجِ حَرِيْرٍ ثُمَّ نَزَعَهُ

[۳۷۵-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: نَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: أُهْدِيَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَرُّوْجُ حَرِيْرٍ، فَلَبِسَهُ فَصَلَّى فِيْهِ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَزَعَهُ نَزْعًا شَدِيْدًا كَالْكَارِهِ لَهُ، وَقَالَ: "لَايَنْبَغِيْ هٰذَا لِلْمُتَّقِيْنَ" [انظر: ۵۸۰۱]

ترجمہ: حضرت عقبہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کو ریشم کا جبہ ہدیۃً پیش کیا گیا، آپؐ نے اس کو پہن کر اس میں نماز پڑھی،

پھر جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے اس کو سختی سے اتار دیا، اس کو ناپسند کرنے والے کی طرح، اور فرمایا یہ متقیوں کے لئے زیبا نہیں۔

بابُ الصَّلَاۃُ فِیْ الثَّوْبِ الْأَحْمَرِ

سرخ کپڑے میں نماز پڑھنا

سرخ کپڑے میں نماز پڑھنا جائز ہے، سرخ کپڑا مردوں کے لئے جائز ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں فقہاء کے اقوال مختلف ہیں، شرنبلانی نے اس موضوع پر ایک رسالہ لکھا ہے جس میں آٹھ اقوال ذکر کئے ہیں، ان میں سے ایک قول استحباب کا بھی ہے، اور سرخ ٹوپی کی اجازت تو بالاتفاق مروی ہے (شامی ۵:۲۵۳ مطبع زکریا) اور باب میں حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ کو سرخ جوڑے میں دیکھا: حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: (ترمذی کتاب الاذان باب ۳۱) نبی ﷺ نے جو سرخ جوڑا زیب تن فرمایا تھا، وہ حِبَری کپڑا تھا یعنی اس کی زمین سفید تھی، اور اس میں سرخ دھاریاں تھیں، اور قریب قریب تھیں اس لئے وہ لال کپڑا محسوس ہوتا تھا، مگر حقیقت میں وہ لال نہیں تھا، جیسے آج کل لال رومال اوڑھتے ہیں، ان کی زمین سفید ہوتی ہے اور ان میں سرخ پھول ہوتے ہیں، اس لئے سرخ رومال کہلاتے ہیں۔

سرخ دھاری دار کپڑا نہ صرف جائز ہے بلکہ مستحب ہے، اور جن روایتوں میں سرخ رنگ کی ممانعت آئی ہے وہ احمر قانی یعنی تیز سرخ رنگ کی ممانعت ہے، ایسا رنگ مست کن ہوتا ہے، جو مردوں کے شایانِ شان نہیں، اس لئے اس کو ناپسند کیا گیا ہے، البتہ عورتوں کے لئے زیبا ہے اس لئے ان کے لئے جائز ہے۔

[۱۷-] بابُ [الصَّلَاۃُ] فِیْ الثَّوْبِ الْأَحْمَرِ

[۳۷۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَۃَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عُمَرُ بْنُ أَبِیْ زَائِدَۃَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِیْ جُحَیْفَۃَ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: رَأَیْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ قُبَّۃٍ حَمْرَاءَ مِنْ أَدَمٍ، وَرَأَیْتُ بِلَالًا أَخَذَ وَضُوْءَ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَرَأَیْتُ النَّاسَ یَبْتَدِرُوْنَ ذَاكَ الْوَضُوْءَ، فَمَنْ أَصَابَ مِنْهُ شَیْئًا تَمَسَّحَ بِهِ، وَمَنْ لَمْ یُصِبْ مِنْهُ شَیْئًا أَخَذَ مِنْ بَلَلِ یَدِ صَاحِبِهِ، ثُمَّ رَأَیْتُ بِلَالًا أَخَذَ عَنَزَۃً فَرَكَزَهَا، وَخَرَجَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ حُلَّۃٍ حَمْرَاءَ مُشَمِّرًا، صَلّٰی إِلَی الْعَنَزَۃِ بِالنَّاسِ رَكْعَتَیْنِ، وَرَأَیْتُ النَّاسَ وَالدَّوَابَّ یَمُرُّوْنَ بَیْنَ یَدَیِ الْعَنَزَۃِ.

[راجع: ۱۸۷]

ترجمہ: حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک سرخ چمڑے کے خیمہ میں دیکھا، اور

میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دیکھا: انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے لئے وضو کا پانی لیا، اور میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ اس وضو کے پانی پر جھپٹ رہے ہیں، پس جس کو اس پانی میں سے کچھ مل گیا اس نے وہ پانی بدن پر مل لیا، اور جس کو کچھ نہ ملا اس نے اپنے ساتھی کے ہاتھ کی تری میں سے لیا اور اپنے چہرہ وغیرہ پر ملا، پھر میں نے حضرت بلالؓ کو دیکھا: انھوں نے ایک بلّم لیا اور اس کو (میدان میں) گاڑا، اور نبی ﷺ سرخ جوڑے میں لنگی اٹھائے ہوئے نکلے، آپؐ نے لوگوں کو اس بلّم کی طرف منہ کر کے دو رکعت پڑھائیں، اور میں نے لوگوں کو اور جانوروں کو دیکھا کہ وہ بلّم کے پرے سے گذر رہے ہیں۔

تشریح: یوم النفر یعنی ۱۳ ذی الحجہ کو حج سے فارغ ہونے کے بعد نبی ﷺ نے بطحاء نامی میدان میں قیام فرمایا تھا اور عصر تا عشاء تین نمازیں وہاں ادا فرمائی تھیں، حضرت ابوجحیفہؓ نے اس موقعہ کی منظر کشی کی ہے، نبی ﷺ چمڑے کے ایک سرخ خیمہ میں تشریف فرما تھے، عصر کی نماز کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ وضو کا پانی لائے پھر برتن میں جو پانی بچا اس کو لے کر باہر نکلے تو صحابہ اس تبرک کو حاصل کرنے کے لئے ٹوٹ پڑے، اور اس میں سے لے کر چہرہ، ہاتھ اور بدن پر ملنے لگے، اور جب تبرک ختم ہوگیا تو جو صحابہ رہ گئے تھے انھوں نے اپنے ساتھیوں کے ہاتھوں پر سے تری لے کر چہرہ وغیرہ پر ملی، پھر حضرت بلالؓ نے ایک جگہ چھوٹا بلّم گاڑا، جس کو سترہ بنا کر نبی ﷺ نے عصر پڑھائی، اور قصر پڑھائی، اور لوگ اور جانور اس سترہ کے پرے سے گذر رہے تھے، آپؐ نے اس کی کوئی پرواہ نہ کی، کیونکہ سترہ کے پرے سے گذرنا جائز ہے، اس موقع پر حضور اقدس ﷺ نے سرخ جوڑا زیب تن فرمایا تھا، یہی جزء باب سے متعلق ہے۔

بَابُ الصَّلٰوةِ فِيْ السُّطُوْحِ وَالْمِنْبَرِ وَالْخَشَبِ

چھتوں پر، منبر پر اور لکڑی پر نماز پڑھنا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ کیا زمین پر نماز پڑھنی ضروری ہے یا کسی اور چیز پر بھی نماز پڑھ سکتے ہیں؟ اور یہ مسئلہ اس لئے پیدا ہوا کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: **جُعِلَتْ لِيَ الأَرْضُ مسجدًا:** پس یہ خیال ہوسکتا ہے کہ زمین پر ہی نماز پڑھنا ضروری ہوگا چنانچہ امام مالک رحمہ اللہ یہی فرماتے ہیں، ان کے نزدیک چٹائی وغیرہ پر فرض نماز اس طرح پڑھنا کہ سجدہ بھی اسی پر ہو جائز نہیں، ان کے نزدیک زمین یا جنس زمین پر سجدہ کرنا فرض ہے، البتہ نفلوں میں گنجائش ہے۔ مگر اب مالکیہ کے یہاں بھی اس پر عمل نہیں رہا، سوڈان کا ایک طالب علم تھا احمد میرف، بڑا ذہین تھا اور مالکی تھا میں نے اس سے اس سلسلہ میں پوچھا تو اس نے بتایا کہ ہمارے یہاں اس پر عمل نہیں۔ غرض امام بخاریؒ نے یہ باب لا کر بتایا کہ زمین ہی پر نماز پڑھنا ضروری نہیں، دوسری چیزوں پر: چھت، منبر اور لکڑی وغیرہ پر بھی نماز پڑھ سکتے ہیں۔

فائدہ: جُعلت لی الأرض مسجداً: میں جو زمین کی تخصیص ہے اس کا مفاد یہ ہے کہ زمین کے ہر خطہ پر نماز پڑھی جاسکتی ہے، کوئی جگہ بالذات ممنوع نہیں، اور ناپاک زمین پر نماز پڑھنے کی ممانعت لغیرہ ہے، عارض کی وجہ سے ہے اور

عارض زمین کا ناپاک ہونا ہے۔اگر وہ عارض باقی نہ رہے تو پھر اس جگہ بھی نماز پڑھنا صحیح ہے۔زمین پر یا زمین کی جنس پر نماز پڑھنا ضروری ہے، یہ اس حدیث کا مفاد نہیں (۱)

[۱۸-] بابُ الصَّلٰوۃ فِی السُّطُوْحِ وَالْمِنْبَرِ وَالْخَشَبِ

[۱-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَلَمْ يَرَ الْحَسَنُ بَأْسًا أَنْ يُصَلَّى عَلَى الْجَمْدِ، وَالْقَنَاطِرِ، وَإِنْ جَرَى تَحْتَهَا بَوْلٌ، أَوْ فَوْقَهَا، أَوْ أَمَامَهَا، إِذَا كَانَ بَيْنَهُمَا سُتْرَةٌ.

[۲-] وَصَلَّى أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَلَى ظَهْرِ الْمَسْجِدِ بِصَلَاةِ الإِمَامِ.

[۳-] وَصَلَّى ابْنُ عُمَرَ عَلَى الثَّلْجِ.

۱-حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: برف پر اور پل پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، اگرچہ پل کے نیچے، یا اوپر یا سامنے پیشاب بہہ رہا ہو، جبکہ نمازی اور ناپاکی کے درمیان کوئی آڑ ہو، معلوم ہوا کہ نہ زمین پر نماز پڑھنا ضروری ہے اور نہ زمین پر سجدہ کرنا ضروری ہے، کسی بھی چیز پر نماز پڑھ سکتے ہیں اور کسی بھی چیز پر سجدہ کر سکتے ہیں، بس اس جگہ کا پاک ہونا ضروری ہے، بلکہ اگر نمازی کے نیچے، اوپر یا سامنے ناپاکی ہو اور درمیان میں آڑ ہو تو نماز صحیح ہے، مثلاً ایک شخص پل پر نماز پڑھ رہا ہے اور نیچے گندہ پانی بہہ رہا ہے خواہ وہ پل سے لگ کر بہہ رہا ہو، یا منفصل ہو، اسی طرح گٹر پر کپڑا بچھا کر نماز پڑھ رہا ہے اور گٹر کے اندر ناپاکی ہے تو بھی نماز صحیح ہے اس لئے کہ ناپاکی اور نمازی کے درمیان آڑ ہے۔اسی طرح ناپاک کپڑے پر پاک کپڑا بچھا کر نماز پڑھے تو بھی نماز صحیح ہے، کیونکہ درمیان میں آڑ ہے مگر یہ ضروری ہے کہ کپڑا مُشَرَّج نہ ہو، یعنی اوپر والا کپڑا نیچے والے کپڑے کے ساتھ سیا ہوا نہ ہو، اگر سی کر دونوں کو ایک کر دیا ہے تو نماز صحیح نہیں ہوگی، اسی طرح نمازی کے اوپر سے یا سامنے سے ناپاکی بہہ رہی ہے اور درمیان میں کوئی آڑ ہے تو بھی نماز صحیح ہے۔

فائدہ: جب ہر چیز پر نماز پڑھنا صحیح ہے اور زمین پر یا جنس زمین پر سجدہ کرنا ضروری نہیں، تو پھر کشتی میں، ریل گاڑی میں، ہوائی جہاز میں اور خلائی گاڑی میں بھی نماز پڑھنا صحیح ہے، اور اس مسئلہ میں اب کوئی اختلاف نہیں رہا، پہلے اختلاف تھا اب سب متفق ہیں کہ شرائط صلوٰۃ کا لحاظ کر کے ریل گاڑی اور ہوائی جہاز وغیرہ میں نماز پڑھنا صحیح ہے۔

۲و۳-حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے مسجد کی چھت پر امام کی اقتدا میں نماز پڑھی، امام نیچے تھا اور مسجد بھر گئی تھی اس لئے حضرت نے چھت پر نماز پڑھی، جیسے مسجد فوقانی میں نماز پڑھتے ہیں، اور حضرت ابن عمرؓ نے برف پر نماز پڑھی، معلوم ہوا کہ زمین کے علاوہ پر بھی نماز صحیح ہے۔

(۱) زمین کی جنس سے مراد وہ چیزیں ہیں جو جلانے سے نہ جلیں، جیسے اینٹ پتھر وغیرہ، اور جو چیزیں آگ میں جل جائیں جیسے چٹائی اور کپڑا وغیرہ وہ زمین کی جنس سے نہیں۔

[۳۷۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَا سُفْيَانُ، قَالَ: نَا أَبُوْ حَازِمٍ، قَالَ: سَأَلُوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ: مِنْ أَيِّ شَيْءٍ الْمِنْبَرُ؟ فَقَالَ: مَابَقِيَ فِي النَّاسِ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ، هُوَ مِنْ أَثْلِ الْغَابَةِ، عَمِلَهُ فُلَانٌ مَوْلٰى فُلَانَةٍ لِرَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَامَ عَلَيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ عُمِلَ وَوُضِعَ، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، كَبَّرَ وَقَامَ النَّاسُ خَلْفَهُ، فَقَرَأَ وَرَكَعَ، وَرَكَعَ النَّاسُ خَلْفَهُ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرَى، فَسَجَدَ عَلَى الْأَرْضِ، ثُمَّ عَادَ إِلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ قَرَأَ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرَى حَتّٰى سَجَدَ بِالْأَرْضِ، فَهٰذَا شَأْنُهُ.

وَقَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: سَأَلَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، قَالَ: وَإِنَّمَا أَرَدْتُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ أَعْلٰى مِنَ النَّاسِ، فَلَا بَأْسَ أَنْ يَكُوْنَ الإِمَامُ أَعْلٰى مِنَ النَّاسِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ، قَالَ: فَقُلْتُ: إِنَّ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ كَانَ يُسْأَلُ عَنْ هٰذَا كَثِيْرًا: فَلَمْ تَسْمَعْهُ مِنْهُ؟ قَالَ: لَا.

[انظر: ۴۴۸، ۹۱۷، ۲۰۹۴، ۲۵۶۹]

حدیث (۱): ابوحازم کہتے ہیں: لوگوں نے حضرت سہل بن سعدؓ سے پوچھا: نبی ﷺ کا منبر کس لکڑی کا تھا؟ آپؓ نے فرمایا: اب دنیا میں کوئی باقی نہیں رہا جو اس بات کو مجھ سے زیادہ جانتا ہو یعنی جو صحابہ اس کو جانتے تھے وہ اٹھ چکے، تنہا میں ہی باقی رہ گیا ہوں اس لئے میں ہی اس کو سب سے زیادہ جانتا ہوں[1] وہ غابہ مقام کے جھاؤ کے درخت کی لکڑی کا تھا جس کو رسول اللہ ﷺ کے لئے فلاں شخص نے جو فلاں عورت کا آزاد کردہ تھا بنایا تھا (اس کا نام میمون تھا اور وہ عائشہ انصاریہ کا آزاد کردہ تھا) جب منبر تیار ہوکر مسجد میں رکھا گیا تو نبی ﷺ نے اس پر کھڑے ہوکر نماز پڑھائی (تاکہ سب آپؐ کی نماز کو دیکھیں اور سیکھیں) پس آپؐ نے قبلہ کی طرف رخ کرکے تکبیر تحریمہ کہی، اور لوگوں نے آپؐ کے پیچھے (نیچے) صف بنائی، پس آپؐ نے قراءت کی اور رکوع کیا، پس لوگوں نے آپؐ کے ساتھ رکوع کیا، پھر آپ نے سر اٹھایا پھر الٹے پاؤں لوٹے اور زمین پر سجدہ کیا (منبر پر سجدہ کرنے کی جگہ نہیں تھی اس لئے آپؐ نے نیچے اتر کر سجدہ کیا، اور الٹے پاؤں اس لئے لوٹے کہ قبلہ سے انحراف نہ ہو) پھر منبر پر گئے پھر قراءت کی پھر رکوع کیا، پھر سر اٹھایا، پھر الٹے پاؤں لوٹے یہاں تک کہ زمین پر سجدہ کیا، یہ اس منبر کا حال ہے جس کے بارے میں سوال کیا گیا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ کہتے ہیں: علی بن المدینی نے فرمایا: مجھ سے یہ حدیث امام احمدؒ نے پوچھی اور کہا: میں نے خاص اس جزء کا ارادہ کیا ہے کہ نبی ﷺ لوگوں سے بلند جگہ پر تھے، یعنی خاص اس جزء کی وجہ سے میں نے تم سے یہ حدیث پوچھی ہے، اس حدیث سے ثابت ہوا کہ امام لوگوں سے بلند جگہ ہوسکتا ہے اس میں کچھ حرج نہیں، ابن المدینی کہتے ہیں: میں نے

(۱) حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں سب سے آخر میں وفات پانے والے صحابی ہیں اس لئے فرمایا کہ یہاں میرے سوا اس کو جاننے والا کوئی نہیں۔

امام احمدؒ سے کہا: سفیان بن عیینہ سے اس حدیث کے بارے میں بکثرت پوچھا جاتا تھا پس کیا آپؐ نے ان سے یہ حدیث نہیں سنی؟ انھوں نے فرمایا: نہیں۔

تشریح:

۱- منبر رسول عائشہ انصاریہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ میمون نجار نے بنایا تھا، اور اس میں تین درجے تھے، اور غابہ نامی جگہ کے جھاؤ کے درخت کی لکڑی کا بنایا تھا، یہ جنگلی درخت ہے، جب یہ منبر مسجدِ نبوی میں رکھا گیا تو نبی ﷺ نے اس پر چڑھ کر نماز پڑھائی، نیچے نماز پڑھانے کی صورت میں آپؐ کو سب نمازی دیکھ نہیں سکتے تھے، اس لئے آپؐ نے منبر پر چڑھ کر نماز پڑھائی تاکہ سب صحابہ آپؐ کو دیکھیں اور آپؐ کی حرکات وسکنات اور رکوع وسجود کو محفوظ کریں، اور نماز کا طریقہ سیکھیں، یہ وجہ مسلم شریف کی حدیث (نمبر ۵۴۴) میں ہے، اور اس حدیث سے ترجمہ کے تینوں جزء ثابت ہوتے ہیں جیسا کہ ظاہر ہے۔

۲- نبی ﷺ نے جو زمین پر سجدہ کیا تھا اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ زمین پر سجدہ کرنا ضروری ہے، بلکہ منبر پر سجدہ کرنے کی جگہ نہیں تھی، اس لئے نیچے اتر کر سجدہ فرمایا تھا —— اور عمل قلیل کے ساتھ منبر سے اترا جا سکتا ہے، لہٰذا یہ شبہ نہیں ہونا چاہئے کہ منبر سے اترنے کے لئے آپؐ نے عمل کثیر کیا ہوگا؟ عمل کثیر یہ ہے کہ دو قدم سے زیادہ مسلسل چلے، اس سے کم چلنا، یا دو قدم چل کر ایک رکن کے بقدر ٹھہر جانا پھر دو قدم چل کر رک جانا عمل قلیل ہے۔

۳- علی بن المدینی اور امام احمد بن حنبل خواجہ تاش ہیں یعنی استاذ شریک بھائی ہیں، امام احمدؒ نے ابن المدینیؒ سے یہ حدیث سنانے کی درخواست کی تو ابن المدینی نے ان کو حدیث سنائی، پھر ابن المدینی نے پوچھا: سفیان بن عیینہؒ سے یہ حدیث طلبہ بار بار پوچھتے تھے اور آپ ان کے خاص شاگرد ہیں تو کیا آپ نے ان سے یہ حدیث نہیں سنی؟ امام احمدؒ نے کہا: حدیث تو سنی ہے، مگر یہ خاص جزء کہ نبی ﷺ نے منبر پر چڑھ کر نماز پڑھائی: یہ جزء نہیں سنا، اس لئے میں نے آپ سے یہ حدیث سنی، پھر فرمایا کہ اس حدیث سے یہ مسئلہ نکلا کہ اگر امام کسی بلند جگہ پر ہو اور مقتدی نیچے ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ اور جب یہ جائز ہے تو اس کا برعکس یعنی امام نیچے ہو اور مقتدی بلند جگہ ہوں: یہ بھی جائز ہے، یہ واقعہ کی صحیح صورت ہے۔ یہاں حدیث میں تقدیم وتاخیر ہے، اس لئے بات واضح نہیں ہوتی۔

۴- اگر امام تنہا کسی اونچی جگہ کھڑا ہو اور وہ جگہ قد آدم یا زیادہ بلند ہو تو یہ مکروہ ہے، اس میں یہود کی مشابہت ہے ان کا امام تنہا ایسی ہی بلند جگہ پر کھڑا ہوتا ہے۔ اور قد آدم سے کم اونچائی ہو یا امام کے ساتھ اس بلند جگہ پر چند مقتدی بھی ہوں تو پھر مضائقہ نہیں، اور یہی حکم برعکس صورت کا ہے، یعنی تنہا امام نیچے ہو اور سب مقتدی قد آدم سے زیادہ اونچے ہوں تو بھی مکروہ ہے۔ اور امام کے ساتھ بعض مقتدی بھی نیچے ہوں، باقی اوپر ہوں خواہ قد آدم سے زیادہ اوپر ہوں اس میں مضائقہ نہیں۔

[۳۷۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سَقَطَ عَنْ فَرَسِهِ فَجُحِشَتْ سَاقُهُ أَوْ: كَتِفُهُ، وَآلَى مِنْ

نِسَائِهِ شَهْرًا، فَجَلَسَ فِيْ مَشْرُبَةٍ لَهُ، دَرَجَتُهَا مِنْ جُذُوْعٍ، فَأَتَاهُ أَصْحَابُهُ يَعُوْدُوْنَهُ، فَصَلَّى بِهِمْ جَالِسًا وَهُمْ قِيَامٌ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ: " إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا، وَإِنْ صَلَّى قَائِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا" وَنَزَلَ لِتِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ، فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ، إِنَّكَ آلَيْتَ شَهْرًا، فَقَالَ: "إِنَّ الشَّهْرَ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ"[انظر: ٦٨٩، ٧٣٢، ٧٣٣، ٨٠٥، ١١١٤، ١٩١١، ٢٤٦٩، ٥٢٠١، ٥٢٨٩، ٦٦٨٤]

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے گھوڑے سے گر گئے پس آپؐ کی پنڈلی یا شانہ چھل گیا، اور آپؐ نے اپنی بیویوں سے ایک مہینہ کے لئے ایلاء کیا، پس آپؐ اپنے بالا خانہ میں قیام پذیر ہو گئے جس کے زینے کھجور کے تنوں کے تھے، پس آپؐ کے پاس صحابہ آئے تا کہ وہ آپؐ کی بیمار پرسی کریں، پس آپؐ نے ان کو نماز پڑھائی درانحالیکہ وہ کھڑے ہوکر اقتداء کر رہے تھے، جب آپؐ نے سلام پھیرا تو فرمایا: ''امام اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے، لہٰذا جب امام تکبیر کہے تو تم تکبیر کہو، جب وہ رکوع کرے تو تم رکوع کرو، جب وہ سجدہ کرے تو تم سجدہ کرو، اور اگر امام کھڑے ہوکر نماز پڑھائے تو تم کھڑے ہوکر نماز پڑھو'' اور آپؐ انتیس دن پر بالا خانہ سے اتر آئے، صحابہ نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپؐ نے ایک ماہ کے لئے ایلاء فرمایا تھا، آپؐ نے فرمایا: بیشک یہ مہینہ انتیس دن کا ہے۔

تشریح: یہ حدیث بخاری میں دس جگہ آئی ہے اور دیگر کتب حدیث میں بھی آئی ہے، اور مختلف طرح سے آئی ہے، اس لئے واقعہ کی جو صحیح صورت ہے اس کو سمجھ لینا چاہئے۔

سب سے پہلے یہ بات جاننی چاہئے کہ دو واقعے تقریباً ایک زمانہ میں پیش آئے ہیں، ایک: جب نبی ﷺ کی مختلف جگہوں سے آمدنی بڑھ گئی تو ازواج مطہرات نے نفقہ میں زیادتی کا مطالبہ کیا، ان کے اس مطالبہ سے نبی ﷺ کو ناگواری ہوئی، اس لئے کہ آمدنی بڑھی تھی مگر خرچہ بھی بڑھ گیا تھا، اسلام تیزی سے پھیلنا شروع ہوا تھا، روزانہ وفود آرہے تھے ان کا تعاون کرنا، سرایا کی روانگی اور آلات حرب کی خریداری وغیرہ ضروریات اسی آمدنی سے آپؐ پوری فرماتے تھے، اس لئے ازواج کے مطالبہ سے ناراض ہوکر آپؐ نے ایک ماہ تک ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی یعنی ایلاء لغوی کیا، اور بالا خانہ میں جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ پر تھا قیام فرمایا۔ انہی دنوں میں آپؐ گھوڑے پر سوار ہوکر کہیں تشریف لے جارہے تھے اچانک گھوڑا کسی بات سے بدکا، اور بھاگا اور کھجور کے ایک درخت کے پاس سے اس طرح گذرا کہ جسم اطہر گھوڑے اور درخت کے بیچ میں آگیا اور آپؐ کی ایک جانب چھل گئی، پس بیماری کے دن بھی آپؐ نے بالا خانے میں گذارے، مسجد میں تشریف نہیں لاتے تھے، ایک دن صحابہ بیمار پرسی کے لئے گئے اتفاق سے اس وقت آپؐ بیٹھ کر نماز پڑھ رہے تھے، صحابہ نے موقع غنیمت جانا اور آپؐ کی اقتداء کر لی، اور کھڑے ہوکر اقتداء کی، آپؐ نے اشارہ سے ان کو بٹھا دیا، پھر جب سلام پھیرا تو فرمایا: امام اس لئے ہوتا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے لہٰذا جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو، جب امام رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو، جب امام سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو، اور جب امام کھڑے ہوکر نماز پڑھائے تو تم کھڑے ہوکر اقتداء کرو اور

جب امام بیٹھ کرنماز پڑھائے تو تم بیٹھ کر اقتداء کرو۔

پھر جب انتیس دن پورے ہوئے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے مہینہ پورا ہونے کی خبر دی تو آپؐ بالا خانہ سے اترے اور یکے بعد دیگرے سب ازواج کے پاس گئے، سب سے پہلے حضرت عائشہؓ کے پاس گئے اور آیات تخییر سنائیں جو اکیسویں پارہ کے آخری رکوع میں ہیں، پھر اختیار دیا، حضرت عائشہؓ نے آپؐ کو اختیار کیا، اور یہ بھی عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے ایک ماہ کے لئے ایلاء کیا تھا، اور ابھی انتیس دن ہوئے ہیں، حضرت عائشہؓ نے خیال کیا کہ شاید آپؐ بھول گئے ہوں اور مبادا بے خبری میں آپؐ کی قسم ٹوٹ جائے، آپؐ نے فرمایا: یہ مہینہ انتیس دن کا ہے، پھر آپؐ دیگر ازواج کے پاس تشریف لے گئے، اور سب کو آیات تخییر سنائیں، سب نے آپؐ کو اختیار کیا۔ یہ واقعہ کی صحیح صورت ہے، اور یہ حدیث مختلف طرح سے آئی ہے، اور ایسی جگہوں کے لئے میں کہتا ہوں کہ یہ واقعہ کے متعلقات ہیں، ان میں اختلاف کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے، اصل واقعہ پر توجہ مرکوز رکھنی چاہئے —— اور حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے کہ آپؐ نے چھت پر نماز پڑھی، معلوم ہوا کہ زمین پر نماز پڑھنا ضروری نہیں۔

ملحوظہ: اگر امام عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھائے تو مقتدی کھڑے ہو کر اقتداء کریں گے یہ مسئلہ آگے آرہا ہے۔

بابٌ: إِذَا أَصَابَ ثَوْبُ الْمُصَلِّى امْرَأَتَهُ إِذَا سَجَدَ

سجدہ میں نمازی کا کپڑا اس کی بیوی سے لگے تو نماز درست ہے

ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے، برابر میں بیوی بیٹھی یا لیٹی ہے، جب اس نے سجدہ کیا تو اس کا کپڑا بیوی کو لگا تو کیا حکم ہے؟ اور اس باب کا کیا مقصد ہے؟ حضرت الاستاذ مرادآبادی قدس سرہ نے فرمایا: یہاں سے دور تک ذیلی ابواب ہیں، اور ان تمام ابواب کا مقصد یہ ہے کہ غیر ارض پر نماز صحیح ہے، اوپر جنرل باب گذرا ہے کہ زمین اور غیر زمین سب پر نماز پڑھنا صحیح ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا تھا کہ فرائض میں زمین یا زمین کی جنس پر سجدہ کرنا ضروری ہے، امام بخاریؒ نے تردید کی تھی کہ غیر ارض پر بھی نماز پڑھ سکتے ہیں۔ اب اس جنرل باب کے ذیلی ابواب شروع ہو رہے ہیں، ان سب بابوں میں بس یہی دیکھنا ہے کہ نبی ﷺ نے غیر ارض پر نماز پڑھی ہے، لہٰذا اب ہر باب کا الگ مقصد تجویز کرنے کی ضرورت نہیں۔

اور اگر آپ الگ مقصد چاہتے ہیں تو پھر اس باب کا مقصد یہ ہے کہ بیوی کے نمازی کے قریب ہونے سے نماز پر کوئی اثر نہیں پڑتا، حتی کہ اگر نمازی کا کپڑا حائضہ بیوی کو لگے تو بھی کوئی فرق نہیں پڑتا۔ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا حیض کی حالت میں نبی ﷺ کے سامنے لیٹی رہتی تھیں اور آپؐ نماز پڑھتے تھے، بعض مرتبہ آپؐ کا کپڑا حضرت میمونہؓ کو لگتا تھا پھر بھی آپؐ نماز جاری رکھتے تھے، معلوم ہوا کہ حائضہ عورت کے قریب ہونے سے اور اس پر نمازی کا کپڑا پڑنے سے نماز پر اثر نہیں پڑتا، نماز صحیح ہو جاتی ہے۔

[۱۹-] بابٌ: إِذَا أَصَابَ ثَوْبُ الْمُصَلِّي امْرَأَتَهُ إِذَا سَجَدَ

[۳۷۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ خَالِدٍ، قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ، وَأَنَا حِذَاءَ هُ، وَأَنَا حَائِضٌ، وَرُبَّمَا أَصَابَنِيْ ثَوْبُهُ إِذَا سَجَدَ، قَالَتْ: وَكَانَ يُصَلِّيْ عَلَى الْخُمْرَةِ.[راجع: ۳۳۳]

ترجمہ: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ نماز پڑھا کرتے تھے درانحالیکہ میں آپؐ کے سامنے حالت حیض میں لیٹی ہوتی تھی، اور بسا اوقات آپ کا کپڑا مجھے لگتا تھا جب آپ سجدہ کرتے تھے، حضرت میمونہؓ کہتی ہیں: اور آپ کھجور کی چھوٹی چٹائی پر نماز پڑھتے تھے۔

تشریح: خُمرة: کے معنی ہیں: چھوٹی چٹائی، جس پر صرف بیٹھ سکیں، ایسی چٹائی سجدہ کی جگہ رکھتے تھے، اور نیچے کھڑے ہوکر نماز پڑھتے تھے اور سجدہ چٹائی پر کرتے تھے۔ غرض نبی ﷺ نے سجدہ خمرہ پر کیا جو زمین کی جنس سے نہیں، اس لئے کہ وہ جلانے سے جل جاتا ہے، معلوم ہوا کہ غیر زمین پر بھی سجدہ کر سکتے ہیں۔

بابُ الصَّلوٰةِ عَلَى الْحَصِيْرِ

بڑی چٹائی پر نماز پڑھنا

غیر ارض پر نماز کی ایک صورت یہ ہے کہ بڑی چٹائی پر نماز پڑھی جائے، حصیر: اتنی بڑائی چٹائی کو کہتے ہیں جس پر کھڑے ہوکر نماز پڑھے اور سجدہ بھی اس پر کرے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے گھر ایک چٹائی پر نماز پڑھی اور انھوں نے اور یتیم نے آپؐ کی اقتداء کی اور ان کی نانی ملیکہ اور ایک روایت میں ہے کہ ام سُلیم ان کے پیچھے کھڑی ہوئیں۔ معلوم ہوا کہ غیر ارض پر نماز صحیح ہے۔

[۲۰-] بابُ الصَّلوٰةِ عَلَى الْحَصِيْرِ

[۱-] وَصَلَّى جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَأَبُوْ سَعِيْدٍ فِيْ السَّفِيْنَةِ قَائِمًا.

[۲-] وَقَالَ الْحَسَنُ: تُصَلِّيْ قَائِمًا مَالَمْ تَشُقَّ عَلٰى أَصْحَابِكَ، تَدُوْرُ مَعَهَا، وَإِلَّا فَقَاعِدًا.

[۳۸۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ جَدَّتَهُ مُلَيْكَةَ دَعَتْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِطَعَامٍ صَنَعَتْهُ لَهُ، فَأَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ قَالَ: "قُوْمُوْا فَلِأُصَلِّيْ لَكُمْ" قَالَ أَنَسٌ: فَقُمْتُ إِلٰى حَصِيْرٍ لَنَا، قَدِ اسْوَدَّ مِنْ طُوْلِ مَا لُبِسَ، فَنَضَحْتُهُ بِمَاءٍ، فَقَامَ رسولُ

اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَصَفَفْتُ أَنَا وَالْيَتِيْمُ وَرَاءَ هُ، وَالْعَجُوْزُ مِنْ وَرَائِنَا فَصَلَّى لَنَا رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفَ. [انظر: ۷۲۷، ۸٦۰، ۸۷۱، ۸۷٤، ۱۱٦٤]

۱- کشتی میں نماز پڑھنا جائز ہے فرائض بھی اور نوافل بھی، البتہ شرائط کا لحاظ رکھنا ضروری ہے، یعنی قبلہ رخ ہو کر پاک جگہ کھڑے ہو کر نماز پڑھنا ضروری ہے، اور عذر ہو تو بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں۔ حضرت جابر اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما نے کشتی میں کھڑے ہو کر نماز پڑھی ہے، معلوم ہوا کہ زمین اور زمین کی جنس پر نماز پڑھنا ضروری نہیں، ہر جگہ نماز پڑھ سکتے ہیں۔

۲- حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کھڑے ہو کر نماز پڑھ جب تک رفقائے سفر کے لئے دشواری نہ ہو، گھومے تو کشتی کے ساتھ ورنہ بیٹھ کر پڑھ —— حضرت حسنؒ نے تین مسئلے بیان کئے ہیں مگر امام بخاریؒ نے عبارت اتنی مختصر کردی ہے کہ سمجھنا مشکل ہو گیا ہے:

(۱) کشتی میں نماز کھڑے ہو کر پڑھے یا بیٹھ کر؟ —— **جواب**: اگر عذر نہ ہو تو کھڑے ہو کر پڑھے، اور عذر ہو، چکر یا گھمیر آرہی ہو یا آسکتی ہو تو بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے۔

(۲) کشتی میں استقبال قبلہ ضروری ہے یا نہیں؟ —— **جواب**: استقبال قبلہ ضروری ہے اور دوران نماز کشتی گھوم جائے تو نمازی بھی گھوم جائے، ٹرین میں بھی یہی حکم ہے، اس میں بھی عذر نہ ہو تو قیام ضروری ہے اور استقبال قبلہ بھی ضروری ہے، اور جب ٹرین گھومے تو نمازی بھی اس کے ساتھ گھومے۔

(۳) کشتی میں نماز پڑھنا اولیٰ ہے یا زمین پر اتر کر؟ آج کل بڑی دخانی کشتیاں سمندر کے بیچ میں ہوا کی رفتار سے چلتی ہیں، ان کو بار بار کنارے لگانا مشکل ہے، پہلے چھوٹی بوٹیں چلتی تھیں، اور سمندر کے کنارے کنارے چلتی تھیں، ان کو کنارے پر لگا کر زمین پر نماز پڑھنے میں کوئی خاص دشواری نہیں تھی، پس کیا کشتی میں نماز پڑھ لے یا زمین پر اتر کر نماز پڑھنی چاہئے؟ —— **جواب**: دونوں صورتیں درست ہیں، البتہ اگر کشتی میں نماز پڑھنے کی صورت میں رفقائے سفر کے لئے دشواری ہو تو پھر نیچے اتر کر نماز پڑھنا اولیٰ ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کی نانی مُلیکہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کو اس کھانے پر مدعو کیا جو انھوں نے آپؐ کے لئے بنایا تھا، آپؐ نے اس میں سے کھایا، پھر فرمایا: اٹھو میں تمہیں نماز پڑھاؤں (یہ نماز آپؐ نے گھر میں خیر و برکت کے لئے پڑھی تھی) حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس میں ہماری اس چٹائی کی طرف کھڑا ہوا جو لمبے عرصہ تک استعمال کرنے کی وجہ سے میلی ہو گئی تھی، پس میں نے اس کو پانی سے دھو کر صاف کیا (یہاں نَضَح کے معنی غسل کے متعین ہیں، چھینٹا دینے کے معنی نہیں ہو سکتے، چھینٹا دینے سے تو چٹائی اور میلی ہو جائے گی، حضرات ابوحنیفہ و مالک نے بول غلام کے مسئلہ میں نضح کے معنی غسل کے لئے ہیں، یہ حدیث دلیل ہے کہ نضح غسل کے معنی میں آتا ہے) پس رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور میں اور یتیم آپؐ کے پیچھے کھڑے ہوئے اور بڑھیا (نانی ملیکہ) ہمارے پیچھے کھڑی ہوئی (معلوم ہوا کہ

عورتوں کی صف بچوں کے بعد ہے) پس آپؐ نے ہمیں دو رکعتیں پڑھائیں پھر آپ تشریف لے گئے۔

تشریح: نبی ﷺ نے چٹائی پر نماز پڑھی، معلوم ہوا کہ غیر ارض پر نماز صحیح ہے، یہی اس حدیث سے استدلال ہے۔

بابُ الصَّلٰوۃِ عَلَی الْخُمْرَۃِ

چھوٹی چٹائی پر نماز پڑھنا

خمرۃ چھوٹی چٹائی کو کہتے ہیں، اس کو سجدہ کی جگہ رکھ کر نیچے کھڑے ہوکر نماز پڑھتے ہیں اور اس پر سجدہ کرتے ہیں، اور عام اوقات میں اس پر بیٹھتے تھے، نبی ﷺ نے خمرہ پر بھی نماز پڑھی ہے۔

[۲۱-] بابُ الصَّلٰوۃِ عَلَی الْخُمْرَۃِ

[۳۸۱-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: نَا شُعْبَةُ، قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ عَلَى الْخُمْرَةِ. [راجع: ۳۳۳]

بَابُ الصَّلٰوۃِ عَلَی الْفِرَاشِ

بستر پر نماز پڑھنا

فراش کے معنی ہیں: بچھونا، بستر، اس پر بھی نماز پڑھ سکتے ہیں اور یہ بھی غیر ارض پر نماز پڑھنے کی ایک صورت ہے۔

[۲۲-] بَابُ الصَّلٰوۃِ عَلَی الْفِرَاشِ

وَصَلَّى أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَلٰى فِرَاشِهِ، وَقَالَ أَنَسٌ: كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَيَسْجُدُ أَحَدُنَا عَلٰى ثَوْبِهِ.

[۳۸۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهَا قَالَتْ: كُنْتُ أَنَامُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرِجْلَايَ فِيْ قِبْلَتِهِ، فَإِذَا سَجَدَ غَمَزَنِيْ، فَقَبَضْتُ رِجْلَيَّ، فَإِذَا قَامَ بَسَطْتُهُمَا، قَالَتْ: وَالْبُيُوْتُ يَوْمَئِذٍ لَيْسَ فِيْهَا مَصَابِيْحُ.

[انظر: ۳۸۳، ۳۸۴، ۵۰۸، ۵۱۱، ۵۱۲، ۵۱۳، ۵۱۴، ۵۱۵، ۵۱۹، ۹۹۷، ۱۲۰۹، ۶۲۷۶]

[۳۸۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: نَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ وَهِيَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، عَلٰى فِرَاشِ أَهْلِهِ،

اعْتِرَاضَ الْجَنَازَةِ. [راجع: ٣٨٢]

[٣٨٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ عِرَاكٍ، عَنْ عُرْوَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ، وَعَائِشَةُ مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، عَلَى الْفِرَاشِ الَّذِيْ يَنَامَانِ عَلَيْهِ.

[راجع: ٣٨٢]

اثر: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اپنے بستر پر نماز پڑھی اور فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (گرمیوں میں) نماز پڑھا کرتے تھے، پس ہم میں سے ایک اپنے کپڑے پر سجدہ کرتا تھا۔ اور ظاہر ہے کہ بستر اور کپڑا نہ زمین ہے اور نہ زمین کی جنس سے، پس ثابت ہوا کہ غیر ارض پر نماز صحیح ہے۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے سامنے لیٹی رہتی تھی اور میرے پاؤں آپؐ کے سجدہ کی جگہ میں ہوتے تھے، پس جب آپؐ سجدہ کا ارادہ فرماتے تو مجھے چوکا دیتے پس میں اپنے پاؤں سکیڑ لیتی، پھر جب آپؐ اگلی رکعت کے لئے کھڑے ہوتے تو میں پاؤں پھیلا لیتی، صدیقہ نے فرمایا: ان دنوں گھروں میں چراغ نہیں ہوتے تھے۔

تشریح: حضور اقدس ﷺ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بستر ایک ہوتا تھا، دونوں اس پر سوتے تھے، اور آپؐ اسی پر رات میں نماز پڑھتے تھے۔ اس حدیث میں اگرچہ فراش پر نماز پڑھنے کا ذکر نہیں مگر اشارۃ النص سے یہ بات نکلتی ہے ——— والبیوت یومئذ: یہ حضرت عائشہؓ نے ایک اعتراض کا جواب دیا ہے کہ آپؐ ایسی بے تمیزی کیوں کرتی تھیں کہ نبی ﷺ کے سجدہ کی جگہ میں پاؤں پھیلا کر رکھتیں؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: گھروں میں چراغ نہیں ہوتے تھے، آپؐ کی حیات میں مسجدِ نبوی میں بھی چراغ نہیں جلتا تھا، ازواج مطہرات کے حجروں میں چراغ کہاں سے جلتا؟ اس لئے اندھیرے میں پتا نہیں چلتا تھا کہ پاؤں کہاں جا رہے ہیں اور آپؐ تہجد بہت طویل پڑھتے تھے، اس لئے بے خبری میں پاؤں آپؐ کے سجدہ کی جگہ میں چلے جاتے تھے۔

حدیث (۲): صدیقہ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نماز پڑھا کرتے تھے درانحالیکہ میں آپؐ کے اور قبلہ کے درمیان گھر والوں کے بستر پر جنازہ کی طرف آڑی لیٹی رہتی تھی ——— اس حدیث کے اشارۃ النص سے بھی یہ بات نکلتی ہے کہ آپؐ بستر پر نماز پڑھتے تھے۔

حدیث (۳): حضرت عروہؒ کہتے ہیں: نبی ﷺ نماز پڑھا کرتے تھے درانحالیکہ صدیقہؓ آپؐ کے اور قبلہ کے درمیان اس بستر پر آڑی لیٹی ہوئی ہوتی تھیں جس پر وہ دونوں سوتے تھے۔

تشریح: ان سب حدیثوں سے ایک بات صراحت کے ساتھ ثابت ہوتی ہے کہ آپؐ بستر پر سجدہ فرماتے تھے۔ پس معلوم ہوا کہ غیر ارض پر سجدہ کر سکتے ہیں۔

بابُ السُّجُوْدِ عَلَى الثَّوْبِ فِيْ شِدَّةِ الْحَرِّ

سخت گرمی میں کپڑے پر سجدہ کرنا

گرمیوں میں سفر میں جب جنگل میں باجماعت نماز ہوتی تھی تو صحابہ آنحضور ﷺ کے پیچھے زمین کی تپش سے بچنے کے لئے جو چادر انھوں نے اوڑھ رکھی ہوتی تھی اس کا ایک پلّہ بچھا کر اس پر سجدہ کرتے تھے، یہ بھی غیر ارض پر نماز پڑھنے کی ایک صورت ہے۔

[۲۳-] بابُ السُّجُوْدِ عَلَى الثَّوْبِ فِيْ شِدَّةِ الْحَرِّ

وَقَالَ الْحَسَنُ: كَانَ الْقَوْمُ يَسْجُدُوْنَ عَلَى الْعِمَامَةِ وَالْقَلَنْسُوَةِ وَيَدَاهُ فِيْ كُمِّهِ.

[۳۸۵-] حدثنا أَبُوْالْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ غَالِبٌ الْقَطَّانُ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَيَضَعُ أَحَدُنَا طَرَفَ الثَّوْبِ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِّ فِيْ مَكَانِ السُّجُوْدِ. [انظر: ۵۴۲، ۱۲۰۸]

اثر: حسن بصریؒ فرماتے ہیں: صحابہ پگڑی پر بھی سجدہ کرتے تھے اور ٹوپی پر بھی، اور دوران سجدہ ان کے ہاتھ آستینوں میں ہوتے تھے، ظاہر ہے جب پگڑی پر اور ٹوپی پر سجدہ کریں گے تو درمیان میں کپڑا حائل ہوگا، اسی طرح جب سجدہ میں ہاتھ آستینوں میں ہونگے تو ہاتھوں اور زمین کے درمیان میں بھی کپڑا حائل ہوگا، پس یہ بھی غیر ارض پر نماز پڑھنے کی ایک صورت ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھا کرتے تھے، پس ہم میں سے ایک کپڑے کا کنارہ گرمی کی تپش سے بچنے کے لئے سجدہ کی جگہ میں رکھتا تھا، اور اس پر سجدہ کرتا تھا۔

بابُ الصَّلٰوةِ فِي النِّعَالِ

چپلوں میں نماز پڑھنا

جوتے چپل پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے، اور ظاہر ہے اس صورت میں پاؤں اور زمین کے درمیان چپل حائل رہیں گے پس یہ بھی غیر ارض پر نماز پڑھنے کی ایک صورت ہے۔ جاننا چاہئے کہ آنحضور ﷺ اور صحابہ سے چپل پہن کر نماز پڑھنا ثابت ہے، مگر میری نظر سے کوئی روایت ایسی نہیں گذری جس سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ آنحضور ﷺ اور صحابہ مسجد میں جوتے پہن کر نماز پڑھتے تھے، غالباً یہ واقعات میدانِ جنگ کے ہیں، میدانِ جنگ میں نماز کے لئے وقت تھوڑا ہوتا ہے، اور جس حال میں ہوں اسی حال میں نماز پڑھ لینی ہوتی ہے۔ غیر مقلدین کہتے ہیں: نبی ﷺ اور صحابہ مسجدِ نبوی میں چپلوں کے ساتھ نماز پڑھتے تھے مگر اس کی کوئی دلیل نہیں، اور غیر مقلدین کی خواہش یہ ہے کہ مسجد میں لوگ جوتے چپل پہن کر آئیں اور

نماز پڑھیں، لیکن اگر وہ ایسا کریں تو مسلمان ان کے سروں پر جوتے بجائیں گے، اس لئے وہ اس کی ہمت نہیں کرتے۔ جیسے آنحضور ﷺ کے زمانہ میں مدینہ منورہ میں مسجدِ نبوی کے علاوہ نو مسجدیں اور بھی تھیں (۱) مگر عورتیں جماعت میں شریک ہونے کے لئے صرف مسجدِ نبوی میں آتی تھیں، مدینہ منورہ کی باقی مساجد میں عموماً عورتیں نہیں آتی تھیں، اور ان کا مسجدِ نبوی میں آنا درحقیقت دین سیکھنے کے لئے اور زیارتِ نبوی کے لئے تھا، میرے علم میں ایسی کوئی روایت نہیں جس سے عورتوں کا مدینہ کی باقی مساجد میں نماز پڑھنے کے لئے جانا ثابت ہوتا ہو، اسی طرح اس کی بھی کوئی دلیل نہیں کہ آنحضور ﷺ اور صحابہ مسجدِ نبوی میں چپلوں کے ساتھ نماز پڑھتے تھے۔

فائدہ: جوتے چپل میں نماز پڑھنے کے لئے شرط یہ ہے کہ جوتے چپل پاک ہوں، اور سجدہ میں پاؤں کی انگلیاں زمین سے لگیں خواہ بالواسطہ لگیں یا بلاواسطہ، بوٹ آگے سے پتلے ہوتے ہیں اور ان کی نوک اور پاؤں کی انگلیوں کے درمیان جگہ رہتی ہے اس لئے ان کو پہن کر نماز پڑھنا صحیح نہیں، کیونکہ ان میں سجدہ میں پاؤں کی انگلیاں بالواسطہ بھی زمین سے نہیں لگتیں، اس لئے نماز صحیح نہیں ہوگی۔

[۲۴-] بابُ الصَّلٰوةِ فِیْ النِّعَالِ

[۳۸۶-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِیْ إِیَاسٍ، قَالَ: نَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَنَا أَبُوْ مَسْلَمَةَ سَعِیْدُ بْنُ یَزِیْدَ الْأَزْدِیُّ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: أَكَانَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم یُصَلِّیْ فِیْ نَعْلَیْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ. [انظر: ۵۸۵۰]

بَابُ الصَّلٰوةِ فِیْ الْخِفَافِ

چمڑے کے موزوں میں نماز پڑھنا

چمڑے کے موزے پہن کر بھی نماز پڑھنا جائز ہے اور یہ بھی غیر ارض پر نماز پڑھنے کی ایک صورت ہے۔

[۲۵-] بَابُ الصَّلٰوةِ فِیْ الْخِفَافِ

[۳۸۷-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: نَاشُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ إِبْرَاهِیْمَ، یُحَدِّثُ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: رَأَیْتُ جَرِیْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بَالَ، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّیْهِ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى، فَسُئِلَ، فَقَالَ: رَأَیْتُ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم صَنَعَ مِثْلَ هٰذَا، قَالَ إِبْرَاهِیْمُ: فَكَانَ یُعْجِبُهُمْ، لِأَنَّ جَرِیْرًا كَانَ مِنْ آخِرِ مَنْ أَسْلَمَ.

(۱) ان مسجدوں کے نام یہ ہیں: مسجدِ بنی عمرو، یہ قبیلۂ بنی نجار کی مسجد تھی، مسجدِ بنی ساعدۃ، مسجد بنی عبیدۃ، مسجد بنی سلمہ، مسجد راتج، یہ قبیلہ بنی عبدالاشہل کی مسجد تھی، مسجد بنی زریق، مسجد بنی غفار، مسجد اسلم، مسجد جہینہ۔ ابوداؤد شریف کے آخر میں ایک رسالہ مراسیل ابی داؤد لگا ہوا ہے اس کے صفحہ ۵ پر یہ تفصیل ہے۔

[۳۸۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: وَضَّأْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ وَصَلّٰى. [راجع: ۱۸۲]

حدیث(۱): ہمام بن الحارث کہتے ہیں: میں نے حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو دیکھا: انھوں نے پیشاب کیا پھر وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا، پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی، پس ان سے اس بارے میں پوچھا گیا: پس انھوں نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا آپؐ نے ایسا ہی کیا، ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: محدثین اس حدیث کو بہت پسند کرتے تھے، اس لئے کہ حضرت جریر آخر میں ایمان لانے والوں میں سے ہیں۔

تشریح: خوارج اور شیعوں نے یہ شوشہ چھوڑا تھا کہ مسح علی الخفین کی حدیثیں منسوخ ہیں، وہ کہتے تھے کہ یہ دور اول میں ایک رخصت تھی، آیتِ وضو (المائدہ ۶) سے وہ حکم منسوخ ہوگیا۔ اس لئے حضرت جریرؓ کو خفین پر مسح کرتے دیکھ کر طلبہ نے دریافت کیا۔ حضرت جریرؓ نے فرمایا میں خفین پر مسح کیوں نہ کروں، جبکہ میں نے نبی ﷺ کو خفین پر مسح کرتے دیکھا ہے؟ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: محدثین کو حضرت جریر کی یہ حدیث بہت پسند تھی اس لئے کہ وہ سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد مسلمان ہوئے تھے، پس یہ واضح دلیل ہے کہ مسح علی الخفین کی حدیثیں منسوخ نہیں۔

ملحوظہ: حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ نبی ﷺ کی وفات سے پچاس دن پہلے مسلمان ہوئے ہیں، اور تحفۃ الالمعی میں بھی شہرت کی بنا پر یہ بات لکھی گئی ہے، مگر یہ بات صحیح نہیں، وہ آپؐ کی حیات کے آخری سال میں مسلمان ہوئے ہیں، اور حضرت جریر کا تعارف کتاب العلم (باب ۴۳) میں گذرا ہے۔

حدیث(۲): یہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو پہلے کئی مرتبہ آچکی ہے، غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی ﷺ نے خفین پر مسح کیا ہے اور اس میں نماز پڑھی ہے، اسی مناسبت سے یہاں یہ حدیث لائے ہیں۔

بَابٌ إِذَا لَمْ يُتِمَّ السُّجُوْدَ

جو شخص سجدہ صحیح نہ کرے

غیر ارض پر نماز پڑھنے کے سلسلہ کے ابواب پورے ہوئے۔ ان ابواب سے یہ خیال پیدا ہوسکتا تھا کہ سجدہ کا معاملہ کوئی خاص اہمیت کا معاملہ نہیں، جس طرح چاہے سجدہ کرسکتا ہے، ٹوپی پر کرے، پگڑی پر کرے، کسی بھی چیز پر سجدہ کرے نماز ہوجائے گی، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ بات لاکر تنبیہ فرمائی کہ سجدے کا معاملہ نماز کے ارکان میں سب سے زیادہ اہم ہے، ایک شخص سجدہ ٹھیک سے نہیں کررہا تھا، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اس کو دیکھا تو فرمایا: تیری نماز نہیں ہوئی، اور راوی کا خیال ہے کہ آپؓ نے یہ بھی فرمایا: اگر اسی طرح نماز پڑھتا ہوا مرگیا تو تو حضورؐ کے طریقہ پر نہیں مرے گا، اس سے معلوم ہوا کہ نماز کے ارکان ستّہ میں سجدہ کا معاملہ خاص اہمیت کا حامل ہے، اس لئے کوئی غلط فہمی پیدا نہیں ہونی چاہئے۔

[۲۶-] بابٌ إِذَا لَمْ يُتِمَّ السُّجُوْدَ

[۳۸۹-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا مَهْدِيٌّ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ: أَنَّهُ رَأَى رَجُلاً لاَيُتِمُّ رُكُوْعَهُ وَلاَ سُجُوْدَهُ، فَلَمَّا قَضٰى صَلاَتَهُ قَالَ لَهُ حُذَيْفَةُ: مَا صَلَّيْتَ! قَالَ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ: لَوْ مُتَّ مُتَّ عَلٰى غَيْرِ سُنَّةِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ۷۹۱، ۸۰۸]

ترجمہ: ابووائل کہتے ہیں: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو نماز پڑھتے دیکھا جو رکوع اور سجدے ٹھیک سے نہیں کررہا تھا، جب اس نے نماز پوری کی تو آپؓ نے اس سے کہا: تو نے نماز نہیں پڑھی یعنی تیری نماز نہیں ہوئی، ابووائل کہتے ہیں: اور میرا گمان ہے کہ حضرت حذیفہؓ نے یہ بھی فرمایا: اگر تو مرگیا تو محمد ﷺ کے طریقہ پر نہیں مرے گا۔

بابٌ: يُبْدِیْ ضَبْعَيْهِ وَيُجَافِیْ جَنْبَيْهِ فِی السُّجُوْدِ

سجدے میں بازو علاحدہ اور پہلو جدا رکھے

سجدہ کے سلسلہ میں ایک ہدایت یہ ہے کہ سجدہ میں پیٹ ران سے اور دونوں ہاتھ پہلوؤں سے الگ رہنے چاہئیں، جب لمبا سجدہ کریں گے تبھی پیٹ ران سے الگ رہے گا، اور بازو کھولیں گے اور پہلو سے الگ کریں گے تبھی پیشانی اور ناک زمین پر دب کر لگیں گے، مگر با جماعت نماز میں دائیں بائیں کا خیال کرکے ہاتھوں کو پھیلانا چاہئے۔

[۲۷-] بابٌ: يُبْدِیْ ضَبْعَيْهِ وَيُجَافِیْ جَنْبَيْهِ فِی السُّجُوْدِ

[۳۹۰-] أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنِ ابْنِ هُرْمُزَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَيْنَةَ، أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا صَلّٰى فَرَّجَ بَيْنَ يَدَيْهِ، حَتّٰى يَبْدُوَ بَيَاضُ إِبْطَيْهِ.
وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِیْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ نَحْوَهُ. [انظر: ۸۰۷، ۳۵۶۴]

ترجمہ: عبداللہ بن مالکؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جب نماز پڑھتے تھے تو (سجدہ میں) دونوں ہاتھوں کے درمیان کشادگی کرتے تھے، یہاں تک کہ بغل کی سفیدی ظاہر ہوجاتی تھی، لیث کہتے ہیں: مجھ سے جعفر بن ربیعہ نے اس کے مانند بیان کیا۔ تحدیث کی صراحت کے لئے دوسری سند لائے ہیں۔

وضاحت: بُحینة: عبداللہ بن مالک رضی اللہ عنہ کی دادی ہیں، اور اعلام متناسبہ میں ابن کا الف نہ پڑھتے ہیں نہ لکھتے ہیں۔ مگر اعلام غیر متناسبہ میں ابن کا الف پڑھتے تو نہیں مگر لکھتے ہیں، اور ابن پر پہلے نام کا اعراب آتا ہے، قرآنِ کریم میں عیسیٰ ابن مریم میں الف لکھا ہوا ہے کیونکہ مریم حضرت عیسیٰ کی والدہ ہیں، اسی طرح رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی ابن سلول: سلول دادی کا نام ہے اس لئے اس کا الف لکھتے ہیں، البتہ جہاں اعلام متناسبہ کا ابن شروع سطر میں آئے وہاں الف لکھتے ہیں۔

أَبْوابُ اسْتِقْبالِ الْقِبْلَةِ

یہاں سے استقبال قبلہ کے ابواب شروع ہورہے ہیں، مگر امام بخاریؒ نے کوئی عنوان قائم نہیں کیا، فتح الباری میں حافظؒ نے یہاں یہ عنوان رکھا ہے: **أبواب استقبال القبلة وما يتبعُها من آداب المساجد**: میں نے پہلے بتلایا تھا کہ کعبہ شریف جو قبلہ ہے وہ درحقیقت مسجد ہے، پہلے لوگ اس میں اندر جا کر نماز پڑھتے تھے، اور اس کے دو دروازے تھے، ایک سے داخل ہوتے تھے اور دوسرے سے نکلتے تھے، لیکن اسلام سے پہلے زمانہ جاہلیت میں جب قریش نے کعبہ شریف کی تعمیر کی تو اپنی اجارہ داری قائم کرنے کے لئے صرف ایک دروازہ رکھا اور وہ بھی قد آدم اونچا، تاکہ جس کو چاہیں داخل ہونے دیں اور جس کو چاہیں روک دیں، چنانچہ لوگوں نے باہر ہی نماز پڑھنا شروع کردیا، اس وقت سے آج تک یہی سلسلہ چلا آرہا ہے ﴿فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ میں مسجد حرام سے کعبہ شریف مراد ہے۔ معلوم ہوا کہ کعبہ شریف ایک مسجد ہے پس جب استقبال قبلہ کے ابواب آئیں گے تو لامحالہ آداب المسجد کے ابواب بھی آئیں گے، اس لئے حافظ رحمہ اللہ کا قائم کردہ عنوان بالکل صحیح ہے، مگر میں نے اس عنوان کو دو حصوں میں تقسیم کردیا ہے، یہاں **أبواب استقبال القبلة** کا عنوان لگایا ہے اور جہاں سے ابواب المساجد شروع ہوں گے وہاں دوسرا عنوان: **أبواب آداب المساجد** آئے گا۔

بابُ فَضْلِ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ

نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنے کی اہمیت

لفظ فضل امام ترمذی رحمہ اللہ عام طور پر ثواب کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ اہمیت کے معنی میں، یعنی اس عمل کی شریعت میں کیا اہمیت ہے؟ ثواب کے معنی میں عام طور پر امام بخاریؒ یہ لفظ استعمال نہیں کرتے، مگر اہمیت اور ثواب میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔

حضرتؒ نے سب سے پہلے یہ مسئلہ ذکر کیا ہے کہ استقبال قبلہ نماز کی ایسی شرط ہے جو پوری نماز میں مستمر رہتی ہے، قبلہ کی طرف سے توجہ بالکل نہیں ہٹنی چاہئے، حتی کہ سجدہ میں بھی جب قبلہ کی طرف منہ رکھنے کی کوئی صورت نہیں ہوتی، پیروں کو موڑ کر انگلیاں قبلہ کی طرف رکھنی چاہئیں یعنی حتی الامکان استقبالِ قبلہ کا لحاظ رکھنا چاہئے، جیسے سجدہ نام ہے طرف اعلیٰ کو طرف اسفل کے لیول پر لے آنے کا اور طرف اعلی سر کے اوپر کا حصہ ہے اور طرف اسفل پاؤں کی تلی ہے، مگر دونوں کو بیک وقت

زمین پر رکھنا ممکن نہیں، اس لئے پیروں میں سے انگلیاں لیں اور سر میں سے ماتھا اور ناک لئے اور ان کو ایک لیول پر کر دیا تو سجدہ متحقق ہو گیا۔

اسی لئے سجدہ میں ایک رکن کے بقدر پاؤں کی کم از کم ایک انگلی زمین پر ٹکنا ضروری ہے، اگر پورے سجدہ میں ایک رکن کے بقدر پاؤں کی ایک انگلی بھی زمین پر نہیں لگی تو سجدہ متحقق نہیں ہوگا اور نماز نہیں ہوگی۔

اسی طرح یہاں بھی سجدہ میں استقبالِ قبلہ ممکن نہیں اس لئے پیروں کی انگلیاں موڑ کر ان کو قبلہ کی طرف کر دینا چاہئے، تاکہ پوری نماز میں قبلہ کی طرف توجہ رہے۔ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے ایک مجلس میں جس میں چند صحابہ اکٹھا تھے نماز پڑھ کر دکھائی تھی یہ حدیث تفصیل سے آگے آرہی ہے، اس نماز میں ابوحمیدؓ نے پیروں کو موڑ کر انگلیاں قبلہ کی طرف کی تھیں۔

[۲۸-] بابُ فَضْلِ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ

يَسْتَقْبِلُ بِأَطْرَافِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ، قَالَهُ أَبُوْ حُمَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۹۱-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ قال: أَنَا ابْنُ الْمَهْدِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مَيْمُوْنَ بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ صَلّٰى صَلاَ تَنَا، وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا، وَأَكَلَ ذَبِيْحَتَنَا، فَذٰلِكَ الْمُسْلِمُ الَّذِىْ لَهُ ذِمَّةُ اللهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهِ، فَلاَ تُخْفِرُوْا اللّٰهَ فِىْ ذِمَّتِهِ "[انظر: ۳۹۲، ۳۹۳]

ترجمہ: متوجہ رکھے اپنے دونوں پاؤں کی انگلیاں قبلہ کی طرف، یہ بات حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے کہی ہے (یہ قولی حدیث نہیں ہے بلکہ فعلی حدیث ہے، ایک مجلس میں چند صحابہ اکھٹا تھے۔ حضرت ابوحمیدؓ نے کہا کہ مجھے نبی ﷺ کی نماز تم سے زیادہ یاد ہے، پھر انھوں نے چار رکعت پڑھ کر دکھائی اس نماز میں انھوں نے سجدہ میں پاؤں موڑ کر انگلیاں قبلہ کی طرف کی تھیں، راوی نے اس کو الفاظ کا جامہ پہنایا ہے یہ حدیث تفصیل سے آگے آرہی ہے)

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ہماری طرح نماز پڑھی، اور (نماز میں) ہمارے قبلہ کی طرف منہ کیا، اور ہمارا ذبیحہ کھایا پس وہ شخص وہ مسلمان ہے جس کے لئے اللہ اور اس کے رسول کی ذمہ داری ہے، پس تم اللہ کی ذمہ داری میں رخنہ اندازی مت کرو، یعنی ایسے مسلمان کو مت ستاؤ وہ اللہ اور اس کے رسول کی گارنٹی میں ہے، پس جو اس کو ستائے گا وہ اللہ کی ذمہ داری میں رخنہ اندازی کرے گا، اس سے اللہ کو غصہ آئے گا اور وہ اس کو سزا دیں گے۔

تشریح:

جس شخص میں تین باتیں پائی جائیں:

(۱) وہ مسلمانوں کی طرح نماز پڑھے، نماز سب پڑھتے ہیں جانور بھی پڑھتے ہیں ﴿كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلاَ تَهُ وَتَسْبِيْحَهُ﴾

ہر مخلوق اپنی نماز اور اپنی تسبیح جانتی ہے البتہ سب کی نمازوں کا طریقہ الگ ہے، جانوروں کی نماز الگ انداز کی ہے، یہود ونصاریٰ کی الگ اور ہندؤں کی الگ، ہندو ڈنڈوت کرتے ہیں یعنی ہاتھ جوڑ کر کھڑے ہوتے ہیں۔ یہی ان کی نماز ہے، یہ نمازیں مراد نہیں بلکہ مسلمانوں کی طرح نماز پڑھے۔

(۲) اور نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرے، یہود ونصاریٰ بیت المقدس کی طرف منہ کرتے ہیں اور ہندو مورتیوں کی طرف منہ کرتے ہیں اور مسلمان کعبہ شریف کی طرف منہ کرتے ہیں۔ پس وہ کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھے۔

(۳) اور مسلمان کا ذبیحہ کھائے —— تو وہ مسلمان ہے اور ایسا شخص اللہ ورسول کی گارنٹی میں ہے، اس کو ستانا اللہ کے غصہ کو بھڑکانا ہے، جو شخص ایسے بندہ کو ستاتا ہے وہ اللہ ورسول کی گارنٹی میں رخنہ اندازی کرتا ہے، ایسے شخص کو اللہ ضرور سزا دیں گے۔

قولہ: فلا تُخْفِرُوْا اللّٰهَ فی ذمته: یہ آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا مضمون فہم سامع پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا گیا ہے، پس تقدیر عبارت ہے: فلا تُخْفِرُوْا اللّٰهَ فی ذمته و ذمة رسوله: اور تثنیہ کی ضمیر اس لئے نہیں لائے کہ اللہ ورسول کو ایک ضمیر میں جمع کرنے کی حدیث میں ممانعت آئی ہے۔

فائدہ نماز میں کعبہ شریف کی طرف منہ کرنا کعبہ کی پرستش کرنا نہیں ہے، نماز اللہ کے لئے پڑھی جاتی ہے اور کعبہ شریف کو ملت کی شیرازہ بندی کے لئے قبلہ مقرر کیا گیا ہے۔ آریہ سماجیوں نے یہ اعتراض کیا تھا کہ ہندو مورتیوں کی پوجا کرتے ہیں اور مسلمان کعبہ کی پوجا کرتے ہیں، کعبہ بھی اینٹ پتھر کا ہے۔ حضرت نانوتوی قدس سرہ نے کتاب قبلہ نما میں اس کا جواب دیا ہے کہ مسلمان کعبہ کی پرستش نہیں کرتے بلکہ اللہ کی عبادت کرتے ہیں، اور کعبہ شریف قبلہ کی طرف راہنمائی کرتا ہے، کعبہ کو اہل نظر 'قبلہ نما' کہتے ہیں، یعنی کعبہ شریف قبلہ نہیں ہے، قبلہ تو اللہ کی ذات ہے اسی کی عبادت کی جاتی ہے، اور کعبہ شریف 'قبلہ نما' ہے۔ قبلہ کی طرف راہنمائی کرتا ہے، اور ملت کی شیرازہ بندی کے لئے اس کو قبلہ مقرر کیا گیا ہے کیونکہ اگر کوئی ایک پوئنٹ مقرر نہیں کیا جائے گا تو ہر شخص جدھر اس کا جی چاہے گا نماز پڑھے گا، ایک ہی مسجد میں کسی کا منہ مشرق کی طرف ہوگا، کسی کا مغرب کی طرف، کسی کا جنوب کی طرف اور کسی کا شمال کی طرف، تو عجیب تماشا ہوگا۔ اس لئے کعبہ شریف کو قبلہ مقرر کیا گیا ہے تا کہ پوری ملت ایک رخ پر نماز پڑھے، اسی لئے اگر قبلہ معلوم نہ ہو تو تحری کر کے جدھر غالب گمان ہو ادھر نماز پڑھنے کا حکم ہے ﴿فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ﴾ اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہیں پس اگر قبلہ معلوم نہ ہو تو تحری کرو اور نماز پڑھو، اب قبلہ کی طرف رخ کرنا ضروری نہیں، چنانچہ نماز کے بعد اگر وقت کے اندر بھی خطا ظاہر ہو جائے تو بھی نماز کا اعادہ واجب نہیں، معلوم ہوا کہ نماز در حقیقت اللہ کے لئے ہے، کعبہ شریف کی پوجا نہیں ہے۔

قادیانیوں کا استدلال اور اس کا جواب:

سوال: قادیانی کہتے ہیں: ہم بھی مسلمان ہیں اس لئے کہ ہم بھی مسلمانوں کی طرح نماز پڑھتے ہیں، نماز میں کعبہ

شریف کی طرف منہ کرتے ہیں، مسلمانوں کا ذبیحہ کھاتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جس شخص میں یہ تین باتیں ہوں وہ مسلمان ہے اور اللہ ورسول کی گارنٹی میں ہے، ہم میں بھی یہ تینوں باتیں پائی جاتی ہیں، پس ہم بھی مسلمان ہیں، ہمیں غیر مسلم کہنا صحیح نہیں، ہمیں ستانا بھی جائز نہیں، ہمیں ستانا اللہ تعالیٰ کی ذمہ داری میں رخنہ ڈالنا ہے اور اس کے غصہ کو بھڑکانا ہے۔

جواب: حدیث میں مذکور تین باتیں مسلمان کی ذاتیات نہیں، بلکہ عرضیات (علامات) ہیں اور علامتیں اگر ذاتیات کے موافق ہوں تو ان پر حکم لگانا درست ہے ورنہ نہیں، جیسا کہ اگلی دو حدیثوں میں آرہا ہے کہ **لا إلٰہ إلا اللہ** کے بعد یہ علامتیں کارآمد ہیں، اور قادیانیوں میں اگر یہ علامتیں پائی جاتی ہیں تو مسلمان کی ذاتیات ان میں نہیں پائی جاتیں اس لئے وہ ان علامتوں کے باوجود مسلمان نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ مسلمان کی ذاتیات یعنی جن پر ایمان واسلام کا مدار ہے وہ **لا إلہ إلا اللہ، محمد رسول اللہ:** ہیں یعنی ایک اللہ کو معبود ماننا اور اسی کی بندگی کرنا اور اللہ کے آخری رسول حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ جو دین لے کر آئے ہیں اس کو تمام اجزاء کے ساتھ تسلیم کرنا۔

بہ الفاظِ دیگر: مسلمان کی ذاتیات وہ ہیں جو ایمان مجمل میں لی گئی ہیں: **آمنتُ باللہ کما ھو بأسمائہ وصفاتہ وقَبِلْتُ جمیعَ أَحکامہ:** یعنی اللہ تعالیٰ پر اور ان کی صفات ذاتیہ وفعلیہ پر ایمان لانا، اور اللہ نے اپنے آخری رسول کے ذریعہ جو احکام بھیجے ہیں ان سب کو دل سے قبول کرنا۔

یہ مسلمان کی ذاتیات ہیں اور چونکہ یہ عقائد ہیں، اس لئے مخفی ہیں، ان کو پہچاننا مشکل ہے اس لئے مذکورہ حدیث میں اس کی چند واضح علامتیں بیان کی گئی ہیں، جن کے ذریعہ مسلمان کو پہچانا جاسکتا ہے، مگر یہ علامتیں اس وقت علامتیں ہیں جب وہ ذاتیات کے موافق ہوں، ورنہ وہ نفاق اور زندقہ ہیں، اور **قبلتُ جمیع أحکامہ** میں تمام ضروریات دین شامل ہیں یعنی دین کی وہ تمام بدیہی باتیں جو ایک پڑھا لکھا مسلمان جانتا ہے اور مانتا ہے ان سب کو ماننے کے بعد یہ علامات پائی جائیں تو وہ مسلمان ہے، قادیانی چونکہ ختم نبوت کا انکار کرتے ہیں جبکہ وہ ضروریات دین میں سے ہے اور قرآنِ کریم میں مصرح ہے، قادیانی اس کی غلط تاویل کرتے ہیں کہ تشریعی نبوت ختم ہوئی ہے، امتی نبی آسکتا ہے یہ تاویل چودہ سوسال سے کوئی نہیں جانتا تھا، قادیانیوں نے یہ تاویل گھڑی ہے پس اس تاویل کے ساتھ ختم نبوت کو ماننا نہ ماننا ہے، جیسے کوئی نماز کو اس کے معروف معنی میں نہ مانے، زکوٰۃ اور حج کو ان کے معروف معنی میں نہ مانے ان کے نئے معانی گھڑے تو وہ ماننا ماننا نہیں۔

جیسے انسان کی ذاتیات ہیں حیوانِ ناطق، حیوان یعنی جاندار ہونا اور ناطق یعنی اپنے مافی الضمیر کو الفاظ کی مدد سے سمجھانا اور دوسرا اپنے مافی الضمیر کو الفاظ کی مدد سے سمجھائے تو اس کو سمجھنا یہ ذاتیات ہیں، پھر قد کا سیدھا ہونا اور جسم کا بغیر بالوں والا ہونا جو انسان کی عرضیات ہیں ان کے ذریعہ سے انسان کو پہچانا جاسکتا ہے، مگر یہ عرضیات اس وقت عرضیات ہیں جب ذاتیات کے موافق ہوں، پس اگر کوئی جاندار یا ناطق نہ ہو اور سیدھے قد والا ہو، بالوں سے خالی کھال والا ہو تو اس کو انسان

نہیں کہہ سکتے، اسی طرح قادیانیوں میں چونکہ مسلمان کی ذاتیات نہیں پائی جاتیں اس لئے حدیث میں مذکور عرضیات یعنی علامات ان کو مسلمان قرار دینے کے لئے کافی نہیں۔

حدیث کی باب سے مطابقت:

پہلی تطبیق: من صلّی صلاتنا میں قیام، رکوع، سجود، قومہ، جلسہ، قعدہ، استقبال قبلہ، بدن، کپڑے اور جگہ کی طہارت سب داخل ہیں پھر آپؐ نے استقبال قبلہ کو الگ سے بیان کیا اس سے قبلہ کی اہمیت اور استقبالِ قبلہ کا مستقل مطلوب ہونا معلوم ہوا، یہ استقبالِ قبلہ کی اہمیت کی واضح دلیل ہے۔

دوسری تطبیق: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا: نبی ﷺ نے مسلم اور غیر مسلم کے درمیان امتیاز کرنے والی تین باتیں ذکر فرمائیں، ان میں ایک استقبالِ قبلہ کو لیا اس سے استقبالِ قبلہ کی اہمیت نکلتی ہے۔

تیسری تطبیق: حضرت الاستاذ قدس سرہ نے فرمایا: تین باتوں سے تین چیزیں حاصل ہوتی ہیں: اموال محفوظ ہوتے ہیں، خون محفوظ ہوتا ہے اور بندہ اللہ ورسول کی ذمہ داری میں چلا جاتا ہے، ان تین باتوں میں سے ایک استقبالِ قبلہ ہے اس سے استقبالِ قبلہ کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

[۳۹۲-] حدثنا نُعَيْمٌ، قَالَ: نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا قَالُوْهَا، وَصَلَّوْا صَلَاتَنَا، وَاسْتَقْبَلُوْا قِبْلَتَنَا، وَأَكَلُوْا ذَبِيْحَتَنَا فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْنَا دِمَاؤُهُمْ وَأَمْوَالُهُمْ، إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ.

[راجع: ۳۹۱]

[۳۹۳-] وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ نَا حُمَيْدٌ، قَالَ سَأَلَ مَيْمُوْنُ بْنُ سِيَاهٍ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فَقَالَ: يَا أَبَا حَمْزَةَ! وَمَا يُحَرِّمُ دَمَ الْعَبْدِ وَمَالَهُ؟ فَقَالَ: مَنْ شَهِدَ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَصَلّٰى صَلَاتَنَا وَأَكَلَ ذَبِيْحَتَنَا فَهُوَ الْمُسْلِمُ، لَهُ مَا لِلْمُسْلِمِ، وَعَلَيْهِ مَا عَلَى الْمُسْلِمِ.

وَقَالَ ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ: أَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ، قَالَ: نَا حُمَيْدٌ، قَالَ: نَا أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ۳۹۱]

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے جنگ کروں، یہاں تک کہ وہ لا إلٰہ إلا اللہ کہیں۔ پس جب وہ یہ کلمہ کہیں اور ہماری طرح نماز پڑھیں اور ہمارے قبلہ کی طرف منہ کریں اور ہمارا ذبیحہ کھائیں تو ہم پر ان کا خون اور ان کے اموال حرام ہیں، مگر اسلام کے حق کی وجہ سے، اور ان کا حساب اللہ پر ہے۔

حدیث (۳): اور ابن المدینیؒ کہتے ہیں: ہم سے خالد بن الحارث نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں: ہم سے حمید طویل نے

بیان کیا، وہ کہتے ہیں: میمون بن سیاہ نے حضرت انسؓ سے دریافت کیا: اے ابوحمزہ! آدمی کے خون اور مال کو کیا چیز حرام کرتی ہے؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: جس نے گواہی دی اس بات کی کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور ہمارے قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی، اور ہم جیسی نماز پڑھی اور ہمارا ذبیحہ کھایا تو وہ مسلمان ہے، اس کے لئے وہ حقوق ہیں جو مسلمانوں کے لئے ہیں، اور اس پر وہ ذمہ داریاں ہیں جو مسلمانوں پر ہیں —— اور ابن ابی مریم نے یحییٰ سے، انھوں نے حمید سے، انھوں نے حضرت انسؓ سے اور انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کو روایت کیا ہے۔

تشریح: اس حدیث کا باب سے وہی تعلق ہے جو اوپر گذرا، اور اس حدیث کی وجہ سے لوگوں نے یہ پروپیگنڈہ کیا ہے کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے وہ اس حدیث کا مطلب یہ سمجھتے ہیں کہ جب تک دنیا میں ایک بھی کافر موجود ہے جنگ جاری رکھی جائے، حالانکہ اس حدیث میں جنگ کا نہیں بلکہ جنگ بندی کا بیان ہے۔ اگر دشمن جنگ کے دوران ایمان لے آئے تو فوراً جنگ بند کر دینا ضروری ہے، اب وہ ہمارا بھائی ہے اس کو جانی یا مالی نقصان پہنچانا جائز نہیں۔ تفصیل کتاب الایمان باب ۱۷ میں گذر چکی ہے۔

قولہ: إلا بِحَقِّهَا: ھَا ضمیر کلمۂ اسلام کی طرف راجع ہے، یعنی اسلام قبول کرنے کے بعد اگر وہ مسلمان کوئی ایسا جرم کرے جس کی سزا اللہ کے قانون میں جان یا مال لینا ہو تو حکم خداوندی کے مطابق اس کو سزا دی جائے گی، مثلاً مسلمان ہونے کے بعد زنا کرے اور وہ شادی شدہ ہو تو سنگسار کیا جائے گا، یا مرتد ہو جائے یا کسی کو ناحق قتل کرے تو ارتداد کے جرم میں اور قصاص میں قتل کیا جائے گا، ایمان لانے سے اور مسلمان ہونے سے وہ قانونی گرفت سے بچ نہیں سکتا۔

قولہ وحسابھم علی اللہ: اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کلمۂ اسلام پڑھ کر اپنا مؤمن ہونا ظاہر کرے ہم اس کو مؤمن مان کر جنگ بند کر دیں گے، اور اس کے ساتھ مسلمانوں جیسا معاملہ کریں گے، اگر اس کی نیت میں کھوٹ ہے تو اس کا حساب آخرت میں اللہ تعالیٰ لیں گے، وہ عالم الغیب ہیں، دلوں کے رازوں سے واقف ہیں وہ اس کا پورا پورا حساب چکائیں گے، ہم تو ظاہر پر احکام دائر کریں گے، اور اس کے ساتھ مسلمانوں جیسا برتاؤ کریں گے البتہ اگر وہ اپنا مؤمن ہونا بھی ظاہر کرتا ہے اور مندروں میں جا کر بتوں کے سامنے ڈنڈوت بھی کرتا ہے یا حضرت عیسیٰ اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کی نبوت کو جاری مانتا ہے اور بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتا ہے یا غلام احمد قادیانی کذاب کو بھی نبی مانتا ہے تو ظاہر ہے اب وہ مسلمان نہیں، اور اس کے ساتھ مسلمانوں جیسا برتاؤ نہیں کریں گے۔

قولہ: وقال علی بن عبد اللہ: اس حدیث کو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حمید طویل نے بصیغہ عن روایت کیا ہے اور اس میں انقطاع کا احتمال ہے اس لئے امام بخاریؒ نے دوسری سند پیش کی ہے کہ حمید طویل کی موجودگی میں میمون نے حضرت انسؓ سے یہ سوال کیا تھا۔ معلوم ہوا کہ حمید طویل نے حضرت انسؓ سے بلاواسطہ یہ حدیث سنی ہے، پھر مزید تقویت کے لئے چوتھی سند ذکر کی ہے، جس میں حمید طویل نے **حدثنا أنس** کہہ کر حدیث بیان کی ہے۔

ملحوظہ: بعض نسخوں میں حدیث مرفوع مقدم ہے اور حدیث موقوف مؤخر، مصری نسخہ میں اسی طرح ہے، مگر ہم نے ہندوستانی نسخہ کی پیروی کی ہے۔

فائدہ: مرتد کو جو قتل کیا جاتا ہے وہ اسلام کے حق کی وجہ سے یعنی فتنہ کے سد باب کے لئے قتل کیا جاتا ہے، عورت اگر مرتد ہو جائے تو اس کو قتل نہیں کیا جاتا، بلکہ اس کو گھر میں نظر بند کر دیا جاتا ہے۔ مرد کو نظر بند نہیں کر سکتے اس لئے کہ یہ بات مرد کی وضع کے خلاف ہے، چنانچہ اسلام میں جیل کی سزا نہیں، اور جب مرتد کو نظر بند نہیں کر سکتے تو وہ لوگوں سے ملے گا اور اسلام کو بدنام کرے گا اور فتنہ پھیلائے گا، اس لئے فتنہ کے سد باب کے لئے اس کو قتل کیا جاتا ہے۔ اور یہ حکم ﴿لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ﴾ کے معارض نہیں، اس لئے کہ آیتِ کریمہ کا مطلب ہے: لا إکراہ فی قبول الدین: دین میں آنے کے لئے زبردستی نہیں، جس کا جی چاہے اسلام میں آئے اور جس کا جی چاہے نہ آئے، مگر جب ایک مرتبہ اسلام قبول کر لیا تو اب واپس نہیں لوٹ سکتا، اگر کوئی لوٹے گا تو اس کو قتل کر دیا جائے گا، تاکہ اس کے فتنہ کا سد باب ہو جائے ﴿وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ﴾ فتنہ قتل سے زیادہ سنگین جرم ہے، لہٰذا مرتد کے ضرر سے عوام الناس کو بچانے کے لئے اس کو قتل کرنے کا حکم ہے۔ اور یہ کلمۂ اسلام کا حق ہے۔

بابُ قِبْلَةِ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَأَهْلِ الشَّامِ وَالْمَشْرِقِ

مدینہ منورہ، ملک شام اور اہل مشرق کا قبلہ

اہل مشرق سے مراد عراق وغیرہ ہیں، اور یہ دورِ اول کی اصطلاح ہے۔ عراق وغیرہ کے لوگوں کو اہل مشرق کہا جاتا تھا۔ اس کے مقابل لفظ مغرب تھا، بحر ابیض کے شمال کی طرف جو ممالک ہیں اسپین، قرطبہ وغیرہ وہ سب مغرب کہلاتے تھے، بوسنیا جہاں چند دنوں پہلے مسلمانوں پر مظالم ہوئے ہیں وہ بھی مغرب میں ہے۔ اور علامہ ابن البرؒ بھی مغرب کے تھے، قرطبہ کے رہنے والے تھے اور قرطبہ مغرب میں ہے۔

اور اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ جو لوگ کعبہ شریف سے شمال کی طرف رہتے ہیں ان کا قبلہ جنوب کی طرف ہے، جیسے مدینہ منورہ کعبہ شریف سے شمال کی طرف ہے، عراق، شام اور یورپ وغیرہ ممالک بھی کعبہ شریف سے شمال کی طرف ہیں، پس ان کا قبلہ جنوب کی طرف ہے، اگر وہ مشرق یا مغرب کی طرف نماز پڑھیں گے تو ان کی نماز صحیح نہیں ہوگی اس لئے کہ ان کا قبلہ مشرق و مغرب کی طرف نہیں ہے، بلکہ جنوب کی طرف ہے اور دلیل یہ ہے کہ استقبال و استدبار والی روایت میں آنحضور ﷺ نے فرمایا ہے: ولکن شرِّقوا أو غرِّبوا: استنجے میں مشرق و مغرب کی طرف منہ اور پیٹھ کرنے کا حکم آپؐ نے اس لئے دیا ہے کہ ان کا قبلہ مشرق و مغرب میں نہیں ہے، کعبہ شریف سے جو شمال میں رہتا ہے اس کا قبلہ جنوب کی طرف ہے اور جو جنوب میں رہتا ہے اس کا قبلہ شمال کی طرف ہے اور جو مغرب میں رہتا ہے اس کا قبلہ مشرق کی طرف ہے، اور جو مشرق میں رہتا ہے اس کا قبلہ مغرب کی طرف ہے، جیسے ہم مشرق میں رہتے ہیں تو ہمارا قبلہ مغرب کی طرف ہے، اور جو

مغرب میں رہتے ہیں جیسے افریقہ وغیرہ ان کا قبلہ مشرق کی طرف ہے، اور یہ بہت موٹی سی بات ہے۔

[۲۹-] بابُ قِبْلَةِ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَأَهْلِ الشَّامِ وَالْمَشْرِقِ

لَيْسَ فِيْ الْمَشْرِقِ وَلاَ فِيْ الْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ، لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لاَتَسْتَقْبِلُوْا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ أَوْ بَوْلٍ، وَلٰكِنْ شَرِّقُوْا أَوْ غَرِّبُوْا"

[۳۹۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَا سُفْيَانُ، قَالَ: نَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الأَنْصَارِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا أَتَيْتُمُ الْغَائِطَ، فَلاَ تَسْتَقْبِلُوْا الْقِبْلَةَ، وَلاَ تَسْتَدْبِرُوْهَا، ولٰكِنْ شَرِّقُوْا أَوْ غَرِّبُوْا"

قَالَ أَبُوْ أَيُّوْبَ: فَقَدِمْنَا الشَّامَ، فَوَجَدْنَا مَرَاحِيْضَ بُنِيَتْ قِبَلَ الْقِبْلَةِ، فَنَنْحَرِفُ وَنَسْتَغْفِرُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ.

وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.[راجع: ١٤٤]

وضاحت: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الوضوء (باب ۱۱) میں گذر چکی ہے، اور یہاں بس اتنا استدلال ہے کہ جو لوگ کعبہ شریف سے جانب شمال یا جانب جنوب رہتے ہیں ان کا قبلہ مشرق و مغرب میں نہیں ہے، اگر وہ مشرق و مغرب کی طرف منہ کر کے نماز پڑھیں گے تو ان کی نماز صحیح نہیں ہوگی، اور دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اہل مدینہ کو بوقت استنجاء مشرق و مغرب کی طرف منہ اور پیٹھ کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور مدینہ منورہ کعبہ شریف سے جانب شمال واقع ہے............ **مراحیض**: مرحاض کی جمع ہے رَحَضَ الثوبَ (ف) کے معنی ہیں: کپڑا دھونا، اور مراد بیت الخلاء ہے، کیونکہ وہاں پانی سے استنجاء کیا جاتا ہے.......... **وعن الزہری**: یہ دوسری سند سماعت کی صراحت کے لئے لائے ہیں، پہلی سند میں عطاء نے حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے بصیغہ عن روایت کیا ہے۔

بابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَ ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾

مقامِ ابراہیم کو نماز کی جگہ بنانا

اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ جو لوگ کعبہ شریف سے جانب مشرق رہتے ہیں ان کا قبلہ جانب مغرب ہے، جیسے ہم مشرق میں رہتے ہیں تو ہمارا قبلہ مغرب ہے، نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں طواف کا دوگانہ مقام ابراہیم کے پیچھے ادا فرمایا ہے اس طرح کہ مقام ابراہیم اور کعبہ شریف دونوں کو سامنے لیا، مقام ابراہیم وہ جگہ ہے جہاں وہ پتھر رکھا ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ شریف تعمیر کیا تھا، وہ پتھر بیت اللہ شریف کے دروازہ اور حطیم کے درمیان مشرق کی طرف چند قدم کے فاصلہ پر ایک چھوٹے سے گنبد میں رکھا ہوا ہے، اس پر گلاس (کانچ) چڑھا ہوا ہے وہ پتھر نظر آتا ہے،

کہتے ہیں کہ اس پتھر پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قدموں کے نشانات ہیں، اللہ عزوجل نے اس جگہ طواف کا دوگانہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ اور یہ امر استحبابی ہے، فرض وواجب نہیں۔

مقام ابراہیم قبلہ نہیں ہے، صرف نماز پڑھنے کی جگہ ہے، پس اگر اس طرح کھڑا ہو کہ مقام ابراہیم بھی سامنے آجائے اور کعبہ شریف بھی سامنے آجائے تو نماز صحیح ہے، اور اگر صرف مقام ابراہیم سامنے ہو اور کعبہ شریف کا استقبال نہ ہو تو نماز صحیح نہیں، اور اس کی ایک ہی صورت ہے کہ مقام ابراہیم سے مشرق کی طرف کھڑا ہو اور منہ مغرب کی طرف کرے تو دونوں سامنے ہونگے اور نماز صحیح ہوگی، نبی ﷺ نے طواف کا دوگانہ اسی طرح ادا فرمایا تھا پس ثابت ہوا کہ کعبہ سے جو مشرق کی طرف ہو اس کا قبلہ جانب مغرب ہے۔

[۳۰-] بابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَ: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾

[۳۹۵-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَأَلْنَا ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَافَ بِالْبَيْتِ لِلْعُمْرَةِ، وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، أَيَأْتِيْ امْرَأَتَهُ؟ فَقَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، و﴿قَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ [انظر: ۱۶۲۳، ۱۶۲۷، ۱۶۴۵، ۱۶۴۷، ۱۷۹۳]

[۳۹۶-] وَسَأَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: لاَ يَقْرَبَنَّهَا حَتّٰى يَطُوْفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.
[انظر: ۱۶۲۴، ۱۶۴۶، ۱۷۹۴]

حدیث (۱): عمرو بن دینار کہتے ہیں: ہم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس شخص کے بارے میں دریافت کیا جس نے عمرہ کا طواف کیا اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہیں کی، پس کیا وہ اپنی بیوی سے صحبت کرسکتا ہے؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: نبی ﷺ مکہ پہنچے، پس بیت اللہ کے سات چکر لگائے اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں ادا فرمائیں (یہی جزء باب سے متعلق ہے) اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی فرمائی، اور بالیقین تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی ذات میں بہترین نمونہ ہے، یعنی حضرت ابن عمرؓ نے گول مول جواب دیا کوئی واضح بات نہیں فرمائی۔

حدیث (۲): اور ہم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے یہی مسئلہ پوچھا تو انھوں نے فرمایا: بیوی سے صحبت جائز نہیں یہاں تک کہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرے۔

تشریح: پہلے یہ بات بتائی ہے کہ جس سال نبی ﷺ نے حج کیا تھا اس سال ذوالحلیفہ سے سب نے صرف حج کا احرام باندھا تھا، پھر مکہ پہنچ کر وحی آئی تھی کہ جو لوگ قربانی ساتھ نہیں لائے وہ حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دیں اور طواف وسعی کرکے احرام کھول دیں۔

اس مسئلہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی دو رائیں تھیں جو کسی نے نہیں لیں، ایک رائے یہ تھی کہ جو بھی شخص میقات سے حج کا احرام باندھ کر آئے، اور اس کے ساتھ قربانی نہ ہو تو کعبہ شریف پر نظر پڑتے ہی اس کا حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل جائے گا، حضرت ابن عباسؓ کی یہ رائے کسی نے نہیں لی، کیونکہ وہ حکم اسی سال کے لئے خاص تھا، ہمیشہ کے لئے وہ حکم نہیں تھا۔

اور دوسری رائے حضرت ابن عباسؓ کی یہ تھی کہ جس نے عمرہ کا احرام باندھا وہ بیت اللہ کا طواف کرنے کے بعد صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنے سے پہلے بیوی سے صحبت کرسکتا ہے، حضرت کی یہ رائے بھی کسی نے نہیں لی، اس لئے کہ عمرہ طواف وسعی کے بعد مکمل ہوتا ہے۔

چنانچہ طلبہ نے حضرت ابن عمر اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما سے اس سلسلہ میں دریافت کیا، حضرت ابن عمرؓ نے تو گول مول جواب دیا، مگر حضرت جابرؓ نے دوٹوک کہا کہ صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنے سے پہلی بیوی سے صحبت جائز نہیں اور مسئلہ بھی یہی ہے۔

استدلال: نبی ﷺ نے مقام ابراہیم کے پیچھے طواف کا دوگانہ ادا فرمایا تھا جیسا کہ ابن عمرؓ کی روایت میں ہے، یعنی مقام ابراہیم سے مشرق میں کھڑے ہوئے اور مغرب کی طرف منہ کر کے اس طرح نماز پڑھی کہ مقام ابراہیم بھی سامنے آ گیا اور کعبہ شریف کا استقبال بھی ہو گیا، معلوم ہوا کہ جو لوگ کعبہ شریف سے مشرق میں رہتے ہیں ان کا قبلہ جانب مغرب ہے، کیونکہ مقام ابراہیم کی طرف منہ کرنے کی متعدد شکلیں ہو سکتی ہیں، مگر آپ ﷺ نے ایک معین شکل اختیار فرمائی، کیونکہ کعبہ شریف کا استقبال بھی ضروری تھا اور اس کی یہی ایک صورت تھی کہ مقام ابراہیم کے مشرق میں کھڑے ہوں اور مغرب کی طرف منہ کریں تو مقام ابراہیم اور کعبہ دونوں سامنے آ جائیں۔

[۳۹۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: نَا يَحْيىَ، عَنْ سَيْفٍ، يَعْنِيْ ابْنَ أَبِيْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سِمِعْتُ مُجَاهِدًا، قَالَ: أُتِيَ ابْنُ عُمَرَ، فَقِيْلَ لَهُ: هٰذَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ الْكَعْبَةَ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَأَقْبَلْتُ وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَدْ خَرَجَ، وَأَجِدُ بِلاَلاً قَائِمًا بَيْنَ الْبَابَيْنِ، فَسَأَلْتُ بِلاَلاً، فَقُلْتُ: أَصَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْكَعْبَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ، رَكْعَتَيْنِ بَيْنَ السَّارِيَتَيْنِ اللَّتَيْنِ عَلٰى يَسَارِهِ إِذَا دَخَلْتَ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلّٰى فِيْ وَجْهِ الْكَعْبَةِ رَكْعَتَيْنِ. [انظر: ٤٦٨، ٥٠٤، ٥٠٥، ٥٠٦، ١١٦٧، ١٥٩٨، ١٥٩٩، ٢٩٨٨، ٤٢٨٩، ٤٤٠٠]

[۳۹۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْبَيْتَ دَعَا فِيْ نَوَاحِيْهِ كُلِّهَا، وَلَمْ يُصَلِّ حَتّٰى خَرَجَ مِنْهُ، فَلَمَّا خَرَجَ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ فِيْ قُبُلِ الْكَعْبَةِ، وَقَالَ: "هٰذِهِ الْقِبْلَةُ" [انظر: ١٦٠١، ٣٣٥١، ٣٣٥٢، ٤٢٢٨]

حدیث (۲): مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمرؓ کے پاس آیا گیا، پس ان سے کہا گیا کہ رسول اللہ ﷺ کعبہ میں

تشریف لے گئے ہیں، یعنی ابن عمرؓ کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے اطلاع دی کہ آپ ﷺ کعبہ شریف میں تشریف لے گئے ہیں۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: پس میں متوجہ ہوا یعنی مسجدِ حرام میں آیا درانحالیکہ نبی ﷺ کعبہ شریف سے باہر تشریف لا چکے تھے اور میں نے بلال رضی اللہ عنہ کو کعبہ شریف کے دروازہ کے دونوں پٹوں کے درمیان کھڑا ہوا پایا، پس میں نے بلالؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے کعبہ شریف میں نماز پڑھی؟ انھوں نے کہا: ہاں، دو رکعتیں پڑھیں، ان دو ستونوں کے درمیان جو آپؐ کی بائیں جانب ہونگے، جب آپ داخل ہوں، پھر آپؐ باہر تشریف لائے پھر کعبہ شریف کے چہرے میں دو رکعتیں پڑھیں۔

حدیث (۳): ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ بیت اللہ میں تشریف لے گئے تو آپؐ نے بیت اللہ کے سب کونوں میں دعا فرمائی، اور نماز نہیں پڑھی، یہاں تک کہ بیت اللہ سے باہر تشریف لائے، جب آپؐ باہر تشریف لائے تو آپؐ نے بیت اللہ کی طرف منہ کرکے دو رکعتیں پڑھیں، پھر فرمایا: ''یہ قبلہ ہے''

تشریح:

۱- یہ فتح مکہ کا واقعہ ہے، حضرت ابن عمرؓ اپنے ڈیرے میں تھے، کسی نے ان کو خبر دی کہ نبی ﷺ بیت اللہ میں داخل ہوئے ہیں، وہ جلدی سے مسجد حرام میں پہنچے، آپ ﷺ باہر تشریف لا چکے تھے، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ دروازے میں کھڑے تھے، حضرت ابن عمرؓ نے ان سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے بیت اللہ میں نماز پڑھی؟ انھوں نے کہا: جی ہاں، بیت اللہ میں داخل ہونے پر بائیں جانب جو تین ستون ہیں ان میں سے دو ستونوں کے درمیان آپؐ نے دو رکعت پڑھیں، پھر آپؐ نے باہر نکل کر کعبہ شریف کی طرف منہ کرکے دو رکعتیں پڑھیں۔

یہی جزء باب سے متعلق ہے، جو شخص کعبہ کے دروازہ والی جانب میں نماز پڑھے گا وہ کعبہ شریف سے مشرق کی جانب ہوگا، اور کعبہ مغرب میں ہوگا، پس ثابت ہوا کہ جو کعبہ سے مشرق میں رہنے والا ہو اس کا قبلہ مغرب میں ہے۔

۲- حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے بیت اللہ میں نماز پڑھی ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس کا انکار کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: آپؐ نے بیت اللہ میں نماز نہیں پڑھی، صرف چاروں کونوں میں تکبیر کہی، اور دعا کی۔ حضرت ابن عباسؓ کی یہ روایت مرسلِ صحابی ہے اس لئے کہ وہ اس وقت نبی ﷺ کے ساتھ نہیں تھے، البتہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ ساتھ تھے، اور وہ بھی نماز کا انکار کرتے ہیں اور حضرت ابن عباسؓ نے یہ بات حضرت اسامہ ہی سے لی ہے مسلم میں محمد بن ابی بکر بن جریج کے طریق میں اس کی صراحت ہے (مسلم حدیث ۳۹۵، کتاب الحج)

اور علماء نے حضرت بلالؓ کی حدیث کو ترجیح دی ہے اس لئے کہ ان کی حدیث مثبت ہے اور حضرت اسامہؓ کی حدیث نافی ہے، اور تعارض کے وقت مثبت کو ترجیح دی جاتی ہے، کیونکہ وہ مبنی بر علم ہوتی ہے، اور نافی مبنی بر عدم علم ہوتی ہے، یعنی حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے آپؐ کو بیت اللہ میں نماز پڑھتے دیکھا ہے اور اس کو روایت کیا ہے اور حضرت اسامہ رضی اللہ

عنہ نے نہیں دیکھا تو انھوں نے انکار کیا۔

رہی یہ بات کہ حضرت اسامہؓ بھی تو بیت اللہ میں آنحضور ﷺ کے ساتھ تھے پھر انھوں نے آپ کو نماز پڑھتے کیوں نہیں دیکھا؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت اسامہؓ باہر آیا جایا کرتے تھے آنحضور ﷺ نے جب کعبہ شریف کو غسل دیا تو پانی لانے کی اور غسالہ باہر پھینکنے کی خدمت حضرت اسامہ کے ذمہ تھی، اس لئے جب وہ پانی لینے کے لئے یا غسالہ پھینکنے کے لئے باہر گئے، نبی ﷺ نے نماز پڑھی اس لئے ان کے علم میں یہ بات نہیں آئی، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ مسلسل آپؐ کے ساتھ موجود رہے ہیں، ان کے ذمہ کعبہ کو دھونے کی خدمت تھی۔

۳-حضرت ابن عباسؓ کی روایت میں یہ بھی ہے کہ آپؐ نے باہر نکل کر کعبہ کی طرف منہ کر کے دو رکعتیں پڑھیں اور فرمایا کہ یہ قبلہ ہے یعنی مشرق میں رہنے والوں کا قبلہ جانب مغرب ہے، یہی جزء باب سے متعلق ہے۔

فائدہ: کعبہ شریف میں چھ ستون تھے، اور نبی ﷺ نے اس طرح نماز پڑھی تھی کہ دو ستون آپ کی بائیں جانب، ایک ستون دائیں جانب اور تین ستون پیچھے تھے، یہ تفصیل ابن عمرؓ کی حدیث میں آئی ہے، جو مسلم شریف (حدیث ۳۸۸) میں ہے۔

بابُ التَّوَجُّهِ نحوَ الْقِبْلَةِ حَيْثُ كَانَ

نماز میں ہر حال میں کعبہ کی طرف رخ کرنا ضروری ہے

پہلا باب تھا کہ کعبہ سے شمال میں رہنے والوں کا قبلہ جنوب ہے، اور دوسرا باب تھا کہ کعبہ سے مشرق میں رہنے والوں کا قبلہ مغرب ہے اب عام باب لائے ہیں کہ نماز میں ہر شخص کے لئے قبلہ کی طرف منہ کرنا ضروری ہے، خواہ وہ کسی بھی جانب کا رہنے والا ہو، اس باب میں تین مسند حدیثیں ہیں: حضرت براء کی، حضرت جابر کی اور حضرت ابن مسعود کی اور ایک حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی معلق روایت ہے۔

[۳۱-] بابُ التَّوَجُّهِ نَحْوَ الْقِبْلَةِ حَيْثُ كَانَ

وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ، وَكَبِّرْ"

[۳۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا أَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا، وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ أَنْ يُوَجَّهَ إِلَى الْكَعْبَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ﴿قَدْ نَرى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ﴾ فَتَوَجَّهَ نَحْوَ الْقِبْلَةِ، وَقَالَ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ - وَهُمُ الْيَهُوْدُ -:﴿ مَا وَلَّاهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا عَلَيْهَا، قُلْ لِلّٰهِ

الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ﴾ [البقرة: ١٤٤] فَصَلّٰى مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ، ثُمَّ خَرَجَ بَعْدَ مَا صَلّٰى، فَمَرَّ عَلٰى قَوْمٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فِيْ صَلَاةِ الْعَصْرِ يُصَلُّوْنَ نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ: هُوَ يَشْهَدُ أَنَّهُ صَلّٰى مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَّهُ تَوَجَّهَ نَحْوَ الْكَعْبَةِ، فَتَحَرَّفَ الْقَوْمُ، حَتّٰى تَوَجَّهُوْا نَحْوَ الْكَعْبَةِ. [راجع: ٤٠]

وقال أبوهريرة: یہ لمبی حدیث کا ٹکڑا ہے جو ترمذی میں ہے، اس حدیث کا نام ہے: **حدیثُ المُسِيْءِ صلاتَه:** خراب نماز پڑھنے والے کا واقعہ، ایک شخص نے تعدیل ارکان کے بغیر نماز پڑھی تھی، آپؐ نے اس کو بار بار نماز لوٹانے کا حکم دیا، پھر جب اس نے کہا کہ یا رسول اللہ! میں تو ایسی ہی نماز پڑھنا جانتا ہوں، آپؐ مجھے سکھائیں کہ میں کس طرح نماز پڑھوں، پس آپؐ نے اس کو نماز سکھائی، فرمایا: قبلہ کی طرف منہ کرو، پھر تکبیر تحریمہ کہو (الی آخرہ) اس سے معلوم ہوا کہ نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنا ضروری ہے خواہ کسی جہت میں نماز پڑھ رہا ہو۔

حدیث (۱): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے بیت المقدس کی طرف سولہ مہینے یا سترہ مہینے نماز پڑھی، اور رسول اللہ ﷺ چاہتے تھے کہ آپؐ کعبہ کی طرف متوجہ کئے جائیں، یعنی بیت اللہ آپؐ کی امت کا قبلہ ہو، اس لئے کہ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قبلہ تھا اور آپؐ ملتِ ابراہیمی اسماعیلی پر مبعوث کئے گئے تھے، چنانچہ اللہ عزوجل نے یہ آیت پاک نازل فرمائی: ''ہم دیکھ رہے ہیں آپؐ کا بار بار آسمان کی طرف دیکھنا'' پس آپؐ نے قبلہ کی طرف رخ پھیرلیا اور بیوقوفوں نے یعنی یہود نے کہا: ''کس چیز نے پھیر دیا ان کو اس قبلہ سے جس پر وہ تھے، آپؐ کہیں: اللہ ہی کے لئے مشرق ومغرب ہیں، اللہ راہنمائی فرماتے ہیں جس کی چاہتے ہیں سیدھے راستہ کی طرف'' پس نبی ﷺ کے ساتھ ایک شخص نے نماز پڑھی، پھر وہ نماز پڑھنے کے بعد نکلا، پس وہ انصار کی ایک جماعت کے پاس سے گذرا جو عصر کی نماز میں تھے، وہ لوگ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھ رہے تھے، پس اس نے کہا: وہ گواہی دیتا ہے کہ اس نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی ہے درانحالیکہ آپؐ نے کعبہ کی طرف منہ پھیرلیا ہے، پس لوگ گھوم گئے یہاں تک کہ سب نے کعبہ کی طرف منہ کرلیا۔

تشریح: اس حدیث کی شرح کتاب الایمان (باب ۳۰) میں آچکی ہے، اور یہاں یہ استدلال کرنا ہے کہ جب تحویل قبلہ کی وحی آئی تو رسول اللہ ﷺ نماز ہی میں گھوم گئے تھے، اسی طرح بنو حارثہ کی مسجد میں انصار بھی قبلہ کی طرف گھوم گئے تھے، معلوم ہوا کہ ہر حال میں استقبال قبلہ ضروری ہے۔

ملحوظہ: ارشادِ پاک: ﴿يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ﴾ میں کعبہ شریف کی افضلیت کی طرف اشارہ ہے، اگرچہ بیت المقدس بھی اللہ کا گھر ہے، مگر کعبہ اس سے افضل ہے، اس لئے افضل الانبیاء اور افضل الامت کے لئے اس کو قبلہ مقرر کیا گیا۔

[٤٠٠-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَا يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ، فَإِذَا أَرَادَ الْفَرِيْضَةَ نَزَلَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ. [انظر: ١٠٩٤، ١٠٩٩، ٤١٤٠]

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ اپنی سواری پر نماز پڑھا کرتے تھے جدھر بھی سواری آپ کو لے کر رخ کرتی، پھر جب آپ فرض نماز پڑھنے کا ارادہ فرماتے تو سواری سے اترتے اور قبلہ کی طرف منہ کرتے۔

تشریح: آنحضور ﷺ سفر میں اونٹ پر نفلیں پڑھتے تھے سواری کا رخ جدھر بھی ہو، البتہ فرض پڑھنے کے لئے نیچے اترتے تھے، اور کعبہ کی طرف منہ کرتے تھے، معلوم ہوا کہ ہر حال میں استقبالِ قبلہ ضروری ہے، البتہ عذر کا حکم الگ ہے، مثلاً جہتِ قبلہ معلوم نہ ہو تو تحری کر کے نماز پڑھے، یا سواری پر نفل پڑھ رہا ہے اور سواری چل رہی ہے تو یہ بھی ایک عذر ہے، اس صورت میں بھی استقبالِ قبلہ ضروری نہیں۔

فائدہ: اونٹ پر نفلیں پڑھنا جائز ہے اور اس صورت میں نہ استقبالِ قبلہ ضروری ہے نہ جگہ کا پاک ہونا ضروری ہے، اور رکوع وسجود اشارے سے کرے گا، اور یہی حکم کار اور بس کا ہے، ان میں بھی نفل نماز پڑھ سکتے ہیں، اور سنن مؤکدہ بھی نفل ہیں پس ان کو بھی کار اور بس میں پڑھ سکتے ہیں، اور استقبالِ قبلہ اور جگہ کا پاک ہونا ضروری نہیں، البتہ یہ شرط ہے کہ وہ اونٹ، کار اور بس وغیرہ کو چلا نہ رہا ہو، اور یہ مسئلہ آگے آرہا ہے۔

[٤٠١-] حدثنا عُثْمَانُ، قَالَ: نَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم — قَالَ إِبْرَاهِيْمُ: لاَ أَدْرِيْ زَادَ أَوْ نَقَصَ — فَلَمَّا سَلَّمَ، قِيْلَ لَهُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَحَدَثَ فِيْ الصَّلاَةِ شَيْئٌ؟ قَالَ: "وَمَا ذَاكَ؟" قَالُوْا: صَلَّيْتَ كَذَا وَكَذَا، فَثَنَى رِجْلَيْهِ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، فَلَمَّا أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ قَالَ: "إِنَّهُ لَوْ حَدَثَ فِيْ الصَّلاَةِ شَيْئٌ لَنَبَّأْتُكُمْ بِهِ، وَلٰكِنْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ، أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَإِذَا نَسِيْتُ فَذَكِّرُوْنِيْ، وَإِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِيْ صَلاَتِهِ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ، فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ لِيُسَلِّمْ، ثُمَّ يَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ" [انظر: ٤٠٤، ١٢٢٦، ٦٦٧١، ٧٢٤٩]

حدیث (۳): ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے نماز پڑھی — ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھے یاد نہیں کہ آپؐ نے نماز میں زیادتی کی یا کمی — پھر جب آپؐ نے سلام پھیرا تو آپؐ سے پوچھا گیا: یارسول اللہ! کیا نماز میں کوئی نئی بات پیدا ہوئی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: کیا بات ہوئی؟ لوگوں نے بتایا: آپؐ نے اتنی اور اتنی رکعتیں پڑھی ہیں، یعنی بھول سے آگاہ کیا، پس آپؐ نے دونوں پاؤں موڑے اور قبلہ کی طرف منہ کیا (یہی جزء باب سے متعلق ہے) اور دو

سجدے کئے پھر سلام پھیرا۔ پھر جب آپؐ ہماری طرف متوجہ ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: ''اگر نماز میں کوئی بات پیدا ہوئی ہوتی تو میں تمھیں اس سے آگاہ کرتا، لیکن میں تمہاری طرح ایک انسان ہوں، بھولتا ہوں جس طرح تم بھولتے ہو، پس جب میں بھول جاؤں تو مجھے یاد دلایا کرو، اور جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز میں شک ہوجائے تو چاہئے کہ وہ درست بات سوچے، پھر اس پر بناء کرے، پھر چاہئے کہ سلام پھیرے پھر دو سجدے کرے''

تشریح: یہ حدیث طویل ہے، تفصیل سے آگے آئے گی، اور پوری تفصیلی حدیث ترمذی وغیرہ سنن میں ہے، ایک مرتبہ نبی ﷺ نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی، اور دو رکعت پر سلام پھیر دیا اور حجرہ میں تشریف لے گئے، لوگوں میں چہ میگوئیاں ہوئیں، بعض نے کہا کہ نماز میں کمی ہوگئی، اور وہ مسجد سے نکل گئے، ذوالیدین نامی ایک صحابی آنحضور ﷺ کے پیچھے حجرہ میں گئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! کیا نماز میں کمی ہوئی یا آپؐ بھول گئے؟ آپؐ نے فرمایا: دونوں میں سے کچھ نہیں ہوا، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے دو رکعتیں پڑھائی ہیں، چنانچہ آپؐ مسجد میں تشریف لائے اور محراب کے قریب ایک لکڑی پر تشبیک کرکے اور ہاتھوں پر ٹھوڑی رکھ کر کھڑے ہوئے اور صحابہ سے پوچھا: ذوالیدین کیا کہتے ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ آپؐ نے دو ہی رکعتیں پڑھائی ہیں، چنانچہ آپؐ قبلہ کی طرف متوجہ ہوئے اور باقی دو رکعتیں پڑھائیں (یہی جزء باب سے متعلق ہے) اور آخر میں سلام کے بعد سجدۂ سہو کیا، پھر آپؐ صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے اور تین باتیں فرمائیں:

پہلی بات: اگر نماز میں کوئی تبدیلی ہوئی ہوتی تو میں تمھیں پہلے سے آگاہ کرتا، میرا آگاہ نہ کرنا دلیل ہے کہ نماز میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

فائدہ: نبی ﷺ نے استنجے کے وقت استقبال واستدبار سے مطلقاً منع کیا تھا، اگر اس حکم میں کوئی تبدیلی ہوئی ہوتی تو آپؐ اس سے امت کو آگاہ کرتے، کیونکہ یہ آپؐ کا فرض منصبی ہے۔ چپکے سے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے بیت الخلاء میں اس پر عمل نہ کرتے، وہ تو اتفاق تھا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے دیکھ لیا، ورنہ امت کو اس کا پتہ کیسے چلتا۔ غرض آپؐ کا اس سلسلہ میں امت کو کوئی ہدایت نہ دینا دلیل ہے کہ استقبال واستدبار کے مسئلہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی، پس حضرت ابن عمرؓ کی حدیث کی تاویل کی جائے گی، اس سے مسئلہ مستنبط نہیں کیا جائے گا۔

دوسری بات: یہ فرمائی کہ میں تمہاری طرح بشر ہوں، جیسے تمہیں بھول لگتی ہے مجھے بھی بھول لگتی ہے، اگر نماز میں مجھ سے کوئی بھول ہوجائے تو مجھے یاد دلایا کرو یعنی لقمہ دیا کرو۔

تشریح: قرآنِ کریم میں ہے: ﴿قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ﴾: آپؐ کہہ دیں کہ میں تمہاری طرح ایک انسان ہوں، البتہ یہ بات ہے کہ میرے پاس وحی آتی ہے اور تمہارے پاس وحی نہیں آتی، پس سب بشر ایک درجہ کے نہیں، البتہ بشریت کے جو تقاضے ہیں: بھوک لگنا، پیاس لگنا، چھوٹے بڑے استنجے کا تقاضا ہونا، بیوی کی ضرورت ہونا وغیرہ امور میں آنحضور ﷺ اور لوگوں کا حال یکساں ہے، اور بشریت کے احوال میں سے ایک بھولنا بھی ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلٰى

آدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا﴾: اور قبل ازیں ہم نے آدم کو ایک حکم دیا تھا، پس وہ بھول گئے اور ہم نے ان میں پختگی نہیں پائی۔ اور آنحضور ﷺ نے فرمایا: نَسِيَ آدمُ فَنَسِيَتْ ذريته: یعنی حضرت آدم علیہ السلام کی ذریت میں بھول وراثت میں منتقل ہوئی ہے، اور نبی ﷺ بھی حضرت آدم علیہ السلام کی ذریت میں ہیں پس ضروری ہے کہ بھول آپؐ میں بھی ہو، اس لئے آپؐ نے فرمایا: جس طرح تمہیں بھول لگتی ہے مجھے بھی بھول لگتی ہے، لہٰذا آئندہ اگر ایسا واقعہ پیش آئے تو لقمہ دے کر مجھے آگاہ کر دیا کرو۔

تیسری بات: یہ فرمائی کہ جب کسی کو نماز میں شک ہو جائے، مثلاً ظہر پڑھ رہا تھا، شک ہو گیا کہ اس نے تین رکعتیں پڑھیں یا چار؟ تو غور کرے اور سوچے اور غالب گمان پر عمل کرے اور آخر میں سلام کے بعد سجدۂ سہو کرے، یہ بعد السلام سجدۂ سہو کی روایت ہے اور قولی روایت ہے، اور احناف تعارض کے وقت قولی روایت کو لیتے ہیں، تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔

جاننا چاہئے کہ شک کے مسئلہ میں تین روایتیں ہیں: ایک روایت یہ ہے کہ اگر رکعتوں کی تعداد میں شک ہو جائے تو از سر نو نماز پڑھے، یہ ابن عمرؓ کی حدیث ہے اور مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے (بحوالہ نصب الرایہ ۲: ۱۷۳) دوسری روایت یہاں ہے کہ تحری کرے اور ظن غالب پر عمل کرے، اور سلام کے بعد سجدۂ سہو کرے، اور تیسری روایت یہ ہے کہ بناء علی الاقل کرے، مثلاً تین اور چار میں شک ہو تو تین سمجھے اور سلام سے پہلے سجدہ کرے۔ یہ حدیث حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی ہے اور ترمذی میں ہے (حدیث ۴۰۸)

احناف نے تینوں روایتوں کو جمع کیا ہے اور مسئلہ کی تین صورتیں کی ہیں: اگر شک پہلی مرتبہ پیش آیا ہے یا شاذ و نادر پیش آتا ہے، سال دو سال میں ایک آدھ مرتبہ پیش آتا ہے تو جس رکن میں شک پیش آئے اسی رکن میں سلام پھیر دے، اور از سر نو نماز پڑھے، اور اگر شک پیش آتا رہتا ہے تو اگر وہ صاحب رائے ہے تو غور و فکر کر کے کوئی رائے قائم کرے اور ظن غالب پر عمل کرے، اور اگر صاحبِ رائے نہیں ہے تو بناء علی الاقل کرے اور جہاں قعدہ اخیرہ کا احتمال ہو وہاں قعدہ کرے اور آخر میں سجدۂ سہو کرے۔

احناف نے اس طرح تینوں روایتوں کو جمع کیا ہے، اور ائمہ ثلاثہؒ ہر صورت میں بناء علی الاقل کرواتے ہیں، اور جہاں قعدہ اخیرہ کا احتمال ہوتا ہے وہاں قعدہ اخیرہ کرواتے ہیں، اور امام شعبی اور امام اوزاعی رحمہما اللہ کے نزدیک ہر صورت میں نماز از سر نو پڑھے گا۔

فائدہ: ذی رائے شخص کو تحری نماز کا وظیفہ جاری رکھتے ہوئے کرنی ہے، ورنہ اس پر سجدۂ سہو واجب ہوگا۔ علامہ حصکفی رحمہ اللہ نے درمختار میں یہی مسئلہ لکھا ہے، اور علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ چاہے وظیفہ موقوف کر کے سوچے اور چاہے وظیفہ جاری رکھ کر سوچے ہر صورت میں سجدۂ سہو واجب ہے اور علامہ کشمیری قدس سرہ نے صاحب درمختار کے قول کو اظہر (قوی) قرار دیا ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِیْ الْقِبْلَةِ

استقبالِ قبلہ کی روایات

یہ عمومی باب ہے، اس باب پر استقبالِ قبلہ کے ابواب پورے ہوجائیں گے، اور اس باب میں وہ روایتیں ہیں جو استقبالِ قبلہ کے سلسلہ کی ہیں۔ اور ان کا کوئی خاص موضوع نہیں، جو بھی روایت حضرت رحمہ اللہ کی شرط کے مطابق ہے اس کو لے آئے ہیں۔

استقبالِ قبلہ کے سلسلہ میں فقہاء کے مزاج مختلف ہیں:

۱- امام شافعی رحمہ اللہ قبلہ کے مسئلہ میں سب سے زیادہ سخت ہیں، ان کے نزدیک عین کعبہ کا استقبال ضروری ہے، جہت کعبہ کا استقبال کافی نہیں، حضرت رحمہ اللہ کی اس رائے پر عمل کرنا مشکل ہے، دنیا میں ہر جگہ سے عین قبلہ کا استقبال کیسے ممکن ہے؟ دوسری بات امام شافعی رحمہ اللہ نے یہ فرمائی ہے کہ قبلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے اگر کسی نے تحری کر کے نماز پڑھی، پھر خطا ظاہر ہوئی تو اس نماز کا اعادہ واجب ہے وقت کے اندر بھی اور وقت کے بعد بھی۔

۲- اور امام مالک رحمہ اللہ کے یہاں تھوڑا توسع ہے وہ عین قبلہ کے استقبال کو ضروری قرار نہیں دیتے البتہ جو نماز تحری کر کے پڑھی گئی ہے پھر خطا ظاہر ہوئی تو وقت کے اندر اس کا اعادہ واجب ہے اور وقت کے بعد مستحب ہے۔

۳- اور حنفیہ کے نزدیک اور بھی توسع ہے، ان کے نزدیک عین کعبہ کا استقبال ضروری نہیں، جہت کعبہ کا استقبال کافی ہے اور جو نماز تحری کر کے پڑھی گئی خطا ظاہر ہونے پر اس کا اعادہ نہ واجب ہے اور نہ مستحب، نہ وقت کے اندر اور نہ وقت کے بعد۔

۴- اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ توسع ہے، وہ فرماتے ہیں: کوئی شخص بھول گیا اور اس نے کعبہ کے علاوہ کی طرف نماز پڑھ لی تو نماز صحیح ہے، سہو و نسیان مترادف ہیں، یعنی مُتَعَمِّداً کے علاوہ جتنی صورتیں ہوسکتی ہیں سب میں نماز صحیح ہے، بعد میں خطا ظاہر ہو تو کوئی اعادہ نہیں، اور حنفیہ صرف تحری کی صورت میں اگر خطا ظاہر ہو تو اعادہ کا حکم نہیں دیتے، لیکن جہل، نسیان اور سہو وغیرہ حنفیہ کے نزدیک عذر نہیں، ان صورتوں میں نماز کا اعادہ واجب ہے (۱)

[۳۲-] بابُ مَاجَاءَ فِی الْقِبْلَةِ

وَمَنْ لَمْ یَرَ الإِعَادَةَ عَلٰی مَنْ سَهَا، فَصَلّٰی إِلٰی غَیْرِ الْقِبْلَةِ، وَقَدْ سَلَّمَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ رَکْعَتَیِ

(۱) استقبالِ قبلہ کے مسئلہ میں احناف کے یہاں دو مسئلوں میں توسع ہے: ایک: تحری کر کے نماز پڑھی اور بعد میں خطا ظاہر ہوئی تو نماز صحیح ہوگئی، اعادہ واجب نہیں، دوم: نماز میں حدث پیش آگیا تو وضو کر کے بناء کرسکتا ہے، اگرچہ وضو کے لئے جانے میں قبلہ سے چہرہ اور سینہ پھر جائے، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، بناء کرسکتا ہے۔

الظُّهْرِ، وَأَقْبَلَ عَلٰى النَّاسِ بِوَجْهِهِ، ثُمَّ أَتَمَّ مَا بَقِيَ.

[٤٠٢-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: وَافَقْتُ رَبِّيْ فِيْ ثَلَاثٍ:

[١-] قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! لَوِ اتَّخَذْنَا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى؟ فَنَزَلَتْ:﴿ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾

[٢-] وَآيَةُ الْحِجَابِ، قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! لَوْ أَمَرْتَ نِسَاءَ كَ أَنْ يَحْتَجِبْنَ، فَإِنَّهُ يُكَلِّمُهُنَّ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ، فَنَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ.

[٣-] وَاجْتَمَعَ نِسَاءُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْغَيْرَةِ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ لَهُنَّ: ﴿ عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ مُسْلِمَاتٍ﴾ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ.[انظر: ٤٤٨٣، ٤٧٩٠، ٤٩١٦]

وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ: أَنَا يَحْيىَ بْنُ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا بِهٰذَا.

مسئلہ: اگر کوئی شخص جہتِ قبلہ بھول گیا، اور غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھ لی، پھر خطا ظاہر ہوئی تو ایک رائے (امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے) یہ ہے کہ نماز ہوگئی، اعادہ کی ضرورت نہیں۔

دلیل: رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ ظہر کی نماز پڑھائی، اور دو رکعتوں پر سلام پھیر دیا، پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے، جب صحابہ نے غلطی بتلائی تو آپ کعبہ کی طرف پھرے اور باقی نماز پڑھائی۔

اس سے استدلال اس طرح ہے کہ نبی ﷺ کا چہرہ اور سینہ قبلہ سے پھر گیا، مگر یہ جہل کی وجہ سے تھا، اس لئے کہ آپؐ نے اپنے خیال میں نماز پوری کر لی تھی، معلوم ہوا کہ اگر جہل کی وجہ سے نماز میں استقبالِ قبلہ نہ رہے یا غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھ لی جائے تو نماز صحیح ہے، اعادہ کی ضرورت نہیں، اور یہی حکم سہو ونسیان کا بھی ہے۔

مگر یہ استدلال تام نہیں، کیونکہ یہ واقعہ اس زمانہ کا ہے جب نماز میں چلنا پھرنا اور باتیں کرنا جائز تھا، اب یہ حدیث اپنے تمام اجزاء کے ساتھ منسوخ ہے۔

حدیث (۱): حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے پروردگار کی تین باتوں میں موافقت کی:

(۱) میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کاش ہم مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بناتے پس یہ آیت اتری: ''اور بناؤ تم مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ''

(۲) اور آیتِ حجاب، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کاش آپؐ اپنی ازواج کو پردہ کرنے کا حکم دیتے اس لئے کہ ان سے نیک اور بدسب ہم کلام ہوتے ہیں، پس پردے کی آیت نازل ہوئی۔

(۳) اور نبی ﷺ کی بیویاں آپؐ پر غیرت کے معاملہ میں جمع ہوئیں، تو میں نے ان سے کہا: اگر نبی ﷺ تم کو

طلاق دیدیں تو ہوسکتا ہے: آپؐ کا پروردگار آپؐ کو تم سے اچھی بیویاں دیدے، پس یہی آیت نازل ہوئی۔

قولہ: وافَقْتُ ربی فی ثلاث: میں نے تین باتوں میں اپنے پروردگار کی موافقت کی، یہ تعبیر تعظیماً ہے، حقیقی تعبیر: وَافَقَنِیْ ربی فی ثلاث ہے یعنی میرے پروردگار نے تین باتوں میں میری موافقت کی، میری رائے کے مطابق وحی نازل ہوئی، مگر یہ تعبیر بے ادبی والی تعبیر تھی، اس لئے حضرت عمرؓ نے تعبیر بدل دی اور فی ثلاث حصر کے لئے نہیں ہے، ذکرِ عدد نفی ماعدا کو مستلزم نہیں۔ علامہ قسطلانی رحمہ اللہ نے شرح بخاری میں بائیس موافقات عمر ذکر کئے ہیں۔

موافقاتِ عمرؓ کی شرح:

۱- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خواہش تھی کہ مقامِ ابراہیم کو مصلی (نماز پڑھنے کی جگہ) بنایا جائے چنانچہ اسی کے مطابق آیت نازل ہوئی ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ اس آیت میں مقام ابراہیم کو مصلیٰ (نماز پڑھنے کی جگہ) بنانے کا حکم ہے، قبلہ بنانے کا حکم نہیں، چنانچہ آنحضور ﷺ نے طواف کا دوگانہ اس طرح پڑھا کہ مقام ابراہیم بھی سامنے آگیا اور کعبہ بھی —— اور یہی جزء باب سے متعلق ہے۔

اور یہ سوال ذہن میں نہیں آنا چاہئے کہ آیت میں استقبالِ قبلہ کا ذکر نہیں، اس لئے کہ مقام ابراہیم پر جو طواف کا دوگانہ پڑھنا ہے اس میں منہ کعبہ کی طرف کرنا ہے، کیونکہ مقام ابراہیم قبلہ نہیں ہے، صرف مصلیٰ ہے۔ پس اشارۃ النص سے قبلہ کا ذکر نکل آیا، چنانچہ آنحضور ﷺ نے جب طواف کے بعد مقام ابراہیم پر طواف کا دوگانہ پڑھا تو آپؐ اس طرح کھڑے ہوئے تھے کہ مقام ابراہیم بھی سامنے آگیا اور کعبہ شریف بھی۔

۲- حضرت عمرؓ کی خواہش تھی کہ ازواج مطہرات کے لئے پردہ ہو کیونکہ جب وہ ضرورت کے لئے گھر سے نکلیں گی تو ہر کس و ناکس ان سے بات کرے گا، یہ بات ان کی شان کے خلاف ہے، چنانچہ پردہ کا حکم نازل ہوا ﴿يٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ﴾ اے نبی! آپ اپنی بیویوں سے، بیٹیوں سے اور سبھی مسلمان عورتوں سے کہہ دیں کہ جب وہ گھر سے نکلیں تو اپنی چادریں اپنے اوپر کھینچ لیں یعنی بوقت ضرورت نکلیں، مگر چہرہ چھپا کر نکلیں، پھر خاص ازواج مطہرات کے تعلق سے یہ حکم بھی آیا: ﴿وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ﴾ اپنے گھروں میں رکی رہو، بے ضرورت گھروں سے مت نکلو۔

۳- ایک مرتبہ تمام ازواج نفقہ (خرچ) میں زیادتی کا مطالبہ لے کر آپؐ کے پاس جمع ہوئیں جس کی وجہ سے آپؐ ازواج سے ناراض ہوگئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: تم کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ رہو، آنحضور ﷺ اگر تم کو طلاق دیدیں تو اللہ تعالیٰ آپؐ کے لئے تم سے اچھی بیویاں مہیا کردیں گے، چنانچہ اسی مضمون کی آیت سورۃ التحریم میں نازل ہوئی۔

قولہ: وقال ابن أبی مریم: یہ سند سماعت کی صراحت کے لئے لائے ہیں، پہلی سند میں حمید نے حضرت انسؓ سے بصیغہ عن روایت کیا ہے اور اس سند میں سماعت کی صراحت ہے۔

قولہ: فی الغیرۃ علیہ: ازواج کا نبی ﷺ پر غیرت کھانا: روایت کے یہ الفاظ واقعہ کے مطابق نہیں، صحیح الفاظ آگے اسی روایت (حدیث ۴۴۸۳) میں آرہے ہیں: بَلَغَنِیْ مُعَاتَبَةُ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعضَ نسائہ: مجھے اطلاع ملی کہ نبی ﷺ اپنی بعض بیویوں سے ناراض ہو گئے ہیں۔ واقعہ کے مطابق یہی تعبیر ہے۔

اور غیرت کے معنی ہیں حمیت، اور بیوی کا شوہر پر غیرت کھانا یہ ہے کہ بیوی کو اس پر ناگواری ہو کہ اس کے شوہر کی توجہ کسی غیر کی طرف ہے۔ ظاہر ہے یہ معنی آپؐ کے شایانِ شان نہیں، اس لئے صحیح تعبیر معاتبہ ہے، یعنی آپؐ ازواج سے ناراض ہو گئے۔

فائدہ: اگر ترجمہ کے ایک سے زیادہ اجزاء ہوں تو ہر حدیث کا ہر جزء سے منطبق ہونا ضروری نہیں، کسی ایک جزء سے حدیث کا منطبق ہونا کافی ہے، یہ حدیث ترجمہ کے پہلے جزء سے متعلق ہے۔

[۴۰۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَيْنَا النَّاسُ بِقُبَاءٍ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ، إِذْ جَاءَ هُمْ آتٍ، فَقَالَ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ قُرْآنٌ، وَقَدْ أُمِرَ أَنْ يَسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ، فَاسْتَقْبَلُوْهَا، وَكَانَتْ وُجُوْهُهُمْ إِلَى الشَّامِ، فَاسْتَدَارُوْا إِلَى الْكَعْبَةِ. [انظر: ۴۴۸۸، ۴۴۹۰، ۴۴۹۱، ۴۴۹۳، ۴۴۹۴، ۷۲۵۱]

حدیث (۲): ابن عمرؓ سے مروی ہے: دریں اثناء کہ لوگ قباء میں صبح کی نماز میں تھے کہ اچانک ان کے پاس ایک آنے والا آیا، اور اس نے کہا: بیشک رسول اللہ ﷺ پر رات قرآنِ کریم نازل کیا گیا ہے اور آپؐ کو کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، پس تم بھی قبلہ کی طرف رخ کرلو، اور ان کے چہرے شام (بیت المقدس) کی طرف تھے، پس وہ کعبہ کی طرف گھوم گئے۔

تشریح: پہلے بتایا ہے کہ جب تحویل قبلہ کا حکم نازل ہوا تو آپؐ مسجد بنوسلمہ میں ظہر پڑھا رہے تھے، آپؐ نے دو رکعت پڑھائی تھیں کہ نماز میں وحی نازل ہوئی، پس آپؐ اور صحابہ شمال کی جانب سے جنوب کی جانب گھوم گئے، اور باقی دو رکعتیں کعبہ شریف کی طرف پڑھیں، اس وجہ سے مسجد بنوسلمہ کو مسجد القبلتین کہتے ہیں۔ پھر آپؐ نے عصر کی نماز مسجدِ نبوی میں کعبہ شریف کی طرف منہ کرکے پڑھائی ایک صحابی یہاں سے عصر پڑھ کر مسجد بنوحارثہ کے پاس سے گذرے وہاں نماز ہو رہی تھی اور لوگ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھ رہے تھے، جب انھوں نے تحویل قبلہ کی خبر دی تو لوگ نماز ہی میں قبلہ کی طرف گھوم گئے، پھر اگلے دن ایک صحابی مسجدِ نبوی میں فجر پڑھ کر قباء پہنچے وہاں لوگ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھ رہے تھے جب انھوں نے تحویل کی خبر دی تو وہ بھی نماز ہی کے اندر کعبہ شریف کی طرف گھوم گئے، اور ان صحابی کا یہ کہنا کہ رات میں تحویل کا حکم نازل ہوا ہے: یہ بات ان کے اپنے علم کے اعتبار سے ہے، انھوں نے تحویل کے بعد نبی ﷺ کے پیچھے پہلی نماز فجر کی پڑھی تھی، اس لئے انھوں نے گمان کیا کہ رات میں تحویل کا حکم آیا ہے۔

استدلال: قبا والوں کو جب تحویل قبلہ کی خبر دی گئی تو وہ ایک رکعت بیت المقدس کی طرف پڑھ چکے تھے حالانکہ اب

بیت المقدس قبلہ نہیں رہا تھا پھر بھی انھوں نے نماز نہیں لوٹائی، کیونکہ انھوں نے بیت المقدس کی طرف ایک رکعت لاعلمی میں پڑھی تھی، معلوم ہوا کہ لاعلمی میں غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھی جائے تو وہ صحیح ہے۔ یہ حدیث کا باب سے ارتباط ہے۔

اور اس استدلال کا جواب یہ ہے کہ یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، جب احکام نئے نازل ہوتے ہیں تو شریعت سہولت دیتی ہے اور کوتاہیوں سے چشم پوشی کرتی ہے پس اس واقعہ سے استدلال صحیح نہیں۔

فائدہ: آنحضور ﷺ کے زمانہ میں مسجد نبوی میں فجر کی نماز غلس میں ہوتی تھی، اور مدینہ منورہ میں جو نو مسجدیں تھیں ان میں فجر کی نماز اسفار میں ہوتی تھی، یہ حدیث اس کی دلیل ہے۔ ایک شخص مسجد نبوی میں نماز پڑھ کر قباء گیا ہے جو مدینہ منورہ سے دو تین میل کے فاصلہ پر ہے، اس وقت وہاں جماعت ہو رہی ہے، معلوم ہوا کہ صحابہ اسفار کر کے فجر کی نماز پڑھتے تھے۔

اور مسجد نبوی میں نمازِ فجر غلس میں اس لئے ہوتی تھی کہ عام طور پر لوگ تہجد پڑھنے کے لئے مسجدِ نبوی میں آتے تھے، اور وہ آدھی رات سے آنے شروع ہو جاتے تھے، مسجدِ نبوی بستی سے دور مدینہ کی ایک جانب میں تھی، اس کے آس پاس آبادی نہیں تھی، اس لئے یہاں حق اللہ اور حق العباد دونوں کا تقاضہ تھا کہ وقت ہوتے ہی نماز پڑھ لی جائے، چنانچہ آنحضرت ﷺ اول وقت میں نماز فجر پڑھا کرتے تھے، اور مدینہ منورہ کی باقی مساجد کی صورت حال اس سے مختلف تھی، وہاں صبح صادق کے وقت نمازی حاضر نہیں ہوتے تھے، تاخیر سے پہنچتے تھے، اس لئے آپؐ نے وہاں کے نمازیوں کو حکم دیا تھا: أَسْفِرُوْا بالفجر فإنه أَعْظَمُ للأجر: روشنی کر کے یعنی تاخیر سے فجر پڑھا کرو، اس میں زیادہ ثواب ہے، اسفار میں نماز پڑھنے میں جماعت بڑی ہوگی اس لئے ثواب زیادہ ملے گا۔

[٤٠٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: نا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقَالُوْا: أَزِيْدَ فِيْ الصَّلَاةِ؟ قَالَ: " وَمَا ذَاكَ؟ " قَالُوْا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَثَنَى رِجْلَيْهِ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ. [راجع: ٤٠٠]

حدیث (۳): ابن مسعودؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھائیں، صحابہ نے عرض کیا: کیا نماز میں اضافہ ہو گیا؟ آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ یعنی یہ بات کیوں کہہ رہے ہو؟ صحابہ نے کہا: آپؐ نے پانچ رکعتیں پڑھائیں پس آپؐ نے اپنے دونوں پاؤں پھیرے اور دو سجدے (سہو کے لئے) کئے۔

استدلال: وہی ہے جو اوپر گذرا کہ آپؐ پانچ رکعت پڑھا کر لوگوں کی طرف گھوم گئے، اور آپؐ کا چہرہ اور سینہ قبلہ سے پھر گیا، پھر جب آپ کو غلطی کی خبر دی گئی تو آپؐ نے قبلہ رخ ہو کر دو سجدے کئے، آپؐ کا یہ پھرنا لاعلمی کی وجہ سے تھا، معلوم ہوا کہ اگر کوئی لاعلمی میں کعبہ سے پھر جائے یا غیر کعبہ کی طرف نماز پڑھ لے تو کوئی مضائقہ نہیں، نماز صحیح ہے ــــــ اور جواب بھی اوپر آچکا کہ یہ واقعہ دور اول کا ہے اور یہ منسوخ ہے پس اس سے استدلال درست نہیں۔

أَبْوَابُ آدَابِ الْمَسَاجِدِ

استقبالِ قبلہ کے ابواب پورے ہوئے، یہاں سے آدابُ المساجد کے ابواب شروع ہورہے ہیں، اور میں نے پہلے بتایا ہے کہ قبلہ خود ایک مسجد ہے، اس مناسبت سے استقبالِ قبلہ کے بعد مساجد کے آداب کا بیان لائے ہیں۔ اور آداب: ادب کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: مَا يُحْمَدُ فِعْلُهُ، وَلاَ يُذَمُّ تَرْكُهُ: جس کا کرنا تعریف کیا جائے اور نہ کرنا برائی نہ کیا جائے یعنی وہ کام کروتو واہ واہ! اور نہ کروتو کوئی بات نہیں، جیسے اونچی جگہ بیٹھ کر وضو کرنا۔ مگر یہ فقہی اصطلاح ہے، یہاں یہ معنی مراد نہیں، یہاں آداب بمعنی احکام ہے، آداب المساجد یعنی احکام المساجد کا بیان شروع ہورہا ہے، جس میں ہر قسم کے احکام کا بیان آئے گا، صرف آداب ہی کا بیان نہیں ہے۔

بابُ حَكِّ الْبُزَاقِ بِالْيَدِ مِنَ الْمَسْجِدِ

ہاتھ سے مسجد سے تھوک کھرچنا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ اگر مسجد میں کوئی گندی چیز پڑی ہوتو ہر شخص کی ذمہ داری ہے کہ اس کو صاف کرے، خادم مسجد کا انتظار نہ کرے۔ نبی پاک ﷺ نے کسی مسجد کی دیوار میں تھوک دیکھا، آپؐ کو ناگوار ہوا، آپؐ نے خود اس کو صاف کیا، کسی سے نہیں کہا، یہی بالید کا مطلب ہے، بعض حضرات نے آئندہ باب کے قرینہ سے بالید کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ آنحضور ﷺ نے لکڑی وغیرہ سے نہیں بلکہ ہاتھ سے اس کو صاف کیا تھا، مگر شاید یہ مطلب صحیح نہیں اس لئے کہ آگے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث (نمبر ۴۱۴) آرہی ہے، اس میں صراحت ہے کہ آپؐ نے کنکری سے اس تھوک کو صاف کیا تھا، تھوک خشک ہوگیا تھا، اس لئے کنکری سے کھرچ دیا، مگر امام بخاری رحمہ اللہ ظاہری الفاظ کے مطابق بھی باب قائم کرتے ہیں۔ یہاں حدیث میں چونکہ بالید ہے اس لئے حضرتؒ نے باب رکھ دیا۔

[۳۳-] بابُ حَكِّ الْبُزَاقِ بِالْيَدِ مِنَ الْمَسْجِدِ

[۴۰۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى نُخَامَةً فِي الْقِبْلَةِ، فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِ، حَتّٰى رُؤِيَ فِي وَجْهِهِ، فَقَامَ فَحَكَّهُ بِيَدِهِ، فَقَالَ:" إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَامَ فِي صَلاَتِهِ فَإِنَّهُ يُنَاجِي رَبَّهُ، أَوْ: إِنَّ رَبَّهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ فَلاَ يَبْزُقَنَّ أَحَدُكُمْ قِبَلَ قِبْلَتِهِ، وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ أَوْ

تَحْتَ قَدَمِهِ" ثُمَّ أَخَذَ طَرَفَ رِدَائِهِ فَبَصَقَ فِيْهِ، ثُمَّ رَدَّ بَعْضَهُ عَلٰى بَعْضٍ، فَقَالَ:" أَوْ يَفْعَلُ هٰكَذَا" [راجع: ۲٤۱]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جدار قبلی میں بلغم دیکھا، پس آپؐ کو یہ بات ناگوار ہوئی یہاں تک کہ آپؐ کے چہرے میں ناگواری کے آثار دیکھے گئے، پس آپؐ کھڑے ہوئے اور اپنے ہاتھ سے اس کو کھرچ دیا اور فرمایا: تم میں سے ایک جب نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے پروردگار سے سرگوشی کرتا ہے، یا فرمایا: بیشک اس کا پروردگار اس کے اور قبلہ کے درمیان ہوتا ہے، لہٰذا تم میں سے کوئی قبلہ کی جانب ہرگز نہ تھوکے، بلکہ اپنی بائیں طرف یا اپنے پاؤں کے نیچے تھوکے، پھر آپؐ نے اپنی چادر کا کنارہ لیا اور اس میں تھوکا یعنی تھوکنے کا اشارہ کیا پھر بعض کو بعض پر لوٹایا یعنی مل دیا، پھر فرمایا: یا اس طرح کرے۔

تشریح: نخامہ کے معنی ہیں: بلغم، اور بُزاق کے معنی ہیں: تھوک اور مُخاط کے معنی ہیں: رینٹ، حدیثوں میں تینوں لفظ آئے ہیں۔ یہ راویوں کے الفاظ ہیں، جب آپؐ نے جدار قبلی میں بلغم، تھوک یا رینٹ دیکھی تو آپؐ کو نہایت ناگوار ہوا اور چہرۂ انور پر ناگواری کے آثار ظاہر ہوئے، پھر آپؐ نے خود اس کو صاف کیا کسی سے صاف کرنے کے لئے نہیں کہا، پھر فرمایا: بندہ جب نماز پڑھتا ہے تو وہ اپنے پروردگار سے سرگوشی کرتا ہے، دو آدمی قریب منہ کر کے بات کریں اس کو سرگوشی کہتے ہیں، یعنی نماز میں بندہ اللہ سے بہت زیادہ قریب ہوتا ہے۔ پس سامنے نہ تھوکے کیونکہ یہ گویا اللہ پر تھوکنا ہے، بلکہ ضرورت پڑے تو بائیں طرف تھوکے یا بائیں پیر کے نیچے تھوکے، دائیں طرف نہ تھوکے اس طرف نیکیاں لکھنے والا فرشتہ ہے اور یہ بات اس وقت ہے جب جنگل میں، گھر میں یا کچی مسجد میں نماز پڑھ رہا ہو اور اگر مسجد پکی ہو یا فرش بچھا ہوا ہو تو بائیں طرف اور پیر کے نیچے بھی نہ تھوکے بلکہ اپنے کپڑے میں تھوکے پھر اس کو مل دے، پھر بعد میں اس کو دھو ڈالے اگر چاہے۔

رہی یہ بات کہ قبلہ کی طرف تھوکنے کی ممانعت عام ہے یا نماز کے ساتھ خاص ہے؟ جمہور کے نزدیک نماز کے ساتھ خاص ہے، نماز سے باہر قبلے کی طرف تھوک سکتے ہیں، مگر امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حکم عام ہے، نماز کے اندر اور نماز کے باہر دونوں حالتوں میں یہ ممانعت ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ وہ نماز کے علاوہ بھی قبلہ کی طرف نہیں تھوکتے تھے، اور فیض الباری میں ہے کہ یہ ممانعت نماز کے ساتھ خاص ہے، نماز میں قبلہ کی طرف نہ تھوکے باقی اوقات میں تھوک سکتا ہے۔

[٤٠٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأَى بُصَاقًا فِيْ جِدَارِ الْقِبْلَةِ فَحَكَّهُ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ:" إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ يُصَلِّيْ فَلاَ يَبْصُقْ قِبَلَ وَجْهِهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ قِبَلَ وَجْهِهِ إِذَا صَلَّى" [انظر: ۷۵۳، ۱۲۱۳، ٦١١١]

[٤٠٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأَى فِيْ جِدَارِ الْقِبْلَةِ مُخَاطًا أَوْ بُصَاقًا أَوْ نُخَامَةً فَحَكَّهُ.

حدیث (۲): ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے جدارِ قبلی میں تھوک دیکھا، پس آپؐ نے اس کو کھرچ دیا، پھر آپؐ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھ رہا ہو تو وہ اپنے سامنے نہ تھوکے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اس کے سامنے ہوتے ہیں، جب وہ نماز پڑھتا ہے —— اس حدیث کی بناء پر شاہ صاحبؒ نے فرمایا ہے کہ یہ ممانعت نماز کے ساتھ خاص ہے، اور دوسری حدیث کا ترجمہ واضح ہے۔

بابُ حَكِّ الْمُخَاطِ بِالْحَصَى مِنَ الْمَسْجِدِ

کنکری سے مسجد سے رینٹ صاف کرنا

امام بخاری رحمہ اللہ اس باب میں پہلے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا اثر لائے ہیں: وہ فرماتے ہیں: کوئی شخص مسجد گیا اور ناپاکی پر چلا تو اگر ناپاکی تر ہے تو پیر دھوئے اس لئے کہ پیر ناپاک ہوگئے، اور اگر ناپاکی خشک ہے تو پیر جھاڑ کر صاف کردے، پیروں کو دھونا ضروری نہیں، یہ اثر لا کر امام بخاریؒ نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ اگر کوئی مسجد میں تھوک، بلغم یا رینٹ دیکھے اور وہ تر ہو تو مسجد کو دھو کر صاف کرے، اور خشک ہو تو دھونا ضروری نہیں، پونچھ کر مسجد کو صاف کر دینا کافی ہے۔

[٣٤-] بابُ حَكِّ الْمُخَاطِ بِالْحَصَى مِنَ الْمَسْجِدِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنْ وَطِئْتَ عَلٰى قَذَرٍ رَطْبٍ فَاغْسِلْهُ، وَإِنْ كَانَ يَابِسًا فَلاَ.

[٤٠٨، ٤٠٩-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: أَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ وَأَبَا سَعِيْدٍ حَدَّثَاهُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأَى نُخَامَةً فِيْ جِدَارِ الْمَسْجِدِ، فَتَنَاوَلَ حَصَاةً فَحَتَّهَا، فَقَالَ: "إِذَا تَنَخَّمَ أَحَدُكُمْ فَلاَ يَتَنَخَّمَنَّ قِبَلَ وَجْهِهِ، وَلاَ عَنْ يَمِيْنِهِ، وَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ، أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرَى" [انظر: ٤١٠، ٤١١، ٤١٤، ٤١٦]

ترجمہ واضح ہے اور حكّ اور حتّ کے ایک ہی معنی ہیں: کھرچ کر صاف کرنا .... إذا تَنَخَّمَ: جب تم میں سے کوئی ناک کی رینٹ ڈالے تو اپنے چہرے کے سامنے رینٹ نہ ڈالے الی آخرہ۔ یہ حدیث بھی نماز کے ساتھ خاص ہے۔

بابٌ: لاَيَبْصُقْ عَنْ يَمِيْنِهِ فِيْ الصَّلاَةِ

نماز میں اپنی دائیں طرف نہ تھوکے

فی الصلوٰۃ کی قید لگا کر امام بخاریؒ نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ سامنے اور دائیں تھوکنے کی ممانعت نماز کے ساتھ خاص ہے، نماز کے باہر سامنے اور دائیں تھوک سکتے ہیں۔ امام مالک رحمہ اللہ بھی یہی فرماتے ہیں کہ نماز سے باہر دائیں

طرف یا سامنے تھوکنے میں کوئی حرج نہیں، مگر امام نوویؒ اس مسئلہ میں سختی کرتے ہیں ان کے نزدیک یہ ممانعت عام ہے نہ نماز کے اندر قبلہ کی طرف اور دائیں طرف تھوکنا جائز ہے اور نہ نماز سے باہر، اور عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ سے بھی یہی مروی ہے وہ نماز سے باہر بھی قبلہ کی طرف نہیں تھوکتے تھے، اور فتح الباری میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا بھی یہی عمل لکھا ہے، ان کے نزدیک بھی یہ ممانعت عام تھی، مگر امام بخاریؒ کے نزدیک یہ ممانعت نماز کے ساتھ خاص ہے، یہی شاہ صاحب قدس سرہ کی رائے ہے اور یہی جمہور کی رائے ہے۔

[۳۵-] بابٌ: لَایَبْصُقْ عَنْ یَمِیْنِهِ فِیْ الصَّلَاةِ

[۴۱۰، ۴۱۱-] حدثنا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ، قَالَ: نَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ وَأَبَا سَعِیْدٍ أَخْبَرَاهُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم رَأَی نُخَامَةً فِیْ حَائِطِ الْمَسْجِدِ، فَتَنَاوَلَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم حَصَاةً فَحَتَّهَا، ثُمَّ قَالَ: " إِذَا تَنَخَّمَ أَحَدُکُمْ فَلَا یَتَنَخَّمْ قِبَلَ وَجْهِهِ، وَلَا عَنْ یَمِیْنِهِ، وَلْیَبْصُقْ عَنْ یَسَارِهِ، أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْیُسْرَی" [راجع: ۴۰۸، ۴۰۹]

[۴۱۲-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: نَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ قَتَادَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم:" لَا یَتْفِلَنَّ أَحَدُکُمْ بَیْنَ یَدَیْهِ، وَلَا عَنْ یَمِیْنِهِ، وَلٰکِنْ عَنْ یَسَارِهِ، أَوْ تَحْتَ رِجْلِهِ الْیُسْرِی. [راجع: ۲۴۱]

وضاحت: لایَتْفِلَنَّ أحدُکم: ہرگز نہ تھوکے تم میں سے کوئی، تفَل (ن، ض) تفْلاً: تھوکنا............ یہ روایتیں مطلق ہیں، ان میں فی الصلوٰۃ کی قید نہیں، اس باب میں یہ روایتیں لاکر حضرتؒ نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ یہ روایتیں نماز کے ساتھ خاص ہیں۔

بابٌ: لِیَبْصُقْ عَنْ یَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْیُسْرَی

بائیں طرف یا بائیں پیر کے نیچے تھوکے

اس باب میں فی الصلوٰۃ کی قید نہیں لگائی اس لئے کہ بائیں طرف اور بائیں پیر کے نیچے تھوکنا مطلقاً جائز ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

[۳۶-] بابٌ: لِیَبْصُقْ عَنْ یَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْیُسْرَی

[۴۱۳-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: نَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم:" إِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا کَانَ فِیْ الصَّلَاةِ، فَإِنَّمَا یُنَاجِیْ رَبَّهُ، فَلَا یَبْزُقَنَّ بَیْنَ یَدَیْهِ، وَلَا عَنْ یَمِیْنِهِ،

وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ، أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ" [راجع: ۲٤۱]

[٤١٤-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: نَا سُفْيَانُ، قَالَ: نَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَبْصَرَ نُخَامَةً فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، فَحَكَّهَا بِحَصَاةٍ، ثُمَّ نَهٰى أَنْ يَبْزُقَ الرَّجُلُ بَيْنَ يَدَيْهِ أَوْ عَنْ يَمِيْنِهِ، وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى.

وَعَنِ الزُّهْرِيِّ سَمِعَ حُمَيْدًا عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ نَحْوَهُ. [راجع: ٤٠٩]

وضاحت: بَصُرَ اور أَبْصَرَ دونوں کے معنی ہیں: دیکھنا .... **وعن الزهری إلخ:** اس دوسری سند میں سماعت کی صراحت ہے، پہلی سند میں زہری نے حمید سے بصیغہ عن روایت کیا ہے۔

بابُ كَفَّارَةِ الْبُزَاقِ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد میں تھوکنے کا کفارہ

اگر مسجد میں تھوکدانی رکھی ہے اور کوئی اس میں تھوکتا ہے تو یہ مسجد میں تھوکنا نہیں، عرف میں اس کو مسجد میں تھوکنا نہیں کہتے جسے عرف میں مسجد میں تھوکنا کہتے ہیں وہ بڑی غلطی ہے، خطیئة کی تنوین تعظیم کے لئے ہے، اور ظاہر ہے جان بوجھ کر مسجد میں کوئی نہیں تھوکتا، کبھی بے اختیار تھوک نکل جاتا ہے، مکھی یا مچھر منہ میں گھس جاتا ہے، کھنکھارتا ہے پس بے اختیار تھوک نکل کر مسجد میں گر جاتا ہے، یا چھینک آتی ہے اور تھوک نکل جاتا ہے: یہ غلطی ہے، آنحضور ﷺ نے اس کو گناہ نہیں فرمایا خطیئة قرار دیا ہے، یعنی یہ بڑی غلطی ہے، اس غلطی کی تلافی یہ ہے کہ اس کو صاف کر دیا جائے، نبی ﷺ کے عہد مبارک میں مسجد کا فرش کچا تھا اس لئے آپؐ نے فرمایا: **وکفارتُها دَفْنُها:** اس غلطی کی تلافی یہ ہے کہ تھوک کو دفن کر دے، اس پر مٹی ڈال دے اور اگر فرش پکا ہو یا چٹائی وغیرہ بچھی ہوئی ہو تو اس کو صاف کر دے، غلطی کی تلافی ہو جائے گی۔

[۳۷-] بابُ كَفَّارَةِ الْبُزَاقِ فِي الْمَسْجِدِ

[٤١٥-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: نَا شُعْبَةُ، قَالَ: نَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الْبُزَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيْئَةٌ، وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا"

بابُ دَفْنِ النُّخَامَةِ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد میں بلغم کو دفن کرنا

یہ بات ابھی آچکی ہے مگر امام بخاریؒ معمولی فرق کی وجہ سے بھی نیا عنوان قائم کرتے ہیں، تاکہ مسئلہ سے متعلق جتنی

روایات ہیں ان کو پیش کردیں، امام بخاریؒ صرف حدیثیں نہیں لاتے بلکہ ہر حدیث پر نیا عنوان بھی لگادیتے ہیں تاکہ افادۂ مزید ہوجائے۔

[۳۸-] بابُ دَفْنِ النُّخَامَةِ فِی الْمَسْجِدِ

[٤١٦-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ إِلَى الصَّلاَةِ فَلاَ يَبْصُقْ أَمَامَهُ، فَإِنَّمَا يُنَاجِی اللّٰهَ مَادَامَ فِی مُصَلَّاهُ، وَلاَ عَنْ يَمِيْنِهِ، فَإِنَّ عَنْ يَمِيْنِهِ مَلَكًا، وَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ، أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ، فَيَدْفِنُهَا"[راجع: ٤٠٨]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہوتو اپنے سامنے کی طرف نہ تھوکے اس لئے کہ وہ اللہ سے سرگوشی کرتا ہے جب تک وہ نماز میں رہتا ہے، اور نہ دائیں طرف تھوکے اس لئے کہ اس کی دائیں طرف فرشتہ ہے، اور چاہئے کہ اپنی بائیں طرف تھوکے یا پاؤں کے نیچے تھوکے پھر اس کو دفن کردے۔

تشریح: دائیں طرف تھوکنے کی ممانعت نیکیاں لکھنے والے فرشتہ کے احترام میں ہے اور برائیاں لکھنے والا فرشتہ بائیں طرف ہوتا ہے، مگر جب بندہ نماز شروع کرتا ہے تو وہ اب کیا گناہ کرے گا؟ اس لئے وہ فرشتہ ہٹ جاتا ہے۔

بابٌ إِذَا بَدَرَهُ الْبُزَاقُ فَلْيَأْخُذْ بِطَرَفِ ثَوْبِهِ

بے اختیار تھوک نکل جائے تو اس کو کپڑے میں لیلے

بَدَرَهُ البُزاقُ کے معنی ہیں: تھوک نے اس سے سبقت کی یعنی اچانک تھوک نکل گیا، تو اس کو کپڑے یا رومال وغیرہ میں لے کر مل دے۔

[۳۹-] بابٌ إِذَا بَدَرَهُ الْبُزَاقُ فَلْيَأْخُذْ بِطَرَفِ ثَوْبِهِ

[٤١٧-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: نَا زُهَيْرٌ، قَالَ: نَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم رَأَى نُخَامَةً فِی الْقِبْلَةِ، فَحَكَّهَا بِيَدِهِ، وَرُؤِیَ مِنْهُ كَرَاهِيَةٌ، أَوْ: رُؤِیَ كَرَاهِيَتُهُ لِذٰلِكَ، وَشِدَّتُهُ عَلَيْهِ، وَقَالَ: " إِنَّ أَحَدُكُمْ إِذَا قَامَ فِی صَلاَ تِهِ فَإِنَّمَا يُنَاجِی رَبَّهُ، أَوْ: رَبُّهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قِبْلَتِهِ، فَلاَ يَبْزُقَنَّ فِی قِبْلَتِهِ، وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ، أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ" ثُمَّ أَخَذَ طَرَفَ رِدَائِهِ، فَبَزَقَ فِيْهِ، وَرَدَّ بَعْضَهُ عَلٰى بَعْضٍ، قَالَ: " أَوْ يَفْعَلُ هٰكَذَا "

[راجع: ٢٤١]

وضاحت: رُؤِیَ منه کراهيةٌ اور رُؤِیَ کراهيته لذلك: دونوں جملوں کا ایک مطلب ہے یعنی آپؐ کے چہرے میں

کراہیت (ناگواری) دیکھی گئی۔ اور أو شک راوی کا ہے و شِدَّتُه عليه: اور تھوکنے کا آپؐ پر بہت بوجھ پڑا، فَبَزَق فيه: آپؐ نے کپڑے میں تھوکا یعنی تھوکنے کا اشارہ کیا، پھر فرمایا: اگر نماز میں تھوکنا ناگزیر ہوجائے تو اس طرح کپڑے میں تھوک کر اس کو مل دے۔

بابُ عِظَةِ الإمَامِ النَّاسَ فِیْ إِتْمَامِ الصَّلوٰةِ وَذِکْرِ الْقِبْلَةِ

امام کا لوگوں کو صحیح نماز پڑھنے کی نصیحت کرنا اور قبلہ کا تذکرہ

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ امام لوگوں کو صحیح نماز پڑھنے کے سلسلہ میں نصیحت کرے، اب ہمارے ائمہ نے اس فریضہ کو چھوڑ دیا ہے، ائمہ عام طور پر مقتدیوں کی تربیت نہیں کرتے۔ تبلیغ والے گشت کرکے نوجوانوں کو مسجد میں لاتے ہیں پھر جب وہ چلے جاتے ہیں تو وہ نوجوان بھی مسجد سے غائب ہوجاتے ہیں، کیونکہ ان کو نماز نہیں آتی، اور وہ کسی سے کہہ نہیں سکتے کہ مجھے نماز نہیں آتی، ان کو نماز سکھانا اور ان کو سنبھالنا امام کی ذمہ داری ہے، ائمہ کہتے ہیں: یہ ہماری ذمہ داری نہیں، ہمارا کام نماز پڑھانا ہے۔ عزیزو! تنخواہ سے آگے آخرت کے لئے بھی کچھ کرنا چاہئے۔ امام کو چاہئے کہ ایسے نوجوانوں کو لے کر بیٹھے، اور تدبیر سے ان کی اصلاح کرے، ان کو نماز سکھلائے۔

نماز پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب نماز شروع کریں تو پہلے نیت کریں، اور نیت کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دل میں ارادہ کریں کہ میں ظہر کی نماز امام کے پیچھے پڑھ رہا ہوں اور زبان سے بھی کہہ لیں تو اچھا ہے، پھر تکبیر کہے: الله أكبر، اور دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھائے پھر ناف کے نیچے باندھے، باقاعدہ ہاتھ باندھ کر جوانوں کو دکھائے، پھر ثناء یاد کرائے اور کسی سے نہ پوچھے کہ تجھے ثنا آتی ہے یا نہیں؟ بلکہ سب کو ایک ساتھ ثنا پڑھائے اور بار بار پڑھائے، اور کئی دن تک پڑھائے، جن کو یاد ہے ان کی پکی ہوجائے گی اور جن کو یاد نہیں ان کو یاد ہوجائے گی، یوں تربیت کرے، اور تکبیر تحریمہ سے سلام تک کے سب مسائل ایک ساتھ بیان نہ کرے، بلکہ تھوڑے تھوڑے مسائل بیان کرے۔

بہر حال امام کی یہ اخلاقی ذمہ داری ہے کہ لوگوں کو صحیح نماز پڑھنے کے سلسلہ میں نصیحت کرے، اور کسی مقتدی میں کوئی برائی دیکھے تو عام نصیحت کرے، کسی کو خاص طور پر مخاطب نہ بنائے، مثلاً امام نے دیکھا کہ بعض لوگ پتلون پہن کر مسجد میں آتے ہیں اور ان کی پتلون ٹخنوں سے نیچے ہوتی ہے تو عام نصیحت کرے کہ ٹخنوں سے نیچے کپڑا پہننا جائز نہیں، اور نماز میں خاص طور پر اس کا خیال رکھا جائے، نماز میں کپڑا ٹخنوں سے نیچے نہیں ہونا چاہئے، اس طرح عام نصیحت کرے۔

غرض یہ امام کی اخلاقی ذمہ داری ہے کہ وہ صحیح نماز پڑھنے کے سلسلہ میں لوگوں کو نصیحت کرے، اور خاص طور پر قبلہ کا تذکرہ کرے تاکہ لوگوں کو معلوم ہوجائے کہ قبلہ کس سمت میں ہے، اب تو مسجدوں میں محراب ہوتی ہے، اس کو دیکھ کر ہر شخص قبلہ کی سمت جان لیتا ہے مگر دورِ اول میں مسجدیں عام گھروں کی طرح تھیں نہ ان میں محراب تھی اور نہ مینارے اور نہ صفیں بچھی

ہوئی تھیں، اگر ایسی صورت ہو تو امام لوگوں کو قبلہ کے بارے میں بتلائے، تاکہ لوگ سمت قبلہ کو جان لیں اور صحیح نماز پڑھیں، یہ اس باب کا مقصد ہے۔

فائدہ: عِظَةٌ مصدر ہے وَعَظَ یَعِظُ (ض) وَعْظًا وَعِظَةً کے معنی ہیں: نصیحت کرنا، اور قبلہ کا تذکرہ بطور مثال ہے کہ قبلہ وغیرہ کے سلسلہ میں امام لوگوں کو نصیحت کرے یہ امام کا اخلاقی فریضہ ہے۔

[٤٠-] بابُ عِظَةِ الإِمَامِ النَّاسَ فِیْ إِتْمَامِ الصَّلوٰةِ، وَذِکْرِ الْقِبْلَةِ

[٤١٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "هَلْ تَرَوْنَ قِبْلَتِیْ هٰهُنَا؟ فَوَ اللّٰهِ مَا یَخْفٰی عَلَیَّ خُشُوْعُکُمْ وَلَا رُکُوْعُکُمْ، إِنِّیْ لَأَرَاکُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِیْ" [انظر: ٧٤١]

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم دیکھتے ہو میرے قبلہ کو یہاں؟ یعنی کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہا ہوں اس لئے مجھے تمہاری کچھ خبر نہیں؟ بخدا! مجھ پر نہ تمہارا خشوع پوشیدہ ہے اور نہ تمہارے رکوع، میں تمہیں اپنی پیٹھ کے پیچھے سے دیکھتا ہوں۔

تشریح: مسجدِ نبوی کا فرش کچا تھا، اس میں سنگریزے اور مٹی تھی، نہ کوئی صف تھی اور نہ کوئی نشان تھا، اس لئے شروع میں نبی ﷺ صفیں سیدھی کرنے کا اہتمام کرتے تھے، تیر کی لکڑی سینوں پر رکھ کر صفیں درست فرماتے تھے، جب صفیں صحیح ہو جاتیں تو نماز شروع فرماتے، پھر جب آپؐ نے محسوس کیا کہ لوگ صفیں سیدھی کرنے کا طریقہ سیکھ گئے تو آپؐ نے اہتمام چھوڑ دیا، اور یہ ہدایت فرمائی کہ ٹخنے سے ٹخنہ اور کندھے سے کندھا ملاؤ بیچ میں فاصلہ مت رکھو، کیونکہ انگلیوں کے ذریعہ صف سیدھی نہیں ہو سکتی، پاؤں چھوٹے بڑے ہوتے ہیں، اور ایڑیوں سے صف سیدھی ہو سکتی ہے مگر ایڑیاں دیکھنا مشکل ہے اس لئے آپؐ نے ہدایت دی کہ ٹخنے سے ٹخنہ ملاؤ، یعنی اس طرح کھڑے ہوؤ کہ سب کے ٹخنے ایک لائن میں آجائیں، اگر ایک طرف سے سوئی ٹخنہ میں داخل کی جائے تو سب ٹخنوں میں سے ہو کر نکل جائے۔

صحابہ نے اس طریقہ سے صفیں سیدھی کرنا شروع کر دیا جب آپؐ نے دیکھا کہ لوگ صفیں سیدھی کرنا سیکھ گئے ہیں تو آپؐ نے اہتمام چھوڑ دیا، لیکن اس کے بعد کبھی صف میں خلل پایا گیا تو آنحضور ﷺ نے ڈانٹا، ترمذی میں حدیث ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: لَتُسَوُّنَّ صُفوفکم أو لَیُخالِفَنَّ اللّٰهُ بَیْنَ وُجُوْهِکُمْ: یا تو اپنی صفیں سیدھی کرو یا آپس میں اختلافات پیدا ہو جائیں گے۔ صف کی درستگی اور اتحاد میں اور نادرستگی اور اختلاف میں کیا مناسبت ہے؟ جواب: معلوم نہیں، مگر یہ بات بدیہی ہے جو چاہے تجربہ کر کے دیکھ لے، ایک مہینہ بالکل صفیں سیدھی کر کے نماز پڑھو، چھوٹے موٹے اختلاف ختم ہو جائیں گے، اور ایک مہینہ ٹیڑھی میڑھی صفوں کے ساتھ نماز پڑھو جو اختلاف دبے ہوئے ہیں وہ بھی ابھر آئیں گے بلکہ نئے اختلاف

پیدا ہوجائیں گے۔

باب کی حدیث میں بھی ایک طرح کی ڈانٹ ہے نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں ادھر قبلہ کی طرف منہ کرکے کھڑا ہوں اس لئے مجھے تمہاری کچھ خبر نہیں، بخدا! میں جس طرح آگے دیکھتا ہوں پیچھے بھی دیکھتا ہوں، تمہارے رکوع، سجود اور خشوع وغیرہ مجھ پر مخفی نہیں، یہ نبی ﷺ نے ڈانٹا ہے۔

فائدہ: آنحضور ﷺ کا آگے دیکھنا جسمانی تھا، اور پیچھے دیکھنا معجزہ تھا، اور معجزہ نبی کے اختیار میں نہیں ہوتا جب اللہ چاہتے ہیں ظاہر ہوتا ہے۔

مناسبت: قبلتی ھاھنا: سے باب کا دوسرا جزء ثابت ہوا، اور آپؐ کا یہ فرمانا کہ میں پیچھے بھی تمہاری نمازوں کو دیکھتا ہوں: یہ آپؐ نے نصیحت فرمائی کہ رکوع وسجود ٹھیک سے کرو، اس سے باب کا پہلا جزء ثابت ہوا۔

[۴۱۹-] حدثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: نَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَلَاةً، ثُمَّ رَقِيَ الْمِنبَرِ، فَقَالَ فِي الصَّلَاةِ وَفِي الرُّكُوْعِ:" إِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ كَمَا أَرَاكُمْ" [انظر: ۷۴۲، ۶۶۴۴]

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے کوئی نماز پڑھائی، پھر آپؐ منبر پر چڑھے پس آپؐ نے نماز اور رکوع کے بارے میں فرمایا یعنی نصیحت فرمائی کہ نماز میں رکوع وسجود ٹھیک سے کرو، اور نماز میں خشوع وخضوع ہونا چاہئے "بیشک میں البتہ تمہیں دیکھتا ہوں (یہ قال کا مقولہ ہے) اپنے پیچھے سے (وَرَاءِ میں ی پوشیدہ ہے اصل ورائی ہے) جیسا کہ میں تمہیں دیکھتا ہوں اپنے سامنے سے (مِن أمامی پوشیدہ ہے)

اور حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے، آپؐ نے ٹھیک نماز پڑھنے کے سلسلہ میں نصیحت فرمائی ہے، اور نماز آپؐ نے قبلہ رخ پڑھائی ہے پس اشارۃ النص سے باب کا دوسرا جزء بھی ثابت ہوگیا۔

بابٌ: هَلْ يُقَالُ مَسْجِدُ بَنِيْ فُلَانٍ؟

کیا 'فلاں قبیلہ کی مسجد' کہنا جائز ہے؟

مسجد کی کسی آدمی کی طرف یا کسی قبیلہ یا محلّہ کی طرف نسبت کرنا جائز ہے؟ شبہ یہ ہے کہ مسجد اللہ کی ملکیت ہے، پس فلاں کی مسجد کہنا کیسے درست ہوسکتا ہے؟ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ اس کو مکروہ کہتے تھے، اور ان کی دلیل یہ آیت پاک تھی: ﴿إِنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰهِ فَلاَ تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ أَحَدًا﴾: مسجدیں اللہ کی ملکیت ہیں پس اللہ کے ساتھ تم کسی کو مت پکارو یعنی مسجد کی کسی کی طرف نسبت مت کرو۔

مگر امام بخاریؒ جواز ثابت کررہے ہیں کیونکہ اضافت معمولی تعلق کی وجہ سے بھی ہوتی ہے، کبھی بانی کی طرف اور کبھی متولی کی طرف نسبت کرتے ہیں، کبھی مسجد کے پاس جو قوم آباد ہوتی ہے اس کی طرف نسبت کرتے ہیں، اور آیت کریمہ کا وہ مطلب نہیں جو حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے بلکہ آیت کا مطلب ہے کہ مسجدوں میں صرف اللہ کی بندگی کی جائے، ان میں اعمال شرکیہ نہ کئے جائیں، پس زیر بحث مسئلہ سے آیت کا کچھ تعلق نہیں، اس لئے نسبت کے جواز پر امت کا اجماع ہے۔

[٤١-] بابٌ: هَلْ يُقَالُ مَسْجِدُ بَنِيْ فُلَانٍ؟

[٤٢٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِيْ أُضْمِرَتْ: مِنَ الحَفْيَاءِ، وَأَمَدُهَا ثَنِيَّةُ الْوَدَاعِ، وَسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِيْ لَمْ تُضْمَرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ، وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ فِيْمَنْ سَابَقَ بِهَا.

[انظر: ٢٨٦٨، ٢٨٦٩، ٢٨٧٠، ٧٣٣٦]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تضمیر شدہ گھوڑوں کی ریس کرائی حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک، اور غیر تضمیر شدہ گھوڑوں کی ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زریق تک، اور عبداللہ بن عمرؓ ان لوگوں میں تھے جنھوں نے گھوڑے دوڑائے۔

تشریح: تضمیر کے لغوی معنی ہیں: دبلا کرنا۔ اور تضمیر کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے گھوڑے کو خوب کھلاتے پلاتے ہیں جب وہ موٹا تازہ ہوجاتا ہے تو اس کو اندھیرے اور گرم کمرے میں رکھتے ہیں، اور اس کی خوراک کم کرتے ہیں، یہاں تک کہ معمولی خوراک پر لے آتے ہیں جس سے اس کا بدن چھریرا ہوجاتا ہے، اور خوب طاقت آجاتی ہے اس لئے آنحضور ﷺ نے ان کو حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک دوڑایا، ان کے درمیان چھ میل (تقریباً دس کلومیٹر) کا فاصلہ ہے، اور غیر تضمیر شدہ گھوڑوں کو ثنیۃ الوداع سے مسجدِ بنی زریق تک دوڑایا، ان کے درمیان ایک میل کا فاصلہ ہے، حضرت ابن عمرؓ نے بھی اپنا گھوڑا دوڑایا تھا اور ان کا گھوڑا غیر تضمیر شدہ تھا اور اس دوڑ میں حضرت ابن عمرؓ اول آئے تھے ان کا گھوڑا ان کو لے کر مسجد کی دیوار پھاند گیا تھا، آپؐ جہاد کے مقصد سے ایسی دوڑ کرایا کرتے تھے، اور استدلال مسجدِ بنی زریق سے ہے کہ اس طرح کی نسبت جائز ہے۔

بابُ الْقِسْمَةِ وَتَعْلِيْقِ الْقِنْوِ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد میں مال تقسیم کرنا اور کھجور کے خوشے لٹکانا

اس باب میں دو مضمون ہیں: ایک: کیا مسجد میں مال بانٹنا جائز ہے؟ دوم: نبی ﷺ کے عہد مبارک میں مسجدِ نبوی اور صفہ ساتھ ساتھ تھے، صفہ کے معنی ہیں: چبوترہ، جو طلبہ باہر سے پڑھنے آتے تھے وہ اسی چبوترے پر اپنا سامان رکھتے تھے اور

وہیں رہتے تھے اور پڑھتے تھے، وہ ضیوف الاسلام تھے یعنی مسلمانوں کے مہمان تھے، آج کل طالبانِ علوم نبوت کو مہمانانِ رسول کہا جاتا ہے مگر میرے علم میں اس کی کوئی اصل نہیں، حقیقت میں وہ مسلمانوں کے مہمان ہیں، ابوداؤد کی حدیث میں ان کو ضیوف الاسلام کہا گیا ہے، پس جب یہ اسلام کے مہمان ہیں تو سبھی مسلمانوں کے مہمان ہیں، چنانچہ سبھی مسلمان ان کی کفالت کرتے تھے، آنحضور ﷺ بھی ان کی خدمت کرتے تھے اور دوسرے مسلمان بھی، جن کے گھروں میں گنجائش ہوتی تھی وہ اپنی گنجائش کے مطابق طلبہ کو ساتھ لے جاتے تھے اور کھانا کھلاتے تھے، اور بعض لوگ کھجوروں کے خوشے مسجد میں لٹکا دیا کرتے تھے، ایک خوشہ میں دس پندرہ کلو کھجور ہوتی ہے، جب دو چار کھجوریں پک جاتی ہیں تو خوشہ کاٹ لیتے ہیں اور گھروں میں لٹکا دیتے ہیں کھجوریں پکتی رہتی ہیں اور لوگ کھاتے رہتے ہیں۔ مسجدِ نبوی میں خاص جگہ پر خوشے لٹکائے جاتے تھے اور ان پر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نگراں تھے، وہ کھجوریں طلبہ میں تقسیم کرتے تھے۔

مسجدیں ذکر وصلوٰۃ کے لئے ہیں حدیث میں ہے: إنما هی لذكر الله وقراءة القرآن والصلوٰة: جب مسجدیں ذکر واذکار، تلاوت قرآن اور نمازوں کے لئے ہیں تو کیا ان میں اور کام مثلاً مال تقسیم کرنا، کھجوروں کے خوشہ لٹکانا وغیرہ جائز ہیں؟ حدیث سے تنگی نظر آتی ہے کہ مسجدوں میں مذکورہ امور ہی کرنے چاہئیں، دوسرے کام مسجدوں میں نہیں کرنے چاہئے۔ مگر امام بخاری رحمہ اللہ واقعات کی روشنی میں اس مسئلہ میں توسع کرنا چاہتے ہیں، چونکہ مسجد میں مال تقسیم کرنا، کھجوروں کے خوشہ لٹکانا حدیث سے ثابت ہے اس لئے عام نفع کے کام مسجدوں میں انجام دینا جائز ہے۔ یہاں حدیث میں اگرچہ خوشے لٹکانے کا ذکر نہیں مگر ابو محمد ابن قتیبہ کی کتاب غریب الحدیث میں اسی حدیث میں خوشے لٹکانے کا بھی ذکر ہے، اور امام بخاریؒ ایسا کرتے ہیں کہ حدیث کے دیگر طرق میں جو مضمون آتا ہے اس کو پیش نظر رکھ کر باب قائم کرتے ہیں۔

اور غیر مقلدین اس باب اور اس طرح کے جو دوسرے ابواب آرہے ہیں ان کی وجہ سے کہتے ہیں کہ مسجد میں ہر کام جائز ہے، اونٹ بھی مسجد میں باندھ سکتے ہیں، اور امام بخاریؒ کے جملہ ابواب کا حاصل بھی یہی ہے کہ مسجد میں ہر کام کر سکتے ہیں، مگر ہمیں دو باتیں پیش نظر رکھنی چاہئیں:

پہلی بات: ابتدائی احوال اور بعد کے احوال میں فرق کرنا چاہئے، جب مسجدِ نبوی بنائی گئی تھی اس وقت اور جگہیں نہیں تھیں یہ ایک مجبوری تھی اس لئے سارے کام مسجد سے لئے جاتے تھے، مسجد میں مال ڈھیر کرتے تھے، مسجد میں تقسیم کرتے تھے، اور قیدیوں کو بھی مسجد ہی کے ستونوں سے باندھتے تھے، لیکن بعد میں احوال بدل گئے اس لئے بعد کے احوال میں اور بالکل ابتدائی احوال میں فرق کرنا پڑے گا، آج بھی جب کسی غریب بستی میں مدرسہ قائم کرتے ہیں تو مسجد ہی میں مدرسہ قائم کرتے ہیں، وہیں بچے اور بڑے پڑھتے ہیں وہیں مسجد میں سوتے ہیں، پھر جب دوسری جگہ کا انتظام ہوجاتا ہے تو مسجد میں تعلیم وقیام موقوف کردیا جاتا ہے۔

آنحضور ﷺ نے جب مسجدِ نبوی بنائی تھی تو اس میں کواڑ نہیں تھے، مسجد کھلی تھی، رات میں کتے گھس آتے تھے، پیشاب

کرتے تھے اور رال ٹپکاتے تھے، پس اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ سب مسجدیں ایسی ہی ہوں، اگر کوئی ایسا سمجھتا ہے تو وہ نادان ہے۔ یہ سب ابتدائی احوال کی روایتیں ہیں جب کہ جگہ کی تنگی تھی، پس ان سے مسائل میں استدلال کرنا درست نہیں۔

دوسری بات: مسجد کے عام طور پر دو حصے ہوتے ہیں: ایک عبادت خانہ ہوتا ہے اور دوسرا متعلقاتِ مسجد ہوتے ہیں، صحن، وضوخانہ وغیرہ متعلقات مسجد ہیں اور عرف میں سب پر مسجد کا اطلاق کیا جاتا ہے، لیکن دونوں کے احکام الگ الگ ہیں، عبادت خانہ یعنی مسجدِ شرعی کے احکام الگ ہیں اور متعلقاتِ مسجد یعنی مسجد عرفی کے احکام الگ ہیں، اور روایات میں یہ بات مصرّح ہے کہ مسجدِ نبوی کے آگے صحن تھا، اس میں جنازہ پڑھا جاتا تھا، کوئی مہمان آتا تو وہ اپنا اونٹ وہیں بیٹھاتا تھا، عرف میں اس پر بھی مسجد کا اطلاق کرتے ہیں، لہٰذا اگر آپ عرف کا سہارا لے کر مسجد شرعی کے لئے بھی یہ سب احکام ثابت کرنے لگیں تو یہ حقیقت حال سے ناواقفیت کی دلیل ہوگی۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے دور تک جو ابواب قائم کئے ہیں اور جو روایتیں پیش کی ہیں ان میں یہ دونوں باتیں ملحوظ رکھنی ضروری ہیں، ان روایات میں مسجد سے یا تو مسجد عرفی مراد ہے یا یہ ابتدائی احوال کی باتیں ہیں جیسے نماز میں ابتداء میں بہت سے امور جائز تھے پھر آہستہ آہستہ ان کو ختم کیا گیا، اسی طرح مسجد میں ابتداء میں بہت سے کام ضرورت کی وجہ سے کئے جاتے تھے، مگر بعد میں وہ ختم کردیئے گئے، ان دو باتوں کو پیش نظر رکھ کر ابواب واحادیث پڑھنی چاہئیں۔

[۴۲-] باب الْقِسْمَةِ وَتَعْلِيقِ الْقِنْوِ فِي الْمَسْجِدِ

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْقِنْوُ: الْعِذْقُ، وَالاِثْنَانِ، قِنْوَانِ، وَالْجَمَاعَةُ أَيْضًا قِنْوَانٌ، مِثْلُ صِنْوٍ وَصِنْوَان.

[۴۲۱-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ - يَعْنِيْ ابْنَ طَهْمَانَ - عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ، فَقَالَ:" انْثُرُوْهُ فِي الْمَسْجِدِ" وَكَانَ أَكْثَرَ مَالٍ أُتِيَ بِهِ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَخَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَى الصَّلاَةِ، وَلَمْ يَلْتَفِتْ إِلَيْهِ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلاَةَ جَاءَ فَجَلَسَ إِلَيْهِ، فَمَا كَانَ يَرَى أَحَدًا إِلاَّ أَعْطَاهُ، إِذْ جَاءَ الْعَبَّاسُ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَعْطِنِيْ، فَإِنِّيْ فَادَيْتُ نَفْسِيْ وَفَادَيْتُ عَقِيْلاً، فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :" خُذْ" فَحَثَى فِيْ ثَوْبِهِ، ثُمَّ ذَهَبَ يُقِلُّهُ فَلَمْ يَسْتَطِعْ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أُؤْمُرْ بَعْضَهُمْ يَرْفَعْهُ إِلَيَّ. قَالَ:" لاَ" قَالَ: فَارْفَعْهُ أَنْتَ عَلَيَّ، قَالَ:" لاَ" فَنَثَرَ مِنْهُ، ثُمَّ ذَهَبَ يُقِلُّهُ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مُرْ بَعْضَهُمْ يَرْفَعْهُ إِلَيَّ، قَالَ: "لاَ" قَالَ: فَارْفَعْهُ أَنْتَ عَلَيَّ، قَالَ:" لاَ" فَنَثَرَ مِنْهُ، ثُمَّ احْتَمَلَهُ، فَأَلْقَاهُ عَلٰى كَاهِلِهِ، ثُمَّ انْطَلَقَ، فَمَا زَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يُتْبِعُهُ بَصَرَهُ حَتّٰى خَفِيَ عَلَيْنَا، عَجَبًا مِنْ حِرْصِهِ، فَمَا قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَثَمَّةَ مِنْهَا دِرْهَمٌ. [انظر: ۳۰۴۹، ۳۱۶۵]

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قِنْو کے معنی ہیں: کھجور کا خوشہ، گچھا، اس کا تثنیہ قنوانِ اور جمع قنوانٌ ہے، تثنیہ میں نون

کا کسرہ ہوگا اور جمع میں عامل کے مطابق اعراب آئے گا، جیسے صِنْو کا تثنیہ اور جمع صنوان ہیں، اور ایسے الفاظ جن کا تثنیہ اور جمع ایک ہوں: کم ہیں، بلکہ کبھی مفرد اور جمع میں صرف اعراب کا فرق ہوتا ہے، جیسے فَلَك (مفرد) اور فُلْك (جمع) اور ایک جڑ سے کھجور کے دو تنے نکلیں تو وہ صِنوانِ (تثنیہ) ہیں اور تین یا زیادہ نکلیں تو صنوانٌ (جمع) ہیں۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس بحرین سے مال لایا گیا، آپؐ نے فرمایا: اس کو مسجد میں ڈھیر کردو، اور وہ ان مالوں میں سب سے زیادہ تھا جو رسول اللہ ﷺ کے پاس لائے گئے، پس رسول اللہ ﷺ نماز کے لئے نکلے اور آپؐ نے اس کی طرف التفات نہیں فرمایا، پس جب آپؐ نے نماز پوری فرمائی تو آپؐ مال کے پاس آئے اور بیٹھے، پس نہیں دیکھتے تھے آپؐ کسی کو مگر اس کو دیتے تھے یعنی جو بھی نظر پڑتا اس کو دیتے تھے، اچانک عباس رضی اللہ عنہ آئے اور انھوں نے کہا: یارسول اللہ! مجھے دیجئے، اس لئے کہ میں نے (بدر میں) اپنا بھی فدیہ دیا ہے اور (اپنے بھتیجے) عقیل (حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھائی) کا بھی، آپؐ نے ان سے فرمایا: ''لے لو'' چنانچہ انھوں نے اپنے کپڑے میں مال بھرا پھر اس کو اٹھانے کی کوشش کی مگر اٹھا نہ سکے، پس انھوں نے کہا: یارسول اللہ! کسی کو حکم دیجئے کہ وہ مجھے اٹھوائے، آپؐ نے فرمایا: نہیں، انھوں نے کہا: آپؐ اٹھوادیں، آپؐ نے فرمایا: نہیں، پس انھوں نے اس میں سے کچھ کم کیا پھر اٹھانے لگے (مگر اٹھا نہ سکے) پس انھوں نے کہا: یارسول اللہ! کسی سے اٹھوادیجئے، آپؐ نے فرمایا: نہیں، انھوں نے کہا: آپؐ خود اٹھوادیجئے، آپؐ نے فرمایا نہیں، پس انھوں نے کچھ اور کم کیا، پھر اس کو بہ مشقت اٹھایا اور اس کو اپنے کندھے پر ڈال لیا، پھر چلے، پس آنحضور ﷺ ان کو برابر دیکھتے رہے یہاں تک کہ وہ ہماری آنکھوں سے اوجھل ہوگئے، تعجب کرتے ہوئے ان کی حرص سے۔ اور جب تک وہاں ایک درہم رہا آپؐ کھڑے نہیں ہوئے۔

تشریح: حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے جو بحرین کے گورنر تھے۔ بحرین سے نبی ﷺ کی خدمت میں مال بھیجا تھا، گورنر اپنی عملداری سے پایۂ تخت میں مال بھیجتے تھے اور اب تک جتنے اموال آئے تھے ان میں یہ سب سے زیادہ مال تھا۔ آنحضور ﷺ کے حکم سے اس کو مسجد (کے صحن) میں ڈھیر کردیا گیا، جب آپؐ نماز فجر کے لئے نکلے تو آپؐ سیدھے مصلے پر تشریف لے گئے آپؐ نے اس مال کو نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا، اس لئے کہ وہ مال مسجدِ شرعی سے باہر بلاط (پتھر کے پختہ فرش) پر ڈھیر کیا گیا تھا، مسجدِ شرعی میں ہوتا تو اس پر آپؐ کی نظر پڑتی، نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپؐ مال کے پاس آ کر بیٹھے اور اس کو تقسیم فرمایا اور ہر آدمی کو دیا۔ اور جب تک مال نمٹ نہیں گیا آپؐ وہاں سے نہیں اٹھے۔

استدلال: اس واقعہ سے استدلال یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے مسجد میں مال تقسیم کیا، اور مسجد ہی میں اس کو ڈلوایا، معلوم ہوا کہ مسجد میں یہ کام جائز ہیں۔

مگر یہ استدلال محل نظر ہے، کیونکہ مال جہاں ڈھیر کیا گیا تھا اور جہاں سے آپؐ نے مال تقسیم فرمایا تھا وہ مسجدِ شرعی نہیں تھی بلکہ مسجدِ عرفی تھی، مسجدِ شرعی کے سامنے جو صحن تھا اس میں مال ڈھیر کیا گیا تھا اور وہیں سے آپؐ نے تقسیم فرمایا تھا، مسجد

میں تو فجر کی نماز پڑھی گئی تھی۔

بابُ مَنْ دُعِيَ لِطَعَامٍ فِي الْمَسْجِدِ، وَمَنْ أَجَابَ مِنْهُ

مسجد میں کھانے کی دعوت دینا اور اس کو قبول کرنا

کسی کو مسجد میں کھانے کی دعوت دی گئی اس نے وہ دعوت قبول کی تو یہ جائز ہے اور مسجد میں باتیں کرنے کی جو ممانعت ہے یہ صورت اس میں داخل نہیں، ممنوع کلام وہ ہے جو فضول ہو، اور جس سے شور وشغب ہو۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے، اور آپؐ کا کئی دن کا فاقہ تھا، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کے سوتیلے والد ہیں آپؐ کی آواز سے آپؐ کا فاقہ محسوس کر لیا وہ گھر گئے اور اپنی اہلیہ ام سُلیم رضی اللہ عنہا سے پوچھا: گھر میں کھانے کے لئے کچھ ہے؟ میں نے آنحضور ﷺ کی آواز سے محسوس کیا ہے کہ آپؐ کا فاقہ ہے، حضرت ام سُلیمؓ نے رات کی چند باسی روٹیاں نکالیں اور ان کو اوڑھنی میں لپیٹا اور حضرت انسؓ کے بغل میں دبایا اور باقی کپڑا ان کے گلے میں باندھ دیا تاکہ روٹیاں گرا نہ دیں، وہ آنحضور ﷺ کے پاس آکر کھڑے ہوئے، آپؐ نے پوچھا: کھانا لائے ہو؟ انسؓ نے جواب دیا: جی ہاں۔ آپؐ نے حاضرین سے فرمایا: چلو ابوطلحہ کی دعوت ہے، اور آپؐ نے حضرت انسؓ سے فرمایا: گھر پہنچ کر ہمارے آنے کی اطلاع دو، جب حضرت ابوطلحہؓ نے سنا کہ آنحضور ﷺ کئی لوگوں کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں تو ان کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی، انھوں نے ام سُلیمؓ سے کہا: اب کیا ہوگا ہمارے پاس اتنا کھانا نہیں کہ ہم سب کو کھلا سکیں، ام سلیمؓ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول جانیں، ہم نے سب کو دعوت نہیں دی، آپؐ نے دعوت دی ہے۔ آنحضور ﷺ تشریف لائے اور آپؐ نے روٹیاں چورنے کے لئے فرمایا: روٹیاں ایک پیالہ میں توڑی گئیں، پھر اس میں گھی ڈالا گیا۔

پھر اس کو خوب مل دیا ملیدہ تیار ہو گیا، پھر آپؐ نے اس میں دعا فرمائی اور کچھ پڑھ کر دم کیا، اور ابوطلحہؓ سے کہا: دس دس آدمیوں کو بلاؤ، گھر میں اتنے ہی آدمیوں کے بیٹھنے کی جگہ ہوگی، چنانچہ لوگ آتے رہے اور سب نے شکم سیر ہو کر کھایا، کل اسّی آدمی تھے، پھر آنحضور ﷺ نے نوش فرمایا اور گھر والوں نے بھی کھایا اور جو بچ گیا وہ تقسیم کیا گیا۔

یہ معجزہ کی روایت ہے جو تفصیل سے کتاب المناقب اور کتاب الاطعمہ میں آئے گی، اس میں آنحضور ﷺ نے مسجد میں لوگوں کو دعوت دی ہے اور لوگوں نے مسجد ہی میں وہ دعوت قبول کی ہے۔ معلوم ہوا کہ مسجد میں دعوت دینا اور اس کو قبول کرنا جائز ہے۔

[۴۳-] بابُ مَنْ دُعِيَ لِطَعَامٍ فِي الْمَسْجِدِ، وَمَنْ أَجَابَ مِنْهُ

[۴۲۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا: وَجَدْتُ

النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم فِي الْمَسْجِدِ، وَمَعَهُ نَاسٌ فَقُمْتُ، فَقَالَ لِيْ: " أَرْسَلَكَ أَبُوْ طَلْحَةَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: " لِطَعَامٍ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ: " قُوْمُوْا" فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ.

[انظر: ۳۵۷۸، ۵۳۸۱، ۵۴۵۰، ۶۶۸۸]

بابُ الْقَضَاءِ وَاللِّعَانِ فِيْ الْمَسْجِدِ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

مسجد میں مقدمہ کا فیصلہ کرنا اور مرد وزن کے درمیان لعان کرانا

قضاء کے لئے بہترین جگہ جامع مسجد ہے، وہاں ہر شخص بے تکلف آ سکتا ہے پس قاضی کو جامع مسجد میں بیٹھنا چاہئے تا کہ فریادی بے تکلف وہاں آئیں مگر امام شافعی رحمہ اللہ مسجد کو دار القضاء بنانے کی اجازت نہیں دیتے، وہ قضاء فی المسجد والی حدیثوں کو ابتدائی احوال پر محمول کرتے ہیں، ان کے علاوہ دیگر ائمہ اس کو پسند کرتے ہیں۔ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قاضی کا مسجد میں بیٹھنا مِن الأَمْرِ القديم المعمول به یعنی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے یہ سلسلہ چلا آ رہا ہے، نیز قضا ایک عبادت ہے اور عبادت کے لئے سب سے زیادہ موزون جگہ مسجد ہے، پس قضاء مسجد ہی میں ہونی چاہئے۔

امام بخاریؒ نے باب میں لعان کو بھی لیا ہے مگر لعان کا معاملہ غور طلب ہے کیونکہ لعان میں میاں بیوی میں سے ایک بالیقین جھوٹا ہے اور وہ اپنے جھوٹ پر مصر بھی ہے، اس لئے لعان مسجد میں جائز نہیں ہونا چاہئے، مگر اس میں ایک دوسرا پہلو ہے، مسجد میں آدمی جھوٹی قسم کھانے سے ڈرتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں عراق میں ایک واقعہ پیش آیا، ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی، ایک دی یا تین؟ اس میں اختلاف ہوا، حضرت عمرؓ نے شوہر کو لکھا کہ مجھ سے حج میں آ کر ملو، اتفاق سے جب اس کی حضرت عمرؓ سے ملاقات ہوئی تو آپؓ طواف کر رہے تھے، آپؓ نے اس سے وہیں کہا کہ قسم کھا کہ تو نے ایک طلاق دی ہے، اس نے کہا: اگر آپ کسی اور جگہ قسم لیتے تو میں قسم کھا لیتا، مگر بیت اللہ کے پاس جھوٹی قسم کیسے کھاؤں! پھر اس نے اقرار کیا کہ اس نے تین طلاقیں دی ہیں۔ اس واقعہ سے مجھے یہ سمجھانا ہے کہ متبرک جگہوں میں: مسجد میں، بیت اللہ کے پاس، منبر پر چڑھ کر مجمع میں جھوٹی قسم کھانے سے آدمی ڈرتا ہے، اس اعتبار سے مسجد میں لعان جائز ہونا چاہئے، چنانچہ امام بخاریؒ نے اس کا بھی جواز ثابت کیا۔

ملحوظہ: باب کی حدیث میں قضاء فی المسجد کا ذکر نہیں، صرف لعان کا ذکر ہے، مگر لعان اور قضاء میں چولی دامن کا ساتھ ہے، اس لئے قضاء فی المسجد لعان کے ضمن میں خود بخود ثابت ہو جائے گی۔

سوال: لعان مرد اور عورت کے درمیان ہی ہوتا ہے دو مردوں اور دو عورتوں کے درمیان نہیں ہوتا، پھر باب میں بین الرجال والنساء بڑھانے کی کیا ضرورت ہے؟

جواب: یہ عبارت ایک نسخہ میں ہے اور جو عبارت بعض نسخوں میں ہو اس کو لے کر اعتراض نہیں کرنا چاہئے، یہ قاعدہ

ہمیشہ یادرکھنا چاہئے اور جواب چاہئے تو سنو: عورتوں کا مسجد میں آکر مردوں کے سامنے قسمیں کھانا شاید اس میں کچھ تنگی ہو، یہ بات حجاب کے خلاف ہے اس لئے امام بخاریؒ نے یہ عبارت بڑھائی کہ اس میں کچھ تنگی نہیں، نہ یہ بات پردے کے خلاف ہے، عورت باپردہ کھڑی ہوکر قسم کھاسکتی ہے، جیسے نبی ﷺ کے زمانہ میں عورتیں نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں آتی تھیں اور آنحضور ﷺ کی مجلس میں بھی شریک ہوتی تھیں، اور مردوں اور عورتوں کے درمیان کوئی پردہ حائل نہیں ہوتا تھا، مردوں کی صفیں جہاں ختم ہوتی تھیں وہیں سے عورتوں کی صفیں شروع ہوتی تھیں اسی طرح مجلس نبوی میں مردوں کے پیچھے عورتیں بیٹھتی تھیں اور اس میں کوئی بے پردگی نہیں ہوتی تھی، اسی طرح لعان میں بھی عورت باپردہ کھڑی ہوکر مسجد میں قسم کھاسکتی ہے، اس میں کوئی بے پردگی نہیں، اس کی صراحت کے لئے حضرت نے یہ عبارت بڑھائی ہے۔

[٤٤-] بابُ الْقَضَاءِ وَاللِّعَانِ فِي الْمَسْجِدِ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

[٤٢٣-] حدثنا يَحْيَى، قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يَارسولَ اللهِ! أَرَأَيْتَ رَجُلاً وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً أَيَقْتُلُهُ؟ فَتَلاَعَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَأَنَا شَاهِدٌ.

[انظر: ٤٧٤٥، ٤٧٤٦، ٥٢٥٩، ٥٣٠٨، ٥٣٠٩، ٦٨٦٥، ٧١٦٥، ٧١٦٦، ٧٣٠٤]

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کیا فرماتے ہیں اس شخص کے بارے میں جو اپنی عورت کے ساتھ کسی مرد کو پائے، کیا وہ اس کو قتل کردے؟ پس دونوں نے مسجد میں لعان کیا اور میں اس وقت موجود تھا۔

تشریح: یہ حدیث بہت مختصر ہے، تفصیلی واقعہ کتاب التفسیر میں آئے گا۔ عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائی، پس سورۃ النور کی آیات (۶-۹) نازل ہوئیں، اور آپؐ نے دونوں میں لعان کرایا۔

مسئلہ: اگر کوئی مرد اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے تو گواہوں سے اس کو ثابت کرے، اور نہ کرسکے تو حکم یہ ہے کہ زوجین باہم لعان کریں، یعنی چند مؤکد قسمیں کھائیں، بایں طور کہ پہلے مرد چار مرتبہ اللہ کی قسم کھاکر گواہی دے کہ وہ یقیناً سچا ہے اور پانچویں بار کہے کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر اللہ کی پھٹکار! پھر عورت چار مرتبہ قسم کھائے اور یہ گواہی دے کہ شوہر جھوٹا ہے اور پانچویں بار کہے کہ اگر وہ سچا ہو تو اس (عورت) پر اللہ کا غضب نازل ہو، پھر قاضی دونوں کے درمیان تفریق کردے، حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں: ایک انصاری نے اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائی، نبی ﷺ نے دونوں کو قسمیں کھلائیں ثُمَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا: پھر دونوں کے درمیان تفریق کردی (حدیث ۶۳۰۶) امام اعظم رحمہ اللہ اسی کے قائل ہیں کہ لعان کے بعد قاضی میاں بیوی میں تفریق کرے گا، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خودبخود طلاق واقع ہوجائے گی۔ تفریق کی ضرورت نہیں۔

اور بچہ کے نسب کا انکار کرنا بھی زنا کی تہمت ہے، پس اس صورت میں بھی لعان ہوگا اور لعان کے بعد بچہ ماں کے ساتھ

لاحق کیا جائے گا، باپ سے اس کا نسب منقطع ہو جائے گا، اور اب اس بچہ کو اور اس کی ماں کو طعنہ دینا جائز نہیں کیونکہ ارشاد پاک ہے: ﴿وَيَدْرَأُ عَنْهَا الْعَذَابَ﴾ یعنی لعان کرنے سے عورت سے عذاب ٹل جاتا ہے، اور بچہ کو یا ماں کو طعنہ دینا بھی عذاب ہے، پس یہ جائز نہیں، مزید تفصیل کتاب الطلاق میں آئے گی۔

بابٌ: إِذَادَخَلَ بَيْتًا يُصَلِّيْ حَيْثُ شَاءَ أَوْ حَيْثُ أُمِرَ، وَلاَ يَتَجَسَّسُ

کسی کے گھر جائے تو جہاں چاہے یا جہاں حکم دیا جائے نماز پڑھے، ٹوہ نہ لگائے

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کے گھر جائے اور وہاں ادخال برکت کے لئے نماز پڑھنا چاہئے تو جہاں چاہے نماز پڑھے، یا صاحبِ خانہ جہاں کہے وہاں نماز پڑھے، بہرصورت دوسرے کے گھر میں تجسس نہ کرے، تجسس کے معنی ہیں: ٹوہ لگانا، یہاں وہاں دیکھنا، ایسا بالکل نہ کرے، باب میں حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، آپؓ اپنی قوم کے امام تھے، بینائی میں کچھ کمزوری تھی، انھوں نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اپنی قوم کا امام ہوں، اور میں جہاں نماز پڑھاتا ہوں اس جگہ اور میرے گھر کے درمیان ایک نالہ ہے، بارش کے زمانہ میں اس میں پانی بھر جاتا ہے اور میں مسجد تک نہیں پہنچ سکتا، اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اپنے گھر میں مسجد بناؤں اور لوگوں کو وہاں نماز پڑھاؤں،، آپؐ میرے گھر تشریف لائیں اور نماز پڑھیں میں اس جگہ کو مسجد بناؤں گا، آپؐ نے آنے کا وعدہ فرمایا، پھر ایک صبح نو دس بجے آپؐ حضرت عتبانؓ کے گھر تشریف لے گئے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی ساتھ تھے، آپؐ نے جاتے ہی پوچھا: تم کہاں چاہتے ہو کہ میں نماز پڑھوں؟ حضرت عتبانؓ نے ایک جگہ بتائی تو آپؐ نے وہاں باجماعت دو رکعت ادا فرمائیں، اتنی دیر میں محلّہ والوں کو آپؐ کی آمد کی خبر ہوگئی، چنانچہ وہ جمع ہوگئے، حضرت عتبانؓ نے کھچڑا بنایا تھا وہ پیش کیا، دورانِ گفتگو ابنُ الدُّخَيْشُنْ کا تذکرہ آیا کہ وہ نظر نہیں آرہا، کسی نے کہا: وہ منافق ہے، اللہ ورسول سے محبت نہیں رکھتا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: کیا وہ لا إلٰہ إلا اللہ نہیں کہتا؟ کیا وہ اس کلمہ سے اللہ کی خوشنودی نہیں چاہتا؟ لوگوں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں مگر یارسول اللہ! ہم دیکھتے ہیں کہ اس کی دلچسپیاں منافقین کے ساتھ ہیں، وہ ان کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہے اور ان کے مشوروں میں شریک رہتا ہے۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ جو شخص کسی کے گھر جائے اور ادخال برکت کے لئے نماز پڑھنا چاہے تو صاحب خانہ سے معلوم کرے، جہاں وہ کہے وہاں نماز پڑھے یا جہاں چاہے نماز پڑھے مگر تجسس نہ کرے۔

[٤٥-] بابٌ: إِذَادَخَلَ بَيْتًا يُّصَلِّيْ حَيْثُ شَاءَ أَوْ حَيْثُ أُمِرَ، وَلاَ يَتَجَسَّسُ

[٤٢٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ،

عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَتَاهُ فِيْ مَنْزِلِهِ، فَقَالَ:" أَيْنَ تُحِبُّ أَنْ أُصَلِّيَ لَكَ مِنْ بَيْتِكَ؟" قَالَ: فَأَشَرْتُ لَهُ إِلٰى مَكَانٍ، فَكَبَّرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ.
[انظر: ٤٢٥، ٦٦٧، ٦٨٦، ٨٣٨، ٨٤٠، ١١٨٦، ٤٠٠٩، ٤٠١٠، ٥٤٠١، ٦٤٢٣، ٦٩٣٨]

نوٹ: نوافل جماعت کے ساتھ جائز ہیں یا نہیں؟ یہ مسئلہ کتاب التہجد باب ۳۶ میں آئے گا۔

بَابُ الْمَسَاجِدِ فِيْ الْبُيُوْتِ

گھروں میں مسجدیں بنانا

اس باب میں بھی حضرت عتبان رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو گذشتہ باب میں گذری ہے، اور اس باب کا حاصل یہ ہے کہ ہر گھر میں نماز کے لئے کوئی مخصوص کمرہ ہونا چاہئے، آج کل لوگوں کے پاس مصلے ہیں وہ گھر میں جہاں چاہتے ہیں بچھا کر نماز پڑھ لیتے ہیں، مگر وہاں بچے ہوتے ہیں، شور مچاتے ہیں اور نماز خراب کرتے ہیں، اس لئے ہر گھر میں نماز کے لئے ایک کمرہ خاص ہونا چاہئے، اور وہ مسجد کی طرح پاک صاف رہنا چاہئے، گھر کے سب افراد وہاں نماز پڑھیں، تا کہ اطمینان سے نماز ادا ہو۔

مگر اب گھر بھی تو چھوٹے ہو گئے ہیں اس لئے کوئی کمرہ نماز کے لئے خاص کرنا مشکل ہے، مگر جن گھروں میں گنجائش ہو ان میں یہ انتظام بہ آسانی ہوسکتا ہے۔

اور یہ جو کمرہ نماز کے لئے خاص کیا گیا ہے وہ گھر کی مسجد ہے عورت رمضان میں اس میں اعتکاف بھی کرسکتی ہے، مگر اس کے لئے مسجد کے احکام نہیں، حائضہ، نفساء اور جنبی وہاں داخل ہوسکتے ہیں۔ حضرت عتبان رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر میں مسجد بنائی تھی، تا کہ اہل محلّہ وہاں آ کر نماز پڑھیں۔ یہ حدیث کا باب سے ربط ہے۔ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بھی اپنے گھر میں مسجد بنائی تھی وہاں بھی ایک مرتبہ آپؐ نے جماعت سے نماز پڑھی ہے۔

لغت: گھر: خانہ، رہنے کی جگہ، گھیر: بڑا مکان، صحن خانہ، احاطہ۔

[٤٦-] بَابُ الْمَسَاجِدِ فِيْ الْبُيُوْتِ

وَصَلَّى الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ فِيْ مَسْجِدِ دَارِهِ جَمَاعَةً.

[٤٢٥-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: نَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ ابْنُ الرَّبِيْعِ الْأَنْصَارِيُّ، أَنَّ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ، وَهُوَ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، أَنَّـهُ أَتَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! قَدْ أَنْكَرْتُ بَصَرِيْ، وَأَنَا

أُصَلِّيْ لِقَوْمِيْ، فَإِذَا كَانَتِ الْأَمْطَارُ سَالَ الْوَادِيْ الَّذِيْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ، لَمْ أَسْتَطِعْ أَنْ آتِيَ مَسْجِدَهُمْ فَأُصَلِّيَ بِهِمْ، وَوَدِدْتُ يَارسولَ اللّٰهِ! أَنَّكَ تَأْتِيْنِيْ فَتُصَلِّيْ فِيْ بَيْتِيْ فَأَتَّخِذَهُ مُصَلًّى، قَالَ: فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سَأَفْعَلُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى" قَالَ عِتْبَانُ: فَغَدَا عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ حِيْنَ ارْتَفَعَ النَّهَارُ، فَاسْتَأْذَنَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَذِنْتُ لَهُ، فَلَمْ يَجْلِسْ حِيْنَ دَخَلَ الْبَيْتَ، ثُمَّ قَالَ: " أَيْنَ تُحِبُّ أَنْ أُصَلِّيَ مِنْ بَيْتِكَ؟" قَالَ: فَأَشَرْتُ لَهُ إِلٰى نَاحِيَةٍ مِنَ الْبَيْتِ، فَقَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَكَبَّرَ، فَقُمْنَا فَصَفَفْنَا فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ، قَالَ: وَحَبَسْنَاهُ عَلٰى خَزِيْرَةٍ صَنَعْنَاهَا لَهُ، قَالَ: فَثَابَ فِيْ الْبَيْتِ رِجَالٌ مِنْ أَهْلِ الدَّارِ ذَوُوْ عَدَدٍ، فَاجْتَمَعُوْا، فَقَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ: أَيْنَ مَالِكُ بْنُ الدُّخَيْشِنِ أَوِ:ابْنُ الدُّخْشُنِ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: ذٰلِكَ مُنَافِقٌ لَا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَا تَقُلْ ذٰلِكَ، أَلَا تَرَاهُ قَدْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، يُرِيْدُ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ؟" قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: فَإِنَّا نَرٰى وَجْهَهُ وَنَصِيْحَتَهُ إِلٰى الْمُنَافِقِيْنَ، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ عَلَى النَّارِ مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ يَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ"

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: ثُمَّ سَأَلْتُ الْحُصَيْنَ بْنَ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيَّ، وَهُوَ أَحَدُ بَنِيْ سَالِمٍ، وَهُوَ مِنْ سَرَاتِهِمْ، عَنْ حَدِيْثِ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ فَصَدَّقَهُ بِذٰلِكَ. [راجع: ٤٢٤]

ترجمہ: محمود بن الربیع انصاری رضی اللہ عنہ (صحابی صغیر) کہتے ہیں: حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ جو بدری صحابہ میں سے ہیں وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں اپنی نظر کو اوپرا محسوس کرتا ہوں یعنی میری بینائی کمزور ہوگئی ہے، اور میں اپنی قوم کو نماز پڑھاتا ہوں اور جب بارش ہوتی ہے تو وہ نالہ بہنے لگتا ہے جو میرے اور ان کے درمیان ہے، پس میں اس کی طاقت نہیں رکھتا کہ ان کی مسجد میں جاؤں اور انہیں نماز پڑھاؤں، پس میں چاہتا ہوں اے اللہ کے رسول کہ آپؐ میرے گھر تشریف لائیں اور میرے گھر میں نماز پڑھیں، پس میں اس جگہ کو نماز پڑھنے کی جگہ بناؤں (یہی جزء باب سے متعلق ہے)

راوی کہتے ہیں: پس ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں عنقریب ایسا کروں گا اگر اللہ نے چاہا، حضرت عتبانؓ کہتے ہیں: پس ایک صبح رسول اللہ ﷺ میرے یہاں تشریف لائے درانحالیکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ساتھ تھے جس وقت سورج بلند ہوگیا پس آپؐ نے گھر میں داخل ہونے کی اجازت طلب کی، میں نے آپؐ کو اجازت دی، آپؐ گھر میں داخل ہوکر بیٹھے نہیں بلکہ فرمایا: تم کہاں چاہتے ہو کہ میں تمہارے گھر میں نماز پڑھوں؟ حضرت عتبانؓ کہتے ہیں: میں نے گھر کے ایک کونہ کی طرف اشارہ کیا، پس رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور آپؐ نے تکبیر کہی، پس ہم کھڑے ہوئے اور ہم نے صف بنائی، پس آپؐ نے دو رکعتیں پڑھائیں، پھر سلام پھیرا۔

حضرت عتبانؓ کہتے ہیں: اور ہم نے آپؐ کو روک لیا اس کھچڑے پر جو ہم نے آپؐ کے لئے تیار کیا تھا۔ حضرت عتبانؓ کہتے ہیں: پس محلّہ والوں میں سے چند آدمی گھر میں کود آئے (ذُوُوْ عدد تکثیر کے لئے بھی ہوسکتا ہے یعنی کافی آدمی آگئے) پس وہ سب ایک جگہ جمع ہوگئے، پس ان میں سے کسی نے کہا: مالک ابن الدُّخَیْشِنْ کہاں ہے؟ وہ نظر نہیں آرہا! (ابن الدُّخَیْشِنْ صحیح نام ہے یا ابن الدُّخْشِن، اس میں راوی کو شک ہے) پس کسی نے کہا: وہ منافق ہے، وہ اللہ اور رسول سے محبت نہیں کرتا، آپؐ نے فرمایا: ایسی بات مت کہو کیا تم اس کو نہیں دیکھتے کہ وہ لا إلٰہ إلا اللہ کہتا ہے، اس کلمہ سے اللہ کی خوشنودی چاہتا ہے؟ یعنی وہ اخلاص سے یہ کلمہ پڑھتا ہے اور صدق دل سے اللہ کی وحدانیت کا اقرار کرتا ہے ایسا بندہ منافق کیسے ہوسکتا ہے؟ اس نے کہا: اللہ ورسول بہتر جانتے ہیں (اور) کہا: بیشک ہم اس کی منافقین کے ساتھ دلچسپیاں اور خیر خواہی دیکھتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ عزوجل نے جہنم کی آگ پر حرام کیا ہے ہر اس شخص کو جو لا إلٰہ إلا اللہ کہتا ہے درانحالیکہ وہ اس کلمہ سے اللہ کی خوشنودی چاہتا ہے، یعنی جو سچے دل سے اس کلمہ کو پڑھتا ہے اور اللہ کی وحدانیت کا اقرار کرتا ہے اس پر جہنم کی آگ حرام ہے۔ ابن شہابؒ کہتے ہیں: پھر میں نے حصین بن محمد انصاریؓ سے جو قبیلہ بنی سالم کے تھے اور قبیلہ کے سرداروں میں سے تھے محمود بن الربیع کی حدیث کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے اس واقعہ کی تصدیق کی۔

تشریح: اس حدیث کے راوی محمود بن الربیعؓ ہیں، اور وہ صحابی صغیر ہیں، پس کسی کو وہم ہوسکتا تھا کہ اللہ جانیں محمود نے حضرت عتبانؓ سے یہ حدیث سنی ہے یا نہیں؟ اس لئے ان کا مصدق حصین بن محمد انصاری رضی اللہ عنہ کو لائے، حصین بن محمدؓ قبیلہ بنی سالم کے تھے اور سرداروں میں سے تھے اور حضرت عتبانؓ بھی اسی قبیلہ کے تھے، ابن شہابؒ نے ان سے حضرت محمود کی حدیث کی تصدیق چاہی تو انھوں نے تصدیق کی کہ محمودؓ نے جو حدیث بیان کی ہے وہ صحیح ہے۔

جاننا چاہئے کہ بنیادی عقیدہ لا إلٰہ إلا اللہ ہے مگر اس میں محمد رسول اللہ شامل ہے، اور یہ دوسرا جزء تبدیل ہوتا رہا ہے، ایک زمانہ میں لا إلٰہ إلا اللہ کے ساتھ آدم صفیّ اللّٰہ تھا، پھر نوح رسول اللّٰہ، پھر ابراہیم خلیل اللہ، پھر موسیٰ کلیم اللہ، پھر عیسیٰ روح اللہ لگنے لگا اب محمد رسول اللہ لگتا ہے۔ اور کتاب الایمان کے شروع میں میں نے بتایا ہے کہ عقائد اگر پھیلائے جائیں تو بہت ہیں، بہشتی زیور میں پچاس عقیدے بیان کئے ہیں، اور اگر ان کو سمیٹا جائے تو وہ چھ عقیدے رہ جاتے ہیں، جن کا ذکر حدیث جبرئیل میں ہے اور ان کو ایمان مفصل میں لیا گیا ہے، اور اگر مزید سمیٹا جائے تو دو عقیدے رہ جاتے ہیں جو کلمہ طیبہ میں لئے گئے ہیں یعنی توحید اور رسالت محمدی کا اقرار، پھر مزید سمیٹا جائے تو بنیادی عقیدہ لا إلٰہ إلا اللہ رہ جاتا ہے جس میں رسالت محمدی وغیرہ تمام عقائد شامل ہیں۔

اور توحید ورسالت کا اقرار کرنے والے پر جہنم کی آگ حرام ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمیشہ کے لئے جہنم حرام ہے، مگر اس عقیدہ کا حامل بھی اپنے گناہوں کی سزا بھگتنے کے لئے جہنم میں جاسکتا ہے مگر وہ وہاں ہمیشہ نہیں رہے گا ایک نہ ایک دن اس کلمہ کی برکت سے جہنم سے نکال لیا جائے گا، توحید ورسالت کا اقرار کرنے والا جہنم میں جائے گا ہی نہیں خواہ وہ کتنے ہی گناہ

کرے، یہ حدیث کا مطلب نہیں ہے۔ دیگر نصوص سے گنہ گار مسلمانوں کا جہنم میں جانا پھر وہاں سے نکال لیا جانا ثابت ہے۔

بابُ التَّیَمُّنِ فِیْ دُخُوْلِ الْمَسْجِدِ وَغَیْرِہِ

دخولِ مسجد وغیرہ اچھے کام دائیں جانب سے کرنے چاہئیں

ہر اچھا کام دائیں جانب سے کرنا چاہئے اور برا کام بائیں جانب سے۔ اس قاعدہ سے جب مسجد میں داخل ہو تو پہلے دایاں پیر مسجد میں رکھے اور جب نکلے تو پہلے بایاں پیر نکالے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہی عمل تھا، اور جاننا چاہئے کہ مسجدیں دو ہیں: مسجدِ شرعی اور مسجدِ عرفی، عبادت خانہ مسجدِ شرعی ہے اور اس کے متعلقات مسجدِ عرفی ہیں اور مسجد میں داخل ہونے کی جو دعا ہے یا مسجد میں پہلے دایاں پیر رکھنے کی جو سنت ہے اس سے مسجدِ شرعی مراد ہے مسجدِ عرفی مراد نہیں۔

[۴۷-] بابُ التَّیَمُّنِ فِیْ دُخُوْلِ الْمَسْجِدِ وَغَیْرِہِ

وَکَانَ ابْنُ عُمَرَ یَبْدَأُ بِرِجْلِهِ الْیُمْنٰی، فَإِذَا خَرَجَ بَدَأَ بِرِجْلِهِ الْیُسْرَی.

[۴۲۶-] حدثنا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ سُلَیْمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: کَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یُحِبُّ التَّیَمُّنَ مَا اسْتَطَاعَ فِیْ شَأْنِهِ کُلِّهِ: فِیْ طُهُوْرِهِ، وَتَرَجُّلِهِ، وَتَنَعُّلِهِ. [راجع: ۱۶۸]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمام (اچھے) کاموں میں حتی الامکان دائیں طرف سے شروع کرنے کو پسند فرماتے تھے (مثلاً) وضو غسل میں، تیل کنگھا کرنے میں اور جوتا چپل پہننے میں —— یہ تین چیزیں بطور مثال ہیں، مسجد میں داخل ہونا بھی اسی ضابطے کے تحت آتا ہے۔

بابٌ

[الف] هَلْ یُنْبَشُ قُبُوْرُ مُشْرِکِی الْجَاهِلِیَّةِ، وَیُتَّخَذُ مَکَانَهَا مَسَاجِدُ؟

[ب] وَمَا یُکْرَهُ مِنَ الصَّلَاةِ فِی الْقُبُوْرِ

(الف) کیا مشرکوں کی قبریں کھود کر مٹی پھینک دینا اور وہاں مسجد بنانا جائز ہے؟

(ب) اور قبروں میں نماز پڑھنا مکروہ ہے

اس باب میں دو مسئلے ہیں اور دونوں میں گہرا تعلق ہے:

پہلا مسئلہ: مشرکوں کی قبریں کھود کر مٹی دوسری جگہ ڈال دی جائے اور وہاں مسجد بنائی جائے تو جائز ہے، قبریں باقی رکھ کر مسجد بنانا درست نہیں، یعنی مردوں کی مٹی وہیں رہے، صرف قبروں کا نشان ختم کر دیا جائے اور وہاں مسجد بنالی جائے یہ درست نہیں، اس کو قبروں پر مسجد بنانا سمجھا جائے گا، اب جہاں مسجدِ نبوی ہے وہاں پہلے زمانہ جاہلیت کے مشرکوں کی قبریں تھیں جب مسجد بنائی گئی تو ان قبروں کو کھود کر مٹی منتقل کر دی گئی پھر وہاں مسجد بنائی گئی نَبَشَ (ن) نَبْشًا کے معنی ہیں: کچھ نکالنے کے لئے مٹی کھودنا، پس نَبَشَ الْقَبَرَ کے معنی ہیں: قبر کھودنا تا کہ اس سے مردہ یا اس کی مٹی نکالی جائے۔

اور قبر کو باقی رکھ کر اس پر یا اس کے پاس مسجد بنانا اس لئے درست نہیں کہ یہود و نصاری پر اسی لئے لعنت کی گئی ہے کہ انھوں نے اپنے انبیاء اور اولیاء کی قبروں پر مسجدیں بنائی تھیں۔

دوسرا مسئلہ: قبروں کے درمیان نماز پڑھنا مکروہ ہے، خواہ قبر پر کھڑے ہو کر پڑھے یا قبر کی طرف منہ کر کے پڑھے، یا قبروں کے درمیان پڑھے، تینوں صورتیں مکروہ ہیں، قبر پر نماز پڑھنے میں قبر کی اہانت ہے جیسے قبر پر چلنے، بیٹھنے اور سونے میں قبر کی اہانت ہے اور شریعت نے قبور کے ساتھ توہین کا معاملہ کرنے کی اجازت نہیں دی اور قبر کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا قبر کی غیر معمولی تعظیم ہے، شریعت نے اس کی بھی اجازت نہیں دی، اور قبروں کے درمیان نماز پڑھنا بھی ممنوع ہے۔ حضرت عمرؓ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ قبر کے پاس نماز پڑھ رہے ہیں تو فرمایا: قبر قبر! یعنی اس سے ہٹ کر نماز پڑھو، مگر ان کو نماز لوٹانے کا حکم نہیں دیا، معلوم ہوا کہ قبر کے پاس پڑھی ہوئی نماز درست ہے، البتہ قبر کے پاس نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔

مسئلہ: مسلمانوں کی قبروں کو اکھاڑنا جائز نہیں، پس اگر کسی ایسی جگہ مسجد بنانی ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ قبر کو دفن کر دیا جائے یعنی اس کے چاروں طرف دیوار کر کے اس پر چھت ڈال دی جائے اور قبر کو بالکل چھپا دیا جائے، پھر اس پر مسجد بنائی جائے تو اس کی گنجائش ہے، مگر ضروری ہے کہ قبر تک پہنچنے کے لئے کوئی راستہ نہ رکھا جائے، اس طرح قبر دفن ہو جائے گی، اور یہ بھی نبش کی ایک صورت ہے۔

الجاهلية: کی قید اتفاقی ہے زمانۂ جاہلیت کے مشرک ہوں یا آج کے مشرک ہوں سب کا حکم ایک ہے —— **ويُتخذ مكانَها مساجدُ**: مکانَہا کو منصوب اور مساجدُ کو مرفوع پڑھ سکتے ہیں، مکان: مفعول فیہ ہوگا اور مساجد مفعول ثانی نائب فاعل ہوگا، اور اس کے برعکس پڑھیں تو مکانُہا مفعول اول نائب فاعل ہوگا اور مساجدَ مفعول ثانی۔

ملحوظہ: کسی بزرگ کی قبر کے قریب مسجد بنانا یا مسجد میں یا مسجد کے آس پاس کسی کو دفن کرنا جائز ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ تفصیل سے کتاب الجنائز میں آئے گا۔

[۴۸-] بابٌ

[الف] هَلْ يُنْبَشُ قُبُوْرُ مُشْرِكِيْ الْجَاهِلِيَّةِ، وَيُتَّخَذُ مَكَانَهَا مَسَاجِدُ؟

لِقَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: "لَعَنَ اللّٰهُ الْیَهُوْدَ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِیَائِهِمْ مَسَاجِدَ"

[ب] وَمَا یُکْرَهُ مِنَ الصَّلَاةِ فِیْ الْقُبُوْرِ، وَرَأَی عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ یُصَلِّیْ عِنْدَ قَبْرٍ، فَقَالَ: الْقَبْرَ الْقَبْرَ! وَلَمْ یَأْمُرْهُ بِالإِعَادَةِ.

[٤٢٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی، قَالَ: نَا یَحْیٰی، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أُمَّ حَبِیْبَةَ وَأُمَّ سَلَمَةَ ذَکَرَتَا کَنِیْسَةً رَأَیْنَهَا بِالْحَبَشَةِ، فِیْهَا تَصَاوِیْرُ، فَذَکَرَتَا لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فَقَالَ: "إِنَّ أُولٰئِكَ إِذَا کَانَ فِیْهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ، فَمَاتَ، بَنَوْا عَلٰی قَبْرِهِ مَسْجِدًا، وَصَوَّرُوْا فِیْهِ تِیْكَ الصُّوَرَ، أُولٰئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ" [انظر: ٤٣٤، ١٣٤١]

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ام حبیبہ اور ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے ایک گرجا گھر کا ذکر کیا جو انھوں نے حبشہ میں دیکھا تھا، جس میں تصویریں تھیں، دونوں نے نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا تو آپؐ نے فرمایا: "بیشک یہ وہ لوگ ہیں کہ جب ان میں کوئی نیک بندہ ہوتا اور وہ مرجاتا تو وہ اس کی قبر پر مسجد تعمیر کرتے اور اس میں اس کی تصویر بناتے، یہ لوگ قیامت کے دن اللہ کے نزدیک بدترین مخلوق ہیں"

تشریح: یہ مرض وفات کا واقعہ ہے۔ آنحضور ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرہ میں چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے تھے، اور ازواج مطہرات جمع تھیں، حضرت ام حبیبہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے ایک چرچ کا تذکرہ کیا جو انھوں نے حبشہ میں دیکھا تھا، اس چرچ میں تصویریں تھیں ان کا بھی تذکرہ کیا۔ آنحضور ﷺ نے جب یہ بات سنی تو سر سے چادر ہٹائی اور فرمایا: ان لوگوں کا یہ طریقہ رہا ہے کہ جب ان میں کوئی نیک آدمی مرجاتا تھا تو وہ اس کی قبر پر مسجد تعمیر کرتے تھے۔ اور صاحب قبر کا فوٹو دیوار پر بناتے تھے یا اس کا مجسمہ بنا کر عبادت خانہ میں رکھتے تھے، یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین مخلوق ہیں، معلوم ہوا کہ قبر پر مسجد تعمیر کرنا موجب لعنت کام ہے، اسی مناسبت سے یہاں یہ حدیث ذکر کی ہے۔

[٤٢٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَبِی التَّیَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم الْمَدِیْنَةَ، فَنَزَلَ أَعْلَی الْمَدِیْنَةِ فِیْ حَیٍّ یُقَالُ لَهُمْ بَنُوْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، فَأَقَامَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْهِمْ أَرْبَعَ عَشْرَةَ لَیْلَةً، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلٰی بَنِیْ النَّجَّارِ، فَجَاؤُوْا مُتَقَلِّدِیْنَ السُّیُوْفَ، کَأَنِّیْ أَنْظُرُ إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم عَلٰی رَاحِلَتِهِ، وَأَبُوْ بَکْرٍ رِدْفُهُ، وَمَلَأُ بَنِیْ النَّجَّارِ حَوْلَهُ، حَتّٰی أَلْقَی بِفِنَاءِ أَبِیْ أَیُّوْبَ، وَکَانَ یُحِبُّ أَنْ یُصَلِّیَ حَیْثُ أَدْرَکَتْهُ الصَّلَاةُ، وَیُصَلِّیْ فِیْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ، وَأَنَّهُ أَمَرَ بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ، فَأَرْسَلَ إِلٰی مَلَإٍ مِنْ بَنِیْ النَّجَّارِ، فَقَالَ: "یَا بَنِیْ النَّجَّارِ! ثَامِنُوْنِیْ بِحَائِطِکُمْ هٰذَا" قَالُوْا: لَا وَاللّٰهِ! لَا نَطْلُبُ ثَمَنَهُ إِلَّا إِلَی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ، قَالَ أَنَسٌ: فَکَانَ فِیْهِ مَا أَقُوْلُ لَکُمْ: قُبُوْرُ الْمُشْرِکِیْنَ، وَفِیْهِ خِرَبٌ، وَفِیْهِ نَخْلٌ، فَأَمَرَ النَّبِیُّ

صلی اللہ علیہ وسلم بِقُبُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ فَنُبِشَتْ، ثُمَّ بِالْخِرَبِ فَسُوِّيَتْ، وَبِالنَّخْلِ فَقُطِعَ، فَصَفُّوْا النَّخْلَ قِبْلَةَ الْمَسْجِدِ، وَجَعَلُوْا عِضَادَتَيْهِ الْحِجَارَةَ، وَجَعَلُوْا يَنْقُلُوْنَ الصَّخْرَ، وَهُمْ يَرْتَجِزُوْنَ، وَالنَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَعَهُمْ، وَهُوَ يَقُوْلُ:

اللّٰهُمَّ لَاخَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الآخِرَةْ ❁ فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةْ

[راجع: ۲۳۴]

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے، پس آپ مدینہ کے بالائی حصہ میں ایک قبیلہ میں فروکش ہوئے جن کو بنوعمرو بن عوف کہا جاتا ہے، نبی ﷺ ان میں چودہ دن ٹھہرے (ہمارے نسخہ میں أربع وعشرین صحیح نہیں، صحیح أربع عشرۃ ہے، گیلری میں یہی لکھا ہے اور مصری نسخہ میں بھی یہی ہے) پھر آپؐ نے بنوالنجار کے پاس آدمی بھیجا (بنوالنجار آپؐ کے ننھیالی تھے) وہ تلواریں باندھے ہوئے حاضر ہوئے (حضرت انسؓ کہتے ہیں) گویا میں نبی ﷺ کو آپؐ کی سواری پر دیکھ رہا ہوں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپؐ کے پیچھے بیٹھے ہیں اور بنوالنجار کی جماعت آپؐ کے اردگرد چل رہی ہے، یہاں تک کہ آپؐ نے اپنا سامان حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے صحن میں اتارا اور آپؐ یہ بات پسند کیا کرتے تھے کہ جہاں بھی نماز کا وقت ہوجائے نماز پڑھ لیں، اور آپؐ بکریوں کے باڑوں میں بھی نماز پڑھتے تھے (اس لئے کہ اس وقت مدینہ منورہ میں کوئی مسجد نہیں تھی) اور آپؐ نے مسجد تعمیر کرنے کا حکم دیا، پس آپؐ نے بنوالنجار کی جماعت کے پاس آدمی بھیجا، اور ان سے فرمایا: اے بنوالنجار! تم مجھے اپنا یہ باغ قیمت سے دیدو، انھوں نے کہا: نہیں، بخدا! ہم اس کی قیمت صرف اللہ عزوجل سے طلب کرتے ہیں، یعنی ہم لوجہ اللہ یہ باغ آپ کو دیتے ہیں، حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں تمہیں بتاتا ہوں اس باغ میں کیا تھا: مشرکین کی قبریں، ویران جگہ اور کچھ کھجور کے درخت تھے، پس نبی ﷺ نے مشرکین کی قبروں کے بارے میں حکم دیا پس وہ کھود دی گئیں (یہی جزء باب سے متعلق ہے) اور ویران جگہ کے بارے میں حکم دیا، پس اسے ہموار کیا گیا، اور کھجوروں کے درختوں کے بارے میں حکم دیا پس وہ کاٹ دیئے گئے، پھر ان کھجوروں کے تنوں کو قبلہ کی دیوار میں برابر برابر کھڑا کیا گیا، اور ان کی دونوں جانبوں میں پتھر لگائے گئے، لوگ پتھر لا رہے تھے اور رجز پڑھ رہے تھے، اور نبی ﷺ ان کے ساتھ تھے، اور آپؐ فرما رہے تھے۔

اے اللہ! کچھ خیر نہیں مگر آخرت کی خیر ÷ پس آپ انصار اور مہاجرین کی مغفرت فرمائیں

تشریح: آنحضور ﷺ نے جب ہجرت فرمائی تو آپؐ پہلے قبا میں فروکش ہوئے، قبا میں قبیلہ بنوعمرو بن عوف رہتا تھا، وہاں آپؐ نے چودہ دن قیام فرمایا اور اس دوران وہاں ایک مسجد تعمیر فرمائی جو مسجد قباء کے نام سے معروف ہے، پھر جب مدینہ منورہ روانگی کا ارادہ فرمایا تو بنوالنجار کو بلوایا، یہ آپؐ کے ننھیالی تھے، آپؐ کے پردادا ہاشم کا نکاح بنوالنجار کی ایک خاتون سلمیٰ بنت عمرو سے ہوا تھا، اور ماں جس خاندان کی ہوتی ہے وہ ننھیال کہلاتا ہے پس دادی کا خاندان بھی ننھیال ہوا۔

بنوالنجار تلواریں لٹکائے ہوئے حاضرِ خدمت ہوئے، پس آپؐ اونٹنی پر سوار ہوکر مدینہ منورہ کے لئے چلے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپؐ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے اور بنوالنجار آپؐ کے جلو میں چل رہے تھے، آپؐ نے مدینہ منورہ میں بنوالنجار کے یہاں قیام فرمایا، مگر آپؐ کا یہ قیام ارادی نہیں تھا بلکہ اتفاقی تھا۔

جب آپؐ قبا سے روانہ ہوئے تو مدینہ کا ہر قبیلہ خواہش رکھتا تھا کہ آپؐ اس کے یہاں اتریں، مگر آپؐ نے فرمایا: میری اونٹنی اللہ کی طرف سے مامور ہے، جہاں اللہ کا حکم ہوگا وہیں رکے گی، اس کا راستہ چھوڑ دو، اور آپؐ نے خود بھی نکیل اونٹنی کی گردن پر ڈال دی، ناقہ تمام محلوں سے نکل کر ایک باغ میں جو دو یتیموں کا تھا اور اجڑا ہوا تھا وہاں جا کر بیٹھ گئی، پھر اونٹنی اٹھی اور کچھ دور جا کر واپس لوٹی اور اسی جگہ آ کر بیٹھ گئی، اور اپنی گردن زمین پر ڈال دی، وہاں سے قریب بنوالنجار کا محلّہ تھا اور سب سے قریب حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا مکان تھا، وہ ناقہ سے کجاوہ لے کر گھر چل دیئے، آپؐ نے فرمایا: ''آدمی اپنے کجاوہ کے ساتھ ہوتا ہے'' چنانچہ آپؐ نے حضرت ابوایوبؓ کے گھر قیام فرمایا، اور وہ باغ یتیموں کے اولیاء سے خریدا اور وہاں مسجد تعمیر فرمائی۔

مسجد کی تعمیر میں تقریباً چھ ماہ لگے، اس دوران آپؐ جہاں بھی نماز کا وقت ہوتا نماز پڑھ لیتے تھے، بکریوں کے باڑے میں بھی آپؐ نے نماز پڑھی ہے۔

صحابہ پہاڑوں سے تعمیر کے لئے پتھر لاتے تھے خود نبی ﷺ بھی ان کے ساتھ پتھر لاتے تھے، اس موقع پر صحابہ بھی رجز پڑھ رہے تھے اور نبی ﷺ بھی دعا دے رہے تھے، رجز موزون کلام کی ایک قسم ہے [1] اور انسان کی فطرت یہ ہے کہ وہ محنت کا کام کرتے ہوئے نشاط پیدا کرنے کے لئے کوئی موزون کلام دوہراتا ہے اور عام طور پر رجزیہ کلام چند فقروں پر مشتمل ہوتا ہے، مگر صحابہ کرامؓ اور حضور ﷺ کا رجزیہ کلام ذکر پر، تذکرۂ آخرت پر اور دعاء پر مشتمل تھا۔

مسجدِ نبوی کی چھت چھپر کی تھی اور محراب بیت المقدس کی طرف بنائی گئی تھی، اور عقبی حصہ میں آنحضور ﷺ کے لئے کمرے بنائے گئے تھے، پھر جب قبلہ بدلا تو محراب حجروں کی جگہ آگئی، اور کمرے بدستور باقی رہے، جو بعد میں مسجد میں شامل کر لئے گئے۔

استدلال: اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ جہاں مسجدِ نبوی بنائی گئی ہے وہاں مشرکین کی قبریں تھیں، آپؐ نے وہ قبریں

---

(۱) رجز شعر ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ عام علماء عروض اور اہل ادب کی رائے یہ ہے کہ یہ شعر نہیں اور اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ رجز آنحضور ﷺ سے ثابت ہے جبکہ شعر کہنے کی قرآن کریم میں نبی ﷺ سے نفی کی گئی ہے ﴿وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِيْ لَهُ﴾: نہ ہم نے آپؐ کو شعر کی تعلیم دی اور نہ شعر کہنا آپؐ کے شایانِ شان ہے۔ اور آپؐ نے رجز پڑھا ہے یہ دلیل ہے کہ رجز شعر کی قسم سے نہیں ہے، اور جن حضرات نے رجز کو شعر کی قسم قرار دیا ہے وہ کہتے ہیں شعر وہ کلام موزون ہے جس میں قصد وارادہ کا دخل ہو، اور نبی ﷺ سے رجز کے طور پر جو ثابت ہے اس میں آپؐ کے قصد وارادہ کا دخل نہیں تھا، اس لئے وہ شعر کی تعریف میں نہیں آتا (ایضاح البخاری ۳:۴:۱۷)

پھڑ وادیں اوران کی مٹی دوسری جگہ ڈلوادی اور وہاں مسجد بنائی۔ معلوم ہوا کہ مشرکین کی قبروں کا نبش اور وہاں مسجد بنانا جائز ہے۔

قوله: وجعلوا عِضَادَتَیْهِ الحجارةَ: اس جملہ کا مطلب بعض شارحین نے یہ لکھا ہے کہ جدار قبلی کھجوروں کے تنوں کی صف بندی کر کے تیاری کی گئی تھی، اور یہ مطلب بھی لکھا ہے کہ ستونوں کی جگہ کھجور کے تنے استعمال کئے گئے تھے اوران تنوں کے درمیانی خلاء کو پتھروں سے پر کیا گیا تھا، عِضَادَتَیْه کی ضمیر نخل کی طرف لوٹ رہی ہے، اور عضادۃ کا ترجمہ ہے: بازو، دروازے کی چوکھٹ، اور وہ چیزیں جو جانبین کو پر کریں یہاں یہ آخری معنی ہو سکتے ہیں۔

بابُ الصَّلاَةِ فِیْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ

بکریوں کے باڑوں میں نماز پڑھنا

بکریوں کے باڑوں میں نماز پڑھنا جائز ہے، نبی ﷺ وہاں نماز پڑھتے تھے، خواہ باڑے میں بکریاں ہوں یا نہ ہوں، اس لئے کہ بکری غریب جانور ہے، نمازی کو اس سے کوئی خطرہ نہیں، رہی یہ بات کہ کپڑا بچھا کر نماز پڑھے یا کپڑا بچھائے بغیر؟ یہ اختلافی مسئلہ ہے، جن ائمہ کے نزدیک ماکول اللحم جانوروں کے فضلات پاک ہیں ان کے نزدیک کوئی چیز بچھائے بغیر بھی نماز پڑھ سکتے ہیں اور جن ائمہ کے نزدیک ماکول اللحم جانوروں کے فضلات ناپاک ہیں ان کے نزدیک پاک چیز بچھا کر نماز پڑھے۔

نوٹ: ماکول اللحم جانوروں کے فضلات کی طہارت وعدم طہارت کا مسئلہ کتاب الوضوء باب ۶۶ میں گذر چکا ہے۔

[۴۹-] بابُ الصَّلاَةِ فِیْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ

[۴۲۹-] حدثنا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِی التَّیَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یُصَلِّیْ فِیْ مَرَابِضَ الْغَنَمِ، ثُمَّ سَمِعْتُهُ بَعْدُ یَقُوْلُ: كَانَ یُصَلِّیْ فِیْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ قَبْلَ أَنْ یُبْنَی الْمَسْجِدُ. [راجع: ۲۳۴]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ بکریوں کے باڑوں میں نماز پڑھا کرتے تھے (ابوالتیاح کہتے ہیں) پھر میں نے اس کے بعد آپؓ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: نبی ﷺ مسجد نبوی تعمیر ہونے سے پہلے بکریوں کے باڑوں میں نماز پڑھا کرتے تھے، یعنی حضرت انسؓ کبھی قبل أن یُبنی المسجد کہتے تھے اور کبھی نہیں کہتے تھے۔

بابُ الصَّلاَةِ فِیْ مَوَاضِعِ الإِبِلِ

اونٹوں کی جگہوں میں نماز پڑھنا

اونٹوں کے باڑوں میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ تمام ائمہ کہتے ہیں: اونٹوں کے باڑوں میں نماز نہیں پڑھنی چاہئے،

کیونکہ اونٹ اگر باڑے میں موجود ہیں تو خطرہ ہے کہ وہ کوئی شرارت کریں، پس نماز میں اطمینان نہیں ہوگا اور اگر اونٹ باڑے میں نہیں ہیں تو بھی وہاں نماز نہیں پڑھنی چاہئے کیونکہ اونٹوں کا باڑھا ناہموار ہوتا ہے اور وہاں بدبو بھی ہوتی ہے۔

البتہ اگر کوئی وہاں نماز پڑھ لے تو امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اس کی نماز صحیح نہیں، نماز واجب الاعادہ ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے اونٹوں کے باڑوں میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سند صحیح کے ساتھ مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''بکریوں کے باڑوں میں نماز پڑھو اور اونٹوں کے باڑوں میں نماز مت پڑھو'' (ترمذی حدیث ۳۵۵)

اور جمہور کے نزدیک بشمول امام بخاریؒ اونٹوں کے باڑوں میں پڑھی ہوئی نماز صحیح ہے ان کے نزدیک ممانعت بر بناء مصلحت ہے، اونٹ کینہ توز جانور ہے اور جب وہ مخلّی بالطبع ہوتا ہے یعنی اس پر کاٹھی یا ہودج بندھا ہوا نہیں ہوتا تو وہ شرارت کرتا ہے، پس وہاں نماز پڑھنے میں دل کی حضوری میں خلل پڑے گا۔

علاوہ ازیں جہاں اونٹ بیٹھتے ہیں وہاں زمین میں کھڈے پڑ جاتے ہیں اور اس جگہ بدبو بھی ہوتی ہے جبکہ بکریوں کی صورت حال اس سے مختلف ہے وہ مسکین جانور ہے اور بکریوں کے باڑے عام طور پر روزانہ صاف کئے جاتے ہیں اور وہاں بدبو بھی کم ہوتی ہے اور زمین ہموار ہوتی ہے اس لئے بکریوں کے باڑے میں نماز پڑھنے کی اجازت دی اور اونٹوں کے باڑے میں منع فرمایا۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ باب میں جو حدیث لائے ہیں اس سے تقریب تام نہیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سفر میں اونٹ بٹھا کر اس کو سترہ بنا کر نماز پڑھتے تھے اور فرماتے تھے کہ نبی ﷺ بھی ایسا کرتے تھے، اس حدیث سے یہ استدلال کرنا کہ اونٹوں کے باڑوں میں مطلقاً نماز پڑھنا جائز ہے: یہ مضبوط استدلال نہیں، اس لئے کہ اونٹ پر جب کاٹھی یا ہودج بندھا ہوا ہوتا ہے تو وہ شرارت نہیں کرتا، اس لئے اس حدیث سے اونٹ کے باڑوں میں نماز کے جواز پر استدلال مضبوط استدلال نہیں، ہاں یہ کہا جائے کہ امام صاحب نے مواضع کہا ہے جو أعطان (باڑوں) سے عام ہے یعنی اونٹ کے پاس نماز پڑھنا درست ہے تو حدیث سے استدلال تام ہے۔

[۵۰-] بابُ الصَّلاَةِ فِيْ مَوَاضِعِ الإِبِلِ

[۴۳۰-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يُصَلِّي إِلَى بَعِيْرِهِ، وَقَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَفْعَلُهُ. [انظر: ۵۰۷]

وضاحت: یہاں حدیث میں لفظ بعیر ہے مگر دوسری جگہ اس حدیث میں راحلۃ (حدیث ۵۰۷) ہے اور راحلہ اس اونٹ کو کہتے ہیں جس پر کجاوہ وغیرہ بندھا ہوا ہو، ایسی حالت میں اونٹ شرارت نہیں کرتا، اسی طرح اگر اگلے پیر میں رسّی باندھ دی جائے تو بھی خاموش بیٹھا رہتا ہے، حرکت نہیں کرتا، پس اس کے قریب نماز پڑھنا جائز ہے۔

بَابُ مَنْ صَلَّى وَقُدَّامَهُ تَنُّوْرٌ، أَوْ نَارٌ، أَوْ شَيْءٌ مِمَّا يُعْبَدُ، فَأَرَادَ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

نمازی کے سامنے تندور یا آگ یا کوئی ایسی چیز ہو جس کی پرستش کی جاتی ہے اور وہ اللہ کے لئے نماز پڑھے تو کیا حکم ہے؟

ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے اور اس کے سامنے تندور یا چولھا جل رہا ہے یا آگ، انگیٹھی یا موم بتی وغیرہ جل رہی ہے یا کوئی ایسی چیز ہے جس کی غیر مسلم پرستش کرتے ہیں مثلاً صلیب لٹک رہی ہے یا ہنومان وغیرہ کی تصویر ہے: ایسی جگہ نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ حضرت رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر نماز پڑھنے والا لوجہ اللہ نماز پڑھ رہا ہے اور اس کے وہم وگمان میں بھی آگ اور تصویر وغیرہ کی تعظیم نہیں ہے تو وہاں نماز پڑھنا صحیح ہے مگر فقہاء نے اس کو مکروہ لکھا ہے اس لئے کہ اس میں غیر اللہ کی پرستش کا شائبہ ہے، پس حتی الامکان ایسی جگہ نماز پڑھنے سے بچنا چاہئے۔

فائدہ: تنور: اردو میں تندور بن جاتا ہے اور نمازی کے سامنے آگ ہو تو اس میں مجوسیوں کے ساتھ مشابہت ہے، مجوسی آگ کو پوجتے ہیں اور وہ آگ کو بالکل سامنے رکھتے ہیں پس اگر نمازی کے سامنے موم بتی جل رہی ہو اور وہ کسی اونچی جگہ رکھی ہوئی ہو تو اس میں کوئی کراہت نہیں۔

[٥١-] بَابُ مَنْ صَلَّى وَقُدَّامَهُ تَنُّوْرٌ، أَوْ نَارٌ، أَوْ شَيْءٌ مِمَّا يُعْبَدُ، فَأَرَادَ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "عُرِضَتْ عَلَيَّ النَّارُ وَأَنَا أُصَلِّيْ"

[٤٣١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: انْخَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: "أُرِيْتُ النَّارَ فَلَمْ أَرَ مَنْظَرًا كَالْيَوْمِ قَطُّ أَفْظَعَ" [راجع: ٢٩]

ترجمہ: ابن شہاب زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: میرے سامنے نماز پڑھنے کی حالت میں جہنم لائی گئی .... اور حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ سورج گہن ہوا پس نبی ﷺ نے نماز کسوف پڑھائی پھر فرمایا: "مجھے جہنم دکھائی گئی، پس میں نے آج جیسا گھبرا دینے والا منظر کبھی نہیں دیکھا"

تشریح: یہ حدیث بار بار گذری ہے، نبی ﷺ کو صلوٰۃ کسوف میں نماز کے دوران جدار قبلی میں جنت وجہنم کا منظر دکھایا گیا، اس سے امام بخاری رحمہ اللہ نے استدلال کیا کہ اگر نمازی کے سامنے آگ ہو تو اس میں کچھ حرج نہیں، مگر تقریب تام نہیں، اس لئے کہ یہ عالم مثال کی آگ تھی، عالم ناسوت کی آگ نہیں تھی۔

اس کی نظیر: جب نمازیں فرض ہوئیں تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دو دن آپ کو نمازیں پڑھائیں اس واقعہ سے یہ

استدلال کرنا کہ متنفل کے پیچھے مفترض کی نماز درست ہے، اس لئے درست نہیں کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے عالم مثال میں امامت کی تھی، عالم ناسوت میں امامت نہیں کی تھی، صحابہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کو نہیں دیکھ رہے تھے، اور آنحضور ﷺ اور صحابہ عالم ناسوت میں تھے، اس لئے اس سے متنفل کے پیچھے مفترض کی اقتداء کے جواز پر استدلال کرنا درست نہیں، اسی طرح صلوٰۃ کسوف میں آنحضور ﷺ کے سامنے جو جہنم لائی گئی تھی وہ عالم مثال کی جہنم تھی، عالم ناسوت کی نہیں تھی اس لئے اس سے بھی استدلال درست نہیں۔

بابُ کَرَاهِيَةِ الصَّلٰوةِ فِی الْمَقَابِرِ

قبرستان میں نماز پڑھنا مکروہ ہے

باب کی حدیث میں نبی ﷺ نے دو باتیں ارشاد فرمائی ہیں:

پہلی بات: تمہارے گھروں میں تمہاری نمازوں میں سے کچھ کردانو یعنی سب نمازیں مسجد میں مت پڑھو، گھروں میں بھی کچھ نمازیں پڑھو، اس سے گھر میں برکت ہوگی، شیاطین وہاں سے ہٹ جائیں گے، جہاں اللہ کا ذکر ہوتا ہے وہاں سے شیاطین بھاگتے ہیں اور گھر کے دیگر افراد: بیوی بچوں کو ترغیب ہوگی۔

مگر اس حکم سے فرائض مستثنیٰ ہیں، ان کو مسجد میں پڑھنا ہے، کیونکہ مسجدیں فرائض کی ادائیگی کے لئے بنائی گئی ہیں پس اگر لوگ فرض نمازیں بھی گھروں میں پڑھیں گے تو مسجدیں ویران ہوجائیں گی، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ''تمہاری نمازوں میں زیادہ فضیلت والی نماز وہ ہے جسے تم گھروں میں پڑھو، مگر فرائض مستثنیٰ ہیں (ترمذی حدیث ۴۵۹) یعنی فرائض مسجدوں میں پڑھنے ہیں، اور علماء نے واجب اور سنن مؤکدہ کو بھی فرائض کے تابع کیا ہے ان کے علاوہ دیگر نوافل گھر میں پڑھنا افضل ہے، مزید وضاحت کتاب التہجد (باب ۳۷) میں آئے گی۔

دوسری بات: اور گھروں کو قبرستان مت بناؤ، اس جملہ کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں:

ایک: گھروں میں مردوں کو دفن مت کرو، تدفین گورغریباں میں ہونی چاہئے، اس لئے کہ گھروں میں نمازیں پڑھنی ہونگی، پس اگر گھروں میں قبریں ہونگی تو ہوسکتا ہے نماز میں قبر سامنے پڑے، جبکہ قبر کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنے کی ممانعت ہے۔

دوم: گھروں کو اعمال سے ویران مت کرو، جیسے قبرستان اعمال سے ویران ہیں، وہاں کوئی عمل نہیں ہوتا، ہر شخص مرا پڑا ہے اس طرح گھروں کو اعمال سے معطل مت کرو، وہاں نمازیں پڑھو، اعمالِ صالحہ سے ان کو آباد کرو۔

ملحوظہ: اور آنحضور ﷺ کی تدفین جو مکان میں ہوئی ہے وہ آپ کی خصوصیت ہے۔

مسئلہ: اگر قبرستان بڑا ہو اور بعض حصہ میں قبریں نہ ہوں یا نمازی کے سامنے دیوار وغیرہ ہو تو قبرستان میں نماز پڑھنا

جائز ہے، اگرچہ قبلہ کی جانب میں قبریں (مستور) ہوں، اسی طرح کہیں قبرستان میں جنازہ پڑھنے کی جگہ بنی ہوئی ہوتی ہے مگر سامنے دیوار ہوتی ہے اس لئے وہاں جنازہ پڑھنے میں کچھ حرج نہیں۔

[٥٢-] بابُ كَرَاهِيَةِ الصَّلٰوةِ فِى الْمَقَابِرِ

[٤٣٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "اجْعَلُوْا فِىْ بُيُوْتِكُمْ مِنْ صَلَاتِكُمْ، وَلَا تَتَّخِذُوْهَا قُبُوْرًا" [انظر: ١١٨٧]

بابُ الصَّلٰوةِ فِىْ مَوَاضِعِ الْخَسْفِ وَالْعَذَابِ

دھنسی ہوئی زمین میں اور جہاں عذاب آیا ہے وہاں نماز پڑھنا

خَسْف کے معنی ہیں: زمین کا دھنسنا، جو ایک عذاب ہے، اللہ تعالیٰ کا عذاب مختلف شکلوں میں آتا ہے، جہاں زمین دھنسی ہے یا کوئی اور عذاب آیا ہے وہاں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، روایات پڑھ کر خود فیصلہ کرو کہ ایسی جگہوں میں نماز پڑھنی چاہئے یا نہیں؟

سب سے پہلے حضرتؒ یہ روایت لائے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جب لشکر کے ساتھ صفین جارہے تھے تو راستہ میں بابل (۱) پڑا، وہاں عصر کی نماز کا وقت ہوگیا، حضرت علیؓ نے وہاں نماز پڑھنے کو پسند نہیں کیا، اس علاقہ سے نکل کر نماز پڑھی، پھر فرمایا: "مجھے نبی ﷺ نے بابل کی زمین میں نماز پڑھنے سے منع کیا ہے اس لئے کہ وہ جگہ ملعون ہے" یہ حدیث ابو داؤد میں ہے اور حد درجہ ضعیف ہے۔

اور اس کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں:

پہلا مطلب: نبی ﷺ نے بابل کی سرزمین میں نماز پڑھنے سے اس لئے منع فرمایا تھا کہ وہاں کوئی عذاب آیا ہے، کیا عذاب آیا ہے؟ یہ بات معلوم نہیں، مگر کوئی عذاب ضرور آیا ہے اس لئے آپؐ نے وہاں نماز پڑھنے سے منع فرمایا۔ امام بخاریؒ نے اسی مطلب کا لحاظ کر کے باب رکھا ہے کہ جہاں کوئی عذاب آیا ہو وہاں نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔

دوسرا مطلب: آنحضرت ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس ارشاد کے ذریعہ تنبیہ کی ہے کہ وہ خلافت کو کوفہ نہ لے جائیں، آنحضور ﷺ کے بعد تین خلفاء مدینہ منورہ میں رہے، پھر جب حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو خلافت کو کوفہ لے گئے، کوفہ کو دار السلطنت بنایا، کیونکہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بیعت نہیں کی تھی، اس لئے ان سے نبرد آزما ہونا ضروری تھا اور مدینہ سے شام تک لشکر بھیجنے میں دشواری تھی، اس لئے آپؓ نے کوفہ کو دار الخلافہ بنایا تا کہ بہ سہولت حضرت

(۱) بابل: اردو میں باء کے پیش کے ساتھ اور عربی میں باء کے زیر کے ساتھ ہے ۱۲

معاویہؓ سے نمٹا جا سکے، کوفہ سے شام قریب ہے اور نبی ﷺ کے زمانہ میں کوفہ نہیں تھا، کوفہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بسایا ہے اس لئے نبی ﷺ نے بابل کا لفظ استعمال کیا جو کوفہ کے قریب معروف جگہ ہے وہاں نماز مت پڑھنا یعنی کوفہ میں خلافت نہ لے جانا، کیونکہ وہاں خلافت لے جائیں گے تو وہاں نمازیں بھی پڑھیں گے۔

اس کی نظیر: جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دم عثمانؓ کا مطالبہ کرنے کے لئے عراق جا رہی تھیں تو ایک جگہ کتے بھونکنے لگے، حضرت عائشہؓ نے پوچھا: یہ کونسی جگہ ہے؟ بتایا گیا: فلاں جگہ ہے، حضرت عائشہؓ اس جگہ کا نام سن کر سہم گئیں، انھوں نے واپس لوٹنے کا ارادہ کیا اور کہا کہ ایک مرتبہ ہم ازواج آنحضور ﷺ کے پاس جمع تھیں، اس وقت آپؐ نے فرمایا تھا: ''تم میں سے ایک پر فلاں جگہ کے کتے بھونکیں گے'' یہ وہی جگہ ہے، اس لئے حضرت عائشہؓ نے واپس لوٹنے کا ارادہ کیا مگر لوگوں نے تاویل کر کے ان کا ذہن صاف کر دیا اور وہ آگے بڑھیں اور جنگ جمل ہوئی۔

پس جس طرح حضرت عائشہؓ کو ایک اشارہ دیا تھا اگرچہ نبی ﷺ نے ان کا نام نہیں لیا تھا اسی طرح اس حدیث میں بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ اشارہ دیا گیا ہے کہ وہ کوفہ کو دار الخلافہ نہ بنائیں مگر اس مصلحت سے جو میں نے ابھی بیان کی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کوفہ کو دار الخلافہ بنایا —— جاننا چاہئے کہ پہلا مطلب راجح ہے اور اس کی وجہ آگے آرہی ہے۔

اور دوسری حدیث باب میں یہ لائے ہیں کہ جب نبی ﷺ تبوک تشریف لے جا رہے تھے تو ثمود کے علاقہ سے گذرے، آپؐ نے پہلے ہی سے صحابہ کو ہدایت دی تھی کہ اس علاقہ سے روتے ہوئے گذرو، اور رونا نہ آئے تو رونی صورت بنا کر گذرو، اور خود آپؐ نے بھی سر مبارک جھکا دیا، اور سواری تیز کر دی، اور اس علاقہ سے گذر گئے۔ اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ جب معذبین کے علاقہ میں ٹھہرنے کی اجازت نہیں تو وہاں نماز پڑھنے کی بدرجۂ اولیٰ اجازت نہ ہوگی۔

[۵۳-] بابُ الصَّلٰوةِ فِيْ مَوَاضِعِ الْخَسْفِ وَالْعَذَابِ

وَيُذْكَرُ أَنَّ عَلِيًّا رضی الله عنه كَرِهَ الصَّلَاةَ بِخَسْفِ بَابِلَ.

[۴۳۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللّٰه عَنْهُمَا: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: ''لَا تَدْخُلُوْا عَلٰى هٰؤُلَآءِ الْمُعَذَّبِيْنَ إِلَّا أَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ، فَإِنْ لَمْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ فَلَا تَدْخُلُوْا عَلَيْهِمْ، لَا يُصِيْبُكُمْ مَا أَصَابَهُمْ''

[انظر: ۳۳۸۰، ۳۳۸۱، ۴۴۱۹، ۴۴۲۰، ۴۷۰۲]

وضاحت: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث جس میں نبی ﷺ نے ان کو بابل میں نماز پڑھنے سے منع کیا ہے ابوداؤد میں ہے اور وہ حد درجہ ضعیف ہے، اس لئے امام بخاریؒ وہ مرفوع حدیث نہیں لائے بلکہ موقوف حدیث لائے کہ حضرت علیؓ نے بابل میں نماز پڑھنے کو ناپسند کیا۔

اوراس حدیث کے علماء نے جو دو مطلب بیان کئے ہیں ان میں سے پہلا مطلب راجح ہے، اس لئے کہ دوسرے مطلب پر بنیادی اشکال یہ ہوگا کہ جب نبی ﷺ نے منع فرمایا تھا تو پھر حضرت علیؓ نے کوفہ کو دار الخلافہ کیوں بنایا؟ علاوہ ازیں: ابوداؤد کی حدیث میں لأنها ملعونة بھی ہے، اس میں صاف اشارہ ہے کہ بابل میں عذاب نازل ہوا ہے اس لئے وہاں نماز پڑھنا ممنوع ہے، نیز بابل کوفہ کے علاقہ میں نہیں ہے، اگر بابل کوفہ کے علاقہ میں ہوتا تو حضرت علیؓ نے جس طرح وہاں نماز پڑھنے کو ناپسند کیا تھا آپؓ کوفہ میں بھی نماز نہ پڑھتے، ان وجوہ سے پہلا مطلب راجح ہے اور امام بخاریؒ نے اسی کو اختیار کیا ہے، اور اس سے یہ استدلال کیا ہے کہ معذّب جگہوں میں نماز نہیں پڑھنی چاہئے، اور حضرت علیؓ کی یہ معلق حدیث مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مت داخل ہوؤ تم ان عذاب دیئے ہوؤں پر مگر یہ کہ تم رونے والے ہوؤ، پس اگر تم رونے والے نہ ہوؤ تو ان پر داخل مت ہوؤ، یعنی اگر کوئی دوسرا راستہ ہو تو معذبین کے علاقہ سے مت گذرو بلکہ دوسرے راستہ سے گذرو، اور مجبوری ہو، کوئی دوسرا راستہ نہ ہو تو پھر روتے ہوئے یا روہانی صورت بنا کر گذرو، اگر رونا نہ آئے اور روہانی صورت بھی نہ بنا سکو تو پھر وہاں سے مت گذرو کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہیں بھی وہ عذاب پہنچ جائے جو ان کو پہنچا تھا۔

سوال: ثمود پر ہزاروں سال پہلے عذاب آیا تھا، اس عذاب کا اثر اب کیسے ظاہر ہوگا؟

جواب: متفق علیہ حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: طاعون ایک عذاب ہے جو بنی اسرائیل پر بھیجا گیا تھا، وہ عذاب بالکلیہ ختم نہیں ہوا، وقتاً فوقتاً اس کا اثر ظاہر ہوتا رہتا ہے پس قوم ثمود پر جو عذاب آیا تھا اس کے اثرات بھی باقی رہ سکتے ہیں۔

اس کی نظیر: کوئی بھی باطل نظریہ جب ایک مرتبہ وجود میں آجاتا ہے تو وہ بالکلیہ ختم نہیں ہوتا، خواہ اس نظریہ کے حامل ختم ہوجائیں، جیسے معتزلہ کا نظریہ تھا کہ عقل ونقل میں تعارض ہو تو بالادستی عقل کو حاصل ہوگی، اور اہل السنہ والجماعہ کا عقیدہ تھا کہ نقل عقل پر مقدم ہوگی، آج اگرچہ معتزلہ نہیں رہے مگر ان کا نظریہ مودودیوں کی صورت میں باقی ہے، وہ بھی عقل کو نقل پر ترجیح دیتے ہیں، اسی طرح کسی قوم پر جو عذاب آتا ہے وہ بھی بالکلیہ ختم نہیں ہوتا، وقتاً فوقتاً اس کا اثر ظاہر ہوتا رہتا ہے۔

سابقہ باب سے مناسبت: بعض قبریں بھی عذاب کی جگہ ہوتی ہیں، اس لئے امام بخاریؒ کراھیة الصلوة فی المقابر کے بعد یہ باب لائے ہیں کہ مواضع عذاب میں نماز مت پڑھو، یہ دونوں بابوں میں مناسبت ہے اور مواضع عذاب میں نماز پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے یعنی اس جگہ اگر کوئی نماز پڑھے تو نماز ہوجائے گی مگر خلافِ اولی ہے، کیونکہ مواضع عذاب میں ٹھہرنا اور وہاں نماز پڑھنا بڑی جسارت کی بات ہے اور آثار عذاب سے لاپرواہی ہے۔

بابُ الصَّلاَةِ فِي الْبِيْعَةِ

چرچ میں نماز پڑھنا

یہود ونصاری کے معابد میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ مندر میں نماز پڑھنے کا مسئلہ حضرتؒ نے نہیں چھیڑا اس لئے کہ

جزیرۃ العرب میں کوئی مشرک نہیں رہا تھا، مگر یہود ونصاری تھے، وہ اسلامی ملک کے شہری تھے وہاں ان کے عبادت خانے تھے اس لئے یہ مسئلہ بیان کیا کہ یہود ونصاری کے معابد میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہاں تصویریں ہوں تو ان میں داخل ہونا ہی ممنوع ہے چہ جائیکہ نماز پڑھنا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب شام گئے تھے تو راستہ میں ایک جگہ ایک پادری کے مہمان بنے، اس نے حضرت عمرؓ کی دعوت کی اور چرچ دیکھنے کی درخواست کی، حضرت عمرؓ نے فرمایا: ہم تمہارے چرچوں میں داخل نہیں ہوتے اس لئے کہ وہاں ایسے مجسمے ہیں جن میں صورتیں اور تصویریں ہیں۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ چرچ دیکھنے نہیں گئے، یہی حکم مندروں کا بھی ہے۔

میں رنگون گیا تھا وہاں بدھسٹوں کا ایک بہت بڑا مندر ہے، دنیا بھر کے لوگ اسے دیکھنے آتے ہیں، مجھ سے بھی دوستوں نے اس کو دیکھنے کے لئے کہا، میں نے منع کر دیا، کیونکہ وہاں چاروں طرف گوتم بدھ کی مورتیاں ہیں، وہاں جانے کا کوئی جواز نہیں، پھر وہ مجھے ایک جھرنا دکھانے کے لئے لے گئے جو پہاڑ کے اندر سے بہتا ہے، جب اس کے اندر داخل ہوا تو دیکھا کہ چاروں طرف بُدھا کی تصویریں ہیں، میں نے احباب سے کہا: واپس چلو، مجھے جھرنا نہیں دیکھنا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہی فرمایا ہے کہ چرچوں میں تصویریں اور مجسمے ہوتے ہیں اس لئے ہم چرچوں میں نہیں جاتے، پس وہاں نماز پڑھنے کا کیا سوال ہے؟ اور یہی حکم مندروں کا بھی ہے۔

البتہ اگر غیر مسلموں کے عبادت خانہ میں تصویریں وغیرہ ممنوعات شرعیہ نہ ہوں تو پھر وہاں جانا بھی جائز ہے اور وہاں نماز پڑھنا بھی جائز ہے، مثلاً کسی چرچ یا مندر کا بڑا احاطہ ہے، تصویریں اور مورتیاں اپنی جگہ ہیں اس احاطہ میں کوئی مورتی اور تصویر نہیں تو اس احاطہ میں جانا بھی جائز ہے اور وہاں نماز پڑھنا بھی جائز ہے، اس سلسلہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا عمل ہے وہ چرچ میں نماز پڑھتے تھے مگر جس چرچ میں تصویریں ہوتی تھیں اس میں نماز نہیں پڑھتے تھے۔

ملحوظہ: بِیْعة: نصاری کے عبادت خانہ کو کہتے ہیں، اور یہودیوں کے عبادت خانہ کو صَومَعة کہتے ہیں۔

[٥٤-] بابُ الصَّلاَةِ فِی الْبِیْعَةِ

[١-] وَقَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهَ عَنْهُ: إِنَّا لاَ نَدْخُلُ كَنَائِسَكُمْ مِنْ أَجْلِ التَّمَاثِيْلِ الَّتِی فِيْهَا الصُّوَرُ.

[٢-] وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُصَلِّیْ فِی الْبِيْعَةِ إِلاَّ بِيْعَةً فِيْهَا تَمَاثِيْلُ.

[٤٣٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ ذَكَرَتْ لِرَسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم كَنِيْسَةً، رَأَتْهَا بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ، يُقَالُ لَهَا: مَارِيَةُ، فَذَكَرَتْ لَهُ مَا رَأَتْ فِيْهَا مِنَ الصُّوَرِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: "أُولٰئِكَ قَوْمٌ إِذَا مَاتَ فِيْهِمُ الْعَبْدُ الصَّالِحُ أَوْ: الرَّجُلُ الصَّالِحُ، بَنَوْا عَلٰی قَبْرِهِ مَسْجِدًا، وَصَوَّرُوْا فِيْهِ تِلْكَ الصُّوَرَ، أُولٰئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللّٰهِ"[راجع: ٤٢٧]

وضاحت: یہ وہی حدیث ہے جو چند ابواب پہلے گذری ہے کہ نبی ﷺ مرض وفات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرہ میں چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے تھے، اور ازواج مطہرات سب جمع تھیں، حضرت ام حبیبہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے ایک چرچ کا تذکرہ کیا جو انھوں نے حبشہ میں دیکھا تھا جس کا نام ماریہ تھا، اور یہ بات بھی ذکر کی کہ اس میں تصویریں تھیں، جب نبی ﷺ نے یہ بات سنی تو آپؐ نے سر سے چادر ہٹائی اور فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں کہ جب ان میں کوئی نیک بندہ مرجاتا تو وہ اس کی قبر پر مسجد تعمیر کرتے اور اس میں اس نیک بندے کی تصویر بناتے، یہ لوگ اللہ کے نزدیک بدترین مخلوق ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ یہود ونصاری کے عبادت خانوں میں اگر تصویریں اور مجسمے ہوں تو وہاں نماز نہیں پڑھنی چاہئے، البتہ اگر وہاں ممنوعات شرعیہ نہ ہوں تو پھر وہاں جانے میں اور نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب بیت المقدس تشریف لے گئے ہیں تو آپؓ وہاں کے چرچوں میں گئے ہیں، اتفاق سے نماز کا وقت آگیا تو حضرت عمرؓ نے لوگوں سے کہا: یہاں سے چلو، نماز کا وقت ہوگیا ہے، چرچ کے پادری نے کہا: حضرت یہیں نماز پڑھ لیجئے، آپؓ نے انکار کیا اور فرمایا کہ اگر میں یہاں نماز پڑھوں گا تو مسلمان اس جگہ کا دعوی کریں گے کہ یہاں ہمارے خلیفہ نے نماز پڑھی ہے اس لئے یہ جگہ ہماری ہے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہاں نماز نہیں پڑھی وہاں سے نکل کر دوسری جگہ نماز پڑھی، اس چرچ میں تصویریں نہیں تھیں اس لئے حضرت عمرؓ وہاں گئے اور نماز اس لئے نہیں پڑھی کہ آئندہ مسلمان اس جگہ کا دعوی نہ کریں، معلوم ہوا کہ غیر مسلموں کے عبادت خانہ میں اگر ممنوعات شرعیہ نہ ہوں تو جانا اور نماز پڑھنا جائز ہے۔

فائدہ: تماثیل: تمثال کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: پیکر محسوس، اور وہ پیکر جو کسی جاندار کی صورت ہو اس کے لئے الصُّور لفظ ہے —— اور ماریہ کسی عورت کا نام ہے اس نے وہ چرچ بنایا ہوگا، اور یہ وہی لفظ ہے جو عربی میں مریم بنا ہے اور انگریزی میں 'میری' ہے۔

بابٌ

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اور اس باب کی حدیث سے اوپر والے باب پر الگ طرح سے استدلال کرنا ہے، یہود ونصاری کے معابد میں اگر تماثیل نہ ہوں تو بھی وہاں نماز پڑھنا مکروہ ہے، ابھی میں نے کہا تھا کہ یہود ونصاری کے عبادت خانوں میں تصاویر نہ ہوں تو ان میں داخل ہونا جائز ہے اور ان میں نماز بھی پڑھ سکتے ہیں مگر وہاں نماز پڑھنا مکروہ ہے، کیونکہ صالحین کے پڑوس میں وہ معابد بنائے گئے ہیں، وہ معابد درحقیقت انہی قبروں کی وجہ سے بنائے گئے ہیں، پہلے قبریں بنتی ہیں پھر ان کے پڑوس میں وہ معابد بنائے جاتے ہیں، پس وہاں نماز پڑھنا مکروہ ہے اور اسی کے حکم میں وہ مسجدیں ہیں جن کے پاس نیک لوگوں کی قبریں بنائی گئی ہیں، بریلویوں میں اس کا بہت رواج ہے، بلکہ اب تو دیوبندی بھی ان کے قریب پہنچ گئے ہیں، صرف ایک بالشت کا فرق رہ گیا ہے، یہ بات حضرت مولانا محمد منظور نعمانی قدس سرہ نے خود مجھ سے کہی

ہے۔حضرت قدس سرہ کا پوری زندگی بریلویوں سے مقابلہ اور مناظرہ رہا ہے،اس لئے وہ دیوبندیت سے بھی واقف ہیں اور بریلویت کی رگ رگ سے بھی واقف ہیں،انھوں نے خود مجھ سے یہ بات فرمائی ہے۔

[۵۵-] بابٌ

[۴۳۵،۴۳۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، قَالَا: لَمَا نَزَلَ بِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، طَفِقَ يَطْرَحُ خَمِيْصَةً لَهُ عَلٰى وَجْهِهِ، فَإِذَا اغْتَمَّ بِهَا كَشَفَهَا عَنْ وَجْهِهِ، فَقَالَ وَهُوَ كَذٰلِكَ: "لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى اتَّخُذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ" يُحَذِّرُ مَا صَنَعُوْا.

[انظر: ۱۳۳۰، ۱۳۹۰، ۳۴۵۳، ۳۴۵۴، ۴۴۴۱، ۴۴۴۳، ۴۴۴۴، ۵۸۱۵، ۵۸۱۶]

[۴۳۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ"

ترجمہ: حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب نبی ﷺ کا مرض موت شروع ہوا تو آپؐ اپنی چادر بار بار چہرہ پر ڈالتے تھے، پھر جب گھٹن محسوس ہوتی تو چہرہ کھول دیتے ،آپؐ نے اسی حال میں فرمایا:''یہود ونصاریٰ پر اللہ کی لعنت!انھوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا'' آپؐ ڈرا رہے تھے اُس عمل سے جو انھوں نے کیا۔

تشریح: یہ حدیث گذر چکی ہے،البتہ یہ الفاظ یُحَذِّر ما صنعوا: پہلی بار آئے ہیں،یعنی آنحضور ﷺ نے اپنی امت کو اس بات سے ڈرایا ہے کہ قبر اطہر کے ساتھ اور صالحین کی قبروں کے ساتھ وہ معاملہ نہ کریں جو یہود ونصاریٰ نے اپنے صلحا اور انبیاء کی قبروں کے ساتھ کیا ہے،اب قبر اطہر مسجد نبوی میں ہے،جب قبر اطہر بنی تھی اس وقت وہ مسجد سے علاحدہ تھی پھر بعد میں جب مسجد کی توسیع کی گئی تو قبر اطہر مسجد میں آ گئی،اور یہ آنحضرت ﷺ کی خصوصیت ہے اور اس کی وجہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمائی ہے کہ اگر قبر اطہر گورغریباں میں بنتی تو وہاں لوگ اس کو سجدہ کرتے اور کنٹرول کرنا مشکل ہوجاتا اس لئے قبر اطہر کمرہ میں بنی تا کہ وہاں خرافات نہ ہوں،آج بھی قبر اطہر پر خرافات نہیں ہوتے ،سعودی گورنمنٹ اس سلسلہ میں بہت سخت ہے، بلکہ دیوبندیوں کی مسجدوں کے پاس جو قبریں بنی ہوئی ہیں ان میں بھی ابھی خرافات وبدعات نہیں ہوتیں،مگر آگے اندیشہ ہے،اس لئے کہ ابھی اللہ کے فضل سے دیوبندیوں میں علم ہے، جب دیوبندیوں میں بھی جہالت آئے گی تو سب خرافات شروع ہوجائیں گے اللہ تعالیٰ اس برے دن سے امت مسلمہ کی حفاظت فرمائیں۔

قولہ: اتخذوا قبور:اس جملہ کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک: جہاں انبیاء اور اولیاء کی قبریں ہوں وہاں مسجد تعمیر نہ کی جائے۔دوم: انبیاء اور اولیاء کی قبروں پر سجدے نہ کئے جائیں جیسے بریلوی قبروں پر باقاعدہ نماز کی طرح سجدہ

کرتے ہیں۔

حدیث کے یہ دونوں مطلب ہوسکتے ہیں اور یہ دونوں کام موجب لعنت ہیں، اللہ کے رسولؐ نے یہود ونصاری پر یہ کام کرنے کی وجہ سے لعنت فرمائی ہے، پس اگر آپؐ کی امت یہ کام کرے گی تو وہ بھی لعنت کی مستحق ہوگی۔

بابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: جُعِلَتْ لِيَ الأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُوْرًا

ساری زمین نماز پڑھنے کی جگہ اور پاکی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں اوپر جو ابواب آئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض جگہ نماز پڑھنا ناجائز یا مکروہ ہے جب کہ حدیث میں ہے کہ ساری زمین نبی ﷺ کے لئے نماز پڑھنے کی جگہ بنائی گئی ہے، اس لئے یہ باب لاکر اعتراض کا جواب دیتے ہیں کہ ساری زمین بالذات نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور بعض جگہ نماز پڑھنا جو ممنوع یا مکروہ ہے وہ بالغیر ممنوع یا مکروہ ہے، مثلاً جگہ ناپاک ہے اس لئے وہاں نماز پڑھنا جائز نہیں، یہ غیر کی وجہ سے ممانعت ہے اگر یہ عارض نہ ہوتا تو وہاں نماز پڑھنا جائز ہوتا۔ ترمذی میں حدیث ہے: نبی ﷺ نے سات جگہوں میں نماز پڑھنے سے منع کیا (ترمذی حدیث ۳۵۴) اسی طرح اوپر ابواب میں جو بعض جگہ نماز پڑھنے کی ممانعت یا کراہت آئی ہے وہ بھی ممانعت اور کراہت لغیرہ ہے، ورنہ فی نفسہ ساری زمین آنحضور ﷺ کے لئے اور آپؐ کی امت کے لئے نماز پڑھنے کی جگہ بنائی گئی ہے۔

[٥٦-] بابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: جُعِلَتْ لِيَ الأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُوْرًا

[٤٣٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَيَّارٌ، هُوَ أَبُوْ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ الْفَقِيْرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" أُعْطِيْتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ أَحَدٌ مِنَ الأَنْبِيَاءِ قَبْلِيْ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ، وَجُعِلَتْ لِيَ الأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُوْرًا، وَأَيُّمَا رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِيْ أَدْرَكَتْهُ الصَّلاَةُ فَلْيُصَلِّ، وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ، وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ إِلٰى قَوْمِهِ خَاصَّةً، وَبُعِثْتُ إِلٰى النَّاسِ كَافَّةً، وَأُعْطِيْتُ الشَّفَاعَةَ "[راجع: ٣٣٥]

وضاحت: یہ حدیث کتاب التیمم کے شروع میں گذر چکی ہے، تفصیل وہاں پڑھیں، اور آنحضور ﷺ کا جو رعب کافروں پر پڑتا تھا اور ایک ماہ کی مسافت تک پڑتا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ آپؐ کے دشمن اس وقت ایک ماہ کی مسافت تک تھے —— اور وأیما رجل: کا تعلق دوسرے جملہ سے ہے، اور گیلری میں واؤ کے بجائے فا ہے فأیما رجل: اور یہی صحیح ہے، پس یہ بات دوسری خصوصیت پر متفرع ہے، یعنی جہاں بھی نماز کا وقت ہوجائے نماز پڑھ لی جائے، یہ اس امت کی خصوصیت ہے دیگر امتوں کے لئے نماز معابد میں پڑھنا ضروری تھا۔

بابُ نَوْمِ الْمَرْأَةِ فِي الْمَسْجِدِ

عورت کا مسجد میں سونا

یہ باب عورتوں کے تعلق سے ہے۔ عورت مسجد میں سوسکتی ہے یا نہیں؟ اور آئندہ باب مردوں کے تعلق سے آرہا ہے، اور دونوں بابوں کا حاصل یہ ہے کہ مسجد میں سونے کا کیا حکم ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس کا قیام مسجد میں ہو وہ مسجد میں سوسکتا ہے، مثلاً کوئی مسافر ہے جس کا کوئی ٹھکانہ نہیں وہ مسجد میں ٹھہرا ہوا ہے تو وہ وہیں مسجد میں سو بھی سکتا ہے، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، اگرچہ مرد میں احتلام کا احتمال ہے اور عورت میں حیض شروع ہونے کا، مگر یہ احتمالات مسجد میں سونے کے لئے مانع نہیں، اسی طرح کوئی شخص مسجد میں ہے اور نیند غالب آگئی تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں۔

باب کی حدیث میں ایک واقعہ ہے، ایک حبشن تھی جو عرب کے کسی قبیلہ کی باندی تھی، مالک نے اس باندی کو آزاد کردیا اور اس زمانہ کا دستور تھا کہ غلام باندی آزاد ہوکر چلے نہیں جاتے تھے، بلکہ آزاد کرنے والے کے ساتھ ہی رہتے تھے اور وہ آزاد کرنے والے کے خاندان کا فرد سمجھے جاتے تھے۔

ایک مرتبہ یہ واقعہ پیش آیا کہ ایک دلہن کا ہار گم ہوگیا، جو سرخ چمڑے کے تسمے کا بنا ہوا تھا، اتفاق سے وہاں سے ایک چیل گذری اس نے گوشت کا ٹکڑا سمجھ کر اس کو اچک لیا، لوگوں نے اس باندی پر شک کیا، اس کو پکڑ کر مارا پیٹا، اور اس کی تلاشی لی حتی کہ شرم گاہ کی بھی تلاشی لی، ابھی تلاشی لی ہی جارہی تھی کہ اوپر سے چیل گذری اور اس نے وہ ہار ڈال دیا، اس باندی نے کہا: لو، تمہارا ہار یہ رہا، تم نے مجھ پر خواہ مخواہ شک کیا۔

اس واقعہ سے وہ حبشن ان لوگوں سے اتنی بددل ہوگئی کہ وطن کو چھوڑ کر مدینہ منورہ چلی آئی اور مسلمان ہوگئی، مدینہ میں اس کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا اس لئے مسجدِ نبوی کے صحن میں اس کے لئے خیمہ لگایا گیا، وہ اکثر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آتی تھی اور ہمیشہ مجلس کے آخر میں ایک شعر پڑھتی تھی:

وَيَوْمُ الْوِشَاحِ مِنْ تَعَاجِيْبِ رَبِّنَا ❁ أَلَا إِنَّهُ مِنْ بَلْدَةِ الْكُفْرِ أَنْجَانِيْ

اور ہار والا دن عجائبِ قدرت میں سے ہے ❁ سنو! اس نے مجھے دارالکفر سے نجات دی!

جب اس حبشن نے کئی مرتبہ یہ شعر پڑھا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس سے پوچھا: ہار والا دن کیا ہے؟ پس اس نے یہ واقعہ سنایا۔

استدلال: اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ اس حبشن کے لئے مسجد میں کٹیا بنائی گئی تھی وہ وہیں رہتی تھی اور وہیں سوتی تھی، معلوم ہوا کہ عورت کے لئے مسجد میں سونا جائز ہے —— مگر میں نے پہلے بتایا ہے کہ ابتدائی احوال اور بعد کے احوال میں فرق کرنا ضروری ہے، نیز مسجدِ شرعی اور مسجدِ عرفی کا فرق کرنا بھی ضروری ہے، عرف میں دونوں پر مسجد کا اطلاق کیا جاتا

ہے، مگر مسائل میں فرق کیا جاتا ہے، اس حبشن کی کٹیا مسجدِ شرعی میں نہیں بنائی گئی تھی بلکہ صحن مسجد میں بنائی گئی تھی، پس اس سے عورت کے مسجد میں سونے پر استدلال کرنا شاید استدلال تام نہیں۔

[۵۷-] بابُ نَوْمِ الْمَرْأَةِ فِی الْمَسْجِدِ

[۴۳۹-] حدثنا عُبَیْدُ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ وَلِیْدَةً كَانَتْ سَوْدَاءَ، لِحَیٍّ مِنَ الْعَرَبِ، فَأَعْتَقُوْهَا فَكَانَتْ مَعَهُمْ، قَالَتْ: فَخَرَجَتْ صَبِیَّةٌ لَهُمْ، عَلَیْهَا وِشَاحٌ أَحْمَرُ مِنْ سُیُوْرٍ، قَالَتْ: فَوَضَعَتْهُ أَوْ: وَقَعَ مِنْهَا، فَمَرَّتْ بِهِ حُدَیَّاةٌ، وَهُوَ مُلْقًى، فَحَسِبَتْهُ لَحْمًا، فَخَطِفَتْهُ، قَالَتْ: فَالْتَمَسُوْهُ فَلَمْ یَجِدُوْهُ، قَالَتْ: فَاتَّهَمُوْنِیْ بِهِ، قَالَتْ: فَطَفِقُوْا یُفَتِّشُوْنِیْ، حَتَّى فَتَّشُوْا قُبُلَهَا، قَالَتْ: وَاللّٰهِ إِنِّیْ لَقَائِمَةٌ مَعَهُمْ، إِذْ مَرَّتِ الْحُدَیَّاةُ فَأَلْقَتْهُ، قَالَتْ: فَوَقَعَ بَیْنَهُمْ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: هٰذَا الَّذِیْ اتَّهَمْتُمُوْنِیْ بِهِ، زَعَمْتُمْ وَأَنَا مِنْهُ بَرِیْئَةٌ، وَهُوَ ذَا هُوَ، قَالَتْ: فَجَاءَ تْ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم فَأَسْلَمَتْ، قَالَتْ: عَائِشَةُ فَكَانَتْ لَهَاخِبَاءٌ فِی الْمَسْجِدِ أَوْ: حَفْشٌ. قَالَتْ: فَكَانَتْ تَأْتِیْنِیْ فَتَحَدَّثُ عِنْدِیْ، قَالَتْ فَلَا تَجْلِسُ عِنْدِیْ مَجْلِسًا إِلَّا قَالَتْ:

وَیَوْمُ الْوِشَاحِ مِنْ تَعَاجِیْبِ رَبِّنَا ۞ أَلَا إِنَّهُ مِنْ بَلْدَةِ الْكُفْرِ أَنْجَانِیْ

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ لَهَا: مَاشَأْنُكِ لَا تَقْعُدِیْنَ مَعِیْ مَقْعَدًا إِلَّا قُلْتِ هٰذَا؟ قَالَتْ فَحَدَّثَتْنِیْ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ.

[انظر: ۳۸۳۵]

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ عرب کے کسی قبیلہ کی ایک کالی (حبشن) باندی تھی —— ولیدۃ کے معنی ہیں: لڑکی، اور باندی کو بھی ولیدۃ کہتے ہیں —— وہ دلہن تھی، اس کو بچی مجازاً کہا گیا ہے —— اس پر سرخ چمڑے کی پٹیوں کا زیور تھا، باندی کہتی ہے: اس نے وہ ہار رکھا یا وہ گر گیا پس وہاں سے ایک چیل گذری درانحالیکہ وہ ہار پڑا ہوا تھا چیل نے اس ہار کو گوشت سمجھا اور اس کو جھپٹ لیا، باندی کہتی ہے: پس ان لوگوں نے وہ ہار تلاش کیا اور اس کو نہیں پایا، باندی کہتی ہے: پس انھوں نے اس کا مجھ پر الزام رکھا، باندی کہتی ہے: پس انھوں نے میری تلاشی لینی شروع کی یہاں تک کہ انھوں نے اس کی شرم گاہ کی بھی تلاشی لی، باندی کہتی ہے: بخدا! میں ان کے ساتھ کھڑی تھی کہ اچانک وہ چیل گذری پس اس نے وہ ہار ڈال دیا، باندی کہتی ہے: پس وہ ہار ان کے درمیان میں گرا، باندی کہتی ہے: پس میں نے کہا: یہی وہ ہار ہے جس کا تم نے مجھ پر الزام دھرا ہے، تم نے گمان کیا ہے (کہ میں نے وہ ہار چرایا ہے) حالانکہ میں اس سے بری ہوں، لو وہ ہار یہ رہا۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: پس وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آگئی اور مسلمان ہوگئی، صدیقہ فرماتی ہیں: پس اس کے لئے مسجد میں خیمہ یا کہا: کٹیا (چھوٹی جھونپڑی) تھی، صدیقہ فرماتی ہیں: پس وہ میرے پاس آتی تھی اور مجھ سے باتیں کرتی تھی، صدیقہ کہتی ہیں:

پس نہیں بیٹھتی تھی وہ میرے پاس کوئی بیٹھنا مگر کہتی تھی

اور ہار والا دن عجائبِ قدرت میں سے ہے ❁ سنو! اس نے مجھے دارالکفر سے نجات دی!

صدیقہ فرماتی ہیں: میں نے اس سے پوچھا: تیرا کیا معاملہ ہے تو جب بھی میرے پاس بیٹھتی ہے تو یہ بات کہتی ہے؟ صدیقہ فرماتی ہیں: پس اس نے مجھ پر یہ واقعہ بیان کیا۔

بابُ نَوْمِ الرِّجَالِ فِي الْمَسْجِدِ

مردوں کا مسجد میں سونا

اوپر بتلایا ہے کہ جس کے لئے مسجد میں قیام کی اجازت ہے اس کے لئے مسجد میں سونے کی بھی اجازت ہے اور جس کے لئے قیام کی اجازت نہیں اس کے لئے سونے کی بھی اجازت نہیں، مسافر اور وہ شخص جس پر نیند غالب آگئی اور بے ارادہ آنکھ لگ گئی ان کے لئے گنجائش ہے، پس عمومی احوال میں مسجد میں سونا نہیں چاہئے نہ دن میں اور نہ رات میں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہے: لَا يَتَّخِذُه مَبِيْتًا وَمَقِيْلاً: مسجد کو رات میں سونے کی جگہ اور قیلولہ کرنے کی جگہ بنانا جائز نہیں۔

(ترمذی کتاب الصلوٰۃ باب ۱۲۵)

امام بخاری رحمہ اللہ سب سے پہلے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی معلق حدیث لائے ہیں کہ نبی ﷺ نے قبیلۂ عکل کے لوگوں کو مسجدِ نبوی میں ٹھہرایا، ان کا رہنا اور سونا سب مسجد میں تھا، اور دوسری معلق روایت حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کی لائے ہیں کہ اصحابِ صفہ (چبوترے والے) فقراء اور غریب لوگ تھے، صفہ مسجدِ نبوی کا وہ حصہ تھا جس پر سائبان پڑا ہوا تھا اور جس میں نبی ﷺ کے مدرسہ کے نادار اور غریب طلبہ رہتے تھے، ان کے پاس دوسرا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا، اس لئے ان کا رہنا سونا سب صفہ میں تھا۔ اسی طرح حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہجرت کے بعد مسجدِ نبوی میں سوتے تھے، اس وقت وہ نوجوان تھے اور ان کی شادی نہیں ہوئی تھی، اسی طرح ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ناراض ہوکر گھر سے نکل گئے، جب نبی ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو آپؐ نے ان کو تلاش کرایا، وہ مسجد میں سو رہے تھے اور بدن سے چادر گرگئی تھی اور بدن مٹی مٹی ہوگیا تھا، آپؐ وہاں تشریف لے گئے اور بدن صاف کرتے ہوئے فرمایا: قُمْ أَبَا تُراب! اے مٹی والے اٹھو، حضرت علیؓ کو یہ جملہ اتنا پسند آیا کہ انھوں نے یہی اپنی کنیت رکھ لی، ان تمام احادیث سے امام بخاریؒ کا استدلال یہ ہے کہ مردوں کے لئے مسجد میں سونا جائز ہے۔

[۵۸-] بابُ نَوْمِ الرِّجَالِ فِي الْمَسْجِدِ

[۱-] وَقَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: قَدِمَ رَهْطٌ مِنْ عُكْلٍ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَكَانُوْا

فِيْ الصُّفَّةِ.

[٢-] وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ: كَانَ أَصْحَابَ الصُّفَّةِ الْفُقَرَاءُ.

[٤٤٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: أَنَّـهُ كَانَ يَنَامُ وَهُوَ شَابٌّ أَعْزَبُ لاَ أَهْلَ لَهُ، فِيْ مَسْجِدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ١١٢١، ١١٥٦، ٣٧٣٨، ٣٧٤٠، ٧٠١٥، ٧٠٢٨، ٧٠٣٠]

قولہ: قدم رَهْطٌ: رہط کا اطلاق دس سے کم پر ہوتا ہے اور یہ آٹھ آدمی تھے، تین قبیلہ عکل کے، چار قبیلہ عرینہ کے اور ایک کسی اور قبیلہ کا تھا، ان کا تذکرہ پہلے آچکا ہے کہ ان کو مدینہ کی آب وہوا راس نہیں آئی، اور جوی بیماری ہوگئی تو آپؐ نے ان کو صدقات کے اونٹوں میں بھیج دیا اور ان کا دودھ اور پیشاب پینے کا حکم دیا، یہ حدیث کتاب الطہارۃ میں گذر چکی ہے۔

قولہ: وقال عبد الرحمن: یہ ایک لمبی حدیث کا ٹکڑا ہے جو کتاب مواقیت الصلوٰۃ (باب ۴۱) میں آئی ہے، اصحابِ صفہ غریب ونادار لوگ تھے اور نبی ﷺ نے صحابہ سے فرما رکھا تھا کہ جس کے پاس کھانے میں دو کی گنجائش ہو وہ تیسرے کو اور چار کی گنجائش ہو تو وہ پانچویں اور چھٹے کو لے جائے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان میں سے تین کو ساتھ گھر لائے تھے (الی آخرہ)

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ وہ مسجدِ نبوی میں سویا کرتے تھے درانحالیکہ وہ نوجوان تھے ان کی شادی نہیں ہوئی تھی، **لا أهل له**: **أعزب** کی تفسیر ہے اور **في مسجد النبي**: جار مجرور ینامُ کے ساتھ متعلق ہیں۔

تشریح: امام شافعی رحمہ اللہ نے اس حدیث کی وجہ سے یہ بات فرمائی ہے کہ مسجد میں علی الاطلاق سونا جائز ہے، خواہ سونے والا مسافر ہو یا غیر مسافر، دن میں سوئے یا رات میں، اور یہ مسئلہ حضرتؒ نے کتاب الام میں لکھا ہے، دیگر ائمہ کے نزدیک مسجد کو مَبیت (رات میں سونے کی جگہ) اور مَقیل (قیلولہ کرنے کی جگہ) بنانا جائز نہیں، البتہ معتکف اور مسافر اس حکم سے مستثنیٰ ہیں، ان کے لئے مسجد میں سونا جائز ہے، اور ان کی دلیل حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے وہ ایک مرتبہ مسجدِ نبوی میں سو رہے تھے، آنحضور ﷺ کا وہاں سے گذر ہوا تو آپؐ نے ان کو پاؤں لگا کر بیدار کیا، اور فرمایا: **ألا أراك نائمًا فيه**: کیا میں آپ کو مسجد میں سویا ہوا نہیں دیکھ رہا؟ یعنی مسجد میں کیوں سو رہے ہو؟ انھوں نے جواب دیا: **غَلَبَتْنِيْ عَيْنَايَ**: یارسول اللہ! میری آنکھ لگ گئی تھی، یعنی میں بالقصد نہیں سویا، بے اختیار سو گیا، آپؐ نے عذر قبول کیا اور کچھ نہ فرمایا۔ یہ حدیث دارمی (۱: ۳۲۵) میں ہے، معلوم ہوا کہ مقامی لوگوں کے لئے مسجد میں سونا جائز نہیں، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ابتدائی احوال پر محمول ہے، جب مسلمان ہجرت کر کے مدینہ پہنچے ہیں تو مہاجرین کے پاس رہنے اور سونے کے لئے معقول انتظام نہیں تھا، اس لئے نوجوان مسجد میں سوتے تھے اور ان کے ماں باپ گھر میں سوتے تھے، پھر جب حالات بدل گئے تو آنحضور ﷺ نے نوجوانوں سے خطاب فرمایا: **يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ! تَزَوَّجُوْا**: اے نوجوانو! گھر بساؤ، غرض حضرت ابن عمرؓ وغیرہ نوجوانوں کا مسجد میں سونا عذر کی بناء پر تھا اس کے ذریعہ مسجد میں سونے کی عام اجازت پر استدلال کرنا درست نہیں۔

اسی طرح اصحابِ صفہ کا مسجد میں سونا بھی عذر کی بناء پر تھا، وہ فقراء اور مساکین تھے، ان کے پاس کوئی ٹھکانہ نہیں تھا، وہ مسجد میں رہتے تھے، احادیث یاد کرتے تھے اور آنحضور ﷺ اور مسلمان ان کی کفالت کرتے تھے۔ اور جب طلبہ کی تعداد بڑھ جاتی اور چبوترہ پر جگہ نہ رہتی تو مسجد میں بھی سوتے تھے، جیسے بعض مدرسے مسجد میں قائم کئے جاتے ہیں، اور طلبہ مسجد میں سوتے ہیں، یہ سونا بر بناء عذر ہے، اگر دوسری جگہ موجود ہو تو طلبہ کے لئے مسجد میں سونا جائز نہیں، اور اگر مجبوری ہو، متبادل انتظام نہ ہو، تو پھر وقتی طور پر گنجائش ہے اور دلیل حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے مگر اربابِ مدرسہ کو چاہئے کہ پہلی فرصت میں دوسرا انتظام کریں۔

[٤٤١-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْتَ فَاطِمَةَ فَلَمْ يَجِدْ عَلِيًّا فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ: أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟ قَالَتْ: كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ شَيْئٌ، فَغَاضَبَنِيْ، فَخَرَجَ فَلَمْ يَقِلْ عِنْدِيْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِإِنْسَانٍ: " انْظُرْ أَيْنَ هُوَ" فَجَاءَ فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! هُوَ فِي الْمَسْجِدِ رَاقِدٌ، فَجَاءَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُضْطَجِعٌ، قَدْ سَقَطَ رِدَاؤُهُ عَنْ شِقِّهِ، وَأَصَابَهُ تُرَابٌ، فَجَعَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمْسَحُهُ عَنْهُ، وَيَقُوْلُ: " قُمْ أَبَا تُرَابٍ! قُمْ أَبَا تُرَابٍ!" [انظر: ٣٧٠٣]

حدیث (۲): حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لائے، آپؐ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو گھر میں نہیں پایا، آپؐ نے پوچھا: تمہارے چچازاد بھائی کہاں ہیں؟ انھوں نے عرض کیا: میرے اور ان کے درمیان کچھ بات ہوگئی اور وہ ناراض ہوکر گھر سے چلے گئے، انھوں نے میرے پاس قیلولہ نہیں کیا، نبی ﷺ نے ایک شخص سے فرمایا: دیکھو وہ کہاں ہیں؟ وہ شخص تلاش کرکے واپس آیا اور عرض کیا: یارسول اللہ! وہ مسجد میں سو رہے ہیں، پس نبی ﷺ وہاں تشریف لے گئے درانحالیکہ وہ لیٹے ہوئے تھے اور ان کی چادر گر گئی تھی، اور ان کو مٹی لگی تھی (اس لئے کہ مسجد نبوی کا فرش کچا تھا) پس نبی ﷺ ان کے بدن سے مٹی جھاڑنے لگے اور فرمایا: اے مٹی والے اٹھو! اے مٹی والے اٹھو!

تشریح: اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ مقامی لوگ جن کے پاس سکونت ہے وہ بھی اگر کسی مصلحت سے مسجد میں سونا چاہیں تو کوئی تنگی نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے حضرت علیؓ کے مسجد میں سونے پر نکیر نہیں فرمائی۔

[٤٤٢-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ سَبْعِيْنَ مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ، مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ رِدَاءٌ، إِمَّا إِزَارٌ وَإِمَّا كِسَاءٌ، قَدْ رَبَطُوْا فِي أَعْنَاقِهِمْ، فَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ نِصْفَ السَّاقَيْنِ، وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ الْكَعْبَيْنِ، وَيَجْمَعُهُ بِيَدِهِ كَرَاهِيَةَ أَنْ تُرَى عَوْرَتُهُ.

حدیث (۳): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ستر اصحابِ صفہ کو دیکھا ہے ان میں سے کوئی شخص ایسا نہیں تھا جس کے پاس سوتی چادر ہو، یا تو لنگی ہوتی تھی یا اونی چادر ہوتی تھی (دو کپڑے کسی کے پاس نہیں ہوتے تھے) انھوں نے وہ چادر اپنی گردن میں باندھی ہوتی تھی، ان میں سے کوئی چادر نصف پنڈلی تک پہنچتی تھی اور کوئی ٹخنوں تک، پس وہ اس کو ہاتھوں سے پکڑے رہتا تھا، اس اندیشہ سے کہ اس کا ننگا پا دیکھا جائے۔

تشریح: رداء کے معنی ہیں: سوتی چادر اور کساء کے معنی ہیں: اونی چادر، اور اس حدیث میں اصحابِ صفہ کی تعداد ستر آئی ہے اور یہ تعداد گھٹتی بڑھتی رہتی تھی، اور جب ان کی غربت کا یہ حال تھا کہ کسی کے پاس دو چادریں نہیں تھیں تو رہنے کا گھر کہاں سے ہوگا؟ وہ مسجد ہی میں رہتے تھے اور مسجد ہی میں سوتے تھے، معلوم ہوا کہ مسجد میں سونا جائز ہے۔ یہ اس حدیث سے استدلال ہے مگر تقریب تام نہیں اس لئے کہ اصحابِ صفہ کا مسجد میں سونا بر بناء عذر تھا، اور عذر میں مسجد میں سو سکتے ہیں۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی مسجد میں لیٹے تھے، سونے کے ارادہ سے مسجد میں نہیں لیٹے تھے، بس اتفاقاً آنکھ لگ گئی تھی۔

بابُ الصَّلٰوۃِ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ

جب سفر سے لوٹے تو نفل نماز پڑھے

اب تین باب حقوق مسجد سے متعلق ہیں، دو مثبت پہلو سے اور ایک منفی پہلو سے، مثبت پہلو سے جو ابواب ہیں ان میں پہلا باب یہ ہے کہ جب آدمی لمبے سفر سے لوٹے تو محلّہ کی مسجد میں شکرانے کی دو نفلیں پڑھے، یہ مسجد کا حق ہے۔

مگر یہاں یہ بات غور طلب ہے کہ نبی ﷺ سفر سے لوٹنے کے بعد مسجد میں جو دو نفلیں پڑھتے تھے وہ نماز فی نفسہ مطلوب تھی یا اس کا کوئی اور مقصد تھا؟ جیسے نبی ﷺ کا معمول تھا کہ آپؐ عیدگاہ ایک راستہ سے جاتے تھے اور دوسرے راستہ سے لوٹتے تھے، یہ حکم عام ہے یا امراء کے ساتھ خاص ہے؟ ایک رائے یہ ہے کہ یہ حکم امراء کے ساتھ خاص ہے، ان کو عیدگاہ راستہ بدل کر آنا جانا چاہئے اس لئے کہ امراء کو دیکھنے کا عوام میں غیر معمولی جذبہ پایا جاتا ہے، اگر امیر جس راستہ سے عیدگاہ گیا ہے اسی راستہ سے لوٹے گا تو واپسی میں وہاں بھیڑ جمع ہو جائے گی، اس لئے امیر ایک راستہ سے عیدگاہ جائے اور دوسرے راستہ سے لوٹے، تاکہ لوگ راستہ میں بھیڑ نہ کریں، نیز اس میں امیر کی حفاظت بھی ہے، جس راستہ سے گیا ہے اسی راستہ سے لوٹے گا تو دشمن گھات لگا سکتا ہے۔

مگر علماء کی عام طور پر رائے یہ ہے کہ یہ سنت عام ہے ہر شخص کے لئے یہ حکم ہے، مگر یہ بات غور طلب ہے۔ اگر یہ سنت عام ہوتی تو صحابہ اس پر عمل کرتے، حالانکہ صحابہ سے اس پر عمل کرنا مروی نہیں، صرف آنحضور ﷺ کے بارے میں مروی ہے کہ آپؐ راستہ بدل کر عیدگاہ آتے جاتے تھے، کسی صحابی کے بارے میں یہ بات مروی نہیں۔ آنحضور ﷺ کے بعد سو سال تک صحابہ کا دور ہے اگر یہ سنت عام ہوتی تو صحابہ کا اس پر ضرور عمل ہوتا۔

اسی طرح صرف آنحضور ﷺ کے بارے میں مروی ہے کہ آپؐ جب لمبے سفر سے لوٹتے تو مسجد میں دو نفلیں ادا فرماتے، مگر صحابہ کا یہ معمول نہیں تھا۔ میرے علم میں ایسی کوئی روایت نہیں کہ صحابہ بھی سفر سے لوٹنے کے بعد پہلے مسجد میں دو نفلیں پڑھتے ہوں۔

اس لئے شاید یہ نماز فی نفسہ مطلوب نہیں، بلکہ لغیرہ مطلوب ہے، آنحضور ﷺ جب سفر سے لوٹتے تو پہلے مسجدِ نبوی میں دو نفلیں پڑھتے اتنے میں شمعِ رسالت کے پروانے مسجدِ نبوی میں جمع ہوجاتے، آپؐ ان سے ملاقات فرماتے پھر گھر میں تشریف لے جاتے، پس جو لوگ مقتدی اور پیشوا ہیں اور جن سے ملنے کے لوگ مشتاق ہیں ان کے لئے سنت یہ ہے کہ وہ سفر سے لوٹنے کے بعد فوراً گھر میں نہ چلے جائیں بلکہ پہلے مسجد میں جا کر دو نفلیں ادا کریں تا کہ اتنی دیر میں زیارت کے متمنی مسجد میں جمع ہوجائیں، پس ان سے ملاقات کرکے پھر گھر میں جائیں۔

بہرحال امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو حقوقِ مسجد میں لیا ہے کہ ہر شخص کو لمبے سفر سے لوٹنے کے بعد گھر میں داخل ہونے سے پہلے محلّہ کی مسجد میں دو نفلیں پڑھنی چاہئیں، یہ مسجد کا ایک حق ہے۔

[۵۹-] بابُ الصَّلاَةِ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ

وَقَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ فَصَلَّى فِيْهِ.

[۴۴۳-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ فِيْ الْمَسْجِدِ- قَالَ مِسْعَرٌ: أُرَاهُ قَالَ: ضُحًى- فَقَالَ: صَلِّ رَكْعَتَيْنِ. وَكَانَ لِيْ عَلَيْهِ دَيْنٌ، فَقَضَانِيْ، وَزَادَنِيْ. [انظر: ۱۸۰۱، ۲۰۹۷، ۲۳۰۹، ۲۳۸۵، ۲۳۹۴، ۲۴۰۶، ۲۴۷۰، ۲۶۰۳، ۲۶۰۴، ۲۷۱۸، ۲۸۶۱، ۲۹۶۷، ۳۰۸۷، ۳۰۸۹، ۳۰۹۰، ۴۰۵۲، ۵۰۷۹، ۵۰۸۰، ۵۲۴۳، ۵۲۴۴، ۵۲۴۵، ۵۲۴۶، ۵۲۴۷، ۵۳۶۷، ۶۳۸۷]

حدیث (۱): غزوۂ تبوک میں تین مخلص صحابہ پیچھے رہ گئے تھے ان میں حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ جب ایک مہینہ کے بعد آنحضور ﷺ تبوک سے واپس لوٹے تو آپؐ سیدھے مسجدِ نبوی میں تشریف لے گئے اور وہاں دو رکعتیں ادا فرمائیں، اسی دوران پیچھے رہ جانے والے منافقین مسجد میں جمع ہو گئے اور انھوں نے جھوٹے اعذار پیش کئے آپؐ نے سب کے اعذار قبول فرمالئے، مگر ان تین مخلص صحابہ نے کوئی عذر پیش نہیں کیا بلکہ صاف کہہ دیا کہ یارسول اللہ! ہمارا کوئی عذر نہیں، محض مال ودولت اور آرام وآسائش نے ہمیں غزوہ سے پیچھے رکھا۔ یہ لمبا واقعہ ہے جو آئندہ بخاری میں آئے گا۔ دو ڈھائی صفحہ کی روایت ہے، اس واقعہ میں حضرت کعبؓ فرماتے ہیں کہ آپؐ نے غزوۂ تبوک سے لوٹنے کے بعد سب سے پہلے مسجدِ نبوی میں دو رکعتیں پڑھیں، اسی مناسبت سے یہاں یہ حدیث لائے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس آیا درانحالیکہ آپؐ مسجدِ نبوی میں تھے۔ مسعر کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ یہ بھی فرمایا کہ میں چاشت کے وقت مسجد میں آیا، آپؐ نے فرمایا: دو رکعتیں پڑھ لو، اور میرا آپؐ پر قرض تھا، پس آپؐ نے میرا قرض چکایا اور مجھے زائد عطا فرمایا۔

تشریح: یہ حدیث بخاری شریف میں پچیس سے زائد مرتبہ آئی ہے اور یہاں بہت مختصر ہے، پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک غزوہ سے واپسی پر جب مدینہ منورہ قریب آیا تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ اپنی اونٹنی کو بھگا رہے تھے، اونٹنی دُبلی اور مریل تھی، آنحضور ﷺ پیچھے سے آئے اور اونٹنی کو چھڑی ماری تو وہ برق رفتار ہوگئی، پھر آپؐ نے دریافت کیا کہ جلدی کیوں ہے؟ حضرت جابرؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے شادی کی ہے، میں چاہتا ہوں کہ رات سے پہلے مدینہ پہنچ جاؤں، آپؐ نے پوچھا: کنواری سے شادی کی ہے یا بیوہ سے؟ انھوں نے کہا: بیوہ سے۔ آپؐ نے فرمایا: کنواری سے کیوں نہیں کی، تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی! انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ابا جان (حضرت عبداللہ) جنگ احد میں شہید ہوگئے ہیں اور انھوں نے سات یا فرمایا: نو بہنیں چھوڑی ہیں پس میں ایک ایسی عورت لایا ہوں جوان بہنوں کو سنبھالے، یعنی اگر کنواری سے شادی کرتا تو گھر میں ایک لڑکی اور آجاتی، اس لئے ایک ذمہ دار عورت گھر میں لایا ہوں تا کہ وہ ان کی تربیت کرے، یہ سن کر آپؐ نے ان کو دعائیں دیں، پھر آپؐ نے فرمایا: یہ اونٹنی مجھے بیچ دو، حضرت جابرؓ نے عرض کیا: یہ تو نکمی تھی۔ آپؐ کی چھڑی کی برکت سے اس میں جان پڑی ہے، یہ آپؐ کی نذر ہے۔ آپؐ نے قبول نہ کی اور بیچنے پر اصرار کیا، چنانچہ آپؐ نے وہ اونٹنی چند اوقیہ چاندی کے بدل خرید لی، حضرت جابرؓ نے مدینہ تک اس پر جانے کی شرط کی تو آپؐ نے منظور کر لی۔ حضرت جابرؓ رات سے پہلے گھر پہنچ گئے، اور آپؐ کی عادت مبارکہ رات میں شہر میں داخل ہونے کی نہیں تھی اس لئے آپؐ نے مدینہ سے باہر قیام فرمایا، پھر صبح مدینہ میں داخل ہوئے۔ حضرت جابرؓ اونٹنی لے کر حاضر خدمت ہوئے اس وقت آپؐ مسجدِ نبوی میں تھے اور وہ چاشت کا وقت تھا۔ آپؐ نے حضرت جابرؓ سے فرمایا: دو رکعتیں پڑھ لو، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ان کی رقم ادا کرنے کا انتظام کرو۔ حضرت بلالؓ آنحضور ﷺ کے خزانچی تھے، آنحضور ﷺ نے تول کر ان کو ثمن ادا کیا، حضرت جابرؓ ثمن لے کر جانے لگے آدھی مسجد تک پہنچے تھے کہ آپؐ نے ان کو واپس بلوایا، اور پوٹلی میں جو چاندی بچ گئی تھی وہ بھی ان کو عنایت فرمائی، پھر جب واپس جانے لگے تو پھر بلایا اور وہ اونٹنی بھی لوٹا دی۔

استدلال: اس واقعہ میں یہ ہے کہ جب حضرت جابر رضی اللہ عنہ اونٹ لے کر حاضر خدمت ہوئے تو آپؐ نے ان سے دو رکعتیں پڑھنے کے لئے فرمایا۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اسے حق مسجد قرار دیا، لیکن میرے خیال میں آنحضور ﷺ نے ان کو کام میں لگایا ہے تا کہ اتنی دیر میں ثمن کا انتظام کر لیا جائے، اس کو حق مسجد قرار دینا غور طلب ہے۔ حضرت جابرؓ نے تو رات مدینہ میں گذاری ہے، پس اس کو حق مسجد کیسے قرار دیا جا سکتا ہے؟ علاوہ ازیں مسلمانوں میں اس کا رواج بھی نہیں، بلاشبہ آنحضور ﷺ کا یہ معمول تھا، مگر کسی صحابی کے بارے میں یہ عمل مروی نہیں، نہ آپؐ کی حیاتِ طیبہ میں اور نہ آپؐ کے بعد

سوسالہ دورصحابہ میں۔ اگر یہ عام سنت ہوتی تو صحابہ کا اس پرضرور عمل ہوتا، اور تابعین اس کو روایت کرتے، مگر میرے علم میں ایسی کوئی روایت نہیں، اس لئے میں نے یہ بات کہی ہے کہ یہ نماز فی نفسہ مطلوب نہیں بلکہ لغیرہ مطلوب ہے تاکہ اس دوران زیارت کے متمنی حضرات مسجد میں آجائیں اور ملاقات کرلیں، پھر آپؐ گھر تشریف لے جاتے تھے۔ واللہ اعلم

باب: إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَّجْلِسَ

جب مسجد میں داخل ہو تو بیٹھنے سے پہلے تحیۃ المسجد پڑھے

یہ حقوق مسجد سے متعلق دوسرا باب ہے، جب بھی آدمی مسجد میں آئے اور وہ باوضوء ہو اور مکروہ وقت نہ ہو تو بیٹھنے سے پہلے تحیۃ المسجد پڑھنی چاہئے۔ جمہور کے نزدیک یہ مسجد کا حق ہے اور مستحب ہے۔ اصحابِ ظواہر سے وجوب منقول ہے، اسی لئے جمعہ کے دن دورانِ خطبہ آنے والے کو بھی وہ تحیۃ المسجد پڑھنے کا حکم دیتے ہیں، کیونکہ تحیۃ المسجد ان کے نزدیک واجب ہے، بعض فقہاء بھی خطبہ کے دوران تحیۃ المسجد کے قائل ہیں مگر وہ وجوب کے قائل نہیں۔ حنفیہ کے نزدیک دورانِ خطبہ اگر کوئی مسجد میں آئے تو وہ تحیۃ المسجد نہیں پڑھے گا اس لئے کہ تحیۃ المسجد مستحب ہے اور خطبہ سننا واجب ہے۔ اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وہ مختصر تحیۃ المسجد پڑھے پھر خطبہ سنے۔ غرض تحیۃ المسجد حقوق مسجد میں سے ہے اور یہ بندوں کا رب المسجد کو سلام کرنے کا طریقہ ہے اور جو شخص مسجد میں آتے ہی سنت شروع کردے تو تحیۃ المسجد خود بخود ادا ہو جائے گی، جیسے کوئی وضو کے بعد فوراً سنت شروع کردے تو تحیۃ الوضوء کا ثواب مل جائے گا، نیت کی ضرورت نہیں۔ اور اگر نیت کرلے تو اچھا ہے۔

اور جو شخص مسجد میں آکر پہلے بیٹھ گیا پھر تحیۃ المسجد پڑھی تو یہ بھی درست ہے، بیٹھنے سے تحیۃ المسجد فوت نہیں ہوتی، البتہ زیادہ دیر بیٹھنے سے تحیۃ المسجد فوت ہو جائے گی، اور کم وبیش کی تعیین رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دی گئی ہے، مسند دارمی میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ ایک مرتبہ وہ تحیۃ المسجد پڑھے بغیر بیٹھ گئے، آنحضور ﷺ نے دریافت کیا: أَرَكَعْتَ رَكْعَتَيْنِ؟ کیا تم نے تحیۃ المسجد پڑھی؟ حضرت ابوذرؓ نے نفی میں جواب دیا تو آپؐ نے فرمایا: قُمْ فَارْكَعْهُمَا: اٹھو اور دو رکعتیں پڑھو۔ مسند دارمی میں اس حدیث پر یہ باب قائم کیا ہے: بیٹھنے سے تحیۃ المسجد فوت نہیں ہوتی۔

[۶۰-] باب: إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَّجْلِسَ

[۴۴۴-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ السَّلَمِيِّ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَجْلِسَ" [انظر: ۱۱۶۳]

بابُ الْحَدَثِ فِيْ الْمَسْجِدِ

مسجد میں ریح خارج کرنا

یہ منفی پہلو سے حقوق مسجد سے متعلق باب ہے، مسجد میں ریح خارج کرنا بعض علماء کے نزدیک مکروہ تنزیہی ہے اور کبیری میں مکروہ تحریمی لکھا ہے۔ البتہ معتکف کو اس حکم سے مستثنیٰ کرنا ہوگا اس لئے کہ وہ رہتا ہی مسجد میں ہے، اگر وہ ریح خارج کرنے کے لئے مسجد سے باہر جائے گا تو ریح اوپر چڑھ جائے گی۔

اور مسجد میں ریح خارج کرنا مکروہ اس لئے ہے کہ اس سے فرشتوں کو تکلیف ہوتی ہے اور وہ دعائیں بند کردیتے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: فرشتے برابر نمازی کے لئے دعا کرتے رہتے ہیں جب تک وہ ریح خارج نہ کرے، جب وہ ریح خارج کرتا ہے تو فرشتے دعا بند کردیتے ہیں، اس لئے مسجد میں ریح خارج کرنا مکروہ ہے۔

[٦١-] بابُ الْحَدَثِ فِي الْمَسْجِدِ

[٤٤٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ الْمَلاَ ئِكَةَ تُصَلِّيْ عَلٰى أَحَدِكُمْ مَادَامَ فِيْ مُصَلاَّهُ الَّذِيْ صَلّٰى فِيْهِ، مَالَمْ يُحْدِثْ، تَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهُ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ" [راجع: ١٧٦]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ملائکہ تم میں سے ہر ایک کے لئے برابر دعائیں کرتے ہیں جب تک وہ اپنی نماز پڑھنے کی جگہ میں رہتا ہے، جہاں اس نے نماز پڑھی ہے، جب تک وہ ریح خارج نہ کرے، فرشتے کہتے ہیں: اے اللہ اس کی مغفرت فرما، اے اللہ! اس پر رحم فرما۔

تشریح: مسجد میں جس جگہ نماز پڑھی ہے خاص اس جگہ بیٹھنا ضروری نہیں، مسجد کے کسی بھی حصہ میں بیٹھ کر ذکر واذکار اور تلاوت قرآن میں مشغول رہے تو فرشتے دعا کرتے ہیں ——— اور ملائکہ کی طرف بتاویل طائفہ مؤنث کی ضمیر لوٹائی ہے۔

بَابُ بُنْيَانِ الْمَسْجِدِ

مسجد بنانے کا ثواب

عہدِ نبوی میں مسجدِ نبوی سادہ اور کچی تھی، اس کی دونوں جانبوں میں پتھر لگائے گئے تھے اور بیچ میں کچی اینٹیں بھری گئی تھیں، اور ستونوں کی جگہ کھجور کے تنے کھڑے کئے گئے تھے، اور چھت کھجور کے پتوں کی ڈالی گئی تھی، پھر جب مسجد تنگ پڑھنے لگی تو آنحضور ﷺ نے پرانی مسجد باقی رکھ کر اس میں توسیع کی، وہ اضافہ بھی سادہ اور کچا تھا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ

عنہ نے توسیع فرمائی مگر سادہ اور کچی بنائی، پھر جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو مسجد بوسیدہ ہوگئی، اور چھوٹی بھی پڑتی تھی، اس لئے آپؓ نے ساری مسجد شہید کردی اور خالص اپنے مال سے ازسرِ نو مسجد تعمیر کی اور پختہ بنائی، اس وقت لوگوں میں چہ می گوئیاں ہوئیں کہ یہ تو کسریٰ کا محل بن گیا، حضرت عثمانؓ نے لوگوں سے خطاب کیا اور صورتِ حال واضح کی، فرمایا: میں نے یہ کام از راہ ثواب کیا ہے اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''جس نے اللہ کے لئے کوئی مسجد بنائی اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں حویلی بناتے ہیں''

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے بناء مسجد کے سلسلہ میں تین باتیں ذکر فرمائی ہیں:

پہلی بات: مسجد کی تعمیر سادہ یعنی تکلفات سے پاک ہونی چاہئے تاکہ لوگوں کی نمازوں میں خلل نہ پڑے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب مسجدِ نبوی کی توسیع کی تھی تو اس بات کی خاص طور پر تاکید فرمائی تھی، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی یہ بات مروی ہے۔

دوسری بات: مسجد تعمیر کرتے وقت سردی، گرمی، بارش اور نمازیوں کی ضروریات کا خیال رکھنا چاہئے، جیسے یورپ وامریکہ میں مسجد میں معذوروں کے لئے ڈھلان بنانا ضروری ہے، ان کے لئے چھوٹے بڑے استنجے کا انتظام کرنا ضروری ہے۔ عورتوں کا الگ انتظام کرنا ضروری ہے اس کے بغیر حکومت پرمیشن نہیں دیتی، وہاں مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے عورتیں بھی آتی ہیں۔، معذور بھی آتے ہیں، اور عام طور پر لوگ گاڑیوں میں آتے ہیں اس لئے ہر مسجد کے ساتھ پارکنگ بھی ضروری ہے، ہمارے یہاں عورتیں مسجدوں میں نہیں آتیں اس لئے ہم ان کے لئے کوئی علاحدہ جگہ نہیں بناتے، اور معذور بھی نہیں آتے، اور آتے ہیں تو کسی نہ کسی طرح چڑھ جاتے ہیں، اور لوگ پیدل ہی نماز پڑھنے کے لئے آتے ہیں اس لئے پارکنگ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ غرض تعمیر مسجد میں نمازیوں کی راحت وسکون کا پورا خیال رکھنا چاہئے۔ حضرت عمرؓ کے قول سے یہ بات ثابت ہے۔

تیسری بات: مسجد کی بنیاد تقوی اور پرہیز گاری پر ہونی چاہئے۔ اللہ کی خوشنودی کے لئے مسجد بنائی جائے، ریاء وسمعہ اور تفاخر سے احتراز کیا جائے، اس سلسلہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا قول لائے ہیں۔

[۶۲-] بَابُ بُنْيَانِ الْمَسْجِدِ

[۱-] وَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: كَانَ سَقْفُ الْمَسْجِدِ مِنْ جَرِيْدِ النَّخْلِ.

[۲-] وَأَمَرَ عُمَرُ بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ وَقَالَ: أَكِنَّ النَّاسَ مِنَ الْمَطَرِ، وَإِيَّاكَ أَنْ تُحَمِّرَ أَوْ تُصَفِّرَ فَتَفْتِنَ النَّاسَ.

[۳-] قَالَ أَنَسٌ: يَتَبَاهَوْنَ بِهَا، ثُمَّ لَايَعْمُرُوْنَهَا إِلَّا قَلِيْلًا.

[۴-] وقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَتُزَخْرِفُنَّهَا كَمَا زَخْرَفَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارَى.

۱- حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مسجدِ نبوی کی چھت کھجور کے پتّوں کی تھی (یہ طویل حدیث (نمبر ۸۱۳) کا ٹکڑا ہے، جو آگے آرہی ہے) ـــــ مسجدِ نبوی تعمیر کرنے کے لئے نبی ﷺ نے جو باغ خریدا تھا، وہ دو یتیموں کا تھا، اس کے بعض حصے میں کھجور کے درخت تھے، آپؐ نے وہ درخت کٹوا کر ان کے تنے ستونوں کی جگہ کھڑے کئے تھے، اور ان کے پتوں کا چھپر ڈالا تھا۔

۲- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسجدِ نبوی بنانے کا حکم دیا، اور فرمایا: میں لوگوں کو بارش سے بچاؤنگا، اور بچ تو سرخ کرنے سے یا زرد کرنے سے، پس آزمائش میں ڈالے تو لوگوں کو (کَنَّ (ض) الشیئَ: چھپانا، بچانا .... حَمَّرَ الشیئَ: سرخ کرنا .... صَفَّرَ الشیئَ: زرد رنگ میں رنگنا، زرد بنانا .... فتَنَ (ض) فَتْنًا: آزمائش میں ڈالنا)

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب مسجدِ نبوی کی تجدید اور اضافہ کا حکم دیا تو دو باتیں فرمائیں:

ایک: اضافہ کا مقصد بیان کیا کہ میں مسجد میں اس لئے اضافہ کر رہا ہوں کہ لوگوں کو بارش سے بچاؤں یعنی اب مسجد چھوٹی پڑ رہی ہے، بہت سے لوگوں کو دھوپ اور بارش میں کھڑا ہونا پڑتا ہے، ان کی سہولت کے پیش نظر مسجد میں اضافہ کر رہا ہوں۔

معلوم ہوا کہ بنائے مسجد میں گرمی، سردی اور بارش وغیرہ سے بچنے کا اور نمازیوں کی راحت وسہولت کا خیال رکھنا چاہئے۔

دوسری بات: ٹیپ ٹاپ سے منع کیا، فرمایا: مسجد کو لال پیلا کرنے سے بچو، ایسا کروگے تو لوگ آزمائش میں پڑ جائیں گے، یعنی اگر تم لال پیلی مسجد بناؤ گے، غیر معمولی رنگ وروغن اور زیبائش کروگے تو لوگوں کی نماز خراب ہوگی، وہ نماز میں مسجد کی خوبصورتی میں گم ہو جائیں گے اور حضور قلب کی دولت سے محروم ہو جائیں گے۔ معلوم ہوا کہ مسجد سادہ اور تکلفات سے پاک ہونی چاہئے۔

۳- حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک وقت آرہا ہے جب لوگ مسجدیں بنانے میں ایک دوسرے کا مقابلہ کریں گے، مگر اعمال سے بہت کم لوگ ان کو آباد کریں گے، لاہور میں ایک زمین لب سڑک تھی، اس کے بارے میں علامہ اقبال مرحوم نے کہا ہے:

مسجد تو بنادی شب بھر میں ایماں کی حرارت والوں نے ❁ من ہے اپنا پرانا پاپی برسوں میں نمازی بن نہ سکا

۴- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: تم ضرور مسجدوں کو مزین کروگے جیسا یہود ونصاری نے اپنی عبادت گاہوں کو مزین کیا ـــــ اس میں ناپسندیدگی کی طرف اشارہ ہے، مسجدوں میں غیر ضروری خرچ کرنا اور حد سے زیادہ مزین کرنا مناسب نہیں، اس سے بچنا چاہئے۔

[٤٤٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، قَالَ: ثَنَا نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَخْبَرَهُ: أَنَّ الْمَسْجِدَ كَانَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَبْنِيًّا بِاللَّبِنِ، وَسَقْفُهُ الْجَرِيْدُ، وَعُمُدُهُ خَشَبُ النَّخْلِ، فَلَمْ يَزِدْ فِيْهِ أَبُوْ بَكْرٍ شَيْئًا، وَزَادَ فِيْهِ عُمَرُ، وَبَنَاهُ عَلٰى بُنْيَانِهِ

فِیْ عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِاللَّبِنِ وَالْجَرِیْدِ، وَأَعَادَ عُمُدَهُ خَشَبًا، ثُمَّ غَیَّرَهُ عُثْمَانُ، فَزَادَ فِیْهِ زِیَادَةً کَثِیْرَةً، وَبَنَی جِدَارَهُ بِالْحِجَارَةِ الْمَنْقُوْشَةِ وَالْقَصَّةِ، وَجَعَلَ عُمُدَهُ مِنْ حِجَارَةٍ مَنْقُوْشَةٍ، وَسَقَفَهُ بِالسَّاجِ.

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں مسجدِ نبوی کچی اینٹوں سے بنائی گئی تھی، اور اس کی چھت کھجور کے پتوں کی تھی اور اس کے ستون کھجور کی لکڑی کے تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس میں کوئی اضافہ نہیں کیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اضافہ کیا اور اس کو آنحضور ﷺ کے زمانہ کی بنیادوں پر کچی اینٹوں اور کھجور کے پتوں سے بنایا، اور لکڑی کے ستونوں کو لوٹایا، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کو بدل دیا اور اس میں بہت زیادہ اضافہ کیا، اور اس کی دیوار منقش پتھروں اور چونے سے تعمیر کی۔ اور اس کے ستون منقش پتھروں کے لگائے اور اس کی چھت سال کی لکڑی کی بنائی۔

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب مسجدِ نبوی کی توسیع کی تو پوری مسجد از سرِ نو بنائی، اور آنحضور ﷺ کے زمانہ کی بنیادوں پر بنائی، اور اس میں کچھ اضافہ کیا، اور جیسی آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں مسجد سادہ اور خام تھی ویسی ہی بنائی، اور پرانے ستون ہی دوبارہ استعمال کئے، البتہ چھپر کھجور کے پتوں کا نیا ڈالا، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پوری مسجد کا نقشہ بدل دیا، دیواریں منقش پتھر اور چونے سے تعمیر کیں اور سال کی لکڑی کی چھت ڈالی، سال کی لکڑی بہت قیمتی اور مضبوط ہوتی ہے اور زیادہ تر ہندوستان میں پیدا ہوتی ہے، حاشیہ میں لکھا ہے کہ وہ لکڑی ہندوستان سے منگوائی گئی تھی۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عمل سے معلوم ہوا کہ مسجد از سرِ نو بنانا، مضبوط اور پختہ بنانا اور اس میں اعتدال سے نقش ونگار کرنا اور اسے خوبصورت بنانا جائز ہے، البتہ بہت زیادہ ٹیپ ٹاپ مناسب نہیں اس سے نمازیوں کی نماز میں خلل پڑ سکتا ہے۔

بابُ التَّعَاوُنِ فِی بِنَاءِ الْمَسْجِدِ

مسجد باہمی تعاون سے بنانا

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: مسلمانوں کو مل کر باہمی تعاون سے مسجد بنانی چاہئے، خود ہی خرچہ کریں اور خود ہی مزدوری کریں، بستی سے باہر مسجد کا چندہ نہ کیا جائے۔ آج کل مسلمانوں کا عجیب حال ہو گیا ہے، چھوٹی مسجد کا چندہ بھی دنیا بھر میں کیا جاتا ہے، جب گاؤں کا ہر شخص اپنے پیسوں سے اپنا گھر بناتا ہے تو سارا گاؤں مل کر اللہ کا گھر کیوں نہیں بنا سکتا؟ اللہ کا گھر گاؤں والے اپنی گنجائش کے مطابق بنائیں۔ دور تک چندہ کرنا کیا ضروری ہے؟ مکہ والوں نے کعبہ شریف بنایا تھا تو مکہ ہی میں چندہ کیا تھا، چندہ کم ہوا تو حطیم کا حصہ باہر نکال دیا، اور کعبہ کو چھوٹا بنایا اور خود ہی مزدوری کی آنحضور ﷺ بھی پتھر اٹھا کر لانے والوں میں شامل تھے، مسجد نبوی کی تعمیر میں بھی مسلمانوں نے بشمول سید الاولین والآخرین خود ہی مزدوری کی ہے، پس آج کل

جو صورتِ حال مسجدوں کے تعلق سے چل پڑی ہے وہ ٹھیک نہیں، مسلمانوں کو مل کر باہمی تعاون سے مسجد بنانی چاہئے، اور اپنی حیثیت کے مطابق بنانی چاہئے۔

دوسرا مسئلہ: مسجد کی تعمیر میں کفار کا حصہ نہیں ہونا چاہئے، معمار اور مزدور بھی اگر مسلمان میسر ہوں تو غیر مسلم معماروں اور مزدوروں سے کام نہ لیا جائے، اس لئے کہ مسجد بنانا خالص اسلامی کام ہے اگرچہ فقہ کی کتابوں میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ کوئی غیر مسلم لوجہ اللہ مسجد کی تعمیر میں چندہ دے تو اس شرط کے ساتھ اس کو قبول کر سکتے ہیں کہ اس کی طرف سے یا اس کی قوم کی طرف سے احسان جتلانے کا اندیشہ نہ ہو، یعنی چھوٹا چندہ لے سکتے ہیں، چھوٹے چندہ میں یہ اندیشہ نہیں ہوتا، اور کتابوں میں یہ حیلہ بھی لکھا ہے کہ اگر کوئی کافر مسجد میں پیسے لگانا چاہتا ہے تو کسی مسلمان کو ہبہ کر دے، اور وہ مسلمان اپنی طرف سے وہ پیسہ مسجد میں لگائے، یعنی خالص حلال وطیب مال سے مسجد تعمیر کرنی چاہئے، اور ظاہر ہے کافر کا مال مال مزکّٰی نہیں پس اس کا مال راست مسجد میں نہیں لگانا چاہئے۔

[۶۳-] بابُ التَّعَاوُنِ فِي بِنَاءِ الْمَسْجِدِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مَاكَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ أَنْ يَعْمُرُوْا مَسَاجِدَ اللّٰهِ﴾ الآية: [التوبة:۱۷]

[۴۴۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُخْتَارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ الْحَذَاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ لِي ابْنُ عَبَّاسٍ وَلِابْنِهِ عَلِيٍّ: انْطَلِقَا إِلٰى أَبِيْ سَعِيْدٍ، فَاسْمَعَا مِنْ حَدِيْثِهِ، فَانْطَلَقْنَا فَإِذَا هُوَ فِيْ حَائِطٍ يُصْلِحُهُ، فَأَخَذَ رِدَاءَهُ فَاحْتَبٰى، ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا حَتّٰى أَتٰى عَلٰى ذِكْرِ بِنَاءِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: كُنَّا نَحْمِلُ لَبِنَةً لَبِنَةً، وَعَمَّارٌ لَبِنَتَيْنِ لَبِنَتَيْنِ، فَرَآهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَيَنْفُضُ التُّرَابَ عَنْهُ، وَيَقُوْلُ: "وَيْحَ عَمَّارٍ! تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ يَدْعُوْهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ، وَيَدْعُوْنَهُ إِلَى النَّارِ:" قَالَ: يَقُوْلُ عَمَّارٌ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ! [انظر: ۲۸۱۲]

آیتِ کریمہ: یہ سورۂ توبہ کی آیت ہے، یہ آیت لکھ کر امام بخاریؒ نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ مسجد کی تعمیر مسلمانوں کو باہمی تعاون سے کرنی چاہئے، تعمیر مسجد میں غیر مسلموں کا پیسہ قبول نہیں کرنا چاہئے۔

اور اس آیت کریمہ کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

ایک: مسجد کی ظاہری تعمیر میں غیر مسلموں کا حصہ نہیں ہونا چاہئے۔ چندہ ظاہری تعمیر ہے، اور معمار اور مزدور بھی ظاہری تعمیر کرتے ہیں لہٰذا معمار اور مزدور بھی غیر مسلم نہیں ہونے چاہئیں، اور غیر مسلموں کا چندہ بھی نہیں لینا چاہئے، صرف مسلمانوں کا اور مسلمانوں میں بھی ان کا چندہ مسجد میں لگنا چاہئے جن کا مال حلال وطیب اور مزکّٰی ہے۔

اس آیت کریمہ میں یہ مضمون ہے کہ کعبہ شریف کا متولی کون ہوگا؟ ظاہر ہے غیر مسلم کعبہ شریف کا متولی نہیں ہوسکتا اس لئے کہ تولیت ظاہری تعمیر ہے اور مسجد کی ظاہری تعمیر مسلمان کرتے ہیں پس غیر مسلم متولی کیسے ہوسکتا ہے؟

اور دوسرا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ مسجد کی معنوی تعمیر کون کرتا ہے؟ مسجد میں اعمالِ صالحہ کرنا مسجد کی معنوی تعمیر ہے، ایک مسجد بہت شاندار ہے مگر وہاں نماز پڑھنے والے چار آدمی ہیں تو وہ مسجد ویران ہے اور دوسری مسجد سیدھی سادی اور کچی ہے مگر نمازیوں سے بھری رہتی ہے تو وہ مسجد آباد ہے، یہ معنوی تعمیر مشرک نہیں کرتے، وہ تو مورتیوں کی پوجا کرتے ہیں وہ مسجد میں اللہ کی عبادت کیا کریں گے؟ ﴿شَاهِدِيْنَ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ﴾: وہ اپنے کفر پر خود گواہ ہیں پس وہ مسجد میں آکر کیا عبادت کریں گے؟ مسجد کی معنوی تعمیر مسلمان ہی کرتے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے مطلب کے اعتبار سے آیت کریمہ لکھی ہے۔

حدیث: عکرمہ کہتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مجھ سے اور اپنے بیٹے علی سے کہا: دونوں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور ان سے حدیثیں سنو، ہم دونوں گئے اچانک حضرت ابوسعیدؓ اپنے باغ میں کام کر رہے تھے (انھوں نے جا کر کہا کہ ہم پڑھنے آئے ہیں پس حضرت ابوسعیدؓ نے کام بند کر دیا) اور اپنی چادر لی اور حبوہ بنا کر بیٹھ گئے (یہ آرام کرسی بنائی) پھر انھوں نے ہم سے حدیثیں بیان کرنی شروع کیں، یہاں تک کہ مسجدِ نبوی کی تعمیر کا تذکرہ آیا تو انھوں نے فرمایا: ہم ایک ایک اینٹ اٹھا کر لاتے تھے اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ دو دو اینٹیں، نبی ﷺ نے ان کو دیکھا تو آپؐ نے ان کے بدن سے مٹی جھاڑی اور فرمایا: عمار پر اللہ مہربانی فرمائیں! اس کو باغی جماعت قتل کرے گی، یہ ان کو جنت کی طرف بلا رہا ہوگا اور وہ اس کو جہنم کی طرف بلا رہے ہوں گے، ابوسعیدؓ کہتے ہیں: پس حضرت عمارؓ نے کہا: میں فتنوں سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔

تشریح:

۱- عکرمہؒ حضرت ابن عباسؓ کے آزاد کردہ ہیں، وہ بھگوڑے تھے، پڑھتے نہیں تھے، حضرت ابن عباسؓ ان کے پیروں میں زنجیر ڈال دیا کرتے تھے زبردستی ان کو پڑھایا ہے، بعد میں وہ حضرت ابن عباسؓ کے علوم کے وارث بنے۔

اور علی حضرت ابن عباسؓ کے صاحبزادے ہیں، جس دن حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی ہے اسی دن وہ پیدا ہوئے ہیں، اس لئے حضرت علیؓ کے نام پر ابن عباسؓ نے ان کا نام علی رکھا ہے، ابوالحسن ان کی کنیت تھی، خلفائے بنو عباس کے جدِ امجد ہیں، بنوامیہ کے بعد بنو عباس خلیفہ بنے ہیں وہ انہی ابوالحسن علی کی اولاد ہیں۔

حضرت ابن عباسؓ نے دونوں کو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس حدیثیں پڑھنے کے لئے بھیجا، جب یہ دونوں ان کے پاس پہنچے تو اتفاق سے اس وقت حضرت ابوسعیدؓ اپنے باغ میں کام کر رہے تھے، انھوں نے حدیثیں سنانے کی درخواست کی تو حضرت ابوسعیدؓ نے کام بند کر دیا اور ایک جگہ چادر کا حبوہ[1] بنا کر بیٹھ گئے، اور حدیثیں بیان کرنی شروع کیں، اس دن ابوسعیدؓ نے جو حدیثیں بیان کیں ان میں سے ایک حدیث یہ بیان کی کہ جب مسجدِ نبوی تعمیر کی جارہی تھی تو

(۱) حبوہ یہ ہے کہ سرین کے بل بیٹھ کر دونوں پنڈلیاں رانوں سے ملا کر گھٹنے کھڑے کر لئے جائیں پھر کمر اور پنڈلیوں کے گرد کوئی کپڑا وغیرہ باندھ دیا جائے یہ ایک قسم کی آرام کرسی ہے۔

سب صحابہ ایک ایک اینٹ اٹھا کر لا رہے تھے، اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ دو دو لا رہے تھے، ہمارے یہاں اینٹیں چھوٹی ہوتی ہیں مزدور ایک ساتھ دس بارہ اینٹیں اٹھاتا ہے مگر عرب میں اور یورپ وامریکہ وغیرہ میں اتنی بڑی اینٹیں ہوتی ہیں کہ آدمی ایک ہی اینٹ اٹھا سکتا ہے۔ نبی ﷺ بھی اینٹیں اٹھا کر لانے والوں میں شامل تھے۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ تشریف رکھیں، آپؐ کے حصہ کی اینٹ میں لاؤں گا، اس لئے وہ دو اینٹیں لا رہے تھے، اور پسینہ پسینہ ہو گئے تھے، مونڈھے پر سے چادر گر گئی تھی اور بدن گرد آلود ہو گیا تھا، آنحضور ﷺ نے ان کے بدن سے مٹی جھاڑی اور فرمایا: اللہ تعالیٰ عمار پر رحم فرمائیں ان کو باغی جماعت قتل کرے گی۔ جنگ صفین میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی فوج کے ہاتھوں وہ شہید ہوئے، اس وقت تک عام طور پر لوگ یہ حدیث نہیں جانتے تھے۔ آج یہ حدیث بخاری میں آ گئی تو سب جاننے لگے۔

جب حضرت عمارؓ شہید ہوئے تو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہؓ سے کہا: غضب ہو گیا! عمار ہماری فوج کے ہاتھوں مارے گئے اور آنحضور ﷺ نے ان کے بارے میں فرمایا ہے کہ ان کو باغی جماعت قتل کرے گی۔ حضرت معاویہؓ نے کہا: ہم نے ان کو قتل نہیں کیا، علیؓ نے قتل کیا ہے، وہ ان کو میدان کارزار میں کیوں لائے؟ اگر وہ ان کو میدان میں نہ لاتے تو وہ مارے نہ جاتے، عجیب تاویل کی!

جب جنگ صفین ہو رہی تھی اس وقت وہ اجتہادی مسئلہ تھا، اور اجتہادی مسائل میں ہر فریق اپنے آپ کو حق پر سمجھتا ہے اور اپنی بات کی تاویل کرتا ہے، جیسے فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں احناف کی ایک رائے ہے اور شوافع کی دوسری رائے ہے، ظاہر ہے دونوں باتیں صحیح نہیں ہو سکتیں، کوئی ایک ضرور خطا پر ہے مگر ابھی ہم خطا وصواب کو نہیں جان سکتے، ابھی اس پر پردہ پڑا ہوا ہے اور جب تک پردہ پڑا رہے گا ہر شخص اپنی بات کی تاویل کرے گا، جنگ صفین کی بنیاد بھی اجتہاد پر تھی، اور ہر فریق اپنے آپ کو حق پر سمجھتا تھا، اور اپنے موقف کی تاویل کرتا تھا۔

جب حضرت عمار رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو ذرا سا پردہ ہٹا، مگر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے تاویل کر کے پھر اس پر پردہ ڈال دیا، تمام اجتہادی مسائل میں ایسا ہی ہوتا ہے، فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں شوافع نے بھی کتب خانہ بھر دیا ہے اور احناف نے بھی، پھر مرور زمانہ کے ساتھ کبھی اجتہاد پر سے پردہ ہٹتا ہے تو صواب وخطا کا پتا چل جاتا ہے جیسے آج دوٹوک فیصلہ ہو گیا ہے کہ جنگ صفین میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی اجتہادی غلطی تھی اور صواب پر حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔

اور بعض اجتہادی مسائل وہ ہیں جن سے پردہ قیامت کے دن ہی ہٹے گا جب سینوں کے راز طشت از بام ہونگے ﴿وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ﴾ فاتحہ خلف الامام کا مسئلہ بھی اسی قبیل سے ہے۔

۲- لفظ وَیْح تین طرح استعمال ہوتا ہے: (۱) صرف وَیْ ﴿وَيْكَأَنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُوْنَ﴾ (۲) وَیْحٌ (۳) وَیْحَكَ اور تینوں کے معنی وہی ہیں جو وَیْلٌ کے ہیں، ویل جہنم کی ایک وادی کا نام ہے اور اس کے معنی ہیں: سخت عذاب، پس وَیْح

عَمارٍ کالفظی ترجمہ ہے: عمار کے لئے سخت عذاب ہے یا عمار کے لئے جہنم کی وادی ہے۔ مگر عرف میں پیار کے موقع پر یہ لفظ استعمال کرتے ہیں، جیسے ہم اردو میں کہتے ہیں: ارے باؤلے! باؤلا پاگل کو کہتے ہیں، پاگل کی اصل پادرگل ہے، پاؤں کیچڑ میں، شراب پی کر نالی میں گر گیا، پاؤں کیچڑ میں ہوگیا، مگر عرف میں اس کو پیار کے موقع پر استعمال کرتے ہیں، اسی طرح وَیْحٌ بھی پیار کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اور اردو محاورہ میں اس کا کوئی ترجمہ ممکن نہیں۔

اور اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ عمار پر اللہ تعالیٰ مہربانی فرمائیں! یہ بندہ کتنی مشقت برداشت کر رہا ہے، اپنی اینٹ بھی لا رہا ہے اور اللہ کے رسول کے حصہ کی اینٹ بھی لا رہا ہے، مگر لوگوں کا اس کے ساتھ کیا معاملہ ہوگا؟ ایک ایسی جماعت جو حکومت سے بغاوت کرنے والی ہوگی وہ اسے قتل کرے گی، اور اس کا قصور صرف یہ ہوگا وہ ان کو جنت کی طرف بلا رہا ہوگا اور وہ اس کو جہنم کی طرف بلا رہے ہوں گے۔

اس جملہ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ایک فریق کے مقتول جنت میں جائیں گے اور دوسرے فریق کے مقتول جہنم میں، صفین کے موقع پر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ مسئلہ پوچھا گیا تھا آپؓ نے فرمایا: قتلا نا وقتلاھم فی الجنة: ہمارے مقتول اور ان کے مقتول سب جنت میں جائیں گے، پس اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ عمارؓ جس جماعت کے ساتھ ہونگے وہ جماعت حق پر ہوگی، جنت کی طرف بلانے کا یہی مطلب ہے اور دوسری جماعت جو ان کو قتل کرے گی وہ حق پر نہیں ہوگی، جہنم کی طرف بلانے کا یہی مطلب ہے۔

بابُ الاِسْتِعَانَةِ بِالنَّجَّارِ وَالصُّنَّاعِ فِيْ أَعْوَادِ الْمِنبَرِ وَالْمِسْجِدِ

بڑھئی اور کاریگروں سے منبر اور مسجد کے کاموں میں مدد لینا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ مسجد کی تعمیر میں معمار، مزدور، بڑھئی، لوہار اور دیگر کاریگروں کی مدد حاصل کی جاسکتی ہے، اگر وہ خود بناء مسجد کی طرف متوجہ نہ ہوں تو گفت وشنید کر کے بالمعاوضہ یا بلا معاوضہ ان کی خدمات حاصل کی جائیں، اور مجبوری میں غیر مسلم کاری گروں کی خدمات بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔ نبی ﷺ نے مسجدِ نبوی کا منبر بنانے کے لئے ایک انصاری عورت کے غلام کی خدمت حاصل کی ہے، اس عورت کا نام راجح قول کے مطابق عائشہ انصاریہ تھا اور غلام کا نام میمون تھا جو نجّاری کرتا تھا۔ نجار کے معنی ہیں: بڑھئی، اس نے مقام غابہ کے جھاؤ کی لکڑی سے منبر تیار کیا تھا، معلوم ہوا کہ مسجد اور اس کے متعلقات میں کاری گروں سے مدد لی جاسکتی ہے، اور حدیث میں صرف بڑھئی کا ذکر ہے، مگر بڑھئی اور دیگر کاری گروں میں کوئی فرق نہیں، پس ہر کاری گر سے مدد حاصل کی جاسکتی ہے، اور مسند احمد میں روایت ہے کہ جب مسجدِ نبوی تعمیر ہو رہی تھی تو گارا بنانے کی خدمت آپؐ نے حضرت طلق بن علی یمامی رضی اللہ عنہ کو سونپی تھی وہ گارا بنانا اچھا جانتے تھے، معلوم ہوا کہ تعمیر مسجد میں بہتر سے بہتر کاری گروں کی خدمات حاصل کی جائیں۔

[٦٤-] بابُ الِاسْتِعَانَةِ بِالنَّجَّارِ وَالصُّنَّاعِ فِيْ أَعْوَادِ الْمِنبَرِ وَالْمَسْجِدِ

[٤٤٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: بَعَثَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عيه وسلم إِلٰى امْرَأَةٍ: مُرِى غُلاَمَكِ النَّجَّارَ يَعْمَلْ لِيْ أَعْوَادًا أَجْلِسْ عَلَيْهِنَّ. [راجع: ٣٧٧]

[٤٤٩-] حدثنا خَلاَّدُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَلاَ أَجْعَلُ لَكَ شَيْئًا تَقْعُدُ عَلَيْهِ، فَإِنَّ لِيْ غُلاَمًا نَجَّارًا؟ قَالَ: إِنْ شِئْتِ، فَعَمِلَتِ الْمِنْبَرَ. [انظر: ٩١٨، ٢٠٩٥، ٣٥٨٤، ٣٥٨٥]

لغات: نَجَّار کے معنی ہیں: بڑھئی، اور الصُّنَّاع: الصانع کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: کاری گر، فی أعواد المنبر: منبر کی لکڑیوں میں یعنی منبر بنانے میں، والمسجد: یہ تخصیص بعد التعمیم ہے یعنی مسجد اور مسجد کے متعلقات بنانے میں بڑھئی اور دیگر کاری گروں کی خدمات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

حدیث (۱): حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے ایک عورت کے پاس بھیجا کہ تو اپنے بڑھئی غلام کو حکم دے کہ وہ میرے لئے چند لکڑیاں بنائے یعنی ایسا منبر بنائے جس میں کئی درجے ہوں جن پر میں (تقریر کے لئے) بیٹھا کروں۔

حدیث (۲): اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک عورت نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میں آپؐ کے لئے کوئی ایسی چیز بناؤں جس پر آپ بیٹھا کریں، اس لئے کہ میرا غلام بڑھئی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر تم چاہو'' (تو بنواؤ) چنانچہ اس عورت نے منبر بنایا۔

تشریح: ان دونوں روایتوں میں بظاہر تعارض ہے، پہلی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ نے از خود منبر بنانے کا حکم دیا اور دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت نے منبر بنانے کی درخواست کی، آپؐ نے از خود اس کا حکم نہیں دیا۔

اس تعارض کا حل یہ ہے کہ اولاً عورت نے درخواست کی ہوگی مگر اس وقت منبر کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہوگی اس لئے آپؐ نے اس کی مرضی پر چھوڑ دیا، پھر جب منبر کی ضرورت محسوس کی گئی تو آپؐ نے حضرت سہلؓ کے ذریعہ منبر کی تیاری کے لئے کہلا بھیجا اور منبر کا آئیڈیا بھی دیا کہ منبر میں چند درجے ہوں، جن پر بیٹھ کر خطاب کیا جاسکے، یہ تطبیق ابن بطال رحمہ اللہ نے دی ہے، جو حاشیہ میں ہے۔

اور فَعَمِلَتِ المنبر میں اسناد مجازی ہے، منبر غلام نے بنایا تھا مگر اس عورت کے حکم سے بنایا تھا اس لئے اس کی طرف نسبت کی گئی۔

بابُ مَنْ بَنَی مَسْجِدًا

مسجد بنانے کا ثواب

اس باب میں مسجد بنانے کی فضیلت کا بیان ہے، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جب مسجد نبوی کی ازسرنو تعمیر کی تو مسجد پختہ بنائی، اس میں منقش پتھروں کی دیواریں اور ستون کھڑے کئے اور سال کی لکڑی کی چھت ڈالی اس پر لوگوں میں چہ می گوئیاں ہوئیں کہ یہ کسری کا محل بن گیا اور بیت المال کا مال بے حساب بہادیا، حالانکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے خالص اپنے مال سے مسجد تعمیر کی تھی، بیت المال کا ایک پیسہ بھی اس میں نہیں لگایا تھا، آج بھی سعودیہ کے بادشاہ حرمین کی توسیع وغیرہ میں جو کروڑوں ریال خرچ کرتے ہیں وہ سب اپنی جیب خاص سے کرتے ہیں، حکومت کا ایک پیسہ بھی اس میں صرف نہیں کرتے اسی لئے وہ خادم الحرمین کہلاتے ہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بھی اپنے مال سے مسجدِ نبوی کی تعمیر کی تھی، بیت المال کا کوئی پیسہ اس میں صرف نہیں کیا تھا، جب لوگوں میں چہ می گوئیاں ہوئیں تو ایک دن آپؓ نے تقریر فرمائی اور پوری صورت حال واضح کی اور فرمایا: میں نے یہ مسجد اس لئے بنائی ہے کہ میں نے آنحضور ﷺ سے سنا ہے: ''جو شخص اللہ کی خوشنودی کے لئے مسجد بناتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں محل بناتے ہیں'' اس حدیث سے مسجد بنانے کی فضیلت ثابت ہوئی، اور یہی اس باب کا مدعی ہے۔

[٦٥-] بابُ مَنْ بَنَی مَسْجِدًا

[٤٥٠-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، أَنْ بُكَيْرًا حَدَّثَهُ، أَنَّ عَاصِمَ بْنَ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ اللهِ الْخَوْلَانِيَّ، أَنَّهُ سِمِعَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللهِ عَنْهُ، يَقُوْلُ عِنْدَ قَوْلِ النَّاسِ فِيْهِ حِيْنَ بَنَى مَسْجِدَ الرَّسُوْلِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّكُمْ أَكْثَرْتُمْ، وَإِنِّيْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ بَنَى مَسْجِدًا - قَالَ بُكَيْرٌ: حَسِبْتُ أَنَّـهُ قَالَ: يَبْتَغِيْ بِهِ وَجْهَ اللهِ - بَنَى اللّٰهُ لَهُ مِثْلَهُ فِيْ الْجَنَّةِ "

ترجمہ: عبید اللہ خولانی سے مروی ہے کہ انھوں نے حضرت عثمانؓ کو لوگوں کے ان کے بارے میں چہ می گوئیاں کرنے کے وقت میں جب انھوں نے مسجدِ نبوی بنائی تو فرماتے ہوئے سنا: تم لوگوں نے بہت زیادہ کیا یعنی تم میرے مسجد بنانے کے سلسلہ میں بہت باتیں کرتے ہو، حالانکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے مسجد بنائی —— بُکیر کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ عاصم نے یہ بھی کہا تھا کہ اس کے ذریعہ وہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنا چاہتا ہے —— تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کے مانند جنت میں گھر بنائیں گے۔

تشریح:

قولہ: بَنَی: عام ہے، جوثواب پہلی مرتبہ مسجد بنانے کا ہے وہی ثواب مسجد کوتوڑ کر دوبارہ تعمیر کرنے کا ہے، نیز مسجد کے متعلقات بنانے کا اور مرمت کرنے کا اور جائز رنگ وروغن کرنے کا بھی ہے۔

قولہ: مسجداً: تنوین تنکیر کے لئے ہے یعنی مذکورہ ثواب ہر مسجد بنانے کا ہے خواہ بڑی مسجد بنائے یا چھوٹی، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں صغیراً کان أو کبیراً کی صراحت ہے (ترمذی حدیث ۳۲۹) اور حضرت عثمانؓ کی حدیث کے ایک طریق میں ولو کَمَفْحَصِ قَطَاۃٍ بھی ہے، یعنی اگر قطات (بٹیر یا چھوٹے تیتر) کے انڈے دینے کی جگہ کے بقدر مسجد بنائے تو بھی مسجد بنانے کا ثواب ملے گا (یہ حدیث مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے)

اور اس جملہ کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک: یہ چھوٹا ہونے میں مبالغہ ہے۔ دوسرا: مسجد چندہ سے بنائی جائے، پس جس کا معمولی چندہ ہے اس کے لئے بھی یہ ثواب ہوگا۔

قولہ: یبتغی بہ وجہ اللہ: یعنی اللہ کی خوشنودی کے لئے مسجد بنائی، دکھاوا یا کسی اور غرض سے مسجد نہیں بنائی، ابن جوزی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: جس نے مسجد بنا کر اپنے نام کا کتبہ لگایا تو یہ کام اخلاص سے بہت بعید ہے، یعنی اس کا یہ فعل اللہ کی خوشنودی کے لئے نہیں رہا[1] پس معمار اور مزدور جو دِہاڑی پر کام کرتے ہیں وہ مذکورہ ثواب کے حق دار نہیں ہونگے۔

البتہ علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ اگر مزدور وغیرہ ثواب کی نیت بھی کرلیں تو وہ کچھ نہ کچھ اجر پائیں گے، اور نیت کے احوال سے اللہ تعالیٰ واقف ہیں مگر ایک علامت یہ ہے کہ مزدور تندہی اور چستی سے کام کریں، یا وقت مقررہ سے زیادہ کام کریں اور اس کی اجرت نہ لیں تو یہ ثواب کی نیت ہونے کا ایک قرینہ ہے۔

قولہ: بَنَی اللّٰہُ: یہ اسناد مجازی ہے جس طرح کہا جاتا ہے: بَنَی الأمیرُ المدینۃَ: امیر نے شہر بسایا، حالانکہ تعمیر کرنے والے معمار اور مزدور ہوتے ہیں مگر چونکہ تعمیر امیر کے حکم سے ہوتی ہے اس لئے اس کی طرف نسبت کردی جاتی ہے، اسی طرح یہاں بھی اسناد مجازی ہے۔

قولہ: مثلَہ: یہ مثلیت بناء میں ہے مَبْنَی میں نہیں ہے، یعنی بندے نے اللہ کے لئے مسجد بنائی پس اللہ تعالیٰ اس کے لئے گھر بنائیں گے، مگر جو مسجد بنائی گئی ہے اس میں مثلیت نہیں، بندہ اپنی گنجائش یا لوگوں کی حاجت کے بقدر مسجد بناتا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی شان کے مطابق اس کے لئے محل بناتے ہیں۔ حضرت واثلۃ بن الاسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: بَنَی اللّٰہُ لہ بَیْتًا فی الْجَنَّۃِ أَفْضَلَ منہ: معلوم ہوا کہ مَبْنَی میں مثلیت نہیں، صرف بناء میں ہے۔ حضرت واثلہؓ کی حدیث معجم طبرانی کبیر میں ہے۔

(۱) اگر مسجد بنانے والے کی مرضی اور علم کے بغیر کتبہ لگایا جائے تو یہ مستثنیٰ ہے۔ ابن جوزیؒ کے قول کا مصداق یہ ہے کہ مسجد بنانے والا خود یا اس کی مرضی سے کتبہ لگایا جائے پس یہ اخلاص سے بعید ہے۔

واقعہ: حاتم طائی سے کسی نے دو درہم کا سوال کیا، حاتم نے اس کو درہموں کی دو تھیلیاں دیں۔ ایک تھیلی میں سو درہم ہوتے ہیں، کسی نے حاتم سے کہا: اس نے تو دو درہم مانگے تھے؟ حاتم نے جواب دیا: اس نے اپنی حاجت کے بقدر مانگا تھا اور ہم نے اپنے حوصلے کے بقدر دیا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ بھی اپنی شان عالی کے مطابق محل بنائیں گے۔

بابٌ: يَأْخُذُ بِنُصُوْلِ النَّبْلِ إِذَا مَرَّ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد سے تیر لے کر گذرے تو اس کو پھل کی طرف سے پکڑے

نُصول: نَصْلٌ کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: پھل، اور نَبْلٌ کے معنی ہیں: تیر، اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص مسجد سے تیر لے کر گذرے تو تیر کو پَر کی طرف سے نہ پکڑے بلکہ پھل کی طرف سے پکڑے تا کہ کوئی زخمی نہ ہو، جیسے اگر چھری کسی کو دینی ہو تو دستہ کی طرف سے دینی چاہئے دھار کی طرف سے نہیں دینی چاہئے۔ اسی طرح تیر پَر کی طرف سے پکڑ کر مسجد میں سے نہ گذرے، بلکہ پھل کی طرف سے پکڑے تا کہ کوئی زخمی نہ ہو، اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ مسجد میں ہتھیار کے ساتھ داخل ہونا جائز ہے مگر احتیاط شرط ہے، مثلاً تیر کو پیکان کی طرف سے پکڑ کر مسجد میں سے گذرے، اور یہی حکم تمام مجامع، مارکیٹ اور بازار وغیرہ کا ہے۔

[٦٦-] بابٌ: يَأْخُذُ بِنُصُوْلِ النَّبْلِ إِذَا مَرَّ فِي الْمَسْجِدِ

[٤٥١-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قُلْتُ لِعَمْرٍو: أَسَمِعْتَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: مَرَّ رَجُلٌ فِي الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ سِهَامٌ، فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَمْسِكْ بِنِصَالِهَا"

[انظر: ٧٠٧٣، ٧٠٧٤]

ترجمہ: سفیان کہتے ہیں: میں نے عمرو بن دینار سے پوچھا: کیا آپ نے حضرت جابرؓ سے یہ حدیث سنی ہے کہ ایک شخص مسجد میں سے گذرا درانحالیکہ اس کے پاس تیر تھا، تو نبی ﷺ نے اس سے فرمایا: اس کو پھل کی طرف سے پکڑ ـــــ تو عمرو بن دینار نے کہا: ہاں، یہ جملہ آگے (حدیث ۷۰۷۳) میں آرہا ہے۔

بابُ الْمُرُوْرِ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد سے گذرنا

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ بوقت ضرورت مسجد میں سے گذرنے کی اجازت ہے مگر مسجد کو ممر (گذرگاہ) اور طریق نہیں بنانا چاہئے یہ مسجد کی شان کے خلاف ہے پس اس باب کو بھی منفی پہلو سے حقوق مسجد میں شمار کر سکتے ہیں۔ حدیث وہی ہے جو

اوپر باب میں گذری اس میں لفظ مَرَّ آیا ہے، جس میں سے مرور نکال کر حضرتؒ نے باب ثابت کیا ہے۔

[٦٧-] بابُ الْمُرُوْرِ فِی الْمَسْجِدِ

[٤٥٢-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ بُرْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" مَنْ مَرَّ فِیْ شَیْئٍ مِنْ مَسَاجِدِنَا أَوْ أَسْوَاقِنَا بِنَبْلٍ، فَلْیَأْخُذْ عَلٰی نِصَالِهَا، لاَ یَعْقِرْ بِکَفِّهِ مُسْلِمًا" [انظر: ٧٠٧٥]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جوشخص ہماری مسجدوں میں سے یا ہمارے بازاروں میں سے تیر لے کر گذرے تو چاہئے کہ وہ اس کو پیکان کی طرف سے پکڑے تاکہ وہ اپنی ہتھیلی (ہاتھ) سے کسی مسلمان کو زخمی نہ کردے —— أو أسواقنا میں أو تنویع کا ہے، شک راوی کا نہیں، اسی لئے میں نے کہا تھا کہ تمام مجامع کا یہی حکم ہے۔

بابُ الشِّعْرِ فِی الْمَسْجِدِ

مسجد میں شعر پڑھنا

مسجد میں اشعار پڑھنا بعض علماء کے نزدیک مطلقاً ممنوع ہے اس لئے کہ نبی ﷺ نے مسجد میں اشعار پڑھنے سے منع فرمایا ہے (ترمذی حدیث ۳۲۲) مگر یہ رائے صحیح نہیں۔ اس لئے کہ نبی ﷺ نے تناشد اشعار سے منع فرمایا ہے اور تناشد اشعار بیت بازی کو کہتے ہیں جس میں باری باری سبھی اشعار سناتے ہیں، یہ ممنوع ہے اس لئے کہ اس میں لوگ ایک دوسرے کو داد دیتے ہیں اور بہت شور وشغب ہوتا ہے اور اشعار بھی اچھے برے ہر طرح کے ہوتے ہیں، اس لئے اس میں مسجد کی بے حرمتی ہے البتہ دوران وعظ یا دوران درس بطور استشہاد شعر پڑھنے کی گنجائش ہے، بلکہ مسجد میں حمد ونعت پڑھنے کی بھی گنجائش ہے۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں منبر رسول پر کھڑے ہوکر کفار کی ہجو میں اور آنحضور ﷺ کی مدح میں اشعار سناتے تھے، اور آپؐ ان کو دعا دیتے تھے کہ اے اللہ! حسان کی روح القدس سے یعنی حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ مدد فرما، معلوم ہوا کہ مسجد میں اشعار پڑھنا مطلقاً ممنوع نہیں، البتہ بیت بازی ممنوع ہے۔

[٦٨-] بابُ الشِّعْرِ فِی الْمَسْجِدِ

[٤٥٣-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ الْحَکَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّه سَمِعَ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِیَّ، یَسْتَشْهِدُ أَبَا هُرَیْرَةَ: أَنْشُدُكَ اللّٰهَ! هَلْ سَمِعْتَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ:" یَا حَسَّانُ أَجِبْ عَنْ رسولِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ أَیِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ!" قَالَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: نَعَمْ. [انظر: ٣٢١٢، ٦١٥٢]

ترجمہ: ابوسلمہؒ سے مروی ہے کہ انھوں نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو سنا درانحالیکہ وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو گواہ بنا رہے تھے کہ میں آپؓ کو اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اے حسان! رسول اللہ ﷺ کی طرف سے جواب دو، اے اللہ! حسان کو روح القدس کے ذریعہ تقویت پہنچا؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: ہاں میں نے یہ سنا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں اگرچہ مسجد میں اشعار پڑھنے کا ذکر نہیں، مگر اسی حدیث کے دوسرے طریق میں مسجد میں اشعار پڑھنے کا ذکر ہے، وہ حدیث کتاب بدء الخلق (حدیث ۳۲۲۱) میں آرہی ہے۔ سعید بن المسیبؒ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد میں سے گذرے درانحالیکہ حضرت حسان اشعار پڑھ رہے تھے، حضرت عمرؓ نے گھور کر دیکھا یا کسی اور طرح سے ناگواری کا اظہار کیا اس پر حضرت حسانؓ نے کہا: میں مسجد میں اشعار پڑھتا تھا درانحالیکہ مسجد میں تم سے بہتر یعنی آنحضرت ﷺ موجود ہوتے تھے، پھر انھوں نے حضرت ابو ہریرہؓ کو قسم دے کر پوچھا: کیا تم نے نبی ﷺ سے یہ ارشاد سنا ہے کہ اے حسان! نبی ﷺ کی طرف سے جواب دو، اے اللہ: روح القدس (حضرت جبرئیلؑ) کے ذریعہ حسانؓ کی مدد فرما؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے جواب دیا: جی ہاں، میں نے یہ ارشاد سنا ہے۔ اس حدیث میں مسجد میں اشعار پڑھنے کی صراحت ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کا یہ طریقہ ہے کہ آپ کبھی حدیث کے دیگر طرق میں جو الفاظ آئے ہوتے ہیں ان کو پیش نظر رکھ کر باب قائم کرتے ہیں اس لئے یہاں ترجمہ میں فی المسجد کی قید بڑھائی، اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اسلامی اشعار جیسے حمد ونعت وغیرہ یا وہ اشعار جن میں کفار کی ہجو کی گئی ہو یا ان کے دلخراش طعنوں کا جواب دیا گیا ہو: ایسے اشعار مسجد میں پڑھنا جائز ہے۔

بابُ أَصْحَابِ الْحِرَابِ فِيْ الْمَسْجِدِ

مسجد میں چھوٹے نیزوں والے

الحراب: الحَرَبَة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: چھوٹا نیزہ۔ عید کے دن حبشہ کے لوگوں نے مسجدِ نبوی میں چھوٹے نیزوں کی مشق کی تھی، حبشہ کے لوگ اس کھیل کے ماہر تھے۔ اور فتح الباری میں امام مالک رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ یہ کھیل مسجد سے باہر کھیلا گیا تھا، یعنی مسجد شرعی سے باہر تھا، مسجدِ نبوی میں آگے صحن تھا جس کو روایتوں میں بلاط کہا گیا ہے اس میں وہ کھیل کھیلا گیا تھا، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے حجرہ سے آنحضور ﷺ کے پیچھے کھڑے ہو کر وہ فوجی مشق دیکھی تھی۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے بہت احتیاط سے ترجمہ قائم کیا ہے، فرمایا: أصحابُ الحراب فی المسجد: چھوٹے نیزے والے مسجد میں: اس کا کیا حکم ہے؟ دیکھنے والے اور کھیلنے والے سب اس کا مصداق ہو سکتے ہیں، غرض حضرتؒ نے بہت احتیاط سے باب قائم کیا ہے۔

[٦٩-] بابُ أَصْحَابِ الْحِرَابِ فِيْ الْمَسْجِدِ

[٤٥٤-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ رضى الله عنها قَالَتْ: لَقَدْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا عَلٰى بَابِ حُجْرَتِيْ، وَالْحَبَشَةُ يَلْعَبُوْنَ فِيْ الْمَسْجِدِ، وَرسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْتُرُنِيْ بِرِدَائِهِ، أَنْظُرُ إِلٰى لَعِبِهِمْ" [انظر:٤٥٥، ٩٥٠، ٩٨٨، ٢٩٠٦، ٣٥٢٩، ٩٣٣١، ٥١٩٠، ٥٢٣٦]

[٤٥٥-] زَادَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: "رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَالْحَبَشَةُ يَلْعَبُوْنَ بِحِرَابِهِمْ" [راجع: ٤٥٤]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک دن اپنے کمرے کے دروازے پر دیکھا درانحالیکہ حبشہ والے مسجد (مسجدِ عرفی) میں کھیل رہے تھے (یہی جزء باب سے متعلق ہے) اور رسول اللہ ﷺ نے مجھے اپنی چادر میں چھپا رکھا تھا درانحالیکہ میں دیکھ رہی تھی، ان کے کھیل کو، اور ابراہیم بن المنذر کی سند میں یہ اضافہ ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا درانحالیکہ حبشہ والے اپنے چھوٹے نیزوں سے کھیل رہے تھے، یعنی اوپر والی حدیث میں نیزہ کا ذکر نہیں تھا اس دوسری حدیث میں اس کا ذکر ہے۔

تشریح: یہ کھیل مسجدِ شرعی میں نہیں، بلکہ مسجدِ عرفی میں کھیلا گیا تھا جیسا کہ فتح الباری کے حوالہ سے میں نے امام مالک رحمہ اللہ کا قول بیان کیا ہے۔ اور حضرت عائشہؓ نے آپؐ کی چادر کے پردے میں آپؐ کے پیچھے آپؐ کے کندھے پر منہ رکھ کر یہ کھیل دیکھا تھا، پھر جب آپؐ نے محسوس کیا کہ وہ تھک گئی ہیں تو آپؐ نے پوچھا: تمہارا جی بھر گیا؟ انھوں نے کہا: ہاں تو آپؐ نے فرمایا: پس چلی جاؤ، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت میلانِ قلبی کے بغیر پردے کے پیچھے سے مردوں کو دیکھ سکتی ہے، البتہ مرد اجنبی عورت کو نہیں دیکھ سکتا، نہ شہوت (میلانِ قلبی) سے نہ اس کے بغیر۔

بَابُ ذِكْرِ الْبَيْعِ وَالشِّرَاءِ عَلَى الْمِنْبَرِ فِيْ الْمَسْجِدِ

مسجد کے منبر پر بیع وشراء کا ذکر

حافظ عسقلانی، علامہ عینی اور علامہ سندھی رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ اس باب کا مقصد یہ ہے کہ مسجد میں بیع وشراء کے احکام بیان کرنا جائز ہے۔ اور شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں کہ اس باب کا مقصد یہ ہے کہ مسجد میں مبیع حاضر کئے بغیر بیع وشراء جائز ہے، کیونکہ مبیع حاضر کئے بغیر بیع وشراء محض کلام ہے اور کلام بھی کلام مباح کے قبیل سے ہے پس یہ جائز ہے، اور ہماری فقہ میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ مبیع حاضر کئے بغیر مسجد میں بیع وشراء جائز ہے، لیکن شاہ صاحبؒ نے اس کو جو باب کا مقصد

قرار دیا ہے وہ بعید معلوم ہوتا ہے، راجح بات وہی ہے جو علامہ سندھی وغیرہ نے فرمائی ہے۔

اور باب میں یہ حدیث ہے کہ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا ایک یہودی کی باندی تھیں۔ اور بہت سمجھ دار اور نیک خاتون تھیں، انھوں نے اپنے آقا سے ایک بڑی رقم پر کتابت کا معاملہ کرلیا تھا، ان کے پاس بدلِ کتابت ادا کرنے کے لئے رقم نہیں تھی، وہ مدد مانگنے کے لئے حضرت عائشہؓ کے پاس آئیں (۱) حضرت عائشہؓ نے ان سے کہا: میں تمہاری مدد کروں گی لیکن اگر تم چاہو تو اپنے آقا سے بات کرو وہ پوری رقم میں تم کو بیچ دے، میں خرید کر تمہیں آزاد کردوں گی۔ حضرت بریرہؓ نے اپنے آقا سے گفتگو کی، اس نے شرط لگائی کہ تمہاری ولاء مجھے ملے تو میں تیار ہوں (۲) حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا فتح الرقاب (۳) کا وظیفہ جانتی تھیں، ایسے شخص کے پاس ہدایا بہت آتے ہیں، اس یہودی نے سوچا کہ مرنے تک بریرہ بہت مالدار ہوجائیں گی۔ اس لئے اس نے ولاء کی شرط لگائی کہ عائشہ تمہیں آزاد کرسکتی ہیں مگر جب تم مروگی تو تمہاری میراث مجھے ملے گی۔

حضرت عائشہؓ نے آنحضور ﷺ سے اس سلسلہ میں بات کی، آپؐ نے فرمایا: تم خرید کر آزاد کردو، ولاء اسی کو ملے گی جو آزاد کرے گا، چنانچہ حضرت عائشہؓ نے حضرت بریرہؓ کو خرید کر آزاد کردیا، پھر آنحضور ﷺ نے منبر سے یہ مسئلہ بیان کیا کہ لوگ سودے میں ایسی شرطیں کیوں لگاتے ہیں جو شرعاً جائز نہیں۔ اگر وہ ایسی سو شرطیں بھی لگائیں گے تو ان کا کچھ اعتبار نہ ہوگا، ولاء اسی کو ملے گی جو آزاد کرے گا۔

اس حدیث میں آنحضور ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا ہے: اِبْتَاعِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا: اس میں خریدنے کا، آزاد کرنے کا اور ضمناً بیچنے کا بھی تذکرہ آگیا، آپؐ نے منبر سے یہ مسئلہ بیان کیا ہے، یہی باب سے مناسبت ہے۔ مسجد میں بیع وشراء کا تذکرہ کرنا جائز ہے، یہ مسائل کی تعلیم ہے اور تعلیم عبادت ہے جس کے لئے سب سے زیادہ موزون جگہ مسجد ہے پس بیع وشراء کی تعلیم مسجد میں بلا کراہت جائز ہے۔

---

(۱) بریرہؓ سے ان کے آقا نے نو اوقیہ چاندی پر کتابت کی تھی، ہر سال ان کو ایک اوقیہ چاندی ادا کرنی تھی، ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے، پہلی قسط کی ادائیگی کے سلسلہ میں مدد مانگنے کے لئے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی تھیں (بخاری حدیث ۲۱۶۸)

(۲) غلام باندی کو آزاد کرنے سے مُعْتِق (آزاد کرنے والے) اور مُعتَق (آزاد شدہ) کے درمیان ایک رشتہ (تعلق) قائم ہوتا ہے، اس کا نام 'ولاء' ہے، وہ نسبی رشتہ کی طرح ایک رشتہ ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: الولاء لُحْمَةٌ كَلُحْمَةِ النَّسَبِ: ولاء نسبی رشتہ کی طرح ایک رشتہ ہے (بیہقی ۶: ۲۴۰) پس جس طرح نسب بدل نہیں سکتا ولاء بھی بدل نہیں سکتی، اور جس طرح نسب کی بنیاد پر میراث ملتی ہے ولاء کی بنیاد پر بھی میراث ملتی ہے۔ اگر کسی میت کے ذوی الفروض اور عصبہ نسبی نہ ہوں تو عصبہ سببی وارث ہوتا ہے، عصبہ سببی یہی آزاد کرنے والا ہے۔

(۳) فتح الرقاب یعنی گردنیں مسخر کرنے والا وظیفہ، یہ لفظ مزاحاً استعمال کیا ہے، ایسا کوئی وظیفہ نہیں، اور حضرت الاستاذ کی مراد یہ ہے کہ بعض بندوں کے لئے اللہ تعالیٰ فتوحات کا دروازہ کھول دیتے ہیں، ان کے پاس ہدایا خوب آتے ہیں ۱۲

ملحوظہ: یہ حدیث بخاری شریف میں بار بار آئے گی، اور مختلف طرح سے آئے گی، تمام روایتوں کو پیش نظر رکھ کر جو صحیح صورت تھی وہ میں نے عرض کی، اس لئے جو اختلافات آئیں ان کی تاویل کرو یا واقعہ کے متعلقات قرار دے کر صرف نظر کرو، اور اس حدیث میں دو مسئلے اور بھی ہیں، خیارِ عتق کا مسئلہ اور ملک بدلنے سے حکم بدلنے کا مسئلہ: یہ مسائل آگے اپنی جگہ آئیں گے۔

[۷۰-] بَابُ ذِكْرِ الْبَيْعِ وَالشِّرَاءِ عَلَى الْمِنبَرِ فِي الْمَسْجِدِ

[۴۵۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيىٰ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَتَتْهَا بَرِيْرَةُ تَسْأَلُهَا فِيْ كِتَابَتِهَا، فَقَالَتْ: إِنْ شِئْتِ أَعْطَيْتُ أَهْلَكِ، وَيَكُوْنُ الْوَلَاءُ لِيْ، وَقَالَ أَهْلُهَا: إِنْ شِئْتِ أَعْطَيْتِهَا ــــ وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: إِنْ شِئْتِ أَعْتَقْتِهَا، وَيَكُوْنُ الْوَلَاءُ لَنَا ــــ فَلَمَّا جَاءَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَكَّرْتُهُ ذٰلِكَ فَقَالَ: "ابْتَاعِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا، فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ"

ثُمَّ قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمِنْبَرِ ــــ وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: فَصَعِدَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمِنْبَرِ ــــ فَقَالَ: " مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ؟! مَنِ اشْتَرَطَ شَرْطًا لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَيْسَ لَهُ، وَإِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ مَرَّةٍ "

وَرَوَاهُ مَالِكٌ، عَنْ يَحْيىٰ، عَنْ عَمْرَةَ: أَنَّ بَرِيْرَةَ، وَلَمْ يَذْكُرْ: صَعِدَ الْمِنْبَرَ.

قَالَ عَلِيٌّ: قَالَ يَحْيىٰ، وَعَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ يَحْيىٰ، عَنْ عَمْرَةَ نَحْوَهُ، وَقَالَ جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ يَحْيىٰ سَمِعْتُ عَمْرَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ[انظر: ۱۴۹۳، ۲۱۵۵، ۲۱۶۸، ۲۵۳۶، ۲۵۶۰، ۲۵۶۱، ۲۵۶۳، ۲۵۶۴، ۲۵۶۵، ۲۵۷۸، ۲۷۱۷، ۲۷۲۶، ۲۷۲۹، ۲۷۳۵، ۵۰۹۷، ۵۲۷۹، ۵۲۸۴، ۵۴۳۰، ۶۷۱۷، ۶۷۵۱، ۶۷۵۴، ۶۷۵۸، ۶۷۶۰]

ترجمہ: صدیقہ فرماتی ہیں: بریرہؓ ان کے پاس آئیں، درخواست کررہی تھیں وہ ان سے اپنی کتابت کے معاملہ میں یعنی بدلِ کتابت کے ادا کرنے میں مدد کی خواستگار تھیں۔ صدیقہؓ نے کہا: اگر تم چاہو تو میں تمہارے آقاؤں کو رقم ادا کردوں، اور میراث میرے لئے ہو۔ یعنی تم خود کو کتابت سے عاجز کردو، کتابت فسخ ہوجائے گی، پھر تمہارا آقا تمہیں نو اوقیہ (۳۶۰ درہم) میں مجھے بیچ دے میں تمہیں خرید کر آزاد کردونگی، اور تمہاری میراث مجھے ملے گی یہ روایات کا اختلاف ہے، حضرت عائشہؓ کو ولاء (میراث) سے کچھ مطلب نہیں تھا۔

اور سفیان بن عیینہؒ نے ایک مرتبہ کہا: اگر آپ چاہیں تو بریرہ کو آزاد کردیں، اور ولاء ہمارے لئے ہوگی (یہ حدیث علی المدینی (استاذ امام بخاری) نے ابن عیینہ سے بار بار سنی ہے، صرف ایک مرتبہ انھوں نے ولاء کا بھی ذکر کیا ہے)

پس جب نبی ﷺ آئے تو میں نے آپؐ کو یہ بات یاد دلائی یا میں نے آپؐ سے یہ بات ذکر کی (اگر ذَكَّرْتُ (باب

تفعیل سے) ہےتو پہلے معنی ہیں، اور ذَکَرْتُ (مجرد سے) ہےتو دوسرے معنی ہیں، پہلی صورت میں مطلب ہوگا کہ حضرت عائشہؓ ایک مرتبہ پہلے یہ بات آپؐ سے کہہ چکی تھیں، مگر آپؐ بھول گئے اس لئے انھوں نے دوبارہ یاد دلایا، مگر صحیح بات یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ نے پہلی مرتبہ ذکر کیا تھا، پس صحیح ذَکَرْتُ (مجرد) ہے۔

پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم ان کو خرید کر آزاد کردو، اور ولاء اس کے لئے ہوگی جس نے آزاد کیا ہے''

پھر رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے —— اور سفیان نے ایک مرتبہ کہا: رسول اللہ ﷺ منبر پر چڑھے قَام اور صَعِدَ کا فرق ظاہر کیا، مطلب دونوں کا ایک ہے —— پس آپؐ نے فرمایا: لوگوں کا کیا حال ہے کہ وہ ایسی شرطیں لگاتے ہیں جو اللہ کی کتاب میں نہیں ہیں، یعنی جو جائز نہیں ہیں، جس نے کوئی ایسی شرط لگائی جو کتاب اللہ میں نہیں ہے تو اس شرط کا کوئی اعتبار نہیں، یعنی وہ شرط باطل ہے، اگرچہ وہ سو شرطیں ہوں۔

سند کی بحث:

۱- اس حدیث کو امام مالک رحمہ اللہ نے یحیٰ انصاری سے، انھوں نے عمرہ سے روایت کیا ہے کہ بریرہ الی آخرہ، اور انھوں نے منبر پر چڑھنے کا ذکر نہیں کیا، یعنی یہ سند مرسل ہے، اس میں حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں، اور نبی ﷺ کے منبر پر تقریر کرنے کا بھی ذکر نہیں۔

۲- علی بن المدینیؒ کہتے ہیں: یحیٰ بن سعید قطانؒ اور عبدالوہاب بن عبدالمجیدؒ: یحیٰ بن سعید انصاریؒ سے اور وہ عمرۃ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں یعنی یہ سند بھی مرسل ہے، اس میں بھی حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں، اور منبر سے تقریر کرنے کا بھی ذکر نہیں۔

۳- اور جعفر بن عون: یحیٰ انصاریؒ سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: میں نے عمرۃ سے سنا، وہ کہتی ہیں: میں نے عائشہؓ سے سنا یعنی اس میں سماعت کی صراحت ہے اور یہ سند مسند ہے، آخر میں عائشہؓ کا ذکر ہے۔

خلاصۂ کلام: اس حدیث کو علی بن المدینی چار اساتذہ سے روایت کرتے ہیں: ابن عیینہؒ سے، یحیٰ بن سعید قطانؒ سے، عبدالوہاب بن عبدالمجیدؒ سے اور جعفر بن عونؒ سے، اور یہ چاروں شیوخ یحیٰ بن سعید انصاری سے روایت کرتے ہیں، اور ان کی سندوں میں فرق یہ ہے کہ یحیٰ قطان اور عبدالوہاب کی سندیں مرسل ہیں ان میں حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں، اور نبی ﷺ کے منبر پر تقریر کرنے کا بھی ذکر نہیں، اور ابن عیینہ کی سند متصل ہے اور اس میں منبر سے تقریر کرنے کا ذکر بھی ہے جس سے ترجمہ کا ثبوت ہوتا ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو پہلے لیا ہے، اور جعفر بن عون کی سند بھی متصل ہے اور اس میں یحیٰ کی عمرہ سے سماعت کی صراحت ہے اور ابن عیینہ کی حدیث بصیغہ عن ہے —— اور امام مالک رحمہ اللہ کی سند یہاں معلق ہے، کتاب المکاتب میں (حدیث ۲۵۶۴) عبداللہ بن یوسف کے طریق سے موصولاً ذکر کی گئی ہے، یہاں امام مالکؒ یحیٰ انصاری سے روایت کرتے ہیں، اور ان کی حدیث مرسل ہے، اس میں بھی حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں، نیز منبر پر تقریر کرنے کا ذکر بھی نہیں۔

فائدہ: وہ معاملات جن میں اقالہ ہوسکتا ہے یعنی وہ معاملات وجود میں آنے کے بعد ختم ہوسکتے ہیں فقہاء کی اصطلاح میں وہ 'بیوع' کہلاتے ہیں ان میں اگر کوئی شرط فاسد لگائی جائے تو معاملہ فاسد ہوجاتا ہے اور شرط فاسد وہ ہے جس میں احد المتعاقدین کا یا مبیع کا فائدہ ہو درانحالیکہ مبیع اہل استحقاق میں سے ہو، مثلاً کپڑا خریدا اور مشتری نے شرط لگائی کہ بائع اس کو سی کردے گا، یا گھوڑا بیچا اور بائع نے شرط لگائی کہ وہ اس پر ایک مہینہ تک سواری کرے گا، یا غلام اس شرط پر بیچا کہ مشتری روزانہ صبح اس کو ناشتے میں پراٹھے کھلائے گا اس شرط میں مبیع (غلام) کا فائدہ ہے اور وہ اہل استحقاق میں سے ہے پس یہ شرط فاسد ہے، اس سے بیع بھی فاسد ہوجائے گی۔

اور وہ معاملات جن کا اقالہ نہیں ہوسکتا یعنی جو ہونے کے بعد ختم نہیں ہوسکتے، فقہاء کی اصطلاح میں وہ 'یمین' کہلاتے ہیں۔ اگر ان میں شرط فاسد لگائی جائے تو وہ شرط خود فاسد ہوجاتی ہے اور معاملہ درست رہتا ہے۔ مشہور حدیث ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: **ثلاثٌ جِدُّهن جِدٌّ، وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ: النکاح والطلاق والعتاق:** تین چیزیں ایسی ہیں جن میں سنجیدگی سنجیدگی ہے اور دل لگی بھی سنجیدگی ہے: نکاح طلاق اور عتاق، یعنی یہ تینوں معاملے جب ہوگئے تو واپس نہیں ہوسکتے، خواہ سنجیدگی سے ان کو کیا ہو یا مذاق میں، اور یہ تین بطور مثال ہیں ہدایہ آخرین میں ایسے معاملات ڈیڑھ سطر میں لکھے ہیں، عتق بھی ان میں سے ایک ہے، اس میں بھی اقالہ نہیں ہوسکتا، پس اگر اس میں کوئی شرط فاسد لگائی جائے تو وہ شرط خود فاسد ہوجائے گی اور عتق صحیح ہوگا، پس خاص یاد رکھنے کی بات اس حدیث میں یہ ہے کہ ولاء کی شرط اعتاق میں تھی جو از قبیل یمین ہے، بیع میں یہ شرط نہیں تھی، پس بیع بھی درست ہوگی اور اعتاق بھی اور شرط فاسد ہوجائے گی۔

بَابُ التَّقَاضِیْ وَالْمُلَازَمَةِ فِی الْمَسْجِدِ

مسجد میں قرض کا مطالبہ کرنا اور مدیون کو گھیرنا

التَّقَاضِیْ کے معنی ہیں: قرض کا مطالبہ کرنا، تقاضہ کرنا۔ اور **المُلاَزَمَةَ** کے معنی ہیں: مدیون کو گھیرنا، اس کے پیچھے لگنا۔ یہاں حدیث میں باب کے دوسرے جزء کے بارے میں کوئی لفظ نہیں، مگر یہی حدیث آگے **کتاب الخصومات** (حدیث ۲۴۲۴) میں آرہی ہے، وہاں الفاظ ہیں: **فَلَقِیَه و لَزِمَه:** پس باب کے دونوں جزء حدیث سے ثابت ہیں۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کا ابن ابی حدرد پر قرضہ تھا، اتفاق سے مسجدِ نبوی میں دونوں کی ملاقات ہوگئی، حضرت کعبؓ نے اپنے قرض کا مطالبہ کیا، ابن ابی حدردؓ نے عذر کیا کہ میرے پاس قرض ادا کرنے کا انتظام نہیں۔ دونوں میں تکرار ہوئی اور دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں، آنحضور ﷺ اپنے حجرہ سے سن رہے تھے، آپؐ مسجد میں تشریف لائے یا کمرے کا پردہ ہٹایا اور حضرت کعبؓ کی طرف اشارہ کیا کہ آدھا قرض چھوڑ دو، کعبؓ نے قبول کرلیا، پس آپؐ نے ابن ابی حدردؓ سے کہا: جاؤ اور آدھا قرضہ ادا کردو، حضرت کعبؓ نے مسجد میں اپنے قرض کا مطالبہ کیا ہے اور قرض کے سلسلہ میں ابن

ابی حدردؓ کو گھیرا ہے اور یہی باب ہے، پس مسجد میں قرض کا مطالبہ کرنا اور مدیون کو گھیرنا جائز ہے۔

[۷۱-] بَابُ التَّقَاضِیْ وَالْمُلَازَمَةِ فِیْ الْمَسْجِدِ

[۴۵۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ کَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ کَعْبٍ: أَنَّهُ تَقَاضَی ابْنَ أَبِیْ حَدْرَدٍ دَیْنًا کَانَ لَهُ عَلَیْهِ فِی الْمَسْجِدِ، فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا، حَتّٰی سَمِعَهُمَا رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَهُوَ فِیْ بَیْتِهِ، فَخَرَجَ إِلَیْهِمَا حَتّٰی کَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِهِ، فَنَادَی: "یَا کَعْبُ" قَالَ: لَبَّیْكَ یَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "ضَعْ مِنْ دَیْنِكَ هٰذَا" وَأَوْمَأَ إِلَیْهِ أَیِ الشَّطْرَ، قَالَ: لَقَدْ فَعَلْتُ یَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "قُمْ فَاقْضِهِ" [انظر: ۴۷۱، ۲۴۱۸، ۲۴۲۴، ۲۷۰۶، ۲۷۱۰]

ترجمہ: حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے عبداللہ بن ابی حدردؓ سے مسجدِ نبوی میں قرض کا مطالبہ کیا جو کعبؓ کا ان پر تھا (فی المسجد: تقاضی کے ساتھ متعلق ہے) پس دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں، یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ نے دونوں کی آوازیں سنیں درانحالیکہ آپؐ حجرہ میں تھے، پس آپؐ ان کی طرف نکلے یہاں تک کہ آپؐ نے اپنے حجرہ کا پردہ کھولا، یعنی پردہ ہٹا کر حجرہ سے باہر سر نکالا، اور پکار کر کہا: اے کعب! انھوں نے عرض کیا: حاضر ہوں اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: اپنے قرض میں سے اتنا معاف کردو اور ان کی طرف اشارہ کیا یعنی آدھے کا اشارہ کیا یعنی آدھا قرض معاف کردو، حضرت کعبؓ نے عرض کیا: میں نے کیا اے اللہ کے رسول! یعنی میں نے آدھا قرضہ معاف کردیا، آپؐ نے ابن ابی حدردؓ سے کہا: کھڑے ہوؤ اور آدھا قرض ادا کرو۔

تشریح: پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ نبی ﷺ لیلۃ القدر کی خبر دینے کے لئے مسجد میں تشریف لائے تو وہاں دو شخص باہم جھگڑ رہے تھے آپؐ ان کے درمیان صلح کرانے میں مشغول ہوگئے اور شبِ قدر کا علم ذہن سے نکل گیا، وہ غالباً یہی واقعہ ہے، اور وہ کوئی دوسرا واقعہ بھی ہوسکتا ہے، اور یہ روایت بار بار آئے گی اور الفاظ کا اختلاف بھی آئے گا، بعض روایات میں آئے گا کہ جس وقت جھگڑا ہورہا تھا نبی ﷺ وہاں سے گذرے، یہ واقعہ کے متعلقات ہیں اور یہ جملہ کہ آپؐ ان کی طرف نکلے یہاں تک کہ حجرہ کا پردہ کھولا: اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ آپؐ نے پردہ ہٹا کر سر مبارک نکالا، اور پکار کر حضرت کعبؓ سے کہا۔

بابُ کَنْسِ الْمَسْجِدِ وَالْتِقَاطِ الْخِرَقِ وَالْقَذَی وَالْعِیْدَانِ

مسجد میں جھاڑو دینا اور چیتھڑے تنکے اور لکڑی کے ٹکڑے چننا

کَنْس کے معنی ہیں: جھاڑو دینا، التقاط کے معنی ہیں: چننا۔ الخِرَق: الخِرْقَة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: کپڑے

کے ٹکڑے، چیتھڑے، القَذٰی کے معنی ہیں: خاشاک، تنکے، اور عیدان: عود کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: لکڑی۔

اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ مسجد کو صاف ستھرا رکھنا چاہئے اس لئے کہ مسجد کی صفائی ایک پسندیدہ عمل ہے، ہم اپنے گھروں کو صاف کرتے ہیں، پس مسجد کو کیوں صاف نہ کریں؟ اور مسجد کو صاف رکھنے کی مختلف صورتیں ہیں: جھاڑو دینا اور چیتھڑے، تنکے اور لکڑی کے ٹکڑے پڑے ہوں تو ان کو چن لینا اور باہر ڈال دینا مسجد کو صاف رکھنے کی صورتیں ہیں۔

سوال: ابوداؤد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اگر کوئی شخص مسجد سے کنکریاں اٹھا کر باہر لے جاتا ہے تو کنکریاں قسم دیتی ہیں کہ ہمیں باہر مت لے جاؤ، اس حدیث کے ایک راوی ابو بدر کہتے ہیں: میرا خیال یہ ہے کہ ابو ہریرہؓ نے اس حدیث کو مرفوع کیا ہے (ابوداؤد حدیث ۴۶۰) اس حدیث کی رو سے مسجد کو صاف کرنا درست نہیں، کوڑا قسم دے گا کہ مجھے باہر مت لے جاؤ۔

جواب: باب کی حدیث اور ابوداؤد کی حدیث کے مصداق الگ الگ ہیں، جو کنکریاں قسم دیتی ہیں وہ دور نبوی میں مسجد کا جزء تھیں، کوڑا کباڑ نہیں تھیں اور جھاڑو لگانے سے خس وخاشاک باہر نکلتے ہیں، وہ قسم نہیں دیتے، انھوں نے تو خود دخل در معقولات کر رکھا ہے، پس ان کو تو دفع کرنا ہی چاہئے۔

[۷۲-] بابُ كَنْسِ الْمَسْجِدِ وَالْتِقَاطِ الْخِرَقِ وَالْقَذَى وَالْعِيْدَانِ

[۴۵۸-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِىْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلاً أَسْوَدَ أَوِ: امْرَأَةً سَوْدَاءَ كَانَ يَقُمُّ الْمَسْجِدَ، فَمَاتَ، فَسَأَلَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَنْهُ؟ فَقَالُوْا: مَاتَ: قَالَ: " أَفَلاَ كُنْتُمْ آذَنْتُمُوْنِىْ بِهِ؟ دُلُّوْنِىْ عَلٰى قَبْرِهِ" أَوْ قَالَ:" عَلَى قَبْرِهَا" فَأَتَى قَبْرَهُ فَصَلَّى عَلَيْهَا.

[انظر: ۱۳۳۷،٤٦٠]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک کالا آدمی یا کالی عورت مسجدِ نبوی میں صفائی کیا کرتی تھی (أو شک راوی کا ہے اور مرد کی رعایت میں فعل مذکر لائے ہیں) پس وہ مرگیا تو نبی ﷺ نے اس کے بارے میں دریافت کیا لوگوں نے بتایا کہ اس کا انتقال ہوگیا، آپؐ نے فرمایا: تم نے مجھے اس کی خبر کیوں نہ کی؟ میری اس کی قبر کی طرف راہنمائی کرو، پس آپؐ اس کی قبر پر تشریف لے گئے اور قبر پر نماز جنازہ پڑھی۔

تشریح: چند ابواب پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ ایک حبشن پر اس کے آقا کے قبیلہ والوں نے ہار چوری کرنے کا الزام لگایا تھا اور اس کو مارا پیٹا تھا، اور اس کی شرم گاہ تک کی تلاشی لی تھی، جس کی وجہ سے وہ عورت بددل ہوکر مدینہ آگئی تھی اور مسلمان ہوگئی تھی، اور آنحضور ﷺ نے اس کے لئے مسجدِ نبوی میں کٹیا یا خیمہ لگوایا تھا وہ وہیں رہتی تھی۔ اور مسجدِ نبوی کی صفائی کرتی تھی، میرا خیال ہے کہ یہ اسی عورت کا واقعہ ہے، جب اس کا انتقال ہوا تو صحابہ نے نماز جنازہ پڑھ کر اس کو دفن کردیا

اور نبی ﷺ کو اس کی خبر نہ کی، جب آپؐ نے مسجد میں کوڑا دیکھا تو آپؐ نے اس کے بارے میں دریافت کیا کہ وہ عورت جو مسجد نبوی کی صفائی کرتی تھی کہاں ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ اس کا تو انتقال ہو گیا، آپؐ نے فرمایا: تم نے مجھے اس کی خبر کیوں نہ کی؟ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! معمولی عورت تھی، رات کا وقت تھا، آپؐ کو کیا تکلیف دیتے، ہم نے خود نماز جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا، نبی ﷺ نے فرمایا: تمہاری قبریں تاریکی سے بھری رہتی ہیں، میرے نماز پڑھنے سے ان میں روشنی ہوتی ہے، چنانچہ آپؐ قبرستان تشریف لے گئے اور آپؐ نے اس کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی —— آنحضور ﷺ نے اس کی قبر پر جا کر نماز پڑھی اس سے مسجد میں جھاڑو دینے کی فضیلت نکلی، وہ عورت چونکہ مسجدِ نبوی کی صفائی کرتی تھی اس لئے آپؐ نے اس کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی۔

بابُ تَحْرِيْمِ تِجَارَةِ الْخَمْرِ فِى الْمَسْجِدِ

مسجد میں شراب کے کاروبار کی حرمت کا بیان

شراب گندی چیز ہے، ایسی خبیث چیز کا تذکرہ شاید مسجد میں جائز نہ ہو اس لئے یہ باب قائم کیا کہ شراب کا تذکرہ مسجد میں نہ صرف جائز ہے بلکہ بعض مرتبہ اس کا تذکرہ ضروری ہو جاتا ہے۔ ظاہر ہے شراب، سود اور خنزیر وغیرہ کے احکام بیان کرنے ہوں گے تو نام لئے بغیر کیسے بیان کریں گے؟

اور یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے کہ شراب کی حرمت پہلے نازل ہوئی ہے اور سود کی بعد میں فتح مکہ کے موقع پر حرمت نازل ہوئی ہے، فتح مکہ کے دن آنحضور ﷺ نے جو تقریر فرمائی ہے اس میں ایک بات یہ فرمائی تھی کہ آج سے ہر قسم کا سود حرام ہے، اور سب سے پہلا سود جو میں ختم کرتا ہوں وہ میرے چچا عباسؓ کا سود ہے۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب سود کی حرمت نازل ہوئی تو آپؐ مسجد میں تشریف لے گئے، اور منبر سے آپؐ نے لوگوں کو وہ آیتیں سنائیں۔ اور اعلان فرمایا کہ اب سود حرام ہے، اس موقع پر آپؐ نے شراب کی تجارت کی حرمت کا بھی اعلان کیا، الشيئ بالشيئ يُذكر: بات میں سے بات نکلتی ہے، سود بھی حرام ہے، شراب بھی حرام ہے، اس لئے سود کے ساتھ شراب کی حرمت کا بھی تذکرہ فرمایا۔

[۷۳-] بابُ تَحْرِيْمِ تِجَارَةِ الْخَمْرِ فِيْ الْمَسْجِدِ

[۴۵۹-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِىْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا أُنْزِلَتِ الآيَاتُ مِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِيْ الرِّبَا، خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمَسْجِدِ، فَقَرَأَهُنَّ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ حَرَّمَ تِجَارَةَ الْخَمْرِ. [انظر: ۲۰۸۴، ۲۲۲۶، ۴۵۴۰، ۴۵۴۱، ۴۵۴۲، ۴۵۴۳]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب سورۂ بقرہ میں ربا کے سلسلہ کی آیتیں نازل کی گئیں تو نبی ﷺ گھر سے

نکلے اور وہ آیتیں لوگوں کے سامنے تلاوت فرمائیں، پھر شراب کی تجارت کو حرام فرمایا۔

تشریح: جب آیاتِ ربا ﴿الَّذِيْنَ يَأْكُلُوْنَ الرِّبَا لَايَقُوْمُوْنَ إِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْمَسِّ﴾ (بقرۃ آیات ۲۷۵-۲۷۹) نازل ہوئیں تو نبی ﷺ نے منبر پر یہ آیتیں تلاوت فرمائیں اور سود کی حرمت کا اعلان کیا، اور ساتھ ہی شراب کی تجارت کی حرمت کا بھی اعلان کیا، آیاتِ خمر سورۂ مائدہ (آیت ۹۰ و ۹۱) میں ہیں، اور وہ سود کی حرمت سے بہت پہلے نازل ہو چکی ہیں، مگر بات میں سے بات نکلتی ہے، سود بھی حرام ہے اور شراب بھی حرام ہے، شرابی بھی مخبوط الحواس ہوتا ہے اور سودی بھی دنیا کی حرص میں ہمیشہ مخبوط الحواس رہتا ہے، اور قیامت کے دن وہ واقعی شرابی کی طرح مخبوط الحواس ہوگا اس مناسبت سے آپؐ نے شراب کا بھی تذکرہ فرمایا، اور یہ شراب وسود کی حرمت کا اعلان مسجد میں فرمایا، پس ترجمہ ثابت ہو گیا کہ ان کا مسجد میں تذکرہ جائز ہے۔

بابُ الْخَدَمِ لِلْمَسْجِدِ

مسجد کے لئے خادم رکھنا

مسجد کے لئے بالمعاوضہ یا بلا معاوضہ خادم رکھنا جائز ہے، اگر کوئی یہ شبہ کرے کہ ہر مسلمان مسجد کا خادم ہے اگر کسی کو خادم مقرر کیا جائے گا تو یہ دوسروں کا حق مارنا ہے، یہ شبہ بیکار ہے، عہدِ نبوی میں اس کا ثبوت ہے، مسجدِ نبوی کی دیکھ بھال اور صفائی ایک حبشن کیا کرتی تھی، اور یہ بات الگ ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں جو خدمت گار مقرر ہوتے تھے وہ بلا معاوضہ مقرر ہوتے تھے اور بعد میں ضرورت کی وجہ سے بامعاوضہ مقرر کئے جانے لگے، مگر اس سے اتنی بات ثابت ہوگئی کہ مسجد کے لئے خادم مقرر کرنا خواہ وہ تنخواہ دار ہو یا بلا تنخواہ: جائز ہے۔ اور اس کا رواج صرف اسی امت میں نہیں بلکہ امم سابقہ میں بھی اس کا رواج تھا، مسجد کے لئے خدام متعین ہوتے تھے۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی والدہ نے جب ان کا حمل ٹھہرا تو منت مانی تھی کہ میرے جو لڑکا پیدا ہوگا میں اس کو بیت المقدس کی خدمت کے لئے وقف کرتی ہوں اس زمانہ میں بچہ پیدا ہوتے ہی بیت المقدس کو دیدیا جاتا تھا، وہ وہیں پلتا بڑھتا تھا اور بڑا ہو کر زندگی بھر خادم رہتا تھا، اور اس کی ضروریات بیت المقدس ہی سے پوری ہوتی تھیں، مگر صرف لڑکے وقف کئے جاتے تھے، چنانچہ جب لڑکی پیدا ہوئی تو حضرت مریم کی والدہ پریشان ہو گئیں کہ میری نذر کا کیا ہوگا؟ میرے یہاں تو لڑکی پیدا ہوئی؟ واقعہ تم پڑھ چکے ہو، اس واقعہ سے یہ معلوم ہوا کہ مسجد کے لئے خادم مقرر کرنے کا امم سابقہ میں بھی رواج تھا، اور اس امت کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ اگر مسجد کی خدمت کے لئے کوئی شخص متعین کیا جائے تو جائز ہے۔

قولہ: الخدم: یہ خادم کی جمع ہے، اور جمع لا کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ مسجد کے لئے اگر ضرورت ہو تو ایک سے زیادہ خادم مقرر کئے جا سکتے ہیں، سعودیہ میں چھوٹی مساجد میں ایک ہی آدمی سرکاری ملازم ہوتا ہے، وہی اذان دیتا ہے، وہی تکبیر کہتا

ہے، وہی نماز پڑھاتا ہے اور وہی مسجد صاف کرتا ہے، اور بڑی مساجد میں کئی کئی خدام ہوتے ہیں، حرمین شریفین میں بے شمار خدام ہیں۔ غرض جیسی مسجد ہو اس کے اعتبار سے خدام مقرر کئے جاسکتے ہیں۔

[٧٤-] بابُ الْخَدَمِ لِلْمَسْجِدِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا﴾[آل عمران: ٣٥] مُحَرَّرًا لِلْمَسْجِدِ يَخْدُمُهُ.

[٤٦٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ وَاقِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ امْرَأَةً أَوْ: رَجُلاً كَانَتْ تَقُمُّ الْمَسْجِدَ - وَلاَ أُرَاهُ إِلَّا امْرَأَةً - فَذَكَرَ حَدِيْثَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ صَلَّى عَلٰى قَبْرِهَا. [راجع: ٤٥٨]

وضاحت: ابن عباسؓ نے فرمایا: ﴿مُحَرَّرًا﴾ کا مطلب ہے: مسجد کے لئے آزاد کیا ہوا، جو بڑا ہو کر بیت المقدس کی خدمت کرے گا، اور حدیث وہی ہے جو گذشتہ سے پیوستہ باب میں گذر چکی ہے کہ ایک حبشن مسجدِ نبوی میں صفائی کیا کرتی تھی۔ حدیث میں شک راوی ہے کہ وہ خادم مرد تھا یا عورت، راوی کہتا ہے کہ میرا گمان یہ ہے کہ وہ عورت تھی، اور بعض روایات میں تعیین ہے کہ وہ خادم عورت تھی اور اس کا نام اُمِّ مِحْجَنْ تھا[1] —— ولا أراه إلا امرأة: حضرت ابو ہریرہؓ کا کلام بھی ہوسکتا ہے اور ابو رافع کا بھی (عمدۃ)

بابُ الأَسِيْرِ أَوِ الْغَرِيْمِ يُرْبَطُ فِي الْمَسْجِدِ

قیدی یا مدیون کو مسجد میں باندھنا

اوپر غریم کے بارے میں باب آیا تھا اس باب میں اسیر بڑھا دیا تو نیا باب ہوگیا، قیدی کو مسجد میں باندھ سکتے ہیں، اسی طرح مقروض اگر قرض ادا نہ کرے تو اس کو بھی مسجد میں باندھ سکتے ہیں۔ یہ دورِ اول کے احوال ہیں، اس وقت حوالات اور جیل خانہ نہیں تھا، سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جیل کے نام سے ایک مکان خریدا ہے، دورِ اول میں قیدیوں کو مسجد میں کسی ستون سے باندھ دیا کرتے تھے، پس ابتدائی احوال اور بعد کے احوال میں فرق کرنا چاہئے مگر حضرتؒ نے فرق کئے بغیر ابواب قائم کئے ہیں۔

[٧٥-] بابُ الأَسِيْرِ أَوِ الْغَرِيْمِ يُرْبَطُ فِي الْمَسْجِدِ

[٤٦١-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَنَا رَوْحٌ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ،

(۱) صحیح ابن خزیمہ میں ابو ہریرہؓ سے بالتعیین مروی ہے کہ وہ خادم حبشن تھی اور بیہقی کی روایت میں اس کا نام ام محجن آیا ہے (عمدۃ ۴:۲۳۰)

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " إِنَّ عِفْرِیْتًا مِنَ الْجِنِّ تَفَلَّتَ عَلَیَّ الْبَارِحَةَ – أَوْ: كَلِمَةً نَحْوَهَا – لِیَقْطَعَ عَلَیَّ الصَّلَاةَ، فَأَمْكَنَنِی اللّٰهُ مِنْهُ ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَرْبِطَهُ إِلٰی سَارِیَةٍ مِنْ سَوَارِی الْمَسْجِدِ، حَتّٰی تُصْبِحُوْا، وَتَنْظُرُوْا إِلَیْهِ كُلُّكُمْ، فَذَكَرْتُ قَوْلَ أَخِیْ سُلَیْمَانَ: ﴿ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْكًا لَایَنْبَغِیْ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِیْ﴾ [ص: ۳۵] قَالَ رَوْحٌ: فَرَدَّهُ خَاسِئًا. [انظر: ۱۲۱۰، ۳۲۸٤،۳٤۲۳، ٤۸۰۸]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک ایک طاقت ور جن یعنی دیو نے گذشتہ رات مجھ پر حملہ کیا —— یا آپؐ نے اس کے مانند کوئی کلمہ فرمایا —— تا کہ وہ میری نماز کو خراب کردے، پس اللہ نے مجھے اس پر قدرت دیدی، پس میں نے اس کو مسجد کے ستونوں میں سے کسی ستون سے باندھنے کا ارادہ کیا (یہی جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) تا کہ تم سب صبح میں اس کو دیکھو، پھر مجھے اپنے بھائی حضرت سلیمان علیہ السلام کی بات یاد آگئی کہ اے میرے رب! میری مغفرت فرما اور مجھے ایسا ملک عطا فرما جو میرے بعد کسی کے لئے مناسب نہ ہو۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ الاستاذ روح کی روایت میں یہ اضافہ ہے: پس آپؐ نے اس کو دھتکار دیا۔

تشریح: عفریت کے معنی ہیں: طاقت ور، یہ لفظ قرآنِ کریم میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے واقعہ میں آیا ہے، وہاں مترجمین نے دیو ترجمہ کیا ہے۔ لیکن لغت میں اس کے معنی طاقت ور لکھے ہیں، اس لئے حدیث میں من الجن کی قید آئی ہے، اس لئے کہ یہ لفظ دیو اور بھوت کے لئے خاص نہیں۔

حضور اقدس ﷺ تہجد پڑھ رہے تھے، اچانک ایک طاقت ور جن یعنی دیو نے آپؐ پر حملہ کیا، تَفَلَّتَ علیه کے معنی ہیں: کودنا، حملہ کرنا تا کہ وہ آپ کی نماز خراب کردے۔ لِیَقْطَعَ کا ترجمہ نماز فاسد کرنے کے نہیں ہیں بلکہ اس کا ترجمہ ہے تا کہ وہ آپؐ کی نماز خراب کردے۔ آگے کتاب الصلوٰۃ ہی میں حدیث پڑھو گے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: یقطع الصلوٰۃ الکلبُ والحمارُ والمرأۃُ: کتا، گدھا اور عورت نمازی کے سامنے سے گذر جائیں تو نماز خراب ہو جاتی ہے، نماز فاسد ہو جاتی ہے یہ ترجمہ صحیح نہیں، یعنی خشوع وخضوع باقی نہیں رہتا، اس جن نے بھی نماز خراب کرنے کے لئے آنحضور ﷺ پر حملہ کیا، آپؐ نے فرمایا: اللہ نے مجھے اس پر قابو دیدیا، اور میں نے ارادہ کیا کہ اس کو پکڑ کر مسجد کے کسی ستون سے باندھ دوں تا کہ تم سب صبح میں اس کا نظارہ کرو، مگر مجھے حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا یاد آگئی، حضرت سلیمان علیہ السلام نے یہ دعا کی تھی کہ اے اللہ! مجھے ایسا ملک عطا فرما جو میرے بعد کسی کے لئے مناسب نہ ہو، چنانچہ چرند وپرند، جنات وانسان اور ہوا وغیرہ پر آپؑ کی حکومت تھی، اگر آنحضور ﷺ جن کو پکڑ کر باندھ دیتے تو کوئی کہہ سکتا تھا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی خصوصیت نہیں رہی، آنحضور ﷺ کو بھی جنات پر حکومت حاصل تھی اس لئے آپؐ نے ارادہ بدل دیا اور اس کو دھتکار دیا —— یہ نبی ﷺ نے جو دیو کو ستون سے باندھنے کا ارادہ کیا تھا یہی قیدی کو مسجد کے ستون سے باندھنا ہے اور اسی مناسبت سے یہ حدیث لائے ہیں۔

بابُ الِاغْتِسَالِ إِذَا أَسْلَمَ، وَرَبْطِ الْأَسِيْرِ أَيْضًا فِيْ الْمَسْجِدِ

اسلام قبول کرنے والے کا غسل کرنا اور قیدی کو مسجد میں باندھنا

یہ گذشتہ باب کا ضمیمہ ہے، ربط الأسير في المسجد: تو گذشتہ باب میں آ گیا، اس کے ساتھ ایک دوسرا جزء بھی بڑھایا کہ جب غیر مسلم اسلام قبول کرے تو اس کو چاہئے کہ غسل کرے، زیر ناف اور بغل کے بال کاٹے، سر منڈوائے، ناخن کترلے اور کپڑے دھولے، یہ کام مستحب ہیں۔

[٧٦-] بابُ الِاغْتِسَالِ إِذَا أَسْلَمَ، وَرَبْطِ الْأَسِيْرِ أَيْضًا فِيْ الْمَسْجِدِ

وَكَانَ شُرَيْحٌ يَأْمُرُ الْغَرِيْمَ أَنْ يُحْبَسَ إِلٰى سَارِيَةِ الْمَسْجِدِ.

[٤٦٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْلاً قِبَلَ نَجْدٍ، فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِيْ حَنِيْفَةَ، يُقَالُ لَهُ: ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ، فَرَبَطُوْهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِيْ الْمَسْجِدِ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "أَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ" فَانْطَلَقَ إِلٰى نَخْلٍ قَرِيْبٍ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ. [انظر ٤٦٩، ٢٤٢٢، ٢٤٢٣، ٤٣٧٢]

اثر: قاضی شریح جن کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کوفہ کا قاضی مقرر کیا تھا اور بعد میں سب خلفاء نے ان کو اس عہدہ پر برقرار رکھا، ان کے پاس ایک مقروض لایا گیا جو قرض کی ادائیگی میں ٹال مٹول کر رہا تھا، قاضی شریح نے حکم دیا کہ اس کو مسجد کے ستون سے باندھ دو —— یہ اثر باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے، اور یہاں یہ اثر اس لئے لائے ہیں کہ یہ باب گذشتہ باب سے پیوستہ ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے چند گھوڑ سواروں کو نجد کی طرف بھیجا پس وہ قبیلہ بنی حنیفہ کے ایک آدمی کو پکڑ لائے، جن کو ثمامہ بن اُثال کہا جاتا تھا، صحابہ نے ان کو مسجد کے ستونوں میں سے ایک ستون سے باندھ دیا، پس نبی ﷺ اس کی طرف نکلے، آپؐ نے فرمایا: ''ثمامہ کو چھوڑ دو'' پس وہ مسجد سے قریب ایک کھجور کے باغ میں گئے، وہاں انھوں نے غسل کیا، پھر مسجد میں آئے، اور اللہ کی وحدانیت اور نبی ﷺ کی رسالت کا اقرار کیا، یعنی اسلام قبول کیا۔

تشریح: یہاں یہ حدیث بہت مختصر آئی ہے، تفصیلی روایت کتاب المغازی باب وفد بنی حنیفة (حدیث ۴۳۷۲) میں ہے۔ نبی ﷺ نے ۱۰ محرم الحرام سنہ ۶ ہجری میں محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں تیس سواروں کو قرطاء کی جانب روانہ فرمایا، قرطاء قبیلۂ بنی بکر کی ایک شاخ ہے، انھوں نے ان پر چھاپہ مارا جس میں دس آدمی مقتول ہوئے اور باقی بھاگ

گئے، ڈیڑھ سو اونٹ اور تین ہزار بکریاں غنیمت میں ہاتھ آئیں۔ واپسی میں یہ لوگ قبیلۂ بنی حنیفہ [1] کے سردار ثمامۃ بن اثال کو پکڑ لائے، اور آپؐ کے حکم سے مسجدِ نبوی کے ایک ستون سے ان کو باندھ دیا، ستون سے باندھنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ قیدی ہل بھی نہ سکے، بلکہ پاؤں وغیرہ میں رسی باندھ کر ستون سے اس طرح باندھ دیتے تھے کہ قیدی بھاگ نہ جائے۔
نبی ﷺ جب ان کے پاس سے گذرے تو پوچھا: ثمامہ! تمہارا کیا گمان ہے؟ انھوں نے کہا: میرا گمان یہ ہے کہ اگر آپ قتل کریں تو ایسے شخص کو قتل کریں گے جو قتل کا مستحق ہے اور اگر انعام واحسان فرمائیں تو ایک شکر گذار پر انعام واحسان فرمائیں گے۔ اور اگر مال مطلوب ہے تو جتنا چاہیں حاضر کروں، آپؐ یہ سن کر گذر گئے، پھر دوسرے دن ان کے پاس سے گذرے اور وہی سوال کیا، انھوں نے بھی وہی جواب دیا۔ آپؐ خاموش وہاں سے گذر گئے، تیسرے دن پھر ان کے پاس سے گذرے اور وہی سوال کیا، انھوں نے پھر وہی جواب دیا، آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: ثمامہ کو کھول دو، چنانچہ وہ رہا ہوگئے، اور مسجدِ نبوی سے قریب ایک نخلستان میں گئے، وہاں جا کر غسل کیا، پھر مسجد میں آئے اور شہادتین ادا کیں اور نبی ﷺ سے عرض کیا: اب سے پہلے آپؐ کے چہرہ سے زیادہ کوئی چہرہ مجھے مبغوض نہیں تھا اور اب آپؐ کے چہرے سے زیادہ روئے زمین پر کوئی چہرہ مجھے محبوب اور پیارا نہیں ہے، اور اس سے پہلے آپؐ کے دین سے زیادہ کوئی دین مجھے مبغوض نہیں تھا اور آج سب سے زیادہ آپؐ ہی کا دین مجھ کو محبوب ہے، اور آپؐ کے شہر سے زیادہ کوئی شہر مجھے مبغوض نہیں تھا، اور اب آپؐ کے شہر سے زیادہ مجھ کو کوئی شہر محبوب نہیں، پھر کہا: میں عمرہ کرنے جا رہا تھا کہ آپ کے سوار مجھ کو گرفتار کر لائے، اب آپ جو حکم دیں بجالاؤں گا، آپؐ نے ان کو عمرہ کرنے کا حکم دیا اور بشارت دی کہ تم محفوظ رہو گے کوئی تم کو ضرر نہیں پہنچا سکے گا۔

حضرت ثمامہ رضی اللہ عنہ جب مکہ پہنچے تو کسی کافر نے کہا: ثمامہ بے دین ہوگیا! حضرت ثمامہؓ نے کہا: ہرگز نہیں، میں محمد ﷺ کے ساتھ مسلمان ہوگیا ہوں، یعنی اللہ کا مطیع وفرمانبردار بندہ ہوگیا ہوں، کان کھول کر سن لو! میں کبھی تمہارے مذہب کی طرف نہیں لوٹوں گا اور یمامہ سے جو غلہ تمہارے پاس آتا ہے اب اس کا ایک دانہ بھی تمہارے پاس نہیں آئے گا، یہاں تک کہ نبی ﷺ اجازت دیں۔

حضرت ثمامہؓ نے یمامہ پہنچ کر غلہ کی برآمدی بند کردی، قریش نے مجبور ہوکر آپؐ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپؐ صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں، ہم آپؐ کے رشتہ دار ہیں، آپؐ ثمامہؓ سے کہیں: وہ غلہ بھیجنا جاری رکھیں، آپؐ نے حضرت ثمامہؓ کو خط لکھوایا کہ غلہ نہ روکیں (فتح الباری ۸:۶۸)

مناسبت: حضرت ثمامہ رضی اللہ عنہ کو مسجدِ نبوی کے ستون سے باندھا گیا، اس سے باب کا دوسرا جزء ثابت ہوا، اور انھوں نے اسلام قبول کرنے سے پہلے غسل کیا، اس سے باب کا پہلا جزء ثابت ہوا —— اور حضرت ثمامہؓ کو مسجد میں

(۱) مسیلمہ کذاب بھی اسی قبیلہ کا تھا، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک باندی بھی اسی قبیلہ کی تھی جس سے محمد بن الحنفیہ پیدا ہوئے ہیں جو شجاعت میں حضرت علیؓ کا ثانی تھے۔

باندھنے کی ایک وجہ یہ تھی کہ اس وقت قیدی کو باندھنے کے لئے کوئی دوسری جگہ نہیں تھی، اور دوسری مصلحت یہ تھی کہ وہ مسلمانوں کی نماز اور بارگاہِ خداوندی میں ان کے عجز ونیاز کو دیکھیں اور ان کے اندر کی ظلمتیں دور ہوں، چنانچہ اس کا خاطر خواہ فائدہ نمودار ہوا اور وہ بغیر کہے خود حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔

فائدہ: اگر نومسلم نے جنابت کی حالت میں اسلام قبول کیا ہے تو مسلمان ہونے کے بعد اس پر غسل کرنا فرض ہے اور اگر نومسلم اسلام قبول کرتے وقت جنبی نہیں ہے تو غسل کرنا مستحب ہے۔ اور کپڑے دھونا اور بال کٹوانا بھی مستحب ہے۔ اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: نومسلم خواہ جنبی ہو یا پاک اسلام قبول کرنے کے بعد اس پر غسل کرنا فرض ہے، ان کی دلیل قیس بن عاصم کی حدیث ہے جب وہ مسلمان ہوئے ہیں تو نبی ﷺ نے ان کو بیری کے پانی سے غسل کرنے کا حکم دیا تھا (ترمذی حدیث ۶۰۷) امام اعظم رحمہ اللہ وغیرہ فرماتے ہیں کہ یہ امر استحباب کے لئے تھا وجوب کے لئے نہیں تھا اور اس کا قرینہ یہ ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں ایک لاکھ سے زیادہ افراد مسلمان ہوئے ہیں، مگر آپ ؐ نے کسی کو غسل کا حکم نہیں دیا صرف قیس بن عاصمؓ کو حکم دیا، اگر نومسلم پر غسل واجب ہوتا تو آپ ہر مسلمان ہونے والے کو یہ حکم دیتے۔ اور اس سلسلہ کی روایات درجہ تواتر تک پہنچ جاتیں، معلوم ہوا کہ حدیث مذکور میں امر استحباب کے لئے ہے وجوب کے لئے نہیں ہے۔

بابُ الْخِيْمَةِ فِى الْمَسْجِدِ لِلْمَرْضَى وَغَيْرِهِمْ

مسجد میں بیمار وغیرہ کے لئے خیمہ لگانا

مسجد میں بیمار وغیرہ کے لئے خیمہ لگانا جائز ہے، یہاں بھی مسجدِ شرعی اور مسجدِ عرفی میں فرق کرنا ضروری ہے، حدیث شریف میں مسجد میں جو خیمہ لگانے کا ذکر ہے وہ مسجدِ شرعی میں نہیں تھا، بلکہ مسجدِ عرفی میں لگایا گیا تھا، مگر حضرت رحمہ اللہ مسجدِ شرعی اور مسجدِ عرفی میں کچھ فرق نہیں کرتے۔

[۷۷-] بابُ الْخِيْمَةِ فِى الْمَسْجِدِ لِلْمَرْضَى وَغَيْرِهِمْ

[۴۶۳-] حدثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أُصِيْبَ سَعْدٌ يَوْمَ الْخَنْدَقِ فِي الْأَكْحَلِ، فَضَرَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ، لِيَعُوْدَهُ مِنْ قَرِيْبٍ، فَلَمْ يَرُعْهُمْ - وَفِي الْمَسْجِدِ خَيْمَةٌ مِنْ بَنِي غِفَارٍ - إِلَّا الدَّمُ يَسِيْلُ إِلَيْهِمْ، فَقَالُوْا: يَا أَهْلَ الْخَيْمَةِ! مَا هٰذَا الَّذِيْ يَأْتِيْنَا مِنْ قِبَلِكُمْ؟ فَإِذَا سَعْدٌ يَغْذُوْ جُرْحُهُ دَمًا، فَمَاتَ مِنْهَا.

[انظر: ۲۸۱۳، ۳۹۰۱، ۴۱۱۷، ۴۱۲۲]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو خندق کے دن اکحل نامی رگ میں زخم لگایا گیا، پس نبی ﷺ نے مسجد میں ان کا خیمہ لگایا تا کہ آپؐ ان کی قریب سے عیادت کریں، پس نہیں گھبراہٹ میں ڈالا لوگوں کو ـــــ اور مسجد میں بنی غفار کا بھی ایک خیمہ تھا (یہ جملہ معترضہ ہے) ـــــ مگر اس خون نے جو ان کی طرف بہہ کر آرہا تھا، پس انھوں نے کہا: اے خیمہ والو! یہ کیسا خون ہے جو تمہاری طرف سے بہہ کر آرہا ہے؟ پس اچانک حضرت سعدؓ کے زخم سے خون بہنا شروع ہو گیا تھا، اور اسی میں ان کا انتقال ہو گیا۔

تشریح: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ بڑے درجہ کے صحابی ہیں، قبیلہ اوس کے سردار تھے۔ نبی ﷺ کا ان سے خاص تعلق تھا، غزوۂ خندق میں ان کے بازو میں تیر لگا جوان کے بازو کو چھوتا ہوا گذر گیا، اس سے ان کے بازو کی خون کی رگ کٹ گئی، جس کو اکحل یا انجل کہتے ہیں، یہ رگ جسم کے ہر حصہ میں ہوتی ہے، عربی میں ہر حصہ کی رگ کا الگ نام ہے، اردو میں اس کو رگ ہفت اندام کہتے ہیں، نبی ﷺ نے لوہا گرم کر کے اس کو دو مرتبہ داغا تا کہ خون بند ہو جائے، مگر اس جگہ ورم ہو گیا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے دعا کی: الٰہی! مجھے موت نہ آئے جب تک میری آنکھیں بنوقریظہ کے معاملہ میں ٹھنڈی نہ ہو جائیں، چنانچہ خون بند ہو گیا، آپؐ نے ان کی دیکھ بھال اور عیادت کی آسانی کے لئے مسجدِ نبوی میں ان کا خیمہ لگوایا تھا، پھر جب بنوقریظہ ان کے فیصلہ پر اتر آئے تو آپؐ نے ان کو بلوایا آپؓ گدھے پر سوار ہو کر تشریف لائے جب سواری قریب آئی تو آپؐ نے ان کے قبیلہ کے لوگوں سے کہا: **قوموا إلی سیدکم**: اپنے سردار کی طرف اٹھو یعنی ان کو سواری سے اتارو، حضرت سعدؓ نے آکر فیصلہ کیا کہ بنوقریظہ کے مردوں کو قتل کیا جائے اور ان کی عورتوں کو باقی رکھا جائے، ان سے مسلمان کام لیں، نبی ﷺ نے فرمایا: سعد نے وہی فیصلہ کیا جو اللہ کو منظور ہے۔ بنوقریظہ کی تعداد چار سو تھی، جب ان کا قتل نمٹ گیا تو حضرت سعدؓ اپنے خیمہ میں سو رہے تھے، اچانک خیمہ میں بکری گھس آئی اور اس نے ٹھیک زخم کی جگہ پر پیر رکھ دیا، جس سے رگ کھل گئی، اور خون بہنے لگا، مسجدِ نبوی کے صحن میں قبیلہ بنی غفار کا بھی ایک خیمہ تھا جس میں رُفیدہ نام کی ایک خاتون اپنے متعلقین کے ساتھ مقیم تھی، جب خون بہہ کر ان کے خیمہ میں گیا تو انھوں نے کہا: یہ کیسا خون ہے جو تمہاری طرف سے آرہا ہے؟ غرض خون بہہ جانے کی وجہ سے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا، اور امام بخاری رحمہ اللہ کا ترجمہ ثابت ہو گیا کہ مسجد میں مریض اور غیر مریض کے لئے خیمہ لگانا جائز ہے۔

فائدہ: جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ فیصلہ کے لئے بلائے گئے تو وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے تھے، جب وہ کیمپ کے قریب پہنچے تو نبی ﷺ نے ان کے قبیلہ کے لوگوں سے فرمایا: **قوموا إلی سیدکم**: اپنے سردار کی طرف اٹھو، یعنی وہ بیمار ہیں ان کو سہارا دے کر اتارو، کچھ لوگ اس سے قیامِ تعظیمی کے جواز پر استدلال کرتے ہیں مگر یہ استدلال صحیح نہیں، یہ استدلال اس وقت درست ہوتا جب **قوموا لسیدکم** ہوتا یعنی اپنے سردار کے لئے اٹھو، جب کہ حدیث میں لام نہیں بلکہ إلی ہے اور اس کے معنی وہ ہیں جو اوپر بیان کئے گئے۔

بابُ إِدْخَالِ الْبَعِيْرِ فِی الْمَسْجِدِ لِلْعِلَّةِ

کسی وجہ سے مسجد میں اونٹ داخل کرنا

اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ اگر کوئی ضرورت ہو تو مسجد میں اونٹ لے جاسکتے ہیں، **العلۃ** کے معنی ہیں: ضرورت، حاجت، یہ منطقیوں والی علت نہیں ہے، اگر مسجد ایسی ہو کہ اس میں اونٹ جاسکے اور کوئی ضرورت وحاجت ہو تو مسجد میں اونٹ لے جاسکتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر مطاف میں اونٹ پر بیٹھ کر تقریر فرمائی ہے، اور حجۃ الوداع میں طوافِ زیارت بھی اونٹ پر کیا ہے، اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بھی بیماری کی وجہ سے آنحضور ﷺ کی اجازت سے اونٹ پر بیٹھ کر طواف کیا ہے۔ معلوم ہوا کہ ضرورت وحاجت کے وقت مسجد میں اونٹ کو داخل کرنا جائز ہے۔

[۷۸-] بابُ إِدْخَالِ الْبَعِيْرِ فِی الْمَسْجِدِ لِلْعِلَّةِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: طَافَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی بَعِيْرِهِ.

[۴۶۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ: عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: شَكَوْتُ إِلٰی رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنِّیْ أَشْتَكِیْ، قَالَ: "طُوْفِیْ مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ" فَطُفْتُ وَرَسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّیْ إِلٰی جَنْبِ الْبَيْتِ، يَقْرَأُ بِالطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَسْطُوْرٍ. [انظر: ۱۶۱۹، ۱۶۲۶، ۱۶۳۳، ۴۸۵۳]

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے اونٹ پر بیٹھ کر طواف فرمایا۔ **فیض الباری** میں ہے کہ یہ فتح مکہ کا واقعہ ہے، آنحضور ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر بھی اونٹ پر بیٹھ کر طواف فرمایا تھا اور حجۃ الوداع میں بھی۔ مگر روایتوں میں بہت زیادہ غت ربود ہوگیا ہے، کونسی روایت فتح مکہ کی ہے اور کونسی حجۃ الوداع کی؟ اس میں امتیاز کرنا مشکل ہوگیا ہے۔

تشریح: فتح مکہ کے موقع پر آپؐ نے اونٹ پر طواف سیکورٹی کے نقطۂ نظر سے کیا تھا۔ مکہ ابھی فتح ہوا تھا، اس لئے طواف کرنے والوں میں کوئی بدنیت ہوسکتا تھا، اس لئے آپؐ نے اونٹ پر بیٹھ کر طواف فرمایا، جب آپؐ اونٹ پر تھے اور چاروں طرف صحابہ تھے تو اب کوئی دشمن اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکتا تھا۔

سوال: آنحضور ﷺ کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے لی ہے ﴿وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ﴾ پھر احتیاط کی ضرورت کیا تھی؟

جواب: آیت کا مطلب یہ ہے کہ آنحضور ﷺ کو کوئی قتل نہیں کرسکتا مگر مادون النفس اذیت پہنچا سکتا ہے، غزوۂ احد میں دندانِ مبارک شہید ہوا ہے اور پیشانی زخمی ہوئی ہے۔ غرض آپؐ نے سیکورٹی کے پیش نظر اونٹ پر طواف کیا تھا اور حجۃ

الوداع میں اونٹ پر طواف اس لئے فرمایا تھا کہ سب صحابہ آپؐ کو دیکھیں اور طواف کرنے کا طریقہ سیکھیں، یہ دونوں علتیں منصوص نہیں، علماء کی بیان کردہ ہیں۔

استدلال: امام بخاری رحمہ اللہ کا ترجمہ ثابت ہوگیا کہ مسجد میں اونٹ لے جاسکتے ہیں مگر میں نے پہلے بتایا ہے کہ مسجدِ حرام درحقیقت کعبہ شریف ہے، اور اس کے اردگرد جو کھلی جگہ ہے وہ مطاف (طواف کرنے کی جگہ) ہے وہ مسجد نہیں۔ آنحضور ﷺ کے عہد مبارک میں وہ مسجد نہیں تھی، آنحضور ﷺ کے زمانہ کا نقشہ یہ تھا کہ کعبہ شریف کے اردگرد جو کھلی جگہ ہے وہاں لوگ نماز پڑھتے تھے اور طواف کرتے تھے، مگر پہلے کعبہ شریف کے اندر جاکر نماز پڑھتے تھے، پھر جب قریش نے کعبہ تعمیر کیا اور اپنی اجارہ داری قائم کرنے کے لئے ایک دروازہ بند کردیا اور ایک دروازہ قدِ آدم اونچا کردیا تو لوگ باہر مطاف میں نماز پڑھنے لگے، مطاف کے فوراً بعد لوگوں کے مکانات شروع ہوجاتے تھے اور ان کے بیچ میں مطاف میں آنے کے راستے تھے، یہ آنحضور ﷺ کے زمانہ کا نقشہ ہے، پس آنحضور ﷺ مطاف میں اونٹ لے گئے ہیں، مسجد میں نہیں لے گئے، بلکہ متعلقاتِ مسجد میں لے گئے ہیں، اور متعلقاتِ مسجد میں اونٹ لے جانے میں کوئی اشکال نہیں، مسجدِ نبوی کے متعلقات میں بھی اونٹ لے جانے کے کئی واقعات مروی ہیں۔ حضرت ضمام بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ جب اپنی قوم کی طرف سے وافد بن کر آئے ہیں تو انھوں نے مسجد میں اونٹ بٹھایا ہے، وہ عارضی مسجد بھی ہوسکتی ہے جو دورانِ سفر پڑاؤ کی جگہ میں آپؐ کے خیمہ کے قریب بنائی جاتی تھی اور یہ واقعہ مسجدِ نبوی کا بھی ہوسکتا ہے، مگر انھوں نے متعلقاتِ مسجد میں اونٹ باندھا تھا مسجدِ شرعی میں نہیں باندھا تھا، پس ان روایات سے استدلال صحیح نہیں۔

حدیث (۲): حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے نبی ﷺ سے اپنے بیمار ہونے کی شکایت کی تو آپؐ نے فرمایا: لوگوں کے پیچھے سوار ہوکر طواف کرلو، پس میں نے طواف کیا درانحالیکہ آپؐ بیت اللہ کے قریب نماز پڑھا رہے تھے اور سورۂ طور تلاوت فرمارہے تھے۔

تشریح: حجۃ الوداع میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیمار تھیں انھوں نے طوافِ وداع نہیں کیا تھا، جب مدینہ واپس لوٹنے کا وقت آیا تو انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں بیمار ہوں اور میں نے ابھی تک طوافِ دواع نہیں کیا، اور کمزوری کی وجہ سے طواف کرنے کی ہمت نہیں، آپؐ نے فرمایا: جب نماز شروع ہوجائے تو نمازیوں کے پیچھے اونٹ پر سوار ہوکر طواف کرلینا، چنانچہ حضرت ام سلمہؓ نے اونٹ پر سوار ہوکر طواف کیا اس وقت آپؐ فجر کی نماز پڑھا رہے تھے اور سورۂ طور تلاوت فرمارہے تھے۔ حضرت ام سلمہؓ نے دورانِ طواف سورۂ طور سنی۔ یہ تفصیل آئندہ حدیث (نمبر ۱۶۲۶) میں آرہی ہے۔

مگر اس پر اعتراض یہ ہے کہ نبی ﷺ دس تا تیرہ ذی الحجہ منیٰ میں رہے ہیں، اور تیرہ کی ظہر کے بعد منیٰ سے لوٹے ہیں اور بطحاء نامی میدان میں قیام فرمایا ہے اور آدھی رات کے قریب مدینہ منورہ لوٹ گئے ہیں۔ پس حضرت ام سلمہؓ کا نمازِ فجر میں طوافِ وداع کرنا اور دورانِ طواف لسانِ نبوت سے سورۂ طور سننا کس طرح ممکن ہے؟

میرا خیال یہ ہے کہ یہ عمرہ کے طواف کا واقعہ ہے۔ پہلے بتایا تھا کہ ذوالحلیفہ سے سب نے حج کا احرام باندھا تھا، پھر مکہ پہنچ کر وحی آئی کہ جن کے پاس ہدی کا جانور نہیں وہ حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دیں اور طواف وسعی کر کے احرام کھول دیں، ازواج مطہرات کے پاس ہدی نہیں تھی، انھوں نے بھی طواف وسعی کر کے احرام کھول دیا تھا، غالباً حضرت ام سلمہؓ نے یہ شکایت اس وقت کی تھی کہ یا رسول اللہ! میں بیمار ہوں، عمرہ کا طواف کس طرح کروں؟ آپؐ نے فرمایا: نمازِ فجر کے وقت طواف کر لینا، اس وقت نماز میں سورۂ طور سنی ہے۔ غرض یہ طوافِ وداع نہیں ہے، طوافِ عمرہ ہے اور حقیقت حال اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں۔

بابٌ

یہ باب بلا عنوان ہے اور طلبہ کی تمرین کے لئے ہے۔ یہاں درج ذیل ابواب رکھے جاسکتے ہیں:

۱- **بابُ إدخال المِصْبَاحِ و الْعَصَا و النِّعال فی المسجد لِلْعِلَّةِ:** یعنی ضرورت پڑے تو چراغ، لاٹھی اور جوتے مسجد میں لے جاسکتے ہیں۔

۲- **بابُ الِاسْتِضَاءَ ةِ فِی طریق المسجد:** یعنی روشنی ساتھ لے کر مسجد جانا جائز ہے، اس سے ثواب میں کچھ کمی نہیں آتی۔ ترمذی میں حدیث ہے: **بَشِّرِ الْمَشَّائِیْنَ إلی الْمَسَاجِدِ فی الظُّلَمِ بِالنُّوْرِ التَّامِّ یَوْمَ الْقِیَامَةِ:** تاریکیوں میں مسجدوں کی طرف بہت زیادہ چلنے والوں کو قیامت کے دن کامل روشنی کی خوشخبری سنا دیجئے، اس حدیث سے یہ خیال ہوسکتا تھا کہ روشنی لے کر مسجد نہیں جانا چاہئے، اس لئے یہ باب رکھا کہ اس میں کچھ حرج نہیں، اس سے ثواب میں کچھ کمی نہیں آتی۔

پہلا باب شارحین کرام نے رکھا ہے اور دوسرا باب حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے باندھا ہے۔

اور باب میں یہ واقعہ ہے کہ دو انصاری صحابی: حضرت اُسید بن حضیر اور حضرت عباد بن بشر، عشاء کے بعد دیر تک نبی ﷺ کے پاس رہے، پھر دونوں اپنے گھروں کی طرف لوٹے، دونوں کے ہاتھ میں ڈنڈے تھے، دیہات کے لوگ رات میں ہمیشہ ڈنڈا ساتھ لے کر چلتے ہیں، کیونکہ راستہ میں کتا پریشان کرسکتا ہے، سانپ مل سکتا ہے، جب مسجدِ نبوی سے نکلے تو ایک کی لاٹھی کا سرا چمکنے لگا، ٹارچ بن گیا، دونوں اس کی روشنی میں چلتے رہے، پھر ایک جگہ پہنچے جہاں سے دونوں کو الگ الگ ہونا تھا تو دوسرے کی لاٹھی بھی چمکنے لگی، یہ اپنی ٹارچ کے ساتھ گھر گئے اور وہ اپنی ٹارچ کے ساتھ۔

یہ کرامت کی روایت ہے، شرح عقائد میں آپ نے پڑھا ہے کہ اولیاء کی کرامتیں برحق ہیں، نبی کے ہاتھ پر جو خرق عادت بات ظاہر ہو وہ معجزہ کہلاتی ہے اور ولی کے ہاتھ پر خرق عادت بات ظاہر ہو وہ کرامت کہلاتی ہے، معجزہ اسم فاعل واحد مؤنث ہے، بعض لوگ جیم کا زبر پڑھتے ہیں یہ غلط ہے اور اس کے معنی ہیں: عاجز کرنے والی بات، یعنی انبیاء کے ہاتھ سے جو خرق عادت بات ظاہر ہوتی ہے وہ انبیاء کے دشمنوں کو اس کے مانند لانے سے عاجز کر دیتی ہے، اس لئے وہ معجزہ کہلاتی

ہے، اور کرامت کے معنی ہیں: عزت، ولی کی عزت افزائی کے لئے وہ بات ظاہر کی جاتی ہے، وہ کسی کو دکھانے کے لئے نہیں ہوتی۔ غرض معجزہ اور کرامت خرقِ عادت کے طور پر ظاہر ہوتے ہیں اور دونوں میں کچھ خاص فرق نہیں۔

[۷۹-] بابٌ

[٤٦٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ: أَنَّ رَجُلَیْنِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم خَرَجَا مِنْ عِنْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَحَدُهُمَا عَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ وَأَحْسِبُ الثَّانِیَ أُسَیْدَ بْنَ حُضَیْرٍ فِیْ لَیْلَةٍ مُظْلِمَةٍ، وَمَعَهُمَا مِثْلُ الْمِصْبَاحَیْنِ یُضِیْئَانِ بَیْنَ أَیْدِیْهِمَا، فَلَمَّا افْتَرَقَا صَارَ مَعَ کُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا وَاحِدٌ، حَتّٰی أَتَی أَهْلَهُ.[انظر: ۳٦۳۹، ۳۸۰۵]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے اصحاب میں سے دو شخص ایک اندھری رات میں نبی ﷺ کے پاس سے نکلے، ان میں سے ایک عباد بن بشرؓ تھے، اور میرا گمان یہ ہے کہ دوسرے اسید بن حضیرؓ تھے (فی لیلة مظلمة: جارمجرور خرجا سے متعلق ہیں) اوران دونوں کے ساتھ چراغوں کے مانند تھا جوان کے ہاتھوں میں چمک رہا تھا۔ پھر جب وہ دونوں جدا جدا ہوئے تو ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ایک ہوگیا، یہاں تک کہ وہ دونوں اپنے گھر پہنچے —— یہ روایتوں کا اختلاف ہے اصل واقعہ وہ ہے جو میں نے اوپر بیان کیا۔

بابُ الْخَوْخَةِ وَالْمَمَرِّ فِی الْمَسْجِدِ

مسجد میں پھاٹک کھولنا اور گذرنا

الخَوْخَة کے معنی ہیں: کھڑکی، چھوٹا دروازہ، بڑے پھاٹک میں جو چھوٹا دروازہ ہوتا ہے وہ خوخہ کہلاتا ہے، جب مسجد کی طرف چھوٹا دروازہ ہوگا تو لامحالہ آدمی اس میں سے گذرے گا، اس لئے باب کا دوسرا جزء ہے: والمَمَرّ فی المسجد:

اس باب میں کوئی خاص مسئلہ نہیں بس حدیث کو سمجھنا ہے۔ پہلے کتاب الوضوء (باب ۴۵) میں ایک حدیث گذری ہے کہ مرض وفات میں ایک دن آنحضور ﷺ نے فرمایا: مجھ پر ایسی سات مشکوں کا پانی ڈالو جن کے تسمے کھولے نہ گئے ہوں، شاید میں لوگوں سے کوئی عہد باندھوں، چنانچہ آپؐ ایک لگن میں بٹھائے گئے جو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا تھا پھر آپؐ پر سات مشکوں کا پانی ڈالا گیا، پھر آپؐ لوگوں کی طرف نکلے درانحالیکہ آپؐ نے شدت درد کی وجہ سے سر پر کپڑا باندھ رکھا تھا، آپؐ نے منبر پر بیٹھ کر تقریر فرمائی اس تقریر میں فرمایا کہ اللہ نے اپنے ایک بندے کو اختیار دیا: وہ دنیا میں رہنا چاہے تو دنیا میں رہے اور ہمارے پاس جو نعمتیں ہیں ان سے مستفیض ہونا چاہے تو ہمارے پاس آئے، اس بندے نے اللہ کے پاس جو نعمتیں ہیں ان کو اختیار کیا، یہ سنتے ہی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رونے لگے اور عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ پر ہمارے ماں باپ قربان!

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے دل میں کہا: آنحضور ﷺ ایک نیک بندے کا تذکرہ فرمارہے ہیں، اس میں رونے کی کیا بات ہے؟ مگر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم سے زیادہ جاننے والے تھے وہ سمجھ گئے تھے کہ وہ نیک بندے خود آنحضور ﷺ ہیں، آپ کو اختیار دیا گیا تھا اور آپؐ نے اللہ کے یہاں جانے کو پسند کیا تھا۔ اس لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ روئے تھے، نبی ﷺ نے ان کو تسلی دی کہ مت روؤ، پھر ان کی شان میں دو باتیں فرمائیں:

پہلی بات: رفاقت (ساتھ دینے) میں اور مالی تعاون میں جتنا بڑا احسان مجھ پر ابوبکرؓ کا ہے اتنا بڑا احسان کسی کا نہیں۔

دوسری بات: اگر میں اللہ کے علاوہ کسی کو خلیل (جگری دوست) بناتا تو ابوبکرؓ کو بناتا، مگر میں نے اللہ کو اپنا جگری دوست بنایا ہے، اور ابوبکرؓ کے ساتھ اخوت اسلامی کا تعلق ہے۔

اس سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی فضیلت نکلی، اگر آپؐ کسی کو جگری دوست بناتے تو حضرت ابوبکرؓ کو بناتے، جیسے **لو کان بعدی نبی لکان عمر** سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی فضیلت نکلتی ہے۔

پھر نبی ﷺ نے فرمایا: جتنی کھڑکیاں مسجد کی طرف کھلتی ہیں سب بند کردی جائیں، آنحضور ﷺ کے حجروں کی کھڑکیاں بھی مسجد کی طرف کھلتی تھیں، حضرت ابوبکر، عمر، عباس رضی اللہ عنہم وغیرہ کے گھروں کی کھڑکیاں بھی مسجد کی طرف کھلتی تھیں، آپؐ نے سب کھڑکیاں بند کرادیں اور فرمایا: صرف ابوبکرؓ کی کھڑکی کھلی رہے، اس میں اشارہ تھا کہ نبی ﷺ کی وفات قریب آچکی ہے اور آپؐ کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنیں گے جن کی وجہ سے ان کو بار بار مسجد میں آنا پڑے گا اس لئے ان کی کھڑکی کھلی رہنے دی۔

[٨٠-] بابُ الْخَوْخَةِ وَالْمَمَرِّ فِي الْمَسْجِدِ

[٤٦٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: نا فُلَيْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، وَعَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: خَطَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ خَيَّرَ عَبْدًا بَيْنَ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ، فَاخْتَارَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ" فَبَكَى أَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: مَا يُبْكِي هٰذَا الشَّيْخَ! إِنْ يَكُنِ اللّٰهُ خَيَّرَ عَبْدًا بَيْنَ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ، فَاخْتَارَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ، فَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هُوَ الْعَبْدُ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ أَعْلَمَنَا، فَقَالَ: " يا أَبَا بَكْرٍ! لاَ تَبْكِ، إِنَّ [مِنْ] أَمَنِّ النَّاسِ عَلَيَّ فِي صُحْبَتِهِ وَمَالِهِ أَبُوْ بَكْرٍ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنْ أُمَّتِي خَلِيْلاً لاَتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ، ولٰكِنْ أُخُوَّةُ الإِسْلاَمِ وَمَوَدَّتُهُ، لاَ يَبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ بَابٌ إِلاَّ سُدَّ إِلاَّ بَابُ أَبِي بَكْرٍ" [انظر: ٣٦٥٤، ٣٩٠٤]

[٤٦٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: نا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ يَعْلَى بْنَ حَكِيْمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ،

عَاصِبًا رَأْسَهُ بِخِرْقَةٍ، فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " إِنَّهُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَمَنَّ عَلَيَّ فِيْ نَفْسِهِ وَمَالِهِ مِنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَبِيْ قُحَافَةَ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنَ النَّاسِ خَلِيْلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيْلًا، وَلٰكِنْ خُلَّةُ الإِسْلَامِ أَفْضَلُ، سُدُّوْا عَنِّيْ كُلَّ خَوْخَةٍ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ غَيْرَ خَوْخَةِ أَبِيْ بَكْرٍ"

[انظر: ۳۶۵۶، ۳۶۵۷، ۶۷۳۸]

حدیث (۱): ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے تقریر فرمائی، آپؐ نے فرمایا: بیشک اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو اختیار دیا دنیا کے درمیان اور ان نعمتوں کے درمیان جو اللہ کے پاس ہیں، پس اس بندے نے ان نعمتوں کو اختیار کیا جو اللہ کے پاس ہیں۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ روئے (راوی کہتے ہیں) پس میں نے اپنے دل میں سوچا: اِن حضرت کو کس بات نے رلایا! اللہ نے اپنے ایک بندہ کو اختیار دیا دنیا کے درمیان اور ان نعمتوں کے درمیان جو اللہ کے پاس ہیں، پس اس بندے نے اللہ کے پاس کی نعمتوں کو اختیار کیا (اس میں رونے کی کیا بات ہے؟) پس رسول اللہ ﷺ ہی وہ بندے تھے یعنی جب چند روز کے بعد آپؐ کا وصال ہوگیا تو ہم نے جانا کہ وہ نیک بندے خود آنحضور ﷺ تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم میں سب سے زیادہ جاننے والے تھے، آپؐ نے فرمایا: اے ابوبکر! مت روؤ، بیشک رفاقت میں اور مال میں مجھ پر سب سے بڑا احسان ابوبکرؓ کا ہے (آئندہ اسی حدیث (نمبر ۳۹۰۴) میں مِن أَمَنِّ الناس ہے وہاں سے ہم نے یہاں مِن بڑھایا ہے اور کھڑی دو قوسوں کے درمیان رکھا ہے) اور اگر میں کسی کو جگری دوست بناتا تو ابوبکرؓ کو بناتا، لیکن (میرا ان کے ساتھ) اسلامی اخوت اور اسلامی مودت کا تعلق ہے (اخوت ومودت مترادف ہیں) مسجد میں کوئی دروازہ نہ چھوڑا جائے مگر اس کو بند کردیا جائے سوائے ابوبکرؓ کے دروازہ کے، اور اگلی حدیث میں خوخہ لفظ ہے اس لئے حضرت نے باب میں لفظ خوخہ رکھا ہے، اور وہی اصل لفظ ہے، اور یہ روایت بالمعنی ہے۔

قوله: وعن بُسر بن سعيد: میں واؤ ہے یا نہیں؟ اس میں شارحین میں اختلاف ہے، بعض شراح کا خیال ہے کہ یہ واؤ کاتبوں کی غلطی سے لکھا گیا ہے اور عبید بن حنین: بُسر بن سعید سے روایت کرتے ہیں، مگر یہ بات صحیح نہیں۔ یہاں واؤ صحیح ہے اور ابوالنضر: عبید بن حنین اور بُسر بن سعید دونوں سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، چنانچہ مسلم شریف (حدیث ۶۱۷۱) میں بھی اسی طرح (عن عبيد بن حنين وبسر بن سعيد) ہے اور یہاں عن حرف جر کو لوٹا کر عطف کیا گیا ہے، عربی میں کبھی حرف جر کو لوٹا کر بھی عطف کرتے ہیں، اس سے بعض حضرات کو غلط فہمی ہوئی اور انھوں نے کہہ دیا کہ یہاں واؤ کاتبوں کی غلطی سے لکھا گیا ہے، حالانکہ یہ بات صحیح نہیں۔ ابوالنضر اس حدیث کو دو اساتذہ سے روایت کرتے ہیں پس یہاں واؤ صحیح ہے۔

فائدہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں ایک فضیلت منقول ہے، مسند احمد (۱:۳۳۱) میں روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا: سُدُّوْا أبوابَ المسجد غيرَ باب علي: علی کے دروازہ کے علاوہ مسجد کے تمام دروازے بند کردیئے جائیں، پس

ان دونوں روایتوں میں تعارض ہے، کیونکہ مسند احمد کی روایت کا مفاد یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دروازہ بند نہیں کیا گیا، اوراس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا دروازہ بھی بند کر دیا گیا۔

اس تعارض کا حل یہ ہے کہ یہ دوالگ الگ زمانوں کی روایتیں ہیں، مسند احمد والی روایت بہت پہلے کی ہے، اس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر کا ایک ہی دروازہ تھا اور وہ مسجد میں کھلتا تھا اور دیگر صحابہ کے گھروں کے دوازے مسجد کی دوسری طرف بھی کھلتے تھے، اس لئے آپؐ نے تمام دوازے بند کروادیئے اور حضرت علیؓ کا دروازہ کھلا رکھا، اور دوسروں کو مسجد میں آنے جانے کی سہولت کے لئے کھڑکیاں کھلی رکھنے کی اجازت دی، پھر مرض وفات میں سب کھڑکیاں بند کرادیں تو حضرت علیؓ کا دروازہ بھی بند ہوگیا، کیونکہ اب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دوسری طرف دروازہ کھول لیا تھا۔ اور شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں: طبع سلیم رکھنے والوں کے لئے اس روایت سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت پر استدلال بالکل واضح ہے۔

حدیث (۲): یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے، اور دونوں روایتیں ایک ہیں ــــ **عَاصِبًا رأسه بِخِرْقَة:** آپؐ نے سر کپڑے سے باندھ رکھا تھا اس لئے کہ سر میں شدید درد تھا ــــ **ولكن خلة الإسلام أفضل:** خلت اسلامی، اخوت اسلامی اور مودت اسلامی ایک ہی ہیں، اور یہ خلت کے بعد دوسرا درجہ ہے جس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سب سے اعلیٰ وارفع ہیں ان کے برابر نہ کسی کے ساتھ مودت تھی اور نہ اخوت ــــ اس حدیث میں **خوخة** لفظ ہے، اس مناسبت سے باب میں یہ لفظ رکھا ہے اور پہلی روایت بالمعنی ہے۔

بَابُ الْأَبْوَابِ وَالْغَلَقِ لِلْكَعْبَةِ وَالْمَسَاجِدِ

کعبہ شریف اور مساجد میں دروازے لگانا اور ان میں تالا ڈالنا

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ عام مساجد ہوں یا خاص، جیسے کعبہ شریف ان میں دروازے لگانا اور ان دروازوں کو بند رکھنا جائز ہے، فتح مکہ کے موقع پر آنحضور ﷺ نے عثمان بن طلحہؓ سے جو کعبہ شریف کے چابی بردار تھے چابی منگوائی، اور تالا کھول کر کعبہ شریف میں تشریف لے گئے اس کو غسل دیا اور اندر جو تصویریں بنی ہوئی تھیں ان کو صاف کیا اور اندر دو رکعت نفل ادا فرمائیں، اس سے معلوم ہوا کہ کعبہ شریف کا دروازہ تھا اور وہ بند رہتا تھا اور آج بھی بند رہتا ہے، اسی طرح ابن ابی ملیکہ نے ابن جریج سے کہا: اگر تو ابن عباسؓ کی مساجد اور ان کے دروازے دیکھتا تو حیرت انگیز بات دیکھتا، یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی مساجد کے دروازے بہت شاندار تھے، حضرت ابن عباسؓ طائف کے گورنر تھے وہاں انھوں نے متعدد مسجدیں بنوائی تھیں، اور ایک خاص مسجد جو مسجد ابن عباسؓ کے نام سے معروف ہے جس میں حضرت سبق پڑھاتے تھے، میں نے اس مسجد کی زیارت کی ہے، وہاں تقریر بھی کی ہے وہاں ایک کتب خانہ ہے اس کو بھی دیکھا ہے اور حضرت ابن عباسؓ کی قبر بھی وہیں ہے اس کی بھی زیارت کی ہے۔ ظاہر ہے وہ مسجد بار بار بنی ہے، حضرت ابن عباسؓ کے زمانہ کی مساجد ابن جریج

کے زمانہ میں نہیں تھیں اس لئے ابن ابی ملیکہ نے ان سے کہا: اگر تو ابن عباس کی مساجد اور ان کے دروازے دیکھتا تو عجیب بات دیکھتا، معلوم ہوا کہ حضرت ابن عباسؓ نے جو مساجد بنائی تھیں ان کے دروازے تھے۔

[۸۱-] بَابُ الْأَبْوَابِ وَالْغَلَقِ لِلْكَعْبَةِ وَالْمَسَاجِدِ

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ لِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: قَالَ لِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ: يَا عَبْدَ الْمَلِكِ! لَوْ رَأَيْتَ مَسَاجِدَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَأَبْوَابَهَا!

[۴۶۸-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَا: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَدِمَ مَكَّةَ فَدَعَا عُثْمَانَ بْنَ طَلْحَةَ، فَفَتَحَ الْبَابَ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَبِلَالٌ وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، ثُمَّ أُغْلِقَ الْبَابُ، فَلَبِثَ فِيْهِ سَاعَةً، ثُمَّ خَرَجُوْا قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَبَدَرْتُ، فَسَأَلْتُ بِلَالًا، فَقَالَ: صَلَّى فِيْهِ، فَقُلْتُ فِيْ أَيٍّ؟ قَالَ: بَيْنَ الْأُسْطُوَانَتَيْنِ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَذَهَبَ عَلَيَّ أَنْ أَسْأَلَهُ كَمْ صَلَّى؟ [راجع: ۳۹۷]

وضاحت: الغَلَق کے معنی ہیں: تالا، اور لو رأیت مساجد ابن عباس وأبوابها: میں اگر لو شرطیہ ہے تو جزاء محذوف ہے أی لَرَأَیْتَ أَمْرًا عجبًا اور اگر لو تمنی کا ہے تو کچھ محذوف نہیں، اور فَبَدَرتُ کے معنی ہیں: پس میں تیزی سے آیا، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اپنے خیمہ میں تھے کسی نے بتایا کہ نبی ﷺ کعبہ شریف میں تشریف لے گئے ہیں، تو وہ تیزی سے مسجد حرام میں پہنچے اس وقت نبی ﷺ کعبہ شریف سے باہر آچکے تھے، تفصیل أبواب استقبال القبلة میں گذری ہے وہاں ملاحظہ کریں، اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ جو کعبہ شریف کے چابی بردار تھے بعض حضرات کہتے ہیں وہ صلح حدیبیہ کے موقع پر مسلمان ہوئے تھے اور بعض کہتے ہیں کہ فتح مکہ کے موقع پر مسلمان ہوئے تھے، جب آپؐ خانہ کعبہ سے باہر تشریف لائے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! چابی مجھے عنایت فرمایئے تاکہ سقایہ کے ساتھ حجابت (کلید برادری) کا شرف بھی ہمیں حاصل ہوجائے، لیکن آپؐ نے حضرت عثمانؓ ہی کو چابی عنایت فرمائی اور فرمایا: اے آلِ ابی طلحہ! ہمیشہ ہمیشہ کے لئے لے لو، تم سے ظالم اور غاصب ہی اس کو لے گا، چنانچہ آج تک چابی اسی خاندان کے پاس ہے —— فذهب عليَّ: میرے ذہن سے نکل گیا کہ پوچھوں: آپؐ نے کتنی رکعتیں پڑھیں تھیں؟

بابُ دُخُوْلِ الْمُشْرِكِ فِي الْمَسْجِدِ

غیر مسلم کا مسجد میں آنا

مسجد میں غیر مسلم کا داخلہ جائز ہے یا نہیں؟ احناف کے نزدیک ہر مسجد میں غیر مسلم آسکتا ہے، حتی کہ مسجدِ حرام میں بھی

آسکتا ہے، اور شوافع مسجد حرام کا استثناء کرتے ہیں، اس کے علاوہ ہر مسجد میں غیر مسلم داخل ہوسکتا ہے، سرخسی رحمہ اللہ نے السیر الکبیر کی شرح میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی ایک روایت بھی یہی ذکر کی ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک کسی بھی مسجد میں غیر مسلم داخل نہیں ہوسکتا، نہ مسجدِ حرام میں اور نہ اس کے علاوہ مساجد میں، اور یہ اختلاف سورۂ توبہ کی ایک آیت کے سمجھنے میں اختلاف کی وجہ سے ہوا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿إِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلاَ يَقْرَبُوْا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا﴾: بیشک مشرکین ناپاک ہیں، پس وہ اس سال کے بعد مسجدِ حرام کے قریب نہ آئیں۔

امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب مسجدِ حرام میں آنے کی ممانعت ہے تو دنیا کی تمام مساجد اللہ کا گھر ہیں اور محترم ہیں، لہٰذا کسی بھی مسجد میں مشرکین نہیں آسکتے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حکم مسجدِ حرام کے ساتھ خاص ہے، اس لئے کہ مسجدِ نبوی میں غیر مسلم آئے ہیں اور نبی ﷺ نے ان کو مسجدِ نبوی میں ٹھہرایا ہے، اس پر صحابہ کو اشکال بھی ہوا تھا کہ مشرکین نجس ہیں، ان کو مسجد میں کیسے ٹھہرایا جاسکتا ہے؟ آپؐ نے جواب دیا کہ ان کی نجاست ان کے عقیدوں میں ہے، ان کے ظاہر بدن پر کوئی نجاست نہیں، پس مسجد میں ٹھہرانے میں کچھ حرج نہیں، معلوم ہوا کہ مشرکین کا دیگر مساجد میں داخلہ جائز ہے۔ اور مذکورہ آیت مسجدِ حرام کے ساتھ خاص ہے۔ اور حنفیہ کہتے ہیں کہ اس آیت میں حج کے لئے آنے کی ممانعت ہے، مسجد میں آنے کی ممانعت نہیں ہے، پیچھے آپ نے پڑھا ہے کہ سنہ ۹ ہجری میں حج حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کرایا تھا اس حج میں نبی ﷺ کے حکم سے چار اعلان کئے گئے تھے، ان میں سے ایک اعلان یہ تھا کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج کے لئے نہیں آئے گا۔ اس آیت میں بھی حج کے لئے آنے کی ممانعت ہے پھر ایک سوال مقدر کا جواب دیا ہے کہ غلہ کے تاجر تو تمام مشرکین ہیں، اگر وہ حج میں نہیں آئیں گے تو مکہ والے کیا کھائیں گے؟ اللہ نے فرمایا: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ﴾: اگر تمہیں محتاجگی کا اندیشہ ہے تو اللہ تعالیٰ بہت جلد اپنے فضل سے تمہیں بے نیاز کردیں گے، چنانچہ غلہ کے وہ سب تاجر مسلمان ہوگئے، اور جو اندیشہ تھا وہ ٹل گیا۔

غرض حنفیہ کہتے ہیں کہ اس آیت میں مطلق مسجد میں آنے کی ممانعت نہیں ہے بلکہ حج میں آنے کی ممانعت ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ مسجدِ نبوی میں غیر مسلم آئے ہیں اور نبی ﷺ نے ان کو مسجد میں ٹھہرایا ہے اور مسجدیں محترم ہونے میں اور اللہ کا گھر ہونے میں سب برابر ہیں، پس مسجدِ حرام میں بھی مشرکین آسکتے ہیں۔

اور امام احمد رحمہ اللہ کی اس مسئلہ میں وہی رائے ہے جو امام شافعی رحمہ اللہ کی ہے اور سعودی گورنمنٹ حنبلی ہے اس لئے جہاں سے حرم شریف شروع ہوتا ہے وہیں سے دو راستے الگ کردیئے ہیں ایک پر للمسلمین لکھا ہے وہ راستہ مکہ جاتا ہے، اور دوسرے پر لغیر المسلمین لکھا ہے وہ طائف جاتا ہے۔

[۸۲-] بابُ دُخُوْلِ الْمُشْرِكِ فِي الْمَسْجِدِ

[۴۶۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: نَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: بَعَثَ رسولُ

اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم خَیْلاً قِبَلَ نَجْدٍ، فَجَاءَ تْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِیْ حَنِیْفَةَ، یُقَالُ لَهُ: ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ، فَرَبَطُوْهُ بِسَارِیَةٍ مِنْ سَوَارِی الْمَسْجِدِ. [راجع: ٤٦٢]

وضاحت: یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے، قبیلہ بنوحنیفہ کے سردار ثمامۃ بن اثال کو مسجد میں باندھا گیا تھا، وہ اس وقت مشرک تھے، معلوم ہوا کہ مشرک مسجد میں داخل ہوسکتا ہے۔

بابُ رَفْعِ الصَّوْتِ فِیْ الْمَسْجِدِ

مسجد میں زور سے بولنا

مسجد میں زور سے بولنے کا کیا حکم ہے؟ باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد میں زور سے بولنا جائز نہیں، اور دوسری حدیث سے کچھ گنجائش نکلتی ہے۔ پہلی حدیث یہ ہے کہ مسجدِ نبوی میں دو شخص گفتگو کررہے تھے اور زور سے بول رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سائب بن یزید کو جو تابعی ہیں اور جو کچھ فاصلہ پر تھے کنکری پھینک کر اپنی طرف متوجہ کیا، پھر اشارہ سے ان کو اپنے پاس بلایا، اور فرمایا: ان دونوں کو بلا کر لاؤ جو زور سے باتیں کررہے ہیں، یہ حضرت عمرؓ کی خلافت کا واقعہ ہے، جب وہ دونوں آئے تو آپؓ نے ان سے پوچھا: کہاں کے ہو؟ انھوں نے کہا ہم طائف کے ہیں، حضرت عمرؓ نے فرمایا: تم نبی ﷺ کی مسجد میں زور سے بول رہے ہو، جبکہ آپؐ یہاں لیٹے ہوئے ہیں، تم دونوں باہر کے ہو اور آدابِ مسجد سے واقف نہیں ہو اس لئے معاف کرتا ہوں اگر تم مدینہ کے ہوتے تو سخت سزا دیتا۔

اور دوسرا واقعہ وہ ہے جو چند ابواب پہلے گذرا ہے، حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے ابن ابی حدرد رضی اللہ عنہ سے اپنے قرض کا مطالبہ کیا اور تقاضے میں جھگڑے کی نوبت آئی، فریقین کی آوازیں بلند ہوگئیں، آپؐ نے اپنے حجرہ میں سے ان کی آوازیں سنیں، آپؐ نے پردہ ہٹا کر سر نکالا اور حضرت کعب کو پکار کر کہا کہ آدھا قرض معاف کردو، حضرت کعبؓ نے معاف کردیا، پس آپؐ نے ابن ابی حدرد سے کہا کہ جاؤ آدھا قرض ادا کرو۔

پہلی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد میں زور سے بولنا مطلقاً جائز نہیں، حضرت امام مالک رحمہ اللہ سے بھی یہی بات مروی ہے، خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سائب بن یزید کو پکارا نہیں بلکہ کنکری پھینک کر ان کو اپنی طرف متوجہ کیا، پھر اشارہ سے بلایا، اگر آپؓ ان کو آواز دیتے تو مسجد میں زور سے بولنا لازم آتا۔

اور دوسری روایت سے کچھ گنجائش معلوم ہوتی ہے اس لئے کہ نبی ﷺ نے حضرت کعبؓ کو پکارا تھا پھر ان کے درمیان تصفیہ کرایا تھا اور ان کے زور سے بولنے پر کوئی نکیر نہیں فرمائی تھی۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں دونوں روایتیں جمع کرکے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ بے ضرورت مسجد میں آواز بلند کرنا جائز نہیں، البتہ مذاکرۂ علمی اور دوسری دینی یا دنیوی

ضرورت سے اگر مسجد میں آواز بلند ہوجائے اور شوروغوغا کی حدتک نہ پہنچے تو اس کی گنجائش ہے۔فیض الباری (۳۹:۲) میں یہ واقعہ لکھا ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ مسجد میں سبق پڑھا رہے تھے، اور زور سے تقریر فرمارہے تھے، سفیان ثوری رحمہ اللہ نے ان کو ٹوکا کہ آپ مسجد میں زور سے بولتے ہیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ نے عذر کیا کہ کیا کروں، زور سے بولے بغیر طلبہ سمجھتے نہیں، اس مجبوری میں زور سے بول رہا ہوں۔

تم اپنے اساتذہ میں غور کرو جو اساتذہ زور سے اور صاف بولتے ہیں طلبہ ان کی بات سمجھتے ہیں اور جو اساتذہ آہستہ بولتے ہیں طلبہ ان کی بات نہیں سمجھتے، امام اعظم رحمہ اللہ نے یہی عذر کیا ہے کہ اگر زور سے نہ بولوں تو طلبہ سمجھتے نہیں، معلوم ہوا کہ بوقت ضرورت مسجد میں زور سے بول سکتے ہیں، البتہ اتنی زور سے مسجد میں بولنا کہ شوروغوغا ہوجائے جائز نہیں۔

[۸۳-] بابُ رَفْعِ الصَّوْتِ فِی الْمَسْجِدِ

[۴۷۰-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ نَجِیْحِ الْمَدِیْنِیُّ، قَالَ: نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ، قَالَ: نَا الْجُعَیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ یَزِیْدُ بْنُ خُصَیْفَۃَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ، قَالَ: کُنْتُ قَائِمًا فِیْ الْمَسْجِدِ، فَحَصَبَنِیْ رَجُلٌ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: اذْھَبْ فَأْتِنِیْ بِھٰذَیْنِ، فَجِئْتُہُ بِھِمَا، فَقَالَ: مِمَّنْ أَنْتُمَا؟ أَوْ: مِنْ أَیْنَ أَنْتُمَا؟ قَالاَ: مِنْ أَھْلِ الطَّائِفِ، قَالَ: لَوْ کُنْتُمَا مِنْ أَھْلِ الْبَلَدِ لَأَوْجَعْتُکُمَا، تَرْفَعَانِ أَصْوَاتَکُمَا فِیْ مَسْجِدِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم؟

[۴۷۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: نَا ابْنُ وَھْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ بْنُ یَزِیْدَ، عَنْ ابْنِ شِھَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ، أَنَّ کَعْبَ بْنَ مَالِکٍ أَخْبَرَہُ أَنَّہُ تَقَاضَی ابْنَ أَبِیْ حَدْرَدٍ دَیْنًا کَانَ لَہُ عَلَیْہِ، فِیْ عَھْدِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِی الْمَسْجِدِ، فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُھُمَا حَتّٰی سَمِعَھَا رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم وَھُوَ فِیْ بَیْتِہِ، فَخَرَجَ إِلَیْھِمَا رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم حَتّٰی کَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِہِ، وَنَادَی کَعْبَ بْنَ مَالِکٍ، قَالَ: لَبَّیْکَ یَارسولَ اللّٰہِ! فَأَشَارَ بِیَدِہِ أَنْ ضَعِ الشَّطْرَ مِنْ دَیْنِکَ، قَالَ: کَعْبٌ: قَدْ فَعَلْتُ یَارسولَ اللّٰہِ! قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "قُمْ فَاقْضِہِ" [راجع: ۴۵۷]

ترجمہ: سائب بن یزید کہتے ہیں: میں مسجد میں کھڑا تھا، مجھے ایک شخص نے کنکری ماری، میں نے دیکھا تو اچانک وہ حضرت عمرؓ تھے، آپؓ نے فرمایا: جا ان دونوں کو بلا لا، میں دونوں کو بلا کر لایا تو آپؓ نے پوچھا: تم دونوں کس قبیلہ کے ہو؟ یا فرمایا: تم کہاں سے آئے ہو؟ انھوں نے کہا: طائف سے آئے ہیں، آپؓ نے فرمایا: اگر تم مدینہ کے ہوتے تو میں تم دونوں کو سزا دیتا، کیا تم نبی ﷺ کی مسجد میں آواز بلند کررہے ہو؟ (ہمزہ استفہام پوشیدہ ہے أی أترفعان) اور دوسری حدیث کا ترجمہ چند ابواب پہلے گذر چکا ہے۔

بابُ الْحلَقِ وَالْجُلُوْسِ فِی الْمِسْجِدِ

مسجد میں حلقہ بنانا اور بیٹھنا

الحلق: حاء کا زبر اور زیر دونوں صحیح ہیں، یہ حَلَقَة کی جمع ہے اور اس کے معنی ہیں: گول دائرہ بنا کر بیٹھنا، تھوڑے لوگ ہوں تو بیٹھنے کا یہی طریقہ ہے اور لوگ زیادہ ہوں تو مل کر بیٹھیں، جس طرح آپ حضرات بیٹھے ہیں۔ نبی ﷺ کی مجلس میں صحابہ دونوں طرح بیٹھتے تھے، اور مسجد میں بھی دونوں طرح بیٹھنا جائز ہے، ترمذی میں حدیث ہے: نبی ﷺ نے جمعہ کے دن جامع مسجد میں حلقے لگانے سے منع فرمایا، یہ حدیث یا تو امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک صحیح نہیں یا پھر وہ جمعہ کے ساتھ خاص ہے اس لئے امام بخاریؒ نے یہ باب قائم کیا کہ مسجد میں مطلق بیٹھنا اور حلقہ بنا کر بیٹھنا: دونوں طریقے جائز ہیں، باب کی پہلی دو حدیثوں میں صرف جلوس کا ذکر ہے، اور تیسری حدیث میں حلقہ بنا کر بیٹھنے کا ذکر ہے۔

[٨٤-] بابُ الْحلَقِ وَالْجُلُوْسِ فِی الْمِسْجِدِ

[٤٧٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: مَا تَرَى فِي صَلَاةِ اللَّيْلِ؟ قَالَ: " مَثْنٰى مَثْنٰى، فَإِذَا خَشِيَ الصُّبْحَ أَحَدُكُمْ صَلَّى وَاحِدَةً، فَأَوْتَرَتْ لَهُ مَا صَلَّى " وَإِنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: اجْعَلُوْا آخِرَ صَلَاتِكُمْ بِاللَّيْلِ وِتْرًا، فَإِنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَمَرَ بِهِ. [انظر: ٤٧٣، ٩٩٠، ٩٩٣، ٥٩٥، ١١٣٧]

[٤٧٣-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ أَنَّ رُجُلاً جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ يَخْطُبُ فَقَالَ: كَيْفَ صَلَاةُ اللَّيْلِ؟ قَالَ: " مَثْنٰى مَثْنٰى، فَإِذَا خَشِيْتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ، تُوْتِرْ مَا قَدْ صَلَّيْتَ "

وَقَالَ الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُمْ أَنَّ رَجُلاً نَادَى النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَهُوَ فِيْ الْمَسْجِدِ. [راجع: ٤٧٢]

حدیث (۱): ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص نے نبی ﷺ سے پوچھا درانحالیکہ آپؐ منبر پر تھے، آپؐ رات کی نماز (تہجد) کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: رات کی نماز دو دو، دو دو رکعتیں ہیں، پس جب تم میں سے کوئی صبح کا اندیشہ کرے تو ایک رکعت پڑھے، پس وہ ایک رکعت اس کی نمازوں کو طاق بنا دے گی، اور ابن عمرؓ فرمایا کرتے تھے: اپنی رات کی آخری نماز وتر کو بناؤ اس لئے کہ نبی ﷺ نے اس کا حکم دیا ہے۔

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا درانحالیکہ آپؐ تقریر فرما رہے

تھے، اس نے عرض کیا: رات کی نمازیں کس طرح ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: دو دو دو دو رکعتیں ہیں، پس جب صبح کا اندیشہ ہو تو ایک رکعت کے ذریعہ طاق بناؤ، طاق بنائے گی وہ ایک رکعت اس نماز کو جو تو نے پڑھی ہے (تُوْتِرْ جواب امر مجزوم ہے اور اس کو مستقل جملہ بھی بنا سکتے ہیں، پس وہ مرفوع ہوگا اور مطلب ہوگا کہ وتر حقیقی رات کی سب نمازوں کو طاق بنا دے گی)

اور دوسری سند سے ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے نبی ﷺ سے پکار کر کہا (معلوم ہوا کہ مجمع بڑا تھا اس لئے زور سے بولنا پڑا) درانحالیکہ آپؐ مسجد میں تھے۔

تشریح: ان حدیثوں سے بس یہ استدلال کرنا ہے کہ صحابہ اور آنحضور ﷺ مسجد میں بیٹھے تھے، پس مسجد میں جلوس کا جواز ثابت ہوا، اور حدیث میں دو مسئلے اور بھی ہیں:

ایک: تہجد گذاروں کو ہر دو رکعت پر سلام پھیرنا چاہئے، یہ مسئلہ ہے یا مصلحت؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مسئلہ ہے، چنانچہ ان کے نزدیک رات میں ہر دو رکعت پر سلام پھیرنا افضل ہے، بلکہ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک تو رات میں ایک سلام سے دو سے زیادہ نفلیں پڑھنا جائز ہی نہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہ مصلحت ہے یعنی آنحضور ﷺ نے تہجد گذاروں کو ان کی بھلائی کی بات بتائی ہے، چونکہ تہجد طویل پڑھے جاتے ہیں، نبی ﷺ بہت لمبے تہجد پڑھتے تھے اور صحابہ کا بھی یہی معمول تھا اس لئے آپؐ نے یہ ہدایت فرمائی کہ ہر دو رکعت پر سلام پھیرو، اس میں سہولت ہے پھر کچھ آرام کر کے تازہ دم ہو کر اگلا دوگانہ شروع کرو، چار رکعتیں ایک ساتھ طویل پڑھنے سے آدمی تھک جائے گا، تفصیل کتاب التہجد (باب ۱۰) میں آئے گی۔

اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ وتر حقیقی ایک رکعت ہے یا تین رکعتیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وتر کی تین رکعتیں ہیں ایک رکعت وتر پڑھنا جائز نہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک وتر حقیقی ایک رکعت ہے، مگر ایک سلام سے تین رکعت وتر پڑھنا بھی جائز ہے، اور یہ اختلاف اس حدیث کو سمجھنے میں ہوا ہے یعنی یہ نص فہمی کا اختلاف ہے، دلائل کا اختلاف نہیں، تفصیل ابواب الوتر میں آئے گی۔

[٤٧٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّ أَبَا مُرَّةَ مَوْلَى عَقِيْلِ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، أَخْبَرَهُ، عَنْ أَبِيْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: بَيْنَمَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْمَسْجِدِ، فَأَقْبَلَ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ، فَأَقْبَلَ اثْنَانِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَذَهَبَ وَاحِدٌ، فَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَرَأَى فُرْجَةً فِي الْحَلْقَةِ فَجَلَسَ، وَأَمَّا الآخَرُ فَجَلَسَ خَلْفَهُمْ، وَأَمَّا الآخَرُ فَأَدْبَرَ ذَاهِبًا، فَلَمَّا فَرَغَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَلاَ أُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلاَثَةِ؟ أَمَّا أَحَدُهُمْ فَأَوَى إِلَى اللّٰهِ فَآوَاهُ اللّٰهُ، وَأَمَّا الآخَرُ فَاسْتَحْيَا فَاسْتَحْيَا اللّٰهُ مِنْهُ، وَأَمَّا الآخَرُ فَأَعْرَضَ فَأَعْرَضَ اللّٰهُ عَنْهُ" [راجع: ٦٦]

وضاحت: اس حدیث کی شرح کتاب العلم (باب ۸) میں گذر چکی ہے وہاں ملاحظہ کریں، اور یہاں یہ استدلال ہے کہ مسجد میں حلقہ بنا کر بیٹھنا جائز ہے، نبی ﷺ اور حضرات صحابہ مسجد میں حلقہ بنا کر بیٹھے تھے۔

بابُ الِاسْتِلْقَاءِ فِی الْمسْجِدِ

مسجد میں چت لیٹنا

اِسْتَلْقٰی علی ظَهْرِه: چت لیٹنا، سیدھا ہو کر پڑنا، پیٹھ پر لیٹ کر آرام کرنا۔ سونا یعنی نیند لگ جانا اس کے مفہوم میں داخل نہیں، مسجد میں چت لیٹنا جائز ہے جبکہ کشف عورت کا اندیشہ نہ ہو، یعنی اگر نیند آجائے تو ستر کھلنے کا اندیشہ نہ ہو، مثلاً پائجامہ پہن رکھا ہو یا لنگی پہنی ہو مگر چوکنا سویا ہو اور کشف عورت کا اندیشہ نہ ہو تو کچھ مضائقہ نہیں، صحیح احادیث میں مسجد میں پیر پر پیر رکھ کر لیٹنے سے منع کیا گیا ہے، اور یہاں حدیث ہے کہ عباد بن تمیم کے چچا نے نبی ﷺ کو مسجد میں چت لیٹے ہوئے دیکھا، درانحالیکہ آپؐ نے پیر پر پیر رکھ رکھا تھا، یہ تعارض ہے اس لئے بعض علماء نے ان روایات کو ناسخ ومنسوخ قرار دیا ہے، ممانعت کی روایت منسوخ ہے اور باب کی روایت ناسخ ہے لیکن عام طور پر علماء ناسخ ومنسوخ قرار نہیں دیتے بلکہ تطبیق دیتے ہیں کہ ممانعت کشف عورت کے اندیشہ کی صورت میں ہے، اور اجازت اطمینان کی صورت میں ہے۔

[۸۵-] بابُ الِاسْتِلْقَاءِ فِی الْمسْجِدِ

[٤٧٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ أَنَّهُ رَأَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُسْتَلْقِيًا فِي الْمَسْجِدِ، وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى.

وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: كَانَ عُمَرُ وَعُثْمَانُ يَفْعَلَانِ ذٰلِكَ. [انظر: ٥٩٦٩، ٦٢٨٧]

ترجمہ: عباد بن تمیم اپنے چچا عبداللہ بن زید بن عاصم سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے نبی ﷺ کو مسجد میں چت لیٹے ہوئے دیکھا درانحالیکہ آپؐ نے ایک پیر دوسرے پیر رکھ رکھا تھا —— اور ابن شہاب نے بواسطہ سعید بن المسیب روایت کیا ہے کہ حضرات شیخین رضی اللہ عنہما بھی ایسا کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث سے بہ ظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ ایک پیر کھڑا کر کے اس پر دوسرا پیر رکھ کر چت لیٹے تھے، مگر ایک نسخہ میں باب میں وَمَدِّ الرِّجل بھی ہے، وہ نسخہ گیلری میں ہے۔ اس جملہ سے امام بخاریؒ نے حدیث کی شرح کی ہے کہ نبی ﷺ جو پیر پر پیر رکھ کر لیٹے تھے تو آپؐ نے پیر لمبے کر رکھے تھے اور اس صورت میں کشف عورت کا اندیشہ نہیں ہوتا پس یہ جائز ہے، اور ممانعت والی احادیث کا محمل وہ صورت ہے جب کشف عورت کا اندیشہ ہو۔

قولہ وعن ابن شہاب: یہ تعلیق بھی ہو سکتی ہے اور سابق سند سے متصل بھی ہو سکتی ہے، اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ حضرات

شیخین کا عمل لاکر امام بخاریؒ نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ ممانعت والی احادیث منسوخ ہیں اس لئے کہ نبی ﷺ کے بعد حضرات شیخین سے بھی پاؤں پر پاؤں رکھ کر لیٹنا ثابت ہے اگر ممانعت باقی ہوتی تو حضرات شیخین اس طرح نہ لیٹتے۔ مگر میں نے کہا کہ ناسخ ومنسوخ ماننے کی ضرورت نہیں، دونوں حدیثوں کا محمل الگ الگ تجویز کیا جائے، اگر کشف عورت کا اندیشہ ہو تو ممانعت ہے اور اطمینان ہو تو اجازت ہے۔

بابُ الْمَسْجِدِ يَكُوْنُ فِيْ الطَّرِيْقِ مِنْ غَيْرِ ضَرَرٍ بِالنَّاسِ فِيْهِ

راستے میں مسجد کا ہونا جبکہ لوگوں کو کوئی ضرر نہ پہنچے

یہاں مسجد کے لغوی معنی بھی مراد ہو سکتے ہیں اور شرعی معنی بھی۔ اگر لغوی معنی مراد ہیں تو راستہ میں مسجد بنانے کا مطلب ہے: راستہ میں نماز پڑھنا، لوگ اسٹیشن پر، پلیٹ فارم پر، ایرپورٹ پر اور دیگر عوامی جگہوں میں نماز پڑھتے ہیں اس میں کچھ حرج نہیں، جبکہ راستہ میں نماز پڑھنے سے لوگوں کو ضرر نہ پہنچے، بس اس ایک بات کا خیال رکھ کر راستہ میں نماز پڑھنا جائز ہے۔

اور اگر شرعی مسجد بنانا مراد ہے تو حکومت کی اجازت ضروری ہے، ویران زمین کی آباد کاری کے مسئلہ میں امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک محض آباد کاری سے آدمی زمین کا مالک نہیں ہوتا، حکومت کی اجازت ضروری ہے، خواہ اجازت لاحقہ ہو یا سابقہ، اسی طرح راستہ عام لوگوں کا حق ہے اور حکومت عوام کے حقوق کی محافظ ہے، اس لئے راستہ میں مسجد بنانے کے لئے حکومت کی اجازت ضروری ہے۔ اور شاہ صاحب قدس سرہ نے فیض الباری میں فرمایا ہے کہ جہاں مما کست ہو یعنی بعض مسجد بنانے کے حق میں ہوں اور بعض مخالفت کر رہے ہوں تو ایسی جگہ مسجد بنانا جائز نہیں، البتہ اگر سب لوگ مسجد بنانے پر متفق ہوں تو پھر راستہ میں مسجد بنا سکتے ہیں۔

فائدہ: باب میں فيه مصری نسخہ میں نہیں ہے اور فتح الباری میں بھی نہیں ہے اور اس کی ضرورت بھی نہیں ہے، لیکن ہمارے ہندوستانی نسخہ میں ہے اور ضمیر طریق کی طرف لوٹتی ہے، یعنی راستہ میں مسجد بنانے سے اگر لوگوں کو کوئی ضرر نہ پہنچے تو بنا سکتے ہیں۔ اور فيه کے اوپر بین السطور میں جو لکھا ہے وہ صحیح نہیں، صحیح بات وہ ہے جو میں نے بیان کی، اس پر زیادہ سے زیادہ یہ اشکال ہو سکتا ہے کہ طریق مؤنث سماعی ہے، اس کی طرف مذکر ضمیر کیسے لوٹے گی؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ طریق اگرچہ مؤنث سماعی ہے مگر لفظ مذکر ہے، اس لئے اس کی طرف کبھی مذکر ضمیر بھی لوٹاتے ہیں۔

[۸٦-] بابُ الْمَسْجِدِ يَكُوْنُ فِيْ الطَّرِيْقِ مِنْ غَيْرِ ضَرَرٍ بِالنَّاسِ فِيْهِ

وَبِهِ قَالَ الْحَسَنُ وَأَيُّوْبُ وَمَالِكٌ.

[٤٧٦-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: نَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ،

أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: لَمْ أَعْقِلْ أَبَوَيَّ إِلَّا وَهُمَا يَدِيْنَانِ الدِّيْنَ، وَلَمْ يَمُرَّ عَلَيْنَا يَوْمٌ إِلَّا يَأْتِيْنَا فِيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَرَفَيِ النَّهَارِ بُكْرَةً وَعَشِيَّةً، ثُمَّ بَدَا لِأَبِي بَكْرٍ فَابْتَنَى مَسْجِدًا بِفِنَاءِ دَارِهِ، فَكَانَ يُصَلِّيْ فِيْهِ، وَيَقْرَأُ الْقُرْآنَ، فَيَقِفُ عَلَيْهِ نِسَاءُ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَبْنَاؤُهُمْ، يَعْجَبُوْنَ مِنْهُ وَيَنْظُرُوْنَ إِلَيْهِ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ رَجُلًا بَكَّاءً وَلَا يَمْلِكُ عَيْنَيْهِ إِذَا قَرَأَ الْقُرْآنَ، فَأَفْزَعَ ذٰلِكَ أَشْرَافَ قُرَيْشٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ.

[انظر: ۲۱۳۸، ۲۲٦۳، ۲۲٦٤، ۲۲۹۷، ۳۹۰۵، ٤۰۹۳، ٥۸۰۷، ٦۰۷۹]

اثر: حضرات حسن بصری، ایوب سختیانی اور امام مالک رحمہم اللہ راستہ میں مسجد بنانے کے جواز کے قائل ہیں، اور احناف بھی اس کو جائز کہتے ہیں، البتہ اذن امام کی شرط لگاتے ہیں۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے ماں باپ کو دین دار پایا ہے اور کوئی دن ایسا نہیں گذرتا تھا مگر نبی ﷺ اس دن کے دونوں کناروں میں یعنی صبح وشام ہمارے یہاں تشریف لاتے تھے۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لئے ظاہر ہوا یعنی ان کی رائے بنی تو انھوں نے اپنے گھر کے صحن میں مسجد بنائی (یہی جزء باب سے متعلق ہے) پس وہ اس میں نماز پڑھتے تھے اور قرآن پڑھتے تھے، پس ان کے پاس مشرکین کی عورتیں اور بچے ٹھٹھ لگاتے تھے اور ان کے پڑھنے اور رونے پر حیرت کرتے تھے اور ان کو دیکھتے رہتے تھے۔ اور ابوبکرؓ بہت زیادہ رونے والے تھے، جب وہ قرآن پڑھتے تو ان کا آنکھوں پر قابو نہیں رہتا تھا، پس اس سے قریش کے شرفاء گھبرا گئے۔

تشریح: یہ حدیث یہاں بہت مختصر ہے، تفصیلی حدیث آگے آئے گی۔ اس حدیث میں پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے باہمی تعلقات کا نقشہ کھینچا ہے، پھر حضرت ابوبکرؓ کی ہجرت کا تذکرہ کیا ہے۔

مکی دور میں جب کفار کا ظلم وستم بہت بڑھ گیا تو نبی ﷺ نے مسلمانوں کو ہجرت کی اجازت دیدی، لوگ حبشہ ہجرت کر کے جانے لگے، ایک وقت کے بعد کفار کے مظالم سے تنگ آکر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی ہجرت کا ارادہ کیا اور حبشہ جانے کے ارادہ سے گھر سے نکل کھڑے ہوئے، راستہ میں بَرك الغِماد نامی جگہ میں قبیلہ قارہ کے سردار ابنُ الدَّغِنة سے حضرت ابوبکرؓ کی ملاقات ہوئی، اس نے پوچھا: کہاں کا ارادہ ہے؟ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: میری قوم نے مجھے مکہ سے نکال دیا ہے اس لئے نکل کھڑا ہوا ہوں، اللہ کی زمین میں گھوموں گا اور اللہ کی بندگی کروں گا، ابن الدغنہ نے کہا: آپ جیسا آدمی نہ مکہ سے نکلتا ہے اور نہ نکالا جاتا ہے، آپ صلہ رحمی کرتے ہیں، لوگوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں یعنی مقروض کے قرضے ادا کرتے ہیں، ناداروں کی خبر گیری کرتے ہیں، مہمان نوازی کرتے ہیں اور قدرتی آفات میں لوگوں کی مدد کرتے ہیں (۱) آپ جیسا آدمی مکہ میں نہیں رہے گا تو مکہ والوں کا کیا ہوگا؟ آپ واپس چلیں میں آپ کو پناہ دوں گا، چنانچہ ابن الدغنہ حضرت ابوبکر

(۱) یہ وہی پانچ صفات ہیں جو حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ کی شان میں بیان کی تھیں جب آپؐ پر پہلی مرتبہ وحی نازل ہوئی تھی اور آپؐ گھبرائے ہوئے گھر پہنچے تھے، تفصیل کتاب الوحی میں گذری ہے۔

رضی اللہ عنہ کو ساتھ لے کر مکہ آیا اور رؤسائے مکہ کو جمع کر کے اعلان کیا کہ آج سے ابوبکر میری پناہ میں ہیں، مکہ کے رؤساء نے اس سے کہا: تم بڑے آدمی ہو، ہم تمہاری پناہ کو قبول کرتے ہیں مگر ہماری ایک شرط ہے، ابوبکر گھر کے صحن میں نماز پڑھتے ہیں، اس سے متصل راستہ ہے اور وہ زور سے قرآن پڑھتے ہیں اور روتے ہیں، ہماری عورتیں اور بچے وہاں ٹھٹھ لگا کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور ان کا پڑھنا اور رونا حیرت سے دیکھتے ہیں ہمیں ان کے بے دین ہو جانے کا خطرہ ہے۔ آپ ابوبکر سے کہیں کہ وہ گھر میں جو چاہیں کریں گھر کے صحن میں نماز نہ پڑھیں۔ ابن الدغنہ نے حضرت ابوبکرؓ سے یہ بات کہی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے شرط قبول کر لی اور کچھ دن گھر میں نماز پڑھتے رہے، لیکن پھر حضرت کی رائے بدل گئی اور انھوں نے صحن میں نماز پڑھنی شروع کر دی، مکہ والوں نے ابن الدغنہ کو بلوایا اور کہا ابوبکرؓ نے شرط کی خلاف ورزی شروع کر دی ہے، آپ ابوبکرؓ سے کہیں یا تو شرط کے مطابق گھر میں نماز پڑھیں یا تمہاری پناہ واپس کر دیں، ہم نہیں چاہتے کہ تمہاری پناہ میں رخنہ پڑے، ابن الدغنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے یہ بات کہی، حضرت ابوبکرؓ نے اس کی پناہ واپس کر دی۔

استدلال: یہ جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے گھر کے صحن میں نماز پڑھنے کے لئے جگہ متعین کی تھی جس سے متصل راستہ تھا اس کو امام بخاریؒ راستہ میں مسجد بنانا کہہ رہے ہیں، حالانکہ یہ مسجد بنانا نہیں ہے، ہجرت سے پہلے ایسے حالات نہیں تھے کہ مکہ میں کوئی مسجد بنائے، کعبہ شریف میں نماز پڑھنا بھی مشکل تھا دوسری مسجد کیسے بناتے؟ پس یہ استدلال کمزور ہے۔

فائدہ: اس روایت میں ہے کہ نبی ﷺ روزانہ صبح وشام حضرت ابوبکرؓ کے گھر تشریف لے جاتے تھے، اور دوسری روایت میں روزانہ ملاقات کرنے سے منع فرمایا ہے: زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا: گاہ بہ گاہ ملاقات کر و اس سے محبت بڑھے گی، پس یہ گونہ تعارض ہے۔

پس جاننا چاہئے کہ باب کی حدیث کا مصداق گہرے تعلقات ہیں، اور دوسری حدیث کا مصداق عام تعلقات ہیں، اگر تعلقات سرسری ہوں تو گاہ بہ گاہ ملاقات کرنی چاہئے، تاکہ بار خاطر نہ ہو، اور قریبی اور گہرے تعلقات ہوں تو روزانہ ملاقات کر سکتے ہیں اس سے فریقین کو فرحت حاصل ہوتی ہے —— اور تعلقات کی نوعیت کا فیصلہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا جائے گا، علاوہ ازیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حیثیت وزیر کی بھی تھی، اور بادشاہ کو وزیر سے بار بار مشورہ کرنا پڑتا ہے، پس یہ دو حدیثیں دو بابوں کی ہیں، اس لئے ان میں کچھ تعاض نہیں۔

بابُ الصَّلاَةِ فِيْ مَسْجِدِ السُّوْقِ

بازار کی مسجد میں نماز پڑھنا

مسجد سوق سے بازار کا وہ چبوترہ وغیرہ مراد ہے جو بازار والے نماز کے لئے بنا لیتے ہیں، مسجدِ شرعی مراد نہیں، نبی ﷺ کے زمانہ میں بازار کی نوعیت آج کل کی پینٹھوں جیسی تھی، دن بھر وہاں ہما ہمی رہتی اور شام کو ہو کا عالم ہو جاتا، وہاں اگر کوئی

شخص تنہا یا باجماعت نماز پڑھے تو جائز ہے۔ اور وہاں باجماعت نماز پڑھنے سے جماعت کا ثواب ملے گا، یہ اس ترجمہ کا مقصد ہے۔

عبداللہ بن عونؒ نے جو بڑے فقیہ ہیں اور حضرات حسن بصری اور محمد بن سیرین رحمہما اللہ کے معاصر ہیں اپنے گھر کی مسجد میں جس میں دروازہ تھا یعنی دروازہ بند کرنے کے بعد کوئی شخص نہیں آسکتا تھا: باجماعت نماز پڑھی ہے[1] معلوم ہوا کہ گھر میں باجماعت نماز پڑھنے سے جماعت کا ثواب ملے گا، اگر جماعت کا ثواب نہ ملے تو گھر میں جماعت کرنے کا فائدہ کیا؟ پس بازار میں بھی باجماعت نماز پڑھنے سے جماعت کا ثواب ملے گا۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث آگے بخاری میں آرہی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جماعت کی نماز تنہا نماز سے پچیس گنا فضیلت رکھتی ہے۔ یہ حدیث مطلق ہے ہر اس نماز کو شامل ہے جو باجماعت پڑھی جائے خواہ وہ مسجد شرعی میں پڑھی جائے یا بازار یا گھر میں۔ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ستائیس گنا ثواب کا ذکر ہے۔

رہی یہ بات کہ مسجدِ شرعی میں جو نماز باجماعت پڑھی جائے اس میں مسجد کا الگ سے ثواب ملتا ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں کوئی صراحت نہیں، پس جب کوئی دلیل نہیں تو قطعیت کے ساتھ کوئی بات کہنا مشکل ہے، البتہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ بندہ جب مسجد جانے کے ارادہ سے گھر سے نکلتا ہے اور شاندار وضو کر کے جاتا ہے تو ہر قدم پر ایک گناہ معاف ہوتا ہے اور ایک نیکی لکھی جاتی ہے، اور جب تک وہ نماز کے انتظار میں رہتا ہے حکماً نماز میں ہوتا ہے اور فرشتے اس کے لئے بخشش و مرحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں، ظاہر ہے گھر میں اور بازار میں نماز پڑھنے والے کو یہ فضیلت حاصل نہیں ہوگی، مسجدِ شرعی میں جا کر نماز پڑھنے والے ہی کو یہ فضیلت حاصل ہوگی۔

[۸۷-] بابُ الصَّلاَةِ فِیْ مَسْجِدِ السُّوْقِ

وَصَلَّی ابْنُ عَوْنٍ فِیْ مَسْجِدٍ فِیْ دَارٍ یُغْلَقُ عَلَیْهِمُ الْبَابُ.

[۴۷۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: نَا أَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " صَلاَةُ الْجَمِیْعِ تَزِیْدُ عَلٰی صَلاَتِهٖ فِیْ بَیْتِهٖ وَصَلاَتِهٖ فِیْ سُوْقِهٖ خَمْسًا وَعِشْرِیْنَ دَرَجَةً، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، وَأَتَی الْمَسْجِدَ لاَ یُرِیْدُ إِلاَّ الصَّلاَةَ، لَمْ یَخْطُ خَطْوَةً إِلاَّ رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ خَطِیْئَةً، حَتّٰی یَدْخُلَ الْمَسْجِدَ. وَإِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ كَانَ فِیْ صَلاَةٍ مَا كَانَتْ تَحْبِسُهُ وَتُصَلِّیْ الْمَلاَئِكَةُ عَلَیْهِ مَا دَامَ فِیْ مَجْلِسِهِ الَّذِیْ یُصَلِّیْ فِیْهِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ مَالَمْ یُؤْذِ، یُحَدِّثْ فِیْهِ. [راجع: ۱۷۶]

(۱) یہ مسجدِ شرعی نہیں تھی بلکہ گھر میں نماز پڑھنے کے لئے جو جگہ مختص کی جاتی ہے وہ جگہ تھی۔

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جماعت کی نماز اس نماز پر جو آدمی نے اپنے گھر میں پڑھی ہے اور اس نماز پر جو اپنی دکان میں پڑھی ہے پچیس گنا بڑھ جاتی ہے، پس بیشک تم میں سے ایک آدمی جب وضو کرتا ہے اور اچھی طرح وضو کرتا ہے پھر مسجد میں آتا ہے، نہیں ارادہ کرتا وہ مگر نماز ہی کا تو نہیں اٹھاتا وہ کوئی قدم مگر اس پر اللہ اس کا ایک درجہ بلند فرماتے ہیں اور اس کا ایک گناہ معاف فرماتے ہیں، یہاں تک کہ وہ مسجد میں آجاتا ہے، اور جب وہ مسجد میں آجاتا ہے تو وہ حکماً نماز میں ہوتا ہے، جب تک کہ وہ نماز کا انتظار کرتا ہے اور فرشتے اس کے لئے بخشش ورحمت کی دعا کرتے ہیں، جب تک کہ وہ اس جگہ میں ہوتا ہے جہاں وہ نماز پڑھتا ہے: اے اللہ! اس کی بخشش فرما، اے اللہ! اس پر رحم فرما، جب تک وہ ایذاء نہ پہنچائے، جب تک وہ گوز نہ مارے (یُحدث سے پہلے مَالَم پوشیدہ ہے)

تشریح:

۱- اس حدیث میں گھر اور دوکان میں پڑھی ہوئی نماز سے مسجد میں باجماعت پڑھی ہوئی نماز کو پچیس گنا فضیلت والا بتایا گیا ہے، معلوم ہوا کہ دوکان میں نماز پڑھنا جائز ہے، یہی اس حدیث سے استدلال ہے۔

۲- اس حدیث میں پچیس گنا ثواب کا ذکر ہے اور ابن عمرؓ کی حدیث میں ستائیس گنا ثواب مروی ہے اور وہ روایت بھی اعلی درجہ کی صحیح ہے اور دونوں روایتوں میں تطبیق یہ ہے کہ نفس جماعت کا ثواب پچیس گنا ہے لیکن اگر جماعت میں مزید خصوصیات پیدا ہو جائیں، مثلاً امام نیک آدمی ہو، یا مجمع بڑا ہو یا جماعت میں نیک لوگ شامل ہوں تو پھر ثواب بڑھ کر ستائیس گنا ہو جائے گا۔

اور دوسری تطبیق علماء نے یہ دی ہے کہ نفس جماعت کا ثواب خواہ کہیں پڑھی گئی ہو پچیس گنا ہے اور مسجد میں باجماعت نماز پڑھنے کا ثواب ستائیس گنا ہے۔

اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا: جماعت کے فوائد ایک زاویہ سے پچیس ہیں اور دوسرے اعتبار سے ستائیس، پس جس زاویہ سے دیکھا جائے اس کا اعتبار ہوگا (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۳: ۵۷۵ میں ہے)

اور جماعت کی نماز منفرد کی نماز سے اس لئے بڑھ جاتی ہے کہ تنہا نماز پڑھنے والے کو نہ نماز کا انتظار رہتا ہے، نہ کہیں جانا ہے، نہ امام کی قراءت سننی ہے بلکہ وہ وضو بھی ڈھنگ سے نہیں کرتا، جلدی جلدی وضو کر کے چھوٹی چھوٹی سورتوں سے نماز نمٹا دیتا ہے، اور پڑ کر سو جاتا ہے یا کام میں مصروف ہو جاتا ہے، اور باجماعت نماز پڑھنے والا وضو بھی ڈھنگ سے کرتا ہے، مسجد میں بھی جاتا ہے، جس میں ہر قدم پر نیکی لکھی جاتی ہے اور گناہ معاف ہوتا ہے، نماز کا انتظار بھی کرتا ہے اور منتظر صلوٰۃ بحکم صلوٰۃ ہوتا ہے، امام کی قراءت بھی سنتا ہے اور نماز کے لئے ایک معتد بہ ٹائم صرف کرتا ہے، غرض اس کی نماز منفرد کی نماز سے ہر اعتبار سے بڑھی ہوئی ہوتی ہے اس لئے باجماعت نماز کی فضیلت وارد ہوئی ہے۔

۳- حدیث میں وضو کی قید عربوں کے عرف کے اعتبار سے ہے، چونکہ عربوں کی مسجدوں میں وضو کا انتظام نہیں ہوتا،

لوگ گھر سے وضو کر کے آتے ہیں، اس لئے حدیث میں یہ قید آئی ہے۔ یہ بات علامہ کشمیری قدس سرہ نے فیض الباری (۲:۳۷) میں فرمائی ہے، البتہ یہ ضروری ہے کہ وہ مسجد جانے ہی کے لئے گھر سے نکلا ہو دوسرے کسی کام کے لئے نہ نکلا ہو، جبھی مذکورہ ثواب ملے گا، ایک شخص سبزی لینے کے لئے بازار گیا اور نماز بھی پڑھتا آیا تو اس کو مذکورہ ثواب نہیں ملے گا، جو نماز پڑھنے ہی کے لئے گھر سے نکلا اور راستہ سے سبزی بھی لیتا آیا تو اس کو یہ ثواب ملے گا۔

قولہ: أَوحطَّ عنه خطيئةً: مصری نسخہ میں واؤ ہے اور گیلری میں بھی واؤ لکھا ہے اور وہی صحیح ہے اور ہمارے نسخہ میں جو أو ہے وہ بمعنی واؤ ہے۔

۴- جو شخص نماز کے انتظار میں مسجد میں بیٹھا ہے وہ حکماً نماز میں ہے، اس کے لئے فرشتے رحمت و مغفرت کی دعا کرتے ہیں، اسی طرح جو نماز کے بعد مسجد میں بیٹھا ہے اور ذکر و اذکار یا تلاوت میں مشغول ہے اس کے لئے بھی فرشتے دعا کرتے ہیں، اور اس وقت تک کرتے ہیں جب تک وہ کسی کو تکلیف نہ پہنچائے یا مسجد میں ریح خارج نہ کرے۔ یہ بھی تکلیف پہنچانے کی ایک صورت ہے، فرشتوں کو اس سے اذیت پہنچتی ہے، اس لئے وہ دعا بند کر دیتے ہیں، اسی طرح کسی اور مخلوق کو اذیت پہنچائے، اس کی جو بھی صورت ہو، تو فرشتے دعا موقوف کر دیتے ہیں۔

قولہ: مادام فی مجلسه الذی يُصلى فيه: مجلس سے مسجد مراد ہے جہاں اس نے نماز پڑھی ہے خاص وہ جگہ جہاں نماز پڑھی ہے مراد نہیں، پس پوری مسجد میں کسی بھی جگہ بیٹھ کر ذکر و اذکار میں مشغول ہو تو فرشتے اس کے لئے دعا کریں گے۔

بابُ تَشْبِيْكِ الْأَصَابِعِ فِيْ الْمَسْجِدِ وَغَيْرِهِ

مسجد وغیرہ میں انگلیوں میں جال بنانا

شَبَكَة کے معنی ہیں: جال، اور تشبیك کے معنی ہیں: انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا اور جال بنانا۔ نماز میں یا انتظارِ نماز کی حالت میں یا نماز کے لئے مسجد کی طرف جاتے ہوئے تشبیک کرنا ممنوع ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر مسجد جانے کے لئے گھر سے نکلے تو وہ ہرگز تشبیک نہ کرے (ترمذی حدیث ۳۹۶)

اور تشبیک کی ممانعت اس وجہ سے ہے کہ وہ جالبِ نوم ہے یعنی تشبیک کرنے سے آرام ملتا ہے اور نیند آتی ہے، ورنہ اس کا مقدمہ اونگھ یا اس کا بھی مقدمہ سستی ضرور پیدا ہوتی ہے، اور نمازی کو اور نماز کا انتظار کرنے والے کو ایسی کیفیت اختیار نہیں کرنی چاہئے جو سستی پیدا کرے، اس سے نماز بے مزہ ہو جائے گی، چنانچہ ان حالات میں فقہاء نے انگلیاں چٹخانے کو بھی منع کیا ہے، اس کی وجہ بھی طبیعت میں سستی پیدا ہونا اور نیند آنا ہے۔

اور اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ تشبیک مطلقاً ممنوع نہیں، صرف اس وقت ممنوع ہے جب نماز کے لئے تیاری کر چکا ہو، تفہیم و تعلیم کی غرض سے، اور غور و فکر کے وقت مسجد میں بھی اور غیر مسجد میں بھی تشبیک جائز ہے اور نبی ﷺ سے ثابت ہے۔

[۸۸-] بابُ تَشْبِيْكِ الْأَصَابِعِ فِي الْمَسْجِدِ وَغَيْرِهِ

[٤٧٨، ٤٧٩-] حدثنا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ بِشْرٍ، نا عَاصِمٌ، نا وَاقِدٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ - أَوِابْنِ عَمْرٍو- قَالَ شَبَّكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَصَابِعَهُ. [انظر: ٤٨٠]

[٤٨٠-] وَقَالَ عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ سَمِعْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ أَبِيْ [فَلَمْ أَحْفَظْهُ] فَقَوَّمَهُ لِيْ وَاقِدٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ وَهُوَ يَقُوْلُ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو! كَيْفَ بِكَ إِذَا بَقِيْتَ فِيْ حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ بِهٰذَا. [راجع: ٤٧٩]

حدیث: ابن عمرؓ یا ابن عمرو بن العاصؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے اپنی انگلیوں میں جال بنایا، اور عاصم بن علی: عاصم بن محمد سے روایت کرتے ہیں: وہ کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث اپنے ابا سے سنی مگر میں نے اس کو محفوظ نہیں کیا۔ پھر اس کو ٹھیک کیا واقد نے اپنے ابا کی سند سے، واقد کہتے ہیں: میں نے اپنے ابا سے سنا، درانحالیکہ وہ کہہ رہے ہیں: عبداللہ بن عمرو نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن عمرو! تیرا کیا حال ہوگا جب تو لوگوں کے کوڑے میں رہ جائے گا؟ مذکورہ حدیث آخر تک۔

تشریح:

۱- حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ حدیث بخاری کے اکثر نسخوں میں نہیں ہے اور ہمارے ہندوستانی نسخہ میں فربری اور حماد بن شاکر سے ابوریح کی نقل کے مطابق ہے جس کو ابومسعود دمشقی نے اپنی کتاب الاطراف میں ذکر کیا ہے اور اس حدیث میں شک ہے کہ یہ حدیث عبداللہ بن عمر کی ہے یا عبداللہ بن عمرو بن العاص کی، اور اس شک کو دور کرنے کے لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے تعلیق ذکر کی ہے: عاصم بن محمد کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث اپنے ابا محمد بن زید سے سنی، مگر وہ مجھے اچھی طرح محفوظ نہیں، پھر میرے بھائی واقد بن محمد نے اپنے ابا محمد بن زید سے یہ حدیث سنی اور ٹھیک طرح سے یاد رکھی، محمد بن زید کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے فرمایا: اے عبداللہ! تیرا کیا حال ہوگا جب تو لوگوں کے کوڑے میں رہ جائے گا؟ یعنی یہ حدیث عبداللہ بن عمرؓ کی نہیں ہے بلکہ عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کی ہے —— عاصم بن علی امام بخاریؒ کے استاذ ہیں، مگر یہ حدیث ان سے باقاعدہ نہیں پڑھی، بلکہ مجلس مذاکرہ میں حاصل کی ہے، امام بخاریؒ ایسی روایتوں کو قَالَ سے ذکر کرتے ہیں۔

۲- یہ روایت علامہ عینی رحمہ اللہ نے حمیدی کی کتاب الجمع بین الصحیحین کے حوالہ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے: قَالَ: كيف أَنْتَ يا عبدَ اللّٰه! إِذَا بَقِيْتَ فِيْ حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ قد مَرَجَتْ عُهُوْدُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوْا، فَصَارُوْا هٰكَذَا: وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، قَالَ: فَكيفَ أَفْعَلُ يارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَأْخُذُ مَا تَعْرِفُ، وَتَدَعُ مَا تُنْكِرُ، وَتُقْبِلُ عَلَى خَاصَّتِكَ، وَتَدَعُهُمْ وَعَوَامَّهُمْ: یعنی نبی ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ! تیرا کیا حال ہوگا جب تو کوڑے جیسے

لوگوں کے درمیان رہ جائے گا، ان کے عہد و پیمان اوران کی امانتیں ضائع ہوچکی ہونگی، اور وہ باہم مختلف ہوگئے ہونگے اور اس طرح ہوگئے ہونگے: اور آپؐ نے انگلیوں کے درمیان جال بنایا، ابن عمرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے ایسی صورتِ حال میں کیا کرنا چاہئے؟ آپؐ نے فرمایا: دین میں جو چیزیں معروف ہیں انہیں اختیار کرنا اور منکر کو چھوڑ دینا، خواص کو لازم پکڑنا اور عوام سے کنارہ کشی اختیار کرلینا (عمدۃ القاری ۴: ۲۶۰)

نبی ﷺ نے لوگوں کے اختلافات اور اچھے برے کی تمیز ختم ہوجانے کی منظرکشی کرنے کے لئے انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر اشارہ فرمایا، اس سے معلوم ہوا کہ تعلیم وتفہیم اور معنویات کو محسوس بنانے کے لئے مسجد اور خارج مسجد میں تشبیک کرنا جائز ہے۔

فائدہ: یہ حدیث عصر حاضر کے مسلمانوں کے لئے رہنما اصول کی حیثیت رکھتی ہے، جب صورتِ حال ابتر ہوجائے، عہد و پیمان کی پابندی اور امانت و دیانت کی پاسداری معاشرے سے رخصت ہوجائے اور لوگ باہمی اختلافات کا شکار ہوکر اچھے برے کی تمیز کھو بیٹھیں اس حال میں نبی ﷺ کی ہدایت یہ ہے کہ دین کی جو باتیں معروف ہیں ان پر مضبوطی سے عمل کیا جائے اور منکرات اور برائیوں سے بچنے کی پوری کوشش کی جائے اور عوام سے کنارہ کشی اختیار کرلی جائے، اور خواص یعنی علماء، صلحاء اور اولیاء سے وابستگی اختیار کی جائے، اللہ تعالیٰ اس زریں نصیحت پر عمل کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

[۴۸۱-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ الْمُؤْمِنَ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ، يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا " وَشَبَّكَ صلى الله عليه وسلم أَصَابِعَهُ. [انظر: ٢٤٤٦، ٦٠٢٦]

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لئے عمارت کی طرح ہے جس کا بعض بعض کو مضبوط کرتا ہے (اور یہ بات سمجھانے کے لئے) آپؐ نے اپنی انگلیوں کے درمیان جال بنایا۔

تشریح: اس حدیث میں اتحاد و اتفاق کی تعلیم دی گئی ہے، اتحاد و اتفاق میں جو قوت ہے وہ تشتت وافتراق میں نہیں، چند کمزور باہم مل کر قوی ہوجاتے ہیں اور مضبوط پہلوان تنہا پچھاڑ دیا جاتا ہے، نبی ﷺ نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پیوست کیں اور محسوس طور پر سمجھایا کہ جس طرح اینٹیں ایک دوسرے میں گھس کر اور دیواریں ایک دوسرے سے جڑ کر مضبوط ہوتی ہیں، اسی طرح مسلمان بھی اسی وقت سرخ رو ہوسکتے ہیں جب وہ ایک اور نیک بن جائیں، پوری ملت ایک صالح اکائی بن جائے، تب عزت کا تاج ان کے سر کی زینت بن سکتا ہے۔

[۴۸۲-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: نا ابْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: أَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِحْدَى صَلاَ تَيِ الْعَشِيِّ – قَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: قَدْ سَمَّاهَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ،

ولٰكِنْ نَسِيْتُ أَنَا ـــــ قَالَ: فَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، فَقَامَ إِلٰى خَشَبَةٍ مَعْرُوْضَةٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَاتَّكَأَ عَلَيْهَا كَأَنَّهُ غَضْبَانُ، وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، وَوَضَعَ خَدَّهُ الْأَيْمَنَ عَلٰى ظَهْرِ كَفِّهِ الْيُسْرٰى، وَخَرَجَتِ السَّرَعَانُ مِنْ أَبْوَابِ الْمَسْجِدِ، فَقَالُوْا: قُصِرَتِ الصَّلَاةُ، وَفِي الْقَوْمِ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ فَهَابَا أَنْ يُكَلِّمَاهُ، وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ فِيْ يَدَيْهِ طُوْلٌ، يُقَالُ لَهُ ذُو الْيَدَيْنِ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَنَسِيْتَ أَمْ قُصِرَتِ الصَّلَاةُ؟ قَالَ: " لَمْ أَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ" فَقَالَ: " أَكَمَا يَقُوْلُ ذُو الْيَدَيْنِ؟" فَقَالُوْا: نَعَمْ، فَتَقَدَّمَ فَصَلّٰى مَا تَرَكَ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَكَبَّرَ، ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَكَبَّرَ، فَرُبَّمَا سَأَلُوْهُ: ثُمَّ سَلَّمَ؟ فَيَقُوْلُ: نُبِّئْتُ أَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ: ثُمَّ سَلَّمَ.

[انظر: ٧١٤، ٧١٥، ١٢٢٧، ١٢٢٩، ٦٠٥١، ٧٢٥٠]

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے شام کی دو نمازوں (ظہرین) میں سے کوئی ایک نماز پڑھائی ـــــ ابن سیرینؒ کہتے ہیں: حضرت ابو ہریرہؓ نے اس کا نام لیا تھا مگر میں بھول گیا ـــــ ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: پس ہمیں دو رکعتیں پڑھائیں پھر سلام پھیر دیا، پھر آپؐ ایک لکڑی کی طرف کھڑے ہوئے جو مسجد میں گڑی ہوئی تھی، پس آپؐ نے اس پر ٹیک لگائی گویا آپؐ غصہ میں ہیں، اور اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھا اور انگلیوں کے درمیان جال بنایا، اور اپنا دایاں رخسار اپنی بائیں ہتھیلی کی پیٹھ پر رکھا، اور جلد باز لوگ مسجد کے دروازہ سے نکل گئے، انھوں نے کہا کہ نماز میں کمی کر دی گئی، اور مجمع میں حضرات شیخین تھے، پس وہ دونوں آپؐ سے اس سلسلہ میں گفتگو کرنے سے ڈرے، اور لوگوں میں ایک شخص تھا جس کے ہاتھوں میں درازی تھی، جس کا لقب ذو الیدین تھا، اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپؐ بھول گئے یا نماز میں کمی کر دی گئی؟ آپؐ نے فرمایا: نہ میں بھولا اور نہ کمی کی گئی، پس آپؐ نے پوچھا: ذو الیدین کیا کہہ رہے ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ذو الیدین ٹھیک کہہ رہے ہیں، پس آپؐ آگے بڑھے اور باقی نماز پڑھائی، پھر سلام پھیرا پھر تکبیر کہی اور اپنے سجدوں کے مثل یعنی نماز کے سجدوں کے مثل یا اس سے بھی لمبا سجدہ کیا، پھر سر مبارک اٹھایا اور تکبیر کہی، پھر تکبیر کہی اور اپنے سجدوں کے مثل یا اس سے بھی لمبا سجدہ کیا پھر سر مبارک اٹھایا اور تکبیر کہی، پس بعض مرتبہ لوگوں نے ابن سیرین سے پوچھا: کیا آپؐ نے سلام پھیرا؟ انھوں نے کہا: مجھے بتایا گیا ہے کہ حضرت عمرانؓ نے فرمایا: پھر آپؐ نے سلام پھیرا۔

تشریح: اس حدیث میں جو واقعہ ہے اس کی صحیح نوعیت یہ تھی کہ آپؐ نے ظہرین میں سے کوئی نماز پڑھائی اور دو یا تین رکعت پر سلام پھیر دیا، اور حجرہ میں تشریف لے گئے، لوگوں میں چہ می گوئیاں ہوئیں مگر کسی کی ہمت نہ ہوئی کہ وہ آنحضور ﷺ سے اس سلسلہ میں گفتگو کرے، مسجد میں حضرات شیخین رضی اللہ عنہما بھی تھے ان کی بھی ہمت نہ ہوئی، اور پیچھے کچھ جلد باز لوگ یہ کہتے ہوئے مسجد سے نکل گئے کہ نماز میں کمی کر دی گئی۔ ذو الیدین نامی ایک صحابی آنحضور ﷺ کے حجرہ میں گئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! کیا نماز میں کمی ہوئی یا آپؐ بھول گئے؟ آپؐ نے فرمایا: دونوں میں سے کوئی بات نہیں ہوئی، نہ کمی

ہوئی نہ بھول ہوئی۔ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایک بات ضرور ہوئی ہے، چنانچہ آپؐ غصہ میں مسجد میں تشریف لائے اور محراب کے قریب ایک لکڑی تھی آپؐ نے دونوں ہاتھ کی انگلیاں ایک دوسرے میں ڈال کر اس لکڑی پر دونوں ہاتھ رکھے اور بائیں ہاتھ کی پشت پر دایاں رخسار رکھا پھر لوگوں سے پوچھا: ذوالیدین کیا کہتے ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ صحیح کہہ رہے ہیں، آپؐ نے نماز کم پڑھائی ہے۔ چنانچہ آپ قبلہ کی طرف گھوم گئے اور باقی نماز پڑھائی اور آخر میں سلام کے بعد سجدۂ سہو فرمایا۔

مناسبت: جب آنحضور ﷺ مسجد میں تشریف لائے تو آپؐ نے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں پیوست کیں، یہی باب ہے۔ تشبیک مطلقاً ممنوع نہیں۔ غور وفکر کے وقت تشبیک کرنا خواہ مسجد کے اندر ہو یا مسجد سے باہر جائز ہے، نبی ﷺ سے یہ ثابت ہے —— اور اس حدیث میں اور بھی مسائل ہیں مثلاً نماز میں کلام کا مسئلہ، قبل السلام یا بعد السلام سجدۂ سہو کا مسئلہ: یہ مسائل اپنی جگہ آئیں گے۔

قولہ: نُبئتُ أن عمران: محمد بن سیرین رحمہ اللہ سے تلامذہ نے دریافت کیا کہ نبی ﷺ نے سجدہ سہو کے بعد سلام پھیرا یا نہیں؟ انھوں نے جواب دیا: مجھے بتایا گیا ہے کہ حضرت عمران رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی ﷺ نے سجدہ سہو کے بعد سلام پھیرا، یعنی محمد بن سیرینؒ نے حضرت عمرانؓ سے براہ راست یہ بات نہیں سنی، درمیان میں کوئی واسطہ ہے، حضرت عمرانؓ کی یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۱۰۱۸) میں ہے۔

بابُ الْمَسَاجِدِ الَّتِیْ عَلَی طُرُقِ الْمَدِیْنَةِ

وَالْمَوَاضِعِ الَّتِیْ صَلَّی فِیْهَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم

مدینہ شریف کے راستوں کی مسجدیں

اور وہ جگہیں جہاں رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھی ہے

یہ ابواب المساجد کا آخری باب ہے، نبی ﷺ نے مکہ اور مدینہ کے درمیان بہت سے اسفار فرمائے ہیں: چار عمرے فرمائے ہیں، فتح مکہ کے لئے سفر فرمایا ہے، حجۃ الوداع کے لئے سفر فرمایا ہے اور ایک معین راستہ پر سفر فرمایا ہے اس راستہ میں آپؐ نے کہاں کہاں نمازیں پڑھی ہیں؟ اور اس راستہ میں کہاں کہاں مسجدیں بنی ہوئی ہیں؟ یہ دو باتیں اس باب کا موضوع ہیں۔

جاننا چاہئے کہ آنحضور ﷺ نے جہاں جہاں نمازیں پڑھی ہیں سب جگہ مسجدیں بنی ہوئی نہیں ہیں، اور جہاں مسجدیں بنی ہوئی ہیں ان سب جگہوں میں آنحضور ﷺ نے نماز نہیں پڑھی، بعض مسجدیں وہ ہیں جہاں آپؐ نے نماز پڑھی ہے جیسے ذوالحلیفہ کی مسجد جو اہل مدینہ کی میقات ہے، وہاں آپؐ نے نمازیں پڑھی ہیں، پھر ایک کیکر کے درخت کے نیچے طواف کا

دوگانہ ادا فرمایا ہے، ٹھیک اسی جگہ ذوالحلیفہ میں مسجد بنی ہوئی ہے، اور بہت سی مسجدیں حکومتوں نے یا لوگوں نے مسافروں کی سہولت کے لئے بنائی ہیں، وہاں آنحضور ﷺ نے نماز نہیں پڑھی، وہ مساجد الطریق ہیں۔

نیز یہ بات بھی جاننی چاہئے کہ مکہ اور مدینہ کے راستہ میں جتنی مساجد ہیں سب کا احاطہ کرنا مقصود نہیں، اور نہ ان جگہوں کا احاطہ کرنا مقصود ہے، جن میں نبی ﷺ نے نمازیں پڑھی ہیں، بلکہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جن مساجد کی نشاندہی کی ہے ان کا بیان مقصود ہے۔

اس باب میں ایک طویل حدیث ہے، حضرت الاستاذ علامہ مرادآبادی قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت الاستاذ شیخ الہند قدس سرہ اس حدیث کو سمجھاتے نہیں تھے، صرف عبارت پڑھا دیتے تھے، اس لئے کہ جس راستہ پر نبی ﷺ نے سفر کیا ہے اب وہ راستہ باقی نہیں رہا، اور نہ وہ مسجدیں باقی ہیں، اب حکومت نے دوسرا راستہ بنایا ہے، اب ساری ٹریفک اسی پر چلتی ہے، پھر اس روایت کو موقع ہی پر سمجھا جا سکتا ہے، دارالحدیث میں بیٹھ کر وہ جگہیں متشخص نہیں کی جا سکتیں؟ اس لئے شیخ الہند قدس سرہ صرف حدیث پڑھا دیتے تھے اور کچھ کلام نہیں فرماتے تھے مگر حضرت الاستاذ قدس سرہ اس روایت کو خوب مزے لے کر پڑھاتے تھے اور بڑی تفصیل فرماتے تھے، وہ تفصیل ایضاح البخاری میں ہے جو حضرت الاستاذ قدس سرہ کی تقریر ہے، اور جسے حضرت مولانا ریاست علی صاحب بجنوری نے مرتب کیا ہے، میں کتاب سمجھانے کی حد تک کلام کرونگا، اس سے زیادہ تفصیل ایضاح البخاری میں دیکھیں۔

مساجد طریق کی شرعی حیثیت:

نبی ﷺ نے جہاں اتفاقاً کوئی نماز پڑھی یا پڑھائی ہے اس مقام کو کوئی فضیلت حاصل ہے یا نہیں؟ یہ حدیث گونہ فضیلت پر دلالت کرتی ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایسی جگہیں ڈھونڈھ کر وہاں نماز پڑھتے تھے، بلکہ انھوں نے تو وہ جگہیں بھی یاد رکھی تھیں جہاں سفر میں نبی ﷺ نے پیشاب فرمایا تھا، اور ان جگہوں میں پیشاب کرنے کی ہیئت بنا کر بیٹھتے تھے، مگر پیشاب نہیں کرتے تھے، مگر ان کے ابا حضرت عمر رضی اللہ عنہ جو فقاہت میں ان سے بہت بڑھے ہوئے تھے ان کا مزاج دوسرا تھا۔ عمدۃ القاری اور فتح الباری میں یہ روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سفر میں تھے، فجر کے بعد وہ ایک جگہ پہنچے، وہاں انھوں نے لوگوں کی بھیڑ دیکھی، وجہ دریافت کی تو معلوم ہوا کہ نبی ﷺ نے یہاں نماز پڑھی ہے اس لئے لوگ یہاں جمع ہوئے ہیں اور نماز پڑھ رہے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو ناپسند کیا اور فرمایا: اہل کتاب اسی لئے ہلاک ہوئے کہ انھوں نے اپنے انبیاء کے آثار کو غیر معمولی اہمیت دیدی اور وہاں معابد بنالئے۔ اگر نماز کا وقت آجائے تو وہاں اتر کر نماز پڑھے ورنہ آگے بڑھ جائے (عمدۃ القاری ۴: ۲۷۵)

اس اثر سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ذہن پڑھا جا سکتا ہے، علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا بھی یہی ذہن تھا، وہ بھی ایسے

اتفاقی آثار کے قائل نہیں تھے، سعودی گورنمنٹ بھی ایسے آثار کو پسند نہیں کرتی، وہ ابن تیمیہؒ کے نظریات کی حامل ہے۔
البتہ وہ جگہیں جہاں نبی ﷺ نے بالقصد نماز پڑھی ہے، جیسے قبا کی مسجد نبی ﷺ نے تعمیر فرمائی ہے اور آپؐ نے گاہ بہ گاہ وہاں جا کر نماز پڑھی ہے، یا مدینہ منورہ کی دوسری مساجد جہاں بالقصد آپؐ نے نماز پڑھی ہے ایسے آثار کے نہ ابن تیمیہؒ منکر ہیں، نہ سعودی حکومت، مسجد قباء میں ہر وقت لوگوں کی آمد و رفت رہتی ہے، حکومت نے بھی وہاں لوگوں کی ضروریات کا انتظام کیا ہے مگر یہ گفتگو حقیقی آثار کے بارے میں ہے، فرضی آثار کی کوئی حیثیت نہیں۔

[۸۹-] بابُ الْمَسَاجِدِ الَّتِيْ عَلَى طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ

وَالْمَوَاضِعِ الَّتِيْ صَلَّى فِيْهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم

[۴۸۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: ثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: نَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، يَتَحَرَّى أَمَاكِنَ مِنَ الطَّرِيْقِ، فَيُصَلِّيْ فِيْهَا، وَيُحَدِّثُ أَنَّ أَبَاهُ كَانَ يُصَلِّيْ فِيْهَا، وَأَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ فِيْ تِلْكَ الْأَمْكِنَةِ.

قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّيْ فِيْ تِلْكَ الْأَمْكِنَةِ، وَسَأَلْتُ سَالِمًا فَلاَ أَعْلَمُهُ إِلَّا وَافَقَ نَافِعًا فِيْ الْأَمْكِنَةِ كُلِّهَا، إِلَّا أَنَّهُمَا اخْتَلَفَا فِيْ مَسْجِدٍ بِشَرَفِ الرَّوْحَاءِ.

[انظر: ۱۵۳۵، ۲۳۳۶، ۷۳۴۵]

باب کا ترجمہ اور وضاحت: مدینہ کے راستوں پر یعنی مکہ مدینہ کے درمیانی راستہ پر کہاں کہاں مساجد ہیں؟ طالب علم پوچھتا ہے: یہ تو الٹی بات ہوگئی، مدینہ سے مکہ کے راستے پر کہنا چاہئے؟ **جواب:** مکہ کی اہمیت بڑھانے کے لئے حضرت رحمہ اللہ نے یہ حسن تعبیر اختیار کی ہے، اگر مدینہ سے مکہ کے راستہ پر فرماتے تو مدینہ کی اہمیت بڑھتی اس لئے حضرت نے تعبیر بدل دی، اس کی نظیر پہلے گذری ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے میرے رب کی تین باتوں میں موافقت کی۔ حالانکہ صحیح تعبیر یہ تھی کہ میرے رب نے میری تین باتوں میں موافقت کی۔ مگر یہ تعبیر اللہ کے شایانِ شان نہیں تھی، اس لئے حضرت عمرؓ نے تعبیر بدل دی، اسی طرح امام بخاریؒ نے بھی یہاں تعبیر بدل دی ہے۔

حدیث (۱): موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عمرؓ کے صاحبزادے سالم کو دیکھا وہ راستہ کی چند جگہوں کا قصد کرتے تھے، پس ان جگہوں میں نماز پڑھتے تھے اور بیان کرتے تھے کہ ان کے ابا ان جگہوں میں نماز پڑھا کرتے تھے اور بیشک انھوں نے (ابن عمرؓ نے) نبی ﷺ کو ان جگہوں میں نماز پڑھتے دیکھا ہے —— موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں: اور مجھ سے نافع نے ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا کہ وہ (ابن عمرؓ) ان جگہوں میں نماز پڑھا کرتے تھے، اور میں نے

سالم سے پوچھا پس میں نہیں جانتا ان کو مگر انھوں نے نافع کی موافقت کی سبھی جگہوں میں، یعنی دونوں کا بیان تمام جگہوں میں متفق تھا، مگر شرف الروحاء کی مسجد میں دونوں میں اختلاف رہا۔

تشریح: موسیٰ بن عقبہ امام المغازی ہیں اور سالم و نافع حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے راویے ہیں، سالم صاحبزادے ہیں اور نافع مولیٰ ہیں، دونوں کو ابن عمرؓ کی تمام روایتیں یاد تھیں، اس کے بعد لمبی حدیث ہے، وہ موسیٰ بن عقبہ نے نافع سے روایت کی ہے پھر سالم سے اس کی تصدیق چاہی ہے، سالم نے حرف بحرف اس کی تصدیق کی ہے، صرف شرف الروحاء میں جو مسجد ہے اس کے بارے میں دونوں میں اختلاف ہوا ہے، شرف کے معنی ہیں: بلندی اور روحاء ایک جگہ کا نام ہے، روحاء سے متصل جو اونچی جگہ ہے وہاں کی مسجد کی تعیین میں نافع اور سالم کے بیانات مختلف ہیں، یا یہ اختلاف ہوا کہ نافع نے اس کو ذکر کیا اور سالم نے اس کو ذکر نہیں کیا[1]

ملحوظہ: اگلی حدیث نافع کی ہے جو ان سے موسیٰ بن عقبہ نے روایت کی ہے، اور وہ درحقیقت نو حدیثیں ہیں، ہمارے ہندوستانی نسخوں میں وہ ایک ہی حدیث ہوگئی ہے، مصری نسخہ میں ہر حدیث الگ ہے اور ہر حدیث پر نیا نمبر پڑا ہوا ہے، ہم نے مصری نسخہ کی پیروی کی ہے، اور پہلی حدیث میں دو مقامات کا ذکر ہے، پس کل دس مقامات کا تذکرہ ہے۔

[٤٨٤-] حدثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، قَالَ: نَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، قَالَ: نَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَنْزِلُ بِذِىْ الْحُلَيْفَةِ حِيْنَ يَعْتَمِرُ، وَفِىْ حَجَّتِهِ حِيْنَ حَجَّ، تَحْتَ سَمُرَةٍ فِىْ مَوْضِعِ الْمَسْجِدِ الَّذِىْ بِذِىْ الْحُلَيْفَةِ، وَكَانَ إِذَا رَجَعَ مِنْ غَزْوَةٍ، وَكَانَ فِىْ تِلْكَ الطَّرِيْقِ، أَوْ حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ هَبَطَ بَطْنَ وَادٍ، فَإِذَا ظَهَرَ مِنْ بَطْنِ وَادٍ، أَنَاخَ بِالْبَطْحَاءِ الَّتِىْ عَلٰى شَفِيْرِ الْوَادِىْ الشَّرْقِيَّةِ، فَعَرَّسَ ثَمَّ حَتّٰى يُصْبِحَ، لَيْسَ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الَّذِىْ بِحِجَارَةٍ، وَلَا عَلٰى الْأَكَمَةِ الَّتِىْ عَلَيْهَا الْمَسْجِدُ، كَانَ ثَمَّ خَلِيْجٌ يُصَلِّىْ عَبْدُ اللّٰهِ عِنْدَهُ، فِىْ بَطْنِهِ كُثُبٌ، كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَمَّ يُصَلِّىْ، فَدَحَا فِيْهِ السَّيْلُ بِالْبَطْحَاءِ، حَتّٰى دَفَنَ ذٰلِكَ الْمَكَانَ الَّذِىْ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُصَلِّىْ فِيْهِ.

[انظر: ١٥٣٢، ١٥٣٣، ١٧٩٩]

(۱) روحاء کے بارے میں مختلف اقوال ہیں، کوئی کہتا ہے: یہ مدینہ سے دو دن کی مسافت پر ایک آبادی کا نام ہے، کوئی ۳۶ میل اور کوئی ۴۱ میل بتاتا ہے، اور ایک روایت میں نبی ﷺ نے اس کو جنت کی وادی فرمایا ہے اور فرمایا ہے کہ مجھ سے پہلے یہاں ستر پیغمبروں نے نماز پڑھی ہے اور یہ بھی مذکور ہے کہ بنی اسرائیل کے ستر ہزار افراد کے ساتھ حضرت موسیٰ علیہ السلام یہاں سے گذرے ہیں، بہر حال یہ وادی پہلے ہی سے متبرک تھی، پھر نبی ﷺ کے نماز پڑھنے کی وجہ سے اس کے تقدس میں مزید اضافہ ہوگیا (ماخوذ از ایضاح البخاری ۳: ۳۰۰)

حدیث(۱): نافع کہتے ہیں: عبداللہ بن عمرؓ نے ان کو بتایا کہ نبی ﷺ ذوالحلیفہ میں اترا کرتے تھے جب آپؐ عمرہ کا ارادہ فرماتے، یا جب آپؐ نے حج کا سفر فرمایا، ایک کیکر کے درخت کے نیچے، اس مسجد کی جگہ میں جو اب ذوالحلیفہ میں ہے اور جب آپؐ کسی غزوہ سے واپس تشریف لاتے اور آپؐ اس راستہ میں ہوتے یعنی اس راستہ سے لوٹتے یا حج وعمرہ سے واپس تشریف لاتے تو وادی (عقیق) کے پیٹ میں اترتے، یعنی وادی عقیق کے درمیان سے گذرتے۔ پس جب آپؐ وادی کے بیچ سے اوپر چڑھتے تو بطحاء میں جو وادی عقیق کے مشرقی کنارہ پر واقع ہے اونٹ بٹھاتے، پس وہاں رات گذارتے، یہاں تک کہ صبح کرتے، یہ جگہ اس مسجد کے پاس نہیں ہے جو پتھروں کی بنی ہوئی ہے اور نہ اس ٹیلے پر ہے جس پر مسجد بنی ہوئی ہے، وہاں ایک گہری وادی تھی، ابن عمرؓ اس کے پاس نماز پڑھا کرتے تھے، اس وادی کے بیچ میں ریت کے تودے تھے، نبی ﷺ وہاں نماز پڑھا کرتے تھے، پس اس میں پانی کی رَو سنگریزوں کو دھکیل لائی، یہاں تک کہ وہ جگہ چھپ گئی جہاں ابن عمرؓ نماز پڑھا کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث میں دو جگہ نماز پڑھنے کا ذکر ہے ایک ذوالحلیفہ میں دوسرے بطحاء میں، نبی ﷺ کا معمول یہ تھا کہ جب آپؐ حج یا عمرہ کے لئے تشریف لے جاتے تو ذوالحلیفہ میں پہلا پڑاؤ کرتے تاکہ تمام ساتھی تیار ہوکر وہاں اکٹھا ہوجائیں، پھر اگلی منزل کے لئے سفر شروع ہوتا۔ حجۃ الوداع میں ذوالحلیفہ میں ایک کیکر کے درخت کے قریب آپؐ کا خیمہ نصب کیا گیا تھا، آپؐ نے اسی کیکر کے درخت کے نیچے احرام کا دوگانہ پڑھا تھا، پھر تلبیہ پڑھ کر احرام شروع کیا تھا، اب ٹھیک اسی جگہ مسجد بنی ہوئی ہے، جس میں نہانے دھونے کا معقول انتظام ہے، لوگ وہیں سے احرام باندھتے ہیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں بھی وہ مسجد بنی ہوئی تھی۔

اور جب آپؐ حج یا عمرہ یا کسی غزوہ سے لوٹتے تو آپؐ کی نماز پڑھنے کی جگہ دوسری تھی، وادی عقیق کے مشرقی کنارہ پر بطحاء میں آپؐ قیام فرماتے، بطحاء اس میدان کو کہتے ہیں جہاں پانی کی رو سے سنگریزے جمع ہوگئے ہوں، وہیں آپؐ صبح تک قیام فرماتے، آپؐ کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپؐ رات میں مدینہ میں داخل نہیں ہوتے تھے، اس لئے کہ آپؐ کے ساتھ بڑا مجمع ہوتا تھا، اگر آپ رات میں مدینہ میں داخل ہونگے تو لوگ بے چین ہوجائیں گے۔ علاوہ ازیں: آپ عورتوں کو موقع دینا چاہتے تھے کہ وہ خود کو شوہروں کے لئے تیار کرلیں، جس جگہ آپؐ رات گذارتے تھے اس کو معرَّس (رات گذارنے کی جگہ) بھی کہتے ہیں، نافع کہتے ہیں: یہاں دو مسجدیں بنی ہوئی ہیں: ایک مسجد پتھروں کی بنی ہوئی ہے اور دوسری مسجد ایک ٹیلہ پر ہے، یہ دونوں مسجدیں نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ نہیں ہیں، آپؐ نے جہاں نماز پڑھی تھی اس کے قریب ایک گہری کھائی تھی جس میں ریت کے تودے تھے، اس وادی میں آپؐ نے نماز پڑھی تھی۔ حضرت ابن عمرؓ بھی وہیں نماز پڑھتے تھے، مگر اب وہ جگہ بے نشان ہوگئی ہے، پانی کے بہاؤ سے سنگریزوں نے اس جگہ کو پاٹ دیا ہے۔

[۴۸۵-] وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى حَيْثُ الْمَسْجِدُ الصَّغِيْرُ الَّذِىْ دُوْنَ الْمَسْجِدِ الَّذِىْ بِشَرَفِ الرَّوْحَاءِ، وَقَدْ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُعْلِمُ الْمَكَانَ الَّذِىْ كَانَ صَلَّى فِيْهِ النَّبِيُّ صلى الله

عليه وسلم، يَقُوْلُ: ثَمَّ عَنْ يَمِيْنِكَ حِيْنَ تَقُوْمُ فِيْ الْمَسْجِدِ تُصَلِّيْ، وَذٰلِكَ الْمَسْجِدُ عَلٰى حَافَةِ الطَّرِيْقِ الْيُمْنٰى، وَأَنْتَ ذَاهِبٌ إِلٰى مَكَّةَ، بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْمَسْجِدِ الْأَكْبَرِ رَمْيَةٌ بِحَجَرٍ أَوْ نَحْوُ ذٰلِكَ.

حدیث (۲): اور ابن عمرؓ نے نافع سے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے اُس جگہ نماز پڑھی ہے جہاں اب وہ چھوٹی مسجد ہے جو شرف الروحاء کی مسجد کے قریب ہے، اور ابن عمرؓ (مختلف طرح سے) اس جگہ کی نشاندہی کیا کرتے تھے، جہاں نبی ﷺ نے نماز پڑھی ہے۔ کہتے تھے: وہ جگہ آپ کی دائیں طرف پڑے گی جب آپ مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوں گے، اور وہ (چھوٹی) مسجد مکہ کی طرف جاتے ہوئے راستہ کے داہنے کنارہ پر واقع ہے، اس چھوٹی اور بڑی مسجد کے درمیان کم وبیش ایک پتھر پھینکنے کے بقدر فاصلہ ہے۔

تشریح: شرف کے معنی ہیں: اونچائی، بلندی۔ اور روحاء جگہ کا نام ہے جو مدینہ منورہ سے دو دن کے فاصلہ پر یا ۳۶ میل پر واقع ہے، مکہ جاتے ہوئے پہلے آبادی کا ایک بالائی حصہ آتا ہے، اس کو شرف الروحاء کہتے ہیں، اور آبادی سے باہر نکلتے ہوئے جو حصہ آتا ہے اس کو منصرف الروحاء کہتے ہیں، شرف الروحاء میں دو مسجدیں ہیں: ایک بڑی مسجد ہے جس کا کوئی پس منظر نہیں، اور دوسری چھوٹی مسجد ہے: وہ نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ ہونے کی بنیاد پر بنائی گئی ہے، وہ مسجد مکہ مکرمہ جاتے ہوئے راستہ کے دائیں کنارے پر واقع ہے، اور اس کا بڑی مسجد سے اتنا فاصلہ ہے کہ ایک مسجد سے پتھر پھینکا جائے تو دوسری مسجد میں جا گرے، قبلہ رو کھڑے ہونے والے کی دائیں جانب وہ جگہ پڑتی ہے۔

[۴۸۶-] وَأَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُصَلِّيْ إِلَى الْعِرْقِ الَّذِيْ عِنْدَ مُنْصَرَفِ الرَّوْحَاءِ، وَذٰلِكَ الْعِرْقُ انْتِهَاءُ طَرَفِهِ عَلٰى حَافَةِ الطَّرِيْقِ، دُوْنَ الْمَسْجِدِ الَّذِيْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْمُنْصَرَفِ، وَأَنْتَ ذَاهِبٌ إِلٰى مَكَّةَ، وَقَدِ ابْتُنِيَ ثَمَّ مَسْجِدٌ، فَلَمْ يَكُنْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ فِيْ ذٰلِكَ الْمَسْجِدِ، كَانَ يَتْرُكُهُ عَنْ يَسَارِهِ وَوَرَاءَهُ، وَيُصَلِّيْ أَمَامَهُ إِلَى الْعِرْقِ نَفْسِهِ، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَرُوْحُ مِنَ الرَّوْحَاءِ، فَلَا يُصَلِّي الظُّهْرَ حَتّٰى يَأْتِيَ ذٰلِكَ الْمَكَانَ، فَيُصَلِّيْ فِيْهِ الظُّهْرَ، وَإِذَا أَقْبَلَ مِنْ مَكَّةَ: فَإِنْ مَرَّ بِهِ قَبْلَ الصُّبْحِ بِسَاعَةٍ، أَوْ مِنْ آخِرِ السَّحَرِ، عَرَّسَ حَتّٰى يُصَلِّيَ بِهَا الصُّبْحَ.

حدیث (۳): اور بیشک ابن عمرؓ نماز پڑھا کرتے تھے اس پہاڑی کے پاس جو منصرف الروحاء کے نکال پر واقع ہے اور اس پہاڑی کا کنارہ راستہ کے کنارہ سے ملا ہوا ہے جو اس مسجد کے قریب ہے جو مکہ جاتے ہوئے پہاڑی اور منصرف الروحاء کے نکال کے درمیان ہے، اور اب اس جگہ ایک مسجد بنادی گئی ہے مگر ابن عمرؓ اس مسجد میں نماز نہیں پڑھا کرتے تھے، اس کو اپنے بائیں اور پیچھے چھوڑ دیا کرتے تھے، اور مسجد کے سامنے پہاڑی کی طرف اپنا رخ کرکے نماز پڑھتے تھے۔ اور ابن عمرؓ زوال کے بعد روحاء سے روانہ ہوتے تھے، پس ظہر نہیں پڑھتے تھے یہاں تک کہ اس جگہ میں پہنچ جاتے تھے، پس وہاں ظہر پڑھتے تھے اور جب آپؓ مکہ سے واپس آتے تو اگر صبح سے ایک ساعت پہلے یا آخر شب میں وہاں سے گذرتے تو رات وہاں

گذارتے یہاں تک کہ فجر کی نماز اس جگہ پڑھتے۔

تشریح: روحاء ایک وسیع وعریض علاقہ ہے اس کا ابتدائی حصہ شرف الروحاء کہلاتا ہے، اور اس کا نکال منصرف الروحاء کہلاتا ہے، روحاء کے نکال پر ایک پہاڑی ہے جس کا ایک کنارہ راستہ کے کنارہ سے ملا ہوا ہے اس کے قریب ایک مسجد ہے جو مسافروں کی سہولت کے لئے بنائی گئی ہے، وہ نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ نہیں، ابن عمرؓ اس مسجد میں نماز نہیں پڑھتے تھے بلکہ اس مسجد کو اپنے بائیں اور پیچھے چھوڑ کر پہاڑی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے، اور مکہ جاتے ہوئے وہاں ظہر پڑھتے تھے اور واپسی میں وہاں رات گذارتے تھے اور فجر پڑھتے تھے۔

[٤٨٧-] وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ حَدَّثَهُ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَنْزِلُ تَحْتَ سَرْحَةٍ ضَخْمَةٍ دُوْنَ الرُّوَيْثَةِ، عَنْ يَمِيْنِ الطَّرِيْقِ وَوِجَاهَ الطَّرِيْقِ، فِيْ مَكَانٍ بَطْحٍ سَهْلٍ، حَتّٰى يُفْضِيَ مِنْ أَكَمَةٍ دُوَيْنَ بَرِيْدِ الرُّوَيْثَةِ بِمِيْلَيْنِ، وَقَدِ انْكَسَرَ أَعْلَاهَا فَانْثَنَى فِيْ جَوْفِهَا وَهِيَ قَائِمَةٌ عَلٰى سَاقٍ وَفِيْ سَاقِهَا كُثُبٌ كَثِيْرَةٌ.

حدیث (۴): اور ابن عمرؓ نے نافع سے بیان کیا کہ نبی ﷺ ایک بہت بڑے درخت کے نیچے ٹھہرا کرتے تھے (سَرْحَة کے معنی ہیں: بڑا درخت اور ضَخْمَة اس کی تاکید کے لئے ہے) رُوَیْثَة کے ورے، راستہ کی دائیں جانب اور راستہ کے سامنے ایک کشادہ نرم ہموار جگہ میں، یہاں تک کہ آپؐ رویثہ کی ڈاک چوکی سے لگے ہوئے ٹیلے سے دو میل آگے نکل جاتے تھے، اور اس درخت کا اوپر کا حصہ ٹوٹ گیا ہے اور وہ اس کے جوف (کھوکھلے تنے) میں گھس گیا ہے اور وہ اپنے تنے پر کھڑا ہے اور اس کے تنے کے پاس ریت کے بہت سارے تودے ہیں۔

تشریح: رُویثہ مدینہ منورہ سے ۱۷ فرسخ کے فاصلہ پر ایک جگہ کا نام ہے اور روحاء سے ۱۴ میل ہے اس منزل میں نبی ﷺ ایک بڑے درخت کے نیچے پڑاؤ کرتے تھے، اور وہیں نماز پڑھتے تھے وہ درخت مکہ والے راستہ کی دائیں طرف اور سامنے پڑتا ہے، یعنی اس راستہ میں گھوم ہے کہ درخت دائیں جانب ہونے کے باوجود سامنے معلوم ہوتا ہے اور وہ درخت کشادہ اور نرم وہموار زمین میں واقع ہے، اور رُویثہ کی ڈاک چوکی سے قریب جو پہاڑی ہے اس سے دو میل کی مسافت پر ہے، اور اس درخت کی ایک علامت یہ ہے کہ اس کا اوپری تنا ٹوٹ کر اس کے کھوکھلے تنے میں گھس گیا ہے اور اس کے برابر میں بہت سارے ریت کے تودے ہیں۔

[٤٨٨-] وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلّٰى فِيْ طَرَفِ تَلْعَةٍ مِنْ وَرَاءِ الْعَرْجِ، وَأَنْتَ ذَاهِبٌ إِلٰى هَضْبَةٍ، عِنْدَ ذٰلِكَ الْمَسْجِدِ قَبْرَانِ أَوْ ثَلَاثَةٌ، عَلَى الْقُبُوْرِ رَضْمٌ مِنْ حِجَارَةٍ، عَنْ يَمِيْنِ الطَّرِيْقِ، عِنْدَ سَلِمَاتِ الطَّرِيْقِ، بَيْنَ أُوْلٰئِكَ السَّلِمَاتِ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَرُوْحُ مِنَ الْعَرْجِ بَعْدَ أَنْ تَمِيْلَ الشَّمْسُ بِالْهَاجِرَةِ، فَيُصَلِّي الظُّهْرَ فِيْ ذٰلِكَ الْمَسْجِدِ.

حدیث (۵): اور ابن عمرؓ نے نافع کو بتایا کہ نبی ﷺ نے مقام عرج کے ایک ٹیلے کے کنارہ پر نماز پڑھی ہے جبکہ آپ ہضبہ کی طرف جارہے ہوں، اس مسجد کے پاس دو یا تین قبریں ہیں ان قبروں پر پتھر کی سِلیں رکھی ہوئی ہیں جو راستہ کے پتھروں کے درمیان راستہ کی دائیں طرف واقع ہیں، ابن عمر عرج سے دو پہر کا سورج ڈھلنے کے بعد ان پتھروں کے درمیان چلتے تھے اور اس مسجد میں ظہر پڑھتے تھے۔

تشریح: یہ مقام عرج میں نماز پڑھنے کا ذکر ہے، عرج ایک جگہ کا نام ہے جو رُوثیہ سے ۱۴ میل کے فاصلہ پر ہے۔ یہاں ہضبہ کی طرف جاتے ہوئے ایک ٹیلہ پڑتا ہے اس کے کنارہ پر نبی ﷺ نے نماز پڑھی ہے، اس مسجد کے قریب جہاں آپؐ نے نماز پڑھی ہے دو یا تین قبریں ہیں، یہ قبریں راستہ کے پتھروں کے پاس ہیں۔ ابن عمرؓ انہی پتھروں کے درمیان دو پہر میں سورج ڈھلنے کے بعد عرج سے چلتے تھے اور اس مسجد میں ظہر ادا کرتے تھے۔

[۴۸۹-] وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم نَزَلَ عِنْدَ سَرَحَاتٍ عَنْ يَسَارِ الطَّرِيْقِ، فِيْ مَسِيْلٍ دُوْنَ هَرْشَى، ذٰلِكَ الْمَسِيْلُ لَاصِقٌ بِكُرَاعِ هَرْشَى، بَيْنَهُ وَبَيْنَ الطَّرِيْقِ قَرِيْبٌ مِنْ غَلْوَةٍ، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُصَلِّى إِلٰى سَرْحَةٍ، هِيَ أَقْرَبُ السَّرَحَاتِ إِلَى الطَّرِيْقِ، وَهِيَ أَطْوَلُهُنَّ.

حدیث (۶): اور ابن عمرؓ نے نافع کو بتایا کہ نبی ﷺ نے ان بڑے درختوں کے پاس پڑاؤ ڈالا جو راستہ کی بائیں طرف نشیبی جگہ میں واقع ہیں (مَسیل کے معنی ہیں: پانی کا نالا، مراد ہے نشیبی جگہ) جو ہرشی پہاڑی کے قرب ہے، یہ نشیبی جگہ ہرشی کے کنارہ سے ملی ہوئی ہے، اس کے اور راستہ کے درمیان ایک تیر پھینکنے کے بقدر فاصلہ ہے (یعنی چار سو ہاتھ کے بقدر فاصلہ ہے) اور ابن عمرؓ اس درخت کے پاس نماز پڑھا کرتے تھے جو راستہ سے سب سے زیادہ قریب ہے اور سب سے اونچا درخت ہے۔

تشریح: ھرشیٰ بروزن فَعْلیٰ ایک پہاڑی کا نام ہے جو مکہ کے راستہ میں ایسی جگہ واقع ہے جہاں شام اور مدینہ کے راستے ملتے ہیں، اس پہاڑی کے قریب جو نشیبی جگہ اور پانی کی گذرگاہ ہے وہاں راستہ کی بائیں جانب بڑے سایہ دار درخت تھے، نبی ﷺ نے ان درختوں کے قریب پڑاؤ کیا تھا، آپؐ کے اترنے کی جگہ ہرشی پہاڑی کے کناروں سے ملی ہوئی تھی اور اس مسیل اور راستہ کے درمیان کا فاصلہ ایک تیر پھینکنے کے بقدر یعنی تقریباً چار سو ہاتھ تھا ان درختوں میں راستہ سے جو سب سے زیادہ قریب اور سب سے بلند درخت تھا اس کے قریب ابن عمرؓ نماز پڑھا کرتے تھے۔

[۴۹۰-] وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّ النبيَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَنْزِلُ فِي الْمَسِيْلِ الَّذِيْ فِيْ أَدْنٰى مَرِّ الظَّهْرَانِ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ، حِيْنَ نَهْبِطُ مِنَ الصَّفْرَاوَاتِ، يَنْزِلُ فِيْ بَطْنِ ذٰلِكَ الْمَسِيْلِ عَنْ يَسَارِ الطَّرِيْقِ، وَأَنْتَ ذَاهِبٌ إِلٰى مَكَّةَ، لَيْسَ بَيْنَ مَنْزِلِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَبَيْنَ الطَّرِيْقِ إِلَّا رَمْيَةٌ بِحَجَرٍ.

حدیث (۷): اور ابن عمرؓ نے نافع کو بتایا کہ نبی ﷺ اترا کرتے تھے پانی کی اس گذرگاہ (نشیبی جگہ) میں جو مدینہ کی

طرف مرالظہران کے پاس ہے، جب آپ صفراوات کی وادیوں سے اتریں گے تو اس نشیبی جگہ کے بیچ میں اتریں گے، اور یہ جگہ مکہ جاتے ہوئے راستہ کی بائیں طرف ہے نبی ﷺ کے اترنے کی جگہ اور راستہ کے درمیان ایک پتھر پھینکنے کے بقدر فاصلہ ہے۔

تشریح: یہ مرالظہران میں نماز پڑھنے کا تذکرہ ہے، اس کا دوسرا نام بطن مرو ہے، یہ ایک وادی ہے جہاں سے مکہ کا فاصلہ چودہ میل رہ جاتا ہے، مرالظہران کے قریب مدینہ کی جانب جو پانی کی گذرگاہ یعنی نشیبی جگہ ہے وہاں نبی ﷺ نے پڑاؤ ڈالا تھا، آدمی مکہ جاتے ہوئے صفراوات کی وادیوں سے گذر کر اسی نالے میں اترتا ہے، آپ کے پڑاؤ ڈالنے کی جگہ اور راستہ کے درمیان صرف پتھر پھینکنے کے بقدر فاصلہ ہے، یعنی اگر راستہ سے پتھر پھینکا جائے تو وہ آپ کے اترنے کی جگہ میں گرے گا۔

[٤٩١-] وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَنْزِلُ بِذِى طُوًى، وَيَبِيْتُ حَتّٰى يُصْبِحَ، يُصَلِّيْ الصُّبْحَ حِيْنَ يَقْدَمُ مَكَّةَ، وَمُصَلَّى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذٰلِكَ عَلٰى أَكَمَةٍ غَلِيْظَةٍ، لَيْسَ فِيْ الْمَسْجِدِ الَّذِىْ بُنِىَ ثَمَّ، ولٰكِنْ أَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ عَلٰى أَكَمَةٍ غَلِيْظَةٍ.[انظر: ١٧٦٧، ١٧٦٩]

حدیث (۸): اور ابن عمرؓ نے نافع کو بتایا کہ نبی ﷺ ذوطوی نامی جگہ میں اترا کرتے تھے اور صبح تک وہیں ٹھہرتے تھے، مکہ جاتے وقت آپ فجر کی نماز وہیں پڑھا کرتے تھے، اور یہاں رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ ایک بڑے ٹیلے پر ہے، یہ وہ جگہ نہیں ہے جہاں اب مسجد بنادی گئی ہے، بلکہ اس سے نیچے اتر کر ایک بڑے ٹیلے پر ہے۔

تشریح: ذوطوی مکہ مکرمہ سے تین میل سے کچھ کم فاصلہ پر ایک جگہ کا نام ہے، یہ آپ کے سفر کی آخری منزل ہے، یہاں آپ رات گذارتے تھے اور فجر پڑھ کر مکہ میں داخل ہوتے تھے، یہاں ایک ٹیلہ پر مسجد بنی ہوئی ہے مگر وہ آپ کی نماز پڑھنے کی جگہ نہیں، بلکہ اس سے نیچے کی طرف ایک بڑے ٹیلے پر آپ نے نماز پڑھی ہے۔

[٤٩٢-] وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ حَدَّثَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم اسْتَقْبَلَ فُرْضَتَيِ الْجَبَلِ، الَّذِىْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَبَلِ الطَّوِيْلِ نَحْوَ الْكَعْبَةِ، فَجَعَلَ الْمَسْجِدَ الَّذِىْ بُنِىَ ثَمَّ يَسَارَ الْمَسْجِدِ بِطَرَفِ الأَكَمَةِ، وَمُصَلَّى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَسْفَلَ مِنْهُ عَلٰى الأَكَمَةِ السَّوْدَاءِ، تَدَعُ مِنَ الأَكَمَةِ عَشَرَةَ أَذْرُعٍ أَوْ نَحْوَهَا، ثُمَّ تُصَلِّىْ مُسْتَقْبَلَ الْفُرْضَتَيْنِ مِنَ الْجَبَلِ الَّذِىْ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْكَعْبَةِ.

حدیث (۹): اور ابن عمرؓ نے نافع کو بتایا کہ نبی ﷺ نے اس پہاڑ کے دونوں جھکے ہوئے کناروں کو سامنے کی طرف لیا جو آپ کے اور اس اونچے پہاڑ کے درمیان ہے جو کعبہ کی جانب واقع ہے، پھر ابن عمرؓ نے اس مسجد کو جو وہاں بنائی گئی ہے اس مسجد کی بائیں طرف لیا جو ٹیلے کے کنارے پر ہے، اور نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ کالے ٹیلے پر اس سے نیچے ہے، تم

اس ٹیلے سے تقریباً دس ہاتھ چھوڑ دو، پھر اس پہاڑ کے جو آپ کے اور کعبہ کے درمیان ہے دونوں جھکے ہوئے کناروں کی طرف رخ کر کے نماز پڑھو۔

تشریح: یہ اوپر والی حدیث ہی کا تتمہ ہے، ذوطوی نامی جگہ میں ٹیلے پر جو مسجد بنی ہوئی ہے اس سے نیچے ایک بڑے ٹیلے پر نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ ہے۔ ابن عمرؓ نے اس کی علامت یہ بتائی ہے کہ اس جگہ جانب کعبہ ایک اونچا پہاڑ ہے جس کے دو درے ہیں جو پہاڑ میں جانے کے راستے ہیں، وہاں بھی ایک مسجد ہے، ابن عمرؓ نے اس مسجد کو ٹیلے پر جو مسجد ہے اس کی بائیں طرف لیا اور بتایا کہ نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ اس سے نیچے کالے رنگ کے ٹیلے پر ہے، اس ٹیلے پر دس ہاتھ کے قریب جگہ چھوڑ کر اس اونچے پہاڑ کے دونوں دروں کو سامنے رکھ کر نماز پڑھی جائے تو نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ میں نماز پڑھو گے۔

فائدہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جن مسجدوں کا تذکرہ کیا ہے وہ سب مسجدیں نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ میں نہیں بنائی گئی تھیں، بلکہ بعض مسافروں کی سہولت کو پیش نظر رکھ کر بنائی گئی تھیں وہ مساجد الطریق ہیں، مگر جب تک موقع پر جا کر ان کو دیکھا نہ جائے دار الحدیث میں بیٹھ کر الفاظ کی مدد سے ان کو سمجھا نہیں جا سکتا، اور اب اس کی بھی کوئی صورت نہیں رہی اس لئے کہ ان میں سے اکثر مساجد اور جو علامتیں ابن عمرؓ نے بتائی ہیں: باقی نہیں رہیں، اسی لئے شارحین نے بھی الفاظ کی تشریح کی حد تک محنت کی ہے، اور شیخ الہند قدس سرہ جب یہاں پہنچتے تھے تو حدیث شریف پڑھا دیتے تھے اور مطلق کلام نہیں فرماتے تھے، اس لئے کہ اب اس کا کوئی فائدہ نہیں (ان حدیثوں کی شرح میں ایضاح البخاری سے استفادہ کیا گیا ہے)



أَبْوَابُ سُتْرَةِ الْمُصَلِّي

یہاں سے سترہ کے سلسلہ کے ابواب شروع ہورہے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے یہاں کوئی عنوان نہیں رکھا، اور نہ بسم اللہ لکھی ہے، اس لئے کہ یہ مستقل ابواب نہیں ہیں، بلکہ أبواب المساجد میں داخل ہیں، اور دونوں میں مناسبت یہ ہے کہ آدمی ہمیشہ مسجد ہی میں نماز نہیں پڑھتا، خارج مسجد بھی نماز پڑھتا ہے، مسجد میں تو سترہ کی ضرورت نہیں، قبلہ کی جانب جو دیوار ہے وہ کافی ہے، مگر خارج مسجد سترہ کی ضرورت ہوتی ہے، اس مناسبت سے ابواب المساجد کے ذیل میں سترہ کے ابواب لائے ہیں، اور آخر میں چند ابواب ایسے آئیں گے جن کا تعلق مسجد سے ہوگا، سترہ سے نہیں ہوگا، کیونکہ امام بخاری رحمہ اللہ کے أبواب المساجد: کتاب مواقیت الصلاۃ تک چلے گئے ہیں۔

بابُ سُتْرَةِ الإِمَامِ سُتْرَةُ مَنْ خَلْفَهُ

امام کا سترہ مقتدیوں کے لئے بھی سترہ ہے

جمہور بشمول امام بخاری کی رائے یہ ہے کہ امام کا سترہ مقتدیوں کا بھی سترہ ہے، کچھ لوگ کہتے ہیں: امام کا سترہ صرف امام کا سترہ ہے، اور خود امام قوم کا سترہ ہے مگر یہ رائے صحیح نہیں۔

[۹۰-] بابُ سُتْرَةِ الإِمَامِ سُتْرَةُ مَنْ خَلْفَهُ

[۴۹۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَقْبَلْتُ رَاكِبًا عَلٰى حِمَارٍ أَتَانٍ، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْ نَاهَزْتُ الإِحْتِلَامَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ بِمِنًى، إِلٰى غَيْرِ جِدَارٍ، فَمَرَرْتُ بَيْنَ يَدَيْ بَعْضِ الصَّفِّ، فَنَزَلْتُ وَأَرْسَلْتُ الأَتَانَ تَرْتَعُ، وَدَخَلْتُ فِي الصَّفِّ، فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيَّ أَحَدٌ. [راجع: ۷۶]

۱- یہ حدیث کتاب العلم (باب ۱۸) میں گذر چکی ہے، وہاں بتایا تھا کہ یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک روایت پر نقد کیا ہے، روایت میں ہے کہ کتے، گدھے اور عورت کے نمازی کے سامنے سے گذرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے، اس

حدیث پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی نقد کیا ہے کہ تم نے ہم عورتوں کو کتوں اور گدھوں کے برابر کر دیا؟ میں نبی ﷺ کے سامنے لیٹی رہتی تھی اور آپؐ نماز پڑھتے تھے، یہ روایت چند ابواب کے بعد آرہی ہے اور حضرت ابن عباسؓ نے بھی اس روایت پر نقد کیا ہے کہ گدھے کے نمازی کے سامنے سے گذرنے سے نماز کیسے فاسد ہوگی؟ میرا خود اپنا واقعہ ہے کہ حجۃ الوداع میں ایک گدھی پر سوار ہو کر منی میں آیا اس وقت میں قریب البلوغ تھا، اور نبی ﷺ دیوار کے علاوہ کی طرف نماز پڑھا رہے تھے، یعنی آپؐ کے سامنے دیوار نہیں تھی، اس کے علاوہ سترہ تھا، پس میں صف کے کچھ حصہ کے سامنے سے گذرا، پھر میں نے گدھی کو چرنے کے لئے چھوڑ دیا اور صف میں مل گیا، اور مجھ پر کسی نے اعتراض نہیں کیا، اگر گدھے کے سامنے سے گذرنے سے نماز فاسد ہو جاتی تو لوگ مجھ پر نکیر کرتے۔

۲- یُصلِّی بمنی إلی غیر جدار: کا مفہوم بعض حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ نبی ﷺ کے سامنے سترہ نہیں تھا، کیونکہ اس وقت منی میں مسجد نہیں تھی، اور آپؐ بغیر سترہ کے نماز پڑھا رہے تھے، اور جب امام کے سامنے سترہ نہیں تھا تو مقتدیوں کے سامنے بھی سترہ نہیں تھا اور گدھی سامنے چر رہی تھی اور نمازیوں کے سامنے سے گذر رہی تھی، پس معلوم ہوا کہ گدھے کے نمازی کے سامنے سے گذرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

مگر یہ بات اور یہ استدلال صحیح نہیں، اس لئے کہ غیر عربی میں ہمیشہ صفت واقع ہوتا ہے، یعنی نبی ﷺ کے سامنے دیوار نہیں تھی، بلکہ دیوار کے علاوہ سترہ تھا، اور جب نبی ﷺ کے سامنے سترہ تھا تو وہی سترہ مقتدیوں کا بھی سترہ ہوا، اور سترہ کے پرے سے کتا، گدھا وغیرہ گذریں تو نماز پر کچھ اثر نہیں پڑتا، پس حضرت ابن عباسؓ کا نقد برمحل نہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ بھی حدیث کا یہی مطلب سمجھ رہے ہیں کہ آپؐ کے سامنے سترہ تھا، البتہ دیوار نہیں تھی، کوئی اور سترہ تھا، چنانچہ اس حدیث سے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ امام کا سترہ مقتدیوں کے لئے بھی سترہ ہے، اور اسی وجہ سے ابن عباسؓ پر کسی نے نکیر نہیں کی تھی، کیونکہ گدھی سترے کے پرے سے گذر رہی تھی۔

۳- حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب نمازی کے سامنے کجاوہ کی پچھلی لکڑی کے مانند ـــــ یا فرمایا کجاوہ کی درمیانی لکڑی کے مانند ـــــ کوئی چیز نہ ہو یعنی نمازی کے سامنے سترہ نہ ہو تو اس کی نماز کو کالا کتا، عورت اور گدھا کاٹتا ہے'' حدیث کے ایک راوی عبد اللہ بن الصامت نے حضرت ابو ذرؓ سے پوچھا: کالے کتے کی کیا تخصیص ہے؟ آپؓ نے جواب دیا: یہی بات میں نے نبی ﷺ سے پوچھی تھی، آپؐ نے فرمایا: ''کالا کتا شیطان ہے'' یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور ترمذی (حدیث ۳۴۷) میں ہے، اس حدیث کی بنا پر امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ نمازی کے سامنے سے اگر کالا کتا گذر جائے تو نماز فاسد ہو جائے گی، اور گدھے اور عورت کے بارے میں انھوں نے کوئی دوٹوک بات نہیں فرمائی، اس لئے کہ ان دونوں کے سلسلہ میں حضرت عائشہؓ اور حضرت ابن عباسؓ کی روایتیں معارض ہیں جو اوپر گذریں۔ اور کتے کے بارے میں کوئی معارض روایت نہیں اس لئے امام احمدؒ نے کتے کے گذرنے سے نماز کے فساد کا حکم

لگایا اور عورت اور گدھے کے گذرنے میں کوئی واضح فیصلہ نہیں کیا۔

اور جمہور کہتے ہیں: حضرت ابوذرؓ کی مذکورہ حدیث کے ساتھ معارض نہ حضرت عائشہؓ کی حدیث ہے اور نہ حضرت ابن عباسؓ کی، اس لئے کہ نبی ﷺ کے سامنے سترہ تھا اور گدھی سترہ کے پرے سے گذر رہی تھی اور امام کا سترہ لوگوں کے لئے سترہ ہوتا ہے، پس گدھی کے نمازیوں کے سامنے سے گذرنے سے کوئی فرق نہیں پڑا، اور حضرت عائشہؓ کی حدیث اس لئے معارض نہیں کہ وہاں نمازی کے سامنے عورت پہلے سے لیٹی ہوئی تھی، اور مذکورہ حدیث میں عورت کے نمازی کے سامنے سے گذرنے کا مسئلہ ہے اور دونوں باتوں میں فرق ہے۔

علاوہ ازیں: اس حدیث میں قطع صلوٰۃ سے فسادِ صلوٰۃ مراد نہیں بلکہ قطع وُصلہ (تعلق) مراد ہے اور عورت سے مرغوبات، گدھے سے مُسْتَقْذَرات (گھناؤنی چیزیں) اور کالے کتے سے مُخوِّفات (ڈراؤنی چیزیں) مراد ہیں۔

اس کی تفصیل: یہ ہے کہ جب نمازی کی نظر کسی مرغوب چیز پر پڑتی ہے تو اس کی توجہ بٹتی ہے، پیچھے آپ نے حدیث پڑھی ہے: ایک مرتبہ نبی ﷺ نے بیل بوٹوں والی چادر اوڑھ کر نماز پڑھی، دورانِ نماز آپؐ کی ان پر نظر پڑی، نماز کے بعد آپؐ نے وہ چادر ایک صاحب کو دی اور فرمایا: اس کو ابوجہمؓ کے پاس لے جاؤ اور ان کے پاس انبجانیہ سادہ چادر ہے وہ لے آؤ (بخاری حدیث ۳۷۲) آنحضور ﷺ نے وہ چادر اس لئے لوٹا دی تھی کہ اس نے آپؐ کی توجہ نماز سے ہٹائی تھی۔ معلوم ہوا کہ مرغوبات قطع وُصلہ کا سبب بنتے ہیں، اور عورت مرغوبات کا اعلیٰ فرد ہے اس لئے اس کا ذکر کیا گیا ہے، پس یہ عورتوں کا اعزاز ہے، توہین نہیں ہے۔

اسی طرح مُستقذَرات یعنی گھناؤنی چیزیں بھی قطع وصلہ کا سبب بنتی ہیں، اور اس کا ایک فرد گدھا ہے اور ایک حدیث میں خنزیر کا ذکر ہے، وہ بھی گھناؤنی چیز ہے (ابوداؤد ا:۱۰۲) نیز مخوِّفات یعنی ڈراؤنی چیزیں بھی توجہ ہٹاتی ہیں، کالا کتا اس کی مثال ہے۔ اور ایک حدیث میں یہودی اور مجوسی کا ذکر آیا ہے (ابوداؤد ا:۱۰۲)

ابتدائے اسلام میں یہودیوں کا ہر وقت کھٹکا لگا رہتا تھا، نبی ﷺ رات میں پیشاب کرنے کے لئے بھی گھر سے نہیں نکلتے تھے، گھر میں لکڑی کا ایک پیالہ رکھا ہوا تھا جس میں آپؐ پیشاب فرماتے تھے، صبح پیشاب پھینک دیا جاتا تھا۔

غرض ڈراؤنی چیزیں: سانپ، بچھو، کالا کتا، گھناؤنی چیزیں: گدھا، خنزیر اور مرغوبات جب نمازی کے سامنے آتی ہیں تو یقیناً توجہ بٹتی ہے، حدیث میں قطع صلوٰۃ سے یہی قطع وصلہ مراد ہے۔ اس توجیہ سے احادیث میں تعارض ختم ہو جاتا ہے اور حضرت عائشہؓ کے نقد کا جواب بھی نکل آتا ہے کہ عورت کو گدھے اور کتے کے برابر نہیں کیا بلکہ عورت کو اس کی نوع (مرغوبات) کا اعلیٰ فرد قرار دیا ہے۔

۴- امام کا سترہ مقتدیوں کا سترہ ہے اور اس پر تین ائمہ متفق ہیں، صرف امام مالک رحمہ اللہ کا ذرا سا اختلاف ہے، اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ جماعت کی نماز متحد ہے، احناف اسی کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ نماز کے ساتھ حقیقتاً اور

بالذات امام متصف ہے اور مقتدی امام کے واسطہ سے مجازاً اور بالعرض متصف ہیں، اسی لئے مقتدی پر قراءت بشمول فاتحہ فرض نہیں، اس لئے کہ امام کی قراءت مقتدی کے حق میں محسوب ہے، حدیث ہے: مَن کان لَہُ إمامٌ فقِراءَ ۃُ الإمَامِ لَہُ قِراءَ ۃٌ: جس کا امام ہو تو اس کا پڑھنا مقتدی کا پڑھنا ہے، اسی طرح امام کا سترہ مقتدیوں کے لئے سترہ ہے اور جو لوگ امام کو لوگوں کا سترہ قرار دیتے ہیں ان کی بات حدیث مرفوع کے خلاف ہے، حدیث میں ہے: من کان له إمامٌ فسترہ الإمام له سترة: جس کا امام ہو تو امام کا سترہ مقتدیوں کے لئے سترہ ہے، امام بخاری رحمہ اللہ کا ترجمہ اسی حدیث کی ترجمانی کرتا ہے۔

[۴۹۴-] حدثنا إسْحاقُ، قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا خَرَجَ يَوْمَ الْعِيْدِ أَمَرَ بِالْحَرْبَةِ فَتُوْضَعُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَيُصَلِّيْ إِلَيْهَا وَالنَّاسُ وَرَاءَ هُ، وَكَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي السَّفَرِ، فَمِنْ ثَمَّ اتَّخَذَهَا الْأُمَرَاءُ. [انظر: ۴۹۸، ۹۷۲، ۹۷۳]

حدیث: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جب عید کے لئے نکلتے تھے تو چھوٹے نیزہ کے بارے میں حکم دیتے، پس وہ آپؐ کے سامنے گاڑا جاتا، پس آپؐ اس کی طرف نماز پڑھاتے اور لوگ آپؐ کے پیچھے ہوتے، اور سفر میں بھی ایسا ہی کیا جاتا، اسی وجہ سے امراء نے اس کو اپنایا ہے۔

تشریح: پہلے یہ بات گذری ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ اور ایک انصاری لڑکے کی دو ذمہ داریاں تھیں: ایک: جب آپؐ استنجے کے لئے جائیں تو پانی ساتھ لے کر جائیں۔ دوم: جب کسی کھلی جگہ میں نماز پڑھنی ہو تو عصا یا نیزہ ساتھ لے کر جائیں اور نماز کی جگہ میں اس کو گاڑیں، چنانچہ سفر میں بھی اور عیدگاہ میں بھی عصا یا چھوٹا نیزہ ساتھ لے جایا جاتا تھا اور آپؐ اس کی طرف نماز پڑھتے تھے، اس لئے کہ اس زمانہ میں باقاعدہ عیدگاہ بنی ہوئی نہیں تھی، کھلے میدان میں عید پڑھی جاتی تھی، مگر اب امراء نے اس کو رسم بنالیا ہے، اب باقاعدہ عیدگاہ بنی ہوئی ہے، اس لئے سترہ کی ضرورت نہیں، جدارِ قبلی کافی ہے مگر پھر بھی عید کے دن امراء کے سامنے بلّم لے کر چلا جاتا ہے اور اس کو عیدگاہ میں گاڑا جاتا ہے، یہ طریقہ اس حدیث سے لیا گیا ہے حالانکہ نبی ﷺ کے زمانہ میں اس کی ضرورت تھی اور اب اس کی کوئی ضرورت نہیں رہی۔

استدلال: اور اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ صرف نبی ﷺ کے لئے نیزہ لے جایا جاتا تھا، مقتدی اپنے ساتھ نیزے نہیں لے جاتے تھے، معلوم ہوا کہ امام کا سترہ مقتدیوں کے لئے سترہ ہے ان کو الگ سے سترہ گاڑنے کی ضرورت نہیں۔

[۴۹۵-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: نَاشُعْبَةُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ يَقُوْلُ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلّٰى بِهِمْ بِالْبَطْحَاءِ — وَبَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةٌ — الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ، وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ، يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ الْمَرْأَةُ وَالْحِمَارُ. [راجع: ۱۸۷]

حدیث: حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو سنگریزوں والے میدان میں ظہر اور عصر کی دو دو رکعتیں پڑھائیں درانحالیکہ آپؐ کے سامنے ایک چھوٹا نیزہ گڑا ہوا تھا، آپؐ کے سامنے سے عورتیں اور گدھے گذر رہے تھے۔

تشریح: پہلے بتایا ہے کہ بطحاء اس میدان کو کہتے ہیں جہاں پانی کے بہاؤ سے چھوٹے چھوٹے سنگریزے پھیل گئے ہوں، حج سے فارغ ہوکر آپؐ بطحاء میں فروکش ہوئے تھے، وہاں آپؐ نے ظہرین پڑھائی ہیں اور دو دو رکعتیں پڑھائی ہیں اور آپؐ کے سامنے سترہ گڑا ہوا تھا اور سترہ کے پرے سے عورتیں اور گدھے گذر رہے تھے، معلوم ہوا کہ امام کا سترہ سب کے لئے کافی ہے اور سترہ کے پرے سے کسی کے گذرنے سے نماز میں کچھ فرق نہیں پڑتا۔

بابٌ: قَدْرُكَمْ يَنْبَغِيْ أَنْ يَكُوْنَ بَيْنَ الْمُصَلِّيْ وَالسُّتْرَةِ؟

نمازی اور سترہ کے درمیان کتنا فاصلہ ہونا چاہئے؟

سترہ سجدہ کی جگہ سے قریب ہونا چاہئے، کیونکہ سترہ کا مقصد نمازی کی توجہ کو روکنا ہے، اگر سترہ دور ہوگا تو نمازی کی نظر نہیں رکے گی، دور تک جائے گی، اور اللہ جانے کیا کیا نظر آئے گا!

[۹۱-] بابٌ: قَدْرُكَمْ يَنْبَغِيْ أَنْ يَكُوْنَ بَيْنَ الْمُصَلِّيْ وَالسُّتْرَةِ؟

[۴۹۶-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ مُصَلَّى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبَيْنَ الْجِدَارِ مَمَرُّ الشَّاةِ.[انظر: ۷۳۳۴]

[۴۹۶-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: نايَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: كَانَ جِدَارُ الْمَسْجِدِ عِنْدَ الْمِنْبَرِ، مَا كَادَتِ الشَّاةُ تَجُوْزُهَا.

حدیث (۱): حضرت سہل کہتے ہیں: نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ یعنی سجدہ کی جگہ اور جدار قبلی کے درمیان بکری کے گذرنے کے بقدر جگہ تھی (بین: خبر مقدم اور ممر: اسم مؤخر ہے)

حدیث (۲): سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مسجد کی دیوار منبر کے پاس تھی یعنی لگی ہوئی تھی، نہیں قریب تھی بکری کہ اس جگہ سے گذرے یعنی اس جگہ میں سے بکری مشکل سے گذر سکتی تھی (کاد: محل اثبات میں نفی کرتا ہے اور محل نفی میں اثبات یعنی بکری بمشکل وہاں سے گذرتی تھی)

تشریح: ان حدیثوں کا مفاد یہ ہے کہ سترہ نمازی کے قریب ہونا چاہئے، اس لئے کہ مسجد نبوی میں نبی ﷺ کے سجدہ کی جگہ جدار قبلی سے بالکل قریب تھی، درمیان سے بکری مشکل ہی سے گذر سکتی تھی۔

بابُ الصَّلاَۃِ إِلَی الْحَرْبَۃِ

نیزہ اور بلّم کی طرف نماز پڑھنا

یہاں سے کئی ابواب تک کا مقصد سترہ کی تعمیم کرنا ہے، سترہ: ہر وہ چیز بن سکتی ہے جو کم از کم انگلی کے بقدر موٹی اور ایک ہاتھ کے بقدر لمبی ہو، اور اگر کسی کے پاس سترہ بنانے کے لئے کوئی چیز نہ ہو تو امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لکیر کھینچ دے، اور لکیر یا تو لمبائی میں کھینچے یا محراب کی طرح کھینچے، دیگر ائمہ لکیر کو سترہ کے قائم مقام نہیں گردانتے اور لکیر کھینچنے کی روایت ابوداؤد (حدیث ۶۸۹) میں ہے مگر وہ استدلال کے قابل نہیں، اسماعیل بن امیہ ہی اس کو روایت کرتا ہے، اور اس کی روایت میں اضطراب ہے اور اس کا استاذ ابوعمرو اور ابوعمرو کا دادا حُریث مجہول راوی ہیں۔

[۹۲-] بابُ الصَّلاَۃِ إِلَی الْحَرْبَۃِ

[۴۹۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: نَا یَحْیَی، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ یُرْکَزُ لَہُ الْحَرْبَۃُ، فَیُصَلِّیْ إِلَیْھَا [راجع: ۴۹۴]

[۹۳-] بابُ الصَّلاَۃِ إِلَی الْعَنَزَۃِ

[۴۹۹-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: نَا شُعْبَۃُ، قَالَ: نَا عَوْنُ بْنُ أَبِیْ جُحَیْفَۃَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ، قَالَ: خَرَجَ إِلَیْنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالْھَاجِرَۃِ، فَأُتِیَ بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّأَ، فَصَلّٰی بِنَا الظُّھْرَ وَالْعَصْرَ، وَبَیْنَ یَدَیْہِ عَنَزَۃٌ، وَالْمَرْأَۃُ وَالْحِمَارُ یَمُرُّوْنَ مِنْ وَرَائِھَا. [راجع: ۱۸۷]

وضاحت: یہ وہی بطحاء والا واقعہ ہے جو دو ابواب پہلے گذرا ہے۔ اور الھاجرۃ کے معنی ہیں: گرمی کی دوپہر، زوال آفتاب سے عصر تک کا وقت اور عَنَزَۃ کے معنی ہیں: وہ ڈنڈا جس میں پھل لگا ہو یعنی بلّم۔

[۵۰۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ بَزِیْعٍ، قَالَ: نَا شَاذَانُ، عَنْ شُعْبَۃَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِیْ مَیْمُوْنَۃَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِکٍ، قَالَ: کَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا خَرَجَ لِحَاجَتِہِ تَبِعْتُہُ أَنَا وَغُلاَمٌ، وَمَعَنَا عُکَّازَۃٌ أَوْ عَصًا أَوْ عَنَزَۃٌ، وَمَعَنَا إِدَاوَۃٌ، فَإِذَا فَرَغَ مِنْ حَاجَتِہِ نَاوَلْنَاہُ الإِدَاوَۃَ. [راجع: ۱۵۰]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کے لئے تشریف لے جاتے تو میں اور ایک لڑکا آپ کے ساتھ جاتے اور ہمارے پاس چھڑی یا لاٹھی یا چھوٹا نیزہ ہوتا تھا اور ہمارے ساتھ ایک برتن ہوتا تھا، پس جب آپ قضاء

حاجت سے فارغ ہوتے تو ہم آپ کو وہ برتن دیا کرتے تھے۔

تشریح: عُکّازۃ: وہ ڈنڈا جس میں پھل لگا ہوا ہو۔ اور عنزۃ کے معنی ہیں: بلّم، اور عام لاٹھی عصا ہے اور یہ شک راوی ہے۔ پہلے بتایا تھا کہ حضرت انسؓ اور ایک انصاری لڑکے کے ذمہ دو خدمتیں تھیں: ایک: جب آپؐ استنجے کے لئے جائیں تو پانی ساتھ لے جائیں۔ دوسری: کھلی جگہ میں نماز پڑھنی ہو تو لاٹھی وغیرہ ساتھ لے جائیں، پانی ساتھ کیوں لے جایا جاتا تھا اس کی وجہ تو حضرت انسؓ نے بیان کردی اور لاٹھی وغیرہ لے جانے کی حکمت یہاں حدیث لاکر امام بخاریؒ نے بیان کی کہ وہ سترہ بنانے کے مقصد سے لے جائی جاتی تھی، اور یہ دو الگ الگ خدمتیں تھیں، راوی نے ان کو ایک ساتھ کردیا ہے جس کی وجہ سے بات الجھ گئی ہے۔

بابُ السُّتْرَةِ بِمَكَّةَ وَغَيْرِهَا

مکہ اور غیر مکہ میں سترہ

جن مصالح کی بناء پر سترہ مطلوب ہے ان کے لحاظ سے مکہ اور غیر مکہ کا حکم یکساں ہے، سترہ کا مقصد نمازی کی توجہ کو روکنا ہے، اور گذرنے والے کو آزادی دینا ہے کہ سترہ کے پرے سے بے تکلف گذرے، اس لحاظ سے مکہ اور غیر مکہ میں کوئی فرق نہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں: مکہ میں سترہ کی ضرورت نہیں۔ امام بخاریؒ اس قول کی تردید فرمارہے ہیں کہ سترہ کے جو مقاصد ہیں ان کے لحاظ سے مکہ اور غیر مکہ میں تفریق کرنا صحیح نہیں، دونوں کا حکم یکساں ہے، البتہ طواف کرنے والا نمازی کے سامنے سے سجدہ کی جگہ سے پرے سے گذر سکتا ہے، مگر اب لوگ سجدہ کی جگہ ہی سے نہیں بلکہ نمازی سے لگ کر گذرتے ہیں، اور طواف کرنے والے ہی نہیں عام لوگ بھی مسجد حرام میں اسی طرح گذرتے ہیں، یہ صحیح نہیں، بڑی مسجد میں نمازی کے سامنے سے گذرنے کی گنجائش ہے، مگر جہاں تک نمازی کی نظر جاتی ہے یعنی دو ڈھائی صف کے پرے سے گذر سکتے ہیں، یہی حکم مسجد حرام کا ہے، صرف طواف کرنے والوں کے لئے تھوڑی گنجائش ہے۔

[٩٤-] بابُ السُّتْرَةِ بِمَكَّةَ وَغَيْرِهَا

[٥٠١-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِالْهَاجِرَةِ، فَصَلَّى بِالْبَطْحَاءِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ، وَنُصِبَ بَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةٌ، وَتَوَضَّأَ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَتَمَسَّحُوْنَ بِوَضُوْئِهِ. [راجع:١٨٧]

ترجمہ: نبی ﷺ ہماری طرف دوپہر میں نکلے پس آپؐ نے بطحاء میں ظہر اور عصر کی دو دو رکعتیں پڑھائیں اور آپؐ کے سامنے بلّم گاڑا گیا، اور آپؐ نے وضو فرمایا، پس لوگ آپؐ کے وضو کے بچے ہوئے پانی کو اپنے بدن پر ملنے لگے۔

تشریح: وضو کے پانی سے وہ پانی مراد ہے جو وضو کے بعد برتن میں بچ گیا تھا، لوگ اس کو بطور تبرک اپنے بدن پر مل رہے تھے، اور آپؐ نے یہ نمازیں مکہ میں پڑھائی تھیں اور آپؐ کے سامنے سترہ تھا، معلوم ہوا کہ سترہ کے باب میں مکہ اور غیر مکہ کا حکم یکساں ہے۔

بابُ الصَّلاَةِ إِلَى الْأُسْطُوَانَةِ

ستون کی طرف نماز پڑھنا

مسجد میں یہاں وہاں نماز پڑھنے کی بہ نسبت کسی ستون یا دیوار کی آڑ میں نماز پڑھنا بہتر اور افضل ہے، اس سے گذرنے والوں کو آزادی مل جاتی ہے اور نمازی کی نماز خراب نہیں ہوتی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ستونوں کے زیادہ حق دار باتیں کرنے والوں کی بہ نسبت نماز پڑھنے والے ہیں یعنی جو لوگ مسجد میں دینی باتیں کر رہے ہیں، وعظ ونصیحت اور درس وتدریس میں مشغول ہیں ان سے ستونوں کے زیادہ حقدار نماز پڑھنے والے ہیں ان کو ستون استعمال کرنے کا موقع دینا چاہئے، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک شخص کو دیکھا جو دو ستونوں کے درمیان نماز پڑھنے کا ارادہ کر رہا تھا، ابن عمرؓ اس کو پکڑ کر ایک ستون کے پاس لے گئے اور فرمایا: اس ستون کو سترہ بنا کر نماز پڑھ۔ معلوم ہوا کہ لوگوں کو جب وہ تنہا نماز پڑھ رہے ہوں ستون وغیرہ کی آڑ میں نماز پڑھنی چاہئے —— سترہ کی تعمیم بھی کردی کہ ستونوں کو بھی سترہ بنا سکتے ہیں پس سترہ کی تعمیم کے ابواب سے بھی اس باب کا تعلق ہوگیا۔

[۹۵-] بابُ الصَّلاَةِ إِلَى الْأُسْطُوَانَةِ

[۱-] وَقَالَ عُمَرُ: الْمُصَلُّوْنَ أَحَقُّ بِالسَّوَارِيْ مِنَ الْمُتَحَدِّثِيْنَ إِلَيْهَا.

[۲-] وَرَأَى ابْنُ عُمَرَ رَجُلاً يُصَلِّيْ بَيْنَ أُسْطُوَانَتَيْنِ، فَأَدْنَاهُ إِلَى سَارِيَةٍ، فَقَالَ: صَلِّ إِلَيْهَا.

[۵۰۲-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ: نَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ عُبَيْدٍ، قَالَ: كُنْتُ آتِي مَعَ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، فَيُصَلِّيْ عِنْدَ الْأُسْطُوَانَةِ الَّتِيْ عِنْدَ الْمُصْحَفِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا مُسْلِمٍ! أَرَاكَ تَتَحَرَّى الصَّلاَةَ عِنْدَ هٰذِهِ الْأُسْطُوَانَةِ؟ قَالَ: فَإِنِّيْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَتَحَرَّى الصَّلاَةَ عِنْدَهَا.

وضاحت: السواری: ساریۃ کی جمع ہے: ستون۔ اور متحدِّثین (باتیں کرنے والے) یعنی وہ لوگ جو ستونوں سے ٹیک لگا کر وعظ ونصیحت یا درس وتدریس میں مشغول ہیں، دنیوی باتیں کرنے والے مراد نہیں مسجد میں دنیوی باتیں کرنا جائز نہیں۔

حدیث (۱): یزید بن ابی عُبید کہتے ہیں: میں حضرت سلمۃ بن الاکوع کے ساتھ (مسجدِ نبوی میں) آیا کرتا تھا، پس وہ اس ستون کے پاس نماز پڑھا کرتے تھے جس کے پاس قرآن مجید رکھا ہوا ہے، پس میں نے عرض کیا: اے ابو مسلم! میں دیکھتا

ہوں کہ آپ اس ستون کے پاس نماز پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں (اس کی کیا وجہ ہے؟) انھوں نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو اس ستون کے پاس نماز پڑھنے کا قصد کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

تشریح: یزید بن ابی عبید: حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کے مولی ہیں، وہ حضرت سلمہؓ کے ساتھ رہتے تھے اس زمانہ میں غلام آزاد ہونے کے بعد بھی آقا کے ساتھ رہتا تھا، چلا نہیں جاتا تھا، وہ آقا کے خاندان کا ایک فرد سمجھا جاتا تھا، اور یہ تیسری ثلاثی حدیث ہے، بخاری میں بائیس ثلاثیات ہیں، ان میں زیادہ تر حضرت سلمہؓ کی حدیثیں ہیں، اور بیس ثلاثیات امام بخاریؒ نے حنفی شیوخ سے روایت کی ہیں۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں پانچ مصاحف تیار کرائے تھے، ایک مصحف مسجدِ نبوی میں رکھا تھا اور باقی مصاحف مختلف شہروں میں بھیج دیئے تھے، مسجدِ نبوی میں جس ستون کے پاس قرآن رکھا گیا تھا اس ستون کے پاس عام طور پر نبی ﷺ نفلیں پڑھتے تھے اسی وجہ سے وہاں قرآن رکھا گیا تھا اور حضرت سلمہؓ قصد کرکے وہاں نماز پڑھتے تھے۔ اور حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے۔ نبی ﷺ ستون کا سترہ بنا کر نماز پڑھتے تھے۔

[۵۰۳-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ كِبَارَ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَبْتَدِرُوْنَ السَّوَارِيَ عِنْدَ الْمَغْرِبِ — وَزَادَ شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَنَسٍ: حَتّٰى يَخْرُجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٦٢٥]

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی ﷺ کے بڑے صحابہ کو مغرب کے وقت ستونوں کی طرف لپکتے دیکھا ہے —— اس حدیث کو عمرو بن عامر سے شعبہؒ نے بھی روایت کیا ہے ان کی حدیث میں یہ اضافہ ہے: یہاں تک کہ نبی ﷺ حجرہ سے باہر تشریف لاتے۔

تشریح: آنحضور ﷺ کے عہد مبارک میں جب مغرب کی اذان ہوتی تو صحابہ ستونوں کی طرف لپکتے اور ان کو سترہ بنا کر نفلیں پڑھتے، کیونکہ عصر کے بعد نفلوں کی جو ممانعت ہے وہ غروب شمس پر ختم ہو جاتی ہے، پس غروب شمس کے بعد نفلیں پڑھنا جائز ہے مگر یہ سنت نہیں، نبی ﷺ نے مغرب سے پہلے نفلیں نہیں پڑھیں، خلفائے راشدین نے بھی نہیں پڑھیں، کتاب التہجد میں یہ حدیث آئے گی کہ نبی ﷺ نے فرمایا: مغرب سے پہلے نفلیں پڑھو، یہ بات دو مرتبہ فرمائی پھر تیسری مرتبہ لِمَن شاء بڑھایا۔ یعنی مغرب سے پہلے کوئی نفلیں پڑھنا چاہے تو پڑھے، راوی کہتے ہیں: آپؐ نے لِمَن شاء اس لئے بڑھایا کہ لوگ اس کو سنت نہ بنالیں (کراهية أن يَتَّخِذَها الناسُ سنةً) پس مغرب سے پہلے نفلیں پڑھنا جائز ہے مگر اس کی وجہ سے جماعت میں تاخیر نہیں ہونی چاہئے، میں جب مظاہر العلوم میں پڑھتا تھا تو میں نے حضرت مولانا اسعد اللہ صاحب قدس سرہ کو جو حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے خلیفہ تھے اور مظاہر علوم کے ناظم تھے دیکھا کہ کبھی وہ مغرب کی اذان شروع ہوتے

ہی نفلوں کی نیت باندھ لیتے تھے اور امام کے مصلے پر آنے سے پہلے سلام پھیر دیتے تھے، اسی طرح رمضان المبارک میں اذان واقامت کے درمیان پانچ سات منٹ کا وقفہ رہتا ہے اس درمیان اگر کوئی نفلیں پڑھے تو جائز ہے، مگر سنت نہیں، پس اس کو معمول نہ بنایا جائے۔

اور شعبہ رحمہ اللہ کی حدیث میں یہ اضافہ ہے: یہاں تک کہ نبی ﷺ حجرہ سے نکل آتے تھے، اتنی دیر میں صحابہ دو نفلیں پڑھ لیتے تھے، مگر اب عرب ممالک میں باقاعدہ سنتوں کی طرح ان نفلوں کو پڑھنے کا اہتمام کیا جاتا ہے اور اس کے لئے مغرب کی نماز میں تاخیر کی جاتی ہے، یہ طریقہ ٹھیک نہیں۔

بابُ الصَّلاَّۃِ بَیْنَ السَّوَارِیْ فِیْ غَیْرِ جَمَاعَۃٍ

ستونوں کے درمیان تنہا نماز پڑھنا

ایک حدیث میں نبی ﷺ نے ستونوں کے درمیان نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے (۱) امام بخاری رحمہ اللہ اس حدیث کو جماعت پر محمول کرتے ہیں کہ جماعت میں ستونوں اور دروں کے بیچ میں صفیں نہیں بنانی چاہئیں، لیکن اگر کوئی تنہا دروں یا ستونوں کے بیچ میں نماز پڑھے تو جائز ہے، فعل نبوی سے اس کا ثبوت ہے۔

فائدہ: باجماعت نماز میں ستونوں اور دروں کے درمیان تنہا کھڑے رہنا مکروہ تحریمی ہے اور یہ مسئلہ اجماعی ہے، بلکہ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک تو شاید اس کی نماز ہی نہیں ہوگی، کیونکہ ان کے نزدیک صف میں تنہا کھڑے رہنے سے نماز نہیں ہوتی، اور اگر دروں اور ستونوں کے درمیان دو یا زیادہ اشخاص کھڑے ہوں اور صف بن جائے تو بے ضرورت ایسا کرنا خلافِ اولیٰ ہے اور عندالضرورت جیسے جمعہ اور عیدین میں اس کی گنجائش ہے (تفصیل تحفۃ الالمعی ۱:۵۵۶ میں دیکھیں)

[۹۶-] بابُ الصَّلاَّۃِ بَیْنَ السَّوَارِیْ فِیْ غَیْرِ جَمَاعَۃٍ

[۵۰۴-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: نَا جُوَیْرِیَۃُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِیُّ صلی

(۱) ترمذی میں عبدالحمید بن محمود کی حدیث ہے وہ کہتے ہیں: ہمارے علاقہ میں ایک امیر صاحب آئے جس کی وجہ سے نماز میں اژدحام ہوگیا، پس ہم نے مجبوراً ستونوں کے درمیان نماز پڑھی، مسجد میں حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے، نماز کے بعد آپؓ نے لوگوں کو تنبیہ کی اور فرمایا کہ ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں ایسا کرنے سے بچتے تھے یعنی صحابہ نبی ﷺ کے زمانہ میں ستونوں کے درمیان نماز پڑھنے سے احتراز کرتے تھے (ترمذی حدیث ۲۲۸) اور ابن ماجہ میں معاویۃ بن قرہ کی حدیث ہے وہ اپنے والد قرۃ بن ایاسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں ستونوں کے درمیان صف بنانے سے سختی کے ساتھ روکے جاتے تھے (ابن ماجہ ص:۷۰)

اللہ علیه وسلم، وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، وَبِلَالٌ، فَأَطَالَ ثُمَّ خَرَجَ، وَكُنْتُ أَوَّلَ النَّاسِ دَخَلَ عَلٰى أَثَرِهِ، فَسَأَلْتُ بِلَالًا: أَيْنَ صَلّٰى؟ قَالَ: بَيْنَ الْعَمُوْدَيْنِ الْمُقَدَّمَيْنِ.[راجع: ۳۹۷]

[۵۰۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم دَخَلَ الْكَعْبَةَ، وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَبِلَالٌ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ الْحَجَبِيُّ، فَأَغْلَقَهَا عَلَيْهِ، وَمَكَثَ فِيْهَا، فَسَأَلْتُ بِلَالًا حِيْنَ خَرَجَ: مَا صَنَعَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم؟ قَالَ: جَعَلَ عَمُوْدًا عَنْ يَسَارِهِ، وَعَمُوْدًا عَنْ يَمِيْنِهِ، وَثَلَاثَةَ أَعْمِدَةٍ وَرَاءَهُ، وَكَانَ الْبَيْتُ يَوْمَئِذٍ عَلٰى سِتَّةِ أَعْمِدَةٍ، ثُمَّ صَلّٰى. وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ فَقَالَ: عَمُوْدَيْنِ عَنْ يَمِيْنِهِ، [راجع: ۳۹۷]

۱- یہ حدیث پہلے ابواب استقبال القبلہ میں گذر چکی ہے، فتح مکہ کے موقع پر نبی ﷺ کعبہ شریف کے اندر تشریف لے گئے تھے، حضرات بلال، اسامہ بن زید اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم ساتھ تھے، آپؐ نے اندر دوستونوں کے درمیان نماز پڑھی، کعبہ شریف کے اندر اس وقت تین ستون ہیں (۱) لیکن دورِ نبوی میں (ابن الزبیرؓ کی تعمیر سے پہلے) چھ ستون تھے اور ان کی مشرق سے مغرب کی طرف دو لائنیں تھیں، آپؐ جب دروازے سے اترے ہیں تو سامنے کی دیوار کی طرف ستونوں کی دونوں لائنوں کے آگے چلے ہیں جب سامنے کی دیوار سے تین ہاتھ کا فاصلہ رہ گیا تو آپؐ دوستونوں کے درمیان اس طرح کھڑے ہوئے کہ ایک ستون دائیں ہاتھ پر اور دوستون بائیں ہاتھ پر اور تین ستون پیچھے رہے، یعنی جنوبی دیوار کی طرف منہ کرکے دو رکعتیں پڑھیں۔

۲- باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث جویریہ بن اسماء الضبعی البصری کی ہے جس کو وہ نافع سے روایت کرتے ہیں، اس میں ہے کہ آپؐ نے اگلے دوستونوں کے درمیان نماز پڑھی یعنی سامنے کی دیوار کے پاس جو دوستون ہیں ان کے درمیان نماز پڑھی۔ پس ایک ستون دائیں ہاتھ پر ہوگا اور دوستون (دروازے کی جانب والے) بائیں ہاتھ پر ہونگے۔ اور دوسری حدیث امام مالکؒ کی ہے وہ بھی نافع سے روایت کرتے ہیں اور ان سے عبداللہ بن یوسف اور اسماعیل روایت کرتے ہیں، عبداللہ بن یوسف کی روایت میں وہی تفصیل ہے جو اوپر عرض کی گئی کہ ایک ستون کو بائیں ہاتھ پر لیا اور ایک کو دائیں ہاتھ پر اور تین ستون کو پیچھے اور نماز پڑھی اور بائیں طرف یعنی دروازے کی طرف جو ایک اور ستون ہے اس کو عبداللہ بن یوسف نے ذکر نہیں کیا اور اسماعیل نے ذکر کیا چنانچہ ان کی روایت میں ہے کہ آپؐ کی دائیں طرف دوستون تھے، مگر یحییٰ بن یحییٰ تمیمی نے اس حدیث کو امام مالک سے روایت کیا ہے جو مسلم شریف (حدیث ۳۸۸) میں ہے اس میں بھی ہے کہ دوستون آپ کی بائیں طرف تھے۔ غرض ان روایتوں میں کوئی تعارض نہیں، سب ایک ہی حقیقت کی ترجمانی کرتی ہیں اور پورا نقشہ تمام روایتوں سے مل کر بنتا ہے۔

(۱) مرآت الحرمین از لواء ابراہیم رفعت پاشا جلد اول صفحہ ۲۵۰۔

بابٌ

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اس باب کی حدیث اوپر والے باب ہی سے متعلق ہے، بس اس میں یہ بات زائد ہے کہ کعبہ شریف میں ہر جگہ اور ہر طرف نماز پڑھی جاسکتی ہے۔

[۹۷-] بابٌ

[۵۰۶-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: نَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، قَالَ: نَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْكَعْبَةَ مَشَى قِبَلَ وَجْهِهِ حِيْنَ يَدْخُلُ، وَجَعَلَ الْبَابَ قِبَلَ ظَهْرِهِ، فَمَشَى حَتّٰى يَكُوْنَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِدَارِ الَّذِىْ قِبَلَ وَجْهِهِ قَرِيْبًا مِنْ ثَلَاثِ أَذْرُعٍ: صَلَّى، يَتَوَخَّى الْمَكَانَ الَّذِىْ أَخْبَرَهُ بِهِ بِلَالٌ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى فِيْهِ، قَالَ: وَلَيْسَ عَلٰى أَحَدٍ بَأْسٌ أَنْ يُصَلِّيَ فِيْ أَيِّ نَوَاحِيْ الْبَيْتِ شَاءَ. [راجع: ۳۹۷]

ترجمہ: نافع کہتے ہیں: ابن عمر جب کعبہ شریف میں جاتے تھے تو داخل ہوکر سامنے کی جانب چلتے تھے اور کعبہ کے دروازہ کو اپنی پیٹھ کی جانب کر لیتے تھے، پس آپؓ چلتے تھے یہاں تک کہ آپؓ کے اور اس دیوار کے درمیان جو سامنے کی جانب ہے تین ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا تھا تو نماز پڑھتے تھے، ارادہ کرتے تھے آپؓ اس جگہ کا جس کے بارے میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ نماز پڑھی ہے، ابن عمرؓ کہتے ہیں: کسی پر کوئی تنگی نہیں کہ بیت اللہ کے جس کونے میں بھی چاہے نماز پڑھے۔

تشریح: امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کعبہ شریف کے اندر فرائض نہیں پڑھ سکتے، نفل نماز پڑھ سکتے ہیں اس لئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کعبہ میں فرض نماز پڑھنا ثابت نہیں، اور جمہور کہتے ہیں کہ استقبالِ قبلہ کے مسئلہ میں فرائض اور نوافل کے احکام ایک ہیں، پس کعبہ شریف کے اندر فرائض بھی پڑھ سکتے ہیں اور نوافل بھی۔

بابُ الصَّلَاةِ إِلَى الرَّاحِلَةِ، وَالْبَعِيْرِ، وَالشَّجَرِ، وَالرَّحْلِ

سواری کے اونٹ، عام اونٹ، درخت اور کجاوے کی طرف نماز پڑھنا

راحلہ: وہ اونٹنی جس پر کجاوہ بندھا ہوا ہو۔ اور بعیر عام ہے اونٹ اور اونٹنی دونوں کو شامل ہے، یہاں حدیث میں بعیر اور شجر کا ذکر نہیں، پس یا تو قیاس کریں گے اس لئے کہ راحلہ اور بعیر ایک جنس ہیں، اور کجاوہ اور درخت دونوں لکڑی ہیں، یا بعض روایتوں میں شجر اور بعیر کا ذکر ہے ان کو پیش نظر رکھ کر باب باندھا ہے بعیر کا ذکر ابن عمرؓ کی حدیث میں ہے جو ابوداؤد میں ہے اور شجر کا ذکر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے جو نسائی میں ہے۔

[۹۸-] بابُ الصَّلَاةِ إِلَى الرَّاحِلَةِ، وَالْبَعِيْرِ، وَالشَّجَرِ، وَالرَّحْلِ

[۵۰۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ الْبَصَرِیُّ، قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنَّهُ كَانَ يُعَرِّضُ رَاحِلَتَهُ، فَيُصَلِّیْ إِلَيْهَا. قُلْتُ: أَفَرَأَيْتَ إِذَا هَبَّتِ الرِّكَابُ؟ قَالَ: كَانَ يَأْخُذُ الرَّحْلَ فَيُعَدِّلُهُ، فَيُصَلِّیْ إِلَى آخِرَتِهِ، أَوْ قَالَ مُؤَخَّرِهِ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ رضی اللّٰہُ عَنْهُمَا يَفْعَلُهُ. [راجع: ۴۳۰]

ترجمہ: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ اپنے راحلہ کو بٹھاتے تھے، پھر اس کی طرف (اس کو سترہ بنا کر) نماز پڑھتے تھے۔ نافع کہتے ہیں: میں نے پوچھا: بتائیں جب سواری اٹھنے لگے (تو آپؐ کیا کرتے تھے؟) ابن عمرؓ نے کہا: کجاوہ پکڑ کر اس کو سیدھا کرتے تھے، پس آپ اس کی پچھلی لکڑی کی طرف نماز پڑھتے تھے (آخرتہ اور مؤخَّرہ میں راوی کو شک ہے، دونوں کے معنی ایک ہیں) اور ابن عمرؓ بھی ایسا کیا کرتے تھے۔

تشریح: پہلے بتایا ہے کہ جب اونٹ پر کجاوہ بندھا ہوا ہوتا ہے تو سکون سے بیٹھا رہتا ہے، حرکت نہیں کرتا، پس اس کے قریب میں نماز پڑھنے میں کوئی خطرہ نہیں، اس لئے نبی ﷺ سفر میں راحلہ کو سترہ بنا کر نماز پڑھتے تھے، مگر جب اونٹ مخلّی بالطبع ہو، اس پر کجاوہ یا ہودج نہ ہو تو وہ شرارت کرتا ہے اور اس کے قریب نماز پڑھنے میں خطرہ ہوتا ہے، اس لئے اونٹوں کے باڑے میں نماز پڑھنے کی ممانعت آئی ہے۔ اسی طرح آپؐ کجاوہ کو بھی سترہ بناتے تھے اور اس کی پچھلی لکڑی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے، یہاں سے فقہاء نے تنقیح مناط کر کے یہ مسئلہ نکالا ہے کہ سترہ کا کم از کم انگلی کے بقدر موٹا اور ایک ہاتھ کے بقدر لمبا ہونا ضروری ہے۔ اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک حیوان کو سترہ بنانا مکروہ ہے اس لئے کہ حیوان کا کچھ بھروسہ نہیں: کب اٹھ کر چل دے؟ جب کہ سترہ کا مقصد نماز کا تحفظ ہے، اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک حیوان اور غیر حیوان سب کو سترہ بنانا جائز ہے، یہ حدیث ان کی دلیل ہے۔ امام بخاریؒ نے اس مسئلہ میں حنفیہ اور حنابلہ کی موافقت کی ہے۔

بابُ الصَّلَاةِ إِلَى السَّرِيْرِ

چارپائی کی طرف نماز پڑھنا

یہ بھی سترہ کی تعمیم ہی کے سلسلہ کا باب ہے، چارپائی کو سترہ بنا سکتے ہیں یا نہیں؟ چارپائی میں چار پائے ہوتے ہیں اور آڑی اور لمبی باہیں ہوتی ہیں۔ پایوں کو سترہ بنانے میں تو کچھ مضائقہ نہیں، مگر باہ کو سترہ بنا سکتے ہیں یا نہیں؟ یعنی چارپائی کے بیچ میں کھڑے ہو کر نماز پڑھی جائے تو باہ سترہ بنے گی یا نہیں؟ یہ مسئلہ غور طلب ہے، جیسے تپائی رکھی ہوئی ہو اگر کوئی اس کے

پایوں کو سترہ بنائے تو صحیح ہے لیکن اگر کوئی بیچ میں کھڑا ہو تو مفتیانِ کرام کہتے ہیں کہ اس طرح تپائی سترہ نہیں بنے گی۔ مگر امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک توسع ہے ان کے نزدیک چارپائی کی باہ بھی سترہ بن سکتی ہے۔ مگر حضرتؒ نے جو روایت پیش کی ہے وہ ناطق (صریح) نہیں۔

[۹۹-] بابُ الصَّلاَةِ إِلَى السَّرِيْرِ

[۵۰۸-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: نَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَعَدَلْتُمُوْنَا بِالْكَلْبِ وَالْحِمَارِ؟ لَقَدْ رَأَيْتُنِيْ مُضْطَجِعَةً عَلَى السَّرِيْرِ، فَيَجِيْءُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَيَتَوَسَّطُ السَّرِيْرَ، فَيُصَلِّيْ، فَأَكْرَهُ أَنْ أَسْنَحَهُ، فَأَنْسَلُّ مِنْ قِبَلِ رِجْلَيِ السَّرِيْرِ، حَتّٰى أَنْسَلَّ مِنْ لَحَافِيْ.

[راجع: ۳۸۰]

ترجمہ: صدیقہؓ فرماتی ہیں: کیا تم نے ہمیں کتے اور گدھے کے برابر کردیا؟ البتہ واقعہ یہ ہے کہ میں نے مجھ کو دیکھا (اس میں دو ضمیریں ہیں ایک ضمیر فاعل ہے اور ایک ضمیر مفعول) لیٹے ہوئے ہونے کی حالت میں، یعنی مجھے اچھی طرح یاد ہے: میں چارپائی پر پہلو کے بل لیٹی ہوئی ہوتی تھی، پس نبی ﷺ تشریف لاتے اور چارپائی کے درمیان کھڑے ہوکر نماز پڑھتے، پس میں آپؐ کے سامنے ظاہر ہونے کو ناپسند کرتی، پس میں پائینتی کی طرف کھسک جاتی، یہاں تک کہ میں بستر سے نکل جاتی۔

تشریح: بعض مرتبہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا چارپائی پر سوئی ہوئی ہوتی تھیں، نبی ﷺ باہر سے تشریف لاتے اور چارپائی کی بیچ کی طرف منہ کرکے نماز شروع فرماتے، صدیقہؓ کو کوئی حاجت پیش آتی تو وہ لیٹے لیٹے پیروں کی طرف کھسک جاتیں تاکہ آپؐ کی نماز خراب نہ ہو، اس کو امام بخاریؒ نے چارپائی کو سترہ بناکر نماز پڑھنا قرار دیا ہے، حالانکہ یہ چارپائی کو سترہ بنانا نہیں ہے، اس لئے کہ سترہ کی ضرورت وہاں ہوتی ہے جہاں سامنے سے کسی کے گذرنے کا امکان ہو۔ نبی ﷺ گھر میں نماز پڑھ رہے ہیں اور گھر میں بیوی کے علاوہ کوئی نہیں، اور وہ بھی سو رہی ہیں، پس سترہ کی ضرورت نہیں، حضرت عائشہؓ بھی اس کو سترہ نہیں سمجھ رہیں، چنانچہ وہ ان لوگوں پر نقد کررہی ہیں جو یہ روایت کرتے ہیں کہ کتے، گدھے اور عورت کے نمازی کے سامنے سے گذرنے سے نماز خراب ہوجاتی ہے، اگر حضرت عائشہؓ چارپائی کو سترہ سمجھتیں تو یہ نقد نہ کرتیں، کیونکہ سترہ کے پرے سے گذرنے کی آزادی ہوتی ہے اور جمہور بھی اس حدیث کا یہ جواب نہیں دیتے کہ حضرت عائشہؓ کی یہ تنقید اس لئے صحیح نہیں کہ درمیان میں سترہ حائل تھا، بلکہ یہ کہتے ہیں کہ اُس حدیث میں نمازی کے سامنے سے گذرنے کی بات ہے اور پہلے سے سامنے لیٹا ہوا ہونا یا سامنے سے ایک طرف کھسک جانا الگ بات ہے، یہ نمازی کے سامنے سے گذرنا نہیں۔

علاوہ ازیں: حضرت عائشہؓ چارپائی سے کھڑے ہونے میں جو تکلف کررہی ہیں اس کی بھی ضرورت نہ تھی، کیونکہ وہ سترہ سے پرے تھیں، معلوم ہوا کہ باہ سترہ نہیں تھی۔

غرض امام بخاری رحمہ اللہ نے اس حدیث سے چارپائی کو اور اس کی باہ کو سترہ بنانے کے جواز پر جو استدلال کیا ہے وہ غور طلب ہے۔ اس حدیث کی مزید شرح ابواب السترہ کے پہلے باب میں (نمبر ۳ کے ضمن میں) آچکی ہے۔

بابٌ: لِيَرُدَّ الْمُصَلِّي مَنْ مَرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ

نمازی کو چاہئے کہ سامنے سے گذرنے والے کو روکے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ کوئی مسجد میں یا کھیت میں یا ایسی جگہ نماز پڑھ رہا ہے جہاں سے کسی کے گذرنے کا احتمال نہیں، اس لئے سترہ کھڑا نہیں کیا، پھر اتفاق سے کوئی شخص وہاں سے بے خبری میں گذرنا چاہتا ہے تو تسبیح کے ذریعہ یا ہاتھ سامنے کر کے اس کو چوکنا کرے تا کہ وہ سامنے سے نہ گذرے، لیکن وہ نہ مانے تو اس سے الجھے اسے دھکا دے اور سامنے سے نہ گذرنے دے، اور الجھنے میں اگر عمل کثیر ہو جائے تو نماز دوبارہ پڑھے اور عمل قلیل سے کام بن جائے تو نماز پڑھتا رہے از سر نو نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نماز پڑھ رہے تھے اور تشہد میں بیٹھے تھے، ایک شخص سامنے سے گذرنے لگا، حضرت نے اسے چوکنا کیا مگر وہ نہ مانا تو حضرت نے اسے دھکا دیا اور سامنے سے گذرنے نہیں دیا، پھر نماز کے بعد فرمایا: اگر کوئی نمازی کے سامنے سے گذرنا چاہے اور وہ نہ مانے اور اس سے الجھنا پڑتے تو الجھے، مگر اسے گذرنے نہ دے۔

فائدہ: اصحابِ درس کہتے ہیں: اب تسبیح کے ذریعہ یا ہاتھ بڑھا کر چوکنا کرنا چاہئے، الجھنا نہیں چاہئے اس لئے کہ اب جہالت عام ہے، ان کی یہ بات صحیح نہیں، اس سے تو جہالت اور بڑھے گی، اور ایک مرتبہ الجھے گا تو وہ مسئلہ جان لے گا۔

اس کی نظیر: لوگ کہتے ہیں: جن سورتوں میں آیاتِ سجدہ ہیں: فرائض میں وہ سورتیں نہیں پڑھنی چاہئیں، اس لئے کہ عوام کو عام طور پر سجدے کا پتہ نہیں ان کی یہ بات بھی صحیح نہیں، اس لئے کہ جب امام وہ سورتیں پڑھے گا اور سجدہ کرے گا تو لوگوں کو ان کا علم ہو جائے گا، اور شروع میں کسی کی نماز خراب ہوگی تو وہ دوبارہ پڑھ لے گا مگر مسئلہ تو جان لے گا۔ جیسے جمعہ کے دن ائمہ فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں سورۃ السجدۃ پڑھتے ہیں، لوگوں کو اس سے کوئی پریشانی نہیں ہوتی ہے، اس لئے کہ لوگوں کو اس سورت میں سجدہ کا علم ہے، اسی طرح ترمذی میں حدیث ہے کہ سانپ اور بچھو دیکھے تو ان کو مار ڈالے، رہی یہ بات کہ اس کی نماز باقی رہے گی یا ختم ہو جائے گی؟ یہ الگ مسئلہ ہے، اگر عمل قلیل سے مارا ہے، بچھو سامنے سے گذرا قریب میں چپل رکھا تھا وہ اس پر رکھ کر دبا دیا تو یہ عمل قلیل ہے نماز پر کوئی اثر نہیں پڑے گا نماز پڑھتا رہے، اور نمازی کے سامنے سے سانپ گذرا وہ دوڑ کر لاٹھی لایا اور اس کو مارا تو یہ عمل کثیر ہے، اس کی وجہ سے نماز فاسد ہو جائے گی، پس دوبارہ نماز پڑھے اور فسادِ صلوٰۃ کا کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ اسی طرح نمازی کے سامنے سے کوئی گذرنا چاہتا ہے اس نے اس کو دھکا دیا اور اس سے الجھا تو اگر عمل قلیل سے کام بن گیا تو نماز جاری رکھے ورنہ نماز از سر نو پڑھے۔

[۱۰۰-] بابٌ: لِيَرُدَّ الْمُصَلِّيْ مَنْ مَرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ

وَرَدَّ ابْنُ عُمَرَ فِيْ التَّشَهُّدِ، وَفِيْ الرَّكْعَةِ، وَقَالَ: إِنْ أَبىٰ إِلَّا أَنْ تُقَاتِلَهُ قَاتِلْهُ.

[۵۰۹-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: نَا يُوْنُسُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم ح: وَحَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةَ، قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ الْعَدَوِيُّ، قَالَ: نَا أَبُوْصَالِحٍ السَّمَّانُ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ فِيْ يَوْمِ جُمُعَةٍ، يُصَلِّيْ إِلٰى شَيْئٍ يَسْتُرُهُ مِنَ النَّاسِ، فَأَرَادَ شَابٌّ مِنْ بَنِيْ أَبِيْ مُعَيْطٍ أَنْ يَجْتَازَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَدَفَعَ أَبُوْ سَعِيْدٍ فِيْ صَدْرِهِ، فَنَظَرَ الشَّابُّ، فَلَمْ يَجِدْ مَسَاغًا إِلَّا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَعَادَ لِيَجْتَازَ، فَدَفَعَهُ أَبُوْ سَعِيْدٍ أَشَدَّ مِنَ الْأُوْلٰى، فَنَالَ مِنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، ثُمَّ دَخَلَ عَلٰى مَرْوَانَ، فَشَكَا إِلَيْهِ مَا لَقِيَ مِنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَدَخَلَ أَبُوْ سَعِيْدٍ خَلْفَهُ عَلٰى مَرْوَانَ، فَقَالَ: مَالَكَ وَلِابْنِ أَخِيْكَ يَا أَبَا سَعِيْدٍ؟ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم:يَقُوْلُ" إِذَا صَلّٰى أَحَدُكُمْ إِلٰى شَيْئٍ يَسْتُرُهُ مِنَ النَّاسِ، فَأَرَادَ أَحَدٌ أَنْ يَجْتَازَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَلْيَدْفَعْهُ فَإِنْ أَبىٰ فَلْيُقَاتِلْهُ، فَإِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ"[انظر: ۳۲۷۴]

قوله: وفی الرکعة: ہمارے نسخہ میں وفی الکعبۃ ہےاور گیلری میں وفی الرکعۃ ہےاور وہی نسخہ صحیح ہے،یعنی ابن عمرؓ نماز پڑھ رہے تھےاور تشہد میں بیٹھے تھےاور کسی نے گذرنا چاہاتو گذرنے نہیں دیا،اسی طرح رکعت میں کھڑے تھےاور کسی نے گذرنا چاہاتو بھی گذرنے نہیں دیا.......... **إن أبی إلا أن تقاتله**:اگروہ نہ مانےاور تمہیں لڑنے پر مجبور کرےتو اس سےلڑو۔

حدیث:ابوصالح کہتے ہیں: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کو جمعہ کے دن (مسجدِ نبوی میں) دیکھا آپؓ کسی چیز کی طرف نماز پڑھ رہے تھے،آپؓ نے اس کو لوگوں سے آڑ بنا رکھا تھا یعنی آپؓ کے سامنے سترہ تھا،پس ابومعیط کی اولاد میں سے ایک نوجوان نے ان کے سامنے سے (سترہ کے اندر سے) گذرنا چاہا،حضرت ابوسعیدؓ نے اس کے سینہ پر ہاتھ رکھ کر دھکا دیا،پس اس نوجوان نے دیکھا یعنی گذرنے کے لئے دوسری جگہ تلاش کی مگر اس نے حضرت ابوسعیدؓ کے سامنے جگہ کے علاوہ کوئی جگہ نہیں پائی تو وہ واپس لوٹا تاکہ وہاں سے گذرے تو حضرت ابوسعیدؓ نے پہلے سے بھی زیادہ زور سے دھکا دیا،اس نے حضرت ابوسعید کو برا بھلا کہا،پھر وہ مروان کے پاس گیا اور اس سے اس بات کی شکایت کی جو اسے حضرت ابوسعیدؓ سے پہنچی تھی (مروان اس وقت مدینہ کا گورنر تھا،ابھی وہ خلیفہ نہیں بنا تھا) اور پیچھے سے مروان کے پاس حضرت ابوسعیدؓ پہنچے،اس نے حضرت ابوسعیدؓ سے پوچھا: آپ کا اور آپ کے بھتیجے کا کیا معاملہ ہے؟ حضرت ابوسعیدؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے:"جب تم میں سے کوئی کسی چیز کی طرف نماز پڑھ رہا ہو جس کو اس نے لوگوں سے آڑ بنا رکھا ہو پس کوئی اس کے سامنے سے گذرنے کا ارادہ کرے تو چاہئے کہ وہ اس کو دھکا دے (یہی جزءِ ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) پس اگر وہ نہ مانے تو چاہئے کہ وہ اس سے لڑے اس لئے کہ وہ شیطان ہے"

تشریح: آج کل لوگ مسجدِ حرام اور مسجدِ نبوی میں بہت زیادہ بے احتیاطی برتتے ہیں، وہ بے ضرورت نمازی کے سامنے سے گذرتے ہیں، بلکہ نمازی سے لگ کر گذرتے ہیں اور ان سے کہو تو الٹا مسئلہ بتاتے ہیں کہ حرمین میں گذر سکتے ہیں۔ اس حدیث میں ان کے لئے سبق ہے، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ مسجدِ نبوی میں نماز پڑھ رہے تھے، ایک نوجوان نے سامنے سے گذرنا چاہا تو آپؓ نے اس کو گذرنے نہیں دیا، وہ مدینہ کے گورنر مروان کا رشتہ دار تھا، حکومت کے نشہ میں چور تھا، اس نے دوبارہ گذرنا چاہا تو حضرت ابو سعیدؓ نے زور سے دھکا دیا اس نے حضرت ابو سعیدؓ کو برا بھلا کہا اور مروان سے شکایت کی تو حضرت ابو سعید خدریؓ نے حدیث سنائی، معلوم ہوا کہ مسجدِ نبوی میں بھی نمازی کے سامنے سے گذرنا جائز نہیں، البتہ مسجدِ کبیر کے جو احکام ہیں وہ احکام مسجدِ نبوی کے بھی ہیں، مسجدِ کبیر میں جہاں تک نمازی کی نظر جاتی ہے اس سے آگے سے گذر سکتے ہیں، عام طور پر نمازی کی نظر دو ڈھائی صف تک جاتی ہے اس سے آگے سے گذر سکتے ہیں۔ یہی حکم مسجدِ نبوی کا بھی ہے، اور ہمارے نسخہ میں وفی الکعبۃ ہے یعنی حرم مکی کا بھی یہی حکم ہے، وہاں بھی نمازی کے سامنے سے گذرنا جائز نہیں، ایسے شخص سے لڑا جائے، البتہ طواف کرنے والے مستثنیٰ ہیں وہ سجدہ کی جگہ سے آگے سے گذر سکتے ہیں، اور یاد رکھنا چاہئے کہ اس حدیث میں امر استحباب کے لئے ہے، پس نمازی کے سامنے سے گذرنے والے سے الجھنا فرض وواجب نہیں۔

بابُ إِثْمِ الْمَارِّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّيْ

نمازی کے سامنے سے گذرنے کا گناہ

نمازی کے سامنے سے گذرنا کتنا بڑا گناہ ہے؟ اس کا اس باب میں بیان ہے۔

[۱۰۱-] بابُ إِثْمِ الْمَارِّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّيْ

[۵۱۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ بُسْرِبْنِ سَعِيْدٍ: أَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ أَرْسَلَهُ إِلَى أَبِيْ جُهَيْمٍ يَسْأَلُهُ: مَاذَا سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْمَارِّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّيْ؟ فَقَالَ أَبُوْ جُهَيْمٍ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّيْ: مَاذَا عَلَيْهِ؟ لَكَانَ أَنْ يَقِفَ أَرْبَعِيْنَ خَيْرًا لَهُ مِنْ أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ" قَالَ أَبُوْ النَّضْرِ: لاَ أَدْرِيْ قَالَ: أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا أَوْ شَهْرًا أَوْ سَنَةً.

ترجمہ مع وضاحت: زید بن خالد جُہنی رضی اللہ عنہ نے بسر بن سعید کو حضرت ابو جہیم رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا وہ دریافت کر رہے ہیں ان سے کہ انھوں نے نبی ﷺ سے نمازی کے سامنے سے گذرنے والے کے بارے میں کیا سنا ہے؟ ابو جہیمؓ نے جواب دیا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: "اگر نمازی کے سامنے سے گذرنے والا اس گناہ کو جان لے جو اس

کو ہوتا ہے تو وہ چالیس (سال) تک ٹھہرا رہے، یہ بات اس کے لئے بہتر ہے اس سے کہ وہ اس کے سامنے سے گذرے" ابو النضر کہتے ہیں: بسر بن سعید نے چالیس سال کہا یا چالیس مہینے یا چالیس دن یہ مجھے یاد نہیں رہا (اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جو ابن ماجہ (ص:۶۷) میں ہے گناہ کے ڈر سے سو سال اپنی جگہ ٹھہرے رہنے کی بات ہے، یہ قرینہ ہے کہ حضرت ابوجہم کی حدیث میں چالیس سال ہوگا۔

بابُ اسْتِقْبَالِ الرَّجُلِ الرَّجُلَ وَهُوَ يُصَلِّىْ

کسی آدمی کا نمازی کی طرف منہ کر کے بیٹھنا

ابھی سترہ کے ابواب چل رہے ہیں، درمیان میں ضمناً دو باتیں آئی ہیں: ۱-اگر کوئی نمازی کے سامنے سے گذرنا چاہے تو نمازی کیا کرے؟ ۲-اور نمازی کے سامنے سے گذرنا کتنا بڑا گناہ ہے؟ اب اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ کسی آدمی کے منہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ جواب یہ ہے کہ اس طرح نماز پڑھنا ٹھیک نہیں، ہاں اگر کسی کی پیٹھ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھے تو کچھ حرج نہیں۔

[۱۰۲-] بابُ اسْتِقْبَالِ الرَّجُلِ الرَّجُلَ وَهُوَ يُصَلِّىْ

وَكَرِهَ عُثْمَانُ أَنْ يَسْتَقْبِلَ الرَّجُلَ وَهُوَ يُصَلِّىْ، وَهٰذَا إِذَا اشْتَغَلَ بِهِ، فَأَمَّا إِذَا لَمْ يَشْتَغِلْ بِهِ، فَقَدْ قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: مَا بَالَيْتَ! إِنَّ الرَّجُلَ لَا يَقْطَعُ صَلَاةَ الرَّجُلِ.

[۵۱۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ، أَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهُ ذُكِرَ عِنْدَهَا: مَا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ؟ فَقَالُوْا: يَقْطَعُهَا الْكَلْبُ وَالْحِمَارُ وَالْمَرْأَةُ، فَقَالَتْ: لَقَدْ جَعَلْتُمُوْنَا كِلَابًا! لَقَدْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّىْ، وَإِنِّيْ لَبَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، وَأَنَا مُضْطَجِعَةٌ عَلَى السَّرِيْرِ، فَتَكُوْنُ لِيَ الْحَاجَةُ، وَأَكْرَهُ أَنْ أَسْتَقْبِلَهُ، فَأَنْسَلُّ انْسِلَالًا.

وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَهُ. [راجع: ۳۸۲]

اثر: کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہو اور دوسرا اس کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائے اس کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ناپسند کیا، اس سے نمازی کا ذہن اس کی طرف چلا جائے گا اور اس کا خشوع وخضوع باقی نہیں رہے گا۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: یہ بات اس وقت مکروہ ہے جب نمازی کا ذہن اس کی طرف جائے اور اگر یہ بات نہ ہو تو پھر کچھ حرج نہیں، ہم ٹرینوں میں اسی طرح نماز پڑھتے ہیں، لوگ سیٹوں پر بیٹھے باتیں کرتے ہیں، اور ان کے منہ ہماری طرف ہوتے ہیں اور ہم ان کے درمیان مصلی بچھا کر نماز پڑھتے ہیں اور ہمارا ذہن ان کی طرف نہیں جاتا، پس یہ مکروہ نہیں، چنانچہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے

ہیں: میں اس کی پرواہ نہیں کرتا کیونکہ آدمی آدمی کی نماز کو قطع نہیں کرتا، یعنی کسی کے نمازی کی طرف منہ کر کے بیٹھنے سے نماز باطل نہیں ہوتی، لیکن اگر قطع صلوٰۃ سے قطع وصلہ یعنی توجہ کا بٹنا مراد لیا جائے تو بات حضرت عثمانؓ کی صحیح ہے، کیونکہ عام طور پر توجہ بٹتی ہے، لیکن اگر فرض کرو کہ ذہن اس شخص کی طرف نہ جائے، اور اس کے نمازی کی طرف منہ کر کے بیٹھنے سے نماز میں کوئی خلل نہ پڑے تو حضرت زیدؓ کا ارشاد بھی صحیح ہے۔

حدیث: مسروق رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس اس بات کا تذکرہ آیا کہ کیا چیز نماز کو خراب کرتی ہے؟ پس لوگوں نے کہا: نماز کو کتا، گدھا اور عورت خراب کرتی ہے، حضرت عائشہؓ نے فرمایا: تم نے ہم کو کتا بنا دیا! میں نے نبی ﷺ کو دیکھا آپؐ نماز پڑھتے تھے درانحالیکہ میں آپؐ کے اور قبلہ کے درمیان چارپائی پر لیٹی ہوتی تھی، پس جب مجھے کوئی حاجت پیش آتی تو میں آپؐ کے سامنے بیٹھنے کو ناپسند کرتی (باب سے یہی جزء متعلق ہے) چنانچہ میں پائینتی کی طرف آہستہ سے کھسک جاتی۔

اور اعمشؒ اس حدیث کو ابراہیم سے، وہ اسود سے، وہ عائشہ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں، یعنی اعمش سے اوپر اس حدیث کی دو سندیں ہیں۔

تشریح: یہ حدیث چند ابواب پہلے بھی گذری ہے۔ نبی ﷺ نماز پڑھتے تھے اور حضرت عائشہؓ سامنے قبلہ کی جانب میں چارپائی پر لیٹی ہوتی تھیں، جب ان کو کوئی ضرورت پیش آتی تو وہ پائینتی کی طرف کھسک جاتیں اور وہ یہ تکلف اس لئے کرتیں تھیں کہ نماز میں نبی ﷺ کی طرف منہ کرنے کو وہ پسند نہیں کرتی تھیں، معلوم ہوا کہ نمازی کی طرف منہ کر کے نہیں بیٹھنا چاہئے اور یہی باب کا مدعی ہے۔

بابُ الصَّلاَةِ خَلْفَ النَّائِمِ

سونے والے کے پیچھے نماز پڑھنا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص سو رہا ہے اور دوسرا اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھے تو یہ جائز ہے اس میں کچھ حرج نہیں —— یہ بھی سترہ کی تعمیم کا باب ہے گویا حضرتؒ کے نزدیک اس شخص نے سونے والے کو سترہ بنایا، اسی طرح اوپر والے باب میں جو سامنے منہ کر کے بیٹھا ہے اس کو سترہ بنایا ہے، مگر حقیقت میں یہ سترہ بنانا نہیں ہے۔

[۱۰۳-] بابُ الصَّلاَةِ خَلْفَ النَّائِمِ

[۵۱۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: نَا يَحْيَى، قَالَ: نَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبِىْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّىْ وَأَنَا رَاقِدَةٌ مُعْتَرِضَةٌ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يُوْتِرَ أَيْقَظَنِىْ فَأَوْتَرْتُ. [راجع: ۳۸۲]

ترجمہ: صدیقہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ نماز پڑھتے تھے درانحالیکہ میں آپؐ کے بستر پر آڑی لیٹی ہوئی ہوتی تھی، پس جب آپؐ وتر پڑھنے کا ارادہ فرماتے تو مجھے بیدار کرتے، پس میں اٹھ کر وتر پڑھتی۔

تشریح: اوپر جو حدیث گذری ہے اس میں یہ تھا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا چارپائی پر لیٹی ہوئی ہوتی تھیں اور اس حدیث سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ بستر نیچے بچھا ہوا تھا اور آپؐ اس پر نماز پڑھتے تھے اور اسی پر حضرت عائشہؓ سامنے لیٹی ہوئی ہوتی تھیں، یہ تعارض نہیں، اس لئے کہ یہ الگ الگ واقعات ہیں۔

اور آنحضور ﷺ تہجد میں ازواج مطہرات کو بیدار نہیں کرتے تھے، وہ خود اٹھیں تو ان کی مرضی، آپؐ رمضان کے آخری عشرہ کے علاوہ ازواج کو بیدار نہیں کرتے تھے، البتہ ازواج مطہرات وتر آخر رات میں پڑھتی تھیں اس لئے جب صبح صادق کا وقت قریب آتا تو آپؐ ان کو وتروں کے لئے بیدار فرماتے۔

بابُ التَّطَوُّعِ خَلْفَ الْمَرْأَةِ

عورت کے پیچھے نفل نماز پڑھنا

یہ بھی سترہ کی تعمیم کا باب ہے، اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ عورت کو بطور سترہ استعمال کرنا جائز ہے، اور باب میں وہی حدیث ہے جو ابھی گذری کہ حضرت عائشہؓ سامنے لیٹی ہوئی ہوتی تھیں اور نبی ﷺ ان کی طرف منہ کرکے نماز پڑھتے تھے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس سے استدلال کیا ہے کہ عورت کو سترہ بنا سکتے ہیں مگر یہ استدلال غور طلب ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ جو حضرت عائشہؓ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھتے تھے تو مقصود سترہ بنانا نہیں تھا، پس باب کیسے ثابت ہوگا؟

[۱۰۴-] بابُ التَّطَوُّعِ خَلْفَ الْمَرْأَةِ

[۵۱۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهَا قَالَتْ: كُنْتُ أَنَامُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرِجْلَايَ فِيْ قِبْلَتِهِ، فَإِذَا سَجَدَ غَمَزَنِيْ فَقَبَضْتُ رِجْلَيَّ فَإِذَا قَامَ بَسَطْتُهُمَا، قَالَتْ: وَالْبُيُوْتُ يَوْمَئِذٍ لَيْسَ فِيْهَا مَصَابِيْحُ. [راجع: ۳۸۲]

ملحوظہ: اس حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الصلوٰۃ (باب ۲۲) میں پڑھیں۔

بابُ مَنْ قَالَ لَا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ شَيْءٌ

ایک رائے یہ ہے کہ نماز کسی چیز سے فاسد نہیں ہوتی

ابواب السترہ پورے ہوئے، اب یہاں سے آخر تک جو ابواب ہیں وہ دفع دخل مقدر کے طور پر لائے گئے ہیں، اوپر

امام بخاریؒ نے فرمایا تھا کہ عورت کو سترہ بنا سکتے ہیں اس پر کوئی اعتراض کرسکتا ہے کہ سترہ کا مقصد نماز کا تحفظ ہے، جو عورت کو سترہ بنانے سے حاصل نہیں ہوتا، بلکہ بعض فقہاء تو یہ کہتے ہیں کہ اگر نمازی کے سامنے سے عورت گذر جائے تو نماز فاسد ہوجاتی ہے، پس عورت کو سترہ بنانا کیونکر صحیح ہوگا؟ امام بخاریؒ نے یہ ابواب قائم کرکے اس اعتراض کا جواب دیا ہے کہ نمازی کے سامنے سے عورت کے گذرنے سے اور عورت کو چھونے سے اور عورت کے بدن کے ساتھ نمازی کا بدن لگنے سے نہ نماز فاسد ہوتی ہے نہ نماز میں کوئی نقص پیدا ہوتا ہے۔ احادیث مبارکہ سے یہ بات ثابت ہے اور عورت کو سترہ بنانے میں زیادہ سے زیادہ مجاورت یا محاذات ہوگی یعنی عورت کے پڑوس میں یا عورت کو سامنے کرکے نماز پڑھنا ہوگا، اور جب عورت کا مرور، عورت کا لمس اور عورت کے ساتھ اتصال بدنی مفسد صلوٰۃ نہیں تو عورت کو سترہ بنانے میں کیا حرج ہے؟ غرض یہ ابواب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے گئے ہیں اور ان میں متشددین کے تشدد کا جواب بھی ہے اور مسئلہ کی وضاحت بھی ہے۔

ملحوظہ: باب میں قَالَ مصری نسخہ سے بڑھایا ہے اور میں نے پہلے بتایا ہے کہ جب حضرت باب میں من قال کہتے ہیں تو دوسرے کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلاتے ہیں، اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ نمازی کے سامنے سے اگر عورت گذر جائے تو نماز فاسد ہوتی ہے یا نہیں؟ جمہور کے نزدیک نماز فاسد نہیں ہوتی اور یہی امام بخاریؒ کی بھی رائے ہے، اس کی مزید تفصیل ابواب السترہ کے پہلے باب میں (نمبر ۳ کے ضمن میں) پڑھیں۔

[۱۰۵-] بابُ مَنْ قَالَ لَا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ شَيْئٌ

[۵۱۴-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: ثَنَا أَبِیْ، قَالَ: نَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: نَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، ح: قَالَ الْأَعْمَشُ: وَحَدَّثَنِیْ مُسْلِمٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، ذُكِرَ عِنْدَهَا مَا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ: الْكَلْبُ وَالْحِمَارُ وَالْمَرْأَةُ، فَقَالَتْ: شَبَّهْتُمُوْنَا بِالْحُمُرِ وَالْكِلَابِ، وَاللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّیْ، وَإِنِّیْ عَلَى السَّرِيْرِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ مُضْطَجِعَةٌ فَتَبْدُوْلِیَ الْحَاجَةُ فَأَكْرَهُ أَنْ أَجْلِسَ فَأُوْذِیَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَنْسَلُّ مِنْ عِنْدِ رِجْلَيْهِ. [راجع: ۳۸۲]

وضاحت: اس حدیث میں تحویل ہے، تحویل کبھی مصنف کی طرف سے ہوتی ہے اس کی بے شمار مثالیں ہیں، اور کبھی تحویل درمیان سند سے ہوتی ہے، یہاں ایسا ہی ہے۔ اعمش تک حدیث کی ایک سند ہے اور اعمش کے بعد دو سندیں ہیں، پہلی سند ابراہیم کے طریق سے ہے اور دوسری مسلم کے طریق سے اور دونوں سندیں حضرت عائشہؓ پر پہنچتی ہیں ....

الکلب والحمار والمرأۃ: ما موصولہ کا بیان ہے اور مِن بیانیہ پوشیدہ ہے یا یہ ھو مبتداء محذوف کی خبر ہیں.......... **فتبدولی الحاجۃ:** پس میرے لئے کوئی حاجت ظاہر ہوتی یعنی استنجے وغیرہ کا تقاضہ ہوتا تو میں چارپائی پر کھڑی نہیں ہوتی تھی، بلکہ لیٹے لیٹے ہی پیروں کی طرف سے پائینتی کی طرف سرک جاتی تھی پھر کھڑی ہوتی تھی اور یہ تکلف اس لئے کرتی تھی کہ نبی ﷺ

کی نماز خراب نہ ہو۔

[۵۱۵-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: أَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: نَا ابْنُ أَخِیْ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّهُ سَأَلَ عَمَّهُ عَنِ الصَّلاَةِ: یَقْطَعُهَا شَیْئٌ؟ قَالَ: لاَ یَقْطَعُهَا شَیْئٌ، أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَتْ: لَقَدْ کَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْمُ فَیُصَلِّیْ مِنَ اللَّیْلِ، وَإِنِّیْ لَمُعْتَرِضَةٌ بَیْنَهُ وَبَیْنَ الْقِبْلَةِ عَلٰی فِرَاشِ أَهْلِهِ.[راجع: ۳۸۲]

وضاحت: محمد بن عبداللہ نے جو امام زہری رحمہ اللہ کے بھتیجے ہیں اپنے چچا سے پوچھا: کیا کسی چیز سے نماز فاسد ہوتی ہے؟ ابن شہاب نے فرمایا: کسی چیز سے نماز فاسد نہیں ہوتی —— طالب علم سوال کرتا ہے: بہت سی چیزوں سے نماز فاسد ہوجاتی ہے پھر ابن شہاب نے یہ کیوں کہا کہ کسی چیز سے نماز فاسد نہیں ہوتی؟ جواب یہ ہے کہ شیئ اگرچہ عام ہے مگر حقیقت میں خاص ہے، یعنی سائل کا منشا کتّے گدھے اور عورت کے بارے میں دریافت کرنا ہے کہ ان کے گذرنے سے نماز فاسد ہوتی ہے یا نہیں؟ ابن شہاب نے جواب دیا کہ ان کے گذرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

بابٌ إِذَا حَمَلَ جَارِیَةً صَغِیْرَةً عَلٰی عُنُقِهِ فِی الصَّلاَةِ

چھوٹی لڑکی کو گردن پر بٹھا کر نماز پڑھنا

ایک مرتبہ جب تکبیر ہوگئی تو نبی ﷺ اپنی نواسی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی صاحبزادی امامہ بنت ابی العاصؓ کو کندھے پر بٹھا کر مسجد میں تشریف لائے اور اسی حال میں نماز پڑھائی، جب رکوع وسجود کرتے تو بچی کو نیچے رکھ دیتے، اگلی رکعت میں پھر کندھے پر اٹھا لیتے۔

اس طرح نماز پڑھنے کی وجہ کیا تھی؟ کیا اس بچی کو دس منٹ کے لئے کوئی رکھنے والا نہیں تھا؟ آنحضور ﷺ کے نو گھر تھے اور تمام مسلمان شمع نبوت کے پروانے تھے اس لیے ایسا سمجھنا نادانی ہے۔

بلکہ آپؐ نے بالقصد یہ عمل کیا تھا اور مسئلہ کی وضاحت کے لئے کیا تھا، اور یہ زندگی میں ایک مرتبہ کا واقعہ ہے، بعض مرتبہ آدمی ایسی جگہ ہوتا ہے جہاں خطرہ ہوتا ہے، درندہ بچے کو پھاڑ کھائے گا یا اغواء کرنے والا اچک لے جائے گا، ایسی صورت میں آدمی کیا کرے؟ کیا نماز قضا کرے؟ نہیں بچہ کو اٹھا کر نماز پڑھے اور کبھی بچہ بدک جاتا ہے، ماں سے جدا نہیں ہوتا، اور گھر میں کوئی دوسرا رکھنے والا نہیں، ایسی صورت میں ماں بچہ کو اٹھا کر نماز پڑھے گی، نماز قضا نہیں کرے گی، مگر شرط یہ ہے کہ بچہ کا بدن اور کپڑے پاک ہوں۔

غرض آپؐ نے مسئلہ کی وضاحت کے لئے یہ عمل کیا ہے، پس یہ حدیث ہے سنت نہیں، مگر راوی نے اس کو ماضی استمراری کے صیغے سے بیان کیا ہے جس سے یہ دھوکا ہوتا ہے کہ آپؐ نے یہ عمل بار بار کیا ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے مگر روات جواز کے

استمرار کو بتلانے کے لئے ایک مرتبہ کے فعل کو ماضی استمراری سے ذکر کرتے ہیں، کتاب الحج میں آپ کو اس کی بہت مثالیں ملیں گی، نبی ﷺ نے صرف ایک حج کیا ہے پس افعال حج بھی ایک ہی مرتبہ کئے ہیں مگر راوی ان کو ماضی استمراری سے بیان کرتا ہے، اس لئے کہ آپؐ کے فعل سے جو جواز ثابت ہوتا ہے وہ مستمر ہے، اسی طرح آپؐ نے اپنی پوری حیاتِ طیبہ میں صرف ایک مرتبہ بچی کو اٹھا کر نماز پڑھائی ہے مگر اس سے جو جواز نکلتا ہے وہ مستمر ہے اس لئے راوی نے اس کو ماضی استمراری سے تعبیر کیا ہے۔

فائدہ: یورپ اور امریکہ میں بعض لوگ ناسمجھ بچوں کو مسجد میں لے کر آتے ہیں اور مسجد میں لا کر ان کو چھوڑ دیتے ہیں وہ صفوں میں یہاں وہاں دوڑتے پھرتے ہیں اور لوگوں کی نماز خراب کرتے ہیں، ان سے کچھ کہا جائے تو وہ فوراً یہ حدیث پیش کرتے ہیں میں ان سے کہتا ہوں: آپ کو اگر حدیث پر عمل کرنا ہے تو بچہ کو گود میں لے کر نماز پڑھو، اس کو مسجد میں چھوڑ کیوں دیتے ہو؟ اور ابن ماجہ میں حدیث ہے: جنِّبوا صِبْیانکم مساجدکم: اپنی مسجدوں کو اپنے (ناسمجھ) بچوں سے بچاؤ، جب تک بچے پاکی ناپاکی نہ سمجھیں اور مسجد کا احترام نہ جانیں: بچوں کو مسجد میں نہیں لانا چاہئے، یہی سنت ہے اور مذکورہ واقعہ صرف حدیث ہے جو مسئلہ کی وضاحت کے لئے ہے۔

[۱۰۶-] بابٌ إِذَا حَمَلَ جَارِيَةً صَغِيْرَةً عَلٰى عُنُقِهِ فِي الصَّلَاةِ

[۵۱۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ وَهُوَ حَامِلٌ أُمَامَةَ بِنْتَ زَيْنَبَ بِنْتِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلِأَبِي الْعَاصِ بْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ، فَإِذَا سَجَدَ وَضَعَهَا وَإِذَا قَامَ حَمَلَهَا. [انظر: ۵۹۹۶]

وضاحت: علی عُنقه: کی دو شکلیں ہیں، ایک شکل یہ ہے کہ بچہ کو کندھے پر بٹھائے اور دونوں پیر آگے پیچھے نکال دے، اور دوسری شکل یہ ہے کہ پیچھے گردن پر بٹھائے اور دونوں پیر دونوں جانبوں سے آگے کر دے، حدیث میں دونوں لفظ آئے ہیں، عنق لفظ بھی آیا ہے اور عاتق لفظ بھی آیا ہے اور میرا خیال یہ ہے کہ نبی ﷺ نے بچی کو کندھے پر بٹھایا ہوگا اس لئے کہ گردن پر بٹھانے میں رکوع میں جاتے وقت بچی کو زمین پر رکھنے میں اور اگلی رکعت میں دوبارہ گردن پر بٹھانے میں عمل کثیر کرنا پڑے گا، اور کندھے سے اتار کر رکھنے میں اور دوبارہ بٹھانے میں عمل قلیل ہوگا، اور آسانی بھی ہوگی، اور جاریة صغیرة کی قید اتفاقی ہے، بڑے آدمی کو بھی پیٹھ کر لاد کر نماز پڑھ سکتے ہیں، بس شرط یہ ہے کہ اس کے کپڑے اور بدن پاک ہوں۔

بابٌ إِذَا صَلَّى إِلٰى فِرَاشٍ فِيْهِ حَائِضٌ

ایسے بستر کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا جس میں حائضہ ہے

وہ بستر جس پر حائضہ لیٹی ہے اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے میں کچھ حرج نہیں، بلکہ اگر نمازی کا کپڑا حائضہ کو لگ

جائے تو بھی کچھ مضائقہ نہیں، پھر عورت کو سترہ بنانے میں کیا حرج ہے؟ پس یہ باب بھی دفع دخل مقدر کے طور پر ہے۔

[۱۰۷-] بابٌ إِذَا صَلَّى إِلٰى فِرَاشٍ فِيْهِ حَائِضٌ

[۵۱۷-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: نَا هُشَيْمٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِيْ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ، قَالَتْ: كَانَ فِرَاشِيْ حِيَالَ مُصَلَّى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَرُبَّمَا وَقَعَ ثَوْبُهُ عَلَيَّ وَأَنَا عَلٰى فِرَاشِيْ. [راجع: ۳۳۳]

[۵۱۸-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: نَا الشَّيْبَانِيُّ سُلَيْمَانُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، قَالَ: سَمِعْتُ مَيْمُوْنَةَ تَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ وَأَنَا إِلٰى جَنْبِهِ نَائِمَةٌ فَإِذَا سَجَدَ أَصَابَنِيْ ثَوْبُهُ وَأَنَا حَائِضٌ. [راجع: ۳۳۳]

وضاحت: یہ حدیثیں کتاب الحیض کے آخری باب میں گذر چکی ہیں، حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا بستر نبی ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ کے بالکل سامنے ہوتا تھا اور وہ اس پر لیٹی ہوئی ہوتی تھیں اور آپؐ بستر کے پاس اتنے قریب نماز پڑھتے تھے کہ بعض مرتبہ آپؐ کا کپڑا حضرت میمونہؓ کو لگتا تھا، اور دوسری روایت میں ہے کہ وہ نبی ﷺ کے پہلو میں لیٹی ہوئی ہوتی تھیں، یہ تعارض نہیں، اس لئے کہ یہ الگ الگ موقعوں کی حدیثیں ہیں، اور جب آپؐ سجدہ فرماتے تو بعض مرتبہ آپؐ کا کپڑا حضرت میمونہؓ کو لگتا، اور وہ حالت حیض میں ہوتیں، معلوم ہوا کہ ایسے بستر کے سامنے جس پر حائضہ لیٹی ہو نماز پڑھنا صحیح ہے، پس عورت کو سترہ بنانا بھی صحیح ہے۔

بابٌ: هَلْ يَغْمِزُ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ عِنْدَ السُّجُوْدِ لِكَيْ يَسْجُدَ؟

کیا سجدہ کرتے وقت آدمی اپنی بیوی کو ہاتھ لگا سکتا ہے تا کہ وہ سجدہ کرے؟

اس باب میں جو حدیث ہے وہ پہلے گذری ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا قبلہ کی جانب میں لیٹی ہوئی ہوتی تھیں اور نبی ﷺ ان کے قریب نماز پڑھتے تھے اور بے خبری میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا پیر آپؐ کے سجدہ کی جگہ میں چلا جاتا تھا، پس جب آپؐ سجدہ کرنے کا ارادہ فرماتے تو حضرت عائشہؓ کے پیر کو ہاتھ لگاتے، وہ پاؤں سکیڑ لیتیں پس آپؐ سجدہ فرماتے۔ اس صورت میں نمازی کا عورت کے ساتھ اتصال بدنی ہوتا ہے اور اس سے نماز میں کوئی خرابی پیدا نہیں ہوتی، پس عورت کو سترہ بنانے میں بھی کچھ حرج نہیں؟

[۱۰۸-] بابٌ: هَلْ يَغْمِزُ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ عِنْدَ السُّجُوْدِ لِكَيْ يَسْجُدَ؟

[۵۱۹-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: نَا يَحْيىَ، قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، قَالَ: نَا الْقَاسِمُ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

عنها، قَالَتْ: بِئْسَمَا عَدَلْتُمُوْنَا بِالْكَلْبِ وَالْحِمَارِ، لَقَدْ رَأَيْتُنِيْ وَرسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ وَأَنَا مُضْطَجِعَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَسْجُدَ غَمَزَ رِجْلَيَّ فَقَبَضْتُهُمَا. [راجع: ۳۸۲]

قوله: بئسما عدلتمونا: تم لوگوں نے بہت ہی برا کیا کہ ہمیں کتوں اور گدھوں کے برابر کردیا۔

بابُ الْمَرْأَةِ تَطْرُحُ عَنِ الْمُصَلِّيْ شَيْئًا مِنَ الأَذٰى

عورت نمازی سے کوئی گندی چیز ہٹادے

اس باب کی حدیث بھی پہلے کتاب الوضوء (باب ۶۹) میں گذرچکی ہے: ایک مرتبہ نبی پاک ﷺ خانہ کعبہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے کہ عقبہ بن ابی معیط ملعون نے کہیں سے جانور کا میل لاکر آپؐ کی پیٹھ پر رکھ دیا، جس کو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آکر ہٹایا، معلوم ہوا کہ اگر عورت نمازی سے قریب ہوجائے بلکہ اتصال بدنی ہوجائے تو بھی نماز فاسد نہ ہوگی۔ پس عورت کو سترہ بنانا بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا اس لئے کہ سترہ بنانے میں صرف مجاورت یا محاذات ہوتی ہے۔

[۱۰۹-] بابُ الْمَرْأَةِ تَطْرُحُ عَنِ الْمُصَلِّيْ شَيْئًا مِنَ الأَذٰى

[۵۲۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ السُّرْمَارِيُّ، قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَيْنَمَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمٌ يُصَلِّيْ عِنْدَ الْكَعْبَةِ، وَجَمْعُ قُرَيْشٍ فِيْ مَجَالِسِهِمْ، إِذْ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ: أَلَا تَنْظُرُوْنَ إِلٰى هٰذَا الْمُرَائِيْ؟ أَيُّكُمْ يَقُوْمُ إِلٰى جَزُوْرِ آلِ فُلَانٍ، فَيَعْمِدُ إِلٰى فَرْثِهَا وَدَمِهَا وَسَلَاهَا، فَيَجِيْءُ بِهِ، ثُمَّ يُمْهِلُهُ حَتّٰى إِذَا سَجَدَ وَضَعَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ؟ فَانْبَعَثَ أَشْقَاهُمْ، فَلَمَّا سَجَدَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَضَعَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، وَثَبَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَاجِدًا، فَضَحِكُوْا حَتَّى مَالَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مِنَ الضَّحِكِ، فَانْطَلَقَ مُنْطَلِقٌ إِلٰى فَاطِمَةَ وَهِيَ جُوَيْرِيَةٌ، فَأَقْبَلَتْ تَسْعَى وَثَبَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَاجِدًا حَتّٰى أَلْقَتْهُ عَنْهُ، وَأَقْبَلَتْ عَلَيْهِمْ تَسُبُّهُمْ، فَلَمَّا قَضَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الصَّلَاةَ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ! اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ! اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ!" ثُمَّ سَمَّى: " اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِعَمْرِو بْنِ هِشَامٍ، وَعُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَشَيْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَالْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَأُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، وَعُقْبَةَ بْنِ أَبِيْ مُعَيْطٍ وَعُمَارَةَ بْنِ الْوَلِيْدِ" قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَوَ اللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْتُهُمْ صَرْعَى يَوْمَ بَدْرٍ، ثُمَّ سُحِبُوْا إِلٰى الْقَلِيْبِ قَلِيْبِ بَدْرٍ، ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " وَأُتْبِعَ أَصْحَابُ الْقَلِيْبِ لَعْنَةً"

[راجع: ۲۴۰]

نوٹ: حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الوضوء (باب ۶۹) میں پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتَابُ مَوَاقِيْتِ الصَّلٰوةِ

نماز کے اوقات کا بیان

بابُ مَوَاقِيْتِ الصَّلٰوةِ وَفَضْلِهَا

نماز کے اوقات اور ان کی اہمیت

مواقیت: میقات کی جمع ہے، اس کے دو معنی ہیں: مقررہ جگہ، اور مقررہ وقت، کتاب الحج میں میقات کے معنی ہیں: مقررہ جگہ یعنی وہ جگہیں جہاں سے احرام باندھنا ضروری ہے، اور یہاں معنی ہیں: مقررہ وقت۔

اور اس باب میں دو مضمون ہیں: ایک: نماز کے اوقات کا بیان ہے، دوسرا: نماز کی اہمیت کا بیان ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے یہاں سورۃ النساء کی آیت (۱۰۳) لکھی ہے: ﴿إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتَابًا مَّوْقُوْتًا﴾: بیشک نماز مسلمانوں پر فرض کی گئی ہے اوقات کا لحاظ کر کے، کتاباً مصدر: مکتوب اسم مفعول کے معنی میں ہے۔ کَتَبَ قرآن مجید میں فَرَضَ کے معنی میں بھی آیا ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ﴾: اے وہ بندو جو ایمان لائے ہو! تم پر روزے فرض کئے گئے۔ اور موقوتاً: وَقَتَ يَقِتُ (ض) سے اسم مفعول ہے اس کے معنی ہیں: وقت مقرر کیا ہوا، پس آیت کا مطلب یہ ہے کہ نماز کے اوقات مقرر ہیں، انہی اوقات میں نماز پڑھنی ضروری ہے۔ اور حدیث میں ہے: إن لِلصَّلٰوةِ أولاً و آخِرًا: نماز کے اوقات کی ابتداء اور انتہاء ہے (ترمذی) شیعہ کہتے ہیں: نمازیں پانچ ہیں، اور ان کے اوقات تین ہیں، صبح صادق سے طلوع شمس تک فجر کا وقت ہے اور زوال سے غروب تک ظہر اور عصر کا وقت ہے، اور غروب سے صبح صادق تک مغرب اور عشاء کا وقت ہے، شیعوں کی یہ بات اس آیت اور اس حدیث کے خلاف ہے، اور ائمہ اربعہ کے نزدیک ہر نماز کا وقت الگ ہے، ہر نماز اسی کے وقت میں پڑھنی ضروری ہے، البتہ ائمہ ثلاثہ اعذار کی صورت میں ظہرین اور عشائین کے درمیان جواز جمع کے قائل ہیں، جمع حقیقی کے بھی اور جمع صوری کے بھی، اور احناف کے نزدیک کسی بھی حالت میں جمع حقیقی جائز نہیں، البتہ جمع صوری کی گنجائش ہے، یعنی ایک نماز کو اس کے آخر وقت میں پڑھنا اور دوسری نماز کو اس کے اول وقت میں، یہ جمع صوری ہے، اس کی گنجائش ہے، تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔

احناف کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے: ﴿كِتَابًا مَّوْقُوْتًا﴾: فرمایا ہے اور کتاب اللہ پر زیادتی حدیث متواتر ہی سے ہوسکتی ہے، یا (عندالبعض) حدیثِ مشہور سے ہوسکتی ہے، جیسے عرفہ میں ظہر اور عصر کو ایک ساتھ ظہر کے وقت میں پڑھتے ہیں اور مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کو ایک ساتھ عشاء کے وقت میں پڑھتے ہیں، یہ تواتر سے ثابت ہے، پس کتاب اللہ پر زیادتی جائز ہے چنانچہ پوری امت متفق ہے کہ عرفہ میں اور مزدلفہ میں جمع تقدیم اور جمع تاخیر کی جائے گی، مگر اعذار کی وجہ سے جمع کے سلسلہ میں جو روایتیں ہیں اولاً تو وہ صریح نہیں، ان میں جمع صوری کا احتمال ہے، صرف ایک حدیث صریح ہے جو ترمذی میں ہے، مگر وہ انتہائی ضعیف ہے، اس کے علاوہ جتنی حدیثیں ہیں ان میں جمع صوری کا احتمال ہے اور وہ خبر واحد ہیں، پس ان سے کتاب اللہ پر زیادتی جائز نہیں۔

فائدہ (۱): اوقاتِ نماز کے سلسلہ میں بنیادی حدیثیں تین ہیں اور وہ حدیثیں ترمذی شریف میں کتاب الصلوٰۃ کے شروع میں ہیں، ان حدیثوں کی روشنی میں دو وقتوں میں اختلاف ہوا ہے:

اول: ظہر کے آخر وقت میں، پس عصر کے اول وقت میں بھی اختلاف ہوگا، ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک ظہر کا وقت ہر چیز کا سایہ (سایۂ اصلی کے علاوہ) ایک مثل ہونے تک رہتا ہے، اور دوسرے مثل سے عصر کا وقت شروع ہوتا ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ سے چار قول مروی ہیں:

۱- جمہور کے موافق۔ ترکی اور عراق کے احناف کا اسی قول پر فتوی اور عمل ہے۔

۲- دو مثل تک ظہر کا وقت رہتا ہے اور تیسرے مثل سے عصر کا وقت شروع ہوتا ہے، یہ ظاہر روایت ہے اور متون میں اسی کو لیا گیا ہے، برصغیر کے احناف اسی قول پر فتوی دیتے ہیں۔

ظاہر روایت اس قول کو کہتے ہیں جو امام محمد رحمہ اللہ کی چھ کتابوں: جامع کبیر، جامع صغیر، سیر کبیر، سیر صغیر، زیادات اور کتاب الاصل (مبسوط) میں مذکور ہو، مگر علامہ انور شاہ صاحب کشمیری قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ میں نے مذکورہ کتابوں میں سے کسی کتاب میں یہ مسئلہ نہیں دیکھا (معارف السنن ۲: ۹) البتہ موطا محمد (۲: ۴۴) میں یہ مسئلہ مذکور ہے اور اس میں عصر کے اول وقت کا ذکر ہے، ظہر کا آخر وقت اس میں بھی مذکور نہیں، اسی وجہ سے بہت سے علماء احناف پہلے قول پر فتوی دیتے ہیں۔

۳- ظہر کا وقت ایک مثل تک اور عصر کا وقت تیسرے مثل سے ہے اور بیچ کا وقت مہمل ہے یعنی وہ نہ عصر کا وقت ہے نہ ظہر کا۔

۴- دوسرے مثل کے آخر میں چار رکعت کے بقدر مہمل وقت ہے، اور تیسرے مثل سے عصر کا وقت شروع ہوتا ہے۔ یہ آخری دونوں قول مفتی بہ نہیں ہیں۔

ثانی: مغرب کے آخر وقت میں اختلاف ہوا ہے اور اس اختلاف کا اثر عشاء کے اول وقت پر پڑا ہے، اور یہ اختلاف شفق کے معنی کی تعیین میں ہوا ہے، ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک شفق سے سرخی مراد ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک

سرخی اور سفیدی دونوں مراد ہیں۔ لہٰذا افق سے سرخی غائب ہوتے ہی جمہور کے نزدیک مغرب کا وقت ختم ہوجاتا ہے اور عشاء کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک سرخی اور سفیدی دونوں کے ختم ہونے کے بعد عشاء کا وقت شروع ہوتا ہے، اس سے پہلے تک مغرب کا وقت رہتا ہے۔

اور علامہ علاء الدین حصکفی رحمہ اللہ نے درمختار میں امام اعظم رحمہ اللہ کا صاحبین کے قول کی طرف رجوع نقل کیا ہے، مگر ابن عابدین شامی رحمہ اللہ نے اس کی تردید کی ہے (شامی ۲:۱۷ کتاب الصلوٰۃ) اور دلائل کی روشنی میں امام اعظم رحمہ اللہ کا قول قوی ہے، اس لئے کہ ایک حدیث میں حین یَسْوَدُّ الْأُفُقُ آیا ہے، اور ظاہر ہے کہ افق سفیدی ختم ہونے کے بعد ہی سیاہ ہوتا ہے (ابوداؤد ا:۵۷ باب المواقیت)

فائدہ (۲): شفق صرف سرخی کا نام ہے یا سرخی اور سفیدی دونوں کا؟ یہ اختلاف دورِ صحابہ سے چلا آرہا ہے، جمہور نے ان صحابہ کی رائے لی ہے جو صرف سرخی کو شفق قرار دیتے ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ نے ان صحابہ کے قول کو اختیار کیا ہے جو دونوں کو شفق کہتے ہیں، مگر ظہر کے آخر وقت میں جو اختلاف ہوا ہے وہ مجتہدین کے درمیان ہوا ہے اور روایات میں تطبیق دینے کی وجہ سے ہوا ہے، جمہور نے حدیث جبرئیل پر مدار رکھا ہے جو ترمذی میں ہے، کیونکہ وہ صریح ہے، حدیث جبرئیل کا حاصل یہ ہے کہ ایک مثل پر ظہر کا وقت ختم ہوجاتا ہے اور دوسرے مثل سے عصر کا وقت شروع ہوتا ہے، مگر امام اعظمؒ نے اس کو فیصلہ کن نہیں سمجھا کیونکہ اس میں نسخ کا احتمال ہے، اس لئے کہ بعض ایسی روایتیں موجود ہیں جن سے مثل ثانی میں ظہر کا وقت ہونے کا احتمال پیدا ہوتا ہے مثلاً آئندہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث آرہی ہے کہ ایک سفر میں نبی ﷺ نے نمازِ ظہر میں اتنی تاخیر فرمائی کہ ٹیلوں کے سایے نمودار ہوگئے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ٹیلوں کے سایے ٹیلوں کے برابر ہوگئے، اور جزیرۃ العرب آج بھی موجود ہے جو چاہے مشاہدہ کرسکتا ہے، ایک مثل پر ٹیلوں کے سایے نمودار نہیں ہوتے، اس قسم کی احادیث سے حدیث جبرئیل میں نسخ کا احتمال پیدا ہوتا ہے، اس لئے امام اعظمؒ نے حدیث جبرئیل کو فیصلہ کن نہیں سمجھا اور امام اعظمؒ کا مزاج بھی یہ ہے کہ وہ عبادات میں اس نص کو لیتے ہیں جس میں احتیاط ہوتی ہے، جو شخص جمہور کی رائے کے مطابق شفق احمر غروب ہوتے ہی عشاء پڑھ لے گا یا مثل ثانی میں عصر پڑھے گا تو اس کی نماز میں شک باقی رہے گا اس لئے کہ نفس الامر میں شفق ابیض مغرب کا وقت بھی ہوسکتا ہے اور مثل ثانی ظہر کا وقت بھی ہوسکتا ہے پس اگر بات ایسی ہوئی تو نہ اس کی نماز ہوگی اور نہ ذمہ فارغ ہوگا جبکہ شفق ابیض میں مغرب پڑھنے والے کی اور مثل ثانی میں ظہر پڑھنے والے کی نماز بالیقین ہوجائے گی، خواہ ادا ہو یا قضا۔

علاوہ ازیں عصر کے معنی ہیں: نچوڑنا، اس لفظ کے مفہوم میں اس طرف اشارہ ہے کہ عصر کی نماز دن کا اکثر وقت گذر جانے کے بعد پڑھنی چاہئے۔ غرض امام اعظم رحمہ اللہ کے قول میں احتیاط کے علاوہ لفظ عصر کے مفہوم پر عمل کرنا بھی پایا جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹- کِتَابُ مَوَاقِيْتِ الصَّلَاةِ

[۱-] بابُ مَوَاقِيْتِ الصَّلَاةِ وَفَضْلِهَا

وَقَوْلُهُ تَعَالٰی: ﴿إِنَّ الصَّلَاةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتَابًا مَوْقُوْتًا﴾ [النساء: ۱۰۳]: مَوَقَّتًا: وَقَّتَهُ عَلَيْهِمْ.

[۵۲۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ أَخَّرَ الصَّلَاةَ يَوْمًا، فَدَخَلَ عَلَيْهِ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، فَأَخْبَرَهُ أَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ أَخَّرَ الصَّلَاةَ يَوْمًا، وَهُوَ بِالْعِرَاقِ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا مُغِيْرَةُ؟ أَلَيْسَ قَدْ عَلِمْتَ أَنَّ جِبْرِيْلَ عليه السلام نَزَلَ فَصَلّٰى، فَصَلّٰى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ صَلّٰى فَصَلّٰى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ صَلّٰى فَصَلّٰى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ صَلّٰى فَصَلّٰى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ صَلّٰى فَصَلّٰى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: "بِهٰذَا أُمِرْتَ" فَقَالَ عُمَرُ لِعُرْوَةَ: اعْلَمْ مَا تُحَدِّثُ بِهِ! أَوَ إِنَّ جِبْرِيْلَ هُوَ أَقَامَ لِرسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَقْتَ الصَّلَاةِ؟ قَالَ عُرْوَةُ: كَذٰلِكَ كَانَ بَشِيْرُ بْنُ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ. [انظر: ۳۲۲۱، ۴۰۰۷]

[۵۲۲-] قَالَ عُرْوَةُ: وَلَقَدْ حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ فِيْ حُجْرَتِهَا قَبْلَ أَنْ تَظْهَرَ. [انظر: ۵۴۴، ۵۴۵، ۵۴۶، ۳۱۰۳]

قوله: مُوَقَّتًا: یہ امام بخاری رحمہ اللہ نے موقوتا کے معنی بیان کئے ہیں، عربی میں جب کسی لفظ کا ترجمہ کرتے ہیں تو مجرد کا ترجمہ مزید سے اور مزید کا ترجمہ مجرد سے کرتے ہیں، عربی کا ترجمہ دوسری زبانوں میں تو آسان ہے مگر عربی کا عربی میں ترجمہ مشکل ہے، اس لئے کہ عربی میں کوئی دو لفظ بالکلیہ مترادف نہیں، جب عربی میں ترادف حقیقی نہیں تو عربی کا عربی میں ترجمہ کیسے کریں گے؟ اس لئے ترجمہ کرنے کے لئے مختلف طریقے اختیار کرتے ہیں ان میں سے ایک طریقہ یہ ہے کہ مجرد کا ترجمہ مزید سے اور مزید کا ترجمہ مجرد سے کیا جائے۔ حضرتؒ نے موقوتا (مجرد) کا ترجمہ مُوَقَّتًا (مزید) سے کیا ہے، پھر مزید وضاحت کے لئے فعل ماضی وقت علیھم لائے ہیں، تینوں لفظوں کا ایک ہی مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نمازیں متعین اوقات میں فرض کی ہیں۔

حدیث: ابن شہاب سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے ایک دن نماز میں تاخیر کی، پس ان کے پاس حضرت عروہؒ تشریف لے گئے، اور ان کو بتایا کہ ایک دن حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے نماز میں تاخیر کی درانحالیکہ وہ

عراق میں تھے یعنی عراق کے گورنر تھے، پس ان کے پاس حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ تشریف لے گئے اور ان سے کہا: اے مغیرہ یہ کیا ہے؟ کیا آپ نہیں جانتے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اترے، پس انھوں نے نماز پڑھائی پس نبی ﷺ نے نماز پڑھی، پھر (یعنی دوسرے وقت میں) نماز پڑھائی، پس آپؐ نے نماز پڑھی۔ پھر نماز پڑھائی پس آپؐ نے نماز پڑھی، پھر نماز پڑھائی پس آپؐ نے نماز پڑھی، پھر نماز پڑھائی پس آپؐ نے نماز پڑھی، پھر حضرت جبرئیلؑ نے فرمایا: آپؐ کو اس کا حکم دیا گیا ہے۔ پس حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے حضرت عروہ سے کہا: جان لو تم، کیا حدیث بیان کرتے ہو، کیا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کو نماز پڑھا کر اوقات نماز کی تعلیم دی؟ عروہ نے کہا: بشیر بن ابی مسعود اپنے والد سے اسی طرح روایت کرتے تھے —— عروہ نے کہا: مجھ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی ﷺ عصر کی نماز پڑھا کرتے تھے درانحالیکہ دھوپ ان کے کمرے میں ہوتی تھی، ابھی دیوار پر چڑھی نہیں ہوتی تھی۔

تشریح:

۱- **قرأتُ علی مالكٍ**: امام مالک رحمہ اللہ کے یہاں موطا مالک پڑھنے کے لئے مخصوص طالب علم ہوتا تھا، وہی عبارت پڑھتا تھا، ہر کسی کو عبارت پڑھنے کی اجازت نہیں تھی، عبداللہ بن مسلمہ کہہ رہے ہیں کہ میں نے خود امام مالکؒ کے سامنے پڑھا ہے۔

۲- جب حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ مدینہ منورہ کے گورنر تھے ایک دن انھوں نے عصر کی نماز میں تاخیر کی، کسی کام میں مشغول ہونگے اس لئے وقت پر نماز پڑھانے نہیں آئے، پس حضرت عروہ رحمہ اللہ ان کے گھر گئے اور ان کو مذکورہ حدیث سنائی کہ جب نمازیں فرض کی گئیں تو حضرت جبرئیل علیہ السلام ہر نماز کے وقت میں آ کر آنحضور ﷺ کی امامت کرتے تھے، اس حدیث میں جو ثم ثم ہے وہ اس بات کی دلیل ہے کہ پانچوں نمازیں جداگانہ اوقات میں ادا کی جانی چاہئیں۔

جاننا چاہئے کہ یہ ایک اتفاقی امر تھا، تاخیر کر کے نماز پڑھنا حضرت عمر کا معمول نہیں تھا، چنانچہ حدیث میں یومًا ہے یعنی یہ ایک دن کا واقعہ ہے۔ اور ایک حدیث میں شیئاً بھی ہے، یعنی تھوڑی تاخیر ہوئی تھی مکروہ وقت شروع نہیں ہوا تھا۔

۳- جب نمازیں فرض کی گئیں تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دو دن بیت اللہ کے پاس آپؐ کی امامت فرمائی، پہلے دن تمام نمازیں اول وقت میں پڑھائیں اور دوسرے دن تمام نمازیں مستحب وقت کی رعایت کر کے آخر وقت میں پڑھائیں، پھر فرمایا: یہ گذشتہ انبیاء کا وقت ہے اور ان اوقات کے درمیان نمازوں کا وقت ہے۔

جاننا چاہئے کہ پانچ نمازیں اس امت پر ہی فرض کی گئی ہیں، گذشتہ امتوں پر متفرق نمازیں فرض کی گئی تھیں، یعنی کسی پر دو اور کسی پر تین، نیز کسی پر ظہر وعصر اور کسی پر کوئی اور نماز فرض کی گئی تھی (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی کتاب الصلوٰۃ کے اوائل میں ہے)

۴- جب حضرت عروہؒ نے عمر بن عبدالعزیزؒ کو یہ حدیث سنائی تو انھوں نے فرمایا: ''جان لو کیا حدیث بیان کرتے ہو! یہ

وہی اعتراض ہے جو کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت جبرئیلؑ نمازوں کے مکلّف نہیں تھے، پس ان کی نماز نفل ہوئی، اور آنحضور ﷺ اور صحابہ پر نمازیں فرض تھیں، پس متنفل کے پیچھے مفترض کی اقتداء لازم آئی، جبکہ حنفیہ کے نزدیک متنفل کے پیچھے مفترض کی اقتدا درست نہیں؟ اس لئے فرمایا کہ اچھی طرح غور کرلو تم کیا حدیث بیان کرتے ہو! اعلم: عَلِمَ سے فعل امر ہے یا مضارع واحد متکلم؟ جواب: اس کا فعل امر ہونا متعین ہے، اگلا جملہ: أَوَ إِنَّ جبرئيل هو أَقام إلخ: اس کی دلیل ہے، جب حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے یہ اعتراض کیا تو حضرت عروہؒ نے جواب دیا کہ مجھ سے یہ حدیث بشیر بن ابی مسعودؒ نے اپنے ابا سے روایت کرتے ہوئے اسی طرح بیان کی ہے۔ حضرت عروہؒ کی ذمہ داری پوری ہوگئی، اعتراض کا جواب دینا ان کی ذمہ داری نہیں، یہ کام فقہاء اور شارحین کا ہے، محدثین کا کام بس حدیث کو سند کے ساتھ روایت کرنا ہے، سو وہ کام انھوں نے کردیا۔

اور شارحین نے اس اعتراض کے متعدد جواب دیئے ہیں، مثلاً حضرت جبرئیل علیہ السلام عالم مثال میں امام تھے، اور عالم مشاہدہ میں آنحضور ﷺ امام تھے، اور صحابہ نے حضور اکرم ﷺ کی اقتداء کی تھی، اور مفترض و متنفل کی اقتداء کا مسئلہ عالم مشاہدہ سے تعلق رکھتا ہے۔

دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ جب بغرض تعلیم حضرت جبرئیلؑ کو نماز پڑھانے کا حکم ہوا تو دو دن کی نمازیں ان پر فرض ہوگئیں، اور یہ بھی جواب دیا گیا ہے کہ حضرت جبرئیلؑ نے بذاتِ خود امامت نہیں کی تھی، بلکہ وقت ہونے پر آپؐ کو نماز پڑھانے کے لئے کہا تھا، پس أَمَّنی جبرئیل کا مطلب أَمَرَنِی جبرئیل بالإمامة ہے۔

۵- دوسری حدیث کہ نبی ﷺ عصر کی نماز اس وقت پڑھا کرتے تھے جب دھوپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں ہوتی تھی، ابھی دھوپ دیوار پر نہیں چڑھی ہوتی تھی، یہ حدیث چند ابواب کے بعد (بابُ وقت العصر میں) آرہی ہے، وہاں اس حدیث کی شرح کریں گے۔

بابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مُنِيْبِيْنَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَأَقِيْمُوْا الصَّلٰوةَ وَلاَ تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾

(فطرت کی پیروی کرو) اللہ کی طرف رجوع ہوکر اور اس سے ڈرو،

اور نماز کی پابندی کرو، اور شرک کرنے والوں میں سے مت ہوؤ

اوپر جنرل عنوان تھا جو نماز کے اوقات کی اہمیت کے بارے میں تھا، پھر حضرتؒ نے ایک آیتِ کریمہ لکھی تھی جس کا اوقاتِ نماز سے تعلق تھا، اب اِس آیت میں نماز کی اہمیت کا بیان ہے۔ یہاں سے دور تک نماز کی اہمیت کے بارے میں ابواب ہیں، پھر اوقات کے سلسلہ کے ابواب شروع ہونگے، منيبين: اسم فاعل ہے أناب إليه (افعال) کے معنی میں: رجوع

ہونا، متوجہ ہونا۔

آیت کا ترجمہ: فطرت کی پیروی کرو یعنی دین پر قائم رہو، درانحالیکہ تم اللہ کی طرف متوجہ ہونے والے ہو یعنی صرف اللہ کی رضا جوئی کے لئے دین پر عمل کرو، دین پر عمل کرنے کی کوئی اور غرض نہیں ہونی چاہئے، اور اللہ سے ڈرتے رہو یعنی ممنوعاتِ شرعیہ کا ارتکاب مت کرو، اور خاص طور پر نماز کا اہتمام کرو، یہ تخصیص بعد التعمیم ہے ﴿فَأَقِمْ وَجْهَكَ﴾ میں نماز بھی داخل تھی، مگر نماز کی اہمیت واضح کرنے کے لئے اس کا خاص طور پر ذکر کیا، یہی نماز کی فضیلت ہے۔

قاضی بیضاویؒ نے بیضاوی شریف میں تحریر فرمایا ہے: أقیموا الصلوٰۃ اور یقیمون الصلوٰۃ: أَقَامَ الْعُوْدَ سے ماخوذ ہیں، تیر بنانے والا تیر کی لکڑی کو آگ پر گرم کر کے بالکل سیدھا کرتا ہے اس میں ذرا کجی نہیں رہنے دیتا، تاکہ تیر صحیح نشانہ پر لگے۔ اس محاورہ سے اقامتِ صلوٰۃ کی تعبیر لی گئی ہے، اردو میں ہم اس کا ترجمہ کرتے ہیں: 'نماز کا اہتمام کرو' نماز کا اہتمام کرنا کیا ہے؟ تقریباً دو ہزار حدیثیں اس کی تفسیر کرتی ہیں۔ نماز کے تمام ارکان: فرائض، واجبات، سنن، مستحباب، آداب، مکروہات اور ممنوعات (جن سے نماز فاسد ہوتی ہے) ہر ایک کو تفصیل سے بیان کیا ہے، مسجدیں بنانے کا حکم دیا، اذان وجماعت کا نظام بنایا، امام ومؤذن کے اوصاف بیان کئے، نمازوں کے اوقات متعین کئے اور اوقات کے اول وآخر کو بیان کیا یہ سب چیزیں نماز کا اہتمام کرنے میں داخل ہیں۔

غرض: ﴿أَقِيْمُوْا الصَّلٰوةَ﴾ کی تخصیص نماز کی اہمیت پر دلالت کرتی ہے پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿وَلاَ تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾ أی بترك الصلوٰة: نماز چھوڑ کر مشرک مت بن جاؤ، یعنی ترکِ صلوٰۃ میں شرک کا خطرہ ہے، یہ ارشاد نماز کی اہمیت پر خاص طور پر دلالت کرتا ہے۔

اور ترکِ صلوٰۃ میں شرک کا خطرہ اس لئے ہے کہ ترکِ صلوٰۃ کے ڈانڈے (سرحدیں) شرک کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، شاہ عبدالقادر صاحب قدس سرہ جو قرآنِ کریم کے پہلے مترجم ہیں فرماتے ہیں: خواہش نفس کی وجہ سے نماز چھوڑنا شرک کی ایک نوعیت ہے، اللہ کا حکم ہے کہ نماز پڑھو، اور نفس کہتا ہے کہ مت پڑھو، پس تارکِ صلوٰۃ اللہ کا حکم ٹھکرا دیتا ہے اور نفس کی اطاعت کرتا ہے، پس یہ شرک کی ایک نوعیت ہے۔

اور مشہور حدیث ہے: بین الإیمان والکفر ترکُ الصلوٰۃ: ایمان وکفر کے درمیان نماز چھوڑنا ہے، جیسے بڑے روڈ میں جانے کا راستہ الگ اور آنے کا راستہ الگ ہوتا ہے اور درمیان میں ڈیوائڈر (Divider) ہوتا ہے جو نہ جانے والے روڈ کا حصہ ہوتا ہے اور نہ آنے والے کا، دونوں کے درمیان ہوتا ہے، اسی طرح ترکِ صلوٰۃ نہ ایمان کا حصہ ہے اور نہ کفر کا، وہ درمیانی مقام ہے اس کے ڈانڈے ایمان کے ساتھ بھی ملے ہوئے ہیں اور کفر کے ساتھ بھی، پس آیت کا مطلب یہ ہے کہ جس نے نماز چھوڑ دی وہ کفر وشرک کے قریب پہنچ گیا۔ اب مشرک ہو جانے میں کیا دیر باقی رہ گئی؟ ایک قدم اٹھایا کہ شرک سے جا ملا، بہرحال یہ حدیث اور یہ آیت نماز کی اہمیت پر دلالت کرتے ہیں۔

[۲-] بابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مُنِيْبِيْنَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَأَقِيْمُوْا الصَّلوٰةَ وَلاَ تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾[الروم: ۳۱]

[۵۲۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: نَا عَبَّادٌ: وَهُوَ ابْنُ عَبَّادٍ، عَنْ أَبِیْ جَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: إِنَّا هٰذَا الْحَیَّ مِنْ رَبِيْعَةَ، وَلَّسْنَا نَصِلُ إِلَيْكَ إِلاَّ فِیْ الشَّهْرِ الْحَرَامِ، فَمُرْنَا بِشَيْئٍ نَأْخُذُهُ عَنْكَ، وَنَدْعُوْ إِلَيْهِ مَنْ وَرَاءَ نَا، فَقَالَ:" آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: الإِيْمَانِ بِاللّٰهِ- ثُمَّ فَسَّرَهَا لَهُمْ- شَهَادَةُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّیْ رَسولُ اللّٰهِ، وَإِقَامُ الصَّلاَةِ، وَإِيْتَاءُ الزَّكَاةِ، وَأَنْ تُؤَدُّوْا إِلَیَّ خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ، وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالْمُقَيَّرِ، وَالنَّقِيْرِ" [راجع: ۵۳]

وضاحت: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الایمان (باب ۴۰) میں گذری ہے، وفد عبدالقیس نے نبی ﷺ سے عرض کیا: آپؐ ہمیں جامع بات بتائیں تاکہ ہم خود بھی اس پر عمل کریں اور جو پیچھے ہیں ان کو بھی اس کی دعوت دیں، آپؐ نے ان کو چار باتوں کا حکم دیا اور شراب کے چار برتنوں سے منع کیا، اور پہلے بتایا تھا کہ امام بخاریؒ نے اس حدیث کو اس طرح سمجھا ہے کہ ایمان باللہ اصل ہے اور اقامتِ صلوٰۃ، ادائے زکوٰۃ، رمضان کے روزے اور مالِ غنیمت کا خمس: ایمان باللہ کی تفسیر ہیں۔ پھر یہ چاروں مل کر ایک بات ہیں، اور کتاب الایمان میں اس سے ایمان کی ترکیب پر استدلال کیا تھا کہ جب یہ چار باتیں ایمان باللہ کا جزء ہیں تو ایمان مرکب ہوا اور یہاں استدلال یہ ہے کہ جو تین چیزیں ایمان کے اجزاء ہیں ان میں سے ایک اقامتِ صلوٰۃ بھی ہے، پس اقامتِ صلوٰۃ کی فضیلت نکلی، اور اگر یہ کہا جائے کہ ایمان باللہ یعنی توحید و رسالت کا اقرار پہلی چیز ہے اور باقی تین باتیں: اقامتِ صلوٰۃ، ادائے زکوٰۃ اور ادائے خمس ہیں تو نماز کی اہمیت اس طرح نکلے گی کہ نبی ﷺ نے اعمال میں سب سے مقدم نماز کا تذکرہ فرمایا، اس تقدیم سے نماز کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔

بابُ الْبَيْعَةِ عَلٰى إِقَامِ الصَّلوٰةِ

نماز کے اہتمام پر بیعت لینا

حضور اقدس ﷺ نے حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ سے جو بیعت لی تھی، اس میں نماز کے اہتمام پر بھی بیعت لی تھی، اور نماز کے اہتمام میں اوقات صلوٰۃ کا لحاظ داخل ہے اور کسی بات پر بیعت لینا اس کے متہم بالشان ہونے کی دلیل ہوتی ہے، پس اس حدیث سے نماز کی اہمیت نکلی اور اوقات نماز کی بھی، پس یہ حدیث جزل باب کے دونوں اجزاء سے متعلق ہے۔

[٣-] بابُ الْبَيْعَةِ عَلٰى إِقَامِ الصَّلٰوةِ

[٥٢٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسٌ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَايَعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى إِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ. [راجع: ٥٧]

وضاحت: اس حدیث کی شرح کتاب الایمان کے آخری باب میں پڑھیں۔اور بیعت کے لغوی اور اصطلاحی معنی کے لئے دیکھیں: تحفۃ القاری (۱:۲۲۱)

بَابٌ: الصَّلاَةُ كَفَّارَةٌ

نماز گناہوں کا کفارہ ہے

نماز میں خواہ وہ فرائض ہوں یا واجبات، سنن ہوں یا نوافل کفارۂ سیئات کی شان ہے، یہ بھی نماز کی فضیلت کی دلیل ہے۔اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ﴾ اچھائیاں برائیوں کو بہالے جاتی ہیں، یہ آیت عام ہے ہر نیکی کو شامل ہے، اور نماز کو خاص طور پر شامل ہے، یہی نماز کی فضیلت ہے۔

فائدہ: باب میں لفظ صلوٰۃ عام ہے، فرائض وواجبات اور سنن ونوافل سب کو شامل ہے اور آگے پانچ نمازوں کے بارے میں باب آرہا ہے، وہ خاص باب ہے۔دونوں بابوں میں بس اتنا ہی فرق ہے۔

[٤-] بَابٌ: الصَّلاَةُ كَفَّارَةٌ

[٥٢٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ شَقِيْقٌ، قَالَ: سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ قَوْلَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْفِتْنَةِ؟ قُلْتُ: أَنَا، كَمَا قَالَهُ، قَالَ: إِنَّكَ عَلَيْهِ أَوْ: عَلَيْهَا لَجَرِيْءٌ، قُلْتُ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِيْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ وَجَارِهِ تُكَفِّرُهَا الصَّلاَةُ وَالصَّوْمُ وَالصَّدَقَةُ وَالْأَمْرُ وَالنَّهْيُ، قَالَ: لَيْسَ هٰذَا أُرِيْدُ، وَلٰكِنَّ الْفِتْنَةَ الَّتِيْ تَمُوْجُ كَمَا يَمُوْجُ الْبَحْرُ؟ قَالَ: لَيْسَ عَلَيْكَ مِنْهَا بَأْسٌ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! إِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا لَبَابًا مُغْلَقًا. قَالَ: أَيُكْسَرُ أَمْ يُفْتَحُ؟ قَالَ: يُكْسَرُ. قَالَ: إِذًا لاَ يُغْلَقُ أَبَدًا.

قُلْنَا: أَكَانَ عُمَرُ يَعْلَمُ الْبَابَ؟ قَالَ: نَعَمْ، كَمَا أَنَّ دُوْنَ الْغَدِ اللَّيْلَةَ، إِنِّيْ حَدَّثْتُهُ بِحَدِيْثٍ لَيْسَ بِالْأَغَالِيْطِ، فَهِبْنَا أَنْ نَسْأَلَ حُذَيْفَةَ، فَأَمَرْنَا مَسْرُوْقًا فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: الْبَابُ عُمَرُ. [انظر: ١٤٣٥، ١٨٩٥، ٣٥٨٦، ٧٠٩٦]

حدیث (۱): حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، پس آپؓ نے پوچھا: تم میں سے کس کو فتنہ کے بارے میں نبی ﷺ کا ارشاد یاد ہے؟ میں نے کہا: مجھے بالکل ویسا ہی یاد ہے جیسا آپ ؐ نے فرمایا ہے، حضرت عمرؓ نے فرمایا: بیشک آپؓ نبی ﷺ کے قول پر ــــ یا فرمایا ــــ فتنوں پر دلیر تھے، یعنی فتنوں کی احادیث سے آپ کو خصوصی دلچسپی تھی پس آپؓ کو وہ ارشاد یاد ہونے ہی چاہئیں، میں نے کہا: آدمی کی اپنے گھر والوں میں مال واولاد اور پڑوسیوں میں جو کوتاہیاں ہوتی ہیں: نماز، روزہ، صدقہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ان کو مٹا دیتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری مراد یہ فتنے نہیں ہیں بلکہ وہ فتنہ مراد ہے جو سمندر کی طرح ٹھاٹھیں مارتا ہوا آئے گا۔ حضرت حذیفہؓ نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپؓ کو اس فتنہ سے ڈرنے کی ضرورت نہیں، آپ کے اور اس فتنہ کے درمیان ایک بند دروازہ ہے، حضرت عمرؓ نے پوچھا: کیا وہ دروازہ توڑا جائے گا یا کھولا جائے گا؟ حضرت حذیفہؓ نے کہا: توڑا جائے گا، حضرت عمرؓ نے فرمایا: تب وہ کبھی بند نہ ہوگا!

طلباء نے حضرت حذیفہؓ سے پوچھا: کیا حضرت عمرؓ اس دروازہ کو جانتے تھے؟ حضرت حذیفہؓ نے کہا: ہاں جس طرح ہم یہ بات جانتے ہیں کہ آئندہ کل کے بعد رات آئے گی، میں نے ان سے صاف حدیث بیان کی تھی، میں نے پہیلی نہیں بوجھی تھی، پس ہم حضرت حذیفہؓ سے پوچھنے سے ڈرے، پس ہم نے مسروق کو حکم دیا (کہ وہ پوچھیں) پس انھوں نے حضرت حذیفہؓ سے پوچھا: تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ دروازہ خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے۔

تشریح:

۱- فتنہ کا مادہ فَتَن ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: سونے کو آگ میں تپا کر کھرا کھوٹا معلوم کرنا، أصلُ الفَتْنِ: إدخال الذهب النارَ لِتظْهَرَ جَوْدَتُهُ من رَدَاءَ تِه (راغب) پھر فتنہ کے معنی آزمائش کے ہوگئے اور آزمائش میں چونکہ تکلیف دی جاتی ہے اس لئے ایذا رسانی اور اس کی مختلف شکلوں کے لئے اور آزمائش میں جو کھوٹا ثابت ہو اس کے ساتھ جو معاملہ کیا جائے ان سب کے لئے قرآن وحدیث میں لفظ فتنہ اور اس کے مشتقات استعمال کئے گئے ہیں، پس فتنہ کے معنی ہیں: آزمائش، آفت، دنگا فساد، ہنگامہ، دکھ دینا، اور تختۂ مشق بنانا وغیرہ۔

فتنے چھ قسم کے ہیں: (۱) آدمی کے اندر کا فتنہ اور وہ یہ ہے کہ آدمی کے احوال بگڑ جائیں، اس کا دل سخت ہو جائے اور اس کو عبادت میں حلاوت اور مناجات میں لذت محسوس نہ ہو (۲) گھر کا فتنہ اور وہ نظام خانہ داری کا بگاڑ ہے (۳) وہ فتنہ جو سمندر کی طرح موجیں مارتا ہے، یہ نظام مملکت کا بگاڑ ہے اور لوگوں کا ناحق حکومت کی آز کرنا ہے (۴) ملی فتنہ اور وہ یہ ہے کہ بڑے حضرات وفات پا جائیں اور دین کا معاملہ نا اہلوں کے ہاتھ میں پہنچ جائے (۵) عالمگیر فتنہ، یہ بد دینی کا فتنہ ہے جب یہ فتنہ رونما ہوتا ہے تو لوگ انسانیت اور اس کے تقاضوں سے نکل جاتے ہیں (۶) فضائی حادثات کا فتنہ یعنی ایسے حادثات کا رونما ہونا جو عام تباہی مچائیں، یہ فتنوں کی چھ قسمیں ہیں اور ان کی تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵: ۶۵۵-۶۵۸) اور تحفۃ الالمعی (۵: ۵۱۹-

۵۲۲) میں ہے، وہاں دیکھ لی جائے۔

اور ہمارے حضرت شاہ صاحب علامہ کشمیری قدس سرہ نے فیض الباری میں فرمایا ہے کہ فتنے گذشتہ امتوں پر بھی آتے رہے ہیں، مگر اس امت پر فتنے زیادہ آتے ہیں اس لئے کہ اس امت کا بقا قیامت تک مقدر ہے اور فتنوں اور آزمائشوں کا ایک اہم مقصد مخلصین اور غیر مخلصین کے درمیان امتیاز کرنا ہے، جیسے امتحان اسی مقصد سے لیا جاتا ہے کہ کس نے پڑھا ہوا یاد کیا ہے اور کس نے یاد نہیں کیا، اسی طرح مؤمن کا بھی وقتاً فوقتاً امتحان ہوتا رہتا ہے، تاکہ واضح ہو جائے کہ کون دعوئے ایمان میں کھرا ہے اور کون کھوٹا، چنانچہ صرف مدنی زندگی میں صحابہ کرام کا کم از کم دس مرتبہ امتحان لیا گیا، غزوۂ بدر میں مسلمانوں کا ہاتھ اونچا ہو گیا تو اگلے ہی سال غزوۂ احد میں ستر مسلمان شہید ہوئے، یہ ایک امتحان تھا، آزمائش تھی تاکہ پتہ چل جائے کہ کون ایمان میں ثابت قدم رہتا ہے اور کون ایڑیوں پر پلٹ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سورۂ آل عمران میں فرماتے ہیں: ﴿وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكَافِرِيْنَ﴾: ان آزمائشوں میں مبتلا کر کے اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو پاک صاف کرتے ہیں اور کافروں کو مٹاتے ہیں۔

غرض: یہ دنیا امتحان گاہ ہے، یہاں انسان ہر گھڑی میدان امتحان میں ہے، ایمان و کفر تو بڑے امتحان ہیں مگر مؤمن کا بھی مختلف شکلوں میں امتحان کیا جاتا ہے، اگر مؤمن ان آزمائشوں میں کامیاب ہو جائے تو زہے نصیب! ورنہ اس کا خمیازہ دنیا و آخرت میں بھگتنا پڑتا ہے۔

۲- حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی — جو نبی ﷺ کے راز دار تھے — زیادہ تر دلچسپی فتنوں کی حدیثوں سے تھی، وہ زیادہ تر فتنوں کے بارے میں نبی ﷺ سے سوال کرتے رہتے تھے، ایک مرتبہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں مجلس تھی آپؓ نے حاضرین سے پوچھا: فتنہ کی حدیث تم میں سے کس کو یاد ہے؟ حضرت حذیفہؓ نے کہا: مجھے یاد ہے اور بالکل ویسی ہی یاد ہے جیسی آپؐ نے فرمائی ہے یعنی میں اس میں سے کچھ نہیں بھولا، حضرت عمرؓ نے فرمایا: آپ کو یاد ہونی ہی چاہئے کہ آپ کی زیادہ دلچسپی اسی سے تھی۔ پھر حضرت حذیفہؓ نے یہ حدیث بیان کی کہ آدمی کی آزمائش اس کی فیملی میں بھی ہوتی ہے، مال و اولاد میں بھی ہوتی ہے اور پڑوس کے لوگوں میں اور احباب و متعلقین میں بھی ہوتی ہے، ان کے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہیاں ہوتی ہیں مگر نماز، روزہ، صدقہ، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے وہ کوتاہیاں معاف ہو جاتی ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: یہ چھوٹے فتنے تو آتے ہی رہتے ہیں، میں تو اس فتنہ کے بارے میں پوچھ رہا ہوں جو سمندر کی طرح ٹھاٹھیں مارتا ہوا آئے گا، یعنی ملکی اور سیاسی فتنہ: جس کے بعد معاملات گڈ مڈ ہو جائیں گے اور سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا، حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: آپؓ کو اس فتنہ کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں اس لئے کہ آپ کے اور اس فتنہ کے درمیان ایک بند دروازہ حائل ہے، یعنی آپ کی حیات تک وہ فتنہ نہیں آئے گا، إن بينك وبينها لبابا مغلقا کا مطلب ہے: إن بين زمانك وبين زمانِ الفتنة وجودُ حياتِك، یعنی جب تک آپؓ کا وجود با مسعود ہے وہ فتنہ رونما نہیں ہوگا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اچھا یہ بتاؤ وہ دروازہ کھولا جائے گا یا توڑا جائے گا؟ حضرت حذیفہؓ نے جواب دیا: توڑا جائے گا یعنی حضرت عمرؓ شہید کئے جائیں گے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہمیشہ یہ دعا کیا کرتے تھے کہ اے اللہ! مجھے مدینہ میں شہادت کی موت عطا فرما، یہ عجیب وغریب دعا تھی، شہادت پانے کے لئے تو مدینہ سے باہر جہاد میں جانا پڑے گا، مدینہ میں شہادت کہاں سے ملے گی! مگر آپؓ مدینہ میں شہادت کی تمنا کرتے تھے، چنانچہ آپؓ کی یہ دعا بارگاہ ایزدی میں قبول ہوئی اور ایک دن فجر کی نماز میں فیروز نامی غلام نے آپؓ کو زہر میں بجھا ہوا خنجر مارا جو آپؓ کی شہادت کا سبب بنا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد فتنوں کا جو تانتا بندھا وہ تاریخ کا ہر طالب علم جانتا ہے، اس دن سے فتنے رکنے کا نام ہی نہیں لیتے، اور قیامت تک رکیں گے بھی نہیں اس لئے کہ دروازہ توڑ دیا گیا، پس فتنوں پر بند لگانے کی کوئی صورت باقی نہیں رہی۔

مناسبت: نبی ﷺ نے جو فرمایا ہے کہ آدمی سے اپنی فیملی میں، مال واولاد میں، آس پڑوس کے لوگوں میں اور احباب ومتعلقین کے حقوق کی ادائیگی میں جو کچھ کوتاہیاں ہوتی ہیں: نماز، روزہ، صدقہ، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ان کے لئے کفارہ بن جاتے ہیں، اسی جزء سے باب ثابت کرنا ہے کہ روزہ اور صدقہ وغیرہ کی طرح نماز میں بھی کفارۂ سیئات کی شان ہے اور یہی نماز کی فضیلت ہے۔

۳- جب حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی تو طلبہ نے پوچھا: کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس دروازہ کو جانتے تھے؟ حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: بالکل اسی طرح جانتے تھے جس طرح ہم میں سے ہر شخص جانتا ہے کہ آئندہ کل کے بعد رات آئے گی، اس میں کسی کو شک نہیں، اسی طرح حضرت عمرؓ کو بھی اس دروازہ کا علم تھا، اس میں ذرا شک نہیں تھا، پھر حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: میں نے کوئی پہیلی نہیں بوجھی تھی، صاف بات کہی تھی، چاہے سامعین اس کو نہ سمجھ رہے ہوں مگر جس سے گفتگو ہو رہی تھی وہ میری بات سمجھ رہا تھا، نبی ﷺ نے چیستانیں بیان کرنے سے منع فرمایا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۲۴۳) لیکن اگر مخاطب کے لئے بات پیچیدہ نہ ہو، مخاطب اسے سمجھ رہا ہو تو وہ پہیلی نہیں ہے، چاہے دوسرے لوگ اسے نہ سمجھیں، اس سے آگے پوچھنے کی طلبہ میں ہمت نہیں ہوئی، چنانچہ انھوں نے حضرت مسروق رحمہ اللہ سے جو حضرت حذیفہؓ کے خاص شاگرد تھے کہا: کوئی مناسب موقع دیکھ کر آپ حضرت سے دریافت کریں کہ وہ دروازہ کون تھا؟ جب مسروق رحمہ اللہ نے حضرت حذیفہؓ سے پوچھا تو آپؓ نے فرمایا: وہ دروازہ خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے۔

[٥٢٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ رَجُلاً أَصَابَ مِنِ امْرَأَةٍ قُبْلَةً، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ ﴿أَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ﴾[هود: ١١٤] فَقَالَ الرَّجُلُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَلِيَ هٰذَا؟ قَالَ: "لِجَمِيْعِ أُمَّتِيْ كُلِّهِمْ" [انظر: ٤٦٨٧]

حدیث (۲): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے ایک عورت کا بوسہ لیا، پس وہ نبی ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ کو اس کی خبر دی، پس اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اور نماز قائم کر و دن کے دونوں کناروں میں اور رات کے کچھ حصہ میں بیشک نیکیاں برائیوں کو بہالے جاتی ہیں'' پس اس شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ حکم خاص میرے لئے ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، میری ساری امت کے لئے ہے۔

تشریح: ابوالیسر رضی اللہ عنہ سے بہ تقاضائے بشریت ایک گناہ سرزد ہو گیا، انھوں نے ایک عورت کا بوسہ لے لیا، مگر فوراً ان کو اپنی غلطی کا احساس ہوا وہ بے قرار ہو کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھ سے ایسا گناہ ہو گیا ہے جس پر حد آتی ہے آپ مجھ پر حد قائم فرمائیں۔ آپؐ نے پوچھا: کیا گناہ ہوا ہے، انھوں نے بتایا کہ میں نے ایک عورت کا بوسہ لیا ہے، آپؐ نے کوئی جواب نہیں دیا اس لئے کہ اس گناہ کی کوئی شرعی حد نہیں ہے، جب نماز کا وقت آیا تو آپؐ نے نماز پڑھائی، ابوالیسرؓ بھی نماز میں شریک ہوئے اور نماز کے بعد دوبارہ عرض کیا کہ یارسول اللہ! مجھ پر حد جاری فرمائیں اور مجھے پاک کریں۔ حضور اکرم ﷺ نے پوچھا: کیا تم نے ابھی ہمارے ساتھ نماز نہیں پڑھی؟ انھوں نے عرض کیا: پڑھی ہے، تو آپؐ نے مذکورہ آیت پڑھ کر سنائی، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ حکم صرف میرے لئے ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، میری پوری امت کے لئے ہے۔ معلوم ہوا کہ نماز میں کفارۂ سیئات کی شان ہے اور یہی نماز کی فضیلت ہے۔

فائدہ: پہلے الفوز الکبیر کے حوالہ سے بتایا تھا کہ صحابہ ہر اس واقعہ کے لئے جس میں آیت کا شانِ نزول ہونے کی صلاحیت ہوتی ہے أُنزل كذا کہہ دیا کرتے تھے، لہٰذا یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ یہ آیت اسی واقعہ میں نازل ہوئی ہے، یہ آیت پہلے سے نازل شدہ تھی، مگر یہ واقعہ بھی آیت کا شانِ نزول بن سکتا تھا اس لئے ابن مسعودؓ نے کہہ دیا: أنزل كذا۔

بابُ فَضْلِ الصَّلٰوۃِ لِوَقْتِهَا

وقت پر نماز پڑھنے کی اہمیت

شریعت مطہرہ نے جن اعمال کو محبوبیت کا درجہ دیا ہے ان میں پہلا نمبر نماز کا ہے، مگر یہ درجہ اسی نماز کو حاصل ہے جو بروقت یعنی مستحب وقت میں ادا کی جائے، قضاء کر کے یا مکروہ وقت میں نماز پڑھی جائے تو اس کا حکم آگے آرہا ہے۔ جاننا چاہئے کہ باب میں لوقتها ہے لأول وقتها نہیں ہے، مطلقاً اول وقت کی فضیلت میں کوئی صریح اور صحیح حدیث نہیں ہے۔ اور ترمذی میں حضرت ابن عمرؓ کی جو حدیث آپؐ نے پڑھی ہے کہ نماز کا اول وقت اللہ کی خوشنودی کا وقت ہے اور آخر وقت اللہ کے درگذر کا وقت ہے یہ حدیث یعقوب بن الولید کی وجہ سے انتہائی ضعیف ہے، بلکہ بعض حضرات کے نزدیک تو موضوع ہے، اور اس کے علاوہ کوئی صریح حدیث نہیں، اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ اگر بروقت یعنی مستحب وقت میں نماز پڑھی جائے تو اس کی فضیلت کیا ہے؟

[٥-] بابُ فَضْلِ الصَّلٰوةِ لِوَقْتِهَا

[٥٢٧-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ الْوَلِيْدُ بْنُ الْعَيْزَارِ: أَخْبَرَنِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا صَاحِبُ هٰذِهِ الدَّارِ، وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلٰى دَارِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الْعَمَلِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ؟ قَالَ:" الصَّلاَةُ عَلٰى وَقْتِهَا" قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: " بِرُّ الْوَالِدَيْنِ" قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ:" الجِهَادُ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ" قَالَ: حَدَّثَنِيْ بِهِنَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِيْ.[انظر: ٢٧٨٢، ٥٩٧٠، ٧٥٣٤]

ترجمہ: ولید بن عیزار کہتے ہیں: میں نے ابوعمرو شیبانی کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم سے اس گھر والے نے — اور انھوں نے ابن مسعودؓ کے گھر کی طرف اشارہ کیا — بیان کیا کہ میں نے نبی ﷺ سے پوچھا: اللہ کے نزدیک سب سے محبوب عمل کونسا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نمازوں کو بروقت پڑھنا یعنی مستحب اوقات میں نمازیں پڑھنا سب سے محبوب عمل ہے، ابن مسعودؓ نے کہا: ثم أَيٌّ یہ محاورہ ہے اور اس کا مفہوم ہے، پھر دوسرے نمبر پر کونسا عمل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرنا، ابن مسعودؓ نے پوچھا پھر اس کے بعد کونسا عمل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: راہِ خدا میں قتال کرنا، ابن مسعودؓ کہتے ہیں: یہ تینوں باتیں مجھ سے نبی ﷺ نے بیان کیں (اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ یہیں تک میں نے پوچھا) اور اگر میں آپؐ سے اور پوچھتا تو آپؐ مجھے آگے بھی جواب دیتے — اور مسلم شریف میں یہ بھی ہے: فما ترکتُ أن أَستزیدہ إلا إرعاءً ا علیہ: میں نے اور زیادہ پوچھنے کو نہیں چھوڑا مگر آپؐ پر مہربانی کرتے ہوئے یعنی مزید اس لئے نہیں پوچھا کہ آپؐ تنگ دل نہ ہوں۔

تشریح: حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے جو سوال کیا ہے وہ سوال اور بھی صحابہ نے کیا ہے اور آپؐ نے سائل کے احوال کی رعایت سے اور موقع کی مناسبت سے مختلف جوابات دیئے ہیں، اور اس حدیث میں ہمارے لئے سبق یہ ہے کہ سوال کی ایک حد ہونی چاہئے، زیادہ سوال کئے جائیں تو استاذ کو ناگواری ہوسکتی ہے اور ایسا طالب علم 'جھکی' کہلاتا ہے۔

بابٌ الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كَفَّارَةٌ لِلْخَطَايَا إِذَا صَلَّاهُنَّ لِوَقْتِهِنَّ فِيْ الْجَمَاعَةِ وَغَيْرِهَا

پانچ نمازیں گناہوں کا کفارہ ہیں، جبکہ ان کو بروقت پڑھے، خواہ جماعت سے پڑھے یا بے جماعت

یہ باب سابق باب سے اخص ہے، پہلے مطلق نماز کی اہمیت کا باب گذرا ہے اور اس باب میں فرائض خمسہ کی اہمیت کا بیان ہے کہ فرائض خمسہ میں بھی کفارۂ سیئات کی شان ہے، اور عام باب کے بعد یہ خاص باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، کسی کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ فرائض تو لازمۂ عبودیت ہیں، کمپلسری ہیں، ان پر انعام کیسا؟ فرائض میں

کفارہ کی شان نہیں ہونی چاہئے۔ حضرت رحمہ اللہ نے یہ باب رکھ کر اس وہم کو دور کیا کہ فرائض کی انجام دہی پر بھی انعام ملتا ہے، بشرطیکہ ڈیوٹی صحیح طریقہ پر انجام دی ہو، یعنی فرائض بروقت پڑھے ہوں، خواہ تنہا پڑھے ہوں یا جماعت کے ساتھ، ہر حال میں وہ گناہوں کے لئے کفارہ بنیں گے۔

اور اس مضمون کو نبی ﷺ نے ایک مثال سے سمجھایا ہے: کسی کے گھر کے دروازہ پر نہر بہہ رہی ہو، اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ نہاتا ہو تو کیا اس کے بدن پر کچھ میل باقی رہے گا؟ نہیں رہے گا، اس کا بدن ستھرا ہو جائے گا، اسی طرح فرائض خمسہ آدمی کو ستھرا کر دیتے ہیں اور اس حدیث میں اشارہ ہے کہ جو فرض نماز تنہا پڑھی گئی ہے اس میں بھی کفارہ کی شان ہے اس لئے کہ گھر کے دروازہ پر نہر بہہ رہی ہے، اس میں نہایا یعنی نہانے کے لئے مسجد نہیں گیا، معلوم ہوا کہ جو فرض نماز گھر میں پڑھی ہے وہ بھی کفارہ بنے گی۔ اس لئے حضرتؒ نے ترجمہ میں وغیرھا بڑھایا ہے۔

اور اس حدیث میں یہ بھی اشارہ ہے کہ فرائض خمسہ کے اوقات جداگانہ ہیں، اس لئے کہ حدیث میں روزانہ پانچ مرتبہ نہانے کی بات ہے اور پانچ مرتبہ نہانا اسی وقت کہیں گے جب الگ الگ اوقات میں نہائے، ایک شخص مسلسل پانچ گھنٹے نہاتا رہے تو اس کو پانچ مرتبہ نہانا نہیں کہتے، یہ ایک ہی مرتبہ نہانا ہے۔ معلوم ہوا کہ پانچوں فرائض کے اوقات الگ الگ ہیں۔

[٦-] بابُ الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كَفَّارَةٌ لِلْخَطَايَا إِذَا صَلاَّهُنَّ لِوَقْتِهِنَّ فِي الْجَمَاعَةِ وَغَيْرِهَا

[٥٢٨-] حدثني إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، وَالدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: "أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَنَّ نَهْرًا بِبَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ فِيْهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسًا، مَا تَقُوْلُ: ذٰلِكَ يُبْقِيْ مِنْ دَرَنِهِ؟" قَالُوْا: لاَ يُبْقِيْ مِنْ دَرَنِهِ شَيْئًا! قَالَ: "فَذٰلِكَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ يَمْحُوْ اللهُ بِهَا الْخَطَايَا"

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: بتلاؤ! اگر تم میں سے کسی کے دروازہ پر نہر بہہ رہی ہو جس میں وہ روزانہ پانچ مرتبہ نہاتا ہو، تو کیا کہتے ہو تم: یہ پانچ مرتبہ نہانا اس کے میل میں سے کچھ بھی باقی چھوڑے گا؟ صحابہ نے عرض کیا: اس کے میل میں سے کچھ بھی باقی نہیں چھوڑے گا، نبی ﷺ نے فرمایا: پس یہ پانچ نمازوں کی مثال ہے ان کے ذریعہ اللہ تعالیٰ خطاؤں کو مٹاتے ہیں۔

تشریح: حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں تحریر فرمایا ہے کہ اس حدیث کے کسی طریق میں ماتقول نہیں ہے صرف بخاری کی اسی سند میں یہ لفظ آیا ہے، اور میں نے پہلے بتایا ہے کہ گناہ کے چار درجے ہیں: (۱) مَعْصِيَة (نافرمانی) (۲) سَيِّئَة (برائی) (۳) خَطِيْئَة (غلطی) (۴) ذُنوب (نامناسب کام) نماز سے کونسے گناہ معاف ہوتے ہیں؟ علامہ کشمیری قدس سرہ نے یہ قاعدہ بیان فرمایا ہے کہ نص میں جو لفظ آیا ہے وہ اور اس سے نیچے کے گناہ معاف ہونگے۔ پس یہاں لفظ خطایا آیا ہے

اس لئے نماز سے خطایا اور ذنوب معاف ہونگے، معصیہ اور سیئہ معاف نہیں ہونگے۔

بابٌ: فِیْ تَضْیِیْعِ الصَّلاَۃِ عَنْ وَقْتِھَا

نماز کو وقت سے بے وقت کر کے ضائع کرنا

میں نے پہلے بتایا تھا کہ جو نماز بے وقت پڑھی جائے اس کے لئے باب آگے آرہا ہے، یہ وہی باب ہے۔ نماز ناوقت پڑھنا یعنی مکروہ وقت میں پڑھنا یا قضا کر کے پڑھنا نماز کو ضائع کرنا ہے، ایسی نماز کفارہ تو کیا بنے گی جان بچ جائے یہی غنیمت ہے، ایسی نماز وبالِ جان ہوگی، اس پر سزا ملے گی، ہاں اللہ تعالیٰ درگذر فرمائیں تو دوسری بات ہے۔

[۷-] بابٌ: فِیْ تَضْیِیْعِ الصَّلاَۃِ عَنْ وَقْتِھَا

[۵۲۹-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَھْدِیٌّ، عَنْ غَیْلاَنَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا أَعْرِفُ شَیْئًا مِمَّا کَانَ عَلٰی عَھْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم! قِیْلَ: الصَّلاَۃُ؟ قَالَ: أَلَیْسَ صَنَعْتُمْ مَا صَنَعْتُمْ فِیْھَا!

[۵۳۰-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَۃَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ وَاصِلٍ: أَبُوْ عُبَیْدَۃَ الْحَدَّادُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِیْ رَوَّادٍ أَخِیْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّھْرِیَّ، یَقُوْلُ: دَخَلْتُ عَلٰی أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ بِدِمَشْقَ وَھُوَ یَبْکِیْ، فَقُلْتُ لَہُ: مَا یُبْکِیْکَ؟ فَقَالَ: لاَ أَعْرِفُ شَیْئًا مِمَّا أَدْرَکْتُ إِلاَّ ھٰذِہِ الصَّلاَۃَ، وَھٰذِہِ الصَّلاَۃُ قَدْ ضُیِّعَتْ! — وَقَالَ بَکْرُ بْنُ خَلَفٍ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَکْرٍ الْبُرْسَانِیُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ رَوَّادٍ نَحْوَہُ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ان چیزوں میں سے کوئی چیز نہیں دیکھتا جو نبی ﷺ کے زمانہ میں تھیں، یعنی عہدِ رسالت کی باتوں میں سے کوئی بات باقی نہیں رہی۔ کہا گیا: نماز (تو باقی ہے؟) آپؓ نے فرمایا: کیا تم نے نماز میں وہ نہیں کیا جو تم نے کیا ہے: یعنی نمازوں کی درگت بنادی ہے دیکھ نہیں رہے!............ابن شہاب زہریؒ کہتے ہیں: میں حضرت انسؓ کے پاس دمشق میں گیا درانحالیکہ وہ رو رہے تھے، میں نے عرض کیا: کس بات نے آپؓ کو رلایا؟ آپؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کے زمانہ میں جو چیزیں دیکھی ہیں ان میں سے کوئی چیز باقی نہیں رہی، سوائے نماز کے، اور نماز کو بھی تم نے ضائع کردیا!

تشریح: حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ میں وفات پانے والے آخری صحابی ہیں ان کے زمانہ میں ولید بن عبد الملک بادشاہ تھا اور اس کی طرف سے عراق کا گورنر حجاج بن یوسف تھا، بصرہ اور کوفہ دونوں اس کے ماتحت تھے، وہ نمازوں میں سستی کرتا تھا، مستحب وقت کے بعد نماز پڑھانے آتا تھا بلکہ کبھی وقت ختم ہونے کے بعد نماز پڑھانے آتا تھا، اس صورتِ حال سے حضرت انس رضی اللہ عنہ خاص طور پر پریشان تھے۔ پہلی روایت میں انھوں نے بصرہ کی صورتِ حال پر تبصرہ کیا ہے کہ

عہد رسالت کی کوئی چیز باقی نہیں رہی، کسی نے کہا: حضرت! نماز تو باقی ہے؟ حضرتؓ نے فرمایا: نماز کیا باقی ہے! دیکھ نہیں رہے تم نے نمازوں کی کیا گت بنا رکھی ہے؟

حضرت انسؓ کی نکیر حجاج کو بری لگتی تھی، اس لئے وہ حضرت کو پریشان کرتا تھا، حضرت اس کی شکایت لے کر ولید بن عبد الملک کے پاس دمشق گئے، وہاں کی صورتِ حال اور بھی ابتر تھی، اس کو دیکھ کر حضرت انسؓ روتے تھے، قیام دمشق کے دوران ایک مرتبہ ابن شہاب زہریؒ، حضرت انسؓ کے پاس گئے اس وقت آپؓ رو رہے تھے، ابن شہاب نے رونے کی وجہ پوچھی تو آپؓ نے فرمایا: نماز کو چھوڑ کر کوئی چیز عہدِ رسالت کی باقی نہیں رہی۔ اور اس کا بھی تم نے برا حال کر دیا ہے، یہ تبصرہ دوسری حدیث میں ہے۔

اس واقعہ کے بعد حضرت انسؓ مدینہ منورہ تشریف لے گئے، وہاں آپؓ کا وہ تبصرہ پہنچ چکا تھا جو آپؓ نے دمشق میں کیا تھا، وہاں لوگوں نے مدینہ کی صورتِ حال کے بارے میں دریافت کیا تو آپؓ نے فرمایا: ما أنکرتُ شیئًا إلا أنکم لاتقیمون الصفوف: یہاں مجھے کوئی چیز اوپری معلوم نہیں ہوئی، بس ایک بات ہے کہ تم صفوں کو سیدھا نہیں کرتے (یہ روایت فتح الباری میں ہے)

مدینہ منورہ کے گورنر حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ تھے جو متبع سنت تھے، وہ نمازیں مستحب اوقات میں پڑھاتے تھے، ایک مرتبہ تاخیر ہوگئی تو حضرت عروہؒ نے ٹوکا، چنانچہ آپؒ نے اپنی اصلاح کر لی۔

مناسبت: حجاج وغیرہ کا جو طریقہ تھا یعنی تاخیر کر کے یا وقت گذرنے کے بعد نماز پڑھانا اس کو حضرت انسؓ نے نماز کو ضائع کرنا قرار دیا ہے، اس وجہ سے یہ حدیث لائے ہیں۔

سند: دوسری حدیث جو ابن شہاب زہریؒ کی ہے اس کو امام بخاریؒ، عمرو بن زرارہ سے بھی روایت کرتے ہیں اور بکر بن خلف سے بھی، پھر عمرو، عبد الواحد بن واصل سے روایت کرتے ہیں اور بکر: محمد بن بکر سے وہ دونوں عثمان بن ابی رواد سے روایت کرتے ہیں اس سے اوپر دونوں حدیثوں کی سند ایک ہے اور متن بھی ایک ہے۔

بابُ الْمُصَلِّیْ یُنَاجِیْ رَبَّہٗ

نمازی پروردگار سے سرگوشی کرتا ہے

جب حاکم کے پاس کسی ضرورت سے جاتے ہیں تو پہلے وقت لینا پڑتا ہے، اور منٹوں کے حساب سے وقت کی پابندی کرنی پڑتی ہے ورنہ نامراد لوٹتا ہے۔ اسی طرح نماز دربارِ خداوندی کی حاضری ہے، نمازی پروردگار کے ساتھ راز و نیاز کی باتیں کرتا ہے، پس اس کے لئے بھی وقت کی پابندی ضروری ہے، اگر اس کی خلاف ورزی کرے گا تو نامراد لوٹے گا، اللہ کی خوشنودی حاصل نہیں کر سکے گا۔ غرض نمازوں کے اوقات کی پابندی ضروری ہے یہ جنرل عنوان کا پہلا مضمون تھا، اور نماز

پروردگار کے ساتھ سرگوشی ہے اس سے نماز کی فضیلت نکلتی ہے۔ یہ جنرل عنوان کا دوسرا مضمون تھا، اور حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ فرائض ونوافل میں فرق کرتے تھے، حضرت فرماتے تھے: فرائض اللہ کے دربار (کچہری) کی خاص ملاقات ہے اور نوافل پرائیویٹ ملاقات ہے اور خاص ملاقات میں وقت کی پابندی ضروری ہوتی ہے اور پرائیویٹ ملاقات میں آزادی ہوتی ہے، جیسے وزیر اعظم سے ملاقات کرنے جاتے ہیں تو پہلے وقت لیتے ہیں اور آداب دربار کی رعایت کر کے حاضر ہوتے ہیں، اور وقت مقررہ میں اپنی بات پوری کرتے ہیں اور جب وزیر اعظم سے دوستانہ ملاقات اس کے گھر میں کرتے ہیں تو کوئی پابندی نہیں ہوتی، جب تک چاہیں باتیں کریں، اور جتنا چاہیں بیٹھیں، یہی حال فرائض ونوافل کا ہے، فرائض میں اللہ کے دربار میں باقاعدہ حاضری ہوتی ہے پس فرائض کے لئے جو اصول وضوابط ہیں ان کی رعایت کرنا اور متعین اذکار پر اکتفا کرنا ضروری ہے اور نوافل میں آزادی ہے جو چاہے پڑھے، اور جو چاہے مانگے۔

[۸-] بابُ الْمُصَلِّی یُنَاجِیْ رَبَّهُ

[۵۳۱-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا صَلَّى يُنَاجِيْ رَبَّهُ، فَلاَ يَتْفِلَنَّ عَنْ يَمِيْنِهِ، وَلٰكِنْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرىٰ"[راجع: ۲۴۱]

[۵۳۲-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "اعْتَدِلُوْا فِي السُّجُوْدِ، وَلاَ يَبْسُطْ أَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ كَالْكَلْبِ، وَإِذَا بَزَقَ فَلاَ يَبْزُقَنَّ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَلاَ عَنْ يَمِيْنِهِ، فَإِنَّمَا يُنَاجِيْ رَبَّهُ"

وَقَالَ سَعِيْدٌ: عَنْ قَتَادَةَ:" لاَ يَتْفِلُ قُدَّامَهُ أَوْ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ" وَقَالَ شُعْبَةُ: "لاَيَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلاَ عَنْ يَمِيْنِهِ، وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ" وَقَالَ حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" لاَ يَبْزُقُ فِي الْقِبْلَةِ وَلاَ عَنْ يَمِيْنِهِ، وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ" [راجع: ۲۴۱]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "بیشک تم میں سے ایک جب نماز پڑھتا ہے تو وہ اپنے پروردگار سے سرگوشی کرتا ہے پس وہ ہرگز اپنی دائیں طرف نہ تھوکے بلکہ اپنے بائیں پیر کے نیچے تھوکے"

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: "سجدے ٹھیک سے کرو، اور تم میں سے کوئی اپنے ہاتھ کتے کی طرح نہ بچھائے، اور جب تھوکے تو ہرگز اپنے سامنے نہ تھوکے اور نہ دائیں طرف تھوکے اس لئے کہ وہ اپنے پروردگار سے سرگوشی کرتا ہے"

اور سعید بن ابی عروبہ کی روایت میں قتادہ سے مروی ہے کہ اپنے سامنے نہ تھوکے (قدّام اور بین یدیه میں راوی کو شک ہے معنی دونوں کے ایک ہیں) بلکہ اپنی بائیں طرف یا اپنے پیر کے نیچے تھوکے، اور شعبہؒ کہتے ہیں: اپنے سامنے نہ تھوکے اور نہ دائیں طرف تھوکے بلکہ بائیں طرف یا پیر کے نیچے تھوکے۔ اور حمید بواسطہ حضرت انسؓ نبی پاک ﷺ سے روایت کرتے

ہیں: قبلہ کی طرف یعنی سامنے اور دائیں نہ تھوکے بلکہ بائیں طرف یا پیر کے نیچے تھوکے۔

تشریح:

۱- یہ احادیث ابواب آداب المساجد میں مختلف سندوں سے گذری ہیں اور یہاں باب کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ نماز میں بندہ پروردگار کے ساتھ راز و نیاز کی باتیں کرتا ہے اس سے نماز کی فضیلت نکلی۔

۲- اعتدال کا ایک مفہوم ہے تعدیل ارکان، یعنی ارکان اربعہ (رکوع، سجدہ، قومہ، جلسہ) ٹھیک سے کرنا، اور اعتدال کا دوسرا مطلب ہے: سجدہ ڈھنگ سے کرنا، اور ڈھنگ سے سجدہ کرنے میں ہاتھوں کو نہ بچھانا بھی شامل ہے۔ کتا اور دوسرے درندے اگلے پیر زمین پر بچھا کر بیٹھتے ہیں، سجدہ میں اس طرح ہاتھوں کو بچھانے سے منع کیا گیا۔

۳- احادیث شریفہ میں نماز میں آٹھ ہیئتیں اختیار کرنے سے منع کیا گیا ہے: (۱) کتے کی طرح ہاتھوں کو بچھانے سے (۲) کتے کی طرح بیٹھنے سے (۳) لومڑی کی طرح جھانکنے سے (۴) اونٹ کی طرح بیٹھنے سے (۵) مرغ کی طرح ٹھونگیں مارنے سے (۶) گدھے کی طرح سر جھکانے سے یعنی سر کو پیٹھ کے لیول سے نیچا کرنے سے (۷) جلسہ میں سرین کے بل بیٹھنے سے (۸) بدکے ہوئے گھوڑے کی طرح ہاتھ ہلانے سے —— اور جانوروں کے ساتھ تشبیہ دینے سے مقصود تنفیر ہے یعنی ان ہیئتوں کی نفرت دل میں پیدا کرنے کی غرض سے جانوروں کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے (معارف السنن ۳:۴۵)

۴- **وقال سعید، وقال شعبۃ، وقال حُمید:** یہ سب تعلیقات بھی ہوسکتی ہیں اور سند سابق کے تحت داخل بھی ہوسکتی ہیں، یعنی اس حدیث کو اسی سند سے سعید بن المسیب اور شعبہ بھی بواسطہ قتادہ حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہیں، اور حمید کی حدیث کی سند بھی یہی ہے، پس یہ حدیثیں بھی مسند ہونگی۔

بابٌ: الإِبْرَادُ بِالظُّهْرِ فِيْ شِدَّةِ الْحَرِّ

سخت گرمی میں ظہر کی نماز وقت ٹھنڈا ہونے کے بعد پڑھنا

جب یہ بات واضح ہوگئی کہ نماز مناجات مع الرب ہے تو اب یہ باب لائے کہ سخت گرمی میں وقت ٹھنڈا کر کے یعنی تاخیر سے ظہر پڑھنی چاہئے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے علاوہ تمام فقہاء اس کو مستحب کہتے ہیں، اس لئے کہ گرمی کی زیادتی رب ذوالجلال کے غضب کا وقت ہے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ''جب گرمی سخت ہوجائے تو نماز ٹھنڈی کرو یعنی وقت ٹھنڈا ہونے کے بعد نماز پڑھو، اس لئے کہ گرمی کی زیادتی جہنم کے پھیلاؤ سے ہے'' اور چونکہ جہنم اللہ کی صفت غضب کا مظہر ہے جیسا کہ جنت پروردگار کی صفت رحمت کا مظہر ہے تو جہنم کے اثرات بھی صفت غضب کا مظہر ہوئے اور وہ اثرات گرمیوں میں ظہر کے شروع وقت میں پھیلتے ہیں پس یہ وقت اللہ کی ناراضگی کا ہے، ایسے وقت میں مناجات مناسب نہیں، پہلے وقت کو ٹھنڈا ہونے دو، پھر نماز پڑھو، تا کہ اطمینان خاطر کے ساتھ عرض معروض کرسکو، سخت گرمی میں نماز پڑھنا جہنم کی بھاڑ کے

قریب کھڑے ہوکر مناجات کرنا ہے، ایسے نامناسب وقت میں مناجات نہیں کرنی چاہئے۔

اور جاننا چاہئے کہ ابراد کا حکم حضر وسفر دونوں کے لئے ہے چنانچہ امام بخاریؒ اس کے بعد یہ باب لائیں گے کہ ابراد کا حکم حضر کے ساتھ خاص نہیں، سفر کا بھی یہی حکم ہے، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ابراد کی علت رفع مشقت ہے یعنی لوگوں کی پریشانی کے پیش نظر یہ حکم دیا گیا ہے، پس عورتوں اور معذوروں کے لئے ابراد کا حکم نہیں کیونکہ انہیں گھر میں نماز پڑھنی ہے، اسی طرح وہ مسجد جس کے نمازی تھوڑے ہوں اور مسجد کیپاس رہتے ہوں ان کے لئے بھی ابراد کا حکم نہیں، ان کو اول وقت مسجد میں آنے میں کوئی پریشانی نہیں، البتہ جو مسجد دور ہو، جس کے نمازی دور سے آتے ہوں اور نمازیوں کا تانتا بندھا رہتا ہو، ان کے لئے ابراد کا حکم ہے اس لئے کہ سخت گرمی میں مسجد میں آنے میں ان کے لئے پریشانی ہے۔ غرض لوگوں کی پریشانی کے پیش نظر ابراد کا حکم دیا گیا ہے، ان کے نزدیک وقت میں کوئی خرابی نہیں، مگر جمہور مطلقاً ابراد کو مستحب قرار دیتے ہیں، ان کے نزدیک ابراد کے حکم کی علت اللہ کی ناراضگی کا وقت ہونا ہے ایسے نامناسب وقت میں مناجات کرنا مناسب نہیں۔

[٩-] بابٌ: الإِبْرَادُ بِالظُّهْرِ فِيْ شِدَّةِ الْحَرِّ

[٥٣٤،٥٣٣] حدثنا أَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ: حَدَّثَنَا الأَعْرَجُ: عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَغَيْرُهُ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَنَافِعٌ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: " إِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَأَبْرِدُوْا بِالصَّلاَةِ، فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ" [انظر: ٥٣٦]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جب گرمی سخت ہوجائے تو نماز ٹھنڈی کر کے پڑھو، اس لئے کہ گرمی کی زیادتی جہنم کے پھیلاؤ سے ہے۔

تشریح: عرب میں گیارہ ساڑھے گیارہ بجے دوپہر ٹھہر جاتی ہے یعنی ہوا بالکل بند ہوجاتی ہے، گرمی سخت ہوجاتی ہے، اور چلت پھرت بند ہوجاتی ہے۔ اس وقت دھوپ لگتی ہے جس کی وجہ سے جان کا خطرہ پیدا ہوجاتا ہے، جیسے ہمارے علاقہ میں لُو لگنے سے آدمی مرجاتا ہے، پھر ایک وقت کے بعد سمندر کی طرف سے ٹھنڈی ہوا چلتی ہے، میں نے مکہ میں بارہا اس کا مشاہدہ کیا ہے، عصر کی نماز کے بعد سمندر کی طرف سے جھونکے آنے لگتے ہیں، موسم خوشگوار ہوجاتا ہے اور گرمی کی شدت ٹوٹ جاتی ہے، یہی ابراد یعنی وقت کو ٹھنڈا کرنا ہے، محمد بن کعب قرظی تابعیؒ فرماتے ہیں: إذا فَاءَتِ الأَفْيَاءُ وَهَبَّتِ الأَرْوَاحُ، يُقالُ: أَبَرَدتُم فَالرَّوَاحُ: جب سایے پلٹ جائیں اور ہوائیں چلنے لگیں تو قافلہ میں اعلان کیا جاتا ہے کہ وقت ٹھنڈا ہوگیا سفر شروع کرو۔

غرض آنحضور ﷺ نے سخت گرمیوں میں وقت ٹھنڈا ہونے کے بعد ظہر پڑھنے کا حکم دیا ہے، اور اس کی وجہ یہ بیان

فرمائی ہے کہ گرمی کی شدت جہنم کے پھیلاؤ سے ہے، اس لئے ایسے نامناسب وقت میں نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔

اور گرمی کی شدت جہنم کے پھیلاؤ سے ہے: اس میں مجاز بالحذف ہے یعنی جہنم کے اثرات کے پھیلاؤ سے ہے، جہنم بذاتِ خود نہیں پھیلتی بلکہ اس کا اثر پھیلتا ہے —— فَیْحٌ کے معنی ہیں: وسعت۔ کہتے ہیں: غُرْفَةٌ فَیْحَاءُ أی غرفة واسعة: کشادہ کمرہ۔

حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد حقیقت ہے یا مجاز؟ امام شافعی رحمہ اللہ کا رجحان یہ ہے کہ یہ مجاز ہے یعنی یہ پیرایۂ بیان ہے، اس سے یہ سمجھانا مقصود ہے کہ گرمی کی شدت تکلیف دہ ہے، ظاہر ہے جب جہنم بذاتِ خود تکلیف دہ ہے تو اس کے اثرات بھی تکلیف دہ ہونگے، مگر جہنم اپنی جگہ ہے نہ وہ خود پھیلتی ہے اور نہ اس کے اثرات پھیلتے ہیں، بلکہ سخت گرمی تکلیف دہ ہے: یہ بات سمجھانا مقصود ہے، اور جب یہ تمثیل ہے تو وقت میں کوئی خرابی نہیں، چنانچہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک گرمیوں میں بھی عورتوں کے لئے ظہر اول وقت میں پڑھنا مستحب ہے، کیونکہ ان کو گھر میں نماز پڑھنی ہے اسی طرح وہ نمازی جن کو محلّہ کی مسجد میں نماز پڑھنی ہے اور انہیں زیادہ دور سے نہیں آنا ان کے لئے بھی اول وقت میں ظہر پڑھ لینا مستحب ہے، ہاں اگر مسجد دور ہو، اور نمازیوں کی تعداد بہت ہو تو تاخیر کرنے میں کچھ حرج نہیں۔

اور احناف، حنابلہ اور امام بخاریؒ کے نزدیک حدیث میں حقیقت کا بیان ہے، یعنی گرمی کی شدت واقعی جہنم کے اثر کے پھیلاؤ سے ہے، اور چونکہ جہنم اللہ کی صفت غضب کا مظہر ہے جس طرح جنت اللہ کی صفت رحمت کا مظہر ہے پس جہنم کے اثرات بھی صفتِ غضب کا مظہر ہونگے اور وہ اثرات گرمیوں میں ظہر کے اول وقت میں پھیلتے ہیں اس لئے اول وقت میں خرابی ہوئی، اس لئے گرمیوں میں ظہر تاخیر کرکے پڑھنا مستحب ہے خواہ گھر میں پڑھے یا مسجد میں اور خواہ سفر میں پڑھے یا حضر میں۔

فائدہ: قرآن وحدیث میں تمثیلات بھی ہیں اور بیان حقیقت بھی۔ اور دونوں کے درمیان امتیاز اس طرح ہوتا ہے کہ اگر گفتگو مثال سے ممثل لہ کی طرف منتقل ہوجائے تو وہ تمثیل ہے اور اگر مثال ہی پر کلام ختم ہوجائے تو وہ حقیقت ہے، جیسے سورۃ النور (آیت ۳۹) ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَاءً، حَتّٰى إِذَا جَاءَهُ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهُ فَوَفّٰهُ حِسَابَهُ﴾: قیامت کے دن کفار کے اعمال سراب کی طرح ہونگے، سراب چمکتی ریت کو کہتے ہیں جس کو انسان پانی سمجھتا ہے حالانکہ وہ ریت ہوتی ہے پھر جب کفار اپنے اعمال کا صلہ پانے کے لئے پہنچیں گے تو وہاں کچھ نہ پائیں گے بلکہ وہاں اللہ ہونگے یعنی ان کو حساب کا سامنا کرنا ہوگا، اور اللہ تعالیٰ ان کا پورا حساب چکائیں گے، یہاں کلام مثال سے ممثل لہ کی طرف منتقل ہوگیا ہے، اس لئے یہ تمثیل ہے —— اور حدیث مذکورہ میں بیان حقیقت ہے کیونکہ وہاں مثال ہی پر بات پوری ہوگئی ہے، اور فإن شدة الحر پہلے جملہ کی تعلیل ہے۔

سوال: گرمی کی شدت کا تعلق سورج سے ہے جہنم کے اثر اور اس کے پھیلاؤ سے نہیں ہے چنانچہ جب سورج سر کے قریب آتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی ہے اور جب وہ دور ہوجاتا ہے تو گرمی ہلکی پڑجاتی ہے پس یہ کہنا کیسے صحیح ہے کہ گرمی کی شدت جہنم کی وسعت سے ہے؟

جواب: انسان عالم مشاہدہ یعنی اس دنیا کے احوال اپنی عقل سے سمجھ سکتا ہے مگر دوسری دنیا کے یعنی ماورائے طبیعہ کے احوال اپنی عقل سے کماحقہ نہیں سمجھ سکتا، مخبر صادق ﷺ پر اعتماد کرنا ضروری ہے، جنت میں دودھ کی نہریں ہیں، دودھ کہاں سے آتا ہے؟ کیسے پیدا ہوتا ہے؟ اس کا تصور ہم نہیں کر سکتے، چونکہ مخبر صادق ﷺ نے یہ باتیں بتلائی ہیں اس لئے ہم مانتے ہیں اسی طرح جہنم، اس کے اثرات اور ان کا پھیلنا بھی دوسری دنیا سے تعلق رکھتا ہے وہ اثرات عالم مشاہدہ تک کیسے پہنچتے ہیں ہم نہیں جانتے، ممکن ہے سورج جہنم کے اثر کو قبول کرتا ہو پھر اس کے روزن (سوراخ) سے وہ اثرات اس دنیا میں پھیلتے ہوں۔

[۵۳۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُهَاجِرِ أَبِي الْحَسَنِ: سَمِعَ زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: أَذَّنَ مُؤَذِّنُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ، فَقَالَ: " أَبْرِدْ أَبْرِدْ" أَوْ قَالَ: "انْتَظِرِ انْتَظِرْ" وَقَالَ: " شِدَّةُ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ؛ فَإِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَأَبْرِدُوْا عَنِ الصَّلاَةِ" حَتّٰى رَأَيْنَا فَيْءَ التُّلُوْلِ. [انظر: ۵۳۹، ۶۲۹، ۳۲۵۸]

حدیث (۲): حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے مؤذن (حضرت بلال رضی اللہ عنہ) نے ظہر کی اذان دینے کا ارادہ کیا، نبی ﷺ نے فرمایا: وقت کو ٹھنڈا ہونے دو، وقت کو ٹھنڈا ہونے دو، یا فرمایا: انتظار کرو، انتظار کرو (یہ شک راوی ہے اور یہ آپ نے وقفہ وقفہ سے فرمایا تھا) اور فرمایا: "گرمی کی زیادتی جہنم کے پھیلاؤ سے ہے پس جب گرمی زیادہ ہو جائے تو نماز کو ٹھنڈی کرو" (ابوذرؓ کہتے ہیں) یہاں تک کہ ہم نے ٹیلوں کے سائے دیکھے (اتنی تاخیر کر کے آپؐ نے اذان دلوائی)

تشریح: یہ سفر کا واقعہ ہے۔ دوپہر کے وقت قافلہ پڑاؤ کئے ہوئے تھا جب ظہر کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دینے کا ارادہ کیا، نبی ﷺ نے ان کو منع کیا کہ ابھی وقت ٹھنڈا ہونے دو، کچھ وقفہ کے بعد حضرت بلالؓ نے پھر اذان دینے کا ارادہ کیا آپؐ نے پھر فرمایا کہ ابھی وقت کو ٹھنڈا ہونے دو (حضرت بلالؓ بار بار اذان دینے کا ارادہ کرتے رہے اور نبی ﷺ ان کو روکتے رہے، یہاں تک کہ ٹیلوں کے سائے نمودار ہو گئے، اور آئندہ حدیث (نمبر ۶۲۹) میں ہے کہ ٹیلوں کے سائے ٹیلوں کے برابر ہو گئے۔ ٹیلے مخروطی یعنی گاجر کی شکل کے ہوتے ہیں اور مخروطی شکل کی جو چوٹی ہوتی ہے اس کا سایہ اس کے نفس پر پڑتا ہے پھر آہستہ آہستہ وہ نیچے اترتا ہے، پھر سایہ نمودار ہوتا ہے)

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث سے امام شافعی رحمہ اللہ پر رد کیا ہے کہ یہ سفر کا واقعہ ہے، سب صحابہ ایک ساتھ تھے، نماز کے لئے کسی کو دور سے نہیں آنا تھا، اس کے باوجود نبی ﷺ نے تاخیر کی، معلوم ہوا کہ گرمیوں میں ہر شخص کے حق میں تاخیر مستحب ہے۔

مگر میرا خیال ہے کہ اس حدیث سے امام شافعی رحمہ اللہ کے مذہب پر کوئی حرف نہیں آتا اس لئے کہ امام ترمذیؒ کا یہ فرمانا کہ اس موقع پر دور سے آنے والے نمازی نہیں تھے: درست نہیں، نبی ﷺ کا قافلہ جب کسی جگہ ٹھہرتا تو سب لوگ

مجتمع نہیں ہوتے تھے بلکہ پورے میدان میں جس کو جہاں سایہ ملتا قیام کرتا، اس طرح وہ حضرات دور دور تک پھیلے رہتے تھے، اور نبی ﷺ کے لئے خیمہ کھڑا کیا جاتا تھا اور آپؐ کے خیمہ کے قریب کوئی جگہ ہموار کرکے عارضی مسجد تیار کی جاتی تھی، اذان سن کر سب صحابہ اس عارضی مسجد میں آتے تھے اور سب باجماعت نماز ادا کرتے تھے، پس لوگوں کو دور سے آنا ہوتا تھا۔

علاوہ ازیں: ٹیلوں کا سایہ نمودار ہونے تک تاخیر کرنے کا معمول نہیں تھا ورنہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ قبل از وقت بار بار اذان دینے کا ارادہ کیوں کرتے، مقررہ مؤذن بروقت ہی اذان دیتا ہے ان کے بار بار اذان دینے کا ارادہ کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ ظہر میں اتنی تاخیر کرنا نبی ﷺ کا معمول نہیں تھا، اس دن تاخیر عارضی مصلحت سے کی جارہی تھی کیونکہ جو جگہ نماز پڑھنے کے لئے تیار کی گئی تھی وہ گرم تھی، اس لئے آپؐ نے اس جگہ کے ٹھنڈا ہونے کا انتظار کیا، دورِ اول میں مسلمان کچھ بچھائے بغیر نماز پڑھتے تھے ان کے پاس پہننے کے لئے کپڑے نہیں تھے، مصلّیٰ کہاں سے لاتے!

غرض اس حدیث سے امام شافعی رحمہ اللہ پر جو رد کیا گیا ہے وہ غور طلب ہے اور اختلاف کی بنیاد وہ ہے جو بھی میں نے ذکر کی کہ إِنَّ شدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جهنم: بیان حقیقت ہے یا تمثیل؟ امام شافعی رحمہ اللہ کا خیال ہے کہ یہ تمثیل اور پیرایۂ بیان ہے، اور حنفیہ کے خیال میں یہ بیان حقیقت ہے، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔

فائدہ: امام اعظم رحمہ اللہ جو فرماتے ہیں کہ ظہر کا وقت دو مثل تک ہے: یہ حدیث ان کا مستدل ہے، اس لئے کہ ٹیلوں کا سایہ اور وہ بھی ٹیلوں کے بقدر مثل اول میں ممکن نہیں، جو چاہے اس کا تجربہ کرے۔ جزیرۃ العرب آج بھی بحالہ موجود ہے، پس حدیث جبرئیل میں جو ظہر کا وقت بیان ہوا ہے: اس میں تبدیلی ہوئی ہے، ورنہ ماننا ہوگا کہ آنحضور ﷺ نے آج ظہر کی نماز قضا کرکے پڑھی لاحول ولاقوۃ إلا باللہ! ایسی بات کون مان سکتا ہے؟!

[۵۳۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْمَدِيْنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: " إِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَأَبْرِدُوْا بِالصَّلَاةِ فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ " [راجع: ۵۳۳]

[۵۳۷-] وَاشْتَكَتِ النَّارُ إِلَى رَبِّهَا، فَقَالَتْ: يَارَبِّ! أَكَلَ بَعْضِيْ بَعْضًا، فَأَذِنَ لَهَا بِنَفَسَيْنِ: نَفَسٍ فِيْ الشِّتَاءِ، وَنَفَسٍ فِيْ الصَّيْفِ، وَهُوَ أَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الْحَرِّ، وَأَشَدُّ مَاتَجِدُوْنَ مِنَ الزَّمْهَرِيْرِ" [انظر: ۳۲۶۰]

حدیث (۳): یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جس کو امام زہریؒ بواسطہ سعید بن المسیبؒ روایت کرتے ہیں اور ان سے سفیانؒ روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: یہ حدیث ہم نے امام زہریؒ سے اچھی طرح محفوظ کی ہے یعنی ہمیں یہ حدیث اچھی طرح یاد ہے۔ اس حدیث میں دو مضمون ہیں، پہلا مضمون اوپر آچکا اور دوسرا مضمون یہ ہے کہ جہنم نے رب ذوالجلال سے شکایت کی کہ اے پروردگار! میرے بعض نے بعض کو کھالیا یعنی مجھے خود اپنی ذات سے تکلیف پہنچ رہی

ہے، پس اللہ عزوجل نے جہنم کو دو سانس لینے کی اجازت دی، ایک سانس سردی میں اور دوسرا سانس گرمی میں۔ پس گرمی کی جو سختی تم پاتے ہو، اسی طرح سردی کی جو سختی تم پاتے ہو وہ جہنم کے سانس لینے کی وجہ سے ہے۔

تشریح:

۱- سانس لینے کی دو صورتیں ہیں: ایک: باہر سے ہوا اندر لینا، پھر اس کو باہر نکالنا حیوانات اسی طرح سانس لیتے ہیں، دوسری: اندر کی گیس باہر نکالنا، جمادات اسی طرح سانس لیتے ہیں۔ انجن اسی طرح گیس پھینکتے ہیں، یہی ان کا سانس لینا ہے۔ جہنم بھی اسی طرح دو سانس لیتی ہے ایک گرمیوں میں ایک سردیوں میں۔ اس کے سرد سانس سے دنیا میں سخت سردی ہوتی ہے اور اس کے گرم سانس سے جھلسا دینے والی گرمی ہوتی ہے۔

رہا یہ سوال کہ سردی گرمی کا بظاہر تعلق سورج سے ہے، جہنم سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔ اس کا جواب اوپر آچکا، اور سورۃ الدہر (آیت ۱۳) میں ہے کہ جنت میں نہ تپش ہے اور نہ جاڑا ﴿لَايَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا﴾ اس کے تقابل سے معلوم ہوتا ہے کہ جہنم کے دو طبقے ہیں ایک میں شدید حرارت ہے اور دوسرے میں شدید برودت، اور دونوں طبقوں کو سال میں ایک ایک مرتبہ گیس باہر پھینکنے کی اجازت ہے، تاکہ ان کی سردی گرمی میں کچھ کمی آئے، اور خود جہنم کو کچھ آرام ملے۔

۲- سردی کی تیزی بھی جہنم کے اثر کا نتیجہ ہے، مگر سخت سردی کی وجہ سے فجر کی نماز میں تاخیر کا حکم نہیں، اس لئے کہ فجر میں فی الجملہ تاخیر تو مستحب ہے، فرمایا: أَسْفِرُوْا بِالْفَجْرِ فَإِنَّهُ أعظم للأجر: پس اس سے زیادہ تاخیر کرنے میں فجر کے قضاء ہونے کا اندیشہ ہے کیونکہ بعض اوقات موسم ابر آلود ہوتا ہے یا کہرہ ہوتا ہے پس وقت کا پتہ نہیں چلتا، اور ظہر کے وقت آسمان صاف ہوتا ہے اور گرمیوں میں کہرا بھی نہیں ہوتا وہاں نماز قضا ہونے کا خطرہ نہیں اس لئے گرمیوں میں ظہر میں تاخیر کا حکم دیا۔

[۵۳۸-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَبْرِدُوْا بِالظُّهْرِ فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ" تَابَعَهُ سُفْيَانُ، وَيَحْيىٰ، وَأَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ. [انظر: ۳۲۵۹]

وضاحت: یہ بھی گرمیوں میں وقت ٹھنڈا کر کے ظہر پڑھنے کی روایت ہے اور یہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور اس کو اعمش سے حفص بن غیاث روایت کرتے ہیں۔

بَابُ الْإِبْرَادِ بِالظُّهْرِ فِيْ السَّفَرِ

سفر میں ظہر کی نماز وقت ٹھنڈا ہونے کے بعد پڑھنا

اس باب کی تقریر اور حدیث اوپر گذر چکی ہے۔ گرمیوں میں تاخیر ظہر کا حکم حضر میں بھی ہے اور سفر میں بھی۔ ایک سفر میں

دوپہر کے وقت نبی ﷺ کا قافلہ پڑاؤ کئے ہوئے تھا، حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ہمیشہ کے وقت پر اذان دینے کا ارادہ کیا تو آپؐ نے ان کو روک دیا اور فرمایا: وقت ٹھنڈا ہونے دو۔ اور آپؐ برابر روکتے رہے، یہاں تک کہ ٹیلوں کے سایے نمودار ہوگئے، تب آپ نے اجازت دی، پھر اذان واقامت کہی گئی اور نماز ہوئی۔ معلوم ہوا کہ تاخیر ظہر کا حکم سفر میں بھی ہے جمہور بشمول امام بخاریؒ اسی کے قائل ہیں ان کے نزدیک مطلقاً گرمیوں میں تاخیر کر کے ظہر پڑھنا مستحب ہے، خواہ گھر میں پڑھے یا مسجد میں، مسجد قریب ہو یا دور، سفر میں ہو یا حضر میں، اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حکم ان لوگوں کے لئے ہے جن کو دور سے مسجد میں آنا ہے، اسی مسجد میں ظہر میں تاخیر کرنے کی گنجائش ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے بھی حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے امام شافعیؒ کے قول کی تردید کی ہے اور امام بخاریؒ بھی تردید کر رہے ہیں کہ سفر میں سب ساتھی اکٹھا تھے، کسی کو دور سے نہیں آنا تھا، اس کے باوجود نبی ﷺ نے ظہر تاخیر سے پڑھی مگر میں نے بتایا تھا کہ اس حدیث سے امام شافعیؒ کے قول کی تردید نہیں ہوتی، یہ درحقیقت نص فہمی کا اختلاف ہے۔

[۱۰-] بابُ الإِبْرَادِ بِالظُّهْرِ فِيْ السَّفَرِ

[۵۳۹-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُهَاجِرٌ أَبُوْ الْحَسَنِ مَوْلَى لِبَنِيْ تَيْمِ اللهِ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ فَأَرَادَ الْمُؤَذِّنُ أَنْ يُؤَذِّنَ لِلظُّهْرِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَبْرِدْ" ثُمَّ أَرَادَ أَنْ يُؤَذِّنَ فَقَالَ لَهُ: " أَبْرِدْ" حَتّٰى رَأَيْنَا فَيْءَ التُّلُوْلِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَإِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَأَبْرِدُوْا بِالصَّلَاةِ"

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رضى الله عنهما: ﴿يَتَفَيَّأُ﴾ [النحل: ٤٨]: يَتَمَيَّلُ. [راجع: ٥٥٤]

وضاحت: اس حدیث میں لفظ فَيْء آیا ہے اس سے يَتَفَيَّأُ بنا ہے جو سورۂ نحل (آیت ۴۸) میں آیا ہے ﴿يَتَفَيَّأُ ظِلَالُهُ﴾: جھکتے ہیں چیزوں کے سایے۔ اور بخاری شریف کی خصوصیت ہے کہ معمولی مناسبت سے امام بخاریؒ قرآنِ کریم کے الفاظ کے معانی بیان کرتے ہیں، يتفيأُ کے معنی ہیں: يَتَمَيَّلُ: چیزوں کے سایے جھکتے ہیں کبھی دائیں طرف اور کبھی بائیں طرف، زوال کے بعد بھی سایہ مشرق کی طرف جھک جاتا ہے اس لئے اس کے لئے لفظ فیء ہے۔

بابُ وَقْتِ الظُّهْرِ عِنْدَ الزَّوَالِ

ظہر کا وقت زوال سے شروع ہوتا ہے

اوپر جو دو باب گذرے ہیں کہ سخت گرمی میں ظہر میں ابراد مستحب ہے اور یہ ابراد سفر میں بھی مستحب ہے، یہ باب ان ابواب سے استثناء ہے کہ ظہر میں تاخیر کرنے کا حکم صرف سخت گرمیوں میں ہے عام دنوں میں ظہر اول وقت میں پڑھنی

چاہئے، زوال ہوتے ہی ظہر کا وقت شروع ہوجاتا ہے، پس فوراً ظہر پڑھ لینی چاہئے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ٹھیک گرمیوں کی دوپہر میں ظہر کی نماز پڑھا کرتے تھے، ہاجرۃ کے معنی ہیں: مطلق گرمی کی دوپہر، سخت گرمی کی دوپہر اس کے معنی نہیں۔ جب نبی ﷺ ٹھیک گرمیوں کی دوپہر میں ظہر پڑھا کرتے تھے، تاخیر نہیں کرتے تھے، تو سردیوں کی دوپہر میں بدرجہ اولیٰ اول وقت میں پڑھتے ہونگے اس لئے کہ گرمیوں میں ظہر کا وقت لمبا ہوتا ہے اور سردیوں میں مختصر، پس سردیوں میں زوال ہوتے ہی بدرجۂ اولیٰ ظہر پڑھ لینی چاہئے۔

[۱۱-] بابُ وَقْتِ الظُّهْرِ عِنْدَ الزَّوَالِ

وَقَالَ جَابِرٌ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ بِالْهَاجِرَةِ.

[۵۴۰-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ فَصَلَّى الظُّهْرَ، فَقَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ السَّاعَةَ وَذَكَرَ أَنَّ فِيْهَا أُمُوْرًا عِظَامًا، ثُمَّ قَالَ:" مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَسْأَلَ عَنْ شَيْئٍ فَلْيَسْأَلْ، فَلاَ تَسْأَلُوْنِيْ عَنْ شَيْئٍ إِلَّا أَخْبَرْتُكُمْ مَادُمْتُ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا" فَأَكْثَرَ النَّاسُ فِيْ الْبُكَاءِ، وَأَكْثَرَ أَنْ يَقُوْلَ:" سَلُوْنِيْ" فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُذَافَةَ السَّهْمِيُّ، فَقَالَ: مَنْ أَبِيْ؟ قَالَ:" أَبُوْكَ حُذَافَةُ" ثُمَّ أَكْثَرَ أَنْ يَقُوْلَ: "سَلُوْنِيْ" فَبَرَكَ عُمَرُ رضى الله عنه عَلٰى رُكْبَتَيْهِ فَقَالَ: رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالإِسْلاَمِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، فَسَكَتَ، ثُمَّ قَالَ:" عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ آنِفًا فِيْ عُرْضِ هٰذَا الْحَائِطِ، فَلَمْ أَرَ كَالْخَيْرِ وَالشَّرِّ" [راجع: ۹۳]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نکلے جس وقت سورج ڈھلا، پس آپؐ نے ظہر پڑھائی، پس آپؐ منبر پر کھڑے ہوئے اور آپؐ نے قیامت کا تذکرہ کیا اور بتایا کہ قیامت میں بڑے بڑے معاملات پیش آئیں گے پھر فرمایا: "جو شخص پسند کرتا ہے کہ مجھ سے کوئی بات پوچھے تو چاہئے کہ پوچھے، پس تم مجھ سے کوئی بات نہیں پوچھو گے، مگر میں تمہیں وہ بات بتاؤں گا، جب تک میں اس جگہ میں ہوں" پس لوگ بہت رونے لگے اور آپؐ بار بار فرماتے تھے: "مجھ سے پوچھو" پس عبداللہ بن حذافہ سہمی کھڑے ہوئے اور انھوں نے پوچھا: میرے والد کون ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: تمہارے والد حذافہ ہیں، پھر آپؐ بار بار کہتے رہے: پوچھو: پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ دوزانو بیٹھ گئے، اور کہا: ہم اللہ کی ربوبیت پر، اسلام کی حقانیت پر اور محمد ﷺ کی رسالت پر راضی ہیں، پس آپؐ خاموش ہوگئے پھر آپؐ نے فرمایا: میرے سامنے ابھی اس دیوار کی چوڑائی میں جنت وجہنم پیش کی گئیں پس نہیں دیکھی میں نے ایسی خیر وشر!

تشریح: یہ حدیث پہلے کتاب العلم (باب ۲۸) میں گذری ہے اور اس حدیث کا شانِ ورود غالباً یہ ہے کہ منافقین نے

آپؐ کے بارے میں کہا تھا کہ آپؐ آسمانوں کے اوپر کی خبریں بتاتے ہیں مگر اونٹ کہاں ہے اس کی خبر نہیں (۱) جب یہ بات آپؐ کو پہنچی تو آپؐ کو ناگواری ہوئی کیونکہ آپؐ دوسرے انسانوں کی طرح ایک انسان تھے، عالم الغیب نہیں تھے، البتہ اللہ کے رسول تھے، آپؐ کے پاس وحی آتی تھی، مگر آپؐ وہی باتیں بتاتے تھے جو اللہ آپؐ پر کھولتے تھے آپؐ کو بذاتِ خود غیب کا علم نہیں تھا، چنانچہ آپؐ زوال کے ساتھ مسجد میں تشریف لائے اور ظہر پڑھائی، پھر تقریر فرمائی اور اس میں قیامت کا تذکرہ فرمایا اور فرمایا: قیامت میں اہم واقعات پیش آئیں گے، پھر فرمایا: آج تمہیں جو کچھ پوچھنا ہے پوچھ لو، میں تمہاری ہر بات کا جواب دوں گا، اس وقت نبی ﷺ کے سامنے سے دوسری دنیا کے پردے ہٹا دیئے گئے تھے اس لئے آپؐ نے فرمایا: جب تک میں یہاں کھڑا ہوں جو چاہو پوچھو، میں جواب دوں گا، صحابہ سمجھ گئے کہ منافقین کے تبصرہ سے آپؐ کو ناگواری ہوئی ہے، چنانچہ وہ رونے لگے، اور آپؐ غصہ میں بار بار فرماتے رہے، پوچھو: جو پوچھو گے جواب دوں گا، جب آپؐ نے بار بار یہ بات فرمائی تو دو صحابہ نے یکے بعد دیگرے کھڑے ہو کر اپنے باپ کے بارے میں پوچھا: ان دونوں کو لوگ نسب میں معطون کرتے تھے آپؐ نے ایک سے فرمایا: تیرا باپ حذافہ ہے اور دوسرے سے فرمایا: تیرا باب سالم ہے، یعنی وہ دونوں جس باپ کی طرف منسوب کئے جاتے تھے آپؐ نے انہی کے نام بتائے پس وہ بیٹھ گئے پھر آپؐ فرمانے لگے: پوچھو، جو پوچھو گے جواب دوں گا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے چہرۂ مبارک میں غصہ کے آثار دیکھے تو اپنی جگہ سے اٹھ کر آپؐ کے سامنے دو زانو بیٹھے اور عرض کیا: ہم اللہ کی ربوبیت پر، اسلام کی حقانیت پر اور محمد ﷺ کی رسالت پر راضی ہیں، اس سے آپؐ کا غصہ ٹھنڈا پڑا، پھر آپؐ نے فرمایا: ابھی اس دیوار (جدار قبلی) کی چوڑائی میں میرے سامنے جنت وجہنم پیش کی گئیں، اور ایسی اچھی چیز اور ایسی بری چیز میں نے کبھی نہیں دیکھی، جنت خیر محض ہے، اس سے اچھی چیز کیا ہو سکتی ہے اور جہنم نہایت بری چیز ہے اس سے بری چیز بھی کوئی نہیں ہو سکتی۔

استدلال: نبی ﷺ زوال ہوتے ہی مسجد میں تشریف لائے اور ظہر پڑھائی اس سے معلوم ہوا کہ اسی وقت میں ظہر پڑھانے کا آپؐ کا معمول تھا، اگر آپؐ خلافِ معمول قبل از وقت تشریف لاتے تو مسجد میں کوئی نہ ہوتا، پس زوال ہوتے ہی ظہر پڑھ لینی چاہئے اور ابراد کا حکم سخت گرمی کے زمانہ کے ساتھ خاص ہے۔

[۵۴۱-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي الصُّبْحَ، وَأَحَدُنَا يَعْرِفُ جَلِيسَهُ، وَيَقْرَأُ فِيهَا مَا بَيْنَ السِّتِّينَ إِلَى الْمِائَةِ، وَيُصَلِّي

(۱) یہ شانِ ورود درجہ احتمال میں بیان کیا گیا ہے اور وہ وجہ بھی ہو سکتی ہے جو پہلے گذری ہے کہ ایک موقعہ پر نبی ﷺ سے بے تکے سوالات پوچھے گئے، آپؐ کو یہ بات ناگوار ہوئی اور آپؐ نے غصہ میں فرمایا: آج جو کچھ پوچھنا ہے پوچھ لو، آج ہر بات کا جواب دوں گا۔

الظُّهْرَ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ، وَالْعَصْرَ وَأَحَدُنَا يَذْهَبُ إِلٰى أَقْصَى الْمَدِيْنَةِ، رَجَعَ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ، وَنَسِيْتُ مَا قَالَ فِيْ الْمَغْرِبِ، وَلَا يُبَالِيْ بِتَأْخِيْرِ الْعِشَاءِ إِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ: ثُمَّ قَالَ: إِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ، وَقَالَ مُعَاذٌ: قَالَ شُعْبَةُ: ثُمَّ لَقِيْتُهُ مَرَّةً، فَقَالَ: أَوْ: ثُلُثِ اللَّيْلِ. [انظر: ۵۴۷، ۵۶۸، ۵۹۹، ۷۷۱]

حدیث (۲): حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ صبح کی نماز پڑھا کرتے تھے درانحالیکہ ہم میں سے ایک اپنے ہم نشیں کو پہچان لیتا تھا (یعنی جب آپ نماز پوری فرماتے تو مسجد میں اتنی روشنی ہوجاتی تھی کہ ساتھ میں کون بیٹھا ہے اس کو پہچانا جاسکتا تھا) اور آپ فجر میں ساٹھ سے سو آیتوں کے درمیان پڑھتے تھے، اور ظہر سورج ڈھلتے ہی پڑھا کرتے تھے، اور عصر پڑھتے تھے درانحالیکہ ہم میں سے ایک مدینہ منورہ کے آخری کنارہ میں جاتا تھا، وہ گھر لوٹتا درانحالیکہ سورج زندہ ہوتا تھا (گیلری میں یرجع ہے اور وہی صحیح ہے) اور (ابوالمنہال کہتے ہیں) حضرت ابو برزہؓ نے مغرب کے بارے میں کیا فرمایا: وہ میں بھول گیا، اور آپ عشاء کو تہائی رات تک مؤخر کرنے میں کچھ پرواہ نہیں کرتے تھے، پھر کہا: آدھی رات تک، اور معاذ کہتے ہیں کہ شعبہؒ نے فرمایا (اس کے بعد) پھر میری ایک مرتبہ ابوالمنہال سے ملاقات ہوئی تو فرمایا: یا تہائی رات تک۔

تشریح:

۱- حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث بخاری شریف میں کئی جگہ آئی ہے، آپؓ نے نبی ﷺ کے نماز پڑھنے کے اوقات بیان کئے ہیں، فرماتے ہیں: آپ فجر کی نماز سے ایسے وقت فارغ ہوجاتے تھے کہ مسجدِ نبوی روشن ہوجاتی تھی اور ہم اپنے برابر والے کو پہچان لیتے تھے، مسجدِ نبوی کا رخ شمال کی طرف تھا، ہماری مسجدوں کا رخ مشرق کی طرف ہے اس لئے ہماری مسجدوں میں جلدی روشنی داخل ہوتی ہے مگر مسجدِ نبوی کا رخ شمال کی طرف تھا، اس لئے روشنی دیر میں داخل ہوتی تھی، اور عہدِ رسالت میں مسجدِ نبوی میں چراغ نہیں جلتا تھا اس پس منظر میں حدیث کو سمجھنا چاہئے کہ جب آپ فجر کا سلام پھیرتے تھے تو برابر والا آدمی پہچان لیا جاتا تھا اور آپ فجر میں ساٹھ سے سو آیتیں تلاوت فرماتے تھے، یعنی بڑی آیتیں ساٹھ اور چھوٹی آیتیں سو اور متوسط آیتیں ان کے درمیان تلاوت فرماتے تھے، سورۂ بقرہ میں ۲۸۶ آیتیں ہیں یعنی تقریباً آدھا پارہ نماز فجر میں تلاوت فرماتے تھے، اس سے بخوبی یہ بات سمجھی جاسکتی ہے کہ آپ غلس میں نماز شروع فرماتے تھے اور اسفار میں پوری فرماتے تھے، اور یہی نبی ﷺ کا معمول تھا، اس لئے کہ صحابہ اور صحابیات عام طور پر تہجد پڑھنے کے لئے مسجد نبوی میں آتے تھے اور آدھی رات ہی سے آنا شروع ہوجاتے تھے، اور صبح صادق تک سب آجاتے تھے، اس کے بعد آنے والا کوئی نہیں ہوتا تھا اس لئے کہ مسجدِ نبوی بستی سے دور مدینہ منورہ کی ایک جانب میں واقع تھی، اس کے اردگرد آبادی نہیں تھی، پس یہاں حق اللہ اور حق العبد دونوں کا تقاضہ تھا کہ شروع وقت میں نماز پڑھ لی جائے، چنانچہ نبی ﷺ اول وقت میں فجر پڑھا کرتے تھے، البتہ مدینہ منورہ میں مسجدِ نبوی کے علاوہ نو مسجدیں اور تھیں اور ان کی صورتِ حال مسجدِ نبوی سے مختلف تھی، ان میں صبح صادق کے ساتھ نمازی حاضر نہیں ہوتے تھے، اس لئے نبی ﷺ نے ان مسجدوں کے نمازیوں کو حکم دیا تھا کہ روشنی کر کے یعنی تاخیر

کرکے فجر پڑھا کریں اس میں ثواب زیادہ ہے: أسفِروا بالفجر فإنَّه أعظَمُ للأَجْرِ: اسفار میں نماز پڑھنے میں جماعت بڑی ہوگی، اس لئے ثواب بھی زیادہ ملے گا۔ اور حرمین کی صورتِ حال آج بھی وہی ہے، وہاں تہجد کے وقت سے نمازی آجاتے ہیں اس لئے حرمین میں آج بھی اول وقت میں فجر پڑھی جاتی ہے، یہاں دیوبند میں بھی رمضان المبارک میں فجر اول وقت میں پڑھی جاتی ہے اس لئے کہ سب لوگ بیدار ہوتے ہیں وہ سحری بند کرکے فوراً مسجد میں پہنچ جاتے ہیں، پس اسفار تک نماز کو مؤخر کرنا بلاوجہ تاخیر ہے مگر دوسرے دنوں میں صورتِ حال دوسری ہوتی ہے، لوگ صبح صادق کے ساتھ مسجد میں نہیں آتے، اس لئے بندوں کے حق کا تقاضہ ہے کہ اسفار میں یعنی تاخیر کرکے فجر پڑھی جائے، نبی ﷺ نے اسی کا حکم دیا ہے اور فرمایا ہے کہ اسفار میں نماز پڑھنے میں ثواب زیادہ ہے۔

۲- اور آنحضور ﷺ ظہر زوال ہوتے ہی پڑھ لیا کرتے تھے، یہی جزء ترجمہ سے متعلق ہے، اور آپؐ نے ابراد کا یعنی ظہر تاخیر سے پڑھنے کا جو حکم دیا ہے وہ سخت گرمیوں کے ساتھ خاص ہے۔

۳- اور آپؐ عصر ایسے وقت پڑھا کرتے تھے کہ مدینہ منورہ کے آخر میں رہنے والا عصر پڑھ کر گھر پہنچ جاتا تھا، اور سورج ابھی زندہ ہوتا تھا یعنی وہ پوری طرح روشن ہوتا تھا، اس کی تمازت باقی ہوتی تھی اور اس کو نظر بھر کر دیکھنا ممکن نہیں ہوتا تھا۔

اس حدیث سے عصر کی تعجیل یا تاخیر کے بارے میں کوئی فیصلہ کرنا مشکل ہے، اس لئے کہ مدینہ منورہ کی آبادی کہاں تک تھی؟ یہ بات معلوم نہیں، اب مدینہ منورہ کی آبادی احد سے بھی آگے پہنچ گئی ہے، پھر اقصی مدینہ میں جانے والا پیدل جاتا تھا یا سوار ہوکر اس کی طرف بھی حدیث میں کوئی اشارہ نہیں، پس عصر کی تعجیل یا تاخیر پر اس حدیث سے استدلال ممکن نہیں۔

۴- اور مغرب کے بارے میں حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے جو کچھ فرمایا تھا وہ ابوالمنہال بھول گئے۔

۵- اور عشاء پڑھنے کا کوئی معین وقت نہیں تھا، غروب شمس سے تہائی رات تک کسی بھی وقت آپؐ عشاء پڑھتے تھے، اگر نمازی پہلے آجاتے تو عشا جلدی پڑھ لیتے اور دیر سے آتے تو عشا میں تاخیر کرتے۔

۶- اور حفص بن عمر کی حدیث میں ثلث اللیل اور شطر اللیل میں شک ہے مگر معاذ کہتے ہیں: شعبہؒ نے فرمایا: دوسری مرتبہ جب میری ملاقات ابوالمنہال سے ہوئی تو میں نے ان سے یہ حدیث دوبارہ سنی، انھوں نے ثلث اللیل کہا، یعنی اصل لفظ ثلث اللیل ہے اور یہی قرین صواب ہے، اس لئے کہ ثلث لیل تک ہی عشاء مؤخر کرنا مستحب ہے، اور معاذ والی حدیث معلق ہے اس لئے کہ معاذ امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ نہیں۔

[۵٤۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ غَالِبٌ الْقَطَّانُ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالظَّهَائِرِ، سَجَدْنَا عَلٰى ثِيَابِنَا اتِّقَاءَ الْحَرِّ. [راجع: ۳۸۵]

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ہم دوپہر میں نبی ﷺ کے پیچھے نماز (ظہر) پڑھا کرتے

تھےتو ہم گرمی سے بچنے کے لئے اپنے کپڑوں پرسجدہ کیا کرتے تھے۔

تشریح: ظَهائر: ظهيرة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: دوپہر۔ گرمیوں کے عام دنوں میں زوال ہوتے ہی نبی ﷺ ظہر پڑھا کرتے تھے، اورصحابہ کے پاس چونکہ بچھانے کے لئے کپڑا نہیں ہوتا تھا اس لئے وہ زمین پر نماز پڑھا کرتے تھے، اور سجدہ میں زمین کی گرمی سے بچنے کے لئے جو کپڑا اوڑھ رکھا تھا اس کا ایک پلّہ زمین پر بچھا کر اس پر سجدہ کرتے تھے۔ غرض نبی ﷺ کا معمول گرمیوں میں زوال ہوتے ہی ظہر پڑھنے کا تھا اور ابراد والی حدیث سخت گرمیوں کے ساتھ خاص ہے۔

بابُ تَاخِيْرِ الظُّهْرِ إِلَى الْعَصْرِ

ظہر کو عصر تک مؤخر کرنے کا بیان

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ ظہر اور عصر کے درمیان نہ وقت مشترک ہے اور نہ وقت مہمل، ظہر کا وقت ختم ہوتے ہی عصر کا وقت شروع ہوجاتا ہے، اسی طرح مغرب اور عشاء کے درمیان بھی نہ وقت مشترک ہے نہ وقت مہمل، مغرب کا وقت ختم ہوتے ہی عشا کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔ نبی ﷺ نے ایک مرتبہ مدینہ منورہ میں آٹھ رکعتیں اور سات رکعتیں ایک ساتھ پڑھائی ہیں، یعنی ظہرین اور عشائین ایک ساتھ پڑھائی ہیں تاکہ صحابہ ظہرین اور عشائین کے اول وآخر وقت سے واقف ہوجائیں اور یہ بھی جان لیں کہ ظہرین اور عشائین کے درمیان وقت مشترک اور وقت مہمل نہیں، بلکہ ایک نماز کا وقت ختم ہوتے ہی دوسری نماز کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔ اور یہ آپ ؐ نے جمع حقیقی نہیں کیا تھا بلکہ جمع صوری کیا تھا یعنی ظہر اس کے آخر وقت میں اور عصر اس کے اول وقت میں پڑھی تھی اسی طرح مغرب آخر وقت میں اور عشاء اول وقت میں پڑھی تھی۔

اور اس عمل کا دوسرا مقصد بیانِ جواز تھا، ترمذی میں ابن عباسؓ کی اسی حدیث میں ہے کہ جب آپؓ نے یہ حدیث بیان کی تو طلبہ نے پوچھا: نبی ﷺ نے یہ عمل کیوں کیا تھا؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: أن لا تُحْرِجَ أمتَه: تاکہ آپؐ کی امت تنگی میں نہ پڑے یعنی نبی ﷺ نے یہ عمل بیان جواز کے لئے کیا تھا (ترمذی حدیث ۱۸۴)

شیعہ اس حدیث کی وجہ سے کہتے ہیں کہ نمازیں پانچ ہیں اور ان کے اوقات تین ہیں، صبح صادق سے طلوعِ شمس تک فجر کا وقت ہے، زوال سے غروب تک ظہر وعصر کا وقت ہے، اور غروب سے صبح صادق تک سارا وقت مغرب اور عشا کا ہے، لیکن اہل السنہ والجماعہ کے نزدیک ہر نماز کا وقت جداگانہ ہے، اور ہر نماز کا اول وآخر ہے، البتہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بعض اعذار میں ظہرین اور عشائین کو جمع کرنے کی گنجائش ہے، جمع تقدیم کی بھی اور جمع تاخیر کی بھی، اور اعذار: امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک بارش، سفر اور مرض ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سفر اور بارش ہیں، مرض عذر نہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک صرف سفر عذر ہے مگر ائمہ ثلاثہ اس حدیث سے استدلال نہیں کرسکتے اس لئے کہ اس حدیث میں ترمذی میں یہ

صراحت ہے کہ نبی ﷺ نے ظہرین اور عشائین کو مدینہ میں جمع کیا تھا، جبکہ نہ دشمن کا خوف تھا اور نہ بارش تھی (حدیث ۱۸۴) یعنی سفر، مطر اور مرض میں سے کوئی عذر نہیں تھا۔

اور احناف اس حدیث کو جمع صوری پر محمول کرتے ہیں یعنی آپؐ نے ظہرین اور عشائین میں سے پہلی نماز آخر وقت میں اور دوسری نماز اول وقت میں پڑھائی تھی اور ایسا آپؐ نے دو وجہ سے کیا تھا:

ایک: بیان جواز کے لئے، شریعت کا منشاء تو یہ ہے کہ ہر نماز الگ الگ وقت میں پڑھی جائے تاکہ دنیا کی مشغولیت اللہ سے غافل نہ کرے، اور جمع صوری اگرچہ شریعت کے منشاء کے خلاف ہے مگر اس کی گنجائش ہے، یہ مسئلہ واضح کرنے کے لئے آپؐ نے ایک مرتبہ ایسا عمل کیا جیسے آپؐ نے بیانِ جواز کے لئے ایک مرتبہ کھڑے ہو کر پیشاب فرمایا، پس یہ حدیث ہے سنت نہیں، سنت وہ ہے جو منشائے شریعت کے مطابق ہے، یعنی ہر نماز الگ وقت میں پڑھنا۔ اور نبی ﷺ کا یہ عمل منشا شریعت کے خلاف نہیں، اس لئے کہ بیانِ جواز مقاصد نبوت میں سے ہے۔

اور دوسرا مقصد وہ تھا جو اس باب کا مدعی ہے یعنی اس بات کی تعلیم دینا مقصود تھا کہ ظہرین اور عشائین کے درمیان وقت مشترک اور وقت مہمل نہیں، ایک نماز کا وقت ختم ہوتے ہی دوسری نماز کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔

فائدہ: احناف کے نزدیک اعذار کی صورت میں بھی جمع حقیقی جائز نہیں، امام بخاریؒ بھی اسی کے قائل ہیں، اس لئے حضرت نے باب باندھا ہے: ''ظہر کو عصر تک مؤخر کرنے کا بیان'' یعنی مجبوری میں ظہر کو عصر تک مؤخر کر کے ایک ساتھ دونوں نمازیں ان کے وقتوں میں پڑھ سکتے ہیں، اور اسی کو جمع صوری کہتے ہیں۔

[۱۲-] بابُ تَاخِيْرِ الظُّهْرِ إِلَى الْعَصْرِ

[۵٤۳-] حدثنا أَبُوْ الْنُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى بِالْمَدِيْنَةِ سَبْعًا وَثَمَانِيًا: الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ، وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ، فَقَالَ أَيُّوْبُ: لَعَلَّهُ فِيْ لَيْلَةٍ مَطِيْرَةٍ؟ قَالَ: عَسٰى. [انظر: ٥٦٢، ١١٧٤]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے مدینہ منورہ میں سات اور آٹھ رکعتیں یعنی ظہر وعصر اور مغرب وعشا ایک ساتھ پڑھیں (یہ لف ونشر مشوش ہے، ظہرین میں آٹھ رکعتیں ہیں اور عشائین میں سات) ایوب سختیانی کہتے ہیں: میں نے جابر بن زید سے کہا: شاید بارانی رات میں یہ عمل کیا ہوگا؟ جابر بن زید نے کہا: شاید!.........مگر ترمذی کی اسی روایت میں جس کو ابن عباسؓ سے سعید بن جبیر نے روایت کیا ہے صراحت ہے کہ (اس دن) بارش نہیں تھی، پس جابر بن زید نے درجہ احتمال میں جو بات کہی ہے وہ صحیح نہیں۔

قولہ: عسی: أی عسی أن یکون فیھا: اسم وخبر کو حذف کیا گیا ہے۔

بابُ وَقْتِ الْعَصْرِ

نماز عصر کا وقت

اس باب میں تعجیل عصر کا بیان ہے، صرف احناف حق صلوٰۃ کی وجہ سے عصر میں قدرے تاخیر کو مستحب کہتے ہیں، تاکہ جو لوگ عصر کا وقت شروع ہونے کے بعد کاروبار اور مشغولیت چھوڑ کر سیدھے مسجد میں پہنچیں ان کو نفل پڑھنے کا موقع ملے، کیونکہ عصر کے بعد نوافل ممنوع ہیں، دیگر ائمہ کے نزدیک عصر کی نماز اول وقت میں پڑھنا افضل ہے، ان کے دلائل باب میں ہیں، مگر وہ صریح نہیں، اور احناف جو فی الجملہ تاخیر کو مستحب کہتے ہیں ان کی دلیل حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے، وہ اپنے زمانہ کے لوگوں پر نقد کرتی ہیں کہ آپ لوگ ظہر کی نماز تاخیر سے پڑھتے ہو، جبکہ نبی ﷺ اتنی تاخیر نہیں کرتے تھے، اور آپ لوگ عصر جلدی پڑھتے ہو، جبکہ نبی ﷺ اتنی جلدی عصر نہیں پڑھتے تھے، یعنی اپنے دونوں عمل بدلو، ظہر ذرا جلدی پڑھو، اور عصر ذرا تاخیر سے پڑھو۔ ظاہر ہے لوگ وقت داخل ہونے کے بعد ہی عصر پڑھتے ہوں گے، پھر بھی حضرت ام سلمہؓ تنبیہ فرماتی ہیں کہ آپ لوگ عصر جلدی پڑھتے ہو، معلوم ہوا کہ نبی ﷺ عصر میں کچھ تاخیر کرتے تھے، یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے اور ترمذی (حدیث ۱۶۱) میں ہے۔

تنبیہ: مگر احناف کے یہاں جمہور کے مسلک کے اعتبار سے پہلے ہی ایک مثل کی تاخیر ہو جاتی ہے، پہلے بتایا تھا کہ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک ایک مثل تک ظہر کا وقت رہتا ہے اور دوسرے مثل سے عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک تیسرے مثل سے عصر کا وقت شروع ہوتا ہے، اس ایک مثل کی تاخیر کا یہاں لحاظ کرنا چاہئے۔ اور عصر میں مزید تاخیر نہیں کرنی چاہئے، تیسرا مثل شروع ہوتے ہی اذان دینی چاہئے اور دس پندرہ منٹ کے بعد عصر پڑھ لینی چاہئے۔

فائدہ: نماز اول وقت ہی میں پڑھنی چاہئے کیونکہ وقت داخل ہوتے ہی اللہ تعالیٰ کا حکم صَلُّوْا (نماز پڑھو) بندوں کی طرف متوجہ ہوتا ہے، پس وقت ہوتے ہی نماز پڑھ لینی چاہئے کیونکہ امر کا امتثال (اطاعت) فوراً کرنا ہی حقیقی فرمانبرداری ہے مگر احناف کہتے ہیں کہ تین صورتوں میں یعنی حق مصلیان، حق صلوٰۃ اور حق وقت کی وجہ سے اول وقت کی فضیلت ثانی وقت کی طرف منتقل ہوتی ہے۔

تفصیل:

۱۔ حق مصلیان: یعنی نمازیوں کا حق: اس حق کی بناء پر اول وقت کی فضیلت ثانی وقت کی طرف منتقل ہوتی ہے، کیونکہ اول وقت کی فضیلت اللہ کا حق ہے اور ثانی وقت کی فضیلت بندوں کا حق ہے اور جب ان دونوں حقوق میں تعارض ہوتا ہے تو بندوں کے حق کی رعایت کی جاتی ہے، کیونکہ وہ محتاج ہیں اور اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں، اس کی مثال پہلے گذری ہے: احناف کہتے ہیں: عمومی احوال میں اسفار میں فجر پڑھنا افضل ہے کیونکہ اس میں بندوں کے احوال کی رعایت ہے، اور رمضان میں

نیز حرمین شریفین میں جلدی یعنی غلس میں نماز فجر پڑھنا افضل ہے کیونکہ وہاں یہی قرین مصلحت ہے، رمضان میں لوگ سحری کے وقت بیدار ہوجاتے ہیں پس اسفار تک فجر کو مؤخر کرنے کی صورت میں یا تو لوگ تنہا نماز پڑھ کر سوجائیں گے یا نماز پڑھے بغیر سوئیں گے اور ان کی جماعت یا نماز فوت ہوجائے گی، اور حرمین شریفین میں تہجد کے وقت سے لوگ مسجد میں پہنچ جاتے ہیں، پس ان کی رعایت صبح صادق ہوتے ہی نماز پڑھ لینے میں ہے۔

غرض: جہاں بندوں کا حق تاخیر کا متقاضی ہو وہاں ثانی وقت میں نماز پڑھنا افضل ہے اور جہاں بندوں کا حق بھی اول وقت کو چاہتا ہو وہاں دو فضیلتیں اکٹھا ہونے کی وجہ سے اول وقت میں نماز پڑھنا افضل ہے۔

۲-حق صلوٰۃ یعنی نفل نماز کا حق: اس کی صرف ایک مثال ہے، احناف کے نزدیک نماز عصر فی الجملہ یعنی کچھ تاخیر سے پڑھنا افضل ہے اور یہ نماز کا حق ہے اس لئے کہ عصر کے بعد نفل ممنوع ہیں پس وہ لوگ جو عصر کا وقت شروع ہونے کے بعد مسجد میں آتے ہیں اور وہ نفل پڑھنا چاہتے ہیں ان کو تھوڑا موقع دینا چاہئے، اگر وقت ہوتے ہی عصر پڑھ لی جائے گی تو یہ لوگ نفلوں سے محروم رہ جائیں گے، مگر میں نے ابھی کہا کہ جمہور کے مسلک کے اعتبار سے پہلے ہی ایک مثل کی تاخیر ہوجاتی ہے، اس تاخیر کا لحاظ کرنا چاہئے، مزید تاخیر نہیں کرنی چاہئے۔

۳-وقت کا حق: یعنی اگر نماز کے اول وقت میں کچھ خرابی ہو تو پھر فضیلت ثانی وقت کی طرف منتقل ہوگی، اور اس کی بھی صرف ایک مثال ہے اور وہ سخت گرمیوں میں ظہر کی نماز ہے، نبی ﷺ نے سخت گرمیوں میں ابراد کا یعنی ظہر تاخیر کرکے پڑھنے کا حکم دیا ہے اور فرمایا ہے کہ گرمی کی زیادتی جہنم کے اثرات کے پھیلنے کی وجہ سے ہے، معلوم ہوا کہ گرمیوں میں ظہر کے اول وقت میں کچھ خرابی ہے اس لئے گرمیوں میں ظہر تاخیر سے پڑھنا افضل ہے اور یہ حق وقت کی وجہ سے ہے۔

[۱۳-] بابُ وَقْتِ الْعَصْرِ

[٥٤٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي الْعَصْرَ، وَالشَّمْسُ لَمْ تَخْرُجْ مِنْ حُجْرَتِهَا. [راجع: ٥٢٢]

[٥٤٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى الْعَصْرَ، وَالشَّمْسُ فِيْ حُجْرَتِهَا، لَمْ يَظْهَرِ الْفَيْءُ مِنْ حُجْرَتِهَا. [راجع: ٥٢٢]

[٥٤٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ صَلَاةَ الْعَصْرِ، وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ فِيْ حُجْرَتِيْ، وَلَمْ يَظْهَرِ الْفَيْءُ بَعْدُ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ مَالِكٌ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، وَشُعَيْبٌ، وَابْنُ أَبِيْ حَفْصَةَ: وَالشَّمْسُ قَبْلَ أَنْ تَظْهَرَ.

حدیث (۱): صدیقہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ عصر پڑھا کرتے تھے درانحالیکہ دھوپ ان کے کمرے سے نکلی نہیں ہوتی

تھی یعنی ابھی دھوپ حجرہ میں ہوتی تھی اگلی دیوار پر نہیں چڑھی ہوتی تھی —— (۲) نبی ﷺ عصر پڑھتے تھے درانحالیکہ دھوپ ان کے کمرے میں ہوتی تھی، سایہ ان کے حجرہ سے (دیوار پر) چڑھا نہیں ہوتا تھا —— (۳) نبی ﷺ عصر پڑھا کرتے تھے درانحالیکہ سورج (دھوپ) ان کے کمرے میں موجود ہوتا تھا، ابھی سایہ چڑھا نہیں ہوتا تھا۔

امام بخاریؒ فرماتے ہیں: امام مالک، یحییٰ قطان، شعیب اور ابن ابی حفصہ کی روایت میں **والشمسُ قبل أن تظهر** ہے: دھوپ ابھی اوپر نہیں چڑھی ہوتی تھی یعنی ابن عیینہ کی حدیث میں سایہ کا ذکر ہے اور ان حضرات کی حدیث میں دھوپ کا۔

تشریح: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ان حدیثوں سے ائمہ ثلاثہ تعجیل عصر پر استدلال کرتے ہیں اور حنفیہ تاخیر پر، مگر یہ دونوں استدلال معرضِ خفاء میں ہیں۔ اس لئے کہ حجرہ سے کیا مراد ہے، رہائشی کمرہ مراد ہے یا کمرہ کی مشرقی جانب کا صحن مراد ہے؟ کمرہ کے دو دروازے تھے، ایک: مغربی جانب میں تھا جو مسجد میں کھلتا تھا، دوسرا: مشرقی جانب میں تھا جو صحن میں کھلتا تھا، اور مسجد کی طرف کمرے اور مسجد میں کوئی فصل نہیں تھا، پس دھوپ مسجد کے مغربی دروازہ سے داخل ہوکر پوری مسجد سے گذر کر کمرہ میں داخل ہوگی، پھر کمرہ کے صحن سے گذر کر سامنے والی دیوار پر چڑھے گی، ظاہر ہے اس صورت میں عصر میں شدید تاخیر ہوجائے گی۔ اور اگر حجرہ سے صحن مراد ہے جو کمرہ کی مشرقی جانب میں تھا تو کمرہ کا سایہ صحن میں پڑے گا اور وہ سایہ بڑھ کر سامنے کی دیوار پر چڑھے گا، لیکن کمرہ کتنا اونچا تھا اور صحن کتنا بڑا تھا، یہ بات اب متعین کرنا دشوار ہے اس لئے اس حدیث سے نہ تعجیل پر استدلال درست ہے نہ تاخیر پر، اور روات بھی کبھی لفظ شمس (دھوپ) استعمال کرتے ہیں کبھی الفَیْء (سایہ) پہلے لفظ سے پہلا احتمال راجح معلوم ہوتا ہے اور دوسرے لفظ سے دوسرا احتمال، میری ناقص رائے میں دوسرا احتمال راجح ہے اور حدیث کی مراد یہ ہے کہ کمرے کا جو سایہ صحن میں پڑتا تھا وہ ابھی صحن میں ہوتا تھا، اگلی دیوار پر نہیں چڑھا ہوتا تھا، اس وقت آنحضور ﷺ عصر پڑھتے تھے، اور اس سے تعجیل یا تاخیر پر استدلال کرنا اب ممکن نہیں، کیونکہ اب نہ وہ حجرہ رہا نہ وہ صحن!

[٥٤٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَوْفٌ، عَنْ سَيَّارِ بْنِ سَلَامَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَأَبِیْ عَلٰى أَبِیْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِیِّ، فَقَالَ لَهُ أَبِیْ: كَيْفَ كَانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّی الْمَكْتُوْبَةَ؟ فَقَالَ: كَانَ يُصَلِّی الْهَجِيْرَ الَّتِیْ تَدْعُوْنَهَا الْأُوْلٰى حِيْنَ تَدْحَضُ الشَّمْسُ، وَيُصَلِّی الْعَصْرَ، ثُمَّ يَرْجِعُ أَحَدُنَا إِلٰى رَحْلِهِ فِیْ أَقْصَى الْمَدِيْنَةِ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ، وَنَسِيْتُ مَاقَالَ فِی الْمَغْرِبِ، وَكَانَ يَسْتَحِبُّ أَنْ يُؤَخِّرَ مِنَ الْعِشَاءِ الَّتِیْ تَدْعُوْنَهَا الْعَتَمَةَ، وَكَانَ يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَهَا وَالْحَدِيْثَ بَعْدَهَا، وَكَانَ يَنْفَتِلُ مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ حِيْنَ يَعْرِفُ الرَّجُلُ جَلِيْسَهُ، وَيَقْرَأُ بِالسِّتِّيْنَ إِلَى الْمِائَةِ. [راجع: ٥٤١]

وضاحت: یہ حدیث گذشتہ سے پیوستہ باب میں گذر چکی ہے، حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ کے پیچھے عصر پڑھ کر مدینہ کے آخری کنارہ کا رہنے والا اپنے گھر پہنچ جاتا تھا درانحالیکہ سورج زندہ ہوتا تھا یعنی ابھی

سورج آب وتاب کے ساتھ روشن ہوتا تھا، اس جزء سے تعجیل عصر پر استدلال کیا گیا ہے، مگر میں نے بتایا تھا کہ جب تک یہ بات معلوم نہ ہو کہ مدینہ کی آخری آبادی مسجد نبوی سے کتنی دور تھی؟ اور جانے والا سوار ہو کر جاتا تھا یا پیدل؟ اس وقت تک تعجیل یا تاخیر پر استدلال کرنا مشکل ہے اور اب اس کو جاننے کی کوئی صورت نہیں۔

قوله: کان یُصَلِّیْ الهجیر: آپؐ دوپہر کی نماز جسے تم پہلی نماز کہتے ہو سورج ڈھلنے کے وقت پڑھا کرتے تھے، **الهجیر** اور **الهاجرة**: دونوں کے معنی ہیں: دوپہر۔ **دَحَضَ (ف) رجلُه دَحَضًا**: پھسلنا، جب سورج پھسلتا تھا یعنی مغرب کی طرف ڈھلتا تھا.......... **العَتَمَة**: دورِ اول میں عشاء کو عتمہ بھی کہا جاتا تھا، نبی ﷺ نے عشاء کو عتمہ کہنے سے منع فرمایا ہے جیسا کہ آئندہ حدیث میں آرہا ہے.......... **وکان یکره النوم قبلها**: عشاء سے پہلے سونے کا اور عشاء کے بعد قصہ گوئی کا حکم چند ابواب کے بعد آرہا ہے۔

[۵۴۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّیْ الْعَصْرَ، ثُمَّ يَخْرُجُ الإِنْسَانُ إِلٰی بَنِیْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فَيَجِدُهُمْ يُصَلُّوْنَ الْعَصْرَ.

[انظر: ۵۵۰، ۵۵۱، ۷۳۲۹]

حدیث (۵): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم عصر پڑھا کرتے تھے پھر ایک شخص قبیلہ بنی عمرو بن عوف کی طرف نکلتا، پس وہ ان کو عصر کی نماز پڑھتے ہوئے پاتا۔

تشریح: قبیلہ بنی عمرو بن عوف مدینہ منورہ سے دو میل کے فاصلہ پر قبا میں آباد تھا، نبی ﷺ کے پیچھے عصر پڑھ کر ایک شخص چلتا جب قباء پہنچتا تو وہاں عصر کی نماز ہو رہی ہوتی تھی۔ اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوئیں: **ایک**: نبی ﷺ عصر جلدی پڑھتے تھے۔ **دوم**: عہد رسالت میں صحابہ عصر تاخیر سے پڑھتے تھے، پس حدیث شریف کی دونوں باتیں پیش نظر رکھنی چاہئیں، نبی ﷺ عصر جلدی پڑھتے تھے اس سے تعجیل عصر پر استدلال کرنا اور دوسری بات سے صرف نظر کرنا ٹھیک نہیں۔ نبی ﷺ فجر، ظہر اور عصر جلدی پڑھتے تھے اور صحابہ دیر سے، اس لئے کہ مسجد نبوی کے احوال اسی کے متقاضی تھے، وہاں اول وقت لوگ حاضر ہو جاتے تھے، جبکہ مدینہ منورہ کی دوسری مساجد کی صورتِ حال اس سے مختلف تھی، وہاں کچھ تاخیر سے لوگ پہنچتے تھے اس لئے نبی ﷺ نے ان کو تاخیر کرنے کا حکم دیا تھا۔

[۵۴۹-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ يَقُوْلُ: صَلَّيْنَا مَعَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الظُّهْرَ، ثُمَّ خَرَجْنَا حَتّٰی دَخَلْنَا عَلٰی أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَوَجَدْنَاهُ يُصَلِّیْ الْعَصْرَ، فَقُلْتُ: يَا عَمِّ! مَا هٰذِهِ الصَّلَاةُ الَّتِیْ صَلَّيْتَ؟ قَالَ: الْعَصْرُ، وَهٰذِهِ صَلَاةُ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم الَّتِیْ كُنَّا نُصَلِّیْ مَعَهُ.

حدیث (۶): ابوبکر (راوی) کے چچا ابوامامہ اسعد بن سہل بن حنیف رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم نے عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے پیچھے ظہر پڑھی، پھر ہم مسجد سے نکلے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے گھر گئے، ہم نے ان کو عصر پڑھتے ہوئے پایا، میں نے پوچھا: چچا! آپ نے یہ کونسی نماز پڑھی؟ آپؓ نے فرمایا: یہ عصر ہے، اور یہ نبی ﷺ کی نماز ہے جو ہم آپؐ کے ساتھ پڑھا کرتے تھے۔

تشریح: حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ میں رہتے تھے اور مدینہ منورہ آتے جاتے تھے، ایک مرتبہ آپؓ مدینہ آئے، ابوامامہ وغیرہ مسجد میں ظہر پڑھ کر آپؓ سے ملنے گئے آپؓ عصر کی نماز کی تیاری کر رہے تھے، اس وقت مدینہ کے گورنر حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ تھے، وہ کامل متبع سنت تھے اور وہ مستحب اوقات میں نماز پڑھاتے تھے، حضرت انسؓ نے ان کے بارے میں فرمایا ہے: میں نے اس نوجوان کی نماز سے زیادہ کسی کی نماز نبی ﷺ کی نماز سے مشابہ نہیں دیکھی (مسند احمد ۲۹:۲) مگر اس دن کسی عذر سے انھوں نے ظہر دیر سے پڑھائی، جب یہ لوگ حضرت انسؓ کے گھر پہنچے تو آپؓ نے فرمایا: آؤ! پہلے نماز پڑھ لیں، پھر بیٹھیں، ان لوگوں نے عرض کیا: ہم نماز پڑھ کر آئے ہیں، آپؓ نے پوچھا: کونسی نماز؟ عرض کیا: ظہر کی نماز، حضرت انسؓ نے فرمایا: میں عصر کی نماز کی بات کر رہا ہوں، چنانچہ سب نے باجماعت نماز پڑھی۔ پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی ﷺ اس وقت عصر پڑھا کرتے تھے۔

ظاہر ہے حضرت انسؓ نے عصر کے اول وقت میں نماز پڑھی ہے اور یہی نبی ﷺ کا معمول تھا مگر میں نے ابھی بتایا ہے کہ نبی ﷺ فجر، ظہر اور عصر جلدی پڑھتے تھے اور صحابہ دیر سے پڑھتے تھے۔

علاوہ ازیں: حضرت انسؓ بڑھاپے کی وجہ سے نماز گھر میں پڑھتے تھے، ترکِ جماعت کے اعذار میں سے بڑھاپا بھی ہے اور حنفیہ عصر میں فی الجملہ تاخیر مسجدِ جماعت میں مستحب کہتے ہیں، تاکہ جسے نوافل پڑھنے ہوں پڑھ لے، اور جو شخص گھر میں نماز پڑھتا ہے اس کو اگر نوافل پڑھنے ہیں تو تاخیر کرے گا، ورنہ تاخیر کی کوئی ضرورت نہیں، وہ اول وقت میں نماز پڑھے گا جیسا کہ حضرت انسؓ نے گھر میں اول وقت میں نماز پڑھی ہے۔

[۵۵۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الْعَصْرَ، ثُمَّ يَذْهَبُ الذَّاهِبُ مِنَّا إِلٰى قُبَاءٍ، فَيَأْتِيْهِمْ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ. [راجع: ۵۴۸]

[۵۵۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي الْعَصْرَ، وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ حَيَّةٌ، فَيَذْهَبُ الذَّاهِبُ إِلَى الْعَوَالِيْ، فَيَأْتِيْهِمْ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ، وَبَعْضُ الْعَوَالِيْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ عَلٰى أَرْبَعَةِ أَمْيَالٍ أَوْ نَحْوِهِ. [راجع: ۵۴۸]

وضاحت: یہ دونوں حدیثیں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہیں اور دونوں کا حاصل یہ ہے کہ نبی ﷺ کے ساتھ عصر

پڑھ کر قباء کا باشندہ قباء میں اور عوالی کا باشندہ عوالی میں پہنچ جاتا تھا درانحالیکہ سورج بلند اور زندہ ہوتا تھا، یعنی سورج پوری طرح روشن ہوتا تھا، ابھی اس میں تغیر نہیں آیا ہوتا تھا۔

مدینہ منورہ کی مشرقی جانب (بالائی حصہ) میں جو گاؤں تھے وہ عوالی کہلاتے تھے اور بعض گاؤں مدینہ منورہ سے تقریباً چار میل کے فاصلہ پر تھے۔ کرمانی کہتے ہیں: یہ امام بخاریؒ کا قول بھی ہوسکتا ہے اور حضرت انسؓ کا بھی اور ابن شہاب زہری کا بھی۔ عوالی ایک میل سے شروع ہوتے تھے، ان حدیثوں سے بھی تعجیل عصر پر استدلال کیا گیا ہے، مگر میں نے بتایا کہ نبی ﷺ عصر جلدی پڑھتے تھے اور عہد رسالت ہی میں صحابہ دیر سے عصر پڑھتے تھے، ہمیں دونوں باتیں پیش نظر رکھنی چاہئیں، ایک پہلو سے استدلال کرنا اور دوسرے پہلو سے صرف نظر کرنا ٹھیک نہیں۔

بابُ إِثْمِ مَنْ فَاتَتْهُ الْعَصْرُ وَبَابُ مَنْ تَرَكَ الْعَصْرَ

عصر کی نماز فوت کرنے اور چھوڑنے کا گناہ

یہ دو باب اہم ہیں، پہلا باب نماز عصر فوت کرنے کے بارے میں ہے اور دوسرا ترکِ عصر کے بارے میں، فوت ہونا غیر اختیاری ہے اور ترک کرنا اختیاری، کسی شخص کو وقت کا خیال نہ رہا، اور عصر قضاء ہوگئی یہ فوت ہونا ہے۔ اور جان بوجھ کر بالقصد عصر کی نماز قضا کرنا ترک کرنا ہے اور فوت ہونا اگرچہ غیر اختیاری ہوتا ہے مگر اس کے اسباب اختیاری ہوتے ہیں، اور وہ دو سبب ہیں، جن کی طرف حدیث میں اشارہ ہے، ایک: کاروبار کی مصروفیت، دوسرا: اہل وعیال کی مشغولیت۔ چونکہ فوت ہونے کے اسباب اختیاری ہیں اس لئے حدیث میں عصر فوت ہونے کا بھی نقصان بیان کیا گیا ہے اور فوت کرنا تو سنگین گناہ ہے، پس اس کا نقصان اور زیادہ ہوگا اور وہ اگلے باب میں آرہا ہے۔

[۱۴-] بابُ إِثْمِ مَنْ فَاتَتْهُ الْعَصْرُ

[۵۵۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الَّذِىْ تَفُوْتُهُ صَلاَةُ الْعَصْرِ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ "

وَقَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: يَتِرَكُمْ: وَتَرْتُ الرَّجُلَ: إِذَا قَتَلْتَ لَهُ قَتِيْلاً، أَوْ أَخَذْتَ لَهُ مَالاً.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جس کے ہاتھ سے عصر کی نماز نکل گئی تو گویا اس کے خاندان کے آدمی پر اور اس کے مال پر آفت آن پڑی، یعنی نہ تو مقتول کا قصاص ملا اور نہ دیت۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سورۂ محمد میں جو ﴿وَلَنْ يَّتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ﴾ آیا ہے وہ فعل اسی وترتُ الرجلَ سے ماخوذ ہے، جب تم کسی کا کوئی آدمی قتل کردو یا اس کا مال لے لو تو یہ فعل استعمال کرتے ہیں۔

تشریح: اسلامی حکومت میں جب کوئی آدمی قتل ہو جاتا ہے تو مقتول کے ورثاء کو قصاص و دیت میں سے کوئی ایک ضرور ملتا ہے، خون رائگاں نہیں جاتا، پس اگر کوئی شخص مارا جائے اور مقتول کے ورثاء کو نہ قصاص ملے اور نہ دیت تو خون رائگاں گیا، یہ جتنا بھاری نقصان ہے نماز عصر فوت ہونے کا گویا اتنا ہی بڑا نقصان ہے۔

ترکیب اور معنی: وُتِرَ: فعل ماضی مجہول ہے اور یہ متعدی بدو مفعول ہوتا ہے اور أَهْلَه و مالَه علی سبیل البدلیت مفعول ثانی ہیں اور مفعول اول جو نائب فاعل ہے محذوف ہے اور وہ مقتول کا وارث ہے اور فاعل بھی محذوف ہے، اور وہ قاتل ہے، اس صورت میں وُتر بمعنی أُصیب (آفت ڈالا گیا) ہوگا، یعنی مقتول کے وارث پر آفت ڈالی گئی اس کے مال یعنی دیت کی اور اس کے اہل یعنی آدمی کی، یعنی مقتول کی نہ دیت ملی اور نہ قصاص۔

اور دوسری ترکیب یہ بھی ہو سکتی ہے کہ أَهلُه و مالُه نائب فاعل ہوں، اس صورت میں وُتر بمعنی أُخِذَ (لیا گیا) ہوگا، پس گویا اس کا آدمی (مقتول) اور اس کا مال (دیت) لے لیا گیا۔ محدثین کے نزدیک پہلی ترکیب مشہور ہے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ عام طور پر شرحوں میں اس حدیث کا مطلب یہ لکھا ہے کہ جس کی عصر کی نماز فوت ہوگئی تو گویا اس کا سارا مال برباد ہوگیا اور اس کی ساری فیملی ہلاک ہوگئی، مگر میری سمجھ میں یہ مطلب نہیں آیا اس لئے کہ فعل وُتِرَ قصاص اور دیت نہ ملنے کے ساتھ خاص ہے اس لئے میرے نزدیک حدیث کا وہ مطلب متعین ہے جو ابھی عرض کیا۔

قال أبو عبد الله: سورۂ محمد (آیت ۳۵) میں ہے: ﴿وَلَنْ يَّتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ﴾: حاشیہ میں لکھا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے معنی بیان کرنے کے لئے آیت کا یہ ٹکڑا نہیں لکھا بلکہ ترکیب سمجھانے کے لئے لکھا ہے کہ اس فعل کے دو مفعول آتے ہیں، جیسے آیت میں كُمْ پہلا مفعول ہے اور أَعْمَالَكُمْ دوسرا مفعول ہے، اور وترتُ الرجلَ إلخ سے یہ بیان کیا ہے کہ اس کا کبھی ایک مفعول بھی آتا ہے، جب کوئی کسی کو قتل کردے یا اس کا مال لے لے تو کہا جاتا ہے: وترتُ الرجلَ: میں نے فلاں کو مار دیا یا فلاں کا مال لے لیا، اس محاورہ میں ایک ہی مفعول ہے۔

[۱۵-] بابُ مَنْ تَرَكَ الْعَصْرَ

[۵۵۳-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيْحِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ بُرَيْدَةَ فِيْ غَزْوَةٍ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ غَيْمٍ، فَقَالَ: بَكِّرُوْا بِصَلَاةِ الْعَصْرِ، فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ تَرَكَ صَلَاةَ الْعَصْرِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ" [انظر: ۵۹۴]

ترجمہ: ابوالملیح کہتے ہیں: ہم ایک غزوہ میں ابر آلود دن میں حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے آپؓ نے فرمایا: عصر جلدی پڑھ لو، اس لئے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "جس نے عصر کی نماز چھوڑ دی یقیناً اس کے اعمال اکارت ہوگئے"

تشریح: اس حدیث میں جان بوجھ کر نماز عصر چھوڑنے کا نقصان بیان کیا گیا ہے، یہ نقصان گذشتہ نقصان سے دو اعتبار

سے بڑھا ہوا ہے۔ ایک: گذشتہ حدیث میں کأنما (گویا) تھا یعنی خطرہ کا اظہار تھا اور یہاں قد تحقیقیہ ہے یعنی نقصان یقینی ہے۔ دوم: گذشتہ حدیث میں عصر فوت ہونے کا نقصان خارجی چیزوں میں تھا، قصاص اور دیت خارجی چیزیں ہیں، اور یہاں اپنے اعمال کا اکارت ہونا ہے، اور یہ ذاتی نقصان ہے، اور ذاتی نقصان متعلقات کے نقصان سے بڑھا ہوا ہوتا ہے اور متعلقات کا نقصان ہلکا سمجھا جاتا ہے، کسی کا ایکسیڈنٹ ہوگیا، گاڑی پوری ختم ہوگئی مگر خود بچ گیا تو ہر شخص کہتا ہے: اللہ کا فضل ہوا کہ آپ بچ گئے، گاڑی تو دوسری بھی آجائے گی اور گاڑی بچ گئی اور خود مر گیا تو یہ بھاری نقصان ہے، غرض ذاتی نقصان بڑا سمجھا جاتا ہے اور اعمال کا اکارت ہوجانا ذاتی نقصان ہے اور اس کا تحقق بھی یقینی ہے پس بالقصد عصر چھوڑنے کا نقصان بھاری نقصان ہے۔

بَابُ فَضْلِ صَلاَةِ الْعَصْرِ

نمازِ عصر کی اہمیت

باب میں ایک آیتِ کریمہ اور ایک حدیث شریف ہے، حدیث سے بھی عصر کی اہمیت نکلتی ہے اور آیت سے بھی، آیتِ پاک کا حاصل یہ ہے کہ آخرت میں دو باتوں سے اللہ عزوجل کا دیدار نصیب ہوگا، ایک: پابندی کے ساتھ فجر پڑھنے سے، دوم: پابندی کے ساتھ عصر پڑھنے سے۔ معلوم ہوا کہ عصر کی نماز کا دیدارِ خداوندی میں دخل ہے اور یہی عصر کی فضیلت ہے اور اس فضیلت میں فجر بھی شریک ہے، اور حدیث کا حاصل یہ ہے کہ فجر وعصر میں فرشتوں کی ڈیوٹیاں بدلتی ہیں، دن والے فرشتے فجر میں آتے ہیں اور رات والے فرشتے فجر پڑھ کر رخصت ہوجاتے ہیں، اور عصر میں رات والے فرشتے آجاتے ہیں اور دن والے فرشتے مغرب پڑھ کر رخصت ہوتے ہیں، دن والے فرشتے تو اپنے وقت پر آتے ہیں، صبح صادق سے دن شروع ہوجاتا ہے، مگر رات والے فرشتے وقت سے پہلے عصر پڑھنے کے لئے آجاتے ہیں، عصر سے رات شروع نہیں ہوتی، غروبِ شمس سے رات شروع ہوتی ہے پس رات والے فرشتوں کو مغرب میں آنا چاہئے، مگر وہ وقت سے پہلے عصر میں آجاتے ہیں، اس سے عصر کی فضیلت نکلی اور یہ فضیلت عصر کے ساتھ خاص ہے۔

اور تیسری فضیلت: اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلاَةِ الْوُسْطٰى﴾ اور مشہور ومرفوع حدیث کے مطابق صلوٰۃ وسطی کا مصداق عصر کی نماز ہے، اس تخصیص سے بھی عصر کی اہمیت نکلی۔

[۱۶-] باب فَضْلِ صَلاَةِ الْعَصْرِ

[۵۵۴-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَنَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةً، فَقَالَ: "إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا

تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ، لَا تُضَامُّوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوْا عَلٰى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا: فَافْعَلُوْا" ثُمَّ قَرَأَ:﴿ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ﴾[ق:٣٩] قَالَ إِسْمَاعِيْلُ: افْعَلُوْا، لَاتَفُوْتَنَّكُمْ.[انظر: ٥٧٣، ٤٨٥١، ٧٤٣٤، ٧٤٣٥، ٧٤٣٦]

حدیث (۱): حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے پاس تھے آپؐ نے ایک رات چاند کی طرف دیکھا اور فرمایا: ''تم اپنے رب کو اسی طرح دیکھو گے جس طرح تم اس چاند کو دیکھتے ہو، اس کے دیکھنے میں دھکا مکی نہیں کرو گے پس اگر تمہارے بس میں ہو کہ تم ہرائے نہ جاؤ طلوع شمس سے پہلے والی نماز میں اور غروب سے پہلے والی نماز میں تو ایسا ضرور کرو'' یعنی پابندی سے یہ دو نمازیں پڑھو، پھر آپؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اور اپنے رب کی خوبیاں بیان کر سورج نکلنے سے پہلے اور سورج غروب ہونے سے پہلے'' اسماعیل کہتے ہیں: تم کرو، ہرگز تمہارے ہاتھ سے نکل نہ جائیں (یہ دو نمازیں) یعنی یہ نمازیں پابندی سے پڑھو، یہ اسماعیل نے أن لا تُغلَبوا کی تفسیر کی ہے۔

تشریح: یہ سفر کا واقعہ ہے، چودھویں کا چاند چمک رہا تھا، نبی ﷺ نے اس کو دیکھا اور فرمایا: جس طرح تم بے تکلف چاند کو دیکھ رہے ہو اسی طرح قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کا دیدار کرو گے، اور ہر شخص اپنی جگہ سے زیارت کرے گا، نہ کوئی بھیڑ ہوگی نہ دھکا مکی، مگر یہ شرف اس کو حاصل ہوگا جو فجر اور عصر کی نمازیں پابندی سے پڑھتا ہے، معلوم ہوا کہ یہ دو نمازیں خاص طور پر دیدار خداوندی کی صلاحیت پیدا کرتی ہیں، اور یہی ان کی فضیلت ہے۔

لغات: تُضَامُّوْنَ: فعل مضارع مجہول، ضَمَّ سے باب تفاعل، جس کے معنی ہیں ملنا، یعنی پروردگار کے دیدار میں تم ایک دوسرے سے ملو گے نہیں یعنی ہجوم اور اژدحام نہیں ہوگا، ہر شخص بہ سہولت اپنی جگہ سے اللہ تعالیٰ کو دیکھے گا۔ اور ایک روایت میں لَا تُضَامُوْنَ بہ تخفیف میم ہے، یہ ضَیْمٌ سے فعل مضارع مجہول ہے، جس کے معنی ہیں ظلم کرنا یعنی اس کے دیدار میں تم پر ظلم نہیں ہوگا کہ کوئی دیکھے کوئی محروم رہے: ایسا نہیں ہوگا۔

لاتُغْلَبوا: فعل مضارع مجہول منفی، غَلَبَهُ: غالب ہونا، زیر کرنا، فتح پانا اور فعل مجہول کے معنی ہیں: ہرانا، مغلوب کرنا۔

[٥٥٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" يَتَعَاقَبُوْنَ فِيْكُمْ مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ، وَيَجْتَمِعُوْنَ فِيْ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الْعَصْرِ، ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِيْنَ بَاتُوْا فِيْكُمْ، فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ -وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ-: كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِيْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: تَرَكْنَا هُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ وَأَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ"[انظر: ٣٢٢٣، ٧٤٢٩، ٧٤٨٦]

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس باری باری آتے ہیں، کچھ فرشتے رات میں اور کچھ فرشتے دن میں، اور وہ فجر اور عصر کی نماز میں اکٹھا ہوتے ہیں، پھر وہ فرشتے جنھوں نے تمہارے اندر رات گذاری ہے آسمانوں میں چڑھتے

ہیں، پس ان سے ان کے پروردگار پوچھتے ہیں: جبکہ وہ بندوں کے احوال سے بخوبی واقف ہیں، کس حال میں چھوڑا تم نے میرے بندوں کو؟ وہ جواب دیتے ہیں: ہم نے چھوڑا ان کو درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہے تھے اور پہنچے ہم ان کے پاس درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہے تھے یعنی جب ہم زمین پر اترے اس وقت بھی وہ نماز میں مشغول تھے اور جب ہم لوٹے تب بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے (اور یہی سوال وجواب دن کے فرشتوں سے بھی ہوتا ہے مگر اس کو فہم سامع پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا ہے)

تشریح: رات کے فرشتے عصر کے وقت ہی آجاتے ہیں جبکہ رات مغرب سے شروع ہوتی ہے مگر وہ عصر کی نماز کی محبت میں وقت سے پہلے آجاتے ہیں، یہی عصر کی فضیلت ہے.........اور اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہیں ان کا علم حضوری ہے وہ سب کچھ جانتے ہیں مگر فرشتوں سے پوچھتے ہیں تاکہ تخلیق آدم کے وقت فرشتوں نے جو دبے لفظوں میں اعتراض کیا تھا کہ پروردگار آپ ایسی مخلوق کیوں پیدا کرتے ہیں جو زمین میں فساد مچائے گی؟ خون خرابہ کرے گی، ہم آپ کی تقدیس وتحمید کے لئے کافی ہیں؟ ان فرشتوں کو احساس دلانا ہے کہ تم نے جو اعتراض کیا تھا وہ غلط تھا، اللہ تعالیٰ ہی اپنے کاموں کی حکمت بہتر جانتے ہیں، یہ مخلوق جس کی تخلیق پر تم نے اعتراض کیا تھا وہ سب یکساں نہیں، ان میں وہ بھی ہیں جو ہر وقت بندگی میں لگے ہوئے ہیں، حالانکہ ان میں طبع مخالف بھی ہے، پس یہ ان کا فرشتوں سے بھی بڑا کمال ہے۔

بابُ مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الْعَصْرِ قَبْلَ الْغُرُوْبِ

جس نے سورج چھپنے سے پہلے عصر کی ایک رکعت پالی

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ عصر کا وقت غروب تک رہتا ہے، اصفرار شمس کے بعد جو مکروہ وقت ہے وہ بھی عصر کا وقت ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جس نے غروب سے پہلے ایک رکعت کے بقدر وقت پالیا اس نے عصر پالی، اگر اصفرار شمس کے بعد کا وقت عصر میں شامل نہ ہوتا تو اس وقت کا پانا عصر میں محسوب نہ ہوتا، باب کی حدیث کا یہی مطلب ہے کہ جس نے غروب سے پہلے ایک رکعت پالی اس نے عصر پالی، یعنی غروب تک کا سارا وقت عصر کا وقت ہے، یہ اس باب کا مقصد ہے۔

اور باب کی ابن عمر اور ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما کی حدیثیں بخاری میں بار بار آئیں گی اور ان میں اتنا اختلاف ہے کہ ان میں تطبیق دینا مشکل ہے، اس لئے اصل واقعہ پہلے سن لیں، پھر اس کی روشنی میں روایتیں سمجھیں اور جو اختلاف ایسا ہے کہ اس میں تطبیق دینا مشکل ہے اس کو متعلقات کا اختلاف قرار دیں۔

ایک مثال: ایک شخص کو مکان میں کوئی کام کروانا ہے وہ مزدور لایا اور پورے دن کی مزدوری ایک درہم طے کی، مزدوروں نے کام شروع کیا، دوپہر جب کھانے کا وقت ہوا تو انھوں نے کام سے معذرت کر دی کہ ہم آگے کام نہیں کریں گے، اور ہمیں آدھے دن کی مزدوری بھی نہیں چاہئے، مالک بھلا آدمی تھا اس نے کہا: تمہیں کام نہ کرنا ہو نہ کرو، مگر مزدوری پوری لے جاؤ چنانچہ اس نے سب کو ایک ایک درہم ادا کر دیا اور مزدور اجرت پا کر خوش ہو گئے، مگر کام ابھی باقی تھا اس لئے

مالک دوسرے مزدور لایا اور ان کی بھی ایک ایک درہم مزدوری طے کی، یہ آدھا دن کام کریں گے اور پوری دہاڑی پائیں گے اور یہی اصول بھی ہے، صبح آٹھ بجے مزدور لائیں گے ان کو بھی پوری دہاڑی دیں گے اور دس بجے لائیں گے ان کو بھی پوری دہاڑی دیں گے، بہرحال نئے مزدور کام پر لگ گئے، مگر عصر کے وقت انھوں نے بھی معذرت کر دی کہ ہمیں آگے کام نہیں کرنا اور اجرت بھی نہیں چاہئے، مگر مالک نے ان کو بھی ایک ایک درہم ادا کر دیا مگر کام ابھی باقی ہے اور کسی وجہ سے آج ہی کام پورا کرنا ہے اس لئے مالک پھر مزدوروں کی تلاش میں نکلا، شام میں عام طور پر مزدور کام کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے اس لئے اس نے لالچ دیا کہ غروب تک کام کرو، دو دو درہم دوں گا، وہ مزدور کمر کس کر کام میں لگ گئے اور غروب سے پہلے انھوں نے کام نمٹا دیا، مالک خوش ہو گیا اور سب کو دو دو درہم دے کر رخصت کیا، اب پہلے والے مزدور جنھوں نے دوپہر تک اور عصر تک کام کیا تھا آ گئے اور انھوں نے مالک سے کہا: ہم نے کام زیادہ کیا اور مزدوری کم پائی، مالک نے جواب دیا: کیا میں نے تم پر کچھ ظلم کیا؟ تمہاری مزدوری پوری نہیں دی؟ انھوں نے کہا: ہمیں ہمارا جو حق تھا وہ آپ نے پورا پورا دے دیا ہے، پس مالک نے کہا: کیا میری جیب پر تمہاری اجارہ داری ہے جو اعتراض کرتے ہو؟ میری مرضی میں جس کو جو چاہوں دوں!

یہ آنحضور ﷺ نے یہود، عیسائی اور اس امت کی مثال بیان فرمائی ہے۔ پہلے مزدور یہودی ہیں، دوسرے مزدور عیسائی ہیں اور تیسرے مزدور یہ امت ہیں، اس حدیث میں تیسرے مزدوروں کے بارے میں ہے: عَمِلُوْا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمْ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ: انھوں نے غروب تک کام کیا، معلوم ہوا کہ عصر کا وقت سورج غروب ہونے تک باقی رہتا ہے۔

[۱۷-] بابُ مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الْعَصْرِ قَبْلَ الْغُرُوْبِ

[۵۵۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا أَدْرَكَ أَحَدُكُمْ سَجْدَةً مِنْ صَلاَةِ الْعَصْرِ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ، فَلْيُتِمَّ صَلاَ تَهُ، وَإِذَا أَدْرَكَ سَجْدَةً مِنْ صَلاَةِ الصُّبْحِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ، فَلْيُتِمَّ صَلاَتَهُ" [انظر: ۵۷۹، ۵۸۰]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی ایک رکعت پالے تو چاہئے کہ وہ اپنی نماز پوری کرے، اور جب سورج طلوع ہونے سے پہلے صبح کی ایک رکعت پالے تو چاہئے کہ وہ اپنی نماز پوری کرے (یہ روایت بالمعنی ہے، حدیث کے اصل الفاظ آگے آرہے ہیں)

تشریح: عصر کی ایک رکعت پڑھی تھی کہ سورج غروب ہو گیا یا فجر کی ایک رکعت پڑھی تھی کہ سورج طلوع ہو گیا تو نماز باقی رہے گی یا ٹوٹ جائے گی؟ یہ مسئلہ یہاں زیر بحث نہیں، بلکہ اس باب کا مقصد صرف یہ ہے کہ عصر کا وقت غروب تک رہتا ہے اور اصفرارِ شمس کے بعد جو مکروہ وقت ہے وہ بھی عصر کا وقت ہے اور دلیل یہ ہے کہ حدیث میں قبل أن تغرب الشمس ہے،

معلوم ہوا کہ غروب تک کا سارا وقت عصر کا وقت ہے، غروب سے ذرا پہلے والے وقت کو بھی عصر میں شمار کیا گیا ہے۔

اور فلیتم صلوٰتہ: روایت بالمعنی ہے، راوی نے جیسا سمجھا ویسا روایت کر دیا، اصل الفاظ فقد أدرك العصر اور فقد أدرك الفجر ہیں، آئندہ حدیث (نمبر ۵۷۹) میں یہ الفاظ آرہے ہیں۔

ملحوظہ: سورج کا اوپر کا کنارہ چھپ جائے تب غروب ہوگا اور سورج کا اوپر کا کنارہ نکل آئے تو طلوع ہوگیا، یہ شرعی طلوع وغروب ہے اور آبزرویٹو طلوع وغروب اس وقت مانتی ہے جب مرکز شمس افق سے گذر جائے، سورج خط افق سے چار منٹ میں گذرتا ہے، پس شریعت کے طلوع وغروب میں اور آبزرویٹو کے طلوع وغروب میں دو منٹ کا فرق ہوگا، شرعی طلوع دو منٹ پہلے اور غروب دو منٹ بعد ہوگا۔

[۵۵۷-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِى إِبْرَاهِيْمُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّمَا بَقَاؤُكُمْ فِيْمَا سَلَفَ قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ، كَمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلٰى غُرُوْبِ الشَّمْسِ؛ أُوْتِىَ أَهْلُ التَّوْرَاةِ التَّوْرَاةَ، فَعَمِلُوْا بِهَا، حَتّٰى إِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ عَجَزُوْا، فَأُعْطُوْا قِيْرَاطًا قِيْرَاطًا، ثُمَّ أُوْتِىَ أَهْلُ الإِنْجِيْلِ الإِنْجِيْلَ، فَعَمِلُوْا إِلٰى صَلَاةِ الْعَصْرِ، ثُمَّ عَجَزُوْا، فَأُعْطُوْا قِيْرَاطًا قِيْرَاطًا، ثُمَّ أُوْتِيْنَا الْقُرْآنَ، فَعَمِلْنَا إِلٰى غُرُوْبِ الشَّمْسِ، فَأُعْطِيْنَا قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ. فَقَالَ أَهْلُ الْكِتَابَيْنِ: أَىْ رَبَّنَا! أَعْطَيْتَ هٰؤُلَاءِ قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ، وَأَعْطَيْتَنَا قِيْرَاطًا قِيْرَاطًا، وَنَحْنُ كُنَّا أَكْثَرَ عَمَلًا، قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ أَجْرِكُمْ مِنْ شَيْءٍ؟ قَالُوْا: لَا، قَالَ: فَهُوَ فَضْلِىْ أُوْتِيْهِ مَنْ أَشَاءُ"

[انظر: ۲۲۶۸، ۲۲۶۹، ۳۴۵۹، ۵۰۲۱، ۷۴۶۷، ۷۵۳۳]

[۵۵۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَثَلُ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَأْجَرَ قَوْمًا، يَعْمَلُوْنَ لَهُ عَمَلًا إِلَى اللَّيْلِ، فَعَمِلُوْا إِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ، فَقَالُوْا: لَاحَاجَةَ لَنَا إِلٰى أَجْرِكَ، فَاسْتَأْجَرَ آخَرِيْنَ، فَقَالَ: أَكْمِلُوْا بَقِيَّةَ يَوْمِكُمْ، وَلَكُمُ الَّذِىْ شَرَطْتُ، فَعَمِلُوْا حَتّٰى إِذَا كَانَ حِيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ، قَالُوْا: لَكَ مَا عَمِلْنَا، فَاسْتَأْجَرَ قَوْمًا فَعَمِلُوْا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمْ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ، وَاسْتَكْمَلُوْا أَجْرَ الْفَرِيْقَيْنِ" [انظر: ۲۲۷۱]

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: تمہارا (دنیا میں) باقی رہنا ان امتوں کی بہ نسبت جو تم سے پہلے گذری ہیں اتنا ہے جتنا عصر سے غروب تک کا وقت ہے۔ تورات والے (یہودی) تورات دیئے گئے، پس انھوں نے اس پر عمل کیا یہاں تک کہ جب دن آدھا ہوا تو وہ تھک گئے، پس وہ ایک ایک قیراط دیئے گئے، پھر انجیل والے (عیسائی) انجیل دیئے گئے پس انھوں نے عصر تک عمل کیا پھر وہ تھک گئے، پس وہ بھی ایک ایک قیراط دیئے گئے، پھر ہم قرآن دیئے گئے، پس ہم نے

غروب تک کام کیا (یہی جزء ترجمہ سے متعلق ہے) پس ہم دو دو قیراط دیئے گئے پس دونوں کتابوں والوں نے کہا: اے ہمارے رب! آپ نے ان لوگوں کو دو دو قیراط دیئے اور ہمیں ایک ایک قیراط دیا درانحالیکہ ہم نے کام زیادہ کیا۔ اللہ عز وجل نے فرمایا: کیا میں نے تمہارے اجر میں سے کچھ بھی کم کیا ہے؟ انھوں نے کہا: نہیں، اللہ نے فرمایا: پس یہ میرا فضل ہے جس کو چاہوں عطا کروں!

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: مسلمان، یہودی اور نصاریٰ کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے کچھ مزدور رکھے جو اس کے لئے رات تک کام کریں، پس انھوں نے دوپہر تک کام کیا، پھر کہا: ہمیں تیری اجرت کی ضرورت نہیں، پس اس نے دوسرے مزدور رکھے اور کہا: تم باقی دن کام کرو اور تمہارے لئے وہ ہے جو میں نے شرط کیا ہے، یعنی پہلے مزدوروں کے ساتھ شروع دن سے کام کرنے کی جو دہاڑی طے کی تھی وہ دہاڑی تمہیں بھی دوں گا، پس انھوں نے کام کیا، یہاں تک کہ جب عصر کا وقت ہوا تو انھوں نے کہا: تیرے لئے وہ ہے جو ہم نے کیا، یعنی ہمیں کام نہیں کرنا، اور جو کام ہم نے کیا ہے اس کی اجرت بھی نہیں چاہئے، پس اس نے تیسرے مزدور رکھے، پس انھوں نے باقی دن کام کیا یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا، اور انھوں نے پہلی دونوں جماعتوں کی پوری مزدوری پائی۔

قولہ: إنما بقاء کم: اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ اس امت کا زمانہ یہود ونصاریٰ کے زمانہ سے کم ہے، مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زمانہ تقریباً دو ہزار سال ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ ساڑھے پانچ سو سال، اور اس امت پر چودہ سو سال گذر چکے ہیں اور ابھی معلوم نہیں کب تک اس کا بقاء مقدر ہے، پس اس امت کا زمانہ کم کہاں ہوا؟ اس لئے میں نے کہا تھا کہ یہ روایت اتنے اختلاف کے ساتھ آئی ہے کہ کسی لفظ کی وجہ سے کوئی اشکال کرنا صحیح نہیں۔

بابُ وَقْتِ الْمَغْرِبِ

مغرب کا وقت

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ مغرب کا وقت غروب سے شروع ہوتا ہے اور عشاء تک رہتا ہے۔ درمیان میں نہ کوئی مشترک وقت ہے اور نہ مہمل، اور دلیل یہ ہے کہ مریض جب جمع صوری کرے گا تو مغرب آخر وقت میں پڑھے گا اور عشاء اول وقت میں، اور پہلے بتایا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ جمع حقیقی کے قائل نہیں، اور ابن عباسؓ کی حدیث جو پہلے گذری ہے اور یہاں بھی آرہی ہے وہ جمع صوری پر محمول ہے، اس میں نبی ﷺ نے مغرب آخر وقت میں اور عشاء اول وقت میں پڑھی ہے، معلوم ہوا کہ مغرب اور عشاء کے درمیان وقت مشترک اور وقت مہمل نہیں۔

اور باب میں چار حدیثیں ہیں پہلی تین حدیثوں میں مغرب کے اول وقت کا بیان ہے اور آخری حدیث میں مغرب اور عشاء میں اتصال کا بیان ہے، اور حضرت عطاء رحمہ اللہ کا اثر بھی اسی مقصد سے لائے ہیں کہ مریض جمع صوری کر سکتا ہے۔

[۱۸-] بابُ وَقْتِ الْمَغْرِبِ

وَقَالَ عَطَاءٌ: يَجْمَعُ الْمَرِيْضُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ.

[۵۵۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ النَّجَاشِيِّ — اسْمُهُ عَطَاءُ بْنُ صُهَيْبٍ، مَوْلَى رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ — قَالَ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ يَقُوْلُ: كُنَّا نُصَلِّيْ الْمَغْرِبَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَيَنْصَرِفُ أَحَدُنَا، وَإِنَّهُ لَيُبْصِرُ مَوَاقِعَ نَبْلِهِ.

حدیث(۱): رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ مغرب پڑھا کرتے تھے پھر ہم میں سے ایک لوٹتا تھا درانحالیکہ وہ اپنے تیر گرنے کی جگہ کو دیکھتا تھا، یعنی نبی ﷺ جب مغرب سے فارغ ہوتے تھے تو اتنی روشنی رہتی تھی کہ اگر تیر مارا جائے تو وہ کہاں گرا ہے وہ جگہ نظر آتی تھی، تیر چار سو ہاتھ جاتا ہے اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب سورج غروب ہوتے ہی مغرب پڑھ لی جائے۔

[۵۶۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: قَدِمَ الْحَجَّاجُ فَسَأَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، فَقَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ الظُّهْرَ بِالْهَاجِرَةِ، وَالْعَصْرَ وَالشَّمْسُ نَقِيَّةٌ، وَالْمَغْرِبَ إِذَا وَجَبَتْ، وَالْعِشَاءَ أَحْيَانًا وَأَحْيَانًا، إِذَا رَآهُمْ اجْتَمَعُوْا عَجَّلَ، وَإِذَا رَآهُمْ أَبْطَؤُا أَخَّرَ، وَالصُّبْحَ كَانُوْا أَوْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْهَا بِغَلَسٍ. [انظر: ۵۶۵]

حدیث(۲): محمد بن عمروؒ کہتے ہیں: جب حجاج آیا تو ہم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: نبی ﷺ نمازیں کب پڑھتے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: نبی ﷺ ظہر دوپہر میں پڑھتے تھے اور عصر اس وقت پڑھتے تھے جب سورج صاف ہوتا تھا اور مغرب سورج غروب ہوتے ہی پڑھتے تھے اور عشاء کبھی اور کبھی، یعنی عشاء پڑھنے کا معمول مختلف تھا جب لوگ جلدی آجاتے تو آپؐ عشاء میں جلدی کرتے اور جب لوگ آنے میں دیر کرتے تو آپؐ عشاء دیر سے پڑھتے اور نبی ﷺ فجر غلس میں پڑھتے تھے۔

تشریح: پہلے بتایا ہے کہ حجاج: ولید بن عبد الملک کی طرف سے بصرہ کا گورنر تھا پھر کوفہ بھی اس کی گورنری میں دیدیا گیا، وہ نمازوں کے معاملہ میں لاپرواہ تھا جب مرضی ہوتی نماز پڑھانے آتا، اس وقت لوگوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ نبی ﷺ کے نماز پڑھنے کے اوقات کیا تھے؟ آپؓ نے اوقات بیان کئے اور مغرب کے بارے میں فرمایا کہ سورج غروب ہوتے ہی آپؐ مغرب پڑھا کرتے تھے، معلوم ہوا کہ سورج غروب ہوتے ہی مغرب کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔

[٥٦١-] حدثنا الْمَكِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْمَغْرِبَ إِذَا تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ"

حدیث (۳): حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ مغرب پڑھا کرتے تھے، جب سورج اوٹ میں چلا جاتا تھا یعنی سورج غروب ہوجاتا تھا۔

تشریح: توارت میں جو ھی ضمیر پوشیدہ ہے وہ لفظ مغرب کے قرینہ سے سورج کی طرف لوٹتی ہے، اور سورۂ ص میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے واقعہ میں بھی یہ لفظ آیا ہے ﴿فَقَالَ إِنِّيْ أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ﴾ یہاں بھی بعض مفسرین نے العشی کے قرینہ سے توارت کی ضمیر سورج کی طرف لوٹائی ہے اور آیت کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام گھوڑوں کا معائنہ کرنے میں ایسے مشغول ہوئے کہ سورج غروب ہوگیا اور نمازِ عصر قضا ہوگئی، لیکن ضمیر کا مرجع الصافنات (گھوڑے) بھی ہوسکتا ہے یعنی جہاد کی تیاری ہورہی تھی حضرت سلیمان علیہ السلام جنگی سامان کا معائنہ فرمارہے تھے، آپ کے سامنے گھوڑے پیش کئے گئے، آپ بیٹھ کر ان کا معائنہ فرمارہے تھے، گھوڑوں کی لائن اتنی لمبی تھی کہ گھوڑوں کا اگلا حصہ نظروں سے اوجھل ہوگیا ﴿حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ﴾ جب معائنہ فرماچکے تو دل میں جذبۂ شکر ابھرا اور حکم دیا: ﴿رُدُّوْهَا عَلَيَّ﴾ گھوڑوں کو واپس لاؤ، اب آپ نے کھڑے ہوکر معائنہ شروع کیا اور گردن پر اور پنڈلیوں پر ہاتھ پھیرنا شروع کیا اور فرمایا: ﴿إِنِّيْ أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ﴾ مجھے گھوڑوں سے محبت اس لئے ہے کہ یہ جہاد کا آلہ ہیں، غرض آیت میں توارت کا مصداق سورج متعین نہیں، بلکہ گھوڑے بھی اس کا مرجع ہوسکتے ہیں اور یہ مرجع پہلے صراحۃً مذکور ہے اور وہ اقرب بھی ہے یعنی ﴿الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ﴾: عمدہ گھوڑے اور سورج کا تذکرہ صراحۃً نہیں ہے، اس کو ﴿الْعَشِيِّ﴾: شام کے وقت سے مستنبط کرنا ہوگا، اور وہ بعید بھی ہے جبکہ اقرب کو مرجع بنانا بہتر ہے۔

[٥٦٢-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَبْعًا جَمِيْعًا وَثَمَانِيًا جَمِيْعًا. [راجع: ٥٤٣]

وضاحت: یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے اور یہاں یہ استدلال ہے کہ مغرب کا وقت عشاء کے وقت کے ساتھ متصل ہے ان کے درمیان وقت مشترک اور وقت مہمل نہیں، یہ باب بتلانے کے لئے یہ حدیث یہاں لائے ہیں۔

فائدہ: تمام ائمہ متفق ہیں کہ مغرب کی نماز سورج غروب ہوتے ہی فوراً پڑھ لینی چاہئے، یہی مستحب وقت ہے اور اشتباک نجوم یعنی ستاروں کا جال بننے سے پہلے تک مغرب کو مؤخر کرنا مکروہ تنزیہی ہے اور اشتباک نجوم تک مؤخر کرنا مکروہ تحریمی ہے جبکہ کوئی عذر نہ ہو، اگر سفر وغیرہ کے عذر سے تاخیر کرے تو مکروہ نہیں اور مغرب کا وقت غروب شفق تک رہتا ہے،

اور شفق سے جمہور کے نزدیک سرخی مراد ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک سرخی اور سفیدی دونوں مراد ہیں، تفصیل پہلے گذری ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کا ایک قول یہ ہے کہ مغرب کا وقت موسَّع نہیں، مضیّق ہے یعنی مغرب کا وقت غروب کے بعد صرف اتنی دیر باقی رہتا ہے جس میں جنبی غسل کرکے اور بے وضو وضو کرکے پانچ رکعت پڑھ سکے مگر شوافع کے یہاں اس قول پر فتوی نہیں، ان کا مفتی بہ قول جمہور کے موافق ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۱:۴۶۵) میں ہے۔

بابُ مَنْ كَرِهَ أَنْ يُّقَالَ لِلْمغْرِبِ الْعِشَاءُ

ایک رائے یہ ہے کہ مغرب کو عشاء کہنا مکروہ ہے

غروب شمس کے بعد فوراً جو نماز ہے اس کا اسلامی نام مغرب ہے اور غروب شفق کے بعد جو نماز ہے اس کا اسلامی نام عشاء ہے، بول چال میں اس کا لحاظ رکھنا چاہئے، زمانۂ جاہلیت میں مغرب کے وقت کو عشاء کا وقت کہتے تھے، اس جاہلی نام کو رواج نہیں دینا چاہئے، اس کے دو نقصان ہیں: ایک: احکام میں اشتباہ پیدا ہوگا، دوسرے: بعض نصوص کے سمجھنے میں دشواری پیش آئے گی۔

پہلی بات کی تفصیل یہ ہے کہ نمازوں کے جو نام ہیں ان ناموں میں ان کے اوقات کی طرف اشارہ ہے: فجر یعنی صبح صادق سے فجر کا وقت شروع ہوتا ہے۔ ظہر: یعنی سورج کا ڈھلنا، یہاں سے ظہر کا وقت شروع ہوتا ہے، عصر کے معنی ہیں: نچوڑنا، یہ نماز دن کا اکثر حصہ گذار کر پڑھی جاتی ہے اس لئے اس کا یہ نام ہے، چنانچہ حنفیہ کہتے ہیں: لفظ عصر میں اشارہ ہے کہ عصر کی نماز وقت ہوتے ہی نہیں پڑھ لینی چاہئے بلکہ تھوڑا وقت گذار کر پڑھنی چاہئے، اس لئے حنفیہ کے نزدیک عصر میں تھوڑی تاخیر مستحب ہے، مغرب یعنی سورج کا غروب ہونا، یہاں سے مغرب کا وقت شروع ہوتا ہے اور عشاء کے معنی ہیں: تاریکی کی ابتداء، یہ معنی خلیل نحوی نے بیان کئے ہیں، شفق غروب ہوتے ہی تاریکی کی ابتداء ہوتی ہے اور یہی عشاء کا وقت ہے، اب اگر مغرب کو عشاء کہیں گے جیسا کہ زمانۂ جاہلیت میں اس وقت کو عشاء کہا جاتا تھا تو احکام میں اشتباہ پیدا ہوگا، آدمی یہ سمجھے گا کہ جب رات چھا جائے تب مغرب کا وقت شروع ہوتا ہے، حالانکہ یہ تو مغرب کے وقت کی انتہاء ہے۔

اور دوسری بات کی تفصیل یہ ہے کہ بعض نصوص کے سمجھنے میں دشواری پیش آئے گی مثلاً سورۂ نور میں ہے کہ نابالغ بچے اور غلام تین وقتوں میں کمرے میں آنے کے لئے اجازت لیں، ان میں سے ایک وقت ہے ﴿وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ﴾ (النور آیت ۵۸) اگر مغرب کو عشاء کہیں گے تو اب آیت سمجھنے میں دشواری پیش آئے گی، اس لئے جاہلی ناموں کو بالکل چھوڑ دینا چاہئے، مغرب کو مغرب اور عشاء کو عشاء کہنا چاہئے، تاکہ احکام میں اشتباہ پیدا نہ ہو، اور نصوص کے سمجھنے میں دشواری پیش نہ آئے، یہی اس باب کا مقصد ہے۔

[۱۹-] بابُ مَنْ كَرِهَ أَنْ يُقَالَ لِلْمغْرِبِ الْعِشَاءُ

[۵۶۳-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ - هُوَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو - قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ الْمُزَنِيُّ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَ تَغْلِبَنَّكُمُ الأَعْرَابُ عَلٰى اسْمِ صَلاَتِكُمُ الْمَغْرِبِ" قَالَ: وَتَقُوْلُ الأَعْرَابُ: هِيَ الْعِشَاءُ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ہرگز تمہاری مغرب کی نماز کے نام پر بدّو غالب نہ آجائیں، حضرت عبداللہ کہتے ہیں: بدّو مغرب کو عشاء کہتے ہیں۔ یعنی بدّوں کا عرف ہرگز رائج نہ ہو، مغرب کو مغرب اور عشاء کو عشاء کہنا چاہئے، تاکہ احکام میں نہ اشتباہ پیدا ہو اور نہ نصوص کے سمجھنے میں دشواری پیش آئے۔

بابُ ذِكْرِ الْعِشَاءِ وَالْعَتَمَةِ، وَمَنْ رَآهُ وَاسِعًا

عشاء کو عتمہ کہنے کی گنجائش ہے

لفظ عتمۃ اور لفظ عشاء کے معنی ایک ہیں، یعنی تاریکی کی ابتداء، پس عشاء کو عتمہ بھی کہہ سکتے ہیں، اس لئے کہ اس سے نہ احکام میں اشتباہ پیدا ہوتا ہے اور نہ کوئی غلط فہمی ہوتی ہے، مگر عتمہ بدوؤں کی اصطلاح ہے اور شریعت کی اصطلاح عشاء ہے، قرآن میں عشاء ہی آیا ہے ﴿وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ﴾ پس شریعت کی اصطلاح ہی استعمال کرنی چاہئے، بدوؤں کی اصطلاح استعمال نہیں کرنی چاہئے۔ لیکن اگر کوئی کرلے تو کچھ حرج بھی نہیں، جیسے حکیم کو عربی میں طبیب کہتے ہیں، جبکہ نبی ﷺ نے حکیم کو طبیب کہنے سے منع فرمایا ہے، ارشاد فرمایا: الطبیب هو الله، مگر لوگ حکیم کو طبیب کہتے ہیں اور یہ کہنا جائز ہے، اسی طرح غلام باندی کو عبدی اور أمتی کہنے سے منع فرمایا ہے، مگر قرآن وحدیث میں یہ اطلاق آیا ہے، اسی طرح عشاء کو عتمہ بھی کہہ سکتے ہیں، مگر یہ پسندیدہ لفظ نہیں —— اس باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے نو نصوص اکٹھا کی ہیں، کسی میں لفظ عشاء ہے اور کسی میں لفظ عتمہ، پس یہی دیکھنا ہے، اور درمیان میں حضرت رحمہ اللہ نے ایک مسئلہ بھی بیان کیا ہے۔

[۲۰-] بابُ ذِكْرِ الْعِشَاءِ وَالْعَتَمَةِ، وَمَنْ رَآهُ وَاسِعًا

[۱-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" أَثْقَلُ الصَّلاَةِ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ الْعِشَاءُ وَالْفَجْرُ"

[۲-] وَقَالَ:" لَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالْفَجْرِ"

[۳-] قَالَ أَبُوْعَبْدِ اللهِ: وَالاِخْتِيَارُ أَنْ يَقُوْلَ: الْعِشَاءُ، لِقَوْلِهِ تَعَالٰى:﴿ وَمِنْ بَعْدِ صَلاَةِ الْعِشَاءِ﴾[النور: ۵۸]

[۴-] وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: كُنَّا نَتَنَاوَبُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ صَلاَةِ الْعِشَاءِ، فَأَعْتَمَ بِهَا.

[٥-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةُ: أَعْتَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْعِشَاءِ.

[٦-] وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَنْ عَائِشَةَ: أَعْتَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْعَتَمَةِ.

[٧-] وقَالَ جَابِرٌ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ الْعِشَاءَ.

[٨-] وَقَالَ أَبُوْ بَرْزَةَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُؤَخِّرَ الْعِشَاءَ.

[٩-] وَقَالَ أَنَسٌ: "أَخَّرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْعِشَاءَ الآخِرَةَ.

[١٠-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ، وَأَبُوْ أَيُّوْبَ، وَابْنُ عَبَّاسٍ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ.

(۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں: منافقین پر دونمازیں: عشاء اور فجر بہت بھاری ہیں (اس میں لفظ عشاء ہے)

(۲) اور آپؐ نے فرمایا: اگر لوگ جان لیں وہ ثواب جو عتمہ اور فجر میں ہے (یہاں لفظ عتمہ ہے)

(۳) امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور عشاء کہنا بہتر ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿وَمِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ﴾ یعنی قرآن میں لفظ عشاء آیا ہے اس لئے وہی پسندیدہ ہے۔

(۴) اور ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا ہے کہ ہم نبی ﷺ کی خدمت میں عشاء کے وقت باری باری جاتے تھے ایک دن آپؐ نے عشاء پڑھانے میں تاخیر کی۔

(۵) ابن عباس اور عائشہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے عشاء پڑھانے میں تاخیر کی (أَعْتَمَ: عتمة سے ہے اور جب فعل استعمال کر سکتے ہیں تو اسم بھی استعمال کر سکتے ہیں)

(۶) اور بعض روات عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے نماز عتمہ پڑھانے میں دیر کی (اسم عتمہ اور فعل أعتم دونوں استعمال کئے ہیں)

(۷) اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ عشاء پڑھا کرتے تھے۔

(۸) اور ابو برزہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ عشاء دیر سے پڑھایا کرتے تھے۔

(۹) اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے پچھلی عشاء تاخیر سے پڑھائی (یہ دورِ اول کی اصطلاح ہے دورِ اول میں مغرب کو عشاء اولیٰ (پہلی عشاء) اور عشاء کو عشاء آخرہ (پچھلی عشاء) کہتے تھے)

(۱۰) اور حضرت ابن عمر، ابوایوب اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مغرب اور عشاء پڑھی۔

غرض نصوص میں لفظ عشاء بھی آیا ہے اور لفظ عتمہ بھی، پس عشاء کو عتمہ کہنے کی گنجائش ہے مگر پسندیدہ نام عشاء ہے اس لئے کہ وہ قرآن کی اور شریعت کی اصطلاح ہے، اور عتمہ بدؤں کی اصطلاح ہے، چنانچہ رفتہ رفتہ یہ جاہلی لفظ متروک ہوگیا، اب لفظ عشاء ہی استعمال کیا جاتا ہے۔

[٥٦٤-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ سَالِمٌ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: صَلَّى لَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةً صلاةَ الْعِشَاءِ، وَهِيَ الَّتِي يَدْعُوْ النَّاسُ الْعَتَمَةَ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَأَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ: " أَرَأَيْتَكُمْ لَيْلَتَكُمْ هٰذِهِ، فَإِنَّ رَأْسَ مِائَةِ سَنَةٍ مِنْهَا لاَ يَبْقَى مِمَّنْ هُوَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَحَدٌ" [راجع: ١١٦]

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے ایک رات عشاء کی نماز پڑھائی اور عشاء وہ نماز ہے جس کو لوگ عتمہ کہتے ہیں، پھر آپؐ پھرے اور ہماری طرف متوجہ ہوئے پس فرمایا: ''کیا تم نے اپنی اس رات کو دیکھا یعنی اس رات کو یاد رکھو پس بیشک اس رات سے سو سال پر ان لوگوں میں سے کوئی باقی نہیں رہے گا جو آج زمین کی پیٹھ پر ہے'' —— اس حدیث میں لفظ عشاء بھی آیا ہے اور عتمہ بھی، اور یہ حدیث پہلے کتاب العلم (باب ۴۱) میں گذر چکی ہے۔

بَابُ وَقْتِ الْعِشَاءِ إِذَا اجْتَمَعَ النَّاسُ أَوْ تَأَخَّرُوْا

عشاء پڑھنے کا وقت جب لوگ اکٹھا ہوجائیں یا آنے میں دیر کریں

مغرب میں تو ہمیشہ تعجیل مستحب ہے مگر عشاء میں معمول نبوی یہ تھا کہ اگر نمازی جلدی آجاتے تو آپؐ عشاء جلدی پڑھادیتے تھے اور اگر لوگ دیر سے آتے تو آپؐ عشاء دیر سے پڑھاتے، پس عشاء کے وقت میں وسعت ہے۔ عوارض کا لحاظ کر کے تقدیم وتاخیر کرسکتے ہیں، یہی نبی ﷺ کا طریقہ تھا مگر اب ٹن کی نمازیں شروع ہوگئی ہیں جونہی گھڑی میں وقت ہوتا ہے امام کو نماز پڑھانی پڑتی ہے، وہ تاخیر نہیں کرسکتا، اور امام حاضر نہیں ہے تو کوئی بھی پڑھادیتا ہے، امام کا انتظار نہیں کرتے، یہ صحیح طریقہ نہیں۔ دورِ اول میں ائمہ کا مسجد پر کنٹرول تھا ان کی مرضی کے خلاف نمازیں نہیں ہوسکتی تھیں، یہی سنت ہے ایسے ائمہ کو چاہئے کہ وہ لوگوں کی رعایت کر کے عشاء پڑھائیں اگر لوگ جلدی آجائیں تو جلدی پڑھادیں اور لوگ آنے میں دیر کریں تو تھوڑی تاخیر سے پڑھائیں، یہی نبی ﷺ کا طریقہ تھا۔

[٢١-] بَابُ وَقْتِ الْعِشَاءِ إِذَا اجْتَمَعَ النَّاسُ أَوْ تَأَخَّرُوْا

[٥٦٥-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، وَهُوَ ابْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: سَأَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ صَلاَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي الظُّهْرَ بِالْهَاجِرَةِ، وَالْعَصْرَ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ، وَالْمَغْرِبَ إِذَا وَجَبَتْ، وَالْعِشَاءَ إِذَا كَثُرَ النَّاسُ عَجَّلَ وَإِذَا قَلُّوْا أَخَّرَ، وَالصُّبْحَ بِغَلَسٍ. [راجع: ٥٦٠]

ملحوظہ: یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے۔

بابُ فَضْلِ الْعِشَاءِ

عشاء کی اہمیت

عشاء کی نماز اس امت کی خصوصیت ہے، اللہ عزوجل نے نبی ﷺ اور آپ کی امت کے لئے عشاء کو چھپا رکھا تھا، کسی امت کو یہ نماز نہیں دی، اور جو چیزیں قیمتی ہوتی ہیں وہ چھپا کر رکھی جاتی ہیں اور اہم شخصیت کو دی جاتی ہیں اور بڑی شخصیت کو جو چیز دی جاتی ہے وہ قیمتی ہوتی ہے، یہی عشاء کی فضیلت ہے، حضرت الاستاذ قدس سرہ نے فرمایا کہ تعجب ہے حافظ عسقلانی رحمہ اللہ کو باب کی حدیث میں عشاء کی فضیلت نظر نہیں آئی، حالانکہ اس کی فضیلت واضح ہے جو اوپر بیان کی گئی۔

[۲۲-] بابُ فَضْلِ الْعِشَاءِ

[۵٦٦-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ، قَالَتْ: أَعْتَمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةً بِالْعِشَاءِ، وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ يَفْشُوَ الإِسْلَامُ، فَلَمْ يَخْرُجْ حَتّٰى قَالَ عُمَرُ: نَامَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ، فَخَرَجَ، فَقَالَ لِأَهْلِ الْمَسْجِدِ: "مَا يَنْتَظِرُهَا أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ غَيْرُكُمْ" [انظر: ۵٦۹، ۸٦۲، ۸٦٤]

حدیث (۱): صدیقہ فرماتی ہیں: ایک رات نبی ﷺ نے عشاء پڑھانے میں تاخیر کی اور یہ اسلام پھیلنے سے پہلے کا واقعہ ہے پس آپ نماز پڑھانے کے لئے نہیں نکلے، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: ''عورتیں اور بچے سونے لگے'' پس آپ نکلے اور آپ نے مسجد والوں سے فرمایا: ''روئے زمین پر تمہارے علاوہ کوئی اس نماز کا انتظار نہیں کر رہا''

تشریح: ایک مرتبہ نبی ﷺ نے کسی مصروفیت کی وجہ سے عشاء پڑھانے میں دیر کردی، یہاں تک کہ عورتیں اور بچے سونے لگے۔ اس سے یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ آپ نے گھنٹوں تاخیر کی ہوگی، عورتیں اور بچے بہت جلد سونے لگتے ہیں، بلکہ بعض مرد بھی عورتوں کی طرح بہت جلد سو جاتے ہیں۔

اور یہ اس زمانہ کا واقعہ ہے جب اسلام پورے جزیرۃ العرب میں نہیں پھیلا تھا، صرف مدینہ میں مسلمان تھے، اور مدینہ منورہ کی مسجدوں میں لوگ عشاء پڑھ کر سو چکے تھے صرف مسجد نبوی میں لوگ نماز کا انتظار کر رہے تھے اور منتظر صلوٰۃ بحکم صلوٰۃ ہوتا ہے، پس ان کو بیٹھے بیٹھے نماز کا ثواب مل رہا تھا۔

[۵٦۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَأَصْحَابِي الَّذِينَ قَدِمُوا فِي السَّفِينَةِ: نُزُولًا فِي بَقِيعِ بُطْحَانَ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِينَةِ،

فَكَانَ يَتَنَاوَبُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ صَلاَةِ الْعِشَاءِ كُلَّ لَيْلَةٍ نَفَرٌ مِنْهُمْ، فَوَافَقْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَنَا وَأَصْحَابِيْ، وَلَهُ بَعْضُ الشُّغْلِ فِيْ بَعْضِ أَمْرِهِ، فَأَعْتَمَ بِالصَّلاَةِ حَتَّى ابْهَارَّ اللَّيْلُ، ثُمَّ خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَصَلَّى بِهِمْ، فَلَمَّا قَضَى صَلاَ تَهُ قَالَ لِمَنْ حَضَرَهُ:" عَلٰى رِسْلِكُمْ! أَبْشِرُوْا، إِنَّ مِنْ نِعْمَةِ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ: أَنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ يُصَلِّيْ هٰذِهِ السَّاعَةَ غَيْرُكُمْ" أَوْ قَالَ:"مَا صَلَّى هٰذِهِ السَّاعَةَ أَحَدٌ غَيْرُكُمْ" - لاَ يَدْرِيْ أَيَّ الْكَلِمَتَيْنَ قَالَ - قَالَ أَبُوْ مُوْسَى: فَرَجَعْنَا فَرْحٰى بِمَا سَمِعْنَا مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

حدیث (۲): ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اور میرے ساتھی جو میرے ساتھ کشتی میں آئے تھے بقیع قبرستان کے قریب بطحان نامی میدان میں اترے تھے (نزولاً: کنتُ کی خبر ہے) اور نبی ﷺ مدینہ منورہ میں تھے، پس ان میں سے ایک جماعت ہر رات عشاء کی نماز کے وقت باری باری نبی ﷺ کے پاس آتی تھی (نفرٌ: یتناوبُ کا فاعل ہے) پس ایک دن اتفاقاً ایسا ہوا کہ میں اور میرے ساتھی عشاء پڑھنے گئے اور آپ اپنے کسی کام میں مشغول تھے، پس آپ نے عشاء پڑھانے میں دیر کی یہاں تک کہ رات آدھی ہوگئی، پھر نبی ﷺ نکلے پس آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی، جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے حاضرین سے فرمایا: ''اپنی جگہ رہو! خوشخبری سن لو، بیشک تم پر یہ اللہ کا فضل ہے کہ اس وقت تمہارے علاوہ کوئی اس نماز کو پڑھنے والا نہیں'' یا فرمایا: ''اس وقت تمہارے علاوہ کسی نے یہ نماز نہیں پڑھی'' دونوں میں سے کونسی بات فرمائی یہ راوی کو یاد نہیں رہا، راوی کہتا ہے: حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: پس ہم اس بات کی وجہ سے جو ہم نے نبی ﷺ سے سنی خوش خوش (اپنے ڈیروں میں) لوٹے۔

تشریح: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ یمن سے مدینہ طیبہ کے لئے سمندری راستہ سے نکلے تھے، کشتی میں اور مسلمان بھی تھے، راستہ میں کشتی بھٹک گئی اور وہ حبشہ پہنچ گئے، وہاں حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، اور وہ وہیں رک گئے، پھر سن ۷ ہجری میں حضرت جعفرؓ کے ساتھ مدینہ آئے اس وقت نبی ﷺ خیبر میں تھے، یہ حضرات خیبر چلے گئے، خیبر سے واپسی کے بعد بقیع قبرستان کے پاس ایک میدان بطحان نامی تھا، اس قافلہ نے وہاں قیام کیا، یہ حضرات باری باری عشاء کے وقت نبی ﷺ کی خدمت میں دین سیکھنے کے لئے حاضر ہوتے تھے اور سب ایک ساتھ اس لئے نہیں آتے تھے کہ سامان کی خبر گیری بھی ضروری تھی، ایک دن حضرت ابوموسیٰؓ کی باری تھی، وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ عشاء کے وقت نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تا کہ عشاء کے بعد احادیث سنیں، اتفاق سے اس دن نبی ﷺ کسی کام میں مشغول تھے، آپ آدھی رات کے بعد عشاء پڑھانے کے لئے تشریف لائے، عشاء کے بعد آپ نے تقریر فرمائی کہ تم پر اللہ عزوجل کا یہ خصوصی انعام ہے کہ اس وقت تمہارے سوا کوئی نماز نہیں پڑھ رہا۔ سب لوگ نماز پڑھ کر سو گئے ہیں اور تم ابھی تک نماز پڑھ رہے ہو، اس لئے کہ منتظر نماز حکماً نماز میں ہوتا ہے، تمہارا نماز کے انتظار میں بیٹھا رہنا حکماً نماز پڑھنا ہے یا فرمایا:

تمہارے سوا کسی نے اس وقت نماز نہیں پڑھی، یعنی امم سابقہ میں سے کسی کو یہ نماز نہیں ملی، یہ تمہاری خصوصیت ہے، یہی عشاء کی فضیلت ہے، اوراسی مناسبت سے یہ حدیثیں اس باب میں لائے ہیں۔

بابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ النَّوْمِ قَبْلَ الْعِشَاءِ

عشاء سے پہلے سونے کی کراہیت

عشاء سے پہلے اختیاری نیند یعنی بالقصد سونا مکروہ ہے اوراضطراری نیند مکروہ نہیں، اس کے لئے اگلا باب ہے، اور عشاء سے پہلے اختیاری سونا مکروہ اس لئے ہے کہ وہ دو حال سے خالی نہیں: یا تو بروقت نہیں اٹھے گا اور عشاء کی جماعت فوت ہوجائے گی یا اٹھے گا مگر کچی نیند اٹھے گا، طبیعت میں کسل (سستی) ہوگا، اور دونوں باتیں نامناسب ہیں، اور اس وقت سونے کا کوئی تقاضا بھی نہیں ہوتا اس لئے عشاء سے پہلے بالارادہ سونا ممنوع ہے، چنانچہ آپ نے ترمذی میں پڑھا ہے کہ علماء نے رمضان اور غیر رمضان میں فرق کیا ہے، رمضان میں عشاء سے پہلے سونے کی فقہاء نے اجازت دی ہے اس لئے کہ آدمی دن بھر بھوکا ہوتا ہے اور مغرب کے بعد پیٹ بھر کر کھاتا ہے، اس لئے غنودگی آتی ہے، پس اگر عشاء سے پہلے تھوڑی دیر سو جائے گا تو طبیعت میں نشاط پیدا ہوجائے گا ورنہ ہارے جی عشاء اور تراویح پڑھے گا۔

اور رمضان میں عبادت کا شوق بڑھا ہوا ہوتا ہے اس لئے اٹھنے پر سستی نہیں رہے گی، اور اگر سستی رہے گی تو کب تک رہے گی؟ رمضان میں ڈیڑھ گھنٹہ نماز پڑھنی ہے، سستی جھک مار کر جائے گی، برخلاف عام دونوں کے ان میں دس پندرہ منٹ میں نماز نمٹ جاتی ہے پس احتمال ہے کہ عشاء سستی کے ساتھ شروع کرے اور آخر تک سستی باقی رہے اس لئے علماء رمضان اور غیر رمضان میں فرق کرتے ہیں۔

[۲۳-] بابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ النَّوْمِ قَبْلَ الْعِشَاءِ

[۵۶۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَ الْعِشَاءِ، وَالْحَدِيْثَ بَعْدَهَا.

[راجع: ۵۴۱]

وضاحت: حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے اس میں آپؓ نے نبی ﷺ کے نماز پڑھنے کے اوقات بیان کئے ہیں، اُس حدیث میں ایک بات یہ بھی ہے کہ عشاء سے پہلے سونا اور عشاء کے بعد قصہ گوئی کرنا ممنوع ہے، عشاء سے پہلے سونے کے بارے میں تفصیل آچکی اور عشاء کے بعد قصہ گوئی کی ممانعت کا ذکر چند ابواب کے بعد آرہا ہے۔

بابُ النَّوْمِ قَبْلَ الْعِشَاءِ لِمَنْ غُلِبَ

عشاء سے پہلے بے اختیار سوجانا

لِمَنْ غُلِبَ کا مطلب ہے: بے اختیار سوجانا، یعنی سونے کا ارادہ نہیں تھا، بے اختیار آنکھ لگ گئی، اس میں کچھ حرج نہیں، کراہیت اس سونے میں ہے جو اختیاری ہو، جس میں عشاء کے فوت ہونے کا اندیشہ ہو یا سستی کے ساتھ عشاء کا پڑھنا پایا جائے۔

[۲٤-] بابُ النَّوْمِ قَبْلَ الْعِشَاءِ لِمَنْ غُلِبَ

[٥٦٩-] حدثنا أَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَعْتَمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْعِشَاءِ، حَتّٰى نَادَاهُ عُمَرُ الصَّلاَةَ، نَامَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ، فَخَرَجَ، فَقَالَ: "مَا يَنْتَظِرُهَا مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ أَحَدٌ غَيْرُكُمْ" قَالَ وَلاَ تُصَلّٰى يَوْمَئِذٍ إِلاَّ بِالْمَدِيْنَةِ، قَالَ: وَكَانُوْا يُصَلُّوْنَ الْعِشَاءَ فِيْمَا بَيْنَ أَنْ يَغِيْبَ الشَّفَقُ إِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ الْأَوَّلِ.

[راجع: ٥٦٦]

قوله: وَلاَ تُصَلّٰى يومئذ إلا بالمدينة: کا مفہوم یہ ہے کہ ابھی اسلام جزیرۃ العرب میں نہیں پھیلا تھا، جماعت کے ساتھ عشاء کی نماز صرف مدینہ میں پڑھی جاتی تھی، اور مکہ میں جو مسلمان تھے وہ کمزور تھے، وہ ہجرت نہیں کر سکتے تھے وہ تنہا چھپ کر نمازیں پڑھتے تھے، جماعت کے ساتھ اس وقت صرف مدینہ میں نماز پڑھی جاتی تھی۔

قوله: إلى ثلث الليل: غروب شمس سے صبح صادق تک کے وقت کو تین حصوں میں تقسیم کریں، پہلا حصہ رات کا پہلا تہائی ہے، نبی ﷺ تہائی رات تک عشاء پڑھ لیا کرتے تھے اور لوگوں کی رعایت میں نماز عشاء میں تقدیم وتاخیر فرماتے تھے۔

مناسبت: اور حدیث کی باب سے مناسبت یہ ہے کہ جو بچے اور عورتیں سونے لگے تھے وہ بالقصد نہیں ہوئے تھے، بلکہ نماز کا انتظار کرتے کرتے بے اختیار آنکھ لگ گئی تھی۔

[٥٧٠-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شُغِلَ عَنْهَا لَيْلَةً، فَأَخَّرَهَا حَتّٰى رَقَدْنَا فِي الْمَسْجِدِ، ثُمَّ اسْتَيْقَظْنَا، ثُمَّ رَقَدْنَا، ثُمَّ اسْتَيْقَظْنَا، ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: "لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ يَنْتَظِرُ الصَّلاَةَ غَيْرُكُمْ" وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ لاَ يُبَالِيْ أَقَدَّمَهَا أَمْ أَخَّرَهَا، إِذَا كَانَ لاَ يَخْشَى أَنْ يَغْلِبَهُ النَّوْمُ عَنْ وَقْتِهَا، وَكَانَ يَرْقُدُ قَبْلَهَا.

قوله: شُغل عنها لَيْلَةً: ایک رات عشاء سے غافل کئے گئے یعنی کوئی مشغولیت پیش آئی۔

قوله: حتی رقدنا فی المسجد: یہاں تک کہ ہم مسجد میں سونے لگے، یہی جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے۔ صحابہ بے اختیار سوئے تھے نماز کا انتظار کرتے کرتے آنکھ لگ گئی تھی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صرف عورتوں اور بچوں کا تذکرہ اس لئے کیا کہ ان کے نام سے رعایت کی درخواست مناسب تھی۔

قوله: وکان ابن عمر لایُبالی: اور ابن عمرؓ پرواہ نہیں کرتے تھے کہ عشاء جلدی پڑھیں یا دیر سے، جب تک انہیں نیند سے مغلوب ہونے کا اندیشہ نہ ہو، یعنی ابن عمر عشاء کبھی جلدی پڑھتے تھے کبھی دیر سے، البتہ اگر نیند کی وجہ سے نماز کے بے وقت ہوجانے کا اندیشہ ہوتا تو پھر جلدی پڑھ لیتے تھے۔

قوله: وکان یرقد قبلها: ابن عمرؓ کبھی عشاء سے پہلے سوتے تھے، کیونکہ اگر عشاء فوت ہونے کا اندیشہ نہ ہو تو عشاء سے پہلے سونا جائز ہے، جو صحابہ نماز کے انتظار میں صفوں میں بیٹھے ہوئے رہے تھے وہاں نماز کے فوت ہونے کا کوئی اندیشہ نہیں تھا، کیونکہ جب نماز کھڑی ہوگی تو لوگ ایک دوسرے کو جگا دیں گے، اس لئے یہ سونا مکروہ نہیں۔

[۵۷۱-] قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: قُلْتُ لِعَطَاءٍ، فَقَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: أَعْتَمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةً بِالْعِشَاءِ، حَتّٰى رَقَدَ النَّاسُ وَاسْتَيْقَظُوْا، وَرَقَدُوْا وَاسْتَيْقَظُوْا؛ فَقَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ: الصَّلاَةَ. قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَخَرَجَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ الآنَ، يَقْطُرُ رَأْسُهُ مَاءً، وَاضِعًا يَدَهُ عَلٰى رَأْسِهِ، فَقَالَ: "لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ لَأَمَرْتُهُمْ أَنْ يُصَلُّوْهَا هٰكَذَا" فَاسْتَثْبَتُّ عَطَاءً: كَيْفَ وَضَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى رَأْسِهِ يَدَهُ كَمَا أَنْبَأَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ؟ فَبَدَّدَ لِيْ عَطَاءٌ بَيْنَ أَصَابِعِهِ شَيْئًا مِنْ تَبْدِيْدٍ، ثُمَّ وَضَعَ أَطْرَافَ أَصَابِعِهِ عَلٰى قَرْنِ الرَّأْسِ، ثُمَّ ضَمَّهَا، يُمِرُّهَا كَذٰلِكَ عَلَى الرَّأْسِ، حَتّٰى مَسَّتْ إِبْهَامُهُ طَرَفَ الْأُذُنِ مِمَّا يَلِيْ الْوَجْهَ، عَلَى الصُّدْغِ وَنَاحِيَةِ اللِّحْيَةِ، لاَ يَعْصِرُ وَلاَ يَبْطِشُ إِلاَّ كَذٰلِكَ، وَقَالَ: "لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ لَأَمَرْتُهُمْ أَنْ يُصَلُّوْا هٰكَذَا" [انظر: ۷۲۳۹]

ترجمہ: ابن جریج کہتے ہیں: میں نے یہ روایت جو نافع سے سنی تھی حضرت عطاء کو سنائی، پس انھوں نے کہا: میں نے ابن عباسؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک رات نبی ﷺ نے عشاء کی نماز میں تاخیر فرمائی، یہاں تک کہ لوگ سوگئے پھر بیدار ہوئے پھر سوگئے پھر بیدار ہوئے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہا: نماز! عطاء کہتے ہیں: ابن عباسؓ نے فرمایا: پس نبی ﷺ نکلے گویا میں اس وقت آپ کو دیکھ رہا ہوں، یعنی اُس وقت کا منظر نگاہوں میں ہے آپؐ کے سر سے پانی ٹپک رہا تھا اور آپؐ اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھے ہوئے تھے پس آپؐ نے فرمایا: "اگر میری امت پر دشواری کا ڈر نہ ہوتا تو میں ان کو حکم دیتا کہ وہ عشاء کی نماز اس وقت پڑھیں (عطاء کہتے ہیں) پس میں نے حضرت عطاء سے بات پکی کرنی چاہی یعنی وہ

عملی طور پر بتائیں کہ نبی ﷺ کس طرح پانی جھاڑتے ہوئے نکلے تھے جیسا کہ ان کو ابن عباسؓ نے بتایا تھا، پس حضرت عطاء نے اپنی انگلیاں قدرے کشادہ کیں پھر انگلیوں کے کنارے سر کے کونوں پر رکھے پھر انگلیوں کو ملا کر سر پر اس طرح گذارا کہ آپؐ کے انگوٹھوں نے کانوں کے اس کنارے کو چھولیا جو کنپٹی اور ڈاڑھی کے کنارے پر چہرے کے قریب تھا، نہ آپؐ نچوڑتے تھے اور نہ مضبوط پکڑے ہوئے تھے یعنی بالوں کو مضبوط نہیں پکڑا تھا، مگر اس طرح یعنی جس طرح میں کر رہا ہوں اس طرح کر رہے تھے (اور مصری نسخہ میں اور گیلری میں لَا یُقَصِّرُ ہے یعنی آپ کمی نہیں کر رہے تھے، یہ لا یبطش کا مقابل ہے یعنی بال مضبوط پکڑے تھے نہ بالکل برائے نام پکڑے تھے، بلکہ درمیانی کیفیت سے بال پکڑ کر ان میں انگلیاں گذار رہے تھے) اور آپؐ نے فرمایا: اگر میری امت پر دشواری کا ڈر نہ ہوتا تو میں ان کو اس وقت عشاء پڑھنے کا حکم دیتا۔

تشریح: حدیث نمبر ۵۷۰ اور ۵۷۱ کی ابن جریج تک ایک ہی سند ہے، پھر ابن جریج سے سند بدلی ہے، نمبر ۵۷۰ نافع سے مروی ہے اور ۵۷۱ عطاء سے، اور عطاء کی سند سے حدیث آگے نمبر ۷۲۳۹ پر بھی آ رہی ہے۔ اور نماز عشاء میں فی نفسہ ثلث اللیل تک تاخیر مستحب ہے اور یہ حق صلوٰۃ کی وجہ سے ہے، اس لئے کہ عام طور پر لوگ عشاء پڑھ کر سو جاتے ہیں پھر فجر ہی میں اٹھتے ہیں، تہجد کے وقت بیدار نہیں ہوتے پس عشاء تاخیر سے پڑھنی چاہئے تاکہ لوگ سونے سے پہلے نفلیں پڑھیں مگر بندوں کے حق کا تقاضہ یہ ہے کہ جلدی نماز پڑھ لی جائے تاکہ نوافل نہ پڑھنے والے عشاء سے پہلے سو نہ جائیں، عشاء سے پہلے سونے کی بھی ممانعت ہے اور جو نہیں سوئے گا وہ بھی انتظار کرتے کرتے تھک جائے گا اور جب حق اللہ اور حق العبد متعارض ہوتے ہیں تو حقوق العباد کو مقدم رکھا جاتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں اور بندے محتاج ہیں، محتاج کی رعایت مقدم ہوتی ہے، چنانچہ حق مصلیان کی رعایت میں عشاء کی نماز میں تعجیل مستحب ہے اور یہ دونوں باتیں یعنی ثلث لیل تک تاخیر کا استحباب اور حق العباد کی وجہ سے تقدیم کا استحباب: اسی حدیث سے ثابت ہیں، نبی ﷺ نے جو ثلث لیل تک تاخیر کرنے کا حکم دینے کا ارادہ فرمایا تھا وہ اسی استحباب کی وجہ سے تھا پھر لوگوں کی مشقت کا خیال کر کے جو ارادہ ملتوی فرما دیا وہ بھی حقوق العباد کی رعایت میں تھا پس دونوں باتیں اسی حدیث سے ثابت ہوئیں۔

بابُ وَقْتِ الْعِشَاءِ إِلٰى نِصْفِ اللَّيْلِ

عشاء کا وقت آدھی رات تک ہے

داؤد ظاہری اور حنفیہ میں سے حسن بن زیاد لؤلؤی کا مذہب یہ ہے کہ عشاء کا وقت آدھی رات تک ہے، آدھی رات کے بعد عشاء کا وقت ختم ہو جاتا ہے، غالباً امام بخاریؒ کی بھی یہی رائے ہے، اور جمہور کے نزدیک نصف شب تک، وقت مختار (مستحب) ہے اور صبح صادق تک وقت جواز ہے۔ اور باب میں دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ عشاء میں فی الجملہ تاخیر مستحب ہے۔ ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ عشاء میں تاخیر کو پسند فرماتے تھے، اور ابھی میں نے بتایا ہے کہ عشاء میں فی

نفسہ تاخیر مستحب ہے، مگر بندوں کے حق کا تقاضہ ہے کہ عشاء جلدی پڑھ لی جائے، اور جب حق اللہ اور حق العبد میں تعارض ہوتا ہے تو حق العبد کو مقدم کیا جاتا ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں اور بندے محتاج ہیں اور محتاج کی رعایت مقدم ہے۔

[٢٥-] بابُ وَقْتِ الْعِشَاءِ إِلٰى نِصْفِ اللَّيْلِ

وَقَالَ أَبُوْ بَرْزَةَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَسْتَحِبُّ تَأْخِيْرَهَا.

[٥٧٢-] حدثنا عَبْدُ الرَّحِيْمِ الْمُحَارِبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَخَّرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَلاَةَ الْعِشَاءِ إِلٰى نِصْفِ اللَّيْلِ، ثُمَّ صَلَّى، ثُمَّ قَالَ: "وَقَدْ صَلَّى النَّاسُ وَنَامُوْا، أَمَا أَنَّكُمْ فِيْ صَلاَةٍ مَا انْتَظَرْتُمُوْهَا"

وَزَادَ ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ: قَالَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا قَالَ: كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى وَبِيْصِ خَاتَمِهِ لَيْلَتَئِذٍ. [انظر: ٦٠٠، ٦٦١، ٨٤٧، ٥٨٦٩]

بَابُ فَضْلِ صَلاَةِ الْفَجْرِ

فجر کی نماز کی اہمیت

فجر کی نماز کی اہمیت کے لئے یہ بات کافی ہے کہ اس کا دیدار خداوندی میں دخل ہے، جو شخص فجر اور عصر پابندی سے پڑھتا ہے اسے دیدار خداوندی ضرور نصیب ہوگا۔

ملحوظہ: ہمارے نسخہ میں باب کے آخر میں والحدیث بھی ہے یہ صرف ابوذر کے نسخہ میں ہے، بخاری کے دوسرے نسخوں میں نہیں ہے اور یہ لفظ بے جوڑ ہے اس کی کوئی توجیہ ممکن نہیں، اس لئے اس کو حذف کیا ہے اور حاشیہ میں اس کی ایک توجیہ ہے، طلبہ اس کو دیکھ لیں۔

[٢٦-] بَابُ فَضْلِ صَلاَةِ الْفَجْرِ

[٥٧٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسٌ، قَالَ: قَالَ لِيْ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ نَظَرَ إِلٰى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ: "أَمَّا إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا، لاَ تُضَامُّوْنَ أَوْ: لاَ تَضَاهُوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لاَ تُغْلَبُوْا عَلٰى صَلاَةٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا فَافْعَلُوْا" ثُمَّ قَالَ: ﴿فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا﴾ [طه: ١٣٠] [راجع: ٥٥٤]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: زَادَ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ عِيَانًا.

وضاحت: ہمارے نسخہ میں إِذَا نَظَرَ ہے یعنی جب آپؐ نے چاند دیکھا، اور إِذْ نَظَرَ کے معنی ہیں: اچانک آپؐ نے چاند دیکھا............لیلة البدر: چودھویں کا چاند............أَمَا: حرف تنبیہ ہے............لَاتُضَامُّوْن: کے معنی ہیں: نہیں بھیڑ کرتے ہوتم، یہ ضَمَّ سے ہے اور لاتُضَاھُون کے معنی ہیں: نہیں شک کرتے تم (یہ شک راوی ہے)

مناسبت: یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے اور اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ عصر اور فجر پابندی کے ساتھ پڑھنے سے دیدارِ خداوندی کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے، یہی فجر کی فضیلت ہے اور اس فضیلت میں عصر بھی شریک ہے، اور احسن کا مقدمہ حسن ہوتا ہے، دیدارِ خداوندی احسن ہے اور اس کی صلاحیت فجر اور عصر کی نمازوں سے پیدا ہوتی ہے، پس وہ حسن ہوئیں۔

قوله: زاد ابن شهاب: یہ حدیث کی دوسری سند ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے: ''عنقریب تم اپنے رب کو کھلم کھلا دیکھو گے'' یعنی کوئی پردہ حائل نہ ہوگا، براہ راست دیدارِ خداوندی نصیب ہوگا۔

[۵۷۴-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ جَمْرَةَ، عَنْ أَبِیْ بَكْرِ بْنِ أَبِیْ مُوْسَی، عَنْ أَبِیْهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: '' مَنْ صَلَّی الْبَرْدَیْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ''

وَقَالَ ابْنُ رَجَاءٍ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ أَبِیْ جَمْرَةَ، أَنَّ أَبَا بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَیْسٍ أَخْبَرَهُ بِهٰذَا.

حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ، قَالَ: ثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ جَمْرَةَ، عَنْ أَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم مِثْلَهُ.

ترجمہ: جو شخص دو ٹھنڈی نمازیں (فجر اور عصر) پڑھے وہ جنت میں جائے گا۔

تشریح: اس حدیث میں فجر کی نماز کو دخولِ جنت کا سبب قرار دیا ہے، یہی فجر کی فضیلت ہے اور اس فضیلت میں عصر بھی شریک ہے، اور فجر ٹھنڈے وقت میں پڑھی جاتی ہے اس لئے اس کو ٹھنڈی نماز کہا گیا ہے، اور عصر کو ظہر کی بہ نسبت ٹھنڈی نماز کہا گیا ہے اور دوسری توجیہ یہ ہے کہ عربی میں جب دو چیزوں کو ملا کر کوئی خبر دیتے ہیں تو ایک کا وصف دوسرے کو اوڑھاتے ہیں، جیسے مسلسلات میں ایک موضوع حدیث ہے: مَن أَضَافَ بِالْأَسْوَدَیْنِ التمرِ والماءِ: جس نے کسی کی دعوت کی دو کالی چیزوں سے یعنی کھجور اور پانی کی دعوت کی، کھجور کالی ہوتی ہے مگر پانی کالا نہیں ہوتا، تاہم تغلیباً پانی کو کالا کہا گیا، اسی طرح مشہور حدیث ہے: اقتلوا الأسودین: دو کالوں کو یعنی سانپ اور بچھو کو مارو، سانپ کالا ہوتا ہے مگر بچھو کالا نہیں ہوتا، تاہم جب دونوں کو ملایا تو ایک کا وصف دوسرے کو اوڑھایا۔ عربی میں ایسا بہت ہوتا ہے یہاں بھی فجر کے ساتھ جب عصر کو ملایا تو تغلیباً عصر کو بھی ٹھنڈی نماز کہہ دیا۔

قوله: وقال ابن رَجَاءٍ: ابوجمرہ کے استاذ ابوبکر کون ہیں؟ ہمارے نسخہ میں ابن ابی موسیٰ لکھا ہے پس تعیین ہوگئی مگر ابن ابی موسیٰ بخاری کے سب نسخوں میں نہیں ہے، اگر یہاں بھی ابن ابی موسیٰ نہ ہوتا تو تعیین مشکل ہوتی، چنانچہ بعض حضرات نے

ان کوابوبکر بن عمارہ بن رویبہ سمجھا ہے ان کی تردید کے لئے امام بخاریؒ دوسندیں لائے ہیں کہ یہ ابوبکر: ابن ابی عمارہ نہیں ہیں، بلکہ عبداللہ بن قیس (حضرت ابوموسیٰ اشعری) کے صاحبزادے ہیں۔

بابُ وَقْتِ الْفَجْرِ

نمازِ فجر کا وقت

اس باب میں دومسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ یہ ہے کہ فجر کا وقت کب شروع ہوتا ہے؟ پوری امت متفق ہے کہ سحری کا وقت ختم ہوتے ہی فجر کا وقت شروع ہوتا ہے اور سحری کا وقت صبح صادق پر ختم ہوتا ہے، قرآنِ مجید میں ہے: ﴿كُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ﴾: کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ صبح کی سفید دھاری سیاہ دھاری سے جدا ہوجائے یعنی صبح صادق تک کھاپی سکتے ہو۔

اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ فجر ادا کرنے کا مستحب وقت کیا ہے؟ ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک فجر اول وقت میں یعنی غلس میں پڑھنا افضل ہے اور حنفیہ کہتے ہیں کہ یہ حالات کے تابع ہے، اگر اول وقت میں سب نمازی آجائیں تو غلس میں فجر پڑھنا افضل ہے ورنہ اسفار میں یعنی تاخیر کرکے پڑھنا افضل ہے اور اس سلسلہ میں نبی ﷺ کا عمل بھی ہے اور آپؐ کا ارشاد بھی ہے، آپؐ کی مسجد کا بھی عمل ہے اور صحابہ کی مسجدوں کا بھی، اس لئے احناف نے مسئلہ کی تفصیل کی ہے، ائمہ ثلاثہ اور امام بخاریؒ کوئی تفصیل نہیں کرتے، ان کے نزدیک مطلقاً فجر غلس میں پڑھنا افضل ہے۔

[۲۷-] بابُ وَقْتِ الْفَجْرِ

[۵۷۵-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ، أَنَّهُمْ تَسَحَّرُوْا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَامُوْا إِلَى الصَّلاَةِ، قُلْتُ: كَمْ بَيْنَهُمَا؟ قَالَ: قَدْرُ خَمْسِيْنَ أَوْ سِتِّيْنَ، يَعْنِيْ آيَةً. [انظر: ۱۹۲۱]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ صحابہ نے نبی ﷺ کے ساتھ سحری کی پھر نماز کے لئے کھڑے ہوئے، میں نے پوچھا: سحری اور نماز کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟ آپؓ نے فرمایا: پچاس یا ساٹھ آیتوں کے بقدر۔

تشریح: غالباً یہ سفر کا واقعہ ہے اس لئے صحابہ نے نبی ﷺ کے ساتھ سحری کی ہے اور سحری کے بعد فوراً آپؐ نماز کے لئے کھڑے ہوئے ہیں، سحری اور فجر کے درمیان صرف اتنا فاصلہ تھا جس میں پچاس ساٹھ آیتیں یعنی تقریباً آدھا پارہ

تلاوت کرسکیں، معلوم ہوا کہ سحری کا وقت ختم ہوتے ہی فجر کا وقت شروع ہوجاتا ہے ـــــ اور حدیث میں معدود مذکور نہیں تھا اس لئے راوی نے یعنی آیۃً بڑھایا۔

[٥٧٦-] حدثنا حَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ، سَمِعَ رَوْحَ بْنَ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَزَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ تَسَحَّرَا، فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ سُحُوْرِهِمَا قَامَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الصَّلَاةِ فَصَلَّيَا، قُلْنَا لِأَنَسٍ: كَمْ كَانَ بَيْنَ فَرَاغِهِمَا مِنْ سُحُوْرِهِمَا وَدُخُوْلِهِمَا فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: قَدْرُ مَا يَقْرَأُ الرَّجُلُ خَمْسِيْنَ آيَةً.[انظر: ١١٣٤]

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے اور حضرت زید بن ثابتؓ نے سحری کی پس جب دونوں سحری سے فارغ ہوئے تو نبی ﷺ نماز کے لئے کھڑے ہوئے، پس دونوں نے نماز پڑھی۔ میں نے (قتادہ نے) حضرت انسؓ سے پوچھا: دونوں کی سحری کے درمیان اور نماز شروع کرنے کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: جتنی دیر میں آدمی پچاس آیتیں پڑھ سکے اتنا فاصلہ تھا۔

تشریح: سَحُور (س کا زبر) کے معنی ہیں: سحری کا کھانا اور سُحور (س کا پیش) کے معنی ہیں: سحری کھانا، جیسے طَھور اور وَضوء (بالفتح) کے معنی ہیں: پاکی اور وضوء کا آلہ، اور طُھور اور وُضوء (بالضم) کے معنی ہیں: پاکی اور وضو۔

[٥٧٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، عَنْ أَخِيْهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، يَقُوْلُ: كُنْتُ أَتَسَحَّرُ فِي أَهْلِي، ثُمَّ يَكُوْنُ سُرْعَةٌ بِي، أَنْ أُدْرِكَ صَلَاةَ الْفَجْرِ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ١٩٢٠]

حدیث (۳): حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اپنے گھر میں سحری کرتا تھا، پھر تیزی کے ساتھ چلتا تھا تاکہ نبی ﷺ کے ساتھ فجر کی نماز پاؤں (سُرعةٌ: یکون کا اسم ہے اور بی ظرف مستقر ہوکر خبر ہے اور أن أدرك میں لام اجلیہ پوشیدہ ہے أی لِأن أدرك) یعنی سحری کھا کر میں لپک کر مسجد پہنچتا تھا تاکہ جماعت پاؤں اس لئے کہ نبی ﷺ صبح صادق کے بعد فوراً فجر کی نماز شروع فرمادیتے تھے ـــــ ان تینوں حدیثوں کا حاصل یہ ہے کہ صبح صادق کے بعد فوراً فجر کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔

[٥٧٨-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ، قَالَتْ: كُنَّ نِسَاءُ الْمُؤْمِنَاتِ يَشْهَدْنَ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَاةَ الْفَجْرِ، مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوْطِهِنَّ، ثُمَّ يَنْقَلِبْنَ إِلَى بُيُوْتِهِنَّ حِيْنَ يَقْضِيْنَ الصَّلَاةَ، لَا يَعْرِفُهُنَّ أَحَدٌ مِنَ الْغَلَسِ. [راجع: ٣٧٢]

وضاحت: یہ حدیث أبواب ثیاب المصلی (باب۱۳حدیث۳۷۲) میں گذرچکی ہے، لَفَعَ اور لَفَفَ دونوں کے معنی ہیں: لپٹنا.........مُروط: مِرْط کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: اونی چادر..........لایَعْرِفُھُنَّ أَحَدٌ مِنَ الْغَلَسِ: آخر شب کی تاریکی کی وجہ سے وہ پہچانی نہیں جاتی تھیں، صنف نہیں پہچانی جاتی تھی یا شخص؟ بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ صنف نہیں پہچانی جاتی تھی یعنی راستہ میں عورت جارہی ہے یا مرد؟ اس کا پتہ نہیں چلتا تھا، مگر یہ تفسیر صحیح نہیں اس لئے کہ نبی ﷺ صبح صادق کے بعد فوراً نماز شروع نہیں فرماتے تھے، پھر ساٹھ تا سو آیتیں تلاوت فرماتے تھے پھر بھی اتنا اندھیرا باقی ہو کہ راستہ میں مرد جارہا ہے یا عورت؟ اس کا پتہ نہ چلے یہ بات عقل باور نہیں کرتی۔ چند ابواب پہلے حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث گذری ہے کہ جب نبی ﷺ نماز فجر سے فارغ ہوتے تھے تو مسجد میں اتنی روشنی ہوجاتی تھی کہ برابر میں کون بیٹھا ہے وہ پہچانا جاتا تھا اس لئے یہ جو تفسیر کی گئی ہے کہ فجر پڑھ کر عورتیں غلس میں گھر لوٹتی تھیں اور اندھیرے کی وجہ سے صنف نہیں پہچانی جاتی تھی یہ تفسیر صحیح نہیں، صحیح تفسیر یہ ہے کہ شخص نہیں پہچانا جاتا تھا یعنی کون عورت ہے؟ یہ نہیں پہچانا جاتا تھا، آج بھی مسجدِ نبوی میں عورتوں کا حصہ الگ ہے اور ان کا مسجد میں جانے آنے کا راستہ بھی الگ ہے، نماز کے بعد مرد راستہ میں کھڑے ہوجاتے ہیں، تاکہ بیوی اور بہن وغیرہ کو ساتھ لے کر گھر جائیں، جب عورتیں نکلتی ہیں تو پہچانی نہیں جاتیں، حدیث میں یہی شخص کا نہ پہچاننا مراد ہے صنف کا نہ پہچاننا مراد نہیں۔

اس حدیث سے ائمہ ثلاثہ اور امام بخاریؒ نے نماز فجر غلس میں پڑھنے کی افضیلت پر استدلال کیا ہے اور ان کا استدلال واضح ہے کہ نبی ﷺ کا معمول غلس میں فجر پڑھنے کا تھا پس یہی افضل ہے۔ اور احناف کہتے ہیں: بلاشبہ نبی ﷺ غلس میں فجر پڑھا کرتے تھے اور خلفائے راشدین کا بھی یہی معمول تھا، اس لئے کہ ان کے زمانہ میں بھی مسجدِ نبوی کی وہی صورت حال تھی جو نبی ﷺ کے عہد میں تھی بلکہ آج بھی وہی صورتِ حال ہے، لوگ تہجد کے وقت سے حرم میں پہنچ جاتے ہیں، صبح صادق تک حرم شریف کھچا کھچ بھر جاتا ہے ایسی صورت میں احناف کے نزدیک بھی غلس میں فجر پڑھنا افضل ہے۔ دیوبند میں رمضان المبارک میں فجر غلس میں پڑھی جاتی ہے اور احناف جو اسفار کو مستحب کہتے ہیں وہ عمومی احوال کے اعتبار سے اور عام مسجدوں کے تعلق سے ہے، عام مسجدوں میں اور عام دنوں میں صبح صادق کے وقت مسجد میں کوئی نہیں ہوتا، لوگ دیر سے پہنچتے ہیں، اس لئے اسفار میں نماز پڑھنا افضل ہے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: أَسْفِرُوْا بِالْفَجْرِ فإنّہ أعظم بلأجر: روشنی کرکے نماز پڑھا کرو اس میں ثواب زیادہ ہے، اسفار میں جماعت بڑی ہوگی اس لئے ثواب بھی زیادہ ملے گا، چنانچہ مسجدِ نبوی کے علاوہ مدینہ طیبہ کی دوسری مساجد میں اسفار میں فجر ہوتی تھی، پہلے حدیث گذری ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے ساتھ فجر پڑھ کر قباء پہنچا جو مدینہ سے دو تین میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں ہے وہاں لوگ فجر پڑھ رہے تھے جب انھوں نے تحویل قبلہ کی خبر دی تو وہ سب نماز میں کعبہ کی طرف گھوم گئے۔ غرض جہاں حق اللہ اور حق العبد دونوں کا تقاضہ اول وقت میں نماز پڑھنے کا ہو وہاں غلس میں فجر پڑھنا افضل ہے، جیسے رمضان المبارک اور حرمین شریفین میں اور جہاں بندوں کی رعایت

اسفار میں نماز پڑھنے میں ہو وہاں اسفار میں فجر پڑھنا افضل ہے۔

بابُ مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الْفَجْرِ رَكْعَةً

جس نے فجر کی ایک رکعت پالی

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ طلوع آفتاب تک سارا وقت فجر کا ہے، عصر میں تو آخر میں مکروہ وقت بھی آتا ہے، جو عصر کا وقت ہے، مگر یہاں کوئی مکروہ وقت نہیں، طلوع تک سارا وقت فجر کا ہے۔

[۲۸-] بابُ مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الْفَجْرِ رَكْعَةً

[۵۷۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، وَعَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، وَعَنِ الْأَعْرَجِ يُحَدِّثُوْنَهُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: قَالَ: " مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الصُّبْحِ رَكْعَةً قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَ الصُّبْحَ، وَمَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الْعَصْرِ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَ الْعَصْرَ" [راجع: ۵۵۶]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے طلوع آفتاب سے پہلے فجر کی ایک رکعت پالی اس نے فجر پالی، اور جس نے غروب سے پہلے عصر کی ایک رکعت پالی اس نے عصر پالی —— اس حدیث کو زید بن اسلم تین اساتذہ: عطاء بن یسار، بسر بن سعید اور عبدالرحمٰن اعرج سے روایت کرتے ہیں اور وہ تینوں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور ائمہ ثلاثہ اس حدیث کو فجر اور عصر کے ساتھ خاص کرتے ہیں اور احناف عام رکھتے ہیں، مزید تشریح اگلے باب میں ہے۔

بابُ مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً

جس نے نماز کی ایک رکعت پالی

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، گذشتہ باب میں جو حدیث آئی ہے اس سے یہ خیال پیدا ہوسکتا ہے کہ ایک رکعت پانے سے نماز پانے کی جو بات حدیث میں آئی ہے وہ شاید عصر اور فجر کے ساتھ خاص ہو، اس لئے یہ باب لا کر امام بخاریؒ نے اس وہم کو دور کیا کہ یہ حدیث مقید بھی آئی ہے اور مطلق بھی، پس یہ حکم پانچوں نمازوں کے لئے ہے، یہ اس باب کا مقصد ہے۔

[۲۹-] بابُ مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً

[۵۸۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الصَّلَاةِ فَقَدْ أَدْرَكَ الصَّلَاةَ"
[راجع: ٥٥٦]

وضاحت: گذشتہ باب کی حدیث اور یہ حدیث ایک ہیں، بس اتنا فرق ہے کہ اوپر والی حدیث فجر اور عصر کی تخصیص کے ساتھ آئی تھی اور یہ عام ہے۔ اور یہ حدیث اہم اور معرکۃ الآراء ہے اس کے سمجھنے میں ائمہ کے درمیان اختلاف ہوا ہے، اس لئے پہلے چند باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ نے مذکورہ حدیث کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ اگر فجر کی نماز کے دوران سورج نکل آئے یا عصر کی نماز کے دوران سورج غروب ہوجائے تو نماز باطل نہیں ہوتی، وہ نماز پڑھتا رہے اس کی نماز صحیح ہے۔ یعنی ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث کو فجر اور عصر کے ساتھ خاص کیا ہے اور وہ حدیث کا جو مطلب سمجھتے ہیں اس کے مطابق پہلے راوی نے الفاظ بدلے تھے: فَلْيُتِمَّ صَلوٰتَه (حدیث ۵۵٦) وہ روایت بالمعنی تھی، حدیث کے اصل الفاظ یہاں ہیں۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث فجر اور عصر کے ساتھ خاص نہیں، پانچوں نمازوں کے لئے یہی حکم ہے کیونکہ یہ حدیث فجر اور عصر کی تخصیص کے بغیر بھی آئی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب رکھ کر اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

غرض: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اس حدیث کا فجر الیوم اور عصر الیوم کے مسئلہ سے کچھ تعلق نہیں، وہ مسئلہ محض اجتہادی ہے اور اس حدیث کے دو مطلب ہوسکتے ہیں:

۱- جس نے امام کے ساتھ ایک رکعت پائی اس نے نماز یعنی جماعت پائی۔ دو چیزیں الگ الگ ہیں، ایک جماعت پانا ہے اور دوسری جماعت کا ثواب پانا ہے، جو شخص امام کے سلام پھیرنے سے پہلے جماعت میں شریک ہوا اس کو بھی جماعت کا ثواب مل جاتا ہے مگر وہ جماعت پانے والا نہیں۔ جماعت پانے والا وہ ہے جو امام کے ساتھ کم از کم ایک رکعت پائے، اسی لئے مسئلہ یہ ہے کہ اگر فجر کی نماز ہورہی ہو اور کوئی آئے اور اس نے سنتیں نہ پڑھی ہوں اور اس کو امید ہو کہ وہ سنتیں پڑھ کر امام کے ساتھ کم از کم ایک رکعت پائے گا اور سنتیں پڑھنے کے لئے کوئی علاحدہ جگہ بھی ہو تو وہ پہلے سنتیں پڑھے، پھر جماعت میں شریک ہو، اور اگر ایک رکعت پانے کی امید نہ ہو تو سنت پڑھے بغیر جماعت میں شریک ہوجائے، اس لئے کہ اگر ایک رکعت بھی امام کے ساتھ نہیں پائے گا تو وہ جماعت پانے والا شمار نہیں ہوگا، باب کی حدیث سے اس مطلب کی تائید ہوتی ہے۔

۲- جو شخص کسی نماز کے وقت کے بالکل آخر میں نماز کا اہل بنا مثلاً نابالغ تھا بالغ ہوا، کافر تھا مسلمان ہوا، عورت کو حیض یا نفاس آرہا تھا وہ پاک ہوگئی، اور اتنا وقت مل گیا جس میں طہارت حاصل کرکے ایک رکعت پڑھ سکے تو اس پر وہ نماز فرض ہوگئی۔

غرض: احناف کے نزدیک حدیث کے یہی دو مطلب ہوسکتے ہیں اور فجر الیوم اور عصر الیوم کے مسئلہ سے اس حدیث کا کچھ تعلق نہیں، وہ مسئلہ اجتہادی ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک وہ مسئلہ منصوص ہے، انھوں نے اس حدیث سے وہ مسئلہ ثابت کیا ہے۔

دوسری بات: احناف کے نزدیک اگر فجر کی نماز میں سورج نکل آئے تو فرض باطل ہوگیا کیونکہ نماز شروع کرنے سے

پہلے جو متصل وقت ہے وہ وجوب اداء کا سبب ہے، اور وہ وقت کامل ہے، پس نماز کامل فرض ہوئی، اس لئے کامل ہی پوری کرنی ضروری ہے، پھر جب نماز کے دوران سورج نکل آیا تو جیسی واجب ہوئی تھی ویسی پوری نہیں کی بلکہ ناقص پوری کی، اس لئے فرض باطل ہوگیا اس کا اعادہ ضروری ہے، اور عصر کی نماز میں سورج غروب ہوجائے تو عصر صحیح ہے، کیونکہ یہاں وجوب اداء کا جو سبب ہے وہ ناقص ہے، یعنی نماز شروع کرنے سے پہلے جو متصل جزء ہے وہ ناقص ہے پس نماز ناقص فرض ہوئی اور ناقص پوری کی اس لئے نماز ہوگئی۔

تیسری بات: احناف کا جو مذہب ہے کہ سورج نکلنے سے فجر باطل ہوجاتی ہے اور سورج کے ڈوبنے سے عصر باطل نہیں ہوتی، یہ مسئلہ برائے عمل نہیں ہے، عمل کے لئے احناف کا مذہب یہ ہے کہ مکروہ وقت میں نماز پڑھنا جائز نہیں، لہٰذا اگر وقت تھوڑا رہ گیا ہے، دوران نماز سورج نکلنے کا احتمال ہے تو ابھی نماز شروع نہ کرے، بلکہ طلوع شمس کے بعد جب مکروہ وقت نکل جائے تب فجر پڑھے، اسی طرح جب سورج لال تھالی ہوگیا تو اب عصر نہ پڑھے غروب کے بعد قضاء پڑھے، احناف حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کے واقعہ سے استدلال کرتے ہیں، وہ ایک مرتبہ شام کے وقت اپنے لڑکوں سے باغ میں چلنے کے لئے کہہ کر خود پہلے چلے گئے لڑکوں کو کسی وجہ سے دیر ہوگئی وہ گاؤں میں نماز پڑھ کر باغ میں پہنچے، حضرت ابوبکرہؓ لڑکوں کے انتظار میں سوگئے، جب لڑکے آئے اور آپؓ بیدار ہوئے تو مکروہ وقت شروع ہو چکا تھا آپؓ وضو سے فارغ ہو کر غروب کے انتظار میں بیٹھ گئے اور غروب کے بعد نماز پڑھی، یہ حدیث ترمذی میں مختصر اور طحاوی کی مشکل الآثار میں مفصل ہے، اسی طرح حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب سورج کا کنارہ طلوع ہوجائے تو نماز کو مؤخر کرو تا آنکہ وہ بلند ہوجائے، اور جب سورج کا کنارہ غروب ہونے لگے تو نماز کو مؤخر کرو تا آنکہ وہ غروب ہوجائے (بخاری حدیث ۵۸۳) ان حدیثوں کی بناء پر احناف کہتے ہیں کہ مکروہ وقت میں نہ فجر الیوم پڑھے اور نہ عصر الیوم۔ لیکن اگر کوئی پڑھ لے تو فجر الیوم نہیں ہوگی اور عصر الیوم ہوجائے گی اور فرق کی وجہ وہ ہے جو ابھی میں نے بیان کی کہ وجوبِ ادا کا سبب نماز سے متصل جزء ہوتا ہے اور وہ جزء فجر میں کامل ہے اور عصر میں ناقص، اور نماز کے درمیان طلوع وغروب سے نماز مکروہ تحریمی اور ناقص ہوجاتی ہے، پس فجر میں جیسی واجب ہوئی تھی ویسی ادا نہیں کی، اس لئے اس کا اعادہ ضروری ہے اور عصر میں ناقص واجب ہوئی اور ناقص ہی ادا کی، پس اس کا اعادہ واجب نہیں۔

غرض یہ دونوں مسئلے الگ الگ ہیں ایک مسئلہ یہ ہے کہ مکروہ اوقات میں نہ فجر الیوم پڑھنی چاہئے نہ عصر الیوم، اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر مکروہ وقت میں نماز پڑھ لی تو فجر الیوم صحیح نہیں ہوگی اور عصر الیوم صحیح ہوجائے گی، ان دونوں مسئلوں کو الگ الگ کرنا چاہئے، احناف کی بعض کتابوں میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ مکروہ وقت میں فجر الیوم نہ پڑھے مگر عصر الیوم پڑھے، حالانکہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے احناف کا مسلک یہ بیان کیا ہے کہ دونوں نمازیں مکروہ وقت میں نہ پڑھے، مکروہ وقت نکل جانے کے بعد دونوں نمازیں پڑھے، حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ نے مکروہ وقت میں عصر نہیں پڑھی تھی بلکہ غروب کے انتظار میں رکے

رہے تھے اور غروب کے بعد عصر پڑھی تھی۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فجر الیوم اور عصر الیوم مکروہ وقت میں پڑھے گا، ان کا ایک تو مذکورہ حدیث سے استدلال ہے جس کا میں نے جواب دیا کہ اس حدیث میں فجر الیوم اور عصر الیوم کا مسئلہ نہیں ہے، اور دوسرا استدلال حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول سے ہے، حضرت علیؓ سے پوچھا گیا: ایک شخص نماز بھول گیا تو کیا حکم ہے؟ آپؓ نے فرمایا: **یُصَلِّیْها متی ذَکَرَها فی وقتٍ أو فی غیر وقتٍ**: وہ نماز پڑھے جب اسے یاد آئے خواہ وقت میں یاد آئے یا غیر وقت میں، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فی وقت أو غیر وقت سے مباح اور مکروہ اوقات مراد ہیں اور احناف کے نزدیک وقت ادا اور وقت قضا مراد ہیں، مباح اور مکروہ وقت مراد نہیں۔

چوتھی بات: ابھی میں نے بتایا تھا کہ مذکورہ بالا حدیث فجر اور عصر کے ساتھ خاص نہیں، اس کا قرینہ یہ ہے کہ فجر میں تو ایک رکعت کی تخصیص ائمہ ثلاثہ کے مذہب پر معقول نظر آتی ہے، کیونکہ فجر کی دو ہی رکعتیں ہیں، مگر عصر کی چار رکعتیں ہیں اس میں ایک رکعت کی تخصیص ائمہ ثلاثہ کی تفسیر پر غیر معقول ہے، غروب سے پہلے خواہ ایک رکعت پائے یا دو رکعت پائے یا تین رکعت پائے سب کا حکم ایک ہے۔

اور احناف نے حدیث کا جو مطلب بیان کیا ہے وہ نہایت معقول ہے، کیونکہ ہر نماز درحقیقت ایک رکعت ہے، باقی رکعتیں اس کے ساتھ ملائی ہوئی ہیں، لہٰذا جب کسی نے ایک رکعت کے بقدر وقت پالیا تو نماز اس پر فرض ہوگئی۔ اور ایک رکعت پانے والا جماعت پانے والا بھی ہوگا۔

ملحوظہ: نماز درحقیقت ایک رکعت ہے: یہ مضمون میں نے توثیق الکلام کی شرح ''کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟'' میں تفصیل سے لکھا ہے اور اس کی دس دلیلیں دی ہیں، اور رحمۃ اللہ الواسعہ (۳:۴۰۱) میں بھی یہ مضمون ہے۔

پانچویں بات: گذشتہ باب کی حدیث میں فجر اور عصر کی تخصیص اس لئے ہے کہ یہی دو وقت ایسے ہیں جن میں محسوس طور پر وقت نکلتا ہوا نظر آتا ہے، ورنہ یہ حدیث عام ہے پانچوں نمازوں کے لئے یہی حکم ہے۔

آخری بات: امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک بھی طلوع وغروب کے وقت فجر الیوم اور عصر الیوم صحیح ہو جاتی ہیں تاہم ان کے نزدیک بھی مذکورہ حدیث عام ہے، فجر اور عصر کے ساتھ خاص نہیں، اور وہ ابن عمرؓ کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں جو اگلے باب میں آرہی ہے۔

بابُ الصَّلاَةِ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتّٰی تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ

فجر کے بعد سورج بلند ہونے تک نماز پڑھنا

غروب سے پہلے سورج لال تھالی ہو جاتا ہے، اسی طرح جب نکلتا ہے اس وقت بھی لال تھالی ہوتا ہے، اس وقت بھی

سورج میں کرنیں ہوتی ہیں، مگران کا فوکس سامنے پڑتا ہے اس لئے زمین پر دھوپ محسوس نہیں ہوتی، پھر جب سورج بلند ہوجاتا ہے تو کرنیں زمین پر پڑتی ہیں، پس جب زمین پر کرنیں پڑیں تو سمجھ لیا جائے کہ سورج بلند ہوگیا۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ فجر کے فرض پڑھنے کے بعد سورج بلند ہونے تک نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ احناف کے نزدیک فجر اور عصر کے بعد نوافل مطلقاً ممنوع ہیں خواہ ان نفلوں کا سبب ہو (جیسے تحیۃ المسجد وغیرہ) یا سبب نہ ہو، البتہ قضا نماز اور واجب لعینہ جیسے سجدۂ تلاوت اور نمازِ جنازہ پڑھنا جائز ہے اور واجب لغیرہ جیسے طواف کا دوگانہ پڑھنا جائز نہیں، اور اوقات ثلاثہ یعنی طلوع، غروب اور استواء کے وقت کوئی بھی نماز جائز نہیں نہ نفل، نہ فرض، نہ واجب، نہ ادا، نہ قضاء۔ اسی طرح سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ بھی ان اوقات میں جائز نہیں، کیونکہ ان اوقات میں سورج کی عبادت ہوتی ہے، پس وقت میں خرابی ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک بھی فجر وعصر کے بعد نوافل ممنوع ہیں، البتہ عصر کے بعد دو نفل بلا سبب پڑھ سکتے ہیں اور فرض وواجب نمازیں بھی پڑھ سکتے ہیں اور طلوع وغروب کے وقت بالقصد نماز پڑھنا جائز نہیں، ارادہ کے بغیر پڑھ سکتے ہیں مثلاً ایک شخص فجر یا عصر پڑھ رہا تھا دوران نماز طلوع یا غروب ہوگیا تو وہ نماز پڑھتا رہے اس کی نماز صحیح ہے یا قضاء یا واجب پڑھ رہا تھا اور طلوع وغروب ہوگیا تو وہ نماز جاری رکھے اس کی نماز صحیح ہے کیونکہ اس نے خاص طلوع اور غروب کے وقت نماز پڑھنے کا ارادہ نہیں کیا پس فجر الیوم اور عصر الیوم ان کے یہاں بھی صحیح ہیں اور ان کا مستدل ابن عمرؓ کی حدیث ہے جو باب میں آرہی ہے احناف کے نزدیک اگر قضا یا واجب نماز کے دوران طلوع ہوگیا تو نماز باطل ہوجائے گی وہ نماز دوبارہ پڑھے اور نفل نماز کے درمیان استواء ہوجائے تو نفل کراہیت تحریمی کے ساتھ صحیح ہوگی۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک فجر اور عصر کے بعد فرض واجب لعینہ، واجب لغیرہ جیسے طواف کا دوگانہ اسی طرح وہ نوافل جن کا کوئی سبب ہے مثلاً تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضوء وغیرہ پڑھ سکتے ہیں اسی طرح بغیر کسی سبب کے عصر کے بعد دو نفل پڑھنے کی بھی اجازت ہے، کیونکہ نبی ﷺ سے ان کا پڑھنا ثابت ہے اور فجر کی سنتیں نہ پڑھی ہوں تو فرض پڑھنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سنتیں بھی پڑھ سکتے ہیں ان کے علاوہ نوافل ممنوع ہیں اور طلوع وغروب کے وقت کوئی بھی نماز پڑھنا جائز نہیں، مگر فجر الیوم اور عصر الیوم مستثنیٰ ہیں۔

[۳۰-] بابُ الصَّلاَةِ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتّٰى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ

[۵۸۱-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: شَهِدَ عِنْدِیْ رِجَالٌ مَرْضِيُّوْنَ، وَأَرْضَاهُمْ عِنْدِیْ عُمَرُ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم نَهَى عَنِ الصَّلاَةِ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَشْرُقَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ.

حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعْتُ أَبَا الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ نَاسٌ بِهٰذَا.

حدیث (۱): ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میرے سامنے بہت سے ایسے لوگوں نے گواہی دی جو قابل اعتماد ہیں، اور ان میں میرے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں کہ نبی ﷺ نے فجر کے بعد نماز سے منع کیا، یہاں تک کہ سورج چمکنے لگے اور عصر کے بعد یہاں تک کہ سورج غروب ہوجائے.........اس حدیث کو قتادہؒ سے شعبہؒ نے بھی روایت کیا ہے اور ان کی سند میں قتادہؒ کے سماع کی ابوالعالیہؒ سے صراحت ہے۔ نیز ان کی حدیث میں شَهِدَ کے بجائے حدثنی ہے اور رِجَالٌ مَرْضِيُّوْنَ کی جگہ ناسٌ ہے۔ ان فروق کو بیان کرنے کے لئے دوسری سندیں لائے ہیں۔

تشریح: شَهِدَ کا مفہوم: قسم کھا کر بیان کرنا ہے، شہادت میں قسم کا مفہوم شامل رہتا ہے، چاہے قسم پر دلالت کرنے والا کوئی لفظ ہو یا نہ ہو، اور مَرضِيُّوْن کے معنی ہیں: قابل اعتماد۔ ثقۃ اور مرضِیٌّ ہم معنی ہیں، اور رجال مرضِيُّوْن سے صحابہ کرام مراد ہیں، کیونکہ ابن عباس نے صحابہ کرام سے علم حاصل کیا ہے، نبی ﷺ کے زمانہ میں وہ بچے تھے۔

اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ فجر کے فرض پڑھنے کے بعد سورج بلند ہونے تک اور عصر کے بعد غروب تک نماز مطلقاً ممنوع ہے، احناف نے اس کے عموم سے فرض اور واجب لعینہ کو مستثنیٰ کیا ہے اور امام بخاریؒ نے فجر الیوم اور عصر الیوم اور عصر کے بعد بلاسبب دونفلوں کو بھی مستثنیٰ کیا ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ نے ان نوافل کو بھی جن کا کوئی سبب ہے: مستثنیٰ کیا ہے۔

فائدہ: اوقاتِ ثلاثہ میں نماز پڑھنے کی ممانعت کی حدیثیں اخبار آحاد ہیں، اور اعلی درجہ کی صحیح ہیں اور عصر اور فجر کے بعد ممانعت کی حدیثیں تقریباً متواتر ہیں۔

[۵۸۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَا تَحَرَّوْا بِصَلاَتِكُمْ طُلُوْعَ الشَّمْسِ وَلاَ غُرُوْبَهَا"

[انظر: ۵۸۵، ۵۸۹، ۱۱۹۲، ۱۶۲۹، ۳۲۷۳]

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: "تم طلوع وغروب شمس کے وقت نماز پڑھنے کا قصد نہ کرو"

تشریح: اس حدیث سے امام بخاریؒ نے یہ استدلال کیا ہے کہ طلوع وغروب کے وقت بالقصد نماز پڑھنا جائز نہیں، اور ارادہ کے بغیر جائز ہے پس اگر فجر الیوم اور عصر الیوم پڑھتے ہوئے طلوع وغروب ہوجائے تو نماز صحیح ہے کیونکہ اس نے خاص طلوع وغروب کے وقت نماز پڑھنے کا ارادہ نہیں کیا، ہاں بالقصد طلوع یا غروب کے وقت فجر الیوم یا عصر الیوم پڑھنا جائز نہیں۔

[۵۸۳-] وَقَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَأَخِّرُوْا الصَّلَاةَ حَتّٰى تَرْتَفِعَ، وَإِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَأَخِّرُوْا الصَّلَاةَ حَتّٰى تَغِيْبَ" تَابَعَهُ عَبْدَةُ.

[انظر: ۳۲۷۲]

حدیث (۳): یہ حدیث بھی مذکورہ بالا سند سے مروی ہے اس کو بھی ابن عمرؓ سے حضرت عروہ روایت کرتے ہیں کہ نبی

ﷺ نے فرمایا: جب سورج کا اوپر کا کنارہ نمودار ہوجائے تو نماز کو مؤخر کرو تا آنکہ سورج بلند ہوجائے اور جب سورج کا نیچے کا کنارہ غائب ہوجائے تو نماز کو مؤخر کرو تا آنکہ سورج چھپ جائے۔

تشریح: پہلے بتایا تھا کہ جب سورج کا اوپر کا کنارہ نمودار ہوگیا تو طلوع ہوگیا مگر جب تک سورج بلند نہ ہو اور اس کی کرنیں زمین پر نہ پڑیں مکروہ وقت ہے اور عام طور پر یہ وقت دس منٹ ہوتا ہے یعنی طلوع کے بعد دس منٹ طلوع کے ساتھ لاحق ہیں، اسی طرح جب سورج کا نیچے کا کنارہ چھپنے لگے تو غروب شروع ہوگیا اور اس سے پہلے والے دس منٹ غروب کے ساتھ لاحق ہیں، اور استواء کے ساتھ کچھ لاحق نہیں، خط استواء سے پورا سورج چار منٹ میں گذرتا ہے، مگر دونوں جانبوں سے تین تین منٹ احتیاطاً لیتے ہیں اور استواء کا وقت دس منٹ لکھتے ہیں، مگر درحقیقت استواء کے چار منٹ ہیں، باقی چھ منٹ بر بناء احتیاط ہیں ان چھ منٹوں میں نماز مکروہ نہیں، اور طلوع کے بعد کے دس منٹ اور غروب سے پہلے کے دس منٹ طلوع وغروب کے ساتھ لاحق ہیں ان اوقات میں نماز مکروہ ہے۔

[٥٨٤-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ ابْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهى عَنْ بَيْعَتَيْنِ، وَعَنْ لِبْسَتَيْنِ، وَعَنْ صَلاَتَيْنِ: نَهى عَنِ الصَّلاَةِ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَعَنِ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ، وَعَنِ الاِحْتِبَاءِ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، يُفْضِيْ بِفَرْجِهِ إِلَى السَّمَاءِ، وَعَنِ الْمُنَابَذَةِ، وَالْمُلاَمَسَةِ.[راجع: ٣٦٨]

حدیث (۴): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے دو بیعوں سے، دو کپڑے پہننے کے طریقوں سے اور دو نمازوں سے منع فرمایا، فجر کے بعد نماز پڑھنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ سورج طلوع ہوجائے اور عصر کے بعد یہاں تک کہ سورج غروب ہوجائے اور اشتمال صمّاء سے اور ایک کپڑے میں حبوہ بنانے سے منع فرمایا درانحالیکہ شرم گاہ آسمان کی طرف کھلی ہو، یعنی شرم گاہ اور آسمان کے درمیان میں کوئی چیز حائل نہ ہو، اور بیع منابذہ اور بیع ملامسہ سے منع فرمایا۔

تشریح: یہ حدیث ابواب ثیاب المصلی میں گذری ہے (حدیث ۳۶۸) اشتمال صمّاء اور احتباء کی تفسیر وہاں دیکھیں، اور منابذہ اور ملامسہ زمانۂ جاہلیت کی دو بیوع تھیں، جن میں زبان بندی ہوتی ہے اس لئے نبی ﷺ نے ان سے منع فرمایا، تفصیل کتاب البیوع میں آئے گی۔

بَابٌ: لاَ تُتَحَرَّى الصَّلاَةُ قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ

سورج چھپنے سے پہلے بالقصد نماز نہ پڑھی جائے

اوپر والے باب میں حتی ترتفع الشمس تھا اس لئے کہ صبح میں مکروہ وقت طلوع آفتاب کے بعد شروع ہوتا ہے اور

شام میں غروب سے پہلے شروع ہوتا ہے، اس لئے قبل غروب الشمس کی قید لگائی اس وقت بھی بالقصد نماز پڑھنا صحیح نہیں البتہ کوئی بلا ارادہ پڑھے اور نماز کے درمیان سورج غروب ہو جائے تو کچھ حرج نہیں .... **لاتُتَحَرَّی** فعل مجہول ہے، غروب سے پہلے نماز کا قصد نہ کیا جائے یعنی بالقصد اس وقت نماز نہ پڑھی جائے۔

[۳۱-] بَابٌ: لَا تُتَحَرَّی الصَّلَاةُ قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ

[۵۸۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا يَتَحَرَّى أَحَدُكُمْ فَيُصَلِّيْ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلَا عِنْدَ غُرُوْبِهَا" [راجع: ۵۸۲]

[۵۸۶-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُنْدَعِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لَاصَلَاةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ، وَلَا صَلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ"

[انظر: ۱۱۸۸، ۱۱۹۷، ۱۸٦٤، ۱۹۹۲، ۱۹۹۵]

[۵۸۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمْرَانَ بْنَ أَبَانَ، يُحَدِّثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ رضي الله عنه، قَالَ: إِنَّكُمْ لَتُصَلُّوْنَ صَلَاةً لَقَدْ صَحِبْنَا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَمَا رَأَيْنَاهُ يُصَلِّيْهَا، وَلَقَدْ نَهٰى عَنْهُمَا يَعْنِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ. [انظر: ۳۷٦٦]

[۵۸۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ خُبَيْبٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهٰى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَلَاتَيْنِ: بَعْدَ الْفَجْرِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ. [راجع: ۳٦۸]

وضاحت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث گذشتہ باب میں گذر چکی ہے اس حدیث سے امام بخاریؒ نے فجر الیوم اور عصر الیوم کو مستثنیٰ کیا ہے، اگر کوئی بلا ارادہ طلوع یا غروب کے وقت فجر اور عصر پڑھے تو جائز ہے، البتہ بالقصد ان اوقات میں نماز پڑھنا جائز نہیں، اور دوسری اور چوتھی حدیثیں حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی ہیں ان میں فجر اور عصر کے بعد مطلقاً نماز کی ممانعت ہے اور ان کے عموم سے احناف نے فرض اور واجب لعینہ کی تخصیص کی ہے اور امام بخاریؒ نے فجر الیوم، عصر الیوم اور عصر کے بعد بلا سبب دو رکعتوں کی بھی تخصیص کی ہے اور امام شافعیؒ نے ان نوافل کو بھی مستثنیٰ کیا ہے جن کا کوئی سبب ہے، جیسے تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضوء وغیرہ۔

اور تیسری حدیث حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی ہے ان کے زمانۂ خلافت میں صحابہ تھوڑے رہ گئے تھے، تابعین زیادہ ہو گئے تھے، اور عصر کے بعد نفل نماز پڑھنے کا رواج چل پڑا تھا۔ حضرت نے لوگوں کو سمجھایا کہ عصر کے بعد نفل مت پڑھو، ہم

نے نبی ﷺ کو یہ نفل پڑھتے کبھی نہیں دیکھا اور عہدِ رسالت میں صحابہ بھی یہ نفلیں نہیں پڑھتے تھے، پس تمہارا یہ فعل نبی ﷺ کے قول وعمل کے خلاف ہے، اس لئے اس پر عمل ترک کرو۔

فائدہ: آنحضور ﷺ نے عصر کے بعد نفلیں پڑھی ہیں یا نہیں؟ اس سلسلہ کی روایات متعارض ہیں، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ آپؐ نے صرف ایک مرتبہ عصر کے بعد دو نفلیں پڑھی ہیں، آپؐ کی ظہر کی سنتیں رہ گئی تھیں جو آپؐ نے عصر کے بعد پڑھی تھیں اس ایک واقعہ کے علاوہ کبھی آپؐ نے عصر کے بعد نفلیں نہیں پڑھیں اور پورا واقعہ جو مسلم شریف میں آیا ہے وہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ آنحضور ﷺ ظہر کی نماز سے فارغ ہوکر فوراً مال تقسیم کرنے میں لگ گئے، خیال تھا کہ فراغت کے بعد سنت پڑھ لیں گے مگر تقسیم کا عمل جاری رہا تا آنکہ عصر کی اذان ہوگئی اور تقسیم بھی مکمل ہوگئی، آپؐ عصر پڑھا کر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تشریف لے گئے کیونکہ یہ ان کی باری کا دن تھا اور وہاں آپؐ نے نفل نماز شروع فرمائی، اس وقت حضرت ام سلمہؓ کے پاس کچھ خواتین بھی تھیں، انہیں اور حضرت ام سلمہؓ کو نبی ﷺ کے نفل پڑھنے پر تعجب ہوا، چنانچہ ام سلمہؓ نے اپنی باندی کو آپؐ کے پاس بھیجا اور ہدایت کی کہ خدمتِ اقدس میں سلام عرض کر، اگر آپؐ اشارہ کریں تو نماز کے بعد، ورنہ اسی وقت دریافت کر، جب سلام کیا تو آپؐ نے ہاتھ سے رکنے کا اشارہ فرمایا، جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو باندی نے عرض کیا: ام سلمہؓ سلام کہتی ہیں اور دریافت کرتی ہیں کہ آنجناب عصر کے بعد نماز سے منع فرماتے ہیں، پھر یہ نماز کیسی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: میرے پاس مال آیا تھا جس کی تقسیم کی مشغولیت کی بناء پر ظہر کے بعد کی سنتیں رہ گئی تھیں۔

(مسلم شریف ۱:۲۷۷ باب الأوقات التی نُهی إلخ)

دوسری طرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس واقعہ کے بعد جب بھی آنحضور ﷺ عصر کے بعد میرے گھر تشریف لائے تو آپؐ نے دو نفلیں پڑھیں اور آپؐ کا یہ معمول وفات تک جاری رہا، مگر حیرت انگیز بات یہ ہے کہ صدیقہ کی باری ہفتہ میں ایک دن آتی تھی، باقی ایام میں آپؐ دیگر ازواج کے یہاں قیام فرما ہوتے تھے مگر کوئی ام المؤمنین عصر کے بعد نفل پڑھنے کی بات روایت نہیں کرتی، بلکہ حضرت ام سلمہؓ شدت سے انکار کرتی ہیں۔ اور صحابہ میں سے بھی کوئی یہ نماز روایت نہیں کرتا، بلکہ حضرات عمر، زید بن ثابت۔ ابن عباس اور معاویہ رضی اللہ عنہم وغیرہ متعدد صحابہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کا انکار کیا ہے، مذکورہ حدیث میں امیر معاویہؓ نے اسی روایت پر نقد کیا ہے۔ مگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث بھی بخاری میں ہے، اس لئے صدیقہ کی بات کی حقیقت پانا مشکل ہے۔

بابُ مَنْ لَمْ يَكْرَهِ الصَّلَاةَ إِلَّا بَعْدَ الْعَصْرِ وَالْفَجْرِ

نفل نماز عصر اور فجر کے بعد ہی ممنوع ہے

اوقات ممنوعہ جن میں نماز پڑھنے کی ممانعت ہے پانچ ہیں۔ اور ان کے دو گروپ بنائے گئے ہیں، ایک گروپ میں

طلوع، غروب اور استواء ہیں اور دوسرے گروپ میں عصر اور فجر کے بعد کے اوقات ہیں اور دونوں کی روایتیں الگ الگ ہیں اوقات ثلاثہ میں ممانعت کی روایتیں اخبار آحاد ہیں، اور اعلیٰ درجہ کی صحیح ہیں اور عصر وفجر کے بعد کی روایتوں کو بہت سے حضرات نے متواتر کہا ہے۔ مگر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک استواء کا وقت کراہیت میں شامل نہیں اور غالباً امام بخاریؒ کی بھی یہی رائے ہے، اس لئے حضرت نے باب میں صرف طلوع وغروب کی تخصیص کی استواء کا ذکر نہیں کیا، اور حضرات عمر، ابن عمر، ابوسعید خدری اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم کی حدیثوں کا حوالہ دیا کہ ان کی حدیثوں میں صرف عصر اور فجر کا ذکر ہے، استواء کا ذکر نہیں، پس استواء اوقات ممنوعہ میں شامل نہیں، مگر حضرت کا یہ استدلال کچھ زیادہ مضبوط نہیں اس لئے کہ یہ روایتیں تو بعد الفجر اور بعد العصر نوافل کی ممانعت کی ہیں، اور اوقات ثلاثہ میں ممانعت کی روایتیں الگ ہیں! مگر حضرتؒ وہ روایتیں نہیں لائے کیونکہ وہ حضرت کے مذہب کے خلاف ہیں اور جو روایت حضرت کے مذہب کے خلاف ہوتی ہے اس کو حضرت نہیں لاتے، اور ابن عمرؓ وغیرہ کی حدیثوں کا حوالہ دیا ہے پھر ابن عمرؓ کی حدیث باب میں بھی لائے ہیں مگر میں نے کہا اس سے حضرت کا استدلال تام نہیں کیونکہ بعد الفجر اور بعد العصر کی روایتیں الگ ہیں اور ان میں حتی تطلع الشمس اور حتی تغیب الشمس کا مطلب ہے: بُعَیْدَ طُلوعِ الشمس و قُبیلَ غروبها اور اوقات ثلاثہ کی روایتیں الگ ہیں۔

[۳۲-] بابُ مَنْ لَمْ یَکْرَہِ الصَّلاَۃَ إِلَّا بَعْدَ الْعَصْرِ وَالْفَجْرِ

رَوَاہُ عُمَرُ، وَابْنُ عُمَرَ، وَأَبُوْ سَعِیْدٍ، وَأَبُوْ هُرَیْرَةَ.

[۵۸۹-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: أُصَلِّیْ کَمَا رَأَیْتُ أَصْحَابِیْ یُصَلُّوْنَ، لاَ أَنْهٰی أَحَدًا یُصَلِّیْ بِلَیْلٍ وَنَهَارٍ مَاشَاءَ، غَیْرَ أَنْ لاَ تَحَرَّوْا طُلُوْعَ الشَّمْسِ وَلاَ غُرُوْبَهَا.

[راجع: ۵۸۲]

ترجمہ: ابن عمرؓ فرماتے ہیں: میں نے جس طرح اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھتے دیکھا ہے نماز پڑھتا ہوں، یعنی دوسرے صحابہ جن اوقات میں نماز پڑھتے تھے میں بھی ان اوقات میں نماز پڑھتا ہوں اور جو شخص رات یا دن میں جو بھی نفلیں پڑھتا ہے میں اس کو منع نہیں کرتا، مگر تم طلوع اور غروب کے وقت نماز پڑھنے کا ارادہ مت کرو —— حضرت ابن عمرؓ نے استواء کو چھوڑ دیا، پس امام بخاری رحمہ اللہ نے استدلال کیا کہ استواء اوقات ممنوعہ میں شامل نہیں۔

تشریح: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت کا واقعہ ہے: ایک شخص عید سے پہلے عیدگاہ میں نفلیں پڑھ رہا تھا، کسی نے حضرت علیؓ سے عرض کیا: آپؓ اس کو روکتے نہیں؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: مجھے ڈر ہے کہ میں ﴿أَفَرَأَیْتَ الَّذِیْ یَنْهٰی عَبْدًا إِذَا صَلّٰی﴾ کا مصداق نہ بن جاؤں، چنانچہ حضرت نے اسے منع نہیں کیا حالانکہ آیت کا ماسیق لاجلہ الکلام یہ صورت نہیں، مگر حضرت نے خطرہ محسوس کیا۔ اسی طرح جب حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہونے لگا تو انھوں نے گھر والوں کو وصیت کی

کہ میرے مرنے کی کسی کو خبر مت کرنا، کہیں یہ تشہیر ممنوع نہ ہو جائے، نبی ﷺ نے موت کی تشہیر سے منع فرمایا ہے حالانکہ اعزہ واقارب کو موت کی خبر دینا تاکہ وہ جنازہ میں اور تجہیز و تکفین میں شریک ہوں اور ایصالِ ثواب اور دعائے مغفرت کریں ممنوع نہیں، مگر حضرت نے خطرہ محسوس کیا تو گھر والوں کو منع کیا، اسی طرح حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمارہے ہیں کہ عام صحابہ کے نماز پڑھنے کے جو اوقات ہیں، میں بھی انہی اوقات میں نماز پڑھتا ہوں اور کوئی ان کے علاوہ اوقات میں نماز پڑھتا ہے تو میں اس کو روکتا نہیں، بس ایک بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ طلوع اور غروب کے وقت بالقصد نماز نہیں پڑھنی چاہئے، یہاں سے امام بخاری رحمہ اللہ نے استدلال کیا کہ استواء اوقات ممنوعہ میں شامل نہیں، کیونکہ حضرت ابن عمرؓ نے اس کا ذکر چھوڑ دیا ہے اور دوسرا استدلال یہ کیا ہے کہ طلوع وغروب کے وقت بالقصد نماز پڑھنا تو جائز نہیں لیکن اگر کوئی بلا ارادہ اس وقت نماز پڑھے تو جائز ہے۔

بابُ مَا يُصَلَّى بَعْدَ الْعَصْرِ مِنَ الْفَوَائِتِ وَنَحْوِهَا

عصر کے بعد قضا نمازیں وغیرہ پڑھنا

آنحضور ﷺ نے عصر کے بعد جو نماز پڑھنے سے منع کیا ہے اس کا تعلق صرف نوافل سے ہے، فوائت وغیرہ سے نہیں ہے، فوائت سے مراد قضا نمازیں ہیں، اور نحوھا کا مصداق حنفیہ کے نزدیک واجبات مثلاً سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ وغیرہ ہیں، اور حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو نوافل ذات سبب ہیں وہ بھی نحوھا میں داخل ہیں —— اس کے بعد چند باتیں جاننی چاہئیں:

پہلی بات: باب میں ایک تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک دن نبی ﷺ ظہر کی سنتیں نہیں پڑھ سکے تھے، بحرین سے مال آیا تھا، ظہر پڑھا کر آپؐ اس کو تقسیم کرنے میں مشغول ہوگئے، خیال تھا کہ مال تقسیم کر کے سنتیں پڑھیں گے مگر اس کام سے عصر کے وقت فراغت ہوئی، عصر پڑھا کر آپؐ نے حضرت ام سلمہؓ کے گھر میں وہ سنتیں پڑھیں، وہ حضرت ام سلمہؓ کی باری کا دن تھا۔ امام بخاریؒ نے یہاں سے مسئلہ اخذ کیا کہ عصر اور فجر کے بعد فوائت پڑھ سکتے ہیں۔ حضور ﷺ نے عصر کے بعد فوائت پڑھے ہیں اور دوسری روایت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے وہ فرماتی ہیں کہ اس واقعہ کے بعد نبی ﷺ ہمیشہ عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھتے تھے، اس سے التزام نکلا، اس التزام کو نحوھا میں لیا، فائتہ کا ثبوت حضرت ام سلمہؓ کی روایت سے ہوا اور نحوھا کا حضرت عائشہؓ کی روایت سے۔

دوسری بات: امام بخاریؒ نے باب میں عصر کی تخصیص کی ہے یعنی فوائت اور نحوھا کا استثناء صرف عصر میں ہے، فجر میں نہیں ہے، اگر عصر اور فجر دونوں کا حکم ایک ہوتا تو حضرت رحمہ اللہ عصر کی تخصیص نہ کرتے یا تو ترجمہ مطلق رکھتے یا دونوں کی صراحت کرتے، عصر کی تخصیص کرنا دلیل ہے کہ امام بخاریؒ کے نزدیک فجر کے فرضوں کے بعد فوائت اور اس جیسی نماز جائز

نہیں، لہٰذا جس کی فجر کی سنتیں رہ گئی ہوں وہ فجر کے فرضوں کے بعد ان کو نہیں پڑھ سکتا، یہی رائے حنفیہ کی بھی ہے، البتہ طلوع آفتاب اور مکروہ وقت نکلنے کے بعد پڑھ سکتا ہے، بلکہ پڑھنی چاہئیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک فجر کے فرضوں کے بعد فجر کی سنتیں پڑھ سکتے ہیں۔

[۳۳-] بابُ مَا يُصَلَّى بَعْدَ الْعَصْرِ مِنَ الْفَوَائِتِ وَنَحْوِهَا

وَقَالَ كُرَيْبٌ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ، وَقَالَ: شَغَلَنِي نَاسٌ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ.

[۵۹۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، أَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ، قَالَتْ: وَالَّذِيْ ذَهَبَ بِهِ! مَا تَرَكَهُمَا حَتَّى لَقِيَ اللّٰهَ، وَمَا لَقِيَ اللّٰهَ حَتَّى ثَقُلَ عَنِ الصَّلَاةِ، وَكَانَ يُصَلِّيْ كَثِيْرًا مِنْ صَلَاتِهِ قَاعِدًا، تَعْنِيْ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْهِمَا، وَلَا يُصَلِّيْهِمَا فِي الْمَسْجِدِ، مَخَافَةَ أَنْ يُثَقِّلَ عَلٰى أُمَّتِهِ؛ وَكَانَ يُحِبُّ مَا يُخَفِّفُ عَنْهُمْ.[انظر: ۵۹۱، ۵۹۲، ۵۹۳، ۱۶۳۱]

ترجمہ: کریبؒ: ام سلمہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھیں اور فرمایا: مجھے عبدالقیس کے لوگوں نے ظہر کے بعد کی دو سنتوں سے مشغول کردیا —— حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: اس ذات کی قسم جو حضور ﷺ کو لے گئی! آپؐ نے دو رکعتیں (ھما کا مرجع آگے آرہا ہے) نہیں چھوڑیں، یہاں تک کہ آپؐ نے اللہ سے ملاقات کی اور اللہ سے ملاقات نہیں کی آپؐ نے یہاں تک کہ آپؐ نماز سے بھاری ہوگئے اور آپؐ بارہا بیٹھ کر نماز پڑھا کرتے تھے —— مراد لی رہی ہیں: عصر کے بعد کی دو نفلوں کو، یہ راوی نے ما ترکھما کی ضمیر تثنیہ کا مرجع بتلایا —— اور نبی ﷺ یہ دو نفلیں پڑھا کرتے تھے مگر مسجد میں نہیں پڑھتے تھے اس اندیشہ سے کہ آپؐ اپنی امت پر بوجھ ڈالیں اور آپؐ لوگوں کے لئے تخفیف کو پسند فرماتے تھے۔

تشریح:

۱- امام بخاری رحمہ اللہ ظہر کی سنتوں کو جو آپؐ نے عصر کے بعد پڑھی ہیں فوائت کی مثال میں لائے ہیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جو بیان کرتی ہیں کہ اس واقعہ کے بعد آپؐ ہمیشہ عصر کے بعد دو نفلیں پڑھتے تھے، اس کو نحوھا کی مثال میں لائے ہیں، اور یہ نحوھا کی مثال اس طرح ہے کہ محبوب: مُحِب کے پاس جس وقت آتا ہے اس وقت محبّ کو محبوب کا انتظار رہتا ہے، مثلاً محبوب ہمیشہ عشاء کی نماز کے بعد آتا ہے تو محبّ کو ہمیشہ عشاء کے بعد انتظار رہے گا، لیکن اگر کسی دن کسی عارض سے صبح دس بجے محبوب آئے تو اگلے دن اس وقت بھی محبّ کو انتظار رہے گا یہ فطری بات ہے۔

حضور اکرم ﷺ اللہ کے محبوب ہیں اور اللہ محبّ ہیں، ایک دن خلافِ معمول عصر کے بعد آپؐ اللہ کی بارگاہ میں حاضر

ہوئے اور عصر کے بعد دو سنتیں پڑھیں تو اب روز اللہ کو انتظار رہے گا کہ میرا محبوب عصر کے بعد میری بارگاہ میں آئے اور میری بندگی کرے اس لئے نبی ﷺ نے اس دن کے بعد ہمیشہ عصر کے بعد دو نفلیں پڑھیں، جب اس علت کی وجہ سے آپ ﷺ نے ہمیشہ یہ نفلیں پڑھیں تو یہ فوائت اور واجبات جیسی ہوگئیں اس لئے حضرت رحمہ اللہ اس کو نحوہا کی مثال میں لائے، یہ حضرت رحمہ اللہ کی دقت نظر ہے۔

۲- میں نے پہلے کہا تھا کہ صدیقہ جو فرماتی ہیں کہ اس واقعہ کے بعد ہمیشہ نبی ﷺ عصر کے بعد دو نفلیں پڑھتے تھے، اور باقی ازواج مطہرات اور تمام صحابہ اس کا انکار کرتے ہیں، اور ظاہر ہے تمام صحابہ اور ازواج مطہرات جو فرمارہے ہیں وہ غلط نہیں ہوسکتا، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جو فرماتی ہیں وہ بھی غلط نہیں ہوسکتا اس لئے میں نے کہا تھا کہ دونوں باتوں میں تطبیق مشکل ہے، اور ابھی جو بات میں نے کہی ہے وہ علی تقدیر الصحہ کہی ہے، یعنی عصر کے بعد دو نفلیں پڑھنے کا معمول اس وجہ سے تھا کہ جب ایک مرتبہ خلافِ معمول عصر کے بعد آپ ﷺ بارگاہ ایزدی میں حاضر ہوئے اور دو نفلیں پڑھیں تو اب روز محبّ کو اس وقت میں محبوب کا انتظار رہے گا اس لئے آپ ﷺ نے اس واقعہ کے بعد ہمیشہ یہ نفلیں پڑھیں۔

۳- اور صدیقہ رضی اللہ عنہا یہ بھی فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ یہ نفلیں گھر میں پڑھتے تھے مسجد میں نہیں پڑھتے تھے اور اس کی وجہ یہ بیان فرماتی ہیں کہ امت پر بوجھ نہ پڑے، آنحضور ﷺ کا مزاج یہ تھا کہ آپ ﷺ امت کے حق میں ہمیشہ تیسیر اور آسانی کو ملحوظ رکھتے تھے، صدیقہ ؓ فرماتی ہیں: ما خُيِّرَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ إِلا اخْتَارَ أَيْسَرَهُمَا: جب بھی نبی ﷺ کو دو باتوں میں اختیار دیا گیا تو آپ ﷺ امت کے لئے آسان پہلو اختیار فرماتے تھے، اس کی بہت مثالیں ہیں مثلاً آپ ﷺ نے صوم وصال رکھا مگر امت کو منع کیا، آپ ﷺ عبادت میں ریاضت شاقہ کرتے تھے، تہجد اتنا لمبا پڑھتے تھے کہ پیروں پر ورم آجاتا تھا مگر امت سے فرمایا: الدينُ يُسْرٌ، ولن يُشَادَّ الدينَ أَحَدٌ إِلا غَلَبَهُ: دین آسان ہے، دین سے ٹکر مت لو اگر ایسا کروگے تو دین تم کو ہرادے گا، جتنے اعمال تمہارے بس میں ہیں اتنے ہی کرو، جو دین میں تشدد اختیار کرے گا وہ کامیاب نہیں ہوگا۔ یہ حدیث کتاب الایمان (باب ۲۹) میں گذری ہے، صدیقہ بھی یہی فرمارہی ہیں کہ آپ ﷺ یہ سنتیں جلوت اور خلوت میں پابندی سے پڑھتے تو یہ سنت مؤکدہ بن جاتیں، دس (عندالشافعی) یا بارہ (عندالاحناف) سنت مؤکدہ تو تھی ہی دو اور بڑھ جاتیں اور امت پر بوجھ پڑتا، اس لئے نبی ﷺ نے خلوت میں یہ سنتیں پڑھیں ہیں، جلوت میں نہیں پڑھیں۔ مگر یہ اعتراض اب بھی باقی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی ہفتہ میں ایک مرتبہ باری آتی تھی باقی دن دیگر ازواج کی باریاں تھیں، وہ یہ بات کیوں بیان نہیں کرتیں اور نہ صرف بیان نہیں کرتیں بلکہ حضرت ام سلمہ ؓ تو سختی سے تردید کرتی ہیں، اور آنحضور ﷺ ہمیشہ خلوت میں نہیں ہوتے تھے جہاد وغیرہ کے اسفار میں مہینوں جلوت میں بھی رہتے تھے۔ اگر آپ ﷺ کا یہ معمول تھا تو تمام صحابہ اور ازواج مطہرات اس عمل سے ناواقف کیوں رہے؟ اس لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت اگرچہ سند کے اعتبار سے اعلی درجہ کی ہے، بخاری میں ہے، مگر درایۃً اس کا حال اللہ بہتر جانتے ہیں۔

۴- نبی ﷺ آخر حیات میں کمزور ہوگئے تھے اور بدن مبارک بھی قدرے بھاری ہوگیا تھا اس لئے وفات سے ایک سال پہلے آپؐ تہجد زیادہ تر بیٹھ کر پڑھتے تھے، کبھی کھڑے ہوکر تہجد شروع فرماتے پھر کچھ قراءت کر کے بیٹھ جاتے اور باقی قراءت بیٹھ کر فرماتے، پھر جب رکوع کا ارادہ فرماتے تو پچاس ساٹھ آیتیں کھڑے ہوکر تلاوت فرماتے پھر رکوع وسجود فرما کر اگلی رکعت میں بیٹھ جاتے اور دوسری رکعت بھی اسی طرح ادا فرماتے۔ غرض وفات سے ایک سال پہلے آپؐ نے تہجد بیٹھ کر پڑھا ہے۔

[۵۹۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: ابْنَ أُخْتِيْ! مَا تَرَكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم السَّجْدَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ عِنْدِيْ قَطُّ.[راجع: ۵۹۰]

[۵۹۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: رَكْعَتَانِ لَمْ يَكُنْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَعُهُمَا سِرًّا وَلاَ عَلاَ نِيَةً: رَكْعَتَانِ قَبْلَ الصُّبْحِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْعَصْرِ.[راجع: ۵۹۰]

[۵۹۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: رَأَيْتُ الْأَسْوَدَ، وَمَسْرُوْقًا شَهِدَا عَلٰى عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْتِيْنِيْ فِيْ يَوْمٍ بَعْدَ الْعَصْرِ إِلَّا صَلَّى رَكْعَتَيْنِ.

وضاحت: پہلی حدیث حضرت عروہؒ کی ہے جو حضرت عائشہؓ کے بھانجے اور حضرت اسماءؓ کے صاحبزادے ہیں ان سے صدیقہؓ نے فرمایا: اے میرے بھانجے! —— یا حرف نداء محذوف ہے اور گیلری میں جو نسخہ ہے اس میں حرف نداء مذکور ہے —— نبی ﷺ نے کبھی میرے پاس عصر کے بعد ان دو رکعتوں کو نہیں چھوڑا، یعنی جب بھی عصر کے بعد آپؐ میرے یہاں تشریف لائے تو آپؐ نے یہ نفلیں پڑھیں، اور اسود اور مسروق کی روایت بھی اسی کے ہم معنی ہے (یہ تیسری روایت ہے) اور اسود بن یزید صدیقہؓ سے یہ بھی روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فجر سے پہلے کی دو سنتیں اور عصر کے بعد کی دو نفلیں کبھی نہیں چھوڑیں۔ خلوت میں بھی ان کو پڑھا اور جلوت میں بھی (یہ دوسری روایت ہے)

یہ روایت اوپر والی روایت کے معارض ہے اوپر صدیقہ نے فرمایا تھا کہ نبی ﷺ یہ نفلیں خلوت میں پڑھتے تھے، جلوت میں نہیں پڑھتے تھے اور اب فرما رہی ہیں کہ خلوت میں بھی پڑھتے تھے اور جلوت میں بھی، یہ تعارض ہے، اس تعارض کا حل یہ ہے کہ اگر گھر میں کوئی نہیں ہے تو خلوت ہے اور صدیقہ گھر میں موجود ہیں تو جلوت ہے اس اعتبار سے صدیقہ نے سرًا وعلانیۃ فرمایا ہے۔

بَابُ التَّبْكِيْرِ بِالصَّلٰوةِ فِيْ يَوْمِ غَيْمٍ

ابر آلود دن میں عصر کی نماز جلدی پڑھنا

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ اگر آسمان ابر آلود ہو تو عصر جلدی پڑھ لینی چاہئے، پہلے گھڑیاں نہیں تھیں، اور ابر آلود موسم

میں وقت کا صحیح اندازہ نہیں ہوتا تھا، ایسی صورت میں عصر کے قضاء ہونے کا یا مکروہ وقت میں پہنچ جانے کا احتمال تھا، اس لئے عصر جلدی پڑھ لینے کا حکم ہے، اور باب میں جو حدیث ہے وہ پہلے گذری ہے کہ ایک لشکر کے حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ امیر تھے، ایک دن موسم ابر آلود تھا تو آپؓ نے فوجیوں سے فرمایا: آؤ! جلدی نماز پڑھ لیں اس لئے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے:
''جس نے عصر چھوڑ دی اس کے اعمال اکارت گئے''

اس حدیث پر امام بخاریؒ نے یہ باب باندھا ہے کہ ابر آلود دنوں میں نماز عصر جلدی پڑھنی چاہیئے، اس کا مفہوم مخالف (ائمہ ثلاثہ اور محدثین کے نزدیک مفہوم مخالف معتبر ہے) یہ ہے کہ صاف موسم میں عصر تاخیر سے پڑھنی چاہیئے، احناف اسی کے قائل ہیں۔ ان کے نزدیک عصر میں فی الجملہ (تھوڑی) تاخیر مستحب ہے اور ابر آلود موسم میں تعجیل مستحب ہے، کنز الدقائق میں ہے: غین والے دن میں عین والی نماز جلدی پڑھی جائے، غین سے غَیم یعنی ابر آلود موسم مراد ہے اور عین سے عصر اور عشا مراد ہیں، ابر آلود موسم میں عصر اور عشاء جلدی پڑھنی چاہئیں یہ احناف کا مذہب ہے، اور یہی حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کا عمل ہے وہ ابر آلود موسم میں عصر جلدی پڑھتے تھے اور صاف موسم میں تاخیر سے پڑھتے تھے اور امام بخاریؒ کو بھی یہ بات تسلیم کرنی پڑے گی اس لئے کہ انھوں نے اس حدیث پر جو باب قائم کیا ہے اس کا مفہوم مخالف یہی ہے۔

فائدہ: احناف میں مشہور یہ ہے کہ نصوص میں مفہوم مخالف معتبر نہیں، اور فقہاء کی عبارتوں میں اور لوگوں کے محاورات میں معتبر ہے مگر سرخسی رحمہ اللہ نے سیر کبیر کی شرح کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ بعد میں امام محمد رحمہ اللہ کی رائے بدل گئی تھی وہ نصوص میں بھی مفہوم مخالف کا اعتبار کرنے لگے تھے اور سیر کبیر میں بہت سی جگہوں میں امام محمد رحمہ اللہ نے مفہوم مخالف سے استدلال کیا ہے۔

[۳۴-] بابُ التَّبْكِيْرِ بِالصَّلٰوةِ فِيْ يَوْمِ غَيْمٍ

[۵۹۴-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىَ: هُوَ ابْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، أَنَّ أَبَا الْمَلِيْحِ حَدَّثَهُ، قَالَ: كُنَّا مَعَ بُرَيْدَةَ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ غَيْمٍ، فَقَالَ: بَكِّرُوْا بِالصَّلَاةِ، فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''مَنْ تَرَكَ صَلَاةَ الْعَصْرِ حَبِطَ عَمَلُهُ'' [راجع: ۵۵۳]

بابُ الْأَذَانِ بَعْدَ ذَهَابِ الْوَقْتِ

قضاء شدہ نماز کے لئے اذان دینا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ فائتہ کے لئے اذان دینی چاہیئے یا نہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ باب میں لیلۃ التعریس والا واقعہ لائے ہیں، جو پہلے گذر چکا ہے۔ غزوۂ خیبر سے واپسی میں ایک رات ناوقت پڑاؤ کرنے کی وجہ سے نبی ﷺ کی فجر

کی نماز قضاء ہوگئی۔ سورج نکلنے کے بعد آپؐ بیدار ہوئے تو آپؐ نے لوگوں سے فرمایا: اس میدان میں شیطان حاضر ہوگیا ہے، یہاں سے کوچ کرو، چنانچہ قافلہ روانہ ہوگیا، اگلے میدان میں پہنچے تو سورج کافی بلند ہوچکا تھا وہاں قافلہ رکا اور نبی ﷺ کے حکم سے حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی پھر باجماعت فجر قضاء کی گئی۔ یہ واقعہ لاکر امام بخاریؒ نے ثبوت فراہم کردیا کہ فائتہ کے لئے بھی اذان دینی چاہئے، اس لئے کہ اذان نماز کے وقت کی اطلاع دینے کے لئے ہے، اور فائتہ کا وقت: وقت تذکّر ہے یعنی جب نماز یاد آجائے وہی اس کا وقت ہے، لہٰذا جب نماز قضاء کرنی ہو اس وقت اذان دینی چاہئے، نیز قضا ادا کے طرز پر ہونی چاہئے اور اداء کے لئے اذان مشروع ہے تو قضاء کے لئے بھی اذان دینی چاہئے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول قدیم بھی یہی ہے اور امام شافعیؒ کا قول جدید اور امام مالک رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ فائتہ کے لئے اذان نہیں دی جائے گی، اور حافظ عسقلانی رحمہ اللہ کا میلان قول قدیم کی طرف ہے کہ قضاء کے لئے اذان دی جائے گی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اگر دوچار آدمیوں کی نماز قضاء ہوئی ہے جیسے عام طور پر لوگوں کی نماز قضاء ہوتی ہے تو وہ اذان نہیں دیں گے البتہ باجماعت نماز قضاء کریں تو اقامہ کہیں گے۔ اور پوری جماعت کی نماز قضاء ہوئی ہے تو اذان بھی کہیں گے، بشرطیکہ ان کی اذان سے لوگوں کو تشویش نہ ہو۔ مثلاً بستی کے بیس پچیس آدمیوں کی نماز قضاء ہوگئی اب وہ مینارے پر چڑھ کر اذان دیں گے تو سارا شہر پریشان ہوگا کہ یہ بے وقت کی اذان کیسی؟ اور لیلۃ التعریس میں سبھی کی نماز قضاء ہوئی تھی، اور بستی سے دور اذان کے ساتھ نماز قضا کی گئی تھی ایسی جگہ اذان دینے میں کسی کو تشویش نہیں ہوگی پس اذان دینی چاہئے۔

بہ الفاظ دیگر: اذان واقامت کی اہمیت کیا ہے؟ شوافع کے نزدیک اذان واقامت کی اہمیت زیادہ ہے ان کے یہاں تنہا نماز پڑھنے والا بھی اقامت کہے گا، اذان تو مسجدِ محلّہ کی کافی ہے مگر اقامہ تنہا نماز پڑھنے والا بھی کہے گا، اور حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک جماعت کے ساتھ اذان واقامت کی اہمیت ہے، تنہا نماز پڑھنے والا نہ اذان کہے گا اور نہ اقامہ، باجماعت نماز کے لئے اذان واقامت ہے، پھر اگر غائبین کو بھی اطلاع دینی ہے تو اذان واقامت کی اہمیت یکساں ہے، اور غائبین کو اطلاع نہیں دینی، نمازی سب حاضر ہیں تو اقامہ کی اہمیت زیادہ ہے اور اذان کی کم، اگرچہ اس صورت میں بھی اذان دینی چاہئے اس لئے کہ اذان کی آواز جہاں تک پہنچے ملائکہ اور جنات جماعت میں شریک ہونگے اور شجر وحجر وغیرہ گواہی دیں گے، بہرحال اُس صورت میں جب غائبین کو اطلاع نہ دینی ہو اذان کی اہمیت کم ہے، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید بھی یہی ہے مگر حافظ رحمہ اللہ کا میلان قول قدیم کی طرف ہے اس لئے شوافع کے ذہنوں میں اذان واقامت کی اہمیت زیادہ ہے۔

مسئلہ: اگر باجماعت نماز قضاء کی جائے تو قضاء علی شاکلۃ الاداء ہوگی، یعنی رات کی نماز دن میں جماعت کے ساتھ قضاء کی جائے تو اس میں قراءت جہری ہوگی، اور دن کی نماز رات میں جماعت کے ساتھ قضاء کی جائے تو قراءت سری ہوگی، یہ مسئلہ عالمگیری میں ہے۔

[۳۵-] بابُ الْأَذَانِ بَعْدَ ذَهَابِ الْوَقْتِ

[۵۹۵-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سِرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةً، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: لَوْ عَرَّسْتَ بِنَا يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "أَخَافُ أَنْ تَنَامُوْا عَنِ الصَّلَاةِ" قَالَ بِلَالٌ: أَنَا أُوْقِظُكُمْ، فَاضْطَجَعُوْا، وَأَسْنَدَ بِلَالٌ ظَهْرَهُ إِلٰى رَاحِلَتِهِ، فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ فَنَامَ، فَاسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ، فَقَالَ: "يَا بِلَالُ! أَيْنَ مَا قُلْتَ؟" قَالَ: مَا أُلْقِيَتْ عَلَيَّ نَوْمَةٌ مِثْلُهَا قَطُّ، قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ قَبَضَ أَرْوَاحَكُمْ حِيْنَ شَاءَ، وَرَدَّهَا عَلَيْكُمْ حِيْنَ شَاءَ، يَا بِلَالُ قُمْ فَأَذِّنْ بِالنَّاسِ بِالصَّلَاةِ" فَتَوَضَّأَ، فَلَمَّا ارْتَفَعَتِ الشَّمْسُ وَابْيَاضَّتْ قَامَ فَصَلّٰى.

[انظر: ۷٤۷۱]

ترجمہ: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک رات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کررہے تھے پس بعض حضرات نے عرض کیا: یارسول اللہ! کاش آپؐ پڑاؤ ڈالتے! یعنی ہم تھک گئے ہیں، نیند بہت آرہی ہے، آپؐ پڑاؤ ڈالیں تو بہتر ہوگا، آپؐ نے فرمایا: مجھے ڈر ہے کہ تم نماز سے سوتے رہ جاؤ، یعنی وقت: ناوقت ہوگیا ہے اب پڑاؤ ڈالیں گے تو ہوسکتا ہے فجر کی نماز قضاء ہوجائے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں آپ حضرات کو جگاؤں گا۔ چنانچہ آپؐ نے پڑاؤ ڈالنے کا حکم دیا، اور لوگ سوگئے، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ اپنی پیٹھ کجاوہ سے لگا کر (مشرق کی طرف منہ کرکے صبح صادق کے انتظار میں) بیٹھ گئے، پس ان کی بھی آنکھ لگ گئی، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے درانحالیکہ سورج طلوع ہوچکا تھا، آپؐ نے فرمایا: اے بلال! وہ بات کہاں گئی جو تم نے کہی تھی؟ حضرت بلالؓ نے عرض کیا: مجھے آج جیسی گہری نیند کبھی نہیں آئی۔ آپؐ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ تمہاری روحوں کو روک لیتے ہیں جب چاہتے ہیں اور تمہاری روحوں کو لوٹاتے ہیں جب چاہتے ہیں۔ اے بلال! کھڑے ہوؤ اور نماز کے لئے اذان کہو، پس آپؐ نے وضو فرمایا، پس جب سورج بلند ہوگیا اور خوب روشن ہوگیا تو آپؐ کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی۔

بابُ مَنْ صَلّٰى بِالنَّاسِ جَمَاعَةً بَعْدَ ذَهَابِ الْوَقْتِ

وقت نکل جانے کے بعد باجماعت نماز پڑھنا

جماعت وقت کے ساتھ خاص نہیں، قضاء نماز بھی جماعت کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں، اور یہ مسئلہ اوپر آچکا ہے کہ قضاء اور اداء میں تماثل چاہئے یعنی قضاء علی شاکلۃ الاداء ہوگی جبکہ باجماعت قضا کی جائے، اور اس مسئلہ میں ائمہ اربعہ کا اجماع ہے۔

[٣٦-] بابُ مَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ جَمَاعَةً بَعْدَ ذَهَابِ الْوَقْتِ

[٥٩٦-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ جَاءَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ بَعْدَ مَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، فَجَعَلَ يَسُبُّ كُفَّارَ قُرَيْشٍ، قَالَ: يَارسولَ اللهِ! ما كِدْتُ أُصَلِّي الْعَصْرَ حَتَّى كَادَتِ الشَّمْسُ تَغْرُبُ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَاللهِ مَا صَلَّيْتُهَا" فَقُمْنَا إِلَى بُطْحَانَ، فَتَوَضَّأَ لِلصَّلَاةِ وَتَوَضَّأْنَا لَهَا، فَصَلَّى الْعَصْرَ بَعْدَ مَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ صَلَّى بَعْدَهَا الْمَغْرِبَ.[انظر: ٥٩٨، ٦٤١، ٩٤٥، ٤١١٢]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: غزوۂ خندق میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سورج غروب ہونے کے بعد آئے درانحالیکہ وہ کفار قریش کو برا بھلا کہہ رہے تھے، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! نہیں قریب تھا میں کہ سورج غروب ہونے سے پہلے عصر پڑھوں (کِدتُّ: محل نفی میں ہے پس اثبات کرے گا، یعنی کسی طرح میں نے عصر پڑھ لی) نبی ﷺ نے فرمایا: بخدا! میں نے عصر نہیں پڑھی، پس ہم بطحان نامی میدان میں اترے پس آپؐ نے نماز کے لئے وضو کیا اور ہم نے بھی وضو کیا، پس آپؐ نے سورج غروب ہونے کے بعد عصر پڑھی، پھر اس کے بعد مغرب پڑھی۔

تشریح: غزوۂ خندق میں دومرتبہ آنحضور ﷺ کی نمازیں قضاء ہوئی ہیں ایک مرتبہ صرف عصر کی نماز قضاء ہوئی ہے اور ایک مرتبہ ظہر، عصر اور مغرب تین نمازیں قضاء ہوئی ہیں، اور دونوں مرتبہ آپؐ نے ترتیب وار نمازیں قضاء فرمائی ہیں، اور جماعت سے قضاء فرمائی ہیں۔

جاننا چاہئے کہ جنگ اندھا دھند نہیں لڑی جاتی، بلکہ ضوابط کے تحت لڑی جاتی ہے، آج بھی قوانین کے تحت جنگیں لڑی جاتی ہیں، نبی ﷺ کے زمانہ میں کھانے پینے کے لئے، آرام کرنے کے لئے، اور نمازیں پڑھنے کے لئے جنگ بند کی جاتی تھی، جس فریق کو جنگ بند کرنی ہوتی وہ نقارہ بجاتا، دوسرا فریق جواب دیتا اور جنگ بند ہوجاتی، پھر جنگ شروع کرنے کے لئے دوبارہ نقارہ بجایا جاتا، مگر جب گھمسان کی لڑائی ہوتی تو قوانین بالائے طاق رکھ دیئے جاتے۔ غزوۂ خندق میں دومرتبہ ایسا اتفاق ہوا کہ دشمن کا دباؤ بڑھتا جارہا تھا، اس لئے آپؐ کی عصر کی نماز قضاء ہوگئی، اور ایک مرتبہ ظہر، عصر اور مغرب تین نمازیں قضاء ہوگئیں، رات دیر سے جنگ بندی ہوئی۔ چنانچہ آپؐ نے عشاء کے وقت میں ترتیب وار تینوں نمازیں باجماعت قضاء فرمائیں، پھر عشاء ادا فرمائی مگر چونکہ عشاء کافی دیر سے پڑھی گئی تھی اس لئے راوی نے کہہ دیا کہ آپؐ کی چار نمازیں قضاء ہوئیں۔ اور ایک مرتبہ غروب کے بعد جنگ بند ہوئی، جنگ بند ہونے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کفار کو برا بھلا کہتے ہوئے کیمپ میں آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! ان کفار کا ناس ہو! قریب نہیں تھا میں کہ سورج ڈوبنے سے پہلے عصر پڑھتا۔ یہاں کاد چونکہ محل نفی میں ہے اس لئے اثبات کرے گا یعنی بڑی مشکل سے میں نے وقت میں عصر پڑھ لی، نبی

ﷺ نے فرمایا: تم نے تو عصر پڑھ بھی لی ہم نے تو ابھی تک نہیں پڑھی، چنانچہ سورج غروب ہونے کے بعد آپؐ نے بطحان نامی میدان میں پہلے عصر پڑھائی پھر مغرب پڑھائی۔

بابُ مَنْ نَسِيَ صَلاَةً فَلْيُصَلِّ إِذَا ذَكَرَ، وَلاَ يُعِيْدُ إِلَّا تِلْكَ الصَّلاَةَ

نماز بھول جائے تو یاد آنے پر اس کو پڑھ لے، اور قضا شدہ نماز ہی پڑھے

اس باب کا پہلا مقصد یہ ہے کہ قضاء اور اداء میں مساوات ہے یعنی ایک نماز کی قضاء ایک ہی نماز ہے، دو نہیں، بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی سوتا رہ گیا یا نماز بھول گیا اور نماز قضاء ہوگئی تو جب آنکھ کھلے یا یاد آئے فوراً نماز پڑھے، پھر اگلے دن اس نماز کے وقت میں دوبارہ اس کو پڑھے، مثلاً فجر کی نماز میں آنکھ نہیں کھلی، نو بجے بیدار ہوا تو اٹھتے ہی فوراً فجر پڑھے پھر اگلے دن فجر کے وقت میں دوبارہ اس فجر کو پڑھے، بعض روایات سے ایسا مفہوم ہوتا ہے اس لئے حضرت نے یہ باب قائم کیا کہ بیدار ہوتے ہی اور یاد آتے ہی نماز قضاء کر لینا کافی ہے، اگلے دن اس نماز کے وقت میں دوبارہ اس کو پڑھنا ضروری نہیں۔ پھر حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا قول لائے ہیں کہ جس نے کوئی نماز چھوڑ دی اور بیس سال گذر گئے پھر یاد آیا تو بس وہی ایک نماز قضاء کرنی ہے، دوہری قضاء نہیں، حضرت ابراہیم کے قول سے معلوم ہوا کہ اداء اور قضاء میں مساوات ہے جتنی نمازیں قضاء ہوئی ہیں اتنی ہی قضا کرنی ہونگی، دوہری قضاء نہیں ہے۔

جاننا چاہئے کہ غیر مقلدین کے نزدیک صرف فوت شدہ نماز کی قضاء ہے، فوت کردہ نماز کی قضاء نہیں، یعنی جو نماز سونے کی وجہ سے یا بھول جانے کی وجہ سے فوت ہوئی ہے صرف اس کی قضاء ہے جو نماز بالقصد چھوڑی ہے اس کی قضاء نہیں، اس کے لئے توبہ ضروری ہے اور وہی کافی ہے، اس لئے کہ بالقصد نماز چھوڑنا کبیرہ گناہ ہے جو قضاء کرنے سے معاف نہیں ہوسکتا، جیسے احناف کے نزدیک یمین منعقدہ میں تو کفارہ ہے مگر یمین غموس میں کفارہ نہیں، احناف کہتے ہیں کہ یمین غموس اتنا بڑا گناہ ہے کہ تین روزے رکھنے سے یا دس مسکینوں کو کھانا کھلانے سے معاف نہیں ہوسکتا، اس کے لئے توبہ لازم ہے اسی طرح غیر مقلدین کہتے ہیں کہ جان بوجھ کر نماز چھوڑنا سنگین گناہ ہے، اس کے لئے توبہ لازم ہے، قضاء کرنے سے وہ گناہ معاف نہیں ہوسکتا۔

اور ان کی دلیل یہ ہے کہ حدیث میں نماز بھولنے والے کو اور سونے والے کو قضاء کا حکم دیا ہے، جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والے کو یہ حکم نہیں دیا، بلکہ فَقَدْ كَفَرَ کی وعید سنائی ہے۔ اگر قضاء ضروری ہوتی تو شریعت ضرور اس کا حکم دیتی، مگر چاروں فقہاء نے تفویت کو فوات کے ساتھ لاحق کیا ہے، یعنی نماز بھولنے والے کے لئے اور سوتے رہ جانے والے کے لئے جو حکم ہے وہی حکم بالقصد نماز چھوڑنے والے کے لئے بھی ہے، اور اس پر قضاء کے ساتھ توبہ بھی لازم ہے۔

قضاء اس لئے لازم ہے کہ فرض نماز اللہ کا حق ہے، وہ بہر حال ادا کرنا ہے، اور جب فوت ہونے میں قضاء ہے تو فوت

کرنے میں بدرجۂ اولیٰ قضا ہے، اس لئے کہ فوت ہونے کی بہ نسبت فوت کرنا سنگین گناہ ہے اور بالقصد نماز ترک کرنا مستقل گناہ ہے اس پر الگ سے توبہ لازم ہے۔ غرض یہ اجتہادی مسئلہ ہے منصوص نہیں۔ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمایا ہے: أَلْحقَ الفُقهَاءُ التَّفْوِيْتَ بِالْفوات: فقہاء نے فوت کرنے کو فوت ہونے کے ساتھ لاحق کیا ہے اس لئے کہ دونوں ہی صورتوں میں اللہ کا حق اپنے پاس روک لینا ہے، جب فوت ہونے میں وہ حق ادا کرنا ضروری ہے تو فوت کرنے میں بدرجۂ اولیٰ ضروری ہے، اور بالقصد اللہ کا حق تلف کرنا مستقل گناہ ہے اس لئے توبہ بھی لازم ہے، اور یمین غموس پر قیاس کرنا اس لئے درست نہیں کہ یمین ایک معاملہ ہے اور نماز کی قضاء عبادت ہے، پس ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا درست نہیں۔

دوسرا مقصد: شارحین نے اس باب کا دوسرا مقصد یہ بیان کیا ہے کہ اگر کسی کی نماز فوت ہوگئی پھر وہ بھول گیا اور ہفتہ کے بعد یاد آیا تو جب یاد آئے وہی نماز قضاء کرے، ہفتہ بھر کی نمازوں کی قضاء نہیں، اس لئے کہ نسیان عذر ہے اس سے ترتیب ساقط ہوجاتی ہے، اس مسئلہ میں امام مالک رحمہ اللہ کا اختلاف ہے ان کے نزدیک نسیان عذر نہیں، اور یہ مسئلہ اگلے باب میں آرہا ہے۔ دیگر فقہاء کے نزدیک نسیان عذر ہے، اس کی وجہ سے ترتیب ساقط ہوجاتی ہے اور دلیل حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا قول ہے: وہ فرماتے ہیں: ایک شخص کی نماز رہ گئی، بیس سال کے بعد یاد آئی تو وہی نماز قضا کرے، بیس سال کی نمازیں دوبارہ پڑھنے کا حضرت ابراہیمؒ نے حکم نہیں دیا، معلوم ہوا کہ نسیان کی وجہ سے ترتیب ساقط ہوتی ہے۔

باب کا یہ مقصد شارحین نے بیان کیا ہے مگر حضرت الاستاذ قدس سرہ نے پہلا مقصد بیان کیا ہے کہ اداء اور قضاء میں مساوات ہے، ایک نماز کی قضاء ایک ہی ہے دوہری نہیں۔ اور حضرت ابراہیم کے قول سے استدلال اس طرح کیا ہے کہ بیس سال کے بعد بھی انھوں نے ایک ہی نماز قضا کروائی دوہری نہیں کروائی، معلوم ہوا کہ اداء اور قضا میں مساوات ہے۔

[۳۷-] بابُ مَنْ نَسِيَ صَلاَةً فَلْيُصَلِّ إِذَا ذَكَرَ، وَلاَ يُعِيْدُ إِلَّا تِلْكَ الصَّلاَةَ

وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: مَنْ تَرَكَ صَلاَةً وَاحِدَةً عِشْرِيْنَ سَنَةً، لَمْ يُعِدْ إِلَّا تِلْكَ الصَّلاَةَ الْوَاحِدَةَ.

[۵۹۷-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، وَمُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالاَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ نَسِيَ صَلاَةً فَلْيُصَلِّ إِذَا ذَكَرَ، لاَ كَفَّارَةَ لَهَا إِلَّا ذٰلِكَ ﴿وَأَقِمِ الصَّلاَةَ لِذِكْرِى﴾[طه: ١٤]" قَالَ مُوْسَى: قَالَ هَمَّامٌ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ بَعْدُ: ﴿وَأَقِمِ الصَّلاَةَ لِلذِّكْرٰى﴾ وَقَالَ حَبَّانُ: ثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: ثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

قولہ: ولا يُعيد إلا تلك الصلوٰة: اور نہ لوٹائے مگر وہی نماز، اس جملہ سے باب کے دونوں مقصد نکلتے ہیں، اس کا یہ مفہوم بھی نکلتا ہے کہ دوہری قضاء نہیں، اور یہ مطلب بھی نکلتا ہے کہ نسیان سے ترتیب کا وجوب ساقط ہوجاتا ہے۔

حدیث کا ترجمہ مع وضاحت: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص نماز بھول گیا تو چاہئے کہ وہ اسے پڑھے جب یاد آئے، اس کے لئے کفارہ نہیں مگر یہی یعنی اس نماز کو قضاء کرلینا ہی کافی ہے، اس لئے کہ فوت ہونے میں کوئی گناہ نہیں۔ حدیث ہے: رُفِعَ عن أُمتی الخطأُ وَالنِّسْیَانُ: میری امت سے چوک اور بھول اٹھادی گئی ہیں یعنی ان کا گناہ اٹھادیا گیا ہے، البتہ بالقصد نماز چھوڑنا کبیرہ گناہ ہے، اس کے لئے توبہ لازم ہے۔ پھر نبی پاک ﷺ نے سورۂ طٰہٰ کی آیت ۱۴ تلاوت فرمائی کہ نماز کا اہتمام کرو مجھے یاد رکھنے کے لئے، اسی لئے نمازیں رات دن کے متفرق اوقات میں فرض کی گئی ہیں، تاکہ اس کے ذریعہ اللہ کو یاد رکھا جاسکے، اگر ایک وقت میں تمام نمازیں پڑھ لے گا تو کچھ دیر بعد اللہ کو بھول جائے گا۔ غرض نماز اللہ کو یاد رکھنے کا ذریعہ ہے ﴿وَلَذِکْرُ اللّٰہِ أَکْبَرُ﴾ اللہ کو یاد رکھنا نماز کا سب سے بڑا فائدہ ہے۔

اس آیتِ کریمہ میں ایک دوسری قراءت بھی ہے ﴿أَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِلذِّکْرٰی﴾ ذِکْریٰ مصدر ہے اور ذِکْرٌ بھی مصدر ہے اس کی یائے متکلم کی طرف اضافت کی گئی ہے، اور ذکریٰ کے آخر میں یائے متکلم نہیں ہے اور شروع میں الف لام ہے، اور الذکری کے معنی ہیں: یاد کرنا، پس ﴿أَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِلذِّکْرٰی﴾ کا مطلب ہے: جب تمہیں نماز یاد آئے تو پڑھ لو۔ الذکریٰ والی اسی قراءت سے نبی ﷺ نے وہ حکم مستنبط کیا ہے جو حدیث میں بیان کیا گیا ہے۔

قولہ: سمعتُہ یقول بعدُ: یعنی پہلی مرتبہ حدیث بیان کی تو لِذِکْرِیْ پڑھا، ہماری قراءت یہی ہے، اور دوسری مرتبہ حدیث بیان کی تو للذکریٰ پڑھا، ہمارے نسخہ میں دونوں جگہ لذکری لکھا ہے، یہ صحیح نہیں، بین السطور میں جو لکھا ہے وہی صحیح ہے، فرق اسی صورت میں واضح ہوگا۔

بابُ قَضَاءِ الصَّلَوَاتِ الْأُوْلٰی فَالْأُوْلٰی

فوائت کی قضاء ترتیب وار کرنا

فائتہ اور وقتیہ نمازوں کے درمیان اسی طرح فوائت کے درمیان ترتیب واجب ہے یا سنت؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سنت ہے۔ دوسرے فقہاء کے نزدیک واجب ہے۔ امام بخاریؒ بھی جمہور کے ساتھ ہیں اور جمہور کا استدلال غزوۂ خندق کے واقعہ سے ہے۔ غزوۂ خندق میں دو مرتبہ نبی ﷺ کی نمازیں قضاء ہوئی تھیں، ایک مرتبہ ظہر، عصر اور مغرب تین نمازیں قضاء ہوئی تھیں، جن کو آپؐ نے ترتیب سے باجماعت قضا کیا تھا، پھر عشاء پڑھی تھی، اور دوسری مرتبہ صرف عصر قضاء ہوئی تھی، چنانچہ پہلے عصر پڑھی، پھر مغرب، یہ مواظبت وجوب کی دلیل ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ فعلی روایت ہے اور فعل سے وجوب ثابت نہیں ہوتا، جمہور کہتے ہیں: بیشک فعلی روایت سے وجوب ثابت نہیں ہوتا لیکن قرائن منضمّہ ہوں تو فعل سے بھی وجوب ثابت ہوتا ہے۔ جیسے نبی ﷺ نے وتر مواظبتِ تامہ کے ساتھ پڑھے ہیں، زندگی میں ایک مرتبہ بھی ترک نہیں کئے، اور اس مواظبت کے ساتھ قرائنِ منضمہ ہیں جن کا بیان تحفۃ الالمعی ہے، پس وتر واجب ہیں، اسی

طرح حضور اکرم ﷺ کی زندگی میں یہی دو دو واقعے پیش آئے ہیں اور آپؐ نے دونوں مرتبہ ترتیب ملحوظ رکھی ہے جو وجوب کا قرینہ ہے اگر ترتیب واجب نہ ہوتی تو آپؐ بیان جواز کے لئے کم از کم ایک مرتبہ خلاف ترتیب نمازیں قضا فرماتے، دونوں مرتبہ ترتیب وار نمازیں پڑھنا وجوب کی دلیل ہے۔

فائدہ: احناف کے نزدیک تین اعذار سے ترتیب کا وجوب ساقط ہوتا ہے، ایک: نسیان کی وجہ سے یعنی اگر کوئی قضا نماز بھول جائے اور وقتی نماز پڑھ لے تو وہ ہو جائے گی، دوسرا: کثرتِ فوائت سے یعنی چھ سے زیادہ نمازیں قضا ہو جائیں تو ترتیب کا وجوب ساقط ہو جاتا ہے، تیسرا: ضیق وقت سے یعنی وقت اتنا تنگ ہو جائے کہ پہلے قضاء پڑھنے کی صورت میں ادا نماز بھی قضا ہو جائے گی، تو ترتیب کا وجوب ساقط ہو جاتا ہے اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک کثرت فوائت عذر نہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک نسیان عذر نہیں۔

[۳۸-] بابُ قَضَاءِ الصَّلَوَاتِ الْأُوْلٰى فَالْأُوْلٰى

[۵۹۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ - هُوَ ابْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ - عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَعَلَ عُمَرُ رضى الله عنه يَوْمَ الْخَنْدَقِ يَسُبُّ كُفَّارَهُمْ، وَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا كِدْتُ أُصَلِّى الْعَصْرَ حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، قَالَ: فَنَزَلْنَا بُطْحَانَ فَصَلّٰى بَعْدَ مَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ. [راجع: ۵۹۶]

بابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ السَّمَرِ بَعْدَ الْعِشَاءِ

عشاء کے بعد قصہ گوئی کی کراہیت

یہاں سے مواقیت الصلوٰۃ کے ختم تک سمر یعنی قصہ گوئی کے سلسلہ کے ابواب ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک جاہلی سمر ممنوع ہے —— سَمَر کے معنی ہیں: رات کو کہی جانے والی کہانیاں۔ زمانہ جاہلیت میں ایام بیض میں رات دیر تک قصہ گوئی کی جاتی تھی —— اسلامی، اخلاقی اور معاشرتی سمر ممنوع نہیں، جیسے آپ حضرات عشاء کے بعد سبق پڑھتے ہیں، تکرار کرتے ہیں یہ اسلامی سمر ہے، آئندہ سب ابواب اسی سمر کے سلسلہ کے ہیں، ترمذی میں حدیث ہے: لاسَمَرَ بعد العشاء: عشاء کے بعد قصہ گوئی نہیں، اور باب میں حدیث ہے: وکان یکرَہ النومَ قبل العشاء والحدیث بعدھا: عشاء سے پہلے سونے کو اور عشاء کے بعد باتیں کرنے کو نبی ﷺ ناپسند کرتے تھے، ان حدیثوں کا مصداق جاہلی سمر ہے اور قرآنِ کریم میں ہے: ﴿سَامِرًا تَهْجُرُوْنَ﴾ السَّامِر: السَّمَر سے مشتق ہے، اور یہ کبھی مفرد ہوتا ہے اور اس کی جمع سُمَّار آتی ہے اور کبھی اسم جمع ہوتا ہے۔ آیت میں اسم جمع ہے۔

[۳۹-] بابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ السَّمَرِ بَعْدَ الْعِشَاءِ

السَّامِرُ: مِنَ السَّمَرِ، وَالْجَمْعُ السُّمَّارُ، وَالسَّامِرُ هَاهُنَا فِيْ مَوْضِعِ الْجَمْعِ.

[۵۹۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْمِنْهَالِ، قَالَ: انْطَلَقْتُ مَعَ أَبِيْ إِلٰى أَبِيْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، فَقَالَ لَهُ أَبِيْ: حَدِّثْنَا كَيْفَ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ الْمَكْتُوْبَةَ؟ قَالَ: كَانَ يُصَلِّيْ الْهَجِيْرَ - وَهِيَ الَّتِيْ تَدْعُوْنَهَا الْأُوْلٰى - حِيْنَ تَدْحَضُ الشَّمْسُ، وَيُصَلِّيْ الْعَصْرَ ثُمَّ يَرْجِعُ أَحَدُنَا إِلٰى أَهْلِهِ فِيْ أَقْصَى الْمَدِيْنَةِ، وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ، وَنَسِيْتُ مَا قَالَ فِيْ الْمَغْرِبِ، قَالَ: وَكَانَ يَسْتَحِبُّ أَنْ يُؤَخِّرَ الْعِشَاءَ، قَالَ: وَكَانَ يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَهَا وَالْحَدِيْثَ بَعْدَهَا، وَكَانَ يَنْفَتِلُ مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ حِيْنَ يَعْرِفُ أَحَدُنَا جَلِيْسَهُ، وَيَقْرَأُ مِنَ السِّتِّيْنَ إِلٰى الْمَائَةِ.[راجع: ۵۴۱]

وضاحت: یہ حدیث بار بار آئی ہے اور کان یکرہ النوم قبلھا والحدیث بعدھا سے استدلال ہے کہ عشاء کے بعد باتیں کرنے کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم ناپسند کرتے تھے، یعنی عشاء کے بعد قصہ گوئی اور ادھر اُدھر کی لا حاصل باتیں نہیں کرنی چاہئیں، لوگ جلدی سو جائیں تاکہ تہجد یا فجر میں اٹھ سکیں۔

بابُ السَّمَرِ فِيْ الْفِقْهِ وَالْخَيْرِ بَعْدَ الْعِشَاءِ

عشاء کے بعد علمی اور اصلاحی باتیں کرنا

عشاء کے بعد اسلامی، اخلاقی، اصلاحی اور معاشرتی باتیں کرنا ممنوع نہیں، مثلاً عشاء کے بعد میاں بیوی باتیں کریں، یہ ممنوع نہیں، اسی طرح عشاء کے بعد درس وتدریس، مطالعہ و تکرار بھی ممنوع نہیں۔ قرۃ بن خالد کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ بروقت پڑھانے نہیں آئے، طلبہ انتظار میں بیٹھے رہے، جب وقت ختم ہونے آیا تو حضرت تشریف لائے اور معذرت کی کہ میرے پڑوسیوں نے کسی ضرورت سے مجھے بلا لیا تھا اس لئے دیر ہوگئی، پھر حضرتؒ نے یہ حدیث سنائی کہ ایک رات نبی صلی اللہ علیہ وسلم تہائی رات گذار کر عشا پڑھانے تشریف لائے، عشاء کے بعد آپؐ نے تقریر فرمائی کہ سب لوگ عشاء پڑھ کر سو گئے، صرف تم ہی جاگ رہے ہو اور نماز کا انتظار کر رہے ہو اور جب تک آدمی نماز کے انتظار میں رہتا ہے نماز میں ہوتا ہے، یعنی نماز کا انتظار کرنے کی وجہ سے تمہیں نماز کا ثواب مل رہا ہے، یہ حدیث پہلے گذری ہے، یہ حدیث سنا کر حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا: ''لوگ برابر خیر میں رہیں گے جب تک وہ خیر کا انتظار کرتے رہیں گے''، یعنی حضرت حسنؒ نے حدیث کو عام کیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نماز کے تعلق سے تھا کہ نماز کا انتظار کرنے والا حکماً نماز پڑھنے والا ہے، حضرت حسنؒ نے اس قاعدہ کو عام کیا کہ جو سبق کے انتظار میں بیٹھا ہے وہ بھی گویا سبق پڑھ رہا ہے اسے اس انتظار کا ثواب

ملے گا —— اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ نبی ﷺ نے یہ بات عشاء کے بعد فرمائی ہے، اس لئے کہ یہ اسلامی سمر ہے معلوم ہوا کہ اسلامی سمر ممنوع نہیں اور ممانعت کی احادیث کا مصداق جاہلی سمر ہے۔

[٤٠-] بابُ السَّمَرِ فِى الْفِقْهِ وَالْخَيْرِ بَعْدَ الْعِشَاءِ

[٦٠٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ، قَال: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: انْتَظَرْنَا الْحَسَنَ، وَرَاثَ عَلَيْنَا، حَتّٰى قَرُبْنَا مِنْ وَقْتِ قِيَامِهِ، فَجَاءَ، وَقَالَ: دَعَانَا جِيْرَانُنَا هٰؤُلَاءِ، ثُمَّ قَالَ: قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: نَظَرْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ لَيْلَةٍ، حَتّٰى كَانَ شَطْرُ اللَّيْلِ، يَبْلُغُهُ، فَجَاءَ فَصَلّٰى لَنَا ثُمَّ خَطَبَنَا، فَقَالَ: " أَلَا إِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلُّوْا ثُمَّ رَقَدُوْا، وَإِنَّكُمْ لَمْ تَزَالُوْا فِىْ صَلَاةٍ مَا انْتَظَرْتُمُ الصَّلَاةَ"

قَالَ الْحَسَنُ: وَإِنَّ الْقَوْمَ لَا يَزَالُوْنَ بِخَيْرٍ مَا انْتَظَرُوْا الْخَيْرَ، قَالَ قُرَّةُ: هُوَ مِنْ حَدِيْثِ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٥٧٢]

لغات: رَاثَ علينا: ہمارے پاس آنے میں دیر کی .... نَظَرْنا أی انتظرنا .... كان شطر الليل: شطر کے لئے ٹھیک آدھا ہونا ضروری نہیں، اور کان تامہ ہے، شطر الليل اس کا فاعل ہے اور يَبْلُغُه: مستقل جملہ ہے: پہنچتے ہیں آپؐ اس آدھی رات کو یعنی آدھی رات کے قریب تشریف لائے .... قال قرة: یہ قرہ نے حدیث کو مسند کیا ہے کہ یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔

[٦٠١-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَأَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِىْ حَثْمَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَلَاةَ الْعِشَاءِ فِىْ آخِرِ حَيَاتِهِ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " أَرَأَيْتُكُمْ لَيْلَتَكُمْ هٰذِهِ، فَإِنَّ رَأْسَ مِائَةِ سَنَةٍ لَا يَبْقَى مَنْ هُوَ الْيَوْمَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَحَدٌ" فَوَهَلَ النَّاسُ فِىْ مَقَالَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، إِلٰى مَا يَتَحَدَّثُوْنَ فِىْ هٰذِهِ الْأَحَادِيْثِ عَنْ مِائَةِ سَنَةٍ، وَإِنَّمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَا يَبْقَى مِمَّنْ هُوَ الْيَوْمَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ" يُرِيْدُ أَنَّهَا تَخْرِمُ ذٰلِكَ الْقَرْنُ. [راجع: ١١٦]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی پاک ﷺ نے آخر حیات میں عشاء کی نماز پڑھی، جب آپؐ نے سلام پھیرا تو آپؐ کھڑے ہوئے اور آپؐ نے فرمایا: "کیا تم نے اپنی اس رات کو دیکھا یعنی اس رات کو یاد رکھو، پس بیشک اس رات سے سو سال کے ختم تک ان لوگوں میں سے کوئی باقی نہیں رہے گا جو آج زمین کی پیٹھ پر ہیں، پس لوگوں نے نبی ﷺ کے اس ارشاد کو سمجھنے میں غلطی کی: جاتے ہوئے ان باتوں کی طرف جو وہ کرتے ہیں سو برس کے بارے میں یعنی لوگ یہ

باتیں کرتے ہیں کہ سوسال پر قیامت آئے گی حالانکہ آپؐ نے صرف یہ فرمایا تھا کہ جولوگ آج زمین کی پیٹھ پر ہیں ان میں سے کوئی باقی نہیں رہے گا، آپؐ کی مراد یہ تھی کہ یہ قرن ختم ہو جائے گا۔

تشریح: یہ حدیث کتاب العلم (باب ۴۱) میں گذر چکی ہے اس حدیث کی وجہ سے بعض حضرات کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ صدی کے ختم پر قیامت آجائے گی، ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ لوگوں کی غلط فہمی ہے، اس حدیث کا مطلب صرف اتنا ہے کہ سوسال پر یہ قرن ختم ہو جائے گا، اور حدیث کی باب سے مناسبت یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے یہ ارشاد عشاء کے بعد فرمایا ہے، کیونکہ یہ اسلامی سمر ہے، معلوم ہوا کہ اسلامی سمر ممنوع نہیں۔

بابُ السَّمَرِ مَعَ الْأَهْلِ وَالضَّيْفِ

گھر والوں اور مہمان کے ساتھ عشاء کے بعد باتیں کرنا

معاشرتی سمر مثلاً بیوی سے باتیں کرنا جائز ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: لَاسَمَرَ إِلَّا لِثَلَاثٍ: لِعَرُوْسٍ أَوْ مُسَافِرٍ أَوْ مُتَهَجِّد باللیل (رواہ ابویعلی، مجمع الزوائد: ۳۱۴:۱): تین آدمیوں کے لئے سمر کی اجازت ہے: (۱) تہجد گذار کے لئے یعنی جب متعدد حضرات ایک جگہ تہجد پڑھ رہے ہوں اور نیند کا غلبہ ہو جائے تو وہ لوگ باتیں کر سکتے ہیں تاکہ نیند اڑ جائے (۲) مسافر کے لئے قصہ گوئی کی اجازت ہے تاکہ وہ بیدار رہ سکیں اور سامان وغیرہ کی حفاظت کر سکیں (۳) نئے جوڑے کے لئے: یعنی جس کی نئی شادی ہوئی ہے وہ عشاء کے بعد اپنی بیوی سے باتیں کر سکتا ہے۔

اسی طرح مہمان سے باتیں کرنا معاشرتی ضرورت ہے، پس اس کی بھی اجازت ہے۔ جاننا چاہئے کہ عشاء کے بعد قصہ گوئی کی ممانعت اس لئے ہے کہ تہجد گذار تہجد کے لئے اور عام مسلمان فجر کے لئے بیدار ہو سکیں، کیونکہ جب قصہ گوئی یعنی ادھر اُدھر کی باتیں شروع ہوتی ہیں تو دیر تک چلتی رہتی ہیں، پس لوگ بے وقت سوئیں گے اور تہجد کے لئے اٹھ نہ سکیں گے بلکہ عام مسلمان تو نماز فجر کے لئے بھی نہیں اٹھیں گے، اور عشاء کے بعد اسلامی، اخلاقی اور معاشرتی باتوں کی گنجائش اس لئے ہے کہ وہ محدود ہوتی ہیں مثلاً: معین وقت پر سبق ختم ہو جائے گا اور لوگ جا کر سو جائیں گے۔

لطیفہ: نیا جوڑا کب تک رہتا ہے؟ کسی نے نکاح کی تعریف کی ہے: سُرُوْرُ شَهْرٍ، غُمُوْمُ دَهْرٍ، لَزُوْمُ مَهْرٍ: مہینہ بھر کی خوشی، زمانہ بھر کا غم، اور مہر سر پڑ گیا، یعنی ایک ماہ تک نیا جوڑا رہتا ہے۔

حدیث باب کا خلاصہ: عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: اصحابِ صفہ نادار اور غریب لوگ تھے، ان کے پاس کھانے پینے کے لئے کچھ نہیں تھا، صحابہ حسب گنجائش ان کو اپنے ساتھ لے جاتے تھے، اور کھانا کھلاتے تھے، آج بھی جب نیا مدرسہ قائم ہوتا ہے اور مطبخ نہیں ہوتا تو بستی والے طلبہ کو گھر لے جا کر کھلاتے ہیں۔ دارالعلوم میں بھی شروع میں مطبخ نہیں تھا، طلبہ لوگوں کے گھر جا کر کھاتے تھے۔

ایک دن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تین طالب علموں کو شام کے وقت کھانے کے لئے گھر بھیج دیا اور آنحضور ﷺ دس آدمیوں کو ساتھ لے گئے، اتفاق سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کوئی ضرورت پیش آئی اور وہ نبی ﷺ کے پاس رک گئے، آپؓ نے نبی ﷺ کے ساتھ کھانا کھایا۔ حضرت عبدالرحمٰنؓ نے طلبہ کے سامنے کھانا پیش کیا مگر انھوں نے انکار کیا اور کہا ہم حضرت کے ساتھ کھائیں گے، حضرت عبدالرحمٰنؓ نے اصرار بھی کیا مگر مہمانوں نے نہیں مانا، حضرت ابوبکرؓ دیر سے گھر پہنچے: دیکھا کہ مہمان انتظار میں ہیں، انھوں نے کھانا نہیں کھایا ہے، حضرت بہت بگڑے، بیوی صاحبہ ام رومانؓ نے عرض کیا: ہم نے بہت اصرار کیا تھا مگر انھوں نے کہا مانا، وہ مُصر ہیں کہ آپؓ کے ساتھ کھائیں گے، حضرت عبدالرحمٰنؓ ڈر کے مارے دَبک گئے، آپؓ نے ان کو آواز دی او کمینے! کہاں ہے باہر نکل، اور خوب برا بھلا کہا، پھر مہمانوں کے سامنے کھانا پیش کیا اور قسم کھائی کہ میں نہیں کھاؤں گا، مہمانوں نے بھی قسم کھائی کہ ہم بھی آپ کے بغیر نہیں کھائیں گے، چنانچہ آپؓ نے قسم توڑ دی اور کھانا شروع کیا، کھانا کھانے لگے تو کھانا بڑھنے لگا، جتنا کھاتے تھے کھانا اس سے زیادہ بڑھ جاتا تھا، حضرت نے اہلیہ سے فرمایا: دیکھ نہیں رہی جتنا کھاتے ہیں کھانا اس سے زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ اہلیہ نے کہا: جی ہاں کھانا بڑھ رہا ہے، اب تگنا ہوگیا ہے، جب سب کھاچکے تو ایک کٹورے میں وہ کھانا خدمتِ نبوی میں ہدیہ بھیجا گیا، چونکہ آپؐ اور گھر والے کھانا کھاچکے تھے اس لئے وہ کھانا رکھا رہا، اگلے دن ایک قبیلہ کے ساتھ میعادی معاہدہ تھا، معاہدہ کی تجدید کے لئے ان کا وفد آیا ہوا تھا، وہ ستر آدمی تھے، سب نے اس پیالے سے کھایا اور شکم سیر ہو کر کھایا پھر بھی کھانا بچ گیا۔

مناسبت: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر میں یہ واقعہ عشاء کے بعد پیش آیا ہے مگر چونکہ یہ معاشرتی سمر ہے، اس لئے جائز ہے۔

[٤١-] بابُ السَّمَرِ مَعَ الْأَهْلِ وَالضَّيْفِ

[٦٠٢-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ: أَنَّ أَصْحَابَ الصُّفَّةِ كَانُوْا أُنَاسًا فُقَرَاءَ، وَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَعَامُ اثْنَيْنِ فَلْيَذْهَبْ بِثَالِثٍ، وَإِنْ أَرْبَعٌ فَخَامِسٌ أَوْ سَادِسٌ" وَأَنَّ أَبَا بَكْرٍ جَاءَ بِثَلاَثَةٍ، وَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِعَشْرَةٍ. قَالَ: فَهُوَ أَنَا وَأَبِيْ وَأُمِّيْ - وَلاَأَدْرِيْ هَلْ قَالَ: وَامْرَأَتِيْ - وَخَادِمٌ بَيْنَ بَيْتِنَا وَبَيْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ تَعَشَّى عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ لَبِثَ حَيْثُ صُلِّيَتِ الْعِشَاءُ، ثُمَّ رَجَعَ، فَلَبِثَ، حَتّٰى تَعَشَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ بَعْدَ مَا مَضَى مِنَ اللَّيْلِ مَاشَاءَ اللّٰهُ، قَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ: وَمَا حَبَسَكَ عَنْ أَضْيَافِكَ، أَوْ قَالَتْ: ضَيْفِكَ؟ قَالَ: أَوَمَا عَشَّيْتِهِمْ؟ قَالَتْ: أَبُوْا حَتّٰى تَجِيْءَ، قَدْ عُرِضُوْا فَأَبُوْا، قَالَ: فَذَهَبْتُ أَنَا فَاخْتَبَأْتُ، فَقَالَ: يَا غُنْثَرُ! فَجَدَّعَ وَسَبَّ، وَقَالَ: كُلُوْا لاَ هَنِيْئًا لَكُمْ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لاَ

أَطْعَمُهُ أَبَدًا، وَأَيْمُ اللّٰهِ! مَا كُنَّا نَأْخُذُ مِنْ لُقْمَةٍ إِلاَّ رَبَا مِنْ أَسْفَلِهَا أَكْثَرُ مِنْهَا، قَالَ: شَبِعُوْا، وَصَارَتْ أَكْثَرَ مِمَّا كَانَتْ قَبْلَ ذٰلِكَ، فَنَظَرَ إِلَيْهَا أَبُوْ بَكْرٍ فَإِذَا هِيَ كَمَا هِيَ، أَوْ أَكْثَرُ، فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ: يَا أُخْتَ بَنِيْ فِرَاسٍ! مَا هٰذَا؟ قَالَتْ: لاَ، وَقُرَّةِ عَيْنِيْ! لَهِيَ الآنَ أَكْثَرُ مِنْهَا قَبْلَ ذٰلِكَ بِثَلاَثِ مِرَارٍ، فَأَكَلَ مِنْهَا أَبُوْ بَكْرٍ، وَقَالَ: إِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ، يَعْنِيْ يَمِيْنَهُ، ثُمَّ أَكَلَ مِنْهَا لُقْمَةً، ثُمَّ حَمَلَهَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَصْبَحَتْ عِنْدَهُ، وَكَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمٍ عَقْدٌ فَمَضَى الأَجَلُ، فَفَرَّقْنَا اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلاً، مَعَ كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ أُنَاسٌ، وَاللّٰهُ أَعْلَمُ كَمْ مَعَ كُلِّ رَجُلٍ، فَأَكَلُوْا مِنْهَا أَجْمَعُوْنَ، أَوْ كَمَا قَالَ. [انظر: ٣٥٨١، ٦١٤٠، ٦١٤١]

ترجمہ اور وضاحت: عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: اصحاب صفہ غریب لوگ تھے اور نبی ﷺ نے فرمایا تھا کہ جس کے پاس دو کا کھانا ہے وہ تیسرے کو ساتھ لے جائے اور چار کا کھانا ہے تو پانچویں کو یا چھٹے کو یعنی دو کو ساتھ لے جائے، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تین کو لائے اور نبی ﷺ دس کو لے گئے، عبدالرحمٰنؓ کہتے ہیں: گھر میں: میں تھا اور میرے والدین —— ابوعثمان کہتے ہیں: عبدالرحمٰنؓ نے بیوی کا تذکرہ کیا یا نہیں؟ یہ مجھے یاد نہیں رہا —— اور ایک نوکر تھا، جو ہمارے اور حضرت ابوبکرؓ کے گھر میں مشترک تھا یعنی دونوں گھروں کا کام کرتا تھا —— حضرت عبدالرحمٰنؓ کا گھر الگ تھا اور غالبًا ان کی بیوی تھی، عرب شادی کے بعد لڑکے کا گھر الگ بسا دیتے ہیں (پس دونوں گھروں میں کل پانچ آدمی ہوئے)

اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے شام کا کھانا نبی ﷺ کے ساتھ کھایا پھر وہیں رکے رہے، یہاں تک کہ عشاء پڑھی، عشاء پڑھ کر آپؓ پھر نبی ﷺ کی طرف لوٹے، یہاں تک کہ نبی ﷺ نے رات کا کھانا کھایا (یہ تکرار ہے، دو مرتبہ کھانا کھانا نہ آپؐ کا طریقہ تھا، نہ عربوں کا) پھر اللہ کو جتنا منظور تھا اتنی رات گذر جانے پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ گھر واپس لوٹے تو آپؓ کی اہلیہ نے کہا: آپؓ کو مہمانوں سے کس بات نے روکا؟ یعنی گھر مہمان تھے آپؓ دیر سے کیوں آئے؟ (أضيافك اور ضيفك میں راوی کو شک ہے اور دونوں کا مفہوم ایک ہے) حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا: کیا تم نے ان کو شام کا کھانا نہیں کھلایا؟ اہلیہ نے کہا: انھوں نے انکار کیا یہاں تک کہ آپؓ آئیں وہ کھانا پیش کئے گئے تھے مگر انھوں نے انکار کیا یعنی ہم نے کھانے کے لئے کہا مگر انھوں نے انکار کیا۔ عبدالرحمٰنؓ کہتے ہیں: میں جا کر چھپ گیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آواز دی اے دنی! پس آپؓ نے کوسا اور برا بھلا کہا (جدَّع کے لفظی معنی ہیں: ناک کان کاٹا، اور یہاں جدَّع اور سَبَّ دونوں کے معنی ہیں ڈانٹ ڈپٹ کی) پھر آپؓ نے مہمانوں سے کہا: کھاؤ، تمہیں کھانا مبارک نہ ہو، اور کہا: بخدا! میں کھانا کبھی نہیں کھاؤں گا —— اس کے بعد حدیث میں تقدیم وتاخیر ہے اور اصل واقعہ وہ ہے جو اوپر عرض کیا گیا اور وہ حدیث نمبر (۶۱۴۰) میں آرہا ہے۔

عبدالرحمٰنؓ کہتے ہیں: بخدا! ہم کوئی لقمہ نہیں اٹھاتے تھے مگر وہ کھانا نیچے سے بڑھ کر پہلے سے زیادہ ہو جاتا تھا۔ عبدالرحمٰنؓ کہتے ہیں: وہ سب شکم سیر ہو گئے اور کھانا پہلے سے زیادہ ہو گیا پس اس کھانے کو حضرت ابوبکرؓ نے دیکھا تو اچانک وہ پہلے جتنا تھا یا زیادہ، یعنی فیصلہ کرنا مشکل تھا کہ اب زیادہ ہے یا پہلے زیادہ تھا، آپؓ نے اہلیہ سے فرمایا: اے بنو فراس کے خاندان کی

خاتون! حضرت ام رومانؓ اسی خاندان کی تھیں، دیکھ نہیں رہی؟ انھوں نے عرض کیا: نہیں، میری آنکھوں کی ٹھنڈک کی قسم! (لاَ زائدہ ہے اور وقرۃِ عینی: تکیہ کلام کے طور پر قسم کھائی گئی ہے جو یمین لغو ہے) البتہ وہ اب پہلے سے تین گنا زیادہ ہے پس اس میں سے حضرت ابوبکرؓ نے کھایا اور فرمایا: یہ شیطان کی حرکت تھی یعنی حضرت ابوبکرؓ کا قسم کھانا شیطان کی حرکت سے تھا۔ پھر آپؓ نے اس میں سے ایک لقمہ کھایا (یہ بات پہلے آنی چاہئے تھی) پھر اس کو نبی ﷺ کی طرف اٹھایا یعنی آپؐ کے پاس وہ کھانا بھیجا۔ پس اس کھانے نے آپؐ کے پاس صبح کی یعنی صبح تک وہ کھانا رکھا رہا، اور ہمارے اور ایک قوم کے درمیان معاہدہ تھا جس کی مدت پوری ہوچکی تھی (اور تجدید معاہدہ کے لئے اس قوم کا وفد آیا ہوا تھا) پس ہم نے ان میں سے بارہ آدمی الگ گئے اور ہر ایک کے ساتھ کتنے آدمی تھے وہ اللہ ہی کو معلوم ہے، یعنی بارہ گروپ بنائے جب ایک گروپ کھانا کھا کر فارغ ہوتا تو دوسرا گروپ بیٹھتا، پس سب نے اس میں سے کھایا یعنی کھانے میں دو مرتبہ برکت ہوئی، پہلی مرتبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر اور دوسری مرتبہ آنحضرت ﷺ کے گھر، تین چار آدمیوں کا کھانا سو سے زیادہ لوگوں نے پیٹ بھر کر کھایا، ابوعثمان نے یا عبدالرحمٰن نے اس کے مانند کہا یعنی حضرت عبدالرحمٰنؓ کے الفاظ یاد نہیں رہے، مفہوم یہی تھا۔

﴿الحمد للہ! کتاب مواقیت الصلوٰۃ کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتَابُ الأذان

اذان کا بیان

بابُ بَدْءِ الأَذَانِ

اذان کی تاریخ

بدءٌ کے لغوی معنی ہیں: ابتداء، آغاز، اور امام بخاری اور امام ترمذی رحمہما اللہ کی اصطلاح میں بدءٌ کے معنی ہیں: تاریخ، احوال: از ابتداء تا انتہاء، پس بدءُ الأذان کے معنی ہیں: اذان کے احوال: از ابتداء تا انتہاء، اذان کی ابتداء کب ہوئی؟ اور کیوں ہوئی؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے دو آیتیں لکھی ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اذان کی ابتداء مدینہ طیبہ میں ہوئی، اور نماز کی اطلاع دینے کی غرض سے ہوئی۔

پہلے بتلایا تھا کہ مسجدِ نبوی مدینہ طیبہ سے باہر قبرستان کے قریب تھی، اور اس کے آس پاس کوئی محلّہ نہیں تھا، تمام مسلمان نماز پڑھنے کے لئے مسجدِ نبوی میں آتے تھے، اس وقت مدینہ منورہ میں اور کوئی مسجد نہیں تھی، لوگ نمازوں کے اوقات کا اندازہ کر کے آتے تھے، پس کوئی جلدی آجاتا تو اسے انتظار کرنا پڑتا، اور کوئی دیر سے آتا تو جماعت نکل جاتی، چنانچہ سن ایک ہجری میں حضرات صحابہ حضور اقدس ﷺ کے پاس جمع ہوئے، اور یہ مسئلہ زیر غور آیا کہ کیا طریقہ اختیار کیا جائے جس سے سب لوگ بروقت مسجد پہنچ جائیں اور کوئی جماعت سے محروم نہ رہے، کسی نے مشورہ دیا کہ نمازوں کے اوقات میں نرسنگا بجایا جائے جیسے یہود بجاتے ہیں، مگر اس رائے کو پسند نہیں کیا گیا کیونکہ مدینہ طیبہ میں یہودی بھی تھے وہ بھی نرسنگا بجاتے تھے، پس اشتباہ ہوگا، نیز اس میں یہود کے ساتھ مشابہت بھی تھی، اور کسی نے یہ رائے دی کہ نصاری کی طرف ناقوس بجایا جائے اس مشورہ کو بھی پسند نہیں کیا گیا، اس لئے کہ مدینہ منورہ میں اگرچہ نصاری نہیں تھے مگر اسلام آفاقی مذہب ہے وہ دنیا میں پھیلنے کے لئے آیا ہے، پس دوسری جگہوں میں جہاں نصاری ہیں اشتباہ پیدا ہوگا۔ اور ایک رائے یہ آئی کہ نمازوں کے اوقات میں کسی بلند جگہ پر آگ جلادی جائے، اس کو دیکھ کر لوگ مسجد میں آجائیں، یہ رائے بھی پسند نہیں کی گئی، کیونکہ آگ مجوسیوں کا شعار ہے، وہ آگ کی پوجا کرتے ہیں، پس اس میں مجوسیوں کے ساتھ مشابہت ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ تجویز رکھی کہ وقت ہونے پر کوئی

آدمی بھیج دیا جائے جو گھوم کر الصلوٰۃ جامعۃ (نماز تیار ہے) کا اعلان کرے۔ آپؐ نے یہ تجویز پسند فرمائی اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اس پر مامور فرمایا، پھر اس پر عمل ہوا یا نہیں؟ روایات دونوں طرح کی ہیں، بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ اس پر عمل ہوا، حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے الصلوٰۃ جامعۃ کا اعلان شروع کیا، اور بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی وجہ سے اس پر عمل شروع نہیں ہوا، مگر اس معاملہ میں نبی اکرم ﷺ کی غیر معمولی فکر مندی نے بہت سے صحابہ کرام کو فکر مند کر دیا تھا۔ چنانچہ سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اذان سے متعلق خواب دیکھا مگر کسی وجہ سے آنحضور ﷺ سے اس کا تذکرہ نہیں کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے علاوہ بھی متعدد صحابہ نے خواب دیکھا مگر انھوں نے بھی تذکرہ نہیں کیا، بیس یوم کے بعد ایک انصاری صحابی عبداللہ بن زید بن عبدربہ رضی اللہ عنہ نے خواب دیکھا کہ ایک شخص ان کے سامنے سے ناقوس لے کر گذر رہا ہے، حضرت عبداللہؓ نے پوچھا: اللہ کے بندے! ناقوس بیچتا ہے؟ اس نے کہا: تم کیا کرو گے؟ عبداللہ نے کہا: ہم اس کو بجا کر لوگوں کو نماز کے لئے اکٹھا کریں گے۔ اس نے کہا: کیا میں تم کو اس سے بہتر طریقہ نہ بتاؤں؟ عبداللہ نے کہا: بتاؤ، چنانچہ وہ قریب میں ایک ٹیلہ پر چڑھا اور وہاں سے اذان دی، پھر تھوڑے وقفہ کے بعد اس نے کہا: جب نماز شروع کرنی ہو تو اس طرح اقامت کہو، اس کے بعد آنکھ کھل گئی، عبداللہؓ اسی وقت خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، وہ تہجد کا وقت تھا، انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے یہ خواب دیکھا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: ''یہ خواب ان شاء اللہ سچا اور من جانب اللہ ہے''

اس وقت جو صحابہ مسجد میں تھے یا مسجدِ نبوی سے متصل حجروں میں تھے وہ سب جمع ہو گئے، ان میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے، جو اس واقعہ سے بیس روز پہلے ایسا ہی خواب دیکھ چکے تھے، مگر اس مجلس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا خواب بیان نہیں کیا، اس خیال سے کہ کہیں عبداللہ یہ نہ سمجھیں کہ عمرؓ ان کے منہ سے لقمہ چھیننا چاہتے ہیں!

جس زمانہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے خواب دیکھا تھا وہ بیمار تھے، نیز ان کی آواز بھی پست تھی، اس لئے نبی ﷺ نے حضرت عبداللہ کو حکم دیا کہ جب فجر کا وقت ہو تو بلال کے ساتھ کھڑے ہوؤ، اور کلماتِ اذان بتلاؤ، تاکہ وہ بلند آواز سے پکاریں کیونکہ ان کی آواز بلند اور خوبصورت ہے۔

جب فجر کی نماز کا وقت ہوا تو آنحضور ﷺ کی ہدایت کے مطابق حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دینی شروع کی، رات کے سناٹے میں اور پہاڑوں کے جھرمٹ میں جب صوتِ بلالی گونجی تو عجیب سماں بندھ گیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر وجد طاری ہو گیا، وہ چادر گھسیٹتے (۱) ہوئے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، اور عرض کیا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں نے بھی ایسا ہی خواب دیکھا ہے، جیسا عبداللہ نے دیکھا ہے، آپؐ نے اللہ کی حمد کی اور پوچھا: تم نے اس وقت جب عبداللہ نے خواب بیان کیا تھا اپنے خواب کا تذکرہ کیوں نہیں کیا؟ حضرت عمرؓ نے عرض کیا:

(۱) چادر گھسیٹنا: محاورہ ہے اور اس محاورہ کا مطلب یہ ہے کہ آدمی گھر میں جس بے تکلف حالت میں ہوتا ہے، اسی حالت میں باہر نکل آئے، خاص چادر گھسیٹنا مراد نہیں، جیسے أنا النذیر العُریان میں ننگا ہونا ضروری نہیں، دوٹوک وارننگ دینے کے لئے یہ محاورہ ہے۔

یارسول اللہ! عبداللہؓ نے یہ فضیلت حاصل کرلی، اس لئے مجھے اس وقت تذکرہ کرتے ہوئے شرم آئی، نماز فجر کے بعد اور بھی صحابہ نے ایسے ہی خواب بیان کئے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: إنی لَأَرَی رُؤیاکم تَوَاطَئَتْ علی هذه: میں دیکھ رہا ہوں کہ تمہارے خواب اس پر متفق ہیں!

اس دن سے اذان کا نظام قائم ہوگیا جو آج تک اسلام اور مسلمانوں کا شعار ہے، اور اذان واقامت کی مشروعیت صرف خواب سے نہیں ہوئی، انبیاء کے علاوہ کسی کا خواب حجت نہیں، بلکہ اذان واقامت کی مشروعیت ابتداءً تائید نبوی سے ہوئی، پھر قرآنِ کریم میں اس کا ذکر آ گیا۔

بہ الفاظ دیگر: بعض احکام کی مشروعیت وحی غیر متلو سے ہوتی ہے، لیکن بعد میں کسی مناسبت سے قرآن میں اس کا تذکرہ آجاتا ہے، اذان کی مشروعیت بھی وحی غیر متلو سے ہوئی ہے، پھر قرآن میں اس کا ذکر آ گیا۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے دو آیتیں پیش کی ہیں، پہلی آیت سورہ مائدہ کی (آیت ۵۸) ہے، اللہ عزوجل فرماتے ہیں: ''جب تم نماز کے لئے پکارتے ہو تو کفار اس کا مذاق اڑاتے ہیں، اس لئے کہ وہ بے عقل ہیں'' یعنی ان کی سرشت میں اذان سے نفرت ہے، آج بھی ہندو جتنا اذان سے چڑتے ہیں کسی اور اسلامی شعار سے نہیں چڑتے، اور جہاں ان کا بس چلتا ہے مائک اتروا دیتے ہیں، اور جب اذان ہوتی ہے تو مذاق اڑاتے ہیں، حالانکہ کلماتِ اذان میں قابل ٹھٹھا کوئی چیز نہیں، کلماتِ اذان میں اللہ عزوجل کی عظمت وکبریائی کا اعلان ہے، توحید کا اظہار ہے، نبی ﷺ کی رسالت کا اقرار، عبادتوں کے سرچشمہ نماز کی طرف اور فلاح دارین کی طرف بلاوا ہے، ایسی حق وصداقت کی آواز کا ٹھٹھا کرنا صرف اسی کا کام ہوسکتا ہے جس کا سر بھیجے سے خالی ہو، جس میں نیک وبد کی تمیز باقی نہ رہی ہو، اور دوسری آیت سورۂ جمعہ کی (آیت ۹) ہے: ''اے ایمان والو! جب جمعہ کے لئے پکارا جائے'' (الی آخرہ) غرض اذان کی مشروعیت تو وحی غیر متلو سے ہوئی، مگر بعد میں قرآنِ مجید میں اس کا ذکر آ گیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

١٠- كِتَابُ الأَذانِ

[١-] بابُ بَدْءِ الْأَذَانِ

وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَلَعِبًا، ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَعْقِلُوْنَ﴾ [المائدة: ٥٨]
وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿إِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ﴾ [الجمعة: ٩]

[٦٠٣-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: ذَكَرُوْا النَّارَ وَالنَّاقُوْسَ، فَذَكَرُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارَى، فَأُمِرَ بِلَالٌ أَنْ يَشْفَعَ الْأَذَانَ وَأَنْ يُوْتِرَ الإِقَامَةَ.

[انظر: ٦٠٥، ٦٠٧، ٣٤٥٧]

ترجمہ اور وضاحت: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ لوگوں نے آگ کا اور ناقوس کا تذکرہ کیا یعنی جب مشورہ ہوا تو ایک رائے یہ آئی کہ نمازوں کے اوقات میں کسی بلند جگہ پر آگ جلائی جائے اس کو دیکھ کر لوگ مسجد میں آجائیں، اور دوسری رائے یہ آئی کہ ناقوس بجایا جائے تو لوگوں نے یہود اور نصاری کا تذکرہ کیا یعنی ناقوس اور نرسنگا بجانے والی رایوں کو یہ کہہ کر مسترد کردیا گیا کہ ان میں یہود ونصاری کی مشابہت ہے، یہ حدیث مختصر ہے، مشورہ میں قَرْن: نرسنگا بجانے کا بھی تذکرہ آیا تھا اور آگ جلانے میں مجوسیوں کی مشابہت ہے، اس لئے اس رائے کو بھی رد کردیا گیا، پس حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دوہری کہنے کا اور اقامت اکہری کہنے کا حکم دیئے گئے، یہ ایک مستقل حدیث ہے، جو اس حدیث کے ساتھ مل گئی ہے۔ دونوں حدیثوں کا باہم کوئی جوڑ نہیں، جب مشورہ ہوا تھا اس وقت اذان کو کوئی نہیں جانتا تھا، پس اس وقت اذان دوہری کہنے کا اور اقامت اکہری کہنے کا حکم دینے کا کوئی مطلب نہیں، یہ ایک مستقل حدیث ہے جو آگے آرہی ہے۔

[٦٠٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ: كَانَ الْمُسْلِمُوْنَ حِيْنَ قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ يَجْتَمِعُوْنَ، فَيَتَحَيَّنُوْنَ الصَّلاَةَ، لَيْسَ يُنَادَى لَهَا، فَتَكَلَّمُوْا يَوْمًا فِيْ ذٰلِكَ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اتَّخِذُوْا نَاقُوْسًا مِثْلَ نَاقُوْسِ النَّصَارَى، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ بُوْقًا مِثْلَ قَرْنِ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ عُمَرُ: أَوَلاَ تَبْعَثُوْنَ رَجُلاً يُنَادِيْ بِالصَّلاَةِ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَابِلاَلُ قُمْ فَنَادِ بِالصَّلاَةِ"

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ جب مسلمان مدینہ منورہ میں آئے تو وہ (مسجدِ نبوی میں نماز کے لئے) جمع ہوا کرتے تھے، پس وہ نماز کے وقت کا اندازہ کیا کرتے تھے (اس وقت) نماز کے لئے پکارا نہیں جاتا تھا، پس صحابہ نے ایک دن اس سلسلہ میں مشورہ کیا تو بعض نے کہا: نصاری کے ناقوس جیسا ناقوس اختیار کرلو، اور بعض نے کہا: بلکہ یہود کے سرسنگے جیسا نرسنگا لے لو، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں نہیں بھیجتے تم کسی کو جو نماز کے لئے پکارا کرے؟ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے بلال! کھڑے ہوؤ اور نماز کے لئے پکارو۔

تشریح: بُوق اور قَرْن دونوں کے معنی ہیں: نرسنگا، نر کے معنی ہیں: بڑا اور سنگا یعنی سینگ، سینگ جیسا آلہ بنا کر اس میں پھونکتے تھے، اور نصاری نقارہ بجاتے تھے، ان رایوں میں غیروں کی مشابہت تھی اس لئے ان کو رد کردیا گیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ رائے دی کہ کسی کو متعین کیا جائے جو گھوم کر نماز کی اطلاع کرے۔ آنحضور ﷺ نے اس رائے کو پسند کیا، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اس کا حکم دیا، مگر اس پر عمل ہوا یا نہیں؟ دونوں طرح کی روایتیں ہیں، یہاں تک کہ خواب دیکھنے کا واقعہ پیش آیا۔

بابُ الْأَذَانِ مَثْنَى مَثْنَى

اذان دوہری ہے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اذان میں مماثل (ایک جیسے) کلمات الگ الگ سانس میں کہے جائیں، اوراس پر اجماع ہے، آج دنیا میں تمام اہل السنہ والجماعہ ایک ہی طرح اذان دیتے ہیں، البتہ شیعہ اذان میں چند کلمات بڑھاتے ہیں، مگروہ اہل السنہ والجماعہ میں شامل نہیں، اور گمراہ فرقوں کا اختلاف اجماع پر اثر انداز نہیں ہوتا۔

[۲-] بابُ الْأَذَانِ مَثْنَى مَثْنَى

[۶۰۵-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِى قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُمِرَ بِلَالٌ أَنْ يَشْفَعَ الْأَذَانَ، وَأَنْ يُوْتِرَ الإِقَامَةَ، إِلَّا الإِقَامَةَ.[راجع: ۶۰۳]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ حکم دیئے گئے کہ اذان دوہری کہیں اور اقامت کہری، علاوہ قد قامت الصلوٰۃ کے۔

تشریح: یہ حضرت ایوب سختیانی رحمہ اللہ کی حدیث ہے اور إلا الإقامة: حدیث کا جزء ہے یا مدرج؟ یعنی ایوب سختیانی کا قول ہے، اس میں اختلاف ہے، امام مالک رحمہ اللہ کا رجحان یہ ہے کہ مدرج ہے، حدیث کا جزء نہیں، پس اس کا اعتبار نہیں، پوری تکبیر اکہری کہی جائے گی، قد قامت الصلاۃ بھی ایک ہی مرتبہ کہا جائے گا۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک یہ حدیث کا جزء ہے، اور یوتر سے استثناء ہے یعنی پوری تکبیر اکہری کہی جائے گی، مگر قد قامت الصلوٰۃ دومرتبہ کہا جائے گا، پس امام مالکؒ کے نزدیک کلماتِ اقامت دس ہیں، اور امام شافعیؒ اور احمدؒ کے نزدیک گیارہ۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اقامت میں بھی اذان کی طرح دوہرے کلمات ہیں، پس کلماتِ اذان پندرہ ہیں اور اقامت میں دومرتبہ قد قامت الصلوٰۃ بڑھتا ہے اس لئے کلماتِ اقامت سترہ ہیں۔

تفصیل:

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اقامت میں ہر کلمہ ایک ایک مرتبہ کہا جائے گا سوائے تکبیر اور قد قامت الصلوٰۃ کے کہ وہ ڈبل ہیں، البتہ امام مالکؒ کے نزدیک قد قامت الصلوٰۃ بھی ایک مرتبہ ہے، پس کلماتِ اقامت امام مالکؒ کے نزدیک دس ہیں، اور امام شافعی وامام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک گیارہ ہیں، اور امام اعظمؒ کے نزدیک سترہ ہیں، اور یہ نص فہمی کا اختلاف ہے کہ مذکورہ حدیث میں أن یوتر الإقامة میں ایتار کلماتی مراد ہے یا ایتار صوتی؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایتار کلماتی (ہر کلمہ ایک ایک مرتبہ کہنا) مراد ہے اور احناف کے نزدیک ایتار صوتی مراد ہے یعنی احناف کے نزدیک اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حضرت

بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا گیا کہ وہ اذان میں مماثل کلمات کو دو سانس میں کہیں اور تکبیر میں ایک سانس میں۔ البتہ قد قامت الصلوٰۃ کو الگ الگ دو سانسوں میں کہیں، کیونکہ یہی کلمات اقامت میں مقصود ہیں۔

اور فرق کی وجہ یہ ہے کہ اذان میں ترسُّل (ٹھیر ٹھیر کر کہنا) مطلوب ہے کیونکہ اذان کا مقصد اُن غائبین کو اطلاع دینا ہے جو مشاغل میں منہمک ہیں، اور اقامت کا مقصد حاضرین کو آگاہ کرنا ہے جو پہلے سے تیار بیٹھے ہیں —— اور احناف نے حدیث کا یہ مطلب متعدد قرائن سے سمجھا ہے۔

پہلا قرینہ: صاحبِ اذان عبداللہ بن زید بن عبد ربہؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کی اذان دوہری تھی: اذان بھی اور اقامت بھی۔ پس باب کی حدیث میں ایتارصوتی مراد لیا جائے گا تا کہ دونوں روایتوں میں تعارض نہ ہو —— یہ حدیث ترمذی (حدیث ۱۹۱) میں ہے اور اس کی سند میں ابن ابی لیلیٰ صغیر ہیں جو حافظہ کی وجہ سے کمزور سمجھے گئے ہیں۔

دوسرا قرینہ: حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ان کو اذان کے انیس کلمات اور اقامت کے سترہ کلمات سکھائے —— یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۵۰۲) میں ہے اور اعلی درجہ کی صحیح ہے اور سترہ خاص عدد ہے، اس میں کمی زیادتی نہیں ہوسکتی، پس دونوں حدیثوں میں جمع کی صورت یہی ہے کہ ایتارصوتی مراد لیا جائے۔

تیسرا قرینہ: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی اذان بھی دوہری تھی اور اقامت بھی، حضرت بلال رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کے مؤذن خاص تھے، آپؓ نے نبی ﷺ کی وفات کے بعد اذان واقامت کہنی چھوڑ دی تھی، شاذ ونادر آپؓ اذان واقامت کہتے تھے اور عہد رسالت میں آپؓ کا معمول اقامت دوہری کہنے کا تھا اور وفاتِ نبی ﷺ کے بعد جب کبھی تکبیر کہی تو دوہری کہی، یہ بات تواتر سے ثابت ہے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تواترت الآثار عن بلال أنه كان يُثْنِي الإقامةَ حتى مات: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے بارے میں تواتر سے ثابت ہے کہ وہ وفات تک اقامت دوہری کہتے تھے، اس لئے حدیث باب میں ایتارصوتی مراد لینا ناگزیر ہے۔

چوتھا قرینہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اقامت کے شروع میں بھی اور آخر میں بھی تکبیر دو دو مرتبہ ہے اس پر اعتراض ہوتا ہے کہ یہ ایتار کے منافی ہے؟ حافظؒ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ چونکہ دو مرتبہ اللہ اکبر ایک سانس میں کہا جاتا ہے اس لیے وہ ایک کلمہ ہے (فتح الباری ۲: ۸۳) پس ایتارصوتی مراد لینا تاویل بعید نہیں، دوسرے حضرات بھی بوقت ضرورت یہ تاویل کرتے ہیں۔

آخری بات: پہلے کئی مرتبہ یہ بات بتلائی ہے کہ جب روایتوں میں تعارض ہوتا ہے تو امام اعظم رحمہ اللہ اس روایت کو لیتے ہیں جس میں احتیاط ہوتی ہے، جیسے سنن مؤکدہ دس رکعت ہیں یا بارہ؟ دونوں طرح کی روایتیں ہیں اور دونوں اعلی درجہ کی صحیح ہیں پس امام اعظمؒ نے بارہ رکعت والی روایت لی، کیونکہ اس میں احتیاط ہے اور عبادت بھی زیادہ ہے، نیز بارہ کے ضمن میں دس والی روایت خود بخود آجاتی ہے، اور یہاں ایتار کلماتی مراد لیں گے تو کلماتِ اقامت کی تعداد گھٹ جائے گی، اور ایتارصوتی مراد لیں تو تعداد بڑھے گی، اس لئے امام اعظمؒ نے ایتارصوتی مراد لیا ہے، اس میں احتیاط بھی ہے اور عبادت بھی زیادہ ہے۔

فائدہ: اذان کے شروع میں چار مرتبہ اللہ اکبر کہنا سنت ہے یا دو مرتبہ؟ امام مالک اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک دو مرتبہ اللہ اکبر کہنا سنت ہے، اور جمہور کے نزدیک چار مرتبہ۔ اور دوسرا اختلاف اذان میں یہ ہوا ہے کہ ترجیع سنت ہے یا نہیں؟ ترجیع کے معنی ہیں: شہادتین کو آہستہ کہنے کے بعد دوبارہ زور سے کہنا، یعنی پہلے چاروں کلماتِ شہادت ہلکی آواز سے کہے جائیں پھر دوبارہ ان کو بلند آواز سے کہا جائے، امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک ترجیع سنت ہے اور جمہور کے نزدیک ترجیع سنت نہیں، پس امام شافعیؒ کے نزدیک کلماتِ اذان انیس ہیں، اور امام مالکؒ کے نزدیک سترہ، اور امام اعظمؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک پندرہ، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک تیرہ، کیونکہ وہ تکبیر میں تثنیہ کے قائل ہیں اور ترجیع کے قائل نہیں ——— مگر یہ نزاع اب لاحاصل ہے اب ساری دنیا میں ایک ہی طرح اذان ہوتی ہے اور مالکیہ اور شوافع نے بھی ترجیع چھوڑ دی ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۱:۵۰۳) میں ہے۔

[۶۰۶-] حدثنا مُحَمَّدٌ: هُوَ ابْنُ سَلَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا كَثُرَ النَّاسُ قَالَ: ذَكَرُوْا أَنْ يُعْلِمُوْا وَقْتَ الصَّلَاةِ بِشَيْئٍ يَعْرِفُوْنَهُ، فَذَكَرُوْا أَنْ يُوْرُوْا نَارًا أَوْ يَضْرِبُوْا نَاقُوْسًا، فَأُمِرَ بِلَالٌ أَنْ يَشْفَعَ الْأَذَانَ وَأَنْ يُوْتِرَ الإِقَامَةَ. [راجع: ۶۰۳]

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب مدینہ میں مسلمان زیادہ ہوگئے ——— پھر قال مکرر ہے اس کا فاعل بھی حضرت انسؓ ہیں ——— تو صحابہ نے باہم تذکرہ کیا کہ نماز کے وقت کے لئے کوئی جانی پہچانی علامت مقرر کریں پس انھوں نے تذکرہ کیا کہ وہ آگ جلائیں یا ناقوس بجائیں، پس حضرت بلالؓ کو حکم دیا گیا کہ وہ اذان دوہری کہیں اور اقامت اکہری کہیں (یہ حدیث گذشتہ باب میں گذر چکی ہے)

بَابٌ: الإِقَامَةُ وَاحِدَةٌ، إِلَّا قَوْلَهُ: قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ

اقامت اکہری ہے، مگر قد قامتِ الصلاۃ دو مرتبہ ہے

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک کلمات اقامت ایک ایک مرتبہ ہیں، مگر قد قامت الصلٰوۃ دو مرتبہ ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کی موافقت کی ہے اس لیے باب میں إلا قد قامت الصلٰوۃ بڑھایا ہے۔

[۳-] بَابٌ: الإِقَامَةُ وَاحِدَةٌ، إِلَّا قَوْلَهُ: قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ

[۶۰۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أُمِرَ بِلَالٌ أَنْ يَشْفَعَ الأَذَانَ وَأَنْ يُوْتِرَ الإِقَامَةَ، قَالَ إِسْمَاعِيْلُ فَذَكَرْتُهُ لِأَيُّوْبَ، فَقَالَ: إِلَّا الإِقَامَةَ. [راجع: ۶۰۳]

وضاحت: یہ وہی حدیث ہے جو اوپر گذری ہے، وہ ایوب سختیانی رحمہ اللہ کی حدیث تھی اور یہ خالد حذاء کی، خالد کے شاگرد اسماعیل بن ابراہیم جو اسماعیل بن علیہ (عُلیّہ ماں یا دادی کا نام ہے) کے نام سے معروف ہیں، کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث ایوب سختیانی کو سنائی تو انھوں نے کہا: إلا الإقامة، یہ حضرت ایوب کا قول بھی ہوسکتا ہے، پس یہ مدرج ہوگا اور یہ احتمال بھی ہے کہ حضرت ایوب نے لقمہ دیا ہو کہ حدیث میں إلا الإقامة بھی ہے۔غرض یہ استثناء متکلم فیہ ہے، ابن مندہ کہتے ہیں: یہ ایوب سختیانی کا قول ہے، جس کو انھوں نے حدیث میں داخل کیا ہے، امام مالک رحمہ اللہ کا بھی یہی خیال ہے، انھوں نے بھی اس جزء کو نہیں لیا اور فرمایا کہ اقامت میں قد قامت الصلوٰۃ بھی ایک مرتبہ کہا جائے گا۔اور امام شافعی اور امام احمد نے اس کو حدیث کا جزء قرار دیا ہے، اور حافظ رحمہ اللہ نے (فتح ۲: ۸۳) اس کا قرینہ یہ پیش کیا ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ عہد رسالت میں اذان دوبار اور اقامت ایک بار کہی جاتی تھی، البتہ مؤذن قد قامت الصلوٰۃ، قد قامت الصلوٰۃ (دومرتبہ) کہا کرتا تھا (مشکوٰۃ حدیث ۶۴۳) اور احناف کے نزدیک اس استثناء کا مطلب یہ ہے کہ اقامت میں مماثل کلمات مؤذن ایک سانس میں کہے گا، مگر قد قامت الصلوٰۃ، قد قامت الصلوٰۃ الگ الگ سانسوں میں کہے گا، کیونکہ یہی کلمات مقصود ہیں۔

بابُ فَضْلِ التَّأْذِيْنِ

اذان دینے کی اہمیت

اذان کی اہمیت وفضیلت میں متعدد روایات ہیں، اور یہاں یہ روایت ہے کہ شیطان کو اذان نہایت ناگوار ہے وہ اذان سن کر پادتا ہوا بھاگتا ہے اور اتنی دور چلا جاتا ہے جہاں تک اذان کی آواز نہیں پہنچتی، اسی طرح اقامت سن کر بھی بھاگتا ہے کیونکہ وہ بھی اذان ہے، پھر اقامت کے بعد واپس آجاتا ہے اور لوگوں کی نماز خراب کرتا ہے، اور جو باتیں آدمی بھولا ہوا ہوتا ہے وہ یاد دلاتا ہے، اور ان میں اتنا مشغول کردیتا ہے کہ آدمی یہ تک بھول جاتا ہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔

واقعہ: امام اعظم رحمہ اللہ کے واقعات میں لکھا ہے کہ ایک شخص نے اپنے گھر میں کسی جگہ مال دفن کیا، پھر جگہ بھول گیا، بہت سوچا، جگہ جگہ سے گھر کھودا مگر مال نہیں ملا وہ تھک ہار کر امام اعظم رحمہ اللہ کے پاس آیا اور کہا: حضرت کوئی ترکیب یا دعا بتائیں کہ مال مل جائے، حضرت نے اس سے فرمایا: گھر جا، کپڑے بدل، اچھی طرح وضو کر، پھر دو رکعت نفل پڑھ، مگر نماز میں کوئی خیال نہ آئے، اس نے ایسا ہی کیا، مگر نماز میں وہ جگہ یاد آگئی اس نے نماز توڑ دی اور وہ جگہ کھودی تو مال نکل آیا، اس نے آکر امام اعظم کو بتایا کہ آپ نے بڑی اچھی ترکیب بتائی، مجھے مال مل گیا، حضرت نے فرمایا: جب وہ جگہ یاد آگئی تھی تو دو رکعت پوری کرلیتا نماز توڑ کیوں دی! غرض نماز کے دوران شیطان ایسی ایسی باتیں یاد دلاتا ہے جس کو عام احوال میں آدمی سوچتا بھی نہیں، اور خیالات میں اتنا مشغول کردیتا ہے کہ وہ رکعتوں کی تعداد بھی بھول جاتا ہے۔

مسئلہ: نماز میں بالقصد خیالات لانا مکروہ ہے اور خیال خود بخود آجائے تو اس میں دلچسپی لینا برا ہے۔اور خیالات کی

ریل چلتی رہے، خیالات آتے جاتے رہیں اور آدمی اس میں دلچسپی نہ لے تو اس سے نماز پر کوئی اثر نہیں پڑتا، اور شیطان کو ہرانے کا طریقہ یہی ہے کہ جو پڑھے اس کے معنی میں غور کرے، شیطان نامراد ہوگا۔

[٤-] بابُ فَضْلِ التَّـأْذِيْنِ

[٦٠٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلَاةِ أَدْبَرَ الشَّيْطَانُ، لَهُ ضُرَاطٌ، حَتّٰى لَايَسْمَعَ التَّـأْذِيْنَ، فَإِذَا قُضِيَ النِّدَاءُ أَقْبَلَ، حَتّٰى إِذَا ثُوِّبَ لِلصَّلَاةِ أَدْبَرَ، حَتّٰى إِذَا قُضِيَ التَّثْوِيْبُ أَقْبَلَ، حَتّٰى يَخْطِرَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهِ، يَقُوْلُ: اذْكُرْ كَذَا، اذْكُرْ كَذَا، لِمَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ، حَتّٰى يَظَلَّ الرَّجُلُ لَا يَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى؟

[انظر: ١٢٢٢، ١٢٣١، ١٢٣٢، ٣٢٨٥]

ترجمہ: جب نماز کے لئے اذان کہی جاتی ہے تو شیطان پیٹھ پھیر کر پادتا ہوا بھاگتا ہے، یہاں تک کہ وہ اذان کی آواز نہیں سنتا، پھر جب اذان پوری ہوجاتی ہے تو واپس آتا ہے، یہاں تک کہ جب نماز کے لئے اقامت کہی جاتی ہے تو پھر پیٹھ پھیر کر بھاگتا ہے، پھر جب اقامت پوری ہوجاتی ہے تو واپس آتا ہے، یہاں تک کہ آدمی اور اس کے نفس کے درمیان حائل ہوجاتا ہے، اور وسوسہ ڈالتا ہے (خَطر (ن،ض) خُطوراً الأمرُ بباله: بھولنے کے بعد یاد آنا) کہتا ہے فلاں بات یاد کر، فلاں بات یاد کر، جو اسے یاد نہیں تھی، یہاں تک کہ آدمی بھول جاتا ہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں؟

بابُ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالنِّدَاءِ

بلند آواز سے اذان کہنا

اذان میں رفع صوت مطلوب ہے، اسی لئے اذان دیتے وقت شہادت کی انگلیوں سے کانوں کے سوراخ بند کرنا مستحب ہے، کیونکہ اس سے آواز بلند ہوتی ہے جو مطلوب ومقصود ہے اور کان بند کرنے سے آواز اس لئے بلند ہوتی ہے کہ ہوا تین جگہ سے نکلتی ہے، منہ سے ناک سے اور کان سے، البتہ منہ اور ناک سے ایک وقت میں ایک ہی جگہ سے نکلتی ہے، پس جب کلمات اذان کہتے وقت منہ کھل رہا ہے اور اس سے سانس نکل رہا ہے تو ناک خود بخود بند ہوجائے گی، اس سے ہوا نہیں نکلے گی، البتہ کانوں سے نکلے گی، اور جب انگلیوں سے کانوں کے سوراخ بند کردیئے تو اب ہوا منہ سے زور سے نکلے گی اور آواز بلند ہوگی۔

علاوہ ازیں: یہ بہ تکلف بہرہ بننا ہے اور بہرہ آدمی اونچا بولتا ہے، جب وہ خود اپنی آواز سنتا ہے تب اس کو تسلی ہوتی ہے، پس جب مؤذن بہ تکلف بہرہ بنے گا تو زور سے بولنے پر مجبور ہوگا۔

اور اذان میں رفع صوت مطلوب ہونے کی حکمت یہاں حدیث میں یہ آئی ہے کہ جہاں تک اذان کی آواز پہنچتی ہے

تمام مخلوق قیامت کے دن اس کے حق میں گواہی دے گی، پس زیادہ سے زیادہ بلند آواز سے اذان دینی چاہئے تا کہ زیادہ سے زیادہ مخلوق گواہ بنے۔

البتہ رفع صوت میں آواز میں جو اتار چڑھاؤ ہوتا ہے وہ بے تکلف اور سادہ ہونا چاہئے، اس میں تَطْرِیْب اور گانے کا انداز نہیں ہونا چاہئے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کا مؤذن اذان دے رہا تھا اور گانے کے طرز پر اذان کہہ رہا تھا، حضرتؒ نے اس سے فرمایا: أَذِّنْ أَذَانًا سَمْحًا: سادہ اذان دے، حاشیہ میں سمحًا کے معنی لکھے ہیں: سَهْلاً بلا نغمة وتطريب: یعنی سادہ اذان دے راگ اور گانے کا انداز نہ ہو، ورنہ دفع ہو جا، ہم دوسرا مؤذن رکھ لیں گے۔

بہر حال اذان میں رفع صوت مطلوب ہے، تنہا جنگل میں نماز پڑھ رہا ہو اور وہاں کوئی نہ ہو تو بھی اذان دینی چاہئے اور بلند آواز سے دینی چاہئے تا کہ زیادہ سے زیادہ مخلوق اس کے حق میں گواہی دے۔

[٥-] بابُ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالنِّدَاءِ

وَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ: أَذِّنْ أَذَانًا سَمْحًا، وَإِلَّا فَاعْتَزِلْنَا.

[٦٠٩-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ الْأَنْصَارِيِّ ثُمَّ الْمَازِنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ لَهُ: إِنِّيْ أَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَالْبَادِيَةَ، فَإِذَا كُنْتَ فِيْ غَنَمِكَ أَوْ: بَادِيَتِكَ، فَأَذَّنْتَ لِلصَّلَاةِ، فَارْفَعْ صَوْتَكَ بِالنِّدَاءِ، فَإِنَّهُ لَا يَسْمَعُ مَدَى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَلَا إِنْسٌ وَلَا شَيْئٌ إِلَّا شَهِدَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٣٢٩٦، ٧٥٤٨]

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن عبدالرحمٰن سے کہا: میں دیکھتا ہوں کہ تجھے بکریاں اور بیابان (کھیت) پسند ہے، پس جب تو بکریاں لے کر کھیت میں جائے تو نماز کے لئے اذان دے، اور بلند آواز سے اذان دے، اس لئے کہ نہیں سنتا اذان کو مؤذن کی آواز پہنچنے تک کوئی جنّ اور نہ کوئی انسان اور نہ کوئی اور چیز، مگر وہ سب اس کے لیے قیامت کے دن گواہی دیں گے، یہ بات کہہ کر ابوسعیدؓ نے فرمایا: میں نے یہ بات نبی ﷺ سے سنی ہے۔

بابُ مَا يُحْقَنُ بِالْأَذَانِ مِنَ الدِّمَاءِ

اذان کی وجہ سے خون محفوظ ہو جاتے ہیں

من الدماء: میں مِن بیانیہ ہے جو ما کا بیان ہے۔ باب کا ترجمہ ہے: وہ خون جو اذان کی وجہ سے محفوظ ہو جاتے ہیں، يُحْقَنُ فعل مجہول ہے، مگر ہر جگہ مجہول کا ترجمہ مجہول سے کرنا ضروری نہیں، بعض مرتبہ اردو میں مجہول کا ترجمہ مجہول سے اچھا

نہیں لگتا، پس معروف کا ترجمہ کریں گے۔

اذان شعائر اسلام میں سے ہے، اس کی وجہ سے خون محفوظ ہوجاتے ہیں، نبی ﷺ جب کسی بستی پر چڑھائی کرتے تھے تو عام طور پر رات میں پہنچ جاتے تھے، رات میں دشمن غافل ہوتا ہے، مگر آپؐ شب خون نہیں مارتے تھے، شب خون میں عورتیں اور بچے تہ تیغ ہوجاتے ہیں، بلکہ صبح صادق کا انتظار کرتے تھے اور کان لگا کر اذان سنتے تھے، اگر بستی سے اذان کی آواز آتی تو نماز کے بعد فوراً جنگ شروع نہیں کرتے تھے بلکہ مسلمانوں کو کفار سے الگ ہونے کا موقع دیتے تھے، اور اگر بستی سے اذان کی آواز نہیں آتی تھی تو نماز کے بعد جنگ شروع فرماتے تھے۔

اور فقہ میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ اگر کسی بستی کے تمام مسلمان اتفاق کرلیں کہ وہ اذان نہیں دیں گے تو ان کے ساتھ قتال کیا جائے گا، اور بہ جبر ان کو اذان دینے پر مجبور کیا جائے گا اس لئے کہ اذان اسلامی شعار ہے، اس سے خون محفوظ ہوتے ہیں اور ترکِ اذان کی وجہ سے خون حلال ہوجاتے ہیں۔

اور تمام اسلامی شعاروں کا یہی حکم ہے، مثلاً ختنہ کرانا اصح قول کے مطابق سنت ہے، مگر وہ اسلامی شعار ہے، پس اگر کسی جگہ کے لوگ ختنہ نہ کرانے پر اتفاق کرلیں تو ان کے ساتھ جنگ کی جائے گی، اور اس سنت کو اپنانے پر مجبور کیا جائے گا، اسی طرح اذان بھی اسلامی شعار ہے، اس پر خون کی حفاظت وعدم حفاظت کا مدار ہے۔

فائدہ: اوپر جو باب گذرا ہے: بابُ فَضْلِ التَّأْذِيْنِ: وہ جنرل باب ہے اور یہ سب اس کے ذیلی ابواب ہیں۔ اذان دینا عبادت ہے، اور عبادت اطمینان سے کرنی چاہئے، چلانا نہیں چاہئے، مگر اذان میں رفع صوت مطلوب ہے، آدمی جنگل میں ہو، تنہا نماز پڑھنے والا ہو پھر بھی بآواز بلند اذان دینا مسنون ہے، یہ اذان کی خصوصیت ہے، اس سے اذان کی فضیلت نکلتی ہے، نیز جہاں تک اذان کی آواز جاتی ہے وہاں تک کی سب چیزیں قیامت کے دن گواہی دیں گی، یہ بھی اذان کی فضیلت ہے، اسی طرح اذان پر خون کی حفاظت وعدم حفاظت کا مدار ہے یہ بھی اذان کی ایک فضیلت ہے، غرض یہاں سے فضل التأذین کے ذیلی ابواب شروع ہورہے ہیں۔

[٦-] بابُ مَا يُحْقَنُ بِالْأَذَانِ مِنَ الدِّمَاءِ

[٦١٠-] حَدَّثَنِیْ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ كَانَ إِذَا غَزَا بِنَا قَوْمًا لَمْ يَكُنْ يُغِيْرُ بِنَا حَتّٰى يُصْبِحَ وَيَنْظُرَ، فَإِنْ سَمِعَ أَذَانًا كَفَّ عَنْهُمْ، وَإِنْ لَمْ يَسْمَعْ أَذَانًا أَغَارَ عَلَيْهِمْ، قَالَ: فَخَرَجْنَا إِلَى خَيْبَرَ، فَانْتَهَيْنَا إِلَيْهِمْ لَيْلاً، فَلَمَّا أَصْبَحَ وَلَمْ يَسْمَعْ أَذَانًا رَكِبَ، وَرَكِبْتُ خَلْفَ أَبِیْ طَلْحَةَ، وَإِنَّ قَدَمِیْ لَتَمَسُّ قَدَمَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَخَرَجُوْا إِلَيْنَا بِمَكَاتِلِهِمْ وَمَسَاحِيْهِمْ، فَلَمَّا رَأَوُا النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم قَالُوْا: مُحَمَّدٌ وَاللّٰهِ! مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ، قَالَ: فَلَمَّا رَآهُمْ

رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" اللّٰہُ أَکْبَرُ! اللّٰہُ أَکْبَرُ! خَرِبَتْ خَیْبَرُ، إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَۃِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِیْنَ" [راجع: ۳۷۱]

وضاحت: یہ حدیث أبواب ثیاب المصلی میں گذر چکی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ ہمارے ساتھ کسی قوم پر حملہ کرتے تو ہمارے ساتھ (رات میں) حملہ نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ صبح کریں اور غور کریں، پس اگر آپؐ اذان سنتے تو ان سے رک جاتے یعنی فجر کے بعد فوراً حملہ نہیں کرتے تھے بلکہ مسلمانوں کو علاحدہ ہونے کا موقع دیتے تھے، پھر حملہ کرتے اور اگر اذان نہیں سنتے تو نماز کے بعد ان پر حملہ فرماتے۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس ہم خیبر کی طرف نکلے اور خیبر میں رات میں پہنچے، پس جب صبح ہوئی اور آپؐ نے اذان نہیں سنی تو آپؐ سوار ہوئے اور میں حضرت ابوطلحہؓ کے پیچھے سوار ہوا، اور میرا پیر رسول اللہ ﷺ کے پیر کے ساتھ لگ رہا تھا۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں: یہود بورے اور پھاوڑے کدال لے کر نکلے (مَکاتل: مِکْتَل کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: بورے۔ اور مساحی: مِسحاۃ کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: پھاوڑے اور کدال) پس جب انھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا تو کہا: بخدا! محمد! (یہ مستقل جملہ ہے أی ھذا محمد) محمد بہت بڑا لشکر لے کر آ گئے (خمیس: بڑے لشکر کو کہتے ہیں جس میں پانچ حصے ہوتے ہیں: مقدمہ، میمنہ، میسرہ، قلب اور ساقہ یعنی پچھلا حصہ) حضرت انسؓ کہتے ہیں: جب ان کو نبی ﷺ نے دیکھا تو دو مرتبہ اللہ اکبر کہا پھر فرمایا: خیبر کا ناس ہوا، ہم جب کسی قوم کے آنگن میں اترتے ہیں تو ڈرائے ہوؤں کی صبح بری ہوتی ہے۔

تشریح: پہلے بتایا ہے کہ آنحضور ﷺ شب خون نہیں مارتے تھے، کیونکہ اندھیرے میں عورتیں اور بچے پس جاتے ہیں اور اسلام عورتوں اور بچوں کے قتل کا روادار نہیں، اس لئے نبی ﷺ کی سیرت میں شب خون مارنا نہیں ہے، البتہ آپؐ کی سیرت میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپؐ دشمن کو غافل رکھ کر اچانک اس کے سر پر پہنچ جاتے تھے اور اس کے لئے توریہ فرماتے تھے اور جہاں جانا ہوتا تھا اس کے علاوہ راستہ پر چلتے تھے، اور درمیان میں کہیں سے گھوم کر اچانک منزل مقصود پر پہنچ جاتے تھے، فتح مکہ کے موقع پر دس ہزار کا لشکر آپؐ کے ساتھ تھا جب آپؐ مکہ کے آنگن میں پہنچ گئے تب مکہ والوں کو پتہ چلا کہ آپؐ آ گئے حالانکہ اتنے بڑے لشکر کی نقل وحرکت مخفی نہیں رہتی۔

اسی طرح غزوۂ خیبر میں پندرہ سو صحابہ کے ساتھ آپؐ اچانک رات میں خیبر پہنچے، خیبر میں یہود قلعے بند کر کے سو رہے تھے، فجر کے بعد آپؐ نے گھوڑ سواروں کو گھوڑے دوڑانے کا حکم دیا تاکہ ریہرسل بھی ہو جائے اور دشمن مرعوب بھی ہو جائے، اس دوڑ میں آپؐ خود بھی شریک تھے، آپؐ کا گھوڑا اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا گھوڑا ساتھ ساتھ دوڑ رہے تھے، اور دونوں گھوڑے اتنے قریب تھے کہ حضرت انسؓ فرماتے ہیں: میرا پیر نبی پاک ﷺ کے پیر سے لگ رہا تھا، جب یہود بورے، پھاوڑے اور کدال لے کر کھیتوں کی طرف نکلے تو حواس باختہ ہو گئے اور یہ کہتے ہوئے کہ محمدؐ بہت بڑا لشکر لے کر آ گئے: الٹے پاؤں بھاگے، حالانکہ کل پندرہ سو آدمی تھے، مگر گھوڑ سواروں نے ایسا ہنگامہ بپا کر دیا تھا کہ وہ سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے اور قلعہ

بند ہوکر بیٹھ گئے، پھاوڑے اور کدال تخریب کے آلات ہیں نیز دنیا داری کی علامت ہیں اور دنیاداروں کے لئے کامیابی نہیں، اس لئے آپؐ نے فرمایا: خیبر کا ناس ہوا یعنی اب ان شاءاللہ خیبر جلد فتح ہوجائے گا۔

مناسبت: اور حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے، آپؐ رات میں حملہ نہیں کرتے تھے بلکہ صبح کا اور اذان کا انتظار کرتے تھے، معلوم ہوا کہ اذان سے خون محفوظ ہوجاتے ہیں۔

باب مَا يَقُوْلُ إِذَا سَمِعَ الْمُنَادِیَ

جب بانگ سنے تو کیا کہے؟

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ اذان کا جواب دینا چاہئے۔ اذان کے دو جواب ہیں: اجابتِ فعلی اور اجابتِ قولی، اجابتِ فعلی: یعنی مسجد میں جاکر باجماعت نماز پڑھنا، اور اجابتِ قولی: یعنی جو کلمے مؤذن کہے جواب میں وہی کلمے کہنا، اجابت قولی بالاتفاق مسنون ہے اور اجابتِ فعلی میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک فرض ہے اور علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ جن کی ہدایہ کی شرح فتح القدیر ہے اور جو حنفی عالم ہیں: واجب کہتے ہیں۔ یعنی جس طرح نماز پڑھنا فرض ہے جماعت سے نماز پڑھنا بھی ایک مستقل فرض یا واجب ہے، مگر جمہور کے نزدیک جماعت سنت مؤکدہ اشد تاکید ہے یعنی واجب جیسی مؤکد ہے، تفصیل آئندہ (باب ۲۹ میں) آئے گی۔

اس باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث یہ ہے کہ جب تم اذان سنو تو جو مؤذن کہے وہی تم بھی کہو، اس حدیث کا مفاد یہ ہے کہ **حیعلۃ** کے جواب میں **حیعلۃ** ہی کہے، اور دوسری حدیث کا مفاد یہ ہے کہ **حیعلۃ** کے جواب میں **حوقلۃ: لا حول ولا قوۃ إلا باللہ** کہے۔ علماء نے اس تعارض کو کئی طرح حل کیا ہے:

(۱) جو مسجد میں موجود ہے وہ **حوقلۃ** کہے، گویا بندہ اعتراف کرتا ہے کہ میں اللہ کی قوت وطاقت ہی سے مسجد میں آسکا ہوں، میری اپنی بساط کچھ نہیں، اور جو مسجد سے باہر: گھر یا دوکان میں ہے وہ **حیعلۃ** کہے، اور خود سے خطاب کرے کہ چل نماز کو۔

(۲) **حیعلتین** کے جواب میں **حیعلۃ** بھی جائز ہے اور **حوقلۃ** بھی، اور دونوں کو جمع کرنا بھی جائز ہے۔

(۳) **فقولوا مثلَ ما یقول المؤذن:** اکثر کلمات کے اعتبار سے ہے یعنی مجمل حدیث کو مفصل کی طرف راجع کریں گے، اور حیعلتین کے جواب میں حوقلہ کہیں گے۔

[۷-] باب مَا يَقُوْلُ إِذَا سَمِعَ الْمُنَادِیَ

[۶۱۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا سَمِعْتُمُ النِّدَاءَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا يَقُوْلُ الْمُؤَذِّنُ"

[٦١٢-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىٰ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عِيْسَى بْنُ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ يَوْمًا، فَقَالَ بِمِثْلِهِ إِلىٰ قَوْلِهِ: "وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ"

حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىَ نَحْوَهُ. [انظر: ٦١٣، ٩١٤]

[٦١٣-] قَالَ يَحْيىَ: وَحَدَّثَنِيْ بَعْضُ إِخْوَانِنَا أَنَّهُ قَالَ: لَمَّا قَالَ: حَيَّ عَلَى الصَّلاَةِ، قَالَ: لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَقَالَ: هٰكَذَا سَمِعْنَا نَبِيَّكُمْ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ [راجع: ٦١٢]

وضاحت: پہلی حدیث حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ہے اور دوسری حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی اور اس کی دو سندیں ہیں: پہلی سند معاذ بن فضالہ کی ہے وہ ہشام سے، وہ یحییٰ سے، وہ محمد بن ابراہیم سے اور وہ عیسیٰ بن طلحہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے أشهد أن محمداً رسول اللہ تک مؤذن کے کلمات کے مانند کلمات کہے، اور دوسری سند اسحاق بن راہویہ کی ہے وہ وہب بن جریرؒ سے، وہ ہشامؒ سے، اور وہ یحییٰ سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں، البتہ اس حدیث میں یہ اضافہ ہے: یحییٰ کہتے ہیں: ہمارے بعض بھائیوں نے یعنی امام اوزاعی نے مجھ سے بیان کیا کہ حی علی الصلوٰۃ کے جواب میں امیر معاویہؓ نے حوقلة کہا۔ پھر فرمایا: ہم نے نبی ﷺ کو اسی طرح اذان کا جواب دیتے ہوئے سنا ہے۔ جاننا چاہئے کہ قال یحیی تعلیق نہیں ہے بلکہ حضرت اسحاق کی سند سے مروی ہے اور بعض إخواننا سے امام اوزاعی مراد ہیں۔

اور پہلی حدیث (ابوسعید خدریؓ کی حدیث) مجمل ہے اور دوسری حدیث (معاویہؓ کی حدیث) مفصل ہے۔ پس مجمل کو مفصل کی طرف لوٹائیں گے۔

بابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ النِّدَاءِ

جب اذان سنے تو دعا مانگے

پہلے میں نے بتلایا تھا کہ یہ سب فضل التَّأذين کے ذیلی ابواب ہیں، اذان کا جواب دینے کا حکم بھی اذان کی اہمیت پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ کلماتِ اذان بابرکت ہیں، ان میں اللہ کی عظمت و بڑائی اور توحید و رسالت کی گواہی ہے، لہٰذا اذان سن کر خاموش نہ بیٹھے، بلکہ جو مؤذن کہتا ہے وہی کلمات کہے، اس سے بھی اذان کی فضیلت نکلی، پھر جب اذان پوری ہوجائے تو دعا مانگے، اذان کے بعد ایک خاص دعا ہے جو سب کو یاد ہے، اور وہ حدیث میں آرہی ہے، اس کے علاوہ اور بھی دعائیں مانگنی چاہئیں یہ قبولیت دعا کا وقت ہے اس سے بھی اذان کی اہمیت وفضیلت نکلتی ہے۔

[٨-] بابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ النِّدَاءِ

[٦١٤-] حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ

ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ النِّدَاءَ: اللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ، آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ، وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا الَّذِيْ وَعَدْتَهُ: حَلَّتْ لَهُ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" [انظر: ٤٧١٩]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کہا جس وقت اذان سنی یعنی اذان پوری ہونے پر یہ دعا کی: ''اے اللہ! اس کامل دعوت کے اور قائم ہونے والی نماز کے پروردگار! محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلہ (بڑا رتبہ) عنایت فرما اور مقام محمود (ستودہ مرتبہ) پر ان کو کھڑا کر، جس کا آپ نے ان سے وعدہ فرمایا ہے: تو قیامت کے دن میری سفارش اس کے لئے اترے گی''

تشریح: اذان دین اسلام کی مکمل دعوت ہے، کیونکہ اذان میں سب سے پہلے اللہ کی بڑائی کا اعلان ہے، پھر توحید ورسالت کی گواہی ہے، یہ اسلام کے بنیادی عقائد ہیں، پھر اسلام کی سب سے اہم عبادت نماز کی دعوت ہے، پھر اس کا فائدہ بیان کیا ہے، پھر اللہ کی بڑائی کا اور آخر میں اس کی یکتائی کا اعلان ہے، غرض اذان پورے دین کا خلاصہ اور نچوڑ ہے، اس لئے اس کو الدعوۃ التامۃ: کہا گیا ہے۔

اور **الصلٰوۃ القائمۃ**: سے مراد وہ نماز ہے جس کی طرف بلایا جارہا ہے، اور رَبّ کے معنی ہیں: والا، یعنی مکمل دعوت کا اور جو نماز قائم ہونے والی ہے اس کا مالک، یعنی نماز مؤذن کے لئے امام کے لئے یا کسی اور کے لئے نہیں پڑھنی بلکہ جو اذان ونماز کا پروردگار ہے اس کے لئے پڑھنی ہے۔

پھر یہ عرض ہے: الٰہی! نبی ﷺ کو وسیلہ، فضیلہ اور مقام محمود عنایت فرما جس کا آپ نے ان سے وعدہ کیا ہے (یہ وعدہ سورۂ بنی اسرائیل آیت ۷۹ میں ہے)

اور **وسیلہ**: اللہ تعالیٰ کی مقبولیت کا ایک خاص مقام ہے، اور جنت کا ایک مخصوص درجہ بھی ہے جو اللہ تعالیٰ کسی خاص بندے کو عنایت فرمائیں گے، اور **فضیلہ**: اسی مقام ومرتبہ کا دوسرا نام ہے، اور **مقام محمود** (تعریف کیا ہوا مرتبہ) وہ مقام عزت ہے جس پر فائز ہونے والا ہر ایک کی نگاہ میں محمود ومحترم ہوگا، سب اس کے ثناخواں ہونگے وہ احکم الحاکمین کی بارگاہ میں سب سے پہلے سارے انسانوں کے لئے شفاعت کرے گا، پھر گناہ گاروں کے لئے سفارش کا دروازہ بھی اسی کے طفیل کھلے گا، یہی وہ مقام محمود ہے جس کا اللہ نے آپؐ سے سورۂ بنی اسرائیل (آیت ۷۹) میں وعدہ کیا ہے۔

فائدہ: دعائے وسیلہ کے دو فائدے ہیں: **ایک**: دعا ایک عبادت ہے، نبی ﷺ نے دعا کو عبادت کا مغز فرمایا ہے۔ **دوم**: اس میں دعا کرنے والے کا فائدہ یہ ہے کہ جو شخص یہ دعا کرے گا نبی ﷺ اس کے لئے سفارش کریں گے، کیونکہ امت کی دعاؤں کے طفیل آپؐ کو یہ مقام عزت وشرف حاصل ہوگا۔ ہر نبی کی امت نے یہ دعا کی ہے کہ شفاعت کبریٰ کا مقام ان کے نبی کو ملے، ہمیں بھی نبی ﷺ کے لئے یہ دعا کرنی ہے تاکہ ہمارے نبی ﷺ مقام محمود پر فائز ہوں۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ نے اپنا مکاشفہ لکھا ہے کہ اس امت نے آنحضور ﷺ کے لئے جو مقام محمود کی دعائیں کی ہیں وہ گذشتہ

تمام امتوں کی دعاؤں سے بڑھ گئی ہیں، مگر الیکشن میں کامیاب ہونا ہی مطلوب نہیں ہوتا بلکہ کتنے ووٹوں سے کامیاب ہوا؟ یہ بھی دیکھا جاتا ہے، اس کی بھی اہمیت ہے، قیامت تک آنحضور ﷺ کے ووٹ کتنے بڑھ جائیں گے اس کا پتا قیامت کے دن چلے گا جب سینوں کے راز منکشف ہونگے، اور جب امت کی دعاؤں کے طفیل آپ ؐ کو یہ مقام شرف وعزت حاصل ہوگا تو آپ ؐ امت کے لئے سفارش فرمائیں گے، پس دعائے وسیلہ میں وارزقنا شفاعته یوم القیامة بڑھانے کی ضرورت نہیں، اور کوئی بڑھائے تو جائز ہے۔ بعض روایات میں اس کے ہم معنی الفاظ آئے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث جو کنز العمال (۷:۷۰۴) میں ہے: اس کے الفاظ یہ ہیں: اللّٰهم صل علیه وبَلِّغْهُ درجةَ الوسیلةِ عندك، واجعلنا فی شفاعته یومَ القیامة: اسی طرح بعض لوگ دعائے وسیلہ میں الدرجة الرفیعة بڑھاتے ہیں، یہ الفضیلة اور المقام المحمود کا ترجمہ ہے جس کو دعا میں بڑھایا گیا ہے، نص سے یہ الفاظ ثابت نہیں، اور إنك لا تخلف المیعاد: بیہقی کی روایت میں آیا ہے (سنن کبری ۱: ۴۱۰)

بابُ الِاسْتِهَامِ فِی الْأَذَانِ

اذان کے لئے قرعہ اندازی کرنا

یہ اذان کی اہمیت کے سلسلہ کا آخری باب ہے، اگر مؤذن رکھنا ہو اور کئی امیدوار ہوں اور سب مساوی ہوں تو قرعہ اندازی کر کے مؤذن مقرر کیا جائے، جنگ قادسیہ میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے قرعہ اندازی سے مؤذن مقرر کیا تھا، جنگ قادسیہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہوئی ہے اور اس جنگ میں کمانڈر انچیف حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ تھے، اس لئے تمام فوجی حضرت سعد ؓ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے، آپ ؓ کا مؤذن شہید ہوگیا اس لئے نیا مؤذن مقرر کرنا ضروری ہوگیا، کئی امیدوار تھے، حالانکہ اس زمانہ میں اذان واقامت کی کوئی تنخواہ نہیں ملتی تھی، حضرت سعد ؓ نے قرعہ اندازی سے مؤذن مقرر کیا اس سے اذان کی اہمیت نکلی کہ اذان دینا ایسا کام ہے جس کے متعدد امیدوار ہو سکتے ہیں، اور اس کے لئے قرعہ اندازی کرنی پڑسکتی ہے، اسی طرح اگر صف اول میں نماز پڑھنے کے لئے لوگوں میں جھگڑا ہو تو قرعہ اندازی کریں گے، اس سے صف اول کی اہمیت نکلتی ہے۔

[۹-] بابُ الِاسْتِهَامِ فِی الْأَذَانِ

وَیُذْکَرُ أَنَّ أَقْوَامًا اخْتَلَفُوْا فِی الْأَذَانِ فَأَقْرَعَ بَیْنَهُمْ سَعْدٌ.

[۶۱۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَیٍّ مَوْلٰی أَبِیْ بَکْرٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "لَوْ یَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِی النِّدَاءِ وَالصَّفِّ الْأَوَّلِ، ثُمَّ لَمْ

يَجِدُوْا إِلَّا أَنْ يَسْتَهِمُوْا عَلَيْهِ: لَاسْتَهَمُوْا، وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْ التَّهْجِيْرِ لَاسْتَبَقُوْا إِلَيْهِ، وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْ الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَأَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا" [انظر: ٦٥٤، ٧٢١، ٢٦٨٩]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اگر لوگ جان لیں وہ ثواب جو اذان دینے میں اور پہلی صف میں نماز پڑھنے میں ہے پھر وہ کوئی راہ نہ پائیں قرعہ اندازی کے علاوہ تو وہ ضرور قرعہ اندازی کریں، اور اگر لوگ جان لیں وہ ثواب جو نماز کے لئے جلدی جانے میں ہے تو لوگ نماز کی طرف ایک دوسرے سے سبقت کریں۔ اور اگر لوگ جان لیں وہ ثواب جو عشاء اور فجر کی نماز جماعت سے پڑھنے میں ہے تو وہ دونوں نمازوں میں ضرور آئیں، اگرچہ گھسٹتے ہوئے آئیں۔

لغات: اسْتَهَمَ الْقَوْمُ (افتعال) اور أَقْرَعَ بين القوم (افعال) کے معنی ہیں: باہم قرعہ اندازی کرنا .... التَّهجير: باب تفعیل کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: نماز کے لئے جلدی جانا .... اسْتَبَقَ القومُ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا .... حَبْوًا: ہاتھوں، گھٹنوں اور سرین کے بل چلنا۔

بابُ الْكَلَامِ فِيْ الْأَذَانِ

اذان کے درمیان بات کرنا

اذان کے درمیان بات کرنے سے اذان فاسد نہیں ہوتی، البتہ نماز کے درمیان کلام کرنے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے، اور کعبہ شریف کا طواف نماز کے مانند ہے یعنی طواف حکماً نماز ہے، اس لئے دورانِ طواف بات کرنے سے بھی طواف فاسد نہیں ہوتا، پس اذان جو نہ حقیقتاً نماز ہے اور نہ حکماً وہ بدرجہ اولیٰ بات کرنے سے فاسد نہیں ہوگی۔ حضرت سلیمان بن صُرد رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ اذان دے رہے تھے، دورانِ اذان انھوں نے خادم سے کوئی کام کرنے کے لئے کہا، معلوم ہوا کہ اذان میں کلام کی گنجائش ہے، اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اذان یا تکبیر کہتے ہوئے کوئی ہنسے تو اس سے اذان واقامت میں فرق نہیں پڑتا، ہنسنا حکماً کلام ہے کیونکہ جب بولتے ہوئے آدمی ہنستا ہے تو کلام کا سلسلہ موقوف ہوجاتا ہے اور ہنسنا اس کے قائم مقام ہوجاتا ہے، اسی لئے ہنسنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے، جب اذان واقامت کے درمیان حقیقتاً کلام کی گنجائش ہے تو حکمی کلام کی بدرجۂ اولیٰ گنجائش ہوگی۔

[١٠-] بابُ الْكَلَامِ فِيْ الْأَذَانِ

[١-] وَتَكَلَّمَ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ فِيْ أَذَانِهِ.

[٢-] وَقَالَ الْحَسَنُ: لَا بَأْسَ أَنْ يَضْحَكَ وَهُوَ يُؤَذِّنُ أَوْ يُقِيْمُ.

[٦١٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، وَعَبْدِ الْحَمِيْدِ صَاحِبِ الزِّيَادِيِّ، وَعَاصِمِ الْأَحْوَلِ،

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: خَطَبَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ فِيْ يَوْمٍ رَدْغٍ، فَلَمَّا بَلَغَ الْمُؤَذِّنُ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، فَأَمَرَهُ أَنْ يُنَادِيَ: الصَّلَاةُ فِي الرِّحَالِ، فَنَظَرَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ، فَقَالَ: فَعَلَ هٰذَا مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ، وَإِنَّهَا عَزْمَةٌ.
[انظر: ٦٦٨، ٩٠١]

ترجمہ: عبداللہ بن الحارث کہتے ہیں: ہمارے سامنے ابن عباسؓ نے ایک کیچڑ والے دن میں خطبہ دیا، پس جب مؤذن حی علی الصلوٰۃ پر پہنچا تو آپؓ نے اس کو حکم دیا کہ الصلوٰۃ فی الرحال پکارے (یہی جزء ترجمہ سے متعلق ہے) پس لوگوں نے ایک دوسرے کو (حیرت سے) دیکھا تو آپؓ نے فرمایا: یہ کام اس نے کیا ہے جو اس سے بہتر ہے یعنی نبی ﷺ کے مؤذن نے کیا ہے، اور جمعہ میں آنا واجب ہے (اس لئے میں نے رخصت کا اعلان کرایا)

تشریح: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، تفصیلی حدیث آگے آرہی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بصرہ کے گورنر تھے، ایک جمعہ میں بارش ہورہی تھی اور راستے کیچڑ سے بھرے ہوئے تھے، آپؓ خطبہ دینے کے لئے منبر پر آئے اور مؤذن نے اذان دینی شروع کی، جب وہ حی علی الصلوٰۃ پر پہنچا تو آپؓ نے اس سے کہا: اب پکار: الصلوٰۃ فی الرحال: گھروں میں نماز پڑھ لو، مسجد میں آنے کی ضرورت نہیں۔ لوگوں کو اس پر حیرت ہوئی اور انھوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔ ابن عباسؓ نے فرمایا: تمہیں حیرت کیوں ہورہی ہے؟ کیا تم چاہتے ہو کہ لوگ گھٹنوں تک کیچڑ میں چل کر مسجد میں آئیں، یہ رخصت مجھ سے بہتر نے دی ہے، نبی ﷺ نے اپنے مؤذن سے یہ پکاروایا ہے، اور جمعہ میں آنا ضروری ہے لیکن اگر موسم سازگار نہ ہو، مسجد میں آنے میں غیر معمولی پریشانی ہو تو نہ آنے کی اجازت ہے، اس لئے میں نے بطور رخصت یہ اعلان کرایا ہے............ابن عباسؓ نے دوران اذان جو مؤذن کو الصلوٰۃ فی الرحال پکارنے کے لئے کہا ہے یہ اذان کے دوران بات کرنا ہے، اور یہ جملہ خود کلام ہے، جو مؤذن پکارے گا اس مناسبت سے یہاں یہ حدیث لائے ہیں۔

بابُ أَذَانِ الْأَعْمٰى إِذَا كَانَ لَهُ مَنْ يُخْبِرُهُ

اندھے کو کوئی وقت بتلانے والا ہو تو اس کی اذان مکروہ نہیں

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اندھے کا اذان دینا مکروہ ہے، ہماری فقہ میں بھی یہی لکھا ہے، اندھا وقت کا صحیح اندازہ نہیں کرسکتا، اس لئے اندھے کی اذان مکروہ ہے لیکن اگر اندھے کو وقت بتلانے والا کوئی بینا ہو تو پھر مکروہ نہیں۔ عہدِ رسالت میں رمضان المبارک میں تہجد کے وقت اذان حضرت بلال رضی اللہ عنہ دیتے تھے اور صبح صادق پر حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ اذان دیتے تھے۔ ابن ام مکتومؓ نابینا تھے، اس لئے متعدد صحابہ صبح صادق دیکھتے رہتے تھے، جونہی صبح صادق ہوتی وہ حضرت ابن ام مکتومؓ سے کہتے اذان دو، اور وہ اذان دیتے۔ معلوم ہوا کہ اگر وقت بتانے والا بینا موجود ہو تو پھر اندھے کی اذان مکروہ نہیں، اور ابن مسعودؓ اور احناف سے جو کراہت مروی ہے وہ اس صورت میں ہے جب اندھے کو کوئی

وقت بتانے والا نہ ہو۔

[۱۱-] بابُ أَذَانِ الْأَعْمٰی إِذَا كَانَ لَهُ مَنْ يُخْبِرُهُ

[٦١٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " إِنَّ بِلاَلاً يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ، فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يُنَادِيَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ" قَالَ: وَكَانَ رَجُلاً أَعْمٰى لاَ يُنَادِيْ حَتّٰى يُقَالَ لَهُ: أَصْبَحْتَ أَصْبَحْتَ. [انظر: ٦٢٠، ٦٢٣، ١٩١٨، ٢٦٥٦، ٧٢٤٨]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’بلال رات میں اذان دیں گے، پس تم کھاؤ پیو، یہاں تک کہ ابن ام مکتوم اذان دیں‘‘ ابن عمرؓ کہتے ہیں: اور ابن ام مکتومؓ نابینا تھے، اذان نہیں دیتے تھے یہاں تک کہ ان سے کہا جاتا: صبح ہوگئی، صبح ہوگئی، یعنی جب متعدد صحابہ صبح صادق کی خبر دیتے تب ابن ام مکتوم اذان دیتے تھے۔

تشریح: عہدِ رسالت میں رمضان المبارک کی راتوں میں دو اذانیں ہوتی تھیں، پہلی اذان سحری کے وقت دی جاتی تھی تا کہ جو لوگ مسجد میں اور گھروں میں تہجد پڑھ رہے ہیں وہ سحری کھانے کے لئے گھر جائیں اور دوسری اذان صبح صادق کے وقت ہوتی تھی تا کہ لوگ سحری بند کریں، یہ فجر کی بھی اذان تھی۔ پہلی اذان پہلے حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ دیتے تھے، اور دوسری حضرت بلال رضی اللہ عنہ، اور لوگ دونوں کی اذانیں آوازوں سے پہچانتے تھے، ایک دن حضرت بلالؓ سے غلطی ہوگئی، ان کی بینائی میں کچھ کمزوری تھی، انھوں نے صبح صادق سے پہلے اذان دے دی۔ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: اعلان کرو: ’’بندہ سو گیا تھا‘‘ یعنی اذان غلط ہوگئی ہے، وقت سے پہلے دیدی گئی ہے، اس کے بعد نبی ﷺ نے دونوں کی ڈیوٹیاں بدل دیں، حضرت بلالؓ کی ڈیوٹی سحری کے وقت کردی اور حضرت ابن ام مکتومؓ کی صبح صادق کے وقت اور آپ نے اس کی لوگوں کو اطلاع دی کہ اب بلال سحری کے وقت اذان دیا کریں گے اور ابن ام مکتومؓ صبح صادق کے وقت، لہٰذا بلال کی اذان سن کر کھاتے پیتے رہو جب ابن ام مکتوم کی اذان سنو تب کھانا پینا بند کرو۔ حضرت بلالؓ بینا تھے اس لئے لوگ بے فکر تھے اور ان کی بینائی کمزور تھی اس لئے اگر ان سے غلطی ہو جائے گی تو کوئی بات نہیں، ابن ام مکتوم نابینا تھے اس لئے متعدد حضرات صبح صادق کے انتظار میں رہتے تھے، اور جونہی صبح ہوتی حضرت ابن ام مکتوم سے کہتے: اذان دو، معلوم ہوا کہ اگر اندھے کو صحیح وقت بتلانے والا کوئی ہو تو اندھے کی اذان مکروہ نہیں۔

بابُ الْأَذَانِ بَعْدَ الْفَجْرِ وَقَبْلَهُ

صبح صادق کے بعد اور پہلے اذان دینا

یہ دو باب ایک ساتھ ہیں۔ پہلا باب: صبح صادق کے بعد اذان دینے کے بارے میں ہے اور دوسرا باب: صبح صادق سے

پہلے اذان دینے کے بارے میں ہے، ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک فجر کے لئے دو اذانیں ہیں، پہلی اذان آدھی رات کے بعد کسی بھی وقت دی جاسکتی ہے اور دوسری اذان صبح صادق کے بعد دی جائے گی اور دونوں اذانوں میں سے ایک پر اکتفا کرنا جائز ہے، البتہ اگر صبح صادق سے پہلے اذان دی گئی ہو تو صبح صادق کے بعد بھی اذان دینا اولیٰ ہے۔

اور امام اعظم اور امام محمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: فجر کی ایک ہی اذان ہے اور وہ صبح صادق کے بعد دی جائے گی، صبح صادق سے پہلے فجر کی اذان دینا جائز نہیں، اور عہد رسالت میں صبح صادق سے پہلے جو اذان دی جاتی تھی وہ اذان سحری کے وقت کی اطلاع دینے کے لئے تھی، وہ فجر کی اذان نہیں تھی۔

امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، چنانچہ حضرت نے دو باب قائم کئے ہیں، اور پہلے باب میں یہ حدیث لائے کہ نبی ﷺ نے ہمیشہ دوسری اذان کے بعد ہی فجر کی سنتیں پڑھی ہیں، پہلی اذان کے بعد اور دوسری اذان سے پہلے کبھی آپؐ نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھیں، معلوم ہوا کہ دوسری اذان ہی فجر کے لئے ہے، اور دوسرے باب میں یہ حدیث لائے ہیں کہ بلالؓ رات میں اذان دیتے تھے، جبکہ فجر کا وقت صبح صادق سے شروع ہوتا ہے، معلوم ہوا کہ بلالؓ کی اذان فجر کے لئے نہیں تھی، کسی اور مقصد سے تھی، جیسا کہ ابن مسعودؓ کی حدیث میں صراحت ہے۔

[١٢-] بابُ الْأَذَانِ بَعْدَ الْفَجْرِ

[٦١٨-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِیْ حَفْصَةُ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا اعْتَكَفَ الْمُؤَذِّنُ لِلصُّبْحِ وَبَدَا الصُّبْحُ: صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ تُقَامَ الصَّلَاةُ. [انظر: ١١٧٣، ١١٨١]

[٦١٩-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها، كَانَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّیْ رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ بَيْنَ النِّدَاءِ وَالإِقَامَةِ مِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ. [انظر: ١١٥٩]

[٦٢٠-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ بِلَالًا يُنَادِیْ بِلَيْلٍ، فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يُنَادِیَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ" [راجع: ٦١٧]

ترجمہ: (۱) حفصہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب مؤذن صبح کی اذان کے لئے کھڑا ہوتا (اِعْتَكَفَ أی انْتَصَبَ قائماً) اور صبح صادق واضح ہوجاتی تو نبی پاک ﷺ نماز کے لئے اقامت کہے جانے سے پہلے دو ہلکی رکعتیں پڑھا کرتے تھے —— (۲) صدیقہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ صبح کی اذان واقامت کے درمیان دو ہلکی رکعتیں پڑھا کرتے تھے —— (۳) ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: بلالؓ رات میں اذان دیں گے، پس تم کھاتے پیتے رہو، تا آنکہ ابن ام مکتوم اذان دیں۔

تشریح: ان احادیث کا حاصل یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ فجر کی سنتیں ہمیشہ صبح صادق کے بعد پڑھا کرتے تھے، صبح صادق سے پہلے والی اذان کے بعد آپؐ نے کبھی فجر کی سنتیں نہیں پڑھیں، معلوم ہوا کہ صبح صادق کے بعد جو اذان ہے وہی فجر کی اذان ہے، اور صبح صادق سے پہلے جو اذان دی جاتی تھی وہ دوسرے مقصد سے تھی، وہ فجر کی اذان نہیں تھی، چنانچہ نبی ﷺ نے اس کو رات کی اذان فرمایا ہے — اور فجر کی سنتیں ہلکی پڑھنے کی حکمت آگے آرہی ہے۔

فائدہ: عہدِ رسالت میں رمضان المبارک کی راتوں میں جو دو اذانیں دی جاتی تھیں ان میں سے پہلی اذان سحری کے وقت کی اطلاع دینے کے لئے تھی اور دوسری اذان فجر کے لئے تھی، احناف کے نزدیک حدیث کا یہ مطلب متعین ہے مگر ہم احناف سحری میں لوگوں کو بیدار کرنے کے لئے دوسرے طریقے اختیار کرتے ہیں اور جو طریقہ نبی ﷺ کا تھا اس پر عمل نہیں کرتے، یہ ٹھیک نہیں، گھنٹہ، ڈھول اور سائرن وغیرہ نہیں بجانا چاہئے، بلکہ نبی ﷺ کا طریقہ اختیار کرنا چاہئے، واللہ الموفق!

[۱۳-] بابُ الْأَذَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ

[۶۲۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لاَ يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ - أَوْ: أَحَدًا مِنْكُمْ - أَذَانُ بِلاَلٍ مِنْ سُحُوْرِهِ، فَإِنَّهُ يُؤَذِّنُ أَوْ: يُنَادِيْ بِلَيْلٍ، لِيَرْجِعَ قَائِمَكُمْ، وَلِيُنَبِّهَ نَائِمَكُمْ، وَلَيْسَ أَنْ يَقُوْلَ الْفَجْرُ أَوْ: الصُّبْحُ، وَقَالَ بِأَصَابِعِهِ، وَرَفَعَهَا إِلَى فَوْقُ، وَطَأْطَأَ إِلَى أَسْفَلُ، حَتَّى يَقُوْلَ: هٰكَذَا". وَقَالَ زُهَيْرٌ بِسَبَّابَتَيْهِ إِحْدَاهُمَا فَوْقَ الْأُخْرَى، ثُمَّ مَدَّهُمَا عَنْ يَمِيْنِهِ وَشِمَالِهِ. [انظر: ۵۲۹۸، ۷۲۴۷]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کسی کو نہ روکے — أحدَکم اور أحداً منکم میں راوی کو شک ہے — بلالؓ کی اذان سحری کے کھانے سے، کیونکہ وہ رات میں اذان دیتے ہیں — ینادی اور یؤذن میں راوی کو شک ہے — تاکہ تمہارے تہجد گذار کو لوٹائے یعنی وہ گھر جاکر سحری کھائیں اور تاکہ تمہارے سونے والوں کو جگائے، اور فجر — یا فرمایا: صبح صادق — ایسی نہیں ہے، اور آپؐ نے انگلی اوپر کی طرف اٹھائی اور نیچے کی طرف جھکائی، یہاں تک کہ فرمایا: اس طرح — اور زُہیر نے شہادت کی دونوں انگلیوں سے اشارہ کیا، ان میں سے ایک کو دوسری پر رکھا، پھر ان کو دائیں بائیں لمبا کیا۔

تشریح:

۱- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ جو رات میں اذان دیتے تھے وہ اذان نہ فجر کے لئے تھی، نہ تہجد کے لئے، بلکہ جو لوگ تہجد میں مشغول ہیں ان کو سحری کے وقت کی اطلاع دینے کے لئے تھی، اور جو لوگ سوئے ہوئے ہیں ان کو بیدار کرنے کے لئے تھی، اگر دونوں اذانیں فجر کے لئے ہوتیں جیسا کہ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں تو آنحضور ﷺ زندگی میں کم از کم ایک مرتبہ سحری کی اذان پر اکتفا کرتے، فجر کے لئے دوسری اذان نہ دیتے، تاکہ مسئلہ واضح ہوجاتا، مگر آپؐ نے ایسا کبھی نہیں کیا۔

۲- صبح دو ہیں: صبح صادق اور صبح کاذب، صبح کاذب جب نمودار ہوتی ہے تو مشرقی افق پر ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے افق کے نیچے سے کوئی ٹارچ ڈال رہا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو محسوس طریقہ پر سمجھانے کے لئے ایک انگلی آسمان کی طرف اٹھائی پھر اس کو نیچے کیا اور فرمایا: یہ صبح نہیں ہے یعنی صبح کے وقت افق پر اوپر سے نیچے کی طرف لمبائی میں جو روشنی نظر آتی ہے وہ صبح صادق نہیں ہے، بلکہ صبح کاذب ہے، اور رات کا حصہ ہے اور وہ عشاء کا وقت ہے، پھر روشنی دھیمے دھیمے ختم ہوجاتی ہے، پھر تقریباً دس منٹ کے بعد مشرقی افق پر چوڑائی میں روشنی نمودار ہوتی ہے۔ زُہیر جو اس حدیث کے راوی ہیں انھوں نے شہادت کی دونوں انگلیاں اوپر تلے رکھیں پھر ان کو دائیں بائیں لمبا کیا، اور سمجھایا کہ اس طرح چوڑائی میں روشنی پھیلتی ہے، یہ صبح صادق ہے، اور یہ فجر کا وقت ہے۔

[۶۲۲، ۶۲۳] حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: حَدَّثَنَا عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، وَعَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ح: قَالَ وَحَدَّثَنِي يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: " إِنَّ بِلاَلاً يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يُؤَذِّنَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ"

[راجع: ۶۱۷، وانظر: ۱۹۱۹]

وضاحت: اس حدیث کی شرح اوپر آچکی ہے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے ایک مرتبہ غلطی ہوگئی، انھوں نے صبح صادق سے پہلے اذان دیدی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اعلان کرو کہ بندہ سوگیا تھا، یعنی اذان غلطی سے قبل از وقت ہوگئی ہے، ابھی صبح صادق نہیں ہوئی، اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈیوٹیاں بدل دیں، اور لوگوں کو اطلاع دی کہ بلالؓ رات میں اذان دیں گے ان کی اذان سن کر کھانا پینا ترک نہ کرو، اور ابن ام مکتومؓ صبح صادق کے بعد اذان دیں گے ان کی اذان سن کر کھانا پینا ترک کردو، آپؐ کا یہ ارشاد کہ بلال رات میں اذان دیں گے دلیل ہے کہ یہ فجر کی اذان نہیں تھی، کیونکہ فجر کا وقت صبح صادق سے شروع ہوتا ہے۔

بابٌ: كَمْ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالإِقَامَةِ؟

اذان واقامت کے درمیان کتنا فاصلہ رکھنا چاہئے؟

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اذان واقامت کے درمیان کتنا فاصلہ رکھنا چاہئے؟ جواب: مغرب کی نماز اذان کے بعد جلد پڑھ لینی چاہئے، کیونکہ مغرب میں تعجیل مطلوب ہے اور اگر فصل رکھا جائے تو تھوڑا ہونا چاہئے، پہلے حدیث گذری ہے کہ جب مغرب کی اذان ہوتی تھی تو صحابہ ستونوں کی طرف لپکتے تھے تاکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نکلنے سے پہلے دو نفلیں پڑھ

لیں، یعنی جلدی سے دو رکعتیں پڑھ لیں، کیونکہ مغرب کی اذان واقامت کے درمیان اتنا فاصلہ نہیں ہوتا تھا کہ بہ اطمینان دوگانہ پڑھ سکیں اور مغرب کے علاوہ نمازوں میں جتنا چاہیں فصل رکھیں، مگر دو باتوں کا خیال رکھنا چاہئے:

ایک: اذان واقامت کے درمیان اتنا فصل ضرور ہونا چاہئے کہ کھانے والا کھا کر، پینے والا پی کر اور جو قضاء حاجت کے لئے گیا ہے وہ فارغ ہوکر وضو کرکے مسجد میں آجائے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: **اجْعَلْ بين أذانك وإقامتك قدرَ ما يَفْرُغُ الآكلُ من أَكله والشاربُ من شُربه والْمُعْتَصِرُ إِذَا دَخَلَ لقضاء حَاجَتِهِ** (ترمذی حدیث ۱۹۲)

دوسری بات: اذان واقامت کے درمیان اتنا زیادہ فصل نہیں ہونا چاہئے کہ اذان بے معنی ہوجائے، جیسے ہمارے دیار میں آدھ گھنٹے کا فصل رکھتے ہیں اس سے اذان بے معنی ہوجاتی ہے، کوئی اذان سن کر نماز کی تیاری نہیں کرتا، بلکہ جمعہ میں بھی آدھ گھنٹہ کا فصل رکھتے ہیں، چنانچہ لوگ جمعہ کی پہلی اذان کے بعد بھی کاموں میں مصروف رہتے ہیں حالانکہ اذان جمعہ کے بعد کھانا، پینا، سونا اور کاروبار کرنا سب حرام ہے، پس بقدر ضرورت ہی فصل رکھنا چاہئے۔

[١٤-] بابٌ: كَمْ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالإِقَامَةِ؟

[٦٢٤-] حدثنا إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ الْمُزَنِيِّ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلَاةٌ - ثَلَاثًا - لِمَنْ شَاءَ" [انظر: ٦٢٧]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہر دو اذانوں (اذان واقامت) کے درمیان نماز ہے'' —— یہ بات تین مرتبہ فرمائی —— جو نماز پڑھنا چاہے یعنی تیسری مرتبہ میں یہ اضافہ فرمایا۔

تشریح: اس حدیث کے عموم سے حنابلہ نے استدلال کیا ہے کہ مغرب کی اذان واقامت کے درمیان بھی معتد بہ فصل ہونا چاہئے، اور جب فصل رکھیں گے تو نفلیں بھی پڑھیں گے۔ یہ روایت کتاب التہجد (باب ۳۵) میں بھی آرہی ہے، وہاں راوی عبداللہ مزنی فرماتے ہیں: آپ نے تیسری مرتبہ میں لمن شاء اس لئے بڑھایا کہ لوگ اس کو سنت نہ بنالیں: كراهيةَ أن يتخذ ها الناس سنة: اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کہ لوگ اس نماز کو سنت بنالیں، اس سے معلوم ہوا کہ حدیث اور سنت دو الگ الگ چیزیں ہیں اور یہ ارشاد پاک مسئلہ سمجھانے کے لئے ہے کہ عصر کے فرض پڑھنے کے بعد جو نفلوں کی کراہیت شروع ہوتی ہے وہ غروب شمس تک ممتد ہے، سورج چھپتے ہی کراہیت ختم ہوجاتی ہے اب کوئی نفلیں پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے مگر اس وقت میں نفلیں پڑھنا سنت نہیں، نبی ﷺ نے مغرب سے پہلے کبھی نفل نہیں پڑھے اور چاروں خلفاء نے بھی نہیں پڑھے۔

[٦٢٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَوبْنَ عَامِرٍ الْأَنْصَارِيَّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ الْمُؤَذِّنُ إِذَا أَذَّنَ قَامَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

يَبْتَدِرُوْنَ السَّوَارِیَ، حَتّٰی يَخْرُجَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم، وَهُمْ كَذٰلِكَ، يُصَلُّوْنَ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ، وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمَا شَيْئٌ، قَالَ: وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ جَبَلَةَ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ: لَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمَا إِلَّا قَلِيْلٌ.[راجع: ۵۰۳]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے کہ نبی ﷺ کے عہد مبارک میں جب مغرب کی اذان شروع ہوتی تھی تو صحابہ ستونوں کی طرف لپکتے تھے اور جلدی دو نفلیں پڑھتے تھے اور اذان پوری ہونے پر نبی ﷺ حجرے سے نکلتے اور مغرب کی نماز شروع ہوتی۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عہد رسالت میں مغرب کی اذان واقامت کے درمیان بہت تھوڑا فصل ہوتا تھا۔

اس حدیث کو شعبہ رحمہ اللہ سے غندر بھی روایت کرتے ہیں اور عثمان بن جبلہ اور ابوداؤد بھی، غندر کے الفاظ ہیں: ولم یکن بینھما شیئٌ: مغرب کی اذان واقامت کے درمیان کچھ فاصلہ نہیں ہوتا تھا اور عثمان وغیرہ کی حدیث کے الفاظ ہیں: لم یکن بینھما إلا قلیل: اذان واقامت کے درمیان تھوڑا فاصلہ ہوتا تھا، دونوں جملوں کا مفاد ایک ہے، صرف تعبیر کا فرق ہے کہ اذان کے بعد فوراً آنحضور ﷺ مغرب کی نماز شروع فرماتے تھے، اور جمہور اسی کے قائل ہیں۔

لیکن اگر کسی کو مغرب کی نماز سے پہلے نفل پڑھنے کا وقت مل جائے تو نفل پڑھ سکتا ہے، مثلاً: رمضان میں اذان کے دس منٹ کے بعد نماز کھڑی ہوتی ہے پس اگر کوئی کھجور سے افطار کر کے نفلیں پڑھے: تو پڑھے، لیکن اگر اس کو سنت سمجھا جائے اور سال بھر دس منٹ کے بعد مغرب کی نماز کھڑی کی جائے تو یہ سنت کے خلاف ہے، مغرب کی نماز میں جلدی کرنا مطلوب ہے۔

بابُ مَنِ انْتَظَرَ الإِقَامَةَ

اذان کے بعد اقامت کا انتظار کرنا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اذان کے بعد فوراً مسجد میں آنا ضروری نہیں، اپنی جگہ رہ کر اقامت کا انتظار کر سکتا ہے، جب اقامت شروع ہو تب آنا ضروری ہے، لیکن اس کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے کہ جماعت فوت نہ ہو جائے، اور باب میں یہ حدیث ہے کہ نبی ﷺ فجر کی اذان کے بعد دو نفلیں پڑھ کر لیٹ جاتے تھے، یہ لیٹنا اقامت کے انتظار میں ہوتا تھا۔

پس یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، اذان میں مؤذن پکارتا ہے حیَّ علی الصلوٰۃ اس کا تقاضہ ہے کہ اذان سنتے ہی مسجد کی طرف چل پڑے، اب کسی کام میں مصروف ہونا اور سونا وغیرہ جائز نہیں، اس لئے یہ باب لا کر اس وہم کو دور کیا کہ اذان کے بعد فوراً مسجد کی طرف چلنا ضروری نہیں، اور کسی کام میں مصروف رہنا اللہ کے داعی کی مخالفت نہیں، اس لئے کہ وقت ہونے پر دوبارہ پکارا جائے گا، جب دوبارہ پکارا جائے تو اب مسجد کی طرف چل دینا ضروری ہے، اقامت سے پہلے اپنی جگہ رہ کر اقامت کا انتظار کرنا جائز ہے۔

فائدہ: دو حدیثیں ہیں، ان کو جدا جدا کرنے سے ان کو سمجھنے میں دشواری پیش آئی ہے۔ ایک حدیث ہے: بین کل أذانین صلوٰۃ لمن شاء اور دوسری حدیث ہے: إذا أقیمت الصلوۃ فلاصلوۃ إلا المکتوبۃ۔ یہ دونوں حدیثیں ایک ہی

سلسلہ کی کڑیاں ہیں اوراس میں ایک شبہ کو دور کیا گیا ہے، کوئی یہ شبہ کرسکتا تھا کہ اذان میں مؤذن حی علی الصلوٰۃ کے ذریعہ فرض نماز کے لئے بلاتا ہے، پس مسجد میں پہنچ کر سنتیں اور نفلیں پڑھنا جائز نہیں، یہ اللہ کے داعی کی مخالفت ہے، کیونکہ اس نے فرض نماز کے لئے بلایا ہے، اس وہم کو دور کرنے کے لئے آپؐ نے فرمایا: بین کل أذانین صلوۃ لمن شاء: اذان واقامت کے درمیان نفلیں پڑھنا جائز ہے، یہ اللہ کے داعی کی مخالفت نہیں، اس لئے کہ مؤذن نے بے شک فرض نماز کے لئے بلایا ہے مگر ابھی فرض نماز میں دیر ہے، جب وقت ہوگا مؤذن دوبارہ پکارے گا یعنی اقامت کہے گا یہ پکارنا فرض نماز کے لئے ہے، اب نفلیں اور سنتیں پڑھنا جائز نہیں، جماعت میں شامل ہوجانا چاہئے، چنانچہ فرمایا: إذا أُقیمت الصلوۃ فلاصلوۃ إلا المکتوبۃ: جب نماز کے لئے اقامت کہی جائے تو اب فرض کے علاوہ کوئی نماز نہیں۔ غرض یہ دونوں حدیثیں ایک سلسلہ کی کڑیاں ہیں اوراس میں ایک شبہ کا ازالہ ہے، لیکن ان کو جدا جدا کرنے سے ان کے سمجھنے میں دشواری پیش آئی ہے، اسی طرح دو الگ الگ حدیثوں کو ملا دیا جائے تو بھی حدیث فہمی میں دشواری پیش آئے گی اور ایک حدیث کو دو حدیثیں بنادیا جائے تو بھی دشواری پیش آئے گی۔

[۱۵-] بابُ مَنِ انْتَظَرَ الإِقَامَةَ

[٦٢٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ بِالأُوْلٰى مِنْ صَلاَةِ الْفَجْرِ: قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ قَبْلَ صَلاَةِ الْفَجْرِ، بَعْدَ أَنْ يَسْتَبِيْنَ الْفَجْرُ، ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الأَيْمَنِ حَتّٰى يَأْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ لِلإِقَامَةِ.[انظر: ٩٩٤، ١١٢٣، ١١٦٠، ١١٧٠، ٦٣١٠]

ترجمہ: صدیقہؓ فرماتی ہیں: جب مؤذن فجر کی پہلی اذان (اقامت سے احتراز ہے) سے خاموش ہوتا یعنی اذان پوری ہوتی تو نبی ﷺ کھڑے ہوتے اور فجر کی نماز سے پہلے دو ہلکی سنتیں پڑھتے، صبح صادق کے واضح ہونے کے بعد یعنی جب بالیقین صبح صادق ہوجاتی اور کوئی شبہ باقی نہ رہتا تو فجر کی اذان ہوتی اور آپؐ دو ہلکی سنتیں پڑھتے، پھر دائیں کروٹ لیٹ جاتے (یہ لیٹنا اقامت کے انتظار میں ہوتا تھا) یہاں تک کہ مؤذن تکبیر کہنے کے لئے آپؐ کے پاس آتا یعنی اقامت کہنے سے پہلے آپؐ کو اطلاع دیتا۔

تشریح: آنحضور ﷺ کا معمول تھا کہ آپؐ تہجد سے فارغ ہوکر دائیں کروٹ لیٹ جاتے تھے، پھر صبح صادق کے بعد فوراً سنت پڑھتے، پھر دائیں کروٹ پر لیٹ جاتے، پھر جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ نماز کی اطلاع کرتے تو آپؐ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے جاتے، یعنی یہ لیٹنا اقامت کے انتظار میں ہوتا تھا۔ اور ابن حزم ظاہریؒ کے نزدیک فجر کی نماز اور سنتوں کے درمیان لیٹنا فرض ہے، چاہے ایک لمحہ کے لئے ہو، اور ان کے نزدیک یہ لیٹنا نماز فجر کی صحت کے لئے شرط

ہے، جوشخص لیٹے بغیر فجر پڑھے گا اس کا فرض صحیح نہیں ہوگا۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک یہ لیٹنا سنت ہے اور احناف کے نزدیک مباح ہے، اور امام مالکؒ کے نزدیک بدعت ہے، اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ یہ لیٹنا امر تشریعی تھا یعنی شرعی حکم تھا یا کسی مصلحت سے تھا؟ جو حضرات وجوب یا سنت کے قائل ہیں ان کے نزدیک یہ شرعی حکم تھا اور قائلین اباحت کے نزدیک یہ تہجد گذاروں کی مصلحت کے لئے تھا، شرعی حکم نہیں تھا، تاکہ جو تہجد گذار لمبے تہجد پڑھنے کی وجہ سے تھک گئے ہیں وہ پہلے تھوڑی دیر آرام کرلیں اور تھکن دور کرکے فرض پڑھیں۔

فائدہ: آنحضور ﷺ نے مسجد نبوی میں تہجد پڑھنے والوں سے فرمایا تھا کہ جب تم فجر کی سنت پڑھ لو تو دائیں کروٹ پر لیٹ جاؤ، ظاہر ہے یہ حضرات مسجد ہی میں لیٹیں گے، لیٹنے کے لئے گھر نہیں جائیں گے، پس مسجد میں لیٹنے کا جواز ثابت ہوا، بعض حضرات کے نزدیک گھر میں لیٹنا سنت ہے اور مسجد میں لیٹنا بدعت ہے، ان کا قول محل نظر ہے اور بعض حضرات کے نزدیک یہ لیٹنا تہجد گذاروں کے لئے سنت ہے، سب مسلمانوں کے لئے سنت نہیں، یہ فرق معقول ہے اور احناف نے جو مباح کہا ہے اس میں سب لوگ شامل ہیں، تہجد گذار بھی اور عام مسلمان بھی۔

باب: بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلَاةٌ لِمَنْ شَاءَ

اذان واقامت کے درمیان جو نفلیں پڑھنا چاہے: پڑھ سکتا ہے

ابھی بتلایا ہے کہ اذان میں حی علی الصلوٰۃ کے ذریعہ فرائض کے لئے بلایا جاتا ہے، اس لئے یہ خیال پیدا ہوسکتا تھا کہ اذان کے بعد مسجد میں پہنچ کر شاید نفلوں میں مشغول ہونا جائز نہ ہو، اس لئے یہ ترجمہ قائم کیا کہ اذان واقامت کے درمیان نوافل پڑھ سکتے ہیں، ذکر واذکار بھی کرسکتے ہیں اور نماز کے انتظار میں خاموش بھی بیٹھ سکتے ہیں، مغرب میں بھی یہی حکم ہے اگر کسی وجہ سے مغرب کی اذان واقامت کے درمیان فصل ہوجائے تو درمیانی وقت میں نفل پڑھ سکتے ہیں اور یہ اللہ کے داعی کی مخالفت نہیں، اس لئے کہ جب نماز کھڑی ہوگی تو مؤذن دوبارہ پکارے گا اس کے بعد نوافل اور سنتیں پڑھنا جائز نہیں، جماعت میں شامل ہوکر فرض پڑھنا ضروری ہے یہ اس ترجمہ کا مقصد ہے۔ اور لِمَنْ شاءَ کا مطلب ہے: چاہو نماز پڑھو اور چاہو ذکر واذکار کرو یا خاموش بیٹھو۔

[١٦-] باب: بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلَاةٌ لِمَنْ شَاءَ

[٦٢٧-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلَاةٌ، بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلَاةٌ " ثُمَّ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ: " لِمَنْ شَاءَ" [راجع: ٦٢٤]

بابُ مَنْ قَالَ: لِيُؤَذِّنْ فِي السَّفَرِ مُؤَذِّنٌ وَاحِدٌ

چاہئے کہ سفر میں ایک مؤذن اذان دے

اگلے باب میں حدیث (نمبر ۶۳۰) آرہی ہے کہ مالک بن الحویرثؓ اوران کے چچازاد بھائی مدینہ منورہ علم حاصل کرنے کے لئے آئے اور بیس دن رکے، دونوں ہم عمر تھے اور جوان تھے، نبی ﷺ نے محسوس کیا کہ ان کو بیوی بچے یاد آرہے ہیں، اس لئے آپؐ نے خود لوٹنے کی اجازت دی، اور نصیحت فرمائی کہ جو دین سیکھا ہے وہ گھر والوں کو اور قبیلہ والوں کو پہنچانا، اور سفر میں جب نماز کا وقت ہوجائے تو اذان دینا اور جماعت سے نماز پڑھنا اور جو بڑا ہے وہ امام بنے، اس حدیث میں فأذِّنا تثنیہ ہے، اس سے یہ وہم ہوسکتا تھا کہ حضر میں تو ایک آدمی کی اذان کافی ہے مگر سفر میں دو آدمیوں کو اذان دینی چاہئے، امام بخاریؒ نے یہ ترجمہ رکھ کر بتلایا کہ اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے بلکہ اذان واقامت میں فرق کرنا مقصود ہے، امامت میں افضل ومفضول کا لحاظ کیا جائے گا جو افضل ہوگا وہ امامت کرے گا اور اذان میں افضل ومفضول کا فرق نہیں، ہر ایک اذان دے سکتا ہے، پس اَذِّنَا تثنیہ تکرار کے لئے نہیں ہے بلکہ کلٌّ واحد کے معنی میں ہے۔

[۱۷-] بابُ مَنْ قَالَ: لِيُؤَذِّنْ فِي السَّفَرِ مُؤَذِّنٌ وَاحِدٌ

[۶۲۸-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ نَفَرٍ مِنْ قَوْمِيْ، فَأَقَمْنَا عِنْدَهُ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً، وَكَانَ رَحِيْمًا رَفِيْقًا، فَلَمَّا رَأَى شَوْقَنَا إِلَى أَهَالِيْنَا، قَالَ: "ارْجِعُوْا فَكُوْنُوْا فِيْهِمْ، وَعَلِّمُوْهُمْ، وَصَلُّوْا، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ أَحَدُكُمْ، وَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْبَرُكُمْ" [انظر: ۶۳۰، ۶۳۱، ۶۵۸، ۶۸۵، ۸۱۹، ۲۸۴۸، ۶۰۰۸، ۷۲۴۶]

ترجمہ: مالک بن الحویرثؓ کہتے ہیں: میں اپنی قوم کی ایک جماعت کے ساتھ نبی ﷺ کے پاس آیا اور ہم نے آپؐ کے پاس بیس دن قیام کیا (عربی میں رات بول کر رات دن کا مجموعہ مراد لیتے ہیں اور اردو میں دن بول کر مجموعہ مراد لیتے ہیں) اور آپؐ مہربان نرم برتاؤ کرنے والے تھے، پس جب آپؐ نے ہمارا ہمارے گھر والوں کی طرف اشتیاق دیکھا یعنی محسوس کیا کہ ہمیں بیوی بچے یاد آرہے ہیں تو آپؐ نے فرمایا: واپس جاؤ پس اپنی قوم میں رہو اور ان کو دین کی باتیں سکھلاؤ اور (سفر میں) نماز پڑھتے رہو، جب نماز کا وقت ہوجائے تو چاہئے کہ تم میں سے ایک اذان دے (یہاں صراحت ہے کہ حضر کی طرح سفر میں بھی ایک آدمی کی اذان کافی ہے، پس فأذِّنا میں تثنیہ تکرار کے لئے نہیں ہے، بلکہ کلٌّ واحد کے معنی میں ہے) اور چاہئے کہ تم میں سے بڑا انھیں نماز پڑھائے۔

تشریح: اس حدیث میں طلبہ کے لئے خاص نصیحت یہ ہے کہ جب وہ چھٹیوں میں گھر جائیں تو ماں باپ، بھائی بہن اور عزیز واقارب کو اپنے علم سے فائدہ پہنچائیں، ان کی دینی تربیت کریں، انھیں قرآن پڑھائیں، جن کے قرآن صحیح نہیں

ان کے قرآن صحیح کرائیں اور پورے گاؤں اور بستی پر محنت کریں اوران کی اصلاح کی فکر کریں۔آنحضور ﷺ نے حضرت مالک بن الحویرث ؓ وغیرہ کو خاص طور پر یہ نصیحت فرمائی ہے کہ قوم میں رہ کران کو دین سکھلائیں، ہمارے طلبہ اس سلسلہ میں کوتاہی کرتے ہیں، وہ ساری چھٹی یار دوستی اور مٹر گشتی میں ضائع کردیتےہیں، پس ان کے پڑھنے کا فائدہ کیا؟

بابُ الْأَذَانِ لِلْمُسَافِرِ إِذَا كَانُوْا جَمَاعَةً، وَالإِقَامَةِ، وَكَذٰلِكَ بِعَرَفَةَ وَجَمْعٍ وَقَوْلِ الْمُؤَذِّنِ: الصَّلَاةُ فِيْ الرِّحَالِ، فِيْ اللَّيْلَةِ الْبَارِدَةِ أَوِ الْمَطِيْرَةِ

مسافر جماعت سے نماز پڑھیں تو اذان واقامت کہیں، اسی طرح عرفہ اورمزدلفہ میں اور بوقت عذر مؤذن اذان کے بعد اعلان کرے کہ لوگ گھروں میں نماز پڑھیں

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: سفر میں دو یا زیادہ ساتھی ہوں تو اذان واقامت کہہ کر باجماعت نماز پڑھنی چاہئے،اور تنہا نماز پڑھنے والے کو اختیار ہے: چاہے اذان واقامت دونوں کہے یا صرف اقامت کہے یا دونوں کو چھوڑ کر نماز پڑھے۔اور حافظ عسقلانی رحمہ اللہ نے فتح الباری میں فرمایا ہے کہ سفر میں اذان واقامت کا مسئلہ اس لشکر کے لئے ہے جس کا باقاعدہ امیر ہو، جس کے پیچھے سب نماز پڑھتے ہوں، ایسے لشکر میں اذان واقامت دونوں کہنی چاہئیں، تاکہ سب لوگ امیر کے پیچھے نماز ادا کریں۔اور حافظ رحمہ اللہ نے امام مالک رحمہ اللہ کا بھی یہی قول نقل کیا ہے، اسی لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں جماعۃ کی تخصیص کی ہے، جماعۃ کی قید سے منفرد نکل گیا، اس کو اختیار ہے چاہے اذان واقامت دونوں کہے یا صرف اقامت کہے یا دونوں کے بغیر نماز پڑھے اور سفر عام ہے چاہے جہاد کا سفر ہو یا تجارت کا، ان کا باقاعدہ امیر ہو یا نہ ہو اگر سفر میں ایک سے زیادہ ساتھی ہوں تو باجماعت نماز پڑھنی چاہئے اور اذان واقامت کہہ کر پڑھنی چاہئے، اسی طرح حج کا سفر ہو یا غیر حج کا، عرفہ کا میدان ہو یا مزدلفہ کا، اذان واقامت کا تأکد سب جگہ یکساں ہے۔

دوسرا مسئلہ: اگر بارش ہورہی ہو، یا سردی سخت ہو یا کوئی اور عذر ہو اور لوگوں کے لئے مسجد میں آنا دشوار ہو تو مؤذن اذان کے بعد یا اذان کے درمیان اعلان کرے: الصلوٰۃ فی الرِّحال: لوگ اپنے ڈیروں میں نماز پڑھیں یعنی عذر کی صورت میں لوگ تنہا نماز پڑھ سکتے ہیں۔امیر کے پیچھے نماز پڑھنے کے لئے آنا ضروری نہیں۔

[۱۸-] بابُ الْأَذَانِ لِلْمُسَافِرِ إِذَا كَانُوْا جَمَاعَةً، وَالإِقَامَةِ، وَكَذٰلِكَ بِعَرَفَةَ وَجَمْعٍ وَقَوْلِ الْمُؤَذِّنِ: الصَّلَاةُ فِيْ الرِّحَالِ، فِيْ اللَّيْلَةِ الْبَارِدَةِ أَوِ الْمَطِيْرَةِ

[۶۲۹-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُهَاجِرِ أَبِيْ الْحَسَنِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ

أَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: کُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ سَفَرٍ، فَأَرَادَ الْمُؤَذِّنُ أَنْ یُؤَذِّنَ فَقَالَ لَہُ:" أَبْرِدْ" ثُمَّ أَرَادَ أَنْ یُؤَذِّنَ فَقَالَ لَہُ:" أَبْرِدْ" ثُمَّ أَرَادَ أَنْ یُؤَذِّنَ فَقَالَ لَہُ:" أَبْرِدْ" حَتّٰی سَاوَی الظِّلُّ التُّلُوْلَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" إِنَّ شِدَّۃَ الْحَرِّ مِنْ فَیْحِ جَھَنَّمَ" [راجع: ۵۳۵]

حدیث: یہ حدیث کتاب مواقیت الصلوٰۃ (باب۹) میں گذرچکی ہے، ایک سفر میں لشکر پڑاؤ کئے ہوئے تھا، جب ظہر کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دینے کا ارادہ کیا، آپؐ نے ان کو روک دیا کہ ابھی وقت ٹھنڈا ہونے دو، تھوڑی دیر کے بعد پھر انھوں نے اذان دینے کا ارادہ کیا تب بھی آپؐ نے روک دیا کہ ابھی وقت ٹھنڈا ہونے دو، یہاں تک کہ ٹیلوں کے سایے ٹیلوں کے برابر ہوگئے، تب آپؐ نے ظہر پڑھائی اور فرمایا: ”گرمی کی زیادتی جہنم کے اثر کے پھیلاؤ سے ہے“

استدلال: اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دینے کا ارادہ کیا تو آپؐ نے یہ نہیں فرمایا کہ سفر میں اذان کی ضرورت نہیں، بلکہ یہ فرمایا کہ ابھی وقت کو ٹھنڈا ہونے دو، اور تین مرتبہ وقفہ وقفہ سے یہی فرمایا، معلوم ہوا کہ سفر میں بھی اذان دی جائے گی۔

ملحوظہ: یہاں حدیث میں یہ ہے کہ سایے ٹیلوں کے برابر ہوگئے اور پہلے جو حدیث گذری ہے اس میں تھا کہ ٹیلوں کے سایے نمودار ہوگئے۔ میرا خیال ہے کہ صحیح وہی ہے اور یہ روایت بالمعنی ہے کیونکہ ٹیلوں کے سایے ٹیلوں کے برابر عصر کے قریب (دومثل کے بعد) ہونگے آپؐ نے ظہر میں اتنی تاخیر فرمائی ہو یہ بات عقل باور نہیں کرتی۔

[٦٣٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِیْ قِلاَبَۃَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَیْرِثِ، قَالَ: أَتَی رَجُلاَنِ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یُرِیْدَانِ السَّفَرَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِذَا أَنْتُمَا خَرَجْتُمَا فَأَذِّنَا، ثُمَّ أَقِیْمَا، ثُمَّ لِیَؤُمَّکُمَا أَکْبَرُکُمَا" [راجع: ٦٢٨]

[٦٣١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّی، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَھَّابِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَیُّوْبُ، عَنْ أَبِیْ قِلاَبَۃَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، قَالَ: أَتَیْنَا إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَنَحْنُ شَبَبَۃٌ مُتَقَارِبُوْنَ، فَأَقَمْنَا عِنْدَہُ عِشْرِیْنَ یَوْمًا وَلَیْلَۃً، وَکَانَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم رَحِیْمًا رَفِیْقًا، فَلَمَّا ظَنَّ أَنَّا قَدِ اشْتَھَیْنَا أَھْلَنَا أَوْ: قَدِ اشْتَقْنَا، سَأَلَنَا عَمَّنْ تَرَکْنَا بَعْدَنَا، فَأَخْبَرْنَاہُ. قَالَ:" ارْجِعُوْا إِلٰی أَھْلِیْکُمْ فَأَقِیْمُوْا فِیْھِمْ، وَعَلِّمُوْھُمْ وَمُرُوْھُمْ" – وَذَکَرَ أَشْیَاءَ، أَحْفَظُھَا أَوْ: لاَ أَحْفَظُھَا– "وَصَلُّوْا کَمَا رَأَیْتُمُوْنِیْ أُصَلِّیْ، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلاَۃُ فَلْیُؤَذِّنْ لَکُمْ أَحَدُکُمْ، وَلْیَؤُمَّکُمْ أَکْبَرُکُمْ" [راجع: ٦٢٨]

حوالہ: یہ دونوں حدیثیں ایک ہیں اور اس کی شرح گذشتہ باب میں آچکی ہے، نبی ﷺ نے مالک بن الحویرثؓ اور ان کے ساتھیوں کو سفر میں باجماعت اذان واقامت کے ساتھ نماز پڑھنے کی تاکید فرمائی، اور یہی باب ہے کہ سفر میں ایک

سے زیادہ ساتھی ہوں تو اذان واقامت کے ساتھ باجماعت نماز پڑھیں۔

قوله: أتى رجلان النبيَّ صلى الله عليه وسلم: یعنی جب رخصت ہونے کا وقت آیا تو حضرت مالک اوران کے چچازاد بھائی آنحضور ﷺ سے آخری ملاقات کے لئے آئے، باقی ساتھی پہلے ملاقات کر چکے ہونگے .... **ونحن شَبَبَةٌ متقاربون:** ہم سب نوجوان اور ہم عمر تھے .... **فلما ظَنَّ أَنَّا:** جب آپؐ نے محسوس کیا کہ ہم گھر جانا چاہتے ہیں .... اشتھینا اور اشتقنا میں راوی کو شک ہے اور دونوں کے معنی ایک ہیں .... تو آپؐ نے ان لوگوں کے بارے میں پوچھا جن کو ہم پیچھے چھوڑ آئے ہیں یعنی فیملی میں کون لوگ ہیں؟ یہ دریافت فرمایا .... **قوله: وذكر أشياء:** اور حضرت مالکؓ نے اور بھی باتیں ذکر کیں، ابوقلابہ نے کہا: وہ مجھے یاد ہیں یا کہا: وہ مجھے یاد نہیں، ایوب سختیانی رحمہ اللہ کو شک ہے کہ ان میں سے کونسی بات ابوقلابہ نے کہی تھی .... **وقوله: صَلُّوْا:** یعنی بیس دن جس طرح تم نے مجھے نمازیں پڑھتے دیکھا ہے اسی طرح نمازیں پڑھو۔

[٦٣٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، قَالَ: أَذَّنَ ابْنُ عُمَرَ فِيْ لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ بِضَجْنَانَ، ثُمَّ قَالَ: صَلُّوْا فِيْ رِحَالِكُمْ، وَأَخْبَرَنَا أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَأْمُرُ مُؤَذِّنًا يُؤَذِّنُ، ثُمَّ يَقُوْلُ عَلٰى إِثْرِهِ: "أَلَا صَلُّوْا فِي الرِّحَالِ": فِي اللَّيْلَةِ الْبَارِدَةِ أَوِ الْمَطِيْرَةِ فِي السَّفَرِ. [انظر: ٦٦٦]

حدیث (۴): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ضجنان مقام میں ایک سرد رات میں اذان دی پھر کہا: لوگو! اپنے کجاووں میں نماز پڑھو (نافع کہتے ہیں) اور ہمیں بتایا کہ نبی ﷺ مؤذن کو حکم دیتے تھے کہ وہ اذان دے پھر اذان کے بعد کہے: سنو! اپنے کجاووں میں نماز پڑھو (یہ حکم) سفر میں سرد رات میں یا بارش میں دیتے تھے، یہ أوشک کا نہیں ہے تنویع کا ہے یعنی دونوں صورتوں میں یہ رخصت دیتے تھے۔

تشریح: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما مکہ جارہے تھے اور ضجنان نامی پہاڑ کے قریب ٹھہرے ہوئے تھے، یہ پہاڑ مکہ سے پچیس میل کے فاصلہ پر ہے، یہاں ابن عمرؓ نے رات میں اذان دی، رات سرد تھی، پس اذان کے بعد پکارا کہ: اپنے کجاووں میں نماز پڑھو، جماعت سے نماز پڑھنے کے لئے اس جگہ آنے کی ضرورت نہیں، پھر وہاں جو لوگ موجود تھے ان سے یہ حدیث بیان کی کہ نبی ﷺ سفر میں سرد رات میں اور بارش میں یہ رخصت دیا کرتے تھے، جب مؤذن اذان دیتا تو آپؐ اس سے فرماتے: اذان کے بعد پکار کہ صلُّوا فی الرِّحال معلوم ہوا کہ سفر میں بھی اذان دی جائے گی اور باجماعت نماز پڑھی جائے گی، اور اگر کوئی عذر ہو تو تنہا نماز پڑھنے کی رخصت دی جائے گی اور اس کا اعلان بھی کردیا جائے گا۔

[٦٣٣-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جعفرُ بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعُمَيْسِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالأَبْطَحِ، فَجَاءَ هُ بِلاَلٌ، فَآذَنَهُ بِالصَّلاَةِ، ثُمَّ خَرَجَ بِلاَلٌ بِالْعَنَزَةِ حَتّٰى رَكَزَهَا بَيْنَ يَدَيْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالأَبْطَحِ، وَأَقَامَ الصَّلاَةَ. [راجع: ١٨٧]

حدیث: یہ حدیث کتاب الوضوء میں گذری ہے اور یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے، آپؐ نے ابطح نامی میدان میں ظہر اور عصر پڑھائی ہیں اور دو دو رکعت پڑھائی ہیں اس لئے کہ آپ مسافر تھے، ابو جحیفہؓ کہتے ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی، جب لوگ جمع ہو گئے تو آنحضور ﷺ کو خبر کی پھر پھل لگا ہوا ڈنڈا لے کر آپؐ کے خیمہ سے نکلے، اور جہاں آپؐ کو نماز پڑھانی تھی وہاں اس کو گاڑا یعنی اس کو سترہ بنایا پھر اقامت کہی اور آپؐ نے نماز پڑھائی، معلوم ہوا کہ سفر میں اذان واقامت کہی جائیں گی۔

بابٌ: هَلْ يَتَتَبَّعُ الْمُؤَذِّنُ فَاهُ هَاهُنَا وَهَاهُنَا؟ وَهَلْ يَلْتَفِتُ فِي الْأَذَانِ؟

حیعلتین میں چہرہ دائیں بائیں گھمانا، اور اذان میں اِدھر اُدھر دیکھنا

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے اس باب کا مقصد یہ بیان کیا ہے کہ احکام میں اذان نماز کے ساتھ ملحق نہیں، پس اگر کوئی دورانِ اذان بات کرے یا چہرہ اور سینہ قبلہ سے گھمائے تو کچھ حرج نہیں، اس سے اذان فاسد نہیں ہوتی۔

قوله: هل يَتَتَبَّعُ المؤذنُ فاه هاهنا وهاهنا؟: کیا مؤذن حیعلتین میں چہرہ دائیں بائیں گھمائے؟ **جواب:** جی ہاں گھمانا سنت ہے اور یہ بات حدیث سے ثابت ہے۔

قوله: وهل يلتفت في الأذان؟: اور کیا حیعلتین کے علاوہ اذان میں چہرہ پھیر سکتا ہے؟ **جواب:** پھیر سکتا ہے اس سے اذان باطل نہیں ہوتی، مثلاً اذان دے رہا ہے اور کوئی کھٹکا ہوا اس نے چہرہ پھیر کر دیکھا یا سینہ قبلہ سے پھر گیا تو کچھ حرج نہیں، اذان درست ہے۔

[۱۹-] بابٌ: هَلْ يَتَتَبَّعُ الْمُؤَذِّنُ فَاهُ هَاهُنَا وَهَاهُنَا؟ وَهَلْ يَلْتَفِتُ فِي الْأَذَانِ؟

[۱-] وَيُذْكَرُ عَنْ بِلَالٍ أَنَّهُ جَعَلَ إِصْبَعَيْهِ فِي أُذُنَيْهِ.

[۲-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يَجْعَلُ إِصْبَعَيْهِ فِي أُذُنَيْهِ.

[۳-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: لَابَأْسَ أَنْ يُؤَذِّنَ عَلَى غَيْرِ وُضُوْءٍ.

[٤-] وَقَالَ عَطَاءٌ: الْوُضُوْءُ حَقٌّ وَسُنَّةٌ.

[٥-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ اللهَ عَلَى كُلِّ أَحْيَانِهِ.

[٦٣٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّهُ رَأَى بِلَالًا يُؤَذِّنُ، فَجَعَلْتُ أَتَتَبَّعُ فَاهُ هَاهُنَا وَهَاهُنَا بِالْأَذَانِ.

۱- حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ اذان میں کانوں میں انگلیاں ڈالتے تھے۔

۲- اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کانوں میں انگلیاں نہیں ڈالتے تھے (اس لئے کہ حضرت بلالؓ سارے مدینہ کے لئے

اذان دیتے تھے اس لئے آواز بلند کرنے کے لئے کانوں کو بند کرتے تھے، اور ابن عمرؓ نے قافلہ والوں کے لئے اذان دی ہے، اس لئے آواز بلند کرنے کی ضرورت نہیں تھی)

اور پہلے بتایا ہے کہ ہوا ناک، منہ اور کان سے نکلتی ہے اور ناک اور منہ میں سے ایک وقت میں ایک ہی جگہ سے نکلتی ہے، پس جب کلماتِ اذان پکار رہا ہوگا تو صرف منہ سے ہوا نکلے گی، ناک سے نہیں نکلے گی اور جب انگلیوں سے کانوں کے سوراخ بند کر دیئے تو وہاں سے بھی ہوا نہیں نکلے گی اور منہ سے زور سے ہوا نکلے گی، اور آواز بلند ہوگی۔

علاوہ ازیں یہ بہ تکلف بہرہ بننا ہے اور بہرہ آدمی زور سے بولتا ہے، اس لئے کہ جب تک وہ اپنی آواز نہیں سنتا اسے تسلی نہیں ہوتی۔

غرض حضرت بلالؓ سارے مدینہ کے لئے اذان دیتے تھے اس لئے وہ کانوں میں انگلیاں ڈالتے تھے، تاکہ زور سے آواز نکلے، اور ابن عمرؓ سفر میں اذان دیتے تھے اور سفر میں زیادہ زور سے اذان دینے کی ضرورت نہیں اس لئے کہ رفقائے سفر ساتھ ہوتے تھے، اس لئے وہ کانوں میں انگلیاں نہیں ڈالتے تھے۔

۳- ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بے وضو اذان دینے میں کچھ حرج نہیں۔

۴- اور حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں: باوضو اذان دینا برحق اور سنت ہے یعنی بے وضو اذان دینا جائز ہے مگر اسلامی طریقہ یہ ہے کہ باوضو اذان دی جائے۔

۵- اور صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے تھے اور اذان بھی ایک ذکر ہے پس اس کے لئے بھی وضو ضروری نہیں، اور فقہ میں بھی یہی مسئلہ لکھا ہے کہ اذان کے لئے وضو ضروری نہیں، البتہ بے وضو اقامت کہنا مکروہ ہے اس لئے کہ وہ اقامت کہہ کر وضو کرنے کے لئے جائے گا یعنی لوگوں کو نماز کی طرف بلا کر خود نماز سے غائب ہوجائے گا، یہ دیگراں را نصیحت خود را فضیحت والی بات ہوگی، اس لئے بے وضو اقامت کہنا مکروہ ہے۔ لیکن باوضو قبلہ رخ ہوکر اور کانوں میں انگلیاں ڈال کر اذان دینے کے استحباب کا کوئی منکر نہیں۔

حدیث: حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: انھوں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان دیتے ہوئے دیکھا، پس میں بھی ان کے ساتھ یہاں اور وہاں اذان میں منہ پھیرنے لگا، یعنی حضرت بلالؓ حیعلتین میں دائیں بائیں منہ پھیرتے تھے تو میں بھی ان کے ساتھ دائیں بائیں منہ پھیرتا تھا، معلوم ہوا کہ حیعلتین میں دائیں بائیں منہ پھیرنا مسنون ہے۔

بابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: فَاتَتْنَا الصَّلوٰةُ

یہ کہنا کہ میری نماز چھوٹ گئی

ابن سیرینؒ وغیرہ بعض حضرات فَاتَتْنَا الصلوٰةُ (میرے ہاتھ سے نماز نکل گئی) کہنے کو ناپسند کرتے تھے، وہ لم نُدْرِكْ

الصلوٰۃَ کہتے تھے، یعنی میں نے نماز نہیں پائی، مگر حدیث سے اس کا جواز ثابت ہوتا ہے، چنانچہ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: وقولُ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَصَحُّ اور ابن سیرینؒ نے جو بات فرمائی ہے وہ حسن تعبیر ہے۔

[۲۰-] بابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: فَاتَتْنَا الصَّلٰوۃُ

وَکَرِہَ ابْنُ سِیْرِیْنَ أَنْ یَقُوْلَ: فَاتَتْنَا الصَّلَاۃُ، وَلْیَقُلْ: لَمْ نُدْرِكْ، وَقُوْلُ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَصَحُّ.

[۶۳۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَیْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَیْبَانُ، عَنْ یَحْیٰی، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: بَیْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّیْ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، إِذْ سَمِعَ جَلَبَةَ رِجَالٍ، فَلَمَّا صَلّٰی قَالَ:" مَا شَأْنُکُمْ؟" قَالُوْا: اسْتَعْجَلْنَا إِلَی الصَّلَاۃِ، قَالَ:" فَلَا تَفْعَلُوْا، إِذَا أَتَیْتُمُ الصَّلَاۃَ فَعَلَیْکُمُ السَّکِیْنَةُ، فَمَا أَدْرَکْتُمْ فَصَلُّوْا، وَمَا فَاتَکُمْ فَأَتِمُّوْا"

حدیث: ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثناء کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے، اچانک آپؐ نے کچھ مردوں کا شور سنا، جب آپؐ نے نماز پوری کی تو پوچھا: کیسا شور تھا؟ لوگوں نے عرض کیا: ہم نے نماز کی طرف جلدی کی، یعنی جب ہم پہنچے تو نماز کھڑی ہوگئی تھی، اس لئے ہم جماعت میں شریک ہونے کے لئے دوڑے، آپؐ نے فرمایا: ایسا نہ کرو، جب تم نماز کے لئے آؤ تو سکون واطمینان کو لازم پکڑو، پس جتنی رکعتیں امام کے ساتھ پاؤ ان کو پڑھو، اور جو تمہارے ہاتھ سے نکل جائیں ان کو سلام کے بعد پورا کرو ـــــ ومافاتکم سے استدلال ہے اس سے فات الصلوۃُ کہنے کا جواز ثابت ہوا۔

بَابُ مَا أَدْرَکْتُمْ فَصَلُّوْا، وَمَا فَاتَکُمْ فَأَتِمُّوْا

جو رکعتیں امام کے ساتھ ملیں ان کو پڑھو، اور جو ہاتھ سے نکل جائیں ان کو بعد میں پورا کرو

[۲۱-] بابُ مَاأَدْرَکْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَافَاتَکُم فَأَتِمُّوْا

قَالَهُ أَبُوْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۶۳۶-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، ح: وَعَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" إِذَا سَمِعْتُمُ الإِقَامَةَ فَامْشُوْا إِلَی الصَّلَاۃِ، وَعَلَیْکُمْ بِالسَّکِیْنَةِ وَالْوَقَارِ، وَلَا تُسْرِعُوْا، فَمَا أَدْرَکْتُمْ فَصَلُّوْا، وَمَا فَاتَکُمْ فَأَتِمُّوْا" [انظر: ۹۰۸]

وضاحت: یہ ذیلی باب ہے اور اس باب میں بھی وہی حدیث ہے جو اوپر آئی ہے اور حدیث میں جو باوقار چلنے کا مسئلہ ہے وہ آگے (کتاب الجمعۃ باب ۱۸ میں) آئے گا ـــــ قالہ أبو قتادۃ: اوپر جو حدیث گذری ہے اس کا حوالہ ہے ـــــ

إذا سمعتم الإقامة: جب تم اقامت سنو تو چلتے ہوئے نماز کی طرف آؤ اور سکون و وقار کو لازم پکڑو اور دوڑ کر مت آؤ۔

بابٌ: مَتَى يَقُوْمُ النَّاسُ؟ إِذَا رَأَوُا الإِمَامَ عِنْدَ الإِقَامَةِ

لوگ کب کھڑے ہوں؟ بوقتِ اقامت جب امام کو دیکھیں

یہ باب سوال وجواب دونوں پر مشتمل ہے، متی یقوم الناس؟ سوال ہے: لوگ کب کھڑے ہوں؟ اور إذا رَأَوُا الإمام جواب ہے: اقامت کے وقت جب لوگ امام کو دیکھیں تو کھڑے ہوں اور لاتقوموا حتی تَرَوْنی سے استدلال ہے، نبی ﷺ نے مسجدِ نبوی کے نمازیوں کو تاکید فرمائی تھی کہ اقامت پر کھڑے نہ ہوں بلکہ جب آپؐ کو کمرہ سے نکلتا دیکھیں تب کھڑے ہوں۔

لوگوں میں اس مسئلہ میں افراط وتفریط ہے، بریلوی کہتے ہیں: لوگ حی علی الصلوٰۃ پر کھڑے ہوں اس سے پہلے کھڑا ہونا جائز نہیں، اور ان کی مسجدوں میں اس پر سختی سے عمل ہوتا ہے، یہ صحیح نہیں، اور دیوبندیوں کی بعض مسجدوں میں صف بندی کے بعد اور امام کے مصلے پر پہنچ جانے کے بعد تکبیر شروع ہوتی ہے، یہ بھی صحیح نہیں، کیونکہ اقامت کے معنی ہیں: کھڑا کرنا، جب تک اقامة (کھڑا کرنا) نہ پایا جائے کھڑے ہونے کا کیا جواز ہے؟ اقامہ شروع ہونے کے بعد ہی کھڑا ہونا چاہئے البتہ اگر کوئی بیٹھا رہے تو حی علی الصلوٰۃ پر ضرور کھڑا ہوجائے ورنہ اللہ کے داعی کی مخالفت لازم آئے گی۔ علامہ احمد طحطاوی رحمہ اللہ نے فقہ کی عبارت یقوم الناسُ عندحی علی الصلوٰۃ کا یہی مطلب لکھا ہے (حاشیہ طحطاوی علی الدر المختار ۱: ۲۱۵)

اور بریلوی حضرات فقہ کی مذکورہ عبارت کا مطلب یہ سمجھتے ہیں کہ لوگوں کو حی علی الصلوٰۃ پر ہی کھڑا ہونا چاہئے، اس سے پہلے کھڑا ہونا جائز نہیں، حالانکہ جب اقامہ (کھڑا کرنا) پایا گیا تو اب کھڑا ہونا کیوں جائز نہیں؟ اور وہ جو فقہی عبارتوں کا مطلب سمجھتے ہیں وہ مطلب کسی فقیہ نے نہیں لکھا۔

اور اگر امام مسجد سے ملحق کمرہ میں ہو تو جب تک امام کمرہ سے نہ نکلے لوگ کھڑے نہ ہوں کیونکہ اقامت سے امام کا نکلنا متخلف ہوسکتا ہے، نبی ﷺ نے صحابہ کرام کو یہی نصیحت فرمائی تھی کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے تکبیر شروع کرنے پر آپ حضرات کھڑے نہ ہوں، بلکہ جب مجھے حجرہ سے نکلتا ہوا دیکھیں تب کھڑے ہوں، کیونکہ اس کا امکان ہے کہ نبی ﷺ گھر میں کسی کام میں مشغول ہوں یا آپؐ کی نیت بندھی ہوئی ہو، پس لوگوں کو کھڑے کھڑے انتظار کرنا پڑے گا جو مکروہ ہے (۱)

اور اگر امام مسجد میں موجود ہو تو اقامہ شروع ہوتے ہی کھڑا ہونا چاہئے، امام کو بھی اور مقتدیوں کو بھی، اس لئے کہ کھڑا کرنا

(۱) پہلے جب امراء (حکومت کے ذمہ دار) نماز پڑھاتے تھے تو وہ مسجد سے متصل مقصورہ میں بیٹھتے تھے اور تکبیر شروع ہونے پر نکلتے تھے، اس وقت کا یہ مسئلہ تھا ۱۲

پایا گیا پس کھڑے ہوکر صف بندی کرلینی چاہئے۔

فائدہ(۱): اگر اقامت سے امام کا نکلنا متخلف ہوجائے تو مؤذن کو بھی بیٹھ جانا چاہئے، پھر اگر امام فوراً نکل آئے تو تکبیر کا اعادہ ضروری نہیں، اور امام کے نکلنے میں تاخیر ہوجائے تو تکبیر دوبارہ کہی جائے، اور تھوڑے اور زیادہ کا فیصلہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا گیا ہے یعنی لوگ خود ہی اس کا فیصلہ کریں۔

فائدہ(۲): پہلے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا طریقہ یہ تھا کہ جب نماز کا وقت ہوجاتا اور اکثر نمازی آجاتے تو تکبیر شروع کردیتے تھے، تکبیر سن کر آنحضور ﷺ حجرے سے نکلتے تھے، مگر کبھی کسی کام میں مشغولیت کی وجہ سے یا نیت بندھی ہوئی ہونے کی وجہ سے آپؐ کے آنے میں تاخیر ہوتی تھی تو لوگ کھڑے کھڑے امام کا انتظار کرتے تھے، اس لئے آپؐ نے حضراتِ صحابہ کو حکم دیا کہ تکبیر شروع ہونے پر کھڑے نہ ہوں بلکہ جب آپؐ کو کمرہ سے نکلتا ہوا دیکھیں تب کھڑے ہوں، اس حکم سے حضرت بلالؓ نے نصیحت حاصل کی چنانچہ وہ اس کے بعد جب نبی ﷺ کو حجرے سے نکلتا ہوا دیکھتے تھے تب تکبیر شروع کرتے تھے۔

[۲۲-] بابٌ: مَتَى يَقُوْمُ النَّاسُ؟ إِذَا رَأَوُا الإِمَامَ عِنْدَ الإِقَامَةِ

[۶۳۷-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: كَتَبَ إِلَيَّ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَلاَ تَقُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْنِيْ". [انظر: ۶۳۸، ۹۰۹]

وضاحت: إذا رَأَوُا: جب دو باتیں جمع ہوں: ایک: امام مسجد میں موجود ہو یا آجائے، دوم: اقامہ شروع ہوجائے تب لوگ کھڑے ہوں۔

بابٌ: لاَيَقُوْمُ إِلَى الصَّلاَةِ مُسْتَعْجِلاً، وَلْيَقُمْ إِلَيْهَا بِالسَّكِيْنَةِ وَالْوَقَارِ

نماز کے لئے کھڑے ہونے میں جلدی نہ کرے، بلکہ سکون ووقار سے کھڑا ہو

گذشتہ سے پیوستہ باب إتیان الصلوٰۃ کا تھا کہ نماز کے لئے باوقار اور اطمینان کے ساتھ آنا چاہئے، اب یہ باب قیام الی الصلوٰۃ کا ہے کہ جب تکبیر شروع ہو اور لوگ نماز کے لئے کھڑے ہوں تو بھی سکون ووقار ہونا چاہئے، نماز کے لئے کھڑے ہونے میں جلدی نہیں کرنی چاہئے، گذشتہ حدیث کے الفاظ تھے: إذا أتيتم إلى الصلوٰۃ: یعنی جب تم نماز کے لئے آؤ، اور یہاں الفاظ ہیں: إذا أقيمت الصلوٰۃ: جب نماز کھڑی کی جائے یعنی تکبیر کہی جائے، پس یہ باب قیام إلى الصلوٰۃ کا ہے۔

[۲۳-] بابٌ: لَایَقُوْمُ إِلَی الصَّلاَۃِ مُسْتَعْجِلاً، وَلْیَقُمْ إِلَیْھَا بِالسَّکِیْنَۃِ وَالْوَقَارِ

[٦٣٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَیْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَیْبَانُ، عَنْ یَحْیَی، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ أَبِیْ قَتَادَۃَ، عَنْ أَبِیْہِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِذَا أُقِیْمَتِ الصَّلاَۃُ فَلاَ تَقُوْمُوْا حَتّٰی تَرَوْنِیْ، وَعَلَیْکُمُ السَّکِیْنَۃُ" تابَعَہُ عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَکِ. [راجع: ٦٣٧]

وضاحت: اس حدیث کوعلی بن المبارک بھی یحییٰ بن ابی کثیر سے مذکورہ سند سے روایت کرتے ہیں، ان کی حدیث کتاب الجمعہ (حدیث ۹۰۹) میں ہے۔

بابٌ: ھَلْ یَخْرُجُ مِنَ الْمَسْجِدِ لِعِلَّۃٍ؟

کیا کسی عذر کی وجہ سے مسجد سے نکل سکتا ہے؟

علۃ کے معنی ہیں: ضرورت، حاجت، اگر کوئی ضرورت پیش آئے تو کیا اذان کے بعد مسجد سے نکل سکتے ہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، سوال قائم کرکے چھوڑ دیا ہے، پس جاننا چاہئے کہ اذان کے بعد بے ضرورت مسجد سے نکلنا ممنوع ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ایک مسجد میں تشریف فرما تھے، عصر کی اذان شروع ہوگئی، اذان کے بعد ایک شخص مسجد سے نکلا، حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا: ''اِس شخص نے ابوالقاسم ﷺ کی نافرمانی کی'' (ترمذی حدیث ۲۰۰) اس حدیث کے اقتضاء سے یہ بات نکلتی ہے کہ نبی ﷺ نے اذان کے بعد مسجد سے نکلنے سے منع فرمایا ہے۔

اور ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ لوگ بدگمانی کریں گے کہ یہ کیوں جارہا ہے؟ شاید یہ شخص نماز نہیں پڑھتا یا اس امام کے پیچھے نہیں پڑھتا، اور نبی ﷺ کا فرمان ہے: اتَّقُوْا مواضِعَ التُّھَم: تہمت کی جگہوں سے بچو، پس چونکہ اذان کے بعد مسجد سے نکلنے میں تہمت وبدگمانی ہے، اس لئے اذان کے بعد مسجد سے نکلنا ممنوع ہے۔ البتہ ضرورت کے وقت نکلنے کی گنجائش ہے، مثلاً کوئی شخص دوسری مسجد کا امام یا مؤذن ہے تو نکل سکتا ہے کیونکہ لوگ یہ بات جانتے ہیں، اس لئے کوئی بدگمانی نہیں کرے گا، اسی طرح چھوٹے بڑے استنجے کے لئے بھی جاسکتا ہے اس صورت میں اولاً تو کوئی بدگمانی نہیں کرے گا اور اگر کرے گا تو جب وہ ضرورت سے فارغ ہوکر واپس آجائے گا تو بدگمانی دور ہوجائے گی۔

فائدہ: یہ سب مسائل اس معاشرہ کے لئے ہیں جہاں اذان واقامت کے درمیان مختصر وقفہ ہوتا ہے، آدھ گھنٹہ کا فاصلہ نہیں ہوتا، ہمارے دیار کی جو صورت حال ہے اس میں اذان کے بعد مسجد سے نکلنے کی گنجائش ہے، جب تک لوگ نماز کے لئے آنے شروع نہ ہوں، کیونکہ اس وقت تک بدگمانی کرنے والا کوئی مسجد میں نہیں ہے۔ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مسجد سے نکلنے کی ممانعت اقامت شروع ہونے کے بعد ہے، اس سے پہلے نکل سکتا ہے، اس قول کا محمل یہی صورت

ہے جو ہمارے دریار کی ہے۔حضرت ابراہیم کا قول ترمذی (کتاب الصلوٰۃ باب ۳۷) میں ہے۔

[٢٤-] بابٌ: هَلْ يَخْرُجُ مِنَ الْمَسْجِدِ لِعِلَّةٍ؟

[٦٣٩-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ، وَقَدْ أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ وَعُدِّلَتِ الصُّفُوْفُ، حَتّٰى إِذَا قَامَ فِيْ مُصَلاَّهُ انْتَظَرْنَا أَنْ يُكَبِّرَ: انْصَرَفَ، قَالَ:" عَلٰى مَكَانِكُمْ" فَمَكَثْنَا عَلٰى هَيْئَتِنَا، حَتّٰى خَرَجَ إِلَيْنَا يَنْطُفُ رَأْسُهُ مَاءً، وَقَدِ اغْتَسَلَ.[راجع: ٢٧٥]

۱- یہ حدیث کتاب الغسل (باب ۱۷) میں گذر چکی ہے۔ایک مرتبہ نبی ﷺ نماز پڑھانے کے لئے حجرہ سے باہر تشریف لائے، آپؐ کو دیکھ کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت شروع کی اور صحابہ نے صفیں درست کرلیں، آپؐ مصلے پر پہنچے اور تکبیر کہنے ہی والے تھے کہ اچانک آپؐ نے لوگوں سے فرمایا: ''اپنی جگہ رہو'' اور آپؐ گھر میں تشریف لے گئے اور نہا کر باہر آئے، سر سے پانی ٹپک رہا تھا، آپؐ نے نماز پڑھائی پھر فرمایا: میں جنبی تھا اور غسل کرنا بھول گیا تھا، اس لئے نہانے گیا تھا، آپؐ نے وضاحت اس لئے فرمائی کہ لوگوں کا اضطراب ختم ہو، یہ جنبی ہونا علة کی مثال ہے یہ ایک شرعی ضرورت تھی، ایسی ضرورت سے اذان کے بعد مسجد سے نکل سکتے ہیں اور اقامت کے بعد بھی۔

۲- امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں اذان یا اقامت کی صراحت نہیں کی مگر مراد اذان کے بعد مسجد سے نکلنا ہے، اور اقامت کے بعد بھی شرعی یا طبعی ضرورت سے مسجد سے نکل سکتا ہے، کسی کا وضو ٹوٹ گیا، ظاہر ہے وہ وضو کرنے کے لئے مسجد سے نکلے گا، یہ شرعی ضرورت ہے، یا چھوٹے بڑے استنجے کا تقاضہ ہوا تو بھی نکلے گا، یہ طبعی ضرورت ہے۔

اور حضرتؒ نے ترجمہ میں اذان کی صراحت اس لئے نہیں کی کہ مذکورہ حدیث اقامت کے بعد مسجد سے نکلنے کی ہے، اگر ترجمہ میں اذان کی صراحت کرتے تو یہ حدیث باب میں کیسے لاتے؟ اور جب اقامت کے بعد شرعی اور طبعی ضرورت سے مسجد سے نکل سکتے ہیں تو اذان کے بعد بدرجۂ اولیٰ نکل سکتے ہیں۔

فائدہ: اگر اقامت اور نماز شروع کرنے کے درمیان فاصلہ ہو جائے اور فاصلہ تھوڑا ہو تو دوبارہ تکبیر کہنے کی ضرورت نہیں، اور فاصلہ زیادہ ہو تو دوبارہ تکبیر کہی جائے، اور تھوڑے اور زیادہ کا فیصلہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ اور اس کو پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ اگر لوگ تکبیر کے بعد امام کا انتظار کر کے بیٹھ جائیں یا منتشر ہو جائیں تو اس کو زیادہ فصل کہیں گے اور تکبیر دوبارہ کہیں گے، اور اگر لوگ اپنی حالت پر برقرار رہیں تو تھوڑا فصل ہے، دوبارہ تکبیر کہنے کی ضرورت نہیں۔ نبی ﷺ غسل فرما کر اتنی جلدی تشریف لے آئے تھے کہ لوگ اپنی حالت پر برقرار تھے، اس لئے دوبارہ تکبیر نہیں کہی گئی، اور ممکن ہے تکبیر دوبارہ کہی گئی ہو، حدیث میں اس کا ذکر نہ ہو، اور عدم ذکر عدم شئ کو مستلزم نہیں۔

بابٌ: إِذَا قَالَ الإِمَامُ: مَكَانَكُمْ حَتّٰى يَرْجِعَ انْتَظَرُوْهُ

اگرامام ہدایت دے جائے کہ میرے آنے تک اپنی جگہ رہو تو لوگ اس کا انتظار کریں

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ امام یا استاذ کسی ضرورت سے جائے، اور حاضرین سے کہتا جائے کہ اپنی جگہ ٹھہرے رہو تو لوگوں پر امام کا اور استاذ کا انتظار کرنا ضروری ہے، لوگ مسجد اور درسگاہ سے نہ جائیں، امام خود آکر نماز پڑھائے گا۔

قوله: حتی یرجع تک ہدایت ہے اور انتظروہ اس کا جواب ہے۔

[۲۵-] بابٌ: إِذَا قَالَ الإِمَامُ: مَكَانَكُمْ حَتّٰى يَرْجِعَ انْتَظَرُوْهُ

[۶۴۰-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَسَوَّى النَّاسُ صُفُوْفَهُمْ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَتَقَدَّمَ، وَهُوَ جُنُبٌ، فَقَالَ: "عَلٰى مَكَانِكُمْ" فَرَجَعَ فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ خَرَجَ وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ مَاءً، فَصَلّٰى بِهِمْ. [راجع: ۲۷۵]

وضاحت: یہ وہی حدیث ہے جو اوپر باب میں گذری ہے، نبی ﷺ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لائے، مصلی پر کھڑے ہوئے کہ جنبی ہونا یاد آیا، پس آپؐ انتظار کرنے کا حکم دے کر نہانے کے لئے تشریف لے گئے، صحابہ نے اپنی جگہ رہ کر آپؐ کا انتظار کیا، نہ مسجد سے گئے اور نہ دوسرے کو امام بنایا، معلوم ہوا کہ اگر امام انتظار کرنے کے لئے کہہ جائے تو اس کا انتظار کرنا ضروری ہے۔

بابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: مَا صَلَّيْنَا

یہ کہنا کہ ہم نے نماز نہیں پڑھی

چند ابواب پہلے باب گذرا ہے کہ فَاتَتْنَا الصلوٰۃ کہنا جائز ہے، اب یہ باب ہے کہ ما صَلَّيْنَا کہنا بھی جائز ہے، یعنی گذشتہ باب کا جو مقصد تھا وہی اس باب کا بھی مقصد ہے۔

[۲۶-] بابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: مَا صَلَّيْنَا

[۶۴۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ، يَقُوْلُ: أَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم جَاءَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ مَا

كِدْتُ أَنْ أُصَلِّيَ حَتّٰى كَادَتِ الشَّمْسُ تَغْرُبُ، وَذٰلِكَ بَعْدَ مَا أَفْطَرَ الصَّائِمُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَاللّٰهِ مَا صَلَّيْتُهَا" فَنَزَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى بُطْحَانَ، وَأَنَا مَعَهُ، فَتَوَضَّأَ ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ بَعْدَ مَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ صَلَّى بَعْدَهَا الْمَغْرِبَ.[راجع: ۵۹۶]

وضاحت: یہ حدیث بار بار آرہی ہے، غزوۂ خندق کے موقع پر ایک دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ غصہ میں بھرے ہوئے اور کفار کو برا بھلا کہتے ہوئے غروب کے بعد آنحضور ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں قریب نہیں تھا کہ سورج کے غروب ہونے سے پہلے عصر پڑھ سکوں، یعنی مشکل سے کسی طرح غروب سے پہلے عصر میں نے پڑھی، نبی ﷺ نے فرمایا: والله ما صَلَّيْتُهَا: بخدا! میں نے ابھی تک عصر نہیں پڑھی، معلوم ہوا کہ مَا صَلَّيْنَا کہنا جائز ہے۔

بابٌ: الإِمَامُ تَعْرِضُ لَهُ الْحَاجَةُ بَعْدَ الإِقَامَةِ

تکبیر کے بعد امام کو کوئی ضرورت پیش آئے تو بات کرسکتا ہے

جس طرح ضرورت پیش آنے پر اقامت کے بعد امام مسجد سے نکل سکتا ہے اسی طرح تکبیر کے بعد کوئی ضرورت پیش آئے تو امام لوگوں سے بات کرسکتا ہے، اور مقتدی بھی امام سے عرض کرسکتے ہیں، ایک مرتبہ عشاء کی تکبیر ہوجانے کے بعد ایک شخص مسجد کے کونے میں آنحضور ﷺ سے سرگوشی کرنے لگا یعنی چپکے چپکے باتیں کرنے لگا اور اتنی دیر تک باتیں کرتا رہا کہ بعض لوگ صف میں کھڑے سونے لگے، یہ مقتدی کا امام سے عرض کرنا بھی ہے اور امام کا مقتدی سے بات کرنا بھی، پس اس حدیث سے دونوں کا جواز نکلا۔

[۲۷-] بابٌ: الإِمَامُ تَعْرِضُ لَهُ الْحَاجَةُ بَعْدَ الإِقَامَةِ

[۶۴۲-] حَدَّثَنَا أَبُوْ مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ: هُوَ ابْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُنَاجِيْ رَجُلًا فِيْ جَانِبِ الْمَسْجِدِ، فَمَا قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ حَتّٰى نَامَ الْقَوْمُ.[انظر: ۶۴۳، ۶۲۹۲]

بابُ الْكَلَامِ إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ

تکبیر شروع ہونے کے بعد بات چیت کرنا

امام تکبیر کے دوران بھی لوگوں سے بات کرسکتا ہے، ہدایت دے سکتا ہے اور تکبیر کے بعد بھی۔ مذکورہ بالا واقعہ میں تکبیر کے بعد ایک شخص نے آپؐ سے بات شروع کی تھی اور آپؐ نے اس سے بات کی تھی، کیونکہ اذان واقامت نہ نماز ہیں اور نہ

نماز کے حکم میں ہیں، اسی طرح اقامہ اور نماز شروع کرنے کے درمیان جو وقفہ ہے وہ بھی حقیقتاً یا حکماً نماز نہیں، پس اذان واقامت کے درمیان بھی بات کرنے کی گنجائش ہے اور وقفہ کے دوران بھی۔ امام اور مقتدی بھی بات کرسکتے ہیں اور مقتدی آپس میں بھی بات کرسکتے ہیں مگر بے ضرورت اقامت کے دوران اور بعد میں بات نہیں کرنی چاہئے۔

[۲۸-] بابُ الْكَلاَمِ إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ

[۶۴۳-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: ثَنَا حُمَيْدٌ، قَالَ: سَأَلْتُ ثَابِتًا الْبُنَانِيَّ، عَنِ الرَّجُلِ يَتَكَلَّمُ بَعْدَ مَا تُقَامُ الصَّلاَةُ، فَحَدَّثَنِيْ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ، فَعَرَضَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ، فَحَبَسَهُ بَعْدَ مَا أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ.[راجع: ۶۴۲]

حدیث: حمید طویل کہتے ہیں: میں نے ثابت بنانی سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو تکبیر کے بعد کسی سے بات کرے یعنی کیا اقامت کے بعد کوئی آدمی کسی سے بات کرسکتا ہے؟ ثابت بنانی نے کہا کہ کرسکتا ہے، اور انھوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث سنائی کہ عہد رسالت میں نماز کے لئے تکبیر کہی گئی، پس ایک شخص آپؐ کے سامنے آیا اور اس نے تکبیر ہوجانے کے بعد آپؐ کو روک لیا یعنی دیر تک باتوں میں مشغول رکھا۔

﴿ کتاب الاذان پوری ہوئی، اب أبواب صلاۃ الجماعۃ والإمامۃ شروع ہونگے ﴾

ملحوظہ: مصری نسخہ میں دور تک 'کتاب الاذان' کا عنوان لگا ہوا ہے، اور ابواب کے نمبر بھی مسلسل ہیں، ہم نے ان کو باقی رکھا ہے، مگر حقیقت میں کتاب الاذان یہاں پوری ہوگئی ہے، اس لئے ابواب کے نئے نمبر لگنے چاہئیں تھے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ صَلاَةِ الْجَمَاعَةِ وَالإِمَامَةِ

جماعت اور امامت کا بیان

بابُ وُجُوْبِ صَلاَةِ الْجَمَاعَةِ

جماعت سے نماز پڑھنے کا وجوب

امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک جماعت فرض عین ہے، مگر نماز کی صحت کے لئے جماعت شرط نہیں۔ اگر تنہا نماز پڑھے تو بھی نماز صحیح ہے، اور داؤد ظاہری کے نزدیک جماعت فرض عین بھی ہے اور صحت صلوٰۃ کے لئے شرط بھی ہے اگر تنہا نماز پڑھے گا تو نماز نہیں ہوگی، غیر مقلدین بھی اسی کے قائل ہیں، چنانچہ یورپ وامریکہ میں دو بھی ہونگے تو جماعت کریں گے، جماعت ثانیہ کی کراہیت کا مسئلہ ان کے یہاں نہیں ہے، ہندوستان میں تو غیر مقلدین کی چلتی نہیں اس لئے وہ مجبوراً جماعت ہوجانے کے بعد اکیلے نماز پڑھتے ہیں اگر جماعت ثانیہ کریں گے تو لوگ ان کے سر ہو جائیں گے، مگر یورپ وامریکہ میں کہیں کہیں ان کی چلتی ہے اس لئے وہ مسجد میں بار بار جماعتیں کرتے ہیں، لوگ ان کو سمجھاتے ہیں مگر وہ نہیں مانتے، کیونکہ ان کی مجبوری ہے ان کے نزدیک جماعت فرض عین ہے اور نماز کی صحت کے لئے شرط ہے۔

اور شوافع کے دو قول ہیں: ایک قول یہ ہے کہ جماعت فرض کفایہ ہے اور دوسرا قول سنت مؤکدہ کا ہے، مالکیہ کے یہاں بھی مختلف اقوال ہیں اور مختار قول سنت مؤکدہ کا ہے اور حنفیہ کے یہاں بھی مفتی بہ قول سنت مؤکدہ کا ہے اور احناف میں علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ کے نزدیک جماعت واجب ہے۔

جاننا چاہئے کہ واجب حنفیہ کی خاص اصطلاح ہے، جس کا درجہ فرض سے نیچے اور سنت سے اوپر ہے، دوسرے فقہاء کے یہاں علی وجہ البصیرت احکام کا یہ درجہ نہیں ہے، پس امام بخاریؒ نے ترجمہ میں جو لفظ وجوب رکھا ہے وہ فرض اور واجب دونوں کو شامل ہے۔

اور باب میں یہ حدیث ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے جماعت سے پیچھے رہنے والوں کو آگ میں جلانے کا ارادہ فرمایا تھا، پھر کسی مصلحت سے نہیں جلایا۔ اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ اس قدر سخت سزا فرائض کے تارک ہی کو دی

جاسکتی ہے، سنت ومستحب کے تارک کو نہیں دی جاسکتی، معلوم ہوا کہ جماعت سے نماز پڑھنا فرض یا واجب ہے[1] نیز جلانے کا ارادہ کرنے سے جماعت کا تاکد نکلا۔

اور جمہور کہتے ہیں: اس حدیث کا مفہوم جماعت کا فرض یا واجب ہونا نہیں ہے کیونکہ جماعت کھڑی ہونے کے بعد آپؐ لوگوں کو جلانے کے لئے جائیں گے پس آپؐ اور آپؐ کے خدام جماعت سے متخلف ہونگے اور یہ بات کہ نبی ﷺ اور آپؐ کے خدام دوسری جماعت کرلیں گے: متخلفین کے حق میں بھی متحقق ہے، وہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہم بھی دوسری جماعت کرلیں گے، غرض اس حدیث سے جماعت کی تاکید تو نکلتی ہے، مگر اس کا فرض یا واجب ہونا ثابت نہیں ہوتا۔

اور وہ سنن و مستحبات جو شعائر اسلام سے ہیں ان کے ترک پر سخت سزا دی جاسکتی ہے، پہلے یہ مسئلہ گذرا ہے کہ اگر کسی علاقہ کے لوگ اذان نہ دینے پر اتفاق کرلیں یا ختنہ نہ کرانے پر متفق ہوجائیں تو ان کے ساتھ قتال کیا جائے گا، حالانکہ احناف کے نزدیک اصح قول کے مطابق ختنہ کرانا سنت ہے[2] معلوم ہوا کہ جو شعائر ہیں خواہ وہ سنن و مستحبات ہوں ان کے تارک کو قتل کی سزا دی جاسکتی ہے۔

دوسری دلیل: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کسی شخص کو اس کی ماں بربنائے شفقت عشاء کی نماز کے لئے مسجد جانے سے روکے تو ماں کی اطاعت ضروری نہیں۔

جاننا چاہئے کہ شرارت پسند لوگ دن میں تخریب کاری نہیں کرسکتے، دیکھ لئے جانے کا ڈر ہوتا ہے، اور فجر میں سوئے پڑے رہتے ہیں، البتہ عشاء کی نماز میں شرکت کرتے ہیں، اس لئے ماں بیٹے سے کہتی ہے کہ عشاء پڑھنے کے لئے مسجد مت جا، گھر پر نماز پڑھ لے تو ماں کی یہ بات ماننی ضروری نہیں، والدین کی اطاعت بیشک ضروری ہے مگر جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا بھی ضروری ہے اور خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت جائز نہیں: لاطاعة لمخلوق فی معصية الخالق: لہٰذا ماں کی بات ماننی ضروری نہیں، پس ثابت ہوا کہ جماعت سے نماز پڑھنا فرض یا واجب ہے۔

جاننا چاہئے کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ تابعی ہیں اور تابعین کے اقوال مجتہدین پر حجت نہیں، اس لئے اُن کا جواب دینا ضروری نہیں۔ علاوہ ازیں حضرت حسنؒ کے قول سے جماعت کی تاکید نکلتی ہے وجوب یا فرضیت نہیں نکلتی۔

فائدہ: جو حضرات جماعت کو فرض یا واجب کہتے ہیں ان کی ایک دلیل حضرت ابن عباسؓ کی ایک حدیث اور ان کا فتوی بھی ہے، حدیث تو یہ ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے اذان سنی پھر بھی وہ نماز کے لئے مسجد میں نہیں گیا تو اس کی نماز

(۱) محدثین کے نزدیک اعلی درجہ کی خبر واحد سے فرضیت ثابت ہوسکتی ہے، اس لئے امام بخاریؒ اور امام احمدؒ نے جماعت کو فرض کہا ہے، اور احناف کے نزدیک خبر واحد سے فرضیت ثابت نہیں ہوسکتی، اس لئے ابن الہمامؒ نے واجب کی تعبیر اختیار کی ہے۔

(۱) والأصل: أنَّ الخِتَانَ سُنَّةٌ كما جاء في الخَبَر، وهو من شَعائرِ الإسلام وخَصَائِصه، فلو اجْتَمَعَ أهلُ بَلَدَةٍ على تَرْكِه حارَبَهُمُ الإمامُ، فلا يُترك إلا لِعُذْرٍ (درمختار۵: ۵۳۰)

نہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۰۷۷ باب الجماعۃ) اور فتوی یہ ہے کہ آپؓ سے ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو رات بھر نفلیں پڑھتا ہے اور ہمیشہ روزے رکھتا ہے مگر جمعہ اور جماعت میں شریک نہیں ہوتا، آپؓ نے فرمایا: ایسا شخص جہنم میں جائے گا (ترمذی کتاب الصلوٰۃ باب ۴۹)

اور جمہور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی مذکورہ حدیث کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ وعید کی حدیث ہے جس میں ناقص کو کالعدم فرض کر کے گفتگو کی جاتی ہے، یعنی بلا عذر تارک جماعت کی نماز ناقص ہے مگر اس کو تہدیداً کالعدم قرار دیا گیا۔ اور حضرت ابن عباسؓ کا فتوی اس شخص کے بارے میں ہے جو جمعہ اور جماعت کو بے حیثیت سمجھتا ہے، ان کی بے قدری کرتا ہے اور ان کو کچھ اہمیت نہیں دیتا، وہ استخفاف کی بناء پر کافر ہے نہ کہ ترک جماعت کی بناء پر۔ واللہ اعلم

[۲۹-] بابُ وُجُوْبِ صَلَاةِ الْجَمَاعَةِ

وَقَالَ الْحَسَنُ: إِنْ مَنَعَتْهُ أُمُّهُ عَنِ الْعِشَاءِ فِيْ الْجَمَاعَةِ شَفَقَةً لَمْ يُطِعْهَا.

[٦٤٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِحَطَبٍ لِيُحْطَبَ، ثُمَّ آمُرَ بِالصَّلَاةِ فَيُؤَذَّنَ لَهَا، ثُمَّ آمُرَ رَجُلًا فَيَؤُمَّ النَّاسَ، ثُمَّ أُخَالِفَ إِلٰى رِجَالٍ، فَأُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ بُيُوْتَهُمْ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْ يَعْلَمُ أَحَدُهُمْ أَنَّهُ يَجِدُ عَرْقًا سَمِيْنًا أَوْ مِرْمَاتَيْنِ حَسَنَتَيْنِ لَشَهِدَ الْعِشَاءَ" [انظر: ٦٥٧، ٢٤٢٠، ٧٢٢٤]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں نے بالیقین ارادہ کیا تھا کہ میں سوختہ کے بارے میں حکم دوں کہ وہ جمع کیا جائے، پھر نماز کا حکم دوں، پس اس کے لئے اذان کہی جائے، پھر میں ایک شخص کو حکم دوں جو لوگوں کو نماز پڑھائے پھر میں ایسے لوگوں کی طرف جاؤں (جو جماعت میں حاضر نہیں ہوئے) پس میں ان پر ان کے گھروں کو جلادوں۔ اور اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر ان میں سے ایک جان لے کہ وہ گوشت سے بھری ہوئی ایک ہڈی یا دو اچھے کھر پائے گا تو وہ ضرور عشاء کی نماز میں آئے۔

تشریح:

۱- آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت سے پیچھے رہنے والوں کو ان کے گھروں سمیت جلانے کا ارادہ فرمایا تھا، پھر آپؐ کو عورتوں اور بچوں کا خیال آیا، جب گھروں میں بند کر کے متخلفین کو جلائیں گے تو عورتیں اور بچے بھی جل جائیں گے جبکہ ان کا کوئی قصور نہیں، اس لئے آپؐ نے ارادہ ملتوی کردیا، مسند احمد میں اس کی صراحت ہے (عمدۃ) اور اگر عورتوں اور بچوں کو گھر سے نکلنے کا موقع دیا جائے گا تو متخلفین بھی نکل جائیں گے، بیوی کا برقع پہن کر نکل جائیں گے —— اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورتوں پر جماعت میں آنا نہ فرض ہے نہ واجب اور نہ سنت، ورنہ عورتیں بھی اس سزا کی مستحق ہوتیں۔

۲- جماعت کا خاص طور پر عشاء کی جماعت کا بہت بڑا ثواب ہے، پہلے حدیث گذری ہے کہ اگر عشاء کی جماعت کا ثواب لوگوں کو معلوم ہو جائے تو وہ ضرور عشاء میں آئیں، اگرچہ سرین کے بل گھسٹ کر آئیں، مگر چونکہ وہ ثواب آخرت میں ملے گا اس لئے اس کی قدر معلوم نہیں، لیکن اگر اعلان کر دیا جائے کہ جو بھی عشاء کی نماز میں آئے گا اس کو گوشت سے بھری ہوئی ایک ہڈی یا بکری کے دو کارآمد کھر ملیں گے تو ہر شخص عشاء میں شریک ہو، جبکہ یہ دنیا کا حقیر فائدہ ہے، مگر انسان کا حال یہ ہے کہ وہ نقد فائدے کو ادھار فائدے پر ترجیح دیتا ہے، گوشت کی ایک ہڈی اور بکری کے دو کھر کے لئے تو آئے گا مگر اللہ نے جو ثواب کا وعدہ فرمایا ہے اس پر جیسا یقین چاہئے نہیں ہے، اس لئے جماعت سے نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں نہیں آتا۔

بابُ فَضْلِ صَلاَۃِ الْجَمَاعَۃِ

جماعت کی نماز کی اہمیت

یہ جماعت کی اہمیت کا باب ہے، جب جماعت کے وجوب کا باب آ گیا تو اس کے بعد جماعت کی اہمیت کا باب آنا ہی چاہئے، جماعت اگرچہ نماز کی صحت کے لئے شرط نہیں مگر اس کی بڑی اہمیت ہے، حدیثوں میں تنہا نماز اور با جماعت نماز کا موازنہ کیا گیا ہے، تنہا نماز کا ایک ثواب ہے اور با جماعت نماز کا پچیس گنا یا ستائیس گنا ثواب ہے، اس حدیث میں اشارہ ہے کہ تنہا نماز بھی صحیح ہے، اگر نماز کی صحت کے لئے جماعت شرط ہوتی جیسا کہ داؤد ظاہری اور غیر مقلدین کہتے ہیں تو تنہا نماز کا کوئی ثواب نہ ہوتا۔ معلوم ہوا کہ جماعت شرط صحت صلوٰۃ نہیں، اور جماعت کا پچیس گنا یا ستائیس گنا ثواب جماعت کی فضیلت ہے۔

[۳۰-] بابُ فَضْلِ صَلاَۃِ الْجَمَاعَۃِ

[۱-] وَكَانَ الْأَسْوَدُ إِذَا فَاتَتْهُ الْجَمَاعَةُ ذَهَبَ إِلٰى مَسْجِدٍ آخَرَ.

[۲-] وَجَاءَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ إِلٰى مَسْجِدٍ قَدْ صُلِّيَ فِيْهِ، فَأَذَّنَ وَأَقَامَ، وَصَلّٰى جَمَاعَةً.

[۶۴۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " صَلاَةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلاَةَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً"[انظر: ۶۴۹]

[۶۴۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنِى اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِى يَزِيْدُ بْنُ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: " صَلاَةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلاَةَ الْفَذِّ بِخَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً"

[۶۴۷-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ

أَبَاصَالِحٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" صَلَاةُ الرَّجُلِ فِيْ الْجَمَاعَةِ تُضَعَّفُ عَلٰى صَلَا تِهِ فِيْ بَيْتِهِ وَفِيْ سُوْقِهِ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ ضِعْفًا، وَذٰلِكَ: أَنَّهُ إِذَا تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ، لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا الصَّلَاةُ، لَمْ يَخْطُ خُطْوَةً إِلَّا رُفِعَتْ لَهُ بِهَا دَرَجَةٌ، وَحُطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةٌ، فَإِذَا صَلّٰى لَمْ تَزَلِ الْمَلَائِكَةُ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ مَا دَامَ فِيْ مُصَلَّاهُ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ! اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ! وَلَا يَزَالُ أَحَدُكُمْ فِيْ صَلَاةٍ مَا انْتَظَرَ الصَّلَاةَ "[راجع: ۱۷۶]

۱- اسود بن یزید رحمہ اللہ جو حضرت ابن مسعود اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کے خاص شاگرد ہیں ان کا معمول تھا کہ اگر ان کی جماعت نکل جاتی تو وہ دوسری مسجد میں جماعت سے نماز پڑھنے کے لئے جاتے تھے، اس سے جماعت کی اہمیت نکلی، مگر وجوب ثابت نہیں ہوتا۔

۲- حضرت انس رضی اللہ عنہ اپنے تلامذہ کے ساتھ کہیں جا رہے تھے، راستہ میں مسجد آئی، آپؓ نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں گئے، معلوم ہوا کہ جماعت ہو چکی ہے تو آپؓ نے اذان و اقامت کے ساتھ جماعت سے نماز پڑھی، اس سے بھی جماعت کی اہمیت نکلی، مگر وجوب ثابت نہیں ہوتا۔

فائدہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے اس عمل سے جماعتِ ثانیہ کے جواز پر استدلال کرنا صحیح نہیں، اس لئے کہ آپؓ نے جس مسجد میں جماعت سے نماز پڑھی تھی وہ مسجد طریق تھی، اور مسجدِ طریق میں جماعت ثانیہ کر سکتے ہیں، جس مسجد کے نمازی متعین ہوں، امام مقرر ہو اور وہاں پنج وقتہ جماعت ہوتی ہو وہ محلّہ کی مسجد ہے اور جس مسجد کے امام اور نمازی متعین نہ ہوں راہ گذر اور مسافر وہاں نماز پڑھتے ہوں وہ مسجدِ طریق ہے، مسجدِ طریق میں جماعت ثانیہ کے جواز میں کوئی اختلاف نہیں، اور مسجدِ محلّہ میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک مسجد محلّہ میں بھی بار بار جماعت کرنا بلا کراہت جائز ہے اور غیر مقلدین بھی اسی کے قائل ہیں۔ اور جمہور کے نزدیک مسجد محلّہ میں جماعت ثانیہ مکروہ ہے، اس لئے کہ جماعت ثانیہ سے جماعتِ اولیٰ کی شان گھٹتی ہے، ہر شخص اپنی فرصت سے مسجد میں آئے گا اور جماعت کرے گا، اس لئے جماعت ثانیہ مکروہ ہے۔ آنحضور ﷺ کی دس سالہ مدنی زندگی میں ایک واقعہ بھی مسجدِ نبوی میں جماعت ثانیہ کا نہیں ملتا، جبکہ اس طویل عرصہ میں کوئی جماعت سے پیچھے نہ رہا ہو یہ بات عقلاً محال ہے، صرف ایک واقعہ ملتا ہے مگر وہ مسئلہ سے متعلق نہیں۔ ایک مرتبہ مسجدِ نبوی میں آنحضور ﷺ کی مجلس ہو رہی تھی اور نماز ہو چکی تھی، ایک صحابی آئے اور انھوں نے تنہا نماز پڑھنے کا ارادہ کیا، نبی ﷺ نے حاضرین سے فرمایا: تم میں سے کون ان کے ساتھ بزنس کرے گا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور دونوں نے جماعت سے نماز پڑھی۔ صدیق اکبرؓ افضل تھے مگر وہ امام نہیں بنے، اس لئے کہ آپؓ متنفل تھے اور متنفل کے پیچھے مفترض کی نماز نہیں ہوتی۔

یہ حدیث ترمذی میں ہے اور یہ حقیقت میں جماعت ثانیہ نہیں، اس لئے کہ جماعت ثانیہ میں امام اور مقتدی سب فرض

پڑھنے والے ہوتے ہیں جبکہ حضرت ابوبکرؓ فرض پڑھ چکے تھے، وہ متنفل تھے، پس یہ جماعت ثانیہ نہیں، اوراس کے علاوہ کوئی دوسرا واقعہ نہیں، جبکہ دس سال میں کوئی جماعت سے پیچھے نہ رہا ہو یہ بات ممکن نہیں۔ عام طور پر دو چار آدمی پیچھے رہ جاتے ہیں پھر بھی مسجدِ نبوی میں جماعت ثانیہ کا نہ ہونا دلیل ہے کہ جماعتِ ثانیہ جائز نہیں۔ اور عقل کا فیصلہ بھی یہی ہے کہ جماعت ثانیہ جائز نہ ہو، کیونکہ اس سے جماعت اولیٰ کی شان گھٹتی ہے، اور حضرت انسؓ کے واقعہ سے استدلال درست نہیں، اس لئے کہ انھوں نے مسجدِ طریق میں جماعت سے نماز پڑھی تھی، اوراس کی دلیل یہ ہے کہ آپؓ نے اذان دلوائی تھی جب کہ امام احمد رحمہ اللہ بھی اور غیر مقلدین بھی جماعت ثانیہ کے لئے دوبارہ اذان کے قائل نہیں، لہٰذا اس حدیث سے جماعت ثانیہ کے جواز پر استدلال کرنا صحیح نہیں۔

حدیثیں: اس باب میں تین حدیثیں ہیں اور تینوں گذر چکی ہیں، پہلی حدیث حضرت ابن عمرؓ کی ہے اس میں ستائیس گنا ثواب کا ذکر ہے اور حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیثوں میں پچیس گنا ثواب کا ذکر ہے، اور اس تعارض کے علماء نے متعدد حل پیش کئے ہیں، مثلاً:

(۱) بڑا عدد چھوٹے عدد کو شامل ہوتا ہے، پس بڑا عدد لیں گے، چھوٹا عدد خود بخود اس کے ضمن میں آجائے گا۔

(۲) شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمایا ہے کہ جماعت کے ایک اعتبار سے پچیس فائدے ہیں اور ایک اعتبار سے ستائیس، اس لئے کبھی آپؐ کے پیش نظر پچیس فائدے رہے، پس آپؐ نے پچیس گنا ثواب بیان کیا اور کبھی ستائیس فائدے پیش نظر رہے تو آپؐ نے ستائیس گنا ثواب بیان کیا (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ میں ہے)

(۳) جماعت کا اصل ثواب پچیس گنا ہے مگر کبھی عوارض کی وجہ سے ستائیس گنا ہوجاتا ہے مثلاً امام نیک آدمی ہے یا جماعت میں نیک لوگ شامل ہیں یا جماعت بڑی ہے اس قسم کے عوارض سے ثواب پچیس گنا سے بڑھ کر ستائیس گنا ہوجاتا ہے۔

قوله: وذلك أنَّهُ: یہ ایک حدیثی تعبیر ہے، شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ بھی یہ تعبیر استعمال کرتے ہیں، میں نے رحمۃ اللہ الواسعہ میں سب جگہ اس کا ترجمہ کیا ہے: اوراس کی تفصیل یہ ہے یعنی جماعت کا ثواب پچیس گنا کیوں ہے؟ اس کی تفصیل یہ ہے کہ جس کو جماعت سے نماز پڑھنی ہے وہ بہترین وضو کرتا ہے اور جس کو تنہا نماز پڑھنی ہے وہ جلدی جلدی وضو کرتا ہے اور چھوٹی چھوٹی سورتیں پڑھ کر فارغ ہوجاتا ہے، اسی طرح جماعت سے نماز پڑھنے کے لئے جانے والے کو قدم قدم پر نیکیاں ملتی ہیں اور گناہ معاف ہوتے ہیں وقس علی ہذا۔ یہ فروق ہیں جن کی وجہ سے جماعت کا ثواب بڑھ جاتا ہے۔

بابُ فَضْلِ صَلَاةِ الْفَجْرِ فِيْ جَمَاعَةٍ

فجر کی نماز باجماعت پڑھنے کی اہمیت

اوپر جنرل باب تھا، اب تفصیلی ابواب شروع ہورہے ہیں، باب کی پہلی روایت یہ ہے کہ فجر کی نماز میں رات اور دن کے

فرشتے جمع ہوتے ہیں اور نمازِ فجر میں شریک ہوتے ہیں، اس سے نمازِ فجر کی اہمیت نکلی، اور دوسری حدیث سے اس طرح استدلال ہے کہ جماعت عہد پیغمبری کی یادگار ہے، اس لئے جماعت کا اہتمام کرنا چاہئے اور اوقاتِ ضیاع میں خصوصی اہتمام ہونا چاہئے، اور فجر کا وقت اوقات ضیاع میں سے ہے، پس نماز فجر با جماعت پڑھنے کا خاص طور پر اہتمام ہونا چاہئے کیونکہ یہ عہد پیغمبری کی یادگار ہے اور تیسری حدیث سے اس طرح استدلال ہے کہ اصول ہے: زیادتِ اجر کا مدار زیادتِ مشقت پر ہے، جس کام میں مشقت زیادہ ہوگی اس کا اجر بھی زیادہ ہوگا، اور فجر کی نماز جماعت سے پڑھنے میں مشقت زیادہ ہے، پس فجر کی جماعت کا ثواب بھی زیادہ ہے، یہی فجر کی جماعت کی اہمیت ہے۔

[۳۱-] بابُ فَضْلِ صَلاَةِ الْفَجْرِ فِيْ جَمَاعَةٍ

[٦٤٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: تَفْضُلُ صَلاَةُ الْجَمِيْعِ صَلاَةَ أَحَدِكُمْ وَحْدَهُ بِخَمْسَةٍ وَعِشْرِيْنَ جُزْءًا، وَتَجْتَمِعُ مَلاَئِكَةُ اللَّيْلِ وَمَلاَئِكَةُ النَّهَارِ فِيْ صَلاَةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَاقْرَؤُا إِنْ شِئْتُمْ ﴿إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا﴾ [الإسراء: ٧٨] [راجع: ١٧٦]

[٦٤٩-] قَالَ شُعَيْبٌ: وَحَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: تَفْضُلُهَا بِسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً. [راجع: ٦٤٥]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: بڑھتی ہے جماعت کی نماز تم میں سے ایک کی تنہا نماز پر پچیس گنا، اور فجر کی نماز میں رات اور دن کے فرشتے اکٹھا ہوتے ہیں، پھر ابو ہریرہؓ نے کہا: اور اگر تمہارا جی چاہے تو یہ آیت پڑھو: ''بیشک فجر میں قرآن پڑھنا (ملائکہ کی) حاضری کا وقت ہے'' معلوم ہوا کہ فجر کی نماز میں رات اور دن کے فرشتے حاضر ہوتے ہیں، اور وہ جماعت میں شریک ہوتے ہیں، اس سے فجر کی جماعت کی اہمیت نکلی۔

مذکورہ حدیث شعیب بواسطہ نافع، ابن عمرؓ سے بھی روایت کرتے ہیں ان کی روایت میں ستائیس گنا ثواب کا ذکر ہے، اور دونوں روایتوں میں جو تعارض ہے اس کا حل گذر چکا —— اور یہ دوسری حدیث تعلیق بھی ہوسکتی ہے، موصول ہونے کی صورت میں سند سابق سے مروی ہوگی یعنی امام بخاریؒ ابوالیمان سے، وہ شعیب سے، وہ نافع سے اور وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔

[٦٥٠-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا، قَالَ: سَمِعْتُ أُمَّ الدَّرْدَاءِ، تَقُوْلُ: دَخَلَ عَلَيَّ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ وَهُوَ مُغْضَبٌ، فَقُلْتُ: مَا أَغْضَبَكَ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَعْرِفُ مِنْ أَمْرِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا، إِلاَّ أَنَّهُمْ يُصَلُّوْنَ جَمِيْعًا.

حدیث (۲): ام الدرداءؓ کہتی ہیں: میرے پاس حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ آئے درانحالیکہ وہ غصہ میں تھے، میں نے پوچھا: کس بات نے آپ کو غصہ دلایا؟ انھوں نے کہا: بخدا! نہیں دیکھتا میں نبی ﷺ کے امر میں سے کوئی چیز مگر یہ کہ لوگ جماعت کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔

تشریح: ام الدرداء دو ہیں: صغری اور کبری، دونوں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی زوجہ ہیں، اور ام الدرداء صغری بڑی فقیہہ تھیں، انھوں نے حضرت ابوالدرداءؓ سے بہت سی حدیثیں محفوظ کی ہیں، وہ فرماتی ہیں: حضرت ابوالدرداءؓ ان کے پاس غصہ میں بھرے ہوئے آئے، ام الدرداءؓ نے پوچھا: آپؓ کو غصہ کس بات پر آرہا ہے؟ حضرت ابوالدرداءؓ نے فرمایا: خدا کی قسم! آنحضور ﷺ کے زمانہ کی صورت حال بالکل بدل گئی ہے، آپؐ کے زمانہ کی کوئی چیز باقی نہیں رہی، بس ایک چیز باقی رہ گئی ہے کہ لوگ جماعت سے نماز پڑھتے ہیں باقی سب چیزیں بدل گئیں!

ابھی بتایا تھا کہ اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ جماعت عہدِ پیغمبری کی یادگار ہے، پس جماعت کا خاص اہتمام ہونا چاہئے، جیسے چھبیس جنوری آزادی کی یادگار ہے اسی طرح جماعت عہدِ پیغمبری کی یادگار ہے، اور اس کو لوگ ضائع کرتے ہیں، اس لئے اس کا خاص اہتمام ہونا چاہئے یہی اس نماز کی فضیلت ہے۔

[۶۵۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَعْظَمُ النَّاسِ أَجْرًا فِيْ الصَّلاَةِ أَبْعَدُهُمْ فَأَبْعَدُهُمْ مَمْشًى، وَالَّذِيْ يَنْتَظِرُ الصَّلاَةَ حَتّٰى يُصَلِّيَهَا مَعَ الإِمَامِ أَعْظَمُ أَجْرًا مِنَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ ثُمَّ يَنَامُ.

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: سب سے زیادہ نماز کا ثواب اس کو ملتا ہے جو سب سے زیادہ دور سے چل کر (مسجد میں) آتا ہے پھر جو اس سے کم دور سے آتا ہے، اور جو شخص نماز کا انتظار کرتا ہے یہاں تک کہ امام کے ساتھ نماز پڑھتا ہے اس کو اس سے زیادہ ثواب ملتا ہے جو تنہا نماز پڑھ کر سو جاتا ہے۔

تشریح:

۱- اس حدیث سے یہ ضابطہ اخذ کیا گیا ہے کہ ثواب بقدر مشقت ہوتا ہے (اور یہ قاعدہ آگے حدیث میں صراحۃً آرہا ہے، عمرہ باب ۸، حدیث ۱۷۸۷) فجر کی نماز جماعت سے پڑھنے میں مشقت زیادہ ہے پس اس کا ثواب بھی زیادہ ہے، یہی جماعتِ فجر کی فضیلت ہے اور یہ ایک عام قاعدہ ہے اور باب خاص ہے فجر کی جماعت کے ساتھ، اور عام دلیل خاص دعوی کے لئے کافی ہوجاتی ہے کیونکہ خاص عام کا جزء ہوتا ہے۔

۲- تبلیغی احباب کہتے ہیں: جہاد حسن لغیرہ ہے، اور دعوت کا کام حسن لذاتہ ہے، پس جو ثواب حسن لغیرہ کے لئے ہے وہ ثواب ہمارے کام کے لئے بھی بدرجۂ اولیٰ ہوگا، ان کی یہ بات صحیح نہیں، ثواب کا مدار حُسن پر نہیں ہے، نماز بھی حسن لذاتہ ہے

مگراس کے لئے جہاد کا ثواب کوئی ثابت نہیں کرتا، بلکہ اجر کا مدار مشقت پر ہے اور جہاد کی مشقت میں اور دعوت کی مشقت میں آسمان وزمین کا فرق ہے، پس دونوں کا ثواب ایک نہیں ہوسکتا، اور آیات واحادیث جہاد کا تبلیغ کے کام کے لئے پڑھنا درست نہیں۔

۳- حدیث میں مَمْشًی (چلنے کے اعتبار سے) کی قید اتفاقی ہے احترازی نہیں، پس جو سائیکل پر یا کار میں مسجد آتا ہے اس کو بھی قرب وبعد کے اعتبار سے کم وبیش ثواب ملے گا، اور مَمْشًی کی قید اس لئے ہے کہ دورِ اول میں سب پیدل مسجد میں آتے تھے، جیسے حدیث میں ہے کہ جو اچھی طرح وضو کر کے گھر سے نکلے اور مسجد جانے ہی کے لئے نکلے تو ہر قدم پر ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور ایک گناہ معاف ہوتا ہے اس حدیث میں بھی وضو کی قید اتفاقی ہے، وضو کئے بغیر مسجد میں جائے تو بھی ثواب ملے گا اور وضو کی قید عربوں کے عرف کے اعتبار سے ہے، عربوں کی مسجدوں میں وضو کا انتظام نہیں ہوتا، لوگ گھروں میں وضو کر کے آتے ہیں، اس لئے حدیث میں وضو کی قید ہے، اسی طرح دورِ اول میں لوگ پیدل مسجد آتے تھے، اس لئے ممشًی کی قید ہے۔

۴- اس حدیث میں دوسرا مضمون یہ ہے کہ جو شخص نماز پڑھنے کے لئے مسجد جائے اور نماز کا انتظار کرے پھر امام کے ساتھ باجماعت نماز پڑھے اس کا ثواب یقیناً اس سے زیادہ ہے جس نے نہ نماز کا انتظار کیا اور نہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھی، بلکہ تنہا نماز پڑھ کر سو گیا، یہ بھی اسی ضابطہ سے ہے کہ اجر بقدر مشقت ہے۔

بابُ فَضْلِ التَّهْجِيْرِ إِلَى الظُّهْرِ

ظہر کی نماز کے لئے جلدی جانے کی اہمیت

گرم ممالک میں ظہر کی نماز کے لئے مسجد جانا مشقت بھرا کام ہے، اس لئے اس کا ثواب بھی زیادہ ہے، باب کی حدیث تین حدیثوں پر مشتمل ہے، مصری نسخہ میں ان پر الگ الگ نمبر ڈالے گئے ہیں، ان میں سے تیسری حدیث باب سے متعلق ہے، پہلی دو حدیثوں کا باب سے کچھ تعلق نہیں۔

[۳۲-] بابُ فَضْلِ التَّهْجِيْرِ إِلَى الظُّهْرِ

[۶۵۲-] حَدَّثَنِيْ قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحِ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِيْ بِطَرِيْقٍ، وَجَدَ غُصْنَ شَوْكٍ عَلَى الطَّرِيْقِ، فَأَخَّرَهُ، فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ، فَغَفَرَ لَهُ.[انظر: ۲۴۷۲]

[۶۵۳-] ثُمَّ قَالَ:" الشُّهَدَاءُ خَمْسَةٌ: المَطْعُوْنُ، وَالْمَبْطُوْنُ، وَالْغَرِيْقُ، وَصَاحِبُ الْهَدْمِ، وَالشَّهِيْدُ فِيْ

سَبِيْلِ اللّٰهِ" وَقَالَ:" لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي النِّدَاءِ وَالصَّفِّ الْأَوَّلِ، ثُمَّ لَمْ يَجِدُوْا إِلَّا أَنْ يَسْتَهِمُوْا عَلَيْهِ: لَاسْتَهَمُوْا عَلَيْهِ" [انظر: ۷۲۰، ۲۸۲۹، ۵۷۳۳]

[٦٥٤-] "وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي التَّهْجِيْرِ: لَاسْتَبَقُوْا إِلَيْهِ، وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَأَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا" [راجع: ٦١٥]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: دریں اثناء کہ ایک شخص راستہ میں چل رہا تھا اس نے ایک کانٹے دار ٹہنی پائی، پس اس کو راستہ سے ہٹا دیا، پس اللہ نے اس کا شکریہ ادا کیا اور اس کی مغفرت کر دی۔

(۲) پھر فرمایا: ''شہداء پانچ ہیں: طاعون میں مرنے والا، پیٹ کی بیماری میں مرنے والا، ڈوب کر مرنے والا، دب کر مرنے والا، اور راہِ خدا میں شہید ہونے والا'' اور فرمایا: ''اگر لوگ جان لیں وہ ثواب جو اذان دینے میں ہے اور پہلی صف میں نماز پڑھنے میں ہے، پس کوئی راہ نہ پائیں مگر یہ کہ قرعہ اندازی کریں تو وہ قرعہ اندازی کریں (حدیث کا یہ ٹکڑا کتاب الاذان میں گذرا ہے)

(۳) اور اگر لوگ دوپہر میں مسجد جانے کا ثواب جان لیں تو وہ مسجد کی طرف دوڑیں اور اگر عشاء اور صبح کی نماز کا ثواب جان لیں تو ضرور ان دونوں نمازوں میں آئیں اگرچہ گھسٹ کر آئیں (یہ حدیث بھی گذر چکی ہے)

قولہ: وَجَدَ غُصن شوك علی الطریق: کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: **ایک**: راستہ میں کوئی کانٹے دار ٹہنی پڑی تھی اس کو ایک طرف کر دیا۔ **دوم**: راستہ کے قریب کوئی کانٹے دار درخت تھا اس کی ٹہنی راستے میں جھک آئی تھی اس کو کاٹ دیا، اس کی جزاء میں اللہ نے اس کو بخش دیا۔

قولہ: الشهداء خمسة: جو شخص اللہ کے راستہ میں شہید ہوتا ہے وہ تو حقیقی شہید ہے، باقی چار حکماً شہید ہیں، وہ حقیقی شہید کے ساتھ ملحق ہیں، اور یہ الحاق ہی ان کی فضیلت ہے، جیسے طالب علموں کو مجاہد فی سبیل اللہ کے ساتھ لاحق کیا گیا ہے **مَن خَرَجَ یطلُب العلمَ فهو فی سبیل الله حتی یَرْجِعَ**: اور یہ الحاق ہی طالب علموں کی فضیلت ہے، غازی فی سبیل اللہ کے سب فضائل طالب علموں کے لئے ثابت نہیں کریں گے یا جیسے ایک موقع پر آنحضور ﷺ نے فرمایا: **سلمانُ مِنّا أهلَ البیت**: آپؐ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو اپنے خاندان کے ساتھ لاحق کیا، یہ الحاق ہی ان کی فضیلت ہے، خاندانِ نبوت کے سارے فضائل حضرت سلمان فارسیؓ کے لئے ثابت نہیں کریں گے، صرف تبلیغ والے جہاد کے تمام فضائل اپنے کام کے لئے ثابت کرتے ہیں جو صحیح نہیں۔ دعوت و تبلیغ کا کام بے شک راہِ خدا کا کام ہے، مگر یہ الحاق ہی ان کے لئے فضیلت ہے، طالب علموں کے لئے مجاہدین کے سب فضائل کوئی ثابت نہیں کرتا، اسی طرح نبی ﷺ نے چار شخصوں کو شہید حقیقی کے ساتھ لاحق کیا ہے، یہ الحاق ہی ان کی فضیلت ہے، شہید فی سبیل اللہ کے جملہ فضائل جو قرآن وحدیث میں آئے ہیں وہ شہداء حکمی کے لئے ثابت نہیں کئے جائیں گے۔

جاننا چاہئے کہ یہ چار جو شہداء حکمی ہیں: بطور مثال ہیں، او جز المسالک شرح موطا مالک میں حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا

صاحب قدس سرہ نے تمام روایتیں اکٹھا کی ہیں اور ساٹھ سے زیادہ شہداء حکمی جمع کئے ہیں، معلوم ہوا کہ یہ چار بطور مثال ہیں۔

بابُ احْتِسَابِ الآثَارِ

نشاناتِ قدم پر ثواب کی امید رکھنا

مسجد آنے جانے میں جو قدم اٹھتے ہیں، ان پر بھی ثواب ملتا ہے اس لئے ان پر ثواب کی امید رکھنی چاہئے۔ احتساب کے معنی ہیں: ثواب کی امید رکھنا، اور الآثار کے معنی ہیں: نشانات قدم یعنی مسجد آنے جانے میں جو قدم اٹھتے ہیں ان کے نشانات۔ اور اس سے بھی جماعت کی فضیلت نکلتی ہے۔

حدیث: انصار کا ایک قبیلہ بنوسلمہ تھا، وہ مسجدِ نبوی سے فاصلہ پر مدینہ منورہ کے آخری کنارے میں رہتا تھا، مسجدِ نبوی کے قریب ایک زمین فروخت ہو رہی تھی، اس قبیلہ نے چاہا کہ وہ زمین خرید لیں اور وہاں بس جائیں، تاکہ مسجد آنے جانے میں سہولت ہو، جب نبی ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو آپؐ نے ان سے فرمایا: کیا تم اپنے نشاناتِ قدم پر ثواب کی امید نہیں رکھتے؟ یعنی تمہارا دور سے مسجدِ نبوی میں آنا جانا ثواب سے خالی نہیں، پھر تم قریب آکر اپنا ثواب کیوں کھوتے ہو؟

اور حقیقی وجہ یہ تھی کہ بنوسلمہ جہاں آباد تھے وہ خطرہ کی جگہ تھی، اس طرف سے دشمن شہر پر حملہ کرسکتا تھا اور بنوسلمہ مضبوط اور جنگو قبیلہ تھا، دشمن کا مقابلہ کرسکتا تھا اس لئے نبی پاک ﷺ نہیں چاہتے تھے کہ وہ قبیلہ وہاں سے ہٹ جائے۔

اس حدیث سے یہ سبق حاصل ہوتا ہے کہ بستی میں داخل ہونے کے جو راستے ہیں ان کی حفاظت ضروری ہے، وہاں بہادر خاندان بسانے چاہئیں تاکہ اطراف شہر محفوظ ہو جائیں۔

ملحوظہ: ہندوستانی نسخہ میں عبارت میں سقطہ ہے، مصری نسخہ سے تصحیح کی ہے۔

[۳۳-] بابُ احْتِسَابِ الآثَارِ

[٦٥٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا بَنِيْ سَلَمَةَ! أَلَا تَحْتَسِبُوْنَ آثَارَكُمْ؟" وَقَالَ مُجَاهِدٌ فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَآثَارَهُمْ﴾ [يس: ١٢] قَالَ: خُطَاهُمْ. [انظر: ٦٥٦، ٧١٨٧]

[٦٥٦-] وَزَادَ ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، أَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ، قَالَ حَدَّثَنِيْ أَنَسٌ، أَنَّ بَنِيْ سَلَمَةَ أَرَادُوْا أَنْ يَتَحَوَّلُوْا عَنْ مَنَازِلِهِمْ، فَيَنْزِلُوْا قَرِيْبًا مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَكَرِهَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُعْرُوْا الْمَدِيْنَةَ، فَقَالَ: "أَلَا تَحْتَسِبُوْنَ آثَارَكُمْ؟" قَالَ مُجَاهِدٌ: خُطَاهُمْ: آثَارُ الْمَشْيِ فِيْ الْأَرْضِ بِأَرْجُلِهِمْ. [راجع: ٦٥٥]

(پہلی حدیث) ارشاد فرمایا: ''اے بنوسلمہ! کیا تم اپنے قدموں پر ثواب کی امید نہیں رکھتے؟ —— اس حدیث میں اور یٰسٓ کی آیت ۱۲ میں لفظ آثار آیا ہے، مجاہدؒ نے اس کا ترجمہ خُطَاھُمْ کیا ہے (یہ تفسیر حدیث دوم کے بعد بھی آرہی ہے)

(دوسری حدیث) حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بنوسلمہ نے اپنی جگہ سے منتقل ہونے کا ارادہ کیا، تاکہ وہ نبی ﷺ کے قریب آبسیں، نبی ﷺ نے اس بات کو ناپسند کیا کہ مدینہ (کی جوانب) کو ننگا کردیں یعنی بنوسلمہ کے مسجد کے قریب آجانے سے شہر کی وہ جانب غیر محفوظ ہوجائے گی، چنانچہ آپؐ نے ان سے فرمایا: ''کیا تم اپنے قدموں کے ثواب کی امید نہیں رکھتے؟'' —— اس حدیث میں بھی لفظ آثار آیا ہے، مجاہدؒ نے اس کی تفسیر خُطاھم سے کی ہے، یعنی زمین پر چلنے کے نشانات، یہاں ہمارے نسخوں میں دوبارہ مجاہدؒ کی تفسیر نہیں ہے، مصری نسخہ میں اور فتح وعمدہ کے نسخوں میں ہے۔ اور آثار المشی إلخ: امام بخاری یا کسی اور کی تفسیر ہے، مجاہدؒ کا قول صرف خُطاھم ہے۔

لغت: أَعْرىٰ فلاناً ثوبه و من ثوبه: برہنہ کرنا، کپڑے اتروانا۔ **قوله: فَكَرِهَ**: نبی ﷺ کو یہ برا معلوم ہوا کہ مدینہ کو ننگا کریں۔

فائدہ: مجاہد رحمہ اللہ نے صرف ایک لفظ بولا ہے، بڑے لوگ مختصر بولتے ہیں، حضرت لوط علیہ السلام کے واقعہ میں ہے: ﴿هٰۤؤُلَآءِ بَنَاتِیْ﴾: یہ میری بیٹیاں ہیں، بناتی سے کون مراد ہے؟ اپنی صاحبزادیاں یا قوم کی بیٹیاں؟ لوط علیہ السلام کی دو صاحبزادیاں تھیں، اور نبی قوم کا روحانی باپ ہوتا ہے، پس قوم کی عورتیں بھی مراد لی جاسکتی ہیں۔ حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے تفسیر کی: و کانت له بنتان: لوط علیہ السلام کی دو بیٹیاں تھیں، پس وہ آیت کا مصداق کیسے ہوسکتی ہیں؟ بناتی جمع ہے، اور اقل جمع تین ہے، پس لامحالہ قوم کی عورتیں مراد ہیں، دیکھو! ایک جملہ میں سارا مسئلہ حل کردیا۔

بابُ فَضْلِ صَلاَةِ الْعِشَاءِ فِی الْجَمَاعَةِ

عشاء کی نماز باجماعت پڑھنے کی اہمیت

عہدِ نبوی میں مسجدِ نبوی میں چراغ نہیں جلتا تھا اس لئے منافقین عشاء اور فجر میں غیر حاضر رہتے تھے، اور کسی وجہ سے آنا پڑتا تو ہارے جی اور ناگواری کے ساتھ آتے تھے، پس یہ دو نمازیں منافقین اور مخلصین کے درمیان حد فاصل ہیں، اس سے زیادہ عشاء کی اہمیت کیا ہوسکتی ہے؟ نیز جو شخص عشاء کی نماز باجماعت پڑھتا ہے اس کو نبی ﷺ نے نفاق سے بری قرار دیا ہے، یہ عشاء کی دوسری فضیلت ہے۔

[۳۴-] بابُ فَضْلِ صَلاَةِ الْعِشَاءِ فِی الْجَمَاعَةِ

[۶۵۷-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ

أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: " لَیْسَ صَلاَةٌ أَثْقَلَ عَلٰی الْمُنَافِقِیْنَ مِنَ الْفَجْرِ وَالْعِشَاءِ، وَلَوْ یَعْلَمُوْنَ مَا فِیْهِمَا لَأَتَوْهُمَا وَلَوْحَبْوًا، وَلَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ الْمُؤَذِّنَ فَیُقِیْمَ، ثُمَّ آمُرَ رَجُلاً یَؤُمُّ النَّاسَ، ثُمَّ آخُذَ شُعَلاً مِنْ نَارٍ، فَأُحَرِّقَ عَلٰی مَنْ لاَ یَخْرُجُ إِلَی الصَّلاَةِ بَعْدُ" [راجع: ٦٤٤]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: منافقین پر عشاء اور فجر سے زیادہ بھاری کوئی نماز نہیں، اور اگر جان لیں لوگ وہ ثواب جو عشاء اور فجر میں ہے تو ضرور دونوں میں آئیں، اگرچہ گھسٹتے ہوئے آئیں، اور بخدا! میں نے ارادہ کیا تھا کہ مؤذن کو حکم دوں، پس وہ اقامت کہے، پھر کسی کو حکم دوں جو امام بن کر لوگوں کو نماز پڑھائے، پھر میں آگ کا شعلہ لوں پس ان لوگوں کو جلا دوں جو اذان کے بعد نماز کے لئے نہیں نکلے۔

تشریح: آخُذ شُعَلاً: آج کل آگ جلانا آسان ہے، آنحضور ﷺ کے زمانہ میں آگ جلانا آسان نہیں تھا، چق ماق سے آگ جلاتے تھے، یہ دو خاص قسم کے پتھر تھے، ان کو آپس میں ٹکراتے تھے، ان سے شرارے نکلتے تھے، اور ان سے آگ جلتی تھی، پھر ایک سے دوسری اور تیسری آگ جلاتے تھے، گھروں میں آگ لگانی ہو تو چق ماق سے آگ کیسے جلائیں گے، اس لئے خدام آگ ساتھ لے کر جائیں گے اور مشعل جو آپ نے دیکھی ہے وہی شعلہ ہے .... بعدُ: مبنی برضمہ ہے، مضاف الیہ محذوف منوی ہے أی بعدَ الأذان، اس کے عموم میں عشاء کی نماز بھی آتی ہے۔

بابٌ: اثْنَانِ فَمَا فَوْقَهُمَا جَمَاعَةٌ

دو یا زیادہ آدمی جماعت ہیں

یہ ایک حدیث ہے اور متعدد صحابہ سے مروی ہے، مگر سب کی سندیں ضعیف ہیں (۱) امام بخاریؒ باب میں اشارہ کے طور پر بھی یہ حدیث نہیں لائے، بس حدیث کے لفظوں سے باب قائم کیا اور یہ حدیث درحقیقت سفر کے بارے میں ہے اور ایک دوسری حدیث کے لئے ناسخ ہے، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: الراکب شیطان، والراکبان شیطانان والثلاثة رکبٌ (مشکوٰۃ حدیث ۳۹۱۰) جب حالات ناساز تھے جنگیں ہو رہی تھیں اس وقت یہ ارشاد تھا کہ ایک سوار شیطان ہے، اور دو سوار دو شیطان ہیں اور تین سوار قافلہ ہیں، یعنی ایک یا دو آدمی سفر نہ کریں تین مل کر سفر کریں، کیونکہ تین قافلہ ہیں، مگر بعد میں حالات

(۱) یہ حدیث اصحابِ صحاح ستہ میں سے صرف ابن ماجہ نے روایت کی ہے، اس کو ربیع بن بدر اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں، ربیع حد درجہ ضعیف راوی ہے، اور اس کا باپ بدر مجہول ہے، صحاح ستہ کے علاوہ دیگر کتب میں یہ روایت ہے، مگر ہر سند کمزور ہے، البتہ مسند احمد (۵: ۲۶۹) میں ولید بن ابی مالک کی سند کے تمام روات ثقہ ہیں، مگر وہ مرسل ہے (حاشیہ البانی علی مشکوٰۃ المصابیح حدیث ۱۰۸۱ بابُ الجماعۃ وفضلها)

سازگار ہوگئے پس دوکو اجازت دی کہ وہ مل کر سفر کر سکتے ہیں، اور تنہا سفر کرنے کی ممانعت منسوخ ہوئی یا نہیں؟ جواب: علماء کا خیال ہے کہ اگر حالات بالکل سازگار ہوں تو تنہا آدمی بھی سفر کر سکتا ہے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ایک زمانہ آئے گا جب صنعاء یمن سے ایک عورت تنہا اونٹ پر بیٹھ کر اور اپنی بکریاں ساتھ لے کر مکہ آئے گی، اسے راستہ میں کسی کا ڈر نہیں ہوگا سوائے اللہ کے، اور بکریوں پر بھیڑیے کے۔ معلوم ہوا کہ تنہا آدمی سفر کر سکتا ہے۔

یا یوں کہیں کہ یہ تینوں حدیثیں الگ الگ احوال کے لئے ہیں، جب حالات خطرناک ہوں، فسادات ہو رہے ہوں تو ایک یا دو آدمیوں کو سفر نہیں کرنا چاہئے، اور حالات سازگار ہوں تو دو آدمی سفر کر سکتے ہیں، بلکہ اگر کوئی خطرہ نہ ہو تو تنہا بھی سفر کر سکتے ہیں، اس طرح تینوں حدیثوں میں تطبیق ہو جائے گی، ناسخ ومنسوخ ماننے کی ضرورت نہیں رہے گی، اور یہاں باب کا مقصد یہ ہے کہ اگر دو آدمی مل کر جماعت کریں تو جماعت کا ثواب مل جائے گا۔

[۳۵-] بابٌ: اثْنَانِ فَمَا فَوْقَهُمَا جَمَاعَةٌ

[۶۵۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَأَذِّنَا وَأَقِيْمَا، ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمَا أَكْبَرُكُمَا"

[راجع: ۶۲۸]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، مالک بن الحویرث اور ان کے قبیلہ کے کچھ حضرات علم حاصل کرنے کے لئے مدینہ منورہ آئے، بیس دن قیام کیا، جب واپسی کا وقت آیا تو مالک بن الحویرث اور ان کے چچازاد بھائی آنحضور ﷺ سے ملاقات کے لئے آئے، آپؐ نے نصیحت فرمائی کہ راستہ میں جب نماز کا وقت ہو جائے تو دونوں میں سے کوئی ایک اذان دے، پھر اقامت کہے، پھر جو بڑا ہے وہ امامت کرے۔ اس حدیث سے بہ ظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ سفر میں دو ہی ساتھی تھے اور وہ جماعت کریں گے تو ان کو جماعت کا ثواب مل جائے گا۔ اس مناسبت سے یہاں یہ حدیث لائے ہیں۔

بابٌ: مَنْ جَلَسَ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ، وَفَضْلِ الْمَسَاجِدِ

مسجد میں بیٹھ کر نماز کا انتظار کرنا اور مساجد کی اہمیت

مسجد میں بیٹھ کر نماز کے انتظار کرنے والے کو دو فائدے حاصل ہوتے ہیں، ایک: وہ حکماً نماز میں ہوتا ہے، اس لئے اس کو نماز کا ثواب ملتا رہتا ہے، دوسرا: فرشتوں کی دعائیں حاصل ہوتی ہیں، اور یہ باب کا پہلا جزء ہے اور دوسرا جزء ہے: فضل المساجد: مساجد کی اہمیت، مذکورہ دونوں باتوں سے مساجد کی اہمیت بھی نکلتی ہے، یعنی باب کے پہلے جزء سے دوسرا جزء ثابت ہے، دوسرے جزء کو ثابت کرنے کے لئے الگ سے کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔

[۳۶-] بابٌ: مَنْ جَلَسَ فِيْ الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلاَةَ، وَفَضْلِ الْمَسَاجِدِ

[۶۵۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْمَلاَئِكَةُ تُصَلِّيْ عَلٰى أَحَدِكُمْ مَادَامَ فِيْ مُصَلَّاهُ، مَالَمْ يُحْدِثْ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ! اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ! لاَيَزَالُ أَحَدُكُمْ فِيْ صَلاَةٍ مَا دَامَتِ الصَّلاَةُ تَحْبِسُهُ، لاَيَمْنَعُه أَنْ يَنْقَلِبَ إِلٰى أَهْلِهِ إِلَّا الصَّلاَةُ" [راجع: ۱۷۶]

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فرشتے تم میں سے ہر ایک کے لئے برابر دعائیں کرتے رہتے ہیں جب تک وہ اپنی نماز پڑھنے کی جگہ میں رہتا ہے، جب تک وہ حدث نہیں کرتا (کہتے ہیں:) اے اللہ! اس کی مغفرت فرما، اے اللہ! اس پر رحم فرما (اور) تم میں سے ہر ایک برابر (حکماً) نماز میں رہتا ہے جب تک نماز اس کو روکے رہتی ہے اس کو گھر والوں کی طرف پلٹنے سے نہیں روکتی مگر نماز یعنی جب تک نماز کا انتظار کرتا ہے نماز کا ثواب ملتا رہتا ہے۔

تشریح: یہ حدیث کئی مرتبہ آچکی ہے، اور اس سے باب کے پہلے جزء پر استدلال واضح ہے اور دوسرا جزء خود بخود ثابت ہوگا یا لفظ مُصَلّٰی دوسرے جزء سے متعلق ہے کیونکہ اس سے مسجد مراد ہے، اور ما کانت الصلوٰۃ تحبسہ سے بھی فضل المساجد پر استدلال کرسکتے ہیں، کیونکہ اس سے مسجد میں بیٹھنا مراد ہے۔

[۶۶۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظِلِّهِ يَوْمَ لاَ ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ: الإِمَامُ الْعَادِلُ، وَشَابٌّ نَشَأَ فِيْ عِبَادَةِ رَبِّهِ، وَرَجُلٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ فِيْ الْمَسَاجِدِ، وَرَجُلاَنِ تَحَابَّا فِيْ اللّٰهِ: اجْتَمَعَا عَلَيْهِ، وَتَفَرَّقَا عَلَيْهِ، وَرَجُلٌ طَلَبَتْهُ ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ، فَقَالَ: إِنِّيْ أَخَافُ اللّٰهَ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ إِخْفَاءً، حَتّٰى لاَ تَعْلَمُ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهُ، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ" [انظر: ۱۴۲۳، ۶۴۷۹]

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: سات قسم کے لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنے سایے میں رکھیں گے، جس دن انہی کا سایہ ہوگا: (۱) انصاف پرور بادشاہ (۲) اور وہ جوان جو اللہ کی عبادت میں پروان چڑھا (۳) اور وہ شخص جس کا دل مسجد میں اٹکا ہوا ہے (یہی جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) (۴) اور وہ دو شخص جو اللہ کے لئے ایک دوسرے سے محبت کریں: دونوں اس پر اکٹھا ہوں اور اس پر جدا ہوں (۵) اور وہ جس کو بڑے مرتبہ والی خوبصورت خاتون نے دعوت عیش دی، پس اس نے کہا: میں اللہ سے ڈرتا ہوں (۶) اور وہ جس نے چپکے سے خیرات کی یہاں تک کہ اس کے بائیں ہاتھ نے نہیں جانا کہ اس کے دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا (۷) اور وہ جس نے اللہ کو تنہائی میں یاد کیا پس اس کی دونوں آنکھیں بہہ پڑیں۔

تشریح: وہ خوش نصیب بندے جن کو قیامت کے دن اللہ کا سایہ نصیب ہوگا وہ سات میں منحصر نہیں، اس حدیث میں

سات کا ذکر بطور مثال ہے، دیگر روایات میں ان کے علاوہ بندوں کا بھی ذکر آیا ہے، یہ بندے بڑے خوش نصیب ہیں، میدان محشر میں جب لوگ دھوپ سے انتہائی پریشان ہوں گے: یہ بندے اللہ کے سایہ میں آرام سے ہونگے۔

۱- اور اللہ کی عبادت میں پروان چڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ عنفوانِ شباب سے اللہ کے احکام کا پابند ہو، وہ شروع ہی سے اللہ کی عبادت سے دلچسپی رکھتا ہو —— اور مسجد کے ساتھ دل اٹکا ہوا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ مسجد سے نکلنے کے بعد اس کو اگلی نماز کا انتظار رہتا ہو، وہ اگلی نماز مسجد میں آکر ہی پڑھتا ہو (اس سے مسجد کی فضیلت نکلی) —— اور اللہ کے لئے دو محبت کرنے والے جو اسی جذبہ سے ملتے ہیں اور اسی جذبہ سے جدا ہوتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کی محبت خالص لوجہ اللہ ہے، اور دائمی ہے —— مَنصِب (صاد کے زیر) کے معنی ہیں: مرتبہ اور ایک روایت میں حَسَب آیا ہے، اس کے معنی ہیں: خاندانی خوبیاں، یعنی ایک معزز عورت جو حسین وجمیل بھی ہے، —— دعوت عیش دیتی ہے، مگر وہ بندہ اللہ کے ڈر سے گناہ سے بچ جاتا ہے —— اور صدقہ برملا کرنا بھی ایک فضیلت رکھتا ہے، سورۃ البقرہ آیت ۲۷۱ میں ہے: ﴿إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّاهِيَ﴾: اگر تم صدقہ ظاہر کر کے دو تو یہ بھی اچھی بات ہے کیونکہ کبھی اس سے دوسروں کو ترغیب ہوتی ہے اور چھپا کر غریب کو دینا اور بھی بہتر ہے، اسی آیت میں ہے: ﴿وَإِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ﴾: اور اگر تم صدقہ چھپا کر فقیروں کو دو تو یہ اخفاء تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے۔ اور اس حدیث میں اخفاء کے اعلیٰ درجہ کا بیان ہے کہ اتنا چھپایا کہ بائیں ہاتھ کو پتا نہ چلا کہ دائیں ہاتھ نے کیا دیا، یہ انتہائی درجہ کا اخفاء ہے .... اور تنہائی میں اللہ کا ذکر کرتے ہوئے رونا: اخلاص کا پیکر محسوس ہے، مجمع میں تو دکھاوے کے آنسو بھی نکلتے ہیں مگر تنہائی میں نکلنے والے آنسو محبت ہی کے آنسو ہوتے ہیں۔

۲- بعض لوگ اس حدیث میں فی ظِلِّ عَرْشِهِ بڑھاتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ ان سات بندوں کو عرش کا سایہ دیں گے، مگر یہ لفظ کسی حدیث میں نظر سے نہیں گذرا، اور اللہ کا عرش مادی بھی نہیں کہ اس کا سایہ ہو اور فی ظله اور إلا ظلّه میں اضافت تشریف کے لئے ہے اور یہ سایہ مخلوق (پیدا کیا ہوا) ہے اور اس کی حقیقت معلوم نہیں، اور یہ صفاتِ متشابہات کی حدیث نہیں ہے کہ عرش کے سایہ سے اس کی تاویل ضروری ہو[1] جیسے بیت اللہ میں اضافت تشریف کے لئے ہے یعنی متبرک جگہ اس لئے اس میں بھی کسی تاویل کی ضرورت نہیں۔

---

(۱) صفاتِ متشابہات کے بارے میں سلف کا مذہب تنزیہ مع التفویض ہے، تنزیہ کے معنی ہیں: پاک کرنا یعنی یہ عقیدہ رکھنا کہ اللہ کی صفات مخلوق کی صفات جیسی نہیں، اللہ اس سے پاک ہیں اور تفویض کے معنی ہیں: سپرد کرنا یعنی یہ عقیدہ رکھنا کہ اللہ تعالیٰ اپنی صفات کی حقیقت بہتر جانتے ہیں، ہمیں ان کی حقیقت معلوم نہیں، اور خلف کے نزدیک تنزیہ مع التاویل بھی جائز ہے، یعنی یہ عقیدہ رکھنا کہ اللہ کی صفات مخلوق کی صفات جیسی نہیں، پھر اللہ کے شایانِ شان تاویل کرنا جائز ہے، تاکہ بیمار ذہن اور بے پینڈے کے لوٹے لڑھک نہ جائیں، ان کو مطمئن کرنے کے لئے اللہ کے شایانِ شان صفات متشابہات کی تاویل کرنا جائز ہے، مزید تفصیل آگے آئے گی، اور تحفۃ الالمعی (۲: ۵۸۴) اور علمی خطبات (۱: ۱۱۶) میں بھی تفصیل ہے۔

۳-ایک بندہ وہ ہے جو مسجد میں بیٹھ کر نماز کا انتظار کرتا ہے، وہ بحکم نماز ہے اس کو نماز کا ثواب ملتا رہتا ہے اور فرشتے اس کے لئے دعائیں کرتے ہیں، اور دوسرا بندہ وہ ہے جو نماز پڑھ کر دوکان پر، کھیت میں یا گھر چلا گیا مگر اس کا دل مسجد میں اٹکا ہوا ہے، یعنی اس کو فکر ہے کہ اگلی نماز مسجد میں آکر باجماعت پڑھنی ہے، اس کے لئے یہ ثواب ہے کہ قیامت کے دن اس کو اللہ کا سایہ نصیب ہوگا۔ اور المساجد میں اشارہ ہے کہ ایک ہی مسجد میں نماز پڑھنی ضروری نہیں، بس مسجد میں نماز پڑھنی ضروری ہے، خواہ کسی مسجد میں پڑھے، اس لئے المساجد: جمع لائے، اور اس سے مسجد کی فضیلت نکلی .... مَنصِب: عربی میں صاد کا زیر ہے اور اردو میں صاد کا زبر ہے، بعض طلبہ عربی میں بھی زبر پڑھتے ہیں یہ صحیح نہیں، اس کا خیال رکھنا چاہئے .... دائیں ہاتھ نے خرچ کیا اور بائیں ہاتھ کو پتا نہیں چلا: یہ محاورہ ہے، اردو میں کہتے ہیں: اس کے فرشتوں کو بھی پتہ نہیں چلا، فرشتے نامہ اعمال لکھ رہے ہیں پھر ان کو کیسے پتا نہیں چلے گا؟ یہ صرف محاورہ ہے۔

[۶۶۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سُئِلَ أَنَسٌ: هَلِ اتَّخَذَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَاتَمًا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، أَخَّرَ لَيْلَةً صَلاَةَ الْعِشَاءِ إِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ بَعْدَ مَا صَلّٰى، فَقَالَ: "صَلَّى النَّاسُ وَرَقَدُوْا وَلَمْ تَزَالُوْا فِيْ صَلاَةٍ مُنْذُ انْتَظَرْتُمُوْهَا" قَالَ: فَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى وَبِيْصِ خَاتِمِهِ. [راجع: ۵۷۲]

حدیث (۳): حمید طویل نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے انگوٹھی بنائی تھی؟ اور کیا آپؐ نے انگوٹھی پہنی تھی؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: ہاں، آپؐ نے انگوٹھی بنائی تھی اور پہنی بھی تھی، پھر وہ واقعہ سنایا جو پیچھے گذر چکا کہ ایک مرتبہ آنحضور ﷺ تہائی رات پر عشاء پڑھانے کے لئے آئے، عشاء پڑھا کر آپؐ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: دوسری مسجدوں میں لوگ عشاء پڑھ کر سو گئے صرف تم اب تک نماز کا انتظار کر رہے ہو اور جب تک تم نماز کا انتظار کر رہے ہو نماز میں ہو، یعنی نماز کا انتظار کرنے کی وجہ سے تمہیں نماز کا ثواب مل رہا ہے۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں: اس وقت انگشت میں انگوٹھی تھی میں اب بھی اس کی چمک دیکھ رہا ہوں یعنی وہ انگوٹھی میری نظروں میں بسی ہوئی ہے —— یہ جو نبی ﷺ نے مژدہ سنایا کہ منتظر صلوٰۃ بحکم صلوٰۃ ہے یہ ثواب مسجد میں نماز کے انتظار کا ہے، گھر اور کمرے میں نماز کا انتظار کرنے میں یہ ثواب نہیں، پس اس سے مسجد کی فضیلت نکلی۔

بابُ فَضْلِ مَنْ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ وَمَنْ رَاحَ

مسجد آنے جانے کی اہمیت

غَدَا کے معنی ہیں: صبح کے وقت جانا اور راح کے معنی ہیں: زوال کے بعد جانا، مگر کبھی دونوں مطلق آنے جانے کے معنی میں استعمال کئے جاتے ہیں، جب بھی کوئی بندہ نماز کے لئے مسجد آتا جاتا ہے تو ہر مرتبہ اس کے سامنے جنت کی میزبانی پیش

کی جاتی ہے، یہی مسجد کی فضیلت ہے —— امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں خَرَجَ اور رَاحَ کے الفاظ استعمال کئے ہیں، غدا لفظ استعمال نہیں کیا، البتہ مصری نسخہ میں غدا ہے اور حدیث میں بھی یہی لفظ ہے۔ اور خَرَجَ کے معنی ہیں: جانا، پس یہاں رَاحَ کے معنی ہونگے واپس آنا، یہیں سے میں نے یہ بات کہی تھی کہ جس طرح مسجد جانے میں قدموں پر ثواب ملتا ہے واپس آنے پر بھی ثواب ملتا ہے۔ واللہ اعلم

[۳۷-] بابُ فَضْلِ مَنْ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ وَمَنْ رَاحَ

[٦٦٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ زَيْدِ ابْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ غَدَا إِلَى الْمَسْجِدِ وَرَاحَ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُ نُزُلَهُ مِنَ الْجَنَّةِ كُلَّمَا غَدَا أَوْ رَاحَ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح اور شام مسجد کی طرف جاتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کی میزبانی تیار کرتے ہیں جب بھی وہ مسجد میں آتا جاتا ہے۔

تشریح: حدیث میں لفظ غَدا ہے، پھر بھی امام بخاریؒ نے باب میں لفظ خَرَجَ رکھا ہے، تاکہ حدیث ہر آنے جانے کو عام ہوجائے، پانچوں نمازوں کے لئے آنے جانے کا یہی صلہ ہے۔ پس خَرَجَ اور رَاحَ کے معنی ہیں: آنا جانا، اور نُزُل کے معنی ہیں: میزبانی، یہ میزبانی پیش کرنا مسجد کی فضیلت ہے، پس یہ باب فضل المساجد کا ذیلی باب ہے۔

بابٌ: إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ إِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ

جب تکبیر شروع ہوجائے تو فرض نماز کے علاوہ کوئی نماز نہیں

اس باب میں دو مسئلے ہیں: ایک: اقامہ شروع ہونے کے بعد فجر کی سنتیں پڑھے یا نہیں؟ دوم: اگر کسی نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھیں تو فجر کے فرض پڑھنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سنتیں پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

اس سلسلہ میں درج ذیل احادیث ہیں:

پہلی حدیث: امام بخاری رحمہ اللہ نے جو ترجمہ قائم کیا ہے وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو سب کتب حدیث میں ہے، مسلم شریف میں بھی ہے، اور یہ حدیث موقوف ہے یا مرفوع؟ یعنی حضرت ابو ہریرہؓ کا فتوی ہے یا آنحضور ﷺ کا ارشاد؟ عمرو بن دینار کے تلامذہ میں اختلاف ہے، بعض اس کو موقوف کرتے ہیں اور بعض مرفوع (۱) اس وجہ سے

(۱) زکریا بن اسحاق، ایوب، ورقاء بن عمر، زیاد بن سعد، اسماعیل بن مسلم اور محمد بن جُحادہ نے مرفوع کیا ہے اور حماد بن زید اور سفیان بن عیینہ نے موقوف، امام ترمذیؒ نے مرفوع کو اصح قرار دیا ہے۔

امام بخاریؒ نے اس حدیث کی تخریج نہیں کی، بلکہ اس کے الفاظ سے باب قائم کیا ہے —— نبی ﷺ نے فرمایا: ’’جب نماز کھڑی کردی جائے یعنی اقامہ شروع ہوجائے تو فرض نماز کے علاوہ کوئی نماز نہیں‘‘

دوسری حدیث: حضرت قیس رضی اللہ عنہ کی ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی، سلام پھیرنے کے بعد نبی ﷺ لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھے، آپؐ نے مجھے دیکھا کہ میں نماز پڑھ رہا ہوں، جب میں نماز سے فارغ ہوکر جانے لگا تو آپؐ نے فرمایا: مَهلاً يا قيس! قیس! ذرا ٹھہرو، أَصَلاَ تَانِ مَعًا؟ یہ ڈبل ڈبل نماز کیسی؟ یعنی تم نے فرضوں کے بعد کونسی نماز پڑھی؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں، فرض نماز کے بعد میں نے وہ سنتیں پڑھیں، آپؐ نے فرمایا: فلا إذًا: جمہور اس کا ترجمہ کرتے ہیں: تب بھی نہیں، یعنی اگرچہ فجر کی سنتیں نہیں پڑھیں پھر بھی فرض نماز کے بعد نفل پڑھنا جائز نہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ ترجمہ کرتے ہیں: پس کوئی بات نہیں، یعنی اگر تم نے سنتیں نہیں پڑھیں تو کوئی حرج نہیں، فرض پڑھنے کے بعد سنتیں پڑھ سکتے ہو —— یہ حدیث ترمذی (حدیث ۴۲۳) میں ہے اور منقطع ہے اس کو محمد بن ابراہیم نے حضرت قیس سے روایت کیا ہے اور محمد کا حضرت قیس سے لقاء وسماع نہیں، نیز محمد بن ابراہیم کے شاگرد سعد بن سعید کے تلامذہ میں اختلاف ہے، عبدالعزیز بن محمد اس کو موصول کرتے ہیں اور عطاء بن ابی رباح مرسل، یعنی سند میں حضرت قیسؓ کا ذکر نہیں کرتے بلکہ محمد بن ابراہیم: حضرت قیس کا واقعہ بیان کرتے ہیں، اور محمد تابعی ہیں جو مجلس میں موجود نہیں تھے۔

تیسری حدیث: عبداللہ بن مالک بن بُحینۃ کہتے ہیں: آنحضور ﷺ ایک شخص کے پاس سے گذرے جو فجر کی سنتیں پڑھنے کا ارادہ کررہا تھا درانحالیکہ تکبیر ہورہی تھی آپؐ نے چپکے سے اس سے کچھ کہا، جس کو ہم نہیں سمجھ سکے، نماز کے بعد ہم نے اس کو گھیرا اور اس سے پوچھا کہ نبی ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟ اس نے کہا: آپؐ نے فرمایا: يُوْشِكُ أن يُصَلِّيَ أحدُكم الصبحَ أَرْبَعًا: قریب زمانہ ہے کہ تم میں سے بعض صبح کی چار رکعتیں پڑھیں گے۔ یہ حدیث مسلم شریف (حدیث ۷۱۱) میں ہے، اور بخاری میں یہ ہے کہ آپؐ نے فجر کے بعد دو مرتبہ فرمایا: آلصبح أربعا: کیا فجر چار رکعتیں ہیں؟ غرض آپؐ نے تکبیر شروع ہونے کے بعد سنتیں پڑھنے سے منع فرمایا۔

فائدہ: عبداللہ بن مالک ابن بُحینۃ قبیلہ اسد کے تھے ان کے ابا مالک زمانہ جاہلیت میں مکہ آئے تھے اور قریش کے قبیلہ بنی المطلب بن عبد مناف کے حلیف بنے تھے، اس زمانہ میں باہر والوں کو مکہ میں بسنے کے لئے مکہ کے کسی قبیلہ سے دوستی کرنی پڑتی تھی، عبداللہ صحابی ہیں اور قدیم الاسلام ہیں اور مالک میں اختلاف ہے اور راجح یہ ہے کہ وہ صحابی نہیں، اور بُحینۃ بھی صحابیہ ہیں اور وہ عبداللہ کی ماں ہیں دادی نہیں، راجح یہی ہے، اور بُحینۃ سے پہلے جو ابن ہے اس کا الف لکھا جائے گا اور اس پر پہلے نام کا اعراب پڑھا جائے گا اس لئے کہ اعلام غیر متناسبہ کے ابن کا الف لکھا جاتا ہے اور وہ پہلے نام کی صفت بنتا ہے۔

مسائل:

پہلا مسئلہ: فجر کی اقامت شروع ہونے کے بعد بلکہ فرض شروع ہونے کے بعد بھی پہلے سنت پڑھنی چاہئے یا جماعت میں شامل ہونا چاہئے؟ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک جماعت میں شامل ہونا ضروری ہے، سنت پڑھنا جائز نہیں۔ پہلی اور تیسری حدیثیں ان کا مستدل ہیں، نبی ﷺ نے اقامہ شروع ہونے کے بعد جماعت میں شامل ہونے کا حکم دیا ہے اور سنت پڑھنے سے منع کیا ہے۔

اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک اگر ایک رکعت اور دوسرے قول میں قعدہ ملنے کی امید ہو تو پہلے سنت پڑھے، پھر جماعت میں شریک ہو وہ فرماتے ہیں: پہلی حدیث عام مخصوص منہ البعض ہے، اس حدیث میں سے واجب اور فرض نماز کی تمام علماء نے تخصیص کی ہے، یعنی اگر کوئی صاحب ترتیب ہے اور اس نے عشاء کی نماز یا وتر نہیں پڑھے اور فجر کی نماز شروع ہو جائے تو پہلے فرض اور واجب نماز پڑھے پھر جماعت میں شریک ہو۔

اور جب عام میں ایک مرتبہ تخصیص ہو جاتی ہے تو وہ ظنی ہو جاتا ہے اور ظنی ہو جانے کے بعد معمولی دلیل سے بھی حتی کہ قیاس سے بھی مزید تخصیص جائز ہے، چونکہ نبی ﷺ فجر کی سنتوں کا بہت زیادہ اہتمام کرتے تھے، کبھی آپؐ نے ان کو ترک نہیں کیا اور ان کے بارے میں بہت تاکید آئی ہے (چنانچہ امام اعظم رحمہ اللہ کا ایک قول ان کے واجب ہونے کا بھی ہے) اس لئے بڑے دو اماموں نے اس حدیث کے عموم سے فجر کی سنتوں کو بھی خاص کیا ہے، اور بیہقی کی روایت میں بھی فجر کا استثناء آیا ہے، بیہقی کی روایت کے الفاظ ہیں: **إذا أقيمت الصلوة فلاصلاة إلا المكتوبة إلا ركعتى الفجر** (حاشیہ)

اور نبی ﷺ نے عبد اللہ بن مالک پر نکیر اس لئے فرمائی تھی کہ وہ جہاں جماعت ہو رہی تھی وہیں سنت پڑھنے کا ارادہ کر رہے تھے، احناف کے نزدیک بھی جماعت خانہ میں یعنی جس جگہ جماعت ہو رہی ہے وہاں سنتیں پڑھنا جائز نہیں، یہ صورۃً جماعت کی مخالفت ہے، سنت گھر میں یا مسجد کے دروازہ پر یعنی فناء مسجد میں یا مسجد سے باہر کسی جگہ پڑھے، اسی طرح اگر جماعت خانہ الگ ہے اور صحن الگ ہے اور جماعت کسی ایک حصہ میں ہو رہی ہے تو دوسرے حصہ میں سنت پڑھ سکتا ہے، اور اگر کوئی علاحدہ جگہ نہیں ہے تو پھر سنت نہ پڑھے، جماعت میں شریک ہو جائے۔

غرض جماعت خانہ میں جہاں جماعت ہو رہی ہے، اقامہ شروع ہونے کے بعد سنت پڑھنا جائز نہیں، عبد اللہ بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث کا محمل یہی صورت ہے، اور فناء مسجد میں اور گھر میں اقامہ شروع ہونے کے بعد بھی سنت پڑھ سکتے ہیں، حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ اقامہ کے وقت حضرت میمونہؓ کے گھر میں نماز پڑھتے تھے (یہ حدیث حاشیہ میں ہے) معلوم ہوا کہ اقامہ شروع ہونے کے بعد جماعت خانہ سے الگ فجر کی سنتیں پڑھ سکتے ہیں۔

فائدہ (۱): فجر کی سنتوں کے علاوہ نوافل وسنن میں اجماع ہے کہ اقامہ شروع ہونے کے بعد سنن ونوافل شروع کرنا جائز نہیں، البتہ اگر کوئی پہلے سے نفل یا سنت پڑھ رہا ہے اور اقامہ شروع ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نفل نماز

توڑدے یعنی جس رکن میں ہے اسی میں سلام پھیر دے اور جماعت میں شامل ہوجائے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نماز توڑنا جائز ہے اوراس کی قضاء واجب نہیں، اوراحناف کے نزدیک نماز توڑنا جائز نہیں اورتوڑنے کی صورت میں قضاواجب ہے، اس لئے کہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿لَا تُبْطِلُوْا أَعْمَالَكُمْ﴾: نفل شروع کرنے سے پہلے تونفل ہے مگر شروع کرنے کے بعد اس کو پورا کرنا واجب ہے اگر توڑے گا تو قضاواجب ہوگی، اوراحناف کے نزدیک حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اقامت کے بعد نفل نماز شروع مت کرو، مگر جو پہلے سے پڑھ رہا ہے اس کو نہ توڑے اس کا نفل میں مشغول رہنا حدیث شریف کے خلاف نہیں، البتہ اسے چاہئے کہ نماز مختصر کردے اور پہلے قعدہ پر نماز پوری کردے اور جماعت میں شامل ہوجائے۔

فائدہ (۲): میں نے پہلے بتایا تھا کہ دو حدیثیں ہیں: ایک: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ہے اور دوسری حدیث: بين كل أذانين صلوٰة لمن شاء: ہے، یہ دونوں حدیثیں ایک سلسلہ کی کڑیاں ہیں ان کو الگ الگ کرنے سے مسئلہ الجھ گیا: مغرب سے پہلے سنتیں ہیں یا نہیں؟ یہ مسئلہ بھی اختلافی ہوگیا ہے اور یہاں دو اور مسئلے پیدا ہوئے ہیں: ایک: اقامہ شروع ہونے کے بعد سنن ونوافل میں مشغول رہنا جائز ہے یا نہیں؟ دوم: اقامہ شروع ہونے کے بعد فجر کی سنتیں پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ حالانکہ ان حدیثوں میں یہ مسئلے نہیں ہیں، یہ دونوں حدیثیں ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں، اوراس میں ایک شبہ کا ازالہ ہے، کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ مؤذن حي على الصلوٰة سے فرض نماز کے لئے بلاتا ہے پس مسجد میں پہنچ کر سنتیں اور نفلیں پڑھنا شاید جائز نہ ہو، کیونکہ یہ اللہ کے داعی کی مخالفت ہے۔ آنحضور ﷺ نے اس وہم کو دور فرمایا کہ اذان واقامت کے درمیان سنتیں اور نفلیں پڑھنا جائز ہے اور یہ اللہ کے داعی کی مخالفت نہیں، اس لئے کہ جب نماز کھڑی ہوگی تو مؤذن دوبارہ پکارے گا، جب مؤذن دوبارہ پکارے یعنی اقامہ شروع ہوجائے تو سنن ونوافل شروع کرنا جائز نہیں، اب نوافل شروع کرنا اللہ کے داعی کی مخالفت ہے اس لئے جماعت میں شریک ہوجائے، یہی اس حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام ہے، اور مذکورہ مسائل استنباطی مسائل ہیں ان کا اس حدیث سے کوئی تعلق نہیں۔

دوسرا مسئلہ: اگر فجر کی سنتیں رہ گئی ہوں تو فجر کے فرض پڑھنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے ان کو پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ جمہور کے نزدیک نہیں پڑھ سکتے، امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک پڑھ سکتے ہیں ان کی دلیل حضرت قیسؓ کی حدیث ہے، جمہور کہتے ہیں: وہ استدلال کے قابل نہیں اس لئے کہ وہ منقطع ہے، نیز اس کے موصول اور مرسل ہونے میں بھی اختلاف ہے، علاوہ ازیں اس کی دلالت بھی قطعی نہیں اس لئے کہ فلا إذن کا مفہوم متعین کرنے میں اختلاف ہوا ہے، امام شافعیؒ اس کا ترجمہ کرتے ہیں: پس کوئی بات نہیں یعنی اگر تم نے سنتیں نہیں پڑھیں تو پڑھ سکتے ہو۔ اور جمہور ترجمہ کرتے ہیں: تو بھی نہیں یعنی اگرچہ فجر کی سنتیں نہیں پڑھیں تو بھی فرض نماز کے بعد سنتیں پڑھنا جائز نہیں (مزید تفصیل تحفۃ الألمعی (۲۶۸:۲) میں ہے) اور عبداللہ بن مالکؓ کی حدیث اقامہ شروع ہونے کے بعد سنتیں پڑھنے کے بارے میں ہے، فجر کے بعد سنتیں پڑھنے

کے بارے میں نہیں ہے، پس وہ بھی دلیل نہیں ہے —— اور جمہور کی دلیل وہ احادیث ہیں جن میں نبی ﷺ نے عصر اور فجر کے بعد نوافل سے منع فرمایا ہے اور سنن مؤکدہ بھی نفل ہیں، یہ حدیثیں درجہ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں، پس حضرت قیسؓ کی حدیث اس کے معارض نہیں ہوسکتی۔

[۳۸-] بابٌ: إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَلاَ صَلاَةَ إِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ

[۶۶۳-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَيْنَةَ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِرَجُلٍ ح: قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ حَفْصَ بْنَ عَاصِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلاً مِنَ الْأَزْدِ، يُقَالُ لَهُ: مَالِكُ ابْنُ بُحَيْنَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لاَثَ بِهِ النَّاسُ، فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " آلصُّبْحَ أَرْبَعًا؟ آلصُّبْحَ أَرْبَعًا؟"

تَابَعَهُ غُنْدَرٌ، وَمُعَاذٌ، عَنْ شُعْبَةَ: فِيْ مَالِكٍ، وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: عَنْ سَعْدٍ، عَنْ حَفْصٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُحَيْنَةَ، وَقَالَ حَمَّادٌ: أَخْبَرَنَا سَعْدٌ، عَنْ حَفْصٍ، عَنْ مَالِكٍ.

ترجمہ: عبداللہ بن مالکؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ ایک شخص کے پاس سے گذرے (یہ خود عبداللہ تھے، مسند احمد میں اس کی صراحت ہے، راوی کبھی خود کو غائب کر دیتا ہے) —— اس کے بعد سند بدلی ہے، حفص بن عاصم کہتے ہیں: میں نے قبیلۂ اسد کے ایک آدمی سے سنا جن کو مالک بن بحینة کہا جاتا ہے (یہ صحیح نہیں، صحیح عبداللہ بن مالک ابن بحینة ہے) رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جو دو رکعتیں پڑھنے کا ارادہ کر رہا تھا درانحالیکہ اقامت کہی جا رہی تھی، پس جب رسول اللہ ﷺ پھرے یعنی نماز پڑھا کر گھر میں تشریف لے گئے تو لوگوں نے ان کو گھیر لیا، پس اس سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا فجر کی چار رکعتیں پڑھتے ہو؟ کیا فجر کی چار رکعتیں پڑھتے ہو؟ —— اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے فجر کی سنتیں پڑھ لی تھیں اور آنحضور ﷺ نے یہ بات زور سے فرمائی تھی مگر یہ دونوں باتیں صحیح نہیں، اگر آپؐ نے زور سے فرمایا تھا تو ان کو گھیرنے کی کیا ضرورت تھی؟ اصل واقعہ مسلم شریف میں ہے جو میں نے ابھی بیان کیا، اور اسی لئے امام بخاریؒ نے یہ باب باندھا ہے کہ جب اقامت کہی جائے تو فرض کے علاوہ کوئی نماز نہیں۔

سند کی تفصیل:

۱- اس حدیث کو سعد سے ان کے صاحبزادے ابراہیم بھی روایت کرتے ہیں اور شعبہ رحمہ اللہ بھی، ابراہیم کی سند میں صحابی کا نام عبداللہ بن مالک ابن بحینةؓ ہے اور شعبہؒ کی سند میں مالک ابن بحینة۔ یہ شعبہؒ کا وہم ہے، صحیح عبداللہ بن مالک ابن بحینة ہے حضرات احمد، بخاری، مسلم، نسائی اور یحییٰ بن معین وغیرہ رحمہم اللہ متعدد ائمہ نے فرمایا ہے کہ شعبہ رحمہ اللہ سے

اس حدیث میں دوغلطیاں ہوئی ہیں: ایک: انھوں نے مالک کو صحابی قرار دیا ہے حالانکہ وہ صحابی نہیں ان کا لڑکا عبداللہ صحابی ہے، حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مالک کو کسی نے صحابہ میں شمار نہیں کیا۔ دوم: بُحینۃ رضی اللہ عنہا کو مالک کی ماں قرار دیا ہے، حالانکہ وہ عبداللہ کی ماں ہیں اور مالک کی بیوی ہیں۔

۲- شعبہ رحمہ اللہ کے دوشاگرد غندر اور معاذ بھی مالک ابن بحینۃ کہتے ہیں اور حماد بن سلمہ بھی سعد سے روایت کرتے ہیں اور وہ بھی مالک ابن بحینۃ کہتے ہیں، یعنی شعبہ کی موافقت کرتے ہیں اور امام المغازی محمد بن اسحاق بھی سعد سے روایت کرتے ہیں اور وہ عبداللہ ابن بحینۃ کہتے ہیں، یعنی ابراہیم بن سعد کی موافقت کرتے ہیں۔ غرض: یہ حدیث کس کی ہے عبد اللہ بن مالک کی یا مالک کی؟ بعض رواۃ مالک کی بتاتے ہیں مگر صحیح یہ ہے کہ یہ عبداللہ بن مالک کی حدیث ہے، اس لئے کہ مالک صحابی نہیں، اور بحینۃ: عبداللہ کی ماں ہیں مالک کی ماں نہیں۔

قولہ: آلصُّبْحَ أَرْبَعًا: میں ہمزہ استفہام انکاری ہے اور الصبحَ: فعل محذوف کا مفعول ہے، تقدیر عبارت ہے: أ تصلی الصبحَ أربع رکعات اور أربعًا: حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے.......... لاَثَ (ن) لَوْثًا بِالشیئِ: ملانا یعنی لوگوں نے ان کو گھیر لیا اور پوچھا کہ نبی ﷺ نے تم سے آہستہ سے کیا کہا تھا؟

بابُ جِدِّ الْمَرِیْضِ أَنْ یَّشْهَدَ الْجَمَاعَةَ

بیمار کا کوشش کرنا کہ جماعت میں شریک ہو

کتاب میں حَدّ ہے اور گیلری میں جِدّ ہے، اس کے معنی ہیں: کوشش کرنا، میرے خیال میں گیلری میں جو لفظ ہے وہ بہتر ہے، کیونکہ باب کی حدیثوں میں کوشش کرنے کا تو ذکر ہے یعنی مریض کو کوشش کرنی چاہئے کہ مسجد میں جا کر نماز پڑھے، اور حَدّ کے معنی ہیں: مقدار یعنی بیماری کی وہ مقدار جس کی وجہ سے گھر میں نماز پڑھنا جائز ہے، یہ بات باب کی احادیث میں صراحتاً نہیں ہے۔

جاننا چاہئے کہ بیماری ترکِ جماعت کے اعذار میں سے ہے، بیمار آدمی گھر پر نماز پڑھ سکتا ہے مگر اولیٰ اور بہتر یہ ہے کہ کوشش کرے اور مسجد میں جا کر نماز پڑھے، رہی یہ بات کہ کس درجہ کی بیماری ترک جماعت کے لئے عذر ہے؟ اس کا فیصلہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا جائے گا، اگر مریض یہ سمجھتا ہے کہ مسجد میں جا کر نماز پڑھنے میں اس کے لئے غیر معمولی پریشانی ہے تو گھر میں نماز پڑھ سکتا ہے اور کوئی خاص پریشانی نہیں تو مسجد میں جا کر نماز پڑھنی چاہئے، کیونکہ ہر آدمی کچھ نہ کچھ بیمار تو ہوتا ہی ہے، ایسا شخص جس کو کوئی بیماری نہ ہو فرعون ہی تھا۔ کہتے ہیں: فرعون کو زندگی بھر کبھی سر میں درد بھی نہیں ہوا، یہ منافق اور کافر ہونے کی علامت ہے، مؤمن کو تو کچھ نہ کچھ ہوتا ہی رہتا ہے، لہٰذا مطلق بیماری کو عذر نہیں بنا سکتے بلکہ وہ بیماری جس میں مسجد میں جانے میں پریشانی ہو عذر بنے گی اور اس کا فیصلہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا جائے گا۔

[۳۹-] بابُ جِدِّ الْمَرِیْضِ أَنْ یَّشْهَدَ الْجَمَاعَةَ

[٦٦٤-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ الْأَسْوَدُ: كُنَّا عِنْدَ عَائِشَةَ رضی اللّٰهُ عَنْهَا، فَذَكَرْنَا الْمُوَاظَبَةَ عَلَى الصَّلَاةِ وَالتَّعْظِیْمَ لَهَا، قَالَتْ: لَمَّا مَرِضَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مَرَضَهُ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَأُذِّنَ، فَقَالَ: " مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْیُصَلِّ بِالنَّاسِ" فَقِیْلَ لَهُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ أَسِیْفٌ، إِذَا قَامَ فِیْ مَقَامِكَ لَمْ یَسْتَطِعْ أَنْ یُصَلِّیَ بِالنَّاسِ، وَأَعَادَ، فَأَعَادُوْا لَهُ، فَأَعَادَ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: " إِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ یُوْسُفَ، مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْیُصَلِّ بِالنَّاسِ" فَخَرَجَ أَبُوْ بَكْرٍ یُصَلِّیْ فَوَجَدَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم مِنْ نَفْسِهِ خِفَّةً، فَخَرَجَ یُهَادَى بَیْنَ رَجُلَیْنِ، كَأَنِّیْ أَنْظُرُ رِجْلَیْهِ یَخُطَّانِ الْأَرْضَ مِنَ الْوَجَعِ، فَأَرَادَ أَبُوْ بَكْرٍ أَنْ یَتَأَخَّرَ فَأَوْمَأَ إِلَیْهِ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم أَنْ مَكَانَكَ، ثُمَّ أُتِیَ بِهِ حَتّٰى جَلَسَ إِلٰى جَنْبِهِ.

فَقِیْلَ لِلْأَعْمَشِ: فَكَانَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم یُصَلِّیْ، وَأَبُوْ بَكْرٍ یُصَلِّیْ بِصَلَاتِهِ، وَالنَّاسُ یُصَلُّوْنَ بِصَلَاةِ أَبِیْ بَكْرٍ، فَقَالَ بِرَأْسِهِ: نَعَمْ، رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ بَعْضَهُ. وَزَادَ أَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ: جَلَسَ عَنْ یَسَارِ أَبِیْ بَكْرٍ، فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ یُصَلِّیْ قَائِمًا [راجع: ۱۹۸]

ترجمہ: یہ حدیث کتاب الوضوء (باب ۴۵) میں گذر چکی ہے۔ اسود بن زیدؒ کہتے ہیں: ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے، ہم نے نماز کی پابندی اور اس کی عظمت کا تذکرہ کیا یعنی یہ مسئلہ چھیڑا اس زمانہ میں پڑھنے کا یہی طریقہ تھا، طلبہ مسائل چھیڑتے تھے، اور استاذ بیان کرتا تھا، حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنی اس بیماری سے دوچار ہوئے جس میں آپؐ کی وفات ہوئی ہے، تو (عشاء کی) نماز کا وقت ہوا اور اذان دی گئی پس آپؐ نے فرمایا: ''ابوبکرؓ کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں'' آپؐ سے عرض کیا گیا: ابوبکرؓ رقیق القلب (نرم دل) ہیں جب آپؐ کی جگہ کھڑے ہونگے تو نماز نہیں پڑھا سکیں گے (لہٰذا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو حکم دیں کہ نماز پڑھائیں) اور آپؐ نے دوبارہ یہی بات فرمائی، اور لوگوں نے بھی یہی بات آپؐ سے دوبارہ عرض کی، پھر آپؐ نے تیسری مرتبہ یہی بات فرمائی، اور فرمایا: ''تم یوسف علیہ السلام والی عورتیں ہو! ابوبکرؓ کو حکم دو وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں'' پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز پڑھانے کے لئے نکلے (اس کے بعد وہی نماز پڑھاتے رہے) پھر (ایک دن) نبی ﷺ نے اپنی ذات میں ہلکا پن محسوس کیا تو آپؐ نکلے درانحالیکہ آپؐ دو آدمیوں کے درمیان چل رہے تھے گویا میں آپؐ کے قدم دیکھ رہی ہوں درانحالیکہ وہ زمین پر لکیریں بنا رہے تھے تکلیف کی وجہ سے، یعنی قدم مبارک زمین پر گھسٹ رہے تھے، کمزوری کی وجہ سے (یہی جزء باب سے متعلق ہے) پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پیچھے ہٹنا چاہا تو ان کو نبی ﷺ نے اشارہ کیا کہ اپنی جگہ رہیں، پھر آپؐ کو لایا گیا یہاں تک کہ آپؐ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بیٹھ گئے۔

پس امام اعمشؒ سے جب انھوں نے یہ حدیث بیان کی کسی نے پوچھا کہ نبی ﷺ نماز پڑھ رہے تھے اور حضرت ابوبکر

رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی اقتداء میں نماز پڑھ رہے تھے اور لوگ حضرت ابوبکرؓ کی اقتداء میں نماز پڑھ رہے تھے؟ تو امام اعمش نے سر کے اشارہ سے کہا: ہاں۔ (حقیقت میں امام آنحضور ﷺ تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ امام نہیں رہے تھے، وہ زور سے تکبیر کہہ رہے تھے اس لئے مجازاً کہا گیا کہ لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اقتداء کررہے تھے)

حدیث کی سندیں:

اس حدیث کو اعمشؒ سے شعبہؒ نے بھی روایت کیا ہے اور ان سے ابوداؤد طیالسیؒ نے حدیث کا بعض حصہ روایت کیا ہے، اور ابومعاویہؒ نے بھی اعمشؒ سے روایت کی ہے، ان کی حدیث میں یہ اضافہ ہے: نبی ﷺ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بائیں طرف بیٹھے تھے اور حضرت ابوبکرؓ کھڑے ہوکر نماز پڑھ رہے تھے (اور لوگ بھی کھڑے ہوکر اقتداء کررہے تھے، اور آپ ﷺ بیٹھ کر نماز پڑھا رہے تھے)

نوٹ: اگر امام معذور ہو اور بیٹھ کر نماز پڑھائے تو لوگ کھڑے ہوکر اقتداء کریں یا بیٹھ کر؟ یہ مسئلہ تفصیل سے آگے آرہا ہے۔

[٦٦٥-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: لَمَّا ثَقُلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَاشْتَدَّ وَجَعُهُ اسْتَأْذَنَ أَزْوَاجَهُ، أَنْ يُمَرَّضَ فِيْ بَيْتِيْ فَأَذِنَّ لَهُ، فَخَرَجَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ تَخُطُّ رِجْلَاهُ الْأَرْضَ، وَكَانَ بَيْنَ الْعَبَّاسِ وَرَجُلٍ آخَرَ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا قَالَتْ عَائِشَةُ، فَقَالَ لِيْ: وَهَلْ تَدْرِيْ مَنِ الرَّجُلُ الَّذِيْ لَمْ تُسَمِّ عَائِشَةُ؟ قُلْتُ: لَا. قَالَ: هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ. [راجع: ١٩٨]

وضاحت: اس حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الوضوء (باب ۴۵) میں ہے۔

بابُ الرُّخْصَةِ فِي الْمَطَرِ وَالْعِلَّةِ أَنْ يُّصَلِّيَ فِيْ رَحْلِهِ

بارش اور بوقت حاجت ڈیرے میں نماز پڑھنے کی اجازت

ترکِ جماعت کے اعذار میں بارش بھی ہے، کتنی بارش عذر ہے؟ اس کا فیصلہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑا گیا ہے، کیونکہ بارش دن میں بھی ہوتی ہے اور رات میں بھی، مسجد دور بھی ہوسکتی ہے اور نزدیک بھی، روشنی ہے یا نہیں؟ سڑک کچی ہے یا پکی؟ چھاتا ہے یا نہیں؟ ان چیزوں کی وجہ سے احوال مختلف ہوتے ہیں اس لئے فیصلہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ اگر غیر معمولی پریشانی کا سامنا ہے تو مسجد نہ جانے کی اجازت ہے اور کوئی خاص پریشانی نہیں ہے تو پھر بارش عذر نہیں۔

باب میں دوسرا لفظ ہے عِلَّة: یعنی کوئی دوسری وجہ ہے جیسے سخت سردی، طوفانی ہوا، گھٹا ٹوپ اندھیرا یا دیگر خطرات جیسے کرفیو لگا ہوا ہے یا دشمن کا خوف ہے، یہ سب علة میں آتے ہیں۔

اور رَحْل کے لغوی معنی ہیں: کجاوہ، اور مجازی معنی ہیں: ڈیرہ، دھوپ وغیرہ سے بچنے کے لئے خیمہ یا کجاوہ کھڑا کر کے اس پر کپڑا ڈال کر کمرہ نما بنالیتے ہیں اس کو ڈیرہ کہتے ہیں، اور اس کا اطلاق گھر پر بھی ہوتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں جو اگلے باب میں آرہی ہے: رحل سے مکانات مراد ہیں، مگر وہ حدیث موقوف ہے، حضرت ابن عباسؓ کا ارشاد ہے، اور احادیث مرفوعہ میں لفظ رحل ڈیرہ کے لئے استعمال کیا گیا ہے، پس مکانوں کا حکم قیاس سے اخذ کیا جائے گا۔

[۴۰-] بابُ الرُّخْصَةِ فِي الْمَطَرِ وَالْعِلَّةِ أَنْ يُّصَلِّيَ فِيْ رَحْلِهِ

[۶۶۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَذَّنَ بِالصَّلَاةِ فِيْ لَيْلَةٍ ذَاتِ بَرْدٍ وَرِيْحٍ، ثُمَّ قَالَ: أَلَا صَلُّوْا فِي الرِّحَالِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَأْمُرُ الْمُؤَذِّنَ إِذَا كَانَتْ لَيْلَةٌ ذَاتُ بَرْدٍ وَمَطَرٍ، يَقُوْلُ: "أَلَا صَلُّوْا فِي الرِّحَالِ" [راجع: ۶۳۲]

وضاحت: یہ حدیث کتاب الاذان (باب ۱۸) میں گذر چکی ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما مکہ معظّمہ جارہے تھے، ضجنان میں جو مکہ سے پچیس میل کے فاصلہ پر ہے پڑاؤ کیا، رات سرد تھی، آپؓ نے خود اذان دی پھر پکارا: ''اپنے ڈیروں میں نماز پڑھ لو'' پھر لوگوں سے کہا: نبی ﷺ سرد اور بارش والی رات میں مؤذن کو حکم دیتے تھے کہ وہ اذان کے بعد پکارے: ''سنو! نماز ڈیروں میں پڑھو''

تشریح:

۱- آنحضور ﷺ جب کسی جگہ پڑاؤ ڈالتے تھے تو آپؐ کے خیمہ کے قریب جگہ ہموار کر کے عارضی مسجد بنالی جاتی تھی، سب وہاں باجماعت نماز پڑھتے تھے، مگر جب بارش ہوتی تو آپؐ مؤذن کو حکم دیتے کہ وہ اذان کے بعد اعلان کرے: لوگ کجاووں میں نماز پڑھیں، کیونکہ عارضی جگہ بھیگ چکی ہوتی تھی، اس لئے یہ رخصت دی جاتی تھی۔

۲- ایک حدیث ہے: إذا ابْتُلِيَتِ النِّعَالُ فَصَلُّوْا في الرِّحَالِ: جب بارش اتنی ہوجائے کہ چپل بھیگ جائیں لوگ ڈیروں میں نماز پڑھیں، یہ حدیث بے اصل ہے۔ صاحب نہایہ (غریب الحدیث کی کتاب ہے) نے نعل اور رحل کے مادوں میں یہ حدیث لکھی ہے مگر یہ حدیث کتب حدیث میں نہیں ملی۔

فائدہ: حدیث کا کتب فقہ میں یا کتبِ تفسیر میں یا بزرگوں کے ملفوظات میں ہونا صحت کے لئے کافی نہیں، حدیث کا حدیث کی کسی کتاب میں ہونا ضروری ہے اور یہ بات بھی ضروری ہے کہ اس کے روات ثقہ ہوں۔

[۶۶۷-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ الْأَنْصَارِيِّ: أَنَّ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ يَؤُمُّ قَوْمَهُ وَهُوَ أَعْمٰى، وَأَنَّهُ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّمَا تَكُوْنُ الظُّلْمَةُ وَالسَّيْلُ، وَأَنَا رَجُلٌ ضَرِيْرُ الْبَصَرِ، فَصَلِّ يَارسولَ اللّٰهِ! فِيْ بَيْتِيْ مَكَانًا أَتَّخِذُهُ مُصَلًّى، فَجَاءَهُ

رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: "أَیْنَ تُحِبُّ أَنْ أُصَلِّیَ؟" فَأَشَارَ إِلٰی مَکَانٍ مِنَ الْبَیْتِ، فَصَلّٰی فِیْهِ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم.[راجع: ٤٢٤]

یہ حدیث ابھی ابواب المساجد میں گذری ہے، حضرت عتبان رضی اللہ عنہ محلّہ کی مسجد کے امام تھے، ان کی نگاہ میں کمزوری تھی، اوران کے گھر اور مسجد کے درمیان برساتی نالا تھا اس لئے حضرت عتبانؓ کو مسجد جانے میں دشواری پیش آتی تھی، اس لئے انھوں نے اپنے گھیر میں مسجد بنانے کا ارادہ کیا، اور نبی ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ کسی وقت میرے گھر تشریف لائیں اور نماز پڑھیں تاکہ میں اس جگہ کو مسجد بناؤں، آپؐ نے وعدہ کیا، پھر ایک صبح حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت عتبانؓ کے گھر تشریف لے گئے اور جہاں انھوں نے اشارہ کیا، آپؐ نے باجماعت دو نفل پڑھے۔

اس حدیث سے امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ بارش کی وجہ سے جماعت سے متخلف رہنا اور گھر پر نماز پڑھنا جائز ہے، مگر تقریب تام نہیں، اس لئے کہ حضرت عتبانؓ نے تو مسجد ہی گھر میں منتقل کی تھی، اب محلّہ والے وہاں آکر نماز پڑھیں گے، اس لئے حدیث سے باب ثابت کرنا دشوار ہے۔

قولہ: وھو أَعْمٰی: حضرت عتبانؓ نابینا تھے یا ان کی نگاہ کمزور تھی؟ اس حدیث میں صراحت ہے کہ نابینا تھے اور دوسری حدیث میں ضریرُ البَصَر بھی آیا ہے، یعنی ان کی نگاہ کمزور تھی، پس ایک حقیقت ہے اور دوسری مجاز، اور یہ بھی ممکن ہے کہ پہلے نگاہ کمزور ہو، پھر نابینا ہوگئے ہوں۔

قولہ: إنھا تکون الظُّلْمة والسَّیْل: رات میں اندھیرا ہوتا ہے اور برسات میں نالا بہتا ہے اس لئے میرے لئے مسجد آنے جانے میں پریشانی ہے۔

فائدہ: حضرت عتبانؓ نے جو اپنے گھیر میں مسجد منتقل کی تھی وہ مسجدِ شرعی تھی یا مصلّٰی؟ یعنی نماز پڑھنے کی عارضی جگہ، روایت میں اس کی کوئی صراحت نہیں۔ یورپ اور امریکہ وغیرہ میں مسجد بنانے کی اجازت آسانی سے نہیں ملتی، اس لئے لوگ مصلّٰی بنالیتے ہیں اور وہاں پانچ وقت کی جماعت کرتے ہیں، امام ومؤذن بھی متعین ہوتے ہیں، ایسا کرنے میں کچھ حرج نہیں، وہ مسجدِ شرعی نہیں، مسجدِ شرعی اور مصلی میں فرق ہے، مسجدِ شرعی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہیں ہوسکتی اور مصلّٰی منتقل ہوسکتا ہے۔ حضرت عتبانؓ جہاں نماز پڑھائیں گے وہ مسجدِ شرعی ہوگی: روایت میں اس کی کوئی صراحت نہیں، ہوسکتا ہے کہ کسی کے گھیر میں نماز پڑھی جاتی ہو، وہاں تک جانے میں پریشانی ہو اس لئے آپؓ نے اپنے گھیر میں مسجد منتقل کرلی۔

بابٌ: هَلْ یُصَلِّی الإِمَامُ بِمَنْ حَضَرَ؟ وَهَلْ یَخْطُبُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فِی الْمَطَرِ؟

کیا امیر حاضرین کے ساتھ نماز پڑھے؟ اور کیا بارش میں جمعہ کے دن خطبہ دے؟

اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ اعذار میں، سخت سردی یا بارش میں، یا طوفانی ہوا ہو تب بھی مسجد میں جماعت موقوف نہیں

رہے گی، جماعت بہر حال ہوگی، البتہ لوگوں کے لئے اعلان کیا جائے گا کہ گھروں میں نماز پڑھیں، اور جولوگ مسجد کے قریب رہتے ہیں وہ نماز کے لئے مسجد میں آئیں گے، اور امام ومؤذن تو ہونگے ہی، یہ لوگ جماعت کرلیں گے، اسی طرح جمعہ کے دن جولوگ آجائیں ان کو امام جمعہ پڑھائے اور خطبہ بھی دے، خطبہ اور جماعت موقوف نہیں رہیں گے۔

[٤١-] بابٌ: هَلْ يُصَلِّي الإِمَامُ بِمَنْ حَضَرَ؟ وَهَلْ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِي الْمَطَرِ؟

[٦٦٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ: صَاحِبُ الزِّيَادِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ، قَالَ: خَطَبَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ رَدْغٍ، فَأَمَرَ الْمُؤَذِّنَ لَمَّا بَلَغَ "حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ" قَالَ: قُلِ: الصَّلَاةُ فِي الرِّحَالِ. فَنَظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ، كَأَنَّهُمْ أَنْكَرُوْا، فَقَالَ: كَأَنَّكُمْ أَنْكَرْتُمْ هٰذَا، إِنَّ هٰذَا فَعَلَهُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّيْ، يَعْنِي النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، إِنَّهَا عَزْمَةٌ، وَإِنِّيْ كَرِهْتُ أَنْ أُحْرِجَكُمْ.

وَعَنْ حَمَّادٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ نَحْوَهُ، غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ: كَرِهْتُ أَنْ أُؤَثِّمَكُمْ، فَتَجِيْئُوْنَ تَدُوْسُوْنَ الطِّيْنَ إِلٰى رُكَبِكُمْ.[راجع: ٦١٦]

حدیث: یہ حدیث کتاب الاذان میں گذری ہے، جب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بصرہ کے گورنر تھے، ایک جمعہ کو بارش ہورہی تھی، راستے کیچ سے بھرے ہوئے تھے، حضرت ابن عباسؓ خطبہ دینے کے لئے منبر پر تشریف لائے، مؤذن نے اذان شروع کی، جب اس نے حی علی الصلٰوۃ پکارا تو آپؓ نے فرمایا: اب پکار: الصلوۃُ فی الرحال: گھروں میں ظہر پڑھ لو، مسجد میں آنے کی ضرورت نہیں۔ لوگوں نے اس بات کو اوپرا سمجھا اور انھوں نے ایک دوسرے کو دیکھا، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: شاید تمہیں میری بات اوپری معلوم ہوئی، سنو! مجھ سے بہتر نے یعنی نبی ﷺ نے یہ اعلان کرایا ہے، پھر حضرت ابن عباسؓ نے مسئلہ سمجھایا کہ جمعہ کے لئے آنا واجب ہے، دیگر نمازوں میں اجابتِ فعلی واجب ہے یا سنت؟ اس میں اختلاف ہے، مگر جمعہ کی اذان سن کر مسجد میں آنا فرض ہے، اور یہ مسئلہ قرآنِ کریم میں ہے، اس لئے میں نے ناپسند کیا کہ تم کو تنگی میں ڈالوں، اور حماد کی روایت میں ہے کہ میں نے ناپسند کیا کہ تمہیں گناہ میں مبتلا کروں، تم گھٹنوں تک کیچڑ میں چل کر آؤ، اس لئے میں نے اعلان کرایا، اب جو نہیں آئے گا وہ گناہ میں مبتلا نہیں ہوگا، اور یہ کام آنحضور ﷺ نے بھی ایک بارش والے دن میں کیا ہے۔

اور حدیث سے استدلال واضح ہے، بارش ہورہی ہو، راستے کیچ سے بھرے ہوئے ہوں، مسجد تک پہنچنے میں پریشانی ہو تو بھی جمعہ کی نماز ہوگی، خطبہ دیا جائے گا اور رخصت کا اعلان کیا جائے گا۔

[٦٦٩-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىٰ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ،

فَقَالَ: جَاءَ تْ سَحَابَةٌ فَمَطَرَتْ، حَتّٰى سَالَ السَّقْفُ، وَكَانَ مِنْ جَرِيْدِ النَّخْلِ، فَأُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ، فَرَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْجُدُ فِي الْمَاءِ وَالطِّيْنِ، حَتّٰى رَأَيْتُ أَثَرَ الطِّيْنِ فِيْ جَبْهَتِهِ.

[انظر: ۸۱۳، ۸۳۶، ۲۰۱۶، ۲۰۱۸، ۲۰۲۷، ۲۰۳۶، ۲۰۴۰]

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک بادل آیا، پس برسا یہاں تک کہ چھت ٹپکی اور چھت کھجور کے پتوں کی تھی، پھر نماز کھڑی کی گئی، پس میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپؐ نے پانی اور مٹی میں یعنی کیچ میں سجدہ کیا، یہاں تک کہ میں نے کیچ کا اثر آپ کے ماتھے پر دیکھا۔

تشریح: ایک رمضان میں حضور اکرم ﷺ کو شبِ قدر کی یہ علامت بتلائی گئی تھی کہ جو رات شبِ قدر ہوگی اس کی صبح میں آپؐ کیچ میں سجدہ کریں گے، چنانچہ اکیس ویں رات میں بارش ہوئی اور محراب میں سجدہ کی جگہ پانی ٹپکا، جب آپؐ نے فجر پڑھائی تو کیچ میں سجدہ کیا۔ ابوسعید خدریؓ نے نماز کے بعد پیشانی پر کیچ کا اثر دیکھا۔ یہ حدیث باب کے پہلے جزء سے متعلق ہے، رات میں بارش ہوئی تھی اور ممکن ہے صبح تک بارش ہو رہی ہو، مگر جو لوگ آئے تھے آپؐ نے ان کو نماز پڑھائی، معلوم ہوا کہ بارش وغیرہ اعذار میں بھی جماعت ہوگی۔

[۶۷۰-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ سِيْرِيْنَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُوْلُ: قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: إِنِّيْ لَا أَسْتَطِيْعُ الصَّلَاةَ مَعَكَ، وَكَانَ رَجُلًا ضَخْمًا، فَصَنَعَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم طَعَامًا، فَدَعَاهُ إِلٰى مَنْزِلِهِ، فَبَسَطَ لَهُ حَصِيْرًا، وَنَضَحَ طَرَفَ الْحَصِيْرِ، فَصَلّٰى عَلَيْهِ رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ آلِ الْجَارُوْدِ لِأَنَسٍ: أَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي الضُّحٰى؟ قَالَ: مَا رَأَيْتُهُ صَلَّاهَا إِلَّا يَوْمَئِذٍ.

[انظر: ۱۱۷۹، ۶۰۸۰]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک انصاری نے عرض کیا: میں آپؐ کے ساتھ نماز پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا، اور وہ موٹا آدمی تھا، پس اس نے نبی ﷺ کے لئے کھانا بنایا، اور آپؐ کو اپنے گھر بلایا، پس آپؐ کے لئے ایک چٹائی بچھائی، اور چٹائی کے ایک حصہ کو دھویا، پس آپؐ نے اس پر دو رکعتیں پڑھیں۔ آل جارود میں سے ایک شخص نے حضرت انسؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ چاشت کی نماز پڑھا کرتے تھے؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: میں نے اس دن کے علاوہ آپؐ کو چاشت کی نماز پڑھتے نہیں دیکھا۔

تشریح: غالباً یہ حضرت عتبان رضی اللہ عنہ ہی کا واقعہ ہے، وہ نابینا یا ضعیف البصر تھے اور موٹے بھی تھے، نماز پڑھنے کے لئے مسجدِ نبوی میں آنا ان کے لئے دشوار تھا اس لئے انھوں نے اپنے گھر میں مسجد بنانے کی اور نماز پڑھنے کی اجازت طلب کی، آنحضور ﷺ نے اجازت دیدی اور ان کی درخواست پر ان کے گھر تشریف لے گئے اور وہاں نماز پڑھی اور کھانا

نوش فرمایا۔

سوال: حضرت عتبان رضی اللہ عنہ کا واقعہ جو پہلے گذرا ہے اس میں تو یہ تھا کہ انھوں نے ضعف بصر اور برسات میں نالا بہنے کا عذر پیش کیا تھا، اور یہاں یہ ہے کہ موٹاپے کا عذر پیش کیا تھا، یہ تعارض ہے؟

جواب: یہ دونوں واقعے الگ الگ بھی ہو سکتے ہیں یعنی پہلے حضرت عتبانؓ مسجدِ نبوی میں نماز پڑھتے تھے، مگر موٹاپے کی وجہ سے مسجد میں آنا دشوار ہوا تو محلّہ میں مسجد (مصلی) بنانے کی اجازت طلب کی جو آپؐ نے دیدی، وہاں حضرت عتبانؓ نماز پڑھانے لگے پھر جب ان کو وہاں جانے میں بھی دشواری پیش آئی تو اپنے گھر میں مسجد منتقل کرنے کی اجازت طلب کی، آپؐ نے اس کی بھی اجازت دیدی اور ان کے گھر جا کر نماز پڑھی۔ غرض یہ دونوں واقعے الگ الگ ہو سکتے ہیں اس لئے کوئی تعارض نہیں۔

مناسبت: آنحضور ﷺ نے حضرت عتبانؓ کے گھر میں حاضرین کے ساتھ با جماعت نماز پڑھی، یہی **یُصلِّی الإمامُ بمن حَضَرَ** ہے، اور یہی باب سے مناسبت ہے۔

فائدہ: پہلے یہ بات بتائی تھی کہ فقہاء اور محدثین کے نزدیک اشراق وچاشت ایک ہی نماز ہیں، اگر سورج نکلنے کے بعد جلدی پڑھ لی جائے تو اشراق ہے اور دیر سے (نو، دس یا گیارہ بجے) پڑھی جائے تو چاشت ہے اور صوفیاء کہتے ہیں: یہ دو الگ الگ نمازیں ہیں، اشراق کی کم سے کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ چار رکعتیں ہیں اور چاشت کی کم سے کم آٹھ رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں۔ ظاہر ہے اس مسئلہ میں صوفیاء کی رائے کو زیادہ اہمیت نہیں دی جا سکتی کیونکہ صوفیاء شریعت کے رمز شناس نہیں، شریعت کے رمز شناس اور نصوص کو سمجھنے والے اول نمبر پر فقہاء ہیں، پھر محدثین، پس ان حضرات کی جو رائے ہے وہی صحیح ہے۔ اور حضرت انسؓ کی اس حدیث سے ان کی تائید ہوتی ہے۔

بابٌ: إِذَا حَضَرَ الطَّعَامُ وَأُقِيمَتِ الصَّلٰوةُ

جب کھانا سامنے آجائے اور نماز شروع ہو جائے

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ نماز بہ اطمینان ادا کرنی چاہئے، لہٰذا اگر کھانا سامنے آجائے اور اقامت شروع ہو جائے اور بھوک سخت لگ رہی ہو تو پہلے بھوک کا بھوت مار لے پھر نماز پڑھے۔ اسی طرح چھوٹے بڑے استنجے کے تقاضہ کے وقت بھی پہلے استنجے سے فراغت حاصل کرے پھر نماز پڑھے، اور اگر کھانا کھانے کی وجہ سے یا استنجے کی وجہ سے جماعت فوت ہو جائے تو کوئی مضائقہ نہیں، کیونکہ بھوک کی شدت اور استنجے کا تقاضہ ترکِ جماعت کے اعذار میں سے ہیں۔ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آدمی کی سمجھداری کی علامت یہ ہے کہ پہلے ضرورت پوری کر لے پھر مطمئن ہو کر نماز پڑھے، اس لئے کہ بھوک کی حالت میں نماز پڑھے گا تو ساری توجہ کھانے کی طرف رہے گی، اور نماز کھانا بن جائے گی، اور کھانا کھا کر نماز پڑھے گا تو کھاتے وقت توجہ نماز کی طرف رہے گی پس کھانا نماز بن جائے گا، اور کھانے کو نماز بنانا بہتر ہے نماز کو کھانا بنانے سے۔

باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ عمل بھی ہے کہ جب ان کے سامنے شام کا کھانا آتا تھا اور نماز کے لئے اقامت شروع ہوجاتی تھی تو وہ پہلے کھانا کھاتے تھے، پھر جماعت میں شریک ہوتے تھے، گھر مسجد سے قریب تھا وہ امام کی قراءت سنتے تھے اور کھاتے رہتے تھے، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں مغرب کا لفظ آیا ہے اور امام طحاوی رحمہ اللہ کی بیان مشکل الآثار میں صائم کا لفظ بھی ہے اور صحیح ابن حبان میں تفصیل ہے کہ ابن عمرؓ کا نفلی روزہ ہوتا تھا اس لئے جب اذان شروع ہوتی تو روزہ کھولتے اور نماز کھڑی ہوتی، تب بھی کھاتے رہتے تھے، پس یہ حکم اگرچہ عام ہے مگر حقیقت میں خاص ہے، روزے دار کے ساتھ اور مغرب کی نماز کے ساتھ خاص ہے، تمام نمازوں کے لئے یہ حدیث نہیں، البتہ اس سے یہ ضابطہ نکلے گا کہ نماز بہ اطمینان ادا کرنی چاہئے۔

فائدہ: رمضان میں تو مغرب کی نماز میں پانچ سات منٹ کی تاخیر ہوتی ہے، مگر غیر رمضان میں اذان کے بعد فوراً نماز شروع ہوجاتی ہے، اس لئے اگر روزے سے ہو اور بھوک بہت لگ رہی ہو تو پہلے کچھ کھالے پھر نماز میں شریک ہو۔

[٤٢-] بابٌ: إِذَا حَضَرَ الطَّعَامُ وَأُقِيمَتِ الصَّلٰوةُ

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَبْدَأُ بِالْعَشَاءِ، وَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ: مِنْ فِقْهِ الْمَرْءِ إِقْبَالُهُ عَلٰى حَاجَتِهِ، حَتّٰى يُقْبِلَ عَلٰى صَلاَتِهِ وَقَلْبُهُ فَارِغٌ.

[٦٧١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: " إِذَا وُضِعَ الْعَشَاءُ وَأُقِيمَتِ الصَّلاَةُ، فَابْدَؤُا بِالْعَشَاءِ" [انظر: ٥٤٦٥]

[٦٧٢-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا قُدِّمَ الْعَشَاءُ فَابْدَؤُا بِهِ قَبْلَ أَنْ تُصَلُّوْا صَلاَةَ الْمَغْرِبِ، وَلاَ تَعْجَلُوْا عَنْ عَشَائِكُمْ" [انظر: ٥٤٦٣]

[٦٧٣-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا وُضِعَ عَشَاءُ أَحَدِكُمْ، وَأُقِيمَتِ الصَّلاَةُ، فَابْدَؤُا بِالْعَشَاءِ، وَلاَ يَعْجَلْ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهُ"

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُوْضَعُ لَهُ الطَّعَامُ، وَتُقَامُ الصَّلاَةُ، فَلاَ يَأْتِيهَا حَتّٰى يَفْرُغَ، وَإِنَّهُ يَسْمَعُ قِرَاءَةَ الإِمَامِ.

[انظر: ٦٧٤، ٥٤٦٤]

[٦٧٤-] وَقَالَ زُهَيْرٌ، وَوَهْبُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ عَلَى الطَّعَامِ، فَلاَ يَعْجَلْ حَتّٰى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ مِنْهُ، وَإِنْ أُقِيمَتِ الصَّلاَةُ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَحَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ عُثْمَانَ، وَوَهْبٌ مَدَنِيٌّ.

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب شام کا کھانا رکھ دیا جائے (عَشاء شام کے کھانے کو کہتے ہیں، عرب عام طور پر مغرب کے بعد شام کا کھانا کھاتے تھے) اور (مغرب کی) نماز کے لئے اقامہ شروع ہو جائے تو شام کے کھانے سے شروع کرو۔

حدیث (۲): اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ جب شام کا کھانا آگے کر دیا جائے تو اس سے ابتدا کرو، مغرب کی نماز پڑھنے سے پہلے، اور نماز میں جلدی نہ کرے شام کے کھانے سے یعنی پہلے نماز نہ پڑھے۔

حدیث (۳): اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً مروی ہے کہ جب تم میں سے کسی کے سامنے شام کا کھانا رکھ دیا جائے اور نماز کے لئے اقامہ شروع ہو جائے تو کھانے سے شروع کرے (نماز پڑھنے میں) جلدی نہ کرے تا آنکہ کھالے۔

اور حضرت ابن عمرؓ کے لئے کھانا رکھا جاتا تھا اور نماز کھڑی کی جاتی تھی تو آپؓ جماعت میں شریک نہیں ہوتے تھے، یہاں تک کہ کھانے سے فارغ ہو جاتے تھے، اور آپؓ امام کی قراءت سنتے تھے۔ یہ حدیث زہیر اور وہب بن عثمان بھی موسیٰ بن عقبہ سے مذکورہ سند سے روایت کرتے ہیں، ان کی روایت اس طرح ہے: جب تم میں سے کوئی کھانے پر ہو یعنی کھانا آ گیا ہو تو وہ جلدی نہ کرے یہاں تک کہ اپنی حاجت پوری کرے، اگرچہ تکبیر ہو رہی ہو۔

زہیر اور وہب بن عثمان امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ نہیں ہیں، مگر یہ حدیث معلق نہیں ہے، امام بخاریؒ نے آخر میں سند لکھ کر اس کو موصول کر دیا ہے۔ امام بخاریؒ نے یہ حدیث ابراہیم بن المنذر سے اور انھوں نے وہب بن عثمان سے سنی ہے، وہب بن عثمان مدنی ہیں اور گیلری میں مدینی لکھا ہے، یہ مدینہ منورہ کی طرف نسبت ہے دورِ اول میں دونوں نسبتیں چلتی تھیں۔

تشریح: ابھی بتایا ہے کہ یہ حدیث بظاہر عام ہے، مگر حقیقت میں خاص ہے، روزہ دار اور مغرب کی نماز کے ساتھ خاص ہے، تمام نمازوں کے لئے یہ حکم نہیں، حضرت انسؓ کی حدیث میں مغرب کی صراحت ہے اور امام طحاویؒ کی بیان مشکل الآثار میں صائم کی بھی صراحت ہے اور صحیح ابن حبان میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ ایسا مغرب کی نماز میں کرتے تھے جبکہ انہیں روزہ کی وجہ سے بھوک لگی ہوئی ہوتی تھی۔

باب: إِذَا دُعِيَ الإِمَامُ إِلَى الصَّلاَةِ وَبِيَدِهِ مَا يَأْكُلُ

امام نماز کے لئے بلایا جائے درانحالیکہ اس کے ہاتھ میں کھانا ہو

اس باب میں امام اور مقتدی کے احکام میں فرق کرنا چاہتے ہیں، کھانے کو مقدم کرنے کا مسئلہ مقتدی کے لئے ہے، امام کو اقامت کے ساتھ ہی کھڑا ہو جانا چاہئے، کھانے کو مقدم نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ امام کا معاملہ متعدی ہے، اس کے تاخیر کرنے سے لوگ پریشان ہونگے، برخلاف مقتدی کے کہ اس کا معاملہ لازم ہے، اس کی ذات کے ساتھ خاص ہے اس کے

کھانے کو مقدم کرنے کی وجہ سے کسی کو پریشانی نہیں ہوگی، باب میں یہ حدیث ہے کہ آنحضور ﷺ گوشت نوش فرما رہے تھے، آپؐ نے اقامہ کے ساتھ ہی کھانا چھوڑ دیا، معلوم ہوا کہ امام ومقتدی کے احکام میں فرق ہے۔

[۴۳-] بابٌ: إِذَا دُعِيَ الإِمَامُ إِلَى الصَّلاَةِ وَبِيَدِهِ مَا يَأْكُلُ

[۶۷۵-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّ أَبَاهُ قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ ذِرَاعًا، يَحْتَزُّ مِنْهَا، فَدُعِيَ إِلَى الصَّلاَةِ، فَقَامَ فَطَرَحَ السِّكِّيْنَ، فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. [راجع: ۲۰۸]

وضاحت: اس حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الوضوء (باب۵۰) میں ہے۔

بابُ مَنْ كَانَ فِيْ حَاجَةِ أَهْلِهِ فَأُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَخَرَجَ

آدمی گھر کے کام میں مشغول ہو اور نماز شروع ہوجائے تو نماز کے لئے نکلے

اس باب میں حاجتِ اکل اور دیگر حوائج میں فرق کرنا چاہتے ہیں، حاجتِ اکل تو نماز میں تاخیر کے لئے عذر ہے مگر دیگر حوائج عذر نہیں، اور میں نے کہا تھا کہ چھوٹے بڑے استنجے کا تقاضہ حاجتِ اکل کے ساتھ لاحق ہے، چنانچہ حدیث میں ہے کہ چھوٹے بڑے استنجے کے تقاضہ کے وقت نماز مت پڑھو، پہلے حاجت سے فراغت حاصل کرلو پھر نماز پڑھو، کیونکہ استنجے کے تقاضہ کے ساتھ نماز پڑھے گا تو نماز میں بے اطمینانی رہے گی اور نماز میں پوری توجہ استنجے کی طرف رہے گی، ایسی بے اطمیانی کی حالت میں نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔

اور باب میں یہ حدیث ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا: نبی ﷺ جب گھر میں ہوتے تھے تو کیا کرتے تھے؟ صدیقہؓ نے کہا: گھر والے جو کام کرتے تھے وہی حضور ﷺ بھی کرتے تھے، یعنی گھر کے کام کاج میں شریک ہوتے تھے، لیکن جب تکبیر شروع ہوتی تو کام چھوڑ کر نماز کے لئے تشریف لے جاتے، معلوم ہوا کہ گھر کے کاموں کی مشغولیت تاخیر کے لئے عذر نہیں۔

[۴۴-] بابُ مَنْ كَانَ فِيْ حَاجَةِ أَهْلِهِ فَأُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَخَرَجَ

[۶۷۶-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَكَمُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الأَسْوَدِ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ رضى الله عنها: مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَصْنَعُ فِيْ بَيْتِهِ؟ قَالَتْ: كَانَ يَكُوْنُ فِيْ مِهْنَةِ أَهْلِهِ - تَعْنِيْ فِيْ خِدْمَةِ أَهْلِه - فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلاَةُ خَرَجَ إِلَى الصَّلاَةِ. [انظر: ۵۳۶۳، ۶۰۳۹]

بابُ مَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ وَهُوَ لَايُرِيْدُ إِلَّا أَنْ يُعَلِّمَهُمْ صَلَاةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَسُنَّتَه

کوئی نماز پڑھائے اوراس کا مقصود مسنون نماز کی تعلیم دینا ہو

کوئی شخص یہ اعلان کر کے نماز پڑھائے کہ وہ نماز کا مسنون طریقہ سکھلانا چاہتا ہے تو یہ ریاء وسُمعہ نہیں، جس کو حدیث میں شرکِ خفی کہا گیا ہے، مکتب میں معلم بچوں کو جو نماز سکھلاتا ہے: بچے صف بناتے ہیں اور ایک بچہ نماز پڑھاتا ہے یہ مراد نہیں، یہ تو ریہرسل ہے، یہاں حقیقتاً نماز پڑھانا مراد ہے، مگر اس نے اعلان کیا ہے کہ وہ نماز کا مسنون طریقہ سکھلانا چاہتا ہے، تو اس کی نماز دیکھی جائے گی، اور اس کو مرائی نہیں کہیں گے۔

[٤٥-] بابُ مَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ وَهُوَ لَايُرِيْدُ إِلَّا أَنْ يُعَلِّمَهُمْ صَلَاةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَسُنَّتَه

[٦٧٧-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، قَالَ: جَاءَ نَا مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ فِيْ مَسْجِدِنَا هٰذَا، فَقَالَ: إِنِّيْ لَأُصَلِّيْ بِكُمْ وَمَا أُرِيْدُ الصَّلَاةَ، أُصَلِّيْ كَيْفَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ، فَقُلْتُ لِأَبِيْ قِلَابَةَ: كَيْفَ كَانَ يُصَلِّيْ؟ قَالَ: مِثْلَ شَيْخِنَا هٰذَا، قَالَ: وَكَانَ شَيْخٌ يَجْلِسُ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُوْدِ، قَبْلَ أَنْ يَنْهَضَ فِيْ الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى. [انظر: ٨٠٢، ٨١٨، ٨٢٤]

ترجمہ: ابوقلابہؒ کہتے ہیں: ہماری اس مسجد میں حضرت مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ آئے، اور انھوں نے کہا: میں تمہیں نماز پڑھاتا ہوں اور میرا مقصود نماز پڑھانا نہیں، بلکہ میں نماز پڑھتا ہوں جس طرح میں نے نبی ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ ایوب سختیانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے ابوقلابہ سے پوچھا: وہ کس طرح نماز پڑھتے تھے؟ یعنی ان کی نماز میں خاص بات کیا تھی؟ ابوقلابہؒ نے کہا: ہمارے اِن حضرت کی طرح نماز پڑھائی۔ ایوب کہتے ہیں: اور حضرت پہلی رکعت میں دوسرے سجدہ سے سر اٹھا کر کھڑے ہونے سے پہلے بیٹھا کرتے تھے یعنی جلسۂ استراحت کرتے تھے۔

تشریح: حضرت مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھانے سے پہلے اعلان کیا کہ میں نے آنحضور ﷺ کو جس طرح نماز پڑھتے دیکھا ہے اسی طرح نماز پڑھاؤں گا لہٰذا میری نماز دیکھو اور نماز کا مسنون طریقہ سیکھو، اس زمانہ میں عمل سے تعلیم دی جاتی تھی۔ معلوم ہوا کہ نماز پڑھانے سے پہلے اگر امام ایسا اعلان کرے تو یہ ریاء وسمعہ نہیں، اور شیخ سے مراد حضرت عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ ہیں، وہ ابوقلابہ کی مسجد کے امام تھے، ان کا واقعہ کبھی آئے گا، ان کا قبیلہ ایک چشمہ پر آباد تھا،

مسافر وہاں ٹھہرتے تھے، جب کوئی قافلہ مدینہ سے آتا اور وہاں ٹھہرتا تو وہ ان سے قرآن سنتے اور اسے یاد کرتے، اس وقت وہ نابالغ تھے ابھی ان کا قبیلہ مسلمان نہیں ہوا تھا، پھر اللہ نے قبیلہ کو توفیق دی وہ حلقہ بگوشِ اسلام ہوگیا، جب قبیلہ والے مدینہ سے لوٹنے لگے تو حضور ﷺ نے ان سے فرمایا: ''جس کو قرآن سب سے زیادہ یاد ہو وہ نماز پڑھائے'' گھر آکر دیکھا تو اس بچہ کو سب سے زیادہ قرآن یاد تھا اس لئے انھوں نے عمرو بن سلمہؓ کو امام بنایا۔

یہاں یہ مسئلہ پیدا ہوا کہ نابالغ کی امامت درست ہے یا نہیں؟ حضرت عمرو بن سلمہ کو قبیلہ والوں نے امام بنایا تھا، نبی ﷺ نے ان کو اس کا حکم نہیں دیا تھا اور نہ یہ بات آپؐ کے علم میں آئی تھی، اس لئے اس واقعہ سے نابالغ کی امامت پر استدلال صحیح نہیں۔

حضرت عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ جلسۂ استراحت کیا کرتے تھے یعنی پہلی اور تیسری رکعتوں کے دوسرے سجدہ کے بعد اطمینان سے بیٹھ جاتے تھے پھر اگلی رکعت کے لئے کھڑے ہوتے، جلسۂ استراحت مسنون ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ ابھی آرہا ہے، یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جلسۂ استراحت کا مسلمانوں میں معمول نہیں تھا، اسی لئے ابوقلابہؒ نے حضرت مالکؓ کی یہ خاص بات بیان کی ہے، حضرت مالکؓ بیس دن مدینہ منورہ میں رہے ہیں اس وقت نبی ﷺ نے کسی عذر سے جلسۂ استراحت کیا ہے، اس لئے حضرت مالکؓ نے بھی جلسۂ استراحت کیا، باقی تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔

بابُ أَهْلِ الْعِلْمِ وَالْفَضْلِ أَحَقُّ بِالإِمَامَةِ

علم و فضل والے امامت کے زیادہ حقدار ہیں

امامت کا زیادہ حق دار کون ہے؟ اور اس کی ترتیب کیا ہے؟ یہ مسئلہ ترمذی شریف میں ہے، بخاری شریف میں یہ مسئلہ نہیں ہے، اس سلسلہ میں جو روایت ہے وہ امام بخاریؒ نہیں لائے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک امامت کا زیادہ حقدار اعلم ہے، پھر دوسرا نمبر اقرأ کا ہے اور امام بخاریؒ نے اس مسئلہ میں حنفیہ کی موافقت کی ہے اور امام شافعی اور امام ابویوسف رحمہما اللہ کے نزدیک اقراء کا پہلا نمبر ہے، جو قرآن سب سے اچھا پڑھتا ہے اس کا حق زیادہ ہے، پھر اعلم کا نمبر ہے۔

ان حضرات کی دلیل ترمذی شریف کی حدیث (نمبر ۲۳۶) ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: يَؤُمُّ القومَ أَقرأهم لكتاب اللهِ، فإن كانوا في القراءة سواء فأعلمهم بالسنة: اس حدیث میں اقرأ کو اعلم پر مقدم رکھا گیا ہے، معلوم ہوا کہ پہلا نمبر اقرأ کا ہے۔ اور اب دنیا میں سب لوگ امام شافعیؒ اور امام ابویوسفؒ کے مذہب پر عمل کرتے ہیں، جب امامت کے لئے انتخاب ہوتا ہے تو امیدواروں کا قرآن سنا جاتا ہے، مسائل نہیں پوچھے جاتے، مگر امام اعظم اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک اعلم زیادہ حقدار ہے، چنانچہ صحابہ میں اقرأ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ موجود تھے، مگر مرض وفات میں آنحضور ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امام بنایا، کیونکہ وہ اعلم تھے (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۱:۵۶۵-۵۶۷) میں ہے)

قولہ: أهلُ العلم و الفضل أحق بالإمامة: اہل العلم کے معنی تو واضح ہیں اور اہل الفضل کے معنی ہیں: نیک بندے، اگر امام کبیرہ گناہ کا ارتکاب کرتا ہے یا صغیرہ گناہ پر اصرار کرتا ہے تو وہ اہل الفضل میں سے نہیں ہے، اسے امام نہیں بنانا چاہئے اگرچہ قرآن اچھا پڑھتا ہو۔

[٤٦-] بابُ أَهْلِ الْعِلْمِ وَالْفَضْلِ أَحَقُّ بِالإِمَامَةِ

[٦٧٨-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: ثَنَا حُسَيْنٌ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى قَالَ: مَرِضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاشْتَدَّ مَرَضُهُ، فَقَالَ:" مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ" قَالَتْ عَائِشَةُ: إِنَّهُ رَجُلٌ رَقِيْقٌ، إِذَا قَامَ مَقَامَكَ لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ، قَالَ: "مُرِيْ أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ" فَعَادَتْ، فَقَالَ:" مُرِيْ أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَإِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ" فَأَتَاهُ الرَّسُوْلُ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ فِيْ حَيَاةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ٣٣٨٥]

[٦٧٩-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَنَّهَا قَالَتْ: إِنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ فِيْ مَرَضِهِ: " مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ" قَالَتْ عَائِشَةُ: قُلْتُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ إِذَاقَامَ فِيْ مَقَامِكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ: قُوْلِيْ لَهُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ إِذَا قَامَ فِيْ مَقَامِكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ، فَفَعَلَتْ حَفْصَةُ، فَقَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" مَهْ إِنَّكُنَّ لَأَنْتُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ، مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ" فَقَالَتْ حَفْصَةُ لِعَائِشَةَ: مَا كُنْتُ لِأُصِيْبَ مِنْكِ خَيْرًا.[راجع: ١٩٨]

وضاحت: اس باب میں پانچ حدیثیں ہیں، سب مرض وفات کی ہیں، اور وہ پہلے آچکی ہیں، ان سے استدلال یہ کیا ہے کہ نبی ﷺ نے مرض وفات میں اپنی جگہ نماز پڑھانے کے لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کھڑا کیا ہے، جب کہ صحابہ میں اقرأ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ موجود تھے، مگر حضرت ابوبکرؓ اعلم بالسنہ تھے، اس لئے ان کو امامت سونپی، معلوم ہوا کہ امامت کا زیادہ حق اعلم کا ہے اور اقرأ کا نمبر دوسرا ہے، مگر یہ استدلال مضبوط نہیں، اس لئے کہ یہاں محض امامت صغری کا مسئلہ نہیں تھا، بلکہ اس کے ساتھ امامت کبری کا مسئلہ جڑا ہوا تھا، اور وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امام بنانے ہی سے حاصل ہوسکتا تھا۔

قولہ: فأتاه الرسول: پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس قاصد آیا کہ آنحضور ﷺ نے آپؓ کو نماز پڑھانے کا حکم دیا ہے، پس حضرت ابوبکرؓ نے آپؐ کی حیات میں لوگوں کو (سترہ) نمازیں پڑھائیں۔

قولہ: مَه: یہ اسم فعل ہے، اس کے معنی ہیں: رکو، یعنی مجھے مشورہ مت دو، تم سب یوسف علیہ السلام والی عورتیں ہو، یعنی جس طرح ان عورتوں کے دلوں میں کچھ تھا اور زبان پر کچھ تھا، یہی حال تمہارا بھی ہے، یہ آنحضور ﷺ نے ڈانٹ پلائی

ہے، ڈانٹ حضرت عائشہ وحفصہ دونوں کو پڑی ہے، مگر رخ بظاہر حضرت حفصہؓ کی طرف ہے، چنانچہ حضرت حفصہؓ نے حضرت عائشہؓ سے کہا: مجھے تم سے کسی خیر کی امید نہیں! یعنی تم ہمیشہ مجھے اسی طرح پھنساتی ہو!

قولہ: صواحبُ یوسف: صواحب: صاحبة کی جمع ہے، یوسف علیہ السلام والی عورتیں، جن کا تذکرہ سورۂ یوسف (آیت ۳۱) میں آیا ہے، شاہی خاندان کی عورتوں نے یوسف علیہ السلام کو سمجھانا شروع کیا تھا کہ تم کو اپنی محسنہ اور سیدہ کا کہنا ماننا چاہئے، آخر اس غریب پر اتنا ظلم کیوں کرتے ہو، پھر یہ بھی سوچ لو کہ نافرمانی کا نتیجہ کیا ہوگا؟ خواہ مخواہ مصیبت سر پر لینے سے کیا فائدہ؟ کہتے ہیں کہ بظاہر زبان سے وہ زلیخا کی سفارش کر رہی تھیں، مگر دل ہر ایک کا یوسف علیہ السلام کو اپنی طرف کھینچنا چاہتا تھا (فوائد عثمانی)

اسی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا دل تو یہی چاہتا تھا کہ یہ فضیلت ان کے ابا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ملے، اور اس سے اقامتِ کبری کا مسئلہ طے ہوجائے، مگر وہ ڈر رہی تھیں کہ اگر خدانخواستہ آپؐ کی اس مرض میں وفات ہوگئی تو لوگ ابوبکر کو منحوس خیال کریں گے اور آگے کا مرحلہ کھٹائی میں پڑ جائے گا، اس لئے انھوں نے حضرت حفصہؓ سے بھی حضرت عمرؓ کا نام پیش کرایا، حضرت حفصہؓ اس کو نہ سمجھ سکیں، اور حضرت عمرؓ کا نام پیش کردیا، اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم یوسف علیہ السلام والی عورتیں ہو، دل میں کچھ ہے اور ظاہر کچھ کرتی ہو، پس حقیقت میں تنبیہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ہے، مگر کلام کا رخ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی طرف تھا۔

[٦٨٠-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيُّ، وَكَانَ تَبِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَخَدَمَهُ، وَصَحِبَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَانَ يُصَلِّيْ لَهُمْ فِيْ وَجَعِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ، حَتّٰى إِذَا كَانَ يَوْمُ الاِثْنَيْنِ، وَهُمْ صُفُوْفٌ فِيْ الصَّلاَةِ، فَكَشَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سِتْرَ الْحُجْرَةِ، يَنْظُرُ إِلَيْنَا وَهُوَ قَائِمٌ، كَأَنَّ وَجْهَهُ وَرَقَةُ مُصْحَفٍ، ثُمَّ تَبَسَّمَ يَضْحَكُ، فَهَمَمْنَا أَنْ نَفْتَتِنَ مِنَ الْفَرَحِ بِرُؤْيَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَنَكَصَ أَبُوْ بَكْرٍ رضى الله عنه عَلٰى عَقِبَيْهِ، لِيَصِلَ الصَّفَّ، وَظَنَّ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَارِجٌ إِلَى الصَّلاَةِ، فَأَشَارَ إِلَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَتِمُّوْا صَلاَتَكُمْ، وَأَرْخَى السِّتْرَ، فَتُوُفِّيَ مِنْ يَوْمِهِ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ٦٨١، ٧٥٤، ١٢٠٥، ٤٤٤٨]

[٦٨١-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمْ يَخْرُجِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثًا، فَأُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ، فَذَهَبَ أَبُوْ بَكْرٍ يَتَقَدَّمُ، فَقَالَ نَبِيُّ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِالْحِجَابِ، فَرَفَعَهُ، فَلَمَّا وَضَحَ وَجْهُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، مَا رَأَيْنَا مَنْظَرًا كَانَ أَعْجَبَ إِلَيْنَا مِنْ وَجْهِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ وَضَحَ لَنَا، فَأَوْمَأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ أَنْ يَتَقَدَّمَ، وَأَرْخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْحِجَابَ، فَلَمْ يُقْدَرْ عَلَيْهِ حَتّٰى مَاتَ.[راجع: ٦٨٠]

حدیث (۶۸۰): ابن شہاب زہریؒ کہتے ہیں: مجھے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتلایا اور انھوں نے نبی ﷺ کی پیروی کی ہے، اور آپؐ کی خدمت کی ہے اور آپؐ کے ساتھ رہے ہیں (تینوں لفظوں کا ایک مطلب ہے کہ حضرت انسؓ ہر وقت حضور ﷺ کی خدمت میں رہتے تھے، انھوں نے دس سال آپؐ کی خدمت کی ہے) کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی اس بیماری میں جس میں آپؐ کی وفات ہوئی ہے لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے، یہاں تک کہ پیر کا دن آیا اور لوگ نماز کی صفیں بنائے ہوئے تھے کہ آپؐ نے حجرہ کا پردہ کھولا، آپؐ ہمیں کھڑے ہوئے دیکھ رہے تھے، آپؐ کا چہرہ گویا قرآن کا ورق تھا، پھر آپؐ مسکرائے (اور) ہنسے یعنی پہلے مسکرائے پھر ہنسے (مسکرانا ابتدائی درجہ ہے جس میں صرف ہونٹ کھلتے ہیں اور ہنسنے میں آواز نکلتی ہے مگر اس کو دوسرا نہیں سنتا، اور ہنسنے کی آواز دوسرا سنے تو وہ قہقہہ ہے) پس ہم نے ارادہ کیا کہ آنحضور ﷺ کو دیکھنے کی وجہ سے فتنہ میں مبتلا ہو جائیں یعنی نماز توڑ دینے کا ارادہ کیا، پس حضرت ابوبکرؓ اپنی ایڑیوں پر ہٹے یعنی الٹے پاؤں لوٹے تا کہ صف میں مل جائیں اور انھوں نے خیال کیا کہ نبی ﷺ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لا رہے ہیں، پس نبی ﷺ نے ہماری طرف اشارہ کیا کہ اپنی نماز پوری کرو، اور پردہ چھوڑ دیا، پھر اسی دن آنحضور ﷺ کی وفات ہوگئی۔

حدیث (۶۸۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (بیماری کے دنوں میں) نبی ﷺ تین دن تک نماز پڑھانے تشریف نہیں لائے، پھر (ایک دن) نماز کے لئے تکبیر کہی گئی، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے بڑھنے لگے، نبی ﷺ نے حجرے کا پردہ پکڑا اور اس کو اٹھایا، پس جب رخ انور نظر آیا تو ہم نے کوئی منظر نہیں دیکھا جو رخ انور سے زیادہ محبوب ہو، پس نبی ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آگے بڑھنے کا اشارہ کیا پھر آپؐ نے پردہ چھوڑ دیا، پھر آپؐ نکلنے پر قادر نہیں ہوئے یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی۔

تشریح: بیماری کے دنوں میں بھی جب تک آنحضور ﷺ میں طاقت رہی آپؐ مسجد میں آکر نماز پڑھاتے رہے، آخری نماز جو آپؐ نے پڑھائی وہ جمعرات کی مغرب کی نماز تھی، جس کے چار روز کے بعد پیر کے دن آپؐ کی وفات ہوئی، آخری دن صبح کی نماز میں آپؐ نے حجرہ کا پردہ کھولا اور لوگوں کو دیکھا کہ صف بستہ ہیں، لوگوں کو دیکھ کر آپؐ مسکرائے، چہرۂ انور کی خوبصورتی کا یہ حال تھا کہ گویا قرآن شریف کا ورق ہے، صحابہ فرط مسرت سے قریب تھے کہ نماز توڑ دیں، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مصلی سے پیچھے ہٹنے کا ارادہ کیا، آپؐ نے اشارہ کیا کہ نماز پوری کرو اور پردہ ڈال دیا۔ یہ آنحضور ﷺ کا آخری جلوہ تھا جو صحابہ نے دیکھا، آج آپؐ کی طبیعت پہلے سے بہتر تھی نماز کے بعد حضرت ابوبکرؓ حجرہ میں گئے اور باہر آکر صحابہ کو خوش خبری سنائی کہ آپؐ پرسکون ہیں، صحابہ مطمئن ہوکر گھروں کو لوٹ گئے، مگر کچھ دیر نہ گذری تھی کہ نزع شروع ہوگیا اور روح مبارک قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔

[۶۸۲-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: "لَمَا اشْتَدَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَجَعُهُ، قِيْلَ لَهُ فِيْ

الصَّلَاةِ، فَقَالَ: " مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ " قَالَتْ عَائِشَةُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ رَقِيْقٌ، إِذَا قَرَأَ غَلَبَهُ الْبُكَاءُ، قَالَ: "مُرُوْهُ فَلْيُصَلِّ" فَعَاوَدَتْهُ، قَالَ: " مُرُوْهُ فَلْيُصَلِّ، إِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ"

تَابَعَهُ الزُّبَيْدِيُّ، وَابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ، وَإِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى الْكَلْبِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَقَالَ عُقَيْلٌ، وَمَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَمْزَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

سند: اس حدیث کو ابن شہاب زہریؒ سے متعدد تلامذہ روایت کرتے ہیں، یونسؒ، زبیدیؒ، امام زہریؒ کے بھتیجے اور اسحاق بن یحییٰ موصول روایت کرتے ہیں یعنی آخر میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا ذکر کرتے ہیں اور عقیل اور معمر مرسل روایت کرتے ہیں یعنی ابن عمرؓ کا ذکر نہیں کرتے۔

بابُ مَنْ قَامَ إِلَى جَنْبِ الإِمَامِ لِعِلَّةٍ

کسی وجہ سے امام کے پہلو میں کھڑا ہونا

صفوں سے آگے کھڑا ہونا خالص امام کا حق ہے البتہ اگر امام ضرورت محسوس کرے تو مقتدی کو بھی اپنے ساتھ آگے کھڑا کرسکتا ہے، مثلاً مقتدی ایک ہے تو امام اپنی دائیں طرف کھڑا کرے اور یہ افضل ہے اور بائیں طرف کھڑا کرنا جائز ہے، یا لوگ زیادہ ہیں اور امام پہلی صف کو آگے کرے اور خود ان کے درمیان کھڑا ہو تو یہ بھی جائز ہے، پس باب کا مقصد یہ ہے کہ تقدم علی الصفوف خالص امام کا حق ہے البتہ بوقت ضرورت دوسرے کو مقدم کرسکتا ہے، علة کے معنی ہیں: وجہ، ضرورت، یعنی کوئی ضرورت اور وجہ پیش آئے تو امام مقتدی کو مقدم کرسکتا ہے، پہلے حدیث گذری ہے کہ آنحضور ﷺ دو آدمیوں کے سہارے مسجد میں تشریف لائے، اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ظہر کی نماز پڑھا رہے تھے، آپؐ کو حضرت ابوبکرؓ کے پہلو میں بائیں طرف بٹھا دیا گیا، صدیقِ اکبرؓ پیچھے ہٹنے لگے تو آنحضور ﷺ نے اشارہ کیا کہ رک جاؤ، وہ آپؐ کی تکبیریں سن کر زور سے تکبیریں کہتے تھے، یا اس وجہ سے روک لیا کہ پیچھے صف پوری تھی۔ غرض یہ ضرورتاً امام کا مقتدی کو مقدم کرنا ہے اور یہی اس باب کا مدعی ہے۔

[٤٧-] بابُ مَنْ قَامَ إِلَى جَنْبِ الإِمَامِ لِعِلَّةٍ

[٦٨٣-] حدثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا، قَالَتْ: أَمَرَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ فِيْ مَرَضِهِ، فَكَانَ يُصَلِّيْ بِهِمْ، قَالَ عُرْوَةُ: فَوَجَدَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ نَفْسِهِ خِفَّةً فَخَرَجَ، فَإِذَا أَبُوْ بَكْرٍ يَؤُمُّ النَّاسَ، فَلَمَّا رَآهُ أَبُوْ بَكْرٍ اسْتَأْخَرَ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ أَنْ كَمَا أَنْتَ، فَجَلَسَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

حِذَاءَ أَبِيْ بَكْرٍ إِلٰى جَنْبِهِ، فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّيْ بِصَلاَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلاَةِ أَبِيْ بَكْرٍ. [راجع: ۱۹۸]

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث پہلے گذری ہے، ان سے حضرت عروہ روایت کرتے ہیں اور حدیث قال عروۃ تک ہے اس سے آگے حضرت عروہ کا قول ہے، اور اس حدیث سے ایسا مفہوم ہوتا ہے کہ مرض وفات میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو پہلی نماز پڑھائی تھی اسی میں آپ آگئے تھے مگر یہ بات صحیح نہیں، حضرت ابوبکرؓ نے جو پہلی نماز پڑھائی ہے وہ عشاء کی نماز تھی اور آنحضور ﷺ آئندہ کسی دن ظہر کی نماز میں آئے ہیں۔

بابُ مَنْ دَخَلَ لِيَؤُمَّ النَّاسَ فَجَاءَ الإِمَامُ الْأَوَّلُ فَتَأَخَّرَ الْأَوَّلُ أَوْ لَمْ يَتَأَخَّرْ: جَازَتْ صَلٰوتُهُ

نائب امام نماز پڑھانے آیا، پس اصل امام آیا تو نائب امام خواہ پیچھے ہٹے یا نہ ہٹے نماز درست ہے

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ امام کی عدم موجودگی میں کوئی ماذون شخص نماز پڑھانے کے لئے مصلی پر پہنچ جائے پھر اصل امام آجائے تو کیا منیب (نائب بنانے والے) کی موجودگی میں نائب نماز پڑھا سکتا ہے، یا اس پر امام راتب کو آگے بڑھانا اور خود پیچھے ہٹ جانا ضروری ہے؟ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں صورتیں جائز ہیں، نائب پیچھے ہٹ جائے اور امام راتب کو آگے بڑھائے: ایسا بھی کر سکتا ہے، اور نائب خود نماز پڑھائے یہ بھی جائز ہے۔ اور یہ اختیار نماز شروع کرنے سے پہلے تک ہے، اقامت ہو رہی ہو اور اصل امام آجائے تو یہ دونوں صورتیں جائز ہیں، لیکن نماز شروع کرنے کے بعد نائب کے لئے پیچھے ہٹنا جائز نہیں، اب وہی نماز پڑھائے۔ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جو نماز شروع کرنے کے بعد نبی ﷺ کے لئے پیچھے ہٹ گئے تھے وہ آنحضور ﷺ کی خصوصیت تھی۔

آنحضور ﷺ کی حیاتِ طیبہ میں اس سلسلہ کے تین واقعات مروی ہیں:

پہلا واقعہ: غزوۂ تبوک کے سفر میں فجر کے وقت قافلہ نے پڑاؤ کیا، نبی ﷺ قافلہ سے پیچھے تھے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے نمازِ فجر پڑھانی شروع کی، دوسری رکعت پڑھا رہے تھے کہ آپ تشریف لے آئے، حضرت عبد الرحمٰن نماز پڑھاتے رہے، پیچھے نہیں ہٹے، سلام کے بعد آپ نے جو ایک رکعت رہ گئی تھی وہ پڑھی، صحابہ گھبرا گئے کہ آپ کی ایک رکعت فوت ہوگئی، نماز کے بعد آپ نے صحابہ کو تسلی دی اور ان کے عمل کو درست قرار دیا۔

دوسرا واقعہ: ابھی گذرا ہے کہ ظہر کی نماز میں حضور اکرم ﷺ تشریف لائے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز شروع کر چکے تھے، وہ پیچھے ہٹنے لگے، آپ نے اشارہ کیا کہ نماز پڑھاتے رہیں، مگر حضرت ابوبکرؓ پیچھے ہٹ گئے، آپ نے خلیفہ بن کر نماز پڑھانی شروع کی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے زور سے تکبیریں کہیں۔

تیسرا واقعہ: باب میں ہے کہ قبیلہ بنی عمرو بن عوف میں کسی بات پر جھگڑا ہو گیا تھا، آنحضور ﷺ صلح صفائی کرانے

کے لئے تشریف لے گئے، جب نماز کا وقت ہوا اور آنحضور ﷺ تشریف نہیں لائے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: اگر آپؓ نماز پڑھائیں تو میں تکبیر کہوں، حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: تم چاہو تو پڑھا دوں، چنانچہ حضرت بلالؓ نے تکبیر کہی اور حضرت ابوبکرؓ نے نماز پڑھانی شروع کی، ابھی پہلی ہی رکعت تھی کہ آنحضور ﷺ تشریف لے آئے، لوگ جگہ دیتے گئے اور آپؐ پہلی صف میں پہنچ گئے، اس وقت مسجدِ نبوی میں دو تین صفیں ہوتی تھیں، حضرت ابوبکرؓ کو کچھ پتا نہیں چلا لوگوں نے تالیاں بجائیں تب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جھانکا، وہ آپؐ کو دیکھ کر پیچھے ہٹنے لگے، آپؐ نے اشارہ فرمایا: نماز پڑھاتے رہو، مگر حضرت ابوبکرؓ نے کانوں پر ہاتھ رکھے، شکریہ ادا کیا اور صف میں چلے آئے، حضور ﷺ آگے بڑھے اور نماز پڑھائی —— یہ دونوں واقعے بھی نماز شروع ہونے کے بعد کے ہیں مگر آپؐ پہلی ہی رکعت میں تشریف لے آئے تھے اور خلیفہ بن کر نماز پڑھائی تھی، یہ آپؐ کی خصوصیت تھی۔

نماز کے بعد آنحضور ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: جب میں نے اشارہ کیا تھا کہ نماز پڑھاتے رہو تو تم پیچھے کیوں ہٹ گئے؟ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: ابن ابی قُحافہ کے لئے مناسب نہیں تھا کہ وہ اللہ کے رسول کے سامنے نماز پڑھائے، پھر آپؐ نے لوگوں سے فرمایا: تالی بجانا عورتوں کے لئے ہے، اگر نماز میں کوئی بات پیش آئے تو سبحان اللہ کہنا چاہئے، سبحان اللہ کا مطلب ہے: اللہ عیوب سے پاک ہیں، جب سبحان اللہ کہا جائے گا تو امام سوچے گا مجھ سے کیا بھول ہو رہی ہے، جو مجھ سے یہ بات کہی جا رہی ہے، اس طرح اس کو اپنی غلطی یاد آجائے گی۔

غرض حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ پیچھے نہیں ہٹے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹ گئے، اس سے دونوں صورتوں کا جواز نکلا، اور نماز شروع ہونے کے بعد نائب کا پیچھے ہٹ جانا اور امام راتب کا آگے بڑھنا یہ آنحضور ﷺ کی خصوصیت تھی۔

[٤٨-] بابُ مَنْ دَخَلَ لِيَؤُمَّ النَّاسَ، فَجَاءَ الإِمَامُ الأَوَّلُ، فَتَأَخَّرَ الأَوَّلُ أَوْ لَمْ يَتَأَخَّرْ: جَازَتْ صَلٰوتُهُ

فِيْهِ عَائِشَةُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٦٨٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ حَازِمِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَهَبَ إِلٰى بَنِيْ عَمْرِوبْنِ عَوْفٍ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، فَحَانَتِ الصَّلاَةُ فَجَاءَ الْمُؤَذِّنُ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ: أَتُصَلِّي لِلنَّاسِ فَأُقِيْمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَصَلَّى أَبُوْ بَكْرٍ، فَجَاءَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَالنَّاسُ فِيْ الصَّلاَةِ، فَتَخَلَّصَ حَتّٰى وَقَفَ فِيْ الصَّفِّ، فَصَفَّقَ النَّاسُ، وَكَانَ أَبُوْبَكْرٍ لاَيَلْتَفِتُ فِيْ صَلاَتِهِ، فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ التَّصْفِيْقَ الْتَفَتَ، فَرَأَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَشَارَ إِلَيْهِ

رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنِ امْکُثْ مَکَانَکَ، فَرَفَعَ أَبُوْ بَکْرٍ رضی اللہ عنہ یَدَیْہِ، فَحَمِدَ اللّٰہَ عَلٰی مَا أَمَرَہُ بِہِ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ ذٰلِکَ، ثُمَّ اسْتَأْخَرَ أَبُوْ بَکْرٍ، حَتّٰی اسْتَوٰی فِیْ الصَّفِّ، وَتَقَدَّمَ رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم فَصَلّٰی، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ:" یَا أَبَا بَکْرٍ مَا مَنَعَکَ أَنْ تَثْبُتَ إِذْ أَمَرْتُکَ؟" فَقَالَ أَبُوْبَکْرٍ: مَاکَانَ لِاِبْنِ أَبِیْ قُحَافَۃَ أَنْ یُصَلِّیَ بَیْنَ یَدَیْ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:" مَا لِیْ رَأَیْتُکُمْ أَکْثَرْتُمُ التَّصْفِیْقَ؟ مَنْ نَابَہُ شَیْئٌ فِیْ صَلَاتِہٖ فَلْیُسَبِّحْ، فَإِنَّہُ إِذَا سَبَّحَ الْتُفِتَ إِلَیْہِ، وَإِنَّمَا التَّصْفِیْقُ لِلنِّسَاءِ"[انظر: ۱۲۰۱، ۱۲۰۴، ۱۲۱۸، ۱۲۳۴، ۲۶۹۰، ۲۶۹۳، ۷۱۹۰]

حدیث: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ قبیلہ بنی عمرو بن عوف کی طرف گئے تا کہ آپؐ ان کے درمیان صلح کرائیں، پس نماز کا وقت ہوگیا تو مؤذن (حضرت بلالؓ) حضرت ابوبکرؓ کے پاس آیا اور کہا: اگر آپ نماز پڑھائیں تو میں تکبیر کہوں؟ حضرت ابوبکرؓ نے کہا: ہاں یعنی نماز پڑھاؤں گا پس حضرت ابوبکرؓ نے نماز پڑھی، پس نبی ﷺ تشریف لے آئے درانحالیکہ لوگ نماز میں تھے، پس آپؐ بڑھتے رہے یہاں تک کہ پہلی صفت میں کھڑے ہوئے یعنی لوگ جگہ دیتے گئے اور آپؐ بڑھتے رہے، یہاں تک کہ پہلی صف میں پہنچ گئے۔ پس لوگوں نے تالیاں بجائیں اور ابوبکرؓ نماز میں التفات نہیں کرتے تھے، پس جب لوگوں نے بہت زیادہ تالیاں بجائیں تو انھوں نے التفات کیا، پس انھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا، آپؐ نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ اپنی جگہ ٹھہرے رہو، یعنی نماز پڑھاتے رہو، پس ابوبکرؓ نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور اللہ کی تعریف کی، اُس بات پر جس کا نبی ﷺ نے ان کو حکم دیا تھا (ہاتھوں کو کانوں کی طرف اٹھانے کا مطلب ہے: ذرہ نوازی کا شکریہ! شکریہ کے الفاظ زبان سے ادا کرنے ضروری نہیں، جیسے انگوٹھا دکھانا یورپ وامریکہ میں 'شکریہ' ہے) پھر حضرت ابوبکرؓ پیچھے ہٹ گئے، یہاں تک کہ صف میں آ گئے پس رسول اللہ ﷺ آگے بڑھے اور آپؐ نے نماز پڑھائی، جب آپؐ نماز سے پلٹے تو فرمایا: "اے ابوبکر! تمہیں اپنی جگہ ٹھہرنے سے کس چیز نے روکا جبکہ میں نے تمہیں حکم دیا تھا؟ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا:؟ ابو قحافہ کے لڑکے کے لئے مناسب نہیں تھا کہ وہ نبی ﷺ کے سامنے نماز پڑھاتا، پس رسول اللہ ﷺ نے (لوگوں سے) فرمایا: میں نے کیوں دیکھا تمہیں کہ تم نے بہت زیادہ تالیاں بجائیں؟ جس کو نماز میں کوئی بات پیش آئے اس کو چاہئے کہ سبحان اللہ کہے، اس لئے کہ جب وہ سبحان اللہ کہے گا تو اس کی طرف توجہ کی جائے گی اور تالیاں بجانا عورتوں ہی کے لئے ہے"

قولہ: إنما التصفیق للنساء: تصفیق کے معنی ہیں: تالی بجانا۔ اور یہاں بائیں ہاتھ کی پشت پر دائیں ہاتھ کی دو انگلیاں مارنا مراد ہے، اور اس جملہ کا مطلب جمہور نے یہ سمجھا ہے کہ اگر امام یا کسی کو تنبیہ کرنی ہو تو مرد سبحان اللہ کہیں اور عورتیں تصفیق کریں، وہ سبحان اللہ نہیں کہیں گی کیونکہ عورت کی آواز بھی عورت (ستر) ہے اور یہیں سے بعض کتابوں میں مسئلہ لکھا ہے کہ اگر عورت نماز میں لقمہ دے گی تو نماز فاسد ہو جائے گی، کیونکہ عورت کی آواز ستر ہے اور ننگا پا ظاہر کرنا مفسدِ صلوٰۃ ہے، مگر یہ بات صحیح نہیں، صوتُ العورۃ عورۃ کا مطلب یہ ہے کہ عورت پر بدن کی طرح اپنی آواز کی حفاظت بھی

ضروری ہے، اجنبیوں کے سامنے آواز ظاہر کرنے سے اس کو احتراز کرنا چاہئے، لقمہ دینے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک مردوزن سب سبحان اللہ کہیں گے وہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ امام کو تنبیہ کرنے کے لئے مرد سبحان اللہ کہیں، تالی نہ بجائیں یہ تو عورتوں کا شیوہ ہے، ہمارے محاورہ میں کہتے ہیں: تالی بجانا ہجڑوں کا کام ہے۔

مگر حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی یہی حدیث آگے کتاب الاحکام (حدیث ۷۱۹۰) میں آرہی ہے اس سے امام مالک رحمہ اللہ کے سمجھے ہوئے مطلب کی تردید ہوتی ہے، اس حدیث کے الفاظ ہیں: إذا نابكم أَمْرٌ فليُسَبِّحِ الرجالُ وَلْيُصَفِّحِ النساءُ: جب (نماز میں) کوئی بات پیش آئے تو چاہئے کہ مرد تسبیح کہیں اور عورتیں چٹکی بجائیں، اس میں صراحت ہے کہ سبحان اللہ صرف مرد کہیں گے، عورتیں بجائے تسبیح کے تصفیق کریں گی، مگر احتمال ہے کہ یہ روایت بالمعنی ہو، راوی نے جیسا سمجھا اس طرح الفاظ بدل دیئے۔

فائدہ: نماز میں تسبیح کہنے کا صرف یہی ایک موقع نہیں ہے بلکہ اس کے بہت سے مواقع ہیں مثلاً کوئی شخص بے خبری میں نمازی کے سامنے سے گذرنا چاہتا ہے تو بھی نمازی تسبیح کہے گا تاکہ گذرنے والا متنبہ ہوجائے، اسی طرح امام مقتدیوں کو کسی غلطی پر تنبیہ کرنا چاہے تو بھی تسبیح کہے گا، اسی طرح اگر کوئی شخص گھر کے اندر نماز میں مشغول ہے اور باہر سے کوئی اجازت طلب کرتا ہے تو چاہئے کہ زور سے تسبیح کہے اور اپنا نماز میں ہونا بتائے، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نبی ﷺ سے اجازت طلب کرتا جبکہ آپؐ نماز میں ہوتے تھے تو آپ سبحان اللہ کہتے (ترمذی حدیث ۳۸۰) ان کے علاوہ اور بھی جگہیں ہوسکتی ہیں۔

بابٌ: إِذَا اسْتَوَوْا فِي الْقِرَاءَ ةِ فَلْيَؤُمَّهُمْ أَكْبَرُهُمْ

جب لوگ قراءت میں برابر ہوں تو بڑا امامت کرے

امامت کا زیادہ حق دار اعلم ہے، پھر اقرأ، پھر اکبر کا نمبر ہے، یعنی اگر علم وقراءت میں سب برابر ہوں تو جس کی عمر زیادہ ہو وہ امامت کرے۔ حضرت مالک بن الحویرثؓ اور ان کے قبیلہ کے کچھ نوجوان علم حاصل کرنے کے لئے مدینہ آئے تھے، اور بیس روز مدینہ میں رہے تھے، وہ سب علم وقراءت میں یکساں تھے، اس لئے نبی ﷺ نے عمر زیادہ ہونے کا لحاظ فرمایا اور حکم دیا کہ تم میں جو بڑا ہے وہ امامت کرے۔

[٤٩-] بابٌ: إِذَا اسْتَوَوْا فِي الْقِرَاءَ ةِ فَلْيَؤُمَّهُمْ أَكْبَرُهُمْ

[٦٨٥-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، قَالَ: قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ شَبَبَةٌ، فَلَبِثْنَا عِنْدَهُ نَحْوًا مِنْ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً،

وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَحِيْمًا، فَقَالَ: " لَوْ رَجَعْتُمْ إِلٰى بِلَادِكُمْ فَعَلَّمْتُمُوْهُمْ، مُرُوْهُمْ فَلْيُصَلُّوْا صَلَاةَ كَذَا فِيْ حِيْنِ كَذَا، وَصَلَاةَ كَذَا فِيْ حِيْنِ كَذَا، وَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ أَحَدُكُمْ، وَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْبَرُكُمْ. [راجع: ٦٢٨]

قوله إذا استَوَوْا فی القراءة: یہاں سے معلوم ہوا کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک دوسرا نمبر اقرأ کا ہے اس لئے کہ اعلم کا ذکر پہلے کر چکے ہیں، امام اعظم رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، پھر اقرأ کے بعد اکبر کا نمبر ہے۔

بابٌ: إِذَا زَارَ الإِمَامُ قَوْمًا فَأَمَّهُمْ

جب امیر کسی علاقہ میں گیا پس اس نے امامت کی

یہاں امام سے امیر مراد ہے، اگر امیر کسی علاقہ میں جائے تو امامت کا حق کس کا ہے؟ امیر کا جو امام عام ہے یا مقررہ امام کا جو امام خاص ہے؟ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: امامت کا زیادہ حق تو امام خاص کا ہے مگر مناسب یہ ہے کہ امام خاص امام زائر سے نماز پڑھانے کی درخواست کرے۔ امام عام کی موجودگی میں امام خاص کو اقدام نہیں کرنا چاہئے، جیسے دار العلوم کے ایک استاذ شہر کی کسی مسجد میں اتفاقاً پہنچ گئے، وہاں ان کا شاگرد امام ہے تو اس امام کو چاہئے کہ اپنے استاذ سے نماز پڑھانے کی درخواست کرے، خود آگے نہ بڑھے اگرچہ امامت اسی کا حق ہے، اسی طرح اگر امیر کسی جگہ پہنچ جائے تو اگرچہ نماز پڑھانے کا حق امام خاص کا ہے مگر امام عام کی موجودگی میں امام خاص کو نماز نہیں پڑھانی چاہئے۔ امام عام سے پڑھوانی چاہئے۔ حضور ﷺ حضرت عتبان رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے وہاں جماعت کی تو امامت کا حق حضرت عتبانؓ کا تھا، کیونکہ وہ صاحبِ بیت تھے، چنانچہ نبی ﷺ نے ان سے اجازت مانگی اور انھوں نے جگہ بتائی وہاں نبی ﷺ نے امام بن کر نماز پڑھائی۔

[٥٠-] بابٌ: إِذَا زَارَ الإِمَامُ قَوْمًا فَأَمَّهُمْ

[٦٨٦-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: سَمِعْتُ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَذِنْتُ لَهُ، فَقَالَ: " أَيْنَ تُحِبُّ أَنْ أُصَلِّيَ مِنْ بَيْتِكَ؟" فَأَشَرْتُ لَهُ إِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ أُحِبُّ، فَقَامَ وَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، ثُمَّ سَلَّمَ وَسَلَّمْنَا. [راجع: ٤٢٤]

بابٌ: إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ

امام اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے

احوالِ صلوٰۃ میں مقتدیوں پر امام کی اتباع لازم ہے، خواہ تکبیرات ہوں، رکوع، سجود، قومہ، جلسہ یا قیام و قعود ہوں، سب امور

میں مقتدیوں پر امام کی اتباع لازم ہے، افعال میں بھی اور اقوال میں بھی، کسی بھی حال میں امام کی مخالفت جائز نہیں، اس لئے کہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ''امام اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے'' البتہ چند مسائل اس ضابطہ سے مستثنیٰ ہیں۔

پہلا مسئلہ: اگر امام عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھائے تو اس خاص معاملہ میں اس کی اتباع نہیں کی جائے گی، قیام پر قادر مقتدی کھڑے ہو کر اقتداء کریں گے —— اس سلسلہ میں آنحضور ﷺ کی حیات طیبہ میں دو واقعے ہیں:

پہلا واقعہ: سنہ ۵ ہجری کا ہے، نبی ﷺ گھوڑے پر سوار ہو کر کہیں تشریف لے جا رہے تھے، اچانک گھوڑا بدکا اور ایک کھجور کے درخت کے قریب سے گذرا، آپؐ کا پاؤں درخت سے رگڑ کھا گیا اور آپؐ گھوڑے سے گر پڑے، آپؐ نے بیماری کے ایام حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ پر جو بالا خانہ تھا اس میں گذارے، ایک مرتبہ چند صحابہ عیادت کے لئے آئے اتفاق سے اس وقت آپؐ بیٹھ کر نماز پڑھ رہے تھے، ان حضرات نے موقع غنیمت جان کر آپؐ کی اقتداء کی، اور کھڑے ہو کر اقتداء کی، آپؐ نے ان کو اشارے سے بٹھا دیا، اور نماز کے بعد فرمایا: امام اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے، پس جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر نماز پڑھو۔

دوسرا واقعہ: آپؐ کے مرض وفات کا ہے۔ مرض موت میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز پڑھاتے تھے، ایک دن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ظہر کی نماز پڑھا رہے تھے کہ آپؐ حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے سہارے تشریف لے آئے، صدیق اکبرؓ پیچھے ہٹ گئے، نبی ﷺ نے اشارہ بھی کیا کہ وہ نماز پڑھاتے رہیں، مگر انھوں نے ہمت نہ کی، آپؐ کو امام کی بائیں جانب بٹھا دیا گیا، اور آپؐ نے نماز پڑھانی شروع کی، آپ بیٹھ کر نماز پڑھا رہے تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور تمام مقتدی کھڑے ہو کر اقتداء کر رہے تھے۔

جمہور کے نزدیک اگر امام عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھائے تو مقتدی کھڑے ہو کر اقتداء کریں، آپؐ کا یہ آخری عمل ان کی دلیل ہے۔ اور حدیث إذا صَلَّى جالسا فصلُّوْا جلوسا أجمعون کو جمہور منسوخ مانتے ہیں۔ مرض وفات والا واقعہ ناسخ ہے اس لئے کہ وہ بعد کا واقعہ ہے، پس یہ جزئیہ اُس ضابطہ سے مستثنیٰ ہے۔

البتہ امام احمد رحمہ اللہ کا اختلاف ہے، وہ فرماتے ہیں: اگر معذور امام شروع ہی سے بیٹھ کر نماز پڑھا رہا ہو تو مقتدی بیٹھ کر اقتداء کریں، اور اگر امام کو نماز کے درمیان عذر پیش آیا اور وہ بیٹھ گیا تو مقتدی کھڑے ہو کر اقتداء کریں، یعنی امام احمد رحمہ اللہ نے دونوں حدیثوں کو جمع کیا ہے، پہلے واقعہ میں امام کا عذر اصلی تھا یعنی وہ شروع ہی سے معذور تھا اس لئے بیٹھ کر اقتداء کا حکم دیا گیا اور دوسرے واقعہ میں عذر طاری تھا یعنی معذور امام درمیان میں آیا تھا اس لئے لوگوں نے کھڑے ہو کر اقتداء کی، یہ مسئلہ أبواب صفۃ الصلوٰۃ میں بھی آئے گا۔

دوسرا مسئلہ: حنفیہ کے نزدیک رکوع سے کھڑے ہوتے وقت امام صرف تسمیع کہے گا اور مقتدی صرف تحمید، یہی رائے جمہور کی بھی ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے امام و مقتدی کے درمیان وظیفہ (ذکر) تقسیم کیا ہے، فرمایا: جب امام سمع اللہ لمن

حمدہ کہے تو تم ربنا لك الحمد کہو (ترمذی حدیث ۲۶۵) اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک امام ومقتدی دونوں ذکر جمع کریں گے، غرض جمہور کے نزدیک یہ جزئیہ بھی اُس ضابطہ سے مستثنیٰ ہے، یا یہ کہا جائے کہ رکوع سے اٹھتے وقت امام کی پیروی کی صورت یہی ہے کہ امام تسمیع کرے اور مقتدی تحمید کریں، اس صورت میں استثناء کی ضرورت نہیں ہوگی۔

تیسرا مسئلہ: مقتدی قراءت میں امام کی پیروی کریں گے یا نہیں؟ احادیث میں اس کا بھی استثناء آیا ہے، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: إذا قَرَأَ فَأَنْصِتُوْا: جب امام قراءت کرے تو تم خاموش رہو، یہ حدیث حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ہے جو مسلم شریف (۱:۱۷۴ باب التشھد) میں ہے۔ اور دوسری حدیث ہے: مَن کان له إمامٌ، فقراءۃُ الإمام له قراءۃٌ: یعنی امام کی قراءت مقتدی کے حق میں محسوب ہے، یہ حدیث پانچ صحابہ سے مروی ہے، تفصیل نصب الرایہ (۲:۲-۱۲) میں ہے۔

اور تمام ائمہ متفق ہیں کہ مقتدی سورت نہیں پڑھے گا، اور فاتحہ پڑھے گا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ قراءت میں فاتحہ شامل ہے یا نہیں؟ عرف میں شامل نہیں، جب کسی سے پوچھتے ہیں کہ آج امام نے نماز میں کیا قراءت کی؟ تو وہ سورت بتلاتا ہے فاتحہ نہیں بتلاتا، اور لغت میں فاتحہ پر بھی قراءت کا اطلاق ہوتا ہے، پس جن ائمہ کی رائے یہ ہے کہ قراءت میں فاتحہ شامل نہیں ان کے نزدیک فاتحہ میں بھی مقتدی امام کی اتباع کرے گا یعنی مقتدی بھی فاتحہ پڑھے گا۔ اور جنھوں نے قراءت میں فاتحہ کو شامل رکھا ہے ان کے نزدیک مقتدی فاتحہ نہیں پڑھے گا۔ اور یہ مسئلہ أبواب صفة الصلوٰۃ میں بھی آئے گا۔

غرض: ان تین مسئلوں کے علاوہ امام کی اتباع لازم ہے اقوال میں بھی اور افعال میں بھی، حتی کہ اگر غلطی سے مقتدی امام سے پہلے رکوع یا سجدہ کرلے یا رکوع، سجدہ سے سر اٹھالے تو مقتدی پر اس رکن میں لوٹنا واجب ہے جس رکن میں امام ہے، اور امام کے سر اٹھانے کے بعد سر اٹھانا یا امام کے رکوع وسجود میں جانے کے بعد رکوع وسجدہ کرنا لازم ہوگا، یہ بات حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے، اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کسی وجہ سے مقتدی کے افعال کی ترتیب غلط ہوجائے تو غلط شدہ فعل کی درستگی کے لئے اس فعل کو مکرر ادا کرنا ہوگا، مثلاً فجر کی جماعت ہورہی تھی، کسی مجبوری سے مقتدی پہلی رکعت کا ایک سجدہ یا دونوں سجدے نہیں کرسکا اور اس نے دوسری رکعت کے دونوں سجدے کئے تو امام کے سلام پھیرنے کے بعد اسے مسبوق کی طرح ایک رکعت پڑھنی ہوگی، اور جو سجدے رہ گئے ہیں ان کو کرنا ہوگا۔ اور اگر سلام پھیرنے کے بعد یاد آیا کہ پہلی رکعت کے سجدے رہ گئے ہیں تو اب نماز ازسرنو پڑھے۔

[۵۱-] بابٌ: إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ

[۱-] وَصَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ بِالنَّاسِ، وَهُوَ جَالِسٌ.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: إِذَا رَفَعَ قَبْلَ الإِمَامِ يَعُوْدُ، فَيَمْكُثُ بِقَدْرِ مَا رَفَعَ، ثُمَّ يَتْبَعُ الإِمَامُ.

[۳-] وَقَالَ الْحَسَنُ فِيْمَنْ يَرْكَعُ مَعَ الإِمَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَلاَ يَقْدِرُ عَلَى السُّجُوْدِ: يَسْجُدُ لِلرَّكْعَةِ الأَخِيْرَةِ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ يَقْضِي الرَّكْعَةَ الأُوْلٰى بِسُجُوْدِهَا، وَفِيْمَنْ نَسِيَ سَجْدَةً حَتّٰى قَامَ: يَسْجُدُ.

۱-امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر امام عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھے تو قیام پر قادر مقتدی کھڑے ہوکر اقتداء کریں، نبی ﷺ نے مرضِ وفات میں بیٹھ کر نماز پڑھائی تھی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اور تمام لوگوں نے کھڑے ہوکر اقتداء کی تھی، معلوم ہوا کہ یہ جزئیہ باب کے ضابطہ سے مستثنیٰ ہے۔

۲-حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب مقتدی نے رکوع یا سجدہ سے سر اٹھایا پھر دیکھا کہ ابھی امام رکوع یا سجدہ میں ہے، اس نے سر نہیں اٹھایا تو اسے فوراً رکوع، سجدہ میں لوٹ جانا چاہئے، اور امام کے بقدر رکوع، سجدہ میں رکنا چاہئے، پھر امام کے سر اٹھانے کے بعد سر اٹھانا چاہئے، اسی طرح اگر مقتدی رکوع یا سجدہ میں پہلے چلا جائے تو بھی مقتدی واپس لوٹے اور امام کے بعد رکوع اور سجدہ کرے، یعنی رکوع وسجود میں امام کی متابعت لازمی ہے، یہ جزئیہ ضابطہ سے مستثنیٰ نہیں۔

۳-اس عبارت میں دو مسئلے ہیں، مگر عبارت بہت مختصر ہوگئی ہے اس لئے اس کو سمجھنا مشکل ہوگیا ہے، حاشیہ میں دونوں مسئلے الگ الگ بیان کئے گئے ہیں

پہلا مسئلہ: باجماعت نماز میں کثرت اژدحام کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے بعض مقتدی پہلی رکعت کے دونوں یا ایک سجدہ نہیں کرسکے اور دوسری رکعت کے دونوں سجدے کئے تو امام کے سلام پھیرنے کے بعد پہلی رکعت کا اعادہ کرے، جیسے مسبوق چھٹی ہوئی رکعت پڑھتا ہے۔ اس میں وہ چھٹے ہوئے سجدے کرے اور سجدۂ سہو نہ کرے، کیونکہ یہ رکعت امام کی اقتداء میں پڑھی ہے۔

دوسرا مسئلہ: ایک شخص پہلی رکعت کا ایک سجدہ بھول گیا دوسری رکعت میں سلام پھیرنے سے پہلے یاد آیا تو وہ دوسری رکعت میں تین سجدے کرے، اور سلام پھیرنے کے بعد یاد آئے تو ازسرِ نو نماز پڑھے۔

ترجمہ: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ اس شخص کے بارے میں جس نے امام کے ساتھ دوگانہ پڑھا (اور پہلی رکعت کے) دونوں سجدے نہیں کرسکا تو حضرت حسنؒ فرماتے ہیں: پہلے آخری رکعت کے دونوں سجدے کرے، پھر پہلی رکعت اس کے سجدوں کے ساتھ قضاء کرے، یعنی امام کے سلام پھیرنے کے بعد وہ رکعت دوبارہ پڑھے (پہلا مسئلہ) اور اس شخص کے بارے میں جو (پہلی رکعت کا) ایک سجدہ بھول گیا، یہاں تک کہ کھڑا ہوگیا، فرماتے ہیں: وہ سجدہ کرے، یعنی جو سجدہ بھول گیا ہے وہ سجدہ دوسری رکعت میں کرے (دوسرا مسئلہ)

[۶۸۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا زَائِدَةُ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ، فَقُلْتُ: أَلاَ تُحَدِّثِيْنِيْ عَنْ مَرَضِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟

قَالَتْ: بَلٰی، ثَقُلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ:" أُصَلَّی النَّاسُ؟" فَقُلْنَا: لاَ، یَارسولَ اللّٰہِ! وَھُمْ یَنْتَظِرُوْنَکَ یَارسولَ اللّٰہِ! قَالَ:" ضَعُوْا لِیْ مَاءً فِیْ الْمِخْضَبِ" قَالَتْ: فَفَعَلْنَا، فَاغْتَسَلَ فَذَھَبَ لِیَنُوْءَ، فَأُغْمِیَ عَلَیْہِ، ثُمَّ أَفَاقَ، فَقَالَ صلی اللہ علیہ وسلم:" أُصَلَّی النَّاسُ؟" قُلْنَا: لاَ، ھُمْ یَنْتَظِرُوْنَکَ یَارسولَ اللّٰہِ! فَقَالَ: "ضَعُوْا لِیْ مَاءً فِیْ الْمِخْضَبِ" فَقَعَدَ فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ ذَھَبَ لِیَنُوْءَ فَأُغْمِیَ عَلَیْہِ، ثُمَّ أَفَاقَ، فَقَالَ:" أُصَلَّی النَّاسُ" قُلْنَا: لاَ، ھُمْ یَنْتَظِرُوْنَکَ یَارسولَ اللّٰہِ! وَالنَّاسُ عُکُوْفٌ فِیْ الْمَسْجِدِ یَنْتَظِرُوْنَ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لِصَلاَۃِ الْعِشَاءِ الآخِرَۃِ، فَأَرْسَلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلٰی أَبِیْ بَکْرٍ بِأَنْ یُصَلِّیَ بِالنَّاسِ، فَأَتَاہُ الرَّسُوْلُ، فَقَالَ: إِنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَأْمُرُکَ أَنْ تُصَلِّیَ بِالنَّاسِ، فَقَالَ أَبُوْ بَکْرٍ، وَکَانَ رَجُلاً رَقِیْقًا: یَا عُمَرُ صَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَ لَہُ عُمَرُ: أَنْتَ أَحَقُّ بِذٰلِکَ، فَصَلّٰی أَبُوْ بَکْرٍ تِلْکَ الْأَیَّامَ، ثُمَّ إِنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم وَجَدَ مِنْ نَفْسِہِ خِفَّۃً، فَخَرَجَ بَیْنَ رَجُلَیْنِ أَحَدُھُمَا الْعَبَّاسُ لِصَلاَۃِ الظُّھْرِ، وَأَبُوْ بَکْرٍ یُصَلِّیْ بِالنَّاسِ، فَلَمَّا رَآہُ أَبُوْ بَکْرٍ ذَھَبَ لِیَتَأَخَّرَ، فَأَوْمَأَ إِلَیْہِ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِأَنْ لاَ یَتَأَخَّرَ، قَالَ:" أَجْلِسَانِیْ إِلٰی جَنْبِہِ" فَأَجْلَسَاہُ إِلٰی جَنْبِ أَبِیْ بَکْرٍ، قَالَ: فَجَعَلَ أَبُوْ بَکْرٍ یُصَلِّیْ وَھُوَ یَأْتَمُّ بِصَلاَۃِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَالنَّاسُ بِصَلاَۃِ أَبِیْ بَکْرٍ، وَالنَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم قَاعِدٌ.

قَالَ عُبَیْدُ اللّٰہِ: فَدَخَلْتُ عَلٰی عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبَّاسٍ، فَقُلْتُ لَہُ: أَلاَ أَعْرِضُ عَلَیْکَ مَا حَدَّثَتْنِیْ عَائِشَۃُ عَنْ مَرَضِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: ھَاتِ، فَعَرَضْتُ عَلَیْہِ حَدِیْثَھَا، فَمَا أَنْکَرَ مِنْہُ شَیْئًا، غَیْرَ أَنَّہُ قَالَ: أَسَمَّتْ لَکَ الرَّجُلَ الَّذِیْ کَانَ مَعَ الْعَبَّاسِ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: ھُوَ عَلِیٌّ.[راجع: ۱۹۸]

وضاحت: یہ حدیث آپ کی پڑھی ہوئی ہے، حضور اقدس ﷺ کا مرض وفات تیرہ دن رہا ہے۔ بدھ کے دن سے مرض شروع ہوا، وہ دن حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی باری کا تھا، اور پیر کے دن وصال ہوا، وہ دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا تھا، بیماری کے ایام میں بھی آپؐ نماز پڑھاتے رہے، سب سے پہلے عشاء کی نماز میں آپؐ کے مرض میں شدت آئی، آپؐ پر بار بار غشی طاری ہوئی، آپؐ نے تین مرتبہ غسل فرمایا تاکہ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے جائیں، مگر ممکن نہ ہوسکا، چوتھی مرتبہ جب ہوش آیا تو آپؐ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کہلوایا کہ وہ نماز پڑھائیں۔ یہاں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نمازیں پڑھانی شروع کیں اور آپؐ کی حیات طیبہ میں سترہ نمازیں پڑھائیں۔

قولہ: فذھب لِیَنُوْءَ: حضور ﷺ نے مشکل سے اٹھنے کا ارادہ کیا۔ نَاءَ (ن) بِحِمْلِہِ نَوْءً ا: اپنے بوجھ کو مشکل سے لے کر اٹھنا۔

قولہ: ضَعُوا الی ماءً فی المِخْضَبِ: مِخْضَب کے معنی ہیں: بڑا برتن جو کپڑے دھونے یا رنگنے کے کام آتا ہے، آنحضور ﷺ نے ایام مرض میں ایک مرتبہ اپنے اوپر سات مشکوں کا پانی ڈلوایا تھا (کتاب الوضوء باب ۴۴) وہ واقعہ الگ

ہے اور یہ واقعہ الگ ہے، اس موقع پر آپ ﷺ نے صرف غسل فرمایا تھا۔

قولہ: والناسُ عُکوفٌ: لوگ مسجد میں ٹھہرے ہوئے تھے، آپ ﷺ کا انتظار کر رہے تھے۔

قولہ: ثم إنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم وجد من نفسہ خِفَّۃً: پھر نبی ﷺ نے اپنی طبیعت میں افاقہ محسوس کیا، اس جملہ سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ اسی عشاء میں تشریف لائے تھے، مگر ایسا نہیں ہے بلکہ صحیح واقعہ یہ ہے کہ مرض وفات میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پہلی نماز عشا کی پڑھائی اور حیاتِ طیبہ میں سترہ نمازیں پڑھائیں، ان ایام میں کسی دن ظہر کی نماز میں آپ ﷺ نے طبیعت میں افاقہ محسوس کیا تو ایک بڑے ٹب میں بیٹھ کر اپنے اوپر سات مشکوں کا پانی ڈلوایا پھر حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے سہارے مسجد میں تشریف لائے۔ (۱)

قولہ: ذَھَبَ لِیَتَأَخَّرَ: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پیچھے ہٹنے کا ارادہ کیا۔

قولہ: وھو یَأْتَمُّ بصلوٰۃ النبی: درانحالیکہ حضرت ابوبکرؓ نبی ﷺ کی اقتداء کر رہے تھے، اور لوگ ابوبکرؓ کی، یہاں سے بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ یہ دوہری امامت تھی جیسا کہ امامت جبرئیل میں دوہری امامت تھی، مگر یہ بات صحیح نہیں، اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مکبر تھے، نبی ﷺ کی تکبیریں زور سے کہہ رہے تھے اور حضرت ابوبکرؓ کی تکبیریں سن کر لوگ ایک رکن سے دوسرے رکن میں منتقل ہو رہے تھے۔

قولہ: أَلَا أَعْرِضُ علیك: کیا میں آپ کے سامنے پیش نہ کروں یعنی نہ سناؤں وہ حدیث جو مرضِ وفات کے تعلق سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے بیان کی ہے۔

[۶۸۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ، أَنَّهَا قَالَتْ: صَلّٰی رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ بَیْتِهِ وَهُوَ شَاكٍ، فَصَلّٰی جَالِسًا، وَصَلّٰی وَرَاءَهُ قَوْمٌ قِیَامًا، فَأَشَارَ إِلَیْهِمْ أَنِ اجْلِسُوْا، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: " إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِیُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، وَإِذَا صَلّٰی جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا أَجْمَعُوْنَ. [انظر: ۱۱۱۳، ۱۲۳۶، ۵۶۵۸]

[۶۸۹-] حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم رَكِبَ فَرَسًا فَصُرِعَ عَنْهُ، فَجُحِشَ شِقُّهُ الْأَیْمَنُ، فَصَلّٰی صَلَاةً مِنَ الصَّلَوَاتِ وَهُوَ قَاعِدٌ، فَصَلَّیْنَا وَرَاءَهُ قُعُوْدًا، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: " إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِیُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا صَلّٰی قَائِمًا فَصَلُّوْا قِیَامًا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، [وَإِذَا

(۱) تحفۃ الالمعی (۲: ۱۸۷) کی ایک عبارت سے بھی یہ غلط فہمی ہوتی ہے کہ نبی ﷺ اسی عشاء میں تشریف لائے تھے، مگر صحیح بات یہاں ہے کہ آئندہ کسی دن ظہر کی نماز میں آپ ﷺ نے طبیعت میں افاقہ محسوس کیا تو دو آدمیوں کے سہارے تشریف لائے۔

صَلَّى قَائِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا] وَإِذَا صَلَّى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا أَجْمَعُوْنَ"

قَالَ أَ بُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: قُوْلُهُ: وَإِذَا صَلَّى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا: هُوَ فِيْ مَرَضِهِ الْقَدِيْمِ، ثُمَّ صَلَّى بَعْدَ ذٰلِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم جَالِسًا، وَالنَّاسُ خَلْفَهُ قِيَامٌ، لَمْ يَأْمُرْهُمْ بِالْقُعُوْدِ، وَإِنَّمَا يُؤْخَذُ بِالآخِرِ فَالآخِرِ مِنْ فِعْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۷۸]

وضاحت: یہ حدیثیں بھی گذر چکی ہیں............وهو شاكٍ: آپؐ بیمار تھے............**إذا قَالَ سمع الله لمن حمده:** یہاں سے جمہور نے استدلال کیا ہے کہ امام صرف تسمیع کرے اور مقتدی صرف تحمید، کیونکہ نبی ﷺ نے دونوں کا وظیفہ بانٹ دیا ہے............**فَصُرِعَ عنه:** پس آپؐ گھوڑے سے گر گئے اور آپؐ کی دائیں جانب چھل گئی، گھوڑے سے گرنے کی وجہ سے آپؐ زخمی نہیں ہوئے تھے، بلکہ گھوڑا کسی وجہ سے بدکا تھا اور کھجور کے ایک درخت کے قریب سے گذرا تھا، جس کی وجہ سے پاؤں رگڑ کھا گیا تھا اور دائیں جانب زخمی ہوگئی تھی، اور آپؐ گھوڑے سے گر گئے تھے۔

قال الحمیدی: حمیدی رحمہ اللہ کہتے ہیں: آنحضور ﷺ کا ارشاد: "جب امام بیٹھ کر نماز پڑھائے تو تم بھی بیٹھ کر نماز پڑھو" پہلے کا واقعہ ہے اور مرضِ وفات میں جو آپؐ نے بیٹھ کر نماز پڑھائی ہے وہ بعد کا واقعہ ہے، اس میں سب صحابہ نے کھڑے ہو کر اقتداء کی تھی اور قاعدہ ہے کہ آخری عمل لیا جاتا ہے، پس یہاں بھی مرضِ وفات والا واقعہ لیں گے اور **إذا صلی جالساً فصلوا جلوسا أجمعون** کو منسوخ قرار دیں گے۔

باب: مَتَى يَسْجُدُ مَنْ خَلْفَ الإِمَامِ؟

مقتدی کب سجدہ کریں؟

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ رکوع اور سجدے میں جاتے وقت یا اٹھتے وقت مقتدی معاقبت اختیار کریں یا مقارنت؟ معاقبت کے معنی ہیں: آگے پیچھے ہونا اور مقارنت کے معنی ہیں: ساتھ ساتھ ہونا۔ امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک مقارنت اولیٰ ہے، اور امام محمد، امام شافعی اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک معاقبت اولیٰ ہے، ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ کے ارشاد: **إنما جُعل الإمام لِيُؤْتَمَّ به، فإذا كَبَّرَ فكبِّرُوْا، وإذا ركع فاركعُوْا، وإذا رَفَعَ فارْفَعُوْا:** میں فاء تعقیب کے لئے ہے، پس امام اور مقتدی آگے پیچھے انتقال کریں گے، اور دوسری دلیل باب کی حدیث ہے، حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم جب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے تھے تو رکوع کے بعد کوئی سجدہ میں نہیں جاتا تھا یہاں تک کہ آنحضور ﷺ (زمین پر) سر رکھ دیتے تھے، پھر ہم جھکنا شروع کرتے تھے، یہ حدیث صریح ہے کہ امام اور مقتدی آگے پیچھے انتقال کریں گے۔

اور شیخین رحمہما اللہ فرماتے ہیں: فا تعقیب مع الوصل کے لئے ہے، محض تعقیب کے لئے نہیں ہے، لہٰذا امام اور مقتدی

ساتھ ساتھ اور ذرا آگے پیچھے انتقال کریں گے، اور حضرت براءؓ کی حدیث معذور امام کے لئے ہے یعنی اگر امام بوڑھا ہو، اور مقتدی جوان ہوں تو امام کو انتقال پہلے کرنا چاہئے اور مقتدیوں کو بعد میں تاکہ مقتدی امام سے پہلے سجدہ میں نہ پہنچ جائیں۔ غرض حضرت براءؓ کی حدیث سنت نہیں ہے وہ ایک عارضی حکم ہے۔

فائدہ: غالباً امام احمد رحمہ اللہ کی رائے بھی وہی ہے جو حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کی ہے، یعنی امام احمدؒ کے نزدیک بھی معاقبت اولیٰ ہے، مگر مقتدیوں کو پیچھے رکھنے کے لئے آج کل عرب ائمہ نے جو طریقہ چلایا ہے وہ صحیح نہیں، وہ انتقال کے دوران تکبیر نہیں کہتے، بلکہ دوسرے رکن میں منتقل ہو کر تکبیر کہتے ہیں، کیونکہ امام اگر انتقال کے دوران تکبیر کہے گا تو مقتدی بھی ساتھ ہی منتقل ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اس لئے عرب ائمہ نے مقتدیوں کو پیچھے رکھنے کے لئے انتقال کے بعد تکبیر کہنی شروع کر دی ہے، اور ان کے دیکھا دیکھی عجمی ائمہ نے بھی یہ طریقہ اپنا لیا ہے، حالانکہ یہ طریقہ صحیح نہیں، عرب ائمہ کی اس میں اقتداء نہیں کرنی چاہئے، یہ طریقہ حدیث اور فقہاء کے اجماع کے خلاف ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ تکبیر کہا کرتے تھے درانحالیکہ آپؐ گرتے تھے یعنی انتقال کے دوران تکبیر کہا کرتے تھے، یہ حدیث ترمذی (حدیث ۲۵۴) میں ہے اور اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تکبیراتِ انتقالیہ ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف منتقل ہونے کے دوران کہی جائیں گی، اور ان کو اسی وجہ سے تکبیراتِ انتقالیہ کہتے ہیں، اور اس پر چاروں فقہاء کا اتفاق ہے، پس عرب ائمہ نے جو طریقہ چلایا ہے وہ غلط ہے، عجمی ائمہ کو ان کی پیروی نہیں کرنی چاہئے۔

[۵۲-] بابٌ: مَتَى يَسْجُدُ مَنْ خَلْفَ الإِمَامِ؟

قَالَ أَنَسٌ: فَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا.

[۶۹۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ الْبَرَاءُ، وَهُوَ غَيْرُ كَذُوْبٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ: لَمْ يَحْنِ أَحَدٌ مِنَّا ظَهْرَهُ حَتَّى يَقَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَاجِدًا، ثُمَّ نَقَعُ سُجُوْدًا بَعْدَهُ.

حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ نَحْوَهُ. [انظر: ۷۴۷، ۸۱۱]

وضاحت: حضرت عبداللہ بن یزید نے حدیث سناتے وقت وھو غیر کذوب کہہ کر تمہید قائم کی ہے، انھوں نے بات پر زور دینے کے لئے اور لوگوں کی توجہ طلب کرنے کے لئے یہ جملہ بڑھایا ہے، ورنہ تمام صحابہ نقلِ دین میں بالاتفاق عدول (قابل اعتماد) ہیں ان میں جھوٹ کا ادنیٰ شائبہ نہیں، اور یہ اضافہ ایسا ہی ہے جیسا بعض مواقع میں حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے تھے: قال الصادق المصدوق: حالانکہ آنحضور ﷺ میں جھوٹ کا ادنی شائبہ

نہیں، پس مقصود لوگوں کی توجہ طلب کرنا اور حکم کی اہمیت ذہن نشین کرنا ہے۔

بابُ إِثْمِ مَنْ رَفَعَ رَأْسَهُ قَبْلَ الإِمَامِ

امام سے پہلے رکوع وسجود سے سر اٹھانے کا گناہ

تقدم علی الامام مخالفت کی ایک صورت ہے جو معصیت ہے، اور اس کا منشا حماقت کے سوا کچھ نہیں، اس لئے کہ اگر امام سے پہلے رکوع یا سجدے سے سر اٹھائے گا یا امام سے پہلے رکوع یا سجدے میں جائے گا تو کیا امام سے پہلے نماز سے فارغ ہوجائے گا؟ اور جانوروں میں احمق گدھا ہے اس لئے اس کو جنسِ عمل سے سزا دی جائے گی، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو امام سے پہلے رکوع وسجود سے سر اٹھاتا ہے کیا وہ اس بات سے ڈرتا نہیں کہ اس کا سر گدھے کے سر سے بدل دیا جائے؟''

جاننا چاہئے کہ یہ حدیث خبر نہیں ہے بلکہ وعید ہے، کیونکہ حدیث کے شروع میں أَلاَ یَخْشٰی یا أَمَا یَخْشٰی ہے، چنانچہ بعض لوگ رکوع اور سجدے میں امام سے پہلے سر اٹھاتے ہیں یا پہلے رکوع وسجود میں چلے جاتے ہیں مگر کسی کا سر گدھے کے سر سے نہیں بدل جاتا، یہ اشکال اس لئے درست نہیں کہ یہ حدیث خبر نہیں ہے، بلکہ وعید ہے، خبر کا اس دنیا میں تحقق ضروری ہے اور وعید کا اس دنیا میں پورا ہونا ضروری نہیں، عالم برزخ میں، عالم حشر میں اور عالم آخرت میں بھی اس کا تحقق ہوسکتا ہے۔

[۵۳-] بابُ إِثْمِ مَنْ رَفَعَ رَأْسَهُ قَبْلَ الإِمَامِ

[۶۹۱-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" أَمَا يَخْشَى أَحَدُكُمْ، أَوْ: لاَ يَخْشَى أَحَدُكُمْ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ قَبْلَ الإِمَامِ أَنْ يَجْعَلَ اللّٰهُ رَأْسَهُ رَأْسَ حِمَارٍ! أَوْ: يَجْعَلَ اللّٰهُ صُورَتَهُ صُورَةَ حِمَارٍ!"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے ایک ڈرتا نہیں جب وہ اپنا سر امام سے پہلے اٹھاتا ہے اس بات سے کہ اللہ تعالیٰ اس کا سر گدھے کے سر جیسا کردیں یا فرمایا: اس کی صورت گدھے کی صورت جیسی کردیں (لایَخشی سے پہلے ہمزۂ استفہام پوشیدہ ہے)

تشریح:

مشکوٰۃ کے حاشیہ میں ایک واقعہ لکھا ہے: ایک محدث نے اس حدیث کو آزمایا، انھوں نے بالقصد نماز کے کسی رکن میں امام سے سبقت کی، تاکہ دیکھیں: ان کا سر گدھے کے سر جیسا ہوجاتا ہے یا نہیں؟ چنانچہ ان کا سر گدھے کے سر جیسا ہوگیا، چنانچہ وہ چہرے پر نقاب ڈال کر حدیث پڑھانے آتے تھے، یہ بے صفحہ کا قصہ ہے۔ طالب علم سوال کرتا ہے: کیا ایسا نہیں ہوسکتا؟ جواب: ہوسکتا ہے اور ہزار بار ہوسکتا ہے، مگر ہوا اس کی کیا دلیل ہے؟ یہ انوکھا اور عجیب وغریب واقعہ اگر ظہور پذیر ہوا

ہوتا تو تواتر کے ساتھ منقول ہوتا، اور تاریخ کی کتابوں میں مذکور ہوتا، اسماء الرجال کی کتابوں میں اس کا ذکر آتا، جبکہ کسی کتاب میں اس کا تذکرہ نہیں، اس لئے یہ بے صفحہ کا قصہ ہے۔

فائدہ: لوگ بڑی غلطی کرتے ہیں، ایسی ویسی کچی باتوں کو اور مہمل حکایات کو کرامت کے نام پر مان لیتے ہیں اور کہتے ہیں: کیا ایسا نہیں ہوسکتا؟ جواب: سب کچھ ہوسکتا ہے مگر ہوا اس کی دلیل چاہئے۔ سورۃ الفرقان (آیت ۷۳) میں عباد الرحمٰن کی شان یہ بیان کی گئی ہے کہ جب ان کے سامنے دین کی کوئی بات آتی ہے تو وہ اس پر بہرے، گونگے ہوکر نہیں گرتے، عقل سے کام لیتے ہیں، کھری بات قبول کرتے ہیں اور کچی بات رد کردیتے ہیں، پس حکایاتِ اولیاء آنکھ بند کرکے نہیں مان لینی چاہئیں، اس سے گمراہی کا دروازہ کھلتا ہے۔

بابُ إِمَامَةِ الْعَبْدِ وَالْمَوْلٰى......وَ......وَ

(۱) غلام اور آزاد کردہ کی امامت (۲) ولد الزنا، بدّو اور نابالغ کی امامت

(۳) غلام کو کسی خاص وجہ کے بغیر جماعت سے روکنا جائز نہیں

اس باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے تین مسائل ذکر کئے ہیں، دو مدلل ہیں اور ایک مستنبط ہے:

۱- غلام اور آزاد کردہ کی امامت درست ہے اور دلیل یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے مدبر غلام ذکوان قرآن سے حضرت عائشہؓ کی امامت کرتے تھے، مدبر اس غلام کو کہتے ہیں جس سے آقا نے کہہ دیا ہو کہ تو میرے مرے پیچھے آزاد ہے، ایسا غلام من وجہ آزاد ہوجاتا ہے اور من وجہ غلام رہتا ہے۔ پس اس اثر سے غلام اور مولیٰ کی امامت کا جواز ثابت ہوا۔

۲- حرام زادہ، بدّو اور نابالغ کی امامت بھی جائز ہے اور دلیل یہ ارشادِ پاک ہے کہ لوگوں کی امامت کرے وہ جوان میں سب سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہے، پس اگر مذکورہ تین شخص قوم میں اقرأ ہوں تو وہ امامت کریں گے ان کی امامت درست ہوگی۔

۳- غلام کو کسی خاص وجہ کے بغیر جماعت میں شرکت سے روکنا جائز نہیں، اس مسئلہ کی دلیل حضرت نے ذکر نہیں کی، جماعت سے اس کو روکنا اس لئے جائز نہیں کہ امام بخاریؒ کے نزدیک جماعت فرض ہے، غلام پر بھی فرض ہے اس لئے اس کو اس فریضہ کی ادائیگی سے روکنا درست نہیں، البتہ کوئی خاص وجہ ہو تو مولیٰ روک سکتا ہے۔

فائدہ: نماز میں قرآن دیکھ کر پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک جائز نہیں، اس سے نماز فاسد ہوجائے گی اور صاحبین امام شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ کے نزدیک جائز ہے، مگر مکروہ ہے کیونکہ اس میں اہل کتاب کے ساتھ مشابہت ہے، ان کا امام نماز میں کتاب دیکھ کر پڑھتا ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل حاشیہ میں لکھی ہے کہ قرآن دیکھ کر پڑھنا عمل کثیر ہے، اور عمل کثیر سے نماز فاسد ہوجاتی ہے، مگر یہ وجہ صحیح نہیں، اس لئے کہ اگر بڑے حرفوں والا قرآن ہو، اور اسٹینڈ پر رکھا ہو، اور امام اس میں دیکھ کر پڑھے تو بھی نماز

فاسد ہوجائے گی، حالانکہ یہاں سرے سے عمل نہیں بلکہ صحیح وجہ یہ ہے کہ یہ تلقّی من الخارج ہے، اس لئے نماز فاسد ہوگی، تَلَقّی کے معنی ہیں: اخذ کرنا، کیچ کرنا، نمازی باہر سے کوئی بات اخذ کرے تو نماز فاسد ہوجاتی ہے مثلاً مسجد کی دیوار پر کچھ لکھا ہے اس پر نظر پڑی اور سمجھ گیا تو نماز فاسد نہیں ہوگی، اور اگر اس کو پڑھا خواہ سراً پڑھے یا جہراً اور خواہ عربی میں لکھا ہو یا غیر عربی میں اور خواہ قرآن ہو یا غیر قرآن ہر صورت میں نماز فاسد ہوجائے گی، اس لئے کہ یہ تلقی من الخارج ہے۔

اور جمہور کی دلیل حضرت ذکوانؒ کا واقعہ ہے، امام اعظمؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث صریح نہیں اس لئے کہ **یؤُمُّھا من المصحف** کا یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ ذکوان تراویح کے درمیان بار بار قرآن دیکھتے ہوں، کچا حافظ رحل پر قرآن رکھ کر تراویح پڑھاتا ہے، اور سلام پھیر کر بار بار قرآن دیکھتا ہے۔ ذکوانؒ کا بھی حفظ کچا ہوگا وہ بھی بار بار قرآن دیکھتے ہونگے۔ غرض حدیث کا یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے، پس حدیث صریح نہیں اور اس سے قرآن میں دیکھ کر پڑھنے کا جواز ثابت نہیں ہوتا۔

[٥٤-] باب إِمَامَةِ الْعَبْدِ وَالْمَوْلٰی

وَكَانَتْ عَائِشَةُ يَؤُمُّهَا عَبْدُهَا ذَكْوَانُ مِنَ الْمُصْحَفِ

وَوَلَدِ الْبَغِيِّ وَالْأَعْرَابِيِّ وَالْغُلَامِ الَّذِيْ لَمْ يَحْتَلِمْ:

لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "يَؤُمُّهُمْ أَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ"

وَلَا يُمْنَعُ الْعَبْدُ مِنَ الْجَمَاعَةِ بِغَيْرِ عِلَّةٍ.

[٦٩٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُوْنَ الْأَوَّلُوْنَ الْعُصْبَةَ — مَوْضِعٌ بِقُبَاءٍ — قَبْلَ مَقْدَمِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، كَانَ يَؤُمُّهُمْ سَالِمٌ مَوْلٰى أَبِيْ حُذَيْفَةَ، وَكَانَ أَكْثَرَهُمْ قُرْآنًا. [انظر: ٧١٧٥]

[٦٩٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنِيْ أَبُو التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " اسْمَعُوْا وَأَطِيْعُوْا وَإِنِ اسْتُعْمِلَ حَبَشِيٌّ، كَأَنَّ رَأْسَهُ زَبِيْبَةٌ"

[انظر: ٦٩٦، ٧١٤٢]

قولہ: وکانت عائشۃ یؤمھا عبدھا ذکوان: غلام اور آزاد شدہ کی امامت صحیح ہے: یہ اثر دونوں کی دلیل ہے، اس لئے کہ مدبر من وجہ غلام اور من وجہ آزاد ہوتا ہے، مدبر اس غلام کو کہتے ہیں جس سے اس کے آقا نے کہہ دیا ہو کہ میرے مرنے کے بعد تو آزاد ہے، ایسے غلام کی خرید وفروخت جائز نہیں اس لئے کہ وہ من وجہ آزاد ہے۔

قولہ: لقول النبیؐ: یہ ارشادِ پاک پانچوں مسائل کی دلیل کے طور پر لائے ہیں کہ جسے بھی قرآن سب سے زیادہ یاد ہو وہ

امامت کرائے خواہ غلام ہو یا آزاد، حرالاصل ہو یا آزاد شدہ، ولدالزنا ہو یا ثابت النسب، دیہاتی ہو یا شہری، بالغ ہو یا نابالغ۔

قولہ: ولا یُمنع العبدُ: مولی کو یہ حق نہیں کہ وہ غلام کو باجماعت نماز پڑھنے کے لئے مسجد جانے سے روکے، اس لئے کہ امام صاحبؒ کے نزدیک جماعت سے نماز پڑھنا فرض عین ہے البتہ کوئی خاص وجہ ہو تو روک سکتا ہے، عام احوال میں روکنے کا حق نہیں۔

حدیث (۶۹۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب مہاجرین کی پہلی جماعت عصبہ میں آکر قیام پذیر ہوئی — عُصبہ قباء میں ایک جگہ ہے — نبی ﷺ کے ہجرت فرمانے سے پہلے تو حضرت سالم رضی اللہ عنہ جو ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ تھے لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے، اس لئے کہ ان کو سب سے زیادہ قرآن یاد تھا۔

تشریح: آنحضور ﷺ نے بیعت عقبہ اولیٰ کے بعد حضرت مُصعب بن عمیر اور عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہما کو دین کی تبلیغ واشاعت کے لئے مدینہ منورہ بھیجا تھا ان کی محنتوں سے آئندہ سال موسم حج میں مشہور قول کے مطابق پچھتر حضرات مسلمان ہو کر مکہ آئے اور بیعت عقبہ ثانیہ ہوئی۔ دوسری بیعت کے بعد آنحضور ﷺ نے صحابہ کو مدینہ جانے کی عام اجازت دیدی، مہاجرین قبا میں عصبہ نامی جگہ میں ٹھہرتے تھے اور ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ سالم رضی اللہ عنہ ان کو نماز پڑھاتے تھے، کیونکہ قرآن ان کو سب سے زیادہ یاد تھا، معلوم ہوا کہ غلام اور آزاد شدہ کی امامت درست ہے۔

فائدہ: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ زخمی کئے گئے اور اگلے امیر المؤمنین کو نامزد کرنے کا مسئلہ پیش آیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر آج سالم زندہ ہوتے تو میں ان کو امیر المؤمنین بناتا اور کسی سے مشورہ نہ کرتا مگر ان کی وفات ہو چکی تھی اس لئے حضرت عمرؓ نے چھ آدمیوں کی کمیٹی بنائی جن میں حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما بھی تھے، اس واقعہ سے حضرت سالم رضی اللہ عنہ کا مقام سمجھا جا سکتا ہے۔

حدیث (۶۹۳): نبی ﷺ نے فرمایا: امیر کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو اگرچہ حبشی (غلام) امیر بنا دیا جائے، گویا اس کا سر کشمش کا دانہ ہے۔

تشریح: جو شخص غلام حبشی ہوگا، اور اس کا سر کشمش کی طرح چھوٹا اور پچکا ہوا ہوگا، اس کی کیا حیثیت ہوگی؟ مگر آنحضور ﷺ نے اس کی بات سننے اور اس کی اطاعت کرنے کا حکم دیا، اور جب حبشی غلام امیر بنایا جائے گا تو وہی نماز بھی پڑھائے گا پس اس کے پیچھے نماز صحیح ہوگی، آنحضور ﷺ نے اس کی اطاعت کا حکم دیا ہے یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

بابٌ: إِذَا لَمْ يُتِمَّ الإِمَامُ، وَأَتَمَّ مَنْ خَلْفَهُ

جب امام کی نماز ناقص ہو اور مقتدی کی نماز تام ہو

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، گذشتہ باب کا حاصل یہ تھا کہ غلام، مولیٰ، ولدالزنا، بدّو اور نابالغ بچہ کا امام

بننا صحیح ہے، اُس سے کوئی یہ خیال کرسکتا ہے کہ ان سب میں کمی ہے، پھران کا امام بننا کیسے صحیح ہے؟ حضرتؒ فرماتے ہیں: ان کی کمی ان کی نماز میں ہے، مقتدیوں کی نماز میں نہیں آئے گی، جب امام نماز کامل نہ کرے اور مقتدی اپنی نماز کامل کریں تو امام کی کمی مقتدیوں پر اثر انداز نہ ہوگی، یہ اس باب کا مدعی ہے۔

جاننا چاہئے کہ امام کا مقام کیا ہے؟ بالفاظ دیگر: جماعت کی نماز کی حقیقت کیا ہے؟ اس میں نقطہ نظر کا اختلاف ہے، شوافع کا نقطۂ نظر الگ ہے اور حنفیہ کا الگ، حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ اس کو ایک مثال سے سمجھایا کرتے تھے، ایک آدمی نے دوستوں کی دعوت کی، کھانا پکایا، دوست آئے اور کھا کر چلے گئے، ایک دعوت یہ ہے، دوسری دعوت یہ ہے کہ دوستوں سے کہا: آج شام کو آپ کی دعوت ہے مگر ہر ایک اپنا ٹفن ساتھ لے کر آئے، سب اپنا اپنا ٹفن لے کر آئے، اور ہر ایک نے اپنا اپنا کھانا کھایا دوسرے کے کھانے کو ہاتھ نہیں لگایا، یہ بھی ایک طرح کی دعوت ہے، حنفیہ کا رجحان یہ ہے کہ باجماعت نماز پہلی قسم کی دعوت ہے، اور شوافع کی رائے یہ ہے کہ دوسری قسم کی دعوت ہے۔

دوسری مثال: حنفیہ کے نزدیک جماعت کی نماز متحد ہے جیسے لڈو متحد ہے، لڈو میں الگ الگ دانے ہوتے ہیں، مگر وہ سب متحد ہوتے ہیں اور شوافع کے نزدیک جماعت کی نماز تسبیح کے دانوں کی طرح ہے، جو ایک دھاگے میں پروئے ہوئے ہیں، مگر ہر دانہ الگ ہوتا ہے۔

علمی تعبیر: امام واسطہ فی العروض ہے یا واسطہ فی الثبوت بالمعنی الثانی؟ حنفیہ کی رائے یہ ہے کہ امام واسطہ فی العروض ہے، پس وصفِ صلوٰۃ کی ضرورت صرف امام کو ہوگی، جیسے ٹرین دہلی جارہی ہے تو انجن واسطہ فی العروض ہے، حرکت یعنی توجہ الی المطلوب یعنی دہلی کی طرف جانے کے ساتھ حقیقتاً انجن متصف ہے، ڈبے بالعرض متصف ہیں وہ انجن کے ذریعہ دہلی جارہے ہیں، پس ڈبے حرکت (توجہ الی المطلوب) کے ساتھ حقیقتاً متصف نہیں چنانچہ اگر انجن اعلی درجہ کا ہوگا تو ڈبے تیز دوڑیں گے، اور انجن میں طاقت نہیں تو ڈبے آہستہ چلیں گے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک امام واسطہ فی الثبوت بالمعنی الثانی ہے اور واسطہ فی الثبوت بالمعنی الثانی میں، واسطہ وصف کے ساتھ الگ متصف ہوتا ہے اور ذوالواسطہ الگ، البتہ اول ثانی کا فرق ہوتا ہے، جیسے چابی سے تالا کھولا جائے تو چابی بھی ہلے گی اور ہاتھ بھی، البتہ ہاتھ پہلے ہلے گا اور چابی بعد میں، باقی حرکت کے ساتھ دونوں متصف ہونگے، اسی طرح جماعت کی نماز میں امام وصفِ صلوٰۃ کے ساتھ الگ متصف ہے، اور مقتدی الگ متصف ہیں اور دونوں حقیقۃً متصف ہیں، پس ہر شخص کی نماز الگ ہوگی (۱)

غرض یہ نقطۂ نظر کا اختلاف ہے اور اس کا بہت سے مسائل پر اثر پڑا ہے، مثلاً مقتدی فاتحہ پڑھے گا یا نہیں؟ نابالغ کی امامت صحیح ہے یا نہیں؟ مفترض کی متنفل کے پیچھے اقتداء صحیح ہے یا نہیں؟ اس قسم کے بہت سے مسائل میں اسی نقطۂ نظر کے

(۱) واسطوں کی تعریفات اور ان کے احکام میری کتاب ''کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟'' میں ہیں ۱۲

اختلاف کا اثر پڑا ہے، چونکہ احناف کے نزدیک وصفِ صلوٰۃ کے ساتھ بالذات امام متصف ہے اور مقتدی بالعرض، اس لئے متنفل کے پیچھے مفترض کی نماز صحیح نہیں، اس لئے کہ جب امام نفل کے ساتھ متصف ہے تو مقتدیوں کو فرض نماز کے ساتھ کیسے متصف کرے گا؟ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اقتداء صحیح ہے اس لئے کہ دونوں کی نماز الگ الگ ہے۔ امام اپنی نماز پڑھ رہا ہے اور مقتدی اپنی، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کا رجحان بھی یہی ہے، چنانچہ ولد الزنا، بدو، غلام، مولی اور نابالغ کی امامت ان کے نزدیک صحیح ہے، ان کے اندر اگر کمی ہے تو مقتدی کی نماز پر اس کا کچھ اثر نہیں پڑے گا، کیونکہ امام اور مقتدی سب اپنی اپنی نماز پڑھ رہے ہیں۔

[۵۵-] بابٌ: إِذَا لَمْ يُتِمَّ الإِمَامُ، وَأَتَمَّ مَنْ خَلْفَهُ

[۶۹۴-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسَى الْأَشْيَبُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يُصَلُّوْنَ لَكُمْ، فَإِنْ أَصَابُوْا فَلَكُمْ، وَإِنْ أَخْطَؤُا فَلَكُمْ وَعَلَيْهِمْ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: (تمہارے امراء) تمہیں نماز پڑھائیں گے (دورِ اول میں امراء ہی نماز پڑھاتے تھے) پس اگر وہ صحیح وقت میں نماز پڑھائیں تو تمہارا فائدہ ہے (اور ان کا بھی فائدہ ہے) اور اگر وہ (صحیح وقت) چوک جائیں (مکروہ وقت میں یا قضاء کر کے نماز پڑھائیں) تو تمہارا فائدہ ہے، اور ان کا نقصان ہے یعنی ذمہ داری ان پر ہے، تمہارا کچھ نقصان نہیں ہوگا۔

تشریح: اس حدیث میں امراء نمازوں میں جو کوتاہی کریں گے اس کا بیان ہے یعنی ان کی اس کوتاہی کی وجہ سے ان سے بغاوت نہیں کرنی چاہئے، اگر وہ صحیح وقت میں نماز پڑھاتے ہیں تو ان کا بھی فائدہ ہے اور تمہارا بھی، اور اگر وہ مکروہ وقت میں یا قضاء کر کے نماز پڑھاتے ہیں تو تمہارا کچھ نقصان نہیں، انہی کا نقصان ہے، نقصان کی ذمہ داری انہی کی ہے، اللہ تعالیٰ ان سے باز پرس کریں گے تم سے کچھ نہیں پوچھا جائے گا۔

امام بخاری رحمہ اللہ کا اس سے استدلال یہ ہے کہ امام کی نماز کی کمی اسی کی حد تک رہے گی، مقتدی کی نماز میں نہیں آئے گی، کیونکہ ہر ایک اپنی نماز پڑھ رہا ہے۔ حالانکہ امام کے پیچھے جب مقتدی مکروہ وقت میں نماز پڑھیں گے تو ان کی نماز مکروہ ہونی چاہئے؟ مگر ان کی مجبوری ہے اس لئے ان کو معاف رکھا گیا ہے۔

بابُ إِمَامَةِ الْمَفْتُوْنِ وَالْمُبْتَدِعِ

باغی اور گمراہ کی امامت

مفتون کے معنی ہیں: باغی یعنی حکومت کے خلاف بغاوت کرنے والا، یا فتنوں کا شکار، اس کے پیچھے نماز صحیح ہے، اور

مُبتدِع کے معنی ہیں: گمراہ جماعت کا فرد، اس کے پیچھے بھی نماز صحیح ہے۔

اور میں نے پہلے بتایا ہے کہ دو دائرے ہیں: ایک اطاعت یعنی دین داری کا دائرہ ہے اور دوسرا اسلام کا دائرہ ہے، جو اسلام کے دائرہ سے باہر نکل گیا وہ کافر ہے جیسے قادیانی اور غالی شیعہ، ان کے پیچھے نماز نہیں ہوگی، اور جو صرف دین داری کے دائرہ سے نکلے مگر اسلام کے دائرہ میں رہے جیسے مودودی، بریلوی، غیر مقلدین وہ گمراہ ہیں، کافر نہیں، ان کے پیچھے نماز ہوجاتی ہے، اگرچہ نماز ان کے پیچھے نہیں پڑھنی چاہئے، نہ ان کو مستقل امام بنانا چاہئے، لیکن اگر اتفاقاً ان کے پیچھے نماز پڑھ لی تو نماز ہوجائے گی۔

جب بلوائیوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گھر میں محصور کر دیا تو حضرتؓ نماز پڑھانے نہیں نکل سکتے تھے، کسی نے آپؓ سے کہا: آپؓ امیر المؤمنین ہیں، گھر میں محصور ہیں، نماز پڑھانے کے لئے نہیں آسکتے اور مسجد پر بلوائیوں کا قبضہ ہے، ان کا سردار نماز پڑھاتا ہے، ہمیں اس کے پیچھے نماز پڑھنا اچھا معلوم نہیں ہوتا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز بہترین کام ہے جو لوگ کرتے ہیں، پس جب لوگ اچھا کام کریں تو ان کے ساتھ شریک ہوجاؤ، اور جب وہ برا کام کریں تو ان کی برائی سے بچو، اس حدیث کے عموم سے حضرت رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے، الناس عام ہے، باغی اور گمراہ بھی اس کے عموم میں داخل ہیں، پس ان کے پیچھے بھی نماز ہوجاتی ہے، یہ باب کے پہلے مسئلہ کی دلیل ہے۔

اور حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کوئی امام گمراہ ہو تو اس کے پیچھے نماز پڑھو، نماز ہوجائے گی اور اس کی گمراہی کا گناہ اس کے سر ہوگا، یہ دوسرے مسئلہ کی دلیل ہے، اور باب کی دوسری حدیث دونوں مسئلوں کی دلیل ہے، جیسا کہ تشریح میں آئے گا۔

[۵۶-] بابُ إِمَامَةِ الْمَفْتُوْنِ وَالْمُبْتَدِعِ

وَقَالَ الْحَسَنُ: صَلِّ، وَعَلَيْهِ بِدْعَتُهُ.

[۶۹۵-] وَقَالَ لَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ: أَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضی اللہ عنه وَهُوَ مَحْصُوْرٌ، فَقَالَ: إِنَّكَ إِمَامُ عَامَّةٍ، وَنَزَلَ بِكَ مَا تَرٰى، وَيُصَلِّيْ لَنَا إِمَامُ فِتْنَةٍ، وَنَتَحَرَّجُ، فَقَالَ: الصَّلَاةُ أَحْسَنُ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ، فَإِذَا أَحْسَنَ النَّاسُ فَأَحْسِنْ مَعَهُمْ، وَإِذَا أَسَاءُوْا فَاجْتَنِبْ إِسَاءَ تَهُمْ.

وَقَالَ الزُّبَيْدِيُّ: قَالَ الزُّهْرِيُّ: لَا نَرٰى أَنْ يُصَلّٰى خَلْفَ الْمُخَنَّثِ، إِلَّا مِنْ ضَرُوْرَةٍ لَابُدَّ مِنْهَا.

[۶۹۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم لِأَبِيْ ذَرٍّ: "اسْمَعْ وَأَطِعْ وَلَوْ لِحَبَشِيٍّ، كَأَنَّ رَأْسَهُ زَبِيبَةٌ" [راجع: ۶۹۳]

حدیث (۱): عدی بن الخیار سے مروی ہے: وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، درانحالیکہ آپؓ گھر میں مقید تھے، انھوں نے عرض کیا: آپؓ سب کے امام ہیں اور آپؓ پر جو آفت آئی ہے وہ آپؓ دیکھ رہے ہیں اور ہمیں باغیوں کا لیڈر نماز پڑھاتا ہے اور ہمارا اس کے پیچھے نماز پڑھنے کو جی نہیں چاہتا، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز بہترین کام ہے جو لوگ کرتے ہیں پس جب وہ اچھا کام کریں تو تم ان کے ساتھ اچھا کام کرو، اور جب وہ برائی کریں تو ان کی برائی سے بچو۔

زُبیدی کہتے ہیں: امام زہریؒ نے فرمایا: ہم مخنث کے پیچھے نماز پڑھنے کو جائز نہیں سمجھتے، مگر ایسی مجبوری کی وجہ سے جس سے چارہ نہ ہو۔

تشریح: مخنث (ہیجڑے) اور عورت کو امام بنانا بالاتفاق جائز نہیں، لیکن اگر وہ بزور طاقت غلبہ پالیں اور امام بن جائیں تو تغلب کی صورت میں ان کے پیچھے نماز صحیح ہو جائے گی، امام زہری رحمہ اللہ نے یہی بات فرمائی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: امیر کی بات سنو، اور اس کا کہنا مانو، اگرچہ وہ حبشی غلام ہو، اس کا سر گویا کشمش کا دانہ!

تشریح: اس حدیث میں لفظ عبد بھی آیا ہے، اور ظاہر ہے سیاہ فام غلام بزور طاقت ہی امیر بنے گا، پس اس کی اطاعت ضروری ہوگی، اور اس کے پیچھے جو نمازیں پڑھی جائیں گی وہ درست ہونگی، یہی باب کے ساتھ مناسبت ہے۔

بابٌ: يَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ الإِمَامِ بِحِذَائِهِ سَوَاءً اِذَا كَانَا اثْنَيْنِ

دو شخص جماعت کریں تو مقتدی امام کی دائیں جانب بالکل برابر کھڑا ہو

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر دو شخص باجماعت نماز پڑھیں تو مقتدی امام کی دائیں جانب اس کے برابر میں کھڑا ہو، کیونکہ مقتدی کا تنہا صف بنانا ممنوع ہے۔ امام احمد رحمہ للہ کے نزدیک صف میں تنہا کھڑے رہنے سے نماز نہیں ہوتی، دیگر ائمہ کے نزدیک کراہیت کے ساتھ نماز ہو جاتی ہے۔ یہ مسئلہ ترمذی میں ہے (تفصیل تحفۃ الالمعی ۱: ۵۵۷ میں ہے)

فائدہ: مقتدی اگر ایک ہو تو اس کو امام کی دائیں جانب بالکل برابر میں کھڑا رہنا چاہئے، اور امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام سے ایک قدم پیچھے کھڑا رہے، تاکہ عام آدمی اگر نماز میں آگے بڑھے گا تو امام کے برابر ہو جائے گا اور نماز درست ہوگی اور بالکل برابر ہوگا تو امام سے آگے بڑھ جائے گا اور نماز باطل ہو جائے گی، اگر مقتدی امام سے اتنا آگے بڑھ جائے کہ امام کے پیروں کی انگلیوں سے گذرنے والا خط مقتدی کی ایڑی سے گذر جائے تو مقتدی کی نماز باطل ہو جائے گی۔

مگر اب لوگ ایک ہاتھ پیچھے کھڑے رہنے لگے ہیں، یہ صحیح نہیں، اگر مقتدی سمجھ دار ہے تو اس کو امام کے بالکل برابر کھڑا

رہنا چاہئے۔ ورنہ صرف ایک قدم پیچھے کھڑا رہے، لوگ جو ایک ہاتھ پیچھے کھڑے رہتے ہیں وہ غلط ہے۔

[۵۷-] بابٌ: يَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ الإِمَامِ بِحِذَائِهِ سَوَاءً ا اِذَا كَانَا اثْنَيْنِ

[۶۹۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنهما قَالَ: بِتُّ فِيْ بَيْتِ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ، فَصَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم الْعِشَاءَ، ثُمَّ جَاءَ فَصَلَّى أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ، ثُمَّ نَامَ، ثُمَّ قَامَ، فَجِئْتُ فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَجَعَلَنِيْ عَنْ يَمِيْنِهِ، فَصَلَّى خَمْسَ رَكْعَاتٍ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ نَامَ حَتَّى سَمِعْتُ غَطِيْطَهُ، اَوْ قَالَ: خَطِيْطَهُ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّلاَةِ.

[راجع: ۱۱۷]

وضاحت: یہ حدیث بار بار آئی ہے، ایک رات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں رات گذاری، تاکہ وہ رسول اللہ ﷺ کی رات کی عبادت دیکھیں، تہجد کے وقت جب نبی ﷺ بیدار ہوئے اور نماز شروع کی تو ابن عباسؓ بھی وضو کرکے آپؐ کی بائیں جانب کھڑے ہوئے، آپؐ نے ان کو دائیں جانب لے لیا، یہی باب ہے.........ثم جاء فصلی أربع رکعات: یہ عشاء کے بعد کی دو مؤکد سنتیں اور دو غیر مؤکد سنتیں ہیں.........فصلّی خَمْسَ رکعات: یہ تہجد کی آخری پانچ رکعتیں ہیں دو تہجد کی اور تین وتر کی، یا تین وتر کی اور دو وتروں کے بعد کی نفلیں اس حدیث میں تہجد کی تمام رکعتوں کا بیان نہیں.........ثم صلّی رکعتین: یہ فجر کی سنتیں ہیں، جو آپؐ نے صبح صادق کے بعد فوراً پڑھی ہیں، فجر کی سنتیں پڑھ کر آپؐ لیٹ گئے، حضرت ابن عباسؓ نے آپؐ کے خراٹوں کی آواز سنی، پھر جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اطلاع دی تو آپؐ فجر کی نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے گئے۔

بابٌ: إِذَا قَامَ الرَّجُلُ عَنْ يَسَارِ الإِمَامِ، فَحَوَّلَهُ الإِمَامُ إِلَى يَمِيْنِهِ: لَمْ تَفْسُدْ صَلاَتُهُمَا

اگر مقتدی امام کی بائیں طرف کھڑا ہوجائے اور امام اس کو دائیں طرف لیلے تو دونوں کی نماز فاسد نہیں ہوگی

کوئی نماز پڑھ رہا ہے اور دوسرا آکر اس کی اقتداء کرلے اور بائیں جانب کھڑا ہوجائے، اور امام اشارہ کرے اور مقتدی دائیں طرف چلا آئے تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی، یہ عمل قلیل ہے، ایک دو قدم چلنا عمل قلیل ہے اور تین یا زیادہ قدم مسلسل چلنا عمل کثیر ہے، اور ظاہر ہے بائیں طرف سے دائیں طرف آنے کے لئے ایک قدم یا دو قدم چلنا پڑے گا، اس لئے نماز فاسد نہ ہوگی۔ غرض امام کے اشارہ کرنے سے اور مقتدی کے جگہ بدلنے سے دونوں کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

[۵۸-] بابٌ: إِذَا قَامَ الرَّجُلُ عَنْ يَسَارِ الإِمَامِ، فَحَوَّلَهُ الإِمَامُ إِلٰى يَمِيْنِهِ: لَمْ تَفْسُدْ صَلاَتُهُمَا

[۶۹۸-] حدثنا أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: نِمْتُ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَهَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ، فَتَوَضَّأَ ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ، فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَأَخَذَنِيْ فَجَعَلَنِيْ عَنْ يَمِيْنِهِ، فَصَلّٰى ثَلاَثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، ثُمَّ نَامَ حَتّٰى نَفَخَ، وَكَانَ إِذَا نَامَ نَفَخَ، ثُمَّ أَتَاهُ الْمُؤَذِّنُ، فَخَرَجَ فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ، قَالَ عَمْرٌو: فَحَدَّثْتُ بِهِ بُكَيْرًا فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ كُرَيْبٌ بِذٰلِكَ.[راجع: ۱۱۷]

قوله: فصلى ثلاث عشرة ركعة: اس میں فجر کی دوسنتیں بھی شامل ہیں، جوآپ ؐ نے صبح صادق کے بعد پڑھی ہیں۔

بابٌ: إِذَا لَمْ يَنْوِ الإِمَامُ أَنْ يَّؤُمَّ ثُمَّ جَاءَ قَوْمٌ فَأَمَّهُمْ

کسی نے تنہا نماز شروع کی، پھر لوگوں نے اس کی اقتداء کی

اوراس نے امام ہونے کی نیت کرلی تو نماز درست ہے

ایک شخص تنہا نماز پڑھ رہا ہے، کوئی آیا، اسے معلوم ہے کہ یہ فرض نماز پڑھ رہا ہے، اس نے اس کی پیٹھ پر ہاتھ رکھا اور کہا: میں آپ کی اقتدا کررہا ہوں، تو اقتداء درست ہے، اب اگر نماز پڑھنے والا امامت کی نیت کرے تو اس پر امامت کے احکام لازم ہونگے ورنہ نہیں، اور مقتدی کی نماز درست ہوگی، مثلاً رات کی نماز میں جہراً قراءت کرنا واجب ہے اور تکبیرات انتقالیہ زور سے کہنا سنت ہے، اس طرح کے احکام اس پر لازم ہوجائیں گےجبکہ وہ امام ہونے کی نیت کرلے، اور اگر وہ امامت کی نیت نہ کرے تو اس پر امامت کے احکام لازم نہیں ہونگے، اور اس کے پیچھے مقتدی کی نماز صحیح ہوگی۔

فائدہ: مقتدی کے لئے اقتداء کی نیت ضروری ہے اگر اقتداء کی نیت نہیں کرے گا تو اس کی نماز صحیح نہیں ہوگی، اور امام کے لئے امام ہونے کی نیت ضروری نہیں، اگر وہ نیت کرے گا تو اس پر امامت کے احکام لازم ہونگے اور امامت کا ثواب ملے گا، ورنہ نہ احکام لازم ہونگے نہ ثواب ملے گا، جیسے: ڈبوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ انجن کے ساتھ جڑیں، انجن کے لئے یہ بات ضروری نہیں، اور یہ بات عام ہے، مقتدی مرد ہو یا عورت، امام کے لئے امامت کی نیت ضروری نہیں، عورتوں کی نماز کی صحت کے لئے بھی امامت کی نیت ضروری نہیں، اور آپ نے جو کتابوں میں پڑھا ہے کہ عورتوں کی امامت کی نیت ضروری ہے یہ بات صرف مسئلۂ محاذات میں ہے، اگر امام نے عورتوں کی امامت کی نیت کی ہے تو عورت کی محاذات سے مرد کی نماز فاسد ہوگی، اور اگر امام نے عورتوں کی امامت کی نیت نہیں کی تو محاذات کی صورت میں عورت اور مرد دونوں

کی نماز صحیح ہوگی۔ اور محاذات کا مسئلہ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک نہیں ہے، صرف حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک ہے۔ چنانچہ حرم مکی میں ائمہ جب بھیڑ ہوتی ہے تو عورتوں کی امامت کی نیت نہیں کرتے تا کہ محاذات سے مرد کی نماز فاسد نہ ہو۔

[٥٩-] بابٌ: إِذَا لَمْ يَنْوِ الإِمَامُ أَنْ يَؤُمَّ ثُمَّ جَاءَ قَوْمٌ فَأَمَّهُمْ

[٦٩٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بِتُّ عِنْدَ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ، فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ، فَقُمْتُ أُصَلِّي مَعَهُ، فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَأَخَذَ بِرَأْسِي فَأَقَامَنِي عَنْ يَمِيْنِهِ. [راجع: ١١٧]

وضاحت: حضرت ابن عباسؓ کی اس حدیث سے استدلال واضح ہے، آنحضور ﷺ نے تنہا نماز شروع کی تھی، پھر ابن عباسؓ آ گئے اور مقتدی بن گئے پس یہ بات درست ہے۔

بابٌ: إِذَا طَوَّلَ الإِمَامُ وَكَانَ لِلرَّجُلِ حَاجَةٌ فَخَرَجَ وَصَلَّى

امام نے نماز لمبی کردی، مقتدی کو کوئی ضرورت پیش آئی، اور اس نے نماز توڑ دی اور اپنی نماز پڑھ لی

امام نے لمبی قراءت شروع کردی، ایک شخص کو کوئی ضرورت پیش آئی، مثلاً گاڑی آنے والی ہے، پس سلام پھیر دیا اور نماز توڑ دی اور اپنی نماز مختصر پڑھ کر چلا گیا تو ایسا کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نماز پڑھا رہے تھے، ایک شخص باغ میں کام کر کے تھکا ہوا آیا، اور جماعت میں شریک ہو گیا، حضرت معاذؓ نے عشاء میں سورۂ بقرہ شروع کردی، اس زمانہ میں قرآن میں رکوع نہیں تھے، اس لئے جب سورت پوری ہوگی تبھی امام صاحب رکوع کریں گے، وہ شخص تھکا ماندہ تھا کچھ دیر نماز میں شریک رہا، جب برداشت نہ ہوا تو اس نے نماز توڑ دی اور اپنی نماز پڑھ کر گھر جا کر سو گیا، لوگوں نے حضرت معاذؓ کو اس کی خبر کی، حضرت معاذؓ نے کہا: وہ منافق ہے، جب یہ تبصرہ اس کو پہنچا تو اس نے کہا میں منافق نہیں ہوں، مگر میں امام صاحب کی آنحضور ﷺ سے شکایت کروں گا، دوسرے دن وہ آنحضور ﷺ کے پاس شکایت لے کر گیا، اتفاق سے اس وقت حضرت معاذؓ موجود تھے، اس شخص نے صورتِ حال بیان کی، آنحضور ﷺ کو غصہ آیا آپؐ نے حضرت معاذؓ کو ڈانٹا اور تین مرتبہ فرمایا: کیا تم لوگوں کو آزمائش میں ڈالو گے! غرض نبی ﷺ نے اس شخص کے عمل پر نکیر نہیں کی، معلوم ہوا کہ ایسا کر سکتے ہیں۔

فائدہ: فرض اور واجب نماز توڑ دی جائے تو اس کی قضاء نہیں اور نفل نماز کی قضاء ہے اس لئے کہ فرض اور واجب کو دوبارہ پڑھنا ہوگا، پس وہ قضاء بن جائے گی۔

[٦٠-] بابٌ: إِذَا طَوَّلَ الإِمَامُ وَكَانَ لِلرَّجُلِ حَاجَةٌ فَخَرَجَ وَصَلَّى

[٧٠٠و٧٠١-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ كَانَ يُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ يَرْجِعُ، فَيَؤُمُّ قَوْمَهُ ح:وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ يَرْجِعُ فَيَؤُمُّ قَوْمَهُ، فَصَلَّى الْعِشَاءَ فَقَرَأَ بِالْبَقَرَةِ، فَانْصَرَفَ الرَّجُلُ فَكَانَ مُعَاذٌ يَنَالُ مِنْهُ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" فَتَّانٌ! فَتَّانٌ!" ثَلَاثَ مِرَارٍ، أَوْ قَالَ:" فَاتِنًا! فَاتِنًا! فَاتِنًا!" وَأَمَرَهُ بِسُوْرَتَيْنِ مِنْ أَوْسَطِ الْمُفَصَّلِ، قَالَ عَمْرٌو: لَا أَحْفَظُهُمَا. [راجع: ٧٠٠]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھا کرتے تھے پھر لوٹتے تھے اور اپنی قوم کو نماز پڑھاتے تھے، پس حضرت معاذؓ نے عشاء میں سورۂ بقرہ پڑھی، ایک شخص نے نماز توڑ دی، حضرت معاذؓ نے اس کو برا کہا، نبی ﷺ کو یہ بات پہنچی، آپؐ نے تین مرتبہ فرمایا: جماعت سے باز رکھنے والا! اور ان کو اوساط مفصل میں سے دو سورتیں پڑھنے کا حکم دیا، عمرو کہتے ہیں: مجھے وہ سورتیں یاد نہیں (آگے روایت میں ان کا ذکر آرہا ہے)

ملحوظہ: امام شافعی رحمہ اللہ نے اس حدیث سے متنفل کے پیچھے مفترض کی اقتداء کے جواز پر استدلال کیا ہے، یہ مسئلہ چند ابواب کے بعد آرہا ہے۔

بابُ تَخْفِيْفِ الإِمَامِ فِي الْقِيَامِ، وَإِتْمَامِ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ

امام کا قیام کو ہلکا کرنا، اور رکوع و سجود کو تام کرنا

حدیث ہے: مَنْ أَمَّ قَوْمًا فَلْيُخَفِّفْ، فَإِنَّ فيهم المريضَ والضَّعيفَ والكبيرَ وذا الحاجةِ: جو امام بن کر نماز پڑھائے وہ ہلکی نماز پڑھائے، اس لئے کہ جماعت میں بیمار، کمزور، بوڑھے اور حاجت مند ہوتے ہیں (ان کی رعایت میں ہلکی نماز پڑھائے)

اس تخفیف کا تعلق صرف قراءت سے ہے، رکوع و سجود اور قومہ و جلسہ سے نہیں ہے، کیونکہ تعدیل ارکان فرض یا سنت مؤکدہ اشد تاکید ہے، اس لئے ان کو تام کرنا ضروری ہے (اس باب کا یہی مقصد ہے)

فائدہ (۱): پانچوں نمازوں میں جو قراءت مسنون ہے وہ تخفیف کا لحاظ کر کے مقرر کی گئی ہے، پس فجر وظہر میں طوال مفصل، عصر وعشاء میں اوساط مفصل، اور مغرب میں قصار مفصل پڑھنا ہلکی قراءت کرنا ہے اور ظہر میں اوساط مفصل اور عصر میں قصار مفصل پڑھنے کا بھی ایک قول ہے، پس عمومی احوال میں اس سے کم قراءت نہیں کرنی چاہئے، البتہ ایمرجنسی حالت

میں اختصار کی گنجائش ہے، مثلاً کھلی جگہ جماعت ہو رہی ہے، اچانک بارش شروع ہوگئی تو قراءت مختصر کرنے کی گنجائش ہے، اور اس تخفیف کا تعلق سب کے ساتھ ہے، پس کسی مخصوص بوڑھے، کمزور یا بیمار کی رعایت میں قراءت کم نہیں کرنی چاہئے، اگر کوئی مسنون قراءت کا تحمل نہ کرسکے تو وہ بیٹھ کر قراءت سنے اور کھڑے ہوکر رکوع وسجود کرے یا گھر نماز پڑھے، اور الگ سے امام مقرر کرے، اور خاص امام قراءت میں تخفیف کرسکتا ہے، صحابہ کرام میں کئی صحابہ بڑھاپے کی وجہ سے مسجد میں نہیں جاسکتے تھے، گھر میں ان کا بیٹا یا کوئی دوسرا شخص ان کو نماز پڑھاتا تھا، آگے ایک روایت آرہی ہے: بیٹے نے لمبی قراءت کی تو حضرت ابواُسیدؓ نے نماز کے بعد شکایت کی: طَوَّلْتَ بنایا بُنَیَّ! بیٹے تم نے بہت لمبی نماز پڑھائی، یہ شخصی احوال ہیں، ہماری مسجدوں میں بعض بوڑھے امام پر دباؤ ڈالتے ہیں کہ مجھ سے کھڑا نہیں رہا جاتا کم پڑھا کرو، ان کا یہ مطالبہ صحیح نہیں۔

فائدہ (۲): امام کو بہت لمبے رکوع وسجود نہیں کرنے چاہئیں کیونکہ عوام کے ذہنوں میں یہ بیٹھا ہوا ہے کہ رکوع وسجود میں بس تین مرتبہ تکبیر کہنی چاہئے، چنانچہ وہ تین مرتبہ تکبیر کہہ کر خاموش ہوجاتے ہیں اور ان کو خاموش پڑا رہنا شاق گذرتا ہے، اور ترمذی میں عبداللہ بن المبارکؒ کا قول ہے کہ امام کو پانچ مرتبہ تسبیح کہنی چاہئے، تاکہ پیچھے مقتدی باطمینان تین مرتبہ تسبیح کہہ لیں، اور تعدیل ارکان کا خاص خیال رکھنا چاہئے، ارکانِ اربعہ: رکوع، سجدہ، قومہ اور جلسہ میں تعدیل ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرض ہے، اور حنفیہ کے نزدیک واجب یا سنت مؤکدہ اشد تاکید ہے، رکوع وسجود سے اٹھ کر بدن کو ڈھیلا چھوڑ دینا چاہئے تاکہ ہر ہڈی اس کی جگہ سیٹ ہوجائے: یہ قومہ اور جلسہ کی تعدیل ہے، اور رکوع وسجود میں ٹھہرنا بھی مطلوب ہے۔

فائدہ (۳): آج کل سعودیہ کے اماموں نے رکوع وسجود اتنے مختصر کردیئے ہیں کہ دو مرتبہ اطمینان سے تسبیح کہی جاسکتی ہے اور یہ بات ایک غلط فہمی پر مبنی ہے، ان کا خیال ہے کہ رکوع وسجود اور قومہ وجلسہ برابر ہونے چاہئیں، پس اگر رکوع وسجود میں تین مرتبہ سے زیادہ تسبیح کہیں گے تو اس کے بقدر قومہ وجلسہ کرنا پڑے گا، اور یہ بات دشوار ہے اس لئے انھوں نے سنت کے خلاف رکوع وسجود مختصر کردیئے، جو غلط ہے، اس کی تفصیل أبواب صفة الصلوٰۃ میں آئے گی۔

[۶۱-] بابُ تَخْفِيْفِ الإِمَامِ فِيْ الْقِيَامِ، وَإِتْمَامِ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ

[۷۰۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: ثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَيْسًا، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ: وَاللّٰهِ يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ لَأَ تَأَخَّرُ عَنْ صَلاَةِ الْغَدَاءِ مِنْ أَجْلِ فُلاَنٍ، مِمَّا يُطِيْلُ بِنَا، فَمَا رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَوْعِظَةٍ أَشَدَّ غَضَبًا مِنْهُ يَوْمَئِذٍ، ثُمَّ قَالَ: "إِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِيْنَ، فَأَيُّكُمْ مَا صَلَّى بِالنَّاسِ فَلْيَتَجَوَّزْ، فَإِنَّ فِيْهِمُ الضَّعِيْفَ وَالْكَبِيْرَ وَذَا الْحَاجَةِ" [راجع: ۹۰]

ترجمہ: ابومسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! بخدا! میں صبح کی نماز سے فلاں صاحب کی وجہ سے پیچھے رہتا ہوں کہ وہ ہمیں بہت لمبی نماز پڑھاتے ہیں (ابومسعودؓ کہتے ہیں) میں نے نبی ﷺ کو نصیحت کرنے میں

اس دن سے زیادہ غضب ناک کبھی نہیں دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا: تم لوگ بدکانے والے ہو! تم میں سے جو لوگوں کو نماز پڑھائے تو چاہئے کہ وہ ہلکی نماز پڑھائے، اس لئے کہ جماعت میں کمزور، بوڑھے اور حاجت مند ہوتے ہیں۔

تشریح: میرا خیال ہے کہ یہ حضرت معاذؓ والا واقعہ ہے اگرچہ الفاظ اتنے بدلے ہوئے ہیں کہ اس کو حضرت معاذؓ والا واقعہ قرار دینا مشکل ہے، کوئی کہے کہ وہ تو عشاء کا واقعہ تھا اور یہ فجر کا واقعہ ہے؟ تو جواب یہ ہے کہ یہ واقعہ کے متعلقات ہیں اور متعلقات میں ایسا اختلاف ہوجاتا ہے، اور اگر تمہارے گلے سے یہ بات نہ اترے تو الگ واقعہ مان لو، اس میں کیا پریشانی ہے۔

بابٌ: إِذَا صَلَّى لِنَفْسِهِ فَلْيُطَوِّلْ مَاشَاءَ

جب تنہا نماز پڑھے تو جتنی چاہے لمبی کرے

جب تنہا نماز پڑھے تو جتنی چاہے لمبی پڑھے، وہ ذاتی معاملہ ہے، اس سے کسی کو کوئی پریشانی نہیں۔ میں حضرت مصری صاحب قدس سرہ کا خادم تھا، میں نے حفظ بھی ان سے کیا ہے، میں اس زمانہ میں دارالافتاء کا طالب علم تھا اور ان سے حفظ کرتا تھا جب وہ تہجد کے لئے اٹھتے تھے تو میں ان سے پہلے اٹھتا تھا اور سردیوں میں اسٹوپ جلا کر پانی گرم کرتا تھا، پھر حضرتؒ کو وضو کراتا تھا، جب وہ تہجد کے لئے کھڑے ہوجاتے تو میں دروازہ بند کر کے اپنے کمرہ میں جا کر سبق یاد کرتا جب میں سبق یاد کر کے لوٹتا تو وہ پہلی ہی رکعت میں کھڑے ہوتے، میں آہستہ سے دروازہ کھول کر اقتداء کر لیتا، یہ إذا صلی لنفسه فليطول ماشاء کی ایک مثال ہے۔

[٦٢-] بابٌ: إِذَا صَلَّى لِنَفْسِهِ فَلْيُطَوِّلْ مَاشَاءَ

[٧٠٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ لِلنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ، فَإِنَّ مِنْهُمُ الضَّعِيْفَ وَالسَّقِيْمَ وَالْكَبِيْرَ، وَإِذَاصَلَّى أَحَدُكُمْ لِنَفْسِهِ فَلْيُطَوِّلْ مَاشَاءَ "

بابُ مَنْ شَكَا إِمَامَهُ إِذَا طَوَّلَ

جب امام لمبی نماز پڑھائے تو مقتدی امام کی شکایت کر سکتا ہے

اگر امام بہت لمبی نماز پڑھائے تو اتھارٹی سے یعنی حاکم اور ذمہ دار سے مقتدی شکایت کر سکتے ہیں۔ دارالعلوم کے ایک مبلغ تھے، وہ مسجدِ قدیم میں تراویح پڑھاتے تھے، بہترین قرآن پڑھتے تھے اور بہت تیز پڑھتے تھے، ایک ایک لفظ سمجھ میں آتا

تھا، وہ تراویح میں دونوں سلام ایک سانس میں پھیرتے تھے، پہلے سلام کے اللہ کو دوسرے سلام کے سین کے ساتھ ملاتے تھے اور ہ پر پیش پڑھتے تھے، مقتدیوں نے حضرت علامہ بلیاوی قدس سرہ سے شکایت کی، وہ صدر المدرسین تھے، علامہ نے عصر کے بعد ان کو بلایا، اس وقت میں حاضر تھا، حضرت نے فرمایا: مولوی صاحب! السلامُ جَزْمٌ نہیں پڑھا، انھوں نے عرض کیا: حضرت آئندہ ایسا نہیں کروں گا، غرض مقتدیوں نے اتھارٹی سے شکایت کی کیونکہ وہ خود ان سے کہتے تو شاید وہ نہ مانتے۔

حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ کو ان کے بیٹے نے نماز پڑھائی اور لمبی قراءت کی، حضرتؓ بڑھاپے کی وجہ سے گھر میں نماز پڑھتے تھے، اور ان کا بیٹا ان کو جماعت سے نماز پڑھاتا تھا، جب اس نے لمبی نماز پڑھائی تو حضرت نے اس سے فرمایا: طَوَّلْتَ بنا یا بُنَيَّ! بیٹے تو نے بہت لمبی نماز پڑھائی، یعنی مقتدی نے خود امام سے شکایت کی، یہ بھی درست ہے، اور جب امام سے شکایت کر سکتے ہیں جہاں ماننے نہ ماننے کا احتمال ہے تو اتھارٹی سے بدرجہ اولیٰ شکایت کر سکتے ہیں، کیونکہ کبھی صاحب معاملہ سے کہا جائے تو ضد پیدا ہو جاتی ہے، اور وہ نہیں مانتا لیکن اتھارٹی سے کہا جائے گا تو وہ سنے گا اور لوگوں کی شکایت اگر صحیح ہوگی تو امام کو بلا کر سمجھائے گا۔

[۶۳-] بابُ مَنْ شَكَا إِمَامَهُ إِذَا طَوَّلَ

وَقَالَ أَبُوْ أُسَيْدٍ: طَوَّلْتَ بِنَا يَابُنَيَّ.

[۷۰۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ لَأَتَأَخَّرُ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الْفَجْرِ مِمَّا يُطِيْلُ بِنَا فُلَانٌ فِيْهَا، فَغَضِبَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، مَا رَأَيْتُهُ غَضِبَ فِيْ مَوْعِظَةٍ كَانَ أَشَدَّ غَضَبًا مِنْهُ يَوْمَئِذٍ، ثُمَّ قَالَ: "يَأَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِيْنَ، فَمَنْ أَمَّ النَّاسَ فَلْيَتَجَوَّزْ، فَإِنَّ خَلْفَهُ الضَّعِيْفَ وَالْكَبِيْرَ وَذَا الْحَاجَةِ"

[راجع: ۹۰]

قال أبو اُسید: اس سے معلوم ہوا کہ جو بوڑھا، بیمار یا کمزور جماعت سے نماز پڑھنے کے لئے مسجد نہیں جاسکتا وہ گھر کے ایک فرد کو نماز پڑھانے کے لئے روک سکتا ہے۔ حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ بڑھاپے میں نماز پڑھنے کے لئے مسجد نہیں جاتے تھے، گھر میں نماز پڑھتے تھے اور نماز پڑھانے کے لئے اپنے ایک بیٹے کو روکتے تھے۔

اور یہ حدیث گذشتہ سے پیوستہ باب میں گذر چکی ہے .... **قوله: ما رأیتُه غَضِبَ فی مَوْعِظَةٍ:** اس دن نبی ﷺ نے جتنے غصہ میں تقریر فرمائی اتنی آپؐ نے کبھی غصہ میں تقریر نہیں فرمائی .... **موعظةٌ:** نصیحت پر مشتمل تقریر۔

[۷۰۵-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: ثَنَا مُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ: أَقْبَلَ رَجُلٌ بِنَا ضِحَيْنِ، وَقَدْ جَنَحَ اللَّيْلُ، فَوَافَقَ مُعَاذًا يُصَلِّيْ، فَبَرَّكَ نَاضِحَهُ، وَأَقْبَلَ إِلَى

مُعَاذٍ، فَقَرَأَ بِسُوْرَةِ الْبَقَرَةِ أَوِ النِّسَاءِ، فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ، وَبَلَغَهُ أَنَّ مُعَاذًا نَالَ مِنْهُ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَشَكَا إِلَيْهِ مُعَاذًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا مُعَاذُ، أَفَتَّانٌ أَنْتَ؟ أَوْ: أَفَاتِنٌ أَنْتَ؟" ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: "فَلَوْلَا صَلَّيْتَ بِـ: سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا؛ وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى، فَإِنَّهُ يُصَلِّيْ وَرَاءَكَ الْكَبِيْرُ وَالضَّعِيْفُ وَذُوْ الْحَاجَةِ" أَحْسِبُ هٰذَا فِي الْحَدِيْثِ.

تَابَعَهُ سَعِيْدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ، وَمِسْعَرٌ، وَالشَّيْبَانِيُّ، وَقَالَ عَمْرٌو، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مِقْسَمٍ، وَأَبُوْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: قَرَأَ مُعَاذٌ فِي الْعِشَاءِ بِالْبَقَرَةِ، وَتَابَعَهُ الْأَعْمَشُ عَنْ مُحَارِبٍ. [راجع: ۷۰۰]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص دو پانی بردار اونٹنیاں لے کر آیا (نَاضِح کے معنی ہیں: پانی بردار اونٹنی، دورِ اول میں اونٹنیوں پر پکھالوں میں پانی بھر کر لے جاتے تھے، اور درختوں کی جڑوں میں ڈالتے تھے، اس طرح باغات کی سینچائی کرتے تھے) درانحالیکہ رات چھا گئی تھی یعنی رات کا کافی حصہ گذر گیا تھا پس اس نے اتفاقاً حضرت معاذؓ کو پایا کہ نماز پڑھا رہے ہیں، پس اس نے اونٹنیاں بٹھائیں اور حضرت معاذؓ کی طرف متوجہ ہوا یعنی جماعت میں شامل ہوگیا۔ پس حضرت معاذؓ نے سورۂ بقرہ یا سورۂ نساء پڑھی، پس وہ بندہ چلا گیا یعنی نماز توڑ کر اپنی نماز تنہا پڑھ کر چلا گیا، اور اس کو یہ بات پہنچی کہ حضرت معاذؓ نے اس کو برا کہا (الی آخرہ)

قولہ: أَحْسِبُ هذا في الحديث: یعنی جملہ فإنه يُصَلِّي وراءَكَ الكبيرُ إلخ اس حدیث میں ہے یا اوپر والی حدیث میں ہے؟ امام شعبہؒ فرماتے ہیں: میرا خیال یہ ہے کہ یہ جملہ اس حدیث میں ہے، معلوم ہوا کہ یہ اور اوپر والا واقعہ ایک ہیں۔

محارب بن دثار کی روایت میں شک ہے کہ حضرت معاذؓ نے سورۂ بقرہ پڑھی تھی یا سورۂ نساء؟ عمرو کی روایت میں بے شک سورۂ بقرہ کا ذکر ہے، عمرو کی روایت پہلے (حدیث ۷۰۰) آچکی ہے۔

ملحوظہ: ان حدیثوں کی شرح کتاب العلم باب ۲۸ (تحفۃ القاری ۱: ۳۷۵) میں پڑھیں اور یہاں استدلال یہ ہے کہ حضرت معاذؓ لمبی نماز پڑھاتے تھے اس کی آنحضور ﷺ سے شکایت کی گئی، معلوم ہوا کہ حاکم سے امام کی شکایت کرسکتے ہیں۔

بابُ الإِيْجَازِ فِي الصَّلٰوةِ وَإِكْمَالِهَا

نماز ہلکی اور پوری پڑھانا

اس باب پر نسخہ ہے یعنی یہ باب ہر نسخہ میں نہیں ہے، کسی نسخہ میں ہے، جس نسخہ میں باب نہیں ہے اس کے اعتبار سے یہ حدیث اوپر والے باب سے جڑے گی، اور اگر باب والا نسخہ لیں تو پھر اس باب کا مقصد یہ ہے کہ نماز ہلکی اور پوری پڑھانی چاہئے، تخفیف کا تعلق قراءت سے ہے، رکوع وسجود اور قومہ وجلسہ سے نہیں ہے، وہ اچھی طرح ادا کرنے چاہئیں، کیونکہ ان میں تعدیل فرض یا واجب یا سنتِ مؤکدہ اشد تاکید ہے۔

[٦٤-] بابُ الإِيْجَازِ فِيْ الصَّلوٰةِ وَإِكْمَالِهَا

[٧٠٦-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُوْجِزُ الصَّلاَةَ وَيُكْمِلُهَا.

ترجمہ: نبی ﷺ نماز ہلکی پڑھاتے تھے اور کامل پڑھاتے تھے، یعنی قراءت مختصر کرتے تھے اور رکوع وسجود اور قومہ وجلسہ اطمینان سے کرتے تھے۔

حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے اور گذشتہ باب سے مناسبت یہ ہے کہ گذشتہ حدیث میں نبی ﷺ نے ہلکی نماز پڑھانے کا حکم دیا ہے اور یہی آپؐ کا عمل بھی تھا، آپ ہلکی مگر کامل نماز پڑھاتے تھے۔

بابُ مَنْ أَخَفَّ الصَّلوٰةَ عِنْدَ بُكَاءِ الصَّبِيِّ

جب کوئی عارض پیش آئے، مثلاً بچہ روئے تو قراءت مختصر کردے

اس باب کا مدعی یہ ہے کہ خصوصی احوال میں تمام نمازیوں کی یا اکثر نمازیوں کی رعایت سے نماز طویل یا مختصر کی جاسکتی ہے، مثلاً کھلی جگہ جماعت ہورہی ہے، اچانک بارش شروع ہوگئی تو اختصار کرنے کی گنجائش ہے، کیونکہ یہ ایمر جنسی حالت ہے یا امام نے نماز شروع کی، پھر اس نے بہت سے لوگوں کا مسجد میں آنا محسوس کیا، تو وہ نماز طویل کرسکتا ہے تاکہ لوگ وضو سے فارغ ہوکر جماعت میں شامل ہوجائیں، البتہ کسی مخصوص آدمی کی رعایت میں نماز میں طول واختصار کرنا مکروہ ہے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: میں کبھی فجر کی نماز پڑھانے کے لئے کھڑا ہوتا ہوں اور میرا ارادہ لمبی قراءت کرنے کا ہوتا ہے مگر میں اچانک بچے کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو میں نماز مختصر کردیتا ہوں اس اندیشہ سے کہ اس کی ماں پریشان ہوجائے گی، یہ اختصار سب مصلیوں کی رعایت میں عموماً اور ماں کی رعایت میں خصوصاً ہوتا تھا، کیونکہ جب بچہ رونا شروع کرتا ہے تو سب کا خشوع متأثر ہوتا ہے، اور ماں کی پریشانی تو ظاہر ہے، اسے نماز توڑنی پڑسکتی ہے۔

[٦٥-] بابُ مَنْ أَخَفَّ الصَّلوٰةَ عِنْدَ بُكَاءِ الصَّبِيِّ

[٧٠٧-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنِّيْ لَأَقُوْمُ فِيْ الصَّلاَةِ، أُرِيْدُ أَنْ أُطَوِّلَ فِيْهَا، فَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ، فَأَتَجَوَّزُ فِيْ صَلاَتِيْ، كَرَاهِيَةَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمِّهِ"

تَابَعَهُ بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، وَابْنُ الْمُبَارَكِ، وَبَقِيَّةُ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ. [انظر: ٨٦٨]

[۷۰۸-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ إِمَامٍ قَطُّ أَخَفَّ صَلَاةً وَلَا أَتَمَّ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَإِنْ كَانَ لَيَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَيُخَفِّفُ، مَخَافَةَ أَنْ تُفْتَنَ أُمُّهُ.

[۷۰۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنا قَتَادَةُ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنِّيْ لَأَدْخُلُ فِيْ الصَّلَاةِ، وَأَنَا أُرِيْدُ إِطَالَتَهَا، فَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ، فَأَتَجَوَّزُ فِيْ صَلَاتِيْ، مِمَّا أَعْلَمُ مِنْ شِدَّةِ وَجْدِ أُمِّهِ مِنْ بُكَائِهِ" [انظر: ۷۱۰]

[۷۱۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: نَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنِّيْ لَأَدْخُلُ فِيْ الصَّلَاةِ، فَأُرِيْدُ إِطَالَتَهَا، فَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ، فَأَتَجَوَّزُ مِمَّا أَعْلَمُ مِنْ شِدَّةِ وَجْدِ أُمِّهِ مِنْ بُكَائِهِ"

وَقَالَ مُوْسَى: حَدَّثَنَا أَبَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

[راجع: ۷۰۹]

حدیث (۷۰۷): نبی ﷺ نے فرمایا: میں نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہوں، میرا نماز میں لمبی قراءت کرنے کا ارادہ ہوتا ہے، پس میں بچے کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو میں نماز ہلکی کر دیتا ہوں ناپسند کرتے ہوئے اس بات کو کہ بچہ کا رونا اس کی ماں پر شاق گذرے گا ـــــ اس حدیث کو امام اوزاعی رحمہ اللہ سے بشر بن بکر، ابن المبارک اور بقیۃ نے بھی روایت کیا ہے۔

تشریح: ماں کی تخصیص بطور مثال ہے کیونکہ جب بچہ روئے گا تو صرف ماں کی نماز خراب نہیں ہوگی دوسری عورتوں کی نماز بھی خراب ہوگی اور اگر بچے کے رونے کی آواز مردوں تک پہنچے گی تو مردوں کی نماز بھی خراب ہوگی۔ غرض یہ مخصوص فرد کی رعایت میں نماز میں اختصار کرنا نہیں ہے، بلکہ اس میں عام لوگوں کی رعایت بھی پیش نظر ہے۔

حدیث (۷۰۸): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کبھی کسی امام کے پیچھے آنحضرت ﷺ سے زیادہ ہلکی اور پوری نماز نہیں پڑھی، آپؐ بچے کے رونے کی آواز سنتے تو نماز ہلکی کر دیتے، اس اندیشہ سے کہ اس کی ماں پریشان ہوجائے گی، یعنی ماں کو نماز توڑنی پڑسکتی ہے اس اندیشہ سے آپؐ نماز مختصر کر دیتے تھے، یہی جزء باب سے متعلق ہے اور إِنْ: مخففہ من المثقلہ ہے اور ضمیر شان پوشیدہ ہے جو اس کا اسم ہے اور کان إلخ جملہ خبر ہے۔

حدیث (۷۰۹): قولہ: **مما أعلم من شدة وجد أُمِّه**: اس بات کی وجہ سے جو میں جانتا ہوں یعنی اس کی ماں کا شدید غم۔ ما موصولہ ہے اور مِن بیانیہ ہے وہ ما کا بیان ہے اور وَجْد کے معنی ہیں: غصہ، پریشانی، جب بچہ بے موقع روتا ہے تو ماں کو غصہ بھی آتا ہے اور وہ پریشان بھی ہوتی ہے کیونکہ نماز توڑ نہیں سکتی اس لئے بہت پریشان ہوتی ہے، اور مِن بُکائه: وجد کے ساتھ متعلق ہے۔

حدیث (۷۱۰): وقال أبو موسیٰ: اس سند میں تحدیث کی صراحت ہے اس لئے یہ سند لائے ہیں۔

بابٌ: إِذَا صَلَّى ثُمَّ أَمَّ قَوْمًا

فرض نماز پڑھ کر اسی کی امامت کرنا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ متنفل کے پیچھے مفترض کی اقتداء درست ہے یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک درست ہے، کیونکہ ان کے نزدیک جماعت کی نماز ایک دھاگے میں پروئے ہوئے تسبیح کے دانے ہیں، یعنی جماعت کی نماز میں بھی امام ومقتدی میں سے ہر ایک کی نماز مستقل ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک جماعت کی نماز شئ واحد ہے، وصفِ صلوٰۃ کے ساتھ بالذات امام متصف ہے، پھر اس کے واسطہ سے مقتدی بالعرض متصف ہیں، پس اگر امام نفل پڑھ رہا ہے تو مقتدی کو فرض نماز کے ساتھ متصف نہیں کرسکتا، اس لئے حنفیہ کے نزدیک متنفل کے پیچھے مفترض کی اقتداء صحیح نہیں۔ امام کا مقتدی سے اقوی یا مساوی ہونا ضروری ہے، اضعف امام نہیں ہوسکتا۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کی دو دلیلیں ہیں:

پہلی دلیل: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، وہ آنحضور ﷺ کے پیچھے عشاء پڑھ کر اپنے محلّہ کی مسجد میں عشاء پڑھاتے تھے، ظاہر ہے وہ نفل کی نیت سے عشاء پڑھاتے ہونگے، اس لئے کہ وہ فرض پڑھ چکے ہیں اور مقتدی فرض پڑھ رہے ہیں، وہ فرض کی نیت سے اقتداء کریں گے، معلوم ہوا کہ متنفل کے پیچھے مفترض کی اقتداء درست ہے۔

دوسری دلیل: حضرت عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے۔ ان کی قوم نے ان کو امام بنایا تھا درانحالیکہ وہ نابالغ تھے، اور بچہ احکام کا مکلّف نہیں ہوتا، پس وہ جو بھی نماز پڑھے گا وہ نفل ہوگی، اور مقتدی فرض پڑھ رہے ہیں معلوم ہوا کہ متنفل کے پیچھے مفترض کی اقتداء درست ہے۔

جواب: امام شافعی رحمہ اللہ کی پہلی دلیل کا جواب:

پہلا جواب: یہ ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کے پیچھے مغرب کی نماز پڑھتے تھے پھر اپنی قوم میں جا کر عشاء پڑھاتے تھے، یہ حدیث ترمذی (حدیث ۵۸۸) میں ہے اور اعلیٰ درجہ کی صحیح حدیث ہے، اور دورِ اول میں مغرب کو عشاء اولیٰ کہتے تھے، پھر روایوں نے لفظ اولیٰ چھوڑ دیا، صرف عشاء کہہ دیا تو مسئلہ کھڑا ہوگیا۔

دوسرا جواب: اگر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پیچھے عشاء پڑھتے تھے تو سوال یہ ہے کہ وہ فرض کی نیت سے پڑھتے تھے یا نفل کی نیت سے؟ اور استدلال کا مدار اس پر ہے کہ فرض کی نیت سے پڑھتے تھے، مگر اس کی کوئی دلیل نہیں، ممکن ہے نفل کی نیت سے پڑھتے ہوں، پھر قوم میں جا کر فرض پڑھاتے ہوں، اور یہ بات حضرت معاذؓ ہی بتا سکتے ہیں دوسرا کوئی نہیں بتا سکتا، کیونکہ یہ نیت کا معاملہ ہے اور اب حضرت معاذؓ رہے نہیں اس لئے حدیث سے استدلال درست نہیں۔

تیسرا جواب: شروع اسلام میں فرض نماز دو مرتبہ پڑھنا جائز تھا، یہ واقعہ اسی زمانہ کا ہے، حضرت معاذؓ نبی ﷺ کے پیچھے بھی فرض پڑھتے تھے اور قوم کو بھی فرض پڑھاتے تھے، پھر بعد میں فرض کی تکرار کا جواز منسوخ ہوگیا تو یہ حدیث بھی منسوخ ہوگئی، یہ جواب امام طحاوی رحمہ اللہ نے دیا ہے جو حاشیہ میں ہے۔

چوتھا جواب: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا یہ فعل نبی ﷺ کے علم میں نہیں آیا، پھر جب آپؐ کو اس کا علم ہوا تو آپؐ نے ان کو اس پر برقرار نہیں رکھا بلکہ حکم دیا کہ یا تو میرے ساتھ نماز پڑھو اور امامت چھوڑ دو یا امامت کرو اور نماز ہلکی پڑھاؤ، یہ بات مجمع الزوائد (۲:۷۲) میں ہے،، اگر حضور ﷺ حضرت معاذؓ کو ان کے عمل پر برقرار رکھتے تو استدلال درست ہوتا، مگر جب آپ نے برقرار نہیں رکھا تو استدلال درست نہیں۔

دوسری دلیل کا جواب: حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کی دوسری دلیل کا بھی یہی جواب ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن سلمہؓ کو امام نہیں بنایا بلکہ ان کے قبیلہ کو یہ حکم دیا تھا کہ تم میں جس کو قرآن زیادہ یاد ہو وہ امامت کرے، قوم نے دیکھا کہ سب سے زیادہ قرآن اس بچہ کو یاد ہے، کیونکہ وہ آنے جانے والے قافلوں سے سن کر قرآن یاد کیا کرتا تھا، اس لئے قبیلہ والوں نے اس کو امام بنایا، اس بچہ کا امام ہونا حضور ﷺ کے علم میں نہیں آیا جب آنحضور ﷺ کے علم میں یہ بات نہیں آئی، بلکہ یہ صحابہ کا عمل تھا جس کو تقریر نبوی یعنی تائید نبوی حاصل نہیں ہوئی تو اس سے استدلال درست نہیں۔

[۶۶-] بابٌ: إِذَا صَلَّى ثُمَّ أَمَّ قَوْمًا

[۷۱۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَأَبُو النُّعْمَانِ، قَالاَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ مُعَاذٌ يُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ يَأْتِيْ قَوْمَهُ فَيُصَلِّيْ بِهِمْ.

[راجع: ۷۰۰]

بابُ مَنْ أَسْمَعَ النَّاسَ تَكْبِيْرَ الإِمَامِ

مکبّر لوگوں کو امام کی تکبیر پہنچائے

کبھی جماعت میں بڑا مجمع ہوتا ہے، اب تو لاؤڈ اسپیکر کا زمانہ ہے اس کے ذریعہ دور تک آواز پہنچائی جاتی ہے، مگر جب یہ آلہ نہیں تھا، اس وقت امام کی آواز دور تک پہنچانے کے لئے مکبّروں کا سہارا لیا جاتا تھا، مکبّرین امام نہیں ہوتے، وہ امام کی تکبیریں دور تک پہنچاتے ہیں اور سارا مجمع امام کی نماز کے ساتھ نماز پڑھتا ہے: یہ جائز ہے۔ آنحضور ﷺ نے مرض وفات میں ایک دن ظہر کی نماز میں اپنے مرض میں ہلکا پن محسوس کیا تو آپؐ حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے سہارے مسجد میں تشریف لائے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ظہر پڑھا رہے تھے، آپؐ کی آمد کا احساس ہوتے ہی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

پیچھے ہٹ گئے اور آنحضور ﷺ کو حضرت ابوبکرؓ کے پہلو میں بائیں جانب بٹھادیا گیا اور آپؐ نے خلیفہ بن کر نماز پڑھانی شروع کی اور حضرت ابوبکرؓ تکبیریں زور سے کہتے تھے۔ معلوم ہوا کہ امام کی آواز دور تک پہنچانے کے لئے مکبّر بنانا جائز ہے۔

[۶۷-] بابُ مَنْ أَسْمَعَ النَّاسَ تَكْبِيْرَ الإِمَامِ

[۷۱۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، قَالَ: نَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها، قَالَتْ: لَمَّا مَرِضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَرَضَهُ الَّذِىْ مَاتَ فِيْهِ، أَتَاهُ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، فَقَالَ: " مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ" قُلْتُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ أَسِيْفٌ، إِنْ يَقُمْ مَقَامَكَ يَبْكِ، فَلَا يَقْدِرُ عَلَى الْقِرَاءَ ةِ، قَالَ: " مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ" فَقُلْتُ مِثْلَهُ، فَقَالَ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ: " إِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ، مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ" فَصَلَّى، وَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُهَادَىٰ بَيْنَ رَجُلَيْنِ، كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ يَخُطُّ بِرِجْلَيْهِ الْأَرْضَ، فَلَمَّا رَآه أَبُوْ بَكْرٍ ذَهَبَ يَتَأَخَّرُ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ أَنْ صَلِّ، فَتَأَخَّرَ أَبُوْ بَكْرٍ رضى الله عنه، وَقَعَدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى جَنْبِهِ، وَأَبُوْ بَكْرٍ يُسْمِعُ النَّاسَ التَّكْبِيْرَ ـــــ تَابَعَهُ مُحَاضِرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ. [راجع: ۱۹۸]

وضاحت: أَسِيْف: رقيق القلب، نرم دل .... إِنَّكُنَّ صواحبُ يوسف: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے دل میں یہ تھا کہ اگر اس بیماری میں آپؐ کی وفات ہوگئی تو جو شخص آپؐ کی جگہ کھڑا ہوگا لوگ اس کو منحوس سمجھیں گے، مگر انھوں نے ظاہر یہ کیا کہ ابوبکر نرم دل ہیں، جب آپؐ کی جگہ کھڑے ہونگے تو ان پر رقت طاری ہوجائے گی اور وہ نماز نہیں پڑھا سکیں گے۔ اس لئے آنحضور ﷺ نے فرمایا: تم یوسف علیہ السلام والی عورتیں ہو، زبان پر کچھ ہے اور دل میں کچھ ہے .... فصلّی، وخَرَج النبیُّ: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی عشاء میں جسے پڑھانے کا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تھا آپؐ تشریف لے آئے، مگر یہ صحیح نہیں، آپؐ آئندہ کسی دن ظہر کی نماز میں آئے ہیں اور فصلّی کا مطلب ہے: پس ابوبکرؓ نماز یں پڑھاتے رہے اور نبی ﷺ کسی دن ظہر کی نماز میں نکلے .... یَخُطُّ بر جلَیه الأرض: آپؐ اپنے دونوں پیروں سے زمین پر لکیریں بنا رہے تھے، یعنی آپؐ بے طاقتی کی وجہ سے پیر گھسیٹ کر چل رہے تھے .... وأبوبکر یسمع الناس: یہی جملہ باب سے متعلق ہے۔

بابُ الرَّجُلِ يَأْتَمُّ بِالإِمَامِ وَيَأْتَمُّ النَّاسُ بِالْمَأْمُوْمِ

ایک آدمی امام کی اقتداء کرے اور لوگ اس مقتدی کی اقتداء کریں

امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں (۱): جماعت کی نماز میں امام پہلی صف کا امام ہے اور پہلی صف دوسری صف کی امام ہے،

(۱) امام شعبیؒ بڑے درجہ کے مجتہد ہیں، حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے معاصر ہیں اور امام اعظم رحمہ اللہ کے استاذ الاستاذ ہیں۔

اور دوسری صف تیسری کی، وہکذا، چنانچہ ان کے نزدیک مسئلہ یہ ہے کہ کوئی شخص آیا اور اس نے تکبیر کہہ کر رکوع کرلیا تو اگر اس سے اگلی صف نے ابھی رکوع سے سر نہیں اٹھایا تو اس نے رکعت پالی، خواہ امام نے سر اٹھالیا ہو، یہ امام شعبیؒ کی رائے ہے، شاید امام بخاریؒ کی بھی یہی رائے ہے............اور جمہور کے نزدیک یہ درست نہیں، ان کے نزدیک ایک ہی امام کی اقتداء ضروری ہے، ڈبل امامت نہیں ہوسکتی، اور حضرت ابوبکرؓ امام نہیں تھے، وہ مقتدی اور مکبّر تھے۔ پس امام کے سر اٹھانے کے بعد جو رکوع میں گیا اس کو رکعت نہیں ملی، خواہ ابھی کسی مقتدی نے سر نہ اٹھایا ہو ـــــ باب میں ایک معلّق اور ایک مرفوع روایت ہے، مگر دونوں سے استدلال محلِ نظر ہے۔

[٦٨-] بابُ الرَّجُلِ يَأْتَمُّ بالإِمَامِ وَيَأْتَمُّ النَّاسُ بِالْمَأْمُوْمِ

وَيُذْكَرُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " ائْتَمُّوْا بِيْ، وَلْيَأْتَمَّ بِكُمْ مَنْ بَعْدَكُمْ"

[٧١٣-] حَدَّثَنِيْ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا ثَقُلَ النَبِيُّ صلى الله عليه وسلم جَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، فَقَالَ: " مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ" فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ أَسِيْفٌ، وَإِنَّهُ مَتى مَايَقُمْ مَقَامَكَ لَا يُسْمِعِ النَّاسَ، فَلَوْ أَمَرْتَ عُمَرَ! فَقَالَ: " مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ" فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ: قُوْلِي لَهُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ أَسِيْفٌ، وَإِنَّهُ مَتى مَا يَقُوْمُ مَقَامَكَ لَا يُسْمِعِ النَّاسَ، فَلَوْ أَمَرْتَ عُمَرَ فَقَالَ: " إِنَّكُنَّ لَأُنْتُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ، مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ" فَلَمَّادَخَلَ فِيْ الصَّلَاةِ، وَجَدَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ نَفْسِهِ خِفَّةً، فَقَامَ يُهَادَىٰ بَيْنَ رَجُلَيْنِ، وَرِجْلَاهُ تَخُطَّانِ فِيْ الأَرْضِ، حَتّٰى دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَلَمَّا سَمِعَ أَبُوْ بَكْرٍ حِسَّهُ ذَهَبَ أَبُوْ بَكْرٍ يَتَأَخَّرُ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى جَلَسَ عَنْ يَسَارِ أَبِيْ بَكْرٍ، فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّيْ قَائِمًا، وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ قَاعِدًا، يَقْتَدِيْ أَبُوْ بَكْرٍ بِصَلَاةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَالنَّاسُ مُقْتَدُوْنَ بِصَلَاةِ أَبِيْ بَكْرٍ رضى الله عنه. [راجع: ١٩٨]

قولہ: ویُذکر عن النبیِّ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اقتداء کرو اور چاہئے کہ تمہاری اقتدا کریں وہ لوگ جو تمہارے بعد آئیں ـــــ اس حدیث میں نبی ﷺ نے صحابہ کو ہدایت دی ہے کہ میری پیروی کرو، میرے ہر قول و فعل کو اپناؤ، آئندہ جو لوگ آئیں گے وہ تمہاری پیروی کریں گے، اور یونہی یہ سلسلہ چلتا رہے گا، اور امام بخاریؒ جو مسئلہ بیان کررہے ہیں اس سے حدیث کا واضح تعلق نہیں، مگر امام بخاریؒ نے حدیث کے ظاہری معنی لئے ہیں کہ جب میں نماز پڑھاؤں تو پہلی صف والے میری پیروی کریں اور دوسری صف والے پہلی صف کی پیروی کریں اور تیسری صف والے دوسری صف کی پیروی کریں۔ امام بخاریؒ نے بعد کم کا یہ مطلب لیا ہے حالانکہ امت میں کسی نے حدیث کا یہ مطلب نہیں سمجھا، حدیث کا صحیح

مطلب وہ ہے جو ابھی میں نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے صحابہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ ہر عمل میں آپؐ کی پیروی کریں اس لئے کہ وہ آئندہ مقتدی بننے والے ہیں، آئندہ جو لوگ آئیں گے وہ ان کی پیروی کریں گے اور یہ سلسلہ یونہی قیامت تک چلتا رہے گا۔

حدیث: لو أَمَرْتَ عمر: یہ لوتمنی کا ہے .... فلما سمع أبوبكر حِسَّه: جب ابوبکرؓ نے آپؐ کی آہٹ سنی .... يقتدى أبوبكر بصلاة رسول الله، والناس مُقتدون بصلوة أبى بكر: اس ٹکڑے سے استدلال کیا ہے کہ لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اقتدا کر رہے تھے، حالانکہ حقیقت میں حضرت ابوبکرؓ صرف مکبّر تھے، تکبیریں زور سے کہہ رہے تھے اور سب لوگ حضور ﷺ کی اقتدا کر رہے تھے۔

بابٌ: هَلْ يَأْخُذُ الإِمَامُ إِذَا شَكَّ بِقَوْلِ النَّاسِ؟

امام کو شک پیش آئے تو کیا وہ لوگوں کی بات پر عمل کر سکتا ہے؟

امام کو تعداد رکعات وغیرہ میں شک پیش آیا تو وہ لوگوں کی بات مان سکتا ہے، حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا تھا کہ آپؐ نے دو ہی رکعتیں پڑھائی ہیں، آپؐ نے لوگوں سے دریافت کیا، سب نے تائید کی کہ آپؐ نے دو ہی رکعت پڑھائی ہیں تو آپؐ نے ان کی بات مان لی اور باقی نماز پڑھائی، یہ دورِ اول کا واقعہ ہے اس وقت نماز میں بات چیت کرنا، چلنا پھرنا، قبلہ سے منحرف ہونا: سب جائز تھا، بعد میں یہ باتیں منسوخ ہوگئیں، لہٰذا ان باتوں سے صرف نظر کرو، صرف یہ دیکھو کہ آپؐ نے ان کی بات مان لی۔

[٦٩-] بابٌ: هَلْ يَأْخُذُ الإِمَامُ إِذَا شَكَّ بِقَوْلِ النَّاسِ؟

[٧١٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَيُّوْبَ بْنِ أَبِى تَمِيْمَةَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم انْصَرَفَ مِنَ اثْنَتَيْنِ، فَقَالَ لَهُ ذُو الْيَدَيْنِ: أَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ أَمْ نَسِيْتَ؟ يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَصَدَقَ ذُو الْيَدَيْنِ؟" فَقَالَ النَّاسُ: نَعَمْ، فَقَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَلَّى اثْنَتَيْنِ أُخْرَيَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ كَبَّرَ فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ. [راجع: ٤٨٢]

[٧١٥-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِى سَلَمَةَ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ، فَقِيْلَ: صَلَّيْتَ رَكْعَتَيْنِ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ. [راجع: ٤٨٢]

وضاحت: بقول الناس : یأخُذ سے متعلق ہے شكّ سے متعلق نہیں............ایوب سختیانی بڑے آدمی ہیں ان کے ابا کی کنیت ابوتمیمہ ہے اور سَخْتِیَان: بھیڑ بکری یعنی چھوٹے جانور کی کھال کو کہتے ہیں، اور یہ عربی لفظ نہیں ہے، ان کے یہاں یہ کاروبار ہوتا ہوگا اس لئے ان کو سختیانی کہتے تھے۔

بابٌ: إِذَا بَكَى الإِمَامُ فِيْ الصَّلٰوةِ

امام نماز میں روئے تو کیا حکم ہے؟

اگر امام یا مقتدی امر دنیوی کی وجہ سے روئے اور آواز یا حروف پیدا ہوجائیں تو نماز فاسد ہوجائے گی اور اگر آواز پیدا ہو نہ حروف تو کچھ مضائقہ نہیں، نماز فاسد نہیں ہوگی اور اگر امر اخروی کی وجہ سے روئے مثلاً جو آیت پڑھ رہا تھا اس کے مضمون سے دل بھر آیا اور رونے لگا تو اگرچہ آواز اور حروف پیدا ہوجائیں نماز فاسد نہیں ہوگی............نَشِیْج کے معنی ہیں: رونے کی آواز، نَشَجَ الباکی: روتے روتے ہچکی بندھ جانا، نَشَجَتِ القِدْر: ہانڈی کا کھدکھدانا۔ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فجر کی نماز میں سورۂ یوسف پڑھ رہے تھے جب اس آیت پر پہنچے: ﴿إِنَّمَا أَشْكُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْ إِلَی اللّٰہِ﴾ تو حضرت اتنا روئے کہ آخری صف میں رونے کی آواز سنی گئی، یہ رونا امر اخروی کی وجہ سے تھا اس لئے اس رونے سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

[۷۰-] بابٌ: إِذَا بَكَى الإِمَامُ فِيْ الصَّلٰوةِ

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ: سَمِعْتُ نَشِيْجَ عُمَرَ، وَأَنَا فِيْ آخِرِ الصُّفُوْفِ، يَقْرَأُ﴿ إِنَّمَا أَشْكُوْ بَثِّيْ وَحُزْنِيْ إِلٰى اللّٰهِ﴾[یوسف: ۱۸]

[۷۱۶-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ فِيْ مَرَضِهِ:" مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ" قَالَتْ عَائِشَةُ: قُلْتُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ إِذَاقَامَ فِيْ مَقَامِكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَمُرْ عُمَرَ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ، فَقَالَ:" مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ" فَقَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ: قُوْلِيْ لَهُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ أَسِيْفٌ، إِذَا قَامَ مَقَامَكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ، فَفَعَلَتْ حَفْصَةُ. فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم : " مَهْ، إِنَّكُنَّ لَأَنْتُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ، مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ" فَقَالَتْ حَفْصَةُ لِعَائِشَةَ: مَا كُنْتُ لِأُصِيْبَ مِنْكِ خَيْرًا. [راجع: ۱۹۸]

وضاحت: إن أبابكر لم يُسمعِ الناس من البكاء: یہ ٹکڑا باب سے متعلق ہے، اور چونکہ یہ رونا فراق نبوی میں ہوتا اس لئے یہ رونا امر آخرت کی وجہ سے ہوتا اس لئے اس سے نماز فاسد نہیں ہوئی۔

بابُ تَسْوِيَةِ الصُّفُوْفِ عِنْدَ الإِقَامَةِ وَبَعْدَهَا

اقامت کے دوران اوراس کے بعد صفیں سیدھی کرنا

تسویۃ الصفوف کے معنی ہیں: صفیں درست کرنا، صفیں سیدھی کرنا، یہ ضروری امر ہے اگر اقامہ پورا ہونے تک صفیں درست ہوجائیں تو سبحان اللہ، امام نماز شروع کردے اور اگر اقامہ پورا ہونے تک صفیں درست نہ ہوں تو اقامہ کے بعد صفیں درست کی جائیں۔ صفیں کسی حال میں نادرست نہیں چھوڑنی چاہئیں۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک تسویۃ الصفوف واجب ہے، درمختار میں اس کی صراحت ہے، اگر صفیں درست نہیں ہونگی تو نماز مکروہ ہوگی۔ اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک صفیں درست کرنا سنت ہے اور ابن حزم ظاہری کے نزدیک فرض ہے، اس کے بغیر نماز درست نہیں ہوگی۔

جاننا چاہئے کہ صفوں کی درستگی میں جس طرح قطار کو سیدھا کرنا شامل ہے تراصّ (مل کر کھڑا ہونا) بھی شامل ہے، لوگوں کو اس طرح مل کر کھڑا ہونا چاہئے کہ دو شخصوں کے درمیان سے ہاتھ نہ گذر سکے، لوگ قطار درست کرنے کا تو اہتمام کرتے ہیں مگر مل کر نہیں کھڑے ہوتے۔ حدیث میں تراص کا بھی حکم ہے، جو اگلے باب میں آرہا ہے۔

قولہ: عند الإقامة وبعدها: اقامہ کے وقت صفیں درست کی جائیں، اور اقامہ پورا ہونے تک صفیں درست نہ ہوں تو اقامہ کے بعد درست کی جائیں۔ قبل الأقامة: اقامہ شروع ہونے سے پہلے صفیں درست کرنے کے بارے میں نہیں کہا، پس لوگوں کا اقامہ شروع ہونے سے پہلے کھڑا ہونا اور یہ عذر پیش کرنا کہ صفیں درست کرنے کے لئے کھڑے ہوتے ہیں: یہ عذر لنگ ہے، لوگوں کو اور امام کو اقامہ شروع ہونے کے بعد ہی کھڑا ہونا چاہئے، کھڑے ہو کر اقامہ کا انتظار کرنا مکروہ ہے۔

[۷۱-] بابُ تَسْوِيَةِ الصُّفُوْفِ عِنْدَ الإِقَامَةِ وَبَعْدَهَا

[۷۱۷-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: نَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ أَبِيْ الْجَعْدِ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَتُسَوُّنَّ صُفُوْفَكُمْ أَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوْهِكُمْ"

[۷۱۸-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَقِيْمُوْا الصُّفُوْفَ، فَإِنِّيْ أَرَاكُمْ خَلْفَ ظَهْرِيْ" [انظر: ۷۱۹، ۷۲۵]

ترجمہ (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: "ضرور اپنی صفیں درست کرو یا اللہ تعالیٰ تمہارے چہروں کو ایک دوسرے کے خلاف کردیں گے"، یعنی تمہارے درمیان اختلاف ڈال دیں گے ـــــ (۲) فرمایا: صفوں کو سیدھا کرو، کیونکہ میں تمہیں پیٹھ پیچھے سے دیکھتا ہوں"

تشریح:

۱- پہلی حدیث وعید کی ہے، اور وعید سے وجوب ثابت ہوتا ہے، اور لَيُخَالِفَنَّ اللّٰه بين وجوهكم کے حاشیہ میں تین مطلب لکھے ہیں:

اول: چہروں کا آمنے سامنے ہونا مودت ومحبت کی تعبیر ہے، اور چہروں کا ایک دوسرے سے پھرا ہوا ہونا بغض وعداوت کی تعبیر ہے، میاں بیوی ایک دوسرے کی طرف منہ کرکے سوئیں تو یہ محبت کی علامت ہے، اور اِدھر اُدھر منہ کرکے سوئیں تو یہ بے تعلقی کی علامت ہے، پس چہرے اِدھر اُدھر کردینے کا مطلب ہے: آپس میں اختلافات ہوجانا، عداوتیں اور دشمنیاں ابھر آنا۔

دوسرا مطلب لکھا ہے: اگر صفیں درست نہیں ہونگی تو چہرے پیٹھ کی طرف پھیر دیئے جائیں گے اور تیسرا مطلب لکھا ہے: صورتیں مسخ کردی جائیں گی، یہ دونوں مطلب بس ایسے ہی ہیں، صحیح مطلب پہلا ہے کہ اگر صفوں کو درست رکھو گے تو آپس میں اتحاد واتفاق پیدا ہوگا اور صفوں کو سیدھا نہیں کروگے تو باہم اختلافات اور عداوتیں پیدا ہونگی۔

رہی یہ بات کہ صفوں کی درستگی میں اور معاشرہ کی اجتماعیت میں، اسی طرح صفوں کی نادرستگی میں اور لوگوں میں اختلاف رونما ہونے میں کیا جوڑ ہے؟ جواب یہ ہے کہ یہ بات معلوم نہیں، مگر یہ بات مخبر صادق نے بتائیہے، اس لئے باون تولہ پاؤرتی ہے، اس میں ادنی شک کی گنجائش نہیں، اور جس کو یقین نہ آئے وہ تجربہ کرکے دیکھ لے، ایک مہینہ نادرست صفوں کے ساتھ نماز پڑھو چند دنوں میں لوگوں کے چہرے ایک دوسرے سے پھر جائیں گے اور باہم اختلافات رونما ہوجائیں گے اور ایک مہینہ صفیں درست کرکے نماز پڑھو، چھوٹے موٹے اختلافات خود بخود ختم ہوجائیں گے۔

۲- صفیں درست کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کندھے سے کندھا اور قدم سے قدم ملائے جائیں (بخاری حدیث ۷۲۵) کندھے سے کندھا ملانا تو ظاہر ہے اور قدم سے قدم ملانا یہ ہے کہ لوگ اس طرح کھڑے ہوں کہ اگر ایک جانب سے لوگوں کے ٹخنوں میں سوئی داخل کی جائے تو سب کے ٹخنوں میں سے ہوکر نکل جائے، یعنی تمام لوگوں کے ٹخنے ایک سیدھ میں آجانے چاہئیں، غیر مقلدین نے اس حدیث کے غلط معنی سمجھے ہیں، تفصیل چند ابواب کے بعد آئے گی۔

۳- نبی ﷺ ایک عرصہ تک بذاتِ خود تیر کی لکڑی لے کر اور لوگوں کے سینوں پر رکھ کر صفیں درست فرماتے تھے۔ پھر جب آپؐ کو اطمینان ہوگیا کہ لوگ صف سیدھی کرنے کا طریقہ سیکھ گئے تو آپؐ نے صف سیدھی کرنے کا اہتمام چھوڑ دیا، اب لوگ خود ہی صفیں سیدھی کرنے لگے، لیکن ایک دن اچانک آپؐ نے دیکھا کہ کسی کا سینہ آگے نکلا ہوا ہے تو آپؐ نے سخت ڈانٹا، اور فرمایا: ''اللہ کے بندو! صفیں سیدھی کرو، ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے چہروں کو پھیر دیں گے''، یعنی صفیں سیدھی کرنے میں کوتاہی کروگے تو اللہ تعالیٰ اس کی سزا میں تمہارے درمیان اختلاف ڈال دیں گے، اور تمہاری وحدت پارہ پارہ ہوجائے گی، یہ اس حدیث کا شانِ ورود ہے۔

اس ڈانٹ کے بعد صحابہ سنبھل گئے، پھر ایک دن آنحضور ﷺ نے کچھ کوتاہی دیکھی تو فرمایا: ''اپنی صفیں سیدھی کرو (اورمل کر کھڑے ہوؤ) اس لئے کہ میں تمہیں پیٹھ پیچھے سے دیکھتا ہوں'' اس آخری جملہ میں اہل بصیرت کے نزدیک وعید کا ایک لطیف پہلو ہے، اس کے بعد پھر کبھی کچھ کہنے کا موقع نہیں آیا۔

بابُ إِقْبَالِ الإِمَامِ عَلٰی النَّاسِ عِنْدَ تَسْوِيَةِ الصُّفُوْفِ

صفیں سیدھی کرتے وقت امام کا لوگوں کی طرف متوجہ ہونا

اقبال کے معنی ہیں: متوجہ ہونا، اس باب کا مقصد یہ ہے کہ صفیں سیدھی کرنے کی ذمہ داری امام کی ہے، اگر امام کی بے توجہی سے صفیں نادرست ہیں تو قیامت کے دن وہ ماخوذ ہوگا، خود نبی ﷺ اس کا اہتمام فرماتے تھے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں جب مسجدِ نبوی میں نمازی زیادہ ہوگئے تو انھوں نے چند حضرات کو یہ ذمہ داری سونپی، وہ صفیں سیدھی کرتے تھے، اور جب صفیں درست ہونے کی اطلاع آتی تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز شروع کرتے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ تو لوگوں کو نام بہ نام آگے پیچھے دائیں بائیں ہونے کا حکم دیتے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی صفوں کی درستگی کا اہتمام کرتے تھے، معلوم ہوا کہ صفیں سیدھی کرنے کی ذمہ داری امام کی ہے (یہ آثار ترمذی (کتاب الصلوۃ باب ۵۴) میں ہیں)

[۷۲-] بابُ إِقْبَالِ الإِمَامِ عَلٰی النَّاسِ عِنْدَ تَسْوِيَةِ الصُّفُوْفِ

[۷۱۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ رَجَاءٍ، قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: نَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، قَالَ: نَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ، قَالَ نَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ، فَأَقْبَلَ عَلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: '' أَقِيْمُوْا صُفُوْفَكُمْ وَتَرَاصُّوْا، فَإِنِّيْ أَرَاكُمْ مَنْ وَرَاءِ ظَهْرِيْ'' [راجع: ۷۱۸]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نماز کے لئے تکبیر کہی گئی پس رسول اللہ ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اپنی صفیں سیدھی کرو، اور مل کر کھڑے ہوؤ، اس لئے کہ میں تمہیں اپنی پیٹھ کے پیچھے سے دیکھتا ہوں۔

تشریح: آنحضور ﷺ کا آگے دیکھنا فطری تھا، ہر شخص آگے دیکھتا ہے اور پیٹھ پیچھے دیکھنا معجزہ تھا، اور معجزہ نبی کے اختیار میں نہیں ہوتا، جب اللہ چاہتے ہیں معجزہ ظاہر ہوتا ہے۔

بابُ الصَّفِّ الأَوَّلِ

صفِ اول کا بیان

اس باب کا مقصد کیا ہے؟ حضرت الاستاذ مرادآبادی قدس سرہ نے فرمایا: پہلی صف کی فضیلت اور ثواب بیان کرنا

مقصود ہے، میں نے اس میں تھوڑا اضافہ کیا ہے: لوگوں میں ایک غفلت پائی جاتی ہے، ابھی صف اول پوری نہیں ہوئی کہ لوگ دوسری صف میں کھڑے ہونے شروع ہوجاتے ہیں، اس لئے صفِ اول کا ثواب بیان کیا تا کہ ہر شخص صفِ اول کی طرف بڑھے اور جب پہلی صف پوری ہو تب دوسری صف شروع کریں۔

[۷۳-] بابُ الصَّفِّ الْأَوَّلِ

[۷۲۰-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الشُّهَدَاءُ: الغَرِقُ، وَالْمَبْطُوْنُ، وَالْمَطْعُوْنُ، وَالْهَدِمُ.[راجع: ۶۵۳]

[۷۲۱-] وَقَالَ: وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَافِيْ التَّهْجِيْرِ لَاسْتَبَقُوْا إِلَيْهِ، وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْ الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَأَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا، وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْ الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ لَاسْتَهَمُوْا" [راجع: ۶۱۵]

وضاحت: یہ حدیث گذر چکی ہے، پہلے غریق آیا تھا اور یہاں غَرِق ہے، دونوں کا ایک ہی مطلب ہے (ڈوبنے والا) ......الهَدِم: أی صاحب الهدم: جو کسی چیز کے نیچے دب کر مر جائے......ولو یعلمون مافی الصف المقدم: المقدَّم فرمایا، الأوّل نہیں فرمایا، پس مطلب ہوگا: جب اگلی صف پوری ہوجائے تب بعد کی صف بنائی جائے، خواہ وہ کوئی صف ہو۔

بابُ إِقَامَةِ الصَّفِّ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوةِ

صف سیدھی کرنے سے نماز کامل ہوتی ہے

صفوں کو درست کرنا اگرچہ نماز کا جزء نہیں، خارج صلوٰۃ ہے، مگر ضروری ہونے کی وجہ سے گویا داخل صلوٰۃ ہے، فرائض وواجبات اور مستحبات ومندوبات نماز کے اجزاء ہیں، صف سیدھی کرنا اگرچہ نماز کا جزء نہیں، مگر اس کے ضروری ہونے کی وجہ سے اس کو داخل صلوٰۃ شمار کیا گیا ہے، اس لئے فرمایا کہ صف سیدھی کرنے سے نماز کامل ہوگی، اور صف نادرست ہوگی تو نماز ناقص ہوگی، اور باب کے جو الفاظ ہیں وہ حدیث کے الفاظ ہیں۔ ترمذی (حدیث ۲۲۳) میں انہی الفاظ سے حدیث آئی ہے اور من تمام الصلوۃ سے ذاتِ صلوٰۃ کی تمامیت مراد نہیں، بلکہ حسن کی تکمیل مراد ہے، یعنی صف سیدھی کرنے سے نماز کا حسن دوبالا ہوجاتا ہے، حسن خارجی چیز ہے، معلوم ہوا کہ اقامتِ صف صلوٰۃ سے خارج ہے، مگر اس کے ضروری ہونے کی وجہ سے اس کو داخل صلوٰۃ شمار کیا گیا ہے۔

[۷۴-] بابُ إِقَامَةِ الصَّفِّ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوةِ

[۷۲۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ

النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَلاَ تَخْتَلِفُوْا عَلَيْهِ، فَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ؛ وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا؛ وَإِذَا صَلّٰى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا أَجْمَعُوْنَ، وَأَقِيْمُوْا الصَّفَّ فِي الصَّلاَةِ، فَإِنَّ إِقَامَةَ الصَّفِّ مِنْ حُسْنِ الصَّلاَةِ" [انظر: ۷۳٤]

[۷۲۳-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ، فَإِنَّ تَسْوِيَةَ الصُّفُوْفِ مِنْ إِقَامَةِ الصَّلاَةِ"

قولہ: فلا تَخْتَلِفُوْا علیہ: امام کی اتباع ضروری ہے، اقوال میں بھی اور افعال میں بھی۔ اس کی مخالفت جائز نہیں، اور اس قاعدہ سے چند چیزیں مستثنیٰ ہیں، تفصیل چند ابواب پہلے گذری ہے۔

قولہ: فَإِنَّ إقامۃ الصف من حُسنِ الصلوٰۃ: اور ترمذی میں من تمام الصلوٰۃ ہے، معلوم ہوا کہ صف درست کرنے سے ذاتِ صلوٰۃ کی تکمیل نہیں ہوتی بلکہ نماز میں حسن پیدا ہوتا ہے اور کسی چیز کا حسن اس کی ماہیت سے خارج ہوتا ہے، مگر اقامۃ الصّف کے ضروری ہونے کی وجہ سے اس کو داخل صلوٰۃ شمار کیا گیا ہے۔

بابُ إِثْمِ مَنْ لَمْ يُتِمَّ الصُّفُوْفَ

صفیں درست نہ کرنے کا گناہ

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ صفوں کو سیدھا کرنا واجب ہے، درمختار میں وجوب کی صراحت ہے، اگر صفیں درست نہیں ہونگی تو سب گنہ گار ہونگے، اور سب سے بڑا گنہ امام پر ہوگا، کیونکہ صفیں درست کرنے کی ذمہ داری اس کی ہے، اور صفیں سیدھی نہ کرنے پر گنہ ہونا وجوب کی دلیل ہے۔

[۷۵-] بابُ إِثْمِ مَنْ لَمْ يُتِمَّ الصُّفُوْفَ

[۷۲٤-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: أَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّائِيُّ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ الأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّهُ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ، فَقِيْلَ لَهُ: مَا أَنْكَرْتَ مِنَّا مُنْذُ يَوْمِ عَهِدْتَ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: مَا أَنْكَرْتُ شَيْئًا إِلاَّ أَنَّكُمْ لاَ تُقِيْمُوْنَ الصُّفُوْفَ — وَقَالَ عُقْبَةُ بْنُ عُبَيْدٍ: عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ: قَدِمَ عَلَيْنَا أَنَسٌ الْمَدِيْنَةَ، بِهٰذَا.

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ میں رہتے تھے ایک مرتبہ مدینہ منورہ آئے تو لوگوں نے پوچھا: آپ نے عہدِ رسالت میں اور آج کے احوال میں کیا تبدیلی پائی؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: عہدِ رسالت میں جو احوال تھے اب بھی وہی احوال ہیں، صرف ایک کمی پیدا ہوگئی ہے، آپ لوگ نماز میں صفیں درست نہیں کرتے، یہی جزء ترجمہ

سے متعلق ہے۔ اس حدیث کو بُشیر بن یسار سے عقبہ بھی روایت کرتے ہیں اور ان کی حدیث کے الفاظ کچھ بدلے ہوئے ہیں۔

بابُ إِلْزَاقِ الْمَنْکِبِ بِالْمَنْکِبِ وَالْقَدَمِ بِالْقَدَمِ فِی الصَّفِّ

صف بندی میں مونڈھے کو مونڈھے سے اور پیر کو پیر سے چپکانا

آنحضور ﷺ نے حضرات صحابہ کو صف بندی کا یہ طریقہ بتلایا تھا کہ کندھے سے کندھا اچھی طرح لگایا جائے اور قدم سے قدم ملا کر دیکھا جائے، یعنی لوگ اس طرح کھڑے ہوں کہ اگر ایک جانب سے ٹخنوں میں سوئی داخل کی جائے تو سب ٹخنوں میں سے ہوکر گذر جائے، یعنی تمام لوگوں کے ٹخنے ایک سیدھ میں آجائیں۔ غیر مقلدین نے اس حدیث کے غلط معنی سمجھے ہیں، وہ کہتے ہیں: اس حدیث میں نماز میں کھڑے ہونے کا طریقہ بتایا گیا ہے، ان کے نزدیک نماز میں کھڑے ہونے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر آدمی پیر کی انگلیاں دوسرے کے پیر کی انگلیوں سے لگائے، حالانکہ حدیث میں قدم سے قدم ملانے کا ذکر ہے، اور قدم ایڑی سے انگلیوں تک ہے، پس قدم سے قدم ملا کر کھڑا ہونا ممکن نہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں **فی الصف** کی قید لگا کر اشارہ کیا ہے کہ یہ صف بندی کا طریقہ ہے، قیام میں کھڑے ہونے کا طریقہ نہیں ہے، اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فتح الباری (۲۱۱:۲) میں لکھتے ہیں **المرادُ بذلك المبالغةُ فی تعدیل الصف وسَدِّ خَلَلِه** اھ، یعنی حدیث کی مراد صف صحیح کرنے میں مبالغہ کرنا ہے اور صف کے خلل کو بند کرنا ہے، اور اس کا واضح قرینہ یہ ہے کہ صحابہ کا یہ عمل ایک مرفوع حدیث کے بعد حضرت انسؓ نے ذکر کیا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اپنی صفیں سیدھی کرو، کیونکہ میں تمہیں پیٹھ پیچھے سے دیکھتا ہوں'' یہ حدیث ذکر کر کے حضرت انسؓ فرماتے ہیں: ''اور ہم میں سے ہر شخص اپنا مونڈھا اپنے ساتھی کے مونڈھے سے اور اپنا پیر اس کے پیر سے ملاتا تھا'' ظاہر ہے مذکورہ حدیث کے بعد صحابہ کا یہ عمل اس ارشاد کی تعمیل ہی میں ہوسکتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ صحابہ کا قدم سے قدم ملانا حدیث نہیں ہے، حدیث رسول اللہ ﷺ کے قول وفعل اور تائید وتقریر کو کہتے ہیں، بلکہ یہ از قبیل آثارِ صحابہ ہے، اور غیر مقلدین آثارِ صحابہ کو نہیں مانتے، شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ میں اس کی صراحت کی ہے، پس غیر مقلدین کا اس کو حدیث کہہ کر پیش کرنا زبردست مغالطہ ہے، ایک تو اثر کو حدیث بنادیا، پھر اس کا غلط مطلب بیان کیا، کریلا اور نیم چڑھا!

[۷۶-] بابُ إِلْزَاقِ الْمَنْکِبِ بِالْمَنْکِبِ وَالْقَدَمِ بِالْقَدَمِ فِی الصَّفِّ

وَقَالَ النُّعْمَانُ بْنُ بَشِیْرٍ: رَأَیْتُ الرَّجُلَ مِنَّا یُلْزِقُ کَعْبَهُ بِکَعْبِ صَاحِبِهِ.

[۷۲۵-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: نَا زُهَیْرٌ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم

قَالَ: "أَقِيْمُوْا صُفُوْفَكُمْ، فَإِنِّىْ أَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِىْ" وَكَانَ يُلْزِقُ مَنْكِبَهُ بِمَنْكِبِ صَاحِبِهِ، وَقَدَمَهُ بِقَدَمِهِ.

[راجع: ۷۱۸]

وضاحت: حدیث کا ترجمہ اوپر آچکا، اور حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے دیکھا کہ ہم میں سے ایک اپنے ٹخنے اپنے ساتھی کے ٹخنے سے ملاتا تھا، یعنی صحابہ صف میں اس طرح کھڑے ہوتے تھے کہ تمام ٹخنے ایک سیدھ میں آجاتے تھے، یہ صحابہ کا صف بندی کا طریقہ تھا۔ غیر مقلدین بتائیں: حالتِ قیام میں ٹخنے سے ٹخنا ملا کر کس طرح کھڑے رہیں گے؟ انگلیاں تو لگا سکتے ہیں، مگر پورا پیر خاص طور پر ٹخنے سے ٹخنا لگانا ممکن نہیں!

بابٌ: إِذَاقَامَ الرَّجُلُ عَنْ يَسَارِ الإِمَامِ، وَحَوَّلَهُ الإِمَامُ خَلْفَهُ إِلَى يَمِيْنِهِ: تَمَّتْ صَلاَتُهُ

کوئی امام کی بائیں طرف کھڑا ہو جائے، اور امام اس کو اپنے پیچھے سے دائیں طرف لیلے تو نماز درست ہے

یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے: مقتدی امام کی بائیں جانب کھڑا ہو گیا، امام نے اس کو اپنے پیچھے سے دائیں طرف لے لیا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

سوال: جب یہ باب پہلے آچکا ہے تو حضرتؒ دوبارہ یہ باب کیوں لائے ہیں؟

جواب: اس باب میں خلفه کا اضافہ ہے یعنی امام مقتدی کو اپنے پیچھے سے دائیں طرف لائے، اگر امام نے آگے سے دائیں طرف لیا تو مقتدی کی نماز باطل ہو جائے گی: اور اتنا معمولی فرق حضرت کے نزدیک نیا باب قائم کرنے کے لئے کافی ہے۔

[۷۷-] بابٌ: إِذَاقَامَ الرَّجُلُ عَنْ يَسَارِ الإِمَامِ، وَحَوَّلَهُ الإِمَامُ خَلْفَهُ إِلَى يَمِيْنِهِ: تَمَّتْ صَلاَتُهُ

[۷۲۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: نَا دَاوُدُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَأَخَذَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِرَأْسِىْ مِنْ وَرَائِىْ، فَجَعَلَنِىْ عَنْ يَمِيْنِهِ، فَصَلَّى وَرَقَدَ، فَجَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ فَقَامَ يُصَلِّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

[راجع: ۱۱۷]

قوله: برأسی من ورائی: نبی ﷺ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے سر کو پیچھے سے پکڑ کر اشارہ فرمایا کہ پیچھے سے دائیں طرف آجاؤ۔

باب: الْمَرْأَۃُ وَحْدَهَا تَکُوْنُ صَفًّا

عورت تنہا صف بنائے

مقتدی عورت ہے تو وہ امام کی دائیں جانب نہیں کھڑی ہوگی، بلکہ پیچھے صف بنائے گی، صف میں تنہا کھڑا ہونا اگرچہ مکروہ ہے، لیکن عورت کے لئے اکیلے صف بنانا مکروہ نہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نانی ملیکہ رضی اللہ عنہا نے ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی، آپؐ تشریف لائے اور کھانا تناول فرمایا، پھر باجماعت دو رکعتیں پڑھائیں، آپؐ کے پیچھے حضرت انسؓ اور ایک یتیم یعنی نابالغ لڑکا تھا، دونوں نے صف بنائی اور ملیکہ ان کے پیچھے کھڑی ہوئیں، معلوم ہوا کہ عورت کے لئے تنہا صف بنانا مکروہ نہیں۔

[۷۸-] باب: الْمَرْأَۃُ وَحْدَهَا تَکُوْنُ صَفًّا

[۷۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّیْتُ أَنَا وَیَتِیْمٌ فِیْ بَیْتِنَا خَلْفَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَأُمِّیْ أُمُّ سُلَیْمٍ خَلْفَنَا. [راجع: ۳۸۰]

وضاحت: یہ حدیث أبواب ثیاب المصلی میں گذر چکی ہے، وہاں یہ تھا کہ اکیلی صف بنانے والی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نانی ملیکہ تھیں، اور یہاں ام سُلیم (انسؓ کی والدہ کا) نام ہے، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، حقیقت میں یہ ملیکہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ ہے۔ اور فی بیتنا: صلیتُ سے متعلق ہے۔

باب مَیْمَنَةِ الْمَسْجِدِ وَالإِمَامِ

امام اور مسجد کا دایاں

صف میں دائیں طرف کھڑے ہونے کے فضائل آئے ہیں، پس متعین کرنا ضروری ہے کہ مسجد کی دائیں جانب کونسی ہے؟ جب امام قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو تو جو اس کا دایاں ہے وہ مسجد کا دایاں ہے، اور جو اس کا بایاں ہے وہ مسجد کا بایاں ہے، اسی لئے باب میں والإمام: بڑھایا ہے تا کہ مسجد کا دایاں بایاں متعین ہو۔

[۷۹-] باب مَیْمَنَةِ الْمَسْجِدِ وَالإِمَامِ

[۷۲۸-] حدثنا مُوْسَی، نَا ثَابِتُ بْنُ یَزِیْدَ، قَالَ: نَا عَاصِمٌ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قُمْتُ لَیْلَةً أُصَلِّیْ عَنْ یَسَارِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَأَخَذَ بِیَدِیْ أَوْ: بِعَضُدِیْ حَتّٰی أَقَامَنِیْ عَنْ یَمِیْنِهِ، وَقَالَ بِیَدِهِ مِنْ وَرَائِیْ. [راجع: ۱۱۷]

مناسبت: نبی ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ فرمایا کہ میرے پیچھے سے ہوکر دائیں طرف آجاؤ، معلوم ہوا کہ امام کا دایاں مسجد کا دایاں ہے۔

بابٌ: إِذَا كَانَ بَيْنَ الإِمَامِ وَبَيْنَ الْقَوْمِ حَائِطٌ أَوْ سُتْرَةٌ

جب امام اور مقتدیوں کے درمیان دیوار یا آڑ ہو

امام اور مقتدی کے درمیان دیوار یا کوئی اور چیز مثلاً نہر یا راستہ حائل ہو تو یہ فصل اقتداء کے لئے مانع نہیں، بشرطیکہ امام کے انتقالات کا مقتدی کو علم ہوتا رہے، اور حنفیہ جو کہتے ہیں کہ صحتِ اقتداء کے لئے وحدتِ مکان شرط ہے، یہ شرط زائد ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ اس سے متفق نہیں۔

اور سترہ سے امام کا سترہ مراد نہیں، بلکہ کوئی بھی آڑ مراد ہے، حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام نہر کی ایک طرف ہے اور مقتدی دوسری طرف یعنی امام و مقتدی کے درمیان نہر حائل ہے تو اس میں کچھ حرج نہیں، اقتدا درست ہے۔ اور ابومجلز رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر مقتدی اور امام کے درمیان راستہ یا دیوار حائل ہو تو بھی اقتدا درست ہے، بس شرط یہ ہے کہ مقتدی امام کی تکبیریں سن رہا ہو۔

فائدہ: حنفیہ کے نزدیک اتحادِ مکان شرط ہے، چنانچہ احناف کے نزدیک اگر امام تنہا مقتدیوں سے قدِ آدم یا زیادہ اونچا یا نیچا ہو تو اقتدا درست نہیں، اس لئے کہ مکان متحد نہیں رہا، اور اگر امام کے ساتھ کچھ مقتدی بھی ہوں تو کچھ مضائقہ نہیں، نماز صحیح ہے۔ اسی طرح امام اور مقتدیوں کے درمیان راستہ ہے اور اس پر ٹریفک چل رہا ہے یا بڑی نہر ہے جس میں چھوٹی کشتی چل سکتی ہے تو اقتدا درست نہیں۔ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا قول حاشیہ میں ہے، وہ حنفیہ کی دلیل ہے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں: إذا كان بين الإمام وبين المقتدى طريق أوحائط أو نهر فليس هو معه: جب امام اور مقتدی کے درمیان راستہ، دیوار یا نہر حائل ہو تو مقتدی امام کے ساتھ نہیں یعنی اتحاد مکان نہیں رہا، پس اقتداء صحیح نہیں اور تابعین کرام کے جو اقوال امام بخاریؒ نے پیش کئے ہیں، ان کے اور حضرت عمرؓ کے قول کے درمیان تطبیق یہ ہے کہ نہر صغیر جیسے کھیتوں میں بول چلتی ہے اس کا فصل مانع نہیں اور نہر کبیر جس میں کشتی چل سکتی ہے: مانع ہے، اسی طرح اگر راستہ حائل ہے اور ٹریفک بند ہے تو کچھ حرج نہیں، اس لئے کہ اب وہ راستہ نہیں رہا، اور کوئی اکا دکا گذر جائے جیسا کہ نمازی کے سامنے سے بھی گذر جاتے ہیں تو وہ گذرنا مانع اقتدا نہیں۔

غرض جس طرح تنہا امام بلند جگہ پر ہو تو اقتدا صحیح نہیں اور اس کے ساتھ دو چار مقتدی بھی ہوں تو اقتدا صحیح ہے، اسی طرح اگر امام تنہا دیوار کی ایک طرف ہے اور سب مقتدی دوسری طرف ہیں تو بھی اقتدا صحیح نہیں، اور امام کے ساتھ دو چار مقتدی بھی ہوں تو اقتدا صحیح ہے، شرط یہ ہے کہ امام کے انتقالات کا علم مقتدیوں کو ہوتا رہے۔

حدیث: باب میں روایت یہ ہے کہ ایک رمضان میں نبی ﷺ نے دو یا تین راتیں تراویح پڑھائی، مسجد میں آپؐ کے لئے چٹائیوں کا کمرہ بنایا جاتا تھا، آپؐ نے اسی کمرہ کے اندر سے امامت فرمائی، آپؐ باہر تشریف نہیں لائے، مگر اس حجرہ کی دیوار اتنی چھوٹی تھی کہ شخص نظر آتا تھا یعنی جب آپؐ کھڑے ہوکر نماز پڑھتے تھے تو باہر سے نظر آتے تھے۔ اس واقعہ سے امام بخاری رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ امام اور مقتدیوں کے درمیان چٹائیوں کی آڑ ہے، مگر تکبیروں کی آواز آرہی ہے اس لئے اقتدا صحیح ہے۔

مگر اس حدیث سے استدلال درست نہیں، اس لئے کہ یہاں تو روایت میں یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حجرہ کے اندر سے امامت فرمائی، مگر دوسری روایت میں یہ ہے کہ آپ حجرہ سے باہر تشریف لائے اور محراب میں کھڑے ہوکر دو یا تین راتیں تراویح پڑھائی، بلکہ خود اس روایت میں ہے کہ دو یا تین راتوں کے بعد آپؐ نہیں نکلے، اس کا مطلب یہ ہے کہ دو یا تین راتوں تک نکلتے تھے، اور اس اختلاف میں تطبیق دینا مشکل ہے، اس لئے اس روایت سے استدلال درست نہیں۔

[۸۰-] بابٌ: إِذَا كَانَ بَيْنَ الإِمَامِ وَبَيْنَ الْقَوْمِ حَائِطٌ أَوْ سُتْرَةٌ

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ: لَابَأْسَ أَنْ تُصَلِّيَ وَبَيْنَكَ وَبَيْنَهُ نَهْرٌ.

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ مِجْلَزٍ: يَأْتَمُّ بِالإِمَامِ، وَإِنْ كَانَ بَيْنَهُمَا طَرِيْقٌ أَوْ جِدَارٌ، إِذَا سَمِعَ تَكْبِيْرَ الإِمَامِ.

[۷۲۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ فِيْ حُجْرَتِهِ، وَجِدَارُ الْحُجْرَةِ قَصِيْرٌ، فَرَأَى النَّاسُ شَخْصَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَامَ أُنَاسٌ يُصَلُّوْنَ بِصَلاَ تِهِ، فَأَصْبَحُوْا فَتَحَدَّثُوْا بِذٰلِكَ، فَقَامَ اللَّيْلَةَ الثَّانِيَةَ، فَقَامَ مَعَهُ نَاسٌ يُصَلُّوْنَ بِصَلاَ تِهِ، صَنَعُوْا ذٰلِكَ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا، حَتّٰى إِذَا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ جَلَسَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يَخْرُجْ، فَلَمَّا أَصْبَحَ ذَكَرَ ذٰلِكَ النَّاسُ، فَقَالَ: " إِنِّيْ خَشِيْتُ أَنْ تُكْتَبَ عَلَيْكُمْ صَلاَةُ اللَّيْلِ " [انظر: ۷۳۰، ۹۲٤، ۱۱۲۹، ۲۰۱۱، ۲۰۱۲، ۵۸٦۱]

قوله: فی حُجرته: اس سے چٹائیوں کا حجرہ مراد ہے جو آپؐ کے لئے مسجدِ نبوی میں بنایا جاتا تھا .... **قوله: وجدار الحجرة قصير:** یعنی نبی ﷺ کھڑے ہوکر نماز پڑھتے تھے تو باہر سے نظر آتے تھے .... **قوله: فتحدثوا بذلك:** صبح میں چرچا ہوا کہ رات نبی ﷺ کے پیچھے تراویح پڑھنے کا موقع ملا .... **قوله: فلما أَصْبَحَ ذكر ذلك الناس:** صبح لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم مشتاق تھے، نماز کے انتظار میں جمع ہوئے تھے مگر آپؐ نماز کے لئے نہیں نکلے، آپؐ نے فرمایا: مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں یہ نماز تم پر فرض نہ کر دی جائے۔

فائدہ: آنحضور ﷺ نے دو راتیں تراویح پڑھائی تھی یا تین؟ اور کمرہ کے اندر سے امامت فرمائی تھی یا محراب میں

کھڑے ہوکر پڑھائی تھی؟ ان باتوں میں روایتوں میں اختلاف ہے، اور سب روایتیں اعلیٰ درجہ کی صحیح ہیں، اور وہ بخاری میں ہیں، اور تطبیق دینے کی کوئی صورت نہیں، اور تعدد واقعہ بھی قرار نہیں دے سکتے، میرے نزدیک یہ واقعہ کے متعلقات ہیں جن میں اختلاف سے صرف نظر کیا جانا چاہئے، حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام بس اتنا ہے کہ آپ ﷺ نے دو یا تین راتیں باجماعت تراویح پڑھائی۔

بابُ صَلاَةِ اللَّيْلِ

رات کی تاریکی میں نماز

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اقتداء کی صحت کا مدار امام کی حالت کے جاننے پر ہے، اگر مقتدی امام کی حالت کو جانتا ہے تو اقتداء درست ہے، پس رات کی تاریکی میں کسی کی اقتداء کی جائے تو اقتداء صحیح ہے کیونکہ تاریکی کے باوجود انتقالات امام کا علم ہوتا رہے گا۔ اوپر باب میں حضرت ابومجلز رضی اللہ عنہا کا قول آیا تھا، اس میں یہ قید تھی: إذا سمِعَ تکبیرَ الإمام: وہی مسئلہ یہاں کھول کر بیان کررہے ہیں کہ امام کو دیکھنا ضروری نہیں، اس کی تکبیرات کا علم ہونا ضروری ہے پس اس باب سے: اوپر والے باب کی تکمیل مقصود ہے۔

[۸۱-] بابُ صَلاَةِ اللَّيْلِ

[۷۳۰-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: نَا ابْنُ أَبِيْ فُدَيْكٍ، قَالَ: نَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها: أَنَّ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ لَهُ حَصِيْرٌ يَبْسُطُهُ بِالنَّهَارِ، وَيَحْتَجِرُهُ بِاللَّيْلِ، فَثَابَ إِلَيْهِ نَاسٌ، فَصَفُّوْا وَرَاءَهُ.[راجع: ۷۲۹]

[۷۳۱-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: نَا وُهَيْبٌ، قَالَ: نَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم اتَّخَذَ حُجْرَةً – قَالَ: حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: مِنْ حَصِيْرٍ – فِيْ رَمَضَانَ فَصَلَّى فِيْهَا لَيَالِيَ، فَصَلَّى بِصَلاَتِهِ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَلَمَّا عَلِمَ بِهِمْ جَعَلَ يَقْعُدُ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ، فَقَالَ: "قَدْ عَرَفْتُ الَّذِيْ رَأَيْتُ مِنْ صَنِيْعِكُمْ، فَصَلُّوْا أَيُّهَا النَّاسُ فِيْ بُيُوْتِكُمْ، فَإِنَّ أَفْضَلَ الصَّلاَةِ صَلاَةُ الْمَرْءِ فِيْ بَيْتِهِ، إِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ"

وَقَالَ عَفَّانُ: نَا وُهَيْبٌ، قَالَ: نَا مُوْسَى، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا النَّضْرِ، عَنْ بُسْرٍ، عَنْ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم.[انظر: ۶۱۱۳، ۷۲۹۰]

قولہ: کان لہ حَصیر یَبْسُطُه بالنهار: جن چٹائیوں کا رات میں کمرہ بنایا جاتا تھا وہی چٹائیاں دن میں کھول کر حضور

ﷺ کے لئے بچھائی جاتی تھیں پھر رات میں ان کو باندھ کر کمرہ بنالیا جاتا تھا۔

قوله: فَصَفُّوْا وراءَ ہٗ: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، مسجدِ نبوی میں چراغ نہیں جلتا تھا، مسجد میں اندھیرا تھا اور ایسی صورت میں امام کا شخص نظر نہیں آئے گا صرف تکبیرات سنی جائیں گی۔

قوله: اتخذ حجرۃ: حضور ﷺ نے رمضان میں چٹائیوں کا کمرہ بنایا..........**قال: حسبتُ:** راوی کہتا ہے: میرا خیال ہے کہ حدیث میں لفظ حصیر بھی ہے۔

قوله: فلما علم بهم جعل يَقْعُد: جب آپؐ کو لوگوں کا علم ہوا تو آپؐ نے بیٹھنا شروع کردیا یعنی نماز پڑھانے کے لئے نہیں نکلے۔

قوله: صلُّوا في بيوتكم: نفلیں گھر میں پڑھو، مسجدیں فرائض کے لئے ہیں مگر آج کے بدلے ہوئے حالات میں علماء نے واجب اور سنن مؤکدہ کو فرائض کے ساتھ لاحق کیا ہے، یہ نمازیں بھی مسجد میں پڑھنی چاہئیں اور ان کے علاوہ نفلیں بھی علماء نے مستثنیٰ کی ہیں جن کی تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔

> **کتاب الصلاۃ (أبوابُ صلاۃ الجماعۃ و الإمامۃ)** پورے ہوئے، یہ جلد اسی پر پوری ہوتی ہے، تیسری جلد ان شاءاللہ **کتاب الصلاۃ (أبواب صفۃ الصلاۃ) (۸۲) باب إيجاب التكبير، و افْتِتَاح الصلاۃ** سے شروع ہوگی۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ صِفَةِ الصَّلاَةِ

نماز کی پوری ترکیب

امام بخاری رحمہ اللہ نے یہاں کوئی عنوان نہیں رکھا، مگر شارحین نے یہ عنوان قائم کیا ہے (فتح) اور عنوان سے معنون کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ صفة: مصدر ہے، وَصَفَ (ض) وَصْفًا و صِفَةً کے لغوی معنی ہیں: حالت بیان کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: نماز کی پوری ترکیب، تکبیر تحریمہ سے سلام تک تمام مسائل بالترتیب اس عنوان کے تحت آتے ہیں، بلکہ نماز سے تعلق رکھنے والے بعض مسائل بھی ضمناً زیر بحث آتے ہیں۔

بابُ إِيْجَابِ التَّكْبِيْرِ وَافْتِتَاحِ الصَّلاَةِ

نماز کے شروع میں تکبیر واجب ہے، اور اسی سے نماز شروع ہوتی ہے

باب میں واؤ بمعنی مع ہے یا عطف تفسیری ہے، اور یہاں تین مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: نماز کا آغاز کہاں سے ہوتا ہے؟ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کا آغاز تکبیر تحریمہ سے ہوتا ہے اور اس پر اجماع ہے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ تکبیر تحریمہ نماز کا رکن ہے یا شرط؟ جو چیز شئ کی ماہیت میں داخل ہوتی ہے وہ رکن کہلاتی ہے، جیسے رکوع، سجدے اور قیام وغیرہ اور جو چیز خارج ہوتی ہے اور ضروری ہوتی ہے وہ شرط کہلاتی ہے، جیسے طہارت اور استقبال قبلہ وغیرہ۔

تکبیر تحریمہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک رکن ہے یعنی نماز کی ماہیت میں داخل ہے اور حنفیہ کے نزدیک شرط ہے یعنی نماز کی ماہیت سے خارج ہے، پس ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اللہ أکبر کے ال سے نماز شروع ہوگی اور حنفیہ کے نزدیک راء سے نماز شروع ہوگی[1] یہ فقہاء کا اپنا اپنا ذوق ووجدان ہے اور ذوق کسی خاص آیت یا حدیث سے نہیں بنتا بلکہ پوری شریعت کو پیش نظر

(۱) تحفۃ الالمعی (۱:۱۹۶) میں ہے: تکبیر کا شروع حصہ نماز کا جز نہیں اور کم پر پہنچتے ہی نماز شروع ہوجاتی ہے، یہ غلط چھپا ہے، صحیح بَرْ ہے، بَرْ پر پہنچتے ہی نماز شروع ہوجاتی ہے۔

رکھ کر بنتا ہے، جیسے قواعد الفقہ عام طور پر پوری شریعت کو ملحوظ رکھ کر بنائے جاتے ہیں۔ ترمذی شریف کے بالکل شروع میں حدیث ہے: تحریمها التکبیر: نماز کا تحریمہ یعنی جس نقطہ سے جائز باتیں نماز میں حرام ہوجاتی ہیں وہ تکبیر ہے، تکبیر کے پہلے حرف سے باتیں حرام ہوتی ہیں یا آخری حرف سے؟ یعنی تکبیر کے پہلے حرف سے نماز شروع ہوتی ہے یا آخری حرف سے؟ حنفیہ کا رجحان اور ذوق یہ ہے کہ آخری حرف سے یعنی بَرْ سے نماز شروع ہوتی ہے، اس لئے کہ پورے اللہ أکبر کا تلفظ کرنے کے بعد ہی تکبیر کا تحقق ہوتا ہے اور ائمہ ثلاثہ کا رجحان یہ ہے کہ تکبیر کے شروع سے یعنی أل سے نماز شروع ہوگی، اور اس اختلاف کا ایک دوسرے مسئلہ پر اثر پڑا ہے وہ مسئلہ اگلے باب میں آرہا ہے یعنی رفع یدین اور تکبیر تحریمہ ساتھ ساتھ ہیں یا آگے پیچھے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ساتھ ساتھ ہیں اور احناف کے نزدیک رفع پہلے ہے اور تکبیر بعد میں، اور یہ اختلاف دو باتوں پر متفرع ہے۔ ایک: نماز میں رفع یدین ہے یا نہیں؟ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک نماز میں رفع یدین ہے اور احناف اور مالکیہ کے نزدیک نماز میں رفع یدین نہیں ہے۔ دوم: تکبیر تحریمہ رکن ہے یا شرط؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک رکن ہے اور احناف کے نزدیک شرط، چونکہ احناف کے نزدیک نماز میں نہ رفع یدین ہے اور نہ تکبیر تحریمہ نماز کا رکن ہے اس لئے انھوں نے رفع کو بھی نماز سے باہر مانا ہے اور تکبیر کو بھی۔ اور دوسرے ائمہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ نماز کا رکن ہے اور نماز میں رفع یدین ہے اس لئے انھوں نے رفع یدین اور تکبیر کو ساتھ ساتھ رکھا ہے تاکہ وہ نماز میں شامل رہیں۔

دوسرا مسئلہ: تکبیر واجب (بمعنی فرض) ہے یا سنت مؤکدہ؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے لفظ إیجاب استعمال کیا ہے، فرض لفظ استعمال نہیں کیا۔ اور آئندہ چند ابواب کے بعد یہ مسئلہ آرہا ہے کہ نماز میں قراءت کا کیا درجہ ہے؟ وہاں بھی امام بخاریؒ نے لفظ وجوب استعمال کیا ہے، فرض استعمال نہیں کیا، پس جس کا جی چاہے وجوب کو واجب اصطلاحی کے معنی میں لے اور جس کا جی چاہے فرض کے معنی میں لے۔

تیسرا مسئلہ: ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک خاص اللہ اکبر ہی سے نماز میں داخل ہونا ضروری ہے کسی اور صیغہ سے نماز شروع نہیں ہوسکتی۔ البتہ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تکبیر میں ایسا اضافہ جس سے معنی میں زیادتی ہو جائز ہے، اس سے نماز شروع کرنا درست ہے، مثلاً مبتداء کی صفت لاکر اللہ الجلیل الأکبر کہا جائے یا خبر پر الف لام داخل کرکے اللہ الأکبر کہا جائے تو نماز شروع کرنا درست ہے کیونکہ اس سے معنی میں زیادتی ہوگی، پس وہ صیغے اللہ اکبر ہی کے حکم میں ہونگے۔ اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک اللہ اکبر ہی ضروری ہے، اس کے علاوہ کسی اور صیغہ سے نماز شروع نہیں ہوسکتی، اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک اللہ أکبر، اللہ الأکبر، اللہ کبیر، اللہ الکبیر: چاروں لفظوں سے نماز شروع ہوسکتی ہے۔

اور امام اعظم اور امام محمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: ہر ذکر مُشعر تعظیم سے نماز شروع کرنا صحیح ہے یعنی ہر ایسا ذکر جس سے اللہ کی بڑائی ظاہر ہو جیسے الرحمن أکبر، اللہ أَجلّ، اللہ أعظم وغیرہ کلمات سے نماز شروع کرنا صحیح ہے۔ ابوالعالیہ، شعبی اور ابراہیم

نخعی رحمہم اللہ کی بھی یہی رائے ہے (معارف السنن ا:۵۴)

اوراس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ تحریمها التکبیر میں تکبیر کے لغوی معنی مراد ہیں یا عرفی؟ ائمہ ثلاثہ عرفی معنی (اللہ اکبر کہنا) مراد لیتے ہیں، چنانچہ ان کے نزدیک خاص صیغہ اللہ أکبر سے نماز میں داخل ہونا ضروری ہے کسی اور صیغہ سے نماز شروع نہیں ہوسکتی۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ تکبیر کے لغوی معنی مراد لیتے ہیں یعنی للہ کی بڑائی بیان کرنا، اس لئے وہ فرماتے ہیں کہ ہر ذکر مشعر تعظیم سے نماز شروع ہوسکتی ہے، نزول قرآن کے وقت تکبیر کے یہی معنی تھے، سورۃ المدثر میں ہے: ﴿وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ﴾ اور اللہ کی بڑائی بیان کیجئے۔ یہاں عرفی معنی مراد نہیں، اور سورۃ الاعلی (آیت ۱۵) میں ہے: ﴿وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى﴾: اس نے اپنے رب کا نام لیا، پس نماز پڑھی، اس میں بھی تعمیم ہے، کسی صیغہ کی تخصیص نہیں۔

اور عرفی معنی چونکہ بعد میں پیدا ہوتے ہیں اس لئے ان کو نصوص میں مراد نہیں لیا جائے گا، جیسے فقہاء کی اصطلاحات فرض واجب وغیرہ نصوص میں مراد نہیں لی جاتیں کیونکہ وہ بعد میں وجود میں آئی ہیں۔

غرض یہ نص فہمی کا اختلاف ہے دلائل کا اختلاف نہیں، یعنی حدیث میں جو لفظ تکبیر ہے اس کے عرفی معنی مراد ہیں یا لغوی؟ ائمہ ثلاثہ عرفی معنی مراد لیتے ہیں، اور صیغۂ اللہ اکبر کو رکن قرار دیتے ہیں اور حنفیہ لغوی معنی مراد لیتے ہیں اور ہر ذکر مشعر تعظیم سے نماز شروع کرنے کو درست قرار دیتے ہیں، البتہ حنفیہ کے نزدیک اللہ اکبر سے نماز شروع کرنا سنتِ مؤکدہ اشد تاکید یعنی واجب جیسی سنت مؤکدہ ہے، کیونکہ یہی امت کا تعامل چلا آرہا ہے۔

سوال: صیغہ اللہ أکبر کا بھی تعامل ہے اور صیغہ السلام علیکم کا بھی، مگر حنفیہ سلام کو تو واجب کہتے ہیں اور صیغہ تکبیر کو سنتِ مؤکدہ، اس فرق کی وجہ کیا ہے؟

جواب: اللہ اکبر کے علاوہ دیگر کلمات جن سے نماز شروع کی جاسکتی ہے وہ سب حسن (اچھے کلمات) ہیں اور السلام علیکم کے علاوہ دوسرے طریقے جن سے نماز ختم کی جاسکتی ہے ان میں سے بعض قبیح ہیں جیسے ریح خارج کر کے نماز ختم کرنا اس لئے احناف نے صیغہ سلام کو واجب قرار دیا، تاکہ کوئی دوسرا طریقہ اختیار نہ کرے، اور کرے تو نماز دوبارہ پڑھے، مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (ا:۱۹۷) میں ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں ایک ہی حدیث ہے جو پہلے بار بار گذری ہے، آنحضور ﷺ گھوڑے پر سوار ہوکر کہیں تشریف لے جارہے تھے، اچانک گھوڑا بدکا اور کھجور کے ایک تنے کے پاس سے اس طرح گذرا کہ جسم گھوڑے اور تنے کے بیچ میں آگیا اور آپؐ کی دائیں جانب چھل گئی، پس آپؐ ایک بالاخانہ میں فروکش ہوگئے جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ پر تھا اور بیماری کے ایام وہیں گذارے، نماز پڑھانے کے لئے بھی مسجد میں تشریف نہیں لاتے تھے، ایک دن صحابہ بیمار پرسی کے لئے گئے اتفاق سے اس وقت آپؐ بیٹھ کر نماز پڑھ رہے تھے، صحابہ نے اقتداء کرلی، اور کھڑے ہوکر اقتداء کی، آپؐ نے اشارہ سے ان کو بٹھادیا، پھر جب سلام پھیرا تو فرمایا: ''امام اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی پیروی کی

جائے، پس جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو‘‘ (الی آخرہ)

امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ حدیث تین سندوں سے لکھی ہے، پہلی دو روایتیں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی سند سے ہیں، اور تیسری حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے، اور پہلی حدیث میں تکبیر کا ذکر نہیں۔ مگر امام بخاریؒ نے دوسری حدیث لا کر بتلایا کہ پہلی روایت میں اختصار ہے، دوسری روایت بھی حضرت انسؓ ہی کی ہے اس میں تکبیر کا ذکر ہے، اور إذا کبّر فکبِّرُوْا سے تکبیر تحریمہ مراد ہے، تکبیرات انتقالیہ مراد نہیں، اس لئے کہ آپؐ نے قاعدہ کلیہ بیان فرما کر إذا کبر فکبروا سے تفصیل کا آغاز کیا ہے، پس اس سے تکبیر تحریمہ مراد لی جائے گی، اور کبِّرُوْا: امر ہے اور امر سے وجوب ثابت ہوتا ہے، اور جب مقتدیوں پر تکبیر تحریمہ واجب ہوئی تو امام پر بدرجہ اولیٰ واجب ہوگی، کیونکہ اگر مقتدیوں پر تکبیر واجب ہو اور امام پر واجب نہ ہو تو مقتدی کا امام پر تقدم رُتبی لازم آئے گا، پس لامحالہ ماننا پڑے گا کہ تکبیر تحریمہ اول امام پر واجب ہے، پھر مقتدیوں پر، مگر یہ بات کہ تکبیر کے لغوی معنی مراد ہیں یا عرفی؟ اور تکبیر رکن ہے یا شرط؟ یہ باتیں حدیث سے صراحۃً ثابت نہیں ہوتیں، یہ اجتہادی مسائل ہیں جو فقہاء کرام نے طے کئے ہیں، اور ان میں اختلاف ہوا ہے، جیسا کہ پہلے بیان کیا۔

[۸۲-] بابُ إِیْجَابِ التَّکْبِیْرِ وَافْتِتَاحِ الصَّلاَۃِ

[۷۳۲-] حدثنا أَ بُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَ نَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَنَسُ بْنُ مَالِکٍ الْأَنْصَارِیُّ: أَنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم رَکِبَ فَرَسًا فَجُحِشَ شِقُّہُ الْأَیْمَنُ، وَقَالَ أَنَسٌ: فَصَلّٰی لَنَا یَوْمَئِذٍ صَلاَۃً مِنَ الصَّلَوَاتِ وَھُوَ قَاعِدٌ، فَصَلَّیْنَا وَرَاءَ ہُ قُعُوْدًا، ثُمَّ قَالَ لَمَّا سَلَّمَ: " إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِیُؤْتَمَّ بِہِ، فَإِذَا صَلّٰی قَائِمًا فَصَلُّوْا قِیَامًا، وَإِذَا رَکَعَ فَارْکَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہُ، فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ" [راجع: ۳۷۸]

[۷۳۳-] حدثنا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: نَا اللَّیْثُ، عَنِ ابْنِ شِھَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ، أَنَّہُ قَالَ: خَرَّ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ فَرَسٍ فَجُحِشَ، فَصَلّٰی لَنَا قَاعِدًا فَصَلَّیْنَا مَعَہُ قُعُوْدًا، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ: " إِنَّمَا الإِمَامُ – أَوْ: إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ – لِیُؤْتَمَّ بِہِ، فَإِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا، وَإِذَا رَکَعَ فَارْکَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہُ، فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا" [راجع ۳۷۸]

[۷۳٤-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِیُؤْتَمَّ بِہِ، فَإِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا، وَإِذَا رَکَعَ فَارْکَعُوْا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہُ، فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا، وَإِذَا صَلّٰی جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا أَجْمَعُوْنَ" [راجع: ۷۲۲]

لغت: جُحِشَ (فعل ماضی مجہول) جَحَشَ الجلدَ: کھال کو کھرچنا، خراش پیدا کرنا، چھیلنا۔

بابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي التَّكْبِيْرَةِ الْأُوْلٰى مَعَ الِافْتِتَاحِ سَوَاءً

تکبیر تحریمہ میں نماز شروع کرنے کے ساتھ ہی دونوں ہاتھ اٹھانا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ تکبیر تحریمہ اور رفع یدین میں معاقبت ہے یا مقارنت؟ مقارنت کے معنی ہیں: ساتھ ساتھ ہونا اور معاقبت کے معنی ہیں: آگے پیچھے ہونا، یعنی تکبیر تحریمہ کے ساتھ ہی ہاتھ اٹھائے جائیں یا پہلے ہاتھ اٹھائیں پھر تکبیر تحریمہ کہی جائے؟ شوافع وغیرہ کے نزدیک مقارنت اولیٰ ہے اور امام بخاریؒ نے امام شافعیؒ کی موافقت کی ہے، اس لئے سواءً کی قید بڑھائی ہے، یعنی دونوں عمل ساتھ ساتھ کئے جائیں۔ اور حنفیہ کے نزدیک معاقبت اولیٰ ہے یعنی پہلے ہاتھ اٹھائیں پھر تکبیر کہیں، صاحب ہدایہ نے اس کی صراحت کی ہے، وہ فرماتے ہیں: ہاتھ اٹھانا غیر اللہ کی کبریائی کی نفی کرنا ہے اور تکبیر اللہ کے لئے کبریائی کا اثبات ہے اور نفی: اثبات سے مقدم ہوتی ہے، جیسے لا إلٰه إلا الله: میں پہلے نفی ہے پھر اثبات، اس لئے رفع یدین کو تکبیر سے مقدم ہونا چاہئے۔

[٨٣-] بابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي التَّكْبِيْرَةِ الْأُوْلٰى مَعَ الِافْتِتَاحِ سَوَاءً

[٧٣٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلاَ ةَ، وَإِذَا كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، رَفَعَهُمَا كَذٰلِكَ أَيْضًا، وَقَالَ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" وَكَانَ لَايَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي السُّجُوْدِ. [انظر: ٧٣٦، ٧٣٨، ٧٣٩]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع فرماتے تو اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں مونڈھوں کے برابر اٹھاتے اور جب رکوع کے لئے تکبیر کہتے، اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو دونوں ہاتھ اسی طرح (مونڈھوں تک) اٹھاتے، اور سمع الله لمن حمده، ربنا ولك الحمد کہتے اور آپ سجدوں میں یہ (رفع یدین) نہیں کیا کرتے تھے۔

تشریح: امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال إذا افتتح الصلاة سے ہے، اس جملہ کا بظاہر مفہوم یہ ہے کہ نبی ﷺ تحریمہ کے ساتھ ہاتھ اٹھاتے تھے، مگر مسلم شریف (حدیث ۳۹۰) میں حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قام للصلوة رَفَعَ يديه حتى تكونا بحذو منكبيه، ثم كَبَّرَ: یعنی آپؐ پہلے مونڈھوں تک ہاتھ اٹھاتے تھے پھر تکبیر کہتے تھے، یہ حدیث صریح ہے اور حنفیہ کی دلیل ہے......... اور رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت

رفع یدین مسنون ہے یا نہیں؟ اور ہاتھ کہاں تک اٹھائے جائیں؟ یہ مسائل آئندہ ابواب میں آرہے ہیں۔

بابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ إِذَا كَبَّرَ، وَإِذَا رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ

تکبیر تحریمہ میں، رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھ کر رفع یدین کرنا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ نماز میں تین جگہ رفع یدین سنت ہے، تکبیر تحریمہ کے ساتھ، رکوع میں جاتے ہوئے اور رکوع سے اٹھ کر۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ اسی کے قائل ہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ نماز میں کسی جگہ رفع یدین سنت نہیں، بلکہ صاحب منیۃ المصلی نے اس کو مکروہ لکھا ہے، اور علامہ جزیری رحمہ اللہ نے کتاب الفقہ (۱:۲۵۰) میں امام مالک رحمہ اللہ کی طرف بھی کراہیت کا قول منسوب کیا ہے اور ابوبکر جصّاص رازی رحمہ اللہ نے احکام القرآن میں مکروہ نہ ہونے کی صراحت کی ہے، اور علامہ بنوری رحمہ اللہ نے اسی کو ترجیح دی ہے (معارف السنن ۲:۴۵۸)

اب چند باتیں عرض ہیں:

پہلی بات: امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ تکبیر تحریمہ کے علاوہ صرف دو جگہ یعنی رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھ کر رفع یدین کو سنت کہتے ہیں۔ امام شافعیؒ نے کتاب الام (۱:۱۲۶) میں اس کی صراحت کی ہے۔ اور علامہ جزیریؒ نے کتاب الفقہ (۱:۲۵۰) میں امام احمد رحمہ اللہ کا بھی یہی قول بیان کیا ہے، مگر شوافع تیسری رکعت کے شروع میں بھی رفع یدین کو سنت کہتے ہیں، بخاری کی حدیث ۷۳۹ میں تیسری رکعت کے شروع میں بھی رفع یدین کا ذکر ہے، شوافع نے اس کو لیا ہے۔

دوسری بات: علامہ عراقی رحمہ اللہ نے دعوی کیا ہے کہ رفع کی روایات پچاس صحابہ سے مروی ہیں، مگر عراقی رحمہ اللہ نے ان میں ان روایتوں کو بھی شامل کیا ہے جن میں صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کا ذکر ہے، حالانکہ تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین تو اجماعی ہے، ان کو رفع کی روایات میں شمار نہیں کرنا چاہئے، پس صحیح تعداد علامہ شوکانی رحمہ اللہ کی تصریح کے مطابق بیس ہے اور اس میں بھی نقد کی گنجائش ہے، اور علامہ کشمیری کی تحقیق کے مطابق پندرہ یا اس سے بھی کم تعداد رہ جاتی ہے اور ایسی روایات جن میں کوئی کلام نہیں صرف چھ یا سات ہیں اور ترک رفع کی صریح روایات پانچ ہیں، البتہ وہ روایات جن میں نماز کا پورا طریقہ بیان کیا گیا ہے، اور رفع یدین کے بارے میں سکوت ہے، ان کو بھی شامل کرلیا جائے تو ترک رفع کی روایات بہت ہوجائیں گی۔

تیسری بات: قائلین رفع کی سب سے مضبوط اور قوی دلیل حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے، جو باب میں ہے، ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب آپؐ نماز کے لئے کھڑے ہوئے تو آپؐ نے ہاتھ اٹھائے یہاں تک کہ وہ آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے مقابل ہوگئے، اور آپؐ یہ کرتے تھے جب رکوع کے لئے تکبیر کہتے تھے، اور آپؐ

یہ کرتے تھے جب رکوع سے سر اٹھاتے تھے اور کہتے تھے: سمع الله لمن حمده، اور آپؐ یہ سجدوں میں نہیں کرتے تھے۔

ابن عمرؓ کی یہ حدیث آپؐ کے دونوں راویے:(۱) سالم اور نافع رحمہما اللہ روایت کرتے ہیں اور دونوں میں چار روایتوں میں اختلاف ہوا ہے، ان میں سے ایک یہ حدیث ہے، سالم نے اس کو مرفوع کیا ہے یعنی اس کو رسول اللہ ﷺ کا فعل بتایا ہے..........اور نافع سے اس حدیث کو ایوب سختیانی رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے پھر ان کے تلامذہ میں اختلاف ہے، حماد بن سلمہ نے مرفوع کیا ہے اور ابن طہمان نے موقوف، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے موقوف روایت کو اصح قرار دیا ہے، تفصیل آگے آرہی ہے۔

علاوہ ازیں: اس حدیث کا متن چھ طرح سے مروی ہے:

۱- امام مالک رحمہ اللہ کی مذہب کی کتاب المدونۃ الکبری (۱:۷۱) میں اس حدیث میں صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کا ذکر ہے۔

۲- موطا مالک (ص:۲۵) میں صرف دو جگہ رفع کا تذکرہ ہے، تحریمہ کے ساتھ اور رکوع سے اٹھتے وقت۔

۳- باب کی حدیث میں تین جگہ: تحریمہ کے ساتھ، رکوع میں جاتے ہوئے اور رکوع سے اٹھ کر رفع یدین کا تذکرہ ہے۔

۴- بخاری (حدیث ۷۳۹) میں اسی حدیث میں تیسری رکعت کے شروع میں بھی رفع یدین کا ذکر ہے، اور اس کو شوافع نے لیا ہے۔

۵- امام بخاری رحمہ اللہ کی کتاب جزءُ رفعِ الیدین میں پانچ جگہ رفع یدین کا تذکرہ ہے اور پانچویں جگہ سجدہ میں جاتے وقت ہے یعنی ایک رفع تو رکوع سے اٹھتے وقت کرتے تھے اور دوسرا رفع سجدہ میں جاتے وقت کرتے تھے۔

۶- اسی حدیث میں ہر اونچ نیچ میں رفع یدین کا تذکرہ ہے، یہ حدیث طحاوی کی مشکل الآثار میں ہے اور وہاں سے فتح الباری (۲:۱۸۵) میں نقل ہوئی ہے —— غرض رفع کے قائلین کی سب سے قوی دلیل کا یہ حال ہے، اس میں شدید اضطراب ہے۔

چوتھی بات: بخاری شریف میں ترک رفع کی کوئی روایت نہیں، ترمذی شریف میں ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ اپنے تلامذہ سے فرمایا: کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں؟ پھر آپؐ نے نماز پڑھی اور پہلی مرتبہ یعنی تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہیں کیا (ترمذی حدیث ۲۵۶) ظاہر ہے جب ابن مسعودؓ نے نماز پڑھنے سے پہلے فرمایا تھا کہ کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں؟ تو اب آپؓ کی پڑھی ہوئی نماز حکماً مرفوع ہوگئی۔ اور حدیث مرفوع میں قیاس کا دخل نہیں ہوتا، آنحضرت ﷺ کی طرف کسی بات کی نسبت علم ومشاہدہ ہی پر مبنی ہوسکتی ہے

(۱) راویہ: اس شخص کو کہتے ہیں جس کو استاذ کی تمام روایات محفوظ ہوں، سالم اور نافع رحمہما اللہ کو ابن عمر رضی اللہ عنہما کی تمام روایات یاد تھیں۔

خیال پر مبنی نہیں ہوسکتی —— اس حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے حسن کہا ہے اور ابن حزم ظاہری (غیر مقلد عالم) نے **المحلّی** (۴:۸۸) میں صحیح کہا ہے، اور امام ترمذیؒ نے اس حدیث پر یہ باب باندھا ہے: **بابُ من لم یرفع یدیه إلا فی أول مرة**: مگر کسی نے باب اڑا دیا ہے، تاکہ طالب علم کو دھوکا دیا جاسکے کہ ابن المبارکؒ نے ابن مسعودؓ کی جس حدیث کو **لَمْ یثبُت** کہا ہے وہ یہی حدیث ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۲:۵۰) میں ہے۔

اور شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی قدس سرہ فرماتے ہیں: حدیث حسن محدثین کے نزدیک بالاتفاق قابل قبول اور واجب العمل ہوتی ہے اور اس حدیث کو حسن کہنا امام ترمذیؒ کی اپنی ذاتی رائے ہے، ورنہ یہ حدیث صحیح لذاتہ ہے، یعنی حسن سے اونچے درجہ کی ہے، کیونکہ اس حدیث کے تمام راوی صحیحین کے راوی ہیں اور اسی معیار کے ہیں، جن کی حدیث صحیح ہوتی ہے، البتہ عاصم بن کلیب سے امام بخاریؒ صرف تعلیقاً روایت کرتے ہیں، لیکن ائمہ خمسہ بلا تأمل ان کی حدیثوں کو سنداً ذکر کرتے ہیں، امام ترمذیؒ بھی مسنداً ذکر کرتے ہیں، اور ان کی تصحیح بھی کرتے ہیں، چنانچہ ترمذی شریف (۱:۳۸) **باب کیف الجلوس فی التشهد** میں ان کی حدیث کو حسنٌ صحیحٌ کہا ہے۔ علامہ ابن حزم نے بھی اس کو صحیح کہا ہے، پس امام ترمذی رحمہ اللہ کا اس حدیث کو صرف حسن کہنا خلافِ اصول ہے۔

البتہ یہ حدیث دو طریق سے مروی ہے: ایک رفع قولی کے ساتھ، دوسرے رفع فعلی کے ساتھ۔ **إن النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم لم یرفع إلا فی أول مرة**: یہ قولی حدیث ہے ابن المبارک نے اس کو **لم یثبت** کہا ہے اور یہ طریق واقعی ثابت نہیں۔ مگر رفع فعلی والی حدیث **ألا أصلّی بکم إلخ** نہایت قوی اور صحیح ہے۔ اس حدیث کو امام احمد رحمہ اللہ نے اپنی مسند میں، ابن ابی شیبہ نے اپنے مصنف میں، ابوداؤد نے اپنی سنن میں، امام طحاوی نے شرح معانی الاثار میں، علاوہ ازیں دیگر محدثین نے بھی اپنی اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے۔

یہ حدیث درج ذیل وجوہات کی بناء پر انتہائی قوی اور راجح ہے:

(۱) اس کے راوی ابن مسعودؓ ہیں جو صحابہ کرام میں علم وتفقہ کے اعتبار سے نہایت اونچے مرتبہ کے ہیں۔

(۲) اس وقت حاضرین میں جتنے بھی صحابہ اور تابعین موجود تھے انھوں نے اس پر قطعاً کوئی نکیر نہیں کی، ان کا خاموشی کے ساتھ اس کو سن لینا یہ اس بات کی صریح دلیل ہے کہ آنحضور ﷺ کی آخری نماز میں تکبیر تحریمہ کے علاوہ اور کہیں رفع یدین نہیں تھا۔

(۳) یہ حدیث عبداللہ بن عمر کی اس حدیث سے زیادہ قوی ہے جس میں رفع یدین کا ذکر کیا گیا ہے کیونکہ خود عبداللہ بن عمر جو اس حدیث کے راوی ہیں ان کا مذہب ترکِ رفع تھا، چنانچہ امام طحاویؒ مجاہدؒ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ابن عمرؓ کے پیچھے نماز پڑھی تو بجز تکبیر تحریمہ کے اور کسی رکن میں رفع یدین نہ کرتے تھے (شرح معانی الآثار ۱:۱۳۲) اور اصولِ حدیث کا طے شدہ ضابطہ ہے کہ اگر راوی کا اپنی روایت کردہ حدیث کے خلاف فتوی یا عمل ہو تو اس کی روایت کو منسوخ مانا جائے گا،

ورنہ صحابی کی عدالت کا سقوط لازم آئے گا۔

(۴) امام اوزاعی رحمہ اللہ نے مکہ معظّمہ میں امام اعظم رحمہ اللہ سے رفع یدین کے مسئلہ میں مناظرہ کیا تو اس حدیث کی قوت سند کو دیکھ کر امام اوزاعیؒ کو خاموش ہو جانا پڑا، علامہ ابن ہمامؒ نے ہدایہ کی شرح فتح القدیر (۱:۲۱۹) میں اس واقعہ کو نقل کیا ہے (دروس مدینہ ۲:۵۵ مرتبہ حضرت مولانا سید مشہود حسن صاحب رحمہ اللہ ملخصاً)

پانچویں بات: رفع کا ثبوت تسلیم کرنا بھی ضروری ہے اور عدم رفع کا ثبوت بھی، کیونکہ دورِ صحابہ سے دونوں باتوں کا تعامل چلا آرہا ہے، لہٰذا کسی ایک کا انکار درست نہیں، اور رفع کے سلسلہ کی روایات زیادہ ہیں اگرچہ قابلِ عمل ان میں سے چھ یا سات ہیں، اور ترک رفع کی روایات کم ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ امت میں اسی کا تعامل زیادہ ہے اور جب کوئی چیز تعامل میں آجاتی ہے تو اس سلسلہ کی روایات کم ہو جاتی ہیں، بلکہ جب تعامل اپنی نہایت کو پہنچتا ہے تو روایات سرے سے ختم ہو جاتی ہیں کیونکہ اب روایات کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی، تعامل ہی سب سے بڑی دلیل بن جاتا ہے، مثلاً: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے شرقاً غرباً پوری دنیا تراویح کی بیس رکعت پڑھتی چلی آرہی ہے، پس بیس رکعت کے ثبوت کے لئے کسی روایت کی حاجت نہیں، تعامل ہی سب سے بڑی دلیل ہے، اسی طرح کلمۂ اسلام **لا إلٰه إلا الله، محمد رسول الله** کے سلسلہ میں کوئی حدیث نہیں، اور اس کی قطعاً حاجت نہیں، کیونکہ یہ بات **طبقةً عن طبقةٍ** مروی چلی آرہی ہے، اس لئے **فلانٌ عن فلانٍ** کی حاجت نہیں رہی۔

غرض ترکِ رفع کی روایات کم اس لئے ہیں کہ امت میں زیادہ تعامل اسی کا ہے، کوفہ میں جو عساکر اسلامی کی چھاؤنی تھی اور جس میں پانچ سو صحابہ کا فروکش ہونا ثابت ہے کوئی بھی رفع یدین نہیں کرتا تھا۔ امام محمد بن نصر مروزیؒ فرماتے ہیں: ''ہم کسی شہر کے بارے میں نہیں جانتے کہ وہاں کے تمام باشندوں نے رکوع میں جھکتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین ترک کر دیا ہو، سوائے کوفہ والوں کے'' (**التعليق الممجّد** ص:۹۱) اور باقی بلادِ اسلامیہ میں رفع کرنے والے بھی تھے اور رفع نہ کرنے والے بھی، مدینہ کی اکثریت رفع یدین نہیں کرتی تھی اور امام مالک رحمہ اللہ کے زمانہ میں بھی رفع نہ کرنے والے غالب تھے، علامہ کشمیری قدس سرہ فرماتے ہیں: **وقد كان في سائر البلاد تاركون، وكثير من التاركين في عهد مالك، وعليه بنى مُختارَه** (**نيل الفرقدين** ص:۲۲) اور مجتہد پر عمل دیار کا اثر پڑتا ہے، چونکہ کوفہ میں رفع کرنے والا کوئی نہیں تھا، اور مدینہ منورہ میں زیادہ تعداد رفع نہ کرنے والوں کی تھی اس لئے امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ نے عدم رفع والا قول اختیار کیا، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ بغداد اور مصر میں رہے ہیں اور وہاں رفع کرنے والے تھے اس لئے ان دونوں بزرگوں نے رفع والا قول اختیار کیا۔

چھٹی بات: بڑے دو اماموں کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ رفع والی روایات دورِ اول کی ہیں اور منسوخ ہیں اور ترک رفع والی روایات بعد کی ہیں اور ناسخ ہیں، یعنی رفع نماز میں گھٹا ہے اور گھٹتے گھٹتے تکبیر تحریمہ تک چلا گیا ہے کیونکہ رفع ایک حرکت ہے

جو نماز کے منافی ہے، نماز کی حقیقت سکون ہے، ترمذی (حدیث ۳۹۵) میں حدیث ہے: الصلاۃُ تخشُّع وتضرُّع وتمسکن: سراپے کی عاجزی یعنی سر سے پیر تک پر سکون رہنے کا نام تمسکن ہے، اور صوت (آواز) میں تذلل کا نام خشوع ہے اور باطن کی عاجزی خضوع ہے یہ تین چیزیں: خشوع وخضوع اور سکون نماز کی ماہیت ہیں۔ اور مسلم شریف میں حدیث ہے کہ پہلے نماز میں ہر جگہ رفع تھا حتی کہ سلام پھیرتے وقت بھی لوگ رفع کرتے تھے، ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں تشریف لائے اور آپؐ نے لوگوں کو اس طرح نماز پڑھتے دیکھا تو فرمایا: کیا بات ہے: میں آپ لوگوں کو ہاتھ اٹھاتے ہوئے دیکھتا ہوں، بدکے ہوئے گھوڑوں کی دموں کی طرح؟ نماز میں سکون اختیار کرو! (مسلم ۱: ۱۸۲ باب الأمر بالسکون) غرض نماز کی حقیقت وماہیت سکون ہے اس لئے رفع یدین نماز کے منافی ہے، اس لئے نماز میں رفع یدین گھٹا ہے اور گھٹتے گھٹتے تکبیر تحریمہ تک چلا گیا ہے، اور اس کے چند قرائن ہیں:

۱- صحیح احادیث سے سجدہ میں جاتے وقت (نسائی ۱: ۱۶۵) اور دونوں سجدوں کے درمیان (ابو داؤد ۱: ۱۰۸) اور دوسری رکعت کے شروع میں (ابو داؤد ۱: ۱۰۵) اور تیسری رکعت کے شروع میں (بخاری ۱: ۱۰۲) اور ہر اونچ نیچ میں (ابن ماجہ ص: ۶۲) رفع کرنا ثابت ہے، مگر نزاع رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین میں ہے، باقی تمام جگہوں میں تمام ائمہ نسخ تسلیم کرتے ہیں، یہ قرینہ ہے کہ نماز میں رفع گھٹا ہے۔

۲- جب حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنے تلامذہ کو آنحضور ﷺ کی نماز پڑھ کر دکھائی تو تکبیر تحریمہ کے علاوہ کسی جگہ رفع یدین نہیں کیا۔ معلوم ہوا کہ رفع نماز میں گھٹا ہے اور گھٹتے گھٹتے تکبیر تحریمہ تک چلا گیا ہے اور تکبیر تحریمہ کے ساتھ رفع یدین کرنے میں مضائقہ نہیں، کیونکہ تکبیر تحریمہ نماز سے باہر باڈر پر ہے، نماز تکبیر مکمل ہونے پر شروع ہوتی ہے۔

۳- عبد اللہ بن الزبیرؓ نے ایک شخص کو رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین کرتے ہوئے دیکھا تو آپؓ نے اس سے فرمایا: ایسا مت کر، یہ نبی ﷺ کا پہلے کا عمل ہے، بعد میں آپؐ نے رفع ترک فرما دیا تھا۔ (حاشیہ)

۴- مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پیچھے نماز پڑھی آپؓ نے تکبیر تحریمہ کے علاوہ کسی جگہ رفع یدین نہیں کیا، یہ حدیث طحاوی میں ہے اور اس کی سند اچھی ہے اور قائلین رفع کے استدلال کا سارا مدار ابن عمرؓ کی حدیث پر ہے جبکہ ابن عمرؓ کا عمل اپنی حدیث کے خلاف ہے، یہ واضح قرینہ ہے کہ رفع والی روایت ابن عمرؓ کے نزدیک منسوخ ہے۔

۵- اور سب سے بڑا قرینہ یہ ہے کہ چاروں خلفاء نے رفع یدین نہیں کیا، اگر رفع یدین نبی ﷺ کا آخری عمل ہوتا تو چاروں خلفاء رفع ضرور کرتے، ایسا ممکن نہیں کہ خلفاء آپؐ کے مصلے پر کھڑے ہوتے ہی آپؐ کا عمل بدل دیں، مصنف ابن ابی شیبہ میں صحیح سند کے ساتھ مروی ہے کہ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع نہیں کرتے تھے (معارف السنن ۲: ۴۷۰) اور دوسرے دو خلفاء کے بارے میں بھی دوسری جگہ عدم رفع کی صراحت ہے ـــــ غرض یہ چند قرائن ہیں جن کے پیش نظر بڑے دو امام کہتے ہیں کہ رفع یدین آنحضور ﷺ کی متروک سنت ہے، آپؐ کا آخری عمل ترک رفع ہے۔

اور چھوٹے دواماموں کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ نماز میں رفع بڑھا ہے اور یہ تعظیم فعلی ہے اس کے ذریعہ نماز مزین ہوتی ہے۔ نیل الفرقدین (ص:۴۰و۵۱) میں سعید بن جبیر اور امام شافعی رحمہما اللہ کے اقوال ہیں کہ رفع نماز کی زینت ہے، اور ابن عمرؓ کی حدیث اصح مافی الباب ہے، اس لئے ان اماموں نے اس کو لیا، روایات متعارضہ میں سے اصح مافی الباب کو لیا جاتا ہے۔ اور شوافع نے ابن عمرؓ کی جس روایت میں تیسری رکعت کے شروع میں رفع کا ذکر ہے اس کو بھی لیا، کیونکہ وہ بھی صحیح ترین روایت ہے۔

آخری بات: کچھ مسائل کبار صحابہ کے زمانہ میں نہیں تھے، جب وہ دنیا سے رخصت ہو گئے اور صغار صحابہ رضی اللہ عنہم کا زمانہ آیا[1] اور دینی قیادت ان کے ہاتھ میں آئی، تب انھوں نے بعض وہ حدیثیں جو منسوخ تھیں اور مرور زمانہ کی وجہ سے لوگ ان کو بھولنے لگے تھے ان پر حفاظتِ حدیث کی غرض سے عمل شروع کیا، کیونکہ اس زمانہ میں حدیث کو محفوظ رکھنے کی یہی صورت تھی، اس زمانہ میں احادیث مدون نہیں تھیں اس لئے حدیث کو محفوظ رکھنے کا یہی طریقہ تھا کہ ان پر عمل کیا جائے، عمل کے سہارے وہ لوگوں کو یاد رہیں گی، کیونکہ جو چیز عمل میں آجاتی ہے وہ نقش کالحجر ہو جاتی ہے۔ مسلم شریف میں حدیث ہے: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہا کرتے تھے، ایک مرتبہ انھوں نے پانچ تکبیریں کہیں لوگوں نے نماز کے بعد وجہ دریافت کی، آپؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے پانچ تکبیریں بھی کہی ہیں آپ لوگ اس کو یاد رکھیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۶۵۳)

معلوم ہوا کہ آنحضور ﷺ کے بعض وہ اعمال جو یا تو منسوخ تھے مثلاً جنازہ میں پانچ تکبیریں کہنا اور نماز میں رفع یدین کرنا یا وہ عمل کسی وقتی مصلحت سے کیا گیا تھا جیسے حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی تعلیم کے لئے آپؐ نے چند نمازوں میں آمین جہراً کہی تھی: ان پر صغار صحابہ نے بغرض حفاظتِ حدیث عمل شروع کیا، پھر چونکہ ہر نئی چیز لذیذ ہوتی ہے اس لئے کچھ لوگوں نے ان باتوں میں دلچسپی لینی شروع کی اور انھوں نے ان منسوخ یا وقتی مصلحت سے کئے ہوئے اعمال پر دائماً عمل شروع کر دیا، صغار صحابہ نے بھی اپنے دور میں رفع یدین اس لئے شروع کیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ عمل جو مرور زمانہ سے لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہونے لگا تھا لوگوں کے سامنے آجائے اور اس سلسلہ کی جو روایات ہیں وہ محفوظ ہو جائیں۔

[۸۴-] بابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ إِذَا كَبَّرَ، وَإِذَا رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ

[۷۳۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا قَامَ فِي الصَّلَاةِ رَفَعَ يَدَيْهِ، حَتَّى تَكُوْنَا حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، وَكَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ حِيْنَ يُكَبِّرُ لِلرُّكُوْعِ، وَيَفْعَلُ ذٰلِكَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، وَيَقُوْلُ: "سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" وَلَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي السُّجُوْدِ. [راجع: ۷۳۵]

[۷۳۷-] حدثنا إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ: أَنَّهُ رَأَى

(۱) صغار صحابہ سے مراد وہ حضرات ہیں جو رسول اللہ ﷺ کی حیات میں یا تو نابالغ تھے یا ابھی جوان ہوئے تھے۔

مَالِكَ بْنَ الْحُوَيْرِثِ إِذَا صَلّٰى كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ، وَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ رَفَعَ يَدَيْهِ، وَحَدَّثَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم صَنَعَ هٰكَذَا.

ترجمہ: ابوقلابہ رحمہ اللہ سے مروی ہے: انھوں نے مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ کو دیکھا جب انھوں نے نماز شروع کی تو تکبیر کہی اور رفع یدین کیا، اور جب رکوع کرنے کا ارادہ کیا تو رفع یدین کیا اور جب رکوع سے سر اٹھایا تو رفع یدین کیا، اور (نماز کے بعد) بیان کیا کہ نبی ﷺ نے اس طرح کیا ہے۔

تشریح: مالک بن الحویرثؓ وفاتِ نبوی سے کئی سال پہلے مدینہ منورہ آئے تھے اور بیس دن قیام کیا تھا اور دورِ اول میں نماز میں رفع یدین تھا، اس لئے انھوں نے جو عمل دیکھا اس کو روایت کیا اور اس پر عمل کیا۔

باب: إِلٰى أَيْنَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ؟

تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ کہاں تک اٹھائے؟

اس سلسلہ میں روایتیں مختلف ہیں، حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی روایت میں اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مذکورہ بالا روایت میں مونڈھوں تک ہاتھ اٹھانے کا ذکر ہے، اور حضرت مالک بن الحویرثؓ کی روایت میں دونوں کانوں کی محاذات تک ہاتھ اٹھانے کا ذکر ہے اور انہی کی دوسری روایت میں کانوں کے اوپر کے کناروں تک ہاتھ اٹھانے کا تذکرہ ہے، یہ سب روایتیں مشکوٰۃ شریف: باب صفة الصلوٰۃ میں ہیں، شوافع نے ابن عمرؓ اور ابوحمید ساعدیؓ کی حدیثیں لی ہیں، ان کے نزدیک مرد وزن سب مونڈھوں تک ہاتھ اٹھائیں، یہی مسنون ہے۔ اور احناف نے تینوں حدیثوں کو جمع کیا ہے، ان کے نزدیک ہاتھ اس طرح اٹھائے جائیں کہ گٹّے مونڈھوں کے مقابل، انگوٹھے کان کی لو کے مقابل اور انگلیوں کے سرے کانوں کے اوپر کے کناروں کے مقابل ہوجائیں۔ البتہ عورتیں مونڈھوں تک ہی ہاتھ اٹھائیں، یہ ان کے لئے استر ہے یعنی اس میں پردہ زیادہ ہے۔

[۸۵-] باب: إِلٰى أَيْنَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ؟

وَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ فِيْ أَصْحَابِهِ: رَفَعَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ.

[۷۳۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم افْتَتَحَ التَّكْبِيْرَ فِيْ الصَّلَاةِ، فَرَفَعَ يَدَيْهِ حِيْنَ يُكَبِّرُ حَتّٰى يَجْعَلَهُمَا حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، وَإِذَا كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ فَعَلَ مِثْلَهُ، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَعَلَ مِثْلَهُ، وَقَالَ: "رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" وَلَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ حِيْنَ يَسْجُدُ، وَلَا حِيْنَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُوْدِ.

[راجع: ۷۳۵]

قال أبو حمید: یہ حدیث قولی نہیں ہے بلکہ فعلی حدیث ہے، ایک مجلس میں چند صحابہ اکٹھا ہوئے تھے، حضرت ابوحمیدؓ نے کہا: مجھے نبی ﷺ کی نماز تم سے زیادہ یاد ہے، سب نے کہا: آپ نہ ہم سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں اور نہ ہم سے زیادہ آنحضور ﷺ کی مجلس میں حاضر رہے ہیں، پھر یہ بات کیسے درست ہے؟ ابوحمید نے کہا: بایں ہمہ میرا دعوی یہی ہے، پھر انھوں نے چار رکعت پڑھ کر دکھائی اس میں انھوں نے ہاتھ مونڈھوں تک اٹھائے، راوی نے اس کو الفاظ کا جامہ پہنایا ہے۔ اس حدیث کا ایک ٹکرا باب استقبال القبلۃ میں بھی گذرا ہے اور تفصیل آگے (حدیث ۸۲۸) آئے گی۔

(دیکھئے: تحفۃ الالمعی ۲: ۱۰۳، حدیث: ۳۰۱)

حدیث: ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا آپؐ نے تکبیر سے نماز شروع کی، پس دونوں ہاتھ اٹھائے جب تکبیر کہی، یہاں تک کہ ان کو مونڈھوں کے مقابل کیا، یعنی مونڈھوں تک ہاتھ اٹھائے (یہی جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) اور جب رکوع کے لئے تکبیر کہی تب بھی ایسا ہی کیا، اور جب **سمع الله لمن حمده** کہا تب بھی ایسا ہی کیا اور **ربنا ولك الحمد** کہا۔ اور سجدہ کے وقت ایسا نہیں کیا، اور نہ سجدوں سے سر اٹھاتے وقت ایسا کیا۔

تشریح: پہلے یہ بات بتائی ہے کہ رکوع سے اٹھتے وقت امام صرف تسمیع کہے گا اور مقتدی صرف تحمید، یہ جمہور کی رائے ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے امام ومقتدی کے درمیان ذکر تقسیم کیا ہے، فرمایا: جب امام **سمع الله لمن حمده** کہے تو تم **ربنا ولك الحمد** کہو (ترمذی حدیث ۲۶۵) اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک امام ومقتدی دونوں دونوں ذکر جمع کریں گے، یہ حدیث ان کی دلیل ہے اور احناف اس کو حالتِ انفراد پر محمول کرتے ہیں۔

بابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ إِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ

تیسری رکعت کے شروع میں رفع یدین

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ صرف دو جگہ یعنی رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین سنت ہے۔ امام شافعیؒ نے کتاب الام (۱: ۱۲۶) میں بقلم خود اس کی صراحت کی ہے اور علامہ جزیریؒ نے کتاب الفقہ (۱: ۲۵۰) میں امام احمدؒ کا بھی یہی قول بیان کیا ہے۔ مگر شوافع اور حنابلہ تیسری رکعت کے شروع میں بھی رفع یدین کو سنت کہتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے اور اصحاب ظواہر بھی اسی کے قائل ہیں، ان کی دلیل حضرت ابن عمرؓ کی روایت ہے جسے نافع روایت کرتے ہیں، سالم کی روایت میں تیسری رکعت کے شروع میں رفع کا ذکر نہیں، صرف نافع کی روایت میں ہے۔ ان سے یہ حدیث عبید اللہ عمری بھی روایت کرتے ہیں اور ایوب سختیانی بھی، عبید اللہ کی حدیث حکماً مرفوع ہے اور ایوب سختیانی کے تلامذہ میں اختلاف ہے، حماد بن سلمہ مرفوع کرتے ہیں اور ابراہیم بن طہمان: ایوب سختیانی سے بھی روایت کرتے ہیں اور موسیٰ بن عقبہ سے بھی اور مختصر روایت کرتے ہیں یعنی موقوف روایت کرتے ہیں، حماد

بن سلمہ کی روایت امام بخاریؒ کے جزء رفع الیدین اور سنن بیہقی میں ہے اور ابن طہمان کی روایت بھی بیہقی میں ہے اور ان دونوں روایتوں میں عند الثالثہ رفع یدین کا ذکر نہیں، صرف عبید اللہ عمری کی روایت میں عند الثالثہ رفع کا ذکر ہے، اور ان تعلیقات کے ذکر سے امام بخاری کا منشاء یہ بیان کرنا ہے کہ ابن عمرؓ کی روایت کے مرفوع اور موقوف ہونے میں اختلاف ہے، سالم مرفوع روایت کرتے ہیں اور نافع موقوف، لیکن نافع کے طریق میں بھی رفع اور وقف دونوں صورتیں ثابت ہیں۔ غرض امام شافعیؒ نے نافع کی روایت کو نہیں لیا اور محققین شوافع نے بھی نہیں لیا، مگر عام شوافع اور تمام غیر مقلدین اس حدیث کو لیتے ہیں اور تیسری رکعت کے شروع میں بھی رفع یدین کرتے ہیں۔

فائدہ: عبید اللہ بن عمر عمری اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں اور ان کے چھوٹے بھائی عبد اللہ بن عمر عمری فی نفسہ ٹھیک راوی ہیں، مگر حافظہ کی خرابی کی وجہ سے ان کی تضعیف کی گئی ہے۔

[۸۶-] بابُ رَفْعِ الْيَدِيْنِ إِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ

[۷۳۹-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَر كَانَ إِذَا دَخَلَ فِيْ الصَّلَاةِ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ، وَإِذَا رَكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَفَعَ يَدَيْهِ، وَإِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ، وَرَفَعَ ذٰلِكَ ابْنُ عُمَرَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَاهُ ابْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَيُّوْبَ، وَمُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ مُخْتَصَرًا. [راجع: ۷۳۵]

وضاحت: وإذا قام من الركعتين: یہ چوتھی جگہ ہے اور یہ اضافہ صرف نافع کی روایت میں ہے، سالم کی روایت میں نہیں ہے .... ورفع ذلك: ابن عمرؓ نے اپنے اس عمل کو نبی ﷺ کی طرف بلند کیا، اب حدیث حکماً مرفوع ہوگئی .... ورواه حماد: حماد بن سلمہ: عبید اللہ کے متابع ہیں، انھوں نے بھی مرفوع روایت کی ہے .... ورواه ابن طهمان: ابن طہمان کی روایت میں آخری جملہ: رفع ابن عمر إلى النبیؐ نہیں ہے، انھوں نے حدیث مختصر یعنی موقوف روایت کی ہے۔

بابُ وَضْعِ الْيُمْنَى عَلَى الْيُسْرَى فِيْ الصَّلٰوةِ

نماز میں دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھے

نماز میں حالتِ قیام میں وضع یعنی ہاتھ باندھنا مسنون ہے یا ارسال یعنی ہاتھ چھوڑنا؟ جمہور وضع کے قائل ہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ ارسال کے یعنی ہاتھ چھوڑنے کو سنت کہتے ہیں، مگر ارسال کی کوئی روایت نہیں۔ اور علامہ عینی رحمہ اللہ نے عمدة

القاری میں وضع کی بیس روایتیں جمع کی ہیں جن میں سے اٹھارہ مرفوع اور دو مرسل ہیں، بلکہ خود امام مالکؒ نے موطا مالک (ص:۵۵ باب وضع الیدین) میں ہاتھ باندھنے کی روایت ذکر کی ہے، پھر امام مالک ارسال کو سنت کیوں کہتے ہیں؟ اس کی وجہ معلوم نہیں، شاید یہ وجہ ہو کہ ہاتھ باندھنا ٹیک لگانا ہے یعنی اس میں راحت ہے جو فرائض کی شان کے خلاف ہے، البتہ نوافل میں اس کی گنجائش ہے، چنانچہ مالکیہ کے یہاں صرف فرائض میں ہاتھ باندھنا مکروہ ہے، نوافل میں جائز ہے (بلغة السالک ۱:۱۱۸) مگر یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے اس لئے مردود ہے۔

اور ہاتھ باندھنے کا طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھے اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھوٹی انگلی کا حلقہ بنائے اور بائیں ہاتھ کے پہنچے کو پکڑے، اور باقی تین انگلیاں کلائی پر پھیلی ہوئی رکھے، اور ہاتھوں کو زیر ناف اس طرح رکھے کہ ناف ہاتھوں کے بالائی حصہ سے لگی رہے، یہ طریقہ احناف کے نزدیک مسنون ہے اور شوافع کے نزدیک ناف سے اوپر اور سینہ کے نیچے ہاتھ باندھنا مسنون ہے اس طرح کہ ناف ہاتھوں کے زیریں حصہ سے لگی رہے (شرح مہذب ۳:۳۱۰) اور امام احمد رحمہ اللہ کے دونوں کے موافق اقوال ہیں (مغنی ۱:۵۱۴)

اور ائمہ اربعہ میں سے کوئی سینہ پر ہاتھ باندھنے کا قائل نہیں۔ اور ان کے درمیان اختلاف افضلیت اور عدم افضلیت کا ہے۔ ادلۂ کاملہ اور ایضاح الادلہ (مصنفہ شیخ الہند قدس سرہ) میں اس کی تفصیل ہے۔

[۸۷-] بابُ وَضْعِ الْيُمْنیٰ عَلَی الْيُسْرٰی فِي الصَّلٰوةِ

[۷۴۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ يُؤْمَرُوْنَ أَنْ يَضَعَ الرَّجُلُ الْيَدَ الْيُمْنٰى عَلٰى ذِرَاعِهِ الْيُسْرٰى فِي الصَّلَاةِ، وَقَالَ أَبُوْ حَازِمٍ: لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا يَنْمِيْ ذٰلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ إِسْمَاعِيْلُ: يُنْمٰى ذٰلِكَ، وَلَمْ يَقُلْ: يَنْمِيْ.

ترجمہ: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: لوگ حکم دیئے جاتے تھے (ہمارے نسخہ میں ناس ہے اور گیلری میں الناس ہے اور وہی بہتر ہے) اس بات کا کہ آدمی نماز میں (حالتِ قیام میں) دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کی کلائی پر رکھے، یعنی ہاتھ باندھنا مسنون ہے (یہ امام مالک رحمہ اللہ کی روایت ہے، مگر وہ ارسال کے قائل ہیں)

سند: ابو حازم کہتے ہیں: جہاں تک میں جانتا ہوں حضرت سہلؓ اس حدیث کو حضور ﷺ کی طرف منسوب کرتے تھے، یعنی یہ حکم حضور ﷺ دیتے تھے، اور اسماعیل کی روایت میں یُنْمَی مجہول ہے، یعنی یہ بات حضور ﷺ کی طرف منسوب کی جاتی تھی، کون منسوب کرتا تھا؟ یہ بات معلوم نہیں۔ بہر حال ابو حازم کی روایت میں یَنْمِیْ معروف ہے اور اسماعیل کی روایت میں یُنْمَی مجہول ہے، معروف کا مطلب یہ ہے کہ اس عمل کو حضرت سہلؓ منسوب کرتے تھے، اور مجہول کی صورت میں منسوب کرنے والا معلوم نہیں۔

تشریح: ذراع کے معنی ہیں: کلائی، غیر مقلدین دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی کہنی پر رکھتے ہیں، حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے، حدیث میں ہاتھ کلائی پر رکھنے کا حکم ہے، کہنی پر رکھنے کا حکم نہیں، پس ہاتھ باندھنے کا مسنون طریقہ وہ ہے جو اوپر بیان کیا۔

بابُ الْخُشُوْعِ فِیْ الصَّلاَۃِ

نماز میں خشوع کا بیان

خشوع کے معنی ہیں: الإقبالُ إلی الصلوٰۃ مع سکون الجوارح: نماز کی طرف متوجہ ہونا سراپا کے سکون کے ساتھ۔ نماز میں خشوع جمہور کے نزدیک مندوب و مستحب ہے، اور کچھ لوگ فرض کہتے ہیں، ان کی مراد خشوع کا ادنی درجہ ہے یعنی استحضار النیة: جب نماز شروع کرے تو نیت مستحضر کرے، نیت سے غافل نہ رہے، یہ خشوع کا ادنی درجہ ہے اور یہ فرض ہے اور سراپا کے سکون کے ساتھ نماز کی طرف متوجہ رہنا بالاجماع مندوب و مستحب ہے۔

جاننا چاہئے کہ باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے اور دوسری حضرت انس رضی اللہ عنہ کی، حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث سے دو طرح سے استدلال ہوسکتا ہے۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے نماز پڑھائی پھر منبر پر تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: هل تَرَوْنَ قِبْلَتِیْ هٰهُنَا؟ کیا تم میرا قبلہ یہاں دیکھتے ہو؟ یعنی کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھا رہا ہوں اور مجھے تمہارا کچھ حال معلوم نہیں! معلوم ہوا کہ نبی پاک ﷺ نماز پڑھاتے وقت دائیں بائیں نہیں جھانکتے تھے، یہی نماز میں خشوع ہے اور واللہ لایخفی علیَّ رکوعُکم ولا خشوعکم سے بھی استدلال کرسکتے ہیں، اس جملہ میں خشوع کی صراحت ہے، اور اگر خشوع کو بمعنی سجدہ لیں جیسا کہ حضرت انسؓ کی حدیث میں خشوع کے بجائے لفظ سجود آیا ہے تو پھر استدلال صرف هل ترون قبلتی ههنا سے ہوگا۔

[۸۸-] بابُ الْخُشُوْعِ فِیْ الصَّلاَۃِ

[۷۴۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " هَلْ تَرَوْنَ قِبْلَتِیْ هَاهُنَا؟ وَاللّٰهِ مَا يَخْفَی عَلَیَّ رُكُوْعُكُمْ وَلاَ خُشُوْعُكُمْ، وَإِنِّیْ لَأَرَاكُمْ [مِنْ] وَرَاءِ ظَهْرِیْ" [راجع: ٤١٨]

[۷۴۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " أَقِيْمُوْا الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ، فَوَ اللّٰهِ إِنِّیْ لَأَرَاكُمْ مِنْ بَعْدِیْ — وَرُبَّمَا قَالَ: مِنْ بَعْدِ ظَهْرِیْ — إِذَا رَكَعْتُمْ وَإِذَا سَجَدْتُمْ " [راجع: ٤١٩]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: کیا دیکھتے ہو تم میرا قبلہ یہاں؟ بخدا! مجھ پر نہ تمہارا رکوع مخفی ہے اور نہ تمہارا خشوع، میں تمہیں پیٹھ کے پیچھے سے دیکھتا ہوں (یہ دیکھنا بطور معجزہ تھا)

نوٹ: حدیث میں [مِنْ] مصری نسخہ سے بڑھایا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: رکوع اور سجدے ٹھیک سے کرو، بخدا! میں تمہیں اپنے پیچھے سے —— اور کبھی کہا: اپنی پیٹھ کے پیچھے سے —— دیکھتا ہوں جب تم رکوع، سجدے کرتے ہو۔

بابٌ: مَا يَقْرَأُ بَعْدَ التَّكْبِيْرِ؟

تکبیر تحریمہ کے بعد کیا پڑھے؟

تکبیر تحریمہ اور قراءت کے درمیان امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک کوئی ذکر مسنون نہیں، تکبیر تحریمہ کے ساتھ ہی قراءت شروع کردے، نہ تعوذ پڑھے نہ تسمیہ، نہ کوئی اور ذکر، دیگر فقہاء کے نزدیک اذکار مسنون ہیں۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اللّٰهم باعد إلخ پڑھنا مسنون ہے، یہ دعا باب کی حدیث میں ہے، دوسرا قول اللّٰهم إنی وجّهت إلخ کے استحباب کا ہے، یہ دعائے توجیہ ہے، جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک طویل روایت میں ہے (مسلم ۱: ۲۶۳ باب صلوة النبی ودعائه باللیل) اور حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک ثنا مسنون ہے، ثنا آٹھ صحابہ سے مروی ہے (کشف النقاب ۴: ۲۶۴) مگر ہر حدیث کی سند میں کلام ہے، بجز حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کے، اس کے تمام روات ثقہ ہیں (نصب الرایہ ۱: ۳۱۱) نیز ثنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی موقوفا مروی ہے، انھوں نے اپنے دورِ خلافت میں تعلیم کی غرض سے صحابہ کی موجودگی میں جہراً ثنا پڑھی ہے (مسلم ۱: ۱۷۲ باب حجة من قال إلخ)

جاننا چاہئے کہ یہ اختلاف اولیٰ اور غیر اولیٰ کا ہے جواز وعدم جواز کا نہیں، اور حنفیہ اور حنابلہ نے ثنا کو ترجیح اس لئے دی ہے کہ وہ مختصر ذکر ہے اور شریعت نے عام لوگوں کے لئے مختصر اذکار پسند کئے ہیں، نیز دعا کے آداب میں سے یہ بات ہے کہ اس سے پہلے اللہ کی تعریف کی جائے، تعریف کئے بغیر دعا شروع نہ کردی جائے، اس لئے ثنا پڑھنا بہتر ہے۔

تکبیر تحریمہ اور قراءت کے درمیان ذکر کی حکمت:

تمام مقتدی امام کے ساتھ نماز شروع نہیں کرسکتے، کچھ لوگ پیچھے رہ جاتے ہیں اس لئے اگر امام تکبیر کے ساتھ ہی قراءت شروع کردے گا تو کچھ مقتدی استماع قرآن سے رہ جائیں گے، اس لئے تکبیر کے بعد دعائے استفتاح رکھی گئی ہے۔

مقصد باب: اس باب کا اور اس کے بعد بغیر عنوان کے جو باب آرہا ہے: ان دونوں بابوں کا مقصد یہ ہے کہ تکبیر افتتاح کے بعد اختیار ہے چاہے دعا مانگے یا ذکر کرے یا قراءت شروع کردے، اسی طرح مختلف اذکار وادعیہ کو جمع بھی کرسکتا ہے تاکہ نماز لمبی ہو، تہجد وغیرہ نوافل میں طوالت مقصود ہوتی ہے اور مختلف اذکار وادعیہ کو جمع کرنے سے یہ مقصد حاصل ہوتا

ہے، اور تکبیر وقراءت کے درمیان ہی اذکار وادعیہ نہیں ہیں، قراءت کے درمیان بھی رک کر اذکار کرسکتا ہے، دعائیں مانگ سکتا ہے اس سے بھی مقصد طوالت حاصل ہوگا۔

فائدہ: احناف کے نزدیک فرائض میں تنگی ہے اور نوافل میں گنجائش ہے اور شوافع کے نزدیک جماعت کی نماز میں تنگی ہے اور تنہا نماز میں گنجائش ہے، پس احادیث میں جو طویل اذکار آئے ہیں یا قراءت کے درمیان یا رکوع وسجود میں جو دعائیں مروی ہے وہ سب نوافل کے لئے ہیں، فرائض میں خواہ جماعت سے پڑھے یا تنہا، مقررہ اذکار ہی کرنے چاہئیں، کیونکہ فرائض اللہ کے دربار کی خاص ملاقات ہے اور نوافل پرائیویٹ ملاقات ہے، جیسے وزیر اعظم سے ملاقات کرنے جاتے ہیں تو پہلے وقت لیتے ہیں اور آداب کی رعایت کرکے حاضر ہوتے ہیں اور وقت مقررہ میں بات پوری کرتے ہیں اور جب وزیر اعظم سے ان کے گھر میں دوستانہ ملاقات کرتے ہیں تو کوئی پابندی نہیں ہوتی، جب تک چاہیں باتیں کریں اور جتنا چاہیں بیٹھیں، یہی حال فرائض ونوافل کا ہے، فرائض میں اللہ کے دربار میں باقاعدہ حاضری ہوتی ہے، پس فرائض کے لئے جو اصول وضوابط مقرر ہیں ان کی رعایت کرنا اور متعین اذکار پر اکتفا کرنا ضروری ہے اور نوافل میں آزادی ہے جس طرح چاہے پڑھے اور جہاں چاہے مانگے۔

اور شوافع کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ جماعت کی نماز میں تنگی ہے، کیونکہ جماعت کی نماز میں بیمار، کمزور، بوڑھے اور ضرورت مند ہوتے ہیں اس لئے جماعت کی نماز میں مقررہ اذکار پر اکتفا کرنا چاہئے، اور تنہا نماز خواہ فرض ہو یا نفل اس میں آزادی ہے، اور نقطۂ نظر کے اس اختلاف کا متعدد مسائل پر اثر پڑا ہے اس کا خیال رکھنا چاہئے۔

[۸۹-] بابٌ: مَا يَقْرَأُ بَعْدَ التَّكْبِيْرِ؟

[۷۴۳-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وَأَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوْا يَفْتَتِحُوْنَ الصَّلَاةَ بِـ ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ اور شیخین رضی اللہ عنہما سورۂ فاتحہ سے نماز شروع کرتے تھے۔

تشریح: امام مالک رحمہ اللہ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ یہ حضرات تکبیر کے بعد معاً سورۂ فاتحہ شروع کرتے تھے، تعوذ اور تسمیہ وغیرہ کچھ نہیں پڑھتے تھے مگر یہ حدیث صریح نہیں، اس کا یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ یہ حضرات فاتحہ سے جہر شروع کرتے تھے، اس سے پہلے والے اذکار سراً پڑھتے تھے، اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ صحیح احادیث میں آنحضور ﷺ سے تکبیر وقراءت کے درمیان دعائے توجیہ یا اللّٰھم باعد یا ثناء وغیرہ پڑھنا ثابت ہے۔

[۷۴۴-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ،

قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ زُرْعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْكُتُ بَيْنَ التَّكْبِيْرِ وَبَيْنَ الْقِرَاءَ ةِ إِسْكَاتَةً — قَالَ: أَحْسِبُهُ قَالَ: هُنَيَّةً — فَقُلْتُ: بِأَبِيْ وَأُمِّيْ يَارسولَ اللّٰهِ! إِسْكَاتُكَ بَيْنَ التَّكْبِيْرِ وَبَيْنَ الْقِرَاءَ ةِ مَا تَقُوْلُ؟ قَالَ:" أَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَاىَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللّٰهُمَّ نَقِّنِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَاىَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ"

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ تکبیر افتتاح اور قراءت کے درمیان کچھ دیر خاموش رہتے تھے — راوی کہتا ہے: میرا گمان ہے کہ حدیث میں ھُنَیَّةً بھی ہے أی إسکاتة ھُنَیَّة: ذرا دیر کے لئے، معلوم ہوا کہ إسکاتةً: مفعول مطلق نوعیت بیان کرنے کے لئے ہے — میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! (أی أنتَ مُفَدًّی بأبی و أمی: اور اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ جو آفت آپؐ پر آنی ہو وہ میرے ماں باپ پر آئے، اور آپ بچے رہیں) آپؐ تکبیر اور قراءت کے درمیان خاموش رہتے ہیں اس وقت آپؐ کیا پڑھتے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: یہ دعا پڑھتا ہوں:

دعا کا ترجمہ: اے اللہ! میرے درمیان اور میرے گناہوں کے درمیان دوری فرمادیں جتنی مشرق ومغرب کے درمیان دوری ہے، اے اللہ! مجھے کوتاہیوں سے ستھرا فرمادیں جس طرح سفید کپڑا میل سے ستھرا کیا جاتا ہے (رنگین کپڑے میں میل کا پتا ہی نہیں چلتا، لیکن سفید کپڑے میں میل جلدی ظاہر ہوتا ہے اور جب تک میل نکل نہیں جاتا آدمی دھونا بند نہیں کرتا، مجھے بھی اس طرح گناہوں سے ستھرا فرمادیں) اے اللہ! میری کوتاہیوں کو پانی سے، برف سے اور اولوں سے دھوڈالیں (ثَلْج: مصنوعی برف کو کہتے ہیں اور بَرَد: اولے، یہ قدرتی برف ہے، برف میں صابن کی خاصیت ہے جس طرح صابن مل کر پانی سے دھونے سے چکناہٹ دور ہوجاتی ہے اسی طرح برف مل کر پانی سے دھونے سے بھی چکناہٹ دور ہوجاتی ہے، یعنی مجھے گناہوں سے بالکل کلین (صاف) فرمادیں)

تشریح: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ میں لکھا ہے کہ احادیث شریفہ میں جو طویل اذکار آئے ہیں وہ خواص کے لئے ہیں، عام مسلمانوں کے لئے وہ اذکار نہیں، عام مسلمانوں کے لئے مختصر اور آسان اذکار مشروع کئے گئے ہیں، اور جہاں کسی رکن میں ٹھہرانا مقصود ہوتا ہے وہاں مختصر ذکر بار بار کرنے کا حکم ہے، عام لوگوں کو طویل اذکار کا مکلّف نہیں کیا گیا۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جب تک پوچھا نہیں نبی ﷺ نے ان کو بتایا نہیں، اس ضابطہ کی رو سے ثنا آسان ذکر ہے اس لئے حنفیہ اور حنابلہ نے اس کو ترجیح دی ہے۔

بابٌ

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اور اس باب میں حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جو پہلے دو تین بار

آچکی ہے، مگر یہاں جو مضمون ہے وہ پہلے نہیں آیا، ایک مرتبہ سورج گہن ہوا، نبی ﷺ نے صلوٰۃ الکسوف پڑھائی، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا اس میں شریک تھیں، وہ نماز حضور ﷺ نے دو رکوع والی پڑھائی تھی، یعنی ہر رکعت میں دو رکوع کئے تھے، تکبیر تحریمہ کے بعد لمبا قیام کیا، پھر رکوع کیا اور لمبا رکوع کیا، پھر کھڑے ہو کر لمبا قیام کیا، پھر دوسرا طویل رکوع کیا، پھر دو سجدے کئے پھر دوسری رکعت میں بھی اسی طرح کیا، نماز کے بعد آپؐ نے تقریر فرمائی، اس میں فرمایا کہ نماز کے درمیان جنت مجھ سے قریب کی گئی، یہ عالم مثال کی جنت تھی، عالم خارجی کی جنت جدار قبلی میں نہیں آسکتی، اور ہمالیہ پہاڑ کا فوٹو آنکھ میں سما سکتا ہے۔ اس تقریر میں آپؐ نے فرمایا: اگر میں ہمت کرتا اور آگے بڑھ کر جنت کا کوئی خوشہ لے لیتا تو تم رہتی دنیا تک اس کو کھاتے، پھر جہنم میرے سامنے لائی گئی پس آپؐ نے فرمایا: أیْ ربِّ و أنا معهم: اے میرے رب! اور میں ان کے ساتھ ہوں! یہ سورۂ انفال کی آیت ۳۳ کی طرف اشارہ ہے، ارشاد ہے: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيْهِمْ﴾ جب تک آپؐ لوگوں میں ہیں اللہ تعالیٰ ان کو سزا نہیں دیں گے۔ جب جہنم قریب لائی گئی تو آپؐ نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! ابھی تو میں لوگوں میں موجود ہوں اور آپ کا وعدہ ہے کہ جب تک میں لوگوں میں موجود رہوں گا عذاب نہیں آئے گا، پس یہ جہنم سامنے کیسی آگئی! یہ دعا آپؐ نے قراءت کے درمیان کی تھی، پس باب ثابت ہو گیا کہ نماز میں کسی بھی جگہ ذکر و دعا کر سکتے ہیں۔

[۹۰-] بابٌ

[۷۴۵-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى صَلَاةَ الْكُسُوْفِ، فَقَامَ فَأَطَالَ الْقِيَامَ، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوْعَ، ثُمَّ قَامَ فَأَطَالَ الْقِيَامَ، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوْعَ، ثُمَّ رَفَعَ، ثُمَّ سَجَدَ فَأَطَالَ السُّجُوْدَ، ثُمَّ رَفَعَ، ثُمَّ سَجَدَ فَأَطَالَ السُّجُوْدَ، ثُمَّ قَامَ فَأَطَالَ الْقِيَامَ، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوْعَ، ثُمَّ رَفَعَ فَأَطَالَ الْقِيَامَ، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوْعَ، ثُمَّ رَفَعَ فَسَجَدَ فَأَطَالَ السُّجُوْدَ، ثُمَّ رَفَعَ، ثُمَّ سَجَدَ فَأَطَالَ السُّجُوْدَ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ: " قَدْ دَنَتْ مِنِّي الْجَنَّةُ حَتّٰى لَوِ اجْتَرَأْتُ عَلَيْهَا لَجِئْتُكُمْ بِقِطَافٍ مِنْ قِطَافِهَا، وَدَنَتْ مِنِّي النَّارُ حَتّٰى قُلْتُ: أَيْ رَبِّ وَأَنَا مَعَهُمْ، فَإِذَا امْرَأَةٌ ـــ حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: تَخْدِشُهَا هِرَّةٌ ـــ قُلْتُ: مَا شَأْنُ هٰذِهِ؟ قَالُوْا: حَبَسَتْهَا حَتّٰى مَا تَتْ جُوْعًا، لَا أَطْعَمَتْهَا وَلَا أَرْسَلَتْهَا تَأْكُلُ" قَالَ نَافِعٌ: حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: " تَأْكُلُ مِنْ خَشِيْشِ الْأَرْضِ، أَوْ: خُشَاشِ"

[انظر: ۲۳۶۴]

ترجمہ: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے سورج گہن کی نماز پڑھائی، آپؐ کھڑے ہوئے پس دیر تک کھڑے رہے، پھر رکوع کیا اور دیر تک رکوع میں رہے، پھر کھڑے ہوئے اور دیر تک کھڑے رہے، پھر رکوع کیا اور دیر

تک رکوع میں رہے (یہ پہلی رکعت کا دوسرا رکوع ہے) پھر رکوع سے سر اٹھایا پھر سجدہ کیا اور دیر تک سجدہ میں رہے پھر سر اٹھایا پھر سجدہ کیا اور دیر تک سجدہ میں رہے (یہ پہلی رکعت کے دو سجدے ہیں) پھر کھڑے ہوئے اور دیر تک کھڑے رہے، پھر رکوع کیا اور دیر تک رکوع میں رہے، پھر سر اٹھایا اور دیر تک کھڑے رہے، پھر رکوع کیا اور دیر تک رکوع میں رہے (یہ دوسری رکعت کے دو رکوع ہیں) پھر سر اٹھایا پھر سجدہ کیا اور دیر تک سجدے میں رہے، پھر سر اٹھایا پھر سجدہ کیا اور دیر تک سجدے میں رہے، پھر سلام پھیرا پھر فرمایا: ''جنت اتنی میرے قریب لائی گئی کہ اگر میں ہمت کرتا تو تمہارے لئے جنت کے خوشوں میں سے کوئی خوشہ لے لیتا، اور جہنم بھی اتنی میرے قریب لائی گئی کہ میں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! ابھی تو میں لوگوں میں ہوں، پس اچانک ایک عورت ہے، راوی کہتے ہیں: میرے خیال میں فرمایا: ایک بلی اس کو نوچ رہی ہے، میں نے پوچھا: اس کا کیا معاملہ ہے؟ فرشتوں نے بتایا: اس عورت نے بلی کو باندھ رکھا تھا یہاں تک کہ وہ بھوک سے مرگئی، نہ تو اس کو کھلایا اور نہ چھوڑا کہ وہ کھاتی۔ نافع کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''زمین کے کیڑوں میں سے (خشیش اور خُشاش دونوں کے معنی ہیں: زمین کے کیڑے)

سوال: ابھی جنت وجہنم میں کوئی نہیں گیا، پھر نبی ﷺ نے اس عورت کو جہنم میں کیسے دیکھا؟

جواب: آپؐ نے یہ منظر عالم مثال کی جہنم میں دیکھا ہے، عالم مثال ہماری اس دنیا کی فوٹو کاپی ہے اور آخرت کی بھی۔ دنیا وآخرت کی ہر چیز عالم مثال میں موجود ہے (عالم مثال کا بیان حجۃ اللہ البالغہ، مبحث اول، باب دوم، رحمۃ اللہ الواسعہ ۱۸۶:۱-۱۹۸ میں ہے)

استدلال: اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ جب جہنم قریب لائی گئی تو نبی ﷺ نے قراءت کے درمیان ہی دعا کی اور یہی باب ہے کہ نماز میں قراءت کے درمیان بھی اذکار وادعیہ کی گنجائش ہے۔ احناف کے نزدیک یہ گنجائش نوافل میں ہے اور کسوف کی نماز نفل ہے، اور شوافع کے نزدیک غیر جماعت میں ہے۔ اور نماز کسوف میں دو رکوع ہیں یا چار؟ یہ مسئلہ اپنی جگہ آئے گا۔

بابُ رَفْعِ الْبَصَرَ إِلَى الأَمَامِ فِيْ الصَّلاَةِ

نماز میں آگے کی طرف (یا امام کی طرف) دیکھنا

الإمام کو بکسر الہمزہ بھی پڑھ سکتے ہیں اور بفتح الہمزہ بھی، اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ نماز میں حالتِ قیام میں سجدہ کی جگہ نظر رکھنا ضروری نہیں، سامنے کی طرف اور امام کی طرف دیکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں، اس سے خشوع متاثر نہیں ہوتا، یہی امام مالک رحمہ اللہ کی رائے ہے، اور امام بخاریؒ نے ان کی موافقت کی ہے، اور امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ فرماتے ہیں: نماز میں حالت قیام میں سجدہ کی جگہ دیکھنا چاہئے، بے ضرورت سامنے کی طرف اور امام کی طرف نہیں دیکھنا چاہئے، اس سے

خشوع متاثر ہوگا۔

[۹۱-] بابُ رَفْعِ الْبَصَرَ إِلَى الإِمَامِ فِيْ الصَّلاَةِ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ صَلاَةِ الْكُسُوْفِ:" رَأَيْتُ جَهَنَّمَ يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا، حِيْنَ رَأَيْتُمُوْنِيْ تَأَخَّرْتُ"

[۷۴۶-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، قَالَ: قُلْنَا لِخَبَّابٍ: أَكَانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِيْ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقُلْنَا: بِمَ كُنْتُمْ تَعْرِفُوْنَ ذَاكَ؟ قَالَ: بِاضْطِرَابِ لِحْيَتِهِ.[انظر: ۷۶۰، ۷۶۱، ۷۷۷]

حدیث (۱): صدیقہؓ فرماتی ہیں: صلوٰۃ کسوف میں جب جہنم قریب لائی گئی تو آپؐ نے دیکھا کہ جہنم اتنی تیز بھڑک رہی ہے کہ اس کا بعض بعض کو توڑ رہا ہے۔ یہ جہنم جدار قبلی میں متمثل کی گئی تھی اور نبی ﷺ نے اسے دیکھا تھا، معلوم ہوا کہ سجدہ کی جگہ میں دیکھنا ضروری نہیں، سامنے بھی دیکھ سکتے ہیں، مگر یہ استدلال تام نہیں، اس لئے کہ بوقت ضرورت سامنے کی طرف دیکھ سکتے ہیں، اور جب جنت اور جہنم سامنے لائی گئیں تو یہ ایک ضرورت تھی، وہ آپؐ کے دیکھنے ہی کے لئے سامنے لائی گئی تھیں، اس لئے آپؐ نے ان کو دیکھا، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپؐ پہلے سے سامنے کی طرف دیکھ رہے تھے۔ غرض کوئی ضرورت پیش آئے تو سامنے کی طرف دیکھ سکتے ہیں اس سے خشوع میں کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن آدمی نماز پڑھ رہا ہے اور باب الظاہر (۱) کی طرف دیکھ رہا ہے تو اس سے خشوع متاثر ہوگا .... حَطَمَ (ض) حَطْمًا کے معنی ہیں: توڑنا، یعنی جہنم بہت زیادہ بھڑک رہی تھی، بعض لپٹیں بعض میں گھسی جارہی تھیں .... حین رأیتمونی تأخرتُ: جب تم نے مجھے دیکھا کہ میں پیچھے ہٹا، اس وقت میں نے یہ منظر دیکھا۔ یہاں سے بھی باب ثابت کرسکتے ہیں، صحابہ نے آگے کی طرف دیکھا ہے۔

حدیث (۲): ابومعمر کہتے ہیں: ہم نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ ظہر اور عصر میں قراءت کرتے تھے؟ انھوں نے فرمایا: جی ہاں، ہم نے پوچھا: آپ حضرات کو اس کا پتہ کیسے چلا؟ حضرت خبابؓ نے فرمایا: آپؐ کی ڈاڑھی کے ہلنے سے۔

استدلال: واضح ہے کہ صحابہ نماز میں آنحضور ﷺ کو دیکھتے تھے، معلوم ہوا کہ نماز میں مقتدی امام کی طرف دیکھ سکتا ہے، مگر یہ استدلال بھی محل نظر ہے، صحابہ نماز پڑھتے ہوئے آنحضور ﷺ کو اور آپؐ کی ڈاڑھی کو دیکھتے تھے یہ بھی احتمال ہے اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ نماز شروع ہونے کے بعد جو شخص آتا وہ نماز شروع کرنے سے پہلے دیکھتا کہ امام صاحب کی

(۱) باب الظاہر: دارالعلوم دیوبند میں دار جدید کا ایک بڑا دروازہ ہے، جو افغانستان کے بادشاہ ظاہر شاہ کی امداد سے بنا ہے، یہ دروازہ دارالحدیث سے مغربی جانب واقع ہے ۱۲

ڈاڑھی ہل رہی ہے، اس سے اندازہ کرلیتا کہ نبی ﷺ قراءت فرمارہے ہیں، غرض حضرت خبابؓ نے نماز میں دیکھا تھا اس کی کوئی صراحت نہیں، اس لئے یہ استدلال کمزور ہے۔

[۷۴۷-] حدثنا حَجَّاجٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَنْبَأَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ يَخْطُبُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ، وَهُوَ غَيْرُ كَذُوْبٍ، أَنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا صَلُّوْا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عيه وسلم، فَرَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ قَامُوْا قِيَامًا، حَتّٰى يَرَوْهُ قَدْ سَجَدَ. [راجع: ٦٩٠]

حدیث: ابواسحاق کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن یزید کو خطبہ دیتے ہوئے سنا کہ ہم سے حضرت براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا — اور وہ جھوٹے نہیں تھے — کہ صحابہ جب نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے تھے تو جب آپؐ رکوع سے سر اٹھاتے تو صحابہ کھڑے رہتے یہاں تک کہ وہ آپؐ کو دیکھتے کہ آپؐ نے سجدہ کیا (تب صحابہ سجدہ کرتے تھے)

تشریح:

۱- یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۵۵۴ کتاب الصلوٰۃ باب ۵۲ میں) گذر چکی ہے وہاں بتایا تھا کہ عبداللہ بن یزید گورنر تھے، انھوں نے دورانِ تقریر یہ حدیث سنائی ہے اور وهو غير كذوب بات پر زور ڈالنے کے لئے بڑھایا ہے۔ ورنہ تمام صحابہ نقل دین میں معتبر ہیں۔ ان میں جھوٹ کا شائبہ تک نہیں۔

۲- جب نبی کریم ﷺ کمزور ہوگئے اور آپؐ نے محسوس کیا کہ بعض نوجوان سجدہ میں پہلے پہنچ جاتے ہیں تو آپؐ نے مقتدیوں کو ہدایت دی کہ وہ جلدی سجدے میں نہ جائیں، چنانچہ صحابہ نے احتیاط شروع کردی، جب آپ سجدہ میں سر رکھتے تب مقتدی جھکنا شروع کرتے۔ اور نبی ﷺ نے سجدہ میں سر رکھ دیا، اس کا اندازہ صحابہ آپؐ کو دیکھ کر ہی کرتے ہونگے۔ معلوم ہوا کہ مقتدی سامنے کی طرف اور امام کی طرف دیکھ سکتا ہے۔

مگر یہ استدلال بھی کمزور ہے اس لئے کہ دیکھ کر ہی اس کا اندازہ کرنا ضروری نہیں، جب نبی ﷺ سجدہ میں جائیں گے تو تکبیر کہتے ہوئے جائیں گے اور سجدہ میں سر رکھتے ہی تکبیر پوری ہوجائے گی، پس مقتدی سمجھ جائیں گے کہ آپؐ نے سجدہ میں سر رکھ دیا، آنکھ سے دیکھ کر ہی اندازہ کرنا ضروری نہیں، اور غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جو صحابہ آپؐ کے دائیں بائیں یا پیچھے ہونگے وہ آپؐ کو کیسے دیکھیں گے؟ وہ تکبیر کے ذریعہ ہی اندازہ کریں گے، پس یہ استدلال بھی محل نظر ہے۔

[۷۴۸-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ، فَصَلّٰى، فَقَالُوْا: يَا رسول اللّٰهِ! رَأَيْنَاكَ تَنَاوَلُ شَيْئًا فِيْ مَقَامِكَ، ثُمَّ رَأَيْنَاكَ تَكَعْكَعْتَ، فَقَالَ: "إِنِّيْ أُرِيْتُ الْجَنَّةَ، فَتَنَاوَلْتُ مِنْهَا عُنْقُوْدًا، وَلَوْ أَخَذْتُهُ لَأَكَلْتُمْ مِنْهُ مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا"

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں سورج گہن ہوا، پس آپ نے نماز پڑھی، نماز کے بعد صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم نے آپ کو دیکھا: آپ اپنی جگہ سے کوئی چیز لینے کا ارادہ کررہے ہیں، پھر ہم نے آپ کو دیکھا کہ آپ پیچھے ہٹے (اس کی وجہ کیا تھی؟) آپ نے فرمایا: مجھے جنت دکھائی گئی پس میں نے اس میں سے (انگور کا) ایک خوشہ لینے کا ارادہ کیا اگر میں اس کو لے لیتا تو تم رہتی دنیا تک اس کو کھاتے (کیونکہ جنت کی نعمتیں فنا نہیں ہوتیں)

استدلال: یہ ہے کہ صحابہ نے دورانِ نماز نبی ﷺ کو دیکھا جبھی ان کو پتہ چلا کہ آپ نے کچھ لینے کا ارادہ کیا اور جہنم کو دیکھ کر آپ پیچھے ہٹے، معلوم ہوا کہ مقتدی سامنے کی طرف اور امام کی طرف دیکھ سکتا ہے۔ مگر یہ استدلال بھی کمزور ہے، کیونکہ ساری مسجد نے آپ کی یہ کیفیت دیکھی تھی: اس کی کوئی دلیل نہیں، اور جو لوگ امام کے بالکل پیچھے ہوتے ہیں: وہ بغیر دیکھے بھی ان احوال سے واقف ہوجاتے ہیں، اور سوال کرنے کے لئے ایک مقتدی کا واقف ہونا کافی ہے۔

[٧٤٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّى لَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ رَقِيَ الْمِنْبَرَ، فَأَشَارَ بِيَدَيْهِ قِبَلَ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، ثُمَّ قَالَ: "لَقَدْ رَأَيْتُ الآنَ مُنْذُ صَلَّيْتُ لَكُمُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، مُمَثَّلَتَيْنِ فِيْ قِبْلَةِ هٰذَا الْجِدَارِ، فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ فِيْ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ" ثَلَاثًا. [راجع: ٩٣]

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے نماز (کسوف) پڑھائی پھر آپ منبر پر چڑھے اور اپنے دونوں ہاتھوں سے مسجد کے قبلہ کی طرف اشارہ کیا پھر فرمایا: ”بخدا! میں نے ابھی جنت اور جہنم دیکھیں جب میں نے تمہیں نماز پڑھائی، دونوں نے پیکرِ محسوس اختیار کیا ہوا تھا مسجد کے قبلہ کی جانب میں، پس نہیں دیکھا میں نے آج جیسا اچھا اور برا دن! یہ بات تین مرتبہ فرمائی۔

تشریح: مُمَثَّلَة (اسم مفعول): پیکرِ محسوس اختیار کی ہوئی، پیکر: صورت، محسوس: نظر آنے والی۔ یہ خارجی جنت وجہنم نہیں تھیں، بلکہ ان کا فوٹو تھا یعنی عالم مثال کی جنت وجہنم ہیں —— **قولہ: فلم أر**: جنت آخری درجہ کی خیر (اچھائی) ہے، اور جہنم شر (برائی) دونوں چیزیں بیک وقت دیکھیں۔

استدلال: جب جنت وجہنم جدار قبلی میں سامنے لائی گئیں تو نبی ﷺ نے ان کو دیکھا، معلوم ہوا کہ حالتِ قیام میں سجدہ کی جگہ ہی دیکھنا ضروری نہیں، سامنے بھی دیکھ سکتے ہیں۔

جواب: یہ ایک ضرورت تھی اور ضرورت کے وقت سامنے دیکھ سکتے ہیں، یا سامنے آنے والی چیز خود بخود نظر پڑتی ہے، پس اس سے علی الاطلاق سامنے دیکھنے کے جواز پر استدلال کرنا صحیح نہیں۔

بابُ رَفْعِ الْبَصَرِ إِلٰی السَّمَاءِ فِیْ الصَّلاَۃِ

نماز میں آسمان کی طرف دیکھنا

نماز میں آسمان کی طرف دیکھنا بالاتفاق مکروہ ہے، ابن حزم ظاہری اس کو مفسد صلوٰۃ کہتے ہیں، مگر کسی نے ان کی موافقت نہیں کی، اور نماز سے باہر دعا کے وقت آسمان کی طرف دیکھنا بعض کے نزدیک جائز ہے اور بعض اس کو بھی مکروہ کہتے ہیں۔

[۹۲-] بابُ رَفْعِ الْبَصَرِ إِلٰی السَّمَاءِ فِیْ الصَّلاَۃِ

[۷۵۰-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ عَرُوْبَۃَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَۃُ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِکٍ حَدَّثَہُ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: " مَابَالُ أَقْوَامٍ یَرْفَعُوْنَ أَبْصَارَھُمْ إِلٰی السَّمَاءِ فِیْ صَلاَتِھِمْ؟" فَاشْتَدَّ قَوْلُہُ فِیْ ذٰلِکَ حَتّٰی قَالَ: " لَیَنْتَھِیَنَّ عَنْ ذٰلِکَ أَوْ لَتُخْطَفَنَّ أَبْصَارُھُمْ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: کیا بات ہے: کچھ لوگ اپنی نمازوں میں آسمان کی طرف نظر اٹھاتے ہیں، پھر آپؐ کی ڈانٹ سخت ہوگئی اس معاملہ میں، یہاں تک کہ فرمایا: ضرور لوگ رک جائیں ایسا کرنے سے یا اللہ تعالیٰ ان کی آنکھیں اچک لیں گے، یعنی اندھا کردیں گے۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے امت متفق ہے کہ نماز میں آسمان کی طرف دیکھنا مکروہ تحریمی ہے............**قولہ: فاشتد قولہ فی ذلک**: یعنی جملہ مابال بھی ڈانٹ تھا، مگر وہ ہلکی ڈانٹ تھی، پھر لہجہ سخت ہوگیا اور فرمایا: اس حرکت سے باز آجائیں ورنہ اندھے کردیئے جائیں گے!

بابُ الاِلْتِفَاتِ فِیْ الصَّلاَۃِ

نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنا

نماز میں بےضرورت اِدھر اُدھر دیکھنا مکروہ ہے، ایک ہے سجدہ کی جگہ دیکھنا یا آگے دیکھنا اس کا باب گذر چکا۔ اور ایک ہے نماز میں دائیں بائیں دیکھنا، یہ مکروہ ہے، حدیث شریف میں اس کو اختلاس (ربودگی) کہا گیا ہے یعنی جھپٹ لینا۔ بچے کے ہاتھ میں روٹی تھی، چیل جھپٹ کرلے گئی یہ اختلاس ہے، نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنے سے نماز ناقص ہوتی ہے۔ شیطان آدمی کی نماز میں سے کچھ حصہ جھپٹ لیتا ہے۔

[۹۳-] بابُ الاِلْتِفَاتِ فِیْ الصَّلاَۃِ

[۷۵۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ سُلَیْمٍ، عَنْ أَبِیْہِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ،

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الِالْتِفَاتِ فِي الصَّلَاةِ. فَقَالَ:" هُوَ اخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُهُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلَاةِ الْعَبْدِ" [انظر: ٣٢٩١]

حدیث: حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنے کے بارے میں پوچھا، آپؐ نے فرمایا: ''وہ جھپٹ لینا ہے، شیطان بندے کی نماز میں سے جھپٹ لیتا ہے!''

[٧٥٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى فِي خَمِيصَةٍ، لَهَا أَعْلَامٌ، فَقَالَ:" شَغَلَتْنِي أَعْلَامُ هٰذِهِ، اذْهَبُوْا بِهَا إِلٰى أَبِي جَهْمٍ، وَأْتُوْنِي بِأَنْبِجَانِيَّةٍ" [راجع: ٣٧٣]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے، اور اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ نماز میں معمولی التفات یا غیر اختیاری التفات بھی نماز میں خطرہ پیدا کرتا ہے، جو شخص بالقصد دائیں بائیں دیکھتا ہے اس کی نماز ناقص ہوتی ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پھول بوٹے والی چادر اوڑھ کر نماز پڑھی، نماز کے بعد وہ چادر اتار دی اور فرمایا: اسے ابوجہمؓ کے پاس لے جاؤ اور ان کی سادہ چادر انجانیہ لے آؤ، اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ نماز میں اس چادر کے بوٹوں نے مجھے اپنی طرف متوجہ کرلیا، یہ غیر اختیاری یا معمولی التفات تھا، پھر بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ چادر بدل لی، معلوم ہوا کہ اس سے بھی نماز میں خطرہ پیدا ہوتا ہے، مگر حضرت ابوجہمؓ کو یہ ہدایت نہیں فرمائی کہ وہ اس کو نماز میں استعمال نہ کریں، کیونکہ نزدیکاں را بیشتر بود حیرانی! اللہ کے مقبول بندوں کو زیادہ احتیاط کرنی پڑتی ہے، کسی نے کہا ہے: حَسنَاتُ الأبرار سیئات المقرّبین: نیکوں کی نیکیاں مقرب بندوں کی سیئات ہیں! اس لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے لئے تو پسند نہیں کی مگر ابوجہمؓ کو منع بھی نہیں کیا۔ معلوم ہوا کہ منقش چادر اوڑھ کر یا تصویر والا مصلی بچھا کر نماز پڑھنے سے نماز ناقص نہیں ہوگی، مگر اس کا خطرہ ضرور پیدا ہوتا ہے۔

بَابٌ: هَلْ يَلْتَفِتُ لِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ؟ أَوْ يَرَى شَيْئًا أَوْ بُصَاقًا فِي الْقِبْلَةِ

کیا ناگہانی ضرورت سے دائیں بائیں دیکھ سکتا ہے؟ یا جدار قبلی میں کوئی چیز یا تھوک دیکھے

اس باب میں امام بخاری رحمہ اللہ ضروری التفات کو مستثنیٰ کرنا چاہتے ہیں خواہ وہ اختیاری ہو یا غیر اختیاری، اور باب میں تین روایتیں ہیں:

پہلی روایت حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی ہے، مرض وفات میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم دو آدمیوں کے سہارے مسجد میں تشریف لائے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپؐ کو دیکھا تو پیچھے ہٹنے لگے، آپؐ نے اشارہ کیا کہ رک جائیں، پھر آپؐ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بائیں جانب بٹھا دیا گیا اور آپؐ نے نیا بَۂ نماز پڑھانی شروع کی، حضرت ابوبکرؓ زور

سے تکبیریں کہتے تھے۔غرض جب آنحضور ﷺ قریب آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جھانک کر آپؐ کو دیکھا۔

اور دوسری روایت یہ ہے کہ نبی پاک ﷺ نے نماز پڑھاتے ہوئے جدار قبلی میں رینٹ یا تھوک دیکھا جو خشک ہو گیا تھا، نماز کے بعد آپؐ نے بذاتِ خود اس کو کھرچ کر صاف کیا، پھر فرمایا: ''جب آدمی نماز پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے سامنے ہوتے ہیں اس لئے ہرگز کوئی شخص نماز میں سامنے کی طرف نہ تھوکے، اگر اچانک تھوکنے کی ضرورت پیش آئے تو بائیں طرف تھوکے یا پیر کے نیچے تھوکے'' اس روایت میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ نے نماز پڑھاتے ہوئے جدار قبلی میں تھوک دیکھا۔

اور تیسری روایت یہ ہے کہ جس دن آنحضور ﷺ کی وفات ہوئی، آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے دروازے پر کھڑے ہوئے، مسجد میں فجر کی نماز ہو رہی تھی، آپؐ نے مسجد کا منظر دیکھا اور خوش ہوئے، صحابہ کو چونکہ بہت دنوں سے آپؐ کی زیارت نہیں نصیب ہوئی تھی، اس لئے وہ قریب تھے کہ خوشی سے نماز توڑ بیٹھیں، آپؐ نے اشارہ فرمایا کہ نماز پوری کریں، پھر آپؐ نے پردہ چھوڑ دیا، نماز کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ گھر میں گئے اور باہر آ کر لوگوں کو خوشخبری سنائی کہ آج آپؐ کی طبیعت بہت اچھی ہے لوگ خوش خوش گھر لوٹ گئے، اس میں بھی صراحت ہے کہ صحابہ نے نماز میں آنحضور ﷺ کو دیکھا، پس معلوم ہوا کہ ضروری التفات کی خواہ اختیاری ہو یا غیر اختیاری: گنجائش ہے۔

[٩٤-] بابٌ: هَلْ يَلْتَفِتُ لِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ؟ أَوْ يَرَى شَيْئًا أَوْ بُصَاقًا فِي الْقِبْلَةِ

وَقَالَ سَهْلٌ: الْتَفَتَ أَبُوْ بَكْرٍ رضى الله عنه، فَرَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

[٧٥٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ: " رَأَى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم نُخَامَةً فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، وَهُوَ يُصَلِّي بَيْنَ يَدَيِ النَّاسِ، فَحَتَّهَا، ثُمَّ قَالَ حِيْنَ انْصَرَفَ: " إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَاكَانَ فِي الصَّلاَةِ، فَإِنَّ اللهَ قِبَلَ وَجْهِهِ، فَلاَ يَتَنَخَّمَنَّ أَحَدٌ قِبَلَ وَجْهِهِ فِي الصَّلاَةِ" —— رَوَاهُ مُوْسَى ابْنُ عُقْبَةَ، وَابْنُ أَبِي رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ. [راجع: ٤٠٦]

[٧٥٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: بَيْنَمَا الْمُسْلِمُوْنَ فِي صَلاَةِ الْفَجْرِ، لَمْ يَفْجَأْهُمْ إِلاَّ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، كَشَفَ سِتْرَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، فَنَظَرَ إِلَيْهِمْ وَهُمْ صُفُوْفٌ، فَتَبَسَّمَ يَضْحَكُ، وَنَكَصَ أَبُوْ بَكْرٍ رضى الله عنه عَلَى عَقِبَيْهِ، لِيَصِلَ لَهُ الصَّفَّ، فَظَنَّ أَنَّهُ يُرِيْدُ الْخُرُوْجَ، وَهَمَّ الْمُسْلِمُوْنَ أَنْ يَفْتَتِنُوْا فِي صَلاَتِهِمْ، فَأَشَارَ إِلَيْهِمْ: أَتِمُّوْا صَلاَتَكُمْ، وَأَرْخَى السِّتْرَ، وَتُوُفِّيَ مِنْ آخِرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ. [راجع: ٦٨٠]

قوله: هل يَلْتَفِتُ لِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ؟: کیا آدمی دائیں بائیں دیکھ سکتا ہے، کسی ایسے امر کی وجہ سے جو اس پر اترا؟ مثلاً نماز کے دوران کوئی چیز کپڑے پر گری، اس نے دیکھا کہ کیا گرا؟ یہ ضروری التفات ہے.........أو يَرَى شيئًا: یا قبلہ میں کوئی

چیز دیکھی، یا تھوک دیکھا یہ بھی ضروری التفات ہے، خواہ اس کو اختیاری کہیں یا غیر اختیاری، غرض ضروری التفات کو امام بخاریؒ نے مستثنیٰ کیا ہے۔

قولہ: وهو يُصَلِّيْ بين يدى الناس: نبی ﷺ نے نماز پڑھاتے ہوئے نخامہ دیکھا، یہ غیر اختیاری التفات کی مثال ہے...... فَحَتَّها: فاء تعقیب مع الوصل کے لئے ہے یعنی نماز سے فارغ ہوتے ہی نبی ﷺ نے اس تھوک کو کھرچ دیا۔

قولہ: لم يفجأهم إلا رسولُ اللّٰهِ: اچانک ان کے سامنے نہیں آئے مگر حضور ﷺ یعنی لوگوں نے اچانک نبی ﷺ کو دروازے پر دیکھا.......... كشف ستر حجرة عائشة: یہ سابقہ جملہ کی تفسیر ہے.......... فتبسم يضحك: نبی ﷺ پہلے مسکرائے پھر ہنسے، مسکرانا ابتدائی درجہ ہے اس سے اوپر ہنسنا ہے اور آخری درجہ قہقہہ ہے، مسکرانے میں صرف ہونٹ کھلتے ہیں، آواز پیدا نہیں ہوتی، اور ہنسنے میں آواز پیدا ہوتی ہے جس کو آدمی خود سنتا ہے دوسرا نہیں سنتا۔ اور جس ہنسنے کی آواز دوسرا سنے وہ قہقہہ ہے.......... ونَكَصَ أبو بكر: ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آنحضور ﷺ کی آمد کی خبر ہی نہیں ہوئی تھی نماز کے بعد لوگوں نے آپؓ کو بتایا تھا اور یہاں ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو دیکھا، اس لئے حضرت ابوبکرؓ پیچھے ہٹنے لگے، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے.......... لِيَصِلَ له الصف: تاکہ ملادیں آپؐ کے لئے صف یعنی حضرت ابوبکرؓ صف میں چلے جائیں اور آپؐ امام کی جگہ آجائیں .... فظن أنه يريد الخروج: یہ فاء ترتیب ذکری کے لئے ہے یعنی حضرت ابوبکرؓ نے یہ خیال کیا کہ نبی ﷺ نکلنا چاہتے ہیں اس لئے پیچھے ہٹنے لگے .... وهَمَّ المسلمون: مسلمانوں نے ارادہ کیا کہ وہ نماز میں فتنہ میں مبتلا ہوجائیں یعنی نماز توڑ بیٹھیں.......... أرخى الستر: آپؐ نے پردہ ڈال دیا۔

بابُ وُجُوْبِ الْقِرَاءَةِ لِلإِمَامِ وَالْمَأْمُوْمِ، فِيْ الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا:

فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ، وَمَا يُجْهَرَ فِيْهَا وَمَا يُخَافَتُ

امام اور مقتدی کے لئے قراءت ضروری ہے، سبھی نمازوں میں: حضر میں بھی

اور سفر میں بھی، جہری نمازوں میں بھی اور سری نمازوں میں بھی

امام بخاری رحمہ اللہ کا یہ باب بہت اہم ہے، غیر مقلدین نے اس باب کو فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ سے جوڑ دیا ہے، حالانکہ اُس مسئلہ سے اِس باب کا کچھ تعلق نہیں، اس لئے اس باب کو بغور پڑھنا چاہئے۔

باب کی وضاحت

باب وجوب: امام بخاری رحمہ اللہ نے لفظ واجب استعمال کیا ہے، فرض استعمال نہیں کیا، اور فرض وواجب کے درمیان

ائمہ ثلاثہ اور امام بخاریؒ کے نزدیک کوئی خاص فرق نہیں۔ دونوں کا ایک ہی مفہوم ہے، البتہ حنفیہ دونوں میں فرق کرتے ہیں وہ واجب کو فرض سے ایک درجہ نیچے رکھتے ہیں اور دیگر ائمہ کے نزدیک علی وجہ البصیرت واجب کا کوئی درجہ نہیں۔

قولہ: القراءۃ: باب میں دوسرا لفظ ہے القراءۃ: یہ قراءتِ فاتحہ سے عام ہے، یہاں لمحۂ فکریہ پیدا ہونا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے لفظ فاتحہ کیوں استعمال نہیں کیا؟ قراءتِ قرآن تو قراءتِ فاتحہ سے عام ہے وہ فاتحہ اور سورت دونوں کو شامل ہے، پھر حضرتؒ نے لفظ قراءت کیوں استعمال کیا، لفظ فاتحہ کیوں استعمال نہیں کیا؟ اس سوال سے صرف نظر نہیں کرسکتے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قراءت کا مصداق سورت پڑھنا ہے، فاتحہ کو لفظ قراءت شامل نہیں، چنانچہ جتنی روایتیں حنفیہ کی دلیل ہیں، مثلاً: إذا قَرأ فأَنصتوا: ان کا مطلب ائمہ ثلاثہ یہ لیتے ہیں کہ جب امام سورت پڑھے تو مقتدی خاموش رہے، مقتدی سورت نہ پڑھے، اسی طرح: من کان له إمامٌ فقراءۃُ الإمام له قراءۃ: کا مطلب بھی یہی لیتے ہیں کہ امام کا سورت پڑھنا مقتدیوں کے حق میں محسوب ہے، فاتحہ کو وہ قراءت نہیں گنتے۔ احناف کی تمام دلیلوں کا ان کے پاس ایک ہی جواب ہے، مگر یہ بات ان کے لاشعور میں ہے، زبان سے وہ اس کا اعتراف نہیں کرتے، کیونکہ فاتحہ کو قراءت سے مستثنیٰ کرنا بڑا مشکل معاملہ ہے۔

اور ائمہ ثلاثہ کی دلیل لوگوں کا عرف ہے، جب کسی سے پوچھتے ہیں: آج عشاء کی نماز میں امام نے کیا قراءت کی؟ تو مخاطب سورت بتاتا ہے، فاتحہ نہیں بتاتا، کیونکہ عرف میں فاتحہ قراءت میں شامل نہیں، مگر میرے خیال میں امام بخاریؒ کا یہ نظریہ نہیں، حضرت نے بالقصد لفظ قراءت استعمال کیا ہے۔

فاتحہ اور قراءت کے درمیان عام خاص مطلق کی نسبت ہے، فاتحہ پڑھنا خاص ہے اور قراءت یعنی پورے قرآن میں سے کہیں سے پڑھنا جس میں فاتحہ بھی شامل ہے عام ہے۔ اور خاص کے ضمن میں عام پایا جاتا ہے مگر عام کے ضمن میں خاص نہیں پایا جاتا، مثلاً انسان اور حیوان میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے، پس ھٰذا إنسان سے حیوان ہونا خود بخود ثابت ہوگا، اور ھٰذا فرس سے صرف حیوان ہونا ثابت ہوگا، انسان ہونا جو کہ خاص ہے ثابت نہیں ہوگا، اسی طرح فاتحہ کے ضمن میں قراءت خود بخود شامل ہوگی، کیونکہ فاتحہ خاص ہے اور قراءت عام ہے مگر حضرت رحمہ اللہ نے خاص لفظ استعمال نہیں کیا عام لفظ استعمال کیا ہے اور عام کے ضمن میں خاص نہیں پایا جاتا پس فاتحہ کا تذکرہ اس باب میں خصوصیت کے ساتھ نہیں کیا، اس لئے اس باب کو فاتحہ اور فاتحہ خلف الامام کے مسائل سے نہیں جوڑا جاسکتا۔

اور غیر مقلدین کا دعوی یہ ہے کہ مقتدی پر فاتحہ کی فرضیت بخاری شریف سے ثابت ہے، ان سے پوچھو: بخاری میں کہاں ہے؟ وہ یہی باب کھولیں گے، اب ان سے کہو کہ باب میں تو لفظ قراءت ہے، امام بخاریؒ نے قراءت کا وجوب ثابت کیا ہے فاتحہ کا لفظ کہاں ہے؟ وہ بغلیں جھانکیں گے! پھر جب ہوش آئے گا تو کہیں گے: باب میں جو تین حدیثیں ہیں ان میں سے ایک حدیث ہے: لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب: اس سے فاتحہ کی فرضیت ثابت ہوتی ہے، ان سے

پوچھو: حدیث میں مقتدی کا لفظ کہاں ہے؟ دعوی تو یہ ہے کہ مقتدی پر فاتحہ فرض ہے۔ حدیث میں مقتدی کا لفظ کہاں ہے؟ اگر وہ کہیں کہ مَن عام ہے اس لئے حدیث مقتدی کو بھی شامل ہے تو کہو: مَن ہمیشہ عام نہیں ہوتا خاص بھی ہوتا ہے جیسے ما عام بھی ہوتا ہے اور خاص بھی ﴿فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ﴾ میں کیا مَا عام ہے؟ کیا بہن بیٹی اس میں شامل ہیں؟ معلوم ہوا کہ مَا اور من ہر جگہ عام نہیں ہوتے اس کے لئے دلیل ضروری ہے۔

درحقیقت اس باب کا مقتدی کے فاتحہ کے مسئلہ سے کچھ تعلق نہیں، اور اس باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے حنفیہ کی موافقت کی ہے، حنفیہ بھی یہی کہتے ہیں کہ نماز میں مطلق قراءت فرض ہے اور فاتحہ اور ضم سورت واجب ہیں، پس اگر کوئی صرف فاتحہ پڑھے تو نماز ہو جائے گی کیونکہ قراءت جو فرض ہے فاتحہ کے ضمن میں متحقق ہو گئی، اور ضم سورت واجب ہے اس کے سہواً ترک سے سجدۂ سہو واجب ہوگا۔

قولہ: للإمام والمأموم: امام پر بھی قراءت فرض ہے اور مقتدی پر بھی، منفرد کا ذکر نہیں کیا، کیونکہ اس کا ذکر ضمناً آ گیا، پہلے بتایا ہے کہ احناف کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ جماعت کی نماز میں امام واسطہ فی العروض ہے، یعنی جماعت کی نماز شئ واحد ہے اور وصفِ صلوٰۃ کے ساتھ حقیقتاً امام متصف ہے، اور امام کے واسطہ سے مقتدی بالعرض متصف ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام واسطہ فی الثبوت ہے یعنی امام اور مقتدی دونوں نماز کے ساتھ بالذات اور حقیقۃً متصف ہیں، صرف اول وثانی کا فرق ہے۔ امام نماز کے ساتھ اولاً متصف ہے اور مقتدی ثانیاً، یعنی جماعت کی نماز تسبیح کے دانوں کی طرح ہے جو ایک دھاگے میں پیروئے ہوئے ہیں، تسبیح کا ہر دانہ مستقل ہے دوسرے دانہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں، جماعت کی نماز کا بھی یہی حال ہے اور غالباً امام بخاریؒ کا بھی یہی رجحان ہے۔ پس امام اور مقتدی میں سے ہر ایک منفرد بھی ہوا۔

علاوہ ازیں: دلالتِ اَولیٰ سے بھی منفرد پر قراءت کا ثبوت ہو جاتا ہے، جب مقتدی پر قراءت فرض ہے تو منفرد پر بدرجہ اولیٰ فرض ہوگی، اس لئے امام بخاریؒ نے منفرد کا تذکرہ نہیں کیا۔

اور اتصاف کی دو قسمیں ہیں: اتصاف حقیقی اور اتصاف حکمی، اتصاف حقیقی واضح ہے اور اتصاف حکمی یہ ہے کہ مقتدی کو قراءت کے ساتھ حکماً متصف مانا جائے، جیسے مدرک رکوع کو سبھی فاتحہ کے ساتھ حکماً متصف مانتے ہیں، جو شخص رکوع میں شریک ہوا اس نے رکعت پالی، کیونکہ حدیث میں ہے: مدرکِ رکوع مدرکِ رکعت ہے، سوال یہ ہے کہ مقتدی نے فاتحہ کہاں پڑھی؟ جواب یہ ہے کہ امام کا پڑھنا اس کے حق میں محسوب ہے۔ غرض اتصاف حکمی کو فی الجملہ سب تسلیم کرتے ہیں، پس یہاں بھی امام کا اتصاف قراءت کے ساتھ حقیقی ہے اور مقتدی کا حکمی۔

قولہ: فی الصَّلَوَات کلِّها: تمام نمازوں میں: خواہ فرض وواجب نمازیں ہوں یا نفل، اور خواہ حضر کی نماز ہو یا سفر کی، اور خواہ سری نماز ہو یا جہری: تمام نمازوں میں قراءت فرض ہے، امام پر بھی اور مقتدی پر بھی۔ البتہ امام ومنفرد پر حقیقتاً فرض ہے اور مقتدی پر حکماً۔

ملحوظہ: نماز کی ہر رکعت علاحدہ نماز ہے، اور دو رکعتوں کا مجموعہ شفعہ (جوڑی) ہے، پس اگر کسی کے ذہن میں سوال پیدا ہو کہ فرضوں کی آخری رکعتوں میں قراءت فرض نہیں، پھر فی الصلوات کلھا کیسے کہا؟ تو جواب یہ ہےکہ امام بخاری رحمہ اللہ کی مراد فی الصلوات کلھا سے عام نہیں، اور فرضوں کی آخری دو رکعتوں میں قراءت واجب نہ ہونے کا مسئلہ منصوص ہے، آگے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہ مسئلہ آرہا ہے (دیکھیں حدیث ٧٧٦)

قولہ: وما یُجهر: اس کا عطف الحضر پر ہے، اور فی مقدر ہے أی: وفیما یُجهر فیھا، وفیما یخافت فیھا۔

خلاصۂ کلام:

اس باب میں امام بخاریؒ نے تین باتیں بیان کی ہیں:

اول: ہر نمازی پر قراءت فرض ہے، نمازی تین ہیں: امام، منفرد اور مقتدی، کسی پر قراءت حقیقۃً فرض ہے، اور کسی پر حکماً۔

دوم: ہر نماز میں قراءت فرض ہے، خواہ فرض وواجب ہو یا نفل، اور خواہ سفر کی نماز ہو یا حضر کی، اور خواہ جہری نماز ہو یا سری: ہر نماز میں قراءت فرض ہے۔

سوم: مطلق قراءت فرض ہے بالتخصیص فاتحہ فرض نہیں، اور قراءت عام ہے اس کے ضمن میں فاتحہ بھی داخل ہے، پس امام بخاریؒ نے حنفیہ کی موافقت کی ہے، احناف بھی مطلق قراءت کو فرض کہتے ہیں، بالتخصیص فاتحہ کو فرض نہیں کہتے، پس باب کا فاتحہ فی الصلوٰۃ اور فاتحہ خلف الامام کے مسائل سے کچھ تعلق نہیں۔

باب کی احادیث:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں تین حدیثیں ہیں، دوسری حدیث ہے: **لاصلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب**: اس کا باب سے تعلق یہ ہے کہ مطلق قراءت اور قراءت فاتحہ میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے، مطلق قراءت عام ہے اور قراءت فاتحہ خاص ہے اور خاص کے ضمن میں عام پایا جاتا ہے۔ پس فاتحہ پڑھنے سے قراءت کا تحقق ہوجائے گا، کیونکہ خاص کے ضمن میں عام کا تحقق ہوجاتا ہے، اس طرح حدیث کا باب سے تعلق ہوجائے گا۔ اور باقی دو حدیثوں کا باب سے تعلق واضح ہے۔

پہلی حدیث کا خلاصہ: حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کوفہ کے گورنر تھے، کوفہ والوں نے حضرت عمرؓ سے ان کی چند شکایتیں کیں، ان میں سے ایک شکایت یہ تھی کہ وہ نماز ٹھیک سے نہیں پڑھاتے، حضرت عمرؓ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو گورنر بنا کر بھیجا اور حضرت سعدؓ کو واپس بلالیا۔ جب حضرت سعدؓ آئے تو حضرت عمرؓ نے ان سے کہا: ابواسحاق! کوفہ والوں نے تمہاری شکایت کی یہاں تک کہ یہ بھی شکایت کی کہ تم نماز ٹھیک سے نہیں پڑھاتے، کوفہ والوں نے شکایت کی تھی کہ شام کی نمازوں میں یعنی ظہر اور عصر میں پہلی دو رکعتوں

میں بہت دیر تک کھڑے رہتے ہیں اور آخری دو رکعتیں جلدی جلدی پڑھا دیتے ہیں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے جس طرح نبی ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھا ہے اسی طرح پڑھاتا ہوں اس میں ذرہ بھر کمی نہیں کرتا، پہلی دو رکعتوں میں سوجاتا ہوں یعنی طویل پڑھاتا ہوں اور آخری دو رکعتیں ہلکی پڑھاتا ہوں، آخری رکعتوں میں صرف فاتحہ ہے، اس لئے وہ ہلکی ہیں، اور پہلی رکعتوں میں ظہر میں فجر جتنی قراءت ہے اور عصر میں عشاء جتنی، اس لئے وہ لمبی ہیں، اس کو حضرت سعدؓ نے اس طرح تعبیر کیا ہے کہ پہلی دو رکعتوں میں سوجاتا ہوں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپؐ کے بارے میں میرا یہی گمان تھا، آپ سنت کے خلاف نماز نہیں پڑھاتے ہونگے، اس کے بعد حضرت عمرؓ نے ایک شخص کو یا چند شخصوں کو حکم دیا کہ حضرت سعدؓ کو لے کر کوفہ جاؤ، اور ہر مسجد میں نماز کے بعد سعدؓ کو کھڑا کر کے پوچھو کہ ان کے بارے میں کیا شکایتیں ہیں؟ کسی نے کوئی شکایت نہیں کی، صرف بنو عبس کی مسجد میں ایک شخص نے جس کا نام اسامہ بن قتادہ اور کنیت ابوسعدۃ تھی تین شکایتیں کیں: پہلی شکایت: سعدؓ جنگ کے لئے سریے بھیجتے ہیں مگر خود شریک نہیں ہوتے —— حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو عرق النساء کی بیماری تھی، ان کے پیر میں شدید درد تھا، گھوڑے پر سوار ہونا اور میدانِ جہاد میں جانا ان کے لئے ممکن نہ تھا اسی لئے آپؓ نے جنگ قادسیہ بھی بلند جگہ پر بیٹھ کر لڑائی تھی۔

دوسری شکایت: مال کی تقسیم میں برابری نہیں کرتے اور تیسری شکایت یہ کی کہ اپنے فیصلوں میں انصاف نہیں کرتے۔ حضرت سعدؓ نے تین دعائیں دیں: اے اللہ! اگر یہ شخص جھوٹا ہے اور شہرت کے لئے کھڑا ہوا ہے تو اس کی زندگی لمبی کر، اس کی غریبی لمبی کر اور اس کو فتنوں سے دوچار کر، تین شکایتوں کے بدلہ میں تین بددعائیں دیں، چنانچہ اس بدنصیب کی عمر اتنی لمبی ہوئی کہ بھویں آنکھوں پر گر پڑیں، کوئی چیز دیکھنی ہوتی تو بھوؤں کو اٹھا کر دیکھتا، اور راستوں میں لوگوں سے مانگتا پھرتا اور باندیوں کو راستہ میں چھیڑتا، اس زمانہ میں شرفاء کی عورتیں بے ضرورت گھر سے نہیں نکلتی تھیں اور باندیاں گھر کی ضروریات کے لئے نکلتی تھیں وہ راستہ میں باندیوں کو چھیڑتا، لوگ اسے برا بھلا کہتے وہ جواب دیتا: سعد کی بددعا لگ گئی ہے!

اس واقعہ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے یہ جواب دیا ہے کہ میں نے جس طرح نبی ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھا ہے اسی طرح نماز پڑھاتا ہوں، پہلی دو رکعتوں میں بہت طویل قراءت کرتا ہوں اور دوسری دو رکعتوں میں ہلکی، معلوم ہوا کہ قراءت فرض ہے خواہ سری نماز ہو یا جہری۔ خیال رہے کہ باب کی کسی بھی ایک روایت سے سارا باب ثابت نہیں ہوگا، مختلف روایتوں سے باب کے مختلف اجزاء ثابت ہوں گے۔

تیسری حدیث: کا نام ہے: حدیثُ المُسِيْءِ صلاتَه: (خراب نماز پڑھنے والے کا واقعہ) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے، آپؐ کی مجلس ہو رہی تھی، ایک شخص آیا، اس نے تحیۃ المسجد پڑھی (نسائی میں اس کی صراحت ہے) اور ہلکی نماز پڑھی، یعنی تعدیل ارکان نہیں کیا۔ پھر وہ آنحضور ﷺ کی مجلس میں شرکت کے لئے آیا اور سلام کیا، آپؐ نے جواب دیا: وعلیك (یہ مختصر جواب ہے، سلام کے جواب میں صرف

وعلیك کہنا بھی کافی ہے) اور فرمایا: ''واپس جاؤ، پھر نماز پڑھو تم نے نماز نہیں پڑھی''، یعنی تمہاری نماز نہیں ہوئی، وہ واپس گیا اور دوبارہ نماز پڑھ کر آیا اور سلام کیا آپ ؐ نے جواب دیا اور وہی بات فرمائی، تین بار آپ ؐ نے اس کو لوٹایا، صحابہ اس کی نماز دیکھ رہے تھے اور سمجھ رہے تھے کہ وہ کیا غلطی کر رہا ہے، چنانچہ صحابہ سہم گئے اور ان پر یہ بات شاق گذری کہ جو تعدیل ارکان نہ کرے اس کی نماز نہیں ہوتی۔ تیسری مرتبہ کے بعد اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ ؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں تو ایسی ہی نماز پڑھنا جانتا ہوں، آپ ؐ مجھے سکھلائیں کہ میں کس طرح نماز پڑھوں، آپ ؐ نے اس کو نماز سکھلائی اور جہاں اس نے غلطی کی تھی اس کو خاص طور پر بیان کیا۔ فرمایا: جب آپ نماز پڑھنے کا ارادہ کریں تو تکبیر کہیں، پھر جہاں سے آپ کے لئے آسان ہو قرآن پڑھیں (حدیث کا یہ جزء باب سے متعلق ہے فاتحہ بالتخصیص فرض نہیں، قراءت فرض ہے) پھر رکوع کریں اور باطمینان رکوع کریں یعنی اس میں ٹھہریں پھر سر اٹھا کر سیدھے کھڑے ہو جائیں کہ ہر ہڈی اپنی جگہ پر سیٹ ہو جائے، پھر سجدہ کریں اور اس میں ٹھہریں پھر سر اٹھائیں اور اطمینان سے بیٹھیں، اس طرح تمام رکعتیں پڑھیں۔

باب میں یہی تین حدیثیں ہیں اور صرف دوسری حدیث میں فاتحہ کا ذکر ہے مگر مقتدی کا کوئی ذکر نہیں، اور پہلی اور تیسری حدیث میں تو سرے سے فاتحہ کا ذکر ہی نہیں اس لئے واضح طور پر یہ سمجھ لیں کہ اس باب کا فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے ائمہ ثلاثہ کی موافقت نہیں کی، بلکہ احناف کی موافقت کی ہے۔

نماز کی حقیقت قراءت قرآن ہے:

حضرت نانوتوی قدس سرہ نے توثیق الکلام میں جس کی میں نے شرح لکھی ہے، جس کا نام ہے: ''کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟'' فرمایا ہے کہ نماز کی حقیقت و ماہیت قراءت ہے، قراءت ہی کے لئے نماز مشروع کی گئی ہے اور دیگر ارکان رکوع و سجود اور قیام و قعدہ وغیرہ حضوری دربار کے آداب ہیں، جیسے آدمی بادشاہ کے دربار میں جاتا ہے تو پہلے نہا دھو کر صاف ستھرا بنتا ہے، اچھے کپڑے پہنتا ہے پھر بارگاہ میں پہنچ کر سلام کرتا ہے پھر باادب درخواست پیش کرتا ہے اور جو جواب ملتا ہے اسے بغور سنتا ہے، پھر شکریہ ادا کر کے واپس چلا آتا ہے اُس حاضری کا مقصد عرض معروض کرنا ہوتا ہے، باقی چیزیں حضوری دربار کے آداب ہیں۔ سورۂ فاتحہ عرضی ہے اور پورا قرآن جواب ہے، بندہ عرض کرتا ہے: ﴿اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ﴾ ہمیں سیدھا راستہ دکھایئے، پھر قرآن میں سے کہیں سے پڑھا جاتا ہے وہ جواب ہے، کیونکہ ہدایت مجموعۂ قرآن کا وصف نہیں ہے بلکہ اس کا ہر ہر جز ہدایت ہے، اور یہ عرض معروض ہی نماز کی تمام حقیقت ہے اور وہی نماز کا اصل فرض ہے۔ اور جب قراءت یعنی عرض و معروض کا مجموعہ فرض ہے تو احد الامرین یعنی فاتحہ اور سورت بالتخصیص واجب ہونگے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے کہ مطلق قراءت فرض ہے فاتحہ بالتخصیص فرض نہیں۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فاتحہ فرض ہے اور سورت ملانا سنت ہے، یہ عجیب بات ہے، درخواست دینا تو فرض ہے مگر اس کا جواب سننا فرض

نہیں، جی چاہے تو جواب سنے اور جی نہ چاہے تو فاتحہ پڑھ کر رکوع کرلے، جب جواب سننا ہی نہیں تو درخواست کیوں دی؟ احناف کے نزدیک درخواست دینا بھی واجب ہے اور جواب سننا بھی واجب ہے اور دونوں کا مجموعہ قراءت ہے جو فرض ہے۔ امام بخاریؒ نے بھی قراءت کی فرضیت کا دعوی کیا ہے، ہر حال میں اور ہر نماز میں قراءت فرض ہے، امام ومنفرد پر بھی فرض ہے اور مقتدی پر بھی۔ امام ومنفرد پر حقیقتاً فرض ہے اور مقتدی پر حکماً، یہ اس باب کا حاصل ہے اور باب کو کما حقہ سمجھنے کے لئے اتنی تقریر کافی ہے لیکن مسئلہ میں بصیرت کے لئے چند باتیں اور عرض کرتا ہوں:

فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟

پہلی بات: دو مسئلے بالکل الگ الگ ہیں، ایک مسئلہ یہ ہے کہ فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟ نمازی کون ہے اس سے قطع نظر، ائمہ ثلاثہ رکنیت اور فرضیت کا تعلق تجویز کرتے ہیں اور احناف نے وجوب کا تعلق بیان کیا ہے، چونکہ ائمہ ثلاثہ نے فاتحہ کو غیر معمولی اہمیت دیدی ہے اس لئے ضم سورت پر اس کا اثر پڑا ہے اور ان حضرات نے اس کے سنت ہونے کی بات کہی ہے اور احناف نے توازن برقرار رکھا ہے، نفس قراءت کو فرض قرار دیا ہے اور فاتحہ اور سورت کو علی الخصوص واجب قرار دیا ہے۔

اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ فاتحہ کا کس نمازی سے تعلق ہے؟ نمازی تین ہیں: امام، مقتدی اور منفرد، امام اور منفرد سے تعلق ہونے کی بات تو سبھی کہتے ہیں اور مقتدی کے بارے میں اختلاف ہے، عام طور پر ان دونوں مسئلوں میں خلط ملط ہو گیا ہے جس سے دلائل میں الجھاؤ پیدا ہو گیا ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے دونوں مسئلوں کو الگ الگ بیان کیا ہے اور دونوں مسئلوں کے درمیان اکتالیس ابواب کا فصل رکھا ہے، یہ بہت اچھا کیا ہے۔

پہلا مسئلہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سورۂ فاتحہ کا نماز سے فرض اور رکن کا تعلق ہے اور احناف کے نزدیک واجب کا، فرض اور واجب میں عمل کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں، دونوں پر عمل ضروری ہے، چنانچہ دنیا کے تمام مسلمان خواہ حنفی ہوں، شافعی، مالکی، حنبلی ہوں: سب نماز میں ہر رکعت میں فاتحہ پڑھتے ہیں، فرق صرف تعبیر کا ہے، اگر حکم دلیل قطعی سے ثابت ہو تو وہ فرض کہلاتا ہے اور اگر دلیل ظنی سے ثابت ہو تو وہ واجب کہلاتا ہے، یہی فرق جانب ترک میں بھی ہے، اگر دلیل قطعی سے کسی چیز کی ممانعت ثابت ہو تو اس کو حرام کہتے ہیں اور اگر دلیل ظنی سے ممانعت ثابت ہو تو اس کو مکروہ تحریمی کہتے ہیں، نیز بعض مسائل اعتقادیہ اور بعض احکام فرعیہ میں بھی فرق پڑتا ہے، فرض وحرام کا انکار کرنے والا کافر ہے اور واجب اور مکروہ تحریمی کا انکار کرنے والا گمراہ ہے، اسی طرح بعض احکام فقہیہ میں بھی فرق پڑتا ہے، مثلاً: اگر فاتحہ فرض ہے تو جو شخص عمداً یا سہواً فاتحہ نہیں پڑھے گا اس کی نماز نہیں ہوگی، اور اگر فاتحہ واجب ہے تو عمد کی صورت میں نماز واجب الاعادہ ہوگی اور سہو کی صورت میں سجدۂ سہو سے تلافی ہو جائے گی۔

جاننا چاہئے کہ امام مالک رحمہ اللہ اگرچہ فاتحہ کو فرض کہتے ہیں مگر وہ اس پر واجب کے احکام جاری کرتے ہیں، چنانچہ

بھول کر فاتحہ نہ پڑھنے کی صورت میں نماز کو سجدۂ سہو کے بعد صحیح کہتے ہیں گویا امام مالک رحمہ اللہ کا ایک پیر احناف کے پالے میں بھی ہے۔

دلائل:

پہلی دلیل: حدیث لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب ہے، ائمہ ثلاثہ اس سے فاتحہ کی فرضیت ثابت کرتے ہیں، اور احناف وجوب ثابت کرتے ہیں۔ احناف کے نزدیک فرضیت ثابت کرنے کے لئے آیت کا صریح اور حدیث کا متواتر ہونا ضروری ہے یعنی دلیل کا قطعی الثبوت اور قطعی الدلالۃ ہونا ضروری ہے، خبر واحد سے خواہ اعلی درجہ کی صحیح ہو فرضیت ثابت نہیں ہوسکتی، کیونکہ اس کا ثبوت ظنی ہوتا ہے البتہ اگر خبر واحد صحیح ہو اور دلالت قطعی ہو تو اس سے جوب ثابت ہوسکتا ہے، مذکورہ حدیث صحیح ہے اور دلالت قطعی ہے اس لئے وجوب ثابت ہوگا، اور اگر ثبوت ظنی ہو تو فرضیت ثابت نہیں ہوگی۔ اور ائمہ ثلاثہ اعلیٰ درجہ کی خبر واحد سے فرضیت ثابت کرتے ہیں، اس لئے انھوں نے اس حدیث سے فاتحہ کی فرضیت ثابت کی ہے۔

اور بعض لوگ جو حدیث کی یہ توجیہ کرتے ہیں کہ لا نفی کمال کا ہے، علامہ کشمیری قدس سرہ نے اس توجیہ کو پسند نہیں کیا، کیونکہ ائمہ ثلاثہ لا نفی شیٔ کا لیتے ہیں اور ہم نفی کمال کا، پس دلالت قطعی نہیں رہی، اور ثبوت تو ظنی تھا ہی پس فاتحہ کا وجوب کیسے ثابت ہوگا؟ اور ثبوت بھی ظنی ہو اور دلالت بھی ظنی ہو تو استحباب ثابت ہوتا ہے حالانکہ احناف نے اس حدیث سے فاتحہ کا وجوب ثابت کیا ہے۔

دوسری دلیل: حدیثِ خداج ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: مَن صَلَّی صلوۃ لم یقرأ فیھا بأم القرآن فھی خداج غیرُ تمام (ترمذی حدیث ۳۲۲): جس نے کوئی نماز پڑھی اور اس میں فاتحہ نہیں پڑھی تو اس کی نماز ناقص ہے، ائمہ ثلاثہ خداج کا ترجمہ کرتے ہیں: نماز نہیں ہوئی اور غیر تمام کو مدرج مانتے ہیں یعنی یہ راوی نے بڑھایا ہے اس کا اعتبار نہیں، احناف کہتے ہیں: لفظ خداج کے یہ معنی صحیح نہیں، کیونکہ عورت یا جانور اگر مدت حمل پوری ہونے سے پہلے بچہ جن دے اور بچہ تام الخلق ہو تو مجرد سے خَدَجَتِ النَّاقۃُ اور خدَجت المرأۃُ کہتے ہیں اور اگر بچہ ناقص الخلق ہو خواہ مدت حمل پوری ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو باب افعال سے استعمال کرتے ہیں، کہتے ہیں: أَخْدَجَتِ الناقۃُ: اونٹنی نے ناتمام بچہ جنا۔ بہرصورت اس لفظ کے مفہوم میں ناتمامیت کے معنی ہیں، پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس نے نماز پڑھی اور اس میں سورۂ فاتحہ نہیں پڑھی تو اس کی نماز ناقص ہوئی، اور غیرُ تمامٍ: خداج کی تفسیر ہے خواہ یہ نبی ﷺ کا ارشاد ہو جیسا کہ احناف کہتے ہیں یا بعد میں کسی راوی نے بڑھایا ہو جیسا کہ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں، بہرصورت اس نے خداج کے معنی کی تعیین کی ہے، پس اس مسئلہ میں اختلاف دلائل کا نہیں ہے بلکہ نص فہمی اور طریق استدلال کا اختلاف ہے، انہی دونوں حدیثوں سے ائمہ ثلاثہ بھی استدلال کرتے ہیں اور احناف بھی، اختلاف صرف طریقۂ استدلال کا ہے۔

ایک اہم نحوی قاعدہ:

جوافعال لغت میں مفعول کی طرف بغیر حرفِ جر کے متعدی ہوتے ہیں: جب ان کو شریعت اپنی اصطلاح بناتی ہے تو وہ لازم بن جاتے ہیں، جیسے: قَرأ الکتاب لغت میں متعدی ہے جب شریعت نے اس کو نماز میں قراءت کے معنی میں لیا تو وہ لازم ہوگیا، کہا جائے گا: قرأ الإمامُ جهراً: اسی طرح أَوْتَرَ کے معنی ہیں: طاق بنانا، أوتر الأشیاء (چیزوں کو طاق بنایا) یہ متعدی بنفسہ ہے، پھر جب شریعت نے اس کو اپنی اصطلاح بنایا تو وہ لازم ہوگیا، کہا جائے گا: أوتر بعد العشاء، عشاء کے بعد وتر پڑھے۔

پھر جب دوبارہ ان کو متعدی بنایا جائے گا تو دوسرے افعال لازمہ کی طرح حرف جر کے ذریعہ ان کو متعدی بنائیں گے، جیسے اس حدیث میں قرأ کو فاتحة الکتاب کی طرف ب حرفِ جر کے ذریعہ متعدی کیا ہے اور حدیث فإذا خِفْتَ الصبحَ فَأَوْتِرْ برکعةٍ میں فعل إیتار کو ب کے ذریعہ متعدی کیا ہے۔

اور علامہ زمخشری رحمہ اللہ نے مفصل میں یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ شریعت جن افعال کو اپنی اصطلاح بناتی ہے، اور وہ لازم بن جاتے ہیں جب ان کو حرفِ جر کے ذریعہ متعدی کیا جائے گا تو ان میں اور لغت کے متعدی میں یہ فرق ہوتا ہے کہ لغت کا متعدی صرف مفعول پر واقع ہوتا ہے اور شریعت کا متعدی صرف مفعول (مجرور) پر واقع نہیں ہوتا بلکہ دوسری چیز کے ضمن میں مفعول پر واقع ہوتا ہے، پس قرأ بفاتحة الکتاب میں قرأ صرف فاتحہ پر واقع نہیں ہوگا، بلکہ کسی دوسری چیز کے ضمن میں واقع ہوگا، اسی طرح أَوْتِرْ برکعةٍ میں أوتر صرف ایک رکعت پر واقع نہیں ہوگا بلکہ دوسری چیز کے ضمن میں ایک رکعت پر واقع ہوگا، پس أوتر برکعة کے معنی ہونگے: ایک رکعت کو دو رکعت کے ساتھ ملا کر طاق بناؤ اور قرأ بفاتحة الکتاب کے معنی ہونگے: سورت کے ساتھ فاتحہ بھی پڑھو، یعنی فاتحہ اور سورت دونوں کا پڑھنا ضروری ہے، جب دونوں کا پڑھنا ضروری ہے تو کسی ایک کو فرض نہیں کہہ سکتے، بلکہ مطلق قراءت کو فرض کہیں گے جس کے ضمن میں فاتحہ بھی آجائے گا۔

فاتحہ کا کس نمازی سے تعلق ہے؟

دوسرا مسئلہ: فاتحہ کا کن نمازیوں کے ساتھ تعلق ہے؟ نمازی تین ہیں: امام، مقتدی اور منفرد، اور نمازیں دو ہیں: سری اور جہری۔ امام اعظم، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ کے نزدیک جہری نمازوں میں مقتدی پر نہ قراءت فرض ہے نہ فاتحہ، بلکہ تینوں ائمہ کے نزدیک مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا مکروہ ہے۔ احناف کا قول تو معروف ہے اور علامہ جزیری رحمہ اللہ نے کتاب الفقة علی المذاهب الأربعة (۱:۲۳۰) میں مالکیہ اور حنابلہ کے یہاں بھی کراہیت کا قول ہونے کی صراحت کی ہے، پھر امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جہری نماز میں مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا جائز نہیں، خواہ مقتدی امام کی قراءت سن رہا ہو یا نہ سن رہا ہو (کتاب الفقہ ۱:۲۵۴) اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اگر مقتدی امام کی قراءت سن رہا ہے

تب تو فاتحہ پڑھنا جائز نہیں، اور اگر اتنا دور ہے کہ امام کی آواز اس تک نہیں پہنچ رہی تو فاتحہ پڑھنا جائز ہے۔ اسی طرح امام کے سکتوں میں بھی فاتحہ پڑھنا جائز ہے (مغنی ۱:۲۰۵)

اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول قدیم یہ ہے کہ جہری نمازوں میں مقتدی پر فاتحہ پڑھنا فرض نہیں، اور قول جدید یہ ہے کہ فرض ہے، لیکن محققین کا خیال یہ ہے کہ جہری نمازوں میں آپ سے وجوب کا قول ثابت نہیں، چنانچہ امام شافعی رحمہ اللہ کے خاص شاگرد امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے کسی مسلمان سے یہ بات نہیں سنی کہ اس نے جہری نماز میں مقتدی پر فاتحہ کو واجب کہا ہو (مغنی ۱:۶۰۲) مگر حضرات شوافع جہری نمازوں میں بھی مقتدی پر فاتحہ فرض کہتے ہیں۔ علامہ نووی رحمہ اللہ نے شرح مہذب (۳:۳۶۴) میں دعوی کیا ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ سے جہری نمازوں میں مقتدی پر فاتحہ کا وجوب ثابت ہے اور آپ کا یہ قول کتاب الام میں ہے، مگر علامہ بنوری قدس سرہ نے معارف السنن (۳:۱۸۶) میں فرمایا ہے کہ میں نے کتاب الام میں یہ قول نہیں پایا۔

اور چونکہ سورۂ اعراف (آیت ۲۰۴) میں حکم ہے کہ جب قرآن پڑھا جائے تو اسے سنا جائے اور خاموش رہا جائے اس لئے حضرات شوافع نے استماع وانصات کے حکم کی وجہ سے یہ طریقہ تجویز کیا ہے کہ مقتدی امام کے ساتھ نہ پڑھے بلکہ امام کے سکتوں میں یا سکتۂ طویلہ میں پڑھے درانحالیکہ سکتۂ طویلہ کا ثبوت کسی ضعیف حدیث سے بھی نہیں۔ اور شوافع کا بیان کردہ فارمولہ صرف کاغذی ہے عملی دنیا میں سب امام کے ساتھ پڑھتے ہیں جس کی وجہ سے قرآن کے حکم کی مخالفت لازم آتی ہے۔

سری نمازوں کا حکم:

اور سری نمازوں میں امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا مستحب ہے، فرض یا واجب نہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک فرض ہے اور آپ کا یہ قول ثابت ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ سے اس سلسلہ میں کوئی صریح قول مروی نہیں، اور مشائخ احناف کے اس سلسلہ میں پانچ قول ہیں: ایک قول وجوب کا بھی ہے یعنی مقتدی پر سری نماز میں فاتحہ پڑھنا واجب ہے۔ دوسرا قول ندب (استحباب) کا ہے، صاحبِ ہدایہ نے یہ قول امام محمد رحمہ اللہ کی طرف منسوب کیا ہے، تیسرا قول اباحت کا ہے یعنی فاتحہ پڑھنا جائز ہے، چوتھا قول کراہیت تنزیہی کا اور پانچواں قول کراہیت تحریمی کا ہے، اور یہی قول مفتی بہ ہے۔ اور علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ نے صاحبِ ہدایہ کے قول کی تردید کی ہے اور فرمایا ہے کہ امام محمد رحمہ اللہ کا یہ قول میں نے کتاب الآثار اور موطا میں نہیں پایا[1] اور علامہ حصکفی رحمہ اللہ (صاحبِ درمختار) نے فرمایا ہے کہ سری نمازوں میں بھی مقتدی کے لئے فاتحہ کی کراہیت پر ہمارے تینوں ائمہ کا اتفاق ہے، مزید تفصیل کے لئے فیض الباری (۲:۲۷۱) اور درمختار (۲:۲۶۶) آخر صفۃ الصلاۃ دیکھیں۔

(۱) علامہ کشمیری قدس سرہ نے ابن الہمام رحمہ اللہ کی تردید کی ہے اور فرمایا ہے کہ مشائخ کا کسی قول کو روایت کرنا اس کے ثبوت کے لئے کافی ہے اس قول کا کسی کتاب میں ہونا ضروری نہیں (فیض ۲:۲۶۲)

اور دلائل کا تقاضہ یہ ہے کہ مقتدی کو سری نمازوں میں بھی فاتحہ نہیں پڑھنی چاہئے، آنحضور ﷺ کا ارشاد ہے: **من كان له إمام فقراءة الإمام له قراءة**: اور دوسرا ارشاد ہے: **إذا قرأ فأنصتوا**: دونوں حدیثوں میں سری اور جہری نمازوں کے درمیان تفریق کئے بغیر مقتدی کو خاموش رہنے کا حکم دیا گیا ہے اور یہ بات بتائی گئی ہے کہ امام کی قراءت مقتدی کے حق میں محسوب ہے، پس اس کے لئے قراءت کی کیا حاجت ہے؟ بلکہ اس کے لئے قراءت لاحاصل ہے (پہلی حدیث پانچ صحابہ سے مروی ہے۔ تخریج کے لئے نصب الرایہ ۲:۲ تا ۱۲ دیکھیں۔ اور دوسری حدیث حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی سند سے مسلم شریف (۱:۱۷۴ باب التشهد) میں مروی ہے)

> غرض جہری نمازوں میں صرف شوافع کے نزدیک مقتدی پر فاتحہ فرض ہے اور سری نمازوں میں صرف امام شافعیؒ کے نزدیک فرض ہے اور کسی امام کے نزدیک فرض نہیں، اس لئے آدھے امام ایک طرف ہیں اور ساڑھے تین امام دوسری طرف۔

دوسری بات: ہمارے اکابر میں سے حضرت گنگوہی قدس سرہ نے بھی اس موضوع پر رسالہ لکھا ہے جو چھپ چکا ہے اور بازار میں دستیاب ہے، اس رسالہ کا نام ہے: **هداية المعتدى فى قراءة المقتدى**: اور حضرت نانوتوی قدس سرہ کا بھی ایک رسالہ ہے وہ رسالہ درحقیقت آپ کا ایک مکتوب ہے اور دو ناموں سے شائع ہوا ہے، ایک کا نام ہے: **الدليل المحكم على عدم قراءة الفاتحة للمؤتم**۔ اور دوسرا نام ہے: **توثيق الكلام فى الإنصات خلف الإمام**۔ یہ ایک ہی رسالہ کے دو نام ہیں، البتہ توثیق الکلام میں چند سطریں زائد ہیں اور میں نے اس کی شرح لکھی ہے: ''کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟''

هداية المعتدى کا خلاصہ:

حضرت گنگوہی قدس سرہ کے اس رسالہ کا حاصل یہ ہے کہ دورِ اول میں امام جو کچھ پڑھتا تھا مقتدی بھی ساتھ ساتھ پڑھتے تھے اور یہ قرآن یاد کرنے کا ایک طریقہ تھا۔ عربوں کا مزاج سن کر اور پڑھ کر حفظ کرنے کا تھا، بلکہ آج تک ان کے یہاں حفظ کا یہی طریقہ رائج ہے، یہ طریقہ ایک عرصہ تک برقرار رہا، پھر امام کے پیچھے غیر فاتحہ کو پڑھنے سے روک دیا گیا، صرف فاتحہ باقی رہا، ترمذی میں حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث (نمبر ۳۲۰) ہے کہ ایک مرتبہ آنحضور ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی جس میں آپؐ کے لئے قراءت دشوار ہوگئی یعنی آپؐ کا ارادہ پڑھنے کا تھا مگر دل ساتھ نہیں دے رہا تھا، نماز کے بعد آپؐ نے مقتدیوں کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا: ''میرا خیال ہے کہ آپ لوگ امام کے پیچھے پڑھتے ہیں'' صحابہ نے عرض کیا: جی ہاں، ہم پڑھتے ہیں، اس پر آپؐ نے فرمایا: **لاتفعلوا إلا بأم القرآن، فإنه لاصلوة لمن لم يقرأ بها**: ایسا نہ کرو مگر سورۂ فاتحہ مستثنیٰ ہے، کیونکہ اس کو پڑھے بغیر نماز نہیں ہوتی —— قائلین وجوب فاتحہ کے پاس خاص دلیل بس یہی ایک

حدیث ہے[1] اور یہ مضطرب ہے سنداً بھی اور متناً بھی، سند میں آٹھ اور متن میں پندرہ اقوال ہیں، تفصیل معارف السنن (۳:۲۰۳) میں ہے۔

اور لا تفعلوا: فعلِ نہی ہے اور نہی مطلق: حرمت کے لئے ہوتی ہے، جس طرح امر مطلق: وجوب کے لئے ہوتا ہے، پس مطلق قراءت کی نفی ہوئی، پھر فاتحہ کا استثناء کیا، اور نہی سے استثناء اباحت کے لئے ہوتا ہے جیسے کہا جائے کہ اس جگہ کوئی نہ بیٹھے، مگر زید مستثنیٰ ہے تو زید کے لئے بیٹھنے کا صرف جواز ثابت ہوگا، وجوب ثابت نہیں ہوگا۔ پس اس حدیث سے فاتحہ کا صرف جواز ثابت ہوتا ہے وجوب وفرضیت ثابت نہیں ہوتی۔

اور حدیث شریف کا آخری حصہ فإنه لاصلوة لمن لم يقرأ بها: ایک مستقل حدیث ہے، اس حدیث کا جزء نہیں، حضرت عبادہؓ نے یا کسی راوی نے اس حدیث کے ساتھ اس کو جوڑا ہے۔ وہ مستقل حدیث ہے، اور اس باب کی دوسری حدیث ہے اس کے راوی ابن شہاب زہریؒ ہیں جس کو وہ محمود بن الربیع سے روایت کرتے ہیں، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابن شہاب زہری نے محمود بن الربیع سے، انھوں نے حضرت عبادہؓ سے جو حدیث لاصلوٰة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب روایت کی ہے وہ اصح ہے، یعنی ابن شہاب زہری نے آخری ٹکڑا مستقل حدیث کی شکل میں روایت کیا ہے اور وہی اصح ہے، پس وہ ٹکڑا مذکورہ حدیث کا جزء نہیں۔

اور اس ٹکڑے کے اس حدیث کا جزء نہ ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اگر اس کو اس حدیث کا جزء تسلیم کر لیا جائے تو کلامِ نبوت کے اول وآخر میں تعارض ہو جائے گا، کیونکہ إلا بأم القرآن سے فاتحہ کی اباحت ثابت ہوتی ہے اور لاصلوٰة سے وجوب، اور دونوں باتوں میں تعارض ہے، اور کلام نبوت تعارض سے پاک ہوتا ہے۔

پھر کچھ عرصہ کے بعد یہ حکم بھی منسوخ ہو گیا اور مقتدی کے پڑھنے پر ہر طرح سے پابندی عائد کر دی گئی، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسی نماز سے سلام پھیرنے کے بعد لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے جس میں آپؐ نے جہراً تلاوت فرمائی تھی، آپؐ نے دریافت کیا: کیا آپ لوگوں میں سے کسی نے میرے ساتھ پڑھا؟ ایک شخص نے عرض کیا: جی ہاں، اے اللہ کے رسول! میں نے پڑھا (حضرت عبادہ کی وہ حدیث جو اوپر گذری ہے اس میں بہت سے حضرات بولے تھے اور قسم کھا کر انھوں نے اپنا پڑھنا بیان کیا تھا، اور یہاں پڑھنے والا صرف ایک شخص ہے، معلوم ہوا کہ یہ حدیث بعد کی ہے اور حضرت عبادہؓ کی حدیث میں جو واقعہ مذکور ہے وہ پہلے کا ہے) آپؐ نے فرمایا: إني أقول: مالي أُنَازَعُ القرآن: میں سوچ رہا تھا: کیا بات ہے: میں قرآن میں جھگڑا کیوں کیا جا رہا ہوں۔ امام کے پیچھے پڑھنا امر منکر ہے جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مجلّی ومصفّی پر اثر انداز ہوا، بایں وجہ آپؐ کے دل ودماغ میں مناسبت باقی نہیں رہی، یعنی دماغ پڑھنا چاہتا تھا

(۱) قائلین وجوب فاتحہ اور مانعین وجوب فاتحہ میں سے ہر ایک کے پاس خاص حدیث صرف ایک ایک ہے، اگرچہ عام احادیث جو مقتدی اور غیر مقتدی سب کو شامل ہیں یا جن میں سری اور جہری نمازوں کے درمیان فرق نہیں کیا گیا: ہر فریق کے پاس ہیں ۱۲

مگر دل ساتھ نہیں دے رہا، اس ارشاد میں امام کے پیچھے مطلقاً قراءت کی ناپسندیدگی کا اظہار ہے، صحابہ ہوشیار تھے وہ اشارہ کو سمجھ گئے، چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس واقعہ کے بعد لوگ آنحضور ﷺ کے پیچھے پڑھنے سے رک گئے (رواہ الترمذی وابوداؤد)

غرض نماز کی موجودہ شکل تین مرحلوں سے گزر کر تکمیل پذیر ہوئی ہے، پہلے مقتدی کے لئے فاتحہ اور غیر فاتحہ سب کی تلاوت جائز تھی پھر غیر فاتحہ کی تلاوت منسوخ کردی گئی اور فاتحہ کی صرف اباحت باقی رہی، پھر فاتحہ کی اباحت بھی منسوخ کردی گئی اور فاتحہ اور غیر فاتحہ سب سے مقتدی کو روک دیا گیا۔ جیسے پہلے نماز میں ہر اونچ نیچ کے ساتھ رفع یدین تھا پھر وہ تدریجاً منسوخ ہوتا گیا، یہاں تک کہ تکبیر تحریمہ پر پہنچ کر رک گیا، احناف نے جس طرح یہاں آخری روایت لی ہے چنانچہ وہ تحریمہ کے علاوہ کسی جگہ رفع کے قائل نہیں، اسی طرح قراءت کے مسئلہ میں بھی انھوں نے آخری روایت لی ہے۔ اور سری اور جہری ہر نماز میں امام کے پیچھے پڑھنے کو مکروہ تحریمی کہا ہے اور امام شافعیؒ وغیرہ نے رفع یدین میں بھی درمیانی روایت لی ہے اور یہاں بھی ایسا ہی کیا ہے۔

توثیق الکلام کا خلاصہ:

فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں اصل اختلاف احناف اور شوافع کے درمیان ہے اور دونوں ہی اتنی بات بالاتفاق تسلیم کرتے ہیں کہ مقتدی نماز کے ساتھ براہ راست متصف نہیں بلکہ وہ امام کے واسطہ سے متصف ہے، اور واسطہ تین قسم کا ہوتا ہے، واسطہ فی العروض، واسطہ فی الثبوت اور واسطہ فی الاثبات، واسطہ فی الاثبات حداوسط کو کہتے ہیں جو قیاس میں ثبوتِ نتیجہ کا ذریعہ ہوتی ہے اور واسطہ فی العروض [1] میں وصف ایک ہوتا ہے اور اس کے ساتھ بالذات اور حقیقتاً صرف واسطہ متصف ہوتا ہے اور ذوالواسطہ بالعرض اور مجازاً متصف ہوتا ہے، جیسے ریل کا مسافر انجن کے واسطہ سے بالعرض اور مجازاً حرکت کے ساتھ متصف ہے [2] حقیقتاً صرف انجن (واسطہ) حرکت کے ساتھ متصف ہے

اور واسطہ فی العروض میں چونکہ وصف ایک ہوتا ہے اور اس سے حقیقتاً صرف واسطہ متصف ہوتا ہے اس لئے ضروریات وصف کی حاجت صرف اسی کو ہوتی ہے، ذوالواسطہ کو اس کی ضرورت نہیں ہوتی۔ پس حرکت کی ضروریات مثلاً ڈیزل، پیٹرول یا کوئلہ پانی کی حاجت صرف انجن کو ہوگی مسافروں کو اور ڈبوں کو نہیں ہوگی، مسافر اگر بیمار بھی ہو اور حرکت کی طاقت نہ بھی رکھتا ہو یا سویا ہوا ہو پھر بھی ریل کے واسطہ سے متحرک ہوگا، یعنی منزل مقصود کی طرف رواں دواں ہوگا، البتہ ذوالواسطہ کا واسطہ کے احاطہ میں ہونا ضروری ہے، اگر وہ واسطہ کے احاطہ میں نہیں ہے تو متحرک نہیں ہوگا، یعنی مسافر اگر ڈبے میں ہوگا تو

(۱) واسطہ فی العروض یہ ہے کہ وصف کے ساتھ حقیقۃً اور بالذات صرف واسطہ متصف ہو اور ذوالواسطہ بالعرض اور مجازاً متصف ہو جیسے مسافر انجن کے واسطہ سے بالعرض اور مجازاً حرکت کے ساتھ متصف ہے حقیقتاً صرف انجن (واسطہ) حرکت کے ساتھ متصف ہے۔

(۲) حرکت سے مراد محض ہلنا نہیں، بلکہ مقصد کی طرف متوجہ ہونا ہے، مثلاً ریل کا دہلی کی طرف جانا حرکت ہے۔

دہلی پہنچے گا ورنہ نہیں پہنچے گا۔

اور واسطہ فی الثبوت [1] میں وصف متعدد ہوتے ہیں، اور اس کے ساتھ واسطہ اور ذو الواسطہ دونوں حقیقتاً متصف ہوتے ہیں، اس لئے ضروریات وصف کی حاجت دونوں کو رہتی ہے، جیسے تالا کھولنے میں ہاتھ اور چابی واسطہ ہیں اور دونوں حرکت کے ساتھ حقیقتاً متصف ہیں، پس دونوں میں حرکت کے ساتھ متصف ہونے کی صلاحیت اور قابلیت ضروری ہے، ہاتھ اگر شل ہو یا چابی وزنی ہو تو حرکت نہیں کرسکتی۔

اس تفصیل کے بعد جاننا چاہئے کہ نماز کی حقیقت و ماہیت قراءت ہے، قراءت ہی کے لئے نماز مشروع ہوئی ہے، اور دیگر ارکان رکوع وسجود، قیام وقعدہ وغیرہ حضوری دربار کے آداب ہیں، اب امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ امام کو واسطہ فی العروض قرار دیتے ہیں، پس وصف قراءت کی حاجت صرف امام کو ہوگی مقتدیوں کو اس کی ضرورت نہیں ہوگی، اور امام شافعی رحمہ اللہ امام کو واسطہ فی الثبوت مانتے ہیں پس وصف قراءت کی ضرورت امام ومقتدی دونوں کو ہوگی۔

امام اعظم رحمہ اللہ نے امام کو جو واسطہ فی العروض مانا ہے حضرت نانوتوی قدس سرہ نے اس کی پانچ دلیلیں بیان کی ہیں اور شرح میں میں نے پانچ دلیلیں اور بڑھائی ہیں ان میں سے چند یہ ہیں:

۱- عربی کا قاعدہ ہے: جب مفرد کی اضافت جمع کی طرف کی جاتی ہے تو مضاف ایک ہوتا ہے اور مضاف الیہ متعدد، مثلاً: کتابھم (ان کی کتاب) أبوھم (ان کے والد) کتاب اور والد ایک ہیں اور مالک اور بیٹے متعدد ہیں، اور جب جمع کی اضافت جمع کی طرف کی جاتی ہے تو مضاف اور مضاف الیہ دونوں متعدد ہوتے ہیں، مثلاً: رَوَوْا عن آبائھم (انھوں نے اپنے باپوں سے روایت کیا) أخذوا أقلامَھم (انھوں نے اپنے قلم لئے) اس میں ہر راوی کا والد الگ ہے اور ہر شخص کا قلم جدا ہے۔

غرض اضافت کی پہلی صورت میں جمع کے تمام افراد واحد (ایک چیز) میں شریک ہوتے ہیں اور دوسری صورت میں تقسیم الآحاد علی الآحاد ہوتی ہے —— اب تمام احادیث پر نظر ڈالئے اور عرف کو بھی دیکھ لیجئے سب جگہ صلوۃ الجماعۃ (جماعت کی نماز) کہا جاتا ہے کسی جگہ صَلَوات الجماعۃ (جماعت کی نمازیں) نہیں کہا جاتا اس سے ثابت ہوا کہ کل جماعت کی نماز ایک ہے، جس کے ساتھ امام حقیقۃً اور بالذات متصف ہے اور مقتدی اس کے واسطہ سے مجازاً اور بالعرض متصف ہیں۔

۲- مشہور حدیث ہے کہ امام کا سترہ مقتدیوں کے لئے سترہ ہے، انہیں علاحدہ سترہ گاڑنے کی ضرورت نہیں اور اس پر اجماع ہے، یہ مسئلہ اس بات کی دلیل ہے کہ امام اور مقتدیوں کی نماز ایک (متحد) ہے۔

۳- ترمذی میں حدیث ہے الإمام ضامن امام مقتدیوں کی نماز کا ذمہ دار ہے، جس طرح ضمانت میں ضامن کے قرضہ ادا کرنے سے ضامن اور اصل مدیون دونوں بری ہوجاتے ہیں اور ضامن قرضہ ادا نہ کرے تو اصل مدیون پر بھی بار دین باقی

(۱) واسطہ فی الثبوت یہ ہے کہ واسطہ اور ذو الواسطہ دونوں حقیقۃً وصف کے ساتھ متصف ہوں مگر واسطہ اولاً متصف ہو اور ذو الواسطہ ثانیاً (بعد میں) متصف ہو، جیسے لکھنے والے کا ہاتھ اور قلم دونوں حرکت کے ساتھ متصف ہیں مگر ہاتھ پہلے اور قلم بعد میں متصف ہے۔

رہتا ہے، اسی طرح اگر امام کی نماز صحیح ہو جائے گی تو مقتدی کی نماز بھی صحیح ہو جائے گی، لیکن اگر امام کی نماز فاسد ہو جائے تو مقتدی کے ذمہ بھی نماز باقی رہ جائے گی۔

اور جس طرح ضامن کے قرضہ ادا کرنے سے وہ بری ہو جاتا ہے مگر اصل مدیون پر ضروری ہوتا ہے کہ اب وہ قرضہ بجائے قرض خواہ کے ضامن کو ادا کرے وہ بری نہیں ہوتا، بلکہ اس کا ذمہ مشغول رہتا ہے، اسی طرح جب مقتدی نے اقتداء کی نیت کی تو اب اس پر لازم ہے کہ نماز صحیح ادا کرے، اگر فاسد کر دے گا تو اس کا ذمہ مشغول رہے گا لیکن امام جس نے نماز صحیح ادا کی ہے بری ہو جائے گا۔

بہر حال امام کو جب مقتدیوں کی نماز کا ضامن قرار دیا گیا تو جس طرح ضمانت میں اصل مدیون اور ضامن پر دین (قرضہ) متحد (ایک) ہوتا ہے اسی طرح یہاں بھی امام اور مقتدی کی نماز متحد (ایک) ہوگی، اور امام کی نماز کے فساد سے مقتدیوں کی نماز کا فاسد ہو جانا اس بات کی دلیل ہے کہ اصل نماز امام ہی کی ہے اور جس طرح سواری کی حرکت سوار کی طرف مجازاً منسوب ہوتی ہے امام کی نماز بھی مجازاً مقتدیوں کی طرف منسوب ہوگی، اور جس طرح سواری کے ٹھہرنے سے سوار کا ٹھہرنا ضروری ہے مگر سوار کے ٹھہرنے سے سواری کا ٹھہرنا ضروری نہیں اسی طرح امام کی نماز کے فساد سے سب کی نماز کا فساد ضروری ہے مگر مقتدیوں کی نماز کے فساد سے انہی کی نماز کا فساد ضروری ہوگا، امام کی نماز کا فساد لازم نہیں آئے گا۔

یہ بطور مثال میں نے تین دلیلیں ذکر کی ہیں، باقی دلیلیں: کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟ میں دیکھیں —— یہ دوسرے مسئلہ کا خلاصہ ہے اور یہ ساری بحث بخاری شریف سے غیر متعلق ہے کیونکہ امام بخاریؒ نے فاتحہ کا مسئلہ چھیڑا ہی نہیں، مگر میں نے بصیرت کے لئے یہ باتیں عرض کی ہیں۔

[۹۵-] بَابُ وُجُوْبِ الْقِرَاءَ ةِ لِلإِمَامِ وَالْمَأْمُوْمِ، فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا: فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ، وَمَا يُجْهَرَ فِيْهَا وَمَا يُخَافَتُ

[۷۵۵-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: شَكَا أَهْلُ الْكُوْفَةِ سَعْدًا إِلَى عُمَرَ، فَعَزَلَهُ، وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ عَمَّارًا، فَشَكَوْا حَتَّى ذَكَرُوْا أَنَّهُ لاَ يُحْسِنُ يُصَلِّيْ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا إِسْحَاقَ! إِنَّ هَؤُلَآءِ يَزْعُمُوْنَ أَنَّكَ لاَ تُحْسِنُ تُصَلِّيْ، قَالَ: أَمَّا أَنَا وَاللهِ! فَإِنِّيْ كُنْتُ أُصَلِّيْ بِهِمْ صَلاَةَ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، مَا أَخْرِمُ عَنْهَا، أُصَلِّيْ صَلاَةَ الْعِشَاءِ فَأَرْكُدُ فِي الْأُوْلَيَيْنِ، وَأُخِفُّ فِي الْأُخْرَيَيْنِ. قَالَ: ذَاكَ الظَّنُّ بِكَ يَا أَبَا إِسْحَاقَ! فَأَرْسَلَ مَعَهُ رَجُلاً أَوْ رِجَالاً إِلَى الْكُوْفَةِ، يَسْأَلُ عَنْهُ أَهْلَ الْكُوْفَةِ، وَلَمْ يَدَعْ مَسْجِدًا إِلاَّ سَأَلَ عَنْهُ، وَيُثْنُوْنَ عَلَيْهِ مَعْرُوْفًا، حَتَّى دَخَلَ مَسْجِدًا لِبَنِيْ عَبْسٍ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْهُمْ، يُقَالُ لَهُ: أُسَامَةُ بْنُ قَتَادَةَ، يُكْنَى أَبَا سَعْدَةَ، قَالَ: أَمَّا إِذْ نَشَدْتَنَا فَإِنَّ سَعْدًا كَانَ لاَ

يَسِيْرُ بِالسَّرِيَّةِ، وَلاَ يَقْسِمُ بِالسَّوِيَّةِ، وَلاَ يَعْدِلُ فِي الْقَضِيَّةِ: قَالَ سَعْدٌ: أَمَا وَاللّٰهِ! لَأَدْعُوَنَّ بِثَلاَثٍ: اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ عَبْدُكَ هٰذَا كَاذِبًا، قَامَ رِيَاءً وَسُمْعَةً، فَأَطِلْ عُمُرَهُ، وَأَطِلْ فَقْرَهُ، وَعَرِّضْهُ بِالْفِتَنِ، قَالَ: وَكَانَ بَعْدُ إِذَا سُئِلَ يَقُوْلُ: شَيْخٌ كَبِيْرٌ مَفْتُوْنٌ، أَصَابَتْنِيْ دَعْوَةُ سَعْدٍ، قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ: فَأَنَا رَأَيْتُهُ بَعْدُ قَدْ سَقَطَ حَاجِبَاهُ عَلٰى عَيْنَيْهِ مِنَ الْكِبَرِ، وَإِنَّهُ لَيَتَعَرَّضُ لِلْجَوَارِيْ فِي الطُّرُقِ يَغْمِزُهُنَّ.[انظر: ۷۵۸، ۷۷۰]

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کوفہ والوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی شکایت کی، حضرت عمرؓ نے ان کو معزول کر دیا۔ اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو کوفہ کا گورنر مقرر کیا، پس کوفہ والوں نے شکایت کی (یہ فاء ترتیب ذکری کے لئے ہے) یہاں تک کہ انھوں نے یہ بھی شکایت کی کہ سعدؓ ٹھیک سے نماز نہیں پڑھاتے۔ حضرت عمرؓ نے حضرت سعدؓ کے پاس قاصد بھیج کر ان کو بلوایا، پس کہا: اے ابو اسحاق! یہ لوگ کہتے ہیں کہ آپؓ ٹھیک سے نماز نہیں پڑھاتے، حضرت سعدؓ نے کہا: رہا میں تو بخدا! میں ان کو رسول اللہ ﷺ جیسی نماز پڑھاتا تھا، یعنی سنت کے مطابق نماز پڑھاتا تھا اس میں ذرا کمی نہیں کرتا تھا، میں شام کی نمازیں پڑھاتا ہوں (یہ عین کے زبر کے ساتھ عَشاء ہے عین کے زیر کے ساتھ عِشاء نہیں ہے آئندہ حدیث میں بھی یہ لفظ آرہا ہے اور گیلری میں العَشِيّ لکھا ہے، اس کے معنی ہیں: شام اور مراد ظہر وعصر ہیں) پس میں پہلی دو رکعتوں میں سوجاتا ہوں (یعنی پہلی دو رکعتیں لمبی پڑھاتا ہوں) اور آخری دو رکعتیں ہلکی پڑھاتا ہوں (آخری رکعتوں میں صرف فاتحہ ہے اس لئے وہ ہلکی ہیں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابو اسحاق! آپ کے بارے میں میرا یہی گمان تھا کہ آپ سنت کے مطابق نماز پڑھاتے ہوں گے پھر حضرت عمرؓ نے ایک شخص کو یا چند اشخاص کو حضرت سعدؓ کے ساتھ کوفہ بھیجا تا کہ وہ حضرت سعدؓ کے بارے میں کوفہ والوں سے پوچھے (انکوائری کرے) اور اس نے کوئی مسجد نہیں چھوڑی، مگر حضرت سعدؓ کے بارے میں پوچھا: اور سب لوگ ان کی تعریف کرتے تھے، یہاں تک کہ وہ بنو عبس کی مسجد میں پہنچا، پس ان میں سے ایک شخص کھڑا ہوا جس کو اسامہ بن قتادہ کہا جاتا تھا اور جس کی کنیت ابو سعدۃ تھی اس نے کہا: جب آپؓ نے ہمیں قسم دی ہے تو سنئے: سعد سریوں میں نہیں نکلتے، اور مال برابر تقسیم نہیں کرتے اور فیصلوں میں انصاف نہیں کرتے! حضرت سعدؓ نے کہا: سن، بخدا! میں ضرور تین دعائیں کروں گا: اے اللہ! اگر تیرا یہ بندہ جھوٹا ہے، ناموری اور دکھاوے کے لئے کھڑا ہوا ہے (جو گورنر کی شکایت کرے گا اس کی شہرت ہوگی) پس لمبی فرما اس کی زندگی، اور لمبی فرما اس کی غریبی، اور اس کو فتنوں سے دوچار فرما! —— راوی کہتا ہے: پھر بعد میں جب اس سے حال پوچھا جاتا تو کہتا: ایک بہت بوڑھا فتنوں کا شکار! مجھے سعد کی بددعا لگ گئی ہے! عبد الملک کہتے ہیں: میں نے بعد میں اس کو دیکھا، بڑھاپے کی وجہ سے اس کی دونوں بھویں آنکھوں پر گر گئی تھیں اور وہ راستہ میں باندیوں کو چھیڑتا تھا، ان کے بازو دباتا تھا۔

تشریح: اس حدیث سے یہ استدلال کرنا ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ ظہر وعصر کی پہلی دو رکعتوں میں قراءت کرتے تھے، معلوم ہوا کہ ہر نماز میں خواہ سری ہو یا جہری قراءت ہے۔

[٧٥٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَاصَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ"

وضاحتیں:

۱-اس حدیث کا باب سے جوڑ یہ ہے کہ نفس قراءت اور قراءتِ فاتحہ کے درمیان عام خاص مطلق کی نسبت ہے، مطلق قراءت عام ہے اور قراءت فاتحہ خاص ہے، اور خاص کے ضمن میں عام پایا جاتا ہے، پس جس نے نماز میں فاتحہ پڑھی اس نے بالیقین قراءت کی، پس نماز میں قراءت کی فرضیت ثابت ہوئی، کیونکہ ائمہ ثلاثہ اور امام بخاریؒ کے نزدیک اعلی درجہ کی خبر واحد سے فرضیت ثابت ہوتی ہے۔

سوال: اس حدیث سے تو فاتحہ کی فرضیت ثابت ہوتی ہے، نفس قراءت کی فرضیت کس طرح ثابت ہوگی؟

جواب: اس حدیث سے نماز میں فاتحہ کی ضرورت علی وجہ الترديد ثابت ہوتی ہے، کیونکہ حدیث کا ترجمہ ہے: "اس شخص کی نماز نہیں جو فاتحہ بھی نہ پڑھے" یعنی فاتحہ کے ساتھ کچھ اور بھی پڑھنا ضروری ہے۔ پس احدالامرین کی فرضیت ثابت ہوگی اور ضمناً ہر ایک کا وجوب ثابت ہوگا(۱)

علاوہ ازیں: حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی اسی حدیث میں فصاعداً کی زیادتی بھی مروی ہے، یہ روایت مسلم (۱:۱۶۹ باب وجوب قراءة إلخ) میں ہے، لہٰذا حدیث سے نفس قراءت کی فرضیت ثابت ہوگی، جس کا تحقق دو چیزوں کے ضمن میں ہوگا، اور حدیث کے ترجمہ میں "بھی" بڑھانا ضروری ہوگا، تاکہ فصاعداً کا مفہوم حدیث میں شامل ہوجائے۔

[٧٥٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِیْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰى، فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَرَدَّ، وَقَالَ: "ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَرَجَعَ فَصَلّٰى كَمَا صَلّٰى، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" ثَلَاثًا. فَقَالَ: وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا أُحْسِنُ غَيْرَهُ، فَعَلِّمْنِیْ، فَقَالَ: "إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلَاةِ فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَعْتَدِلَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا، وَافْعَلْ ذٰلِكَ فِیْ صَلَاتِكَ كُلِّهَا" [انظر: ٧٩٣، ٦٢٥١، ٦٦٦٧]

(۱) تحفۃ الالمعی (۲:۱۱۵) میں ہے: امام بخاری رحمہ اللہ نے اس حدیث سے مقتدی پر فاتحہ کی فرضیت ثابت کی ہے، یہ بات شہرت کی بناء پر کہی گئی ہے، اصل بات یہاں ہے، اس باب کا مقتدی کے مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں، اس باب سے نماز میں مطلق قراءت کی فرضیت ثابت کی ہے ۱۲

وضاحت:

۱- حدیث کا ترجمہ واضح ہے، اور تقریر کے ضمن میں آ بھی چکا ہے اور ثم اقرأ ما تیسر من القرآن سے استدلال ہے کہ نماز میں مطلق قراءت فرض ہے، بالخصوص فاتحہ فرض نہیں، اگر فاتحہ فرض ہوتا تو آپؐ فرض کو چھوڑ کر غیر فرض کی تعلیم نہ دیتے...... حتی تطمئن راکعا: جب اتنا جھکے کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں تو رکوع ہو گیا، پھر رکوع میں ٹھہرنا بھی مطلوب ہے، اس لئے تین بار تسبیح کا حکم دیا.......... حتی تعتدل قائما: اعتدال کے معنی ہیں: سیدھا کھڑا ہونا، رکوع میں ٹھہرنا مطلوب ہے اس لئے تطمئن فرمایا، اور قومہ میں ٹھہرنا مطلوب نہیں اس لئے تعتدل فرمایا، جب رکوع سے اٹھ کر سیدھا کھڑا ہو گیا، بدن ڈھیلا کر دیا اور ہر ہڈی اس کی جگہ میں سیٹ ہو گئی تو قومہ ہو گیا، اب سجدہ کر سکتا ہے، اسی لئے قومہ میں کوئی ذکر مشروع نہیں کیا، اور تسمیع وتحمید انتقال کے اذکار ہیں.......... ثم ارفع حتی تطمئن جالساً: یہاں بھی تعتدل ہونا چاہئے تھا راوی نے تعبیر بدل دی ہے۔

۲- تعدیل ارکان یعنی رکوع، سجدہ، قومہ اور جلسہ باطمینان ادا کرنا ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرض ہے اور احناف کے نزدیک واجب یا سنتِ مؤکدہ اشد تاکید (واجب جیسی سنت) ہے ائمہ ثلاثہ نے مسئلہ کا مدار اس پر رکھا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے تعدیل ارکان نہ کرنے کی وجہ سے حضرت خلاد رضی اللہ عنہ کو دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم دیا۔ اور احناف کہتے ہیں: اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ آپؐ نے نماز کا طریقہ سکھلایا پھر فرمایا: "جب تم نے اس طرح نماز پڑھی تو تمہاری نماز مکمل ہو گئی اور اگر تم نے اس میں کمی کی تو تمہاری نماز میں کمی رہی" حضرت رفاعہ (راوی حدیث) کہتے ہیں: یہ ارشاد صحابہ کے لئے پہلے ارشاد کی بہ نسبت آسان رہا، یعنی تعدیل ارکان نہ کرنے کی وجہ سے جب نبی ﷺ نے بار بار نماز لوٹوائی تو صحابہ سہم گئے اور آخری ارشاد سے معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان میں کمی کرنے سے نماز میں نقص پیدا ہوگا، اس سے صحابہ کو اطمینان ہوا (ترمذی حدیث ۲۹۹)

حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے فرمایا: ائمہ ثلاثہ نے رسول اللہ ﷺ کے اس ارشاد سے استدلال کیا ہے جس کو سن کر صحابہ سہم گئے تھے، اور حنفیہ کا استدلال اس ارشاد سے ہے جس کی وجہ سے صحابہ کو اطمینان ہوا تھا، ببیں تفاوتِ راہ از کجا است تا بہ کجا؟ شیخ الہند قدس سرہ کا یہ قول فتح الملہم شرح مسلم میں ہے۔

غیر مقلدین فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں امام بخاری رحمہ اللہ کے باب سے استدلال کریں تو کہو: باب میں فاتحہ کا ذکر کہاں ہے؟ اس میں تو قراءت کی فرضیت کا بیان ہے، جو احناف کا مسلک ہے۔ اور اگر دوسری حدیث میں جو مَن ہے اس کے عموم سے استدلال کریں تو کہو: حدیث میں مقتدی کا ذکر کہاں ہے؟ اور عموم سے استدلال باطل ہے، ورنہ ﴿مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ﴾ میں مَا کے عموم سے بہن اور بیٹی کے نکاح کے جواز کا قائل ہونا پڑے گا۔

بابُ الْقِرَاءَ ةِ فِيْ الظُّهْرِ

ظہر میں قراءت کا بیان

جنرل باب کے بعد اب ذیلی ابواب شروع ہورہے ہیں۔سلف میں چند حضرات گذرے ہیں، جیسے سوید بن غفلہ، حسن بن صالح اور ابراہیم بن علیہ وغیرہ، یہ حضرات ظہر اور عصر میں قراءت کے قائل نہیں تھے۔اس باب میں ان کی تردید ہے،ظہر اور عصر میں بھی قراءت ہے،حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے جب کوفہ والوں نے ان کی شکایت کی تھی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا: میں شام کی نمازوں میں یعنی ظہر اور عصر کی پہلی دو رکعتوں میں سوجاتا ہوں یعنی لمبی قراءت کرتا ہوں،معلوم ہوا کہ ظہر اور عصر میں بھی قراءت ہے،مگر یہ اختلاف پہلے تھا اب امت کا اجماع ہے کہ ظہر اور عصر میں بھی قراءت ہے۔

[۹۶-] بابُ الْقِرَاءَ ةِ فِيْ الظُّهْرِ

[۷۵۸-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ سَعْدٌ: كُنْتُ أُصَلِّيْ بِهِمْ صَلَاةَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلاَتَيِ الْعَشَاءِ، لاَ أَخْرِمُ عَنْهَا، كُنْتُ أَرْكُدُ فِيْ الْأُوْلَيَيْنِ، وَأَحْذِفُ فِيْ الْأُخْرَيَيْنِ، فَقَالَ عُمَرُ: ذَاكَ الظَّنُّ بِكَ.[راجع: ۷۵۵]

وضاحت: یہ حدیث گذشتہ باب میں تفصیل سے گذری ہے۔اور العَشاء: عین کے زبر کے ساتھ ہے،اور گیلری میں العَشِیّ ہے وہ زیادہ بہتر ہے۔حضرت عمرؓ نے فرمایا: میرا آپؐ کے بارے میں یہی گمان تھا کہ آپؓ سنت کے مطابق نماز پڑھاتے ہونگے،اس سے ظہرین میں قراءت ثابت ہوئی۔

[۷۵۹-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُوْلَيَيْنِ مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُوْرَتَيْنِ، يُطَوِّلُ فِي الْأَوْلٰى وَيُقَصِّرُ فِي الثَّانِيَةِ، وَيُسْمِعُ الآيَةَ أَحْيَانًا، وَكَانَ يَقْرَأُ فِي الْعَصْرِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُوْرَتَيْنِ، وَكَانَ يُطَوِّلُ فِي الْأُوْلٰى، وَكَانَ يُطَوِّلُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى مِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ، وَيُقَصِّرُ فِي الثَّانِيَةِ.

[انظر: ۷۶۲، ۷۷۶، ۷۷۸، ۷۷۹]

وضاحت: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث یہاں پہلی بار آئی ہے،اور آئندہ چار جگہ آئے گی،اس میں خاص بات سمجھنے کی یہ ہے کہ فرائض کی پہلی دو رکعتوں میں قراءت ہے،فاتحہ بھی پڑھنی ہے اور سورت بھی ملانی ہے،مگر پچھلی رکعتوں میں قراءت نہیں ہے،سورت تو بالکل نہیں ملانی اور فاتحہ سنت ہے۔اگر کوئی فاتحہ نہ پڑھے،تکبیر وتہلیل اور تسبیح کرے یا خاموش کھڑا رہے تو بھی نماز ہوجائے گی،یہ حنفیہ کا مذہب ہے۔اور یہ مضمون حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی روایت (حدیث ۷۷۶)

میں آ رہا ہے۔

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ نماز کی حقیقت و ماہیت قراءتِ قرآن ہے، اور قراءت عرض و معروض کا نام ہے، سورۂ فاتحہ میں عرضی ہے ﴿اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ﴾ پھر قرآن میں سے پڑھا جاتا ہے، یہ اس عرضی کا جواب ہے اور فرض کی پچھلی رکعتوں میں عرضی کا جواب سننا یعنی سورت ملانا واجب نہیں، پس عرضی پیش کرنا یعنی سورۂ فاتحہ پڑھنا بھی واجب نہیں۔

قوله: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ في الركعتين الأوليين: یہی باب ہے کہ ظہر میں قراءت ہے، پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ بھی پڑھنی ہے اور سورت بھی ملانی ہے، اسی طرح عصر میں بھی قراءت ہے فاتحہ اور سورت دونوں واجب ہیں۔

قوله: يطول في الأولى: شیخین (ابوحنیفہ وابویوسف) رحمہما اللہ کے نزدیک فجر میں پہلی رکعت دوسری سے لمبی کرنا اور باقی نمازوں میں دونوں رکعتیں مساوی رکھنا مسنون ہے، فجر کا وقت غفلت کا وقت ہے اس لئے پہلی رکعت لمبی کرنی چاہئے، تاکہ لوگ پہلی رکعت میں شامل ہوجائیں۔ اور امام محمد اور باقی ائمہ رحمہم اللہ کے نزدیک تمام نمازوں میں پہلی رکعت دوسری رکعت سے لمبی کرنا مسنون ہے، ان کی دلیل حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی یہی حدیث ہے اور شیخین کی دلیل حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ ظہر کی دونوں رکعتوں میں تیس تیس آیتوں کے بقدر تلاوت فرماتے تھے (مسلم ۴: ۲: ۱۷۱، مصری، القراءة في الظهر والعصر) معلوم ہوا کہ نبی ﷺ فجر کے علاوہ نمازوں میں دونوں رکعتیں مساوی رکھتے تھے۔

قوله: ويُسمع الآيةَ أحيانا: آنحضور ﷺ ظہر وعصر میں گاہ بہ گاہ ایک آیت جہراً پڑھتے تھے، تاکہ صحابہ جان لیں کہ آپؐ کونسی سورت پڑھ رہے ہیں، تاکہ قراءت کی مقدار کا اندازہ ہوجائے، پس یہ حدیث ہے سنت نہیں، کیونکہ یہ عمل خاص وجہ سے کیا جاتا تھا، چنانچہ اب کوئی امام سری نماز میں کوئی آیت زور سے نہیں پڑھتا۔

[۷۶۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَارَةُ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، قَالَ: سَأَلْنَا خَبَّابًا: أَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْنَا: بِأَيِّ شَيْءٍ كُنْتُمْ تَعْرِفُوْنَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: بِاضْطِرَابِ لِحْيَتِهِ. [راجع: ۷۴۶]

وضاحت: یہ حدیث بھی پہلے گذر چکی ہے، اس حدیث سے بھی ثابت ہوا کہ ظہر وعصر میں قراءت ہے۔

بَابُ الْقِرَاءَةِ فِي الْعَصْرِ

عصر میں قراءت کا بیان

یہ بھی ذیلی باب ہے۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سری نمازوں میں قراءت کے سلسلہ میں مختلف اقوال

مروی ہیں، شروع میں آپؓ سری نمازوں میں قراءت کا انکار کرتے تھے، پھر تردد ہوا، اور آخر میں اقرار پر معاملہ ٹھہرا۔ یعنی آپؓ کا آخری قول سری نمازوں میں قراءت کے وجوب کا ہے۔

جب کسی بڑے آدمی کی مختلف زمانوں کی مختلف رائیں ہوتی ہیں تو پہلے زمانہ کے طالب علم پہلی رائے لے کر جاتے ہیں، اور اسی کو آگے بڑھاتے ہیں، مگر وہ رائے کچھ عرصہ تک چلتی ہے، پھر جب آخری رائے لوگوں کے سامنے آتی ہے تو پہلی رائے ختم ہو جاتی ہے، جیسے حضرت ابن عباسؓ شروع میں متعہ کو جائز کہتے تھے، بعد میں حضرت نے رجوع کیا، مگر جو تلامذہ پہلے پڑھ کر گئے تھے وہ پہلی رائے بیان کرتے تھے، پھر آخری رائے پر معاملہ ٹھہر گیا۔

[۹۷-] بابُ الْقِرَاءَ ةِ فِيْ الْعَصْرِ

[۷۶۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، قُلْتُ لِخَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ: أَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِيْ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: بِأَيِّ شَيْئٍ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ قِرَاءَ تَهُ؟ قَالَ: بِاضْطِرَابِ لِحْيَتِهِ. [راجع: ۷۴۶]

[۷۶۲-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِيْ الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُوْرَةٍ سُوْرَةٍ، وَيُسْمِعُنَا الآيَةَ أَحْيَانًا. [راجع: ۷۵۹]

وضاحت: یہ دونوں حدیثیں ابھی گذری ہیں اور استدلال واضح ہے کہ نبی ﷺ سری نمازوں میں بھی قراءت کرتے تھے، پس معلوم ہوا کہ عصر کی نماز میں بھی قراءت ہے۔

بَابُ الْقِرَاءَ ةِ فِيْ الْمَغْرِبِ

مغرب کی نماز میں قراءت کا بیان

چاروں ائمہ متفق ہیں کہ فجر وظہر میں طوال مفصل، عصر وعشاء میں اوساط مفصل اور مغرب میں قصار مفصل پڑھنا مسنون ہے۔ البتہ ظہر میں اوساط مفصل اور عصر میں قصار مفصل کا بھی قول ہے، سورۂ ق سے سورۂ بروج تک طوال مفصل ہیں، پھر سورۂ زلزال تک اوساط مفصل، اور آخر تک قصار مفصل، یہ مشہور قول ہے، اس کے علاوہ دس گیارہ اقوال اور بھی ہیں، تفصیل علامہ سیوطی رحمہ اللہ کی الاتقان میں ہے۔

اور طوال، اوساط اور قصار پڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ اتنی مقدار پڑھے یعنی پورے قرآن میں سے فجر وظہر میں طوال مفصل کے بقدر، عصر وعشاء میں اوساط مفصل کے بقدر، اور مغرب میں قصار مفصل کے بقدر پڑھے، یہ مطلب نہیں کہ

نمازوں میں تلاوت صرف مفصلات کی کی جائے، باقی قرآن مہجور کردیا جائے۔ نبی ﷺ اور خلفائے راشدین ہر جگہ سے پڑھتے تھے۔

البتہ بے جوڑ نہیں پڑھنا چاہئے، عجمی ائمہ کو اس کا پتہ نہیں چل سکتا، اس لئے قرآن میں رکوع لگائے گئے ہیں۔ پس ایک رکعت میں یا کم از کم دو رکعتوں میں پورا رکوع پڑھنا چاہئے۔

اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ مغرب میں طویل قراءت کی بھی گنجائش ہے، نبی ﷺ نے گاہ بہ گاہ مغرب میں طویل قراءت کی ہے، مگر اس کا معمول نہیں تھا، آپؐ نے جو آخری مغرب کی نماز پڑھائی ہے اس میں والمرسلات پڑھی ہے، معلوم ہوا کہ مغرب میں طویل قراءت کا جواز ہے اور یہ جواز مستمر ہے منسوخ نہیں۔ پس یہ طویل قراءت بیانِ جواز کے لئے تھی، اور یہ حدیث ہے، احناف کے نزدیک سنت نہیں۔

مروان بن الحکم جب مدینہ کا گورنر تھا تو مغرب میں قصار مفصل پڑھتا تھا، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: آپ ہمیشہ مغرب میں چھوٹی سورتیں پڑھتے ہیں؟ نبی ﷺ نے دو لمبی سورتوں میں سے ایک لمبی سورت مغرب میں پڑھی ہے یعنی سورۂ انعام اور سورۂ اعراف میں سے سورۂ اعراف مغرب میں پڑھی ہے۔ معلوم ہوا کہ مغرب میں لمبی سورتیں پڑھنے کا جواز ہے مگر اس کا معمول نہیں تھا، لہٰذا اگر کوئی کبھی پڑھے تو کچھ حرج نہیں۔

احناف اس طرح کی احادیث کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ سورۂ اعراف اور سورۂ والمرسلات میں سے قصار مفصل کے بقدر پڑھا ہوگا، مگر امام بخاری رحمہ اللہ کا دعوی یہ ہے کہ لمبی قراءت بھی نبی ﷺ سے مغرب میں ثابت ہے مگر معمول نہیں تھا، پس جواز ثابت ہوا اور یہ جواز مستمر ہے، البتہ مسنون قصار مفصل کے بقدر پڑھنا ہے۔

[۹۸-] بَابُ الْقِرَاءَةِ فِي الْمَغْرِبِ

[۷۶۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ أُمَّ الْفَضْلِ سَمِعَتْهُ وَهُوَ يَقْرَأُ ﴿وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا﴾ فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ يَابُنَيَّ لَقَدْ ذَكَّرْتَنِيْ بِقِرَاءَ تِكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ، إِنَّهَا لَآخِرُ مَا سَمِعْتُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقْرَأُ بِهَا فِي الْمَغْرِبِ. [انظر: ٤٤٢٩]

ترجمہ: ایک مرتبہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مغرب کی نماز پڑھائی اور اس میں (دونوں رکعتوں میں) والمرسلات پڑھی، پیچھے عورتوں میں ابن عباسؓ کی والدہ حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا بھی تھیں نماز کے بعد انھوں نے کہا: بیٹے! تم نے مجھے نبی ﷺ کا زمانہ یاد دلا دیا۔ آپؐ نے آخری نماز مغرب کی نماز پڑھائی ہے اور اس میں سورۂ والمرسلات پڑھی ہے

لقد ذَكَّرْتَنِيْ: أي ذكَّرتني بقراء تك هذه السورة زمنَ رسول الله صلى الله عليه وسلم۔............

روایات میں تعارض اور تطبیق:

حضرت ام الفضلؓ کا بیان یہ ہے کہ نبی ﷺ نے آخری نماز مغرب کی پڑھائی ہے اور پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث گذری ہے کہ آپؐ نے آخری نماز ظہر کی پڑھائی ہے، علماء نے اس تعارض کو مختلف طرح سے حل کیا ہے، مثلاً:

۱- حضرت ام الفضل کی روایت میں آپؐ کی مسلسل امامت والی آخری نماز مراد ہے، پہلے یہ بات گذری ہے کہ مرض وفات بدھ کے دن سر کے درد سے شروع ہوا تھا اور جمعرات کی عشاء کی نماز سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے امامت شروع کی تھی، پس آپؐ کی مسلسل امامت کی آخری نماز مغرب ہوئی اور ظہر میں آپؐ مرض کے دوران تشریف لائے تھے۔

۲- ام الفضلؓ کی مراد وہ آخری نماز ہے جو آپؐ نے شروع سے آخر تک پوری پڑھائی، اور ظہر کی نماز آپؐ نے درمیان سے خلیفہ بن کر پڑھائی تھی —— اس کے علاوہ اور طرح بھی تطبیق دی گئی ہے جو فتح الباری اور عمدۃ القاری میں ہیں۔

[۷٦٤-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: قَالَ لِيْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: مَالَكَ تَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِقِصَارٍ، وَقَدْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ بِطُوْلَى الطُّوْلَيَيْنِ؟

ترجمہ: حضرت زیدؓ نے مروان سے کہا: کیا بات ہے آپ مغرب میں قصار مفصل پڑھتے ہیں حالانکہ میں نے نبی ﷺ کو دو لمبی سورتوں میں سے زیادہ لمبی سورت پڑھتے ہوئے سنا ہے۔

وضاحت: طُوْلٰی، أطول کا مؤنث ہے، اور طولیین طولیٰ کا تثنیہ ہے۔ دو لمبی سورتوں سے کونسی سورتیں مراد ہیں؟ اس میں علماء کے مختلف اقوال ہیں راجح قول سورۂ انعام اور سورۂ اعراف کا ہے، اور ابوداؤد کی روایت میں سورۂ اعراف کی تعیین ہے کہ آپؐ نے مغرب کی نماز میں سورۂ اعراف پڑھی تھی۔

بَابُ الْجَهْرِ فِي الْمَغْرِبِ

مغرب میں جہری قراءت ہے

جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے ابواب کا مقصد ہمیشہ کسی پر رد کرنا ہی نہیں ہوتا نیز مسائل خفیہ کا بیان ہی نہیں ہوتا، بلکہ امام بخاریؒ کے پیش نظر پوری شریعت کا بیان ہوتا ہے، پس بعض مسائل اگرچہ بدیہی ہوتے ہیں لیکن وہ بھی شریعت کا جزء ہوتے ہیں اس لئے امام بخاریؒ اس سلسلہ میں بھی باب قائم کرتے ہیں، تاکہ سلف سے خلف کو ساری فقہ اور سارا دین پہنچے۔

یہ اس سوال کا جواب ہے کہ مغرب میں جہری قراءت ہونا بدیہی امر ہے پھر اس پر باب قائم کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ اس کا ایک جواب یہ ہے کہ امام بخاری کے پیش نظر سارا دین اور ساری فقہ پیش کرنا ہے اور دوسرا جواب یہ ہے کہ جب مغرب

کی قراءت کا ذکر آیا کہ مغرب میں لمبی قراءت بھی ہوئی ہے اور وہ لمبی قراءت نبی ﷺ کی آخری زندگی تک رہی ہے تو اس سلسلہ کی اور حدیثیں بھی لانی تھیں اس لئے افادۂ مزید کے لئے نیا باب قائم کر دیا، امام بخاریؒ کی عادت ہے کہ ایک باب کے تحت متعدد حدیثیں نہیں لاتے، نئے عنوان سے لاتے ہیں، تا کہ افائدہ مزید ہو جائے۔

[۹۹-] بَابُ الْجَهْرِ فِي الْمَغْرِبِ

[۷۶۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ. [انظر: ۳۰۵۰، ۴۰۲۳، ۴۸۵۴]

بابُ الْجَهْرِ فِي الْعِشَاءِ

عشاء میں جہری قراءت ہے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عشاء کی نماز پڑھائی اور اس میں سورۂ انشقاق پڑھی، اور سجدۂ تلاوت کیا، ابورافع رحمہ اللہ نے پوچھا: آپؓ نے سجدہ کیوں کیا؟ ابو ہریرہؓ نے جواب دیا: میں نے نبی ﷺ کے پیچھے اس سورت میں سجدہ کیا ہے، اس لئے میں نے سجدہ کیا اور میں برابر سجدہ کرتا رہوں گا یہاں تک کہ میری آنحضور ﷺ سے ملاقات ہو جائے۔

تشریح: امام مالک رحمہ اللہ مفصلات کے سجدے یعنی سورۃ النجم، سورۃ الانشقاق اور سورۃ العلق کے سجدے نہیں مانتے، وہ کہتے ہیں: ہجرت کے بعد یہ سجدے منسوخ ہو گئے تھے، اور یہ امام مالک رحمہ اللہ کی اپنی رائے نہیں ہے، سلف سے یہ رائے چلی آرہی ہے، ائمہ کی جتنی رائیں ہیں تقریباً سب اوپر سے آئی ہیں، ائمہ نے وہ رائیں پیدا نہیں کیں، سلف میں ایک رائے یہ تھی کہ مفصلات کے سجدے منسوخ ہیں، اس لئے ابورافع نے سوال کیا، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس رائے کی تردید کی کہ میں ۷ ہجری میں مسلمان ہوا ہوں، اور میں نے نبی ﷺ کے پیچھے اس سورت میں سجدہ کیا ہے، معلوم ہوا کہ نسخ کی بات صحیح نہیں۔

غرض حضرت ابو ہریرہؓ نے عشاء کی نماز میں جہراً قراءت کی اور حضرت براء رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے کہ نبی ﷺ نے سفر میں عشاء کی کسی ایک رکعت میں والتین تلاوت فرمائی، معلوم ہوا کہ عشاء میں جہری قراءت ہے۔

[۱۰۰-] بابُ الْجَهْرِ فِي الْعِشَاءِ

[۷۶۶-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ الْعَتَمَةَ، فَقَرَأَ ﴿إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ﴾ فَسَجَدَ، فَقُلْتُ لَهُ، قَالَ: سَجَدْتُ خَلْفَ أَبِي الْقَاسِمِ صلى الله

عليه وسلم، فَلاَ أَزَالُ أَسْجُدُ بِهَا حَتّٰى أَلْقَاهُ.[انظر: ٧٦٨، ١٠٧٤، ١٠٧٨]

[٧٦٧-] حدثنا أَبُوْالْوَلِيْدِ، قَالَ:حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ فِيْ سَفَرٍ، فَقَرَأَ فِي الْعِشَاءِ فِيْ إِحْدَى الرَّكْعَتَيْنِ بِـ﴿التِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ﴾[انظر: ٧٦٩، ٤٩٥٢، ٧٥٤٦]

بابُ الْقِرَاءَ ةِ فِي الْعِشَاءِ بِالسَّجْدَةِ

عشاء کی نماز میں آیتِ سجدہ پڑھنا

فرائض میں ایسی سورت پڑھنا جس میں سجدۂ تلاوت ہے: جائز ہے، اور حضور ﷺ سے ثابت ہے، امام مالک رحمہ اللہ سے کراہیت کا قول مروی ہے ان کے نزدیک فرائض میں سجدہ والی سورت نہیں پڑھنی چاہئے، امام بخاریؒ ان پر رد کررہے ہیں کہ فرائض میں سجدہ والی سورت پڑھنا ثابت ہے اور اس میں کوئی کراہیت نہیں۔

[١٠١-] بابُ الْقِرَاءَ ةِ فِي الْعِشَاءِ بِالسَّجْدَةِ

[٧٦٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: ثَنَا التَّيْمِيُّ، عَنْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ أَبِيْ هُرَيْرَةَ الْعَتَمَةَ، فَقَرَأَ:﴿إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ﴾ فَسَجَدَ، فَقُلْتُ: مَا هٰذِهِ؟ قَالَ: سَجَدْتُ فِيْهَا خَلْفَ أَبِي الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم، فَلاَ أَزَالُ أَسْجُدُ فِيْهَا حَتّٰى أَلْقَاهُ.[راجع: ٧٦٦]

بابُ الْقِرَاءَ ةِ فِي الْعِشَاءِ

عشاء میں قراءت کا بیان

اس باب میں مقدار قراءت کا مسئلہ ہے، پہلے بتایا ہے کہ فجر وظہر میں طوال مفصل، عصر وعشاء میں اوساط مفصل اور مغرب میں قصار مفصل مسنون ہیں، اور ظہر میں اوساط مفصل اور عصر میں قصار مفصل کا بھی ایک قول ہے۔

[١٠٢-] بابُ الْقِرَاءَ ةِ فِي الْعِشَاءِ

[٧٦٩-] حدثنا خَلاَّدُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: ثَنَا مِسْعَرٌ، قَالَ: ثَنِيْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، أَ نَّهُ سَمِعَ الْبَرَاءَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الْعِشَاءِ ﴿وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ﴾ وَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا أَحْسَنَ صَوْتًا مِنْهُ أَوْ: قِرَاءَ ةً.[راجع: ٧٦٧]

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عشاء کی نماز میں آپؐ سے والتین سنی، اتنی شاندار آواز میں آپؐ

نے پڑھی کہ میں نے اتنی شاندار آواز میں کسی اور سے نہیں سنی (والتین اوساط مفصل میں سے ہے)

بابٌ: يُطَوِّلُ فِي الْأُوْلَيَيْنِ، وَيَحْذِفُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ

پہلی دو رکعتیں دراز کرے، اور پچھلی دو رکعتیں مختصر کرے

دراز کرے: یعنی فاتحہ کے ساتھ سورت ملائے، اور حَذَفَ الشیئَ کے معنی ہیں: کنارہ کی طرف سے کاٹنا یعنی سورت نہ ملائے۔ اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ فرائض کی پہلی دو رکعتیں پچھلی دو رکعتوں کی بہ نسبت دراز ہونگی، پہلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے ساتھ سورت ملانی ہے اس لئے وہ دراز ہونگی، اور پچھلی رکعتوں میں سورت نہیں ملانی، صرف سورۂ فاتحہ پڑھنا ہے اس لئے وہ مختصر ہونگی، اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

[۱۰۳-] بابٌ: يُطَوِّلُ فِي الْأُوْلَيَيْنِ، وَيَحْذِفُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ

[۷۷۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ عَوْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ لِسَعْدٍ: لَقَدْ شَكَوْكَ فِيْ كُلِّ شَيْئٍ حَتّٰى الصَّلَاةِ، قَالَ: أَمَّا أَنَا فَأَمُدُّ فِي الْأُوْلَيَيْنِ، وَأَحْذِفُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ، وَلَا آلُوْ مَا اقْتَدَيْتُ بِهِ مِنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عله وسلم، قَالَ: صَدَقْتَ، ذَاكَ الظَّنُّ بِكَ، أَوْ: ظَنِّيْ بِكَ. [راجع: ۷۵۵]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے کہا: (کوفہ والوں نے) آپ کی ہر چیز میں شکایت کی یہاں تک کہ نماز کی بھی، حضرت سعدؓ نے کہا: رہا میں تو میں پہلی دو رکعتوں کو لمبا کرتا ہوں اور آخری دو رکعتوں میں اختصار کرتا ہوں، اور کوتاہی نہیں کرتا اس سے جس طرح میں نے نبی ﷺ کی اقتدا میں نماز پڑھی ہے۔ حضرت عمرؓ نے کہا: سچ کہا آپ نے، آپ کے بارے میں یہی گمان ہے، یا فرمایا: آپ کے بارے میں میرا یہی گمان ہے۔

لغت: أَلَا يَأْلُوْ (ن) أَلْوًا: کوتاہی کرنا، کہا جاتا ہے: لَمْ يَأْلُ جُهْدًا: اس نے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔

بابُ الْقِرَاءَ ةِ فِي الْفَجْرِ

فجر میں قراءت کا بیان

فجر میں طوال مفصل مسنون ہیں، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے حجۃ الوداع میں طواف کے دوران لسانِ نبوت سے سورۂ طور سنی، آپؐ فجر پڑھا رہے تھے، سورۂ طور طوالِ مفصل میں سے ہے، یہ حدیث پہلے گذری ہے اور اس حدیث پر جو اشکال ہے وہ بھی گذرا ہے (دیکھئے: تحفۃ القاری ۲: ۲۸۹ حدیث: ۴۶۴)

[۱۰۴-] بابُ الْقِرَاءَةِ فِيْ الْفَجْرِ

وَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: قَرَأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالطُّوْرِ.

[۷۷۱-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنا شُعْبَةُ، قَالَ:حَدَّثَنا سَيَّارُ بْنُ سَلاَمَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَأَبِيْ عَلٰى أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، فَسَأَلْنَاهُ عَنْ وَقْتِ الصَّلَوَاتِ، فَقَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ الظُّهْرَ حِيْنَ تَزُوْلُ الشَّمْسُ، وَالْعَصْرَ وَيَرْجِعُ الرَّجُلُ إِلٰى أَقْصَى الْمَدِيْنَةِ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ. وَنَسِيْتُ مَا قَالَ فِيْ الْمَغْرِبِ، وَلاَ يُبَالِيْ بِتَأْخِيْرِ الْعِشَاءِ إِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ، وَلاَ يُحِبُّ النَّوْمَ قَبْلَهَا، وَلاَ الْحَدِيْثَ بَعْدَهَا، وَيُصَلِّيْ الصُّبْحَ وَيَنْصَرِفُ الرَّجُلُ فَيَعْرِفُ جَلِيْسَهُ، وَكَانَ يَقْرَأُ فِيْ الرَّكْعَتَيْنِ أَوْ: إِحْدَاهُمَا مَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ إِلٰى الْمِائَةِ.[راجع: ۵۴۱]

وضاحت: اس حدیث میں کئی مسئلے ہیں تفصیل کتاب مواقیت الصلوٰۃ میں گذر چکی ہے (دیکھئے: تحفۃ القاری ۲:۴۰۳، باب ۱۱، و۲: ۴۲۸، باب ۲۳، و۲: ۴۵۸، باب ۴۹) اور یہاں استدلال یہ ہے کہ آپ ﷺ فجر میں ساٹھ سے سو آیتیں تلاوت فرماتے تھے یعنی بڑی آیتیں ساٹھ اور چھوٹی آیتیں سو اور متوسط آیتیں ان کے درمیان تلاوت فرماتے تھے، معلوم ہوا کہ فجر میں اتنی قراءت مسنون ہے۔

[۷۷۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: فِيْ كُلِّ صَلاَةٍ يُقْرَأُ، فَمَا أَسْمَعَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَسْمَعْنَاكُمْ، وَمَا أَخْفٰى عَنَّا أَخْفَيْنَا عَنْكُمْ، وَإِنْ لَمْ تَزِدْ عَلٰى أُمِّ الْقُرْآنِ أَجْزَأَتْ، وَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہر نماز میں قراءت کی جائے گی، پس جن نمازوں میں نبی ﷺ نے ہمیں سنایا ہم بھی تمہیں سناتے ہیں، یعنی جن نمازوں میں نبی ﷺ نے جہراً قراءت فرمائی ہم بھی جہراً قراءت کرتے ہیں اور جن نمازوں میں آپؐ نے ہم سے چھپایا ہم بھی تم سے چھپاتے ہیں یعنی جن نمازوں میں نبی ﷺ نے سراً قراءت کی ہے ہم بھی سراً قراءت کرتے ہیں اور اگر تم فاتحہ سے زیادہ نہ پڑھو تو کافی ہے اور اگر زیادہ پڑھو تو وہ بہتر ہے۔

تشریح: یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک سوال کا جواب دیا ہے، کسی نے سوال کیا تھا کہ دو نمازیں سری اور تین نمازیں جہری کیوں ہیں؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے جواب دیا: جو نمازیں نبی ﷺ نے جہراً پڑھائی ہیں ہم بھی جہراً پڑھاتے ہیں اور جو نمازیں نبی ﷺ نے سراً پڑھائی ہیں ہم بھی سراً پڑھاتے ہیں۔

واقعہ: ٹورنٹو میں ایک نوجوان نے مجھ سے یہی سوال کیا کہ تین نمازیں جہری اور دو نمازیں سری کیوں ہیں؟ میں نے اس کو یہ حدیث سنائی کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے اس سوال کا یہ جواب دیا ہے، پھر میں نے اس سے پوچھا: بتا حضرت ابو ہریرہؓ

وجہ جانتے تھے یا نہیں؟ اگر تیرا خیال ہے کہ نہیں جانتے تھے تو کیا میرا علم حضرت ابو ہریرہؓ سے بڑھا ہوا ہے کہ تو مجھ سے یہ سوال کرتا ہے؟ اور اگر تو یہ سمجھتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ وجہ جانتے تھے مگر سائل کا علمی مستوی اتنا بلند نہیں تھا کہ وہ اس سوال کا جواب سمجھ سکتا، اس لئے حضرت ابو ہریرہؓ نے وجہ نہیں بتائی، پس کیا تیرا علمی مستوی حضرت ابو ہریرہؓ کے شاگردوں سے بڑھا ہوا ہے؟ وہ خاموش ہو گیا، پھر میں نے اس سے پوچھا: تیری شادی ہوئی ہے؟ اس نے کہا: ہاں! میں نے پوچھا: تم میاں بیوی گپ کب کرتے ہو، دن میں یا رات میں؟ وہ کہنے لگا: رات میں کرتے ہیں، دن میں تو ضروری بات چیت کرتے ہیں، میں نے کہا: آپ کے سوال کا یہی جواب ہے۔ دن کے مزاج میں انقباض ہے اور رات کے مزاج میں انبساط، چنانچہ دنیا میں جتنی محفلیں اور مشاعرے ہوتے ہیں: سب رات میں ہوتے ہیں، رات کے مزاج میں انبساط ہے، گانے بجانے کو خوب جی چاہتا ہے، اس لئے رات کی نمازیں جہری ہیں اور دن کی نمازیں سری۔

اور شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ دن میں شور وشغب ہوتا ہے اگر مجمع بڑا ہو تو لوگوں کو کیسے قراءت سنائیں گے؟ اور رات میں سناٹا چھا جاتا ہے، قرآن پڑھا جائے تو سارا مجمع سنے گا، ان وجوہ سے دن کی نمازیں سری اور رات کی نمازیں جہری ہیں۔

وہ کہنے لگا: پھر جمعہ اور عیدین میں جہری قراءت کیوں ہے؟ میں نے کہا: تمہارے ملک میں زفاف رات ہی میں ہوتا ہے یا دن میں بھی ہوتا ہے؟ یورپ وامریکہ میں دن میں بھی رخصتی ہوتی ہے، میاں بیوی پہلی بار دن میں ملتے ہیں۔ اس نے جواب دیا: کبھی دن میں بھی رخصتی ہوتی ہے، میں نے کہا: یہ آپ کے سوال کا جواب ہے، جمعہ اور عیدین خاص مواقع ہیں اور خاص موقعوں کی بات الگ ہے، نئی شادی ہوتی ہے، دوپہر میں بیوی رخصت ہو کر آتی ہے اس خاص موقع پر دن میں بھی انبساط ہو جاتا ہے اور میاں بیوی گھنٹوں گپ کرتے ہیں، اسی طرح جمعہ اور عیدین خاص مواقع ہیں صبح سے لوگ تیاری کرتے ہیں، نہا دھو کر صاف ستھرے یا نئے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر بڑے مجمع میں حاضر ہوتے ہیں تا کہ دوگانہ ادا کریں، مجمع کے بڑے ہونے سے بھی طبیعت میں انبساط پیدا ہوتا ہے، اور بازاروں میں شور وشغب نہیں رہتا لوگ جمعہ کے وقت اور عیدین میں کاروبار بند کر دیتے ہیں، اس لئے مجمع کو قرآن سنانا ممکن ہوتا ہے، ان وجوہ سے جمعہ اور عیدین میں جہری قراءت ہے۔

حدیث میں دوسرا مسئلہ:

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں: نماز کی ہر رکعت میں قراءت ہے لیکن فاتحہ ضروری ہے اور سورت میں اختیار ہے ملائیں سبحان اللہ، نہ ملائیں کوئی بات نہیں۔ ائمہ ثلاثہ بھی اسی کے قائل ہیں، ان کے نزدیک فرض کی ہر رکعت میں فاتحہ فرض ہے اور پہلی دو رکعتوں میں سورت ملانا سنت ہے، اور آخری رکعتوں میں سنت نہیں، حضرت ابو ہریرہؓ کا یہ قول ان کی دلیل ہے۔

اور احناف کہتے ہیں: صحابی کا قول اگر حدیث مرفوع کے خلاف ہو تو اس کو نہیں لیا جاتا، خود حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی

ہے: لاصلوٰۃ إلا بقراء ۃ فاتحہ الکتاب فمازاد (ابوداؤد ۱:۱۱۸باب من ترك القراء ۃ) اور حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں فصاعدًا بھی ہے، یہ حدیث مسلم شریف (۱:۱۶۹ باب وجو قراء ۃ إلخ) میں ہے، ان احادیث کا مفاد یہ ہے کہ فاتحہ کے ساتھ سورت ملانا ضروری ہے اور حضرت ابوقتادہؓ کی حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ صرف پہلی دو رکعتوں میں سورت ملاتے تھے (حدیث ۷۷۶) آخری دو رکعتوں میں نہیں ملاتے تھے، کیونکہ جب عرضی کا جواب سننا ضروری نہیں تو عرضی گذارنا بھی ضروری نہیں کما تقدم، اس لئے آخری رکعتوں میں فاتحہ بھی سنت ہے۔

بابُ الْجَهْرِ بِقِرَاءَ ةِ صَلاَةِ الْفَجْرِ

فجر کی نماز میں جہراً قراءت کرنا

فجر میں قراءت جہری ہے، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے طواف کرتے ہوئے لسانِ نبوت سے سورۂ طور سنی ہے، آپؐ فجر کی نماز پڑھا رہے تھے۔ اور باب میں ایک روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ہے، اس میں ایک واقعہ ہے کہ نبی پاک ﷺ چند صحابہ کے ساتھ عکاظ نامی بازار میں تشریف لے جارہے تھے، تاکہ وہاں دعوت کا کام کریں، راستہ میں آپؐ نخلہ مقام میں فجر کی نماز پڑھا رہے تھے اور جہراً قراءت فرمارہے تھے کہ جنات کا وفد وہاں پہنچا، ان کے کانوں میں قرآنِ کریم کی آواز پڑی، وہ رک گئے اور قرآنِ کریم بغور سنا اور سن کر اس نتیجہ پر پہنچے کہ یہی وہ کلام ہے جس کی وجہ سے جنات پر پہرہ لگا ہے۔ معلوم ہوا کہ فجر کی نماز میں جہری قراءت ہے۔

[۱۰۵-] بابُ الْجَهْرِ بِقِرَاءَ ةِ صَلاَةِ الْفَجْرِ

وَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: طُفْتُ وَرَاءَ النَّاسِ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ، يَقْرَأُ بِالطُّوْرِ.

[۷۷۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، هُوَ جَعْفَرُ بْنُ أَبِيْ وَحْشِيَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: انْطَلَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ طَائِفَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، عَامِدِيْنَ إِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ، وَقَدْ حِيْلَ بَيْنَ الشَّيَاطِيْنِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ، فَرَجَعَتِ الشَّيَاطِيْنُ إِلٰى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: مَا لَكُمْ؟ فَقَالُوْا: حِيْلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ، قَالُوْا: مَاحَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ إِلَّا شَيْئٌ حَدَثَ، فَاضْرِبُوْا مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَانْظُرُوْا مَا هٰذَا الَّذِيْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ؟ فَانْصَرَفَ أُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ تَوَجَّهُوْا نَحْوَ تِهَامَةَ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ بِنَخْلَةَ عَامِدِيْنَ إِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ، وَهُوَ يُصَلِّيْ بِأَصْحَابِهِ صَلاَةَ الْفَجْرِ، فَلَمَّا سَمِعُوْا الْقُرْآنَ اسْتَمَعُوْا لَهُ، فَقَالُوْا: هٰذَا وَاللّٰهِ! الَّذِيْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، فَهُنَالِكَ حِيْنَ رَجَعُوْا إِلٰى قَوْمِهِمْ، قَالُوْا: يَا قَوْمَنَا ﴿إِنَّا سَمِعْنَا

قُرْآنًا عَجَبًا يَهْدِیْ إِلٰی الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ، وَلَنْ نُشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا﴾[الجن: ١] فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰی نَبِيِّهِ صلی الله عليه وسلم﴿ قُلْ أُوْحِیَ إِلَیَّ﴾ وَإِنَّمَا أُوْحِیَ إِلَيْهِ قَوْلُ الْجِنِّ.[انظر: ٤٩٢١]

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کی ایک جماعت کے ساتھ بازار عکاظ کی طرف جانے کی نیت سے چلے درانحالیکہ شیاطین کے درمیان اور آسمان کی خبروں کے درمیان روک لگادی گئی تھی یعنی اس واقعہ سے پہلے جنات کو آسمان پر جانے سے روک دیا گیا تھا، اوران پر انگارے برسائے جاتے تھے (میزائل داغے جاتے تھے) پس شیاطین اپنی قوم کی طرف لوٹے، پس قوم نے پوچھا: کیا بات ہے؟ یعنی خبریں کیوں نہیں لائے؟ انھوں نے کہا: ہمارے درمیان اور آسمان کی خبروں کے درمیان پہرہ بٹھادیا گیا ہے اور ہم پر آگ کے گولے داغے جاتے ہیں، انھوں نے کہا: تمہارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان جو رکاوٹ پیدا ہوئی ہے اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ کوئی نئی بات پیدا ہوئی ہے، لہٰذا تم مشرق ومغرب کا دورہ کرو، پس دیکھو وہ کیا نئی بات ہے جو تمہارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان حائل ہوئی ہے؟ پس پھرے وہ لوگ جو تہامہ کی طرف متوجہ ہوئے تھے، نبی ﷺ کی طرف، درانحالیکہ آپ مقام نخلہ میں تھے، اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ بازار عکاظ جانے کا ارادہ رکھتے تھے، اور آپؐ وہاں صحابہ کو فجر کی نماز پڑھا رہے تھے، پس جب ان جنات نے قرآن سنا تو وہ بغور سننے لگے، معلوم ہوا کہ آپؐ جہراً تلاوت فرمارہے تھے، یہی ترجمۃ الباب ہے، پس انھوں نے کہا: قسم بخدا! یہی وہ کلام ہے جو ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان حائل ہوا ہے، پس وہی جگہ ہے جب وہ اپنی قوم کی طرف لوٹے، کہا انھوں نے: اے ہماری قوم! بے شک ہم نے عجیب قرآن سنا ہے جو نیک راستے کی راہنمائی کرتا ہے، پس ہم اس پر ایمان لے آئے اور ہم اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر یہ آیات اتاریں ﴿قُلْ أُوْحِیَ إِلَیَّ﴾ (سورۃ الجنّ) اور آپؐ کی طرف جنات کی بات ہی وحی کی گئی، یعنی جنات نے اپنی قوم میں جو رپوٹ پیش کی تھی وہ سورۃ الجن میں نازل کی گئی، اس وقت وہ جنات آپؐ سے نہیں ملے تھے، اور سورۂ احقاف (آیت ۲۹) میں ان جنات کی آمد کی اطلاع دی گئی۔

[٧٧٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَرَأَ النَّبِيُّ صلی الله عليه وسلم فِيْمَا أُمِرَ، وَسَكَتَ فِيْمَا أُمِرَ،﴿ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا﴾ [مريم: ٦٤] وَ﴿ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾[الاحزاب: ٢١]

حدیث (۲): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے پڑھا ان نمازوں میں جن میں آپؐ کو پڑھنے کا حکم دیا گیا، اور آپؐ خاموش رہے ان نمازوں میں جن میں آپؐ کو خاموش رہنے کا حکم دیا گیا، اور آپؐ کا رب بھولنے والا نہیں، یعنی سری نماز میں اللہ تعالیٰ نے قراءت کا حکم نہیں دیا اور تمہارے لئے نبی ﷺ کی ذات میں بہترین نمونہ ہے، لہٰذا تم بھی ظہرین میں قراءت مت کرو۔

تشریح: پہلے بتایا ہے کہ ابتدا میں حضرت ابن عباسؓ صرف جہری نماز میں قراءت کے قائل تھے، سری نماز میں قراءت کے قائل نہیں تھے۔ یہ حدیث اسی زمانہ کی ہے، پھر آپؓ کو مسئلہ میں تردد پیدا ہوا، اور آخر میں اقرار پر معاملہ ٹھہرا۔ غرض فجر کی نماز میں قراءت ہے، کیونکہ وہ جہری نماز ہے، اور یہی باب ہے۔

بابُ الْجَمْعِ بَيْنَ السُّوْرَتَيْنِ فِيْ رَكْعَةٍ، وَالْقِرَاءَ ةِ بِالْخَوَاتِيْمِ، وَبِسُوْرَةٍ قَبْلَ سُوْرَةٍ، وَبِأَوَّلِ سُوْرَةٍ

ایک رکعت میں دوسورتیں جمع کرنا، اور سورتوں کے اواخر پڑھنا، اورسورتیں خلاف ترتیب پڑھنا، اور سورتوں کے اوائل پڑھنا

اس باب میں چار مسئلے ہیں: (۱) دو یا زیادہ سورتیں ایک رکعت میں جمع کرنا (۲) سورت کے آخر میں عام طور پر موعظتیں اور نصیحتیں ہوتی ہیں ان کو پڑھنا (۳) خلافِ ترتیب سورتیں پڑھنا (۴) جس طرح سورت کے آخر میں جامع نصیحتیں ہوتی ہیں سورت کے شروع میں بھی جامع تمہید ہوتی ہے اس کو پڑھنا۔

اور اس باب کا مقصد ہر طرح سے قراءت کا جواز ثابت کرنا ہے یعنی جس طرح چاہو نماز میں قرآن پڑھ سکتے ہو، کراہیت واستحباب سے قطع نظر کرتے ہوئے۔

جاننا چاہئے کہ حنابلہ اور مالکیہ کے نزدیک ناتمام سورت کی قراءت مکروہ ہے اور حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک خلافِ ترتیب پڑھنا مکروہ ہے، امام بخاری رحمہ اللہ یا تو ان دونوں باتوں سے متفق نہیں، اس لئے یہ باب قائم کیا ہے یا حضرتؒ کا منشا صرف جواز ثابت کرنا ہے، کراہیت واستحباب سے قطع نظر کرتے ہوئے —— باب میں پانچ آثار اور سات احادیث ہیں۔

[١٠٦-] بابُ الْجَمْعِ بَيْنَ السُّوْرَتَيْنِ فِيْ رَكْعَةٍ، وَالْقِرَاءَ ةِ بِالْخَوَاتِيْمِ، وَبِسُوْرَةٍ قَبْلَ سُوْرَةٍ، وَبِأَوَّلِ سُوْرَةٍ

[١-] وَيُذْكَرُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ: قَرَأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمُؤْمِنُوْنَ فِي الصُّبْحِ، حَتّٰى إِذَا جَاءَ ذِكْرُ مُوْسٰى وَهَارُوْنَ، أَوْ: ذِكْرُ عِيْسٰى أَخَذَتْهُ سَعْلَةٌ فَرَكَعَ.

[٢-] وَقَرَأَ عُمَرُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى بِمِائَةٍ وَعِشْرِيْنَ آيَةً مِنَ الْبَقَرَةِ، وَفِي الثَّانِيَةِ بِسُوْرَةٍ مِنَ الْمَثَانِيْ.

[٣-] وَقَرَأَ الْأَحْنَفُ بِالْكَهْفِ فِي الْأُوْلٰى، وَفِي الثَّانِيَةِ بِيُوْسُفَ، أَوْ يُوْنُسَ، وَذَكَرَ أَنَّهُ صَلّٰى مَعَ عُمَرَ الصُّبْحَ بِهِمَا.

[٤-] وَقَرَأَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ بِأَرْبَعِيْنَ آيَةً مِنَ الْأَنْفَالِ، وَفِي الثَّانِيَةِ بِسُوْرَةٍ مِنَ الْمُفَصَّلِ.
[٥-] وَقَالَ قَتَادَةُ فِيْمَنْ يَقْرَأُ بِسُوْرَةٍ وَاحِدَةٍ فِيْ رَكْعَتَيْنِ، أَوْ يُرَدِّدُ سُوْرَةً وَاحِدَةً فِيْ رَكْعَتَيْنِ: كُلٌّ كِتَابُ اللّٰهِ.

۱- ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ نے فجر کی نماز میں سورۃ المؤمنین شروع کی، یہ اٹھارہویں پارہ کی پہلی سورت ہے، جب حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کا تذکرہ آیا یا جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ آیا تو آپؐ کو کھانسی اٹھی اور آپؐ نے رکوع کرلیا، یعنی آپؐ نے سورت کا اول حصہ پڑھا، پوری سورت نہیں پڑھی۔

۲- فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے پہلی رکعت میں سورۂ بقرہ کی ایک سوبیس آیتیں پڑھیں، سورۂ بقرہ میں ۲۸۶ آیتیں ہیں یعنی تقریباً ایک پارہ پڑھا، اور دوسری رکعت میں مثانی [1] میں سے کوئی سورت پڑھی، غرض پہلی رکعت میں سورۂ بقرہ پوری نہیں پڑھی، بلکہ اس کا شروع کا حصہ پڑھا، پس باب کا ایک جزء ثابت ہوگیا۔

۳- احنف بن قیس جو اسلامی تاریخ کے مشہور جرنیل ہیں انھوں نے نماز پڑھائی، پہلی رکعت میں پوری سورۂ کہف پڑھی اور دوسری رکعت میں سورۂ یوسف یا سورۂ یونس پڑھی، پھر فرمایا: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی ہے، انھوں نے بھی یہ دوسورتیں پڑھی تھیں، یعنی نماز میں دومختلف سورتیں پڑھ سکتے ہیں۔

۴- ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ نماز پڑھائی تو سورۂ انفال میں سے چالیس آیتیں پڑھیں اور دوسری رکعت میں مفصلات میں سے کوئی سورت پڑھی، اگر شروع کی چالیس آیتیں مراد ہیں تو الگ جزء اور آخر کی چالیس آیتیں مراد ہیں تو الگ جزء ثابت ہوگا۔

۵- حضرت قتادہؒ سے دومسئلے پوچھے گئے: ایک: دورکعتوں میں ایک ہی سورت پڑھیں، مثلاً پہلی رکعت میں بھی سورۂ اخلاص پڑھیں اور دوسری رکعت میں بھی وہی پڑھیں تو کیا حکم ہے؟ دوم: پہلی رکعت میں آدھی سورت پڑھیں اور باقی آدھی دوسری رکعت میں پڑھیں تو کیا حکم ہے؟ حضرت قتادہؒ نے فرمایا: كل كتاب الله: سب اللہ کی کتاب ہے (یہ قال کا مقولہ ہے) یعنی دونوں صورتیں جائز ہیں۔

[۷۷۴م -] وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ: كَانَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يَؤُمُّهُمْ فِيْ مَسْجِدِ قُبَاءٍ، وَكَانَ كُلَّمَا افْتَتَحَ سُوْرَةً يَقْرَأُ بِهَا لَهُمْ فِي الصَّلَاةِ مِمَّا يُقْرَأُ بِهِ، افْتَتَحَ بِـ ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهَا، ثُمَّ

(۱) شروع کی سات یا آٹھ سورتیں (فاتحہ کے علاوہ) طوال ہیں، سورہ انفال اور سورۂ توبہ کو الگ الگ شمار کریں تو آٹھ ورنہ سات سورتیں ہیں، پھر گیارہ سورتیں مئین ہیں یعنی وہ سورتیں جن میں سو سے زیادہ آیتیں ہیں، پھر بیس سورتیں مثانی ہیں یعنی جن میں سو سے کم آیتیں ہیں، پھر مفصلات ہیں یعنی وہ سورتیں جن میں چھوٹی چھوٹی آیتیں ہیں، پھر مفصلات کی تین قسمیں ہیں: طوالِ مفصل، اوساط مفصل اور قصار مفصل ۱۲

يَقْرَأُ بِسُوْرَةٍ أُخْرَى مَعَهَا، وَكَانَ يَصْنَعُ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ، فَكَلَّمَهُ أَصْحَابُهُ، وَقَالُوْا: إِنَّكَ تَفْتَتِحُ بِهٰذِهِ السُّوْرَةِ، ثُمَّ لاَ تَرَى أَنَّهَا تُجْزِئُكَ حَتّٰى تَقْرَأَ بِأُخْرَى، فَإِمَّا أَنْ تَقْرَأَ بِهَا وَإِمَّا أَنْ تَدَعَهَا وَتَقْرَأَ بِأُخْرَى، فَقَالَ: مَا أَنَا بِتَارِكِهَا، إِنْ أَحْبَبْتُمْ أَنْ أَؤُمَّكُمْ بِذٰلِكَ فَعَلْتُ، وَإِنْ كَرِهْتُمْ تَرَكْتُكُمْ، وَكَانُوْا يَرَوْنَ أَنَّهُ مِنْ أَفْضَلِهِمْ، وَكَرِهُوْا أَنْ يَؤُمَّهُمْ غَيْرُهُ. فَلَمَّا أَتَاهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرُوْهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ: " يَا فُلاَنُ! مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَفْعَلَ مَا يَأْمُرُكَ بِهِ أَصْحَابُكَ؟ وَمَا يَحْمِلُكَ عَلٰى لُزُوْمِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ؟" فَقَالَ: إِنِّيْ أُحِبُّهَا. فَقَالَ: " حُبُّكَ إِيَّاهَا أَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ "

وضاحت: حدیث نمبر کے بعدم مکرر کی میم ہے، اس حدیث پر بھی غلطی سے ۷۴ نمبر لگ گیا ہے.........اور یہ حدیث یہاں معلق ہے، عبید اللہ عمری: امام بخاریؒ کے استاذ نہیں ہیں، اوپر کے راوی ہیں، اور یہ حدیث بخاری شریف میں اسی ایک جگہ آئی ہے، اور ترمذی (حدیث ۲۹۱۲ ابواب فضائل القرآن، باب ۱۱) میں مسند ہے، اور مسند دارمی اور مسند امام احمد میں بھی مسند ہے۔

قبا کی مسجد میں ایک انصاری صحابی امام تھے، ان کا طریقہ یہ تھا کہ ہر رکعت میں پہلے سورۂ اخلاص پڑھتے تھے پھر اس کے بعد کوئی اور سورت ملاتے تھے، ان کے مقتدیوں نے اعتراض کیا۔ امام صاحب نے کہا: میں تو اسی طرح نماز پڑھاؤں گا، تمہارا جی چاہے تو میرے پیچھے نماز پڑھو، ورنہ کوئی اور امام مقرر کرلو، وہ لوگوں میں افضل تھے، لوگ انہی کے پیچھے نماز پڑھنا چاہتے تھے۔ جب امام صاحب نے بات نہ مانی تو لوگوں نے بات نبی ﷺ تک پہنچائی، آپؐ نے ان سے وجہ دریافت کی، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اس سورت سے محبت ہے، آپؐ نے فرمایا: یہ محبت تمہیں جنت میں لے جائے گی، یعنی آپؐ نے ان کے عمل کو برقرار رکھا، معلوم ہوا کہ دو رکعتوں میں ایک سورت کی تکرار درست ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ایک انصاری صحابی مسجدِ قباء میں نماز پڑھاتے تھے، وہ جب بھی نماز میں پڑھی جانے والی کسی سورت کو پڑھنے کا ارادہ کرتے تو سورۂ اخلاص سے قراءت شروع کرتے، یہاں تک کہ اس سے فارغ ہوجاتے، پھر اس کے ساتھ دوسری سورت پڑھتے، اور وہ ایسا ہر رکعت میں کرتے تھے، پس ان سے ان کے مقتدیوں نے بات کی اور کہا: آپ اس سورت سے نماز شروع کرتے ہیں پھر آپ اس سورت کو کافی نہیں سمجھتے اور دوسری سورت پڑھتے ہیں پس یا تو آپ سورۂ اخلاص پڑھیں یا اس کو رہنے دیں اور دوسری سورت پڑھیں، انھوں نے کہا: میں اس سورت کو چھوڑنے والا نہیں اگر تمہیں پسند ہو کہ میں اسی طرح امامت کروں تو میں امامت کروں اور تمہیں ناپسند ہو تو میں امامت چھوڑ دوں۔ اور لوگ ان کو اپنے سے افضل سمجھتے تھے اور ان کے علاوہ کوئی اور امامت کرائے اس کو ناپسند کرتے تھے، پس جب ان کے پاس نبی ﷺ (قباء میں) آئے تو انھوں نے آپؐ کو اس کی خبر کی۔ آپؐ نے فرمایا: اے فلاں! تمہارے ساتھی تم سے جو بات کہتے ہیں اس کے کرنے میں کیا چیز مانع ہے؟ اور ہر رکعت میں اس سورت کی پابندی کرنے پر تمہیں کیا چیز ابھارتی ہے؟ انھوں نے عرض کیا: مجھے اس سورت سے محبت ہے، آپؐ نے فرمایا: "اس سورت سے آپ کی محبت آپ کو جنت میں لے جائے گی"

[۷۷۵-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ مَسْعُوْدٍ، فقَالَ: قَرَأْتُ الْمُفَصَّلَ اللَّيْلَةَ فِيْ رَكْعَةٍ، فَقَالَ: هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ، لَقَدْ عَرَفْتُ النَّظَائِرَ الَّتِيْ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرُنُ بَيْنَهُنَّ، فَذَكَرَ عِشْرِيْنَ سُوْرَةً مِنَ الْمُفَصَّلِ، سُوْرَتَيْنِ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ. [انظر: ۴۹۹۶، ۵۰۴۳]

حدیث: ابووائل رحمہ اللہ سے مروی ہے: ایک شخص (نہیک بن سنان) ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اس نے کہا: میں نے آج رات (تہجد میں) ایک رکعت میں مفصلات پڑھے، آپؓ نے فرمایا: شعر گنگنانے کی طرح گنگنایا ہوگا! بخدا! میں جانتا ہوں ان ہم مضمون سورتوں کو جن کو نبی ﷺ (ایک رکعت میں) ملایا کرتے تھے، پس آپؓ نے مفصلات کی بیس سورتوں کا تذکرہ کیا (آپؐ) ہر رکعت میں دو سورتیں (پڑھتے تھے)

تشریح: یہ روایت یہاں مختصر ہے، تفصیلی روایت مسلم شریف میں ہے، ایک طالب علم نے حضرت ابن مسعودؓ سے پوچھا: آپ سورۂ محمد (آیت ۱۵) میں مِنْ مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ کو ہمزہ کے ساتھ پڑھتے ہیں یای کے ساتھ من ماء غير ياسن؟ ابن مسعودؓ نے فرمایا: کیا تو نے اس کے علاوہ سارا قرآن پڑھ لیا؟ (جو اتنی باریک بات پوچھتا ہے؟) اس نے جواب دیا: جی ہاں! میں سارا قرآن پڑھ چکا ہوں، اور اتنا پکا کرلیا ہے کہ ایک رکعت میں تمام مفصلات (سورۂ قٓ سے آخر تک) پڑھتا ہوں۔ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: پڑھتا ہوگا، عورتیں جس طرح چاولوں میں سے کنکر چنتی ہیں یا کھجور کے ڈھیر میں سے جس طرح بوسیدہ کھجوریں چنی جاتی ہیں یا جس طرح شاعر اشعار گنگناتے ہیں اس طرح پڑھتا ہوگا؟! پھر فرمایا: رسول اللہ ﷺ تہجد میں ایک رکعت میں ہم مضمون دو سورتیں ملاتے تھے اور مجھے معلوم ہے وہ کونسی سورتیں ہیں۔ ابن مسعودؓ چونکہ اس وقت ناراض ہوگئے تھے اس لئے طلبہ نے سوال کی ہمت نہ کی، مگر انھوں نے علقمہ سے کہا: مناسب موقع دیکھ کر حضرت سے دریافت کرنا کہ رسول اللہ ﷺ کونسی سورتیں ملاتے تھے؟ جب حضرت علقمہ نے دریافت کیا تو ابن مسعودؓ نے بتایا کہ بیس سورتیں ملاتے تھے اور فلاں فلاں دو سورتیں ایک رکعت میں پڑھتے تھے۔ ان سورتوں کی تفصیل ابوداؤد (حدیث ۱۳۹۶ باب تحزیب القرآن) میں ہے اور وہاں سے حاشیہ میں نقل کی ہے۔ ان سورتوں میں ترتیب نہیں ہے، معلوم ہوا کہ خلافِ ترتیب بھی پڑھ سکتے ہیں، یہ امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال ہے۔

بابٌ: يَقْرَأُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

فرض کی آخری رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پڑھے

فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں احناف کے نزدیک سورت ملانا نہ مشروع ہے نہ مکروہ، اگر کوئی فاتحہ کے ساتھ

بھول کر یا جان بوجھ کر سورت ملالے تو کچھ حرج نہیں، سجدۂ سہو واجب نہیں مگر نماز مکروہ ہوگی۔ اور سورۂ فاتحہ پڑھنا سنت ہے، حاشیہ میں ابن المنذر کے حوالہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اثر ہے: اِقْرَأْ فِي الْأُوْلَيَيْنِ، وَسَبِّح فی الْأُخْرَيَيْنِ: فرض کی پہلی دو رکعتوں میں قراءت کرو، اور آخری رکعتوں میں تسبیح پڑھو، یعنی آخری رکعتوں میں قراءت فرض نہیں، تسبیح وتہلیل بھی کافی ہے، بلکہ اگر تسبیح وتہلیل بھی نہ کرے، ایک رکن کے بقدر خاموش کھڑا رہے تو بھی نماز ہوجائے گی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ اثر احناف کی دلیل ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرض کی ہر رکعت میں فاتحہ پڑھنا فرض ہے، اور سورت ملانا سنت ہے۔

[۱۰۷-] بابٌ: يَقْرَأُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

[۷۷۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقْرَأُ فِي الظُّهْرِ فِي الْأُوْلَيَيْنِ بِأُمِّ الْكِتَابِ وَسُوْرَتَيْنِ، وَفِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُخْرَيَيْنِ بِأُمِّ الْكِتَابِ، وَيُسْمِعُنَا الآيَةَ، وَيُطَوِّلُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُوْلَى مَالاَ يُطِيْلُ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، وَهٰكَذَا فِي الْعَصْرِ، وَهٰكَذَا فِي الصُّبْحِ. [راجع: ۷۵۹]

ملحوظہ: فرائض کی آخری رکعتوں میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھیں گے سورت نہیں ملائیں گے، مگر یہ بات اس حدیث میں نہیں ہے کہ آخری رکعتوں میں فاتحہ پڑھنا سنت ہے یا فرض؟ اس لئے اس مسئلہ میں اختلاف ہوا ہے اور احناف کی دلیل حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ فاتحہ پڑھنا سنت ہے۔ حدیث کے باقی اجزاء چند ابواب پہلے گذر چکے ہیں۔

بابٌ: مَنْ خَافَتَ الْقِرَاءَ ةَ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ

ظہر اور عصر میں سرّی قراءت ہے

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ ظہر وعصر میں سری قراءت ہے، حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم ڈاڑھی کے ہلنے سے آنحضور ﷺ کے پڑھنے کا اندازہ کرتے تھے یعنی آپؐ ظہر وعصر میں سراً قراءت کرتے تھے۔

[۱۰۸-] بابٌ: مَنْ خَافَتَ الْقِرَاءَ ةَ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ

[۷۷۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، قَالَ: قُلْنَا لِخَبَّابٍ: أَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْنَا: مِنْ أَيْنَ عَلِمْتَ؟ قَالَ: بِاضْطِرَابِ لِحْيَتِهِ. [راجع: ۷۴۶]

بابٌ: إِذَا أَسْمَعَ الإِمَامُ الآيَةَ

جب سری نماز میں امام کوئی آیت جہراً پڑھے

آنحضور ﷺ ظہر وعصر میں کبھی کوئی آیت سناتے تھے یعنی ایک آیت جہراً پڑھتے تھے اور آپؐ ایسا تعلیم کی غرض سے کرتے تھے تاکہ لوگ جان لیں کہ نبی ﷺ قراءت فرمارہے ہیں اور فلاں سورت پڑھ رہے ہیں، اس سے قراءت کی مقدار کا اندازہ ہوجائے گا، پس یہ عمل حدیث ہے سنت نہیں۔ چنانچہ اب دنیا میں کوئی امام ظہر وعصر میں کوئی آیت نہیں سناتا کیونکہ آپؐ نے یہ عمل ایک خاص وجہ سے کیا تھا، جو بعد میں باقی نہیں رہی۔

مسئلہ: اگر کوئی امام ظہر وعصر میں ایک دو آیتیں جہراً پڑھے تو سجدہ سہو واجب نہیں ہوگا، کیونکہ یہ جہراً قراءت کرنا نہیں، جہری نماز میں سراً پڑھنے سے اور سری نماز میں جہراً پڑھنے سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے، مگر ایک دو آیتیں جہراً پڑھنے سے سجدۂ سہو لازم نہیں ہوتا، کیونکہ جہراً پڑھنے کی تعریف اس پر صادق نہیں آتی۔

[۱۰۹-] بابٌ: إِذَا أَسْمَعَ الإِمَامُ الآيَةَ

[۷۷۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقْرَأُ بِأُمِّ الْكِتَابِ وَسُورَةٍ مَعَهَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الأُولَيَيْنِ مِنْ صَلاَةِ الظُّهْرِ وَصَلاَةِ الْعَصْرِ، وَيُسْمِعُنَا الآيَةَ أَحْيَانًا، وَكَانَ يُطِيلُ فِي الرَّكْعَةِ الأُولَى.
[راجع: ۷۵۹]

بابٌ: يُطَوِّلُ فِي الرَّكْعَةِ الأُولَى

پہلی رکعت لمبی کرے

یہ مسئلہ چند ابواب پہلے گذر چکا ہے کہ شیخین رحمہما اللہ کے نزدیک فجر کے علاوہ تمام نمازوں میں پہلی دونوں رکعتیں مساوی ہونگی، البتہ فجر میں پہلی رکعت دوسری رکعت سے لمبی ہونی چاہئے، یہی مسنون ہے۔ اور امام محمد اور دیگر ائمہ کے نزدیک پانچوں نمازوں میں پہلی رکعت کو دوسری رکعت سے دراز کرنا مسنون ہے، جمہور کی دلیل باب کی حدیث ہے، حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ظہر کی پہلی رکعت لمبی کرتے تھے اور دوسری رکعت مختصر، اور فجر میں بھی ایسا کرتے تھے۔

اور شیخینؒ کی دلیل حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو مسلم شریف میں ہے کہ نبی ﷺ ظہر کی پہلی دو

رکعتوں میں تیس تیس آیتوں کے بقدر پڑھتے تھے، معلوم ہوا کہ فجر کے علاوہ نمازوں میں دونوں رکعتیں مساوی ہوتی تھیں، اور فجر کی پہلی رکعت دراز کرنا اس لئے مسنون ہے کہ وہ غفلت اور نیند کا وقت ہے لوگ بیدار ہوکر اور استنجے وغیرہ سے فارغ ہوکر جماعت میں آتے ہیں، اس لئے فجر کی پہلی رکعت لمبی ہونی چاہئے تاکہ لوگ پہلی رکعت میں شامل ہوجائیں۔

اور حضرت ابوقتادہؓ کی حدیث کے بارے میں شیخین فرماتے ہیں کہ ظہر وغیرہ کی پہلی رکعت ثنا، تعوذ اور تسمیہ کی وجہ سے دراز معلوم ہوتی تھی، قراءت کی وجہ سے دراز نہیں ہوتی تھی۔

[۱۱۰-] بابٌ: يُطَوِّلُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى

[۷۷۹-] حدثنا أَ بُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُطَوِّلُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ، وَيُقَصِّرُ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، وَيَفْعَلُ ذٰلِكَ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ. [راجع: ۷۵۹]

بابُ جَهْرِ الْإِمَامِ بِالتَّأْمِيْنِ

امام کا جہراً آمین کہنا

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک جہری نمازوں میں امام اور مقتدی سب جہراً آمین کہیں گے۔ امام بخاریؒ کی بھی یہی رائے ہے۔ اور یہ باب امام کے جہراً آمین کہنے کے سلسلہ میں ہے، اور مقتدیوں کے جہراً آمین کہنے کا باب آگے آرہا ہے، اور گیلری میں جو والناس کا نسخہ ہے: وہ ٹھیک نہیں، مقتدیوں کے لئے آگے الگ باب آرہا ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک سب سراً آمین کہیں گے، اور یہ اختلاف جواز وعدم جواز کا نہیں، بلکہ اولیٰ غیر اولیٰ کا ہے۔

حدیث اور سنت کی تعیین میں اختلاف:

جاننا چاہئے کہ کبھی روایات میں تعارض ہوتا ہے اور سنت کیا ہے اور حدیث کیا ہے؟ اس کی تعیین میں اختلاف ہوجاتا ہے، جیسے رفع یدین اور ترکِ رفع کی روایات میں تعارض ہے، پس ان میں سے کوئی ایک منسوخ ہے اور دوسری ناسخ، اور جو منسوخ ہے وہ صرف حدیث ہے اور جو ناسخ ہے وہ سنت بھی ہے، مگر اس کو طے کرنے میں ائمہ کے درمیان اختلاف ہوا ہے، چھوٹے دو امام رفع کی روایات کو سنت کہتے ہیں اور بڑے دو امام ترکِ رفع کی روایات کو سنت کہتے ہیں۔ آمین کے مسئلہ میں بھی ایسا ہی اختلاف ہوا ہے، اور اتنی بات طے ہے کہ نبی ﷺ نے جہراً آمین کہی ہے، مگر آپؐ کا جہراً آمین کہنا سنت ہے یا کسی مصلحت سے تھا؟ اس میں اختلاف ہوا ہے۔ امام شافعی، امام احمد اور امام بخاری رحمہم اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہ نماز کی سنت ہے اور بڑے دو اماموں کی رائے یہ ہے کہ یہ تعلیم کی غرض سے تھا، پس سنت نہیں، جیسے نبی ﷺ نے ظہر وعصر میں کبھی

کوئی آیت جہراً پڑھی ہے، مگر وہ تشریع کے مقصد سے تھا اور وہ وجہ اب باقی نہیں رہی، اس لئے اب دنیا میں کوئی امام ظہر وعصر میں آیت نہیں سناتا۔ اسی طرح آنحضور ﷺ نے آمین مصلحتاً زور سے کہی تھی، اور اب وہ مصلحت باقی نہیں رہی اس لئے آمین سراً کہیں گے، کیونکہ آمین دعا ہے اور دعا میں اصل سر (آہستگی) ہے۔

آمین بالجہر کی صریح روایت:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسئلہ باب میں صریح دلیل حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے مگر وہ روایت صحیحین میں لانے کے قابل نہیں، اس کی سند اور متن میں شعبہ اور ثوری رحمہما اللہ کے درمیان اختلاف ہوا ہے۔ حضرت وائل اَقْیَال یمن (یمن کے نوابوں) میں سے تھے، رسول اللہ ﷺ نے یمن کو دو پرگنوں (مِخْلاف) میں تقسیم کیا تھا، ایک پرگنہ کا گورنر حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ کو اور دوسرے پرگنہ کا گورنر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو بنایا تھا، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دونوں پرگنوں کا قاضی بنا کر بھیجا تھا۔ ان حضرات کی محنت سے حضرت وائلؓ مسلمان ہوئے، پھر شوق دلانے سے مدینہ آئے اور بیس دن قیام کیا، جب وہ مدینہ سے تین دن کی مسافت پر رہ گئے تو نبی ﷺ کو وحی سے اطلاع ملی، اور جب وہ مدینہ پہنچے تو نبی ﷺ نے ان کا اعزاز واکرام کیا اور نماز کے لئے مسجدِ نبوی میں اپنے پیچھے جگہ متعین کی تاکہ وہ دین اور نماز سیکھیں۔

حضرت وائلؓ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو سنا، آپؐ نے ﴿غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلاَ الضَّالِّیْنَ﴾ پڑھا اور آمین کہی اور اس کے ساتھ اپنی آواز کو کھینچا یعنی بلند آواز سے آمین کہی۔ چھوٹے دو اماموں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ آمین جہراً کہنا سنت ہے۔

اس حدیث کو سلمۃ بن کہیل سے ثوری اور شعبہ روایت کرتے ہیں اور دونوں میں سند میں بھی اختلاف ہوا ہے اور متن میں بھی، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے ثوری کی روایت کو اصح کہا ہے اور شعبہ کی روایت میں تین خرابیاں بتائی ہیں مگر صحیح بات یہ ہے کہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں اور ان میں نہ سند میں اختلاف ہے اور نہ متن میں، اور امام ترمذی نے جو تین اعتراض کئے ہیں ان کے معقول جواب موجود ہیں، تفصیل ترمذی میں ہے (دیکھئے تحفۃ الالمعی ۱:۵۸۸)

ان میں سے ایک اختلاف متن میں ہے، ثوری کی روایت میں: مَدَّ بها صَوْتَه ہے جس کا مفہوم زور سے آمین کہنا ہے اور شعبہ کی حدیث میں: خَفَضَ بها صوتَه: ہے یعنی اپنی آواز پست کی، اس کا مفہوم سراً آمین کہنا ہے، مگر حقیقت میں یہ ایک حقیقت کی دو تعبیریں ہیں مَدَّ بها سر کے اعتبار سے ہے اور خَفَضَ بها جہر کے اعتبار سے یعنی نبی ﷺ نے جہراً آمین کہی سراً نہیں کہی اور شعبہؒ کی حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ نے جس لہجہ میں فاتحہ پڑھی تھی اس سے پست آواز کر کے آمین کہی، پس دونوں حدیثوں میں جہراً آمین کہنے کی بات ہے، صرف تعبیر کا فرق ہے اور اس کی دلیل نسائی کی حدیث ہے۔ حضرت وائلؓ کہتے ہیں: سَمِعْتُه وَأَنَا خلفه یعنی آپؐ نے اتنی زور سے آمین کہی کہ میں نے سن لی درانحالیکہ میں آپؐ

کے پیچھے تھا(نسائی باب قول المأموم إذا عطس إلخ) معلوم ہوا کہ آپؐ نے جس لہجہ میں فاتحہ پڑھی تھی اس لہجہ میں آمین نہیں کہی تھی، ورنہ ساری مسجد سنتی۔

اور حافظ ابو بشر دولابی کی کتاب الأسماء والکنی میں حدیث کے الفاظ ہیں: قَرَأَ ﴿غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلاَ الضَّالِّیْنَ﴾ فقال: آمین، یَمُدُّ بِها صَوْتَه، ما أُرَاه إلا لِیُعَلِّمَنَا: حضرت وائلؓ کہتے ہیں: آپؐ کا جہراً آمین کہنا میرے خیال میں میری تعلیم کے لئے تھا (آثار السنن ص:۱۲۰، الجهر بالتأمین درحاشیہ)

اور معجم طبرانی میں ہے: فلمّا فَرَغَ من فاتحة الکتاب قال: آمین، ثلاث مرات: آپؐ نے فاتحہ سے فارغ ہوکر تین مرتبہ آمین کہی۔ حافظ رحمہ اللہ نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ تین نمازوں میں جہراً آمین کہی، یعنی بیس دن کی باقی جہری نمازوں میں سراً آمین کہی، حافظ رحمہ اللہ کی یہ شرح: مواہب لدنیہ کی شرح زرقانی (۷:۱۱۳) میں ہے اور معجم طبرانی کی اس حدیث کے تمام روات ثقہ ہیں (مجمع الزوائد ۲:۱۱۳ ورجاله ثقات)

غرض روایت کے تمام طرق جمع کرنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ نے زور سے آمین وقتی مصلحت سے کہی تھی یعنی حضرت وائل کی تعلیم کی غرض سے کہی تھی، پس یہ حدیث ضرور ہے مگر سنت نہیں۔

اور اگر جہراً آمین کہنے کا معمول ہوتا تو روایات حد تواتر کو پہنچ جاتیں کیونکہ صحابہ نے دس سال مسجد نبوی میں حضور ﷺ کے پیچھے نمازیں پڑھی ہیں مگر حضرت وائل کی حدیث کے علاوہ دوسری کوئی حدیث ایسی موجود نہیں جو صریح اور صحیح ہو۔ اور حضرت وائلؓ یمن کے تھے انھوں نے صرف بیس دن مدینہ میں قیام کیا ہے، اور انہی کی حدیث پر سارا مدار ہے اور کبارِ صحابہ جہراً آمین نہیں کہتے تھے۔ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے بارے میں سراً آمین کہنے کی صراحت ہے (شرح معانی الآثار ۱:۱۵۰ باب قراءۃ بسم اللہ) البتہ بعض صغار صحابہ نے اپنے دور میں جہراً آمین کہی ہے مگر ان کا یہ عمل حفاظتِ حدیث کی غرض سے تھا، تفصیل رفع یدین کے باب میں گذر چکی ہے۔

عقلی دلیل:

علاوہ ازیں عقل کا فیصلہ بھی یہ ہے کہ آمین سراً ہو، کیونکہ نماز میں متعدد اذکار ہیں اور قراءت کے علاوہ ہر ذکر میں بالاجماع سر سنت ہے، پس آمین میں بھی سر سنت قرار پائے گا، اور امام کی تکبیرات انتقالیہ میں جہر ضرورۃً ہے، نیز آمین دعا ہے اور دعا میں اخفا افضل ہے اللہ پاک کا ارشاد ہے ﴿اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً﴾ پکارو اپنے پروردگار کو تذلل کے ساتھ اور چپکے سے (الاعراف آیت ۵۵)

[۱۱۱-] بابُ جَهْرِ الإِمَامِ بِالتَّأْمِیْنِ

[۱-] وَقَالَ عَطَاءٌ: آمِیْنَ دُعَاءٌ، أَمَّنَ ابْنُ الزُّبَیْرِ وَمَنْ وَرَاءَ هُ حَتّٰی إِنَّ لِلْمَسْجِدِ لَلَجَّةً.

[۲-] وَكَانَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يُنَادِيْ الإِمَامَ: لَا تَفُتْنِي بِآمِيْنَ.

[۳-] وَقَالَ نَافِعٌ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يَدَعُهُ، وَيُحُضُّهُمْ، وَسَمِعْتُ مِنْهُ فِيْ ذٰلِكَ خَيْرًا.

[۷۸۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُمَا أَخْبَرَاهُ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا أَمَّنَ الإِمَامُ فَأَمِّنُوْا، فَإِنَّهُ مَنْ وَافَقَ تَأْمِيْنُهُ تَأْمِيْنَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: آمين. [انظر: ٦٤٠٢]

وضاحت: ابھی بتایا ہے کہ مسئلہ باب میں صریح دلیل حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، جہر کا سارا مدار اسی پر ہے، مگر وہ بخاری میں لانے کے قابل نہیں، اس کی سند اور متن میں ثوری اور شعبہ رحمہما اللہ کے درمیان اختلاف ہے، اور ایسی مختلف فیہ حدیث شیخین صحیحین میں نہیں لاتے، اس لئے امام بخاریؒ نے اس کی تخریج نہیں کی، اور تین آثار اور ایک حدیث لائے ہیں۔

آثار:

۱- امام بخاری رحمہ اللہ نے سب سے پہلے حضرت عطاء بن ابی رباح کا اثر پیش کیا ہے۔ حضرت عطاء حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے خاص شاگرد ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے استاذ ہیں، مگر ان کے قول میں تقدیم و تاخیر ہے، صحیح ترتیب فتح الباری میں ہے، حضرت عطاءؒ سے کسی نے پوچھا: کیا عبداللہ بن الزبیرؓ زور سے آمین کہتے تھے؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کے صاحبزادے ہیں، امیر المؤمنین تھے اور مکہ مکرمہ ان کا دار الخلافہ تھا، حضرت عطاءؒ نے جواب دیا: عبداللہ ہی نہیں، تمام مقتدی زور سے آمین کہتے تھے، یہاں تک کہ مسجد میں شور ہوجاتا تھا (اللَّجَّة: شور، ملی جلی آوازیں) پھر حضرت عطاء نے فرمایا: آمین دعا ہے، پس جب مقتدیوں کو آمین کہنے کا حکم ہے تو امام کیوں محروم رہے؟ امام بھی جہراً آمین کہے گا۔ حضرت عطاء کے قول کی صحیح ترتیب یہ ہے (فتح الباری)

بہر حال حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ زور سے آمین کہتے تھے۔ حضرت عبداللہ صغار صحابہ میں سے ہیں، کبار صحابہ کا یہ عمل نہیں تھا، ابھی شرح معانی الآثار کے حوالہ سے بتایا ہے کہ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما جہراً آمین نہیں کہتے تھے، صغار صحابہ کے زمانہ سے یہ عمل شروع ہوا، جو ائمہ مجتہدین تک پہنچا، پھر چھوٹے دو اماموں نے یہ عمل لے لیا اور جہراً آمین کو افضل کہا، اور بڑے دو اماموں نے کبار صحابہ کا عمل لیا اور سراً آمین کو افضل کہا۔

فائدہ: تأمین کے معنی ہیں: آمین کہنا، آمین کونسی زبان کا لفظ ہے؟ اس سلسلہ میں یقین سے کوئی بات کہنا مشکل ہے، اس وقت مسلمان، یہود اور نصاریٰ تینوں یہ لفظ استعمال کرتے ہیں، البتہ مسلمان مد کے ساتھ آمین کہتے ہیں اور یہود و نصاریٰ

بغیر مد کے اَمین کہتے ہیں، اور اس کے معنی ہیں: یا اللہ! دعا قبول فرما!

۲- مروان جب مدینہ منورہ کا گورنر تھا تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس کے مؤذن تھے، اور مروان فاتحہ ختم کر کے فوراً آمین کہتا تھا، حضرت ابو ہریرہؓ اس کے ساتھ آمین نہیں کہہ پاتے تھے، آمین کہنے میں اس سے پیچھے رہ جاتے تھے، اس لئے آپؓ نے مروان سے پکار کر کہا: آمین (میں موافقت) میرے ہاتھ سے نہ جانے دے! یعنی جلدی سے آمین مت کہہ، میں تیری موافقت نہیں کر پاتا، ثابت ہوا کہ مروان جو امام تھا زور سے آمین کہتا تھا۔

فائدہ: شوافع اور حنابلہ کے یہاں طریقہ یہ ہے کہ امام فاتحہ پڑھ کر سکتہ کرتا ہے پھر امام اور مقتدی سب ایک ساتھ جہراً آمین کہتے ہیں، اگر امام سکتہ نہ کرے تو وہ آمین کہنے میں آگے ہو جائے گا، اور مقتدی پیچھے رہ جائیں گے، وہ امام کی موافقت نہیں کر پائیں گے، جب کہ حدیث میں موافقت کی فضیلت آئی ہے۔ مروان سکتہ نہیں کرتا تھا فاتحہ پڑھ کر فوراً آمین کہتا تھا اس لئے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس کی موافقت نہیں کر پاتے تھے، اس لئے آپؓ نے مروان سے مذکورہ بات کہی۔

۳- نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما آمین نہیں چھوڑتے تھے، اور لوگوں کو آمین کہنے پر ابھارتے تھے اور نافع کہتے ہیں: میں نے اس سلسلہ میں ابن عمرؓ سے فضیلت سنی ہے۔

تشریح: خیرًا (فضیلت) کو خبرًا (حدیث) بھی پڑھ سکتے ہیں، بیہقی میں روایت ہے کہ جب لوگ آمین کہتے تھے تو ابن عمرؓ بھی آمین کہتے تھے، اور آمین کہنے کو ابن عمرؓ سنت سمجھتے تھے، **إذا أَمَّنَ الناسُ أَمَّنَ ابْنُ عمر معهم، ويرى ذلك من السنة** (بیہقی) اور سنت پر عمل کرنے کا ثواب ہے پس حدیث مرفوع بن گئی، اور خبر (حدیث) ہوگئی۔

فائدہ: آنحضور ﷺ سے جہراً آمین کہنا ثابت ہے اس کا کوئی منکر نہیں، مگر آپؐ نے جو جہراً آمین کہی ہے وہ نماز کی سنت ہے یا کسی وقتی مصلحت سے تھی؟ اس میں اختلاف ہوا ہے۔ دو اماموں کی رائے میں وہ نماز کی سنت ہے اور دوسرے دو اماموں کی رائے میں وہ نماز کی سنت نہیں ہے، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے دلائل کا اختلاف نہیں۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو، پس جس کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے ساتھ موافق ہو جائے گا اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جائیں گے''

تشریح: **إِذَا أَمَّنَ الإِمَامُ** سے استدلال کیا ہے اس کا حاصل زور سے آمین کہنا ہے، ظاہر ہے امام زور سے آمین کہے گا تبھی مقتدیوں کو پتہ چلے گا، اگر امام سراً آمین کہے گا تو مقتدیوں کو کیسے پتہ چلے گا؟ اور چونکہ حدیث میں صرف امام کا ذکر ہے اس لئے ترجمہ میں صرف امام کا تذکرہ کیا اور مقتدیوں کے جہر کے لئے آگے الگ باب لائیں گے۔

جواب: مگر یہ حدیث مختلف طرح سے مروی ہے یہاں الفاظ ہیں **إذا أَمَّنَ الإمام**، اور آگے الفاظ ہیں: **إذا قال الإمام: ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلاَ الضَّالِّيْنَ﴾ فقولوا: آمين** اور ایک حدیث میں ہے: **فإن الإمام يقولها** اب کن لفظوں کو لیا جائے؟ اگر **إذا أمن الأمام** کو لیں گے تو باب ثابت ہوگا، اور اگر **إذا قال الإمام: ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلاَ الضَّالِّيْنَ﴾** کو

لیں گے تو باب ثابت نہیں ہوگا، ان لفظوں سے امام کا سراً آمین کہنا ثابت ہوگا، کیونکہ اگر امام جہراً آمین کہتا تو نبی ﷺ مقتدیوں کی تأمین کو فاتحہ کے ختم کے ساتھ معلّق نہ کرتے بلکہ امام کی آمین پر معلق کرتے۔

غرض: الفاظِ حدیث میں تعارض ہے، اور تطبیق کی صرف ایک صورت ہے کہ **إذا أمّن الإمامُ** کو **إذا بلغ الإمام إلی التأمین** کے معنی میں لیا جائے، اس صورت میں دونوں حدیثیں موافق ہو جائیں گی مگر امام بخاریؒ کا باب ثابت نہیں ہوگا۔

قولہ: فإنہ مَن وافق إلخ: موافقت سے کیا مراد ہے، موافقت فی الزمان یا موافقت فی الاخلاص؟ آمین بالسر والوں کے نزدیک موافقت فی الزمان مراد ہے یعنی جس وقت فرشتے آمین کہیں اسی وقت جو آمین کہے گا اس کے گناہ معاف ہونگے اور جو خیالات میں کھویا رہے اور آمین کہنے میں دیر کرے وہ بخشش سے محروم رہے گا کیونکہ فرشتے غافل نہیں ہوتے، وہ فاتحہ ختم ہوتے ہی آمین کہیں گے پس جو شخص قراءت کی طرف متوجہ ہے وہ بروقت آمین کہے گا اور اس کی تامین ملائکہ کی تامین کے ساتھ موافق ہوگی۔

اور آمین بالجہر والوں کے نزدیک موافقت فی الاخلاص مراد ہے، یعنی جس طرح فرشتے اخلاص سے آمین کہتے ہیں مقتدی بھی اخلاص سے آمین کہیں تو ان کی مغفرت ہوگی، اور جو دکھانے سنانے کے لئے یا کسی کو چڑانے کے لئے جہراً آمین کہے اس کی مغفرت نہیں ہوگی، اور ان حضرات کو موافقت کی یہ دوسری تفسیر اس لئے کرنی پڑی کہ جہراً آمین کہنے کی صورت میں کسی کے پیچھے رہنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، سویا ہوا بھی جاگ جاتا ہے۔

ایک واقعہ: انگریزوں کے دور کا قصہ ہے، ایک مسجد میں حنفی اور غیر مقلد ساتھ نماز پڑھتے تھے، غیر مقلد شرارت کرتے تھے، حنفیوں کو چڑانے کے لئے چلا کر آمین کہتے تھے، ان لوگوں کو ادلۂ اربعہ سے سمجھایا مگر وہ ماننے والے کہاں تھے! چنانچہ لوگوں نے پانچویں دلیل استعمال کی، پانچویں دلیل کیل دار جوتہ ہے! ایک دن جم کر ان کی پٹائی کردی، پولیس کیس بن گیا، اور مقدمہ کورٹ میں پہنچ گیا، جج انگریز تھا۔ انگریز علم کے رسیا ہوتے ہیں، اس نے فریقین کے وکلاء سے کہا: مجھے مسئلہ سمجھاؤ، آمین بالجہر کیا ہوتی ہے، اور آمین بالسر کیا ہوتی ہے؟ وکیلوں نے کئی دن بحث کی، اور مسئلہ سمجھایا، جج نے مسئلہ سمجھ کر مندرجۂ ذیل فیصلہ لکھا:

> ”میں دونوں فاضل وکیلوں کی بحث سے اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ پیغمبر اسلام سے دونوں طرح آمین کہنا ثابت ہے: بالجہر بھی اور بالسر بھی، مگر آمین کہنے کی ایک تیسری قسم ہے جو پیغمبر اسلام سے ثابت نہیں، اور وہ ہے آمین بالشر یعنی لوگوں کو پریشان کرنے کے لئے چلا کر آمین کہنا، اور مسجد میں غیر مقلد یہی حرکت کرتے تھے، اس لئے وہ مجرم ہیں، اور ان کو سزا دی جاتی ہے“

اس واقعہ میں عدم اخلاص کی مثال بھی ہے، اور غیر مقلدوں کی شرارتوں سے نمٹنے کا طریقہ بھی!

قولہ: غُفِرَ لہ: پہلے بتا چکا ہوں کہ گناہ کے چار درجے ہیں: (۱) معصیة (نافرمانی) (۲) سَيِّئَة (برائی) (۳) خَطيئة (غلطی) (۴) ذنوب (نامناسب کام) نماز، روزے وغیرہ سے کونسے گناہ معاف ہوتے ہیں؟ علامہ انور شاہ کشمیری قدس سرہ نے اس سلسلہ میں یہ ضابطہ بیان کیا ہے کہ نص میں جو لفظ آیا ہے وہ اور اس کے نیچے کے گناہ معاف ہونگے، اس سے اوپر کے گناہ معاف نہیں ہونگے، یہاں حدیث میں لفظ ذنب آیا ہے پس تأمین سے اسی درجہ کے گناہ معاف ہونگے اس سے اوپر کے گناہ معاف نہیں ہونگے۔

قال ابن شھاب: ابن شہاب زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: نبی ﷺ آمین کہتے تھے۔ امام زہریؒ کا یہ قول یا تو مرسل ہے اور زہری کے مراسیل شِبهُ لاشيءٍ ہوتے ہیں یعنی وہ صرف پرچھائیں ہوتے ہیں، حقیقت میں کچھ نہیں ہوتے، اور اگر اوپر والی سند سے اس کو جوڑیں تو اس میں جہر کی صراحت نہیں، پھر باب کیسے ثابت ہوگا؟

ملحوظہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث إذا أَمَّنَ الإمام پر تأمین کی فضیلت کا باب باندھا ہے، معلوم ہوا کہ اس حدیث کا آمین بالجہر اور آمین بالسر سے کچھ تعلق نہیں۔

بابُ فَضْلِ التَّأْمِيْنِ

آمین کہنے کا ثواب

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ میں کتاب الحج میں لکھا ہے کہ میدانِ عرفات میں لاکھوں آدمیوں کی دعائیں ایک ساتھ بارگاہِ ایزدی میں پہنچتی ہے اس لئے ان کے انوار لوگوں پر منعکس ہوتے ہیں، یہی بات یہاں بھی ہے، ساری مسجد کی آمین ایک ساتھ بارگاہ خداوند میں پہنچتی ہے، اس لئے اس کے انوار پلٹتے ہیں، اور گناہ معاف ہوتے ہیں۔

[۱۱۲-] بابُ فَضْلِ التَّأْمِيْنِ

[۷۸۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا قَالَ أَحَدُكُمْ: آمِيْنَ، وَقَالَتِ الْمَلَائِكَةُ فِيْ السَّمَاءِ: آمِيْنَ، فَوَافَقَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى: غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی نے آمین کہی اور آسمان میں فرشتوں نے آمین کہی اور ایک کا آمین کہنا دوسرے کے آمین کہنے کے ساتھ موافق ہوگیا تو اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

تشریح: ابھی بتایا ہے کہ موافقت کی دو تفسیریں ہیں: موافقت فی الزمان اور موافقت فی الاخلاص، پہلی تفسیر آمین بالسر

والوں کی ہے، اور دوسری آمین بالجہر والوں کی، اور امام بخاریؒ اس باب میں امام اور مقتدی سب کے آمین کہنے کی روایت لاتے تو تأمین کی فضیلت زیادہ واضح ہوتی۔

جاننا چاہئے کہ عام طور پر حدیثوں میں فی السماء نہیں ہے صرف الملائکۃ ہے اور مراد وہ فرشتے ہیں جو جماعت میں شریک ہیں، وہ نماز سے غافل نہیں ہوتے، بروقت آمین کہتے ہیں پس جو شخص نماز کی طرف متوجہ ہے اور بروقت آمین کہتا ہے اس کی آمین فرشتوں کی آمین کے ساتھ موافق ہوتی ہے اور اس کو مذکورہ ثواب ملتا ہے، اس کی کوتاہیاں معاف کردی جاتی ہیں۔

بابُ جَهْرِ الْمَأْمُوْمِ بِالتَّأْمِيْنِ

مقتدیوں کا جہراً آمین کہنا

اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی وہی حدیث ہے جو ابھی گذری، اور استدلال اس طرح ہے کہ حدیث میں امام کی جانب جو قال ہے (إذا قال الإمام) اس میں جہر معتبر ہے، کما تقدم، کیونکہ امام زور سے آمین کہے گا تبھی مقتدی اس کو سن کر آمین کہیں گے، پس مشاکلۃً مقتدیوں کی جانب میں جو قولوا ہے (فقولوا آمین) اس میں بھی جہر معتبر ہوگا، تاکہ یکسانیت قائم رہے اور تقابل صحیح ہو۔

مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ امام کی جانب میں جو قَال ہے اس میں اگر جہر معتبر ہے تو پھر مقتدیوں کی تامین کو ﴿وَلَا الضَّالِيْنَ﴾ پر معلق کیوں کیا؟ معلق کرنے کا مطلب تو یہ ہے کہ امام کی جانب جو قَال ہے اس میں جہر معتبر نہیں، پس توافق کے لئے اور تقابل صحیح کرنے کے لئے فقولوا میں بھی جہر معتبر نہیں ہوگا۔

[۱۱۳-] بابُ جَهْرِ الْمَأْمُوْمِ بِالتَّأْمِيْنِ

[۷۸۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا قَالَ الإِمَامُ ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِيْنَ﴾ فَقُوْلُوْا: آمِيْنَ، فَإِنَّهُ مَنْ وَافَقَ قَوْلُهُ قَوْلَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ "

تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. وَنُعَيْمٌ الْمُجْمِرُ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: محمد بن عمرو بن علقمہ اللیثی نے سُمَیّ مولیٰ ابی بکر کی متابعت کی ہے۔ وہ بھی بواسطہ ابوسلمہ حضرت ابو ہریرہؓ سے یہ حدیث مرفوعاً روایت کرتے ہیں اور نعیم المُجمِر بھی سمیّ کے متابع ہیں، یعنی وہ بھی حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں

وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ابو ہریرہؓ نے نماز پڑھائی تکبیر افتتاح کے بعد بسم اللہ پڑھی پھر سورۂ فاتحہ پڑھی اور ﴿وَلاَ الضَّالِّيْنَ﴾ کے بعد آمین کہی، اور نماز کے بعد فرمایا: میں نے تمہیں نبی ﷺ جیسی نماز پڑھائی ہے، یعنی یہ حدیث حکماً مرفوع ہے، صراحتاً مرفوع نہیں، اس لئے عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نسخہ کا نون بنا ہوا ہے یعنی یہ عبارت ایک نسخہ میں ہے، یہ دونوں حدیثیں بیہقی میں ہیں اور دوسری حدیث نسائی میں بھی ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں (عمدۃ ۶:۵۳)

بابٌ: إِذَا رَكَعَ دُوْنَ الصَّفِّ

جب صف میں پہنچنے سے پہلے رکوع کر لے

ایک شخص مسجد میں آیا، جماعت ہو رہی تھی، امام رکوع میں جا چکا تھا، اس نے سوچا اگر صف میں پہنچ کر تکبیر کہونگا تو امام رکوع سے سر اٹھالے گا اور میری رکعت فوت ہو جائے گی، اس لئے اس نے صف میں پہنچنے سے پہلے ہی تکبیر تحریمہ کہہ کر رکوع کر لیا اور امام کو رکوع میں پالیا تو اس کو رکعت مل گئی، مگر اس نے برا کیا، پھر خواہ تنہا صف کے پیچھے نماز پوری کرے، یا آگے کی صف پوری کر کے لوگ اس کے ساتھ مل جائیں یا وہ ایک یا دو قدم چل کر صف میں پہنچ جائے ہر صورت میں اس کی نماز درست ہے، مگر اس نے برا کیا، اسے صف میں پہنچ کر تکبیر کہنی چاہئے تھی، پھر اگر امام کو رکوع میں پاتا تو ٹھیک تھا، ورنہ بعد میں نماز پوری کرتا۔

[۱۱۴-] بابٌ: إِذَا رَكَعَ دُوْنَ الصَّفِّ

[۷۸۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنِ الْأَعْلَمِ: وَهُوَ زِيَادٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ: أَنَّهُ انْتَهَى إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ رَاكِعٌ، فَرَكَعَ قَبْلَ أَنْ يَصِلَ إِلَى الصَّفِّ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "زَادَكَ اللّٰهُ حِرْصًا وَلاَ تَعُدْ!"

ترجمہ: حضرت ابو بکرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: وہ نبی ﷺ تک پہنچے درانحالیکہ آپؐ رکوع میں تھے، انھوں نے صف میں پہنچنے سے پہلے (تکبیر تحریمہ کہہ کر) رکوع کر لیا (پھر اسی حال میں چل کر صف میں مل گئے) نماز کے بعد انھوں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہاری حرص بڑھائیں مگر آئندہ ایسا نہ کرنا"

دو راویوں کا تعارف: سند میں ایک راوی ہیں: أَعْلَم، ان کا نام زیاد بن حسان ہے، اَعلم ان کا لقب ہے۔ أعلم کے معنی ہیں: ہونٹ پھٹا، ان کا ہونٹ پھٹا ہوا تھا اس لئے ان کا یہ لقب پڑ گیا اور بَکْرَۃ کے معنی ہیں: چرخی، أبو بکرۃ یعنی چرخی والا، یہ بڑے درجہ کے صحابی ہیں، جب نبی ﷺ نے طائف کے قلعہ کا محاصرہ کیا تو اندر کچھ غلام تھے جو مسلمان تھے، جب قلعہ بند ہو گیا تو وہ اندر پھنس گئے، حضرت ابو بکرۃؓ نے چرخی کا آئیڈیا پیش کیا اور سب غلاموں کو قلعہ سے نیچے اتار دیا

اور آخر میں خود بھی اتر آئے اور اسلامی لشکر میں شامل ہوگئے، اس لئے آپؓ کا لقب أبو بکرۃ (چرخی والا) پڑ گیا۔

بابُ إِتْمَامِ التَّكْبِيْرِ فِيْ الرُّكُوْعِ

رکوع میں تکبیر پوری کرنا

یہ یکے بعد دیگرے دو باب ہیں، ان کا مقصد کیا ہے؟ حاشیہ میں کئی اقوال لکھے ہیں، میرے نزدیک صحیح مطلب یہ ہے کہ رکوع میں اور سجدوں میں جاتے وقت بھی تکبیریں ہیں، آگے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت آرہی ہے کہ چار رکعتوں میں بائیس تکبیریں ہیں، اور ہر رکعت میں پانچ تکبیریں: رکوع میں جاتے ہوئے، قومہ سے سجدہ میں جاتے ہوئے، سجدہ سے اٹھتے ہوئے، پھر سجدہ میں جاتے ہوئے، پھر سجدہ سے اٹھتے ہوئے یہ کل پانچ تکبیریں ہوئیں، اور ایک تکبیر تحریمہ اور دوسری قعدہ اولیٰ سے تیسری رکعت کے لئے اٹھتے وقت، پس کل بائیس تکبیریں ہوئیں۔

اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جھکتے ہوئے تکبیر نہیں کہتے تھے، یعنی جہراً تکبیر نہیں کہتے تھے، سراً کہتے تھے، خلفاء راشدین میں سب سے زیادہ عمر حضرت عثمانؓ کی ہوئی ہے اور سب سے لمبی خلافت بھی آپؓ کی ہے، آپؓ بارہ سال خلیفہ رہے ہیں، حضرت عمرؓ دس سال خلیفہ رہے ہیں، جب حضرت عثمانؓ بوڑھے ہوگئے تو آپؓ نے جھکتے ہوئے جہراً تکبیر کہنا چھوڑ دیا۔ جھکتے ہوئے زور سے تکبیر کہنا ضروری نہیں، لوگ امام کو دیکھ کر انتقال کریں گے البتہ اٹھتے وقت تکبیر کہنے کی اہمیت ہے ورنہ لوگوں کو امام کے انتقال کا پتہ کیسے چلے گا؟

اور قاعدہ ہے: **الناس علی دین ملوکھم**: چنانچہ حضرت عثمانؓ کے زمانہ کے امراء بھی یہی کام کرنے لگے، باب میں مطرف کی روایت ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے بصرہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی، حضرت علی رضی اللہ عنہ سنت کے مطابق خفض ورفع کی ساری تکبیریں جہراً کہتے تھے، نماز کے بعد حضرت عمران رضی اللہ عنہ نے مطرف سے کہا: اس شخص نے مجھے نبی ﷺ کی نماز یاد دلا دی، معلوم ہوا کہ خفض میں بھی جہراً تکبیر کہنا سنت ہے۔

باب کا مقصد: جب قیام سے رکوع میں یا قومہ سے سجدے میں جائیں گے اور تکبیر کہیں گے تبھی بائیس کی تعداد پوری ہوگی، اگر خفض میں تکبیریں نہیں کہیں گے نہ سراً نہ جہراً تو بائیس کی تعداد پوری نہیں ہوگی۔ **إتمام التکبیر فی الرکوع** کا یہی مطلب ہے یعنی جب آپ قیام سے رکوع میں جائیں تو تکبیر کہہ کر رکوع میں جائیں تا کہ بائیس تکبیروں کی تعداد پوری ہو۔

اور حاشیہ میں جو مختلف اقوال لکھے ہیں ان میں سب سے اچھی بات یہ ہے کہ جب آپ قیام سے جھکنا شروع کریں تو تکبیر کہنا شروع کریں، اور رکوع میں پہنچتے ہی تکبیر پوری کردیں، آج کل کے عرب ائمہ کی طرح نہ کریں، وہ پہلے رکوع اور سجدہ میں جاتے ہیں پھر تکبیر کہتے ہیں، یہ صحیح نہیں۔

[۱۱۵-] بابُ إِتْمَامِ التَّكْبِيْرِ فِيْ الرُّكُوْعِ

قَالَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَفِيْهِ مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ.

[۷۸٤-] حدثنا إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: صَلَّى مَعَ عَلِيٍّ بِالْبَصْرَةِ، فَقَالَ: ذَكَّرَنَا هٰذَا الرَّجُلُ صَلَاةً كُنَّا نُصَلِّيْهَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ أَنَّهُ كَانَ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَفَعَ وَكُلَّمَا وَضَعَ.[انظر: ۷۸٦، ۸۲٦]

[۷۸٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّيْ بِهِمْ فَيُكَبِّرُ كُلَّمَا خَفَضَ وَرَفَعَ، فَإِذَا انْصَرَفَ قَالَ: إِنِّيْ لَأَشْبَهُكُمْ صَلَاةً بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ۷۸۹، ۷۹٥، ۸۰۳]

وضاحت: مسئلہ باب میں دوحدیثوں کے حوالے ہیں: ایک: ابن عباس کی حدیث کا، دوسری: مالک کی حدیث کا، یہ دونوں حدیثیں اگلے ابواب میں آرہی ہیں۔

حدیث (۱): مطرف کہتے ہیں: (قال کا فاعل مطرف ہیں) عمران بن حصین نے حضرت علی کے پیچھے بصرہ میں نماز پڑھی (صلّی کا فاعل حضرت عمران ہیں) پس حضرت عمران نے کہا: اس شخص نے ہمیں وہ نماز یاد دلادی جو ہم نبی ﷺ کے ساتھ پڑھا کرتے تھے، پھر حضرت عمران نے بتایا کہ نبی ﷺ جب بھی سر اٹھاتے اور جب بھی سر جھکاتے تو تکبیر کہتے تھے۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مروان کے مؤذن تھے، جب وہ کہیں جاتا تو حضرت ابو ہریرہ نماز پڑھاتے تھے، اور نماز کے بعد فرماتے: میں تمہیں بالکل نبی ﷺ جیسی نماز پڑھاتا ہوں۔

ان احادیث کا حاصل یہ ہے کہ قیام سے رکوع میں جاتے ہوئے، قومہ سے سجدہ میں جاتے ہوئے اور جلسہ سے سجدہ میں جاتے ہوئے تکبیر کہنی چاہئے، تاکہ بائیس کی تعداد پوری ہو۔

بابُ إِتْمَامِ التَّكْبِيْرِ فِيْ السُّجُوْدِ

سجدوں میں تکبیر پوری کرنا

قومہ سے سجدہ میں جاتے ہوئے بھی امام کو جہراً تکبیر کہنی چاہئے، تاکہ بائیس کی تعداد پوری ہو۔

[۱۱٦-] بابُ إِتْمَامِ التَّكْبِيْرِ فِيْ السُّجُوْدِ

[۷۸٦-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، أَنَا وَعِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ، فَكَانَ إِذَا سَجَدَ كَبَّرَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ كَبَّرَ، وَإِذَا نَهَضَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ كَبَّرَ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلاَةَ أَخَذَ بِيَدِيْ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ، فَقَالَ: قَدْ ذَكَّرَنِيْ هٰذَا صَلاَةَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم، أَوْ قَالَ: لَقَدْ صَلَّى بِنَا صَلاَةَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ۷۸٤]

[۷۸۷-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَجُلاً عِنْدَ الْمَقَامِ يُكَبِّرُ فِيْ كُلِّ خَفْضٍ وَرَفْعٍ، وَإِذَا قَامَ، وَإِذَا وَضَعَ، فَأَخْبَرْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ: أَوَلَيْسَ تِلْكَ صَلاَةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟! لاَ أُمَّ لَكَ!

وضاحت: مطرف کی روایت ابھی گذری ہے، اور دوسری روایت میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حرم مکی میں نماز پڑھائی، اور ہر خفض ورفع میں تکبیر کہی، عکرمہ کو حیرت ہوئی، اور انھوں نے حضرت ابن عباسؓ سے اس کا تذکرہ کیا، ابن عباسؓ نے فرمایا: کیا یہ نبی ﷺ کی نماز نہیں ہے؟! تیرے لئے ماں نہ ہو! یعنی تیری ماں مرے! أَوَلیس میں ہمزہ استفہام انکاری کا ہے اور لا أُم لك: محاورہ اور کلمۂ زجر ہے۔

بابُ التَّكْبِيْرِ إِذَا قَامَ مِنَ السُّجُوْدِ

جب سجدوں سے اٹھے تو تکبیر کہے

سجدوں سے سر اٹھاتے وقت بھی تکبیر کہنی چاہئے، اور قومہ اور جلسہ سے سجدہ میں جاتے ہوئے بھی تکبیر کہنی چاہئے، تاکہ بائیس کی تعداد پوری ہو۔

[۱۱۷-] بابُ التَّكْبِيْرِ إِذَا قَامَ مِنَ السُّجُوْدِ

[۷۸۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ شَيْخٍ بِمَكَّةَ، فَكَبَّرَ ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِيْنَ تَكْبِيْرَةً، فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّهُ أَحْمَقُ، فَقَالَ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ! سُنَّةُ أَبِي الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم وَقَالَ مُوْسٰى حَدَّثَنَا أَبَانُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ. [راجع: ۷۸۷]

[۷۸۹-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَاقَامَ إِلَى الصَّلاَةِ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَقُوْمُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَرْكَعُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" حِيْنَ يَرْفَعُ

صُلْبَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، ثُمَّ يَقُوْلُ وَهُوَ قَائِمٌ: " رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَهْوِيْ، ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَسْجُدُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ، ثُمَّ يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي الصَّلَاةِ كُلِّهَا حَتّٰى يَقْضِيَهَا. وَيُكَبِّرُ حِيْنَ يَقُوْمُ مِنَ الثِّنْتَيْنِ بَعْدَ الْجُلُوْسِ– وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ اللَّيْثِ:" وَلَكَ الْحَمْدُ"

[راجع:۷۸۵]

حدیث (۱): عکرمہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے مکہ میں ایک بوڑھے آدمی کے پیچھے نماز پڑھی (یہ حضرت ابو ہریرہؓ تھے) پس انھوں نے بائیس تکبیریں کہیں، میں نے ابن عباس سے کہا: وہ شخص احمق ہے! ابن عباس نے فرمایا: تیری ماں تجھے گم کرے! یعنی تو مر جائے (یہ محاورہ ہے، ابن عباسؓ نے ہلکا سا ڈانٹا ہے) وہ ابو القاسم ﷺ کی سنت ہے۔.........اس حدیث کو موسیٰ بواسطہ ابان بھی حضرت قتادہ سے روایت کرتے ہیں، ان کی روایت میں تحدیث کی صراحت ہے، اور ہمام کی روایت میں قتادہ نے عکرمہ سے بصیغہ عَن روایت کیا ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جب نماز شروع کرنے کا ارادہ کرتے تو تکبیر (تحریمہ) کہتے، جب نماز شروع کرتے، پھر تکبیر کہتے جب رکوع کرتے، پھر کہتے **سمع الله لمن حمده** جب اپنی پیٹھ رکوع سے اٹھاتے، پھر کھڑے ہونے کی حالت میں کہتے: **ربنا لك الحمد** (یہ امام شافعیؒ کی دلیل ہے ان کے نزدیک امام تسمیع وتحمید دونوں کہے گا) پھر تکبیر کہتے جب آپ گرتے، پھر تکبیر کہتے جب سجدہ سے سر اٹھاتے، پھر تکبیر کہتے جب سجدہ کرتے، پھر تکبیر کہتے جب سجدہ سے سر اٹھاتے، پھر سب رکعتوں میں ایسا ہی کرتے، یہاں تک کہ نماز پوری فرماتے اور تکبیر کہتے جب بیٹھنے کے بعد (قعدۂ اولیٰ کے بعد) دو رکعتوں سے کھڑے ہوتے (پس چار رکعتیں اور بائیس تکبیریں ہوئیں) ـــــ اور لیث کے دوسرے شاگرد عبد اللہ بن صالح کی روایت میں واؤ کے ساتھ **ولك الحمد** ہے۔

بابُ وَضْعِ الْأَكُفِّ عَلَى الرُّكَبِ فِي الرُّكُوْعِ

رکوع میں ہتھیلیاں گھٹنوں پر رکھنا

پہلے رکوع میں تطبیق کی جاتی تھی، دونوں ہاتھوں کو معافی مانگنے والے کی طرح ملا کر گھٹنوں کے بیچ میں داخل کرنے کا نام تطبیق ہے، بعد میں یہ حکم منسوخ ہو گیا۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اس کی صراحت ہے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ تلامذہ کو نماز پڑھائی اور تطبیق کی، کسی نے یہ بات حضرت سعدؓ سے ذکر کی تو انھوں نے فرمایا: ہم پہلے ایسا کیا کرتے تھے، مگر بعد میں اس سے روک دیئے گئے، اور ہم حکم دیئے گئے کہ ہتھیلیوں کو گھٹنوں پر رکھیں (ترمذی حدیث ۲۵۸) تمام ائمہ کے نزدیک رکوع کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ ہاتھوں کی انگلیاں پھیلا کر گھٹنوں پر اس طرح رکھی

جائیں کہ گویا ان کو پکڑ رکھا ہے۔ اور حضرت ابن مسعودؓ نے تطبیق کر کے اس لئے دکھائی تھی کہ تلامذہ رسول اللہ ﷺ کے اس عمل سے واقف ہو جائیں، اور اس کی حفاظت کریں، کیونکہ تمام احادیث کی حفاظت ضروری ہے، اگرچہ وہ منسوخ ہوں اور اس زمانہ میں یاد رکھنے کا طریقہ عمل کر کے دکھانا تھا، وہ اوقع فی النفس ہوتا ہے، تفصیل رفع یدین کے باب میں گذر چکی ہے۔

[۱۱۸-] بابُ وَضْعِ الأَكُفِّ عَلَى الرُّكَبِ فِيْ الرُّكُوْعِ

وَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ فِيْ أَصْحَابِهِ: أَمْكَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ مِنْ رُكْبَتَيْهِ.

[۷۹۰-] حدثنا أَبُوْالْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ يَعْفُوْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُصْعَبَ بْنَ سَعْدٍ يَقُوْلُ: صَلَّيْتُ إِلٰى جَنْبِ أَبِيْ، فَطَبَّقْتُ بَيْنَ كَفَّيَّ، ثُمَّ وَضَعْتُهُمَا بَيْنَ فَخِذَيَّ، فَنَهَانِيْ أَبِيْ، وَقَالَ: كُنَّا نَفْعَلُهُ، فَنُهِيْنَا عَنْهُ، وَأُمِرْنَا أَنْ نَضَعَ أَيْدِيَنَا عَلَى الرُّكَبِ.

قال أبو حميد: یہ حوالہ پہلے بھی دو مرتبہ گذرا ہے اور یہ ایک طویل حدیث کا ٹکڑا ہے جو آگے (حدیث ۸۲۸) آرہی ہے، ابوحمید نے اپنے ساتھیوں کی موجودگی میں کہا: نبی ﷺ نے (رکوع میں) اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں گھٹنوں پر جما کے رکھے، معلوم ہوا کہ رکوع میں ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھیں گے، ارسال (ہاتھوں کو کھلے چھوڑنا) سنت نہیں، اور ترمذی (حدیث ۲۵۹) میں ہے: فوضع يديه على ركبتيه كأنَّه قابض عليه: ابوحمیدؓ نے اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے گویا ان کو پکڑے ہوئے ہیں، یعنی پکڑنے کی ہیئت بنائی، اور یہی مسنون طریقہ ہے: دونوں ہاتھوں کی انگلیاں پھیلا کر گھٹنوں پر رکھیں، اور پکڑنے کی ہیئت بنائیں، مگر کس کر پکڑیں نہیں، اور فقہ کی بعض کتابوں میں جو پکڑنے کو لکھا ہے وہ صحیح نہیں۔

حدیث: مصعب بن سعد کہتے ہیں: میں نے اپنے ابا حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے برابر میں نماز پڑھی، اور میں نے دونوں ہتھیلیاں ایک دوسرے سے ملا کر دونوں رانوں کے بیچ میں رکھیں، پس مجھے میرے ابا نے اس سے منع کیا اور فرمایا: ہم (دورِ اول میں) ایسا کرتے تھے پھر ہمیں اس سے روک دیا گیا اور ہمیں گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم دیا گیا۔

تشریح: اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے جو اپنے تلامذہ کو تطبیق کر کے دکھائی تھی وہ منسوخ عمل کو یاد رکھنے کے لئے عمل کر کے دکھایا تھا، جیسے صغار صحابہ نے رفع یدین کر کے دکھایا اور آمین بالجہر کیا، جبکہ خلفائے راشدین نے نہ رفع یدین کیا ہے نہ آمین بالجہر، پس عام مسلمان بھی یہ دونوں کام نہیں کرتے تھے، مگر جب صحابہ نے یہ عمل کر کے دکھایا تو کلُّ جديدٍ لذيذ کی رو سے کچھ لوگوں نے اس میں دلچسپی لینی شروع کی اور اس کا رواج ہو گیا، اور تطبیق میں کسی نے دلچسپی نہیں لی تو اس کا رواج نہیں ہوا، بلکہ اکابر صحابہ نے وضاحت کردی کہ یہ عمل پہلے تھا، اور رفع یدین اور آمین بالجہر کی کسی نے وضاحت نہیں کی، اس لئے بعد میں وہ عمل مسنون ہو گئے۔ بہر حال یہ نقطہ یاد رکھنا ضروری ہے، پہلے رفع یدین کی بحث میں بھی میں نے یہ بات بیان کی ہے۔

بَابٌ: إِذَا لَمْ يُتِمَّ الرُّكُوعَ

جب رکوع اچھی طرح نہ کرے

ابھی أبوابُ صفۃِ الصلاۃ چل رہے ہیں اور کتاب الجمعۃ تک چلیں گے، درمیان میں چند ابواب تعدیل ارکان سے متعلق ہیں۔ کیونکہ تعدیلِ ارکان نماز کا اہم جزء ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے اس سلسلہ میں تفصیلی ابواب قائم کئے ہیں۔

اب دو مسئلے سمجھنے ہیں:

پہلا مسئلہ: امام ابو یوسف، امام شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ کے نزدیک تعدیل ارکان یعنی رکوع وسجود اور قومہ وجلسہ باطمینان ادا کرنا فرض ہے، اس کے بغیر نماز نہیں ہوگی، امام بخاری کی بھی یہی رائے ہے۔ اور امام اعظم اور امام محمد کے نزدیک تعدیل ارکان فرض نہیں، پھر جرجانی رحمہ اللہ نے اس کو سنت قرار دیا ہے اور کرخی رحمہ اللہ نے واجب، یہ دونوں ائمہ: فقہاء احناف میں سے ہیں اور امام طحاوی رحمہ اللہ کے معاصر ہیں، پس کرخی رحمہ اللہ کے نزدیک تعدیل ارکان کے تارک پر سجدۂ سہو واجب ہوگا اور جرجانی رحمہ اللہ کے نزدیک سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا، اور احناف کے یہاں مفتی بہ قول یہ ہے کہ تعدیل ارکان سنتِ مؤکدہ اشد تاکید (واجب جیسی سنت) ہے اس میں دونوں قول آگئے، پس اگر کوئی تعدیل ارکان نہ کرے تو وقت کے اندر نماز واجب الاعادہ ہے، اور وقت کے بعد اعادہ مستحب ہے۔

دوسرا مسئلہ: قومہ اور جلسہ طویل رکن ہیں یا قصیر؟ رکوع تو طویل رکن ہے، چنانچہ جب آدمی اتنا جھکا کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ سکتے ہیں تو رکوع ہوگیا، پھر رکوع میں ٹھہرنا بھی مطلوب ہے اس لئے تسبیح اور تسبیح کی تکرار مشروع کی، تاکہ اس کے سہارے رکوع میں ٹھہرا جاسکے، اسی طرح سجدہ بھی طویل رکن ہے جب ماتھا اور ناک یا دونوں میں سے ایک زمین پر رکھ دیا تو سجدہ ہوگیا، پھر سجدہ میں ٹھہرنا بھی مطلوب ہے، چنانچہ تسبیح اور تسبیح کی تکرار مشروع کی۔ مگر قومہ اور جلسہ طویل رکن ہیں یا قصیر؟ اس میں اختلاف ہے احناف اور شوافع کے نزدیک یہ دونوں مختصر رکن ہیں، جب رکوع اور سجدہ سے اٹھ کر سیدھا کھڑا ہوگیا یا بیٹھ گیا اور بدن ڈھیلا چھوڑ دیا، اور ہر ہڈی اس کی جگہ سیٹ ہوگئی تو قومہ اور جلسہ ہوگیا، اب سجدہ کرسکتا ہے، ٹھہرنا ضروری نہیں، اور دلیل یہ ہے کہ اگر یہ طویل رکن ہوتے تو شریعت ان کے لئے بھی کوئی ذکر مشروع کرتی۔ اور ذکر چھوٹا ہوتا تو اس کی تکرار مشروع کرتی جبکہ نوافل میں تو قومہ اور جلسہ کے لئے اذکار مروی ہیں، مگر فرائض میں ایسا کوئی ذکر مروی نہیں، معلوم ہوا کہ یہ دونوں مختصر رکن ہیں۔

اور حنابلہ کے نزدیک رکوع وسجود کی طرح قومہ اور جلسہ بھی طویل رکن ہیں، ان کی دلیل حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو آگے تیسرے باب میں آرہی ہے، چنانچہ حرم کے ائمہ جتنی دیر رکوع اور سجدہ میں ٹھہرتے ہیں اتنی دیر قومہ اور جلسہ میں ٹھہرتے ہیں اور ان کی دیکھا دیکھی ہمارے بعض ائمہ بھی ایسا کرتے ہیں، حالانکہ وہ اپنے مذہب پر عمل کرتے ہیں،

پس دوسروں کے لئے مسئلہ سمجھے بغیران کی پیروی کرنا صحیح نہیں۔

مسئلہ: جاننا چاہئے کہ نماز میں موالات واجب ہے یعنی دو رکنوں کے درمیان فصل نہیں ہونا چاہئے، ورنہ سجدہ سہو واجب ہوگا۔ لہٰذا اگر کوئی قومہ میں دیر تک خاموش کھڑا رہتا ہے یا جلسہ میں خاموش بیٹھا رہتا ہے تو اس پر سجدۂ سہو واجب ہوگا، البتہ کوئی ذکر کرتا رہے تو سجدہ سہو واجب نہیں ہوگا اور امام کے پیچھے مقتدی کی غلطی معاف ہے، اس کی ذمہ داری امام پر ہے۔

[۱۱۹-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يُتِمَّ الرُّكُوْعَ

[۷۹۱-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ، قَالَ: رَأَى حُذَيْفَةُ رَجُلاً لاَ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ، قَالَ: مَا صَلَّيْتَ! وَلَوْ مُتَّ مُتَّ عَلٰى غَيْرِ الْفِطْرَةِ الَّتِىْ فَطَرَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۸۹]

ترجمہ: زید بن وہب کہتے ہیں: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا جو رکوع سجدے ٹھیک سے نہیں کر رہا تھا یعنی رکوع وسجود میں تعدیل نہیں کر رہا تھا، حضرت حذیفہؓ نے نماز کے بعد اس سے کہا: تیری نماز نہیں ہوئی! اور اگر تو ایسی ہی نماز پڑھتا ہوا مر گیا تو تیری موت اس فطرت (اسلام) پر نہیں ہوگی، جس پر اللہ عز وجل نے حضرت محمد ﷺ کو مبعوث فرمایا ہے۔

تشریح: تعدیل ارکان کو فرض کہنے والوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اس شخص سے جو رکوع وسجود میں تعدیل نہیں کر رہا تھا فرمایا کہ تیری نماز نہیں ہوئی! معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان فرض ہے۔

اور اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت حذیفہؓ نے ناقص کو کالعدم فرض کر کے کلام کیا ہے، وعید کے موقع پر ایسا کرتے ہیں، اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ حدیث المُسِیْءِ صلوتَه میں نبی ﷺ نے حضرت خلاد رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا: وإن انتقصْتَ منه شيئًا انتقصتَ من صلوٰتك: یعنی تعدیل نہ کرنے کی صورت میں نماز تو ہو جائے گی مگر ناقص ہوگی، معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان فرض نہیں، اور حضرت حذیفہؓ نے ناقص کو کالعدم فرض کر کے کلام کیا ہے۔

بابُ اسْتِوَاءِ الظَّهْرِ فِي الرُّكُوْعِ

رکوع میں پیٹھ سیدھی کرنا

استواء کے معنی ہیں: سیدھا کرنا، رکوع میں سر اور کمر کو اس طرح ایک لیول پر کر لینا کہ ارتفاع وانخفاض باقی نہ رہے: استواء ہے۔ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے جو نماز پڑھ کر دکھائی تھی اس میں اس طرح رکوع کیا تھا کہ آپ نے اپنی کمر توڑ دی تھی۔ ھَصَرَ کے معنی ہیں: توڑ دینا، یعنی کمر اس طرح سیدھی کرنا کہ ارتفاع وانخفاض باقی نہ رہے، یہ ھَصَرَ کا مفہوم ہے، اتمام رکوع (اچھی طرح رکوع کرنے) کے لئے یہ ضروری ہے ورنہ نماز ناقص ہوگی۔

[۱۲۰-] بابُ اسْتِوَاءِ الظَّهْرِ فِي الرُّكُوْعِ

وَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ فِيْ أَصْحَابِهِ: رَكَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ هَصَرَ ظَهْرَهُ.

بابُ حَدِّ إِتْمَامِ الرُّكُوْعِ، وَالاِعْتِدَالِ فِيْهِ وَالاِطْمِأْنِيْنَةِ

رکوع تام کرنے کی اور اس میں اعتدال واطمینان کی حد

والاعتدال فیه: عطف تفسیری ہے، اور **الاطمأنینة**: اسی کے ہم معنی ہے، اس کے لئے دوسرا لفظ گیلری میں طُمأْنینة (طاء کے زبر اور پیش کے ساتھ) ہے، اردو میں بھی یہ دونوں لفظ طمانینت اور اطمینان مستعمل ہیں، اور ابھی بتایا ہے کہ رکوع نام ہے اتنا جھکنے کا کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں، پھر رکوع میں ٹھہرنا اعتدال واطمینان ہے اور یہ بھی مطلوب ہے اسی لئے تسبیح اور تسبیح کی تکرار مشروع کی گئی ہے۔

[۱۲۱-] بابُ حَدِّ إِتْمَامِ الرُّكُوْعِ، وَالاِعْتِدَالِ فِيْهِ وَالاِطْمِأْنِيْنَةِ

[۷۹۲-] حدثنا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ الْحَكَمُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كَانَ رُكُوْعُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَسُجُوْدُهُ، وَبَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ - مَاخَلاَ الْقِيَامَ وَالْقُعُوْدَ - قَرِيْبًا مِنَ السَّوَاءِ. [انظر: ۸۰۱، ۸۲۰]

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا رکوع، اور آپؐ کے سجدے، اور سجدوں کا درمیان یعنی جلسہ اور جب آپؐ رکوع سے اپنا سر اٹھاتے یعنی قومہ — قیام وقعود کے علاوہ — تقریباً یکساں تھے (یہ احناف اور شوافع کا ترجمہ ہے اور حنابلہ ترجمہ کرتے ہیں: تقریباً برابر تھے)

تشریح:

۱- احناف اور شوافع نے اس حدیث کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ آنحضور ﷺ کے ارکان اربعہ میں تناسب اور یکسانیت ہوتی تھی، اور وہ قراءت کے اعتبار سے تھی، فجر میں قراءت طویل ہے اس لئے ارکان اربعہ بھی طویل ہوتے تھے، اور مغرب میں قراءت کم ہے اس لئے ارکانِ اربعہ بھی مختصر ہوتے تھے اور تہجد میں آپؐ قراءت بہت طویل فرماتے تھے، ایک رکعت میں سورۂ بقرہ اور دوسری رکعت میں سورۂ آل عمران پڑھتے تھے، اس لئے ارکانِ اربعہ بھی بہت لمبے ہوتے تھے، چنانچہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: آپؐ کے رکوع وسجود پچاس آیتوں کے بقدر ہوتے تھے (متفق علیہ، مشکوۃ حدیث ۱۱۸۸)

اور حنابلہ حدیث کا مطلب یہ سمجھتے ہیں کہ نبی ﷺ کے ارکانِ اربعہ زمانہ کے اعتبار سے برابر ہوتے تھے، یعنی رکوع اور سجدے میں اگر آپؐ دس سکنڈ ٹھہرتے تھے تو قومہ اور جلسہ میں بھی دس سکنڈ ٹھہرتے تھے اور اسی کو یعنی ارکانِ اربعہ میں زمانہ

کے اعتبار سے برابری کو وہ تعدیل کہتے ہیں۔ اور اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں مگر ان کا خیال صحیح نہیں کیونکہ اگر حدیث کا یہ مطلب ہوتا تو رکوع وسجود کی طرح قومہ اور جلسہ کے لئے بھی اذکار مسنون کئے جاتے، اور ان کو مکرر پڑھنے کا حکم دیا جاتا، جبکہ شریعت نے ان جگہوں میں اذکار مسنون نہیں کئے، اور نبی ﷺ سے ان جگہوں میں جو طویل اذکار مروی ہیں وہ نوافل کے لئے ہیں۔ فرائض کے لئے شریعت ہلکے اور آسان اذکار تجویز کرتی ہے تاکہ ہر مسلمان اس کو بآسانی یاد کرسکے اور پڑھ سکے اور جہاں کسی رکن میں ٹھہرانا مقصود ہوتا ہے وہاں اسی مختصر ذکر کو مکرر پڑھنے کی ہدایت دی جاتی ہے۔ شریعت کا یہ مزاج دلیل ہے کہ نبی ﷺ سے قومہ اور جلسہ میں جو طویل اذکار مروی ہیں وہ فرائض کے لئے نہیں ہیں، وہ اذکار نفل نماز کے لئے اور خواص امت کے لئے ہیں۔

۲- **ما خلا القیامَ و القعودَ**: سے حنابلہ کے سمجھے ہوئے مطلب کی تائید ہوتی ہے مگر یہ زیادتی محفوظ نہیں، اس لئے کہ اس حدیث کو شعبہ رحمہ اللہ سے بدل بن المحبّر کے علاوہ ابوالولید محمد بن جعفر، معاذ العنبری، ابن المبارک، ابن علیہ، یحییٰ قطان اور حفص بن عمر وغیرہ ائمہ حدیث نے روایت کیا ہے اور سوائے بدل کے کوئی راوی یہ ٹکڑا نہیں بڑھاتا اور بدل کی دار قطنی نے تضعیف کی ہے (معارف السنن ۳:۵۳)

۳- اور فتح الباری میں ہے کہ قیام سے قومہ اور قعود سے جلسہ مراد ہے قراءت والا قیام اور قعدہ اولیٰ یا ثانیہ مراد نہیں۔ پھر حافظ رحمہ اللہ نے ابن القیم کے حوالہ سے اس کی تردید کی ہے، کیونکہ اس صورت میں یہ جملہ مہمل ہوجاتا ہے، ابھی تو کہا تھا کہ ارکانِ اربعہ یعنی رکوع وسجود اور قومہ وجلسہ برابر ہوتے تھے پھر قومہ وجلسہ کا استثناء کرنا مہمل بات ہے، مگر حافظؒ نے بھی کوئی مطلب بیان نہیں کیا، بس تردید کرکے گذر گئے ہیں اور میں نے اوپر جواب دیا کہ یہ استثناء محفوظ نہیں، شعبہؒ سے متعدد ائمہ حدیث نے یہ حدیث روایت کی ہے، بدل کے علاوہ کوئی اس حدیث میں یہ جملہ نہیں بڑھاتا اور بدل کی دار قطنی نے تضعیف کی ہے۔

غرض حنابلہ قومہ اور جلسہ کو رکن طویل قرار دیتے ہیں اور ترجمہ کرتے ہیں: چاروں ارکان زمانہ کے اعتبار سے برابر ہوتے تھے اور احناف وشوافع رکن قصیر قرار دیتے ہیں اور ترجمہ کرتے ہیں: چاروں ارکان تقریباً یکساں ہوتے تھے، یعنی ان چاروں ارکان میں یکسانیت ہوتی تھی، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے، اس لئے جس کو جس امام سے عقیدت ہے اس کی پیروی کرے۔

بابُ أَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِىْ لَايُتِمُّ رُكُوْعَهُ بِالإِعَادَةِ

جس نے رکوع صحیح نہیں کیا تھا اس کو نبی ﷺ نے دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم دیا

اس باب میں حدیث المسیئ صلوتہ ہے جو پہلے (صفۃ الصلوۃ باب ۹۵ میں) گذر چکی ہے، نبی ﷺ نے حضرت خلادؓ کو تین بار نماز لوٹانے کا حکم دیا، وہ تعدیلِ ارکان نہیں کررہے تھے۔ الذی لایتم رکوعہ بالإعادۃ میں اشارہ ہے کہ نبی ﷺ نے اعادہ کا حکم تعدیلِ ارکان نہ کرنے کی وجہ سے دیا تھا، معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان فرض ہے اس کے بغیر نماز نہیں ہوگی۔

اور حنفیہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے تنبیہ کے طور پر اعادہ کروایا تھا، جیسے ایک شخص کی لنگی ٹخنوں سے نیچے تھی، آپؐ نے اس کو دوبارہ وضوء کرنے کا حکم دیا، وہ وضوء کر کے لنگی اونچی باندھ کر آیا، معلوم ہوا کہ آپ کسی بات پر تنبیہ کرنے کی غرض سے بھی اعادہ کا حکم دیتے تھے، حضرت خلادؓ کو بھی اسی بناء پر دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم دیا تھا، مگر جب غلطی ان کی سمجھ میں نہ آئی اور انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں تو ایسی ہی نماز پڑھنا جانتا ہوں آپؐ مجھے سکھلائیں، پس آپؐ نے نماز سکھلائی اور آخر میں فرمایا: ’’اگر آپ تعدیل ارکان میں کمی کریں گے تو نماز ناقص ہوگی‘‘

[۱۲۲-] بابُ أَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ لَايُتِمُّ رُكُوْعَهُ بِالإِعَادَةِ

[۷۹۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم السَّلَامَ، فَقَالَ:" ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَصَلَّى، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" ارْجِعْ فَصَلِّ، فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" ثَلاَثًا، فَقَالَ: وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أُحْسِنُ غَيْرَهُ، فَعَلِّمْنِیْ، قَالَ:" إِذَا قُمْتَ إِلٰى الصَّلَاةِ فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَعْتَدِلَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ افْعَلْ ذٰلِكَ فِیْ صَلاَتِكَ كُلِّهَا"[راجع: ۷۵۷]

ملحوظہ: اس حدیث کا ترجمہ اور شرح صفة الصلوٰة باب ۹۵ میں پڑھیں۔

بابُ الدُّعَاءِ فِیْ الرُّكُوْعِ

رکوع میں دعا کرنا

سجدوں کی طرح رکوع میں بھی دعا کی گنجائش ہے، ایک حدیث ہے: أَمَّا الركوعُ فَعَظِّمُوْا فيه الربَّ: رکوع میں اللہ کی بڑائی بیان کرو، اس حدیث سے یہ شبہ نہیں ہونا چاہئے کہ رکوع محل دعا نہیں، اس لئے کہ اس حدیث میں حصر نہیں ہے، چنانچہ امام بخاریؒ نے باب قائم کر کے اشارہ کیا کہ رکوع بھی محل دعا ہے، سجدہ کی طرح رکوع میں بھی دعا کر سکتے ہیں۔

[۱۲۳-] بابُ الدُّعَاءِ فِیْ الرُّكُوْعِ

[۷۹۴-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِیْ الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِیْ رُكُوْعِهِ وَسُجُوْدِهِ:" سُبْحَانَكَ

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي" [انظر: ۸۱۷، ۴۲۹۳، ۴۹۶۷]

وضاحت: اللّٰهم اغفرلی: دعا ہے، اور یہ دعا آپؐ نے رکوع میں کی ہے، پس باب ثابت ہوگیا، اور یہ نوافل کا ذکر ہے، آنحضور ﷺ نوافل میں رکوع میں یہ ذکر کرتے تھے، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا برابر میں لیٹی ہوئی ہوتی تھیں، وہ یہ ذکر سنتی تھیں، فرائض میں تو صدیقہ عورتوں کی صف میں ہونگی، اور نبی ﷺ محراب میں، پس آپؐ رکوع میں کیا ذکر کررہے ہیں اس کو صدیقہ کیسے سنیں گی؟ اس لئے یہ ذکر نفلوں کا ہے فرضوں کا نہیں۔

بَابُ مَايَقُوْلُ الإِمَامُ وَمَنْ خَلْفَهُ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ؟

رکوع سے سر اٹھا کر امام اور مقتدی کیا ذکر کریں؟

امام تسمیع وتحمید دونوں کو جمع کرے، اس طرح کہ رکوع سے قیام کا آغاز تسمیع سے کرے اور بالکل سیدھا ہونے کے بعد تحمید کرے، پس تسمیع وظیفۂ نہوض ہے، اور تحمید وظیفۂ اعتدال مقتدی بھی یہی کریں، شوافع اسی کے قائل ہیں، اور امام اعظم کے نزدیک امام صرف تسمیع کرے اور مقتدی صرف تحمید، کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: جب امام سمع الله لمن حمده کہے تو تم ربنا لك الحمد کہو، یہ حدیث پہلے گذری ہے، آپؐ نے امام اور مقتدی کے درمیان ذکر تقسیم کیا ہے اور صاحبین کے نزدیک امام تسمیع وتحمید دونوں کرے اور مقتدی صرف تحمید کریں، کیونکہ مذکورہ حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام صرف مقتدیوں کو تحمید کا حکم دینا ہے، امام کے تعلق سے حدیث ساکت ہے اور عقل کا فیصلہ یہ ہے کہ امام کو بھی تحمید کرنی چاہئے، کیونکہ اس نے تعریف کرنے کا اعلان کیا ہے، پس خود بھی اس پر عمل کرنا چاہئے، میرا صاحبین کے قول پر عمل ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک امام ومقتدی: دونوں ذکر جمع کریں گے۔

اور امام بخاریؒ نے باب میں ومن خلفه کا اضافہ کیا ہے مگر حدیث میں مقتدی کا تذکرہ نہیں کہ وہ بھی تسمیع وتحمید کو جمع کرے گا، ہوسکتا ہے امام بخاریؒ نے توافق بین الامام والمأموم کے قاعدہ سے استدلال کیا ہو، یعنی امام ومقتدی کے درمیان یکسانیت ہونی چاہئے اور امام کا تسمیع وتحمید کو جمع کرنا حدیث میں مصرّح ہے، پس مقتدی کو بھی دونوں ذکر جمع کرنے چاہئیں۔

اور یہ قاعدہ کہ امام ومقتدی کے درمیان مشاکلت ہونی چاہئے حدیث إنما جُعل الإمام ليؤتَمَّ به اور حدیث صَلُّوْا كما رأيتموني أصلّي سے ماخوذ ہے، نبی ﷺ امام ہیں اور مقتدیوں کو حکم دے رہے ہیں کہ جس طرح مجھے نماز پڑھتے دیکھا ہے اسی طرح نماز پڑھو، معلوم ہوا کہ امام اور مقتدیوں کے درمیان توافق ہونا چاہئے، جب یہ بات ہے تو تابع کے لئے الگ سے کسی دلیل کی ضرورت نہیں، جو حکم امام کا ہے وہی حکم مقتدیوں کا ہے، تابع متبوع کو دیکھے گا اور اس کے عمل کی طرح عمل کرے گا، اس طرح ومن خلفه کا جزء ثابت ہوگا۔

[١٢٤-] بَابُ مَايَقُوْلُ الإِمَامُ وَمَنْ خَلْفَهُ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ؟

[٧٩٥-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا قَالَ:" سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ " قَالَ:" اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ " وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ يُكَبِّرُ، وَإِذَا قَامَ مِنَ السَّجْدَتَيْنِ قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ. [راجع: ٧٨٥]

ترجمہ اورضاحت: نبی ﷺ جب **سمع الله لمن حمده** کہتے تو **اللّٰهم ربنا ولك الحمد** کہتے یعنی دونوں کو جمع کرتے، اور جب امام دونوں کو جمع کرے گا تو توافق بین الامام والمأموم کے قاعدہ سے مقتدی بھی جمع کریں گے، مگر نبی ﷺ امام ہونے کی حالت میں جمع کرتے تھے اس کی کوئی دلیل نہیں، ممکن ہے منفرد ہونے کی حالت میں جمع کرتے ہوں، اور نبی ﷺ جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اور جب دوسرے سجدے سے سر اٹھاتے تو تکبیر کہتے، یعنی ہر خفض ورفع میں آپ تکبیر کہتے تھے، پس امراء کا طریقہ سنت کے خلاف ہے۔

فائدہ: تحمید چار طرح سے مروی ہے (۱) صرف واؤ کے ساتھ: **ربنا ولك الحمد** (۲) واؤ کے بغیر: **ربنا لك الحمد** (۳) صرف **اللّٰهم** کے ساتھ: **اللّٰهم ربنا لك الحمد** (۴) دونوں کے ساتھ: **اللّٰهم ربنا ولك الحمد**، مگر ابن القیم رحمہ اللہ **اللّٰهم** اور واو کے اجتماع کو تسلیم نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں: احادیث سے دونوں کو جمع کرنا ثابت نہیں (زاد المعاد ۱:۲۲۰) مگر اس حدیث میں **اللّٰهم** اور واؤ کا اجتماع ہے اور **اللّٰهم ربنا لك الحمد** (بغیر واؤ کے) مسلم شریف (۱:۱۹۰) میں مروی ہے اور **ربنا لك الحمد** (بغیر اللّٰهم اور واؤ کے) اور **ربنا ولك الحمد** (اللّٰهم کے بغیر) بخاری (حدیث ۷۸۹ و۸۰۳) میں مروی ہیں۔

بَابُ فَضْلِ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ کی فضیلت

باب کی حدیث میں نبی ﷺ نے امام اور مقتدی کے وظائف تقسیم کئے ہیں، امام کا وظیفہ تسمیع ہے اور مقتدی کا تحمید، اور تقسیم اشتراک کے منافی ہے، مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے اس پر تحمید کی فضیلت کا باب رکھا ہے تاکہ تقسیم وظائف کی طرف قاری کا ذہن نہ جائے، اور جب اس طرف سے ذہن ہٹا دیا تو حضرتؒ نے اوپر جو دعوی کیا ہے کہ امام اور مقتدی دونوں ذکر جمع کریں: یہ دعوی قاری کے لئے قابل قبول ہو جائے گا، ورنہ حدیث پڑھ کر قاری کے لئے لمحۂ فکریہ پیدا ہوگا اور وہ غور کرے گا کہ جب نبی ﷺ نے وظائف تقسیم کئے ہیں تو آپؐ دونوں ذکر جمع کیوں کرتے تھے؟ جب وہ غور کرے گا تو اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ نبی ﷺ امام ہونے کی حالت میں دونوں ذکر جمع کرتے تھے اس کی کوئی دلیل نہیں، منفرد ہونے کی حالت میں جمع کرنا بھی مراد ہو سکتا ہے، اور یہی مطلب قرین صواب ہے، تاکہ دونوں حدیثیں ایک دوسرے کے موافق

ہوجائیں، اوران میں کوئی تعارض باقی نہ رہے۔

[۱۲۵-] بابُ فَضْلِ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

[۷۹۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا قَالَ الإِمَامُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَقُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، فَإِنَّهُ مَنْ وَافَقَ قَوْلُهُ قَوْلَ الْمَلاَئِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" [انظر: ۳۲۲۸]

بابٌ

قومہ میں اذکار وادعیہ کی گنجائش ہے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ قومہ میں تسمیع وتحمید کے بعداذ کار وادعیہ کی گنجائش ہے، یہ بات نبی ﷺ سے ثابت ہے، مگر یہ رواتب کے طور پرنہیں تھا، بلکہ کبھی کبھار کا عمل تھا، مگراس سے قومہ میں اذکار وادعیہ کا جواز نکلا، پس یہ باب کالفصل من الباب السابق نہیں ہے، بلکہ تشحیذ اذہان کے لئے یہ باب رکھا ہے، پس طلبہ کو یہاں باب لگانا چاہئے، گیلری میں القنوت لکھاہے، پس باب لگائیں گے بابُ القنوت یا بابُ القنوت فی القومة (قومہ میں دعا کرنے کا بیان)

[۱۲۶-] بابٌ

[۷۹۷-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَأُ قَرِّبَنَّ صَلاَةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَكَانَ أَ بُوْ هُرَيْرَةَ يَقْنُتُ فِيْ الرَّكْعَةِ الأُخْرَى مِنْ صَلاَةِ الظُّهْرِ وَصَلاَةِ الْعِشَاءِ وَصَلاَةِ الصُّبْحِ بَعْدَ مَا يَقُوْلُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَيَدْعُوْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَلْعَنُ الْكُفَّارَ.

[انظر: ۸۰۴، ۱۰۰۶، ۲۹۳۲، ۴۵۶۰، ۴۵۹۸، ۶۲۰۰، ۶۳۹۳، ۶۹۴۰]

حدیث (۱): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ لوگوں سے کہا: میں ضرور تم سے نبی ﷺ کی نماز کوقریب کروں گا، یعنی تمہیں نبی ﷺ جیسی نماز پڑھاؤں گا، اس زمانہ میں تعلیم کا یہی طریقہ تھا، صحابہ عمل کر کے دکھاتے تھے اور تابعین اس کو محفوظ کرتے تھے، فعلی تعلیم اوقع فی النفس ہوتی ہے، پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ظہر، عشاء اور فجر کی نمازوں میں تسمیع کے بعد دعا مانگی، آپؓ نے مؤمنین کے حق میں دعا کی اور کفار پر لعنت بھیجی (یہی جزء ترجمہ سے متعلق ہے)

تشریح:

۱- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے تو نماز پڑھ کر دکھائی تھی اب اس کو الفاظ کا جامہ راوی پہنائے گا، جیسے حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے صحابہ کی ایک مجلس میں چار رکعت پڑھ کر دکھائی تھی، پھر اس کو الفاظ کا جامہ راوی نے پہنایا تھا، کیونکہ

اس کے بغیر روایت کرنے کی کوئی صورت نہیں۔

۲- جس طرح حضرت ابو ہریرہؓ نے نماز پڑھ کر دکھائی ہے ابوحمید ساعدی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما نے بھی دکھائی ہے، اس میں یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ رواۃ نے ان حضرات کی نمازوں میں سے خاص اجزاء ہی بیان کئے ہیں، عام اجزاء جو سبھی مسلمانوں کی نمازوں میں ہوتے ہیں ان کو بیان نہیں کیا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا تکبیر تحریمہ کے علاوہ کسی جگہ رفع یدین نہ کرنا آپؓ کی نماز کا خاص جزء تھا، راوی نے اسی کو بیان کیا ہے، حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی نماز میں رفع یدین کرنا، مونڈھوں تک ہاتھ اٹھانا، جلسہ استراحت کرنا اور قعدۂ اخیرہ میں تورک کرنا اہم اجزاء تھے، راوی نے انہی کو بیان کیا ہے، اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی نماز میں فرض کی آخری رکعت کے قومہ میں قنوت پڑھنا اہم جزء تھا جو عام مسلمانوں کی نمازوں میں نہیں تھا، اس لئے راوی نے اس کو بیان کیا ہے۔

آنحضور ﷺ نے فرائض کی آخری رکعت کے قومہ میں قنوت نازلہ پڑھا ہے، مگر وہ آپؐ کا دائمی عمل نہیں تھا، وقتی مصلحت سے تھا، پس وہ سنت راتبہ نہیں، مگر مرور زمانہ کے ساتھ لوگ اس عمل کو بھولنے لگے، اس لئے حضرت ابو ہریرہؓ نے نماز میں قنوت نازلہ پڑھ کر دکھایا تا کہ لوگ آنحضور ﷺ کے اس عمل سے واقف ہوجائیں اور اس کی حفاظت کریں، منسوخ اور وقتی مصلحت سے کیا ہوا عمل سنت نہیں ہوتا، اس پر عمل نہیں کیا جاتا، مگر حفاظت ان کی بھی ضروری ہے، وہ کتابوں کا دور نہیں تھا اور حفاظت کا بہترین طریقہ عمل کر کے دکھانا تھا جو چیز عمل کر کے دکھادی جاتی ہے وہ ذہن سے نہیں نکلتی اس لئے حضرت ابو ہریرہؓ نے عمل کر کے دکھایا تا کہ لوگ اس کو محفوظ کریں۔

۳- لفظ قنوت کے بہت سے معانی ہیں۔ ترمذی باب طول القنوت کے حاشیہ میں اس کے بہت سے معانی لکھے ہیں، ان میں سے ایک معنی: دعا ہیں، پھر قنوت دو ہیں: راتبہ اور نازلہ، راتبہ وہ قنوت ہے جو ہمیشہ پڑھا جاتا ہے اور نازلہ: وہ قنوت ہے جو اس وقت پڑھا جاتا ہے جب کوئی آفت نازل ہو۔ امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک فجر کی دوسری رکعت میں پورے سال جو قنوت پڑھا جاتا ہے وہ قنوت راتبہ ہے اور وہ ان کے نزدیک سنت ہے، اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک فجر کی نماز میں قنوت راتبہ نہیں ہے، پس اگر کوئی حنفی کسی شافعی یا مالکی امام کے پیچھے نماز پڑھے تو خاموش کھڑا رہے۔

اور ایک قنوت نازلہ ہے جب مسلمانوں پر کوئی افتاد آپڑے تو یہ قنوت پڑھا جاتا ہے اور اس کی مشروعیت پر امت کا اجماع ہے، اور تیسرا قنوت: قنوت وتر ہے، یہ بھی قنوتِ راتبہ ہے، یہ پورے سال پڑھنا چاہئے یا صرف رمضان میں؟ اس میں اختلاف ہے جو اپنی جگہ آئے گا۔

۴- جس طرح فاتحہ میں دو مسئلے الگ الگ ہیں، ایک: فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟ نمازی کون ہے اس سے قطع نظر، دوم: فاتحہ کا کس نمازی سے تعلق ہے؟ ان دونوں مسئلوں کے دلائل میں خلط ملط ہوگیا ہے جس کی وجہ سے مسئلہ الجھ گیا ہے۔ پس اگر دونوں مسئلے الگ الگ کردیئے جائیں اور دونوں کے دلائل بھی جدا جدا کردیئے جائیں تو مسئلہ آسانی سے سمجھ میں

آجائے گا، یہاں بھی یہی ہوا ہے، قنوتِ راتبہ اور قنوتِ نازلہ کے دلائل باہم ایسے الجھ گئے ہیں کہ ان کو الگ الگ کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے متضاد روایتیں مروی ہیں اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی متضاد روایتیں مروی ہیں، کتاب کا حاشیہ دلائل سے بھرا پڑا ہے، قیمتی حاشیہ ہے، حنفیہ اور حنابلہ نے مسئلہ میں دوٹوک فیصلہ کیا ہے کہ فجر میں نبی ﷺ سے یا صحابہ سے قنوت پڑھنے کی جتنی روایتیں ہیں وہ سب قنوت نازلہ سے تعلق رکھتی ہیں، وہ قنوت راتبہ کی روایتیں نہیں ہیں، اور امام مالک اور امام شافعی نے تقسیم کی ہے، بعض روایتوں کو قنوتِ نازلہ پر محمول کیا ہے اور بعض کو قنوتِ راتبہ پر، اور انھوں نے مسئلہ طے کردیا کہ فجر کی نماز میں پورے سال قنوتِ راتبہ پڑھنا مستحب یا سنت ہے۔

۵- حاشیہ میں ابو مالک اشجعی رحمہ اللہ کی اپنے والد حضرت طارق اشجعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی ہے، آپؐ نے قنوت نہیں پڑھا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی ہے، انھوں نے بھی قنوت نہیں پڑھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی ہے انھوں نے بھی قنوت نہیں پڑھا، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی ہے، انھوں نے بھی قنوت نہیں پڑھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی ہے انھوں نے بھی قنوت نہیں پڑھا، پھر فرمایا: بیٹے! یہ بدعت ہے، یہ روایت نسائی، ابن ماجہ اور ترمذی میں ہے اور امام ترمذی نے اس کو حسن صحیح کہا ہے۔

جبکہ واقعہ یہ ہے کہ متعدد صحیح احادیث میں آنحضور ﷺ سے فجر کی نماز میں قنوت پڑھنا مروی ہے اور حضرت طارق رضی اللہ عنہ نے اس کو بدعت کہا ہے، پس حضرت طارقؓ کے قول کو قنوت راتبہ پر محمول کریں گے جس کا پڑھنا آنحضور ﷺ سے اور خلفائے راشدین سے ثابت نہیں۔

۶- آنحضور ﷺ نے خاص حالات میں فجر میں قنوت نازلہ پڑھا ہے مگر صغار صحابہ نے جب دیکھا کہ مرورِ زمانہ سے لوگ آنحضور ﷺ کے اس عمل کو بھول رہے ہیں تو انھوں نے کبھی کبھی اس پر عمل شروع کیا تاکہ لوگ اس کو محفوظ رکھیں مگر چونکہ ہرنئی چیز لذیذ ہوتی ہے اس لئے بعض لوگوں نے اس میں دلچسپی لینی شروع کی اور وہ یہ عمل بغیر سبب کے ہمیشہ کرنے لگے، ابو مالک کے علاقہ میں بھی بعض لوگ یہ قنوت دائماً پڑھنے لگے تھے اس لئے انھوں نے بھی پڑھا، جس کو ان کے والد نے بدعت قرار دیا۔

۷- بیئر معونہ کے واقعہ میں ستر صحابہ شہید کئے گئے تھے، وہ سب غرباء اور حفاظ قرآن تھے، آنحضور ﷺ کو اس کا سخت رنج ہوا اور آپؐ نے ایک ماہ تک فجر کی نماز میں قنوتِ نازلہ پڑھا، بعض قبائل کے لئے بددعا کی اور جو نادار صحابہ مکہ میں پھنس گئے تھے اور کفار کے ظلم وستم کا تختۂ مشق بنے ہوئے تھے ان کے حق میں دعا کی، ایک مہینہ کے بعد آیت: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾ نازل ہوئی، تو آپؐ نے قنوت پڑھنا بند کردیا۔

۸- باب میں حضرت ابو ہریرہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کی روایتیں ہیں، انھوں نے فجر میں اور دوسری نمازوں میں قنوت پڑھا ہے، اور دونوں سے اس کے خلاف بھی مروی ہے وہ روایتیں حاشیہ میں ہیں، پس لامحالہ یہی تطبیق دینی ہوگی کہ

ان حضرات نے جو قنوت کی نفی کی ہے وہ قنوتِ راتبہ کی نفی کی ہے، اور جو قنوت پڑھا ہے وہ قنوت نازلہ پڑھا ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ بھی مغرب میں قنوت راتبہ کے قائل نہیں، اور ان دونوں حضرات نے مغرب وظہر میں بھی قنوت پڑھا ہے، پس وہ لامحالہ قنوتِ نازلہ ہے اور دوسری دلیل یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے قنوت میں کفار کے لئے بددعا کی ہے اور بددعا قنوت نازلہ میں کی جاتی ہے قنوت راتبہ میں نہیں کی جاتی۔

مسئلہ: جو کافر مرچکا ہے اور اس کا کفر پر مرنا یقینی ہے جیسے ابوجہل اور ابولہب وغیرہ اس پر لعنت بھیج سکتے ہیں اور جس کافر کے کفر پر مرنے کی کوئی یقینی دلیل نہیں یا جو کافر ابھی زندہ ہے، اس پر لعنت بھیجنا جائز نہیں، البتہ بالعموم کفار پر لعنت بھیج سکتے ہیں، قنوتِ نازلہ میں عام کفار کے لئے بددعا کی جاتی ہے معین کفار کے لئے بددعا نہیں کی جاتی۔ اور نبی ﷺ نے قنوتِ نازلہ میں جو متعین اشخاص پر لعنت بھیجی تھی وہ آپؐ کی خصوصیت تھی، آپؐ صاحبِ وحی تھے، آپؐ کو ان کے انجام کی خبر دی گئی تھی۔

[۷۹۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِی الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِیْلُ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: کَانَ الْقُنُوْتُ فِیْ الْمَغْرِبِ وَالْفَجْرِ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قنوت فجر اور مغرب میں تھا یعنی نبی ﷺ نے فجر کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھا ہے اور اس پر قیاس کر کے تمام جہری نمازوں میں قنوتِ نازلہ پڑھ سکتے ہیں اور حاشیہ میں حضرت انسؓ سے قنوت کی نفی بھی مروی ہے، پس اس کو قنوتِ راتبہ پر محمول کریں گے۔

[۷۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نُعَیْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُجْمِرِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ یَحْیَی بْنِ خَلَّادٍ الزُّرَقِیِّ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِیِّ، قَالَ: کُنَّا نُصَلِّیْ یَوْمًا وَرَاءَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرَّکْعَةِ، قَالَ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" قَالَ رَجُلٌ: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْهِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: "مَنِ الْمُتَکَلِّمُ؟" قَالَ: أَنَا، قَالَ: "رَأَیْتُ بِضْعَةً وَثَلَاثِیْنَ مَلَکًا یَبْتَدِرُوْنَهَا، أَیُّهُمْ یَکْتُبُهَا أَوَّلُ.

حدیث: حضرت رفاعہؓ کہتے ہیں: ہم ایک دن نبی ﷺ کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے، جب آپؐ نے رکوع سے سر اٹھایا تو کہا: سمع اللہ لمن حمدہ ایک شخص نے یہ ذکر کیا ربنا ولك الحمد حمداً کثیرا طیبا مبارکاً فیه جب آپ نے نماز پوری کی تو پوچھا: نماز میں کون بولا؟ اس شخص نے عرض کیا: میں بولا، آپؐ نے فرمایا: میں نے تیس سے زیادہ فرشتوں کو دیکھا جو ان کلمات کی طرف جھپٹے کہ ان میں سے کون ان کلمات کو سب سے پہلے لکھے۔

تشریح: نبی ﷺ نے اس ذکر کو شاندار ذکر قرار دیا، اس کے باوجود کسی نے قومہ میں یہ ذکر نہیں لکھا کیونکہ من المتکلم؟ سے ناگواری ٹپکتی ہے، آپؐ نے اس کو نماز میں بولنا قرار دیا ہے، مگر قومہ میں اذکار وادعیہ کی گنجائش نکلی، اور یہی مقصود باب ہے۔

بَابُ الطُّمَأْنِيْنَةِ حِيْنَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ

جب رکوع سے سر اٹھائے تو اطمینان سے کھڑا ہو

قومہ اور جلسہ کے لئے اذکار وادعیہ نہیں ہیں، اور تسمیع وتحمید وتکبیر انتقال کے اذکار ہیں، مگر قومہ اور جلسہ میں اعتدال فرض یا سنتِ مؤکدہ اشد تاکید ہے، اور اعتدال وتعدیل کے لغوی معنی ہیں: درستگی، ٹھیک سے کرنا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: تمام اعضاء اپنی حالت کی طرف لوٹ جائیں، اور ہر ہڈی اپنی جگہ میں سیٹ ہوجائے، حدیث میں اس کے لئے تعبیر ہے حتی تَسْتَوِيَ قَائِمًا: پس جب بالکل سیدھا کھڑا ہوگیا تو اعتدال ہوگیا، اب سجدہ میں جاسکتے ہیں پھر رکوع وسجود میں ٹھہرنا بھی مطلوب ہے، اس لئے تسبیح اور اس کی تکرار مشروع کی اور قومہ وجلسہ میں ٹھہرنا مطلوب نہیں، اس لئے کوئی ذکر مشروع نہیں کیا۔

البتہ نوافل میں جبکہ نماز طویل کرنا مقصود ہو، قومہ اور جلسہ طویل کیا جاسکتا ہے، مگر یہ طول ذکر کے ساتھ ہونا چاہئے، خاموش کھڑے رہنے سے سجدہ سہو لازم آئے گا، اس لئے کہ ارکان میں موالات شرط ہے۔

اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں تعدیل کا ادنی درجہ ذکر کیا ہے مگر باب کی احادیث میں مختلف درجات کا بیان ہے، باب کی زیادہ تر حدیثیں نوافل کے بارے میں ہیں، اور نوافل میں زیادہ سے زیادہ ٹھہرنے کی کوئی حد نہیں، ایک حدیث میں ہے: حَتّٰى نَقُوْلَ إِنَّهُ نَسِيَ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نوافل میں قومہ میں اتنی دیر ٹھہرتے تھے کہ ہم خیال کرتے تھے کہ شاید آپ سجدہ کرنا بھول گئے۔

اور دوسری حدیث میں ہے: قريباً من السَّواء: یعنی رکوع وسجود اور قومہ وجلسہ کے درمیان تناسب ہوتا تھا، اگر آپ مختصر نماز پڑھتے اور رکوع وسجدہ مختصر کرتے تو قومہ اور جلسہ میں نہیں ٹھہرتے تھے اور قیام طویل ہوتا اور رکوع اور سجود پچاس آیتوں کے بقدر کرتے تو قومہ اور جلسہ میں بھی ٹھہرتے اور طویل ذکر کرتے۔

[۱۲۷-] بَابُ الطُّمَأْنِيْنَةِ حِيْنَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ

وَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ: رَفَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَأْسَهُ وَاسْتَوَى حَتّٰى يَعُوْدَ كُلُّ فَقَارٍ مَكَانَهُ.

[۸۰۰-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: كَانَ أَنَسٌ، يَنْعَتُ لَنَا صَلَاةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: فَكَانَ يُصَلِّيْ، فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ قَامَ حَتّٰى نَقُوْلَ: قَدْ نَسِيَ.[انظر: ۸۲۱]

وضاحت: پہلی حدیث جو تعلیقاً ذکر کی گئی ہے وہ حقیقت میں فعلی حدیث ہے، حضرت ابو حمید ساعدیؓ نے نماز پڑھ کر دکھائی تھی، راوی نے اس کو قولی حدیث بنایا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع سے سر اٹھایا اور سیدھے کھڑے ہوئے، یہاں تک کہ ریڑھ کی ہڈی کا ہر مہرہ اس کی جگہ کی طرف لوٹ گیا۔ فَقَار: فَقَارَةٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: ریڑھ کی ہڈی کا مہرہ، یہی

اعتدال ہے اور باب میں اسی کا ذکر ہے۔

حدیث: ثابت بنانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ ہمارے سامنے آنحضور ﷺ کی نماز کی حالت بیان کیا کرتے تھے (فرمایا کرتے تھے) نبی ﷺ نماز پڑھتے تھے پس جب رکوع سے سر اٹھاتے تو اتنی دیر کھڑے رہتے کہ ہم سوچتے کہ آپ بالیقین سجدہ کرنا بھول گئے، یہ نوافل کا بیان ہے جب کہ آپؐ بہت لمبی نماز پڑھتے تھے۔

[۸۰۱-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كَانَ رَكُوْعُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَسُجُوْدُهُ، وَإِذَا رَفَعَ مِنَ الرُّكُوْعِ، وَبَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ قَرِيْبًا مِنَ السَّوَاءِ.
[راجع: ۷۹۲]

وضاحت: یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے نبی ﷺ کے ارکان اربعہ: رکوع وسجود اور قومہ وجلسہ کے درمیان تناسب ہوتا تھا، اس حدیث کو شعبہ رحمہ اللہ سے ابوالولید نے روایت کیا ہے ان کی حدیث میں **ماخلا القیام والعقود** کا استثناء نہیں ہے، شعبہؒ سے اور بھی ائمہ حدیث اس کو روایت کرتے ہیں، ان کی حدیثوں میں بھی یہ استثناء نہیں، صرف بدل بن المحبّر کی روایت میں یہ استثناء ہے اور دار قطنی نے اس کی تضعیف کی ہے۔

[۸۰۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، قَالَ: كَانَ مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ يُرِيْنَا كَيْفَ كَانَ صَلَاةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ وَذَاكَ فِيْ غَيْرِ وَقْتِ صَلَاةٍ، فَقَامَ فَأَمْكَنَ الْقِيَامَ، ثُمَّ رَكَعَ فَأَمْكَنَ الرُّكُوْعَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَانْصَبَّ هُنَيَّةً، قَالَ فَصَلَّى بِنَا صَلَاةَ شَيْخِنَا هٰذَا أَبِيْ يَزِيْدَ. وَكَانَ أَبُوْ يَزِيْدَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السَّجْدَةِ الْآخِرَةِ اسْتَوَى قَاعِدًا، ثُمَّ نَهَضَ. [راجع: ٦٧٧]

حدیث: ابوقلابہؒ کہتے ہیں: مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ ہمیں دکھایا کرتے تھے کہ نبی ﷺ کی نماز کیسی تھی؟ اور یہ بات نماز کے وقت کے علاوہ میں تھی یعنی فرض پڑھ کر نہیں بلکہ نفل پڑھ کر دکھاتے تھے (چنانچہ ایک دن) آپؓ کھڑے ہوئے، پس قیام کو جمایا یعنی دیر تک کھڑے رہے پھر رکوع کیا اور رکوع کو جمایا، پھر اپنا سر اٹھایا پس تھوڑی دیر سیدھے کھڑے رہے (یہی قومہ کی تعدیل ہے اور یہی جلسہ کی بھی تعدیل ہے) اِنْصَبَّ کے معنی ہیں: ریڑھنا اور هُنَيَّة (مفعول مطلق) کے معنی ہیں: تھوڑی دیر یعنی تمام اعضاء کو ان کی جگہ کی طرف لوٹایا، اور گیلری میں اَنْصَتَ ہے یعنی تھوڑی دیر خاموش رہے۔

ابوقلابہ کہتے ہیں: پس ہمیں نماز پڑھائی ہمارے ان حضرت کی طرح نماز پڑھانا یعنی ابویزید عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ کی طرح نماز پڑھائی، اور ابویزید جب (پہلی اور تیسری رکعت کے) دوسرے سجدہ سے سر اٹھاتے تھے تو ٹھیک سے بیٹھ جاتے تھے یعنی جلسہ استراحت کرتے تھے، پھر کھڑے ہوتے تھے —— جلسہ استراحت مسنون ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ آگے (باب

۱۴۲میں) آرہا ہے۔

بابٌ: يَهْوِىْ بِالتَّكْبِيْرِ حِيْنَ يَسْجُدُ

جب سجدہ کرے تو تکبیر کے ساتھ گرے

چاروں فقہاء اس پر متفق ہیں کہ تکبیراتِ انتقالیہ ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف منتقل ہونے کی حالت میں کہی جائیں گی۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے چنانچہ فرماتے ہیں: يهوى بالتكبير حين يسجد: جب سجدہ کرے تو تکبیر کے ساتھ گرے یعنی قومہ سے سجدہ میں جھکتے ہی تکبیر شروع کردے۔ هوى (ض) هويّا: کے معنی ہیں: گرنا، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى﴾ أى سقط مگر آج کل عرب ائمہ انتقال کے دوران تکبیر نہیں کہتے بلکہ دوسرے رکن میں منتقل ہونے کے بعد تکبیر کہتے ہیں، یہ طریقہ حدیث اور فقہاء کے اجماع کے خلاف ہے (دیکھئے: تحفۃ القاری ۲: ۵۵۵)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ سجدہ میں جاتے ہوئے پہلے زمین پر ہاتھ رکھنے چاہئیں یا گھٹنے؟ ابن عمرؓ پہلے ہاتھ رکھتے تھے پھر گھٹنے، امام مالکؒ اسی کو مسنون کہتے ہیں اور دیگر ائمہ کے نزدیک پہلے گھٹنے پھر ہاتھ رکھنے مسنون ہیں۔ ابن عمرؓ کا فعل امام مالکؒ کی دلیل ہے اور ان کی دوسری دلیل حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو ابو داؤد (۱: ۱۲۲ مصری كيف يضع ركبتيه؟) میں ہے، وہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو اونٹ کی طرح نہ بیٹھے اور چاہئے کہ اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں گھٹنوں سے پہلے رکھے'' آخری جملہ: وَلْيَضَعْ يديه قبل ركبتيه سجدہ میں جانے کا طریقہ ہے یا پہلے جملہ کی شرح ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ سجدہ میں جانے کا طریقہ ہے اور جمہور کہتے ہیں: یہ پہلے جملہ کی شرح ہے اس لئے کہ اونٹ جب بیٹھتا ہے تو پہلے اگلے دونوں پیر موڑ کر زمین پر رکھتا ہے اور جانوروں کے اگلے پیر انسانوں کے ہاتھوں کے بمنزلہ ہیں، اور اس سے نبی ﷺ نے منع کیا ہے، علاوہ ازیں یہ آخری جملہ محفوظ نہیں، محمد بن عبد اللہ بن الحسن سے عبد اللہ بن نافع، اور عبد العزیز بن محمد دراوردی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، اور صرف عبد العزیز اس ٹکڑے کو بڑھاتے ہیں، عبد اللہ بن نافع اس ٹکڑے کو ذکر نہیں کرتے، اور عبد اللہ: دراوردی سے زیادہ معتبر ہیں، حافظ رحمہ اللہ نے تقریب میں تحریر فرمایا ہے کہ دراوردی دوسروں کی کتابوں سے حدیث بیان کرتے تھے، جس کی وجہ سے ان سے غلطی ہوجاتی تھی (ص: ۳۵۸) اور عبد اللہ کی کتاب صحیح تھی (ص: ۳۲۶) لہٰذا آخری جملہ دراوردی کا وہم ہے، یا ابن عمرؓ کا فعل عذر پر محمول ہے، معذور اس طرح سجدے میں جاسکتا ہے اور جمہور کی دلیل حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے وہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا جب آپؐ نے سجدہ کیا تو گھٹنوں کو اپنے ہاتھوں سے پہلے زمین پر رکھا اور جب سجدہ سے سر اٹھایا تو ہاتھوں کو اپنے گھٹنوں سے پہلے اٹھایا، اس حدیث میں بھی کلام ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۲: ۶۵) میں ہے۔

[۱۲۸-] بابٌ: يَهْوِى بِالتَّكْبِيرِ حِينَ يَسْجُدُ

وَقَالَ نَافِعٌ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَضَعُ يَدَيْهِ قَبْلَ رُكْبَتَيْهِ.

[۸۰۳-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِى أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بنِ هِشَامٍ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يُكَبِّرُ فِى كُلِّ صَلاَةٍ مِنَ الْمَكْتُوبَةِ وَغَيْرِهَا، فِىْ رَمَضَانَ وَغَيْرِهِ، فَيُكَبِّرُ حِيْنَ يَقُوْمُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَرْكَعُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، قَبْلَ أَنْ يَسْجُدَ، ثُمَّ يَقُوْلُ: اَللّٰهُ أَكْبَرُ حِيْنَ يَهْوِىْ سَاجِدًا، ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُوْدِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَسْجُدُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُوْدِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَقُوْمُ مِنَ الْجُلُوْسِ فِىْ الاِثْنَتَيْنِ، وَيَفْعَلُ ذٰلِكَ فِىْ كُلِّ رَكْعَةٍ، حَتّٰى يَفْرُغَ مِنَ الصَّلاَةِ، ثُمَّ يَقُوْلُ حِيْنَ يَنْصَرِفُ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ إِنِّىْ لَأَقْرَبُكُمْ شَبَهًا بِصَلاَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِنْ كَانَتْ هٰذِهِ لَصَلاَ تَهُ حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا.[راجع: ۷۸۵]

[۸۰٤-] قَالاَ: وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ، يَقُوْلُ:" سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" يَدْعُوْ لِرِجَالٍ فَيُسَمِّيْهِمْ بِأَسْمَائِهِمْ، فَيَقُوْلُ:" اَللّٰهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، وَعَيَّاشَ بْنَ أَبِىْ رَبِيْعَةَ، وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ، وَاجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِيْنَ كَسِنِى يُوْسُفَ" وَأَهْلُ الْمَشْرِقِ يَوْمَئِذٍ مِنْ مُضَرَ، مُخَالِفُوْنَ لَهُ.[راجع: ۷۹۷]

اثر: حضرت ابن عمرؓ اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں گھٹنوں سے پہلے رکھا کرتے تھے، یہ ان کے شاگرد اور مولیٰ نافع کا بیان ہے، یہ حضرت کا بڑھاپے کا عمل ہے، اس زمانہ میں آپؓ میلین اخضرین کے درمیان بھی چلتے تھے، دوڑتے نہیں تھے، اور قعدہ میں چارزانو بیٹھتے تھے، یہ حدیث چند ابواب کے بعد آرہی ہے، اُسی کمزوری کے زمانہ میں سجدہ میں پہلے ہاتھ پھر گھٹنے رکھتے تھے۔ معذور کے لئے ایسا کرنے کی گنجائش ہے۔

حدیث: اس حدیث کو ابن شہاب زہریؒ دو اساتذہ سے: ابوبکر بن عبدالرحمٰن سے اور ابوسلمۃ بن عبدالرحمٰن سے روایت کرتے ہیں، اور یہ بائیس تکبیروں والی روایت ہے جو پہلے آچکی ہے۔

قولہ: فی کل صلاۃ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہر نماز میں خواہ فرض ہو خواہ غیر فرض، اور خواہ رمضان کی نماز ہو یا غیر رمضان کی: ہر اونچ نیچ میں تکبیر کہا کرتے تھے۔

قولہ حین یقوم: اس حدیث میں لفظ حین بار بار آیا ہے اس کا مفہوم ہے: انتقال کے دوران تکبیر کہنا۔

قولہ: قبل أن یسجد: حضرت ابوہریرہؓ رکوع سے اٹھتے وقت پہلے تسمیع کہتے تھے پھر سیدھے کھڑے ہوکر تحمید کہتے تھے، یہ منفرد کا عمل ہے، اور امام دونوں کو جمع کرے گا یا صرف تسمیع کہے گا؟ اس میں اختلاف ہے۔

قوله: حين يهوى ساجداً: یہاں باب ہے، سجدہ میں گرتے وقت یعنی انتقال کے دوران تکبیر کہتے تھے۔

قوله: ثم يقول حين ينصرف: نماز سے فارغ ہو کر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! بیشک میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کے ساتھ تم میں سب سے زیادہ مشابہ ہوں، بے شک یہ البتہ آپؐ کی نماز تھی یہاں تک کہ آپؐ دنیا سے جدا ہوئے۔

(حدیث ۸۰۴) قالاَ: ابن شہاب زہریؒ کے دو استاذ ہیں اس لئے تثنیہ کی ضمیر لائے ہیں، اور یہ اوپر والی سند ہی سے مروی ہے، مضمون کے فرق کی وجہ سے نمبر الگ ڈالا ہے۔

قوله: وكان رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حين يرفع رأسه يقول: نبی ﷺ (فجر کی نماز میں) دوسری رکعت کے قومہ میں قنوتِ نازلہ پڑھا کرتے تھے، اس میں ولید بن الولید، سلمۃ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ کی رستگاری کے لئے خاص طور پر، اور کمزور مسلمانوں کے لئے عام طور پر جو مکہ میں پھنس گئے تھے اور ہجرت نہیں کر سکتے تھے دعا کرتے تھے، اور کفار کے لئے عام طور پر اور بعض قبائل واشخاص کے لئے خاص طور پر بددعا کرتے تھے، یہاں تک کہ آیتِ کریمہ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ﴾ نازل ہوئی پس آپؐ نے قنوت بند کر دیا۔

ترجمہ: اور رسول اللہ ﷺ جب (رکوع) سے اپنا سر اٹھاتے تھے تو کہا کرتے تھے: ''اللہ تعالیٰ سنتے ہیں اس کی بات جو ان کی تعریف کرتا ہے، اے ہمارے رب! اور آپ کے لئے تعریف ہے'' دعا فرماتے چند اشخاص کے لئے، پس ان کو مشخص کرتے ان کے ناموں کے ساتھ، چنانچہ فرماتے: اے اللہ! ولید بن ولید کو (یہ خالد بن ولیدؓ کے بھائی ہیں) اور سلمہ بن ہشام کو (یہ ابو جہل کے بھائی ہیں) اور عیاش بن ابی ربیعہ کو (یہ خالد بن الولید کے چچا زاد بھائی ہیں) اور کمزور مؤمنین کو۔ اے اللہ! قبائل مُضر پر اپنا روندنا یعنی پکڑ سخت کر دے، اور اس پکڑ کو یوسف علیہ السلام کے زمانہ کی قحط سالیوں جیسی قحط سالیاں بنا —— اور اس زمانہ میں مدینہ سے مشرق کی جانب مضر قبائل آباد تھے، اور وہ آپؐ کے کٹر مخالف تھے۔

[۸۰۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ – غَيْرَ مَرَّةٍ – عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: سَقَطَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ فَرَسٍ – وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: مِنْ فَرَسٍ – فَجُحِشَ شِقُّهُ الْأَيْمَنُ، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ نَعُوْدُهُ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَصَلَّى بِنَا قَاعِدًا وَقَعَدْنَا – وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: صَلَّيْنَا قُعُوْدًا – فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ: " إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا"

كَذَا جَاءَ بِهِ مَعْمَرٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: لَقَدْ حَفِظَ، كَذَا قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَلَكَ الْحَمْدُ.

حَفِظْتُ مِنْ شِقِّهِ الْأَيْمَنِ، فَلَمَّا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ – وَأَنَا عِنْدَهُ – فَجُحِشَ سَاقُهُ الْأَيْمَنُ. [راجع:۳۷۸]

وضاحت: یہ حدیث بار بار آچکی ہے اور وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا: باب سے متعلق ہے۔ نبی ﷺ جب سجدہ فرماتے تھے تو جھکتے ہوئے تکبیر کہتے تھے جیسا کہ ابھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں گذرا، پس لوگوں کو بھی جھکتے ہوئے تکبیر کہنی چاہئے، یہ اس حدیث سے استدلال ہے۔

قولہ: کذا جاء به معمر؟: کذا سے پہلے ہمزۂ استفہام محذوف ہے، ابن عیینہؒ نے اپنے شاگرد علی بن المدینیؒ سے پوچھا: کیا تم نے معمر سے یہ حدیث سنی ہے؟ معمر بھی امام زہری کے شاگرد ہیں، علی بن المدینیؒ نے کہا: جی ہاں، میں نے معمر سے یہ حدیث سنی ہے (ان کی روایت بھی آپ کی روایت کی طرح ہے، ان کی روایت میں بھی **ولك الحمد** (واؤ کے ساتھ) ہے ابن عیینہؒ نے کہا: ان کو حدیث یاد ہے، زہری نے **ولك الحمد** کہا ہے (زہری کے بعض تلامذہ لیث وغیرہ کی حدیث میں واؤ کے بغیر **لك الحمد** ہے)

قولہ: حفظت إلخ (ایک نسخہ میں شروع میں واؤ بھی ہے، وہ نسخہ زیادہ واضح ہے)

اور ابن عیینہؒ کہتے ہیں: مجھے خوب یاد ہے: زہریؒ نے **من شقه الأيمن** کہا تھا، پھر جب ہم زہری کے پاس سے نکلے تو ہمارے ایک رفیق درس ابن جریج نے **ساقه الأيمن** کہا، حالانکہ میں (ابن عیینہؒ) ابن شہاب زہری کے پاس تھا، مجھے **شقه الأيمن** کے الفاظ اچھی طرح یاد ہیں، اور یہی صحیح بھی ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ کی دائیں جانب کمر سے پنڈلی تک سارا پیر چھل گیا تھا، صرف پنڈلی نہیں چھلی تھی، لفظ شق عام ہے اور ساق خاص ہے۔

بابُ فَضْلِ السُّجُوْدِ

سجدوں کی فضیلت

اس باب میں ایک لمبی حدیث ہے جو یہاں پہلی مرتبہ آئی ہے اور جلد ثانی میں دو مرتبہ اور آئے گی، اس میں سجدے کی فضیلت اور اہمیت کا بیان ہے، اعضاء سجود جہنم کی آگ سے محفوظ رہیں گے یعنی اگر کسی وجہ سے کسی مسلمان کو جہنم میں جانا پڑا تو اعضاء سجود نہیں جلیں گے، یہ سجدہ کی آخری درجہ کی فضیلت ہے —— قارئین کی سہولت کے لئے حدیث چند ٹکڑوں میں لکھی جاتی ہے۔

[۱۲۹-] بابُ فَضْلِ السُّجُوْدِ

[۸۰۶-] حدثنا أَبُوْالْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعَطَاءُ ابْنُ يَزِيْدَ اللَّيْثِيُّ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُمَا: أَنَّ النَّاسَ قَالُوْا: يَارسولَ اللهِ! هَلْ نَرى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: "هَلْ تُمَارُوْنَ فِي الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ دُوْنَهُ سَحَابٌ؟" قَالُوْا: لاَ، يَارسولَ اللهِ! قَالَ: "فَهَلْ تُمَارُوْنَ فِيْ [رُؤْيَةِ]

الشَّمْسِ لَيْسَ دُوْنَهَا سَحَابٌ؟" قَالُوْا: لاَ، قَالَ:" فَإِنَّكُمْ تَرَوْنَهُ كَذٰلِكَ"

" يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ: مَنْ كَانَ يَعْبُدُ شَيْئًا فَلْيَتَّبِعْهُ، فَمِنْهُمْ مَنْ يَتَّبِعُ الشَّمْسَ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّتبِعُ الْقَمَرَ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَتَّبِعُ الطَّوَاغِيْتَ، وَتَبْقَى هٰذِهِ الْأُمَّةُ فِيْهَا مُنَافِقُوْهَا، فَيَأْتِيْهِمُ اللّٰهُ فَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ. فَيَقُوْلُوْنَ: هٰذَا مَكَانُنَا حَتّٰى يَأْتِيَنَا رَبُّنَا، فَإِذَا جَاءَ رَبُّنَا عَرَفْنَاهُ، فَيَأْتِيْهِمُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ . فَيَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ رَبُّنَا، فَيَدْعُوْهُمْ.

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے سعید اور عطاء کو خبر دی کہ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کو دیکھیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: "کیا تمہیں چودھویں کے چاند میں کچھ شبہ رہتا ہے، جب کہ اس کے ورے بادل نہ ہو، یعنی مطلع صاف ہو، صحابہ نے عرض کیا: نہیں یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: کیا تمہیں سورج کے دیکھنے میں شک رہتا ہے جب کہ اس کے ورے بادل نہ ہو، صحابہ نے عرض کیا: نہیں یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: بیشک تم اسی طرح (شک وشبہ کے بغیر) اللہ عزوجل کو دیکھو گے۔

قیامت کے دن لوگ اکٹھے کئے جائیں گے پھر پروردگار عالم فرمائیں گے: جو جس کو پوجتا تھا چاہئے کہ وہ اس کے پیچھے جائے، پس ان میں سے بعض سورج کے پیچھے جائیں گے اور ان میں سے بعض چاند کے پیچھے جائیں گے، اور ان میں سے بعض سرکش طاقتوں کے پیچھے جائیں گے، اور یہ امت باقی رہ جائے گی اس میں اس کے منافق بھی ہونگے، پس اللہ عزوجل (غیر معروف صورت میں) ان کے پاس آئیں گے اور فرمائیں گے: میں تمہارا رب ہوں، وہ کہیں گے: یہ ہماری جگہ ہے، یہاں تک کہ ہمارے پاس ہمارا رب آئے یعنی ہم اپنی جگہ ٹھہرے رہیں گے، جب ہمارے پروردگار آئیں گے تو ہم ان کو پہچان لیں گے، (آپ ہمارے رب نہیں ہیں، البتہ منافقین اس کو اپنا رب مان کر اس کے پیچھے ہولیں گے اور جہنم میں پہنچ جائیں گے) پس ان کے پاس اللہ عزوجل (معروف صورت میں) آئیں گے اور فرمائیں گے: میں تمہارا رب ہوں، وہ کہیں گے: آپ ہمارے رب ہیں پھر اللہ عزوجل ان کو بلائیں گے (اور یہ امت اللہ کے ساتھ جنت میں جائے گی)

تشریح:

۱- **اللہ تعالیٰ کا دیدار:** سب سے بڑی نعمت ہے، جس سے اہل جنت کو نوازا جائے گا، یہ اہل السنہ والجماعہ کا اجماعی عقیدہ ہے، اور قرآنِ پاک میں اہل ایمان کو اس کی بشارت دی گئی ہے ﴿وُجُوْهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾ بہت سے چہرے اس دن بارونق ہونگے، اپنے پروردگار کی طرف دیکھتے ہونگے (سورۃ القیامہ آیات ۲۲و۲۳) اور کفار کے بارے میں ہے: ﴿إِنَّهُمْ عَنْ رَبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَمَحْجُوْبُوْنَ﴾ وہ لوگ اس دن (قیامت کے دن) اپنے رب سے پردے میں رکھے جائیں گے (سورۃ التطفیف آیت ۱۵) یعنی ان کو اللہ کا دیدار نصیب نہیں ہوگا۔ اس آیت کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ اہل ایمان کو اللہ تعالیٰ کا دیدار نصیب ہوگا، اور یہ مفہوم: منطوق سے ثابت ہے کما مر اس لئے وہ معتبر ہے۔

البتہ خوارج، معتزلہ اور بعض مرجئہ آخرت میں دیدارِ الٰہی کے منکر ہیں وہ کہتے ہیں: مرئی کے لئے جسم ہونا، سفید یا زرد وغیرہ کوئی رنگ دار ہونا، اور آنکھوں کی سیدھ میں ہونا ضروری ہے اور اللہ تعالیٰ نہ جسم ہیں، نہ ان کا کوئی رنگ ہے، نہ وہ کسی جہت میں ہیں، پھر ان کو کیسے دیکھا جاسکتا ہے؟ مگر وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ مرئی ہونا یعنی دکھنا اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے، اور صفات کو ایک حد تک ہی سمجھا جاسکتا ہے، نیز صفات کے بارے میں ''کیسے'' کا سوال مہمل سوال ہے، پس بغیر کیف کے یہ عقیدہ رکھنا ضروری ہے کہ جنتیوں کو جنت میں اللہ عزوجل کی زیارت نصیب ہوگی۔

علاوہ ازیں: اللہ تعالیٰ جنت میں جنتیوں کو بہت سی ایسی قوتیں عطا فرمائیں گے جو اس دنیا میں عطا نہیں ہوئیں، ان کو ایسی آنکھیں عطا ہونگی جن کی قوت اتنی محدود اور کمزور نہیں ہوگی، جتنی اس دنیا میں ہے، پس رؤیت کے لئے اس دنیا میں جو شرائط ہیں وہ وہاں نہیں ہونگے، وہاں بغیر مقابلہ اور جہت کے اللہ جل شانہ کے جمال کا نظارہ ممکن ہوسکے گا، اور جس طرح چودھویں کا چاند جب سر پر ہوتا ہے تو اس کے دیکھنے والوں کو رؤیت میں ذرا شک نہیں رہتا، اسی طرح اللہ تعالیٰ کی زیارت کرنے والے بھی بیشک اللہ پاک ہی کی زیارت کریں گے ان کو اس معاملہ میں ادنی شک نہیں ہوگا۔

۲- اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اولین وآخرین کو ایک سرزمین میں جمع کریں گے، پھر رب العالمین تجلی فرمائیں گے اور فرمائیں گے: جو دنیا میں جس کی پیروی کرتا تھا وہ اس کے ساتھ ہولے، چنانچہ سورج کے پجاری سورج کے ساتھ، چاند کے پجاری چاند کے ساتھ، صلیب کے پجاری صلیب کے ساتھ، مورتیوں کے پجاری مورتیوں کے ساتھ اور شیاطین کے پجاری شیاطین کے ساتھ ہولیں گے (طواغیت: طاغوت کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: (۱) بدی وشرارت کا سرغنہ (۲) سرکش جس کے رگ وپے میں ایذاء رسانی رچی بسی ہو (۳) شیاطین (۴) بت) اور یہ امت باقی رہ جائے گی اس میں منافقین بھی ہونگے، پس اللہ عزوجل غیر معروف صورت میں ان کے سامنے ظاہر ہونگے اور فرمائیں گے: میرے پیچھے آؤ، میں تمہارا معبود ہوں، میں تمہیں جنت میں لے چلتا ہوں، مؤمنین کہیں گے: ہم تم سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں اور یہ ہماری جگہ ہے یعنی ہم یہیں اپنے رب کا انتظار کرتے رہیں گے، یہاں تک کہ ہمارے پاس ہمارے پروردگار آئیں (اور منافقین اس کے ساتھ ہوجائیں گے، یہ میں بڑھا رہا ہوں حدیث میں نہیں ہے، اب مخلص مسلمان ہی رہ جائیں گے) تب دوبارہ اللہ عزوجل معروف صورت میں ظاہر ہونگے، اور فرمائیں گے: میں تمہارا رب ہوں، میری پیروی کرو، مؤمنین اپنے رب کو پہچان لیں گے اور پیروی کریں گے۔

فائدہ: پہلی مرتبہ اللہ پاک انجانی شکل میں مؤمنین کے سامنے اس لئے ظاہر ہونگے کہ ان کا امتحان ہو کہ وہ اپنے رب کو پہچانتے ہیں یا نہیں؟ چنانچہ انجانی شکل ہونے کی وجہ سے مؤمنین پناہ مانگیں گے، مؤمنین اندھادھند کسی کے پیچھے چلنے والے نہیں ہیں، وہ حق کو ٹھوک بجا کر اور پہچان کر اختیار کرتے ہیں۔ البتہ منافق اس صورت کے ساتھ ہوجائیں گے اور وہ جہنم میں پہنچ جائیں گے۔

وَيُضْرَبُ الصِّرَاطُ بَيْنَ ظُهْرَانَىْ جَهَنَّمَ، فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يَجُوْزُ مِنَ الرُّسُلِ بِأُمَّتِهِ، وَلاَ يَتَكَلَّمُ يَوْمَئِذٍ أَحَدٌ إِلَّا الرُّسُلُ، وَكَلَامُ الرُّسُلِ يَوْمَئِذٍ: اللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ، وَفِيْ جَهَنَّمَ كَلاَ لِيْبُ مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ، هَلْ رَأَيْتُمْ شَوْكَ السَّعْدَانِ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّهَا مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ، غَيْرَ أَنَّهُ لاَ يَعْلَمُ قَدْرَ عِظَمِهَا إِلَّا اللّٰهُ، تَخْطَفُ النَّاسَ بِأَعْمَالِهِمْ، فَمِنْهُمْ مَنْ يُوْبَقُ بِعَمَلِهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يُخَرْدَلُ، ثُمَّ يَنْجُوْ، حَتّٰى إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ رَحْمَةَ مَنْ أَرَادَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، أَمَرَ اللّٰهُ الْمَلاَئِكَةَ أَنْ يُخْرِجُوْا مَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ، فَيُخْرِجُوْنَهُمْ، وَيَعْرِفُوْنَهُمْ بِآثَارِ السُّجُوْدِ، وَحَرَّمَ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ أَنْ تَأْكُلَ أَثَرَ السُّجُوْدِ، فَيَخْرُجُوْنَ مِنَ النَّارِ، فَكُلُّ ابْنِ آدَمَ تَأْكُلُهُ النَّارُ إِلَّا أَثَرَ السُّجُوْدِ، فَيَخْرُجُوْنَ مِنَ النَّارِ قَدِ امْتَحَشُوْا فَيُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءُ الْحَيَاةِ، فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ.

ترجمہ: اور پل صراط دوزخ کے بیچ رکھا جائے گا (نبی ﷺ فرماتے ہیں) پس میں تمام پیغمبروں سے پہلے اپنی امت کے ساتھ پل صراط سے گذروں گا، اس دن پیغمبروں کے علاوہ کوئی بات نہیں کر سکے گا اور اس دن پیغمبروں کی بات یہ ہوگی: اے اللہ! حفاظت فرما! حفاظت فرما! اور دوزخ میں سعدان[1] کے کانٹوں کی طرح آنکڑے ہونگے، کیا تم نے سعدان کے کانٹے دیکھے ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا: جی ہاں، آپؐ نے فرمایا: وہ آنکڑے اسی سعدان کے کانٹوں کی شکل کے ہونگے، مگر اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی ان کی بڑائی کی مقدار نہیں جانتا، یعنی وہ آنکڑے کتنے بڑے ہوں گے اس کا کوئی اندازہ نہیں کر سکتا، وہ آنکڑے لوگوں کو ان کے اعمال کے اعتبار سے جھپٹ لیں گے، پس ان میں سے بعض اپنے (برے) عمل کی وجہ سے ہلاک ہوجائیں گے یعنی تا ابد جہنم میں رہیں گے اور بعض چکنا چور ہوجائیں گے پھر بچ جائیں گے۔ یعنی جہنم میں پہنچ جائیں گے، مگر کسی وقت ان کی نجات ہوگی، یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ دوزخیوں میں سے بعض پر رحم کرنا چاہیں گے تو فرشتوں کو حکم دیں گے کہ وہ ہر اس بندے کو جہنم سے نکال لیں جو اللہ کی عبادت کیا کرتا تھا، پس فرشتے ان کو نکالیں گے اور ان کو سجدوں کے نشان سے پہچانیں گے اور اللہ تعالیٰ نے دوزخ پر سجدے کی جگہ کو حرام کر دیا ہے (یہی ٹکڑا ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) پس یہ لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے، چنانچہ آدمی کے سارے بدن کو آگ کھا چکی ہوگی سوائے سجدہ کی نشان کے۔ پس یہ لوگ کوئلے کی طرح جلے ہوئے دوزخ سے نکلیں گے، پھر ان پر آب حیات ڈالا جائے گا تو اس طرح ابھر آئیں گے جس طرح دانہ نالے کے کوڑے میں اگ آتا ہے۔

لغات: ظُهْرَانٌ: ظَهْر کی جمع ہے: کمر، پیٹھ (مونڈھے سے سرین تک) ظُهْرَانَىْ کے آخر سے نون تثنیہ اضافت کی وجہ سے گرا ہے یعنی جہنم کے اِس سرے سے اُس سرے تک پل رکھا جائے گا .... جاز (ن) المَوْضِعَ: گذرنا، پار کرنا

(۱) سعدان: ایک خاردار پودہ ہے، جو اونٹوں کے لئے بہترین چارہ ہے اور اسی سے مثل ہے: مَرْعىً وَلاَ كَالسَّعْدَانِ: چراگاہ مگر سعدان جیسی نہیں، یہ مثل اس شخص کے لئے ہے جو کم پر قناعت کرتا ہے (مصباح)

.... کَلَالِیْب: کُلَّاب کی جمع ہے: درخت کا کانٹا، دانت اکھاڑنے کا زنبور .... خَطَفَ (ض،س) الشیئَ خَطْفًا: اچک لینا، کھینچ لینا ...... وَبِقَ (س) وَبْقًا: ہلاک ہونا ...... خَرْدَلَ اللحم: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ...... اِمْتَحَشَ: گرمی یا آگ کی وجہ سے جھلس جانا .... الحبة: دانہ، بیج .... حَمِیْل: سیلاب کا کنارے پر ڈالا ہوا کوڑا۔

تشریح:

۱- عالَم دو ہیں: دنیا اور آخرت، الدنیا: الأدنیٰ کا مؤنث ہے، جس کے معنی ہیں: الأقرب اور یہ الدار کی صفت ہے جس کو موصوف کے قائم مقام کیا گیا ہے پس الدار الدنیا کے معنی ہیں: قریبی دنیا، یعنی وہ عالم جو ہم سے قریب ہے، کتنا قریب ہے؟ جتنا مچھلی سے تالاب قریب ہے، پانی مچھلی کے چاروں طرف ہے، اسی طرح ہم اس دنیا میں سموئے ہوئے ہیں، دنیا ہمارے چاروں طرف ہے۔

اور دوسری دنیا کے لئے لفظ الآخرۃ ہے، یہ الآخر کا مؤنث ہے اور یہ بھی الدار کی صفت ہے اور موصوف کے قائم مقام ہے، اور الآخر کے معنی ہیں: پرے کی دنیا، یعنی اُس طرف کی دنیا جو ہم سے دور ہے۔

اور یہ دونوں عالم حادث ہیں یعنی پہلے ناپید تھے پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ان کو موجود کیا، پہلے عالم آخرت کو پیدا کیا، پھر ہماری یہ دنیا پیدا کی، اور دو دنیاؤں کے بیچ میں آڑ ضروری ہے، مرنے کے بعد جو قبر کی زندگی ہے وہ اِس جہاں اور اُس جہاں کے درمیان حد فاصل ہے اور اسی کا نام عالم برزخ اور عالم قبر ہے، عالم برزخ اس دنیا کا حصہ ہے کیونکہ قبر سے قیامت کے دن نکل کر ہمیں اسی دنیا میں آنا ہے، عربی میں اس کو معاد (واپس لوٹنا) کہتے ہیں، قیامت اسی دنیا میں قائم ہوگی، وہ اس دنیا کا آخری دن ہوگا اور وہ دن پچاس ہزار سال کے برابر ہوگا۔ سورۃ المعارج (آیت ۴) میں ہے: ﴿تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوْحُ إِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ﴾ پھر اسی دنیا میں حساب و کتاب ہوگا پھر تمام لوگ اس دنیا سے آخرت میں منتقل ہونگے، اور ایک دنیا سے دوسری دنیا میں جانے کے لئے پل (برج) رکھا جائے گا، وہ جہنم کی پیٹھ پر بچھایا جائے گا جس سے گذر کر سب کو آخرت میں جانا ہوگا، نیک بندے اس سے تیز ہوا کی طرح یا بجلی کے کودنے کی طرح یا تیز رفتار اونٹ یا گھوڑ سوار کی طرح سے گذر جائیں گے اور بدکاروں کو آنکڑے جہنم میں کھینچ لیں گے، وہ عذاب سے دوچار ہونگے۔

۲- اور ایمیگریشن (انتقالِ وطن کی کارروائی) اس دنیا کے آخری دن میں اس لئے ہوگی کہ حساب کتاب صرف مکلّف مخلوقات کا ہی نہیں ہونا، غیر مکلّف مخلوقات کا بھی حساب ہوگا، حدیث میں ہے کہ بے سینگ بکری کے لئے سینگ دار بکری سے بدلہ لیا جائے گا، پھر غیر مکلّف مخلوقات کو مٹی بنا دیا جائے گا، اس لئے اسی زمین پر سب کا حساب کتاب ہوگا۔

ایک ملک سے دوسرے ملک جاتے ہیں تو ایمیگریشن کی کارروائی عام طور پر دوسرے ملک کے بارڈر پر ہوتی ہے، مگر کبھی جس ملک سے چلتے ہیں وہاں کارروائی ہو جاتی ہے، جیسے کناڈا سے امریکہ جانے والوں کا ایمیگریشن ٹورنٹو میں ہو جاتا ہے اسی طرح آخرت میں داخل ہونے والوں کا ایمیگریشن اسی دنیا میں ہوگا، اور اس کی وجہ وہ ہے جو اوپر بیان کی گئی۔

۳-جہنم میں صرف کفار ہی نہیں جائیں گے نافرمان مسلمان بھی جائیں گے، پھر ان کو رحمت الٰہی پہنچے گی، پس اللہ عز وجل کے حکم سے فرشتے ان کو جہنم سے نکال لیں گے، اور اعضائے سجود سے ان کو پہچانیں گے، جہنم کی آگ میں جل کر ان کا سارا بدن کوئلہ ہو چکا ہوگا مگر اعضائے سجود محفوظ ہونگے، اللہ تعالیٰ نے جہنم پر اعضائے سجود کو حرام کر دیا ہے، یہ سجدہ کی آخری درجہ کی فضیلت ہے، پھر ان لوگوں پر آبِ حیات ڈالا جائے گا، وہ خوبصورت ہو جائیں گے اور جس طرح سیلاب کے ساتھ بہہ کر آئے ہوئے کوڑے میں بیج اگتا ہے اور خوبصورت پیلے پیلے پتے نکل آتے ہیں اسی طرح ان لوگوں پر جہنم کا کچھ اثر باقی نہیں رہے گا، پھر وہ جنت میں داخل کئے جائیں گے۔

ثُمَّ يَفْرُغُ اللّٰهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ الْعِبَادِ، وَيَبْقَى رَجُلٌ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ — وَهُوَ آخِرُ أَهْلِ النَّارِ دُخُوْلاً الْجَنَّةَ — مُقْبِلاً بِوَجْهِهِ قِبَلَ النَّارِ، فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ اصْرِفْ وَجْهِيْ عَنِ النَّارِ، فَقَدْ قَشَبَنِيْ رِيْحُهَا، وَأَحْرَقَنِيْ ذَكَاؤُهَا، فَيَقُوْلُ: هَلْ عَسَيْتَ إِنْ فُعِلَ ذٰلِكَ بِكَ أَنْ تَسْأَلَ غَيْرَ ذٰلِكَ؟ فَيَقُوْلُ: لَا، وَعِزَّتِكَ! فَيُعْطِيْ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ مَايَشَاءُ مِنْ عَهْدٍ وَمِيْثَاقٍ، فَيَصْرِفُ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ. فَإِذَا أَقْبَلَ بِهِ عَلَى الْجَنَّةِ رَأَى بَهْجَتَهَا، سَكَتَ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَسْكُتَ، ثُمَّ قَالَ: يَارَبِّ قَدِّمْنِيْ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: أَلَيْسَ قَدْ أَعْطَيْتَ الْعُهُوْدَ وَالْمِيْثَاقَ، أَنْ لَا تَسْأَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنْتَ سَأَلْتَ؟ فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ! لَا أَكُوْنُ أَشْقٰى خَلْقِكَ، فَيَقُوْلُ: فَمَا عَسَيْتَ إِنْ أُعْطِيْتَ ذٰلِكَ أَنْ لَا تَسْأَلَ غَيْرَهُ؟ فَيَقُوْلُ: لَا، وَعِزَّتِكَ! لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَ ذٰلِكَ، فَيُعْطِيْ رَبَّهُ مَاشَاءَ مِنْ عَهْدٍ وَمِيْثَاقٍ، فَيُقَدِّمُهُ إِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَإِذَا بَلَغَ بَابَهَا فَرَأَى زَهْرَتَهَا وَمَا فِيْهَا مِنَ النَّضْرَةِ وَالسُّرُوْرِ، فَيَسْكُتُ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَسْكُتَ. فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ! أَدْخِلْنِيْ الْجَنَّةَ. فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: وَيْحَكَ يَا ابْنَ آدَمَ! مَا أَغْدَرَكَ؟ أَلَيْسَ قَدْ أَعْطَيْتَ الْعَهْدَ وَالْمِيْثَاقَ أَنْ لَا تَسْأَلَ غَيْرَ الَّذِيْ أُعْطِيْتَ؟ فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ! لَاتَجْعَلْنِيْ أَشْقَى خَلْقِكَ، فَيَضْحَكُ اللّٰهُ مِنْهُ، ثُمَّ يَأْذَنُ لَهُ فِيْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ، فَيَقُوْلُ لَهُ: تَمَنَّ، فَيَتَمَنّٰى حَتّٰى إِذَا انْقَطَعَتْ أُمْنِيَّتُهُ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: زِدْ مِنْ كَذَا وَكَذَا، أَقْبَلَ يُذَكِّرُهُ رَبُّهُ، حَتَّى إِذَا انْتَهَتْ بِهِ الْأَمَانِيُّ، قَالَ اللّٰهُ: لَكَ ذٰلِكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ"

وَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ لِأَبِيْ هُرَيْرَةَ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: لَكَ ذٰلِكَ وَعَشْرَةُ أَمْثَالِهِ" قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: لَمْ أَحْفَظْ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا قَوْلَهُ:" لَكَ ذٰلِكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ" قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: إِنِّيْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ:" ذٰلِكَ لَكَ وَعَشْرَةُ أَمْثَالِهِ" [انظر: ۶۵۷۳، ۷۴۳۷]

ترجمہ: پھر اللہ تعالیٰ بندوں کے درمیان فیصلہ سے فارغ ہو جائیں گے، اور ایک شخص جنت اور دوزخ کے بیچ میں باقی رہے گا —— درانحالیکہ وہ جنت میں داخل ہونے کے اعتبار سے آخری جہنمی ہوگا —— وہ اپنے چہرے کے ذریعہ دوزخ کی طرف متوجہ ہوگا یعنی اس کا منہ دوزخ کی طرف ہوگا، وہ عرض کرے گا، اے پروردگار! میرا منہ دوزخ کی طرف سے پھیر

دیں، اس کی بدبو نے مجھے تکلیف پہنچائی ہے اور اس کی لپٹوں نے مجھے جلا دیا ہے، پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اگر کیا جائے تیرے ساتھ یہ معاملہ تو ہوسکتا ہے تو کوئی اور سوال کرے؟ وہ عرض کرے گا: نہیں، آپ کی عزت کی قسم! پس وہ اللہ عزوجل کو دے گا وہ عہد و پیمان جو چاہے گا پس اللہ تعالیٰ اس کا منہ جہنم کی طرف سے پھیر دیں گے پھر جب وہ چہرے کے ساتھ جنت کی طرف متوجہ ہوگا (اور) اس کی تروتازگی دیکھے گا تو جتنا اللہ کو منظور ہوگا خاموش رہے گا، پھر عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھ کو جنت کے دروازے کی طرف بڑھا دیں، پس اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: کیا تو نے عہد و پیمان نہیں کیا تھا کہ پہلے سوال کے علاوہ کوئی سوال نہیں کرے گا؟ وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! میں آپ کی مخلوق میں سب سے زیادہ بدنصیب کیوں ہوؤں! پس اللہ فرمائیں گے: اگر میں تیری یہ درخواست بھی پوری کردوں تو ہوسکتا ہے تو کچھ اور مانگے؟ وہ عرض کرے گا: نہیں آپ کی عزت کی قسم! میں اس کے علاوہ آپ سے کچھ نہیں مانگوں گا، پس وہ اپنے پروردگار کو دے گا وہ عہد و پیمان جو وہ چاہے گا، پس اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے دروازے کی طرف بڑھا دیں گے، پس جب وہ جنت کے دروازے پر پہنچے گا اور جنت کی بہار اور جنت میں جو فرحت و رونق ہے اس کو دیکھے گا تو جتنا اللہ چاہیں گے خاموش رہے گا، پھر عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے (بس) جنت میں داخل فرما دیں (مجھے جنت میں اور کچھ نہیں چاہئے) پس اللہ عزوجل فرمائیں گے: او باؤلے انسان! تو کس قدر بے وفا ہے! کیا تو نے عہد و پیمان نہیں دیا تھا کہ جو چیز تجھ کو دی گئی ہے اس کے علاوہ کوئی اور چیز نہیں مانگے گا، وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! آپ مجھے اپنی مخلوق میں سب سے زیادہ بدنصیب نہ بنائیں! پس اللہ تعالیٰ اس کی اس بات سے ہنسیں گے، پھر اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل ہونے کی اجازت دیں گے، پھر اس سے فرمائیں گے: تمنا کر، پس وہ تمنا کرے گا یہاں تک کہ جب اس کی تمنائیں ختم ہوجائیں گی تو اللہ عزوجل فرمائیں گے: یہ بھی تمنا کر اور یہ بھی تمنا کر خود پروردگار اس کو یاد دلائیں گے یہاں تک کہ جب اس کی آرزوئیں ختم ہوجائیں گی تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تیرے لئے یہ اور اس کے ساتھ اس کے مانند ہے۔

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا: بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ اللہ عزوجل نے فرمایا: ''تیرے لئے یہ ہے اور اس کا دس گنا'' حضرت ابوہریرہؓ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے محفوظ نہیں کیا مگر آپؐ کا ارشاد: ''تیرے لئے یہ ہے اور اس کے مانند اس کے ساتھ'' یعنی دوگنا۔ حضرت ابوسعیدؓ نے کہا: میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''یہ تیرے لئے ہے اور اس کا دس گنا''

تشریح: دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں، پہلے مثلُه معه فرمایا ہوگا، پھر وحی آئی اور عشرۃُ أمثالها فرمایا، کیونکہ یہ مضمون آپؐ نے بار بار بیان کیا ہے، یا یہ کہا جائے کہ ذکرِ عدد نفیِ ماعدا کو مستلزم نہیں، کیونکہ چھوٹا عدد بڑے عدد کے ضمن میں آجاتا ہے۔

لغات: قَشَبَ (ض) فلانا ریحُ كذا: کسی چیز کی بدبو کا کسی کو تکلیف دینا .... الذَّكَاء: آگ کی لپٹ، شعلہ، جلتا ہوا انگارہ .... عَسیٰ: افعال مقاربہ میں سے ہے اور هل: استفہامیہ ہے اور حدیث میں دونوں ہم معنی ہیں اور آگے ما

بھی استفہامیہ ہے یعنی کیا امید ہے کہ تو اور کوئی چیز نہیں مانگے گا؟............ **عهد و میثاق**: ہم معنی ہیں: عہد و پیمان............ **البَهْجَة**: خوشی، شادمانی............ **الزَّهْرَة**: چمک دمک، بہار............ **النَّضْرَة**: چمک دمک، بہار، شادابی............ **ضحك**: ہنسنا، یہ اللہ کی صفت ہے اور از قبیل متشابہات ہے، اس کو ایک حد تک ہی سمجھا جا سکتا ہے، اس کی پوری حقیقت نہیں سمجھ سکتے، اور مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو بندے کی یہ ادا پسند آئے گی۔

بابٌ: يُبْدِىْ ضَبْعَيْهِ وَيُجَافِىْ فِى السُّجُوْدِ

سجدے میں بازو پہلو سے اور پیٹ ران سے جدا رکھے

أَبْدَى الشيئَ: ظاہر کرنا............ **الضَّبْع**: بازو (ہاتھ کے بالائی آدھے حصہ تک) **هما ضَبْعَان**: دو بازو............ **جَافَاهُ**: دور کرنا............ سجدہ میں پیٹ ران سے، بازو پہلو سے اور کلائیاں زمین سے علاحدہ رکھنا مسنون ہے، اچھی طرح سجدہ کرنے میں یہ باتیں شامل ہیں۔

[۱۳۰-] بابٌ: يُبْدِىْ ضَبْعَيْهِ وَيُجَافِىْ فِى السُّجُوْدِ

[۸۰۷-] حدثنا يَحْيَى بْنُ [عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ] بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ بَكْرُ بْنُ مَضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ ابْنِ هُرْمُزَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَيْنَةَ: أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا صَلَّى فَرَّجَ بَيْنَ يَدَيْهِ، حَتّٰى يَبْدُوَ بَيَاضُ إِبْطَيْهِ، وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِىْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ نَحْوَهُ. [راجع: ۳۹۰]

ترجمہ: عبداللہ بن مالکؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ جب نماز پڑھتے تھے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو کشادہ رکھتے تھے، یہاں تک کہ آپؐ کے بغل کی سفیدی ظاہر ہوتی تھی —— امام لیث کہتے ہیں: مجھ سے جعفر بن ربیعہ نے اسی طرح بیان کیا، تحدیث کی صراحت کے لئے یہ سند لائے ہیں۔

تشریح: یہ حدیث **ثیاب المصلّی** (تحفۃ القاری ۲:۲۲۲ باب ۲۷) میں گذر چکی ہے، جب لمبے ہو کر سجدہ کریں گے تب پیٹ ران سے الگ رہے گا اور بازو کھولیں گے تب وہ پہلو سے الگ رہیں گے اور پیشانی اور ناک زمین پر اچھی طرح لگیں گے، مگر باجماعت نماز میں دائیں بائیں کا خیال کر کے ہاتھوں کو کھولنا چاہئے۔

بابٌ: يَسْتَقْبِلُ بِأَطْرَافِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ

پیروں کے کناروں کو قبلہ کی طرف متوجہ رکھے

نماز میں قبلہ کی طرف سے توجہ بالکل نہیں ہٹنی چاہئے حتی کہ سجدہ میں بھی جب قبلہ کی طرف منہ رکھنے کی کوئی صورت نہیں

پیروں کو موڑ کر انگلیاں قبلہ کی طرف رکھنی چاہئیں، ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے جب نماز پڑھ کر دکھائی تھی تو پیروں کو موڑ کر انگلیاں قبلہ کی طرف کی تھیں، تفصیل (تحفۃ القاری ۲:۲۲۳ میں) گذر چکی ہے۔

[۱۳۱-] بابٌ: يَسْتَقْبِلُ بِأَطْرَافِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ

قَالَهُ أَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابٌ: إِذَا لَمْ يُتِمَّ سُجُوْدَهُ

جب اچھی طرح سجدے نہ کرے

جس طرح صحتِ صلوٰۃ کے لئے ٹھیک سے رکوع کرنا ضروری ہے، سجدہ بھی ٹھیک سے کرنا ضروری ہے۔ امام بخاریؒ وغیرہ کے نزدیک تعدیل ارکان فرض ہے، تفصیل گذر چکی ہے۔

[۱۳۲-] بابٌ: إِذَا لَمْ يُتِمَّ سُجُوْدَهُ

[۸۰۸-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيٌّ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ: أَنَّهُ رَأَى رَجُلاً لاَ يُتِمُّ رُكُوْعَهُ وَلاَ سُجُوْدَهُ، فَلَمَّا قَضَى صَلاَتَهُ، قَالَ لَهُ حُذَيْفَةُ: مَا صَلَّيْتَ. قَالَ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَلَوْ مُتَّ مُتَّ عَلَى غَيْرِ سُنَّةِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۸۹]

ملحوظہ: اس حدیث کی شرح صفۃ الصلاۃ باب ۱۱۹ میں گذر چکی ہے۔

بابُ السُّجُوْدِ عَلَى سَبْعَةِ أَعْظُمٍ

سات ہڈیوں پر سجدہ کرنا

جب کوئی سجدہ کرتا ہے تو اس کے ساتھ سات اعضاء سجدہ کرتے ہیں: چہرہ، دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے اور دونوں قدم، امام احمد، امام اسحاق بن راہویہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک سجدہ میں ساتوں اعضاء زمین پر لگنے ضروری ہیں، اگر ایک عضو بھی زمین پر نہیں لگے گا تو سجدہ نہیں ہوگا، اور نماز باطل ہوگی، دیگر ائمہ کے نزدیک سجدہ کی حقیقت ہے: طرفِ اعلیٰ یعنی سر کو طرفِ اسفل یعنی پاؤں کے لیول پر لے آنا، حالت قیام میں پاؤں کا جو حصہ زمین سے لگا ہوا ہوتا ہے اس کے لیول پر سر لے آنا محال ہے اس لئے مجازاً پیروں کی انگلیاں مراد لی جائیں گی، اسی طرح طرفِ اعلیٰ یعنی سر کا بالکل اوپر کا حصہ بھی زمین پر لگانا ناممکن ہے ورنہ پیر اوپر ہو جائیں گے، اس لئے یہاں بھی مجازاً جبہہ (پیشانی) اور ناک مراد لی جائے گی، اور دیگر اعضاء کی

یعنی گھٹنوں اور ہاتھوں کی حیثیت مددگار اعضاء کی ہے تاکہ یکدم زمین پر گر نہ پڑے، پس سجدہ کی ماہیت میں ان عضاء کا دخل نہیں، اس لئے اگر کوئی شخص پورے سجدے میں دونوں گھٹنے اور دونوں ہاتھ زمین سے نہ لگائے تو بھی سجدہ صحیح ہوگا مگر نماز مکروہ تحریمی ہوگی، اور قدمین اور ماتھے اور ناک میں سے کسی ایک کا کم از کم ایک رکن کے بقدر زمین سے لگنا ضروری ہے، ورنہ سجدہ نہ ہوگا اور نماز باطل ہوگی، اور قدمین اور ماتھے اور ناک میں سے کسی ایک پر اکتفاء کرنا مکروہ ہے۔

فائدہ (۱): عوام میں جو مشہور ہے کہ سجدے میں اگر دونوں پیر زمین سے اٹھ جائیں تو نماز باطل ہوجائے گی، اس کی حقیقت یہ ہے کہ اگر پورے سجدے میں دونوں پیر زمین سے اٹھے رہے ایک رکن کے بقدر بھی کوئی ایک پیر زمین پر نہ لگا تو سجدہ نہیں ہوا اور نماز باطل ہوگئی، اور اگر ایک رکن کے بقدر کوئی ایک پیر زمین پر لگنے کے بعد دونوں پیر اٹھا دیئے تو نماز ہوجائے گی مگر مکروہ ہوگی، اور ایک رکن کی مقدار تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کے بقدر ہے۔

فائدہ (۲): فقہ میں جو سجدہ کی تعریف کی گئی ہے کہ سجدہ سر کو زمین پر رکھنے کا نام ہے: یہ تعریف عوام کی سہولت کے لئے ہے اصل تعریف وہ ہے جو اوپر بیان کی گئی، پس ہوائی جہاز میں، چاند پر، یہاں تک کہ آسمان وزمین کی درمیانی فضا میں بھی سجدہ کا تحقق ہوجائے گا۔

[۱۳۳-] بابُ السُّجُوْدِ عَلٰی سَبْعَةِ أَعْظُمٍ

[۸۰۹-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أُمِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَسْجُدَ عَلَى سَبْعَةِ أَعْضَاءٍ، وَلاَ يَكُفَّ شَعْرًا وَلاَ ثَوْبًا: الْجَبْهَةِ، وَالْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ وَالرِّجْلَيْنِ.[انظر: ۸۱۰، ۸۱۲، ۸۱۵، ۸۱۶]

[۸۱۰-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أُمِرْنَا أَنْ نَسْجُدَ عَلَى سَبْعَةِ أَعْظُمٍ، وَلاَ نَكُفَّ شَعْرًا وَلاَ ثَوْبًا.[راجع: ۸۰۹]

[۸۱۱-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ ابْنُ عَازِبٍ، وَهُوَ غَيْرُ كَذُوْبٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّيْ خَلْفَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَإِذَا قَالَ: "سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" لَمْ يَحْنِ أَحَدٌ مِنَّا ظَهْرَهُ، حَتّٰى يَضَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم جَبْهَتَهُ عَلَى الْأَرْضِ. [راجع: ۶۹۰]

حدیث (۱): ابن عباسؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ حکم دیئے گئے کہ آپؐ سات اعضاء پر سجدہ کریں، اور بالوں کو اور کپڑوں کو نہ روکیں، یعنی پیشانی، دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے اور دونوں پیر۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ہمیں سات اعضاء پر سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اور اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ ہم (نماز میں) بالوں کو اور کپڑوں کو نہ روکیں۔

تشریح: امام بخاری رحمہ اللہ نے لفظ أُمِرَ اور أُمِرْنَا سے استدلال کیا ہے کہ سجدے میں ساتوں اعضاء زمین سے لگنے ضروری ہیں، اور جواب یہ ہے کہ ہر امر وجوب کے لئے نہیں ہوتا، امر مختلف مراتب کے لئے مستعمل ہے، کب وجوب کے لئے ہے اور کب غیر وجوب کے لئے اس کی تعیین دوسرے قرائن سے کی جائے گی۔

مسئلہ: نماز میں پائینچے یا آستین چڑھانا یا کرتے کا دامن کمر سے باندھنا کپڑا روکنے کی مثال ہے اس طرح کپڑا روک کر نماز پڑھنا مکروہ ہے، اور بال باندھ کر نماز پڑھنے کی کراہیت کا حکم مردوں کے ساتھ خاص ہے، عورتوں کے لئے اولیٰ اور مستحب یہ ہے کہ وہ بال باندھ کر نماز پڑھیں، تا کہ نماز میں بالوں کے کھلنے کا اندیشہ نہ رہے، عورت کے اگر چوتھائی بال نماز میں کھل گئے اور ایک رکن کے بقدر کھلے رہے تو نماز فاسد ہوجائے گی، یہ مسئلہ علامہ محمود خطاب سُبکی رحمہ اللہ نے ابوداؤد کی شرح المنہل العذب المورود (۵:۳۷) میں لکھا ہے اور وہاں سے میں نے ''ڈاڑھی اور انبیاء کی سنتیں'' میں نقل کیا ہے۔

حدیث (۳): یہ حدیث دو بار گذر چکی ہے، حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آنحضور ﷺ جب تک زمین پر پیشانی نہیں رکھ دیتے تھے ہم جھکنا شروع نہیں کرتے تھے، معلوم ہوا کہ سات اعضاء میں پیشانی بھی ہے اور اس کو زمین پر رکھنا واجب ہے اس پر ائمہ کا اتفاق ہے۔

بابُ السُّجُوْدِ عَلَى الأَنْفِ

سجدہ میں ناک زمین سے لگانا

سجدہ میں پیشانی اور ناک دونوں کو زمین پر جما کر لگانا چاہئے، اگر کوئی شخص صرف پیشانی لگائے تو امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اس کی نماز صحیح نہیں ہوگی، اور جمہور کے نزدیک کراہیت تحریمی کے ساتھ صحیح ہوجائے گی، اور صرف ناک لگانے کی صورت میں امام اعظم رحمہ اللہ کے علاوہ تمام ائمہ بشمول صاحبین نماز کو درست قرار نہیں دیتے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نماز صحیح ہوگی مگر بلا عذر ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

جمہور کی دلیل یہ ہے کہ تمام حدیثوں میں زمین پر جبہہ (پیشانی) رکھنے کا حکم ہے، اس لئے اس کو رکھے بغیر نماز نہیں ہوگی، اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جبہہ اور ناک حکماً ایک عضو ہیں اور ایک عضو کا بعض حصہ لگانا کافی ہے پس صرف پیشانی یا صرف ناک لگانا کافی ہے، البتہ دونوں کو لگانا اولیٰ اور افضل ہے اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ساتوں اعضاء زمین پر لگانے ضروری ہیں، اور پیشانی اور ناک حکماً ایک عضو ہیں، پس دونوں کو لگانا ضروری ہے صرف پیشانی یا صرف ناک لگانے سے نماز نہیں ہوگی۔

[۱۳۴-] بابُ السُّجُوْدِ عَلَى الأَنْفِ

[۸۱۲-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " أُمِرْتُ أَنْ أَسْجُدَ عَلَى سَبْعَةِ أَعْظُمٍ، عَلَى الْجَبْهَةِ — وَأَشَارَ بِيَدِهِ عَلَى أَنْفِهِ — وَالْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ وَأَطْرَافِ الْقَدَمَيْنِ، وَلاَ نَكْفِتَ الثِّيَابَ وَالشَّعْرَ" [راجع: ۸۰۹]

وضاحت: نبی ﷺ نے سات اعضاء گنائے جن پر سجدہ کیا جاتا ہے اور پیشانی کا ذکر کر کے ناک کی طرف اشارہ کیا۔ جمہور کہتے ہیں: اس اشارہ سے پیشانی کی تحدید مقصود ہے یعنی پیشانی سے ناک تک جبہہ ہے پس سجدہ میں دونوں کو زمین پر رکھنا ضروری ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تحدید مقصود نہیں، بلکہ ناک اور پیشانی کا ایک عضو ہونا بیان کرنا مقصود ہے اور ہر عضو کو سارا رکھنا ضروری نہیں، بعض حصہ بھی اگر کسی عضو کا رکھ دیا جائے تو کافی ہے۔ لہٰذا صرف پیشانی یا صرف ناک رکھنے سے بھی نماز ہو جائے گی، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔

لغت: كَفَتَ (ض) كَفْتًا وَ كِفَاتًا الثوب: کپڑے کو سمیٹنا۔

بابُ السُّجُوْدِ عَلَى الأَنْفِ فِي الطِّيْنِ

کیچ میں ناک پر سجدہ کرنا

اس باب میں کوئی خاص مسئلہ نہیں، ایک حدیث ہے اس کی وجہ سے یہ باب باندھا ہے اور اکثر نسخوں میں باب نہیں ہے اوپر والے باب ہی سے حدیث متعلق ہے۔

حدیث: ایک رمضان میں نبی ﷺ نے شب قدر کی تلاش میں شروع رمضان سے اعتکاف کیا، دس رمضان کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے خبر دی کہ اس عشرہ میں شب قدر نہیں آئی، شب قدر آگے ہے، چنانچہ آپؐ نے دوسرے عشرہ کا بھی اعتکاف کیا، بیس رمضان کو پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے خبر دی کہ اس عشرہ میں بھی شب قدر نہیں آئی، چنانچہ بیس رمضان کی صبح کو آنحضور ﷺ نے تقریر فرمائی کہ میں نے شب قدر کی تلاش میں شروع رمضان سے اعتکاف کیا ہے، اور مجھے شب قدر کی خبر دی گئی تھی، مگر میں بھول گیا ہوں بس اتنی بات یاد رہ گئی ہے کہ شبِ قدر طاق راتوں میں ہے اور شب قدر کی صبح کو میں کیچ میں سجدہ کروں گا اور ان دو عشروں میں یہ علامت نہیں پائی گئی، اس لئے شب قدر آخری عشرہ میں ہے، پس جو لوگ اعتکاف سے اٹھ گئے ہیں وہ واپس آجائیں، پھر اکیسویں شب میں بارش ہوئی اور محراب میں سجدہ کی جگہ پانی ٹپکا، مسجدِ نبوی کی چھت کھجور کے پتوں کی تھی اور مسجد میں چراغ نہیں جلتا تھا اس لئے جب آپؐ نے فجر کی نماز پڑھائی اور سجدہ کیا تو کیچ میں سر پڑا اور پیشانی اور ناک گارے سے سن گئے، معلوم ہوا کہ شب قدر گذر گئی۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آنحضور ﷺ سجدے میں صرف پیشانی نہیں رکھتے تھے، ناک بھی لگاتے تھے۔ یہی اس باب کا مقصد ہے۔

[۱۳۵-] بابُ السُّجُوْدِ عَلَى الْأَنْفِ فِيْ الطِّيْنِ

[۸۱۳-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: انْطَلَقْتُ إِلَى أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، فَقُلْتُ: أَلَا تَخْرُجُ بِنَا إِلَى النَّخْلِ نَتَحَدَّثُ؟ فَخَرَجَ، قَالَ: قُلْتُ: حَدِّثْنِيْ مَا سَمِعْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، قَالَ: اِعْتَكَفَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم العَشْرَ الْأُوَلَ مِنْ رَمَضَانَ، وَاعْتَكَفْنَا مَعَهُ، فَأَتَاهُ جِبْرِيْلُ، فَقَالَ: إِنَّ الَّذِيْ تَطْلُبُ أَمَامَكَ، فَاعْتَكَفَ الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ، وَاعْتَكَفْنَا مَعَهُ، فَأَتَاهُ جِبْرِيْلُ فَقَالَ: إِنَّ الَّذِيْ تَطْلُبُ أَمَامَكَ، فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَطِيْبًا صَبِيْحَةَ عِشْرِيْنَ مِنْ رَمَضَانَ، فَقَالَ: "مَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَلْيَرْجِعْ، فَإِنِّيْ أُرِيْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَإِنِّيْ نُسِّيْتُهَا، وَإِنَّمَا فِيْ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فِيْ وِتْرٍ، وَإِنِّيْ رَأَيْتُ كَأَنِّيْ أَسْجُدُ فِيْ طِيْنٍ وَمَاءٍ" وَكَانَ سَقْفُ الْمَسْجِدِ جَرِيْدَ النَّخْلِ، وَمَا نَرَى فِيْ السَّمَاءِ شَيْئًا، فَجَاءَتْ قَزَعَةٌ فَأُمْطِرْنَا، فَصَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، حَتّٰى رَأَيْتُ أَثَرَ الطِّيْنِ وَالْمَاءِ عَلَى جَبْهَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَرْنَبَتِهِ، تَصْدِيْقَ رُؤْيَاهُ. [راجع:۶۶۹]

ترجمہ: ابوسلمہؒ کہتے ہیں: میں (چند طالب علموں کے ساتھ) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس گیا (وہ اپنے کھجوروں کے باغ میں کام کررہے تھے) میں نے عرض کیا: کیا آپ ہمارے ساتھ نہیں نکلتے کسی کھجور کے باغ کی طرف کہ ہم باتیں کریں؟ یعنی کسی کھجور کے درخت کے پاس بیٹھ کر ہم حدیثیں پڑھیں پڑھائیں؟ پس حضرت ابوسعیدؓ نکلے یعنی کام چھوڑ کر ایک درخت کے پاس آکر بیٹھ گئے۔ ابوسلمہؒ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: ہم سے شب قدر کے بارے میں بیان کیجئے جو آپؓ نے نبی ﷺ سے سنا ہے۔ پس حضرت ابوسعیدؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے رمضان کے پہلے عشرہ کا اعتکاف فرمایا، اور ہم نے آپؐ کے ساتھ اعتکاف کیا (جب پہلا عشرہ پورا ہوا تو) حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور بتلایا کہ جس چیز کی آپؐ کو تلاش ہے وہ آگے ہے۔ چنانچہ نبی ﷺ نے درمیانی عشرہ کا اعتکاف فرمایا، اور ہم نے بھی آپؐ کے ساتھ اعتکاف کیا پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور بتلایا کہ جس چیز کی آپ کو تلاش ہے وہ آگے ہے، پس نبی ﷺ بیس رمضان کی صبح کو تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے آپؐ نے فرمایا: "جس نے (پہلے عشرہ کا) نبی ﷺ کے ساتھ اعتکاف کیا ہے: چاہئے کہ وہ واپس آجائے (پہلے عشرہ کا اعتکاف کرکے بعض حضرات اٹھ گئے تھے ان کے بارے میں فرمایا کہ وہ واپس آجائیں اور آخری عشرہ کا اعتکاف کریں) اس لئے کہ مجھے شب قدر دکھائی گئی ہے اور میں اس کو بھلا دیا گیا ہوں اور وہ آخری عشرہ کی طاق راتوں میں ہے اور میں دکھایا گیا ہوں کہ گویا میں مٹی اور پانی میں سجدہ کررہا ہوں" اور مسجد نبوی کی چھت کھجور کے پتوں کی تھی اور ہم آسمان میں کچھ نہیں دیکھتے تھے، یعنی مطلع بالکل صاف تھا، پس ایک بدلی آئی اور بارش ہوئی، پس ہمیں نبی ﷺ نے (فجر کی) نماز پڑھائی، یہاں تک کہ میں نے نبی ﷺ کی پیشانی اور ناک کے بانسے پر مٹی اور پانی کا

اثر دیکھا یعنی دونوں اعضاء کیچ سے سن گئے تھے، (اور) آپؐ کے خواب کی تصدیق ہوگئی!

تشریح: أَرْنَبَة: ناک کا بانسہ، ناک کا نرم حصہ ختم ہوکر جہاں سے سخت حصہ شروع ہوتا ہے وہ بانسہ کہلاتا ہے۔ ارنبہ کے گارے سے سَننے کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ نے سجدہ میں ناک دبا کر رکھی تھی۔

بابُ عَقْدِ الثِّيَابِ وَشَدِّهَا، وَمَنْ ضَمَّ إِلَيْهِ ثَوْبَهُ إِذَا خَافَ أَنْ تَنْكَشِفَ عَوْرَتُهُ

کپڑا مضبوط باندھنا، اور جس نے اپنی طرف کپڑا ملایا جب ستر کھلنے کا اندیشہ محسوس کیا

یہ مسئلہ کتاب الصلوٰۃ کے شروع میں گذر چکا ہے کہ اگر کسی کے پاس ایک ہی کپڑا ہے تو وہ اسے کمر پر یا سینہ پر یا گردن میں حسب گنجائش باندھے اور اگر کپڑے میں گنجائش ہو تو اس میں لپٹ کر نماز پڑھے تاکہ ستر کھلنے کا اندیشہ نہ رہے۔

باب میں عَقْدٌ اور شَدٌّ کے معنی ہیں: باندھنا۔ وَمَنْ ضَمَّ إليه ثَوْبه: یعنی نہ باندھے تو کپڑا لپیٹ کر رکھے اور یہ حکم اس وقت ہے جبکہ ستر کھلنے کا اندیشہ ہو۔

سوال: تعدیل ارکان کے ابواب چل رہے ہیں، کپڑا باندھنے کا باب یہاں کیوں لائے ہیں؟

جواب: اگر ایک کپڑا ہو اور وہ بھی چھوٹا ہو تو حالت قیام میں تو کشفِ عورت کا اندیشہ نہیں ہوتا مگر رکوع وسجود میں کشفِ عورت کا اندیشہ ہوتا ہے، اس لئے یہ باب لائے کہ پہلے سے کپڑا باندھ کر یا ملا کر رکھے تاکہ رکوع وسجود میں کشفِ عورت کا اندیشہ نہ رہے، گویا رکوع وسجود صحیح کرنے میں کپڑا باندھنے یا ملا کر رکھنے کا دخل ہے، کپڑا باندھ کر یا ملا کر رکھے گا تبھی سجدہ صحیح ہوگا ورنہ کشفِ عورت ہوگا اور نماز باطل ہوجائے گی۔

[۱۳۶-] بابُ عَقْدِ الثِّيَابِ وَشَدِّهَا، وَمَنْ ضَمَّ إِلَيْهِ ثَوْبَهُ إِذَا خَافَ أَنْ تَنْكَشِفَ عَوْرَتُهُ

[۸۱۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ يُصَلُّوْنَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُمْ عَاقِدُوْ أُزْرِهِمْ مِنَ الصِّغَرِ عَلٰى رِقَابِهِمْ، فَقِيْلَ لِلنِّسَاءِ: لاَ تَرْفَعْنَ رُؤُسَكُنَّ حَتّٰى يَسْتَوِيَ الرِّجَالُ جُلُوْسًا [راجع: ۳۶۲]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے (تحفۃ القاری ۲: ۱۸۸ کتاب الصلوٰۃ باب ۶) حضرت سہلؓ کہتے ہیں: لوگ نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھا کرتے تھے، درانحالیکہ ان کی لنگیاں چھوٹی ہونے کی وجہ سے ان کی گردنوں پر بندھی ہوئی ہوتی تھیں، معلوم ہوا کہ اگر کپڑا ایک ہو اور تنگ ہو اور اس میں نماز پڑھنی ہو تو باندھ کر نماز پڑھنی چاہئے، تاکہ نہ کشف عورت ہو اور نہ نماز فاسد ہو۔

اور دوسری بات حضرت سہلؓ نے یہ بیان فرمائی کہ مسجدِ نبوی میں مرد وزن ایک ساتھ نماز پڑھتے تھے جہاں مردوں کی

صفیں ختم ہوتی تھیں وہاں سے عورتوں کی صفیں شروع ہوجاتی تھیں، درمیان میں کوئی پردہ نہیں تھا، اور صحابہ عام طور پر ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھتے تھے اور جب ایک کپڑے میں نماز پڑھیں گے تو سجدہ میں پیچھے سے آدمی آدھا ننگا معلوم ہوگا اس لئے عورتوں کو یہ تاکید کی گئی تھی کہ جب تک مرد سجدہ سے سر نہ اٹھالیں عورتیں سجدہ سے سر نہ اٹھائیں، آج کل لوگ پتلون پہن کر نماز پڑھنے آتے ہیں اور کرتا نہیں پہنتے، اس میں ان کے جسم کا پچھلا حصہ صاف عریاں محسوس ہوتا ہے، ان کو خاص طور پر یہ حدیث سنائی جائے، اور صحابہ جو ایک کپڑے میں نماز پڑھتے تھے وہ ان کی مجبوری تھی، پس جو لوگ پتلون پہن کر مسجد میں آئیں وہ کرتا پہن کر آئیں تاکہ نیم عریاں معلوم نہ ہوں۔

بابٌ: لَا يَكُفُّ شَعْرًا

نماز میں بالوں کو نہ روکے

یہ مسئلہ بھی چند ابواب پہلے گذر چکا ہے کہ مردوں کے لئے بال باندھ کر نماز پڑھنا مکروہ ہے اور عورتوں کے لئے مستحب یہ ہے کہ وہ بال باندھ کر نماز پڑھیں، اس لئے کہ اگر چوتھائی بال نماز میں کھل گئے تو نماز فاسد ہوجائے گی۔

[۱۳۷-] بابٌ: لَا يَكُفُّ شَعْرًا

[۸۱۵-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أُمِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ أَعْظُمٍ، وَلَا يَكُفَّ شَعْرَهُ وَلَا ثَوْبَهُ. [راجع: ۸۰۹]

بابٌ: لَايَكُفُّ ثَوْبَهُ فِيْ الصَّلَاةِ

نماز میں اپنا کپڑا نہ روکے

یہ مسئلہ بھی گذر چکا ہے کہ نماز میں کپڑا روکنا ممنوع ہے، آستین یا پائنچے چڑھا کر یا کرتے کا دامن کمر میں باندھ کر نماز پڑھنا مکروہ ہے کیونکہ یہ کپڑا پہننے کی نامناسب ہیئت ہے، اور نماز زینت کے ساتھ پڑھنے کا حکم ہے ﴿خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ﴾ چنانچہ کپڑا روکنے کی ممانعت کی گئی۔

[۱۳۸-] بابٌ: لَايَكُفُّ ثَوْبَهُ فِيْ الصَّلَاةِ

[۸۱۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أُمِرْتُ أَنْ أَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ أَعْظُمٍ، وَلَا أَكُفُّ شَعْرًا وَلَا ثَوْبًا."

[راجع: ۸۰۹]

لغت: لفظ شَعْر کو عین کے زبر کے ساتھ بھی پڑھ سکتے ہیں اور سکون کے ساتھ بھی، عام طور پر سکون کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

بابُ التَّسْبِيْحِ وَالدُّعَاءِ فِيْ السُّجُوْدِ

سجدوں میں اللہ کی پاکی بیان کرنا اور دعا مانگنا

چند ابواب پہلے (صفۃ الصلوٰۃ باب۱۲۳) ایک باب آیا ہے کہ رکوع میں دعا کی گنجائش ہے، اب دوسرا باب آیا کہ سجدہ میں بھی دعا کی گنجائش ہے، اگر کوئی سجدہ میں دعا کرے تو اس میں کچھ حرج نہیں۔

[۱۳۹-] بابُ التَّسْبِيْحِ وَالدُّعَاءِ فِيْ السُّجُوْدِ

[۸۱۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُكْثِرُ أَنْ يَقُوْلَ فِيْ رُكُوْعِهِ وَسُجُوْدِهِ: "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ" يَتَأَوَّلُ الْقُرْآنَ. [راجع: ۷۹٤]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ بکثرت رکوع وسجود میں کہا کرتے تھے: آپ کی ذات پاک ہے، اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! اور آپ اپنی خوبیوں کے ساتھ ہیں، اے اللہ! میری بخشش فرما" قرآن کی تاویل کرتے ہیں یعنی قرآن کے حکم پر عمل کرتے تھے، اس ذکر میں تسبیح ہے اور آخری حصہ دعا ہے، اور آپؐ اس طرح سورۂ نصر کے آخری آیت پر عمل کرتے تھے، ارشاد پاک ہے: ﴿فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ﴾ اس آیت پاک میں دو امر ہیں: ایک: اللہ کی پاکی بیان کریں اللہ کی تعریف کے ساتھ۔ دوم: یہ دعا کریں کہ اللہ آپؐ کو اپنے فضل میں ڈھانک لے۔ سبحانك اللّٰهم ربنا: میں پہلے حکم پر عمل ہے اور وبحمدك: کے ذریعہ تسبیح کے ساتھ حمد کو ملایا ہے، اور اللّٰهم اغفر لی میں فاستغفرہ پر عمل کیا ہے، اس آیت کے نزول کے بعد نبی ﷺ رکوع وسجود میں بکثرت یہ ذکر ودعا کیا کرتے تھے۔

فائدہ: غین، فاء اور راء: کے مادہ کے معنی ہیں: ڈھانکنا، چھپانا، لڑائی میں سر پر جو لوہے کا خود پہنتے ہیں اس کو عربی میں مِغْفَر کہتے ہیں کیونکہ وہ سر کو چھپاتا ہے اور زد سے بچاتا ہے اور استغفار میں س ت طلب کے لئے ہیں، پس اس کے معنی ہیں: اللہ سے دعا کرنا کہ اللہ اپنی رحمت میں ڈھانک لے، یہ استغفار کی حقیقت ہے، پس استغفار کے لئے گناہ ضروری نہیں اگر دعا کرنے والا گنہ گار ہے تو اس کے استغفار کا مطلب یہ ہے کہ میرا گناہ معاف فرما کر مجھے اپنی عنایت ومہربانی میں ڈھانپ لیں، اور اگر معصوم ہے تو دعا بدرجہ اولیٰ قبول ہوگی، لہٰذا ذہن میں یہ اشکال نہیں آنا چاہئے کہ نبی ﷺ تو معصوم ہیں پھر آپؐ کو استغفار کا حکم کیوں دیا گیا؟ اس لئے کہ استغفار کے لئے گناہ ضروری نہیں۔

بابُ الْمُكْثِ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ

دوسجدوں کے درمیان ٹھہرنا

قومہ کے سلسلہ میں جو تفصیل گذری ہے وہی تفصیل یہاں بھی ہے، پہلے سجدہ سے اٹھ کر جب سیدھا بیٹھ گیا، اور بدن ڈھیلا چھوڑ دیا، یہاں تک کہ ہر ہڈی اس کی جگہ سیٹ ہوگئی تو جلسہ کی تعدیل ہوگئی، اور نوافل میں جب نماز لمبی کرنا مقصود ہو تو جلسہ میں ٹھہر کر ذکر و دعا بھی کر سکتا ہے، مگر یہ تعدیل میں شامل نہیں، تفصیل صفۃ الصلاۃ (باب ۱۲۷) میں گذر چکی ہے۔

لغت: مُکْث میں میم کا ضمہ پڑھیں تو کاف ساکن ہوگا، اور زبر پڑھیں تو کاف مفتوح ہوگا۔

[۱۴۰-] بابُ الْمُكْثِ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ

[۸۱۸-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ: أَنَّ مَالِكَ بْنَ الْحُوَيْرِثِ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ صَلَاةَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: وَذَاكَ فِیْ غَيْرِ حِيْنِ صَلَاةٍ، فَقَامَ ثُمَّ رَكَعَ فَكَبَّرَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَقَامَ هُنَيَّةً ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ رفع رَأْسَهُ هُنَيَّةً، ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ هُنَيَّةً فَصَلَّى صَلَاةَ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ شَيْخِنَا هٰذَا، قَالَ أَيُّوْبُ: كَانَ يَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ أَرَهُمْ يَفْعَلُوْنَهُ، كَانَ يَقْعُدُ فِی الثَّالِثَةِ أَوِ: الرَّابِعَةِ.

[راجع: ٦٧٧]

[۸۱۹-] [قَالَ:] فَأَتَيْنَا النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَأَقَمْنَا عِنْدَهُ. فَقَالَ: " لَوْ رَجَعْتُمْ إِلٰى أَهَالِيْكُمْ، صَلُّوْا صَلَاةَ كَذَا فِیْ حِيْنِ كَذَا، وَصَلُّوْا صَلَاةَ كَذَا فِیْ حِيْنِ كَذَا، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ أَحَدُكُمْ، وَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْبَرُكُمْ" [راجع: ٦٢٨]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے (حدیث نمبر ۸۰۲) مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ نے اپنے تلامذہ کو آنحضور ﷺ کی نماز پڑھ کر دکھائی آپؓ قومہ اور جلسہ میں تھوڑی دیر ٹھہرے، هُنَيَّة کے معنی ہیں: ذرا دیر، یہی تعدیل ہے اور پہلی اور تیسری رکعت کے دوسرے سجدہ سے سر اٹھا کر پہلے تھوڑی دیر بیٹھے پھر اگلی رکعت کے لئے کھڑے ہوئے، یعنی جلسۂ استراحت کیا، اس مسجد کے امام عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ بھی جلسہ استراحت کرتے تھے۔

ایوب سختیانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت عمرو بن سلمہؓ جو جلسہ استراحت کیا کرتے تھے یا مالک بن الحویرثؓ نے جو جلسہ استراحت کر کے دکھایا مسلمانوں میں اس کا رواج نہیں تھا، پس جلسۂ استراحت نماز کی سنت نہیں، معذوری کا عمل ہے۔

حضرت مالکؓ بیس دن مدینہ میں ٹھہرے ہیں اس زمانہ میں نبی ﷺ نے کسی عذر سے جلسہ استراحت کیا ہے، حضرت مالکؓ نے اس کو محفوظ کیا، اس پر عمل کیا اور تلامذہ کو دکھایا مگر آپؐ کا یہ عمل بر بناء عذر تھا، نماز کی یہ سنت نہیں، چنانچہ مسلمانوں

میں یہ عمل رائج نہیں تھا مگر شوافع اس کو سنت کہتے ہیں، تفصیل چند ابواب کے بعد آرہی ہے۔

قولہ: فی الثالثۃ أو: الرابعۃ: یہ شک راوی ہے اور صحیح فی الثالثۃ ہے یعنی تیسری رکعت میں دوسرے سجدہ سے اٹھ کر جلسہ استراحت کیا کرتے تھے پھر اگلی رکعت کے لئے کھڑے ہوتے تھے۔

حضرت مالکؓ اپنے چچازاد بھائی اور قبیلہ کے دیگر افراد کے ساتھ علم حاصل کرنے کے لئے مدینہ منورہ آئے تھے اور بیس دن ٹھہرے تھے، وہ سب نوجوان تھے، جب نبی ﷺ نے محسوس کیا کہ ان کو گھر والے یاد آرہے ہیں تو آپؐ نے لوٹنے کی اجازت دیدی اور تاکید فرمائی کہ سفر میں جب نماز کا وقت ہوجائے تو کوئی بھی اذان دے اور جماعت سے نماز پڑھنا اور جو بڑا ہے وہ امامت کرے ـــــ لو تمنی کا ہے، نبی ﷺ نے خواہش ظاہر کی ہے کہ تم گھر چلے جاؤ تو بہتر ہے ـــــ صلُّوا صلاۃَ کذا فی حین کذا: یہ چلتے وقت آپؐ نے نماز کے اوقات کی تعلیم دی ہے۔

[۸۲۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: كَانَ سُجُوْدُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَرُكُوْعُهُ وَقُعُوْدُهُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ قَرِيْبًا مِنَ السَّوَاءِ. [راجع: ۷۹۲]

[۸۲۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: إِنِّيْ لَا آلُوْ أَنْ أُصَلِّيَ بِكُمْ كَمَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ بِنَا. قَالَ ثَابِتٌ: كَانَ أَنَسٌ يَصْنَعُ شَيْئًا لَمْ أَرَكُمْ تَصْنَعُوْنَهُ: كَانَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ قَامَ حَتّٰى يَقُوْلَ الْقَائِلُ: قَدْ نَسِيَ، وَبَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ حَتّٰى يَقُوْلَ الْقَائِلُ: قَدْ نَسِيَ. [راجع: ۸۰۰]

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں کوتاہی کرتا میں کہ نماز پڑھاؤں میں جس طرح میں نے نبی ﷺ کو نماز پڑھاتے دیکھا ہے، ثابت بُنانی کہتے ہیں: حضرت انسؓ ایک ایسا عمل کرتے تھے جو میں تمہیں کرتے ہوئے نہیں دیکھتا، جب وہ رکوع سے سر اٹھاتے تو قومہ میں اتنی دیر کھڑے رہتے کہ خیال گذرتا کہ شاید سجدہ کرنا بھول گئے، اور دو سجدوں کے درمیان یہاں تک ٹھہرتے کہ کہنے والا کہے: بالیقین دوسرا سجدہ کرنا بھول گئے۔

تشریح: پہلے بتایا ہے کہ جب نبی ﷺ نفل نماز لمبی پڑھتے تھے تو قومہ وجلسہ میں دیر تک ٹھہرتے تھے، مگر یہ بات تعدیل کے مفہوم میں شامل نہیں۔

بابٌ: لَا يَفْتَرِشُ ذِرَاعَيْهِ فِي السُّجُوْدِ

سجدوں میں کلائیاں زمین پر نہ بچھائے

کلائی: ہتھیلی اور کہنی کا درمیانی حصہ۔ سجدے میں کلائیاں زمین پر نہیں بچھانی چاہئیں، حدیث میں سات اعضاء پر سجدہ

کرنے کا حکم ہے ان میں یدین یعنی کفین ہیں لہٰذا سجدہ میں کفین ہی رکھنے چاہئیں، کلائیاں زمین پر نہیں بچھانی چاہئیں۔

[۱۴۱-] بَابٌ: لاَيَفْتَرِشُ ذِرَاعَيْهِ فِيْ السُّجُوْدِ

وَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ: سَجَدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَوَضَعَ يَدَيْهِ غَيْرَ مُفْتَرِشٍ وَلاَ قَابِضِهِمَا.

[۸۲۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" اعْتَدِلُوْا فِيْ السُّجُوْدِ، وَلاَ يَبْسُطْ أَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ انْبِسَاطَ الْكَلْبِ"[راجع: ۲۴۱]

حضرت ابوحمیدؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے سجدہ کیا اور اپنے دونوں ہاتھ رکھے درانحالیکہ آپ نے نہ ہاتھوں کو بچھایا نہ ان کو سکیڑا یعنی نہ زمین پر کلائیاں بچھائیں نہ بازؤں کو پہلوؤں سے لگایا، سجدہ میں دونوں بازؤں کو پہلوؤں سے اور کلائیوں کو زمین سے علاحدہ رکھنا چاہئے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: سجدے ٹھیک سے کیا کرو اور تم میں سے کوئی شخص اپنے ہاتھ کتے کے ہاتھ بچھانے کی طرح نہ بچھائے۔

تشریح: یہاں اعتدال کا مطلب ہے: ڈھنگ سے سجدہ کرنا اور ڈھنگ سے سجدہ کرنے میں ہاتھوں کو نہ بچھانا بھی شامل ہے، کتا اور دوسرے درندے اگلے پیر زمین پر بچھا کر بیٹھتے ہیں، سجدہ میں اس طرح ہاتھوں کو بچھانے سے منع کیا گیا، نماز میں آٹھ ہیئتیں اختیار کرنی ممنوع ہیں، ان میں سے ایک ہاتھ بچھانا بھی ہے، اور جانوروں کے ساتھ تشبیہ دینے سے مقصود تنفیر ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۲: ۳۹۴ مواقیت الصلاۃ باب ۸) میں گذری ہے۔

بَابُ مَنِ اسْتَوَى قَاعِدًا فِيْ وِتْرٍ مِنْ صَلاَتِهِ ثُمَّ نَهَضَ

نماز کی طاق رکعت میں پہلے سجدہ سے اٹھ کر ٹھیک سے بیٹھ جائے، پھر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ جلسۂ استراحت مسنون ہے یا نہیں؟ جلسۂ استراحت یہ ہے کہ پہلی اور تیسری رکعت کے دوسرے سجدہ سے اٹھ کر پہلے ٹھیک سے بیٹھ جائے پھر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو۔ امام شافعی رحمہ اللہ اس کی سنیت کے قائل ہیں، اور دیگر فقہاء اس کو سنت نہیں کہتے، اور جن احادیث میں نبی ﷺ سے جلسہ استراحت کرنا مروی ہے جمہور ان کو عذر پر محمول کرتے ہیں: اگر آدمی بڑھاپے کی وجہ سے یا موٹاپے کی وجہ سے یا کسی اور عذر کی وجہ سے پہلی اور تیسری رکعت کے دوسرے سجدہ سے اگلی رکعت کے لئے سیدھا کھڑا نہ ہوسکتا ہو تو پہلے بیٹھ جائے پھر ذرا آرام کر کے کھڑا ہو، البتہ تندرست آدمی کو سیدھا کھڑا ہونا چاہئے کیونکہ نبی ﷺ کی سنت مستمرہ سیدھا کھڑا ہونے کی تھی۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اکثر

احادیث میں یہی بات مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نماز کی طاق رکعت کے سجدوں کے بعد اگلی رکعت کے لئے سیدھے کھڑے ہوتے تھے، اور خود امام احمدؒ بھی جلسہ استراحت نہیں کرتے تھے (مغنی ۱:۵۶۹) اور صحابہ کا بھی یہی عمل تھا، حضرات عمر، ابن مسعود، ابن عمر، ابن عباس، ابن زبیر اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہم سے جلسہ استراحت نہ کرنا مروی ہے (نصب الرایہ ۱:۳۸۹) بلکہ نوادر الفقہاء میں اور مجد بن تیمیہ نے جلسۂ استراحت کے ترک پر صحابہ کا اجماع نقل کیا ہے۔

علاوہ ازیں: نماز میں تمام جگہوں میں ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف انتقال کے وقت تکبیر وغیرہ کوئی ذکر رکھا گیا ہے اگر جلسہ استراحت مسنون ہوتا تو اس کے بعد بھی تکبیر یا تسمیع وتحمید یا تسلیم کے مانند ہوئی ذکر ضرور رکھا جاتا حالانکہ یہاں امام شافعی رحمہ اللہ بھی کسی ذکر کے قائل نہیں، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ جلسۂ استراحت ایک عارضی چیز اور عذر کی بنا پر تھا۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں لفظ مَنْ (موصولہ) رکھا ہے اور میں نے پہلے قاعدہ بتایا ہے کہ اگر ترجمہ میں ھل یا مَن ہو تو امام بخاریؒ اس مسئلہ کی ذمہ داری نہیں لیتے، پس باب کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ جلسۂ استراحت کے قائل ہیں ان کے دلائل یہ ہیں، رہی یہ بات کہ امام بخاریؒ کے نزدیک بھی جلسۂ استراحت مستحب ہے یا نہیں؟ اس پر باب کی کوئی دلالت نہیں۔

[۱٤۲-] بابُ مَنِ اسْتَوَى قَاعِدًا فِيْ وِتْرٍ مِنْ صَلاَ تِهِ ثُمَّ نَهَضَ

[۸۲۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ اللَّيْثِيُّ: أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ، فَإِذَا كَانَ فِيْ وِتْرٍ مِنْ صَلاَ تِهِ لَمْ يَنْهَضْ حَتَّى يَسْتَوِيَ قَاعِدًا.

ترجمہ: مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھا، جب نبی ﷺ نماز کی طاق رکعت میں ہوتے تھے تو (اگلی رکعت کے لئے) کھڑے نہیں ہوتے تھے یہاں تک کہ سیدھے بیٹھ جاتے تھے (پھر کھڑے ہوتے تھے)

تشریح: مالک بن الحویرثؓ خدمتِ نبوی میں بیس روز رہے ہیں ان دنوں میں آپؐ نے کسی عذر کی بنا پر جلسۂ استراحت کیا ہے، جلسۂ استراحت کرنا آپؐ کا دائمی معمول نہیں تھا اکثر صحابہ کا جلسۂ استراحت نہ کرنا اس کے سنت نہ ہونے کی واضح دلیل ہے۔

بابٌ: كَيْفَ يَعْتَمِدُ عَلَى الْأَرْضِ إِذَاقَامَ مِنَ الرَّكْعَةِ؟

جلسۂ استراحت کے بعد کھڑا ہو تو زمین پر کس طرح ٹیک لگائے؟

جلسۂ استراحت کے بعد جب اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو تو زمین پر ہاتھ ٹیک کر یعنی سہارا لے کر کھڑا ہو، جلسۂ

استراحت کے قائلین کے نزدیک یہ مستحب ہے۔

[۱۴۳-] بابٌ: کَیْفَ یَعْتَمِدُ عَلَی الْأَرْضِ إِذَاقَامَ مِنَ الرَّکْعَةِ؟

[۸۲۴-] حدثنا مُعَلَّی بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَیْبٌ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، قَالَ: جَاءَ نَا مَالِكُ بْنُ الْحُوَیْرِثِ فَصَلَّی بِنَا فِیْ مَسْجِدِنَا هٰذَا، فَقَالَ: إِنِّیْ لَأُصَلِّیْ بِکُمْ وَمَا أُرِیْدُ الصَّلَاةَ، لٰکِنِّیْ أُرِیْدُ أَنْ أُرِیَکُمْ کَیْفَ رَأَیْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یُصَلِّیْ؟ قَالَ أَیُّوْبُ: فَقُلْتُ لِأَبِیْ قِلَابَةَ: وَکَیْفَ کَانَتْ صَلَاتُهُ؟ قَالَ: مِثْلَ صَلَاةِ شَیْخِنَا هٰذَا، یَعْنِیْ عَمْرَو بْنَ سَلَمَةَ، قَالَ أَیُّوْبُ: وَکَانَ ذٰلِكَ الشَّیْخُ یُتِمُّ التَّکْبِیْرَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ عَنِ السَّجْدَةِ الثَّانِیَةِ جَلَسَ، وَاعْتَمَدَ عَلَی الْأَرْضِ، ثُمَّ قَامَ. [راجع: ۶۷۷]

ترجمہ: ابوقلابہؒ کہتے ہیں: ہمارے پاس مالک بن الحویرثؓ آئے، انھوں نے ہمیں ہماری اس مسجد میں نماز پڑھائی پھر فرمایا: بیشک میں البتہ تمھیں نماز پڑھا رہا ہوں اور میرا نماز پڑھانے (ہی) کا ارادہ نہیں، بلکہ میں چاہتا ہوں کہ تمھیں دکھاؤں کہ میں نے نبی ﷺ کو کس طرح نماز پڑھتے دیکھا ہے؟ ایوب سختیانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے ابوقلابہؒ سے پوچھا: انھوں نے کس طرح نماز پڑھائی تھی؟ ابوقلابہؒ نے کہا: ہمارے امام صاحب یعنی عمرو بن سلمہؓ کی طرح، ایوبؒ کہتے ہیں: شیخ یعنی عمرو بن سلمہ تکبیریں مکمل کہا کرتے تھے اور جب دوسرے سجدہ سے سر اٹھاتے تھے تو (پہلے) بیٹھ جاتے تھے پھر زمین پر ٹیک لگا کر کھڑے ہوتے تھے (یہی جزء باب سے متعلق ہے)

تشریح: پہلے بتایا ہے کہ ایک زمانہ میں امراء نے جھکتے ہوئے تکبیریں کہنا چھوڑ دیا تھا، مگر حضرت عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ سنت کے مطابق ہر رفع وخفض میں جہراً تکبیریں کہا کرتے تھے۔

اور حضرت مالک بن الحویرث اور عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہما کی نمازوں میں جلسۂ استراحت ایک انوکھی چیز تھی اس لئے حضرت ایوبؒ نے اس کو خاص طور پر بیان کیا، نماز کے باقی اجزاء تمام مسلمانوں کی نمازوں کی طرح تھے اس لئے ان کو بیان نہیں کیا، چنانچہ پہلے حضرت ایوبؒ کا قول گذرا ہے کہ جلسۂ استراحت مسلمانوں کی نمازوں میں رائج نہیں۔

بابٌ: یُکَبِّرُ وَهُوَ یَنْهَضُ مِنَ السَّجْدَتَیْنِ

سجدوں سے اٹھتے ہوئے تکبیر کہنا

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے، جمہور کے نزدیک پہلی اور تیسری رکعت کے سجدوں کے بعد اگلی رکعت کے لئے تکبیر کہتا ہوا سیدھا کھڑا ہو جائے بیٹھے نہیں یعنی جلسہ استراحت نہ کرے۔ حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما طاق رکعت کے سجدوں کے بعد تکبیر کہتے ہوئے سیدھے کھڑے ہو جاتے تھے، اور اکثر صحابہ کا بھی یہی عمل تھا۔

[١٤٤-] بابٌ: يُكَبِّرُ وَهُوَ يَنْهَضُ مِنَ السَّجْدَتَيْنِ

وَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يُكَبِّرُ فِيْ نَهْضَتِهِ.

[٨٢٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: صَلَّى لَنَا أَبُوْ سَعِيْدٍ، فَجَهَرَ بِالتَّكْبِيْرِ حِيْنَ رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُوْدِ، وَحِيْنَ سَجَدَ، وَحِيْنَ رَفَعَ، وَحِيْنَ قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ، وَقَالَ: هٰكَذَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

[٨٢٦-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ أَنَا وَعِمْرَانُ بْنُ الْحُصَيْنِ رضى الله عنه، صَلَاةً خَلْفَ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رضى الله عنه، فَكَانَ إِذَا سَجَدَ كَبَّرَ، وَإِذَا رَفَعَ كَبَّرَ، وَإِذَا نَهَضَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ كَبَّرَ، فَلَمَّا سَلَّمَ أَخَذَ عِمْرَانُ بِيَدِيْ، فَقَالَ: لَقَدْ صَلَّى بِنَا هٰذَا صَلَاةَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم، أَوْ قَالَ: لَقَدْ ذَكَّرَنِيْ هٰذَا صَلَاةَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ٧٨٤]

حدیث (۱): سعید بن الحارث کہتے ہیں: ہمیں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی اور جہراً تکبیر کہی جب سجدوں سے اپنا سر اٹھایا اور جب سجدہ کیا اور جب سر اٹھایا اور جب دوسجدوں سے کھڑے ہوئے، پھر فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو اسی طرح نماز پڑھتے دیکھا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں من الرکعتین: کا مطلب یہ ہے کہ دوسجدوں کے بعد کھڑے ہوتے وقت تکبیر کہی یعنی جلسۂ استراحت نہیں کیا، جمہور اسی کے قائل ہیں۔

حدیث (۲): مطرف کہتے ہیں: میں نے اور عمران بن الحصینؓ نے حضرت علیؓ کے پیچھے ایک مرتبہ نماز پڑھی، حضرت علیؓ جب سجدہ کرتے تھے تو تکبیر کہتے تھے اور جب سر اٹھاتے تھے تو تکبیر کہتے تھے اور جب دوسجدوں سے کھڑے ہوتے تھے تو تکبیر کہتے تھے، جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سلام پھیرا تو حضرت عمران رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: اس شخص نے ہمیں نبی ﷺ کی نماز پڑھائی ہے، یا فرمایا: اس شخص نے ہمیں نبی ﷺ کی نماز یاد دلا دی ہے۔

تشریح: حضرت علیؓ نے دوسجدوں سے کھڑے ہوتے وقت تکبیر کہی یعنی جلسۂ استراحت نہیں کیا، اور یہی باب ہے۔

بابُ سُنَّةِ الْجُلُوْسِ فِيْ التَّشَهُّدِ

قعدہ میں بیٹھنے کا مسنون طریقہ

تعدیل ارکان کے تفصیلی ابواب پورے ہوئے، اب کتاب الجمعۃ تک صفۃ الصلوٰۃ کے باقی ابواب ہیں، اور اس

باب میں مسئلہ یہ ہے کہ قعدہ میں بیٹھنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ حنفیہ کے نزدیک دونوں قعدوں میں افتراش مسنون ہے یعنی بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھے، اور مالکیہ کے نزدیک دونوں قعدوں میں تورک مسنون ہے، وَرِك کے معنی ہیں: سرین، اور تورك کے معنی ہیں: سیرین پر بیٹھنا، تورک کی دو صورتیں ہیں تفصیل ابھی آرہی ہے۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قعدۂ اولیٰ میں افتراش اور قعدۂ ثانیہ میں تورک مسنون ہے۔ پھر امام شافعی رحمہ اللہ مطلقاً قعدہ اولیٰ میں افتراش کو سنت کہتے ہیں اور امام احمدؒ کے یہاں ضابطہ یہ ہے کہ ہر وہ قعدہ جس کے بعد سلام ہے اس میں تورک مسنون ہے اور ثمرۂ اختلاف نماز فجر میں ظاہر ہوگا، اس میں امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک افتراش اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک تورک سنت ہوگا۔

تورک کی دو صورتیں ہیں:

پہلی صورت یہ ہے کہ دایاں پاؤں کھڑا کرے اور بایاں پاؤں اس کے نیچے سے دائیں جانب نکال دے اور سیرین پر بیٹھے، یہ کیفیت حضرت ابوحمید ساعدی کی حدیث میں مروی ہے جو باب میں آرہی ہے اس کو امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ نے اختیار کیا ہے اور دوسری صورت یہ ہے کہ دونوں پیر دائیں جانب نکال دے اس کو امام مالک رحمہ اللہ نے لیا ہے اور یہ طریقہ عبداللہ بن الزبیر کی حدیث میں آیا ہے (مسلم ۵:۷۹، مصری، صفة الجلوس)

دلائل: حنفیہ نے باب کی حدیث سے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے (مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۷۹۱ صفة الجلوس) اور حضرت وائل کی حدیث سے (ترمذی حدیث ۲۸۷ کیف الجلوس فی التشهد) استدلال کیا ہے، ان میں بلا تفریق رسول اللہ ﷺ سے افتراش مروی ہے بلکہ حضرت سمرۃ اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کی روایات میں تورک کی ممانعت آئی ہے۔ حضرت سمرۃ کی حدیث بیہقی اور مستدرک حاکم میں ہے (اعلاء السنن ۳:۸۲) اور حضرت انسؓ کی حدیث صحیح ابن السکن اور سنن بیہقی میں ہے (بدائع الصنائع ۱:۴۹۶) اور امام مالک رحمہ اللہ نے عبداللہ بن الزبیر کی روایت سے تمسک کیا ہے اس میں بلا تفریق تورک مروی ہے اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا استدلال حضرت ابوحمید ساعدی کی حدیث سے ہے اس میں صرف آخری قعدہ میں تورک کا ذکر ہے۔

اور احناف نے ابن الزبیر اور ابوحمید ساعدی کی روایات کو عذر پر محمول کیا ہے یعنی جو شخص بڑھاپے، موٹاپے یا کسی اور عذر کی بنا پر افتراش نہ کرسکتا ہو وہ تورک کرے اس کے لئے یہی مسنون ہے۔

فائدہ (۱): علامہ عینی نے عمدۃ القاری (۶:۱۰۱) میں فرمایا ہے کہ قعدہ میں مرد و عورت کے بیٹھنے کا طریقہ یکساں ہے۔ حنفیہ اور مالکیہ اسی کے قائل ہیں، پس حنفیہ کے نزدیک عورت دونوں قعدوں میں افتراش کرے گی اور مالکیہ کے نزدیک تورک، مگر فقہاء احناف عام طور پر تستر کا خیال کر کے عورتوں کے لئے تورک کو مسنون قرار دیتے ہیں۔

فائدہ (۲): امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک قعدہ میں بیٹھنے کا کونسا طریقہ مسنون ہے؟ حضرت نے واضح طور پر کوئی بات نہیں کہی، مگر شارحین کا خیال ہے کہ اس باب میں امام بخاریؒ نے امام شافعیؒ کی موافقت کی ہے یعنی ان کے نزدیک بھی

قعدۂ اولیٰ میں افتراش اور قعدۂ ثانیہ میں تورک مسنون ہے۔

[۱٤٥-] بابُ سُنَّةِ الْجُلُوْسِ فِيْ التَّشَهُّدِ

وَكَانَتْ أُمُّ الدَّرْدَاءِ تَجْلِسُ فِيْ صَلاَتِهَا جِلْسَةَ الرَّجُلِ، وَكَانَتْ فَقِيْهَةً.

[۸۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ كَانَ يَرَى عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ يَتَرَبَّعُ فِيْ الصَّلاَةِ إِذَا جَلَسَ، فَفَعَلْتُهُ وَأَنَا يَوْمَئِذٍ حَدِيْثُ السِّنِّ، فَنَهَانِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، وَقَالَ: إِنَّمَا سُنَّةُ الصَّلاَةِ أَنْ تَنْصِبَ رِجْلَكَ الْيُمْنَى، وَتَثْنِيْ الْيُسْرَى، فَقُلْتُ: إِنَّكَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: إِنَّ رِجْلاَيَ لاَ تَحْمِلاَنِّيْ.

اثر: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی دو بیویاں تھیں، دونوں کی کنیت ام الدرداء تھی، البتہ ایک کے ساتھ کبری اور دوسری کے ساتھ صغری لگتا ہے، ام الدرداء کبری کا نام خِیَرَۃ تھا اور وہ صحابیہ ہیں اور ام الدرداء صغری کا نام ھُجَیْمَۃ ہے اور وہ تابعیہ ہیں، اور وہ فقیہہ تھیں، وہ قعدے میں مردوں کی طرح بیٹھتی تھیں، اس لئے حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک مرد وعورت کے قعدہ میں بیٹھنے کا طریقہ یکساں ہے مگر فقہاء احناف عام طور پر پردہ کے خیال سے عورت کے لئے مطلقاً تورک کو مسنون قرار دیتے ہیں۔

فائدہ (۱): چاروں فقہاء نے مرد وزن کی نمازوں میں فرق کیا ہے اور یہ فرق استحباب کے درجہ کا ہے وجوب کے درجہ کا نہیں ہے، عام طور پر مردوں کے ذہنوں میں بھی اور عورتوں کے ذہنوں میں بھی یہ بات بیٹھ گئی ہے کہ عورت کو ہر حال میں یہ فرق ملحوظ رکھنا چاہئے، پھر حمل کے زمانہ میں جب پیٹ بڑا ہوجاتا ہے یا عورت موٹی ہوتی ہے اور اس کے لئے زمین سے لگ کر سجدہ کرنا مشکل ہوتا ہے تو وہ بہت پریشان ہوتی ہے اس لئے یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے کہ فقہاء نے مرد وزن کی نمازوں میں جو فرق کیا ہے وہ افضلیت کا فرق ہے، پس مجبوری میں عورت مرد کی طرح سجدہ کرسکتی ہے، اس میں کوئی کراہیت نہیں۔

فائدہ (۲): جب عورت مردوں کے بیچ میں نماز پڑھے مثلاً ٹرین میں نماز پڑھے یا پلیٹ فارم پر نماز پڑھے تو اس فرق کو خاص طور پر ملحوظ رکھنا چاہئے اس میں تستر ہے، لیکن اگر عورت تنہا گھر میں نماز پڑھے اور وہاں کوئی مرد نہ ہو یا وہاں مرد ہو مگر عورت نے برقع اوڑھ رکھا ہو اور وہ اس فرق کو ملحوظ نہ رکھے تو کوئی کراہیت نہیں، کیونکہ اس فرق کی رعایت واجب نہیں، محض اولیٰ اور افضل ہے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے لڑکے کا نام بھی عبداللہ تھا اس نے حضرت ابن عمرؓ کو نماز میں چارزانو بیٹھے ہوئے دیکھا، پس وہ بھی اسی طرح بیٹھا، حالانکہ وہ جوان تھا، حضرت ابن عمرؓ نے اس کو ٹوکا اور فرمایا: نماز میں بیٹھنے کا

سنت طریقہ یہ ہے کہ دایاں پاؤں کھڑا کر اور بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھ، اس نے عرض کیا: ابا! آپ تو چارزانو بیٹھتے ہیں۔ ابن عمرؓ نے فرمایا: میرے پاؤں میرا وزن برداشت نہیں کرتے اس مجبوری میں میں چارزانو بیٹھتا ہوں۔

تشریح: حضرت ابن عمر قعدہ اخیرہ میں چارزانو بیٹھتے تھے، ان کو افتراش میں تکلیف ہوتی تھی اور صاحبزادہ جوان تھا، جب وہ قعدۂ اخیرہ میں چارزانو بیٹھا تو اس کو منع کیا، معلوم ہوا کہ پہلے قعدہ میں بھی افتراش مسنون ہے اور دوسرے قعدہ میں بھی، البتہ معذور کا حکم الگ ہے اس کے لئے جس طرح سہولت ہو بیٹھ سکتا ہے۔

[۸۲۸-] حدثنا يَحْيىٰ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، ح: قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، وَيَزِيْدَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، أَنَّهُ كَانَ جَالِسًا مَعَ نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرْنَا صَلَاةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ: أَنَا كُنْتُ أَحْفَظَكُمْ لِصَلَاةِ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: رَأَيْتُهُ إِذَا كَبَّرَ جَعَلَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، وَإِذَا رَكَعَ أَمْكَنَ يَدَيْهِ مِنْ رُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ هَصَرَ ظَهْرَهُ، فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ اسْتَوَى حَتَّى يَعُوْدَ كُلُّ فَقَارٍ مَكَانَهُ، وَإِذَا سَجَدَ وَضَعَ يَدَيْهِ غَيْرَ مُفْتَرِشٍ وَلَا قَابِضِهِمَا، وَاسْتَقْبَلَ بِأَطْرَافِ أَصَابِعِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ، فَإِذَا جَلَسَ فِيْ الرَّكْعَتَيْنِ جَلَسَ عَلٰى رِجْلِهِ الْيُسْرىٰ وَنَصَبَ الْيُمْنىٰ، وَإِذَا جَلَسَ فِيْ الرَّكْعَةِ الآخِرَةِ قَدَّمَ رِجْلَهُ الْيُسْرىٰ وَنَصَبَ الأُخْرىٰ، وَقَعَدَ عَلٰى مَقْعَدَتِهِ.

وَسَمِعَ اللَّيْثُ: يَزِيْدَ بْنَ أَبِيْ حَبِيْبٍ، وَيَزِيْدُ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، وَابْنُ حَلْحَلَةَ مِنِ ابْنِ عَطَاءٍ.

وَقَالَ أَبُوْ صَالِحٍ عَنِ اللَّيْثِ: كُلُّ قَفَارٍ مَكَانَهُ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيىٰ بْنِ أَيُّوْبَ: قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ ابْنُ أَبِيْ حَبِيْبٍ: أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ حَدَّثَهُ: كُلُّ فَقَارٍ.

وضاحتیں:

۱- یہ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، اب تک اس کے الگ الگ اجزاء آئے ہیں اب پوری حدیث آئی ہے، صحابہ کی ایک مجلس میں نبی اکرم ﷺ کی نماز کا تذکرہ آیا، حضرت ابوحمید ساعدیؓ نے دعوی کیا کہ انہیں آنحضور ﷺ کی نماز سب سے زیادہ یاد ہے، دیگر صحابہ نے کہا: یہ کیسے ممکن ہے؟ نہ آپؓ ہم سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں، اور نہ ہم سے زیادہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر رہتے تھے پھر آپ کو آنحضور ﷺ کی نماز سب سے زیادہ کیسے یاد ہے؟ ابوحمید ساعدیؓ نے کہا: بایں ہمہ میرا یہی دعوی ہے، چنانچہ ساتھیوں نے نماز پیش کرنے کے لئے کہا، حضرت ابوحمید ساعدیؓ نے چار رکعت پڑھ کر دکھائی اور سب نے ان کے دعوی کی تصدیق کی، حضرت ابوحمیدؓ نے جو نماز پڑھ کر دکھائی تھی راوی نے

اس کوالفاظ کا جامہ پہنایا ہے، کیونکہ اس کے بغیر روایت کرنا ممکن نہیں۔

۲- اس حدیث میں متعدد مسائل ہیں جو اپنی اپنی جگہوں میں آچکے ہیں، اور حدیث شریف کا آخری جزء یہ ہے کہ نبی ﷺ پہلے قعدہ میں افتراش کرتے تھے یعنی دایاں پاؤں کھڑا کرکے اور بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھتے تھے، اور دوسرے قعدہ میں تورک کرتے تھے یعنی دایاں پاؤں کھڑا کرکے بایاں پاؤں اس کے نیچے سے دائیں طرف نکال کر سرین پر بیٹھتے تھے۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے دونوں قعدوں میں اس حدیث کو لیا ہے یعنی ان کے نزدیک قعدہ اولیٰ میں افتراش اور قعدۂ ثانیہ میں تورک مسنون ہے اور تورک کی صورت بھی وہی لی ہے جو اس حدیث میں ہے کہ دایاں پاؤں کھڑا رکھا جائے اور بایاں پاؤں اس کے نیچے سے دائیں طرف نکال دیا جائے اور سرین پر بیٹھا جائے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ بلاتفریق تورک کو مسنون کہتے ہیں، مگر ان کے نزدیک تورک کی دوسری صورت ہے اور احناف نے ان احادیث کو جن میں تورک کا ذکر ہے عذر پر محمول کیا ہے۔

۳- یہ محمد بن عمرو بن عطاء کی حدیث ہے اور اس حدیث میں ترمذی (حدیث ۳۰۱) میں یہ بھی ہے کہ جس مجلس میں آنحضور ﷺ کی نماز کا تذکرہ آیا تھا اور حضرت ابوحمیدؓ نے مذکورہ دعوی کیا تھا اس مجلس میں دس صحابہ تھے، جن میں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بھی تھے اور محمد بن عمرو اپنا اس مجلس میں موجود ہونا اور واقعہ کو بچشم خود دیکھنا اور سننا بیان کرتے ہیں درانحالیکہ محمد بن عمرو کا کسی ایسی مجلس میں موجود ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جس میں حضرت ابوقتادہؓ موجود ہوں اس لئے کہ حضرت ابوقتادہؓ کا انتقال ۳۸ ہجری میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ہوا ہے۔ حضرت علیؓ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی ہے اور محمد بن عمرو کا انتقال ۱۲۰ ہجری میں ۸۰ سال کی عمر میں ہوا ہے یعنی ان کی ولادت حضرت ابوقتادہؓ کے انتقال کے دوسال بعد ہوئی ہے —— مگر چونکہ شوافع کے یہاں نماز کے اکثر مسائل کا مدار اسی حدیث پر ہے اس لئے حافظ رحمہ اللہ نے تہذیب میں اس اعتراض کا جواب دینے کی کوشش کی ہے، مگر **التلخیص الحبیر فی تخریج أحادیث الرافعی الکبیر** میں اس اعتراض کو تسلیم کرلیا ہے۔

سند: حدیث کے بعد پہلی سند سماعت کی صراحت کے لئے لائے ہیں، امام لیث نے یزید بن ابی حبیب سے سنا ہے، اوپر بصیغہ عن روایت تھی، اور یزید بن ابی حبیب نے محمد بن حلحلہ سے اور محمد بن حلحلہ نے محمد بن عمرو بن عطاء سے سنا ہے۔

دوسری سند: یہ بیان کرنے کے لئے لائے ہیں کہ حدیث میں **فقار** لفظ ہے **قفار**؟ امام لیث کے تلامذہ میں اختلاف ہے، یحییٰ بن بکیر کی حدیث میں (جو باب کے شروع میں ہے) **فَقَار** (بتقدیم الفاء) ہے، اس کا مفرد الفقارۃ ہے، جس کے معنی ہیں: ریڑھ کی ہڈی، کمر کی ہڈی کا مہرہ۔ اور ابوصالح کی حدیث میں **قَفَار** (بتقدیم القاف) ہے (یہ نسخہ گیلری میں ہے اور وہی صحیح ہے) جس کے معنی ہیں: بے آب وگیاہ زمین، ویران جگہ (مگر یہ لفظ بے معنی ہے اس لئے) امام بخاری رحمہ اللہ نے ابن المبارکؒ کی روایت پیش کرکے لفظ **فَقَار** (بتقدیم الفاء) کو ترجیح دی ہے۔

بابُ مَنْ لَمْ يَرَ التَّشَهُّدَ الْأَوَّلَ وَاجِبًا

ایک رائے میں پہلا قعدہ فرض نہیں

باب میں واجب بمعنی فرض ہے، رباعی اور ثلاثی نماز میں قعدۂ اولیٰ فرض نہیں، اور دلیل یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ قعدۂ اولیٰ بھول کر اگلی رکعت کے لئے کھڑے ہوگئے پھر واپس نہیں لوٹے اور آخر میں سجدۂ سہو کیا۔ اگر قعدۂ اولیٰ فرض ہوتا تو آپؐ ضرور واپس لوٹتے، جیسے قعدۂ اخیرہ فرض ہے اگر کوئی بھول کر کھڑا ہوجائے تو اگلی رکعت کے سجدہ سے پہلے واپس لوٹنا ضروری ہے، غرض آنحضور ﷺ کا قعدۂ اولیٰ چھوڑ کر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہوجانا پھر واپس نہ لوٹنا اور آخر میں سجدہ سہو کرنا قعدۂ اولیٰ کے فرض نہ ہونے کی دلیل ہے۔

جاننا چاہئے کہ حنفیہ کے نزدیک قعدۂ اولیٰ واجب ہے اگر بھول سے قعدۂ اولیٰ رہ جائے تو سجدۂ سہو لازم ہوگا اور جمہور کے نزدیک سنت ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کی بھی ایک روایت یہی ہے تاہم ان کے نزدیک سجدۂ سہو واجب ہوگا۔ اور محدثین کرام کے نزدیک علی وجہ البصیرت وجوب کوئی درجہ نہیں، اس لئے اس درجہ کے احکام پر یا تو وہ فرض کا اطلاق کرتے ہیں یا سنت کا، چنانچہ جمہور نے قعدۂ اولیٰ کو سنت قرار دیا ہے، مگر وہ اس پر واجب کے احکام جاری کرتے ہیں، ان کے نزدیک بھی قعدۂ اولیٰ کے تارک پر سجدۂ سہو واجب ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک تو دونوں قعدے فرض ہیں۔ وہ پہلے قعدے پر بھی فرض کا اطلاق کرتے ہیں اور یہ بھی فرماتے ہیں کہ سجدۂ سہو سے اس کی تلافی ہوجائے گی۔

[۱۴۶-] بابُ مَنْ لَمْ يَرَ التَّشَهُّدَ الْأَوَّلَ وَاجِبًا

لِأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ وَلَمْ يَرْجِعْ.

[۸۲۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هُرْمُزَ: مَوْلَى بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَقَالَ مَرَّةً: مَوْلَى رَبِيْعَةَ بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ بُحَيْنَةَ قَالَ: وَهُوَ مِنْ أَزْدِ شَنُوْءَ ةَ، وَهُوَ حَلِيْفٌ لِبَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ، فَقَامَ فِيْ الرَّكْعَتَيْنِ الْأُوْلَيَيْنِ، لَمْ يَجْلِسْ، فَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ، حَتّٰى إِذَا قَضَى الصَّلَاةَ، وَانْتَظَرَ النَّاسُ تَسْلِيْمَهُ كَبَّرَ وَهُوَ جَالِسٌ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ، ثُمَّ سَلَّمَ.

[انظر: ۸۳۰، ۱۲۲۴، ۱۲۲۵، ۱۲۳۰، ۶۶۷۰]

راویوں کا تعارف:

۱- امام زہریؒ کے استاذ عبدالرحمٰن بن ہُرمُز کس قبیلہ کے آزاد کردہ تھے؟ امام زہریؒ نے ایک مرتبہ فرمایا: بنوعبدالمطلب

کے آزاد کردہ تھے، اور دوسری مرتبہ فرمایا: ربیعۃ بن الحارث کے آزاد کردہ تھے، ربیعۃ بھی عبدالمطلب کی اولاد میں ہیں۔

۲-عبداللہ بن بُحَینَۃ: کا تذکرہ پہلے آچکا ہے، بُحَینَۃ ماں کا نام ہے اور اعلام غیر متناسبہ میں ابن کا الف لکھا جاتا ہے، ہمارے نسخہ میں الف لکھا ہوا نہیں، حالانکہ الف ہونا چاہئے۔ آپؓ قبیلہ ازدشنوءۃ کے فرد تھے، امام طحاوی رحمہ اللہ بھی اسی قبیلہ کے ہیں، اور مکہ میں قبیلہ بنی عبدمناف کے حلیف تھے، اس زمانہ میں باہر والوں کو کسی بستی میں بودوباش اختیار کرنے کے لئے کسی قبیلہ کا حلیف (دوست) بننا پڑتا تھا۔ حضرت عبداللہ صحابی ہیں۔

حدیث: عبداللہ بن بُحَینَۃ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھائی پس آپؐ پہلی دو رکعتوں پر کھڑے ہوگئے (قعدہ میں) بیٹھے نہیں، پس لوگ بھی آپؐ کے ساتھ کھڑے ہوگئے، یہاں تک کہ جب آپؐ نے نماز پوری فرمائی اور لوگوں نے آپؐ کے سلام کا انتظار کیا تو آپؐ نے بیٹھے ہوئے تکبیر کہی اور سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے کئے پھر سلام پھیرا۔

تشریح: آنحضور ﷺ کا قعدۂ اولیٰ میں نہ بیٹھنا اور نہ واپس لوٹنا اس کے فرض نہ ہونے کی دلیل ہے اور آخر میں سجدۂ سہو کرنا اس کے واجب ہونے کی دلیل ہے اور سجدۂ سہو قبل السلام ہے یا بعد السلام؟ اس میں اختلاف ہے جو آگے آرہا ہے، یہ حدیث قبل السلام والوں کی دلیل ہے۔

باب التَّشَهُّدِ فِی الأُوْلٰی

قعدۂ اولیٰ میں تشہد

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، گذشتہ باب کا حاصل یہ تھا کہ قعدۂ اولیٰ فرض نہیں، پس کوئی شبہ کرسکتا تھا کہ قعدۂ اولیٰ ہے ہی نہیں، نہ اس میں تشہد ہے، اس وہم کو دور کرنے کے لئے یہ باب لائے ہیں کہ قعدۂ اولیٰ ہے اور اس میں تشہد بھی ہے، حنفیہ کے نزدیک قعدۂ اولیٰ اور تشہد دونوں واجب ہیں اور اس کی دلیل باب کی حدیث کا یہ جملہ ہے کہ نبی ﷺ دو رکعت پر کھڑے ہوگئے درانحالیکہ آپؐ کے ذمہ بیٹھنا تھا (وعلیہ جلوس) معلوم ہوا کہ قعدۂ اولیٰ ہے اور اس میں تشہد بھی ہے۔

[۱۴۷-] بابُ التَّشَهُّدِ فِی الأُوْلٰی

[۸۳۰-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَکْرٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِیْعَۃَ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَالِکٍ ابْنِ بُحَیْنَۃَ، قَالَ: صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم الظُّهْرَ، فَقَامَ وَعَلَیْهِ جُلُوْسٌ، فَلَمَّا کَانَ فِیْ آخِرِ صَلاَتِهِ سَجَدَ سَجْدَتَیْنِ، وَهُوَ جَالِسٌ. [راجع: ۸۲۹]

بابُ التَّشَهُّدِ فِیْ الآخِرَةِ

قعدۂ اخیرہ میں تشہد

حنفیہ کے نزدیک پہلے قعدہ میں بھی تشہد واجب ہے اور آخری قعدہ میں بھی، اور باب کی حدیث مختصر ہے، مفصل حدیث باب ۱۵۰ میں آرہی ہے۔

اور قعدۂ اخیرہ میں دعا کا محل تشہد کے بعد ہے، قعدۂ اخیرہ میں پہلے تشہد پڑھیں گے، پھر حضور اقدس ﷺ پر درود بھیجیں گے پھر دعا کریں گے، آئندہ جو روایت آرہی ہے اس میں اس کی صراحت ہے۔

[۱٤۸-] بابُ التَّشَهُّدِ فِیْ الآخِرَةِ

[۸۳۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ: كُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، قُلْنَا: السَّلاَمُ عَلٰى جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ، السَّلاَمُ عَلٰى فُلاَنٍ وَفُلاَنٍ، فَالْتَفَتَ إِلَيْنَا رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" إِنَّ اللهَ هُوَ السَّلاَمُ، فَإِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلاَمُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلاَمُ عَلَيْنَا وعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ: — فَإِنَّكُمْ إِذَا قُلْتُمُوْهَا أَصَابَتْ كُلَّ عَبْدٍ لِلّٰهِ صَالِحٍ فِيْ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ — أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ" [انظر: ۸۳۵، ۱۲۰۲، ۶۲۳۰، ۶۲۶۵، ۶۳۲۸، ۷۳۱۸]

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب ہم نبی ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے تو کہتے تھے: (اللہ کو سلام! یہ جملہ آگے حدیث میں آرہا ہے) جبرئیل ومیکائیل کو سلام! فلاں اور فلاں کو سلام! (یعنی دوست احباب کو سلام کرتے تھے) پس رسول اللہ ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اللہ تو خود ہی سلام ہیں (السلام اللہ کی صفت ہے پس السلام علی اللہ: حمل الشیئ علی نفسه ہے) پس جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو چاہئے کہ کہے:" قولی عبادتیں اللہ کے لئے ہیں، اور فعلی عبادتیں، اور مالی عبادتیں، آپ پر سلام ہوا ے نبی! اور اللہ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں، ہم پر سلام ہو اور اللہ کے نیک بندوں پر —— پس جب تم یہ جملہ کہو گے تو آسمان وزمین میں جو بھی نیک بندے ہیں ان کو سلام پہنچ جائے گا —— میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آنحضور ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

تشریح:

۱- تشہد: حضرات عمر، ابن مسعود، ابن عباس، ابن عمر، عائشہ رضی اللہ عنہم اور دیگر متعدد صحابہ سے بیس سے زائد طرح سے مروی ہے اور ان کی روایتوں میں ایک دو لفظوں میں معمولی فرق ہے اور تمام محدثین کا اس پر اتفاق ہے کہ سند کے لحاظ سے

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے تشہد کو بقیہ روایات پر ترجیح حاصل ہے اس لئے احناف نے اس تشہد کو اختیار کیا ہے اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباسؓ سے مروی تشہد کو لیا ہے، اور حضرت امام مالک رحمہ اللہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے تشہد کو پسند کیا ہے، اور تمام علماء کے نزدیک احادیث میں وارد سبھی تشہد پڑھنا جائز ہے۔

کلماتِ تشہد کی وضاحت:

۱-تَحِیَّات: تَحِیَّة کی جمع ہے اس کے معنی بندوں کے تعلق سے سلام کے ہیں اور اللہ کے تعلق سے نماز کے ذریعہ نیاز مندی کے اظہار کے ہیں، تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضوء میں یہی معنی مراد ہیں، اور یہاں تمام قولی عبادتیں مراد ہیں۔

۲- الصَّلَوات: نمازیں اللہ کے لئے ہیں اور مراد تمام فعلی عبادتیں ہیں۔

۳-الطیِّبات: پاکیزہ چیزیں یعنی تمام مالی عبادتیں اللہ کے لئے ہیں۔

۴-حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کے وصال کے بعد **السلام علیك** کی جگہ **السلام علی النبی** کہنے لگے تھے (بخاری حدیث ۶۲۶۵) مگر جمہور امت نے اس تبدیلی کو قبول نہیں کیا، کیونکہ یہ جملے شب معراج کی یادگار ہیں، اور یہ جملے پڑھے جاتے ہیں کہے نہیں جاتے، جیسے: قُلْ: **هو الله أحد** میں قُلْ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے کہا نہیں جاتا، ورنہ قل کی ضرورت نہیں تھی۔

۵-**السلام علینا**: اس جملہ میں گذشتہ امتوں کے صالحین بھی آ گئے، پچھلی امتیں بھی نبی ﷺ کی امت ہیں، تمام انبیاء کو نبوت کا فیض آنحضور ﷺ کے واسطہ سے پہنچا ہے۔ پس آپؐ کی امت آپؐ کے روحانی بیٹے ہیں اور گذشتہ امتیں پوتے ہیں، اس لئے گذشتہ امتیں بھی اس جملہ میں مراد ہیں، اسی طرح فرشتے بھی اس جملہ میں شامل ہیں۔

۶-أَشهد: ایمان کی تجدید کے طور پر بندہ ہر نماز میں یہ گواہی دیتا ہے۔

فائدہ: فقہ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ تشہد شب معراج کا مکالمہ ہے، رسول اللہ ﷺ جب بارگاہ خداوندی میں پہنچے تو آپؐ نے اس طرح نذرانۂ عبودیت پیش کیا: **التحیات للّٰه والصلوات والطیبات**: اللہ کی طرف سے جواب آیا: **السلام علیك أیها النبی ورحمة الله وبرکاته**: آپ ﷺ نے سوچا: مجھ پر تو سلام آ گیا مگر میری امت رہ گئی! اس لئے عرض کیا: **السلام علینا وعلی عباد الله الصالحین**: مجھ پر بھی سلام ہو اور اللہ کے تمام نیک بندوں پر بھی، بعد میں اس مکالمہ کو شہادتین کا اضافہ کر کے تشہد میں لے لیا گیا۔

بابُ الدُّعَاءِ قَبْلَ السَّلَامِ

سلام سے پہلے دعا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ قعدۂ اخیرہ میں سلام سے پہلے دعا مشروع کی گئی ہے۔ احادیث شریفہ میں جو نماز میں مطلق

دعاؤں کا ذکر آتا ہے ان کا محل قعدۂ اخیرہ ہے، کیونکہ قیام قراءت کے لئے مخصوص ہے، رکوع اور سجدے اذکار کے لئے ہیں اور قومہ جلسہ میں لمبی دعا کی گنجائش نہیں، اس لئے دعا کا محل قعدۂ اخیرہ ہے۔

اور دعا کے آداب میں سے یہ ہے کہ پہلے اللہ کی حمد وثنا کی جائے، پھر حضور اقدس ﷺ پر درود بھیجا جائے پھر اپنے لئے دعا مانگی جائے، کیونکہ جس دعا سے پہلے درود نہیں ہوتا وہ دعا آسمان وزمین کے درمیان معلق رہتی ہے جب تک دعا میں درود شامل نہیں ہوتا، دعا اوپر نہیں چڑھتی، اس لئے قعدہ میں سب سے پہلے التحیات ہے یہ حمد وثناء ہے پھر درود ہے (۱)، پھر دعا ہے اور جب قعدۂ اخیرہ میں ساری دعائیں مانگ لیں تو اب سلام کے بعد دعا کی ضرورت نہیں رہی، چنانچہ نبی اکرم ﷺ اور حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے نمازوں کے بعد ہیئت اجتماعی کے ساتھ بالالتزام دعا کرنا ثابت نہیں۔

سلام کے بعد دعا:

مگر دورِ اول کے تمام مسلمان نماز کے اندر دعا مانگنے پر قادر تھے، عربی ان کی مادری زبان تھی اور وہ صحیح عربی بولتے تھے، اور آج بھی بہت سے عرب علماء اس پر قادر ہیں، مگر جب اسلام عجمیوں تک پہنچا اور عرب بھی دارجہ زبان بولنے لگے تو اب عام مسلمان دعائے ماثورہ پر اکتفا کرنے پر مجبور ہوگئے اور عجمیوں کے لئے تو ماثورہ دعائیں محض اذکار بن گئیں، دعا کی شان ان میں باقی نہیں رہی، لوگوں نے ایک ماثورہ دعا یاد کرلی ہیں، جس کو بغیر سمجھے پڑھتے ہیں اس لئے علماء نے اس مشکل کا حل یہ تجویز کیا کہ نمازوں کے بعد دعائیں مانگی جائیں، ہر شخص اپنی زبان میں خوب عاجزی سے دعا مانگے اور اس نئے طریقہ کو بدعت نہیں کہیں گے کیونکہ اس کی اصل موجود ہے۔ نبی ﷺ نے فرضوں کے بعد گاہ بہ گاہ اجتماعی دعا مانگی ہے اور آپؐ نے فرضوں کے بعد دعا کی ترغیب بھی دی ہے۔

مگر بعد میں اس سلسلہ میں چند خرابیاں پیدا ہوگئیں، مثلاً: لوگوں نے ایک اور دعا کا اضافہ کردیا جس کو دعائے ثانیہ کہتے ہیں، اسی طرح دعا کو لازم سمجھ لیا گیا کہ گویا اس کے بغیر نماز ادھوری ہے، حالانکہ مستحب کو لازم کرلینے سے وہ مکروہ ہوجاتا ہے۔

ان کے علاوہ اور بھی خرابیاں پیدا ہوگئی ہیں، ان کی اصلاح کرلی جائے مگر نمازوں کے بعد دعا کرنا مستحب ہے، تفصیل تحفۃ القاری کی دوسری جلد میں گذرچکی ہے (دیکھئے: کتاب الحیض باب ۲۳، **باب شهود الحائض العيدين إلخ**)

مسئلہ: نماز میں اللہ تعالیٰ سے ایسی چیز مانگنا جو کسی انسان سے مانگی جاسکتی ہے جائز نہیں، مثلاً یہ دعا کرنا کہ اے اللہ!

---

(۱) حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک قعدۂ اخیرہ میں درود پڑھنا فرض ہے خواہ چھوٹا درود ہو یا بڑا، اس کے بغیر نماز نہیں ہوتی مگر اسلاف میں اس کا کوئی قائل نہیں، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک جلسہ میں دعا کرنا فرض ہے اور چھوٹی سے چھوٹی دعا **اللّٰهم اغفر لی** ہے اس کے بغیر نماز نہیں ہوتی، اور یہ بات گذرچکی ہے کہ اگر دوسرے امام کے قول پر عمل کرنے سے اپنے مذہب کا مکروہ لازم نہ آئے تو اختلاف کی رعایت مستحب ہے، لہٰذا جلسہ میں کم ازکم **اللّٰهم اغفر لی** ضرور کہنا چاہئے، اور قعدۂ اخیرہ میں نبی ﷺ پر درود ضرور بھیجنا چاہئے، اگرچہ چھوٹا درود ہو۔

میرا فلاں عورت سے نکاح کرادے یہ جائز نہیں، اس سے نماز فاسد ہوجائے گی، یہ مطالبہ تو اعزہ واقارب اور دوست واحباب سے بھی کرسکتے ہیں، اور اگر صرف یہ دعا کرے کہ الٰہی! میرا نکاح کرادے، کسی عورت کی تعیین نہ کرے تو نماز باطل نہ ہوگی۔

فائدہ: احناف کے نزدیک نماز میں قرآن واحادیث میں جو دعائیں آئی ہیں اسی قبیل کی دعائیں مانگ سکتے ہیں اپنی طرف سے بنائی ہوئی دعائیں نماز میں نہیں مانگنی چاہئے، ہاں نماز سے باہر وہ دعائیں مانگ سکتے ہیں، اور شوافع اور حنابلہ کے نزدیک نماز میں ادعیہ ماثورہ بھی مانگ سکتے ہیں اور غیر ماثورہ بھی، ان کے یہاں کوئی تنگی نہیں۔

[۱۴۹-] بابُ الدُّعَاءِ قَبْلَ السَّلَامِ

[۸۳۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَدْعُوْ فِيْ الصَّلَاةِ: "اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ، اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ" فَقَالَ لَهُ قَائِلٌ: مَا أَكْثَرَ مَا تَسْتَعِيْذُ مِنَ الْمَغْرَمِ! فَقَالَ: "إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا غَرِمَ حَدَّثَ فَكَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ.

[انظر: ۸۳۳، ۲۳۹۷، ۶۳۶۸، ۶۳۷۵، ۶۳۷۶، ۶۳۷۷، ۷۱۲۹]

وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ: سَمِعْتُ خَلْفَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ: فِي الْمَسِيْحِ، وَالْمِسِّيْحِ: لَيْسَ بَيْنَهُمَا فَرْقٌ، وَهُمَا وَاحِدٌ، أَحَدُهُمَا عِيْسٰى عليه السلام والآخَرُ الدَّجَّالُ.

[۸۳۳-] وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْتَعِيْذُ فِيْ صَلاَتِهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ. [راجع: ۸۳۲]

[۸۳۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّهُ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: عَلِّمْنِيْ دُعَاءً أَدْعُوْ بِهِ فِيْ صَلَاتِيْ، قَالَ: "قُلْ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا، وَلاَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، فَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ" [انظر: ۶۳۲۶، ۷۳۸۸]

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ (نفل) نماز میں دعا مانگا کرتے تھے: "اے اللہ! بے شک میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں قبر کے عذاب سے، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں مسیح دجال کے فتنہ سے، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں زندگی کی آزمائش سے اور موت کی آزمائش سے، اے اللہ! بے شک میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں گناہ سے اور قرض سے"، پس کسی نے آپؐ سے عرض کیا: کس قدر آپؐ قرض سے پناہ مانگتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: بیشک آدمی جب مقروض

ہوجاتا ہے تو بات کرتا ہے پس جھوٹ بولتا ہے اور وعدہ کرتا ہے پس خلاف ورزی کرتا ہے۔

محمد بن یوسف فربری کہتے ہیں: میں نے خلف بن عامر سے سنا کہ مَسِیْح اور مِسِّیْح میں کچھ فرق نہیں، دونوں ایک ہیں، ان میں سے ایک حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں اور دوسرا دجال ہے۔

لغات: المحیا اور الممات: دونوں مصدر میمی ہیں، المحیا اور الحیاۃ: مترادف ہیں، اسی طرح الممات اور الموت: مترادف ہیں .... المأثَم اور الإثم بھی مترادف ہیں .... المَغْرَم: قرض، دین، قرض سے مفر نہیں، ہر شخص کچھ نہ کچھ قرض دار ہوتا ہے بلکہ جو جتنا بڑا مالدار ہوتا ہے اتنا ہی زیادہ مقروض ہوتا ہے، پھر آنحضور ﷺ کثرت سے قرض سے پناہ کیوں مانگتے تھے؟ کسی صحابی کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوا، اس کے جواب میں آنحضور ﷺ نے فرمایا: قرض گناہوں کا سبب بنتا ہے اس کی وجہ سے آدمی جھوٹ بولتا ہے، وعدہ خلافی کرتا ہے وغیرہ، اس لئے اس سے پناہ مانگنی چاہئے۔

قوله: وقال محمد بن یوسف: یہ عبارت و الآخر الدجال تک صرف ابوذر کے نسخہ میں ہے، بخاری کے عام نسخوں میں یہ عبارت نہیں ہے، اور ابوعبداللہ محمد بن یوسف بن مطر الفربری رحمہ اللہ بخاری شریف کے روات میں سے ہیں، کہتے ہیں: امام بخاری رحمہ اللہ سے نوے ہزار طلباء نے بخاری شریف پڑھی ہے، لیکن سب کی سندیں منقطع ہوگئیں صرف فربری رحمہ اللہ کی سند باقی ہے، انھوں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے وفات والے سال عنفوانِ شباب میں بخاری شریف پڑھی ہے اور خلف بن عامر رحمہ اللہ ہمدانی اور حفاظ حدیث میں سے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنے شاگرد (فربری) کے توسط سے یہ روایت درج کی ہے، اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ فربری رحمہ اللہ نے یہ بات کتاب میں بڑھائی ہو —— خلف بن عامر کہتے ہیں: مَسِیْحِ (بالتخفیف) اور مِسِّیْح (بالتشدید) میں کچھ فرق نہیں، یعنی دونوں کے معنی ایک ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب مَسِیح (بالتخفیف) ہے اور دجال کا مِسِّیْح (بالتشدید)

مگر قرآن وحدیث میں مِسِّیْح (بالتشدید) نہیں آیا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور دجال دونوں کے لئے مَسِیْح (بالتخفیف) آیا ہے، اور مَسِیْحٌ: فَعِیْلٌ کا وزن ہے، مَسَحَ الشیئَ کے معنی ہیں: ہاتھ پھیرنا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی مَسِیْح ہیں اور دجال بھی، مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مَسِیْح بمعنی مَاسِح (ہاتھ پھیرنے والے) ہیں آپ کے ہاتھ پھیرنے سے بیمار اچھا ہوجاتا تھا، اس لئے آپ کا یہ لقب پڑا، اور دجال مَسِیح بمعنی مَمْسُوْح (ہاتھ پھیرا ہوا) ہے اس کی ایک آنکھ چوپٹ (اندھی) ہوگی اس لئے اس کا لقب بھی مسیح ہوا، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسیح ہدایت ہیں اور دجال مسیح ضلالت۔

اور تورات میں دونوں مسیحوں کی خبر دی گئی تھی مگر جب مسیح ہدایت یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائے تو یہود نے ان کو مسیح ضلالت سمجھا اور ان کے قتل کے درپے ہوئے، اللہ تعالیٰ نے ان کو آسمان پر اٹھالیا، مگر یہود کا خیال اب بھی یہ ہے کہ انھوں نے مسیح ضلالت کو کیفر کردار تک پہنچادیا، اور وہ مسیح ہدایت کا انتظار کررہے ہیں، چنانچہ آخر زمانہ میں جب مسیح ضلالت ظاہر ہوگا تو یہود بڑھ کر اس کی پیروی کریں گے اور اسی اشتباہ کو ختم کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ مسیح ہدایت کو آسمان سے اتاریں

گے جو مسیح ضلالت کو قتل کریں گے۔

اور **دَجَّال**: اسم مبالغہ ہے اس کے معنی ہیں: انتہائی فریب کار، یہ مسیح ضلالت کا لقب ہے جس کا آخر زمانہ میں ظہور ہوگا اور وہ خدائی کا دعوی کرے گا۔ **دَجَلَ (ن) دَجْلاً**: فریب دینا، **دَجَلَ الْحَقَّ**: حق پر باطل کا پردہ ڈالنا، حق پوشی کرنا۔

حدیث (۲): مختصر ہے اس میں صرف مسیح دجال سے پناہ مانگنے کا ذکر ہے، اور یہ حدیث بھی سابقہ سند سے مروی ہے، پس یہ حدیث بھی موصول ہے۔

حدیث (۳): حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا: نماز میں مانگنے کے لئے آپؐ مجھے کوئی دعا سکھلائیں، آپؐ نے حدیث میں مذکور دعا سکھلائی: ''اے اللہ! بیشک میں نے اپنی ذات پر ظلم کیا، بے حد ظلم کرنا، اور گناہوں کو نہیں بخشتے مگر آپ، پس آپ میری بخشش فرمائیں، خاص مغفرت اپنے پاس سے اور مجھ پر مہربانی فرمائیں، بیشک آپ بڑے بخشنے والے بے حد مہربانی فرمانے والے ہیں۔

بابُ مَا يَتَخَيَّرُ مِنَ الدُّعَاءِ بَعْدَ التَّشَهُّدِ، وَلَيْسَ بِوَاجِبٍ

تشہد کے بعد منتخب دعا مانگے، مگر دعا واجب نہیں

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: تشہد اور درود کے بعد بہتر سے بہتر دعا منتخب کر کے مانگنی چاہئے، **یَتَخَیَّر** کے معنی ہیں: اختیار کرے، پسند کرے، اچھی سے اچھی دعا منتخب کر کے نماز میں مانگے، اس لئے حنفیہ کہتے ہیں کہ نماز میں ادعیہ ماثورہ مانگنی چاہئیں، یا ادعیہ ماثورہ کے مشابہ دعا مانگنی چاہئے، سب سے اچھی دعائیں یہی ہیں۔

دوسرا مسئلہ: تشہد اور درود شریف کے بعد دعا کرنا فرض یا واجب نہیں، سنت یا مستحب ہے، پس اگر کوئی دعا مانگے بغیر سلام پھیر دے تو کچھ حرج نہیں۔

[۱۵۰-] بابُ مَا يَتَخَيَّرُ مِنَ الدُّعَاءِ بَعْدَ التَّشَهُّدِ، وَلَيْسَ بِوَاجِبٍ

[۸۳۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ شَقِيْقٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا إِذَا كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الصَّلاَةِ، قُلْنَا: السَّلاَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ عِبَادِهِ، السَّلاَمُ عَلٰى فُلاَنٍ وَفُلاَنٍ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' لاَتَقُوْلُوْا: السَّلاَمُ عَلَى اللّٰهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلاَمُ، وَلٰكِنْ قُوْلُوْا: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلاَمُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلاَمُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ – فَإِنَّكُمْ إِذَا قُلْتُمْ ذٰلِكَ أَصَابَ كُلَّ عَبْدٍ فِيْ السَّمَاءِ أَوْ: بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ – أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، ثُمَّ لِيَتَخَيَّرْ مِنَ الدُّعَاءِ أَعْجَبَهُ إِلَيْهِ فَيَدْعُوْ''[راجع: ۸۳۱]

حدیث کے آخری حصہ کا ترجمہ: پھر چاہئے کہ منتخب کرے دعاؤں میں سے وہ دعا جو اسے سب سے زیادہ پسند ہو، پس وہ دعا مانگے، یہی ٹکڑا باب سے متعلق ہے اور السلام علینا میں بھی ضمناً دعاء ہے پس وہ بھی باب سے متعلق ہوسکتا ہے اور اسی حدیث کی وجہ سے احناف کہتے ہیں: نماز میں یا تو ادعیہ ماثورہ مانگے اس لئے کہ اس سے بہتر کوئی دعا نہیں ہوسکتی یا ادعیہ ماثورہ کے مشابہ الفاظ سے دعا مانگے، مگر شوافع اور حنابلہ کے نزدیک کوئی تنگی نہیں، نماز میں ہر دعا مانگ سکتے ہیں۔

ملحوظہ: حدیث شریف کی مزید شرح گذشتہ سے پیوستہ باب میں آچکی ہے۔

بابُ مَنْ لَمْ يَمْسَحْ جَبْهَتَهُ وَأَنْفَهُ حَتَّى صَلَّى

نماز سے فارغ ہونے سے پہلے پیشانی اور ناک نہ پونچھنا

کوئی شخص زمین پر کچھ بچھائے بغیر نماز پڑھ رہا ہے جب اس نے سجدہ کیا تو اس کی پیشانی اور ناک پر گرد لگ گئی، پس سجدے سے سر اٹھاتے ہی گرد صاف نہیں کرنی چاہئے، یہ گرد تواضع کا نشان ہے، اور سجدہ سے سر اٹھاتے ہی فوراً صاف کرنے میں تکبر کی بُو ہے، اس لئے سلام پھیرنے کے بعد صاف کرے، نماز کے دوران صاف کرنا ٹھیک نہیں، البتہ پیشانی یا ناک پر کوئی ایسی چیز لگ جائے جو مانع سجود ہو تو پھر اس کو پونچھنا اور صاف کرنا ضروری ہے۔

دلیل: نبی ﷺ نے ایک رمضان میں فجر کی نماز میں کیچ میں سجدہ کیا، صحابہ نے نماز کے بعد پیشانی اور ناک پر کیچ کا اثر دیکھا یعنی آپؐ نے نماز کے دوران وہ کیچ صاف نہیں کی، پس باب ثابت ہوگیا۔

[۱۵۱-] بابُ مَنْ لَمْ يَمْسَحْ جَبْهَتَهُ وَأَنْفَهُ حَتَّى صَلَّى

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: رَأَيْتُ الْحُمَيْدِيَّ يَحْتَجُّ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ أَنْ لاَ يَمْسَحَ الْجَبْهَةَ فِيْ الصَّلاَةِ.

[۸۳۶-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ فَقَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْجُدُ فِيْ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ، حَتَّى رَأَيْتُ أَثَرَ الطِّيْنِ فِيْ جَبْهَتِهِ. [راجع: ٦٦٩]

ترجمہ: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حمیدی رحمہ اللہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی باب کی حدیث سے استدلال کیا ہے کہ نماز میں پیشانی سے گرد نہیں پونچھنی چاہئے۔ حضرت ابوسعیدؓ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ پانی اور مٹی (کیچ) میں سجدہ کررہے ہیں، یہاں تک کہ (سلام کے بعد) مٹی کا اثر آپؐ کی پیشانی میں دیکھا (اور گرد وغبار کا بھی وہی حکم ہے جو کیچ کا ہے)

بابُ التَّسْلِيْمِ

سلام پھیرنا

نماز کا آخری جزء سلام ہے، اس باب کا بس اتنا ہی مقصد ہے، نماز کے آخر میں ایک سلام ہے یا دو یا تین؟ اور سلام پھیرنا فرض ہے یا واجب؟ ان مسائل سے امام بخاری رحمہ اللہ نے تعرض نہیں کیا، یہ مسائل ترمذی میں ہیں، دیکھیں۔

(تحفۃ الالمعی ۱:۱۹۶اور۲:۹۰)

[۱۵۲-] بابُ التَّسْلِيْمِ

[۸۳۷-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا سَلَّمَ قَامَ النِّسَاءُ حِيْنَ يَقْضِيْ تَسْلِيْمَهُ، وَمَكَثَ يَسِيْرًا قَبْلَ أَنْ يَقُوْمَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأُرَى - وَاللّٰهُ أَعْلَمُ - أَنَّ مُكْثَهُ لِكَيْ يَنْفُذَ النِّسَاءُ، قَبْلَ أَنْ يُدْرِكَهُنَّ مَنِ انْصَرَفَ مِنَ الْقَوْمِ.[انظر: ۸۴۹، ۸۵۰]

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ سلام پھیرتے تھے تو عورتیں کھڑی ہوجاتی تھیں، جب آپؐ کا سلام پورا ہوجاتا تھا (اور مسجد سے نکل جاتی تھیں) اور آپؐ کھڑے ہونے سے پہلے تھوڑی دیر ٹھہرے رہتے تھے۔ امام زہریؒ کہتے ہیں: میں گمان کرتا ہوں —— اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں —— کہ آپؐ کا ٹھہرنا اس لئے ہوتا تھا کہ عورتیں نکل جائیں، اس سے پہلے کہ ان کو پائیں جو لوگ نماز سے پھریں (یعنی مسجد سے نکلنے میں عورتوں اور مردوں کا اختلاط نہ ہو)

تشریح: إذا سلَّم سے باب ثابت ہوا کہ نماز کے آخر میں سلام ہے۔

بابٌ: يُسَلِّمُ حِيْنَ يُسَلِّمُ الإِمَامُ

جب امام سلام پھیرے تب مقتدی سلام پھیرے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ سلام میں مقارنت ہونی چاہئے یا معاقبت؟ یعنی مقتدی امام کے ساتھ سلام پھیرے یا بعد میں؟ امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے میں معیت اور مقارنت اولیٰ ہے اور یہی حنفیہ کی بھی رائے ہے، احناف امام کے ساتھ سلام پھیرتے ہیں اور حنابلہ کے نزدیک معاقبت اولیٰ ہے۔ حرم کے ائمہ پہلے دونوں سلام پھیرتے ہیں پھر مکبّر سلام پھیرتا ہے اور لوگ اس کے ساتھ سلام پھیرتے ہیں۔

اور باب کا یہ مقصد بھی ہوسکتا ہے کہ جب امام سلام پھیر دے تو مقتدی بھی سلام پھیر دیں، امام کے سلام پھیرنے کے

بعد دعا وغیرہ میں مشغول نہ رہیں، البتہ قعدۂ اولیٰ سے جب امام کھڑا ہو تو مقتدی تشہد پورا کر کے اٹھے، کیونکہ تشہد واجب ہے، مگر قعدۂ اخیرہ میں درود اور دعا وغیرہ واجب نہیں، اس لئے مقتدیوں کو امام کے ساتھ ہی سلام پھیر دینا چاہئے، یہ بھی باب کا مقصد ہو سکتا ہے۔

[۱۵۳-] بابٌ: يُسَلِّمُ حِيْنَ يُسَلِّمُ الإِمَامُ

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَسْتَحِبُّ إِذَا سَلَّمَ الإِمَامُ أَنْ يُسَلِّمَ مَنْ خَلْفَهُ.

[۸۳۸-] حدثنا حَبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُوْدٍ هُوَ ابْنُ الرَّبِيْعِ، عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَسَلَّمْنَا حِيْنَ سَلَّمَ.

[راجع: ٤٢٤]

اثر: ابن عمر رضی اللہ عنہما اس بات کو پسند کیا کرتے تھے کہ جب امام سلام پھیر دے تو مقتدی بھی سلام پھیر دیں (حضرت ابن عمرؓ کے اس اثر سے بھی دونوں باتیں نکلتی ہیں، مقارنت کی بات بھی نکلتی ہے اور یہ بات بھی نکلتی ہے کہ امام کے سلام پھیرتے ہی مقتدی سلام پھیر دیں، دعا وغیرہ میں مشغول نہ رہیں)

حدیث: یہ طویل حدیث کا ایک حصہ ہے، ایک مرتبہ نبی ﷺ حضرت عتبان رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے، اور ان کے گھیر میں باجماعت نفل نماز ادا فرمائی، فرماتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی، پس ہم نے سلام پھیرا جب آپؐ نے سلام پھیرا (معلوم ہوا کہ مقتدی امام کے ساتھ سلام پھیر دیں گے)

بابُ مَنْ لَمْ يَرُدَّ السَّلَامَ عَلَى الإِمَامِ، وَاكْتَفَى بِتَسْلِيْمِ الصَّلٰوةِ

جس نے امام کے سلام کا جواب نہ دیا اور نماز کے سلام پر اکتفا کیا

اس باب میں امام مالک رحمہ اللہ پر رد ہے، وہ فرماتے ہیں: جو امام کے بالکل پیچھے ہے وہ تین سلام پھیرے، ایک دائیں جانب کے لوگوں کو سلام کرے، ایک امام کو اور ایک بائیں جانب کے لوگوں کو، اور جو امام کے دائیں بائیں ہیں وہ دو سلام پھیریں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ امام کے سلام کا جواب دینا چاہئے یعنی اس کو علاحدہ سلام کرنا چاہئے یہ بات صحیح نہیں، نماز میں دو ہی سلام ہیں اور وہ کافی ہیں۔

[۱۵٤-] بابُ مَنْ لَمْ يَرُدَّ السَّلَامَ عَلَى الإِمَامِ، وَاكْتَفَى بِتَسْلِيْمِ الصَّلٰوةِ

[۸۳۹-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ

ابْنُ الرَّبِيْعِ، وَزَعَمَ أَنَّهُ عَقَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعَقَلَ مَجَّةً مَجَّهَا مِنْ دَلْوٍ كَانَتْ فِيْ دَارِهِمْ. [راجع: ٧٧]

[٨٤٠-] قَالَ: سَمِعْتُ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيَّ، ثُمَّ أَحَدَ بَنِيْ سَالِمٍ، قَالَ: "كُنْتُ أُصَلِّيْ لِقَوْمِيْ بَنِيْ سَالِمٍ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: إِنِّيْ أَنْكَرْتُ بَصَرِيْ، وَإِنَّ السُّيُوْلَ تَحُوْلُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَسْجِدِ قَوْمِيْ، فَلَوَدِدْتُ أَنَّكَ جِئْتَ، فَصَلَّيْتَ فِيْ بَيْتِيْ مَكَانًا أَتَّخِذُهُ مَسْجِدًا، فَقَالَ: "أَفْعَلُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" فَغَدَا عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَبُوْ بَكْرٍ مَعَهُ، بَعْدَ مَا اشْتَدَّ النَّهَارُ، فَاسْتَأْذَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَذِنْتُ لَهُ، فَلَمْ يَجْلِسْ حَتّٰى قَالَ: "أَيْنَ تُحِبُّ أَنْ أُصَلِّيَ مِنْ بَيْتِكَ؟" فَأَشَارَ إِلَيْهِ مِنَ الْمَكَانِ الَّذِيْ أَحَبَّ أَنْ يُصَلِّيَ فِيْهِ، فَقَامَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، ثُمَّ سَلَّمَ وَسَلَّمْنَا حِيْنَ سَلَّمَ. [راجع: ٤٢٤]

وضاحت: پہلی حدیث دوسری حدیث کی تمہید ہے، کبھی نبی ﷺ محمودؓ کے گھر تشریف لے گئے، اس وقت ان کی عمر پانچ سال کی تھی، آپؐ نے وضو کے لئے پانی طلب کیا، گھر کے کنویں سے ڈول بھر کر پانی لایا گیا آپؐ نے وضو فرمایا پھر چلو بھر کر پانی منہ میں لیا اور کلی محمودؓ کے منہ پر ڈالی، محمودؓ کہتے ہیں: مجھے نبی ﷺ یاد ہیں مجھے وہ کلی بھی یاد ہے جو آپؐ نے گھر کے کنویں کے ڈول سے بھری تھی۔ وہ حضرت عتبان رضی اللہ عنہ کا واقعہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت عتبانؓ بدری انصاری صحابی ہیں، پھر انصار کے قبیلہ بنی سالم کے ہیں، وہ اپنے قبیلہ کے امام تھے، ان کی نگاہ کمزور ہوگئی تھی، اور ان کے گھر اور مسجد کے درمیان برساتی نالا تھا اس لئے حضرت عتبان کو برسات میں مسجد جانے میں دشواری پیش آتی تھی، چنانچہ انھوں نے اپنے گھر میں مسجد بنانے کا ارادہ کیا، اور نبی ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپؐ کسی وقت میرے گھر تشریف لائیں اور نماز پڑھیں تاکہ میں اس جگہ کو مسجد بناؤں، آپؐ نے وعدہ فرمایا: پھر ایک صبح حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت عتبانؓ کے گھر تشریف لے گئے اور پہنچتے ہی پوچھا: کہاں چاہتے ہو کہ میں تمہارے گھر میں نماز پڑھوں؟ انھوں نے گھر کے ایک کونہ کی طرف اشارہ کیا، آپؐ نے وہاں باجماعت دو نفل پڑھے۔

استدلال: اس حدیث میں تیسرے سلام کا ذکر نہیں، حضرت عتبانؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ نے سلام پھیرا تو ہم نے بھی سلام پھیرا، معلوم ہوا کہ امام کو علاحدہ سلام کرنے کی ضرورت نہیں۔

بَابُ الذِّكْرِ بَعْدَ الصَّلَاةِ

نماز کے بعد اللہ کا ذکر کرنا

نماز خواہ اجتماعی ہو یا انفرادی سلام پر پوری ہوجاتی ہے مگر شریعت نے سلام کے بعد بھی کچھ اذکار رکھے ہیں تاکہ سلام سے پہلے ہی توجہ نماز سے ہٹ نہ جائے، جیسے بعض نمازوں کے بعد سنن مؤکدہ رکھے ہیں تاکہ نمازی قعدہ ہی میں کاروبار

شروع نہ کردے، یہ سنتیں ان نمازوں کے بعد رکھی گئی ہیں جن کے بعد مشاغل ہیں، اسی طرح سلام کے بعد اذکار رکھے گئے ہیں، مگر یہ اذکار انفرادی ہیں، اجتماعی نہیں، پس ہیئتِ اجتماعی کے ساتھ جہراً ذکر کرنا درست نہیں۔

[۱۵۵-] بابُ الذِّكْرِ بَعْدَ الصَّلاَةِ

[۸۴۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عَمْرُو، أَنَّ أَبَا مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَفْعَ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ - حِيْنَ يَنْصَرِفُ النَّاسُ مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ - كَانَ عَلٰى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كُنْتُ أَعْلَمُ إِذَا انْصَرَفُوْا بِذٰلِكَ إِذَا سَمِعْتُهُ.[انظر: ۸۴۲]

[۸۴۲-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ أَبُوْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتُ أَعْرِفُ انْقِضَاءَ صَلاَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالتَّكْبِيْرِ، قَالَ عَلِيٌّ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ كَانَ أَبُوْ مَعْبَدٍ أَصْدَقَ مَوَالِىْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ عَلِيٌّ: واسْمُهُ نَافِذٌ. [راجع: ۸۴۱]

حدیث (۱): حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: بلند آواز سے ذکر کرنا —— جب لوگ فرض نماز سے پھرتے تھے، یعنی سلام پھیرتے تھے —— رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں تھا، اور ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں جانا کرتا تھا، جب لوگ پھرتے تھے یعنی نماز سے فارغ ہوتے تھے اس ذکر کے ذریعہ جب میں اس کو سنتا تھا (ابن عباس جب بچے تھے اور نماز میں شریک نہیں ہوتے تھے تو ذکر کی آواز سن کر سمجھ جاتے تھے کہ نماز پوری ہوگئی)

حدیث (۲): ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کا ختم ہونا تکبیر کے ذریعہ پہچانا کرتا تھا یعنی نبی ﷺ سلام کے بعد زور سے تکبیر کہتے تھے۔

راوی کا تعارف: عمرو بن دینار کے استاذ ابو مَعبد حضرت ابن عباسؓ کے مولیٰ (آزاد کردہ) ہیں، ان کا نام نافذ ہے، وہ حضرت ابن عباسؓ کے غلاموں میں سب سے سچے اور اچھے ہیں، یہ بات علی بن المدینی نے بواسطہ سفیان بن عیینہؒ حضرت عمرو بن دینار سے روایت کی ہے۔

تشریح: ابن بطال رحمہ اللہ جو بخاری شریف کے شارح ہیں فرماتے ہیں: تمام مذاہب خواہ ان کی پیروی کی جاتی ہو جیسے مذاہبِ اربعہ یا ان کی پیروی نہ کی جاتی ہو جیسے دیگر مجتہدین، سب اس پر متفق ہیں کہ نماز کے بعد تکبیر یا کوئی دوسرا ذکر جہراً کرنا مستحب نہیں، صرف ابن حزم اس کو مستحب کہتے ہیں، ابن بطالؒ کا یہ قول حاشیہ میں ہے اور قیمتی ہے، بدعتیوں نے ابن حزم کے قول کو لیا ہے، مگر غیر مقلدین ابن حزم کا قول نہیں لیتے، حالانکہ وہ ان کے امام ہیں، اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نمازوں کے بعد ہمیشہ جہراً ذکر نہیں کرتے تھے بلکہ آپؐ نے گاہ بہ گاہ جہراً ذکر کیا ہے اور تعلیم کی غرض

سے کیا ہے تا کہ لوگ جان لیں کہ نماز کے بعد کیا اذکار کرنے چاہئیں، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا قول بھی حاشیہ میں ہے اور قیمتی بات ہے، یہی بات احناف آمین بالجہر میں کہتے ہیں کہ آپؐ نے ہمیشہ جہراً آمین نہیں کہی، گاہ بہ گاہ تعلیم کی غرض سے کہی ہے، پس وہ سنت نہیں۔

[۸۴۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ الْفُقَرَاءُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُوْرِ مِنَ الْأَمْوَالِ بِالدَّرَجَاتِ الْعُلَى وَالنَّعِيْمِ الْمُقِيْمِ، يُصَلُّوْنَ كَمَا نُصَلِّيْ، وَيَصُوْمُوْنَ كَمَا نَصُوْمُ، وَلَهُمْ فَضْلُ أَمْوَالٍ يَحُجُّوْنَ بِهَا، وَيَعْتَمِرُوْنَ، وَيُجَاهِدُوْنَ، وَيَتَصَدَّقُوْنَ، فَقَالَ: " أَلَا أُحَدِّثُكُمْ بِمَا إِنْ أَخَذْتُمْ بِهِ أَدْرَكْتُمْ مَنْ سَبَقَكُمْ، وَلَمْ يُدْرِكْكُمْ أَحَدٌ بَعْدَكُمْ، وَكُنْتُمْ خَيْرَ مَنْ أَنْتُمْ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ، إِلَّا مَنْ عَمِلَ مِثْلَهُ، تُسَبِّحُوْنَ، وَتَحْمَدُوْنَ وَتُكَبِّرُوْنَ خَلْفَ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ"

فَاخْتَلَفْنَا بَيْنَنَا، فَقَالَ بَعْضُنَا: نُسَبِّحُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَنَحْمَدُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَنُكَبِّرُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ. فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: " تَقُوْلُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، حَتّٰى يَكُوْنَ مِنْهُنَّ كُلِّهِنَّ ثَلَاثٌ وَثَلَاثُوْنَ "

[انظر: ۶۳۲۹]

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نادار صحابہ آنحضور ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا: مالدار لوگ بلند درجات اور دائمی نعمتیں لے اُڑے، وہ ہماری طرح نمازیں پڑھتے ہیں، ہماری طرح روزے رکھتے ہیں، اور ان کے پاس حاجت سے زیادہ مال ہے جس کے ذریعہ حج کرتے ہیں، عمرہ کرتے ہیں، جہاد کرتے ہیں، اور خیرات کرتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "کیا میں تم سے ایسی بات نہ بیان کروں کہ اگر تم اس پر عمل کرو تو ان لوگوں کو پالو جو تم سے آگے نکل گئے ہیں، اور جو پیچھے رہ گئے ہیں وہ تم کو نہیں پا سکتے اور تم اپنے زمانہ کے لوگوں میں سب سے اچھے ہو جاؤ، مگر جو اس کے مانند عمل کرے یعنی جو بھی تمہارے والا عمل کرے گا وہ تمہارے برابر ہو جائے گا، ہر نماز کے بعد ۳۳، ۳۳، مرتبہ سبحان اللہ، الحمد للہ اور اللہ اکبر پڑھا کرو۔

سمیؒ کہتے ہیں: پھر ہمارے درمیان اختلاف ہوا، بعض نے کہا: سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ، الحمد للہ ۳۳ مرتبہ اور اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ کہنا چاہئے۔ چنانچہ میں ابو صالح کے پاس گیا، انھوں نے فرمایا: سبحان اللہ، الحمد للہ اور اللہ اکبر کو ۳۳، ۳۳ مرتبہ کہو (پس کل ۹۹ ہو نگے)

تشریح:

۱- یہ تسبیح فقراء ہے اور اس نام کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ غریب و نادار مسلمان آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے

تھے اور انھوں نے عرض کیا تھا کہ یارسول اللہ! مالدار لوگ ہم سے آگے نکل گئے وہ ہماری طرح نماز پڑھتے ہیں، روزہ رکھتے ہیں مگر ان کے پاس حاجت سے زیادہ مال ہے اس لئے وہ حج کرتے ہیں، عمرہ کرتے ہیں، جہاد کرتے ہیں، خیرات کرتے ہیں، غلام آزاد کرتے ہیں، اور ہم یہ کام نہیں کر سکتے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں ایک ایسا عمل بتلاتا ہوں کہ اس کی بدولت تم اگلوں کو پالوگے اور پچھلے تمہیں نہیں پاسکیں گے مگر جو یہ عمل کرے گا وہ تمہارے برابر ہوجائے گا، پھر آپؐ نے نمازوں کے بعد ۳۳،۳۳،۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، الحمد للہ اور اللہ اکبر پڑھنے کے لئے فرمایا۔ غرباء خوش ہوگئے، انھوں نے نمازوں کے بعد یہ تسبیح پڑھنی شروع کردی اور مالداروں کو اس کی بھنک نہیں پڑنے دی، مگر کجا ماند سرّے کزو سازند محفلہا؟ مالدار صحابہ کو بھی کسی طرح خبر ہوگئی، انھوں نے بھی یہ تسبیحات پڑھنی شروع کردیں، غرباء دوبارہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! مالدار صحابہ کو خبر ہوگئی، وہ بھی نمازوں کے بعد یہ تسبیحات پڑھتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ﴿ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ﴾: یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہیں عنایت کریں، اس وجہ سے ان تسبیحات کا نام تسبیحاتِ فقراء ہے۔

۲- یہ تسبیحات عام طور پر تسبیح فاطمہ کے نام سے مشہور ہیں، مگر حقیقت میں یہ تسبیح فقراء ہے، اور تسبیح فاطمہ دوسری ہے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ کے پاس کہیں سے دو غلام آئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: گھر کے کام تمہیں خود کرنے پڑتے ہیں، ابا کے پاس غلام آئے ہیں ایک غلام مانگ لاؤ، وہ تمہارا ہاتھ بٹائے گا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا گئیں، اس وقت آنحضور ﷺ کے پاس کچھ لوگ بیٹھے تھے، وہ کچھ کہے بغیر واپس آگئیں، آنحضور ﷺ رات میں عشاء کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر گئے، اور آنے کی وجہ دریافت کی، حضرت فاطمہؓ خاموش رہیں۔ حضرت علیؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے ان کو بھیجا تھا تاکہ ایک غلام مانگ کر لائیں جو گھر کے کاموں میں ان کا ہاتھ بٹائے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: میرا ارادہ وہ غلام فلاں فلاں یتیم بچوں کو دینے کا ہے جن کے باپ بدر میں شہید ہوگئے ہیں، البتہ میں تمہیں ایک عمل بتلاتا ہوں، رات میں سونے سے پہلے دونوں ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر سویا کرو، اس عمل کی برکت سے تم گھر کے کاموں سے نہیں تھکوگی۔ یہ حدیث آگے بخاری میں آرہی ہے، آنحضور ﷺ نے اپنی صاحبزادی کو یہ جو عمل بتلایا ہے وہ تسبیح فاطمہ ہے اور نمازوں کے بعد جو تسبیح ناداروں کو بتائی ہے وہ تسبیح فقراء ہے اور لوگوں میں جو مشہور ہے وہ بے اصل ہے، جیسے لوگوں میں مشہور ہے کہ طلبہ مہمانانِ رسول ہیں، حالانکہ ترمذی کی حدیث (۲۴۷۴) میں ان کو أضیاف أھل الإسلام: مسلمانوں کا مہمان کہا گیا ہے یعنی تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ دین حاصل کرنے والوں کی کفالت کریں۔

۳- علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تمام وہ احادیث جن میں دُبر الصلوات میں دعا کرنے کا ذکر ہے ان سے قعدۂ اخیرہ مراد ہے اس لئے کہ دُبر: حیوان کا جزء ہوتا ہے پس سب جگہ قعدہ مراد لیا جائے گا اس طرح انھوں نے نمازوں کے بعد دعا کی نفی کی ہے مگر یہ خیال صحیح نہیں، اس لئے کہ دبر الحیوان میں اگرچہ دبر حیوان کا جزء ہوتا ہے مگر دُبر الشیئ میں

دبر شئ کا ظرف ہوتا ہے جزء نہیں ہوتا۔ مذکورہ حدیث اس کی دلیل ہے، نبی ﷺ نے **دبر الصلوات** میں **الباقیات الصالحات** پڑھنے کی تلقین فرمائی ہے [1]، ظاہر ہے الباقیات الصالحات نماز کے بعد ہی پڑھے جاتے ہیں، قعدۂ اخیرہ میں نہیں پڑھے جاتے۔ خود علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ بھی اس کے قائل نہیں، معلوم ہوا کہ دبر الصلوات سے قعدۂ اخیرہ مراد نہیں، بلکہ سلام کے بعد کا وقت مراد ہے، چنانچہ یہاں حدیث میں **خلف کل صلوۃ** ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں لفظ **بعد** رکھ کر اس خیال کی تردید کی ہے۔

۴- شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے کہ الباقیات الصالحات فرضوں کے بعد متصلاً پڑھنے چاہئیں مگر میری ناقص رائے یہ ہے کہ دبر الصلوات میں فرضوں کے متعلقات بھی شامل ہیں، پس سنن ونوافل سے فارغ ہو کر یہ باقیات پڑھنے چاہئیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ فرضوں کے بعد **اللّٰھُمَّ أنت السلام ومنك السلام تبارکت ذا الجلال والإکرام** پڑھنے کے بقدر بیٹھتے تھے (ترمذی حدیث ۲۹۳) اس سے زیادہ نہیں بیٹھتے تھے۔

۵- ابوصالح کے تلامذہ میں اس بات میں اختلاف ہوا کہ اللہ اکبر ۳۳ مرتبہ ہے یا ۳۴ مرتبہ؟ بعض کہتے تھے: تکبیر بھی ۳۳ مرتبہ ہے اور بعض کہتے تھے ۳۴ مرتبہ ہے، سمیّ ابوصالح کے پاس گئے اور اس سلسلہ میں دریافت کیا، ابوصالح نے جواب دیا: تسبیح وتحمید وتکبیر ۳۳، ۳۳، ۳۳ مرتبہ ہیں، مگر ابوصالح کی یہ بات صحیح نہیں، متعدد مرفوع احادیث میں ۳۴ مرتبہ تکبیر کا ذکر ہے (عمدۃ القاری ۶: ۱۳۰) اور ابوصالح تابعی ہیں، اور حدیث مرفوع کے مقابلہ میں صحابی کا قول نہیں لیا جاتا، تابعی کا قول کیسے لیا جائے گا؟ البتہ ابوصالح نے ایک مسئلہ کی طرف اشارہ کیا ہے وہ لینے کے قابل ہے اور وہ یہ ہے کہ تسبیح وتحمید وتکبیر کو الگ الگ کہنا ضروری نہیں، تینوں کو ملا کر ۳۳ مرتبہ پڑھ لیا جائے تو بھی کافی ہے، اور ایک مرتبہ تکبیر الگ سے کہہ لیں تو سو کی تعداد پوری ہو جائے گی۔ اور آگے بخاری میں اسی حدیث میں دس دس مرتبہ کا بھی ذکر ہے، پس یہ تسبیحات ۳۳، ۳۳ اور ۳۴ مرتبہ پڑھنی چاہئیں، اور وقت میں تنگی ہو تو دس دس مرتبہ پڑھ لے۔

۶- احادیث شریفہ میں اذکار کے جو اعداد مروی ہیں ان پر اکتفا کرنا ضروری ہے یا ان پر اضافہ کر سکتے ہیں؟ ایک رائے یہ ہے کہ ان اعداد پر اکتفا کرنا ضروری ہے، ان میں نہ کمی کر سکتے ہیں نہ زیادتی، عدد معہود پر ہی ثواب موعود ملے گا۔

اور دوسری رائے یہ ہے کہ کمی کی تو گنجائش نہیں، البتہ زیادتی کر سکتے ہیں اس صورت میں ثواب موعود ملے گا اور زائد کا الگ ثواب ملے گا اور دلیل مسلم شریف کی حدیث ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح وشام سو مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہ کہا تو قیامت کے دن کوئی اس سے افضل عمل نہیں لائے گا، مگر جس نے یہ عمل کیا یا اس سے زیادہ کیا، معلوم ہوا کہ زیادتی کرنے کی صورت میں ثواب موعود ملے گا اور یہی رائے راجح معلوم ہوتی ہے۔

اس کی نظیر: ماثورہ دعاؤں میں کمی کرنے کی گنجائش نہیں مگر زیادتی کرنے کی گنجائش ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما

---

(۱) اسی حدیث میں آگے (نمبر ۶۳۲۹) یہ الفاظ آرہے ہیں: **تُسَبِّحُون فی دُبُر کلِّ صلوۃ إلخ۔**

تلبیہ میں اضافہ کرتے تھے، اور بعض لوگ اللّٰھم أنت السلام میں چند کلمات بڑھاتے ہیں وہ کلمات نبی ﷺ سے مروی نہیں، مگر ان کا اضافہ جائز ہے، کیونکہ ماثورہ اذکار میں تبدیلی کرنے کی گنجائش نہیں، مگر اضافہ کرنے کی گنجائش ہے، اسی طرح اعداد میں اضافہ کرسکتے ہیں اور اس صورت میں موعود ثواب ملے گا، واللہ اعلم

مناسبت: الباقیات الصالحات ذکر ہیں جو نمازوں کے بعد کے لئے ہیں اور باب نماز کے بعد ذکر کے بارے میں ہے، پس مناسبت واضح ہے۔

[٨٤٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ وَرَّادٍ كَاتِبِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: أَمْلَى عَلَيَّ الْمُغِيْرَةُ فِيْ كِتَابٍ إِلَى مُعَاوِيَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلاَةٍ مَكْتُوْبَةٍ: "لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ، اللّٰهُمَّ لاَ مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلاَ مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلاَ يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ"

وَقَالَ شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بِهٰذَا، وَقَالَ الْحَسَنُ: جَدٌّ: غِنًى، وَعَنِ الْحَكَمِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمَرَةَ، عَنْ وَرَّادٍ بِهٰذَا. [انظر: ١٤٧٧، ٢٤٠٨، ٥٩٧٥، ٦٣٣٠، ٦٤٧٣، ٦٦١٥، ٧٢٩٢]

حدیث: ورّاد جو حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے سکریٹری تھے کہتے ہیں: مجھ سے حضرت مغیرہؓ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجنے کے لئے ایک خط لکھوایا کہ نبی ﷺ ہر فرض نماز کے بعد یہ ذکر کیا کرتے تھے:

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یگانہ ہیں ان کا کوئی شریک نہیں، ان کے لئے حکومت اور تعریف ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہیں۔ اے اللہ! کوئی روکنے والا نہیں اس چیز کو جو آپ عنایت فرمائیں اور کوئی دینے والا نہیں اس چیز کو جس کو آپ روک دیں، آپ کے علاوہ مالدار کے لئے مالداری نفع بخش نہیں۔

تشریح: اس حدیث پر بعد الصلوۃ کا ترجمہ رکھ کر امام بخاریؒ نے اشارہ کیا ہے کہ یہ ذکر نماز کے بعد کیا جائے، کیونکہ دبر الشیئ: شیئ کا ظرف ہوتا ہے جزء نہیں ہوتا۔

اور جَدّ کے دو معنی ہیں: مالداری اور کوشش۔ حدیث میں دونوں معنی ہوسکتے ہیں، اور ذا الجد کے معنی ہیں: مالدار اور کوشش کرنے والا، اور منك میں مِن عوض کا ہے، أی عوضاً منك، شاعر کہتا ہے:

فليتَ لنا من ماءِ زمزم شربة ❁ مُبَرَّدَةً باتت على الطَّهْيَانِ

(پس کاش میرے لئے ہوتا آب زمزم کے عوض ایک گھونٹ ÷ ٹھنڈا کیا ہوا جو رات بھر پانی ٹھنڈا کرنے کی لکڑی پر رہا ہو)

اس شعر میں مِن عوض کا ہے یعنی مالدار کے لئے یا کوشش کرنے والے کے لئے آپ کے علاوہ کوئی کوشش نفع بخش نہیں، دنیا میں ارب پتی، کھرب پتی ہیں، سب کچھ ان کے پاس ہے مگر وہ کچھ کھا نہیں سکتے، ڈاکٹر نے ہر چیز سے منع کردیا ہے،

صرف دنیا کا غم کھانے کے لئے کہا ہے، ان کی مالداری ان کے کیا کام آئی؟ بلکہ اللہ عزوجل جس کی دستگیری فرمائیں مالداری اسی کے لئے نفع بخش ہے۔

سند کا بیان: شعبہؒ: سفیان ثوریؒ کے متابع ہیں، وہ بھی عبدالملکؒ بن عمیر سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں اور شعبہؒ حکم سے، وہ قاسم سے اور وہ وراد سے بھی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، یہ سند معجم طبرانی اور ابن حبان وغیرہ میں ہے۔

جَدّ کے معنی: حضرت حسن رحمہ اللہ نے جَدّ کے معنی غنی (مالداری) کے کئے ہیں، پس ذکر میں یہی معنی مراد لئے جائیں، کوشش کے معنی نہ لئے جائیں۔

بابٌ: يَسْتَقْبِلُ الإِمَامُ النَّاسَ إِذَا سَلَّمَ

امام سلام پھیرنے کے بعد لوگوں کی طرف متوجہ ہو

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ سلام پھیرنے کے بعد امام کو اپنی وضع بدل دینی چاہئے، کیونکہ اس کی نیابت ختم ہوگئی، اور امام اپنی وضع بدل لے گا تو آنے والوں کو دھوکا بھی نہیں ہوگا، مگر اصحابِ ظواہر اس باب کا مقصد یہ سمجھتے ہیں کہ سلام پھیرنے کے بعد امام لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھے، چنانچہ ان کا امام سلام پھیرتے ہی لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھتا ہے، حرمین کے ائمہ کا بھی یہی طریقہ ہے گویا ان کے نزدیک یہ بیٹھنا فرض عین ہے، حالانکہ باب کا مقصد یہ ہے کہ سلام پھیرنے کے بعد امام کو اپنی وضع بدل لینی چاہئے، چاہے لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھے، چاہے اٹھ کر چلا جائے چاہے اپنی جگہ سے ہٹ کر سنتیں شروع کردے، مقصد وضع بدلنا ہے، تاکہ آنے والوں کو دھوکا نہ ہو، باب کا یہ مقصد حضرت الاستاذ قدس سرہ نے بیان فرمایا ہے (۱)

[۱۵۶-] بابٌ: يَسْتَقْبِلُ الإِمَامُ النَّاسَ إِذَا سَلَّمَ

[۸۴۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا صَلَّى صَلاَةً أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ.

[انظر: ۱۱۴۳، ۱۳۸۶، ۲۰۸۵، ۲۷۹۱، ۳۲۳۶، ۳۳۵۴، ۴۶۷۴، ۶۰۹۶، ۷۰۴۷]

حدیث: حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نبی ﷺ کوئی نماز پڑھاتے تھے تو (نماز کے بعد) اپنے چہرے کے ذریعہ ہماری طرف متوجہ ہوتے تھے، یعنی لوگوں کی طرف گھومتے تھے۔

(۱) القول النصیح فیما یتعلق بمقاصد تراجم الصحیح (۱۰۹:۲) کی عبارت یہ ہے: "نماز سے فارغ ہوکر امام اپنی وضع بدل دے، کیونکہ نیابت ختم ہوگئی، اب تو امام اور قوم دونوں مساوی حالت میں آگئے، لہٰذا اقبال الی الناس کرکے یہ بتادینا مناسب ہے کہ إنی واحد منکم واللہ اعلم"

تشریح: یہ حدیث گھوم کر بیٹھنے کے سلسلہ میں صریح نہیں، کیونکہ نبی ﷺ کا معمول تھا: آپؐ نماز پڑھا کر گھر میں تشریف لے جاتے تھے، پس یہ انصراف حجرہ میں جانے کے لئے بھی ہوسکتا ہے، ظاہر ہے قبلہ سے پھریں گے تبھی حجرہ میں جائیں گے، نبی ﷺ کا دائمی معمول سلام پھیرنے کے بعد لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھنے کا تھا: ایسی کوئی حدیث نہیں۔

[٨٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلاَةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَّةِ، عَلٰى إِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ:" هَلْ تَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ عَزَّوَجَلَّ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ:" أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ، فَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهِ فَذٰلِكَ مُؤْمِنٌ بِيْ، كَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، فَذٰلِكَ كَافِرٌ بِيْ، وَمُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ" [انظر: ١٠٣٨، ٤١٤٧، ٧٥٠٣]

حدیث: حضرت زید بن خالد جُہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ہمیں حدیبیہ میں فجر کی نماز پڑھائی، رات میں بارش ہونے کے بعد، پس جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور پوچھا: کیا جانتے ہو: اللہ عزوجل نے کیا فرمایا؟ لوگوں نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں (آپؐ نے فرمایا:) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: صبح کی میرے بندوں نے دو حال میں، بعض مجھ پر ایمان لانے والے ہیں اور بعض میرا انکار کرنے والے ہیں، جس نے کہا اللہ کے فضل سے اور اس کی رحمت سے بارش ہوئی وہ مجھ پر ایمان لانے والا اور ستاروں کا انکار کرنے والا ہے اور جس نے کہا: فلاں اور فلاں پچھتروں کی وجہ سے بارش ہوئی وہ میرا انکار کرنے والا اور ستاروں پر ایمان لانے والا ہے۔

استدلال: اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ نبی ﷺ فجر کی نماز پڑھا کر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے، اور مذکورہ ارشاد فرمایا، پس باب ثابت ہوگیا کہ امام کو سلام کے بعد وضع بدل دینی چاہئے، کیونکہ بیٹھ کر یا کھڑے ہوکر خطاب کرنا بھی وضع بدلنے کی ایک شکل ہے۔

اور حدیث سے یہ استدلال کہ امام کو سلام کے بعد مقتدیوں کی طرف منہ کرکے بیٹھنا چاہئے: یہ استدلال خفی ہے، کیونکہ نماز کے بعد امام کو مقتدیوں سے کوئی خطاب کرنا ہوگا تو وہ لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر ہی خطاب کرے گا، خواہ کھڑے ہوکر کرے یا بیٹھ کر، پس یہ نماز کے بعد لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھنا نہیں ہے۔

[٨٤٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَخَّرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الصَّلاَةَ ذَاتَ لَيْلَةٍ إِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ، ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا، فَلَمَّا صَلَّى أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ:" إِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا وَرَقَدُوْا، وَإِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوْا فِيْ صَلاَةٍ مَا انْتَظَرْتُمُ الصَّلاَةَ" [راجع: ٥٧٢]

وضاحت: یہ حدیث گذر چکی ہے، ایک رات نبی ﷺ نے عشاء کی نماز تاخیر سے پڑھائی، پھر لوگوں سے مختصر خطاب فرمایا، پس امام کی وضع بدل گئی اور باب ثابت ہوگیا، مگر اس حدیث سے بھی بیٹھنے پر استدلال درست نہیں، اس لئے کہ امام کو اگر خطاب کرنا ہوگا تو وہ لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر ہی خطاب کرے گا، خواہ کھڑے ہوکر خطاب کرے یا بیٹھ کر۔

بابُ مُکْثِ الإِمَامِ فِیْ مُصَلَّاہُ بَعْدَ السَّلاَمِ

سلام کے بعد امام کا اپنی جگہ ٹھہرنا

سلام کے بعد عادتاً انصراف (جگہ بدلنا) ہوتا ہے تا کہ آنے والوں کو جماعت کا دھوکا نہ ہو، یہ انصراف سب کو کرنا ہے مقتدیوں کو بھی اور امام کو بھی، انصراف کے معنی ہیں: جگہ بدلنا، نماز کے بعد امام کو بھی جگہ بدلنی چاہئے اور مقتدیوں کو بھی اور امام کے حق میں جگہ بدلنا زیادہ مؤکد ہے۔

اس سلسلہ میں ایک حدیث ہے: لا یَتَطَوَّعُ الإمامُ فی مکانِہ: امام اپنی جگہ نفل نماز نہ پڑھے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث صحیح نہیں، اس کی سند میں لیث بن ابی سلیم ہے جو ضعیف ہے نیز اس میں اضطراب بھی ہے۔ امام بخاریؒ نے التاریخ الکبیر میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔

مگر اس سلسلہ میں تین حدیثیں اور بھی ہیں، ایک حدیث حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: لایُصَلِّیْ الإمامُ فی الموضع الذی صَلَّی فیہ حتی یَتَحَوَّلَ: امام اس جگہ نفل نماز نہ پڑھے جہاں اس نے نماز پڑھائی ہے، بلکہ وہاں سے ہٹ کر نماز پڑھے۔ یہ حدیث ابوداؤد میں ہے اور منقطع ہے، دوسری حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہے وہ فرماتے ہیں: من السُّنَّۃِ أن لا یَتَطَوَّعَ الإمامُ حَتّٰی یَتَحَوَّلَ عن مکانِہ: سنت (دینی طریقہ) میں سے یہ بات ہے کہ امام اپنی جگہ سے ہٹ کر نماز پڑھے، یہ حدیث مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے اور اس کی سند اچھی ہے، اور من السنۃ کہنے سے حدیث مرفوع ہوگئی ہے اور تیسری حدیث مسلم شریف میں ہے، سائب بن یزید کہتے ہیں: میں نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھی، نماز کے بعد میں وہیں سنتیں پڑھنے لگا تو حضرت معاویہؓ نے مجھ سے فرمایا: إذا صَلَّیْتَ الجمعۃ فلا تُصِلھا بصلوۃٍ حتی تَتَکَلَّم أو تَخْرُجَ فإن النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَمَرَ بذٰلِك: جمعہ کی نماز پڑھ کر فوراً وہیں سنتیں مت پڑھو، جگہ بدل کر پڑھو، نبی ﷺ نے اس کا حکم دیا ہے۔ جب مقتدی کو جگہ بدلنے کا حکم ہے تو امام کو بدرجہ اولیٰ یہ حکم ہوگا۔

امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک چونکہ جگہ بدلنے کی حدیث صحیح نہیں اس لئے آپؒ نے یہ باب قائم کیا کہ نماز کے بعد امام اپنی جگہ سنتیں پڑھ سکتا ہے مگر مذکورہ تین حدیثیں قابل استدلال ہیں، اس لئے مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی مجبوری نہ ہو تو امام کو سلام کے بعد جگہ بدل دینی چاہئے۔

[١٥٧-] بابُ مُكْثِ الإمَامِ فِيْ مُصَلَّاهُ بَعْدَ السَّلاَمِ

[٨٤٨-] وَقَالَ لَنا آدمُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ فِيْ مَكَانِهِ الَّذِيْ صَلَّى فِيْهِ الْفَرِيْضَةَ، وَفَعَلَهُ الْقَاسِمُ، وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ:" لاَ يَتَطَوَّعُ الإِمَامُ فِيْ مَكَانِهِ" وَلَمْ يَصِحَّ.

[٨٤٩-] حدثنا أَ بُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا سَلَّمَ يَمْكُثُ فِيْ مَكَانِهِ يَسِيْرًا، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَنُرَى – وَاللّٰهُ أَعْلَمُ – لِكَيْ يَنْفُذَ مَنْ يَنْصَرِفُ مِنَ النِّسَاءِ.[راجع: ٨٧٣]

[٨٥٠-] وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ: أَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ كَتَبَ إِلَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ هِنْدُ ابْنَةُ الْحَارِثِ الْفِرَاسِيَّةُ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَكَانَتْ مِنْ صَوَاحِبَاتِهَا قَالَتْ: كَانَ يُسَلِّمُ فَيَنْصَرِفُ النِّسَاءُ فَيَدْخُلْنَ بُيُوْتَهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَنْصَرِفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَخْبَرَتْنِيْ هِنْدُ الْفِرَاسِيَّةُ.

وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ هِنْدُ الْقُرَشِيَّةُ.

وَقَالَ الزُّبَيْدِيُّ: أَخْبَرَنِيْ الزُّهْرِيُّ: أَنَّ هِنْدًا بِنْتَ الْحَارِثِ الْقُرَشِيَّةَ أَخْبَرَتْهُ، وَكَانَتْ تَحْتَ مَعْبَدِ بْنِ الْمِقْدَادِ، وَهُوَ حَلِيْفُ بَنِيْ زُهْرَةَ، وَكَانَتْ تَدْخُلُ عَلٰى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَالَ شُعَيْبٌ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَتْنِيْ هِنْدُ الْقُرَشِيَّةُ.

وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ عَتِيْقٍ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ هِنْدٍ الْفِرَاسِيَّةِ.

وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: حَدَّثَهُ ابْنُ شِهَابٍ عَنِ امْرَأَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ، حَدَّثَتْهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٨٣٧]

وضاحت: باب کے شروع میں حضرت الامام رحمہ اللہ نے دوآثار اور ایک ضعیف حدیث پیش کی ہے:

پہلا اثر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جہاں فرض پڑھتے تھے وہیں نفلیں پڑھتے تھے —— یہ روایت امام بخاری رحمہ اللہ نے آدم بن ابی ایاس سے باقاعدہ نہیں پڑھی، بلکہ مذاکرہ میں حاصل کی ہے، اس لئے قَالَ سے شروع کی ہے۔

دوسرا اثر: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پوتے قاسم بھی ایسا کرتے تھے —— قاسم رحمہ اللہ مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں —— ان دونوں آثار سے جواز ثابت ہوتا ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

ضعیف حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ امام اپنی جگہ نفلیں نہ پڑھے یُذْکر (فعل مجہول) سے حدیث کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے، اور رفعه: مستقل جملہ ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے،

حضرت ابو ہریرہؓ کا قول نہیں —— اس حدیث کی سند میں لیث بن ابی سُلیم ہے، جس کی تضعیف کی گئی ہے، نیز حدیث کی سند میں اضطراب بھی ہے، اس لئے یہ حدیث قابل استدلال نہیں، مگر مسئلہ سے متعلق تین حدیثیں اور بھی ہیں جو قابل استدلال ہیں، اس لئے اپنی جگہ ٹھہرنا جائز ہے، مگر کوئی مجبوری نہ ہو تو جگہ بدلنا اولیٰ ہے۔

حدیث: چند ابواب پہلے گذر چکی ہے: نبی ﷺ نماز پڑھا کر تھوڑی دیر اپنی جگہ ٹھہرتے تھے تاکہ عورتیں مسجد سے نکل جائیں، پس یہ بیٹھنا نفلوں کے لئے نہیں تھا، نہ آپؐ وہاں نفلیں پڑھتے تھے، بلکہ گھر میں تشریف لے جاتے تھے اس لئے تقریب تام نہیں۔

قولہ: وقال ابن أبی مریم: یہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کی دوسری سند ہے اور تعلیق ہے، محمد بن یحییٰ ذُہلی نے الزھریات میں اس کو موصول کیا ہے، اور یہ حدیث مکاتبت کی مثال ہے، ابن شہاب زہری نے جعفر بن ربیعہ کو یہ حدیث لکھ کر بھیجی ہے، اور کتاب العلم کے شروع میں (تحفۃ القاری ۱:۳۲۵) مکاتبت کا بیان گذر چکا ہے۔

قولہ: وَكَانَتْ مِنْ صَواحباتها: ہند بنت الحارث تابعیہ ہیں، وہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی سہیلی تھیں، اور دیگر ازواج مطہرات کے پاس بھی علم حاصل کرنے کے لئے آتی جاتی تھیں، قبیلۂ بنوفراس کی تھیں، یہ قبیلہ بنوکنانہ کا ایک بطن ہے اور بنوکنانہ قریش سے ہیں، اس لئے بعض سندوں میں الفراسِیَّۃ آیا ہے اور بعض میں الْقُرَشِیَّۃ۔ ان میں کوئی تعارض نہیں، ان کے شوہر کا نام معبد بن المقداد ہے، ان کی بنوزہرہ سے دوستی تھی، بنوزہرہ بھی قریش ہی کا ایک بطن ہے۔

امام بخاریؒ نے چھ تعلیقات ذکر کی ہیں ان میں سے بعض میں ہند کے باپ کا نام ہے اور بعض میں نہیں ہے، اور بعض میں الفراسیۃ ہے اور بعض میں القُرشیۃ۔ اور آخری تعلیق مرسل ہے، ابن شہاب زہری کہتے ہیں: قریش کی ایک عورت نے نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے مجھ سے بیان کیا، یہ عورت ہند بنت الحارث ہی ہیں، اور یہ حدیث مرسل ہے۔

بابٌ: مَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ فَذَكَرَ حَاجَتَهُ فَتَخَطَّاهُمْ

امام کو نماز کے بعد کوئی چیز یاد آئی، اس لئے وہ لوگوں کو پھاند کر گیا

سلام کے بعد دعا کے لئے ٹھہرنا ضروری نہیں، سلام پر نماز پوری ہو جاتی ہے، لہٰذا اگر مقتدی یا امام کو کوئی حاجت پیش آئے تو وہ جاسکتا ہے، اور شدید حاجت ہو تو لوگوں کی گردنیں پھاند کر بھی جاسکتا ہے، اور جس حدیث میں تخطّی (گردنیں پھاندنے) کی ممانعت آئی ہے وہ بے ضرورت پھاندنے کی صورت میں ہے، مسجد میں یا سبق میں آگے جگہ خالی ہو اور پیچھے لوگ مل کر بیٹھے ہوں تو ان کی گردنیں پھاند کر آگے جانا جائز ہے، اگر تخطّی سے ان کو تکلیف ہو تو اس کے ذمہ دار وہ خود ہیں۔

[۱۵۸-] بابٌ: مَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ فَذَكَرَ حَاجَتَهُ فَتَخَطَّاهُمْ

[۸۵۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ

أَبِیْ مُلَیْکَةَ، عَنْ عُقْبَةَ، قَالَ: صَلَّیْتُ وَرَاءَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم بِالْمَدِیْنَةِ الْعَصْرَ، فَسَلَّمَ، فَقَامَ مُسْرِعًا، فَتَخَطّٰی رِقَابَ النَّاسِ إِلٰی بَعْضِ حُجَرِ نِسَائِهِ، فَفَزِعَ النَّاسُ مِنْ سُرْعَتِهِ، فَخَرَجَ عَلَیْهِمْ، فَرَأَی أَنَّهُمْ عَجِبُوْا مِنْ سُرْعَتِهِ، فَقَالَ: " ذَکَرْتُ شَیْئًا مِنْ تِبْرٍ عِنْدَنَا، فَکَرِهْتُ أَنْ یَحْبِسَنِیْ، فَأَمَرْتُ بِقِسْمَتِهِ"

[انظر: ۱۲۲۱، ۱۴۳۰، ۶۲۷۵]

ترجمہ: حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے پیچھے مدینہ میں عصر کی نماز پڑھی، آپؐ نے سلام پھیرا پس جلدی سے کھڑے ہوئے اور لوگوں کی گردنیں پھاندتے ہوئے ایک بیوی صاحبہ کے حجرہ میں تشریف لے گئے، لوگ آپؐ کی جلدی سے گھبرا گئے، پھر آپؐ لوگوں کی طرف نکلے اور آپؐ نے دیکھا کہ لوگ آپؐ کی جلدی سے حیرت میں ہیں، تو آپؐ نے فرمایا: مجھے اپنے پاس کچھ سونا یاد آیا، پس میں نے ناپسند کیا کہ وہ مجھے روکے اس لئے میں نے اس کو بانٹنے کا حکم دیا۔

تشریح: تِبر: وہ سونا جس کو ڈھالا نہ گیا ہو، آنحضور ﷺ کے پاس کہیں سے سونا آیا تھا، آپؐ تقسیم کرنا بھول گئے، نماز کے بعد یاد آیا تو سلام پھیرتے ہی فوراً لوگوں کی گردنیں پھاندتے ہوئے حجرہ میں تشریف لے گئے، اور وہ سونا کسی کو لا کر دیا اور تقسیم کرنے کا حکم دیا، پھر لوگوں سے جلدی کرنے کی وجہ بیان کی، کیونکہ لوگ آپؐ کی جلدی کرنے سے گھبرا گئے تھے، معلوم ہوا کہ سلام کے بعد امام ومقتدی میں سے کسی کو حاجت پیش آئے تو وہ جا سکتا ہے اور حاجت شدید ہو مثلاً پیشاب کا تقاضہ ہو تو گردنیں پھاند کر بھی جا سکتا ہے۔

ملحوظہ: ازواج مطہرات کے اکثر حجرے جدار قبلی میں تھے، اور بعض ازواج کے حجرے دوسری جانب بھی تھے، آئندہ حدیث آئے گی کہ ایک مرتبہ آنحضور ﷺ اعتکاف میں تھے، حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا ملنے آئیں، جب وہ جانے لگیں تو آنحضور ﷺ ان کو مسجد کے دروازہ تک چھوڑنے کے لئے تشریف لے گئے، اتفاق سے وہاں سے دو صحابی گذرے انھوں نے سلام کیا اور قدم تیز کر دیئے، آپؐ نے ان کو روکا اور فرمایا: پہچانو! یہ صفیہ ہیں۔ ان صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم آپؐ کے بارے میں بدگمانی کیسے کر سکتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: شیطان انسان کی رگوں میں خون کی طرح دوڑتا ہے، ممکن ہے وہ تمہیں کسی بدگمانی میں مبتلا کر دے۔ معلوم ہوا کہ بعض ازواج کے حجرے دوسری جانب بھی تھے، اس لئے آپؐ لوگوں کی گردنیں پھاند کر حجرہ میں تشریف لے گئے۔

بَابُ الِانْفِتَالِ وَالِانْصِرَافِ عَنِ الْیَمِیْنِ وَالشِّمَالِ

نماز کے بعد بیٹھنے کے لئے یا لوٹنے کے لئے دائیں بائیں دونوں جانب گھومے

علامہ کشمیری قدس سرہ کی رائے یہ ہے کہ انفتال اور انصراف مترادف الفاظ ہیں، دونوں کے معنی ہیں: پھرنا، مگر ابن الْمُنَیِّرْ رحمہ اللہ جو بخاری شریف کے شارح ہیں فرماتے ہیں: اگر نمازیوں کی طرف گھوم کر بیٹھنا ہے تو یہ انفتال ہے اور گھر

جانے کے لئے گھومنا ہے تو یہ انصراف ہے، دونوں صورتوں میں دائیں بائیں کی تخصیص نہیں ہونی چاہئے۔ دائیں طرف سے عمل کرنا مستحب ہے، لیکن اگر مستحب کو ضروری سمجھ لیا جائے تو وہ مکروہ ہو جاتا ہے۔

فائدہ: مستحب پر مداومت جائز ہے یا نہیں؟ مثلاً نمازوں کے بعد الباقیات الصالحات پڑھنا مستحب ہے اس پر مداومت کرنے کا کیا حکم ہے؟ جواب: مستحب پر مداومت جائز ہے، البتہ مستحب کا التزام مکروہ ہے، دائیں پیر میں پہلے جوتا پہننا، مسجد میں پہلے دایاں پیر رکھنا، دائیں طرف سے وضو شروع کرنا مستحب ہے، اس پر مداومت میں کچھ مضائقہ نہیں، لیکن اگر اس کو ضروری سمجھ لیا جائے تو مکروہ ہے اور اسی کا نام التزام ہے۔

[۱۵۹-] بابُ الِانْفِتَالِ وَالِانْصِرَافِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشِّمَالِ

وَكَانَ أَ نَسُ بْنُ مَالِكٍ يَنْفَتِلُ عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ، وَيَعِيْبُ علٰى مَنْ يَتَوَخَّى أَوْ: مَنْ تعَمَّدَ الِانْفِتَالَ عَنْ يَمِيْنِهِ.

[۸۵۲-] حدثنا أَبُوْالْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا يَجْعَلْ أَحَدُكُمْ لِلشَّيْطَانِ شَيْئًا مِنْ صَلاَ تِهِ، يَرَى أَنَّ حَقًّا عَلَيْهِ أَنْ لَا يَنْصَرِفَ إِلَّا عَنْ يَمِيْنِهِ، لَقَدْ رَأَيْتُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَنْصَرِفُ عَنْ يَسَارِهِ.

اثر: حضرت انس رضی اللہ عنہ دائیں بائیں دونوں طرف پھرتے تھے، اور جو شخص دائیں طرف سے پھرنے کا قصد کرتا یعنی بالقصد دائیں طرف سے پھرتا اس پر اعتراض کرتے تھے کہ تیرا یہ طریقہ ٹھیک نہیں۔ یَتَوَخّی اور تعَمَّد: دونوں کے معنی ہیں: قصد وارادہ کرنا۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم میں سے کوئی اپنی نماز میں شیطان کا حصہ نہ بنائے، دیکھے کہ لازم ہے اس پر دائیں طرف ہی سے پھرنا (یہی نماز میں شیطان کا حصہ بنانا ہے، کیونکہ مستحب کو لازم سمجھ لیا جائے تو وہ ناجائز ہو جاتا ہے) میں نے بارہا نبی ﷺ کو بائیں طرف سے پھرتے دیکھا ہے۔

تشریح: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد ایک اہم ضابطہ ہے، اس کی جگہ جگہ ضرورت پڑے گی، آپؓ فرماتے ہیں: فرضوں سے یا سنن ونوافل سے فارغ ہونے کے بعد گھومنے کے لئے کسی ایک جہت کا التزام جائز نہیں، یہ نماز میں شیطان کا حصہ بنانا ہے، بلکہ جدھر حاجت ہو اسی جانب کو گھومنے کے لئے اختیار کرنا چاہئے۔ رسول اللہ ﷺ سے نماز کے بعد دونوں جانب گھومنا ثابت ہے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر رسول اللہ ﷺ کو دائیں طرف حاجت ہوتی تو آپ دائیں جانب کو پھرنے کے لئے اختیار فرماتے اور بائیں جانب حاجت ہوتی تو اس طرف پھرتے (ترمذی حدیث ۲۹۸) اور اکثر ازواج مطہرات کے حجرے چونکہ محراب کی دائیں جانب تھے اس لئے آپؐ کا انصراف اکثر دائیں

جانب ہوتا تھا۔

بابُ مَاجَاءَ فِيْ الثُّوْمِ النِيِّ وَالْبَصَلِ وَالكُرَّاثِ

کچے لہسن، پیاز اور گندنے کے بارے میں روایت

الثُومُ النِيُّ: کچا لہسن، البَصَل: پیاز، الكُرَّاث: گندنا، ایک ترکاری جو پیاز کے مشابہ ہوتی ہے، فَجْل: مولی، ایسی سبزیاں اگر تنہا کافی مقدار میں کھائی جائیں تو گندی ڈکاریں آتی ہیں، اسی طرح بیڑی سگریٹ پینے سے بھی منہ سے بدبو آتی ہے، ایسی چیزیں کھا پی کر مسجد میں نہیں آنا چاہئے اس سے فرشتوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے اور مصلیوں کو بھی، البتہ سلاد کے طور پر یہ چیزیں کھائی جائیں تو بدبو نہیں آتی۔ نیز پکا کر کھائی جائیں تو بھی بدبو نہیں آتی، پس ان کو کھا کر مسجد میں آسکتے ہیں، اسی طرح جس کے منہ سے بدبو آتی ہو یا کوئی بدبودار زخم ہو اس کو بھی مسجد میں نہیں آنا چاہئے، اور مسجد کے حکم میں دیگر اجتماعات ہیں، جیسے سبق کی مجلس، ذکر کی مجلس یا دیگر تقریبات: سب کا یہی حکم ہے۔

[۱۶۰-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ الثُّوْمِ النِيِّ وَالْبَصَلِ وَالكُرَّاثِ

وَقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَكَلَ الثُّوْمَ أَوِ الْبَصَلَ مِنَ الْجُوْعِ أَوْ غَيْرِهِ، فَلاَ يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا.

[۸۵٤-] حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْعَاصِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ - يُرِيْدُ الثُّوْمَ - فَلاَ يَغْشَانَا فِيْ مَسْجِدِنَا" قُلْتُ: مَا يَعْنِيْ بِهِ؟ قَالَ: مَا أُرَاهُ يَعْنِيْ إِلاَّ نِيْئَهُ، وَقَالَ مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ: إِلاَّ نَتْنَهُ. [انظر: ۸۵۵، ۵٤۵۲، ۷۳۵۹]

[۸۵۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ فِيْ غَزْوَةِ خَيْبَرَ:" مَنْ أَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ - يَعْنِيْ الثُّوْمَ - فَلاَ يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا"

[انظر: ٤۲۱۵، ٤۲۱۷، ٤۲۱۸، ۵۵۲۱، ۵۵۲۲]

حدیث (۱): جو شخص لہسن یا پیاز کھائے، بھوک کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے اس درخت سے کھایا —— آپ کی مراد لہسن ہے —— وہ ہم پر نہ چھائے، ہماری مسجدوں میں یعنی مسجد میں نہ آئے، عطاء نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: نبی ﷺ کی کیا مراد ہے؟ حضرت جابرؓ نے کہا: نہیں گمان کرتا میں نبی ﷺ کو مراد لے رہے ہیں آپ مگر اس کے کچے کو، یعنی کچا لہسن کھانا مراد ہے اور مخلد بن یزید کی حدیث میں جو ابن جریج سے مروی ہے نَتْنَه ہے یعنی ممانعت کی وجہ اس کا بدبودار ہونا ہے، لہٰذا اگر پکا کر

اس کی بو زائل کردی جائے تو کھانے میں کچھ حرج نہیں۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے غزوۂ خیبر کے موقع پر لہسن کے پودے کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: ''جو اس درخت سے کھائے وہ ہرگز ہماری مسجد میں نہ آئے''

تشریح: خیبر زرخیز کھیتی باڑی والا علاقہ تھا، اور فوجیوں کے پاس کھانے پینے کا سامان نہیں تھا، جب انہیں بھوک لگی تو انھوں نے لہسن اکھاڑ کر کھایا، دیہاتی کھیت میں کام کرتے ہوئے شوق سے لہسن پیاز اکھاڑ کر کھاتے ہیں، بھوک میں وہ اچھی لگتی ہے، اس لئے آنحضور ﷺ نے مذکورہ ارشاد فرمایا۔

نوٹ: مصری نسخہ میں حدیثوں میں تقدیم وتاخیر ہے، ہم نے ترتیب بدل دی ہے، مگر حدیث کے نمبر نہیں بدلے، تاکہ حوالے غلط نہ ہوجائیں۔

[۸۵۵-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: قَالَ: زَعَمَ عَطَاءٌ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ زَعَمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ أَكَلَ ثُوْمًا أَوْ بَصَلاً فَلْيَعْتَزِلْنَا، أَوْ: فَلْيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا، أَوْ: لِيَقْعُدْ فِيْ بَيْتِه"

وَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أُتِيَ بِقِدْرٍ فِيْهِ خَضِرَاتٌ مِنْ بُقُوْلٍ، فَوَجَدَ لَهَا رِيْحًا، فَسَأَلَ، فَأُخْبِرَ بِمَا فِيْهَا مِنَ الْبُقُوْلِ، فَقَالَ: قَرِّبُوْهَا إِلٰى بَعْضِ أَصْحَابِهِ كَانَ مَعَهُ، فَلَمَّا رَآهُ كَرِهَ أَكْلَهَا، قَالَ:" كُلْ فَإِنِّيْ أُنَاجِيْ مَنْ لاَ تُنَاجِيْ" [راجع: ۸۵٤]

وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ: أُتِيَ بِبَدْرٍ، قَالَ ابْنُ وَهْبٍ: يَعْنِيْ طَبَقًا فِيْهِ خَضِرَاتٌ، وَلَمْ يَذْكُرِ اللَّيْثُ، وَأَبُوْ صَفْوَانَ، عَنْ يُوْنُسَ قِصَّةَ الْقِدْرِ، فَلاَ أَدْرِيْ هُوَ مِنْ قَوْلِ الزُّهْرِيِّ أَوْ فِي الْحَدِيْثِ.

[۸۵٦-] حدثنا أَبُوْمَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: مَا سَمِعْتَ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الثُّوْمِ؟ فَقَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ فَلاَ يَقْرَبْنَا وَلاَ يُصَلِّيَنَّ مَعَنَا"[انظر: ٥٤٥١]

حدیث (۱): سعید بن عفیر (امام بخاریؒ کے استاذ) عبداللہ بن وہب مصریؒ سے، اور وہ یونس بن یزید ایلی سے، اور وہ ابن شہاب زہریؒ سے روایت کرتے ہیں کہ عطاء بن ابی رباح نے کہا کہ حضرت جابرؓ نے کہا کہ:

(الف) نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے لہسن یا پیاز کھائی پس چاہئے کہ وہ ہم سے علاحدہ رہے، یا فرمایا: ہماری مسجد سے علاحدہ رہے، یا فرمایا: اپنے گھر میں بیٹھے یعنی مسجد میں نہ آئے۔

(ب) اور نبی ﷺ کے پاس ایک ہانڈی لائی گئی جس میں ہری ترکاریاں تھیں، آپؐ نے ان کی بو محسوس کی تو پوچھا

(اس میں کیا ترکاری ہے؟) پس آپؐ کو وہ ترکاری بتائی گئی، جو اس ہانڈی میں تھی، پس آپؐ نے فرمایا: ''ترکاری کو نزدیک کرو'' آپؐ کے بعض صحابہ سے جو کھانے میں شریک تھے، پس جب انھوں نے آپؐ کو دیکھا (کہ آپؐ نے نوش نہیں فرمایا) تو (انھوں نے بھی) اس کے کھانے کو پسند نہیں کیا، پس آپؐ نے فرمایا: کھاؤ، بیشک میں ان لوگوں سے سرگوشی کرتا ہوں جن سے تم سرگوشی نہیں کرتے، یعنی میرے پاس کسی بھی وقت کوئی فرشتہ آسکتا ہے جن کو بدبو سے نفرت ہے اس لئے میں یہ ترکاری نہیں کھاتا، تم کھاؤ۔

سعید بن عفیر کی سند میں یہ دو مضمون ہیں اور ابن وہب کے دوسرے شاگرد احمد بن صالح (امام بخاریؒ کے استاذ) کی روایت میں بھی یہ دونوں مضمون ہیں، مگر دوسرے مضمون میں قِدر کے بجائے بَدر ہے، اور ابن وہب نے اس کے معنی ایسے طباق کے کئے ہیں جس میں ترکاریاں ہوں۔

اور یونس اَیلی کے دوسرے شاگرد امام لیث بن سعد مصریؒ اور ابوصفوان عبداللہ بن سعید امویؒ کی روایتوں میں صرف پہلا مضمون ہے، ہانڈی والا مضمون نہیں ہے، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ یہ امام زہریؒ کا قول ہے (مرسل روایت ہے) جو حدیث میں مدرج ہے یا مذکورہ سند ہی سے حدیث میں مروی ہے، اور شک اس وجہ سے پیدا ہوا ہے کہ یونس کے دوسرے شاگردوں کی روایت میں یہ دوسرا مضمون نہیں ہے۔

حدیث (۲): ایک شخص نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپؓ نے لہسن کے بارے میں نبی ﷺ سے کیا سنا ہے؟ حضرت انسؓ نے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے اس درخت میں سے کھایا وہ نہ ہمارے قریب ہو اور نہ ہمارے ساتھ نماز پڑھے''

بابُ وُضُوْءِ الصِّبْيَانِ وَمَتَى يَجِبُ عَلَيْهِمُ الْغُسْلُ وَالطُّهُوْرُ؟ وَحُضُوْرِهِمُ الْجَمَاعَةَ وَالْعِيْدَيْنِ وَالْجَنَائِزَ وَصُفُوْفِهِمْ

بچوں کا وضوء، اور ان پر غسل اور پاکی کب واجب ہے؟ اور ان کی جماعت، عیدین اور جنازوں میں شرکت اور ان کی صفیں

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

۱- نماز بچہ کی ہو یا بالغ کی اس کے لئے وضو لازم ہے، ہاں وجوب شرعی غسل اور طہور کا بلوغ سے شروع ہوتا ہے، پس اگر کوئی بچہ بغیر وضو کے نماز پڑھ لے تو وہ نماز نہ ہوگی اور وہ گنہ گار بھی نہ ہوگا، کیونکہ ابھی وہ مکلّف نہیں۔

۲- سمجھ دار بچے مسجد میں جماعت سے نماز پڑھنے کے لئے آسکتے ہیں، اسی طرح عیدین اور نماز جنازہ میں بھی شرکت

کرسکتے ہیں، پھر اگر بچہ تنہا ہو تو وہ مردوں کی صف میں کنارے پر کھڑا ہو، اور دو یا زیادہ ہوں تو مردوں کے بعد ان کی مستقل صف بنائی جائے، مجموعہ روایات سے یہ دونوں مسئلے ثابت ہیں۔

فائدہ: ناسمجھ بچے جن کو پاکی ناپاکی کا شعور نہیں، نہ وہ مسجد کا احترام جانتے ہیں، ایسے بچوں کو مسجد میں نہیں لانا چاہئے، ابن ماجہ میں مساجد کے بیان میں حدیث ہے: جَنِّبُوْا صِبْیَانَکُمْ مَسَاجِدَکُمْ: اپنے بچوں کو مسجدوں سے دور رکھو، یہ حدیث ایسے ہی ناسمجھ بچوں کے لئے ہے۔

[۱٦١-] بابُ وُضُوْءِ الصِّبْیَانِ وَمَتَی یَجِبُ عَلَیْهِمُ الْغُسْلُ وَالطُّهُوْرُ؟ وَحُضُوْرِهِمُ الْجَمَاعَةَ وَالْعِیْدَیْنِ وَالْجَنَائِزَ وَصُفُوْفِهِمْ

[۸۵۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنِیْ غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَیْمَانَ الشَّیْبَانِیَّ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِیَّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ مَنْ مَرَّ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم عَلٰی قَبْرٍ مَنْبُوْذٍ، فَأَمَّهُمْ، وَصَفُّوْا عَلَیْهِ، فَقُلْتُ: یَا أَبَا عَمْرٍو مَنْ حَدَّثَكَ؟ فَقَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ.

[انظر: ۱۲٤۷، ۱۳۱۹، ۱۳۲۱، ۱۳۲۲، ۱۳۲٦، ۱۳۳٦، ۱۳٤۰]

حدیث: شعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھ سے اس شخص نے بیان کیا جو نبی ﷺ کے ساتھ ایک علاحدہ بنائی ہوئی قبر کے پاس سے گذرا، پس آپؐ نے لوگوں کی امامت فرمائی اور اس قبر پر صف بنائی، سلیمان نے پوچھا: اے ابوعمرو! (شعبی کی کنیت) آپ سے یہ حدیث کس نے بیان کی؟ انھوں نے فرمایا: ابن عباسؓ نے۔

تشریح: ایک مرتبہ نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ قبرستان کے پاس سے گذرے، آپؐ نے ایک علاحدہ قبر دیکھی، آپؐ نے اس قبر کے بارے میں دریافت کیا، بتایا گیا کہ فلاں کی قبر ہے؟ آپؐ نے فرمایا: مجھے اس کی خبر کیوں نہ کی؟ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! معمولی آدمی تھا، رات کا وقت تھا، آپؐ کو تکلیف دینا مناسب نہیں سمجھا، آپؐ نے فرمایا: تمہاری قبریں تاریکی سے بھری ہوئی ہوتی ہیں، میری نماز سے ان میں روشنی پیدا ہوتی ہے پھر آپؐ نے صف بنوائی اور قبر پر نماز جنازہ پڑھائی۔ اس نماز جنازہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہما بھی شریک تھے اور وہ نبی ﷺ کے عہد میں بالغ نہیں ہوئے تھے، معلوم ہوا کہ بچہ نماز جنازہ میں شریک ہوسکتا ہے، اور وہ تنہا ہو تو اس کی الگ صف نہیں بنے گی بلکہ وہ مردوں کے ساتھ صف کے کنارے پر کھڑا ہوگا۔

[۸۵۸-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ صَفْوَانُ بْنُ سُلَیْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: "الْغُسْلُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلٰی کُلِّ مُحْتَلِمٍ" [انظر: ۸۷۹، ۸۸۰، ۸۹۵، ۲٦٦۵]

وضاحت: یہ حدیث پہلے مسئلہ کے دوسرے جز سے متعلق ہے، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: جمعہ کے دن ہر بالغ پر غسل واجب ہے، معلوم ہوا کہ وضو اور غسل کا وجوب بلوغ سے شروع ہوتا ہے، حدیث کی مزید وضاحت کتاب الجمعہ میں آئے گی۔

[۸۵۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ كُرَيْبٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بَتُّ عِنْدَ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ لَيْلَةً، فَنَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَلَمَّا كَانَ فِيْ بَعْضِ اللَّيْلِ، قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَتَوَضَّأَ مِنْ شَنٍّ مُعَلَّقٍ وُضُوْءً ا خَفِيْفًا، يُخَفِّفُهُ عَمْرٌو، وَيُقَلِّلُهُ جِدًّا. ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ فَقُمْتُ فَتَوَضَّأْتُ نَحْوًا مِمَّا تَوَضَّأَ، ثُمَّ جِئْتُ فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَحَوَّلَنِيْ فَجَعَلَنِيْ عَنْ يَمِيْنِهِ، ثُمَّ صَلَّى مَاشَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اضْطَجَعَ فَنَامَ حَتَّى نَفَخَ، فَأَتَاهُ الْمُنَادِيْ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، فَقَامَ مَعَهُ إِلَى الصَّلَاةِ، فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

قُلْنَا لِعَمْرٍو: إِنَّ نَاسًا يَقُوْلُوْنَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تَنَامُ عَيْنُهُ وَلَا يَنَامُ قَلْبُهُ، قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ عُبَيْدَ ابْنَ عُمَيْرٍ يَقُوْلُ: إِنَّ رُؤْيَا الْأَنْبِيَاءِ وَحْيٌ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنِّيْ أَرَى فِي الْمَنَامِ أَنِّيْ أَذْبَحُكَ﴾[الصافات: ۱۰۲]

[راجع ۱۷۷]

وضاحت: یہ حدیث بار بار گذری ہے اور یہاں باب کے پہلے جز سے متعلق ہے، حضرت ابن عباسؓ بچے تھے، اس کے باوجود انھوں نے پہلے وضو کیا، پھر نبی ﷺ کی اقتدا کی، معلوم ہوا کہ نماز بچہ کی ہو یا بالغ کی، اس پر وضو لازم ہے۔

ترجمہ: آپؐ نے ایک مشکیزہ سے جو لٹک رہا تھا ہلکا وضو کیا (سفیان کہتے ہیں) عمرو بن دیناراس کو ہلکا کرتے تھے، اور اس کو بہت ہی کم کرتے تھے (یہ عطف تفسیری ہے) شارحین نے لکھا ہے کہ یہ تخفیف فی المرات تھی، جب آپؐ تہجد کے لئے بیدار ہوئے تھے تو کامل وضو کیا تھا، پھر دوران تہجد جب آپؐ سوئے تھے تو اٹھ کر ہلکا وضو کیا تھا، کیونکہ یہ وضو پر وضو تھا (تحفۃ القاری ۱: ۴۵۱) اور انبیاء کی نیند ناقض وضو نہیں، اس کی دلیل یہ حدیث ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۱: ۴۵۱) میں گذر چکی ہے۔

[۸۶۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ جَدَّتَهُ مُلَيْكَةَ دَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِطَعَامٍ صَنَعَتْهُ، فَأَكَلَ مِنْهُ، فَقَالَ: "قُوْمُوْا فَلِأُصَلِّيْ بِكُمْ" فَقُمْتُ إِلَى حَصِيْرٍ لَنَا قَدِ اسْوَدَّ مِنْ طُوْلِ مَا لُبِسَ، فَنَضَحْتُهُ بِمَاءٍ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَالْيَتِيْمُ مَعِيْ، وَالْعَجُوْزُ مِنْ وَرَائِنَا، فَصَلَّى بِنَا رَكْعَتَيْنِ. [راجع: ۳۸۰]

وضاحت: یہ حدیث بھی گذر چکی ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نانی ملیکہؓ نے آنحضور ﷺ کی دعوت کی تھی، آپؐ نے کھانا تناول فرمایا، پھر گھر میں خیر و برکت کے لئے نماز پڑھنے کا ارادہ فرمایا، حضرت انسؓ نے چٹائی پانی سے دھوکر صاف کی، جو عرصہ تک استعمال کرنے کی وجہ سے میلی ہوگئی تھی، پس آپؐ کھڑے ہوئے، اور حضرت انسؓ اور ایک یتیم بچہ

نے آپؐ کے پیچھے صفت بنائی، اور ملیکہ رضی اللہ عنہا ان کے پیچھے کھڑی ہوئیں، پھر آپؐ نے باجماعت دو رکعتیں پڑھائیں، معلوم ہوا کہ اگر بچے ایک سے زیادہ ہوں تو ان کی الگ صف بنے گی۔

[۸۶۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَ نَّـهُ قَالَ: أَقْبَلْتُ رَاكِبًا عَلٰى حِمَارٍ أَتَانٍ، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْ نَاهَزْتُ الِاحْتِلَامَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ بِمِنًى، إِلٰى غَيْرِ جِدَارٍ، فَمَرَرْتُ بَيْنَ يَدَيْ بَعْضِ الصَّفِّ فَنَزَلْتُ وَأَرْسَلْتُ الْأَتَانَ تَرْتَعُ، وَدَخَلْتُ فِي الصَّفِّ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيَّ أَحَدٌ.[راجع: ۷۶]

وضاحت: یہ حدیث بھی گذر چکی ہے، ابن عباسؓ حجۃ الوداع کے موقع پر ایک گدھی پر سوار ہو کر منی پہنچے، اس وقت وہ قریب البلوغ تھے، نبی ﷺ منی میں دیوار کے علاوہ کی طرف نماز پڑھا رہے تھے یعنی آپؐ کے سامنے دیوار نہیں تھی بلکہ کوئی اور سترہ تھا وہ بعض صف کے سامنے سے گذرے پھر گدھی کو چرنے کے لئے چھوڑ دیا اور صف میں کھڑے ہوگئے۔ معلوم ہوا کہ بچہ تنہا ہو تو مردوں کے ساتھ صف میں کھڑا ہوگا۔

ملحوظہ: اس واقعہ کے تین مہینے کے بعد آنحضور ﷺ کی وفات ہوئی ہے، معلوم ہوا کہ حضرت ابن عباسؓ نبی ﷺ کی حیات مبارکہ میں بالغ نہیں ہوئے تھے۔

[۸۶۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَعْتَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَقَالَ عَيَّاشٌ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَعْتَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْعِشَاءِ، حَتّٰى نَادَاهُ عُمَرُ: قَدْ نَامَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ! فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "إِ نَّـهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ يُصَلِّيْ هٰذِهِ الصَّلَاةَ غَيْرُكُمْ" وَلَمْ يَكُنْ أَحَدٌ يَوْمَئِذٍ يُصَلِّيْ غَيْرَ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ.[راجع: ۵۶۶]

وضاحت: یہ حدیث بھی گذر چکی ہے، ایک رات نبی ﷺ نے عشاء کی نماز میں غیر معمولی تاخیر کی، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پکارا: یارسول اللہ! عورتیں اور بچے سو گئے، پس آپ نماز پڑھانے کے لئے نکلے اور آپؐ نے فرمایا: روئے زمین پر تمہارے علاوہ اس وقت یہ نماز پڑھنے والا کوئی نہیں، شرح تحفۃ القاری (۲:۴۲۶و۴۲۹) میں ملاحظہ کریں۔ یہاں بس یہ استدلال ہے کہ بچے بھی نماز پڑھنے کے لئے آتے تھے۔

ملحوظہ: عَیّاش: مبالغہ کا صیغہ ہے اس کے معنی ہیں: بہت جینے والا، اردو میں یہ لفظ اور معنی میں استعمال ہوتا ہے، وہ مراد نہیں۔

[۸۶۳-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِی عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَابِسٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ لَهُ رَجُلٌ: شَهِدْتَ الْخُرُوْجَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَوْلاَ مَكَانِىْ مِنْهُ مَا شَهِدْتُهُ، يَعْنِىْ مِنْ صِغَرِهِ، أَتَى الْعَلَمَ الَّذِىْ عِنْدَ دَارِ كَثِيْرِ بْنِ الصَّلْتِ، ثُمَّ خَطَبَ ثُمَّ أَتَى النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ أَنْ يَتَصَدَّقْنَ، فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تَهْوِىْ بِيَدِهَا إِلٰى حَلْقِهَا تُلْقِى فِىْ ثَوْبِ بِلاَلٍ، ثُمَّ أَتَى هُوَ وَبَلاَلٌ الْبَيْتَ. [راجع: ۹۸]

حدیث: یہ حدیث بھی گذری ہے: ایک شخص نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا: آپؓ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عیدین میں شریک ہوئے ہیں؟ ابن عباسؓ نے کہا: جی ہاں! شریک ہوا ہوں، اور اگر میرا نبی ﷺ کے ساتھ خاص تعلق نہ ہوتا تو آپؐ مجھے اپنے ساتھ نہ لے جاتے، ابن عباسؓ کہتے ہیں: کثیر بن الصلتؓ کے گھر کے پاس جو نشان ہے (معلوم نہیں وہ کیا نشان تھا؟) وہاں آپؐ تشریف لے گئے، پھر خطبہ دیا، معلوم ہوا کہ یہ عید کی نماز تھی، پھر عورتوں کے مجمع کے قریب تشریف لے گئے، پس ان کو وعظ ونصیحت فرمائی اور ان کو خاص طور پر صدقہ کرنے کی ترغیب دی۔ چنانچہ عورت اپنے ہاتھ سے اپنے گلے کی طرف اشارہ کرنے لگی، وہ بلال کے کپڑے میں ڈال رہی تھی، یعنی گلے سے زیور نکال کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں ڈالنے لگی، پھر آپؐ اور بلالؓ گھر آ گئے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بچوں کو عید گاہ لے جاسکتے ہیں، مگر آج کل لوگ ایسے بچوں کو عید گاہ لے جاتے ہیں جو نہ نماز کو سمجھتے ہیں اور نہ نماز پڑھنے کے قابل ہوتے ہیں، ان کو صف میں بٹھا دیتے ہیں، جب نماز کھڑی ہوتی ہے تو وہ کھیلتے ہیں، شور کرتے ہیں، اور لوگوں کی نماز خراب کرتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں۔ ابن عباسؓ بیشک بچے تھے مگر سمجھ دار تھے، ایسے سمجھ دار بچوں کو لے جانے میں کچھ مضائقہ نہیں۔

بَابُ خُرُوْجِ النِّسَاءِ إِلَى الْمَسَاجِدِ بِاللَّيْلِ وَالْغَلَسِ

رات میں اور صبح کی تاریکی میں عورتوں کا مسجدوں میں جانا

صبح صادق کے بعد آخر رات کی تاریکی کو غلس کہتے ہیں، رات اور آخر رات کی تاریکی مظنۂ فساد ہیں، تاہم ان اوقات میں عورتوں کو مسجد جانے کی اجازت دی گئی، عشاء میں بھی اور فجر میں بھی، مگر یہ توسُّع حالات کی درستگی اور ضرورت کے وقت تھا، دورِ اول کے احوال درست تھے، نہ عورتوں میں فیشن تھا نہ مردوں میں تاکنے جھانکنے کا عیب اور اس وقت ضرورت بھی تھی، دین نیا نازل ہو رہا تھا اور مرد وزن سب احکام سیکھنے، دین اخذ کرنے اور دوسروں تک پہنچانے کے مکلّف تھے، اس لئے عورتوں کو مسجد جانے کی اجازت دی گئی تھی، پھر جب ضرورت باقی نہ رہی، دین مکمل ہوگیا، اور آنحضور ﷺ دنیا سے

تشریف لے گئے اور مردوں اور عورتوں کے احوال بھی بدل گئے تو عورتوں کو مسجد میں جانے سے منع کیا جانے لگا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اب عورتوں کے جو احوال ہو گئے ہیں اگر ان کو آنحضور ﷺ دیکھتے تو عورتوں کو مسجدوں میں آنے سے روک دیتے، جیسے بنی اسرائیل کی عورتوں کو روک دیا گیا۔ یہ حدیث آگے (نمبر ۸۶۹ پر) آرہی ہے۔

[۱۶۲-] بابُ خُرُوْجِ النِّسَاءِ إِلَى الْمَسَاجِدِ بِاللَّيْلِ وَالْغَلَسِ

[۸۶٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: أَعْتَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْعَتَمَةِ، حَتّٰى نَادَاهُ عُمَرُ: نَامَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ! فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " مَا يَنْتَظِرُهَا أَحَدٌ غَيْرُكُمْ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ " وَلَا يُصَلّٰى يَوْمَئِذٍ إِلَّا بِالْمَدِيْنَةِ، وَكَانُوْا يُصَلُّوْنَ الْعَتَمَةَ فِيْمَا بَيْنَ أَنْ يَغِيْبَ الشَّفَقُ إِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ الْأَوَّلِ. [راجع: ٥٦٦]

وضاحت: یہ حدیث گذر چکی ہے، ایک رات نبی ﷺ نے عشاء کی نماز میں غیر معمولی تاخیر کر دی، یہاں تک کہ بچے اور عورتیں سونے لگے، پھر آپؐ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لائے، معلوم ہوا کہ عورتیں عشاء کی نماز میں مسجد جا سکتی ہیں۔

قولہ: وکانوا یُصَلُّوْنَ: غروب شمس سے صبح صادق تک کے وقت کو تین حصوں میں تقسیم کریں تو پہلا حصہ رات کا پہلا تہائی ہے، نبی ﷺ تہائی رات پر عشاء پڑھا کرتے تھے اور لوگوں کی رعایت میں تقدیم و تاخیر بھی کرتے تھے۔

[۸٦٥-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ حَنْظَلَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِذَا اسْتَأْذَنَكُمْ نِسَاؤُكُمْ بِاللَّيْلِ إِلَى الْمَسْجِدِ فَأْذَنُوْا لَهُنَّ " تَابَعَهُ شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ۸۷۳، ۸۹۹، ۹۰۰، ۵۲۳۸]

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اگر تمہاری عورتیں تم سے رات میں مسجد جانے کی اجازت مانگیں تو ان کو اجازت دیدو،

تشریح: جب حضرت ابن عمرؓ نے یہ حدیث بیان کی تو ان کے ایک لڑکے نے کہا: واللہ لَانَأْذَنُ: بخدا! ہم عورتوں کو رات میں مسجد جانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ حضرت ابن عمرؓ کو اس پر سخت غصہ آیا اور فرمایا: میں حدیث بیان کرتا ہوں اور تو کہتا ہے: واللہ لَانَأْذَنُ: پھر زندگی بھر اس بیٹے سے نہیں بولے، کیونکہ یہ حدیث کا معارضہ تھا، جو جائز نہیں، لیکن کسی حدیث کو سمجھنے کے لئے سوال کرنا جائز ہے، آپ پڑھتے ہیں کہ نبی ﷺ ایک بات بیان فرماتے ہیں، صحابہ اسے سمجھنے کے لئے سوال کرتے ہیں، اسی طرح صحابہ کوئی بات کہتے ہیں تو تابعین سمجھنے کے لئے سوال کرتے ہیں، یہ جائز ہے۔

ملحوظہ: عورتوں کے عیدگاہ اور مسجد جانے کے سلسلہ میں تفصیل تحفۃ القاری (۲: ۱۲۳) میں گذر چکی ہے۔

[بابُ انْتِظَارِ النَّاسِ قِيَامَ الإِمَامِ العَالِمِ]

لوگ عالم امام کے کھڑے ہونے کا انتظار کریں

یہ باب ہمارے نسخہ میں نہیں ہے، مصری نسخہ میں ہے اور گیلری میں بھی لکھا ہے، اس باب کا حاصل یہ ہے کہ نماز پوری ہونے کے بعد لوگ فوراً کھڑے نہ ہو جائیں، بلکہ امام صاحب کا انتظار کریں، جب امام صاحب کھڑے ہوں تب لوگ کھڑے ہوں، تاکہ عورتیں پہلے مسجد سے نکل جائیں اور مرد و زن کا اختلاط نہ ہو۔ اور امام کے ساتھ عالم کی قید اس لئے لگائی کہ اس بات کا خیال عالم ہی کرے گا —— آگے جو حدیثیں آرہی ہیں اگر ان کو گذشتہ باب سے منطبق کرنے میں دشواری پیش آئے تو ان کو اس باب سے متعلق کریں۔

[۱۶۳-] بابُ انْتِظَارِ النَّاسِ قِيَامَ الإِمَامِ العَالِمِ

[۸۶۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ هِنْدُ بِنْتُ الْحَارِثِ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهَا، أَنَّ النِّسَاءَ فِيْ عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كُنَّ إِذَا سَلَّمْنَ مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ قُمْنَ، وَثَبَتَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَنْ صَلَّى مِنَ الرِّجَالِ مَاشَاءَ اللّٰهُ، فَإِذَا قَامَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ الرِّجَالُ.

حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: عہد رسالت میں جب عورتیں فرضوں کا سلام پھیرتیں تو کھڑی ہو جاتیں اور رسول اللہ ﷺ اور جن لوگوں نے آپؐ کے ساتھ نماز پڑھی ہے جتنی دیر اللہ چاہتے اپنی جگہ ٹھہرے رہتے۔ پھر جب رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوتے تو لوگ کھڑے ہوتے —— یہ حدیث دونوں بابوں کے ساتھ جڑ سکتی ہے، اس لئے کہ اس حدیث سے علی الاطلاق عورتوں کا مسجد میں آنا ثابت ہوتا ہے، پس اس کے عموم میں عشاء اور فجر بھی آجائیں گی۔ اور گیلری والے باب سے انطباق واضح ہے۔

[۸۶۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيُصَلِّيْ الصُّبْحَ، فَيَنْصَرِفُ النِّسَاءُ مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوْطِهِنَّ، مَا يُعْرَفْنَ مِنَ الْغَلَسِ. [راجع: ۳۷۲]

وضاحت: عمرۃ: حضرت عبد الرحمٰن بن اسعد بن زرارہ کی صاحبزادی ہیں، حضرت عبد الرحمٰن بن عوف کی صاحبزادی

نہیں ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خاص شاگردہ اور ذی علم خاتون تھیں، حضرت عائشہؓ سے روایت کرتی ہیں کہ عہد رسالت میں عورتیں فجر کی نماز میں شریک ہوتی تھیں، اور تاریکی میں نماز پوری ہوجاتی تھی اور تاریکی ہی میں عورتیں چادروں میں لپٹی ہوئی گھروں کو لوٹتی تھیں، اس وقت اتنی تاریکی ہوتی تھی کہ عورتیں پہچانی نہیں جاتی تھیں —— یہ حدیث بار بار گذر چکی ہے اور اوپر والے باب کے ساتھ متعلق ہے۔

[۸٦٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنِّيْ لَأَقُوْمُ إِلَى الصَّلاَةِ، وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ أُطَوِّلَ فِيْهَا، فَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَأَتَجَوَّزُ فِيْ صَلاَتِيْ، كَرَاهِيَةَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمِّهِ "[راجع: ۷۰۷]

وضاحت: یہ حدیث بھی گذر چکی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: میں نماز پڑھانے کے لئے کھڑا ہوتا ہوں اور میرا نماز لمبی پڑھانے کا ارادہ ہوتا ہے مگر میں بچہ کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو میں نماز مختصر کردیتا ہوں اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کہ بچہ کا رونا ماں پر شاق گذرے گا —— معلوم ہوا کہ عورتیں جماعت میں شریک ہوتی تھیں، اور حدیث کے عموم میں فجر اور عشاء بھی شامل ہیں۔

[۸٦٩-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَوْ أَدْرَكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَا أَحْدَثَ النِّسَاءُ لَمَنَعَهُنَّ الْمَسْجِدَ، كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ. فَقُلْتُ لِعَمْرَةَ: أَوَ مُنِعْنَ؟ قَالَتْ: نَعَمْ.

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: آج کل عورتوں نے جو نئے طریقے نکالے ہیں اگر وہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے آتے تو آپؐ عورتوں کو مسجدوں سے روک دیتے، جس طرح بنی اسرائیل کی عورتیں مسجدوں سے روک دی گئیں، یحییٰ بن سعید کہتے ہیں: میں نے عمرہؒ سے پوچھا: کیا بنی اسرائیل کی عورتیں روکی گئیں؟ عمرہؒ نے کہا: ہاں۔

تشریح: عہد رسالت میں عورتیں پنج وقتہ نمازوں کے لئے مسجد آتی تھیں، اور عیدگاہ بھی جاتی تھیں اور اس کی وجہ یہ تھی کہ دین نیا نازل ہورہا تھا، مرد وزن سب اس کو سیکھنے کے محتاج تھے، پھر جب یہ مقصد باقی نہ رہا، دین مکمل ہوگیا، اور لوگوں کے احوال بدل گئے، فیشن کا دور شروع ہوا، طبیعتیں شر پسند ہوگئیں تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عورتوں کو مسجدوں میں آنے سے روکنا شروع کیا اور گھروں میں نماز پڑھنے کی ترغیب دی، حضرت عمر، حضرت عائشہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم اور ان کے علاوہ صحابہ نے عورتوں کو سمجھایا اور مسجد میں آنے سے منع کیا۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ خلیفہ تھے، مگر انھوں نے

حکماً نہیں روکا، صرف سمجھایا۔

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب عہد رسالت میں عورتیں پانچوں نمازوں کے لئے مسجدِ نبوی میں آتی تھیں اور عیدگاہ بھی جاتی تھیں تو پھر صحابہ نے عورتوں کو اس سے کیوں منع کیا؟ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اسی سوال کا جواب دیا ہے کہ وہ احوال اور تھے اور بعد میں احوال بدل گئے، اور احوال بدلنے سے بعض احکام بدلتے ہیں، عورتوں نے خوش حالی کی وجہ سے جو نئے طریقے ایجاد کئے اگر وہ نبی ﷺ کے سامنے آتے تو آپؐ عورتوں کو ضرور روک دیتے، جیسے بنی اسرائیل کی عورتیں روک دی گئیں، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کا اصل حکم یہی تھا کہ عورتیں مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے آسکتی ہیں، چنانچہ وہ آتی تھیں لیکن جب عورتوں کے احوال بدلے تو بعد کے انبیاء نے عورتوں کو مسجدوں میں آنے سے روک دیا، مگر آج بھی یہودیوں اور عیسائیوں کی عورتیں اپنے مَعابد میں آتی ہیں وہ سب آزاد خیال ہیں —— مزید تفصیل کے لئے دیکھیں: تحفۃ القاری (۲:۱۲۳-۱۲۵)

بابُ صَلاَۃِ النِّسَاءِ خَلْفَ الرِّجَالِ

عورتیں مردوں کے پیچھے نماز پڑھیں

عورتوں کا مقام مردوں، بچوں اور خنثیٰ کی صفوں کے بعد بالکل آخر میں ہے، پہلے بھی یہ باب گذرا ہے، وہاں مقصد یہ تھا کہ اگر ایک ہی عورت ہو تو وہ بھی امام کے پیچھے تنہا کھڑی ہو، اگر چہ صف میں تنہا کھڑا ہونا مکروہ ہے، لیکن یہاں ضرورت ہے، عورت مردوں کے ساتھ صف میں کھڑی نہیں ہوسکتی، بچہ کھڑا ہوسکتا ہے، چنانچہ اگر بچہ ایک ہو تو وہ مردوں کی صف کے کنارے کھڑا ہوگا، مگر عورت صف میں مردوں کے ساتھ کھڑی نہیں ہوسکتی، اس لئے اگر عورت ایک ہی ہے تو بھی پیچھے تنہا کھڑی ہوگی۔

اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ عورت کا مقام سب سے آخر میں ہے، صاحب ہدایہ نے اس سلسلہ میں ایک حدیث بیان کی ہے: أَخِرُوْهُنَّ مِنْ حيثُ أَخَّرَهُنَّ اللّٰہُ: عورتوں کو پیچھے کرو جس طرح اللہ نے ان کو پیچھے کیا ہے۔ یہ حدیث کسی کتاب میں نہیں ملی، اور میں نے پہلے بتایا ہے کہ کتب تفاسیر، کتب فقہ یا بزرگوں کے ملفوظات میں جو حدیثیں ہیں: جب تک وہ حدیث کی کسی کتاب میں قابل استدلال سند کے ساتھ نہ ملیں: ان کا اعتبار نہیں۔ ہدایہ کی حدیث کسی کتاب میں نہیں ملی، مگر مسئلہ یہی ہے کہ عورتوں کا مقام جماعت میں سب سے پیچھے ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس مسئلہ پر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے استدلال کیا ہے: وہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ سلام پھیرنے کے بعد تھوڑی دیر اپنی جگہ رکے رہتے تھے۔ اور لوگ بھی بیٹھے رہتے تھے، جب عورتیں مسجد سے نکل جاتیں تب آنحضور ﷺ اٹھتے، معلوم ہوا کہ عورتوں کی صفیں مردوں کے پیچھے ہوتی تھیں،

اور دوسرا استدلال حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث سے ہے، ان کی نانی مُلیکہ رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ کی دعوت کی، آپؐ نے کھانا تناول فرما کر دو رکعتیں با جماعت پڑھائیں، حضرت انسؓ اور ایک یتیم نے پیچھے صف بنائی، اور مُلیکہؓ ان کے پیچھے کھڑی ہوئیں، معلوم ہوا کہ عورتوں کی صف بچوں کے بعد ہے۔ علاوہ ازیں اور بھی روایتیں ہیں جن میں یہ مسئلہ صراحۃً آیا ہے، یہ روایتیں ابوداؤد اور مسند احمد میں ہیں (احکام نماز ص:۴۰۱ مولانا عبید اللہ الاسعدی)

[۱۶۴-] بابُ صَلاَةِ النِّسَاءِ خَلْفَ الرِّجَالِ

[۸۷۰-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا سَلَّمَ قَامَ النِّسَاءُ حِيْنَ يَقْضِيْ تَسْلِيْمَهُ، وَيَمْكُثُ هُوَ فِيْ مَقَامِهِ يَسِيْرًا قَبْلَ أَنْ يَقُوْمَ، قَالَ: نَرَى- وَاللّٰهُ أَعْلَمُ - أَنَّ ذٰلِكَ كَانَ لِكَيْ يَنْصَرِفَ النِّسَاءُ قَبْلَ أَنْ يُدْرِكَهُنَّ مِنَ الرِّجَالِ"

[۸۷۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِ أُمِّ سُلَيْمٍ، فَقُمْتُ وَيَتِيْمٌ خَلْفَهُ، وَأُمُّ سُلَيْمٍ خَلْفَنَا.[راجع: ۳۸۰]

وضاحت: یہ روایتیں متعدد بار گذر چکی ہیں۔ اور وہ خاتون جس نے آنحضور ﷺ کی دعوت کی تھی اور تنہا صف میں کھڑی ہو کر نماز پڑھی تھی، وہ خاتون کون تھیں؟ یہاں یہ ہے کہ حضرت انسؓ کی والدہ حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا تھیں اور پہلے (حدیث ۳۸۰) گذرا ہے کہ ان کی نانی مُلیکہ رضی اللہ عنہا تھیں۔ یہ واقعہ کے متعلقات میں اختلاف ہے اس کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے، اور راجح یہ ہے کہ وہ ملیکہ رضی اللہ عنہا تھیں، واللہ اعلم۔

بابُ سُرْعَةِ انْصِرَافِ النِّسَاءِ مِنَ الصُّبْحِ، وَقِلَّةِ مَقَامِهِنَّ فِيْ الْمَسْجِدِ

عورتیں فجر کی نماز پڑھ کر جلدی نکل جائیں، مسجد میں دیر تک نہ رکیں

عورتیں نماز کے بعد مسجد میں نہ رکیں، نماز سے فارغ ہو کر چل دیں، کیونکہ عورتوں کا مسجد میں آنا ایک ضرورت سے تھا، اور فقہی ضابطہ ہے کہ جو کام کسی ضرورت سے کیا جائے وہ بقدر ضرورت ہی جائز ہوتا ہے، لہٰذا نماز کے بعد عورتوں کو فوراً واپس لوٹ جانا چاہئے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ عورتیں فجر میں جتنی زیادہ رکیں گی اتنی روشنی بڑھتی جائے گی اس لئے بہتر یہ ہے کہ نماز کے بعد جلدی نکل جائیں، اور عشاء میں جتنی تاخیر کریں گی تاریکی بڑھے گی، اور وہ تاریکی پردہ کا کام کرے گی، اس لئے عشاء کا تذکرہ نہیں کیا، فجر کی تخصیص کے ساتھ باب قائم کیا، ورنہ حکم پانچوں نمازوں کے لئے عام ہے۔

[١٦٥-] بابُ سُرْعَةِ انْصِرَافِ النِّسَاءِ مِنَ الصُّبْحِ، وَقِلَّةِ مَقَامِهِنَّ فِيْ الْمَسْجِدِ

[٨٧٢-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ الصُّبْحَ بِغَلَسٍ، فَيَنْصَرِفْنَ نِسَاءُ الْمُؤْمِنِيْنَ، لاَ يُعْرَفْنَ مِنَ الْغَلَسِ، أَوْ: لاَ يَعْرِفْنَ بَعْضُهُنَّ بَعْضًا.[راجع: ٣٧٢]

ملحوظہ: اس حدیث کی شرح مواقیت الصلوٰۃ باب ۲۷ (تحفۃ القاری ۲:۴۳۶) میں پڑھیں۔

بابُ اسْتِئْذَانِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا بِالْخُرُوْجِ إِلَى الْمَسْجِدِ

مسجد میں جانے کے لئے عورت شوہر سے اجازت لے

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ مسجد جانے کے لئے عورت شوہر کی اجازت کی محتاج ہے، خواہ نماز پڑھنے کے لئے جائے یا وعظ سننے کے لئے۔ البتہ شوہر کو شریعت نے اجازت دینے کا پابند کیا ہے اور حدیث میں مسجد کی قید نہیں ہے، مگر اسماعیلی کی کتاب میں مسجد کا ذکر ہے —— اور عورتوں کو مسجد جانا چاہئے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں تفصیل کتاب الحیض (تحفۃ القاری ۲:۱۲۳) میں گذر چکی ہے۔

[١٦٦-] بابُ اسْتِئْذَانِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا بِالْخُرُوْجِ إِلَى الْمَسْجِدِ

[٨٧٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا اسْتَأْذَنَتِ امْرَأَةُ أَحَدِكُمْ فَلاَ يَمْنَعْهَا" [راجع: ٨٦٥]

وضاحت: یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے، جب ابن عمرؓ نے یہ حدیث سنائی کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "جب تم میں سے کسی کی عورت مسجد جانے کی اجازت مانگے تو وہ اس کو نہ روکے" تو آپؓ کے ایک صاحبزادے نے معارضہ کیا اور کہا: واللہ لانأذن! ابن عمرؓ اس سے اتنے ناراض ہوئے کہ اس لڑکے سے بولنا چھوڑ دیا۔

ملحوظہ: کتاب الاذان سے یہاں تک مسلسل ابواب کا نمبر چل رہا ہے، حالانکہ کتاب الاذان کے بعد صفۃ الصلاۃ کے ابواب ہیں، ان کے نمبر علاحدہ ہونے چاہئیں، مگر ہم نے ابواب کے نمبر نہیں بدلے، تاکہ حوالہ ملانے میں دشواری نہ ہو۔

﴿الحمدللہ! کتاب الصلوٰۃ (أبواب صفۃ الصلوٰۃ) کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتَابُ الْجُمُعَةِ

بَابُ فَرْضِ الْجُمُعَةِ

جمعہ کی نماز فرض ہے

لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿إِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلَاةِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلٰی ذِکْرِ اللّٰهِ وذَرُوْا الْبَیْعَ﴾

آیت: ارشاد پاک ہے: (اے ایمان والو) جب جمعہ کے دن نماز (جمعہ) کے لئے پکارا جائے یعنی جمعہ کی پہلی اذان ہو تو تم اللہ کی یاد کی طرف چل دو، اور خرید وفروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے، اگر تم کو کچھ سمجھ ہو۔

یہاں دو باتیں سمجھ لیں:

پہلی بات: نماز جمعہ بالاجماع فرض ہے اور آیتِ کریمہ سے چار طرح سے فرضیت ثابت ہوتی ہے:

۱- جمعہ کے لئے اذان کی مشروعیت: اذان صرف فرائض کے لئے مشروع کی گئی ہے، واجبات وغیرہ کے لئے اذان مشروع نہیں کی گئی، پس جمعہ کے لئے اذان کی مشروعیت دلیل ہے کہ جمعہ فرض ہے۔

۲- اذان ہونے پر جمعہ کے لئے چل دینا واجب ہے، یہاں سَعْیٌ کے معنی ہیں: چل دینا(۱)، طلبہ سَعْیٌ کے معنی دوڑنے کے کرتے ہیں جو صحیح نہیں، سعی کے معنی اگرچہ دوڑنے کے بھی آتے ہیں، حدیث ہے: إذا أُقیمت الصلاة فلا تأْتُوْها وأنتم تَسْعَوْنَ: اس حدیث میں سعی کے معنی دوڑنے کے ہیں، مگر آیت میں دوڑنے کے معنی نہیں، بلکہ جمعہ کے لئے چل دینا مراد ہے، کیونکہ جب پنج وقتہ نمازوں کے لئے دوڑ کر آنے کی ممانعت ہے تو جمعہ کے لئے بدرجہ اولیٰ ممانعت ہوگی، جمعہ میں سارا شہر جامع مسجد میں آتا ہے، اب اگر شہر کے سارے لوگ دوڑ کر آئیں گے تو تماشہ ہوجائے گا۔ پس آیت میں سعی کے معنی جمعہ کے لئے چل دینے کے ہیں، اذان ہوتے ہی جمعہ کے لئے چل دینے کا وجوبی حکم جمعہ کی فرضیت کی دلیل ہے۔

۳- جمعہ کی اذان پر کاروبار بند کردینے کا وجوبی حکم بھی جمعہ کی فرضیت کی دلیل ہے۔

(۱) قرآنِ کریم میں ہے: ﴿وَأَنَّ لَیْسَ لِلإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعٰی﴾ أی عَمِلَ: اور یہ کہ انسان کو صرف اپنی ہی کمائی ملے گی یعنی کسی دوسرے کا ایمان اس کے کام نہ آئے گا (النجم ۳۹) اس آیت میں سعی بمعنی عمل ہے، دوڑ کر عمل کرنا مراد نہیں ۱۲

۴-خیر کا شہود جمعہ میں منحصر ہونا ﴿ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ﴾ یہ حصر اضافی ہے یعنی کاروبار یا گھر میں بیٹھے رہنے سے جمعہ میں حاضر ہونا بہتر ہے —— غرض اس آیت کریمہ سے مذکورہ چار طرح سے جمعہ کی فرضیت ثابت ہوتی ہے، اور حدیث میں تو صاف لفظ فَرَضَ ہے، جس سے استدلال واضح ہے۔

دوسری بات: جمعہ کا دن اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے، یہ دن امم سابقہ پر بھی پیش کیا گیا تھا مگر انہیں جمعہ کا انتخاب کرنے کی توفیق نہیں ملی، یہ فخر نبی ﷺ کی برکت سے اسی امت کو حاصل ہوا ہے۔

اس کی تفصیل: یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہود و نصاریٰ کو ہفتہ میں ایک دن اجتماعی عبادت کے لئے مقرر کرنے کا حکم دیا تھا اور دن کی تعیین انہی کے حوالے کی گئی تھی، چنانچہ یہود نے اپنے اجتہاد سے بار کا انتخاب کیا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو اشارہ دیا کہ بار نہیں کوئی اور دن منتخب کرو کیونکہ آپؑ جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کو جمعہ کا دن پسند ہے، مگر یہود کا خیال تھا کہ جمعہ کے دن اللہ تعالیٰ تخلیقِ کائنات سے فارغ ہوئے ہیں اور بار کا دن بے بار رہا ہے اس لئے اس دن کاروبار بند رکھنا چاہئے، اور اللہ کی عبادت میں مشغول ہونا چاہئے، چنانچہ بار ہی کا دن ان کے لئے طے کر دیا گیا، سورۃ النحل (آیت ۱۲۴) میں ہے: ﴿إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ﴾: بار کا دن صرف ان لوگوں پر لازم کیا گیا جنھوں نے اس میں اختلاف کیا، یعنی اپنے پیغمبر کے اشارے کی خلاف ورزی کی۔

اور عیسائیوں نے اتوار کے دن کا انتخاب کیا، ان کا نقطۂ نظر یہ تھا کہ اتوار کے دن تخلیق کا عمل شروع ہوا ہے اس لئے شکر و امتنان کی بجا آوری کے لئے وہی دن موزون ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بھی ان کو اشارہ کیا کہ آگے بڑھو مگر انھوں نے پیچھے رہنا پسند کیا اس لئے ان کو پیچھے کر دیا گیا، چنانچہ عمل کے اعتبار سے اتوار ہی ان کے حق میں برحق قرار پایا۔

پھر جب اس امت کا دور آیا تو اس نے خود ہی جمعہ کا انتخاب کیا، اور نبی ﷺ نے اس کی تائید فرمائی، پس یہی دن اس امت کے حق میں برحق قرار پایا جو نفس الامر میں بھی اللہ کو پسند تھا، اور یہ سب توفیق خداوندی سے ہوا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ حضرت اسعد بن زُرارہ رضی اللہ عنہ ایک بلند پایہ صحابی ہیں، مدینہ میں اسلام کی اشاعت میں ان کی مساعی کا بڑا حصہ ہے، ان کی وفات ہجرت کے بعد جلد ہوگئی ہے، اس لئے تاریخ اسلام میں وہ مشہور نہیں ہیں۔ انھوں نے ایک مرتبہ مسلمانوں کو مدینہ سے باہر ایک باغ میں جمع کیا تا کہ معلوم ہو جائے کہ مسلمانوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور وہ کس حال میں ہیں؟ جب سب حضرات جمع ہوئے تو مسلمانوں کی تعداد توقع سے زیادہ نکلی، سب ایک دوسرے سے مل کر خوش ہوئے، حضرت اسعد رضی اللہ عنہ نے ایک بکرا ذبح کر کے سب کی دعوت کی، اتفاق سے یہ جمعہ کا دن تھا، کھانا کھا کر سب نے جماعت سے دوگانۂ شکر ادا کیا اور مشورہ ہوا کہ آئندہ بھی ہفتہ میں ایک بار جمع ہونا چاہئے، اور اللہ کا شکر بجالانا چاہئے، اور دوگانہ ادا کرنا چاہئے، پھر یہ بات زیر غور آئی کہ کس دن جمع ہونا چاہئے؟ سب نے جمعہ کے دن کی رائے دی اور وجہ یہ بیان کی کہ ہم اہل کتاب سے پیچھے کیوں رہیں، دین کے کاموں میں ہمیں ان سے ایک دن آگے رہنا چاہئے، اس طرح جمعہ کے

دن کا انتخاب عمل میں آیا۔ ابوداؤد شریف میں روایت ہے کہ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ جب بھی جمعہ کی اذان سنتے تو حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کے لئے دعائے خیر کرتے، ان کے صاحبزادے عبدالرحمٰن نے اس کی وجہ دریافت کی تو انھوں نے بتایا کہ حضرت اسعد رضی اللہ عنہ ہی نے سب سے پہلے مسلمانوں کو جمع کر کے فلاں مقام میں جمعہ قائم کیا ہے جبکہ مدینہ میں مسلمانوں کی تعداد چالیس تھی (ابوداؤد حدیث ۱۰۶۹ باب الجمعۃ فی القری)

یہاں مدینہ منورہ میں حضرت اسعد بن زُرارہ رضی اللہ عنہ نے پہلا جمعہ پڑھایا، اُدھر مکہ مکرمہ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے ان کے ہاتھ میں سفید آئینے جیسی کوئی چیز تھی اس میں ایک سیاہ نقطہ تھا، آپؐ نے دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بتایا: یہ جمعہ ہے، آپؐ نے پوچھا: جمعہ کیا ہے؟ فرمایا: تمہارے لئے اس میں خیر ہے، آپؐ نے پوچھا: اس میں کیا خیر ہے؟ فرمایا: وہ آپ کے لئے اور آپ کی امت کے لئے روزِ عید ہے اور یہود ونصاریٰ تمہارے پیچھے ہیں یعنی ان کی عبادت کے دن بعد میں ہیں، آپؐ نے پوچھا: اس دن میں کیا خصوصیت ہے؟ فرمایا: اس میں ایک ساعتِ مرجوّہ ہے (اس کی تفصیل آئندہ (باب ۳۷) میں آرہی ہے) آپؐ نے پوچھا: اس میں یہ سیاہ نقطہ کیا ہے؟ فرمایا: یہی وہ ساعت مرجوّہ ہے جو جمعہ کے دن میں ہے اور یہ سید الایام ہے، قیامت کے دن ہم اس کو یوم المزید کہیں گے، پھر مشک کے ٹیلوں والی جنت میں جمعہ کے دن دربارِ خداوندی کا تذکرہ کیا، اور حضرت جبرئیل نے یہ بھی بیان فرمایا کہ اس دن میں اللہ تعالیٰ جنتیوں کو کس طرح مزید نعمتوں سے نوازیں گے، یہ حدیث مصنف ابن ابی شیبہ (۱۵۰:۲ فضل الجمعۃ) میں ہے۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اس کے کچھ ہی روز بعد رسول اللہ ﷺ کا ایک والا نامہ جمعہ قائم کرنے کے بارے میں حضرت مصعب بن عُمیر رضی اللہ عنہ کے نام پہنچا کہ نصف النہار کے بعد سب مل کر بارگاہِ خداوندی میں دوگانہ ادا کیا کرو۔ اس حدیث کو دارقطنی نے روایت کیا ہے —— غرض حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے محض اپنے اجتہاد سے جمعہ قائم کیا، اور جمعہ کے دن کا انتخاب ایک ایسی فضیلت ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اس امت کو خاص کیا ہے، کسی بھی دوسری امت کو یہ دولت نصیب نہیں ہوئی۔ فَلِلّٰہِ الحمد و الشکر!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۱ — کِتَابُ الْجُمُعَةِ

[۱-] بابُ فَرْضِ الْجُمُعَةِ

لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿إِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلٰی ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوْا الْبَيْعَ، ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾ [الجمعة: ۹] فَاسْعَوْا: فَامْضُوْا.

[۸۷۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ هُرْمُزَ

الْأَعْرَجَ مَوْلٰى رَبِيْعَةَ بْنِ الْحَارِثِ، حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" نَحْنُ الآخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، بَيْدَ أَنَّهُمْ أُوْتُوْا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا، ثُمَّ هٰذَا يَوْمُهُمُ الَّذِيْ فُرِضَ عَلَيْهِمْ، فَاخْتَلَفُوْا فِيْهِ، فَهَدَانَا اللّٰهُ لَهُ، فَالنَّاسُ لَنَا فِيْهِ تَبَعٌ، الْيَهُوْدُ غَدًا وَالنَّصَارٰى بَعْدَ غَدٍ"[راجع: ۲۳۸]

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہم (دنیا میں وجود کے اعتبار سے) آخری امت اور قیامت کے دن (حساب وکتاب اور دخولِ جنت کے اعتبار سے) پہلی امت ہیں۔ بایں ہمہ کہ وہ لوگ ہم سے پہلے کتاب دیئے گئے ہیں، یعنی یہ ایک فضیلت ان کو ضرور حاصل ہے، مگر یہ کوئی بڑی فضیلت نہیں، جیسے سارے انبیاء پہلے گذرے ہیں اور سید الانبیاء بعد میں آئے ہیں مگر سب سے افضل آپؐ ہی ہیں اور دیگر انبیاء کا تقدم زمانی ایک فضیلت ضرور ہے مگر وہ کوئی بڑی فضیلت نہیں۔ پھر یہ جمعہ ان کا وہ دن ہے جو ان پر مقرر کیا گیا تھا مگر انھوں نے اس میں (انبیاء سے) اختلاف کیا یعنی ان کی بات نہیں مانی، پس ہمیں اللہ نے اس دن کا راستہ دکھایا، پس لوگ عبادت کے دن میں ہمارے پیچھے ہیں، یہود آئندہ کل ہیں اور نصاریٰ آئندہ پرسوں۔

تشریحات:

۱- فَاسْعَوْا کی تفسیر فَامْضُوْا سے کر کے امام بخاری رحمہ اللہ نے اشارہ کیا کہ یہاں سعی کے معنی دوڑنے کے نہیں ہیں، بلکہ چلنے کے ہیں، یعنی اذانِ جمعہ سن کر جمعہ کے لئے چل دو۔

۲- **قوله: نحن الآخِرون السابقون يومَ القيامة:** یعنی ہم دنیا میں وجود کے اعتبار سے یہود ونصاریٰ کے بعد ہیں، لیکن قیامت کے دن حساب وکتاب اور دخولِ جنت کے اعتبار سے ان سے آگے ہونگے، کیونکہ ہم دنیا میں عبادت کے اعتبار سے ان سے آگے ہیں، پس قیامت کے دن جنت میں ہم پہلے جائیں گے۔

۳- بَيْدَ: حرفِ استثناء ہے اور کہتے ہیں کہ غیر کے ہم معنی اور ہم وزن ہے، مگر یہ سرسری بات ہے، وزن تو ایک ہے مگر معنی میں فرق ہے، غیر: محض استثناء کے لئے ہے یعنی اس کے ذریعہ مذکور میں سے کوئی چیز نکالی جاتی ہے، جیسے جاء نی القومُ غیر زید یعنی زید کے علاوہ ساری قوم آئی، اور بَيْدَ کے ذریعہ جو چیز نکالی جاتی ہے وہ بالکلیہ نہیں نکالی جاتی، بلکہ اس میں گونہ فضیلت باقی رہتی ہے (۱) یعنی یہود ونصاریٰ صرف ایک بات میں بڑھے ہوئے ہیں اور وہ بات یہ ہے کہ ان کو ہم سے

(۱) مشہور حدیث ہے: أَنَا أَفْصَحُ العرب بَيْدَ أَنِّيْ من قريش: میں عربوں میں سب سے بڑا فصیح ہوں، بایں ہمہ کہ میں قریشی ہوں، قریش: متمدن قبیلہ تھا، اس لئے ان کی زبان فصیح نہیں رہی تھی، متمدن اقوام کا دوسری اقوام کے ساتھ ملنا جلنا ہوتا ہے، اس لئے ان کی زبان خالص نہیں رہتی، صحراء نشیں قبائل کی زبان ہی فصیح ہوتی ہے، اور آپؐ نے بنوسعد میں پرورش پائی تھی، جو صحراء نشیں قبیلہ تھا اور عرب کا فصیح ترین قبیلہ تھا، اس لئے آپؐ عربوں میں فصیح ترین تھے، مگر قریش کو دیگر قبائل پر گونہ فضیلت حاصل تھی، اس لئے آپؐ نے قریش کا استثناء فرمایا اور ان کے لئے ایک مزیت ثابت کی، اسی فضیلت کی وجہ سے آپؐ قریشی ہیں، مگر زبان آپؐ کی نہیں بگڑی، کیونکہ آپؐ بنوسعد میں پلے بڑھے ہیں، بہر حال بَيْدَ سے ایسی چیز کا استثناء کیا جاتا ہے جو فی الجملہ حامل فضیلت ہو، پس بالکلیہ استثناء نہیں ہوتا ۱۲

پہلے کتاب دی گئی، مگر یہ کوئی خاص فضیلت نہیں، بڑی فضیلت دخولِ جنت ہے، اوراس میں ہم آگے ہونگے۔

۴-**قولہ: ثم ھذا:** پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ہمارے دو امتیاز ہیں:

ایک: یہ کہ اس امت نے اپنے نبی کی مخالفت نہیں کی، یہود ونصاری نے اپنے اپنے انبیاء کی مخالفت کی، ہماری اللہ نے جمعہ کی طرف راہ نمائی کی: کا یہی مطلب ہے۔

دوم: ہم اگرچہ وجود کے اعتبار سے بعد میں ہیں مگر حقیقت میں پہلے ہیں اس لئے کہ ہماری عبارت کا دن جمعہ کا دن ہے، اور یہود ونصاری کے عبادت کے دن ہمارے ایک دو دن بعد ہیں۔

۵-**قولہ: فُرِضَ عَلَیْھِمْ:** ان پر مقرر کیا گیا تھا یعنی اللہ تعالیٰ چاہتے تھے کہ یہود ونصاری بھی جمعہ کا دن منتخب کریں مگر معاملہ چونکہ ان کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا تھا اس لئے جو بھی دن انھوں نے مقرر کیا وہی دن ان کے حق میں برحق قرار پایا، یہ بات شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمائی ہے، ہفتہ میں اجتماعی عبادت کے لئے کسی دن کی تعیین کا مسئلہ اجتہادی تھا، اور اجتہاد امتوں کو کرنا تھا، انبیاء کو صرف تائید کرنی تھی، اور اجتہادی امور میں نفس الامر کے اعتبار سے حق ایک ہوتا ہے مگر عمل کے اعتبار سے حق متعدد ہوتے ہیں، جیسے ائمہ اربعہ کے اختلافی مسائل: نفس الامر کے اعتبار سے حق ایک ہے اور جو بھی مجتہد اس کو پالیتا ہے اس کو دوہرا اجر ملتا ہے مگر عمل کے اعتبار سے ہر رائے برحق ہے، چنانچہ جو صواب چوک جاتا ہے وہ بھی اجر کا مستحق ہوتا ہے۔

اس کی نظیر: بدر کے قیدیوں کا مسئلہ ہے، جو صحابہ کے سپرد کیا گیا تھا، چند حضرات کی رائے تھی کہ قیدیوں کو قتل کردیا جائے، اور چند کی رائے فدیہ لے کر چھوڑ دینے کی تھی، چنانچہ نبی ﷺ نے اسی رائے کو اختیار فرمایا، اس کے بعد آیت نازل ہوئی: ﴿لَوْلَا کِتَابٌ مِنَ اللّٰہِ سَبَقَ لَمَسَّکُمْ فِیْمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ﴾ مگر قرآن نے اس فدیہ کو حلال رکھا کیونکہ معاملہ صحابہ کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا تھا۔ اسی طرح یہود ونصاری نے جن دنوں کا انتخاب کیا وہی ان کے حق میں برحق قرار پائے (رحمۃ اللہ ۳: ۵۷۲)

بابُ فَضْلِ الْغُسْلِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَهَلْ عَلَى الصَّبِيِّ شُهُوْدُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ أَوْ عَلَى النِّسَاءِ؟

جمعہ کے دن غسل کی اہمیت، اور کیا بچوں اور عورتوں پر جمعہ کی نماز کے لئے آنا ضروری ہے؟

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: جمعہ کے دن غسل کی اہمیت، ائمہ اربعہ کے نزدیک جمعہ کے دن غسل کرنا سنت ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ بھی اسی کے قائل ہیں، اور اصحاب ظواہر (غیر مقلدین) ہر بالغ پر خواہ مرد ہو یا عورت، پاک ہو یا حائضہ، نفساء، دیہاتی ہو یا شہری، مقیم ہو یا مسافر: غسل جمعہ فرض کہتے ہیں، مگر صحتِ جمعہ کے لئے شرط نہیں کہتے، پس غسل کئے بغیر اگر کوئی جمعہ پڑھے گا

تو جمعہ صحیح ہوگا البتہ جمعہ کے دن غسل نہیں کرے گا تو ترک فرض کا گناہ ہوگا۔

قائلینِ وجوب جس حدیث سے استدلال کرتے ہیں اس پر ترجمہ میں لفظ فضل رکھ کر حضرت رحمہ اللہ نے اشارہ کیا کہ یہ حدیث وجوب اور فرضیت کے بیان کے لئے نہیں ہے بلکہ غسل کی اہمیت بیان کرنے کے لئے ہے، اسی لئے جمہور بشمول امام بخاریؒ جمعہ کے دن غسل کی سنیت کے قائل ہیں، صرف غیر مقلدین اس کو واجب (بمعنی فرض) کہتے ہیں۔

دوسرا مسئلہ: کیا عورتوں اور بچوں پر جمعہ کی نماز فرض ہے؟ جواب: جمعہ صرف مردوں پر فرض ہے اور مردوں میں سے بھی بعض مستثنیٰ ہیں، جیسے بیمار اور مسافر پر جمعہ فرض نہیں، اسی طرح عورتوں پر بھی فرض نہیں اور بچوں پر تو فرض ہونے کا سوال ہی نہیں، لیکن اگر عورتیں نماز جمعہ میں شریک ہو جائیں تو وقت کا فرض ادا ہو جائے گا جیسے بیمار اور مسافر نماز جمعہ میں آ جائیں تو وقت کا فرض ادا ہو جائے گا۔

[۲-] بابُ فَضْلِ الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَهَلْ عَلَى الصَّبِيِّ شُهُوْدُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ أَوْ عَلَى النِّسَاءِ؟

[۸۷۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ" [انظر: ۸۹٤: ۹۱۹]

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو شخص جمعہ کے لئے آئے چاہئے کہ وہ نہا کر آئے۔

تشریح: فَلْيَغْتَسِلْ: امر غائب ہے، اصحابِ ظواہر نے اس کو وجوب کے لئے لیا ہے، اور غسل جمعہ کو واجب قرار دیا ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کی طرف بھی وجوب کا قول منسوب کیا گیا ہے۔ اور جمہور کے نزدیک یہ امر استحباب کے لئے ہے، کیونکہ امر غائب ڈھیلا ڈھالا امر ہوتا ہے، پھر دیگر دلائل بھی ہیں جو غسل کے عدم وجوب پر دلالت کرتے ہیں، اس لئے جمعاً بین الادلّہ اس امر کو استحباب پر محمول کیا جائے گا۔

[۸۷۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رضى الله عنه بَيْنَمَا هُوَ قَائِمٌ فِيْ الْخُطْبَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، إِذْ جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَنَادَاهُ عُمَرُ: أَيَّةُ سَاعَةٍ هٰذِهِ؟ قَالَ: إِنِّيْ شُغِلْتُ، فَلَمْ أَنْقَلِبْ إِلَى أَهْلِيْ حَتَّى سَمِعْتُ التَّأْذِيْنَ، فَلَمْ أَزِدْ [عَلَى] أَنْ تَوَضَّأْتُ، فَقَالَ: وَالْوُضُوْءُ أَيْضًا! وَقَدْ عَلِمْتَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عيه وسلم كَانَ يَأْمُرُ بِالْغُسْلِ. [انظر: ۸۸۲]

حدیث: اس درمیان کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے: اچانک نبی ﷺ کے اصحاب میں سے شروع میں ہجرت کرنے والوں میں سے ایک صاحب آئے (یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے) حضرت عمرؓ نے (خطبہ ہی

میں) فرمایا: یہ آنے کا کیا وقت ہے؟ (أَیَّـةُ کلمۂ استفہام ہے ۃ مدورہ کے بغیر بھی مذکر ومؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے، قرآن میں ہے: ﴿بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ﴾ أَرْض مؤنث سماعی ہے، اور أَیّ مذکر استعمال ہوا ہے) ان آنے والے صاحب نے عرض کیا: میں مشغول تھا، پس نہیں لوٹا میں گھر والوں کی طرف یہاں تک کہ میں نے اذان سنی اور میں نے وضو پر زیادتی نہیں کی، یعنی میں بازار میں تھا، وقت کا خیال نہیں رہا، یہاں تک کہ اذان ہوگئی، اذان سننے کے بعد گھر لوٹ کر بس وضو کیا اتنی دیر ہوئی ہے، اس سے زیادہ میں نہیں رکا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور وضو بھی! یعنی صرف وضو کرکے آئے ہو، حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ نبی ﷺ غسل کا حکم دیا کرتے تھے۔

تشریح: جن لوگوں کے نزدیک غسل واجب نہیں ان کی ایک دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ واقعہ ہے، اگر غسل واجب ہوتا تو اولاً حضرت عثمان رضی اللہ عنہ غسل کئے بغیر نہ آتے، ثانیاً: حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کو بیٹھنے نہ دیتے، واپس کرتے کہ جاؤ غسل کرکے آؤ، اور اگر حضرت عمرؓ حکم نہ دیتے تو مسجد صحابہ سے بھری ہوئی تھی کوئی نہ کوئی نکیر کرتا کہ آپ کا صرف وضو کرکے آنا صحیح نہیں، آپ جائیں اور غسل کرکے آئیں، پس اجماع سکوتی ہوا کہ جمعہ کے دن غسل واجب نہیں اور فلیغتسل کا امر استحباب پر محمول ہے۔

فائدہ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ روزانہ صبح غسل کرتے تھے، یہ بات آپ کے مولیٰ حمران نے بیان کی ہے اور وہ روایت مسلم میں ہے (بحوالہ معارف السنن ۴: ۳۲۵) پس حضرت عثمانؓ تو غسل کئے بغیر نہیں آئے تھے مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ان کو واپس نہ بھیجنا اور کسی صحابی کا نکیر نہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ غسل جمعہ فرض نہیں، کیونکہ حضرت عمرؓ: حضرت عثمانؓ کی اس عادت سے واقف نہیں تھے، ان کا فرمانا کہ صرف وضو کرکے آئے ہو، حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ غسل کا حکم دیا کرتے تھے، یہ ارشاد دلیل ہے کہ حضرت عمرؓ ان کی روزانہ غسل کرنے کی عادت سے واقف نہیں تھے، ورنہ ان کے صبح میں کئے ہوئے غسل کو کافی گردانتے، کیونکہ قائلینِ وجوب کے نزدیک بھی غسل کی طہارت سے جمعہ پڑھنا ضروری نہیں۔

[۸۷۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُحْتَلِمٍ" [راجع: ۸۵۸]

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جمعہ کے دن غسل کرنا ہر بالغ کے لئے ضروری ہے"

تشریح:

۱- اس حدیث سے باب کے دوسرے جز پر استدلال کیا ہے کہ عورتوں اور بچوں پر جمعہ میں آنا ضروری نہیں، کیونکہ لفظ محتلم کے معنی ہیں: بالغ مرد، پس بچے اور عورتیں نکل گئیں۔

۲- اس حدیث میں لفظ واجب آیا ہے جس سے اصحابِ ظواہر کے فہم کی تائید ہوتی ہے اور اس کا جواب یہ ہے کہ واجب کے دو معنی ہیں: واجب شرعی اور واجب فی المروّۃ۔ یہاں واجب فی المروّۃ مراد ہے یعنی بڑے مجمع کا تقاضہ ہے کہ وہاں نہادھو کر اور نظافت وصفائی کے ساتھ جانا چاہئے، شرعی وجوب مراد نہیں۔

اور صحیح بات وہ ہے جو حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمائی ہے کہ یہ حکم مخصوص حالات کے لئے تھا، جبکہ مسجدِ نبوی چھپر تھی، چھت نیچی تھی، لوگ اون کے کپڑے پہنتے تھے، بذاتِ خود کھیتوں میں کام کرتے تھے، ملک گرم تھا، ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ لوگ کھیتوں سے جمعہ کے وقت سیدھے مسجد میں آئے وہ پسینہ میں شرابور تھے، جس سے تعفن پیدا ہوا، جب آنحضرت ﷺ مسجد میں تشریف لائے تو آپؐ نے بدبو محسوس کی، پس حکم دیا کہ کھیتوں سے سیدھے مسجد نہ آیا کرو، پہلے گھر جاؤ، غسل کرو، کپڑے بدلو پھر مسجد میں آؤ، پھر جب حالات بدل گئے، مسجدِ نبوی کشادہ ہوگئی، کھیتوں میں کام کرنے کے لئے غلام مل گئے، کپڑے بھی اون کے نہ رہے تو حکم بدل گیا، اب غسل کی وہ سخت تاکید نہ رہی، اس توجیہ کا حاصل یہ ہے کہ مخصوص حالات میں غسل واجب تھا، پھر جب حالات بدلے تو وجوب باقی نہ رہا، اب اگر حالات پلٹیں تو وجوب لوٹ آئے گا (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث آئندہ بخاری میں آرہی ہے اور ابن عباسؓ کی حدیث طحاوی میں ہے)

فوائد:

۱- امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک غسل نمازِ جمعہ کے لئے سنت ہے۔ اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک جمعہ کے دن کے لئے سنت ہے اور ثمرۂ اختلاف یہ ہے کہ امام محمدؒ کے نزدیک جن لوگوں پر جمعہ فرض نہیں، مثلاً دیہاتی اور عورتیں ان کے لئے بھی جمعہ کے دن غسل کرنا سنت ہے اور شیخین رحمہما اللہ کے نزدیک صرف ان لوگوں کے لئے سنت ہے جن پر جمعہ فرض ہے یا وہ جمعہ میں حاضر ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں، لیکن اگر کوئی شخص جمعہ پڑھ کر غسل کرے تو بالاجماع سنت ادا نہیں ہوگی، یہاں ثمرۂ اختلاف ظاہر نہیں ہوگا۔

۲- امام مالکؒ کے نزدیک غسل کی طہارت سے جمعہ پڑھنے ہی سے سنت ادا ہوگی اگر غسل کے بعد وضو ٹوٹ گیا، اور نیا وضو کر کے جمعہ پڑھا تو سنت ادا نہیں ہوگی، باقی ائمہ کے نزدیک غسل کی طہارت سے جمعہ پڑھنا ضروری نہیں، طحاوی (۹۱:۱) میں عبدالرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ کا یہ عمل مروی ہے کہ وہ جمعہ سے پہلے غسل کرتے تھے پھر اگر وضو ٹوٹ جاتا تو وضو کر کے جمعہ پڑھتے نیا غسل نہیں کرتے تھے۔ یہ جمہور کی دلیل ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کی کوئی خاص دلیل میرے علم میں نہیں ہے۔

بابُ الطِّیْبِ لِلْجُمُعَۃِ

جمعہ کے دن خوشبو لگانا

بڑے مجمع میں حاضر ہونے سے پہلے نظافت کا خیال کرنا پسندیدہ امر ہے، جمعہ میں بھی بڑا مجمع ہوتا ہے اس لئے

نہادھوکر، بدن کا میل کچیل صاف کرکے، مسواک کرکے، صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز پڑھنے کے لئے جانا چاہئے، جب سب لوگ نہادھوکر اور خوشبو لگا کر آئیں گے تو مسجد معطر ہو جائے گی، اور ذکر واذکار اور نماز میں خوب طبیعت لگے گی، اور کام کاج کے کپڑوں میں اور پسینہ میں شرابور آئیں گے تو فضا بدبودار ہو جائے گی، اور وہاں وقت گذارنا دوبھر ہو جائے گا، ابھی بتایا تھا کہ دورِ اول میں جب مسجدِ نبوی چھپر تھی، چھت نیچی تھی، کھیتوں میں لوگ بذاتِ خود کام کرتے تھے اور اون کے کپڑے پہنتے تھے: ایک دن کھیتوں میں سے لوگ سیدھے مسجد میں آئے وہ پسینہ میں شرابور تھے، جس سے تعفن پیدا ہوا اور نبی ﷺ نے مسجد میں بدبو محسوس کی تو آئندہ غسل کرکے آنے کا حکم دیا، یہ حکم اگرچہ مخصوص احوال میں تھا مگر اس کا استحباب اب بھی باقی ہے اس لئے جمعہ کے ہر شخص کو نہادھوکر، صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر آنا چاہئے۔

[۳-] بابُ الطِّيْبِ لِلْجُمُعَةِ

[۸۸۰-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِبْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ سُلَيْمٍ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَشْهَدُ عَلٰى أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُحْتَلِمٍ، وَأَنْ يَسْتَنَّ، وَأَنْ يَمَسَّ طِيْبًا إِنْ وَجَدَ"

قَالَ عَمْرٌو: أَمَّا الْغُسْلُ فَأَشْهَدُ أَنَّهُ وَاجِبٌ، وَأَمَّا الإِسْتِنَانُ وَالطِّيْبُ فَاللّٰهُ أَعْلَمُ: أَوَاجِبٌ هُوَ أَمْ لَا؟ وَلٰكِنْ هٰكَذَا فِيْ الْحَدِيْثِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هُوَ أَخُوْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، وَلَمْ يُسَمَّ أَبُوْ بَكْرٍ هٰذَا، رَوٰى عَنْهُ بُكَيْرُ بْنُ الْأَشَجِّ، وَسَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ هِلَالٍ، وَعِدَّةٌ، وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ يُكْنٰى بِأَبِيْ بَكْرٍ وَأَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ. [راجع: ۸۵۸]

وضاحتیں:

۱- أشهد: گواہی دیتا ہوں میں۔ شہادت میں قسم کا مفہوم ہوتا ہے، عمرو کہتے ہیں: میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ پر گواہی دیتا ہوں یعنی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے حضرت ابوسعید خدریؓ سے یہ حدیث سنی ہے، اور حضرت ابوسعیدؓ نے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ پر گواہی دیتا ہوں یعنی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے یہ ارشاد آپؐ سے سنا ہے، اس طرح مؤکد لفظ کبھی صحابی اقتضائے مقام سے استعمال کرتے تھے، پھر شاگرد نے بھی وہ لفظ استعمال کرلیا۔

۲- حدیث میں تین مسئلے ہیں: (۱) جمعہ کے دن غسل کرنا (۲) مسواک کرنا (۳) خوشبو لگانا، اگر خوشبو موجود ہو، دوسرے سے مانگنے کی ضرورت نہیں۔ عمرو کہتے ہیں: غسل کرنا تو بالیقین واجب ہے اور مسواک کرنا اور خوشبو لگانا واجب ہے یا نہیں؟ یہ مجھے معلوم نہیں! حدیث میں ایسا ہی ہے۔

محدثین کا کام حدیث روایت کرنا ہے اور اس میں سے احکام نکالنا مجتہدین کا کام ہے، اگر محدثین حکم لگائیں گے تو وہی

کریں گے جو عمرو کر رہے ہیں، مسواک کرنا اور خوشبو لگانا بالاجماع واجب نہیں، پس پہلا حکم بھی جو اس کا قرین ہے واجب نہیں، اور حدیث میں احسان و نیکوکاری کا واجب مراد ہے یعنی بڑے مجمع کا تقاضہ یہ ہے کہ وہاں نہا دھو کر نظافت و صفائی کے ساتھ جانا چاہئے، شرعی وجوب مراد نہیں۔

۳-شعبہ رحمہ اللہ کے استاذ ابوبکر بن المنکد ر: محمد بن المنکد ر کے بھائی ہیں، محمد بن المنکدر کی کنیت ابوعبداللہ بھی تھی اور ابوبکر بھی، پس کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ یہ محمد بن المنکدر ہیں۔ یہاں بجائے نام کے کنیت آگئی، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ دھوکا نہیں ہونا چاہئے، یہ محمد بن المنکد ر نہیں ہیں بلکہ ان کے بھائی ہیں ان کا نام ہی ابوبکر تھا، دوسرا کوئی نام نہیں تھا، ان سے بکیر بن الاشج اور سعید بن ابی ہلال وغیرہ متعدد ائمہ حدیث روایت کرتے ہیں۔

بابُ فَضْلِ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن کی اہمیت

حدیث باب سے یہ چند وجوہ جمعہ کی اہمیت نکلتی ہے: (۱) جمعہ کے دن اہتمام سے غسل کرنے کا حکم (۲) خوشبو لگانے کی، اچھے کپڑے پہننے کی اور مسواک وغیرہ کی تاکید (۳) تبکیر یعنی صبح سویرے جمعہ کے لئے جانے کی فضیلت (۴) اونٹ، گائے اور مینڈھا وغیرہ صدقہ کرنے کا ثواب یعنی عبادت بدنیہ کے بدلہ میں عبادت مالیہ کا ثواب: ان تمام باتوں سے جمعہ کے دن کی فضیلت نکلتی ہے۔

[٤-] بابُ فَضْلِ الْجُمُعَةِ

[٨٨١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحِ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ غُسْلَ الْجَنَابَةِ، ثُمَّ رَاحَ، فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ بَدَنَةً، وَمَنْ رَاحَ فِيْ السَّاعَةِ الثَّانِيَةِ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ بَقَرَةً، وَمَنْ رَاحَ فِيْ السَّاعَةِ الثَّالِثَةِ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ كَبْشًا أَقْرَنَ، وَمَنْ رَاحَ فِيْ السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ دَجَاجَةً، وَمَنْ رَاحَ فِيْ السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ بَيْضَةً، فَإِذَا خَرَجَ الإِمَامُ حَضَرَتِ الْمَلَائِكَةُ يَسْتَمِعُوْنَ الذِكْرَ"

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے دن نہایا جنابت کے نہانے کی طرح (غسلَ منصوب بنزعِ خافض ہے أی کغُسل الجنابة اور مراد اچھی طرح نہانا ہے اور بعض علماء فرماتے ہیں: اس جملہ میں اشارہ ہے کہ بیوی سے صحبت کر کے نہائے) پھر وہ (پہلی گھڑی میں) مسجد گیا تو اس نے ایک اونٹ صدقہ کیا، اور جو دوسری گھڑی میں گیا اس نے گویا گائے صدقہ کی، اور جو تیسری گھڑی میں گیا اس نے گویا سینگ دار مینڈھا صدقہ کیا اور جو چوتھی گھڑی میں گیا اس نے گویا مرغی صدقہ کی

(اورنسائی کی روایت میں اس سے پہلے بطخ کا بھی ذکر ہے) اور جو پانچویں گھڑی میں گیا اس نے گویا انڈا صدقہ کیا (اورنسائی کی روایت میں اس سے پہلے چڑیا کا بھی ذکر ہے) پھر جب امام خطبہ کے لئے نکلا تو فرشتے حاضر ہوجاتے ہیں، وہ خطبہ سنتے ہیں یعنی اب جو آتا ہے اس کا اندراج نہیں ہوتا، نہ اس کے آنے کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

تشریحات:

۱- قَرَّب کے معنی مجمع بحار الأنوار میں أهدی تقرباً إلی الله تعالیٰ کئے ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ کی نزدیکی حاصل کرنے کے لئے کسی کو کوئی چیز دینا، خواہ وہ ذبیحہ کا گوشت ہو، زندہ جانور ہو یا کوئی اور چیز ہو، اور بَدَنَۃ (بڑے جانور) میں اونٹ، گائے، بھینس سب شامل ہیں، لیکن یہاں اونٹ مراد ہے کیونکہ وہ بقرۃ کے مقابلہ میں آیا ہے۔

۲- امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ گھڑیاں زوال سے شروع ہوتی ہیں اور وہ لحظات خفیفہ ہیں یعنی زوال کے بعد فوراً پہلی گھڑی شروع ہوتی ہے پھر دوسری اور تیسری یکے بعد دیگرے گھڑیاں شروع ہوتی ہیں، اور ان کی دلیل یہ ہے کہ حدیث میں لفظ رَاحَ ہے جس کے معنی زوال کے بعد جانے کے ہیں، معلوم ہوا کہ یہ گھڑیاں زوال کے بعد سے شروع ہوتی ہیں، نیز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی زوال کے بعد فوراً منبر پر تشریف لاتے تھے، پس معلوم ہوا کہ یہ لحظات خفیفہ ہیں۔

اور دیگر ائمہ فرماتے ہیں: یہ گھڑیاں جمعہ کے دن صبح صادق سے شروع ہوتی ہیں، ایک حدیث میں بَكَّرَ وَابْتَكَرَ آیا ہے (ترمذی حدیث ۵۰۵) بَكَّرَ کے معنی ہیں: صبح کے وقت جانا اور ابْتَكَرَ اس کی تاکید ہے یعنی بالکل صبح میں جانا اور امام مالک رحمہ اللہ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ راح جب غدا کے مقابلہ میں آئے تو اس کے معنی شام کے وقت جانے کے ہوتے ہیں اور جب تنہا آئے تو اس کے معنی مطلق جانے کے ہوتے ہیں، خواہ شام میں جائے یا صبح میں۔ اور یہاں راح تنہا آیا ہے پس اس کے معنی مطلق جانے کے ہیں اس لئے جمہور کے نزدیک یہ گھڑیاں جمعہ کے دن صبح صادق کے بعد فوراً شروع ہوتی ہیں اور لمبی گھڑیاں ہیں۔

بابٌ

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے۔ باب کی حدیث سے بھی اوپر والے باب (جمعہ کے دن کی اہمیت) پر استدلال کیا جاسکتا ہے، البتہ استدلال کی نوعیت بدل جائے گی، اس لئے باب سے فصل کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خطبہ کے دوران آئے تو ان کو ڈانٹ پڑی، ڈانٹ کسی اہم چیز کے فوت کرنے ہی پر پڑتی ہے، معلوم ہوا کہ جمعہ کا دن بڑی اہمیت کا حامل ہے۔

[۵-] بابٌ

[۸۸۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى: هُوَ ابْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ

هُرَيْرَةَ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ بَيْنَمَا هُوَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِذْ دَخَلَ رَجُلٌ، فَقَالَ عُمَرُ: لِمَ تَحْتَبِسُوْنَ عَنِ الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: مَاهُوَ إِلَّا أَنْ سَمِعْتُ النِّدَاءَ فَتَوَضَّأْتُ، فَقَالَ: أَلَمْ تَسْمَعُوْا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا رَاحَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ؟" [راجع: ۸۷۸]

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: دریں اثنا کہ جمعہ کے دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ خطبہ دے رہے تھے، اچانک ایک صاحب آئے، پس حضرت عمرؓ نے پوچھا: آپ لوگ نماز سے کیوں رکتے ہو؟ پس ان صاحب نے کہا: نہیں ہے وہ مگر یہ بات کہ سنی میں نے اذان پس وضو کیا میں نے، پس حضرت عمرؓ نے کہا: کیا تم نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ جب تم میں سے کوئی جمعہ کے لئے آئے تو غسل کرے؟

تشریح:

۱- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ جب میرے ذمہ سعی الی الجمعہ فرض ہوئی تو میں نے صرف وضو کیا اس سے زیادہ نہیں رکا، اذان سے پہلے جمعہ کے لئے چلنے کا حکم نہیں، کسی بھی کام میں مشغول رہ سکتے ہیں اور اذان کے بعد چل دینا ضروری ہے۔ حضرت عثمانؓ نے اذان کے بعد صرف وضو کیا ہے اور وضو نماز کے متعلقات میں سے ہے۔ پس حضرت عثمانؓ تھوڑی دیر دینی ضرورت سے رکے ہیں، اپنی ضرورت سے نہیں رکے۔

۲- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اسی قسم کے تجربات کی وجہ سے اپنے دورِ خلافت میں ایک اذان کا اضافہ کیا، کیونکہ مدینہ کی آبادی دور تک پھیل گئی تھی اور لوگوں میں دینی جذبہ کم ہوگیا تھا، زیادہ تر صحابہ وفات پا چکے تھے اور تابعین کی تعداد بڑھ گئی تھی لوگ اذان سے پہلے نہیں آتے تھے اور پہلے آنے کا حکم بھی نہیں تھا، اس لئے حضرت عثمانؓ نے ایک اذان کا اضافہ کیا، وہ اذان زَورَاء مقام پر دی جاتی تھی جو مسجدِ نبوی سے متصل بازار میں کوئی بلند جگہ تھی تاکہ لوگ اذان سن کر آجائیں پھر کچھ دیر بعد حضرت عثمانؓ خطبہ دینے کے لئے تشریف لاتے تھے، تفصیل آگے (باب ۲۱ میں) آرہی ہے۔

بَابُ الدُّهْنِ لِلجُمُعَةِ

جمعہ کے دن تیل لگانا

تنظیف کا اصل تعلق تو غسل سے ہے اور مسواک کرنا، اچھے کپڑے پہننا، خوشبو لگانا اور بالوں میں تیل ڈالنا زائد تنظیف ہے اور جب اصل تنظیف یعنی غسل کرنا واجب نہیں تو زائد تنظیف کیسے واجب ہوسکتی ہے؟

[٦-] بَابُ الدُّهْنِ لِلجُمُعَةِ

[۸۸۳-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنِ ابْنِ وَدِيْعَةَ،

عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَا يَغْتَسِلُ رَجُلٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَيَتَطَهَّرُ مَا اسْتَطَاعَ مِنْ طُهْرٍ، وَيَدَّهِنُ مِنْ دُهْنِهِ، أَوْ: يَمَسُّ مِنْ طِيْبِ بَيْتِهِ، ثُمَّ يَخْرُجُ، فَلَا يُفَرِّقُ بَيْنَ اثْنَيْنِ، ثُمَّ يُصَلِّيْ مَا كُتِبَ لَهُ، ثُمَّ يَنْصِتُ إِذَا تَكَلَّمَ الإِمَامُ: إِلَّا غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى"[انظر: ۹۱۰]

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی شخص جمعہ کے دن نہائے، اور جہاں تک اس کے بس میں ہو پاکی حاصل کرے، اور گھر کے تیل میں سے لگائے یا فرمایا: گھر کی خوشبو میں سے لگائے یعنی جو تیل خوشبو میسر ہو لگائے، کسی سے مانگنے کی ضرورت نہیں، پھر جمعہ کے لئے چلے، اور دو آدمیوں کے درمیان جدائی نہ کرے (بلکہ جہاں جگہ ملے بیٹھ جائے) پھر جو اللہ نے اس کے نصیب میں رکھا ہے وہ (نفل) نماز پڑھے، پھر جب امام خطبہ دے تو خاموش رہے، تو اس کے وہ گناہ بخش دیئے جائیں گے جو اس جمعہ اور دوسرے (گذشتہ) جمعہ کے درمیان ہوئے ہیں۔

[۸۸٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ طَاوُسٌ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: ذَكَرُوْا أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" اغْتَسِلُوْا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَاغْسِلُوْا رُؤُسَكُمْ، وَإِنْ لَمْ تَكُوْنُوْا جُنُبًا، وَأَصِيْبُوْا مِنَ الطِّيْبِ" قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَمَّا الْغُسْلُ فَنَعَمْ، وَأَمَّا الطِّيْبُ فَلَا أَدْرِيْ.[انظر: ۸۸۵]

حدیث: طاؤس کہتے ہیں: میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کیا: لوگ یہ روایت بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جمعہ کے دن نہاؤ اور اپنے سروں کو دھوؤ یعنی خوب اچھی طرح نہاؤ، اگرچہ تم جنبی نہ ہوؤ، اور خوشبو لگاؤ (اس روایت کے بارے میں کیا رائے ہے؟) ابن عباسؓ نے فرمایا: رہا غسل تو وہ صحیح ہے اور رہی خوشبو تو وہ مجھے معلوم نہیں۔

تشریح: طاؤس رحمہ اللہ نے ابن عباسؓ سے حدیث کی توثیق چاہی ہے، ابن عباسؓ نے غسل والے مضمون کی تصدیق کی اور خوشبو والے مضمون کے بارے میں لاعلمی ظاہر کی، مگر یہ مضمون بھی صحیح ہے، دیگر روایات سے یہ مضمون بھی ثابت ہے۔

[۸۸۵-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ ذَكَرَ قَوْلَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: أَيَمَسُّ طِيْبًا أَوْ دُهْنًا إِنْ كَانَ عِنْدَ أَهْلِهِ؟ فَقَالَ: لَا أَعْلَمُهُ.[راجع: ۸۸٤]

حدیث: حضرت ابن عباسؓ نے جمعہ کے دن غسل کرنے کی مرفوع حدیث بیان کی، طاؤسؒ نے پوچھا: کیا خوشبو یا تیل لگائے اگر گھر میں موجود ہو، ابن عباس نے کہا: مجھے اس کا علم نہیں (یہ اوپر والا واقعہ ہی ہے، بس انداز بدلا ہوا ہے اور یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے)

بَابٌ: يَلْبَسُ أَحْسَنَ مَا يَجِدُ

جمعہ کے دن اچھے سے اچھے کپڑے جو موجود ہوں پہنے

جمعہ کے دن عمدہ سے عمدہ لباس پہن کر جمعہ پڑھنے کے لئے جانا چاہئے، یہ مستحب ہے۔ باب میں ما موصولہ ہے اور ضمیر عائد محذوف ہے أی أحسن ما یجدہ:

باب میں یہ حدیث ہے کہ مسجدِ نبوی کے دروازے پر دکانیں لگتی تھیں، اصل مارکیٹ تو شہر سے باہر جہاں عید پڑھتے تھے وہاں لگتی تھی، لیکن جمعہ کے دن مسجدِ نبوی کے سامنے بھی مارکیٹ لگتی تھی۔ اس مارکیٹ میں ایک مرتبہ ریشمی سوٹ بکنے کے لئے آئے، وہ شاندار سوٹ تھے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ ان میں سے ایک سوٹ خرید لیں، تاکہ جمعہ کے دن اور وفود سے ملتے وقت آپؐ اس کو زیب تن فرمائیں، معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن زیب وزینت مستحب ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: یہ سوٹ وہی لوگ پہنتے ہیں جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، چنانچہ بات ختم ہوگئی پھر کچھ وقت کے بعد نبی ﷺ کے پاس کہیں سے ویسے ہی ریشمی سوٹ آئے، آپؐ نے ان کو صحابہ میں تقسیم کیا، ایک سوٹ حضرت عمرؓ کے پاس بھی بھیجا، حضرت عمرؓ اس کو لے کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! اس دن آپؐ نے فرمایا تھا کہ یہ سوٹ وہی لوگ پہنتے ہیں جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں! نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں نے پہننے کے لئے یہ جوڑا نہیں بھیجا'' یعنی قاعدہ سمجھایا کہ ملکیت کے لئے استعمال ضروری نہیں، مرد کے لئے سونا اور ریشم حرام ہے، مگر مرد سونے اور ریشم کا مالک ہوسکتا ہے، اور اس کو بیچ کر اس کی قیمت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ سوٹ اپنے ایک رضاعی بھائی کو جو مکہ میں تھا اور مشرک تھا بطور ہدیہ بھیج دیا تاکہ اسلام کی طرف اس کا دل مائل ہو۔

[۷-] بَابٌ: يَلْبَسُ أَحْسَنَ مَا يَجِدُ

[۸۸٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَأَى حُلَّةً سِيَرَاءَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! لَوِ اشْتَرَيْتَ هٰذِهِ فَلَبِسْتَهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَلِلْوَفْدِ إِذَا قَدِمُوْا عَلَيْكَ! فَقَالَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهِ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ فِي الآخِرَةِ"

ثُمَّ جَاءَ تْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْهَا حُلَلٌ، فَأَعْطَى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ مِنْهَا حُلَّةً، فَقَالَ عُمَرُ: يَارسولَ اللّٰهِ! كَسَوْتَنِيْهَا وَقَدْ قُلْتَ فِيْ حُلَّةِ عُطَارِدٍ مَا قُلْتَ؟ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنِّيْ لَمْ أَكْسُكَهَا لِتَلْبَسَهَا" فَكَسَاهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَخًا لَهُ بِمَكَّةَ مُشْرِكًا.

[انظر: ۹۴۸، ۲۱۰۴، ۲۶۱۲، ۲۶۱۹، ۳۰۵۴، ۵۸۴۱، ۵۹۸۱، ۶۰۸۱]

ترجمہ: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ حضرت عمرؓ نے مسجدِ نبوی کے دروازہ پر ایک ریشمی جوڑا بکتے دیکھا، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کاش آپؐ اس جوڑے کو خرید لیں، اور جمعہ کے دن اور وفود جب آپؐ کے پاس آئیں زیب تن فرمائیں (یہیں باب ہے کہ جمعہ کے دن شاندار کپڑے پہننا مستحب ہے، اسی لئے حضرت عمرؓ نے مشورہ دیا تھا) نبی ﷺ نے فرمایا: اس کو وہی لوگ پہنتے ہیں جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس ویسے ہی کچھ جوڑے آئے، آپؐ نے ان میں سے ایک جوڑا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے یہ جوڑا مجھے پہننے کے لئے دیا ہے حالانکہ آپؐ نے عطارد کے سوٹ کے بارے میں وہ بات فرمائی تھی جو فرمائی تھی (عطارد اور سیراء ایک ہی ہیں یعنی ریشمی سوٹ) نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے یہ سوٹ آپ کو پہننے کے لئے نہیں دیا، پس حضرت عمرؓ نے وہ جوڑا اپنے ایک بھائی کو جو مکہ میں تھا اور مشرک تھا پہنایا، یعنی ان کے پاس بطور ہدیہ بھیج دیا۔

بابُ السِّوَاكِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن مسواک کرنا

اصل تجمل جمعہ کے دن نہانے سے ہوتا ہے اور مسواک کرنا، خوشبو اور تیل وغیرہ لگانا اصل زینت کے توابع ہیں یعنی زائد تنظیف ہیں، پس وہ بھی مطلوب ہیں۔

[۸-] بابُ السِّوَاكِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

وَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَسْتَنُّ.

[۸۸۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ، أَوْ: لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلَى النَّاسِ لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ مَعَ كُلِّ صَلاَةٍ" [انظر: ۷۲۴۰]

[۸۸۸-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ الْحَبْحَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ"

[۸۸۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَحُصَيْنٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوْصُ فَاهُ. [راجع: ۲۴۵]

وضاحت: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی (معلّق) حدیث کتاب الجمعہ باب ۳ میں آچکی ہے۔ اور استنان کے معنی ہیں: دانتوں پر لکڑی یا انگلی پھیرنا، سِنٌّ کے معنی ہیں: دانت، استنان اسی سے بنا ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر میری امت پر یا فرمایا: لوگوں پر دشواری کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ان کو ہر نماز کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم دیتا (اس کے عموم میں جمعہ بھی داخل ہے، جمعہ بھی ایک نماز ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں تمہیں مسواک کے بارے میں بہت کچھ تاکید کرچکا!'' (جب عام احوال میں اور عام نمازوں میں مسواک کی تاکید ہے تو جمعہ کے دن اور نماز جمعہ کے لئے تو اور زیادہ تاکید ہوگی، وہ اہم دن اور اہم نماز ہے)

حدیث (۳): حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جب رات میں تہجد کے لئے بیدار ہوتے تو اپنے منہ کو مسواک سے رگڑتے تھے۔

تشریح: نیند میں معدے کے اَبخرے منہ میں آجاتے ہیں، جن سے منہ میں بدبو پیدا ہوجاتی ہے، اس لئے بیدار ہونے کے بعد آپؐ خوب اچھی طرح مسواک فرماتے تھے اور صرف دانتوں پر ہی نہیں زبان پر بھی مسواک پھیرتے تھے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث گذر چکی ہے کہ آپؐ مسواک فرما رہے تھے اور منہ سے اُع اُع کی آواز نکل رہی تھی، ظاہر ہے صرف دانتوں پر مسواک پھیرنے سے آواز پیدا نہیں ہوتی، آواز پیدا ہونا قرینہ ہے کہ مسواک زبان پر بھی پھیری جارہی تھی، اور آپ نے یہ حدیث بھی پڑھی ہے کہ نبی ﷺ جب گھر میں تشریف لاتے تھے تو سب سے پہلے مسواک فرماتے تھے، کیونکہ آپؐ کو یہ بات ناپسند تھی کہ ازواج مطہرات آپؐ کے منہ سے بو محسوس کریں، اور جمعہ کے دن مجمع بڑا ہوتا ہے پس جمعہ میں خوب منہ صاف کرکے جانا چاہئے، تاکہ کسی کو بو محسوس نہ ہو۔

بابُ مَنْ تَسَوَّكَ بِسِوَاكِ غَيْرِهِ

دوسرے کی مسواک سے مسواک کرنا

اطباء اور لوگ اس کو پسند نہیں کرتے کہ دوسرے کی استعمالی مسواک سے مسواک کی جائے، اور یہ بات نظافت اور جراثیم کے نظریہ پر مبنی ہے۔ اسلام جراثیم کا تو قائل نہیں، مگر نظافت کو اہمیت دیتا ہے۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ باب میں مَنْ لائے ہیں اور پہلے بتایا ہے کہ مَن اور ھَل کی صورت میں امام صاحب ذمہ داری قبول نہیں کرتے، مسئلہ کو دلائل کے حوالے کرتے ہیں کہ خود غور کرلو، حدیث باب سے مسئلہ ثابت ہوتا ہے یا نہیں؟ مرض وفات میں آخری وقت میں نبی ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سینہ سے ٹیک لگائے ہوئے بیٹھے تھے اچانک حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ تازہ مسواک لئے ہوئے کمرے میں داخل ہوئے، ابھی وہ لکڑی تھی، چباکر مسواک نہیں بنائی گئی تھی، نبی ﷺ نے مسواک کو غور سے دیکھا، حضرت عائشہؓ سمجھ گئیں، انھوں نے بھائی سے مسواک لی اور چباکر خوب نرم کی پھر دھوئے بغیر نبی ﷺ کو دی، آپؐ نے اس سے مسواک فرمائی، پھر آپؐ نے وہ مسواک حضرت عائشہؓ کو دیدی، حضرت عائشہؓ نے دھوئے بغیر خود

مسواک کی، پھر تھوڑی دیر کے بعد روح قبض ہوگئی۔

حضرت عائشہؓ نے چبا کر مسواک بنائی، دھوئے بغیر نبی ﷺ نے اس کو استعمال فرمایا، پھر حضرت عائشہؓ نے دھوئے بغیر اس کو استعمال کیا، پس دونوں صورتوں میں تَسَوَّكَ بِسِوَاكِ غیرِہ پایا گیا، پس باب ثابت ہوگیا یہ اس حدیث سے استدلال ہے، مگر:

میانِ عاشق ومعشوق رمزے است ❁ کراماً کاتبین را ہم خبرے نیست

یہ عاشق ومعشوق کے درمیان کا معاملہ ہے، جو ضابطے میں نہیں آتا، پس اس سے عام استدلال کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ یہ بات غور طلب ہے۔

[۹-] بابُ مَنْ تَسَوَّكَ بِسِوَاكِ غَيْرِهِ

[۸۹۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، وَمَعَهُ سِوَاكٌ، يَسْتَنُّ بِهِ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَقُلْتُ لَهُ: أَعْطِنِيْ هٰذَا السِّوَاكَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ! فَأَعْطَانِيْهِ، فَقَصَمْتُهُ، ثُمَّ مَضَغْتُهُ، فَأَعْطَيْتُهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه، فَاسْتَنَّ بِهِ، وَهُوَ مُسْتَنِدٌ إِلٰى صَدْرِيْ.

[انظر: ۱۳۸۹، ۳۱۰۰، ۳۷۷۴، ۴۴۳۸، ۴۴۴۶، ۴۴۴۹، ۴۴۵۰، ۴۴۵۱]

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ آئے، درانحالیکہ ان کے ہاتھ میں مسواک تھی، جس سے وہ مسواک کررہے تھے (اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مسواک تیار تھی اور حضرت عبدالرحمٰن بالفعل اس سے مسواک کررہے تھے، لیکن دوسری روایت (حدیث ۴۴۵۱) میں صراحت ہے کہ وہ ابھی لکڑی تھی، مسواک نہیں بنائی گئی تھی، حضرت عائشہؓ نے اس کو توڑ کر اور چبا کر مسواک بنایا تھا) نبی ﷺ نے اس مسواک کی طرف دیکھا، پس میں نے عبدالرحمٰنؓ سے کہا: یہ مسواک مجھے دیدو، انھوں نے مسواک مجھے دیدی، پس میں نے اس کو توڑا، پھر میں نے اس کو چبایا پھر رسول اللہ ﷺ کو دیا، آپؐ نے اس سے مسواک فرمائی درانحالیکہ آپؐ میرے سینہ سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔

بابُ مَا يَقْرَأُ فِيْ صَلَاةِ الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ؟

جمعہ کے دن فجر کی نماز میں کونسی سورتیں پڑھے؟

نبی ﷺ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں سورۃ الٓمٓ السجدۃ اور سورۃ الدہر پڑھتے تھے، ان دونوں سورتوں میں قیامت اور اس میں پیش آنے والے احوال کا تذکرہ ہے، اور قیامت جمعہ کے دن قائم ہوگی، اسی لئے چوپائے جمعہ کے دن کان لگاتے

ہیں کہ قیامت کا صور تو نہیں پھونکا جارہا، پس جمعہ کے دن مؤمنین کے سامنے بھی قیامت کے احوال پیش کرنے چاہئیں اور ان کو بھی چوپایوں کی طرح قیامت کا تصور کرنا چاہئے۔

[۱۰-] بابُ مَا يَقْرَأُ فِيْ صَلاَةِ الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ؟

[۸۹۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِيْ الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: ﴿آلم تَنْزِيْلُ﴾ و﴿هَلْ أَتَى عَلَى الإِنْسَانِ﴾ [انظر:۱۰۶۸]

بابُ الْجُمُعَةِ فِيْ الْقُرَى وَالْمُدُنِ

دیہاتوں اور شہروں میں جمعہ

القُرَى: **الْقَرْيَةُ** کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: گاؤں۔ اور **المُدُن**: **المدينة** کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: شہر، پوری امت متفق ہے کہ نماز جمعہ کی صحت کے لئے تمدن ضروری ہے، تمدن کے لفظی معنی ہیں: شہریت، اور مرادی معنی ہیں: آبادی۔ جنگل اور بیابان میں بالاتفاق جمعہ جائز نہیں۔ البتہ دو مسئلوں میں اختلاف ہے: ایک: جمعہ کی صحت کے لئے کس درجہ کا تمدن ضروری ہے؟ دوم: جماعت میں کتنی تعداد ضروری ہے؟

مذاہبِ فقہاء:

۱- امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک شہر، قصبہ یا بڑا گاؤں ہونا ضروری ہے، جس میں گلی کوچے اور بازار ہوں اور کم از کم چار آدمیوں کی شرکت نماز میں ضروری ہے (۱)

۲- امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک ایسی بستی ضروری ہے جس کے مکانات متصل ہوں اور اس میں ایسا بازار ہو جس سے بستی کی ضروریات پوری ہوتی ہوں اور جماعت میں کم از کم بارہ آدمی ہونے ضروری ہیں۔

۳- اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک جس بستی میں چالیس آزاد، عاقل، بالغ مرد بستے ہوں اس میں جمعہ ہوسکتا ہے اور جماعت میں بھی یہی تعداد ضروری ہے۔

(۱) شہر کو انگریزی میں سٹی (City) کہتے ہیں، جیسے میرٹھ اور سہارن پور، اس سے نیچے قصبہ ہوتا ہے، قَصْبَة کے معنی ہیں: گانٹھ، گنے اور بانس میں گانٹھیں ہوتی ہیں، ان گانٹھوں کا جو مقام ہے اس درجہ کی بستی قصبہ کہلاتی ہے، انگریزی میں اس کو ٹاون (Town) کہتے ہیں، دیو بند ٹاون ہے، پھر اس سے نیچے قریہ کبیرہ (بڑا گاؤں) ہے، یعنی مرکزی بستی جس سے آس پاس کی بستیوں کی ضرورتیں پوری ہوتی ہوں ۱۲

امام بخاری رحمہ اللہ کا رجحان کس طرف ہے؟ ان کے ترجمہ سے کوئی بات متعین طور پر کہنا مشکل ہے، البتہ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ امام بخاریؒ، امام شافعیؒ کے ساتھ ہیں اور شاہ صاحب کا رجحان بھی اسی طرف ہے۔

دلائل:

۱- شاہ صاحب قدس سرہ حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرماتے ہیں: جمعہ کی صحت کے لئے اتنی آبادی کافی ہے جس کو قریہ (بستی) کہا جاسکے اور بستی کی دو حدیں ہیں: ادنی اور اعلی۔ اعلی حد کی تو کوئی نہایت نہیں، قرآنِ کریم میں بڑے بڑے شہروں پر قریہ کا اطلاق کیا گیا ہے، البتہ ادنی حد کی تعیین تین حدیثوں سے کی جاسکتی ہے، یہ احادیث اگرچہ فی نفسہ ضعیف ہیں مگر باہم مل کر قوی ہوجاتی ہیں، وہ حدیثیں درج ذیل ہیں:

پہلی حدیث: طبرانی نے معجم اوسط میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ پانچ شخصوں پر جمعہ نہیں: عورت، مسافر، غلام، بچے اور صحراء نشیں (کنز العمال حدیث ۲۱۰۹۶) صحراء نشیں کا تذکرہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ مستقل آبادی کے باشندوں پر جمعہ واجب ہے (یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے)

دوسری حدیث: طبرانی نے معجم کبیر میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ جمعہ پچاس آدمیوں پر ہے، پچاس سے کم پر جمعہ نہیں (کنز العمال حدیث ۲۱۰۹۷) اس روایت سے معلوم ہوا کہ پچاس کی تعداد سے بستی کا وجود ہوجاتا ہے۔

تیسری حدیث: بیہقی نے ام عبد اللہ دوسیہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ جمعہ ہر بستی پر واجب ہے، (مگر یہ حدیث شاہ صاحبؒ نے پوری نہیں لکھی، اس کے آخر میں یہ جملہ بھی ہے: "اگرچہ اس میں نہ ہوں مگر چار آدمی" (کنز العمال حدیث ۲۱۰۹۹) اس اضافہ کے ساتھ حدیث مفید مدعی نہیں، بلکہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے جو جمعہ کی صحت کے لئے چار آدمیوں کی شرط لگائی ہے، اس کی یہ دلیل ہے اور یہ حدیث درحقیقت اس صورت کے لئے ہے جب گاؤں میں حاکم موجود ہو، حدیث کے بعض طرق میں اس کی صراحت ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۳:۶۱۹) اور یہ بات قابل ذکر ہے کہ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے پاس عدد یا دوسری شرائط کے لئے کوئی صحیح صریح نص نہیں۔

۲- اور امام مالک رحمہ اللہ کا مستدل وہ واقعہ ہے جو سورۃ الجمعہ آیت گیارہ کی تفسیر میں مروی ہے، واقعہ یہ ہے کہ ایک جمعہ میں آپؐ خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک مدینہ میں ایک تجارتی قافلہ آیا اس نے نقارہ بجایا تو سارا مجمع منتشر ہوگیا، صرف بارہ آدمی رہ گئے، ظاہر ہے اس دن آپؐ نے انہی بارہ آدمیوں کے ساتھ جمعہ ادا فرمایا ہوگا، یہاں سے امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جماعت میں کم از کم بارہ آدمی ہونے ضروری ہیں، مگر یہ استدلال تام نہیں، مراسیل ابی داؤد میں روایت ہے کہ یہ واقعہ اس زمانہ کا ہے جب جمعہ کا خطبہ عیدین کے خطبوں کی طرح نماز کے بعد دیا جاتا تھا، تفصیل ابن کثیر میں ہے۔

حنفیہ کے دلائل:

پہلی دلیل: آیات جمعہ میں متعدد اشارے ہیں کہ قیام جمعہ کے لئے ایسا تمدن شرط ہے جہاں کے لوگوں کی معیشت کا

مدار کاروبار پر ہو، مثلاً:

۱- ﴿ذَرُوْا الْبَيْعَ﴾: اذان سن کر اللہ تعالیٰ کی یاد کی طرف چل پڑو، اور خرید وفروخت موقوف کردو، یہ بات شہروں ہی میں ہوتی ہے، شہروں کی معیشت کا مدار کاروبار پر ہوتا ہے، اور دیہات کے لوگوں کی معیشت کا مدار کاشتکاری وغیرہ دیگر ذرائع پر ہوتا ہے۔

۲- ﴿فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلاَةُ﴾: نماز پوری ہونے کے بعد زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا رزق تلاش کرو، یعنی کاروبار شروع کردو: یہ بات بھی شہر کی طرف مشیر ہے۔

۳- ﴿وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً﴾: کھیل تماشہ اور مشغولیات کی چیزیں بھی شہر ہی میں ہوتی ہیں۔

غرض یہ متعدد اشارے ہیں کہ نماز جمعہ کے مخاطب شہر اور قصبات کے لوگ ہیں، جن کی معیشت کا مدار بیع وشراء پر ہوتا ہے، دیہات کے لوگ جن کی معیشت کا مدار کاشکاری وغیرہ دیگر ذرائع پر ہوتا ہے وہ جمعہ کے مخاطب نہیں۔

دوسری دلیل: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: لاجمعةَ ولا تشريقَ إلا في مِصْرٍ جامعٍ: جمعہ اور عیدین نہیں ہیں مگر بڑے شہر میں یعنی شہر والوں ہی پر جمعہ اور عیدین فرض ہیں۔ جاننا چاہئے کہ ایک فرضیت کا درجہ ہے اور دوسرا صحتِ جمعہ کا مرتبہ ہے، شہر والوں پر جمعہ فرض ہے، اگر وہ ظہر پڑھیں گے تو گناہ گار ہونگے، اور قصبات اور بڑے دیہاتوں میں جمعہ درست ہے، یعنی وہاں کے باشندے اگر جمعہ پڑھیں تو وقت کا فریضہ ادا ہوجائے گا لیکن اگر وہ ظہر پڑھیں تو بھی درست ہے، ترکِ فرض کا گناہ نہیں ہوگا، کیونکہ جمعہ ان پر فرض نہیں۔ قہستانی میں ہے: تَقَعُ فَرْضًا في القَصَبَات والقُرَى الكبيرة (شامی ۱: ۵۹۰ باب الجمعة) فرض واقع ہونے کا یہی مطلب ہے کہ ان پر جمعہ فرض تو نہیں، لیکن اگر وہ جمعہ پڑھیں تو وقت کا فرض ادا ہوجائے گا۔

یہ ایک خاص فرق ہے جس کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے، عام طور پر لوگ اس کو نہیں جانتے، وہ شہر، قصبات اور بڑے دیہاتوں کو ایک ہی حکم میں رکھتے ہیں، اور سب پر جمعہ فرض سمجھتے ہیں۔ جمعہ فرض صرف شہر والوں پر ہے کیونکہ شہر والوں ہی کی معیشت کا مدار کاروبار پر ہوتا ہے، قصبات اور بڑے دیہاتوں کی زیادہ تر معیشت کا مدار کاشتکاری وغیرہ ذرائع پر ہوتا ہے، دیوبند قصبہ ہے یہاں آدھے سے زیادہ لوگوں کا کھیتی باڑی پر گذارہ ہے، اور بڑے دیہاتوں میں پانچ دس دوکانیں ہی ہوتی ہیں، پچانوے فیصد لوگ کاشتکاری وغیرہ پر گذارہ کرتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قصبات اور دیہاتوں کا استثناء کردیا، اور جمعہ صرف مصر جامع (بڑے شہر والوں) پر فرض قرار دیا، آئندہ چند ابواب کے بعد مصنف عبدالرزاق کے حوالہ سے حضرت عطاء رحمہ اللہ کا یہ قول آرہا ہے کہ قریہ جامعہ (اور مصر جامع) وہ بستی ہے جس میں چار باتیں پائی جائیں: آبادی بڑی ہو، وہاں امیر ہو، قاضی ہو اور مکانات متصل ہوں، جُدّہ جیسے شہر قریہ جامعہ اور مصر جامع ہیں: ذاتُ الجماعة والأمير والقاضي والدُّوْرِ المجتمعة الآخذة بعضها ببعض مثل جُدَّةَ: غرض حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد کا حاصل یہ

ہے کہ جمعہ صرف شہر والوں پر فرض ہے اور یہ حنفیہ کی دوسری دلیل ہے۔

تیسری دلیل: نبی ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں صرف مدینہ، مکہ اور جُوَاثیٰ میں جو بحرین کا ایک شہر ہے: جمعہ کی اجازت دی تھی، ان تین جگہوں کے علاوہ کسی بھی جگہ جمعہ قائم کرنے کی اجازت نہیں دی تھی، پس کیا پورے جزیرۃ العرب میں چالیس گھروں کی کوئی بستی نہیں تھی؟ اور روایات سے ثابت ہے کہ عہد نبوی میں قبا اور عوالی میں کہیں جمعہ قائم نہیں ہوا۔ نبی کریم ﷺ نے سفر ہجرت کے موقع پر قبا میں چودہ دن قیام فرمایا ہے، اس قیام کے دوران جمعہ کا دن بھی آیا ہے، مگر جمعہ قائم نہیں کیا، جبکہ مدینہ منورہ میں آپؐ کی تشریف آوری سے پہلے ہی جمعہ قائم کیا جاچکا تھا، پس نماز جمعہ کی فرضیت کے باوجود قبا میں آپؐ کا جمعہ نہ پڑھنا اور نہ اہل قبا اور عوالی کو جمعہ کے قیام کا حکم دینا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ قبا اور عوالی میں جمعہ قائم کرنا جائز نہیں تھا۔ آئندہ چند ابواب کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث آرہی ہے کہ لوگ اپنے گھروں سے اور عوالی کے گاؤں سے باری باری جمعہ پڑھنے کے لئے مسجد نبوی میں آتے تھے، ایک گھر میں دو آدمی ہوتے تو ایک آدمی ایک ہفتہ، اور دوسرا دوسرے ہفتہ آتا، معلوم ہوا کہ عوالی کی بستیوں میں نہ تو جمعہ قائم کرنے کی اجازت دی گئی اور نہ جمعہ ان پر فرض قرار دیا گیا ورنہ سب کے لئے جمعہ میں حاضر ہونا ضروری ہوتا۔

[۱۱-] بَابُ الْجُمُعَةِ فِي الْقُرَى وَالْمُدُنِ

[۸۹۲-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ الضُّبَعِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: إِنَّ أَوَّلَ جُمُعَةٍ جُمِّعَتْ بَعْدَ جُمُعَةٍ فِيْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَسْجِدِ عَبْدِ الْقَيْسِ بِجُوَاثَى مِنَ الْبَحْرَيْنِ. [انظر: ٤٣٧١]

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: پہلا جمعہ جو قائم کیا گیا، رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں جمعہ قائم کرنے کے بعد، وہ بحرین کی بستی جواثی میں عبدالقیس کی مسجد میں ہے۔

تشریح: رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں مدینہ منورہ میں مسجدِ نبوی کے علاوہ نو مسجدیں اور بھی تھیں مگر حضور اکرم ﷺ نے کسی اور مسجد میں جمعہ قائم کرنے کی اجازت نہیں دی، صرف مسجدِ نبوی میں جمعہ ہوتا تھا۔ مسجدِ نبوی کے بعد سب سے پہلا جمعہ مسجد عبدالقیس میں قائم ہوا یہ مسجد بحرین میں جُوَاثیٰ نامی شہر میں ہے، پھر فتح مکہ کے بعد مکہ میں جمعہ قائم ہوا، ان تین جگہوں کے علاوہ کسی اور جگہ آپؐ نے جمعہ قائم کرنے کی اجازت نہیں دی، یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ گاؤں میں جمعہ قائم کرنا جائز نہیں۔

[۸۹۳-] حدَّثَنِيْ بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "كُلُّكُمْ رَاعٍ"

وَزَادَ اللَّيْثُ: قَالَ يُوْنُسُ: كَتَبَ رُزَيْقُ بْنُ حَكِيْمٍ إِلَى ابْنِ شِهَابٍ، وَأَنَا مَعَهُ يَوْمَئِذٍ بِوَادِي الْقُرَى: هَلْ تَرَى أَنْ أُجَمِّعَ؟ وَرُزَيْقٌ عَامِلٌ عَلَى أَرْضٍ يَعْمَلُهَا، وَفِيْهَا جَمَاعَةٌ مِنَ السُّوْدَانِ وَغَيْرِهِمْ ،وَرُزَيْقٌ يَوْمَئِذٍ عَلَى أَيْلَةَ، فَكَتَبَ ابْنُ شِهَابٍ وَأَنَا أَسْمَعُ، يَأْمُرُ أَنْ يُجَمِّعَ، يُخْبِرُهُ أَنَّ سَالِمًا حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ: الإِمَامُ رَاعٍ وَمَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِيْ أَهْلِهِ وَهُوَ مَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا وَمَسْؤُلَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا، وَالْخَادِمُ رَاعٍ فِيْ مَالِ سَيِّدِهِ وَمَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ. قَالَ: وَحَسِبْتُ أَنْ قَدْ قَالَ:" وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِيْ مَالِ أَبِيْهِ وَهُوَ مَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ.

[انظر:۲٤۰۹، ۲٥٥٤، ۲٥٥۸، ۲۷٥۱، ٥۱۸۸، ٥۲۰۰، ۷۱۳۸]

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے ہر شخص چرواہا (نگہبان) ہے (یہ روایت یونس اَیلی کے شاگرد حضرت عبداللہ بن المبارکؒ کی ہے جس کا باقی حصہ آگے آرہا ہے)

(اس حدیث کو یونس سے امام لیث مصری بھی روایت کرتے ہیں، ان کی روایت میں یہ اضافہ ہے:) یونس کہتے ہیں: رُزَیق بن حُکیم نے ابن شہاب زہری کو خط لکھا (یونس کہتے ہیں:) میں ان دنوں ابن شہاب کے پاس وادی القری میں تھا، انھوں نے لکھا کہ آپ کی کیا رائے ہے: میں اپنے گاؤں میں جمعہ قائم کروں؟ (رزیق کا تعارف) رُزیق ایک ایسی زمین میں کام کرنے والے تھے جس کو وہ آباد کرتے تھے یعنی اس گاؤں میں ان کی کھیتی باڑی تھی وہ اس کو دیکھنے بھالنے کے لئے گاؤں میں آتے تھے، اس گاؤں میں کچھ حبشی وغیرہ رہتے تھے اور رزیق (حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی طرف سے) اَیلہ کے گورنر تھے (تعارف پورا ہوا)

پس ابن شہاب نے لکھا (لکھوایا) درانحالیکہ میں سن رہا تھا وہ ان کو حکم دے رہے ہیں کہ وہ جمعہ قائم کریں، اور وہ ان کو اطلاع دے رہے ہیں کہ حضرت سالم نے ان سے یہ حدیث بیان کی کہ حضرت ابن عمرؓ فرماتے تھے: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تم میں سے ہر شخص چرواہا (نگہبان) ہے، (پھر آگے ابن المبارک اور امام لیث کی حدیثیں جمع ہوجاتی ہیں) اور ہر شخص اپنے ریوڑ کے بارے میں مسئول (پوچھا ہوا) ہے (یہ قاعدہ کلیہ بیان فرما کر اس پر چند جزئیات متفرع فرمائیں) امام (سربراہ مملکت) چرواہا ہے اور وہ پبلک کے بارے میں مسئول ہے، اور آدمی اپنے گھر والوں کا ذمہ دار ہے اور اس سے اس کے ریوڑ کے بارے میں سوال ہوگا، اور عورت اپنے شوہر کے گھر کی نگہبان ہے اور وہ اپنی رعیت کے بارے میں مسئولہ ہے۔ اور غلام اپنے آقا کے مال کا چرواہا ہے اور وہ اپنی رعیت کے بارے میں مسئول ہے۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ نبی ﷺ نے یہ بھی فرمایا: اور بیٹا اپنے باپ کے مال کا ذمہ دار ہے اور وہ اپنی رعیت کے بارے میں مسئول ہے (یہ چند جزئیات بیان فرما کر آپؐ نے پھر قاعدہ کلیہ لوٹایا) اور تم میں سے ہر ایک چرواہا ہے اور ہر ایک سے اس

کے ریوڑ کے بارے میں باز پرس ہوگی (معلوم ہوا کہ وہ چند جزئیات بطور مثال تھیں ان کے علاوہ بھی جزئیات ہوسکتی ہیں مثلاً درسگاہ میں استاذ راعی ہے، مدرسہ میں مہتمم راعی ہے، پیر راعی ہے ان سب سے ان کی رعیت کے بارے میں سوال ہوگا)

تشریح:

۱- امیر جہاں بھی ہو جمعہ پڑھے گا اس کے لئے کوئی شرط نہیں، اس کا امیر ہونا ہی صحت جمعہ کے لئے کافی ہے، البتہ امیر جنگل میں جمعہ نہیں پڑھے گا، حجۃ الوداع میں عرفہ کا دن جمعہ کا دن تھا، مگر آنحضور ﷺ نے عرفہ میں جمعہ نہیں پڑھا، پس اگر امیر لشکر کے ساتھ سفر کر رہا ہے اور وہ جنگل میں ٹھہرا تو وہاں جمعہ نہیں پڑھے گا لیکن اگر وہ کسی بستی میں ٹھہرے خواہ وہ بستی چھوٹی ہو یا بڑی تو وہ وہاں جمعہ پڑھے گا۔ حضرت رُزیق بھی امیر تھے پس ان کے لئے گاؤں میں بھی جمعہ پڑھنا جائز تھا۔

تفصیل: رزیق بن حکیم حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی طرف سے ایلہ کے گورنر تھے، اور ان کے وطن میں ان کا فارم تھا، وہ کھیتی باڑی دیکھنے کے لئے گاؤں میں آتے تھے اور کئی دن قیام کرتے تھے، اس گاؤں میں حبشہ کے کچھ مزدور اور دوسرے لوگ آباد تھے، رزیق نے امام زہری رحمہ اللہ سے مسئلہ پوچھا کہ میں اپنے گاؤں میں جمعہ قائم کرسکتا ہوں؟ امام زہریؒ نے جواب دیا کہ کرسکتے ہو اور کرو اور حدیث الإمام راع سے استدلال کیا۔

طریقۂ استدلال یہ ہے کہ تم امیر ہو جہاں بھی رہو، اور امیر پر رعایا کے حقوق کی ذمہ داری ہے، خواہ وہ حقوق دنیوی ہوں یا دینی، دینی امور میں جہاں تمام نمازوں کے انتظام کی ذمہ داری ہے وہاں اقامتِ جمعہ کی بھی ذمہ داری ہے اس لئے تمہیں نماز جمعہ قائم کرنی چاہئے۔

یہ روایت احناف کے خلاف نہیں اس لئے کہ حضرت رزُیق امیر اور گورنر تھے اور احناف کے نزدیک امیر ہر بستی میں جمعہ پڑھے گا خواہ بستی چھوٹی ہو یا بڑی، اس کے لئے کوئی شرط نہیں۔ اس کا امیر ہونا ہی صحت جمعہ کے لئے کافی ہے اور شوافع کے بیشتر دلائل امیر کے گاؤں میں جمعہ پڑھنے کے ہیں پس وہ احناف کے خلاف نہیں، احناف بھی اسی کے قائل ہیں۔

۲- رَاعٍ کے معنی ہیں: چرواہا اور ریوڑ کے لئے لفظ رَعِیَّۃ ہے امام (سربراہ مملکت) راعی (چرواہا) ہے اور پبلک رعیت (ریوڑ) ہے، ان لفظوں میں اشارہ ہے کہ چرواہا اپنے ریوڑ کے ساتھ جیسا معاملہ کرتا ہے حاکم کو بھی اپنی پبلک کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرنا چاہئے، اسی طرح شوہر، بیوی، غلام، خادم، استاذ، مہتمم اور پیر وغیرہ کا معاملہ ہے۔ چرواہا جب بکریاں چرا کر شام گھر آتا ہے تو اگر ایک بھی بکری کم ہے تو مالک چرواہے سے باز پرس کرتا ہے، اسی طرح قیامت کے دن ہر شخص سے اس کے ریوڑ کے بارے میں باز پرس ہوگی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مشہور ارشاد ہے کہ اگر دجلہ یا فرات پر پانی پیتے ہوئے بکریوں کے ریوڑ پر بھیڑیا حملہ کرتا ہے اور کوئی بکری لے جاتا ہے تو مجھے ڈر لگتا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے بارے میں مجھ سے سوال نہ کریں، دجلہ اور فرات مدینہ منورہ سے سیکڑوں میل دور ہیں وہاں کوئی بھیڑیا کسی بکری پر حملہ کرتا ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ خوف زدہ ہوتے ہیں، اس سے نگہبانی کی اہمیت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

بابٌ: هَلْ عَلَى مَنْ لَايَشْهَدُ الْجُمُعَةَ غُسْلٌ مِنَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ وَغَيْرِهِمْ؟

کیا عورتوں اور بچوں وغیرہ پر غسل ہے جو جمعہ پڑھنے نہیں آتے؟

عورتیں، بچے، مریض اور دیہات کے لوگ جن پر نماز جمعہ فرض نہیں اور وہ جمعہ میں شریک ہونے کا ارادہ بھی نہیں رکھتے: کیا ان پر جمعہ کے دن غسل ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں هل استفہامیہ رکھا ہے، یعنی مسئلہ کا فیصلہ نہیں کیا، باب میں جو دلائل ہیں ان میں غور کر کے آپ خود فیصلہ کریں۔

باب میں ایک تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا قول ہے کہ غسل اس شخص پر ہے جس پر جمعہ واجب ہے اور اس کی دلیل مرفوع روایت ہے کہ تم میں سے جو شخص جمعہ کے لئے آئے وہ غسل کرے، معلوم ہوا کہ جس پر جمعہ واجب نہیں اور جو جمعہ میں شریک ہونے کا ارادہ بھی نہیں رکھتا اس پر غسل نہیں۔

پھر حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت لائے ہیں کہ ہر بالغ پر جمعہ کے دن نہانا واجب ہے، اس سے معلوم ہوا کہ چاہے اس پر جمعہ فرض ہو یا نہ ہو، اور چاہے اس کو جمعہ میں شریک ہونا ہو یا نہ ہونا ہو جب وہ بالغ ہے تو نہانا ضروری ہے۔

اس طرح امام صاحب نے باب میں متعارض دلائل پیش کئے ہیں اور مسئلہ کا کوئی فیصلہ نہیں کیا، اور احناف کے نزدیک جواب کا مدار اس پر ہے کہ جمعہ کے دن جو غسل ہے وہ نماز جمعہ کے لئے ہے یا جمعہ کے دن کے لئے؟ شیخین رحمہما اللہ کے نزدیک نماز جمعہ کے لئے ہے اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک جمعہ کے دن کے لئے ہے، اور ثمرہ اختلاف عورتوں، بچوں اور دیہاتیوں میں ظاہر ہوگا، امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک ان کے لئے بھی غسل سنت ہے اور شیخینؒ کے نزدیک سنت نہیں، صرف ان لوگوں پر غسل ہے جن پر جمعہ فرض ہے، یا جن کا ارادہ جمعہ میں شریک ہونے کا ہے، اور احناف کے یہاں عمل امام محمد رحمہ اللہ کے قول پر ہے، مرد، عورتیں، بچے اور دیہات کے لوگ سب جمعہ کے دن نہاتے ہیں اور کپڑے دھوتے ہیں۔

پھر غسل کے مختلف درجے ہیں، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا قول مؤکد غسل کے بارے میں ہے، جن کو بڑے مجمع میں جانا ہے ان کو نہا دھو کر جانا چاہئے، اور جن کو جمعہ میں شریک نہیں ہونا ان کو بھی جمعہ کے دن نہانا چاہئے، مگر نہانا مؤکد نہیں، بلکہ یہ نظافت کا تقاضا ہے۔

لطیفہ: ایک پھکڑّ باز مسلمان سے لالہ جی (بنیے) نے کہا: تم مسلمان ملچھ ہو، سات دن میں ایک مرتبہ نہاتے ہو، اور ہم لالہ جی روزانہ نہاتے ہیں، ہم پوتر (پاک صاف) ہیں! مسلمان نے جواب دیا: لالہ جی! تم نہاتے ہو، پھر ناشتہ کرتے ہو، پھر استنجے جاتے ہو، پھر دکان پر جاتے ہو، اور شام (کھینچ کر) تک کاروبار کرتے ہو، پھر رات میں گھر آتے ہو، کھاتے ہو، پھر سوتے ہو اور رات بھر ہوا نکالتے ہو، تب صبح اٹھ کر نہاتے ہو، اور ہم مسلمان جمعہ سے جمعہ! جمعہ سے جمعہ! بتاؤ کون ملچھ ہے!

ملحوظہ: اس باب میں ایک اثر اور سات روایتیں ہیں، اثر اور دو روایتیں اوپر آ گئیں، باقی آگے آ رہی ہیں۔

[۱۲-] بابٌ: هَلْ عَلَى مَنْ لَايَشْهَدُ الْجُمُعَةَ غُسْلٌ مِنَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ وَغَيْرِهِمْ؟

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: إِنَّمَا الْغُسْلُ عَلٰى مَنْ يَجِبُ عَلَيْهِ الْجُمُعَةُ.

[۸۹۴-] حَدَّثَنَا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ جَاءَ مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ" [راجع: ۸۷۷]

[۸۹۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ" [راجع: ۸۵۸]

[۸۹۶-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "نَحْنُ الآخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، بَيْدَ أَنَّهُمْ أُوْتُوْا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا، وَأُوْتِيْنَاهُ مِنْ بَعْدِهِمْ، فَهٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ، فَهَدَانَا اللّٰهُ، فَغَدًا لِلْيَهُوْدِ، وَبَعْدَ غَدٍ لِلنَّصَارَى" فَسَكَتَ. [راجع: ۲۳۸]

[۸۹۷-] ثُمَّ قَالَ: "حَقٌّ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ أَنْ يَغْتَسِلَ فِيْ كُلِّ سَبْعَةِ أَيَّامٍ يَوْمًا يَغْسِلُ فِيْهِ رَأْسَهُ وَجَسَدَهُ" [انظر: ۸۹۸، ۳۴۸۷]

[۸۹۸-] رَوَاهُ أَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ حَقٌّ أَنْ يَغْتَسِلَ فِيْ كُلِّ سَبْعَةِ أَيَّامٍ يَوْمًا" [راجع: ۸۹۷]

حدیث (۸۹۶): کتاب الجمعہ کے شروع میں گذر چکی ہے وہاں بتایا تھا کہ اللہ عزوجل کو جمعہ کا دن سب سے زیادہ پسند ہے، اور یہ دن امم سابقہ پر بھی پیش کیا گیا تھا، مگر انہیں جمعہ کا انتخاب کرنے کی توفیق نہیں ملی، یہود نے سنیچر کا دن منتخب کیا اور نصاری نے اتوار کا، یہ فخر نبی ﷺ کی برکت سے اس امت کو حاصل ہوا، پس یہود ایک دن پیچھے ہیں اور نصاری دو دن، اور جب اس امت نے دنیا میں ان دونوں قوموں سے پہلے عبادت کی تو قیامت کے دن اس امت کا معاملہ سب سے پہلے پیش ہوگا اور جنت میں یہ امت سب سے پہلے جائے گی۔

مذکورہ ارشاد فرما کر آنحضور ﷺ خاموش ہو گئے پھر فرمایا (حدیث ۸۹۷): ''ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ سات دنوں میں سے کسی ایک دن میں نہائے، اس دن اپنے سر اور جسم کو دھوئے (حق دو طرح کا ہوتا ہے: حق شرعی اور حق فی المروّۃ،

یہ حق شرعی نہیں ہے اگر حق شرعی ہوتا تو جمعہ کے دن غسل واجب ہوتا بلکہ یہ حق فی المروّۃ ہے یعنی اخلاقی حق ہے کہ بندہ کو ہفتہ میں کم از کم ایک دن ضرور نہانا چاہئے۔ جمعہ کی کوئی تخصیص نہیں، مگر عام طور پر لوگ جمعہ کے دن جمعہ پڑھنے کے لئے غسل کرتے ہیں اور جو لوگ دیہاتوں میں جمعہ نہیں پڑھتے وہ بھی جمعہ ہی کے دن غسل کرتے ہیں اور یہ حدیث امام محمد رحمہ اللہ کی دلیل ہے، ہر مسلمان پر یہ حق ہے، اور ابان کی حدیث (نمبر ۸۹۸) میں للّٰہ ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ حق شرعی نہیں اخلاقی حق ہے، اور یومًا نکرہ ہے، ہفتہ میں کسی بھی ایک دن نہانا چاہئے جمعہ کی کوئی تخصیص نہیں۔

[۸۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " ائْذَنُوْا لِلنِّسَاءِ بِاللَّيْلِ إِلَى الْمَسَاجِدِ" [راجع: ۸٦۵]

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''رات میں عورتوں کو مسجد جانے کی اجازت دو''

تشریح: اس حدیث کی باب سے تطبیق دقیق ہے، پس جاننا چاہئے کہ باب میں دو مسئلے ہیں جب تک ان کو الگ الگ نہیں کیا جائے گا حدیث کو باب کے ساتھ منطبق کرنا مشکل ہوگا۔

ایک مسئلہ یہ ہے کہ عورتوں اور بچوں پر جمعہ میں شریک ہونا واجب نہیں، بچے تو غیر مکلّف ہیں اور عورتیں اگرچہ مکلّف ہیں مگر ان پر جمعہ میں حاضر ہونا واجب نہیں، اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ جمعہ کے دن عورتوں اور بچوں پر غسل ہے یا نہیں؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی یہ حدیث پہلے مسئلہ کی دلیل ہے، اگر عورتوں پر جمعہ واجب ہوتا تو شوہروں کو تاکید کی جاتی کہ اگر عورتیں جمعہ پڑھنے کی اجازت مانگیں تو اجازت دو، درانحالیکہ نبی ﷺ نے صرف رات میں اجازت دینے کا حکم دیا ہے، دن کے بارے میں کچھ نہیں فرمایا! اور جمعہ دن میں ہوتا ہے اگر جمعہ میں شریک ہونا عورتوں پر واجب ہوتا تو آپؐ جمعہ میں یا دن میں اجازت کی تاکید فرماتے، معلوم ہوا کہ عورتوں پر جمعہ واجب نہیں۔

[۹۰۰-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَتِ امْرَأَةٌ لِعُمَرَ تَشْهَدُ صَلَاةَ الصُّبْحِ وَالْعِشَاءِ فِي الْجَمَاعَةِ فِي الْمَسْجِدِ، فَقِيْلَ لَهَا: لِمَ تَخْرُجِيْنَ وَقَدْ تَعْلَمِيْنَ أَنَّ عُمَرَ يَكْرَهُ ذٰلِكَ، وَيَغَارُ؟ قَالَتْ فَمَا يَمْنَعُهُ أَنْ يَنْهَانِيْ؟ قَالَ: يَمْنَعُهُ قَوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَا تَمْنَعُوْا إِمَاءَ اللّٰهِ مَسَاجِدَ اللّٰهِ" [راجع: ۸٦۵]

حدیث: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ایک بیوی صاحبہ فجر اور عشاء کی نمازیں باجماعت پڑھنے کے لئے مسجد میں آتی تھیں، ان سے کہا گیا (خود ابن عمرؓ نے کہا تھا مگر راوی کبھی خود کو غائب کر دیتا ہے) آپ گھر سے کیوں نکلتی ہیں جبکہ آپ جانتی ہیں کہ حضرت عمرؓ اس کو پسند نہیں کرتے اور ان کو غیرت آتی ہے؟ بیوی صاحبہ نے جواب دیا: عمرؓ کو

منع کرنے سے کیا چیز روکتی ہے؟ ابن عمرؓ نے کہا: ان کو نبی ﷺ کا یہ ارشاد روکتا ہے کہ اللہ کی بندیوں کو اللہ کی مسجدوں سے مت روکو (اس روایت سے بھی اسی طرح استدلال کریں گے جس طرح اوپر کی روایت سے کیا ہے، حضرت عمرؓ کی اہلیہ صاحبہ عشا اور فجر کی نمازوں میں مسجد میں آتی تھیں، جمعہ میں نہیں آتی تھیں، معلوم ہوا کہ عورتوں پر جمعہ نہیں ہے)

تفصیل: ان بیوی صاحبہ کا نام عاتکہ تھا، یہ حضرت عمرؓ کی چچازاد بہن تھیں، اور حضرت سعید بن زیدؓ جو آپؓ کے بہنوئی تھے اور عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں ان کی حقیقی بہن تھیں۔ بوقت عقد انھوں نے یہ شرط لگائی تھی کہ وہ مسجد میں باجماعت نماز پڑھیں گی، اور حضرت عمرؓ کو روکنے کا حق نہیں ہوگا، جب حضرت عمرؓ خلیفہ بنے اور احوال بدلنے لگے تو آپؓ نے عورتوں کو مسجد سے روکنے کا ارادہ کیا مگر یہ بیوی صاحبہ برابر مسجد میں آتی تھیں۔ حضرت عمرؓ منع نہیں کر سکتے تھے اور دوسری عورتیں کہتی تھیں: جب آپؓ کی اہلیہ آتی ہیں ہم کیوں نہ آئیں، ایک مرتبہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی سوتیلی ماں سے اس سلسلہ میں بات کی کہ آپ کے گھر سے نکلنے کو اور مسجد میں جا کر نماز پڑھنے کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ پسند نہیں کرتے، ان کو غیرت آتی ہے پس آپ گھر میں نماز کیوں نہیں پڑھتیں؟ اہلیہ نے جواب دیا: اگر عمرؓ کو غیرت آتی ہے اور ان کو میرا گھر سے نکلنا اور باجماعت نماز پڑھنا پسند نہیں ہے تو وہ مجھے منع کیوں نہیں کرتے؟ ابن عمرؓ نے کہا: آنحضور ﷺ کے مذکورہ ارشاد کی وجہ سے حضرت عمرؓ منع نہیں کرتے۔

غرض ان بیوی صاحبہ کی باجماعت نماز میں بہت دلچسپی تھی اور وہ ہمیشہ باجماعت نماز پڑھتی تھیں مگر صرف رات کی نمازوں میں آتی تھیں، رات کی تاریکی پردہ کا کام کرتی ہے ﴿وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاسًا﴾ دن کی نمازوں میں نہیں آتی تھیں، جمعہ میں بھی نہیں آتی تھیں، معلوم ہوا کہ جمعہ میں آنا عورتوں پر واجب نہیں۔

واقعہ: جب یہ بیوی صاحبہ مسجد آنے سے باز نہ آئیں اور ان کی وجہ سے دوسری عورتیں بھی نہیں رکتی تھیں تو ایک دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ راستہ میں کہیں چھپ کر بیٹھ گئے، جب بیوی صاحبہ وہاں سے گذریں تو آپؓ نے پیچھے سے آ کر دوپٹہ کھینچا اور بھاگ گئے، اہلیہ محترمہ فجر کی نماز کے لئے مسجد جا رہی تھیں اور غلس کی وجہ سے پتہ نہ چلا کہ وہ کون تھا، انھوں نے إِنَّا لِلّٰہِ پڑھا اور وہیں سے واپس لوٹ گئیں اور کہنے لگیں: عمر ٹھیک کہتے ہیں واقعی زمانہ خراب آ گیا ہے، پھر وہ کبھی مسجد نہ گئیں اور جب امیر المؤمنین کی بیوی گھر بیٹھ گئیں تو دوسری عورتیں بھی مسجد سے رک گئیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مقصد پورا ہوا۔

(فیض الباری ۲: ۳۷۳)

بَابُ الرُّخْصَةِ إِنْ لَمْ يَحْضُرِ الْجُمُعَةَ فِي الْمَطَرِ

بارش میں اگر جمعہ میں نہ آئے تو اجازت ہے

ترک جمعہ کے اعذار میں سے ایک بارش بھی ہے، اگر بارش بہت ہو، مسجد میں آنے میں غیر معمولی پریشانی ہو، اور کوئی

شخص جمعہ کے بجائے گھر میں ظہر پڑھ لے تو اس کی گنجائش ہے، باب میں جو حدیث ہے وہ گذر چکی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بصرہ کے گورنر تھے، ایک جمعہ میں بارش ہو رہی تھی، راستے کیچ سے بھرے ہوئے تھے، آپؓ خطبہ دینے کے لئے منبر پر آئے، مؤذن نے اذان شروع کی، آپؓ نے مؤذن کو ہدایت دی کہ أشهد أن محمدًا رسول اللہ کے بعد حی علی الصلوۃ مت کہنا بلکہ اس کی جگہ پکارنا: الصلوۃُ فی الرِّحَال: گھروں میں نماز پڑھو، مسجد میں آنے کی ضرورت نہیں، لوگوں کو اس پر حیرت ہوئی اور انھوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا، ابن عباسؓ نے فرمایا: تمھیں حیرت کیوں ہو رہی ہے؟ کیا تم چاہتے ہو کہ لوگ گھٹنوں تک کیچ میں چل کر آئیں؟ یہ رخصت مجھ سے بہتر نے دی ہے۔ نبی ﷺ نے اپنے مؤذن سے یہی پکار وایا تھا۔ معلوم ہوا کہ اگر بارش کی وجہ سے مسجد میں آنے میں غیر معمولی پریشانی ہو تو نہ آنے کی اجازت ہے، گھر میں ظہر پڑھ لے۔

[۱٤-] بَابُ الرُّخْصَةِ إِنْ لَمْ يَحْضُرِ الْجُمُعَةَ فِي الْمَطَرِ

[۹۰۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ صَاحِبُ الزِّيَادِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ ابْنُ عَمِّ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِمُؤَذِّنِهِ فِيْ يَوْمٍ مَطِيْرٍ: إِذَا قُلْتَ: أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَلَا تَقُلْ: حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، قُلْ: صَلُّوْا فِيْ بُيُوْتِكُمْ، فَكَأَنَّ النَّاسَ اسْتَنْكَرُوْا، فَقَالَ: فَعَلَهُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّيْ، إِنَّ الْجُمُعَةَ عَزْمَةٌ وَإِنِّيْ كَرِهْتُ أَنْ أُحْرِجَكُمْ فَتَمْشُوْنَ فِي الطِّيْنِ وَالدَّحْضِ" [راجع: ٦١٦]

قولہ: إِنْ لَمْ يَحْضُرِ الجمعةَ: اگر ان سے پہلے حرف جر فی پوشیدہ مانیں تو أَنْ (فتح کے ساتھ) پڑھیں گے، یعنی اس بات کی اجازت ہے کہ آدمی بارش میں جمعہ کی نماز کے لئے نہ آئے۔ اور اگر حرفِ جر پوشیدہ نہ مانیں تو (کسرہ کے ساتھ) إِنْ پڑھیں گے............قولہ: فَكَأَنَّ النَّاسَ اسْتَنْكَرُوْا: پس گویا لوگوں نے اس بات کو اوپرا (انجانا) سمجھا، یعنی حضرت ابن عباسؓ کے اس اعلان کروانے پر ان کو حیرت ہوئی............قولہ: إن الجمعة عَزْمَةٌ: بے شک جمعہ حق واجب ہے یعنی اگر اذان میں حی علی الصلاۃ کہا جائے گا تو جمعہ کے لئے آنا واجب ہو جائے گا، اور راستوں کی صورتِ حال وہ ہے جو تم جانتے ہو، اس لئے میں ناپسند کرتا ہوں کہ لوگ گھٹنوں تک پانی اور کیچ میں چل کر آئیں، اس لئے میں نے یہ اعلان کرایا تا کہ جمعہ کے لئے آنا لوگوں پر واجب نہ ہو جائے۔

بَابٌ: مِنْ أَيْنَ تُؤْتَى الْجُمُعَةُ؟ وَعَلَى مَنْ تَجِبُ؟

کتنی دور سے جمعہ کے لئے آنا ضروری ہے؟ اور جمعہ کس پر واجب ہے؟

جہاں جمعہ کی اذان ہو رہی ہے اس بستی والوں پر جمعہ فرض ہے یعنی باشندگانِ شہر پر جمعہ فرض ہے خواہ وہ اذان سنیں یا نہ

سنیں، اور شہر سے قریب جو علاحدہ بستیاں ہیں ان کے باشندوں پر کتنی دور تک جمعہ فرض ہے؟ اس سلسلہ میں تین قول ہیں اور یہ مسئلہ تفصیل سے ترمذی شریف میں ہے (دیکھئے: تحفۃ الالمعی ۲: ۳۶۶) ایک قول یہ ہے کہ جامع مسجد کی اذان جس بستی تک سنائی دیتی ہے، وہاں تک کے لوگوں پر جمعہ کے لئے آنا فرض ہے، اس قول کی تعبیر ہے: **الجمعةُ علی من سمع النداء**: اور دوسرا قول یہ ہے کہ جو بستی اتنی دور ہے کہ شہر میں جمعہ پڑھ کر پیدل سورج غروب ہونے سے پہلے گھر پہنچ جائے اس بستی کے لوگوں پر جمعہ کے لئے شہر آنا ضروری ہے، اس قول کی تعبیر ہے: **الجمعةُ علی من آواہُ اللیلُ إلی أھله**: جمعہ اس شخص پر واجب ہے جس کو رات اس کے گھر والوں میں ٹھکانہ دے۔ یہ حدیث ترمذی میں ہے اور انتہائی ضعیف ہے اور یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب ہے اور پہلا قول امام احمد رحمہ اللہ کا مذہب ہے، اور احناف کے یہاں مفتی بہ قول یہ ہے کہ محل اقامت جمعہ میں رہنے والوں پر جمعہ فرض ہے، مثلاً دیوبند میں جمعہ ہوتا ہے تو دیوبند کے باشندوں پر جمعہ فرض ہے اور آس پاس جو علاحدہ بستیاں ہیں وہاں کے لوگوں پر جمعہ فرض نہیں، البتہ جو بستیاں بہت زیادہ دور نہیں ان کے باشندوں کو جمعہ پڑھنے کے لئے شہر آنا چاہئے، اور اس مسئلہ میں امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی دوٹوک فیصلہ نہیں کیا، آثار پیش کئے ہیں ان کی روشنی میں فیصلہ کرنا چاہئے۔

[۱۵-] بَابٌ: مِنْ أَیْنَ تُؤْتَی الْجُمُعَةُ؟ وَعَلَی مَنْ تَجِبُ؟

[۱-] لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿إِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلاَةِ مِنْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلٰی ذِکْرِ اللّٰهِ﴾ [الجمعة: ۹]

[۲-] وَقَالَ عَطَاءٌ: إِذَا کُنْتَ فِیْ قَرْیَةٍ جَامِعَةٍ فَنُوْدِیَ بِالصَّلاَةِ مِنْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ فَحَقٌّ عَلَیْكَ أَنْ تَشْهَدَ هَا، سَمِعْتَ النِّدَاءَ أَوْ لَمْ تَسْمَعْهُ.

[۳-] وَکَانَ أَنَسٌ فِیْ قَصْرِهِ: أَحْیَانًا یُجَمِّعُ وَأَحْیَانًا لاَ یُجَمِّعُ، وَهُوَ بِالزَّاوِیَةِ عَلٰی فَرْسَخَیْنِ.

[۹۰۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ جَعْفَرٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَیْرِ حَدَّثَهُ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَتْ: کَانَ النَّاسُ یَنْتَابُوْنَ الْجُمُعَةَ مِنْ مَنَازِلِهِمْ وَالْعَوَالِیْ، فَیَأْتُوْنَ فِی الْغُبَارِ، فَیُصِیْبُهُمُ الْغُبَارُ وَالْعَرَقُ، فَیَخْرُجُ مِنْهُمُ الْعَرَقُ، فَأَتَی رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم إِنْسَانٌ مِنْهُمْ، وَهُوَ عِنْدِیْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "لَوْ أَنَّکُمْ تَطَهَّرْتُمْ لِیَوْمِکُمْ هٰذَا!"

قوله: وعلی من تجب؟: یہ عطف تفسیری ہے اور یہ ایک ہی مسئلہ ہے کہ محل اقامت جمعہ سے باہر کے رہنے والوں پر کہاں تک جمعہ فرض ہے؟

۱- آیتِ کریمہ: جب جمعہ کے دن نماز کے لئے پکارا جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف چل دو، اور ابھی بتایا ہے کہ امام احمد

رحمہ اللہ نے الجمعة على من سمع النداء والاقول اختیار کیا ہے۔اور امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ آیت کریمہ لکھی ہے اس سے معلوم ہوا کہ حضرت رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، اس آیت سے استدلال اس طرح ہے کہ جس نے جمعہ کی اذان سنی اگر اس پر جمعہ کے لئے آنا ضروری نہ ہوتو اذان دینے سے کیا فائدہ؟ معلوم ہوا کہ اذان کی آواز جہاں تک پہنچے وہاں تک کے لوگوں پر جمعہ کے لئے آنا ضروری ہے۔اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے اس میں دو قیدیں بڑھائی ہیں، ایک یہ کہ مؤذن بلند آواز ہو، دوم یہ کہ فضاء پرسکون ہو، پس جہاں تک آواز پہنچے گی وہاں تک کے لوگوں پر جمعہ میں آنا ضروری ہوگا۔

۲- حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قریہ جامعہ (بڑے شہر) کے باشندوں پر جمعہ کے لئے آنا فرض ہے، خواہ وہ اذان سنیں یا نہ سنیں، مصنف عبدالرزاق میں ہے کہ کسی نے حضرت عطاء سے قریہ جامعہ کے بارے میں دریافت کیا، آپ نے فرمایا: ذاتُ الجماعةِ والأمير والقاضي والدُّوْرِ المجتمعة الآخذة بعضها ببعض مثل جُدَّة: ایسی بستی جس میں چار باتیں پائی جاتی ہوں وہ قریہ جامعہ ہے: (۱) وہاں بہت لوگ بستے ہوں یعنی آبادی بڑی ہو (۲) وہاں امیر ہو (۳) قاضی ہو (۴) اور اکٹھا مکانات ہوں۔ پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول گذرا ہے: لاجمعةَ ولا تشريقَ إلا في مصرٍ جامعٍ: احناف نے مصر جامع کی یہی تفسیر کی ہے، ایسی بڑی بستی جس میں امیر ہو، قاضی ہو، تھانہ، عدالت اور کورٹ ہو، بازار ہو اور گلی کوچے ہوں وہ مصر جامع اور قریہ جامعہ ہے ایسے لوگوں پر جمعہ فرض ہے۔غرض حضرت عطاء کے قول کا حاصل یہ ہے کہ محل اقامت جمعہ کے باشندوں پر جمعہ فرض ہے، مثلاً دیوبند میں جمعہ ہوتا ہے تو دیوبند کے باشندوں پر جمعہ فرض ہے، خواہ اذان سنیں یا نہ سنیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

فائدہ: لفظ جُدَّہ اردو میں جیم کے زبر کے ساتھ بولتے ہیں، اصل لفظ جُدَّہ (بضم الجیم) ہے جَدة (بالفتح) کے معنی ہیں: دادی، اسی لئے کسی نے وہاں قبرستان میں دادی حواء رضی اللہ عنہا کی فرضی قبر بنائی تھی، لوگ اس کی زیارت کرتے تھے، اب گورنمنٹ نے اس کو توڑ دیا ہے۔اور جُدَّة (بالضم) کے معنی ہیں: پگڈنڈی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے سمندر سے اتر کر مکہ آنے کا یہی راستہ تھا اس لئے اس کا نام جُدّة پڑا۔

۳- حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ سے دو فرسخ کے فاصلہ پر زاویہ نامی جگہ میں رہتے تھے، ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے اور ایک میل پونے دو کلومیٹر کا ہوتا ہے یعنی حضرت انسؓ کا گھر بصرہ سے تقریباً آٹھ کلومیٹر دور تھا، آٹھ کلومیٹر تک اذان کی آواز نہیں پہنچ سکتی، اس لئے حضرت انسؓ کبھی بصرہ میں جمعہ پڑھنے کے لئے آتے تھے اور کبھی نہیں آتے تھے۔معلوم ہوا کہ جہاں تک اذان کی آواز نہ پہنچے ان لوگوں پر جمعہ فرض نہیں۔أَحْيَانًا يُجَمِّعُ کا مفہوم ہے: کبھی بصرہ میں جمعہ پڑھنے کے لئے آتے تھے وأحياناً لايُجَمِّع: اور کبھی جمعہ پڑھنے کے لئے نہیں آتے تھے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: لوگ اپنے گھروں سے اور عوالی سے باری باری جمعہ پڑھنے کے لئے آتے تھے، پس وہ لوگ غبار میں آتے تھے، پس ان کو غبار اور پسینہ پہنچتا تھا، پس ان کا پسینہ نکلتا تھا، پس ان میں سے ایک شخص

نبی ﷺ کے پاس آیا جبکہ آپؐ میرے پاس تھے، پس آپؐ نے فرمایا: کاش تم اپنے اس دن کے لئے پاکی حاصل کرو!

تشریح: النَّوْبة: کے معنی ہیں: باری، نمبر، اس سے دو فعل بنتے ہیں: (۱) إِنْتَابَهُ أَمْرٌ: اس کو کوئی بات پیش آئی، کہیں گے: فلانٌ يَنْتَابُنَا: فلاں کی ہمارے پاس آمد ورفت ہے۔ (۲) تَنَاوَبَ الأَمْرُ: کوئی کام باری باری کرنا۔ حدیث شریف میں دونوں طرح پڑھا گیا ہے يَنْتَابُوْنَ الجمعةَ بھی اور يَتَنَاوَبُوْنَ الجمعةَ بھی۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: قبا اور عوالی کے سب باشندے ہر جمعہ مدینہ نہیں آتے تھے بلکہ باری باری آتے تھے، ایک گھر میں دو آدمی ہوں تو ایک ایک ہفتہ آتا اور دوسرا دوسرے ہفتے، کیونکہ مسجدِ نبوی کی اذان قبا اور عوالی کے گاؤں تک نہیں پہنچتی تھی، اس لئے سارے لوگ جمعہ کے لئے نہیں آتے تھے، یہ منفی پہلو سے استدلال ہے کہ قبا اور عوالی کے سارے لوگ مسجد نبوی میں جمعہ پڑھنے کے لئے اس نہیں آتے تھے کہ وہاں تک اذان کی آواز نہیں پہنچتی تھی، اور اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ جمعہ: شہر، قصبہ اور بڑے گاؤں ہی میں ہوتا ہے، چھوٹے گاؤں میں جمعہ جائز نہیں، ورنہ یہ گاؤں والے یا تو سارے آتے یا اپنے یہاں جمعہ قائم کرتے جبکہ واقعہ یہ ہے کہ نبی ﷺ کی حیات طیبہ میں نہ تو قبا کی مسجد میں جمعہ قائم ہوا اور نہ عوالی کی کسی مسجد میں، پس معلوم ہوا کہ گاؤں والوں پر جمعہ نہیں۔

عرب میں چاروں طرف ریت ہی ریت ہے اور گرم علاقہ ہے، حضرات صحابہ جب اپنے گھروں سے اور عوالی سے جمعہ کے لئے مسجدِ نبوی میں آتے تھے تو پسینہ میں شرابور ہوجاتے تھے، اور گرد آلود ہوجاتے تھے، چنانچہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اس سے پسینہ کی بو آرہی تھی، آپؐ نے فرمایا: کیا اچھا ہو جو تم نہا دھو کر جمعہ کے لئے آؤ!

بَابُ وَقْتِ الْجُمُعَةِ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ

جمعہ کا وقت زوال سے شروع ہوتا ہے

جمہور کے نزدیک جمعہ کا وقت زوال سے شروع ہوتا ہے، دلائل نقلیہ کے علاوہ دلیل عقلی یہ ہے کہ جمعہ ظہر کا قائم مقام ہے، پس جو وقت مُنیب (ظہر) کا ہے وہی وقت نائب (جمعہ) کا بھی ہوگا اور ایسی کوئی صریح روایت نہیں جس سے زوال سے پہلے جمعہ کا وقت ہونا ثابت ہوتا ہو۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک عیدین جس وقت پڑھی جاتی ہیں اس وقت جمعہ پڑھنا جائز ہے۔ عیدین کی نمازیں دس، گیارہ بجے پڑھتے ہیں اس وقت جمعہ پڑھنا بھی جائز ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ جمہور کے ساتھ ہیں۔

باب میں تین حدیثیں ہیں: پہلی حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے، اس میں لفظ راح ہے، راح کے معنی زوال کے بعد جانے کے ہیں، اور دوسری حدیث میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ زوال کے بعد جمعہ پڑھتے تھے، اور تیسری حدیث میں یہ ہے کہ صحابہ قیلولہ جمعہ کے بعد کرتے تھے، اس سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ زوال ہوتے ہی جمعہ پڑھ لیتے تھے، پھر لوگ دوپہر کا کھانا کھا کر قیلولہ کرتے تھے۔

[١٦-] بابُ وَقْتِ الْجُمُعَةِ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ

وَكَذَا يُذْكَرُ عَنْ عُمَرَ، وَعَلِيٍّ، وَالنُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، وَعَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ.

[٩٠٣-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَّهُ سَأَلَ عَمْرَةَ عَنِ الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ؟ فَقَالَتْ: قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ النَّاسُ مَهَنَةَ أَنْفُسِهِمْ، وَكَانُوْا إِذَا رَاحُوْا إِلَى الْجُمُعَةِ رَاحُوْا فِي هَيْئَتِهِمْ، فَقِيْلَ لَهُمْ: "لَوِ اغْتَسَلْتُمْ!" [انظر: ٢٠٧١]

[٩٠٤-] حدثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ الْجُمُعَةَ حِيْنَ تَمِيْلُ الشَّمْسُ.

[٩٠٥-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضى الله عنه قَالَ: كُنَّا نُبَكِّرُ بِالْجُمُعَةِ، وَنَقِيْلُ بَعْدَ الْجُمُعَةِ. [انظر: ٩٤٠]

اثر: حضرات عمر، علی، نعمان اور عمرو بن حریث رضی اللہ عنہم کی رائے بھی یہی ہے کہ جمعہ کا وقت زوال کے بعد شروع ہوتا ہے۔

حدیث (۹۰۳): مَهَنَة: کو مِهْنَة (بکسر المیم) بھی پڑھ سکتے ہیں اور مَهَنَة (بفتح المیم) بھی، یہ ماھن کی جمع ہے، اور ماھن کے معنی ہیں: خادم، صدیقہؓ فرماتی ہیں: لوگ خود اپنی خدمت کرتے تھے، یعنی لوگوں کے پاس نوکر چاکر نہیں تھے۔ لوگ اپنے کام خود کرتے تھے، کھیتوں میں بھی اور باغوں میں بھی، اور زوال کے بعد اسی حال میں جمعہ کے لئے آتے تھے۔

قوله: و كانوا إِذَا رَاحُوْا: سے استدلال کیا ہے، لفظ راح کے معنی زوال کے بعد جانے کے ہیں، اور **لو اغتسلتم** میں لو تمنی کا ہے، یعنی آپ لوگ نہا کر آئیں تو اچھا ہو!

حدیث (۹۰۵): **كُنَّا نُبَكِّرُ بالجمعة**: کا مطلب یہ نہیں ہے کہ صبح سویرے جمعہ پڑھا جاتا تھا بلکہ مطلب یہ ہے کہ زوال کے بعد جلدی جمعہ پڑھا جاتا تھا، گرمیوں میں بھی تاخیر نہیں کی جاتی تھی، زوال ہوتے ہی فوراً جمعہ پڑھنا نبی ﷺ کی سنت مستمرہ ہے، اور عقل کا فیصلہ بھی یہی ہے اس زمانہ میں لوگ صبح صادق کے بعد ہی سے جمعہ پڑھنے کے لئے مسجد میں اکٹھا ہونا شروع ہو جاتے تھے، ایسی صورت میں تاخیر مناسب نہیں .... اور **نقيل بعد الجمعة** سے امام احمد رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے، نبی ﷺ کے زمانہ میں دو کھانے تھے ایک کھانا دن میں گیارہ بجے کھایا جاتا تھا، اور دوسرا مغرب کے بعد۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحابہ جب قیلولہ جمعہ کے بعد کرتے تھے تو یقیناً نبی ﷺ اس سے پہلے یعنی دس بجے کے قریب جمعہ پڑھتے ہوں گے، معلوم ہوا کہ زوال سے پہلے بھی جمعہ جائز ہے۔ مگر یہ استدلال قوی نہیں، کیونکہ حدیث کا یہ مطلب ہے کہ جمعہ کے دن صحابہ دوپہر کا کھانا اور قیلولہ وقت پر نہیں کرتے تھے بلکہ جمعہ کی وجہ سے دونوں کو مؤخر کرتے تھے، اس لئے کہ جمعہ کے لئے مسجد میں جلدی جانا صحابہ کا معمول تھا اس وقت تک کھانا تیار نہیں ہوتا تھا، اور کھانا کھا کر جمعہ پڑھنے

کے لئے جانے کی صورت میں طبیعت میں کسل بھی پیدا ہوگا، اس لئے صحابہ کھانے کو اور قیلولہ کو جمعہ کی وجہ سے مؤخر کرتے تھے۔ حدیث کا یہی مطلب ہے۔

بابٌ: إِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن جب سخت گرمی ہو

کتب فقہ میں جزئیہ ہے: **لا إبراد فی الجمعة وهو المختار**: اس سے معلوم ہوا کہ قول مختار کے مقابل کوئی دوسرا قول بھی ہے، مگر مفتی بہ قول یہی ہے کہ پورے سال زوال ہوتے ہی فوراً جمعہ پڑھ لینا چاہئے، اور بعض علماء فرماتے ہیں: جو حکم ظہر کا ہے وہی جمعہ کا ہے، گرمیوں میں ظہر میں تاخیر کرنا مسنون ہے، پس گرمیوں میں جمعہ میں بھی تاخیر کی جائے، مگر یہ قول مفتی بہ نہیں، اور جو لوگ ہمیشہ جمعہ تاخیر سے پڑھتے ہیں ان کا عمل سنتِ مستمرہ کے خلاف ہے، لوگ یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ ہم پیچھے رہ جانے والوں کے لئے تاخیر کرتے ہیں، یہ عذر بارد ہے کیونکہ وقت کے بعد جمعہ پڑھیں گے تب بھی کچھ لوگ پیچھے رہ جائیں گے، ان کی کب تک رعایت کریں گے؟

دوسری غلطی:

بعض لوگ اذان اول اور اذان ثانی کے درمیان آدھے گھنٹے کا فصل رکھتے ہیں، چنانچہ اذان سن کر کوئی مسجد کی طرف نہیں چلتا، لوگ بدستور کاموں میں مصروف رہتے ہیں حالانکہ اذانِ اول کے بعد کوئی بھی کام کرنا خواہ دینی ہو یا دنیوی حرام ہے، سعی الی الجمعہ واجب ہے۔ اس لئے دونوں اذانوں کے درمیان صرف پندرہ منٹ کا فصل رکھنا چاہئے تاکہ لوگ اذان سنتے ہی مسجد کی طرف چل دیں اور گناہ سے بچیں۔

[۱۷-] بابٌ: إِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

[۹۰۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ خَلْدَةَ: وَهُوَ خَالِدُ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا اشْتَدَّ الْبَرْدُ بَكَّرَ بِالصَّلاَةِ، وَإِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ أَبْرَدَ بِالصَّلاَةِ، يَعْنِي الْجُمُعَةَ.

وَقَالَ يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ خَلْدَةَ، وَقَالَ: بِالصَّلَاةِ، وَلَمْ يَذْكُرِ الْجُمُعَةَ.

وَقَالَ بِشْرُ بْنُ ثَابِتٍ: حَدَّثَنَا أَبُوْ خَلْدَةَ، قَالَ: صَلَّى بِنَا أَمِيْرُ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ قَالَ لِأَنَسٍ: كَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي الظُّهْرَ؟

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب سردی سخت ہوتی تھی تو نبی ﷺ نماز جلدی پڑھتے تھے، اور

جب گرمی سخت ہوتی تھی تو آپؐ وقت ٹھنڈا ہونے کے بعد نماز پڑھتے تھے (راوی کہتا ہے:) مراد لے رہے ہیں حضرت انسؓ جمعہ کو یعنی یہ حدیث نماز جمعہ کے بارے میں ہے۔

تشریح: یہ حدیث نماز جمعہ کے بارے میں ہے یا نماز ظہر کے بارے میں؟ ابوخلدہ سے یہ حدیث تین شاگرد روایت کرتے ہیں، صرف حرمی بن عمارہ کی روایت میں حدیث کے آخر میں یعنی الجمعۃ ہے، اور کسی راوی کی روایت میں یہ جملہ نہیں ہے، یونس بن بکیر کی روایت بالصلاۃ پر پوری ہوجاتی ہے، اور بشر بن ثابت کی روایت میں کچھ تفصیل ہے، وہ کہتے ہیں: کسی امیر نے جمعہ کی نماز پڑھائی، پھر اس نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ ظہر کی نماز کس وقت پڑھتے تھے؟ حضرت انسؓ نے کہا: جب سردی سخت ہوتی تھی (الی آخرہ) اور سوال: جواب میں لوٹایا جاتا ہے، پس جواب ظہر کی نماز کے بارے میں ہے، جمعہ کی نماز کے بارے میں نہیں ہے۔

اور راوی کو غلط فہمی اس سے ہوئی ہے کہ یہ سوال وجواب جمعہ کی نماز کے بعد ہوئے تھے، اس لئے اس نے جمعہ کو ظہر پر قیاس کیا، اور حدیث کے آخر میں یعنی الجمعۃ بڑھا دیا۔ ہماری فقہ میں بھی بعض حضرات نے جمعہ کو ظہر پر قیاس کیا ہے، اور دونوں کا حکم ایک کردیا ہے، مگر یہ قول مفتی بہ نہیں، راجح یہ ہے کہ جمعہ کو ظہر پر قیاس نہیں کیا جائے گا، اس لئے کہ قیاس کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مقیس میں نص نہ ہو، اور جمعہ کے بارے میں نص موجود ہے، ابھی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث گذری ہے: کنا نُبَکِّرُ بالجمعۃ: ہم جمعہ جلدی پڑھا کرتے تھے، یہ حدیث گرمی سردی کو عام ہے، پس جمعہ کو ظہر پر قیاس نہیں کریں گے۔

بابُ الْمَشْيِ إِلَى الْجُمُعَةِ

جمعہ کی نماز کے لئے چل کر جانا

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ آیت کریمہ ﴿فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ﴾ میں سَعْیٌ بمعنی مَشْیٌ (چلنا) ہے چنانچہ آیت کریمہ کی تفسیر کی گئی ہے: السَّعْيُ: العَمَل والذَّهاب: سعی کے معنی عمل کرنے اور جانے کے ہیں، ارشاد پاک ہے: ﴿وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا﴾ اس نے آخرت کے لئے کام کیا، معلوم ہوا کہ سَعْیٌ کے معنی عمل کے بھی آتے ہیں —— باب میں دو مسئلے اور بھی ہیں جو آگے آئیں گے۔

[۱۸-] بابُ الْمَشْيِ إِلَى الْجُمُعَةِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ﴿فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ﴾[الجمعة:۹] وَمَنْ قَالَ: "السَّعْيُ": الْعَمَلُ وَالذَّهَابُ، لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا﴾ [الإسراء: ۱۹]

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَحْرُمُ الْبَيْعُ حِينَئِذٍ؛ وَقَالَ عَطَاءٌ: تَحْرُمُ الصِّنَاعَاتُ كُلُّهَا.

[۳-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: إِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَهُوَ مُسَافِرٌ فَعَلَيْهِ أَنْ يَشْهَدَ.

[۹۰۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَايَةُ بْنُ رِفَاعَةَ، قَالَ: أَدْرَكَنِيْ أَبُوْ عَبْسٍ وَأَنَا أَذْهَبُ إِلَى الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ حَرَّمَهُ اللهُ عَلَى النَّارِ" [انظر: ۲۸۱۱]

پہلا مسئلہ: اذان جمعہ پر صرف بیع ممنوع ہوتی ہے یا ہر کاروبار؟ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بیع حرام ہوتی ہے اور ان کے شاگرد حضرت عطاءؒ کہتے ہیں: ہر کاروبار ممنوع ہے (حتی کہ دینی کتابوں کا مطالعہ اور تصنیف وتالیف بھی، اذان کے بعد مسجد کی طرف چلنا واجب ہے۔ ان دونوں باتوں میں کوئی تعارض نہیں، کیونکہ حضرت ابن عباسؓ نے بیع میں حصر نہیں کیا، پس مفصل بات وہ ہے جو حضرت عطاء نے فرمائی ہے)

دوسرا مسئلہ: امام زہریؒ فرماتے ہیں: مسافر جب اذان سنے تو اس پر جمعہ میں آنا واجب ہے (یہ قول الجمعةُ على من سمع النداء پر مبنی ہے، احناف کے یہاں اس پر فتوی نہیں، احناف کے یہاں مسافر پر شہود جمعہ واجب نہیں خواہ وہ اذان سنے یا نہ سنے، البتہ اولیٰ اور افضل یہ ہے کہ وہ جمعہ میں حاضر ہو)

حدیث: عبایہ کہتے ہیں: مجھ سے ابوعبس رضی اللہ عنہ ملے جبکہ میں جمعہ کے لئے جارہا تھا (یہ جزء باب سے متعلق ہے) پس انھوں نے کہا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس کے قدم راہِ خدا میں گرد آلود ہوگئے اس کو اللہ تعالیٰ دوزخ پر حرام کردیتے ہیں، یعنی جمعہ کی نماز کے لئے جانا بھی فی سبیل اللہ چلنا ہے، پس اللہ تعالیٰ آپ پر دوزخ کی آگ حرام کردیں گے۔

تشریحات:

۱- وأنا أذهب إلى الجمعة سے استدلال کیا ہے، عبایہ رحمہ اللہ جمعہ کے لئے چل کر جارہے تھے، دوڑ نہیں رہے تھے، معلوم ہوا کہ آیتِ کریمہ میں سعی کے معنی مَشْی اور ذھاب کے ہیں، عَدْو (دوڑنے) کے نہیں ہیں۔

۲- حدیث کا سیاق بخاری شریف اور ترمذی شریف میں مختلف ہے، بخاری شریف کا سیاق تو آپ کے سامنے ہے، یہ بات عبایہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوعبسؓ پیچھے سے آکر مجھ سے ملے جبکہ میں جمعہ کے لئے جارہا تھا اور انھوں نے حدیث سنائی اور میرے جمعہ کے لئے چلنے کو حدیث کا مصداق ٹھہرایا، اور حضرت ابوعبس رضی اللہ عنہ انصاری صحابی ہیں، پس یہ تاویل صحابی ہے اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ تاویل بعید فقیہ صحابی ہی کی معتبر ہے۔

اور ترمذی شریف کا سیاق اس طرح ہے: عن يزيد بن أبي مريم قال: لَحِقَني عبايةُ بن رِفَاعةَ بن رافعٍ وأنا ماشٍ إلى الجمعة، فقال: أَبْشِرْ فَإِنَّ خُطَاكَ هذه في سبيل الله، سمعتُ أبا عبسٍ يقول: قال رسول الله صلى الله عليه

وسلم: من اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فی سبیل الله فهما حرامٌ علی النار:[1] اورعبایہ تابعی ہیں، اورتابعین کے بھی دوسرے طبقہ کے ہیں اوران کی کوئی علمی شہرت بھی نہیں ہے، انھوں نے فی سبیل اللہ کو عام کیا ہے، تمام دینی کاموں کواورامور خیر کواس کا مصداق قرار دیا ہے، چنانچہ یزید جو جمعہ کی نماز پڑھنے کے لئے جارہے تھےان کے عمل کو فی سبیل اللہ قرار دیا ہے۔

اور بخاری شریف کی سندتو بخاری کی سند ہےاور ترمذی شریف کی سند بھی حسنٌ صحیحٌ ہے، پس قابل غور بات یہ ہے کہ یہ تاویل صحابی کی ہے یا تابعی کی؟ جب تک یہ بات طے نہ ہواس سے آئندہ بات پر استدلال کیسے کیا جاسکتا ہے؟

۳-تبلیغی جماعت کے حضرات اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ ان کا کام جہادؔ ہے، کیونکہ جب جمعہ کے لئے جانافی سبیل اللہ ہےتو تبلیغ کے لئے نکلنا فی سبیل اللہ کیوں نہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ بلاشبہ تبلیغ کے لئے نکلنا فی سبیل اللہ (راہِ خدا میں نکلنا) ہے مگر یہ الحاق ہی اس کی فضیلت ہے، جہاد فی سبیل اللہ کے تمام فضائل تبلیغ کے لئے ثابت نہیں کئے جائیں گے، جیسے مشکوٰۃ شریف میں کتاب العلم میں حدیث ہے:من خَرَجَ یطلُب العلمَ فهو فی سبیل الله حتی یَرْجِعَ: جو شخص علم دین حاصل کرنے کے لئے گھر سے نکلا وہ جب تک گھر لوٹ نہ آئے اللہ کے راستہ میں ہے یعنی طالب علم: مجاہد فی سبیل اللہ کے ساتھ لاحق ہے، اور یہ الحاق ہی اس کی فضیلت ہے، یا جیسے ایک مرتبہ صحابہ کا سپہ گری میں مقابلہ ہورہا تھا، نبی ﷺ بھی موجود تھے، دونوں پارٹیوں کے لیڈروں نے اپنے لئے آدمیوں کا انتخاب کیا، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بچ گئے نبی ﷺ نے ان کو اپنے پاس بٹھالیا اور فرمایا:سلمانُ مِنَّا أهل البیت: سلمانؓ ہمارے گھرانے کے فرد ہیں، یہ الحاق ہی حضرت سلمانؓ کے لئے فضیلت ہے، اہل بیت کے تمام فضائل حضرت سلمانؓ کے لئے ثابت نہیں کئے جائیں گے۔

مگر تبلیغی احباب کواصرار ہے کہ ہمارا کام ہی فی سبیل اللہ ہے، پھر وہ جہاد فی سبیل اللہ کے سلسلہ کی تمام آیات واحادیث کواپنے کام کا مصداق قرار دیتے ہیں، یہ ان کی غلطی ہے، اس لئے یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے کہ جوآیات واحادیث جہاد کے ساتھ خاص ہیں تبلیغی کام ان کا مصداق نہیں، حدیث شریف میں طالب علم کو فی سبیل اللہ قرار دیا گیا ہے مگر کوئی شخص طالب علم کے لئے جہاد کی آیات واحادیث استعمال نہیں کرتا، اور اہل بیت کے تمام فضائل حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے لئے ثابت نہیں کرتا، اسی طرح تبلیغی کام بے شک دینی کام ہے مگر اس کام کو ان آیات واحادیث کا مصداق قرار دینا جو مجاہدین کے لئے ہیں: سخت غلطی ہے۔

ملحوظہ: میری اس موضوع پر حضرت اقدس مولانا محمد عمر صاحب پالن پوری قدس سرہ سے بھی گفتگو اور مکاتبت ہوئی ہے، جو میں نے تحفۃ الالمعی (۴:۵۶۳-۵۶۶) میں لکھی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

[۹۰۸-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ، عَنْ سَعِیْدٍ، وَأَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ:

(۱) ترمذی شریف حدیث ۱۶۲۴ تحفۃ الالمعی (۴:۵۶۶)

أَخْبَرَنِی أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُ:" إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا تَأْتُوْهَا تَسْعَوْنَ، وَأْتُوْهَا تَمْشُوْنَ، وَعَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةَ، فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا، وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوْا" [راجع:٦٣٦]

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب نماز کھڑی کی جائے یعنی اقامت شروع ہوجائے تو آپ لوگ نماز میں دوڑتے ہوئے نہ آئیں بلکہ چلتے ہوئے آئیں، اوراطمینان کولازم پکڑیں، یعنی باطمینان چلتے ہوئے آئیں پس نماز کا جو حصہ پالیں اسے پڑھ لیں اور جو حصہ فوت ہوجائے اُسے بعد میں مکمل کرلیں۔

تشریح:

اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ جب پانچوں نمازوں میں دوڑتے ہوئے آنے کی ممانعت ہے تو جمعہ میں بدرجہ اولیٰ دوڑتے ہوئے آنے کی ممانعت ہوگی، جمعہ میں سارا شہر جامع مسجد میں آتا ہے اگر سب دوڑتے ہوئے آئیں گے تو بڑا بدنما منظر ہوگا، پس آیت کریمہ میں سعیٌ: دوڑنے کے معنی میں نہیں ہے، بلکہ اس کے معنی چلنے کے ہیں۔

فائدہ: یہاں ایک ضمنی مسئلہ یہ ہے کہ مسبوق فوت شدہ نماز کو کس طرح ادا کرے گا؟ امام اعظم رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ اس کی نماز کا شروع کا حصہ فوت ہوا ہے پس اگر ایک یا دو رکعت فوت ہوئی ہیں تو مسبوق ان کو بھری پڑھے گا اور تین فوت ہوئی ہیں تو شروع کی دو بھری پڑھے گا اور تیسری میں صرف سورہ فاتحہ پڑھے گا۔ غرض: امام اعظم رحمہ اللہ نے امام کی نماز کا اعتبار کیا ہے، کیونکہ وہی اصالۃً نماز کے ساتھ متصف ہے، مقتدی تو اس کے واسطہ سے متصف ہے، امام واسطہ فی العروض ہے، کما تقدم۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ مسبوق نے نماز کا آخری حصہ نہیں پایا شروع کا حصہ پالیا ہے، کیونکہ اس نے تکبیر تحریمہ سے نماز شروع کی ہے، پس ایک یا دو رکعت فوت ہونے کی صورت میں مسبوق صرف فاتحہ پڑھے گا، کیونکہ وہ اس کی آخری نماز ہے، اور تین رکعت فوت ہونے کی صورت میں پہلی بھری پڑھے گا اور باقی دو خالی۔ آپؒ نے مقتدی کی نماز کا اعتبار کیا ہے کیونکہ آپ کے نزدیک امام واسطہ فی الثبوت ہے، اور مقتدی بھی حقیقۃً نماز کے ساتھ متصف ہے۔

غرض اختلاف کی بنیاد وہ ہے جو پیچھے بیان کی جاچکی ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک امام واسطہ فی العروض ہے، نماز کے ساتھ حقیقۃً وہی متصف ہے اور مقتدی بالعرض اور مجازاً متصف ہے، پس جب امام کی نماز کا شروع کا حصہ مقتدی کے ہاتھ سے نکل گیا تو گویا مقتدی نے اس حصہ کو پڑھا ہی نہیں، اس لئے سلام پھیرنے کے بعد اسے شروع ہی کا حصہ پڑھنا ہے، پس اگر ایک رکعت فوت ہوئی ہے تو اس میں فاتحہ اور سورت دونوں پڑھے گا۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ نے امام کو واسطہ فی الثبوت مانا ہے یعنی ان کے نزدیک امام اور مقتدی دونوں نماز کے ساتھ حقیقۃً متصف ہیں اور چونکہ مقتدی نے تکبیر تحریمہ سے نماز شروع کی ہے، اس لئے اس نے شروع کی رکعتیں پڑھ لی ہیں، پس وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد جو ایک رکعت

رہ گئی ہے اس کو پڑھے گا اور خالی پڑھے گا کیونکہ وہ اس کی آخری رکعت ہے۔

اور امام مالک اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک قول میں یعنی قراءت میں مسبوق کی شروع کی نماز فوت ہوئی ہے، پس اگر ایک یا دو رکعت رہ گئی ہیں تو وہ بھری پڑھے گا، اور فعل میں یعنی قعدہ کے حق میں اس نے آخر کی نماز نہیں پڑھی ہے، لہٰذا اگر امام کے ساتھ اس نے صرف ایک رکعت پائی ہے تو وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد ایک رکعت پڑھ کر قعدہ کرے گا، کیونکہ فرائض میں ہر دو رکعت پر قعدہ ہے اور وہ اس رکعت کو بھری پڑھے گا، پھر قعدہ سے فارغ ہو کر پہلی رکعت بھری ہوئی اور دوسری رکعت خالی پڑھے گا اسی طرح اگر مغرب میں دو رکعت فوت ہوئی ہیں تو مسبوق امام کے سلام کے بعد پہلی رکعت کے بعد قعدہ کرے گا پھر دوسری پڑھے گا، اور دونوں بھری پڑھے گا۔ اور فتوی امام محمد رحمہ اللہ کے قول پر ہے۔

[۹۰۹-] حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ قُتَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ یَحْیَی بْنِ أَبِیْ كَثِیْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ قَتَادَةَ، [قَالَ أَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ:] لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "لَاتَقُوْمُوْا حَتّٰی تَرَوْنِیْ وَعَلَیْكُمُ السَّكِیْنَةُ" [راجع: ٦٣٧]

وضاحت: یہ حدیث عبداللہ کی ہے یا ان کے ابا حضرت ابوقتادہؓ کی؟ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: جو بات میں جانتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ عبداللہ کی حدیث نہیں ہے یعنی مرسل روایت نہیں ہے، بلکہ حضرت ابوقتادہ کی حدیث ہے یعنی مسند ہے، اور سند کے آخر میں عن أبیه بھی ہے، نبی ﷺ نے صحابہ کو یہ ہدایت فرمائی تھی کہ میرے آنے سے پہلے کھڑے نہ ہوں جب مجھے کمرہ سے نکلتا ہوا دیکھیں تب کھڑے ہوں اور باوقار کھڑے ہوں، دوڑنے کی اب بھی اجازت نہیں، جب چار قدم دوڑنے کی اجازت نہیں تو جمعہ میں دوڑتے ہوئے آنے کی اجازت کیسے ہوسکتی ہے؟

بابٌ: لَایُفَرِّقُ بَیْنَ اثْنَیْنِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن دو شخصوں کے درمیان جدائی نہ کرے

اگر دو شخص ملے ہوئے بیٹھے ہوں تو ان کے درمیان نہ گھسے، یہ تفریق ہے اور اس کی ممانعت ہے، اور اگر درمیان میں جگہ خالی ہے تو وہاں بیٹھنا تفریق نہیں، بلکہ یہ جگہ پُر کرنا ہے اور یہ ممنوع نہیں، اور یہ حکم جمعہ کے ساتھ خاص نہیں، ہر مجلس کے لئے یہی حکم ہے۔

[۱۹-] بابٌ: لَایُفَرِّقُ بَیْنَ اثْنَیْنِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

[۹۱۰-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ ابْنِ وَدِیْعَةَ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "مَنِ اغْتَسَلَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ،

وَتَطَهَّرَ بِمَا اسْتَطَاعَ مِنْ طُهْرٍ، ثُمَّ ادَّهَنَ أَوْ: مَسَّ مِنْ طِيْبٍ، ثُمَّ رَاحَ فَلَمْ يُفَرِّقْ بَيْنَ اثْنَيْنِ، فَصَلَّى مَا كُتِبَ لَهُ، ثُمَّ إِذَا خَرَجَ الإِمَامُ أَنْصَتَ: غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الأُخْرَى" [راجع: ۸۸۳]

وضاحت: یہ حدیث پہلے (کتاب الجمعہ باب ۶ میں) گذر چکی ہے، جو شخص جمعہ کے دن نہائے، بقدر استطاعت پاکی حاصل کرے، خوشبو یا تیل لگائے، پھر جامع مسجد پہنچے اور جہاں جگہ ملے بیٹھ جائے، دو شخصوں کے درمیان تفریق نہ کرے (یہاں باب ہے) اور جتنی اللہ تعالیٰ نے اس کے نصیب میں لکھی ہے اتنی نماز پڑھے پھر جب امام خطبہ کے لئے نکلے تو خاموش رہے، اور خطبہ سنے تو اس کے اس جمعہ اور گذشتہ جمعہ کے درمیان کے تمام (چھوٹے) گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

بابٌ: لَايُقِيْمُ الرَّجُلُ أَخَاهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَيَقْعُدُ فِيْ مَكَانِهِ

جمعہ کے دن کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ میں نہ بیٹھے

کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ میں بیٹھنا خواہ وہ شاگرد یا مرید ہی کیوں نہ ہو جائز نہیں، البتہ اگر شاگرد یا مرید خود اٹھ جائے اور جگہ دیدے تو یہ دوسری بات ہے۔ اس میں ایک رائے یہ ہے کہ یہ ایثار فی الطاعۃ اور عبادت میں ترجیح دینا ہے اور ثواب کے کام میں ترجیح دینا مکروہ ہے، ثواب کے کام میں تنافس مطلوب ہے اور دوسری رائے یہ ہے کہ یہ جائز ہے اس لئے کہ حضرات صحابہ نبی کریم ﷺ کے بالکل پیچھے شیخین رضی اللہ عنہما کے لئے جگہ خالی چھوڑتے تھے، معلوم ہوا کہ ایثار فی الطاعۃ کی گنجائش ہے اور ممانعت اٹھا کر بیٹھنے کی ہے۔

[۲۰-] بابٌ: لَايُقِيْمُ الرَّجُلُ أَخَاهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَيَقْعُدُ فِيْ مَكَانِهِ

[۹۱۱-] حدثنا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ نَافِعًا قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُقِيْمَ الرَّجُلُ أَخَاهُ مِنْ مَقْعَدِهِ، وَيَجْلِسَ فِيْهِ. قُلْتُ لِنَافِعٍ: الْجُمُعَةَ؟ قَالَ: الْجُمُعَةَ وَغَيْرَهَا. [انظر: ۶۲۶۹، ۶۲۷۰]

قوله: الجمعةَ وغيرَها: کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ بیٹھنے کی ممانعت کا حکم جمعہ کے ساتھ خاص نہیں، ہر مجلس کے لئے یہی حکم ہے، خواہ وہ سبق کی مجلس ہو یا پند وموعظت کی، اسی طرح تفریق نہ کرنے کا حکم بھی عام ہے۔

بابُ الأَذَانِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن اذان

حضور اقدس ﷺ، صدیق اکبر اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں جمعہ کے لئے صرف ایک اذان ہوتی تھی،

اور وہ اذان دو مقاصد کے لئے ہوتی تھی، ایک: غائبین کو نماز کی اطلاع دینے کے لئے۔ دوم: حاضرین کو خطیب کی آمد کی اطلاع دینے کے لئے، تاکہ وہ بات چیت اور نماز بند کردیں اور خطبہ سننے کے لئے تیار ہوجائیں، یہ اذان نبی ﷺ کے زمانہ میں مسجد کے دروازے پر (چھت پر) دی جاتی تھی (ابوداؤد: ۱۵۵) پھر جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا اور مدینہ منورہ کی آبادی بڑھ گئی اور یہ اذان اطلاع عام کے لئے ناکافی ہوگئی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے دونوں مقصدوں کو علاحدہ علاحدہ کردیا اور ہر ایک کے لئے مستقل اذان کردی، اب جو اذان غائبین کو اطلاع دینے کے لئے تھی وہ زوراء مقام پر دی جانے لگی، زوراء: مسجدِ نبوی سے متصل بازار میں کوئی بلند جگہ تھی، تاکہ لوگ اذان سن کر آجائیں پھر کچھ وقفہ کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لاتے تھے، اب دوسری اذان منبر کے سامنے مسجد میں دی جاتی تھی کیونکہ اب اس اذان کا مقصد صرف حاضرین کو آگاہ کرنا تھا اس لئے اس کو مسجد کے دروازے (چھت) پر دینے کے بجائے مسجد کے اندر لے لیا گیا، اس وقت سے آج تک پوری دنیا میں یہ اذان مسجد میں خطیب کے سامنے دی جاتی ہے۔ شرقاً غرباً یہی توارث وتعامل چلا آرہا ہے صرف وہ لوگ جو اجماعِ امت کو حجت نہیں مانتے اور آثارِ صحابہ کو بھی حجت نہیں مانتے یعنی غیر مقلدین اس میں اختلاف کرتے ہیں وہ جمعہ کی پہلی اذان کو بدعتِ عثمانی کہتے ہیں، حالانکہ اس کو بدعت کہنا ضلالت وگمراہی ہے اس لئے کہ تمام صحابہ کے مشورے اور اجماع سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس اذان کا اضافہ کیا تھا، اور اجماع بھی قرآن وحدیث کی طرح قطعی حجت ہے اور اس کی اعتباریت قرآنِ کریم (سورۃ النساء، آیت: ۱۱۵) سے ثابت ہے۔ اور صحابہ کرام کا اجماع تو اجماعِ امت کا سب سے اعلیٰ فرد ہے۔

سوال: سورۂ جمعہ آیت: ۹ ﴿إِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ﴾ کا مصداق اب پہلی اذان ہے یا دوسری؟ عام طور پر علماء پہلی اذان کو مصداق بتاتے ہیں جبکہ نزولِ آیت کے وقت وہ اذان نہیں تھی، پس اس کو آیت کا مصداق کیسے قرار دے سکتے ہیں؟

جواب: آیت کا مصداق پہلی اذان ہی ہے، رہی یہ بات کہ وہ نزولِ آیت کے وقت نہیں تھی، اس کا جواب یہ ہے کہ اصولِ تفسیر کا قاعدہ ہے: العبرۃُ لعموم اللفظ لالخصوص المَوْرِدِ: نص کے الفاظ اگر عام ہوں تو حکم عام ہوتا ہے، شانِ نزول کی خصوصیت کا اعتبار نہیں ہوتا، یہ قاعدہ تحفۃ القاری کے مقدمہ میں تفصیل سے گذر چکا ہے (۱: ۸۸-۹۱) اور ﴿إِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلَاةِ﴾ عام ہے، پہلی اذان یا دوسری اذان کی کوئی قید نہیں، پس حکم بھی عام ہوگا اور مصداق وہ اذان ہوگی جو غائبین کو بلانے کے لئے دی جاتی ہے اور وہ پہلی ہی اذان ہے۔ اب دوسری اذان حاضرین کو خطیب کی آمد کی اطلاع دینے کے لئے ہے، اس لئے وہ ﴿نُوْدِيَ لِلصَّلَاةِ﴾ کا مصداق نہیں۔

سوال: اذانِ جمعہ کے ساتھ کاروبار اور دیگر مشاغل ترک کرکے مسجد جانا فرض ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوْا الْبَيْعَ﴾ مگر لوگ عام طور پر پہلی اذان کے بعد مشاغل ترک نہیں کرتے اور گناہ گار ہوتے ہیں پس کیوں

نہ دوسری اذان کو آیت کا مصداق قرار دیا جائے تا کہ لوگ گناہ گار نہ ہوں؟

جواب: یہ خرابی مسلمانوں نے اپنے عمل سے پیدا کی ہے، پس اس کا علاج بھی مسلمانوں کے پاس ہے، آدھا گھنٹہ پہلے جو اذان دی جاتی ہے وہ غلط طریقہ ہے، دس منٹ پندرہ منٹ پہلے اذان دینی چاہئے تا کہ لوگ فوراً مسجد کی طرف چل دیں۔

[۲۱-] بابُ الْأَذَانِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

[۹۱۲-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: كَانَ النِّدَاءُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: أَوَّلُهُ إِذَا جَلَسَ الإِمَامُ عَلَى الْمِنْبَرِ، عَلَى عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَأَبِیْ بَكْرٍ، وَعُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ، وَكَثُرَ النَّاسُ، زَادَ النِّدَاءَ الثَّالِثَ عَلَى الزَّوْرَاءِ. [انظر: ۹۱۳، ۹۱۵، ۹۱۶]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الزَّوْرَاءُ: مَوْضِعٌ بِالسُّوْقِ بِالْمَدِيْنَةِ.

ترجمہ: سائب بن یزیدؓ کہتے ہیں: جمعہ کے دن پہلی اذان حضور ﷺ کے زمانہ میں اور شیخین رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں اس وقت تھی جب امام منبر پر بیٹھ جاتا تھا، پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا اور لوگوں کی تعداد بڑھ گئی تو انھوں نے زوراء پر تیسری اذان کا اضافہ کیا۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: زوراء مدینہ منورہ کے بازار میں ایک جگہ تھی، یہ کوئی اونچی جگہ تھی، عمارت یا چٹان تھی۔

بابُ الْمُؤَذِّنِ الْوَاحِدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن ایک اذان دینے والا

جمعہ کی دو اذانوں کے لئے دو مؤذن رکھنے ضروری نہیں، ایک ہی مؤذن پہلی بھی اذان دے گا اور دوسری بھی، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

[۲۲-] بابُ الْمُؤَذِّنِ الْوَاحِدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

[۹۱۳-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِیْ سَلَمَةَ الْمَاجِشُوْنُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ السَّائِبِ ابْنِ يَزِيْدَ: أَنَّ الَّذِیْ زَادَ التَّأْذِيْنَ الثَّالِثَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، حِيْنَ كَثُرَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ، وَلَمْ يَكُنْ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُؤَذِّنٌ غَيْرَ وَاحِدٍ، وَكَانَ التَّأْذِيْنُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حِيْنَ يَجْلِسُ الإِمَامُ، يَعْنِیْ: عَلَى الْمِنْبَرِ. [راجع: ۹۱۲]

ترجمہ: سائب بن یزید رحمہ اللہ کہتے ہیں: وہ شخص جس نے جمعہ کے دن تیسری اذان بڑھائی وہ حضرت عثمانؓ ہیں،

جب مدینہ طیبہ کی آبادی بڑھ گئی، اور نبی ﷺ کا مؤذن ایک ہی تھا اور وہ جمعہ کے دن اس وقت اذان دیتا تھا جب امام منبر پر بیٹھتا تھا۔

تشریح: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جو اذان بڑھائی ہے اس کو تیسری اذان وجود کے اعتبار سے کہا گیا ہے، وقوع کے اعتبار سے وہ پہلی اذان ہے اور تیسری اقامہ ہے، نبی ﷺ کے زمانہ میں ایک ہی اذان ہوتی تھی جو دو مقاصد کے لئے تھی اور مؤذن بھی ایک ہی تھا، جب حضرت عثمانؓ نے دونوں مقصدوں کو علاحدہ علاحدہ کر دیا اور دو اذانیں کر دیں تب بھی ایک ہی مؤذن اذان دیتا تھا۔

باب: يُجِيْبُ الإِمَامُ عَلَى الْمِنْبَرِ إِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ

امام جب منبر پر اذان سنے تو جواب دے

ایک حدیث ہے: إذا خَرَجَ الإمامُ فلا صلاةَ ولا كلام: جب امام جمعہ پڑھانے کے لئے نکل آئے تو نمازیں بھی بند کر دو اور بات چیت بھی[1] اب یہ مسئلہ پیدا ہوا کہ امام و مقتدی اذان ثانی کا جواب دے سکتے ہیں یا نہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ یہ باب لائے ہیں کہ امام کو جواب دینا چاہئے اور مقتدی جواب دیں یا نہ؟ اس سلسلہ میں حضرت رحمہ اللہ نے کچھ نہیں فرمایا —— اب دو باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: اذان کے دو جواب ہیں: اجابت فعلی اور اجابتِ قولی، اجابتِ فعلی واجب ہے یا سنت؟ اس میں اختلاف ہے اور یہ مسئلہ گذر چکا ہے مگر اجابتِ قولی بالاتفاق مسنون ہے، اور مذکورہ حدیث کا مفاد یہ ہے کہ اذان ثانی کا جواب نہیں دینا چاہئے۔

دوسری بات: جب امام منبر پر آکر بیٹھ گیا اور ابھی خطبہ شروع نہیں ہوا، اس وقت لوگوں کا باہم گفتگو کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک جائز نہیں، اور ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک جائز ہے، لیکن امام کا کسی مقتدی سے بات کرنا یا مقتدی کا امام سے کچھ عرض کرنا بالاتفاق جائز ہے، پس امام کے لئے اذان کا جواب دینا بھی جائز ہوگا، کیونکہ یہ گویا مقتدی سے بات کرنا ہے۔ رہی یہ بات کہ مقتدی جواب دیں یا نہیں؟ یہ مسئلہ حضرت رحمہ اللہ نے نہیں چھیڑا، باب میں امام کی تخصیص کی ہے، اور احناف کے یہاں مسئلہ یہ ہے کہ مقتدی دل میں جواب دیں، جیسے خطیب جب آیت تصلیہ پڑھے تو فقہ میں مسئلہ لکھا ہے کہ لوگ سراً یا جہراً درود نہ پڑھیں بلکہ دل میں درود بھیجیں، پس جیسے وہاں دل میں درود بھیجنا

(۱) ان لفظوں سے حدیث فقہ کی کتابوں میں ذکر کی گئی ہے، اور معجم طبرانی کبیر کے الفاظ یہ ہیں: إذا دخل أحدكم المسجد والإمام على المنبر فلا صلاة ولا كلام حتى يفرغ الإمام: یہ حدیث شواہد کی وجہ سے صالح للاحتجاج ہے (دیکھیں اعلاء السنن ۲:۶۷ معارف السنن ۴:۳۸۴ و ۳۸۵)

ہے یہاں بھی دل میں اذان کا جواب دینا ہے، میرا یہی طریقہ ہے میں اذانِ ثانی کا دل میں جواب دیتا ہوں۔

[۲۳-] بابٌ: يُجِيْبُ الإِمَامُ عَلَى الْمِنبَرِ إِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ

[۹۱٤-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِيْ سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَهُوَ جَالِسٌ عَلَى الْمِنبَرِ، أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَقَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، قَالَ مُعَاوِيَةُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: وَأَنَا، فَلَمَّا قَالَ: أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالَ مُعَاوِيَةُ: وَأَنَا، فَلَمَّا أَنْ قَضَى التَّأْذِيْنَ، قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنِّيْ سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى هٰذَا الْمَجْلِسِ، حِيْنَ أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ يَقُوْلُ مَا سَمِعْتُمْ مِنِّيْ مِنْ مَقَالَتِيْ. [راجع: ٦١٢]

حدیث: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت کا واقعہ ہے، آپؓ خطبہ دینے کے لئے منبر پر تشریف لائے، اذان شروع ہوئی، آپؓ نے تعلیم کی غرض سے جہراً جواب دیا اور اذان کے بعد فرمایا: نبی ﷺ نے بھی منبر پر بیٹھ کر اذان کا جواب دیا ہے جس طرح میں نے دیا۔

قولہ: و أنا: یہ مختصر جواب ہے یعنی میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ....**قولہ:** فلما أن قَضَى التأذِيْنَ: جب اذان پوری ہوئی تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگو! میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس جگہ سنا یعنی آپؐ منبر پر بیٹھے ہوئے تھے، جب مؤذن نے اذان دی پس آپؐ نے اسی طرح جواب دیا جس طرح تم نے مجھ سے سنا۔

بَابُ الْجُلُوْسِ عَلَى الْمِنبَرِ عِنْدَ التَّأْذِيْنِ

اذان کے وقت امام کا منبر پر بیٹھنا

خطبہ کی اذان کے لئے امام کا منبر پر ہونا ضروری ہے، یعنی جب امام منبر پر آ کر بیٹھ جائے تب اذان دی جائے، خطیب نماز پڑھ رہا ہو یا کمرے میں ہو اور اذان شروع کر دی جائے یہ صحیح نہیں، اذان کے لئے امام کا آ کر منبر پر بیٹھنا ضروری ہے۔

[۲٤-] بَابُ الْجُلُوْسِ عَلَى الْمِنبَرِ عِنْدَ التَّأْذِيْنِ

[۹۱۵-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، أَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ التَّأْذِيْنَ الثَّانِيَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَمَرَ بِهِ عُثْمَانُ حِيْنَ كَثُرَ أَهْلُ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ التَّأْذِيْنُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حِيْنَ يَجْلِسُ الإِمَامُ. [راجع: ۹۱۲]

قولہ: وكان التأذين: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، جب امام منبر پر آکر بیٹھ جاتا تھا تب دوسری اذان دی جاتی تھی، یہی توارث وتعامل ہے۔

بَابُ التَّـأْذِيْنِ عِنْدَ الْخُطْبَةِ

خطبہ سے متصل اذان دینا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ خطبہ سے متصل اذان دی جائے، جب امام منبر پر آکر بیٹھ جائے تب دوسری اذان دی جائے، پھر فوراً خطبہ شروع کردیا جائے، اذان اور خطبہ کے درمیان فصل نہیں ہونا چاہئے، اور اگر فصل ہوجائے، امام کسی سے بات کرنے لگے تو دوبارہ اذان نہیں دی جائے گی، اگرچہ فصل طویل ہوجائے۔

[۲۵-] بَابُ التَّـأْذِيْنِ عِنْدَ الْخُطْبَةِ

[۹۱۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ يَقُوْلُ: إِنَّ الأَذَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: كَانَ أَوَّلُهُ حِيْنَ يَجْلِسُ الإِمَامُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى الْمِنْبَرِ، فِيْ عَهْدِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، فَلَمَّا كَانَ فِيْ خِلاَفَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، وَكَثُرُوْا أَمَرَ عُثْمَانُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِالأَذَانِ الثَّالِثِ، فَأُذِّنَ بِهِ عَلَى الزَّوْرَاءِ فَثَبَتَ الأَمْرُ عَلَى ذٰلِكَ.

[راجع: ۹۱۲]

قولہ: حين يجلس الإمام: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، جب امام منبر پر آکر بیٹھ جاتا تھا تب اذان دی جاتی تھی، پھر فوراً خطبہ شروع ہوجاتا تھا۔

بابُ الْخُطْبَةِ عَلَى الْمِنْبَرِ

منبر پر خطبہ دینا

منبر سے خطبہ دینا مستحسن ہے، خطیب اللہ عزوجل کا نائب ہے، پس اس کا بلند جگہ پر ہونا مناسب ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ علوّ ہے ﴿إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ﴾ اور خطیب اللہ تعالیٰ کا نائب ہے پس اس کے لئے بھی علوّ مستحسن ہے۔ علاوہ ازیں جب خطیب منبر سے خطبہ دے گا تو سب لوگ خطیب کو دیکھیں گے اور دور تک اس کی آواز پہنچے گی، جیسے اساتذہ درسگاہ میں چوکی پر بیٹھ کر پڑھاتے ہیں تاکہ سب طالب علم استاذ کو دیکھ سکیں، استاذ کے اشاروں کو دیکھنا بات سمجھنے میں مددگار ہوتا ہے، اگر چند طالب علم ہوں تو چوکی کی ضرورت نہیں، فرش پر بیٹھ کر استاذ پڑھائے گا، اور طلبہ جتنے زیادہ ہونگے چوکی اتنی اونچی

ہوگی، لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ دارالحدیث میں چوکی اونچی ہے اور کتابیں نیچی ہیں، یہ ایک مجبوری ہے، اگر تپائیاں بھی اونچی بنائیں تو طلبہ کتاب کیسے دیکھیں گے؟ اور کیسے پڑھیں گے۔ اور باب کی روایتوں میں کوئی مسئلہ نہیں ہے، بس یہ دیکھنا ہے کہ نبی ﷺ نے منبر سے خطبہ دیا۔

[۲۶-] بابُ الْخُطْبَةِ عَلَى الْمِنبَرِ

وَقَالَ أَنَسٌ: خَطَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمِنْبَرِ.

[۹۱۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيُّ الْقُرَشِيُّ الإِسْكَنْدَرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حَازِمِ بْنُ دِيْنَارٍ: أَنَّ رِجَالاً أَتَوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، وَقَدِ امْتَرَوْا فِيْ الْمِنْبَرِ: مِمَّ عُوْدُهُ؟ فَسَأَلُوْهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَعْرِفُ مِمَّا هُوَ؟ وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ أَوَّلَ يَوْمٍ وُضِعَ، وَأَوَّلَ يَوْمٍ جَلَسَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَرْسَلَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى فُلَانَةٍ، امْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ قَدْ سَمَّا هَا سَهْلٌ:" مُرِيْ غُلَامَكِ النَّجَّارَ أَنْ يَعْمَلَ لِيْ أَعْوَادًا أَجْلِسُ عَلَيْهِنَّ إِذَا كَلَّمْتُ النَّاسَ" فَأَمَرَتْهُ. فَعَمِلَهَا مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ، ثُمَّ جَاءَ بِهَا، فَأَرْسَلَتْ إِلٰى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَ بِهَا فَوُضِعَتْ هَاهُنَا، ثُمَّ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلّٰى عَلَيْهَا، وَكَبَّرَ وَهُوَ عَلَيْهَا، ثُمَّ رَكَعَ وَهُوَ عَلَيْهَا، ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرٰى، فَسَجَدَ فِيْ أَصْلِ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ عَادَ، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ:" أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّمَا صَنَعْتُ هٰذَا لِتَأْتَمُّوْا بِيْ، وَلِتَعَلَّمُوْا صَلَاتِيْ" [راجع: ۳۷۷]

حدیث: ابوحازم بن دینار کہتے ہیں: چند لوگ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے پاس آئے وہ منبر رسول میں مباحثہ کر رہے تھے کہ اس کی لکڑی کس درخت کی تھی؟ انھوں نے اس سلسلہ میں حضرت سہلؓ سے دریافت کیا، آپؓ نے فرمایا: بخدا! میں جانتا ہوں کہ منبر کس لکڑی کا تھا اور میں نے اس کو پہلے ہی دن سے دیکھا ہے جب وہ تیار کر کے مسجد میں رکھا گیا، اور پہلے پہل نبی ﷺ اس پر جلوہ افروز ہوئے اس کو بھی میں جانتا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے انصار کی فلاں عورت کے پاس پیغام بھیجا جس کا حضرت سہلؓ نے نام لیا تھا (مگر ابوحازم بھول گئے) اور کہلا بھیجا کہ اپنے بڑھئی غلام کو حکم دو کہ وہ میرے لئے چند ایسی لکڑیاں (درجے) تیار کرے جن پر بیٹھ کر میں لوگوں سے خطاب کروں، اس عورت نے اپنے غلام کو اس کا حکم دیا، پس اس نے غابہ مقام کے جھاؤ کی لکڑی سے منبر بنایا، پھر وہ غلام اس کو عورت کے پاس لایا، پس اس عورت نے رسول اللہ ﷺ کے پاس بھیجا، پس آپؐ نے اس کو مسجد میں رکھنے کا حکم دیا، پس وہ یہاں رکھا گیا، پھر میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپؐ نے اس پر نماز پڑھی، اور تکبیر کہی، درانحالیکہ آپؐ منبر پر تھے، پھر منبر پر ہی رکوع کیا، پھر الٹے پاؤں منبر سے اتر آئے (تاکہ قبلہ سے انحراف نہ ہو) اور منبر کی جڑ میں سجدہ کیا پھر واپس منبر پر تشریف لے گئے، جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: لوگو! میں نے یہ عمل اس لئے کیا ہے تاکہ تم میری اقتدا کرو، اور تاکہ تم میری نماز سیکھو،

وَلِتَعَلَّمُوْا: میں ایک ت پوشیدہ ہے۔

تشریحات:

۱- منبر غابہ نامی جگہ کے جھاؤ کے درخت کی لکڑی کا تھا اور عائشہ انصاریہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ غلام میمون نجار نے بنایا تھا، اس میں تین درجے تھے، جب یہ منبر مسجد نبوی میں رکھا گیا تو حضور اقدس ﷺ نے اس پر چڑھ کر نماز پڑھائی تاکہ سب صحابہ آپؐ کی نماز دیکھیں، اور نماز کا طریقہ سیکھیں۔

۲- نبی ﷺ نے جو زمین پر سجدہ کیا تھا اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ زمین پر سجدہ کرنا ضروری ہے بلکہ منبر پر سجدہ کرنے کی جگہ نہیں تھی، اس لئے نیچے اتر کر سجدہ کیا تھا۔

[۹۱۸-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ أَنَسٍ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: كَانَ جِذْعٌ يَقُوْمُ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا وُضِعَ لَهُ الْمِنْبَرُ سَمِعْنَا لِلْجِذْعِ مِثْلَ أَصْوَاتِ الْعِشَارِ، حَتَّى نَزَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِ. [راجع: ٤٤٩]

وَقَالَ سُلَيْمَانُ، عَنْ يَحْيَى: أَخْبَرَنِيْ حَفْصُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَنَسٍ، سَمِعَ جَابِرًا.

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (مسجد نبوی میں) ایک کھجور کا تنا تھا، جس پر (اور گیلری میں إلیہ ہے یعنی اس کے پاس) آپؐ کھڑے ہوا کرتے تھے، جب آپؐ کے لئے منبر رکھا گیا تو ہم نے اس تنے کی رونے کی آواز سنی، جیسے دس مہینہ کی گابھن اونٹنی آواز نکالتی ہے یہاں تک کہ نبی ﷺ منبر سے اترے اور اس تنے پر اپنا ہاتھ رکھا۔

اس حدیث کو یحیٰ بن سعید انصاری سے سلیمان بن بلال بھی روایت کرتے ہیں ان کی حدیث میں ابن انس کا نام مذکور ہے، وہ حفص بن عبید اللہ بن انس ہیں۔

تشریح: یہ معجزہ کی روایت ہے، منبر بننے سے پہلے مسجد نبوی میں محراب کے پاس کھجور کا ایک ستون تھا، اس کے قریب کھڑے ہو کر حضور اقدس ﷺ خطبہ دیا کرتے تھے، کبھی اس پر ہاتھ بھی رکھتے تھے، اور کبھی اس سے جسم اطہر مس کرتا تھا، جب مسجد میں منبر رکھا گیا اور آپؐ منبر پر خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے تو وہ ستون فراق نبوی میں بلکنے لگا، دس مہینہ کی گابھن اونٹنی کا جب بیاہنے کا وقت آتا ہے تو وہ ایک خاص انداز سے آواز نکالتی ہے بلبلاتی ہے اس طرح کی آواز اس ستون سے نکلنے لگی، اور اس کے رونے کی آواز ساری مسجد نے سنی، آپؐ منبر پر سے اتر کر اس ستون کے پاس آئے، اور اس پر دست شفقت رکھا تب اس کو سکون ہوا اور اس کا بلکنا بند ہوا، پھر آپؐ کے حکم سے وہ ستون منبر کے نیچے دفن کیا گیا، اور اس کی جگہ دوسرا ستون کھڑا کیا گیا۔

[۹۱۹-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِیْ أَیَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یَخْطُبُ عَلَی الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: "مَنْ جَاءَ إِلَی الْجُمُعَةِ فَلْیَغْتَسِلْ"[راجع: ۸۷۷]

وضاحت: یہ حدیث ابواب الجمعہ کے شروع میں گذر چکی ہے اور یہاں باب کے ساتھ مناسبت واضح ہے، آپؐ نے مذکورہ بات منبر سے ارشاد فرمائی ہے۔

بابُ الْخُطْبَةِ قَائِمًا

کھڑے ہوکر خطبہ دینا

جمہور کے نزدیک خطبہ میں قیام سنت ہے، اگر بیٹھ کر خطبہ دیا جائے تو بھی صحیح ہے، اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک خطیب اگر قیام پر قادر ہے تو قیام فرض ہے، ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ہمیشہ کھڑے ہوکر خطبہ دیا ہے، یعنی حضرت رحمہ اللہ نے مواظبت تامہ کو دلیل وجوب بنایا ہے، مگر دوسرے فقہاء فرماتے ہیں: فعلی روایت سے عدم فرضیت تو ثابت ہوسکتی ہے، فرضیت ثابت نہیں ہوسکتی، اور مواظبت تامہ دلیل وجوب اس وقت ہے جب اس کے ساتھ قرائن منضمہ ہوں، جیسے نبی ﷺ نے ہمیشہ وتر پڑھا ہے اور انیس روایات میں وتر کی غایت درجہ تاکید آئی ہے، نیز وتر کا وقت مقرر ہے اور وتر کی قضاء ہے، یہ قرائن منضمہ ہیں، چنانچہ احناف کے نزدیک وتر واجب ہے، اور یہاں کوئی قرینہ منضمہ نہیں، اس لئے جمہور نے کھڑے ہوکر خطبہ دینے کو سنت کہا ہے واجب یا فرض نہیں کہا۔

[۲۷-] بابُ الْخُطْبَةِ قَائِمًا

وَقَالَ أَنَسٌ: بَیْنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یَخْطُبُ قَائِمًا.

[۹۲۰-] حدثنا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِیْرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: کَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یَخْطُبُ قَائِمًا ثُمَّ یَقْعُدُ، ثُمَّ یَقُوْمُ کَمَا تَفْعَلُوْنَ الآنَ. [انظر: ۹۲۸]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ کھڑے ہوکر خطبہ دیا کرتے تھے پھر بیٹھتے تھے، پھر کھڑے ہوتے تھے جیسے تم اب کرتے ہو۔

تشریحات:

۱-صحت جمعہ کے لئے ایک خطبہ ضروری ہے یا دو؟ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک دو خطبے ضروری ہیں، درمیان میں بیٹھنا ضروری ہے، اگر نہیں بیٹھا تو ایک ہی خطبہ شمار ہوگا، ارنماز صحیح نہیں ہوگی۔ ان کی دلیل مواظبت تامہ ہے، نبی

ﷺ نے ہمیشہ دو خطبے دیئے ہیں، اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک صحتِ جمعہ کے لئے صرف خطبہ شرط ہے، دو خطبے ضروری نہیں، ان کی دلیل سورۂ جمعہ کی آیت ۹ ہے: ﴿فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللّٰهِ﴾ اس آیت میں صرف خطبہ کا تذکرہ ہے، دو خطبوں کی کوئی قید نہیں۔

اور دوسری دلیل: دو روایتیں ہیں: (۱) حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ خطبے میں بیٹھتے نہیں تھے، یعنی مسلسل ایک ہی خطبہ دیتے تھے، یہ روایت ابن بطال نے شرح بخاری میں ذکر کی ہے (اعلاء السنن ۸: ۵۵) (۲) مصنف ابن ابی شیبہ میں روایت ہے: ابو اسحاق سبیعی کہتے ہیں: رأیت علیا یخطب علی المنبر، فلم یجلس حتی فرغ: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا، وہ خطبہ ختم ہونے تک نہیں بیٹھے، اس حدیث کی سند علی شرط الجماعۃ ہے (اعلاء السنن ۸: ۵۵) اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ابتدائے خلافت میں ایک خطبہ دینے کا جو واقعہ ہے وہ بے سند ہے (البدایہ والنہایہ ابن کثیر) ان روایات کی وجہ سے حنفیہ اور مالکیہ کہتے ہیں کہ صحتِ جمعہ کے لئے صرف خطبہ شرط ہے، دو خطبے ہونے ضروری نہیں، البتہ نبی ﷺ ہمیشہ دو خطبے دیتے تھے یعنی درمیان میں بیٹھتے تھے اس لئے دو خطبے سنت ہیں۔

۲- دو خطبوں کی حکمت یہ ہے کہ اس سے تقریر کا مقصد پوری طرح حاصل ہوتا ہے، کیونکہ مسلسل بات کرنے میں کبھی کچھ ضروری باتیں رہ جاتی ہیں، جب مقرر وقفہ کرے گا تو اس وقفہ میں ضروری باتیں یاد آئیں گی جن کو وہ دوسرے خطبہ میں بیان کرے گا، اور دوسری حکمت: یہ ہے کہ مسلسل بولنے سے بولنے والا تھکتا ہے اور سننے والے بھی اکتاتے ہیں، اور ذرا وقفہ کر کے دوبارہ خطبہ شروع کیا جائے تو خطیب بھی نشاط کے ساتھ گفتگو کرتا ہے اور سامعین بھی دلچسپی سے سنتے ہیں۔

بابُ اسْتِقْبَالِ النَّاسِ الإِمَامَ إِذَا خَطَبَ

خطبہ کے دوران لوگ امام کی طرف متوجہ رہیں

جب امام خطبہ دے تو لوگوں کو اپنی صفوں میں رہتے ہوئے چہرے کے ساتھ امام کی طرف متوجہ ہونا چاہئے۔ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے بارے میں مروی ہے کہ جب مؤذن اذان دے کر فارغ ہوجاتا تو حضرت اپنا چہرہ امام کی طرف گھما لیتے، ائمہ ثلاثہ کی بھی یہی رائے ہے، اور اگر وعظ کی مجلس میں جس طرح لوگ بیٹھتے ہیں اس طرح بیٹھ کر خطبہ سنیں تو ایسا بھی کر سکتے ہیں، لیکن اس میں پریشانی یہ ہوگی کہ خطبہ کے بعد صفیں بنانے میں خلفشار ہوگا، اس لئے پہلے سے لوگ صفیں بنا کر بیٹھ جائیں اور حالت اصطفات میں امام کی طرف متوجہ ہو کر خطبہ سنیں یہی اولیٰ ہے۔

[۲۸-] بابُ اسْتِقْبَالِ النَّاسِ الإِمَامَ إِذَا خَطَبَ

وَاسْتَقْبَلَ ابْنُ عُمَرَ وَأَنَسٌ الإِمَامَ.

[۹۲۱-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ هِلاَلِ بْنِ أَبِيْ مَيْمُوْنَةَ، حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم جَلَسَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ.[انظر: ١٤٦٥، ٢٨٤٢، ٦٤٢٧]

قوله: وجلسنا حَوله: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وعظ کی مجلس کی طرح لوگ بیٹھے تھے، مگر ممکن ہے یہ جمعہ کا خطبہ نہ ہو، کیونکہ حدیث سے بظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ نے منبر پر بیٹھ کر تقریر فرمائی ہے، پس یہ جمعہ کا خطبہ نہیں ہے، کیونکہ آپؐ نے جمعہ کا خطبہ کبھی بیٹھ کر نہیں دیا، اور اگر جمعہ کا خطبہ مان لیں تو یہ تاویل ممکن ہے کہ یہ طریقہ بھی جائز ہے، اگر لوگ تھوڑے ہوں، خطبہ کے بعد صف بنانے میں خلفشار کا اندیشہ نہ ہو تو اس طرح بھی بیٹھ سکتے ہیں۔ اور صحابہ کا معمول صفوں میں بیٹھ کر خطبہ سننے کا تھا، ابھی حضرت ابن عمر اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کا عمل گذرا ہے کہ وہ اپنی جگہ صف میں بیٹھ کر امام کی طرف متوجہ ہوتے تھے، اس لئے یہی صورت اولیٰ اور بہتر ہے۔

بابُ مَنْ قَالَ فِي الْخُطْبَةِ بَعْدَ الثَّنَاءِ: أَمَّا بَعْدُ

ایک رائے ہے کہ خطبہ میں اللہ کی تعریف کے بعد أَمَّا بَعْدُ کہنا چاہئے

خطبہ میں حمد وثنا کے بعد جب مقصد کا آغاز کرے تو أما بعد کہہ کر مقصد کا آغاز کرے یہی سنتِ قدیمہ ہے۔ کہتے ہیں: سب سے پہلے حضرت داؤد علیہ السلام نے أما بعد استعمال کیا تھا، سورۂ ص کی آیت ۲۰ میں ﴿فَصْلَ الْخِطَابِ﴾ ہے بعض مفسرین نے فصل الخطاب کا مصداق أما بعد کو قرار دیا ہے، أما بعد کا مطلب یہ ہے کہ اب تک جو کچھ بیان کیا وہ مضمون پورا ہوا، اب نیا مضمون شروع ہوتا ہے، اور صرف بعدُ کہنا بھی جائز ہے اور اس کی جگہ صرف هذا بھی کہہ سکتے ہیں، یعنی دو مضمونوں میں فصل کرنے کے لئے تین لفظ ہیں، أما بعد، صرف بعدُ اور صرف هذا، قرآنِ کریم میں سورۂ ص میں هذا اس مقصد کے لئے استعمال ہوا ہے ﴿هٰذَا، وَإِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَآبٍ﴾

قاعدہ: دو مضمون بالکل متبائن ہوں تو أما بعد کہیں گے، اور اگر دونوں مضمونوں میں گونہ تعلق ہو تو صرف بعدُ کہیں گے۔ اور اگر دونوں مضمونوں میں برائے نام جدائی ہو جیسے جہنمیوں کے تذکرے کے بعد جنتیوں کا تذکرہ، ایسی جگہ هذا استعمال کریں گے۔

فائدہ (۱): اب کتابوں کے خطبوں میں اور جمعہ اور دیگر تقاریر کے خطبوں میں أما بعد رہ گیا ہے، ان کے علاوہ کہیں استعمال نہیں کیا جاتا، حالانکہ کتاب اور مضمون میں أما بعد یا بعد یا هذا موقع کی مناسبت سے استعمال کرنا چاہئے۔

فائدہ (۲): کچھ لوگ أما بعد کے بعد کہتے ہیں: قال الله تعالیٰ فی القرآن المجید: أعوذ بالله من الشیطان الرجیم: پھر کوئی آیت پڑھتے ہیں۔ اس پر لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ قرآن میں أعوذ بالله إلخ کہاں ہے؟ مگر یہ اعتراض

صحیح نہیں۔قال اللہ تعالیٰ کا مصداق أعوذ باللہ إلخ نہیں ہے بلکہ تعوذ کے بعد جو آیت یا سورت پڑھیں گے وہ مصداق ہے،اور شروع میں تعوذ پڑھنا تلاوت قرآن کے آداب میں سے ہے اس لئے پڑھتے ہیں ——— اس باب میں چھ حدیثیں ہیں ان میں صرف أما بعد کو دیکھنا ہے۔

[۲۹-] بابُ مَنْ قَالَ فِيْ الْخُطْبَةِ بَعْدَ الثَّنَاءِ: أَمَّا بَعْدُ

رَوَاهُ عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۹۲۲-] وَقَالَ مَحْمُوْدٌ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِيْ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ، قُلْتُ: مَاشَأْنُ النَّاسِ؟ فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا إِلٰى السَّمَاءِ، فَقُلْتُ: آ يَةٌ؟ فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا: أَيْ نَعَمْ، قَالَتْ: فَأَطَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جِدًّا حَتّٰى تَجَلَّانِي الْغَشْيُ،وَإِلٰى جَنْبِيْ قِرْبَةٌ فِيْهَا مَاءٌ، فَفَتَحْتُهَا، فَجَعَلْتُ أَصُبُّ مِنْهَا عَلٰى رَأْسِيْ، فَانْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، فَخَطَبَ النَّاسَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ:" أَمَّا بَعْدُ" قَالَتْ: وَلَغِطَ نِسْوَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَانْكَفَأْتُ إِلَيْهِنَّ لِأُسَكِّتَهُنَّ، فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ: مَا قَالَ؟ قَالَتْ: قَالَ:" مَا مِنْ شَيْئٍ لَمْ أَكُنْ أُرِيْتُهُ إِلَّا وَقَدْ رَأَيْتُهُ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا حَتّٰى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، وَإِنَّهُ قَدْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَ نَّكُمْ تُفْتَنُوْنَ فِي الْقُبُوْرِ مِثْلَ أَوْ: قَرِيْبًا مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، يُؤْتٰى أَحَدُكُمْ فَيُقَالُ لَهُ: مَا عَلْمُكَ بِهٰذَا الرَّجُلِ؟ فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ أَوْ قَالَ: الْمُوْقِنُ – شَكَّ هِشَامٌ – فَيَقُوْلُ: هُوَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، هُوَ مُحَمَّدٌ، جَاءَ نَا بِالْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَى، فَآمَنَّا وَأَجَبْنَا وَاتَّبَعْنَا وَصَدَّ قْنَا، فَيُقَالُ لَهُ: نَمْ صَالِحًا، قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنْ كُنْتَ لَمُؤْمِنًا بِهِ، وَأَمَّا الْمُنَافِقُ، أَوْ قَالَ: الْمُرْتَابُ – شَكَّ هِشَامٌ – فَيُقَالُ لَهُ: مَا عَلْمُكَ بِهٰذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُوْلُ: لَا أَدْرِيْ، سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ شَيْئًا فَقُلْتُهُ"

قَالَ هِشَامٌ: فَلَقَدْ قَالَتْ لِيْ فَاطِمَةُ، فَأَوْعَيْتُهُ، غَيْرَ أَ نَّهَا ذَكَرَتْ مَا يُغَلِّظُ عَلَيْهِ.[راجع: ۸۶]

قولہ: رواہ عکرمۃ: یہ حدیث باب کے آخر میں آرہی ہے،اور باب کی پہلی حدیث بار بار گذر چکی ہے،مدنی دور میں ایک مرتبہ سورج گہن ہوا تھا، نبی ﷺ نے صلوٰۃ کسوف پڑھائی تھی،نماز کے بعد آپؐ نے تقریر فرمائی،سب سے پہلے اللہ کی تعریف کی، پھر أما بعد کہہ کر اگلا مضمون شروع کیا،اس مناسبت سے یہاں یہ حدیث لائے ہیں (دیکھئے تحفۃ القاری ۱:۳۶۶)............قالت: وَلَغِطَ نسوۃٌ: حضرت اسماءؓ جہاں بیٹھی تھیں وہاں انصار کی عورتوں نے شور شروع کر دیا،حضرت اسماءؓ ان کو خاموش کرنے لگیں،اس لئے کچھ مضمون سننے سے رہ گیا،چنانچہ انھوں نے وہ مضمون حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا............فَانْكَفَأْتُ إليهن: پس میں مائل ہوئی ان کی طرف تاکہ ان کو خاموش کروں............قولہ: هو محمد:

یہ مستقل جملہ ہے اور جاء نا بالبینات إلخ بھی مستقل جملہ ہے.......... قال هشام: قالت لی فاطمة: یہ فاطمہؒ حضرت ہشام کی بیوی اور چچازاد بہن ہیں.......... فأوعَیْتُه: ہشام کہتے ہیں: مجھ سے یہ حدیث میری بیوی فاطمہ نے بیان کی، اور میں نے اس کو پکا یاد کیا ـــــ غیر أنها ذکَرَتْ إلخ مگر یہ کہ فاطمہؒ نے ذکر کی وہ بات جو منافق پر بھاری کی جائے گی، یعنی فاطمہ نے جو حدیث بیان کی وہ میں نے یاد کرلی ہے مگر ایک مضمون مجھے یاد نہیں رہا، فرشتے منافق پر سختی کریں گے، کس طرح سختی کریں گے؟ فاطمہ نے یہ بھی بیان کیا تھا مگر مجھے وہ مضمون یاد نہیں رہا۔

[۹۲۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أُتِيَ بِمَالٍ أَوْ: بِشَيْءٍ، فَقَسَمَهُ، فَأَعْطَى رِجَالاً وَتَرَكَ رِجَالاً، فَبَلَغَهُ أَنَّ الَّذِيْنَ تَرَكَ عَتَبُوْا، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: "أَمَّا بَعْدُ، فَوَ اللّٰهِ إِنِّيْ أُعْطِي الرَّجُلَ وَأَدَعُ الرَّجُلَ، وَالَّذِيْ أَدَعُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الَّذِيْ أُعْطِيْ، وَلٰكِنْ أُعْطِي أَقْوَامًا لِمَا أَرَى فِيْ قُلُوْبِهِمْ مِنَ الْجَزَعِ وَالْهَلَعِ، وَأَكِلُ أَقْوَامًا إِلٰى مَا جَعَلَ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مِنَ الغِنَى وَالْخَيْرِ، فِيْهِمْ عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ" فَوَ اللّٰهِ مَا أُحِبُّ أَنَّ لِيْ بِكَلِمَةِ رَسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم حُمْرَ النَّعَمِ. [انظر: ۳۱۴۵، ۷۵۳۵]

حدیث: عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس کہیں سے کوئی مال یا کہا: کوئی چیز آئی، آپؐ نے اس کو تقسیم کیا، پس بعض کو دیا اور بعض کو چھوڑ دیا، پس آپؐ کو یہ بات پہنچی کہ جن کو چھوڑ دیا تھا انھوں نے ناگواری کا اظہار کیا (پس آپ نے تقریر فرمائی) سب سے پہلے اللہ کی حمد وثنا کی پھر أما بعد کہہ کر فرمایا (یہاں باب ہے) بخدا! میں بعض کو دیتا ہوں اور بعض کو چھوڑ دیتا ہوں، اور جن کو میں چھوڑتا ہوں وہ مجھے زیادہ پسند ہوتے ہیں ان لوگوں سے جن کو میں دیتا ہوں، لیکن میں کچھ لوگوں کو دیتا ہوں بایں وجہ کہ ان کے دلوں میں گھبراہٹ اور بے قراری محسوس کرتا ہوں اور کچھ لوگوں کو اس بے نیازی اور بھلائی کے حوالے کرتا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں گردانی ہے یعنی ان کو نہیں دیتا۔ ایسے بندوں میں عمرو بن تغلب ہیں، حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بخدا! یہ بات مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میرے لئے سرخ اونٹ ہوں! یعنی دنیا کی بڑی سے بڑی دولت اس ذرہ نوازی کے سامنے ہیچ ہے۔

قوله: أن الذین ترَكَ: ترک کا فاعل اور مفعول دونوں محذوف ہیں أی أن الذین ترکهم رسول الله صلی الله علیه وسلم...... **الجزع:** گھبراہٹ، **الهَلَع:** بے قراری دونوں کا ایک مفہوم ہے، اسی طرح غنی اور خیر کا ایک مفہوم ہے۔

[۹۲۴-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم خَرَجَ لَيْلَةً مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ، فَصَلَّى فِيْ الْمَسْجِدِ، فَصَلَّى رِجَالٌ بِصَلاَتِهِ، فَأَصْبَحَ النَّاسُ فَتَحَدَّثُوْا، فَاجْتَمَعَ أَكْثَرُ مِنْهُمْ، فَصَلَّوْا مَعَهُ، فَأَصْبَحَ النَّاسُ فَتَحَدَّثُوْا،

فَكَثُرَ أَهْلُ الْمَسْجِدِ مِنَ اللَّيْلَةِ الثَّالِثَةِ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَلَّوْا بِصَلاَتِهِ، فَلَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الرَّابِعَةُ عَجَزَ الْمَسْجِدُ عَنْ أَهْلِهِ، حَتَّى خَرَجَ لِصَلاَةِ الصُّبْحِ، فَلَمَّا قَضَى الْفَجْرَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَتَشَهَّدَ، ثُمَّ قَالَ: "أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّهُ لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ مَكَانُكُمْ، لَكِنِّي خَشِيتُ أَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ، فَتَعْجِزُوْا عَنْهَا" تَابَعَهُ يُوْنُسُ. [راجع: ۷۲۹]

حدیث: یہ روایت بھی پہلے گذری ہے، نبی ﷺ لوگوں کو رمضان کی راتوں میں سونے سے پہلے نفلیں پڑھنے کی ترغیب دیا کرتے تھے، رات کے آخر میں اٹھ کر تہجد کی نماز تو بارہ مہینے پڑھی جاتی ہے، لیکن رمضان میں ایک اضافی نماز بھی ہے جس کا نام قیام رمضان (تراویح) ہے، نبی ﷺ اس کی ترغیب دیا کرتے تھے، مگر اس کے لئے جماعت نہیں کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ آدھی رات کو اپنے چٹائیوں والے کمرے سے نکلے، پس آپؐ نے مسجد میں نماز پڑھی، پس کچھ مردوں نے بھی آپؐ کی نماز کے ساتھ نماز پڑھی، صبح کو اس نماز کا چرچا ہوا، اگلی رات اس سے زیادہ لوگ جمع ہو گئے، پس انھوں نے آپؐ کے ساتھ نماز پڑھی، پس لوگوں نے صبح کی اور آپس میں اس نماز کا چرچا کیا، پس تیسری رات میں مسجد میں بہت لوگ جمع ہو گئے، پس ان لوگوں نے بھی آپؐ کے ساتھ نماز پڑھی، پھر جب چوتھی رات آئی تو مسجد میں اتنے لوگ اکٹھا ہو گئے کہ تل دھرنے کی جگہ نہ رہی (پس آپؐ مقررہ وقت پر نہ نکلے) یہاں تک کہ فجر کی نماز کے لئے نکلے، پس جب فجر پڑھا دی تو آپؐ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے، اور توحید و رسالت کی گواہی دی، پھر فرمایا: **أما بعد**: رات کی تمہاری حالت مجھ پر مخفی نہیں تھی، مگر مجھے ڈر ہوا کہ کہیں یہ نماز تم پر لازم نہ کر دی جائے، پس تم اس سے عاجز ہو جاؤ۔ اس حدیث کو یونس نے بھی ابن شہاب زہریؒ سے روایت کیا ہے، پس یونس: عقیل کے متابع ہیں۔

قوله: فَصَلَّى في المسجد: پہلے یہ روایت آئی ہے کہ مسجد میں آپؐ کے لئے جو چٹائیوں کا کمرہ بنایا گیا تھا آپؐ نے اسی کمرہ سے امامت کی تھی، آپؐ باہر تشریف نہیں لائے تھے، اور اس حجرہ کی دیوار اتنی نیچی تھی کہ جب آپ کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے تو باہر سے نظر آ رہے تھے، اور یہاں یہ ہے کہ آپؐ حجرہ سے باہر تشریف لائے، اور محراب میں کھڑے ہو کر نماز پڑھائی، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے اس سے صرف نظر کی جانی چاہئے اور میرا خیال یہ ہے کہ صحیح واقعہ وہ ہے جو یہاں ہے .... **فأصبح الناس فتحدّثوا**: صبح لوگوں میں چرچا ہوا کہ رات بڑا مزہ آیا .... **فاجتمع أكثر منهم**: اگلی رات اور زیادہ لوگ جمع ہو گئے .... **فلما كانت الليلة الرابعة**: یہاں حدیث میں تین راتیں نماز پڑھانے کا ذکر ہے، بعض روایات میں دو راتیں نماز پڑھانے کا ذکر ہے، میرا خیال یہ ہے کہ وہ راویوں کا اختصار ہے، صحیح واقعہ یہ ہے کہ آپؐ نے تین راتیں نماز پڑھائی تھی اور چوتھی رات تشریف نہیں لائے تھے۔

[۹۲۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، عَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ

السَّاعِدِيِّ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَامَ عَشِيَّةً بَعْدَ الصَّلاةِ، فَتَشَهَّدَ وَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: "أَمَّا بَعْدُ"

تَابَعَهُ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَأَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: "أَمَّا بَعْدُ"

تَابَعَهُ الْعَدَنِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ فِيْ أَمَّا بَعْدُ [انظر: ۱۵۰۰، ۲۵۹۷، ۶۶۳۶، ۶۹۷۹، ۷۱۷۴، ۷۱۹۷]

وضاحت: یہ تقریر آپؐ نے عصر کے بعد کی تھی، عشیة کے معنی ہیں: شام۔ تقریر یہاں نہیں ہے، آپ نے حمد وثنا کے بعد أما بعد کہہ کر تقریر فرمائی، اس مناسبت سے یہاں یہ حدیث لائے ہیں۔

قوله: تابعه أبو معاوية: ابومعاویہ اور ابواسامہ دونوں امام زہری رحمہ اللہ کے متابع ہیں، یعنی وہ دونوں بھی حضرت عروہؒ سے روایت کرتے ہیں، البتہ امام زہری براہِ راست عروہ سے روایت کرتے ہیں اور ابومعاویہ اور ابواسامہ حضرت ہشام کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں۔

تابعه العدني: محمد بن یحییٰ العدنی بھی سفیان بن عیینہ کے واسطہ سے حضرت ہشام سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، ان کی حدیث مسلم شریف میں ہے، اور صرف أما بعد میں متابعت ہے، پوری حدیث میں نہیں۔

[۹۲۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ: قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَسَمِعْتُهُ حِيْنَ تَشَهَّدَ يَقُوْلُ: "أَمَّا بَعْدُ". تَابَعَهُ الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ. [انظر: ۳۱۱۰، ۳۷۱۴، ۳۷۲۹، ۳۷۶۷، ۵۲۳۰، ۵۲۷۸]

وضاحت: حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے، آپؐ نے تشہد کے بعد أما بعد کہہ کر تقریر فرمائی، اس حدیث میں زبیدی: شعیب کے متابع ہیں۔

[۹۲۷-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْغَسِيْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: صَعِدَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم الْمِنْبَرَ، وَكَانَ آخِرَ مَجْلِسٍ جَلَسَهُ، مُتَعَطِّفًا مِلْحَفَةً عَلَى مَنْكِبَيْهِ، قَدْ عَصَبَ رَأْسَهُ بِعِصَابَةٍ دَسِمَةٍ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: "أَيُّهَا النَّاسُ إِلَيَّ" فَثَابُوْا إِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: "أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ هٰذَا الْحَيَّ مِنَ الْأَنْصَارِ يَقِلُّوْنَ وَيَكْثُرُ النَّاسُ، فَمَنْ وَلِيَ شَيْئًا مِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ، فَاسْتَطَاعَ أَنْ يَضُرَّ فِيْهِ أَحَدًا أَوْ يَنْفَعَ فِيْهِ أَحَدًا، فَلْيَقْبَلْ مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَيَتَجَاوَزْ عَنْ مُسِيِّهِمْ. [انظر: ۳۶۲۸، ۳۸۰۰]

حدیث: ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ منبر پر چڑھے اور یہ آپؐ کی آخری بیٹھک تھی جو آپؐ بیٹھے یعنی یہ آخری تقریر

تھی درانحالیکہ ایک چادر مونڈھوں پر ڈالے ہوئے تھے، اپنے سر کو ایک چکنی پٹی سے باندھ رکھا تھا، یعنی آپؐ نے کرتے کی جگہ چادر اوڑھ رکھی تھی اور سر میں شدید درد تھا اس لئے ایک کپڑے سے سر باندھ رکھا تھا، وہ کپڑا میلا اور چکنا تھا، وہ سر پر باندھنے ہی کا کپڑا تھا، اس لئے تیل سے چکنا ہو گیا تھا، آپؐ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی، پھر فرمایا: لوگو! قریب آجاؤ، بیماری کی وجہ سے زور سے بولنا مشکل تھا اس لئے سب کو قریب کیا، پس لوگ آپؐ کی طرف پلٹے یعنی سمٹ کر قریب آگئے، پھر آپؐ نے فرمایا: أما بعد (یہاں باب ہے) بیشک یہ انصار کا قبیلہ کم ہوتا جائے گا اور دوسرے لوگ زیادہ ہوتے جائیں گے، پس امت محمدیہ میں سے جو شخص کسی چیز کا ذمہ دار بنے، پس وہ طاقت رکھتا ہو کہ اس میں کسی کو نقصان پہنچائے یا اس میں کسی کو نفع پہنچائے یعنی کسی با اختیار عہدے پر فائز ہو تو چاہئے کہ ان کے نیکوکاروں سے قبول کرے اور ان کے برائی کرنے والوں سے درگذر کرے۔

تشریح: یہ آنحضور ﷺ کی آخری تقریر ہے، آپؐ نے فرمایا: مسلمان دن بدن بڑھتے جائیں گے اور انصار گھٹتے جائیں گے، اس ارشاد کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں جو انصار تھے بس وہی انصار ہیں، ان کی اولاد اور اولاد کی اولاد انصار نہیں، ترمذی میں حدیث ہے: نبی ﷺ نے انصار کے لئے، ان کی اولاد کے لئے، پھر ان کی اولاد در اولاد کے لئے اور ان کی عورتوں کے لئے دعائے مغفرت فرمائی ہے بلکہ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جوں جوں زمانہ آگے بڑھے گا اسلام پھیلتا جائے گا۔ اور بہت لوگ مسلمان ہونگے مگر انصار یہی اوس وخزرج رہیں گے، آپؐ کے بعد کوئی قبیلہ انصار نہیں ہوگا، پس عام مسلمانوں کی بہ نسبت انصار کم ہو جائیں گے۔ آپ نے ان کے بارے میں وصیت فرمائی کہ میرے بعد جو حکومت کا ذمہ دار بنے وہ انصار کے نیکوکاروں کو انعام واکرام سے نوازے، اور ان میں سے اگر کسی سے کوئی کوتاہی ہو جائے تو اس سے درگذر کرے۔

بَابُ الْقَعْدَةِ بَيْنَ الْخُطْبَتَيْنِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن دو خطبوں کے درمیان بیٹھنا

یہ مسئلہ ابھی چند ابواب پہلے گذر چکا ہے کہ جمعہ کے لئے دو خطبے شرط ہیں یا ایک؟ اگر درمیان میں بیٹھیں گے تو دو خطبے ہونگے، ورنہ ایک خطبہ ہوگا، دو خطبوں کے درمیان بیٹھ کر فصل کرنا احناف اور مالکیہ کے نزدیک سنت ہے اور شوافع اور حنابلہ کے نزدیک فرض۔

[٣٠-] بَابُ الْقَعْدَةِ بَيْنَ الْخُطْبَتَيْنِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

[٩٢٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ، يَقْعُدُ بَيْنَهُمَا. [راجع: ٩٢٠]

وضاحت: یہ فعلی حدیث ہے اور فعلی حدیث سے فرضیت ثابت نہیں ہوتی، ہاں عدم فرضیت ثابت ہوتی ہے، اور مواظبت تامہ وجوب کی دلیل اس وقت ہے جب اس کے ساتھ قرائن منضمہ ہوں، تفصیل چند ابواب پہلے گذر چکی ہے۔

بابُ الِاسْتِمَاعِ إِلَی الْخُطْبَةِ

خطبہ بغور سننا

جمہور کے نزدیک خطبہ سننا واجب ہے اور خطبہ کے دوران لوگوں کا آپس میں باتیں کرنا ناجائز ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید یہ ہے کہ خطبہ سننا سنت ہے اور لوگوں کا آپس میں باتیں کرنا جائز ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ جو لوگ خطیب سے اتنے دور ہوں کہ ان تک خطیب کی آواز نہ پہنچ رہی ہو تو وہ کیا کریں؟ حنفیہ کا مختار مذہب اور مالکیہ کا مذہب یہ ہے کہ خاموش رہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ذکر واذکار اور تلاوت وغیرہ میں مشغول ہوں، امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بھی یہی حکم ہونا چاہئے، جب ان کے نزدیک خطبہ سننا سنت ہے تو ذکر بھی کر سکتے ہیں، تلاوت بھی کر سکتے ہیں، اور باتیں بھی کر سکتے ہیں۔ غرض حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک خطبہ کے دوران آپس میں باتیں کرنے کی اجازت نہیں، ملائکہ بھی دفتر بند کر کے خطبہ سننے کے لئے آجاتے ہیں، پھر لوگ کیوں نہ سنیں؟

[۳۱-] بابُ الِاسْتِمَاعِ إِلَی الْخُطْبَةِ

[۹۲۹-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَغَرِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِذَا كَانَ یَوْمُ الْجُمُعَةِ، وَقَفَتِ الْمَلَائِكَةُ عَلٰی بَابِ الْمَسْجِدِ، یَكْتُبُوْنَ الْأَوَّلَ فَالْأَوَّلَ، وَمَثَلُ الْمُهَجِّرِ كَمَثَلِ الَّذِیْ یُهْدِیْ بَدَنَةً، ثُمَّ كَالَّذِیْ یُهْدِیْ بَقَرَةً، ثُمَّ كَبْشًا، ثُمَّ دَجَاجَةً، ثُمَّ بَیْضَةً، فَإِذَا خَرَجَ الْإِمَامُ طَوَوْا صُحُفَهُمْ، وَیَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ" [انظر: ۳۲۱۱]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب جمعہ کا دن ہوتا ہے (کان تامہ ہے) تو فرشتے مسجد کے دروازے پر ٹھہر جاتے ہیں اور پہلے کون آیا پھر کون آیا اس کو لکھتے ہیں، اور اول وقت پہنچنے والے کی مثال اس شخص جیسی ہے جو اونٹ کی ہدی پیش کرتا ہے، پھر اس شخص جیسی ہے جو گائے کی ہدی پیش کرتا ہے، پھر مینڈھے کی، پھر مرغی کی، پھر انڈے کی، پھر جب امام نکلتا ہے تو فرشتے اپنے دفتر لپیٹ لیتے ہیں اور بغور خطبہ سننے لگتے ہیں۔

تشریح: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک یہ گھڑیاں مختصر ہیں، زوال سے شروع ہوتی ہیں اور خطبہ شروع ہونے پر پوری ہو جاتی ہیں، ان کا استدلال مُہَجِّر سے ہے، اس کے معنی ہیں: دوپہر میں چلنے والا، اور دوسری رائے یہ ہے کہ یہ گھڑیاں جمعہ کے دن صبح صادق سے شروع ہوتی ہیں، ان حضرات نے بَكَّرَ و ابْتَكَرَ سے استدلال کیا ہے، تفصیل چند ابواب پہلے گذر چکی

ہے۔ اور یہاں حدیث لانے کا مقصد یہ ہے کہ جب خطبہ شروع ہونے پر ملائکہ کام بند کردیتے ہیں اور خطبہ سننے میں مصروف ہوجاتے ہیں تو لوگوں کو بھی پوری توجہ سے خطبہ سننا چاہئے۔

بابٌ: إِذَا رَأَى الإِمَامُ رَجُلاً جَاءَ وَهُوَ يَخْطُبُ أَمَرَهُ أَنْ يُّصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

امام نے دیکھا: دوران خطبہ کوئی آیا تو اس کو دورکعتیں پڑھنے کا حکم دے

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ خطبہ کے دوران امام امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرسکتا ہے، البتہ غیر امام کو بولنے کی اجازت نہیں، لوگ آپس میں باتیں نہ کریں، اسی طرح مقتدی امام سے کوئی بات عرض کرے تو کرسکتا ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں، باب کا یہ مقصد حضرت الاستاذ علامہ فخر الدین احمد صاحب قدس سرہ نے بیان کیا ہے، کیونکہ یہ باب اور آئندہ باب یکساں ہیں، اس لئے دونوں کا مقصود علاحدہ علاحدہ کرنا ضروری ہے۔ اور أَمَرَہ اس باب کا مقصود ہے یعنی امر بالمعروف کرسکتا ہے، اسی طرح نہی عن المنکر بھی۔

[۳۲-] بابٌ: إِذَا رَأَى الإِمَامُ رَجُلاً جَاءَ وَهُوَ يَخْطُبُ أَمَرَهُ أَنْ يُّصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

[۹۳۰-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ النَّاسَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: "أَصَلَّيْتَ يَا فُلاَنُ؟" فَقَالَ: لاَ. قَالَ: "قُمْ فَارْكَعْ" [انظر: ۹۳۱، ۱۱۶۶]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص (مسجدِ نبوی میں) آیا، درانحالیکہ نبی ﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے، آپؐ نے پوچھا: اوفلاں! تو نے تحیۃ المسجد پڑھی؟ اس نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: کھڑا ہو اور نماز پڑھ۔

تشریح: یہ حضرت سُلیک غطفانی رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، وہ پراگندہ اور بوسیدہ حالت میں مسجدِ نبوی میں داخل ہوئے جبکہ رسول اللہ ﷺ خطبہ دینے کے لئے منبر پر آچکے تھے، مگر ابھی خطبہ شروع نہیں کیا تھا، وہ آکر بیٹھ گئے، رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: کیا تم نے تحیۃ المسجد پڑھی؟ انھوں نے نفی میں جواب دیا، آپؐ نے فرمایا: اٹھو اور تحیۃ المسجد پڑھو؟ اور سنن دار قطنی (۱۵:۲) میں صراحت ہے کہ جب تک وہ نماز پڑھتے رہے آنحضرت ﷺ خطبہ سے رکے رہے، پھر جب وہ نماز پڑھ چکے تو آپؐ نے خطبہ شروع کیا اور خطبہ میں خیرات کرنے کی ترغیب دی، لوگوں نے خوب صدقہ دیا اور منبر رسول کے قریب صدقہ کے مال کا ڈھیر لگ گیا۔ نبی ﷺ نے اس میں سے سُلیک غطفانی رضی اللہ عنہ کو ایک جوڑا دیا اور باقی کپڑے دوسرے غرباء کے لئے اٹھا کر رکھ لئے، یہ اصل واقعہ ہے پس خطیب نے دورانِ خطبہ حکم نہیں دیا، مگر مسئلہ یہی ہے کہ خطبہ کی حالت میں بھی خطیب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرسکتا ہے۔

رہا یہ مسئلہ کہ خطبہ کے دوران آنے والا تحیۃ المسجد پڑھے یا نہیں؟ یہ مسئلہ اگلے باب میں آ رہا ہے۔ یہاں بس اتنا سمجھ لینا چاہئے کہ: **والنبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب**: مجاز ہے، آپ خطبہ دینے کے لئے منبر پر تشریف لا چکے تھے اس لئے راوی نے یخطُب کہہ دیا، جیسے استاذ آ کر چوکی پر بیٹھ جاتا ہے، پھر سبق شروع کرنے سے پہلے کوئی بات پیش آتی ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ استاذ سبق پڑھا رہے تھے اور یہ واقعہ پیش آیا، مجازاً ایسا کہہ دیا کرتے ہیں۔

اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ دوسری حدیثوں میں صراحت ہے کہ ابھی نبی ﷺ بیٹھے تھے، خطبہ شروع نہیں کیا تھا کہ حضرت سُلیکؓ آئے، اس روایت کی کوئی تاویل ممکن نہیں، اس لئے **والنبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب الناس** کو مجاز قرار دیں گے۔

یہاں یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہئے کہ یہ روایت درحقیقت فعلی ہے، کسی نے اس کو اس طرح قولی بنایا ہے: **إذا جاءَ أَحَدُکم یومَ الجمعة والإمامُ یَخْطُبُ فَلْیَرْکَعْ رَکْعَتَیْنِ**: اس حدیث کے اس جملہ میں کہ **والإمام یخطب** اضطراب ہے، صحیح الفاظ یہ ہیں: **إذا جاءَ أَحَدُکم یومَ الجمعة وقد خَرَجَ الإمامُ فَلْیُصَلِّ رَکْعَتَیْنِ** (مسلم ۶: ۱۶۳ مصری) اور امام کے منبر پر آ جانے کے بعد خطبہ شروع کرنے سے پہلے نماز جائز ہے، اور احناف جو امام کے نکلنے کے بعد صلوٰۃ وکلام کو منع کرتے ہیں وہ محض احتیاط کی بات ہے، نماز وکلام کی ممانعت درحقیقت خطبہ شروع ہونے کے بعد ہے۔

بابُ مَنْ جَاءَ وَالإِمَامُ یَخْطُبُ صَلَّی رَکْعَتَیْنِ خَفِیْفَتَیْنِ

جو شخص دورانِ خطبہ آئے وہ مختصر تحیۃ المسجد پڑھے

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جو شخص دورانِ خطبہ آئے اس کے لئے مستحب یہ ہے کہ تحیۃ المسجد پڑھے، اور مختصر پڑھے، پھر خطبہ سنے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک اس وقت تحیۃ المسجد نہیں پڑھنی چاہئے، خطبہ سننا ضروری ہے، کیونکہ تحیۃ المسجد پڑھنا مستحب ہے اور خطبہ سننا واجب ہے، اور تعارض کے وقت اہم کو ترجیح دی جاتی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں مختلف روایتیں ہیں:

۱- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ ''جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں آئے درانحالیکہ امام خطبہ دے رہا ہو تو وہ نہ نماز پڑھے اور نہ بات چیت کرے۔ یہاں تک کہ امام فارغ ہو جائے'' یہ حدیث مجمع الزوائد (۲: ۱۸۴) میں ہے اور ایوب بن نہیک کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر مؤید بالقرائن ہے، خود ابن عمرؓ کا مسلک اس کے مطابق تھا (مصنف ابن ابی شیبہ ۲: ۱۲۴) اور حضرات عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم اور جمہور سلف: صحابہ وتابعین کا مسلک بھی یہی تھا کہ امام کے نکلنے کے بعد صلوٰۃ وکلام جائز نہیں (شرح مسلم للنووی ۶: ۱۶۴ مصری) پس مؤید بالتعامل ہونے کی وجہ سے یہ حدیث قابل استدلال ہے۔

۲-سُلیک غطفانی رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے جو ابھی گذرا، وہ درحقیقت فعلی روایت ہے جس کو کسی نے قولی حدیث بنایا ہے، غالبًا حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اس کو قولی حدیث بنایا ہے۔قولی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: إذا جاءَ أَحَدُکم یومَ الجمعة والإمام یَخْطُبُ فَلْیَرْکَعْ رکعتین: مگر مسلم شریف میں الفاظ یہ ہیں: إذا جاءَ أحدُکم یومَ الجمعة وقَدْ خَرَجَ الإِمَامُ فَلْیُصَلِّ رَکْعَتَیْنِ:

اس حدیث میں والإمامُ یخطب اصل الفاظ ہیں یا وقد خَرَجَ الإمام؟ عمرو بن دینار کی حدیث کے الفاظ وَقَدْ خَرَجَ الإمام ہیں، یہ حدیث مسلم شریف (۶: ۱۶۳مصری) میں ہے اور عمرو بن دینار حضرت جابرؓ کے مضبوط راوی ہیں۔اور والإمام یَخْطُبُ: ابوسفیان طلحہ کے الفاظ ہیں، انھوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے صرف چار حدیثیں سنی ہیں اور وہ چاروں بخاری میں ہیں، یہ روایت ان میں نہیں ہے[1]۔اور ابن عیینہ اور شعبہ رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ باقی روایتیں ابوسفیان: صحیفۂ جابر سے روایت کرتے ہیں (جو حضرت جابرؓ کے کسی گمنام شاگرد کا مرتب کیا ہوا صحیفہ تھا) (تہذیب ۵: ۲۷) اور بخاری (حدیث ۱۱۶۶) میں عمرو بن دینار کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: والإمام یخطب أو: قَدْخَرَجَ: یعنی شک راوی ہے، پس جو متفق علیہ الفاظ ہیں وہی لئے جائیں گے۔چنانچہ ابوالزبیر نے بھی یہ حدیث حضرت جابرؓ سے روایت کی ہے، ان کا بیان ہے کہ جب سُلیک غطفانی رضی اللہ عنہ مسجد میں آئے تھے تو آنحضور ﷺ منبر پر بیٹھے تھے، خطبہ شروع نہیں کیا تھا۔یہ حدیث مسلم شریف (۶: ۱۶۳) میں ہے، یہ حدیث شاہد ہے کہ اصل الفاظ وقد خرج الإمام ہیں۔

۳-علاوہ ازیں: نصف درجن واقعات مروی ہیں کہ دورانِ خطبہ لوگ آئے اور آپؐ نے کسی سے نماز نہیں پڑھوائی، مثلاً ابوداؤد (۱: ۱۵۶) میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ جمعہ کے دن جب رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف فرما تھے: وہ آئے، آپؐ نے لوگوں کو بیٹھ جانے کا حکم دیا، اس وقت ابن مسعودؓ مسجدِ نبوی کے دروازے پر تھے وہ وہیں بیٹھ گئے، آپؐ نے فرمایا: ''ابن مسعودؓ! تم آگے آجاؤ'' لیکن آپؐ نے ان کو نماز کا حکم نہیں دیا۔اسی طرح ایک شخص لوگوں کی گردنیں پھاندتا ہوا آرہا تھا، نبی ﷺ نے اس کو بیٹھ جانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ تیرا یہ عمل لوگوں کو تکلیف میں ڈال رہا ہے، مگر آپؐ نے اس کو بھی نماز پڑھنے کا حکم نہیں دیا (نسائی ۱: ۲۰۷) اسی طرح استسقاء کی حدیث میں ہے کہ ایک شخص قحط سالی کی شکایت لے کر آیا، پھر ایک ہفتہ کے بعد دوبارہ سیلاب کی شکایت لے کر آیا، دونوں واقعات میں وہ خطبہ کے دوران داخل ہوا تھا مگر آپؐ نے اس کو نماز کا حکم نہیں دیا (یہ حدیث ابواب الاستسقاء میں آرہی ہے) اور خلافت فاروقی کا یہ واقعہ تو ابھی گذرا کہ خطبہ کے دوران حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے اور نہ انھوں نے تحیۃ المسجد پڑھی اور نہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پڑھوائی۔

یہ تمام واقعات اس پر دلالت کرتے ہیں کہ خطبہ کے دوران نماز کا حکم نہیں۔اور جہاں تک حدیث باب کا تعلق ہے اگر

(۱) ابوسفیان نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے جو چار حدیثیں سنی ہیں وہ بخاری میں کتاب مناقب الانصار (حدیث ۳۸۰۳) کتاب التفسیر (حدیث ۴۸۹۹) اور دو حدیثیں کتاب الاشربہ (حدیث ۵۶۰۵ و ۵۶۰۶) میں ہیں۔

اس کوتمام طرق سے دیکھا جائے تو یہ بات صاف ہوجاتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا مقصد سلیک غطفانی کی ناداری لوگوں کو دکھلانا مقصود تھا، تحیۃ المسجد پڑھوانا مقصود نہیں تھا، نیز جب انھوں نے نفلیں پڑھیں تو رسول اللہ ﷺ منبر پر بیٹھے ہوئے تھے، ابھی خطبہ شروع نہیں کیا تھا، جیسا کہ مسلم شریف میں صراحت ہے اور ان کے نماز ختم کرنے تک آپؐ خطبہ سے رکے رہے جیسا کہ دارقطنی میں ہے، اس لئے اس واقعہ سے استدلال محل نظر ہے۔

فائدہ: اس مسئلہ میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ کی رائے بھی وہی ہے جو دو چھوٹے اماموں کی اور امام بخاریؒ کی ہے، اور حضرتؒ نے حجۃ اللہ البالغہ میں لکھا ہے: **ولا تَغْتَرَّ فی هذه المسئلة بما يَلْهَجُ به أهلُ بلدِك، فإنَّ الحديث صحيحٌ واجب اتباعه:** یعنی جب کوئی آئے درانحالیکہ امام خطبہ دے رہا ہو تو چاہئے کہ دو رکعتیں پڑھے اور مختصر پڑھے، اس مسئلہ میں اُس بات سے دھوکہ نہ کھا جو تیرے ملک کے لوگ کہتے ہیں کیونکہ حدیث صحیح ہے، اس کی پیروی واجب ہے، اس لئے میں نے رحمۃ اللہ الواسعہ (۳:۶۱۴) میں اس مسئلہ پر تفصیلی کلام کیا ہے۔

[۳۳-] بابُ مَنْ جَاءَ وَالإِمَامُ يَخْطُبُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ

[۹۳۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ جَابِرًا، قَالَ: دَخَلَ رَجُلٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ، فَقَالَ: "صَلَّيْتَ؟" قَالَ: لاَ. قَالَ: "قُمْ فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ"

[راجع: ۹۳۰]

وضاحت: یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی وہی فعلی روایت ہے جو اوپر گذری، اور حضرت جابرؓ سے قولی روایت بھی مروی ہے، مگر امام بخاریؒ اس کو یہاں نہیں لائے، بلکہ کتاب التہجد (حدیث ۱۱۶۶) میں لائے ہیں، اس کو بھی حضرت جابرؓ سے عمرو بن دینار روایت کرتے ہیں اور اس میں شک راوی ہے، جب حضرت سُلیک غطفانی رضی اللہ عنہ آئے تھے تو نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے یا خطبہ دینے کے لئے نکل چکے تھے؟ اس میں راوی کو شک ہے، ایسی شک والی روایت سے باب ثابت نہیں ہوسکتا تھا، اس لئے حضرتؒ وہ روایت یہاں نہیں لائے۔

بابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي الْخُطْبَةِ

خطبہ میں ہاتھ اٹھانا

خطبہ میں ہاتھ اٹھانے کی دو صورتیں ہیں: **ایک:** دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا۔ **دوم:** دورانِ خطبہ ہاتھ سے اشارہ کرنا جس طرح مقرر اشارے کرتا ہے ـــــ اور دعائیں دو طرح کی ہیں: احوال متواردہ کی دعائیں، اور احوال خاصہ کی دعائیں، جیسے اذان کے بعد کی دعا، مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کی دعا: احوال متواردہ کی دعائیں ہیں ان میں ہاتھ نہیں اٹھانے چاہئیں،

خطیب دوسرے خطبہ میں جو دعا مانگتا ہے وہ بھی احوال متواردہ کی دعا ہے وہ ہاتھ اٹھائے بغیر مانگی جائے۔

ایک مرتبہ بشر بن مروان جو مدینہ منورہ کا گورنر تھا خطبہ دے رہا تھا، اس نے دعا میں ہاتھ اٹھائے۔ حضرت عمارۃ بن رُویبہ رضی اللہ عنہ نے اسے بددعا دی اور فرمایا: ''اللہ تعالیٰ ان دونوں چھوٹے چھوٹے ذلیل ہاتھوں کو ہلاک کریں! میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے آپؐ اس پر زیادہ نہیں کرتے تھے'' حدیث کے راوی ہیثم نے شہادت کی انگلی سے اشارہ کیا کہ بس اتنا اشارہ کرتے تھے (ترمذی حدیث ۵۲۳) غرض حضرت عمارہؓ یا تو دعا میں ہاتھ اٹھانے کی نفی کررہے ہیں یا ہاتھ نچانے پر برا بھلا کہہ رہے ہیں، معلوم ہوا کہ خطبہ میں دعا میں ہاتھ اٹھانا جائز نہیں۔ البتہ احوال خاصہ کی دعا ہاتھ اٹھا کر کرنا ثابت ہے۔ ایک مرتبہ خطبہ کے دوران نبی ﷺ سے عرض کیا گیا: یارسول اللہ! بارش نہیں ہورہی، قحط سالی سے لوگ پریشان ہیں، جانور مررہے ہیں، آپؐ نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور دعا فرمائی چنانچہ نماز پوری ہونے سے پہلے بارش شروع ہوگئی۔

پس جمعہ کے خطبہ میں اگر احوال خاصہ کے لئے دعا کرنی ہے تو ہاتھ اٹھا کر دعا کرسکتے ہیں، جیسے نبی ﷺ نے بارش کے لئے ہاتھ اٹھا کر دعا کی ہے، البتہ احوال متواردہ کی دعا میں جو دوسرے خطبہ میں خطیب کرتا ہے ہاتھ نہیں اٹھانے چاہئیں اور مقررین کی طرح خطبہ میں ہاتھ نہیں نچانے چاہئیں، صرف شہادت کی انگلی سے کوئی اشارہ کرے تو کرسکتا ہے۔

[۳٤-] بابُ رَفْعِ الْیَدَیْنِ فِی الْخُطْبَةِ

[۹۳۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ صُهَیْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، ح: وَعَنْ یُوْنُسَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: بَیْنَمَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَخْطُبُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ إِذْ قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: یَارسولَ اللّٰهِ! هَلَكَ الْكُرَاعُ وَهَلَكَ الشَّاءُ، فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ یَسْقِیَنَا، فَمَدَّ یَدَیْهِ وَدَعَا.

[انظر: ۹۳۳، ۱۰۱۳، ۱۰۱۹، ۱۰۲۱، ۱۰۲۹، ۱۰۳۳، ۳۵۸۲، ٦۰۹۳، ٦۳٤۲]

ترجمہ: حضرت انسؓ فرماتے ہیں: اس درمیان کہ نبی ﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے اچانک ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! گھوڑے ہلاک ہوگئے (الکُراع کے معنی ہیں: گھوڑے۔ اور مراد مطلق جانور ہیں صرف گھوڑے مراد نہیں) بکریاں ہلاک ہوگئیں آپؐ بارش کے لئے دعا فرمائیں۔ آپؐ نے دونوں ہاتھ لمبے کئے اور دعا فرمائی۔

بابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِی الْخُطْبَةِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے خطبہ میں بارش طلبی

کتاب الاستسقاء میں یہ مسئلہ آرہا ہے: امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: استسقاء میں نماز نہیں اور ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک نماز سنت ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے قول ''استسقاء میں نماز نہیں'' کا یہ مطلب نہیں ہے کہ استسقاء کے لئے

نماز مشروع نہیں، بلکہ مطلب یہ ہے کہ نماز ضروری نہیں، بارش طلبی کے لئے اور طریقے بھی ہیں، جمعہ کے خطبہ میں دعا کرنا، فرض نمازوں کے بعد دعا کرنا، امام لوگوں کو لے کر شہر سے نکلے اور کسی میدان میں جا کر صرف دعا کرے، یا دوگانہ پڑھ کر دعا کرے: یہ سب طریقے درست ہیں، نماز ہی متعین نہیں۔ اور باب میں یہ روایت ہے کہ نبی ﷺ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے کہ بارش کے لئے دعا کی درخواست کی گئی، آپؐ نے خطبہ کے دوران ہی بارش کے لئے دعا کی، معلوم ہوا کہ استسقاء کے لئے نماز ضروری نہیں، دیگر طریقوں سے بھی بارش مانگی جا سکتی ہے۔

[۳۵-] بابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِی الْخُطْبَةِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

[۹۳۳-] حدثنا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِیُّ قَالَ: حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَصَابَتِ النَّاسَ سَنَةٌ عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَبَیْنَمَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَخْطُبُ فِیْ یَوْمِ جُمُعَةٍ قَامَ أَعْرَابِیٌّ، فَقَالَ: یَارسولَ اللّٰهِ! هَلَكَ الْمَالُ وَجَاعَ الْعِیَالُ، فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا، فَرَفَعَ یَدَیْهِ، وَمَا نَرٰی فِی السَّمَاءِ قَزَعَةً، فَوَ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ! مَا وَضَعَهُمَا حَتّٰی ثَارَ السَّحَابُ أَمْثَالَ الْجِبَالِ، ثُمَّ لَمْ یَنْزِلْ عَنْ مِنْبَرِهٖ حَتّٰی رَأَیْتُ الْمَطَرَ یَتَحَادَرُ عَلٰی لِحْیَتِهٖ صلی اللہ علیه وسلم، فَمُطِرْنَا یَوْمَنَا ذٰلِكَ، وَمِنَ الْغَدِ، وَمِنْ بَعْدِ الْغَدِ، وَالَّذِیْ یَلِیْهِ حَتَّی الْجُمُعَةِ الْأُخْرٰی. فَقَامَ ذٰلِكَ الْأَعْرَابِیُّ- أَوْقَالَ: غَیْرُهُ- فَقَالَ: یَارسولَ اللّٰهِ! تَهَدَّمَ الْبِنَاءُ، وَغَرِقَ الْمَالُ، فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا، فَرَفَعَ یَدَیْهِ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا" فَمَا یُشِیْرُ بِیَدِهٖ إِلٰی نَاحِیَةٍ مِنَ السَّحَابِ إِلَّا انْفَرَجَتْ، وَصَارَتِ الْمَدِیْنَةُ مِثْلَ الْجَوْبَةِ، وَسَالَ الْوَادِیْ قَنَاةُ شَهْرًا، وَلَمْ یَجِئْ أَحَدٌ مِنْ نَاحِیَةٍ إِلَّا حَدَّثَ بِالْجَوْدِ.[راجع: ۹۳۲]

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگوں کو قحط سالی پہنچی، پس اس درمیان کہ ایک جمعہ میں نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے ایک بدو کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! مال ہلاک ہوگیا یعنی جانور بھوک سے مرنے لگے، اور بچے بھوک کا شکار ہوگئے، آپؐ ہمارے لئے اللہ عزوجل سے دعا فرمائیں، پس آپؐ نے دونوں ہاتھ اٹھائے، اور ہم آسمان میں کوئی بادل نہیں دیکھ رہے تھے یعنی آسمان بالکل صاف تھا، پس اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! آپؐ نے ابھی ہاتھ نہیں رکھے تھے یعنی دعا ختم نہیں کی تھی کہ پہاڑوں کی طرح بادل امنڈ آئے، پھر آپؐ ابھی منبر سے اترے بھی نہیں تھے کہ بارش شروع ہوگئی۔ یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ ریش مبارک پر پانی ٹپک رہا ہے، پس اس دن بارش ہوئی، اور اگلے دن اور اگلے پرسوں، یہاں تک کہ دوسرے جمعہ تک بارش ہوتی رہی، پس دوسرے جمعہ میں دورانِ خطبہ وہی دیہاتی یا کوئی دوسرا شخص کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! مکانات گر گئے اور مال ڈوب گیا، پس اللہ تعالیٰ سے ہمارے لئے دعا کیجئے۔ پس آپؐ نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور فرمایا: "اے اللہ ہمارے اردگرد برسے اور ہم

پر نہ برسے!'' پس آپؐ اپنی انگلی سے بادل کے جس کونے کی طرف اشارہ کرتے تھے ادھر سے بادل کھل جاتا تھا اور مدینہ گھڑے کی طرح ہو گیا، اور قنات نامی نالہ ایک مہینہ تک چلتا رہا اور جو کوئی بھی باہر سے آیا اس نے بہت بارش کی خبر دی۔

تشریح: یہ معجزہ کی روایت ہے۔ جب ہفتہ بھر بارش ہوتی رہی اور سیلاب کی سی صورت بن گئی تو آئندہ ہفتہ دورانِ خطبہ آپؐ سے پھر دعا کی درخواست کی گئی، آپؐ نے شہادت کی انگلی سے سر پر گول دائرہ بنایا اور فرمایا: **اللّٰھم حوالینا ولا علینا، علی الأودیۃ والآکام**: اے اللہ! ہمارے اردگرد برسے، ہم پر نہ برسے، پہاڑوں اور ٹیلوں پر برسے، آپؐ کے اشارہ کے ساتھ ہی بادل چھٹ گیا، چاروں طرف پہاڑوں پر بارش ہو رہی تھی اور مدینہ منورہ سے بادل ہٹ گیا، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مدینہ نے تاج پہن رکھا ہے، اور دعا نبوی کی برکت سے اتنی بارش ہوئی کہ قنات نامی نالہ مہینہ بھر بہتا رہا، اور صرف مدینہ ہی میں نہیں مدینہ سے باہر بھی خوب بارش ہوئی، چنانچہ باہر سے جو بھی آدمی مدینہ آتا وہ خوب بارش ہونے کی بات کہتا۔ غرض بارش طلبی کی دعا آپؐ نے خطبہ میں کی، معلوم ہوا کہ استسقاء کے لئے نماز متعین نہیں، اس کے علاوہ بھی طریقے ہیں۔

بابُ الإِنْصَاتِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالإِمَامُ يَخْطُبُ

جمعہ کے دن دورانِ خطبہ خاموش رہنا

پہلے بتلایا ہے کہ صرف امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید یہ ہے کہ خطبہ سننا سنت ہے اس لئے لوگ اگر آپس میں باتیں کریں تو جائز ہے، دیگر تمام فقہاء کی بشمول امام بخاریؒ یہ رائے ہے کہ دورانِ خطبہ لوگوں کے لئے آپس میں باتیں کرنا جائز نہیں۔ البتہ امام مقتدی سے کوئی بات کہے یا مقتدی امام سے کچھ عرض کرے تو جائز ہے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: جس نے خطبہ کے دوران کسی سے کہا: چپ! تو اس نے لغو کام کیا۔ اس لئے کہ پہلے بولنے والے دو تھے اب تین ہو گئے۔ اس طرح سلسلہ بڑھے گا تو ساری مسجد بولنے لگے گی، اس لئے 'چپ' کہنے کی بھی گنجائش نہیں، ہاں اشارے سے منع کر سکتے ہیں، اور حدیث میں ہے کہ جس نے لغو کام کیا اس کا جمعہ نہیں یعنی اس کو جمعہ کا ثواب نہیں ملے گا۔

[۳۶-] بابُ الإِنْصَاتِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالإِمَامُ يَخْطُبُ

[۱-] وَإِذَا قَالَ لِصَاحِبِهِ: أَنْصِتْ فَقَدْ لَغَا.

[۲-] وَقَالَ سَلْمَانُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يُنْصِتُ إِذَا تَكَلَّمَ الإِمَامُ"

[۹۳۴-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: أَنْصِتْ، وَالإِمَامُ يَخْطُبُ فَقَدْ لَغَوْتَ"

لغت: أَنْصَتَ (باب افعال) لازم ہے: خاموش رہنا .... **إذا تکلّم الإمام** سے معلوم ہوا کہ خطبہ شروع ہونے سے پہلے بولنے کی گنجائش ہے اور امام اعظمؒ جو منع کرتے ہیں: وہ احتیاطاً منع کرتے ہیں، کیونکہ جب باتیں شروع ہو جاتی ہیں تو رکنے کا نام نہیں لیتیں۔

بابُ السَّاعَةِ الَّتِیْ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ

جمعہ میں ساعتِ مرجوّہ کا بیان

ابواب الجمعہ کے شروع میں بتایا تھا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام جب جمعہ کی اطلاع دینے کے لئے آئے تھے تو ایک آئینہ لے کر آئے تھے، اور وہ آئینہ نبی ﷺ کو دکھایا تھا۔ آپؐ نے اس کا مطلب پوچھا تھا جیسے خواب کی تعبیر پوچھتے ہیں، کیونکہ بعض واقعاتِ خارجیہ کی بھی تعبیر ہوتی ہے۔ یہ بات حضرت شاہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمائی ہے۔ اور دلیل میں یہ حدیث پیش کی ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ ایک باغ میں کنویں کی مینڈ پر پیر اندر لٹکا کر تشریف فرما تھے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور وہ آپؐ کی دائیں جانب پیر لٹکا کر بیٹھ گئے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اور وہ بائیں طرف پیر لٹکا کر بیٹھ گئے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے، اور وہ سامنے پیر لٹکا کر بیٹھے، حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ نے اس کی تعبیر یہ بیان کی کہ ان تین حضرات کی قبریں تو ساتھ بنیں گی اور حضرت عثمانؓ کی قبر الگ بنے گی، معلوم ہوا کہ بعض واقعاتِ خارجیہ کی بھی تعبیر ہوتی ہے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جب نبی ﷺ کو آئینہ دکھایا تو آپؐ نے پوچھا اس کا کیا مطلب ہے؟ حضرت جبرئیل نے کہا: یہ جمعہ کا دن ہے، اس آئینہ میں ایک نقطہ تھا، آپؐ نے پوچھا: یہ نقطہ کیا ہے؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا: یہ ساعتِ مرجوّہ ہے، اور وہ ذرا سی گھڑی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہو اور اتفاقاً اس کو وہ گھڑی مل جائے اور وہ اس گھڑی میں اللہ سے کچھ مانگ لے تو جو مانگے گا وہ مل جائے گا۔

ساعتِ مرجوّہ کب آتی ہے؟

علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے موطا مالک کی شرح تنویر الحوالک میں اس سلسلہ میں بہت اقوال لکھے ہیں۔ امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کا رجحان اس طرف ہے کہ وہ گھڑی جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد سے سورج غروب ہونے تک آتی ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کا رجحان اس طرف ہے کہ زوال کے بعد جب امام خطبہ دینے کے لئے منبر پر آتا ہے اس وقت سے نماز کا سلام پھرنے تک آتی ہے، دونوں فریقوں کے پاس دلائل ہیں جو آپ ترمذی میں پڑھیں گے، اور ترمذی میں یہ واقعہ بھی پڑھیں گے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، حضرت ابو ہریرہؓ نے ان سے حدیث بیان کی کہ جمعہ کے دن میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ نہیں موافق ہوتا کوئی اس کے ساتھ درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہا ہو، پس وہ اس گھڑی میں اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عنایت فرماتے ہیں، حضرت عبداللہ بن سلامؓ

نے کہا: مجھے معلوم ہے وہ گھڑی کس وقت آتی ہے؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: آپ مجھے بتائیں اور اس کے بتانے میں بخیلی نہ کریں، عبداللہ بن سلامؓ نے فرمایا: وہ گھڑی عصر کے بعد سے سورج غروب ہونے تک آتی ہے۔ ابو ہریرہؓ نے کہا: عصر کے بعد وہ گھڑی کیسے ہوسکتی ہے؟ حدیث میں یُصَلِّی کی قید ہے اور عصر کے بعد نماز پڑھنا ممنوع ہے، پس عصر کے بعد وہ گھڑی کیسے ہوسکتی ہے؟ ابن سلامؓ نے فرمایا: کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ جو شخص کسی جگہ میں بیٹھے، درانحالیکہ وہ نماز کا انتظار کررہا ہو تو وہ (حکماً) نماز میں ہے؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: ہاں یہ بات فرمائی ہے، ابن سلام نے کہا: یہی نماز پڑھنا مراد ہے حقیقتاً نماز پڑھنا مراد نہیں، نماز کا انتظار کرنا مراد ہے، اور منتظر صلوٰۃ حکماً نماز میں ہوتا ہے اور اس کی دلیل کہ حقیقۃً نماز پڑھنا مراد نہیں یہ ہے کہ نماز پڑھنے والا نماز میں دعا کیسے کرے گا؟ یہ کام تو منتظر صلوٰۃ ہی کرسکتا ہے کہ نماز کے انتظار میں بیٹھا ہے اور دعا میں مشغول ہے، پس نماز اور دعا دونوں کو جمع کرنے کی یہی صورت ہے کہ یصلی سے حکماً نماز مراد لی جائے۔

اور وہ ذرا سی گھڑی ہے، کتنی ذرا سی؟ اس سلسلہ میں ایک واقعہ سنو:

واقعہ: ایک شخص نے یہ حدیث سنی، اس نے کہا: کام ہوگیا! وہ جھوڑ (تالاب) میں گیا اور گارا لے کر اس کا بڑا سا ڈھیلا بنایا، اور مسجد میں لاکر صف کے سامنے رکھا، اور عصر کی نماز سے فارغ ہوکر ڈھیلے پر ہاتھ رکھ کر کہنا شروع کیا: یا اللہ! یہ سونے کا ہوجا، یا اللہ! یہ سونے کا ہوجا، مسلسل کہتا رہا، اس نے خیال کیا کہ وہ گھڑی کہاں جائے گی، ضرور آئے گی، وہ برابر یہ کہتا رہا، یہاں تک کہ اندھیرا ہوگیا، جبکہ نفس الامر میں سورج ابھی غروب نہیں ہوا تھا، لیکن وہ یہ سمجھا کر سورج غروب ہوگیا، اس نے جھلا کر کہا: یا اللہ! اگر یہ سونے کا نہیں بنتا تو لوہے کا بن جا، اسی وقت وہ گھڑی آئی، اور وہ لوہے کا بن گیا، بس اتنی ذرا سی گھڑی ہے۔

سوال: ساعتِ مرجوّہ کی صحیح نشاندہی کیوں نہیں کی گئی تاکہ اللہ کے بندے اس سے فائدہ اٹھاتے؟

جواب: شبِ قدر کی بھی نشاندہی نہیں کی گئی، حالانکہ وہ قیمتی رات ہے، اسی طرح ہیرے جواہرات نہیں دکھائے جاتے، شبِ قدر اور ساعتِ مرجوّہ بھی قیمتی ہیرے ہیں ان کو پانے کے لئے جدوجہد کرنی پڑتی ہے، علاوہ ازیں نشاندہی نہ کرنے میں یہ بھی مصلحت ہے کہ بندہ رمضان کی تمام راتیں اور جمعہ کا پورا دن عبادت میں مصروف رہے۔

[۳۷-] بابُ السَّاعَةِ الَّتِیْ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ

[۹۳۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم ذَكَرَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: ”فِیْهِ سَاعَةٌ لَا یُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَهُوَ قَائِمٌ یُصَلِّیْ، یَسْأَلُ اللّٰهَ تَعَالٰی شَیْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِیَّاهُ“ وَأَشَارَ بِیَدِهِ یُقَلِّلُهَا. [انظر: ۵۲۹۴، ۶۴۰۰]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے صحابہ کے سامنے جمعہ کا تذکرہ کیا، پس فرمایا: ”جمعہ کے دن میں ایک گھڑی ہے، نہیں موافق ہوتا اس کے ساتھ کوئی مسلمان بندہ درانحالیکہ وہ کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا ہو اس

گھڑی میں، مانگے وہ اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز مگر اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عنایت فرماتے ہیں'' اور آپؐ نے ہاتھ سے اشارہ کر کے بتایا کہ وہ گھڑی ذرا سی ہے۔

بَابٌ: إِذَا نَفَرَ النَّاسُ عَنِ الإِمَامِ فِيْ صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ فَصَلَاةُ الإِمَامِ وَمَنْ بَقِيَ جَائِزَةٌ

اگر نماز جمعہ میں لوگ امام کو چھوڑ کر چل دیں تو امام کی اور باقی لوگوں کی نماز صحیح ہے

یہ مسئلہ تفصیل سے پہلے آچکا ہے کہ جمعہ کی صحت کے لئے کس درجہ کا تمدن ضروری ہے؟ اور جمعہ کی نماز میں کتنے آدمیوں کی شرکت ضروری ہے؟ اب اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ انعقاد جمعہ کے لئے جو تعداد ابتدا میں علی اختلاف الاقوال (۱) شرط ہے اس کا بقا ضروری ہے یا نہیں؟ اگر نماز شروع کرنے کے بعد لوگ چلے جائیں اور مطلوبہ تعداد باقی نہ رہے تو جمعہ صحیح ہوگا یا نہیں؟ یہ مسئلہ بھی اجتہادی اور اختلافی ہے۔ اور ہر امام کی رائے الگ ہے۔

۱- امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک پہلی رکعت کے رکوع وسجود تک مطلوبہ تعداد کا باقی رہنا ضروری ہے، اگر پہلی رکعت کے رکوع وسجود سے پہلے لوگ چلے جائیں اور امام کے علاوہ تین مقتدی باقی نہ رہیں تو امام جمعہ کی نماز ختم کر دے یعنی جس رکن میں ہے اسی میں سلام پھیر دے، پھر از سر نو ظہر پڑھے۔

۲- اور صاحبین کے نزدیک شروع میں یعنی تکبیر تحریمہ کے وقت مطلوبہ تعداد ضروری ہے بعد میں اگر لوگ چلے جائیں اور مطلوبہ تعداد باقی نہ رہے تو کوئی فرق نہیں پڑتا، امام جمعہ پورا کرے ـــــ اور اگر پہلی رکعت کے رکوع وسجود کے بعد تعداد کم ہو جائے تو بالاتفاق امام جمعہ پورا کرے۔

۳- مگر امام زفر رحمہ اللہ اختلاف کرتے ہیں، ان کے نزدیک سلام تک مطلوبہ تعداد باقی رہنی ضروری ہے، پس اگر پہلی رکعت کے رکوع وسجود کے بعد تعداد کم ہوئی تو بھی استیناف کرے یعنی از سر نو ظہر پڑھے۔

اختلاف کا خلاصہ یہ ہے کہ مطلوبہ تعداد نماز کے شروع میں ضروری ہے یا پہلی رکعت کے رکوع وسجود تک یا سلام تک؟ صاحبین کے نزدیک ابتداء میں ضروری ہے، اگر امام نے اور مطلوبہ تعداد نے تکبیر تحریمہ کہہ لی تو جمعہ کا انعقاد ہو گیا، پھر خواہ مطلوبہ تعداد باقی رہے یا نہ رہے: امام جمعہ ہی پڑھے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک پہلی رکعت کے رکوع وسجود کے ساتھ مؤکد ہونے تک مطلوبہ تعداد ضروری ہے، جیسے ظہر کی چار رکعت پڑھا کر قعدۂ اخیرہ کئے بغیر پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے تو مسئلہ یہ ہے کہ اگر پانچویں رکعت کو رکوع سجدے کے ساتھ مؤکد کر دیا تو فرض باطل ہو گیا، از سر نو ظہر پڑھے اور اس سے پہلے یاد آگیا اور لوٹ آیا تو نماز صحیح ہے، وہی مسئلہ یہاں بھی ہے کہ رکوع سجدے کے ساتھ تاکد ضروری ہے، اس سے پہلے اگر لوگ چلے جائیں تو از سر نو ظہر پڑھے، اور پہلی رکعت کے رکوع سجدے کے بعد جائیں تو کچھ حرج نہیں، اب امام

(۱) احناف کے نزدیک چار، مالکیہ کے نزدیک بارہ اور شوافع وحنابلہ کے نزدیک چالیس کی تعداد صحت جمعہ کے لئے شرط ہے ۱۲

جمعہ پورا کرے، اور امام زفر رحمہ اللہ کے نزدیک مطلوبہ تعداد کا دوام ضروری ہے جیسے جمعہ کے لئے وقت اور طہارت ضروری ہیں، ایک رکعت پڑھی اور جمعہ کا وقت ختم ہوگیا تو استیناف کرے اور ظہر قضا پڑھے۔ اسی طرح درمیان نماز میں طہارت ٹوٹ گئی تو بھی استیناف کرے، جس طرح طہارت اور وقت میں دوام ضروری ہے انعقاد جمعہ کے لئے جو تعداد ضروری ہے اس میں بھی دوام ضروری ہے، یہ ائمہ احناف کی رائیں ہیں۔

۴- اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک سلام تک چالیس کی تعداد ضروری ہے، یعنی جو امام زفر رحمہ اللہ کی رائے ہے وہی امام احمدؒ کی بھی رائے ہے کہ مطلوبہ تعداد میں دوام ضروری ہے۔

۵- اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک ایک رکعت پوری ہونے تک بارہ کی تعداد ضروری ہے، پھر اگر لوگ چلے جائیں تو امام جمعہ پورا کرے، اگرچہ امام اکیلا رہ جائے تو بھی جمعہ پورا کرے، اور اگر تکبیر تحریمہ کے بعد یعنی ایک رکعت پوری ہونے سے پہلے لوگ چلے جائیں تو امام اسی تحریمہ سے ظہر پڑھے، استیناف ضروری نہیں۔

۶- اور شوافع کے یہاں پانچ قول ہیں، اور صحیح ترین قول یہ ہے کہ چالیس کی تعداد آخر تک ضروری ہے، اگر نماز کے اندر تعداد کم ہوجائے تو اسی تحریمہ سے ظہر پڑھے، استیناف ضروری نہیں۔

غرض: اس مسئلہ میں ہر امام کی رائے الگ ہے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ مسئلہ منصوص نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے جو باب قائم کیا ہے اس سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے نزدیک تکبیر تحریمہ تک ہی مطلوبہ تعداد ضروری ہے، رہی یہ بات کہ امام بخاریؒ کے نزدیک صحتِ جمعہ کے لئے کتنی تعداد شرط ہے؟ اس کی طرف حضرت نے کوئی اشارہ نہیں کیا۔

[۳۸-] بَابٌ: إِذَا نَفَرَ النَّاسُ عَنِ الإِمَامِ فِيْ صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ فَصَلَاةُ الإِمَامِ وَمَنْ بَقِيَ جَائِزَةٌ

[۹۳۶-] حدثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ أَقْبَلَتْ عِيْرٌ، تَحْمِلُ طَعَامًا، فَالْتَفُوْا إِلَيْهَا، حَتّٰى مَا بَقِيَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا اثْنَى عَشَرَ رَجُلًا، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ ﴿ وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْا إِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَائِمًا﴾ [الجمعة: ۱۱] [انظر: ۲۰۵۸، ۲۰۶۴، ۴۸۹۹]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اس درمیان کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے اچانک غلہ کا تجارتی قافلہ آیا، پس لوگ اس کی طرف متوجہ ہوگئے یہاں تک کہ نبی ﷺ کے ساتھ صرف بارہ آدمی باقی رہے، پس یہ آیت نازل ہوئی: ''اور جب وہ کوئی تجارت کا سامان یا تماشا دیکھتے ہیں تو ادھر دوڑ پڑتے ہیں اور آپؐ کو کھڑا چھوڑ جاتے ہیں''

تشریح: یہ سورۂ جمعہ کی آخری آیت ہے، اس کا شانِ نزول پہلے گذر چکا ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک مدینہ میں غلہ کا تجارتی قافلہ آیا، اور اس نے نقارہ بجایا، لوگ آپؐ کو خطبہ دیتے ہوئے چھوڑ کر خریداری

کے لئے چل دیئے، اور کچھ لوگ تماش بین بن کر گئے، اور نبی ﷺ کے پاس صرف بارہ آدمی رہ گئے، اس واقعہ سے امام بخاری رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ صحت جمعہ کے لئے مطلوبہ تعداد کا آخر تک باقی رہنا ضروری ہے۔

مگر یہ استدلال صحیح نہیں، اس لئے کہ یہ واقعہ اس زمانہ کا ہے جب نماز جمعہ پہلے ہوتی تھی اور خطبہ عیدین کی طرح بعد میں دیا جاتا تھا، یہ بات علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے بیان کی ہے، اور اس کے علاوہ دوسری کوئی روایت نہیں، اس لئے میں نے کہا تھا کہ یہ مسئلہ اجتہادی ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ نے اس حدیث سے صحت جمعہ کے لئے جو بارہ کی تعداد شرط قرار دی ہے وہ بھی محل نظر ہے۔

باب الصَّلاَةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ وَقَبْلَهَا

جمعہ سے پہلے اور بعد میں سنتیں

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ نماز جمعہ سے پہلے بھی اور بعد میں بھی نفلیں اور سنتیں مشروع ہیں، برخلاف عیدین کے، عیدین میں نہ تو سنن قبلیہ ہیں اور نہ بعدیہ، البتہ گھر آ کر نفلیں پڑھ سکتے ہیں مگر جمعہ میں جمعہ سے پہلے بھی اور جمعہ کے بعد بھی جامع مسجد میں سنتیں اور نفلیں پڑھ سکتے ہیں، اور علامہ عینی رحمہ اللہ نے ترجمہ کو بیان عدد پر محمول کیا ہے کہ جمعہ سے پہلے اور بعد میں کتنی سنتیں پڑھنی چاہئیں؟ مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ حدیث میں سنن بعدیہ کا تو ذکر ہے، سنن قبلیہ کا ذکر نہیں، پس باب کو بیان عدد پر کیسے محمول کریں گے؟ البتہ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ جمعہ: ظہر کے قائم مقام ہے، پس جو ظہر کی سنتیں قبلیہ اور بعدیہ ہیں وہی جمعہ کی بھی ہیں۔ حدیث میں ذکر ہونا ضروری نہیں، مگر اس سے بہتر یہ ہے کہ باب کو مشروعیت پر محمول کیا جائے اور یہ جمعہ کا عیدین سے امتیاز ہے، عیدین میں نہ سنن قبلیہ ہیں اور نہ بعدیہ۔ اور جمعہ میں دونوں ہیں، پھر جب حدیث سے سنن بعدیہ کا ثبوت ہو گیا تو اس پر قیاس کر کے سنن قبلیہ کا بھی جواز نکل آئے گا، ان کا حدیث میں مستقل تذکرہ ضروری نہیں، حضرت الاستاذؒ نے باب کا یہی مقصد بیان کیا تھا۔

[۳۹-] باب الصَّلاَةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ وَقَبْلَهَا

[۹۳۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ قَبْلَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ فِيْ بَيْتِهِ، وَبَعْدَ الْعِشَاءِ رَكْعَتَيْنِ، وَكَانَ لاَ يُصَلِّيْ بَعْدَ الْجُمُعَةِ حَتَّى يَنْصَرِفَ، فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ.

[انظر: ۱۱۶۵، ۱۱۷۲، ۱۱۸۰]

وضاحت: جمعہ کے دن نبی ﷺ مسجد میں نفلیں نہیں پڑھتے تھے، جمعہ پڑھا کر حجرہ میں تشریف لے جاتے اور دو

سنتیں پڑھتے تھے، یہ فعلی روایت ہے اور ترمذی (حدیث ۵۳۱) میں قولی روایت ہے: مَن کان منکم مُصلِّیًا بعد الجمعة فَلْیُصَلِّ أربعاً: تم میں سے جو جمعہ کے بعد نفلیں پڑھے وہ چار رکعت پڑھے، صاحبین نے دونوں روایتوں کو جمع کیا ہے، وہ جمعہ کے بعد چھ سنتوں کے قائل ہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ نے بڑا عدد لیا ہے، کیونکہ چھوٹا عدد اس کے ضمن میں خود بخود آ جاتا ہے، امام اعظمؒ کے نزدیک جمعہ سے پہلے بھی چار سنتیں ہیں اور بعد میں بھی چار سنتیں ہیں۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلاَةُ فَانْتَشِرُوْا فِيْ الْأَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ﴾

جب جمعہ کی نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور رزق تلاش کرو

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ جمعہ کے دن کھانا، پینا جمعہ کے بعد ہونا چاہئے، جمعہ سے پہلے ان کی فکر نہیں کرنی چاہئے، بلکہ جلد از جلد تیار ہو کر جامع مسجد پہنچنا چاہئے پھر نماز سے فارغ ہو کر کھائے، پیئے اور جو چاہے کرے، مگر یہ مقصد ترجمہ سے مشکل سے سمجھ میں آئے گا، البتہ اگر حدیث کو باب کے ساتھ ملائیں تو مقصد واضح ہو جائے گا۔

حدیث: ایک انصاری بڑھیا کھیت میں چقندر بوتی تھی، اور جمعہ کے دن وہ ان چقندروں کا کھچڑا پکاتی تھی، غریب صحابہ جمعہ پڑھ کر اس خاتون کے یہاں جاتے تھے اور وہ سب کو کھچڑا کھلاتی تھیں، حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں اس بڑی بی کے تبرک کی وجہ سے جمعہ کا انتظار رہتا تھا، اس سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن جمعہ کے بعد کھانا پینا چاہئے، اسی لئے وہ خاتون جمعہ سے پہلے نہیں کھلاتی تھیں۔

[٤٠-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلاَةُ فَانْتَشِرُوْا فِيْ الْأَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ﴾

[٩٣٨-] حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَتْ فِيْنَا امْرَأَةٌ تَجْعَلُ عَلَى أَرْبِعَاءَ فِيْ مَزْرَعَةٍ لَهَا سِلْقًا، فَكَانَتْ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ تَنْزِعُ أُصُوْلَ السِّلْقِ، فَتَجْعَلُهُ فِيْ قِدْرٍ، ثُمَّ تَجْعَلُ عَلَيْهِ قَبْضَةً مِنْ شَعِيْرٍ، تَطْحَنُهَا، فَتَكُوْنُ أُصُوْلُ السِّلْقِ عَرْقَهُ، وَكُنَّا نَنْصَرِفُ مِنْ صَلاَةِ الْجُمُعَةِ، فَنُسَلِّمُ عَلَيْهَا، فَتُقَرِّبُ ذٰلِكَ الطَّعَامَ إِلَيْنَا، فَنَلْعَقُهُ، وَكُنَّا نَتَمَنَّى يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِطَعَامِهَا ذٰلِكَ. [انظر: ٩٣٩، ٩٤١، ٢٣٤٩، ٥٤٠٣، ٦٢٤٨، ٦٢٧٩]

[٩٣٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، بِهٰذَا، وَقَالَ: مَا كُنَّا نَقِيْلُ وَلاَ نَتَغَدَّى إِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ. [راجع: ٩٣٨]

حدیث: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم (انصار) میں ایک خاتون تھی جو اپنے کھیت میں بولوں پر چقندر بوتی تھی، پس جب جمعہ کا دن آتا تو وہ چقندر کی جڑیں توڑتی، پھر ان کو ہانڈی میں ڈالتی، پھر اس پر مٹھی بھر پسا ہوا جو

ڈالتی، پس چقندر کی جڑیں اس کا شوربہ بن جاتیں، اور ہم جمعہ کی نماز پڑھ کر (اپنے قبیلہ میں) لوٹا کرتے تھے پس اس خاتون کو سلام کرتے، پس وہ وہ کھانا ہمارے قریب کرتی، پس ہم اس کو چاٹتے اور اس خاتون کے کھانے کی وجہ سے ہم جمعہ کے دن کا انتظار کرتے۔ اور دوسری حدیث میں یہ اضافہ ہے: حضرت سہلؓ کہتے ہیں: ''ہم قیلولہ نہیں کیا کرتے تھے اور صبح کا کھانا نہیں کھایا کرتے تھے، مگر جمعہ کے بعد'' معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن جمعہ کے بعد کھانا پینا اور دیگر کام کاج کرنے چاہئیں، یہی اس حدیث کا اور باب کا مدعی ہے، اور اسی حدیث کی وجہ سے امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کی نماز زوال سے پہلے جائز ہے، تفصیل گذر چکی ہے۔ (دیکھئے أبواب الجمعة باب ۱۶، حدیث ۹۰۵)

بَابُ الْقَائِلَةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے بعد قیلولہ

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ جمعہ کی نماز کے لئے جلدی جانا چاہئے اور کھائے پیئے بغیر جانا چاہئے، تاکہ سستی نہ آئے، جب جمعہ سے نمٹ جائے تو لوٹ کر کھائے پیئے اور اس کے بعد قیلولہ کرے۔

[۴۱-] بَابُ الْقَائِلَةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ

[۹۴۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الفَزَارِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: "كُنَّا نُبَكِّرُ إِلَى الْجُمُعَةِ ثُمَّ نَقِيْلُ" [راجع: ۹۰۵]

[۹۴۱-] حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْجُمُعَةَ، ثُمَّ تَكُوْنُ الْقَائِلَةُ. [راجع: ۹۳۸]

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم جمعہ پڑھنے کے لئے سویرے جایا کرتے تھے اور اس دن جمعہ کے بعد قیلولہ کیا کرتے تھے، حضرت سہلؓ کا بھی یہی بیان ہے، معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن قیلولہ وغیرہ تمام کام جمعہ کے بعد کئے جائیں۔

﴿الحمد للہ! ابواب الجمعہ کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ صَلاَةِ الْخَوْفِ

خوف کی نماز کا بیان

یہ ایک چھوٹی سی کتاب ہے ایک صفحہ کی ہے، مگر ٹیڑھی کھیر ہے، اس لئے پہلے چند تمہیدی باتیں بیان کروں گا، ان کو اچھی طرح ذہن نشین کرلو، تا کہ یہ کتاب (ابواب صلوٰۃ الخوف) سمجھ میں آجائے، ورنہ اس کو سمجھنا ذرا مشکل ہوجائے گا۔

صلاۃ الخوف کی آیتیں:

خوف کے تعلق سے قرآنِ کریم میں تین آیتیں ہیں اور حدیثیں تو بہت ہیں، مگر وہ سب کیفیت سے تعلق رکھتی ہیں:

پہلی آیت: وہ ہے جسے عام طور پر آیتِ قصر کہتے ہیں (النساء آیت ۱۰۱) یہ آیت درحقیقت صلاۃ الخوف کی آیت ہے اس میں ہے: ﴿إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ یعنی نماز کم پڑھنے کی اجازت اس وقت ہے جب خوف ہو کہ کافر نماز میں پریشان کریں گے، ضرب فی الأرض عام ہے خواہ جہاد کا سفر ہو یا عام سفر ہو، اور قَصَرَ الشيئَ (ن،ض) قَصْرًا کے معنی ہیں: لمبائی میں چھوٹا کرنا، کتنا چھوٹا کرنا؟ یہ بھی عام ہے، چار رکعت کو دو رکعت پڑھنا، ایک رکعت پڑھنا، صرف تکبیر تحریمہ کہنا اور سر سے اشارہ کرنا سب کو آیت شامل ہے۔ اور مسلم شریف (حدیث ۶۸۷) میں حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خوف میں ایک رکعت فرض کی ہے، اور آگے حضرت ابن عمرؓ کا قول آرہا ہے کہ خوف شدید ہو تو تکبیر تحریمہ اور سر کا اشارہ کافی ہے اس لئے امام بخاریؒ نے ابواب صلاۃ الخوف کی آیتیں ﴿وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ الْأَرْضِ﴾ سے شروع کی ہیں۔

پھر دوسری آیت ہے: ﴿وَإِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلاَةَ﴾ الخ یہ بھی صلوۃ الخوف کی آیت ہے اور یہ پوری آیت ہمارے نسخہ میں گیلری میں لکھی ہے اور مصری نسخہ میں حوض میں ہے، ہم نے اس کی پیروی کی ہے۔

فائدہ: عام سفر میں قصر درحقیقت خوف کے وقت تھا پھر اس کو صلاۃ الخوف سے نکال دیا گیا، اب بے خوف بھی مسافر قصر کرے گا، ترمذی میں حدیث ہے: حجۃ الوداع کے موقع پر نبی ﷺ نے راستہ میں نمازیں قصر پڑھی ہیں جبکہ مدینہ سے مکہ

تک کوئی کافر نہیں تھا اور مطلق خوف نہیں تھا، چنانچہ نبی ﷺ سے اس سلسلہ میں دریافت کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا: صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ بها فَاقْبَلُوْا صَدَقَتَه: یہ ایک خیرات ہے جو اللہ نے تمہیں دی ہے پس تم اللہ کی اس خیرات کو قبول کرو۔

تیسری آیت: نمازِ خوف کے سلسلہ میں سورۃ البقرۃ کی آیات ۲۳۸ و ۲۳۹ بھی ہیں، ارشاد پاک ہے: ﴿حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطٰى، وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ﴾ اس آیتِ کریمہ میں دو مضمون ہیں:

پہلا مضمون: نگہداشت کرو سبھی نمازوں کی، اور خاص طور پر درمیانی نماز کی، نگہداشت کرنا یہ ہے کہ تمام نمازیں باجماعت پڑھی جائیں اکیلا نماز پڑھنے والا نمازوں کی حفاظت نہیں کرسکتا، حدیث میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: جہاں تین آدمی بستے ہوں اور وہ جماعت سے نماز نہ پڑھیں تو شیطان ان پر غالب آجائے گا (مشکوٰۃ حدیث ۱۰۶۷) پس نماز کی حفاظت کی یہی شکل ہے کہ نمازیں باجماعت پڑھی جائیں خاص طور پر درمیانی نماز۔

جاننا چاہئے کہ نمازیں پانچ ہیں پس ہر نماز درمیانی ہوسکتی ہے مگر احادیث میں اس کی تعیین صلوۃ العصر سے کی گئی ہے، اور حضرت ابن عمر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما نے ظہر اور فجر کی نمازوں کو اس کا مصداق قرار دیا ہے۔ یہاں سوال یہ ہے کہ جب حدیث مرفوع میں صلوٰۃ العصر سے تعیین کی گئی ہے تو پھر ان بزرگوں نے دوسری تفسیر کیوں کی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ روایات میں عصر کو صلوٰۃ وسطی کا مصداق اس کے نماز عصر ہونے کی وجہ سے نہیں قرار دیا گیا بلکہ اس نماز میں لوگوں کے غفلت برتنے کی وجہ سے اس کو مصداق بنایا ہے چنانچہ مذکورہ بزرگوں نے اپنے زمانہ میں لوگوں کو ظہر و فجر میں غفلت برتتے دیکھا تو انھوں نے ان نمازوں کو صلوٰۃ وسطی کا مصداق قرار دیا، جیسے طالب علم فجر اور ظہر میں غفلت برتتے ہیں جب ان کے سامنے اس آیت کی تفسیر کی جائے تو انہی نمازوں کو صلوٰۃ وسطی کا مصداق قرار دیا جائے گا۔

اس کی وضاحت یہ ہے کہ کبھی آیت میں امر کلی مذکور ہوتا ہے جس کے متعدد مصداق ہوسکتے ہیں، ایسی صورت میں آیت کی متعدد تفسیریں کی جاسکتی ہیں، ظاہر ہے جب نمازیں پانچ ہیں تو ہر نماز درمیانی نماز ہوسکتی ہے، اور خصوصیت سے اس کے اہتمام کا حکم بربنائے غفلت دیا گیا ہے، پس مختلف زمانوں میں لوگ جس نماز میں غفلت برتنے لگے صحابہ نے اس کو آیت کا مصداق قرار دیا تاکہ لوگوں کی غفلت دور ہو۔

دوسرا مضمون: ﴿وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ﴾: کھڑے ہوؤ تم (یہ جمع کا صیغہ ہے اس سے جماعت کا ثبوت نکلتا ہے) اللہ کے سامنے عاجزی کرتے ہوئے، یعنی عاجزی اور انکساری کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے رہو، ترمذی میں حدیث ہے: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی تو ہمیں خاموش رہنے کا حکم دیا گیا اور ہمیں نماز میں باتیں کرنے سے روک دیا گیا، کیونکہ نماز میں اگر لوگ باتیں کریں گے تو آدھی توجہ اللہ کی طرف ہوگی اور آدھی توجہ بات کرنے والے کی طرف، پس عاجزی اور انکساری کہاں پائی گئی؟ اس لئے نماز میں خاموش رہنے کا اور باتیں نہ کرنے کا حکم دیا گیا۔

اس کے بعد فرمایا: ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالاً أَوْ رُكْبَانًا﴾: اگر تمہیں دشمن کا ڈر ہو اور زمین پر اتر کر جماعت کرنا اور صلوٰۃ

الخوف پڑھنا مشکل ہوتو پھر ہر شخص تنہا تنہا نماز پڑھے، سوار سواری پر، اور پیادہ زمین پر، حنفیہ اسی کے قائل ہیں کہ اگر جنگ ہورہی ہو، یا جنگ تو نہیں ہورہی مگر خطرہ شدید ہے، دشمن کا یا درندہ کا ڈر ہے تو ہر شخص تنہا نماز پڑھے، لیکن نماز رک کر پڑھنا ضروری ہے، چل بھی رہا ہواور نماز بھی پڑھ رہا ہو یا سواری چل رہی ہواور نماز پڑھ رہا ہو یہ صحیح نہیں، نماز نہیں ہوگی۔

اب رہی یہ بات کہ طالب (وہ شخص جو دشمن کے پیچھے جارہا ہے) اور مطلوب (وہ شخص جس کے پیچھے دشمن آرہا ہے) اس آیت کے تحت آتے ہیں یا نہیں؟ وہ چلتی سواری پر نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ حنفیہ کہتے ہیں: مطلوب کے لئے تو چلتی سواری پر فرض پڑھنا جائز ہے کیونکہ اس کے لئے عذر ہے، اگر وہ نماز پڑھنے کے لئے رکے گا تو جان سے جائے گا، اور طالب کے حق میں عذر نہیں پس اس کے لئے چلتی سواری پر نماز پڑھنا جائز نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک طالب ومطلوب دونوں چلتی سواری پر فرض نماز پڑھ سکتے ہیں۔

غرض: خوف کے تعلق سے قرآنِ کریم میں یہ تین آیتیں ہیں، اور حدیثیں تو بہت ہیں مگر وہ سب صلوٰۃ الخوف کے سلسلہ کی ہیں کہ صلوٰۃ الخوف کیسے پڑھی جائے؟ صلوٰۃ الخوف مشروع ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ قرآن میں ہے، احادیث میں نہیں ہے۔

صلوٰۃ الخوف کی مشروعیت:

پوری امت متفق ہے کہ صلوٰۃ الخوف آج بھی مشروع ہے، اسے پڑھنا جائز ہے، صرف امام ابو یوسف اور امام مزنی (امام شافعیؒ کے شاگرد) اختلاف کرتے ہیں، وہ صلوٰۃ الخوف کی مشروعیت کو زمانۂ نبوت کے ساتھ خاص مانتے ہیں۔ پھر امام مزنی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اس کی مشروعیت منسوخ ہے، مگر نسخ کی کوئی دلیل نہیں۔ اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کہتے ہیں: سورۃ النساء کی جس آیت (۱۰۲) میں صلوٰۃ الخوف کا تذکرہ ہے اس میں یہ قید ہے کہ یہ نماز اس وقت مشروع ہے جب نبی ﷺ خود نماز پڑھائیں، پس جب آپ کا وصال ہوگیا تو اب اس کی مشروعیت ختم ہوگئی کیونکہ شرط باقی نہیں رہی، اس کو نسخ بھی کہہ سکتے ہیں۔ مگر یہ دلیل اس وجہ سے کمزور ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد متعدد جنگوں میں صحابہ نے صلوٰۃ الخوف پڑھی ہے، پس سورۃ النساء (آیت ۱۰۲) میں ﴿إِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ﴾ کی قید اتفاقی ہے۔

صلاۃ الخوف مختلف طرح سے پڑھی جاسکتی ہے:

روایات میں صلوٰۃ الخوف مختلف طرح سے مروی ہے۔ امام ابوداؤد نے اپنی سنن میں آٹھ صورتیں، ابن حبان نے اپنی صحیح میں نو صورتیں اور ابن حزم ظاہری نے المُحلّٰی میں چودہ صورتیں ذکر کی ہیں، اور ابوالفضل عراقی نے اس موضوع پر ایک رسالہ لکھا ہے اس میں انھوں نے سترہ صورتیں ذکر کی ہیں یعنی نبی ﷺ نے سترہ طریقوں سے صلوٰۃ الخوف پڑھی ہے۔

اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس باب کی سب روایتیں صحیح ہیں، کوئی روایت ضعیف نہیں، پس سب طریقوں پر جو حضور اکرم ﷺ سے مروی ہیں صلوٰۃ الخوف پڑھنا جائز ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، البتہ ان میں سے کونسے طریقہ پر صلوٰۃ

الخوف پڑھنا افضل ہے اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک جو طریقہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں آیا ہے اس طرح صلوٰۃ الخوف پڑھنا افضل ہے وہ روایت باب کے شروع میں ہے اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ فرماتے ہیں: جو طریقہ سہل بن ابی حثمہؓ کی روایت میں آیا ہے اس طریقہ پر صلوۃ الخوف پڑھنا افضل ہے۔

حنفیہ کا طریقہ: فوج کے دو حصے کئے جائیں، ایک حصہ دشمن کے مقابل کھڑا ہو اور دوسرے حصہ کو امام اگر مسافر ہے تو ایک رکعت اور مقیم ہے تو دو رکعتیں پڑھائے، پھر یہ جماعت دشمن کے مقابل چلی جائے اور جو طائفہ دشمن کے مقابل تھا وہ آکر صف بنائے اور نماز شروع کرے۔ پھر امام اس طائفہ کو ایک یا دو رکعت پڑھا کر سلام پھیر دے، امام کے سلام پھیرنے کے بعد یہ طائفہ سلام پھیرے بغیر دشمن کی طرف چلا جائے اور پہلا طائفہ واپس آئے اور صف بنا کر لاحق کی طرح یعنی قراءت کے بغیر ایک رکعت یا دو رکعت پڑھ کر نماز پوری کرے، پھر وہ دشمن کے مقابل جائے اور دوسرا طائفہ آئے اور وہ بھی صف بنا کر مسبوق کی طرح یعنی قراءت کے ساتھ بقیہ نماز پوری کرے۔

ائمہ ثلاثہ کا طریقہ: امام پہلے طائفہ کو ایک رکعت یا دو رکعت پڑھائے پھر وہ طائفہ باقی نماز اسی وقت لاحق کی طرح پوری کرے، پھر دشمن کے مقابل جائے اور امام دوسرے طائفہ کا انتظار کرے، جب دوسرا طائفہ آکر صف بنا کر نماز شروع کرے تو امام اس کو ایک رکعت یا دو رکعت پڑھائے اور سلام پھیر دے اور وہ مسبوق کی طرح باقی نماز پوری کریں۔

ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ نے یہ طریقہ اس لئے اختیار کیا ہے کہ اس میں نماز کے اندر نقل وحرکت نہیں کرنی پڑتی، اور احناف نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کو دو وجہ سے اختیار کیا ہے:

ایک: سورۃ النساء کی آیت ۱۰۲ میں صلوٰۃ الخوف کا جو طریقہ بیان کیا گیا ہے ابن عمرؓ کی حدیث میں مروی طریقہ اس سے اقرب ہے۔ اور قرآن میں بہتر صورت ہی کو لیا جاتا ہے، اس لئے حنفیہ نے اس طریقہ کو افضل قرار دیا ہے۔

دوم: ابن عمرؓ کی حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں، نہ سند میں نہ متن میں، اور سہل بن ابی حثمہؓ کی روایت میں سند میں بھی اختلاف ہے، اور متن میں بھی، سند میں اختلاف یہ ہے کہ یحییٰ بن سعید قطان کے ایک استاذ یحییٰ بن سعید انصاری نے اس حدیث کو موقوف بیان کیا ہے یعنی حضرت سہل کی حدیث میں صلوٰۃ الخوف کا جو طریقہ مروی ہے وہ حضرت سہل کا بیان کیا ہوا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان کیا ہوا نہیں ہے اور یحییٰ قطان کے دوسرے استاذ شعبہ رحمہ اللہ نے اس کو مرفوع کیا ہے، یہ ساری تفصیل ترمذی (کتاب الصلوٰۃ باب ۲۸۳، حدیث ۵۷۳) میں ہے، اور متن میں اختلاف یہ ہے کہ شعبہ رحمہ اللہ کی سند سے جو مرفوع روایت ہے، بخاری میں اس کا متن کچھ ہے اور نسائی میں کچھ، بخاری (حدیث ۴۱۳۱ کتاب المغازی) میں اس سند سے جو متن آیا ہے وہ ائمہ ثلاثہ کے موافق ہے اور نسائی (۳: ۱۷۰ مصری) میں جو متن آیا ہے وہ احناف کے موافق ہے، یعنی نسائی میں ابن عمرؓ کی حدیث کے موافق متن آیا ہے —— غرض ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث باب کی سب سے اعلیٰ روایت ہے، اور اس کی سند میں اور متن میں کوئی اختلاف نہیں، نیز اس میں جو طریقہ مروی ہے وہ نص قرآن

سے قریب تر ہے، اس لئے احناف نے اس کو اختیار کیا ہے، اگرچہ اس طریقہ پر صلوٰۃ الخوف پڑھنے میں نماز کے اندر نقل وحرکت ہوتی ہے مگر اس میں کوئی مضائقہ نہیں، کیونکہ اس نماز کی شان ہی نرالی ہے۔ واللہ اعلم

صلوٰۃ الخوف پڑھنے کا بھی موقع نہ ہو تو کیا کرے؟

غزوۂ خندق میں ایک دن نبی ﷺ کی تین نمازیں قضاء ہوگئی تھیں: ظہر، عصر اور مغرب، رات گئے جنگ رکی، پس آپؐ نے پہلے تینوں نمازیں بالترتیب قضاء کیں، پھر عشاء پڑھی، اور دوسرے موقع پر صرف عصر کی نماز قضا ہوئی، مغرب کے وقت جنگ بند ہوئی، پس آپؐ نے پہلے عصر قضاء کی پھر مغرب پڑھی، ان دونوں موقعوں پر نبی ﷺ نے اور حضرات صحابہ نے نہ رجالاً نماز پڑھی نہ رکباناً، بلکہ نماز قضاء کی، اسی طرح تُستر (فارس کا ایک شہر) میں رات سے جنگ ہو رہی تھی اور گھمسان کا رن پڑا ہوا تھا کہ فجر کا وقت آ گیا، کمانڈر نے فوج کو لڑائی جاری رکھنے کا حکم دیا، جب قلعہ فتح ہوا تو سورج نکلنے کے بعد سب نے فجر کی نماز قضاء کی، یہ روایت کتاب میں آ رہی ہے اور مجتہدین کے اقوال بھی آ رہے ہیں۔ اور حاشیہ میں اور بھی اقوال ہیں اور یہاں تک اقوال ہیں کہ اگر دشمن کا خوف زیادہ ہو اور رجالاً اور رکباناً نماز پڑھنا بھی ممکن نہ ہو تو صرف اللہ اکبر کہہ کر اشارہ کر لینا کافی ہے، مگر غور طلب بات یہ ہے کہ غزوۂ خندق کے موقع پر نبی ﷺ نے بھی اور صحابہ نے بھی نمازیں قضاء کی ہیں، اور دیگر جنگوں میں بھی مسلمانوں نے نمازیں قضاء کی ہیں، رجالاً یا رکباناً نماز نہیں پڑھی، اس سے معلوم ہوا کہ جب دشمن کا خوف بہت زیادہ ہو اور باجماعت صلاۃ الخوف پڑھنا یا زمین پر اتر کر فرادیٰ فرادیٰ نماز پڑھنا مشکل ہو تو نماز قضاء کرنا بہتر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۲- أَبْوَابُ صَلاَةِ الْخَوْفِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ﴿ وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ، فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلاَةِ، إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا، إِنَّ الْكَافِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُبِيْنًا ۞ وَإِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلاَةَ فَلْتَقُمْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ مَعَكَ، وَلْيَأْخُذُوْا أَسْلِحَتَهُمْ، فَإِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَرَائِكُمْ، وَلْتَأْتِ طَائِفَةٌ أُخْرَى لَمْ يُصَلُّوْا، فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ، وَلْيَأْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ، وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَيْلَةً وَاحِدَةً، وَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى مِنْ مَطَرٍ أَوْ كُنْتُمْ مَرْضَى أَنْ تَضَعُوْا أَسْلِحَتَكُمْ، وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ، إِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْكَافِرِيْنَ عَذَابًا مُهِيْنًا﴾ [النساء: ۱۰۱ و۱۰۲]

[۹۴۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: سَأَلْتُهُ هَلْ صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ يَعْنِيْ صَلاَةَ الْخَوْفِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه

وسلم قِبَلَ نَجْدٍ، فَوَازَيْنَا الْعَدُوَّ، فَصَافَفْنَا لَهُمْ، فَقَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ لَنَا، فَقَامَتْ طَائِفَةٌ مَعَهُ، وَأَقْبَلَتْ طَائِفَةٌ عَلَى الْعَدُوِّ، فَرَكَعَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمَنْ مَعَهُ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفُوْا مَكَانَ الطَّائِفَةِ الَّتِيْ لَمْ تُصَلِّ، فَجَاؤُا، فَرَكَعَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِهِمْ رَكْعَةً، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، فَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ، فَرَكَعَ لِنَفْسِهِ رَكْعَةً، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ.

[انظر: ۹۴۳، ۴۱۳۲، ۴۱۳۳، ۴۵۳۵]

حدیث: شعیب بن ابی حمزہ کہتے ہیں: میں نے امام زہریؒ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے صلوٰۃ الخوف پڑھی ہے؟ امام زہریؒ نے فرمایا: مجھ سے سالم نے بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ نجد کی جانب غزوہ کیا (یہ غزوۂ ذات الرقاع ہے) پس ہمارا دشمن سے آمنا سامنا ہوا، پس ہم دشمن کے سامنے صف بندی کر کے کھڑے ہوگئے، اور نبی ﷺ ہمیں نماز پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے، پس آپؐ کے ساتھ ایک گروہ کھڑا ہوا اور دوسرا گروہ دشمن کی طرف منہ کئے کھڑا رہا، پس نبی ﷺ نے اس طائفہ کے ساتھ رکوع کیا اور دو سجدے کئے یعنی اس طائفہ کو ایک رکعت پڑھائی، پھر وہ اس طائفہ کی جگہ میں چلے گئے جو نماز میں شریک نہیں تھا، پھر وہ آئے پس نبی ﷺ نے ایک رکعت ان کے ساتھ پڑھی اور دو سجدے کئے پھر سلام پھیرا، پھر ان دونوں گروہوں میں سے ہر ایک کھڑا ہوا اور اس نے تنہا ایک رکوع اور دو سجدے کئے یعنی ہر ایک نے ایک رکعت پڑھی۔

تشریحات:

۱– صلوٰۃ الخوف کی مشروعیت قرآنِ کریم سے ثابت ہے، اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں، البتہ اب صلوٰۃ الخوف مشروع ہے یا نہیں؟ اس میں امام ابو یوسف اور امام مزنی رحمہما اللہ کا اختلاف ہے، کما مرّ۔ اور امام ابو یوسف اور امام مزنی رحمہما اللہ کی جو رائے ہے وہ سلف سے چلی آرہی ہے اس لئے شعیبؒ نے امام زہریؒ سے پوچھا، انھوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث سنائی کہ صلوٰۃ الخوف نبی ﷺ نے پڑھی ہے، اور نسخ کی کوئی دلیل نہیں، پس صلوٰۃ الخوف کو مشروع نہ ماننے کی کوئی وجہ نہیں۔

۲– حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس حدیث میں صلوٰۃ الخوف کا جو طریقہ آیا ہے احناف نے اس طریقہ کو افضل قرار دیا ہے، اور فقام کل واحد منهم سے عبارت مجمل ہے، ہماری فقہ میں تفصیل وہ ہے جو اوپر بیان کی گئی۔

۳– حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں صلوٰۃ الخوف کا جو طریقہ آیا ہے اس میں اگرچہ نماز کے اندر چلنا پھرنا ہوتا ہے مگر یہ دشمن کو چکمہ دینا بھی ہے، جب نماز کے اندر ایک گروہ آئے گا، دوسرا جائے گا، پھر آئے گا پھر جائے گا تو دشمن یہ سمجھے گا کہ یہ فوجی پریڈ چل رہی ہے، اور حملہ نہیں کرے گا، پس مقصود حاصل ہوجائے گا اور دشمن پر رعب بھی پڑ جائے گا۔ یہ

ایک اور وجہ ہے جس کی بنا پر احناف نے حضرت ابن عمرؓ کی حدیث کو ترجیح دی ہے۔

مسئلہ: جو طائفہ دشمن کے مقابل کھڑا ہوگا وہ جنگ نہیں کرے گا، اگر انھوں نے قتال کیا تو ان کی نماز فاسد ہوجائے گی۔

بابُ صَلاَةِ الْخَوْفِ رِجَالاً وَرُكْبَانًا

شدت خوف میں پیدل اور سواری پر نماز پڑھنا

ابھی بتایا ہے کہ شدت خوف کے وقت نماز پیدل بھی پڑھ سکتے ہیں اور سواری پر بھی، لیکن جماعت کے ساتھ نہیں پڑھ سکتے، تنہا پڑھیں گے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: رِجالاً: رَجُل (مرد) کی جمع نہیں ہے، بلکہ رَاجِلْ (پیادہ) کی جمع ہے اور اس کے معنی ہیں: قَائِمٌ: کھڑا ہونے والا یعنی پیادہ، غیر سوار، اور پہلے یہ بھی بتایا ہے کہ آیت کریمہ ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالاً أَوْ رُكْبَانًا﴾ میں حنفیہ نے واقفاً کی قید بڑھائی ہے یعنی پیدل اور سواری پر نماز پڑھ سکتے ہیں مگر شرط یہ ہے کہ نمازی چل نہ رہا ہو، نہ سواری چل رہی ہو۔ اگر نماز بھی پڑھ رہا ہے اور چل بھی رہا ہے یا سواری چل رہی ہے تو نماز صحیح نہیں ہوگی۔ احناف کے نزدیک یہ حق صرف مطلوب کو دیا گیا ہے کہ وہ چلتی سواری پر نماز پڑھ سکتا ہے۔ اور حضور اکرم ﷺ نے اور صحابہ نے غزوۂ احزاب میں جو عمل کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس طرح نماز پڑھنے سے نماز کو مؤخر کرنا اور قضاء کرنا بہتر ہے۔

[۲-] بابُ صَلاَةِ الْخَوْفِ رِجَالاً وَرُكْبَانًا

رَاجِلٌ: قَائِمٌ

[۹۴۳-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُوْسَى ابْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، نَحْوًا مِنْ قَوْلِ مُجَاهِدٍ: إِذَا اخْتَلَطُوْا قِيَامًا، وَزَادَ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " وَإِنْ كَانُوْا أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَلْيُصَلُّوا قِيَامًا ورُكْبَانًا" [راجع: ۹۴۲]

وضاحت: مجاہد رحمہ اللہ کے قول میں اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مرفوع روایت میں تصحیف اور اجمال ہے، جس سے مضمون فہمی میں سخت دشواری پیش آگئی ہے، پہلے پورے باب کا ترجمہ پڑھ لیں:

ترجمہ: (شدتِ) خوف میں پیدل اور سواری پر نماز پڑھنے کا بیان: رِجالاً کا مفرد رَاجِلْ ہے، اس کے معنی ہیں: کھڑا ہونے والا —— ابن جریج: موسیٰ بن عقبہ سے، وہ نافع سے، وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مجاہد رحمہ اللہ کے قول کی طرح روایت کرتے ہیں (مجاہدؒ فرماتے ہیں:) جب مسلمان گڈمڈ ہوجائیں کھڑے ہوئے ہونے کی حالت میں (یہ ناتمام بات ہے، اس میں اجمال بھی ہے اور تصحیف بھی) اور ابن عمرؓ نے نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے اضافہ کیا: ''اور اگر لوگ اس سے زیادہ ہوں تو کھڑے ہوئے اور سواری پر نماز پڑھیں (اس میں بھی تصحیف ہے)

تشریحات:

۱- مجاہد رحمہ اللہ کے قول کی طرح: یہ الٹی تعبیر ہے، مجاہدؒ تو شاگرد ہیں، ان کا قول حضرت ابن عمرؓ کے قول کی طرح ہوگا، نہ کہ ابن عمرؓ کا قول مجاہدؒ کے قول کی طرح جیسے یہ کہنا کہ یہ حدیث فلاں امام کے قول کے موافق ہے یہ الٹی تعبیر ہے، قول: حدیث کے مطابق ہوگا، نہ کہ حدیث: قول کے مطابق۔

۲- حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے بحوالہ طبری: یحییٰ بن سعید کے طریق سے بسند کتاب ابن عمرؓ کی روایت اس طرح نقل کی ہے: عن ابن عمر، قال: إذا اختلطوا — يعني في القتال — فإنما هو الذكر وإشارة الرءوس، قال ابن عمر: قال النبي صلى الله عليه وسلم: فإن كانوا أكثر من ذلك يصلون قياماً وركبانا: ابن عمرؓ نے فرمایا: جب لوگ جنگ میں گڈمڈ ہوجائیں یعنی گھمسان کی جنگ ہورہی ہوتو نماز بس اللہ کا ذکر اور سر سے اشارہ ہے (اور مجاہد کے قول میں إنما کے بعد ذکر کا لفظ نہیں ہے، صرف اشارۃ الرءوس ہے، اس لئے نحوًا کا اضافہ کیا) ابن عمرؓ نے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا: اور اگر لوگ اس سے زیادہ ہوں (یہ تصحیف ہے) تو کھڑے ہوئے اور سواری پر چڑھے ہوئے نماز پڑھیں (یہ روایت آگے (حدیث ۴۵۳۵) آرہی ہے، وہاں الفاظ ہیں فإن كان خوفٌ هو أشدُّ من ذلك صلوا رجالاً قيامًا على أقدامهم أو ركبانا یعنی خوف شدید ہو گھمسان کی جنگ ہورہی ہو اور صلوٰۃ الخوف پڑھنے کی کوئی صورت نہ ہوتو لوگ پیادہ، پیروں پر کھڑے ہوئے یا سوار ہوکر نماز پڑھیں (صحیح عبارت یہ ہے)

الحاصل: گھمسان کی جنگ میں تحریمہ اور اشارۃ الراس سے کام لیا جائے، کیونکہ باقاعدہ نماز کا موقع تو مل نہیں سکتا، اور اگر شدت خوف کے باعث یکجا قیام کا موقع نہ ہو تو پھر راکباً راجلاً جس طرح ممکن ہو نماز ادا کرلیں۔

۳- امام بخاری رحمہ اللہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوع قطعہ نقل کرکے یہ بتادیا کہ ابن عمرؓ کا وہ فیصلہ ان کی ذاتی رائے نہیں تھی، بلکہ نبی ﷺ کے اس ارشاد کے ماتحت ہے اور وہ مسند و مرفوع ہے۔

۴- اور حضرت الاستاذ نے فرمایا: بخاری شریف کی روایت میں قیامًا کا لفظ إنما کی بگڑی ہوئی شکل ہے، پھر إنما کے بعد کے کلمات کا حذف غلط اور بے موقع واقع ہوا ہے جس سے کلام مہمل ہوکر رہ گیا ہے (القول النصیح ۲: ۱۲۷)

بَابٌ: يَحْرُسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِيْ صَلَاةِ الْخَوْفِ

خوف کی نماز میں بعض بعض کی چوکیداری کریں

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ صلوٰۃ الخوف کی جو مختلف شکلیں احادیث میں آئی ہیں وہ اس نظریہ کے تحت آئی ہیں کہ نماز کے ساتھ حفاظت خودی کا مسئلہ بھی چلتا رہے، پس حفاظتی نقطۂ نظر سے میدانِ جنگ کا جو تقاضہ ہو اس کے مطابق صلاۃ الخوف پڑھی جائے، اور اوپر بتایا ہے کہ امام ابوداودؒ نے اپنی سنن میں آٹھ طریقے، ابن حبان نے اپنی صحیح میں نو طریقے، ابن حزم

ظاہریؒ نے المحلّی میں چودہ طریقے اور ابوالفضل عراقی نے سترہ طریقے ذکر کئے ہیں، ان سب طریقوں سے صلاۃ الخوف پڑھنا جائز ہے، بلکہ ان کے علاوہ کسی اور طریقہ سے صلوٰۃ الخوف پڑھی جائے تو یہ بھی درست ہے اس لئے کہ صلوٰۃ الخوف کی یہ متعدد شکلیں اسی نقطۂ نظر سے آئی ہیں کہ نماز کے ساتھ حفاظت خودی کا مسئلہ بھی چلتا رہے، پس میدانِ جنگ کا جو تقاضہ ہو اس کے مطابق نماز پڑھی جائے، یہ اس باب کا مقصد ہے۔

[٣-] بَابٌ: يَحْرُسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِيْ صَلاَةِ الْخَوْفِ

[٩٤٤-] حدثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ، فَكَبَّرَ وَكَبَّرُوْا مَعَهُ، وَرَكَعَ وَرَكَعَ نَاسٌ مِنْهُمْ، ثُمَّ سَجَدَ وَسَجَدُوْا مَعَهُ، ثُمَّ قَامَ لِلثَّانِيَةِ فَقَامَ الَّذِيْنَ سَجَدُوْا وَحَرَسُوْا إِخْوَانَهُمْ، وَأَتَتِ الطَّائِفَةُ الأُخْرَى، فَرَكَعُوْا وَسَجَدُوْا مَعَهُ، وَالنَّاسُ كُلُّهُمْ فِيْ صَلاَةٍ، وَلٰكِنْ يَحْرُسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا.

وضاحت: یہ حضرت ابن عباسؓ کی حدیث ہے، اس میں صلوٰۃ الخوف کا یہ طریقہ آیا ہے: سب فوجیوں نے ایک ساتھ نبی ﷺ کی اقتدا میں نماز شروع کی، پھر جب آپؐ نے رکوع کیا تو آدھوں نے آپؐ کے ساتھ رکوع کیا اور آدھے کھڑے رہے، پھر ان آدھوں ہی نے آپؐ کے ساتھ سجدہ کیا، جب آپؐ سجدہ سے دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہوئے تو اب باقی آدھوں نے رکوع اور سجدے کئے پھر نبی ﷺ نے دوسری رکعت پڑھائی اور اسی طرح یکے بعد دیگرے رکوع سجدے کئے، اور آگے پیچھے رکوع سجدے حفاظت کی غرض سے کئے تا کہ دشمن پر نظر رہے۔

قوله: وكبّروا معه: سب نے نبی ﷺ کے ساتھ تکبیر تحریمہ کہی یعنی سب نے ایک ساتھ نماز شروع کی ...... **وركع ناسٌ منهم:** یعنی نبی ﷺ کے ساتھ رکوع اور سجدے آدھوں نے کئے اور آدھے کھڑے رہے ...... **ثم قام للثانية:** جب نبی ﷺ دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہوئے تو اب باقیوں نے رکوع سجدے کئے ...... **وأتت الطائفة الأخرى:** یہ طائفہ جس نے بعد میں رکوع سجدہ کیا وہ وہیں تھا کسی دوسری جگہ سے نہیں آیا تھا ...... **والناس كلهم فی صلوٰة:** یعنی تکبیر تحریمہ سے سبھی لوگ نماز میں شامل ہو گئے تھے ...... **ولكن يحرس بعضهم بعضاً:** یعنی آگے پیچھے رکوع سجدے اس لئے کئے تا کہ حفاظت کا سلسلہ چلتا رہے۔

بَابُ الصَّلاَةِ عِنْدَ مُنَاهَضَةِ الْحُصُوْنِ وَلِقَاءِ الْعَدُوِّ

قلعوں پر دھاوا بولتے وقت اور دشمن سے مڈبھیڑ کے وقت نماز

کسی قلعہ پر فوج نے دھاوا بول رکھا ہو اور دشمن سے مڈبھیڑ ہو رہی ہو اور نماز کا وقت آجائے تو نماز کیسے پڑھی جائے؟

مُناهضة کے معنی ہیں: یکبارگی حملہ کرنا، دھاوا بولنا، اور لقاء العدو اور المناهضة کا مفہوم ایک ہے، ایسی نازک صورت میں اگر جنگ بند کردیں گے تو قلعہ ہاتھ سے نکل جائے گا، پس نماز کس طرح پڑھی جائے؟ آگے امام اوزاعی رحمہ اللہ کا قول لارہے ہیں۔

امام اوزاعی رحمہ اللہ کا تعارف: امام اوزاعی رحمہ اللہ کا نام عبدالرحمٰن بن عمرو ہے، یہ شام کے مجتہد ہیں، ان کا دعوی تھا کہ اسلام کا حربی نظام سب سے زیادہ ہم (شام والے) جانتے ہیں، چنانچہ جب امام محمد رحمہ اللہ نے طلبہ کی ضرورت سے السیر الصغیر لکھی اور وہ امام اوزاعی کو پہنچی تو انھوں نے یہ تبصرہ کیا کہ اہل عراق اسلام کا حربی نظام کیا جانیں، ان کے بڑے کی یہ کتاب ہے، اس میں سرسری باتیں ہیں، جیسے کوئی تعلیم الاسلام پڑھ کر کہے: مفتی کفایت اللہ صاحبؒ بس اتنی ہی فقہ جانتے تھے تو یہ بے دانشی کی بات ہوگی، مفتی صاحب نے یہ کتاب بچوں کے لئے لکھی ہے، وہ بچوں کا معیار سامنے رکھیں گے۔ امام محمد رحمہ اللہ نے بھی حدیث کے طلبہ کی ضرورت کے لئے رسالہ لکھا تھا مگر امام اوزاعی نے اس پر یہ تبصرہ کیا، اور یہ بھی کہا کہ میں اہل عراق کو بتاؤں گا کہ اسلام کا حربی نظام کیا ہوتا ہے؟ چنانچہ انھوں نے السیر الأوزاعی لکھی، اور اس میں جگہ جگہ امام محمدؒ پر رد کیا، جب یہ کتاب عراق پہنچی تو امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے اس کا رد لکھا جو الرد علی سیر الأوزاعی کے نام سے مطبوعہ ہے، اور امام محمد رحمہ اللہ نے رد نہیں لکھا بلکہ ایک دوسری کتاب السیر الکبیر لکھی، جس کی علامہ سرخسی رحمہ اللہ نے چار جلدوں میں شرح کی ہے جو مطبوعہ ہے، جب امام اوزاعی رحمہ اللہ نے اس کتاب کا مطالعہ کیا تو عراق والوں کا اس فن میں لوہا مان لیا اور فرمایا: مصنف نے کتاب میں اسلام کے حربی نظام کے تعلق سے جو باتیں لکھی ہیں وہ ہم نے آج تک نہیں سنیں، اس نے ہر مسئلہ حدیثوں سے ثابت کیا ہے، ورنہ میں کہتا: یہ شخص مسائل گھڑتا ہے!

غرض امام اوزاعی رحمہ اللہ کا یہ دعوی تھا کہ وہ اسلام کے حربی نظام کو سب سے زیادہ جانتے ہیں۔ اور یہ مسئلہ کہ قلعہ پر دھاوا بولنے کے دوران نماز کا وقت آجائے تو کیا کیا جائے؟ یہ اسلام کے حربی نظام سے متعلق مسئلہ ہے، اور اس زمانہ میں ہر محدث کے پاس سیر الاوزاعی ہوتی تھی، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ ان کا قول لائے ہیں۔

امام اوزاعیؒ فرماتے ہیں: اگر کسی قلعہ پر مسلمان فوج نے دھاوا بول رکھا ہو، اور بس فتح ہونے ہی والی ہو اور نماز کا وقت آجائے تو ہر شخص اشارے سے نماز پڑھے، یعنی رکوع وسجود کی جگہ اشارہ کرے، اور جو کھڑا ہے وہ کھڑے کھڑے اشارہ کرے اور جو گھوڑے پر ہے وہ گھوڑے پر ہی اشارہ کرے۔

اور امام اوزاعیؒ فرماتے ہیں: جنگ بند ہونے کے بعد یا اطمینان حاصل ہونے کے بعد دو رکعتیں پڑھیں، اور اس کا موقع نہ ہو تو ایک رکعت پڑھیں۔

اور حاشیہ میں امام زہری رحمہ اللہ کا قول لکھا ہے کہ اگر اشارہ سے بھی نماز پڑھنے کا موقع نہ ہو تو تکبیر تحریمہ کہہ کر سر سے اشارہ کر لینا کافی ہے، مگر اس کے نہ امام اوزاعی قائل ہیں نہ احناف، بلکہ ایسی صورت میں نماز مؤخر کی جائے گی،

تُستر پر جب دھاوا بولا گیا تھا تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کمانڈر تھے اور فجر سے پہلے جنگ شروع ہوئی تھی اور فجر کے پورے وقت میں جنگ ہوتی رہی، چنانچہ فجر کی نماز نہیں پڑھی گئی جب قلعہ فتح ہوا تو سورج نکل کر بلند ہو چکا تھا، اب سب نے فجر کی نماز قضا کی، معلوم ہوا کہ جب نماز کا موقع نہ ہو تو نماز مؤخر کی جائے گی، سر سے محض اشارہ کر لینا کافی نہیں۔

[٤-] بابُ الصَّلاَةِ عِنْدَ مُنَاهَضَةِ الْحُصُوْنِ وَلِقَاءِ الْعَدُوِّ

[١-] وَقَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: إِنْ كَانَ تَهَيَّأَ الْفَتْحُ، وَلَمْ يَقْدِرُوْا عَلَى الصَّلاَةِ، صَلُّوْا إِيْمَاءً، كُلُّ امْرِءٍ لِنَفْسِهِ، فَإِنْ لَمْ يَقْدِرُوْا عَلَى الإِيْمَاءِ أَخَّرُوْا الصَّلاَةَ، حَتَّى يَنْكَشِفَ الْقِتَالُ، أَوْ يَأْمَنُوْا، فَيُصَلُّوْا رَكْعَتَيْنِ، فَإِنْ لَمْ يَقْدِرُوْا صَلَّوْا رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ، فَإِنْ لَمْ يَقْدِرُوْا فَلاَ يُجْزِيْهِمُ التَّكْبِيْرُ، وَيُؤَخِّرُوْنَهَا حَتَّى يَأْمَنُوْا، وَبِهِ قَالَ مَكْحُوْلٌ.

[٢-] وَقَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: حَضَرْتُ عِنْدَ مُنَاهَضَةِ حِصْنِ تُسْتَرَ عِنْدَ إِضَاءَ ةِ الْفَجْرِ، واشْتَدَّ اشْتِعَالُ الْقِتَالِ، فَلَمْ يَقْدِرُوْا عَلَى الصَّلاَةِ، فَلَمْ نُصَلِّ إِلَّا بَعْدَ ارْتِفَاعِ النَّهَارِ، فَصَلَّيْنَاهَا وَنَحْنُ مَعَ أَبِيْ مُوْسَى، فَفُتِحَ لَنَا، قَالَ أَنَسٌ: وَمَا يَسُرُّنِيْ بِتِلْكَ الصَّلاَةِ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا.

ترجمہ: (۱) امام اوزاعیؒ کہتے ہیں: اگر فتح تیار ہو یعنی بس فتح ہونے ہی والی ہو اور نماز پڑھنے کا موقع نہ ہو تو لوگ اشارے سے نماز پڑھیں، یعنی ہر شخص اپنی نماز پڑھے یعنی تنہا نماز پڑھیں، پس اگر اشارہ سے نماز پڑھنے کی بھی صورت نہ ہو تو نماز کو مؤخر کریں، یہاں تک کہ جنگ ختم ہو جائے یا اطمینان حاصل ہو جائے، پس وہ دو رکعتیں پڑھیں اور اگر دو رکعتیں پڑھنے کا موقع نہ ہو تو ایک رکوع اور دو سجدے کریں، یعنی ایک رکعت پڑھیں، اور اگر ایک رکعت پڑھنا بھی ممکن نہ ہو تو ان کے لئے تکبیر کہنا کافی نہیں (جیسا کہ امام زہریؒ کہتے ہیں) بلکہ وہ نماز کو مؤخر کریں، یہاں تک کہ اطمینان حاصل ہو جائے، اور اسی کے مکحول رحمہ اللہ (تابعی) قائل ہیں۔

(۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: صبح کی روشنی میں تُستر قلعہ پر چڑھائی کے وقت میں حاضر تھا، لڑائی کی آگ خوب بھڑک رہی تھی، اور لوگ نماز پڑھنے پر قادر نہیں تھے، پس ہم نے سورج بلند ہونے کے بعد ہی نماز پڑھی، پس ہم نے وہ نماز پڑھی درانحالیکہ ہم حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے یعنی وہ فوج کے کمانڈر تھے، چنانچہ ہمارے لئے کھول دیا گیا یعنی قلعہ فتح ہو گیا، حضرت انسؓ کہتے ہیں: اور نہیں خوش کرتی مجھے اس نماز کے بدل دنیا اور جو کچھ اس میں ہے۔

تشریح: اس آخری جملہ کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:

ایک: اگر ہم وقت پر نماز پڑھتے تو دنیا و مافیہا سے بہتر ہوتا، جنگ کی وجہ سے جو نماز میں تاخیر کی اور بعد میں قضا پڑھی یہ

مجھے پسند نہیں۔

دوسرا مطلب: اُس صورتِ حال میں فجر کی نماز قضاء کر کے پڑھنے سے مجھے دنیا ومافیہا سے زیادہ خوشی ہوئی، اس صورت میں تلك کا مشار الیہ نماز ہے۔

[٩٤٥-] حدثنا يَحْيىٰ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ عُمَرُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ فَجَعَلَ يَسُبُّ كُفَّارَ قُرَيْشٍ، وَيَقُوْلُ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا صَلَّيْتُ الْعَصْرَ حَتّٰى كَادَتِ الشَّمْسُ أَنْ تَغِيْبَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَأَنَا وَاللّٰهِ! مَا صَلَّيْتُهَا بَعْدُ" قَالَ: فَنَزَلَ إِلىٰ بُطْحَانَ فَتَوَضَّأَ وَصَلَّى الْعَصْرَ بَعْدَ مَا غَابَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ بَعْدَهَا.

[راجع: ٥٩٦]

وضاحت: یہ حدیث کئی مرتبہ گذر چکی ہے، غزوۂ خندق میں ایک دن نبی ﷺ کی عصر کی نماز قضاء ہوگئی، کفار کا دباؤ بہت زیادہ تھا اور نماز پڑھنے کی کوئی صورت نہیں تھی، آپؐ نے سواری پر یا پیدل اشارہ سے نماز پڑھنے کے بجائے نماز قضاء کی اور سورج غروب ہونے کے بعد بطحان نامی میدان میں پہلے عصر پڑھائی پھر مغرب پڑھائی، اسی لئے میں نے کہا تھا کہ سواری پر یا پیدل اشارہ سے نماز پڑھنے سے بہتر نماز کو مؤخر کرنا ہے۔

بَابُ صَلَاةِ الطَّالِبِ وَالْمَطْلُوْبِ رَاكِبًا وَإِيْمَاءً

طالب اور مطلوب کی نماز سوار ہوکر اور اشارے سے

امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک طالب (وہ شخص جو دشمن کے تعاقب میں چل رہا ہے) اور مطلوب (جس کے پیچھے دشمن آرہا ہے) دونوں کے لئے سواری پر فرض پڑھنا جائز ہے، اور حنفیہ کے نزدیک مطلوب کے لئے تو جائز ہے کیونکہ اس کے لئے عذر ہے، اگر وہ نماز پڑھنے کے لئے رکے گا تو جان سے جائے گا، اور طالب کے حق میں عذر نہیں، پس اس کے لئے جائز نہیں، اور یہ مسئلہ اجتہادی ہے منصوص نہیں۔

ولید ایک محدث ہیں، انھوں نے امام اوزاعی رحمہ اللہ سے پوچھا کہ اسلامی کمانڈر شرحبیل بن السمط اور ان کے ساتھیوں نے چوپایوں کی پیٹھوں پر نماز پڑھی تھی، یعنی فوج چل بھی رہی تھی اور نماز بھی پڑھ رہی تھی، آپ اس سلسلہ میں کیا فرماتے ہیں؟ امام اوزاعیؒ نے فرمایا: مسئلہ یہی ہے، اگر نماز قضا ہونے کا اندیشہ ہو تو چلتی سواریوں پر نماز پڑھ سکتے ہیں۔

شرحبیل بن السمط مشہور جرنیل ہیں، مگر ان کا قول وفعل حجت نہیں اس لئے کہ وہ صحابی نہیں تابعی ہیں، اس لئے ولید نے بنو قریظہ والے واقعہ کو بطور استشہاد پیش کیا ہے۔

بنوقریظہ اور نبی ﷺ کے درمیان ناجنگ معاہدہ تھا، غزوۂ خندق میں جب کفار دس ہزار کا لشکر جرار لے کر مدینہ منورہ پر چڑھ آئے تو بنوقریظہ عہد شکنی کر کے قریش کے ساتھ مل گئے، غزوہ سے واپسی کے بعد آپؐ نے اور تمام مسلمانوں نے ہتھیار اتار دیئے، حضرت جبرئیل علیہ السلام ایک خچر پر سوار ہو کر عمامہ باندھے ہوئے تشریف لائے اور فرمایا: یارسول اللہ! آپؐ نے ہتھیار اتار دیئے، مگر ہم فرشتوں نے ابھی تک ہتھیار نہیں اتارے، آپؐ نے پوچھا: کیا حکم ہے؟ انھوں نے بنوقریظہ کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: میں آگے جا رہا ہوں، ان لوگوں کے دلوں میں خوف پیدا کروں گا، چنانچہ نبی ﷺ نے حکم دیا کہ ہر شخص بنوقریظہ میں عصر کی نماز پڑھے، یہ نماز ظہر کے بعد کا واقعہ ہے، راستہ میں جب نماز عصر کا وقت آیا تو اختلاف ہوا، بعض نے کہا: ہم بنوقریظہ میں پہنچ کر نماز عصر پڑھیں گے، کیونکہ ہمیں آپؐ نے یہی حکم دیا ہے، اور بعض نے کہا: نبی ﷺ کا مقصد یہ نہ تھا کہ نماز قضا کی جائے بلکہ آپؐ کا مقصد یہ تھا کہ جلد از جلد بنوقریظہ پہنچا جائے، چنانچہ انھوں نے راستہ میں عصر کی نماز ادا کی، نبی ﷺ اگلی صبح تشریف لائے، آپؐ کے سامنے اس اختلاف کا ذکر آیا، آپؐ نے دونوں جماعتوں میں سے کسی کو ملامت نہیں کی، نہ ان لوگوں سے کچھ کہا جنھوں نے ظاہر امر کا امتثال کرتے ہوئے نماز کو قضا کیا تھا، اور نہ ان لوگوں کو کچھ کہا جنھوں نے امر کا اصل منشاء سمجھ کر راستہ میں نماز ادا کی تھی، مگر اس واقعہ میں یہ بات کہاں ہے کہ جن حضرات نے راستہ میں نماز پڑھی تھی انھوں نے چلتی سواری پر پڑھی تھی؟ پس اس حدیث سے کیسے استدلال کریں گے۔

[٥-] بابُ صَلاَةِ الطَّالِبِ وَالْمَطْلُوْبِ رَاكِبًا وَإِيْمَاءً

وَقَالَ الْوَلِيْدُ: ذَكَرْتُ لِلْأَوْزَاعِيِّ صَلاَةَ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ وَأَصْحَابِهِ عَلٰى ظَهْرِ الدَّابَّةِ، فَقَالَ: كَذٰلِكَ الْأَمْرُ عِنْدَنَا إِذَا تُخُوِّفَ الْفَوْتُ، وَاحْتَجَّ الْوَلِيْدُ بِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لاَيُصَلِّيَنَّ أَحَدٌ الْعَصْرَ إِلَّا فِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ"

[٩٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لَنَا لَمَّا رَجَعَ مِنَ الْأَحْزَابِ: "لاَ يُصَلِّيَنَّ أَحَدٌ الْعَصْرَ إِلَّا فِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ". فَأَدْرَكَ بَعْضُهُمُ الْعَصْرَ فِي الطَّرِيْقِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لاَ نُصَلِّيْ حَتَّى نَأْتِيَهَا. وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ نُصَلِّيْ، لَمْ يُرِدْ مِنَّا ذٰلِكَ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يُعَنِّفْ أَحَدًا مِنْهُمْ. [انظر: ٤١١٩]

ترجمہ: ولید کہتے ہیں: میں نے امام اوزاعی رحمہ اللہ سے شرحبیل بن السمط اور ان کے رفقاء کی نماز کا تذکرہ کیا جو انھوں نے چوپایوں کی پیٹھ پر پڑھی تھی، امام اوزاعی نے کہا: ہمارے نزدیک مسئلہ یہی ہے جب نماز فوت ہونے کا اندیشہ ہو، اور ولید نے نبی ﷺ کے قول "ہرگز کوئی عصر کی نماز نہ پڑھے مگر بنوقریظہ میں" سے استدلال کیا ہے۔

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ہم سے فرمایا جب آپؐ غزوۂ احزاب سے لوٹے: "ہرگز کوئی

عصر کی نماز نہ پڑھے مگر بنوقریظہ میں''، پس بعض نے راستہ میں عصر کا وقت پایا تو بعض نے کہا: ہم عصر نہیں پڑھیں گے یہاں تک کہ ہم بنوقریظہ پہنچیں اور بعض نے کہا: ہم نماز پڑھیں گے، آپؐ کا یہ مطلب نہیں تھا کہ ہم نماز قضاء کریں، پس یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی گئی تو آپؐ نے ان میں سے کسی کو بھی ملامت نہیں کی۔

بابُ التَّکْبِیْرِ وَالْغَلَسِ بِالصُّبْحِ وَالصَّلاَۃِ عِنْدَ الإِغَارَۃِ وَالْحَرْبِ

تکبیر کہنا اور صبح کی تاریکی میں فجر کی نماز پڑھنا، اور حملہ اور جنگ کے وقت نماز پڑھنا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر صبح سویرے دشمن پر حملہ کرنا ہو تو فجر کی نماز اول وقت (غلس میں) پڑھ لینی چاہئے، کیونکہ جب جنگ شروع ہو جائے گی تو دشمن نماز پڑھنے کا موقع نہیں دے گا۔ نبی ﷺ خیبر میں رات میں پہنچے تھے اور غلس میں فجر کی نماز ادا فرمائی تھی، حضور اقدس ﷺ کی سیرت میں شب خون مارنا نہیں تھا کیونکہ اندھیرے میں بچے اور عورتیں پس جاتے ہیں، اور اسلام عورتوں اور بچوں کے قتل کا روادار نہیں، البتہ آپؐ کی سیرت طیبہ میں سب سے اہم بات یہ تھی کہ آپؐ دشمن کو غافل رکھ کر اچانک اس کے سر پر پہنچ جاتے تھے، دشمن کو حملہ کی کانوں کان خبر نہیں ہونے دیتے تھے، غزوۂ خیبر کے موقع پر آپؐ پندرہ سو صحابہ کے ساتھ اچانک رات میں خیبر پہنچے، اس وقت یہودی قلعہ بند ہو کر سو رہے تھے، آپؐ نے نماز فجر اول وقت ادا فرمائی اور فوجیوں کو ریہرسل کا حکم دیا، اور خود بھی گھوڑے پر سوار ہو کر ریہرسل میں شریک ہوئے، اس جنگ میں تین سو گھوڑے تھے، انھوں نے چاروں طرف دوڑنا شروع کیا، اور ایک ہنگامہ بپا کر دیا، جب یہود کدال، پھاوڑے اور بورے لے کر قلعہ سے باہر نکلے تو حیران رہ گئے، وہ یہ کہتے ہوئے کہ محمد بہت بڑا لشکر لے کر آ گئے: الٹے پاؤں بھاگے، حالانکہ کل پندرہ سو صحابہ تھے، آپؐ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور فرمایا: خیبر کا ناس ہوا! اس سے اور رعب چھا گیا، یہ جو آپؐ راتوں رات خیبر پہنچ گئے اور دشمن کو کانوں کان خبر نہ ہونے دی، اسی کا نام الإغارۃ ہے، نبی ﷺ کی کامیابیوں کا بڑا مدار اسی طریقہ پر تھا۔

ملحوظہ: التکبیر اور التبکیر دونوں نسخے ہیں، گیلری میں التبکیر ہے، تکبیر کے معنی ہیں: نعرۂ تکبیر بلند کرنا اور تبکیر کے معنی ہیں: صبح سویرے نماز پڑھنا۔ والغلس: عطف تفسیری ہے یعنی فجر کی نماز صبح صادق کے بعد فوراً اندھیرے میں پڑھ لی جائے، اور الصبح اور الصلوۃ: دونوں سے نماز فجر مراد ہے، اور الإغارۃ اور الحرب: مترادف ہیں، اور عطف تفسیری ہے اور باب کا حاصل یہ ہے کہ اگر صبح سویرے حملہ کرنا ہو تو فجر کی نماز اول وقت پڑھ لی جائے، پھر جنگ شروع کی جائے۔

[٦-] بابُ التَّکْبِیْرِ وَالْغَلَسِ بِالصُّبْحِ وَالصَّلاَۃِ عِنْدَ الإِغَارَۃِ وَالْحَرْبِ

[٩٤٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ صُهَیْبٍ، وَثَابِتٍ الْبُنَانِیِّ، عَنْ أَنَسٍ

ابْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى الصُّبْحَ بِغَلَسٍ ثُمَّ رَكِبَ فَقَالَ: " اللّٰهُ أَكْبَرُ! خَرِبَتْ خَيْبَرُ! إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ" فَخَرَجُوْا يَسْعَوْنَ فِيْ السِّكَكِ، وَيَقُوْلُوْنَ: مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ – قَالَ وَالْخَمِيْسُ: الْجَيْشُ– فَظَهَرَ عَلَيْهِمْ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَتَلَ الْمُقَاتِلَةَ وَسَبَى الذَّرَارِيَّ. فَصَارَتْ صَفِيَّةُ لِدِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ، وَصَارَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ تَزَوَّجَهَا، وَجَعَلَ صَدَاقَهَا عِتْقَهَا، فَقَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ لِثَابِتٍ: يَا أَبَا مُحَمَّدٍ، أَ أَنْتَ سَأَلْتَ أَنَسًا: مَا أَمْهَرَهَا، قَالَ: أَمْهَرَهَا نَفْسَهَا؟ قَالَ: فَتَبَسَّمَ.[راجع: ۳۷۱]

وضاحت: حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الصلوٰۃ (ثیاب المصلی) باب۱۲ (حدیث ۳۷۱، تحفۃ القاری ۲:۲۰۱) میں ملاحظہ کریں۔ **قولہ: فقال عبد العزیز إلخ:** عبدالعزیز بن صہیب نے ثابت بنانی سے پوچھا: اے ابومحمد (ثابت کی کنیت) کیا آپ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا تھا کہ کیا مہر دیا ان کو؟ حضرت انسؓ نے کہا: ان کی ذات ان کا مہر تھی؟ (یہاں تک سوال ہے) عبدالعزیز کہتے ہیں: پس ثابت مسکرائے یعنی انھوں نے اقرار کیا کہ انھوں نے حضرت انسؓ سے یہ بات پوچھی ہے اور حضرت انسؓ نے مذکورہ جواب دیا تھا (نبی ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو سات بردوں کے عوض حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ سے خریدا تھا یا بدلا تھا، اور وہ ثمن ہی ان کا مہر تھا، محض عتق مہر نہیں تھا تفصیل (تحفۃ القاری ۲:۲۰۲) میں گذر چکی ہے)

﴿الحمدللہ! ابواب صلوٰۃ الخوف کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتَابُ الْعِیْدَیْنِ

عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کا بیان

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ الْعِیْدَیْنِ وَالتَّجَمُّلِ فِیْهِمَا

عیدوں میں آراستہ ہونے کا بیان

تجمل کے معنی ہیں: آراستہ ہونا، خوبصورت بننا، عیدین میں نہانا، دھونا، شاندار اور نئے یا دھلے ہوئے کپڑے پہننا، خوشبو لگانا اور مزین ہونا مطلوب ہے، پہلے حدیث گذری ہے کہ مدینہ منورہ میں ریشمی سوٹ بکنے کے لئے آئے تھے جو بہت شاندار اور خوبصورت تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان میں سے ایک سوٹ لے کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! یہ سوٹ خرید لیجئے تا کہ عیدین میں اور وفود سے ملنے کے وقت آپ اسے زیب تن فرمائیں، معلوم ہوا کہ ان موقعوں پر زیب وزینت مستحب ہے، جبھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ مشورہ دیا تھا۔

بسم الله الرحمن الرحيم

۱۳- كِتَابُ الْعِيْدَيْنِ

[۱-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ الْعِيْدَيْنِ وَالتَّجَمُّلِ فِيْهِمَا

[۹۴۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: أَخَذَ عُمَرُ جُبَّةً مِنْ إِسْتَبْرَقٍ تُبَاعُ فِيْ السُّوْقِ، فَأَخَذَهَا فَأَتَى بِهَا رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! ابْتَعْ هٰذِهِ، تَجَمَّلْ بِهَا لِلْعِيْدِ وَالْوُفُوْدِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّمَا هٰذِهِ لِبَاسُ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ" فَلَبِثَ عُمَرُ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَلْبَثَ، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِجُبَّةِ دِيْبَاجٍ، فَأَقْبَلَ بِهَا عُمَرُ، فَأَتَى بِهَا رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ! إِنَّكَ

قُلْتَ:" إِنَّمَا هٰذِهِ لِبَاسُ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ" وَأَرْسَلْتَ إِلَيَّ بِهٰذِهِ الْجُبَّةِ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" تَبِيْعُهَا أَوْ: تُصِيْبُ بِهَا حَاجَتَكَ" [راجع: ٨٨٦]

ترجمہ: یہ حدیث پہلے گذری ہے، ابن عمرؓ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک ریشمی جبہ لیا جو بازار میں بک رہا تھا (پہلے حدیث میں حُلَّة (سوٹ) آیا تھا، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے) حضرت عمرؓ نے اس کو لیا اور اس کو لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! اس کو خرید لیجئے، اس کے ذریعہ عیدین اور وفود سے ملنے کے وقت زینت اختیار کیجئے (پہلے حدیث میں جمعہ کا ذکر تھا، جمعہ بھی چھوٹی عید ہے) ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ لباس اسی کے لئے ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، پس حضرت عمرؓ جب تک اللہ نے چاہا ٹھہرے رہے یعنی اس واقعہ کے بعد ایک عرصہ گذر گیا، پھر رسول اللہ ﷺ نے ان کے پاس ایک ریشمی جبہ بھیجا، حضرت عمرؓ وہ جبہ لے کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا تھا: یہ لباس اس کے لئے ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، اور آپؐ نے میرے پاس یہ جبہ بھیجا ہے! نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: اس کو بیچ دو یا فرمایا: اس کے ذریعہ اپنی حاجت پوری کرو، یعنی میں نے یہ جبہ پہننے کے لئے نہیں بھیجا بلکہ بیچ کر یا کسی اور طرح سے اس کو اپنی ضرورت میں صرف کرو، چنانچہ حضرت عمرؓ نے وہ جبہ اپنے ایک رضاعی بھائی کو جو مکہ میں رہتا تھا اور ابھی مسلمان نہیں ہوا تھا بطور ہدیہ بھیج دیا تاکہ وہ اسلام کی طرف راغب ہو۔

بَابُ الْحِرَابِ وَالدَّرَقِ يَوْمَ الْعِيْدِ

عید کے دن چھوٹے نیزے اور ڈھال کا کھیل

الحِرَاب: الحَرْبَة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: چھوٹا نیزہ، اور الدَّرَق: الدَّرَقَة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: سپر، ڈھال۔ عید کے دن چھوٹے نیزے اور ڈھال کا کھیل کھیلنے کا کیا حکم ہے؟ یہ ایک قسم کی فوجی مشق ہے، دو شخص ہاتھوں میں چھوٹے نیزے اور ڈھال لے کر ایک دوسرے کا سامنا کرتے ہیں، ہر ایک دوسرے پر حملہ کرتا ہے، دوسرا ڈھال سے وار روکتا ہے اور جوابی حملہ کرتا ہے، یہ خطرناک کھیل ہے، عرب اس کھیل کے زیادہ ماہر نہیں تھے، حبشہ والے اس کے ماہر تھے، حبشہ عرب سے ملا ہوا ایک غریب ملک تھا، وہاں سے لوگ عرب میں مزدوری کرنے کے لئے آتے تھے۔

اس باب کا مقصد کیا ہے؟ علامہ عینی رحمہ اللہ نے باب کا مقصد یہ بیان کیا ہے کہ عید کا دن انبساط وانشراح کا دن ہے، اس دن بعض ایسی باتوں سے درگذر کیا جائے جن سے دوسرے وقت میں درگذر نہیں کیا جائے گا، کھیل کود کوئی پسندیدہ چیز نہیں، مگر عید کے دن اہل حبشہ نے نیزہ اور ڈھال کا کھیل کھیلا تو نبی ﷺ نے درگذر فرمایا، اور حدیث شریف میں یہ واقعہ بھی آرہا ہے کہ آپؐ گھر میں تشریف لائے تو دو لڑکیاں دف بجارہی تھیں اور جنگ بُعاث میں جو لوگ مارے گئے تھے اور ان کے جو مرثیے کہے گئے تھے وہ پڑھ رہی تھیں، آپؐ نے کچھ نہیں فرمایا بلکہ ایک طرف منہ کر کے لیٹ گئے، تھوڑی دیر کے بعد

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے، انھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ڈانٹا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں یہ شیطانی چرخہ کیسا؟ آپؐ نے حضرت ابوبکرؓ سے فرمایا: رہنے دو، پڑھنے دو، پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے چپکے سے ان دونوں لڑکیوں کو چلتا کیا۔ دف بجانا نامناسب کام ہے اس کو حضرت ابوبکرؓ نے شیطان کی بانسری قرار دیا ہے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف نظر کیا، معلوم ہوا کہ سرور وانبساط کے دن بعض ایسی باتوں سے درگذر کیا جائے گا جن سے دوسرے وقت میں درگذر نہیں کیا جاتا۔ علامہ عینی رحمہ اللہ نے باب کا یہ مقصد بیان کیا ہے۔

اور حضرت الاستاذ قدس سرہ نے باب کا یہ مقصد بیان کیا تھا کہ عید کے دن فوجی مشق اچھی بات ہے۔ عید کا دن خوشی کا دن ہے اس دن کھیلنے کو طبیعت چاہتی ہے پس وہ کھیل کھیلنا چاہئے جو ہم خرما ہم ثواب ہو، فوجی مشق میں شوکت اسلام کا اظہار بھی ہے اور طبیعت کا تقاضہ بھی پورا ہوجاتا ہے۔

اور باب کی حدیث سے دوطرح سے فوجی مشق کا استحسان ثابت ہوتا ہے، ایک: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دُوْنکم یا بنی أرفدۃ: بنوارفدہ: حبشہ والوں کا لقب ہے جیسے عرب کے اونچے خاندان کا لقب: بنو ماء السماء تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنوارفدۃ! کھیلو! دوم: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیر تک ان کا کھیل دیکھا، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بھی جب تک وہ ملول نہ ہوگئیں دکھایا ان دونوں باتوں سے فوجی مشق کا استحسان نکلتا ہے۔

[۲-] بابُ الْحِرَابِ وَالدَّرَقِ یَوْمَ الْعِیْدِ

[۹۴۹-] حدثنا أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَمْرٌو، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَسَدِیَّ حَدَّثَهُ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَیَّ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم وَعِنْدِیْ جَارِیَتَانِ تُغَنِّیَانِ بِغِنَاءِ بُعَاثَ، فَاضْطَجَعَ عَلَی الْفِرَاشِ، وَحَوَّلَ وَجْهَهُ، وَدَخَلَ أَبُوْ بَكْرٍ فَانْتَهَرَنِیْ، وَقَالَ: مِزْمَارَةُ الشَّیْطَانِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم! فَأَقْبَلَ عَلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَقَالَ: "دَعْهُمَا" فَلَمَّا غَفَلَ غَمَزْتُهُمَا فَخَرَجَتَا. [انظر: ۹۵۲، ۹۸۷، ۲۹۰۷، ۳۵۳۰، ۳۹۳۱]

[۹۵۰-] وَكَانَ یَوْمُ عِیْدٍ، یَلْعَبُ فِیْهِ السُّوْدَانُ بِالدَّرَقِ وَالْحِرَابِ، فَإِمَّا سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَإِمَّا قَالَ: "أَتَشْتَهِیْنَ تَنْظُرِیْنَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ. فَأَقَامَنِیْ وَرَاءَهُ، خَدِّیْ عَلٰی خَدِّهِ، وَهُوَ یَقُوْلُ: "دُوْنَكُمْ یَا بَنِیْ أَرْفِدَةَ" حَتّٰی إِذَا مَلِلْتُ قَالَ: "حَسْبُكِ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "فَاذْهَبِیْ"[راجع: ۴۵۴]

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میرے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے درانحالیکہ میرے پاس دولڑکیاں تھیں جو جنگ بُعاث میں مارے گئے لوگوں کے مرثیے گارہی تھیں، یعنی پڑھ رہی تھیں، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم بستر پر لیٹ گئے اور اپنا چہرہ دوسری طرف کرلیا، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے، اور انھوں نے مجھے جھڑکا اور فرمایا: آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

شیطان کی بانسری! پس نبی ﷺ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: ان کو رہنے دو یعنی پڑھنے دو، پس جب آپؐ بے خبر ہوئے تو میں نے دونوں کو آنکھ ماری پس وہ دونوں چل دیں۔

حدیث (۲): اور عیدین کا دن تھا، اس میں حبشہ کے لوگ ڈھال اور نیزے سے کھیلا کرتے تھے، پس یا تو میں نے رسول اللہ ﷺ سے درخواست کی یا خود آپؐ نے فرمایا: کیا تم کھیل دیکھنا چاہتی ہو؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں، پس آپؐ نے مجھے اپنے پیچھے کھڑا کیا، میرا رخسار آپؐ کے رخسار پر تھا درانحالیکہ آپؐ فرمارہے تھے: اے بنوارفدۃ! کھیلو، یہاں تک کہ جب میں ملول ہوگئی تو آپؐ نے پوچھا: کافی ہوگیا؟ میں نے کہا: جی ہاں، آپؐ نے فرمایا: پس چلی جاؤ۔

بَابُ سُنَّةِ الْعِيْدَيْنِ لِأَهْلِ الإِسْلَامِ

مسلمانوں کے لئے خوشی کے دو دن

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ دنیا میں ہر قوم کے لئے خوشی کا کوئی دن ہوتا ہے، اللہ عزوجل نے اس امت کے لئے خوشی کے دو دن مقرر کئے ہیں: عید الاضحیٰ اور عید الفطر، مگر مسلمانوں کا طریقہ دیگر اقوام سے مختلف ہے، اسلام نے خوشی کے دنوں میں بھی سب سے پہلا کام عبادت مقرر کیا ہے، دوسری قومیں خوشی کے دنوں میں شور شرابا کرتی ہیں، وہ کوئی عبادت نہیں کرتیں، ہم سب سے پہلے دوگانہ ادا کرتے ہیں۔

باب میں جو حدیثیں ہیں ان میں سے پہلی حدیث میں یہی مضمون ہے پھر چونکہ یہ دونوں دن سرور وانبساط کے دن ہیں اس لئے دیگر خوشی کے کام بھی جائز ہیں، بلکہ ایسے کام جو گونہ مناسب نہیں ان سے بھی صرف نظر کی جاتی ہے، جیسے دو باندیاں اشعار پڑھ رہی تھیں، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے منع کیا مگر نبی ﷺ نے فرمایا: **دَعْهُمَا**: پڑھنے دو، بلکہ اگر لوگ کوئی ایسا کام کریں جو ہم خرما ہم ثواب ہو مثلاً فوجی مشق کریں تو سبحان اللہ! حبشیوں نے مسجدِ نبوی کے صحن میں یہ مشق کی تھی اور نبی ﷺ نے اس کو دیکھا تھا، سرور وخوشی کا اظہار بھی ہوگیا اور اسلامی شوکت کا اظہار اور فوج کی تیاری کا سامان بھی ہوگیا، باب کی دوسری حدیث میں اسی کا ذکر ہے، دونوں حدیثوں کے درمیان امام بخاری رحمہ اللہ نے شاندار ترتیب قائم کی ہے، پہلی حدیث ہے کہ ان دو دنوں میں سب سے پہلا کام عبادت ہے پھر دوسری حدیث میں دوسری چیزوں کی گنجائش کا ذکر ہے۔

[۳-] بَابُ سُنَّةِ الْعِيْدَيْنِ لِأَهْلِ الإِسْلَامِ

[۹۵۱-] حدثنا حَجَّاجٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زُبَيْدٌ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ، فَقَالَ:" إِنَّ أَوَّلَ مَا نَبْدَأُ فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا أَنْ نُصَلِّيَ، ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ، فَمَنْ فَعَلَ فَقَدْ أَصَابَ سُنَّتَنَا"

[انظر: ۹۵۵، ۹۶۵، ۹۶۸، ۹۷۶، ۹۸۳، ۵۵۴۵، ۵۵۵۶، ۵۵۵۷، ۵۵۶۰، ۵۵۶۳، ۶۶۷۳]

[۹۵۲-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ أَبُوْ بَكْرٍ وَعِنْدِيْ جَارِيَتَانِ مِنْ جَوَارِيْ الْأَنْصَارِ، تُغَنِّيَانِ مِمَّا تَقَاوَلَتِ الْأَنْصَارُ يَوْمَ بُعَاثَ، قَالَتْ: وَلَيْسَتَا بِمُغَنِّيَتَيْنِ، فَقَالَ أَ بُوْ بَكْرٍ: بِمَزَامِيْرِ الشَّيْطَانِ فِيْ بَيْتِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم! وَذٰلِكَ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم "يَا أَبَا بَكْرٍ! إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيْدًا، وَهٰذَا عِيْدُنَا"[راجع: ۹۴۹]

حدیث (۱): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو خطبہ میں فرماتے ہوئے سنا: سب سے پہلا کام جو ہم اس دن میں کریں نماز ہے (یہاں باب ہے کہ عید کے دن سب سے پہلے بارگاہِ خداوندی میں دوگانہ ادا کرنا چاہئے) پھر ہم لوٹ کر قربانی کریں گے، پس جس نے یہ کیا اس نے ہمارے طریقہ کو پایا (لفظ سنت یہاں سے باب میں لیا ہے)

حدیث (۲): یہ حدیث ابھی گذری ہے، جاریۃ کے معنی باندی ہی کے نہیں ہیں، مطلق لڑکی کو بھی جاریۃ کہتے ہیں، اور ممکن ہے وہ باندیاں ہوں، تُغَنِّیَان: دونوں گارہی تھیں، یعنی انصار نے جنگ بعاث کے سلسلہ میں جو اشعار کہے ہیں وہ پڑھ رہی تھیں، خود صدیقہ فرماتی ہیں: وہ گانے والی عورتیں نہیں تھیں۔ مِزْمَار: بانسری، میں نے ترجمہ کیا تھا شیطانی چرخہ، اس میں اشارہ کیا تھا کہ یہ گونہ نامناسب کام تھا مگر نبی ﷺ نے اس سے صرف نظر کیا۔

بابُ الْأَكْلِ يَوْمَ الْفِطْرِ قَبْلَ الْخُرُوْجِ

یوم الفطر میں کچھ کھا کر عید کے لئے جانا

عربوں میں چائے ناشتہ کا رواج نہیں تھا، رات میں پانی میں کھجوریں بھگا دیتے تھے اور صبح نبیذ پی لیتے تھے اور یہ بھی بڑوں کو میسر تھا، عام لوگوں میں کوئی چیز پینے کا رواج نہیں تھا، لیکن عید الفطر میں عید کی نماز کے لئے جانے سے پہلے نبی ﷺ بریک فاسٹ کرتے تھے، یہ انگریزی لفظ ہے اور یہ لفظ میں نے مسئلہ سمجھانے کے لئے بولا ہے، فاسٹ کے معنی ہیں: روزہ اور بریک کے معنی ہیں: توڑنا، پھر بریک فاسٹ ناشتہ کے لئے استعمال ہونے لگا، مگر میں نے اس کو ناشتہ کے معنی میں نہیں لیا، بلکہ لغوی معنی میں استعمال کیا ہے اگر آپ صبح صادق کے بعد کچھ نہ کھائیں تو ایسا محسوس ہوگا کہ آپ نے روزہ رکھ رکھا ہے، اور جب آپ نے کوئی چیز کھالی تو گویا روزہ توڑ دیا، اور عید الفطر کے دن روزہ رکھنا حرام ہے، پس فجر کے بعد بریک فاسٹ کرنا چاہئے یعنی کچھ کھا پی کر یہ بات ظاہر کرنی چاہئے کہ آج روزہ نہیں ہے، سہارن پور میں ہم حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب قدس سرہ کے یہاں اعتکاف کرتے تھے، عید کے دن کا معمول یہ تھا کہ نماز فجر کا سلام پھیرتے ہی خادم کھڑا ہوتا اور ہر ایک کو ایک ایک کھجور دیتا، اور دوسرا خادم پیچھے لوٹا لے کر سب کو ایک ایک گھونٹ پانی پلاتا، اس کے بعد تسبیحات ہوتیں پھر دعا ہوتی، یعنی عید الفطر کے دن پہلی فرصت میں بریک فاسٹ کرنا چاہئے۔ نبی ﷺ کا یہی معمول تھا، فجر کے بعد کھجور یا چھوہارے کھا کر عید کی نماز کے لئے تشریف لے جاتے تھے اور طاق عدد کھاتے تھے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ

کو طاق عدد پسند ہے، اور اگر کھجور میسر نہ ہو تو جو بھی چیز میسر ہو کھا کر عیدگاہ جانا چاہئے یہی سنت ہے۔

[٤-] بابُ الأَكْلِ يَوْمَ الْفِطْرِ قَبْلَ الْخُرُوْجِ

[٩٥٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، أَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لاَ يَغْدُوْ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتَّى يَأْكُلَ تَمَرَاتٍ.

وَقَالَ مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: وَيَأْكُلُهُنَّ وِتْرًا.

وضاحت: مُرَجّی: مختلف فیہ راوی ہے، بخاری میں اس کی یہی ایک روایت ہے اور یہ تعلیق تین مقصد سے لائے ہیں: **ایک:** تحدیث کی صراحت کرنے کے لئے، اوپر عبیداللہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بصیغہ عن روایت کیا ہے اور اس میں تحدیث کی صراحت ہے، **دوم:** ہُشیم کا متابع پیش کرنا مقصود ہے، **سوم:** اس روایت میں صراحت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھجور طاق عدد سے کھاتے تھے، یہ تین باتیں بیان کرنے کے لئے یہ تعلیق لائے ہیں۔

بابُ الأَكْلِ يَوْمَ النَّحْرِ

عیدقربان کے دن کھانا

عیدالاضحیٰ میں عید سے پہلے کھانے میں کوئی مصلحت نہیں اور عربوں میں ناشتہ کا رواج بھی نہیں تھا، اس لئے عیدالاضحیٰ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کچھ کھائے بغیر عیدگاہ تشریف لے جاتے تھے اور نماز عید سے فارغ ہو کر قربانی کرتے تھے، اور اس کا گوشت کھاتے تھے، قربانی کا گوشت اللہ تعالیٰ کی طرف سے دعوت ہے، لہٰذا عیدالاضحیٰ میں نماز سے پہلے کوئی چیز نہ کھائے بلکہ نماز کے بعد اپنی قربانی کا گوشت کھائے بھوکا ہوگا تو قربانی کا گوشت رغبت سے کھائے گا، البتہ چائے پان مستثنیٰ ہیں کیونکہ ان سے پیٹ نہیں بھرتا، اسی طرح اگر قربانی میں دیر لگ جائے تو ناشتہ بھی کر سکتا ہے، عرب تو خود ذبح کرتے تھے اور ان کا گوشت دس منٹ میں پک جاتا تھا اور ہمارے احوال ان سے مختلف ہیں، بعض کو تو کلیجی بھی دوپہر کو بارہ بجے نصیب ہوتی ہے، پس بے چارہ کب تک بھوکا رہے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ تمام ائمہ متفق ہیں کہ شہر اور قصبات میں جہاں عید واجب ہے نماز عید سے پہلے قربانی کرنا جائز نہیں، جب کسی بھی جگہ عید کی نماز ہو جائے تب قربانی صحیح ہے، خواہ قربانی کرنے والے نے عید کی نماز پڑھی ہو یا نہ پڑھی ہو، اور چھوٹے گاؤں میں جہاں عید کی نماز واجب نہیں: صبح صادق کے بعد قربانی درست ہے۔

باب میں حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے عید قربان کے دن تقریر فرمائی اور پہلی مرتبہ یہ مسئلہ بیان فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص قربانی نہ کرے جب تک عید کی نماز نہ ہوجائے، حضرت براءؓ کے ماموں کھڑے ہوئے اور انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ ایسا دن ہے جس میں گوشت ناگوار ہوجاتا ہے یعنی شروع میں تو گوشت کی طرف رغبت ہوتی ہے، پھر جب ہر طرف گوشت ہوجاتا ہے تو طبیعت گوشت سے ہٹ جاتی ہے اس لئے میں نے جلدی قربانی کرلی تاکہ گھر والے اور پڑوسی رغبت سے گوشت کھائیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آپ اپنی قربانی دوبارہ کریں، یعنی پہلی قربانی بیکار گئی، انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے پاس بکری کا ایک آٹھ نو ماہ کا بچہ ہے جو گھر کی بکری کے دودھ سے پلا ہے وہ گوشت کی دو بکریوں سے اچھا ہے، پس کیا میں اس کی قربانی کرسکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: کرسکتے ہو، اور یہ آپ کی دونوں قربانیوں میں سے بہتر قربانی ہے۔ اور آپ کے بعد کسی کے لئے جذع (ایک سال سے کم عمر کی بکری) کی قربانی جائز نہیں۔

اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جب نیا قانون بنتا ہے اور اس وقت جو الجھن پیش آتی ہے اس میں شریعت سہولت دیتی ہے، یہی تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، حضور اقدس ﷺ نے حضرت براء رضی اللہ عنہ کے ماموں کو ایک سال سے کم عمر کی بکری کی قربانی کرنے کی اجازت دی، کیونکہ یہ مسئلہ کہ نماز عید سے پہلے قربانی جائز نہیں، آج پہلی مرتبہ بیان کیا گیا ہے، اس وقت حضرت براءؓ کے ماموں کو جو الجھن پیش آئی اس میں سہولت دی گئی۔

[٥-] بابُ الأَكْلِ يَوْمَ النَّحْرِ

[٩٥٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلاَةِ فَلْيُعِدْ" فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: هٰذَا يَوْمٌ يُشْتَهَى فِيْهِ اللَّحْمُ، وَذَكَرَ مِنْ جِيْرَانِهِ، فَكَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَدَّقَهُ، قَالَ: وَعِنْدِيْ جَذَعَةٌ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ، فَرَخَّصَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَلاَ أَدْرِيْ أَبَلَغَتِ الرُّخْصَةُ مَنْ سِوَاهُ أَمْ لاَ؟

[انظر: ٩٨٤، ٥٥٤٦، ٥٥٤٩، ٥٥٦١]

[٩٥٥-] حدثنا عُثْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: خَطَبَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الأَضْحَى بَعْدَ الصَّلاَةِ، فَقَالَ: " مَنْ صَلَّى صَلاَ تَنَا، وَنَسَكَ نُسُكَنَا، فَقَدْ أَصَابَ النُّسُكَ، وَمَنْ نَسَكَ قَبْلَ الصَّلاَةِ فَإِنَّهُ قَبْلَ الصَّلاَةِ، وَلاَ نُسُكَ لَهُ" فَقَالَ أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ خَالُ الْبَرَاءِ: يَارسولَ اللّٰهِ! فَإِنِّيْ نَسَكْتُ شَاتِيْ قَبْلَ الصَّلاَةِ، وَعَرَفْتُ أَنَّ الْيَوْمَ يَوْمُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ، وَأَحْبَبْتُ أَنْ يَكُوْنَ شَاتِيْ أَوَّلَ شَاةٍ تُذْبَحُ فِيْ بَيْتِيْ، فَذَبَحْتُ شَاتِيْ، وَتَغَدَّيْتُ قَبْلَ أَنْ آتِيَ الصَّلاَةَ، قَالَ: شَاتُكَ شَاةُ لَحْمٍ" فَقَالَ:

يَارسولَ اللّٰهِ! فَإِنَّ عِنْدَنَا عَنَاقًا لَنَا جَذْعَةً، هِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَاتَيْنِ، أَفَتَجزِي عَنِّيْ؟ قَالَ: " نَعَمْ، وَلَنْ تَجزِيَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ"[راجع: ۹۵۱]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے نماز عید سے پہلے قربانی کی تو چاہئے کہ وہ قربانی دوبارہ کرے'' پس ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ ایسا دن ہے جس میں (شروع میں) گوشت رغبت سے کھایا جاتا ہے اور انھوں نے اپنے پڑوسیوں کا بھی تذکرہ کیا (کہ وہ غریب لوگ ہیں، ان میں قربانی کرنے کی استطاعت نہیں، اس لئے میں نے خیال کیا کہ جلدی قربانی کر کے ان کو گوشت پہنچاؤں تا کہ وہ رغبت سے کھائیں) پس گویا نبی ﷺ نے ان کو سچا سمجھا، انھوں نے عرض کیا: میرے پاس ایک سال سے کم عمر کی بکری ہے جو مجھے گوشت کی دو بکریوں سے زیادہ پسند ہے، پس نبی ﷺ نے ان کو اس کی قربانی کی اجازت دی (حضرت انسؓ کہتے ہیں:) پس میں نہیں جانتا کہ وہ اجازت اوروں کو پہنچی یا نہیں؟ (مگر اگلی روایت میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا تھا کہ یہ صرف تمہارے لئے جائز ہے اور کسی کے لئے جائز نہیں، حضرت انسؓ غیر متعلق آدمی ہیں اس لئے ان کو معلوم نہیں ہوا اور اگلی روایت حضرت براء رضی اللہ عنہ کی ہے، وہ صاحب واقعہ ابو بردۃ بن نیار کے بھانجے ہیں اور بھانجے کو ماموں کا معاملہ زیادہ محفوظ ہوتا ہے)

حدیث (۲): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے عید قربان میں نماز کے بعد خطبہ دیا پس فرمایا: جس نے ہماری طرح نماز پڑھی اور ہماری طرح قربانی کی یعنی عید کے بعد قربانی کی تو اس کی قربانی درست ہوئی، اور جس نے نماز سے پہلے قربانی کی تو اس نے نماز سے پہلے قربانی کی اور اس کی قربانی نہیں ہوئی۔ پس حضرت براءؓ کے ماموں ابو بردۃ بن نیارؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اپنی بکری نماز سے پہلے ذبح کر لی اور میں نے خیال کیا کہ آج کھانے پینے کا دن ہے اور میں نے پسند کیا کہ میری بکری میرے گھر میں ذبح کی جانے والی پہلی بکری ہو، پس میں نے اپنی بکری ذبح کر لی اور نماز میں آنے سے پہلے کھا بھی لی، آپؐ نے فرمایا: تمہاری بکری گوشت کی بکری ہے، یعنی تمہاری قربانی نہیں ہوئی، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے پاس ایک عناق (ایک سال سے کم عمر کی بکری) ہے جو مجھے دو بکریوں سے زیادہ پسند ہے، پس کیا وہ میری طرف سے قربانی میں کافی ہو جائے گی؟ آپؐ نے فرمایا: جی ہاں، لیکن آپ کے بعد کسی کی طرف سے کافی نہیں ہوگی۔

لغت: جَزَى الشيئُ يَجزِيْ جَزَاءً: کافی ہونا۔

مناسبت: ان حدیثوں کی باب کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ نبی ﷺ نے عید کے بعد قربانی کرنے کا حکم دیا ہے، اور قربانی کا گوشت اللہ کی دعوت ہے، پس عید کے دن سب سے پہلے اللہ کی دعوت کھانی چاہئے، اور اللہ کی دعوت قربانی کے بعد ہوگی اور قربانی نماز کے بعد ہوگی، پس باب ثابت ہو گیا کہ عید الاضحیٰ میں کھانا نماز کے بعد ہے۔

بابُ الْخُرُوْجِ إِلَی الْمُصَلَّی بِغَیْرِ مِنْبَرٍ

منبر ساتھ لئے بغیر عیدگاہ جانا

حضور اقدس ﷺ کے زمانہ میں عیدگاہ میں منبر نہیں لے جایا جاتا تھا، زمین پر کھڑے ہوکر آپؐ خطبہ دیتے تھے، لیکن چونکہ عیدگاہ میں مجمع بڑا ہوتا ہے اس لئے اگر منبر لے جایا جائے یا عیدگاہ میں منبر بنالیا جائے تو اس میں کچھ حرج نہیں، بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ کسی اونچے ٹیلے پر کھڑے ہوکر خطبہ دیا کرتے تھے، پس یہ بہ منزلہ منبر کے ہوگیا۔ مروان جب مدینہ منورہ کا گورنر بنا تو عیدگاہ میں منبر بنایا گیا، سب سے پہلے عیدگاہ میں منبر مروان نے بنایا، مروان کے بعض صحابہ کرام سے گہرے تعلقات تھے، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے بھی اس کے دوستانہ تعلقات تھے، ایک مرتبہ حضرت ابوسعیدؓ اور مروان دونوں ایک ساتھ گھر سے عیدگاہ کے لئے نکلے، اس طرح کہ ایک نے دوسرے کا ہاتھ پکڑ رکھا تھا، اچانک حضرت ابوسعیدؓ نے دیکھا کہ عیدگاہ میں منبر بنا ہوا ہے، کثیر بن الصلت نے مروان کے حکم سے عارضی منبر بنایا تھا، عیدگاہ میں پہنچ کر مروان منبر پر جانے لگا، حضرت ابوسعیدؓ نے اس کا ہاتھ پکڑ کر کھینچا کہ پہلے نماز پڑھا، اور مروان نے بھی اپنا ہاتھ کھینچا اور ہاتھ چھڑا کر منبر پر چلا گیا اور منبر پر جا کر اس نے کہا: ابوسعید! تم جو مسئلہ جانتے ہو وہ بدل گیا ہے، پہلے عید کی نماز کے بعد لوگ بیٹھتے تھے اور خطبہ سنتے تھے، اب لوگ نماز کے بعد نہیں بیٹھتے اور خطبہ نہیں سنتے، اس لئے اب میں خطبہ پہلے دوں گا تاکہ لوگ جھک مار کر خطبہ سنیں، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو بات میں جانتا ہوں وہ بہتر ہے اس بات سے جو آپ جانتے ہیں، بہرحال مروان نے سب سے پہلے نماز سے پہلے خطبہ دینا شروع کیا اور جب تک بنوامیہ کا دور رہا یہی سلسلہ چلتا رہا، وہ عیدین کے خطبے پہلے دیتے تھے اور نماز بعد میں پڑھاتے تھے، اس لئے کہ بنوامیہ خطبہ میں آلِ رسول کو برا بھلا کہتے تھے، کیونکہ حکومت کے سلسلہ میں بنوامیہ اور آلِ رسول میں ٹکر تھی، بنوامیہ حکومت کر رہے تھے اور آلِ رسول وقتاً فوقتاً ان کے خلاف بغاوت کرتے تھے، اور حکومت پر قبضہ کرنے کی کوشش کرتے تھے اس لئے ضروری تھا کہ عام لوگوں کا ذہن آلِ رسول سے ہٹایا جائے تاکہ لوگ ان کا ساتھ نہ دیں، اور وہ حکومت کے خلاف بغاوت نہ کرسکیں اس لئے بنوامیہ ان کی برائیاں کرتے تھے، ان پر لعن طعن کرتے تھے، اس لئے لوگ نہیں سنتے تھے، جب وہ سب وشتم شروع کرتے تو لوگ اٹھ کر چل دیتے تھے، اس لئے بنوامیہ عیدین سے پہلے خطبہ دیا کرتے تھے، پھر جب بنوامیہ کا دور ختم ہوگیا تو وہ بدعت بھی ختم ہوگئی، اب نماز پہلے پڑھی جاتی ہے اور خطبہ بعد میں دیا جاتا ہے۔

[٦-] بابُ الْخُرُوْجِ إِلَی الْمُصَلَّی بِغَیْرِ مِنْبَرٍ

[٩٥٦-] حَدَّثَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ أَبِیْ مَرْیَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ زَیْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ

عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ سَرْحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالأَضْحٰى إِلَى الْمُصَلّٰى، فَأَوَّلُ شَيْئٍ يَبْدَأُ بِهِ الصَّلاَةُ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ، فَيَقُوْمُ مُقَابِلَ النَّاسِ، وَالنَّاسُ جُلُوْسٌ عَلَى صُفُوْفِهِمْ، فَيَعِظُهُمْ وَيُوْصِيهِمْ وَيَأْمُرُهُمْ، فَإِنْ كَانَ يُرِيْدُ أَنْ يَقْطَعَ بَعْثًا قَطَعَهُ، أَوْ يَأْمُرَ بِشَيْئٍ أَمَرَ بِهِ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ.

فَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: فَلَمْ يَزَلِ النَّاسُ عَلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى خَرَجْتُ مَعَ مَرْوَانَ وَهُوَ أَمِيْرُ الْمَدِيْنَةِ فِيْ أَضْحٰى أَوْ فِطْرٍ، فَلَمَّا أَتَيْنَا الْمُصَلّٰى إِذَا مِنْبَرٌ بَنَاهُ كَثِيْرُ بْنُ الصَّلْتِ، فَإِذَا مَرْوَانُ يُرِيْدُ أَنْ يَرْتَقِيَهُ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ فَجَبَذْتُ بِثَوْبِهِ فَجَبَذَنِيْ، فَارْتَفَعَ فَخَطَبَ قَبْلَ الصَّلاَةِ، فَقُلْتُ لَهُ: غَيَّرْتُمْ وَاللّٰهِ! فَقَالَ: أَبَا سَعِيْدٍ! قَدْ ذَهَبَ مَا تَعْلَمُ، فَقُلْتُ: مَا أَعْلَمُ وَاللّٰهِ خَيْرٌ مِمَّا لاَ أَعْلَمُ! فَقَالَ: إِنَّ النَّاسَ لَمْ يَكُوْنُوْا يَجْلِسُوْنَ لَنَا بَعْدَ الصَّلاَةِ، فَجَعَلْتُهَا قَبْلَ الصَّلاَةِ.

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ عید الفطر اور عید الاضحیٰ میں عیدگاہ کی طرف نکلا کرتے تھے، پس سب سے پہلا کام جس سے آپؐ شروع کرتے تھے: نماز ہے، پھر پلٹتے، پھر لوگوں کے مقابل کھڑے ہوتے درانحالیکہ لوگ اپنی صفوں میں بیٹھے ہوئے ہوتے تھے، پس آپؐ ان کو نصیحت کرتے اور تاکید کرتے اور حکم دیتے پھر اگر آپؐ کوئی لشکر تجویز فرمانا چاہتے تو اس کو تجویز فرماتے، یعنی سریہ کے افراد نامزد کرتے، یا کسی بات کا حکم دینا ہوتا تو اس کا حکم دیتے پھر لوٹ جاتے۔

حضرت ابوسعیدؓ نے فرمایا: پس لوگ برابر اسی پر رہے یعنی یہی معمول جاری رہا یہاں تک کہ میں مروان کے ساتھ نکلا اور وہ مدینہ منورہ کا گورنر تھا عید الفطر میں یا عید الاضحیٰ میں پس جب ہم عیدگاہ پہنچے تو اچانک عیدگاہ میں منبر ہے اس کو کثیر بن الصلت نے بنایا تھا پس اچانک مروان نے نماز سے پہلے اس پر چڑھنے کا ارادہ کیا، پس میں نے اس کا کپڑا پکڑ کر کھینچا اور اس نے مجھے کھینچا اور وہ منبر پر چڑھ گیا پھر اس نے نماز سے پہلے خطبہ دیا، میں نے اس سے کہا: بخدا! تم لوگوں نے سنت نبوی کو بدل دیا، مروان نے کہا: اے ابوسعید! وہ دور ختم ہوگیا جس کو تم جانتے ہو، میں نے کہا: بخدا! جس کو میں جانتا ہوں وہ بہتر ہے، اس سے جس کو میں نہیں جانتا، مروان نے کہا: لوگ نماز کے بعد خطبہ سننے کے لئے نہیں بیٹھتے، اس لئے میں نے خطبہ نماز سے پہلے کردیا ہے۔

بَابُ الْمَشْيِ وَالرُّكُوْبِ إِلَى الْعِيْدِ [وَالصَّلاَةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ] بِغَيْرِ أَذَانٍ وَلاَ إِقَامَةٍ

عید کے لئے پیدل اور سوار ہو کر جانا، اور خطبہ سے پہلے نماز اذان اور تکبیر کے بغیر

گیلری میں والصلوۃ قبل الخطبۃ بھی ہے اس کو ہم نے دو کھڑی قوسوں کے درمیان لیا ہے، اس باب میں تین مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: عیدگاہ پیدل جانا بھی جائز ہے اور سوار ہو کر جانا بھی، مگر اولیٰ پیدل جانا ہے، یہ مسئلہ ترمذی شریف میں آئے

گا، جمعہ کے لئے بھی پیدل جانا اولیٰ ہے اور عیدین کے لئے بھی، البتہ اگر کوئی عذر ہو مثلاً کوئی بوڑھا شخص ہو، یا بیمار ہو، یا دور سے آرہا ہو تو پھر سوار ہو کر بھی آسکتا ہے۔

اور پیدل جانا اولیٰ اس لئے ہے کہ جمعہ اور عیدین میں بڑا مجمع ہوتا ہے اگر سب سواریوں پر آئیں گے تو پارکنگ کا مسئلہ کھڑا ہوگا، یورپ وامریکہ میں لوگ گاڑیوں میں آتے ہیں خاص طور پر سردیوں میں پیدل نہیں آسکتے تو میلوں تک پارکنگ ہوتی ہے، سڑکوں پر گاڑیاں کھڑی کرنی پڑتی ہیں اور پولیس کتنی ہی گاڑیوں کو اٹھا کر لے جاتی ہے اور جرمانے کرتی ہے، اس لئے جہاں تک ممکن ہو پیدل جانا چاہئے، اور اگر مجبوری ہو تو پھر سوار ہو کر بھی جاسکتے ہیں، علاوہ ازیں پیدل جانے میں عاجزی اور انکساری ہے اور سوار ہو کر جانے میں ترفّع کا اظہار ہے جو عبادت کے شایانِ شان نہیں۔

دوسرا مسئلہ: عیدین میں نماز پہلے ہے اور خطبہ بعد میں، اس لئے کہ لوگ عیدین میں دوگانہ ادا کرنے ہی کے لئے آتے ہیں تقریر سننے کے لئے نہیں آتے، پس پہلے دوگانہ ادا کرنا چاہئے، پھر خطیب کو جو تقریر کرنی ہو کرے، اور ابتدائے اسلام میں جمعہ کا خطبہ بھی نماز کے بعد تھا، لیکن ایک مرتبہ یہ واقعہ پیش آیا کہ نبی ﷺ جمعہ پڑھا کر خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک مدینہ میں ایک تجارتی قافلہ آیا، اس نے نقارہ بجایا تو سارا مجمع منتشر ہوگیا، بعض لوگ خریداری کرنے کے لئے چلے گئے اور بعض لوگ تماشہ دیکھنے کے لئے، صرف بارہ آدمی باقی رہ گئے، چنانچہ سورۃ الجمعہ کی آیت ۱۱ نازل ہوئی اور آئندہ اس قسم کا واقعہ پیش نہ آئے اس لئے خطبہ مقدم کردیا گیا۔

علاوہ ازیں عیدین کی نوبت سال میں دو ہی مرتبہ آتی ہے اور اس میں خوب ذوق وشوق ہوتا ہے لوگ پہلے سے تیاری کرتے ہیں اس لئے عیدین میں اصل کے مطابق عمل کیا جاتا ہے اور جمعہ ہفتہ واری اجتماع ہے اس میں اگرچہ ذوق وشوق ہوتا ہے مگر عیدین جیسا نہیں ہوتا، بلکہ بعض لوگ سستی کرتے ہیں اور دیر سے آتے ہیں پس اگر خطبہ بعد میں ہوگا تو ان کی پوری نماز یا کوئی رکعت چھوٹ جائے گی اس لئے خطبہ مقدم کیا گیا تاکہ دیر سے آنے والے بھی نماز سے محروم نہ رہیں۔

تیسرا مسئلہ: عیدین کے لئے نہ اذان ہے اور نہ اقامت، اس لئے کہ اذان واقامت صرف فرائض کے لئے مشروع ہیں، دیگر نمازوں کے لئے چاہے وہ واجب ہوں یا سنن مؤکدہ یا نفل: اذان واقامت مشروع نہیں اور عیدین یا تو سنت مؤکدہ ہیں یا واجب، فرض عین نہیں اس لئے ان کے لئے اذان واقامت مشروع نہیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے مفتی بہ قول کے مطابق عیدین واجب ہیں، فرض کا بھی ایک قول ہے مگر وہ مرجوح قول ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کا مرجوح قول یہ ہے کہ عیدین فرض عین ہیں اور مفتی بہ قول یہ ہے کہ فرض کفایہ ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سنت مؤکدہ ہیں اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک سنت واجبہ ہیں، ظاہر ہے جب واجب کے ساتھ لفظ سنت بھی ہے تو وہ سنتِ مؤکدہ ہی کے معنی میں ہوگا۔ یعنی امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک عیدین سنت مؤکدہ ہیں۔

[۷-] بابُ الْمَشْيِ وَالرُّكُوْبِ إِلَى الْعِيْدِ [وَالصَّلاَةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ] بِغَيْرِ أَذَانٍ وَلاَ إِقَامَةٍ

[۹۵۷-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ فِي الْأَضْحٰى وَالْفِطْرِ ثُمَّ يَخْطُبُ بَعْدَ الصَّلاَةِ.[انظر: ۹۶۳]

[۹۵۸-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ يَوْمَ الْفِطْرِ فَبَدَأَ بِالصَّلاَةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ.[انظر: ۹۶۱، ۹۷۸]

[۹۵۹-] قَالَ: وَأَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَرْسَلَ إِلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ فِيْ أَوَّلِ مَا بُوِيعَ لَهُ: إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ يُؤَذَّنُ بِالصَّلاَةِ يَوْمَ الْفِطْرِ، وَإِنَّمَا الْخُطْبَةُ بَعْدَ الصَّلاَةِ.

[۹۶۰-] وَأَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالاَ: لَمْ يَكُنْ يُؤَذَّنُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَلاَ يَوْمَ الْأَضْحٰى.

[۹۶۱-] وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَامَ فَبَدَأَ بِالصَّلاَةِ، ثُمَّ خَطَبَ النَّاسَ بَعْدُ، فَلَمَّا فَرَغَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَزَلَ فَأَتَى النِّسَاءَ فَذَكَّرَهُنَّ، وَهُوَ يَتَوَكَّأُ عَلَى يَدِ بِلاَلٍ، وَبِلاَلٌ بَاسِطٌ ثَوْبَهُ، يُلْقِيْ فِيْهِ النِّسَاءُ صَدَقَةً. قُلْتُ لِعَطَاءٍ: أَ تَرَى حَقًّا عَلَى الْإِمَامِ الْآنَ أَنْ يَأْتِيَ النِّسَاءَ فَيُذَكِّرُهُنَّ حِيْنَ يَفْرُغُ؟ قَالَ: إِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ عَلَيْهِمْ، وَمَا لَهُمْ أَنْ لاَ يَفْعَلُوْا؟ [راجع: ۹۵۸]

وضاحت: باب میں پانچ حدیثیں ہیں: پہلی دو حدیثیں دوسرے مسئلہ کی (گیلری والے جز کی) دلیل ہیں اور اس کے بعد والی دو حدیثیں تیسرے مسئلہ کی دلیل ہیں اور آخری حدیث پہلے مسئلہ کی دلیل ہے۔

حدیث (۹۵۹): عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما نے جب اپنی خلافت کا اعلان کیا اور مکہ میں بیعت لی تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک آدمی بھیج کر ان کو یہ مسئلہ بتایا کہ عید الفطر کے لئے اذان واقامت نہیں اور نماز خطبہ سے پہلے ہے (جس دن حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ نے بیعت لی تھی اتفاق سے وہ عید کا دن تھا اس لئے ابن عباسؓ نے مسئلہ بتلایا)

حدیث (۹۶۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کھڑے ہوئے پس آپؐ نے نماز سے ابتدا کی پھر اس کے بعد خطبہ دیا پھر جب نبی ﷺ خطبہ سے فارغ ہوئے تو آپؐ اترے (نبی ﷺ کے زمانہ میں عیدگاہ میں منبر نہیں تھا، مگر آپؐ خطبہ کسی اونچی جگہ پر کھڑے ہو کر دیا کرتے تھے، وہاں سے آپؐ اترے) پھر عورتوں کے مجمع کے پاس آئے اور ان کو نصیحت فرمائی درانحالیکہ آپؐ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے اور حضرت بلالؓ اپنا کپڑا

پھیلائے ہوئے تھے، اس میں عورتیں صدقہ ڈال رہی تھیں، ابن جریج کہتے ہیں: میں نے حضرت عطاءؒ سے پوچھا: کیا آپ کے نزدیک امام کے لئے ضروری ہے کہ وہ عورتوں کے پاس جائے پس ان کو نصیحت کرے جب وہ خطبہ سے فارغ ہوجائے؟ حضرت عطاءؒ نے کہا: بیشک یہ بات امراء پر لازم ہے اور وہ ایسا نہ کریں تو کوئی حرج نہیں، (پس حق: حقِ مروت ہے، حقِ واجب نہیں)

مناسبت: اس حدیث سے باب کا پہلا جزء ثابت کرنا ہے اس طرح کہ نبی ﷺ خطبہ سے فارغ ہوکر عورتوں کے مجمع کے قریب تشریف لے گئے، ابھی عید کے اعمال چل رہے ہیں اور ابھی عورتوں کے سامنے خطبہ دینا ہے اس لئے آپؐ چل کر وہاں جارہے ہیں، معلوم ہوا کہ گھر سے چل کر بھی عیدگاہ جاسکتے ہیں، یہاں سے پہلے مسئلہ کا پہلا جزء ثابت ہوا۔ اور آپؐ حضرت بلالؓ کے ہاتھ پر ٹیک لگا کر تشریف لے گئے، اور ٹیک لگائے ہوئے ہی آپؐ نے عورتوں کو نصیحت فرمائی، اس سے سوار ہوکر جانے کا جواز نکلا، یہ راکباً کی نظیر ہے، نبی ﷺ ٹیک لگا کر جارہے ہیں، پس پورا ہی سائیکل پر، رکشہ پر یا گاڑی میں بیٹھ کر جائے تو کیا حرج ہے؟ جب بعض ثابت ہوا تو کل بھی ثابت ہوجائے گا، یہ اس حدیث سے استدلال ہے۔

بابُ الْخُطْبَةِ بَعْدَ الْعِيْدِ

خطبہ نمازِ عید کے بعد دیا جائے

گذشتہ باب میں (گیلری میں) الفاظ تھے: الصلوٰۃ قبل الخطبۃ: اور یہاں الفاظ ہیں: الخطبۃ بعد الصلوٰۃ: دونوں کا مفہوم اگرچہ ایک ہے مگر الفاظ بدل گئے، اور امام بخاریؒ کے نزدیک نیا باب قائم کرنے کے لئے اتنا فرق کافی ہے۔

[٨-] بابُ الْخُطْبَةِ بَعْدَ الْعِيْدِ

[٩٦٢-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: شَهِدْتُ الْعِيْدَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ، فَكُلُّهُمْ كَانُوْا يُصَلُّوْنَ قَبْلَ الْخُطْبَةِ. [راجع: ٩٨]

[٩٦٣-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ يُصَلُّوْنَ الْعِيْدَيْنِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ. [راجع: ٩٥٧]

[٩٦٤-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى يَوْمَ الْفِطْرِ رَكْعَتَيْنِ، لَمْ يُصَلِّ قَبْلَهَا وَلاَ بَعْدَهَا، ثُمَّ أَتَى النِّسَاءَ وَمَعَهُ بِلاَلٌ، فَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ، فَجَعَلْنَ يُلْقِيْنَ، تُلْقِيْ الْمَرْأَةُ خُرْصَهَا وَسِخَابَهَا. [راجع: ٩٨]

[۹۶۵-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُبَيْدٌ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ أَوَّلَ مَا نَبْدَأُ فِي يَوْمِنَا هٰذَا أَنْ نُصَلِّيَ ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ أَصَابَ سُنَّتَنَا، وَمَنْ نَحَرَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَإِنَّمَا هُوَ لَحْمٌ قَدَّمَهُ لِأَهْلِهِ، لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِي شَيْءٍ" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ: يَارسولَ اللّٰهِ! ذَبَحْتُ وَعِنْدِيْ جَذَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُسِنَّةٍ، فَقَالَ: "اجْعَلْهُ مَكَانَهُ، وَلَنْ تُوَفِّيَ أَوْ: تَجْزِيَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ" [راجع: ۹۵۱]

وضاحتیں:

۱-عیدین کی نمازیں خطبہ سے پہلے ہیں، یہ اجماعی مسئلہ ہے، دورِاول میں کچھ امراء نے خطبہ پہلے کردیا تھا، یہ حرکت سب سے پہلے مروان نے کی تھی، اور بعض لوگ یہ بات امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کرتے ہیں، بہرحال جس نے بھی ایسا کیا ٹھیک نہیں کیا، اس لئے کہ نبی ﷺ اور خلفائے راشدین کا دائمی عمل یہ تھا کہ وہ پہلے عیدین پڑھاتے تھے پھر خطبہ دیتے تھے۔

۲-اگر کوئی شخص عیدین کے خطبے نماز سے پہلے دیدے تو کیا حکم ہے؟ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں: وہ خطبہ محسوب (گناہوا) ہوگا اور ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے کیونکہ یہ عمل سنت متوارثہ کے خلاف ہے اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: وہ خطبہ محسوب نہیں ہوگا اور نماز صحیح ہوگی، کیونکہ عیدین کے لئے خطبہ شرط نہیں اور ایسا کرنے والا برا آدمی ہے۔

۳-عیدین میں نہ سنن قبلیہ ہیں اور نہ سنن بعدیہ، اور یہ مسئلہ کتاب العیدین کے آخری باب میں آرہا ہے............

قولہ: فجعلن یُلقین: پس عورتیں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں بالی اور ہار ڈالنے لگیں۔

لغات: **الخُرْص:** کان کی بالی، جمع: أَخْرَاص...... **السِّخَاب:** موتیوں کے علاوہ دیگر معمولی چیزوں سے بنا ہوا ہار، جمع: سُخُبٌ...... **مُسِنَّة:** سال بھر کا بکری کا بچہ...... **إِجعله مکانه:** مُسنہ کی جگہ جذعہ کی قربانی کرلو۔

بابُ مَايُكْرَهُ مِنْ حَمْلِ السِّلَاحِ فِي الْعِيْدَيْنِ وَالْحَرَمِ

عید کی نماز کے لئے اور حرم شریف میں ہتھیار لے کر جانا مکروہ ہے

عید کی نماز پڑھنے جائیں تو ہتھیار لے کر نہ جائیں، عید میں بہت بڑا مجمع ہوتا ہے اور بڑے مجمع میں دھکا پیل ہوتی ہے، ہوسکتا ہے: ہتھیار کسی کو لگ جائے، لہٰذا عیدین میں ہتھیار لے کر نہیں جانا چاہئے۔

یہ مسئلہ صحیح ہے مگر حضرت رحمہ اللہ کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے، اس لئے حضرتؒ نے باب میں والْحَرَمْ کا اضافہ کیا، حرم شریف میں یعنی حج کے موقع پر عرفہ، مزدلفہ اور منیٰ وغیرہ میں ہتھیار لے کر نہیں جانا چاہئے، اس کی دلیل موجود ہے، اس لئے باب میں اضافہ کیا تاکہ عید کے مجمع کے لئے اس سے حکم ثابت کریں۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بعد جب یزید کے ہاتھ پر بیعت ہوئی تو کچھ لوگوں نے اس کے ہاتھ پر بیعت کرنے سے انکار کیا، ان میں حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما بھی تھے، انھوں نے اپنے لئے بیعت لی اور مکہ مکرمہ میں خلافت قائم کی، اسلامی مملکت کے دوتہائی حصہ پر ان کا قبضہ تھا، عبدالملک بن مروان کے زمانہ تک ان کی خلافت چمکتی رہی، عبدالملک نے حضرت عبداللہؓ کے قبضہ میں جو علاقے تھے وہ سب دھیرے دھیرے قبضہ کرنا شروع کئے، عبدالملک بڑے تنتنے کا بادشاہ تھا اس نے مدینہ کے گورنر کو لکھا کہ مکہ پر چڑھائی کرو اور عبداللہؓ کو ختم کرو، لیکن مدینہ کا گورنر کچھ نہ کرسکا، یہ روایت پہلے گذری ہے پھر اس نے عراقین (کوفہ اور بصرہ) کے گورنر حجاج بن یوسف کو حضرت عبد اللہ پر حملہ کرنے کا حکم دیا، حجاج لشکر لے کر مکہ مکرمہ پہنچا، اور بڑی گھمسان کی جنگ ہوئی، حضرت عبداللہؓ شہید ہوگئے، اور حجاج نے مکہ پر قبضہ کرلیا، اس طرح حضرت عبداللہؓ کے قبضے میں جو علاقے تھے وہ سب عبدالملک کے قبضے میں آگئے، یہ جنگ حج سے کچھ پہلے ہوئی تھی، اسی زمانہ کا واقعہ آگے آئے گا کہ جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مدینہ منورہ سے حج کے لئے چلے تو خاندان کے لوگوں نے مشورہ دیا کہ آپ اس سال حج نہ کریں، مکہ میں جنگ ہورہی ہے، ممکن ہے حاجیوں کو داخلہ کی اجازت نہ ملے، ابن عمرؓ نے فرمایا: اگر داخلہ کی اجازت نہیں ملی تو واپس آجاؤں گا، صلح حدیبیہ میں بھی نبی ﷺ کو داخلہ کی اجازت نہیں ملی تھی تو آپؐ قربانی کرکے واپس آگئے تھے، اگر میں روک دیا گیا تو میں بھی قربانی کرکے واپس آجاؤں گا۔

ادھر عبدالملک نے حجاج کو لکھا کہ وہ ابن عمرؓ کی راہنمائی میں حج کرائے، پس حج تو حجاج کرائے گا مگر مسائل ابن عمرؓ سے پوچھے گا کیونکہ امیر المؤمنین کا حکم ہے۔ غرض جنگ ختم ہونے پر فوراً حج کا موسم شروع ہوگیا، اور اندیشہ تھا کہ حضرت عبداللہؓ کے لوگ حج میں کوئی ہنگامہ کردیں اس لئے حجاج نے فوج کو حکم دیا کہ ہتھیار لے کر حج میں چلیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتِ حال سے نمٹا جاسکے، اس طرح پہلی مرتبہ حج کے مجمع میں فوج ہتھیار لے کر چلی، اور بھیڑ میں کسی فوجی کے نیزہ کی نوک حضرت ابن عمرؓ کے پیر کی تلی میں چبھ گئی، ابن عمرؓ گھوڑے پر بیٹھ کر جارہے تھے، نیزے کی کَنّی ابن عمرؓ کے پیر میں اتنی گھس گئی کہ خادم نے بڑی مشکل سے نکالی، جب حجاج کو اس حادثہ کا پتہ چلا تو وہ بیمار پرسی کے لئے آیا، مزاج پرسی کے بعد اس نے کہا: اگر مجھے معلوم ہوجائے کہ کس نے آپ کو یہ زخم لگایا ہے تو میں اس کو سخت سزا دونگا! ابن عمرؓ نے فرمایا: مجھے یہ زخم اس نے لگایا ہے جس نے حج کے موسم میں ہتھیار لے کر چلنے کی اجازت دی ہے یعنی مجھے آپ ہی نے زخمی کیا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس پر عیدین کے مجمع کو قیاس کیا ہے۔

[۹-] بابُ مَایُکْرَہُ مِنْ حَمْلِ السِّلَاحِ فِی الْعِیْدَیْنِ وَالْحَرَمِ

وَقَالَ الْحَسَنُ: نُهُوْا أَنْ یَحْمِلُوْا السِّلَاحَ یَوْمَ عِیْدٍ، إِلَّا أَنْ یَخَافُوْا عَدُوًّا.

[٩٦٦-] حدثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحيى أَبُو السُّكَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوْقَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ حِيْنَ أَصَابَهُ سِنَانُ الرُّمْحِ فِيْ أَخْمَصِ قَدَمِهِ، فَلَزِقَتْ قَدَمُهُ بِالرِّكَابِ، فَنَزَلْتُ فَنَزَعْتُهَا، وَذٰلِكَ بِمِنًى، فَبَلَغَ الْحَجَّاجَ، فَجَاءَ يَعُوْدُهُ، فَقَالَ الْحَجَّاجُ: لَوْ نَعْلَمُ مَنْ أَصَابَكَ! فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: أَنْتَ أَصَبْتَنِيْ، قَالَ: وَكَيْفَ؟ قَالَ: حَمَلْتَ السِّلَاحَ فِيْ يَوْمٍ لَمْ يَكُنْ يُحْمَلُ فِيْهِ، وَأَدْخَلْتَ السِّلَاحَ الْحَرَمَ، وَلَمْ يَكُنِ السِّلَاحُ يُدْخَلُ فِي الْحَرَمِ.[انظر: ٩٦٧]

[٩٦٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِيْ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: دَخَلَ الْحَجَّاجُ عَلَى ابْنِ عُمَرَ وَأَنَا عِنْدَهُ، قَالَ: كَيْفَ هُوَ؟ قَالَ: صَالِحٌ، فَقَالَ: مَنْ أَصَابَكَ؟ قَالَ: أَصَابَنِيْ مَنْ أَمَرَ بِحَمْلِ السِّلَاحِ فِيْ يَوْمٍ لَا يَحِلُّ فِيْهِ حَمْلُهُ، يَعْنِي الْحَجَّاجَ. [راجع: ٩٦٦]

اثر: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عید کے دن ہتھیار لے کر چلنے سے لوگ منع کئے گئے ہیں، مگر یہ کہ دشمن کا ڈر ہو (تو ہتھیار لے کر عیدگاہ جاسکتے ہیں) یہ حضرت حسن رحمہ اللہ کا فتوی ہے، آپ نے عید کو حج پر قیاس کیا ہے۔

حدیث (۱): سعید بن جبیر کہتے ہیں: میں ابن عمرؓ کے ساتھ تھا، جب ان کے پیر کی تلی میں نیزہ کی نوک لگی تھی، پس آپؓ کا پیر رکاب کے ساتھ چپک گیا یعنی رکاب سے پیر نکالنا مشکل ہوگیا پس میں (اپنی سواری سے) اترا اور میں نے اس نیزہ کو کھینچا (اور نکالا) یہ منی کا واقعہ ہے، پس حجاج کو یہ بات پہنچی وہ آپؓ کی عیادت کے لئے آیا، اس نے کہا: کاش ہم جانتے کہ کس نے آپؓ کو یہ زخم لگایا ہے! ابن عمرؓ نے فرمایا: آپ ہی نے مجھے یہ زخم لگایا ہے (میرا خیال ہے یہ راوی کے الفاظ ہیں، حضرت ابن عمرؓ نے شاید یہ الفاظ استعمال نہیں کئے ہونگے، یہ بے ادبی والا جملہ ہے اور ڈائریک اٹیک (سیدھا حملہ) ہے اگلی روایت میں جو جملہ آیا ہے: شاید وہ استعمال کیا ہوگا) حجاج نے پوچھا: کیسے؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: آپ نے اس دن میں ہتھیار لے کر چلنے کی اجازت دی جس دن میں ہتھیار لے کر کوئی نہیں چلتا تھا۔ اور آپ نے حرم میں ہتھیار داخل کئے حالانکہ حرم میں ہتھیار داخل نہیں کئے جاتے تھے۔

حدیث (۲): سعید بن عمرو سے مروی ہے کہ حجاج: حضرت ابن عمرؓ کے پاس آیا، میں اس وقت ابن عمرؓ کے پاس تھا، اس نے پوچھا: وہ کیسے ہیں؟ (کیف هو؟ کہا، کیف أنت؟ نہیں کہا، یہ بولنے کا ادب ہے، بڑوں سے سیدھا سوال کرنا بے ادبی ہے جیسے نوابی دور میں کہتے تھے: نواب صاحب کے دشمنوں کے سر میں درد ہے یعنی خود نواب صاحب کے سر میں درد ہے، مگر اس طرح کہنا بے ادبی سمجھا جاتا تھا، اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس نے خدام سے پوچھا ہو) جواب دیا: ٹھیک ہیں، حجاج نے پوچھا: یہ زخم آپ کو کس نے لگایا؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: یہ زخم مجھے اس شخص نے لگایا جس نے اُس دن میں ہتھیار لے کر چلنے کا حکم دیا جس دن میں کوئی ہتھیار لے کر نہیں چلتا تھا، ابن عمرؓ حجاج کو مراد لے رہے ہیں۔

بابُ التَّبْکِیْرِ لِلْعِیْدِ

عید کی نماز کے لئے سویرے جانا

عیدین کی نمازیں سویرے پڑھ لینی چاہئیں، جب سورج نکل آئے اور مکروہ وقت ختم ہوجائے تو جلد عید کی نماز پڑھ لینی چاہئے، دارالعلوم دیوبند میں عید کی نماز جلدی ہوتی ہے، بہت سے لوگ تو فجر ہی سے تیار ہوکر آجاتے ہیں، سورج نکلنے کے آدھ پون گھنٹے کے بعد جب مکروہ وقت ختم ہوجاتا ہے تو عید کی نماز شروع ہوجاتی ہے اور عیدگاہ میں عام لوگوں کی رعایت کی جاتی ہے، دیہات سے آنے والوں کی رعایت میں نو دس بجے عیدالفطر کی نماز ہوتی ہے، یہ اہل عذر کا لحاظ ہے ورنہ اصل یہ ہے کہ سویرے عید کی نماز پڑھ لینی چاہئے۔ نبی ﷺ نے عید کے خطبہ میں فرمایا ہے کہ آج کے دن سب سے پہلا کام جو ہم کرتے ہیں وہ دوگانہ ادا کرنا ہے، معلوم ہوا کہ مکروہ وقت نکلتے ہی عید کی نماز پڑھ لینی چاہئے۔

[۱۰-] بابُ التَّبْکِیْرِ لِلْعِیْدِ

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُسْرٍ: إِنْ كُنَّا فَرَغْنَا فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ، وَذٰلِكَ حِيْنَ التَّسْبِيْحِ.

[۹۶۸-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: خَطَبَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ النَّحْرِ، فَقَالَ: " إِنَّ أَوَّلَ مَا نَبْدَأُ بِهِ فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا: أَنْ نُصَلِّيَ، ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ. فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ أَصَابَ سُنَّتَنَا، وَمَنْ ذَبَحَ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ فَإِنَّمَا لَحْمٌ عَجَّلَهُ لِأَهْلِهِ، لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِيْ شَيْئٍ" فَقَامَ خَالِيْ أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ ذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أُصَلِّيَ، وَعِنْدِيْ جَذَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُسِنَّةٍ، قَالَ: " اجْعَلْهَا مَكَانَهَا" أَوْ قَالَ: " اذْبَحْهَا، وَلَنْ تَجْزِيَ جَذَعَةٌ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ" [راجع: ۹۵۱]

اثر: عبداللہ اور ان کے والد بسر دونوں صحابی ہیں اور حضرت عبداللہ قدیم صحابی ہیں، دونوں قبلوں کی طرف انھوں نے نماز پڑھی ہے۔ وہ ایک مرتبہ لوگوں کے ساتھ عیدالفطر یا عیدالاضحیٰ کی نماز پڑھنے کے لئے نکلے امام تاخیر سے آیا انھوں نے نکیر کی، اور فرمایا: عہدِ رسالت میں اس وقت ہم نماز سے فارغ ہوجاتے تھے، آپؓ نے یہ بات نفلیں پڑھنے کے وقت میں کہی، (طلوع شمس کے بعد زوال تک دو نفلیں ہیں یا ایک؟ محدثین کے نزدیک صرف اشراق ہے اگر اس کو طلوع شمس کے بعد فوراً پڑھ لیں تو وہ اشراق ہے اور دیر سے نو دس بجے پڑھیں تو وہ چاشت ہے اور صوفیاء کے نزدیک اشراق و چاشت دو الگ الگ نفلیں ہیں، حضرت عبداللہ نے یہ بات کس وقت کہی تھی؟ اشراق کے وقت یا چاشت کے وقت؟ متعین طور پر کوئی بات کہنا مشکل ہے)

حدیث: یہ حدیث بار بار آئی ہے اور یہاں استدلال اس طرح ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اس دن سب سے پہلے جو

کام ہم کرتے ہیں وہ نماز ہے، معلوم ہوا کہ عید کی نماز جلدی پڑھ لینی چاہئے تا کہ اس دن کا پہلا کام نماز ہو۔

بابُ فَضْلِ الْعَمَلِ فِیْ أَیَّامِ التَّشْرِیْقِ

ایام تشریق میں نیک عمل کی اہمیت

یہ باب الجھا ہوا ہے اس لئے تمہید عرض ہے: قرآنِ کریم میں چار آیتیں ہیں، پہلے ان کو سمجھ لیں:

پہلی آیت: روزوں کے بیان میں ہے ﴿أَیَّامًا مَعْدُوْدَاتٍ﴾ (بقرہ آیت:۱۸۴) یہاں گنتی کے چند دنوں سے پورا رمضان مراد ہے۔ یہ آیت باب سے متعلق نہیں، میں نے صرف اس لئے پڑھی ہے کہ معلوم ہو جائے کہ أَیَّامًا مَعْدُوْدَات قرآن میں کہاں کہاں آیا ہے۔

دوسری آیت: ﴿وَاذْكُرُوْا اللّٰهَ فِیْ أَیَّامٍ مَعْدُوْدَاتٍ، فَمَنْ تَعَجَّلَ فِیْ یَوْمٍ فَلَا إِثْمَ عَلَیْهِ وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ عَلَیْهِ﴾ (البقرۃ آیت:۲۰۳) اس آیت میں یہ مضمون ہے کہ حاجی کو دس ذی الحجہ میں صرف جمرۂ عقبہ کی رمی کرنی ہے اس کے بعد تین دن یعنی گیارہ، بارہ اور تیرہ ذی الحجہ میں تینوں جمروں کی رمی کرنی ہے اور گیارہ اور بارہ کی رمی تو لازمی ہے اور تیرہ کی رمی اختیاری ہے، اور اونٹوں کے چرواہوں کے لئے دو دن کی رمی ایک ساتھ جمع کرنے کی رخصت ہے۔ پس أیامًا معدودات سے گیارہ، بارہ اور تیرہ تاریخیں مراد ہیں، یہی ایام تشریق ہیں، دس تاریخ کو یوم النحر ،نو کو عرفہ، آٹھ کو یوم الترویہ اور گیارہ، بارہ، تیرہ کو ایام تشریق کہتے ہیں، تشریق کے معنی ہیں: گوشت دھوپ میں سکھانا، لوگ ان دنوں میں گوشت کے پارچے بنا کر اور ان پر نمک وغیرہ لگا کر دھوپ میں لٹکا دیتے تھے اس لئے ان کو ایام تشریق کہا جاتا تھا، (اب فریج کے زمانہ میں یہ ایام تبرید بن گئے ہیں) پس یہ تین دن ایام تشریق تو بالا جماع ہیں، لیکن تیرہ تاریخ قربانی کا دن ہے یا نہیں؟ امام شافعی اور غیر مقلدین کہتے ہیں: تیرہ تاریخ بھی قربانی کا دن ہے، ان کے نزدیک قربانی کے چار دن ہیں اور دوسرے ائمہ کے نزدیک دس، گیارہ اور بارہ قربانی کے دن ہیں اور تیرہ صرف یوم التشریق ہے، یعنی دس ذی الحجہ صرف یوم النحر ہے، اور تیرہ ذی الحجہ صرف یوم التشریق ہے اور گیارہ اور بارہ ایام التشریق بھی ہیں اور ایام النحر بھی۔ غرض اس آیت میں ایام معدودات سے ایام تشریق یعنی گیارہ، بارہ اور تیرہ ذی الحجہ مراد ہیں۔

تیسری آیت: سورۃ الحج کے چوتھے رکوع کے شروع میں ہے، اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا کہ اعلان کریں کہ لوگ حج کو آئیں ﴿لِیَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَیَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِیْ أَیَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ عَلٰى مَارَزَقَهُمْ مِنْ بَهِیْمَةِ الْأَنْعَامِ﴾ (الحج آیت ۲۸) حج میں اس لئے آنا ہے کہ اس میں لوگوں کے لئے بہت فوائد ہیں، ان فوائد کے لئے حاضر ہوں، اور اللہ تعالیٰ نے جو پالتو جانور ان کو عطا فرمائے ہیں ان کی قربانی پیش کریں اور اللہ کا نام لے کر انہیں ذبح کریں۔ یہاں ایام معلومات سے دس گیارہ اور بارہ تین دن مراد ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تیرہ ذی الحجہ بھی اس کا

مصداق ہے یعنی چار دن مراد ہیں۔

چوتھی آیت: ﴿وَالْفَجْرِ وَلَيَالٍ عَشْرٍ﴾: قسم ہے صبح صادق کی اور ذی الحجہ کی دس راتوں کی، اس سے مراد ذی الحجہ کے شروع کے نو دن ہیں، کسر کو پورا گن لیا ہے، اور عربی میں راتوں کے ذریعہ گنا جاتا ہے اور اردو میں دنوں کے ذریعہ —— یہ تمہیدی باتیں ہیں اب کتاب دیکھو۔

[۱۱-] بابُ فَضْلِ الْعَمَلِ فِيْ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَاذْكُرُوْا اللّٰهَ فِيْ أَيَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ: أَيَّامُ الْعَشْرِ، وَالْأَيَّامُ الْمَعْدُوْدَاتُ: أَيَّامُ التَّشْرِيْقِ.

[۲-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ يَخْرُجَانِ إِلَى السُّوْقِ فِيْ الْأَيَّامِ الْعَشْرِ، يُكَبِّرَانِ، وَيُكَبِّرُ النَّاسُ بِتَكْبِيْرِهِمَا.

[۳-] وَكَبَّرَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ خَلْفَ النَّافِلَةِ.

اس باب میں ایام تشریق میں نیک اعمال کی فضیلت کا بیان ہے۔

اثر (۱): سورۃ الحج (آیت ۲۸) میں جو أیام معلومات ہے اس کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس سے ذی الحجہ کے شروع کے دس دن (نو دن) مراد ہیں، اور سورۃ البقرہ (آیت ۲۰۳) میں جو ایام معدودات ہے اس سے ایام تشریق مراد ہیں۔

تشریح: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایام معلومات کی جو تفسیر ایام عشر سے فرمائی ہے وہ غور طلب ہے، آیت کے سیاق وسباق سے اس کی تائید نہیں ہوتی، کیونکہ اس آیت میں حج میں آنے کی حکمتیں اور مصلحتیں بیان ہوئی ہیں، پس وہاں یہ تفسیر لینا مشکل ہے، بلکہ ایام معلومات سے حج کے پانچ دن (نو تا تیرہ) مراد ہیں یا قربانی کے تین دن مراد ہیں، البتہ سورۃ الفجر میں لیال عشر سے ذی الحجہ کے شروع کے نو دن مراد ہیں، اور کسر کو پورا گن لیا ہے۔

فائدہ: عربوں کا طریقہ یہ ہے کہ وہ کسر کو اگر نصف سے کم ہو تو چھوڑ دیتے ہیں اور زائد ہو تو پورا گن لیتے ہیں، اس لئے سورۃ الفجر میں ﴿وَلَيَالٍ عَشْرٍ﴾ فرمایا ہے، مراد نو دن ہیں۔

اثر (۲): حضرات ابن عمر اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما ذی الحجہ کے دس دنوں میں بازار کی طرف نکلتے تھے، دونوں تکبیریں کہتے تھے اور لوگ ان کی تکبیریں سن کر تکبیریں کہتے تھے۔

تشریح: ہمارے یہاں ایک بات کا بالکل رواج نہیں، نو ذی الحجہ کی فجر سے تیرہ کی عصر تک تو تکبیرات کہنے کا معمول ہے، مگر اس سلسلہ میں بھی لوگوں کا ذہن یہ بنا ہوا ہے کہ یہ تکبیر صرف فرض نمازوں کے بعد ایک ہی مرتبہ کہنی چاہئے۔ اور جنوبی ہند میں تین مرتبہ کہتے ہیں، ہماری فقہ میں بھی تین مرتبہ کا ذکر ہے، اور ذی الحجہ کے نو دنوں میں کوئی تکبیر نہیں کہتا، یہ غلطی

ہے، ذی الحجہ کے نو دنوں میں بھی اور پانچ دنوں میں بھی (تیرہ دنوں میں) تکبیر تشریق کا ورد رہنا چاہئے، بکثرت تکبیر پڑھنی چاہئے، فرائض کے بعد بھی، نوافل وسنن کے بعد بھی اور عام اوقات میں بھی۔ حضرت ابن عمر اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما ذی الحجہ کا چاند نظر آتے ہی تکبیر تشریق کو ورد بنا لیتے تھے، اور جب کسی کام سے بازار جاتے تو وہاں بھی تکبیر کہتے تھے اور ان کی تکبیر سن کر لوگ بھی تکبیر کہتے تھے۔

اور حاشیہ میں ہے کہ ان دونوں صحابہ کے عمل کا باب سے کچھ تعلق نہیں، یہ بات صحیح نہیں، بلکہ پہلی ذی الحجہ سے تیرہ تک مسلسل تکبیروں کو ورد بنانا چاہئے، پس ایام تشریق میں بھی ذکر کی اہمیت واضح ہوئی، یہی اثر کا باب سے تعلق ہے۔

اثر (۳): حضرت محمد بن علیؒ (امام باقر) نفلوں کے بعد بھی تکبیر کہتے تھے۔

تشریح: اس سلسلہ میں بھی لوگوں میں کوتاہی پائی جاتی ہے، لوگ صرف فرائض کے بعد ایک مرتبہ تکبیر کہتے ہیں، حالانکہ سنتوں اور نفلوں کے بعد بھی زیادہ سے زیادہ تکبیر کہنی چاہئے، امام باقر رحمہ اللہ کا اسی پر عمل تھا، میں بھی اس پر عمل کی کوشش کرتا ہوں، مگر کبھی بھول جاتا ہوں۔

[۹۶۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِيْنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَا الْعَمَلُ فِيْ أَيَّامٍ أَفْضَلُ مِنْهَا فِيْ هٰذِهِ " قَالُوْا: وَلاَ الْجِهَادُ؟ قَالَ: " وَلاَ الْجِهَادُ، إِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ يُخَاطِرُ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فَلَمْ يَرْجِعْ بِشَيْءٍ"

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں ہے (سال کے) دنوں میں عمل افضل ان دنوں میں عمل سے، یعنی ذی الحجہ کے شروع کے تیرہ دنوں میں کوئی بھی نیک عمل کرنا اللہ تعالیٰ کو جتنا محبوب ہے اتنا پورے سال میں کوئی عمل محبوب نہیں، صحابہ نے عرض کیا: جہاد بھی نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: جہاد بھی نہیں، مگر وہ شخص جو نکلا، خطرہ میں ڈال دیا اس نے اپنی جان اور مال کو (گھوڑے تلوار وغیرہ کو) پس نہیں لوٹا وہ کسی چیز کے ساتھ یعنی شہید ہو گیا اس کا عمل تو دوسرے دنوں میں بڑھ جائے گا، اس ایک عمل کے علاوہ سال بھر کے کسی دن کا عمل ذی الحجہ کے تیرہ دنوں کے عمل سے بڑھ نہیں سکتا، تیرہ دنوں میں ایام تشریق بھی ہیں، پس حدیث باب سے منطبق ہے۔

بَابُ التَّكْبِيْرِ أَيَّامَ مِنًى وَإِذَا غَدَا إِلَى عَرَفَةَ

منیٰ کے دنوں میں اور جب منیٰ سے عرفہ جائے تب تکبیر کہنا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ حاجی کے لئے افضل عمل کیا ہے؟ ابھی بتایا تھا کہ شروع ذی الحجہ سے تیرہ تاریخ تک افضل عمل تکبیر ہے اور حاجی کے لئے افضل عمل تلبیہ ہے یا تکبیر؟ آٹھ ذی الحجہ کو حاجی منیٰ میں رہتا ہے، پھر اگلے دن عرفہ جاتا ہے،

پھر رات مزدلفہ میں گذارتا ہے، پھر منی میں آجاتا ہے اور دوتین دن منی میں رہتا ہے، ان ایام میں حاجی تلبیہ پڑھے یا تکبیر؟ جواب یہ ہے کہ دونوں عمل یکساں ہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ آپ حضرات نے جب نبی ﷺ کے ساتھ حج کیا تو آپ لوگ جب عرفہ کی طرف روانہ ہوئے تو تلبیہ پڑھتے تھے یا تکبیر؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم میں سے بعض تلبیہ پڑھتے تھے اور بعض تکبیر۔ اور تلبیہ پڑھنے والا تکبیر پڑھنے والے پر نکیر نہیں کرتا تھا اور تکبیر پڑھنے والا تلبیہ پڑھنے والے پر نکیر نہیں کرتا تھا یعنی دونوں عمل یکساں ہیں (میں جب حج میں جاتا ہوں تو تلبیہ پڑھتا ہوں اور جب تلبیہ پڑھتے پڑھتے طبیعت تھک جاتی ہے تو تکبیر شروع کر دیتا ہوں، بہر حال حاجی کے لئے بھی تکبیر کی اہمیت ہے وہ تلبیہ کے مساوی عمل ہے)

[۱۲-] بَابُ التَّكْبِيْرِ أَيَّامَ مِنًى وَإِذَا غَدَا إِلٰى عَرَفَةَ

[۱-] وَكَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُكَبِّرُ فِيْ قُبَّتِهِ بِمِنًى، فَيَسْمَعُهُ أَهْلُ الْمَسْجِدِ، فَيُكَبِّرُوْنَ وَيُكَبِّرُ أَهْلُ الْأَسْوَاقِ حَتَّى تَرْتَجَّ مِنًى تَكْبِيْرًا.

[۲-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُكَبِّرُ بِمِنًى تِلْكَ الْأَيَّامِ، وَخَلْفَ الصَّلَوَاتِ، وَعَلٰى فِرَاشِهِ، وَفِيْ فُسْطَاطِهِ، وَمَجْلِسِهِ، وَمَمْشَاهُ، وَتِلْكَ الْأَيَّامِ جَمِيْعًا.

[۳-] وَكَانَتْ مَيْمُوْنَةُ تُكَبِّرُ يَوْمَ النَّحْرِ.

[٤-] وَكَانَ النِّسَاءُ يُكَبِّرْنَ خَلْفَ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، وَعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ لَيَالِيَ التَّشْرِيقِ مَعَ الرِّجَالِ فِيْ الْمَسْجِدِ.

آثار:

۱- حضرت عمر رضی اللہ عنہ منی میں اپنے خیمہ میں تکبیر کہا کرتے تھے اس تکبیر کو مسجد والے سنتے تھے تو وہ بھی تکبیر کہتے تھے اور ان کی تکبیر کو سن کر بازار والے تکبیر کہتے تھے یہاں تک کہ تکبیر کی آواز سے منی گونج جاتا تھا۔

۲- اور ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی ان ایام میں منیٰ میں تکبیر کہا کرتے تھے، نمازوں کے بعد بھی، اپنے بستر پر لیٹے ہوئے بھی، اپنے خیمہ میں بھی، مجلس میں بھی، چلتے ہوئے بھی، غرض حج کے سب دنوں میں بکثرت تکبیر کہا کرتے تھے۔

۳- اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا بھی یوم النحر میں تکبیر کہا کرتی تھیں (اور اس کو سن کر دوسری عورتیں بھی تکبیر کہتی تھیں)

۴- اور عورتیں ابان بن عثمان کے پیچھے اور حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کے پیچھے ایام تشریق میں مردوں کے ساتھ مسجد میں تکبیر کہا کرتی تھیں (اس زمانہ میں عورتیں مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے آتی تھیں اس لئے وہ بھی تکبیر کہتی تھیں، اور فقہ میں لکھا ہے کہ مردوں کی موجودگی میں عورتوں کو سراً تکبیر کہنی چاہئے البتہ گھر میں عورت تنہا ہو تو جہراً بھی تکبیر کہہ سکتی ہے۔

اور ابان بن عثمان حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں، جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بوڑھے ہوگئے تو ابان حج کراتے تھے)

[۹۷۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَنَحْنُ غَادِيَانِ مِنْ مِنًى إِلٰى عَرَفَاتٍ عَنِ التَّلْبِيَةِ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: كَانَ يُلَبِّى الْمُلَبِّىْ لاَ يُنْكِرُ عَلَيْهِ، وَيُكَبِّرُ الْمُكَبِّرُ فَلاَ يُنْكِرُ عَلَيْهِ.[انظر: ۱۶۵۹]

حدیث: محمد بن ابی بکر ثقفی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا درانحالیکہ وہ نو ذی الحجہ کی صبح میں منی سے عرفہ جارہے تھے: آپ حضرات نبی ﷺ کے ساتھ کیا کرتے تھے یعنی تلبیہ پڑھتے تھے یا تکبیر؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: تلبیہ پڑھنے والا تلبیہ پڑھتا تھا اس پر نکیر نہیں کی جاتی تھی اور تکبیر کہنے والا تکبیر کہتا تھا اس پر بھی نکیر نہیں کی جاتی تھی (پس اختیار ہے چاہے تکبیر کہے چاہے تلبیہ پڑھے دونوں عمل برابر ہیں)

[۹۷۱-] حدثنا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ حَفْصَةَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: كُنَّا نُؤْمَرُ أَنْ نَخْرُجَ يَوْمَ الْعِيْدِ، حَتَّى نُخْرِجَ الْبِكْرَ مِنْ خِدْرِهَا، حَتَّى نُخْرِجَ الْحُيَّضَ، فَيُكُنَّ خَلْفَ النَّاسِ، فَيُكَبِّرْنَ بِتَكْبِيْرِهِمْ، وَيَدْعُوْنَ بِدُعَائِهِمْ، يَرْجُوْنَ بَرَكَةَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَطُهْرَتَهُ.[راجع: ۳۲۴]

ترجمہ: ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم حکم دی جاتی تھیں کہ عید کے دن نکلیں یہاں تک کہ کنواری عورتوں کو ان کے پردہ سے نکالیں، یہاں تک کہ حائضہ عورتوں کو نکالیں اور عورتیں مردوں کے پیچھے ہوتی تھیں اور مردوں کے ساتھ تکبیر کہتی تھیں، یعنی نماز پوری ہونے پر عورتیں بھی حتی کہ حائضہ عورتیں بھی تکبیر کہتی تھیں، سراً کہتی تھیں یا جہراً؟ اس کی صراحت نہیں، اور وہ مردوں کی دعا کے ساتھ دعا کرتی تھیں امید رکھتی تھیں وہ اس دن کی برکت کی اور اس دن کی پاکیزگی کی۔

ملحوظہ: اس حدیث کی شرح کتاب الحیض (باب ۲۳، حدیث ۳۲۴، تحفۃ القاری ۲: ۱۲۳) میں ملاحظہ کریں۔ اور بَرَکۃ عربی میں ر کے زبر کے ساتھ ہے، اردو میں برکت ر کے سکون کے ساتھ بولتے ہیں اس لئے لوگ کھانے کی دعا میں بھی سکون کے ساتھ پڑھ دیتے ہیں جو غلط ہے، عربی میں ر کے زبر کے ساتھ ہے۔

بابُ الصَّلاَةِ إِلَى الْحَرْبَةِ يَوْمَ الْعِيْدِ

چھوٹے نیزے کو سترہ بنا کر عید کی نماز پڑھنا

اگر عید کی نماز میدان میں پڑھی جائے تو امام کے سامنے سترہ ہونا چاہئے، آج کل عیدگاہوں میں جدار قبلی ہوتی ہے اس

لئے سترہ گاڑنے کی ضرورت نہیں رہتی، لیکن اگر میدان میں نماز پڑھی جائے خواہ وہ عید کی نماز ہو یا کوئی اور نماز ہو تو امام کے سامنے سترہ ہونا چاہئے، نبی پاک ﷺ کے زمانہ میں حربہ (چھوٹا بلّم) عیدگاہ لے جایا جاتا تھا اس کو سترہ کی جگہ گاڑا جاتا تھا، پھر آپؐ اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھاتے تھے۔

[۱۳-] بابُ الصَّلاَةِ إِلَى الْحَرْبَةِ يَوْمَ الْعِيْدِ

[۹۷۲-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ تُرْكَزُ لَهُ الْحَرْبَةُ قُدَّامَهُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالنَّحْرِ، ثُمَّ يُصَلِّیْ.[راجع: ٤٩٤]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ عید الفطر اور عید الاضحیٰ میں نبی ﷺ کے سامنے چھوٹا نیزہ گاڑا جاتا تھا پھر آپؐ نماز پڑھتے تھے۔

بابُ حَمْلِ الْعَنَزَةِ أَوِ الْحَرْبَةِ بَيْنَ يَدَیِ الإِمَامِ يَوْمَ الْعِيْدِ

عید کے دن امام کے آگے ڈنڈا یا بلّم لے کر چلنا

پہلے یہ باب آیا ہے کہ بڑے مجمع میں ہتھیار نہیں لے جانا چاہئے، ممکن ہے بھیڑ میں کسی کو لگ جائے، اب یہ باب اُس باب سے گویا استثناء ہے۔ اگر امام کے سامنے عید کے دن کوئی بلّم یا برچھی لے کر چلے تو اس میں کچھ حرج نہیں، کیونکہ امام کے سامنے لوگ نہیں چلتے، پس کسی کے زخمی ہونے کا اندیشہ نہیں، نیز اس کی ضرورت ہے اس کو امام کے سامنے سترہ بنایا جائے گا۔

[۱٤-] بابُ حَمْلِ الْعَنَزَةِ أَوِ الْحَرْبَةِ بَيْنَ يَدَیِ الإِمَامِ يَوْمَ الْعِيْدِ

[۹۷۳-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم يَغْدُوْ إِلَى الْمُصَلَّى، وَالْعَنَزَةُ بَيْنَ يَدَيْهِ، تُحْمَلُ وَتُنْصَبُ بِالْمُصَلَّى بَيْنَ يَدَيْهِ، فَيُصَلِّیْ إِلَيْهَا.[راجع: ٤٩٤]

ترجمہ: ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ صبح عیدگاہ تشریف لے جاتے درانحالیکہ بلّم آپؐ کے سامنے ہوتا تھا، اٹھایا جاتا تھا، اور آپؐ کے سامنے عیدگاہ میں گاڑا جاتا تھا پھر آپؐ اس کی طرف نماز پڑھتے تھے۔

بابُ خُرُوْجِ النِّسَاءِ وَالْحُيَّضِ إِلَى الْمُصَلَّى

عام عورتوں کا اور حائضہ عورتوں کا عیدگاہ جانا

پہلے یہ مسئلہ گذر چکا ہے کہ عورتیں جب پانچوں نمازوں کے لئے جاتی تھیں تو عیدگاہ بھی جاتی تھیں، اور صرف پاک

عورتیں ہی نہیں بلکہ حائضہ اور نفساء بھی عیدگاہ جاتی تھیں، لیکن جب زمانہ بدلا، اور حالات بگڑے اور پانچوں نمازوں میں عورتوں کو مسجدوں میں آنے سے روک دیا گیا تو ان کا عیدگاہ میں آنے کا سلسلہ بھی بند ہوگیا۔ تفصیل کے لئے دیکھیں: تحفۃ القاری (۲:۱۲۳، کتاب الحیض باب ۲۳)

[۱۵-] بابُ خُرُوْجِ النِّسَاءِ وَالْحُيَّضِ إِلَى الْمُصَلَّى

[۹۷٤-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: أُمِرْنَا أَنْ نُخْرِجَ الْعَوَاتِقَ ذَوَاتِ الْخُدُوْرِ.

وَعَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حَفْصَةَ بِنَحْوِهِ، وَزَادَ فِيْ حَدِيْثِ حَفْصَةَ، قَالَ: أَوْ قَالَتْ: الْعَوَاتِقَ وَذَوَاتِ الْخُدُوْرِ، وَيَعْتَزِلْنَ الْحُيَّضُ الْمُصَلَّى. [راجع: ۳۲٤]

لغات: العَوَاتِقْ: الْعَاتِقْ کی جمع: جوان لڑکی .... **ذوات الخدور:** پردہ نشیں، پس عطف تفسیری ہے، کیونکہ لڑکی جب جوان ہوجاتی ہے تو پردہ نشیں ہوجاتی ہے، اور ذوات الخدور سے وہ عورتیں بھی مراد ہوسکتی ہیں جو گھر سے باہر نہیں نکلتیں، بعض عورتیں برقعہ اوڑھ کر گھر سے نکلتی ہیں اور سب کام کرتی ہیں، بازاروں میں جاتی ہیں اور سودا سلف خریدتی ہیں مگر شرفاء کی عورتیں گھروں سے نہیں نکلتیں ایسی عورتیں ذوات الخدور کہلاتی ہیں، پس العواتق عام ہے، اور ذوات الخدور خاص، اس صورت میں عطف تفسیری نہیں ہوگا۔

حائضہ عورتیں نماز کی جگہ سے الگ رہیں، صرف دعا اذکار اور دعوت و نصیحت میں شرکت کریں۔ اور محمد اور حفصہ بھائی بہن ہیں، ام عطیہ سے دونوں روایت کرتے ہیں۔

بابُ خُرُوْجِ الصِّبْيَانِ إِلَى الْمُصَلَّى

بچوں کا عیدگاہ جانا

عیدگاہ میں بچوں کو لے جاسکتے ہیں مگر بچے سمجھ دار ہونے چاہئیں، ایسے بچے جو نماز کو نہیں سمجھتے ان کو عیدگاہ نہیں لے جانا چاہئے، ابن ماجہ میں حدیث ہے: جَنِّبُوْا صِبيانَكم مساجدَكم: اپنے بچوں کو اپنی مسجدوں سے بچاؤ، یہ حدیث ناسمجھ بچوں کے بارے میں ہے، وہ نہ خود نماز پڑھیں گے نہ دوسروں کو پڑھنے دیں گے، اور جو بچے سمجھ دار ہیں، جو مسجد کے آداب جانتے ہیں اور نماز پڑھیں گے ایسے بچوں کو مسجدوں میں لانا چاہئے اور عیدگاہ میں بھی لے جاسکتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کے زمانہ میں بالغ نہیں ہوئے تھے مگر آپؐ ان کو عیدگاہ لے گئے تھے۔

[۱۶-] بابُ خُرُوْجِ الصِّبْیَانِ إِلٰی الْمُصَلّٰی

[۹۷۵-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم یَوْمَ فِطْرٍ أَوْ أَضْحَی، فَصَلّٰی ثُمَّ خَطَبَ، ثُمَّ أَتَی النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ. [راجع: ۹۸]

ترجمہ: ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ عید الفطر یا عید الاضحیٰ میں نکلا، آپؐ نے نماز پڑھائی پھر خطبہ دیا پھر عورتوں کے مجمع کے قریب گئے، اور ان کو وعظ ونصیحت فرمائی اور ان کو صدقہ کا حکم دیا۔

تشریح: اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نبی ﷺ کے زمانہ میں بچے تھے، بالغ نہیں ہوئے تھے، اور آپؐ ان کو اپنے ساتھ عیدگاہ لے گئے، معلوم ہوا کہ سمجھدار بچوں کو عیدگاہ لے جاسکتے ہیں۔

بابُ اسْتِقْبَالِ الإِمَامِ النَّاسَ فِیْ خُطْبَةِ الْعِیْدِ

عید کے خطبہ میں امام کا لوگوں کی طرف متوجہ ہونا

ابواب الجمعہ میں بھی اس طرح کا باب گذرا ہے، امام لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر خطبہ دے تاکہ لوگ بات اچھی طرح سمجھیں، حدیث کے لفظ مقابل سے استدلال کیا ہے۔

[۱۷-] بابُ اسْتِقْبَالِ الإِمَامِ النَّاسَ فِیْ خُطْبَةِ الْعِیْدِ

وَقَالَ أَبُوْ سَعِیْدٍ: قَامَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مُقَابِلَ النَّاسِ.

[۹۷۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَیْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ زُبَیْدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یَوْمَ أَضْحَی إِلَی الْبَقِیْعِ، فَصَلّٰی رَكْعَتَیْنِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَیْنَا بِوَجْهِهِ وَقَالَ: " إِنَّ أَوَّلَ نُسُكِنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا أَنْ نَبْدَأَ بِالصَّلَاةِ، ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ وَافَقَ سُنَّتَنَا، وَمَنْ ذَبَحَ قَبْلَ ذٰلِكَ فَإِنَّهُ شَیْئٌ عَجَّلَهُ لِأَهْلِهِ، لَیْسَ مِنَ النُّسُكِ فِیْ شَیْئٍ" فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: یَارسولَ اللّٰهِ إِنِّیْ ذَبَحْتُ، وَعِنْدِیْ جَذَعَةٌ خَیْرٌ مِنْ مُسِنَّةٍ. قَالَ: " اذْبَحْهَا وَلَا تَفِیْ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ" [راجع: ۹۵۱]

وضاحت: بقیع مدینہ منورہ کا مشہور قبرستان ہے اس کے قریب میں نبی ﷺ نے عید الاضحیٰ کی نماز پڑھائی ہے۔
فَأَقْبَلَ علینا بوجهه: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، فإنه شیئ عَجَّله لأهله: جس نے نماز عید سے پہلے قربانی کی وہ قربانی ایسی چیز ہے جس کو اس نے اپنے گھر والوں کے لئے جلدی کردیا، یعنی قربانی نہیں ہوئی، دوسری قربانی کرے۔

بابُ الْعَلَمِ بِالْمُصَلّٰی

عیدگاہ میں نشان قائم کرنا

اگر میدان میں عید پڑھنی ہو اور میدان بے نشان ہو تو جہاں عید پڑھنی ہے وہاں کوئی نشان قائم کر دینا چاہئے، جھنڈا گاڑ دیا جائے یا کوئی اور نشان قائم کر دیا جائے، تاکہ لوگ وہاں پہنچ کر صف بندی کریں۔ اگر میدان میں کوئی نشان نہیں ہوگا تو جو لوگ امام سے پہلے آئیں گے وہ کہاں بیٹھیں گے اور کہاں صف بنائیں گے؟ اس لئے ایسی صورت میں جبکہ میدان بے نشان ہو کوئی نشان قائم کر دینا چاہئے تاکہ لوگ نشان دیکھ کر وہاں صف بنائیں۔ حدیث میں ہے کہ کثیر بن الصلت رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس جو میدان تھا اس میں عید پڑھنی طے تھی، چنانچہ اس میں ایک نشان قائم کر دیا گیا تاکہ لوگ پہنچ کر وہاں صف بنائیں اور نشان قائم کرنے کا یہ حکم اس وقت ہے جب کسی میدان میں نماز پڑھنی ہو، اگر باقاعدہ عیدگاہ بنی ہوئی ہو تو پھر نشان کی کوئی ضرورت نہیں۔

[۱۸-] بابُ الْعَلَمِ بِالْمُصَلّٰی

[۹۷۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَابِسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قِيْلَ لَهُ: أَشَهِدْتَ الْعِيْدَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَوْلاَ مَكَانِيْ مِنَ الصِّغَرِ مَا شَهِدْتُهُ، حَتَّى أَتَى الْعَلَمَ الَّذِيْ عِنْدَ دَارِ كَثِيْرِ بْنِ الصَّلْتِ فَصَلَّى ثُمَّ خَطَبَ، ثُمَّ أَتَى النِّسَاءَ وَمَعَهُ بِلاَلٌ، فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ، فَرَأَيْتُهُنَّ يَهْوِيْنَ بِأَيْدِيْهِنَّ، يَقْذِفْنَهُ فِيْ ثَوْبِ بِلاَلٍ، ثُمَّ انْطَلَقَ هُوَ وَبِلاَلٌ إِلٰى بَيْتِهِ. [راجع: ۹۸]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا: کیا آپ نبی ﷺ کے ساتھ عید میں شریک ہوئے ہیں؟ انھوں نے کہا: جی ہاں، اور میں چھوٹا تھا اگر میرے ساتھ نبی ﷺ کا خاص تعلق نہ ہوتا تو میں عیدگاہ نہ جاتا، یعنی نبی ﷺ کو مجھ سے خاص تعلق تھا اس وجہ سے آپؐ مجھے اپنے ساتھ لے گئے، ورنہ میری عمر کے بچے عیدگاہ نہیں جاتے تھے، (اس جملہ میں تقدیم وتاخیر اور حذف ہے، اصل جملہ ہے: لولا مکانی من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم أشهده لأجل الصغر) یہاں تک کہ آپؐ اس نشان کے پاس آئے جو کثیر بن الصلت کے گھر کے پاس تھا (یہ نشان معلوم نہیں کیوں تھا؟ وہاں یہ نشان زمانۂ مابعد تک رہا ہے)......... فرأیتهن: پس میں نے عورتوں کو دیکھا وہ اپنے ہاتھ بڑھا رہی ہیں، ڈال رہی ہیں وہ زیور کو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں پھر آپؐ اور حضرت بلالؓ گھر چل دیئے۔

لغت: هَوٰى يَهْوِىْ (ض) هُوِيًّا اور أَهْوٰى (باب افعال) يدُه للشيئ: کسی چیز کے لئے ہاتھ بڑھنا، بڑھانا۔

بَابُ مَوْعِظَةِ الإِمَامِ النِّسَاءَ يَوْمَ الْعِيْدِ

عید کے دن امام کا عورتوں کو نصیحت کرنا

اگر مجمع میں عورتیں بھی ہوں خواہ عید کا مجمع ہو یا وعظ ونصیحت کا تو عورتوں کے مناسب حال مضمون بیان کرنے کا اہتمام کرنا چاہئے، یہاں یہ بات ذہن نشین رہے کہ شریعت کے احکام ننانوے فیصد مردوں اور عورتوں میں مشترک ہیں، جو احکام مردوں کے لئے ہیں وہی عورتوں کے لئے بھی ہیں، کیونکہ مردوزن ایک ہی نوع ہیں، پس نوعی احکام دونوں میں مشترک ہیں، صرف ایک فیصد احکام میں فرق ہے جو صنفی احکام ہیں، پس اگر عورتوں کے خصوص احکام بیان نہ کرے تو بھی کچھ حرج نہیں۔

[١٩-] بَابُ مَوْعِظَةِ الإِمَامِ النِّسَاءَ يَوْمَ الْعِيْدِ

[٩٧٨-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْفِطْرِ فَصَلَّى، فَبَدَأَ بِالصَّلاَةِ، ثُمَّ خَطَبَ فَلَمَّا فَرَغَ نَزَلَ،فَأَتَى النِّسَاءَ فَذَكَّرَهُنَّ وَهُوَ يَتَوَكَّأُ عَلٰى يَدِ بِلاَلٍ، وَبِلاَلٌ بَاسِطٌ ثَوْبَهُ، تُلْقِي فِيْهِ النِّسَاءُ الصَّدَقَةَ، قُلْتُ لِعَطَاءٍ: زَكَاةَ يَوْمِ الْفِطْرِ؟ قَالَ: لاَ، وَلٰكِنْ صَدَقَةً يَتَصَدَّقْنَ حِيْنَئِذٍ، تُلْقِي فَتَخَهَا وَيُلْقِيْنَ، قُلْتُ لِعَطَاءٍ: أَتُرَى حَقًّا عَلَى الإِمَامِ ذٰلِكَ: يُذَكِّرُهُنَّ؟ قَالَ: إِنَّهُ لَحَقٌّ عَلَيْهِمْ، وَمَالَهُمْ لاَ يَفْعَلُوْنَهُ؟

[راجع:٩٥٨]

[٩٧٩-] وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: وَأَخْبَرَنِيْ الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: شَهِدْتُ الْفِطْرَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ، يُصَلُّوْنَهَا قَبْلَ الْخُطْبَةِ، ثُمَّ يَخْطُبُ بَعْدُ، خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ، حِيْنَ يُجْلِسُ بِيَدِهِ، ثُمَّ أَقْبَلَ يَشُقُّهُمْ، حَتّٰى أَتَى النِّسَاءَ، مَعَهُ بِلاَلٌ، فَقَالَ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَ كَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ﴾ الآيَةَ [الْمُمْتَحِنَةُ:١٢] ثُمَّ قَالَ حِيْنَ فَرَغَ مِنْهَا. "أَنْتُنَّ عَلَى ذٰلِكَ" فَقَالَتِ امْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ، لَمْ يُجِبْهُ غَيْرُهَا: نَعَمْ، لاَ يَدْرِيْ حَسَنٌ مَنْ هِيَ؟ قَالَ: فَتَصَدَّقْنَ، فَبَسَطَ بِلاَلٌ ثَوْبَهُ، ثُمَّ قَالَ: "هَلُمَّ لَكُنَّ فِدَاءً أَبِيْ وَأُمِّيْ!" فَيُلْقِيْنَ الْفَتَخَ وَالْخَوَاتِيْمَ فِيْ ثَوْبِ بِلاَلٍ.

قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: الْفَتَخُ: الْخَوَاتِيْمُ العِظَامُ، كَانَتْ فِيْ الْجَاهِلِيَّةِ.[راجع: ٩٧]

حدیث (۱): چند ابواب پہلے گذری ہے........**فلما فَرَغَ نَزَل**: اس سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کسی اونچی چیز پر کھڑے ہوکر خطبہ دے رہے تھے........**قلتُ لعطاء**: ابن جریج کہتے ہیں: میں نے حضرت عطاء بن ابی رباح سے پوچھا: کیا عورتیں صدقۃ الفطر دے رہی تھیں؟ حضرت عطاء نے کہا: نہیں، بلکہ وہ (نفلی) صدقہ تھا جو اس وقت عورتیں دے

رہی تھیں، کوئی عورت بڑی انگوٹھی ڈال رہی تھی اور دوسری چیزیں بھی ڈال رہی تھیں، میں نے حضرت عطاء سے سوال کیا: کیا امام پر لازم ہے کہ عورتوں کو الگ سے وعظ ونصیحت کرے؟ حضرت عطاء نے فرمایا: ائمہ کو ایسا کرنا ہی چاہئے، اور اس پر کوئی گناہ نہیں اگر وہ اس کو نہ کرے (معلوم ہوا کہ حق ہمیشہ حق شرعی ہی نہیں ہوتا، حق فی المروءۃ بھی ہوتا ہے)

حدیث (۲): اس حدیث کی بھی ابن جریج تک وہی سند ہے جو اوپر مذکور ہوئی، ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ اور خلفائے راشدین کے ساتھ عید الفطر میں شریک رہا ہوں، سب خطبہ سے پہلے نماز پڑھاتے تھے، پھر بعد میں خطبہ دیتے تھے، نبی ﷺ نکلے گویا میں آپ کو دیکھ رہا ہوں، جب آپؐ ہاتھ کے اشارہ سے لوگوں کو بٹھا رہے تھے (یعنی وہ منظراب بھی میری نظروں میں بسا ہوا ہے جب نبی ﷺ نے خطبہ پورا کیا تو لوگ اٹھنے لگے، آپؐ نے ہاتھ کے اشارہ سے ان کو بٹھایا) پھر آپؐ چلے صفیں چیرتے ہوئے، یہاں تک کہ عورتوں کے پاس آئے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ ساتھ تھے، آپؐ نے سورۂ ممتحنہ کی آیت ۱۲ تلاوت فرمائی، آپؐ نے یہ آیت پڑھ کر عورتوں سے پوچھا: اس آیت میں جو شرائط ہیں ان کا تم اقرار کرتی ہو؟ پس ان میں سے صرف ایک عورت بولی: جی ہاں! اس کے علاوہ کوئی نہیں بولی (یہاں سے یہ قاعدہ معلوم ہوا کہ معرض بیان میں سکوت بیان ہوتا ہے جب آپؐ پوچھ رہے ہیں تو ہر ایک کو بولنا چاہئے تھا لیکن عورت کی آواز بھی عورت ہے، اس لئے عورتیں خاموش رہیں، اور ان کی خاموشی ہی اقرار تھا) حسن بن مسلم (راوی) نہیں جانتے کہ وہ عورت کون تھی۔ نبی ﷺ نے فرمایا: پس خیرات کرو، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اپنا کپڑا پھیلا دیا، پھر آپؐ نے فرمایا: آؤ یعنی چندہ لاؤ! تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں! پس عورتیں چھلّے اور انگوٹھیاں حضرت بلالؓ کے کپڑے میں ڈالنے لگیں —— عبدالرزاق (راوی) کہتے ہیں: فَتَخ بڑی انگوٹھی کو کہتے ہیں جو زمانہ جاہلیت میں پہنی جاتی تھی۔

بَابٌ: إِذَا لَمْ يَكُنْ لَهَا جِلْبَابٌ فِي الْعِيْدِ

عید کے دن اگر کسی عورت کے پاس برقعہ نہ ہو

اگر کسی عورت کے پاس چادر، اوڑھنا یا برقعہ نہ ہو تو کیا کرے؟ بغیر پردہ عیدگاہ جا سکتی ہے؟ نہیں، اسے کسی بہن سے برقعہ عاریت لینا چاہئے یا دو ایک برقعہ میں گھس کر جائیں۔

[۲۰-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يَكُنْ لَهَا جِلْبَابٌ فِي الْعِيْدِ

[۹۸۰-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، قَالَتْ: كُنَّا نَمْنَعُ جَوَارِيَنَا أَنْ يَخْرُجْنَ يَوْمَ الْعِيْدِ، فَجَاءَتِ امْرَأَةٌ فَنَزَلَتْ قَصْرَ بَنِيْ خَلَفٍ، فَأَتَيْتُهَا، فَحَدَّثَتْ أَنَّ زَوْجَ أُخْتِهَا غَزَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثِنْتَيْ عَشْرَةَ غَزْوَةً، فَكَانَتْ أُخْتُهَا مَعَهُ فِيْ سِتِّ

غَزَوَاتٍ، قَالَتْ: فَكُنَّا نَقُوْمُ عَلَى الْمَرْضَى، وَنُدَاوِي الْكَلْمَى، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَعَلٰى إِحْدَانَا بَأْسٌ إِذَا لَمْ يَكُنْ لَهَا جِلْبَابٌ: أَنْ لَا تَخْرُجَ؟ فَقَالَ: " لِتُلْبِسْهَا صَاحِبَتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا، فَلْيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ"

قَالَتْ حَفْصَةُ: فَلَمَّا قَدِمَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ أَتَيْتُهَا فَسَأَلْتُهَا: أَسَمِعْتِ فِيْ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ بِأَبِيْ! وَقَلَّمَا ذَكَرَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا قَالَتْ: بِأَبِيْ! قَالَ: " لِتَخْرُجِ الْعَوَاتِقُ ذَوَاتُ الْخُدُوْرِ أَوْ قَالَ: الْعَوَاتِقُ وَذَوَاتُ الْخُدُوْرِ، شَكَّ أَيُّوْبُ، وَالْحُيَّضُ فَتَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ الْمُصَلَّى وَلْيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ" قَالَتْ: فَقُلْتُ لَهَا: آلْحُيَّضُ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، أَلَيْسَ الْحَائِضُ تَشْهَدُ عَرَفَاتٍ، وَتَشْهَدُ كَذَا وَتَشْهَدُ كَذَا؟

[راجع: ۳۲۴]

وضاحت: یہ حدیث کتاب الحیض باب ۲۳ میں گذر چکی ہے، ترجمہ اور شرح تحفۃ القاری (۱۲۲:۲) میں پڑھیں۔ اور یہاں استدلال یہ ہے کہ جب نبی ﷺ سے پوچھا گیا کہ اگر کسی عورت کے پاس اوڑھنا نہ ہو اور وہ عیدگاہ نہ جائے تو کوئی گناہ تو نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: اپنی سہیلی سے اوڑھنا عاریۃً لے لے، یعنی اگر کسی عورت کے پاس برقعہ نہیں ہے تو اس کو بھی عیدگاہ آنا ہے لیکن بے پردہ نہیں، اپنی سہیلی سے عاریۃً برقعہ مانگ لے یا ایک برقعہ میں دو مل کر آئیں۔

بابُ اعْتِزَالِ الْحُيَّضِ الْمُصَلَّى

حائضہ عورتوں کا نماز کی جگہ سے علاحدہ رہنا

حائضہ اور نفاس والی عورتیں بھی عیدگاہ جائیں گی مگر وہ نمازیوں کے درمیان نہیں بیٹھیں گی، بلکہ الگ بیٹھیں گی، اس لئے کہ وہ نماز نہیں پڑھتیں اور نمازی اور غیر نمازی کا اختلاط اچھا نہیں۔

[۲۱-] بابُ اعْتِزَالِ الْحُيَّضِ الْمُصَلَّى

[۹۸۱-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: قَالَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ: أُمِرْنَا أَنْ نَخْرُجَ، فَنُخْرِجَ الْحُيَّضَ وَالْعَوَاتِقَ وَذَوَاتِ الْخُدُوْرِ — وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ: أَوِ الْعَوَاتِقَ ذَوَاتِ الْخُدُوْرِ — فَأَمَّا الْحُيَّضُ فَيَشْهَدْنَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَدَعْوَتَهُمْ وَيَعْتَزِلْنَ مُصَلَّاهُمْ" [راجع: ۳۲۴]

وضاحت: عبداللہ بن عون بصری کو شک ہے کہ وذوات الخدور: واؤ کے ساتھ ہے یا بغیر واؤ کے، محمد بن سیرین کے شاگرد ایوب سختیانی کو بھی اس میں شک ہے۔

بَابُ النَّحْرِ وَالذَّبْحِ يَوْمَ النَّحْرِ بِالْمُصَلَّى

عیدقربان کے دن عیدگاہ میں اونٹ نحر کرنا یا گائے بکری ذبح کرنا

ایک مرتبہ جب نبی ﷺ عید الاضحیٰ کے خطبہ سے فارغ ہوئے تو مینڈھا لایا گیا، آپؐ نے سب کے سامنے اس کی قربانی فرمائی، تاکہ لوگوں کو ترغیب ہو اس لئے کہ انسانوں کا حال یہ ہے کہ جو بڑے کرتے ہیں وہی چھوٹے کرتے ہیں، **الناس علی دین ملوکھم**: لوگ اپنے بادشاہوں کے طریقہ پر چلتے ہیں۔ آپؐ کس طرح جانور کو لٹا رہے ہیں؟ کہاں پیر رکھ رہے ہیں؟ ذبح کے وقت کیا پڑھ رہے ہیں؟ یہ سب باتیں بھی لوگ سیکھیں گے اس لئے بھی آپؐ عیدگاہ میں سب لوگوں کے سامنے قربانی فرماتے تھے۔

ملحوظہ: اونٹ میں نحر کیا جاتا ہے اور گائے بھینس، مینڈھے اور بکرے میں ذبح کیا جاتا ہے یہ اولیٰ ہے، اس کا برعکس بھی جائز ہے۔

[۲۲-] بَابُ النَّحْرِ وَالذَّبْحِ يَوْمَ النَّحْرِ بِالْمُصَلَّى

[۹۸۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ كَثِيْرُ بْنُ فَرْقَدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَنْحَرُ أَوْ: يَذْبَحُ بِالْمُصَلَّى. [انظر: ۱۷۱۰، ۱۷۱۱، ۵۵۵۱، ۵۵۵۲]

وضاحت: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ عیدگاہ میں نحر یا ذبح کیا کرتے تھے، آپؐ کے زمانہ میں باقاعدہ عیدگاہ بنی ہوئی نہیں تھی، میدان میں آپؐ عید پڑھاتے تھے، اس لئے کوئی تلویث نہیں تھی، اب عیدگاہیں بن گئی ہیں ان میں قربانی کرنا ٹھیک نہیں۔

بابُ كَلَامِ الإِمَامِ وَالنَّاسِ فِيْ خُطْبَةِ الْعِيْدِ، وَإِذَا سُئِلَ الإِمَامُ عَنْ شَيْءٍ وَهُوَ يَخْطُبُ

عید کے خطبہ میں امام اور لوگوں کا بات کرنا، اور جب خطبہ کے دوران امام سے کوئی بات پوچھی جائے

امام بخاری رحمہ اللہ فرق کرنا چاہتے ہیں: جمعہ کا خطبہ سننا تو واجب ہے، لوگوں کا باہم باتیں کرنا جائز نہیں، مگر عیدین کے خطبہ میں بات چیت کر سکتے ہیں، حنفیہ کے نزدیک کوئی فرق نہیں، جمعہ کا خطبہ سننا بھی واجب ہے اور عیدین کا خطبہ بھی اور دونوں میں لوگوں کا آپس میں بات چیت کرنا جائز نہیں۔ اور امام مقتدیوں سے کچھ کہے یا کوئی مقتدی امام سے کچھ عرض کرے تو اس میں کچھ حرج نہیں، اس لئے کہ اس صورت میں کوئی شور نہیں ہوگا اور لوگ باہم باتیں کریں گے تو شور ہوگا، پس امام بخاریؒ جو دلائل پیش کر رہے ہیں وہ دلائل احناف کے مسلک کو ٹچ نہیں کرتے، حنفیہ لوگوں کے باہم بات چیت کرنے کو

ناجائز کہتے ہیں، امام مقتدی سے کچھ کہے یا مقتدی امام سے کچھ عرض کرے اس کو احناف ناجائز نہیں کہتے۔

[۲۳-] بابُ كَلَامِ الإِمَامِ وَالنَّاسِ فِيْ خُطْبَةِ الْعِيْدِ، وَإِذَا سُئِلَ الإِمَامُ عَنْ شَيْءٍ وَهُوَ يَخْطُبُ

[۹۸۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ النَّحْرِ بَعْدَ الصَّلاَةِ. فَقَالَ:" مَنْ صَلَّى صَلاَ تَنَا وَنَسَكَ نُسُكَنَا فَقَدْ أَصَابَ النُّسُكَ؛ وَمَنْ نَسَكَ قَبْلَ الصَّلاَةِ فَتِلْكَ شَاةُ لَحْمٍ" فَقَامَ أَبُو بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ لَقَدْ نَسَكْتُ قَبْلَ أَنْ أَخْرُجَ إِلَى الصَّلاَةِ، وَعَرَفْتُ أَنَّ الْيَوْمَ يَوْمُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ، فَتَعَجَّلْتُ وَأَكَلْتُ وَأَطْعَمْتُ أَهْلِيْ وَجِيْرَانِيْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "تِلْكَ شَاةُ لَحْمٍ" قَالَ: فَإِنَّ عِنْدِيْ عَنَاقًا جَذَعَةً لَهِيَ خَيْرٌ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ، فَهَلْ تَجْزِيْ عَنِّيْ؟ قَالَ:" نَعَمْ، وَلَنْ تَجْزِيَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ"

[راجع: ۹۵۱]

وضاحت: یہ حدیث بار بار آئی ہے اور آرہی ہے، نبی ﷺ نے عید الاضحیٰ میں دورانِ خطبہ پہلی مرتبہ یہ مسئلہ بتایا کہ جس نے نماز عید سے پہلے قربانی کی اس کی قربانی نہیں ہوئی وہ اس کی جگہ دوسری قربانی کرے، پس حضرت ابو بردۃ بن نیار رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں تو قربانی کرکے اور پڑوسیوں کو اور گھر والوں کو کھلا کر اور خود کھا کر آیا ہوں، آپؐ نے فرمایا: تمہاری قربانی نہیں ہوئی، آپ دوسری قربانی کریں۔ اس حدیث سے دورانِ خطبہ امام اور مقتدی کا آپس میں بات کرنا ثابت ہوا اور اس کو کوئی ناجائز نہیں کہتا۔

[۹۸۴-] حدثنا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى يَوْمَ النَّحْرِ، ثُمَّ خَطَبَ، فَأَمَرَ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلاَةِ أَنْ يُعِيْدَ ذَبْحَهُ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! جِيْرَانٌ لِيْ - إِمَّا قَالَ: بِهِمْ خَصَاصَةٌ، وَإِمَّا قَالَ: بِهِمْ فَقْرٌ - وَإِنِّيْ ذَبَحْتُ قَبْلَ الصَّلاَةِ وَعِنْدِيْ عَنَاقٌ لِيْ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ، فَرَخَّصَ لَهُ فِيْهَا. [راجع: ۹۵۴]

[۹۸۵-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ جُنْدَبٍ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ النَّحْرِ، ثُمَّ خَطَبَ، ثُمَّ ذَبَحَ، وَقَالَ :" مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ فَلْيَذْبَحْ أُخْرَى مَكَانَهَا، وَمَنْ لَمْ يَذْبَحْ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ" [انظر: ۵۵۰۰، ۵۵۶۲، ۶۶۷۴، ۷۴۰۰]

وضاحت: یہ دونوں بھی اوپر والی ہی احادیث ہیں اور میں نے پہلے بتایا تھا کہ حضرت ابو بردۃ بن نیار رضی اللہ عنہ نے عرض کیا تھا کہ میرے پڑوسی غریب لوگ ہیں اس حدیث میں اس کی صراحت ہے، **خصاصۃ** کے معنی ہیں: بھوک اور فاقہ

اور فقر کے معنی ہیں: غریبی، خصاصة اور فقر میں راوی کو شک ہے۔

بابُ مَنْ خَالَفَ الطَّرِيْقَ إِذَا رَجَعَ يَوْمَ الْعِيْدِ

ایک رائے یہ ہے کہ عید کے دن راستہ بدل کر لوٹے

نبی ﷺ کا معمول تھا: آپؐ ایک راستہ سے عید گاہ جاتے تھے اور دسرے راستہ سے واپس لوٹتے تھے، اور فقہ کی کتابوں میں ہر شخص کے لئے اس کو سنت لکھا ہے، مگر نبی ﷺ کے زمانہ میں صحابہ کا کیا عمل تھا؟ اور بعد میں صحابہ کا کیا عمل رہا؟ اس سلسلہ میں کوئی نص نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ باب میں مَن لائے ہیں یعنی ایک رائے یہ ہے، خود حضرت رحمہ اللہ نے مسئلہ کی ذمہ داری قبول نہیں کی۔ مگر یہ جمہور کی رائے ہے اور حاشیہ میں اس کی متعدد حکمتیں بیان کی ہیں۔

اور دوسرا خیال یہ ہے کہ یہ حکم امراء کے ساتھ خاص ہے، نبی ﷺ امیر المؤمنین تھے، پس ہر زمانہ کے امراء کو اس سنت پر عمل کرنا چاہئے، اور اس میں دو مصلحتیں ہیں:

ایک: امیر کی جان کی حفاظت: جب یہ معلوم ہی نہ ہوگا کہ امیر کس راستہ سے جائے گا اور کس راستہ سے لوٹے گا تو حملہ آور کہاں گھات لگائے گا؟

دوم: بھیڑ سے بچنا: لوگ امراء کو دیکھنے کا غیر معمولی جذبہ رکھتے ہیں پس جس راستہ سے امیر عید گاہ جائے گا اگر اسی راستہ سے لوٹے گا تو اس کو دیکھنے کے لئے راستہ میں بھیڑ جمع ہوجائے گی اس لئے امراء کو راستہ بدل دینا چاہئے، تاکہ جان بھی سلامت رہے اور راستہ میں بھیڑ بھی نہ ہو۔

ملحوظہ: حدیث کے بعد جو عبارت ہے اس میں سقط (ترکہ) ہے، بیچ سے عبارت رہ گئی ہے، اس وجہ سے عبارت قابل اشکال ہوگئی ہے، پس عبارت اچھی طرح دیکھیں۔

[۲۴-] بابُ مَنْ خَالَفَ الطَّرِيْقَ إِذَا رَجَعَ يَوْمَ الْعِيْدِ

[۹۸۶-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ، عَنْ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا كَانَ يَوْمُ عِيْدٍ خَالَفَ الطَّرِيْقَ.

تَابَعَهُ يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ فُلَيْحٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَحَدِيْثُ جَابِرٍ أَصَحُّ.

اشکال: یونس بن محمد: ابوتمیلہ یحییٰ بن واضح کے متابع ہیں مگر ابوتمیلہ کی سند حضرت جابر رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور یونس کی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک، پس متابعت کہاں رہی؟ تابعہ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جو سند ابوتمیلہ کی ہے وہی سند یونس کی بھی ہے، جبکہ ابوتمیلہ کی سند حضرت جابرؓ تک پہنچ رہی ہے اور یونس کی حضرت ابو ہریرہؓ تک، پس متابعت کہاں رہی؟

جواب: یہ حدیث ترمذی شریف (حدیث ۵۵۰ کتاب الصلوٰۃ، أبواب العیدین، باب ۲۷۴، تحفۃ الالمعی ۲: ۴۱۹) میں بھی آئی ہے وہاں عبارت یہ ہے: وروی أبو تُمیلة ویونس بن محمد هذا الحدیث عن فُلیح بن سلیمان، عن سعید بن الحارث، عن جابر بن عبد الله: معلوم ہوا کہ یہاں عبارت میں سقط ہے، صحیح عبارت یہ ہے: وتابعه یونس بن محمد، عن فلیح، عن سعید [عن جابر بن عبد الله، ورواه محمد بن الصلت، عن فلیح بن سلیمان، عن سعید بن الحارث] عن أبی هریرة، وحدیث جابر أصح: کھڑی دوقوسوں کے درمیان جو عبارت ہے وہ یہاں چھوٹ گئی ہے، اس کی وجہ سے شارحین کو عبارت حل کرنے میں بہت پریشانی ہوئی ہے، میں نے تصحیح ترمذی شریف سے کی ہے۔

غرض ابوتمیلہ اور یونس دونوں کی سندیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہیں اور محمد بن الصلت کی سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت جابرؓ کی حدیث اصح ہے، یعنی یہ حدیث حضرت جابر کی ہے، حضرت ابو ہریرہؓ کی نہیں ہے، امام ترمذی نے بھی حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث کو غریب کہا ہے۔

بابٌ: إِذَا فَاتَهُ الْعِيْدُ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ

عید کی نماز ہاتھ سے نکل جائے تو دوگانہ پڑھے

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس کی عید کی نماز فوت ہوگئی وہ تنہا دو رکعتیں پڑھ لے، اسی طرح عورتیں اور غلام باندی اگر عیدگاہ نہ جائیں تو گھروں میں تنہا دو رکعتیں پڑھ لیں، اسی طرح دیہات کے رہنے والے جہاں عید کی نماز نہیں ہوتی: وہ بھی تنہا دو رکعتیں پڑھیں۔

ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے عید کے دن کو خوشی کا دن قرار دیا ہے، پس کوئی دوگانہ ادا کرنے سے محروم کیوں رہے؟ مگر احناف ان باتوں سے متفق نہیں، حنفیہ کہتے ہیں: عید کی نماز نہ تنہا پڑھ سکتے ہیں نہ اس کی قضاء ہے، پس عورتیں گھروں میں عید کے دن اشراق وچاشت تو پڑھ سکتی ہیں مگر عید کے قائم مقام دو نفلیں نہیں پڑھیں گی، اور یہ بات کہ نبی ﷺ نے عید کے دن کو خوشی کا دن قرار دیا ہے: ٹھیک ہے، مگر اس سے یہ مسئلہ مستنبط کرنا کہ ہر شخص کو دوگانۂ عید پڑھنا چاہئے: اس کے لئے دلیل درکار ہے اور وہ موجود نہیں۔

[۲۵-] بابٌ: إِذَا فَاتَهُ الْعِيْدُ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ

وَكَذٰلِكَ النِّسَاءُ وَمَنْ كَانَ فِي الْبُيُوْتِ وَالْقُرَى

[۱-] لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "هٰذَا عِيْدُنَا يَا أَهْلَ الإِسْلَامِ"

[۲-] وَأَمَرَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ مَوْلَاهُ ابْنَ أَبِيْ عُتْبَةَ بِالزَّاوِيَةِ فَجَمَعَ أَهْلَهُ وَبَنِيْهِ وَصَلَّى كَصَلَاةِ أَهْلِ الْمِصْرِ

وَتَكْبِيْرِهِمْ.

[۳-] وَقَالَ عِكْرِمَةُ: أَهْلُ السَّوَادِ يَجْتَمِعُوْنَ فِي الْعِيْدِ يُصَلُّوْنَ رَكْعَتَيْنِ كَمَا يَصْنَعُ الإِمَامُ.

[٤-] وَقَالَ عَطَاءٌ: إِذَا فَاتَهُ الْعِيْدُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ.

قوله: ومن كان في البيوت: سے غلام باندی اور مریض معذور لوگ مراد ہیں............**قوله: والقرى: أي من كان في القرى:** جولوگ دیہات میں رہتے ہیں۔

۱-لِقَوْلِ النَّبِيِّ: یہ دلیل ہے: عید کا دن خوشی کا دن ہے پس کوئی بھی دوگانۂ عید سے محروم نہ رہے (مگر اس ارشاد سے یہ استنباط مشکل ہے)

۲-وَأَمَرَ أَنَسُ بن مالكٍ: پہلے یہ بات گذری ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ سے دوفرسخ یعنی چھ میل دور زاویہ مقام میں رہتے تھے، اور آپؓ کا ایک آزاد کردہ غلام ابن ابی عتبہ تھا اس نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حکم سے آپؓ کے گھر والوں کو اور اولاد کو جمع کیا اور عید کی نماز پڑھائی اور شہر والوں کی طرح تکبیرات زوائد کے ساتھ پڑھائی۔ اس واقعہ سے حضرت رحمہ اللہ نے یہ استدلال کیا ہے کہ گاؤں میں جہاں عید کی نماز نہیں ہوتی وہاں کے لوگ بھی عید پڑھیں، مگر یہ استدلال بھی مشکل ہے، جو فقہاء چھوٹے گاؤں میں جمعہ کے جواز کے قائل ہیں وہ تو اس واقعہ سے استدلال کر سکتے ہیں مگر امام بخاری رحمہ اللہ کا دعوی اس سے ثابت نہیں ہوتا۔

پہلے یہ مسئلہ گذر چکا ہے کہ جمعہ کی صحت کے لئے کس درجہ کا تمدن اور کیسی بستی ضروری ہے؟ بعض فقہاء چھوٹے گاؤں میں بھی جمعہ کو جائز کہتے ہیں اور حنفیہ کے نزدیک شہر، قصبات اور بڑے گاؤں ہی میں جمعہ جائز ہے، چھوٹے گاؤں میں جمعہ جائز نہیں، اور عیدین کا حکم جمعہ کا حکم ہے، پس جو فقہاء چھوٹے گاؤں میں جمعہ کے جواز کے قائل ہیں وہ اس واقعہ سے استدلال کریں گے اور حنفیہ کے پاس قرآن وحدیث کے دلائل ہیں، آیاتِ جمعہ میں غور کرنے سے صاف یہ بات نکلتی ہے کہ جمعہ کی صحت کے لئے ایسا تمدن اور ایسی بستی ضروری ہے جہاں کی معیشت کا مدار بیع وشراء پر ہو اور صحیح حدیثوں میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ کی حیات میں صرف تین جگہ جمعہ ہوتا تھا، مدینہ منورہ میں، مکہ معظّمہ میں اور جُواثی میں جو بحرین کی تجارتی منڈی تھی، ان تین جگہوں کے علاوہ کہیں جمعہ نہیں ہوتا تھا، جب کہ مدینہ کے اردگرد مسلمانوں کے کئی گاؤں تھے، وہ مسجدِ نبوی میں جمعہ پڑھنے آتے تھے، اور باری باری آتے تھے، پس حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ عمل قرآن وحدیث سے معارض ہے، اس لئے اس واقعہ سے گاؤں میں جمعہ اور عید کے جواز پر استدلال نہیں ہوسکتا، پھر امام بخاری رحمہ اللہ کا دعوی تو یہ ہے کہ گاؤں والے تنہا دوگانۂ عید پڑھیں، یہ دعوی اس واقعہ سے کیسے ثابت ہوسکتا ہے؟!

۳-وقال عكرمة: حضرت عکرمہؒ کہتے ہیں: گاؤں والے عید کے لئے اکٹھا ہوں اور جس طرح شہر والے عید پڑھتے ہیں اسی طرح عید پڑھیں، یعنی امام تکبیرات زوائد کے ساتھ دوگانہ عید پڑھائے، اس سے بھی امام بخاری رحمہ اللہ کا دعوی ثابت

نہیں ہوتا، کیونکہ امام بخاری گاؤں میں تنہا دوگانہ پڑھنے کی بات کہتے ہیں، پس ان کا دعوی اس سے کیسے ثابت ہوسکتا ہے؟

۴-وقال عطاء: حضرت عطاء رحمہ اللہ کہتے ہیں: جس کی عید کی نماز فوت ہوگئی وہ دو رکعتیں پڑھے، اس سے امام بخاریؒ کا دعوی ثابت ہوتا ہے، مگر حضرت عطاءؒ تابعی ہیں ان کا قول مجتہدین پر حجت نہیں اس لئے اس کا جواب دینے کی ضرورت نہیں۔

[۹۸۷-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَ بَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَيْهَا، وَعِنْدَهَا جَارِيَتَانِ، فِيْ أَ يَّامِ مِنًى، تُدَ فِّفَانِ، وتَضْرِبَانِ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُتَغَشٍّ بِثَوْبِهِ، فَانْتَهَرَهُمَا أَبُوْ بَكْرٍ، فَكَشَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ وَجْهِهِ، وَقَالَ: "دَعْهُمَا يَا أَبَا بَكْرٍ فَإِنَّهَا أَ يَّامُ عِيْدٍ، وَتِلْكَ الْأَيَّامُ أَ يَّامُ مِنًى" [راجع: ۹٤۹]

[۹۸۸-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَسْتُرُنِيْ، وَأَ نَا أَنْظُرُ إِلٰى الْحَبَشَةِ، وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ، فَزَجَرَهُمْ عُمَرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "دَعْهُمْ، أَمْنًا بَنِيْ أَرْفِدَةَ" يَعْنِيْ مِنَ الْأَمْنِ. [راجع: ٤٥٤]

حدیث (۱): یہی حدیث باب کے شروع میں بے سند لکھی ہے، اب اس کو سند کے ساتھ لائے ہیں اور یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے، **تُدَفِّفَانَ** اور **تَضرِبان**: کا ایک مفہوم ہے یعنی وہ دف بجارہی تھیں .... **النبیُّ مُتَغَشّ بثوبه**: آپؐ کپڑا اوڑھے ہوئے لیٹے تھے .... **فإنها أيامُ عيد**: یہ ٹکڑا باب سے متعلق ہے........... **تلك الأيام أيام مُنى**: منی: میم کا کسرہ اور ضمہ دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

حدیث (۲): **وهم يلعبون فی المسجد**: مسجد سے مسجد کا صحن مراد ہے، پہلے امام مالک رحمہ اللہ کے حوالہ سے بتایا ہے کہ یہ کھیل مسجدِ شرعی سے باہر کھیلا گیا تھا، مسجدِ نبوی کے آگے صحن تھا جس کو روایتوں میں بلاط کہا گیا ہے اس میں وہ کھیل کھیلا گیا تھا........... **أَمْنًا بنی أرفدة**: اے بنی ارفدۃ! اطمینان سے کھیلو، یہ أَمْن بمعنی اطمینان ہے اور بنی ارفدۃ اہل حبشہ کا لقب ہے۔

بابُ الصَّلَاةِ قَبْلَ الْعِيْدِ وَبَعْدَهَا

عید سے پہلے اور بعد میں نفلیں

نبی ﷺ کا معمول نماز عید سے پہلے اور اس کے بعد نفلیں پڑھنے کا نہیں تھا اور چاروں ائمہ بھی اس پر متفق ہیں اور عورتیں جن کو عید کی نماز میں شریک نہیں ہونا وہ عید کی نماز سے پہلے گھر میں اشراق اور دیگر نوافل پڑھ سکتی ہیں اور مردوں کو گھر

میں اور عیدگاہ میں نمازِ عید سے پہلے تو نفلیں نہیں پڑھنی چاہئیں، البتہ عید کے بعد گھر لوٹ کر نفلیں پڑھ سکتے ہیں۔

اور عیدین سے پہلے اور اس کے بعد نفلیں نہ رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ سنن ونوافل فرائض کے آگے پیچھے مشروع ہیں اور عیدین کی نمازیں بالاجماع فرض نہیں، علاوہ ازیں سنتیں کسی مصلحت سے تجویز کی گئی ہیں اور وہ مصلحت یہاں نہیں پائی جاتی، جن نمازوں سے پہلے سستی ہوتی ہے جیسے فجر اور ظہر کے وقت سو کر اٹھنے کی وجہ سے سستی ہوتی ہے، اس لئے وہاں سنن قبلیہ رکھی گئی ہیں تاکہ سنت پڑھنے سے سستی دور ہوجائے اور فرض نشاط کے ساتھ پڑھا جائے اور ظہر، مغرب اور عشاء کے بعد چونکہ مشاغل ہیں، ظہر اور مغرب کے بعد تو کاروبار ہے اور عشاء کے بعد سونا ہے اس لئے سنن بعدیہ رکھی گئیں تاکہ فرض کی آخری رکعت میں کاروبار شروع نہ ہوجائے اور فجر اور عصر کے بعد بھی اگرچہ مشغلہ ہے مگر ان کے بعد مکروہ اوقات آتے ہیں اس لئے وہاں سنن بعدیہ تجویز نہیں کی گئیں، کیونکہ جو شخص دیر سے فجر اور عصر پڑھے گا ممکن ہے وہ مکروہ وقت میں سنتیں پڑھنے لگے، اور عیدین سے پہلے سستی نہیں ہوتی، اس نماز کے لئے صبح ہی سے تیاری ہوتی ہے اور ان کے بعد کوئی مشغلہ نہیں وہ چھٹی کا دن ہے، اس لئے عیدین کے آگے پیچھے سنتیں تجویز نہیں کی گئیں۔

[۲۶-] بابُ الصَّلاَۃِ قَبْلَ الْعِیْدِ وَبَعْدَھَا

وَقَالَ أَبُوْ الْمُعَلَّی: سَمِعْتُ سَعِیْدًا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: کَرِہَ الصَّلاَۃَ قَبْلَ الْعِیْدِ.

[۹۸۹-] حدثنا أَ بُوْ الْوَلِیْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَدِیُّ بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِیْدَ بْنَ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم خَرَجَ یَوْمَ الْفِطْرِ فَصَلَّی رَکْعَتَیْنِ لَمْ یُصَلِّ قَبْلَھَا وَلاَ بَعْدَھَا، وَمَعَہُ بِلاَلٌ.

وضاحت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فتوی یہ ہے کہ عید سے پہلے نفلیں مکروہ ہیں، یہ کراہیت ان لوگوں کے لئے ہے جن کو عید کا دوگانہ پڑھنا ہے۔

﴿الحمد للہ! کتاب العیدین کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ الْوِتْرِ

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ الْوِتْرِ

نمازِ وتر کا بیان

نمازِ وتر کے تعلق سے چند باتیں عرض ہیں:

وتر اور صلوٰۃ اللیل ایک نماز ہیں یا الگ الگ؟

امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ کے نزدیک دونوں الگ الگ نمازیں ہیں، پھر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک وتر تین رکعتیں: دوقعدوں اور ایک سلام کے ساتھ ہیں اور واجب ہیں، اور صلوٰۃ اللیل (تہجد کی نماز) سنت ہے۔ اور اس کی کوئی تعداد متعین نہیں۔

اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک وتر تین رکعتیں: دوسلام سے مستحب ہیں، ایک سلام سے مکروہ ہیں اور وتر اور تہجد دونوں سنت ہیں مگر وتر زیادہ مؤکد ہیں یعنی ان کی تاکید زیادہ ہے، اس لئے ان کو چھوڑنا جائز نہیں۔

اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک وتر صرف ایک رکعت ہے اور سنت ہے مگر اس سے پہلے تہجد کا دوگانہ ضروری ہے یعنی امام مالکؒ کے نزدیک ایک رکعت وتر سے پہلے جو دوگانہ ہے وہ وتر میں شامل ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک وہ وتر میں شامل نہیں، وہ تہجد کا دوگانہ ہے۔ مگر صرف ایک رکعت وتر پڑھنا صحیح نہیں، تہجد کے دوگانہ کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تہجد اور وتر ایک نماز ہیں، فرق برائے نام ہے، اور دونوں سنت ہیں، البتہ وتر زیادہ مؤکد ہیں، ان کے نزدیک ایک سے گیارہ تک سب وتر بھی ہیں اور صلوٰۃ اللیل بھی۔ اور تیرہ رکعتیں صلوٰۃ الوتر ہیں یا نہیں؟ اس میں ان کے یہاں اختلاف ہے اور تیرہ سے زیادہ صلوٰۃ الوتر نہیں اور ان کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر دو رکعت پر سلام پھیرے اور آخر میں ایک رکعت علاحدہ پڑھے۔

غرض چاروں ائمہ متفق ہیں کہ وتر کی صرف ایک رکعت پڑھنا جائز نہیں، کم از کم تین رکعت پڑھا ضروری ہے، قاضی ابو

الطیب (شافعی) نے ایک رکعت وتر پڑھنے کومکروہ لکھا ہے اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کا بھی یہی قول ہے۔ (معارف السنن ۴:۱۶۸)

وتر واجب ہے یا سنت؟

احناف کے نزدیک وتر واجب ہے، اور دوسرے ائمہ کے نزدیک سنت، لیکن یہ ایسی سنت ہے جس کا ترک ان کے نزدیک بھی جائز نہیں، جس طرح عید کی نماز ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سنت ہے مگر وہ اس کے ترک کے روادار نہیں۔

اور حنفیہ کے نزدیک عید کی نماز واجب ہے اور واجب اور فرض میں عمل کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں، دونوں پر عمل ضروری ہے، البتہ عقیدہ کے اعتبار سے فرق ہوتا ہے، فرض کو فرض ماننا ضروری ہے، اس کا منکر کافر ہے اور واجب کو واجب ماننا ضروری نہیں اس کے وجوب کا منکر کافر یا گمراہ نہیں۔

اور اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ واجب ایک فقہی اصطلاح ہے اس کا درجہ فرض اور سنت مؤکدہ کے درمیان ہے اور یہ اصطلاح احناف نے تجویز کی ہے، دوسرے ائمہ کے نزدیک علی وجہ البصیرت یہ اصطلاح نہیں، ہاں کہیں کہیں وہ بھی واجب کا لفظ استعمال کرتے ہیں مگر احکام شرعیہ میں واجب: حکم کا ایک مستقل درجہ ہے جو فرض اور سنت مؤکدہ کے درمیان ہے، اس طرح یہ بات ائمہ ثلاثہ کے ذہنوں میں واضح نہیں، اس لئے وہ احکام جو دلائل کی رو سے واجب ہیں، ائمہ ثلاثہ ان کو ادھر اُدھر کردیتے ہیں، بعض کو فرض کے خانہ میں رکھ دیتے ہیں اور بعض کو سنت کے خانہ میں، مثلاً صدقۂ فطر کو ائمہ ثلاثہ فرض کہتے ہیں اس لئے کہ حدیث میں لفظ فَرَضَ آیا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۱۵) اور وتر، عیدین اور قربانی کو سنت کہتے ہیں کیونکہ ان کے بارے میں حدیثوں میں کوئی ایسا لفظ نہیں آیا جو فرضیت پر دلالت کرتا ہو، اور احناف چاروں کو یعنی صدقۂ فطر، وتر، عیدین اور قربانی کو واجب کہتے ہیں۔

وتر کا وقت مقرر ہے:

عشاء کے فرضوں کے بعد سے صبح صادق تک وتر کا وقت ہے، اور جو شخص وتر پڑھنا بھول جائے یا سوتا رہ جائے: وہ یاد آنے پر یا بیدار ہونے پر قضاء کرے، پھر اس میں اختلاف ہے کہ قضاء کب تک ہے؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ابداً قضاء ہے یعنی جس طرح فرض کی قضا پوری زندگی میں کرنی ہے، وتر کی بھی کرنی ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قضاء کا وقت فجر کی نماز تک ہے، فجر پڑھنے سے پہلے قضاء کرے، جب فجر کی نماز پڑھ لی تو اب قضا کا وقت ختم ہوگیا اور گناہ لازم ہوگیا۔

وتر کے وجوب کے دلائل:

رسول اللہ ﷺ نے وتر مواظبت تامہ کے ساتھ پڑھے ہیں، زندگی میں ایک مرتبہ بھی قضا نہیں کئے اور انیس روایات

ہیں جو وتر کے وجوب پر دلالت کرتی ہیں، اگرچہ ہر حدیث کی سند میں کلام ہے مگر مجموعہ حسن لغیرہ اور قابل استدلال ہے (یہ سب روایات ہدایہ کی تخریج نصب الرایہ میں اور بخاری کی شرح عمدۃ القاری میں جمع کی گئی ہیں)

غرض وتر کے بارے میں پانچ باتیں اکٹھا ہوئی ہیں جن کی وجہ سے احناف کے نزدیک وتر واجب ہے۔

۱- انیس روایات ہیں جن میں وتر کی غایت درجہ تاکید آئی ہے۔

۲- نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر مواظبت تامہ کے ساتھ ادا فرمائے ہیں، زندگی میں ایک بار بھی ترک نہیں کئے، اگر وتر واجب نہ ہوتے تو بیانِ جواز کے لئے کم از کم ایک بار آپؐ وتر ترک فرماتے، تا کہ امت حقیقت حال سے واقف ہوتی۔

۳- وتر کا وقت مقرر ہے، عشاء کے بعد سے طلوع فجر تک وتر کا وقت ہے اور وقت کی تعیین فرائض کی شان ہے، نوافل کے لئے اس طرح اوقات کی تعیین نہیں کی گئی۔

۴- وتر کی قضا ضروری ہے اگر کوئی شخص وتر پڑھنا بھول جائے یا سوتا رہ جائے تو یاد آنے پر یا بیدار ہونے پر بالاتفاق اس کی قضا ہے اور یہ شان بھی فرائض کی ہے، نوافل کی چاہے وہ سنت مؤکدہ ہوں قضا نہیں۔

۵- وتر نہ پڑھنے کی کسی مجتہد نے اجازت نہیں دی، جو حضرات سنت کہتے ہیں وہ بھی ترک کے روادار نہیں۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں: جو وتر نہیں پڑھتا اس کو سزا دی جائے اور وہ مردود الشہادۃ ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو شخص بالقصد وتر چھوڑتا ہے وہ برا آدمی ہے اور اس کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی، اور امام شافعی رحمہ اللہ بھی قریب قریب یہی بات کہتے ہیں۔

مذکورہ پانچ باتوں میں اگر غور کیا جائے تو وتر کی فرائض کے ساتھ مشابہت صاف نظر آتی ہے، پھر وتر کو واجب کہا جائے یا سنت، اس کا پڑھنا بالاتفاق ضروری ہے، اس لئے یہ اختلاف محض لفظی ہے، حقیقت وجوب کے سب قائل ہیں۔

وتر اور تہجد علاحدہ علاحدہ نمازیں ہیں

امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں نمازوں کو علاحدہ علاحدہ بیان کیا ہے اور یہ بہت اچھا کیا ہے، ابواب الوتر یہاں لائے ہیں، پھر آگے **کتاب التہجد** لائیں گے، اس طرح حضرتؒ نے اشارہ کیا ہے کہ ان دونوں نمازوں کو ایک سمجھنا جیسا کہ شوافع سمجھتے ہیں صحیح نہیں، جیسے امام ترمذی رحمہ اللہ نے فاتحہ کے مسئلہ میں بھی یہی کیا ہے، فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟ یہ باب الگ لائے ہیں، اور مقتدی پر فاتحہ ضروری ہے یا نہیں؟ یہ باب الگ لائے ہیں، اور دونوں بابوں کے درمیان اکتالیس ابواب کا فصل رکھا ہے، اسی طرح امام بخاری رحمہ اللہ نے کیا ہے: ابواب الوتر یہاں لائے ہیں اور **کتاب التہجد** آگے لائیں گے، درمیان میں بہت سی کتابیں (**کتاب الاستسقاء** وغیرہ) لائے ہیں تا کہ غلط فہمی نہ ہو کہ یہ ایک نماز ہے۔

روایتوں میں الجھاؤ

اور فاتحہ کے سلسلہ میں تو روایتوں کو چھانٹنا ممکن ہے کہ یہ فلاں مسئلہ سے متعلق روایات ہیں اور یہ فلاں مسئلہ سے متعلق،

مگر یہاں جو دو مسئلے ہیں جن کو امام بخاری رحمہ اللہ نے علاحدہ علاحدہ کیا ہے ان کی روایتوں کو چھانٹنا ممکن نہیں۔ حضرت رحمہ اللہ نے کتابیں تو الگ الگ کردیں مگر روایات کو چھانٹنا ایک مشکل امر ہے اس لئے کہ نصوص میں کہیں صلوٰۃ اللیل اور صلوٰۃ الوتر کے مجموعہ کو صلوٰۃ اللیل کہا گیا ہے، کہیں دونوں کے مجموعہ کو صلوٰۃ الوتر کہا گیا ہے اور کہیں حقیقت سے کام لیتے ہوئے تہجد کو صلوٰۃ اللیل اور اس کے آخر میں جو تین رکعتیں پڑھی جاتی ہیں ان کو صلوٰۃ الوتر کہا گیا ہے، یہ جو روایات میں الجھاؤ ہے یعنی مختلف اطلاقات آئے ہیں اس کی وجہ سے یہ مسئلہ اختلافی اور پیچیدہ ہوگیا ہے پس ایسے الجھے ہوئے مسئلہ میں تقلید کے سوا کوئی چارہ نہیں، اس لئے جس شخص کو جس امام سے عقیدت ہو اس امام نے ان روایتوں کو جس طرح سمجھا ہے اس کے مطابق عمل کرے، اس کے علاوہ دوسرا کوئی راستہ نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

١٤ – أَبْوَابُ الْوِتْرِ

[١-] بَابُ مَاجَاءَ فِي الْوِتْرِ

[٩٩٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَلاَةِ اللَّيْلِ: فَقَالَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "صَلاَةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خَشِيَ أَحَدُكُمُ الصُّبْحَ صَلَّى رَكْعَةً وَاحِدَةً، تُوْتِرُ لَهُ مَا قَدْ صَلَّى"

[راجع: ٤٧٢]

[٩٩١-] وَعَنْ نَافِعٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يُسَلِّمُ بَيْنَ الرَّكْعَةِ وَالرَّكْعَتَيْنِ فِي الْوِتْرِ، حَتَّى يَأْمُرَ بِبَعْضِ حَاجَتِهِ.

حدیث (۱): حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے: ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے رات کی نماز کے بارے میں پوچھا، پس آپؐ نے فرمایا: رات کی نمازیں دودو، دودو رکعتیں ہیں پس جب تم میں سے کسی کو صبح کا اندیشہ ہو تو وہ ایک رکعت پڑھ لے۔ طاق بنادے گی وہ ایک رکعت اس نماز کو جو اس نے پڑھی ہے۔

حدیث (۲): اور نافع رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما وتر کی ایک رکعت اور دو رکعتوں کے درمیان سلام پھیرا کرتے تھے، یہاں تک کہ حکم دیتے وہ اپنی کسی حاجت کا، یعنی حضرت ابن عمرؓ وتر کی تین رکعتیں دو سلام سے پڑھتے تھے اور دو رکعت پر سلام پھیر کر ضروری بات چیت بھی کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا: رات میں ایک سلام سے دو سے زیادہ نفلیں پڑھنا جائز

نہیں کیونکہ نبی ﷺ نے رات میں دو دو رکعتیں پڑھنے کا حکم دیا ہے[1] البتہ دن میں چار رکعت ایک سلام سے جائز ہیں کیونکہ نبی ﷺ سے دن میں ایک سلام سے چار رکعتیں پڑھنا مروی ہے۔ اور ابن عمر کی اس حدیث میں جو و النھار کا اضافہ آیا ہے وہ صحیح نہیں، تفصیل ترمذی میں کتاب الصلوٰۃ کے آخر میں ہے (دیکھئے تحفۃ الالمعی ۲:۴۸۶)

اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کا ماسیق لا جلہ الکلام یہ ہے کہ رات میں نفلیں دو دو رکعت کر کے پڑھنی چاہئیں اور نفل کے باب میں رات اور دن یکساں ہیں پس دن کو رات پر قیاس کریں گے اور دن کی نفلوں میں بھی دو دو رکعت پر سلام پھیرنا افضل ہوگا اور و النھار کا اضافہ قیاس کے لئے قرینہ ہے۔

اور صاحبین نے حدیث باب کی وجہ سے رات میں دو دو نوافل کو افضل قرار دیا ہے اور و النھار کے اضافہ کو نہیں لیا اور قیاس بھی نہیں کیا اور دن میں ایک سلام سے چار رکعت کو افضل قرار دیا، کیونکہ نبی ﷺ دن میں چار رکعت نفل ایک سلام سے پڑھا کرتے تھے، اور صاحبین کے نزدیک دن میں دو دو پڑھنا اور رات میں چار چار پڑھنا بھی جائز ہے اور ایک سلام سے آٹھ رکعت تک پڑھنا بھی جائز ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک رات اور دن میں نوافل چار چار رکعت ایک سلام سے پڑھنا افضل ہے اگرچہ ایک سلام سے دو رکعتیں بھی جائز ہیں اور چھ یا آٹھ تک ایک سلام سے پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں، اور آٹھ سے زیادہ نفلیں ایک سلام سے پڑھنا ٹھیک نہیں۔

اور امام اعظمؒ فرماتے ہیں: دن میں فرض نمازیں چار رکعت والی ہیں جیسے ظہر اور عصر اور رات میں بھی فرض نماز چار رکعت ہے جیسے عشاء کی نماز اور فرائض غیر اولیٰ ہیئت پر نہیں ہو سکتے۔ علاوہ ازیں آنحضرت ﷺ سے دن میں ایک سلام سے چار رکعت پڑھنا ثابت ہے اور نبی عموماً جو کام کرتے ہیں اسے غیر اولیٰ پر محمول نہیں کیا جا سکتا، پس دن پر رات کو قیاس کریں گے کیونکہ رات اور دن نوافل کے باب میں یکساں ہیں، اس لئے رات میں بھی چار رکعت ایک سلام سے پڑھنا افضل ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مذکورہ حدیث میں امر تشریعی نہیں ہے بلکہ ارشادی ہے یعنی تہجد گذاروں کو ایک بھلائی کی بات بتائی گئی ہے، چونکہ تہجد بہت لمبے پڑھے جاتے تھے، اس لئے حضور اقدس ﷺ نے تہجد گذاروں سے فرمایا کہ تہجد کی نماز میں ہر دو رکعت پر سلام پھیر دیا کرو، پھر تھوڑی دیر آرام کر کے اگلی رکعتیں شروع کرو، تا کہ تھک نہ جاؤ، اگر وہ چار رکعت ایک سلام سے پڑھیں گے اور طویل پڑھیں گے تو تھک جائیں گے، غرض حدیث میں تہجد گذاروں کو ان کے نفع کی بات بتائی گئی ہے، نفل نماز دو دو رکعت کر کے پڑھنا افضل ہے یہ حدیث کا مدعیٰ نہیں۔

---

(۱) جاننا چاہئے کہ اخبار انشاء کو متضمن ہوتے ہیں جیسے لا إیمان لمن لا أمانۃ لہ جملہ خبریہ ہے مگر وہ انشاء کو متضمن ہے یعنی اس حدیث میں نبی ﷺ نے حکم دیا ہے کہ امانت داری اختیار کی جائے، اسی طرح صلوٰۃ اللیل مثنی مثنی بھی اگرچہ مبتدا خبر ہیں مگر ان میں انشاء مضمر ہے یعنی رات میں نفل دو دو رکعت پڑھے جائیں۔

قولہ: صَلّٰی رَکعةً وَاحدةً: تمام ائمہ متفق ہیں کہ یہ نبی ﷺ کے الفاظ نہیں ہیں، آپؐ کے اصل الفاظ ہیں: **فإذا خِفْتَ الصبحَ فَأَوْتِرْ برکعةٍ:** دوسرے الفاظ راویوں نے بدلے ہیں اور جو قاعدہ آپ نے پڑھا ہے کہ روایات روایات کی شرح کرتی ہیں وہ قاعدہ یہاں جاری نہیں ہوتا، راوی جو الفاظ بدلتے ہیں وہ روایتیں ایک دوسرے کی شرح نہیں کرتیں، جیسے حضرت قیس رضی اللہ عنہ نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں، انھوں نے فرضوں کے بعد ان کو پڑھا، جب وہ نماز سے فارغ ہوکر جانے لگے تو نبی ﷺ نے فرمایا: یہ ڈبل ڈبل نماز کیسی؟ انھوں نے عرض کیا: میری فجر کی سنتیں رہ گئی تھیں، آپؐ نے فرمایا: **فلا إِذًا:** فلا إِذًا کے کیا معنی ہیں؟ اس کے لئے دوسری حدیثوں کو دیکھو کہ یہ محاورہ کہاں کہاں استعمال ہوا ہے، اور وہاں کیا معنی ہیں، وہی معنی یہاں بھی مراد ہونگے، وہ معنی ہیں: تو بھی نہیں، یعنی فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تو بھی فجر کے فرضوں کے بعد نفل نماز کی اجازت نہیں، اور جو بعض راویوں نے **فلا إذا** کی جگہ: **فلا بأس إذًا:** کہا ہے، یہ روایت بالمعنی ہے، راوی نے جیسا سمجھا اس طرح الفاظ بدل دیئے، پس اس کا اعتبار نہیں ہوگا۔

اور وتر کی نماز ایک رکعت ہے یا تین رکعتیں؟ اس میں نص فہمی کا اختلاف ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: جب صبح صادق کا اندیشہ لاحق ہو تو ایک رکعت کے ذریعہ نماز کو طاق بناؤ، کونسی نماز کو طاق بنائیں؟ ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ فرماتے ہیں: ایک رکعت کے ذریعہ صلوٰۃ اللیل کو طاق بناؤ، اور حنفیہ کہتے ہیں: دوگانہ کے ساتھ ایک رکعت ملاکر وتر پڑھو، یعنی اب دو رکعت پر سلام مت پھیرو بلکہ دوگانہ کے ساتھ ایک رکعت اور ملاکر وتر حقیقی پڑھ لو۔

اور اس اختلاف کی وجہ تفصیل سے پہلے گذر چکی ہے کہ جب شریعت کسی متعدی لفظ کو اپنی اصطلاح بناتی ہے تو وہ لفظ لازم ہوجاتا ہے، پھر اگر اسے متعدی بنانا ہوتا ہے تو عام طریقہ کے مطابق حرف جر کے ذریعہ متعدی بناتے ہیں، مگر لغت والے متعدی میں اور اس متعدی میں فرق ہوتا ہے، لغت والے لازم کے متعدی بنانے کے بعد جو معنی ہوتے ہیں وہ تو ظاہر ہیں اور شریعت والے لازم کو جب متعدی بنائیں گے تو اس کے معنی میں دوسری چیز کے ضمن میں کوئی کام کرنے کا مفہوم پیدا ہوگا، جیسے **قرأ الکتاب:** حرف جر کے بغیر متعدی ہے پھر شریعت نے اس کو اپنی اصطلاح بنائی، تو لازم ہوگیا **قَرَأَ فی الصلاۃ** کے معنی ہیں: نماز میں قراءت کی، پھر جب متعدی کیا تو حرف جر کا واسطہ لائے، اور کہا: **لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب:** اب معنی ہونگے: فاتحہ دوسری چیز کے ساتھ نہ پڑھا تو نماز نہیں ہوئی، اور وہ دوسری چیز سورت ملانا ہے، یعنی حدیث میں فاتحہ اور سورت کے مجموعہ پر حکم لگایا ہے کہ ان کے بغیر نماز نہیں ہوتی، اسی طرح **أَوْتَرَ الأشیاءَ** کے معنی ہیں: چیزوں کو طاق بنایا، یہ متعدی بنفسہ ہے پھر جب یہ لفظ شرعی اصطلاح بنا تو لازم ہوگیا، کہیں گے: **أَوْتَرَ الرجلُ:** آدمی نے وتر پڑھے، پھر جب باء کے ذریعہ متعدی کیا اور کہا: **أَوْتَرَ بِرکعةٍ:** تو معنی ہونگے: ایک رکعت کو کسی اور چیز کے ساتھ ملاکر طاق بنایا، یعنی جب صبح صادق کا اندیشہ ہو تو دوگانہ پر سلام مت پھیرو، بلکہ اس کے ساتھ ایک رکعت اور ملاؤ، یہی وتر اصطلاحی ہے اور جب آخری نماز وتر بن گئی تو رات کی نماز بھی حکماً وتر بن جائے گی، جیسے مغرب کی نماز دن کی نمازوں میں شامل ہوتی ہے تو دن بھر کی

نمازوں کو طاق بنادیتی ہے۔

اور یہ قاعدہ علامہ جاراللہ زمخشری رحمہ اللہ نے مفصل میں بیان کیا ہے اور احناف نے حدیث کا جو مطلب سمجھا ہے وہ قرین صواب اس لئے بھی ہے کہ وہ رکعتیں جو دو دو کر کے پڑھی جارہی ہیں وہ تو صلوٰۃ اللیل ہیں، خود نبی ﷺ فرمارہے ہیں: صلوٰۃ اللیل مثنی مثنی: پس وتر ایک ہی رکعت ہوگی حالانکہ نبی ﷺ وتر تین رکعت پڑھا کرتے تھے اور تین رکعت وتر پر چاروں ائمہ کا اجماع بھی ہے، اس لئے لامحالہ یہ بات ماننی پڑے گی کہ وتر کی تیسری رکعت سے پہلے جو دوگانہ ہے وہ ایک رکعت کے ساتھ متصل ہے، منفصل ہوگا تو وہ تہجد میں شامل ہو جائے گا۔

قولہ: وعن نافع: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما وتر کی تین رکعتیں دو سلام سے پڑھتے تھے، دو رکعت پر سلام پھیرتے تھے اور کوئی ضرورت ہوتی تو بات چیت بھی کرتے تھے پھر ایک رکعت الگ سلام سے پڑھتے تھے، اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھی مروی ہے کہ وہ بھی وتر کی ایک رکعت الگ سلام سے پڑھتے تھے، یہ ائمہ ثلاثہ کے سمجھے ہوئے مطلب کا قرینہ ہے۔

اور احناف کے دلائل درج ذیل ہیں:

۱- صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ تین رکعتوں سے وتر پڑھتے تھے، سلام نہیں پھیرتے تھے مگر ان کے آخر میں یعنی تین رکعتیں ایک سلام سے پڑھتے تھے، یہ حدیث مستدرک حاکم میں ہے اور بخاری اور مسلم کی شرط پر ہے اور نسائی میں بھی یہ حدیث ہے اس میں یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ وتر کی دو رکعتوں پر سلام نہیں پھیرتے تھے (نسائی حدیث ۱۶۹۸ باب کیف الوتر بثلاث؟)

۲- کسی نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے کہا کہ ابن عمرؓ وتر کی دو رکعتوں پر سلام پھیرتے تھے، حسن بصریؒ نے فرمایا: ان کے ابا حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان سے بڑے فقیہ تھے اور وہ دوسری رکعت سے تکبیر کہہ کر کھڑے ہو جاتے تھے یعنی دو رکعت پر سلام نہیں پھیرتے تھے، یہ روایت بھی مستدرک حاکم میں ہے۔

۳- اور مصنف ابن ابی شیبہ میں حسن بصریؒ سے مروی ہے کہ تمام مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ وتر کی تین رکعتیں ہیں، سلام نہیں پھیرا جائے گا مگر ان کے آخر میں، یعنی حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے اس پر اجماع کا دعوی کیا ہے کہ وتر ایک سلام سے ہیں، چنانچہ میرے علم میں حضرت معاویہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے علاوہ کوئی دوسرا صحابی نہیں جو وتر دو سلام سے پڑھتا ہو۔

۴- چوتھی روایت حاشیہ میں ہے جو طحاوی سے نقل کی ہے اور پوری سند کے ساتھ لکھی ہے، ابوزیاد مدینہ کے ساتوں فقہاء اور دیگر بہت سے علماء سے روایت کرتے ہیں کہ وتر تین رکعتیں ہیں، سلام نہیں ہے مگر ان کے آخر میں۔

غرض ایک طرف حضرت معاویہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا عمل ہے اور دوسری طرف جمہور صحابہ کا عمل ہے، ظاہر

ہے دو صحابہ کا عمل جمہور صحابہ کے عمل کے معارض نہیں ہوسکتا، اس لئے احناف کے نزدیک دو سلام سے وتر صحیح نہیں۔

[۹۹۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ بَاتَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ - وَهِيَ خَالَتُهُ - فَاضْطَجَعْتُ فِيْ عَرْضِ الْوِسَادَةِ، وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَهْلُهُ فِيْ طُوْلِهَا، فَنَامَ حَتَّى انْتَصَفَ اللَّيْلُ، أَوْ قَرِيْبًا مِنْهُ، فَاسْتَيْقَظَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهِ، ثُمَّ قَرَأَ عَشْرَ آيَاتٍ مِنْ آلِ عِمْرَانَ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى شَنٍّ مُعَلَّقَةٍ، فَتَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ، فَصَنَعْتُ مِثْلَهُ، وَقُمْتُ إِلَى جَنْبِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى رَأْسِيْ، وَأَخَذَ بِأُذُنِيْ يَفْتِلُهَا، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَوْتَرَ، ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتَّى جَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ فَقَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ.[راجع: ۱۱۷]

وضاحت: یہ حدیث متعدد بار گذر چکی ہے اور اس میں رکعتین چھ مرتبہ ہے یعنی نبی ﷺ نے تہجد کی بارہ رکعتیں پڑھیں پھر وتر پڑھے، وتر کی کتنی رکعتیں پڑھیں؟ اس کا کوئی تذکرہ نہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک وتر کی ایک رکعت الگ سلام سے پڑھنا افضل ہے اس لئے یہ حدیث امام بخاریؒ اپنے نقطۂ نظر سے لائے ہیں، نبی ﷺ رات میں تیرہ رکعتیں پڑھتے تھے، بارہ رکعتیں تہجد کی اور ایک رکعت وتر کی، کل تیرہ رکعتیں ہوئیں، یہ امام بخاریؒ کا استدلال ہے۔

فائدہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس حدیث میں پہلے آیا ہے کہ آپؐ نے رات میں بیدار ہونے کے بعد ہلکا وضو کیا اور اس حدیث میں ہے کہ کامل وضو کیا، میرا رجحان یہ ہے کہ جب آپ تہجد کے لئے بیدار ہوئے تھے تب کامل وضو کیا تھا، پھر دورانِ تہجد جب آپؐ سوئے ہیں تو اٹھ کر ہلکا وضو کیا ہے، کیونکہ یہ وضو پر وضو تھا۔ واللہ اعلم

ملحوظہ: سورۃ آل عمران کے آخری رکوع میں گیارہ آیتیں ہیں، کسر کو چھوڑ کر دس آیتیں کہا ہے۔

[۹۹۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا أَرَدْتَّ أَنْ تَنْصَرِفَ فَارْكَعْ رَكْعَةً، تُوْتِرُ لَكَ مَا صَلَّيْتَ" قَالَ الْقَاسِمُ: وَرَأَيْنَا أُنَاسًا مُنْذُ أَدْرَكْنَا يُوْتِرُوْنَ بِثَلَاثٍ، وَإِنَّ كُلًّا لَوَاسِعٌ، وَأَرْجُوْ أَنْ لَا يَكُوْنَ بِشَيْءٍ مِنْهُ بَأْسٌ.[راجع: ۴۷۲]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''رات کی نماز دو دو، دو دو رکعتیں ہیں، پس جب تو لوٹنے کا ارادہ کرے یعنی تہجد ختم کرنا چاہے تو ایک رکعت پڑھ لے وہ تیری اس نماز کو طاق بنادے گی جو تو نے پڑھی ہے'' قاسم بن محمدؒ کہتے ہیں: جب سے ہم بالغ ہوئے ہیں ہم نے لوگوں کو تین رکعتیں وتر پڑھتے ہوئے دیکھا ہے، اور بیشک سب کی

گنجائش ہے یعنی ایک رکعت بھی پڑھ سکتے ہیں اور تین بھی، اور مجھے امید ہے کہ اس میں سے کسی میں کچھ حرج نہیں ہوگا۔

تشریح: اس حدیث میں نبی ﷺ نے تہجد کے آخر میں ایک رکعت پڑھ لینے کے لئے فرمایا ہے اور یہ بھی فرمایا ہے کہ وہ رکعت رات کی ساری نماز کو طاق بنادے گی، یہی بات ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں اور اس حدیث کو روایت کر کے قاسم بن محمد جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں اور مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں، فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے لوگوں کو تین رکعتیں وتر پڑھتے دیکھا ہے یعنی لوگوں کا تعامل ایک سلام سے تین رکعت وتر پڑھنے کا ہے، پھر فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص ایک رکعت پڑھے تو اس کی بھی گنجائش ہے اور تین پڑھے تو اس کی بھی گنجائش ہے، مگر تعامل ایک سلام سے تین رکعت پڑھنے کا ہے، حضرت ابن عمرؓ کی اس حدیث پر لوگوں کا عمل نہیں۔ مگر جب حدیث ہے تو اس پر عمل کر سکتے ہیں۔

[۹۹۴-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، كَانَتْ تِلْكَ صَلَاتَهُ، تَعْنِيْ بِاللَّيْلِ، فَيَسْجُدُ السَّجْدَةَ مِنْ ذٰلِكَ قَدْرَ مَا يَقْرَأُ أَحَدُكُمْ خَمْسِيْنَ آيَةً قَبْلَ أَنْ يَرْفَعَ رَأْسَهُ، وَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَضْطَجِعُ عَلٰى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ حَتَّى يَأْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ لِلصَّلَاةِ.[راجع: ٦٢٦]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ گیارہ رکعتیں پڑھا کرتے تھے وہ آپؐ کی نماز تھی، مراد لے رہی ہیں وہ رات کو یعنی آپؐ تہجد مع وتر گیارہ رکعت پڑھا کرتے تھے، ان میں سجدہ اتنی دیر کرتے کہ آپؐ کے سر اٹھانے سے پہلے تم میں سے ایک پچاس آیتیں پڑھ سکتا ہے، یعنی پچاس آیتوں کے بقدر سجدہ کرتے تھے اور رکوع بھی اتنا ہی طویل ہوتا تھا اور نماز فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے تھے (یہ فجر کی سنتیں ہیں) پھر دائیں کروٹ لیٹ جاتے تھے، یہاں تک کہ مؤذن نماز کی اطلاع دینے کے لئے آتا پس آپ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے جاتے۔

تشریح: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، اس حدیث میں یہ بھی صراحت ہے کہ ان گیارہ رکعتوں میں آٹھ تہجد کی اور تین وتر کی ہوتی تھیں۔

بَابُ سَاعَاتِ الْوِتْرِ

وتر کے اوقات

وتر کا وقت عشاء کے فرض پڑھنے کے بعد سے صبح صادق تک ہے، اس پورے وقت میں کسی بھی وقت وتر پڑھ سکتے ہیں، یعنی فرائض کی طرح وتر کا وقت بھی موسّع ہے۔

حدیث معلق: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے وصیت (تاکید) فرمائی ہے کہ میں سونے سے پہلے وتر پڑھ لوں............اس حدیث کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

پہلا مطلب: عام طور پر اس کا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ وتر حقیقی سونے سے پہلے پڑھ لیں، پھر تہجد کے وقت آنکھ کھلے تو تہجد پڑھیں اور آنکھ نہ کھلے تو کوئی بات نہیں، تہجد سنت ہے اور وہ وتر پڑھ چکا ہے جو واجب ہے۔

دوسرا مطلب: یہ بیان کیا گیا ہے کہ جس کو اٹھنے کا یقین نہ ہو، اس کے مشاغل ایسے ہوں کہ وہ اٹھ نہ سکتا ہو، یا دیر سے سوتا ہو یا طبعی مزاج ایسا ہو کہ پڑا اور مرا ایسے لوگوں کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ سونے سے پہلے تہجد کی نیت سے کچھ نفلیں پڑھ لیں پھر وتر پڑھیں اور سو جائیں، یہ تہجد نہیں ہے، ایڈوانس اس کا بدل ہے، جیسے رسول اللہ ﷺ جب کسی وجہ سے تہجد نہیں پڑھ پاتے تھے تو سورج نکلنے کے بعد بارہ رکعت پڑھتے تھے۔ ظاہر ہے یہ نفلیں تہجد نہیں ہیں مگر اس کا بدل ضرور ہیں، اور بدل مؤخر بھی ہوسکتا ہے اور مقدم بھی، پس حدیث میں وتر حقیقی مراد نہیں بلکہ تہجد کا بدل مع وتر مراد ہے اور یہ تاکید نبی ﷺ نے حضرت ابوذر غفاری اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہما کو بھی کی تھی۔

[۲-] بَابُ سَاعَاتِ الْوِتْرِ

وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أَوْصَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْوِتْرِ قَبْلَ النَّوْمِ.

[۹۹۵-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ سِيْرِيْنَ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: أَرَأَيْتَ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ: نُطِيْلُ فِيْهِمَا الْقِرَاءَةَ؟ فَقَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، وَيُوْتِرُ بِرَكْعَةٍ، وَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ، وَكَأَنَّ الْأَذَانَ بِأُذُنَيْهِ، قَالَ حَمَّادٌ: أَيْ بِسُرْعَةٍ. [راجع: ۴۷۲]

ترجمہ: انس بن سیرینؒ کہتے ہیں: میں نے ابن عمرؓ سے پوچھا: بتائیں: ہم نماز فجر سے پہلے کی دو نفلوں (سنتوں) میں لمبی قراءت کرسکتے ہیں؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: نبی ﷺ رات میں تہجد دو دو، دو دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور ایک رکعت سے نماز کو طاق بناتے تھے، اور نماز فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے گویا اذان آپؐ کے کانوں میں ہے، یعنی آپؐ فجر کی سنتیں مختصر پڑھا کرتے تھے۔

تشریح: نبی ﷺ کا معمول فجر کی سنتیں مختصر پڑھنے کا تھا، اس لئے علماء فرماتے ہیں کہ فجر کی سنتیں ہلکی پڑھنا مسنون ہے، بلکہ امام مالک رحمہ اللہ تو فرماتے ہیں کہ فجر کی سنتوں میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھی جائے، سورت نہ ملائی جائے (ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سورت ملانا سنت ہے) تاکہ سنتیں ہلکی رہیں، مگر فجر کی سنتیں لمبی پڑھنا بھی جائز ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کا مشہور قول ہے کہ میں کبھی فجر کی سنتیں لمبی پڑھتا ہوں، علماء نے فرمایا: یہ بات اس شخص کے لئے ہے جو پابندی سے تہجد پڑھتا ہے

مگر کسی وجہ سے اس کا تہجد رہ جائے تو وہ فجر کی سنتیں لمبی پڑھ سکتا ہے تاکہ تہجد میں جو قرآن پڑھنے کا اس کا معمول ہے اس کو وہ پورا کرلے، امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کا یہی مصداق ہے۔

قولہ: و کأن الأذانَ بأذنیہ: اور گویا اذان آپ کے دونوں کانوں میں ہے: اس جملہ کے دو مطلب ہوسکتے ہیں:

پہلا مطلب: رسول اللہ ﷺ اذان شروع ہوتے ہی فجر کی سنتیں شروع فرماتے تھے اور اذان ختم ہونے سے پہلے پوری فرمادیتے تھے، یعنی غایت درجہ خفیف پڑھتے تھے، پس ابن عمر رضی اللہ عنہما نے انس بن سیرینؒ کو یہ جواب دیا کہ رسول اللہ ﷺ فجر کی سنتیں غایت درجہ ہلکی پڑھتے تھے، پس تمہیں بھی لمبی نہیں پڑھنی چاہئیں۔

دوسرا مطلب: آپؐ اذان شروع ہوتے ہی سنت پڑھنی شروع کرتے تھے اور اذان سنتے رہتے تھے اور سنتیں پڑھتے رہتے تھے، اس کا حاصل بھی یہی ہے کہ فجر کی سنتیں ہلکی پڑھتے تھے۔

[۹۹۶-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُسْلِمٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَۃَ رضی اللہ عنہا، قَالَتْ: کُلَّ اللَّیْلِ أَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، وانْتَھٰی وِتْرُہُ إِلَی السَّحَرِ.

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے رات کے ہر حصہ میں وتر پڑھا ہے، کبھی شروع رات میں، کبھی درمیان میں اور کبھی رات کے آخری حصہ میں، اور حیات مبارکہ کے آخری ایام میں جب رات کا آخری چھٹا حصہ شروع ہوتا تھا تب آپؐ وتر پڑھتے تھے۔

تشریح: اس روایت میں وتر سے وتر حقیقی مراد نہیں، بلکہ تہجد مع وتر مراد ہے، اور تہجد پڑھنے کا کوئی وقت متعین نہیں تھا، جب بھی آنکھ کھل جاتی آپؐ نماز شروع کردیتے تھے، کیونکہ عاشق کی برات شاخ آہو پے ہوتی ہے، نزدیکاں رابیشتر بود حیرانی، عاشق کے انداز ہی نرالے ہوتے ہیں، مگر زندگی کے آخری سال میں جب ضعف ہوگیا تھا، عشاء کے بعد آپؐ آرام فرماتے تھے اور سحری کے وقت اٹھ جاتے تھے اور تہجد پڑھتے تھے اور اس کے بعد وتر ادا کرتے تھے۔

بابُ إِیْقَاظِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَھْلَہُ بِالْوِتْرِ

نبی ﷺ کا وتر پڑھنے کے لئے گھر والوں کو اٹھانا

نبی ﷺ جب تہجد کے لئے اٹھتے تھے تو ازواج کو نہیں اٹھاتے تھے، ازواج مطہرات خود اٹھ جائیں تو ان کی مرضی، لیکن آخر رات میں وتر پڑھنے کے لئے بیدار فرماتے تھے، اس سے معلوم ہوا کہ وتر واجب ہے، اگر تہجد کی طرح وتر سنت ہوتے تو جیسے آپؐ تہجد کے لئے نہیں اٹھاتے تھے وتر کے لئے بھی نہ اٹھاتے۔

[۳-] بابُ إِيْقَاظِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَهُ بِالْوِتْرِ

[۹۹۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ وَأَنَا رَاقِدَةٌ، مُعْتَرِضَةٌ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يُوْتِرَ أَيْقَظَنِيْ فَأَوْتَرْتُ. [راجع: ۳۸۲]

بابٌ: لِيَجْعَلْ آخِرَ صَلاَ تِهِ وِتْرًا

وتر کی نماز رات میں سب سے آخر میں پڑھنی چاہئے

جس شخص کو تہجد کے لئے اٹھنے کا یقین یا ظن غالب ہو اس کے لئے مستحب یہ ہے کہ وہ وتر کو مؤخر کرے اور تہجد کے بعد پڑھے، اور باب کی حدیث میں امر استحباب کے لئے ہے پس جس نے سونے سے پہلے وتر پڑھ لئے پھر اللہ تعالیٰ کی توفیق سے تہجد کے لئے بیدار ہوگیا تو وہ صرف تہجد پڑھے وتر نہ پڑھے، اس لئے کہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ایک رات میں دو وتر نہیں! (ترمذی حدیث ۴۷۰)

[٤-] بابٌ: لِيَجْعَلْ آخِرَ صَلاَ تِهِ وِتْرًا

[۹۹۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " اجْعَلُوْا آخِرَ صَلاَ تِكُمْ بِاللَّيْلِ وِتْرًا"

وضاحت: مذکورہ حدیث میں امر استحبابی ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے وتر کے بعد دو نفل بیٹھ کر پڑھے ہیں۔

بابُ الْوِتْرِ عَلَى الدَّابَّةِ

اونٹ پر وتر پڑھنا

اونٹ پر وتر پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ یہ مسئلہ اس پر مبنی ہے کہ وتر سنت ہیں یا واجب؟ جن فقہاء کے نزدیک وتر واجب ہے ان کے نزدیک سواری پر وتر نہیں پڑھ سکتے۔ سواری پر نفلیں ہی پڑھ سکتے ہیں، اور جن فقہاء کے نزدیک وتر سنت ہے ان کے نزدیک سواری پر بھی وتر پڑھ سکتے ہیں۔

[٥-] بابُ الْوِتْرِ عَلَى الدَّابَّةِ

[۹۹۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، أَ نَّـهُ قَالَ: كُنْتُ أَسِيْرُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِطَرِيْقِ مَكَّةَ، فَقَالَ سَعِيْدٌ: فَلَمَّا خَشِيْتُ الصُّبْحَ نَزَلْتُ فَأَوْتَرْتُ، ثُمَّ لَحِقْتُهُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: أَيْنَ كُنْتَ؟ فَقُلْتُ: خَشِيْتُ الصُّبْحَ فَنَزَلْتُ فَأَوْتَرْتُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَلَيْسَ لَكَ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ؟ فَقُلْتُ: بَلَى وَاللّٰهِ! قَالَ: فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يُوْتِرُ عَلَى الْبَعِيْرِ.

[انظر: ۱۰۰۰، ۱۰۹۵، ۱۰۹۶، ۱۰۹۸، ۱۱۰۵]

ترجمہ: سعید بن یسار کہتے ہیں: میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ مکہ کے راستہ میں سفر کررہا تھا (عرب میں زیادہ تر سفر رات میں ہوتا تھا) سعید کہتے ہیں: جب مجھے صبح صادق کا اندیشہ ہوا تو میں اونٹ سے اترا اور میں نے وتر پڑھی، پھر میں ابن عمرؓ کے ساتھ مل گیا، پس ابن عمرؓ نے پوچھا: کہاں تھے؟ میں نے عرض کیا: مجھے صبح صادق کا اندیشہ ہوا اس لئے میں وتر پڑھنے کے لئے اترا تھا، ابن عمرؓ نے فرمایا: کیا آپ کے لئے رسول اللہ ﷺ کی ذات میں اچھا نمونہ نہیں؟ میں نے کہا: کیوں نہیں، بخدا! آپؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ اونٹ پر وتر پڑھا کرتے تھے۔

تشریح: سعید بن یسار وتر پڑھنے کے لئے اترے تھے، حضرت ابن عمرؓ نے ان کو بتایا کہ وتر جانور پر پڑھ سکتے ہیں، نبی ﷺ اونٹ پر وتر پڑھتے تھے، یہ ائمہ ثلاثہ کی دلیل ہے کہ وتر سنت ہے کیونکہ اونٹ پر صرف سنن ونوافل پڑھ سکتے ہیں، واجب نماز نہیں پڑھ سکتے۔

اور احناف کہتے ہیں: اس حدیث میں وتر سے تہجد مراد ہے یعنی ابن عمرؓ نے مسئلہ بتایا کہ اونٹ پر تہجد پڑھ سکتے ہیں، نبی ﷺ اونٹ پر تہجد پڑھا کرتے تھے، اور دلیل یہ ہے کہ خود ابن عمرؓ تہجد تو اونٹ پر پڑھتے تھے مگر وتر پڑھنے کے لئے زمین پر اترتے تھے، طحاوی میں بہ سند صحیح روایت ہے، نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمرؓ اونٹ پر تہجد پڑھتے تھے اور وتر پڑھنے کے لئے زمین پر اترتے تھے اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ایسا ہی کرتے تھے (طحاوی ۱: ۲۸۴ باب الوتر هل يصلى في السفر على الراحلة أم لا؟) اس روایت کی کوئی تاویل ممکن نہیں اس لئے مذکورہ روایت ہی کی تاویل کی جائے گی کہ اس میں وتر سے تہجد کی نماز مراد ہے۔

بَابُ الْوِتْرِ فِيْ السَّفَرِ

سفر میں وتر پڑھنا

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ جیسے حضر میں وتر پڑھنے ضروری ہیں سفر میں بھی ضروری ہیں، اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وتر کی نماز واجب ہے، کیونکہ جاری سفر میں سنتیں نہیں پڑھی جاتیں۔

[٦-] باب الْوِتْرِ فِي السَّفَرِ

[١٠٠٠-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ فِي السَّفَرِ عَلَى رَاحِلَتِهِ، حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ، يُوْمِئُ إِيْمَاءً، صَلَاةَ اللَّيْلِ، إِلَّا الْفَرَائِضَ، وَيُوْتِرُ عَلَى رَاحِلَتِهِ. [راجع: ۹۹۹]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ سفر میں اپنی سواری پر نماز پڑھا کرتے تھے، جدھر بھی سواری کا رخ ہوتا، اشارہ کرتے تھے اشارہ کرنا یعنی رکوع وسجود کے لئے اشارہ کرتے تھے، ابن عمرؓ تہجد کی نماز مراد لے رہے ہیں (صلاۃ اللیل: مستقل جملہ ہے أی یرید ابن عمر صلاۃَ اللیل) مگر فرائض مستثنیٰ ہیں یعنی ان کو سواری پر نہیں پڑھتے تھے، اور وتر سواری پر پڑھا کرتے تھے۔

تشریح: امام بخاری رحمہ اللہ کا منشا یہ ہے کہ وتر کی نماز سفر میں بھی پڑھنی ہے اس کو ترک کرنے کی کسی حال میں اجازت نہیں اور صلاۃ اللیل سے رات کی عام نفلیں اور یوتر سے تہجد کی نماز مراد ہے اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ ابن عمرؓ کی دونوں روایتوں میں یعنی بخاری اور طحاوی کی روایتوں میں تطبیق ہوجائے۔

فائدہ: جانور پر نفل نماز پڑھ سکتے ہیں، اس کی پیٹھ کا پاک ہونا اور استقبال قبلہ ضروری نہیں، جانور جس جانب بھی متوجہ ہو اس پر نماز صحیح ہے اور رکوع وسجود کے لئے اشارہ کرنا کافی ہے، البتہ بغیر عذر کے فرض نماز سواری پر نہیں پڑھ سکتے، کیونکہ اس میں قیام، رکوع وسجود اور استقبال قبلہ ضروری ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اور بس اور کار جانور کے حکم میں ہیں، ان میں بیٹھ کر نفلیں پڑھنا جائز ہے اور سنن مؤکدہ بھی نفل ہیں اور سیٹ کا پاک ہونا اور استقبال قبلہ ضروری نہیں، البتہ ڈرائیور نہیں پڑھ سکتا کیونکہ وہ گاڑی چلا رہا ہے، اور مسئلہ یہ ہے کہ اگر نماز کے اندر جانور کو چلانا پڑے تو وہ عمل کثیر ہے، اس سے نماز فاسد ہوجائے گی، اور یہ مسئلہ بھی جان لینا چاہئے کہ ریل گاڑی میں نوافل کے لئے اگرچہ قیام ضروری نہیں مگر استقبال قبلہ اور رکوع وسجود ضروری ہیں، ریل میں کیف ما اتفق اور اشارہ سے نفل پڑھنا جائز نہیں، اور بس اور کار میں کھڑے ہوکر نماز پڑھ ہی نہیں سکتے، اس لئے وہ دابہ کے حکم میں ہے اور ٹرین میں کھڑے ہوکر نماز پڑھنا ممکن ہے اور بھیڑ عارضی عذر ہے اس لئے اس میں استقبال قبلہ اور رکوع وسجود کے ساتھ ہی نماز پڑھنا ضروری ہے، چاہے وہ نفل نماز ہو۔

بابُ الْقُنُوْتِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ وَبَعْدَهُ

رکوع سے پہلے اور رکوع کے بعد دعائے قنوت

قنوت تین ہیں: ایک: وہ جو وتروں میں پڑھا جاتا ہے۔ دوسرا: قنوت نازلہ ہے یعنی وہ قنوت جو دشمن کی طرف سے

پڑنے والی کسی افتاد کے وقت پڑھا جاتا ہے، جب مسلمانوں کو دشمن کی طرف سے کسی آفت کا سامنا ہو تو انہیں قنوت پڑھنا چاہئے، یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ پھر امام اعظم رحمہ اللہ کا مشہور قول یہ ہے کہ قنوت نازلہ صرف فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے قومہ میں پڑھا جائے اور دوسرا قول یہ ہے کہ تمام جہری نمازوں میں پڑھ سکتے ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک پانچوں نمازوں میں قنوت نازلہ پڑھ سکتے ہیں۔ اور تیسرا قنوت راتبہ ہے یعنی ہمیشہ پڑھا جانے والا قنوت، اس کے صرف امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ قائل ہیں، پھر امام مالک اس کو مستحب کہتے ہیں اور امام شافعیؒ سنت، باقی دو امام اس قنوت کے قائل نہیں، اور مالکیہ اور شافعیہ یہ قنوت صرف فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے قومہ میں پڑھتے ہیں۔

پھر اس میں اختلاف ہے کہ وتر میں قنوت پورے سال ہے یا صرف رمضان میں، یا رمضان کے نصف آخر میں؟ امام ابو حنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ کا مختار قول اور امام شافعی رحمہ اللہ کی تین روایتوں میں سے ایک روایت یہ ہے کہ وتر میں قنوت پورے سال ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک صرف رمضان میں ہے باقی گیارہ مہینے وتر میں قنوت نہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کا اصل مذہب اور امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ رمضان کی سولھویں رات سے ختم رمضان تک قنوت ہے، باقی ساڑھے گیارہ مہینے قنوت نہیں۔

نیز اس میں بھی اختلاف ہے کہ قنوت کا محل کیا ہے؟ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک قنوت کی جگہ وتر کی آخری رکعت میں رکوع سے پہلے ہے اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک رکوع کے بعد قومہ میں قنوت کی جگہ ہے۔ جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں کوئی مرفوع روایت نہیں ہے اور صحابہ کے مختلف اقوال اور عمل ہیں، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سال بھر قنوت کے قائل تھے اور وہ اس کی جگہ تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے تجویز کرتے تھے، احناف نے اسی کو لیا ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے صرف رمضان کے آخری پندرہ دنوں میں قنوت پڑھنا مروی ہے، آپؓ تیسری رکعت کے رکوع کے بعد پڑھتے تھے، امام شافعی رحمہ اللہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

اور قنوت کے معنی ہیں: دعا، کوئی بھی دعا پڑھ لی جائے، چھوٹی یا بڑی، قنوت ہو گیا، کوئی متعین دعا پڑھنا ضروری نہیں۔

[۷-] بابُ الْقُنُوْتِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ وَبَعْدَهُ

[۱۰۰۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: سُئِلَ أَنَسُ ابْنُ مَالِكٍ: أَقَنَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الصُّبْحِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقِيْلَ: أَوَقَنَتَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ؟ قَالَ: قَنَتَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ يَسِيْرًا. [انظر: ۱۰۰۲، ۱۰۰۳، ۱۳۰۰، ۲۸۰۱، ۲۸۱٤، ۳۰٦٤، ۳۱۷۰، ٤۰۸۸، ٤۰۸۹، ٤۰۹۰، ٤۰۹۲، ٤۰۹٤، ٤۰۹٦، ٦۳۹٤، ۷۳٤۱]

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: کیا نبی ﷺ نے فجر کی نماز میں قنوت پڑھا ہے؟ آپؓ نے فرمایا:

جی ہاں، پھر پوچھا گیا؟ کیا اور آپؐ نے رکوع سے پہلے قنوت پڑھا ہے؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: رکوع کے بعد کچھ دن قنوت پڑھا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں قنوت نازلہ کا ذکر ہے، بیر معونہ کے واقعہ میں جب رعل، ذکوان اور عصیّہ قبائل نے دھوکہ سے ستر قراء کو شہید کیا تھا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا صدمہ ہوا تھا کہ تمام عمر میں کبھی اتنا صدمہ نہیں ہوا تھا، آپؐ نے ایک مہینہ تک ان قبائل کے لئے بددعا فرمائی، یہاں تک کہ آیت ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ﴾ نازل ہوئی تو آپؐ نے قنوت پڑھنا بند کر دیا آپؐ نے یہ قنوت فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے قومہ میں پڑھا تھا، احناف اسی کے قائل ہیں۔

[۱۰۰۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوْتِ، فَقَالَ: قَدْ كَانَ الْقُنُوْتُ، قُلْتُ: قَبْلَ الرُّكُوْعِ أَوْ بَعْدَهُ؟ قَالَ: قَبْلَهُ، قَالَ: فَإِنَّ فُلَانًا أَخْبَرَنِيْ عَنْكَ أَنَّكَ قُلْتَ: بَعْدَ الرُّكُوْعِ، فَقَالَ: كَذَبَ، إِنَّمَا قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا، أُرَاهُ: كَانَ بَعَثَ قَوْمًا يُقَالُ لَهُمْ: الْقُرَّاءُ، زُهَاءَ سَبْعِيْنَ رَجُلًا، إِلٰى قَوْمٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ دُوْنَ أُوْلٰئِكَ، وَكَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَهْدٌ، فَقَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَهْرًا يَدْعُوْ عَلَيْهِمْ.

[راجع: ۱۰۰۱]

ترجمہ: عاصم کہتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے قنوت کے بارے میں پوچھا: آپؓ نے فرمایا: بالیقین قنوت تھا، میں نے پوچھا: رکوع سے پہلے تھا یا رکوع کے بعد؟ آپؓ نے فرمایا: رکوع سے پہلے تھا (یہ قنوتِ وتر ہے اور یہ احناف کا مستدل ہے، احناف وتر کی تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے ہیں) عاصم نے کہا: فلاں شخص کہتا ہے کہ آپؓ نے فرمایا کہ قنوت رکوع کے بعد ہے، حضرت انسؓ نے فرمایا: وہ غلط کہتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کے بعد صرف ایک مہینہ قنوت پڑھا ہے (یہ قنوتِ نازلہ ہے) پھر حضرت انسؓ نے قنوتِ نازلہ پڑھنے کی وجہ بیان فرمائی، میرا خیال ہے: آپؐ نے صحابہ کی ایک جماعت بھیجی جن کو "قراء" کہا جاتا تھا جو تقریباً ستر آدمی تھے، ان کے علاوہ مشرکین کی ایک قوم کی طرف، اور ان کے درمیان اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان ناجنگ معاہدہ تھا، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک قنوت پڑھا، ان پر بددعا کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث میں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے قنوت وتر کی جگہ رکوع سے پہلے بتائی ہے اور قنوتِ نازلہ کی رکوع کے بعد، احناف اسی کے قائل ہیں۔

بیر معونہ کا واقعہ: بیر معونہ کا واقعہ سن ۴ہجری ماہ صفر میں پیش آیا ہے، عامر بن مالک ابو براء نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور ہدیہ پیش کیا، لیکن آپ نے قبول نہیں فرمایا اور ابو براء کو اسلام کی دعوت دی، لیکن ابو براء نے نہ تو اسلام قبول کیا اور

نہ رد کیا بلکہ یہ کہا کہ اگر آپ اپنے چند اصحاب اہل نجد کی طرف دعوتِ اسلام کی غرض سے روانہ فرمائیں تو میں امید کرتا ہوں کہ وہ اس دعوت کو قبول کریں گے، آپؐ نے فرمایا: مجھ کو اہل نجد سے اندیشہ اور خطرہ ہے، ابو براء ضامن بنا تو رسول اللہ ﷺ نے ستر صحابہ کو جو قراء کہلاتے تھے اور جو نہایت مقدس اور پاکیزہ لوگ تھے اس کے ہمراہ روانہ کردیئے اور منذر بن عمرو ساعدی رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر فرمایا، یہ لوگ چل کر بیر معونہ پر ٹھہرے، آنحضور ﷺ نے ایک خط عامر بن طفیل کے نام جو بنی عامر کا سردار اور ابو براء کا بھتیجا تھا لکھوا کر حضرت انسؓ کے ماموں حرام بن ملحان کے سپرد فرمایا، جب یہ لوگ بیر معونہ پر پہنچے تو حرام بن ملحانؓ آپؐ کا والا نامہ لے کر عامر بن طفیل کے پاس گئے، اس نے خط دیکھنے سے پہلے ہی ایک شخص کو اشارہ کیا اس نے پیچھے سے ایک نیزہ مارا اور آپؐ نے جام شہادت نوش فرمایا، اس کے بعد بنی عامر کو بقیہ صحابہ کے قتل پر ابھارا لیکن ابو براء کے پناہ دینے کی وجہ سے بنی عامر نے ساتھ دینے سے انکار کردیا۔ عامر بن طفیل جب ان سے ناامید ہوا تو بنی سلیم سے امداد چاہی، عصیّہ، رعل اور ذکوان قبائل اس کی مدد کے لئے تیار ہوگئے اور سب نے مل کر تمام صحابہ کو شہید کر ڈالا، صرف کعب بن زید انصاری کو مردہ سمجھ کر چھوڑ گئے، بعد میں وہ مدت تک زندہ رہے، اور غزوۂ خندق میں شہید ہوئے۔ ان کے علاوہ دو شخص اور بھی بچ گئے، ان کے نام منذر بن محمد اور عمرو بن امیہ ضمری ہیں، وہ دونوں مویشی چرانے جنگل گئے ہوئے تھے، جب نبی ﷺ کو اس واقعہ کی اطلاع ملی تو آپؐ کو سخت صدمہ ہوا، اور آپؐ نے ایک ماہ تک ان قبائل کے حق میں بددعا فرمائی، پھر جب ﴿لَیْسَ لَکَ مِنَ الْأَمْرِ شَیْءٌ﴾ نازل ہوئی تو بددعا بند فرمادی (ماخوذ از سیرت المصطفی ۲: ۲۶۷)

قولہ: إلی قوم من المشرکین: بعث سے متعلق ہے، اور دون أولئك: قومٍ کی صفت ہے، ترجمہ: بھیجا مشرکین کی ایک قوم کی طرف جوان (شہید کرنے والے مشرکین) کے علاوہ تھے، ان کے ساتھ ناجنگ معاہدہ تھا، اور قبائل عصیہ، رعل اور ذکوان کے ساتھ جنھوں نے ان قراء کو شہید کیا تھا، کوئی معاہدہ نہیں تھا۔

[۱۰۰۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ التَّیْمِیِّ، عَنْ أَبِیْ مِجْلَزٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَنَتَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم شَهْرًا یَدْعُوْ عَلٰی رِعْلٍ وَذَكْوَانَ. [راجع: ۱۰۰۱]

[۱۰۰۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِیْلُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ الْقُنُوْتُ فِی الْمَغْرِبِ وَالْفَجْرِ.

وضاحت: دونوں حدیثوں میں قنوتِ نازلہ کا ذکر ہے اور یہ بات بھی ہے کہ قنوتِ نازلہ فجر میں بھی پڑھ سکتے ہیں اور مغرب میں بھی، چنانچہ امام اعظم رحمہ اللہ کا ایک قول یہی ہے کہ قنوتِ نازلہ تمام جہری نمازوں میں پڑھ سکتے ہیں۔

﴿الحمد للہ! ابواب الوتر کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ الِاسْتِسْقَاءِ

بارش طلبی کا بیان

روایات سے بارش طلبی کی تین صورتیں ثابت ہیں:

اول: لوگ بستی سے نکل کر کسی جگہ اکھٹے ہوں اور بارش کے لئے دعا کریں، یہ صورت آبی اللحمؓ کی حدیث میں آئی ہے، وہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ لوگوں کے ساتھ احجار الزیت نامی جگہ میں تشریف لے گئے اور خوب گڑگڑا کر بارش کے لئے دعا فرمائی، پھر واپس آ گئے (ترمذی حدیث ۵۶۵)

دوم: جمعہ کے خطبہ میں بارش کے لئے دعا کی جائے، ابواب الجمعہ میں حدیث گذری ہے کہ آنحضور ﷺ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے، ایک دیہاتی نے کھڑے ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ! بارش نہ ہونے کی وجہ سے لوگ پریشان ہیں، جانور مر رہے ہیں، قحط کا سامنا ہے، بارش کے لئے دعا فرمائیں، آپؐ نے خطبہ ہی میں دعا فرمائی، دعا کا اثر یہ ہوا کہ لوگ بھیگتے ہوئے گھر لوٹے اور پورا ہفتہ بارش ہوتی رہی، اگلے جمعہ کو وہی شخص یا کوئی اور شخص کھڑا ہوا اور دورانِ خطبہ ہی عرض کیا: یارسول اللہ! سیلاب کی صورت بن گئی، مکان ڈھنے لگے، دعا فرمائیں: اللہ تعالیٰ بارش کو روک دیں، آپؐ نے دعا فرمائی: اے اللہ! ہمارے ارد گرد برسے، اور ہم پر نہ برسے، اور سر کے اوپر ہاتھ لے جا کر دائرہ کی شکل بنائی، چنانچہ فوراً بادل پھٹ گیا اور بارش رک گئی، چاروں طرف بارش ہو رہی تھی اور مدینہ منورہ میں دھوپ نکل آئی، اور ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے مدینہ نے تاج پہن رکھا ہو۔

سوم: بارش طلبی کی نماز پڑھ کر دعا کرنا: ایک مرتبہ آپؐ لوگوں کو لے کر عیدگاہ تشریف لے گئے جماعت سے دوگانہ ادا فرمایا، پھر مختصر تقریر کی اور دعا مانگی —— غرض بارش طلبی کی یہ تینوں صورتیں حدیثوں سے ثابت ہیں۔

مذاہبِ فقہاء: ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک بارش طلبی کے لئے نماز سنت ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بارش طلبی کے لئے نماز نہیں، اور عام طور پر امام اعظم رحمہ اللہ کے اس قول کا مطلب یہ سمجھا گیا ہے کہ آپ کے نزدیک نماز مشروع نہیں، اور فقہ کی اکثر کتابوں میں یہی بات لکھی ہے، مگر یہ مطلب صحیح نہیں، بلکہ اس قول کا مطلب یہ ہے کہ بارش طلبی کے لئے نماز ضروری نہیں، نماز کے بغیر بھی استسقاء ہو سکتا ہے، لوگ بارش کی دعا کرنے کے لئے کسی جگہ جمع ہوں اور دعا

مانگیں یہ بھی استسقاء ہے، فرض نمازوں کے بعد، یا جمعہ کے بعد یا خطبہ میں دعا کریں، یہ بھی استسقاء ہے، اور عیدگاہ جا کر دوگانہ پڑھ کر دعا مانگیں یہ بھی استسقاء ہے، بلکہ استسقاء کا اعلی فرد ہے، غرض سب صورتیں جائز ہیں، نماز پڑھنا ہی استسقاء کا طریقہ نہیں۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کا صحیح مطلب یہی ہے، جیسے کہا جاتا ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک عقیقہ سنت ہے اور حنفیہ کے نزدیک عقیقہ نہیں یعنی سنت نہیں، اس سے نیچے کے درجہ کا حکم ہے یعنی مندوب ہے۔

اور اس کی دلیل کہ امام اعظم رحمہ اللہ صلاۃ الاستسقاء کے قائل ہیں یہ ہے کہ ان کے اور صاحبین کے درمیان اختلاف ہے کہ صلاۃ الاستسقاء میں قراءت جہری ہوگی یا سری؟ صاحبین جہری کے قائل ہیں اور امام اعظم رحمہ اللہ سری کے، اگر امام اعظمؒ صلاۃ الاستسقاء ہی کے قائل نہ ہوتے تو اس مسئلہ میں اختلاف کیوں کرتے؟

بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ، وَخُرُوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ

بارش طلبی کے لئے نبی ﷺ کا شہر سے نکلنا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ جب قحط کے آثار ظاہر ہوں تو شریعت نے استسقاء کی تعلیم دی ہے، اور اس کے لئے بہتر یہ ہے کہ لوگ آبادی سے باہر نکلیں اور دعا کریں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ اور روایت دونوں سے اشارہ کیا کہ اس کے لئے نماز ضروری نہیں، ترجمہ میں نماز کا ذکر نہیں، صرف آبادی سے باہر نکلنے کی بات کہی ہے اور باب میں وہ روایت پیش کی ہے جس میں نماز کا ذکر نہیں، پس امام بخاری رحمہ اللہ نے اس مسئلہ میں امام اعظم رحمہ اللہ کی موافقت کی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۵- أَبْوَابُ الِاسْتِسْقَاءِ

[۱-] بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ، وَخُرُوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ

[۱۰۰۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم يَسْتَسْقِيْ، وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ.

[انظر: ۱۰۱۱، ۱۰۱۲، ۱۰۲۳، ۱۰۲۴، ۱۰۲۵، ۱۰۲۶، ۱۰۲۸، ۶۳۴۳]

ترجمہ: عباد بن تمیم اپنے چچا حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نکلے، بارش طلب کر رہے ہیں اور آپؐ نے اپنی چادر پلٹی۔

تشریح: یہ حدیث آگے تیسرے باب میں بھی آرہی ہے اس میں نماز کا بھی ذکر ہے، مگر یہاں امام بخاریؒ نے وہ

روایت پیش کی ہے جس میں نماز کا ذکر نہیں، اس طرح امام بخاریؒ نے اشارہ کیا ہے کہ استسقاء کے لئے نماز ضروری نہیں۔ امام اعظم رحمہ اللہ نے بارش طلبی کے لئے جو مذکورہ بالا تین صورتیں تجویز کی ہیں امام بخاریؒ کے متعدد تراجم سے بھی یہ سمجھا جاتا ہے کہ حضرتؒ بھی ان تمام صورتوں کے قائل ہیں۔

بَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلمَ: اجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ

نبی ﷺ کا دعا فرمانا کہ الٰہی! اپنی سخت گرفت کو یوسف علیہ السلام کے زمانہ جیسی قحط سالیاں بنا!

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ جیسے بارش کے لئے دعا ہے اس کی ضد کے لئے بھی دعا ہے، قحط سالی کی بددعا کر سکتے ہیں، اور جیسے یہ ضروری نہیں کہ بارش طلبی کی دعا نماز کے بعد ہی ہو، اسی طرح قنوتِ نازلہ کے لئے بھی ضروری نہیں کہ وہ نماز کے اندر ہی ہو، نماز سے باہر بھی قنوتِ نازلہ پڑھ سکتے ہیں، عام دعاؤں کی طرح کفار کے لئے بددعا کر سکتے ہیں۔ نبی ﷺ جب ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں جلوہ افروز ہوئے، تو اہل مکہ اور قبائل مضر جو آپؐ ہی کا خاندان تھا سرکشی اور ایذا رسانی پر کمر بستہ ہو گیا، آپؐ کسی طرح ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے، چنانچہ آپؐ نے ان کے لئے بددعا فرمائی: اے اللہ! یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں جیسا سات سالہ قحط پڑا تھا ویسا قحط ان لوگوں پر مسلط فرما، چنانچہ اس بددعا کا اثر ہوا، اور لوگ مردار اور چمڑا کھانے پر مجبور ہوئے اور ان کی سرکشی کا زور ٹوٹا۔

[۲-] بَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلمَ: اجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ

[۱۰۰۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ، يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ أَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ أَبِيْ رَبِيْعَةَ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ"

وَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "غِفَارٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ" [راجع: ۷۹۷]

قَالَ ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيْهِ: هٰذَا كُلُّهُ فِي الصُّبْحِ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب (فجر کی) دوسری رکعت کے رکوع سے سر اٹھاتے تھے تو یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! عیاش بن ابی ربیعہ کو نجات عطا فرما، سلمۃ بن ہشام کو نجات عطا فرما، ولید بن الولید کو نجات عطا فرما، اے اللہ! کمزور مسلمانوں کو (جو مکہ میں رہ گئے ہیں) نجات عطا فرما، اے اللہ! قبیلۂ مضر کی سخت گرفت فرما، اے اللہ! اپنی سخت گرفت یوسف علیہ السلام کے زمانہ جیسی قحط سالیاں بنا۔

اور نبی ﷺ نے فرمایا: قبیلۂ غفار: اللہ ان کی مغفرت فرمائیں، اور قبیلۂ اسلم: اللہ ان کو محفوظ رکھیں ——— ابوالزناد کہتے ہیں: یہ دعا اور بددعا آپؐ نے فجر کی نماز میں کی تھی۔

تشریحات:

۱- یہ قنوت نازلہ آپؐ نے فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے قومہ میں پڑھا ہے، کچھ لوگوں کے حق میں دعا فرمائی ہے اور کچھ کے حق میں بددعا کی ہے، سلمۃ بن ہشامؓ: ابوجہل کے بھائی تھے اور ولید بن الولید: حضرت خالدؓ کے بھائی تھے، مکہ میں رہ گئے تھے اور کفار کے ظلم وستم کا نشانہ بنے ہوئے تھے، آپؐ نے ان کی اور دوسرے کمزور مسلمانوں کی جو ہجرت نہیں کر سکتے تھے گلوخلاصی کے لئے دعا فرمائی اور قبائل مضر کے حق میں قحط سالی کی بددعا کی۔

قوله: وَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: حافظ رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ دوسری حدیث ہے لیکن امام بخاریؒ کے پاس اسی سند سے ہے، اس لئے انھوں نے جیسا اپنے استاذ سے سنا اسی طرح نقل کر دیا، اور اس سے اس طرف اشارہ بھی ہوسکتا ہے کہ دشمنانِ اسلام کے حق میں قحط سالی کی بددعا اس وقت جائز ہے جب وہ برسر پیکار ہوں اور جن لوگوں سے مصالحت ہو ان کے لئے ایسی بددعا مناسب نہیں، یہاں جن دو قبیلوں کا ذکر ہے ان میں قبیلہ غفار بہت پہلے اسلام قبول کر چکا تھا اور قبیلۂ اسلم سے معاہدہ ہو چکا تھا اس لئے ان کے حق میں دعائیہ کلمات ارشاد فرمائے۔

[۱۰۰۷-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ح: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللهِ، فَقَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمَّا رَأَى مِنَ النَّاسِ إِدْبَارًا قَالَ: " اللّٰهُمَّ سَبْعًا كَسَبْعِ يُوْسُفَ" فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ، حَتَّى أَكَلُوْا الْجُلُوْدَ وَالْمَيْتَةَ وَالْجِيَفَ، وَيَنْظُرُ أَحَدُهُمْ إِلَى السَّمَاءِ، فَيَرَى الدُّخَانَ مِنَ الْجُوْعِ، فَأَتَاهُ أَبُوْ سُفْيَانَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ إِنَّكَ تَأْمُرُ بِطَاعَةِ اللهِ وَبِصِلَةِ الرَّحِمِ، وَإِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوْا، فَادْعُ اللهَ لَهُمْ، قَالَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِيْنٍ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿إِنَّكُمْ عَائِدُوْنَ، يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى﴾ [الدخان: ۱۰-۱۶] فَالْبَطْشَةُ يَوْمَ بَدْرٍ، فَقَدْ مَضَتِ الدُّخَانُ وَالْبَطْشَةُ وَاللِّزَامُ وَآيَةُ الرُّوْمِ.

[انظر: ۱۰۲۰، ۴۶۹۳، ۴۷۶۷، ۴۷۷۴، ۴۸۰۹، ۴۸۲۰، ۴۸۲۱، ۴۸۲۲، ۴۸۲۳، ۴۸۲۴، ۴۸۲۵]

ترجمہ: مسروق رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، انھوں نے فرمایا: جب نبی ﷺ نے لوگوں کا (اسلام سے) پشت پھیرنا دیکھا تو آپؐ نے بددعا کی: اے اللہ! ان پر یوسف علیہ السلام کے سات سالہ قحط کی طرح سات سالہ قحط مسلط فرما! پس ان کو ایسے قحط نے پکڑ لیا جس نے ہر چیز کو ختم کر دیا، یہاں تک کہ انھوں نے چمڑے،

مرداراور بدبودار چیزیں کھائیں (مرا ہوا جانور ابتدائی مرحلہ میں میتۃ ہے اور جب وہ بدبودار ہوجائے تو جیفۃ ہے) اوران میں سے ایک شخص آسمان کی طرف دیکھتا تھا پس وہ بھوک کی وجہ سے دھواں دیکھتا تھا، پس آپؐ کے پاس ابوسفیان آیا، اور اس نے عرض کیا: اے محمد! آپ اللہ کی اطاعت اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں اور آپؐ کی قوم ہلاک ہوچکی ہے، پس آپؐ اللہ تعالیٰ سے ان کے لئے دعا فرمائیں، سورۃ الدخان (آیات ۱۰تا۱۶) میں اللہ عزوجل نے یہی مضمون بیان فرمایا ہے:

آیاتِ دخان کا ترجمہ: پس انتظار کرو اس دن کا جب آسمان واضح دھواں لائے گا، جو سب لوگوں کو عام ہوجائے گا، یہ دردناک عذاب ہے، اے ہمارے پروردگار! ہم سے اس عذاب کو دور فرما! ہم ضرور ایمان لے آئیں گے، ان کو نصیحت کہاں حاصل ہوگی؟ اور ان کے پاس واضح شان والا رسول آچکا ہے، پھر ان لوگوں نے اس سے سرتابی کی، اور کہا: سکھلایا ہوا (پڑھا لکھا) پاگل ہے، ہم چندروز کے لئے اس عذاب کو ہٹائیں گے مگر تم پلٹ جاؤ گے، جس دن ہم سخت پکڑ پکڑیں گے: اس دن ہم پورا پورا بدلہ لیں گے۔

بڑی پکڑ: بدر کا دن ہے، پس یقیناً دخان، بطشہ، لزام اور روم والی پیشین گوئی پوری ہوچکی ہے۔

تشریحات:

۱- دخان مبین (واضح دھوئیں) کے بارے میں دورائیں ہیں:

ایک: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی رائے ہے، ان کے نزدیک واضح دھویں کی پیشین گوئی پوری ہوچکی ہے، ان کے نزدیک اس پیشین گوئی کا مصداق مکہ کا سات سالہ قحط تھا، جو نبی ﷺ کی بددعا سے ان پر مسلط کیا گیا تھا، جس سے وہ بھوکوں مرنے لگے تھے، چمڑے، مرداراور ہڈیاں تک ان کو کھانی پڑی تھیں اور بھوک کی شدت سے ان کو آسمان وزمین کے درمیان دھواں نظر آتا تھا۔

اور دوسری رائے حضرات علی، ابن عباس، ابن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم کی ہے، ان کے نزدیک یہ علاماتِ قیامت میں سے ایک علامت ہے، جو قیامت کے قریب ظاہر ہوگی، وہ دھواں مؤمنین کے لئے ایک طرح کا زکام پیدا کرے گا اور کافر کے سارے وجود میں بھر جائے گا، یہاں تک کہ اس کے کان، آنکھ اور تمام مسامات سے نکلے گا۔

تطبیق: اور دونوں قولوں میں تطبیق یہ ہے کہ دھویں دو ہیں: ایک: دخان مبین: واضح دھواں، دوم: محض دخان، علاماتِ قیامت میں یہ دوم ہے، اول کا ذکر سورۃ الدخان میں ہے اور دوم کا تذکرہ قرآن میں نہیں ہے صرف حدیثوں میں ہے، اور یہ بات حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے، فرماتے ہیں: ''دخان دو ہیں: ایک گذر چکا اور دوسرا جو باقی ہے وہ آسمان وزمین کی درمیانی فضاء کو بھر دے گا اور مؤمن کو اس سے صرف زکام کی کیفیت پیدا ہوگی اور کافر کے تمام منافذ کو پھاڑ ڈالے گا، یہ روایت روح المعانی میں ہے، میرے خیال میں یہ بہترین تطبیق ہے۔

اور اسی حدیث میں آگے (۴۷۷۴) یہ بھی ہے کہ ایک واعظ اپنے وعظ میں کہہ رہا تھا کہ زمین سے دھواں نکلے گا اور وہ

کفار کے کانوں کو پکڑ لے گا اور مؤمن کو زکام کی طرح محسوس ہوگا، جب اس کی خبر ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو ہوئی تو آپ غضب ناک ہوئے اور فرمایا: جب تم میں سے کسی سے کوئی ایسی بات پوچھی جائے جسے وہ جانتا ہے تو چاہئے کہ وہ بات کہے اور جب اس سے کسی ایسی بات کے بارے میں پوچھا جائے جسے وہ نہیں جانتا تو چاہئے کہ کہے: اللہ بہتر جانتے ہیں، حضرت ابن مسعودؓ نے واعظ پر رد اس لئے کیا کہ وہ سورۂ دخان کی آیات کی تفسیر میں یہ بات بیان کررہا تھا جو غلط ہے، اُس دخان کا تذکرہ صرف حدیثوں میں ہے، اور سورۃ الدخان والا دھواں گذر چکا ہے۔

۲- ابن مسعودؓ فرماتے ہیں: چار پیشین گوئیاں پوری ہوچکی ہیں، اور آئندہ حدیث (نمبر ۴۷۶۷) میں ہے کہ پانچ پیشین گوئیاں پوری ہوچکی ہیں: ایک: دھویں کی پیشین گوئی جو مذکورہ آیات میں ہے، دوسری: شق القمر کی پیشین گوئی جس کا تذکرہ سورۃ القمر کے شروع میں ہے، تیسری: سخت پکڑ کی پیشین گوئی جس کا ذکر مذکورہ آیات میں ہے، چوتھی: وبال آنے کی پیشین گوئی جس کا ذکر سورۃ الفرقان کی آخری آیت میں ہے، پانچویں: رومیوں کے دوبارہ جیتنے کی پیشین گوئی جس کا ذکر سورۃ الروم کے شروع میں ہے۔

بابُ سُؤَالِ النَّاسِ الإِمَامَ الاِسْتِسْقَاءَ إِذَا قَحِطُوْا

لوگوں کا امیر المؤمنین سے بارش طلبی کی درخواست کرنا جب وہ قحط سالی سے دوچار ہوں

جب قحط سالی کے آثار ظاہر ہوں تو لوگوں کو چاہئے کہ وہ امیر المؤمنین سے درخواست کریں تا کہ وہ نماز استسقاء کا انتظام کرے، لوگوں کو شہر سے نکلنے کا حکم دے اور نماز استسقاء پڑھ کر دعا کرے، یہ سارے انتظامات گورنمنٹ کے ذمے ہیں، لوگ اپنے طور پر یہ انتظامات نہیں کرسکتے، اور غیر اسلامی حکومت میں یہ انتظامات لوگ خود کریں، فقہی جزئیہ ہے: یصیر القاضی قاضیا بتراضی المسلمین: مسلمانوں کی باہمی رضامندی سے قاضی مقرر کیا جاسکتا ہے۔

[۳-] بابُ سُؤَالِ النَّاسِ الإِمَامَ الاِسْتِسْقَاءَ إِذَا قَحِطُوْا

[۱۰۰۸-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَتَمَثَّلُ بِشِعْرِ أَبِيْ طَالِبٍ:

وَأَبْيَضَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ ❁ ثِمَالَ الْيَتَامٰى عِصْمَةً لِلْأَرَامِلِ

[انظر: ۱۰۰۹]

[۱۰۰۹-] وَقَالَ عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ: حَدَّثَنَا سَالِمٌ، عَنْ أَبِيْهِ: وَرُبَّمَا ذَكَرْتُ قَوْلَ الشَّاعِرِ، وَأَنَا أَنْظُرُ إِلٰى وَجْهِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَسْتَسْقِيْ، فَمَا يَنْزِلُ حَتّٰى يَجِيْشَ كُلُّ مِيْزَابٍ:

وَأَبْيَضَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ ۞ ثِمَالَ الْيَتَامَى عِصْمَةً لِلْأَرَامِلِ
وَهُوَ قَوْلُ أَبِيْ طَالِبٍ. [راجع: ۱۰۰۸]

وضاحت: نبی ﷺ کے چچا ابوطالب کے آپؐ کی شان میں چند اشعار ہیں، جو انھوں نے شعب ابی طالب میں محصور ہونے کے زمانہ میں کہے ہیں، ان اشعار میں انھوں نے اپنی اور اپنے نسب کی اہمیت اور اپنی سیادت ثابت کی ہے، پھر نبی ﷺ کی حمایت ونصرت اور اس کے اسباب کا ذکر کیا ہے پھر آپؐ کی مدح کی ہے اور مخالفت کرنے والوں کو برے انجام سے ڈرایا ہے، حدیث میں مذکور شعر اُن مدحیہ اشعار میں سے ایک ہے:

ترکیب ولغات: أبیض، ثِمَال اور عِصْمَة کو منصوب بھی پڑھ سکتے ہیں اور مرفوع بھی، منصوب پڑھنے کی صورت میں سَیِّدًا پر عطف ہوگا جس کا تذکرہ سابقہ اشعار میں ہے[1] اور مرفوع پڑھنے کی صورت میں مبتدا محذوف کی خبر ہونگے، ترجمہ اس دوسری تقدیر پر کیا ہے............ أبیض: سفید، گورا............ بوجهه: ب توسل کی ہے، ان کے چہرے کے طفیل............ الثِّمال: فریادرس، ملجأ ومأوی............ عِصْمَة: محفوظ رکھنا، عَصَمَ اللّٰهُ فلانًا من الشَّرِّ: اللہ تعالیٰ فلاں کی شر سے حفاظت فرمائیں............ أرامل: أَرْمَلة کی جمع: بیوہ عورت۔

حدیث: عبداللہ بن دینار کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو ابوطالب کا درج ذیل شعر پڑھتے ہوئے سنا: وہ ایسے گورے ہیں جن کے چہرے کے طفیل میں بارش طلب کی جاتی ہے ÷ وہ یتیموں کی پشت پناہ اور بیواؤں کے محافظ ہیں۔

اور دوسری حدیث میں ہے، ابن عمرؓ فرماتے ہیں: اور کبھی مجھے شاعر کی بات یاد آتی ہے جبکہ میں نبی ﷺ کے چہرہ کی طرف بارش طلبی کے وقت دیکھ رہا ہوتا ہوں، پس آپؐ منبر سے نہیں اترتے تھے یہاں تک کہ ہر پرنالہ بہنے لگتا تھا اور وہ ابوطالب کا شعر ہے۔

---

(۱) اس سے پہلے اور بعد کے اشعار یہ ہیں:

وَمَا تَرْكُ قَوْمٍ – لَا أَبَالَكَ – سَيِّدًا ۞ يَحُوْطُ الذِّمَارَ بينَ بكْرِ بْنِ وائل

اور لوگوں نے — تیرا باپ نہ رہے — کیسے سردار کو چھوڑ دیا ÷ جو قبیلۂ بکر بن وائل کے حرم (قابل حفاظت چیزوں کی) نگہبانی کرتا ہے۔

درمیان کے شعر کا ترجمہ: چھوڑ دیا انھوں نے گورے کو، جس کے چہرے کے طفیل سے بارش طلب کی جاتی ہے ÷ جو یتیموں کا ٹھکانہ اور بیواؤں کی پناہ گاہ ہے۔

يَلُوْذُ بِهِ الْهُلَّاكُ مِنْ آلِ هَاشم ۞ فَهُمْ عندَه فی نِعْمَةٍ وَفَوَاضِل

اس کی پناہ لیتے ہیں بنو ہاشم کے تباہ حال لوگ ÷ پس وہ اس کے پاس نعمتوں اور عمدہ حالت میں ہیں

ملحوظہ: دوسری حدیث (نمبر۱۰۰۹) معلق ہے، یہ حدیث موصولاً ابن ماجہ میں ہے، اور عمرو بن حمزہ جو حضرت سالم کا بھتیجا ہے: بہت مضبوط راوی نہیں۔

تشریح: شارحین نے نبی ﷺ کے بچپن کا ایک واقعہ لکھا ہے کہ عبدالمطلب کے زمانہ میں مکہ میں ایک مرتبہ قحط پڑا تو انھوں نے آپؐ کو اٹھا کر دعا کی تھی، اس وقت آپؐ کی برکات کا مشاہدہ ہوا اور خوب بارش ہوئی، ابو طالب نے اس واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ابو طالب نے آپؐ پر اللہ عزوجل کی ہزاروں نعمتوں کو دیکھ کر از خود یہ مضمون باندھا ہو، اس کے پس منظر میں کسی واقعہ کا ہونا ضروری نہیں۔

مناسبت: بخاری کے شارح قسطلانی رحمہ اللہ نے حدیث کی باب سے مناسبت یہ بیان کی ہے کہ جب لوگ آپؐ کے واسطہ سے دعا کرتے تھے اور اللہ ان کو بارش عطا فرماتے تھے تو اگر لوگ آپ کے زمانہ میں آپؐ سے بارش طلبی کی درخواست کریں اور آپؐ لوگوں کی درخواست پر اللہ سے بارش مانگیں تو اس میں کیا حرج ہے! لوگوں کو ایسا کرنا ہی چاہئے (یہ بات حاشیہ میں ہے)

[۱۰۱۰-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ إِذَا قَحَطُوْا اسْتَسْقَى بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضى الله عنه، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا صلى الله عليه وسلم فَتَسْقِيْنَا، وَإِنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا، قَالَ: فَيُسْقَوْنَ.[انظر: ۳۷۱۰]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب قحط پڑتا تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے توسل سے بارش طلب کرتے تھے، آپؓ کہتے تھے: اے اللہ! ہم آپ کی نزدیکی حاصل کیا کرتے تھے، ہمارے نبی ﷺ کے ذریعہ، پس آپ ہمیں بارش عطا فرماتے تھے اور بے شک ہم آپ کی نزدیکی حاصل کرتے ہیں ہمارے نبی ﷺ کے چچا کے ذریعہ، پس آپؐ ہمیں بارش عطا فرمائیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس وہ پلائے جاتے تھے یعنی اللہ تعالیٰ بارش عنایت فرماتے تھے۔

تشریح: پہلے وسیلہ اور توسل کے لغوی اور اصطلاحی معنی سمجھنے چاہئیں، وسیلہ کے لغت میں متعدد معانی ہیں، مثلاً: ذریعہ، واسطہ، مقام و مرتبہ، قرب و تقرب اور جنت میں رسول اللہ ﷺ کا خاص درجہ اور مقام۔ اور توسَّل فلانٌ إلی اللہ تعالیٰ بکذا کے معنی ہیں: فلاں شخص نے اللہ تک پہنچنے کے لئے فلاں چیز کو ذریعہ بنایا، اور اصطلاحی معنی ہیں: کسی نیک عمل یا کسی نیک بندے کو دعا میں اللہ سے نزدیکی کا ذریعہ بنانا، یعنی اللہ تعالیٰ سے یہ التماس کرنا کہ میں نے فلاں نیک عمل کیا ہے یا فلاں نیک بندے سے میرا تعلق ہے اس لئے میری دعا قبول فرما۔

توسل (وسیلہ پکڑنا) واجب نہیں، جائز یا مستحب ہے، توسل سے قبولیتِ دعا کی امید قائم ہوتی ہے، جیسے ایک جدید طالب علم داخلہ لینے کے لئے آیا، اس نے مہتمم صاحب سے کہا: میں فلاں کا بیٹا ہوں جو آپ کے خاص شاگرد ہیں، میں داخلہ لینے آیا ہوں پس مہتمم صاحب اس کی کچھ نہ کچھ رعایت کریں گے۔

اور توسل تین چیزوں سے کیا جاتا ہے، دو میں کوئی اختلاف نہیں اور ایک میں اختلاف ہے۔

اول: اپنے کسی نیک عمل سے توسل کرنا جیسے قرآنِ کریم ختم کیا، اب اگر کوئی شخص اس کا توسل کرے، اور کہے: اے اللہ! میں نے آپ کا کلام پاک پورا کیا ہے، اس کے وسیلہ سے یعنی اس کی برکت سے میری دعا قبول فرما تو یہ توسل بالاتفاق جائز ہے، اور دلیل غار والے تین شخصوں کا واقعہ ہے، یہ حدیث بخاری شریف میں پانچ مرتبہ آئی ہے (حدیث ۲۲۱۵ وغیرہ) ان تینوں نے اپنے نیک اعمال سے توسل کیا تھا۔

دوم: کسی زندہ نیک آدمی کا توسل کرنا جیسے کوئی نیک بندہ ہے اور زندہ ہے، اب اگر کوئی اس طرح دعا کرے کہ اے اللہ! آپ کا یہ بندہ نیک ہے اس کے وسیلہ سے یعنی اس کی برکت سے میری دعا قبول فرما تو یہ بھی بالاجماع جائز ہے، اور دلیل باب کی حدیث ہے، حضرت عمرؓ نے حضرت عباسؓ کا توسل کیا تھا اور وہ اس وقت زندہ تھے۔

سوم: مرے ہوئے نیک بندے کا توسل کرنا، اللہ کا کوئی نیک بندہ دنیا سے گذر گیا اور اس کا ایمان پر دنیا سے گذرنا یقینی ہے، جیسے ہمارے آقا ﷺ دنیا سے گذر گئے، آپؐ بالیقین اللہ کے نیک بندے تھے اب اگر کوئی دعا کرے کہ اے اللہ! نبی پاک ﷺ کے وسیلہ سے یعنی برکت سے میری دعا قبول فرما تو یہ توسل نجدی اور غیر مقلدین کے نزدیک جائز نہیں اور چاروں ائمہ کے ماننے والے کہتے ہیں: یہ توسل بھی جائز ہے، ایسا توسل اگرچہ واجب نہیں مگر حرام بھی نہیں، اور نجدی اور غیر مقلدین توسل کی اس قسم کو حرام کہتے ہیں وہ مذکورہ حدیث کے مفہوم مخالف سے استدلال کرتے ہیں۔ اور کوئی دلیل ان کے پاس نہیں ہے، اور مفہوم مخالف حجت نہیں، وہ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نماز استسقاء کے بعد اس طرح دعا کی تھی: اے اللہ! جب تک آپ کے رسول دنیا میں تھے تو ہم ان کا توسل کرتے تھے، اب حضور ﷺ دنیا میں نہیں رہے پس ہم ان کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا توسل کرتے ہیں: الٰہی! ہمیں بارش عطا فرما! یہ حضرات کہتے ہیں: اگر وفات کے بعد نیک آدمی کا توسل جائز ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کا توسل کرتے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا توسل کیوں کرتے؟ معلوم ہوا کہ مرے ہوئے نیک آدمی کا توسل جائز نہیں۔

جواب: اولاً: یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے، جو احناف کے نزدیک نصوص میں حجت نہیں، ثانیاً: بخاری شریف کی یہ روایت مختصر ہے، اور امام بخاریؒ اس روایت میں منفرد ہیں، باقی کتب ستہ میں یہ روایت نہیں ہے، اور پوری روایت عمدۃ القاری میں ہے اس میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے کہا: اے اللہ! جب تک حضور اکرم ﷺ دنیا میں تھے ہم آپؐ سے دعا کراتے تھے اور آپ ہمیں بارش عطا فرماتے تھے، اب حضور ﷺ نہیں رہے، البتہ ہمارے درمیان آپؐ کے چچا ہیں ہم ان سے

دعا کراتے ہیں، پھر حضرت عباسؓ سے کہا: آیئے اور دعا فرمایئے! اور حضرت عمرؓ پیچھے ہٹ گئے، اور حضرت عباسؓ نے دعا کروائی اور مجمع نے آمین کہی، حضرت عباسؓ نے اس موقع پر جو دعا کی تھی وہ بھی عمدۃ القاری میں ہے، اور حاشیہ میں وہ منقول ہے۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ یہاں توسل دعا کرانے کے معنی میں ہے، اور دعا ظاہر ہے زندہ ہی سے کرائی جائے گی۔

اور سوچنے کی بات یہ ہے کہ زندہ نیک آدمی کا توسل بالاتفاق جائز ہے جبکہ وہ کسی بھی وقت گمراہ ہوسکتا ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: إِنَّ الْحَيَّ لاَ تُؤْمَنُ عليه الْفِتْنَةَ: زندہ شخص کسی بھی وقت فتنہ کا شکار ہوسکتا ہے، یعنی کسی بھی وقت گمراہ ہوسکتا ہے پس جب اس کا توسل جائز ہے تو جو بالیقین ایمان پر گذر گیا، جیسے حضور اکرم ﷺ، ان کا توسل کیوں جائز نہیں، مگر یہ بات یاد رہے کہ توسل صرف جائز ہے، فرض یا واجب نہیں، اس لئے یہ کوئی اہم مسئلہ نہیں۔ لوگ عام طور پر توسل نہیں کرتے کسی خاص موقع ہی پر توسل کرتے ہیں، اور علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے یہ مسئلہ اس لئے چھیڑا تھا کہ بدعتی توسل کو فرض قرار دیتے ہیں، ان کے نزدیک بزرگوں کے توسل کے بغیر دعا قبول نہیں ہوتی، اس لئے علامہ ابن تیمیہؒ کے موقف میں شدت آگئی، اور انھوں نے حضور ﷺ کے توسل کو بھی ناجائز کہہ دیا، یہ بات ان کی مزاجی شدت کا نتیجہ تھی۔

مناسبت: اور حدیث کی باب سے مناسبت ظاہر ہے، لوگوں نے وقت کے امیر المؤمنین (حضرت عمرؓ) سے درخواست کی، اگر حقیقۃً نہیں کی تو حکماً کی، کیونکہ لوگوں کی مصلحت کا خیال رکھنا حاکم کی ذمہ داری ہے۔

ملحوظہ: سند میں عبداللہ: أبی کا عطف بیان ہے، اس لئے مرفوع ہے، ابوعبداللہ: کنیت نہیں ہے۔

بابُ تَحْوِيْلِ الرِّدَاءِ فِي الِاسْتِسْقَاءِ

بارش طلبی کے موقعہ پر چادر پلٹنا

نماز استسقاء میں ایک عمل یہ ہے کہ دعا کے وقت چادر پلٹی جاتی ہے، امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک خطبہ کے شروع میں اور دیگر ائمہ کے نزدیک خطبہ کا کچھ حصہ گذرنے کے بعد چادر پلٹی جاتی ہے، اور یہ چادر پلٹنا تفاؤلاً (نیک فالی کے طور پر) ہے، یعنی بندے زبانِ حال سے عرض کرتے ہیں کہ اے اللہ! ہم اپنے حالات پلٹ رہے ہیں آپ بھی اپنا فیصلہ پلٹیں، اور چادر تنہا امام پلٹے گا، مقتدی نہیں پلٹیں گے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، اور چادر پلٹنا جمہور کے نزدیک بشمول صاحبین سنت ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ اس کے قائل نہیں۔ یہاں بھی امام اعظم کے قول کا مطلب یہ ہے کہ چادر پلٹنا مشروع تو ہے مگر نماز استسقاء کا جزء نہیں۔ اور جمہور اس کو جزء مانتے ہیں، ان کا استدلال باب کی حدیث سے ہے، اس میں قلب رداء کا ذکر ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ آپ کا یہ فعل عبادت کے طور پر نہیں تھا بلکہ تفاؤل کے طور پر تھا، علامہ زیلعیؒ نے نصب الرایہ میں اس مضمون کی کئی روایتیں ذکر کی ہیں، پس اس سے قلب رداء کا جواز تو ثابت ہوگا مگر اس کا سنت ہونا ثابت نہیں ہوگا اور یہ بھی ایک قرینہ ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے قول لاصلوٰۃ فی الاستسقاء کا جو مطلب عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ امام اعظمؒ نماز

استسقاء کی مشروعیت ہی کے قائل نہیں: یہ بات صحیح نہیں، اگر آپ کے نزدیک نماز استسقاء مشروع نہ ہوتی تو قلب رداء میں اختلاف کے کیا معنی!

[٤-] بابُ تَحْوِيلِ الرِّدَاءِ فِي الِاسْتِسْقَاءِ

[١٠١١-] حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلمَ اسْتَسْقَى فَقَلَبَ رِدَاءَهُ.

[راجع: ١٠٠٥]

[١٠١٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، إِنَّهُ سَمِعَ عَبَّادَ بْنَ تَمِيمٍ يُحَدِّثُ أَبَاهُ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ إِلَى الْمُصَلَّى فَاسْتَسْقَى، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَقَلَبَ رِدَاءَهُ، وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ.

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ: كَانَ ابْنُ عُيَيْنَةَ يَقُولُ: هُوَ صَاحِبُ الْأَذَانِ، وَلَكِنَّهُ وَهَمٌ فِيهِ لِأَنَّ هٰذَا عَبْدُ اللهِ بْنُ زَيْدِ ابْنِ عَاصِمٍ الْمَازِنِيُّ، مَازِنُ الْأَنْصَارِ. [راجع: ١٠٠٥]

وضاحت: اس باب میں حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کی وہی روایت دوسندوں سے ذکر کی ہے جو استسقاء کے شروع میں آئی ہے، پہلے نماز کا ذکر نہیں تھا یہاں ہے، اور قلب رداء کا ذکر وہاں بھی تھا اور یہاں بھی ہے۔

راوی کا تعارف: عبداللہ بن زیدؓ دو ہیں: ایک: اذان والے عبداللہ ہیں اور ان کے دادا کا نام عبدربہ ہے اور دوسرے: وضو والے عبداللہ ہیں ان کے دادا کا نام عاصم ہے، سفیان بن عیینہ کہتے ہیں: یہ اذان والے عبداللہ بن زید ہیں، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: یہ سفیانؒ کا وہم ہے، یہ عبداللہ بن زید بن عبدربہ نہیں ہیں، بلکہ عبداللہ بن زید بن عاصم مازنی ہیں۔

اور مازن نام کے قبیلے عرب میں بہت ہیں، جیسے ہندوستان میں رام پور بہت ہیں، اور امتیاز کرنے کے لئے قوم کا یا قریب کی بستی کا نام اس کے ساتھ جوڑتے ہیں جیسے رام پور اسٹیٹ، اسی طرح عبداللہ بن زید انصار کے قبیلۂ مازن کے ہیں۔

سند کا بیان: حدیث نمبر ۱۰۱۲ کی سند میں سفیان بن عیینہ کے بعد عن عبد الله بن أبي بكر ہے، اور گیلری میں قال عبد الله بن أبي بكر ہے، اور یہی نسخہ انسب ہے، سند کا اصل قصہ فتح الباری میں ہے: قال سفيان: حدثنا المسعودي، ويحيى بن سعيد، عن أبي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم، قال سفيان: فقلت لعبد الله — أي ابن أبي بكر — حديث حدثناه يحيى والمسعودي عن أبيك عن عباد بن تميم، فقال عبد الله بن أبي بكر: سمعتُه أنا من عباد يحدث أبي، عن عبد الله بن زيد (فتح ۴۹۹:۲)

بابُ انْتِقَامِ الرَّبِّ عَزَّوَجَلَّ مِنْ خَلْقِهِ بِالْقَحْطِ إِذَا انْتُهِكَ مَحَارِمُهُ

جب حرام کاموں کی پردہ دری کی جائے تو اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو قحط سالی کے ذریعہ سزا دیتے ہیں

قحط سالی کبھی لوگوں کے گناہوں کی سزا کے طور پر بھی ہوتی ہے، پس بارش طلب کرنے سے پہلے گناہوں سے توبہ ضروری ہے، ابن ماجہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ قحط سالی کبھی ناپ تول میں کمی کرنے کی وجہ سے اور کبھی زکاۃ نہ دینے کی وجہ سے ہوتی ہے، جب کسی قوم میں عام طور پر یہ دو گناہ ہونے لگتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بارش روک دیتے ہیں، ارشاد فرمایا: ''جب کوئی قوم ناپ تول میں کمی کرتی ہے تو وہ قحط سالی، شدید پریشانی اور بادشاہوں کے ظلم وستم کا نشانہ بنتی ہے، اور جب لوگ اپنے مالوں میں سے اللہ کا حق یعنی زکات ادا نہیں کرتے تو ان کو بارش سے محروم کر دیا جاتا ہے، اگر چوپائے نہ ہوں تو انہیں بارش کا ایک قطرہ بھی نصیب نہ ہو'' لہٰذا جب قحط سالی کے آثار نمایاں ہوں تو لوگ گناہوں سے خاص طور پر ناپ تول میں کمی کرنے سے توبہ کریں، شہر سے باہر نکل کر نماز استسقاء پڑھ لینا کافی نہیں، بارش طلبی کے لئے گناہوں سے پوری طرح باز آنا ضروری ہے، یہ اس باب کا مقصد ہے اور اس باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی حدیث ذکر نہیں کی، حضرت کے پاس شرط کے مطابق کوئی حدیث نہیں ہوگی، اس لئے کوئی حدیث ذکر نہیں کی، اور ترجمہ رکھ کر اسباب قحط اور اس سے بچاؤ کا طریقہ بیان کر دیا۔

[۵-] بابُ انْتِقَامِ الرَّبِّ عَزَّوَجَلَّ مِنْ خَلْقِهِ بِالْقَحْطِ إِذَا انْتُهِكَ مَحَارِمُهُ

انتقام (مصدر) کے معنی ہیں: بدلہ لینا، یعنی سزا دینا، اور اِنْتَهَكَ الْحُرُمَاتِ/ الْمُحَرَّمَاتِ کے معنی ہیں: تقاضۂ حرمت کی خلاف ورزی کرنا۔ جب حرام کاموں کا ارتکاب کیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ قحط کے ذریعہ بندوں کو سزا دیتے ہیں، یعنی بداعمالیاں قحط کے اسباب ہیں، لہٰذا بارش طلبی سے پہلے گناہوں سے توبہ ضروری ہے، محض نماز استسقاء اور دعاء کارگر نہ ہوگی۔

بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِي الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ

جامع مسجد میں بارش طلبی

بارش طلبی کے لئے آبادی سے باہر نکلنا ضروری نہیں، جامع مسجد میں بھی بارش کی دعا کی جاسکتی ہے، کبھی آبادی سے باہر کوئی ایسی موزوں جگہ نہیں ہوتی جہاں سارے لوگ جمع ہو کر نماز استسقاء پڑھیں، ایسی صورت میں جامع مسجد ہی میں نماز پڑھ کر دعا کر سکتے ہیں، اس لئے کہ استسقاء کی حقیقت دعا ہے اور دعا مسجد میں بھی کی جاسکتی ہے، پہلے حدیث گذری ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے، اچانک ایک شخص مسجد میں داخل ہوا اور اس نے دورانِ خطبہ بارش کی دعا کرنے کی

درخواست کی، آپؐ نے خطبہ ہی میں دعا فرمائی جس کا اثر فوراً ظاہر ہوا اور لوگ بھیگتے ہوئے گھر لوٹے، معلوم ہوا کہ جامع مسجد میں بھی بارش کی دعا کی جاسکتی ہے۔

[٦-] بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِي الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ

[١٠١٣-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَذْكُرُ: أَنَّ رَجُلاً دَخَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ بَابٍ كَانَ وُجَاهَ الْمِنْبَرِ، وَرَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمٌ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمًا، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! هَلَكَتِ الْأَمْوَالُ، وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُغِيْثَنَا. قَالَ: فَرَفَعَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ اسْقِنَا، اللّٰهُمَّ اسْقِنَا" قَالَ أَنَسٌ: فَلَا وَاللّٰهِ! مَا نَرَى فِي السَّمَاءِ مِنْ سَحَابٍ وَلَا قَزَعَةً وَلَا شَيْئًا، وَمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ سَلْعٍ مِنْ بَيْتٍ وَلَا دَارٍ، قَالَ: فَطَلَعَتْ مِنْ وَرَائِهِ سَحَابَةٌ مِثْلُ التُّرْسِ، فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ السَّمَاءَ انْتَشَرَتْ، ثُمَّ أَمْطَرَتْ، قَالَ: واللّٰهِ! مَا رَأَيْنَا الشَّمْسَ سَبْتًا، ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْ ذٰلِكَ الْبَابِ فِي الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَةِ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمٌ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَهُ قَائِمًا، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! هَلَكَتِ الْأَمْوَالُ، وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُمْسِكَهَا، قَالَ: فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ: "اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا، اللّٰهُمَّ عَلَى الْآكَامِ وَالْجِبَالِ وَالظِّرَابِ وَالْأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ" قَالَ: فَانْقَطَعَتْ، وَخَرَجْنَا نَمْشِيْ فِي الشَّمْسِ، قَالَ شَرِيْكٌ: فَسَأَلْتُ أَنَسًا: أَهُوَ الرَّجُلُ الْأَوَّلُ؟ قَالَ: لَا أَدْرِيْ.

[راجع: ٩٣٢]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے.........**قوله: من باب كان وُجَاه المنبر:** الوُجَاه: جانب، سمت، داری وِجَاهَ دارك: میرا گھر آپ کے گھر کے سامنے ہے......... مسجدِ نبوی کے کئی دروازے تھے وہ شخص جس نے دعا کی درخواست کی تھی منبر کے سامنے والے دروازہ سے مسجد میں داخل ہوا تھا، اس وقت آپؐ خطبہ دے رہے تھے اور اس نے خطبہ کے دوران ہی درخواست کی تھی.........**فاستقبل رسولَ اللّٰهِ قائمًا:** اس شخص نے کھڑے ہوئے سامنا کیا اور درخواست کی......... **هلكت الأموال:** اموال سے جانور مراد ہیں.........**وانقطعت السبل:** آمد ورفت بند ہوگئی، عربوں کی معیشت کا مدار اسفار پر تھا، جزیرۃ العرب میں کچھ پیدا نہیں ہوتا، اور سفر اسی وقت ممکن ہے جب راستہ میں جانوروں کے لئے چارہ پانی ہو، لمبے سفر میں گھاس چارہ اور پانی ساتھ لے کر نہیں چل سکتے، اور قحط سالی کی وجہ سے راستے خشک ہوگئے تھے، گھاس پانی سب ختم ہو چکا تھا اس لئے سفر بند ہوگیا.........**فادع الله أن يُغيثَنا:** إغاثة: کے معنی ہیں: مدد کرنا، فریاد رسی کرنا، بارش طلب کرنا.........**قوله: ما نَرَى في السماء من سحاب ولاقزعة ولا شيئا:** سَحَابَة: بڑا بادل، قَزَعَة: چھوٹا

بادل، بدلی، شیئاً: اس سے بھی چھوٹی کوئی چیز، ہمیں آسمان میں نظر نہیں آرہی تھی، آسمان بالکل صاف تھا.......... **قوله: وما بيننا وبين سَلْعٍ:** مدینہ سے باہر قریب میں ایک پہاڑی ہے اس کا نام سلع ہے جہاں خندق کھودی گئی تھی، حضرت انس رضی للہ عنہ فرماتے ہیں: مسجدِ نبوی اور سلع پہاڑی کے درمیان کوئی گھر اور کوئی مکان نہیں تھا کہ دیکھنے میں غلطی ہو........ **قوله: فطلعت من ورائه:** سلع پہاڑی کے پیچھے سے ایک چھوٹی سی بدلی اٹھی جو اوپر آکر پھیل گئی اور بارش شروع ہوگئی........ **قوله: مثل الترس:** ڈھال کی طرح......... **مارأينا الشمس سَبْتًا:** ہم نے ہفتہ تک سورج نہیں دیکھا، پورا ہفتہ بارش ہوتی رہی......... **هلكت الأموال:** سیلاب سے جانور مر رہے ہیں......... **وانقطعت السبل:** آمدورفت بند ہوگئی ہے، جگہ جگہ پانی بھر گیا ہے......... **اللّٰهُم حوالينا ولا علينا:** اے اللہ! ہمارے اردگرد برسے، ہم پر نہ برسے......... **اللّٰهم على الآكام والجبال والظِّراب والأودية ومنابت الشجر:** **آكام:** الأكمة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: ٹیلہ، **الظِّراب:** پھیلا ہوا پہاڑ، جبال اور ظراب میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے، جبال عام ہے مطلق پہاڑ اور ظراب خاص ہے پھیلا ہوا پہاڑ، **الأودية:** وادی کی جمع ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کی روایت جو آگے آرہی ہے اس میں بُطون الأودية ہے، دو پہاڑی سلسلوں کے درمیان جو کھلا میدان ہوتا ہے وہ وادی کہلاتا ہے، یعنی ڈھلان والے میدان میں برسے تاکہ وہاں پانی جمع ہو اور لوگ فائدہ اٹھائیں، **منابت الشجر:** درخت اگنے کی جگہیں یعنی جنگل میں برسے۔

فائدہ: حاشیہ میں لکھا ہے کہ اللہ کی رحمت کو روکنے کے لئے دعا نہیں کرنی چاہئے بارش اللہ کی رحمت ہے، اس کے بند ہونے کی دعا نہیں کرنی چاہئے اور ضرورت نہ ہو تو جگہیں پھیر دیں، نبی ﷺ نے بارش بند ہونے کی دعا نہیں کی، بلکہ یہ فرمایا: اے اللہ! ہم پر نہ برسے، ٹیلوں پر، عام پہاڑوں پر، پھیلے ہوئے پہاڑوں پر، وادیوں میں اور جنگل میں برسے تاکہ کسی کا نقصان نہ ہو......... **اللّٰهم حوالينا:** یہ مدینہ والوں کے لئے دعا ہے، اور چاروں طرف جو انسانی بستیاں ہیں ان کے لئے بددعا ہے، اس لئے نبی ﷺ نے حوالينا کی تفسیر کی کہ ان جگہوں میں جہاں انسان آباد نہیں ہیں: برسے۔

بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِيْ خُطْبَةِ الْجُمُعَةِ غَيْرَ مُسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةِ

قبلہ کی طرف رخ پھیرے بغیر جمعہ کے خطبہ میں بارش طلب کرنا

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ بارش طلبی کے لئے نماز ہی ضروری نہیں، خطبۂ جمعہ میں بھی بارش طلب کی جاسکتی ہے، اور دعا کے وقت امام کا قبلہ کی طرف متوجہ ہونا بھی ضروری نہیں، وہ اپنی حالت پر برقرار رہ کر یعنی لوگوں کی طرف متوجہ رہ کر بھی دعا کرسکتا ہے، نبی ﷺ سے جب دعا کی درخواست کی گئی تھی تو آپؐ نے خطبہ کے دوران ہی دعا فرمائی تھی، آپؐ قبلہ کی طرف متوجہ نہیں ہوئے تھے، معلوم ہوا کہ دعا کے وقت قبلہ کی طرف متوجہ ہونا ضروری نہیں، اور نماز بھی ضروری نہیں، جمعہ کے خطبہ میں بھی دعا کرسکتے ہیں۔

[۷-] بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِيْ خُطْبَةِ الْجُمُعَةِ غَيْرَ مُسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةِ

[۱۰۱٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَجُلاً دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ بَابٍ كَانَ نَحْوَ دَارِ الْقَضَاءِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمٌ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمًا، ثُمَّ قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! هَلَكَتِ الأَمْوَالُ، وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ يُغِيْثُنَا، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" اللّٰهُمَّ أَغِثْنَا، اللّٰهُمَّ أَغِثْنَا، اللّٰهُمَّ أَغِثْنَا" قَالَ أَنَسٌ: وَلاَ وَاللّٰهِ مَا نَرى فِيْ السَّمَاءِ مِنْ سَحَابٍ وَلاَ قَزَعَةٍ، وَمَا بَيْنَنا وَبَيْنَ سَلْعٍ مِنْ بَيْتٍ وَلاَ دَارٍ، قَالَ: فَطَلَعَتْ مِنْ وَرَائِهِ سَحابَةٌ مِثْلُ التُّرْسِ، فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ السَّمَاءَ انْتَشَرَتْ، ثُمَّ أَمْطَرَتْ، فَلاَ وَاللّٰهِ مَا رَأَيْنَا الشَّمْسَ سَبْتًا، ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْ ذٰلِكَ الْبَابِ فِيْ الْجُمُعَةِ[الْمُقْبِلَةِ] وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عله وسلم قَائِمٌ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَهُ قَائِمًا، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! هَلَكَتِ الأَمْوَالُ، وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ يُمْسِكْهَا عَنَّا، قَالَ: فَرَفَعَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلاَ عَلَيْنَا، اللّٰهُمَّ عَلَى الآكَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ" قَالَ: فَأَقْلَعَتْ، وَخَرَجْنَا نَمْشِيْ فِيْ الشَّمْسِ، قَالَ شَرِيْكٌ فَسَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: أَهُوَ الرَّجُلُ الأَوَّلُ؟ فَقَالَ: مَا أَدْرِيْ. [راجع: ۹۳۲]

وضاحت: یہ وہی گذشتہ باب کی حدیث ہے، اس روایت میں یہ ہے کہ بارش کی درخواست کرنے والا شخص اس دروازے سے داخل ہوا تھا جودارالقضاء کی جانب تھا یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہےاور حاشیہ میں دارالقضاء نام کی تین وجوہ لکھی ہیں، پہلی وجہ: جواصح ہے، یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِخلافت میں اپنی ضرورت کے لئے جو لوگوں سے قرض لیا تھاوہ چھیاسی ہزار تھا، جب آپؓ کوزخمی کیا گیا تو آپؓ نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کووصیت کی کہ میرے ترکہ میں سے میرا قرض ادا کیا جائے۔ جب حضرتؓ کی وفات ہوگئی تو مسجدِنبوی کے سامنے آپؓ کا جومکان تھا ابن عمرؓ نے اس کوفروخت کیا، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے خریدا اوراس سے قرض ادا کیا گیا، اس لئے وہ مکان دار القضاء کہلایا، پس پوراجملہ ہے:دارُ قَضاءِ دینِ عمر :اس کومختصر کیا تو دارالقضاء بن گیا۔

اوردوسرا قول حاشیہ میں یہ لکھا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خلیفہ کی نامزدگی کے لئے چھ آدمیوں کی کمیٹی بنائی تھی، اورآخر میں سارا اختیار حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کومل گیا تھا، وہ اس گھر میں مدینہ منورہ کے بااثر لوگوں کولے کر مشورے کرتے تھےاس لئے اس کا نام دارالقضاء پڑا۔

اورتیسرا قول یہ ہے کہ بعد میں مروان اس گھر کا مالک ہوگیا، وہ اس میں رہتا تھااور وہ گھر دارالقضاء بن گیا تھا،مگر یہ آخری دونوں قول مرجوح ہیں، پہلاقول ہی راجح ہے۔

قولہ: فاستقبل رسول اللہ قائمًا: قائمًا فاعل سے حال ہے، مفعول سے حال نہیں، یعنی سائل نے کھڑے ہوکر سوال کیا............ **ثم قال: یارسول اللہ!** یہ ثم ترکیب ذکری کے لئے ہے............ **فادعُ اللّٰہَ یُمْسِکْھَا عنَّا:** ہم سے روک لیں، مطلق بارش بند کرانے کی درخواست نہیں کی تھی۔

بَابُ الاِسْتِسْقَاءِ عَلَى الْمِنْبَرِ

منبر سے بارش طلبی

اگر جمعہ کے خطبہ میں بارش کی دعا کی جائے تو ظاہر ہے امام منبر سے دعا کرے گا، دعا کرنے کے لئے امام کا منبر سے اترنا اور قبلہ کی طرف متوجہ ہونا ضروری نہیں، اور یہ باب ایک سوال کا جواب ہے: منبر پر ہونا تعلّی ہے اور تعلّی دعا کے مناسب نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کا جواب دیا کہ یہ سنت سے ثابت ہے، نبی ﷺ نے منبر سے بارش کی دعا کی ہے، اور نص کے مقابل قیاس نہیں چلتا۔

[۸-] بَابُ الاِسْتِسْقَاءِ عَلَى الْمِنْبَرِ

[۱۰۱۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! قَحَطَ الْمَطَرُ فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَسْقِيَنَا، فَدَعَا فَمُطِرْنَا، فَمَا كِدْنَا أَنْ نَصِلَ إِلٰى مَنَازِلِنَا، فَمَا زِلْنَا نُمْطَرُ إِلَى الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَةِ، قَالَ: فَقَامَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ أَوْ غَيْرُهُ فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَصْرِفَهُ عَنَّا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلاَ عَلَيْنَا" قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ السَّحَابَ يَتَقَطَّعُ يَمِيْنًا وَشِمَالاً، يُمْطَرُوْنَ وَلاَ يُمْطَرُ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ.

[راجع: ۹۳۲]

وضاحت: قَحَطَ الْمَطَرُ: بارش رک گئی............ **فما کِدْنا أن نَصِلَ إلی منازلنا:** نہیں قریب تھے ہم کہ اپنے گھر پہنچیں یعنی گھر پہنچنا مشکل ہوگیا............ **یَتَقَطَّع یمینا وشمالاً:** بادل دائیں بائیں چھٹ گیا............ **یُمطرون ولا یُمْطَر أھل المدینۃ:** چاروں طرف بارش ہورہی تھی اور مدینہ میں بارش نہیں ہورہی تھی۔

بَابُ مَنِ اكْتَفَى بِصَلٰوةِ الْجُمُعَةِ فِي الاِسْتِسْقَاءِ

بارش کی دعا میں نماز جمعہ پر اکتفا کرنا

ابواب الاستسقاء کے شروع میں بتلایا تھا کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک بارش طلبی کے لئے نماز ضروری نہیں، نماز کے

علاوہ اور طریقوں سے بھی اللہ تعالیٰ سے بارش طلب کر سکتے ہیں، نبی ﷺ نے جمعہ کے خطبہ میں بارش کی دعا کی ہے، اور اس مسئلہ میں امام بخاریؒ کی رائے امام اعظمؒ کی رائے کے موافق ہے اور جو لوگ نماز ضروری قرار دیتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ واقعہ باب میں جمعہ کی نماز بارش طلبی کی نماز کے قائم مقام ہوگئی تھی، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ باب میں من موصولہ لائے ہیں، اور ان لوگوں کی رائے کی طرف اشارہ کیا ہے، خود ذمہ داری قبول نہیں کی۔ مگر ان حضرات کی یہ بات درست نہیں، کیونکہ بارش کے لئے دعا خطبہ میں کی تھی اور نماز بعد میں پڑھی گئی ہے، پس وہ صلوٰۃ الاستسقاء کے قائم مقام کیسے ہوسکتی ہے؟

[۹-] بَابُ مَنِ اكْتَفَى بِصَلٰوةِ الْجُمُعَةِ فِي الإِسْتِسْقَاءِ

[۱۰۱۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: هَلَكَتِ الْمَوَاشِيْ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، فَدَعَا فَمُطِرْنَا مِنَ الْجُمُعَةِ إِلَى الْجُمُعَةِ، ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: تَهَدَّ مَتِ الْبُيُوْتُ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، وَهَلَكَتِ الْمَوَاشِيْ [فَادْعُ اللّٰهَ يُمْسِكْهَا] فَقَالَ: " اللّٰهُمَّ عَلَى الآكَامِ، وَالظِّرَابِ، وَالأَوْدِيَةِ، وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ" فَانْجَابَتْ عَنِ الْمَدِيْنَةِ انْجِيَابَ الثَّوْبِ.

[راجع: ۹۳۲]

قولہ: تهدَّمت البيوت: گھر ڈھ پڑے، اور راستے بند ہوگئے یعنی راستوں میں پانی بھر گیا اور جانور (ڈوب کر) ہلاک ہوگئے .... **فَانْجَابَتْ**: اس کا مادہ ج، و اور ب ہے جو جواب کا مادہ ہے۔ أنجابَ السحابُ کے معنی ہیں: بادل کا چھٹ جانا، جیسے کپڑا پھٹ جاتا ہے اس طرح مدینہ پر سے بادل پھٹ گیا۔

بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا تَقَطَّعَتِ السُّبُلُ مِنْ كَثْرَةِ الْمَطَرِ

جب بارش کی زیادتی سے راستے بند ہوجائیں تو بارش رکنے کی دعا کرنا

پہلے ایک باب آیا تھا کہ بارش طلبی کے لئے بھی دعا ہوسکتی ہے اور اعدائے اسلام پر قحط سالی کے لئے بھی، اسی قبیل کا یہ باب بھی ہے کہ بارش طلبی کے لئے بھی دعا ہوسکتی ہے اور بارش بند ہونے کے لئے بھی، جب سیلاب آتا ہے تو مہینوں راستے بند ہوجاتے ہیں ایسے موقع پر یہ دعا کرنا کہ اے اللہ! ہم سے بارش روک لیں اور وہاں برسائیں جہاں کوئی ضرر نہ ہو تو ایسی دعا کرنا جائز ہے۔

[۱۰-] بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا تَقَطَّعَتِ السُّبُلُ مِنْ كَثْرَةِ الْمَطَرِ

[۱۰۱۷-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ

مَالِكٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! هَلَكَتِ الْمَوَاشِيْ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰهَ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَمُطِرُوْا مِنْ جُمُعَةٍ إِلٰى جُمُعَةٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! تَهَدَّمَتِ الْبُيُوْتُ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، وَهَلَكَتِ الْمَوَاشِيْ، فَقَالَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُمَّ عَلٰى رُؤُسِ الْجِبَالِ وَالآكَامِ، وَبُطُوْنِ الْأَوْدِيَةِ، وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ" فَانْجَابَتْ عَنِ الْمَدِيْنَةِ انْجِيَابَ الثَّوْبِ.[راجع: ۹۳۲]

بَابُ مَاقِيْلَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُحَوِّلْ رِدَاءَ هُ فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

کہا گیا کہ نبی ﷺ نے جمعہ کے دن بارش طلبی کے وقت اپنی چادر نہیں پلٹی

قلب رداء کے امام اعظم رحمہ اللہ بھی قائل ہیں، مگر وہ فرماتے ہیں کہ قلب رداء استسقاء کا جز نہیں، تفاؤل کے طور پر چادر پلٹی جاتی ہے، اوران کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے جمعہ کے خطبہ میں استسقاء فرمایا اور چادر نہیں پلٹی، اگر قلب رداء استسقاء کا جزء ہوتا تو اس موقع پر بھی آپؐ چادر پلٹتے.......... باب ما قيل: یہ امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کی طرف اشارہ ہے، امام اعظمؒ جو کہتے ہیں اس کی دلیل یہ ہے، اور قیل اس لئے کہا کہ اس دلیل کا جواب دیا جاسکتا ہے کہ استسقاء کامل میں تحویل رداء ہے اور یہ استسقاء کامل نہیں تھا۔

[۱۱-] بَابُ مَاقِيْلَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُحَوِّلْ رِدَاءَ هُ فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

[۱۰۱۸-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رُجُلاً شَكَا إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم هَلاَكَ الْمَالِ وَجَهْدَ الْعِيَالِ، فَدَعَا اللّٰهَ يَسْتَسْقِيْ، وَلَمْ يَذْكُرْ أَنَّهُ حَوَّلَ رِدَاءَ هُ، وَلاَ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ.[راجع: ۹۳۲]

قوله: وَجَهْدَ العِيَال: بچوں کے مشقت میں پڑنے کی شکایت کی کیونکہ ان کے پینے کے لئے پانی نہیں رہا تھا..........
ولم يذكر: اس روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نہ تحویل رداء کا ذکر کیا ہے، اور نہ قبلہ کی طرف منہ کرکے دعا کرنے کا۔

بَابٌ: إِذَا اسْتَشْفَعُوْا إِلٰى الإِمَامِ لِيَسْتَسْقِيَ لَهُمْ لَمْ يَرُدَّهُمْ

جب لوگ امیر المؤمنین سے بارش طلبی کی درخواست کریں تو وہ ان کو نامراد نہ کرے

پہلے ایک باب گذرا ہے کہ جب قحط سالی کے آثار نمایاں ہوں تو لوگوں کو امیر المؤمنین سے استسقاء کی درخواست کرنی چاہئے، اب اُس مسئلہ کو آگے بڑھاتے ہیں کہ جب لوگ درخواست کریں تو امیر المؤمنین کو ان کی درخواست قبول کرنی

چاہئے، رد نہیں کرنی چاہئے اور نماز استسقاء کا انتظام کرنا چاہئے۔

[۱۲-] بَابٌ: إِذَا اسْتَشْفَعُوْا إِلَى الإِمَامِ لِيَسْتَسْقِيَ لَهُمْ لَمْ يَرُدَّهُمْ

[۱۰۱۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! هَلَكَتِ الْمَوَاشِيْ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ، فَدَعَا اللّٰهَ، فَمُطِرْنَا مِنَ الْجُمُعَةِ إِلَى الْجُمُعَةِ، فَجَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! تَهَدَّمَتِ الْبُيُوْتُ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، وَهَلَكَتِ الْمَوَاشِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اللّٰهُمَّ عَلَى ظُهُوْرِ الْجِبَالِ، وَالآكَامِ، وَبُطُوْنِ الأَوْدِيَةِ، وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ " فَانْجَابَتْ عَنِ الْمَدِيْنَةِ انْجِيَابَ الثَّوْبِ.

قولہ: علی ظهور: پہاڑوں اور ٹیلوں کی پیٹھوں پر یعنی چوٹیوں پر، اور میدانوں کے پیٹوں میں اور درخت اگنے کی جگہوں میں یعنی جنگلوں میں برسے۔

بَابٌ: إِذَا اسْتَشْفَعَ الْمُشْرِكُوْنَ بِالْمُسْلِمِيْنَ عِنْدَ الْقَحْطِ

قحط سالی میں جب مشرکین مسلمانوں سے دعا کے لئے کہیں

اِسْتَشْفَعَ بہ: کسی معاملہ میں کسی سے سفارش کرانا یعنی دعا کرانا، ایسے ملک میں جہاں کافر ہی ہوں، کوئی مسلمان نہ ہو، قحط کے آثار نمایاں ہوں اور وہ اسلامی حکومت میں آکر مسلمانوں سے اور ان کے امیر سے بارش طلبی کی دعا کی درخواست کریں تو اگر ان کے لئے دعا کرنے میں مسلمانوں کا اور اسلام کا کوئی ضرر نہیں، تو ان کے لئے دعا کرنی چاہئے، کیونکہ وہ بھی انسان ہیں، فقہ میں لکھا ہے کہ جب نماز استسقاء پڑھنے کے لئے شہر سے باہر نکلیں تو جانوروں کو بھی ساتھ لے جائیں تاکہ اللہ کی رحمت متوجہ ہو، جب جانوروں سے اللہ کی مہربانی متوجہ ہوتی ہے تو کفار تو بہرحال انسان ہیں، اللہ عزوجل انہیں روزی پہنچاتے ہیں، پس اگر کسی ضرر کا اندیشہ نہ ہو تو ان کے لئے بھی بارش کی دعا کرنی چاہئے۔

[۱۳-] بَابٌ: إِذَا اسْتَشْفَعَ الْمُشْرِكُوْنَ بِالْمُسْلِمِيْنَ عِنْدَ الْقَحْطِ

[۱۰۲۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، وَالأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: أَتَيْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ، فَقَالَ: إِنَّ قُرَيْشًا أَبْطَؤُوْا عَنِ الإِسْلَامِ، فَدَعَا عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ، حَتَّى هَلَكُوْا فِيْهَا، وَأَكَلُوْا الْمَيْتَةَ وَالْعِظَامَ، فَجَاءَهُ أَبُوْ سُفْيَانَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! جِئْتَ تَأْمُرُ بِصِلَةِ الرَّحِمِ، وَإِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوْا، فَادْعُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ، فَقَرَأَ: ﴿ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ

مُبِیْنٍ﴾ الآیة. ثُمَّ عَادُوْا إِلٰی کُفْرِھِمْ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰی:﴿ یَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْکُبْرٰی﴾ یَوْمَ بَدْرٍ.
وَزَادَ أَسْبَاطٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَسُقُوْا الْغَیْثَ، فَأَطْبَقَتْ عَلَیْهِمْ سَبْعًا، وَشَکَا النَّاسُ کَثْرَةَ الْمَطَرِ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا" فَانْحَدَرَتِ السَّحَابَةُ عَنْ رَأْسِهِ، فَسُقُوْا النَّاسُ حَوْلَهُمْ.[راجع: ۱۰۰۷]

قولہ: أَبْطَؤُا: قریش نے اسلام قبول کرنے میں دیر کی، کوشش کے باوجود قریش اسلام قبول کرنے کے لئے تیار نہ ہوئے، بلکہ اسلام کی بیخ کنی میں لگ گئے تو نبی ﷺ نے ان کے لئے قحط سالی کی دعا کی، پس مکہ میں ایسا قحط پڑا کہ لوگ چمڑے، ہڈیاں اور مردار کھانے پر مجبور ہوگئے۔ابوسفیان نے خدمتِ اقدس میں حاضر ہوکر اس عذاب کے ختم ہونے کی دعا کرنے کی درخواست کی، آپؐ نے دعا فرمائی، اور مکہ والوں سے عذاب ٹل گیا مگر وہ تمرد وسرکشی پر برقرار رہے۔

بہر حال کفار نے بارش کی دعا کرنے کی درخواست کی اور نبی ﷺ نے ان کی درخواست قبول کی، اور دعا فرمائی، معلوم ہوا کہ اگر کفار مسلمانوں سے بارش کی دعا کرنے کی درخواست کریں اور ان کی درخواست قبول کرنے میں کوئی ضرر نہ ہو تو ان کے لئے بارش کی دعا کرنی چاہئے۔

ملحوظہ: منصور کے شاگرد سفیان ثوری کی حدیث میں یہی ایک واقعہ ہے۔اور دوسرے شاگرد اسباط کی روایت میں ایک دوسرا واقعہ بھی مذکور ہے، دوسرے واقعہ میں درخواست کرنے والا مسلمان (اعرابی) تھا۔

بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا کَثُرَ الْمَطَرُ: حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا

جب بارش بہت زیادہ ہو تو دعا کرے: ہمارے اردگرد برسے ہم پر نہ برسے

بارش بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے، مگر اس وقت رحمت ہے جب ضرورت کے وقت ہو، اور بقدر ضرورت ہو، بے وقت اور ضرورت سے زیادہ بارش رحمت نہیں، زحمت اور عذاب ہے، جیسے قادیانی مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہیں، وہ پوچھتے ہیں: نبوت رحمت ہے یا زحمت؟ کون مسلمان کہے گا کہ نبوت زحمت ہے؟ پس وہ کہے گا رحمت کو رک جانا چاہئے یا جاری رہنا چاہئے؟ ہر شخص یہی جواب دے گا کہ اللہ کی رحمت کو جاری رہنا چاہئے، اب وہ سمجھائے گا کہ تم جو کہتے ہو کہ نبوت حضورؐ پر ختم ہوگئی، یہ تم رحمت پر بین (روک) لگاتے ہو، اللہ کی رحمت (نبوت) جاری ہے اور غلام احمد قادیانی نبی ہے، اس اغلوطہ کا جواب یہ ہے کہ بارش بھی رحمت ہے لیکن وہ کب رحمت ہے؟ جب ضرورت کے وقت ہو اور بقدر ضرورت ہو، نبی ﷺ رحمۃ للعالمین بن کر تشریف لائے ہیں، اور دو چیزیں ساتھ لائے ہیں، قرآن اور حدیث، چودہ سو سال پہلے جو قرآن نازل ہوا تھا اور جو حدیثیں بیان ہوئی تھیں وہ آج بھی بعینہٖ باقی ہیں ان میں نہ تحریف ہوئی ہے نہ تبدیلی، پس جب کھیتی کی ضرورت کے لئے پانی باقی ہے، چودہ سو سال پہلے جو بارش ہوئی تھی وہ بارش بعینہٖ موجود ہے اور تیرہ سو سال تک نئے نبی کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی تو

آج کیا ضرورت پیش آئی کہ نیا نبی مانا جائے؟ یہ بے ضرورت بارش کی مثال ہے اور بے ضرورت اور بے وقت کی بارش زحمت اور عذاب ہوتی ہے، اسی طرح جھوٹی نبوت بھی اللہ کی لعنت ہے، ایسی جھوٹی نبوت سے اللہ کی پناہ مانگنی چاہئے۔

[١٤-] بابُ الدُّعَاءِ إِذَا كَثُرَ الْمَطَرُ: حَوَالَيْنَا وَلاَ عَلَيْنَا

[١٠٢١-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَامَ النَّاسُ فَصَاحُوْا، فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! قَحطَ الْمَطَرُ، وَاحْمَرَّتِ الشَّجَرُ، وَهَلَكَتِ الْبَهَائِمُ، فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَسْقِيَنَا، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ اسْقِنَا" مَرَّتَيْنِ. وَأَيْمُ اللّٰهِ! مَا نَرَى فِيْ السَّمَاءِ قَزَعَةً مِنْ سِحَابٍ، فَنَشَأَتْ سَحَابَةٌ، وَأَمْطَرَتْ، وَنَزَلَ عَنِ الْمِنْبَرِ فَصَلَّى، فَلَمَّا انْصَرَفَ لَمْ تَزَلْ تُمْطِرُ إِلَى الْجُمُعَةِ الَّتِيْ تَلِيْهَا، فَلَمَّا قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ صَاحُوْا إِلَيْهِ: تَهَدَّمَتِ الْبُيُوْتُ، وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ يَحْبِسُهَا عَنَّا، فَتَبَسَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ: "اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلاَ عَلَيْنَا" وَتَكَشَّطَتِ الْمَدِيْنَةُ، فَجَعَلَتْ تُمْطِرُ حَوْلَهَا، وَمَا تَمْطُرُ بِالْمَدِيْنَةِ قَطْرَةٌ، فَنَظَرْتُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، وَإِنَّهَا لَفِيْ مِثْلِ الإِكْلِيْلِ. [راجع: ٩٣٢]

قوله: فقام الناس: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک شخص نے دعا کی درخواست نہیں کی تھی، اور لوگ بھی درخواست کرنے میں اس کے ساتھ شریک تھے، پس یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے اور اکثر روایتوں میں صرف دیہاتی کے درخواست کرنے کا تذکرہ ہے.........**قوله: واحْمَرَّتِ الشَّجر**: درخت کے پتّے پہلے سرخ ہوتے ہیں پھر پیلے پڑتے ہیں پھر سفید ہوجاتے ہیں پھر سوکھ کر گرجاتے ہیں.........**قوله: اللّٰهم اسْقِنَا مرتين**: یعنی آپؐ نے دومرتبہ دعا کی، اور پہلے روایت میں تین مرتبہ کا ذکر آیا ہے، یہ بھی واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے.........**قوله:فتبسم النبی صلی اللہ علیہ وسلم**: انسانوں کی حالت پر نبی ﷺ مسکرائے یعنی انسانوں کا عجیب حال ہے، گذشتہ جمعہ بارش نہ ہونے کی شکایت کررہے تھے اور آج بارش زیادہ ہونے پر نالاں ہیں.........**قوله: وَتَكَشَّطَتِ المدينة**: اور مدینہ کھل گیا، قرآن میں ہے: ﴿إِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ﴾ اسی سے فعل تَكَشَّطَتْ بنا ہے، كَشَطَه: ہٹانا، الگ کرنا، كَشَطَ الجلدَ: کھال اتارنا ....**قوله: وإنها لفی مثلِ الإكليل**: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے مدینہ کو دیکھا وہ تاج کے مانند تھا یعنی گویا مدینہ نے تاج پہن رکھا ہے۔

بابُ الدُّعَاءِ فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ قَائِمًا

کھڑے ہوکر بارش کی دعا کرنا

کتاب العلم میں ایک باب گذرا ہے کہ بیٹھے ہوئے مفتی صاحب سے کھڑے کھڑے مسئلہ پوچھنا بے ادبی ہے، پس

کسی کے ذہن میں یہ بات آسکتی ہے کہ کھڑے ہوئے اللہ سے مانگنا شاید بے ادبی ہو، اس لئے یہ باب لائے کہ کھڑے ہوئے مانگنا بے ادبی نہیں، نبی ﷺ نے کھڑے کھڑے بارش کے لئے دعا کی ہے۔

[۱۵-] بابُ الدُّعَاءِ فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ قَائِمًا

[۱۰۲۲-] وَقَالَ لَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ: عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، خَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْأَنْصَارِيُّ، وَخَرَجَ مَعَهُ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، وَزَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ فَاسْتَسْقَى، فَقَامَ لَهُمْ عَلٰى رِجْلَيْهِ، عَلٰى غَيْرِ مِنْبَرٍ، فَاسْتَسْقَى، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ يَجْهَرُ بِالْقِرَاءَ ةِ، وَلَمْ يُؤَذِّنْ وَلَمْ يُقِمْ، قَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ. وَرَأَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۰۲۳-] حدثنا أَ بُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبَّادُ بْنُ تَمِيْمٍ، أَنَّ عَمَّهُ- وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم - أَخْبَرَهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ بِالنَّاسِ يَسْتَسْقِي لَهُمْ، فَقَامَ فَدَعَا اللّٰهَ قَائِمًا، ثُمَّ تَوَجَّهَ قِبَلَ الْقِبْلَةِ، وَحَوَّلَ رِدَاءَ هُ، فَأُسْقُوْا. [راجع: ۱۰۰۵]

پہلی حدیث: عبداللہ یزید انصاری رضی اللہ عنہ صحابی صغیر ہیں، کوفہ کے گورنر تھے، بارش نہیں ہو رہی تھی اس لئے وہ نماز استسقاء کے لئے شہر سے نکلے، حضرت براء بن عازب اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہما بھی ساتھ تھے، عبداللہ بن یزید لوگوں کے سامنے زمین پر کھڑے ہوئے، منبر وہاں نہیں تھا اور آپؓ نے کھڑے کھڑے بارش کے لئے دعا کی اور دو رکعت نماز استسقاء بھی پڑھی (یہ ثم ترکیب ذکری کے لئے ہے، نماز پہلے پڑھی پھر دعا کی) اور اس میں جہری قراءت کی (یہ مسئلہ اگلے باب میں آرہا ہے) اور اذان واقامت نہیں کہی گئیں، کیونکہ اذان واقامت فرائض کے لئے مشروع ہیں اور نماز استسقاء بالاجماع فرض نہیں۔

دوسری حدیث: عبداللہ بن زید بن عاصم مازنی رضی اللہ عنہ کی ہے جو ابواب الاستسقاء کے شروع میں آچکی ہے، اس میں بھی نبی ﷺ نے کھڑے ہو کر بارش کے لئے دعا فرمائی ہے۔

بابُ الْجَهْرِ بِالْقِرَاءَ ةِ فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ

بارش طلبی کی نماز میں جہراً قراءت کرنا

ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک نماز استسقاء میں جہراً قراءت ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک سراً، وہ فرماتے ہیں: دن کی نمازیں گونگی ہوتی ہیں، اور نماز استسقاء دن میں پڑھی جاتی ہے اس لئے اس میں بھی سراً قراءت ہوگی۔ یہاں ایک مرتبہ پھر غور کرنے کی بات یہ ہے کہ اگر امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نماز استسقاء مشروع نہ ہوتی تو وہ سر اور جہر کے

جھگڑے میں کیوں پڑتے؟ معلوم ہوا کہ امام اعظمؒ بھی نماز استسقاء کو مشروع مانتے ہیں، اور لاصلوۃ فی الاستسقاء کا جو مطلب عام طور پر سمجھا گیا ہے وہ صحیح نہیں۔

[١٦-] بابُ الْجَهْرِ بِالْقِرَاءَةِ فِي الِاسْتِسْقَاءِ

[١٠٢٤-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَسْتَسْقِيْ، فَتَوَجَّهَ إِلَى الْقِبْلَةِ يَدْعُوْ، وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، يَجْهَرُ فِيْهِمَا بِالْقِرَاءَةِ. [راجع: ١٠٠٥]

ترجمہ: عبداللہ بن زید مازنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ استسقاء کے لئے نکلے، پس قبلہ رخ ہوکر دعا فرماتے رہے اور اپنی چادر کو پلٹا، پھر دو رکعتیں پڑھیں (یہ ثم بھی ترکیب ذکری کے لئے ہے، نماز پہلے پڑھیں گے، پھر دعا کریں گے) دونوں رکعتوں میں جہری قراءت فرمائی۔

بَابٌ: كَيْفَ حَوَّلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ظَهْرَهُ إِلَى النَّاسِ؟

نبی ﷺ نے لوگوں کی طرف کس طرح پیٹھ پھیری؟

نبی ﷺ نے نماز استسقاء پڑھانے کے بعد مختصر تقریر فرمائی پھر لوگوں کی طرف پیٹھ پھیری اور قبلہ رو ہوکر دعا کی، لوگوں کی طرف پیٹھ پھیرنے کی کیا شکل تھی؟ فجر اور عصر کے بعد امام لوگوں کی طرف گھوم کر بیٹھتا ہے۔ عرب ائمہ پوری طرح گھوم کر لوگوں کی طرف منہ کر کے بیٹھتے ہیں اور ہمارے ائمہ دائیں بائیں مڑ کر لوگوں کی طرف منہ کر کے بیٹھتے ہیں، قبلہ کی طرف پیٹھ نہیں کرتے، مگر بارش طلبی میں ایک شکل متعین ہے، پوری طرح لوگوں کی طرف پیٹھ کرے اور پورا چہرہ قبلہ کی طرف کرے، اگر دائیں بائیں مڑ کر دعا کرے گا تو نہ قبلہ کی طرف منہ ہوگا اور نہ لوگوں کی طرف پیٹھ۔

اور نمازوں کے بعد لوگوں کی طرف پوری طرح گھوم کر بیٹھنے کا جو عرب ائمہ کا طریقہ ہے وہ صحیح ہے اور ہمارے یہاں جو طریقہ ہے وہ کعبہ کے احترام میں اور اس کے ادب میں ایسا کرتے ہیں، دائیں بائیں مڑ کر بیٹھتے ہیں تاکہ کعبہ کی طرف پیٹھ نہ ہو، حالانکہ کعبہ کی طرف پیٹھ کرنے کی ممانعت صرف مخصوص حالات میں ہے، مگر ہمارے یہاں یہ خیال سائد (چھایا ہوا) ہے کہ استنجے کے علاوہ بھی کعبہ کی طرف پیٹھ نہیں کرنی چاہئے، حالانکہ کتاب الوضوء کے شروع میں حدیث گذری ہے کہ ایک شخص حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے سامنے اس طرح بیٹھا کہ نہ کعبہ کی طرف پیٹھ ہو اور نہ بیت المقدس کی طرف، ابن عمرؓ نے اس پر نکیر کی، پس عصر وفجر کے بعد لوگوں کی طرف پوری طرح متوجہ ہوکر بیٹھنا چاہئے، اور کعبہ شریف کی طرف پیٹھ ہو تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں۔

[۱۷-] بَابٌ: كَيْفَ حَوَّلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ظَهْرَهُ إِلَى النَّاسِ؟

[۱۰۲۵-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ خَرَجَ يَسْتَسْقِي، قَالَ: فَحَوَّلَ إِلَى النَّاسِ ظَهْرَهُ، وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ يَدْعُو، ثُمَّ حَوَّلَ رِدَاءَهُ، ثُمَّ صَلَّى لَنَا رَكْعَتَيْنِ، جَهَرَ فِيهِمَا بِالْقِرَاءَةِ.[راجع: ۱۰۰۵]

وضاحت: باب میں جو کیف ہے، اس کا جواب فحوّل إلی الناس ظهره واستقبل القبلة: میں ہے کہ پوری طرح لوگوں کی طرف پیٹھ پھیرے اور منہ قبلہ کی طرف کر کے دعا کرے۔

بَابُ صَلٰوةِ الِاسْتِسْقَاءِ رَكْعَتَيْنِ

بارش طلبی کی نماز دو رکعتیں ہیں

ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک نماز استسقاء عید کی طرح پڑھی جائے گی یعنی جس طرح عیدین میں تکبیرات زوائد ہیں نماز استسقاء میں بھی تکبیرات کہی جائیں گی، اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نماز استسقاء میں تکبیرات زوائد نہیں ہیں (۱) جمہور کی دلیل ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے جو ترمذی (حدیث ۵۶۶) میں ہے، وہ فرماتے ہیں: ''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صلٰوۃ الاستسقاء کی دو رکعتیں پڑھائیں جس طرح عیدین کی نمازیں پڑھی جاتی ہیں'' جمہور کہتے ہیں: ابن عباسؓ نے نماز استسقاء کو نماز عید کے ساتھ تشبیہ دی ہے پس مشبہ بہ (عید) کے جو احکام ہیں وہی مشبہ (نماز استسقاء) کے بھی ہونگے، اور عیدین میں تکبیراتِ زوائد ہیں پس نماز استسقاء میں بھی وہ مشروع ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تشبیہ میں ہر بات میں مماثلت ضروری نہیں، کچھ باتوں میں مماثلت کافی ہے جیسے کسی بیوقوف کو گدھا کہا جائے تو یہ تشبیہ ہے اور وجہ شبہ صرف حماقت ہے، چار ٹانگیں اور دم ہونا ضروری نہیں، اسی طرح یہاں تشبیہ چند باتوں میں ہے، ہر بات میں نہیں ہے اور وہ چند باتیں یہ ہیں: عید میں دوگانہ پڑھا جاتا ہے، اس کے بعد خطبہ ہے، وہ نماز زوال سے پہلے چاشت کے وقت میں پڑھی جاتی ہے اور شہر سے باہر نکل کر پڑھی جاتی ہے اسی طرح نماز استسقاء بھی شہر سے باہر میدان میں اور چاشت کے وقت میں پڑھی جائے گی اور اس کی بھی دو رکعتیں ہیں، اور اس کے بعد خطبہ بھی دیا جائے گا، صرف ان باتوں میں تشبیہ ہے، تکبیراتِ زوائد میں تشبیہ نہیں۔ اس لئے نماز استسقاء میں تکبیراتِ زوائد مشروع نہیں، اور سنن سعید بن منصور میں بسند جید یہ روایت ہے: شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ بارش طلبی کے لئے شہر سے نکلے اور صرف دعا اور استغفار کیا، نماز نہیں پڑھی، لوگوں نے عرض کیا: آپؓ نے بارش تو مانگی نہیں، آپؓ نے فرمایا: میں نے بارش مانگ لی، جب میں نے گناہوں سے

(۱) امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام مالک رحمہ اللہ کا بھی یہی قول بیان کیا ہے۔

معافی طلب کرلی تو گویا بارش مانگ لی، کیونکہ بارش گناہوں کی وجہ سے رکتی ہے اور میں نے معافی طلب کرلی تو گویا بارش مانگ لی (حاشیہ) جب استسقاء کے لئے نماز ہی ضروری نہیں تو عیدین والی تکبیریں نماز استسقاء میں کہاں سے آئیں گی؟

[۱۸-] بَابُ صَلٰوۃِ الِاسْتِسْقَاءِ رَكْعَتَيْنِ

[۱۰۲۶-] حَدَّثَنِیْ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم اسْتَسْقَى، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَقَلَبَ رِدَاءَ هُ.[راجع: ۱۰۰۵]

بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِیْ الْمُصَلّٰی

عیدگاہ جاکر بارش طلب کرنا

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ عیدگاہ میں بھی نماز استسقاء پڑھ سکتے ہیں۔

[۱۹-] بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِیْ الْمُصَلّٰی

[۱۰۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ بَكْرٍ، سَمِعَ عَبَّادَ بْنَ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَى الْمُصَلّٰى يَسْتَسْقِیْ، وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَقَلَبَ رِدَاءَ هُ، قَالَ سُفْيَانُ: وَأَخْبَرَنِیْ الْمَسْعُوْدِیُّ، عَنْ أَبِیْ بَكْرٍ قَالَ: جَعَلَ الْيَمِيْنَ عَلَى الشِّمَالِ. [راجع: ۱۰۰۵]

تحویل رداء کا طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ سے چادر کے نیچے کا بایاں کنارہ پکڑے اور بائیں ہاتھ سے چادر کے نیچے کا دایاں کنارہ پکڑے پھر دونوں ہاتھوں کو کاندھے سے اوپر اٹھائے پھر دائیں ہاتھ کو دائیں طرف اور بائیں ہاتھ کو بائیں طرف لے جائے اور چادر کاندھے پر ڈال دے، اس طرح چادر پوری طرح پلٹ جائے گی، اندر کا حصہ باہر اور باہر کا حصہ اندر کی طرف چلا جائے گا اور دایاں کنارہ بائیں طرف اور بایاں کنارہ دائیں طرف آجائے گا، نیز نچلا حصہ اوپر اور اوپر کا حصہ نیچے چلا جائے گا۔ اور اگر چادر کا صرف دایاں کنارہ بائیں کاندھے پر اور بایاں کنارہ دائیں کاندھے پر کرلے تو یہ بھی قلب رداء ہے، اس صورت میں مذکورہ تکلفات کی ضرورت نہیں رہے گی۔

بابُ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ فِیْ الِاسْتِسْقَاءِ

قبلہ رخ ہوکر بارش کی دعا کرنا

دعا کا ادب یہ ہے کہ قبلہ کی طرف منہ کرکے دعا کرے، پس استسقاء میں بھی قبلہ رخ ہوکر دعا کرنی چاہئے، نبی ﷺ

نے جب نماز استسقاء پڑھائی تھی تو خطبہ لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر دیا تھا، پھر جب دعا کا وقت آیا تو آپؐ قبلہ کی طرف گھوم گئے اور لوگوں کی طرف پیٹھ کرلی اور قبلہ رخ ہوکر دعا فرمائی۔

[۲۰-] بابُ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ فِي الِاسْتِسْقَاءِ

[۱۰۲۸-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ ابْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَّ عَبَّادَ بْنَ تَمِيْمٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ زَيْدٍ الْأَنْصَارِيَّ أَخْبَرَهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ إِلَى الْمُصَلَّى يُصَلِّيْ، وَأَنَّهُ لَمَّادَعَا أَوْ: أَرَادَ أَنْ يَدْعُوَ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: عَبْدُ اللهِ بْنُ زَيْدٍ هٰذَا مَازِنِيٌّ، وَالْأَوَّلُ كُوْفِيٌّ، هُوَ ابْنُ يَزِيْدَ. [راجع: ۱۰۰۵]

وضاحت: عبداللہ بن زیدؓ الگ صحابی ہیں ان کے والد کا نام عاصم ہے اور وہ انصار کے قبیلہ مازن کے ہیں اور دوسرے عبداللہ بن یزید ہیں، جن کا تذکرہ چند ابواب پہلے (حدیث ۱۰۲۲) آیا ہے، وہ صحابی صغیر اور کوفہ کے گورنر تھے، امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں میں فرق بیان کیا ہے۔

بابُ رَفْعِ النَّاسِ أَيْدِيَهُمْ مَعَ الإِمَامِ فِي الِاسْتِسْقَاءِ

بارش کی دعا میں لوگ امام کے ساتھ ہاتھ اٹھائیں

بارش طلبی کی دعا امام ہاتھ اٹھا کر کرے گا، اور جب امام ہاتھ اٹھا کر دعا کرے گا تو اس کے ساتھ لوگ بھی ہاتھ اٹھا کر دعا کریں گے، اس باب میں بس یہی مسئلہ ہے۔

[۲۱-] بابُ رَفْعِ النَّاسِ أَيْدِيَهُمْ مَعَ الإِمَامِ فِي الِاسْتِسْقَاءِ

[۱۰۲۹-] وَقَالَ أَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، قَالَ: يَحْيَى ابْنُ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ أَعْرَابِيٌّ مِنْ أَهْلِ الْبَدْوِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: يارسولَ اللهِ! هَلَكَتِ الْمَاشِيَةُ، هَلَكَ الْعِيَالُ، هَلَكَ النَّاسُ، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ يَدْعُوْ، وَرَفَعَ النَّاسُ أَيْدِيَهُمْ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْنَ، قَالَ: فَمَا خَرَجْنَا مِنَ الْمَسْجِدِ حَتَّى مُطِرْنَا، فَمَا زِلْنَا نُمْطَرُ حَتَّى كَانَتِ الْجُمُعَةُ الْأُخْرَى، فَأَتَى الرَّجُلُ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يارسولَ اللهِ! بَشِقَ الْمُسَافِرُ، وَمُنِعَ الطَّرِيْقُ، بَشِقَ أَيْ مَلَّ. [راجع: ۹۳۲]

[۱۰۳۰-] وَقَالَ الْأُوَيْسِيُّ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، وَشَرِيْكٍ، قَالَا: سَمِعْنَا أَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: رَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى رَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ.

قولہ:قال یحیی بن سعید: یہاں ایک قال محذوف ہے یعنی سلیمان نے کہا کہ یحییٰ بن سعید نے کہا............**قولہ: ورفع الناس أیدیھم:** یہ ٹکڑا پہلے نہیں آیا تھا یہاں یہی ٹکڑا باب سے متعلق ہے............**بَشِقَ** : کے معنی ہیں: رنجیدہ ہونا، **بَشِقَ المسافرُ:** مسافر پریشان ہوگئے **ومُنع الطریق:** اور راستہ روکا گیا یعنی اسفار بند ہوگئے، سفر میں بہت پریشانی ہورہی ہے اس لئے لوگوں نے اسفار بند کردیئے۔

بَابُ رَفْعِ الإِمَامِ يَدَهُ فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ

بارش کی دعا میں امام کا ہاتھ اٹھانا

خطبہ میں خاص طور پر خطبہ ثانیہ میں دعا ہوتی ہے، مگر اس میں ہاتھ اٹھانا نبی ﷺ کا معمول نہیں تھا، اس لئے کہ وہ احوال متواردہ کی دعا ہے اور اس میں ہاتھ نہیں اٹھائے جاتے اور بارش طلبی کی دعا احوال خاصہ کی دعا ہے اس لئے آپؐ نے اس میں ہاتھ اٹھائے، اور ہاتھوں کو بہت بلند کیا، یہاں تک کہ بغل مبارک کی سفیدی نظر آنے لگی۔

[۲۲-] بَابُ رَفْعِ الإِمَامِ يَدَهُ فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ

[۱۰۳۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، وَابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لَايَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ شَيْئٍ مِنْ دُعَائِهِ إِلَّا فِيْ الِاسْتِسْقَاءِ، وَإِنَّهُ يَرْفَعُ حَتَّى يُرَى بَيَاضُ إِبْطَيْهِ.[انظر: ۳۵۶۵، ۶۳۴۱]

ترجمہ: حضرت انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنے ہاتھ (غیر معمولی) نہیں اٹھاتے تھے اپنی کسی دعا میں، مگر بارش طلبی کی دعا میں، اور بے شک آپؐ (دعائے استسقاء میں) ہاتھ اٹھاتے تھے یہاں تک کہ آپؐ کے بغل کی سفیدی دیکھی جاتی تھی۔

بابُ مَا يُقَالُ إِذَا مَطَرَتْ؟

جب بادل برسنا شروع ہو تو کیا دعا کرے؟

مَطَرَت کی ضمیر السماء کی طرف لوٹتی ہے، السماء مؤنث سماعی ہے، جب بارش شروع ہو تو کیا دعا کرے؟ نبی ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے: **اَللّٰھُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا:** اے اللہ! مفید بارش عطا فرما، ابن عباسؓ فرماتے ہیں: صَیِّب کے معنی ہیں: بارش، یہ لفظ صَابَ یَصُوْبُ (باب نصر) سے بنا ہے، جس کے معنی ہیں: بارش ہونا، اور أَصَابَ (باب افعال) کے بھی یہی معنی ہیں۔

[۲۳-] بابُ مَا يُقَالُ إِذَا مَطَرَتْ؟

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ﴿كَصَيِّبٍ﴾[البقرۃ:۱۹]: الْمَطَرُ، وَقَالَ غَيْرُهُ: صَابَ وَأَصَابَ يَصُوْبُ.

[۱۰۳۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ الْقَاسِمِ ابْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا رَأَى الْمَطَرَ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا" تَابَعَهُ الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَرَوَاهُ الْأَوْزَاعِيُّ، وَعُقَيْلٌ، عَنْ نَافِعٍ.

وضاحت: حدیث میں لفظ صَیِّبٌ آیا ہے، اس کے معنی کی تعیین کے لئے حضرت ابن عباسؓ کا قول لائے، پھر حضرت ابن عباسؓ کے علاوہ کا قول لائے، صَیِّبٌ کا مشتق منہ بتانے کے لئے، مگر کتاب میں تصحیف ہوگئی ہے، یصوب: صاب کا مضارع ہے، اس کو پہلے آنا چاہئے، اور أصاب (مزید) کا مضارع ذکر نہیں کیا، کیونکہ وہ ظاہر ہے۔

سند کی بات: اس حدیث میں قاسم بن یحییٰ: عبداللہ بن المبارک کے متابع ہیں، یعنی وہ بھی عبیداللہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، اور عبیداللہ کے علاوہ اوزاعی اور عقیل بھی اس حدیث کو نافع سے روایت کرتے ہیں یہ متابعت قاصرہ ہے۔

بَابُ مَنْ تَمَطَّرَ فِي الْمَطَرِ حَتَّى يَتَحَادَرَ عَلَى لِحْيَتِهِ

جو شخص بارش میں بھیگے یہاں تک کہ پانی اس کی ڈاڑھی پر اترے

تَمَطَّر کے معنی ہیں: بھیگنا، اور تَحَادَرَ کے معنی ہیں: اترنا، پھسلنا، جزیرۃ العرب میں بارش کا کوئی موسم نہیں، عرب میں موسم چار ہیں: صَیف (گرمی) شتاء (جاڑا) ربیع (بہار) اور خزان (پت جھڑ) بارش کا کوئی سیزن نہیں، جب کبھی بارش ہوگی وہی پہلی اور وہی آخری بارش ہوگی۔ پس جب بھی بارش ہو اس میں بھیگنا چاہئے اور خوب اچھی طرح بھیگنا چاہئے، نبی ﷺ نے بارش کے لئے دعا فرمائی تو فوراً بادل امنڈ آیا، اور ابھی آپؐ منبر سے اترے بھی نہیں تھے کہ بارش شروع ہوگئی اور سر پر پانی پڑکا، آپؐ نے ٹپکنے دیا، یہاں تک کہ ڈاڑھی سے پانی ٹپکنے لگا۔ پس عرب کی ہر بارش میں اور ہمارے یہاں سیزن کی پہلی بارش میں بھیگنا چاہئے۔

[۲۴-] بَابُ مَنْ تَمَطَّرَ فِي الْمَطَرِ حَتَّى يَتَحَادَرَ عَلَى لِحْيَتِهِ

[۱۰۳۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: أَصَابَتِ النَّاسَ سَنَةٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَبَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَامَ أَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ! هَلَكَ الْمَالُ، وَجَاعَ الْعِيَالُ، فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا أن يَسْقِيَنَا، قَالَ: فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ، وَمَا فِي السَّمَاءِ قَزَعَةٌ، قَالَ: فَثَارَ سَحَابٌ أَمْثَالُ الْجِبَالِ، ثُمَّ لَمْ يَنْزِلْ عَنْ مِنْبَرِهِ حَتَّى رَأَيْتُ الْمَطَرَ يَتَحَادَرُ عَلٰى لِحْيَتِهِ، قَالَ: فَمُطِرْنَا يَوْمَنَا ذٰلِكَ، وَمِنَ الْغَدِ، وَمِنْ بَعْدِ الْغَدِ، وَالَّذِي يَلِيْهِ إِلٰى

الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى، فَقَامَ ذٰلِكَ الْأَعْرَابِيُّ أَوْ رَجُلٌ غَيْرُهُ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تَهَدَّمَ الْبِنَاءُ، وَغَرِقَ الْمَالُ، فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَدَيْهِ، فَقَالَ: " اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا" قَالَ: فَمَا جَعَلَ يُشِيْرُ بِيَدَيْهِ إِلٰى نَاحِيَةٍ مِنَ السَّمَاءِ إِلَّا تَفَرَّجَتْ، حَتّٰى صَارَتِ الْمَدِيْنَةُ فِيْ مِثْلِ الْجَوْبَةِ، حَتّٰى سَالَ الْوَادِيْ: وَادِيْ قَنَاةَ شَهْرًا، قَالَ: فَلَمْ يَجِئْ أَحَدٌ مِنْ نَاحِيَةٍ إِلَّا حَدَّثَ بِالْجَوْدِ. [راجع: ۹۳۲]

لغات: **الجَوْبَة:** حوض، گڑھا، آپؐ نے جتنا اشارہ کیا اتنا بادل پھٹ گیا، یہاں تک کہ مدینہ گڑھے جیسے میں ہوگیا، یعنی ایسا محسوس ہوتا تھا کہ بادلوں کے درمیان گڑھا ہے، جس میں مدینہ شریف ہے اور قنات نامی وادی ایک مہینہ تک بہتی رہی ....**الجَوْد:** بہت بارش۔

بَابٌ: إِذَا هَبَّتِ الرِّيْحُ

جب ہوا تیز چلے تو کیا کرے؟

جب بارش ہوتی ہے تو تیز ہوا چلتی ہے، اس موقعہ پر کیا کرنا چاہئے؟ **أبواب الاستسقاء** سے اس باب کی یہی مناسبت ہے۔

[۲۵-] بَابٌ: إِذَا هَبَّتِ الرِّيْحُ

[۱۰۳۴-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدٌ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كَانَتِ الرِّيْحُ الشَّدِيْدَةُ إِذَا هَبَّتْ عُرِفَ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب تیز ہوا چلتی تھی تو نبی ﷺ کے چہرے میں پہچانی جاتی تھی، یعنی رخِ انور میں اس کے آثار دیکھے جاتے تھے، اس میں مجاز بالحذف ہے أی **عُرِفَ أثرُ ذلك في وجه النبي صلى الله عليه وسلم**۔

تشریح: جب بارش سے پہلے تیز ہوا چلتی تھی تو نبی ﷺ پر ایک طرح کا خوف طاری ہوجاتا تھا، آپؐ کبھی گھر میں تشریف لے جاتے اور کبھی باہر نکلتے، پھر جب بارش شروع ہوجاتی تو آپؐ مطمئن ہوجاتے کیونکہ قوم عاد پر جب بادل آیا تھا تو انھوں نے کہا تھا: ﴿هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا﴾: یہ بادل ہم پر برسے گا، مگر جب برسنا شروع ہوا تو اس میں سے آگ نکلنے لگی، ایسا کسی بھی وقت ہوسکتا ہے اس لئے حضور ﷺ پر خوف کے آثار طاری ہوتے تھے پھر جب بارش شروع ہوجاتی تو آپ کو اطمینان ہوجاتا، اور خوف دور ہوجاتا، یہ تو کرنے کا عمل ہے اور قول گذشتہ باب میں گذر چکا ہے: آپؐ دعا فرماتے: **اللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا:** الٰہی! مفید بارش عطا فرما!

بابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: نُصِرْتُ بِالصَّبَا

ارشادِ نبوی: میں پُرواہوا کے ذریعہ مدد کیا گیا

صبا کے معنی ہیں: پرواہوا یعنی مشرق کی طرف سے چلنے والی ہوا، اور دَبُور کے معنی ہیں: پچھواہوا، یعنی مغرب کی طرف سے چلنے والی ہوا، صبا کو بادِ نسیم بھی کہتے ہیں، حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ''اللہ عزوجل نے پرواہوا کے ذریعہ میری مدد فرمائی اور پچھواہوا کے ذریعہ قوم عاد کو ہلاک کیا'' پرواہوا کے ذریعہ آنحضور ﷺ کی غزوۂ خندق میں مدد کی گئی تھی، تیز بادِ صبا چلی جس سے موسم ٹھنڈا ہوگیا اور دشمنوں کے خیمے اکھڑ گئے اور وہ دم دبا کر بھاگے، اور قوم عاد پر جو آٹھ دن مسلسل ہوا چلی تھی جس کی وجہ سے اس قوم کا نام ونشان مٹ گیا وہ پچھواہوا تھی، مگر اس حدیث سے یہ قاعدہ بنانا کہ ہر پرواہوا بابرکت ہوتی ہے اور ہر پچھواہوا بے برکت ہوتی ہے: صحیح نہیں، کیونکہ یہ حدیث بظاہر عام ہے، مگر حقیقت میں خاص ہے۔

[۲۶-] بابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " نُصِرْتُ بِالصَّبَا "

[۱۰۳۵-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " نُصِرْتُ بِالصَّبَا، وَأُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ" [انظر: ۳۲۰۵، ۳۳۴۳، ۴۱۰۵]

بَابُ مَا قِيْلَ فِي الزَّلَازِلِ وَالآيَاتِ

زلزلوں اور قدرتی نشانوں کے بارے میں ارشاد

زلزلہ اور آیت میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے، زلزلہ خاص ہے اور آیت عام ہے، قدرت خداوندی کی کوئی بھی نشانی آیت ہے اور زلزلہ قدرتِ خداوندی کی خاص نشانی ہے، بارش کے ساتھ کبھی زلزلہ آتا ہے، کڑاکے پڑتے ہیں، زمین پھٹ جاتی ہے، بجلی گرتی ہے اور دیگر آیات ظاہر ہوتی ہیں اس مناسبت سے یہ باب ابواب الاستسقاء میں لایا گیا ہے۔

[۲۷-] بَابُ مَا قِيْلَ فِي الزَّلَازِلِ وَالآيَاتِ

[۱۰۳۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يُقْبَضَ الْعِلْمُ، وَتَكْثُرَ الزَّلَازِلُ، وَيَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، وَتَظْهَرَ الْفِتَنُ، وَيَكْثُرَ الْهَرْجُ - وَهُوَ الْقَتْلُ الْقَتْلُ - حَتَّى يَكْثُرَ فِيْكُمُ الْمَالُ فَيَفِيْضُ"

[راجع: ۸۵]

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت برپا نہیں ہوگی یہاں تک کہ علم اٹھالیا جائے، زلزلے کثرت سے آئیں، زمانہ کے اجزاء قریب قریب ہوجائیں، فتنے ظاہر ہوں اور قتل وغارت گری عام ہوجائے، یہاں تک کہ تمہارے پاس مال کی بہتات ہوجائے، پس وہ (پانی کی طرح) بہنے لگے۔

تشریح: اس حدیث میں قیامت سے پہلے ظاہر ہونے والی چھ نشانیوں کا ذکر ہے، ان میں ایک زلزلہ بھی ہے، اور یہ حدیث پہلے آچکی ہے:

۱- علم اٹھالئے جانے کا مطلب یہ ہے کہ علم کی گرم بازاری ختم ہوجائے، اور اس کی ضد یعنی جہالت پھیل جائے، جہالت فتنوں کی پوٹ ہے، جب لوگ فتنوں میں مبتلا ہوجائیں گے تو فتنے بڑھ کر بلوے کی شکل اختیار کرلیں گے، اور قتل وغارت گری عام ہوجائے گا۔

۲- قیامت کے قریب زلزلے بہت آئیں گے، زلزلہ: ایک طرح کا عذاب ہے اور عذاب اس وقت آتا ہے جب گناہ عام ہوجاتے ہیں، پس قیامت کے قریب گناہوں کی کثرت ہوجائے گی۔

۳- تقارب (باب تفاعل) کی خاصیت اشتراک ہے یعنی زمانہ کے اجزاء ایک دوسرے سے قریب کردیئے جائیں گے، جیسے ایک انچ کا ربڑ لے کر اس کے دونوں کناروں کو پکڑ کر کھینچو تو ایک بالشت کا ہوجائے گا، پھر چھوڑ دو تو ایک انچ کا ہوجائے گا۔ پہلی صورت میں ربڑ کے اجزاء ایک دوسرے سے جدا ہوئے اس لئے ربڑ ایک بالشت کا ہوگیا، اور دوسری صورت میں ربڑ کے اجزاء ایک دوسرے سے قریب ہوگئے اس لئے ربڑ ایک انچ کا ہوگیا، یہ تقاربِ زمان کو سمجھنے کے لئے ایک مثال ہے، اور اس کا مطلب کیا ہے؟ حاشیہ میں بہت سے مطالب لکھے ہیں ان میں سے راجح یہ ہے کہ وقت کی برکت ختم ہوجائے، آج وقت کی برکت ختم ہوگئی ہے، ہفتے میں جتنا کام ہونا چاہئے نہیں ہوتا، یہ بے برکتی ہے، اس کے علاوہ اور بھی مطالب حاشیہ میں لکھے ہیں، دیکھ لیں۔

۴- فتنہ کے معنی ہیں: آزمائش، قیامت کے قریب ایسے واقعات رونما ہونگے جن سے مخلص اور غیر مخلص مؤمن کے درمیان امتیاز ہوجائے گا، جیسے کوئی ڈھونگی باپو نکلا، اب دیکھنا ہے کہ کتنے مسلمان اس کے چکّر میں پھنستے ہیں اور کتنے بچ جاتے ہیں؟ یہ باپو امت کے لئے فتنہ ہے، یہی حال مال اور اولاد کا ہے۔

۵- هَرْج کے معنی ہیں: اندھادھند قتل، هَرَجَ القومُ يَهْرِجُ هَرْجًا کے معنی ہیں: لوگوں کا فتنہ وفساد اور قتل وگارتگری میں مبتلا ہوجانا، اردو میں ہرج مرج مستعمل ہے یعنی شورش وبلوی، یہ قیامت کی پانچویں علامت ہے: لوگوں میں مارا ماری شروع ہوجائے گی۔

۶- قیامت کے قریب مال کی فروانی ہوجائے گی، مال پانی کی طرح بہے گا اور مال میں فتنے کا پہلو بھی ہوتا ہے، پس مال کی زیادتی فتنوں کی زیادتی کا سبب بنے گی۔

[۱۰۳۷-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّی، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَیْنُ بْنُ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ [عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم] قَالَ:" اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ شَامِنَا وَفِیْ یَمَنِنَا" قَالَ: قَالُوْا: وَفِیْ نَجْدِنَا، قَالَ: قَالَ:" اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ شَامِنَا وَفِیْ یَمَنِنَا" قَالُوْا: وَفِیْ نَجْدِنَا، قَالَ:" هُنَالِكَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ، وَبِهَا یَطْلُعُ قَرْنُ الشَّیْطَانِ" [انظر: ۷۰۹۴]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ! ہمارے ملک شام میں اور ہمارے یمن میں برکت فرما، صحابہ نے عرض کیا: اور ہمارے نجد میں یعنی اس کو بھی دعا میں شامل فرمائیں، راوی کہتے ہیں: آپؐ نے پھر وہی جملہ فرمایا: اے اللہ! ہمارے شام میں اور ہمارے یمن میں برکت فرما، لوگوں نے پھر عرض کیا: نجد کو بھی دعا میں شامل فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: وہاں زلزلے اور فتنے ہیں اور وہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا۔

تشریح:

۱- شام اور یمن دو مشہور ملک ہیں، اور اس حدیث میں عام طور پر انہی ملکوں کو مراد لیا جاتا ہے مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں شام اسلامی قلمرو میں شامل نہیں ہوا تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں شام ''ہمارا شام'' بنا، پھر اس کے لئے دعا کا کیا مطلب؟ اس لئے حاشیہ میں ایک دوسرا مطلب لکھا ہے اور وہی مطلب میرے نزدیک راجح ہے۔ یمن سے دایاں اور شام سے بایاں مراد ہے، مدینہ منورہ سے یمن دائیں جانب واقع ہے اور شام بائیں جانب، یعنی نبی ﷺ نے دعا فرمائی کہ جزیرۃ العرب میں مدینہ سے دائیں جانب بھی برکت فرما اور بائیں جانب بھی، صحابہ نے لقمہ دیا: نجد کے لئے بھی دعا فرمائیں، نجد: مدینہ منورہ سے مشرق کی طرف واقع ہے یعنی صحابہ نے مشرق کے لئے بھی دعا کی درخواست کی، اور مشرق کے بجائے لفظ نجد استعمال کیا، اور مغرب کے لئے اس لئے درخواست نہیں کی کہ مدینہ منورہ سے مغرب کی جانب سمندر لگا ہوا ہے، آپؐ نے دوسری مرتبہ بھی شام اور یمن ہی کے لئے دعا فرمائی، صحابہ نے پھر لقمہ دیا تو آپؐ نے فرمایا: وہاں زلزلے اور فتنے ہیں اور وہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا، یہ عطف تفسیری ہے کیونکہ ہر فتنہ زلزلہ اور بھونچال ہے، اور نبی ﷺ کی وفات کے فوراً بعد وہاں سے مسیلمہ کذاب کا فتنہ رونما ہوا، یمامہ نجد میں ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ لفظ الزلازل: کی وجہ سے حدیث یہاں لائے ہیں۔

۲- یہ حدیث بظاہر عام ہے مگر حقیقت میں خاص ہے اور اس حدیث میں مسیلمہ کذاب کے فتنے کی طرف اشارہ ہے جو آپ ﷺ کی وفات کے فوراً بعد رونما ہوا تھا، حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نجد میں قیامت تک کے لئے شر ہے، بلکہ یہ حدیث خاص ہے، اس میں ایک خاص فتنہ کی پیشین گوئی ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ﴿وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ﴾

انسان شکر گذار ہونے کے بجائے تکذیب کرتا ہے

بارش اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی رحمت اور نعمت ہے، جب اللہ تعالیٰ بندوں کو اس نعمت سے نوازیں تو بندوں کو شکر گذار ہونا چاہئے، مگر بندوں کا عجیب حال ہے وہ اپنا رزق (حصہ) ناشکری اور قرآن کی تکذیب کو گردانتے ہیں۔

اور باب میں جو آیت ہے وہ سورۂ واقعہ کی آیت ۸۲ ہے، اس میں رزقکم (مرکب اضافی) مفعول اول ہے اور جملہ أنکم تکذبون مفعول ثانی ہے، اور رزق کے معنی روزی اور غذا کے ہیں اور مراد نصیبہ اور حصہ ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: تم اپنا حصہ اس بات کو گردانتے ہو کہ تم قرآن کی تکذیب کرتے ہو، حالانکہ تمہارا حصہ شکر گذاری ہونا چاہئے۔

امام بخاری رحمہ اللہ باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول لائے ہیں کہ آیت میں رزق سے مراد شکر بجالانا ہے، پھر مرفوع حدیث لائے ہیں کہ بارش ہونے کے بعد کچھ لوگ اللہ کا شکر بجالاتے ہیں اور کچھ لوگ بارش کو پچھتروں کی طرف منسوب کرتے ہیں، یہ ناشکرے لوگ ہیں۔

اور ترمذی شریف (حدیث ۳۳۱۹) میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت ہے، اس میں نبی ﷺ نے رزق کی تفسیر شکر سے کی ہے، پھر تکذیب کو حصہ بنانے کی مثال میں پچھتروں کی بات پیش کی ہے، قال: شكركم، تقولون مطرنا بنوء كذا وكذا وبنجم كذا وكذا۔

صلح حدیبیہ کے موقع پر حدیبیہ میں ایک رات بارش ہوئی تھی، فجر کی نماز کے بعد آپؐ نے لوگوں سے پوچھا: جانتے ہو آج رات اللہ پاک نے کیا فرمایا: صحابہ نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرے بندوں میں سے بعض نے صبح کی اس حال میں کہ وہ مجھ پر ایمان لانے والے ہیں اور ستاروں کا انکار کرنے والے ہیں اور بعض نے اس حال میں صبح کی کہ وہ ستاروں پر ایمان لانے والے ہیں اور میرا انکار کرنے والے ہیں، جس نے کہا کہ اللہ کے فضل سے بارش ہوئی وہ مجھ پر ایمان لانے والا اور پچھتروں کا انکار کرنے والا ہے، اور جس نے کہا کہ فلاں پچھتر لگا اس لئے بارش ہوئی وہ پچھتروں پر ایمان لانے والا اور میرا انکار کرنے والا ہے، یہ حدیث تکذیب اور ناشکری کی مثال ہے۔

[۲۸-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ﴿وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ﴾

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: شُكْرَكُمْ.

[۱۰۳۸-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ أَنَّهُ قَالَ: صَلَّى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَاةَ الصُّبْحِ

بِالْحُدَيْبِيَّةِ، عَلٰى إِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلَةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: ”هَلْ تَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟“ قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:” أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ، فَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهِ فَذٰلِكَ مُؤْمِنٌ بِيْ كَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا فَذٰلِكَ كَافِرٌ بِيْ مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ“ [راجع: ٨٤٦]

ترجمہ: حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی بارش ہونے کے بعد جو رات میں ہوئی تھی، جب آپؐ نے نماز کا سلام پھیرا تو آپؐ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: جانتے ہو تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ صحابہ نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! (آپؐ نے فرمایا:) اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: صبح کی میرے بندوں نے دو حال میں، بعض مجھ پر ایمان لانے والے ہیں اور بعض انکار کرنے والے، جس نے کہا کہ ہمیں اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے بارش ملی وہ مجھ پر ایمان لانے والا اور ستاروں کا انکار کرنے والا ہے، اور جس نے کہا کہ فلاں اور فلاں ستاروں کی وجہ سے بارش ہوئی تو وہ میرا انکار کرنے والا اور ستاروں پر ایمان لانے والا ہے۔

تشریح: دنیا میں مسببات اسباب سے پیدا ہوتے ہیں مگر بعض مسببات وہ ہیں جن کا اسباب سے پیدا ہونا ظاہر ہے، وہاں سبب ظاہری کی طرف نسبت کرنا جائز ہے، اور جس مسبب کا سبب سے پیدا ہونا خفی ہے وہاں مسبب الاسباب کی طرف نسبت کرنا ضروری ہے، سبب کی طرف نسبت جائز نہیں، جیسے یہ کہنا کہ فلاں ڈاکٹر کی دواء سے شفا ہوئی: صحیح ہے، کیونکہ حکیموں اور ڈاکٹروں کی دواؤں سے شفا ہونا بدیہی امر ہے، ہر کوئی اسے جانتا ہے، اور کسی کے یہاں کسی بزرگ کی دعا سے لڑکا پیدا ہوا تو اس کے لئے یہ کہنا جائز نہیں کہ فلاں بزرگ نے لڑکا دیا، اللہ کی طرف نسبت کرنا ضروری ہے کہ اللہ نے لڑکا دیا، کیونکہ کسی کی دعا سے لڑکا ملنا سبب خفی ہے پس بزرگ کی طرف نسبت جائز نہیں، اسی طرح نچھتروں سے بارش ہونا سبب خفی ہے، ستاروں کے اثرات ضرور ہیں مگر وہ سبب خفی ہیں، اس لئے ان کی طرف بارش کی نسبت جائز نہیں۔

بَابٌ: لَايَدْرِيْ مَتَى يَجِيْئُ الْمَطَرُ إِلَّا اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ بارش کب ہوگی

اس باب کی ابواب الاستسقاء کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ بارش کب آئے گی اسے اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں، پس نماز استسقاء پڑھ کر یہ امید باندھنا کہ گھر پہنچنے سے پہلے بارش شروع ہوجائے گی: صحیح نہیں، کبھی ایسا ہوتا ہے کہ نماز استسقاء پڑھی اور خوب دعائیں کیں مگر بارش نہیں ہوئی، پس لوگ سمجھتے ہیں کہ ہماری نماز بے کار گئی: یہ خیال صحیح نہیں، پڑھی ہوئی نماز بیکار نہیں گئی اس کا ثواب ضرور ملے گا مگر بارش کب ہوگی یہ بات اللہ ہی بہتر جانتے ہیں، یہ امور غیب میں سے ہے۔

[۲۹-] بابٌ: لَايَدْرِیْ مَتَی يَجِيْئُ الْمَطَرُ إِلَّا اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ

وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله عليه وسلم: "خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ"

[۱۰۳۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله عليه وسلم: "مِفْتَاحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا اللّٰهُ: لَا يَعْلَمُ أَحَدٌ مَا يَكُوْنُ فِیْ غَدٍ، وَلَا يَعْلَمُ أَحَدٌ مَايَكُوْنُ فِی الْأَرْحَامِ، وَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا، وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِأَیِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ، وَمَا يَدْرِیْ أَحَدٌ مَتَی يَجِیْءُ الْمَطَرُ" [انظر: ٤٦٢٧، ٤٦٩٧، ٤٧٧٨، ٧٣٧٩]

معلّق حدیث: حدیث جبرئیل کا ایک حصہ ہے، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پوچھا تھا: قیامت کب آئے گی؟ آپؐ نے فرمایا: اس کا علم ان پانچ باتوں میں ہے جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

دوسری: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو پہلی مرتبہ آئی ہے اور آئندہ چار مرتبہ آئے گی، اور یہاں روایت میں تسامح ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: غیب کی کنجی پانچ چیزیں ہیں ان کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ (۱) کوئی نہیں جانتا کہ آئندہ کل کیا ہوگا (۲) اور کوئی نہیں جانتا کہ بچہ دانی میں کیا ہے (۳) اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ آئندہ کل کیا کرے گا (پہلی اور یہ بات ایک ہیں، یہ اس روایت میں تسامح ہے) (۴) اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ کس جگہ مرے گا (۵) اور کوئی نہیں جانتا کہ بارش کب ہوگی۔

تشریحات:

۱- اس روایت میں تسامح ہے، یہ روایت جلد ثانی میں چار جگہ آئی ہے اور حدیث نمبر ۴۶۲۷ اور ۴۷۷۸ میں مفتاح الغیب خمس لایعلمھا إلا اللہ کے بعد سورۂ لقمان کی آخری آیت پڑھی ہے اور حدیث نمبر ۴۶۹۷ اور ۷۳۷۹ میں راوی نے تفسیر کی ہے اور پانچ چیزوں کا ذکر کیا ہے ان میں ایک قیامت کا علم ہے جس کو یہاں راوی نے چھوڑ دیا ہے، اور پہلی بات کو مکرر بیان کیا ہے، یہ اس روایت میں تسامح ہے۔

۲- یہاں سے یہ قاعدہ ذہن نشیں کر لینا چاہئے کہ سند کی صحت کے لئے مضمون کی صحت لازم نہیں، اور اس کا برعکس یعنی سند صحیح نہ ہو تو پورا مضمون غلط ہو جائے یہ بھی ضروری نہیں، اس قاعدہ کو عام طور پر لوگ نہیں جانتے، لوگ کہتے ہیں: بخاری کی حدیث ہے! ارے بھائی! بخاری کی حدیث ہونے کا مطلب یہ ہے کہ سند صحیح ہے لیکن اس کے متن میں راویوں سے تسامح نہیں ہوا ایسا ضروری نہیں، اور سند ضعیف ہو تو متن بھی سارا غلط ہو جائے ایسا بھی ضروری نہیں، بہت سی ضعیف حدیثوں میں صحیح مضمون آیا ہے، پس اس قاعدہ کو ہمیشہ ذہن میں رکھنا چاہئے۔

۳- خمس کا عدد حصر کے لئے نہیں ہے، امور غیب بے شمار ہیں ان کا کوئی احاطہ نہیں کرسکتا اور آیت اور حدیث میں مذکور پانچ چیزیں بطور مثال ہیں۔

غیب کیا ہے؟

اللہ تعالیٰ نے انسان کو علم حاصل کرنے کے لئے پانچ حواس عطا فرمائے ہیں، آنکھ سے دیکھ کر، ناک سے سونگھ کر، کان سے سن کر، زبان سے چکھ کر اور ہاتھ سے ٹٹول کر انسان علم حاصل کرتا ہے، جو چیزیں ان حواس کے دائرے سے باہر ہیں وہ غیب ہیں، عقل ان کا ادراک کرسکتی ہے، ہم اللہ کو عقل کے ذریعہ جانتے ہیں، مگر مغیبات حواس کے دائرے میں نہیں آتے، جیسے جنت اور اس کی نعمتیں، جہنم اور اس کا عذاب، قیامت، میدان حشر، پل صراط اور فرشتے وغیرہ بے شمار چیزیں ہیں جن کو ہم عقل سے سمجھ سکتے ہیں، لیکن حواس سے محسوس نہیں کرسکتے، یہ سب امور غیب ہیں، بارش کب ہوگی؟ کتنی ہوگی؟ کیسی ہوگی؟ یہ سب امور غیب ہیں۔

۴- یہاں لوگ ایک سوال کرتے ہیں کہ اب ایسی مشین وجود میں آگئی ہے جو بتادیتی ہے کہ ماں کے پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی؟ جبکہ آیت پاک میں اس کو غیب قرار دیا گیا ہے اور اس کا علم اللہ کے علاوہ کسی کو نہ ہونے کی بات کہی گئی ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ کوئی نئی بات نہیں، اطباء نے ہزاروں سال پہلے طب کی کتابوں میں علامتیں لکھ دی ہیں، اب اس میں تھوڑی ترقی ہوئی ہے پس یہ کوئی خاص بات نہیں، اصل بات یہ ہے کہ اگر کسی بڑے معاملہ کی کوئی ایک جزئی معلوم ہوجائے تو اس کو سارے معاملہ کا جاننا نہیں کہتے، آیت کریمہ میں ما ہے ﴿وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ﴾ اور ما غیر ذوی العقول کے لئے ہے اور عام ہے۔ اور مشین اس وقت بتاتی ہے جب حمل مَن کے مرحلہ میں داخل ہوتا ہے یعنی شخص بن جاتا ہے۔

اب غور کریں ما میں کتنی چیزیں شامل ہیں: جو حمل ٹھہرا ہے وہ ٹھہرا رہے گا یا گر جائے گا؟ ٹھہرا رہے گا تو نطفہ کے مرحلہ تک یا علقہ کے مرحلہ تک یا مضغہ کے مرحلہ تک یا ڈھانچہ بننے کے مرحلے تک رہے گا یا نہیں؟ پھر اس میں روح پڑے گی یا نہیں؟ روح پڑے گی تو بچہ زندہ پیدا ہوگا یا مردہ؟ زندہ پیدا ہوگا تو کتنے دن دنیا میں رہے گا؟ اس کی روزی کیا ہوگی؟ وہ نیک بخت ہوگا یا بد بخت؟ غرض ابتداء سے انتہاء تک کے تمام احوال ما کے عموم میں داخل ہیں اور ان جملہ احوال کو صرف اللہ تعالیٰ جانتے ہیں، اور شخص بننے کے بعد مشین کا یہ بتادینا کہ لڑکا ہے یا لڑکی، یہ ایک جزئی علم ہے اس کو غیب کا جاننا نہیں کہتے۔

۵- نبی ﷺ نے پانچ باتوں کو امور غیب میں سے قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ ان کا علم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں، اور یہ پانچ چیزیں سورۂ لقمان کی آخری آیت میں آئی ہیں، ان میں پہلا جملہ ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾ اس جملہ میں تاکیدات ہیں، إن حرف مشبہ بالفعل ہے، پھر عندہ خبر مقدم ہے اور علم الساعۃ اسم مؤخر اور تقدیم وتاخیر حصر کا فائدہ دیتی ہے، مگر اس کے بعد والے چاروں جملے سادہ ہیں، ان میں نہ حصر لفظی ہے نہ حصر معنوی، پھر نبی ﷺ نے کیسے فرمایا کہ یہ پانچ باتیں امور غیب میں سے ہیں؟

جواب: آیتِ کریمہ میں جو پہلا جملہ ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾ یہ بہ منزلہ انجن ہے، اس کے ساتھ چار ڈبے لگے ہوئے ہیں، اور ڈبے وہیں پہنچتے ہیں جہاں انجن پہنچتا ہے، پس جب پہلے جملہ میں تاکیدات اور حصر ہے تو وہ حصر باقی چار جملوں میں بھی جائے گا اور یہ مضمون اللہ کا رسول ہی سمجھ سکتا ہے ماوشما اور مجتہدین اس کو نہیں سمجھ سکتے۔

اس کی نظیر: کبھی نص میں کوئی کلمہ حصر نہیں ہوتا، نہ لفظی حصر ہوتا ہے نہ معنوی، مگر اس میں حصر کا فلیور (خوشبو) ہوتا ہے، جیسے فروٹی میں مینگو کا جوس نہیں ہے اس کا فلیور ہے، آم کی خوشبو ڈال رکھی ہے، جس کی وجہ سے پیتے وقت معلوم ہوتا ہے کہ آم کا جوس پی رہا ہے۔

اسی طرح کبھی جملہ میں لفظی یا معنوی حصر نہیں ہوتا مگر اس میں حصر کا فلیور ہوتا ہے، جیسے سورۂ نساء کے شروع میں ہے: اگر تم یتیم لڑکیوں سے نکاح کر کے انصاف نہ کر سکو تو ﴿فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ﴾: تمہیں جو عورتیں پسند ہوں یتیم لڑکیوں کے علاوہ ان میں سے دو دو، تین تین اور چار چار سے نکاح کرو، اس آیت میں کوئی کلمۂ حصر نہیں ہے نہ لفظی اور نہ معنوی، مگر اس میں حصر کا فلیور ہے اور وہ یہ ہے کہ معرض بیان میں جب متکلم کسی جگہ خاموش ہو جائے تو یہ دلیل ہوتی ہے کہ بس یہیں تک اجازت ہے، اللہ تعالیٰ تعدد ازواج کا جواز بیان کرتے ہوئے رُباع پر رک گئے، پس حصر ہو گیا، اور یہ مضمون بھی اللہ کا رسول ہی سمجھ سکتا ہے، مجتہدین نہیں سمجھ سکتے، چنانچہ غیلان ثقفی رضی اللہ عنہ جب مسلمان ہوئے تو ان کے نکاح میں دس بیویاں تھیں، نبی ﷺ نے چار کو رکھ کر باقی کو الگ کرنے کا حکم دیا، آپؐ نے یہ بات اسی آیت سے سمجھی ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، مسلمان کے نکاح میں ایک وقت میں چار ہی بیویاں ہو سکتی ہیں، چار سے زائد نہیں۔

۶- اسی طرح لوگ سوال کرتے ہیں کہ اب محکمۂ موسمیات بارش کا اعلان کر دیتا ہے، پس یہ علم اللہ کے ساتھ خاص کہاں رہا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ محکمۂ موسمیات مانسون چلنے کے بعد اعلان کر سکتا ہے، سمندر سے بارانی ہوائیں چلتی ہیں جب وہ کسی رخ پر خاص رفتار سے چلتی ہیں تو اندازہ کر لیا جاتا ہے کہ بارش کب آئے گی، مگر بارہا ایسا ہوتا ہے کہ مانسون کا رخ بدل جاتا ہے اور بارش نہیں ہوتی، اور پیشین گوئی جھوٹی نکلتی ہے، یعنی قطعی طور پر بارش کے احوال کوئی نہیں جانتا، اسی طرح آیت میں مذکور باقی چیزوں کو بھی سمجھ لینا چاہئے، آدمی پلان بناتا ہے: میں کل یہ کروں گا، پرسوں یہ کروں گا، مگر یہ صرف پلان ہوتا ہے پلان کے مطابق ہونا ضروری نہیں، اسی طرح عام طور پر آدمی جہاں رہتا ہے وہیں مرتا ہے مگر یہ ضروری نہیں، کبھی اچانک کوئی حاجت پیش آجاتی ہے اور آدمی دوسری جگہ مرتا ہے، اس کو کوئی انسان نہیں جانتا، صرف اللہ ہی جانتے ہیں کہ کون کہاں مرے گا؟

﴿الحمد للہ! ابواب الاستسقاء کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ الْكُسُوْفِ

گہن کی نماز کا بیان

کسوف اور خسوف دونوں عام لفظ ہیں، سورج گہن اور چاند گہن دونوں پر دونوں کا اطلاق ہوتا ہے، مگر فقہاء سورج گہن کے لئے کسوف اور چاند گہن کے لئے خسوف استعمال کرتے ہیں۔

مذاہبِ فقہاء: تمام ائمہ متفق ہیں کہ سورج گہن میں باجماعت نماز مسنون ہے، اور چاند گہن میں چھوٹے دواماموں کے نزدیک باجماعت نماز مسنون ہے، اور بڑے دواماموں کے نزدیک صرف نماز مسنون ہے، جماعت کے ساتھ پڑھنا مسنون نہیں، مگر ان کے قول کا یہ مطلب نہیں کہ چاند گہن میں باجماعت نماز جائز نہیں، بلکہ مطلب یہ ہے کہ جماعت مشروع نہیں یعنی جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا جائز تو ہے مگر تنہا پڑھنا مسنون ہے، اور سورج گہن میں باجماعت نماز پڑھنا مسنون ہے اور تنہا پڑھنا جائز ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

اور وجہ فرق یہ ہے کہ سورج گہن دن میں ہوتا ہے، اور دن میں لوگوں کا اجتماع مشکل نہیں، اور چاند گہن رات میں ہوتا ہے، اور رات میں لوگوں کا اجتماع دشوار ہے، اس لئے جماعت سے پڑھنا مسنون نہیں۔

قراءت کا مسئلہ: چاند گہن میں اگر جماعت کریں تو قراءت بالاجماع جہراً ہوگی اس لئے کہ وہ رات کی نماز ہے اور سورج گہن میں جماعت کریں تو قراءت جہراً ہوگی یا سراً؟ اس میں اختلاف ہے، امام اعظم اور امام مالک اور امام شافعی رحمہم اللہ کے نزدیک سراً قراءت ہوگی کیونکہ وہ دن کی نماز ہے اور دن کی نمازیں سری ہوتی ہیں، اور امام احمد اور صاحبین رحمہم اللہ جہر کے قائل ہیں، یہ حضرات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں جو ابواب الکسوف کے آخری باب میں ہے۔

مسئلہ: سورج گہن کی نماز کم سے کم دو رکعتیں ہیں اور زیادہ سے زیادہ چار، اگر لوگ لمبی نماز پڑھ سکیں اور کوئی ایسا شخص ہو جو لمبی نماز پڑھا سکے تو سورج گہن کے پورے وقت کو نماز میں مشغول کرنا چاہئے اور اگر لوگ لمبی نماز پڑھنے پر آمادہ نہ ہوں یا ایسا شخص موجود نہ ہو جو لمبی نماز پڑھا سکے تو پھر دو یا چار رکعت پڑھ کر دعا میں مشغول رہیں تا آنکہ گہن ختم ہو جائے۔

گہن کی نماز کے سلسلہ کی مختلف روایات

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسئلہ باب میں چھ قسم کی روایات ہیں: (۱) ہر رکعت میں ایک رکوع (یہ ابوبکرہؓ کی حدیث ہے) (۲) ہر رکعت میں دو رکوع (۳) ہر رکعت میں تین رکوع (۴) ہر رکعت میں چار رکوع (یہ حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیثیں ہیں) (۵) ہر رکعت میں پانچ رکوع (یہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے) (۶) حضرت قبیصہ ہلالی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ برابر دو دو، دو دو رکعتیں پڑھتے رہے، یہاں تک کہ گہن ختم ہوگیا (حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کا عمل بھی یہی تھا اور ان سے اس سلسلہ میں مرفوع حدیث بھی مروی ہے) —— ان میں سے بعض حدیثیں صحیحین میں، بعض نسائی میں اور بعض ابوداؤد میں ہیں اور سب سنداً قوی ہیں، جبکہ صورتِ حال یہ ہے کہ مکی دور کے احوال تو معلوم نہیں مگر مدنی دور میں صرف ایک مرتبہ ایسا سورج گہن ہوا ہے جس میں سورج آدھے سے زیادہ پکڑا گیا تھا، اور وہ گہن صبح کے وقت تقریباً آٹھ نو بجے کے درمیان ہوا تھا اور مغرب سے پہلے روشنی ماند پڑ جاتی ہے ایسی صورت ہوگئی تھی، اور یہ واقعہ سن ۱۰ ہجری میں پیش آیا تھا، اتفاق سے اس سے ایک دن پہلے آنحضور ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تھا، چنانچہ زمانہ جاہلیت کے تصور کے مطابق لوگوں میں یہ چرچا شروع ہوگیا کہ آج سورج نے سوگ منایا، جب کسی بڑے آدمی کا انتقال ہوتا ہے تو کائنات سوگ مناتی ہے، یہ عربوں کے تصورات تھے چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے نماز کے بعد ایک مختصر تقریر فرمائی اور اس میں یہ بات واضح کی کہ سورج اور چاند کسی کی موت یا حیات پر نہیں گہناتے بلکہ یہ تو اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ مخلوق کو دکھاتے ہیں، غرض آنحضور ﷺ کی حیات طیبہ میں صرف ایک مرتبہ سورج گہن ہوا ہے اور آپؐ نے صرف ایک مرتبہ نماز کسوف پڑھی ہے پھر بھی روایتوں میں سخت اختلاف ہے، اب دو باتیں سمجھنی ہیں: ایک: روایات میں اختلاف کیوں ہے؟ دوسری: کس روایت کو معمول بہ بنایا جائے۔

کس روایت کو معمول بہ بنایا جائے؟

ائمہ ثلاثہ نے حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس حدیث کو اختیار کیا ہے جس میں ہر رکعت میں دو رکوع کا ذکر ہے اور باقی حدیثوں سے صرف نظر کیا ہے [1] ان کے یہاں نماز کسوف پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلی رکعت میں

(۱) حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی وہ روایتیں جن میں دو رکوع کا ذکر ہے: اصح ما فی الباب ہیں، اس لئے ائمہ ثلاثہ نے ان روایتوں کو لیا ہے اور باقی روایتوں سے صرف نظر کیا ہے، جیسے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ہر اونچ نیچ میں رفع یدین مروی ہے مگر اصح ما فی الباب وہ روایت ہے جس میں تین جگہ (تحریمہ کے ساتھ، رکوع میں جاتے ہوئے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے) یا چار جگہ (تیسری رکعت کے شروع میں) رفع کا ذکر ہے، چھوٹے دو اماموں نے تین جگہ رفع والی روایت لی ہے، اور ان کے متبعین نے چار جگہ رفع والی روایت لی ہے کیونکہ وہی اصح ما فی الباب ہیں اور باقی روایتوں سے صرف نظر کیا ہے۔

سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ بقرہ جتنی قراءت کرے پھر اسی تناسب سے طویل رکوع کرے پھر اللہ اکبر کہہ کر کھڑا ہو (جبکہ آگے حدیث میں آرہا ہے کہ تسمیع کے ساتھ کھڑا ہو) پھر کھڑے ہو کر دوبارہ فاتحہ پڑھے اور سورۂ آل عمران جتنی قراءت کرے یعنی پہلی قراءت سے تھوڑی کم قراءت کرے پھر رکوع کرے اور قراءت کے تناسب سے لمبا رکوع کرے، یعنی پہلے رکوع سے ذرا کم رکوع کرے پھر تسمیع کے ساتھ کھڑا ہو، پھر دو سجدے کرے اور سجدے بھی قراءت کے تناسب سے طویل کرے، پھر اگلی رکعت اسی طرح پڑھے۔

اور حنفیہ نے ان روایات میں سے کوئی روایت نہیں لی بلکہ ایک ساتویں روایت لی ہے جو حضرت نعمان بن بشیر اور حضرت قبیصۃ الہلالی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے جو نسائی (۳:۱۴۱ مصری) میں ہے اور وہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز کسوف پڑھانے کے بعد ارشاد فرمایا: فإذا رأیتم ذلک فصلُّوا کَأَحْدَثِ صلوۃٍ صَلَّیْتُمُوْھَا من المکتوبۃ: یعنی اگر آئندہ اس طرح کا واقعہ پیش آئے تو تم نے جو قریب ترین فرض نماز پڑھی ہے اس طرح نماز کسوف پڑھنا، قریب ترین فرض نماز جو پڑھی گئی تھی وہ فجر کی نماز تھی اور فجر کی نماز میں ہر رکعت میں ایک رکوع ہے اس لئے احناف کے نزدیک نماز کسوف عام نمازوں کی طرح ہے اس میں بھی ہر رکعت میں ایک رکوع ہے۔

روایات میں اختلاف کیوں ہے؟

حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے فرمایا: حضور اکرم ﷺ نے سورج گہن کی نماز مشاہدہ والی نماز پڑھی تھی، ہم جب نماز پڑھتے ہیں تو ہمارے اور غیب کے درمیان پردہ حائل رہتا ہے اور پردے کے پیچھے جو مخلوقات ہیں وہ ہماری نظروں سے غائب ہوتی ہیں، اور آپؐ کی نماز مشاہدہ والی نماز تھی یعنی بیچ سے پردہ ہٹا دیا جاتا تھا اور پردہ کے پیچھے اللہ تعالیٰ کی جو مخلوقات ہیں: جنت وجہنم وغیرہ وہ آپؐ کو نظر آتی تھیں۔ آئندہ حدیث میں آرہا ہے کہ آنحضور ﷺ کبھی نماز میں قبلہ کی طرف بڑھے اور ہاتھ بڑھایا جیسے کچھ لینا چاہتے ہیں اور کبھی پیچھے ہٹ آئے یہاں تک کہ پہلی صف سے مل گئے۔ نماز کے بعد صحابہ نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول! یہ کیا کیفیت تھی کہ کبھی آپؐ آگے بڑھے، کبھی پیچھے ہٹے؟ آپؐ نے فرمایا: نماز میں میرے سامنے جنت وجہنم لائی گئیں، جب جنت سامنے آئی تو میں آگے بڑھا تا کہ تمہارے لئے انگور کا ایک خوشہ لے لوں، اگر میں خوشہ لے لیتا تو تم رہتی دنیا تک اس کو کھاتے، پھر جب میرے سامنے جہنم لائی گئی تو میں نے سخت حرارت محسوس کی پس میں پیچھے ہٹ گیا، معلوم ہوا کہ آنحضور ﷺ نے یہ مشاہدہ والی نماز پڑھائی تھی، اور ہم جب نماز پڑھیں گے تو یہ کیفیت حاصل نہیں ہوگی، اس لئے آپؐ نے نماز کے بعد یہ ہدایت فرمائی کہ آئندہ اس طرح کا واقعہ پیش آئے تو فجر کی نماز کی طرح نماز پڑھنا، چنانچہ احناف نے اسی حکم کو اختیار کیا۔

بہ الفاظ دیگر: سجدے کئی طرح کے ہوتے ہیں، ایک سجدۂ صلوٰۃ ہے جو نماز میں ہے، ایک سجدہ تلاوت ہے جو آیتِ سجدۃ پڑھنے کے بعد کیا جاتا ہے، ایک سجدۂ تحیہ (سلامی کا سجدہ) ہے، ایک سجدۂ تعظیم ہے (یہ سجدے گذشتہ امتوں میں تھے) اور

ایک سجدۂ آیات ہے جو اللہ تعالیٰ کی قدرت کی بڑی نشانیاں سامنے آنے پر کیا جاتا ہے۔ ابوداؤد (۱:۱۱۳ مصری) میں روایت ہے: ابن عباسؓ کو ازواج مطہرات میں سے کسی کی وفات کی خبر پہنچی تو آپؓ نے سجدہ کیا، پوچھا گیا: یہ کیسا سجدہ ہے؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب تم اللہ تعالیٰ کی قدرت کی کوئی بڑی نشانی دیکھو تو سجدہ کرو، اور ازواج مطہرات آنحضور ﷺ کی نشانیاں ہیں، ان کے دنیا سے اٹھ جانے سے بڑی اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانی کیا ہوسکتی ہے؟ اس لئے میں نے سجدہ کیا۔

اسی طرح رکوع بھی متعدد ہیں، ایک نماز کا رکوع ہے، ایک رکوع آیات ہے، سورۂ صٓ (آیت ۲۴) میں اس کا ذکر ہے، اسی طرح سجدۂ تلاوت میں بھی کبھی رکوع سجدہ کی قائم مقامی کرتا ہے۔

غرض: جب نبی ﷺ نے مشاہدہ والی نماز پڑھائی اور اللہ کی عظیم نشانیاں آپؐ کے سامنے آئیں تو آپؐ نے رکوع فرمایا، یہ رکوع سجدۂ آیات کے قائم مقام تھا، نماز کا رکوع نہیں تھا اور اس کی دلیل یہ ہے کہ تمام روایات متفق ہیں کہ سجدے آپؐ نے ہر رکعت میں دو ہی کئے تھے، صرف رکوع متعدد کئے ہیں، معلوم ہوا کہ وہ نماز والے رکوع نہیں تھے، نیز ائمہ ثلاثہ بھی پہلے رکوع سے تکبیر کے ذریعہ کھڑے ہونے کے قائل ہیں، تسمیع کے ذریعہ نہیں، اس سے بھی معلوم ہوا کہ یہ نماز کا رکوع نہیں تھا۔

اور صحابہ میں اختلاف اس لئے ہوا کہ پہلے سے اس کا کوئی علم نہیں تھا کہ آج سورج گہن ہونے والا ہے، جب سورج گہن شروع ہوا تو حضور اکرم ﷺ نے اعلان کرایا: **الصلوٰۃ جامعۃ**: جامع مسجد چلو نماز ہو رہی ہے، یہ اعلان سن کر سارا مدینہ مسجدِ نبوی میں امنڈ آیا، مگر سب ایک ساتھ نہیں آئے، آگے پیچھے آئے، پھر جماعت بہت بڑی ہوگئی تھی، کیونکہ پورا مدینہ ایک جگہ اکٹھا ہوگیا تھا اس لئے جو لوگ پہلے آئے ان کو آنحضور ﷺ کے سب رکوع نظر آئے، اور جو دور تھے یا بعد میں آئے ان کو بعض رکوع نظر نہ آئے اس لئے ہر راوی نے اس کے علم میں جتنے رکوع آئے وہ روایت کر دیئے (۱)

رہی یہ بات کہ ایک ہی صحابی سے دو دو اور تین تین رکوع کی روایتیں کیوں ہیں جیسا کہ حضرت عائشہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے؟ جواب: اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت ابن عباسؓ تو اس وقت بچے تھے، ہوسکتا ہے وہ جماعت میں

---

(۱) اس کی نظیر: حجۃ الوداع میں نبی ﷺ نے احرام کہاں سے باندھا؟ اس سلسلہ میں مختلف روایتیں ہیں اور ان میں تطبیق یہ دی گئی ہے کہ آپؐ نے ذوالحلیفہ میں ایک درخت کے قریب احرام کا دوگانہ ادا کیا اور تلبیہ پڑھ کر احرام شروع فرمایا، مگر اس کا علم صرف ان لوگوں کو ہوا جو وہاں موجود تھے، پھر جب اونٹنی آپؐ کو لے کر کھڑی ہوئی تو آپؐ نے تلبیہ پڑھا، پس کچھ لوگوں کو غلط فہمی ہوئی انھوں نے خیال کیا کہ آپؐ نے احرام اب شروع کیا، پس انھوں نے یہی روایت کیا، پھر جب اونٹنی آپ کو لے کر بیداء نامی ٹیلے پر چڑھی تو آپؐ نے تلبیہ پڑھا پس جن لوگوں نے یہی تلبیہ سنا انھوں نے اسی کو پہلا تلبیہ سمجھا اور یہ بیان کرنا شروع کر دیا کہ آپؐ نے بیداء سے احرام باندھا، مگر صحیح بات یہ ہے کہ آپؐ نے درخت کے قریب مسجد کے پاس سے احرام شروع کیا تھا، اسی طرح کا اختلاف یہاں بھی ہوا ہے۔

شریک بھی نہ ہوئے ہوں، اور ہوئے ہوں تو بالکل پیچھے رہے ہوں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بچوں سے بھی پیچھے عورتوں کی صف میں تھیں پس ان حضرات کے علم کا مأخذ دوسرے صحابہ کی روایات ہیں، یہ حضرات جو روایتیں بیان کرتے ہیں وہ دوسرے صحابہ سے سنی ہوئی ہیں، پس کسی نے ان سے دو رکوع بیان کئے اور کسی نے تین، اس لئے انھوں نے جیسا سنا بیان کر دیا اور چونکہ اس زمانہ میں سند کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا اس لئے مروی عنہ کا نام یاد نہیں رکھا اور اس بات پر طلباء کو حیرت نہ ہو، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہجرت سے پہلے کے واقعات بھی بیان کرتی ہیں بلکہ ابتدائے نبوت کے احوال بھی بیان کرتی ہیں، یہ سب رسول اللہ ﷺ سے یا دوسرے صحابہ سے مثلاً ان کے والد وغیرہ سے سنی ہوئی روایات ہیں اور حضرت ابن عباسؓ نے تو باقاعدہ صحابہ سے علم حاصل کیا ہے۔

آخری بات: امام بخاری رحمہ اللہ اس مسئلہ میں حنفیہ کے ساتھ ہیں یعنی ان کے نزدیک بھی نماز کسوف فجر کی نماز کی طرح پڑھی جائے گی، مگر یہ بات حضرتؒ نے کھل کر نہیں کہی، آپ کے طرز عمل سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے۔ حضرت رحمہ اللہ پوری کتاب الکسوف میں دو رکوع والا باب لائے ہی نہیں، حالانکہ یہ اہم مسئلہ ہے اس سے ہم سمجھتے ہیں کہ اس مسئلہ میں امام بخاریؒ ائمہ ثلاثہ کے ساتھ نہیں ہیں، رہا یہ سوال کہ حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی دو رکوع والی حدیث بار بار کیوں لائے ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ حدیث الماء من الماء اور اکسال والی روایت بھی بخاری میں لائے ہیں درانحالیکہ وہ روایتیں منسوخ ہیں اور آپ کا وہ مذہب بھی نہیں، اور آپ نے معذرت بھی کی ہے کہ میں یہ روایت اس لئے لایا ہوں کہ یہ مسئلہ صحابہ میں اختلافی رہ چکا ہے پس امت کے سامنے یہ بات آنی چاہئے، امت اس سے بے خبر نہیں رہنی چاہئے (دیکھئے: کتاب الغسل کے آخری ابواب) اس نظریہ سے آپ یہاں بھی حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایتیں لائے ہیں تاکہ امت باخبر رہے، مگر اس سے یہ سمجھنا کہ امام بخاریؒ کا مذہب دو رکوع کا تھا: صحیح نہیں۔

یہ چند ضروری باتیں تھیں جو میں نے بطور تمہید بیان کیں، باقی باتیں کتاب میں آئیں گی۔

بَابُ الصَّلٰوۃِ فِیْ کُسُوْفِ الشَّمْسِ

سورج گہن کی نماز

اس باب میں دو مسئلے زیر بحث ہیں:

پہلا مسئلہ: سورج گہن کی نماز مشروع ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، اور اس کو بیان کرنے کی وجہ ایک شبہ کا ازالہ ہے، نماز کسوف کی مشروعیت سے یہ وہم پیدا ہوتا ہے کہ یہ سورج کی عبادت ہے جبکہ سورج اور چاند کی عبادت کرنے سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے: ﴿لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ﴾ اس وہم کو دور کرنے کے لئے یہ باب لائے ہیں کہ نماز کسوف

سورج کی پوجا نہیں ہے، بلکہ اللہ کی عبادت ہے، نبی ﷺ نے فرمایا ہے: سورج اور چاند کسی کے مرنے پر نہیں گہناتے بلکہ وہ اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں، لہٰذا جب تم سورج اور چاند کو گہنایا ہوا دیکھو تو نماز پڑھو اور دعا کرو، یہاں تک کہ گہن ختم ہوجائے، معلوم ہوا کہ کسوف کی نماز اللہ کی بندگی ہے، سورج کی بندگی نہیں۔

اس کی نظیر: دنیا کے تمام مسلمان کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں، یہ کعبہ شریف کی پوجا نہیں ہے بلکہ یہ حکم امت کی شیرازہ بندی (انتظام) کے لئے دیا گیا ہے، چنانچہ قیامت کے قریب جب حبشہ کا ایک بادشاہ چھوٹی پنڈلیوں والا کعبہ شریف کو ڈھادے گا تو پھر کعبہ دوبارہ تعمیر نہیں ہوگا اس وقت بھی ساری دنیا کے مسلمان کعبہ شریف ہی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھیں گے کیونکہ کعبہ شریف میں جو پتھر لگے ہوئے ہیں وہ معبود نہیں ہیں، ان کی عبادت نہیں کی جاتی بلکہ اللہ عزوجل کی ذات معبود ہے، انہی کی عبادت کی جاتی ہے، پس کعبہ شریف کی عمارت رہے یا نہ رہے نماز اسی کی طرف پڑھی جائے گی، اللہ کی ذات ہر وقت اور ہر جگہ موجود ہے اور کعبہ شریف کی طرف منہ کرنے کا حکم صرف امت کی شیرازہ بندی کے لئے ہے، اسی لئے اہل نظر کعبہ کو 'قبلہ نما' کہتے ہیں، معبود اللہ عزوجل کی ذات ہے اور کعبہ شریف اس کی طرف راہنمائی کرنے والا ہے، چنانچہ اگر جہت قبلہ معلوم نہ ہو تو تحری کرنے کا اور جدھر غالب گمان ہو ادھر نماز پڑھنے کا حکم ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہیں ﴿فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ﴾ اسی طرح نماز کسوف سورج کی بندگی نہیں ہے بلکہ سورج اور چاند کا گہنانا قدرت خداوندی کی بڑی نشانیاں ہیں اور جب اللہ عزوجل کی قدرت کی کوئی بڑی نشانی ظاہر ہو تو اللہ کو یاد کرنا چاہئے۔ اور اللہ کو یاد کرنے کی مختلف صورتیں ہوسکتی ہیں ان میں سب سے اعلیٰ صورت نماز ہے، پس جس طرح رکوع آیات اور سجود آیات ہیں یہ نماز بھی نماز آیات ہے، اس لئے سورج کی عبادت کا وہم پیدا نہیں ہونا چاہئے۔

دوسرا مسئلہ: صلوٰۃ کسوف بعض علماء کے نزدیک واجب اور بعض کے نزدیک فرض کفایہ ہے، مگر ائمہ اربعہ متفق ہیں کہ نماز کسوف سنت ہے، فرض و واجب نہیں، اور حدیث میں جو صَلُّوْا آیا ہے وہ امر استحباب کے لئے ہے، کیونکہ وجوب پر دلالت کرنے والا کوئی قرینہ نہیں، پھر یہ خبر واحد ہے اور خبر واحد کا ثبوت ظنی ہوتا ہے اس لئے خبر واحد سے وجوب ثابت نہیں ہوسکتا، زیادہ سے زیادہ استحباب ثابت ہوگا اور یہی ائمہ اربعہ کی رائے ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

١٦- أَبْوَابُ الْكُسُوْفِ

[١-] بَابُ الصَّلاَةِ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ

[١٠٤٠-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَانْكَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَجُرُّ رِدَاءَهُ،

حَتَّى دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَدَخَلْنَا، فَصَلَّى بِنَا رَكْعَتَيْنِ حَتَّى انْجَلَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لاَ يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهَا فَصَلُّوْا وَادْعُوْا حَتَّى يُكْشَفَ مَابِكُمْ"

[انظر: ۱۰۴۸، ۱۰۶۲، ۱۰۶۳، ۵۷۸۵]

[۱۰۴۱-] حدثنا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لاَيَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ مِنَ النَّاسِ، وَلٰكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهَا فَقُوْمُوْا فَصَلُّوْا" [انظر: ۱۰۵۷، ۳۲۰۴]

[۱۰۴۲-] حدثنا أَصْبَغُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يُخْبِرُ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم:" إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لاَ يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، وَلٰكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُمَا فَصَلُّوْا" [انظر: ۳۲۰۱]

[۱۰۴۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَوْمَ مَاتَ إِبْرَاهِيْمُ، فَقَالَ النَّاسُ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ لِمَوْتِ إِبْرَاهِيْمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لاَيَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ فَصَلُّوْا،وَادْعُوْا اللّٰهَ "[انظر: ۱۰۶۰، ۶۱۹۹]

وضاحت: چاروں حدیثوں میں ایک ہی مضمون ہے جو ابھی بیان کیا گیا ہے کہ مدنی دور میں صرف ایک مرتبہ ایسا سورج گہن ہوا ہے جس میں سورج آدھے سے زیادہ پکڑا گیا تھا، یہ گہن صبح تقریباً آٹھ نو بجے کے درمیان ہوا تھا اور مغرب سے پہلے جیسی صورت ہوتی ہے ویسی صورت ہوگئی تھی، اس وقت آپؐ گھوڑے پر سوار ہوکر کہیں تشریف لے جارہے تھے کہ اچانک گہن شروع ہوا، پس آپ واپس لوٹے اور سیدھے مسجد میں تشریف لے گئے اور اعلان کرایا: الصلوٰۃ جامعۃ: جامع مسجد چلو، جماعت ہورہی ہے، یہ اعلان سن کر مدینہ امنڈ آیا، آپؐ نے صلوۃ کسوف پڑھا کر ایک مختصر تقریر فرمائی جس میں ایک بات یہ فرمائی کہ سورج اور چاند کسی کی موت یا حیات کی وجہ سے نہیں گہناتے، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ مخلوق کو دکھاتے ہیں اور یہ بات خاص طور پر اس لئے فرمائی کہ زمانۂ جاہلیت سے یہ تصور چلا آرہا تھا کہ جب کوئی بڑا آدمی مرتا ہے تو کائنات سوگ مناتی ہے، جس دن سورج گہنایا تھا اس سے ایک دن پہلے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تھا، اس لئے لوگوں میں یہ چرچا ہوا کہ آج سورج نے سوگ منایا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس باطل خیال کی خاص طور پر تردید فرمائی۔

قولہ: کنا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فانکسفت الشمس: یہ راوی کی تعبیر ہے اور اصل بات وہ ہے جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی آئندہ حدیث (نمبر ۱۰۵۰) میں آرہی ہے کہ اس دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے پر سوار ہوکر کہیں

جا رہے تھے کہ اچانک گہن شروع ہوا۔

قولہ: يَجُرُّ رِدَاءَہ: حضور ﷺ اپنی چادر گھسیٹ رہے تھے، اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ آپ بغیر تیاری کئے مسجد میں تشریف لے آئے، جمعہ اور عیدین میں آپؐ تیاری کرکے، نہا دھوکر، خوشبو اور تیل وغیرہ لگا کر آتے تھے مگر نماز کسوف کے لئے آپؐ نے کوئی تیاری نہیں کی بلکہ آپؐ گھوڑے پر سوار ہوکر کہیں تشریف لے جارہے تھے، جب گہن شروع ہوا تو فوراً واپس پلٹے اور ازواج مطہرات کے حجروں کے سامنے سے گذرتے ہوئے مسجد میں تشریف لے گئے، کسی گھر میں داخل نہیں ہوئے اور مدینہ میں اعلان کروایا اور نماز شروع فرمادی۔

قولہ: فَصَلُّوْا وادعوا: جب سورج گہن ہوا تو آپؐ نے نماز پڑھنے کا اور دعا کرنے کا حکم دیا، دعا کرنا بالاتفاق سنت اور مستحب ہے پس اس کے ساتھ جو حکم مقارن ہے یعنی نماز پڑھنا وہ بھی سنت اور مستحب ہوگا، یہ استدلال اگرچہ بہت قوی نہیں اس لئے کہ ایک سلسلہ بیان میں مختلف المدارج احکام اکٹھا ہوتے ہیں، جیسے عشرٌ من الفطرة میں دس چیزیں ایک درجہ کی نہیں ہیں، بلکہ بعض واجب ہیں بعض سنت ومستحب، مگر یہ بھی ایک قاعدہ ہے کہ نظم میں مقارنت حکم میں مقارنت پر دلالت کرتی ہے، اگرچہ یہ قاعدہ کلیہ نہیں، مگر یہاں اس قاعدہ سے استدلال کیا جاسکتا ہے۔

قولہ: ولکنهما آیتان من آیات الله: چاند اور زمین: سورج کے گرد چکر لگاتے ہیں، اور جب سورج اور زمین کے درمیان چاند حائل ہوجاتا ہے تو سورج کو گہن لگتا ہے، اور جب سورج اور چاند کے درمیان زمین حائل ہوجاتی ہے تو چاند کو گہن لگتا ہے، یہ ظاہری اسباب ہیں، اور ان کے پیچھے باطنی اسباب ہیں اور ان سب کے پیچھے اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں اس اعتبار سے کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں۔

قولہ: ولایخسفان لموت أحد ولا لحیاته: متعدد صحابہ کی روایات میں ولا لحیاته بھی ہے، مگر اس پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ کسی کے مرنے پر سورج اور چاند کا سوگ کرنا تو ٹھیک ہے مگر کسی کے زندہ ہونے پر سوگ کرنے کا کیا مطلب ہے؟ حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں شرح میں پہلی بات یہ فرمائی ہے کہ یہ لفظ محل اشکال ہے، پھر یہ تاویل کی ہے کہ اس لفظ سے ایک وہم کو دور کرنا مقصود ہے، اگر صرف یہ کہا جاتا کہ سورج اور چاند کا گہنانا اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں، وہ کسی کے مرنے پر نہیں گہناتے تو کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ موت کی ضد حیات پر گہناتے ہونگے، اس لئے نبی ﷺ نے یہ جملہ بڑھایا کہ وہ نہ کسی کے مرنے پر گہناتے ہیں اور نہ کسی کے زندہ ہونے پر۔

قولہ: یوم مات إبراهیم: حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال اسی دن ہوا تھا جس دن سورج گہن ہوا تھا یا ایک دن پہلے؟ اس سلسلہ میں روایتیں مختلف ہیں اور میرا رجحان یہ ہے کہ ایک دن پہلے وفات ہوئی تھی، سورج گہن والے دن تو آپؐ گھوڑے پر سوار ہوکر کہیں تشریف لے جارہے تھے جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے اور یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے جس سے صرف نظر کئے بغیر چارہ نہیں۔

بَابُ الصَّدَقَةِ فِیْ الْكُسُوْفِ

سورج گہن کے وقت خیرات کرنا

کسوف غضب اور تخویف کی صورت ہے، اور صدقہ بالخاصہ اللہ کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے، بعض چیزیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان کی تاثیر بدیہی ہوتی ہے مگر ہم اس کی وجہ نہیں سمجھا سکتے کہ اس چیز کی یہ تاثیر کیوں ہے؟ وہاں کہیں گے: اس چیز کا بالخاصہ یہ اثر ہے، اور یہ محاورہ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں استعمال کیا ہے کہ فلاں عمل بالخاصہ مؤثر ہے، صدقہ بالخاصہ اللہ کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے پس گہن کے وقت صدقہ کرنا چاہئے۔

[۲-] بَابُ الصَّدَقَةِ فِیْ الْكُسُوْفِ

[۱۰٤٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَصَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالنَّاسِ، فَقَامَ، فَأَطَالَ الْقِيَامَ، ثُمَّ رَكَعَ، فَأَطَالَ الرُّكُوْعَ، ثُمَّ قَامَ فَأَطَالَ الْقِيَامَ، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوْعَ، وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ سَجَدَ فَأَطَالَ السُّجُوْدَ، ثُمَّ فَعَلَ فِيْ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ مَا فَعَلَ فِيْ الرَّكْعَةِ الْأُوْلَى، ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، لَايَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذٰلِكَ فَادْعُوْا اللّٰهَ، وَكَبِّرُوْا وَصَلُّوْا، وَتَصَدَّقُوْا" ثُمَّ قَالَ: " يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ! وَاللّٰهِ مَا مِنْ أَحَدٍ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ أَنْ يَزْنِيَ عَبْدُهُ أَوْ تَزْنِيَ أَمَتُهُ، يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ! وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا" [انظر: ١٠٤٦، ١٠٤٧، ١٠٥٠، ١٠٥٦، ١٠٥٨، ١٠٦٤، ١٠٦٦، ١٢١٢، ٣٢٠٣، ٤٦٢٤، ٥٢٢١، ٦٦٣١]

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ روایت بار بار آئے گی، اس روایت میں ہر رکعت میں دو رکوع کا ذکر ہے، ائمہ ثلاثہ نے اس روایت کو اختیار کیا ہے اور یہاں پہلے رکوع سے تسمیع کے ساتھ کھڑا ہونے کا ذکر نہیں، لیکن یہ روایت آگے آئے گی اس میں پہلے رکوع سے بھی تسمیع کے ساتھ کھڑا ہونے کا بیان ہے اور ائمہ ثلاثہ پہلے رکوع سے تکبیر کے ذریعہ کھڑے ہونے کی بات کہتے ہیں، پس یہ حدیث ان کے قول کے معارض ہے۔

اور آپؐ نے جب نماز کسوف پڑھائی تھی تو طویل قیام کیا تھا سورۂ بقرہ کے برابر، پھر اسی تناسب سے طویل رکوع کیا تھا، پھر تسمیع کے ساتھ کھڑے ہوئے تھے، پھر قراءت کی تھی اور سورۂ آل عمران کے بقدر قیام کیا تھا، یعنی پہلے قیام کی بہ نسبت ذرا ہلکا قیام کیا تھا، پھر اسی تناسب سے دوسرا رکوع کیا تھا یعنی پہلے رکوع سے ہلکا رکوع کیا تھا، تفصیل اوپر آچکی۔

نماز کے بعد آنحضور ﷺ نے مختصر تقریر فرمائی جس میں آپؐ نے متعدد مضامین بیان فرمائے، آپؐ نے کسوف کے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کی، دعا کرنے کی، تکبیر کہنے کی اور صدقہ کرنے کی ترغیب دی اور یہ بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں (۱) اور اللہ عزوجل کو اس وقت بڑی غیرت آتی ہے جب کوئی بندہ یا بندی زنا کرتی ہے، اس کے بعد نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو بات میں جانتا ہوں اگر تم جان لو تو تم کم ہنسو اور زیادہ روؤ'' یعنی اگر تم آخرت کے احوال جان لو تو ہنسنا بھول جاؤ اور ہمیشہ روتے رہو۔

غرض: نبی ﷺ نے کسوف میں خیرات کرنے کی ترغیب دی ہے اور یہی باب ہے۔

بَابُ النِّدَاءِ بِـ:'' الصَّلٰوۃُ جَامِعَۃٌ'' فِی الْکُسُوْفِ

سورج گہن کے وقت باجماعت نماز کا اعلان کرنا

الصلوٰۃ پر کسرہ بھی پڑھ سکتے ہیں مجرور ہونے کی وجہ سے اور اعراب حکائی (رفع) بھی پڑھ سکتے ہیں، سورج اور چاند گہن کی نمازوں میں بالاجماع اذان واقامت نہیں، اذان واقامت فرائض کے لئے مشروع کی گئی ہیں اور نماز کسوف اور خسوف فرض وواجب نہیں بلکہ سنت اور مستحب ہے۔ البتہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک الصلوٰۃ جامعۃ کا اعلان کرنے کی گنجائش ہے، اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ جامع مسجد چلو جماعت ہو رہی ہے، مسجد کے لاؤڈ اسپیکر سے بھی یہ اعلان کر سکتے ہیں اور شہر میں منادی بھی کرا سکتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ بھی اس کے قائل ہیں اس لئے حضرت نے یہ باب رکھا ہے۔

[۳-] بَابُ النِّدَاءِ بِـ:'' الصَّلٰوۃُ جَامِعَۃٌ'' فِی الْکُسُوْفِ

[۱۰۴۵-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا یَحْیَی بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِیَۃُ بْنُ سَلَّامِ بْنِ أَبِیْ سَلَّامٍ الْحَبَشِیُّ الدِّمَشْقِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ أَبِیْ کَثِیْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَ بُوْ سَلَمَۃَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ الزُّھْرِیُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: لَمَّا کَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم نُوْدِیَ أَنَّ الصَّلَاۃَ جَامِعَۃٌ. [انظر: ۱۰۵۱]

بَابُ خُطْبَۃِ الإِمَامِ فِی الْکُسُوْفِ

سورج گہن کے موقع پر امام کا تقریر کرنا

امام شافعیؒ کے نزدیک نماز کسوف کے بعد خطبہ دینا مستحب ہے، دیگر فقہاء اس کے قائل نہیں، امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے

(۱) اپنی فیملی میں اور اپنے متعلقین میں ناجائز اور نامناسب کام دیکھ کر غصہ آئے: اس کا نام غیرت ہے اور ایسے موقع پر لاپرواہی برتنا دیوثؔ پنا (بھڑواپن) ہے۔

کہ نبی ﷺ نے جب نماز کسوف پڑھائی تھی: خطبہ دیا تھا، پس یہ مستحب ہے، اور جمہور کہتے ہیں: وہ خطبہ نہیں تھا بلکہ موقع کی مناسبت سے ایک ضروری بات پر تنبیہ فرمائی تھی یعنی جاہلیت سے جو تصور چلا آرہا تھا کہ جب کوئی بڑا آدمی مرتا ہے تو سورج اور چاند سوگ مناتے ہیں: جاہلیت کے اس خیال کی تردید کی تھی، اور چونکہ یہ اہم بات تھی اس لئے حمد وثنا اور اما بعد کہہ کر یہ مضمون بیان فرمایا تھا۔ اور دوسری ضروری باتیں بھی بیان فرمائی تھیں، اور اس کی دلیل گذشتہ باب کی حدیث ہے: نبی ﷺ نے بوقت کسوف دعا کرنے کا، اللہ کی بڑائی بیان کرنے کا، نماز پڑھنے کا اور صدقہ کرنے کا حکم دیا ہے مگر خطبہ کا حکم نہیں دیا، معلوم ہوا کہ نماز کسوف میں خطبہ مستحب نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ امام شافعی رحمہ اللہ کی طرف مائل ہیں اس لئے یہ باب رکھا ہے۔

[٤-] بَابُ خُطْبَةِ الإِمَامِ فِيْ الْكُسُوْفِ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ، وَأَسْمَاءُ: خَطَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.

[١٠٤٦-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ ابْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَنْبَسَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ فِيْ حَيَاةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَخَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ قَالَ: فَصَفَّ النَّاسُ وَرَاءَهُ، فَكَبَّرَ، فَاقْتَرَأَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم قِرَاءَةً طَوِيْلَةً، ثُمَّ كَبَّرَ فَرَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيلاً، ثُمَّ قَالَ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" فَقَامَ وَلَمْ يَسْجُدْ، وَقَرَأَ قِرَاءَةً طَوِيْلَةً، هِيَ أَدْنَى مِنَ الْقِرَاءَةِ الْأُوْلٰى، ثُمَّ كَبَّرَ وَرَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، وَهُوَ أَدْنَى مِنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ قَالَ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ قَالَ فِيْ الرَّكْعَةِ الآخِرَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَاسْتَكْمَلَ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فِيْ أَرْبَعِ سَجَدَاتٍ، وَانْجَلَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ أَنْ يَنْصَرِفَ، ثُمَّ قَامَ فَأَثْنَى عَلَى اللهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: "هُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللهِ لاَيَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُمَا فَافْزَعُوْا إِلَى الصَّلاَةِ"

وَكَانَ يُحَدِّثُ كَثِيْرُ بْنُ عَبَّاسٍ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يُحَدِّثُ يَوْمَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ بِمِثْلِ حَدِيْثِ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، فَقُلْتُ لِعُرْوَةَ: إِنَّ أَخَاكَ يَوْمَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ بِالْمَدِيْنَةِ لَمْ يَزِدْ عَلٰى رَكْعَتَيْنِ مِثْلَ الصُّبْحِ، قَالَ: أَجَلْ، لِأَنَّهُ أَخْطَأَ السُّنَّةَ. [راجع: ١٠٤٤]

وضاحت: یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہی روایت ہے جو گذشتہ باب میں آئی ہے اس میں ہر رکعت میں دو رکوع اور دونوں رکوعوں سے تسمیع کے ساتھ کھڑا ہونے کا بیان ہے۔

اور حدیث کے آخر میں ایک سوال وجواب ہے، ابن شہاب زہریؒ نے حضرت عروہ رحمہ اللہ سے جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں پوچھا: آپ کے بھائی عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما نے جب مدینہ میں نماز کسوف پڑھائی تھی تو فجر کی نماز

کی طرح پڑھائی تھی، یعنی ہر رکعت میں ایک رکوع کیا تھا، ان کے اس عمل کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟ حضرت عروہؒ نے کہا: وہ سنت چوک گئے! نماز کسوف میں ہر رکعت میں دو رکوع ہیں اور آپؒ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ حدیث سے استدلال کیا۔

مگر غور کرنے کی بات یہ ہے کہ عبداللہ بن الزبیرؓ صحابی ہیں اور حضرت عروہ تابعی ہیں، ظاہر ہے صحابی کے قول وفعل کے سامنے تابعی کے قول وفعل کی کوئی حیثیت نہیں، نیز حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ نے جب مدینہ منورہ میں نماز کسوف پڑھائی تھی تو صحابہ کی بڑی تعداد موجود تھی، اور انھوں نے حضرت عبداللہ کے پیچھے نماز پڑھی تھی، مگر کسی نے ان کے اس فعل پر نکیر نہیں کی، معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ کا فعل سنت کے مطابق تھا اور دو رکوع والی حدیث کی کوئی وجہ تھی۔

بَابٌ: هَلْ يَقُوْلُ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ أَوْ خَسَفَتْ؟

سورج گہن کے لئے کَسَفَ استعمال کیا جائے یا خَسَفَ؟

فقہاء سورج گہن کے لئے کَسَفَ اور چاند گہن کے لئے خَسَفَ استعمال کرتے ہیں لیکن لغت کے اعتبار سے دونوں برابر ہیں، خَسَفَ اور کَسَفَ دونوں کے معنی ہیں: تاریک ہوجانا، پس یہ دونوں لفظ سورج گہن کے لئے بھی استعمال کر سکتے ہیں اور چاند گہن کے لئے بھی، روایات میں عام وخاص دونوں اطلاقات آئے ہیں، سورج گہن کے لئے لفظ کسوف بھی آیا ہے اور خسوف بھی، البتہ اہل لغت کے نزدیک بھی اولیٰ یہ ہے کہ سورج گہن کے لئے لفظ کسوف استعمال کیا جائے اور چاند گہن کے لئے لفظ خسوف، فقہاء اسی طرح استعمال کرتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، باب میں ھل استفہامیہ رکھ کر ہل چلا دیا ہے، آپ روایات میں غور کر کے فیصلہ کریں۔

حضرت رحمہ اللہ نے باب میں ایک تو سورۃ القیامہ کی آیت ۸ لکھی ہے اس میں چاند گہن کا ذکر ہے اور اس کے لئے لفظ خَسَفَ آیا ہے اور سورج گہن کا قرآن میں ذکر نہیں، پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ذکر کی ہے اس میں سورج گہن کے لئے لفظ خَسَفَتْ آیا ہے، مگر ظاہر ہے: یہ نبی ﷺ کے الفاظ نہیں، بلکہ راوی کے الفاظ ہیں، اور قرآنِ کریم فصیح ترین کلام ہے اس سے زیادہ فصیح کوئی کلام نہیں ہوسکتا اور قرآن میں چاند گہن کے لفظ خَسَفَ آیا ہے اس لئے اہل لغت اور فقہاء دونوں کی رائے یہ ہے کہ چاند گہن کے لئے خسوف اور سورج گہن کے لئے کسوف استعمال کرنا چاہئے۔

[٥-] بَابٌ: هَلْ يَقُوْلُ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ أَوْ خَسَفَتْ؟

وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَخَسَفَ الْقَمَرُ﴾[القيامة:٨]

[١٠٤٧-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

صَلّٰى يَوْمَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَقَامَ فَكَبَّرَ، فَقَرَأَ قِرَاءَةً طَوِيْلَةً، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَقَالَ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" فَقَامَ كَمَا هُوَ، ثُمَّ قَرَأَ قِرَاءَةً طَوِيْلَةً، وَهِيَ أَدْنٰى مِنَ الْقِرَاءَةِ الْأُوْلٰى، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، وَهِيَ أَدْنٰى مِنَ الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى، ثُمَّ سَجَدَ سُجُوْدًا طَوِيْلاً، ثُمَّ فَعَلَ فِي الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ سَلَّمَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، فَخَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ: "إِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لاَ يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُمَا فَافْزَعُوْا إِلَى الصَّلاَةِ" [راجع: ۱۰۴۴]

قولہ: فَافْزَعُوْا: امر ہے، فَزِعَ (س) إليه: پناہ لینا، فریاد چاہنا، یعنی جب سورج اور چاند کو گہناتے ہوئے دیکھو تو نماز کی طرف پناہ لو یعنی نماز پڑھو۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يُخَوِّفُ اللّٰهُ عِبَادَهُ بِالْكُسُوْفِ"

ارشادِ نبوی: اللہ تعالیٰ سورج گہن کے ذریعہ اپنے بندوں کو ڈراتے ہیں

سورج گہن اور چاند گہن: تنبیہات خداوندی ہیں، اور یہ سبب خفی کا بیان ہے، اور دونوں کے ظاہری اسباب بھی ہیں، اس دنیا میں ہر چیز کا ظاہری سبب ہوتا ہے مگر ان کے پیچھے اسباب خفیہ بھی کام کرتے ہیں، اور سورج اور چاند کو بے نور کرنے کا مقصد یہ ہے کہ بندے خدا کی قدرت کا مشاہدہ کریں، اپنے دلوں میں خوف خداوندی پیدا کریں اور برے اعمال سے باز آئیں، اور توبہ، استغفار، نماز اور صدقات وغیرہ کا اہتمام کرکے خدا کی طرف رجوع ہوں۔

[٦-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يُخَوِّفُ اللّٰهُ عِبَادَهُ بِالْكُسُوْفِ"

قَالَهُ أَبُوْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[١٠٤٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، لاَيَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ، ولكِنْ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهِمَا عِبَادَهُ"

[وَقَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ:] لَمْ يَذْكُرْ عَبْدُ الْوَارِثِ، وشُعْبَةُ، وَخَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُوْنُسَ: "يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهِمَا عِبَادَهُ"

وَتَابَعَهُ مُوْسٰى، عَنْ مُبَارَكٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهِمَا عِبَادَهُ" [راجع: ١٠٤٠]

وَتَابَعَهُ أَشْعَثُ، عَنِ الْحَسَنِ.

وضاحت: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی روایت آگے (حدیث ۱۰۵۹) آرہی ہے، اس میں **ولٰكِنْ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهِمَا عِبَادَهُ** ہے۔

حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث کی سندیں اور ان میں فرق:

حضرت ابوبکرۃؓ کی حدیث: حضرت حسن بصریؒ روایت کرتے ہیں، پھر حسن بصریؒ سے تین راوی روایت کرتے ہیں: یونس بن عبید، مبارک بن فضالہ اور اشعث بن عبدالملک، پھر یونس سے پانچ روات روایت نقل کرتے ہیں: حماد بن زید، عبد الوارث بن سعید، شعبۃ بن الحجاج، خالد بن عبداللہ اور حماد بن سلمہ۔ حماد بن زید کی روایت میں: **وَلٰكِنْ يُخَوِّفُ اللّٰهَ بهما عبادَه** ہے، اور ان کے چار ساتھیوں کی روایتوں میں یہ جز نہیں ہے۔ اور ان پانچوں کی روایت میں **عن أبی بكرة** ہے، اور مبارک کی سند میں اخبار کی صراحت ہے یعنی حضرت حسنؒ نے یہ حدیث حضرت ابوبکرۃؓ سے سنی ہے، پس ابن خیثمہ نے اپنی تاریخ کبیر میں جو سماع کی نفی کی ہے: وہ صحیح نہیں (عمدۃ القاری) کیونکہ اخبار کی صراحت صرف مبارک نہیں کرتے، بلکہ اشعث بن عبدالملک کی روایت میں بھی اس کی صراحت ہے۔ پس آخری **تابعه** کا مرجع مبارک ہیں، اور پہلے **تابعه** کا مرجع قتیبہ ہیں، اور موسیٰ بن اسماعیل امام بخاری کے استاذ ہیں۔

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فِي الْكُسُوْفِ

سورج گہن کے موقعہ پر عذابِ قبر سے پناہ مانگنا

علامہ ابن المُنَیِّر (شارح بخاری) نے باب کا مقصد یہ بیان کیا ہے کہ کسوف سے پیدا ہونے والی تاریکی اور قبر کی تاریکی ایک دوسرے کے مشابہ ہیں، اس لئے الشیئ بالشیئ یُذکر کے قاعدہ سے ایک تاریکی کے موقع پر دوسری تاریکی سے پناہ مانگنے کا باب لائے ہیں۔

اور حضرت الاستاذ علامہ مرادآبادی قدس سرہ نے فرمایا: گذشتہ باب میں تخویف کا مضمون تھا، کسوف کے ذریعہ اللہ تعالیٰ بندوں کو عذاب سے ڈراتے ہیں اور عذاب کی ابتداء قبر سے ہوتی ہے، اس دنیا میں جو جزاء وسزا ملتی ہے وہ نمونہ کے طور پر ملتی ہے، اصل عذاب قبر سے شروع ہوتا ہے، اس لئے کسوف کے موقع پر تمرد وسرکشی سے باز آجانا چاہئے، صدقہ خیرات اور دعاء واذکار کے ذریعہ اللہ عز وجل کا قرب حاصل کرنا چاہئے اور جہاں سے عذاب کی ابتداء ہوتی ہے یعنی قبر کے عذاب سے پناہ مانگنی چاہئے۔

غرض علامہ ابن المنیر رحمہ اللہ کے نزدیک تعوذ کے مضمون کا کسوف کے مضمون سے کوئی خاص تعلق نہیں اور حضرت الاستاذ کے نزدیک تعوذ کا مضمون کسوف کے مضمون سے پوری طرح مربوط ہے۔

اور میری ناقص رائے یہ ہے کہ ان دونوں باتوں میں یعنی کسوف اور عذابِ قبر سے پناہ چاہنے میں مقارنت محض اتفاقی

ہے، حدیث میں آگے یہ واقعہ آرہا ہے کہ ایک یہودی عورت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیک مانگنے کے لئے آئی، انھوں نے کچھ خیرات دی، اس نے دعا دی: ''اللہ آپ کو قبر کے عذاب سے بچائے'' حضرت عائشہؓ کو اس پر حیرت ہوئی، وہ عذابِ قبر کے بارے میں نہیں جانتی تھیں، جب حضور اکرم ﷺ تشریف لائے تو عائشہؓ نے آپؐ سے دریافت کیا: ''کیا لوگوں کو ان کی قبروں میں عذاب ہوگا؟'' آپؐ نے فرمایا: عَائِذًا بِاللّٰہِ من ذلك: عَائِذًا مفعول مطلق ہے اور اس کا فعل وجوبی طور پر محذوف ہے اور اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ میں قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، حضرت عائشہؓ کے سوال کا جواب بھی ہوگیا کہ قبر میں عذاب ہوگا، پھر حضور اقدس ﷺ نے خیال فرمایا کہ جب آپؐ کے گھر والے بھی اس بات کو نہیں جانتے تو عام لوگوں کا کیا حال ہوگا؟ چنانچہ آپؐ اس واقعہ کے بعد بکثرت عذابِ قبر سے پناہ مانگتے تھے، کیونکہ آپؐ کی دعائیں امت کی تعلیم کے لئے ہوتی تھیں، پھر اتفاق سے کسوف کا واقعہ پیش آیا تو اس موقع پر خاص طور سے آپؐ نے عذابِ قبر سے پناہ مانگنے کی تلقین فرمائی، کیونکہ سارا مدینہ جمع تھا، اس موقع پر جو بات کہی جائے گی وہ سب کو پہنچ جائے گی، اس طرح یہ دو باتیں اتفاقاً جمع ہوگئی ہیں۔

[۷-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فِي الْكُسُوْفِ

[۱۰۴۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ يَهُوْدِيَّةً جَاءَ تْ تَسْأَلُهَا، فَقَالَتْ لَهَا: أَعَاذَكِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ! فَسَأَلَتْ عَائِشَةُ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَيُعَذَّبُ النَّاسُ فِيْ قُبُوْرِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ!" [انظر: ۱۰۵۵، ۶۳۶۶]

[۱۰۵۰-] ثُمَّ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ غَدَاةٍ مَرْكَبًا، فَخَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَرَجَعَ ضُحًى، فَمَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ ظَهْرَانَيِ الْحُجَرِ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ، وَقَامَ النَّاسُ وَرَاءَهُ، فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلاً، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، [ثُمَّ رَفَعَ] فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ فَسَجَدَ، ثُمَّ قَامَ، فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ فَسَجَدَ، وَانْصَرَفَ، فَقَالَ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ أَمَرَهُمْ أَنْ يَتَعَوَّذُوْا مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. [راجع: ۱۰۴۴]

وضاحت: یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہی حدیث ہے جو بار بار آرہی ہے اور اس حدیث میں دو مضمون اور بھی ہیں: ایک: یہودیہ والا واقعہ ہے، اور دوسرا مضمون یہ ہے کہ جب سورج گہن ہوا اس وقت نبی ﷺ گھوڑے پر سوار ہوکر

کہیں تشریف لے جارہے تھے، چنانچہ آپؐ فوراً واپس آ گئے، اور ازواج مطہرات کے کمروں کے سامنے سے گذرتے ہوئے سیدھے مسجد میں تشریف لے گئے، اور نماز پڑھانی شروع کی۔ ظَهْرَانَیْ (بفتح الظا) تثنیہ ہے۔

قولہ:عائذا باللہ: یہ عامل محذوف کا مفعول مطلق ہے، علامہ رضی کہتے ہیں: چار جگہ مفعول مطلق کے عامل کو حذف کرنا واجب ہے، اول: جب مصدر کی اضافت فاعل کی طرف ہو، جیسے وعد اللہ، دوم: جب مصدر کی اضافت مفعول کی طرف ہو، جیسے سبحان اللہ (پاکی اللہ پر واقع ہوتی ہے اس لئے وہ مفعول ہے) سوم: جب مصدر کے بعد فاعل حرف جر کے ساتھ لایا جائے جیسے بُؤْسًا لَك (تیرے لئے تنگ حالی ہو) چہارم: جب مصدر کے بعد مفعول حرف جر کے ساتھ لایا جائے، جیسے:شکراً لك (شرح الکافیہ ص:۱۱۶) اور عائذاً مصدر ہے، اور اس کے بعد فاعل حرف جر کے ساتھ آیا ہے اس لئے عامل وجوباً محذوف ہوگا، اور تقدیر عبارت ہے:أعوذ عائذًا باللہ.......... **قولہ: فقال ماشاء اللہ أن یقول:** نماز کے بعد آپؐ نے تقریر میں فرمایا جو اللہ نے چاہا کہ آپؐ فرمائیں یعنی کسوف کے موقعہ پر اذکار، استغفار اور صدقہ وغیرہ کی ترغیب دی، جیسا کہ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں گذر چکا ہے، پھر اس حدیث میں زائد مضمون یہ ہے کہ آپؐ نے لوگوں کو حکم دیا کہ وہ عذابِ قبر سے پناہ چاہیں..........اور [ثُم رفع] فتح الباری سے بڑھایا ہے۔

بَابُ طُوْلِ السُّجُوْدِ فِیْ الْکُسُوْفِ

نماز کسوف میں سجدے لمبے کرنا

کسوف کا پورا وقت نماز میں گھیرنا چاہئے اس لئے قیام طویل ہوگا، اور پیچھے حدیث گذری ہے کہ ارکانِ اربعہ: رکوع وسجود اور قومہ وجلسہ میں یکسانیت ہونی چاہئے، پس جب قیام طویل ہوگا تو اس کے اعتبار سے رکوع وسجود بھی طویل ہونگے اور قومہ اور جلسہ بھی طویل ہونگے، چنانچہ نبی ﷺ نے نماز کسوف میں سجدہ اتنا لمبا کیا تھا کہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے اتنا لمبا سجدہ آپؐ کے پیچھے کبھی نہیں کیا۔

[۸-] بَابُ طُوْلِ السُّجُوْدِ فِیْ الْکُسُوْفِ

[۱۰۵۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّهُ قَالَ: لَمَّا كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نُوْدِیَ إِنَّ الصَّلَاةَ جَامِعَةٌ، فَرَكَعَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَيْنِ فِیْ سَجْدَةٍ، ثُمَّ قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ فِیْ سَجْدَةٍ، ثُمَّ جَلَسَ ثُمَّ جُلِّیَ عَنِ الشَّمْسِ، قَالَ: وَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا: مَا سَجَدْتُ سُجُوْدًا قَطُّ كَانَ أَطْوَلَ مِنْهَا. [راجع: ۱۰۴۵]

قولہ: فرکع النبی صلی اللہ علیہ وسلم رکعتین فی سجدۃ: رکعتین سے مراد دو رکوع ہیں اور سجدۃ سے مراد

دوسجدے ہیں، یعنی ہر رکعت میں دورکوع اور دوسجدے کئے، یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ ایک سجدے کا کوئی قائل نہیں۔

بَابُ صَلٰوةِ الْكُسُوْفِ جَمَاعَةً

سورج گہن کی نماز باجماعت پڑھنا

نماز کسوف باجماعت پڑھی جائے گی اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، اور جیسے عیدین اور جمعہ کی نمازیں ایک جگہ ہوتی ہیں کسوف کی نماز بھی ایک جگہ ہوگی، ہر مسجد میں نماز کسوف نہیں پڑھی جائے گی اور امیر یا نائب امیر پڑھائے گا، لیکن بعد میں جب مسئلہ بکھر گیا اور عیدین جگہ جگہ ہونے لگیں اور جمعہ بھی، تو نماز کسوف بھی ہر مسجد میں ہوسکتی ہے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ انڈیا جیسے ملک میں جہاں اسلامی حکومت نہیں ہے بعض مسائل میں مسلمانوں کا اجتماعی فیصلہ امیر کے حکم کے قائم مقام ہوتا ہے، اب جو جگہ جگہ جمعہ اور عیدین ہونے لگی ہیں اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ جگہ تنگ ہوگئی، شہر بڑے ہوگئے اور مسجدیں تنگ پڑنے لگیں، اس کے علاوہ محلّہ کے مسلمانوں نے طے کرلیا کہ ہم اپنی مسجد میں جمعہ پڑھیں گے اور جمعہ شروع کردیا تو ان کا یہ فیصلہ امیر کے حکم کے قائم مقام ہوگیا، اسی طرح جب مسلمانوں نے طے کرلیا کہ ہمیں اپنی مسجد میں نماز کسوف پڑھنی ہے تو ان کا یہ فیصلہ امیر کے حکم کے قائم مقام ہوجائے گا اور ان کے لئے اپنی مسجد میں نماز کسوف پڑھنا درست ہوگا۔

[۹-] بَابُ صَلٰوةِ الْكُسُوْفِ جَمَاعَةً

[۱-] وَصَلَّى لَهُمُ ابْنُ عَبَّاسٍ فِي صُفَّةِ زَمْزَمَ.

[۲-] وَجَمَعَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، وَصَلَّى ابْنُ عُمَرَ.

[۱۰۵۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: انْخَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا نَحْوًا مِنْ قِرَاءَةِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا، ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ سَجَدَ.

ثُمَّ قَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ فَقَالَ: "إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْكُرُوْا اللّٰهَ"

قَالُوْا: یَارسولَ اللّٰہِ! رَأَیْنَاكَ تَنَاوَلْتَ شَیْئًا فِیْ مَقَامِكَ، ثُمَّ رَأَیْنَاكَ تَکَعْکَعْتَ؟ قَالَ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنِّیْ رَأَیْتُ الْجَنَّةَ، وَتَنَاوَلْتُ عُنْقُوْدًا، وَلَوْ أَصَبْتُهُ لَأَکَلْتُمْ مِنْهُ مَا بَقِیَتِ الدُّنْیَا، وَأُرِیْتُ النَّارَ، فَلَمْ أَرَ مَنْظَرًا کَالْیَوْمِ قَطُّ أَفْظَعَ، وَرَأَیْتُ أَکْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ" قَالُوْا: بِمَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ: "بِکُفْرِهِنَّ" قِیْلَ: یَکْفُرْنَ بِاللّٰہِ؟ قَالَ: "یَکْفُرْنَ الْعَشِیْرَ، وَیَکْفُرْنَ الإِحْسَانَ، لَوْ أَحْسَنْتَ إِلٰی إِحْدَاهُنَّ الدَّهْرَ کُلَّهُ، ثُمَّ رَأَتْ مِنْكَ شَیْئًا قَالَتْ: مَا رَأَیْتُ مِنْكَ خَیْرًا قَطُّ!"

آثار:

۱- زم زم کے کنویں کے پاس ایک چبوترہ تھا حضرت ابن عباسؓ نے اس چبوترہ پر باجماعت نماز کسوف پڑھائی۔

۲- اور حضرت ابن عباسؓ کے سب سے چھوٹے صاحبزادے علی نے لوگوں کو جمع کیا اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے سورج گہن کی نماز پڑھائی، (نماز کسوف باجماعت پڑھنا سنت ہے البتہ چاند گہن کی نماز میں اختلاف ہے، تفصیل ابواب الکسوف کے شروع میں گذر چکی ہے)

حدیث: اور باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے اس میں نبی ﷺ کا باجماعت نماز کسوف پڑھنا مروی ہے اس مناسبت سے باب میں اس کو لائے ہیں، اور اس حدیث میں بھی ہر رکعت میں دو رکوع کا ذکر ہے اور یہ بات بھی ہے کہ جب نبی ﷺ نے نماز کسوف پڑھائی تو غیب سے پردے ہٹادیئے گئے تھے، چنانچہ جدار قبلی میں جنت وجہنم آپؐ کو نظر آئیں، آپؐ کبھی نماز میں قبلہ کی طرف بڑھے اور ہاتھ بڑھایا جیسے کچھ لینا چاہتے ہیں، اور کبھی پیچھے ہٹ گئے، یہاں تک کہ پہلی صف سے مل گئے، نماز کے بعد صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! یہ کیا کیفیت تھی؟ آپؐ نے فرمایا: میں نے نماز میں جنت اور جہنم کو دیکھا، جب جنت سامنے آئی تو میں آگے بڑھا تاکہ تمہارے لئے انگور کا ایک خوشہ لے لوں، اگر میں خوشہ لے لیتا تو تم رہتی دنیا تک اس کو کھاتے، پھر جہنم سامنے لائی گئی، میں نے اس سے زیادہ گھبرادینے والا منظر کبھی نہیں دیکھا، اور مجھے اتنی گرمی محسوس ہوئی کہ میں پیچھے ہٹ آیا، پھر آپؐ نے فرمایا: میں نے جہنم میں عورتوں کی تعداد زیادہ دیکھی، عرض کیا گیا: یارسول اللہ! جہنم میں عورتیں زیادہ کیوں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: وہ کفر کرتی ہیں، عرض کیا گیا: اللہ کا انکار کرتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: شوہروں کا انکار کرتی ہیں اور احسانوں کا انکار کرتی ہیں، یہ عطف تفسیری ہے یعنی شوہروں کے احسان کا انکار کرتی ہیں، اگر آپ ان میں سے ایک کے ساتھ زمانہ بھر احسان کریں پھر وہ شوہر کی طرف سے کوئی کمی دیکھے تو کہے گی: میں نے تیری طرف سے کبھی کوئی بھلائی نہیں دیکھی، یعنی عورتیں اکثر شوہر کا احسان بھول جاتی ہیں، شوہر زندگی بھر احسان کرے اور ایک بات اس کی مرضی کے خلاف ہوجائے تو زندگی بھر کے احسان پر پانی پھیر دے گی، کہے گی: میں نے تیرے گھر میں آکر دیکھا کیا ہے؟ چار چیتھڑے اور چار ٹھیکرے! اسی ناشکری کی وجہ سے عورتیں زیادہ جہنم میں جائیں گی (یہ آخری مضمون کتاب الایمان باب ۲۱ حدیث ۲۹ میں بھی گذرا ہے، شرح وہاں ملاحظہ فرمائیں)

بَابُ صَلَاةِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الْكُسُوْفِ

سورج گہن کی نماز میں مردوں کے ساتھ عورتوں کا شامل ہونا

عہدِ رسالت میں پانچوں نمازوں میں عورتیں مسجد میں آتی تھیں، اس لئے جب اعلان کیا گیا: الصلوٰۃ جامعۃ: جامع مسجد چلو، جماعت ہورہی ہے تو عورتیں بھی آئیں اور جماعت میں شریک ہوئیں۔

[۱۰-] بَابُ صَلَاةِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الْكُسُوْفِ

[۱۰۵۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنِ امْرَأَتِهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، أَنَّهَا قَالَتْ: أَتَيْتُ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَإِذَا النَّاسُ قِيَامٌ يُصَلُّوْنَ، فَإِذَا هِيَ قَائِمَةٌ تُصَلِّى، فَقُلْتُ:مَا لِلنَّاسِ؟ فَأَشَارَتْ بِيَدِهَا إِلَى السَّمَاءِ، وَقَالَتْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! فَقُلْتُ: آيَةٌ؟ فَأَشَارَتْ: أَيْ نَعَمْ، قَالَتْ: فَقُمْتُ حَتَّى تَجَلَّانِي الْغَشْيُ، فَجَعَلْتُ أَصُبُّ فَوْقَ رَأْسِي الْمَاءَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" مَا مِنْ شَيْئٍ كُنْتُ لَمْ أَرَهُ إِلَّا وَقَدْ رَأَيْتُهُ فِي مَقَامِي هٰذَا حَتَّى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، وَلَقَدْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُوْنَ فِي الْقُبُوْرِ مِثْلَ أَوْ: قَرِيْبًا مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ — لَا أَدْرِيْ أَيَّتَهُمَا قَالَتْ أَسْمَاءُ — يُؤْتَى أَحَدُكُمْ فَيُقَالُ لَهُ: مَا عِلْمُكَ بِهٰذَا الرَّجُلِ؟ فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ أَوْ قَالَ: الْمُوْقِنُ — لَا أَدْرِيْ أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ — فَيَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، جَاءَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَى، فَأَجَبْنَا وَآمَنَّا وَاتَّبَعْنَا، فَيُقَالُ لَهُ، نَمْ صَالِحًا، فَقَدْ عَلِمْنَا إِنْ كُنْتَ لَمُوْقِنًا، وَأَمَّا الْمُنَافِقُ أَوْ: الْمُرْتَابُ — لَا أَدْرِيْ أَيَّتَهُمَا قَالَتْ أَسْمَاءُ — فَيَقُوْلُ: لَا أَدْرِيْ، سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ شَيْئًا فَقُلْتُهُ"[راجع: ۸۶]

ملحوظہ: حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب العلم باب ۲۴ (تحفۃ القاری ۱:۳۶۶) میں پڑھیں۔

بَابُ مَنْ أَحَبَّ الْعَتَاقَةَ فِي كُسُوْفِ الشَّمْسِ

کچھ لوگ سورج گہن میں غلام آزاد کرنے کو پسند کرتے ہیں

پہلے یہ باب آیا ہے کہ سورج گہن کے موقع پر صدقہ کرنا چاہئے، صدقہ اللہ کے غصہ کو بالخاصہ ٹھنڈا کرتا ہے اور غلام باندی کو آزاد کرنا بھی ایک طرح کا صدقہ ہے، یہ غلام باندی کی ذات کو خود اسی کو صدقہ کردینا ہے، اس لئے بعض حضرات کی رائے میں سورج گہن کے موقعہ پر غلام باندیوں کو آزاد کرنا مستحب ہے، باب کی حدیث میں ہے کہ سورج گہن کے موقعہ پر نبی ﷺ نے بُردوں کو آزاد کرنے کا حکم دیا، اور امر کا اقل درجہ استحباب ہے۔

[۱۱-] بَابُ مَنْ أَحَبَّ الْعَتَاقَةَ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ

[۱۰۵۴-] حدثنا رَبِيْعُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ فَاطِمَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: لَقَدْ أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْعَتَاقَةِ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ. [راجع: ۸۶]

بَابُ صَلاَةِ الْكُسُوْفِ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد میں سورج گہن کی نماز پڑھنا

جس طرح عیدین میں بڑا مجمع ہوتا ہے نماز کسوف میں بھی بڑا مجمع ہوتا ہے، پس کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ نماز کسوف شہر سے باہر نکل کر میدان میں پڑھنی چاہئے،اس خیال کی تردید کرنے کے لئے یہ باب لائے ہیں کہ نبی ﷺ نے نماز کسوف مسجد میں پڑھی ہے، پس نماز کسوف مسجد میں پڑھیں گے، جمعہ میں بھی بڑا مجمع ہوتا ہے اس کے باوجود نبی ﷺ نے جمعہ کی نماز ہمیشہ مسجد میں پڑھی ہے،اسی طرح نماز کسوف بھی آپؐ نے مسجد میں پڑھی تھی، پس یہ نماز مسجد میں پڑھنا سنت ہے۔

[۱۲-] بَابُ صَلاَةِ الْكُسُوْفِ فِي الْمَسْجِدِ

[۱۰۵۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ يَهُوْدِيَّةً جَاءَ تْ تَسْأَلُهَا، فَقَالَتْ: أَعَاذَكِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ! فَسَأَلَتْ عَائِشَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَ يُعَذَّبُ النَّاسُ فِيْ قُبُوْرِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ!"

[راجع: ۱۰۴۹]

[۱۰۵۶-] ثُمَّ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ غَدَاةٍ مَرْكَبًا، فَكَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَرَجَعَ ضُحًى، فَمَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ ظَهْرَانَيِ الْحُجَرِ، ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى، وَقَامَ النَّاسُ وَرَاءَ هُ، فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلاً، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، ثُمَّ رَفَعَ وَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ ثُمَّ سَجَدَ سُجُوْدًا طَوِيْلاً، ثُمَّ قَامَ قِيَامًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ قَامَ قِيَامًا طَوِيْلاً، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ سَجَدَ وَهُوَ دُوْنَ السُّجُوْدِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ. ثُمَّ أَمَرَهُمْ أَنْ يَتَعَوَّذُوْا مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. [راجع: ۱۰۴۴]

وضاحت: یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے، اس میں چار قیام، چار رکوع اور چار سجدوں کا ذکر ہے، اور درازی کے اعتبار سے کمی ہوتی چلی گئی تھی، پہلے قیام سے دوسرا قیام، دوسرے قیام سے دوسری رکعت کا پہلا قیام پھر دوسری رکعت کا دوسرا قیام، اسی طرح پہلے رکوع سے دوسرا رکوع اور دوسرے رکوع سے دوسری رکعت کا پہلا رکوع، پھر دوسرا رکوع، نیز پہلے سجدہ سے دوسرا سجدہ اور دوسرے سجدہ سے دوسری رکعت کا پہلا سجدہ پھر دوسرا سجدہ مختصر ہوتے چلے گئے تھے، یہی وہ تناسب ہے جس کا پہلے حدیث میں ذکر آیا ہے کہ نبی ﷺ کے ارکان اربعہ تقریباً یکساں ہوتے تھے، قراءت طویل ہوتی تو رکوع وسجود وغیرہ بھی طویل ہوتے اور قراءت مختصر ہوتی تو رکوع وسجود وغیرہ بھی مختصر ہوتے۔

بَابٌ: لَاتَنْكَسِفُ الشَّمْسُ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ

سورج کسی کے مرنے جینے پر نہیں گہناتے

کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ و لالحیاته شاید نبی ﷺ کا ارشاد نہ ہو، کسی راوی نے بڑھایا ہو، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرات ابوبکرۃ، مغیرۃ بن شعبہ، ابوموسیٰ اشعری، ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کی روایتوں میں یہ لفظ آیا ہے، پس مذکورہ خیال غلط ہے، اور حافظ رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ اگر صرف اتنی بات کہی جاتی کہ سورج اور چاند کسی کے مرنے پر نہیں گہناتے تو کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ موت کی ضد حیات پر گہناتے ہونگے، اس لئے آپؐ نے ولا لحیاته بڑھایا کہ سورج اور چاند گہن کا تعلق نہ لوگوں کے وجود کے ساتھ ہے اور نہ عدم کے ساتھ بلکہ یہ تو اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں، خوف خداوندی پیدا کرنے کے لئے اللہ عزوجل ان نشانیوں کو ظاہر فرماتے ہیں۔

[۱۳-] بَابٌ: لَاتَنْكَسِفُ الشَّمْسُ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ

رَوَاهُ أَبُوْ بَكْرَةَ، وَالْمُغِيْرَةُ، وَأَبُوْ مُوْسَى، وَابْنُ عَبَّاسٍ، وَابْنُ عُمَرَ.

[۱۰۵۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يحيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ قَيْسٌ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ لَايَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ [وَلَا لِحَيَاتِهِ] وَلٰكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهَا فَصَلُّوْا" [راجع: ۱۰۴۱]

[۱۰۵۸-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَهِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَأَطَالَ الْقِرَاءَةَ، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوْعَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَأَطَالَ الْقِرَاءَةَ، وَهِيَ دُوْنَ قِرَاءَتِهِ الْأُوْلٰى، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوْعَ وَهُوَ دُوْنَ رُكُوْعِهِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَسَجَدَ

سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَامَ فَصَنَعَ فِيْ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ قَامَ، فَقَالَ: " إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لاَيَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، وَلٰكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ يُرِيْهِمَا عِبَادَهُ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذٰلِكَ فَافْزَعُوْا إِلَى الصَّلاَةِ "
[راجع: ۱۰٤٤]

سوال: طالب علم پوچھتا ہے: ابومسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث میں و لالحیاته نہیں ہے صرف لموت أحد ہے؟
جواب: گیلری میں و لالِحَیَاته ہے، جس کو ہم نے کھڑی دوقوسوں کے درمیان متن میں لیا ہے، اور مصری نسخہ میں متن میں ہے، اس لئے اشکال ختم!

بَابُ الذِّكْرِ فِيْ الْكُسُوْفِ

سورج گہن کے موقعہ پر اللہ کا ذکر کرنا

سورج گہن اللہ کی قدرت کی بڑی نشانی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کے دلوں میں خوف وخشیت پیدا ہو اور وہ برے اعمال سے توبہ کریں اور اعمالِ صالحہ کریں، اور اعمالِ صالحہ میں ذکر خداوندی بھی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی معلّق روایت چند ابواب پہلے (حدیث ۱۰۵۲) گذری ہے، اس میں ہے: فإذا رأيتم ذلك فَاذْكُرُوْا اللّٰهَ: وہاں بتایا تھا کہ ذکر کا اعلیٰ فرد نماز ہے یعنی کسوف کے وقت میں نماز پڑھو، اور ذکر کو عام بھی رکھ سکتے ہیں، یعنی اور بھی اذکار کرو، تلاوت کرو اور تسبیحات پڑھو۔

[۱٤-] بَابُ الذِّكْرِ فِيْ الْكُسُوْفِ

رَوَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ.

[۱۰۵۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَزِعًا، يَخْشَى أَنْ تَكُوْنَ السَّاعَةُ، فَأَتَى الْمَسْجِدَ، فَصَلَّى بِأَطْوَلِ قِيَامٍ وَرُكُوْعٍ وَسُجُوْدٍ رَأَيْتُهُ قَطُّ يَفْعَلُهُ، وَقَالَ: " هٰذِهِ الآيَاتُ الَّتِيْ يُرْسِلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ، لاَ تَكُوْنُ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، وَلٰكِنْ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهَا عِبَادَهُ. فَإِذَا رَأَيْتُمْ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ فَافْزَعُوْا إِلَى ذِكْرِ اللّٰهِ وَدُعَائِهِ وَاسْتِغْفَارِهِ "

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: سورج گہن ہوا، پس نبی ﷺ گھبرائے ہوئے کھڑے ہوئے آپؐ ڈر رہے تھے کہ کہیں قیامت قائم نہ ہوجائے، پس آپؐ مسجد میں تشریف لائے اور زیادہ سے زیادہ لمبے قیام، رکوع اور سجدہ کے ساتھ نماز پڑھی، دیکھا میں نے آپؐ کو کہ کرتے ہوں آپؐ اس کو کبھی یعنی اتنے لمبے قیام ورکوع وسجود سے

شاید کبھی میں نے آپؐ کو نماز پڑھتے دیکھا ہے، اور آپؐ نے فرمایا: یہ وہ نشانیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ بھیجتے ہیں، نہیں ظاہر ہوتیں وہ کسی کی موت اور حیات کی وجہ سے، بلکہ ان نشانیوں کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈراتے ہیں، پس جب تم اس قسم کی کوئی نشانی دیکھو تو ذکر خداوندی، دعا اور استغفار کی طرف پناہ ڈھونڈھو، یعنی ان چیزوں کا اہتمام کرو۔

تشریح: سورج گہن کا واقعہ آنحضور ﷺ کی حیات طیبہ کے آخری زمانہ میں پیش آیا تھا اور آپؐ جانتے تھے کہ جب تک خروج دجال اور نزول مہدی وغیرہ علامات نہیں پائی جائیں گی قیامت قائم نہیں ہوگی، مگر جب سورج گہن ہوا تو آپؐ کی بے چینی اور گھبراہٹ کا یہ عالم تھا جیسے قیامت قائم ہونے والی ہو، اور اس سے امت کو تنبیہ مقصود تھی کہ قیامت کے وقوع کا صحیح علم اللہ عزوجل کے علاوہ کسی کو بھی نہیں، قیامت کبھی بھی قائم ہوسکتی ہے، لہٰذا جب بھی اس طرح کی بڑی نشانیاں ظاہر ہوں تو خوف وخشیت اپنے اندر پیدا کرو، اور ذکر واذکار، دعاؤ استغفار اور صدقہ وخیرات میں لگ جاؤ۔

بَابُ الدُّعَاءِ فِيْ الْكُسُوْفِ

سورج گہن کے وقت دعا کرنا

کسوف کے موقع پر دعائیں کرنی چاہئیں، مثبت بھی اور منفی بھی، یعنی اللہ عزوجل سے خیر بھی مانگنی چاہئے اور شر سے پناہ بھی، خاص طور پر عذاب قبر سے، نبی ﷺ نے کسوف کے موقع پر خاص طور پر عذاب قبر سے پناہ مانگنے کی تلقین فرمائی ہے، اور حضرت ابوموسیٰ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کی روایتوں میں کسوف کے موقع پر دعا کا بھی ذکر ہے۔

[۱۵-] بَابُ الدُّعَاءِ فِيْ الْكُسُوْفِ

قَالَهُ أَبُوْ مُوْسَى، وَعَائِشَةُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۰۶۰-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عِلاَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ يَوْمَ مَاتَ إِبْرَاهِيْمُ، فَقَالَ النَّاسُ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ لِمَوْتِ إِبْرَاهِيْمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللهِ لاَ يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُمَا فَادْعُوْا اللهَ وَصَلُّوْا حَتَّى يَنْجَلِيَ" [راجع: ۱۰۴۳]

بَابُ قَوْلِ الإِمَامِ فِيْ خُطْبَةِ الْكُسُوْفِ: أَمَّا بَعْدُ

سورج گہن کی نماز کے بعد خطبہ میں أما بعد کہنا

کسوف میں خطبہ نہیں ہے لیکن اگر کوئی تقریر کرے اور حمد وصلوٰۃ کے بعد أما بعد کہہ کر فصل کرے پھر تقریر کرے تو ایسا

کرسکتا ہے۔ نبی ﷺ نے کسوف کے موقع پر جو تقریر فرمائی تھی اس میں حمد وثنا کے بعد أما بعد کہہ کر فصل کیا تھا۔

[١٦-] بَابُ قَوْلِ الإِمَامِ فِيْ خُطْبَةِ الْكُسُوْفِ: أَمَّا بَعْدُ

[١٠٦١-] وَقَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِيْ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: فَانْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، فَخَطَبَ فَحَمِدَ اللّٰهَ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: "أَمَّا بَعْدُ"

[راجع: ٨٦]

وضاحت: ابواسامہ: امام بخاریؒ کے استاذ نہیں ہیں پس یہ روایت یہاں معلق ہے، اور موصولاً پہلے (۹۲۲) آئی ہے۔

بَابُ الصَّلاَةِ فِيْ كُسُوْفِ الْقَمَرِ

چاند گہن کے موقعہ پر نماز پڑھنا

آنحضور ﷺ کے زمانہ میں چاند گہن کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، اس لئے اس سلسلہ میں روایات نہیں ہیں، مگر فقہاء نے چاند گہن کو سورج گہن پر قیاس کیا ہے اور چاند گہن میں بھی نماز کی بات کہی ہے، کیونکہ احادیث شریفہ میں کسوف وخسوف دونوں کو ملا کر کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں اور یہ کسی کی موت وحیات پر نہیں گہناتے، اس لئے جس طرح سورج گہن میں نماز ہے چاند گہن میں بھی نماز ہے، البتہ جماعت سنت ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک چاند گہن میں بھی باجماعت نماز سنت ہے اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک صرف نماز سنت ہے جماعت سنت نہیں، یعنی چاند گہن میں باجماعت نماز پڑھنا جائز تو ہے مگر تنہا نماز پڑھنا سنت ہے اور سورج گہن میں باجماعت نماز پڑھنا سنت ہے اور تنہا پڑھنا جائز ہے۔

[١٧-] بَابُ الصَّلاَةِ فِيْ كُسُوْفِ الْقَمَرِ

[١٠٦٢-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ.[راجع: ١٠٤٠]

[١٠٦٣-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَخَرَجَ يَجُرُّ رِدَاءَهُ حَتّٰى انْتَهٰى إِلَى الْمَسْجِدِ، وَثَابَ إِلَيْهِ النَّاسُ، فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَتَيْنِ، فَانْجَلَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ:" إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، وَإِنَّهُمَا لاَيَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ، فَإِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَصَلُّوْا وادْعُوْا، حَتّٰى يُكْشَفَ مَا بِكُمْ" وَذٰلِكَ أَنَّ ابْنًا لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم يُقَالُ لَهُ: إِبْرَاهِيْمُ مَاتَ فَقَالَ النَّاسُ فِيْ ذٰلِكَ.[راجع: ١٠٤٠]

وضاحت: دونوں حدیثیں سورج گہن سے متعلق ہیں، اور ان حدیثوں کو اس باب میں ذکر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ چاند گہن کو سورج گہن پر قیاس کیا جائے گا یعنی چاند گہن میں بھی سورج گہن کی طرح نماز مشروع ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

بَابُ صَبِّ الْمَرْأَةِ عَلٰى رَأْسِهَا الْمَاءَ إِذَا أَطَالَ الإِمَامُ الْقِيَامَ فِي الرَّكْعَةِ الأُوْلٰى

جب نماز کسوف کی پہلی رکعت میں امام قیام طویل کرے تو عورت کا اپنے سر پر پانی ڈالنا

بخاری شریف کے بعض نسخوں میں یہ باب نہیں ہے، ہمارے ہندوستانی نسخہ میں ہے اور اس کے ذیل میں کوئی حدیث نہیں ہے حالانکہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی وہ حدیث جو پہلے کئی بار آ چکی ہے [1] یہاں لکھی جا سکتی ہے۔ مگر چونکہ امام بخاری رحمہ اللہ کی عادت مکرر حدیث لکھنے کی نہیں ہے، آگے ایک باب بلا حدیث آرہا ہے وہاں امام بخاریؒ نے یہ بات فرمائی ہے [2] کہ فلاں باب میں جو حدیث گذری ہے وہ یہاں لکھی جا سکتی ہے، مگر میری عادت مکرر حدیث لکھنے کی نہیں ہے۔ اور فی الحال میرے پاس دوسری سند سے یہ حدیث نہیں ہے اس لئے میں نے حدیث نہیں لکھی۔

جاننا چاہئے کہ امام بخاریؒ ایک ہی حدیث کو مختلف اسانید سے تو لکھتے ہیں کیونکہ سند بدلنے سے حدیث بدل جاتی ہے مگر ایک ہی سند سے مکرر حدیث نہیں لکھتے، کیونکہ آپؒ کی تکرار کی عادت نہیں ہے، اس کے باوجود ڈیڑھ سو سے زیادہ حدیثیں ایک ہی سند اور ایک ہی متن کے ساتھ بخاری شریف میں آئی ہیں، اور یہ کوئی حیرت انگیز بات نہیں، اتنی بڑی کتاب میں جو سولہ سال میں لکھی گئی ہو چند احادیث کا مکرر ہو جانا مستبعد نہیں۔

اور اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ طول قیام کے سبب اگر کسی مرد یا عورت پر غشی طاری ہونے لگے تو اس کے ازالہ کے لئے سر پر پانی ڈال سکتے ہیں۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا پر نماز کسوف میں گرمی کی شدت کی وجہ سے بیہوشی چھانے لگی تھی، ان کے قریب ایک برتن رکھا تھا، اس میں پانی تھا، وہ اس میں سے پانی لے کر سر پر ڈالتی تھیں تا کہ کچھ راحت ملے، لیکن ظاہر ہے یہ بات عمل قلیل کی حد تک جائز ہے عمل کثیر کی صورت میں نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور باب میں المرأۃ کی قید اتفاقی ہے، مرد وعورت دونوں کے لئے حکم یکساں ہے۔

بَابُ الرَّكْعَةِ الأُوْلٰى فِي الْكُسُوْفِ أَطْوَلُ

نماز کسوف کی پہلی رکعت زیادہ لمبی ہو

نماز کسوف میں پہلی رکعت دوسری رکعت کی بہ نسبت طویل ہونی چاہئے، اور پہلی رکعت کا بھی پہلا قیام دوسرے قیام

---

(۱) دیکھئے: تحفۃ القاری ۱:۳۶۶، حدیث ۸۶ کتاب العلم باب ۲۴

(۲) بخاری ص: ۲۲۶ کتاب الحج، باب التعجیل إلی الموقف۔

سے طویل ہونا چاہئے۔

[۱۸-] بَابُ الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى فِيْ الْكُسُوْفِ أَطْوَلُ

[۱۰۶٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى بِهِمْ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فِيْ سَجْدَتَيْنِ، الْأُوْلٰى أَطْوَلُ. [راجع: ۱۰٤٤]

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ روایت بہت مختصر ہے، تفصیلی روایت پہلے گذر چکی ہے اور سجدتین سے دو رکعتیں مراد ہیں، اور ہر رکعت میں دو رکوع کئے، پس دو رکعتوں میں چار رکوع ہوئے اور جملہ الأولی أطول: باب سے متعلق ہے۔

بَابُ الْجَهْرِ بِالْقِرَاءَةِ فِيْ الْكُسُوْفِ

نماز کسوف میں جہری قراءت

نماز کسوف میں قراءت جہراً ہوگی یا سراً؟ حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ اور جمہور فقہاء کے نزدیک سراً قراءت ہے کیونکہ وہ دن کی نماز ہے اور دن کی نمازیں گونگی ہوتی ہیں اور امام احمد اور صاحبین جہر کے قائل ہیں، باب کی حدیث ان کا مستدل ہے، اور فتوی امام اعظم رحمہ اللہ کے قول پر ہے۔

[۱۹-] بَابُ الْجَهْرِ بِالْقِرَاءَةِ فِيْ الْكُسُوْفِ

[۱۰٦٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نَمِرٍ، سَمِعَ ابْنَ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَهَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ صَلَاةِ الْخُسُوْفِ بِقِرَاءَتِهِ، فَإِذَا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَتِهِ كَبَّرَ فَرَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ مِنَ الرَّكْعَةِ قَالَ: " سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" ثُمَّ يُعَاوِدُ الْقِرَاءَةَ فِيْ صَلَاةِ الْكُسُوْفِ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فِيْ رَكْعَتَيْنِ، وَأَرْبَعَ سَجَدَاتٍ. [راجع: ۱۰٤٤]

[۱۰٦٦-] وَقَالَ الْأَوْزَاعِيُّ وَغَيْرُهُ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ الشَّمْسَ خَسَفَتْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَبَعَثَ مُنَادِيًا: الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ، فَتَقَدَّمَ فَصَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فِيْ رَكْعَتَيْنِ وَأَرْبَعَ سَجَدَاتٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ نَمِرٍ: سَمِعَ ابْنَ شِهَابٍ مِثْلَهُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَقُلْتُ: مَا صَنَعَ أَخُوْكَ ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، مَا صَلَّى إِلَّا رَكْعَتَيْنِ مِثْلَ الصُّبْحِ إِذْ صَلَّى بِالْمَدِيْنَةِ، قَالَ: أَجَلْ، إِنَّهُ

أَخْطَأَ السُّنَّةَ. تَابَعَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، وَسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ فِي الْجَهْرِ. [راجع: ١٠٤٤]

وضاحت: اس حدیث کو ابن شہاب زہری سے عبدالرحمٰن بن نمر اور امام اوزاعی روایت کرتے ہیں، ابن نمر کی حدیث میں جہری قراءت ہے اور سلیمان بن کثیر اور سفیان بن حسین ان کے متابع ہیں، وہ دونوں بھی زہری سے روایت کرتے ہیں اور جہری قراءت کا ذکر کرتے ہیں، مگر یہ دونوں حضرات اگرچہ فی نفسہ ثقہ راوی ہیں مگر امام زہریؒ کی حدیثوں میں ضعیف ہیں، اور امام اوزاعی جہری قراءت کا ذکر نہیں کرتے اور وہ ابن نمرؒ سے زیادہ مضبوط راوی ہیں۔

اور جمہور کا مستدل حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو اعلیٰ درجہ کی صحیح روایت ہے اور ترمذی (حدیث ۵۷۰) میں ہے حضرت سمرۃؓ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے سورج گہن کی نماز پڑھائی، ہم نے آپ کی آواز نہیں سنی یعنی آپؐ نے سراً قراءت کی۔

حضور اقدس ﷺ نے نماز کسوف صرف ایک بار پڑھائی ہے اور قراءت کے تعلق سے روایتیں مختلف ہیں، اور تعدد واقعہ پر محمول نہیں کرسکتے، پس کسی ایک روایت کو ترجیح دینی ہوگی، جمہور نے حضرت سمرۃؓ کی روایت کو راجح قرار دیا ہے کیونکہ وہ اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے اور بخاری کی روایت میں ابن شہاب زہری کے تلامذہ میں اختلاف ہے اور امام اوزاعی جو سب سے مضبوط راوی ہیں وہ جہری قراءت کا ذکر نہیں کرتے، اور امام احمد اور صاحبین نے بخاری کی باب کی حدیث پر مدار رکھا ہے۔

ملحوظہ: اس حدیث میں ایک سوال وجواب بھی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ میں نماز کسوف پڑھائی تو ہر رکعت میں ایک رکوع کیا، اس سلسلہ میں ابن شہابؒ نے حضرت عروہؒ سے سوال کیا، تفصیل ابواب الکسوف باب ۴ (حدیث ۱۰۴۶) میں گذر چکی ہے۔

﴿الحمد للہ! ابواب الکسوف کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ

سجدۂ تلاوت کا بیان

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ، وَسُنَّتِهَا

تلاوت کے سجدوں کا اور ان کے سنت ہونے کا بیان

اب سجود تلاوت کے ابواب شروع کررہے ہیں، اور یہ جنرل باب ہے، اس باب میں دو مسئلے ہیں:

۱- قرآنِ کریم میں تلاوت کے سجدے کتنے ہیں؟ آگے تین ابواب میں اس کی تفصیل ہے۔

۲- تلاوت کے سجدے واجب ہیں یا سنت؟ اس میں اختلاف ہے، تفصیل آگے آرہی ہے۔

سجود تلاوت واجب ہیں یا سنت؟

سجود تلاوت حنفیہ کے نزدیک واجب ہیں اور ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک سنت ہیں۔ امام طحاوی رحمہ اللہ نے بھی ائمہ ثلاثہ کے مذہب کو اختیار کیا ہے، پس آیت سجدہ تلاوت کرنے والا اگر سجدہ نہ کرے تو جمہور کے نزدیک گنہ گار نہیں ہوگا، اور احناف کے نزدیک گنہ گار ہوگا، البتہ احناف کے نزدیک فوراً سجدہ کرنا ضروری نہیں، زندگی میں کبھی بھی سجدہ کرسکتا ہے۔ اور صحابہ میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے یہ تھی کہ سجود تلاوت سنت ہیں، کریں تو سبحان اللہ نہ کریں تو کوئی بات نہیں، اور حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی رائے یہ تھی کہ سب سجدے یکساں نہیں، بعض واجب ہیں اور بعض سنت، واجب کے لئے انھوں نے عزائم کی اصطلاح استعمال کی ہے، رہی یہ بات کہ کونسے سجدے واجب ہیں اور کونسے غیر واجب؟ حضرت ابن عباسؓ سے تو تفصیل مروی نہیں بالاجمال اتنی بات معلوم ہے کہ ان کے نزدیک قرآن کے سب سجدے ایک درجہ کے نہیں تھے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے صراحت مروی ہے کہ چھ سجدے واجب ہیں[1] اور باقی

(۱) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عزائم السجود یہ بتائے ہیں: حٰم السجدۃ، النجم، العلق، الاعراف، بنی اسرائیل اور آلم السجدۃ (معارف السنن ۵:۷۹)

آٹھ سنت ہیں، اور دیگر صحابہ کی کیا رائے تھی؟ یہ معلوم نہیں، ظاہر یہ ہے کہ چند ایک کو چھوڑ کر زیادہ تر صحابہ سجود تلاوت کو واجب کہتے تھے۔ ائمہ ثلاثہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ وغیرہ کی رائے لی ہے اور حنفیہ نے وجوب کا قول اختیار کیا ہے، احتیاط والا قول یہی ہے۔

اور ائمہ ثلاثہ کی دلیلیں دو ہیں:

پہلی دلیل: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو سورۃ النجم سنائی (صحابہ سبق یاد کرکے آپؐ کو سناتے تھے) پس آپؐ نے اس میں سجدہ نہیں کیا، معلوم ہوا کہ سجود تلاوت واجب نہیں، سنت ہیں چاہیں کریں چاہیں نہ کریں۔

جواب: احناف اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ سجدہ تلاوت علی الفور واجب نہیں، بعد میں بھی کیا جاسکتا ہے، ممکن ہے جس وقت حضرت زیدؓ نے سورۃ النجم سنائی اس وقت آپؐ کا وضو نہ ہو، یا سجدہ کا موقع نہ ہو اس لئے آپؐ نے اس وقت سجدہ نہیں کیا، بعد میں کیا ہوگا، اس وقت سجدہ نہ کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپؐ نے بعد میں بھی سجدہ نہیں کیا۔

دوسری دلیل: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، ایک مرتبہ آپؓ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے، خطبہ میں سورۃ النحل کی آیت سجدہ پڑھی پھر منبر سے اتر کر سجدہ کیا اور لوگوں نے بھی آپؓ کے ساتھ سجدہ کیا، پھر منبر پر جاکر باقی خطبہ دیا، اگلے ہفتہ پھر وہی آیت خطبہ میں پڑھی، لوگ سجدہ کی تیاری کرنے لگے، آپؓ نے فرمایا: لوگو! ہم پر یہ سجدے لازم نہیں کئے گئے، ہم چاہیں تو کریں اور چاہیں تو نہ کریں، اور خطبہ آگے جاری رکھا، ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: اس پر کسی نے نکیر نہیں کی، پس یہ اجماع سکوتی ہوگیا کہ سجود تلاوت واجب نہیں۔

ضعیف جواب: اس کا بعض حضرات نے یہ جواب دیا ہے کہ آپؓ نے سجدہ کے بجائے رکوع کرلیا ہوگا یا سر سے اشارہ کرلیا ہوگا، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ تھا کہ سجدہ تلاوت میں سجدہ ہی ضروری نہیں، رکوع کرلینا بھی کافی ہے، بلکہ سر جھکا کر اشارہ کرلینا بھی کافی ہے، مصنف ابن ابی شیبہ (۳: ۳۸۳ طبع محمد عوامہ) میں باب ہے: **إذا قرأ الرجل السجدة وهو يمشي ما يصنع؟** اس میں متعدد روایات ہیں جن سے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ سمجھ میں آتا ہے کہ سجدہ ہی ضروری نہیں، اور حضرت ابن مسعودؓ کے علوم میں اور حضرت عمرؓ کے علوم میں بڑی حد تک ہم آہنگی تھی، پس ممکن ہے حضرت عمرؓ کا بھی یہی مذہب ہو، اور آپؓ نے رکوع کرلیا ہو یا سر سے اشارہ کرلیا ہو۔

مگر یہ جواب ضعیف ہے، کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا سر جھکانا مروی نہیں بلکہ آپؓ کا صاف ارشاد ہے کہ یہ سجدے ہم پر لازم نہیں، ہم چاہیں تو کریں اور نہ چاہیں تو نہ کریں۔

صحیح جواب: اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نزدیک سجود تلاوت سنت ہیں، دیگر صحابہ کا یہ مذہب نہیں، ابھی بتایا تھا کہ حضرت ابن عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کا مذہب یہ تھا کہ سب سجدے یکساں نہیں، بعض واجب

ہیں اور بعض سنت۔ اور علامہ عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری میں فرمایا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ”یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ایسی رائے ہے جس کو صحابہ میں سے کسی نے اختیار نہیں کیا“ اور جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مواظبت کے ساتھ سجود تلاوت کرنا ثابت ہے تو عمل نبوی کی موجودگی میں کسی بھی صحابی کا قول لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

اجماع سکوتی کی حقیقت: رہی اجماع سکوتی کی بات تو جاننا چاہئے کہ یہ اجماع نہیں ہے بلکہ شخصیت کے احترام میں خاموشی ہے اور دونوں کی سرحدیں ملی ہوئی ہیں، اس لئے ان میں فرق کرنا ضروری ہے، اور فرق اس طرح کیا جائے گا کہ اگر اس واقعہ کے بعد صحابہ نے اپنی سابق رائے چھوڑ دی ہو تو یہ اجماع ہے اور اگر نہ چھوڑی ہو تو یہ خاموشی شخصیت کے احترام میں ہے، اور یہ بات طے ہے کہ دوسرے صحابہ اپنی رائے پر قائم رہے تھے، انھوں نے اپنی رائے نہیں بدلی تھی، جیسا حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے مذہب سے معلوم ہوتا ہے پس یہ اجماع نہیں ہے، واللہ اعلم

اور احناف کی دلیلیں تین ہیں:

پہلی دلیل: خود آیاتِ سجدہ کا مضمون ہے، وہ وجوب پر دلالت کرتا ہے، سجدوں کی آیات میں پانچ طرح کے مضامین ہیں:

۱- انسانوں کو ملائکہ کا حال سنایا گیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اطاعت شعار بندے ہیں، بندگی سے منہ نہیں موڑتے، ہر وقت پاکی بیان کرتے ہیں، سجدے کرتے ہیں، پروردگار سے ڈرتے ہیں اور جو بھی حکم دیا جاتا ہے اس کو بجالاتے ہیں۔ (سورۃ الاعراف، سورۃ النحل)

۲- آسمان وزمین کا ذرہ ذرہ خدا کے سامنے سجدہ ریز ہے مگر بہت سے انسان انکاری ہیں اس لئے ان پر عذاب ثابت ہوگیا (سورۃ الرعد، سورۃ الحج)

۳- انبیاء اور مؤمنین خدا کو سجدہ کرتے ہیں، روتے ہیں اور اللہ کی آیتیں سن کر ان کا خشوع بڑھ جاتا ہے۔ (بنی اسرائیل، مریم، السجدۃ)

۴- کفار سجدہ کرنے سے انکار کرتے ہیں (الفرقان، الانشقاق)

۵- سجدہ صرف اللہ کو کرو، اور سجدہ کر کے اس کی نزدیکی حاصل کرو (النمل، حم السجدۃ، النجم، العلق)

اور سورۂ ص میں داؤد علیہ السلام کی آزمائش کا ذکر ہے، جب وہ سجدے میں گر پڑے اور رجوع ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی لغزش معاف فرمادی، غرض سجود تلاوت میں امتثال امر اور نیک بندوں کی روش اپنانے کا مضمون ہے، یہ مضمون خود وجوب سجدہ کی دلیل ہے۔

دوسری دلیل: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مواظبت تامہ کے ساتھ سجود تلاوت کئے ہیں، ایک بار بھی ایسا نہیں ہوا کہ آپ نے آیت سجدہ تلاوت کی ہو اور سجدہ نہ کیا ہو، پس یہ مواظبت وجوب کی دلیل ہے، اور حضرت زید کے واقعہ میں تاویل کی گنجائش ہے۔

تیسری دلیل: سجود تلاوت کو نماز میں شامل کرنا وجوب کا قرینہ ہے اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ سجدہ تلاوت نماز کا جزء نہیں ہے، اگر نماز میں آیت سجدہ پڑھی اور سجدہ کیا تو بھی وہ نماز کا جزء نہیں، بلکہ وہ مستقل چیز ہے، اور یہ مسئلہ اجماعی ہے، جس طرح نماز میں اترتا قرآن پڑھنا واجب ہے، الٹا قرآن پڑھنا مکروہ ہے، مثلاً پہلی رکعت میں سورۃ الناس پڑھی اور دوسری رکعت میں سورۃ الفلق: اس طرح پڑھنا مکروہ ہے۔

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب نماز میں اترتا قرآن پڑھنا واجب ہے تو الٹا قرآن پڑھنے کی صورت میں سجدۂ سہو کیوں واجب نہیں ہوتا؟ واجب چھوٹ جانے سے تو سجدۂ سہو واجب ہوتا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ اترتی سورتیں پڑھنا نماز کا واجب نہیں، بلکہ وہ واجباتِ قراءت میں سے ہے اور مستقل واجب ہے۔

معلوم ہوا کہ بعض مستقل واجبات کو نماز میں لیا گیا ہے، اور ایسی کوئی مثال نہیں ہے کہ مستقل سنت کو نماز کے اندر لیا گیا ہو۔ معلوم ہوا کہ سجود تلاوت واجب ہیں، کیونکہ انہیں نماز کے اندر لیا گیا ہے، اگر سجود تلاوت سنت ہوتے تو ان کو نماز کے اندر شامل نہ کیا جاتا، کیونکہ مستقل سنت کو نماز کے اندر لینے کی کوئی نظیر نہیں۔

سجود تلاوت کتنے ہیں؟

سجود تلاوت کی تعداد میں اختلاف ہے، اور یہ اختلاف دو باتوں پر مبنی ہے، ایک: مفصلات کے سجدے (النجم، الانشقاق، العلق) مشروع ہیں یا منسوخ؟ دوم: سورۃ الحج میں دو سجدے ہیں یا ایک؟ اور سورۂ ص میں سجدہ ہے یا نہیں؟ امام مالک رحمہ اللہ مفصلات کے سجدے تسلیم نہیں کرتے وہ کہتے ہیں: یہ سجدے مکی دور میں تھے، مدنی دور میں منسوخ ہو گئے ہیں، پس ان کے نزدیک سجود تلاوت گیارہ ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ سورۃ الحج میں دو سجدے مانتے ہیں اور سورۂ ص کا سجدہ نہیں مانتے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ سورۂ ص میں سجدہ مانتے ہیں اور سورۃ الحج میں ایک سجدہ مانتے ہیں، پس ان دونوں اماموں کے نزدیک سجود تلاوت کی تعداد چودہ ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ سورۃ الحج میں دو سجدوں کے قائل ہیں، اور سورۂ ص کا سجدہ بھی تسلیم کرتے ہیں پس ان کے نزدیک آیات سجدہ کی تعداد پندرہ ہے۔

سجود تلاوت کے لئے وضو ضروری ہے یا نہیں؟

امام بخاریؒ اور غیر مقلدین کے نزدیک وضو ضروری نہیں، وضو کے بغیر بھی سجدہ تلاوت کر سکتے ہیں، اور ابن حزم کے نزدیک تو استقبال قبلہ بھی ضروری نہیں۔ اور ائمہ اربعہ کے نزدیک وضو شرط ہے، بلا وضو سجدہ تلاوت کرنا صحیح نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ حدیث: لا تُقْبَلُ صلوةٌ بغير طهور: میں صلوةٌ نکرہ ہے جو نفی کے بعد آیا ہے پس صلوۃ عام ہے اور تمام نمازوں کو شامل ہے اور اس بات میں تمام ائمہ کا اتفاق ہے کہ صلوٰۃ کاملہ یعنی رکوع سجدے والی نماز پاکی کے بغیر صحیح نہیں، البتہ صلوٰۃ ناقصہ مثلاً سجدۂ تلاوت جس میں نماز کا صرف ایک رکن ہے اور نماز جنازہ جس میں صرف قیام ہے اس

کے لئے پاکی ضروری ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، عامر شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سجدہ تلاوت اور صلاۃ جنازہ دونوں کے لئے پاکی شرط نہیں، کیونکہ یہ دونوں صلاۃ ناقصہ ہیں اور مذکورہ حدیث صرف صلاۃ کاملہ کے لئے ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صلاۃ جنازہ کے لئے تو پاکی ضروری ہے البتہ سجدۂ تلاوت کے لئے پاکی ضروری نہیں۔ امام بخاریؒ کی دلیل عقلی یہ ہے کہ سجدہ تلاوت پر صلاۃ کا اطلاق نہیں ہوتا نہ شرعاً نہ عرفاً اور جنازہ پر صلاۃ کا اطلاق ہوتا ہے عرفاً بھی اور شرعاً بھی، پس نماز جنازہ کے لئے تو پاکی شرط ہے، سجدہ تلاوت کے لئے نہیں۔ اور نقلی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کبھی سجدہ تلاوت بغیر پاکی کے بھی کرتے تھے (یہ حدیث باب ۴ میں آرہی ہے) اور صحابی کا فعل حجت ہے پس معلوم ہوا کہ سجدہ تلاوت پاکی کے بغیر درست ہے۔

اور جمہور کے نزدیک سجدہ تلاوت اور نماز جنازہ دونوں کے لئے وضو ضروری ہے، ان کی دلیل یہ ہے کہ نماز جنازہ پر شرعاً اور عرفاً 'صلوٰۃ' کا اطلاق ہوتا ہے، پس وہ اس حدیث کے تحت ہے اور سجدہ تلاوت پر اگرچہ صلوٰۃ کا اطلاق نہیں ہوتا مگر سجدہ نماز کا رکن ہے، پس وہ نماز جنازہ کے حکم میں ہے اس لئے کہ اس میں بھی نماز کا ایک رکن (قیام) ہے، اور ابن عمرؓ کے عمل کا جواب اپنی جگہ آئے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۷- کِتَابُ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ

[۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ، وَسُنَّتِهَا

[۱۰۶۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْأَسْوَدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَرَأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم النَّجْمَ بِمَكَّةَ، فَسَجَدَ فِيْهَا، وَسَجَدَ مَنْ مَعَهُ، غَيْرَ شَيْخٍ، أَخَذَ كَفًّا مِنْ حَصًى أَوْ تُرَابٍ فَرَفَعَهُ إِلَى جَبْهَتِهِ، وَقَالَ: يَكْفِيْنِيْ هٰذَا، فَرَأَيْتُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ قُتِلَ كَافِرًا. [انظر: ۱۰۷۰، ۳۸۵۳، ۳۹۷۲، ۴۸۶۳]

ترجمہ: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مکہ میں سورۃ النجم تلاوت فرمائی پس آپؐ نے اس میں سجدہ کیا اور آپؐ کے ساتھ جتنے لوگ تھے سب نے سجدہ کیا، سوائے ایک سیٹھ کے، اس نے کنکریوں کی یا مٹی کی ایک مٹھی بھری اور اس کو پیشانی کی طرف اٹھایا اور کہا: میرے لئے یہ کافی ہے (ابن مسعودؓ کہتے ہیں:) میں نے اس کو بعد میں دیکھا، وہ کفر کی حالت میں مارا گیا۔

تشریح: مکی دور کا واقعہ ہے، ایک مجلس میں آنحضور ﷺ نے سورۃ النجم تلاوت فرمائی اس مجلس میں مسلمانوں کے

علاوہ مشرکین اور انسانوں کے علاوہ جنات بھی تھے، جب آپؐ نے سورت ختم کی تو سجدۂ تلاوت کیا، پس مجلس میں موجود سبھی لوگوں نے سجدہ کیا، مگر امیہ بن خلف نے سجدہ نہیں کیا، اس نے زمین سے مٹی اٹھائی اور پیشانی سے لگائی اور کہا: میرے لئے یہ کافی ہے، اس مجلس میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ بھی تھے وہ فرماتے ہیں: اس موقع پر جس نے بھی سجدہ کیا دیر سویر اس کو ایمان کی دولت نصیب ہوئی، مگر امیہ بن خلف ایمان کی دولت سے محروم رہا اور جنگ بدر میں مارا گیا۔

اور کفار نے اس موقع پر سجدہ اس لئے کیا تھا کہ سورۃ النجم نہایت فصیح و بلیغ سورت ہے پھر زبان نبوت نے وہ سورت تلاوت کی تھی اس لئے سماں بندھ گیا، اور جب حضور اکرم ﷺ نے سجدہ کیا تو بے اختیار کفار بھی سجدے میں گر پڑے، بعد میں جب ان کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تو انھوں نے خفت مٹانے کے لئے الغرانیق العلی والا واقعہ گڑھا، اور کہنا شروع کیا کہ ہم نے سجدہ اس لئے کیا تھا کہ محمد (ﷺ) نے ہماری مورتیوں کی تعریف کی تھی، انھوں نے کہا تھا: تلك الغَرَانِيْقُ العُلَى، وإِنَّ شَفَاعَتَهُنَّ لَتُرْتَجَى: وہ (تین بت) عالم بالا کے پرندے ہیں، اور ان کی سفارش بالیقین قبول کی جائے گی۔ اس سورت میں تین بتوں کا یعنی لات، منات اور عزی کا ذکر ہے، کفار نے کہنا شروع کیا کہ محمد (ﷺ) نے ان بتوں کی تعریف کی اور ان کو طائرانِ لاہوتی (عالم بالا کے پرندے یعنی فرشتے) قرار دیا اور یہ بھی کہا کہ ان کی سفارش ضرور قبول کی جائے گی، اس لئے ہم نے سجدہ کیا۔

مگر سوال یہ ہے کہ یہ جملے آپؐ کی زبان مبارک سے ادا ہوئے تھے تو کس جگہ پڑھے گئے تھے؟ اس کے لئے کوئی موزوں جگہ بتاؤ؟ پوری سورت میں کوئی بھی جگہ ان کلمات کے لئے موزوں نہیں، اور صاحب جلالین نے جہاں ان کو فٹ کیا ہے وہ تو بالکل ہی غیر موزوں جگہ ہے، بھلا: ایک طرف قرآن ان بتوں کو کنڈم بھی کرے پھر وہیں ان کی تعریف بھی کرے، اس سے زیادہ بے تکی بات کیا ہوسکتی ہے؟

الغرض الْغَرَانِيْقُ الْعُلٰى والا واقعہ محض بے اصل اور من گھڑت ہے اور مفسر محلّی پر اللہ رحم کریں انھوں نے تحقیق کے بغیر اس واقعہ کو لے لیا، اور اس پر ستم یہ ڈھایا کہ تاویل کی کہ یہ جملے حضور ﷺ نے نہیں کہے تھے بلکہ آپؐ کی آواز میں شیطان نے پڑھے تھے، اس قسم کی تاویلیں اور من گھڑت واقعات سے شیطان سلمان رشدی کو دَغَل فَصَلَ (فساد) کا موقع ملا، اور اس نے ''شیطانی آیات'' نامی ناول لکھا، اس کی ناول کا حاصل یہ ہے کہ جب شیطان محمد (ﷺ) کی آواز میں وحی کے درمیان کچھ بھی پڑھ سکتا ہے تو اس وحی کا کیا اعتبار؟

ربط: یہ جنرل باب ہے اور اس کے دو جزء ہیں: پہلا جزء یہ ہے کہ قرآنِ کریم میں سجود تلاوت ہیں اور دوسرا جزء یہ ہے کہ سجود تلاوت سنت ہیں، مذکورہ حدیث سے پہلے جزء کا ثبوت تو ظاہر ہے اور آگے تین ابواب تک اسی جزء کے دلائل آئیں گے، پھر دوسرے جزء کے دلائل شروع ہونگے۔ امام بخاری رحمہ اللہ ایسا کرتے ہیں، ایک مسئلہ دور تک لے کر چلتے ہیں اور نئے نئے ابواب بھی قائم کرتے ہیں، لہٰذا یہاں اگر حدیث سے دوسرا جزء ثابت نہ ہو تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔

اور مذکورہ حدیث سے ترجمہ کا دوسرا جزء اس طرح بھی ثابت کر سکتے ہیں کہ مشرکین احکام شرعیہ کے مکلّف نہیں، اسی لئے نومسلم پر نماز روزوں کی قضا نہیں، مگر انھوں نے بھی سجدہ کیا، اور تکلیف فرض وواجب کی ہوتی ہے اور سجدۂ تلاوت نہ فرض ہے نہ واجب بلکہ سنت ہے پس ان کے سجدہ کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ اس طرح ترجمہ کا دوسرا جزء بھی ثابت کر سکتے ہیں، مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ جنرل باب ہے اور اس کے دو جزء ہیں، پہلے چند ابواب میں پہلے جزء کے دلائل ہیں پھر دوسرے جزء کے دلائل شروع کریں گے۔

فائدہ: باب کی حدیث امام مالک رحمہ اللہ کے خلاف پیش نہیں کی جاسکتی کیونکہ یہ مکی دور کا واقعہ ہے اور امام مالک رحمہ اللہ مکی دور میں یہ سجدے مانتے ہیں، وہ مدنی دور میں مفصلات کے سجدوں کے نسخ کے قائل ہیں۔

بَابُ سَجْدَةِ ﴿تَنْزِيْلُ﴾ السَّجْدَة

سورۃ الم السجدۃ میں سجدہ

گذشتہ باب جنرل باب تھا اور اس کا پہلا جزء یہ تھا کہ قرآنِ کریم میں آیات سجدہ ہیں، اب دو تین ابواب میں اس جزء کے دلائل ہیں، اور امام بخاریؒ تمام سجودِ قرآن کا احاطہ نہیں کر سکتے، جن آیات سجدہ کا ذکر ضعیف یا حسن روایتوں میں آیا ہے ان روایتوں کو بخاری شریف میں نہیں لا سکتے، بخاری شریف میں لانے کے قابل جو روایتیں ہیں انہی کو بخاری میں لائیں گے اور ان پر باب قائم کریں گے۔

اور اس باب میں یہ حدیث لائے ہیں کہ نبی ﷺ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں الم تنزیل السجدہ اور سورۃ الدھر پڑھتے تھے، یہاں روایت میں تنزیل السجدہ میں سجدہ کرنے کا ذکر نہیں ہے، پس حدیث سے باب ثابت کرنے کی تین صورتیں ہیں: **ایک:** اس حدیث کے دیگر طرق میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ فجر کی نماز میں تنزیل السجدہ پڑھا کرتے تھے اور سجدہ کیا کرتے تھے۔ یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور معجم طبرانی میں ہے اور ضعیف ہے (قسطلانی ۱۲۶:۳) **دوم:** باب کے ذریعہ حدیث کی شرح کی ہے کہ اس سورت میں سجدہ ہے، **سوم:** اس سورت کا نام دلیل ہے کہ اس سورت میں سجدہ ہے۔

[۲-] بَابُ سَجْدَةِ ﴿تَنْزِيْلُ﴾ السَّجْدَة

[۱۰۶۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الْجُمُعَةِ فِيْ صَلَاةِ الْفَجْرِ ﴿الٓمٓ تَنْزِيْلُ﴾ السَّجْدَةَ، وَ﴿هَلْ أَتَى عَلَى الإِنْسَانِ﴾ [راجع: ۸۹۱]

بَابُ سَجْدَةِ صٓ

سورۂ صٓ میں سجدہ

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سورۂ صٓ میں سجدہ نہیں، کیونکہ وہ داؤد علیہ السلام کی توبہ کا ذکر ہے، جب انھوں نے سجدہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کی لغزش معاف فرمائی، ہمیں اس جگہ سجدہ کرنے کا حکم نہیں، باقی تمام فقہاء سورۂ صٓ میں سجدہ مانتے ہیں، کیونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو سورۂ صٓ میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے، علاوہ ازیں نسائی شریف میں صحیح سند سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''داؤد علیہ السلام نے توبہ کے طور پر سجدہ کیا تھا اور ہم شکر کے طور پر سجدہ کرتے ہیں''(۱) اس حدیث میں حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے قیاس کا جواب بھی ہے۔

فائدہ (۱): امام شافعیؒ سورۂ صٓ میں نماز میں تو سجدہ نہیں مانتے لیکن خارج صلاۃ سجدہ کے قائل ہیں، جیسے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ نماز سے باہر سورۃ الحج کا دوسرا سجدہ کرنا چاہئے اور نماز میں اس آیت پر رکوع کرنا چاہئے اور رکوع میں سجدہ کی نیت کرنی چاہئے تا کہ دوسرے ائمہ کے قول کی رعایت ہو جائے، اسی طرح امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ سورۂ صٓ میں خارج نماز سجدہ کرنا چاہئے، چنانچہ امام ترمذیؒ نے امام شافعیؒ کو قائلین سجدۂ صٓ میں شمار کیا ہے۔

فائدہ (۲): سورۂ صٓ کی آیات کی صحیح تفسیر وہ ہے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں آئی ہے، اور وہ حدیث مستدرک حاکم میں بسند صحیح منقول ہے، حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنی تین دن کی باری مقرر کی تھی، ایک دن دربار اور فصل خصومات کے لئے تھا، ایک دن اپنے اہل وعیال کے پاس رہنے کے لئے تھا اور ایک دن خاص اللہ کی عبادت کے لئے تھا، اس دن وہ خلوت میں عبادت میں مشغول رہتے تھے۔

علاوہ ازیں انھوں نے رات دن کے چوبیس گھنٹے اپنے گھر والوں پر تقسیم کر رکھے تھے تا کہ ان کا عبادت خانہ کسی بھی وقت عبادت سے خالی نہ رہے، ایک دن حضرت داؤد علیہ السلام نے بارگاہ ایزدی میں عرض کیا: اے پروردگار! رات اور دن میں کوئی گھڑی ایسی نہیں جس میں داؤد کے گھرانے کا کوئی نہ کوئی فرد آپ کی عبادت میں مشغول نہیں رہتا، اور بھی کچھ اس قسم کی

(۱) توبہ کے طور پر سجدہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ داؤد علیہ السلام سجدہ ریز ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی لغزش معاف فرمائی، یعنی سجدہ ہی ان کی توبہ تھی ـــــــ اور ہم شکر کے طور پر سجدہ کرتے ہیں کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کی لغزش فرمائی، اس سلسلہ میں ہم ممنون ہیں یعنی یہ احسان صرف داؤد علیہ السلام پر نہیں تھا ہم پر بھی ہے، داؤد علیہ السلام ہمارے بڑے ہیں، اور بڑوں پر احسان چھوٹوں پر بھی انعام واحسان ہوتا ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرعونیوں کو غرقاب کیا تو شکریہ کے طور پر موسیٰ علیہ السلام نے اور بنی اسرائیل نے دس محرم کا روزہ رکھا، یا جیسے آدم علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے جمعہ کے دن میں بہت سے انعامات واحسانات کئے تو جمعہ بابرکت دن ہو گیا، اور اس امت نے اس کو عبادت کے لئے منتخب کیا۔

باتیں عرض کیں (شاید اپنے حسن انتظام وغیرہ کے متعلق ہونگی) داؤد علیہ السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر کا اپنے حسن انتظام کو جتلانا اللہ تعالیٰ کو کیسے پسند آسکتا تھا، بڑوں کی چھوٹی چھوٹی بات پر بھی گرفت ہوتی ہے، ارشاد ہوا: داؤد یہ سب کچھ ہماری توفیق سے ہے، اگر میری مدد نہ ہو تو تو اس چیز پر قدرت نہیں پا سکتا، ہزار کوشش کرے نبھا نہیں سکتا، قسم ہے اپنے جلال کی! میں تجھ کو ایک دن تیرے نفس کے حوالے کردوں گا، اور اپنی مدد ہٹالوں گا، دیکھیں اس وقت تو کہاں تک اپنی عبادت میں مشغول رہ سکتا ہے۔ اور اپنا نظام قائم رکھ سکتا ہے، داؤد علیہ السلام نے عرض کیا: پروردگار! مجھے اس دن کی خبر کردیں، پس اسی دن فتنہ میں مبتلا ہوگئے، عبادت میں مشغول تھے کہ اچانک دو شخص دیوار پھاند کر آگئے اور اپنا مقدمہ پیش کرکے اس کا فیصلہ چاہا، اور حضرت داؤد علیہ السلام کو عبادت سے ہٹا کر اپنے جھگڑے کی طرف متوجہ کرلیا، بڑے بڑے پہرے اور انتظامات ان کو حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس پہنچنے سے روک نہ سکے، چنانچہ انھوں نے مقدمہ سنا اور فیصلہ کیا (جس کا تذکرہ آیات ۲۳و۲۴ میں ہے) فیصلہ کرنے کے بعد حضرت داؤد علیہ السلام کو تنبہ ہوا کہ میرے حق میں یہ ایک فتنہ اور امتحان تھا، اس خیال کے آتے ہی اپنی خطا معاف کرانے کے لئے نہایت عاجزی کے ساتھ خدا عزوجل کے سامنے سجدہ کیا، آخر خدا نے ان کی خطا معاف فرمادی (ماخوذ از فوائد عثمانی)

[٣-] بَابُ سَجْدَةِ صٓ

[١٠٦٩-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَأَبُو النُّعْمَانِ، قَالاَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ﴿صٓ﴾ لَيْسَ مِنْ عَزَائِمِ السُّجُوْدِ. وَقَدْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَسْجُدُ فِيْهَا.

[انظر: ٣٤٢٢]

وضاحت: ابواب السجود کے شروع میں یہ بات بتلائی ہے کہ حضرت ابن عباسؓ اور حضرت علیؓ کے نزدیک قرآنِ کریم کے سب سجدے یکساں نہیں ہیں، بعض واجب ہیں اور بعض سنت، پھر ابن عباسؓ سے تو کوئی تفصیل مروی نہیں مگر حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ چھ سجدے واجب ہیں اور باقی سجدے سنت ہیں، سورۂ صٓ کے سجدہ کو ابن عباسؓ نے سنت قرار دیا ہے مگر احناف کے نزدیک قرآنِ کریم کے سب سجدے واجب ہیں۔

قولہ: عزائم السجود: یہ مرکب اضافی درحقیقت مرکب توصیفی ہے، اصل سجودٌ عزیمۃ ہے یعنی پختہ سجدے، پھر عبارت کو سبک کرنے کے لئے مرکب اضافی میں ڈھال لیا ہے۔

بَابُ سَجْدَةِ النَّجْمِ

سورۃ النجم کا سجدہ

سورۃ النجم میں آیت سجدہ ہے، حضرت ابن عباسؓ کی روایت میں بھی اس کا ذکر ہے، اور حضرت ابن مسعودؓ کی روایت

میں بھی، باب میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اور اس کی شرح گذر چکی ہے اور اس باب پر جنرل باب کا پہلا جزء پورا ہو گیا۔

[٤-] بَابُ سَجْدَةِ النَّجْمِ

قَالَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم.

[١٠٧٠-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم قَرَأَ سُوْرَةَ النَّجْمِ فَسَجَدَ بِهَا، فَمَا بَقِيَ أَحَدٌ مِنَ الْقَوْمِ إِلَّا سَجَدَ، فَأَخَذَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ كَفًّا مِنْ حَصًى أَوْ تُرَابٍ، فَرَفَعَهُ إِلٰى وَجْهِهِ، وَقَالَ: يَكْفِيْنِيْ هٰذَا. قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا. [راجع: ١٠٦٧]

بَابُ سُجُوْدِ الْمُسْلِمِيْنَ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ

مسلمانوں کا مشرکوں کے ساتھ سجدہ کرنا

اب جنرل باب کا دوسرا جزء لیتے ہیں یعنی سجودِ تلاوت واجب ہیں یا سنت؟ اور یہ تمہیدی باب ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے عنوان رکھا ہے: سجودُ المسلمین مع المشرکین: مسلمانوں کا مشرکوں کے ساتھ سجدہ کرنا جبکہ باب اس طرح ہونا چاہئے تھا: باب سجودِ المشرکین مع المسلمین: مشرکوں کا مسلمانوں کے ساتھ سجدہ کرنا، کیونکہ اصل سجدہ کرنے والے تو مسلمان تھے، مشرکین نے تو ماحول سے متأثر ہو کر مسلمانوں کی موافقت کی تھی۔

پس جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے بالقصد الٹا باب قائم کیا ہے، کتاب کے شروع میں باب بدء الوحی کی پہلی حدیث میں بھی انھوں نے ایک جزء حذف کیا ہے، تا کہ قاری کے لئے لمحۂ فکریہ پیدا ہو، آیتِ کریمہ: ﴿إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيِّيْنَ مِنْ بَعْدِهِ﴾ میں وحی ربانی کا بیان ہے جو حجت ہے، اور وحی شیطانی کی طرف اشارہ کرنے کے لئے حدیث کا غیر مقبول ہجرت والا جزء لائے، تا کہ وحی شیطانی کی طرف اشارہ ہو جائے اگر مقبول ہجرت والا جزء لاتے اور دوسرا جزء حذف کرتے تو یہ بات حاصل نہ ہوتی، حدیث آیت کے موافق ہو جاتی، اور دونوں وحی ربانی پر دلالت کرتے، اسی طرح یہاں بھی صحیح ترتیب قائم کرتے تو مقصدِ باب کی طرف اشارہ نہ ہوتا۔

اور باب کا مقصد یہ ہے کہ سجودِ تلاوت کے لئے وضو ضروری نہیں، بے وضو بھی سجدۂ تلاوت کر سکتے ہیں، بلکہ ابن حزم ظاہری تو یہ کہتے ہیں کہ استقبالِ قبلہ بھی ضروری نہیں، پھر امام بخاریؒ نے باب میں دو باتیں ذکر کی ہیں:

۱- مشرکین ناپاک ہیں اور ان کا وضو نہیں اس لئے کہ وہ دنیا میں احکام کے مکلّف نہیں، پس وہ نماز کے بھی مکلّف نہیں،

اور وضو نماز کے لئے شرط ہے، پس مشرکین کا وضو لاشئ ہے۔

۲- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اثر پیش کیا ہے کہ وہ کبھی بغیر وضو کے سجدۂ تلاوت کرتے تھے، پس جب وضو واجب نہیں تو سجدۂ تلاوت کیسے واجب ہوسکتا ہے؟

اور ائمہ اربعہ کہتے ہیں: نماز جنازہ میں نماز کا ایک رکن (قیام) ہے اس لئے اس کے لئے وضو ضروری ہے اور سجدۂ تلاوت میں بھی نماز کا ایک رکن (سجدہ) ہے پس اس کے لئے بھی وضو ضروری ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک سجدۂ تلاوت میں جو سجدہ ہے وہ نماز کا رکن نہیں، پس اس کے لئے وضو ضروری نہیں۔

اور دلیل میں دو باتیں ذکر کی ہیں:

ایک: مسلمانوں نے مشرکین کے اختلاط کے ساتھ سجدہ کیا جبکہ مشرکین نجس ہیں، ان کا وضو نہیں، اور جب آدھے مجمع کے لئے وضو ضروری نہیں، تو باقی کے لئے بھی ضروری نہیں۔

دوم: ابن عمرؓ کا عمل ہے، وہ بے وضو سجدہ تلاوت کیا کرتے تھے، پس ثابت ہوا کہ سجود تلاوت واجب نہیں،

اور پہلے استدلال کا جواب یہ ہے کہ آدھے مجمع کے باوضو نہ ہونے سے باقی لوگوں پر بھی وضو ضروری نہیں: یہ دلیل عقلی ظاہر البطلان ہے، کیا جماعت میں ایک شخص کا وضو ٹوٹ جائے یا پہلے سے وہ بے وضو ہو تو دوسروں پر بھی وضو ضروری نہیں ہوگا؟ یہ کیا بات ہوئی!

اور حاشیہ میں دوسری دلیل کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ بخاری شریف کے اکثر رواۃ نے **علی غیر وضوء** نقل کیا ہے مگر اصیلی کی روایت میں لفظ غیر نہیں ہے، پس استدلال ختم ہوا۔

لیکن یہ جواب کمزور ہے اس لئے کہ مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ ایک مرتبہ دورانِ سفر اپنی سواری سے اترے اور پیشاب کیا، پھر سوار ہو کر چلے اور آیت سجدہ پڑھی اور سجدہ کیا اور وضو نہیں کیا، معلوم ہوا کہ یہاں لفظ غیر صحیح ہے اور اصیلی کی روایت میں لفظ غیر رہ گیا ہے۔

اور دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا فتوی اس کے خلاف ہے، بیہقی نے سند صحیح سے ابن عمرؓ سے روایت کی ہے: **لایسجد الرجل إلا وھو طاھر**: مگر اس کی یہ تاویل کی گئی ہے کہ طاھرٌ سے طہارت کبری مراد ہے یعنی حدث اکبر (جنابت) کی حالت میں سجدہ کرنا صحیح نہیں، اور دوسری توجیہ یہ ہے کہ فتوی بھی صحیح ہے اور عمل بھی۔ ابن عمرؓ نے باوضو سجدہ کرنے کا فتوی دیا اور اپنے عمل سے بے وضو سجدہ کرنے کی گنجائش بیان کی۔

مگر یہ حضرت ابن عمرؓ کی رائے تھی، دیگر صحابہ کی یہ رائے نہیں تھی، جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا کہ سجدۂ تلاوت ہم پر واجب نہیں، ہم چاہیں تو کریں نہ چاہیں تو نہ کریں۔ امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا: حضرت عمرؓ کی اس رائے کی کسی نے پیروی نہیں کی، اسی طرح ابن عمرؓ کی اس رائے کی دیگر صحابہ نے موافقت نہیں کی۔

[٥-] بَابُ سُجُوْدِ الْمُسْلِمِيْنَ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ

[١-] وَالْمُشْرِكُ نَجَسٌ، لَيْسَ لَهُ وُضُوْءٌ.

[٢-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَسْجُدُ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ.

[١٠٧١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم سَجَدَ بِالنَّجْمِ، وَسَجَدَ مَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ، وَالْجِنُّ وَالإِنْسُ. وَرَوَاهُ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ أَيُّوْبَ. [انظر: ٤٨٦٢]

وضاحت: زمین میں تین مخلوقات ایک ساتھ آباد ہیں: زمینی فرشتے، جنات اور انسان .... آسمانی فرشتے الگ ہیں وہ ملأاعلی کہلاتے ہیں اور زمینی فرشتے ملأسافل کہلاتے ہیں .... اوران تینوں میں سب سے قدیم ملأسافل ہیں پھر جنات پھر انسان، اور تینوں کے درمیان اللہ تعالیٰ نے آڑ رکھی ہے اور وہ آڑ ان کا لطیف وکثیف ہونا ہے (تفصیل تحفۃ الالمعی ۱:۲۰۱ میں پڑھیں) جس مجلس میں نبی ﷺ نے سورۃ النجم پڑھی تھی، اس میں انسان (مسلمان اور مشرکین) جنات اور فرشتے سب تھے اور سب نے سجدہ کیا تھا، سوائے امیہ بن خلف کے، اور سب سجدہ کرنے والوں کو دیر سویر ایمان کی دولت ملی، مگر امیہ بن خلف حالت کفر میں بدر میں مارا گیا۔

بَابُ مَنْ قَرَأَ السَّجْدَةَ وَلَمْ يَسْجُدْ

جس نے آیت سجدہ پڑھی اور سجدہ نہیں کیا

آیت سجدہ پڑھنے کے بعد اگر کوئی شخص سجدہ نہ کرے تو کچھ گناہ نہیں، اس لئے کہ سجدے واجب نہیں، سنت ہیں۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو سورۃ النجم سنائی تو آپؐ نے سجدہ نہیں کیا، معلوم ہوا کہ سجود تلاوت واجب نہیں۔

پہلا جواب: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ انصاری صحابی ہیں، اور انھوں نے مدنی دور میں یہ سورت سنائی ہے، صحابہ سبق یاد کرکے آنحضور ﷺ کو سناتے تھے، اور امام مالک رحمہ اللہ مدنی دور میں مفصلات کے سجدوں کو منسوخ مانتے ہیں، پس اس حدیث سے استدلال درست نہیں۔

دوسرا جواب: سجدۂ تلاوت علی الفور واجب نہیں، بعد میں بھی کیا جاسکتا ہے، ممکن ہے جس وقت حضرت زیدؓ نے سورۃ النجم سنائی اس وقت آپؐ کا وضو نہ ہو، یا سجدہ کا موقع نہ ہو، اس لئے آپؐ نے اس وقت سجدہ نہیں کیا، بعد میں کیا، اُس وقت سجدہ نہ کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپؐ نے بعد میں بھی سجدہ نہیں کیا۔

تیسرا جواب: اور ترمذی شریف میں ایک جواب یہ دیا گیا ہے کہ جب حضرت زیدؓ نے سجدہ نہیں کیا تو آپؐ پر بھی سجدہ واجب نہیں ہوا، اس لئے کہ قاری بہ منزلہ امام ہے وہ سجدہ کرے گا تو سامع اس کی اقتداء میں سجدہ کرے گا، مگر یہ جواب صحیح نہیں، احناف کے نزدیک سامع پر ہر حال میں سجدہ واجب ہے، خواہ قاری سجدہ کرے یا نہ کرے، اس لئے دوسرا جواب ہی صحیح ہے۔

[٦-] باب مَنْ قَرَأَ السَّجْدَةَ وَلَمْ يَسْجُدْ

[١٠٧٢-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَبُوْ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ سَأَلَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، فَزَعَمَ أَنَّهُ قَرَأَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ﴿والنَّجْمِ﴾ فَلَمْ يَسْجُدْ فِيْهَا. [انظر: ١٠٧٣]

[١٠٧٣-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ﴿والنَّجْمِ﴾ فَلَمْ يَسْجُدْ فِيْهَا. [انظر: ١٠٧٢]

بَابُ سَجْدَةِ ﴿إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ﴾

سورۃ الانشقاق میں سجدہ

یہ باب امام مالک رحمہ اللہ پر رد ہے، امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مفصلات کے سجدے مکی دور میں تھے، مدنی دور میں وہ منسوخ ہوگئے تھے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ بات صحیح نہیں، اس لئے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ سورۃ الانشقاق میں سجدہ کیا تو ابوسلمہ نے کہا: کیا میں نہیں دیکھتا آپ کو کہ آپ سجدہ کررہے ہیں یعنی آپؓ نے اس سورت میں سجدہ کیوں کیا؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا: کیوں نہ کروں، میں نے نبی ﷺ کو اس سورت میں سجدہ کرتے دیکھا ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سن ۷ ہجری میں مسلمان ہوئے ہیں اور انھوں نے نبی ﷺ کو اس سورت میں سجدہ کرتے دیکھا ہے معلوم ہوا کہ مفصلات کے سجدے مدنی دور میں بھی مشروع تھے، منسوخ نہیں ہوئے، پس امام مالکؒ کی رائے صحیح نہیں۔

فائدہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے سورۃ الانشقاق میں سجدہ کرنے پر طالب علم نے حیرت سے جو سوال کیا ہے وہ دلیل ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ کا قول ان کی اپنی رائے نہیں ہے بلکہ اوپر سے چلی آرہی ہے۔

[٧-] بَابُ سَجْدَةِ ﴿إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ﴾

[١٠٧٤-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، وَمُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالاَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ،

قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَرَأَ ﴿إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ﴾ فَسَجَدَ بِهَا، فَقُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! أَلَمْ أَرَكَ تَسْجُدُ؟ قَالَ: لَوْ لَمْ أَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم سَجَدَ لَمْ أَسْجُدْ.

بَابُ مَنْ سَجَدَ لِسُجُوْدِ الْقَارِئِ

جس نے قاری کے سجدہ کرنے کی وجہ سے سجدہ کیا

ایک رائے یہ ہے کہ سامع پر سجدہ اس وقت واجب ہوتا ہے جب قاری سجدہ کرے، اگر قاری سجدہ نہ کرے تو سامع پر سجدہ واجب نہیں، قاری بہ منزلہ امام ہے وہ سجدے کرے گا تو سامعین اس کی اقتداء میں سجدہ کریں گے ورنہ نہیں، حنفیہ اس سے متفق نہیں، وہ کہتے ہیں کہ سامع پر ہر حال میں سجدہ واجب ہے چاہے قاری سجدہ کرے یا نہ کرے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے معلوم نہیں، اس لئے کہ آپ نے ترجمہ میں من رکھا ہے یعنی مسئلہ کی ذمہ داری قبول نہیں کی .... باب میں ایک اثر اور ایک حدیث ہے جن سے اس بات کے قائلین نے استدلال کیا ہے۔

[۸-] بَابُ مَنْ سَجَدَ لِسُجُوْدِ الْقَارِئِ

وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ لِتَمِيْمِ بْنِ حَذْلَمٍ، وَهُوَ غُلَامٌ، فَقَرَأَ عَلَيْهِ سَجْدَةً، فَقَالَ: اسْجُدْ فَإِنَّكَ إِمَامُنَا فِيْهَا.

[۱۰۷۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى، قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ عَلَيْنَا السُّوْرَةَ، فِيْهَا السَّجْدَةُ، فَيَسْجُدُ وَنَسْجُدُ، حَتَّى مَا يَجِدُ أَحَدُنَا مَوْضِعَ جَبْهَتِهِ. [انظر: ۱۰۷۶، ۱۰۷۹]

اثر: تمیم بن حذلم (تابعی) نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو قرآن سنایا اور آیت سجدہ پڑھی، ابن مسعودؓ نے اس سے کہا: سجدہ کر، تو ہمارا امام ہے۔ اس سے یہ استدلال کیا ہے کہ قاری سجدہ کرے گا تب سامع پر سجدہ واجب ہوگا ورنہ نہیں۔

مگر یہ استدلال تام نہیں، اس اثر سے جماعت کی ہیئت بنا کر سجدہ کرنے کی بات تو نکلتی ہے مگر یہ مسئلہ کہ قاری سجدہ کرے گا تب سامع پر سجدہ واجب ہوگا، یہ بات اس اثر سے نہیں نکلتی۔

حدیث: ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ ہمارے سامنے کوئی ایسی سورت تلاوت فرماتے تھے جس میں آیت سجدہ ہوتی تھی، پس آپ سجدہ کرتے تھے اور ہم بھی سجدہ کرتے تھے یہاں تک کہ ہم میں سے ایک اپنی پیشانی رکھنے کی جگہ نہیں پاتا تھا۔

تشریح: نبی ﷺ کبھی مجمع میں ایسی سورت تلاوت فرماتے تھے جس میں آیت سجدہ ہوتی تھی، پھر آپ سجدہ کرتے تو سارا مجمع آپ کے ساتھ سجدہ کرتا، یہ جماعت کی صورت ہے حقیقتاً جماعت نہیں، اور اس حدیث سے یہ استدلال کرنا کہ قاری سجدہ کرے تب سامع پر سجدہ واجب ہے، یہ بات حدیث سے نہیں نکلتی۔

بَابُ ازْدِحَامِ النَّاسِ إِذَا قَرَأَ الإِمَامُ السَّجْدَةَ

لوگوں کا بھیڑ کرنا جب امام آیت سجدہ پڑھے

امام بخاری رحمہ اللہ کا ایک طریقہ یہ ہے کہ حدیث میں جو مسئلہ ضمناً آتا ہے اگلا باب اسی مسئلہ پر قائم کردیتے ہیں۔

مسئلہ: اگر بھیڑ کی وجہ سے سجدہ کرنے کی جگہ نہ ملے تو کیا کرے؟ سجدے دو ہیں، ایک نماز والا سجدہ، دوسرا سجدۂ تلاوت، نماز والے سجدے میں اگر ازدحام کی وجہ سے زمین پر سر رکھنے کی جگہ نہ ملے تو اگلے کی پیٹھ پر سجدہ کرے، اور سجدۂ تلاوت میں انتظار کرے جب اگلا سر اٹھالے تب سجدہ کرے۔

[۹-] بَابُ ازْدِحَامِ النَّاسِ إِذَا قَرَأَ الإِمَامُ السَّجْدَةَ

[۱۰۷٦-] حدثنا بِشْرُ بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقْرَأُ السَّجْدَةَ، وَنَحْنُ عِنْدَهُ، فَيَسْجُدُ وَنَسْجُدُ مَعَهُ، فَنَزْدَحِمُ حَتَّى مَا يَجِدُ أَحَدُنَا لِجَبْهَتِهِ مَوْضِعًا يَسْجُدُ عَلَيْهِ. [راجع: ۱۰۷۵]

وضاحت: یہ گذشتہ باب والی حدیث ہے، حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں: جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مجمع میں آیت سجدہ پڑھتے اور سجدہ کرتے تو صحابہ آپؐ کے ساتھ سجدہ کرتے اور بھیڑ کی وجہ سے بعض لوگ سجدہ کی جگہ نہیں پاتے تھے، وہ لوگ کیا کرتے تھے؟ اس سے حدیث خاموش ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی کچھ بیان نہیں کیا، اس لئے میں نے اوپر مسئلہ بیان کیا۔

بَابُ مَنْ رَأَى أَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لَمْ يُوْجِبِ السُّجُوْدَ

ایک رائے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سجود تلاوت واجب نہیں کئے

اس باب میں حضرت رحمہ اللہ مَن لائے ہیں اور دوسرے کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلائی ہے، خود ذمہ داری قبول نہیں کی۔ اور اس باب میں پانچ اثر اور ایک حدیث ہے۔

[۱۰-] بَابُ مَنْ رَأَى أَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لَمْ يُوْجِبِ السُّجُوْدَ

[۱-] وَقِيْلَ لِعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: الرَّجُلُ يَسْمَعُ السَّجْدَةَ، وَلَمْ يَجْلِسْ لَهَا؟ قَالَ: أَرَأَيْتَ لَوْ قَعَدَ لَهَا؟ كَأَنَّهُ لاَيُوْجِبُهُ عَلَيْهِ.

[۲-] وَقَالَ سُلْمَانُ: مَا لِهٰذَا غَدَوْنَا.

[٣-] وَقَالَ عُثْمَانُ: إِنَّمَا السَّجْدَةُ عَلٰى مَنِ اسْتَمَعَهَا.

[٤-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: لاَيَسْجُدُ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ طَاهِرًا. فَإِذَا سَجَدْتَ وَأَنْتَ فِيْ حَضَرٍ فَاسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ، فَإِنْ كُنْتَ رَاكِبًا فَلاَ عَلَيْكَ حَيْثُ كَانَ وَجْهُكَ.

[٥-] وَكَانَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ لاَيَسْجُدُ لِسُجُوْدِ الْقَاصِّ.

[١٠٧٧-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهُدَيْرِ التَّيْمِيِّ – قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَكَانَ رَبِيْعَةُ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ– عَمَّا حَضَرَ رَبِيْعَةُ مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: قَرَأَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى الْمِنْبَرِ بِسُوْرَةِ النَّحْلِ، حَتّٰى إِذَا جَاءَ السَّجْدَةَ نَزَلَ فَسَجَدَ وَسَجَدَ النَّاسُ، حَتّٰى إِذَا كَانَتِ الْجُمُعَةُ الْقَابِلَةُ قَرَأَ بِهَا، حَتّٰى إِذَا جَاءَ تِ السَّجْدَةُ، قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّا نَمُرُّ بِالسُّجُوْدِ، فَمَنْ سَجَدَ فَقَدْ أَصَابَ، وَمَنْ لَمْ يَسْجُدْ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ، وَلَمْ يَسْجُدْ عُمَرُ.

وَزَادَ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَفْرِضْ عَلَيْنَا السُّجُوْدَ إِلَّا أَنْ نَشَاءَ.

آثار:

۱- حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ ایک شخص سجدہ کی آیت سنتا ہے، مگر وہ آیت سننے کے لئے بیٹھا نہیں، مثلاً دارالحدیث میں جلسہ ہو رہا ہے، قاری صاحب قراءت کر رہے ہیں، انھوں نے آیت سجدہ پڑھی، اس وقت ایک شخص گیلری سے گذر رہا ہے، اس نے آیت سجدہ سنی تو کیا اس پر سجدہ واجب ہے؟ حضرت عمرانؓ نے جواب دیا: بتا اگر وہ آیت سننے کے لئے مجلس میں بیٹھتا تو؟ یعنی گذرتے ہوئے سنے یا بیٹھ کر بالقصد سنے دونوں صورتوں میں سجدہ واجب نہیں، کأنّه لایوجبه علیه: یہ حضرت عمرانؓ کے جواب کا حاصل ہے کہ دونوں صورتوں میں سجدہ واجب نہیں، مگر یہ حضرت عمران کی رائے ہے، دوسرے صحابہ کی یہ رائے نہیں تھی۔

۲- مکتب میں ایک بچہ استاذ کو سبق سنا رہا ہے، ایک شخص استاذ سے ملنے کے لئے آیا، اسی دوران بچہ نے آیت سجدہ پڑھی تو کیا اس آنے والے پر سجدہ واجب ہے؟ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ اسی قسم کا واقعہ پیش آیا، آپؓ کسی سے ملنے گئے وہاں آیت سجدہ پڑھی گئی، آپؓ نے سجدہ نہیں کیا اور فرمایا: ہم آیت سجدہ سننے کے لئے نہیں آئے یعنی بالقصد آیت سجدہ سنے تو سجدہ واجب ہے، ورنہ نہیں۔

۳- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آیت سجدہ کان میں پڑ جائے تو سجدہ واجب نہیں، کان لگا کر سنے یعنی بالقصد سنے تب سجدہ واجب ہے، استمع کے معنی ہیں: غور سے سننا۔

۴- امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: نہ سجدہ کرے مگر یہ کہ وہ پاک ہو یعنی سجدۂ تلاوت کے لئے وضو ضروری ہے (جہاں یہ

مسئلہ آیا تھا کہ سجدۂ تلاوت کے لئے وضو ضروری ہے یا نہیں؟ وہاں یہ قول کیوں نہیں لائے؟) اور حضر میں قبلہ رخ سجدہ کرنا ضروری ہے، اور سفر میں جدھر بھی سواری کا رخ ہو سجدہ کر سکتا ہے، قبلہ کی طرف رخ کرنا ضروری نہیں۔

۵- سائب بن یزید رحمہ اللہ (تابعی) جب کسی واعظ سے وعظ میں آیت سجدہ سنتے تو سجدہ نہیں کرتے تھے۔

حدیث: اس حدیث کے ایک راوی ہیں ربیعۃ بن عبداللہ، ان کے بارے میں ابوبکر کہتے ہیں کہ ربیعہ بہترین انسان تھے، یہ ان کی توثیق ہے، انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ آپؓ نے جمعہ کے دن منبر پر سورۃ النحل پڑھی، اس وقت ربیعہ وہاں موجود تھے، جب آپؓ نے آیت سجدہ پڑھی تو منبر سے اترے اور سجدہ کیا، پس لوگوں نے بھی آپؓ کے ساتھ سجدہ کیا، اگلے جمعہ میں آپؓ نے پھر سورۃ النحل پڑھی اور آیت سجدہ پڑھ کر فرمایا: لوگو! ہم سجدوں سے گذرتے ہیں، پس جس نے سجدہ کیا اس نے درست کیا، اور جس نے سجدہ نہیں کیا اس پر کچھ گناہ نہیں۔ پھر آپؓ نے سجدہ نہیں کیا۔

اس واقعہ کو نافع بھی ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں، ان کی حدیث میں یہ اضافہ ہے: حضرت عمرؓ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہم پر سجدے فرض نہیں کئے، مگر یہ کہ ہم چاہیں، یعنی ہمیں اختیار ہے، چاہیں تو سجدہ کریں اور نہ چاہیں تو نہ کریں۔

تشریح: یہ مسئلہ کہ سجودِ تلاوت سنت ہیں یا واجب؟ دورِ اول میں اختلافی تھا، روایات میں بھی اختلاف ہے اور صحابہ میں بھی اختلاف تھا، اور امام اعظم رحمہ اللہ کا مزاج یہ ہے کہ عبادت میں احتیاط والا پہلو لیتے ہیں، اور سجدوں کو واجب قرار دینے میں احتیاط ہے، سجدہ کرے گا تو ثواب پائے گا، پس فرض کرو: واجب نہ بھی ہو پھر بھی سجدہ کیا جائے تو کیا برا ہے!

بَابُ مَنْ قَرَأَ السَّجْدَةَ فِي الصَّلَاةِ فَسَجَدَ بِهَا

جس نے نماز میں آیت سجدہ پڑھی، پھر اس نے سجدہ کیا

یہ ایک سوال مقدر کا جواب ہے، سوال یہ ہے کہ سجدۂ تلاوت نماز کا جزء نہیں ہے —— واجب ہے یا سنت، اس سے قطع نظر —— بلکہ وہ مستقل چیز ہے پس اس کو نماز میں کیسے کریں گے؟ جواب یہ ہے کہ اس کا ثبوت نص سے ہے، نبی ﷺ نماز میں سجدۂ تلاوت کیا کرتے تھے، یہ قائلین سنت کی طرف سے جواب ہے اور حنفیہ یہ جواب دیں گے کہ بعض مستقل واجبات کو نماز میں لیا گیا ہے، جیسے نماز میں اترتی ہوئی سورتیں پڑھنا واجب ہے اور یہ واجباتِ قراءت میں سے ہے اور مستقل واجب ہے، نماز کا واجب نہیں۔ اسی طرح سجدۂ تلاوت بھی مستقل واجب ہے، اس کو نماز میں لیا گیا ہے، لہٰذا اگر نماز میں آیت سجدہ پڑھے تو نماز ہی میں سجدہ کرے گا۔

[۱۱-] بَابُ مَنْ قَرَأَ السَّجْدَةَ فِي الصَّلَاةِ فَسَجَدَ بِهَا

[۱۰۷۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرٌ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، قَالَ:

صَلَّيْتُ مَعَ أَبِيْ هُرَيْرَةَ الْعَتَمَةَ، فَقَرَأَ ﴿إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ﴾ فَسَجَدَ، فَقُلْتُ: مَاهٰذِهٖ؟ قَالَ: سَجَدْتُ بِهَا خَلْفَ أَبِي الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم، فَلاَ أَزَالُ أَسْجُدُ فِيْهَا حَتَّى أَلْقَاهُ. [راجع: ۷٦٦]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عشاء کی نماز میں سورۃ الانشقاق پڑھی اور آیت سجدہ پڑھ کر نماز ہی میں سجدہ کیا، ابورافع نے اس سلسلہ میں سوال کیا، آپؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کے پیچھے اس سورت میں سجدہ کیا ہے، لہٰذا میں سجدہ کروں گا، یہاں تک کہ موت آجائے، ابوسلمہ نے بھی یہ سوال کیا تھا، معلوم ہوا کہ مفصلات کے سجدوں کے نسخ کی بات تنہا امام مالک رحمہ اللہ نہیں کہتے، اوپر سے یہ رائے چلی آرہی ہے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَجِدْ مَوْضِعًا لِلسُّجُوْدِ مِنَ الزِّحَامِ

جو شخص بھیڑ کی وجہ سے سجدہ کے لئے جگہ نہ پائے

یہ باب گذر چکا ہے اور اس باب میں اور گذشتہ باب میں فرق یہ ہے کہ وہاں لفظ امام تھا اور یہاں وہ لفظ نہیں ہے اور اتنے معمولی فرق پر بھی امام بخاری رحمہ اللہ نیا باب قائم کرتے ہیں۔

[۱۲-] بَابُ مَنْ لَمْ يَجِدْ مَوْضِعًا لِلسُّجُوْدِ مِنَ الزِّحَامِ

[۱۰۷۹-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ السُّوْرَةَ الَّتِيْ فِيْهَا السَّجْدَةُ، فَيَسْجُدُ وَنَسْجُدُ حَتّٰى مَا يَجِدُ أَحَدُنَا مَكَانًا لِمَوْضِعِ جَبْهَتِهٖ. [راجع: ۱۰۷۹]

﴿الحمدللہ! ابواب سجود القرآن کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ تَقْصِيْرِ الصَّلاَةِ

نماز قصر کرنے کا بیان

الاِقْتِصَار، التَّقْصِیْر اور الْقَصْر تینوں مترادف الفاظ ہیں اور فصیح ترین تیسرا لفظ ہے، اور وہی زیادہ مستعمل ہے...... ان ابواب میں سفر میں رباعی نماز قصر پڑھنے کا بیان ہے اور ضمناً چند اور بھی مسئلے آگئے ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ التَّقْصِيْرِ، وَكَمْ يُقِيْمُ حَتَّى يَقْصُرَ؟

قصر اور مدتِ اقامت کا بیان

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: سفر میں قصر کا کیا حکم ہے؟ پوری امت متفق ہے کہ سفر شرعی میں قصر یعنی رباعی نماز کو دو رکعت پڑھنا جائز ہے، البتہ اتمام کے جواز وعدم جواز میں اختلاف ہے، یعنی سفر میں رباعی نماز پوری پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، عراقی مکتبِ فکر (احناف) کے نزدیک قصر واجب ہے یعنی پوری نماز پڑھنا جائز نہیں، اور حجازی مکتبِ فکر (ائمہ ثلاثہ) کے نزدیک قصر بھی جائز ہے اور اتمام بھی۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ سفر میں قصر: قصر اسقاط ہے یا قصر ترفیہ؟ اسقاط کے معنی ہیں: ختم کرنا۔ اور ترفیہ کے معنی ہیں: سہولت دینا، عراقی مکتبِ فکر کے نزدیک قصر: قصر اسقاط ہے یعنی سفر میں رباعی نمازوں میں سے دو رکعتیں کم کردی گئی ہیں پس جس طرح فجر کی چار رکعتیں پڑھنا جائز نہیں سفر میں رباعی نماز پوری پڑھنا جائز نہیں۔

اور حجازی مکتبِ فکر کے نزدیک قصر: قصر ترفیہ ہے یعنی سفر میں رباعی نماز دو رکعت پڑھنے کی رخصت دی گئی ہے، پس جو چاہے رخصت پر عمل کرے اور دو پڑھے، اور جو چاہے عزیمت پر عمل کرے اور چار پڑھے، دونوں باتیں درست ہیں۔

پھر ائمہ ثلاثہ کے درمیان اختلاف ہے، امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قصر اور اتمام دونوں یکساں ہیں، کوئی اولیٰ غیر اولیٰ

نہیں ہے، اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: قصر افضل ہے اور اتمام جائز ہے ـــــ غرض بنیادی نقطۂ نظر دو ہیں: حنفیہ کے نزدیک قصر واجب ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قصر واتمام دونوں جائز ہیں کوئی واجب نہیں۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل: سورۃ النساء کی آیت ۱۰۱ ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلَاةِ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾: جب تم زمین میں سفر کرو تو تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم (رباعی) نماز کم پڑھو، اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ کفار تمہیں پریشان کریں گے۔ ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں: لاجناح: اباحت کی تعبیر ہے، اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ قصر کرنا جائز ہے واجب نہیں، پس اس کا مقابل اتمام بھی جائز ہوگا۔

اور دوسری دلیل: یہ ہے کہ حضرت عثمان اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما سفر میں اتمام کیا کرتے تھے، حضرت عائشہؓ ہر جگہ نماز پوری پڑھتی تھیں اور حضرت عثمانؓ نے اپنے خلافت کے آخری سالوں میں حج کے موقع پر مکہ میں پوری نماز پڑھائی، اگر اتمام جائز نہ ہوتا تو یہ حضرات سفر میں پوری نماز کیسے پڑھتے؟

اور حنفیہ کا استدلال: یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین نے مواظبت تامہ کے ساتھ سفر میں قصر کیا ہے، ایک واقعہ بھی ایسا نہیں کہ آنحضور ﷺ نے اپنی پوری زندگی میں سفر میں رباعی نماز پوری پڑھی ہو، بلکہ نبی اکرم ﷺ کے بعد سو سال تک صحابہ کا زمانہ رہا ہے اور ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ تھے، مگر کسی صحابی کے بارے میں مروی نہیں کہ انھوں نے سفر میں اتمام کیا، اور حضرت عائشہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما جو اتمام کرتے تھے تو وہ اپنے عمل کی تاویل کرتے تھے، تاویل کے بغیر کسی صحابی نے سفر میں اتمام نہیں کیا، پس نبی ﷺ کا مواظبت تامہ کے ساتھ قصر کرنا وجوب کی دلیل ہے۔ اور اتمام کے جواز کی کوئی دلیل نہیں، نہ کسی صحابی کا تاویل کے بغیر اتمام کرنا مروی ہے پس قصر واجب ہے۔

اور آیتِ کریمہ کی جو تفسیر ائمہ ثلاثہ نے کی ہے کہ ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ﴾: اباحت کی تعبیر ہے اس کا جواب آگے (حدیث ۱۶۴۳ میں) آرہا ہے، حضرت عروہ رحمہ اللہ نے (جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے تھے، اور حضرت عائشہؓ کے بھانجے ہیں) اپنی خالہ سے دریافت کیا کہ سورۃ البقرہ (آیت ۱۵۸) میں ارشاد پاک ہے: ﴿فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا﴾: جو شخص حج یا عمرہ کرے اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرے (یہ وہی بعینہٖ تعبیر ہے جو یہاں سورۃ النساء کی آیت ۱۰۱ میں ہے) حضرت عروہؒ نے کہا: اس سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ حج اور عمرہ میں سعی واجب نہیں، حالانکہ سعی حنفیہ کے نزدیک واجب ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرض۔ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: آپ آیت کا مطلب صحیح نہیں سمجھے، اگر سعی جائز ہوتی تو تعبیر یہ ہوتی: فلاجناح علیه أن لایطوف بهما: حج اور عمرہ کرنے والے پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہ کرے۔

حضرت عروہؒ اہل لسان تھے، بات ان کی سمجھ میں آگئی، مگر یہ سوال باقی رہا کہ آخر یہ تعبیر کیوں ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: انصار زمانۂ جاہلیت میں جب حج یا عمرہ کرتے تھے تو صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے کیونکہ ان

پہاڑیوں پر دو بت رکھے ہوئے تھے، وہ ان کو خدا نہیں مانتے تھے، پھر جب اسلام آیا اور وہ بت وہاں سے ہٹا دیئے گئے تب بھی انصار کو سعی کرنے میں حرج محسوس ہوا، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور ان کو سمجھایا کہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی ان بتوں کی وجہ سے نہیں کی جاتی، اس کا پس منظر کچھ اور ہے، لہٰذا بے تکلف سعی کرو، اور دل میں کوئی اندیشہ نہ لاؤ، لاجناح کی تعبیر اس لئے اختیار کی گئی ہے۔ غرض یہ اباحت کی تعبیر نہیں ہے، بلکہ انصار کے دلوں سے بوجھ ہٹانے کے لئے یہ تعبیر اختیار کی گئی ہے، یہی بات یہاں بھی ہے ﴿فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلاَةِ﴾ اباحت کی تعبیر نہیں ہے، اگر اتمام جائز ہوتا تو تعبیر یہ ہوتی: فلیس علیکم جناح أن أتموا صلوتکم: تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم نماز پوری پڑھو، اگر یہ تعبیر ہوتی تو اس کا مقابل قصر جائز ہوتا۔

رہی یہ بات کہ آخر یہ تعبیر کیوں ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ جو لوگ حضر میں ہمیشہ ظہر، عصر اور عشاء کی چار چار رکعتیں پڑھتے ہیں جب سفر میں ان سے دو رکعتیں پڑھنے کے لئے کہا جائے گا تو ان کے دلوں پر بوجھ پڑے گا، اس وجہ سے یہ تعبیر اختیار کی گئی ہے کہ سفر میں دو رکعتیں پڑھنے میں کچھ حرج نہیں، اور جو دو صحابہ سفر میں اتمام کرتے تھے ان سے سوالات ہوئے ہیں اگر سفر میں قصر واجب نہ ہوتا تو لوگ کیوں سوال کرتے؟ اور ان کو اپنے عمل کی تاویل کیوں کرنی پڑتی؟ تفصیل آئندہ باب میں آرہی ہے۔

اور مسلم شریف میں حدیث ہے کہ یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ النساء (آیت ۱۰۱) میں قصر کی اجازت اس شرط کے ساتھ دی ہے کہ کافروں کے پریشان کرنے کا اندیشہ ہو، اور اب اسلام کا بول بالا ہو گیا ہے، ہر طرف امن وامان ہے، جزیرۃ العرب میں کوئی کافر قبیلہ نہیں رہا، اب قصر کیوں ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: مجھے بھی یہ خیال آیا تھا اور میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ بات دریافت کی تھی، پس آپؐ نے فرمایا: یہ ایک خیرات ہے جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں دی ہے، پس اللہ تعالیٰ کی خیرات کو قبول کرو (مشکوۃ حدیث ۱۳۳۵) یعنی إن خفتم کی قید اولاً چاہے احترازی رہی ہو مگر بعد میں یہ قید احترازی نہیں رہی، اتفاقی ہو گئی، لہٰذا کافروں کے اندیشہ کے بغیر بھی قصر واجب ہے، کیونکہ یہ اللہ کا صدقہ ہے اور سخی کی خیرات قبول کرنا ہی زیبا ہے، اب اگر کوئی نماز پوری پڑھتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی خیرات کو رد کرتا ہے جو کسی طرح زیبا نہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ حنفیہ کے نزدیک قصر: قصر اسقاط ہے یعنی سفر میں اللہ تعالیٰ نے رباعی نمازوں میں سے دو رکعتیں کم کر دی ہیں پس سفر میں رباعی نماز پوری پڑھنا فجر کی نماز چار رکعتیں پڑھنے کی طرح ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ قصر: قصر ترفیہ (ترخیص) ہے یعنی شریعت نے مسافر کو سہولت دی ہے کہ وہ چاہے تو قصر کرے اور چاہے تو نماز پوری پڑھے۔

دوسرا مسئلہ:

مدت اقامت کتنی ہے؟ یعنی اگر دورانِ سفر مسافر کسی جگہ ٹھہرے تو کتنے دن ٹھہرنے کی نیت سے نماز پوری پڑھے گا؟

حنفیہ کے نزدیک مدت اقامت پندرہ دن ہے، اگر مسافر کسی جگہ پندرہ دن یا اس سے زیادہ قیام کی نیت کرے تو مقیم ہوجائے گا اور نماز پوری پڑھے گا۔ اور پندرہ دن سے کم ٹھہرنے کی نیت ہے تو قصر کرے گا۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مدت اقامت چار دن ہے، پھر ان کے یہاں تفصیل ہے، امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں: یوم دخول اور یوم خروج کو مستثنیٰ کرکے چار دن یا زیادہ کسی جگہ ٹھہرنے کی نیت ہو تو نماز پوری پڑھے، اور چار دن سے کم ٹھہرنے کی نیت ہو تو مسافر رہے گا اور قصر پڑھے گا، اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر اکیس نمازوں تک کسی جگہ ٹھہرنے کا ارادہ کرلیا تو وہ مقیم ہوگیا نماز پوری پڑھے، اور اس سے کم ٹھہرنے کا ارادہ ہے تو وہ مسافر ہے، قصر پڑھے۔

جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں کوئی مرفوع روایت نہیں، نہ احناف کے پاس اور نہ ائمہ ثلاثہ کے پاس، صحابہ اور تابعین کے آثار ہیں اور حنفیہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اثر لیا ہے اور ائمہ ثلاثہ نے سعید بن المسیب اور عطاء بن ابی رباح کے آثار لئے ہیں، اور اس اختلاف میں نقطۂ نظر اثر انداز ہوا ہے، چونکہ احناف نے قصر کو اللہ کی خیرات مانا ہے۔ اس لئے جو زیادہ سے زیادہ مدت مروی ہے اس کو لیا، اور ائمہ ثلاثہ قصر کو رخصت (سہولت) مانتے ہیں اور رخصت مجبوری میں لی جاتی ہے اور کم سے کم لی جاتی ہے اس لئے ائمہ ثلاثہ نے کسی صحابی کے قول کو نہیں لیا بلکہ جو سب سے کم قول مروی تھا وہ سعید بن المسیب اور عطاء بن ابی رباح کا تھا: اس کو لیا۔

ملحوظہ: پہلا مسئلہ کہ سفر میں قصر جائز ہے اجماعی مسئلہ ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کے ثبوت میں کوئی روایت پیش نہیں کی، البتہ دوسرے مسئلہ سے متعلق دو حدیثیں پیش کی ہیں، مگر ائمہ اربعہ نے ان کو نہیں لیا، کیونکہ ان سے مدت اقامت قطعی طور پر طے نہیں ہوتی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۸- أَبْوَابُ تَقْصِيْرِ الصَّلاَةِ

[۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ التَّقْصِيْرِ، وَكَمْ يُقِيْمُ حَتَّى يَقْصُرَ؟

[۱۰۸۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، وَحُصَيْنٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم تِسْعَةَ عَشَرَ يَقْصُرُ، فَنَحْنُ إِذَا سَافَرْنَا تِسْعَةَ عَشَرَ قَصَرْنَا، وَإِنْ زِدْنَا أَتْمَمْنَا. [انظر: ٤٢٩٨، ٤٢٩٩]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے (فتح مکہ کے موقع پر مکہ میں) انیس دن قیام فرمایا: اس مدت میں آپؐ نے نمازیں قصر پڑھیں، پس ہم جب انیس دن کا سفر کریں گے تو قصر کریں گے، اور اس سے زیادہ ٹھہریں گے تو

نماز پوری پڑھیں گے۔

تشریح: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک مدت اقامت بیس دن ہے، اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ نے اسی کو لیا ہے، مگر ائمہ اربعہ نے اس کو نہیں لیا، کیونکہ اس حدیث سے مدت اقامت پر استدلال صحیح نہیں، آنحضور ﷺ کا مکہ میں قیام حالات کے تابع تھا، ٹھہرنے کی نیت سے آپؐ نے یہ قیام نہیں فرمایا تھا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب کوئی علاقہ فتح ہوتا تھا تو آنحضور ﷺ وہاں تین دن قیام فرماتے تھے، پھر وہاں کا نظم کسی کو سونپ کر مدینہ کی طرف مراجعت فرماتے تھے، مگر فتح مکہ کے بعد آپؐ کو اطلاع ملی کہ ہوازن قبیلے جنگ کی تیاری کر رہے ہیں ایسی صورت میں مدینہ واپس لوٹ جانا عقلمندی کی بات نہیں تھی، اس لئے آپ مکہ میں رُکے رہے، جب یقینی اطلاع مل گئی کہ ہوازن مکہ پر چڑھائی کے ارادہ سے کوچ کر چکے ہیں تو آپؐ ان کی طرف بڑھے اور غزوۂ حنین پیش آیا۔ غرض آنحضور ﷺ کا مکہ میں قیام ٹھہرنے کی نیت سے نہیں تھا بلکہ حالات کے تابع تھا، اور ایسی صورت میں آج کل کرتے ہوئے برسوں گذر جائیں تو بھی آدمی مسافر رہے گا، علاوہ ازیں اس کی کوئی دلیل نہیں کہ اگر حضور اکرم ﷺ بیسویں دن رکتے تو نماز پوری پڑھتے، اس لئے ائمہ نے اس حدیث کو نہیں لیا۔

[۱۰۸۱-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ إِسْحَاقَ، سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْمَدِيْنَةِ إِلَى مَكَّةَ، فَكَانَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ، حَتَّى رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ، قُلْتُ: أَقَمْتُمْ بِمَكَّةَ شَيْئًا؟ قَالَ: أَقَمْنَا بِهَا عَشْرًا. [انظر: ٤٢٩٧]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مدینہ سے مکہ کی طرف نکلے، پس رسول اللہ ﷺ نے دو دو رکعتیں پڑھیں، یہاں تک کہ ہم مدینہ واپس لوٹ آئے، یعنی پورے سفر میں آپؐ نے قصر کیا، یحیٰ کہتے ہیں: میں نے پوچھا: کیا آپ حضرات مکہ میں کچھ دن ٹھہرے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہم مکہ میں دس دن ٹھہرے تھے۔

تشریح: یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے، نبی ﷺ حج کے لئے پچیس ذی قعدہ کو ظہر کی نماز پڑھ کر روانہ ہوئے، اور چار ذی الحجہ کو مکہ پہنچے (۱) پھر آٹھ ذی الحجہ کو منیٰ تشریف لے گئے، پھر عرفہ گئے، پھر مزدلفہ میں قیام کر کے منیٰ واپس آئے اور تیرہ کو مکہ لوٹ آئے، اور محصّب نامی میدان میں پڑاؤ ڈالا اور اسی دن آدھی رات کے بعد طواف وداع کر کے مدینہ واپسی ہوئی، اس پوری مدت میں آپؐ نے قصر کیا۔

اس حدیث سے بھی مدت اقامت پر استدلال نہیں ہوسکتا کیونکہ پورے دس دن آپؐ نے ایک جگہ قیام نہیں فرمایا، بلکہ مکہ میں چار دن سے بھی کم قیام رہا تھا اس لئے ائمہ ثلاثہ نے بھی اس حدیث کو نہیں لیا۔

(۱) تحفۃ الالمعی (۴۲۶:۲) میں پانچ ذی الحجہ کو مکہ پہنچنے کی بات ہے وہ غلطی ہے، آپؐ چار ذی الحجہ کو مکہ پہنچے تھے۔

بَابُ الصَّلَاةِ بِمِنًى

منیٰ میں نماز کا حکم

حاجی منیٰ، مزدلفہ اور عرفہ میں نمازیں پوری پڑھے یا قصر کرے؟ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس نے بھی حج کا احرام باندھ رکھا ہے وہ ان جگہوں میں قصر کرے، خواہ وہ مکہ کا اور قرب وجوار کا باشندہ ہو یا مسافر ہو، اور دوسرے ائمہ کے نزدیک صرف مسافر قصر کرے، مقیم نماز پوری پڑھے گا۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ قصر مناسک میں داخل ہے یا نہیں؟ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک قصر مناسک میں داخل ہے، پس ہر حاجی قصر کرے گا، اور جمہور کے نزدیک قصر مناسک میں شامل نہیں، پس مکہ اور قرب وجوار کے باشندے اسی طرح جو شخص منیٰ روانہ ہونے سے پہلے مکہ میں مقیم ہو گیا ہے وہ نماز پوری پڑھے گا، اور مکہ میں مدت اقامت پوری ہونے سے پہلے منیٰ کی طرف نکلا ہے تو سفر کی وجہ سے قصر کرے گا۔

[۲-] بَابُ الصَّلَاةِ بِمِنًى

[۱۰۸۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، وَأَبِىْ بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَمَعَ عُثْمَانَ صَدْرًا مِنْ إِمَارَتِهِ، ثُمَّ أَتَمَّهَا. [انظر: ۱۶۵۵]

[۱۰۸۳-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَنْبَأَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم آمَنَ مَاكَانَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ. [انظر: ۱۶۵۶]

[۱۰۸۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ، يَقُوْلُ: صَلَّى بِنَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِمِنًى أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ، فَقِيْلَ ذٰلِكَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، فَاسْتَرْجَعَ، ثُمَّ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، وَصَلَّيْتُ مَعَ أَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، وَصَلَّيْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، فَلَيْتَ حَظِّىْ مِنْ أَرْبَعِ رَكْعَاتٍ رَكْعَتَانِ مُتَقَبَّلَتَانِ! [انظر: ۱۶۵۷]

وضاحت:

۱- اس باب میں تین حدیثیں ہیں: پہلی حدیث ابن عمرؓ کی ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ اور حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کے ساتھ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کی خلافت کے ابتدائی سالوں میں منیٰ میں دو رکعتیں

پڑھی ہیں، پھر حضرت عثمانؓ نے نماز پوری پڑھانی شروع کی۔

اور دوسری حدیث حارثہ بن وہب کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے منیٰ میں دو رکعتیں پڑھائیں، جبکہ زیادہ سے زیادہ جو اطمینان ہوسکتا تھا وہ حاصل تھا (ایک لاکھ سے زیادہ پروانے شمع رسالت کے گرد جمع تھے اور مکہ میں کوئی کافر قبیلہ نہیں تھا اس کے باوجود آپؐ نے منیٰ میں دو رکعتیں پڑھائیں، معلوم ہوا کہ سورۃ النساء کی آیت (۱۰۱) میں إن خفتم کی قید اب اتفاقی ہے)

اور تیسری روایت عبدالرحمٰن بن یزید کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے منیٰ میں چار رکعتیں پڑھائیں، یہ بات ابن مسعودؓ سے ذکر کی گئی تو انھوں نے إنا للّٰہ پڑھا، پھر فرمایا: میں نے منیٰ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دو رکعتیں پڑھی ہیں اور حضرات شیخین کے ساتھ بھی دو رکعتیں پڑھی ہیں پھر فرمایا: کاش میرا حصہ چار رکعتوں کے عوض دو مقبول رکعتیں ہوں! یعنی میری دو رکعتیں ہی قبول ہوجائیں تو مجھے اس کی زیادہ خوشی ہے، یہ حضرت عثمانؓ پر نقد ہے، اور اس روایت میں یہ بھی ہے کہ پھر ابن مسعودؓ نے حضرت عثمانؓ کے پیچھے نماز پڑھی، آپؓ سے عرض کیا گیا کہ آپ نے تو نقد کیا تھا پھر آپ نے جماعت میں کیوں شرکت کی؟ آپؓ نے فرمایا: اختلاف اس سے زیادہ برا ہے، یعنی امیر المؤمنین سے اختلاف فتنہ کا سبب ہے، جو ہرگز مناسب نہیں۔

۲- امام بخاری رحمہ اللہ نے منیٰ میں قصر کے بارے میں کوئی صراحت نہیں کی، مگر مذکورہ تین حدیثیں پیش کرکے اشارہ کیا کہ منیٰ، مزدلفہ اور عرفہ میں قصر بوجہ سفر ہے، کیونکہ ان روایتوں میں نبی ﷺ نے اور خلفائے راشدین نے قصر بوجہ سفر کیا ہے، قصر مناسک میں سے ہے اس کی طرف کوئی اشارہ یا صراحت نہیں، بلکہ حضرت عثمانؓ پر نماز پوری پڑھانے کی وجہ سے جو نقد کیا گیا تھا اس کی بنیاد بھی یہی تھی کہ انھوں نے مسافر ہوتے ہوئے اتمام کیا تھا؟ معلوم ہوا کہ منیٰ میں قصر کی بنیاد سفر ہے۔

۳- گذشتہ باب میں بتلایا تھا کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قصر: قصر ترفیہ ہے یعنی سہولت کے طور پر قصر کی اجازت ہے، پس اتمام کرنا بھی جائز ہے اور ان کی دو دلیلیں تھیں، پہلی دلیل سورۃ النساء کی آیت (۱۰۱) تھی اس کی تفصیل گذر چکی اور دوسری دلیل یہ تھی کہ حضرت عائشہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما سفر میں اتمام کرتے تھے، حضرت عائشہؓ ہر جگہ پوری نماز پڑھتی تھیں اور حضرت عثمانؓ نے اپنی خلافت کے آخری سالوں میں حج کے موقع پر مکہ میں پوری نماز پڑھانی شروع کی تھی، اگر اتمام جائز نہ ہوتا تو یہ حضرات سفر میں نماز پوری کیسے پڑھتے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ان دونوں حضرات سے سفر میں اتمام کرنے کی وجہ سے سوالات ہوئے تھے، اگر سفر میں قصر واجب نہ ہوتا تو لوگ کیوں اعتراض کرتے؟ اور ان کو اپنے عمل کی تاویل کیوں کرنی پڑتی؟

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تو اپنے عمل کی وجہ یہ بیان کی کہ ان کے حق میں سفر متحقق نہیں ہوتا، کیونکہ وہ مسلمانوں کی ماں ہیں، پس وہ جہاں رہیں اپنے بیٹوں کے گھر ہیں اور ماں بیٹوں کے گھر مسافر نہیں ہوتی، یہ تاویل صحیح ہے یا نہیں؟ یہ الگ بات ہے، سمجھنے کی بات یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے عمل کی تاویل کی ہے، اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اپنے

دورِ خلافت کے شروع میں چھ یا آٹھ سال تک جب حج کرانے کے لئے مکہ آتے تھے تو نماز قصر پڑھاتے تھے، پھر حضرت کا عمل بدل گیا، اور مکہ میں اور منیٰ میں چار رکعتیں پڑھانی شروع کیں پس لوگوں نے سوال کیا: آپؓ نے جواب دیا: میں نے مکہ کے قریب ایک گاؤں میں شادی کی ہے، پہلے میں مدینہ سے سیدھا اس گاؤں میں آتا ہوں پھر ایک ماہ کے بعد وہاں سے مکہ آتا ہوں اس لئے مسافر نہیں ہوتا، غرض دونوں حضرات اپنے عمل کی تاویل کرتے تھے، تاویل کے بغیر کسی صحابی نے سفر میں اتمام نہیں کیا (یہ تاویلات متفق علیہ روایت میں آئی ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۳۴۸) اور تفصیل شرح معانی الآثار (۱:۲۷۷) میں ہے)

بَابٌ: كَمْ أَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّتِهِ؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم حج کے موقعہ پر مکہ میں کتنے دن ٹھہرے؟

ابھی بتایا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر مکہ مکرمہ میں دس دن قیام فرمایا ہے، چار ذی الحجہ کو مکہ پہنچے، اور چودھویں رات میں صبح کے قریب مدینہ واپسی ہوئی، پس مکہ اور مضافات میں کل قیام دس دن رہا۔

[۳-] بَابٌ: كَمْ أَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّتِهِ؟

[۱۰۸۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ الْبَرَّاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ لِصُبْحِ رَابِعَةٍ، يُلَبُّوْنَ بِالْحَجِّ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوْهَا عُمْرَةً، إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ، تَابَعَهُ عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرٍ. [انظر: ۱۵٦٤، ۲۵۰۵، ۳۸۳۲]

وضاحت: یہ مسئلہ کتاب الحج میں آئے گا، اور پہلے بھی آچکا ہے کہ حجۃ الوداع میں سب صحابہ بشمول نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھ کر چلے تھے، اور مکہ پہنچنے تک سب کا حج ہی کا احرام تھا، عمرہ کا کوئی تصور نہیں تھا، کیونکہ عربوں کے تصورات میں جس سال حج کرنا ہو اس سال اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا گناہ تھا، پھر جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم مکہ پہنچے تو وحی آئی کہ جن کے پاس ہدی نہیں ہے وہ اپنے حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دیں، اور عمرہ کر کے احرام کھول دیں، اور آٹھ ذی الحجہ کو حج کا احرام مکہ سے باندھیں، یہ حکم اسی سال کے لئے تھا۔

ملحوظہ: البَرَّاء: (تیر چھیلنے والا) یہ ابوالعالیہ: ریاحی نہیں ہیں، دوسرے ابوالعالیہ ہیں۔

بَابٌ: فِيْ كَمْ يَقْصُرُ الصَّلَاةَ؟

کتنی مسافت میں نماز قصر کرے گا؟

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ مسافت کے لحاظ سے سفر شرعی کی مقدار کیا ہے؟ یعنی کتنی مسافت کے سفر میں نماز قصر

کریں گے؟ ائمہ اربعہ نے تین رات دن کی مسافت کو مدت سفر قرار دیا ہے، جس کے اڑتالیس میل (۸۹ کلومیٹر) بنتے ہیں، اتنی مسافت کے ارادہ سے نکلے تو سفر کے احکام جاری ہونگے۔

اور اصحابِ ظواہر (غیر مقلدین) کے نزدیک کوئی تحدید نہیں، وہ کہتے ہیں: جس پر لغت اور عرف میں سفر کا اطلاق ہو اس میں قصر کریں گے، کوئی شخص اپنے باغ میں گیا، باغ گاؤں سے باہر ہے، اس پر سفر کا اطلاق نہیں ہوتا، نہ عرفاً نہ شرعاً نہ لغۃً، پس قصر وافطار کی اجازت نہیں، اور جس مسافت پر سفر کا اطلاق ہوتا ہو اس میں قصر وافطار کی اجازت ہے، مسافت کی کوئی تحدید نہیں، امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی شاید یہی رائے ہے (فیض الباری ۲: ۳۹۷) اور حافظ صاحبؒ فرماتے ہیں: امام بخاری رحمہ اللہ باب میں جو پہلا قول لائے ہیں اس سے یہ سمجھا جاسکتا ہے کہ آپ نے یک شبانہ روز کی مسافت کو مسافت سفر قرار دیا ہے، مگر میری سمجھ میں یہ دونوں باتیں نہیں آئیں، کیونکہ امام صاحب نے ترجمہ میں کَمْ استفہامیہ رکھا ہے، کوئی فیصلہ نہیں کیا، اور باب میں دونوں فریقوں کے مستدلات کا ذکر کیا ہے، پس کوئی ایک بات آپ کے سر لگانا کیسے مناسب ہے!

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسافت سفر کا مسئلہ منصوص نہیں، ایک قول یہ ہے کہ ایک رات دن کی مسافت پر چونکہ نبی ﷺ نے سفر کا اطلاق کیا ہے اس لئے یہی مسافت قصر ہے، ارشاد ہے: ''جو عورت اللہ پر اور قیامت کے دن پر یقین رکھتی ہے اس کے لئے محرم کے بغیر ایک رات دن کا سفر جائز نہیں'' پس اسی کو مسافت قصر قرار دیں گے، اور ایک حدیث میں تین رات دن محرم کے بغیر سفر کرنے کی ممانعت ہے، ائمہ اربعہ نے اسی کو مسافت قصر قرار دیا ہے۔

مگر ان احادیث میں درحقیقت مسافت سفر کا بیان نہیں ہے بلکہ یہ بات ہے کہ عورت کے لئے تنہا سفر کرنے کا جواز یا عدم جواز خوفِ فتنہ پر مبنی ہے، اگر خوف فتنہ نہ ہو تو ایک رات دن کا سفر عورت تنہا کرسکتی ہے اور اطمینان ہو تو تین دن سے زیادہ کا بھی سفر تنہا کرسکتی ہے، یہ بات علامہ کشمیری قدس سرہ نے فیض الباری (۲: ۳۹۷) میں فرمائی ہے، چنانچہ حدیث میں ہے کہ ایک زمانہ آئے گا کہ حیرہ سے مدینہ تک ایک عورت تنہا سفر کرے گی، راستہ میں اس کو کوئی ڈر نہیں ہوگا، صرف اللہ کا ڈر ہوگا اور بکریوں پر بھیڑیے کا ڈر ہوگا، پس اگر خوفِ فتنہ نہ ہو تو عورت تنہا اتنا لمبا سفر بھی کرسکتی ہے۔ اور فتنہ کا اندیشہ ہو تو مسجد اور مارکیٹ بھی تنہا نہیں جاسکتی، جیسے آج کل ہوائی جہاز سے مہینوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہوجاتا ہے۔ اور تجربہ یہ ہے کہ درمیان میں کوئی فتنہ پیش نہیں آتا، پس ایسی پرامن صورت میں عورت تنہا سفر کرسکتی ہے۔

غرض ان روایات سے مسافت قصر پر استدلال صحیح نہیں، اسی لئے ائمہ اربعہ نے ان روایات کو نہیں لیا، ہاں مسح علی الخفین کی روایات سے استدلال کیا جاسکتا ہے، اس لئے ائمہ اربعہ نے حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے آثار لئے ہیں، وہ دونوں حضرات چار برید کے سفر میں قصر کیا کرتے تھے، چار برید کے سولہ فرسخ یعنی اڑتالیس میل بنتے ہیں، ائمہ اربعہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

فائدہ (۱): مسافت قصر کے مسئلہ میں امام مالک رحمہ اللہ شروع ہی سے چار برید کے قائل تھے اور امام شافعی رحمہ اللہ

سے سات تقدیریں مروی ہیں مگر بعد کے حضرات نے ان کو چار برید (اڑتالیس میل) پر جمع کر دیا (شرح مہذب ۴: ۳۲۳) بلکہ امام شافعی رحمہ اللہ نے مراعات خلاف کے لئے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول پر عمل کرنے کا مشورہ بھی دیا ہے۔ شیرازی رحمہ اللہ (متوفی ۴۷۶ھ) نے مہذب میں یہ بات بیان کی ہے، مگر یہ سب ابحاث بعد میں ختم ہوگئیں، اب چار برید فتوی کے لئے متعین ہوگئے ہیں۔

فائدہ (۲): احناف کے اصل مذہب میں بغیر تقدیر کے تین رات دن کی مسافت کو مسافت قصر قرار دیا گیا تھا، مگر تقدیر کے بغیر عوام کے لئے عمل میں دشواری تھی، اس لئے بعد کے حضرات نے اندازے قائم کئے، سیدھا اندازہ تین مراحل کا تھا، مرحلہ: اونٹ کی چال سے ایک دن کی مسافت کو کہتے ہیں، جو چوبیس میل ہوتی ہے مگر احناف نے مرحلوں کے بجائے فرسخوں سے اندازہ کیا، فرسخ تین میل کا ہوتا ہے، فرسخوں سے تین رات دن کی مسافت کے تین اندازے کئے گئے، اکیس فرسخ یعنی ۶۴ میل، اٹھارہ فرسخ یعنی ۵۴ میل اور پندرہ فرسخ یعنی ۴۵ میل، پہلی تقدیر پر کسی نے فتوی نہیں دیا، باقی دو تقدیروں کو مفتی بہ قرار دیا گیا، پھر حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ نے فتاوی رشیدیہ میں اڑتالیس میل یعنی چار برید پر فتوی دیا، کیونکہ یہ پندرہ فرسخ سے زائد تھا اور اس کا مستند موجود تھا اس لئے اب یہی قول مفتی بہ ہے۔

فائدہ (۳): اور میل کے لغوی معنی ہیں: مدّ البصر: یعنی جہاں تک نگاہ جاتی ہے وہ ایک میل ہے، اور اصطلاح میں میل چار ہزار ہاتھ کا اور ہاتھ چوبیس انگشت کا اور انگشت چھ جَو کی ہوتی ہے، یہی میل ہاشمی اور میل شرعی ہے، کسی زمانہ میں میل اموی اس سے بڑا رائج ہوا تھا، اور قریب زمانہ میں میل انگریزی اس سے چھوٹا رائج ہوا، ان کا اعتبار نہیں، پس کلومیٹر میں اندازہ کرتے وقت اس کا خیال رکھنا ضروری ہے، اور ایک عام حساب جو ۷۷ کلومیٹر کا چل رہا ہے غالباً وہ صحیح نہیں، مجمع لغة الفقهاء میں تقریباً ۸۹ کلومیٹر حساب کیا گیا ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۳: ۵۵۷)

[٤-] بَابٌ: فِيْ كَمْ يَقْصُرُ الصَّلَاةَ؟

[١-] وَسَمَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم السَّفَرَ يَوْمًا وَلَيْلَةً.

[٢-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ يَقْصُرَانِ وَيُفْطِرَانِ فِيْ أَرْبَعَةِ بُرُدٍ، وَهِيَ سِتَّةَ عَشَرَ فَرْسَخًا.

[١٠٨٦-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِيْ أُسَامَةَ: حَدَّثَكُمْ عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا تُسَافِرِ الْمَرْأَةُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا مَعَ ذِيْ مَحْرَمٍ " [انظر: ١٠٨٧]

[١٠٨٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَا تُسَافِرِ الْمَرْأَةُ ثَلَاثًا إِلَّا مَعَهَا ذُوْ مَحْرَمٍ "[راجع: ١٠٨٦]

تَابَعَهُ أَحْمَدُ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۰۸۸-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِیْدُ الْمَقْبُرِیُّ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَا یَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الآخِرِ أَنْ تُسَافِرَ مَسِیْرَةَ یَوْمٍ وَلَیْلَةٍ لَیْسَ مَعَهَا حُرْمَةٌ"
تَابَعَهُ یَحْیَی بْنُ أَبِیْ کَثِیْرٍ، وَسُهَیْلٌ، وَمَالِكٌ، عَنِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ.

حدیث کا حوالہ: نبی ﷺ نے شبانہ روز کے سفر کا سفر نام رکھا، یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کی طرف اشارہ ہے جو آگے (نمبر ۱۰۸۸ پر) آرہی ہے، مگر پہلے بتایا ہے کہ اس حدیث سے مسافت سفر کی تحدید محل نظر ہے، ہاں مسح علی الخفین کی روایات سے تحدید معقول نظر آتی ہے، اور ائمہ اربعہ نے اسی سے مسافت کی تعیین کی ہے۔

اثر: حضرات ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہما چار برید کا سفر کرتے تھے تو نماز قصر کرتے تھے اور رمضان کے روزوں میں رخصت پر عمل کرتے تھے، اور چار برید کے سولہ فرسخ ہوتے ہیں (اور ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے، پس کل ۴۸ میل ہوئے یہی اندازہ ائمہ اربعہ نے لیا ہے)

حدیث (۱): حَدَّثکم سے پہلے ہمزہ استفہام پوشیدہ ہے، اسحاق بن راہویہ نے ابو اسامہ سے پوچھا: عبید اللہ عمری نے کتاب میں مذکور سند سے یہ حدیث آپ سے بیان کی ہے؟ پھر حدیث کے آخر میں اقرار نہیں ہے، پہلے استاذ نعم کہتا تھا، پھر بعد میں سکوت اقرار کے قائم مقام ہوگیا، اور مسند اسحاق میں و قال: نعم ہے (فتح)

حدیث (۲): پہلی ہی حدیث ہے، اور یہ یحییٰ قطان کی روایت ہے، یحییٰ نے عبید اللہ کی اس روایت کو منکر قرار دیا ہے، کیونکہ ان کے بھائی عبد اللہ عمری اس کو ابن عمرؓ پر موقوف کرتے ہیں، مگر یحییٰ کی یہ رائے صحیح نہیں، عبد اللہ ضعیف ہیں اور عبید اللہ مضبوط راوی ہیں اور ابن المبارک بھی عبید اللہ سے اس روایت کو مرفوع روایت کرتے ہیں اور تابعہ کا مرجع مسدد ہیں اور احمد سے احمد بن محمد مروزی مراد ہیں جو امام بخاری کے استاذ ہیں، امام احمد مراد نہیں، کیونکہ ان کا ابن المبارک سے سماع نہیں (فتح)

حدیث (۳): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے، اسی حدیث کا باب کے شروع میں حوالہ دیا ہے، پہلے یہ حدیث ابن ابی ذئب کی سند سے لکھی ہے، ان کی سند میں سعید مقبری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، پھر ان کے تین متابع پیش کئے ہیں، مگر ان کی متابعت صرف متن میں ہے، سند میں نہیں ہے، کیونکہ ان کی سندوں میں مقبری کے بعد عن أبیہ نہیں ہے (فتح) اور اس حدیث میں لفظ حُرمة بمعنی محرم ہے۔

بَابٌ: یَقْصُرُ إِذَا خَرَجَ مِنْ مَّوْضِعِهِ

بستی سے نکل کر قصر شروع کرے

جب آدمی اڑتالیس میل یا اس سے زیادہ مسافت کے ارادہ سے گھر سے نکلا تو جب تک وہ شہر اور فناء شہر میں ہے اس پر

سفر کے احکام جاری نہیں ہونگے، جب بستی کی حدود سے آگے بڑھے گا تو مسافر ہوجائے گا اور رباعی نماز قصر پڑھے گا، مگر آج کل بڑے شہروں کا حال یہ ہوگیا ہے کہ شہر سے نکلتے نکلتے ۸۹ کلومیٹر ہوجاتے ہیں، اور دہلی میں تو دہلی کے مکانات ختم بھی نہیں ہوتے کہ غازی آباد شروع ہوجاتا ہے، مسلسل آبادی ہے، اس لئے اب بڑا مسئلہ پیدا ہوگیا ہے، آج سے بیس پچیس سال پہلے بعض حضرات نے یہ مسئلہ چھیڑا تھا کہ بڑے شہروں میں ایریوں کا اعتبار کیا جائے، جیسے پرانی دہلی سے نکل گیا تو مسافر ہوگیا، جوگیشوری سے نکل گیا تو مسافر ہوگیا، مگر مفتیانِ کرام نے ان کی موافقت نہیں کی، فتوی یہ ہے کہ جب شہر سے نکلے گا تب قصر شروع کرے گا، اور مسافت سفر بھی وہاں سے گنی جائے گی، اور میں نے جو مثال دی ہے کہ ابھی دہلی چل رہی ہے اور سندرنگری شروع ہوگئی، آدھی سندرنگری دہلی میں ہے اور آدھی غازی آباد میں، اس کا اعتبار نہیں، جب دہلی کے متصل مکانات ختم ہونگے تب قصر کے احکام شروع ہونگے، پس جہاں شک ہو کہ مسافر ہوا نہیں؟ وہاں پوری نماز پڑھے، اس لئے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اتمام جائز ہے، قصر اس وقت کرے جب یقیناً مسافر بن جائے، اور بنگال، آسام اور بنگلہ دیش میں راستہ کے ساتھ ساتھ مکانات چلتے رہتے ہیں، وہاں بستیوں کی ابتدا اور انتہا مقرر رہوتی ہے، پس اس کا لحاظ کیا جائے۔

اثر: ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سفر کے ارادہ سے کوفہ سے نکلے، شہر سے نکلتے ہی آپؓ نے قصر کیا، جبکہ کوفہ کے مکانات نظر آرہے تھے، پھر واپسی میں کوفہ کے قریب نماز قصر پڑھی، عرض کیا گیا: یہ کوفہ رہا! آپؓ نے فرمایا: نہیں (ابھی ہم نماز پوری نہیں پڑھیں گے) یہاں تک کہ ہم کوفہ میں داخل ہوجائیں، معلوم ہوا کہ بستی کی حدود سے نکلتے ہی سفر کے احکام شروع ہوجائیں گے، اور بستی کی حدود میں داخل ہوتے ہی سفر کے احکام ختم ہوجائیں گے۔

[٥-] بَابٌ: يَقْصُرُ إِذَا خَرَجَ مِنْ مَّوْضِعِهِ

وَخَرَجَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ فَقَصَّرَ وَهُوَ يَرَى الْبُيُوْتَ، فَلَمَّا رَجَعَ قِيْلَ لَهُ: هٰذِهِ الْكُوْفَةُ؟ قَالَ: لَا، حَتّٰى نَدْخُلَهَا.

[١٠٨٩-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، وَإِبْرَاهِيْمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّيْتُ الظُّهْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِيْنَةِ أَرْبَعًا، وَبِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ.

[انظر: ١٥٤٦، ١٥٤٧، ١٥٤٨، ١٥٥١، ١٧١٢، ١٧١٤، ١٧١٥، ٢٩٥١، ٢٩٨٦]

وضاحت: حضور اقدس ﷺ حجۃ الوداع میں ظہر کی نماز پڑھ کر مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے تھے اور عصر کی نماز ذوالحلیفہ میں قصر پڑھی تھی، یہ اہل مدینہ کی میقات ہے، جو مدینہ طیبہ سے پانچ چھ میل کے فاصلہ پر تھی، معلوم ہوا کہ شہر کی حدود سے نکلتے ہی قصر کرے گا۔

[١٠٩٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

الصَّلَاةُ أَوَّلُ مَا فُرِضَتْ رَكْعَتَانِ، فَأُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ، وَأُتِمَّتْ صَلَاةُ الْحَضَرِ.
قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَقُلْتُ لِعُرْوَةَ: مَا بَالُ عَائِشَةَ تُتِمُّ؟ قَالَ: تَأَوَّلَتْ مَا تَأَوَّلَ عُثْمَانُ.[راجع: ۳۵۰]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نماز جب شروع میں فرض کی گئی تو دو رکعتیں تھیں یعنی سب نمازیں مغرب کے علاوہ دو دو رکعتیں فرض کی گئی تھیں، سفر میں بھی اور حضر میں بھی، پس سفر کی نماز برقرار رکھی گئی یعنی اس میں اضافہ نہیں کیا گیا اور حضر کی نمازیں پوری کی گئیں یعنی ان میں اضافہ کیا گیا (اتنی روایت پہلے بھی آئی ہے (تحفۃ القاری ۲:۱۷۶) اور آگے بھی آئے گی، اور یہاں یہ اضافہ ہے:) امام زہریؒ کہتے ہیں: میں نے حضرت عروہ رحمہ اللہ سے پوچھا: حضرت عائشہؓ سفر میں نماز پوری کیوں پڑھتی تھیں؟ عروہؒ نے کہا: تاویل کی انھوں نے جو عثمانؓ نے تاویل کی۔

تشریح: مسلم شریف (حدیث ۶۸۵ کتاب صلاۃ المسافرین ۳) میں ہے: إنها تأوّلت كما تأوّل عثمان: انھوں نے تاویل کی جس طرح عثمانؓ نے تاویل کی۔ حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں دونوں حضرات کی تاویلیں جمع کی ہیں، اور امام نووی رحمہ اللہ نے اہم تاویلیں ذکر کی ہیں، دونوں کی ایک تاویل یہ تھی: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہتے تھے: میں امیر المؤمنین ہوں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی تھیں: میں ام المؤمنین ہوں (پس ہم مسافر نہیں ہو سکتے) اور حضرت عثمان کی دوسری تاویل یہ تھی کہ میں نے مکہ (کے قریب ایک گاؤں میں) نکاح کیا ہے، وہاں حج سے پہلے آجاتا ہوں اور مقیم ہو جاتا ہوں اور اس گاؤں سے مکہ تک مسافت سفر نہیں ہے، پس تشبیہ صرف تاویل کرنے میں ہے، تاویلیں دونوں کی مختلف تھیں، اور پہلی صورت میں دونوں کی تاویلیں ایک تھیں۔

ترکیب: أولُ (مرفوع) الصلاة سے بدل یا دوسرا مبتدا ہے اور ظرف بنا کر منصوب بھی پڑھ سکتے ہیں أی فی أول (فتح)

باب سے ربط: اور حدیث کا باب سے ربط یہ ہے کہ سفر اس وقت شروع ہوگا جب آبادی کی حدود سے نکل جائے، اس سے پہلے سفر نہیں مانا جائے گا، آدمی کھیت میں روز جاتا ہے، مگر وہ سفر نہیں، پس لفظ سفر سے باب ثابت کیا ہے۔

بَابٌ: يُصَلِّى الْمَغْرِبُ ثَلَاثًا فِي السَّفَرِ

مغرب کی نماز سفر میں بھی تین رکعتیں پڑھی جائیں

مغرب میں قصر نہیں، مغرب ابتداء ہی سے تین رکعتیں فرض کی گئی ہے، کیونکہ وہ دن کی نمازوں کا وتر ہے وہ دن کی سب نمازوں کو طاق بناتی ہے، اور یہ سوال ذہن میں نہیں آنا چاہئے کہ مغرب تو غروب کے بعد پڑھی جاتی ہے، پس وہ رات کی نماز ہوئی؟ کیونکہ شفق غروب ہونے تک ایک اعتبار سے دن باقی رہتا ہے، جیسے شوہر کی وفات کی عدت میں من وجہ نکاح باقی رہتا ہے، اس لئے مغرب کو دن کی نمازوں میں شمار کیا گیا ہے۔

اور بعض لوگ کہتے ہیں: مغرب میں قصر اس لئے نہیں کہ ڈیڑھ رکعت نماز نہیں ہوتی، یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ قصر کے

لئے آدھا ہونا ضروری نہیں؟ تین کے بجائے دو پڑھیں: یہ بھی قصر ہے، پس صحیح بات یہ ہے کہ مغرب کی نماز شروع ہی سے تین رکعتیں فرض کی گئی ہے، اور وہ دن کا وتر ہے اگر دو رکعت پڑھیں گے تو اس کی وتریت کی شان ختم ہو جائے گی، اور اس کے بالمقابل عشاء کے بعد جو وتر ہیں ان کی بھی تین ہی رکعتیں پڑھنی ہیں اور وہ رات کی سب نمازوں کو طاق بناتی ہے، اگر دو رکعت پڑھیں گے تو اس کی وتریت کی شان ختم ہو جائے گی (مزید تفصیل تحفۃ القاری (۶:۲ ۱۷، کتاب الصلوٰۃ باب ۱) میں ہے)

[٦-] بَابٌ: يُصَلِّى الْمَغْرِبُ ثَلاَ ثًا فِي السَّفَرِ

[١٠٩١-] حدثنا أَ بُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ فِي السَّفَرِ يُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ، حَتّٰى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَاءِ، قَالَ سَالِمٌ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ.

[انظر: ١٠٩٢، ١١٠٦، ١١٠٩، ١٦٦٨، ١٦٧٣، ١٨٠٥، ٣٠٠٠]

[١٠٩٢-] وَزَادَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ سَالِمٌ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِالْمُزْدَلِفَةِ، قَالَ سَالِمٌ: وَأَخَّرَ ابْنُ عُمَرَ الْمَغْرِبَ، وَكَانَ اسْتُصْرِخَ عَلٰى امْرَأَتِهِ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، فَقُلْتُ لَهُ: الصَّلاَ ةُ، فَقَالَ: سِرْ، فَقُلْتُ لَهُ: الصَّلاَ ةُ، فَقَالَ: سِرْ، حَتّٰى سَارَ مِيْلَيْنِ أَوْ ثَلاَثَةً، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰى ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ.

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ يُقِيْمُ الْمَغْرِبَ، فَيُصَلِّيْهَا ثَلاَثًا، ثُمَّ يُسَلِّمُ، ثُمَّ قَلَّمَا يَلْبَثُ حَتّٰى يُقِيْمَ الْعِشَاءَ، فَيُصَلِّيْهَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ، وَلاَ يُسَبِّحُ بَعْدَ الْعِشَاءِ حَتّٰى يَقُوْمَ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ. [راجع: ١٠٩١]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا: جب آپؐ بھاگتے دوڑتے سفر کرتے تھے تو مغرب کو مؤخر کرتے تھے یہاں تک کہ اس کے اور عشاء کے درمیان جمع کرتے تھے، صاحبزادے سالم کہتے ہیں: حضرت ابن عمرؓ بھی ایسا کرتے تھے جب وہ بھاگتے دوڑتے سفر کرتے تھے۔

اور اس حدیث کو لیث بن سعد مصریؒ بھی یونس سے، اور وہ ابن شہاب زہریؒ سے روایت کرتے ہیں، ان کی حدیث میں یہ اضافہ ہے: سالم کہتے ہیں: ابن عمرؓ مزدلفہ میں مغرب اور عشاء میں جمع کیا کرتے تھے، سالم کہتے ہیں: حضرت ابن عمرؓ نے مغرب کو مؤخر کیا اور وہ اپنی بیوی صفیہ بنت ابی عبید پر ارجنٹ بلائے گئے تھے یعنی بیوی صاحبہ کی طبیعت خراب تھی اس لئے جلدی بلائے گئے تھے، پس میں نے ابن عمرؓ سے کہا: نماز! آپؓ نے فرمایا: چلو، پھر میں نے کہا: نماز! آپؓ نے فرمایا: چلو، یہاں تک کہ وہ دو یا تین میل چلے پھر اترے اور نماز پڑھی، پھر فرمایا: اسی طرح میں نے نبی ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھا

ہے جب آپ بھاگتے دوڑتے سفر کرتے تھے، اور عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا جب آپؐ کو سفر میں جلدی ہوتی تو مغرب کے لئے اقامت کہی جاتی، پس آپؐ اس کی تین رکعتیں پڑھتے (یہاں باب ہے) پھر سلام پھیرتے، پھر تھوڑی دیر ٹھہرتے (شفق کے غروب ہونے کا انتظار کرتے) یہاں تک کہ عشاء کے لئے اقامت کہی جاتی، پس آپؐ اس کی دو رکعتیں پڑھتے، پھر سلام پھیرتے اور عشاء کے بعد سنتیں نہیں پڑھتے تھے، یہاں تک کہ آدھی رات میں اٹھتے (اور تہجد اور وتر پڑھتے)

تشریح: آگے چند ابواب کے بعد یہ مسئلہ آرہا ہے کہ سفر میں ظہرین اور عشائین کو جمع کرنا جائز ہے یا نہیں؟ عرفہ میں ظہرین کو اور مزدلفہ میں عشائین کو جمع کریں گے، اس میں کوئی اختلاف نہیں، البتہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عرفہ میں ظہرین کو وہی جمع کرے گا جو امام موسم کی اقتداء میں نماز پڑھے گا، اپنے ڈیرے میں تنہا یا جماعت سے نماز پڑھنے والا جمع نہیں کرے گا بلکہ ظہر کو ظہر کے وقت میں اور عصر کو عصر کے وقت میں پڑھے گا۔ اور مزدلفہ میں عشائین کو ہر حال میں جمع کرے گا یعنی عشاء کے وقت میں دونوں نمازیں پڑھے گا، خواہ امام کے پیچھے نماز پڑھے یا تنہا پڑھے، اور ائمہ ثلاثہ عرفہ میں بھی ظہرین کو ہر حال میں جمع کرنے کی بات کہتے ہیں، اس ایک جزئیہ کے علاوہ اجماع ہے کہ حاجی عرفہ اور مزدلفہ میں ظہرین اور عشائین کو جمع کرے گا اس لئے کہ تواتر سے اس کا ثبوت ہے اور تواتر دلیل قطعی ہے، اس سے قرآن پر زیادتی جائز ہے۔

اور عرفہ اور مزدلفہ کے علاوہ جمع تقدیم اور جمع تاخیر جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ چند اعذار کی صورت میں جمع تقدیم کو بھی جائز کہتے ہیں اور جمع تاخیر کو بھی۔ اور امام بخاریؒ اور احناف کے نزدیک جمع تقدیم کسی حال میں جائز نہیں، یعنی ظہر کے وقت میں ظہر اور عصر کو اور مغرب کے وقت میں مغرب اور عشاء کو ایک ساتھ پڑھنا جائز نہیں۔ البتہ عذر کی صورت میں جمع تاخیر کی گنجائش ہے، مثلاً کوئی بس میں یا ٹرین میں سفر کر رہا ہے اور گاڑی میں بھیڑ ہے اور ڈرائیور بس کو روکتا نہیں تو اس مجبوری میں جمع تاخیر کر سکتا ہے یعنی اگلے وقت میں دونوں نمازیں پڑھے، پس ایک نماز قضاء ہوگی اور ایک ادا، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مذکورہ حدیث میں جمع صوری کا بیان ہے، جمع صوری یہ ہے کہ ایک نماز آخر وقت میں اور دوسری نماز اول وقت میں پڑھی جائے، اس صورت میں دونوں نمازیں ادا ہونگی اور اس کے جواز میں کوئی اختلاف نہیں۔

حضرت ابن عمرؓ کی ایک بیوی صاحبہ اپنے میکے میں رہتی تھیں، ان کا نام صفیہ بنت ابی عبید تھا، وہ مشہور بدنام شخص مختار ثقفی کی ہمشیرہ تھیں، ان کی طبیعت خراب ہوئی تو حضرت ابن عمرؓ کو ارجنٹ بلایا گیا، چنانچہ حضرت ابن عمرؓ نے بھاگتے دوڑتے سفر کیا اور عشائین میں جمع صوری کیا یعنی مغرب کو آخر وقت میں اور عشاء کو اول وقت میں پڑھا، پھر نبی ﷺ کے عمل سے استشہاد کیا، ثُم قَلَّمَا یلبث: یہ جملہ دلیل ہے کہ نبی ﷺ جمع صوری کیا کرتے تھے، جمع حقیقی نہیں کرتے تھے، مزید تفصیل چند ابواب کے بعد آئے گی۔

بَابُ صَلَاةِ التَّطَوُّعِ عَلٰى الدَّوَابِّ حَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ

چوپایوں پرنفل نماز پڑھنا، جدھر بھی وہ سوار کو لے کر متوجہ ہوں

سفر میں اونٹ، گھوڑے، گدھے اور ہاتھی وغیرہ پرنفل نماز پڑھ سکتے ہیں، استقبالِ قبلہ اور جانور کی پیٹھ یا گدی کا پاک ہونا ضروری نہیں، اور رکوع وسجود اشارے سے کریں گے، اور بس اور کار کا بھی یہی حکم ہے، کیونکہ ان میں کھڑے ہوکر نماز پڑھنا ممکن نہیں، پس ان میں نفل نماز بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں اور استقبالِ قبلہ اور سیٹ کا پاک ہونا ضروری نہیں، البتہ یہ شرط ہے کہ نمازی جانور اور کار کو چلا نہ رہا ہو، اور ٹرین میں نفل نماز میں اگر چہ قیام ضروری نہیں مگر استقبالِ قبلہ اور جگہ کا پاک ہونا ضروری ہے، کیونکہ ٹرین جانور کے حکم میں نہیں ہے، اس میں کھڑے ہوکر نماز پڑھنا ممکن ہے اور بھیڑ عارضی عذر ہے، تفصیل ابواب الوتر باب ۶ میں گذر چکی ہے۔

[۷-] بَابُ صَلَاةِ التَّطَوُّعِ عَلٰى الدَّوَابِّ حَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ

[۱۰۹۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ.

[انظر: ۱۰۹۷، ۱۱۰۴]

[۱۰۹۴-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّي التَّطَوُّعَ وَهُوَ رَاكِبٌ فِيْ غَيْرِ الْقِبْلَةِ[راجع: ۴۰۰]

[۱۰۹۵-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهِ، وَيُوْتِرُ عَلَيْهَا، وَيُخْبِرُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَفْعَلُهُ.

[راجع: ۹۹۹]

وضاحت: توجهت: کی ضمیر دابہ کی طرف راجع ہے اور بہ کی سوار کی طرف .... فی غیر القبلة: یصلی سے متعلق ہے، اور یُوتر علیها میں وتر سے تہجد کی نماز مراد ہے، وترِ حقیقی مراد نہیں، تفصیل ابواب الوتر میں گذر چکی ہے۔

بَابُ الْإِيْمَاءِ عَلَى الدَّابَّةِ

چوپایے پر اشارے سے نماز پڑھنا

جانور پر نماز اشارہ سے پڑھے گا، کیونکہ جانور پر رکوع، سجدہ کرنے کا موقع نہیں، اور بس اور کار میں بھی اشارہ سے نماز

پڑھے گا، البتہ ٹرین میں رکوع سجدہ کرنے کا موقع ہے اس لئے اگر ٹرین میں بیٹھ کر نماز پڑھے گا تو رکوع سجدہ اور استقبالِ قبلہ ضروری ہے۔

[۸-] بَابُ الإِيْمَاءِ عَلَى الدَّابَّةِ

[۱۰۹٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ فِيْ السَّفَرِ عَلٰى رَاحِلَتِهِ، أَيْنَمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ، يُوْمِئُ، وَذَكَرَ عَبْدُ اللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَفْعَلُهُ.[راجع: ۹۹۹]

بَابٌ: يَنْزِلُ لِلْمَكْتُوْبَةِ

فرض نماز کے لئے زمین پر اترے

فرض نماز سواری پر پڑھنا بالاجماع جائز نہیں، البتہ وتر سواری پر پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، اور مدار اس پر ہے کہ وتر سنت ہیں یا واجب؟ احناف کے نزدیک واجب ہیں، اس لئے ان کے نزدیک وتر سواری پر نہیں پڑھ سکتے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سنت ہیں اس لئے اس کو سواری پر پڑھ سکتے ہیں۔

[۹-] بَابٌ: يَنْزِلُ لِلْمَكْتُوْبَةِ

[۱۰۹۷-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ ابْنِ رَبِيْعَةَ، أَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيْعَةَ أَخْبَرَهُ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ عَلَى الرَّاحِلَةِ يُسَبِّحُ، يُوْمِئُ بِرَأْسِهِ قِبَلَ أَيِّ وَجْهٍ تَوَجَّهَ، وَلَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَصْنَعُ ذٰلِكَ فِيْ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوْبَةِ.[راجع: ۱۰۹۳]

[۱۰۹۸-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ سَالِمٌ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ يُصَلِّيْ عَلٰى دَابَّتِهِ مِنَ اللَّيْلِ وَهُوَ مُسَافِرٌ، مَا يُبَالِيْ حَيْثُ كَانَ وَجْهُهُ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُسَبِّحُ عَلَى الرَّاحِلَةِ قِبَلَ أَيِّ وَجْهٍ تَوَجَّهَ، وَيُوْتِرُ عَلَيْهَا، غَيْرَ أَنَّهُ لاَ يُصَلِّيْ عَلَيْهَا الْمَكْتُوْبَةَ.[راجع: ۹۹۹]

[۱۰۹۹-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ عَلَى رَاحِلَتِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يُصَلِّيَ الْمَكْتُوْبَةَ نَزَلَ، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ"[راجع: ۴۰۰]

حدیث (۱): حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو اونٹ پر نفل نماز پڑھتے دیکھا

ہے، اپنے سر سے اشارہ فرماتے تھے، جس جانب بھی جانور رخ کرتا، اور رسول اللہ ﷺ فرض نماز میں یہ نہیں کرتے تھے یعنی سواری پر فرض نماز نہیں پڑھتے تھے۔

حدیث (۲): سالم کہتے ہیں: حضرت ابن عمرؓ رات میں اپنے جانور پر (نفل) نماز پڑھتے تھے درانحالیکہ وہ مسافر ہوتے تھے، نہیں پرواہ کرتے تھے، جدھر بھی آپ کا منہ ہوتا۔ اور ابن عمرؓ کہتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ اونٹ پر نماز پڑھتے تھے جدھر بھی آپؐ کا منہ ہوتا، اور آپ اونٹ پر وتر پڑھتے تھے، البتہ اونٹ پر فرض نماز نہیں پڑھتے تھے۔

حدیث (۳): حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ اپنے اونٹ پر مشرق کی طرف یعنی غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھتے تھے، پس جب فرض نماز پڑھنے کا ارادہ کرتے تو زمین پر اترتے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھتے۔

قولہ: ما یبالی: ما نافیہ ہے، نہیں پرواہ کرتے تھے آپؐ جدھر بھی آپؐ کا رخ ہوتا، یعنی جدھر بھی سواری لے کر چلتی آپؐ نماز پڑھتے تھے، استقبالِ قبلہ کو ضروری نہیں سمجھتے تھے............**قولہ: یُسَبِّح علی الراحلة**: اس سے عام نفلیں مراد ہیں اور **یوتر علیھا** سے احناف کے نزدیک تہجد مراد ہے۔

بَابُ صَلَاةِ التَّطَوُّعِ عَلَى الْحِمَارِ

گدھے پر نفل نماز پڑھنا

گدھا: گدھا ہے، شیطان سے اس کو مناسبت ہے، اس کا گوشت حرام ہے اور اس کا پسینہ مشکوک ہے اس لئے خیال پیدا ہوگا کہ شاید گدھے پر نفل نماز جائز نہ ہو، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے باب رکھا، اس باب میں یہ روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ حجاج کی شکایت کرنے کے لئے عبدالملک بن مروان کے پاس شام گئے، حجاج بصرہ کا گورنر تھا اور اس نے آپؓ کے ساتھ کوئی بدتمیزی کی تھی، چنانچہ عبدالملک نے حجاج کو خط لکھا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ تیری امارت سے باہر ہیں۔ جب حضرت انسؓ واپس لوٹے تو تلامذہ نے بصرہ سے نکل کر آپؓ کا استقبال کیا اور عین التمر نامی جگہ میں آپؓ سے ملاقات کی۔ اس وقت آپؓ گدھے پر نماز پڑھ رہے تھے اور آپؓ کا رخ قبلہ کی طرف نہیں تھا، طلبہ کو اس پر حیرت ہوئی، گدھے پر نماز پڑھنے کی وجہ سے حیرت نہیں ہوئی کیونکہ یہ مسئلہ تو اجماعی تھا، چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اس سلسلہ میں کچھ نہیں کہا بلکہ غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھنے کے بارے میں جواب دیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سواری پر غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔

[۱۰-] بَابُ صَلَاةِ التَّطَوُّعِ عَلَى الْحِمَارِ

[۱۱۰۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَنَسُ بْنُ سِيرِينَ، قَالَ: اسْتَقْبَلْنَا أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حِينَ قَدِمَ مِنَ الشَّامِ، فَلَقِينَاهُ بِعَيْنِ التَّمْرِ، فَرَأَيْتُهُ يُصَلِّي عَلَى حِمَارٍ، وَوَجْهُهُ مِنْ

ذَا الْجَانِبِ، يَعْنِي عَنْ يَسَارِ الْقِبْلَةِ، فَقُلْتُ: رَأَيْتُكَ تُصَلِّي لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ، فَقَالَ: لَوْلاَ أَنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُهُ لَمْ أَفْعَلْهُ.

رَوَاهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيرِيْنَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: انس بن سیرین کہتے ہیں: جب حضرت انس رضی اللہ عنہ شام سے واپس لوٹے تو ہم نے ان کا استقبال کیا، اور عین التمر نامی جگہ میں ہماری ان سے ملاقات ہوئی، پس میں نے دیکھا کہ آپؓ گدھے پر نماز پڑھ رہے ہیں، درانحالیکہ آپ کا چہرہ اس طرف تھا یعنی قبلہ سے بائیں طرف تھا، میں نے عرض کیا: میں نے آپؓ کو قبلہ کے علاوہ کی طرف نماز پڑھتے دیکھا؟ انھوں نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسا کرتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں ایسا نہ کرتا۔

سند: اس حدیث کو حجاج بھی انس بن سیرین سے روایت کرتے ہیں، پس وہ ہمام کے متابع ہیں۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَتَطَوَّعْ فِي السَّفَرِ دُبُرَ الصَّلاَةِ وَقَبْلَهَا

جو شخص سفر میں فرضوں کے آگے پیچھے نفلیں نہ پڑھے

یہ یکے بعد دیگرے دو باب ہیں، پہلا باب یہ ہے کہ سفر میں فرضوں کے آگے پیچھے سنن ونوافل نہیں پڑھنی چاہئیں اور اس کے مقابل یہ باب آنا چاہئے تھا کہ سفر میں فرضوں کے آگے پیچھے سنن ونوافل پڑھنی چاہئیں، مگر حضرت رحمہ اللہ یہ باب نہیں لائے، بلکہ یہ باب لائے ہیں کہ سفر میں فرضوں سے بالکل متصل آگے پیچھے سنن ونوافل نہیں پڑھنی چاہئیں، فصل سے پڑھ سکتے ہیں، جیسے نبی ﷺ فجر کی سنتیں سفر میں پڑھتے تھے، کیونکہ وہ فرضوں سے متصل نہیں پڑھی جاتیں بلکہ فصل سے پڑھی جاتی ہیں، اسی طرح آپؐ سفر میں تہجد پڑھتے تھے، فتح مکہ کے موقع پر چاشت کے وقت آٹھ رکعتیں پڑھی ہیں، اس میں کچھ حرج نہیں اور امام صاحبؒ یہ باب اس لئے لائے ہیں کہ وہ مقابل باب اس باب سے سمجھا جا سکتا ہے۔

اور فرضوں سے متصل سنن قبلیہ اور بعدیہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اس سلسلہ میں حضرتؒ روایات نہیں لائے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ اس سلسلہ کی روایتیں لائے ہیں، اور ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں: مسافر کو سنن مؤکدہ پڑھنی چاہئیں، اور ائمہ احناف سے اس سلسلہ میں کچھ مروی نہیں، نہ امام اعظمؒ سے کچھ مروی ہے نہ صاحبینؒ سے، اور متأخرین احناف نے مسئلہ یہ بیان کیا ہے کہ حالت قرار میں سنتیں پڑھے، اور حالت فرار میں نہ پڑھے، مثلاً ایک شخص دہلی گیا اور وہاں پہنچ کر ٹھہر گیا اور مطمئن ہو گیا، آگے روانگی یا واپسی دو دن کے بعد ہوگی پس یہ حالت قرار ہے، ایسی صورت میں سنتیں پڑھنی چاہئیں، اور اگر سفر جاری ہے، گاڑی میں نماز پڑھ رہا ہے، یا اسٹیشن پر نماز پڑھ رہا ہے اور گاڑی آنے والی ہے تو یہ حالت فرار ہے، اس حالت میں سنتیں نہ پڑھے، اور میں نے تجربہ کی بنیاد پر اس میں یہ اضافہ کیا ہے کہ سفر شروع کرنے سے پہلے اور سفر ختم کرنے کے بعد متصلاً جو

حالت ہے وہ بھی حالت فرار ہے، مثلاً ایک شخص دہلی گیا، وہاں جا کر ٹھہر گیا، تو یہ حالت قرار ہے، مگر وہ تھکا ہوا ہے، نیند کا غلبہ ہے اور نماز بھی پڑھنی ہے تو صرف فرض پڑھ لے، سنتیں نہ پڑھے، اسی طرح روانگی کا وقت ہے، سامان تیار کرنا ہے، وقت پر اسٹیشن پہنچنا ہے، ٹکٹ لینا ہے اور نماز کا وقت آ گیا تو فرض نماز پڑھ لینا کافی ہے، سنت نہ پڑھے۔ واللہ اعلم

[۱۱-] بابُ مَنْ لَمْ يَتَطَوَّعْ فِي السَّفَرِ دُبُرَ الصَّلاَةِ وَقَبْلَهَا.

[۱۱۰۱-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَّ حَفْصَ ابْنَ عَاصِمٍ حَدَّثَهُ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ؟ فَقَالَ: صَحِبْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ أَرَهُ يُسَبِّحُ فِيْ السَّفَرِ، وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالىٰ: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾[الأحزاب: ۲۱] [انظر: ۱۱۰۲]

[۱۱۰۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عِيْسَى بْنِ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: صَحِبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَكَانَ لاَ يَزِيْدُ فِيْ السَّفَرِ عَلىٰ رَكْعَتَيْنِ، وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ كَذٰلِكَ. [راجع: ۱۱۰۱]

وضاحت: وقَبْلَها: پر نسخہ بنا ہوا ہے، یہ عبارت صرف حموی کے نسخہ میں ہے، باقی نسخوں میں نہیں ہے، اور اس باب کے ذیل میں جو احادیث ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اضافہ ہونا چاہئے۔

حدیث (۱): حفص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: کہ سفر میں سنتیں پڑھنی چاہئیں یا نہیں؟ اور گیلری میں سافَرَ ہے یعنی ابن عمرؓ نے سفر کیا، پس انھوں نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ سفر کیا ہے، میں نے آپؐ کو سفر میں سنتیں پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا (اس میں سنن قبلیہ اور بعدیہ دونوں آ گئیں) اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''تم لوگوں کے لئے رسول اللہ کی ذات میں عمدہ نمونہ ہے'' (پس تمہیں بھی سنتیں نہیں پڑھنی چاہئیں)

اور دوسری روایت میں ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ اور خلفائے ثلاثہ کے ساتھ اسفار کئے ہیں، پس آپؐ سفر میں دو رکعت سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے، اسی طرح خلفائے ثلاثہ بھی (یہ حدیث بھی عام ہے سنن قبلیہ اور بعدیہ دونوں کو شامل ہے)

تشریح: مگر اس حدیث کو مقید کرنا پڑے گا یعنی فرائض سے متصل سنن قبلیہ اور بعدیہ نہیں پڑھتے تھے، کیونکہ آپؐ سفر میں تہجد اور فجر کی سنتیں پڑھتے تھے............ ولا أبابكر الخ کا عطف رسولَ اللّٰہ پر ہے۔

بَابٌ: مَنْ تَطَوَّعَ فِي السَّفَرِ فِيْ غَيْرِ دُبُرِ الصَّلَوَاتِ وَقَبْلَهَا

جو شخص سفر میں نفلیں پڑھے مگر فرائض کے آگے پیچھے نہیں

فرائض سے متصل آگے پیچھے سنتیں اور نفلیں نہیں پڑھنی چاہئیں، ہاں فاصلہ سے پڑھ سکتا ہے، یہ نبی ﷺ سے ثابت

ہے، آپؐ فجر کی سنتیں بھی پڑھتے تھے اور تہجد بھی اور فتح مکہ کے موقع پر چاشت کے وقت میں آٹھ نفلیں بھی پڑھی ہیں۔

[۱۲-] بَابٌ: مَنْ تَطَوَّعَ فِي السَّفَرِ فِيْ غَيْرِ دُبُرِ الصَّلَوَاتِ وَقَبْلَهَا

وَرَكَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي السَّفَرِ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ.

[۱۱۰۳-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، قَالَ: مَا أَخْبَرَنَا أَحَدٌ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى الضُّحٰى غَيْرُ أُمِّ هَانِئٍ، ذَكَرَتْ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ اغْتَسَلَ فِيْ بَيْتِهَا، فَصَلَّى ثَمَانَ رَكْعَاتٍ، فَمَا رَأَيْتُهُ صَلَّى صَلَاةً أَخَفَّ مِنْهَا، غَيْرَ أَنَّهُ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ. [انظر: ۱۱۷۶، ٤٢٩٢]

[۱۱۰٤-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ رَأَى رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى السُّبْحَةَ بِاللَّيْلِ فِي السَّفَرِ عَلٰى ظَهْرِ رَاحِلَتِهِ، حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ. [راجع: ۱۰۹۳]

[۱۱۰٥-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُسَبِّحُ عَلٰى ظَهْرِ رَاحِلَتِهِ، حَيْثُ كَانَ وَجْهُهُ، يُوْمِئُ بِرَأْسِهِ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ. [راجع: ۹۹۹]

حدیث (۱): ابن ابی لیلیٰ کبیر کہتے ہیں: ہمیں کسی نے یہ بات نہیں بتائی کہ اس نے نبی ﷺ کو چاشت کی نماز پڑھتے دیکھا ہے سوائے ام ہانی رضی اللہ عنہا کے، انھوں نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے فتح مکہ کے دن ان کے گھر میں غسل کیا اور آٹھ رکعتیں پڑھیں، میں نے اس سے ہلکی نماز پڑھتے ہوئے آپؐ کو کبھی نہیں دیکھا مگر آپؐ رکوع وسجود کامل کررہے تھے (باقی دو حدیثیں ابھی گذری ہیں)

تشریح: اشراق اور چاشت الگ الگ نمازیں ہیں یا ایک ہیں؟ اور فتح مکہ کے دن آنحضور ﷺ نے حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر میں جو آٹھ نفلیں پڑھی تھیں وہ چاشت کی نماز تھی یا فتح مکہ کے شکریہ کی؟ اس میں اختلاف ہے، تفصیل (تحفۃ القاری ۲: ۱۸۵ حدیث ۳۵۷ میں) گذر چکی ہے۔ غرض نبی ﷺ سے فرضوں سے جدا سنن ونوافل پڑھنا ثابت ہے ....اور السُّبْحَة اور السُّبَيْحَة کے معنی ہیں: نفل نماز اور مراد تہجد ہے۔

بابُ الْجَمْعِ فِي السَّفَرِ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

سفر میں مغرب وعشاء کے درمیان جمع کرنا

چند ابواب پہلے بتایا تھا کہ امام بخاری رحمہ اللہ جمع حقیقی کے قائل نہیں، نہ جمع تقدیم کے اور نہ جمع تاخیر کے، ان کے

نزدیک جمع کی تمام روایات جمع صوری پر محمول ہیں، حنفیہ کی بھی یہی رائے ہے، اور ائمہ ثلاثہ جمع حقیقی کے قائل ہیں، جمع تقدیم کے بھی اور جمع تاخیر کے بھی، مگر ان کے پاس کوئی صحیح صریح روایت نہیں، دو روایتیں ہیں مگر وہ ان کے کام کی نہیں۔

ایک روایت یہ ہے: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ظہر وعصر، اور مغرب وعشاء کے درمیان مدینہ میں جمع کیا یعنی دونوں نمازیں ایک ساتھ پڑھیں، جبکہ نہ دشمن کا خوف تھا، نہ بارش کا عذر (ترمذی حدیث ۱۸۴)

یہ حدیث ائمہ ثلاثہ کے کام کی نہیں، کیونکہ ان کے یہاں جمع حقیقی اعذار کی صورت میں جائز ہے اور یہاں کوئی عذر نہیں تھا، نہ سفر تھا نہ بارش نہ بیماری، اور احناف اس روایت کو جمع صوری پر محمول کرتے ہیں یعنی نبی ﷺ نے ظہر کو آخر وقت میں اور عصر کو اول وقت میں پڑھا، اسی طرح مغرب کو آخر وقت میں اور عشاء کو اول وقت میں پڑھا، اور ایسا بیانِ جواز کے لئے کیا، جیسے آپؐ نے ایک مرتبہ کھڑے ہوکر پیشاب کیا، یہ مسئلہ کی وضاحت کے لئے تھا۔ اسی طرح مسئلہ کی وضاحت کے لئے ایک مرتبہ ظہرین اور عشائین کے درمیان جمع صوری کیا تاکہ اصحاب اعذار کے لئے گنجائش پیدا ہو، چنانچہ جب حضرت ابن عباسؓ نے یہ حدیث بیان کی تو طالب علموں نے پوچھا: نبی ﷺ نے یہ عمل کیوں کیا؟ انھوں نے فرمایا: أن لا تُحْرَجَ أَمَّتُهُ: تاکہ آپؐ کی امت تنگی میں نہ پڑے، اس کو أن لايُحْرِجَ أمَّتَه بھی پڑھ سکتے ہیں یعنی تاکہ آپؐ اپنی امت کو تنگی میں نہ ڈالیں، مطلب دونوں کا ایک ہے یعنی نبی ﷺ نے یہ عمل بیان جواز کے لئے کیا ہے، یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، مگر سنت نہیں ہے، صرف حدیث ہے، سنت (اسلامی طریقہ) یہ ہے کہ ہر نماز الگ الگ وقت میں پڑھی جائے، تاکہ دنیا کی مشغولیت اللہ سے غافل نہ کرے اور بیان جواز مقاصد نبوت میں شامل ہے۔

اور دوسری حدیث حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی ہے، وہ کہتے ہیں: نبی ﷺ غزوۂ تبوک میں جب زوال سے پہلے سفر شروع فرماتے تو ظہر کو مؤخر کرتے یہاں تک کہ اس کو عصر کے ساتھ جمع کرتے اور دونوں کو (عصر کے وقت میں) ایک ساتھ پڑھتے، اور جب زوال کے بعد سفر شروع کرتے تو عصر کو ظہر کے وقت میں جلدی پڑھ لیتے، پھر سفر شروع کرتے، اور جب سورج غروب ہونے سے پہلے سفر شروع فرماتے تو مغرب کو مؤخر کرتے، یہاں تک کہ اس کو (عشاء کے وقت میں) عشاء کے ساتھ پڑھتے، اور جب سورج غروب ہونے کے بعد سفر شروع کرتے تو عشاء میں جلدی کرتے اور عشاء کو (مغرب کے وقت میں) مغرب کے ساتھ پڑھ لیتے۔

یہ حدیث بھی ترمذی (حدیث ۵۶۲) میں ہے اور اس کی ایک ہی سند ہے اور نہایت درجہ قوی ہے، مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کی تخریج نہیں کی، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کی سند اور متن دونوں کو شاذ قرار دیا ہے (تفصیل کے لئے دیکھئے تحفۃ الالمعی ۲: ۴۳۴)

اور دیگر ائمہ حدیث نے بھی اس حدیث پر عجیب وغریب تبصرے کئے ہیں، حاکم ابوعبداللہ (صاحب مستدرک حاکم) نے اس حدیث کو موضوع، امام ابوداؤد نے منکر اور ابن حزم ظاہری نے منقطع قرار دیا ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے

ہیں: میں نے قتیبہ سے پوچھا: جب آپ نے یہ حدیث لیث بن سعد سے لکھی تھی تو آپ کے پاس کون بیٹھا تھا؟ انھوں نے بتایا: خالد مدائنی بیٹھا تھا، امام بخاریؒ نے فرمایا: چوری پکڑی گئی، خالد مدائنی اساتذہ کی حدیثوں میں اضافہ کرتا تھا پس اس حدیث میں جو تفصیل ہے وہ قتیبہ کی نظر بچا کر ان کی کاپی میں خالد مدائنی نے لکھ دی ہے، ورنہ درحقیقت یہ حدیث مجمل ہے۔

غرض اس مسئلہ میں تین قسم کی حدیثیں ہیں:

اول: وہ حدیثیں ہیں جن میں صاف صراحت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سفر میں جمع صوری کرتے تھے یعنی ایک نماز کو اس کے آخر وقت میں اور دوسری کو اس کے اول وقت میں پڑھتے تھے، دونوں نمازیں اپنے اپنے وقتوں میں پڑھی جاتی تھیں، مگر صورۃً وہ ایک ساتھ ہوتی تھیں، اس لئے اس کا نام جمع صوری ہے اور عذر کی حالت میں ایسا کرنا بالاجماع جائز ہے۔

دوم: وہ حدیثیں ہیں جن میں جمع حقیقی کی صراحت ہے، جمع حقیقی کا دوسرا نام جمع وقتی بھی ہے۔

سوم: زیادہ تر روایتیں مجمل ہیں ان میں صرف یہ مضمون ہے کہ نبی ﷺ دو نمازوں کو جمع کرتے تھے، جمع کرنے کی کیا صورت ہوتی تھی؟ اس کی تفصیل نہیں، ظاہر ہے اس قسم کی حدیثیں موم کی ناک ہیں، ائمہ ثلاثہ ان کو جمع حقیقی پر محمول کریں گے اور احناف جمع صوری پر، اسی طرح پہلی قسم کی حدیثیں بھی زیر بحث نہیں، کیونکہ جمع صوری بالاجماع جائز ہے اور جن حدیثوں میں جمع حقیقی کی صراحت ہے ان میں امثل اور اصح حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث ہے جس کا حال ابھی آپ نے پڑھا، درحقیقت وہ حدیث مجمل ہے اور مسلم شریف میں ہے، پس اس سے استدلال درست نہیں۔ اور ائمہ کے تبصرے معارف السنن (۴۸۳:۴) میں ہیں۔

فائدہ: عرفہ میں جمع تقدیم یعنی عصر کو ظہر کے وقت میں پڑھنا اور مزدلفہ میں جمع تاخیر یعنی مغرب کو عشاء کے وقت میں پڑھنا بالاتفاق جائز ہے بلکہ واجب ہے، کیونکہ یہ جمع تواتر طبقہ سے ثابت ہے اور ایسی متواتر روایت سے قرآن کریم پر زیادتی جائز ہے، قرآن میں ہے: ﴿إِنَّ الصَّلَاةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَابًا مَوْقُوتًا﴾: (النساء آیت ۱۰۳) یعنی مؤمنین پر نماز وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے، مگر ان دو موقعوں میں چونکہ جمع کرنا تواتر سے ثابت ہے اس لئے یہ نمازیں اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔

ان دو موقعوں کے علاوہ جمع حقیقی جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اعذار کی صورت میں جمع تقدیم و تاخیر دونوں جائز ہیں، اور اعذار امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک سفر، بارش اور مرض ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سفر اور بارش ہیں۔ مرض عذر نہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک صرف سفر عذر ہے، پھر ان کے درمیان تھوڑی تفصیل ہے، امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جمع بین الصلاتین مطلقاً جائز ہے، جمع تقدیم بھی اور جمع تاخیر بھی، اسی طرح سفر جاری ہو یا کسی جگہ قیام ہو ہر صورت میں جمع کر سکتے ہیں، اسی طرح بھاگتے دوڑتے سفر ہو یا اطمینان کے ساتھ سفر ہو ہر صورت میں جمع بین الصلاتین جائز ہے۔

اورامام مالک رحمہ اللہ کا ایک قول یہ ہے کہ جمع تقدیم جائز نہیں، صرف جمع تاخیر جائز ہے، اوران کا مشہور قول یہ ہے کہ جمع تقدیم اورجمع تاخیر دونوں جائز ہیں جبکہ بھاگتے دوڑتے سفر ہو، اگر کسی جگہ قیام ہو یا اطمینان کا سفر ہوتو جمع جائز نہیں۔

اورحنفیہ کے نزدیک مطلقاً جمع جائز نہیں نہ جمع تقدیم اور نہ جمع تاخیر، البتہ سخت مجبوری میں جمع تاخیر کی گنجائش ہے، مثلاً ٹرین میں سفر کررہا ہے، گاڑی میں بھیڑ ہے، نماز پڑھنا ممکن نہیں، یا بس سے سفر کررہا ہے اور بے بس ہے تو نماز کو مؤخر کرے اوراگلے وقت میں پڑھے، کیونکہ اس کے علاوہ چارہ نہیں، اس صورت میں ایک نماز ادا ہوگی اورایک قضا، اوراس کو جمع کہنا مجازاً ہے، اورجمع تقدیم کی حنفیہ کے نزدیک مطلق گنجائش نہیں، اگر کوئی جمع تقدیم کرے گا تو ایک نماز ہوگی دوسری نہیں ہوگی، اس کے ذمہ فرض باقی رہ جائے گا۔

مقصد ترجمہ: تمام ائمہ متفق ہیں کہ مغرب کی نماز سورج غروب ہوتے ہی فوراً پڑھ لینی چاہئے، بلکہ امام شافعی رحمہ اللہ کا ایک قول یہ ہے کہ مغرب کا وقت تنگ ہے، مغرب کا وقت غروب شمس کے بعد صرف اتنی دیر باقی رہتا ہے جس میں جنبی غسل کرکے اور بے وضو وضو کرکے پانچ رکعت پڑھ سکے، اوردوسرا قول جمہور کے موافق ہے اوروہی مفتی بہ ہے کہ مغرب کا وقت غروب شفق تک رہتا ہے مگر مستحب یہ ہے کہ مغرب کی نماز سورج غروب ہوتے ہی فوراً پڑھ لی جائے، اس میں کوئی اختلاف نہیں، اوراشتباک نجوم سے پہلے تک یعنی ستاروں کا جال بن جانے سے پہلے تک تاخیر کرنا مکروہ تنزیہی ہے اوراشتباک نجوم تک مؤخر کرنا مکروہ تحریمی ہے مگر اعذار میں اورجمع صوری کے وقت اشتباک نجوم کے بعد تک تاخیر کرنے میں مضائقہ نہیں، یہ اس باب کا مقصد ہے۔

[۱۳-] بابُ الْجَمْعِ فِي السَّفَرِ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

[۱۱۰۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ إِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ. [راجع: ۱۰۹۱]

[۱۱۰۷-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ حُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَجْمَعُ بَيْنَ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ إِذَا كَانَ عَلٰى ظَهْرِ سَيْرٍ، وَيَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ.

[۱۱۰۸-] وَعَنْ حُسَيْنٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَجْمَعُ بَيْنَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فِيْ السَّفَرِ.

وَتَابَعَهُ عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، [وَحَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ] عَنْ يَحْيَى، عَنْ حَفْصٍ، عَنْ أَنَسٍ: جَمَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ۱۱۱۰]

وضاحت: إذا جدَّ به السير اور إذا كان على ظَهْرِ سير: دونوں کا ایک مطلب ہے، یعنی جب تیزی سے سفر جاری ہوتا تو حضور ﷺ جمع کرتے تھے، اور اس حدیث سے امام مالک رحمہ اللہ نے استدلال کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ اگر بھاگتے دوڑتے سفر ہو تو جمع بین الصلاتین جائز ہے، اطمینان کے سفر میں اجازت نہیں، اور احناف کے نزدیک یہ حدیث جمع صوری پر محمول ہے کیونکہ اس میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ مغرب پڑھ کر تھوڑی دیر ٹھہرے رہے پھر عشاء پڑھی، یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے اور ابوداؤد (باب الجمع بين الصلاتين) میں اسی حدیث میں یہ اضافہ ہے: حتى إذا كان قبل غيوب الشفق نزل، فصلى المغرب، ثم انتظر حتى غاب الشفق وصلى العشاء الخ: ابن عمرؓ نے سفر میں مغرب کو مؤخر کیا اور شفق غروب ہونے سے کچھ پہلے اترے اور مغرب پڑھی، پھر شفق غروب ہونے کے انتظار میں بیٹھے رہے، جب شفق غائب ہوئی تو عشاء پڑھی، اور فرمایا: جب نبی ﷺ کو جلدی ہوتی تو ایسا کرتے تھے جس طرح میں نے کیا۔

بَابٌ: هَلْ يُؤَذِّنُ أَوْ يُقِيْمُ إِذَا جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ؟

کیا اذان یا اقامہ کہے جب مغرب اور عشاء کے درمیان جمع کرے؟

جب سفر میں جمع صوری کریں تو اذان واقامۃ کا کیا حکم ہے؟ پہلے یہ مسئلہ گذرا ہے کہ شوافع کے نزدیک سفر وحضر میں اذان واقامۃ کی اہمیت یکساں ہے اور حنفیہ ومالکیہ کے نزدیک اقامۃ کی اہمیت تو سفر میں بھی حضر جتنی ہے، مگر اذان کی اہمیت حضر جتنی نہیں، کیونکہ سفر میں سب رفقاء جمع ہوتے ہیں پس اگر اذان نہ دی جائے تو بھی کچھ مضائقہ نہیں، مگر جمع صوری میں دونوں نمازوں سے پہلے اقامۃ ہونی چاہئے، اور شوافع کے نزدیک بھی ایک اذان اور دو اقامۃ کافی ہیں دو اذانیں ضروری نہیں، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں جو باب میں آرہی ہے صرف اقامۃ کا ذکر ہے اذان کا ذکر نہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں لفظ أو رکھا ہے، یہ أو مانعۃ الخلو کا ہے یعنی اگر اذان واقامت دونوں ہوں تو سبحان اللہ اور صرف اقامۃ ہو تو بھی کافی ہے۔

[۱۴-] بَابٌ: هَلْ يُؤَذِّنُ أَوْ يُقِيْمُ إِذَا جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ؟

[۱۱۰۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ فِي السَّفَرِ، يُؤَخِّرُ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ حَتّٰى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَاءِ، قَالَ سَالِمٌ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، يَفْعَلُهُ إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ، يُقِيْمُ الْمَغْرِبَ فَيُصَلِّيْهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ يُسَلِّمُ، ثُمَّ قَلَّمَا يَلْبَثُ حَتَّى يُقِيْمَ الْعِشَاءَ، فَيُصَلِّيْهَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ، وَلَا يُسَبِّحُ بَيْنَهُمَا بِرَكْعَةٍ، وَلَا بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ بِسَجْدَةٍ، حَتّٰى يَقُوْمَ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ. [راجع: ۱۰۹۱]

[۱۱۱۰-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ حَرْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ هَاتَيْنِ الصَّلَاتَيْنِ فِي السَّفَرِ، يَعْنِي الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ.[راجع: ۱۱۰۸]

قولہ: ثم قلّما یلبث: ابن عمرؓ مغرب پڑھ کر تھوڑی دیر ٹھہرتے تھے اور ابو داؤد میں ہے کہ شفق کے غروب ہونے کا انتظار کرتے تھے پھر عشاء پڑھتے تھے............ **قولہ: ولا یسبح بینھما برکعۃ:** یعنی مغرب اور عشاء کے درمیان کوئی نماز نہیں پڑھتے تھے اور نہ عشاء کے بعد کوئی نماز پڑھتے تھے، برکعۃ اور بسجدۃ سے سنن ونوافل مراد ہیں۔

بَابٌ: يُؤَخِّرُ الظُّهْرَ إِلَى الْعَصْرِ إِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ أَنْ تَزِيْغَ الشَّمْسُ

زوال سے پہلے سفر شروع کرے تو ظہر کو عصر تک مؤخر کرے

آنحضور ﷺ جب زوال سے پہلے شروع فرماتے تو ظہر کو عصر تک مؤخر کرتے یعنی ظہر کو عصر کے قریب آخر وقت میں پڑھتے اور عصر کو شروع وقت میں پڑھتے یعنی جمع صوری کرتے۔

[۱۵-] بَابٌ: يُؤَخِّرُ الظُّهْرَ إِلَى الْعَصْرِ إِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ أَنْ تَزِيْغَ الشَّمْسُ

فِيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۱۱۱۱-] حدثنا حَسَّانُ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ أَنْ تَزِيْغَ الشَّمْسُ أَخَّرَ الظُّهْرَ إِلٰى وَقْتِ الْعَصْرِ، ثُمَّ يَجْمَعُ بَيْنَهُمَا، فَإِذَا زَاغَتْ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ.[انظر: ۱۱۱۲]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب سورج ڈھلنے سے پہلے سفر شروع کرتے تو ظہر کو عصر تک مؤخر کرتے پھر ان میں جمع کرتے یعنی جمع صوری کرتے، اور جب سورج ڈھلنے کے بعد سفر کرتے تو ظہر پڑھ کر سفر کرتے یعنی عصر نہیں پڑھتے تھے۔

بَابٌ: إِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ مَا زَاغَتِ الشَّمْسُ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ

جب آپؐ زوال کے بعد سفر شروع کرتے تو صرف ظہر پڑھ کر سوار ہوتے

اس باب سے جمع تقدیم کی نفی کرنا مقصود ہے، نبی ﷺ جب سورج ڈھلنے کے بعد سفر شروع فرماتے تو صرف ظہر پڑھ کر سفر کرتے، اور عصر اس کے وقت میں پڑھتے، ظہر کے وقت میں عصر نہیں پڑھتے تھے۔

[۱۶-] بَابٌ: إِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ مَا زَاغَتِ الشَّمْسُ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ

[۱۱۱۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ أَنْ تَزِيْغَ الشَّمْسُ أَخَّرَ الظُّهْرَ إِلٰى وَقْتِ الْعَصْرِ، ثُمَّ نَزَلَ فَجَمَعَ بَيْنَهُمَا، فَإِنْ زَاغَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ أَنْ يَرْتَحِلَ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ.[انظر: ۱۱۱۱]

بَابُ صَلاَةِ الْقَاعِدِ

بیٹھ کرنماز پڑھنا

فرائض اورواجبات میں قیام فرض ہے مگراعذار کی صورت میں قیام ساقط ہے،معذور بیٹھ کرفرض اورواجب پڑھ سکتا ہےاور اس کی قدرت نہ ہوتو لیٹ کربھی پڑھ سکتا ہے،لیکن نوافل میں — سنن مؤکدہ بھی نفل ہیں — قیام فرض نہیں،قیام پر قدرت کے باوجود بیٹھ کرنفلیں پڑھے تو جائز ہے مگرثواب آدھارہ جائے گا،اورنوافل میں رخصت اس لئے دی گئی ہے کہ آدمی جب چاہے نماز پڑھ سکے،اورفرائض وواجبات متعین ہیں لہٰذا ان کے لئے قیام ساقط کرنے کی ضرورت نہیں،مجبوری کی بات اور ہے۔غرض اس باب کا مقصد بیٹھ کرنماز کا جواز ثابت کرنا ہےاورصلوۃ القاعدہ سے نفل نماز بھی مراد ہوسکتی ہےاورفرض نماز بھی۔ اگرفرض نماز مراد ہےتو عذر کی صورت میں قاعداً پڑھ سکتا ہےاورنفل مراد ہےتو کوئی شرط نہیں،مطلقاً بیٹھ کر پڑھنا جائز ہے۔

[۱۷-] بَابُ صَلاَةِ الْقَاعِدِ

[۱۱۱۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِهِ وَهُوَ شَاكٍ، فَصَلَّى جَالِسًا، وَصَلَّى وَرَاءَهُ قَوْمٌ قِيَامًا، فَأَشَارَ إِلَيْهِمْ أَنِ اجْلِسُوْا، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ:" إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا"[راجع: ۶۸۸]

[۱۱۱۴-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَقَطَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ فَرَسٍ، فَخُدِشَ أَوْ: فَجُحِشَ شِقُّهُ الأَيْمَنُ، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ نَعُوْدُهُ، فَحَضَرَتِ الصَّلاَةُ، فَصَلّٰى قَاعِدًا، فَصَلَّيْنَا قُعُوْدًا. وَقَالَ:" إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَقُوْلُوْا:" اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ"[راجع: ۳۷۸]

وضاحت: یہ حدیثیں بار بار گذری ہیں، نبی اکرم ﷺ ایک مرتبہ گھوڑے سے گر گئے تھے،اورآپؐ کی دائیں جانب چھل گئی تھی،جس کی وجہ سے آپ گھر میں نماز پڑھتے تھے،نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں نہیں آتے تھے،ایک دن صحابہ عیادت کے لئے آئے تو دیکھا کہ آپؐ نماز پڑھ رہے ہیں انھوں نے موقع غنیمت جان کرآپؐ کی اقتداء میں نماز شروع کردی،اورکھڑے

کھڑے اقتداء کی، جبکہ آپؐ بیٹھ کر نماز پڑھ رہے تھے، کیونکہ آپؐ بیمار تھے آپؐ نے اشارہ سے ان کو بٹھا دیا اور نماز کے بعد فرمایا: امام اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے لہٰذا جب امام بیٹھ کر نماز پڑھائے تو تم بھی بیٹھ کر اقتداء کرو، یہ جزء منسوخ ہے۔ تفصیل پہلے گذر چکی ہے اور دوسرا جزء کہ معذور بیٹھ کر فرض نماز پڑھ سکتا ہے معمول بہ ہے اور یہی امام بخاریؒ کا مدعی ہے۔

[۱۱۱۵-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُسَيْنٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه سلم. ح: وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ، وَكَانَ مَبْسُوْرًا، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَلَاةِ الرَّجُلِ قَاعِدًا، فَقَالَ: "إِنْ صَلَّى قَائِمًا فَهُوَ أَفْضَلُ، وَمَنْ صَلَّى قَاعِدًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَائِمِ، وَمَنْ صَلَّى نَائِمًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَاعِدِ" [انظر: ۱۱۱۶، ۱۱۱۷]

ترجمہ: عبداللہ بن بریدہؒ کہتے ہیں: مجھ سے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہما نے بیان کیا، اور ان کو بواسیر کی بیماری تھی، وہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے اس شخص کی نماز کے بارے میں پوچھا جو بیٹھ کر نماز پڑھے، آپؐ نے فرمایا: اگر کھڑے ہو کر پڑھے تو افضل ہے اور جو شخص بیٹھ کر پڑھے تو اس کے لئے کھڑے ہو کر پڑھنے والے کا آدھا ثواب ہے اور جو لیٹ کر پڑھے اس کے لئے بیٹھ کر پڑھنے والے کا آدھا ثواب ہے۔

تشریح: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کو دو بیماریاں تھیں، ایک: بواسیر کی دوسری بھگندر کی، ان پر جب بواسیر کا حملہ ہوتا تھا یعنی خون بہت بہہ جاتا تھا تو وہ نڈھال ہو جاتے تھے، اس لئے انھوں نے آنحضرت ﷺ سے بیٹھ کر نماز پڑھنے کا مسئلہ دریافت کیا، اس حدیث کو حسین المعلّم سے (ان کا دوسرا لقب المکتّب ہے یعنی مکتب میں پڑھانے والا) روح بن عبادہ، عبدالوارث بن سعید اور ابراہیم بن طہمان وغیرہ روایت کرتے ہیں، روح بن عبادہ اور عبدالوارث کی حدیث یہ ہے کہ عمران بن حصین نے نبی ﷺ سے بیٹھ کر نماز پڑھنے کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: جو شخص کھڑے ہو کر نماز پڑھے تو یہ بہتر ہے اور جو بیٹھ کر پڑھے اس کے لئے کھڑے ہو کر پڑھنے والے کے ثواب کا آدھا ہے اور جو لیٹ کر پڑھے اس کے لئے بیٹھ کر پڑھنے والے کے ثواب کا آدھا ہے۔

اور ابراہیم بن طہمان کی حدیث میں یہ ہے کہ حضرت عمرانؓ نے مریض کی نماز کے بارے میں پوچھا: نبی ﷺ نے فرمایا: کھڑے ہو کر نماز پڑھو، اور اگر کھڑے ہونے کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر پڑھو، اور اگر بیٹھ کر پڑھنے کی بھی طاقت نہ ہو تو کروٹ پر لیٹ کر پڑھو —— یہ حدیث اگلے باب میں آرہی ہے اور ان دونوں روایتوں کا مدعی متعین کرنے میں شارحین بہت الجھے ہیں، کیونکہ زیادہ سے زیادہ چار تقدیریں ہو سکتی ہیں: (۱) دونوں روایتیں فرض نماز سے متعلق ہوں (۲) دونوں نفل نماز سے متعلق ہوں (۳) دونوں میں مریض کی نماز کا حکم ہو (۴) دونوں تندرست کی نماز کے بارے میں ہوں۔

۱- اگر ان کو فرض نماز کے بارے میں اور تندرست کی نماز سے متعلق کیا جائے تو اشکال یہ ہوگا کہ تندرست کے لئے بیٹھ

کرفرض پڑھنا جائز نہیں، اس پر قیام فرض ہے۔

۲- اور اگر ان کو فرض نماز سے اور بیمار کی نماز سے متعلق کیا جائے تو پہلی حدیث پر اشکال ہوگا کہ بیمار کو تو جس حال میں نماز پڑھے پورا ثواب ملے گا، جو شخص قیام پر قدرت نہیں رکھتا وہ فرض نماز بیٹھ کر پڑھے گا اور بیٹھ کر پڑھنے پر قادر نہیں تو لیٹ کر پڑھے گا۔ اور اس کو ہر حال میں پورا ثواب ملے گا، تنصیف نہیں ہوگی۔

۳- اور اگر نفل نماز سے اور بیمار سے ان کا تعلق جوڑا جائے تو بھی درست نہیں، جب معذور کو فرض نماز بیٹھ کر پڑھنے کی صورت میں پورا ثواب ملتا ہے تو نفل بیٹھ کر پڑھنے والے کو تو بدرجہ اولیٰ پورا ثواب ملے گا۔

۴- اور اگر نفل نماز سے اور تندرست سے متعلق کیا جائے تو پہلی حدیث پر اشکال ہوگا کہ تندرست آدمی کے لئے نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے کی تو گنجائش ہے مگر اس کے لئے لیٹ کر نفل پڑھنا جائز نہیں۔

غرض دونوں حدیثوں میں چار ہی تقدیریں ہوسکتی ہیں اور ہر تقدیر پر اعتراض ہے، اور میں نے دونوں حدیثوں کو ملا کر جو مطلب سمجھا ہے وہ یہ ہے کہ یہ دونوں فرض کے بارے میں ہیں اور ان میں بیمار کی نماز کا حکم ہے، دوسری حدیث میں حضرت عمرانؓ کا بیمار کی نماز کے بارے میں دریافت کرنا اس کی دلیل ہے اور پہلی حدیث میں ثواب کا بیان ہے اور دوسری حدیث میں صحتِ صلوٰۃ کا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ صحتِ صلوٰۃ میں عامل کی قدرت کا اعتبار ہے اور ثواب میں نفس الامری قدرت کا، یعنی اگر مصلی کا خیال ہے کہ وہ کھڑے ہو کر فرض پڑھنے پر قادر نہیں تو وہ نماز بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے نماز ہوجائے گی، اور اگر اس کی بھی ہمت نہیں تو لیٹ کر پڑھے، نماز صحیح ہوجائے گی، مگر ثواب نفس الامری قدرت کے لحاظ سے ملے گا، پس جو شخص بے ہمت ہو گیا اور اس نے بیٹھ کر نماز پڑھی حالانکہ نفس الامر میں اسے قیام پر قدرت تھی تو اسے آدھا ثواب ملے گا، اور اگر وہ واقعی قیام پر قادر نہیں تھا اس لئے بیٹھ کر نماز پڑھی تو پورے ثواب کا مستحق ہوگا۔ یہی مسئلہ لیٹ کر نماز پڑھنے والے کا ہے، اگر وہ بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے مگر وہ بے ہمتی کی بناء پر لیٹ کر پڑھتا ہے تو بیٹھ کر نماز پڑھنے کی صورت میں جتنا ثواب ملے گا اس سے آدھا ملے گا، اور اگر نفس الامر میں بھی بیٹھ کر پڑھنے پر قادر نہیں تو پھر لیٹ کر پڑھی ہوئی نماز کا پورا ثواب ملے گا۔

غرض آنحضرت ﷺ نے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کو ایک تو مسئلہ بتایا کہ مریض کھڑے ہو کر، بیٹھ کر اور لیٹ کر ہر طرح نماز پڑھ سکتا ہے، اور دوسری بات یہ بتائی ہے کہ ثواب میں نفس الامری قدرت کا اعتبار ہے پھر یہ دو حدیثیں الگ الگ ہوگئیں تو اشکال پیدا ہوا۔

اور بہت سے اکابر کے بارے میں مروی ہے کہ وہ معذور ہونے کے باوجود بہ تکلف کھڑے ہو کر فرض نماز پڑھتے تھے، اس تکلف کی ضرورت اس لئے پیش آتی تھی کہ ثواب میں نفس الامری قدرت کا اعتبار ہے، گو کہ نماز بیٹھ کر بھی صحیح ہوجاتی ہے۔

فائدہ: مریض کے لئے لیٹ کر نماز پڑھنا بالاتفاق جائز ہے اور اس کو جس طرح سہولت ہو اس طرح لیٹ کر نماز

پڑھے، چاہے دائیں کروٹ پر لیٹے، چاہے بائیں پر اور چاہے تو چت لیٹے، البتہ جب چت لیٹ کر نماز پڑھے تو پاؤں کعبہ کی طرف کرے اور سر کے نیچے کوئی چیز رکھ لے، تاکہ سر اونچا ہو جائے اور رکوع وسجود کا اشارہ کرنے میں سہولت ہو۔

بَابُ صَلاَةِ الْقَاعِدِ بِالإِيْمَاءِ

بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھنا

اس باب کا مدعیٰ یہ ہے کہ جس طرح عذر کی وجہ سے قیام ساقط ہو جاتا ہے عذر کی وجہ سے رکوع اور سجدے بھی ساقط ہو جاتے ہیں، پس جو شخص رکوع سجدہ کرنے پر قادر نہیں وہ اشارہ سے نماز پڑھے گا، جیسے سواری پر نماز پڑھنا ایک عذر ہے، سواری پر رکوع سجدہ نہیں ہو سکتا پس رکوع سجدے ساقط ہیں ان کی جگہ اشارہ کرے اور کوئی عذر نہ ہو تو نوافل میں قیام تو ساقط ہے مگر رکوع سجدے ضروری ہیں۔

[۱۸-] بَابُ صَلاَةِ الْقَاعِدِ بِالإِيْمَاءِ

[۱۱۱۶-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ — وَكَانَ رَجُلاً مَبْسُوْرًا — وَقَالَ أَبُوْ مَعْمَرٍ مَرَّةً عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَلاَةِ الرَّجُلِ وَهُوَ قَاعِدٌ، فَقَالَ: "مَنْ صَلَّى قَائِمًا فَهُوَ أَفْضَلُ، وَمَنْ صَلَّى قَاعِدًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَائِمِ، وَمَنْ صَلَّى نَائِمًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَاعِدِ"[راجع: ۱۱۱۵]

قوله: وَمَنْ صَلَّى نَائِمًا: اور گیلری میں اس کی جگہ بالإیماء ہے اور دونوں لفظ صحیح ہیں، ظاہر ہے جو لیٹ کر نماز پڑھے گا وہ اشارے ہی سے پڑھے گا۔

بَابٌ: إِذَا لَمْ يُطِقْ قَاعِدًا صَلَّى عَلٰى جَنْبٍ

اگر بیٹھ کر نماز پڑھنے کی سکت نہ ہو تو لیٹ کر پڑھے

جس شخص میں بیٹھنے کی بھی سکت نہ ہو تو وہ لیٹ کر نماز پڑھے، اور اس کو جس طرح سہولت ہو اس طرح لیٹ کر نماز پڑھے، چاہے دائیں کروٹ لیٹے، چاہے بائیں، اور چاہے تو چت لیٹے۔ اور حضرت عطاءؒ کہتے ہیں: اگر مریض کو قبلہ رخ کرنے والا کوئی نہ ہو اور مریض از خود قبلہ رخ نہ ہو سکتا ہو، تو اس کا جدھر منہ ہو ادھر نماز پڑھ سکتا ہے، اس کے لئے قبلہ رخ ہونا ضروری نہیں۔

[۱۹-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يُطِقْ قَاعِدًا صَلَّى عَلٰى جَنْبٍ

وَقَالَ عَطَاءٌ: إِذَا لَمْ يَقْدِرْ عَلَى أَنْ يَتَحَوَّلَ إِلَى الْقِبْلَةِ صَلَّى حَيْثُ كَانَ وَجْهُهُ.

[١١١٧-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ الْحُسَيْنُ الْمُكَتِّبُ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: كَانَتْ بِيْ بَوَاسِيْرُ فَسَأَلْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الصَّلاَةِ؟ فَقَالَ: "صَلِّ قَائِمًا، فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَقَاعِدًا، فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَعَلٰى جَنْبٍ" [راجع: ١١١٥]

وضاحت: اس حدیث میں صحتِ صلوٰۃ کا حکم ہے اور پہلے جو حدیث گذری ہے اس میں ثواب کا بیان تھا اور یہ دونوں حدیثیں ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں، ان کو الگ الگ کرنے کی وجہ سے الجھن پیش آئی ہے، تفصیل گذشتہ سے پیوستہ باب میں گذر چکی ہے۔

بَابٌ: إِذَا صَلَّى قَاعِدًا ثُمَّ صَحَّ أَوْ وَجَدَ خِفَّةً تَمَّمَ مَا بَقِيَ

جب بیٹھ کر نماز پڑھ رہا ہو، پھر تندرست ہو جائے یا ہلکا پن محسوس کرے تو باقی نماز کھڑے ہو کر پوری کرے

ایک شخص بیمار ہے، کھڑا نہیں ہو سکتا، چکر آرہے ہیں، اس نے بیٹھ کر نماز شروع کی پھر نماز کے درمیان تندرست ہو گیا، یا بیماری ہلکی پڑ گئی تو وہ باقی نماز کھڑے ہو کر پوری کرے، جیسے ایک شخص غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھ رہا تھا، کسی نے خبر دی کہ قبلہ دوسری جانب ہے تو وہ نماز کے اندر ہی قبلہ کی جانب گھوم جائے، اور اس کی نماز صحیح ہے، استیناف کی ضرورت نہیں، یا ٹرین میں نماز پڑھ رہا تھا اور گاڑی گھوم گئی تو وہ بھی نماز کے اندر قبلہ کی طرف گھوم جائے، اسی طرح یہ مسئلہ ہے کہ عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھ رہا تھا، نماز کے اندر ہی افاقہ محسوس ہوا تو باقی نماز کھڑے ہو کر پوری کرے استیناف کی ضرورت نہیں، اسی طرح برعکس صورت میں: کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہا تھا کہ چکر آنے لگے تو باقی نماز بیٹھ کر پوری کرے، استیناف کی ضرورت نہیں۔ حسن بصریؒ نے یہ مسئلہ بیان کیا ہے کہ دو رکعت تک عذر تھا اس لئے دو رکعت بیٹھ کر پڑھی، پھر عذر زائل ہو گیا تو باقی دو رکعت کھڑے ہو کر پڑھے۔

[٢٠-] بَابٌ: إِذَا صَلَّى قَاعِدًا ثُمَّ صَحَّ أَوْ وَجَدَ خِفَّةً تَمَّمَ مَا بَقِيَ

وَقَالَ الْحَسَنُ: إِنْ شَاءَ الْمَرِيْضُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ قَاعِدًا وَرَكْعَتَيْنِ قَائِمًا.

[١١١٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا لَمْ تَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ صَلاَةَ اللَّيْلِ قَاعِدًا قَطُّ حَتّٰى أَسَنَّ، فَكَانَ يَقْرَأُ قَاعِدًا، حَتّٰى إِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ قَامَ، فَقَرَأَ نَحْوًا مِنْ ثَلاَثِيْنَ آيَةً أَوْ أَرْبَعِيْنَ آيَةً، ثُمَّ رَكَعَ.

[انظر: ١١١٩، ١١٤٨، ١١٦١، ١١٦٨، ٤٨٣٧]

[١١١٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ، وَأَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ

ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ جَالِسًا فَيَقْرَأُ وَهُوَ جَالِسٌ، فَإِذَا بَقِيَ مِنْ قِرَاءَ تِهِ نَحْوٌ مِنْ ثَلَاثِيْنَ أَوْ أَرْبَعِيْنَ آيَةً، قَامَ فَقَرَأَهَا وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ رَكَعَ ثُمَّ سَجَدَ، يَفْعَلُ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ. فَإِذَا قَضَى صَلَاتَهُ نَظَرَ فَإِنْ كُنْتُ يَقْظَىٰ تَحَدَّثَ مَعِيْ، وَإِنْ كُنْتُ نَائِمَةً اضْطَجَعَ. [راجع: ۱۱۱۸]

وضاحت: حضور اقدس ﷺ تہجد ہمیشہ کھڑے ہوکر پڑھا کرتے تھے اور بہت طویل پڑھتے تھے، یہاں تک کہ پاؤں پر ورم آجاتا تھا، مگر حیات طیبہ کے آخری سال میں جب آپؐ بوڑھے اور کمزور ہوگئے تو آپؐ نے بیٹھ کر تہجد پڑھا، آپؐ قراءت بیٹھ کر کرتے تھے پھر جب رکوع کرنے کا ارادہ ہوتا تو تیس چالیس آیتیں کھڑے ہوکر پڑھتے پھر رکوع کرتے، اسی طرح دوسری رکعت بھی بیٹھ کر پڑھتے اور رکوع سے پہلے تیس چالیس آیتیں کھڑے ہوکر پڑھتے۔

سوال: یہ روایت نفلوں (تہجد) کے بارے میں ہے، اور نفلوں میں قیام ضروری نہیں، اور باب فرضوں کے بارے میں ہے، پس نفلوں والی روایت سے فرضوں کا مسئلہ کیسے ثابت ہوگا، فرض نماز میں تو قیام فرض ہے۔

جواب: حضرت الاستاذ نے فرمایا: ''جب تندرست ایسا کرسکتا ہے تو مریض بدرجۂ اولیٰ اس کا حق رکھتا ہے کہ اس کے اس اضطراری فعل کو صحیح تسلیم کیا جائے'' (القول الفصیح) یعنی مریض رکعت کے شروع میں جو بیٹھا ہے وہ ایک مجبوری ہے پس وہ بیٹھنا درست ہے، پھر جب عذر ختم ہوگیا تو فرضوں میں قیام فرض ہے، لہٰذا باقی نماز کھڑے ہوکر پوری کرے۔

قولہ: فإذا قضی صلا تہ نظر: آنحضور ﷺ کا معمول تھا کہ جب آپؐ تہجد کے لئے بیدار ہوتے تو گھر والوں کو بیدار نہیں کرتے تھے، وہ ازخود اٹھنا چاہیں تو اٹھیں، البتہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں تہجد کے وقت گھر والوں کو بھی بیدار کرتے تھے، اور پورے سال جب آپؐ تہجد سے فارغ ہوتے اور وتر پڑھنے کا وقت آتا تو ازواج کو بیدار فرماتے، پھر آپؐ وتر پڑھ کر آرام فرماتے، اور صبح صادق ہوتے ہی فجر کی سنتیں پڑھتے، لیکن اگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیدار ہوتیں تو ان سے گفتگو فرماتے ورنہ دائیں کروٹ لیٹ جاتے اور جب حضرت بلالؓ اطلاع دیتے تو نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے جاتے۔

فائدہ: آنحضور ﷺ نے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان صرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بات چیت کی ہے، بقیہ ازواج سے اس وقت میں بات چیت کرنا مروی نہیں۔ اور حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ نے فرمایا: آنحضور ﷺ کا فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان لیٹنا نشاط کے لئے تھا، اور محبوب سے دو گھڑی بات کرنے سے بھی نشاط پیدا ہوجاتا ہے، چونکہ صدیقہ آنحضور ﷺ کی محبوبہ تھیں اس لئے آپؐ صرف انہی سے بات کرتے تھے، دیگر ازواج سے بات کرنا مروی نہیں۔

الحمد للہ! أَبْوَابُ تَقْصِيْرِ الصَّلَاةِ کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتَابُ التَّهُجُّدِ [وَالتَّطَوُّعِ]

تہجد اور نوافل کا بیان

بَابُ التَّهَجُّدِ بِاللَّيْلِ

رات میں اٹھ کر نفلیں پڑھنا

یہاں سے تہجد کے ابواب شروع ہورہے ہیں، پھر اسی کتاب میں نوافل کا بیان ہے، اس لئے عنوان میں [والتطوع] بڑھایا ہے —— پہلے چند باتیں ذہن نشیں کرلیں:

پہلی بات: صلوٰۃ اللیل اور صلوٰۃ التہجد ایک ہیں، صلوٰۃ اللیل شریعت کی اصطلاح ہے، رات میں جو بھی نماز پڑھی جائے وہ صلوٰۃ اللیل نہیں ہے، اور اس کے لئے دوسرا لفظ تہجد ہے۔ تہجد کے معنی ہیں: تركُ الهُجود: نیند چھوڑنا، یہ نماز رات کے آخری حصہ میں پڑھی جاتی ہے، آدمی پہلے سوجاتا ہے پھر اٹھ کر نفلیں پڑھتا ہے اس کا نام تہجد ہے، سورۃ الاسراء کی آیت ۷۹ ہے: ﴿وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَّكَ﴾: اور رات کے کچھ حصہ میں نیند سے اٹھ کر قرآن کے ساتھ نفلیں پڑھئے، یہ آپ ﷺ کے لئے زائد نماز ہے، من تبعیضیہ ہے اور به کا مرجع قرآن ہے، پہلے قرآن کا ذکر آیا ہے، اور نافلة کے معنی حضرت الاستاذ قدس سرہ نے 'بخشش' کئے تھے، اور تهجّد به کے معنی بین السطور لکھے ہیں: اسْهَرْ بِه یعنی پہلے سوجایئے پھر اٹھ کر نفلوں میں قرآن پڑھئے ﴿فَاقْرَءُ وْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآن﴾: جتنا آسان ہو اتنا قرآن نفلوں میں پڑھئے، معلوم ہوا کہ رات میں سونے کے بعد اٹھ کر جو نفلیں پڑھی جائیں وہ صلوٰۃ اللیل اور تہجد ہیں۔

دوسری بات: بعض حضرات نے لفظ نافلہ سے استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ پر تہجد فرض نہیں تھا، مگر یہ استدلال قوی نہیں، اس لئے کہ فقہاء کی اصطلاح میں جو 'نفل' ہے: وہ یہ نافلہ نہیں ہے، فقہاء کی اصطلاحات قرآن وحدیث میں مراد نہیں لی جاتیں، قرآن وحدیث میں لفظ کے لغوی معنی مراد لئے جاتے ہیں، اور آنحضور ﷺ پر تہجد فرض تھا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، راجح یہ ہے کہ فرض نہیں تھا، اور دلیل دو روایتیں ہیں:

ایک: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ جب کسی دن تہجد نہیں پڑھ پاتے تھے، آپؐ کو تہجد سے نیند روک دیتی، یعنی نیند کا تقاضہ ہوتا تھا تو آپؐ سونے کو تہجد پر مقدم کرتے تھے، مثلاً سفر ہے، رات کے آخری حصہ میں پڑاؤ ڈالا، اب سونا بھی ہے کیونکہ صبح آگے سفر کرنا ہے، اور تہجد کا وقت بھی ہے، پس آپؐ سو جاتے تھے اور تہجد بالقصد نہیں پڑھتے تھے یا آپؐ پر آپؐ کی آنکھیں غالب آجاتیں (یعنی بیدار ہونے کے ارادہ کے باوجود آنکھ نہیں کھلتی تھی) تو آپ دن میں سورج نکلنے کے بعد بارہ رکعت پڑھتے تھے (ترمذی حدیث ۴۵۴) یہ تہجد کا مؤخر بدل ہے، اس روایت سے معلوم ہوا کہ آپؐ پر تہجد واجب نہیں تھا۔

دوم: شاہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں لکھا ہے کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں مزدلفہ کی رات میں بالقصد تہجد نہیں پڑھا تھا، کیونکہ بڑا مجمع تھا، آپؐ تہجد پڑھتے تو ممکن تھا لوگ اس کو ضروری سمجھ لیتے، معلوم ہوا کہ تہجد آپؐ پر فرض نہیں تھا۔

تیسری بات: قرآنِ کریم میں بہت سے احکام میں نبی ﷺ کو مخاطب بنایا گیا ہے مگر مقصود امت کو حکم سنانا ہے، جیسے سورۃ الطلاق کی پہلی آیت ہے: ﴿یآ یُّھَا النَّبِیُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوْھُنَّ لِعِدَّتِھِنَّ وَأَحْصُوْا الْعِدَّۃَ﴾: اس آیت میں جمع کے صیغے لائے گئے ہیں، معلوم ہوا کہ مخاطب اگرچہ حضور اکرم ﷺ ہیں مگر مقصود آپؐ ہی نہیں، بلکہ یہ حکم امت کو سنانا ہے اس لئے جمع کے صیغے لائے گئے ہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے جو آیتِ کریمہ لکھی ہے، وہ سورۃ الاسراء کی (آیت ۷۹) ہے اور مضمون یہاں سے شروع ہوتا ہے: ﴿أَقِمِ الصَّلَاۃَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ إِلٰی غَسَقِ اللَّیْلِ﴾: آفتاب ڈھلنے کے بعد سے رات کا اندھیرا چھانے تک نمازوں کا اہتمام کیجئے۔ اس میں ظہر سے عشاء تک کی چار نمازیں آگئیں، ﴿وَقُرْآنَ الْفَجْرِ﴾: اور صبح کا قرآن پڑھنا، یہ فجر کی نماز ہے ﴿وَمِنَ اللَّیْلِ فَتَھَجَّدْ بِهٖ﴾: اور رات کے کچھ حصہ میں اٹھ کر نفلوں میں قرآن پڑھئے، یہ تہجد کی نماز ہے، ﴿نَافِلَۃً لَّكَ﴾ یہ مزید بخشش ہے، ﴿عَسٰی أَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا﴾ ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ آپؐ کو ستودہ مرتبہ عنایت فرمائیں، نبی ﷺ کے تعلق سے مقام محمود سے مراد شفاعت کبری کا اعزاز ہے، اور امت کے تعلق سے اس کے معنی ہیں: بلند مقام، جو جنتی اونچے مقام میں ہوگا نیچے والے اس کی تعریف کریں گے، پس وہ بھی ستودہ مقام میں ہوگا، جنت کوئی ایک درجہ نہیں ہے اس میں متفاوت درجات ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ شہداء کے چار درجے ہیں، پہلا درجہ اس مؤمن کا ہے جو متقی اور بہادر ہے، جب دشمن سے اس کا مقابلہ ہوا تو اس نے اللہ سے بہادری سے لڑنے کا جو وعدہ کیا تھا وہ پورا کیا، یہاں تک کہ وہ مارا گیا، یہ وہ شہید ہے جس کا مقام قیامت کے دن لوگ اس طرح نگاہیں اٹھا کر دیکھیں گے کہ ان کی ٹوپی گر گئی۔ حدیث کے راوی ابو یزید خولانی کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ حضرت فضالہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ٹوپی مراد لی ہے یا نبی ﷺ کی ٹوپی؟ یعنی کس کی ٹوپی گری یہ بات حضرت فضالہ نے بیان نہیں کی (ترمذی حدیث ۱۶۳۶)

جنت کے یہ بلند درجات نوافل اعمال کی وجہ سے ملیں گے، فرائض وواجبات تو سبھی مسلمان ادا کرتے ہیں اور ان نوافل اعمال ہی کے لئے کسی اللہ والے کے ہاتھ پر سودا کرنا پڑتا ہے، جنت پانے کے لئے بیعت ضروری نہیں، اس کے لئے صحیح

ایمان اوراعمالِ صالحہ کافی ہیں، مگر جنت میں بلند درجات حاصل کرنے کے لئے نوافل اعمال ضروری ہیں، جو پیر کی راہ نمائی میں کئے جاتے ہیں، عام طور پر تجربہ یہ ہے کہ آدمی خود سے نوافل اعمال نہیں کرسکتا۔

غرض آیت کریمہ نبی ﷺ کے ساتھ خاص نہیں، عام ہے، البتہ آپ ؐ کے تعلق سے 'مقام محمود' شفاعت کبریٰ کا اعزاز ہے اورامت کے تعلق سے جنت کے بلند درجات مراد ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

١٩- كِتَابُ التَّهَجُّدِ

[١-] بَابُ التَّهَجُّدِ بِاللَّيْلِ

وَقَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَكَ﴾[الإسراء: ٧٩]

[١١٢٠-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتَهَجَّدُ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاءُ كَ حَقٌّ، وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَوْ: لَا إِلٰهَ غَيْرُكَ"

قَالَ سُفْيَانُ: وَزَادَ عَبْدُ الْكَرِيْمِ أَبُوْأُمَيَّةَ: " وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ" قَالَ سُفْيَانُ: قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي مُسْلِمٍ: سَمِعَهُ مِنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ٦٣١٧، ٧٣٨٥، ٧٤٤٢، ٧٤٩٩]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ جب رات میں تہجد کے لئے اٹھتے (یہی ٹکڑا باب سے متعلق ہے) تو (بیدار ہوتے ہی) یہ ذکر کرتے تھے:

ذکر کا ترجمہ: اے اللہ! آپ کے لئے تعریف ہے، آپ آسمانوں کے اور زمین کے اوران چیزوں کے جوان میں ہیں سنبھالنے والے ہیں اور آپ کے لئے تعریف ہے آپ آسمانوں کے اور زمین کے اوران چیزوں کے جوان میں ہیں نور ہیں اور آپ کے لئے تعریف ہے آپ آسمانوں کے اور زمین کے اوران چیزوں کے جوان میں ہیں: بادشاہ ہیں، اور آپ کے لئے تعریف ہے آپ برحق (ثابت) ہیں، اور آپ کا وعدہ برحق ہے، اور آپ سے ملاقات برحق ہے اور آپ کی باتیں برحق

ہیں، اور جنت برحق ہے اور دوزخ برحق ہے، اور تمام انبیاء برحق ہیں اور محمد (ﷺ) برحق ہیں اور قیامت برحق ہے، اے اللہ! میں آپ کا تابعدار ہوں، اور آپ پر ایمان لایا، اور آپ پر بھروسہ کیا، اور آپ کی طرف رجوع کیا، اور آپ کی مدد سے (دشمنوں سے) جھگڑا کرتا ہوں، اور آپ کے سامنے اپنا معاملہ پیش کرتا ہوں، پس بخش دیجئے میرے وہ گناہ جو میں نے پہلے کئے اور جو بعد میں کروں گا، اور وہ پوشیدہ گناہ جو میں نے کئے اور جو علانیہ کئے، آپ ہی آگے کرنے والے اور آپ ہی پیچھے کرنے والے ہیں، کوئی معبود نہیں مگر آپ ہی، یا فرمایا: کوئی معبود نہیں آپ کے سوا —— ابن عیینہؒ کہتے ہیں: عبدالکریم ابو امیہ کی حدیث میں حوقلہ بھی ہے، اور سلیمان بن ابی مسلم نے حضرت طاؤس سے یہ حدیث سنی ہے۔

وضاحت: ابوامیہ عبدالکریم بن ابی المخارق المعلم البصری (متوفی ۱۲۶ھ) پر ابن عیینہ، ابن مہدی، یحییٰ قطان، امام احمد، ابن عدی اور ایوب سختیانی نے جرح کی ہے، بخاری شریف میں اسی ایک جگہ اس کا ذکر ہے، اس کی روایت بخاری میں نہیں ہے، نسائی میں اس کی چند اور ترمذی اور ابن ماجہ میں کافی روایتیں ہیں، اس کی حدیث میں مذکورہ بالا ذکر میں حوقلہ کا اضافہ ہے اور سلیمان بن ابی مسلم سے پہلے قال زائد ہے اور یہ ابن عیینہ کا مقولہ ہے کہ سلیمان احول نے طاوس سے یہ حدیث سنی ہے، اور سماع کی صراحت اس لئے کی کہ اوپر روایت بصیغۂ عن آئی ہے۔

بَابُ فَضْلِ قِيَامِ اللَّيْلِ

نمازِ تہجد کی اہمیت

امام ترمذی رحمہ اللہ لفظ فضل عام طور پر ثواب کے معنی میں استعمال کرتے ہیں اور امام بخاری رحمہ اللہ اہمیت کے معنی میں۔

حدیث: نبی ﷺ کے زمانہ میں جب کوئی خواب دیکھتا تو فجر کی نماز کے بعد اس کو آپؐ سے بیان کرتا، اور آپؐ اس کی تعبیر بتلاتے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما تمنا کیا کرتے تھے کہ کاش وہ بھی کوئی خواب دیکھتے اور نبی ﷺ سے بیان کرتے، ایک رات وہ مسجدِ نبوی میں سو رہے تھے کہ انھوں نے خواب دیکھا، یہ ہجرت کے فوراً بعد کا واقعہ ہے، اس زمانہ میں مہاجرین کے پاس رہنے اور سونے کا معقول انتظام نہیں تھا اس لئے نوجوان لڑکے مسجد میں سوتے تھے (تفصیل تحفۃ القاری ۲:۲۸۳ میں ہے) حضرت ابن عمرؓ نے خواب دیکھا کہ دو فرشتے ان کو لے کر ایک ایسے کنویں پر گئے جس پر مینڈ بنی ہوئی تھی، اس کنویں کے اندر آگ جل رہی تھی، اور اس میں بہت سے مرد اور عورتیں جل رہے تھے، ابن عمرؓ نے اندر جھانک کر دیکھا تو بہت سوں کو پہچانا، وہ ڈرے کہ فرشتے ان کو بھی اندر نہ ڈال دیں، مگر اچانک ایک تیسرا فرشتہ آیا اور اس نے کہا: ڈرو نہیں! اور ان دو سے کہا: ان کو چھوڑ دو، ابن عمرؓ کی آنکھ کھل گئی، خواب ڈراؤنا تھا، اس لئے خود نبی ﷺ سے بیان کرنے کی ہمت نہ ہوئی، انھوں نے اپنی بہن ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے بیان کیا اور کہا کہ وہ حضور ﷺ سے خواب بیان کریں اور تعبیر معلوم کریں، حضور اقدس ﷺ نے خواب سن کر فرمایا: عبداللہ نیک آدمی ہے، کاش وہ تہجد پڑھتا! چنانچہ ابن عمرؓ اس کے

بعدرات کا بہت تھوڑا حصہ سوتے تھے، رات کا اکثر حصہ تہجد اور نفلوں میں گذارتے تھے۔

[٢-] بَابُ فَضْلِ قِيَامِ اللَّيْلِ

[١١٢١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ فِيْ حَيَاةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَأَى رُؤْيَا قَصَّهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَتَمَنَّيْتُ أَنْ أَرَى رُؤْيَا فَأَ قُصَّهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكُنْتُ غُلَامًا شَابًّا، وَكُنْتُ أَنَامُ فِيْ الْمَسْجِدِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَرَأَ يْتُ فِيْ النَّوْمِ كَأَنَّ مَلَكَيْنِ أَخَذَانِيْ، فَذَهَبَا بِيْ إِلَى النَّارِ، فَإِذَا هِيَ مَطْوِيَّةٌ كَطَيِّ الْبِئْرِ، وَإِذَا لَهَا قَرْنَانِ، وَإِذَا فِيْهَا أُنَاسٌ قَدْ عَرَفْتُهُمْ، فَجَعَلْتُ أَقُوْلُ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ، قَالَ: فَلَقِيَنَا مَلَكٌ آخَرُ، فَقَالَ لِيْ: لَمْ تُرَعْ. [راجع: ٤٤٠]

[١١٢٢-] فَقَصَصْتُهَا علٰى حَفْصَةَ، فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ! لَوْ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ! فَكَانَ بَعْدُ لَايَنَامُ مِنَ اللَّيْلِ إِلَّا قَلِيْلاً.

[انظر: ١١٥٧، ٣٧٣٩، ٣٧٤١، ٧٠١٦، ٧٠٢٩، ٧٠٣١]

قولہ: فإذا هي مطوية كطيِّ البئر: اچانک وہ آگ مینڈ بنی ہوئی تھی، جس طرح کنویں پر مینڈ بنی ہوئی ہوتی ہے، کنویں دو طرح کے ہوتے ہیں: ایک پکا کنواں جس پر مینڈ بنی ہوئی ہوتی ہے ایسے کنویں مَطْوِيَّة (مینڈ بنے ہوئے) کہلاتے ہیں، طوی (ض) البئر: کنویں کی من بنانا، اور دوسرا کچا کنواں ہوتا ہے، اس پر مینڈ بنی ہوئی نہیں ہوتی، اس کو جُبّ کہتے ہیں، سورۂ یوسف میں ہے ﴿فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ﴾ (آیت ۱۵): کچے کنوئیں کے اندھیرے حصہ میں۔

قولہ: وإذا لها قرنان: پرانے زمانہ میں کنوئیں پر دولکڑیاں کھڑی کرتے تھے اوران کے بیچ میں ایک لکڑی میں چرخی ہوتی تھی، اس سے پانی کھینچتے تھے، یہ کھڑی دولکڑیاں قرنان ہیں

قولہ: لم تُرَعْ: یہاں سے نبی ﷺ نے یہ تعبیر لی ہے کہ عبداللہ نیک آدمی ہے، مگر فرشتے ان کو جہنم پر لے گئے ہیں اس لئے نبی ﷺ نے تمنا ظاہر کی کہ کاش عبداللہ تہجد پڑھا کرتے، اس سے تہجد کی اہمیت نکلی۔

بَابُ طُوْلِ السُّجُوْدِ فِيْ قِيَامِ اللَّيْلِ

تہجد میں لمبے سجدے کرنا

باب میں یہ حدیث ہے کہ نبی ﷺ تہجد کی نماز میں چالیس پچاس آیتوں کے بقدر سجدہ کیا کرتے تھے، بعض علماء نے

اس کو خارج نماز کا سجدہ قرار دیا ہے، یعنی تہجد سے فارغ ہوکر سجدہ کرتے تھے، اور اس میں دعا کرتے تھے، پس یہ سجدۂ مناجاتیہ (دعائیہ) ہوا، مگر امام بخاریؒ نے یہ باب قائم کرکے بتلایا کہ یہ تہجد کا سجدہ ہوتا تھا، خارج نماز کا سجدہ نہیں تھا۔

خارج صلوٰۃ دو سجدے ہیں: ایک: سجدۂ مناجات، دوسرا سجدۂ شکر، درمختار میں سجدۂ شکر کو مستحب لکھا ہے، جب کوئی خوشی کی بات پیش آئے یا اچھی خبر پہنچے تو شکر کے طور پر دو نفلیں پڑھنی چاہئیں، یہ شکر کا اعلی درجہ ہے اور صرف سجدہ کرے تو یہ بھی کافی ہے، اور سجدۂ مناجات بدعتیوں کے یہاں رائج ہے، وہ سنتوں اور نفلوں سے فارغ ہوکر سجدہ کرتے ہیں اور اس میں دعا کرتے ہیں یہ سجدۂ مناجات ہے، کبیری میں لکھا ہے کہ یہ بدعت ہے، نبی ﷺ جو چالیس پچاس آیتوں کے بقدر سجدہ کرتے تھے: بدعتی اس کو سجدۂ مناجات قرار دیتے ہیں اور سجدۂ مناجات کی مشروعیت پر اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں، مگر کبیری میں لکھا ہے کہ سجدۂ مناجات بدعت ہے، اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی باب میں فی قیام اللیل بڑھا کر شرح کی کہ یہ تہجد کا سجدہ ہوتا تھا، خارج صلوٰۃ کا سجدہ نہیں ہوتا تھا۔

[٣-] بَابُ طُوْلِ السُّجُوْدِ فِيْ قِيَامِ اللَّيْلِ

[١١٢٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، كَانَتْ تِلْكَ صَلاَتُهُ: يَسْجُدُ السَّجْدَةَ مِنْ ذٰلِكَ قَدْرَ مَا يَقْرَأُ أَحَدُكُمْ خَمْسِيْنَ آيَةً قَبْلَ أَنْ يَرْفَعَ رَأْسَهُ، وَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلاَةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَضْطَجِعُ عَلٰى شِقِّهِ الأَيْمَنِ حَتّٰى يَأْتِيَهُ الْمُنَادِيْ لِلصَّلاَةِ. [راجع: ٦٢٦]

بَابُ تَرْكِ الْقِيَامِ لِلْمَرِيْضِ

بیمار کا تہجد نہ پڑھنا

اگر کوئی شخص بیماری کی وجہ سے یا بڑھاپے کی وجہ سے تہجد نہ پڑھ سکے تو کچھ مضائقہ نہیں، اور ایسے بندے کو جو تندرستی میں اور جوانی میں تہجد پڑھتا تھا پھر بیماری کی وجہ سے یا بڑھاپے کی کمزوری کی وجہ سے تہجد نہ پڑھ سکے: تہجد کا ثواب ملتا رہتا ہے۔ حدیث میں ہے: اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں: میرا بندہ تندرستی میں جو عمل کرتا تھا، اب وہ بیماری کی وجہ سے نہیں کرپارہا: پس اس کا ثواب مسلسل لکھتے رہو، اسی طرح بڑھاپے کی کمزوری کی وجہ سے اگر کوئی بندہ تہجد نہ پڑھ سکے تو اس کا ثواب بھی برابر لکھا جاتا رہتا ہے، قربان جایئے: اللہ کی عنایتوں پر!

[٤-] بَابُ تَرْكِ الْقِيَامِ لِلْمَرِيْضِ

[١١٢٤-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدَبًا يَقُوْلُ: اشْتَكَى النَّبِيُّ

صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَةً أَوْ لَيْلَتَيْنِ.[انظر ١١٢٥، ٤٩٥٠، ٤٩٥١، ٤٩٨٣]

[١١٢٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدَبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: احْتَبَسَ جِبْرِيْلُ عليه السلام عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ: أَبْطَأَ عَلَيْهِ شَيْطَانُهُ! فَنَزَلَتْ﴿ وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى﴾[الضحى: ١-٣] [راجع: ١١٢٤]

وضاحت: حضور ﷺ کی ایک چچی تھی، اس کا نام عوراء بنت حرب بن امیہ تھا، وہ ابوسفیان کی بہن اور ابولہب کی بیوی تھی اس کا گھر آنحضور ﷺ کے گھر سے ملا ہوا تھا، جب آپؐ رات میں تہجد میں قرآن پڑھتے تو وہ سنا کرتی تھی، ایک یا دو راتیں آپؐ بیماری کی وجہ سے تہجد کے لئے نہ اٹھ سکے تو وہ آپؐ کے پاس آئی اور کہنے لگی: آپؐ کے شیطان نے آپؐ کو چھوڑ دیا! وہ بدبخت عورت حضرت جبرئیل علیہ السلام کو شیطان کہہ رہی ہے، وہ یہ سمجھ رہی تھی کہ نبی ﷺ جو رات میں قرآن پڑھتے ہیں تو وہ اپنے شیطان سے باتیں کرتے ہیں جیسے عامل اپنے موکل سے باتیں کیا کرتا ہے، اس پر سورۂ والضحیٰ نازل ہوئی، اس کی تیسری آیت ہے: ﴿مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى﴾: نہ آپؐ کو آپ کے پروردگار نے چھوڑا اور نہ وہ ناراض ہوا، اس آیت کا شانِ نزول مذکورہ واقعہ ہے۔

ربط: یہاں استدلال یہ ہے کہ بیماری کی وجہ سے نبی ﷺ تہجد کے لئے نہیں اٹھ سکے، جب عارضی بیماری کی وجہ سے قیام اللیل کا ترک جائز ہے تو دائمی بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے تو بدرجہ اولیٰ ترک جائز ہوگا۔

بَابُ تَحْرِيْضِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى قِيَامِ اللَّيْلِ وَالنَّوَافِلِ مِنْ غَيْرِ إِيْجَابٍ

نبی ﷺ کا تہجد اور دیگر نوافل کی ترغیب دینا، واجب قرار دیئے بغیر

محشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: باب کے دو جزء ہیں: ایک تحریض، دوسرا وجوب کی نفی۔ بعض روایات پہلے جزء سے متعلق ہیں اور بعض دوسرے جزء سے، مگر اس طرح باب کے دو جزء کرنا ضروری نہیں، اس لئے کہ جب تہجد کی تحریض (ترغیب) ہوگی تو وجوب کی نفی تو خود بخود ہو جائے گی، فرض وواجب کی تحریض نہیں ہوتی، ان کا تو حکم ہوتا ہے، فرض وواجب کے علاوہ کی ترغیب وتحریض ہوتی ہے، اس لئے باب کے دو جزء کرنے کی ضرورت نہیں، باب کی تمام روایات میں تہجد کی ترغیب وتحریض (ابھارنا) ہے۔

ایک روایت ہے جو مختلف طرح سے آئی ہے، اس کا اصل واقعہ یہ ہے کہ نبی ﷺ کے پاس کہیں سے دو غلام آئے وہ ابھی نابالغ تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: ابا سے ایک غلام مانگ لاؤ، تمہیں چکی خود پیسنی پڑتی ہے، پانی خود بھرنا پڑتا ہے، گھوڑے کا چارہ پانی خود کرنا پڑتا ہے اور گھر کے دوسرے کام کاج بھی تمہیں خود کرنے پڑتے ہیں، پس اگر غلام ہوگا تو تمہارا ہاتھ بٹائے گا، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا گئیں مگر اتفاق سے اس وقت آپؐ کے پاس

کچھ صحابہ بیٹھے تھے، وہ تھوڑی دیر رک کر چلی آئیں، عشاء کے بعد آپ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر گئے، آپ نے دروازہ کھٹکھٹایا اور اجازت مانگی، جو مل گئی، حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما لیٹ چکے تھے، جب حضور ﷺ اندر داخل ہوئے تو دونوں نے اٹھنا چاہا، آپ نے منع فرمایا اور آپ دونوں کے بستروں کے درمیان بیٹھ گئے اور حضرت فاطمہؓ سے دن میں آنے کی وجہ دریافت فرمائی، حضرت فاطمہؓ خاموش رہیں، ان کو شرم آئی، حضرت علیؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ان کو میں نے آپ کے پاس بھیجا تھا کہ آپ کے پاس جو دو غلام آئے ہیں ان میں سے ایک مانگ لائیں تاکہ وہ گھر کے کاموں میں ان کا ہاتھ بٹائے، گھر کے تمام کام کاج ان کو خود کرنے پڑتے ہیں جس سے وہ تھک جاتی ہیں، آپ نے فرمایا: وہ غلام تمہارے لئے نہیں ہیں، فلاں صحابہ جو بدر میں شہید ہوئے ہیں، ان کے بچوں کو وہ غلام دینے کا میرا ارادہ ہے، البتہ تمہیں ایک عمل بتاتا ہوں: رات میں سونے سے پہلے دونوں ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر سویا کرو، اس عمل کی برکت سے تم گھر کے کاموں سے تھکوگی نہیں، یہ تسبیح فاطمہ ہے اور نمازوں کے بعد جو تسبیح پڑھی جاتی ہے وہ تسبیح فقراء ہے، عوام میں وہ تسبیح فاطمہ کے نام سے مشہور ہوگئی ہے۔

پھر نبی ﷺ نے نصیحت فرمائی کہ رات بھر سوتے نہیں رہنا چاہئے، رات کے پچھلے حصہ میں تہجد پڑھنا چاہئے (یہ تہجد کی ترغیب ہے اور یہی جزء باب سے متعلق ہے) حضرت علیؓ نے جواب دیا: یارسول اللہ! ہم جب سوجاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ہماری روحیں قبض کرلیتے ہیں، اللہ تعالیٰ ہماری روحیں چھوڑیں تو ہم اٹھیں! آپ یہ جواب سن کر اٹھ کھڑے ہوئے اور ران پر ہاتھ مارا اور فرمایا: ﴿وَكَانَ الْإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلاً﴾: انسان بڑا ہی جھگڑالو واقع ہوا ہے، یعنی ان کو یہ جواب نہیں دینا چاہئے تھا، یہ کہتے کہ یارسول اللہ! ہم کوشش کریں گے، آپ ہمارے لئے توفیق کی دعا کریں۔ یہ پورا واقعہ ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے باب کے بعد اس واقعہ کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا لکھا ہے اور اختصار کی وجہ سے ایسا سمجھ میں آتا ہے کہ نبی ﷺ نے تہجد کے وقت میں دروازہ کھٹکھٹا کر دونوں کو بیدار کیا تھا، جبکہ واقعہ ایسا نہیں ہے۔

[۵-] بَابُ تَحْرِيْضِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى قِيَامِ اللَّيْلِ وَالنَّوَافِلِ مِنْ غَيْرِ إِيْجَابٍ

وَطَرَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاطِمَةَ وَعَلِيًّا لَيْلَةً لِلصَّلاَةِ.

[۱۱۲۶-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ هِنْدِ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم اسْتَيْقَظَ لَيْلَةً، فَقَالَ: "سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتْنَةِ! مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ! مَنْ يُوْقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ؟ يَارُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٍ فِي الْآخِرَةِ!

[راجع: ۱۱۵]

معلق حدیث: ایک رات نبی ﷺ نے نماز (تہجد) کے لئے حضرات علیؓ اور فاطمہؓ کا دروازہ کھٹکھٹایا۔

حدیث: ایک رات نبی ﷺ نے خواب دیکھا کہ امت کے لئے خزانوں کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں اور فتنوں کے دوازے بھی، اس لئے کہ مال اور فتنوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے، جب بھی مال آتا ہے فتنے ساتھ لاتا ہے، جب بھی کسی قوم میں خوش حالی آتی ہے تو عام طور پر اللہ کا ڈر اٹھ جاتا ہے، لوگوں کے احوال بگڑ جاتے ہیں، اس رات حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی باری تھی آپؐ نے فرمایا: کوئی ہے جو ازواج مطہرات کو بیدار کرے تا کہ وہ عبادت میں مشغول ہوں، یہ تہجد کا وقت تھا، اس میں تہجد کی ترغیب ہے، اور اس حدیث میں اشارہ ہے کہ فتنوں سے حفاظت کا سامان اللہ تعالیٰ سے لو لگانا اور عبادت میں مشغول ہونا ہے اور اس سے گہرا اشارہ یہ ہے کہ جب لوگوں کے پاس مال آتا ہے تو سب سے پہلے عورتیں فتنے میں مبتلا ہوتی ہیں، ان میں فیشن چل پڑتا ہے پس عورتوں کو فتنے سے بچنے کا سامان زیادہ کرنا چاہئے یعنی ان کو عبادت میں زیادہ مصروف ہونا چاہئے (مزید شرح تحفۃ القاری ۱: ۴۱۰ میں ہے)

[۱۱۲۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ رضی اللہ عنہ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم طَرَقَهُ وَفَاطِمَةَ بِنْتَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم لَيْلَةً، فَقَالَ: أَلَا تُصَلِّيَانِ؟ فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنْفُسُنَا بِيَدِ اللّٰهِ، فَإِذَا شَاءَ أَنْ يَبْعَثَنَا بَعَثَنَا، فَانْصَرَفَ حِيْنَ قُلْتُ ذٰلِكَ، وَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ شَيْئًا. ثُمَّ سَمِعْتُهُ وَهُوَ مُوَلٍّ يَضْرِبُ فَخِذَهُ وَهُوَ يَقُوْلُ: ﴿وَكَانَ الإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلاً﴾ [الكهف: ٥٤] [انظر: ٤٧٢٤، ٧٣٤٧، ٧٤٦٥]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک رات نبی ﷺ نے ان کا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا دروازہ کھٹکھٹایا اور فرمایا: کیا تم دونوں (رات میں) نماز نہیں پڑھتے؟ میں نے عرض کیا: ہماری جانیں اللہ کے قبضہ میں ہیں، جب اللہ ہمیں اٹھانا چاہتے ہیں ہم اٹھتے ہیں۔ پس جب میں نے یہ کہا تو نبی ﷺ واپس پلٹے اور آپؐ نے مجھے کوئی جواب نہیں دیا، پھر میں نے آپؐ کو سنا درانحالیکہ آپؐ پیٹھ پھیر کر اپنی ران پر ہاتھ مارتے ہوئے جارہے تھے: ''انسان بڑا ہی جھگڑالو واقع ہوا ہے!'' (یہ حدیث مختصر ہے، تفصیلی واقعہ وہ ہے جو اوپر بیان کیا گیا)

[۱۱۲۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَيَدَعُ الْعَمَلَ، وَهُوَ يُحِبُّ أَنْ يَعْمَلَ بِهِ، خَشْيَةَ أَنْ يَعْمَلَ بِهِ النَّاسُ، فَيُفْرَضَ عَلَيْهِمْ، وَمَا سَبَّحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم سُبْحَةَ الضُّحٰى قَطُّ، وَإِنِّيْ لَأُسَبِّحُهَا.

[انظر: ۱۱۷۷]

[۱۱۲۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم صَلّٰى ذَاتَ لَيْلَةٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَصَلّٰى بِصَلَاتِهِ نَاسٌ،

ثُمَّ صَلَّى مِنَ الْقَابِلَةِ، فَكَثُرَ النَّاسُ، ثُمَّ اجْتَمَعُوْا مِنَ اللَّيْلَةِ الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ، فَلَمْ يَخْرُجْ إِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَ: "قَدْ رَأَيْتُ الَّذِىْ صَنَعْتُمْ، وَلَمْ يَمْنَعْنِىْ مِنَ الْخُرُوْجِ إِلَيْكُمْ إِلَّا أَنِّىْ خَشِيْتُ أَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ" وَذٰلِكَ فِىْ رَمَضَانَ. [راجع ۷۲۹]

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ بعض کام نہیں کیا کرتے تھے درانحالیکہ آپ کو وہ کام پسند ہوتے تھے اس اندیشہ سے کہ لوگ ان پر عمل کریں گے پس وہ کام ان پر فرض کر دیا جائے گا (مثلاً:) نبی ﷺ نے چاشت کی نماز کبھی نہیں پڑھی، اور میں چاشت کی نماز پڑھتی ہوں۔

تشریح:

۱- حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کی حدیث میں جو چاشت کی نماز پڑھنے کا ذکر آیا ہے وہ محتمل ہے، وہ چاشت کی نماز بھی ہوسکتی ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ فتح مکہ کے شکریہ میں آپؐ نے وہ آٹھ رکعتیں پڑھی ہوں، چونکہ وہ چاشت کا وقت تھا اس لئے اس کو چاشت کی نماز سمجھ لیا گیا، تفصیل گذر چکی ہے۔

اور صدیقہؓ نفی کر رہی ہیں کہ آپؐ نے چاشت کی نماز کبھی نہیں پڑھی، کیونکہ آپؐ چاشت کی نماز پڑھتے تو صحابہ بھی پڑھتے، پس ممکن تھا: وہ نماز فرض کر دی جاتی اور امت اس کو نباہ نہ سکتی، اس لئے آپؐ نے خواہش کے باوجود چاشت کی نماز نہیں پڑھی، اور آپؐ کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد یہ اندیشہ باقی نہیں رہا اس لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا چاشت کی نماز پڑھتی تھیں۔

دوسری مثال: ایک رمضان میں نبی ﷺ نے دو یا تین راتیں جماعت کے ساتھ تراویح پڑھائی، پھر آپؐ نے پڑھانا بند کر دیا، آپ کو اندیشہ لاحق ہوا کہ کہیں تراویح امت پر فرض نہ قرار دیدی جائے، باب میں قیام اللیل کے علاوہ نوافل کا جزء بھی ہے، یہ حدیث اس جزء سے متعلق ہے، آپؐ نے چند روز جو نماز پڑھائی تھی وہ تہجد کی نماز نہیں تھی، بلکہ قیام رمضان (تراویح) تھی، آپ کا ان کو جماعت سے پڑھانا ان کی تحریض ہے۔

۲- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے مذکورہ ارشاد سے میں نے یہ بات سمجھی ہے کہ احکام کی تشریع کی ایک صورت یہ ہوتی تھی کہ امت کسی حکم کی خواہش کرے اور نبی اس کی تائید کرے، پس اللہ کی طرف سے وہ حکم لازم کر دیا جاتا ہے، جیسے مسلمانوں نے جمعہ کی نماز شروع کی اور نبی ﷺ نے اس کی تائید کی تو جمعہ فرض کر دیا گیا، اور نبی ﷺ نے ہر نماز سے پہلے مسواک کو چاہا آپؐ نے فرمایا: اگر مجھے امت پر مشقت کا ڈر نہ ہوتا تو میں ہر نماز سے پہلے مسواک کا حکم دیتا مگر امت کی طرف سے کوئی اشتیاق سامنے نہیں آیا تو مسواک فرض نہیں ہوئی، اور اس کی برعکس صورت یہ ہے کہ لوگوں نے تراویح کی انتہائی خواہش کی، مگر نبی ﷺ نے اس کی تائید نہیں کی، آپؐ چوتھے دن نماز پڑھانے کے لئے تشریف نہیں لائے کیونکہ آپ کو اندیشہ لاحق ہوا کہ یہ نماز فرض قرار نہ دیدی جائے، پس تراویح فرض نہ ہوئی، غرض بعض احکام کی تشریع کی صورت یہ ہوتی ہے کہ امت

خواہش کرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تائید کریں تو وہ حکم لازم ہوتا ہے، اگر ان میں سے ایک بھی بات مفقود ہو جائے تو فرضیت نہیں آتی، اسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بعض کام خواہش کے باوجود نہیں کرتے تھے تاکہ امت پر وہ حکم لازم نہ ہو جائے۔

مسئلہ: مستحب عمل پر مداومت جائز ہے، مثلاً: جوتا دائیں پیر میں پہلے پہننا مستحب ہے اگر کوئی شخص اس پر مداومت کرے تو جائز ہے ہاں اگر التزام شروع ہو جائے تو ناجائز ہے، التزام کے لغوی معنی ہیں: سر لینا، اور مراد یہ ہے کہ اس عمل کو شرعاً ضروری سمجھ لیا جائے تو وہ مستحب کام ناجائز ہو جاتا ہے، اور دلیل حضرت ابن مسعودؓ کا ارشاد ہے کہ نماز کے بعد دائیں جانب سے پھرنے کو ضروری سمجھ کر نماز میں شیطان کا حصہ نہ گردانو، لیکن اگر اس طرح کا التزام نہ ہو تو مستحب پر مداومت جائز ہے۔

ربط: حدیث کا باب سے تعلق اوپر بیان کیا گیا کہ باب میں نوافل کا جزء بھی ہے، قیام لیل سے تہجد مراد ہے اور نوافل عام ہیں، یہ حدیث اسی جزء سے متعلق ہے، غیر مقلدین کو زبردست غلط فہمی ہے کہ آپؐ نے تین دن تہجد کی نماز پڑھائی تھی، اگر ایسا ہوتا تو امام بخاری رحمہ اللہ کو باب میں نوافل کا اضافہ کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔

بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى تَرِمَ قَدَمَاهُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا لمبی نفلیں پڑھنا یہاں تک کہ پیروں پر ورم آجاتا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ احیاء اللیل یعنی پوری رات یا رات کا اکثر حصہ نوافل اور دیگر اذکار میں گذارنا جائز ہے، اگر کوئی ایسا کرے تو کرسکتا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل اس کے لئے اسوہ ہے، آپؐ رات میں تہجد اتنا لمبا پڑھتے تھے کہ پیروں پر ورم آجاتا تھا، ظاہر ہے تھوڑی دیر نماز پڑھنے سے پاؤں پر ورم نہیں آتا بلکہ رات کے اکثر حصہ میں عبادت میں مشغول رہنے سے ایسا ہوتا ہے، اور پہلے (کتاب الایمان باب ۲۹ حدیث ۳۹، تحفۃ القاری ۱: ۲۵۸) حدیث گذری ہے کہ دین آسان ہے اور جو شخص دین میں تشدد اختیار کرتا ہے اس پر دین غالب آجاتا ہے، اُس حدیث میں عام لوگوں کے لئے مسئلہ تھا، اور یہ بات خواص کے لئے ہے۔

[٦-] بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى تَرِمَ قَدَمَاهُ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ يَقُوْمُ حَتّٰى تَفَطَّرَ قَدَمَاهُ، وَالْفُطُوْرُ: الشُّقُوْقُ، انْفَطَرَتْ: انْشَقَّتْ.

[١١٣٠-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ يَقُوْلُ: إِنْ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لَيَقُوْمُ أَوْ: لَيُصَلِّيْ حَتَّى تَرِمَ قَدَمَاهُ أَوْ: سَاقَاهُ. فَيُقَالُ لَهُ، فَيَقُوْلُ: " أَفَلاَ أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا؟ "[انظر: ٤٨٣٦، ٦٤٧١]

لغات: وَرِمَ يَرِمُ وَرْمًا، وَتَوَرَّمَ الجلدُ: سوجنا، الوَرَم: سوجن، جمع: أَوْرَام ...... تَفَطَّرَ (تفعل) پھٹنا، پہلے پیر سوجتے

ہیں پھر پھٹتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: فطور کے معنی ہیں: پھٹنا، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ﴾ أی انشقت: یاد کرو جب آسمان پھٹ جائے گا۔

حدیث: حضور اقدس ﷺ تہجد بہت طویل پڑھتے تھے، اتنے طویل کہ ہمارے لئے ان کا تصور مشکل ہے، ایک رکعت میں پوری سورۂ بقرہ پڑھتے تھے، دوسری میں سورۂ آل عمران۔ اور زندگی کے آخری سال کے علاوہ ہمیشہ کھڑے ہو کر تہجد پڑھتے تھے، اور نماز کی درازی کی وجہ سے پیروں پر یا فرمایا: پنڈلیوں پر ورم آجاتا تھا، عرض کیا جاتا: یارسول اللہ! آپ نماز میں اتنی مشقت کیوں اٹھاتے ہیں، آپؐ کے تو سب اگلے پچھلے گناہ معاف کردیئے گئے ہیں؟ آپؐ جواب دیتے: پس کیا میں شکر گذار بندہ نہ بنوں! یعنی مجھے یہ امتیاز اور یہ عظمت عبادت کی وجہ سے حاصل ہوئی ہے پس کیا میں اس میں اضافہ نہ کروں؟

بَابُ مَنْ نَامَ عِنْدَ السَّحَرِ

جو شخص سحری کے وقت سویا

رات کا آخری چھٹا حصہ سحری کا وقت ہے، تہجد سے فارغ ہو کر آپؐ کا سونے کا معمول تھا، تاکہ تھکن دور ہو جائے، طبیعت میں نشاط پیدا ہو جائے، اور فجر کی نماز بشاشت کے ساتھ پڑھی جائے۔

باب میں تین حدیثیں ہیں، پہلی حدیث میں بنام سُدُسَہ سے باب ثابت ہوگا، اور آخری حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے وہ فرماتی ہیں: جب بھی نبی ﷺ میرے گھر میں ہوتے تو میں نے رات کے آخری حصہ میں یعنی سحری کے وقت میں آپؐ کو ہمیشہ سوتے ہوئے پایا، اور درمیانی روایت یہ ہے کہ جب مرغ بانگ دیتا تب آپؐ تہجد کے لئے بیدار ہوتے، مرغ پہلی بانگ آدھی رات کو دیتا ہے پھر جب رات کا آخری چھٹا حصہ باقی رہ جاتا ہے تو دوسری مرتبہ بانگ دیتا ہے، اس وقت نبی ﷺ تہجد کے لئے اٹھتے تھے، پس پہلی اور تیسری روایت میں دوسری بانگ کے وقت یعنی آخری چھٹے حصہ میں سونے کا ذکر ہے اور درمیانی روایت میں اس وقت تہجد کے لئے اٹھنے کا ذکر ہے۔ یہ تینوں روایتوں کا خلاصہ ہے اور بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے دوسری حدیث سے دلالۃً باب ثابت کیا ہے، اور إذا سمع الصارخ سے پہلی بانگ مراد لی ہے، یعنی جب مرغ پہلی مرتبہ آدھی رات میں بانگ دیتا اس وقت حضور ﷺ تہجد کے لئے اٹھتے، پھر رات کے آخری حصہ میں سو جاتے، حاشیہ میں اس کی طرف اشارہ ہے۔ واللہ اعلم

[۷-] بَابُ مَنْ نَامَ عِنْدَ السَّحَرِ

[۱۱۳۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ أَوْسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِيْ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لَهُ: "أَحَبُّ الصَّلاَةِ

إِلَى اللّٰهِ صَلاَةُ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ، وَأَحَبُّ الصِّيَامِ إِلَى اللّٰهِ صِيَامُ دَاوُدَ، وَكَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ، وَيَقُوْمُ ثُلُثَهُ، وَيَنَامُ سُدُسَهُ، وَيَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا"[انظر: ١١٥٢، ١١٥٣، ١٩٧٤، ١٩٧٥، ١٩٧٦، ١٩٧٧، ١٩٧٨، ١٩٧٩، ١٩٨٠، ٣٤١٨، ٣٤١٩، ٣٤٢٠، ٥٠٥٢، ٥٠٥٤، ٥١٩٩، ٦١٣٤، ٦٢٧٧]

ترجمہ: حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ کو سب سے زیادہ پسند داؤد علیہ السلام کی نماز اور ان کے روزے ہیں، حضرت داؤد علیہ السلام آدھی رات سوتے تھے اور ایک تہائی رات تہجد پڑھتے تھے، پھر رات کے آخری چھٹے حصہ میں سوتے تھے (یہ جزء باب سے متعلق ہے) اور ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتے تھے۔

تشریح: اس حدیث میں روزوں سے نفل روزے اور نماز سے تہجد کی نماز مراد ہے، حضرت داؤد علیہ السلام جس طرح نماز پڑھتے تھے اور روزے رکھتے تھے اس طرح نماز پڑھنا اور روزے رکھنا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔

[١١٣٢-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَشْعَثَ، قَالَ سَمْتُ أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ مَسْرُوْقًا، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: أَيُّ الْعَمَلِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليهو سلم؟ قَالَتْ: الدَّائِمُ، قُلْتُ: مَتَى كَانَ يَقُوْمُ؟ قَالَتْ: كَانَ يَقُوْمُ إِذَا سِمِعَ الصَّارِخَ.

حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنِ الْأَشْعَثِ، قَالَ: إِذَا سِمَعَ الصَّارِخَ قَامَ فَصَلَّى.

[انظر: ٦٤٦١، ٦٤٦٢]

ترجمہ: مسروقؒ کہتے ہیں: میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: نبی ﷺ کو کونسا عمل سب سے زیادہ پسند تھا؟ انھوں نے کہا: وہ عمل جو پابندی سے کیا جائے (اس سے نوافل اعمال مراد ہیں، نبی ﷺ کو وہ عمل زیادہ پسند تھا جو پابندی سے مسلسل کیا جائے اور زیادہ عمل کی آدمی پابندی نہیں کرسکتا تھوڑے عمل کی پابندی کرسکتا ہے اس لئے رات کے اتنے ہی حصہ میں نماز میں مشغول رہنا چاہئے جس کی پابندی کرسکے) مسروق رحمہ اللہ نے دوسرا سوال کیا: نبی ﷺ تہجد کے لئے کس وقت اٹھتے تھے؟ صدیقہؓ نے فرمایا: جب مرغ بانگ دیتا تھا (یہ روایت شعبہؒ کی ہے اور ابوالاحوصؒ کی روایت میں تفصیل ہے کہ جب مرغ بانگ دیتا ہے اس وقت اٹھ کر تہجد پڑھتے تھے، اس روایت میں اشعث کے بعد روات کا تذکرہ نہیں، اس لئے اس پر نیا نمبر نہیں لگایا)

تشریح: ابھی بتایا ہے کہ مرغ پہلی بانگ آدھی رات میں دیتا ہے اور دوسری جب رات کا آخری چھٹا حصہ باقی رہ جاتا ہے، پس اگر دوسری بانگ مراد لیں تو حدیث باب سے غیر متعلق ہوجائے گی، اس لئے پہلی بانگ مراد لی جائے گی، اور باب دلالۃً ثابت ہوگا اس طرح کہ پہلی بانگ پر یعنی آدھی رات کو آپؐ تہجد کے لئے اٹھتے تھے پھر آخری چھٹے حصہ میں سوتے تھے،

زندگی کے آخر میں آپ کا یہی معمول تھا۔ واللہ اعلم

[۱۱۳۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: ذَكَرَ أَبِيْ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا أَلْفَاهُ السَّحَرُ عِنْدِيْ إِلَّا نَائِمًا، تَعْنِيْ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نہیں پایا نبی ﷺ کو سحری کے وقت نے میرے پاس مگر سوتے ہوئے، ألفاہ کی ضمیر نبی ﷺ کی طرف لوٹتی ہے یعنی جب بھی حضور ﷺ میرے گھر میں ہوتے تھے تو سحری کے وقت سونے کا معمول تھا۔

بَابُ مَنْ تَسَحَّرَ فَلَمْ يَنَمْ حَتَّى صَلَّى الصُّبْحَ

جس نے سحری کھائی پھر فجر کی نماز تک نہیں سویا

رمضان وغیرہ میں صبح صادق سے متصل سحری کھائی جاتی ہے، اس لئے سحری کے بعد سونے کا وقت نہیں رہتا، پس اگر کوئی رات کے آخری حصہ میں نہ سوئے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں، رمضان میں ایک مرتبہ نبی ﷺ نے اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ساتھ سحری کھائی پھر کچھ دیر کے بعد فجر کی نماز پڑھی، لوگوں نے پوچھا: سحری ختم کرنے میں اور نماز شروع کرنے میں کتنا فاصلہ تھا؟ انھوں نے فرمایا: پچاس آیتیں پڑھنے کے بقدر (معلوم ہوا کہ آپ سحری کے بعد سوئے نہیں تھے)

[۸-] بَابُ مَنْ تَسَحَّرَ فَلَمْ يَنَمْ حَتَّى صَلَّى الصُّبْحَ

[۱۱۳۴-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَزَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ تَسَحَّرَا، فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ سُحُوْرِهِمَا قَامَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الصَّلاَةِ فَصَلَّيَا، فَقُلْنَا لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: كَمْ كَانَ بَيْنَ فَرَاغِهِمَا مِنْ سُحُوْرِهِمَا وَدُخُوْلِهِمَا فِيْ الصَّلاَةِ؟ قَالَ: كَقَدْرِ مَا يَقْرَأُ الرَّجُلُ خَمْسِيْنَ آيَةً. [راجع: ۵۷۶]

بَابُ طُوْلِ الصَّلاَةِ فِيْ قِيَامِ اللَّيْلِ

تہجد کی نماز لمبی پڑھنا

تہجد کی نماز لمبی پڑھنی چاہئے، حضور اکرم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تہجد کی نماز لمبی پڑھا کرتے تھے، قیام طویل فرماتے تھے، باب کے جو الفاظ گیلری میں ہیں: طول القیام فی صلوۃ اللیل: وہ زیادہ واضح ہیں، اور تہجد میں جب قیام طویل ہوگا تو اسی اعتبار سے رکوع، سجدہ، قومہ اور جلسہ بھی طویل ہونگے۔

فائدہ: غیر حافظ یا رمضانی حافظ طویل تہجد پڑھنا چاہیں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ ان کو جو سورتیں یاد ہیں ان کو بار بار پڑھیں، مثلاً: قُلْ هُوَ اللّٰه: بار بار پڑھے، اور رکوع وسجود میں تسبیح کی تکرار کرے، اور قومہ میں تحمید کی تکرار کرے اور جلسہ میں اللّٰھم اغفرلی کہتا رہے، نوافل میں ایک رکعت میں سورت کی تکرار مکروہ نہیں۔

[۹-] بَابُ طُوْلِ الصَّلاَةِ فِيْ قِيَامِ اللَّيْلِ

[۱۱۳۵-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةً، فَلَمْ يَزَلْ قَائِمًا حَتّٰى هَمَمْتُ بِأَمْرِ سَوْءٍ، قُلْنَا: وَمَا هَمَمْتَ؟ قَالَ: هَمَمْتُ أَنْ أَقْعُدَ، وَأَذَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایک رات نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی، یعنی آپؐ کی اقتداء میں نماز شروع کی، آپؐ برابر کھڑے رہے یعنی آپؐ نے قیام لمبا کیا یہاں تک کہ میں نے بری بات کا ارادہ کیا، طلبہ نے پوچھا: آپؓ نے کس بات کا ارادہ کیا؟ ابن مسعودؓ نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ بیٹھ جاؤں اور نبی ﷺ کو چھوڑ دوں، یعنی نماز توڑ کر بیٹھ رہنے کا ارادہ کیا (مگر پھر ہمت کر کے کھڑے رہے)

[۱۱۳۶-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَامَ لِلتَّهَجُّدِ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوْصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ.[راجع: ۲۴۵]

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک ﷺ رات میں جب تہجد کے لئے اٹھتے تھے تو اپنے منہ کو مسواک سے خوب رگڑتے تھے یعنی اہتمام سے مسواک کرتے تھے۔

تشریح: حضرت الاستاذ قدس سرہ نے فرمایا: مسواک کا اہتمام اس لئے ہوتا تھا کہ نیند کے اثرات زائل ہو جائیں، اور جب نیند بالکل زائل ہو جائے گی تو تہجد لمبے پڑھنے میں مدد ملے گی اس مناسبت سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

بَابٌ: كَيْفَ صَلَاةُ اللَّيْلِ؟ وَكَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ بِاللَّيْلِ؟

تہجد کی کیفیت کیا ہو؟ اور نبی ﷺ تہجد کی کتنی رکعتیں پڑھتے تھے؟

دوسرا کیف بمعنی کم ہے، کتاب الصلوٰۃ کے شروع میں بتلایا تھا کہ کیف کبھی کم کے معنی میں بھی آتا ہے اور ایک نسخہ میں کم ہی ہے، باب کی پہلی حدیث میں کیفیت کا بیان ہے اور بعد کی حدیثوں میں کمیت کا، یعنی تہجد کی مقدار کا بیان ہے کہ نبی ﷺ تہجد کی کتنی رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔

[۱۰-] بَابٌ: كَيْفَ صَلَاةُ اللَّيْلِ؟ وَكَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي بِاللَّيْلِ؟

[۱۱۳۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ، قَالَ: إِنَّ رَجُلاً قَالَ: يَارسولَ اللهِ! كَيْفَ صَلاَ ةُ اللَّيْلِ؟ قَالَ: " مَثْنٰى مَثْنٰى، فَإِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ" [راجع: ٤٧٢]

وضاحت: یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے جو پہلے گذری ہے، ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! تہجد کی نماز کس طرح پڑھی جائے؟ آپؐ نے فرمایا: دو دو، دو دو رکعتیں پڑھو۔

تشریح: یہ کیفیتِ صلوٰۃ کا بیان ہے: تہجد گذاروں کو ہر دو رکعت پر سلام پھیرنا چاہئے، اگرچہ ایک سلام سے تہجد کی چار، چھ اور آٹھ رکعتیں پڑھنا جائز ہے، مگر بہتر دو دو کر کے پڑھنا ہے اس لئے کہ تہجد بہت طویل پڑھے جاتے ہیں، نبی ﷺ بہت لمبے تہجد پڑھتے تھے اور صحابہ کا بھی یہی معمول تھا اس لئے آپؐ نے یہ ہدایت فرمائی کہ ہر دو رکعت پر سلام پھیرو، اس میں سہولت ہے، پھر کچھ آرام کر کے تازہ دم ہو کر اگلا دوگانہ شروع کرو، چار رکعتیں ایک ساتھ طویل پڑھنے سے آدمی تھک جائے گا، رہی یہ بات کہ تہجد گذاروں کا ہر دو رکعت پر سلام پھیرنا: مسئلہ ہے یا مصلحت؟ اس میں اختلاف ہے، تفصیل ابواب الوتر کے پہلے باب میں گذر چکی ہے۔

اور دوسری بات آپ ﷺ نے یہ فرمائی کہ جب تم میں سے کسی کو صبح کا اندیشہ ہو یعنی خیال ہو کہ اب صبح ہونے والی ہے تو ایک رکعت کے ذریعہ نماز کو طاق بناؤ (حدیث کے یہ الفاظ اصل ہیں اور ان کے سمجھنے میں فقہاء میں اختلاف ہوا ہے، اور ان کے علاوہ جو الفاظ مروی ہیں وہ روایت بالمعنی ہیں، تفصیل ابواب الوتر کے شروع میں گذر چکی ہے)

[۱۱۳۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ جَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَتْ صَلاَةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، يَعْنِيْ بِاللَّيْلِ.

وضاحت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ رات میں تیرہ رکعتیں پڑھتے تھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اعلیٰ درجہ کی صحیح حدیث میں گیارہ رکعتوں کا ذکر ہے جن میں سے آٹھ تہجد کی اور تین وتر کی ہوتی تھیں۔

بعض حضرات نے ان روایتوں میں تطبیق یہ دی ہے کہ ابن عباسؓ کی حدیث میں جو تیرہ رکعتوں کا ذکر ہے اس میں تین رکعتیں وتر کی اور دو رکعتیں وتر کے بعد کی نفلیں ہیں، جو آپ بیٹھ کر پڑھتے تھے یا تہجد کے شروع میں جو دو ہلکی رکعتیں پڑھتے تھے وہ یا فجر کی دو سنتیں شامل ہیں۔

مگر صحیح بات یہ ہے کہ تطبیق دینے کی کوئی ضرورت نہیں اس لئے کہ نبی ﷺ نے بار بار تہجد پڑھا ہے اور آپؐ کا تہجد کم

وبیش ہوتا تھا، اور ابن عباسؓ نے اس دن کی رکعتوں کا ذکر کیا ہے، جس دن انھوں نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں آپؐ کے ساتھ تہجد پڑھا تھا، اس روایت میں چھ مرتبہ رکعتین ہے، پھر آپؐ نے وتر پڑھے تھے، اس لئے تہجد کے شروع میں جو آپؐ ہلکی دو رکعتیں پڑھتے تھے، ان کو شامل کرنا چاہئے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اصل تہجد کے اعتبار سے فرمایا ہے کہ آپؐ گیارہ رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور دلیل اگلی روایت ہے۔ پس ان روایات میں کوئی تعارض نہیں۔

[۱۱۳۹-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلاَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ: سَبْعٌ، وَتِسْعٌ، وَإِحْدَى عَشْرَةَ، سِوَى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ.

ترجمہ: مسروق رحمہ اللہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی ﷺ کی رات کی نماز (تہجد) کے بارے میں پوچھا: انھوں نے فرمایا: آپؐ رات میں سات، نو اور گیارہ رکعتیں پڑھتے تھے، فجر کی دو سنتوں کے علاوہ۔

تشریح: آنحضور ﷺ نے تہجد مختلف طریقوں سے پڑھا ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا: آپؐ سے کم سے کم نو رکعت اور زیادہ سے زیادہ تیرہ رکعت پڑھنا مروی ہے جن میں تین رکعتیں وتر کی ہوتی تھیں، نو میں چھ رکعتیں تہجد کی، اور تین رکعتیں وتر کی، اور تیرہ میں دس رکعتیں تہجد کی اور تین رکعتیں وتر کی ہوتی تھیں، مگر امام ترمذیؒ کی یہ دونوں باتیں قابل غور ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ حدیث میں کم از کم سات رکعتیں تہجد پڑھنے کا ذکر ہے جس میں چار رکعتیں تہجد کی اور تین رکعتیں وتر کی ہوتی تھیں۔

اور تہجد کی زیادہ سے زیادہ سترہ رکعتیں مروی ہیں جن میں چودہ رکعتیں تہجد کی اور تین رکعتیں وتر کی ہوتی تھیں، ابن حزم ظاہری نے المحلّی بالآثار میں آنحضرت ﷺ کے تہجد کی سب روایتیں جمع کی ہیں، اور کل تیرہ صورتیں مروی ہیں، اور سب روایات میں اعلیٰ گیارہ رکعتوں والی روایت ہے، یعنی آٹھ رکعتیں تہجد کی اور تین رکعتیں وتر کی، اور صحت میں دوسرے درجہ پر تیرہ رکعتوں والی روایت ہے اور ابھی بتایا ہے کہ بعض حضرات نے دونوں روایتوں کو جمع کیا ہے، تیرہ رکعت والی روایت میں آٹھ رکعت تہجد کی، تین رکعت وتر کی، اور دو رکعتیں وتر کے بعد کی سنتیں ہیں، جن کو آپؐ بیٹھ کر پڑھتے تھے، دوسری رائے یہ ہے کہ دو رکعتیں فجر کی سنتیں ہیں، ان کو تہجد میں شامل کیا گیا ہے اس طرح تیرہ رکعتیں ہوگئیں، مگر میں نے کہا تھا کہ جمع کرنے کی کوئی ضرورت نہیں، گیارہ رکعتوں والی روایت عمومی احوال کے اعتبار سے ہے اور تیرہ رکعتوں والی روایت ایک خاص رات کے بارے میں ہے، اور باقی کم وبیش تعداد مختلف دنوں کی ہے۔

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہ نے اپنے دو رسالوں میں: توثیق الکلام میں اور مصابیح التراویح میں اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ شب معراج میں پچاس نمازیں فرض ہوئی تھیں، پھر تخفیف ہوئی اور پانچ رہ گئیں،

اورنماز درحقیقت ایک رکعت ہے دوسری رکعت اس کے ساتھ ملائی گئی ہےاس لئے اس کوشفعہ (جوڑا) کہتے ہیں، کیونکہ بندہ ایک رکعت کماحقہ پڑھنے پر قادرنہیں، اس لئے دوسری رکعت ملانا ضروری ہوا تا کہ پہلی رکعت میں جو کمی رہ گئی ہے اس کی دوسری رکعت سے تلافی ہوجائے۔

اور جواحکام آسانی کے لئے منسوخ ہوتے ہیں ان کا استحباب باقی رہتا ہے، اس لئے آنحضور ﷺ رات دن میں پچاس رکعتیں پڑھتے تھے، اوران کومختلف اوقات میں تقسیم کررکھا تھا، اور پچاس کی تعداد میں جو کمی رہ جاتی اس کوتہجد میں پورا کرلیتے ، اس لئے آپؐ نے کم وبیش تہجد پڑھا ہےاور چونکہ مغرب کی تین رکعتیں ہیں اس لئے پچاس کی تعداد پوری نہیں ہوگی یا انچاس ہوگی یا اکیاون۔اس لئے پچاس کی تعداد پوری کرنے کے لئے وتر کی تین رکعتیں بڑھائی گئیں تا کہ ٹھیک پچاس کی تعداد پوری ہوجائے۔

[۱۱۴۰-] حدثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَنْظَلَةُ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَلاَثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، مِنْهَا الْوِتْرُ وَرَكْعَتَا الْفَجْرِ.

وضاحت: یہ حدیث بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے، وہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ رات میں تیرہ رکعتیں پڑھا کرتے تھے، جن میں تین رکعتیں وتر کی اور دو رکعتیں فجر کی سنتیں ہوتی تھیں، پس تہجد کی آٹھ رکعتیں ہونگی۔

بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ وَنَوْمِهِ، وَمَا نُسِخَ مِنْ قِيَامِ اللَّيْلِ

نبی ﷺ کا رات میں اٹھنا اورسونا، اورتہجد کی فرضیت کا مسنوخ ہونا

اس باب میں دومسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: نبی ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی راتیں دوحصوں میں تقسیم تھیں، ایک حصہ سونے کے لئے تھا اور دوسرا حصہ تہجد پڑھنے کے لئے، رات کا کتنا حصہ قیام اللیل کے لئے تھا؟ اس سلسلہ میں امام بخاری رحمہ اللہ نے سورۃ المزمل کی ابتدائی آیتیں لکھی ہیں، ان آیات کا خلاصہ یہ ہے کہ قیام اللیل کے لئے رات کا آخری تہائی حصہ متعین تھا، مگر کبھی وہ بڑھ کر نصف اور کبھی اس سے زائد ہوجاتا تھا۔

دوسرا مسئلہ: شروع اسلام میں تہجد فرض تھا، بعد میں فرضیت منسوخ ہوگئی، اور ناسخ یہ ٹکڑا ہے: ﴿فَاقْرَءُ وْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ﴾: اور نسخ درحقیقت طویل قیام کا ہوا تھا، شروع اسلام میں طویل قیام فرض تھا، اور طویل قیام اصل قیام کے بغیر نہیں ہوسکتا، دونوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے، اصل قیام ہوگا تبھی طویل قیام ہوگا، پھر جب طویل قیام کی فرضیت ختم ہوگئی تو اصل قیام کی فرضیت بھی منسوخ ہوگئی اور استحباب باقی رہا۔

یہ بات کتابوں میں اس طرح لکھی ہے کہ شروع اسلام میں تہجد فرض تھا بعد میں فرضیت منسوخ ہوگئی، یہ بات اگر چہ صحیح ہے مگر اس کو ثابت کرنا مشکل ہے کیونکہ سورۂ مزمل کی آخری آیت میں تہجد کی فرضیت کے منسوخ ہونے کی کوئی دلیل نہیں، بلکہ طول قیام کے نسخ کی بات ہے اس لئے میں نے دوسرے طریقہ سے سمجھایا کہ ابتدائے اسلام میں طویل قیام فرض تھا اور طول قیام اصل قیام کے بغیر نہیں ہوسکتا اس لئے ضمناً وہ بھی فرض تھا، پھر جب طویل قیام منسوخ ہوگیا تو اس کے ضمن میں جو اصل قیام فرض تھا وہ بھی منسوخ ہوگیا، اور جو ضمناً منسوخ ہوتا ہے اس کی دلیل کی ضرورت نہیں اور طویل قیام کے نسخ کی دلیل سورۂ مزمل کی آخری آیت میں ہے۔ (۱)

سورۂ مزمل کی آیات کی تفسیر:

سورۂ مزمل یہاں سے شروع ہوئی ہے: ﴿یٰأَ یُّهَا الْمُزَّمِّلُ﴾ اس کا فعل ہے اِزَّمَّلَ، اس کے معنی ہیں: کپڑا اوڑھنا، کپڑے میں لپٹ جانا، نبی پاک ﷺ ایک مرتبہ غار حراء سے تشریف لا رہے تھے، اجیاد سے گذر رہے تھے کہ اچانک آپؐ نے ایک آواز سنی، آپؐ نے دائیں بائیں اور پیچھے دیکھا مگر کوئی نظر نہ آیا پھر سامنے اوپر سر اٹھایا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصل شکل میں دیکھا آپ کے چھ سو بازو تھے اور آپ کے وجود سے سارا افق بھرا ہوا تھا، نبی پاک ﷺ گھبرائے اور جلدی سے گھر پہنچے اور فرمایا: دَثِّرُوْنِیْ دَثِّرُوْنِیْ: مجھے کمبل اوڑھاؤ، مجھے کمبل اوڑھاؤ، چنانچہ آپؐ کو کمبل اوڑھا دیا گیا، حضرت جبرئیل علیہ السلام قریب آگئے اور اتنے قریب آگئے کہ آپؐ کے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کے درمیان دو کمانوں سے زیادہ فاصلہ نہ رہا ﴿فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ أَوْ أَدْنٰی﴾ پھر انھوں نے وحی کی: ﴿یٰأَ یُّهَا الْمُدَّثِّرْ﴾ او کملی والے ﴿قُمْ فَأَنْذِرْ﴾ اٹھو اور قوم کو وارنگ دو ﴿وَرَبَّکَ فَکَبِّرْ﴾ اور اپنے پروردگار کی بڑائی بیان کرو، ﴿وَثِیَابَکَ فَطَهِّرْ﴾ اور اپنے کپڑوں کو صاف

---

(۱) ابتدائے اسلام میں تہجد اس لئے فرض کیا گیا تھا کہ جتنا قرآن نازل ہوا ہے وہ سارا اللہ پاک کو سنایا جائے، سنانے کے چار درجے ہیں: ایک: بچہ سبق یاد کر کے خود کو سناتا ہے یعنی زبانی پڑھ کر دیکھتا ہے کہ سبق یاد ہوا یا نہیں؟ پھر صبح استاذ کو سناتا ہے، استاذ کو سنانے کے لئے اور پکا ہونا چاہئے چنانچہ صبح اٹھ کر پھر یاد کرتا ہے، استاذ کو سنانے کے لئے رات کا یاد کیا ہوا کافی نہیں، پھر تیسرا اللہ پاک کو سنانا ہے، نماز میں پڑھنا ہے یہ اللہ کو سنانا ہے، یہ سنانا استاذ کو سنانے سے بھی زیادہ مشکل ہے، جو سبق استاذ کو سنایا ہے وہ نماز میں پڑھنے کے لئے کافی نہیں، نماز میں پڑھنے کے لئے اور پکا یاد کرنا پڑتا ہے، تب اللہ پاک کو سنا سکتا ہے ورنہ نماز میں بھولے گا، اور چوتھا لوگوں کو سنانا ہے، فرض نماز میں یا تراویح میں پڑھنا ہے یہ اور بھی مشکل ہے۔

غرض دورِ اول میں تہجد اسی لئے فرض کیا گیا تھا کہ جتنا قرآن نازل ہوا ہے وہ سارا اللہ پاک کو سنایا جائے کیونکہ بڑی عمر کا حفظ پکا نہیں ہوتا، بچپن کا حفظ پکا ہوتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ بچہ بے اختیار رہتا ہے، جب تک استاذ کہتا ہے رٹتا ہے اور بڑا با اختیار ہوتا ہے خود فیصلہ کرتا ہے اور رٹنا چھوڑ دیتا ہے حالانکہ مطلوبہ مقدار تک رٹے بغیر قرآن پکا نہیں ہوتا، اس لئے صحابہ کو رٹوایا گیا، انہیں نماز میں اللہ کو سنانے کا حکم دیا گیا، پھر جب لوگ اس کے عادی ہوگئے تو تہجد تو باقی رہا مگر اس کی فرضیت منسوخ ہوگئی۔

کرو، ﴿وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ﴾ اورگندگی سے دور رہو یعنی بتوں کو لات مارو، چنانچہ اس وحی کے بعد نبی ﷺ نے دعوت کا کام شروع کردیا، جب دعوت کا کام شروع کیا تو کفار کی طرف سے مخالفت ہوئی، اس کے بعد سورۃ المزمل نازل ہوئی، اس کا شانِ نزول حضرت تھانوی قدس سرہ نے بیان القرآن میں یہ لکھا ہے کہ جب نبی ﷺ نے دعوت کا کام شروع کیا تو مشرکین نے جلسہ کیا اور بحث وتمحیص کے بعد طے کیا کہ ہر شخص محمد (ﷺ) کو جادوگر کہے، کیونکہ وہ بھائی کو بھائی سے الگ کردیتا ہے، باپ کو بیٹے سے جدا کردیتا ہے، لہٰذا ہر شخص محمد (ﷺ) کو جادوگر کہے، جب آپؐ کو اس کی خبر ہوئی تو بہت صدمہ ہوا اور آپؐ کپڑا اوڑھ کر لیٹ گئے، اس حال میں یہ آیتیں نازل ہوئیں: ﴿يٰأَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ﴾ اے کپڑا اوڑھنے والے ﴿قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيْلًا﴾ رات کو نماز میں کھڑے رہا کرو مگر تھوڑی رات ﴿نِصْفَهُ أَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا أَوْ زِدْ عَلَيْهِ﴾ آدھی رات یا اس سے کچھ کم یا اس سے کچھ زیادہ، یعنی تقریباً آدھی رات عبادت میں گذارو اور رات کے کچھ حصہ میں آرام کرو ﴿وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيْلًا﴾ اور قرآن اطمینان سے ٹھہر ٹھہر کر پڑھو، ﴿إِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا﴾ ہم عنقریب آپؐ پر بھاری ذمہ داری ڈالنے والے ہیں، ﴿إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وَأَقْوَمُ قِيْلًا﴾ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: نشأ: حبشی زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی ہیں کھڑا ہونا، یعنی رات میں نیند چھوڑ کر نماز کے لئے کھڑا ہونا روندنے کے اعتبار سے سخت اور بات کہنے کے اعتبار سے زیادہ سیدھا ہے یعنی اس سے نفس خوب رام ہوتا ہے اور منہ سے بات ٹھیک نکلتی ہے۔ ﴿إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا﴾ بیشک آپؐ کے لئے دن میں لمبا پیرنا ہے —— پیرنا اور تیرنا مترادف ہیں —— یعنی دن میں بہت مشاغل ہیں دعوت کا کام بھی کرنا ہے، ذاتی کام بھی انجام دینے ہیں، علاوہ ازیں دن کے مزاج میں انقباض ہے اور جب طبیعت میں انقباض ہوتا ہے تو آدمی سیدھی اور صاف بات نہیں کہہ سکتا اور رات کے مزاج میں انبساط ہے اور انبساط کی حالت میں سیدھی اور صاف بات کہتا ہے اس لئے دن کے بجائے رات میں تہجد فرض کیا گیا۔

تہجد میں طویل قیام کا نسخ:

پھر آخری آیت میں ارشاد پاک ہے: ﴿إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُوْمُ أَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ، وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ، عَلِمَ أَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَاتَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ، عَلِمَ أَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى، وَآخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ، وَآخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ، وَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا، وَمَا تُقَدِّمُوْا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّأَعْظَمَ أَجْرًا، وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ، إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾: آپ کے رب کو معلوم ہے کہ آپؐ اور آپؐ کے ساتھ والوں میں سے بعض دو تہائی رات اور آدھی رات اور ایک تہائی رات کے قریب تک کھڑے رہتے ہیں، یعنی تہجد پڑھتے ہیں اور رات اور دن کا پورا اندازہ اللہ ہی کو ہے، اللہ کو معلوم ہے کہ تم اس کو ضبط نہیں کرسکتے، پس تم جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جاسکے پڑھ لیا کرو، اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ تم میں سے بعض بیمار ہونگے اور بعض تلاش معاش کے لئے ملک

میں سفر کریں گے اور بعض اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے، پس تم جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جاسکے پڑھ لیا کرو، اور نماز کی پابندی رکھو، اور زکوٰۃ دیتے رہو، اور اللہ تعالیٰ کو عمدہ قرض دو، اور تم جو بھی نیک عمل اپنے لئے آگے بھیجوگے اس کو اللہ کے پاس اس سے بہتر اور ثواب میں بڑھا ہوا پاؤ گے، اور اللہ تعالیٰ سے گناہ معاف کراتے رہو، بیشک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہیں۔

تفسیر: اس آیت سے تہجد میں طویل قیام منسوخ ہوا، اور نفس تہجد باقی رہا، دو مرتبہ فاقرء وا : آیا ہے جو امر ہے مگر جب طویل قیام کی فرضیت منسوخ ہوئی تو ضمناً تہجد کی فرضیت بھی منسوخ ہوگئی، صرف استحباب باقی رہا اور اس پر اجماع ہے۔

[۱۱-] بَابُ قِیَامِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِاللَّیْلِ وَنَوْمِهِ، وَمَا نُسِخَ مِنْ قِیَامِ اللَّیْلِ

وَقَوْلُهُ: ﴿یٰأَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ، قُمِ اللَّیْلَ إِلَّا قَلِیْلاً، نِصْفَهُ﴾ إِلٰی قَوْلِهِ ﴿سَبْحًا طَوِیْلاً﴾ [المزمل: ۱-۷]

وقَوْلُهُ: ﴿عَلِمَ أَنْ لَنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَیْكُمْ﴾ إِلٰی قَوْلِهِ: ﴿وَاسْتَغْفِرُوْا اللّٰهَ، إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾ [المزمل: ۲۰]

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نَشَأَ: قَامَ، بِالْحَبَشِیَّةِ. وَطْأً: قَالَ: مُوَاطَأَةً لِلْقُرْآنِ، أَشَدُّ مُوَافَقَةً لِسَمْعِهِ وَبَصَرِهِ وَقَلْبِهِ، لِیُوَاطِئُوْا: لِیُوَافِقُوْا.

[۱۱۴۱-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَیْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا یَقُوْلُ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یُفْطِرُ مِنَ الشَّهْرِ حَتّٰی نَظُنَّ أَنْ لَا یَصُوْمَ مِنْهُ، وَیَصُوْمُ حَتّٰی نَظُنَّ أَنْ لَا یُفْطِرَ مِنْهُ شَیْئًا، وَکَانَ لَا تَشَاءُ أَنْ تَرَاهُ مِنَ اللَّیْلِ مُصَلِّیًا إِلَّا رَأَیْتَهُ، وَلَا نَائِمًا إِلَّا رَأَیْتَهُ.

تَابَعَهُ سُلَیْمَانُ، وَأَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حُمَیْدٍ. [انظر: ۱۹۷۲، ۱۹۷۳، ۳۵۶۱]

لغات:

۱- نَاشِئَةَ اللَّیْلِ: رات میں نماز کے لئے اٹھنا، نَاشِئَة: مصدر بروزن اسم فاعل، فعل نَشَأَ: پیدا ہونا، اور حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نَشَأَ: حبشی زبان کا لفظ ہے، جس کے معنی ہیں: کھڑا ہونا یعنی رات میں بیدار ہونا اور نماز کے لئے کھڑا ہونا، مگر لغت والے اس کو نَشَأَ (عربی مادہ) کے مشتقات میں لکھتے ہیں۔

۲- وَطْأً: مجرد کا مصدر: روندنا، اور مُوَاطَأَة: مزید کا مصدر: موافق ہونا، حضرت ابن عباسؓ نے اس کے بعد للقرآن مقدر مانا ہے یعنی زبان اور دل میں میل اچھی طرح ہوتا ہے، دل و دماغ، آنکھ، کان اور زبان سب قرآن کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور اگر کچھ مقدر نہ مانا جائے اور وَطْأً کو لغوی معنی میں لیا جائے تو معنی ہونگے: رات کو اٹھ کر قرآن پڑھنا نفس کو بہت زیادہ روندتا ہے یعنی اس سے نفس کی اصطلاح خوب ہوتی ہے۔

۳- سورۃ التوبۃ (آیت ۳۷) میں ہے: ﴿لِیُوَاطِئُوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ﴾: تاکہ اللہ نے جو مہینے حرام کئے ہیں گنتی ان

کے موافق ہوجائے، یہ وَطْأ کا مزید ہے اس کے معنی موافق ہونے کے ہیں، پس وَطْأ کے معنی بھی موافق ہونے کے لئے جائیں، مگر اس کے لئے للقران مقدر ماننا پڑے گا، اور جو معنی بغیر تقدیر کے ٹھیک ہوجائیں وہ بہتر ہیں۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کسی مہینہ میں نفل روزے نہیں رکھتے تھے، یہاں تک کہ ہم گمان کرتے تھے کہ آپؐ اس مہینہ میں کوئی روزہ نہیں رکھیں گے، اور (کبھی مسلسل) روزے رکھتے تھے، یہاں تک کہ ہم گمان کرتے تھے کہ آپؐ اس مہینہ میں کوئی روزہ نہیں چھوڑیں گے، اور رات میں آپ جس وقت نبی ﷺ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھنا چاہیں: دیکھ سکتے ہیں، اور رات کے جس حصہ میں آپ نبی ﷺ کو سوتے ہوئے دیکھنا چاہیں: دیکھ سکتے ہیں۔

تشریح: نفل روزوں کے سلسلہ میں اور تہجد کی نماز کے سلسلہ میں نبی ﷺ کا کوئی خاص معمول نہیں تھا، کبھی آپؐ مسلسل نفل روزے رکھتے تھے، اور کبھی بہت دنوں تک نہیں رکھتے تھے، اسی طرح رات کے ہر حصہ میں آپؐ نے تہجد پڑھا ہے، جب بھی آنکھ کھل جاتی آپؐ نماز کے لئے کھڑے ہوجاتے، کبھی ایک رات میں کئی کئی مرتبہ بھی تہجد پڑھا ہے، پس یہ حدیث باب کے پہلے جزء سے متعلق ہے۔

بَابُ عَقْدِ الشَّيْطَانِ عَلٰى قَافِيَةِ الرَّأْسِ إِذَا لَمْ يُصَلِّ بِاللَّيْلِ

رات میں نماز نہ پڑھے تو شیطان سر کے پچھلے حصہ میں گرہ لگاتا ہے

جو شخص رات بھر سوتا رہتا ہے، تہجد کے لئے نہیں اٹھتا تو شیطان سونے والے کی گدی پر تین گرہیں لگاتا ہے اور اس پر یہ منتر پڑھتا ہے: سوتا رہ ابھی رات بہت باقی ہے! پھر اگر بندہ بیدار ہوتے ہی اللہ کا ذکر کرتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے اور طہارت حاصل کرتا ہے یعنی وضو یا غسل کرتا ہے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے اور نماز پڑھتا ہے تو تیسری گرہ کھل جاتی ہے، اور آدمی چست ہوجاتا ہے اور اگر یہ کام نہ کرے تو وہ گرہیں لگی رہتی ہیں اور آدمی سست اٹھتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ یہ نشاط اور کسل جسمانی نہیں بلکہ روحانی ہے، ہر شخص تجربہ کرکے دیکھ سکتا ہے اگر آدمی پہلے طریقہ پر اٹھے گا تو نماز فجر میں خوب جی لگے گا اور نماز کے بعد عبادت کرنے کا یعنی تلاوت اور مطالعہ وغیرہ کرنے کا شوق پیدا ہوگا اور دوسرے طریقہ پر اٹھے گا تو ہارے جی اٹھے گا، نماز میں دلجمعی نہیں ہوگی، نہ کچھ مزہ آئے گا اور نہ نماز کے بعد اچھے کاموں کی طرف طبیعت مائل ہوگی۔

اسی لئے جو لوگ تہجد کے وقت بیدار ہوتے ہیں آنحضور ﷺ نے ان کے لئے یہ مسنون کیا کہ تہجد کے شروع میں دو رکعتیں ہلکی پڑھیں تاکہ بعد میں طویل تہجد نشاط کے ساتھ پڑھا جاسکے، اور مسلمانوں کی اکثریت فجر کیوقت بیدار ہوتی ہے اس لئے ان کے لئے یہ مسنون کیا کہ فجر سے پہلے سنتیں ہلکی پڑھیں تاکہ فرض نشاط کے ساتھ پڑھا جائے، نبی ﷺ تہجد بھی ہلکی دو رکعتوں سے شروع فرماتے تھے اور فجر کی سنتیں بھی مختصر پڑھتے تھے اور آپؐ نے یہ دونوں عمل لوگوں کی دونوں

قسموں کے لئے مشروع کئے ہیں ورنہ آپؐ شیطان کے اثر سے محفوظ تھے۔

[۱۲-] بَابُ عَقْدِ الشَّيْطَانِ عَلٰى قَافِيَةِ الرَّأْسِ إِذَا لَمْ يُصَلِّ بِاللَّيْلِ

[۱۱۴۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلٰى قَافِيَةِ رَأْسِ أَحَدِكُمْ إِذَا هُوَ نَامَ ثَلَاثَ عُقَدٍ، يَضْرِبُ عِنْدَ كُلِّ عُقْدَةٍ: عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ فَارْقُدْ! فَإِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللّٰهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَإِنْ تَوَضَّأَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَإِنْ صَلَّى انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَأَصْبَحَ نَشِيْطًا طَيِّبَ النَّفْسِ، وَإِلَّا أَصْبَحَ خَبِيْثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ"

[انظر: ۳۲۶۹]

[۱۱۴۳-] حدثنا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، قَالَ حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدَبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الرُّؤْيَا، قَالَ:" أَمَّا الَّذِيْ يُثْلَغُ بِالْحَجَرِ، فَإِنَّهُ يَأْخُذُ الْقُرْآنَ فَيَرْفُضُهُ، وَيَنَامُ عَنِ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوْبَةِ"

لغات: عَقَدَ الحبلَ: گرہ لگانا.........القافية: سر کا پچھلا حصہ.........عُقَد، عُقْدَة کی جمع: گرہ.........نَشِيْط: کام میں پھرتیلا اور مستعد.........طَيِّبُ النفس: اچھی طبیعت کا.........خبيث النفس: دل کا برا.........كسلان: سست.........ثَلَغَ (ف) الرأسَ: سر کچلنا.........رَفَضَ (ن) رَفْضًا: چھوڑ دینا۔

دوسری حدیث: مختصر ہے، کتاب الجنائز میں تفصیلی حدیث (نمبر ۱۳۸۶) آرہی ہے اور یہ منامی معراج ہے، نبی ﷺ نے ایک خواب دیکھا اس میں بہت سے مناظر دکھائے گئے، اس لمبی روایت کا ایک ٹکڑا یہاں لائے ہیں، نبی ﷺ نے دیکھا کہ ایک شخص لیٹا ہوا ہے، اور دوسرا شخص بڑا پتھر لے کر اس کے سر پر مار رہا ہے، جس سے اس کا سر کچل جاتا ہے اور وہ پتھر لڑھک کر دور چلا جاتا ہے، وہ شخص جا کر پتھر لاتا ہے، اتنی دیر میں اس کا سر ٹھیک ہو جاتا ہے چنانچہ وہ پھر مارتا ہے، یہ عمل مسلسل ہو رہا ہے، نبی ﷺ نے فرشتوں سے پوچھا، انھوں نے بتایا: وہ شخص جس کا سر کچلا جا رہا ہے: اس نے قرآن لیا یعنی وہ قرآن پڑھا ہوا تھا، پھر اس نے قرآن کو چھوڑ دیا اور فرض نماز سے سوتا رہا یعنی عشاء اور فجر نہیں پڑھی، پس اس کو یہ سزا دی جا رہی ہے، اور آگے حدیث کے الفاظ ہیں: فرجل علّمه الله القرآنَ، فَنَامَ عنه بالليل، ولَمْ يعمل فيه بالنهار، يُفعل به إلى القيامة: یہ الفاظ باب سے اقرب ہیں۔

بَابٌ: إِذَا نَامَ وَلَمْ يُصَلِّ بَالَ الشَّيْطَانُ فِيْ أُذُنِهِ

جو سوتا رہا اور فجر کی نماز نہیں پڑھی: شیطان اس کے کان میں موت دیتا ہے

ایک شخص رات بھر سوتا رہا، نہ تہجد میں اٹھا نہ فجر کی نماز پڑھی، نبی ﷺ کے سامنے اس کا تذکرہ کیا گیا تو آپؐ نے

فرمایا: ''شیطان نے اس کے کان میں موت دیا!''

تشریح: یہ حقیقت ہے یا مجاز؟ ایسی روایتیں جہاں بھی آتی ہیں علماء میں اختلاف ہوجاتا ہے، کوئی حقیقت قرار دیتا ہے کہ واقعی شیطان نے پیشاب کردیا، پھر سوال ہوتا ہے کہ ہگا کیوں نہیں؟ اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ اگر ہگے گا تو نجاست مسامات میں نہیں گھسے گی، اس لئے موتتا ہے تاکہ نجاست مسامات میں گھسے، لیکن دوسری رائے یہ ہے کہ یہ تمثیل اور پیرایۂ بیان ہے، اور شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمایا ہے کہ شریعت تمام اچھے کاموں کو اللہ کی طرف اور تمام برے کاموں کو شیطان کی طرف منسوب کرتی ہے، جیسے ارشاد پاک ہے: ﴿مَا أَصَابَكُمْ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَا أَصَابَكُمْ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَفْسِكَ﴾ حالانکہ اچھا اور برا جو کچھ ہوتا ہے سب اللہ کی طرف سے ہوتا ہے، اور حدیثوں میں بھی یہی انداز اختیار کیا گیا ہے: اچھے کام اللہ کی طرف اور برے کام شیطان کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں، پس جو رات بھر سوتا رہا نہ تہجد کے لئے اٹھا نہ فجر کی نماز کے لئے اس نے بہت برا کیا، اور باب میں لم یُصَلِّ کا مطلب ہے: فجر کی نماز کے لئے نہیں اٹھا، کیونکہ تہجد کے لئے اٹھنا ضروری نہیں۔

[۱۳-] بَابٌ: إِذَا نَامَ وَلَمْ يُصَلِّ بَالَ الشَّيْطَانُ فِيْ أُذُنِهِ

[۱۱۴۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ، فَقِيْلَ: مَازَالَ نَائِمًا حَتَّى أَصْبَحَ، مَاقَامَ إِلَى الصَّلَاةِ، فَقَالَ: "بَالَ الشَّيْطَانُ فِيْ أُذُنِهِ!" [انظر: ۳۲۷۰]

ترجمہ: ابن مسعودؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے سامنے ایک شخص کا تذکرہ کیا گیا کہ وہ برابر سوتا رہا یہاں تک کہ صبح ہوگئی (فجر کی) نماز کے لئے بھی کھڑا نہیں ہوا، پس آپؐ نے فرمایا: اس کے کان میں شیطان نے موت دیا! یعنی اس نے آخری درجہ کی نازیبا حرکت کی۔

بَابُ الدُّعَاءِ وَالصَّلٰوةِ فِيْ آخِرِ اللَّيْلِ

رات کے آخری حصہ میں نماز پڑھنا اور دعا مانگنا

رات کا آخری حصہ بڑا قیمتی ہے، اس وقت نماز بھی پڑھنی چاہئے اور اللہ سے دعا بھی مانگنی چاہئے، وہ قبولیت دعا کا خاص وقت ہے، اللہ عزوجل متقیوں کے اوصاف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ﴿كَانُوْا قَلِيْلاً مِنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ، وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ﴾: وہ رات کا تھوڑا حصہ سوتے ہیں اور سحری کے وقت استغفار کرتے ہیں، یہ سورۂ ذاریات کی آیات ۱۷ اور ۱۸ ہیں اور ما زائدہ ہے اور یھجعون کے معنی ہیں: ینامون۔

اوراس باب کا مقصد یہ ہے کہ تہجد ہم خرما ہم ثواب عمل ہے، تہجد پڑھنا کارِثواب بھی ہے، اوروہ دعا کی قبولیت کا وقت بھی ہے، مگراس سے وہی فائدہ اٹھائے گا جو تہجد کے لئے اٹھے گا۔

[١٤-] بَابُ الدُّعَاءِ وَالصَّلٰوةِ فِيْ آخِرِ اللَّيْلِ

وَقَالَ: ﴿كَانُوْا قَلِيْلاً مِنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ﴾: يَنَامُوْنَ.[الذاريات :١٧]

[١١٤٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَأَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَغَرِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كُلَّ لَيْلَةٍ إِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا، حِيْنَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الآخِرُ، يَقُوْلُ: مَنْ يَدْعُوْنِيْ فَأَسْتَجِيْبَ لَهُ؟ مَنْ يَسْأَلُنِيْ فَأُعْطِيَهُ؟ مَنْ يَسْتَغْفِرُنِيْ فَأَغْفِرَ لَهُ؟"[انظر: ٦٣٢١، ٧٤٩٤]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہر رات سمائے دنیا پر نزول فرماتے ہیں جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے، وہ آواز دیتے ہیں: کون ہے جو مجھ سے دعا کرے جس کی دعا میں قبول کروں؟ کون ہے جو مجھ سے مانگے جس کو میں عنایت کروں؟ کون ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرے جس کی میں بخشش کروں؟ (یہاں تک کہ صبح صادق ہوجاتی ہے)

تشریح:

۱- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی کی ایک دوسری حدیث میں یہ بھی ہے کہ جب رات کا پہلا تہائی گذر جاتا ہے یعنی غروب شمس اور صبح صادق کے درمیان جو وقت ہے اس کو تین حصوں میں تقسیم کیا جائے، اس میں سے جب پہلا حصہ گذر جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ سمائے دنیا پر نزول فرماتے ہیں، یہ حدیث بھی اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے (ترمذی حدیث ۴۵۵) اور دونوں حدیثوں میں کوئی تعارض نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کو ایک شان دوسری شان سے غافل نہیں کرتی، اور ایک تہائی رات گذرنے پر اترنا یا ایک تہائی رات باقی رہنے پر اترنا حسی اترنا نہیں، جو تعارض ہو بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عنایات بندوں کی طرف متوجہ ہوتی ہیں، اور عنایات کے متوجہ ہونے میں تشکیک (کمی زیادتی) ہے، ایک تہائی رات گذرنے پر اللہ تعالیٰ کی عنایات بندوں کی طرف متوجہ ہونا شروع ہوتی ہیں، مگر اس وقت کم مبذول ہوتی ہیں، پھر جب دوسرا تہائی گذر جاتا ہے اور آخری تہائی شروع ہوتا ہے تو عنایات پہلے سے زیادہ متوجہ ہوتی ہیں۔

۲- اللہ عزوجل کا سمائے دنیا پر نزول صفات متشابہات میں سے ہے، اور صفاتِ متشابہات کے بارے میں سلف کا مذہب تنزیہ مع التفویض ہے یعنی باری تعالیٰ کے لئے صفات کو ثابت مانا جائے لیکن اس کی کیفیت کے بارے میں توقف اور سکوت کیا جائے، ان میں غور وخوض نہ کیا جائے، اور خلف کا مذہب تنزیہ مع التاویل ہے، وہ کہتے ہیں: الفاظ کا ظاہری مفہوم مراد نہیں کیونکہ وہ تشبیہ (مخلوق کے مانند ہونے) کو مستلزم ہے اور درجہ احتمال میں ان کے ایسے معانی بیان کئے جائیں

جواللہ تعالیٰ کے شایانِ شان ہوں، اور خلف نے تنزیہ مع التاویل کی راہ اس لئے اختیار کی ہے کہ بیمار اذہان کو مطمئن کیا جاسکے اور فلسفیانہ سوچ کو قابو میں لایا جاسکے، ورنہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات کے بارے میں گمراہی میں مبتلا ہوجائیں گے، یہ مختصر سی تقریر ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۲:۵۸۳-۵۸۸) میں ہے۔

مناسبت: اور حدیث کی باب سے مناسبت یہ ہے کہ اللہ جل شانہ رات کے پچھلے پہر سمائے دنیا پر نزول فرماتے ہیں اور صدا دیتے ہیں: کوئی ہے دعا کرنے والا؟ کوئی ہے مانگنے والا؟ کوئی ہے بخشش چاہنے والا؟ پس کچھ بندے کھڑے ہوئے اور انھوں نے رات کے پچھلے پہر اللہ کو پکارا، دعائیں کیں، بخشش چاہی، پس کیا اللہ تعالیٰ ان کو خالی ہاتھ لوٹادیں گے؟ ہرگز نہیں، یہ باب کے ساتھ مناسبت ہے۔

بَابُ مَنْ نَامَ أَوَّلَ اللَّيْلِ وَأَحْيَا آخِرَهُ

شروع رات میں سونا اور آخر رات کو زندہ کرنا

اس باب میں اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ احیاءِ لیل کے لئے رات کے شروع حصہ میں سونا چاہئے پھر اٹھ کر عبادت کرنی چاہئے۔ حضرت سلمان فارسی اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ تھا، ایک مرتبہ حضرت سلمانؓ اپنے بھائی کے گھر گئے، عشاء کے بعد مہمان کے لئے بستر لگا کر حضرت ابوالدرداءؓ جانے لگے، حضرت سلمانؓ نے پوچھا: کہاں جارہے ہو؟ انھوں نے کہا: نماز پڑھوں گا، حضرت سلمانؓ نے کہا: ابھی نماز نہیں پڑھنی: سوجاؤ، تھوڑی دیر کے بعد آنکھ کھلی تو وہ نماز کے لئے جانے لگے، حضرت سلمانؓ نے کہا: ابھی سوئے رہو، پھر تیسری مرتبہ انھوں نے جانے کا ارادہ کیا، حضرت سلمانؓ نے پھر سلادیا، پھر رات کے پچھلے پہر حضرت سلمانؓ خود اٹھے اور حضرت ابوالدرداءؓ کو بھی اٹھایا اور دونوں نے تہجد پڑھی، صبح حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے حضرت سلمانؓ سے شکایت کی، آپؐ نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی تائید کی اور فرمایا: انھوں نے ٹھیک کیا، معلوم ہوا کہ احیاءِ لیل کے لئے رات کے شروع حصہ میں سونا چاہئے، اس سے احیاءِ لیل میں مدد ملے گی۔

[۱۵-] بَابُ مَنْ نَامَ أَوَّلَ اللَّيْلِ وَأَحْيَا آخِرَهُ

وَقَالَ سَلْمَانُ لِأَبِي الدَّرْدَاءِ: نَمْ، فَلَمَّا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ، قَالَ: قُمْ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "صَدَقَ سَلْمَانُ"

[۱۱۴۶-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، ح: وَحَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ كَيْفَ كَانَ صَلَاةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ؟ قَالَتْ: كَانَ يَنَامُ أَوَّلَهُ

وَيَقُوْمُ آخِرَهُ، فَيُصَلِّىْ، ثُمَّ يَرْجِعُ إِلٰى فِرَاشِهِ، فَإِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ وَثَبَ، فَإِنْ كَانَتْ بِهِ حَاجَةٌ اغْتَسَلَ، وَإِلَّا تَوَضَّأَ وَخَرَجَ.

ترجمہ: اسودؒ نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا: رات میں نبی ﷺ کی نماز کیسی ہوتی تھی؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: آپؐ رات کے شروع حصہ میں سوجاتے تھے اور آخری حصہ میں اٹھ کر نماز پڑھتے تھے (یہ ٹکڑا باب سے متعلق ہے) پھر نماز سے فارغ ہوکر بستر پر تشریف لاتے، پس جب مؤذن اذان دیتا تو آپؐ کود کر کھڑے ہوتے، پس اگر آپؐ کو حاجت ہوتی تو غسل فرماتے، ورنہ وضو کرتے اور نماز کے لئے تشریف لے جاتے۔

بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ فِيْ رَمَضَانَ وَغَيْرِهِ

رمضان اور غیر رمضان میں نبی ﷺ کا رات میں تہجد پڑھنا

امام بخاری رحمہ اللہ اس باب میں دو روایتیں لائے ہیں، اور دونوں روایتوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ رمضان اور غیر رمضان کا قیام: طویل قراءت اور تعداد رکعات کے اعتبار سے یکساں ہوتا تھا، آپؐ ہمیشہ لمبا تہجد پڑھتے تھے اور اکثر آٹھ رکعتیں پڑھتے تھے، یہی باب کا مقصد ہے۔

[١٦-] بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ فِيْ رَمَضَانَ وَغَيْرِهِ

[١١٤٧-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ: كَيْفَ كَانَتْ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَمَضَانَ؟ فَقَالَتْ: مَاكَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَزِيْدُ فِيْ رَمَضَانَ وَلَا فِيْ غَيْرِهِ عَلٰى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، يُصَلِّىْ أَرْبَعًا فَلَا تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ يُصَلِّىْ أَرْبَعًا فَلَا تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ يُصَلِّىْ ثَلَاثًا، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللهِ! أَتَنَامُ قَبْلَ أَنْ تُوْتِرَ؟ فَقَالَ: "يَا عَائِشَةُ! إِنَّ عَيْنَيَّ تَنَامَانِ وَلَا يَنَامُ قَلْبِيْ" [انظر: ٢٠١٣، ٣٥٦٩]

ترجمہ: ابوسلمہؒ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ رمضان کی راتوں میں (تہجد کی) کتنی رکعتیں پڑھتے تھے؟ یعنی رمضان کی وجہ سے آپؐ تہجد کی رکعتوں میں اضافہ فرماتے تھے یا نہیں؟ صدیقہؓ نے جواب دیا: رسول اللہ ﷺ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے (پہلے) چار رکعتیں پڑھتے تھے آپ ان کی عمدگی اور درازی کے بارے میں نہ پوچھیں، یعنی اتنی طویل اور اتنی شاندار پڑھتے تھے کہ الفاظ میں اس کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی (پھر تھوڑی دیر آرام فرماتے تھے اور سوجاتے تھے، یہاں تک کہ حضرت عائشہؓ خراٹے سنتی تھیں) پھر چار

رکعت پڑھتے تھے اور وہ بھی نہایت شاندار اور نہایت لمبی پڑھتے تھے (پھر آرام فرماتے تھے) پھر تین رکعت وتر پڑھتے تھے، یعنی پورے سال گیارہ رکعتیں پڑھتے تھے (یہ اکثری احوال کے اعتبار سے ہے)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ وتر پڑھنے سے پہلے سو جاتے ہیں؟ نبی ﷺ چار رکعتیں پڑھ کر بھی سوتے تھے اور وتروں سے پہلے بھی سوتے تھے مگر صدیقہؓ نے وہاں سوال نہیں کیا، شاید خیال کیا ہوگا کہ تہجد نفل نماز ہے، اور نوافل میں گنجائش ہے، مگر وتر فرائض کے قریب ہیں یعنی واجب ہیں، اس لئے سوال کیا کہ یارسول اللہ! آپؐ وتروں سے پہلے سو جاتے ہیں، یہاں تک کہ میں خراٹے سنتی ہوں، پھر آپؐ وضو کئے بغیر وتر پڑھتے ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! میری آنکھیں سوتی ہیں میرا دل نہیں سوتا، یعنی میں چوکنا سوتا ہوں اگر ناقض وضو پیش آئے گا تو مجھے اس کا احساس ہو جائے گا، اسی لئے انبیاء کی نیند ناقض وضو نہیں۔

تشریح:

۱- دو نمازیں بالکل ایک دوسرے سے علاحدہ ہیں، ایک: صلوٰۃ اللیل یعنی تہجد کی نماز، یہ نماز سال بھر پڑھی جاتی ہے، تہجد کے معنی ہیں: ترك الهُجُوْد: نیند چھوڑنا، چونکہ یہ نماز رات کے آخری حصہ میں پڑھی جاتی ہے اس لئے اس کا نام تہجد ہے۔ دوسری: قیام رمضان یعنی تراویح، یہ رمضان کی زائد نماز ہے، یہ نماز صرف رمضان میں پڑھی جاتی ہے باقی گیارہ مہینوں میں یہ نماز نہیں پڑھی جاتی اور حدیث صلوٰۃ اللیل سے متعلق ہے، قیام رمضان سے متعلق نہیں۔

۲- جاننا چاہئے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں نہ تو تراویح کی رکعتوں کی تعداد متعین تھی اور نہ یہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھی جاتی تھی، صرف اس کی ترغیب دی جاتی تھی کہ یہ ایسی نماز ہے جس سے سابقہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں، چنانچہ لوگ رمضان میں سونے سے پہلے از خود یہ نماز پڑھتے تھے، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی یہی طریقہ رہا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ابتدائی چھ سال سخت آزمائش کے تھے، مسلمان بیک وقت دو سپر پاوروں: ایران اور روم سے جنگ میں مصروف تھے، جب یہ طاقتیں ٹوٹیں اور کچھ سکون ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خلافت کے آخری چھ سالوں میں ملک وملت کی تنظیم سے متعلق بہت سے اہم کام کئے ہیں ان میں سے ایک کام یہ ہے کہ باقاعدہ جماعت کے ساتھ تراویح کا نظام بنایا، شروع میں امام آٹھ رکعتیں پڑھاتا تھا اور سحری کے وقت تک پڑھاتا تھا، موطا مالک میں روایت ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہلے گیارہ رکعتیں (آٹھ تراویح اور تین وتر) پڑھانے کا حکم دیا، جن سے لوگ فجر سے کچھ ہی پہلے فارغ ہوتے تھے (موطا مالک ص:۴۰) اس وقت یہ خیال تھا کہ یہ تہجد کی نماز ہے، اس وجہ سے تہجد کے وقت تک اس کو دراز کیا جاتا تھا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے یہ بات آئی کہ رسول اللہ ﷺ نے جو دو یا تین راتیں جماعت کے ساتھ نماز پڑھائی ہے وہ بیس رکعتیں پڑھائی ہیں، اور آنحضرت ﷺ تنہا بھی سونے سے پہلے بیس رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث بیہقی ۴۹۶:۲ میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ ماہ رمضان میں بغیر جماعت کے بیس رکعتیں اور وتر پڑھتے تھے، اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے التلخیص الحَبیر فی تخریج أحادیث الرافِعیِّ الکبیر (۱۱۹:۱) میں یہ روایت لکھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو دن جماعت سے جو نماز پڑھائی تھی وہ بیس رکعتیں پڑھائی تھیں۔ حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس روایت کی صحت پر تمام محدثین کا اتفاق ہے (فتاوی رحیمیہ ۱:۲۹۰ قدیم)

چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نظام بدل دیا اور دونوں اماموں: حضرت ابی بن کعب اور حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہما کو حکم دیا کہ بیس رکعتیں پڑھائیں اور مختصر پڑھائیں، اور لوگوں کو سونے کا موقع دیں، پھر آخری پہر لوگ خود اٹھ کر تہجد پڑھیں، آگے حدیث (نمبر ۲۰۱۰) آرہی ہے کہ اس نئے نظام کے شروع ہونے کے بعد ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجدِ نبوی میں تشریف لائے، لوگوں کو ایک امام کے پیچھے نماز پڑھتے دیکھا تو خوش ہوئے اور فرمایا: نِعْمَ البدعةُ هذه: یہ نئی بات بہت اچھی ہے! یعنی جو لوگ اس نماز کو بدعت کہتے ہیں وہ صحیح نہیں، یہ مستحب نماز ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تراویح کو لوگوں کے خیال کے اعتبار سے بدعت (نئی بات) کہا ہے اور نِعْم سے بدعت ہونے کی تردید کی ہے۔

جب تراویح کا باقاعدہ نظام بنا تھا تو لوگوں میں چہ می گوئیاں ہوئیں کہ یہ کیا نئی چیز شروع ہوئی! جیسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مسجدِ نبوی پختہ بنائی تو بعض لوگوں نے کہا: یہ کسری کا محل تیار ہو گیا! تراویح کے سلسلہ میں بھی ایسی باتیں ہوئی ہونگی، اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس خیال کی تردید کی کہ اگر یہ نئی چیز ہے تو بہت اچھی چیز ہے، کیونکہ اس کی اصل موجود ہے، اور وہ آپؐ کا دو دن یا تین دن باجماعت تراویح پڑھانا ہے۔

غرض: حضرت عمرؓ نے لفظ بدعت لغوی معنی میں استعمال کیا ہے اور بالفرض کلام کیا ہے، لغوی معنی کے اعتبار سے بدعت: بدعت حسنہ بھی ہوتی ہے اور بدعت سیئہ بھی، اور اصطلاحی معنی کے اعتبار سے صرف بدعت سیئہ ہوتی ہے، حسنہ نہیں ہوتی۔

پھر آپؓ نے دوسری بات فرمائی: والتی ینامون عنها أفضلُ من التی یقومون: جس نماز سے لوگ سوتے رہتے ہیں وہ اس نماز سے افضل ہے جس کو وہ پڑھتے ہیں یعنی رمضان میں تراویح سے افضل تہجد ہے، لہٰذا لوگوں کو چاہئے کہ جس طرح تراویح اہتمام کے ساتھ پڑھتے ہیں تہجد کی نماز بھی پڑھیں، اس ارشاد سے یہ بات صاف ہوگئی کہ تراویح تہجد کی نماز نہیں ہے، بلکہ یہ دو الگ الگ نمازیں ہیں ایک کا وقت سونے سے پہلے ہے اور دوسری کا سونے کے بعد، ایک کی بیس رکعتیں ہیں اور دوسری کی آٹھ، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے آج تک امت شرقاً غرباً تراویح جماعت کے ساتھ بیس رکعتیں پڑھتی چلی آرہی ہے، صرف غیر مقلدین اس مسئلہ میں اختلاف کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: تراویح کی بھی آٹھ رکعتیں ہیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ حدیث سے استدلال کرتے ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث کو جو بیہقی اور مصنف ابن ابی شیبہ (حدیث ۷۷۷۴ طبع محمد عوامہ) میں ہے اس کو ضعیف کہتے ہیں، مگر غیر مقلدین کا یہ خیال صحیح نہیں کیونکہ حضرت عائشہؓ کی مذکورہ حدیث قیام رمضان (تراویح) سے متعلق نہیں، بلکہ قیام لیل (تہجد) سے متعلق ہے، رسول اللہ

ﷺ یہ نماز سال بھر پڑھتے تھے اور کمیت وکیفیت کے اعتبار سے یکساں پڑھتے تھے، یعنی تعداد رکعات اور طویل قیام پورے سال یکساں ہوتا تھا اور تراویح صرف رمضان میں پڑھی جاتی ہے۔

علاوہ ازیں: بیس رکعت تراویح پر چاروں ائمہ، تمام صحابہ، تابعین اور تمام علماء کا اجماع ہے اگر بالفرض حضرت عائشہؓ کی مذکورہ حدیث کو تراویح سے متعلق کیا جائے تو غیر مقلدین سے عرض ہے کہ آنحضور ﷺ اس نماز کو سال بھر پڑھتے تھے آپ بھی سال بھر پڑھیں، تو ہم جانیں کہ آپ 'اہل حدیث' ہیں، یہ کیا کہ میٹھا میٹھا ہپ ہپ، کڑوا کڑوا تھوتھو! اور اگر وہ کہیں کہ نبی ﷺ نے رمضان میں صرف تین دن یا دو دن جماعت سے نماز پڑھی ہے اس لئے ہم رمضان ہی میں پڑھتے ہیں تو سنیں: اگر اس حدیث پر عمل کرنا ہے تو تراویح جماعت کے ساتھ صرف رمضان کے آخر میں دو دن یا تین دن پڑھیں، تاکہ مسجدوں سے فتنہ ختم ہو۔

۳- جاننا چاہئے کہ اہل حق کے درمیان کوئی جھگڑا نہیں ہوتا، اور حق وباطل کے درمیان ازل سے ابد تک جھگڑا ہے، چار ائمہ کے ماننے والے ایک جگہ نماز پڑھتے ہیں کوئی رفع یدین کرتا ہے کوئی نہیں کرتا، کوئی زور سے آمین کہتا ہے کوئی آہستہ، کوئی امام کے پیچھے فاتحہ پڑھتا ہے کوئی نہیں پڑھتا مگر ان کے درمیان کوئی جھگڑا نہیں، اور غیر مقلدین سب کے ساتھ جھگڑا کرتے ہیں، احناف کے ساتھ بھی، شوافع کے ساتھ بھی، مالکیہ کے ساتھ بھی اور حنابلہ کے ساتھ بھی، یہ دلیل ہے کہ ایک حق پر ہے، اور دوسرا باطل پر، دونوں حق پر نہیں، اور اگر کوئی کہے کہ تاریخ میں احناف اور شوافع کے درمیان جھگڑا رہا ہے؟ تو جاننا چاہئے کہ وہ جھگڑا کرسی کا تھا، قاضی اور شیخ الاسلام بننے کا تھا، اب جب اسلامی حکومتیں ختم ہوگئیں اور عہدے ختم ہوگئے تو جھگڑے بھی ختم ہوگئے۔

۴- تراویح کی بیس رکعتوں پر امت کا اجماع ہے اور اجماع دلیل قطعی ہے، پھر کسی ظنی دلیل کی ضرورت نہیں رہتی، صرف غیر مقلدین اختلاف کرتے ہیں، مگر گمراہ فرقوں کا اختلاف اجماع پر اثر انداز نہیں ہوتا، اگر گمراہ فرقوں کے اختلاف کا اعتبار کیا جائے گا تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خلافت بھی اجماعی نہیں رہے گی، کیونکہ اس میں شیعہ اختلاف کرتے ہیں۔

ہاں اجماع کے لئے مستند چاہئے، وہ ہے: حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری (۲: ۴۲۰) میں لکھا ہے کہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے امام اعظم رحمہ اللہ سے دریافت کیا کہ کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تراویح کی بیس رکعتوں کے لئے آنحضرت ﷺ کی جانب سے کوئی عہد (علم) تھا؟ امام صاحبؒ نے فرمایا: حضرت عمرؓ اپنی طرف سے نئی بات گھڑنے والے نہیں تھے، یقیناً ان کے پاس اس کا مستند تھا، چنانچہ میں نے ابھی بتایا ہے کہ حافظ رحمہ اللہ نے التلخیص الحبیر میں یہ روایت لکھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو دن جماعت کے ساتھ جو نماز پڑھائی تھی وہ بیس رکعتیں پڑھائی تھیں، حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کی صحت پر تمام محدثین کا اتفاق ہے (فتاوی رحیمیہ) اور حضرت ابن عباسؓ کی حدیث ابھی بیان کی ہے کہ نبی ﷺ ماہ رمضان میں بغیر جماعت کے بیس رکعتیں اور وتر پڑھتے تھے، یہ روایت اگرچہ ضعیف ہے مگر تعامل سے مؤید

ہے، بلکہ تعامل کی صورت میں سرے سے روایت کی ضرورت نہیں رہتی، مثلاً کلمہ طیبہ **لا إلہ إلا اللہ، محمد رسول اللہ** کسی روایت سے ثابت نہیں، اگرچہ اس کے دونوں اجزاء قرآنِ کریم میں متفرق جگہ ہیں، مگر دونوں کا مجموعہ کلمہ طیبہ ہے یہ بات کسی ضعیف روایت سے بھی ثابت نہیں، مگر چونکہ پوری امت کا اس پر تعامل ہے، اور اجماع قوی دلیل ہے اس لئے سند کی مطلق حاجت نہیں (۱)

۵- اور غیر مقلدین اس بات کا اس لئے انکار کرتے ہیں کہ وہ 'اہل حدیث' ہیں، وہ قرآن کے بعد صرف حدیثوں کو حجت مانتے ہیں، اور حدیث اور سنت میں فرق بھی نہیں کرتے، پھر اس سے نیچے اجماع امت کو بلکہ اجماع صحابہ کو بھی حجت نہیں مانتے نہ آثار صحابہ (صحابہ کے انفرادی فتاوی) کو حجت مانتے ہیں حتی کہ خلفائے راشدین کی باتوں کو بھی اور ان کے زمانہ میں جو باتیں صحابہ کے اجماع سے طے ہوئی ہیں ان کو بھی حجت نہیں مانتے، اس لئے وہ گمراہ فرقہ ہے اور کسی بھی گمراہ فرقہ کا اختلاف اجماع پر اثر انداز نہیں ہوتا، ورنہ شیعہ بھی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں اختلاف کرتے ہیں، پس کیا ان کی خلافت بھی اختلافی ہوجائے گی؟ توبہ! اس لئے غیر مقلدین کی اس بات سے واقف رہنا ضروری ہے اور وہ جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ حدیث پیش کرتے ہیں تو جاننا چاہئے کہ اس کا تراویح کے مسئلہ سے کچھ تعلق نہیں۔ اور یہ بات دو اور دو چار کی طرح واضح ہے کہ وہ روایت تہجد سے متعلق ہے، تراویح سے متعلق نہیں، مگر چونکہ غیر مقلدین کا خلفائے راشدین سے اختلاف ہے، اس لئے لوگوں کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ کوئی مرفوع روایت پیش کریں اور کہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے قول وفعل کے سامنے کسی کی بات حجت نہیں، اس لئے انھوں نے کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا ملا کر کنبہ جوڑا ہے۔

۶- اور ایک خاص بات آپ حضرات کے علم میں یہ رہنی چاہئے کہ جب بھی رمضان آتا ہے: غیر مقلدین ایک بڑا پوسٹر شائع کرتے ہیں، اس میں فقہاء اور محدثین کی عبارتیں نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث اصح ہے، اس طرح وہ عوام کو باور کراتے ہیں کہ بیس رکعت تراویح صحیح نہیں، فقہاء اور محدثین کی تصریحات کے خلاف ہے۔

پس جاننا چاہئے کہ ائمہ کے متبعین پر ائمہ ہی کا قول حجت ہوتا ہے، بعد کے حضرات کی تحقیقات ان کی انفرادی رائیں ہیں، وہ مذہب کا جزء نہیں، بعد کے حضرات کی وہی رائیں قابل قبول ہوتی ہیں جو مذہب میں لے لی جاتی ہیں، یعنی ان پر فتوی دیا جاتا ہے، لیکن اگر اہل مذہب اس کو قبول نہ کریں تو وہ صرف ایک انفرادی تحقیق ہوتی ہے، جیسے علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ نے چودہ مسائل میں اپنی الگ تحقیق پیش کی ہے، مگر ان کے شاگرد علامہ قاسم بن قطلوبُغا نے ان کو یہ کہہ کر رد کردیا ہے کہ

(۱) مسئلہ باب میں ابن عباسؓ کی تنہا روایت ہے اس کے معارض کوئی روایت نہیں، اور حضرت عائشہؓ کی مذکورہ حدیث تہجد سے متعلق ہے، تراویح سے متعلق نہیں، پس حضرت ابن عباسؓ کی حدیث کو لینا ضروری ہے، اصح ما فی الباب کا قاعدہ یہاں جاری نہیں ہوگا۔

یہ استاذ کی انفرادی رائیں ہیں، ان کو مذہب میں نہیں لیا جائے گا، پس علامہ عینی ہوں یا حافظ ابن حجر یا کوئی اور: اگر ان حضرات نے اپنی کوئی ایسی تحقیق پیش کی ہے تو وہ ان کی اپنی تحقیق ہے، مذاہب اربعہ وہ ہیں جو ائمہ اربعہ سے منقول ہیں، اور چاروں ائمہ متفق ہیں کہ تراویح کی بیس رکعتیں ہیں، اور تراویح کی حدیث الگ ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باب کی حدیث تہجد سے متعلق ہے، تراویح سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔

۷- حدیث میں دوسری بات یہ ہے کہ انبیاء کی نیند ناقض وضو نہیں، چونکہ انبیاء کا دل نہیں سوتا یعنی وہ چوکنا سوتے ہیں اس لئے اگر کوئی ناقض وضو بات پیش آئے گی تو ان کو پتہ چل جائے گا، اس لئے انبیاء کی نیند ناقض وضو نہیں، اور امت بھی اگر چوکنا سوئے تو اس کا وضو بھی نہیں ٹوٹتا، اور چوکنا سونا کیا ہے؟ اس کی ظاہری علامت یہ طے کی گئی ہے کہ کھڑے کھڑے سونا یا رکوع، سجدہ اور قعدہ کی حالت میں سونا یا مقعد زمین پر جما کر سونا چوکنا سونا ہے، اس طرح سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، اور ٹیک لگا کر سونا، یا لیٹ کر یا کروٹ پر سونا غفلت والا سونا ہے، یہ نیند ناقض وضو ہے، تفصیل کتاب الوضوء (باب ۵۳ تحفۃ القاری ۱: ۵۴۵) میں گذر چکی ہے۔

سوال: جب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر رک گئے تھے اور آنحضور ﷺ کی اقتداء میں تہجد پڑھا تھا تو انھوں نے بھی آپؐ سے یہ سوال کیا تھا کہ یا رسول اللہ! آپؐ نماز میں سو گئے تھے؟ پس آپؐ نے جواب دیا: نماز میں سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، کروٹ پر لیٹ کر سونے سے وضو ٹوٹتا ہے کیونکہ اس صورت میں بدن کے جوڑ ڈھیلے پڑ جاتے ہیں، اور جب حضرت عائشہؓ نے یہی سوال کیا تو آپؐ نے دوسرا جواب دیا کہ میری صرف آنکھیں سوتی ہیں دل نہیں سوتا پس یہ ایک طرح کا تعارض ہے۔

جواب: نبی ﷺ نے ایک ہی سوال کے جو دو مختلف جواب دیئے ہیں: اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر ایک کو وہ بات بتائی جو اس کے لائق تھی اور موقع کے مناسب تھی، ابن عباسؓ کی روایت میں واقعہ سجدہ میں سونے کا تھا اس لئے آپؐ نے مسئلہ بتایا کہ اس حالت میں سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، لیٹ کر سونے سے وضو ٹوٹتا ہے اور حضرت عائشہؓ کی حدیث میں لیٹ کر سونے کا واقعہ تھا اس لئے ان کو یہ مسئلہ بتایا کہ انبیاء کی نیند ناقض وضو نہیں کیونکہ وہ غافل نہیں سوتے ان کی صرف آنکھیں سوتی ہیں، دل نہیں سوتا، جیسے ہم لیٹ کر آنکھیں بند کر لیں اور نیند نہ آئے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا، کیونکہ اس حالت میں اگر کوئی ناقض وضو پیش آئے گا تو اس کا ہمیں احساس ہو جائے گا، اسی طرح انبیاء کو سونے کی حالت میں بھی احساس ہوتا ہے اس لئے ان کا لیٹ کر سونا بھی ناقض وضو نہیں۔

[۱۱۴۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِيْ شَيْئٍ مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ جَالِسًا، حَتَّى إِذَا كَبِرَ قَرَأَ جَالِسًا، فَإِذَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنَ السُّوْرَةِ ثَلَاثُوْنَ آيَةً أَوْ أَرْبَعُوْنَ آيَةً قَامَ فَقَرَأَهُنَّ، ثُمَّ رَكَعَ. [راجع: ۱۱۱۸]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے، نبی ﷺ تہجد ہمیشہ کھڑے ہوکر پڑھتے تھے، البتہ حیات طیبہ کے آخری سال میں بڑھاپے اور کمزوری کی وجہ سے آپؐ نے بیٹھ کر تہجد پڑھا ہے، آپؐ بیٹھ کر قراءت فرماتے تھے، جب تیس چالیس آیتیں رہ جاتیں تو کھڑے ہوکر پڑھتے پھر رکوع سجدے کرتے اور دوسری رکعت بھی اسی طرح پڑھتے، یعنی طویل قراءت، تعداد رکعات اور حسن صلوٰۃ آخر تک یکساں رہتا، اور آخری سال میں کمزوری کی وجہ سے کھڑے ہونے میں دشواری ہوئی تو آپؐ بیٹھ کر قراءت فرماتے، لیکن قراءت کی مقدار اور رکعات کی تعداد نہیں گھٹائی .... حَتّٰی کَبِرَ: باب سمع سے ہے: بوڑھا ہونا، اور باب کرم سے کَبُرَ کے معنی ہیں: بڑے مرتبہ والا ہونا، آنحضور ﷺ ہمیشہ سے بڑے مرتبہ والے تھے، اس لئے یہ فعل باب سمع سے ہے۔

بَابُ فَضْلِ الطُّهُوْرِ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَفَضْلِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْوُضُوْءِ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

شب وروز میں پاکی کی اہمیت اور شب وروز میں وضو کے بعد نماز کی اہمیت

یہ لمبا باب ہے، اور اس پر نسخے بنا رکھے ہیں، کسی نسخہ میں کچھ ہے اور کسی میں کچھ، ہم کتاب میں جو الفاظ ہیں ان کو لے کر چلتے ہیں، اس باب میں وضوء اور تحیۃ الوضوء کی اہمیت کا بیان ہے، چوبیس گھنٹے باوضوء رہنا چاہئے، اور جب بھی آپ وضو کریں: تحیۃ الوضوء کی دو رکعتیں ضرور پڑھیں، اس کی بڑی فضیلت ہے۔

سوال: اگر مکروہ وقت ہو؟ **جواب**: مکروہ وقت احناف کے یہاں ہوتا ہے، محدثین کے نزدیک کوئی مکروہ وقت نہیں، امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سبب والی نفل نماز ہر وقت پڑھ سکتے ہیں اور تحیۃ الوضوء سبب والی نماز ہے پس اس کو ہر وقت پڑھ سکتے ہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے مطلق فرمایا کہ چوبیس گھنٹے میں جب بھی آپ وضو کریں خواہ نیا وضو کریں یا وضو پر وضو کریں: تحیۃ الوضوء پڑھنی چاہئے اس کا بڑا ثواب ہے، یہ مؤمن کا ہتھیار ہے، شیطان کے شہوانی حملوں سے باوضوء رہنا بچاتا ہے، آدمی برے خیالات نہیں پکاتا۔

[۱۷-] بَابُ فَضْلِ الطُّهُوْرِ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَفَضْلِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْوُضُوْءِ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

[۱۱۴۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِبِلَالٍ عِنْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ: "يَابِلَالُ! حَدِّثْنِيْ بِأَرْجَى عَمَلٍ عَمِلْتَهُ فِي الإِسْلَامِ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ دَفَّ نَعْلَيْكَ بَيْنَ يَدَيَّ فِي الْجَنَّةِ" قَالَ: مَا عَمِلْتُ عَمَلًا أَرْجَى عِنْدِيْ أَنِّيْ لَمْ أَتَطَهَّرْ طُهُوْرًا فِيْ سَاعَةِ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ، إِلَّا صَلَّيْتُ بِذٰلِكَ الطُّهُوْرِ مَا كُتِبَ لِيْ أَنْ أُصَلِّيَ.

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فجر کی نماز کے بعد حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے

پوچھا: مجھ سے اپنا وہ عمل بیان کرو جو اسلام میں تم نے کیا ہے اور جس پر تمہیں ثواب کی سب سے زیادہ امید ہے؟ کیونکہ میں نے جنت میں تمہارے چپلوں کی چاپ اپنے آگے سنی ہے! حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: مجھے سب سے زیادہ ثواب کی امید اپنے اس عمل سے ہے کہ میں نے رات یا دن میں جب بھی وضو کیا تو حسب توفیق نماز ضرور پڑھی ہے۔

تشریح: اس خواب کو حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ اس طرح بیان کرتے ہیں: آپؐ نے پوچھا: تم کونسے عمل کی وجہ سے جنت میں مجھ سے پہلے پہنچ گئے؟ میں جب بھی جنت میں گیا تو تمہارے قدموں کی چاپ آگے سنائی دی! حضرت بلالؓ نے اپنے دو عمل بیان کئے، ایک: یہ کہ وہ جب بھی اذان دیتے ہیں تو اس کے بعد دو رکعتیں پڑھتے ہیں، دوسرا: یہ کہ وہ ہمیشہ باوضو رہتے ہیں، اور ہر وضو کے بعد دو رکعتیں ضرور پڑھتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: انہی دو عملوں کی وجہ سے! (تم اس درجہ کو پہنچے ہو)

اور پہلے یہ بتایا ہے کہ بڑی معراج کے علاوہ پانچ منامی معراجیں بھی ہوئی ہیں، ان میں سے کسی ایک معراج کا یہ واقعہ ہے، آپؐ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اپنے آگے چلتے ہوئے دیکھا، ہر آدمی کا چلنے کا ایک انداز ہوتا ہے جس سے وہ پہچان لیا جاتا ہے، اور اس تقدم سے آپؐ نے رسوخ فی الدین کی تعبیر لی، پس اس سے وضو کی اہمیت نکلی اور تحیۃ الوضو کی بھی۔

سوال: ایک امتی نبی سے پہلے جنت میں کیسے پہنچ گیا؟ اور وہ نبی کے آگے کیسے چل رہا ہے؟

جواب: یہ امتی کا نبی سے آگے ہونا نہیں ہے، بلکہ خادم کا مخدوم سے آگے ہونا ہے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ خادم تھے، اور دنیا میں بھی کبھی آپؐ کے آگے چلتے تھے، وہی خواب میں نظر آیا، خواب میں علوم مخزونہ پیکر محسوس اختیار کرتے ہیں، پس یہ امتی کا نبی سے آگے ہونا نہیں ہے، بلکہ خادم کا مخدوم سے آگے ہونا ہے، اس لئے اس میں کوئی اشکال نہیں۔

اور حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں اس کی ایک دقیق وجہ بھی بیان فرمائی ہے، اور بخاری کے شروع میں جو شاہ صاحب کے تراجم لگے ہوئے ہیں اس میں بھی اس پر بحث ہے، اور تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۴۹۸:۳) میں ہے۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّشْدِيْدِ فِي الْعِبَادَةِ

عبادت میں سختی ناپسندیدہ عمل ہے

عبادت میں تکثیر مطلوب ہے، مگر بقدر طاقت ہی تکثیر ہونی چاہئے، اس میں تعمق، تشدد اور غلو نہیں ہونا چاہئے۔ اور عوام کے لئے تو تشدد اور تعمق واجب الترک ہے، جاننا چاہئے کہ تشدد مقولہ کیف سے ہے اور تکثیر مقولہ کم سے، عبادت زیادہ کرنا یہ مقدار کا مسئلہ ہے اور عبادت میں غلو کرنا کیفیت سے تعلق رکھتا ہے، اور عینی رحمہ اللہ نے تشدد کے معنی لکھے ہیں: **تحمُّلُ المشقةِ الزائدة في العبادة**: عبادت میں طاقت سے زیادہ مشقت اٹھانا یہی تشدد اور تعمق ہے[1] .... اور باب کی

(۱) تشدد اور تشدید ایک ہیں، اردو میں اول اور عربی میں ثانی مستعمل ہیں، جیسے تقدیر اور قدر ایک ہیں، اردو میں اول اور عربی میں ثانی مستعمل ہیں ۱۲

حدیثوں میں اس کی دومثالیں آئی ہیں:

پہلی مثال: نبی ﷺ گھر میں تشریف لائے، آپؐ نے دیکھا: دوستونوں کے درمیان ایک رسّی لٹک رہی ہے، آپؐ نے پوچھا: یہاں رسّی کیسی؟ عرض کیا گیا: حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے یہ رسّی باندھی ہے، رات کو جب وہ تہجد پڑھتی ہیں اور طبیعت میں سستی پیدا ہوتی ہے تو وہ رسّی پکڑ کر لٹک جاتی ہیں پس سستی دور ہوجاتی ہے، یہی تشدد اور تعمق ہے، نبی ﷺ نے وہ رسّی کھلوادی اور فرمایا: ''چاہئے کہ تم میں سے ایک نماز پڑھے اپنے نشاط تک پس جب طبیعت میں سستی پیدا ہوجائے تو نماز پڑھنا بند کردے''

دوسری مثال: ایک خاتون حضرت حولاء رضی اللہ عنہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بیٹھی تھیں کہ نبی ﷺ گھر میں تشریف لائے، آپؐ نے پوچھا: گھر میں کون خاتون ہیں؟ حضرت عائشہؓ نے بتلایا: فلاں ہیں، یہ رات بھر نماز پڑھتی ہیں، ان کی نماز کا بڑا چرچا ہے، آپؐ نے فرمایا: ''رہنے دو! تم انہی اعمال کو لازم پکڑو جن کو تم نباہ سکو، خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ اس وقت تک ملول نہیں ہوتے جب تک تم ملول نہ ہوجاؤ'' بندے کا ملول (رنجیدہ) ہونا یہ ہے کہ وہ تھک ہار کر بیٹھ رہے، عمل چھوڑ دے، اور اللہ کا ملول ہونا مشاکلۃً ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ثواب موقوف کردیتے ہیں۔

اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ اتنے ہی اعمال کو وظیفہ بنانا چاہئے جن کو نباہ سکے، پابندی کرسکے، عبادت میں غلو، تعمق اور تشدد جوانی میں تو نبھ جاتا ہے مگر بڑھاپے میں اس کو نبھانا بہت مشکل ہوجاتا ہے، پس لوگوں کو عبادت میں بے اعتدالی سے بچنا چاہئے اور عبادت میں میانہ روی اختیار کرنی چاہئے (اس حدیث کی مزید شرح تحفۃ القاری ۱: ۲۶۹ میں ہے)

[۱۸-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّشْدِيْدِ فِي الْعِبَادَةِ

[۱۱۵۰-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَإِذَا حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ بَيْنَ السَّارِيَتَيْنِ، فَقَالَ: " مَا هٰذَا الْحَبْلُ؟" قَالُوْا: هٰذَا حَبْلٌ لِزَيْنَبَ، فَإِذَا فَتَرَتْ تَعَلَّقَتْ، فَقَالَ: النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لاَ، حُلُّوْهُ، لِيُصَلِّ أَحَدُكُمْ نَشَاطَهُ، فَإِذَا فتَرَ فَلْيَقْعُدْ"

[۱۱۵۱-] وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ: عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَتْ عِنْدِيْ امْرَأَةٌ مِنْ بَنِيْ أَسَدٍ، فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " مَنْ هٰذِهِ" قُلْتُ: فُلاَنَةٌ، لاَ تَنَامُ بِاللَّيْلِ، فَذُكِرَ مِنْ صَلاَتِهَا، فَقَالَ: " مَهْ، عَلَيْكُمْ بِمَا تُطِيْقُوْنَ مِنَ الْأَعْمَالِ، فَإِنَّ اللّٰهَ لاَيَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوْا" [راجع: ۴۳]

قولہ: فذُكِرَ من صلاتها: ان کی نماز کا چرچا ہے کہ وہ رات بھر نماز پڑھتی ہیں.......... **قولہ:** حُلُّوہ: رسّی کھول دو۔

بَابُ مَایُکْرَهُ مِنْ تَرْكِ قِيَامِ اللَّيْلِ لِمَنْ كَانَ يَقُوْمُهُ

جو شخص تہجد پڑھتا تھا اس کا تہجد چھوڑ دینا ناپسندیدہ عمل ہے

کسی محبوب چیز کو اختیار کر کے اس کو چھوڑ دینا عملاً اس کی محبوبیت کا انکار ہے اور اس کا امر منکر اور امر مذموم ہونا ظاہر ہے، اور اس کی نوبت اس وقت آتی ہے جب آدمی عبادت میں تعمق اور تشدد اختیار کرے، اگر طاقت کے بقدر اعمال کرے گا تو اس کی نوبت نہیں آئے گی۔ پس نوافل اعمال کو وظیفہ بنانے سے پہلے سوچنا چاہئے کہ اس کو نباہ سکے گا یا نہیں؟ اگر نباہ سکے تو ٹھیک ہے، ورنہ ویسے ہی ذکر واذکار کرتا رہے، رات میں آنکھ کھل جائے تو نفلیں پڑھ لے وظیفہ نہ بنائے، جب کسی عمل کو وظیفہ بنالیا تو اب اس کو فرض کی طرح نبھانا ہے، اگر اس کو چھوڑ دے گا تو ضرر پہنچے گا، مثلاً سالکین کو ذکر جہری اس وقت شروع کرنا چاہئے جب وہ اس کی پابندی کر سکیں، پابندی نہیں کریں گے تو سنن مؤکدہ تک پڑھنے کو جی نہیں چاہے گا، یہی پابندی نہ کرنے کا ضرر ہے، پس دونوں بابوں میں ربط یہ ہے کہ بے اعتدالی سے عبادت مت کرو ورنہ نباہ نہ سکو گے۔

[۱۹-] بَابُ مَایُکْرَهُ مِنْ تَرْكِ قِيَامِ اللَّيْلِ لِمَنْ كَانَ يَقُوْمُهُ

[۱۱۵۲-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ الْحُسَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه سلم: "يَا عَبْدَ اللّٰهِ! لَا تَكُنْ مِثْلَ فُلَانٍ، كَانَ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ فَتَرَكَ قِيَامَ اللَّيْلِ"

وَقَالَ هِشَامٌ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الْعِشْرِيْنَ، قَالَ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيىَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثُوْبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بِهٰذَا مِثْلَهُ، وَتَابَعَهُ عَمْرُو بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ.[راجع: ۱۱۳۱]

حدیث: نبی ﷺ نے حضرت عبداللہ سے فرمایا: ''عبداللہ! فلاں جیسے نہ ہو جاؤ، وہ رات میں (تہجد کے لئے) اٹھتا تھا، پھر اس نے رات میں اٹھنا چھوڑ دیا!''

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تہجد فرض نہیں، ورنہ آپؐ اس شخص پر سخت نکیر کرتے، نیز باب بھی ثابت ہوا کہ نوافل اعمال پر مداومت ضروری ہے، ورنہ وہ عبادت کڑھی سا ابال ہو کر رہ جائے گی، حضرت عبداللہ بن عمروؓ بڑے عابد تھے، ہر دن روزہ رکھتے تھے اور پوری رات نفلیں پڑھتے تھے، نبی ﷺ نے ان کو نصیحت کی کہ اعتدال قائم کرو، اگر نوافل اعمال میں تعمق اور تشدد سے کام لوگے تو تمہارا حال فلاں جیسا ہو جائے گا جو تہجد کے لئے اٹھتا تھا، پھر اٹھنا چھوڑ دیا، معمول کو نباہ نہ سکا، پس تمہارا بھی کہیں یہ حال نہ ہو جائے، اس لئے اعتدال سے کام لو۔

سند کا بیان: امام اوزاعی رحمہ اللہ سے اس حدیث کو متعدد حضرات روایت کرتے ہیں، مبشّر بن اسماعیل اور عبداللہ بن المبارک کی حدیث میں یحییٰ براہ راست ابوسلمہ سے تحدیث کی صراحت کے ساتھ روایت کرتے ہیں، اور ابن ابی العشرین (کاتب الاوزاعی) کی سند میں عمر بن الحکم بن ثوبان کا واسطہ ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد ان سندوں سے یہ واضح کرنا ہے کہ یحییٰ: ابوسلمہ سے براہ راست بھی روایت کرتے ہیں اور عمر بن الحکم کے واسطہ سے بھی، پس جس سند میں واسطہ ہے: وہ مزید فی متصل الاسناد ہے۔

اور ابن ابی العشرین: امام اوزاعی کے کاتب تھے، ان کی کنیت ابوسعید اور نام عبدالحمید تھا، یہ متکلم فیہ راوی ہے، اس لئے امام بخاریؒ نے تقویت کے لئے متابع پیش کیا، عمرو بن ابی سلمہ بھی عمر بن الحکم کا نام زیادہ کرتے ہیں۔

بَابٌ

عبادت میں اعتدال پیدا کرنے کے لئے وظیفہ کی مقدار گھٹا دی جائے تو اس میں کچھ حرج نہیں

یہ باب کالفصل من الباب السابق بھی ہوسکتا ہے، پس اوپر والے باب پر حدیث سے استدلال الگ طریقہ سے کریں گے، اور چاہیں تو نیا باب بھی قائم کرسکتے ہیں۔ ایک شخص بہت زیادہ عبادتیں کرتا ہے، وہ اعتدال پیدا کرنے کے لئے اگر کچھ وظیفہ گھٹا دے تو یہ مذموم نہیں، سابق باب میں یہ تھا کہ ایک شخص تہجد پڑھتا تھا پھر اس کو چھوڑ دیا، یہ مذموم ہے، لیکن اگر بارہ رکعتیں پڑھتا تھا پھر آٹھ کردیں تو یہ بھی بعض تہجد کا چھوڑنا ہے مگر یہ مذموم نہیں، حضرت رحمہ اللہ یہ باب لائے کہ اگر عبادت میں اعتدال پیدا کرنے کے لئے کسی نے بعض قیام ترک کردیا تو یہ باب سابق کا مصداق نہیں، ایسا کرنا جائز ہے، نبی ﷺ نے اعتدال پیدا کرنے ہی کے لئے حضرت عبداللہ بن عمرو کا معمول کم کرایا تھا۔

[۲۰-] بَابٌ

[۱۱۵۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه سلم: " أَ لَمْ أُخْبَرْ أَ نَّكَ تَقُوْمُ اللَّيْلَ وَتَصُوْمُ النَّهَارَ؟" قُلْتُ: إِنِّيْ أَفْعَلُ ذٰلِكَ، قَالَ: " فَإِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ هَجَمَتْ عَيْنُكَ، وَنَفِهَتْ نَفْسُكَ، وَإِنَّ لِنَفْسِكَ حَقًّا، وَلِأَهْلِكَ حَقًّا، فَصُمْ وَأَفْطِرْ، وَقُمْ وَنَمْ" [راجع: ۱۱۳۱]

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: کیا میں یہ بات نہیں بتایا گیا کہ تم رات میں نفلوں میں کھڑے رہتے ہو، اور دن میں روزے رکھتے ہو؟ میں نے عرض کیا: بیشک میں ایسا کرتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: "اگر تم ایسا کروگے تو تمہاری آنکھیں دھنس جائیں گی اور تمہاری طبیعت سست پڑ جائے گی اور بے شک تمہارے نفس کا

حق ہے، اور تمہاری بیوی کا بھی حق ہے، پس روزے رکھو اور نہ بھی رکھو، اور تہجد پڑھو اور سوؤ بھی۔

تشریح: جب کوئی شخص رات بھر نفلیں پڑھے گا اور آنکھیں مل مل کر نیند اڑائے گا تو آنکھیں دھنس جائیں گی، دیکھنے میں بھی بری معلوم ہونگی اور روشنی پر بھی اثر پڑے گا، اور زیادہ دنوں تک معمول جاری نہیں رکھ سکے گا، تھک ہار کر بیٹھ رہے گا، پس اعتدال پیدا کرنا چاہئے، کیونکہ آدمی پر نفس کا بھی حق ہے، اور بیوی کا بھی، سب کے حقوق ادا کرنا عبادت میں اعتدال قائم کرکے ہی ممکن ہے۔

حدیث کا پس منظر: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما ہمیشہ روزہ رکھتے تھے، اور رات بھر نفلیں پڑھتے تھے، جب ان کی شادی ہوئی تو ایک مہینہ کے بعد ان کے ابا نے بہو سے پوچھا: **کیف وجدتِ عبد الله**؟: عبداللہ سے تمہارا معاملہ کیسا رہا؟ اس نے جواب دیا: رجلٌ صالحٌ صَوَّامٌ قَوَّامٌ: نیک آدمی ہیں، ہمیشہ روزے رکھتے ہیں اور رات بھر نفلیں پڑھتے ہیں! اور یہ کہتے ہوئے شرم سے نظریں جھکالیں، حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بڑے زیرک تھے، سمجھ گئے اور خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور بات آپؐ کو بتائی، آپ اسی دن یا دوسرے دن سابقہ اطلاع کے بغیر حضرت عبداللہ کے گھر پہنچے، حضرت عبداللہؓ حیرت میں پڑ گئے، اور بیٹھنے کے لئے گدہ پیش کیا، آپؐ نیچے بیٹھے اور حضرت عبداللہ سے کہا: بیٹھ جاؤ، اور ان سے حدیث میں مذکور بات کی تصدیق چاہی، انھوں نے اقرار کیا، پس آپؐ نے فرمایا: تم یہ معمول نہیں نباہ سکو گے آنکھیں دھنس جائیں گی اور طبیعت سست پڑ جائے گی، پس نفس کا بھی حق ہے، رات میں اس کو بھی کچھ آرام پہنچاؤ، اور دیکھو بیوی بھی گھر آئی ہے، اس کا بھی کچھ حق ہے، اسے بھی ادا کرو، اور اللہ کا بھی حق ہے پس سب حقوق ادا کرو، اس طرح آپؐ نے حضرت عبداللہ کے معمول میں اعتدال پیدا کیا۔

لغات: هَجَمَتِ العينُ (ن) آنکھ دھنسنا .... نَفَهَ (ف) نُفُوْهًا: کمزور ہونا، نَفِهَتْ (س) نفسُ فلانٍ: تھکا ماندہ ہونا، طبیعت کا سست پڑنا اور اکتا جانا، فهو نَافِهٌ، والجمع نُفَّهٌ۔

بَابُ فَضْلِ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلَّى

اس شخص کی فضیلت جو رات میں ذکر کرتا ہوا بیدار ہوا، پھر اس نے نماز پڑھی

آدمی نیند سے کچھ بڑبڑاتا ہوا بیدار ہو تو اس کے لئے فعل تَعَارَّ (مادّہ: ع، ر، ر) استعمال ہوتا ہے، اور باب میں رات میں ذکر کرتے ہوئے بیدار ہونا مراد ہے، بندہ جس حال میں سوتا ہے اسی حال میں بیدار ہوتا ہے، جو بیڑی پیتا ہوا سوتا ہے وہ آنکھ کھلتے ہی تکیہ کے نیچے بیڑی ڈھونڈھتا ہے اور جو ذکر کرتا ہوا سوتا ہے وہ ذکر کرتا ہوا بیدار ہوتا ہے، پس جو بندہ تہجد کے وقت ذکر کرتا ہوا بیدار ہو، پھر تہجد پڑھے تو اس کی کیا فضیلت ہے؟

[۲۱-] بَابُ فَضْلِ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلَّى

[١١٥٤-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ: هُوَ ابْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَيْرُ ابْنُ هَانِئٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ جُنَادَةُ بْنُ أَبِيْ أُمَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَادَةُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ، فَقَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، أَوْ دَعَا اسْتُجِيْبَ لَهُ، فَإِنْ تَوَضَّأَ [وَصَلَّى] قُبِلَتْ صَلاَتُهُ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص رات میں بیدار ہوا پس اس نے کہا: لا إلٰه إلا الله إلخ: پھر اس نے کہا: اے اللہ! میری مغفرت فرما، یا کوئی دعا کی تو اس کی دعا قبول کی جاتی ہے، پھر اگر وہ وضو کرے اور نماز پڑھے تو اس کی نماز قبول کی جاتی ہے، اس کی دعا اور نماز کا قبول ہونا اس کے لئے فضیلت ہے۔

[١١٥٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي الْهَيْثَمُ ابْنُ أَبِيْ سِنَانٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، وَهُوَ يَقُصُّ فِيْ قَصَصِهِ، وَهُوَ يَذْكُرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ أَخًا لَكُمْ لاَيَقُوْلُ الرَّفَثَ، يَعْنِيْ بِذٰلِكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ:

وَفِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ يَتْلُوْ كِتَابَهُ ۞ إِذَا انْشَقَّ مَعْرُوْفٌ مِنَ الْفَجْرِ سَاطِعُ
أَرَانَا الْهُدَى بَعْدَ الْعَمَى فَقُلُوْبُنَا ۞ بِهِ مُوْقِنَاتٌ أَنَّ مَا قَالَ وَاقِعُ
يَبِيْتُ يُجَافِيْ جَنْبَهُ عَنْ فِرَاشِهِ ۞ إِذَا اسْتَثْقَلَتْ بِالْمُشْرِكِيْنَ الْمَضَاجِعُ

تَابَعَهُ عُقَيْلٌ، وَقَالَ الزُّبَيْدِيُّ: أَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَعِيْدٍ، وَالْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ. [انظر: ٦١٥١]

ترجمہ: ہَیْثَم بن ابی سنان نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، درانحالیکہ وہ اپنی باتوں (وعظ) میں بیان کر رہے تھے اور وہ رسول اللہ ﷺ کا ذکر کر رہے تھے، یعنی آپ ﷺ کے فضائل بیان کر رہے تھے (اس بیان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا:) بے شک تمہارے بھائی زن وشوئی کی باتیں نہیں کر رہے: تمہارے بھائی سے وہ عبداللہ بن رواحہؓ کو مراد لے رہے ہیں (عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی منقبت میں درج ذیل اشعار کہے ہیں:)

۱- اور ہم میں اللہ کے رسول ہیں، جو اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں ÷ جس وقت مشہور چیز یعنی بلند ہونے والی صبح کی پو پھٹتی ہے، یعنی نبی ﷺ تہجد میں قرآنِ کریم کی تلاوت کرتے ہیں۔

۲- ہمیں اندھے پن کے بعد راہ دکھائی، پس ہمارے دل ÷ ان کی بات کا پورا یقین کرنے والے ہیں کہ جو کچھ انھوں

نے فرمایا ہے وہ پیش آنے والا ہے۔

۳- وہ اس حال میں رات گذارتے ہیں کہ اپنے پہلو کو اپنے بستر سے علاحدہ رکھتے ہیں÷ جب مشرکین کے ساتھ خواب گاہیں بوجھل ہوتی ہیں، یعنی وہ مزے کی نیند لے رہے ہوتے ہیں۔

لغات: قِصَص (بکسر القاف) قِصَّۃ کے جمع ہے، اس کے معنی ہیں: واقعات، اور قَصَص (بالفتح) کے معنی ہیں: بیان کرنا ﴿نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ﴾ ہم آپ کے سامنے شاندار انداز میں بیان کرتے ہیں .... رَفَث کے معنی ہیں: زن وشوئی کی باتیں کرنا، ارشاد پاک ہے: ﴿فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ﴾: جس نے اشہرِ حج میں حج کا احرام باندھا وہ زن وشوئی کی باتیں نہ کرے اور نہ کوئی گناہ کا کام کرے اور نہ کسی سے جھگڑے، حنفیہ کے نزدیک: اگر بیوی سامنے ہو اور زن وشوئی کی باتیں کرے تو رفث ہے ورنہ نہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خواہ بیوی موجود ہو یا نہ ہو، ہر صورت میں زن وشوئی کی باتیں کرنا رفث ہے، تفصیل ہدایہ کی کتاب الحج میں ہے .... من الفجر میں من بیانیہ ہے اور فجر سے صبح کاذب مراد ہے .... **معروف:** جانی پہچانی چیز، ضرورت شعری کی وجہ سے بھرتی کا لفظ لائے ہیں .... **ساطعٌ:** چڑھنے والی، صبح کاذب چڑھنے والی روشنی ہوتی ہے .... به کی ضمیر نبی ﷺ کی طرف راجع ہے۔

تشریح: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بہترین واعظ تھے، وہ جمعہ کے دن جامع مسجد میں خطبہ سے پہلے وعظ کہا کرتے تھے، انھوں نے ایک مرتبہ اپنے وعظ میں نبی ﷺ کا ذکر کیا اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے اشعار سنائے، ابن رواحہ نبی ﷺ کے شاعر اور انصاری صحابی تھے، قبیلہ خزرج سے ان کا تعلق تھا، بدر واحد میں شریک رہے ہیں اور غزوۂ موتہ میں ۸ھ میں شہید ہوئے ہیں، انھوں نے چند اشعار کہے ہیں۔ کتاب الحیض (باب ۷، تحفۃ القاری ۲: ۹۳) میں اس حدیث کی طرف میں نے اشارہ کیا ہے، جب یہ مسئلہ آیا تھا کہ حالت حیض میں قرآن پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ اپنی باندی سے صحبت کر رہے تھے کہ ان کی بیوی نے دیکھ لیا، وہ چھری لینے گئی اتنی دیر میں وہ صحبت سے فارغ ہو گئے، بیوی خنجر لے کر آئی اور سینہ پر چڑھ بیٹھی، وہ بیچارے مرتے کیا نہ کرتے، انھوں نے بیوی سے کہا: اگر میں نے باندی سے صحبت کی ہے تو میں جنبی ہوں اور تم جانتی ہو کہ جنبی قرآن نہیں پڑھ سکتا، بیوی نے کہا: ٹھیک ہے، قرآن پڑھ کر دکھاؤ، انھوں نے فی البدیہہ مذکورہ اشعار کہے، اور قرآن کے لہجہ میں پڑھے، بیوی نے ان کو قرآن سمجھا اور وہ یہ کہہ کر اٹھ گئی کہ میری آنکھوں نے غلط دیکھا اور اللہ کے رسول نے صحیح فرمایا، چونکہ بیوی کے سامنے یہ اشعار پڑھے ہیں اس لئے کوئی خیال کر سکتا تھا کہ یہ رفث ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ رفث نہیں ہے، تمہارے بھائی نے رفث نہیں کیا، بلکہ قیمتی باتیں کہی ہیں، نبی ﷺ کی بہترین منقبت بیان کی ہے۔

مناسبت: باب کے دو جزء ہیں، پہلی حدیث فضل من تعار باللیل سے متعلق ہے اور یہ حدیث فَصَلَّى سے متعلق

ہے، اس میں نبی ﷺ کی نماز کا ذکر ہے۔

سند کا بیان: پہلی سند امام زہری رحمہ اللہ کے شاگرد یونس اَیلی کی ہے، پھر آخر میں زبیدی کی سند لائے ہیں جو پہلی سند سے مختلف ہے، یہ دونوں سندیں صحیح ہیں اور راجح پہلی سند ہے، کیونکہ عقیل: یونس کے متابع ہیں۔

[۱۱۵۶-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، كَأَنَّ بِيَدِيْ قِطْعَةَ إِسْتَبْرَقٍ، فَكَأَنِّيْ لاَ أُرِيْدُ مَكَانًا مِنَ الْجَنَّةِ إِلَّا طَارَتْ إِلَيْهِ، وَرَأَيْتُ كَأَنَّ اثْنَيْنِ أَتَيَانِيْ، أَرَادَا أَنْ يَذْهَبَا بِيْ إِلَى النَّارِ، فَتَلَقَّاهُمَا مَلَكٌ، فَقَالَ: لَمْ تُرَعْ، خَلِّيَا عَنْهُ.
[راجع: ٤٤٠]

[۱۱۵۷-] فَقَصَّتْ حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِحْدَى رُؤْيَايَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللهِ، لَوْ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ!" [راجع: ١١٢٢]

[۱۱۵۸-] فَكَانَ عَبْدُ اللهِ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ، وَكَانُوْا لاَ يَزَالُوْنَ يَقُصُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الرُّؤْيَا: أَنَّهَا فِيْ اللَّيْلَةِ السَّابِعَةِ مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَرَى رُؤْيَاكُمْ قَدْ تَوَاطَأَتْ فِيْ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، فَمَنْ كَانَ مُتَحَرِّيْهَا فَلْيَتَحَرَّهَا مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ" [انظر: ٢٠١٥، ٦٩٩١]

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے زمانہ میں خواب دیکھا، گویا میرے ہاتھ میں ریشم کا ٹکڑا ہے، پس گویا میں جنت کی کسی جگہ کا ارادہ نہیں کرتا مگر وہ ٹکڑا اس جگہ کی طرف اڑ جاتا ہے یعنی وہ ریشم کا ٹکڑا ابن عمرؓ کو اس جگہ اڑا کر لے جاتا ہے —— (دوسرا خواب) اور میں نے دیکھا گویا دو آدمی میرے پاس آئے، ان دونوں نے مجھے دوزخ میں لے جانا چاہا، پس ان دونوں سے ایک فرشتہ نے ملاقات کی، پس اس نے کہا: گھبراؤ نہیں، دونوں ان کو چھوڑ دو!

پس حفصہؓ نے نبی ﷺ سے میرے دو خوابوں میں سے ایک خواب بیان کیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''عبداللہ بہت اچھا آدمی ہے! کاش وہ رات میں نماز پڑھتا!''

پس عبداللہ رات میں نماز پڑھا کرتے تھے، اور صحابہ برابر نبی ﷺ سے خواب بیان کیا کرتے تھے کہ شب قدر رمضان کی آخری دس راتوں کی ساتویں رات میں ہے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں تمہارے خوابوں کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ آخری دس راتوں پر متفق ہیں، پس جو شخص شب قدر کو ڈھونڈھے پس چاہئے کہ وہ آخری دس راتوں میں ڈھونڈھے''

تشریح: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے دو خواب دیکھے تھے، ایک خواب کی تعبیر واضح تھی اس لئے اس کے بارے میں نبی ﷺ سے نہیں پوچھا اور دوسرے خواب کی تعبیر واضح نہیں تھی، اور وہ ڈراؤنا خواب بھی تھا اس لئے خود تعبیر نہیں پوچھی بلکہ اپنی بہن ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے تعبیر پوچھنے کے لئے کہا، رہی یہ بات کہ کونسا خواب پہلے

دیکھا؟ یہ معلوم نہیں، بظاہر وہ خواب جو حضور ﷺ کو سنایا ہے وہ پہلا ہے اور اس کے بعد جب انھوں نے تہجد شروع کردیا اور رات کا بیشتر حصہ تہجد میں گذارنے لگے تو دوسرا خواب دیکھا کہ وہ جنت میں ہیں، اور ان کے ہاتھ میں ریشم کا کپڑا ہے وہ کپڑا ان کو جہاں وہ چاہتے ہیں اڑا کر لے جاتا ہے، یہ خواب واضح تھا، اس لئے اس کی تعبیر نہیں پوچھی، اور یہ حدیث بھی باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے، اس میں بھی رات میں نماز پڑھنے کی فضیلت ہے۔

قوله: خَلِّيَا عنه: یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے، وہاں یہ جملہ نہیں تھا، جو دو فرشتے ابن عمرؓ کو جہنم پر لے گئے تھے ان سے ایک تیسرے فرشتہ نے کہا: ان کو چھوڑ دو .... **فَقَصَّت حفصةُ إحدى رؤياى:** حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے میرے دو خوابوں میں سے ایک خواب نبی ﷺ سے بیان کیا........... **فكان عبد الله يُصلى من الليل:** یہ جملہ باب سے متعلق ہے اور باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے........... **وكانوا لايزالون يقصون:** ایک رمضان میں متعدد صحابہ نے لیلۃ القدر کو خواب میں دیکھا اور سب نے شب قدر کو آخری عشرہ کی ساتویں رات میں دیکھا، یعنی ستائیسویں رات میں دیکھا، اور دیگر مختلف راتوں میں بھی دیکھا، انھوں نے نبی ﷺ سے اپنے خواب بیان کئے تو آپؐ نے فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں کہ تمہارے خواب شب قدر کے آخری عشرہ میں ہونے پر متفق ہیں، لہٰذا شب قدر کو آخری عشرہ میں تلاش کرو، اور شب قدر کو تلاش کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آخری عشرہ کی ہر رات میں ذکر واذکار، تلاوت، عبادت اور نمازوں کا اہتمام کرو، اور یہی اس باب کا مقصود ہے۔

بَابُ الْمُدَاوَمَةِ عَلَى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

فجر کی سنتوں کی پابندی کرنا

کتاب التہجد پوری ہوئی، اب ابواب التطوع شروع کررہے ہیں، سنن مؤکدہ بھی نوافل ہیں اور رات گذرنے کے بعد سب سے پہلے فجر کی سنتیں پڑھی جاتی ہیں، اس لئے سب سے پہلے ان کو بیان کرتے ہیں۔

فجر کی دو رکعتیں واجب ہیں یا سنت؟ حضرت حسن بصری اور امام ابوحنیفہ رحمہما اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ واجب ہیں، لیکن جمہور اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک سنت ہیں، اور علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ نے وجوب کا قول اختیار کیا ہے، مگر احناف کے یہاں مفتی بہ قول سنت مؤکدہ کا ہے۔

اور واجب اور سنت میں فرق یہ ہے کہ واجب کی ابداً قضاء ہے اور سنت کی قضاء نہیں، ہاں بدل ہے، اور ایک وقت تک ہے، پھر وہ بھی نہیں، جیسے تہجد نہ پڑھ سکے تو طلوع شمس کے بعد مکروہ وقت نکلنے کے بعد سے زوال تک تہجد کا بدل پڑھنے کا وقت ہے، اسی طرح فجر کی سنتیں رہ جائیں تو ان کا بدل بھی اس وقت میں پڑھ سکتے ہیں، زوال کے بعد بدل کا وقت بھی نہیں رہتا۔

جاننا چاہئے کہ نبی ﷺ نے فجر کی سنتیں مواظبت تامہ کے ساتھ پڑھی ہیں، زندگی میں ایک بار بھی ان کو ترک نہیں کیا،

اسی لئے حضرت حسن بصریؒ نے ان کو واجب قرار دیا ہے اور امام اعظمؒ کی بھی ایک روایت یہی ہے، مگر اس پر فتوی نہیں، اس لئے کہ محض مواظبتِ تامہ سے وجوب ثابت نہیں ہوتا، بلکہ اس کے ساتھ وجوب کے قرائن ضروری ہیں اور یہاں قرائن نہیں، امام بخاریؒ نے باب میں لفظ مداومت سے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ وجوب کے قائلین کی دلیل مواظبتِ تامہ ہے۔

[۲۲-] بَابُ الْمُدَاوَمَةِ عَلَى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

[۱۱۵۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، هُوَ ابْنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْعِشَاءَ، ثُمَّ صَلَّى ثَمَانِيَ رَكْعَاتٍ، وَرَكْعَتَيْنِ جَالِسًا، وَرَكْعَتَيْنِ بَيْنَ النِّدَاءَيْنِ، وَلَمْ يَكُنْ يَدَعُهُمَا أَبَدًا.[راجع: ۶۱۹]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ نے عشاء کی نماز پڑھی، پھر آٹھ رکعتیں پڑھیں، یہ تہجد ہے، اور دو رکعتیں بیٹھ کر پڑھیں (یہ وتروں کے بعد کی دو نفلیں ہیں جو آپؐ بیٹھ کر پڑھا کرتے تھے، اور وتر کا ذکر یہاں نہیں) اور دو اذانوں کے درمیان یعنی فجر کی اذان واقامت کے درمیان دو رکعتیں پڑھیں، اور آپؐ نے ان کو کبھی نہیں چھوڑا۔

بَابُ الضِّجْعَةِ عَلَى الشِّقِّ الْأَيْمَنِ بَعْدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

فجر کی سنتیں پڑھ کر دائیں کروٹ لیٹنا

بَابُ مَنْ تَحَدَّثَ بَعْدَ الرَّكْعَتَيْنِ، وَلَمْ يَضْطَجِعْ

فجر کی سنتیں پڑھ کر باتیں کرنا اور نہ لیٹنا

ان دونوں بابوں کا مقصد یہ ہے کہ فجر کے فرضوں اور سنتوں کے درمیان فصل ہونا چاہئے، لیٹنا ضروری نہیں، غیر مقلدین کے نزدیک لیٹنا ضروری ہے بلکہ بعض کے نزدیک تو لیٹنا نماز فجر کی صحت کے لئے شرط ہے، اگر نہیں لیٹے گا تو فجر کی نماز صحیح نہیں ہوگی۔ امام بخاریؒ نے ان کی تردید کی ہے، اور یکے بعد دیگرے دو باب لائے ہیں کہ فجر کی سنتیں پڑھ کر نبی پاک ﷺ لیٹے بھی ہیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے باتیں بھی کی ہیں، معلوم ہوا کہ لیٹنا ضروری نہیں، فصل کرنا مقصود ہے، اور حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ کی رائے یہ تھی کہ فصل کرنا بھی مقصود نہیں، طبیعت میں نشاط پیدا کرنا مقصود ہے، تھوڑی دیر لیٹنے سے بھی نشاط پیدا ہوتا ہے اور محبوب سے دو گھڑی باتیں کرنے سے بھی نشاط پیدا ہوتا ہے، چونکہ صدیقہؓ آنحضور ﷺ کی محبوبہ تھیں اس لئے آپؐ ان سے باتیں کرتے تھے اس وقت میں دوسری ازواج سے باتیں کرنا مروی نہیں۔

فائدہ (۱): فجر کی نماز اور سنتوں کے درمیان لیٹنا کس درجہ کا حکم ہے؟ اس سلسلہ میں آٹھ قول ہیں: ابن حزم ظاہریؒ کے

نزدیک فجر کی نماز اور سنتوں کے درمیان لیٹنا فرض ہے، چاہے تھوڑی دیر کے لئے لیٹے، اور یہ لیٹنا نماز فجر کی صحت کے لئے شرط ہے، جو شخص لیٹے بغیر فجر پڑھے گا اس کا فرض صحیح نہیں ہوگا۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سنت ہے، اور بعض علماء کے نزدیک (غالباً امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک) مستحب ہے، اور احناف کے نزدیک مباح ہے اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک بدعت ہے، یہ آٹھ اقوال میں سے چند اقوال ہیں۔

اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ یہ لیٹنا امر تشریعی تھا یعنی شرعی حکم تھا یا کسی مصلحت سے تھا؟ جو حضرات وجوب یا سنت یا استحباب کے قائل ہیں ان کے نزدیک یہ شرعی حکم تھا اور قائلین اباحت کے نزدیک یہ تہجد گذاروں کے لئے ایک مصلحت تھی، شرعی حکم نہیں تھا، جو تہجد گذار لمبے تہجد پڑھنے کی وجہ سے تھک جائیں وہ تھوڑی دیر لیٹ جائیں، پھر تھکن دور کر کے فرض پڑھیں۔

فائدہ (۲): بعض حضرات کے نزدیک گھر میں لیٹنا سنت ہے اور مسجد میں لیٹنا بدعت ہے، وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ گھر میں لیٹے ہیں، مسجد میں کبھی نہیں لیٹے، مگر یہ قول صحیح نہیں اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے مسجد نبوی میں تہجد پڑھنے والوں سے فرمایا ہے کہ جب تم فجر کی سنت پڑھ لو تو دائیں کروٹ لیٹ جاؤ (ترمذی حدیث ۴۳۰) ظاہر ہے یہ حضرات مسجد ہی میں لیٹیں گے، لیٹنے کے لئے گھر نہیں جائیں گے، اور ایک قول یہ ہے کہ یہ لیٹنا تہجد گذاروں کے لئے سنت ہے، سب لوگوں کو لئے سنت نہیں، یہ فرق معقول ہے اور احناف نے جو مباح کہا ہے اس میں سب لوگ شامل ہیں، تہجد گذار بھی اور عام مسلمان بھی۔

[۲۳-] بَابُ الضِّجْعَةِ عَلَى الشِّقِّ الْأَيْمَنِ بَعْدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

[۱۱۶۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا صَلَّى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ اضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ. [راجع: ٦٢٦]

[۲۴-] بَابُ مَنْ تَحَدَّثَ بَعْدَ الرَّكْعَتَيْنِ، وَلَمْ يَضْطَجِعْ

[۱۱۶۱-] حدثنا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمٌ أَبُو النَّضْرِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه سلم كَانَ إِذَا صَلَّى، فَإِنْ كُنْتُ مُسْتَيْقِظَةً حَدَّثَنِيْ، وَإِلَّا اضْطَجَعَ حَتّٰى يُؤَذَّنَ بِالصَّلَاةِ. [راجع: ١١١٨]

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّطَوُّعِ مَثْنٰى مَثْنٰى

نفل نماز دو دو، دو دو رکعتیں پڑھنا

یہ مسئلہ پہلے تفصیل سے بیان کیا جا چکا ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک رات اور دن کے نوافل چار چار رکعتیں ایک

سلام سے پڑھنا افضل ہے، اور ایک سلام سے دو رکعتیں پڑھنا جائز ہے، اور صاحبین کے نزدیک رات میں ایک سلام سے دو رکعتیں پڑھنا افضل ہے، اور دن میں چار۔ اور دن میں دو اور رات میں چار پڑھنا جائز ہے، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک سب نفلیں دو دو افضل ہیں، رات کی نفلیں بھی اور دن کی بھی، اور چار پڑھنا جائز ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک رات میں ایک سلام سے دو سے زیادہ نفلیں پڑھنا جائز نہیں اور دن میں دو دو پڑھنا افضل ہے اور چار پڑھنا جائز ہے، تفصیل ابواب الوتر کے پہلے باب میں گذر چکی ہے۔

چونکہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک وتر سنت ہے اور ان کے نزدیک سنن ونوافل دو دو کر کے پڑھنا افضل ہے اس لئے وہ کہتے ہیں کہ وتر کی تین رکعتیں دو سلام سے پڑھی جائیں، دو رکعتیں الگ سلام سے اور ایک رکعت الگ سلام سے، اور حنفیہ کے نزدیک وتر واجب ہیں یعنی فرض کے حکم میں ہیں، اور فرائض میں مغرب کی تین رکعتیں ایک سلام سے ہیں، پس وتر کی بھی تین رکعتیں ایک سلام سے ہیں، دو سلام سے پڑھنا جائز نہیں، دلائل ابواب الوتر میں گذر چکے ہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ ائمہ ثلاثہ کے ساتھ ہیں اور حضرت نے چھ روایتیں ذکر کی ہیں جن سے دو رکعتوں پر سلام پھیرنے کی افضلیت ثابت کی ہے اور چار نفلیں ایک سلام سے پڑھنا حضور ﷺ سے ثابت ہے، وہ روایتیں سنن میں ہیں، سنن والے مجتہد نہیں، وہ اپنے دلائل پیش نہیں کرتے بلکہ فقہاء کے دلائل پیش کرتے ہیں اور فقہاء میں دو رائیں ہیں اس لئے انھوں نے دونوں کے دلائل پیش کئے ہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ مجتہد ہیں اس لئے ان کی اپنی جو رائے ہوتی ہے اسی کے دلائل لاتے ہیں، مسئلہ کی دوسری جانب سے صرف نظر کرتے ہیں، اس لئے حضرت کی دلیلوں کا کوئی جواب نہیں دینا، وہ سب صحیح ہیں، مگر اس کے بالمقابل چار رکعتیں ایک سلام سے پڑھنے کی بھی صحیح روایتیں موجود ہیں۔

[۲۵-] بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّطَوُّعِ مَثْنَى مَثْنَى

[۱-] قَالَ مُحَمَّدٌ: وَيُذْكَرُ ذٰلِكَ عَنْ عَمَّارٍ، وَأَبِيْ ذَرٍّ، وَأَنَسٍ، وَجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، وَعِكْرِمَةَ، وَالزُّهْرِيِّ.

[۲-] وَقَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْأَنْصَارِيُّ: مَا أَدْرَكْتُ فُقَهَاءَ أَرْضِنَا إِلَّا يُسَلِّمُوْنَ فِيْ كُلِّ اثْنَتَيْنِ مِنَ النَّهَارِ.

[۱۱۶۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الْمَوَالِيْ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُعَلِّمُنَا الإِسْتِخَارَةَ فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ، يَقُوْلُ: " إِذَا هَمَّ أَحَدُكُمْ بِالْأَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيْضَةِ، ثُمَّ لْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ - أَوْ قَالَ: عَاجِلِ أَمْرِيْ وَآجِلِهِ - فَاقْدُرْهُ لِيْ، وَيَسِّرْهُ لِيْ، ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ، وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِيْ

فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ- أَوْ قَالَ: فِيْ عَاجِلِ أَمْرِيْ وَآجِلِهِ - فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ، وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ، وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ، ثُمَّ أَرْضِنِيْ بِهِ" قَالَ:" وَيُسَمِّيْ حَاجَتَهُ" [انظر: ٦٣٨٢، ٧٣٩٠]

آثار:

۱-**قال محمد**: یہ امام بخاری رحمہ اللہ کا نام ہے، حضرتؒ عام طور پر کنیت لکھتے ہیں، مگر یہاں نام لکھا ہے، فرماتے ہیں: حضرات عمار، ابوذر اور انس رضی اللہ عنہم اور حضرات جابر بن زید ابوالشعثاء، عکرمہ اور زہری رحمہم اللہ نے دو دو رکعت پر سلام پھیرنے کو افضل کہا ہے خواہ دن کی نماز ہو یا رات کی۔

۲-اور یحییٰ بن سعید انصاری (تابعی) کہتے ہیں: میں نے ہمارے علاقہ کے فقہاء کو پایا کہ وہ دن کی نفلوں میں (بھی) دو رکعت پر سلام پھیرتے تھے۔

حدیث: جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ہمیں تمام معاملات میں استخارہ سکھاتے تھے جیسا کہ ہمیں قرآن کریم کی سورت سکھاتے تھے، فرماتے تھے: جب تم میں سے کسی کے سامنے کوئی اہم معاملہ آئے تو چاہئے کہ وہ فرض کے علاوہ دو رکعتیں پڑھے یعنی استخارہ کی نیت سے دو نفلیں پڑھے (یہ باب سے متعلق جزء ہے) پھر یہ دعا کرے: اے اللہ! میں آپ سے خیر طلب کرتا ہوں آپ کی صفت علم کے ذریعہ، اور میں آپ سے قدرت طلب کرتا ہوں آپ کی صفت قدرت کے ذریعہ، اور آپ کے عظیم فضل کی بھیک مانگتا ہوں، پس بیشک آپ قادر ہیں اور میں قادر نہیں، اور آپ جانتے ہیں اور میں جانتا نہیں، اور آپ تمام چھپی چیزوں سے پوری طرح باخبر ہیں، اے اللہ! اگر آپ جانتے ہیں کہ یہ معاملہ (جب اس جگہ پہنچے تو اگر عربی جانتا ہے تو اپنی حاجت کا تذکرہ کرے مثلاً کوئی چیز بیچنی ہے تو هذا الأمر کی جگہ هذا البيع کہے، اور اگر عربی نہیں جانتا تو هذا الأمر کہتے ہوئے اس کام کا دھیان کرے جس کے لئے استخارہ کر رہا ہے) میرے لئے بہتر ہے میرے دین، میری دنیا اور میری آخرت میں —— یا کہے: میری دنیا اور میری آخرت میں (عاجل کے معنی: دنیا، اور آجل کے معنی: آخرت) —— تو اس کام کو میرے لئے مقدر فرما، اور اس کو میرے لئے آسان فرما، پھر میرے لئے اس میں برکت فرما، اور اگر آپ جانتے ہیں کہ یہ معاملہ میرے لئے برا ہے (یعنی اس کا نتیجہ خراب ہے) میرے دین، میری دنیا اور آخرت میں —— یا اس کی جگہ کہے: عاجل أمری و آجله —— تو اس کو مجھ سے پھیر دے اور مجھے اس سے پھیر دے، اور میرے لئے بھلائی مقدر فرما جہاں بھی ہو، پھر مجھے اس پر راضی کر دے —— اور فرمایا: جب هذا الأمر پر پہنچے تو اپنی حاجت کا تذکرہ کرے۔

تشریح:

۱-اس دعا کو پڑھ کر کسی سے بولے بغیر پاک جگہ قبلہ کی طرف منہ کر کے باوضو سو جائے، جب اٹھے تو جو بات مضبوطی سے دل میں آئے اس پر عمل کرے، ان شاء اللہ وہی بات بہتر ہوگی، اور کوئی خواب دیکھے اور اس کا مطلب سمجھ میں نہ آئے تو

کسی سے تعبیر معلوم کرے۔

۲- استخارہ: خیر سے باب استفعال ہے، اس کے معنی ہیں: اللہ تعالیٰ سے بہتری طلب کرنا، جو کام فرض یا واجب ہے اس میں استخارہ نہیں، فرض یا واجب کو تو کرنا ہی ہے، اسی طرح جو کام سنت یا مستحب ہیں ان میں بھی استخارہ نہیں، کیونکہ ان کے بالمقابل کام ان سے اچھے نہیں، اسی طرح حرام اور مکروہ تحریمی میں بھی استخارہ نہیں، ان سے تو بہر حال بچنا ہے، پس اب دو قسم کے کام بچے: مباح اور وہ واجب یا مستحب جن کا وقت متعین نہیں، استخارہ صرف انہی دو کاموں کے لئے ہے۔

اور استخارہ اس وجہ سے مشروع کیا گیا ہے کہ بسا اوقات آدمی ایک کام کرنا چاہتا ہے مگر اس کا انجام معلوم نہیں ہوتا، ایسی صورت میں سمجھداروں سے مشورہ کرنا بھی مسنون ہے اور نماز استخارہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے راہنمائی حاصل کرنا بھی مسنون ہے۔

رہی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ کی راہنمائی بندے کو کس طرح حاصل ہوگی؟ روایت میں اس طرف کوئی اشارہ نہیں، اور تجربہ یہ ہے کہ یہ راہنمائی کبھی خواب کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے، پھر خواب کبھی واضح ہوتا ہے اور کبھی تعبیر کا محتاج ہوتا ہے، اور کبھی راہنمائی اس طرح کی جاتی ہے کہ اس کام کے کرنے کا شدید داعیہ دل میں پیدا ہوجاتا ہے یا اس سے دل بالکل ہٹ جاتا ہے، پس ان دونوں کیفیتوں کو بھی من جانب اللہ سمجھنا چاہئے —— اور اگر استخارہ کے بعد بھی تذبذب باقی رہے تو استخارہ کا عمل جاری رکھے اور جب تک کسی ایک طرف رجحان نہ ہوجائے عملی اقدام نہ کرے۔

اور استخارہ کرنے کے لئے کوئی مدت متعین نہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تدوین حدیث کے معاملہ میں ایک مہینہ تک استخارہ کیا ہے، ایک ماہ کے بعد آپ کو شرح صدر ہوگیا تھا کہ ان کو حدیثیں مدون نہیں کرنی چاہئیں، اگر آپؓ کو شرح صدر نہ ہوتا تو آپؓ آگے بھی استخارہ جاری رکھتے، تفصیل مقدمہ (تحفۃ القاری ۱:۷۸) میں گذر چکی ہے۔

اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ نے استخارہ کی دو حکمتیں بیان فرمائی ہیں:

پہلی حکمت: زمانۂ جاہلیت میں دستور تھا: جب کوئی اہم کرنا ہوتا تھا، مثلاً سفر یا نکاح یا کوئی بڑا سودا کرنا ہوتا تھا تو وہ لوگ تیروں کے ذریعہ فال نکالا کرتے تھے، یہ تیر کعبہ شریف کے مجاور کے پاس رکھے رہتے تھے، ان میں سے کسی تیر پر أَمَرَنِیْ رَبِّیْ لکھا تھا، اور کسی پر: نھانی ربی. اور کوئی تیر بے نشان ہوتا تھا، اس پر کچھ لکھا ہوا نہیں ہوتا تھا، مجاور تھیلا ہلا کر فال طلب کرنے والے سے کہتا: ہاتھ ڈال کر ایک تیر نکال، اگر أمرنی ربی والا تیر نکلتا تو وہ شخص وہ کام کرتا اور نھانی ربی والا تیر نکلتا تو وہ کام سے رک جاتا، اور بے نشان تیر نکلتا تو دوبارہ فال نکالا جاتا، سورۂ مائدہ آیت ۳ کے ذریعہ اس کی حرمت نازل ہوئی اور حرمت کی دو وجہیں ہیں: ایک: یہ ایک بے بنیاد عمل ہے، اور محض اتفاق ہے، جب تھیلے میں ہاتھ ڈالیں گے تو کوئی نہ کوئی تیر ضرور نکلے گا۔ دوم: یہ اللہ تعالیٰ پر افتراء (جھوٹ باندھنا) ہے اللہ پاک نے کب حکم دیا ہے؟ اور کب منع کیا ہے؟ اور افتراء حرام ہے، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فال کی جگہ استخارہ کی تعلیم دی اور اس میں حکمت یہ ہے کہ جب بندہ رب علیم سے راہنمائی کی التجا کرتا ہے اور وہ اپنے معاملہ کو اپنے مولیٰ کے حوالہ کردیتا ہے اور وہ ان کی مرضی معلوم کرنے کا شدید خواہش مند

ہوجاتا ہے اور وہ اللہ کے دروازے پر جا پڑتا ہے اور اس کا دل ملتجی ہوتا ہے تو ممکن نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی راہنمائی نہ فرمائیں، اللہ تعالیٰ کی طرف سے فیضان کا دروازہ کھلتا ہے اور اس پر معاملہ کا راز کھولا جاتا ہے، پس استخارہ محض اتفاق نہیں بلکہ اس کی مضبوط بنیاد ہے۔

دوسری حکمت: استخارہ کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ انسان فرشتہ صفت بن جاتا ہے، استخارہ کرنے والا اپنی ذاتی رائے سے نکل جاتا ہے اور اپنی مرضی کو خدا کی مرضی کے تابع کر دیتا ہے اور اپنا رخ پوری طرح اللہ کی طرف کر دیتا ہے، پس اس میں فرشتوں کی سی خو بو پیدا ہوجاتی ہے، اور وہ رفتہ رفتہ فرشتوں کے مانند ہوجاتا ہے، ملائکہ کے مانند بننے کا یہ ایک تیر بہدف نسخہ ہے جو چاہے آزما کر دیکھ لے۔

[۱۱۶۳-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَمْرِو ابْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا قَتَادَةَ بْنَ رَبْعِيِّ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلاَ يَجْلِسْ حَتّٰى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ" [راجع: ٤٤٤]

وضاحت: یہ حدیث تحیۃ المسجد کی ہے اور کتاب الصلوٰۃ (باب ۶۰ تحفۃ القاری ۲: ۲۸۸) میں آچکی ہے، اور حتّٰی یُصَلِّیَ رکعتین سے استدلال ہے کہ دو رکعت پر سلام پھیرنا افضل ہے۔

[۱۱۶٤-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّى لَنَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفَ. [راجع: ٣٨٠]

وضاحت: یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ (باب ۲۰ تحفۃ القاری ۲: ۲۱۸) میں آچکی ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نانی ملیکہ رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ کی دعوت کی تھی، آپؐ نے کھانا تناول فرمانے کے بعد باجماعت دو نفلیں پڑھی ہیں، معلوم ہوا کہ رات اور دن میں نوافل دو دو رکعت پڑھنا افضل ہے۔

[۱۱٦٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ. [راجع: ٩٣٧]

وضاحت: یہ حدیث کتاب الجمعہ باب ۳۹ میں آچکی ہے اور رکعتین رکعتین سے استدلال ہے اور مع رسول اللہ میں معیت تعداد میں ہے، جماعت سے پڑھنا مراد نہیں، یعنی جتنی رکعتیں حضور ﷺ نے پڑھیں اتنی ہی رکعتیں میں نے بھی پڑھیں۔

[۱۱۶۶-] حدثنا آدمُ، قَالَ: أَخبرَنا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَخْطُبُ:" إِذْ جَاءَ أَحَدُكُمْ وَالإِمَامُ يَخْطُبُ أَوْ: قَدْ خَرَجَ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ" [راجع: ۹۳۰]

وضاحت: یہ حدیث کتاب الجمعہ باب ۳۲ میں آچکی ہے اور فَلْيُصَلِّ رکعتین سے استدلال ہے، اور کتاب الجمعہ میں یہ بحث ہے کہ دورانِ خطبہ آنے والے کو تحیۃ المسجد پڑھنی چاہئے یا نہیں؟ چھوٹے دواماموں اور امام بخاری رحمہم اللہ کی رائے میں پڑھنی چاہئے اور حضرتؒ نے وہاں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی فعلی حدیث پیش کی ہے، جبکہ حضرت جابرؓ کی یہ قولی حدیث موجود تھی، مگر اس کو وہاں پیش نہیں کیا، کیونکہ اس روایت میں شک راوی ہے، جب حضرت سُلیک غطفانی رضی اللہ عنہ آئے تھے تو نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے یا خطبہ کے لئے نکلے تھے؟ اس میں راوی کو شک ہے، پس اس سے یہ استدلال کرنا کہ دورانِ خطبہ آنے والے کو تحیۃ المسجد پڑھنی چاہئے: مشکل تھا، اس لئے اس روایت کو وہاں پیش نہیں کیا۔

اور احناف کے نزدیک اگر امام منبر پر بیٹھا ہے اور اذان ہو رہی ہے اور کوئی تحیۃ المسجد پڑھے تو جائز ہے، البتہ دورانِ خطبہ ممنوع ہے۔

[۱۱۶۷-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَكِّيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُوْلُ: أُتِيَ ابْنُ عُمَرَ فِيْ مَنْزِلِهِ، فَقِيْلَ لَهُ: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ دَخَلَ الْكَعْبَةَ، قَالَ: فَأَقْبَلْتُ، فَأَجِدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ خَرَجَ، وَأَجِدُ بِلاَلاً عِنْدَ الْبَابِ قَائِمًا، فَقُلْتُ: يَا بِلاَلُ! أَصَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْكَعْبَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: فَأَيْنَ؟ قَالَ: بَيْنَ هَاتَيْنِ الأُسْطُوَانَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فِيْ وَجْهِ الْكَعْبَةِ. [راجع: ۳۹۷]

[قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ:] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أَوْصَانِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِرَكْعَتَيِ الضُّحَى، وَقَالَ عِتْبَانُ ابْنُ مَالِكٍ: غَدَا عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ بَعْدَ مَا امْتَدَّ النَّهَارُ، وَصَفَفْنَا وَرَاءَهُ، فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ.

وضاحت: حضرت ابن عمر کی یہ حدیث بار بار گذری ہے، پہلی بار کتاب الصلوٰۃ باب ۳۰ میں آئی ہے، تحفۃ القاری (۲۳۲:۲) میں اس کی شرح ہے، اور یہاں استدلال یہ ہے کہ نبی ﷺ نے کعبہ شریف کے اندر بھی دو نفلیں پڑھیں، اور باہر بھی دو نفلیں پڑھیں، معلوم ہوا کہ نوافل دو دو کر کے پڑھنا افضل ہے، دن میں بھی اور رات میں بھی۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے دو حدیثوں کا حوالہ دیا ہے:

ایک حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے، نبی ﷺ نے ان کو سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی، ایام بیض کے روزے رکھنے کی اور چاشت کی دو رکعتیں پڑھنے کی تاکید فرمائی تھی، یہ حدیث متفق علیہ ہے (مشکوۃ حدیث ۱۲۶۲)

اور دوسری حدیث حضرت عتبانؓ کی ہے، نبی ﷺ نے حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کے ساتھ صبح دن چڑھے ان کے گھر جا کر باجماعت دو نفلیں پڑھی ہیں، یہ حدیث بھی بار بار گذری ہے، پہلی بار کتاب الصلوٰۃ باب ۴۵ (تحفۃ القاری ۲: ۲۶۰) میں آئی ہے۔

غرض امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ بہت ساری حدیثیں پیش کی ہیں اور ان سے یہ استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ دن اور رات کی نفلوں میں دو رکعتوں پر سلام پھیرتے تھے لیکن حضرتؒ ایک طرفہ روایات لائے ہیں، ایک سلام سے چار رکعتیں پڑھنے کی روایتیں نہیں لائے، ترمذی شریف میں کئی حدیثیں ہیں:

۱- حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ظہر سے پہلے چار اور ظہر کے بعد دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے، یہ حدیث حسن ہے (نمبر ۴۳۵)

۲- حضرت ام حبیبہؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے بارہ سنتوں پر مواظبت کی تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک حویلی بنائیں گے، ان بارہ سنتوں میں ظہر سے پہلے چار رکعتوں کا ذکر ہے، یہ حدیث حسن صحیح ہے (نمبر ۴۲۵)

۳- نبی ﷺ عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے ان میں جدائی نہیں کرتے تھے، مگر مقرب فرشتوں پر اور جن مؤمنین اور مسلمین نے ان کی پیروی کی ہے ان پر سلام بھیجنے کے ذریعہ، یعنی ایک سلام سے چار رکعتیں پڑھتے تھے، اور درمیان میں تشہد پڑھتے تھے، اس میں مقرب فرشتوں پر اور مؤمنین و مسلمین پر سلام بھیجتے تھے، سلام نہائی مراد نہیں، حضرت اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ نے حدیث کی یہ شرح کی ہے، یہ حدیث بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہے اور حسن ہے (نمبر ۴۴۰)

۴- عبداللہ بن السائبؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ سورج ڈھلنے کے بعد ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے، یہ حدیث بھی حسن ہے (نمبر ۴۷۸)

اور امام اعظم رحمہ اللہ کی بنیادی دلیل یہ ہے کہ فرائض رات میں بھی رباعی ہیں اور دن میں بھی، اور فرائض غیر اولیٰ ہیئت پر نہیں ہو سکتے، اور نبی ﷺ کے عمومی عمل کو غیر اولیٰ نہیں کہہ سکتے، تفصیل ابواب الوتر کے پہلے باب میں گذر چکی ہے۔

بَابُ الْحَدِيْثِ بَعْدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ (۱)

فجر کی سنتوں کے بعد بات کرنا

یہ باب پہلے آچکا ہے، اور اس باب میں اور گذرے ہوئے باب میں فرق یہ ہے کہ گذشتہ باب میں **ولم يَضْطَجِعْ**

(۱) یہ باب اور آئندہ دو باب مصری نسخہ میں گذشتہ باب سے پہلے ہیں اور وہی صحیح جگہ ہے، مگر ہندی نسخہ میں بعد میں ہیں، ہم نے اسی طرح پڑھے ہیں، اس لئے اسی جگہ لکھے ہیں، البتہ ابواب اور حدیثوں کے نمبر نہیں بدلے تاکہ حوالے غلط نہ ہو جائیں ۱۲ مرتب

کی قید تھی اور یہاں وہ قید نہیں، اس لئے نیا باب ہو گیا، اتنے معمولی فرق کی وجہ سے بھی امام بخاری رحمہ اللہ نیا باب قائم کرتے ہیں۔

[۲۶-] بَابُ الْحَدِيْثِ بَعْدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

[۱۱۶۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: أَ بُوْ النَّضْرِ حَدَّثَنِيْ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ، فَإِنْ كُنْتُ مُسْتَيْقِظَةً حَدَّثَنِيْ، وَإِلَّا اضْطَجَعَ، قُلْتُ لِسُفْيَانَ: فَإِنَّ بَعْضَهُمْ يَرْوِيْهِ: رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، قَالَ سُفْيَانُ: هُوَ ذَاكَ. [راجع: ۱۱۱۸]

وضاحت: قال: أبو النضر میں قال کا فاعل سفیان بن عیینہؒ ہیں، اور أبو اب النضر: حدثنی کا فاعل ہے، سفیان کہتے ہیں: مجھ سے ابوالنضر سالم نے حدیث بیان کی ابوسلمہ سے روایت کرتے ہوئے، پس اب سند اس طرح ہے: سفیان، عن أبی النضر، عن أبی سلمة، اور قلتُ لسفیان: علی بن المدینی کا مقولہ ہے۔ علی مدینی نے ابن عیینہ سے کہا: بعض لوگ (امام مالکؒ) رکعتین کے بجائے رکعتی الفجر کہتے ہیں، سفیان رحمہ اللہ نے فرمایا: دونوں کا ایک مطلب ہے۔

بَابُ تَعَاهُدِ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، وَمَنْ سَمَّاهَا تَطَوُّعًا

فجر کی دو رکعتوں (سنتوں) کی دیکھ بھال کرنا، اور جس نے ان کو نفل کہا

تعاهد کے معنی ہیں: نگرانی کرنا، دیکھ بھال کرنا، یعنی فجر کی سنتیں ہمیشہ پڑھنی چاہئیں، مگر بایں ہمہ وہ نفل اور سنت ہیں، واجب نہیں۔ نبی ﷺ نے مواظبت تامہ کے ساتھ یہ سنتیں پڑھی ہیں لیکن صرف مواظبت تامہ دلیل وجوب نہیں ہوتی، بلکہ اس کے ساتھ دیگر قرائن ضروری ہیں، اور یہاں قرائن نہیں، اس لئے جس نے ان کو نفل کہا ہے: صحیح کہا ہے۔

[۲۷-] بَابُ تَعَاهُدِ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، وَمَنْ سَمَّاهَا تَطَوُّعًا

[۱۱۶۹-] حدثنا بَيَانُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى شَيْئٍ مِنَ النَّوَافِلِ أَشَدَّ مِنْهُ تَعَاهُدًا عَلٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ.

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نفلوں میں سے کسی بھی نماز کا اتنا اہتمام نہیں فرماتے تھے جتنا فجر سے پہلے کی دو رکعتوں کا فرماتے تھے (علی شیئ من النوافل: سے باب کا دوسرا جزء اور أشد منه تعاهُدًا سے پہلا جزء ثابت ہوتا ہے، اور منه کی ضمیر نبی ﷺ کی طرف لوٹتی ہے)

بَابُ مَا يَقْرَأُ فِيْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ؟

فجر کی سنتوں میں کیا پڑھے؟

نبی ﷺ تہجد بھی دو ہلکی رکعتوں سے شروع فرماتے تھے اور فجر کی سنتیں بھی مختصر پڑھتے تھے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ شیطان سونے والے کی گدی پر منتر پڑھ کر تین گرہیں لگاتا ہے ان میں سے تیسری گرہ نماز پڑھنے پر کھلتی ہے، اس لئے آپؐ تہجد کے شروع میں دو ہلکی رکعتیں پڑھتے تھے، تاکہ بعد میں طویل تہجد نشاط کے ساتھ پڑھے جاسکیں، اور یہ دو رکعتیں تہجد میں شمار نہیں ہوتی تھیں، اور فجر سے پہلے بھی دو سنتیں ہلکی پڑھتے تھے تاکہ فرض نشاط کے ساتھ پڑھے جاسکیں، اور نبی ﷺ کا عمل امت کے لئے اسوۃ ہوتا ہے، اور بعض مسلمان تہجد کے وقت اٹھتے ہیں اور مسلمانوں کی اکثریت فجر کے وقت بیدار ہوتی ہے، اس لئے آپؐ نے دونوں عمل لوگوں کی دونوں قسموں کے لئے کئے، ورنہ آپؐ شیطان کے اثر سے، اس کے منتر اور فُسوں سے محفوظ تھے۔

[۲۸-] بَابُ مَا يَقْرَأُ فِيْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ؟

[۱۱۷۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ بِاللَّيْلِ ثَلاَثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، ثُمَّ يُصَلِّيْ إِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ بِالصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ. [راجع: ٦٢٦]

[۱۱۷۱-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمَّتِهِ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ: هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُخَفِّفُ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ قَبْلَ صَلاَةِ الصُّبْحِ، حَتّٰى إِنِّيْ لَأَقُوْلُ: هَلْ قَرَأَ بِأُمِّ الْقُرْآنِ؟

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ رات میں تیرہ رکعتیں پڑھا کرتے تھے (ان میں دو وتر کے بعد کی نفلیں ہوتی تھیں، جو آپؐ بیٹھ کر پڑھتے تھے، تہجد کے شروع کی دو ہلکی رکعتیں مراد نہیں، وہ تہجد میں شمار نہیں) پھر جب اذان ہوتی تو دو ہلکی رکعتیں پڑھتے (یہ جزءِ باب سے متعلق ہے کیونکہ جب ہلکی پڑھیں گے تو ان میں قراءت بھی مختصر کریں گے، بلکہ امام مالکؒ تو فرماتے ہیں کہ صرف فاتحہ پڑھے، سورت نہ ملائے، کیونکہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فاتحہ پڑھنا فرض ہے اور سورت ملانا سنت ہے، اور احناف کے نزدیک دونوں واجب ہیں، پس فاتحہ کے بعد قرآن میں سے ہلکی قراءت کریں گے)

حدیث (۲): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ فجر کی سنتیں اتنی ہلکی پڑھتے تھے کہ میں سوچتی تھی کہ آپؐ نے سورۂ فاتحہ بھی پڑھی یا نہیں؟

تشریح: ظاہر ہے آپ ﷺ فاتحہ بھی پڑھتے تھے اور سورت بھی، مگر نماز ہلکی ہوتی تھی، میرے استاذ شیخ محمود عبدالوہاب محمود مصری قدس سرہ سخت گرمیوں میں مجھے مولسری سے پانی لانے کے لئے بھیجتے تھے اور میرے چلنے کے بعد نفلوں کی نیت باندھتے تھے، جب میں پانی لے کر آتا تو وہ سلام پھیر کر مصلےٰ پر بیٹھے ہوئے ہوتے تھے، فرماتے: سعید! صَلَّيْتُ أَرْبَعًا، میں سوچتا کہ اتنی جلدی چار رکعتیں کیسے پڑھ لیں! اسی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی سوچتی تھیں کہ نبی ﷺ نے سورۂ فاتحہ بھی پڑھی یا نہیں؟ اس کا یہ مطلب نہیں کہ سورۂ فاتحہ نہیں پڑھی، نہ یہ مطلب ہے کہ سورت نہیں ملائی، بلکہ یہ محض استعجاب ہے۔

اور حیرت کی وجہ یہ ہے کہ بہت لمبی نماز کے بعد مختصر نماز بہت ہی ہلکی معلوم ہوتی ہے، نبی ﷺ تہجد بہت لمبے پڑھتے تھے، اس لئے فجر کی یہ مختصر سنتیں حضرت عائشہؓ کو بہت ہی ہلکی معلوم ہوتی تھیں۔

بَابُ التَّطَوُّعِ بَعْدَ الْمَكْتُوبَةِ

فرضوں کے بعد نفلیں پڑھنا

حضرت الاستاذ قدس سرہ نے القول النصیح میں اس باب سے پہلے أبواب التطوع کا عنوان لگایا ہے، مگر یہ عنوان بخاری شریف کے اکثر نسخوں میں نہیں ہے، اور میری ناقص رائے میں باب ۲۲ سے پہلے یہ عنوان ہونا چاہئے، وہاں سے فجر کی سنتوں کا ذکر شروع ہوا ہے، مگر میں نے کتاب التہجد کے ساتھ [و التطوع] بڑھایا ہے، پس آپ جہاں سے چاہیں تطوع (نفل نمازوں) کی ابتداء سمجھیں۔

سنن قبلیہ اور بعدیہ کی حکمت:

جن نمازوں سے پہلے سستی ہوتی ہے وہاں سنن قبلیہ تجویز کی گئی ہیں، اور سستی کی کمی بیشی کا بھی لحاظ کیا ہے، فجر سے پہلے دو رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں، کیونکہ اس وقت آدمی رات بھر سو کر اٹھتا ہے اس لئے سستی کم ہوتی ہے اور ظہر سے پہلے چار سنتیں رکھی گئیں ہیں، کیونکہ قیلولہ مختصر ہوتا ہے، آدمی کچی نیند بیدار ہوتا ہے اس لئے سستی زیادہ ہوتی ہے، اس لئے تعداد بڑھا دی تاکہ سنتیں پڑھنے سے سستی دور ہو جائے اور آدمی چاک و چوبند ہو کر فرض پڑھے، اور عصر، مغرب اور عشاء: سستی کے اوقات نہیں ہیں، اس لئے سنن قبلیہ نہیں رکھی گئیں۔

اسی طرح جن نمازوں کے بعد مشاغل ہیں وہاں سنن بعدیہ تجویز ہوئی ہیں، فجر کے بعد سنتیں نہیں رکھی گئیں، کیونکہ اس وقت فوراً کوئی مشغلہ نہیں، علاوہ ازیں: آگے مکروہ وقت آرہا ہے اس لئے اگر کوئی شخص فرض دیر سے پڑھے گا تو سنت مکروہ وقت میں پڑھے گا، اور عصر کے بعد اگرچہ مشغلہ ہے مگر یہاں بھی مکروہ وقت کا لحاظ کر کے سنتیں نہیں رکھی گئیں۔ اور مغرب

کے بعد مشغولیت ہے اور عشاء کے بعد سونے کا تقاضہ ہوتا ہے، جبکہ عشاء تہائی رات پر پڑھی جائے، اس لئے وہاں بعد میں سنتیں تجویز کی گئیں، تاکہ آدمی فرض کی آخری رکعت میں کاروبار شروع نہ کردے، اور عشاء کی آخری رکعت میں سونہ جائے، اور نفلوں کی آخری رکعت میں اگر ذہن کاروبار کی طرف متوجہ ہوجائے تو کچھ حرج نہیں، نوافل میں گنجائش ہے، اور وتر کی نماز درحقیقت عشاء کے بعد کی نماز نہیں ہے بلکہ وہ تہجد کے بعد کی نماز ہے مگر عام لوگوں کی سہولت کے لئے اس کو عشاء کے بعد پڑھنے کی اجازت دی گئی ہے، اس لئے عشاء کی سنتیں اس سے پہلے رکھی ہیں۔

سنن مؤکدہ کتنی ہیں؟

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک سنن مؤکدہ کی کوئی تحدید نہیں، وہ فرماتے ہیں: الصلاۃُ خیرُ موضوعٍ: نماز بہترین کام ہے، پس زیادہ سے زیادہ نوافل پڑھنے چاہئیں، تحدید سے نقصان ہوتا ہے، آدمی چند ہی نفلیں پڑھتا ہے۔

مگر حضرت رحمہ اللہ کی بات دو وجہ سے غور طلب ہے: ایک: یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے، دوم: اگرچہ تحدید نہ کرنے میں فائدہ ہے مگر نقصان بھی ہے، تعیین نہ ہونے کی صورت میں بہت سے لوگ صرف دو چار رکعتیں پڑھیں گے، اور اگر تحدید کی جائے گی تو لوگ کم از کم مقررہ تعداد تو پوری کریں گے۔

غرض عدم تحدید میں صرف خواص کا فائدہ ہے، اور تحدید و تعیین میں عام لوگوں کا فائدہ ہے، اس لئے شریعت نے تحدید کی چنانچہ دوسرے تمام ائمہ سنن مؤکدہ کی تحدید کے قائل ہیں، پھر امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک شب و روز میں بارہ رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک دس رکعتیں، اور یہ اختلاف ظہر سے پہلے کی سنتوں میں ہوا ہے، حنفیہ کے نزدیک ظہر سے پہلے چار سنت مؤکدہ ہیں اور شوافع اور حنابلہ کے نزدیک دو، اور اس اختلاف کی بنیاد نقطۂ نظر کا اختلاف بھی ہے اور روایات کا اختلاف بھی، چونکہ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک ہر نفل نماز خواہ رات کی ہو یا دن کی ایک سلام سے دو رکعتیں افضل ہیں، اس لئے انھوں نے ظہر سے پہلے دو سنتوں والی روایت لی، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک دن رات کی ہر نفل نماز ایک سلام سے چار رکعتیں افضل ہیں اور صاحبین کے نزدیک دن میں ایک سلام سے چار رکعتیں افضل ہیں اس لئے حنفیہ نے چار سنت مؤکدہ والی روایت لی۔

اور بارہ رکعت سنت مؤکدہ کی بھی روایت ہے اور دس رکعت کی بھی، اور دونوں صحیح ہیں، احناف نے بارہ رکعت والی حدیث کو بایں وجہ اختیار کیا ہے کہ اس کے ضمن میں دس رکعت والی روایت خود بخود آجاتی ہے، کیونکہ ادنی اعلی کا فرد ہوتا ہے، جیسے خمسٌ من الفطرۃ اور عشر من الفطرۃ میں سب نے دوسری حدیث کو اختیار کیا ہے کیونکہ اس میں خمس من الفطرۃ والی حدیث خود بخود آجاتی ہے، علاوہ ازیں بارہ رکعت کی روایت لینے میں عبادت بھی زیادہ ہے، ثواب بھی اور احتیاط بھی، اور امام شافعی رحمہ اللہ نے دس رکعت والی روایت لی ہے، کیونکہ ان کے اصول پر یہی روایت فٹ آتی ہے، اور آنحضور ﷺ سے ظہر سے پہلے جو چار رکعتیں پڑھنا مروی ہے اس کے بارے میں وہ فرماتے ہیں کہ وہ سب ظہر کی سنتیں نہیں تھیں،

بلکہ دوسنتِ زوال تھیں اور دوسنتِ ظہر، نبی ﷺ زوال کے بعد دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے، پھر ظہر سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے تھے اس طرح وہ چار ہوئیں۔

اور علامہ بدرالدین عینی اور علامہ کشمیری رحمہما اللہ کا رجحان یہ ہے کہ دونوں روایتیں معمول بہ ہیں، عام احوال میں ظہر سے پہلے چار سنت مؤکدہ ہیں اور وقت میں تنگی ہو، جماعت کھڑی ہونے والی ہوتو پھر دو رکعتیں پڑھ لے، اس سے بھی فضیلت حاصل ہوجائے گی۔

فائدہ: یہ دس یا بارہ رکعتیں سنت راتبہ اور رواتب بھی کہلاتی ہیں، اور وجہ تسمیہ یہ ہے: رَتَبَ رُتُوْبًا کے معنی ہیں: جم جانا، چونکہ حدیث میں مذکور ثواب کا استحقاق مواظبت پر ہوتا ہے، یعنی دو چار مرتبہ پڑھ لینے سے ثواب نہیں ملتا، پابندی سے پڑھنے سے ملتا ہے، اس لئے ان کو سنت راتبہ اور رواتب کہتے ہیں۔

[۲۹-] بَابُ التَّطَوُّعِ بَعْدَ الْمَكْتُوْبَةِ

[۱۱۷۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَسَجْدَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ، وَسَجْدَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَسَجْدَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَسَجْدَتَيْنِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ، فَأَمَّا الْمَغْرِبُ وَالْعِشَاءُ فَفِيْ بَيْتِهِ.[راجع: ۹۳۷]

[۱۱۷۳-] وَحَدَّثَتْنِيْ أُخْتِيْ حَفْصَةُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ سَجْدَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ بَعْدَ مَا يَطْلُعُ الْفَجْرُ، وَكَانَتْ سَاعَةً لاَ أَدْخُلُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْهَا.

تَابَعَهُ كَثِيْرُ بْنُ فَرْقَدٍ، وَأَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، وَقَالَ ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ: بَعْدَ الْعِشَاءِ فِيْ أَهْلِهِ.[راجع: ۶۱۸]

وضاحت: یہ حدیثیں پہلے گذری ہیں............**قولہ: فأما المغرب والعشاء:** نبی ﷺ مغرب اور عشاء کے بعد کی سنتیں گھر میں پڑھتے تھے............**قولہ: وحدثتنی حفصة:** اور ابن عمرؓ اپنی بہن حضرت حفصہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ صبح صادق کے بعد دو ہلکی رکعتیں پڑھتے تھے، یہ بات ابن عمرؓ نے اپنی بہن سے اس لئے روایت کی کہ اس وقت میں ازواج مطہرات کے علاوہ حضور ﷺ کے پاس کوئی نہیں ہوتا تھا۔ ساعة: موصوف اور خبر ہے، اور اس کے بعد والا جملہ اس کی صفت ہے اور نکرہ کی صفت جب جملہ آئے تو موصوف کے ترجمہ میں 'ایسا ویسا' بڑھاتے ہیں: وہ ایک ایسی گھڑی تھی جس میں میں نبی ﷺ کے گھر میں نہیں جاتا تھا اور کانت کا اسم ھی محذوف ہے۔

سند کا بیان: عبیداللہ عمری کی روایت میں حدیث کا آخری جملہ ہے: **فأما المغرب والعشاء ففی بیته**، اور کثیر اور ایوب ان کے متابع ہیں، ان کی روایت میں بھی یہی جملہ ہے، اور موسیٰ بن عقبہ کی روایت میں **بعد العشاء فی أهله** ہے،

موسیٰ سے یہ روایت ابوالزناد روایت کرتے ہیں۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَتَطَوَّعْ بَعْدَ الْمَكْتُوْبَةِ

جس نے فرضوں کے بعد نفل نہیں پڑھے

اگر کوئی شخص کبھی سنن مؤکدہ نہ پڑھے تو کچھ مضائقہ نہیں، وہ سنتیں ہیں، فرض وواجب نہیں، لیکن اگر کوئی مستقل نہ پڑھے یعنی سنن مؤکدہ چھوڑنے کا عادی ہوتو وہ گنہ گار ہوگا اور درمختار (حظر واباحہ کے شروع) میں ہے کہ وہ نبی ﷺ کی شفاعت سے محروم رہے گا۔

اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ باب میں یہ روایت لائے ہیں کہ نبی ﷺ نے ایک مرتبہ (مدینہ میں) ظہرین اور عشائین کے درمیان جمع صوری کیا، یعنی ظہر اور مغرب کے بعد فوراً عصر اور عشاء پڑھ لیں، سنن بعدیہ نہیں پڑھیں، معلوم ہوا کہ اگر کسی وقت سنن ونوافل نہ پڑھے تو مضائقہ نہیں۔

[۳۰-] بَابُ مَنْ لَمْ يَتَطَوَّعْ بَعْدَ الْمَكْتُوْبَةِ

[۱۱۷۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الشَّعْثَاءِ جَابِرًا، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَمَانِيًا جَمِيْعًا، وَسَبْعًا جَمِيْعًا، قُلْتُ: يَا أَبَا الشَّعْثَاءِ! أَظُنُّهُ أَخَّرَ الظُّهْرَ وَعَجَّلَ الْعَصْرَ، وَعَجَّلَ الْعِشَاءَ وَأَخَّرَ الْمَغْرِبَ، قَالَ: وَأَنَا أَظُنُّهُ. [راجع: ۵۴۳]

وضاحت: جب ابوالشعثاء جابر بن زید نے یہ حدیث بیان کی تو عمرو بن دینار نے کہا: میرا خیال ہے: نبی ﷺ نے جمع صوری کی ہوگی، ابوالشعثاء نے کہا: میرا بھی یہی خیال ہے — کیونکہ نبی ﷺ نے یہ جمع مدینہ میں کیا تھا، جبکہ دشمن کا خوف تھا نہ بارش تھی، پس یہ جمع صوری ہی ہوسکتی ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۲: ۴۰۵) میں ہے۔

بَابُ صَلَاةِ الضُّحَى فِي السَّفَرِ

سفر میں چاشت کی نماز

سنن مؤکدہ کے بارے میں درمختار میں ہے کہ اگر کوئی شخص کبھی سنن مؤکدہ نہ پڑھے تو کچھ حرج نہیں، لیکن اگر اس کی عادت بنالے تو مکروہ ہے، یعنی اس پر گناہ ہوگا، اور سنن مؤکدہ سے نیچے جو سنتیں ہیں ان کو پڑھے تو ثواب ملے گا اور نہ پڑھے تو گناہ نہیں ہوگا، چاشت کی نماز بھی سنت غیر مؤکدہ ہے، پس اس کا پڑھنے والا ثواب کا مستحق ہوگا اور نہ پڑھنے والا گنہ گار نہیں ہوگا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ نبی ﷺ کا معمول چاشت کی نماز پڑھنے کا نہیں تھا، مگر کبھی آپؐ نے چاشت کی نماز پڑھی

ہے، حضر میں بھی پڑھی ہے اور سفر میں بھی، نو دس بجے جو بھی نفل نماز پڑھی جائے وہ چاشت کی نماز ہے، اور نبی ﷺ نے فتح مکہ کے دن چاشت کے وقت میں آٹھ رکعتیں پڑھی ہیں، اسی طرح جب آپؐ کسی سفر سے لوٹتے تھے تو رات میں شہر میں داخل نہیں ہوتے تھے، شہر سے باہر پڑاؤ ڈالتے تھے، پھر صبح شہر میں داخل ہوتے تھے، اور مسجد میں دو نفلیں پڑھتے تھے یہ چاشت کا وقت ہوتا تھا، پس یہ چاشت کی نماز ہوئی، اسی طرح آپؐ نے حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ کے گھر چاشت کے وقت دو نفلیں پڑھی ہیں، غرض حضور ﷺ نے گاہ بہ گاہ چاشت کی نماز پڑھی ہے سفر میں بھی اور حضر میں بھی، اور صحابہ میں بعض حضرات جیسے حضرت عائشہؓ پابندی سے چاشت کی نماز پڑھتی تھیں اور حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہما کو نبی ﷺ نے اس کی وصیت کی تھی، مگر خود آپؐ نے پابندی سے یہ نماز نہیں پڑھی۔

[۳۱-] بَابُ صَلاَةِ الضُّحَى فِي السَّفَرِ

[۱۱۷۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ تَوْبَةَ، عَنْ مُوَرِّقٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: أَ تُصَلِّى الضُّحَى؟ قَالَ: لاَ، قُلْتُ: فَعُمَرُ؟ قَالَ: لاَ، قُلْتُ: فَأَ بُوْ بَكْرٍ؟ قَالَ: لاَ، قُلْتُ: فَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: لاَ إِخَالُهُ.

[۱۱۷۶-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِىْ لَيْلَى، يَقُوْلُ: مَا حَدَّثَنَا أَحَدٌ أَ نَّـهُ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّى الضُّحٰى غَيْرُ أُمِّ هَانِئٍ، فَإِنَّهَا قَالَتْ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ بَيْتَهَا يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ، فَاغْتَسَلَ، وَصَلَّى ثَمَانِىَ رَكْعَاتٍ، فَلَمْ أَرَ صَلاَةً قَطُّ أَخَفَّ مِنْهَا، غَيْرَ أَ نَّـهُ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ. [راجع: ۱۱۰۳]

وضاحت: پہلی حدیث میں چاشت کی نماز کی نفی ہے، نہ ابن عمرؓ یہ نماز پڑھتے تھے، نہ شیخین رضی اللہ عنہما یہ نماز پڑھتے تھے، اور مورق نے جب نبی ﷺ کے بارے میں دریافت کیا تو ابن عمرؓ نے فرمایا: لاَ إِخَالُه: میرا گمان ہے: آپؐ بھی نہیں پڑھتے تھے (إِخَالُ: مضارع واحد متکلم ہے، خَالَ يَخَالُ: گمان کرنا، پس قاعدہ سے واحد متکلم کا ہمزہ مفتوح ہونا چاہئے، مگر یہ لفظ علامتِ مضارع کے کسرہ کے ساتھ زیادہ فصیح ہے، جیسے ما إِخَالُكَ سَرَقْتَ: میں نہیں سمجھتا کہ تو نے چوری کی ہو، نہایہ فی غریب الحدیث میں ہے: يقال: خِلْتُ إِخَالُ: بالكسر والفتح، والكسر أفصح وأكثر استعمالاً، والفتح القياس) اس حدیث میں نبی ﷺ کے چاشت پڑھنے کی ابن عمرؓ نے قطعیت کے ساتھ نفی نہیں کی۔

اور دوسری حدیث ام ہانی رضی اللہ عنہا کی ہے، اس میں فتح مکہ کے دن آپؐ کا چاشت کے وقت میں آٹھ نفلیں پڑھنا مروی ہے، یہ حدیث أبواب القصر باب ۱۲ میں آچکی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ پہلی حدیث امام بخاری رحمہ اللہ اس باب میں کیوں لائے ہیں، اس میں تو نماز کی نفی ہے؟

جواب: حضرت الاستاذ نے فرمایا: دونوں روایتوں کے مجموعہ سے سفر میں قلت کے ساتھ چاشت کی نماز کا پڑھنا ثابت ہورہا ہے، اور حضر میں منتفی ہے، اور باب سفر میں صلاۃ الضحیٰ کے بارے میں ہے، دوسری حدیث سے اس کا ثبوت واضح ہے، اب سوال ہوگا حضر کے بارے میں تو ابن عمرؓ کی روایت اس باب میں لاکر اس کا صالح محمل تجویز کیا کہ وہ حضر کے بارے میں ہے، اب دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں رہا۔

بَابُ مَنْ لَمْ يُصَلِّ الضُّحَى، وَرَآهُ وَاسِعًا

جو چاشت کی نماز نہیں پڑھتا، اور وہ اس کی گنجائش سمجھتا ہے

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے، اگر کوئی شخص چاشت کی نماز نہ پڑھے تو اس کی گنجائش ہے، کیونکہ یہ سنن مؤکدہ میں سے نہیں ہے۔

[۳۲-] بَابُ مَنْ لَمْ يُصَلِّ الضُّحَى، وَرَآهُ وَاسِعًا

[۱۱۷۷-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنها، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم سَبَّحَ سُبْحَةَ الضُّحَى، وَإِنِّيْ لَأُسَبِّحُهَا. [راجع: ۱۱۲۸]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کو کبھی چاشت کی نماز پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا، مگر میں یہ نماز پڑھتی ہوں۔

سوال: حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا تو نبی ﷺ کا چاشت کے وقت میں نماز پڑھنا روایت کرتی ہیں اور جب آپؐ سفر سے لوٹتے تھے تو حضر میں بھی پڑھتے تھے اور حضرت عتبانؓ کے گھر میں بھی پڑھی ہے، بلکہ مسلم شریف میں روایت ہے (نمبر ۷۱۹) معاذۃ نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا: نبی ﷺ چاشت کی کتنی رکعتیں پڑھتے تھے؟ حضرت عائشہؓ نے کہا: چار رکعتیں پڑھتے تھے اور جتنی چاہتے زیادہ بھی کرتے تھے، پھر باب کی روایت میں وہ نفی کیسے کررہی ہیں؟

جواب: باب کی روایت کو دوام پر محمول کریں گے یعنی مداومت کی نفی کررہی ہیں، اور یہ اگرچہ تاویل بعید معلوم ہوتی ہے، مگر اس کے بغیر چارہ نہیں، اگر یہ تاویل نہیں کریں گے تو روایات میں تعارض ہوجائے گا، اس لئے یہ تاویل ضروری ہے۔

بَابُ صَلَاةِ الضُّحَى فِي الْحَضَرِ

حضر میں چاشت کی نماز

پہلے سفر میں صلاۃ الضحیٰ کا ثبوت پیش کیا، اب حضر میں ثبوت پیش کرتے ہیں۔

[٣٣-] بَابُ صَلاَةِ الضُّحَى فِي الْحَضَرِ

قَالَهُ عِتْبَانُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[١١٧٨-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ: هُوَ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَوْصَانِي خَلِيْلِي صلى الله عليه وسلم بِثَلاَثٍ، لاَ أَدَعُهُنَّ حَتَّى أَمُوْتَ: صَوْمُ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَصَلاَةُ الضُّحَى، وَنَوْمٌ عَلَى وِتْرٍ. [انظر: ١٩٨١]

[١١٧٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ مِنَ الأَنْصَارِ - وَكَانَ ضَخْمًا - لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنِّي لاَ أَسْتَطِيْعُ الصَّلاَةَ مَعَكَ، فَصَنَعَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم طَعَامًا، فَدَعَاهُ إِلَى بَيْتِهِ، وَنَضَحَ لَهُ طَرْفَ حَصِيْرٍ بِمَاءٍ، فَصَلَّى عَلَيْهِ رَكْعَتَيْنِ، قَالَ فُلاَنُ بْنُ فُلاَنِ بْنِ الْجَارُوْدِ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي الضُّحَى؟ قَالَ أَنَسٌ: مَا رَأَيْتُهُ صَلَّى غَيْرَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ. [راجع: ٦٧٠]

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھے تین باتوں کی تاکید فرمائی ہے، چنانچہ میں مرتے دم تک ان کو نہیں چھوڑوں گا: ایک: ہر مہینہ میں تین روزے رکھنا، دوم: چاشت کی نماز پڑھنا، سوم: سونے سے پہلے وتر پڑھنا (تفصیل ابواب الوتر کے دوسرے باب میں گذر چکی ہے)

حدیث (۲): یہ حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، جو بار بار آیا ہے، اور باب کے شروع میں اسی کا حوالہ ہے، نبی ﷺ نے ان کے گھر میں چاشت کے وقت نماز پڑھی ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے صلاۃ الضحیٰ پڑھنے کا یہی ایک واقعہ میرے علم میں ہے، اس کے علاوہ کوئی اور واقعہ میرے علم میں نہیں، غرض نبی ﷺ نے سفر میں اور حضر میں چاشت کی نماز پڑھی ہے، اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وغیرہ کو اس کی تاکید فرمائی ہے، پس یہ نماز مستحب ہے، اور اس حدیث کی شرح کتاب الصلوٰۃ باب ۴۱ (تحفۃ القاری ۲: ۵۳۳) میں ہے۔

بَابُ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ

ظہر سے پہلے دو سنتیں

ظہر سے پہلے دو رکعت سنت مؤکدہ کی روایت بھی ہے اور چار کی بھی، باب میں دونوں روایتیں لائے ہیں، اور علامہ ابن جریر طبری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ نے اکثر احوال میں ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھی ہیں اور کبھی دو رکعتیں بھی پڑھی ہیں، علامہ کشمیری رحمہ اللہ نے اس تطبیق کو معتدل قرار دیا ہے، پس چار کامل سنت ہیں اور دو بھی سنت ہیں، اس لئے

ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھنی چاہئیں، اور اگر وقت میں تنگی ہو یا موقع نہ ہو تو دو پڑھنا بھی درست ہے۔

[۳٤-] بَابُ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ

[۱۱۸۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَفِظْتُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَشْرَ رَكْعَاتٍ: رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فِي بَيْتِهِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ فِي بَيْتِهِ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلاَةِ الصُّبْحِ، وَكَانَتْ سَاعَةً لاَ يُدْخَلُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيهَا. [راجع: ۹۳۷]

[۱۱۸۱-] حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ أَنَّهُ كَانَ إِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ، وَطَلَعَ الْفَجْرُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ. [راجع: ٦١٨]

[۱۱۸۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ لاَ يَدَعُ أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْغَدَاةِ، تَابَعَهُ ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ وَعَمْرٌو، عَنْ شُعْبَةَ.

وضاحت: نبی ﷺ نے فجر کی سنتیں مواظبت تامہ کے ساتھ پڑھی ہیں، اور ظہر سے پہلے کی سنتیں بھی، اور امام اعظم رحمہ اللہ سے فجر کی سنتوں کے بارے میں تو وجوب کا قول مروی ہے مگر ظہر کی سنتوں کے بارے میں ایسا کوئی قول مروی نہیں، ہاں فقہاء نے ان پر وجوب کے احکام جاری کئے ہیں، فقہاء فرماتے ہیں: ظہر کی چار سنتوں کے قعدہ اولیٰ میں صرف تشہد پڑھے، درود اور دعا نہ پڑھے، یہ فرض وواجب کا حکم ہے، سنن ونوافل میں قعدہ اولیٰ میں تشہد، درود اور دعا سب کچھ پڑھا جاتا ہے، لیکن ظہر کی چار سنتوں کے قعدۂ اولیٰ میں صرف تشہد پڑھے گا، اور فقہاء نے ان پر واجب کے احکام اس لئے جاری کئے ہیں کہ نبی ﷺ نے فجر کی سنتوں کی طرح ظہر کی سنتیں بھی پابندی سے پڑھی ہیں۔

بَابُ الصَّلاَةِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ

مغرب سے پہلے نماز

مغرب سے پہلے اگر وقت میں گنجائش ہو تو نفل نماز پڑھنا جائز ہے، عصر کے فرضوں کے بعد جو نوافل کی ممانعت شروع ہوتی ہے وہ غروب پر ختم ہو جاتی ہے، مگر مغرب سے پہلے نوافل پڑھنا مسنون نہیں۔

[۳۵-] بَابُ الصَّلاَةِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ

[۱۱۸۳-] حدثنا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَيْنِ: وَهُوَ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "صَلُّوا قَبْلَ صَلاَةِ الْمَغْرِبِ" قَالَ فِي

الثَّالِثَةِ: "لِمَنْ شَاءَ" كَرَاهِيَةَ أَنْ يَتَّخِذَهَا النَّاسُ سُنَّةً [انظر: ٧٣٦٨]

[١١٨٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِىْ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِىْ حَبِيْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مَرْثَدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِىَّ، قَالَ: أَتَيْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِىَّ، فَقُلْتُ: أَلَا أُعَجِّبُكَ مِنْ أَبِىْ تَمِيْمٍ؟ يَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، فَقَالَ عُقْبَةُ: إِنَّا كُنَّا نَفْعَلُهُ عَلٰى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: فَمَا يَمْنَعُكَ الآنَ؟ قَالَ: الشُّغْلُ.

حدیث (۱): حضرت عبداللہ مزنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے دومرتبہ فرمایا: مغرب کی نماز سے پہلے نماز پڑھو، پھر تیسری مرتبہ لِمَنْ شَاءَ بڑھایا، یعنی مغرب کی نماز سے پہلے کوئی نفلیں پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے، راوی کہتے ہیں: آپؐ نے لمن شاء اس لئے بڑھایا کہ لوگ اس نماز کو سنت نہ بنالیں۔

تشریح: ارشاد: صَلُّوْا قبلَ صلاۃ المغرب مسئلہ سمجھانے کے لئے ہے، عصر کے فرض پڑھنے کے بعد جو نفلوں کی ممانعت شروع ہوتی ہے وہ غروب شمس تک ممتد ہے، سورج چھپتے ہی وہ کراہیت ختم ہوجاتی ہے، اب کوئی نفلیں پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے، مگر اس وقت نفلیں پڑھنا مسنون نہیں، صرف جائز ہے، رمضان میں دس منٹ کے بعد نماز کھڑی ہوتی ہے، پس کوئی کھجور سے افطار کرکے نفلیں پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے، لیکن اس کو سنت نہ بنالیا جائے کہ پورے سال دس منٹ کے بعد مغرب کی نماز کھڑی ہو، مغرب کی نماز میں تعجیل (جلدی کرنا) مطلوب ہے، پس یہ حدیث: صرف حدیث ہے، سنت (دینی طریقہ) نہیں، اور دونوں میں فرق مقدمہ میں بیان کیا گیا ہے۔

حدیث (۲): مرثد بن عبداللہ یزنی حضرت عقبہ بن عامرؓ کے پاس آئے اور کہا: کیا میں آپ کو حضرت ابوتمیم عبداللہ بن مالک جیشانی رحمہ اللہ (مخضرم تابعی) کی ایک حیرت انگیز بات نہ بتلاؤں؟ انھوں نے مغرب سے پہلے دو نفلیں پڑھیں! حضرت عقبہؓ نے کہا: نبی ﷺ کے زمانہ میں ہم اس کو پڑھتے تھے، یعنی اس میں حیرت کی کوئی بات نہیں، عہد رسالت میں ہم مغرب سے پہلے دو نفلیں پڑھتے تھے۔ مرثد نے کہا: پھر اب آپ کیوں نہیں پڑھتے؟ انھوں نے کہا: مشغولیت مانع ہے۔

تشریح: ابوتمیم رحمہ اللہ کے مغرب سے پہلے دو نفلیں پڑھنے پر مرثد کو جو تعجب ہوا ہے وہ دلیل ہے کہ مسلمانوں میں اس نماز کا رواج نہیں تھا، ورنہ مرثد کو حیرت کیوں ہوتی؟، پس اس واقعہ سے جواز ثابت ہوتا ہے اور جواز تو نبی ﷺ کے ارشاد سے بھی ثابت ہے اور جواز میں کوئی کلام بھی نہیں۔

بَابُ صَلَاةِ النَّوَافِلِ جَمَاعَةً

نوافل باجماعت پڑھنا

نفلوں میں پابندیاں نہیں ہیں، تاکہ لوگ زیادہ سے زیادہ نفلیں پڑھیں، باجماعت نماز پڑھنا بھی ایک طرح کی پابندی

ہے، یہ پابندی نفلوں میں نہیں، پس جماعت کے ساتھ نفل پڑھنا جائز ہے، مگر شرط یہ ہے کہ تداعی نہ ہو، تداعی باب تفاعل کا مصدر ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: ایک دوسرے کو بلانا، اور فقہاء نے تداعی کی تعریف کی ہے: اگر امام کے علاوہ تین مقتدی ہوں تو تداعی ہے اور ایک یا دو مقتدی ہوں تو تداعی نہیں، بلانے نہ بلانے پر مدار نہیں۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی قدس سرہ تداعی کے لغوی معنی لیتے تھے، آپ رمضان میں اعتکاف کرتے تھے، آپ کے ساتھ سو دو سو آدمی معتکف ہوتے تھے، اور حضرت تہجد میں قرآن پڑھتے تھے، معتکفین بھی جماعت میں شریک ہوجاتے تھے، لوگوں نے اعتراض کیا، حضرت نے یہی جواب دیا کہ تداعی کے معنی ہیں: ایک دوسرے کو بلانا، میں کسی کو بلاتا نہیں، مسجد میں موجود لوگ شریک ہوجاتے ہیں اور اس موضوع پر حضرت قدس سرہ کی ایک لمبی تحریر ہے جو فتاوی شیخ الاسلام میں مطبوعہ ہے، مفتی محمد سلمان صاحب منصور پوری نے اس کو مرتب کیا ہے اور اس مسئلہ پر ان کا حاشیہ ہے کہ حضرت نے جو تداعی کے معنی بیان کئے ہیں: اس کی فقہ کے کسی جزئیہ سے تائید نہیں ہوتی، اور یہ حضرت کا تفرد ہے۔

غرض نوافل کو تمام قیودات سے آزاد رکھا گیا ہے تاکہ آدمی کو جب موقع ملے نفلیں پڑھ سکے، جماعت کی شرط لگانا بھی ایک طرح کی قید ہے اس لئے تداعی کی صورت میں جماعت کو مکروہ قرار دیا گیا ہے، اور آنحضور ﷺ کے باجماعت نفل پڑھنے کے جو واقعات ہیں ان میں دو سے زیادہ مقتدی نہیں ہوتے تھے۔

[۳۶-] بَابُ صَلَاةِ النَّوَافِلِ جَمَاعَةً

ذَكَرَهُ أَنَسٌ، وَعَائِشَةُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۱۸۵-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، أَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْأَنْصَارِيُّ: أَنَّهُ عَقَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعَقَلَ مَجَّةً مَجَّهَا فِيْ وَجْهِهِ، مِنْ بِئْرٍ كَانَتْ فِيْ دَارِهِمْ.

[۱۱۸۶-] فَزَعَمَ مَحْمُوْدٌ، أَنَّهُ سَمِعَ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيَّ، وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: كُنْتُ أُصَلِّي لِقَوْمِيْ بَنِيْ سَالِمٍ، وَكَانَ يَحُوْلُ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ وَادٍ إِذَا جَاءَتِ الْأَمْطَارُ، فَيَشُقُّ عَلَيَّ اجْتِيَازُهُ قِبَلَ مَسْجِدِهِمْ، فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ لَهُ: إِنِّيْ أَنْكَرْتُ بَصَرِيْ، وَإِنَّ الْوَادِيَ الَّذِيْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ قَوْمِيْ يَسِيْلُ إِذَا جَاءَتِ الْأَمْطَارُ، فَيَشُقُّ عَلَيَّ اجْتِيَازُهُ، فَوَدِدْتُ أَنَّكَ تَأْتِيْ فَتُصَلِّيْ مِنْ بَيْتِيْ مَكَانًا أَتَّخِذُهُ مُصَلًّى، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سَأَفْعَلُ" فَغَدَا عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَ مَا اشْتَدَّ النَّهَارُ، فَاسْتَأْذَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَذِنْتُ لَهُ، فَلَمْ يَجْلِسْ حَتَّى قَالَ: "أَيْنَ تُحِبُّ أَنْ أُصَلِّيَ مِنْ بَيْتِكَ؟" فَأَشَرْتُ لَهُ إِلَى الْمَكَانِ

الَّذِی أُحِبُّ أَنْ يُصَلِّيَ فِيهِ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَكَبَّرَ، وَصَفَفْنَا وَرَاءَهُ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ فَسَلَّمْنَا حِيْنَ سَلَّمَ، وَحَبَسْتُهُ عَلَى خَزِيْرَةٍ تُصْنَعُ لَهُ، فَسَمِعَ أَهْلُ الدَّارِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِيْ، فَثَابَ رِجَالٌ مِنْهُمْ، حَتَّى كَثُرَ الرِّجَالُ فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: مَا فَعَلَ مَالِكٌ؟ لاَ أَرَاهُ! فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: ذَاكَ مُنَافِقٌ لاَ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ تَقُلْ ذٰلِكَ، أَلاَ تَرَاهُ قَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، يَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ؟" فَقَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! أَمَّا نَحْنُ فَوَ اللّٰهِ لاَ نَرَى وُدَّهُ وَلاَ حَدِيْثَهُ إِلاَّ إِلَى الْمُنَافِقِيْنَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ عَلَى النَّارِ مَنْ قَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، يَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ"

قَالَ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ: فَحَدَّثْتُهَا قَوْمًا فِيْهِمْ أَبُوْ أَيُّوْبَ الأَنْصَارِيُّ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فِيْ غَزْوَتِهِ الَّتِيْ تُوُفِّيَ فِيْهَا، وَيَزِيْدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَلَيْهِمْ بِأَرْضِ الرُّوْمِ، فَأَنْكَرَهَا عَلَيَّ أَبُوْ أَيُّوْبَ، قَالَ: وَاللّٰهِ! مَا أَظُنُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ مَا قُلْتَ قَطُّ، فَكَبُرَ ذٰلِكَ عَلَيَّ، فَجَعَلْتُ لِلّٰهِ عَلَيَّ إِنْ سَلَّمَنِيْ حَتّٰى أَقْفُلَ مِنْ غَزْوَتِيْ، أَنْ أَسْأَلَ عَنْهَا عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ، إِنْ وَجَدْتُهُ حَيًّا فِيْ مَسْجِدِ قَوْمِهِ، فَقَفَلْتُ فَأَهْلَلْتُ بِحَجَّةٍ أَوْ بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ سِرْتُ حَتّٰى قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَأَتَيْتُ بَنِيْ سَالِمٍ، فَإِذَا عِتْبَانُ شَيْخٌ أَعْمَى يُصَلِّي لِقَوْمِهِ، فَلَمَّا سَلَّمَ مِنَ الصَّلاَةِ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ، وَأَخْبَرْتُهُ مَنْ أَنَا، ثُمَّ سَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ، فَحَدَّثَنِيْهِ كَمَا حَدَّثَنِيْهِ أَوَّلَ مَرَّةٍ. [راجع: ٤٢٤]

وضاحت: یہ حضرت محمود بن الربیعؓ کی حدیث ہے، یہ صحابی صغیر ہیں، انھوں نے ایک غزوہ میں (جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں قسطنطنیہ پر ہوا تھا جس کا امیر یزید تھا اور اس غزوہ میں حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بھی شریک تھے، اور اسی غزوہ میں آپؓ نے وفات پائی ہے) حضرت عتبان رضی اللہ عنہ کا واقعہ بیان کیا، پہلے اپنا تعارف کراتے ہیں: ایک مرتبہ نبی ﷺ میرے گھر تشریف لائے اس وقت ان کی عمر پانچ سال تھی، آپؐ نے وضو کے لئے پانی طلب کیا، گھر میں کنواں تھا اس میں سے ڈول بھر کر پانی لایا گیا، آپؐ نے وضو فرمایا پھر چلو بھر کر پانی منہ میں لیا اور کلی محمودؓ کے منہ پر ڈالی، حضرت محمودؓ کہتے ہیں: یہ واقعہ مجھے یاد ہے، پھر انھوں نے حضرت عتبان بن مالکؓ کا واقعہ بیان کیا جو کئی بار آچکا ہے، اس کا یہ جزء باب سے متعلق ہے کہ حضرت عتبانؓ کی درخواست پر ایک صبح دن چڑھے آنحضور ﷺ ان کے گھر تشریف لے گئے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی ساتھ تھے اور آپؐ نے ان کے گھر میں باجماعت دو نفلیں پڑھیں، معلوم ہوا کہ نفل نماز کی جماعت جائز ہے، باقی حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الصلوٰۃ باب ۴۶ (تحفۃ القاری ۲:۲۶۲) میں ہے۔

اس حدیث کے آخر میں ایک مضمون زائد ہے جو پہلے نہیں آیا، جب حضرت محمودؓ نے یہ حدیث بیان کی کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا ہے: جو شخص لا إله إلا الله کا قائل ہے اس پر جہنم کی آگ حرام ہے، پس حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ

نے کہا: میرا خیال ہے کہ یہ بات آنحضور ﷺ نے قطعاً نہیں فرمائی (نافرمان مسلمان جو فرائض کے تارک اور کبائر کے مرتکب ہیں، صرف اللہ کی وحدانیت اور نبی ﷺ کی رسالت کی گواہی دینے سے جہنم پر حرام کیسے ہو جائیں گے؟ یہ بات ناممکن ہے، اور تم جو حدیث بیان کرتے ہو میرے خیال میں وہ صحیح نہیں، نبی ﷺ کا یہ ارشاد نہیں ہوسکتا) محمود بن الربیعؓ پر یہ بات بہت بھاری ہوئی، کیونکہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ جلیل القدر صحابی ہیں، اس لئے حضرت محمودؓ نے عہد کیا کہ اگر میں جہاد سے صحیح سالم واپس لوٹا اور حضرت عتبانؓ زندہ ہوئے تو میں ان سے یہ حدیث دوبارہ سنوں گا، چنانچہ جہاد سے لوٹنے کے بعد انھوں نے حج یا عمرہ کا ارادہ کیا، پھر حج یا عمرہ سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ پہنچے، حضرت عتبانؓ ابھی حیات تھے، اور قوم کی مسجد کے امام تھے، البتہ بوڑھے اور نابینا ہو گئے تھے، حضرت محمودؓ نے ان کے پیچھے نماز پڑھی، جب نماز سے فارغ ہوئے تو ان سے ملاقات کی اور اپنا تعارف کرایا، اور حدیث سنانے کی درخواست کی، چنانچہ حضرت عتبانؓ نے حدیث اسی طرح سنائی جس طرح پہلی مرتبہ سنائی تھی (معلوم ہوا کہ حدیث صحیح ہے اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ توحید و رسالت کے قائل پر ابداً جہنم حرام ہے، مزید وضاحت پہلے گذر چکی ہے)

بَابُ التَّطَوُّعِ فِي الْبَيْتِ

گھر میں نوافل پڑھنا

سنن ونوافل کے سلسلہ میں اصل مسئلہ یہ ہے کہ ان کو گھر میں پڑھنا افضل ہے، مسجد میں صرف فرض نمازیں پڑھنی چاہئیں، اور اس کے کئی فائدے ہیں، مثلاً:

(۱) نوافل کی کثرت ہوگی، مسجد کی قید ہوگی تو ہر وقت نفل نہیں پڑھ سکے گا، اور گھر میں جب چاہے گا پڑھے گا۔

(۲) بیوی بچوں کو ترغیب ہوگی، وہ بھی نوافل کا اہتمام کریں گے۔

(۳) گھر میں برکت ہوگی۔

ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا: **اجعلوا فی بیوتکم من صلوتکم**: اپنی کچھ نمازیں گھروں میں گردانو، من تبعیضیہ ہے اور مراد نوافل ہیں، پھر فرمایا: **ولا تتخذوھا قبوراً**: اور گھروں کو قبریں مت بناؤ ــــ علماء نے اس کے دو مطلب بیان کئے ہیں:

ایک: گھروں میں مردوں کو دفن مت کرو، تدفین گورغریباں میں ہونی چاہئے، اس لئے کہ گھروں میں نماز پڑھنی ہے پس اگر گھروں میں قبریں ہونگی تو ہوسکتا ہے: نماز میں قبر سامنے پڑے، جبکہ قبر کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کی ممانعت آئی ہے۔

دوم: گھروں کو اعمال سے ویران مت کرو، جیسے قبرستان اعمال سے ویران ہوتا ہے، وہاں کوئی عمل نہیں کرتا، ہر شخص مرا پڑا ہے اس طرح گھروں کو اعمال سے معطل مت کرو، گھروں میں نمازیں پڑھو، اعمالِ صالحہ سے ان کو آباد کرو۔

غرض اس حدیث کی وجہ سے علماء فرماتے ہیں: سنن ونوافل گھر میں پڑھنا اولیٰ ہے، اس میں ریاء وسمعہ کا احتمال نہیں، اصل مسئلہ یہی ہے مگر جب احوال بدلے تو مسئلہ بھی بدلا، جب علماء نے دیکھا کہ لوگوں کے مشاغل بڑھ گئے ہیں اور عبادت کا ذوق وشوق کم ہوگیا ہے تو فتوی دیا کہ سنن مؤکدہ مسجد میں پڑھی جائیں، پھر جب بڑے شہروں کے احوال دیکھے کہ لوگ چھوٹے چھوٹے مکانوں میں رہتے ہیں اور گھر میں نماز میں سکون نہیں ہوتا تو سب نمازیں مسجد میں پڑھنے کا فتوی دیا، اور لوگ سبھی نفلیں مسجدوں میں پڑھنے لگے، غرض یہ احکام عوارض کی وجہ سے بدلے ہیں، اور آج فتوی یہ ہے کہ سنن مؤکدہ اور واجب نمازیں فرائض کے ساتھ ملحق ہیں، ان کو مسجد میں پڑھنا چاہئے، اور جس شخص کو اعتماد ہو کہ گھر جاکر سنتیں پڑھے گا فوت نہیں کرے گا اس کے لئے آج بھی نوافل گھر میں پڑھنا افضل ہے۔

فائدہ: علامہ بنوری رحمہ اللہ نے معارف السنن (۴: ۱۱۱) میں تحریر فرمایا ہے کہ فرائض، واجب اور سنن مؤکدہ کے علاوہ نو نوافل مسجد میں پڑھنا افضل ہے: (۱) تراویح (۲) سورج گہن کی نماز (۳) تحیۃ المسجد (۴) احرام کا دوگانہ (۵) طواف کا دوگانہ (۶) معتکف کے سب نوافل (۷) مسافر جب سفر سے لوٹے تو چاہئے کہ گھر میں داخل ہونے سے پہلے مسجد میں جاکر دو رکعت نفل نماز پڑھے (۸) جس شخص کو مشغولیت کی وجہ سے نماز فوت ہونے کا اندیشہ ہو اسے بھی نفل نماز مسجد میں پڑھنی چاہئے (۹) جمعہ کی سنتیں۔

اور میں نے اس میں یہ اضافہ کیا ہے کہ کوئی نیک آدمی مسجد میں ہو اور اس کی معیت مقصود ہو تو نفلیں مسجد میں پڑھنا افضل ہے، کیونکہ نیکوں کی معیت شرعاً مطلوب ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾ مسلمانو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھی بنو (التوبہ ۱۱۹) اسی طرح ملکہ سبا کے واقعہ میں ہے کہ اس نے اسلام قبول کرتے وقت کہا تھا: ﴿رَبِّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ پروردگار! میں نے اپنے اوپر ظلم کیا کہ سورج کی پوجا کرتی رہی، اب میں سلیمانؑ کے ساتھ جہاں کے پالنہار پر ایمان لاتی ہوں (النمل ۴۴) ان دونوں آیتوں سے معلوم ہوا کہ نیک لوگوں کی معیت مطلوب ہے۔

اسی طرح مسجد کے قریب اگر کسی نیک آدمی کا گھر ہو اور اس کے قرب سے حصول برکت مقصود ہو تو بھی مسجد میں نوافل پڑھنا بہتر ہے، صحابہ کرام اسی وجہ سے تہجد پڑھنے کے لئے مسجد نبوی میں آتے تھے، اسی طرح اگر کوئی متبرک جگہ ہو مثلاً حرمین شریفین تو بھی مسجد میں نفل پڑھنا افضل ہے۔ واللہ اعلم

[۳۷-] بَابُ التَّطَوُّعِ فِي الْبَيْتِ

[۱۱۸۷-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اجْعَلُوْا فِيْ بُيُوْتِكُمْ مِنْ صَلَاتِكُمْ، وَلَا تَتَّخِذُوْهَا قُبُوْرًا" تَابَعَهُ عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوْبَ. [راجع: ۴۳۲]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

[كِتَابُ فَضْلِ الصَّلٰوةِ فِيْ مَسْجِدِ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ]

اس کتاب کو أبواب التطوع کا تتمہ سمجھنا چاہئے، ہمارے نسخے میں یہاں کوئی عنوان نہیں، البتہ مصری نسخہ میں ہے، مگر یہ عنوان تمام ابواب کو جامع نہیں، اس لئے ان ابواب کو ابواب التطوع کا تتمہ کہنا مناسب ہے۔

بَابُ فَضْلِ الصَّلٰوةِ فِيْ مَسْجِدِ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ

مسجدِ حرام اور مسجدِ نبوی میں نماز کی فضیلت

مسجدِ مکہ سے مسجدِ حرام اور مسجدِ مدینہ سے مسجدِ نبوی مراد ہیں، مکہ اور مدینہ کی دوسری مسجدیں مراد نہیں، مسجدِ حرام اور مسجدِ نبوی میں نماز پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟ اس باب میں دو حدیثیں ہیں، ان میں فضیلت کا بیان ہے۔

[كِتَابُ فَضْلِ الصَّلٰوةِ فِيْ مَسْجِدِ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ]

بسم الله الرحمن الرحيم

[۱-] بَابُ فَضْلِ الصَّلٰوةِ فِيْ مَسْجِدِ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ

[۱۱۸۸-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَر، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ قَزَعَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ أَرْبَعًا، قَالَ: سَمِعْتُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه سلم، وَكَانَ غَزَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثِنْتَيْ عَشْرَةَ غَزْوَةً [راجع: ۵۸۶]

[۱۱۸۹-] ح:وَحَدَّثَنَا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ، وَمَسْجِدُ الرَّسُوْلِ صلى الله عليه سلم، وَمَسْجِدُ الْأَقْصَى"

ترجمہ: قزعۃ بن یحییٰ بصری کہتے ہیں: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے چار حدیثیں سنی ہیں جو انھوں نے نبی ﷺ سے سنی ہیں اور انھوں نے نبی ﷺ کے ساتھ بارہ غزوات میں شرکت کی ہے۔

پھر تحویل ہے یعنی دوسری سند ہے اور وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، وہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: کجاوے مضبوط نہ باندھے جائیں یعنی لمبا سفر نہ کیا جائے مگر تین مسجدوں کی طرف: مسجدِ حرام، مسجدِ نبوی اور مسجدِ اقصیٰ کی طرف (قزعہ نے حضرت ابوسعید خدریؓ سے جو چار حدیثیں سنی ہیں ان میں سے ایک حدیث یہی ہے، ان کی حدیث آخری باب میں آرہی ہے، اس میں چاروں باتوں کا ذکر ہے)

تشریح:

رِحال: رَحْل کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: کجاوہ، پہلے عام طور پر اونٹوں پر سفر ہوتا تھا، قریب کا سفر اونٹ کی ننگی پیٹھ پر بیٹھ کر بھی کرتے تھے، اور دور کے سفر کے لئے کجاوا رکھتے تھے اور سفر بہت طویل ہوتا تو کجاوا مضبوط باندھتے تھے۔ پس حدیث میں لمبا سفر کرنے کی ممانعت ہے، قریب کا سفر کر سکتے ہیں۔

کسی مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے لمبا سفر کر کے جانا یا اولیاء کی قبروں کی زیارت کے لئے جانا، یا کسی ولی کے تکیہ (بزرگ کے رہنے اور عبادت کرنے کی جگہ) کی زیارت کے لئے جانا یا کسی اور متبرک مقام کی زیارت کے لئے لمبا سفر کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، بعض مباح کہتے ہیں اور بعض حرام، قائلین اباحت کہتے ہیں: عدم جواز کی کوئی دلیل نہیں، اور اس حدیث کا مقصد تین مسجدوں کا مہتم بالشان ہونا بیان کرنا ہے اس لئے ان تین مساجد کی طرف لمبا سفر کر کے نماز پڑھنے کے لئے جانے کی ترغیب دی، کیونکہ یہ متبرک جگہیں ہیں، پس اگر لوگ سفر کی زحمت اٹھائیں تو ان تین مقامات میں حاضری کے لئے اٹھائیں، ان کے علاوہ کے لئے بارِ مشقت اٹھانا بے فائدہ ہے، اس حدیث کا یہ مقصد نہیں ہے کہ ان مقامات کے علاوہ کہیں سفر کر کے جانا جائز نہیں۔

اور دوسری رائے یہ ہے کہ خواہ مسجدیں ہوں یا اولیاء کی قبریں یا کسی ولی کا تکیہ یا کوئی اور متبرک جگہ سب کی طرف لمبا سفر کر کے جانا ممنوع ہے، اس لئے کہ زمانۂ جاہلیت میں لوگ ایسے مقامات کی زیارت کے لئے اور برکتیں حاصل کرنے کے لئے جاتے تھے، جو ان کے گمان میں معظم محترم ہوتی تھیں، اور یہ بات دین کی تحریف کا سبب بنی تھی، اس لئے نبی ﷺ نے اپنے اس ارشاد کے ذریعہ فساد کا دروازہ بند کر دیا کہ تین مساجد کے علاوہ حقیقی یا فرضی متبرک مقامات کے لئے سفر کرنا ممنوع ہے اور مقصد یہ ہے کہ غیر شعائر، شعائر کے ساتھ مل نہ جائیں، اور یہ اسفار غیر اللہ کی عبادت کا ذریعہ نہ بن جائیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ کی یہی رائے ہے اور ان کی دلیل کوہ طور کے لئے سفر کے عدم جواز والی روایت ہے، کوہ طور کی وہ جگہ جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوا تھا یقیناً ایک متبرک جگہ ہے، سورۂ طٰہٰ آیت ۱۲ میں اس کو وادی مقدس (پاک میدان) اور سورۃ القصص آیت ۳۰ میں اس کو بقعہ مبارکہ

(مبارک مقام) کہا گیا ہے، پھر بھی اس کی زیارت کے لئے سفر کرنے کو حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ نے اس حدیث کی رو سے ممنوع قرار دیا ہے اور اولیاء کے مزارات پر حاضری کا جو سلسلہ اہل بدعت میں جاری ہے اور اس کے پیچھے جو فاسد عقائد پنہاں ہیں وہ یقیناً دین کی تحریف کا باعث ہیں، پس شاہ صاحبؒ کی بات فہم صحابی سے مؤید ہے۔

پھر ایک نیا مسئلہ قبر اطہر کی زیارت کے لئے سفر کے جواز وعدم جواز کا کھڑا ہوا، علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ اس کے لئے بھی سفر کرنا ناجائز کہتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: مسجدِ نبوی میں نماز ادا کرنے کی نیت سے سفر کرے پھر روضۂ اقدس پر بھی حاضری دے مگر قبر اطہر کی زیارت کی نیت سے مستقل سفر کرنا جائز نہیں، وہ اسی حدیث سے استدلال کرتے ہیں، فرماتے ہیں: حدیث میں استثناء مفرّغ ہے یعنی اس کا مستثنیٰ منہ مذکور نہیں۔ اور قاعدہ ہے کہ استثناء مفرغ میں مستثنیٰ منہ عام پوشیدہ مانا جاتا ہے، پس تقدیر عبارت ہوگی: لاتُشَدُّ الرحالُ إلی مکانٍ مَّا: کسی جگہ کا سفر نہ کیا جائے اور اس کے عموم میں قبر اطہر بھی آتی ہے، اس لئے اس کی زیارت کے لئے سفر کرنا بھی جائز نہیں۔

اور جمہور امت کے نزدیک قبر اطہر کی زیارت کے لئے سفر کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ اہم عبادتوں میں سے ہے، اور بڑا ثواب کا کام ہے، اور ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ بیشک استثناء مفرغ میں مستثنیٰ منہ عام ہوتا ہے مگر وہ مستثنیٰ کی جنس سے ہوتا ہے، پس تقدیر عبارت ہوگی: لاتُشَدُّ الرحالُ إلی مسجدٍ مَّا: کسی بھی مسجد کے لئے لمبا سفر نہ کیا جائے۔ اور اس تقدیر کی دلیل ایک حدیث بھی ہے، مسند احمد (۶۴:۳) میں شہر بن حوشب ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہی حدیث بایں الفاظ روایت کرتے ہیں: لَایَنْبَغِیْ لِلْمَطِیِّ أَنْ تُشَدَّ رِحَالُهُ إِلٰی مسجدٍ یَبْتَغِیْ فیه الصلوةَ غیرَ المسجدِ الحرامِ والمسجدِ الأقصٰی ومسجدی هذا، اور شہر بن حوشب میں اگرچہ کلام ہے مگر مجمع الزوائد (۳:۴) میں صراحت ہے کہ ان کی حدیث حسن کے درجہ کی ہوتی ہے۔ غرض اس حدیث میں مستثنیٰ منہ مصرح ہے اور إلی مکانٍ مَّا تو مقدر مانا ہی نہیں جاسکتا، ورنہ تجارت کے لئے اور مریض کے علاج کے لئے دور دراز کا سفر کرنا بھی ممنوع ہو جائے گا۔

اور جمہور امت نے اصل استدلال تعامل امت سے کیا ہے کہ دورِ صحابہ سے آج تک ہر حاجی مکہ معظّمہ کا ایک لاکھ نمازوں کا ثواب چھوڑ کر چار سو میل کا طویل سفر کر کے مدینہ طیبہ جاتا ہے، ظاہر ہے: حجاج صرف مسجدِ نبوی کی زیارت کے لئے نہیں جاتے بلکہ قبر اطہر پر حاضری مقصود ہوتی ہے، غرض قبر اطہر کا معاملہ ایک استثنائی معاملہ ہے، جیسے گھر میں تدفین حدیث کی رو سے ممنوع ہے مگر آپؐ کی تدفین اس سے مستثنیٰ ہے اور قبروں اور تکیوں کے لئے طویل سفر کا عدم جواز تنقیح مناط کے ذریعہ ہے، اور حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ نے طور کے لئے سفر کو حدیث کے ذیل میں لیا ہے، کمافی الموطا۔ واللہ اعلم

فائدہ: ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے زندگی بھر بدعات وخرافات سے ٹکر لی ہے، اور دمشق، شام اور مصر ان کے کام کا میدان رہا ہے، اور ان کے مزاج میں شدت تھی، جب انھوں نے دیکھا کہ لوگ اولیاء کی قبروں اور متبرک مقامات کی زیارت کے لئے طویل سفر کرتے ہیں اور وہاں پہنچ کر کردنی ناکردنی کرتے ہیں تو انھوں نے ردعمل میں قبر اطہر کی زیارت کے لئے بھی سفر کو

ناجائز کہدیا، اور ہندوستان بھی بدعات وخرافات سے بھرا پڑا تھا، دارالعلوم دیوبند کی سوسالہ محنت سے اس کی حالت میں کافی حدتک سدھار آیا ہے، مگر اب بھی آدھے سے زیادہ ہندوستان بدعات کی تاریکیوں میں ڈوبا ہوا ہے، مگر ہمارے اکابر کے مزاج میں اعتدال تھا، چنانچہ انھوں نے ردعمل کے طور پر مسئلہ نہیں بگاڑا، قرآن وحدیث کی رو سے جو جائز تھا اس کو جائز کہا اور اس کی بالکل پرواہ نہیں کی کہ جائز کہنے کی صورت میں کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا! بہرحال اپنے اکابر کے نزدیک قبر اطہر کی زیارت کے لئے طویل سفر کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ اعظم قربات سے ہے، اور اس پر امت کا اجماع ہے اور یہ استثنائی صورت ہے۔

[۱۱۹۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ رَبَاحٍ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَغَرِّ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَغَرِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " صَلاَةٌ فِيْ مَسْجِدِيْ هٰذَا خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ صَلاَةٍ فِيْمَا سِوَاهُ إِلاَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ"

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اس مسجد (مسجدِ نبوی) میں نماز پڑھنا دیگر مساجد میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے، مگر مسجدِ حرام مستثنیٰ ہے یعنی اُس میں اِس سے بھی زیادہ ثواب ہے۔

تشریح:

۱- ایک ضعیف حدیث میں ہے: گھر میں نماز پڑھنے سے ایک نماز کا ثواب ملتا ہے، اور محلّہ کی مسجد میں پچیس نمازوں کا، اور جامع مسجد میں پانچ سو نمازوں کا، اور مسجدِ اقصیٰ میں پچاس ہزار نمازوں کا، اور مسجدِ نبوی میں بھی پچاس ہزار نمازوں کا اور مسجدِ حرام میں ایک لاکھ نمازوں کا (رواہ ابن ماجہ، مشکوٰۃ حدیث ۷۵۲) اور ایک روایت میں مسجدِ نبوی میں ایک ہزار اور مسجدِ اقصیٰ میں پانچ سو نمازوں کا ذکر ہے (عمدۃ) اسی طرح مسجدِ قباء میں بھی نماز کی فضیلت آئی ہے۔

اس فضیلت کی چند وجوہ ہیں:

پہلی وجہ: ان مساجد میں ثواب کی زیادتی بانیوں کی برکت سے ہے۔ دنیا میں چار ہی مسجدیں ایسی ہیں جو بالیقین نبیوں کی بنائی ہوئی ہیں، ایک: مسجدِ حرام: جس کے بانی خلیل اللہ ہیں، دوسری: مسجدِ نبوی: جس کے بانی حبیب اللہ ہیں، تیسری: مسجدِ اقصیٰ: جس کے بانی سلیمان علیہ السلام ہیں، چوتھی: مسجدِ قباء: اس کے بانی بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، اور بانی کی برکت کا بناء میں اور بنی میں آنا ایک مسلمہ حقیقت ہے، اسی وجہ سے لوگ مسجد اور مکان وغیرہ کی نیک لوگوں سے بنیاد رکھواتے ہیں۔

دوسری وجہ: نمازیوں کی کثرت فضیلت کا باعث ہے، مسجدِ حرام میں لاکھوں کا مجمع ہوتا ہے اور مسجدِ نبوی میں بھی نمازی لاکھ دولاکھ سے کم نہیں ہوتے، اور مسجدِ اقصیٰ میں بھی بڑا مجمع ہوتا ہے، اس وجہ سے نماز کا ثواب بڑھ جاتا ہے۔

تیسری وجہ: کس مسجد میں کس پیغمبر نے کتنا عرصہ عبادت کی ہے اس کا بھی فضیلت میں اور اس کی کمی بیشی میں دخل ہے،

مسجدِ حرام میں تمام نبیوں اور رسولوں نے عبادت کی ہے اس لئے اس کا مرتبہ سب سے بلند ہے، اور مسجدِ نبوی میں دس سال مسلسل آنحضور ﷺ نے قیام فرمایا ہے اور وہاں شب وروز عبادت کی ہے اس لئے اس کا دوسرا نمبر ہے، اور مسجدِ اقصیٰ میں انبیاء بنی اسرائیل نے عبادتیں کی ہیں اس لئے اس کا بھی دوسرا نمبر (ضعیف روایت میں) یا تیسرا نمبر (صحیح روایت میں) ہے، اور قبا کی مسجد بھی آنحضرت ﷺ نے بنائی ہے، اور وہاں پندرہ دن قیام فرمایا ہے، پھر گاہ بہ گاہ وہاں نماز پڑھنے کے لئے تشریف لے جاتے تھے اس لئے اس کا چوتھا نمبر ہے، اور جامع مسجد کی فضیلت نمازیوں کی کثرت کی وجہ سے ہے، اور محلّہ کی مسجد کی فضیلت جماعت کی بنا پر ہے، ان کے علاوہ فضیلت کی اور بھی وجوہ ہیں جو رحمۃ اللہ الواسعہ (۳:۳۴۲) میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

۲- علماء نے فرمایا ہے کہ یہ ثواب فرضوں کا ہے نفلوں کا نہیں، اور دلیل یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نفلیں گھر میں ادا فرماتے تھے اور صحابہ کرام کو بھی آپؐ نے اس کی ترغیب دی تھی، اگر یہ ثواب غیر فرض کے لئے بھی ہوتا تو آپ سنن ونوافل مسجد میں پڑھتے اور صحابہ کرام کو بھی اس کی ترغیب دیتے، علاوہ ازیں نمازیوں کی کثرت وقلت جو فضیلت کا اصل باعث ہے وہ فرض نماز ہی میں متحقق ہے۔

نیز علماء نے یہ بات بھی بیان کی ہے کہ ان مساجد میں نماز ادا کرنے کا جو ثواب مروی ہے وہ مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے مکہ اور مدینہ میں بھی گھر میں نماز پڑھنے کا ثواب زیادہ ہے، حضرت ام حمید ساعدی رضی اللہ عنہا نے عرض کیا تھا کہ مجھے آپؐ کے ساتھ نماز پڑھنے کا شوق ہے، آپؐ نے فرمایا: ''تمہارا شوق بہت اچھا ہے، مگر تمہاری نماز کوٹھری میں کمرے کی نماز سے بہتر ہے، اور کمرے کی نماز گھر کے احاطہ کی نماز سے بہتر ہے، اور گھر کے احاطہ کی نماز محلّہ کی مسجد کی نماز سے بہتر ہے، اور محلّہ کی مسجد کی نماز میری مسجد کی نماز سے بہتر ہے'' اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ مسجدِ نبوی اور مسجدِ حرام وغیرہ کا ثواب مردوں کے لئے ہے، عورتوں کے لئے مکہ اور مدینہ میں بھی گھر میں نماز پڑھنے کا ثواب زیادہ ہے۔

(الترغیب والترہیب ۱:۱۷۸)

فائدہ: مگر ہم جب حج یا عمرہ کے لئے جاتے ہیں تو یہ بات عورتوں کو نہیں بتاتے، ان کو حرمین شریفین میں نماز پڑھنے کی ترغیب دیتے ہیں، کیونکہ بے چاری زندگی بھر کی تمنا لے کر جاتی ہے، پس اگر ان کو گھر میں نماز پڑھنے کے لئے کہا جائے گا تو ان کی تمناؤں کا خون ہوگا، اس لئے ان کے لئے زیادہ سے زیادہ وقت حرمین میں گذارنا بہتر ہے۔

بَابُ مَسْجِدِ قُبَاءٍ

قبا کی مسجد

قبا: مدینہ سے چند میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں تھا، اب وہ مدینہ میں شامل ہوگیا ہے، یہاں قبیلہ بنی عمرو بن عوف آباد تھا، نبی پاک ﷺ نے جب ہجرت فرمائی تھی تو پہلی منزل یہی قبا تھا، آپؐ نے کم وبیش پندرہ دن یہاں قیام فرمایا ہے، اس

دوران آپؐ نے گاؤں میں ایک مسجد تعمیر فرمائی، آپؐ نے اس میں بذاتِ خود حصہ لیا ہے، اور اس میں امامت بھی فرمائی ہے، پھر ہر ہفتہ: سنیچر کے دن آپؐ اس مسجد میں تشریف لے جاتے تھے، کبھی پیدل کبھی سوار ہوکر، اس مسجد میں نماز پڑھنے کی روایات بکثرت ہیں، ایک روایت میں ہے کہ اس میں نماز پڑھنے کا ثواب عمرہ کے برابر ہے اور ایک دوسری روایت میں اس میں نماز پڑھنے کا ثواب ایک غلام آزاد کرنے کے برابر بتایا گیا ہے، غرض دنیا میں چار ہی مسجدیں بالیقین انبیاء کی بنائی ہوئی ہیں، ان میں سے ایک مسجدِ قبا بھی ہے۔

[۲-] بَابُ مَسْجِدِ قُبَاءٍ

[۱۱۹۱-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ لاَ يُصَلِّيْ مِنَ الضُّحَى إِلاَّ فِيْ يَوْمَيْنِ، يَوْمَ يَقْدَمُ بِمَكَّةَ، فَإِنَّهُ كَانَ يَقْدَمُهَا ضُحًى، فَيَطُوْفُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ خَلْفَ الْمَقَامِ، وَيَوْمَ يَأْتِي مَسْجِدَ قُبَاءٍ، فَإِنَّهُ كَانَ يَأْتِيْهِ كُلَّ سَبْتٍ، فَإِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ كَرِهَ أَنْ يَخْرُجَ مِنْهُ حَتَّى يُصَلِّيَ فِيْهِ، قَالَ: وَكَانَ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَزُوْرُهُ رَاكِبًا وَمَاشِيًا.

[انظر: ۱۱۹۳، ۱۱۹۴، ۷۳۲۶]

[۱۱۹۲-] قَالَ: وَكَانَ يَقُوْلُ لَهُ: إِنَّمَا أَصْنَعُ كَمَا رَأَيْتُ أَصْحَابِيْ يَصْنَعُوْنَ، وَلاَ أَمْنَعُ أَحَدًا إِنْ صَلَّى فِيْ أَيِّ سَاعَةٍ مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ، غَيْرَ أَنْ لاَ يَتَحَرَّوْا طُلُوْعَ الشَّمْسِ وَلاَ غُرُوْبَهَا.

حدیث (۱): نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما چاشت کی نماز نہیں پڑھا کرتے تھے، مگر دو موقعوں پر: ایک: جب آپؓ مکہ معظّمہ آتے تھے، آپؓ چاشت کے وقت مکہ میں داخل ہوتے تھے، پھر بیت اللہ کا طوف کرتے تھے، پھر مقام ابراہیم کے پیچھے طواف کا دوگانہ پڑھتے تھے (چاشت کے وقت میں جو بھی نماز پڑھی جائے گی وہ صلاۃ الضحیٰ ہے) دوسرے: جس دن قبا میں تشریف لے جاتے، آپؓ مسجدِ قباء میں ہر سنیچر کو جاتے تھے، جب آپؓ مسجد میں داخل ہوتے تو نماز پڑھے بغیر مسجد سے نکلنے کو ناپسند کرتے (اور وہ چاشت کا وقت ہوتا تھا) اور یہ حدیث بیان کیا کرتے تھے کہ نبی ﷺ مسجدِ قباء کی زیارت کیا کرتے تھے، سوار ہوکر بھی اور پیدل بھی۔

حدیث (۲): نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمرؓ ان سے کہا کرتے تھے: میں نے جس طرح اپنے ساتھیوں کو (دیگر صحابہ کو) عمل کرتے دیکھا ہے میں بھی اسی طرح عمل کرتا ہوں، یعنی صحابہ عام طور پر چاشت کی نماز نہیں پڑھتے تھے، صرف ان دو موقعوں پر پڑھتے تھے پس میرا بھی یہی عمل ہے، اور جو شخص دن یا رات کی جس گھڑی میں بھی نماز پڑھتا ہے اس کو منع نہیں کرتا، ہاں طلوعِ شمس اور غروبِ شمس کا ارادہ نہ کرے یعنی طلوع، غروب اور استواء کے وقت بالقصد نماز نہ پڑھے۔

ملحوظہ: قباء کو منصرف اور غیر منصرف دونوں طرح پڑھا گیا ہے، اور علامہ نووی رحمہ اللہ نے منصرف کو ترجیح دی ہے۔

بَابُ مَنْ أَتَى مَسْجِدَ قُبَاءٍ كُلَّ سَبْتٍ

بَابُ إِتْيَانِ مَسْجِدِ قُبَاءٍ رَاكِبًا وَمَاشِيًا

جو شخص ہر سنیچر کو سوار ہوکر یا پیدل مسجد قباء گیا

نبی ﷺ ہر ہفتہ سنیچر کے دن مسجدِ قباء تشریف لے جاتے تھے، کبھی پیدل اور کبھی سوار ہوکر، اور یہ اوپر والے باب ہی کی حدیثیں ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ افادہ مزید کے لئے ہر حدیث پر نیا عنوان لگا دیتے ہیں۔

[۳-] بَابُ مَنْ أَتَى مَسْجِدَ قُبَاءٍ كُلَّ سَبْتٍ

[۱۱۹۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْتِيْ مَسْجِدَ قُبَاءٍ كُلَّ سَبْتٍ مَاشِيًا وَرَاكِبًا، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ. [راجع: ۱۱۹۱]

[٤-] بَابُ إِتْيَانِ مَسْجِدِ قُبَاءٍ رَاكِبًا وَمَاشِيًا

[۱۱۹٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْتِيْ مَسْجِدَ قُبَاءٍ رَاكِبًا وَمَاشِيًا.

زَادَ ابْنُ نُمَيْرٍ: قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ: فَيُصَلِّيْ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ. [راجع: ۱۱۹۱]

بَابُ فَضْلِ مَا بَيْنَ الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ

قبر اطہر اور منبر شریف کی درمیانی جگہ کی فضیلت

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا وہ حجرہ جس میں حضور اقدس ﷺ آسودۂ خواب ہیں، اس کے درمیان اور منبر نبوی کے درمیان جو جگہ ہے اس کو حدیث شریف میں 'جنت کی کیاری' کہا گیا ہے، یہ بیان حقیقت ہے یا تمثیل؟ عام طور پر علماء نے اس کو بیانِ حقیقت قرار دیا ہے، اور اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ قیامت کے دن یہ حصہ جنت میں شامل کرلیا جائے گا، یا یہ جنت ہی کا ایک ٹکڑا ہے، جیسے حجر اسود جنت کا ایک پتھر ہے اور قیامت کے دن پھر جنت میں منتقل کردیا جائے گا، اور بعض علماء نے اس کو تمثیل اور پیرایۂ بیان قرار دیا ہے، وہ کہتے ہیں: یہ درحقیقت زمین ہی کا ایک ٹکڑا ہے، جنت کا ٹکڑا نہیں ہے، نہ قیامت کے دن یہ حصہ جنت میں شامل کیا جائے گا، بلکہ یہ برکت والی جگہ ہے اس اعتبار سے اس کو 'جنت کی

کیاری' کہا گیا ہے۔

اس کی نظیر: عام طور پر کہا جاتا ہے کہ حجر اسود جنت کا ایک پتھر ہے، اور اس سلسلہ میں ترمذی شریف میں ایک روایت بھی ہے، مگر وہ ضعیف ہے، اور محمد بن الحنفیہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے والا تبار صاحبزادے ہیں اور شجاعت و بہادری میں اپنے والد کے مانند تھے، ان کا قول شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں بیان کیا ہے کہ حجر اسود دنیا ہی کا ایک پتھر ہے اور اس کو جنت کا پتھر اس اعتبار سے کہا گیا ہے کہ وہ بابرکت پتھر ہے۔

اسی طرح وہ قطعہ جو قبر اطہر اور منبر کے درمیان ہے، زمین ہی کا ایک حصہ ہے، مگر وہ بابرکت جگہ ہے، اس لئے اس کو 'جنت کی کیاری' کہا گیا ہے۔ واللہ اعلم

فائدہ: یہ حدیث لفظ 'بیت' سے بھی آئی ہے اور لفظ 'قبر' سے بھی، صحاح میں لفظ بیت ہے: ما بین بیتی ومنبری اور طبرانی اور بزار میں لفظ 'قبر' ہے: ما بین قبری ومنبری، اور راجح یہ معلوم ہوتا ہے کہ حدیث لفظ 'بیت' سے ہے اور 'قبر' روایت بالمعنی ہے، کیونکہ بوقت ارشاد قبر نہیں بنی تھی، ابھی آپؐ حیات تھے، اور حضور اکرم ﷺ کے نو گھر تھے، اور آخری ایام آپؐ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں گذارے ہیں اور انہی دنوں میں آپؐ نے یہ ارشاد فرمایا ہے، اور لفظ بیت استعمال فرمایا ہے، اور مراد حضرت عائشہؓ کا کمرہ ہے، پھر جب وہاں قبر اطہر بنی تو روایت بالمعنی میں الفاظ بدل گئے، روایت بالمعنی میں ایسی تبدیلی ہوتی ہے۔

[۵-] بَابُ فَضْلِ مَا بَيْنَ الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ

[۱۱۹۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ الْمَازِنِيِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ "

[۱۱۹۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ ابْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِيْ عَلٰى حَوْضِيْ "[۱۱۸۸، ۶۵۸۸، ۷۳۳۵]

وضاحت: روضۃ کے معنی ہیں: باغ، ہری بھری کیاری، مسجدِ نبوی کے اس خاص حصہ کو جنت کے باغ سے اس لئے تشبیہ دی ہے کہ اس جگہ میں ہر وقت اللہ کا ذکر، تلاوت قرآن اور نماز کا سلسلہ چلتا رہتا ہے، اور احادیث میں ذکر کے حلقوں کو جنت کے باغات کہا گیا ہے، اور اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: "میرا منبر میرے حوض پر ہے" پس اگر یہ بھی تمثیل ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جو منبر کے قریب ذکر و اذکار کرے گا، اور نمازیں پڑھے گا وہ قیامت کے دن حوض کوثر

کے قریب ہوگا اور اس کے پانی سے سیراب ہوگا، اور اگر یہ بیانِ حقیقت ہے تو مطلب یہ ہے کہ جو منبر مسجدِ نبوی میں تھا وہی منبر حوضِ کوثر پر رکھا جائے گا، اور آپؐ اس پر تشریف فرما ہونگے اور فرشتے آپؐ کی نگرانی میں امت کو پانی پلائیں گے۔

اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ میں لفظ ''قبر'' رکھ کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ یہ حدیث لفظ قبر کے ساتھ بھی آئی ہے اور اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ ریاض الجنہ میں نماز پڑھنا مسجدِ نبوی کے دوسرے حصوں میں نماز پڑھنے سے افضل ہے۔

بَابُ مَسْجِدِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

مسجد بیت المقدس

جن مسجدوں میں نماز پڑھنے کی فضیلت آئی ہے ان میں مسجدِ اقصیٰ بھی ہے، نبی ﷺ نے اس میں نماز پڑھنے کے لئے طویل سفر کر کے جانے کی اجازت دی ہے۔

[٦-] بَابُ مَسْجِدِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

[١١٩٧-] حدثنا أَ بُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، سَمِعْتُ قَزَعَةَ مَوْلٰى زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ بِأَرْبَعٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَعْجَبْنَنِيْ وَآنَقْنَنِيْ، قَالَ: " لَا تُسَافِرِ الْمَرْأَ ةُ يَوْمَيْنِ إِلَّا وَمَعَهَا زَوْجُهَا أَوْ ذُوْ مَحْرَمٍ، وَلَا صَوْمَ فِيْ يَوْمَيْنِ: الْفِطْرِ وَالْأَضْحٰى، وَلَا صَلَا ةَ بَعْدَ صَلَا تَيْنِ: بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَلَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الْأَقْصٰى، وَمَسْجِدِيْ "[راجع: ٥٨٦]

ترجمہ: قزعہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے چار حدیثیں سنی ہیں جن کو وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں، اور یہ حدیثیں قزعہ کو بہت پسند تھیں، ایک: کوئی عورت شوہر یا محرم کے بغیر دو دن کا سفر نہ کرے، دوسری: دو دن یعنی یوم الفطر اور یوم الاضحیٰ میں روزہ رکھنا جائز نہیں، تیسری: دو نمازوں کے بعد یعنی فجر اور عصر کی نمازیں پڑھنے کے بعد نوافل جائز نہیں، چوتھی: کجاوے نہ کسے جائیں مگر تین مسجدوں کی طرف: مسجد حرام، مسجد اقصیٰ اور مسجدِ نبوی کی طرف، یہ چاروں حدیثیں پہلے گذر چکی ہیں اور أعجبنني اور آنَقْنَنِيْ: کا ایک مطلب ہے یعنی مجھے یہ چاروں حدیثیں بہت پسند ہیں۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ الْعَمَلِ فِیْ الصَّلاَۃِ

نماز میں عمل کا بیان

نماز میں اقوال بھی ہیں اور افعال بھی، اقوال میں کن باتوں کی گنجائش ہے اور افعال میں کن کاموں کی؟ یعنی کونسے قول وفعل مفسد صلوٰۃ ہیں اور کونسے نہیں؟

جاننا چاہئے کہ ہر وہ قول جو کلام الناس کے قبیل سے ہے، اس سے نماز فاسد ہوجاتی ہے، اور جو قول کلام الناس کے قبیل سے نہیں ہے اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی، مثلاً: نماز میں چھینک آئے، اور بے قصد تحمید کرلے تو کچھ مضائقہ نہیں اور اگر کسی کو سلام کیا یا سلام کا جواب دیا یا چھینکنے والے کو جواب دے کر خوش کیا تو نماز فاسد ہوجائے گی، کیونکہ سلام میں اور یرحمك اللہ میں کاف خطاب کا ہے، پس کلام متحقق ہوگیا، اس لئے نماز فاسد ہوجائے گی، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

البتہ اگر کوئی بھول کر نماز کی اصلاح کے لئے کلام الناس کے قبیل کی کوئی بات کرلے تو کیا حکم ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نماز کی اصلاح کے لئے ناسیاً کلام کرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ اور علامہ نووی رحمہ اللہ نے شرح مہذب میں اس کے ساتھ غیر طویل کی قید بڑھائی ہے، انھوں نے حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا ہے (تفصیل کے لئے دیکھئے: تحفۃ الالمعی ۲:۲۳۱)

اور حنفیہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک کلام کی مطلق گنجائش نہیں، خواہ کلام قلیل ہو یا کثیر، عمداً ہو، ناسیاً ہو یا جاہلاً ہو، مطلق کلام مفسد صلوٰۃ ہے، دلائل آگے آرہے ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ سے متعدد اقوال مروی ہیں، اور وہ آخری بات جس پر ان کی رائے ٹھہر گئی وہ امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کے مطابق ہے، یعنی مطلقاً کلام مفسد صلوٰۃ ہے، تفصیل مغنی (۱:۷۰۲) میں ہے۔ اسی طرح امام مالک رحمہ اللہ کے بھی اس مسئلہ میں متعدد اقوال ہیں، اور قاضی عیاض رحمہ اللہ نے امام مالکؒ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ نماز میں کلام کی صورت میں نماز کا اعادہ مستحب ہے، اور حارث بن مسکین (مالکی) فرماتے ہیں: امام مالک رحمہ اللہ کے تلامذہ کا اس پر اجماع ہے کہ کلام فی الصلوٰۃ والی احادیث اسلام کے ابتدائی دور کی ہیں، اور وہ سب منسوخ ہیں (عمدۃ القاری ۴:۲۶۸) پس مسئلہ میں صرف امام شافعی رحمہ اللہ کا اختلاف باقی رہتا ہے۔

اور قلیل عمل نماز کو فاسد نہیں کرتا اور کثیر عمل نماز کو فاسد کرتا ہے، اس پر اجماع ہے، البتہ قلیل وکثیر کی تحدید وتعیین میں اختلاف ہے، اور اس سلسلہ میں فقہاء احناف سے بھی مختلف اقوال مروی ہیں، مثلاً: بعض کہتے ہیں: جو کام دونوں ہاتھوں سے کیا جائے وہ کثیر ہے اور مفسدِ صلوٰۃ ہے اور جو کام ایک ہاتھ سے کیا جائے وہ قلیل ہے اور مفسد صلوٰۃ نہیں، اور بعض کہتے ہیں: جو کام مسلسل تین مرتبہ کیا جائے وہ کثیر ہے اور تین مرتبہ سے کم ہو تو قلیل ہے، اور بعض کہتے ہیں: اگر دیکھنے والا نمازی کے عمل کو کثیر سمجھے تو کثیر ہے اور قلیل سمجھے تو قلیل ہے، مگر ان میں سے کسی قول پر فتویٰ نہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کا مزاج یہ ہے کہ وہ ایسے پیچیدہ مسائل کو رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیتے ہیں، یعنی نمازی خود فیصلہ کرے، اگر اس کے خیال میں اس نے جو عمل کیا ہے وہ قلیل ہے تو اس کی نماز صحیح ہے اور اگر وہ اپنے عمل کو کثیر سمجھ رہا ہے تو دوبارہ نماز پڑھے۔

الحاصل: عمل کے سلسلہ میں تھوڑی بہت گنجائش ہے مگر کلام الناس مطلقاً مفسد صلوٰۃ ہے اس میں بالکل گنجائش نہیں، البتہ جو کلام نماز کی اصطلاح کے لئے ہو اس کی امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تھوڑی سی گنجائش ہے۔

بَابُ اسْتِعَانَةِ الْيَدِ فِي الصَّلَاةِ إِذَا كَانَ مِنْ أَمْرِ الصَّلٰوةِ

نماز میں ہاتھ سے کام لینا، جب کہ کام کا تعلق نماز سے ہو

نماز میں ہاتھ اور دیگر اعضاء سے کام لے سکتے ہیں، مثلاً مچھر نے کاٹا اور ہاتھ سے کھجلایا یا دونوں پیر ملا کر رگڑے تو یہ جائز ہے، مگر شرط یہ ہے کہ عمل کثیر نہ ہو، ورنہ نماز فاسد ہو جائے گی، اور إذا كان من أمر الصلوٰۃ کا مطلب یہ ہے کہ نماز کے اندر وہ کام کرنا ضروری ہو تو ہاتھ اور دیگر اعضاء سے مدد لے سکتے ہیں، بے ضرورت اِدھر اُدھر ہاتھ لے جانا ٹھیک نہیں، اس سے نماز مکروہ ہوگی، بلکہ ضرورت ہو تو گردن گھما کر بھی دیکھ سکتا ہے، ابوداؤد میں روایت ہے: ایک جہاد کے سفر میں نبی ﷺ نے رات میں ایک جگہ پڑاؤ ڈالا اور گھاٹی کے دہانے پر ایک شخص کو پہرے کے لئے مقرر کیا، صبح صادق کے بعد بھی پہرے دار نہیں آیا تو آپؐ کو تشویش ہوئی، اور آپؐ نے فجر کی نماز میں کئی مرتبہ چہرہ گھما کر گھاٹی کی طرف دیکھا، غرض ضرورت ہو تو چہرہ گھما کر بھی دیکھ سکتا ہے، ہاتھ اور دیگر اعضاء سے بھی مدد لے سکتا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے تو ہاتھ کی تخصیص کی ہے مگر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مسئلہ کو عام رکھا ہے وہ فرماتے ہیں: آدمی نماز کے اندر جسم کے جس عضو سے چاہے مدد لے سکتا ہے، اور ابواسحاق سبیعی (تابعی) رحمہ اللہ کی نماز میں ٹوپی گرگئی تو انھوں نے نماز ہی میں اٹھا کر پہن لی، کیونکہ یہ عمل قلیل ہے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ حالت قیام میں دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کا گٹا پکڑتے تھے یعنی ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوتے تھے، مگر جب کھجلانے کی یا کپڑا صحیح کرنے کی ضرورت پیش آتی تو آپؓ ہاتھ استعمال کرتے تھے، امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا جو قول لکھا ہے: اس کی عبارت غیر واضح ہے، حاشیہ میں مسلم شریف کے حوالہ سے جو الفاظ ہیں وہ واضح ہیں، غرض نماز کے اندر عمل قلیل کی گنجائش ہے۔

۲۱- [أَبْوَابُ الْعَمَلِ فِی الصَّلاَ ةِ]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۱-] بَابُ اسْتِعَانَةِ الْيَدِ فِی الصَّلاَ ةِ، إِذَا كَانَ مِنْ أَمْرِ الصَّلٰوةِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يَسْتَعِيْنُ الرَّجُلُ فِیْ صَلاَ تِهِ مِنْ جَسَدِهِ بِمَا شَاءَ.

[۲-] وَوَضَعَ أَ بُوْ إِسْحَاقَ قَلَنْسُوَتَهُ فِیْ الصَّلاَ ةِ، وَرَفَعَهَا.

[۳-] وَوَضَعَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ كَفَّهُ عَلٰى رُصْغِهِ الْأَيْسَرِ، إِلاَّ أَنْ يَحُكَّ جِلْدًا أَوْ يُصْلِحَ ثَوْبًا.

[۱۱۹۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سَلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، أَ نَّـهُ أَخْبَرَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ: أَ نَّـهُ بَاتَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنَيْنِ رَضِیَ اللّٰهِ عَنْهَا، وَهِیَ خَا لَتُهُ، قَالَ: فَاضْطَجَعْتُ عَلٰى عَرْضِ الْوِسَادَةِ، وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَهْلُهُ فِیْ طُوْلِهَا، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حَتّٰى انْتَصَفَ اللَّيْلُ أَوْ قَبْلَهُ بِقَلِيْلٍ أَوْ بَعْدَهُ بِقَلِيْلٍ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَجَلَسَ فَمَسَحَ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهِ بِيَدَيْهِ، ثُمَّ قَرَأَ الْعَشْرَ الْآيَاتِ خَوَاتِمَ سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ، ثُمَّ قَامَ إِلٰى شَنٍّ مُعَلَّقَةٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهَا، فَأَحْسَنَ وُضُوْءَ هُ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّیْ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ: فَقُمْتُ فَصَنَعْتُ مِثْلَ مَا صَنَعَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقُمْتُ إِلٰى جَنْبِهِ، فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَدَهُ الْيُمْنَى عَلٰى رَأْسِیْ، وَأَخَذَ بِأُذُنِیْ الْيُمْنَى يَفْتِلُهَا بِيَدِهِ، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَوْتَرَ، ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰى جَاءَ هُ الْمُؤَذِّنُ، فَقَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ. [راجع: ۱۱۷]

وضاحت: یہ روایت پڑھی ہوئی ہے، آنحضور ﷺ نے دایاں ہاتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے سر پر رکھ کر اشارہ کیا اور ان کو بائیں طرف سے دائیں طرف لے لیا، یہ آپؐ نے نماز میں ہاتھ استعمال کیا۔

بَابُ مَا يُنْهٰى مِنَ الْكَلاَمِ فِی الصَّلاَ ةِ

نماز میں بات چیت کی ممانعت

احناف اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک نماز میں کلام کی مطلق گنجائش نہیں، حضرتؒ نے دو حدیثیں پیش کی ہیں:

پہلی حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی ہے، وہ فرماتے ہیں: حبشہ کی طرف ہجرت کرنے سے پہلے نبی ﷺ

نماز کے اندر سلام کا جواب دیتے تھے، پھر جب میں حبشہ سے ہجرت کرکے مدینہ منورہ آیا اور ایک موقعہ پر خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا تو آپؐ نماز پڑھ رہے تھے، میں نے سلام کیا، آپؐ نے جواب نہیں دیا، حضرت ابن مسعودؓ پریشان ہوگئے، وہ سمجھے: نبی ﷺ ان سے ناراض ہوگئے ہیں، پھر جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو جواب دیا، اور فرمایا: اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں اپنے دین میں احکام بھیجتے ہیں، تمہارے حبشہ جانے کے بعد اللہ نے جو احکام بھیجے ہیں ان میں یہ حکم بھی ہے کہ تم نماز میں بات نہ کرو (ابوداؤد، مشکوٰۃ حدیث ۹۸۹) اور یہاں حدیث میں یہ ہے کہ آپؐ نے فرمایا: إن فی الصلاۃ شُغْلاً: نماز میں مشغولیت ہے، اس لئے جواب دینے کی گنجائش نہیں۔

دوسری حدیث: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہم نماز میں آنحضور ﷺ کے پیچھے بوقت ضرورت بات کرتے تھے، یہاں تک کہ آیت: ﴿قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ﴾ نازل ہوئی، پس ہمیں خاموش رہنے کا حکم دیا گیا، اور بات کرنے سے روک دیا گیا۔

تیسری حدیث: مسلم شریف (مشکوٰۃ حدیث ۹۷۹ باب مالایجوز) میں ہے، وہ سب سے زیادہ واضح ہے، مگر امام بخاریؒ اس کو نہیں لائے، حضرت معاویہ بن الحکم سُلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جماعت میں ایک شخص نے چھینکا، معاویہ نے یرحمك الله کہہ کر تشمیت کی، لوگوں نے ان کو گھورا، وہ نماز میں بولے: مجھے کیوں گھورتے ہو! صحابہ نے رانوں پر ہاتھ مارے تو وہ خاموش ہوگئے، نماز کے بعد آنحضور ﷺ نے ان کو مسئلہ سمجھایا: إن هذه الصلاۃ لایصلُح فیها شیئٌ من کلام الناس، إنما هی التسبیح والتکبیر وقراء ۃ القرآن: نماز میں انسانی کلام کی مطلق گنجائش نہیں، نماز تسبیح، تکبیر اور قراءتِ قرآن ہی ہے۔

[۲-] بَابُ مَا يُنْهٰى مِنَ الْكَلاَمِ فِي الصَّلاَةِ

[۱۱۹۹-] حدثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِي الصَّلاَةِ، فَيَرُدُّ عَلَيْنَا، فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ، سَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْنَا، وَقَالَ: "إِنَّ فِي الصَّلاَةِ شُغْلاً" [انظر: ۱۲۱۶، ۳۸۷۵]

حدثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُرَيْمُ بْنُ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

[۱۲۰۰-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عِيْسَى: هُوَ ابْنُ يُوْنُسَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الْحَارِثِ ابْنِ شُبَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: قَالَ لِيْ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ: إِنْ كُنَّا لَنَتَكَلَّمُ فِي الصَّلاَةِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يُكَلِّمُ أَحَدُنَا صَاحِبَهُ بِحَاجَتِهِ حَتّٰى نَزَلَتْ ﴿حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلاَةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ﴾ [البقرة: ۲۳۸] فَأُمِرْنَا بِالسُّكُوْتِ. [انظر: ۴۵۳۴]

بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالْحَمْدِ فِيْ الصَّلَاةِ لِلرِّجَالِ

مردوں کے لئے نماز میں تسبیح اور حمد جائز ہے

تسبیح اورتحمید اذکار ہیں، ان کو اگر چہ کلام الناس کے مقصد سے بولا جائے، نماز فاسد نہیں ہوگی، امام نے غلطی کی، مقتدی نے لقمہ دیا: سبحان اللہ، یا نمازی نے کوئی خوشی کی بات سنی اور الحمد للہ کہا تو یہ جملے اگر چہ کلام الناس کے مقصد سے بولے گئے ہیں پھر بھی نماز فاسد نہیں ہوگی، کیونکہ یہ ذکر ہیں۔امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں یہی مسئلہ بیان کیا ہے۔اور للرجال کی قید اس لئے لگائی ہے کہ عورت جب کسی کو تنبیہ کرے گی تو تصفیق کرے گی، تسبیح، تحمید یا تکبیر نہیں کہے گی۔اور اگر کوئی عورت سبحان اللہ یا اللہ اکبر کہہ کر لقمہ دے یا امام نے قراءت میں غلطی کی اور عورت نے لقمہ دیا تو بعض مفتی کہتے ہیں: عورت کی نماز فاسد ہوگئی کیونکہ عورت کی آواز ستر ہے پس ننگا پا کھل گیا، مگر یہ بات صحیح نہیں، صوتُ العورة عورة: ایک معاشرتی مسئلہ ہے، عورتوں کو اپنی آواز اجنبیوں کو نہیں سنانی چاہئے، جیسے عورتوں کے جسم کا حجاب اور پردہ ہے ان کی آواز کا بھی حجاب اور پردہ ہے، اس جزئیہ کا بس اتنا ہی مطلب ہے، پس مذکورہ صورت میں نماز فاسد نہیں ہوگی۔

[۳-] بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالْحَمْدِ فِيْ الصَّلَاةِ لِلرِّجَالِ

[۱۲۰۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصْلِحُ بَيْنَ بَنِيْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَحَانَتِ الصَّلَاةُ، فَجَاءَ بِلَالٌ أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: حُبِسَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَتَؤُمُّ النَّاسَ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنْ شِئْتُمْ، فَأَقَامَ بِلَالٌ الصَّلَاةَ، فَتَقَدَّمَ أَبُوْبَكْرٍ فَصَلَّى، فَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَمْشِيْ فِي الصُّفُوْفِ، يَشُقُّهَا شَقًّا، حَتّٰى قَامَ فِيْ الصَّفِّ الْأَوَّلِ، فَأَخَذَ النَّاسُ بِالتَّصْفِيْحِ، قَالَ سَهْلٌ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَا التَّصْفِيْحُ؟ هُوَ التَّصْفِيْقُ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا يَلْتَفِتُ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا أَكْثَرُوْا الْتَفَتَ، فَإِذَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الصَّفِّ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ مَكَانَكَ! فَرَفَعَ أَبُوْ بَكْرٍ يَدَيْهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرٰى وَرَاءَهُ، وَتَقَدَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَصَلَّى. [راجع: ۶۸۴]

وضاحت: یہ حدیث پہلے آچکی ہے، قبیلہ بنی عمرو بن عوف میں کسی بات پر جھگڑا ہوا، آنحضور ﷺ صلح کرانے کے لئے تشریف لے گئے، واپسی میں دیر ہوگئی تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی درخواست پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھانی شروع کی، ابھی پہلی ہی رکعت تھی کہ آنحضور ﷺ تشریف لے آئے، لوگ جگہ دیتے گئے اور آپؐ پہلی صف میں پہنچ گئے، اس وقت مسجد نبوی میں دو تین صفیں ہی ہوتی تھیں، کیونکہ مدینہ میں اور بھی مسجدیں تھیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پتا نہیں چلا، لوگوں نے تالیاں بجائیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جھانکا، وہ آپؐ کو دیکھ کر پیچھے ہٹنے لگے، آپؐ نے اشارہ

سے منع فرمایا، مگر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کانوں پر ہاتھ رکھ کر آپ کا شکریہ ادا کیا اور صف میں چلے آئے، نبی ﷺ آگے بڑھے اور نماز پڑھائی۔

استدلال: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا تحمید کرنا کلام الناس ہے، انھوں نے نبی ﷺ کا شکریہ ادا کیا ہے پھر بھی نماز صحیح ہے، اس لئے کہ یہ ذکر ہے، یہ حدیث کی باب سے مناسبت ہے، حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الصلوٰۃ باب ۴۸ (تحفۃ القاری۲: ۵۴۵) میں ہے۔

بَابُ مَنْ سَمَّى قَوْمًا أَوْ سَلَّمَ فِي الصَّلاَةِ عَلٰى غَيْرِ مُوَاجَهَةٍ وَهُوَ لاَ يَعْلَمُ

نماز میں کسی قوم کا نام لیا یا اس کو سلام کیا، مگر وہ سامنے نہیں ہے، نہ اس کو کچھ پتہ ہے

ایک شخص نماز میں کسی کا نام لے کر اس کو سلام کرتا ہے لیکن وہ آدمی سامنے نہیں ہے، نہ اسے کچھ پتہ ہے تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی، دورِ اول میں لوگ التحیات میں احباب واعزہ کا نام لے کر ان پر سلام بھیجتے تھے اور قرآنِ کریم میں ہے: ﴿سَلٰـمٌ عَلٰى إِلْ يَاسِيْنَ، سَلاَمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهَارُوْنَ﴾: مگر وہاں کوئی مخاطب نہیں ہوتا، اس لئے یہ کلام الناس نہیں، پس نماز فاسد نہ ہوگی، کلام الناس ہونے کے لئے ضروری ہے کہ کسی سے خطاب ہو، تو نماز فاسد ہوگی۔ اور نبی ﷺ نے قنوت نازلہ میں کفار کے قبائل کے نام لئے ہیں اور کمزور مسلمانوں کے نام لے کر ان کی نجات کے لئے دعا کی ہے، پس معلوم ہوا کہ یہ کلام الناس نہیں۔

[٤-] بَابُ مَنْ سَمَّى قَوْمًا أَوْ سَلَّمَ فِي الصَّلاَةِ عَلٰى غَيْرِ مُوَاجَهَةٍ وَهُوَ لاَ يَعْلَمُ

[١٢٠٢-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عِيْسَى، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَبْدِ الصَّمَدِ العَمِّيُّ: عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كُنَّا نَقُوْلُ: التَّحِيَّةُ فِي الصَّلاَةِ، وَنُسَمِّي، وَيُسَلِّمُ بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ، فَسَمِعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " قُوْلُوْا: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلاَمُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلاَمُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَإِنَّكُمْ إِذَا فَعَلْتُمْ ذٰلِكَ فَقَدْ سَلَّمْتُمْ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ لِلّٰهِ صَالِحٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ" [راجع: ٨٣١]

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نماز میں کہا کرتے تھے: التحیۃُ: سلام ہو، اور نام لیا کرتے تھے اور ہمارا بعض بعض پر سلام بھیجا کرتا تھا، پس اس کو نبی ﷺ نے سنا اور فرمایا: کہو: التحیات للہ إلخ پس جب تم نے یہ کیا تو آسمان وزمین میں جتنے اللہ کے نیک بندے ہیں ان سب پر سلام بھیج دیا۔

ملحوظہ: تشہد کا ترجمہ اور وضاحت کتاب الصلوٰۃ باب ۱۴۸ میں ملاحظہ کریں۔

بَابٌ: التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے تالی بجانا

امام یا غیر امام کو نماز میں تنبیہ کرنی ہو تو مرد سبحان اللہ کہیں اور عورتیں تصفیق کریں، وہ سبحان اللہ نہیں کہیں گی، کیونکہ عورت کی آواز عورت (ستر) ہے یعنی عورت پر بدن کی طرح آواز کو چھپانا ضروری ہے، اجنبیوں کو بے ضرورت آواز سنانا جائز نہیں۔ اور تصفیق کے لغوی معنی ہیں: تالی بجانا، اور یہاں بائیں ہاتھ کی پشت پر دائیں ہاتھ کی دو انگلیاں مارنا مراد ہے۔ یہ عمل قلیل ہے اس لئے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

[۵-] بَابٌ: التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ

[۱۲۰۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ، وَالتَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ"

[۱۲۰٤-] حدثنا يَحْيَى، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " التَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ" [راجع: ٦٨٤]

وضاحت: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک مرد و زن سب سبحان اللہ کہیں گے، وہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ امام کو تنبیہ کرنے کے لئے مرد سبحان اللہ کہیں، تالی نہ بجائیں، تالی بجانا عورتوں کا شیوہ ہے۔ مگر یہ حدیث حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے، ان کی حدیث کتاب الاحکام (حدیث ۷۱۹۰) میں ہے اس سے امام مالک رحمہ اللہ کے سمجھے ہوئے مطلب کی تردید ہوتی ہے، اس حدیث کے الفاظ ہیں: إِذَا نَابَكُمْ أَمْرٌ فَلْيُسَبِّحِ الرِّجَالُ، وَلْيُصَفِّحِ النساءُ: جب (نماز میں) کوئی بات پیش آئے تو چاہئے کہ مرد تسبیح کہیں اور عورتیں چٹکی بجائیں، اس میں صراحت ہے کہ سبحان اللہ صرف مرد کہیں گے، عورتیں بجائے تسبیح کے تصفیق کریں گی، مگر یہ احتمال ہے کہ یہ روایت بالمعنی ہو، راوی نے جیسا سمجھا اس طرح الفاظ بدل دیئے۔

ملحوظہ: نماز میں تسبیح کہنے کے بہت سے مواقع ہیں، تفصیل تحفۃ القاری (۲: ۵۴۷) میں ہے۔

بَابُ مَنْ رَجَعَ الْقَهْقَرٰى فِيْ صَلَاتِهِ أَوْ تَقَدَّمَ بِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ

جو شخص نماز میں الٹے پاؤں لوٹا یا آگے بڑھا کسی ایسی بات کی وجہ سے جو پیش آئی

ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے اور کوئی ضرورت پیش آئی، چنانچہ وہ الٹے پاؤں پیچھے ہٹا یا آگے بڑھا اور سینہ قبلہ سے نہیں پھرا

تو کیا حکم ہے؟ فقہاء کہتے ہیں: اگر مسلسل تین یا زیادہ قدم چلا تو یہ عمل کثیر ہے، نماز باطل ہو جائے گی، اور ایک یا دو قدم چلا تو کچھ مضائقہ نہیں، یہ عمل قلیل ہے، یا ایک یا دو قدم چل کر ایک رکن کے بقدر رک گیا پھر ایک دو قدم چلا اس طرح خواہ کتنا بھی چلے نماز صحیح ہے۔

[٦-] بَابُ مَنْ رَجَعَ الْقَهْقَرٰی فِيْ صَلاَ تِهِ أَوْ تَقَدَّمَ بِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ

رَوَاهُ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم.

[١٢٠٥-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ ابْنُ مَالِكٍ: أَنَّ الْمُسْلِمِيْنَ بَيْنَمَا هُمْ فِي الْفَجْرِ يَوْمَ الاِ ثْنَيْنِ، وَأَ بُوْ بَكْرٍ يُصَلِّيْ بِهِمْ، فَفَجَأَهُمُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم، وَقَدْ كَشَفَ سِتْرَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، فَنَظَرَ إِلَيْهِمْ وَهُمْ صُفُوْفٌ، فَتَبَسَّمَ يَضْحَكُ، فَنَكَصَ أَ بُوْ بَكْرٍ عَلٰى عَقِبَيْهِ، وَظَنَّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يُرِيْدُ أَنْ يَخْرُجَ إِلَى الصَّلاَ ةِ، وَهَمَّ الْمُسْلِمُوْنَ أَنْ يَفْتَتِنُوْا فِيْ صَلاَ تِهِمْ فَرَحًا بِالنَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم حِيْنَ رَأَوْهُ، فَأَشَارَ بِيَدِهِ أَنْ أَ تِمُّوْا، ثُمَّ دَخَلَ الْحُجْرَةَ، وَأَرْخَى السِّتْرَ، وَتُوُفِّيَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ صلی اللہ علیه وسلم. [راجع: ٦٨٠]

وضاحت: یہ حدیث گذر چکی ہے، حضور ﷺ نے حیات طیبہ کے آخری دن فجر کی نماز میں حجرہ کا پردہ ہٹایا، اور لوگوں کو نماز پڑھتا ہوا دیکھ کر مسکرائے، اور چہرۂ انور کی خوبصورتی کا یہ حال تھا: گویا قرآنِ کریم کا ورق ہے، صحابہ فرط مسرت سے قریب تھے کہ نماز توڑ بیٹھیں، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے خیال کیا کہ نبی ﷺ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لانا چاہتے ہیں، چنانچہ وہ الٹے پاؤں ہٹے کہ صف سے مل جائیں، اسی مناسبت سے یہاں یہ حدیث لائے ہیں، ترجمہ اور شرح کتاب الصلوٰۃ باب ۴۶ (تحفۃ القاری ۲: ۵۴۲) میں ہے اور حضرت سہل کی حدیث کتاب الصلوٰۃ باب ۱۸ (تحفۃ القاری ۲: ۲۱۱) میں گذری ہے۔

بَابٌ: إِذَا دَعَتِ الْأُمُّ وَلَدَ هَا فِي الصَّلاَ ةِ

جب ماں بچے کو نماز میں پکارے

کوئی نماز پڑھ رہا ہے اور اس کی ماں نے آواز دی تو اسے نماز توڑ کر جواب دینا چاہئے یا نماز پڑھتا رہے؟ حضرت رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، کیونکہ یہ بہت الجھا ہوا مسئلہ ہے، حاشیہ بھرا پڑا ہے، میں صرف احناف کی رائے بیان کرتا ہوں، اگر ماں باپ بوڑھے اور معذور ہیں، اور ان کو بچے کا نماز میں ہونا بھی معلوم ہے، پھر بھی انھوں نے پکارا ہے تو یہ علامت ہے کہ انھوں نے ایمر جنسی پکارا ہے، اچانک کوئی ضرورت پیش آئی ہے اس لئے آواز دی ہے، پس نماز توڑ کر فوراً ان کے پاس پہنچے،

اور جو نماز توڑی ہے اگر وہ فرض نماز ہے تو اس کی قضاء نہیں، دوبارہ فرض پڑھ لینا کافی ہے اور نفل نماز ہے تو اس کی قضاء کرے اور اگر یہ اندازہ ہو کہ ماں باپ نے ایمرجنسی نہیں پکارا بلکہ ان کو بیٹے/ بیٹی کا نماز میں ہونا بھی معلوم نہیں تو نماز پوری کر کے جواب دے، اور فوری جواب نہ دینے کی معذرت کرے۔ یہ حنفیہ کا مذہب ہے، دیگر فقہاء کے اقوال حاشیہ میں ہیں۔

جریج کا واقعہ: امم سابقہ میں ایک بزرگ تھے، ان کا نام جریج تھا، شہر سے باہر ان کی خانقاہ تھی، وہ اپنی خانقاہ میں نماز پڑھ رہے تھے کہ ان کی ماں نے ان کو آواز دی، انھوں نے سوچا: ماں کو جواب دوں یا نماز پڑھتا رہوں؟ ماں نے پھر آواز دی، وہ پھر شش و پنج میں رہے، ماں نے تیسری مرتبہ آواز دی، پھر بھی انھوں نے نماز جاری رکھی، پس ماں نے بد دعا دی: اے اللہ! جریج کی اس وقت تک موت نہ آئے جب تک وہ رنڈیوں کا منہ نہ دیکھے!

پھر عرصہ کے بعد ایک واقعہ پیش آیا: ایک باندی اپنے آقاؤں کی بکریاں چراتی تھی، اور رات میں جریج کی خانقاہ کے پاس بکریاں بیٹھاتی تھی، اس سے ایک چرواہے نے زنا کیا، اور حمل ٹھہر گیا، جب بچہ پیدا ہوا تو لوگوں نے پوچھا: یہ بچہ کس کا ہے؟ اس نے کہا: جریج کا ہے، لوگوں نے کہا: جریج تو کبھی نہیں اترتا، باندی نے کہا: ایک مرتبہ اترا تھا اور اس نے میرے ساتھ زنا کیا اور یہ بچہ اسی کا ہے، پھر کیا تھا سارا گاؤں اس پر ٹوٹ پڑا، اس کی خانقاہ ڈھا دی اور اس کو گھسیٹ کر باہر لائے، جریج نے کہا: اس بچہ کو میرے پاس لاؤ، جب بچہ لایا گیا تو جریج نے اس سے پوچھا: بابو! تو کس کا ہے؟ بچہ بولا: میں فلاں چرواہے کا ہوں۔ اس واقعہ سے لوگوں کی عقیدت بڑھ گئی اور وہ اپنی حرکت پر نادم ہوئے اور کہا: ہم آپ کی خانقاہ سونے کی بنا دیں گے، جریج نے کہا: پہلے جیسی ہی بنا دو۔ غرض نبی ﷺ نے یہ قصہ سنایا، پس یہ ہمارے لئے بھی شریعت بن گئی، مگر اس کا مصداق وہ صورت ہے جب ماں باپ نے ایمرجنسی پکارا ہو۔

[۷-] بَابٌ: إِذَا دَعَتِ الْأُمُّ وَلَدَهَا فِي الصَّلاَةِ

[۱۲۰۶-] وَقَالَ اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " نَادَتِ امْرَأَةٌ ابْنَهَا وَهُوَ فِيْ صَوْمَعَتِهِ، قَالَتْ: يَا جُرِيْجُ! قَالَ: اللّٰهُمَّ أُمِّيْ وَصَلاَتِيْ! فَقَالَتْ: يَا جُرَيْجُ! قَالَ: اللّٰهُمَّ أُمِّيْ وَصَلاَتِيْ! قَالَتْ: يَا جُرَيْجُ! قَالَ: اللّٰهُمَّ أُمِّيْ وَصَلاَتِيْ! قَالَتْ: اللّٰهُمَّ لاَيَمُوْتُ جُرَيْجٌ حَتَّى يَنْظُرَ فِيْ وُجُوْهِ الْمَيَامِيْسِ، وَكَانَتْ تَأْوِيْ إِلٰى صَوْمَعَتِهِ رَاعِيَةٌ تَرْعَى الْغَنَمَ، فَوَلَدَتْ، فَقِيْلَ لَهَا: مِمَّنْ هٰذَا الْوَلَدُ؟ قَالَتْ: مِنْ جُرَيْجٍ، نَزَلَ مِنْ صَوْمَعَتِهِ، قَالَ جُرَيْجٌ: أَيْنَ هٰذِهِ الَّتِيْ تَزْعُمُ أَنَّ وَلَدَهَا لِيْ؟ قَالَ: يَا بَابُوْسُ! مَنْ أَبُوْكَ؟ قَالَ: رَاعِي الْغَنَمِ" [انظر: ۲۴۸۲، ۳۴۳۶، ۳۴۶۶]

وضاحت: صَومعة: راہب کی کٹیا، گرجا، جمع صوامع .... اللّٰهم أُمِّيْ وصلوٰتي: اے اللہ! میری ماں اور میری نماز! یعنی ایک طرف ماں بلا رہی ہے، دوسری طرف نیت بندھی ہوئی ہے، ماں کو جواب دوں یا نماز جاری رکھوں، یہ سوچتے

رہے............المَیَامیس: رنڈیاں، مفرد مُوْمِسَة (مادّہ: وَمَسَ) .... کانت تأوی: وہ باندی راہب کی کٹیا کے پاس ٹھکانہ پکڑا کرتی تھی یعنی وہاں بکریاں بٹھاتی تھی............نزل من صومعته: باندی کا مقولہ ہے کہ جریج ایک مرتبہ اترا تھا اوراس نے میرے ساتھ زنا کیا............بابوس: یہ بابو کی عربی ہے، جب کسی دوسری زبان کے لفظ کو عربی بناتے ہیں تو کبھی کوئی حرف حذف کرتے ہیں اور کبھی کوئی حرف بڑھاتے ہیں، یہاں س بڑھایا ہے، اور ساذج میں ج بڑھایا ہے، وہ سادہ کی عربی ہے، أین هذه: وہ باندی نومولود بچہ لے کر آئی تو جریج نے رنڈی کا منہ دیکھا اس طرح ماں کی بددعا روبعمل آئی۔

بَابُ مَسْحِ الْحَصَى فِي الصَّلاَةِ

نماز میں کنکریوں کو ہاتھ لگانا

سجدہ کی جگہ کنکریاں تھیں، جب سجدہ کرنے کا ارادہ کیا تو ایک مرتبہ ان پر ہاتھ پھیرا اوران کو ٹھیک کیا تو یہ عمل قلیل ہے، اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

[۸-] بَابُ مَسْحِ الْحَصَى فِي الصَّلاَةِ

[۱۲۰۷-] حدثنا أَ بُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُعَيْقِيْبٌ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قالَ فِي الرَّجُلِ يُسَوِّي التُّرَابَ حَيْثُ يَسْجُدُ، قَالَ: " إِنْ كُنْتَ فَاعِلاً فَوَاحِدَةً"

ترجمہ: معیقیبؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے اس شخص کے بارے میں جو سجدہ میں جاتے وقت مٹی برابر کرتا ہے فرمایا: اگر برابر کرنا ضروری ہے تو ایک مرتبہ کرے" معلوم ہوا کہ عمل قلیل سے نماز باطل نہیں ہوتی۔

تشریح: ابتدائی دور میں مسلمان کچھ بچھائے بغیر نماز پڑھتے تھے، ان کو پہننے کے لئے کپڑے میسر نہیں تھے، بچھانے کے لئے مصلیٰ یا کپڑا کہاں سے لاتے؟ اور عرب کی مٹی میں سنگریزے ہوتے ہیں ان پر سجدہ کرنا دشوار ہوتا ہے، اس لئے پہلے ہی سے سجدہ کی جگہ ہموار کر لیتے تھے، پھر نماز شروع کرتے تھے، مگر کبھی جگہ ہموار کرنے کا موقع نہیں ملا، اور کبھی اس کا خیال نہیں رہا، اس لئے نماز میں ایک آدھ مرتبہ ہاتھ پھیر کر سجدہ کی جگہ ہموار کی تو اس میں کچھ حرج نہیں۔

بَابُ بَسْطِ الثَّوْبِ فِي الصَّلاَةِ لِلسُّجُوْدِ

نماز میں سجدہ کرنے کے لئے کپڑا بچھانا

زمین پر نماز پڑھ رہا ہے، اور زمین گرم ہے، اس لئے جب سجدہ کرتا ہے تو جو چادر اوڑھ رکھی ہے اس کا پلّہ بچھا کر اس پر سجدہ کرتا ہے تو اس میں کچھ حرج نہیں، یہ عمل قلیل ہے اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

[۹-] بَابُ بَسْطِ الثَّوْبِ فِی الصَّلَاۃِ لِلسُّجُوْدِ

[۱۲۰۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا غَالِبٌ الْقَطَّانُ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ شِدَّةِ الْحَرِّ، فَإِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَحَدُنَا أَنْ يُمَكِّنَ وَجْهَهُ مِنَ الْأَرْضِ بَسَطَ ثَوْبَهُ، فَسَجَدَ عَلَيْهِ.[راجع: ۳۸۵]

ترجمہ: حضرت انسؓ کہتے ہیں: ہم سخت گرمیوں میں نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھا کرتے تھے، پس جب ہم میں سے کسی کے لئے اپنا چہرہ زمین پر جما کر رکھنا مشکل ہوتا تو (گرمی کی تپش سے بچنے کے لئے) اپنا کپڑا بچھاتا اور اس پر سجدہ کرتا۔

بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنَ الْعَمَلِ فِی الصَّلَاۃِ

نماز میں کیا عمل جائز ہے؟

پہلی حدیث میں نماز میں چوکا دینے کا ذکر ہے، اور دوسری حدیث میں شیطان (بلّی) کو دھکا دینے کا، یہ دونوں عمل قلیل ہیں، اس لئے نماز میں جائز ہیں، اور یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ نماز میں عمل قلیل جائز ہے اور عمل کثیر جائز نہیں۔

[۱۰-] بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنَ الْعَمَلِ فِی الصَّلَاۃِ

[۱۲۰۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَمُدُّ رِجْلِيْ فِيْ قِبْلَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُصَلِّيْ، فَإِذَا سَجَدَ غَمَزَنِيْ فَرَفَعْتُهَا، فَإِذَا قَامَ مَدَدْتُهَا.[راجع: ۳۸۲]

وضاحت: اس حدیث کی شرح تحفۃ القاری (۲۱۸:۲) میں ہے، اور یہاں استدلال یہ ہے کہ جب نبی ﷺ تہجد پڑھتے تھے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا آپؐ کے سامنے قبلہ کی جانب لیٹی ہوئی ہوتی تھیں اور بے خبری میں ان کے پاؤں آپؐ کے سجدہ کی جگہ میں آجاتے تھے، پس جب آپؐ سجدہ کا ارادہ فرماتے تو چوکا دیتے اور عائشہؓ اپنے پاؤں سکیڑ لیتیں، معلوم ہوا کہ عمل قلیل (چوکا دینے) سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

[۱۲۱۰-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ صَلَّى صَلَاةً، فَقَالَ: "إِنَّ الشَّيْطَانَ عَرَضَ لِيْ، فَشَدَّ عَلَيَّ لِيَقْطَعَ الصَّلَاةَ عَلَيَّ، فَأَمْكَنَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُ، فَذَعَتُّهُ، وَلَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أُوْثِقَهُ إِلٰى سَارِيَةٍ، حَتّٰى تُصْبِحُوْا فَتَنْظُرُوْا إِلَيْهِ، فَذَكَرْتُ قَوْلَ سُلَيْمَانَ: ﴿رَبِّ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَا يَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِيْ﴾ [صٓ: ۳۵] فَرَدَّهُ اللّٰهُ خَاسِئًا"

وضاحت: یہ حدیث بھی پہلے آ چکی ہے، ایک مرتبہ نبی ﷺ تہجد پڑھ رہے تھے، ایک شیطان بلّی کی صورت میں آپؐ کے سامنے آیا اور اس نے آپؐ پر حملہ کیا تاکہ آپؐ کی نماز خراب کرے، اللہ عزوجل نے آنحضور ﷺ کو اس پر قابو دیدیا، مگر آپؐ نے دھکا دے کر اسے بھگا دیا (یہ جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) اس موقعہ پر آپؐ نے یہ ارادہ کیا تھا کہ اس کو پکڑ کر مسجد کے ستون سے باندھ دیں تاکہ صبح لوگ اس کو دیکھیں، مگر آپؐ کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا یاد آئی، حضرت سلیمان علیہ السلام نے دعا کی تھی: اے اللہ! مجھے ایسا ملک عطا فرما جو میرے بعد کسی کے لئے مناسب نہ ہو، چنانچہ چرند و پرند، جنات و انسان اور ہوا وغیرہ پر آپ کی حکومت تھی، اب اگر آنحضور ﷺ اس جن کو پکڑ کر باندھ دیتے تو کوئی کہہ سکتا تھا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی کیا خصوصیت رہی، آنحضور ﷺ کی بھی جنات پر حکومت تھی، اس لئے آپؐ نے ارادہ بدل دیا اور اس کو دھکا دیدیا۔

قولہ: ذَعَتُّه: اس کو **ذَعَتُّه (بالذال المعجمة)** بھی پڑھا گیا ہے، اور **دَعَّتُّهُ** اور **دَعَتُّه (بالدال المهملة وبتشديد العين وغيرها)** بھی پڑھا گیا ہے۔ **ذَعَتَ (ف) ذَعْتًا** کے معنی ہیں: سخت گلا گھونٹنا، سختی سے ہٹانا، اور **دَعَّه (ن) دَعًّا** اور **دَعَتَ (ف) دَعْتًا** کے معنی ہیں: سختی سے دھتکارنا، دھکے مارنا۔

بَابٌ: إِذَا انْفَلَتَتِ الدَّابَّةُ فِي الصَّلاَةِ

جب نماز میں چوپایہ کھل جائے

کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہے، اور اس کا جانور کھونٹے سے کھل گیا تو کیا کرے؟ مسئلہ یہ ہے کہ اگر چار آنے کا نقصان ہو رہا ہو تو نماز توڑ دینا جائز ہے، مگر یہ چار آنے پرانے زمانے کے ہیں، اب ان کو چار روپے سمجھنا چاہئے۔ مثلاً کسی نے چولہے پر دودھ رکھ کر فجر کی سنتیں شروع کیں، دودھ ابلنے لگا تو نماز توڑ کر دودھ بچالے، یا کسی نے چادر، رومال، جوتا یا کوئی اور چیز سامنے رکھ کر نماز شروع کی اور چور لے کر چل دیا تو حضرت قتادہ رحمہ اللہ نے فرمایا: نماز توڑ کر اس کا پیچھا کرے۔

[۱۱-] بَابٌ: إِذَا انْفَلَتَتِ الدَّابَّةُ فِي الصَّلاَةِ

وَقَالَ قَتَادَةُ: إِنْ أُخِذَ ثَوْبُهُ يَتْبَعُ السَّارِقَ وَيَدَعُ الصَّلاَةَ.

[۱۲۱۱-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَزْرَقُ بْنُ قَيْسٍ: كُنَّا بِالْأَهْوَازِ نُقَاتِلُ الْحَرُوْرِيَّةَ، فَبَيْنَا أَنَا عَلَى جُرُفِ نَهْرٍ إِذَا رَجُلٌ يُصَلِّيْ، فَإِذَا لِجَامُ دَابَّتِهِ بِيَدِهِ، فَجَعَلَتِ الدَّابَّةُ تُنَازِعُهُ، وَجَعَلَ يَتْبَعُهَا، قَالَ شُعْبَةُ: هُوَ أَبُوْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيُّ، فَجَعَلَ رَجُلٌ مِنَ الْخَوَارِجِ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ افْعَلْ بِهٰذَا الشَّيْخِ! فَلَمَّا انْصَرَفَ الشَّيْخُ، قَالَ: إِنِّيْ سَمِعْتُ قَوْلَكُمْ، وَإِنِّيْ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سِتَّ غَزَوَاتٍ أَوْ سَبْعَ

غَزَوَاتٍ أَوْ ثَمَانِيًا، وَشَهِدْتُ تَيْسِيْرَهُ، وَإِنِّيْ إِنْ كُنْتُ أَنْ أَرْجِعَ مَعَ دَابَّتِيْ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَدَعَهَا تَرْجِعُ إِلٰى مَأْلَفِهَا، فَيَشُقُّ عَلَيَّ. [انظر: ٦١٢٧]

ترجمہ: ازرق بن قیسؒ کہتے ہیں: ہم اہواز میں تھے، حروریوں (خوارج) سے جنگ چل رہی تھی، پس اس درمیان کہ میں ایک نہر کے کنارے پر تھا، اچانک ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے، اور اچانک اس کے جانور کی لگام اس کے ہاتھ میں ہے، پس جانور اس کو کھینچنے لگا اور وہ اس کے پیچھے جانے لگا، یعنی جانور جانا چاہتا تھا اور وہ شخص قدم قدم اس کے پیچھے چل رہا تھا۔ شعبہؒ کہتے ہیں وہ حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ تھے، پس ایک خارجی کہنے لگا: اے اللہ! اس شیخ کے ساتھ کر! یعنی ان کو کوسا، پس جب شیخ نے نماز پوری کی تو کہا: میں نے تمہاری بات سنی اور میں نے نبی ﷺ کے ساتھ چھ، سات یا آٹھ غزوے کئے ہیں، اور میں نے آپؐ کی آسانی دیکھی ہے اور بے شک میں اپنے جانور کے ساتھ لوٹوں یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں جانور کو چھوڑ دوں اور وہ اپنی دلچسپی کی جگہ میں یعنی چراگاہ میں چلا جائے، پھر میرے لئے اس کو ڈھونڈھنا دشوار ہو۔

تشریح: اہواز: بصرہ اور فارس کے درمیان ایک جگہ ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں فتح ہوا ہے، وہاں حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں خوارج کے ساتھ جنگ ہوئی ہے، اس جگہ کا یہ واقعہ ہے، حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ ایک نہر کے کنارے عصر کی نماز پڑھ رہے تھے، اور گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے تھے، گھوڑا بڑھنا چاہتا تھا، حضرت بھی اس کے ساتھ قدم قدم چل رہے تھے، اور نماز جاری تھی، ایک خارجی نے آپؓ کو برا بھلا کہا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اس نے کہا: اس گدھے کو دیکھو کیا کر رہا ہے! ازرق اس پر غصے ہوئے اور کہا: یہ صحابی ہیں تو ان کو برا بھلا کہتا ہے؟ جب حضرت ابو برزہؓ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: میں نے تم دونوں کی بات سنی، پھر اپنا تعارف کرایا کہ میں نے نبی ﷺ کے ساتھ چھ، سات یا آٹھ جنگوں میں شرکت کی ہے، اور آپؐ کی مسائل میں نرمی دیکھی ہے، پھر فرمایا: میں بوڑھا آدمی ہوں، اگر میری سواری چلی جاتی تو میرے لئے پریشانی کھڑی ہو جاتی، اس لئے میں نے اس کی لگام پکڑ کر نماز پڑھی اس میں کیا حرج ہے؟

استدلال: یہ جو حضرت ابو برزہؓ نے نماز میں گھوڑے کی لگام پکڑ رکھی تھی، اور گھوڑے کے ساتھ قدم قدم چل رہے تھے، یہ عمل قلیل ہے، اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی، ابھی یہ مسئلہ بتایا ہے کہ ایک دو قدم چلے، پھر ایک رکن کے بقدر رک جائے، پھر اتنا ہی اور چلے تو خواہ نماز میں کتنا بھی چلے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

[١٢١٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَرَأَ سُوْرَةً طَوِيْلَةً، ثُمَّ رَكَعَ، فَأَطَالَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، ثُمَّ اسْتَفْتَحَ سُوْرَةً أُخْرَى، ثُمَّ رَكَعَ حَتّٰى قَضَاهَا، وَسَجَدَ، ثُمَّ فَعَلَ ذٰلِكَ فِي الثَّانِيَةِ، ثُمَّ قَالَ: " إِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذٰلِكَ فَصَلُّوْا، حَتّٰى يُفْرَجَ عَنْكُمْ، لَقَدْ رَأَيْتُ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا كُلَّ

شَيْءٍ وُعِدْتُهُ، حَتّٰى لَقَدْ رَأَيْتُهُ: أُرِيْدُ أَنْ آخُذَ قِطْفًا مِنَ الْجَنَّةِ، حِيْنَ رَأَيْتُمُوْنِيْ جَعَلْتُ أَتَقَدَّمُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ جَهَنَّمَ يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا، حِيْنَ رَأَيْتُمُوْنِيْ تَأَخَّرْتُ، وَرَأَيْتُ فِيْهَا عَمْرَو بْنَ لُحَيٍّ، وَهُوَ الَّذِيْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ"

[راجع: ١٠٤٤]

وضاحت: یہ حدیث ابواب الکسوف میں گذر چکی ہے، یہاں استدلال یہ ہے کہ جب نبی ﷺ نے نماز کسوف پڑھائی تو جدار قبلی میں جنت بھی دیکھی اور جہنم بھی، جب جہنم دیکھی تو آپؐ پیچھے ہٹے، اور جب جنت دیکھی تو آپؐ آگے بڑھے، اور آپؐ نے جنت سے انگوروں کا ایک خوشہ لینا چاہا، یہ جو آنحضور ﷺ نماز میں چلے ہیں یہ عمل قلیل ہے، اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

اس حدیث میں عمرو بن لحی کا بھی ذکر ہے، عرب میں بت پرستی کا رواج اسی نے ڈالا ہے، اور بتوں کے نام پر جانور چھوڑنے کا سلسلہ بھی اسی نے شروع کیا ہے، نبی ﷺ نے اس کو جہنم میں دیکھا، اس کی آنتیں پیچھے سے نکل کر ڈھیر ہوئی ہوئی تھیں، اور وہ تیلی کے بیل کی طرح آنتوں کے گرد گھوم رہا تھا۔

عبارت کا حل: قوله: حتى لقد رأيته: أريد أن آخذ إلخ: مصری نسخہ میں اور گیلری میں حتى لقد رأيت ہے، اور مسلم شریف میں: حتى لقد رَأَيْتُنِيْ ہے، حافظ ابن حجرؒ نے اس کو اوجہ (زیادہ بہتر) قرار دیا ہے، پس اب ترجمہ ہوگا: بخدا! میں نے اپنی اسی جگہ میں ہر اس چیز کو دیکھا جس کا میں وعدہ کیا گیا ہوں، یہاں تک کہ دیکھا میں نے اپنے آپ کو کہ ارادہ کر رہا ہوں میں کہ جنت سے انگور کا ایک خوشہ لے لوں، جب آپ لوگوں نے مجھ کو دیکھا کہ میں آگے بڑھ رہا ہوں۔

بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ الْبُصَاقِ وَالنَّفْخِ فِي الصَّلاَةِ

نماز میں تھوکنا اور پھونکنا جائز ہے

نماز میں اگر ضرورت پیش آئے تو تھوک بھی سکتے ہیں اور پھونک بھی سکتے ہیں، منہ میں مچھر گھس گیا اس لئے تھوکا یا سجدہ کی جگہ ناصاف تھی اس لئے پھونک کر جگہ صاف کی تو یہ دونوں عمل قلیل ہیں، اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ نماز کسوف پڑھاتے ہوئے جب نبی ﷺ نے جہنم دیکھی اور آپؐ کو جہنم کی گرمی پہنچی تو آپؐ نے پھونکا، معلوم ہوا کہ پھونکنے سے نماز باطل نہیں ہوتی، اور دوسری حدیث میں ہے کہ نماز میں تھوکنے کی ضرورت پیش آئے تو بائیں طرف بائیں پیر کے نیچے تھوکے، معلوم ہوا کہ نماز میں تھوکنے سے بھی نماز باطل نہیں ہوتی۔

[١٢-] بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ الْبُصَاقِ وَالنَّفْخِ فِي الصَّلاَةِ

وَيُذْكَرُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: نَفَخَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سُجُوْدِهِ فِيْ كُسُوْفٍ.

[۱۲۱۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى نُخَامَةً فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، فَتَغَيَّظَ عَلٰى أَهْلِ الْمَسْجِدِ، وَقَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ قِبَلَ أَحَدِكُمْ، فَإِذَا كَانَ فِيْ صَلاَ تِهِ فَلاَ يَبْزُقَنَّ، أَوْ قَالَ: لاَ يَتَنَخَّمَنَّ" ثُمَّ نَزَلَ، فَحَتَّهَا بِيَدِهِ، وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: إِذَا بَزَقَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْزُقْ عَلٰى يَسَارِهِ.[راجع: ٤٠٦]

[۱۲۱٤-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا كَانَ فِي الصَّلاَ ةِ فَإِنَّهُ يُنَاجِيْ رَبَّهُ، فَلاَ يَبْزُقَنَّ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَلاَ عَنْ يَمِيْنِهِ، وَلٰكِنْ عَنْ شِمَالِهِ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرَى" [راجع: ٢٤١]

بَابٌ: مَنْ صَفَّقَ جَاهِلاً مِنَ الرِّجَالِ فِيْ صَلٰوتِهِ لَمْ تَفْسُدْ صَلاَ تُهُ

جس مرد نے نماز میں نادانی سے تالی بجائی تو اس کی نماز فاسد نہیں ہوئی

ایک شخص نادان ہے، مسئلہ نہیں جانتا، اس نے امام کو غلطی پر متنبہ کرنے کے لئے سبحان اللہ کہنے کے بجائے تصفیق کی تو چونکہ یہ عمل قلیل ہے اس لئے نماز باطل نہیں ہوئی۔

غلطی پر تنبیہ کرنے کے لئے اللہ اکبر کہنا غلطی ہے:

جب امام کوئی غلطی کرتا ہے تو لوگ اللہ اکبر کہتے ہیں، یہ غلطی ہے، اللہ اکبر کا مطلب یہ ہے کہ امام نے کوئی بڑا کارنامہ انجام دیا ہے، حالانکہ اس نے غلطی کی ہے، اس موقع پر سبحان اللہ کہنا چاہئے، سبحان اللہ کے معنی ہیں: اللہ تعالیٰ پاک ہیں، جب پیچھے سے یہ بات کہی جائے گی تو امام سوچے گا: اللہ کی پاکی کیوں بیان کی جارہی ہے؟ اس طرح اس کو اپنی غلطی یاد آجائے گی اور وہ اصلاح کرلے گا، پس یہ ذکر بھی ہے اور غلطی پر تنبیہ بھی، یہ اللہ اکبر کہنے کا موقع نہیں ہے۔

[۱۳-] بَابٌ: مَنْ صَفَّقَ جَاهِلاً مِنَ الرِّجَالِ فِيْ صَلٰوتِهِ لَمْ تَفْسُدْ صَلاَ تُهُ

فِيْهِ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی حدیث پہلے گذری ہے، حدیث نمبر ۶۸۴ میں ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو متنبہ کرنے کے لئے لوگوں نے تصفیق کی تھی، مگر ان کو نماز لوٹانے کا حکم نہیں دیا، بلکہ مسئلہ بتایا کہ مردوں کو سبحان اللہ کہنا چاہئے، معلوم ہوا کہ نادانی سے کوئی تصفیق کرے تو نماز باطل نہیں ہوگی۔ علاوہ ازیں: عورتوں کے لئے تصفیق ہے، اور جب عورتوں کی نماز تصفیق سے باطل نہیں ہوتی تو مردوں کی بھی باطل نہیں ہوگی، کیونکہ دونوں صنفوں کے احکام ایک ہیں۔

بَابٌ: إِذَا قِيْلَ لِلْمُصَلِّى تَقَدَّمْ أَوِ انْتَظِرْ فَانْتَظَرَ فَلاَ بَأْسَ

نمازی سے کہا: آگے بڑھ یا انتظار کر، پس اس نے انتظار کیا تو کوئی بات نہیں

دو آدمی جماعت سے نماز پڑھ رہے ہیں: تیسرا آیا اور اس نے امام سے کہا: آگے بڑھ جائیں میں اقتداء کر رہا ہوں، امام نے تعمیل کی اور لمبا قدم رکھ کر آگے بڑھ گیا تو اس سے نماز میں کوئی فرق نہیں آیا، کلام کرنے سے نماز باطل ہوتی ہے، کلام سننے سے، سمجھنے سے، اور اس کی تعمیل کرنے سے نماز باطل نہیں ہوتی۔

مسئلہ: نماز میں کوئی چیز پڑھنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے مگر اس کو سننے اور سمجھنے سے نماز فاطل نہیں ہوتی، مثلاً جدارِ قبلی پر کوئی آیت لکھی ہے، نمازی کی اس پر نظر پڑی اور وہ آیت کو سمجھ گیا تو نماز فاسد نہیں ہوئی، لیکن اگر اس کو پڑھ لیا تو اگرچہ وہ قرآنِ کریم کی آیت ہو نماز باطل ہو جائے گی، اس لئے کہ یہ تلقی من الخارج ہے، اور پڑھنے کے دو درجے ہیں: سراً اور جہراً، اور سر کا ادنی درجہ تصحیح حروف ہے، یعنی زبان حرکت کرے، مخارج پر لگے اور حروف ادا ہوں اس طرح پڑھنے سے نماز باطل ہو جائے گی، اور اگر صرف آیت کو سمجھ گیا پڑھا نہیں تو نماز باطل نہیں ہوگی۔ اسی طرح کلام کرنے سے نماز باطل ہوتی ہے، کسی کی بات سننے، سمجھنے اور اس کی تعمیل کرنے سے نماز باطل نہیں ہوتی، جیسے نماز ہو رہی ہے، کسی نے امام صاحب سے کہا: بہت لوگ آئے ہیں اور وضو کر رہے ہیں آپ قراءت ذرا لمبی کریں، چنانچہ امام صاحب نے ایسا کیا تو اس سے نماز میں کوئی فرق نہیں آیا، کیونکہ کلام کرنے سے نماز باطل ہوتی ہے، کلام سمجھنے سے اور اس پر عمل کرنے سے نماز پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور یہ فَانْتَظَر کی مثال ہے۔

[۱۴-] بَابٌ: إِذَا قِيْلَ لِلْمُصَلِّى تَقَدَّمْ أَوِ انْتَظِرْ فَانْتَظَرَ فَلاَ بَأْسَ

[۱۲۱۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ النَّاسُ يُصَلُّوْنَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُمْ عَاقِدُوْ أُزْرِهِمْ مِنَ الصِّغَرِ عَلٰى رِقَابِهِمْ، فَقِيْلَ لِلنِّسَاءِ: "لاَ تَرْفَعْنَ رُؤُسَكُنَّ حَتّٰى يَسْتَوِىَ الرِّجَالُ جُلُوْسًا" [راجع: ۳۶۲]

وضاحت: یہ حدیث آپ کی پڑھی ہوئی ہے، مسجدِ نبوی میں مرد و زن ایک ساتھ نماز پڑھتے تھے، جہاں مردوں کی صفیں ختم ہوتی تھیں وہیں سے عورتوں کی صفیں شروع ہو جاتی تھیں، درمیان میں کوئی پردہ نہیں تھا، اور بعض صحابہ ایک کپڑے میں نماز پڑھتے تھے، ایسی صورت میں سجدہ میں پیچھے سے آدمی آدھا ننگا معلوم ہوتا ہے، اس لئے عورتوں کو تاکید کی گئی کہ جب تک مرد سجدہ سے سر نہ اٹھا لیں عورتیں سجدہ سے سر نہ اٹھائیں۔

اس حدیث سے باب پر استدلال ذرا مشکل ہے، اس لئے کہ آنحضور ﷺ نے یہ ہدایت نماز میں نہیں دی تھی، اگر عورتیں نماز پڑھ رہی ہوتیں، اور آپ ؐ نے یہ ہدایت دی ہوتی اور انھوں نے نماز میں سن کر تعمیل کی ہوتی تو استدلال ہو سکتا تھا،

پس کہا جائے گا کہ قیل للنساء سے بظاہر یہ سمجھ میں آتا ہے کہ نبی ﷺ نے یہ ہدایت عورتوں کو نماز پڑھتے ہوئے دی ہے، اور حضرت رحمہ اللہ کے نزدیک تطبیق کے لئے اتنا ظاہری احتمال کافی ہے۔

یا یہ کہا جائے کہ ہدایت اگرچہ خارج صلاۃ دی ہے، مگر خواتین اس کی تعمیل نماز میں کریں گی، اور پہلے دی ہوئی ہدایت کو پیش نظر رکھ کر تعمیل کریں گی، اور اس سے نماز پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، پس اگر یہ ہدایت نماز پڑھتے ہوئے دی جائے اور خواتین سن کر اور سمجھ کر تعمیل کریں تو بھی نماز پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، یعنی قیاس کے ذریعہ باب ثابت کیا جائے گا۔

بَابٌ: لَا يَرُدُّ السَّلَامَ فِي الصَّلَاةِ

نماز میں سلام کا جواب نہ دے

نماز میں سلام کا جواب دینے سے نماز باطل ہو جاتی ہے، کیونکہ سلام اور جواب سلام میں خطاب ہوتا ہے، اس لئے وہ کلام الناس ہو گیا، اور حنفیہ کی طرح امام بخاریؒ کے نزدیک بھی نماز میں کلام الناس کی مطلق گنجائش نہیں۔

[۱۵-] بَابٌ: لَا يَرُدُّ السَّلَامَ فِي الصَّلَاةِ

[۱۲۱۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ أُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، فَيَرُدُّ عَلَيَّ، فَلَمَّا رَجَعْنَا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ، وَقَالَ: "إِنَّ فِي الصَّلَاةِ لَشُغْلًا" [راجع: ۱۱۹۹]

[۱۲۱۷-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ شِنْظِيْرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَاجَةٍ لَهُ، فَانْطَلَقْتُ ثُمَّ رَجَعْتُ، وَقَدْ قَضَيْتُهَا، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ، فَوَقَعَ فِيْ قَلْبِي مَا اللّٰهُ بِهِ أَعْلَمُ، فَقُلْتُ فِيْ نَفْسِيْ: لَعَلَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَجَدَ عَلَيَّ، أَنِّيْ أَبْطَأْتُ عَلَيْهِ، ثُمَّ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ، فَوَقَعَ فِيْ قَلْبِيْ أَشَدُّ مِنَ الْمَرَّةِ الْأُوْلٰى، ثُمَّ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيَّ، فَقَالَ: "إِنَّمَا مَنَعَنِيْ أَنْ أَرُدَّ عَلَيْكَ أَنِّيْ كُنْتُ أُصَلِّيْ" وَكَانَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ مُتَوَجِّهًا إِلٰى غَيْرِ الْقِبْلَةِ.

ترجمہ: پہلی حدیث پہلے گذر چکی ہے اور دوسری حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ہے: فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھے اپنے کسی کام سے بھیجا، میں گیا اور کام کر کے آیا، پس میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ کو سلام کیا، آپؐ نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا، پس میرے دل میں آیا وہ جس کو اللہ تعالیٰ ہی زیادہ جانتے ہیں یعنی مجھے بڑا صدمہ پہنچا، اور میں نے دل میں سوچا: شاید رسول اللہ ﷺ مجھ سے ناراض ہو گئے ہیں، اس وجہ سے کہ میں نے آنے میں دیر کر دی ہے (کچھ وقفہ

کے بعد) میں نے پھر سلام کیا تو آپؐ نے پھر بھی جواب نہیں دیا، پس میرے دل کو پہلے سے زیادہ صدمہ پہنچا، میں نے پھر سلام کیا (اس وقت آپؐ نماز پوری کر چکے تھے) تو آپؐ نے جواب دیا، اور فرمایا: مجھے جواب دینے سے اس بات نے روکا کہ میں نماز پڑھ رہا تھا، اور نبی ﷺ سواری پر غیر قبلہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہے تھے (جس کی وجہ سے حضرت جابرؓ سمجھ نہ سکے کہ آپؐ نماز پڑھ رہے ہیں) —— معلوم ہوا کہ نماز میں کلام کی مطلق گنجائش نہیں، سلام کا جواب دینا بھی جائز نہیں، اور حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث أبواب العمل کے دوسرے باب میں گذری ہے، اور سواری پر غیر قبلہ کی طرف نفل نماز پڑھنے کا مسئلہ أبواب التقصیر باب ۷ میں گذرا ہے۔

بَابُ رَفْعِ الْأَيْدِيْ فِي الصَّلَاةِ لِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ

نماز میں کوئی بات پیش آئی جس کی وجہ سے ہاتھ اٹھائے

اگر کوئی شخص نماز میں ہاتھ اٹھا کر کوئی اشارہ کرے تو یہ عمل قلیل ہے اس سے نماز پر اثر نہیں پڑتا، ایک مرتبہ قبا والوں میں کسی بات پر جھگڑا ہو گیا، آنحضور ﷺ صلح کرانے کے لئے تشریف لے گئے، واپسی میں دیر ہو گئی، چنانچہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھانی شروع کی، ابھی پہلی ہی رکعت تھی کہ آنحضور ﷺ تشریف لے آئے، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹنے لگے، آنحضور ﷺ نے اشارہ کیا کہ نماز پڑھاتے رہو، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کانوں تک ہاتھ اٹھائے، شکریہ ادا کیا، اور پیچھے ہٹ آئے، یہ جو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ہاتھ اٹھائے ہیں یہی جزء باب سے متعلق ہے۔

[۱۶-] بَابُ رَفْعِ الْأَيْدِيْ فِي الصَّلَاةِ لِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ

[۱۲۱۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: بَلَغَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّ بَنِيْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ بِقُبَاءٍ كَانَ بَيْنَهُمْ شَيْئٌ، فَخَرَجَ يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ فِيْ أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَحُبِسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَحَانَتِ الصَّلَاةُ، فَجَاءَ بِلَالٌ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ! إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ حُبِسَ وَقَدْ حَانَتِ الصَّلَاةُ، فَهَلْ لَكَ أَنْ تَؤُمَّ النَّاسَ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنْ شِئْتُمْ، فَأَقَامَ بِلَالٌ الصَّلَاةَ، وَتَقَدَّمَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَكَبَّرَ لِلنَّاسِ، وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمْشِيْ فِي الصُّفُوْفِ، يَشُقُّهَا شَقًّا حَتّٰى قَامَ مِنَ الصَّفِّ، فَأَخَذَ النَّاسُ فِي التَّصْفِيْحِ - قَالَ سَهْلٌ: التَّصْفِيْحُ: هُوَ التَّصْفِيْقُ - قَالَ: وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ لَا يَلْتَفِتُ فِيْ صَلَاتِهِ، فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ الْتَفَتَ، فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَشَارَ إِلَيْهِ يَأْمُرُهُ أَنْ يُصَلِّيَ، فَرَفَعَ أَبُوْ بَكْرٍ يَدَيْهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرٰى وَرَاءَهُ حَتّٰى قَامَ فِي الصَّفِّ، وَتَقَدَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَلّٰى لِلنَّاسِ، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: "يَا أَيُّهَا النَّاسُ! مَا لَكُمْ حِيْنَ نَابَكُمْ شَيْئٌ فِي الصَّلَاةِ أَخَذْتُمْ بِالتَّصْفِيْحِ؟ إِنَّمَا التَّصْفِيْحُ لِلنِّسَاءِ، مَنْ نَابَهُ شَيْئٌ

فِيْ صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ" ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَي أَبِيْ بَكْرٍ فَقَالَ:" يَا أَبَا بَكْرٍ! مَا مَنعكَ أَنْ تُصَلِّيَ حَيْثُ أَشَرْتُ عَلَيْكَ؟" قَالَ أَ بُوْ بَكْرٍ: مَاكَانَ يَنْبَغِيْ لِابْنِ أَبِيْ قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ٦٨٤]

آخر حدیث کا ترجمہ: جب نبی ﷺ نے نماز پوری فرمائی تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: "تمہیں کیا ہوا جب تمہیں نماز میں کوئی بات پیش آتی ہے تو تم تالی بجاتے ہو، تالی بجانا عورتوں کے لئے ہے، جس کو نماز میں کوئی بات پیش آئے اس کو چاہئے کہ سبحان اللہ کہے، پھر آپؐ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: ابوبکر! تمہیں نماز پڑھانے سے کس بات نے روکا جبکہ میں نے اشارہ کیا تھا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: نبی ﷺ کے سامنے ابو قحافہ کے لڑکے کے لئے نماز پڑھانا مناسب نہیں تھا۔

سوال: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کانوں تک ہاتھ اٹھا کر کس طرح شکریہ ادا کیا تھا؟ یعنی اس کی کیا کیفیت تھی؟

جواب: یہ بات مجھے معلوم نہیں، عربوں سے پوچھنی چاہئے، مجھے کسی عرب سے پوچھنے کا موقع نہیں ملا، اور قوموں کے احوال اس سلسلہ میں مختلف ہوتے ہی، انگوٹھا دکھانا ہمارے یہاں گالی ہے اور یورپ وامریکہ میں انگوٹھا دکھا کر شکریہ ادا کرتے ہیں، اسی طرح عرب انگشت شہادت سے گالی دیتے تھے، اسی لئے اس کو سبابہ کہتے تھے، کس طرح اشارہ کرتے تھے؟ یہ بات مجھے معلوم نہیں، اسلام نے اس کو ختم کر دیا اور اس کا نام سَبَّاحَة (تسبیح پڑھنے والی انگلی) رکھا، ہم لوگ اس کو انگشت شہادت کہتے ہیں کیونکہ اس سے تشہد میں اشارہ کیا جاتا ہے۔

بَابُ الْخَصْرِ فِي الصَّلاَةِ

نماز میں کوکھوں پر ہاتھ رکھنا

خاصرة کے معنی ہیں: کوکھ، پیٹ کی دونوں جانبوں میں کمر کی جگہ، اور خَصْر کے معنی ہیں: کوکھوں پر ہاتھ رکھنا ——— نماز میں حالت قیام میں ہاتھ کہاں رکھنے چاہئیں؟ احناف کے نزدیک ہاتھ اس طرح باندھنا مسنون ہے کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھے، اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھوٹی انگلی کا حلقہ بنا کر بائیں ہاتھ کے پہنچے کو پکڑے، اور باقی تین انگلیاں کلائی پر پھیلی ہوئی رکھے، اور ہاتھوں کو زیر ناف اس طرح باندھے کہ ناف ہاتھوں کے بالائی حصہ سے لگی رہے، اور شوافع کے نزدیک ناف سے اوپر اور سینہ سے نیچے ہاتھ باندھنا مسنون ہے، اس طرح کہ ناف ہاتھوں کے زیریں حصہ سے لگی ہوئی ہو (شرح مہذب ۳:۳۱۰) اور امام احمد رحمہ اللہ کے دونوں اماموں کے موافق اقوال ہیں (مغنی ۱:۵۱۴) اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک ارسال یعنی ہاتھوں کو چھوڑنا مسنون ہے، اور سینہ پر ہاتھ باندھنا کسی امام کے نزدیک مسنون نہیں، غیر مقلدین نے اس کو چلایا ہے اور کوکھوں پر ہاتھ رکھنا بالاجماع مکروہ ہے، اور صرف نماز ہی میں مکروہ نہیں بلکہ نماز سے

باہر بھی اس طرح کھڑا ہونا مکروہ ہے، اس لئے کہ یہ شیطان اور جہنمیوں کے کھڑے ہونے کا انداز ہے، ابن ابی شیبہ میں روایت ہے کہ یہ جہنمیوں کا فعل ہے، یعنی دوزخی جب کھڑے کھڑے تھک جائیں گے تو ستانے کے لئے اس طرح کھڑے ہونگے، اور ابن ابی شیبہ میں یہ روایت بھی ہے کہ جب شیطان زمین پر اترا تھا تو اس ہیئت میں اترا تھا، اور آگے حدیث آرہی ہے کہ اس طرح کھڑا ہونا یہودیوں کا طریقہ ہے (عمدۃ القاری) غرض نماز میں کوکھوں پر ہاتھ رکھ کر نہیں کھڑا ہونا چاہئے، لیکن اگر کوئی نماز میں اس طرح کھڑا ہوا تو نماز باطل نہیں ہوگی۔

[۱۷-] بَابُ الْخَصْرِ فِی الصَّلاَ ةِ

[۱۲۱۹-] حدثنا أَ بُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَ يُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: نُهِیَ عَنِ الْخَصْرِ فِی الصَّلاَ ةِ.

وَقَالَ هِشَامٌ، وَأَ بُوْ هِلاَلٍ، عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم[انظر: ۱۲۲۰]

[۱۲۲۰-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی، عَنْ هِشَامٍ، قَال: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: نَهَی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ یُصَلِّیَ الرَّجُلُ مُخْتَصِرًا.[راجع: ۱۲۱۹]

وضاحت: اس حدیث کو محمد بن سیرینؒ سے ایوب سختیانی، ہشام اور ابو ہلال روایت کرتے ہیں، ہشام اور ابو ہلال صراحتاً مرفوع کرتے ہیں اور ایوب سختیانی کی حدیث حکماً مرفوع ہے اس لئے کہ منع کرنے والا الشارع کے علاوہ کوئی نہیں ہوسکتا۔

پہلی حدیث: نماز میں کوکھوں پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہونے سے منع کیا گیا۔ **دوسری حدیث:** نبی ﷺ نے اس بات سے منع کیا کہ آدمی کوکھوں پر ہاتھ رکھ کر نماز پڑھے۔

بَابٌ: یُفَکِّرُ الرَّجُلُ الشَّیْئَ فِی الصَّلاَ ةِ

آدمی کا نماز میں کوئی بات سوچنا

نمازی اگر نماز میں کوئی بات سوچے تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی، کیونکہ دماغ کی ریل ہر وقت چلتی رہتی ہے، سوتے وقت بھی چلتی رہتی ہے، اور وہی خواب بنتی ہے، اس لئے آدمی نماز میں کچھ نہ سوچے یہ بات ممکن نہیں، اگر کوئی شخص کوشش کرے کہ نماز میں کچھ نہ سوچے تو وہ یہی بات سوچتا رہے گا کہ نماز میں کچھ نہیں سوچنا چاہئے، اس لئے نماز میں کوئی خیال آئے تو اس سے نماز نہیں بگڑتی، ہاں دو باتیں مضر ہیں: ایک: نماز میں خیال لانا، دوسری: آئے ہوئے خیال میں کھو جانا، یہ دو چیزیں نماز کو ناقص کرتی ہیں۔

پھر خیال دو طرح کا ہوتا ہے، تدریجی اور دفعی، تدریجی خیال یہ ہے کہ سوچ سوچ کر دماغ میں باتیں لائے اور دفعی خیال:

اچانک یکبارگی آنے والا خیال ہے، جب آدمی کا ذہن کسی معاملہ میں مشغول ہوتا ہے تو اچانک خیال آجاتا ہے، جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں کبھی نماز میں پورا لشکر تیار کرلیتا ہوں، کیونکہ پہلے سے ذہن مشغول ہوتا ہے کہ فلاں جگہ لشکر بھیجنا ہے اس کا پورا پلان حضرتؓ کا ذہن نماز میں بنالیتا تھا کہ فلاں کو امیر بنانا ہے، اور اتنے فوجی بھیجنے ہیں، یہ دفعی خیال بھی مضر نہیں، کیونکہ انسان اس کے روکنے پر قادر نہیں، ہاں تدریجی خیال سے نماز ناقص ہوتی ہے۔

قصہ: ایک شخص نے گھر میں یا کھیت میں خزانہ دفن کیا، پھر بھول گیا، بہت تلاش کیا مگر نہیں ملا، وہ امام اعظم رحمہ اللہ کے پاس آیا اور کہا: حضرت! کوئی تدبیر بتائیں کہ خزانہ مل جائے، حضرتؒ نے فرمایا: جا اچھی طرح غسل کر، صاف ستھرے کپڑے پہن اور خشوع وخضوع سے دو رکعتیں پڑھ، اور دیکھنا نماز میں کوئی خیال نہ آئے، اس نے ایسا ہی کیا، اچانک نماز میں خیال آیا کہ فلاں جگہ مال دفن کیا ہے، بس نماز توڑ کر بھاگا، اور خزانہ نکال لیا، پھر شکریہ ادا کرنے کے لئے امام صاحب کے پاس آیا اور سارا قصہ سنایا، آپ نے فرمایا: اللہ کے بندے! نماز تو پوری کرلیتا، پھر خزانہ کھودتا! اتنی بھی کیا جلدی تھی!

معلوم ہوا کہ یہ کبھی خیال دفعی آتا ہے جو مضر نہیں، پس اگر کوئی خیال کرے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز میں باتیں سوچتے تھے تو یہ خیال صحیح نہیں، وہ خیال دفعتاً آتا تھا اور ساری باتیں یکدم طے ہوجاتی تھیں۔

[۱۸-] بَابٌ: يُفَكِّرُ الرَّجُلُ الشَّيْئَ فِي الصَّلاَةِ

وَقَالَ عُمَرُ: إِنِّي لَأُجَهِّزُ جَيْشِيْ وَأَنَا فِي الصَّلاَةِ.

[۱۲۲۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ: هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْعَصْرَ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ سَرِيْعًا، دَخَلَ عَلٰى بَعْضِ نِسَائِهِ، ثُمَّ خَرَجَ، وَرَأَى مَا فِيْ وُجُوْهِ الْقَوْمِ مِنْ تَعَجُّبِهِمْ لِسُرْعَتِهِ، فَقَالَ: "ذَكَرْتُ وَأَنَا فِي الصَّلاَةِ تِبْرًا عِنْدَنَا فَكَرِهْتُ أَنْ يُمْسِيَ أَوْ: يَبِيْتَ عِنْدَنَا، فَأَمَرْتُ بِقِسْمَتِهِ" [راجع: ۸۵۱]

وضاحت: یہ حدیث آچکی ہے: ایک دن حضور اکرم ﷺ نے عصر کی نماز پڑھائی اور سلام پھیر کر فوراً صفیں چیرتے ہوئے گھر میں تشریف لے گئے اور سونے کا ایک ٹکڑا لائے اور کسی صحابی کو تقسیم کرنے کے لئے دیا، پھر لوگوں سے فرمایا: مجھے نماز میں یاد آیا کہ گھر میں سونے کا ایک ڈھیلا ہے، اور مجھے ناپسند ہوا کہ گھر میں شام تک سونا رہے یا فرمایا: میرے گھر میں سونا رات گذارے چنانچہ میں نے اس کو تقسیم کرنے کا حکم دیا، معلوم ہوا کہ نماز میں اگر کوئی خیال آجائے تو اس سے نماز میں فرق نہیں پڑتا، تبر کے معنی ہیں: بے ڈھلا سونے کا ڈھیلا، اور حدیث کا ترجمہ کتاب الصلوٰۃ باب ۱۵۸ میں ہے۔

[۱۲۲۲-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنِ الْأَعْرَجِ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أُذِّنَ بِالصَّلاَةِ أَدْبَرَ الشَّيْطَانُ لَهُ ضُرَاطٌ، حَتّٰى لاَ يَسْمَعَ التَّأْذِيْنَ،

فَإِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ أَقْبَلَ، فَإِذَا ثُوِّبَ أَدْبَرَ، فَإِذَا سَكَتَ أَقْبَلَ، فَلَا يَزَالُ بِالْمَرْءِ يَقُولُ لَهُ: اذْكُرْ، مَالَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ، حَتّٰى لَا يَدْرِىْ كَمْ صَلّٰى" قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: إِذَا فَعَلَ أَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ قَاعِدٌ، وَسَمِعَهُ أَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ. [راجع: ۶۰۸]

وضاحت: یہ حدیث گذر چکی ہے: شیطان کو اذان نہایت ناگوار ہے، وہ اذان سن کر پادتا ہوا بھاگتا ہے، اور اتنی دور چلا جاتا ہے جہاں تک اذان کی آواز نہیں پہنچتی، اسی طرح اقامت سن کر بھی بھاگتا ہے، کیونکہ وہ بھی اذان ہے، پھر اقامت کے بعد واپس آجاتا ہے اور لوگوں کی نماز خراب کرتا ہے اور جو باتیں آدمی بھولا ہوا ہوتا ہے وہ یاد دلاتا ہے اور ان میں اتنا مشغول کردیتا ہے کہ آدمی یہ تک بھول جاتا ہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھیں!

قولہ: فلیسجد سجدتین وھو قاعد: جب نماز میں بھول ہوجائے اور رکعتوں کی تعداد یاد نہ رہے تو آخر میں سجدۂ سہو کرے، وھو قاعد کا مطلب ہے نماز کے آخر میں، اور سہو کے احکام کتاب السہو میں آرہے ہیں۔

[۱۲۲۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: يَقُوْلُ النَّاسُ: أَكْثَرَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ! فَلَقِيْتُ رَجُلًا، فَقُلْتُ: بِمَ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْبَارِحَةَ فِى الْعَتَمَةِ؟ فَقَالَ: لَا أَدْرِىْ، فَقُلْتُ: أَلَمْ تَشْهَدْهَا؟ قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: لٰكِنْ أَنَا أَدْرِىْ، قَرَأَ سُوْرَةَ كَذَا وَكَذَا.

وضاحت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جو کثرت سے حدیثیں بیان کرتے تھے تو اس پر لوگ اعتراض کرتے تھے، پہلے (حدیث ۱۱۸ میں) بھی یہ اعتراض آیا ہے، وہاں حضرت ابو ہریرہؓ نے دوسرا جواب دیا تھا اور یہاں دوسرا۔ ایک معترض سے حضرت ابو ہریرہؓ کی ملاقات ہوئی، آپؓ نے اس سے پوچھا: گذشتہ رات عشاء کی نماز میں نبی ﷺ نے کونسی سورتیں پڑھی تھیں؟ اس نے کہا: مجھے معلوم نہیں، آپؓ نے پوچھا: کیا آپ نماز میں موجود نہیں تھے؟ اس نے کہا: تھا، حضرتؓ نے فرمایا: مگر مجھے یاد ہے فلاں فلاں سورتیں پڑھی تھیں، یعنی جب تجھے یاد نہیں رہتا تو تو کیا حدیثیں بیان کرے گا، اور مجھے یاد رہتا ہے اس لئے میں بیان کرتا ہوں۔

تشریح: آنحضور ﷺ کی حیات مبارکہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر بکثرت حدیثیں بیان کرنے کی وجہ سے اعتراض سمجھ میں نہیں آتا، میرا خیال ہے: یہ دور مابعد کا واقعہ ہے، حضرت ابو ہریرہؓ نے معترض سے پوچھا ہے کہ گذشتہ رات عشاء کی نماز میں امام نے کونسی سورتیں پڑھی تھیں؟ امام کی جگہ رسول اللہ ہوگیا............ بہرحال نماز میں آدمی سوچتا ہے اور اسے یہ تک یاد نہیں رہتا کہ امام نے کونسی سورتیں پڑھیں؟ اس مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں۔

﴿الحمدللہ! أَبْوَابُ الْعَمَلِ فِى الصَّلَاةِ کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

[کِتَابُ السَّھْوِ]

نماز میں بھولنے کا بیان

اب سہو کے مسائل شروع ہورہے ہیں، اس مسئلہ میں روایات میں اتنا شدید اختلاف ہے کہ کوئی دو امام ایک بات پر متفق نہیں، ہر مجتہد کی رائے الگ ہے:

ائمہ کے نزدیک سجدۂ سہو کی حقیقت:

سب سے پہلے یہ بات جان لینی چاہئے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک سجدۂ سہو کی حقیقت: دو سجدے، تشہد اور سلام ہے، چنانچہ مذہب حنفیہ میں سجدۂ سہو کرنے کا اصل طریقہ یہ ہے کہ پہلے قعدۂ اخیرہ میں سب کچھ پڑھ لے: تشہد بھی، درود بھی اور دعا بھی، اس کے بعد سلام پھیرے، پھر دو سجدے کرے، پھر صرف تشہد پڑھ کر سلام پھیردے۔

مگر جماعت کی نماز میں ایک مصلحت سے یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ صرف تشہد پڑھ کر سلام پھیرتے ہیں، پھر سہو کے سجدے کرتے ہیں اور درود و دعا سہو کے قعدہ میں تشہد کے بعد پڑھتے ہیں، اور ایسا اس لئے کرتے ہیں کہ مسبوق جان لیں کہ یہ ایمر جنسی سلام ہے، پس وہ کھڑے ہونے میں جلدی نہ کریں۔

مگر اب طریقہ یہ چل پڑا ہے کہ ہر نماز میں صرف تشہد پڑھ کر سلام پھیردیتے ہیں، بلکہ بعض کتابوں میں بھی یہی مسئلہ لکھ دیا ہے، حالانکہ امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کی صحیح صورت وہ ہے جو میں نے بیان کی، ائمہ کے اختلاف کو اور احادیث کے مطلب کو سمجھنے کے لئے مذہب کی اصل صورت جاننا ضروری ہے۔

اور سلام کے بارے میں فقہ حنفی میں تین قول ہیں: ایک: ایک سلام پھیرے، اور وہ بھی سامنے کی طرف، دائیں بائیں منہ نہ موڑے، اس قول پر کسی نے فتوی نہیں دیا، دوم: دائیں بائیں دو سلام پھیرے، صاحب ہدایہ وغیرہ نے اس قول کی تصحیح کی ہے، سوم: ایک سلام پھیرے اور دائیں طرف منہ موڑے، کرخی رحمہ اللہ نے اس قول کی تصحیح کی ہے اور یہی مفتی بہ اور معمول بہ ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سہو کی ہر صورت میں سلام سے پہلے سجدہ کرنا اولیٰ ہے، ان کے نزدیک سجدۂ سہو کی

حقیقت ہے: سجدتان لاتشھُّدَ و لاسلامَ: صرف دوسجدے بغیر تشہد اور سلام کے، چنانچہ ان کے یہاں طریقہ یہ ہے کہ قعدہ اخیرہ میں سب کچھ پڑھ کر سلام پھیرے بغیر دوسجدے کرتے ہیں، پھر کچھ پڑھے بغیر سلام پھیرتے ہیں۔

اور امام مالک رحمہ اللہ کا مذہب ہے: الدَّالُ بالدَّال وَ القَافُ بِالقاف: دال کی صورت میں دال اور قاف کی صورت میں قاف یعنی اگر نماز میں کچھ زیادتی ہوئی ہے تو بعد السلام سجدہ کرنا اولیٰ ہے، اور کمی ہوئی ہے تو قبل السلام، وہ فرماتے ہیں: زیادتی کی صورت میں بعد السلام سجدے اس لئے ہیں کہ وہ نماز سے باہر رہیں، اگر قبل السلام سجدے کئے جائیں گے تو وہ نماز میں شامل ہوجائیں گے، اور زیادتی درزیادتی لازم آئے گی، اور نقصان کی صورت میں قبل السلام سجدے اس لئے ہیں کہ وہ نماز میں داخل ہوکر کمی کی تلافی کریں گے۔

اور امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ فرماتے ہیں: احادیث میں جوصورتیں آئی ہیں ان کی پیروی اولیٰ ہے، احادیث میں پانچ صورتیں آئی ہیں (جن میں سے بعض کو امام بخاری رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے) پس جن صورتوں میں قبل السلام سجدہ کرنا مروی ہے ان میں سے کوئی صورت پیش آئے تو قبل السلام سجدہ کیا جائے اور جن صورتوں میں بعد السلام سجدہ کرنا مروی ہے وہ صورت پیش آئے تو پھر بعد السلام سجدہ کرنا چاہئے، اور اگر سہو کی کوئی نئی صورت پیش آئے تو پھر امام احمد: امام شافعی رحمہما اللہ کے ساتھ ہیں، اور امام اسحاق: امام مالک رحمہما اللہ کے ساتھ۔

امام احمد رحمہ اللہ کا مذہب بظاہر اچھا معلوم ہوتا ہے مگر اس پر عمل کرنا ممکن نہیں کیونکہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جو اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے اور ترمذی (حدیث ۳۷۴ باب ماجاء فی الإمام ینھض إلخ) میں ہے اس میں آنحضرت ﷺ کا پہلے قعدہ کو بھول کر کھڑے ہونے کی صورت میں بعد السلام سجدہ کرنا مروی ہے، اور عبد اللہ بن بُحَینَۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جو باب میں ہے اسی صورت میں آپؐ نے قبل السلام سجدہ کیا ہے، آنحضور ﷺ ظہر کا پہلا قعدہ بھول کر کھڑے ہوگئے، پھر آپؐ نے قبل السلام سجدہ کیا، یہ دونوں حدیثیں اعلیٰ درجہ کی صحیح ہیں، پس عمل کرنے کی کیا صورت ہے؟ اور امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ اگرچہ شروع میں ساتھ ہیں مگر بعد میں وہ بھی علاحدہ علاحدہ ہوگئے ہیں۔

فائدہ: تمام ائمہ متفق ہیں کہ سجدہ سہو قبل السلام بھی جائز ہے اور بعد السلام بھی، اختلاف صرف اولیٰ اور افضل کا ہے، مگر چونکہ مسئلہ میں خوب بحث ہوئی ہے اس لئے احناف کے ذہن میں قبل السلام سجدے کی گنجائش نہیں رہی، اور شوافع بعد السلام سجدے کو جانتے نہیں، یہ جو ذہن بن گئے ہیں یہ ٹھیک نہیں، قبل السلام سجدے بھی جائز ہیں اور بعد السلام بھی، اور اختلاف صرف اولیٰ اور غیر اولیٰ کا ہے، اور بعد السلام سجدے کرنے میں عبادت زیادہ ہے اس صورت میں تشہد دوبارہ پڑھنا پڑتا ہے، اس لئے امام اعظم رحمہ اللہ نے اس کو افضل قرار دیا ہے۔

روایات کا اختلاف:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسئلہ باب میں قولی اور فعلی دونوں طرح کی روایتیں ہیں اور وہ مختلف ہیں، یعنی آنحضرت

ﷺ سے قبل السلام اور بعد السلام دونوں طرح سجدہ سہو کرنا مروی ہے، اور آپؐ نے قبل السلام سجدہ سہو کرنے کے لئے بھی فرمایا ہے اور بعد السلام بھی، اور قولی روایتوں میں سے بعد السلام والی روایت بخاری (حدیث ۴۰۱ باب التوجہ نحو القبلۃ) اور مسلم (۱:۲۱۲ السھو فی الصلوٰۃ) میں ہے اور قبل السلام والی قولی روایت صرف مسلم (۱:۲۱۱) میں ہے، اور فعلی روایتوں میں سے قبل السلام والی فعلی روایت متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۱۲۱۴، مسلم ۱:۲۱۱) اور بعد السلام والی فعلی روایت بھی اعلی درجہ کی ہے، مگر متفق علیہ نہیں، اور ائمہ ثلاثہ قول وفعل میں تعارض کے وقت فعلی روایت کو لیتے ہیں اور احناف قولی روایت کو، تفصیل (تحفۃ القاری ۱:۴۶۲ میں ہے)

بعد السلام سجدہ کی روایات:

امام اعظم رحمہ اللہ کی ایک دلیل تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو متفق علیہ ہے اور کتاب الصلوٰۃ باب ۳۱ (تحفۃ القاری ۲:۲۳۶) میں گذری ہے اس کے علاوہ دو حدیثیں اور ہیں جو ابوداؤد میں ہیں، ایک حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اس میں قاعدہ کلیہ ہے کہ سہو کی ہر صورت میں سلام پھیرنے کے دو سجدے ہیں (ابوداؤد حدیث ۱۰۳۸) یہ حدیث صحیح ہے اور اسماعیل بن عیاش کی وجہ سے حدیث کی صحت متاثر نہیں ہوتی، کیونکہ ان کا استاذ عبید اللہ کلاعی شامی ہے اور اسماعیل: شامی اساتذہ کی روایتوں میں بالاجماع معتبر ہیں۔

اور دوسری حدیث حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کی ہے وہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جسے نماز میں شک ہو جائے تو چاہئے کہ وہ سلام پھیرنے کے بعد دو سجدے کرے'' یہ حدیث بھی صحیح ہے (ابواؤد حدیث ۱۰۳۳)

بَابُ مَاجَاءَ فِي السَّهْوِ إِذَا قَامَ مِنْ رَكْعَتَيِ الْفَرِيْضَةِ

فرض نماز کا پہلا قعدہ بھولنے کا حکم

رباعی یا ثلاثی فرض نماز میں اگر کوئی قعدہ اولیٰ بھول سے چھوڑ دے تو سجدۂ سہو واجب ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ جاننا چاہئے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قعدہ اولیٰ سنت ہے اور حنفیہ کے نزدیک واجب، اور اس مسئلہ سے حنفیہ کے قولِ وجوب کی تائید ہوتی ہے، سجدۂ سہو واجب چھوڑنے ہی سے لازم آتا ہے، سنت چھوڑنے پر لازم نہیں آتا، اور ابواب الوتر کے شروع میں بتایا ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک واجب کا علی وجہ البصیرت کوئی درجہ نہیں، اور احناف کے یہاں وجوب ایک مستقل درجہ ہے جو فرض سے نیچے اور سنتِ مؤکدہ سے اوپر ہے، اور ائمہ ثلاثہ اس درجہ کے احکام کو کبھی فرض کے خانہ میں رکھتے ہیں کبھی سنت کے، چنانچہ ائمہ ثلاثہ نے قعدہ اولیٰ کو سنت قرار دیا، مگر وہ اس پر واجب کے احکام جاری کرتے ہیں، اس کے تارک پر سجدہ سہو واجب کرتے ہیں۔

ایک قاعدہ: اس کے بعد جاننا چاہئے کہ عبادتیں دو طرح کی ہیں: ایک وہ عبادت ہے جس میں حقیقت اور ہیئت دونوں

مطلوب ہیں اور دوسری وہ عبادت ہے جس میں صرف حقیقت مطلوب ہے، ہیئت مطلوب نہیں، اور ہیئت کی تکمیل کرنے والی چیزیں واجبات ہیں اور حقیقت کی تکمیل کرنے والی چیزیں سنتیں ہیں، اس لئے وضو میں کوئی واجب نہیں، صرف سنتیں ہیں، کیونکہ وضو میں حقیقت مطلوب ہے ہیئت مطلوب نہیں، وضو میں تین اعضاء کو دھونا اور ایک عضو پر ہاتھ پھیرنا مطلوب ہے، ہیئت یعنی ترتیب وغیرہ مطلوب نہیں، اور نماز میں ہیئت اور حقیقت دونوں مطلوب ہیں، اس لئے ہیئت کی تکمیل کے لئے واجبات اور حقیقت کی تکمیل کے لئے سنتیں رکھی ہیں (یہ قاعدہ حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ نے بیان فرمایا ہے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٢٢- [كِتَابُ السَّهْوِ]

[١-] بَابُ مَاجَاءَ فِي السَّهْوِ إِذَا قَامَ مِنْ رَكْعَتَيِ الْفَرِيْضَةِ

[١٢٢٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُحَيْنَةَ، أَنَّهُ قَالَ: صَلَّى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَيْنِ مِنْ بَعْضِ الصَّلَوَاتِ، ثُمَّ قَامَ فَلَمْ يَجْلِسْ، فَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ وَنَظَرْنَا تَسْلِيْمَهُ كَبَّرَ قَبْلَ التَّسْلِيْمِ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ ثُمَّ سَلَّمَ. [راجع: ٨٢٩]

[١٢٢٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُحَيْنَةَ، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ مِنِ اثْنَتَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ، لَمْ يَجْلِسْ بَيْنَهُمَا، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ. [راجع: ٨٢٩]

وضاحت: دونوں حدیثیں حضرت عبداللہ بن بُحَیْنَہ رضی اللہ عنہ کی ہیں اور قبل السلام سجدہ کی ہیں اور کتاب الصلوٰۃ (باب ۱۴۶) میں گذر چکی ہیں، نبی ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھائی، آپؐ قعدہ اولیٰ بھول گئے، پس آپؐ نے آخر میں قبل السلام دو سجدے کئے۔

قولہ: ونظرنا تسلیمہ: بعض حضرات نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ ہم نے سلام نہائی (آخری سلام) کا انتظار کیا، مگر آپؐ نے سلام نہائی نہیں کیا، سجدۂ سہو کا سلام کر کے سلام نہائی سے پہلے تکبیر کہی اور سجدے کئے، مگر یہ مطلب صحیح نہیں، کیونکہ احناف کے نزدیک سلام نہائی سجدۂ سہو سے پہلے ہے اور سجدوں کے بعد جو سلام ہے وہ سجدۂ سہو کی حقیقت میں داخل ہے۔

ملحوظہ: اعلام متناسبہ (نسب ناموں) میں جو ابن آتا ہے اس کا الف نہ لکھا جاتا ہے نہ پڑھا جاتا ہے، اور اعلام غیر متناسبہ

میں جو ابن آتا ہے اس کا الف لکھا جاتا ہے مگر پڑھا نہیں جاتا، جیسے عیسیٰ ابن مریم، چنانچہ عبداللہ ابن بُحَیْنَۃ میں الف لکھا گیا ہے کیونکہ بُحَیْنَۃ اعلام غیر متناسبہ میں سے ہے وہ ان کی والدہ ہیں اور نسب مردوں سے چلتا ہے، نیز اعلام غیر متناسبہ کا ابن پہلے نام کی صفت ہوتا ہے، جیسے عبد اللہ بن أَبَیٍ ابْنُ سلول (رئیس المنافقین) اور ابن بُحَیْنَۃ کے والد کا نام مالک تھا۔

بَابٌ: إِذَا صَلّٰی خَمْسًا

رباعی نماز پانچ رکعتیں پڑھ لیں

اگر رباعی نماز پانچ رکعتیں پڑھ لیں تو کیا حکم ہے؟ حنفیہ کے نزدیک اگر چوتھی رکعت پر قعدہ کیا ہے تو سجدۂ سہو سے نماز صحیح ہو جائے گی، اور اگر چوتھی رکعت پر قعدہ نہیں کیا اور پانچویں کے لئے کھڑا ہو گیا ہے تو پانچویں کو جب تک سجدہ کے ساتھ مؤکد نہ کرے لوٹ آئے اور قعدہ اخیرہ کر کے سجدۂ سہو کرے نماز ہو جائے گی۔ اور اگر پانچویں کا سجدہ کر لیا تو فرض باطل ہو گیا، اب فرض از سر نو پڑھے۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ثلاثی اور رباعی فرض نمازوں کے دونوں قعدے یکساں ہیں، یعنی سنت (بمعنی واجب) ہیں پس ان کے نزدیک دونوں قعدوں میں سے کسی کے بھی ترک کی صورت میں سجدۂ سہو کر لینا کافی ہے۔

اور باب میں یہ حدیث ہے کہ ایک مرتبہ آنحضور ﷺ نے ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھا دیں، سلام کے بعد آپؐ سے عرض کیا گیا: نماز میں زیادتی ہوئی یا آپؐ کو بھول لگی؟ پس صورت حال جان کر آپؐ نے دو سجدے کئے اور یہ سجدے سلام کے بعد کئے، آنحضور ﷺ نے قعدہ اخیرہ کیا تھا یا نہیں؟ اس سے حدیث ساکت ہے، پس یہ حدیث نہ کسی کے موافق ہے نہ مخالف۔

[۲-] بَابٌ: إِذَا صَلّٰی خَمْسًا

[۱۲۲۶-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقِيْلَ لَهُ: أَزِيْدَ فِي الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ: "وَمَا ذَاكَ؟" قَالَ: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا سَلَّمَ. [راجع: ۴۰۱]

وضاحت: سجدۂ سہو بعد السلام کے مسئلہ میں احناف کا مستدل یہ حدیث نہیں، کیونکہ یہ حدیث اسلام کے ابتدائی دور کی ہے، جب نماز میں کلام جائز تھا، بلکہ احناف کی دلیل حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی وہ قولی حدیث ہے جو متفق علیہ ہے، جو کتاب الصلوٰۃ باب ۳۱ (تحفۃ القاری ۲:۲۳۶) میں گذر چکی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب کسی شخص کو نماز میں

رکعتوں کی تعداد میں شک ہوجائے تو وہ سوچنے کے بعد جو ظن غالب قائم ہو اس پر عمل کرے، پھر بعد السلام سجدۂ سہو کرے''

بَابٌ: إِذَا سَلَّمَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ أَوْ فِيْ ثَلَاثٍ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ مِثْلَ سُجُوْدِ الصَّلَاةِ أَوْ أَطْوَلَ

رباعی نماز میں دو یا تین رکعتوں پر بھول سے سلام پھیر دے

تو نماز کے سجدوں جیسے یا ان سے لمبے دو سجدے کرے

پہلے ایک قاعدہ ذہن نشیں کرلیں: اگر نماز میں بھول سے سلام پھیر دے تو اس سے نماز باطل نہیں ہوتی، عربی میں یہ قاعدہ اس طرح ہے: سلامُ مَن علیه بقیَّةٌ مِن الصلوۃِ لایَقْطَعُ الصلوۃ: پس اگر کوئی رباعی نماز میں دو یا تین رکعتوں پر بھول سے سلام پھیر دے تو نماز ختم نہیں ہوگی، جب تک کوئی منافی صلوٰۃ عمل نہ کرے، اگر کسی سے بات چیت کرلی، کچھ کھا پی لیا یا قبلہ سے سینہ پھر گیا تو نماز ختم ہوجائے گی، اور اگر کوئی منافی صلوٰۃ عمل نہیں کیا اور یاد آگیا یا پیچھے سے لقمہ آگیا تو باقی نماز پوری کرے اور بے موقع سلام پھیرنے کی وجہ سے آخر میں سجدہ سہو کرے، نماز ہوجائے گی۔

جیسے مسبوق نے بھول سے امام کے ساتھ سلام پھیر دیا تو اس کی نماز ختم نہیں ہوئی، جب تک کوئی منافی صلوٰۃ عمل نہ کرے، اس سے پہلے یاد آجائے تو باقی نماز پوری کرے اور آخر میں سجدۂ سہو کرے۔

حدیث: ایک مرتبہ نبی ﷺ نے ظہرین میں سے کوئی نماز پڑھائی اور دو یا تین رکعت پر سلام پھیر دیا، اور حجرہ میں تشریف لے گئے، لوگوں میں باتیں ہوئیں مگر کسی کی ہمت نہ ہوئی کہ وہ آنحضور ﷺ سے اس سلسلہ میں گفتگو کرے، مسجد میں حضرات شیخین رضی اللہ عنہما بھی موجود تھے، مگر ان کی بھی ہمت نہ ہوئی، اور کچھ جلد باز لوگ یہ کہتے ہوئے مسجد سے نکل گئے کہ نماز کم ہوگئی، ذوالیدین ایک صحابی تھے وہ آنحضور ﷺ کے پیچھے کمرہ میں گئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! کیا نماز میں کمی ہوئی یا آپؐ کو بھول لگی؟ آپؐ نے فرمایا: دونوں باتوں میں سے کوئی بات نہیں ہوئی، نہ کمی ہوئی نہ بھول لگی، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایک بات ضرور ہوئی ہے، آپؐ نے دو رکعتیں پڑھائی ہیں، چنانچہ آپؐ مسجد میں تشریف لائے اور لوگوں سے پوچھا: ذوالیدین کیا کہتے ہیں؟ لوگوں نے تصدیق کی، پس آپؐ قبلہ کی طرف متوجہ ہوئے اور باقی نماز پڑھائی اور آخر میں سلام کے بعد نماز جیسا یا اس سے بھی لمبا سجدہ کیا، آئندہ باب میں اس حدیث میں یہ جزء بھی ہے اور اسی کے پیش نظر یہ باب قائم کیا ہے، اور یہ واقعہ نماز میں کلام منسوخ ہونے سے پہلے کا ہے۔

اور اس حدیث میں دوسرا واقعہ یہ ہے کہ حضرت عروۃ نے ایک مرتبہ مغرب کی نماز پڑھائی اور دو رکعت پر سلام پھیر دیا، لوگوں نے بتایا کہ آپ نے دو رکعتیں پڑھائی ہیں، پس انھوں نے ایک رکعت اور پڑھائی اور آخر میں سجدۂ سہو کیا پھر فرمایا: ایسے ہی واقعہ میں نبی ﷺ نے بھی اسی طرح کیا ہے۔ حضرت عروہ تابعی ہیں، شاید نسخ کلام فی الصلوٰۃ کی بات ان کے علم

میں نہیں ہوگی اس لئے انھوں نے ایسا کیا ہوگا۔ واللہ اعلم

[۳-] بَابٌ: إِذَا سَلَّمَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ أَوْ فِيْ ثَلاَثٍ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ مِثْلَ سُجُوْدِ الصَّلاَةِ أَوْ أَطْوَلَ

[۱۲۲۷-] حدثنا آدمُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ أَوِ الْعَصْرَ فَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ ذُو الْيَدَيْنِ: الصَّلاَةُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَ نَقَصَتْ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَصْحَابِهِ: "أَحَقٌّ مَا يَقُوْلُ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ أُخْرَاوَيْنِ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ.

قَالَ سَعْدٌ: وَرَأَيْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ صَلَّى مِنَ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ فَسَلَّمَ، وَتَكَلَّمَ ثُمَّ صَلَّى مَا بَقِيَ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، وَقَالَ: هٰكَذَا فَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٤٨٢]

قولہ: أخراوین: خلاف قیاس ہے (قسطلانی) اور ایک نسخہ میں أخریین ہے، یہ قیاس کے موافق ہے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَتَشَهَّدْ فِيْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

جس نے سہو کے سجدوں کے بعد تشہد نہیں پڑھا

جو حضرات بعد السلام سجدہ کے قائل ہیں ان کے نزدیک سجدۂ سہو کی حقیقت تین چیزیں ہیں: دو سجدے، تشہد اور سلام، اور جو حضرات قبل السلام سجدہ کے قائل ہیں ان کے نزدیک سجدہ سہو کی حقیقت صرف دو سجدے ہیں، نہ تشہد ہے نہ سلام، یہ باب انہی حضرات کے لئے ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی رائے محفوظ رکھی ہے، باب میں مَن لائے ہیں یعنی خود مسئلہ کی ذمہ داری قبول نہیں کی، حضرت انسؓ، حسن بصریؒ اور قتادہؒ کی بھی یہی رائے ہے اور اسی کو ائمہ ثلاثہ نے لیا ہے۔

[٤-] بَابُ مَنْ لَمْ يَتَشَهَّدْ فِيْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

[۱-] وَسَلَّمَ أَنَسٌ وَالْحَسَنُ وَلَمْ يَتَشَهَّدَا.

[۲-] وَقَالَ قَتَادَةُ: لاَيَتَشَهَّدُ.

[۱۲۲۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَيُّوْبَ بْنِ أَبِيْ تَمِيْمَةَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم انْصَرَفَ مِنِ اثْنَتَيْنِ، فَقَالَ لَهُ ذُوْالْيَدَيْنِ: أَ قَصُرَتِ الصَّلاَةُ أَمْ نَسِيْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَصَدَقَ ذُوْالْيَدَيْنِ؟" فَقَالَ النَّاسُ: نَعَمْ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَصَلَّى اثْنَتَيْنِ أُخْرَيَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ

كَبَّرَ فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ، ثُمَّ رَفَعَ . [راجع: ٤٨٢]

حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِمُحَمَّدٍ: فِيْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ تَشَهُّدٌ؟ قَالَ: لَيْسَ فِيْ حَدِيْثِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

وضاحت: حضرت انسؓ اور حضرت حسن بصریؒ کی روایتیں فعلی ہیں، دونوں حضرات نے سجدہ سہو کر کے سلام پھیر دیا، تشہد نہیں پڑھا، اور حضرت قتادہ نے مسئلہ بتایا ہے کہ سجدہ سہو کے بعد تشہد نہیں ہے۔ اور دوسری حدیث میں سلمہ نے ابن سیرینؒ سے پوچھا: سجدۂ سہو کے بعد تشہد ہے؟ انھوں نے کہا: حضرت ابو ہریرہؓ کی مذکورہ حدیث میں اس کا تذکرہ نہیں (پس یہ روایت احناف کے خلاف نہیں، کیونکہ عدم ذکر عدم شئی کو مستلزم نہیں)

بَابٌ: يُكَبِّرُ فِيْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

سہو کے سجدوں میں تکبیر کہے

جب سجدۂ سہو کرے تو تکبیر کہہ کر سجدہ میں جائے، اور تکبیر کہہ کر سر اٹھائے، جیسے نماز کے سجدوں میں ہے، سجدۂ سہو میں بھی تکبیر کہنا سنت ہے۔

[٥-] بَابٌ: يُكَبِّرُ فِيْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

[١٢٢٩-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِحْدَى صَلاَتَيِ الْعَشِيِّ - قَالَ مُحَمَّدٌ: وَأَكْثَرُ ظَنِّيْ أَنَّهَا الْعَصْرُ - رَكْعَتَيْنِ. ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ قَامَ إِلٰى خَشَبَةٍ فِيْ مُقَدَّمِ الْمَسْجِدِ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا، وَفِيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَهَابَا أَنْ يُكَلِّمَاهُ، وَخَرَجَ سَرَعَانُ النَّاسِ، فَقَالُوْا: قَصُرَتِ الصَّلاَةُ، وَرَجُلٌ يَدْعُوْهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ذَا الْيَدَيْنِ، فَقَالَ: أَنَسِيْتَ أَمْ قَصُرَتْ؟ فَقَالَ: "لَمْ أَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ" قَالَ: بَلٰى قَدْ نَسِيْتَ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ كَبَّرَ فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَكَبَّرَ، ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ فَكَبَّرَ، فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَكَبَّرَ. [راجع: ٤٨٢]

[١٢٣٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُحَيْنَةَ الأَسَدِيِّ، حَلِيْفِ بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ فِيْ صَلاَةِ الظُّهْرِ، وَعَلَيْهِ جُلُوْسٌ، فَلَمَّا أَتَمَّ صَلاَتَهُ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، يُكَبِّرُ فِيْ كُلِّ سَجْدَةٍ، وَهُوَ جَالِسٌ قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ، وَسَجَدَهُمَا النَّاسُ مَعَهُ مَكَانَ مَا نَسِيَ مِنَ الْجُلُوْسِ، تَابَعَهُ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي التَّكْبِيْرِ.

قوله: وأكثر ظني أنها العصر: میرا غالب گمان یہ ہے کہ وہ عصر کی نماز تھی ....**ثم قام إلى خشبة في مقدّم المسجد**: مسجد میں آگے جو ستون تھے وہاں آپ ﷺ کھڑے ہوئے ....**قوله: فهاباه أن يكلماه**: مسجد میں شیخین رضی اللہ عنہما بھی موجود تھے، اور وہ دونوں آپؐ سے اس سلسلہ میں بات کرنے سے ڈرے............**قوله: وخرج سَرَعان الناس**: پیچھے کچھ جلد باز لوگ یہ کہتے ہوئے مسجد سے نکل گئے کہ نماز میں کمی کردی گئی، صحابہ کی صفوں میں منافقین بھی ہوتے تھے، وہ جلدی نہیں آتے تھے اور نماز میں پیچھے رہتے تھے ....**قوله: ثم كبر**: یہ جزء باب سے متعلق ہے .... **قوله: وسجدهما الناس معه إلخ**: اور لوگوں نے بھی آپؐ کے ساتھ وہ سجدے کئے، یہ سجدے اس قعدہ کی جگہ میں تھے جو آپؐ بھول گئے تھے۔

مسئلہ: امام سے جب بھول ہوئی اس وقت کوئی شخص نماز میں شامل نہیں تھا، بعد میں شامل ہوا تو وہ بھی امام کے ساتھ سجدۂ سہو کرے گا۔

بَابٌ: إِذَا لَمْ يَدْرِ كَمْ صَلَّى ثَلاَثًا أَوْ أَرْبَعًا؟ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

جس کو رکعتوں کی تعداد یاد نہ رہے کہ تین پڑھیں یا چار تو وہ نماز کے آخر میں سجدۂ سہو کرے

اگر نمازی کو رکعتوں کی تعداد میں شک ہوجائے تو حنفیہ کے نزدیک تین صورتیں ہیں:

۱- اگر شک پہلی مرتبہ پیش آیا ہے یا شاذ و نادر پیش آتا ہے، سال دو سال میں ایک آدھ مرتبہ پیش آتا ہے تو جس رکن میں ہے اسی رکن میں سلام پھیر دے اور نماز از سر نو پڑھے۔

۲- اور اگر شک پیش آتا رہتا ہے، اور وہ صاحب رائے ہے تو تحری (غور وفکر) کرکے کوئی رائے قائم کرے اور ظن غالب پر عمل کرے۔

۳- اور اگر صاحب رائے نہیں ہے تو بناء علی الاقل کرے، اور جہاں قعدۂ اخیرہ کا احتمال ہو قعدہ کرے اور آخر میں سجدۂ سہو کرے۔

اور ائمہ ثلاثہ ہر صورت میں بناء علی الاقل کے قائل ہیں، اور امام شعبی اور امام اوزاعی رحمہما اللہ کے نزدیک ہر صورت میں استیناف کرے گا۔ تفصیل تحفۃ القاری (۲۳۸:۲) میں ہے۔

[۶-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يَدْرِ كَمْ صَلَّى ثَلاَثًا أَوْ أَرْبَعًاظ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

[۱۲۳۱-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللهِ الدَّسْتَوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا نُوْدِيَ بِالصَّلاَةِ أَدْبَرَ الشَّيْطَانُ

وَلَهُ ضُرَاطٌ، حَتّٰى لَا يَسْمَعَ الْأَذَانَ، فَإِذَا قُضِيَ الْأَذَانُ أَقْبَلَ، فَإِذَا ثُوِّبَ بِهَا أَدْبَرَ، فَإِذَا قُضِيَ التَّثْوِيْبُ أَقْبَلَ حَتّٰى يَخْطُرَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهِ، وَيَقُوْلُ: اذْكُرْ كَذَا وَكَذَا، مَالَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ، حَتّٰى يَظَلَّ الرَّجُلُ إِنْ يَدْرِىْ كَمْ صَلّٰى، فَإِذَا لَمْ يَدْرِ أَحَدُكُمْ كَمْ صَلّٰى ثَلَاثًا أَوْ أَرْبَعًا، فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ"[راجع: ٦٠٨]

قولہ: فإذا قضى التثويب أَقْبَلَ إلخ: جب اقامت پوری ہوجاتی ہے تو شیطان واپس آجاتا ہے، یہاں تک کہ آدمی اوراس کے نفس کے درمیان حائل ہوجاتا ہے اور وسوسہ ڈالتا ہے، کہتا ہے: فلاں بات یاد کر، فلاں بات یاد کر، جو اسے یاد نہیں ہوتی، یہاں تک کہ آدمی (یہ تک) بھول جاتا ہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھیں، پس جب تم میں سےکسی کو یاد نہ رہے کہ اس نے تین رکعتیں پڑھیں یا چار تو چاہئے کہ وہ دو سجدے کرے درانحالیکہ وہ بیٹھا ہو، یعنی قعدۂ اخیرہ میں۔

بَابُ السَّهْوِ فِى الْفَرْضِ وَالتَّطَوُّعِ

فرض اور نفل نماز میں بھولنا

سجدۂ سہو کے تعلق سے فرض، واجب اور سنن ونوافل کا ایک حکم ہے، یعنی واجب چھٹنے سے سجدۂ سہو واجب ہوتا ہے، فرضوں میں بھی، واجب میں بھی، سنتوں میں بھی اور نفلوں میں بھی۔

جاننا چاہئے کہ سنن ونوافل میں ہر شفعہ پر جو قعدہ ہے وہ قعدہ اخیرہ ہے پس اگر کوئی اسے بھول کر کھڑا ہوجائے تو تیسری رکعت کا سجدہ کرنے سے پہلے اسے واپس لوٹنا ہوگا، اور جب تیسری رکعت کا سجدہ کرلیا تو پہلا شفعہ باطل ہوگیا، اس کی قضاء کرے، سجدہ سہو سے کام نہیں چلے گا، مگر دوسرا شفعہ صحیح ہوگا، کیونکہ تحریمہ باقی ہے، پس پہلے شفعہ کے تحریمہ پر دوسرے شفعہ کی بناء صحیح ہے، البتہ اس قاعدہ سے ظہر سے پہلے والی چار سنتیں مستثنیٰ ہیں، اگر ان میں پہلا قعدہ بھول کر کھڑا ہوجائے تو سجدہ سہو کرنا کافی ہے۔

بعض حضرات کا خیال ہے کہ سجدۂ سہو صرف فرضوں میں ہے، سنن ونوافل میں نہیں، ائمہ اربعہ اور امام بخاری رحمہم اللہ اس کے قائل نہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو وتر کی نماز میں بھول لگی، آپؓ نے سجدۂ سہو کیا اور ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ وتر کو سنت کہتے ہیں، معلوم ہوا کہ فرائض کی طرح نوافل میں بھی سجدۂ سہو ہے۔

[٧-] بَابُ السَّهْوِ فِى الْفَرْضِ وَالتَّطَوُّعِ

وَسَجَدَ ابْنُ عَبَّاسٍ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ وِتْرِهِ.

[١٢٣٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَامَ يُصَلِّىْ جَاءَ الشَّيْطَانُ، فَلَبَسَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَا يَدْرِىْ كَمْ صَلّٰى؟ فَإِذَا وَجَدَ ذٰلِكَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ"[راجع: ٦٠٨]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو شیطان آتا ہے اور اس پر معاملہ مشتبہ کردیتا ہے، یہاں تک کہ اسے یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھیں؟ پس جب تم میں سے کسی کے ساتھ یہ معاملہ پیش آئے تو چاہئے کہ وہ دو سجدے کرے درانحالیکہ وہ بیٹھا ہو۔

تشریح: لَبَسَ کا مضارع اگر یَلبِس (بکسر الباء) ہو تو اس کے معنی ہیں: پہننا، اور اگر مضارع یلبَس (بفتح الباء) ہو تو اس کے معنی ہیں: مشتبہ کرنا —— اور یہ حدیث مطلق ہے، فرض وواجب کی کوئی تخصیص نہیں، پس ہر نماز میں خواہ فرض ہو، واجب ہو، سنت ہو یا نفل ہو بھول کی صورت میں سجدہ سہو کرنا ہوگا۔

بَابٌ: إِذَا كُلِّمَ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَأَشَارَ بِيَدِهِ وَاسْتَمَعَ

جب کوئی شخص بات کیا گیا، اور وہ نماز پڑھ رہا تھا پس اس نے بات سنی اور ہاتھ کے اشارے سے جواب دیا

کسی شخص نے نماز پڑھنے والے سے کوئی بات کہی، نمازی نے اس کو سنا اور اشارہ سے جواب دیا تو یہ بات موجب سجدۂ سہو نہیں۔ استمع کو أشار بیدہ سے پہلے ہونا چاہئے تھا۔

باب کی حدیث میں یہ واقعہ ہے کہ ایک دن عصر کی نماز پڑھا کر حضور اقدس ﷺ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تشریف لے گئے، یہ ان کی باری کا دن تھا اور وہاں آپؐ نے نفل نماز شروع کردی، اس وقت ام سلمہؓ کے پاس کچھ خواتین بیٹھی تھیں، انہیں اور ام سلمہؓ کو عصر کے بعد نبی ﷺ کے نفل پڑھنے سے تعجب ہوا، چنانچہ ام سلمہؓ نے اپنی باندی کو آپؐ کے پاس بھیجا اور اس سے کہا: خدمتِ اقدس میں سلام عرض کر، اگر آپؐ اشارہ کریں تو نماز کے بعد، ورنہ اسی وقت دریافت کر، جب سلام کیا تو آپؐ نے ہاتھ سے رکنے کا اشارہ کیا (یہی جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو باندی نے عرض کیا: ام سلمہؓ سلام عرض کرتی ہیں اور دریافت کرتی ہیں کہ آنجناب عصر کے بعد نفل نماز سے منع فرماتے ہیں پھر یہ نماز کیسی؟ آپؐ نے فرمایا: میرے پاس مال آیا تھا جس کی تقسیم کی مشغولیت کی بناء پر ظہر کے بعد کی سنتیں رہ گئی تھیں وہ میں نے پڑھیں .... غرض جب باندی نے سلام کیا تو نبی ﷺ نے اس کا سلام سنا اور ہاتھ سے رکنے کا اشارہ کیا اس مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں۔

[۸-] بَابٌ: إِذَا كُلِّمَ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَأَشَارَ بِيَدِهِ وَاسْتَمَعَ

[۱۲۳۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَزْهَرَ: أَرْسَلُوْهُ إِلَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا،

فَقَالُوْا: اقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ مِنَّا جَمِيْعًا، وَسَلْهَا عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ، وَقُلْ لَهَا: إِنَّا أُخْبِرْنَا أَنَّكِ تُصَلِّيْنَهُمَا، وَقَدْ بَلَغَنَا أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْهُمَا، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَكُنْتُ أَضْرِبُ النَّاسَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْهَا، قَالَ كُرَيْبٌ: فَدَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَبَلَّغْتُهَا مَا أَرْسَلُوْنِيْ، فَقَالَتْ: سَلْ أُمَّ سَلَمَةَ، فَخَرَجْتُ إِلَيْهِمْ، فَأَخْبَرْتُهُمْ بِقَوْلِهَا، فَرَدُّوْنِيْ إِلٰى أُمِّ سَلَمَةَ بِمِثْلِ مَا أَرْسَلُوْنِيْ بِهِ إِلٰى عَائِشَةَ، فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَنْهَى عَنْهَا، ثُمَّ رَأَيْتُهُ يُصَلِّيْهِمَا حِيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيَّ، وَعِنْدِيْ نِسْوَةٌ مِنْ بَنِيْ حَرَامٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ الْجَارِيَةَ، فَقُلْتُ: قُوْمِيْ بِجَنْبِهِ، قُوْلِيْ لَهُ: تَقُوْلُ لَكَ أُمُّ سَلَمَةَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! سَمِعْتُكَ تَنْهَى عَنْ هَاتَيْنِ، وَأَرَاكَ تُصَلِّيْهِمَا، فَإِنْ أَشَارَ بِيَدِهِ فَاسْتَأْخِرِيْ عَنْهُ، فَفَعَلَتِ الْجَارِيَةُ، فَأَشَارَ بِيَدِهِ، فَاسْتَأْخَرَتْ عَنْهُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ:" يَا ابْنَةَ أَبِيْ أُمَيَّةَ! سَأَلْتِ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، وَإِنَّهُ أَتَانِيْ آتٍ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ، فَشَغَلُوْنِيْ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ، فَهُمَا هَاتَانِ"[انظر: ٤٣٧٠]

ترجمہ: کریب سے مروی ہے کہ ابن عباس، مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہم نے ان کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا اور انھوں نے کہا: ہم سب کی طرف سے ان کو سلام کہنا، اور ان سے عصر کے بعد دو نفلیں پڑھنے کے بارے میں پوچھنا، اور ان سے کہنا: ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ آپؓ عصر کے بعد دو نفلیں پڑھتی ہیں درانحالیکہ ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ نبی ﷺ نے ان سے منع فرمایا ہے، اور ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان نفلوں پر لوگوں کو کوڑے مارا کرتا تھا، کریب کہتے ہیں: پس میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچا اور ان سے عرض کی وہ بات جس کے لئے ان حضرات نے مجھے بھیجا تھا۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: اس سلسلہ میں آپ ام سلمہؓ سے پوچھیں، پس میں ان حضرات کے پاس واپس آیا اور ان کو حضرت عائشہؓ کے جواب سے آگاہ کیا، تو انھوں نے مجھے جس بات کے لئے حضرت عائشہؓ کے پاس بھیجا تھا اسی بات کے لئے ام سلمہؓ کے پاس بھیجا۔ حضرت ام سلمہؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو ان نفلوں سے منع کرتے ہوئے سنا، پھر میں نے آپؐ کو یہ نفلیں پڑھتے ہوئے دیکھا، جب آپؐ نے عصر کی نماز پڑھائی، پھر میرے گھر میں آئے اور میرے پاس انصار کے قبیلہ بنی حرام کی کچھ عورتیں تھیں، پس میں نے آپؐ کے پاس باندی کو بھیجا، اور میں نے اس سے کہا: نبی ﷺ کے برابر کھڑی ہو کر آپ سے عرض کر کہ ام سلمہؓ کہہ رہی ہیں: اے اللہ کے رسول! میں نے آپؐ کو ان نفلوں سے منع کرتے ہوئے سنا ہے اور میں آپ کو یہ نفلیں پڑھتے ہوئے دیکھ رہی ہوں، پس اگر آپؐ ہاتھ سے اشارہ کریں تو پیچھے ہٹ جانا، پس باندی نے ایسا ہی کیا، پس نبی ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ کیا (یہ جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) پس باندی پیچھے ہٹ گئی، جب آپؐ نے نماز پوری کی تو فرمایا: اے ابوامیہ کی بیٹی! (ام سلمہؓ کے والد حذیفہ یا سہیل کی کنیت ابوامیہ تھی) تم نے عصر کے بعد کی دو نفلوں کے بارے میں پوچھا ہے، بیشک میرے پاس قبیلہ عبدالقیس کے کچھ آنے والے آئے

اورانھوں نے مجھے ظہر کے بعد کی دوسنتوں سے مشغول کردیا، پس یہ وہی سنتیں ہیں............عصر کے بعد نفل نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ اس کے لئے دیکھئے تحفۃ القاری (۲: ۴۴۰)

بَابُ الإِشَارَةِ فِی الصَّلاَةِ

نماز میں اشارہ کرنا

یہ گذشتہ باب کا بچہ ہے، گذشتہ باب میں دو باتیں تھیں: مصلی کا خارج صلوٰۃ آدمی کی بات سننا اور ہاتھ کے اشارہ سے جواب دینا، اس باب میں صرف دوسری بات ہے پس نیا باب ہوگیا۔

[۹-] بَابُ الإِشَارَةِ فِی الصَّلاَةِ

قَالَهُ كُرَيْبٌ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۲۳٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَلَغَهُ أَنَّ بَنِيْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ كَانَ بَيْنَهُمْ شَيْءٌ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ فِيْ أُنَاسٍ مَعَهُ، فَحُبِسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَحَانَتِ الصَّلاَةُ، فَجَاءَ بِلاَلٌ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ حُبِسَ وَقَدْ حَانَتِ الصَّلاَ ةُ، فَهَلْ لَكَ أَنْ تَؤُمَّ النَّاسَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، إِنْ شِئْتَ، فَأَ قَامَ بِلاَلٌ وَتَقَدَّمَ أَبُوْبَكْرٍ، فَكَبَّرَ لِلنَّاسِ، وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمْشِيْ فِيْ الصُّفُوْفِ، حَتّٰى قَامَ فِيْ الصَّفِّ، فَأَخَذَ النَّاسُ فِيْ التَّصْفِيْقِ، وَكَانَ أَ بُوْ بَكْرٍ لاَ يَلْتَفِتُ فِيْ صَلاَ تِهِ، فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ الْتَفَتَ، فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم! فَأَشَارَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَأْمُرُهُ أَنْ يُصَلِّيَ، فَرَفَعَ أَبُوْبَكْرٍ يَدَيْهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَرَجَعَ الْقَهْقَرٰى وَرَاءَ هُ، حَتّٰى قَامَ فِي الصَّفِّ، فَتَقَدَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَلَّى لِلنَّاسِ، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: " يأَ يُّهَا النَّاسُ! مَا لَكُمْ حِيْنَ نَابَكُمْ شَيْءٌ فِيْ الصَّلاَةِ أَخَذْتُمْ فِيْ التَّصْفِيْقِ؟ إِنَّمَا التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ، مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِيْ صَلاَ تِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَإِنَّهُ لاَ يَسْمَعُهُ أَحَدٌ حِيْنَ يَقُوْلُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، إِلَّا الْتَفَتَ، يَا أَ بَا بَكْرٍ! مَا مَنَعَكَ أَنْ تُصَلِّيَ لِلنَّاسِ حِيْنَ أَشَرْتُ إِلَيْكَ؟" فَقَالَ أَ بُوْ بَكْرٍ: مَاكَانَ يَنْبَغِيْ لاِبْنِ أَبِيْ قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٦٨٤]

وضاحت: یہ حدیث کئی بار آچکی ہے، اور فرفع أبو بکر یدیه: سے استدلال ہے۔

[۱۲۳۵-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ الثَّوْرِيُّ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ فَاطِمَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، وَهِيَ تُصَلِّيْ قَائِمَةً وَالنَّاسُ قِيَامٌ، فَقُلْتُ: مَا شَأْنُ النَّاسِ؟ فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا إِلَى السَّمَاءِ، فَقُلْتُ: آيَةٌ؟ فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا أَيْ: نَعَمْ.[راجع: ٨٦]

وضاحت: نمازِ کسوف ہورہی تھی، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا آئیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا بات پیش آئی، یہ بے وقت کی نماز کیسی؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سر سے آسمان کی طرف اشارہ کیا، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے پوچھا: کیا کوئی نشانی ظاہر ہوئی ہے؟ صدیقہؓ نے سر کے اشارہ سے کہا: ہاں، اسی مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں (دیکھئے تحفۃ القاری ۱:۳۶۶)

[۱۲۳۶-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنها زَوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم، أَنَّهَا قَالَتْ: صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فِيْ بَيْتِهِ وَهُوَ شَاكٍ جَالِسًا، وَصَلَّى وَرَاءَهُ قَوْمٌ قِيَامًا، فَأَشَارَ إِلَيْهِمْ أَنِ اجْلِسُوْا، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: "إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا" [راجع: ٦٨٨]

وضاحت: نبی ﷺ گھوڑے سے گر گئے تھے اور زخمی ہو گئے تھے، اس لئے مسجد میں نماز پڑھانے تشریف نہیں لاتے تھے، ایک دن صحابہ عیادت کے لئے پہنچے تو اتفاق سے آپؐ نماز پڑھ رہے تھے، صحابہ نے موقع غنیمت جان کر اقتداء کر لی، مگر کھڑے ہو کر اقتداء کی، آپؐ نے اشارہ سے ان کو بٹھا دیا، اسی مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں (دیکھئے تحفۃ القاری ۲:۵۴۹)

﴿الحمد للہ! کتاب السہو کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كِتَابُ الْجَنَائِزِ

موت کے بعد کے احوال

محدثین کرام عام طور پر کتاب الجنائز اِدھر اُدھر قائم کرتے ہیں، امام ترمذی رحمہ اللہ نے حج کے بعد ابواب الجنائز رکھے ہیں، اور امام ابوداؤد جلد ثانی میں کتاب الخراج کے بعد اور اَیمان ونذور سے پہلے لائے ہیں، مگر امام بخاری رحمہ اللہ کتاب الصلوٰۃ کے آخر میں کتاب الجنائز لائے ہیں، یہ حضرتؒ کی دقت نظر ہے، فقہاء احناف بھی ایسا ہی کرتے ہیں، کتاب الصلوٰۃ کے آخر میں کتاب الجنائز رکھتے ہیں اور یہی صحیح جگہ ہے، کیونکہ کتاب الجنائز میں درحقیقت نماز جنازہ کا بیان مقصود ہے، پس یہ کتاب الصلوٰۃ کا تتمہ ہے۔

جَنَزَ الشَّيئَ (ض) جَنْزًا کے معنی ہیں: چھپالینا، ڈھانپ دینا، اور الجنازة (بفتح الجيم وكسرها) کے معنی ہیں: مردہ اور مردے کی چارپائی، اور کچھ حضرات فرق کرتے ہیں: بفتح الجيم مردے کے لئے استعمال کرتے ہیں اور بکسر الجيم مردے کی چارپائی کے لئے، مگر اہل لغت فرق نہیں کرتے، نہ عرف میں کچھ فرق کیا جاتا ہے، کہا جاتا ہے: جنازہ تیار ہوگیا یعنی غسل وکفن ہوگیا، یہاں مردہ (لاش) مراد ہے، اور کہتے ہیں: مسجد سے جنازہ لے آؤ، یعنی مردے کی چارپائی لے آؤ۔ دونوں جگہ بفتح الجيم استعمال کرتے ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْجَنَائِزِ، وَمَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

قریب المرگ کا بیان، اور جس کا آخری کلام لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ہو

باب میں ایک ہی مسئلہ ہے، اور عطف تفسیری ہے، اور جنازہ سے مراد مُحْتَضَر (قریب المرگ) ہے، اور مسئلہ یہ ہے کہ موت ایمان پر آنی چاہئے، کلمہ نصیب ہوگیا تو بیڑا پار ہے، ورنہ لُٹیا ڈوبی! حدیث شریف میں ہے: ”جس کا آخری کلام لا إلٰه إلا الله ہو وہ جنت میں جائے گا“ اس حدیث کا عام طور پر مطلب یہ سمجھا جاتا ہے کہ زندگی میں آخری بات جو منہ سے نکلی وہ لا

إلٰہ إلا اللہ ہوتو وہ جنت میں جائے گا، اور ایک حدیث سے اس کی تائید ہوتی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: لَقِّنُوْا مَوْتَاکُمْ لاَ إلٰہَ إلاَّ اللّٰہُ: اپنے مردوں سے لا إلٰہ إلا اللہ کہلواؤ، مردوں سے مراد: مجاز ماءول ہے، قریب المرگ مراد ہے، یعنی جس شخص کا نزع شروع ہوگیا، جو تھوڑی دیر میں مرنے والا ہے، اس کو کلمہ کی تلقین کرو، تاکہ اس کا خاتمہ لا إلٰہ إلا اللہ پر ہو، اور وہ جنت میں جائے۔

مگر اس مطلب پر ایک اشکال ہے اور وہ یہ ہے کہ پھر عمل کی کیا ضرورت ہے؟ مرتے وقت لا إلٰہ إلا اللہ کہہ لیا اور سیدھا جنت میں پہنچ گیا، حالانکہ اعمال کی اپنی جگہ اہمیت ہے، وہب بن منبہؒ جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے خاص شاگرد ہیں، ان کے سامنے کسی نے یہ اعتراض کیا، آپ وعظ میں اعمال کی اہمیت بیان کررہے تھے، اور اعمال پر زور دے رہے تھے، پس کسی نے ان سے کہا: کیا لا إلٰہ إلا اللہ جنت کی چابی نہیں ہے؟ پھر اعمال کی کیا ضرورت ہے؟ جو آپ ان پر اتنا زور دے رہے ہیں؟ وہب بن منبہ رحمہ اللہ نے فرمایا: بیشک لا إلٰہ إلا اللہ جنت کی چابی ہے مگر چابی میں دندانے ہونے ضروری ہیں، اگر چابی میں دندانے نہ ہوں، چابی سپاٹ ہوتو تالا نہیں کھلے گا۔ اعمال جنت کی چابی کے دندانے ہیں، جس کے پاس چابی بھی ہو یعنی وہ لا إلٰہ إلا اللہ کا قائل ہو اور اس کی چابی میں دندانے بھی ہوں یعنی اس کے پاس اعمال بھی ہوں تو اس کی چابی سے تالا کھلے گا، اور جس کے پاس اعمال نہیں، صرف لا إلٰہ إلا اللہ ہے تو اس کے پاس سپاٹ چابی ہے، اس سے تالا نہیں کھلے گا!

دوسرا مطلب: اس حدیث کا یہ بیان کیا گیا ہے کہ ایمان کا موت کے ساتھ اتصال ضروری ہے، جو آخری سانس تک ایمان پر برقرار رہا وہ جنت میں جائے گا، کیونکہ بہت سے لوگ سوتے ہوئے مرجاتے ہیں اور بہت سے کسی حادثہ کا شکار ہوجاتے ہیں، اور آناً فاناً ختم ہوجاتے ہیں، ان کو لا إلٰہ إلا اللہ پڑھنے کا موقع نہیں ملتا تو کیا وہ جنت میں نہیں جائیں گے؟ ضرور جائیں گے، کیونکہ وہ مسلمان مرے ہیں، اس لئے اس حدیث میں ایمان کا موت سے اتصال مراد ہے۔

دوسری توجیہ: وہب بن منبہ رحمہ اللہ نے جو جواب دیا ہے وہ شاندار جواب ہے، اور اس کا ایک دوسرا جواب بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ جنت میں جانے کی دو صورتیں ہیں: دخولِ اوّلی: یعنی مرا اور جنت میں پہنچا! اور دخولِ ثانوی: یعنی گناہوں کی سزا بھگت کر یا معافی کے بعد جنت میں گیا، دخولِ اوّلی کے لئے ایمان کے ساتھ اعمال ضروری ہیں، مثبت پہلو سے بھی اور منفی پہلو سے بھی، یعنی جو مؤمن بندے اعمال صالحہ کرتے ہیں اور اعمالِ سیئہ سے بچتے ہیں ان کو جنت میں دخولِ اوّلی نصیب ہوگا اور جو گنہ گار بندے ہیں، مگر مؤمن ہیں، ان کو اپنے برے اعمال کی سزا بھگتنے کے لئے جہنم میں جانا پڑسکتا ہے، پھر ان کی نجات ہوگی، غرض اعمال ضروری ہیں ان کے بغیر دخولِ اوّلی کی گارنٹی نہیں۔ پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ لا إلٰہ إلا اللہ مطلقاً جنت کی چابی ہے، دخولِ اوّلی کی چابی ہے: یہ مراد نہیں۔

فائدہ (۱): جو شخص سکرات میں ہے اس کو کلمہ طیبہ کی تلقین کرنی چاہئے اور تلقین کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کوئی شخص

مریض کے پاس بیٹھ کر اتنی زور سے کہ مریض سن لے: کلمہ پڑھے، جب مریض کلمہ سنے گا تو وہ خود بھی پڑھے گا، مریض کو کلمہ پڑھنے کے لئے کہا نہ جائے، کبھی سکرات میں سخت تکلیف ہوتی ہے اس لئے ممکن ہے مریض جھلا کر کلمہ پڑھنے سے انکار کردے۔

اور جب مریض ایک مرتبہ کلمہ پڑھ لے تو تلقین بند کردے پھر اگر وہ کوئی دینی بات بولے یا ذکر کرے تو کوئی حرج نہیں، اور اگر دنیوی بات بولے مثلاً استنجا کرنے کے لئے کہے یا کسی سے ملنے کے لئے یا کچھ کھانے پینے کے لئے کہے تو دوبارہ تلقین کرے، تلقین کے معنی ہیں: کہلوانا یعنی کلمہ پڑھوانا۔ ابن المبارک رحمہ اللہ کو نزع میں کسی نے کلمہ کی تلقین کی آپ نے زور سے کلمہ پڑھا پھر بھی تلقین کرنے والا تلقین کرتا رہا تو آپ نے مسئلہ سمجھایا کہ جب تیرے کلمہ پڑھنے پر میں نے کلمہ پڑھ لیا تو یہ میرا آخری کلام ہے، بار بار مت پڑھوا، مجھے پریشان مت کر، ابن المبارک رحمہ اللہ نے مذکورہ حدیث کی شرح کی ہے۔ (تحفۃ الالمعی ۳: ۳۸۰)

اللہ والوں کے بھی عجیب حالات ہیں، نزع میں بھی ہوش کا یہ عالم ہے کہ لوگوں کو حدیث کا مطلب سمجھا رہے ہیں اور مسئلہ کی وضاحت کررہے ہیں، اور اس سے بھی زیادہ عجیب واقعہ حضرت ابوزرعہ رازی رحمہ اللہ کا ہے، بوقت نزع ان کے پاس بڑے بڑے محدثین (شاگرد) بیٹھے ہوئے تھے، مگر کوئی کلمہ تلقین کرنے کی ہمت نہیں کررہا تھا ہر ایک سوچ رہا تھا کہ اتنے بڑے محدث کو کلمہ کی تلقین کیسے کریں؟ ایک صاحب کو ایک ترکیب سوجھی، انھوں نے حدیث بیان کرنی شروع کی: حدثنی هذا الشیخ (اور ابوزرعہؒ کی طرف اشارہ کیا) قال نا فلان، نا فلان: أن النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قال: من کان آخر کلامه اور رک گئے، حضرت ابوزرعہ رحمہ اللہ نے لقمہ دیا: لا إلٰه إلا اللّٰه، اور اسی کے ساتھ ان کی روح پرواز کرگئی۔

فائدہ (۲): کیا محمد رسول اللہ کی بھی تلقین ضروری ہے؟ پہلے میری رائے تھی کہ لا إلٰه إلا اللّٰه عنوان تعبیری ہے، مراد پورا کلمہ ہے، درمختار میں بھی یہی لکھا ہے، مگر اب میری رائے بدل گئی ہے، صرف لا إلٰه إلا اللّٰه کی تلقین بھی کافی ہے، ہدایہ، نُقایہ، وقایہ اور کنز کی تعبیرات اس طرف مشیر ہیں، مگر لا إلٰه إلا اللّٰه میں محمد رسول اللہ شامل ہونا چاہئے، پس عیسائی اور یہودی کا لا إلٰه إلا اللّٰه کافی نہیں، کیونکہ اس میں محمد رسول اللہ شامل نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ عقائد کو پھیلائیں تو بہت ہیں، بہشتی زیور میں چھیالیس عقیدے لکھے ہیں مگر ان کا خلاصہ وہ سات عقائد ہیں جو ایمان مفصل میں لئے گئے ہیں، اور ان سات کا خلاصہ دو عقیدے ہیں: اللہ کی وحدانیت اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت پر ایمان، کلمہ طیبہ میں یہی دو عقیدے لئے گئے ہیں، پھر سب کا مرجع پہلا عقیدہ لا إلٰه إلا اللّٰه ہے، باقی سب عقیدے اس میں شامل ہیں، اس لئے صرف لا إلٰه إلا اللّٰه پڑھنا بھی کافی ہے، مگر وہ لا إلٰه إلا اللّٰه پڑھنا ضروری ہے جس میں محمد رسول اللہ ہو، اگر عیسائی لا إلٰه إلا اللّٰه پڑھے تو کافی نہیں، کیونکہ اس کے کلمہ کے پہلے جزء میں عیسی کلمة اللہ ہے محمد رسول اللہ نہیں ہے، اسی طرح یہودی کے کلمہ میں موسیٰ کلیم اللہ ہے، عیسی کلمة اللہ اور

محمد رسول اللہ نہیں ہے اور مسلمانوں کے کلمہ میں موسیٰ کلیم اللہ بھی ہے، عیسی کلمۃ اللہ بھی ہے اور محمد رسول اللہ بھی ہے، اور اب اسی کلمہ پر نجات کا مدار ہے (تحفۃ القاری ۱:۴۷۱)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۳- کِتَابُ الْجَنَائِزِ

[۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِي الْجَنَائِزِ، وَمَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

وَقِيْلَ لِوَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ: أَلَيْسَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنْ لَيْسَ مِفْتَاحٌ إِلَّا لَهُ أَسْنَانٌ، فَإِنْ جِئْتَ بِمِفْتَاحٍ لَهُ أَسْنَانٌ فُتِحَ لَكَ، وَإِلَّا لَمْ يُفْتَحْ لَكَ.

[۱۲۳۷-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلٌ الْأَحْدَبُ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَتَانِيْ آتٍ مِنْ رَّبِّيْ فَأَخْبَرَنِيْ - أَوْ قَالَ: بَشَّرَنِيْ - أَنَّهُ مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِيْ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، فَقُلْتُ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ"

[انظر: ۱۴۰۸، ۲۳۸۸، ۳۲۲۲، ۵۸۲۷، ۶۲۶۸، ۶۴۴۳، ۶۴۴۴، ۷۴۸۷]

قولہ: من كان آخر كلامه: آخرَ كلامِه کو خبر مقدم اور لا إلٰهَ إلَّا اللّٰه کو اسم مؤخر بھی بنا سکتے ہیں اور اس کا برعکس بھی کر سکتے ہیں، اس صورت میں آخِرُ: کان کا اسم ہوگا، اور مرفوع ہوگا، مگر اس کو خبر بنانا اولیٰ ہے اس لئے کہ اسم وخبر میں سے اگر ایک جامد ہو اور ایک مشتق تو مشتق کو خبر بنانا اولیٰ ہے۔ آخر: مشتق ہے، لہٰذا اسے خبر بنانا اولیٰ ہے۔

حدیث: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میرے پاس میرے پروردگار کی طرف سے ایک آنے والا آیا (حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے تھے) اور اس نے مجھے خبر دی یا فرمایا: اس نے مجھے خوشخبری سنائی کہ میری امت میں سے جو بھی اس حال میں مرے گا کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا ہوگا: وہ جنت میں جائے گا" نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کیا: اگرچہ اس نے زنا کیا ہو اور چوری کی ہو؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا: اگرچہ اس نے زنا کیا ہو اور چوری کی ہو (پھر بھی جنت میں جائے گا)

تشریح: یہ ایک خواب ہے، اور عام طور پر یہ حدیث اس طرح آئی ہے کہ گویا حالت بیداری میں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے یہ خوشخبری سنائی تھی، اور اس حدیث میں بھی مطلق دخول مراد ہے، خواہ اوّلی ہو یا ثانوی، اگر اس کے پاس مثبت ومنفی پہلو سے اعمال ہیں یعنی اس نے اچھے اعمال کئے ہیں اور برے اعمال سے بچا ہے تو دخول اوّلی نصیب ہوگا، اور اگر اچھے اعمال نہیں ہیں اور برے اعمال سے نہیں بچا، یا اس کے نامہ اعمال میں اچھے اعمال بھی ہیں اور برے اعمال بھی تو اسے ثانوی

درجہ میں دخول جنت نصیب ہوگا۔

اور کتاب کے شروع میں تفصیل سے میں نے یہ مسئلہ سمجھایا ہے کہ جنت درحقیقت ایمان کا صلہ ہے اور جہنم کفر کا بدلہ، اس لئے ایمان کی جزاء جنت بھی ابدی ہے اور کفر کی سزا جہنم بھی ابدی ہے، اور مسلمانوں کے اعمال صالحہ آخرت میں اس کے ایمان کے تابع کردیئے جائیں گے اور اس کی برائیاں ایمان کے تابع نہیں کی جاسکتیں کیونکہ وہ ہم جنس نہیں بلکہ منافی ہیں اس لئے ان کی سزا دنیا میں، قبر میں، میدان حشر میں یا جہنم میں ملے گی، پھر ان کی نجات ہوگی، اور کافر کی برائیاں اس کے کفر کے تابع کردی جائیں گی، کیونکہ وہ ہم جنس ہیں، پس ان برے اعمال کی سزا کافر کو تا ابد بھگتنی ہوگی، اور اس کے نیک اعمال کفر کے تابع نہیں کئے جاسکتے، کیونکہ وہ ہم جنس نہیں، اس لئے ان کا صلہ کافر کو دنیا میں کھلا دیا جاتا ہے، آخرت میں ان کا کچھ بدلہ نہیں ملے گا۔ تفصیل کتاب الایمان کے بالکل شروع میں گذر چکی ہے۔

[۱۲۳۸-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَقِیْقٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ مَاتَ یُشْرِكُ بِاللّٰہِ دَخَلَ النَّارَ" وَقُلْتُ أَنَا: مَنْ مَاتَ لَا یُشْرِكُ بِاللّٰہِ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّۃَ. [انظر: ۴۴۹۷، ۶۶۸۳]

وضاحت: ایک بات میں بار بار کہتا ہوں کہ نصوص میں بعض مرتبہ آدھا مضمون بیان کیا جاتا ہے اور باقی آدھا فہم سامع پر اعتماد کرکے چھوڑ دیا جاتا ہے، اس کی دلیل یہ حدیث ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو اس حال میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا ہے تو وہ جہنم میں جائے گا" یہ آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جو اس حال میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا تو وہ جنت میں جائے گا (یہ مفہوم مخالف سے استدلال نہیں، بلکہ یہ آدھی بات فہم سامع پر اعتماد کرکے چھوڑ دی گئی ہے)

بَابُ الْأَمْرِ بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ

جنازوں کے ساتھ جانے کا حکم

جنازے کے ساتھ جانا حقوق اسلام میں سے ہے، حدیث شریف میں کچھ چیزوں کو حقوق اسلام میں لیا گیا ہے ان میں سے ایک جنازہ کے ساتھ جانا بھی ہے، اور جنازہ کے ساتھ جانے کو حقوق اسلام میں اس لئے لیا گیا ہے کہ اس میں میت کی تکریم ہے، میت کے پسماندگان کی دلجوئی ہے، اور میت کو دفن کرنے میں ان کی امداد و اعانت ہے، نیز یہ ایک طریقہ ہے نیک بندوں کے جمع ہونے کا اور میت کے لئے دعا کرنے کا، یعنی لوگ اس بہانے جمع ہوجاتے ہیں اور میت کے لئے جنازہ پڑھ کر دعائے مغفرت کرتے ہیں۔

[۲-] بَابُ الْأَمْرِ بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ

[۱۲۳۹-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَشْعَثِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: أَمَرَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعٍ، وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ: أَمَرَنَا بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ، وَإِجَابَةِ الدَّاعِيْ، وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ، وَإِبْرَارِ الْقَسَمِ، وَرَدِّ السَّلَامِ، وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ، وَنَهَانَا عَنْ آنِيَةِ الْفِضَّةِ، وَخَاتَمِ الذَّهَبِ، وَالْحَرِيْرِ، وَالدِّيْبَاجِ، وَالْقَسِّيِّ، وَالإِسْتَبْرَقِ"

[انظر: ۲۴۴۵، ۵۱۷۵، ۵۶۳۵، ۵۶۵۰، ۵۸۳۸، ۵۸۴۹، ۵۸۶۳، ۶۲۲۲، ۶۲۳۵، ۶۶۵۴]

ترجمہ: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہمیں نبی ﷺ نے سات باتوں کا حکم دیا اور سات باتوں سے منع کیا، ہمیں حکم دیا: جنازوں کے ساتھ جانے کا (یہ جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) اور بیماروں کی بیمار پرستی کا، اور دعوت قبول کرنے کا، اور مظلوم کی مدد کرنے کا، اور قسم دینے والے کا کام کردینے کا، اور سلام کا جواب دینے کا، اور چھینکنے والے کو دعا دے کر خوش کرنے کا، اور ہمیں منع کیا: چاندی کے برتن سے، اور سونے کی انگوٹھی سے، اور ریشم، دیبا، قسّی اور استبرق کے کپڑے پہننے سے (اور مَیا ثِر پر بیٹھنے سے، اس ساتویں چیز کا ذکر آگے حدیث (نمبر ۵۶۳۵ میں ہے)

تشریح: اس حدیث میں سات حقوق اسلام بیان کئے گئے ہیں:

پہلا: جنازہ کے ساتھ جانا، اسی مناسبت سے اس باب میں یہ حدیث لائے ہیں۔

دوسرا: بیمار پرسی کرنا، اس سے مریض کو سکون ملتا ہے اور وہ خود کو بے سہارا محسوس نہیں کرتا۔

تیسرا: دعوت قبول کرنا، بعض لوگ تقریب کے موقعوں پر خاص طور پر شادی بیاہ کے موقعہ پر گڑے مردے اکھاڑتے ہیں اور روٹھ کر بیٹھ جاتے ہیں اس لئے دعوت قبول کرنے کو بھی حقوق اسلام میں لیا گیا ہے، اس سے اور تقریب میں شرکت کرنے سے گلے شکوے دور ہوجاتے ہیں۔

چوتھا: مظلوم کی مدد کرنا: مظلوم خواہ کوئی ہو، مسلمان ہو یا غیر مسلم، اس سے معرفت ہو یا نہ ہو، جو بھی مظلوم ہو اس کی مدد کرنا ایک اسلامی حق ہے۔

پانچواں: قسم دینے والے کا کام کردینا، إبرار کے معنی ہیں: نیک کرنا، یہ بِرّ سے مشتق ہے، إبرارُ القسم: قسم کو نیک کرنا، یعنی قسم کو ٹوٹنے نہ دینا، قسم کو پورا کرنا —— جاننا چاہئے کہ کسی کو قسم دینے سے قسم نہیں ہوتی، قسم کھانے سے قسم ہوتی ہے، لیکن یہ اسلامی حق ہے کہ اگر کوئی اللہ کی قسم دے کر کوئی کام کرنے کے لئے کہے تو اگر بس میں ہو تو اس کا کام کردینا چاہئے، اللہ کے نام کی عظمت کا یہی تقاضہ ہے۔

چھٹا: سلام کا جواب دینا۔

ساتواں: چھینکنے والے کو دعا دے کر خوش کرنا، تشمیت کے معنی ہیں: خوش کرنا، یہ سب چیزیں حقوقِ اسلام میں سے ہیں۔
اور سات چیزوں سے منع کیا: (۱) چاندی کے برتن سے (۲) اور سونے کی انگوٹھی سے —— مردوں کے لئے سونا اور ریشم مطلقاً حرام ہیں، اس لئے کہ یہ دونوں چیزیں مزاج میں زنانہ پن پیدا کرتی ہیں اور عیش کوشی اور لذات دنیا میں سرشاری کا ذریعہ ہیں، اور یہ بے جا ٹھاٹھ ہے جو نفس میں غرور و تکبر پیدا کرتا ہے —— اور عورتوں کے لئے سونا اور چاندی صرف زیور میں جائز ہیں، سونے چاندی کے برتن، سرمہ دانی، کنگھی اور آئینہ عورتوں کے لئے بھی جائز نہیں (۳-۵) اور حریر، دیبا اور استبرق ریشم کی قسمیں ہیں ان سے منع کیا (۶) اور قسی بھی ریشم کی قسم ہے یا ممانعت کی وجہ گیروا رنگ یا سرخ رنگ ہے (۷) اور ساتویں چیز مِیْثَرَۃ ہے، پہلے لوگ گھوڑے کی پیٹھ پر تکیہ رکھ کر بیٹھتے تھے جیسے کار ڈرائیور تکیہ رکھ کر بیٹھتا ہے، اور اس کی ممانعت کی وجہ یا تو اس کا سرخ ہونا ہے یا یہ فضول ٹھاٹھ ہے۔

[۱۲۴۰-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنِ الْأَوْزَاعِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: "حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: رَدُّ السَّلَامِ، وَعِیَادَةُ الْمَرِیْضِ، وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ، وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ، وَتَشْمِیْتُ الْعَاطِسِ" تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، وَرَوَاهُ سَلَامَةُ [بْنُ رَوْحٍ] عَنْ عُقَیْلٍ.

وضاحت: اس حدیث میں پانچ حقوق اسلام کا ذکر ہے، اور یہ حصر نہیں، کیونکہ ذکر عدد نفی ماعدا کو مستلزم نہیں، اوپر حدیث میں سات چیزوں کا ذکر تھا اور ساری حدیثیں جمع کی جائیں تو سات سے زیادہ حقوقِ اسلام ہیں، اور پہلے ایک قاعدہ بیان کیا ہے کہ ایک سلسلہ بیان میں مختلف المدارج احکام اکٹھا ہوتے ہیں، یہ ساتوں حقوقِ اسلام ایک درجہ کے نہیں ہیں اسی طرح جن سات چیزوں سے منع کیا گیا ہے وہ بھی سب ایک درجہ کی نہیں ہیں۔

اور یہ حدیث حضرت براء رضی اللہ عنہ کی سند سے معروف ہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے معروف نہیں، پس کوئی خیال کر سکتا تھا کہ شاید یہ روات کا وہم ہے، یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث نہیں، بلکہ حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے متابعت ذکر کر کے بتایا کہ یہ حضرت ابو ہریرہؓ کی بھی حدیث ہے، عبد الرزاق اور سلامۃ بن روح بھی اس کو روایت کرتے ہیں، عبد الرزاقؒ: مصنف عبد الرزاق والے ہیں اور امام زہریؒ کے شاگرد ہیں اور عقیلؒ بھی امام زہریؒ کے شاگرد ہیں۔

بَابُ الدُّخُوْلِ عَلَى الْمَیِّتِ بَعْدَ الْمَوْتِ إِذَا أُدْرِجَ فِیْ أَكْفَانِهِ

موت کے بعد میت کے پاس جانا جب اس کو کفن پہنا دیا جائے

جب کسی کا انتقال ہو جاتا ہے اور لوگوں کو خبر ہوتی ہے تو لوگ فوراً میت کو دیکھنے کے لئے آنا شروع ہو جاتے ہیں، اور

بعض جگہ تو عورتیں بھی آتی ہیں، بلکہ عورتیں زیادہ آتی ہیں، کسی عورت کا انتقال ہوتا ہے تو مرد اس کو دیکھنے کے لئے نہیں آتے، اور مرد کا انتقال ہوتا ہے تو عورتیں بھی دیکھنے کے لئے آتی ہیں، وہ سمجھتی ہیں کہ پردہ حیات تک ہے، جب مر گیا تو اب پردہ کیسا! ان کا یہ سمجھنا غلط ہے، پردہ کے احکام موت کے بعد بھی باقی رہتے ہیں، نبی ﷺ نے ایک صحابی سے فرمایا تھا: لَاتَنْظُرْ إِلٰی فَخِذِ حَيٍّ وَلاَمَیِّتٍ: نہ تو زندہ کی ران دیکھو نہ مردہ کی، معلوم ہوا کہ ستر اور حجاب کے احکام مرنے کے بعد بھی باقی رہتے ہیں۔

غرض موت کی خبر ہوتے ہی میت کو دیکھنے کے لئے پہنچ جانا ٹھیک نہیں، پہلے میت کو نہلا کر کفن پہنایا جائے پھر زیارت کرنے والے زیارت کریں، کیونکہ میت کبھی گندی ہوتی ہے، اور کبھی لمبی بیماری کی وجہ سے میلی ہو جاتی ہے، ایسی حالت میں دیکھنا ٹھیک نہیں، جب میت کو دھو کر صاف ستھرا کر دیا جائے اور کفن پہنا دیا جائے تب میت کو دیکھنا چاہئے، اس باب کا یہی مقصد ہے۔

اس باب میں تین حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: یہ ہے کہ جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی اور لوگوں کو خبر پہنچی تو ان کے ہوش اُڑ گئے، مدینہ میں تہلکہ مچ گیا، جو بھی اس واقعہ کو سنتا حیران رہ جاتا اور فوراً مسجدِ نبوی پہنچتا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی پریشانی اور حیرانی تو سب سے زیادہ تھی، وہ تلوار کھینچ کر کھڑے ہو گئے اور بآواز بلند پکارا کہ حضور ﷺ کا انتقال نہیں ہوا، آپؐ اپنے رب کے پاس گئے ہیں اور واپس آئیں گے اور منافقوں کا قلع قمع کریں گے، پس اگر کسی نے کہا کہ آپؐ کی وفات ہوگئی تو اس کا سر قلم کر دونگا، پھر کس کی مجال تھی کہ کہتا: آپؐ کا انتقال ہو گیا!

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وصال کے وقت حاضر نہیں تھے، دوشنبہ کی صبح کو جب دیکھا کہ آپؐ کو سکون ہو گیا ہے تو اجازت لے کر سُنح گاؤں میں جو مدینہ منورہ سے ایک کوس کے فاصلہ پر تھا اور وہاں آپؓ کی ایک اہلیہ رہتی تھیں: ان کے پاس تشریف لے گئے تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو جب اس حادثہ کی خبر پہنچی تو فوراً مدینہ آئے، مسجدِ نبوی کے دروازہ پر سواری باندھ کر سیدھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں گئے، آنحضرت ﷺ کو چادر اوڑھا دی گئی تھی، چہرۂ مبارک سے چادر ہٹائی، بغور دیکھا، پھر پیشانی کو بوسہ دیا اور رو پڑے، اور فرمایا: طِبْتَ حَيًّا وَمَيِّتًا: آپؐ جب زندہ تھے تب بھی پاکیزہ تھے اور اب مرنے کے بعد بھی پاکیزہ ہیں! پھر مسجد میں تشریف لائے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بیٹھنے کے لئے کہا، مگر وہ نہیں بیٹھے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ان کو اسی حال میں چھوڑ دیا اور لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور سورۂ آل عمران کی آیت ۱۴۴ پڑھی اور فرمایا: جو محمد ﷺ کی عبادت کرتا ہے وہ جان لے کہ آپؐ وفات پا گئے ہیں، اور جو اللہ کی عبادت کرتا ہے وہ جان لے کہ اللہ تعالیٰ زندہ ہیں، کبھی نہیں مریں گے، جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی زبانی آیت سنی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے، اور لوگوں کو وفات کا یقین ہو گیا۔

ربط: اس حدیث کا باب سے کیا تعلق ہے؟ اس میں شارحین بہت پریشان ہوئے ہیں کیونکہ ابھی آنحضور ﷺ کو

کفن نہیں دیا گیا تھا، اور باب ہے کفن پہنانے کے بعد میت کے پاس جانے کا۔ میرا خیال ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا یہ قول: طِبْتَ حَيًّا و مَيِّتًا: باب سے متعلق ہے، کیونکہ میت کو نہلانے کفنانے کا مقصد میت کو صاف کرنا ہے، اور آنحضور ﷺ حیات مبارکہ میں بھی پاکیزہ تھے اور مرنے کے بعد بھی اسی طرح پاکیزہ تھے، پس نہلانے کا مقصد حاصل ہے، پھر آپ کو چادر بھی اوڑھادی گئی تھی، گویا أُدْرِجَ فِيْ أكفانه متحقق ہوگیا، یہی باب کے ساتھ حدیث کی مناسبت ہے۔

[٣-] بَابُ الدُّخُوْلِ عَلَى الْمَيِّتِ بَعْدَ الْمَوْتِ إِذَا أُدْرِجَ فِيْ أَكْفَانِهِ

[١٢٤١و١٢٤٢-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، وَيُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ، قَالَتْ: أَقْبَلَ أَبُوْ بَكْرٍ عَلٰى فَرَسِهِ مِنْ مَسْكَنِهِ بِالسُّنْحِ، حَتّٰى نَزَلَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَلَمْ يُكَلِّمِ النَّاسَ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ، فَتَيَمَّمَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ مُسَجًّى بِبُرْدِ حِبَرَةٍ، فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ، ثُمَّ أَكَبَّ عَلَيْهِ، فَقَبَّلَهُ ثُمَّ بَكٰى، فَقَالَ: بِأَبِيْ أَنْتَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! لَايَجْمَعُ اللّٰهُ عَلَيْكَ مَوْتَتَيْنِ، أَمَّا الْمَوْتَةُ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْكَ فَقَدْ مُتَّهَا.

قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: فَأَخْبَرَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ خَرَجَ وَعُمَرُ يُكَلِّمُ النَّاسَ، فَقَالَ: اجْلِسْ، فَأَبٰى، فَقَالَ: اجْلِسْ، فَأَبٰى، فَتَشَهَّدَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَمَالَ إِلَيْهِ النَّاسُ، وَتَرَكُوْا عُمَرَ، فَقَالَ: أَمَّا بَعْدُ: فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَإِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ، وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فَإِنَّ اللّٰهَ حَيٌّ لَايَمُوْتُ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ﴾ إِلٰى ﴿الشَّاكِرِيْنَ﴾ [آل عمران: ١٤٤] فَوَاللّٰهِ لَكَأَنَّ النَّاسَ لَمْ يَكُوْنُوْا يَعْلَمُوْنَ أَنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ حَتّٰى تَلَاهَا أَبُوْ بَكْرٍ، فَتَلَقَّاهَا مِنْهُ النَّاسُ، فَمَا يُسْمَعُ بَشَرٌ إِلَّا يَتْلُوْهَا"

[الحديث: ١٢٤١- انظر: ٣٦٦٧، ٣٦٦٩، ٤٤٥٢، ٤٤٥٥، ٥٧١٠]

[الحديث: ١٢٤٢- انظر: ٣٦٦٨، ٣٦٧٠، ٤٤٥٣، ٤٤٥٤، ٤٤٥٧، ٥٧١١]

ترجمہ: (حدیث ۱۲۴۱) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنے گھر سے جو سُنح میں تھا گھوڑے پر سوار ہوکر آئے، یہاں تک کہ سواری سے اترے اور مسجد میں داخل ہوئے، پس لوگوں میں سے کسی سے بات نہیں کی یہاں تک کہ حضرت عائشہؓ کے پاس پہنچے، پھر نبی ﷺ کا ارادہ کیا، درانحالیکہ آپؐ ایک حبری چادر میں چھپادیئے گئے تھے یعنی آپؐ کو چادر اوڑھادی گئی تھی، صدیق اکبرؓ نے آپؐ کے چہرہ کو کھولا، پھر آپؐ پر جھکے، اور آپؐ کو چوما، پھر روئے اور فرمایا: میرے ابا آپؐ پر قربان! اے اللہ کے نبی! اللہ تعالیٰ آپؐ پر دو موتوں کو جمع نہیں کریں گے، رہی وہ موت جو اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے مقدر کی تھی وہ آپؐ کو آچکی (یہاں تک حضرت عائشہؓ کی روایت ہے، آگے ابوسلمہؒ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں)

(حدیث۱۲۴۲) ابوسلمہ کہتے ہیں: مجھے ابن عباسؓ نے بتایا کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ حجرۂ عائشہ سے نکلے اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ تقریر کررہے تھے، صدیق اکبرؓ نے ان سے فرمایا: بیٹھ جاؤ، فاروق اعظمؓ نے انکار کیا، پھر صدیق اکبرؓ نے بیٹھنے کے لئے کہا، انھوں نے پھر انکار کیا، پس (ان کو ان کے حال پر چھوڑ کر) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خطبہ پڑھا پس لوگ حضرت ابوبکرؓ کی طرف متوجہ ہوگئے، اور حضرت عمرؓ کو چھوڑ دیا، صدیق اکبرؓ نے حمد وصلوٰۃ کے بعد فرمایا: تم میں سے جو محمد ﷺ کی عبادت کرتا تھا تو بیشک محمد ﷺ کا انتقال ہوگیا، اور جو اللہ کی عبادت کرتا تھا تو بیشک اللہ زندہ ہیں مریں گے نہیں، اللہ عزوجل فرماتے ہیں: ''محمد (ﷺ) ایک رسول ہی ہیں، آپؐ سے پہلے بہت رسول گذر چکے ہیں، پس کیا اگر آپؐ کا انتقال ہوجائے یا آپؐ شہید ہوجائیں تو تم اپنی ایڑیوں پر پلٹ جاؤ گے؟ یعنی مرتد ہوجاؤ گے؟ اور جو الٹے پاؤں پھر جائے گا وہ ہرگز اللہ کا کچھ نہ بگاڑے گا، اور اللہ شکر گذاروں کو بدلہ دیں گے'' پس بخدا! ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا لوگ جانتے ہی نہ تھے کہ اللہ نے یہ آیت نازل کی ہے یہاں تک کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کو پڑھا اور لوگوں نے ان سے اس کو لیا، یعنی جب صدیق اکبرؓ نے یہ آیت پڑھی تو لوگوں کو ایسا لگا جیسے یہ آیت آج ہی نازل ہوئی ہے، پس کوئی انسان نہیں سنا گیا مگر وہ اس آیت کو پڑھ رہا تھا۔

دوسری حدیث: حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کے رضاعی بھائی تھے، انھوں نے دو ہجرتیں کی تھیں، زہاد صحابہ میں ان کا شمار ہے، مہاجرین میں سب سے پہلے ان کا انتقال ہوا ہے، جب ان کی وفات ہوئی اور نہلا کر ان کو کفن پہنا دیا گیا تو حضور ﷺ کو اطلاع دی گئی، آپؐ تشریف لائے اور ان کی پیشانی کو چوما، اس وقت آپؐ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے — یہی باب ہے جب حضرت عثمانؓ کو نہلا کر کفن پہنا دیا گیا تب حضور اقدس ﷺ تشریف لائے۔

مسئلہ: جس طرح زندے کی تقبیل جائز ہے مردے کی تقبیل بھی جائز ہے، مرنے کے بعد اگرچہ میت کا جسم ناپاک ہوجاتا ہے اور اسی لئے غسل دیا جاتا ہے، اس کے بغیر نماز درست نہیں، مگر یہ نجاست حکمی ہے، جیسے جنابت نجاستِ حکمی ہے، پس ظاہر بدن پاک ہے، اس لئے میت کو چوم سکتے ہیں۔

[۱۲۴۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ خَارِجَةُ ابْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ أُمَّ الْعَلَاءِ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، بَايَعَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، أَخْبَرَتْهُ أَنَّهُ اقْتُسِمَ الْمُهَاجِرُوْنَ قُرْعَةً، فَطَارَ لَنا عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ، فَأَنْزَلْنَاهُ فِيْ أَبْيَاتِنَا، فَوَجِعَ وَجَعَهُ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ وَغُسِّلَ وَكُفِّنَ فِيْ أَثْوَابِهِ، دَخَلَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْكَ أَبَا السَّائِبِ، فَشَهَادَتِيْ عَلَيْكَ: لَقَدْ أَكْرَمَكَ اللهُ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَمَا يُدْرِيْكِ أَنَّ اللهَ أَكْرَمَهُ؟" فَقُلْتُ: بِأَبِيْ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللهِ! فَمَنْ يُكْرِمُهُ اللهُ؟ فَقَالَ "أَمَّا هُوَ فَقَدْ جَاءَهُ الْيَقِيْنُ، وَاللهِ! إِنِّيْ لَأَرْجُوْ لَهُ الْخَيْرَ،

وَاللّٰهِ! مَا أَدْرِىْ وَأَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِىْ" قَالَتْ: فَوَ اللّٰهِ لَا أُ زَكِّىْ أَحَدًا بَعْدَهُ أَبَدًا.
حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ مِثْلَهُ، وَقَالَ نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ عُقَيْلٍ:" مَا يُفْعَلُ بِهِ " وَتَابَعَهُ شُعَيْبٌ، وَعَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، وَمَعْمَرٌ.[انظر: ۲۶۸۷، ۳۹۲۹، ۷۰۰۳، ۷۰۰۴، ۷۰۱۸]

ترجمہ: حضرت ام العلاء رضی اللہ عنہا جو انصاری خاتون ہیں، جنھوں نے آنحضور ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی، انھوں نے خارجہ کو بتلایا کہ نبی ﷺ نے مہاجرین کو قرعہ ڈال کر تقسیم کیا، پس ہمارے (قبیلہ کے) حصہ میں حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ آئے، ہم نے ان کو اپنے محلّہ میں بسایا، پس وہ اپنی اس بیماری میں مبتلا ہوئے جس میں ان کی وفات ہوئی، جب وفات ہوگئی، اور غسل دیدیا گیا اور ان کے کپڑوں میں کفن دیدیا گیا تو نبی ﷺ تشریف لائے (یہ جزء باب سے متعلق ہے) پس میں نے (حضرت ام العلاءؓ نے) کہا: اے ابوالسائب! (یہ حضرت عثمانؓ کی کنیت ہے) اللہ آپ پر مہربانی فرمائیں! میں آپؓ کے حق میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ نے آپؓ کا اکرام کیا یعنی بخشش فرمادی! نبی ﷺ نے فرمایا: "تمہیں کیسے پتہ چلا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کا اکرام کیا؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ پر میرے ابا قربان! پھر اللہ کس کا اکرام کریں گے؟ یعنی اگر ایسے بندہ کا اکرام نہیں کریں گے تو کس کا اکرام کریں گے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: "رہے وہ تو ان کو یقین آگیا (کہ ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کیسا معاملہ کیا؟ کیونکہ انتقال کے بعد دوسری دنیا کے احوال منکشف ہوجاتے ہیں) اور اللہ کی قسم! میں ان کے لئے خیر کی امید رکھتا ہوں، بخدا! میں نہیں جانتا اور میں اللہ کا رسول ہوں کہ میرے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا!" —— اور دوسری روایت میں بہ ہے یعنی ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی روایت کو ترجیح دی ہے اور اس کے متابعات پیش کئے ہیں —— حضرت ام العلاءؓ نے کہا: بخدا! آج کے بعد میں کبھی کسی کی صفائی نہیں دونگی!

سند کی بحث: یحیٰ بن بکیر (امام بخاری کے استاذ) کی روایت میں بِیْ ہے اور لیث مصری کے دوسرے تلمیذ سعید بن عفیر کی حدیث بھی اسی کے مثل ہے یعنی ان کی حدیث میں بھی بِی ہے، اور امام لیث کے علاوہ زہری کے دوسرے شاگرد عقیل کی روایت میں بہ ہے، یہ عقیل کے شاگرد نافع بن یزید کی روایت ہے، اور شعیب، عمرو بن دینار اور معمر ان کے متابع ہیں، ان کی روایتوں میں بھی بہ ہے۔

تشریح:

۱– حضرت ام العلاء رضی اللہ عنہا کا شمار بڑے درجہ کی صحابیات میں ہے، انھوں نے آنحضور ﷺ سے بیعتِ سلوک کی ہے، سورۂ ممتحنہ آیت ۱۰ میں اس بیعت کا ذکر ہے، اور یہ بیعت کچھ کر کے جنت کے بلند درجات حاصل کرنے کے لئے ہے، یہ بیعت سب صحابہ اور صحابیات نے نہیں کی تھی، بعض نے کی تھی اور ان کا درجہ بلند تصور کیا جاتا تھا، تفصیل تحفۃ القاری (۱:۲۲۱) میں ہے۔

۲-جب نبی ﷺ ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں رونق افروز ہوئے تو جو مہاجرین بے آسرا تھے جن کے پاس نہ مکان تھا نہ ٹھکانہ، ان کو انصار کے درمیان قرعہ سے بانٹ دیا، جس قبیلہ کے حصہ میں جو صحابی آئے وہ ان کو ساتھ لے گئے اور انھوں نے ان کی چھوٹی بڑی ضروریات کا خیال رکھا، حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کا نام حضرت ام العلاء رضی اللہ عنہا کے قبیلہ کے نام نکلا، چنانچہ وہ ان کو لے گئے اور اپنے قبیلہ میں لے جا کر ان کو بسایا۔

۳-ایک مشہور حدیث ہے: نبی ﷺ کے سامنے سے ایک جنازہ گذرا، لوگوں نے اس کی تعریف کی، آپؐ نے فرمایا: وَجَبَ، پھر ایک دوسرا جنازہ گذرا، لوگوں نے اس کی برائی کی آپؐ نے فرمایا: وَجَبَ، صحابہ نے وَجَبَ کا مطلب پوچھا، آپؐ نے فرمایا: تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو، جیسے کورٹ میں سرکاری وکیل ہوتا ہے تم زمین میں سرکاری گواہ ہو، جس کے حق میں تم نے اچھی گواہی دی اس کے لئے جنت واجب ہوگئی اور جس کے حق میں تم نے بری گواہی دی اس کے لئے جہنم واجب ہوگئی۔

لوگ ظاہری احوال کے اعتبار سے ہی کسی کے اچھے برے ہونے کا فیصلہ کرتے ہیں، حضرت ام العلاء رضی اللہ عنہا نے بھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ظاہری احوال کے پیش نظر گواہی دی، مگر بات یقین سے کہی، حالانکہ غیب اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، اس لئے نبی ﷺ نے ان کو تنبیہ کی کہ میں اللہ کا رسول ہوں مگر میں یقین سے نہیں جانتا کہ ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا، اگرچہ مجھے ان کے حق میں خیر کی امید ہے، اس طرح خیر کی امید تو ظاہر کر سکتے ہیں مگر علم کے بغیر یقین سے کوئی بات نہیں کہنی چاہئے۔

❁ ❁ ❁

تیسری حدیث: جنگ احد میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ شہید ہوگئے، جب ان کو کفن پہنا کر شہداء کے ساتھ ان کا جنازہ رکھ دیا گیا تو حضرت جابرؓ بار بار کفن کھول کر ابا کو دیکھتے تھے، اور روتے تھے، حضرت جابرؓ اس وقت بچے تھے، لوگوں نے ان کو منع کیا مگر نبی ﷺ نے منع نہیں کیا۔ غرض حضرت جابرؓ ابا کو کفن پہنانے کے بعد دیکھ رہے تھے اور یہی باب ہے۔

[۱۲۴۴-] حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ أَبِی، جَعَلْتُ أَكْشِفُ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ أَبْكِی، وَيَنْهَوْنِی، وَالنَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم لَا يَنْهَانِی، فَجَعَلَتْ عَمَّتِی فَاطِمَةُ تَبْكِی، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "تَبْكِيْنَ؟ أَوْ: لَا تَبْكِيْنَ! فَمَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا حَتّٰی رَفَعْتُمُوْهُ"

وَتَابَعَهُ ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِی مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ جَابِرًا. [انظر: ۱۲۹۳، ۲۸۱۶، ۴۰۸۰]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میرے ابا شہید کئے گئے تو میں ان کے چہرے سے کپڑا ہٹاتا تھا اور

روتا تھا(یہ جزء باب سے متعلق ہے) اور لوگ مجھے منع کرتے تھے اور نبی ﷺ منع نہیں کرتے تھے، پس میری پھوپھی فاطمہ رونے لگیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''(کیوں) روتی ہو؟ یا فرمایا: مت روؤ! فرشتے ان پر برابر اپنے پروں سے سایہ کئے رہے یہاں تک کہ تم نے ان کے جنازہ کو اٹھایا (یہ روایت شعبہ کی طرح ابن جریج بھی روایت کرتے ہیں، اور شعبہ کی روایت میں سماعت کا ذکر ہے اور ابن جریج کی روایت میں اخبار کا، بس اتنا ہی فرق ہے)

بَابُ الرَّجُلِ يَنْعٰى إِلٰى أَهْلِ الْمَيِّتِ بِنَفْسِهِ

کوئی آدمی میت کے گھر والوں کو بذاتِ خود موت کی اطلاع دے

موت کی اطلاع دینا غم کی اطلاع دینا ہے، اس لئے عقل یہ کہتی ہے کہ میت کے گھر والوں کو ایسی اطلاع خود نہیں دینی چاہئے، مگر نص سے اس کا جواز ثابت ہے۔ نبی ﷺ نے دو واقعوں میں بذاتِ خود اطلاع دی ہے۔

پہلا واقعہ: جب نجاشی رحمہ اللہ کا انتقال ہوا تو حضور ﷺ نے خود صحابہ کو اطلاع دی کہ تمہارے بھائی نجاشی رحمہ اللہ کا حبشہ میں انتقال ہوگیا۔

سوال: باب ہے: میت کے گھر والوں کو اطلاع دینے کا، مدینہ میں نجاشی رحمہ اللہ کے گھر والے کون تھے؟

جواب: حاشیہ میں اس کا ایک جواب یہ دیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''تمہارے بھائی'' پس سب مسلمان نجاشی رحمہ اللہ کے گھر والے ہوئے۔

اور دوسرا جواب یہ دیا ہے کہ نجاشی رحمہ اللہ کا ایک حقیقی بھتیجہ ذُو مُخَيْمِر نامی تھا، نجاشیؒ نے ان کو خاص حضور اقدس ﷺ کی خدمت کے لئے بھیجا تھا، جب سب مسلمانوں کو اطلاع دی تو ان کو بھی اطلاع دی اور وہ خاندان کے تھے۔

دوسرا واقعہ: غزوۂ موتہ میں جو صحابہ شہید ہوئے تھے ان کے گھر والے مدینہ میں تھے اور نبی ﷺ نے مسجد نبوی کے منبر سے سب کی شہادت کی اطلاع دی ہے، معلوم ہوا کہ بذاتِ خود موت کی اطلاع دینے میں کچھ حرج نہیں۔

[٤-] بَابُ الرَّجُلِ يَنْعٰى إِلٰى أَهْلِ الْمَيِّتِ بِنَفْسِهِ

[١٢٤٥-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَعَى النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، وَخَرَجَ إِلَى الْمُصَلّٰى، فَصَفَّ بِهِمْ، وَكَبَّرَ أَرْبَعًا. [انظر: ١٣١٨، ١٣٢٧، ١٣٢٨، ١٣٣٣، ٣٨٨٠، ٣٨٨١]

[١٢٤٦-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا جَعْفَرٌ فَأُصِيْبَ،

ثُمَّ أَخَذَ هَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَأُصِيْبَ" وَإِنَّ عَيْنَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَتَذْرِ فَانِ، " ثُمَّ أَخَذَهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ مِنْ غَيْرِ إِمْرَةٍ، فَفُتِحَ لَهُ " [انظر: ۲۷۹۸، ۳۰۶۳، ۳۶۳۰ ۳۷۵۷، ۴۲۶۲]

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے نجاشی رحمہ اللہ کی موت کی اطلاع دی، جس دن ان کی وفات ہوئی، آپؐ نماز (جنازہ پڑھنے) کی جگہ تشریف لے گئے اور صحابہ کی صف بنائی اور (نماز جنازہ میں) چار تکبیر کہیں۔

تشریح: نجاشی رحمہ اللہ کا انتقال حبشہ میں ہوا تھا، وہ ایمان قبول کر چکے تھے، اور ان کی تمنا اور آرزو تھی کہ خدمتِ اقدس میں حاضر ہوں، مگر حکومت کی ذمہ داری مانع بنی، جب ان کا انتقال ہوا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کو اطلاع دی، آپ صحابہ کو لے کر مصلّی الجنائز (جنازے پڑھنے کی جگہ) میں تشریف لے گئے، اور صحابہ کی باقاعدہ صفیں بنائیں اور نماز جنازہ پڑھی، جس میں چار تکبیریں کہیں۔

غائبانہ نماز جنازہ کا حکم:

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک غائبانہ نماز جنازہ جائز ہے، ان کی دلیل یہی حدیث ہے، اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک جائز نہیں، ان کے نزدیک نماز جنازہ کے لئے میت کا سامنے ہونا ضروری ہے، اور ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں بہت سے لوگوں کا مدینہ سے باہر انتقال ہوا، مگر آپؐ نے کسی کی غائبانہ نماز جنازہ نہیں پڑھی، جنگ موتہ میں جو حضرات شہید ہوئے تھے ان کی شہادت کا آپؐ پر بہت اثر تھا مگر ان کی بھی آپؐ نے نماز جنازہ نہیں پڑھی، اگر غائبانہ نماز جنازہ جائز ہوتی تو نبی ﷺ ان کی نماز جنازہ ضرور پڑھتے، کیونکہ آپؐ کی نماز سے قبر میں روشنی پیدا ہوتی ہے۔ اور نجاشی رحمہ اللہ کی جو نماز پڑھی ہے وہ یا تو نجاشی رحمہ اللہ کی خصوصیت تھی یا آنحضور ﷺ کی، یا دونوں کی، علاوہ ازیں: روایات سے یہ بات ثابت ہے کہ آپؐ کے اور نجاشیؒ کے جنازہ کے درمیان سے تمام حجابات اٹھا دیئے گئے تھے، ان کا جنازہ آپؐ کے سامنے کر دیا گیا تھا، ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: كُشِفَ للنبی صلى الله عليه وسلم عن سرير النجاشی حتى رآه وصلّى عليه: پس یہ نماز غائبانہ نہیں رہی، اس لئے اس سے استدلال درست نہیں۔ (جنازہ میں کتنی تکبیریں ہیں؟ یہ مسئلہ آگے باب ۴۶ میں آ رہا ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جھنڈا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے لیا اور وہ شہید ہو گئے، پھر جعفر رضی اللہ عنہ نے لیا اور وہ بھی شہید ہو گئے، پھر عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے لیا اور وہ بھی شہید ہو گئے'' اور جب آپؐ جنگ موتہ کے احوال سنا رہے تھے آپؐ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے، ''پھر جھنڈا خالد بن الولید نے لیا بغیر امیر بنائے اور ان کے ہاتھ سے فتح ہوئی''

تشریح: موتہ ایک جگہ کا نام ہے، جو ملک شام میں علاقۂ بلقاء میں واقع ہے، نبی ﷺ نے جب سلاطین وامراء کے نام دعوتی خطوط روانہ فرمائے تو شرحبیل بن عمرو غسانی کے نام بھی ایک خط روانہ فرمایا، شرحبیل: قیصر کی طرف سے شام کا گورنر تھا، حارث بن عمیر رضی اللہ عنہ جب آپؐ کا خط لے کر مقام موتہ میں پہنچے تو شرحبیل نے ان کو قتل کرادیا، چنانچہ آپؐ نے تین ہزار کا لشکر ماہ جمادی الاولیٰ سنہ ۸ھ میں موتہ کی طرف روانہ کیا، اور زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو امیر بنایا اور فرمایا: اگر زید شہید ہوجائیں تو جعفر بن ابی طالب امیر بنیں، اور وہ بھی شہید ہوجائیں تو عبداللہ بن رواحہ امیر بنیں، اور اگر وہ بھی شہید ہوجائیں تو مسلمان جس کو چاہیں امیر بنالیں، شرحبیل کو جب اس لشکر کی روانگی کا علم ہوا تو وہ ایک لاکھ سے زیادہ لشکر لے کر مقابلہ کے لئے آیا، اور ہرقل خود ایک لاکھ فوج لے کر شرحبیل کی مدد کے لئے بلقاء میں پہنچا، جب جنگ ہوئی تو تینوں امراء یکے بعد دیگرے شہید ہوگئے، پھر حضرت خالد بن الولیدؓ نے ازخود بڑھ کر جھنڈا لے لیا، اور مسلمان ان کی امارت پر راضی ہوگئے تو وہ امیر بن گئے، وہ جنگی ترکیب سے لشکر کو میدان سے نکال لائے۔ آنحضور ﷺ نے مسجد نبوی میں منبر پر بیٹھ کر جنگ کا حال سنایا (ماخوذ از سیرت المصطفیٰ ۲:۴۵۹) یہ آپؐ نے بذات خود ان امراء کی موت کا حال ان کے گھر والوں کو سنایا۔

بَابُ الإِذْنِ بِالْجَنَازَةِ

جنازے کی اطلاع دینا

رشتہ داروں کو، میت سے تعلق رکھنے والوں کو، شاگردوں اور مریدوں کو اور عام مسلمانوں کو کسی کی موت کی اطلاع دینا تاکہ وہ جنازہ میں شرکت کریں یا میت کے لئے دعائے مغفرت کریں: جائز ہے، البتہ موت کی تشہیر کرنا ممنوع ہے، موت کی تشہیر کے لئے لوگ مختلف طریقے اختیار کرتے ہیں، زمانہ جاہلیت میں موت کی تشہیر کا ایک طریقہ یہ تھا کہ رونے والیوں کو بلاتے تھے، وہ روزانہ مدت معینہ تک میت کے گھر آکر روتی تھیں، اور میت کے جھوٹے سچے فضائل بیان کرتی تھیں اور وہ یہ کام اجرت پر کرتی تھیں، اسی طرح نوحہ ماتم کرنا، سینہ کوبی کرنا، سر اور بھوؤں کو منڈا دینا اور کپڑے پھاڑنا وغیرہ موت کی تشہیر کے طریقے تھے، اور آج کل اس کے لئے یہ طریقے اختیار کئے جاتے ہیں: اخباروں اور ریڈیو میں اور ٹیلی ویژن پر موت کی خبر نشر کی جاتی ہے، جبکہ مرنے والے کو کوئی نہیں جانتا، یہ سب طریقے فضول ہیں، اور محض اطلاع دینا تاکہ لوگ جنازہ میں شرکت کریں یا میت کے لئے دعائے مغفرت کریں: جائز ہے، مگر کسی کے انتظار میں جنازہ روکنا جائز نہیں۔

اور یہ حدیث پہلے گذری ہے کہ ایک کالی عورت (حبشن) مسجدِ نبوی کی صفائی کیا کرتی تھی، فناء مسجد میں اس کی کٹیا تھی، جب اس کا انتقال ہوا تو صحابہ نے جنازہ پڑھ کر دفن کردیا، نبی ﷺ کو اس کی خبر نہیں کی، جب آپؐ نے مسجد میں کوڑا دیکھا تو پوچھا: وہ عورت جو مسجد کی صفائی کرتی تھی کہاں ہے؟ لوگوں نے بتایا: اس کا انتقال ہوگیا، آپؐ نے فرمایا: مجھے اطلاع کیوں نہ دی؟ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! معمولی عورت تھی، رات کا وقت تھا آپؐ کو کیا تکلیف دیتے، ہم نے خود نماز پڑھ کر دفن

کردیا، نبی ﷺ نے فرمایا: تمہاری قبریں تاریکی سے بھری ہوئی ہوتی ہیں، میرے نماز جنازہ پڑھنے سے ان میں روشنی ہوتی ہے، پھر آپؐ صحابہ کو لے کر قبرستان گئے اور اس کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی، معلوم ہوا کہ صلحاء کو کسی کی موت کی خبر دینا جائز ہے، تاکہ وہ نماز جنازہ پڑھیں یا میت کے لئے دعائے خیر کریں۔

[٥-] بَابُ الإِذْنِ بِالْجَنَازَةِ

وَقَالَ أَبُوْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَلَّا آذَنْتُمُوْنِي؟"

[١٢٤٧-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَاتَ إِنْسَانٌ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُهُ، فَمَاتَ بِاللَّيْلِ فَدَفَنُوْهُ لَيْلًا، فَلَمَّا أَصْبَحَ أَخْبَرُوْهُ، فَقَالَ: " مَا مَنَعَكُمْ أَنْ تُعْلِمُوْنِي؟" قَالُوْا: كَانَ اللَّيْلُ فَكَرِهْنَا، وَكَانَتْ ظُلْمَةٌ أَنْ نَشُقَّ عَلَيْكَ، فَأَتَى قَبْرَهُ فَصَلَّى عَلَيْهِ. [راجع: ٨٥٧]

ترجمہ: ابن عباسؓ کہتے ہیں: ایک شخص کا انتقال ہوا، جس کی رسول اللہ ﷺ عیادت کیا کرتے تھے، رات میں اس کا انتقال ہوا تو لوگوں نے رات ہی میں اس کو دفن کردیا اور صبح رسول اللہ ﷺ کو اس کی خبر دی، آپؐ نے فرمایا: رات مجھے خبر کرنے سے تمہیں کس چیز نے روکا؟ صحابہ نے عرض کیا: رات تاریک تھی اس لئے ہم نے آپؐ کو تکلیف دینا مناسب نہیں سمجھا، پس آپؐ اس کی قبر پر تشریف لے گئے، اور اس کی نماز جنازہ پڑھی (اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نیک لوگوں کو موت کی اطلاع دینی چاہئے تاکہ وہ نماز جنازہ پڑھیں یا میت کے لئے دعائے مغفرت کریں)

بَابُ فَضْلِ مَنْ مَاتَ لَهُ وَلَدٌ فَاحْتَسَبَ

جس کا بچہ مرگیا، اور اس نے ثواب کی امید رکھی: اس کا ثواب

اگر کسی کی نابالغ اولاد کا انتقال ہوجائے اور وہ بہ امید ثواب صبر کرے تو اس کے لئے کیا فضیلت ہے؟ ولدٌ: عام ہے، مرنے والا لڑکا ہو یا لڑکی، ایک ہو یا زیادہ، اور ثواب دو باتوں پر موقوف ہے، ایک: اولاد نابالغ ہو، یہ قید حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آئی ہے۔ دوم: والدین ثواب کی امید سے صبر کریں، اور اس کی دلیل اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ﴾ حدیث میں صبر کرنے کی اور ثواب کی امید رکھنے کی قید نہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے آیت سے قید بڑھائی۔

[٦-] بَابُ فَضْلِ مَنْ مَاتَ لَهُ وَلَدٌ فَاحْتَسَبَ

وَقَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ﴾ [البقرة: ١٥٥]

[۱۲۴۸-] حدثنا أَ بُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَا مِنَ النَّاسِ مِنْ مُسْلِمٍ يُتَوَفّٰى لَهُ ثَلاَ ثَةٌ لَمْ يَبْلُغُوْا الْحِنْثَ إِلاَّ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ"[انظر: ۱۳۸۱]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہیں ہے لوگوں میں سے کوئی بھی مسلمان جس کے تین بچے فوت ہوجائیں جو بلوغ کو نہ پہنچے ہوں مگر اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کریں گے، بچوں پر اللہ کے مہربانی کرنے کی فضیلت کی بناپر''

تشریح:

۱-رحمته کی ضمیر اللہ کی طرف راجع ہے، اور إیاھم کی ضمیر فوت ہونے والے بچوں کی طرف، بچوں پر مہربانی کرنے کا حکم ہے، اللہ تعالیٰ خود بھی ان پر مہربانی فرماتے ہیں، اور اس مہربانی کا اثر والدین کو بھی پہنچتا ہے، جب وہ بچوں کے فوت ہونے پر بہ امید ثواب صبر کریں۔

۲-بچپن میں ماں باپ کا التفات بچوں کی طرف زیادہ ہوتا ہے، اور بچوں کا بھی، اس لئے فوت ہونے پر صدمہ زیادہ ہوتا ہے، جس پر وہ صبر کرتے ہیں، اس لئے ان کے لئے یہ بشارت ہے، اور فضائل کی روایتیں حقیقت میں صالحین کے لئے ہیں، انہی کو کامل فائدہ پہنچتا ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۱:۳۹۳) میں ہے۔

[۱۲۴۹-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، أَنَّ النِّسَاءَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: اجْعَلْ لَنَا يَوْمًا، فَوَعَظَهُنَّ، فَقَالَ: " أَيُّمَا امْرَأَ ةٍ مَاتَ لَهَا ثَلاَ ثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ كَانُوْا لَهَا حِجَابًا مَنَ النَّارِ" فَقَالَتِ امْرَأَ ةٌ: وَاثْنَانِ؟ قَالَ: " وَاثْنَانِ" [راجع: ۱۰۱]

[۱۲۵۰-] وَقَالَ شَرِيْكٌ: عَنِ ابْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، حَدَّثَنِيْ أَ بُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَ بِيْ سَعِيْدٍ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ أَ بُوْ هُرَيْرَةَ: " لَمْ يَبْلُغُوْا الْحِنْثَ"[راجع: ۱۰۲]

وضاحت: یہ روایتیں کتاب العلم (باب ۳۵) میں گذر چکی ہیں، خواتین نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا: آپؐ ہمارے لئے کوئی دن مقرر فرمادیں، جس میں ہم آپؐ سے استفادہ کریں یعنی خواتین نے کسی دن کا پروگرام مانگا، چنانچہ آپؐ نے ان سے ایک دن کا وعدہ فرمایا، اس دن آپؐ نے ان کو نصیحت کی، اس دن آپؐ نے عورتوں سے جو باتیں فرمائیں ان میں سے ایک بات یہ تھی: ''جس کسی عورت کے تین بچے فوت ہوجائیں تو وہ بچے اس کے لئے جہنم سے آڑ بن جائیں گے'' ایک عورت نے پوچھا: دو بچے؟ آپؐ نے فرمایا: دو بھی۔

تشریح: یہ فضیلت صرف ماں کے لئے نہیں ہے، باپ کے لئے بھی ہے، بچپن میں فوت شدہ بچے ماں اور باپ دونوں کے لئے دوزخ سے آڑ بنیں گے، اور جس کا ایک بچہ فوت ہوا ہو اس کے لئے بھی یہ فضیلت ہے (مشکوٰۃ حدیث ۱۷۵۵) البتہ

بچپن میں فوت ہوئے ہوں تو یہ فضیلت ہے، یہ قید حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے اور صبر کرنے کی قید امام بخاری رحمہ اللہ نے آیتِ کریمہ سے بڑھائی ہے، اور اس کی حکمت تحفۃ القاری (۱:۳۹۳) میں ہے۔

[۱۲۵۱-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لاَيَمُوْتُ لِمُسْلِمٍ ثَلاَ ثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَيَلِجَ النَّارَ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ"
[انظر: ٦٦٠٦]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس کسی مسلمان کے تین بچے فوت ہوجائیں وہ جہنم میں نہیں جائے گا، مگر قسم پوری کرنے کے طور پر''

تشریح: تَحِلَّة: مصدر ہے، اور اس کے معنی ہیں: کھولنا، یعنی قسم پوری کرنا، سورۂ مریم میں اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَإِنْ مِنكُمْ إِلَّا وَارِدُ هَا، كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَقْضِيًّا﴾: نہیں ہے تم میں سے کوئی مگر اسے جہنم میں پہنچنا ہے، میرے رب نے یہ طے کر رکھا ہے، پل صراط جہنم پر بچھایا جائے گا جس سے ہر شخص کو گذرنا ہوگا، جنتی پار ہوجائیں گے اور جنت میں پہنچ جائیں گے اور جہنمیوں کو آنکڑے کھینچ لیں گے اور وہ دوزخ میں گر جائیں گے، یہ جو پل صراط سے گذرنا طے ہے یہی وہ قسم ہے جس کا ذکر سورۂ مریم میں ہے، پس اتنی مقدار تو ماں باپ کو بھی جہنم میں وارد ہونا ہوگا، اس کے علاوہ ماں باپ جہنم میں نہیں جائیں گے۔

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلْمَرْأَ ةِ عِنْدَ الْقَبْرِ: اصْبِرِىْ

آدمی کا عورت سے قبر کے پاس کہنا: صبر کر!

حاشیہ میں اس باب کا مقصد یہ لکھا ہے کہ مرد کے لئے اجنبی عورت کو صبر کی تلقین کرنا جائز ہے، ایک بار حضور اقدس ﷺ قبرستان کے قریب سے گذرے، آپؐ نے ایک عورت کو قبر پر روتے ہوئے دیکھا، اس کا بیٹا فوت ہوگیا تھا، وہ اس کی قبر پر رو رہی تھی، آپؐ نے اس کو صبر کی تلقین کی، اس نے آپؐ کو پہچانا نہیں، اور کہا: جاؤ جاؤ میاں! جو مصیبت مجھ پر آئی ہے اگر تم پر آتی تو میں جانتی کہ تم کیسا صبر کرتے ہو! آپؐ آگے بڑھ گئے، بعد میں کسی نے اس عورت کو بتایا کہ وہ آنحضرت ﷺ تھے، اب وہ اپنا غم بھول گئی، دوڑی ہوئی آپؐ کے گھر پہنچی، آپؐ گھر پر موجود نہیں تھے، وہ بیٹھ کر رونے لگی، جب آپؐ تشریف لائے تو اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے آپؐ کو پہچانا نہیں تھا، آپؐ نے فرمایا: الصبر عند الصدمة الأولىٰ: جس وقت صدمہ دل سے ٹکرائے اس وقت صبر کرنے کا ثواب ہے، بعد میں تو ہر کسی کو صبر آہی جاتا ہے —— وہ عورت اجنبی تھی، آپؐ نے اس کو صبر کی تلقین کی، معلوم ہوا کہ مرد کے لئے اجنبی عورت کو صبر کی تلقین کرنا جائز ہے۔

فائدہ: اس حدیث سے یہ قاعدہ بھی نکلا کہ جہاں تہمت کا مظنہ (احتمال) نہ ہو وہاں اجنبی عورت سے بات چیت کرنا

جائز ہے، نبی ﷺ کے ساتھ صحابہ تھے، اور تہمت کا کوئی موقع نہیں تھا، اس لئے آپؐ نے اس کو صبر کی تلقین فرمائی، علاوہ ازیں: مصیبت پر صبر کرنے کی فضیلت اس کے لئے ہے جو اس وقت صبر کرے جب پہلی بار مصیبت دل سے ٹکرائے، بعد میں تو ہر کسی کو صبر آہی جاتا ہے، اس لئے بھی آپؐ نے صبر کی تلقین فرمائی تاکہ اس کا ثواب ضائع نہ ہو، اور جہاں تہمت کا احتمال ہو وہاں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا بھی جائز نہیں۔

[۷-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلْمَرْأَةِ عِنْدَ الْقَبْرِ: اصْبِرِيْ

[۱۲۵۲-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِامْرَأَةٍ عِنْدَ قَبْرٍ، وَهِيَ تَبْكِيْ، فَقَالَ: "اتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ" [انظر: ۱۲۸۳، ۱۳۰۲، ۷۱۵۴]

بَابُ غُسْلِ الْمَيِّتِ وَوُضُوْءِ هِ بِالْمَاءِ وَالسِّدْرِ

میت کو بیری کے پتے ابالے ہوئے پانی سے وضو اور غسل کرانا

میت کو نہلانے کا کوئی خاص طریقہ نہیں، غسل میت میں اصل یہ ہے کہ مردے کو دھو کر صاف ستھرا کر دیا جائے، یہ امام مالک رحمہ اللہ کا قول ہے جو ترمذی (أبواب الجنائز باب ۱۴) میں آیا ہے، بعض لوگ سمجھتے ہیں: میت کو نہلانے کا کوئی خاص طریقہ ہے، جو شخص طریقہ جانتا ہے وہی نہلا سکتا ہے اور جب تک وہ نہ آئے میت گندی ناپاک پڑی رہتی ہے، یہ بات ٹھیک نہیں، میت کو جلد از جلد نہلا دینا چاہئے، اور نہلانے کا کوئی خاص طریقہ نہیں، غسل میت محمول (لاداہوا) ہے غسل جنابت پر یعنی زندگی میں آدمی جس طرح غسل جنابت کرتا ہے اسی طرح میت کو نہلانا ہے، جو احکام غسل جنابت کے ہیں وہی احکام غسل میت کے ہیں، یعنی غسل جنابت میں جو فرائض، سنن اور مستحبات ہیں وہی فرائض، سنن اور مستحبات غسل میت میں بھی ہیں، اور جس طرح سنن ومستحبات کا لحاظ کئے بغیر غسل کرنے سے غسل ہو جاتا ہے اسی طرح میت کے نہلانے میں بھی سنن ومستحبات کا لحاظ نہ کیا جائے تو بھی غسل ہو جائے گا۔ غرض غسل میت میں اصل یہ ہے کہ میت کو اچھی طرح دھو ڈالا جائے اور اس کو صاف ستھرا کر دیا جائے۔

اور میت کو نہلانے کی حکمت یہ ہے کہ اللہ کا جو بندہ دنیا سے رخصت ہو کر آخرت میں پہنچ گیا: شریعت نے حکم دیا ہے کہ اس کی باڈی کو بھی اعزاز واکرام کے ساتھ رخصت کیا جائے، اور میت کی تکریم کا اس سے بہتر کوئی طریقہ نہیں کہ اس کو نہایت پاکیزہ حالت میں نہلا کر اور اچھے کپڑے پہنا کر رخصت کیا جائے۔

اور اس باب میں تین مسئلے ہیں:

۱- میت کو نہلانا فرض ہے، کیونکہ موت سے جنابت حکمی پیدا ہوتی ہے پس نہلائے بغیر نماز جنازہ درست نہیں۔

۲-مردے کو نہلاتے وقت سب سے پہلے وضو کرائیں اور مردے کا منہ اگر بند ہو تو بھیگی ہوئی روئی وغیرہ لے کر مضمضہ کی نیت سے اس کے ہونٹوں پر پھیریں، اور منہ کھلا ہوا ہو تو روئی وغیرہ بھگو کر اس کے منہ کے اندر پھیریں، منہ میں پانی نہ ڈالیں، کیونکہ اس کا نکالنا دشوار ہوگا، اسی طرح ناک کے اندر بھی روئی پھیریں اس سے مضمضہ اور استنشاق ہو جائے گا، پھر پورے بدن پر پانی ڈال کر دھوئیں اور جہاں دایاں بایاں ہے وہاں دائیں کو مقدم کریں جیسے پہلے دائیں کروٹ پر پانی ڈال کر دھوئیں، اور دائیں جانب کو مقدم کرنے کا حکم اس لئے ہے کہ مردہ کا غسل زندہ کے غسل کی طرح ہو جائے، زندگی میں نہانے کا مستحب طریقہ یہی ہے کہ دائیں جانب سے شروع کرے، اسی طرح مردے کے غسل میں بھی یہ بات ملحوظ رکھنی چاہئے۔

۳-بیری کے پتّے ابالے ہوئے پانی سے غسل دیں، اس سے جسم کا میل خوب صاف ہوتا ہے جس طرح لوگ بدن کا میل صاف کرنے کے لئے صابن سے نہاتے ہیں اسی طرح یہ پانی استعمال کیا جاتا تھا، پس اگر بیری کے پتے میسر نہ ہوں تو صابن سے نہلانا بھی کافی ہے۔

ملحوظہ: ان کے علاوہ باب میں چند اور مسائل بھی ہیں جو آثار واحادیث کے ضمن میں آئیں گے۔

[۸-] بَابُ غُسْلِ الْمَيِّتِ وَوُضُوْءِهِ بِالْمَاءِ وَالسِّدْرِ

[۱-] وَحَنَّطَ ابْنُ عُمَرَ ابْنًا لَسَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، وَحَمَلَهُ، وَصَلّٰى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الْمُسْلِمُ لاَ يَنْجُسُ حَيًّا وَلاَ مَيِّتًا.

[۳-] وَقَالَ سَعْدٌ: لَوْ كَانَ نَجِسًا مَا مَسِسْتُهُ.

[٤-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْمُؤْمِنُ لاَ يَنْجُسُ"

[۱۲۵۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةِ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ تُوُفِّيَتِ ابْنَتُهُ، فَقَالَ: "اغْسِلْنَهَا ثَلاَثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ، إِنْ رَأَيْتُنَّ ذٰلِكَ، بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ كَافُوْرًا أَوْ: شَيْئًا مِنْ كَافُوْرٍ، فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِيْ" فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ، فَأَعْطَانَا حِقْوَهُ، فَقَالَ: "أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ" تَعْنِيْ: إِزَارَهُ. [راجع: ۱٦۷]

آثار:

۱-حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بہنوئی ہیں: ان کے صاحبزادے کا انتقال ہوا، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے (غسل کے وقت) اس کی لاش کو اٹھایا، اور اس کو خوشبو لگائی، پھر (فرض) نماز پڑھی اور نیا وضو نہیں کیا، اور موطا مالک میں ہے: ثم دخل المسجد فصلّٰی ولم يتوضأ: پس صلّٰی سے نماز

جنازہ پڑھنا مراد نہیں۔

اور ترمذی میں حدیث ہے کہ جو لوگ میت کو نہلائیں ان کو فارغ ہو کر نہا لینا چاہئے اور جو میت کو نہلاتے وقت اٹھائیں ان کو وضو کر لینا چاہئے، نبی ﷺ نے اس کا حکم دیا ہے (ترمذی حدث ۹۷۷) اس حدیث کی وجہ سے اصحابِ ظواہر کہتے ہیں: میت کو غسل دینے والے پر غسل کرنا اور اٹھانے والے پر وضو کرنا فرض ہے، مگر جمہور فقہاء کے نزدیک یہ کام مستحب ہیں، حضرت ابن عمرؓ نے جنازہ کو اٹھایا، اور اپنے ہاتھ سے اس کو خوشبو لگائی، پھر وضو نہیں کیا اور نماز پڑھی، معلوم ہوا کہ وہ استحبابی حکم ہے۔

اور میت کو نہلانے کے بعد نہالینے کی دو حکمتیں ہیں:

پہلی حکمت: میت کو نہلاتے وقت بدن پر قطرات پڑتے ہیں اور وہ ناپاک ہو سکتے ہیں اور کہاں پڑے ہیں اس کا اندازہ نہیں ہوتا، اس لئے نہالیا جائے تاکہ سارا جسم پاک ہو جائے۔

دوسری حکمت: جو لوگ میت کو نہلانے کے عادی نہیں، جب وہ کسی میت کو نہلاتے ہیں تو ان پر ایک طرح کا خوف طاری ہوتا ہے، نہالینے سے یہ حالت بدل جاتی ہے، اور وساوس بھی منقطع ہو جاتے ہیں، اور میت کے اٹھانے والوں پر اس کا اثر کم پڑتا ہے اس لئے ان کے لئے صرف وضو کر لینا کافی ہے۔

۲- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ''مسلمان ناپاک نہیں ہوتا، نہ زندگی میں اور نہ مرنے کے بعد'' حالانکہ مسلمان کو زندگی میں بھی جنابت لاحق ہوتی ہے، اور مرنے کے بعد بھی، مگر وہ نجاست حکمی ہے، پس مردے کو اٹھانے سے یا غسل دینے سے یا ہاتھ لگانے سے نہ غسل واجب ہے نہ وضو، جمہور فقہاء بشمول امام بخاریؒ اسی کے قائل ہیں، اور المسلم لَاینجُس تک حدیث ہے، اور حَیًّا وَ مَیِّتًا: ابن عباسؓ نے بڑھایا ہے۔

۳- جب حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ان کے گھر تشریف لے گئے، وہ عقیق (مدینہ کے قریب ایک جگہ کا نام) میں رہتے تھے، حضرت سعدؓ نے ان کو نہلایا، کفن پہنایا اور خوشبو لگائی پھر ان کا جنازہ پڑھا، تدفین کے بعد گھر آئے اور غسل کیا اور فرمایا: ''گرمی کی وجہ سے میں نے غسل کیا ہے، میت کو نہلانے کی وجہ سے نہیں کیا، اگر میت ناپاک ہوتی تو میں اس کو ہاتھ ہی نہ لگاتا'' معلوم ہوا کہ میت کو جو نجاست لاحق ہوتی ہے وہ حکمی ہے، پس اس کو نہلانے سے غسل واجب نہیں ہوتا۔

۴- حدیث المؤمنُ لاینجُس: درحقیقت زندے کے بارے میں ہے، اس کا شانِ ورود یہ ہے: ایک مرتبہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کسی گلی سے گذر رہے تھے، اچانک آنحضور ﷺ سامنے آگئے، حضرت ابو ہریرہؓ جنبی تھے، انھوں نے خیال کیا کہ نبی ﷺ ان سے مصافحہ کریں گے اور وہ جنبی ہیں، اس لئے وہ چپکے سے کھسک گئے، اور غسل کر کے آئے، نبی ﷺ نے پوچھا: کہاں چلے گئے تھے؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں ناپاک تھا، غسل کرنے کے لئے گیا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان ناپاک نہیں ہوتا'' حضرت ابن عباسؓ وغیرہ نے اس کو عام کیا ہے کہ مسلمان نہ زندگی میں ناپاک ہوتا اور

نہ مرنے کے بعد یعنی اس کا ظاہر بدن ناپاک نہیں ہوتا اور اس کو جو جنابت لاحق ہوتی ہے وہ حکمی نجاست ہے۔

حدیث: حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہمارے پاس نبی ﷺ تشریف لائے، جب آپؐ کی صاحبزادی کا انتقال ہوا (یہ صاحبزادی یا تو حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا تھیں (ابن ماجہ) یا حضرت زینب رضی اللہ عنہا تھیں، اور اصح یہ ہے کہ یہ واقعہ حضرت زینبؓ کا ہے (مسلم) جب خواتین ان کو نہلانے کے لئے جمع ہوئیں تو آپؐ نے ان کو یہ ہدایات دیں:) ''میت کو بیری کے جوش دیئے ہوئے پتوں کے پانی سے نہلاؤ، تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ یا اس سے زیادہ، اگر ضرورت محسوس کرو یعنی اگر تین مرتبہ میں میت صاف نہ ہو تو زیادہ دھوؤ، مگر طاق عدد کا خیال رکھو، اور آخر میں (پانی میں) کافور یا فرمایا: تھوڑا کافور ملاؤ یعنی آخری مرتبہ کافور ملے ہوئے پانی سے دھوؤ، پس جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے خبر کرو'' ام عطیہؓ کہتی ہیں: جب ہم غسل دے چکیں تو ہم نے آپؐ کو خبر کی، آپؐ نے ہمیں اپنی لنگی دی (حِقْو کے اصل معنی ہیں: کمر، اور مجازاً لنگی مراد ہے، کیونکہ لنگی کمر پر باندھی جاتی ہے) اور آپؐ نے فرمایا: ''اس کو میت کے (کفن میں) جسم سے متصل رکھو'' یعنی اس کو کفن میں اس طرح رکھو کہ وہ میت کے بدن سے لگی رہے۔

تشریح: یہ حدیث بہت اہم ہے، تجہیز و تکفین کے اکثر مسائل کا مدار اسی پر ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ بار بار یہ حدیث لائیں گے اور مسائل بیان کریں گے، اور اس حدیث کو حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے محمد بن سیرین اور ان کی بہن حفصہ بنت سیرین: روایت کرتے ہیں، اور دونوں کی روایتوں میں چار فرق ہیں جو آئندہ باب میں آرہے ہیں۔

تبرک کا ثبوت:

آنحضور ﷺ نے کفن میں شامل کرنے کے لئے اپنی لنگی برکت کے طور پر عنایت فرمائی تھی، پس یہ حدیث برکت کی اصل ہے، اور برکت کی دوسری دلیل یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے دودھ نوش فرمایا، دائیں طرف ام ہانی رضی اللہ عنہا تھیں، آپؐ نے بچا ہوا دودھ ان کو دیا، انھوں نے روزہ ہونے کے باوجود اس کو پی لیا، کیونکہ روزہ کی تو قضاء بھی ہو سکتی تھی، اور تبرک ہاتھ سے چلا جاتا تو اگلی پی جاتی، نیز حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے پاس ایک جبہ تھا جس کی انھوں نے زندگی بھر حفاظت کی تھی اور وفات کے وقت وصیت کی تھی کہ مجھے اس جبہ میں کفن دیا جائے، کیونکہ میں نے یہ جبہ پہن کر جنگ بدر لڑی ہے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے وصیت کی تھی کہ مجھے میری ان مستعمل چادروں میں کفن دینا، گھر والوں نے عرض کیا: ہم آپؓ کو نئے کپڑوں میں کفن دیں گے؟ آپ نے فرمایا: میں نے ان چادروں میں نمازیں پڑھی ہیں اور آگے روایت آرہی ہے کہ ایک صحابی نے کفن کے لئے آپؐ کی مستعمل لنگی مانگی تھی جو آپؐ نے ان کو عنایت فرمائی تھی، اور وہ ان کا کفن بنی تھی، غرض تبرک کا پکا ثبوت ہے۔

اور نجدیوں کا یہ خیال کہ تبرک کا مسئلہ نبی ﷺ کے آثار کے ساتھ خاص ہے، صالحین کے آثار سے تبرک جائز نہیں: یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ تخصیص کی کوئی دلیل نہیں، بلکہ حضرت سعد اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہما کے واقعات تو عموم کی طرف مشیر

ہیں۔غرض تبرک کا ثبوت ہے مگر تبرک اپنے محل میں کام کرتا ہے، غیر محل میں کام نہیں کرتا۔ نبی ﷺ نے رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کو کفن میں پہنانے کے لئے کرتا دیا تھا: اس سے اس کو کیا فائدہ پہنچا!

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ أَنْ يُغْسَلَ وِتْرًا

میت کو نہلانے میں طاق عدد کا خیال رکھنا مستحب ہے

گذشتہ باب میں جو روایت تھی وہی روایت پھر لا رہے ہیں، اس کو محمد بن سیرین اور حفصہ بنت سیرین دونوں حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں، محمد بن سیرینؒ کی روایت میں لفظ وتر نہیں، حفصہ کی روایت میں ہے، یعنی جو عورتیں حضرت زنیب رضی اللہ عنہا کو نہلا رہی تھیں ان کو آنحضور ﷺ نے بہ طور خاص یہ تاکید کی تھی کہ نہلانے میں طاق عدد کا خیال رکھا جائے، کیونکہ: إن اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتر: اللہ یگانہ ہیں اور طاق عدد کو پسند کرتے ہیں، یعنی اللہ وتر حقیقی ہیں اور وتر مجازی کو پسند کرتے ہیں۔

[۹-] بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ أَنْ يُغْسَلَ وِتْرًا

[۱۲۵٤-] حدثنا مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَنَحْنُ نَغْسِلُ ابْنَتَهُ، فَقَالَ: "اغْسِلْنَهَا ثَلاَثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَاجْعَلْنَ فِي الآخِرَةِ كَافُوْرًا، فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي" فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ، فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ، فَقَالَ: "أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ" [راجع: ۱۶۷]

فَقَالَ أَيُّوْبُ: وَحَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ بِمِثْلِ حَدِيْثِ مُحَمَّدٍ، وَكَانَ فِي حَدِيْثِ حَفْصَةَ: "اغْسِلْنَهَا وِتْرًا" وَكَانَ فِيْهِ: "ثَلاَثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا" وَكَانَ فِيْهِ: أَنَّهُ قَالَ: "ابْدَءُوْا بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا" وَكَانَ فِيْهِ: أَنَّ أُمَّ عَطِيَّةَ قَالَتْ: وَمَشَطْنَاهَا ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ.

محمد بن سیرین اور حفصہ بنت سیرین کی روایتوں میں چار فرق ہیں: جو درج ذیل ہیں:

۱-اغْسِلْنَهَا وِتْرًا: محمد کی روایت میں نہیں، حفصہ کی روایت میں ہے۔

۲-محمد بن سیرین کی روایت میں صرف ثلاثا أو خمسا ہے اور حفصہ کی روایت میں سبعا بھی ہے۔

۳-حفصہ کی روایت میں یہ بھی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "میت کو دائیں جانب سے اور اعضاء وضوء سے نہلانا شروع کرو"، یعنی پہلے میت کو وضو کراؤ، پھر نہلاؤ، اور جہاں دایاں بایاں ہے وہاں دائیں کو مقدم کرو، محمد کی روایت میں یہ مضمون نہیں۔

۴-حفصہ کی حدیث میں یہ مضمون زائد ہے: ام عطیہؓ کہتی ہیں: ہم نے صاحبزادی کے بالوں میں کنگھی کرکے تین

چوٹیاں بنائیں'' محمد کی روایت میں یہ مضمون نہیں۔

بَابٌ: يُبْدَأُ بِمَيَامِنِ الْمَيِّتِ

میت کی دائیں جانب سے نہلانا شروع کیا جائے

یہ ذیلی باب ہے، جب کسی حدیث میں ایک سے زیادہ مضامین ہوتے ہیں تو امام بخاری رحمہ اللہ ذیلی ابواب لاتے ہیں، صاحبزادی کو غسل دینے کے لئے جو عورتیں جمع ہوئی تھیں ان سے نبی ﷺ نے فرمایا: ''میت کی دائیں جانب سے اور اعضاءِ وضو سے نہلانا شروع کرو'' یعنی پہلے میت کو وضو کراؤ، پھر نہلاؤ، اور وضو اور غسل میں دائیں کا خیال رکھو۔

[۱۰-] بَابٌ: يُبْدَأُ بِمَيَامِنِ الْمَيِّتِ

[۱۲۵۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غُسْلِ ابْنَتِهِ: '' ابْدَأْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا'' [راجع: ۱۶۷]

بَابُ مَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنَ الْمَيِّتِ

میت کے وضوء کے اعضاء سے نہلانا شروع کیا جائے

مردہ کو نہلانے کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ اعضائے وضوء سے اور دائیں جانب سے نہلانا شروع کیا جائے، زندگی میں نہانے کا مستحب طریقہ بھی یہی ہے کہ پہلے وضوء کیا جائے اور دائیں جانب سے شروع کیا جائے، اسی طرح مردہ کے غسل میں بھی یہ بات ملحوظ رکھنی چاہئے، اس میں دائیں جانب کے اعضاء کا احترام ہے، اور میت کا منہ بند ہو تو کلی کی جگہ بھیگی ہوئی روئی وغیرہ تین مرتبہ میت کے ہونٹوں پر پھیرنے سے مضمضمہ ہوجاتا ہے اور منہ کھلا ہو تو اندر کا حصہ بھیگی ہوئی روئی سے صاف کیا جائے اور بھیگی ہوئی روئی سے میت کی ناک اچھی طرح صاف کرنے سے استنشاق ہوجاتا ہے، باقی جو احکام غسل جنابت کے ہیں وہی احکام غسل میت کے ہیں۔

[۱۱-] بَابُ مَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنَ الْمَيِّتِ

[۱۲۵۶-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: لَمَّا غَسَّلْنَا بِنْتَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ لَنَا وَنَحْنُ نَغْسِلُهَا: '' ابْدَؤُا بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا''[راجع: ۱۶۷]

بَابٌ: هَلْ تُكَفَّنُ الْمَرْأَةُ فِيْ إِزَارِ الرَّجُلِ؟

کیا مرد کی لنگی میں عورت کو کفن دیا جاسکتا ہے؟

امام بخاری رحمہ اللہ نے مسئلہ کا کوئی فیصلہ نہیں کیا، باب میں ھل استفہامیہ رکھا ہے، اس لئے کہ حدیث میں جو نَزَعَ مِنْ حِقْوِهِ إزاره ہے یعنی آپؐ نے اپنی کمر سے اپنی لنگی کھولی اور عنایت فرمائی: یہ بات ابھی تحقیق طلب ہے، کیونکہ امام مسلم رحمہ اللہ نے عبداللہ بن عون کی یہ روایت نہیں لی، بلکہ عاصم احول کی حضرت حفصہ سے روایت لی ہے، جس میں ہے: فأعطانا حِقْوَه: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اپنی لنگی دی، اس میں صراحت نہیں کہ وہ استعمالی لنگی تھی کیونکہ جو لنگی چادر دھلی ہوئی ہو وہ عام کپڑوں کی طرح ہے، اس میں مرد یا عورت کو کفن دیا جاسکتا ہے، خواہ عورت محرم ہو یا غیر محرم، کیونکہ دھونے سے بدن کے اثرات (پسینہ وغیرہ) ختم ہوجاتے ہیں، البتہ تبرک کی شان باقی رہتی ہے، اور اگر وہ کپڑا بے دھلا ہے اور وہ کسی نیک آدمی کا کپڑا ہے اور مرد یا محرم عورت کو اس میں کفن دیا جائے تو اس کی گنجائش ہے، البتہ غیر محرم عورت کو ایسے کپڑے میں کفن نہیں دینا چاہئے، اور رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کرتہ دیا تھا وہ معلوم نہیں استعمالی تھا یا دھلا ہوا۔ اور فقہ میں ایک جزئیہ ہے: اجنبی مرد کا بچا ہوا کھانا پینا عورت کے لئے مکروہ ہے، یہ مسئلہ اس وقت ہے جب عورت کو معلوم ہو کہ فلاں کا بچا ہوا ہے، اور اگر یہ معلوم نہ ہو تو مکروہ نہیں: یہ مسئلہ اسی قبیل سے ہے۔ واللہ اعلم

[۱۲-] بَابٌ: هَلْ تُكَفَّنُ الْمَرْأَةُ فِيْ إِزَارِ الرَّجُلِ؟

[۱۲۵۷-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَتْ ابْنَةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَنَا: " اغْسِلْنَهَا ثَلاَثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ، فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِيْ" فَآذَنَّاهُ، فَنَزَعَ مِنْ حِقْوِهِ إِزَارَهُ، وَقَالَ: " أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ" [راجع: ۱۶۷]

قولہ: أَشْعِرْنَهَا: بیٹی کے بدن سے متصل رکھو، إِيَّاه: اس لنگی کو أَشْعَرَ فُلاَنًا: تحتانی لباس پہنانا۔

بَابٌ: هَلْ يُجْعَلُ الْكَافُوْرُ فِي الْآخِيْرَةِ؟

کیا غسل میت میں آخری مرتبہ میں کافور ملایا جائے؟

حدیث میں ہے: اِجْعَلْنَ في الآخرة كافوراً أو: شيئًا من كافور: میت کو نہلاتے وقت جو آخر میں پانی ڈالا جائے اس میں کافور ملایا جائے یا فرمایا: تھوڑا کافور ملایا جائے، یہ حکم کس درجہ کا ہے: واجب ہے یا سنت؟ اور اس کی حکمت کیا ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے مسئلہ کا فیصلہ نہیں کیا، ھل استفہامیہ لائے ہیں، البتہ فقہاء نے فیصلہ کیا ہے کہ یہ استحباب کے درجہ کا

حکم ہے، جیسے بیری کے ابالے ہوئے پتوں سے نہلانا استحبابی حکم ہے، اس کا مقصد میل کچیل دور کرنا ہے اور اب صابن کا رواج ہوگیا ہے اور وہ بیری کے پتوں سے ابلغ (زیادہ کارگر) ہے، پس اگر صابن سے نہلا دیا جائے تو کافی ہے، اسی طرح آخری مرتبہ میں کافور ملے ہوئے پانی سے نہلانا بھی مستحب ہے، مگر اس کا کوئی بدل نہیں، لہٰذا پانی میں کافور ملانے کا اہتمام کرنا چاہئے، اس کے چار فائدے ہیں:

پہلا فائدہ: اس سے جسم جلدی خراب نہیں ہوتا، کافور میں یہ خاصیت ہے کہ جس چیز میں وہ استعمال کیا جاتا ہے اس میں جلدی تغیر نہیں آتا۔

دوسرا فائدہ: کافور لگانے سے موذی جانور، کیڑے وغیرہ پاس نہیں آتے، اسی لئے لوگ کتابوں اور کپڑوں میں کافور کی گولیاں رکھتے ہیں۔

تیسرا فائدہ: کافور ایک سستی خوشبو ہے، جس سے جسم معطر ہو جاتا ہے۔

چوتھا فائدہ: کافور تیز خوشبو ہے، پس اگر اچھی طرح نہلانے کے باوجود جسم میں کچھ بدبو رہ گئی ہوگی تو وہ کافور کی خوشبو میں دب جائے گی۔

[۱۳-] بَابٌ: هَلْ يُجْعَلُ الْكَافُوْرُ فِي الْأَخِيْرَةِ؟

[۱۲۵۸-] حدثنا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَتْ إِحْدَى بَنَاتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " اغْسِلْنَهَا ثَلاَثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَاجْعَلْنَ فِي الآخِرَةِ كَافُوْرًا أَوْ: شَيْئًا مِنْ كَافُوْرٍ، فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي" قَالَتْ: فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ، فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ، فَقَالَ: " أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ" [راجع: ۱۶۷]

[۱۲۵۹-] وَعَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حَفْصَةَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، بِنَحْوِهِ، وَقَالَتْ: إِنَّهُ قَالَ: " اغْسِلْنَهَا ثَلاَثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ" قَالَتْ حَفْصَةُ: قَالَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ: وَجَعَلْنَا رَأْسَهَا ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ، [راجع: ۱۶۷]

بَابُ نَقْضِ شَعْرِ الْمَرْأَةِ

غسل میت میں عورت کے بالوں کو کھولنا

جب عورت کو نہلائیں گے تو چوٹیاں کھول کر سارے بالوں کو دھوئیں گے، اس لئے کہ غسل میت محمول ہے غسل جنابت پر، اور عورت جب غسل جنابت کرتی ہے تو بالوں کو کھول کر سارے بال دھوتی ہے، پس مردہ عورت کے بھی سارے بال کھول

کر دھوئیں گے، محمد بن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر میت کے بالوں کو کھول کر دھویا جائے تو گنجائش ہے۔ ابن سیرینؒ کا یہ قول عام ہے، عورت زندہ ہو یا مردہ، بال کھول کر دھونے چاہئیں، آپ حضرات نے ترمذی میں یہ مسئلہ پڑھا ہے کہ عورت پر غسل جنابت میں چوٹیاں کھولنا ضروری نہیں، اگر وہ چوٹیوں کو کھولے بغیر جڑوں کو تر کرلے تو کافی ہے، لیکن اگر چوٹیاں کھول کر سارے بال دھوئے تو سبحان اللہ، یہاں لا بأس اسی معنی میں استعمال کیا ہے۔

[۱۴-] بَابُ نَقْضِ شَعْرِ الْمَرْأَةِ

وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: لَابَأْسَ أَنْ يُنْقَضَ شَعْرُ الْمَرْأَةِ.

[۱۲۶۰-] حدثنا أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ أَيُّوْبُ: وَسَمِعْتُ حَفْصَةَ بِنْتَ سِيْرِيْنَ، قَالَتْ: حَدَّثَتْنَا أُمُّ عَطِيَّةَ: أَنَّهُنَّ جَعَلْنَ رَأْسَ بِنْتِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ، نَقَضْنَهُ، ثُمَّ غَسَلْنَهُ، ثُمَّ جَعَلْنَهُ ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ. [راجع: ۱٦۷]

قولہ: نَقَضْنَہ: باب سے متعلق ہے، نَقَض (ن) نَقْضًا الحبَلَ: رسّی کھولنا، نَقَضَ الشعرَ: بال کھولنا، یعنی صاحبزادی کی چوٹیاں بٹی ہوئی تھیں، عورتوں نے ان کو کھول کر بال دھوئے، پھر بالوں کے تین گیسو بنائے یعنی باقاعدہ چوٹیاں نہیں بٹیں، بلکہ بالوں کو تین حصوں میں گول کردیا اور پیچھے کی جانب ڈالا، حدیث کا یہ جزء مرفوع نہیں، غسل دینے والی خواتین کا عمل ہے۔

بَابٌ: كَيْفَ الإِشْعَارُ لِلْمَيِّتِ؟

میت کو تحتانی لباس کس طرح پہنایا جائے؟

دو لفظ ہیں: شِعار اور دِثار، جو کپڑا بالوں سے لگا ہوا ہو وہ شعار ہے جیسے بنیان بالوں سے لگا ہوا ہے اس لئے شعار ہے، اور اوپر جو کرتا، صدری یا شیروانی پہن رکھی ہے وہ دِثار ہے۔ آنحضور ﷺ نے لنگی عنایت فرمائی اور ہدایت دی کہ اس کو میت کے بدن سے لگا کر رکھو، کپڑا بدن سے لگا کر رکھنے کی بہت سی شکلیں ہوسکتی ہیں مثلاً: لنگی سینہ پر رکھ دی جائے، سر پر باندھ دی جائے وغیرہ اس لئے باب لائے کہ میت کے بدن سے لنگی کس طرح لگائی جائے؟ جواب یہ ہے کہ کفن میں سب سے اوپر لنگی بچھائی جائے، پھر اس پر میت رکھی جائے، اور سب سے پہلے میت پر لنگی لپیٹیں، پھر دوسرے کپڑے لپٹیں پس لنگی میت کے بدن سے متصل رہے گی، یہ شکل متعین ہے، اس کے علاوہ جو شکلیں ہوسکتی ہیں وہ مراد نہیں۔

تکفین میں کپڑا اوڑھ کر لیٹے ہوئے شخص کو پیش نظر رکھا گیا ہے:

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے کہ جس طرح غسل میت میں غسل احیاء کو پیش نظر رکھا گیا ہے، اسی طرح میت کو کفن دینے میں اس شخص کو پیش نظر رکھا گیا ہے جو کپڑا اوڑھ کر لیٹا ہوا ہے، مرد دو کپڑے پہن

کراور چادراوڑھ کرسوتا ہے اس لئے مرد کا سنت کفن تین کپڑے ہیں: تہبند، کرتا اور لفافہ (بڑی چادر) اور کفن کفایت حُلّة (دو کپڑوں کا جوڑا) ہے یعنی تہبند اور لفافہ کیونکہ آدمی کبھی کرتا نکال کر بھی سوتا ہے، اور عورت کا کفن بھی یہی ہے البتہ کچھ کپڑے زائد ہیں، کیونکہ عورت زندگی میں کچھ زائد کپڑے پہنتی ہے، وہ سر بند (اوڑھنی) اور سینہ بند بھی استعمال کرتی ہے اس لئے عورت کا کفنِ سنت پانچ کپڑے ہیں: تہبند، کرتا، اوڑھنی (سر بند) سینہ بند اور لفافہ، سینہ بند بغلوں سے آدھی ران تک ہو، اور اوڑھنی ڈیڑھ گز لمبی ہو۔

کفن کے کپڑوں کی ترتیب:

حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ نے جو اصول لکھا ہے کہ میت کی تکفین میں اس شخص کو پیش نظر رکھا گیا ہے جو کپڑا اوڑھ کر لیٹا ہوا ہے، اس اصول کا تقاضہ یہ ہے کہ کفن کے کپڑوں کی ترتیب بھی اسی طرح ہونی چاہئے: مرد کے کفن میں سب سے پہلے ازار لپیٹا جائے، پھر کرتا پہنایا جائے پھر لفافہ لپیٹ دیا جائے مگر معمول اس کے خلاف ہے، پہلے کرتا پہناتے ہیں پھر ازار لپیٹتے ہیں، پھر لفافہ لپیٹ کر دونوں سروں سے اور درمیان سے باندھ دیتے ہیں۔

اور عورت کا کفن اس طرح ہو: سب سے پہلے سینہ بند لپیٹا جائے، پھر ازار، پھر کرتا، پھر اوڑھنی پھر لفافہ، اور کرتا لپیٹنے کے بعد سر کے بالوں کے دو حصے کر کے دونوں کندھوں پر سے لے کر سینہ پر ڈال دیئے جائیں، فقہاء کرام نے سر بند اور سینہ بند کی کوئی ترتیب نہیں لکھی، اور لوگوں میں مختلف طریقے رائج ہیں، اور سب درست ہیں۔

حسن بصریؒ کا قول: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: پانچویں کپڑے سے کرتے کے نیچے میت کی رانوں کو اور کولھوں کو باندھا جائے، اس سے معلوم ہوا کہ سینہ بند کرتے سے پہلے ہوگا، مگر اوڑھنی کا کوئی ذکر نہیں۔

اور عورت کا کفن کفایت تین کپڑے ہیں اور مرد وزن دونوں کے لئے کفن ضرورت ایسا ایک کپڑا ہے جس میں ساری میت چھپ جائے یا پھر جس قدر یا جو چیز میسر ہو اسی میں کفن دیا جائے۔

[۱۵-] بَابٌ: كَيْفَ الإِشْعَارُ لِلْمَيِّتِ؟

وَقَالَ الْحَسَنُ: الْخِرْقَةُ الْخَامِسَةُ: يَشُدُّ بِهَا الْفَخِذَيْنِ وَالْوَرِكَيْنِ تَحْتَ الدِّرْعِ.

[۱۲۶۱-] حدثنا أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَنَّ أَيُّوبَ أَخْبَرَهُ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ سِيْرِيْنَ يَقُوْلُ: جَاءَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ امْرَأَةٌ مِنَ الأَنْصَارِ، مِنَ اللَّاتِيْ بَايَعْنَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَدِمَتِ الْبَصْرَةَ، تُبَادِرُ ابْنًا لَهَا، فَلَمْ تُدْرِكْهُ، فَحَدَّثَتْنَا قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ نَغْسِلُ ابْنَتَهُ، فَقَالَ: "اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَاجْعَلْنَ فِي الآخِرَةِ كَافُوْرًا، فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِيْ" قَالَتْ: فَلَمَّا فَرَغْنَا أَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ، فَقَالَ: "أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ"

وَلَمْ يَزِدْ عَلٰى ذٰلِكَ، وَلاَ أَدْرِىْ أَىُّ بَنَاتِهِ؟ وَزَعَمَ أَنَّ الإِشْعَارَ: اَلْفُفْنَهَا فِيْهِ، وَكَذٰلِكَ كَانَ ابْنُ سِيْرِيْنَ يَأْمُرُ بِالْمَرْأَةِ أَنْ تُشْعَرَ، وَلاَ تُؤْزَرَ. [راجع: ١٦٧]

وضاحت: حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کا ایک لڑکا بصرہ میں رہتا تھا، وہ جہاد میں گیا اور زخمی ہو کر لوٹا، حضرت ام عطیہؓ بیٹے سے ملنے کے لئے مدینہ سے بصرہ گئیں، اور تیزی سے سفر کیا، تاکہ لڑکے سے ملاقات ہو جائے، مگر ابھی دو دن کے فاصلہ پر تھیں کہ لڑکے کا انتقال ہو گیا، اور حضرت ام عطیہ کی ان سے ملاقات نہ ہو سکی۔

حدیث کے ابتدائی حصہ کا ترجمہ: ابن سیرینؒ کہتے ہیں: ام عطیہؓ آئیں، جو ایک انصاری عورت ہیں، وہ ان خواتین میں سے ہیں جنھوں نے نبی ﷺ سے بیعت کی تھی، وہ بصرہ آئیں سبقت کرتی ہیں اپنے بیٹے سے، یعنی چاہتی تھی کہ بیٹے کی وفات سے پہلے بصرہ پہنچ جائیں، مگر ملاقات نہ ہو سکی۔

حدیث کے آخری حصہ کا ترجمہ: ایوب سختیانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: محمد بن سیرینؒ نے اتنی ہی حدیث بیان کی، اور میں نہیں جانتا کہ وہ صاحبزادی کونسی تھی؟ اور محمد بن سیرینؒ نے فرمایا: اشعار کے معنی ہیں: میت کو لنگی میں لپیٹ دینا، اور اسی طرح ابن سیرین حکم دیا کرتے تھے عورت کے تعلق سے کہ لنگی لپیٹی جائے، لنگی کے طور پر باندھی نہ جائے، پس نبی ﷺ نے جو لنگی عنایت فرمائی تھی وہ صاحبزادی کے بدن پر لپیٹی گئی تھی، لنگی کے طور پر باندھی نہیں گئی تھی۔

بَابٌ: هَلْ يُجْعَلُ شَعْرُ الْمَرْأَةِ ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ؟

کیا غسل کے بعد عورت کے بالوں کی تین چوٹیاں بنائی جائیں؟

حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو جن عورتوں نے نہلایا تھا انھوں نے ان کے بالوں کی تین چوٹیاں بنائی تھیں اور ان کو پیچھے ڈالا تھا، اس سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ نے کوئی ہدایت نہیں دی تھی، اس لئے عورت کے بال کس طرح اور کہاں رکھے جائیں؟ اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک بالوں کے دو حصے کئے جائیں اور دائیں بائیں کندھے سے لے کر سینہ پر رکھے جائیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بالوں کی تین چوٹیاں بنا کر پیچھے رکھی جائیں، امام بخاریؒ بھی اسی کے قائل ہیں، اور اعلاء السنن (۱۸۲:۲) میں ہے: الأمرُ واسع، یعنی خواہ یوں کرو یا ووں: سب درست ہے۔

[١٦-] بَابٌ: هَلْ يُجْعَلُ شَعْرُ الْمَرْأَةِ ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ؟

[١٢٦٢-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أُمِّ الْهُذَيْلِ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ: ضَفَرْنَا شَعْرَ بِنْتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، تَعْنِىْ: ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ، وَقَالَ وَكِيْعٌ: عَنْ سُفْيَانَ: نَاصِيَتَهَا وَقَرْنَيْهَا.

[راجع: ١٦٧]

وضاحت: ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا، وَضَفَّر الشعرَ کے معنی ہیں: بال گوندھنا، چوٹی بٹنا، کنگھی کرنے کا فقہاء میں سے کوئی قائل نہیں، جبکہ پہلے ام عطیہؓ کی روایت میں کنگھی کرنے کا بھی ذکر ہے۔

بَابٌ: يُلْقَى شَعْرُ الْمَرْأَةِ خَلْفَهَا ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ

عورت کے بال تین چوٹیاں بنا کر پیچھے ڈالے جائیں

یہ آخری ذیلی باب ہے، امام شافعی اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک میت کے بالوں کے تین حصے کر کے پیچھے ڈالیں گے اور احناف کے نزدیک دو حصے کر کے سینہ پر رکھیں گے، اور یہ مسئلہ مرفوع روایت میں نہیں ہے۔

[۱۷-] بَابٌ: يُلْقَى شَعْرُ الْمَرْأَةِ خَلْفَهَا ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ

[۱۲۶۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا حَفْصَةُ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَتْ إِحْدٰى بَنَاتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَتَانَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "اغْسِلْنَهَا بِالسِّدْرِ وِتْرًا، ثَلاَثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ ذٰلِكَ، وَاجْعَلْنَ فِي الآخِرَةِ كَافُوْرًا أَوْ: شَيْئًا مِنْ كَافُوْرٍ، فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِيْ" فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ، فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ، فَضَفَرْنَا شَعْرَهَا ثَلاَثَةَ قُرُوْنٍ، وَأَلْقَيْنَاهَا خَلْفَهَا. [راجع: ۱۶۷]

بَابُ الثِّيَابِ الْبِيْضِ لِلْكَفَنِ

سفید کپڑوں میں کفن دینا

کفن میں سفید کپڑا یا نیا کپڑا ضروری نہیں، کوئی بھی کپڑا جو پاک صاف ہو اس میں کفن دینا جائز ہے، اور اس سلسلہ میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جو کپڑا زندگی میں پہننا جائز ہے اس میں کفن دینا بھی جائز ہے، اور جس کپڑے کو پہننا مکروہ ہے اس میں کفن دینا بھی مکروہ ہے، اور جس کپڑے کو پہننا حرام ہے اس میں کفن دینا بھی حرام ہے، جیسے عورت کو ریشمی اور سرخ کپڑے میں کفن دینا جائز ہے اور مرد کو حرام اور مکروہ ہے، کیونکہ مرد کے لئے زندگی میں ریشم اور سرخ کپڑا پہننا حرام اور مکروہ ہے، البتہ سفید کپڑوں میں کفن دینا اولیٰ ہے، اور ابن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس کپڑے کو پہن کر آدمی نے نمازیں پڑھی ہیں اور عبادتیں کی ہیں ان میں کفن دینا مستحب ہے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے وصیت کی تھی کہ مجھے میری ان مستعمل چادروں میں کفن دینا، گھر والوں نے عرض کیا: ہم آپؓ کو نئے کپڑوں میں کفن دیں گے؟ آپؓ نے فرمایا: میں نے ان چادروں میں نمازیں پڑھی ہیں، نیز حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے وصیت کی تھی کہ مجھے اس جبہ میں کفن دینا کیونکہ میں نے یہ

جبہ پہن کر بدر کی جنگ لڑی ہے، معلوم ہوا نئے کپڑے میں اور سفید کپڑے میں کفن دینا ضروری نہیں۔

[۱۸-] بَابُ الثِّيَابِ الْبِيْضِ لِلْكَفَنِ

[۱۲٦٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كُفِّنَ فِيْ ثَلاَ ثَةِ أَثْوَابٍ يَمَانِيَةٍ بِيْضٍ سَحُوْلِيَّةٍ مِنْ كُرْسُفٍ، لَيْسَ فِيْهِنَّ قَمِيْصٌ وَلاَ عِمَامَةٌ. [انظر: ۱۲۷۱، ۱۲۷۲، ۱۲۷۳، ۱۲۸۷]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ کو تین سوتی، سحولی، سفید یمنی کپڑوں میں کفن دیا گیا، ان میں قمیص تھی نہ پگڑی (سحول: یمن کی ایک بستی ہے)

تشریح: آنحضرت ﷺ کے کفن کے لئے مختلف کپڑے لائے گئے تھے، اور سات کپڑے اکٹھا ہوگئے تھے، لیکن صحابہ نے ان میں سے تین کپڑوں میں کفن دیا، باقی واپس کردیئے، اور آپؐ کو جن تین کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا وہ تینوں سفید تھے ـــــ اور قمیص اور پگڑی کفن میں شامل ہیں یا نہیں؟ یہ مسئلہ چند ابواب کے بعد آرہا ہے۔

بَابُ الْكَفَنِ فِيْ ثَوْبَيْنِ

دو کپڑوں میں کفن دینا

مرد کے لئے کفنِ کفایت دو کپڑے (ازار اور لفافہ) ہیں، اور عورت کے لئے تین کپڑے (ازار، لفافہ، سر بند) بس اتنا کفن دینا بھی کافی ہے اور دو کپڑوں سے کم دینا مکروہ ہے، ہاں مجبوری ہو تو کم دینا بھی درست ہے۔

حجۃ الوداع میں ایک صحابی وقوفِ عرفہ کے دوران اونٹ سے گر گئے تھے، اور ان کی گردن کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی جس سے ان کا انتقال ہوگیا، نبی ﷺ نے ان کو احرام کی دو چادروں میں کفن دلوایا، ان کے پاس وہی دو کپڑے تھے، اور یہی باب ہے کہ کفن کفایت دو کپڑے ہیں۔

[۱۹-] بَابُ الْكَفَنِ فِيْ ثَوْبَيْنِ

[۱۲٦٥-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ إِذْ وَقَعَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، فَوَقَصَتْهُ أَوْ قَالَ: فَأَوْقَصَتْهُ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفِّنُوْهُ فِيْ ثَوْبَيْنِ، وَلاَ تُحَنِّطُوْهُ، وَلاَ تُخَمِّرُوْا رَأْسَهُ، فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا"

[انظر: ۱۲٦٦، ۱۲٦۷، ۱۲٦۸، ۱۸۳۹، ۱۸٤۹، ۱۸۵۰، ۱۸۵۱]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: اس درمیان کہ ایک صحابی وقوف عرفہ کئے ہوئے تھے اچانک اپنی سواری سے گر پڑے، پس سواری نے ان کی گردن توڑ دی، نبی ﷺ نے فرمایا: اس کو پانی اور بیری کے پتوں سے نہلاؤ اور اس کو دو کپڑوں میں کفن دو اور اس کو خوشبو مت لگاؤ اور اس کے سر کو (ابوداؤد میں ہے: اور چہرے کو) مت ڈھانکو، پس بیشک وہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتا ہوا اٹھے گا۔

لغت: وَقَصَ العنقَ: گردن توڑنا، أَوْ قَص (باب افعال) کے بھی یہی معنی ہیں۔

ملحوظہ: حالتِ احرام میں مرنے والے کا احرام باقی رہتا ہے یا ختم ہوجاتا ہے، اور اس کی تجہیز وتکفین میں احرام کی رعایت کی جائے گی یا نہیں؟ یہ مسئلہ چند ابواب کے بعد آرہا ہے، یہاں بس اتنا استدلال ہے کہ دو کپڑوں میں کفن دینا جائز ہے۔

بَابُ الْحَنُوْطِ لِلْمَيِّتِ

میت کو خوشبو لگانا

حنوط: ایک خاص قسم کی خوشبو تھی، جو چند خوشبودار چیزوں کو ملا کر میت کو لگانے کے لئے بنائی جاتی تھی، وہ صحابی جو اونٹ پر سے گر گئے تھے نبی ﷺ نے ان کو حنوط لگانے سے منع کیا، اس لئے کہ سب صحابہ احرام میں تھے، وہ خوشبو کو ہاتھ نہیں لگا سکتے تھے، معلوم ہوا کہ اگر لوگ احرام میں نہ ہوں تو میت کو حنوط یا کوئی دوسری خوشبو لگانی چاہئے۔

[۲۰-] بَابُ الْحَنُوْطِ لِلْمَيِّتِ

[۱۲۶۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ وَاقِفٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِعَرَفَةَ، إِذْ وَقَعَ مِنْ رَاحِلَتِهِ، فَأَقْصَعَتْهُ، أَوْ قَالَ: فَأَقْعَصَتْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفِّنُوْهُ فِيْ ثَوْبَيْنِ، وَلاَ تُحَنِّطُوْهُ، وَلاَ تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا"

لغت: أَقْصَعَ اور أَقْعَصَ: فوراً مار ڈالنا، مجرد قَصَع: مار ڈالنا۔

بَابٌ: كَيْفَ يُكَفَّنُ الْمُحْرِمُ؟

محرم کو کس طرح کفن دیا جائے؟

جس شخص کا احرام کی حالت میں انتقال ہوجائے اس کی تجہیز وتکفین میں احرام کی رعایت کی جائے گی یا نہیں؟ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک مرنے کے بعد بھی احرام باقی رہتا ہے، پس تجہیز وتکفین میں احرام کی رعایت کی جائے گی،

اس کا چہرہ اور سر نہیں ڈھانکا جائے گا، نہ خوشبو لگائی جائے گی۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک موت سے احرام ختم ہوجاتا ہے، حدیث میں ہے: إذا مات الإنسان انقطع عنه عمله: یعنی موت سے اعمال ختم ہوجاتے ہیں پس محرم کی تجہیز وتکفین عام اموات کی طرح کی جائے گی۔

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کی دلیل حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی وہ حدیث ہے جو بار بار آرہی ہے، نبی ﷺ نے اس میت کا سر اور چہرہ ڈھانکنے سے منع فرمایا، جس کا حالت احرام میں انتقال ہوا تھا، معلوم ہوا کہ اس کا احرام باقی ہے، اس لئے اس کی تجہیز وتکفین میں احرام کی رعایت کی گئی۔

اور بڑے دو اماموں کی دلیل حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا واقعہ ہے، ان کے صاحبزادے واقد کا بحالت احرام انتقال ہوا، ابن عمرؓ نے عام اموات کی طرح ان کو کفن پہنایا یعنی ان کے سر اور چہرے کو ڈھانکا اور فرمایا: ہم تجھے خوشبو بھی لگاتے مگر ہماری مجبوری یہ ہے کہ ہم احرام میں ہیں، خوشبو کو ہاتھ نہیں لگا سکتے (موطا مالک ص:۱۲۶)

اور مذکورہ واقعہ میں آنحضور ﷺ نے خوشبو لگانے سے اس لئے منع کیا تھا کہ سب صحابہ احرام میں تھے، اور محرم کے لئے خوشبو کو ہاتھ لگانا جائز نہیں، اور اس کی طرف حدیث میں اشارہ ہے کہ موت سے احرام ختم ہوجاتا ہے، آپؐ نے بیری کے پتے ابالے ہوئے پانی سے نہلانے کا حکم دیا جبکہ یہ پانی بہ منزلہ صابن ہے، اور احرام میں صابن اور اس کے مانند چیزیں استعمال نہیں کرسکتے، معلوم ہوا کہ ان صحابی کا احرام ختم ہوگیا تھا۔

اور آپؐ نے ان کا سر اور چہرہ ڈھانکنے سے اس لئے منع فرمایا کہ ان کو احرام کی چادروں میں کفن دیا گیا تھا، ان کے پاس اور کپڑے نہیں تھے، اور احرام کی چادریں عام طور پر اتنی بڑی نہیں ہوتیں کہ سارا جسم ڈھک جائے، اس لئے آپؐ نے چہرے اور سر کو کھلا رکھنے کا حکم دیا، کیونکہ ان کی موت بے سروسامانی، غریب الوطنی اور لاچاری کی حالت میں ہوئی تھی جس کا ان کو صلہ ملا کہ وہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتے ہوئے اٹھیں گے، جیسے احادیث میں پچاس سے زائد لوگوں کو شہید حکمی قرار دیا گیا ہے ان کو یہ فضیلت ان کی لاچاری اور حادثاتی موت ہونے کی وجہ سے حاصل ہوئی ہے۔

اور کفن کا کپڑا چھوٹا ہو تو اصل ضابطہ یہ ہے کہ سر ڈھانکا جائے اور پیروں کو کسی چیز سے چھپایا جائے، جیسے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا گیا تھا، مگر خلاف ضابطہ اس میت کا سر کھلا رکھا گیا، یہ اس کے احرام کی برکت تھی، جیسے اصل ضابطہ یہ ہے کہ شہداء کو دفن کیا جائے مگر آپؐ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو بے گور وکفن چھوڑ دینے کا ارادہ فرمایا، یہ خلافِ ضابطہ بات تھی، اگر آپؐ ایسا کرتے تو وہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی خصوصیت ہوتی، اسی طرح یہ ان صحابی کی خصوصیت تھی۔

[۲۱-] بَابٌ: كَيْفَ يُكَفَّنُ الْمُحْرِمُ؟

[۱۲۶۷-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ:

أَنَّ رَجُلاً وَقَصَهُ بَعِيْرُهُ، وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفِّنُوْهُ فِيْ ثَوْبَيْنِ، وَلاَ تُمِسُّوْهُ طِيْبًا، وَلاَ تُخَمِّرُوْا رَأْسَهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّدًا"

[١٢٦٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرٍو، وَأَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ وَاقِفٌ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَفَةَ، فَوَقَعَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، قَالَ أَيُّوْبُ: فَوَقَصَتْهُ، وَقَالَ عَمْرٌو: فَأَقْصَعَتْهُ، فَمَاتَ، فَقَالَ: " اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفِّنُوْهُ فِيْ ثَوْبَيْنِ، وَلاَ تُحَنِّطُوْهُ، وَلاَ تُخَمِّرُوْا رَأْسَهُ، فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا" قَالَ أَيُّوْبُ: "يُلَبِّيْ" وَقَالَ عَمْرٌو: " مَلَبِّيًا"

لغت: مُلَبِّدًا: چپکے ہوئے بالوں کے ساتھ، لَبَّدَ شَعْرَہ: بالوں کو کسی چیز سے چپکانا، گیسووالا جب احرام باندھتا تھا تو کسی لیسدار چیز سے بالوں کو نمدہ کی طرح چپکا دیتا تھا۔

بَابُ الْكَفَنِ فِيْ الْقَمِيْصِ الَّذِيْ يُكَفُّ أَوْلاَ يُكَفُّ، وَمَنْ كَفَنَ بِغَيْرِ قَمِيْصٍ

سلے ہوئے یا بے سلے کرتے میں کفن دینا، اور جس نے کرتے کے بغیر کفن دیا

لغت: كَفَّ الثوبَ يَكُفُّ كَفًّا (ن) کپڑے کو ترپنا، بخیہ کرنا، سینا، يُكَفُّ (مضارع مجہول) بخیہ کیا ہوا یعنی سیا ہوا، لايُكَفُّ: بخیہ نہ کیا ہوا یعنی بے سلا۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ کفن میں قمیص ہونی چاہئے یا نہیں؟ پھر قمیص ہو تو سلی ہوئی ہو یا بے سلی؟ چھوٹے دو اماموں کے نزدیک کفن میں قمیص نام کی کوئی چیز نہیں ہونی چاہئے، ان کے نزدیک کفن تین لفافے ہیں، اور ان کی دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ حدیث ہے جو ابھی گذری کہ نبی ﷺ کو تین یمنی سفید کپڑوں میں کفن دیا گیا، ان میں نہ قمیص تھی نہ پگڑی۔

اور حنفیہ کے نزدیک کفن میں قمیص ہے مگر اس میں آستین اور کلیاں نہ ہوں، یعنی برائے نام قمیص ہے، اور ان کی دلیل حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے، جو ابوداؤد (۱:۴۴۹) میں ہے: كُفِّنَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ ثلاثةِ أثوابٍ نَجْرَانِيَةٍ: الْحُلَّةُ: ثوبان، وقميصُه الذى مات فيه: رسول اللہ ﷺ کو تین نجرانی کپڑوں میں کفن دیا گیا، حلّہ (سوٹ) میں جو دو کپڑے ہیں اور آپ کی اس قمیص میں جس میں وفات ہوئی، آپ ﷺ کی قمیص غسل کے وقت نہیں نکالی گئی تھی، اسی کو کفن میں شمار کیا گیا۔

اور حضرت عائشہؓ کی حدیث میں قمیص معتاد کی نفی ہے، مطلق قمیص کی نفی نہیں، اور میت کی قمیص میں نہ آستین ہوتی ہے نہ کلیاں، اور نہ وہ سلی ہوئی ہوتی ہے، بلکہ وہ گلے سے پاؤں تک ایک کپڑا ہوتا ہے جس کا ایک حصہ میت کے اوپر ڈالا جاتا ہے

اور دوسرا نیچے ہوتا ہے، اور کندھے پر سے اس کو سی دیا جاتا ہے اور اوپر کے حصہ میں چاک کھول دیتے ہیں، تاکہ اس کو گردن میں پہنایا جاسکے۔

یا کہا جائے گا کہ قمیص کا انکار حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کے علم کے اعتبار سے ہے، کیونکہ وہ تجہیز وتکفین کی جگہ موجود نہیں تھیں، اس لئے ابن عباسؓ کی روایت کو ترجیح دی جائے گی جس میں قمیص کا اثبات ہے۔

اور بعض کہتے ہیں: میت کو باقاعدہ سلا ہوا کرتا پہنائیں گے، اس میں آستینیں اور کلیاں بھی ہونگی، کیونکہ کفن زینت ہے، مگر ائمہ اربعہ میں سے کوئی اس کا قائل نہیں، کیونکہ میت زینت کی محتاج نہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں سب مذاہب جمع کئے ہیں: القميص الذى يُكَفُّ: سلی ہوئی قمیص، یہ آخری رائے ہے جو صحیح نہیں، القميص الذى لايُكَفّ: بے سلی قمیص، یہ حنفیہ کی رائے ہے، بغير قميص: یہ شوافع کا مذہب ہے۔

[۲۲-] بَابُ الْكَفَنِ فِي الْقَمِيْصِ الَّذِىْ يُكَفُّ أَوْلاَ يُكَفُّ، وَمَنْ كُفِنَ بِغَيْرِ قَمِيْصٍ

[۱۲۶۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ: لَمَّا تُوُفِّىَ جَاءَ ابْنُهُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: أَعْطِنِىْ قَمِيْصَكَ أُكَفِّنْهُ فِيْهِ، وَصَلِّ عَلَيْهِ، وَاسْتَغْفِرْ لَهُ، فَأَعْطَاهُ قَمِيْصَهُ، فَقَالَ:" آ ذِنِّىْ أُصَلِّ عَلَيْهِ" فَآذَنَهُ، فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يُصَلِّىَ عَلَيْهِ جَذَبَهُ عُمَرُ، فَقَالَ: أَلَيْسَ اللّٰهُ نَهَاكَ أَنْ تُصَلِّىَ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ؟ فَقَالَ:" أَنَا بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ" قَالَ: ﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْلاَ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ﴾ [التوبة: ۸۰] فَصَلَّى عَلَيْهِ، فَنَزَلَتْ ﴿وَلاَ تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلاَ تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهِ﴾ [التوبة: ۸۴]. [انظر: ۴۶۷۰، ۴۶۶۲، ۵۷۹۶]

[۱۲۷۰-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو: سَمِعَ جَابِرًا قَالَ: أَتَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ بَعْدَ مَا دُفِنَ، فَأَخْرَجَهُ فَنَفَثَ فِيْهِ مِنْ رِيْقِهِ، وَأَلْبَسَهُ قَمِيْصَهُ.

[انظر: ۱۳۵۰، ۳۰۰۸، ۵۷۹۵]

وضاحت: یکف اور لایکف کو تین طرح پڑھا گیا ہے:

او۲- اگر یہ فعل مضاعف ہے تو معروف ومجہول دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں: يَكُفّ اور لا يَكُفّ (معروف): روکے اور نہ روکے، اور يُكَفُّ اور لاَ يُكَفُّ (مجہول): روکا جائے اور نہ روکا جائے، یعنی سلا ہوا ہو یا بے سلا، یہ قراءت بہتر ہے۔

۳- فعل معتل ہو، اور اصل کفی یکفی ہو، تو صرف معروف پڑھیں گے، یعنی يَكْفِ اور لاَيَكْفِ: کرتا کافی ہو یا نہ ہو، عذاب روکے یا نہ روکے، نبی ﷺ نے رئیس المنافقین کو جو کرتا پہنایا تھا وہ عذاب کو روکے گا یا نہیں؟ اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ قراءت تصحیف ہے، کاتبوں نے ی اڑادی ہے، یا مطلب یہ ہے کہ کرتا کافی ہو یا نہ ہو یعنی میت کے قد کے برابر ہو یا

چھوٹا ہو۔

اور باب کا دوسرا جزء ہے: ومن کفن بغیر قمیص: یعنی کفن میں سرے سے قمیص نہ ہو، چھوٹے دو امام اسی کے قائل ہیں۔

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب عبداللہ بن ابی بن سلول کا انتقال ہوا تو اس کا بیٹا حضور ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کیا: آپؐ مجھے اپنا کرتا عنایت فرمائیں، میں اس میں ابا کو کفن دوں گا، اور آپؐ اس کی نماز جنازہ پڑھائیں، اور اس کے لئے دعائے مغفرت کریں، نبی ﷺ نے اپنا کرتا عنایت فرمایا اور فرمایا: (جب جنازہ تیار ہوجائے) مجھے اطلاع دینا میں اس کی نماز پڑھاؤں گا، چنانچہ جنازہ تیار ہونے پر آپؐ کو اطلاع دی گئی، آپؐ نے نماز پڑھانے کا ارادہ کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپؐ کا کپڑا پکڑ کر کھینچا اور عرض کیا: کیا آپؐ کو اللہ تعالیٰ نے منافقین کا جنازہ پڑھنے سے منع نہیں کیا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''مجھے دو اچھی باتوں میں اختیار دیا گیا ہے'' اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''آپؐ ان کے لئے استغفار کریں یا نہ کریں، اگر آپؐ ان کے لئے ستر مرتبہ استغفار کریں گے تو بھی اللہ تعالیٰ ان کو نہیں بخشیں گے'' پس نبی ﷺ نے اس کی نماز پڑھائی، پھر یہ آیت نازل ہوئی: ''آپ منافقین میں سے جو مرے اس کی نماز جنازہ کبھی نہ پڑھائیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں''

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ عبداللہ بن ابی کے پاس آئے، اس کو دفن کئے جانے کے بعد یعنی قبر میں اتارے جانے کے بعد پس آپؐ نے اس کو قبر سے نکالا، اور اس پر لعاب ڈالا اور اس کو اپنا کرتا پہنایا۔

تشریح:

۱- ملعون عبداللہ بن ابی بن سلول منافقوں کا سردار تھا، اور اس کے لڑکے کا نام بھی عبداللہ تھا، اور وہ مخلص مسلمان تھے، جب ابن سلول کا انتقال ہوا تو بیٹے کی دلجوئی کے لئے نبی ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی اور کفن میں شامل کرنے کے لئے اپنا کرتا عنایت فرمایا، جب نبی ﷺ نے نماز پڑھانے کا ارادہ کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپؐ کو روکا، اور عرض کیا: اللہ عزوجل نے آپ کو منافقین کے لئے استغفار کرنے سے منع کیا ہے، آپؐ اس کی نماز نہ پڑھائیں، نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے منع نہیں کیا، بلکہ دوراہے پر کھڑا کیا ہے، استغفار کرنے اور نہ کرنے کے درمیان اختیار دیا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سمجھ رہے تھے کہ نماز جنازہ استغفار ہے، جو منافقین کے لئے بے فائدہ ہے، پس اس کی نماز پڑھنے سے کیا فائدہ؟ اس لئے انھوں نے آپؐ کو روکا۔ اور آنحضور ﷺ سمجھ رہے ہیں کہ آیت کریمہ میں استغفار کرنے اور نہ کرنے کے درمیان اختیار دیا گیا ہے، پس منافق کی نماز جنازہ پڑھنے کی گنجائش ہے خواہ اس کا فائدہ پہنچے یا نہ پہنچے، پس دونوں باتیں صحیح ہیں مگر بعد میں سورۂ توبہ ہی کی آیت ۸۴ نازل ہوئی، اور ایک راہ متعین کردی کہ منافق کی نماز جنازہ ہرگز نہ پڑھی جائے، نہ اس کی قبر پر کھڑا ہوا جائے، کیونکہ اس میں اس کا ایک طرح کا اعزاز ہے، جو نہیں ہونا چاہئے۔

۲- آنحضور ﷺ نے عبداللہ بن ابی کی جو نماز پڑھائی تھی اس میں بیٹے کی دلجوئی کے علاوہ منافقین کی تالیف قلوب

بھی مقصود تھی، جیسے آنحضور ﷺ نے ہجرت کے بعد سولہ یا سترہ مہینے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھی، کیونکہ مدینہ میں یہودی بہت تھے اوران کا قبلہ بیت المقدس تھا، اس لئے آپ نے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھی تاکہ یہود قریب آئیں مگر یہود بے بہبود قریب تو کیا آتے الٹا انھوں نے یہ پروپیگنڈہ شروع کردیا کہ محمد (ﷺ) آہستہ آہستہ ہمارے دین کے قریب آرہے ہیں اور بہت جلد یہودیت اختیار کرلیں گے، اسی طرح آپؐ نے ابن سلول کی نماز جنازہ پڑھائی، کیونکہ مدینہ میں منافقین کی بڑی تعداد تھی اور ابن سلول ان کا سردار تھا اس لئے آپؐ نے اس کو کرتا بھی عنایت فرمایا، لعاب مبارک بھی ڈالا اور نماز جنازہ بھی پڑھائی تاکہ منافقین قریب آئیں اوراس کا خاطر خواہ فائدہ ہوا، چنانچہ آنحضور ﷺ کی وفات کے وقت مدینہ میں صرف بارہ منافق رہ گئے تھے اور آپؐ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کوان کے نام بتادیئے تھے، ان بارہ کے علاوہ سب منافقین نے دل سے اسلام قبول کرلیا تھا۔

اور آنحضور ﷺ نے جو اپنا کرتا عنایت فرمایا تھا علماء نے اس کی ایک وجہ یہ بیان کی ہے کہ جنگ بدر کے قیدیوں میں آنحضور ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ بھی تھے اور وہ دراز قد تھے اور ابن سلول بھی دراز قد تھا اوراس نے حضرت عباسؓ کو پہننے کے لئے اپنا کرتا دیا تھا، آپؐ نے اس کے کفن میں شامل کرنے کے لئے اپنا کرتا عنایت فرما کراس کا احسان چکادیا۔

۳- ابن عمرؓ کی روایت میں ہے: نبی ﷺ نے جنازہ تیار ہونے سے پہلے ہی کرتا عنایت فرمایا تھا اور ابن سلول کو کفن میں وہ کرتا پہنایا گیا تھا اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ جب وہ قبر میں رکھ دیا گیا تب آپؐ نے اس کو نکالنے کا حکم دیا اوراس کو اپنا کرتا پہنایا اور لعاب مبارک ڈالا، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اس سے صرف نظر کئے بغیر چارہ نہیں۔ رہا یہ سوال کہ اصل واقعہ کیا تھا: ابن عمرؓ کی روایت میں آیا ہے وہ، یا جابرؓ کی روایت میں آیا ہے وہ؟ اس کو اب طے کرنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ آیت ۸۴ نے نازل ہوکر اس سارے معاملہ کو 'قصۂ پارینہ' کردیا ہے۔

اور کفن میں قمیص ہونی چاہئے یا نہیں؟ اور سلی ہوئی ہو یا بے سلی؟ ان مسائل میں اس حدیث سے کسی کا بھی استدلال درست نہیں، یہ حدیث تکفین کی نہیں ہے، تبرک کی ہے۔ اور تبرک کا ثبوت ہے، مگر تبرک اپنے محل میں کام کرتا ہے، غیر محل میں کام نہیں کرتا، نبی ﷺ نے جو کرتا عنایت فرمایا تھا وہ ابن سلول کے لئے بے فائدہ تھا۔

بَابُ الْكَفَنِ بِغَيْرِ قَمِيْصٍ

قمیص کے بغیر کفن دینا

یہ مسئلہ اوپر ضمناً آیا تھا اب صراحتاً آیا ہے کہ چھوٹے دواماموں کے نزدیک کفن میں قمیص نام کی کوئی چیز نہیں ہونی چاہئے، ان کے نزدیک تین کپڑے: تین لفافے ہیں، ان میں میت کو لپیٹ دیا جائے، اور احناف کے نزدیک جو کفن میں قمیص ہے وہ برائے نام ہے، نہ اس کو سلا جاتا ہے نہ اس میں آستین اور کلیاں ہوتی ہیں۔

[۲۳-] بَابُ الْكَفَنِ بِغَيْرِ قَمِيْصٍ

[۱۲۷۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُفِّنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ أَثْوَابٍ سُحُوْلٍ كُرْسُفٍ، لَيْسَ فِيْهَا قَمِيْصٌ وَلاَ عِمَامَةٌ.[راجع: ۱۲٦٤]

[۱۲۷۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كُفِّنَ فِيْ ثَلاَثَةِ أَثْوَابٍ، لَيْسَ فِيْهَا قَمِيْصٌ وَلاَ عِمَامَةٌ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: أَبُوْ نُعَيْمٍ لاَ يَقُوْلُ: ثَلاَثَةِ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ سُفْيَانَ، يَقُوْلُ: ثَلاَثَةِ.

وضاحت: اس حدیث کو ہشام سے یحییٰ بھی روایت کرتے ہیں اور سفیان ثوری بھی، پھر سفیان سے دوحضرات روایت کرتے ہیں: ابُونُعیم (امام بخاریؒ کے استاذ) اور عبداللہ بن الولید، عبداللہ کی روایت میں ثلا ثۃِ أ ثواب ہے اور یحییٰ کی روایت میں بھی یہ لفظ ہے مگر ابونُعیم کی روایت میں یہ لفظ نہیں ہے۔ اور ہمارے نسخہ میں ہے مگر اس پر نسخہ بنا رکھا ہے یعنی یہ لفظ کسی ایک نسخہ میں ہے، اور جس نسخہ میں یہ لفظ نہیں ہے وہی صحیح ہے، اس لئے ہم نے اس کو حذف کیا ہے۔

بَابُ الْكَفَنِ بِلاَ عِمَامَةٍ

پگڑی کے بغیر کفن دینا

یہ باب امام مالک رحمہ اللہ پر تعریض ہے، وہ فرماتے ہیں: میت کے عمامہ بھی باندھا جائے، مگر سوڈان کے بعض مالکی طلبہ جو یہاں پڑھ کر گئے ہیں، میں نے ان سے پوچھا تو انھوں نے انکار کیا، انھوں نے کہا: ہمارے یہاں اس کا رواج نہیں، پس یہ امام مالکؒ کا کوئی قول ہوگا۔

[۲٤-] بَابُ الْكَفَنِ بِلاَ عِمَامَةٍ

[۱۲۷۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كُفِّنَ فِيْ ثَلاَثَةِ أَثْوَابٍ بِيْضٍ سَحُوْلِيَّةٍ، لَيْسَ فِيْهَا قَمِيْصٌ وَلاَ عِمَامَةٌ.

بَابُ الْكَفَنِ مِنْ جَمِيْعِ الْمَالِ

کفن جمیع ترکہ سے دیا جائے

میت کی تجہیز و تکفین جمیع ترکہ سے ہوگی، کیونکہ یہ میت کا اپنا ذاتی خرچ ہے، اور زندگی میں اپنی ذات پر خرچ مقدم ہے، پس تجہیز و تکفین سب سے مقدم ہوگی اور جمیع ترکہ سے ہوگی، قرضے بعد میں ادا کئے جائیں گے اور وصیتیں اس کے بعد نافذ کی

جائیں گی۔

اور تجہیز و تکفین میں جو شرعاً جائز خرچ ہیں وہ سب آتے ہیں، مثلاً: نہلانے والے کی اجرت، گورکن کی اجرت وغیرہ، اور جو بدعات و رسوم کے قبیل کے خرچ ہیں ان کو میت کے مال میں سے لینا جائز نہیں۔

آثار:

۱- حضرات عطاء بن ابی رباح، زہری، عمرو بن دینار اور قتادہ رحمہم اللہ کی یہی رائے ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

۲- عمرو بن دینارؒ کہتے ہیں: جیسے کفن کا کپڑا میت کے جمیع مال سے ہوگا اس کو لگائی جانے والی خوشبو بھی جمیع مال سے ہوگی۔

۳- ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: کفن سے شروع کیا جائے یعنی سب سے پہلے تجہیز و تکفین کی جائے، تجہیز کے معنی ہیں: تیار کرنا اور تکفین کے معنی ہیں: کفن دینا، کفن دفن کے تمام جائز خرچے میت کے جمیع ترکہ سے لئے جائیں گے، پھر جو بچے گا اس سے قرضے ادا کئے جائیں گے، اور باقی ماندہ سے اگر میت نے وصیت کی ہے تو تہائی مال سے وصیت نافذ کی جائے گی اور باقی مال ورثاء کے لئے ہوگا۔

۴- سفیان ثوری رحمہ اللہ کہتے ہیں: گورکن اور نہلانے والے کا خرچہ بھی کفن میں شمار ہوگا —— غرض جو جائز خرچے ہیں وہ سب میت کے جمیع ترکہ سے لئے جائیں گے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

مسئلہ: بیوی کی تجہیز و تکفین شوہر کے ذمہ ہے، کیونکہ بیوی کا نفقہ شوہر کے ذمہ ہے، اور تجہیز و تکفین از قبیل نفقہ ہے پس بیوی کی تجہیز و تکفین شوہر کے ذمہ ہے۔

[۲۵-] بَابُ الْكَفَنِ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ

[۱-] وَبِهِ قَالَ عَطَاءٌ، وَالزُّهْرِيُّ، وَعَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، وَقَتَادَةُ.

[۲-] وَقَالَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ: الْحَنُوطُ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ.

[۳-] وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ: يُبْدَأُ بِالْكَفَنِ، ثُمَّ بِالدَّيْنِ، ثُمَّ بِالْوَصِيَّةِ.

[٤-] وَقَالَ سُفْيَانُ: أَجْرُ الْقَبْرِ وَالْغَسْلِ: هُوَ مِنَ الْكَفَنِ.

[١٢٧٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أُتِيَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ يَوْمًا بِطَعَامٍ، فَقَالَ: قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ، وَكَانَ خَيْرًا مِنِّي، فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ مَا يُكَفَّنُ فِيهِ إِلَّا بُرْدَةٌ، وَقُتِلَ حَمْزَةُ أَوْ: رَجُلٌ آخَرُ خَيْرٌ مِنِّي، فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ مَا يُكَفَّنُ فِيهِ إِلَّا بُرْدَةٌ، لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ يَكُونَ قَدْ عُجِّلَتْ لَنَا طَيِّبَاتُنَا فِي حَيَاتِنَا الدُّنْيَا، ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِي. [انظر: ١٢٧٥، ٤٠٤٥]

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پاس کبھی کھانا لایا گیا، انھوں نے فرمایا: مصعب بن عُمیر رضی اللہ عنہ شہید کئے گئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے اور ان کے پاس کفن کے لئے ایک چادر کے علاوہ کچھ نہیں تھا، اور حضرت حمزہ رضی اللہ

عنہ شہید کئے گئے یا کہا: ایک اور شخص شہید کیا گیا (مراد حضرت حمزہؓ ہیں) اور وہ مجھ سے بہتر تھا اور اس کے پاس بھی کفن کے لئے ایک چادر کے علاوہ کچھ نہیں تھا، بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں ڈرتا ہوں: کہیں ہمیں ہماری نیکیاں دنیا کی زندگی میں جلدی تو نہیں کھلائی جارہی؟

تشریح: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں، اور مالدار صحابہ میں سے ہیں، کبھی ایسا ہوتا تھا کہ افطاری کے لئے دستر خوان بچھایا جاتا، وہ کھانا دیکھ کر رونے لگتے اور حضرات مصعب بن عمیر اور حمزہ رضی اللہ عنہما کو اور ان کی عسرت کو یاد کرتے اور فرماتے: یہ حضرات مجھ سے بہتر تھے، دونوں جنگ احد میں اس حال میں شہید ہوئے کہ ان کی ملکیت میں ایک چادر کے علاوہ کچھ نہیں تھا، اسی میں ان کو کفن دیا گیا، اور ہم زندہ رہے اور ہمارا پھل پک گیا، جس کو ہم چن رہے ہیں، بخدا! مجھے ڈر لگتا ہے: کہیں ایسا تو نہیں کہ مجھے میری نیکیاں دنیا میں کھلائی جارہی ہوں! اگر ایسا ہے تو میں گھاٹے میں رہا۔ یہ سوچ کر اتنا روتے کہ ایک لقمہ بھی نہ کھا سکتے۔

غرض حضرت مصعبؓ اور حضرت حمزہؓ کی ملکیت میں ایک ایک چادر تھی اسی میں ان کو کفن دیا گیا، اور نبی ﷺ نے دریافت نہیں کیا کہ ان پر قرض ہے یا نہیں؟ انھوں نے کوئی وصیت کی ہے یا نہیں؟ معلوم ہوا کہ تجہیز وتکفین جمیع ترکہ سے ہوگی، اور دین ووصیت سے مقدم ہوگی۔

بَابٌ: إِذَا لَمْ يُوْجَدْ إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ

جب ایک ہی کپڑا میسر ہو تو اسی میں کفن دیا جائے

پہلے بتایا ہے کہ مرد اور عورت: دونوں کے لئے کفن ضرورت ایسا ایک کپڑا ہے جس میں سارا بدن چھپ جائے یا پھر جس قدر یا جو چیز میسر ہو اسی میں کفن دیا جائے، حضرت حمزہ اور حضرت مصعب رضی اللہ عنہما کو ایک ایک کپڑے میں کفن دیا گیا تھا۔ اور وہ چھوٹا تھا، چنانچہ سر چھپایا گیا اور پیروں پر گھاس ڈالی گئی۔

[۲۶-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يُوْجَدْ إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ

[۱۲۷۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْهِ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ أُتِيَ بِطَعَامٍ، وَكَانَ صَائِمًا، فَقَالَ: قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّيْ، كُفِّنَ فِيْ بُرْدِهِ، إِنْ غُطِّيَ رَأْسُهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ، وَإِنْ غُطِّيَ رِجْلَاهُ بَدَا رَأْسُهُ. وَأُرَاهُ قَالَ: وَقُتِلَ حَمْزَةُ وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّيْ، ثُمَّ بُسِطَ لَنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا بُسِطَ، أَوْ قَالَ: أُعْطِيْنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا أُعْطِيْنَا، وَقَدْ خَشِيْنَا أَنْ تَكُوْنَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا، ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِيْ حَتّٰى تَرَكَ الطَّعَامَ" [راجع: ۱۲۷۴]

قولہ: ثم بُسِطَ: پھر ہمارے لئے دنیا پھیلائی گئی جو پھیلائی گئی، یا فرمایا: ہمیں دنیا میں سے دیا گیا جو دیا گیا، اور بخدا!

ہم ڈرتے ہیں کہ ہماری نیکیاں ہمیں جلدی دے دی گئی ہیں، پھر روتے یہاں تک کہ کھانا چھوڑ دیتے۔

تشریح: اللہ تعالیٰ نے مؤمن کے اعمال کا اجر اس دنیا میں نہیں رکھا، آخرت میں رکھا ہے، اگر دنیا میں اعمال کا اجر دیا جاتا تو مؤمن کا بڑا نقصان ہوتا۔ غور کرو! ایک آدمی نے پندرہ سال کی عمر سے نماز پڑھنی شروع کی اس کی نماز کا بدلہ اگر اسی دنیا میں دیدیا جائے تو وہ کتنے دن ثواب سے متمتع ہوگا؟ ساٹھ سال، ستر سال، اسّی سال، نوے سال، سو سال، پھر تو مرے گا؟ پس اس نے پچاس سال اپنی نماز کے ثواب سے فائدہ اٹھایا اور جو نماز اس نے مرنے سے ایک دن پہلے پڑھی اس کے ثواب سے تو ایک ہی دن فائدہ اٹھایا، اس لئے اللہ تعالیٰ نے مؤمن کے اعمال کا اجر اس دنیا میں نہیں رکھا، سارا اجر آخرت میں رکھا ہے، تاکہ آخرت میں جب وہ اجر پائے تو اسے تاابد استعمال کرے، اب وہ اجر کبھی ختم نہیں ہوگا، اور یہ مضمون اللہ تعالیٰ نے سورۂ یوسف (آیت ۵۷) میں بیان کیا ہے ﴿وَلَأَجْرُ الآخِرَةِ خَيْرٌ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ﴾: اور آخرت کا اجر کہیں زیادہ بہتر ہے ایمان داروں اور تقوی شعار لوگوں کے لئے (تفصیل علمی خطباب ۱:۲۵۸ میں ہے)

اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ غایت تقوی سے دنیا کی نعمتوں کو اعمال کا بدلہ سمجھ رہے ہیں اور دلیل خَشِيْنَا ہے یعنی یہ بات احتمالی ہے یقینی نہیں، جیسے: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو وصیت کی کہ کسی کو میری موت کی خبر نہ کرنا، مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں وہ موت کی تشہیر نہ ہو جائے، اور نبی ﷺ نے موت کی تشہیر سے منع فرمایا ہے (ترمذی حدیث ۹۷۰) یہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کا غایت تقوی تھا، ورنہ اقارب کو، اصحاب کو، اہل خیر کو اور عام لوگوں کو کسی کی موت کی خبر دینا تاکہ وہ جنازہ میں شرکت کریں یا دعائے خیر کریں: جائز ہے، ممنوع تشہیر میں یہ بات داخل نہیں، اسی طرح حضرت عبدالرحمٰنؓ نے بھی انتہائی تقوی کی وجہ سے یہ بات فرمائی ہے۔

بَابٌ: إِذَا لَمْ يَجِدْ كَفَنًا إِلَّا مَا يُوَارِىْ رَأْسَهُ أَوْ قَدَمَيْهِ غُطِّىَ بِهِ رَأْسُهُ

جب کفن کے لئے نہ ہو مگر ایسا کپڑا جس سے سر یا پیر چھپ سکیں تو اس سے میت کا سر چھپایا جائے

اگر ایک ہی کپڑا ہے اور وہ چھوٹا ہے میت کا پورا جسم اس میں نہیں چھپ سکتا تو سر چھپائیں گے کیونکہ وہ اہم ہے اور پیروں پر گھاس وغیرہ ڈالیں گے۔ حضرت مصعب اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہما کو جن چادروں میں کفن دیا گیا تھا وہ چادریں چھوٹی تھیں، سر ڈھانپتے تھے تو پیر کھل جاتے تھے، اور پیر ڈھانپتے تھے تو سر کھل جاتا تھا، نبی ﷺ نے سر ڈھانپنے کا حکم دیا اور پیروں پر اذخر گھاس ڈالی گئی، اور وہ صحابی جن کا حجۃ الوداع میں اونٹ پر سے گرنے کی وجہ سے انتقال ہوا تھا ان کا سر کھلا رکھا گیا، وہ ان کی خصوصیت تھی، اور ان کے احرام کی برکت تھی۔

[۲۷-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يَجِدْ كَفَنًا إِلَّا مَا يُوَارِىْ رَأْسَهُ أَوْ قَدَمَيْهِ غُطِّىَ بِهِ رَأْسُهُ

[۱۲۷۶-] حدثنا عَمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَقِيْقٌ،

قَالَ: حَدَّثَنَا خَبَّابٌ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، نَلْتَمِسُ وَجْهَ اللّٰهِ، فَوَقَعَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا، مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ، وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا، قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ فَلَمْ نَجِدْ مَا نُكَفِّنُهُ بِهِ إِلَّا بُرْدَةً، إِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ، وَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ، فَأَمَرَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ نُغَطِّيَ رَأْسَهُ، وَأَنْ نَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الإِذْخِرِ.

[انظر: ۳۸۹۷، ۳۹۱۳، ۳۹۱٤، ٤۰٤۷، ٤۰۸۲، ٦٤۳۲، ٦٤٤۸]

ترجمہ: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ ہجرت کی، ہم اللہ کی خوشنودی ڈھونڈ رہے تھے یعنی محض دینی جذبہ سے ہجرت کی، کوئی دنیوی فائدہ پیش نظر نہ تھا، پس ہمارا اجر اللہ کے یہاں ثابت ہوگیا، پھر ہم میں سے بعض مرے درانحالیکہ انھوں نے اپنے اجر میں سے کچھ نہیں کھایا، یعنی دنیا میں ہجرت اور نیک عمل کا کچھ صلہ نہیں پایا، فتوحات کا دور نہیں دیکھا، ان میں سے مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ ہیں اور بعض وہ ہیں جن کا پھل پک گیا، پس وہ اس کو توڑ رہے ہیں یعنی دنیا میں ان کو ان کے نیک اعمال کی برکت پہنچی جس سے وہ متمتع ہو رہے ہیں، حضرت مصعب رضی اللہ عنہ جنگ احد میں شہید کئے گئے، پس نہیں پائی ہم نے ان کے لئے وہ چیز جس میں ہم ان کو کفن دیتے، سوائے ایک چادر کے، جب ہم اس چادر سے ان کا سر ڈھانکتے تو ان کے پیر کھل جاتے، اور جب پیر ڈھانکتے تو سر کھل جاتا، پس ہمیں نبی ﷺ نے حکم دیا کہ ہم ان کا سر ڈھانکیں اور ان کے پیروں پر اذخر گھاس ڈالیں۔

بَابُ مَنِ اسْتَعَدَّ الْكَفَنَ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يُنْكَرْ عَلَيْهِ

جس نے نبی ﷺ کے زمانہ میں اپنا کفن تیار کیا، پس اس پر نکیر نہیں کی گئی

اپنی حیات ہی میں پہلے سے کفن تیار کر کے رکھنا جائز ہے، اس میں کچھ حرج نہیں، نص سے یہ بات ثابت ہے، ایک خاتون نے ایک چادر بُنی، اس چادر کے کناروں میں جھالر تھے، بہت خوبصورت چادر تھی، وہ خدمتِ اقدس میں چادر لے کر حاضر ہوئی، اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے یہ چادر اپنے ہاتھوں سے بُنی ہے، تاکہ آپؐ اس کو پہنیں، اتفاق سے اس وقت آنحضور ﷺ کو چادر کی ضرورت تھی، آپؐ نے وہ ہدیہ قبول فرمایا، اور جمعہ کے دن لنگی کی جگہ اس چادر کو باندھ کر تشریف لائے، نماز کے بعد ایک صحابی نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ کتنی شاندار چادر ہے، آپؐ یہ مجھے عنایت فرمادیں، صحابہ نے اس سے کہا: تم نے اچھا نہیں کیا، تم دیکھ رہے ہو: نبی ﷺ کو اس کی ضرورت ہے اور تم یہ بھی جانتے ہو کہ نبی ﷺ کبھی سوال رد نہیں کرتے، ان صحابی نے کہا: میں نے پہننے کے لئے آپؐ سے چادر نہیں مانگی، بلکہ میں اس کو حفاظت سے رکھوں گا تاکہ جب میں مروں تو اس چادر میں مجھے کفن دیا جائے، خیر! آنحضور ﷺ گھر میں تشریف لے گئے اور پرانی لنگی باندھ کر وہ چادر ان صحابی کے پاس بھیج دی، پھر جب ان کا انتقال ہوا تو اسی چادر میں ان کو کفن دیا گیا، معلوم ہوا کہ زندگی میں کفن تیار

کر کے رکھنا جائز ہے، اس میں کچھ مضائقہ نہیں۔

[۲۸-] بَابُ مَنِ اسْتَعَدَّ الْكَفَنَ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يُنْكِرْ عَلَيْهِ

[۱۲۷۷-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلٍ: أَنَّ امْرَأَةً جَاءَ تِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِبُرْدَةٍ، مَنْسُوْجَةٍ فِيْهَا حَاشِيَتُهَا — تَدْرُوْنَ مَا الْبُرْدَةُ؟ قَالُوْا: الشَّمْلَةُ، قَالَ: نَعَمْ — قَالَتْ: نَسَجْتُهَا بِيَدِيْ، فَجِئْتُ لِأَكْسُوَكَهَا، فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، فَخَرَجَ إِلَيْنَا وَإِنَّهَا إِزَارُهُ، فَحَسَّنَهَا فُلاَنٌ، فَقَالَ: اكْسُنِيْهَا، مَا أَحْسَنَهَا! فَقَالَ الْقَوْمُ: مَا أَحْسَنْتَ، لَبِسَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، ثُمَّ سَأَلْتَهُ وَعَلِمْتَ أَنَّهُ لاَ يَرُدُّ؟ قَالَ: إِنِّيْ وَاللهِ مَا سَأَلْتُهُ لِأَلْبَسَهُ، إِنَّمَا سَأَلْتُهُ لِتَكُوْنَ كَفَنِيْ، قَالَ سَهْلٌ: فَكَانَتْ كَفَنَهُ. [انظر: ۲۰۹۳، ۵۸۱۰، ۶۰۳۶]

ترجمہ: ایک عورت نبی ﷺ کے پاس ایک چادر لائی، اس کے کناروں میں جھالر بُنے ہوئے تھے — راوی نے طلبہ سے پوچھا: جانتے ہو بُرْدۃ: کس کو کہتے ہیں؟ طلبہ نے کہا: شَمْلۃ (چادر) کو کہتے ہیں، راوی نے کہا: ہاں — اس عورت نے عرض کیا: میں نے اس کو اپنے ہاتھوں سے بُنا ہے، اور اس لئے لائی ہوں کہ آپؐ اس کو زیب تن فرمائیں، پس نبی ﷺ نے اس کو لیا ضرورت مند ہونے کے طور پر، پس آپؐ ہماری طرف نکلے درانحالیکہ وہ چادر آپؐ کی لنگی تھی یعنی لنگی کی جگہ آپؐ نے وہ چادر باندھ رکھی تھی، پس فلاں شخص نے اس چادر کی تعریف کی، اور عرض کیا: یہ چادر مجھے عنایت فرمادیں، یہ چادر کتنی اچھی ہے! پس لوگوں نے کہا: تو نے اچھا نہیں کیا، نبی ﷺ نے اس کو ضرورت مند ہونے کے طور پر پہنا ہے، پھر تو نے آپؐ سے وہ چادر مانگ لی جبکہ تو جانتا ہے کہ نبی ﷺ سوال رد نہیں کرتے، اس نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے چادر آپؐ سے اس لئے نہیں مانگی کہ میں اس کو پہنوں گا، بلکہ میں نے صرف اس لئے مانگی ہے کہ وہ میرا کفن بنے۔ سہل بن سعدؓ کہتے ہیں: پس وہ چادر اس کا کفن بنی، یعنی اس بندے نے زندگی بھر اس کی حفاظت کی اور جب اس کا انتقال ہوا تو اس کو اس چادر میں کفن دیا گیا۔

ملحوظہ: چادر کو پہلے بُردۃ کہتے تھے، قصیدہ بردہ میں یہی لفظ ہے پھر اس کو شَمْلۃ کہنے لگے، اس لئے راوی حدیث نے طلبہ سے پوچھا: جانتے ہو بردہ کس کو کہتے ہیں؟ طلبہ جانتے تھے، انھوں نے کہا: اب اس کو شملہ کہتے ہیں۔

بَابُ اتِّبَاعِ النِّسَاءِ الْجَنَازَةَ

عورتوں کا جنازہ کے ساتھ جانا

تین مسئلے ہیں: ایک: عورت کا بزرگوں کی قبروں پر جانا۔ دوم: عورتوں کا رشتہ داروں کی قبروں پر جانا۔ سوم: عورتوں کا جنازہ کے ساتھ جانا، یہ تینوں مسئلے بالکل جدا جدا ہیں، حاشیہ میں تینوں مسئلے گڈمڈ ہوگئے ہیں، اور اس باب میں تیسرا مسئلہ ہے کہ عورتوں کا جنازہ کے ساتھ جانا جائز نہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ ایک جنازہ میں تشریف لے

جا رہے تھے، آپؐ نے چند عورتوں کو ایک جگہ بیٹھا ہوا دیکھا، پوچھا: یہاں کیوں بیٹھی ہو؟ انھوں نے جواب دیا: ہم ایک جنازہ کا انتظار کررہی ہیں، آپؐ نے پوچھا: تم نے جنازہ کو نہلایا؟ انھوں نے جواب دیا: نہیں، آپؐ نے پوچھا: تم جنازہ کو کندھا دوگی؟ انھوں نے جواب دیا: نہیں، آپؐ نے پوچھا: تم جنازہ کو قبر میں اتاروگی؟ انھوں نے جواب دیا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: پس واپس جاؤ گناہوں کا بوجھ لے کر، ثواب سے خالی ہاتھ! (ابن ماجہ حدیث ۱۵۷۸) اس سوال وجواب سے معلوم ہوا کہ عورتوں کا جنازہ میں کوئی کام نہیں، پس ان کی شرکت بے فائدہ ہے، اور ان کی شرکت میں مفاسد کا اندیشہ ہے، وہ شوروشغب کریں گی، واویلا مچائیں گی، بے صبری کا مظاہرہ کریں گی، اور بے پردگی بھی ہوگی، اس لئے عورتوں کو جنازہ کے ساتھ جانے سے روک دیا گیا ہے —— اور دوسرے دو مسئلے ترمذی میں آئیں گے (دیکھئے تحفۃ الالمعی ۳: ۴۶۷)

[۲۹-] بَابُ اتِّبَاعِ النِّسَاءِ الْجَنَازَةَ

[۱۲۷۸-] حدثنا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ أُمِّ الْهُذَيْلِ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: نُهِيْنَا عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَلَمْ يُعْزَمْ عَلَيْنَا. [راجع: ۳۱۳]

ترجمہ: ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہمیں جنازہ کے ساتھ جانے سے روکا گیا مگر تاکید کے ساتھ نہیں روکا گیا، یعنی عورت میت کو دفن کرنے کے لئے جنازہ کے ساتھ جاسکتی ہے، مگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت میں جو ابن ماجہ میں ہے تاکید کے ساتھ روکا گیا ہے، چنانچہ اس کا رواج نہیں، عورتیں جنازہ کے ساتھ نہیں جاتیں۔

بَابُ إِحْدَادِ الْمَرْأَةِ عَلىٰ غَيْرِ زَوْجِهَا

شوہر کے علاوہ دوسرے رشتہ دار پر عورت کا سوگ کرنا

إحداد: (افعال) مصدر ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: روکنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: سوگ کرنا، یعنی ترک زینت۔

مسئلہ: مرد کے لئے سوگ کرنا مطلقاً جائز نہیں، اور عورتوں کے لئے غیر شوہر پر تین دن سوگ کرنا جائز ہے، عورتوں کو رشتہ داروں کی موت کا غم زیادہ ہوتا ہے، اس لئے ان کو تین دن تک سوگ کرنے کی اجازت دی گئی، اس سے زیادہ جائز نہیں، اس میں شوہر کی حق تلفی ہے، البتہ شوہر پر سوگ کرنا واجب ہے، اور یہ سوگ عورت چار مہینہ دس دن کرے گی، اور اگر عورت حاملہ ہے تو وضع حمل تک کرے گی۔

اور سوگ یعنی ترک زینت یہ ہے کہ عورت زیور نہ پہنے، بناؤ سنگھار نہ کرے، اور شوخ رنگین کپڑا نہ پہنے، سادہ رنگین کپڑا پہن سکتی ہے، سفید کپڑے ہی پہننے ضروری نہیں اور جاہلوں میں سوگ کا جو مطلب سمجھا جاتا ہے کہ عورت عدت میں سورج نہ دیکھے، ہاتھوں کی چوڑیاں توڑ دے (سونے کی چوڑیاں اتار لیتی ہیں کانچ کی توڑتی ہیں) یہ سب جاہلانہ باتیں ہیں، شریعت

مطہرہ کا ان فضول باتوں سے کچھ تعلق نہیں۔

[۳۰-] بَابُ إِحْدَادِ الْمَرْأَةِ عَلٰى غَيْرِ زَوْجِهَا

[۱۲۷۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: تُوُفِّيَ ابْنٌ لِأُمِّ عَطِيَّةَ، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ دَعَتْ بِصُفْرَةٍ، فَتَمَسَّحَتْ بِهِ، وَقَالَتْ: نُهِيْنَا أَنْ نُحِدَّ أَكْثَرَ مِنْ ثَلاَثٍ، إِلَّا لِزَوْجٍ. [راجع: ۳۱۳]

وضاحت: پہلے بتایا ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کا ایک لڑکا جہاد میں زخمی ہوکر گھر لوٹا تھا، حضرت ام عطیہؓ اس سے ملنے کے لئے مدینہ منورہ سے بصرہ گئیں، ابھی دو دن کی مسافت پر تھیں کہ صاحبزادے کا انتقال ہوگیا، اور ماں کی بیٹے سے ملاقات نہ ہوسکی، اس موقعہ پر جب تین دن پورے ہوئے تو حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے صفرہ منگوایا، یہ خاص قسم کی عورتوں کی خوشبو ہے، اس میں جزِ غالب زعفران ہوتا ہے، ام عطیہؓ نے وہ خوشبو لگائی پھر فرمایا: ہمیں شوہر کے علاوہ کا تین دن سے زیادہ سوگ کرنے سے روکا گیا ہے، یعنی صرف تین دن غیر شوہر کا سوگ کرنے کی اجازت ہے، اس سے زیادہ نہیں، اس لئے ام عطیہؓ نے خوشبو لگا کر عملی طور پر سوگ ختم کیا۔

[۱۲۸۰-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَتْ: لَمَّا جَاءَ نَعْيُ أَبِيْ سُفْيَانَ مِنَ الشَّامِ، دَعَتْ أُمُّ حَبِيْبَةَ بِصُفْرَةٍ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ، فَمَسَحَتْ عَارِضَيْهَا وَذِرَاعَيْهَا، وَقَالَتْ: إِنِّيْ كُنْتُ عَنْ هٰذَا لَغَنِيَّةً، لَوْلاَ أَنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لاَ يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلاَثٍ، إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ، فَإِنَّهَا تُحِدُّ عَلَيْهِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا. [انظر: ۱۲۸۱، ۵۳۳۴، ۵۳۳۹، ۵۳۴۵]

ترجمہ: زینب بنت ابی سلمہ کہتی ہیں: جب شام سے ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی موت کی خبر آئی تو ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے وفات کے تیسرے دن زرد خوشبو منگوائی اور اسے اپنے رخساروں اور کلائیوں پر لگائی، پھر فرمایا: بیشک میں اس سے بے نیاز ہوں (یعنی خوشبو لگانے کی مجھے حاجت نہیں، کیونکہ بناؤ سنگھار شوہر کے لئے کیا جاتا ہے اور نبی ﷺ نہیں رہے، پس میں کس کے لئے خوشبو لگاؤں؟) مگر میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''کسی بھی عورت کے لئے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہے، تین دن سے زیادہ کسی میت کا سوگ کرنا جائز نہیں، مگر شوہر مستثنیٰ ہے، پس بیشک عورت اس کا سوگ چار مہینہ دس دن تک کرے گی۔

تشریح:

۱- ابوسفیان رضی اللہ عنہ فتح مکہ کے موقع پر مسلمان ہوئے ہیں، وہ ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے والد تھے،

اور یہاں حدیث میں وہم ہے، صحیح یہ ہے کہ شام سے یزید بن ابی سفیان کی موت کی خبر آئی تھی، وہ شام کے امیر تھے اور حضرت ابوسفیانؓ کا انتقال ۳۲ یا ۳۳ ہجری میں مدینہ میں ہوا ہے، حافظ رحمہ اللہ نے اسی کو ترجیح دی ہے، تفصیل فتح الباری میں ہے۔

جب یزید بن ابی سفیان کی موت کی خبر آئی تو حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے تیسرے دن خوشبو منگوا کر استعمال کی، اور فرمایا: مجھے خوشبو لگانے کی ضرورت نہیں، مگر چونکہ نبی ﷺ نے شوہر کے علاوہ کسی بھی میت کا تین دن سے زیادہ سوگ کرنے کی ممانعت فرمائی ہے، اس لئے میں نے خوشبو لگا کر عملی طور پر سوگ ختم کیا۔

۲-تُؤْمن باللہ والیوم الآخر: یوم آخر کا تذکرہ اس لئے کیا کہ عمل پر ابھارنے والا یہی عقیدہ ہے، اگر واقعی قیامت کا یقین ہو تو بندہ نہ کوئی نیک عمل چھوڑے اور نہ کوئی گناہ کرے، اور جب یہ عقیدہ کمزور ہوتا ہے تو آدمی نمازیں تک نہیں پڑھتا، اور برائی بے جھجک کرتا ہے، اس لئے عمل پر ابھارنے کے لئے اس عقیدہ کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

[۱۲۸۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِیْ سَلَمَةَ، أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلٰى أُمِّ حَبِيْبَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لَايَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ، إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا" [راجع: ۱۲۸۰]

[۱۲۸۲-] ثُمَّ دَخَلْتُ عَلٰى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِيْنَ تُوُفِّیَ أَخُوْهَا، فَدَعَتْ بِطِيْبٍ فَمَسَّتْ بِهِ، ثُمَّ قَالَتْ: مَالِیْ بِالطِّيْبِ مِنْ حَاجَةٍ، غَيْرَ أَنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَايَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ تُحِدُّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ، إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا" [انظر: ۵۳۳۵]

وضاحت: جب ام المؤمنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے بھائی کا انتقال ہوا تو انھوں نے بھی تیسرے دن خوشبو لگا کر عملی طور پر سوگ ختم کیا اور فرمایا: مجھے خوشبو لگانے کی ضرورت نہیں تھی، مگر چونکہ نبی ﷺ نے شوہر کے علاوہ پر تین دن سے زیادہ سوگ کرنے سے منع کیا ہے، اس لئے میں نے خوشبو لگا کر عملی طور پر سوگ ختم کیا، اس واقعہ کی راویہ بھی زینب بنت ابی سلمہ ہیں۔

قولہ: ثم دَخَلتُ: یہ ثُمَّ بمعنی واو ہے، یعنی یہ دو الگ الگ واقعے ہیں، کونسا واقعہ پہلے ہے کونسا بعد میں اس سے قطع نظر۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے تحفۃ القاری کی جلد سوم تمام ہوئی۔ جلد چہارم کتاب الصلاۃ (الجنائز) [۳۱-] زیارۃ القبور سے ان شاء اللہ شروع ہوگی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَابُ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ

زیارتِ قبور کا بیان

اس باب میں زیارتِ قبور کے لئے قبرستان جانے کا مسئلہ ہے، ابتدائے اسلام میں زیارت قبور کے لئے قبرستان جانے سے منع کیا گیا تھا، اور یہ ممانعت آنحضور ﷺ کے لئے بھی تھی، آپؐ کی اپنی والدہ کی قبر پر حاضری کی بڑی خواہش تھی، مگر اجازت نہیں تھی، کچھ عرصہ بعد آپؐ کو اجازت مل گئی، اس سے آپؐ نے سمجھا کہ ممانعت ختم ہوگئی، اب ہر شخص قبرستان جاسکتا ہے، چنانچہ آپؐ نے فرمایا: ''میں نے آپ لوگوں کو زیارتِ قبور سے منع کیا تھا، اب محمد (ﷺ) کو ان کی والدہ کی قبر پر جانے کی اجازت مل گئی ہے، لہٰذا اب آپ لوگ قبرستان جایا کریں'' (مسلم حدیث ۱۰۸)

اور شروع میں زیارتِ قبور سے اس لئے روکا گیا تھا کہ عام مسلمانوں کے دلوں میں ابھی توحید کا بیج پوری طرح جما نہیں تھا، اس لئے اندیشہ تھا کہ قبرستان جانے سے قبور پرستی کا سلسلہ شروع نہ ہوجائے، اس لئے قبروں پر جانے کی ممانعت کی گئی، پھر جب امت کا توحیدی مزاج پختہ ہوگیا، اور اسلام کی بنیادی تعلیمات دلوں میں جڑ پکڑ گئیں، اور دلوں میں شرک کی نفرت بیٹھ گئی، اور قبور پر جانے میں شرک کا اندیشہ نہ رہا تو آپؐ نے قبور پر جانے کی اجازت دیدی اور جواز کی وجہ یہ بیان کی کہ قبرستان جانے سے دنیا سے دل اکھڑتا ہے، اور آخرت کی رغبت پیدا ہوتی ہے (مشکوٰۃ حدیث ۱۷۶۹) یعنی قبروں پر جانے سے آدمی کو اپنی موت یاد آتی ہے، اس لئے وہ انقلاباتِ دہر سے عبرت حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ پس آدمی کو وقتاً فوقتاً گورِ غریباں جانا چاہئے۔

عورتوں کے لئے زیارتِ قبور کا حکم

اور عورتوں کے حق میں ممانعت مرتفع ہوئی یا نہیں؟ یعنی عورتیں قبرستان جاسکتی ہیں یا نہیں؟ اس سلسلہ میں آراء اور دلائل مختلف ہیں اور کوئی فیصلہ کرنا مشکل ہے، ایک طرف آنحضور ﷺ کا یہ ارشاد ہے: **كنتُ نَهَيْتُكُمْ عن زيارة القبور فَزُوْرُوها**: میں نے تمہیں قبروں کی زیارت کرنے سے روکا تھا، مگر اب اجازت ہے، لہٰذا قبرستان جاؤ، یہ حدیث مردوں اور عورتوں کے لئے عام ہے۔ اسی طرح **فقد أُذِن لمحمد** بھی عام ہے، اس کے عموم میں عورتیں بھی شامل ہیں، اس لئے ان

کو قبرستان جانے کی اجازت ہوگی۔

اور دوسری طرف حدیث ہے: إِنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لَعَنَ زَوَّارَاتِ القبور: نبی ﷺ نے بکثرت قبروں پر جانے والی عورتوں پر لعنت فرمائی۔ یہ حدیث معمول بہ ہے یا منسوخ؟ یعنی جب قبرستان جانے کی ممانعت تھی، مردوں کے لئے بھی اور عورتوں کے لئے بھی، اس زمانہ کی یہ حدیث ہے یا بعد کی ہے؟ اگر دورِ اول کی ہے تو منسوخ ہے اور بعد کی ہے تو معمول بہ ہے، یعنی ممانعت صرف مردوں کے تعلق سے ختم ہوئی ہے، عورتوں کے تعلق سے باقی ہے، مگر کوئی قرینہ ایسا نہیں جس سے یہ بات طے کی جائے کہ یہ روایت کس دور کی ہے، اور اگر یہ فرض کریں کہ یہ روایت بعد کی ہے یعنی عورتوں کے تعلق سے ممانعت باقی ہے تو پھر دو احتمال ہیں: زَوَّارَات صیغۂ مبالغہ ہے، اس سے بکثرت قبرستان جانے والی عورتیں مراد ہیں، یا یہ بمعنی زائرات (قبرستان جانے والی) ہے، اگر مبالغہ مراد ہے تو حدیث کا حاصل یہ ہوگا کہ عورتوں کے لئے بکثرت قبرستان جانا ممنوع ہے، گاہ گاہ جاسکتی ہیں، اور اگر بمعنی زائرات ہے تو عورتوں کے لئے مطلق قبرستان جانا ممنوع ہوگا۔ غرض یہ حدیث فیصلہ کن نہیں ہے۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے بھائی کی قبر پر گئی ہیں، ان کے بھائی عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کا ایک گاؤں میں انتقال ہوا تھا جو مکہ سے بیس میل کے فاصلہ پر تھا، ان کا جنازہ مکہ لایا گیا اور حجون (مکہ کا قبرستان) میں دفن کیا گیا، جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حج یا عمرہ کے لئے مکہ آئیں تو اپنے بھائی کی قبر پر گئیں اور فرمایا: اگر میں آپ کے انتقال کے وقت موجود ہوتی تو قبر پر نہ آتی، حضرت عائشہؓ قبر پر گئی بھی ہیں اور نہ جانے کی بات بھی فرما رہی ہیں اس لئے یہ روایت بھی فیصلہ کن نہیں۔ یہ روایت ترمذی (حدیث ۱۰۳۹) میں ہے۔

اور علماء میں بھی اختلاف ہے، امام اعظم رحمہ اللہ سے دو روایتیں مروی ہیں، جواز کی بھی اور عدم جواز کی بھی، اور حضرت نانوتوی قدس سرہ کی رائے یہ ہے کہ عورتوں کو قبرستان جانے سے احتراز کرنا چاہئے، آپ فیوضِ قاسمیہ (مکتوب اول) میں تحریر فرماتے ہیں: ''آرے در بارۂ زناں کہ بہر زیارت قبور روند لعنتِ خدا در احادیث مروی است، بناءً علیہ زناں را احتراز ضروری است'' اور بہشتی زیور (حصہ گیارہ ص:۱۰۲) میں زیارت قبور کا استحباب مردوں کے تعلق سے بیان کیا ہے، عورتوں کا تذکرہ نہیں کیا، اور فتاوی دار العلوم (۶:۴۱۸) میں ہے: راجح یہی ہے کہ عورت زیارت قبور کو نہ جائے۔

اور میری ناقص رائے یہ ہے کہ عورتوں کو بکثرت قبرستان نہیں جانا چاہئے، نہ رشتہ داروں کی قبروں پر اور نہ بزرگوں کی قبروں پر، کیونکہ بزرگوں کی قبروں پر جائیں گی تو فسادِ عقیدہ کا خطرہ ہے، صاحب قبر سے مرادیں مانگیں گی اور کردنی ناکردنی کریں گی، اور رشتہ داروں کی قبروں پر روئیں گی دھوئیں گی اور بے صبری کا مظاہرہ کریں گی، اس لئے عورتوں کے لئے بکثرت قبرستان جانا ممنوع ہے، البتہ کبھی کسی قبر پر جائے تو گنجائش ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جو اپنے بھائی کی قبر پر گئی بھی ہیں اور نہ جانے کی بات بھی کہہ رہی ہیں، اس سے یہی بات نکلتی ہے اس صورت میں زوّارات سے مبالغہ مراد ہوگا، یعنی

عورتوں کے لئے بکثرت قبرستان جانا ممنوع ہے۔ کیونکہ زوّارات اگر مطلق زیارت کے معنی میں ہوتا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک بار بھی بھائی کی قبر پر نہ جاتیں۔

اور اولیاء کی قبور کی زیارت کے لئے سفر کر کے جانا مطلقاً ممنوع ہے، کیونکہ یہ دین کی تحریف اور غیر اللہ کی عبادت کا ذریعہ ہے اور یہ ممانعت مردوں کے لئے بھی ہے اور عورتوں کے لئے بھی، تفصیل کتاب فضل الصلوٰۃ میں گذر چکی ہے۔

فائدہ: اب لوگوں میں زیارتِ قبور کا سلسلہ تقریباً ختم ہوگیا ہے، سال کا سال گذر جاتا ہے مگر گورغریباں میں کوئی نہیں جاتا، جب کوئی میت ہوتی ہے تو اس کو دفن کرنے کے لئے جاتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں، زیارتِ قبور مامور بہ ہے، اس میں اموات کا بھی فائدہ ہے، اور زندوں کا بھی، اپنی موت یاد آتی ہے، اور دنیا سے دل اکھڑتا ہے، پس گاہ بہ گاہ عام قبرستان میں جانا چاہئے۔

ہاں بزرگوں کی قبروں پر جانے کا سلسلہ جاری ہے، بلکہ دن بدن بڑھتا جارہا ہے، مگر یہ دیوبندیت نہیں، جب جہالت بڑھے گی تو یہی سلسلہ قبر پرستی کی شکل اختیار کرلے گا، علاوہ ازیں: اولیاء کی قبور پر جاکر اپنی موت کو کوئی یاد نہیں کرتا، یہ مقصد تو گورغریباں میں جاکر پورا ہوتا ہے پس کبھی کبھار زیارتِ قبور کے لئے ضرور جانا چاہئے اور وہاں جاکر وہی معاملہ کرنا چاہئے جو سنت سے ثابت ہے، بعض لوگ قبروں پر مراقبہ کرتے ہیں اور بعض ذکر جہری کرتے ہیں یہ سنت سے ثابت نہیں، پس اس سے احتراز کرنا چاہئے، علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ نے فتح القدیر (۱۰۲:۲) میں تحریر فرمایا ہے: والمعهودُ من السنة ليس إلا زيارتُها والدعاءُ عندها قائما كما كان يفعل النبى صلى الله عليه وسلم فى الخروج إلى البقيع: سنت نبوی سے ثابت نہیں مگر قبور کی زیارت کرنا اور ان کے پاس کھڑے ہوکر دعا کرنا، جس طرح نبی ﷺ کیا کرتے تھے، جب آپؐ بقیع قبرستان میں تشریف لے جاتے تھے۔ اور حضرت الاستاذ علامہ ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ (صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند) کے ساتھ میں کئی مرتبہ قبرستان قاسمی گیا ہوں، جہاں سے قبرستان شروع ہوتا ہے وہاں حضرتؒ بجلی کے کھمبے کے پاس رک جاتے تھے، اور تقریباً دس منٹ کھڑے ہوکر کچھ پڑھتے تھے، پھر واپس لوٹ جاتے تھے، یہی سنت ہے۔ مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۴۶۲:۳) میں ہے۔

[۳۱-] بَابُ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ

[۱۲۸۳-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِامْرَأَةٍ تَبْكِيْ عِنْدَ قَبْرٍ، فَقَالَ: "اتَّقِى اللّٰهَ وَاصْبِرِىْ" قَالَتْ: إِلَيْكَ عَنِّىْ! فَإِنَّكَ لَمْ تُصَبْ بِمُصِيْبَتِىْ، وَلَمْ تَعْرِفْهُ. فَقِيْلَ لَهَا: إِنَّهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَتْ بَابَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ تَجِدْ عِنْدَهُ بَوَّابِيْنَ، فَقَالَتْ: لَمْ أَعْرِفْكَ، فَقَالَ: "إِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰى"

[راجع: ۱۲۵۲]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ایک عورت کے پاس سے گذرے جو ایک قبر کے پاس رو رہی تھی، آپؐ نے فرمایا: ''اللہ سے ڈر اور صبر کر'' اس نے کہا: مجھ سے ہٹ! تجھ پر مجھ جیسی مصیبت نہیں آئی (اس عورت کا بچہ فوت ہوگیا تھا) اور اس نے نبی ﷺ کو پہچانا نہیں (آپؐ کے وہاں سے چلے جانے کے بعد) اس عورت سے کہا گیا: وہ نبی ﷺ تھے، پس وہ نبی ﷺ کے گھر آئی، اور اس نے آپؐ کے دروازے پر دربان نہیں پائے، پس اس نے کہا: میں نے آپ کو پہچانا نہیں، آپؐ نے فرمایا: ''صبر صدمہ کی ابتدا میں ہے'' یعنی مصیبت پر صبر کرنے کا ثواب اس وقت ہے جب پہلی بار مصیبت دل سے ٹکرائے اس وقت صبر کرے، بعد چندے تو ہر کسی کو صبر آ ہی جاتا ہے۔

تشریح:

۱- یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے، اور یہاں حدیث سے عورتوں کے قبرستان جانے کے جواز پر استدلال کیا ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے اس عورت کے قبرستان جانے پر کوئی نکیر نہیں کی، معلوم ہوا کہ عورت کے لئے قبرستان جانے کی گنجائش ہے۔

۲- اس عورت نے آنحضور ﷺ کو جو نامناسب جواب دیا تھا اس سے اس کے ایمان کے لئے کوئی خطرہ پیدا نہیں ہوا، کیونکہ وہ اپنے بچہ کے غم میں نڈھال تھی، اور اس نے نبی ﷺ کو پہچانا بھی نہیں تھا۔ جیسے ایک مرتبہ شراب کا دور چل رہا تھا، مجلس میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، ایک باندی نے چند اشعار گائے اور حضرت حمزہؓ کو جوش دلایا، وہ کھڑے ہوئے اور قریب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اونٹنی بیٹھی تھی اس کو ذبح کردیا، حضرت علیؓ کو بڑا صدمہ ہوا، اور انھوں نے آنحضور ﷺ سے شکایت کی، آپؐ حضرت حمزہؓ کے پاس تشریف لے گئے، وہ نشہ میں تھے، انھوں نے آپؐ کو پیر سے سر تک دیکھا اور کہا: تم سب میرے باپ کے غلام ہو! یعنی اگر میں نے تمہاری اونٹنی ذبح کردی تو کیا حرج ہے! یہ تو میرے باپ کی تھی۔ یہ واقعہ شراب کی حرمت سے پہلے کا ہے، آنحضور ﷺ خاموشی سے لوٹ گئے، اس لئے کہ حضرت حمزہؓ ہوش میں نہیں تھے، ان سے بات کرنا بیکار تھا، مگر اس سے حضرت حمزہ کے ایمان میں کچھ فرق نہیں پڑا، کیونکہ وہ نشہ میں تھے، ان کو اپنی بات کا ہوش نہیں تھا، اسی طرح یہ عورت بھی بچہ کے غم میں نڈھال تھی، اور اس نے نبی ﷺ کو پہچانا بھی نہیں تھا، اس لئے اس کے ایمان میں کوئی فرق نہیں پڑا۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: يُعَذَّبُ الميتُ بِبَعْضِ بُكَائِهِ عَلَيْهِ

پسماندگان کے کچھ رونے سے میت کو سزا دی جاتی ہے!

کسی کی موت پر رنجیدہ اور غمگین ہونا اور رونا فطری بات ہے اور اس بات کی علامت ہے کہ آدمی کے دل میں محبت اور دردمندی کا جذبہ موجود ہے، جو امر محمود ہے، مگر رونے کی دو صورتیں ہیں: محض بُکاء: یعنی آنسو بہانا، یہ جائز ہے اور نوحہ ماتم

کرنا، یعنی چیخ چیخ کر رونا اور میت کے سچے جھوٹے فضائل بیان کرنا: یہ حرام ہے، اس کی وجہ سے میت کو سزا دی جاتی ہے، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: میت کو کچھ رونے کی وجہ سے سزا دی جاتی ہے: وہ کچھ رونا یہی نوحہ ماتم کرنا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں اس کی وضاحت کی ہے، اور تین باتیں ارشاد فرمائی ہیں:

پہلی بات: ہر شخص پر گھر والوں کی اسلامی تربیت کرنا فرض ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: خود کو اور گھر والوں کو جہنم کی آگ سے بچاؤ (التحریم آیت ۶) یعنی گھر والوں کی اسلامی تربیت کرو، اور نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر شخص چرواہا (نگہبان) ہے اور تم میں سے ہر شخص سے اس کی رعیت (ریوڑ) کے بارے میں پوچھا جائے گا، یعنی گھر کا بڑا گھر والوں کے دین و دنیا کا ذمہ دار ہے، اور اس کی ذمہ داری کے بارے میں باز پرس ہوگی، پس جس شخص نے نوحہ ماتم کی رسم مٹانے کی سعی نہیں کی اور گھر والوں کو رونے پیٹنے سے منع نہیں کیا اور ان کی اسلامی تربیت نہیں کی: اس نے آیتِ کریمہ پر عمل نہیں کیا اور اپنی ذمہ داری میں کوتاہی کی، اس لئے میت کو عذاب ہوگا، کیونکہ اس میں میت کا قصور ہے اور جو شخص نوحہ ماتم کو ناپسند کرتا تھا اور گھر والوں کو منع کرتا تھا پھر بھی اس پر نوحہ کیا گیا تو میت کو عذاب نہیں ہوگا جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سورۂ انعام (آیت ۱۶۴) اور سورۂ فاطر (آیت ۱۸) میں یہ اصول بیان کیا گیا ہے کہ ایک شخص کے گناہ کی سزا دوسرے کو نہیں دی جاتی، پس یہ کیسے ممکن ہے کہ روئیں گھر والے اور سزا پائے مرنے والا؟ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ بات اس صورت میں ہے جبکہ مرنے والے کے خاندان میں ماتم کا رواج نہ ہو، لیکن اگر کسی گھرانے میں نوحہ ماتم کا رواج تھا اور میت نے گھر والوں کی اسلامی تربیت نہیں کی اور ان کو اپنے پیچھے رونے پیٹنے سے منع نہیں کیا تو اس میں میت کا قصور ہے، وہ اس ماتم کا سبب ہے اس لئے اس کو سزا ہوگی۔

دوسری بات: رونے کی دو قسمیں ہیں: بکائے رحمت: یعنی مرنے والے کی محبت میں آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں مگر شریعت کے خلاف کوئی بات زبان سے نہ نکالے تو یہ نہ صرف جائز ہے بلکہ امر محمود ہے، کیونکہ یہ رقت قلبی کا نتیجہ ہے، اور رحمدلی امر محمود ہے، عمرانی زندگی میں باہمی الفت و محبت اس پر موقوف ہے اور انسان کی سلامتی مزاج کا بھی یہی تقاضہ ہے اور اس سے غم بھی ہلکا پڑتا ہے۔

اور دوسری قسم: نوحہ ماتم کرنا۔ یعنی میت پر چلا کر رونا، اور میت کے مبالغہ آمیز فضائل بیان کرنا: ان امور کی قطعاً اجازت نہیں، اس سے مرنے والے کو عذاب ہوتا ہے۔

تیسری بات: جس طرح کسی جرم کا ارتکاب قابل سزا ہے اسی طرح جرم کا سبب بننا بھی قابل سزا ہے، نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے: ''جو کوئی ظلماً قتل کیا جاتا ہے تو آدمؑ کی پہلی اولاد کو اس گناہ کا ایک حصہ پہنچتا ہے، کیونکہ اس نے سب سے پہلے قتل کا طریقہ جاری کیا ہے'' قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو ظلماً قتل کیا تھا اور یہ روئے زمین پر پہلا قتل تھا اور جو کسی گناہ کا راستہ کھولتا ہے تو اس گناہ پر جتنے لوگ چلتے ہیں ان سب کا گناہ اس شخص کے نامہ اعمال میں بھی لکھا جاتا ہے جو اس

گناہ کا سبب بنا ہے اس لئے قیامت تک جتنے ظلماً قتل ہونگے سب کا گناہ قابیل کے نامہ اعمال میں بھی لکھا جائے گا، اسی طرح جس نے اپنے گھر والوں کی اسلامی تربیت نہیں کی اور ان کو نوحہ ماتم سے نہیں روکا چنانچہ جب وہ مرا تو اس پر بھی نوحہ کیا گیا تو مرنے والا اس نوحہ اور ماتم کا سبب بنا، اس لئے میت کو بھی سزا دی جائے گی، اور یہ دوسرے کے گناہوں کی گٹھری نہیں ہے بلکہ اپنے ہی گناہوں کی گٹھری ہے کیونکہ وہ نوحہ کرنے کا سبب بنا ہے۔

فائدہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کا کہ پسماندگان کے رونے سے میت کو عذاب ہوتا ہے: انکار کرتی تھیں، ترمذی شریف میں ہے کہ حضرت عائشہؓ کے سامنے جب ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مذکورہ حدیث نقل کی گئی تو فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوعبدالرحمٰن کی مغفرت فرمائیں! انھوں نے قصداً جھوٹ نہیں بولا، بلکہ وہ بھول گئے یا چوک گئے، یعنی جس موقع پر وہ حدیث ارشاد فرمائی گئی تھی اس کو بھول گئے یا حدیث سمجھنے میں ان سے غلطی ہوگئی۔ واقعہ یہ تھا کہ ایک یہودی بڑھیا کا انتقال ہوگیا تھا، اس پر ماتم کیا جارہا تھا، نبی ﷺ وہاں سے گذرے تو فرمایا: ''یہ لوگ بڑھیا کو رورہے ہیں اور بڑھیا قبر میں سزا دی جارہی ہے''یعنی اگر رونا تھا تو کسی اچھے کو روتے ایسے کو رورہے ہیں جو قبر میں عذاب میں مبتلا ہے (ترمذی حدیث ۹۸۸)

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی یہ حدیث روایت کرتے ہیں، ان پر صدیقہ نے یہ تبصرہ کیا کہ آنحضور ﷺ نے یہ بات مسلمانوں کے بارے میں نہیں فرمائی بلکہ کافروں کے بارے میں فرمائی ہے کہ پسماندگان کے رونے سے کافر کا عذاب بڑھایا جاتا ہے (یہ روایت باب میں آرہی ہے)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نقد کا حاصل یہ ہے کہ حدیث کا محمل خاص ہے، مسلمانوں کے تعلق سے یہ حدیث نہیں، اور کافر کو قبر میں جو عذاب ہوتا ہے وہ اس کے اعمال کی وجہ سے ہوتا ہے، پسماندگان کے ماتم کرنے کی وجہ سے نہیں ہوتا۔

حضرت عائشہؓ نے قرآنِ کریم کی آیت: ﴿وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرىٰ﴾ سے بھی استدلال کیا ہے، اس آیت میں یہ اصول بیان کیا گیا ہے کہ ایک شخص کے گناہ کی سزا دوسرے شخص کو نہیں دی جاتی، پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ روئیں گھر والے اور سزا پائے مرنے والا؟! لیکن حضرت عائشہؓ کا یہ نقد صحیح نہیں، حضرت عائشہؓ نے متعدد صحابہ کی روایات پر نقد کیا ہے جو تقریباً پونے دوسو ہیں، علامہ بدرالدین زرکشی رحمہ اللہ نے ایک کتاب میں ان کو جمع کیا ہے اور محاکمہ کیا ہے، جس کا نام ہے: **الإصابة في ما اسْتَدْرَكَتْهُ السَّيِّدَةُ عائشةُ على الصحابة**: یعنی حضرت عائشہؓ نے صحابہ پر جو استدراکات (اعتراضات) کئے ہیں ان میں درست کیا ہے؟ اس کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عائشہؓ کے بیشتر اعتراضات صحیح نہیں، روایتیں صحیح ہیں، البتہ کچھ اعتراضات صحیح ہیں۔ یہاں بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ابن عمرؓ کی طرف جو وہم کی نسبت کی ہے وہ صحیح نہیں، کیونکہ اس مضمون کی روایات متعدد صحابہ سے مروی ہیں اور سب سے بھول ہوگئی ہو یہ بات بعید از قیاس ہے، اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ نے جو واقعہ بیان کیا ہے وہ اپنی جگہ صحیح ہے، مگر وہ الگ واقعہ ہے اور مذکورہ حدیث مسلمانوں کے تعلق سے ہے اور حضرت عائشہؓ نے درایۃً جو اعتراض کیا ہے اس کا جواب حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے دیا ہے کہ جس

شخص نے اپنے گھر والوں کی اسلامی تربیت کی ہے اور وہ ان کو نوحہ کرنے سے منع کیا کرتا تھا پھر بھی پسماندگان نے نوحہ کیا تو وہ خود اس کے ذمہ دار ہونگے، ان کے گناہ کی سزا میت کو نہیں دی جائے گی، اور جس نے نوحہ ماتم کرنے کی وصیت کی ہے جیسا کہ عربوں میں اس کا رواج تھا یا اس کے خاندان میں نوحہ کرنے کا رواج تھا اور اس نے گھر والوں کی اسلامی تربیت نہیں کی اور نہ ان کو زندگی میں کبھی اس کام سے روکا پھر جب وہ مرا تو اس پر نوحہ کیا گیا تو اس میں میت کا قصور ہے، وہ اس نوحہ ماتم کا سبب ہے اس لئے میت کو بھی سزا دی جائے گی، اور یہ دوسرے کے گناہوں کی گٹھری نہیں ہے بلکہ اپنی ہی گٹھری ہے، کیونکہ وہ نوحہ کرنے کا سبب بنا ہے۔

حزن وملال کی چار صورتیں اور ان کے احکام:

اول: کسی کی موت پر غمگین ہونا، یہ سنت ہے، بیر معونہ میں جب ستر قراء شہید کئے گئے تو نبی ﷺ پر اس کا بہت اثر ہوا تھا، رخ انور سے غم عیاں تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: چہرۂ انور کو اس سے زیادہ مغموم میں نے کبھی نہیں دیکھا۔

دوم: آنسو بہانا، یہ بھی سنت ہے، جب صاحبزادہ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو آنحضور ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ رونے سے منع کرتے ہیں اور آپؐ خود رو رہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: میں نے مطلقاً رونے سے منع نہیں کیا بلکہ میں نے دو احمقانہ آوازوں سے منع کیا ہے، جو گناہ میں مبتلا کرنے والی ہیں: ایک: شیطان کی طرح آہ وبکا کرنے سے، دوسری: بانسری یعنی گانے کی آواز سے۔

سوم: کچھ آواز کے ساتھ رونا، یہ سنت نہیں، مگر صدمہ کی ابتداء میں اس سے چشم پوشی کی جائے گی، جب حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر آئی تو عورتیں گھر میں رو رہی تھیں اور آنحضور ﷺ مسجد میں مغموم بیٹھے تھے، کسی نے آکر عرض کیا: یارسول اللہ! جعفر کے گھر میں عورتیں رو رہی ہیں، آپؐ نے فرمایا: منع کردو، وہ شخص تھوڑی دیر کے بعد پھر آیا اور پھر یہی بات کہی، آپؐ نے پھر فرمایا: منع کردو، تیسری مرتبہ آکر اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ مانتی نہیں! آپؐ نے فرمایا: ان کے منہ پر مٹی ڈالو، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا دروازہ کے شگاف سے سارا منظر دیکھ رہی تھیں، جب آپؐ نے فرمایا کہ ان کے منہ پر مٹی ڈالو! تو وہ بولیں: اللہ تیری ناک خاک آلود کرے! تو نے نبی ﷺ کو پریشان کردیا اب تعمیل کر! غرض آنحضور ﷺ نے چشم پوشی کی، پھر تین دن کے بعد آپؐ حضرت جعفرؓ کے گھر تشریف لے گئے اور فرمایا: آج کے بعد میرے بھائی کو کوئی نہ روئے اور بچوں کے سروں پر دست شفقت پھیرا، ان کے بال منڈوائے، اسی طرح جب حضرت خالد رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو گھر والے رو رہے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے شکایت کی گئی تو آپؓ نے فرمایا: ابوسلیمان پر رونے دو، غرض صدمہ سخت ہو تو شروع میں سختی نہیں کرنی چاہئے، کچھ چشم پوشی کرنی چاہئے۔

چہارم: نوحہ ماتم کرنا، یہ حرام ہے، اس کو بالکل برداشت نہیں کیا جائے گا، فوراً اس پر نکیر کی جائے گی، آگے یہ حدیث

آرہی ہے کہ ایک انصاری کا انتقال ہوا، ان کا نام قرظہ بن کعب تھا، ان پر رویا گیا، حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے جو کوفہ کے گورنر تھے فوراً تقریر کی اور حمد وثنا کے بعد فرمایا: اسلام میں نوحہ کا کیا کام ہے؟ سنو! میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے کہ جس پر نوحہ کیا گیا اس کو آہ وبکاء کرنے کی وجہ سے سزا دی جاتی ہے، غرض نوحہ حرام ہے، اس پر فوراً نکیر کی جائے۔

[۳۲-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: یُعَذَّبُ المیتُ بِبَعْضِ بُکَائِهِ عَلَيْهِ

[۱-] إِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سُنَّتِهِ، لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿قُوْا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ نَارًا﴾[التحریم: ٦] وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ"

[۲-] فَإِذَا لَمْ يَكُنْ مِنْ سُنَّتِهِ فَهُوَ كَمَا قَالَتْ عَائِشَةُ: ﴿وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى﴾[الأنعام: ١٦٤] وَهُوَ كَقَوْلِهِ: ﴿وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ﴾ [فاطر: ١٨]

[۳-] وَمَا يُرَخَّصُ مِنَ الْبُكَاءِ فِيْ غَيْرِ نَوْحٍ.

[٤-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا إِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا" وَذٰلِكَ لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ.

باب: امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں حدیث لکھی ہے، اس میں لفظ بعض (کچھ) ہے، اس سے مسئلہ کی خوب وضاحت ہوجاتی ہے اور ہر اشکال رفع ہوجاتا ہے، یعنی پسماندگان کے ہر رونے سے میت کو سزا نہیں دی جاتی، بلکہ کچھ رونے پر سزا دی جاتی ہے، جس کی وضاحت آگے کی ہے، اور حدیث لفظ بعض کے ساتھ باب میں لائے ہیں۔

۱-اور وہ کچھ رونا نوحہ ماتم کرنا ہے، جبکہ اس کی فیملی میں اس کا رواج ہو، کیونکہ قرآن وحدیث سے آدمی پر لازم ہے کہ فیملی کی اسلامی تربیت کرے، اور ان کو جہنم سے بچائے، ورنہ اس سے خاندان کے بارے میں باز پرس ہوگی۔ اور ان کی حرکتوں کی ذمہ داری اس کو اوڑھنی پڑے گی۔

۲-اور اگر نوحہ ماتم کرنا اس کے خاندان کا طریقہ نہیں تھا تو پھر پسماندگان کے عمل کی میت پر کوئی ذمہ داری نہیں، ان کے رونے پیٹنے سے میت کو عذاب نہیں ہوگا، اور یہ صورت سورۃ الانعام کی آیت (۱۶۴) کا مصداق ہے کہ کوئی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول کا محمل یہی ہے۔ اور سورۃ الفاطر (آیت ۱۸) کا مصداق بھی یہی صورت ہے۔ ارشاد پاک ہے: ''اور کوئی دوسرے کا بوجھ (گناہ) نہ اٹھائے گا، اور اگر کوئی بوجھ کا لدا ہوا یعنی کوئی گنہ گار کسی کو اپنا بوجھ اٹھانے کے لئے بلاوے تو بھی اس میں سے کچھ بوجھ نہ اٹھایا جائے گا، اگر چہ وہ شخص قرابت دار ہی کیوں نہ ہو۔

۳-جب کچھ رونے پر میت کو سزا دی جاتی ہے تو اس سے خود بخود یہ بات نکلی کہ نوحہ ماتم کے بغیر رونا جائز ہے۔

۴-اور نوحہ ماتم کی صورت میں میت کو جو سزا دی جاتی ہے وہ تَسَبُّبْ (سبب بننے کی) وجہ سے دی جاتی ہے، اور اس کی

دلیل آدم علیہ السلام کے بیٹے کے بارے میں ارشادِ نبوی ہے، جس کا ترجمہ اوپر آ گیا ہے۔

[١٢٨٤-] حدثنا عَبْدَانُ، وَمُحَمَّدٌ، قَالاَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: أَرْسَلَتْ بِنْتُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِ: إِنَّ ابْـنًا لِيْ قُبِضَ فَأْتِنَا، فَـأَرْسَلَ يُقْرِئُ السَّلَامَ، وَيَقُوْلُ: " إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أَعْطَى وَكُلٌّ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى، فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ" فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ تُقْسِمُ عَلَيْهِ لَيَأْتِيَنَّهَا، فَقَامَ، وَمَعَهُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَرِجَالٌ، فَرُفِعَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الصَّبِيُّ، وَنَفْسُهُ تَتَقَعْقَعُ، قَالَ: حَسِبْتُهُ أَنَّـهُ قَالَ: كَأَنَّهَا شَنٌّ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ، فَقَالَ سَعْدٌ: يَارسولَ اللّٰهِ مَا هٰذَا؟ فَقَالَ: "هٰذِهِ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِ عِبَادِهِ، وَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ"

[انظر: ٥٦٥٥، ٦٦٠٢، ٦٦٥٥، ٧٣٧٧، ٧٤٤٨]

حدیث: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی صاحبزادی نے آپؐ کے پاس پیغام بھیجا کہ میرا بیٹا قریب المرگ ہے، پس آپؐ ہمارے یہاں تشریف لائیں، آپؐ نے قاصد بھیجا اور سلام کہلوایا، اور فرمایا: "اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہے جو انھوں نے لیا، اور انہی کی ملک ہے جو انھوں نے دیا، اور ہر چیز یعنی لینا اور دینا ان کے پاس مقرر وقت کے ساتھ ہے، پس چاہئے کہ صاحبزادی صبر کرے اور ثواب کی امید رکھے" پس صاحبزادی نے دوسری مرتبہ قاصد بھیجا، وہ قسم دے رہی ہیں کہ آپؐ ضرور ان کے یہاں تشریف لے آئیں (اور ابرار القسم حقوق اسلام میں سے ہے) چنانچہ آپؐ کھڑے ہوئے اور آپؐ کے ساتھ سعد بن عبادۃ، معاذ بن جبل، ابی بن کعب، زید بن ثابت اور کچھ دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم تھے، پس بچہ آنحضور ﷺ کو دیا گیا درانحالیکہ اس کا سانس اکھڑ رہا تھا۔ راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ ابو اسامہؓ نے فرمایا: سانس کی آواز پرانے مشکیزے جیسی تھی، یعنی چمڑے کے پرانے مشکیزہ میں سے کسی برتن میں پانی نکالیں تو پانی نکلنے کی جیسی آواز ہوتی ہے ویسی آواز نکل رہی تھی، پس آنحضور ﷺ کی آنکھیں بہنے لگیں، پس حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ کیا؟ یعنی میت پر رونے کی تو آپؐ نے ممانعت فرمائی ہے، پھر آپؐ خود کیوں رو رہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: یہ رحمت ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں میں رکھی ہے۔ اور اللہ انہی بندوں پر رحم فرماتے ہیں جو دوسروں پر رحم کرتے ہیں۔

تشریح:

۱- یہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے صاحبزادے کی وفات کا واقعہ ہے اور اس سے معلوم ہوا کہ کچھ رونا نہ صرف جائز ہے بلکہ سنت ہے، البتہ آہ وبکا اور چیخ وپکار کرنا جائز نہیں۔

۲- قُبِض: مجاز ہے، ابھی بچہ نزع میں تھا، مرا نہیں تھا، جیسے حدیث: لقنوا موتاکم لا إلٰه إلا الله: میں مجاز ہے۔

بریلویوں کے نزدیک اس حدیث میں موتی سے حقیقی مردے مراد ہیں، چنانچہ ان کے یہاں تدفین کے بعد تلقین کا طریقہ رائج ہے جو بے اصل ہے۔ امت متفق ہے کہ حدیث میں مجاز ما یؤل ہے یعنی جو شخص نزع میں ہو، تھوڑی دیر کے بعد مرنے والا ہو: اس کو کلمہ کی تلقین کی جائے، حدیث کا یہی مطلب ہے۔

[۱۲۸۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ عَامِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: شَهِدْنَا بِنْتًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ عَلَى الْقَبْرِ، قَالَ: فَرَأَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ، قَالَ: فَقَالَ:" هَلْ مِنْكُمْ رَجُلٌ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ؟" فَقَالَ أَ بُوْ طَلْحَةَ: أَ نَا. قَالَ:" فَانْزِلْ" قَالَ: فَنَزَلَ فِيْ قَبْرِهَا. [انظر: ۱۳۴۲]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کی ایک بیٹی کے جنازہ میں شریک تھے اور آپؐ قبر کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں نے دیکھا کہ آپؐ کی دونوں آنکھیں آنسو بہا رہی ہیں، آپؐ نے پوچھا: کیا تم میں کوئی ہے جس نے رات صحبت نہ کی ہو؟ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں ہوں، آپؐ نے فرمایا: قبر میں اترو، چنانچہ وہ قبر میں اترے۔

تشریح:

۱- یہ واقعہ حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا ہے۔ ان کے انتقال پر بھی آنحضرت ﷺ روئے ہیں اور یہی باب ہے کہ بعض رونا جائز ہے۔

۲- آنحضور ﷺ نے جو فرمایا تھا کہ قبر میں وہ اترے جس نے رات جماع نہیں کیا، اس کی ایک وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو تنبیہ مقصود تھی، انھوں نے اس رات باندی سے صحبت کی تھی، جبکہ بیوی بیمار تھی، مگر حدیث میں اس کی طرف کوئی اشارہ نہیں، اس لئے یہ وجہ صحیح نہیں، صحیح وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ رات میں صحبت کرنے سے صبح اس کے تصورات باقی رہتے ہیں اور عورت کی قبر میں اس شخص کو اترنا چاہئے جس کے وہم میں بھی جماع کا تصور نہ ہو۔ واللہ اعلم

مسئلہ: عورت کا جنازہ قبر میں محرم کے لئے اتارنا اولیٰ ہے اور غیر محرم بھی اتار سکتا ہے۔ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ غیر محرم تھے۔ اور انھوں نے حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا جنازہ اتارا تھا، معلوم ہوا کہ غیر محرم کے لئے جنازہ اتارنا جائز ہے، البتہ محرم موجود ہو اور کوئی عذر نہ ہو تو محرم کے لئے جنازہ اتارنا اولیٰ ہے۔

[۱۲۸۶-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: تُوُفِّيَتْ بِنْتٌ لِعُثْمَانَ بِمَكَّةَ، وَجِئْنَا لِنَشْهَدَهَا، وَحَضَرَهَا ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ، وَإِنِّیْ لَجَالِسٌ بَيْنَهُمَا أَوْ قَالَ: جَلَسْتُ إِلٰى أَحَدِهِمَا، ثُمَّ جَاءَ الآخَرُ فَجَلَسَ إِلٰى جَنْبِیْ، فَقَالَ

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ لِعَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ: أَلاَ تَنْهٰى عَنِ الْبُكَاءِ؟ فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ"

[۱۲۸۷-] فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَدْ كَانَ عُمَرُ يَقُوْلُ بَعْضَ ذٰلِكَ، ثُمَّ حَدَّثَ، فَقَالَ: صَدَرْتُ مَعَ عُمَرَ مِنْ مَكَّةَ، حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِالْبَيْدَاءِ، إِذَا هُوَ بِرَكْبٍ، تَحْتَ ظِلِّ سَمُرَةٍ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ مَنْ هٰؤُلَآءِ الرَّكْبُ؟ قَالَ: فَنَظَرْتُ فَإِذَا صُهَيْبٌ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: ادْعُهُ لِيْ، فَرَجَعْتُ إِلٰى صُهَيْبٍ، فَقُلْتُ: ارْتَحِلْ فَالْحَقْ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَلَمَّا أُصِيْبَ عُمَرُ دَخَلَ صُهَيْبٌ يَبْكِيْ، يَقُوْلُ: وَا أَخَاهْ! وَاصَاحِبَاهْ! فَقَالَ عُمَرُ: يَا صُهَيْبُ! أَتَبْكِيْ عَلَيَّ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ"[انظر: ۱۲۹۰، ۱۲۹۲]

[۱۲۸۸-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَلَمَّا مَاتَ عُمَرُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَائِشَةَ، فَقَالَتْ: يَرْحَمُ اللّٰهُ عُمَرَ، وَاللّٰهِ مَا حَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِنَّ اللّٰهَ لَيُعَذِّبُ الْمُؤْمِنَ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ، ولٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ لَيَزِيْدُ الْكَافِرَ عَذَابًا بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ" وَقَالَتْ: حَسْبُكُمُ الْقُرآنُ ﴿وَلاَ تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عِنْدَ ذٰلِكَ: وَاللّٰهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَى، قَالَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: وَاللّٰهِ مَاقَالَ ابْنُ عُمَرَ شَيْئًا [انظر: ۱۲۸۹، ۳۹۷۸]

حدیث (۱): ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیٹی کا مکہ میں انتقال ہوا (صاحبزدی کا نام ام ابان تھا اور یہ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد کا واقعہ ہے) اور ہم جنازہ میں شرکت کے لئے آئے اور ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہما بھی آئے اور میں ان دونوں کے بیچ میں بیٹھا تھا، یا ابن ابی ملیکہ نے کہا: میں ان میں سے ایک کے پاس بیٹھا تھا کہ دوسرا آیا اور میرے برابر میں بیٹھ گیا (اور گھر میں سے رونے کی آواز آرہی تھی) پس ابن عمرؓ نے عمرو بن عثمان سے کہا: آپ رونے سے منع کیوں نہیں کرتے؟ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "میت کو گھر والوں کے رونے کی وجہ سے سزا دی جاتی ہے"

حدیث (۲): جب ابن عمرؓ نے یہ حدیث سنائی تو ابن عباسؓ نے کہا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کا بعض (کچھ) کہا کرتے تھے، یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی یہ حدیث روایت کرتے تھے مگر وہ حدیث میں لفظ بعض بڑھاتے تھے یعنی کچھ رونے کی وجہ سے میت کو سزا دی جاتی ہے، پھر انھوں نے واقعہ بیان کیا کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ سے لوٹ رہا تھا جب ہم بیداء نامی جگہ میں پہنچے تو اچانک حضرت عمرؓ نے ایک ببول کے درخت کے نیچے چند لوگوں کو دیکھا، حضرت عمرؓ نے فرمایا: دیکھ کر آؤ، اس قافلہ میں کون لوگ ہیں؟ ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں نے دیکھا تو اچانک حضرت صہیب رضی اللہ عنہ تھے، میں نے آکر بتایا تو آپؓ نے فرمایا: ان کو بلا لاؤ، میں حضرت صہیبؓ کے پاس واپس گیا اور عرض کیا: چلئے، امیر المؤمنین سے ملاقات کیجئے، پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا تو صہیبؓ روتے ہوئے آئے وہ کہہ رہے تھے: ہائے میرا

بھیّا! ہائے میرا ساتھی! حضرت عمرؓ نے فرمایا: صہیب! کیا تم مجھے رو رہے ہو حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''بیشک میت کو گھر والوں کے کچھ رونے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے'' (یہی جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے)

حدیث (۳): ابن عباسؓ کہتے ہیں: پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا تو میں نے یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ذکر کی، انھوں نے فرمایا: اللہ عمرؓ پر رحم کریں، اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں کہا تھا کہ اللہ تعالیٰ مسلمان کو گھر والوں کے رونے کی وجہ سے عذاب دیتے ہیں بلکہ آپؐ نے فرمایا تھا: بیشک اللہ تعالیٰ کافر کے عذاب کو گھر والوں کے رونے کی وجہ سے بڑھاتے ہیں، اور حضرت عائشہؓ نے کہا: تمہارے لئے قرآن کافی ہے: ''اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا'' اس وقت ابن عباسؓ نے کہا: اللہ تعالیٰ ہی ہنساتا ہے اور رلاتا ہے۔ ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم! ابن عمرؓ کچھ نہیں بولے۔

تشریح:

۱- حضرت ابن عمرؓ نے حدیث مطلق بیان کی تھی، اس پر ابن عباسؓ نے اعتراض کیا کہ یہ حدیث مطلق نہیں ہے، بلکہ ''کچھ رونا'' مراد ہے۔ حضرت عمرؓ 'بعض' کی قید کے ساتھ یہ حدیث روایت کرتے تھے، پھر واقعہ کے ساتھ حدیث روایت کی جس میں یہ اضافہ ہے۔

۲- پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا تو ابن عباسؓ نے یہ واقعہ حضرت عائشہؓ کو سنایا، حضرت عائشہؓ نے حدیث پر نقد کیا اور فرمایا کہ یہ حدیث مسلمانوں کے تعلق سے نہیں ہے، نبی ﷺ نے یہ قطعاً نہیں فرمایا کہ مسلمان کو اس کے پسماندگان کے رونے کی وجہ سے سزا دی جاتی ہے، بلکہ آپؐ نے یہ فرمایا تھا کہ کافر کی سزا میں اللہ تعالیٰ اضافہ فرماتے ہیں اس کے بعد اس کے پسماندگان کے رونے کی وجہ سے، اور فرمایا: کیا تمہارے لئے قرآن کی دلیل کافی نہیں کہ کوئی گنہ گار دوسرے کے گناہ کا ذمہ دار نہیں ہوتا، پھر ابن عباسؓ نے حضرت عائشہؓ کی تنقید کی تائید کی کہ سورۃ النجم (آیت ۴۳) میں ہے: ﴿وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَى﴾: اور اللہ تعالیٰ ہی ہنساتے ہیں اور رلاتے ہیں یعنی پسماندگان روئے تو ان کو اللہ تعالیٰ نے رلایا، میت کا اس میں کیا دخل ہے جو اس کو سزا ملے — ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں: ابن عباسؓ کی یہ بات سن کر ابن عمرؓ کچھ نہیں بولے۔

۳- حضرت عمر اور حضرت صہیب رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ تھا، ہجرت کے بعد نبی ﷺ نے مہاجرین اور انصار کے درمیان مواخات کروائی تھی، اس وقت بعض مہاجرین کے درمیان بھی مواخات کروائی تھی، چنانچہ حضرت عمرؓ اور حضرت صہیبؓ کے درمیان بھی بھائی چارہ کرایا تھا، اس لئے آخر تک ان کے درمیان گہرے روابط رہے، چنانچہ سفر میں جب حضرت عمرؓ کو پتہ چلا کہ قافلہ میں حضرت صہیبؓ ہیں تو فوراً بلایا، اور جب آپؓ زخمی ہوئے تو حضرت صہیبؓ نے آنسو بہائے، یہ اسی بھائی چارہ کا اثر تھا۔

[۱۲۹۰-]حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، وَهُوَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا أُصِيْبَ عُمَرُ جَعَلَ صُهَيْبٌ يَقُوْلُ: وَا أَخَاهْ! فَقَالَ عُمَرُ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ"[راجع: ۱۲۸۷]

[۱۲۸۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ، أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: إِنَّمَا مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى يَهُوْدِيَّةٍ يَبْكِيْ عَلَيْهَا أَهْلُهَا، فَقَالَ:" إِنَّهُمْ لَيَبْكُوْنَ عَلَيْهَا، وَإِنَّهَا لَتُعَذَّبُ فِيْ قَبْرِهَا" [راجع: ۱۲۸۸]

ملحوظہ: مصری نسخہ میں حدیثیں آگے پیچھے ہیں، اس لئے نمبر حدیث آگے پیچھے ہیں۔

حدیث (۱۲۸۹): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ ایک یہودیہ کے پاس سے گذرے جس پر اس کے گھر والے رو رہے تھے، آپؐ نے فرمایا: "یہ اس پر رو رہے ہیں اور وہ اپنی قبر میں عذاب دی جارہی ہے"

تشریح: اوپر بتایا تھا کہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہ حضرت ابن عمر کی حدیث پر نقد کیا ہے، جب ان کو بتایا گیا کہ ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ پسماندگان کے رونے سے میت کو سزا دی جاتی ہے تو صدیقہؓ نے فرمایا: اللہ ابو عبدالرحمٰن پر رحم فرمائیں! انھوں نے بالقصد جھوٹ نہیں بولا، بلکہ وہ بھول گئے یا چوک گئے، واقعہ یہ پیش آیا تھا کہ ایک یہودیہ کا انتقال ہوا، گھر والے اس پر رو رہے تھے، آنحضرت ﷺ وہاں سے گذرے تو فرمایا: یہ بڑھیا کو رو رہے ہیں اور بڑھیا قبر میں سزا پا رہی ہے، یعنی رونا ہی تھا تو کسی اچھے کو روتے ایسے کو رو رہے ہیں جو قبر میں عذاب میں مبتلا ہے، مگر میں نے بتایا تھا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ نقد صحیح نہیں، اس لئے کہ اس مضمون کی روایات متعدد صحابہ سے مروی ہیں، اور سب سے بھول ہوگئی ہو یہ بات بعید از قیاس ہے۔ اصل یہ ہے کہ حدیث عام نہیں، کچھ رونے کے بارے میں ہے، پس حدیث اور آیت میں کوئی تعارض نہیں۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ النِّيَاحَةِ عَلَى الْمَيِّتِ

میت پر ماتم کرنا حرام ہے

اب ذیلی ابواب شروع ہو رہے ہیں، غم اور موت کے موقع پر نوحہ ماتم کرنا جائز نہیں، نوحہ کے معنی ہیں: چلا چلا کر رونا اور میت کے مبالغہ آمیز فضائل بیان کرنا۔ اور ماتم کے معنی ہیں: سینہ پیٹنا۔ نوحہ ماتم کے لوگوں میں مختلف طریقے رائج ہیں: جاہلی انداز پر پکاریں پکارنا، گریبان پھاڑنا، رخسار پیٹنا، سینہ پیٹنا، دیوار سے سر پھوڑنا، چوڑیاں توڑنا اور سر منڈوانا: یہ سب ماتم میں داخل ہیں اور ممنوع ہیں۔

اور میت پر ماتم کرنا تین وجوہ سے ممنوع ہے:

پہلی وجہ: ماتم غم میں ہیجان پیدا کرتا ہے، اور جس کا کوئی آدمی مرجاتا ہے وہ بمنزلۂ مریض ہوتا ہے اور مریض کا علاج ضروری ہے تاکہ مرض میں تخفیف ہو، اس کے مرض میں اضافہ کرنا کسی طرح مناسب نہیں، اسی طرح مصیبت زدہ کا ذہن کچھ وقت کے بعد حادثہ سے ہٹ جاتا ہے پس بالقصد اس صدمہ میں گھسنا کسی طرح مناسب نہیں، جب لوگ تعزیت کے لئے آئیں گے اور نوحہ ماتم کریں گے تو پسماندگان کو بھی خواہی نخواہی اس میں شریک ہونا پڑے گا اور ان کا صدمہ تازہ ہوگا، پس یہ تعزیت نہ ہوئی تعزیر ہوگئی۔

دوسری وجہ: کبھی بے چینی میں ہیجان قضاءِ الٰہی پر عدم رضا کا سبب بن جاتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر راضی رہنا ضروری ہے، پس جو چیز اس میں خلل انداز ہو وہ ممنوع ہونی چاہئے۔

تیسری وجہ: زمانۂ جاہلیت میں لوگ بہ تکلف (بناوٹی) درد وغم کا اظہار کیا کرتے تھے، اور یہ بری اور نقصان رساں عادت ہے اس لئے شریعت نے ماتم کو ممنوع قرار دیا۔

[۳۳-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ النِّيَاحَةِ عَلَى الْمَيِّتِ

وَقَالَ عُمَرُ: دَعْهُنَّ يَبْكِيْنَ عَلٰى أَبِىْ سُلَيْمَانَ، مَالَمْ يَكُنْ نَقْعٌ أَوْ لَقْلَقَةٌ، وَالنَّقْعُ: التُّرَابُ عَلَى الرَّأْسِ، وَاللَّقْلَقَةُ: الصَّوْتُ.

[۱۲۹۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ كَذِبًا عَلَيَّ لَيْسَ كَكَذِبٍ عَلٰى أَحَدٍ، مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ" وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ يُنَحْ عَلَيْهِ يُعَذَّبْ بِمَا نِيْحَ عَلَيْهِ"

اثر: حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کا جب شام میں انتقال ہوا، اور اس کی خبر مدینہ میں آئی تو عورتیں رونے لگیں، امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع دی گئی، آپؓ نے فرمایا: "ابوسلیمان (حضرت خالد کی کنیت) پر رونے دو جب تک سر پر مٹی ڈالنا اور چلانا نہ ہو" نَقْعٌ کے معنی ہیں: سر پر مٹی ڈالنا، یہی ماتم ہے اور لقلقۃ کے اصل معنی ہیں: سارس کی آواز، سارس ایک پرندہ ہے، نر اور مادہ ساتھ رہتے ہیں، ساتھ اڑتے ہیں اور خاص قسم کی آواز نکالتے ہیں۔ یہ لقلقہ ہے اور مجازی معنی ہیں: چلانا۔

یہاں سے میں نے کہا تھا کہ اگر صدمہ کے شروع میں روتے وقت تھوڑی آواز نکل جائے تو اس سے چشم پوشی کی جائے، البتہ چلا کر رونا اور سر پر مٹی ڈالنا یعنی نوحہ ماتم کرنا جائز نہیں، اس پر فوراً نکیر کی جائے۔

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''بیشک مجھ پر جھوٹ باندھنا کسی دوسرے پر جھوٹ باندھنے کی طرح نہیں، جس نے مجھ پر بالقصد جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے'' اور میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''جس پر نوحہ کیا گیا: نوحہ کئے جانے کی وجہ سے اس کو عذاب دیا جائے گا'' (ما مصدریہ اور نِیْحَ بروزن قِیل ماضی مجہول ہے)

تشریح: گذشتہ باب میں بتایا تھا کہ جب کوفہ میں قرظۃ بن کعب انصاری کا انتقال ہوا اور ان پر رویا گیا تو حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے جو کوفہ کے گورنر تھے فوراً تقریر کی، اور منبر سے مذکورہ حدیث سنائی، پہلے تاکید کے طور پر نبی ﷺ کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنے پر جو وعید آئی ہے وہ بیان کی پھر نوحہ ماتم پر نکیر کی اور مذکورہ حدیث سنائی، غرض نوحہ ماتم کی اسلام میں بالکل گنجائش نہیں۔

ملحوظہ: نبی ﷺ کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنا حرام ہے اور اس کی سزا جہنم ہے، اور یہ حدیث کتاب العلم (باب ۳۸ تحفۃ القاری ۱:۳۹۹) میں گذر چکی ہے۔

[۱۲۹۲-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ فِیْ قَبْرِهِ بِمَا نِيْحَ عَلَيْهِ"

تَابَعَهُ عَبْدُ الأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، وَقَالَ آدَمُ، عَنْ شُعْبَةَ، " الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَیِّ عَلَيْهِ" [راجع: ۱۲۸۷]

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میت اپنی قبر میں سزا دی جاتی ہے اس پر ماتم کرنے کی وجہ سے'' یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جس کو عبدان (جن کا نام عبداللہ تھا) اپنے ابا عثمان سے اور وہ امام شعبہؒ سے روایت کرتے ہیں، اس میں 'نوحہ' کرنے پر سزا کا ذکر ہے، امام بخاری رحمہ اللہ کے دوسرے استاذ عبدالاعلیٰ کی روایت میں بھی یہی لفظ ہے، ان کی سند مستقل ہے، البتہ امام شعبہؒ کے ایک شاگرد آدم بن ابی ایاس کی روایت میں لفظ بکاء ہے مگر وہ اس لفظ میں متفرد ہیں، شعبہ کے زیادہ تر شاگرد محمد بن جعفر (غندر) یحییٰ قطان اور حجاج بن محمد وغیرہ کی روایتوں میں لفظ 'نوحہ' ہے، اس لئے یہی لفظ راجح ہے، پس بکاء سے ہر رونا مراد نہیں، بلکہ بعض رونا مراد ہے۔

بَابٌ

اسلام میں نوحہ کی کوئی گنجائش نہیں

یہاں باب کسی نسخہ میں ہے، اور حدیث اوپر والے باب ہی سے متعلق ہے، پس یہ باب کالفصل من الباب السابق

ہے۔اسلام میں نوحہ حرام ہے،اس کی کوئی گنجائش نہیں۔

[۳٤-] بَابٌ

[۱۲۹۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جِيْءَ بِأَبِيْ يَوْمَ أُحُدٍ قَدْ مُثِّلَ بِهِ، حَتّٰى وُضِعَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ سُجِّيَ ثَوْبًا، فَذَهَبْتُ أُرِيْدُ أَنْ أَكْشِفَ عَنْهُ، فَنَهَانِيْ قَوْمِيْ، ثُمَّ ذَهَبْتُ أَكْشِفُ عَنْهُ، فَنَهَانِيْ قَوْمِيْ. فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرُفِعَ، فَسَمِعَ صَوْتَ صَائِحَةٍ، فَقَالَ:" مَنْ هٰذِهِ؟" فَقَالُوْا: بِنْتُ عَمْرٍو، أَوْ: أُخْتُ عَمْرٍو، قَالَ: " فَلِمَ تَبْكِيْ؟" أَوْ: " لَا تَبْكِيْ، فَمَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا حَتّٰى رُفِعَ"[راجع: ۱۲٤٤]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے ابا کو احد کے دن لایا گیا اس حال میں کہ ان کا مثلہ کردیا گیا تھا یعنی ناک کان کاٹ کران کی شکل بگاڑ دی گئی تھی، یہاں تک کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے رکھے گئے اور ایک کپڑے سے ان کو ڈھانپ دیا گیا، یعنی کفن پہنا کر شہداء کے ساتھ ان کا جنازہ رکھ دیا گیا، پس میں نے کپڑا کھول کر لاش دیکھنے کا ارادہ کیا، پس مجھے میرے خاندان کے لوگوں نے منع کیا، (تھوڑی دیر کے بعد) پھر میں نے کپڑا کھولنے کا ارادہ کیا، پس خاندان کے لوگوں نے منع کیا، پھر نبی ﷺ نے جنازہ اٹھانے کا حکم دیا، چنانچہ جنازہ اٹھایا گیا، پس آپؐ نے ایک چیخنے والی کی آواز سنی، آپؐ نے پوچھا:"یہ کون ہے؟" صحابہ نے بتلایا: عمرو کی بیٹی ہے یا عمرو کی بہن ہے (یہ شک راوی ہے اور حضرت جابرؓ کا نسب نامہ یہ ہے: جابر بن عبداللہ بن عمرو بن حرام، پس اگر عمرو کی بیٹی ہے تو حضرت عبداللہ کی بہن ہے اور حضرت جابرؓ کی پھوپھی ہے، اور اگر عمرو کی بہن ہے تو حضرت عبداللہ کی پھوپھی ہے) نبی ﷺ نے فرمایا:"کیوں روتی ہو؟ یا فرمایا: مت روؤ! (یہ بھی شک راوی ہے) پس فرشتے برابر ان پر اپنے پروں سے سایہ کئے رہے یہاں تک کہ ان کا جنازہ اٹھایا گیا"

تشریح: یہ حدیث پہلے بھی آئی ہے، مگر اتنی تفصیل سے نہیں آئی، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جنگ احد میں شہید ہوئے ہیں، ان کی لاش بگاڑ دی گئی تھی، جب تدفین کے لئے ان کا جنازہ اٹھایا جانے لگا تو حضرت جابرؓ کی پھوپھی یا حضرت عبداللہ کی پھوپھی زور سے رونے لگیں۔ آنحضور ﷺ نے ان کو رونے سے منع کیا اور تسلی دی کہ تمہارا بھائی یا بھتیجا اتنا مقبول بندہ ہے کہ جب تک جنازہ اٹھایا نہیں گیا فرشتے برابر ان پر اپنے پروں سے سایہ کئے رہے پس ایسے خوش انجام کو کیا رونا! اور لا تبکی کی وجہ سے حدیث باب سابق سے متعلق ہے، چلا کر رونا نوحہ ہے جو ممنوع ہے اس لئے نبی ﷺ نے اس سے منع کیا، اور لم تبکی کی تقدیر پر مطلب ہوگا: آپؐ نے چشم پوشی کی، کیونکہ چیخ بے ساختہ

نکل گئی تھی۔

بَابٌ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ شَقَّ الْجُيُوْبَ!

جو گریبان پھاڑے وہ ہم میں سے نہیں!

یہ بھی ذیلی باب ہے، غم یا موت کے وقت گریبان پھاڑنا: زمانۂ جاہلیت میں ماتم کی ایک شکل تھی، آج بھی بعض جاہل مسلمانوں میں اور ہندوؤں میں یہ طریقہ رائج ہے، وہ موت کی خبر ملتے ہی گریبان پھاڑ ڈالتے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو گریبان پھاڑے وہ ہم میں سے نہیں'' بلکہ ہندو تہذیب پر عمل پیرا ہے۔

[۳۵-] بَابٌ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ شَقَّ الْجُيُوْبَ!

[۱۲۹۴-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُبَيْدٌ الْيَامِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَطَمَ الْخُدُوْدَ، وَشَقَّ الْجُيُوْبَ، وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ'' [انظر: ۱۲۹۷، ۱۲۹۸، ۳۵۱۹]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ہم میں سے نہیں جو رخسار پیٹے (عربوں کا طریقہ رخسار پیٹنے کا تھا، ہمارے یہاں سینہ کوبی کرتے ہیں) اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت والی پکاریں پکارے (اس کی مثال آگے آئے گی)

تشریح: **لیس منا** (ہم میں سے نہیں) ایک محاورہ ہے، حماسہ (بہادرانہ کارنامے) عربی ادب کی ایک کتاب ہے جو تکمیل ادب میں پڑھائی جاتی ہے، اس میں یہ واقعہ ہے کہ ایک شخص کا اس کی پہلی بیوی سے ایک لڑکا تھا، دوسری بیوی اس کو ٹھیک سے نہیں رکھتی تھی، شاعر نے اپنی بیوی کی فہمائش کے لئے چند اشعار کہے ہیں، ان میں سے ایک شعر یہ ہے:

إِنْ كُنْتِ مِنِّيْ، أَوْ تُرِيْدِيْنَ صُحْبَتِيْ ❁ فَكُوْنِيْ لَهُ كَالسَّمْنِ رُبَّتْ لَهُ الْأَدَمُ

ترجمہ: اگر تو مجھ سے ہے یعنی میرے ساتھ شیر و شکر ہو کر رہنا چاہتی ہے یا میری رفاقت چاہتی ہے یعنی میرے ساتھ نباہ کرنا چاہتی ہے تو اس لڑکے کے لئے اس گھی کی طرح ہو جا جس کے لئے کھجور کا شیرہ بھر کر کپّی تیار کی گئی ہو ——— چمڑے کی نئی کپّی میں گھی بھرا جائے تو گھی میں بو ہو جاتی ہے اس لئے اس میں پہلے کھجور کا شیرہ بھرتے ہیں پھر اس میں گھی بھرتے ہیں اس سے گھی میں نہ صرف یہ کہ بدبو پیدا نہیں ہوتی بلکہ وہ خوشبودار ہو جاتا ہے، شاعر کہتا ہے: اگر تو کسی بھی درجہ میں میرے ساتھ نباہ کرنا چاہتی ہے تو تجھے اس لڑکے کے لئے خوشبودار گھی کی طرح ہو جانا چاہئے، شاعر نے اس شعر میں یہی محاورہ استعمال کیا ہے، پس حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ جو غم اور موت کے وقت گریبان پھاڑتا ہے، رخسار پیٹتا ہے اور جاہلی پکاریں پکارتا ہے وہ میرا ہم مزاج نہیں، میرا اس سے کوئی جوڑ نہیں، معلوم ہوا کہ یہ کام مزاج نبوی سے ہم

آہنگ نہیں، اس لئے حرام ہیں۔

بَابُ رِثَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْدَ بْنَ خَوْلَةَ

نبی ﷺ نے سعد بن خولہؓ کے لئے دعاءِ رحمت فرمائی

رَثَى الميتَ رِثَاءً (بکسر الراء) کے معنی ہیں: میت پر رونا اور اس کے محاسن بیان کرنا، اسی سے مرثیہ ہے یعنی وہ اشعار جن میں میت کے محاسن بیان کئے جاتے ہیں۔ مسند احمد (حدیث ۱۹۱۶۳) اور ابن ماجہ (حدیث ۱۵۹۲) میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے مرثیہ کہنے سے منع فرمایا: نَهى رسولُ اللّٰه صلى الله عليه وسلم عن المراثى، حاکم رحمہ اللہ نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے (۱: ۳۸۳) پس حدیث میں معروف مرثیہ مراد نہیں، بلکہ دعاءِ رحمت مراد ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ مرثیہ کی دو قسمیں ہیں: ایک جائز دوسرا ناجائز، وہ مرثیہ جو غم کو برانگیختہ کرے، جس میں میت کے مبالغہ آمیز فضائل بیان کئے جائیں: جائز نہیں، اور جس مرثیہ میں یہ دونوں باتیں نہ ہوں وہ جائز ہے۔

[۳۶-] بَابُ رِثَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْدَ بْنَ خَوْلَةَ

[۱۲۹۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ وَجَعٍ اشْتَدَّ بِيْ، فَقُلْتُ: إِنِّيْ قَدْ بَلَغَ بِيْ مِنَ الْوَجَعِ، وَأَنَا ذُو مَالٍ، وَلاَ يَرِثُنِيْ إِلَّا ابْنَةٌ لِيْ، أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِيْ؟ قَالَ: "لاَ" فَقُلْتُ: فَالشَّطْرُ؟ فَقَالَ: "لاَ" ثُمَّ قَالَ: "الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَبِيْرٌ أَوْ: كَثِيْرٌ. إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، وَإِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا أُجِرْتَ بِهَا، حَتّٰى مَا تَجْعَلُ فِيْ فِيْ امْرَأَتِكَ" قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِيْ؟ قَالَ: "إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ، فَتَعْمَلَ عَمَلاً صَالِحًا، إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ دَرَجَةً وَرِفْعَةً، ثُمَّ لَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ، وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُوْنَ، اَللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ، وَلاَ تَرُدَّهُمْ عَلٰى أَعْقَابِهِمْ، لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ" يَرْثِيْ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ.

ترجمہ: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ حجۃ الوداع کے سال میری بیمار پرسی کے لئے تشریف لائے، اُس تکلیف کی وجہ سے جو سخت ہوگئی تھی۔ پس میں نے عرض کیا: میری تکلیف انتہاء کو پہنچ گئی ہے اور میں مالدار آدمی ہوں اور میرا ایک لڑکی کے علاوہ کوئی وارث نہیں، پس کیا میں دو تہائی مال خیرات کردوں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، میں نے عرض کیا: پس آدھا مال؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، پھر فرمایا: تہائی مال (خیرات کرو) اور تہائی مال بھی بہت ہے (کبیر

اور کثیر میں راوی کوشک ہے، مطلب دونوں کا ایک ہے) بے شک تم اپنے ورثاء کو مالدار چھوڑو یہ بہتر ہے اس سے کہ تم ان کو محتاج چھوڑو، وہ دوسروں کے سامنے ہاتھ پسارتے پھریں، اور بیشک تم اللہ کی رضا جوئی کے لئے جو بھی خرچ کروگے اس کا تمہیں ثواب ملے گا۔ یہاں تک کہ بیوی کے منہ میں جو لقمہ دوگے اس کا بھی اجر ملے گا، میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا میں اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جاؤں گا؟ یعنی میرے ساتھی حج کرکے مدینہ چلے جائیں گے اور میں مکہ میں مر جاؤں گا؟ آپؐ نے فرمایا: تم ہرگز پیچھے نہیں رہوگے، یعنی مکہ میں نہیں مروگے، ابھی زندہ رہوگے اور تم جو بھی نیک عمل کروگے اس سے تمہارا درجہ اور مقام بلند ہوگا، پھر ہوسکتا ہے تم پیچھے کئے جاؤ یعنی میرے بعد تک زندہ رہو، یہاں تک کہ ایک قوم آپ سے فائدہ اٹھائے اور ایک قوم نقصان اٹھائے، اے اللہ! میرے ساتھیوں کی ہجرت مکمل فرما اور ان کو الٹے پاؤں واپس نہ لوٹا، ہاں قابل رحم سعد بن خولہؓ ہیں (ابن شہاب کہتے ہیں:) مکہ میں انتقال ہونے کی وجہ سے نبی ﷺ نے ان کے لئے دعاء رحمت کی۔

تشریح:

۱-حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں، حجۃ الوداع میں مکہ میں بیمار پڑے ان کا خیال تھا کہ مرض جان لیوا ہے۔ جب نبی ﷺ ان کی بیمار پرسی کے لئے تشریف لے گئے تو انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری ایک بیٹی ہے جو شادی شدہ ہے اور اچھے حال میں ہے، کھاتے پیتے گھر میں اس کی شادی ہوئی ہے، اس کو مال کی ضرورت نہیں، اس لئے میں اپنا کل مال راہِ خدا میں خرچ کرنا چاہتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: دسویں حصہ کی وصیت کرو، حضرت سعدؓ برابر زیادہ کی اجازت مانگتے رہے، یہاں تک کہ آپؐ نے فرمایا: تہائی ترکہ کی وصیت کرو، اور تہائی بھی بہت ہے، پھر ایک بات یہ فرمائی کہ تم اپنے ورثاء کو مالدار چھوڑو یہ بہتر ہے اس سے کہ ان کو اس حال میں چھوڑو کہ وہ دوسروں کے سامنے ہاتھ پسارتے پھریں، اور دوسری بات یہ فرمائی کہ تم میرے بعد تک زندہ رہوگے اور ایک قوم تم سے فائدہ اٹھائے گی اور دوسری قوم کو تم سے نقصان پہنچے گا۔ آپؐ کی یہ دونوں پیشین گوئیاں حرف بہ حرف پوری ہوئیں، حضرت سعدؓ تندرست ہوگئے اور آپؐ کی وفات کے بعد طویل عرصہ تک زندہ رہے، عراق کے فاتح آپؓ ہی ہیں۔

۲-اور حضرت سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں، انھوں نے مکہ سے ہجرت کی تھی، ان کی ایک بیوی سُبیعہ اسلمی مکہ میں رہتی تھی، اس سے ملاقات کی غرض سے مکہ گئے اور بیمار پڑ گئے، اور وہیں انتقال ہوگیا، ایک مہاجر کا وطن میں انتقال ہونا ہجرت کے ثواب میں کمی کا شبہ پیدا کرتا ہے اس لئے نبی ﷺ نے ان کے لئے دعاء رحمت فرمائی۔ ابن شہاب زہری رحمہ اللہ نے اس کے لئے یَرْثِیْ استعمال کیا ہے یعنی افسوس ظاہر کیا، اور اسی کی مناسبت سے امام بخاری رحمہ اللہ نے مرثیہ کا باب باندھا ہے۔ اور یہ عنوان قائم کرکے حضرت رحمہ اللہ نے مباح مرثیہ کی طرف اشارہ کیا ہے کہ وہ مرثیہ جس میں ترحم اور معمولی حزن وملال کا اظہار ہو اور حقیقت حال کی ترجمانی ہو ایسا مرثیہ کہنا جائز ہے، البتہ وہ مرثیہ جس میں میت کے مبالغہ

آمیز فضائل بیان کئے جائیں جو غم کو تازہ کرنے والا ہو وہ مرثیہ جائز نہیں۔

فوائد:

۱-آدمی کو اپنے مال میں ہر طرح تصرف کا اختیار ہے، لیکن زندگی کے آخری لمحات میں یعنی مرض موت میں مال کے ساتھ ورثاء کا حق متعلق ہوجاتا ہے۔اس لئے مرض موت میں زیادہ سے زیادہ تہائی ترکہ میں تبرع (نفلی خیرات، ہبہ وغیرہ) کرسکتا ہے اس سے زیادہ تبرع کرنے کا حق نہیں۔اگر زیادہ کی وصیت کرے گا تو وہ صرف تہائی مال میں نافذ ہوگی، اسی طرح مریض خود بھی زیادہ سے زیادہ تہائی مال خیرات کرسکتا ہے، البتہ مرض موت میں کوئی چیز خریدنا یا بیچنا جائز ہے کیونکہ اس صورت میں مال باقی رہے گا گو جنس بدل جائے۔

اور کیا کسی صورت میں تہائی سے زیادہ کی وصیت ہوسکتی ہے؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بہر صورت زائد کی وصیت باطل ہے اور احناف کے نزدیک دو صورتوں میں زائد کی وصیت جائز ہے، ایک: میت کا کوئی وارث نہ ہو، دوسری: تمام ورثاء عاقل بالغ ہوں اور زائد کی وصیت نافذ کرنے پر راضی ہوں۔اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خواہ میت کا کوئی وارث ہو یا نہ ہو، اور خواہ تمام ورثاء راضی ہوں پھر بھی صرف تہائی ترکہ کی وصیت نافذ ہوگی، باقی دو تہائی ترکہ بیت المال میں جائے گا یا ورثاء کو ملے گا، اور احناف کہتے ہیں: تہائی ترکہ سے زائد کی وصیت ورثاء کے حق کی وجہ سے ممنوع ہے، پس اگر ورثاء نہ ہوں، یا وہ راضی ہوں تو زائد کی وصیت درست ہے، اور بچے اور ناسمجھ کی اجازت اس کے حصہ میں معتبر نہیں، بالغ ورثاء اپنے حصوں میں زائد کی اجازت دے سکتے ہیں۔

۲-جس طرح عام طور پر لوگ دور کی جگہوں میں خرچ کرنے کو کارِ ثواب سمجھتے ہیں اور قریب کی جگہوں میں خرچ نہیں کرتے اسی طرح لوگ تبرع یعنی خیرات کرنے کو کارِ ثواب سمجھتے ہیں اور ورثاء کے لئے مال چھوڑنے کو ثواب کا کام نہیں سمجھتے حالانکہ اس میں زیادہ ثواب ہے، پس جب یہ بات ہے تو اگرچہ آدمی کو تہائی میں وصیت کرنے کا حق ہے مگر بہتر یہ ہے کہ پورے تہائی کی وصیت نہ کرے بلکہ چوتھائی کی یا اس سے بھی کم کی وصیت کرے تاکہ ورثاء کے لئے زیادہ سے زیادہ مال بچے، اگر میت پورے تہائی کی وصیت کردے تو اس نے ورثاء کے لئے کچھ نہیں چھوڑا، باقی دو تہائی تو شریعت نے ان کے لئے متعین کردیا ہے، اس میں میت کا کیا احسان ہے؟

۳-بیوی کے منہ میں لقمہ دینے کا مطلب طلبہ یہ سمجھتے ہیں کہ شوہر بیوی کو پیار سے کھلائے، یہ مطلب صحیح نہیں، جوانی کی ترنگ میں اس طرف ذہن جاتا ہے، صحیح مطلب یہ ہے کہ بیوی معذور ہو خود نہ کھاسکتی ہو اور شوہر کھلائے تو شوہر کو کھلانے کا ثواب ملے گا، اور کما کر لانے کا الگ ثواب ملے گا اور کبھی اس کے برعکس ہوتا ہے، شوہر بیمار ہوتا ہے خود نہیں کھاسکتا، اس لئے بیوی کھلاتی ہے، تو بیوی کو کھلانے کا ثواب ملے گا۔حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے، پیار و محبت میں کھلانا مراد نہیں۔

بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الحَلْقِ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ

بوقت مصیبت بال منڈوانا ممنوع ہے

غم یا موت کے موقع پر سر منڈوانا بھی ماتم کی ایک شکل ہے اور بعض لوگ بھنویں بھی منڈوا کر جانگلو (غیر مہذب) بن جاتے ہیں، اسلام میں اس کی قطعاً گنجائش نہیں، باب کی حدیث میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے کہ آپؓ بیمار پڑے اور بیہوش ہوگئے، آپؓ کا سر خاندان کی کسی عورت کی گود میں تھا، وہ روئی، آپؓ نے سنا کیونکہ آپؓ پوری طرح بے ہوش نہیں ہوئے تھے، مگر منع کرنے کی طاقت بھی نہیں تھی، جب ہوش آیا تو آپؓ نے اس عورت کو جو چلا کر روئی تھی ڈانٹا اور فرمایا: آنحضور ﷺ نے تین عورتوں سے براءت ظاہر فرمائی ہے، میں بھی ان سے بری ہوں: زور سے چلانے والی سے، سر منڈوانے والی سے اور کپڑے پھاڑنے والی سے، پس غم اور موت کے موقع پر سر اور بھنوؤں کو منڈوانے کی قطعاً گنجائش نہیں، یہ ماتم کی بدترین شکل ہے۔

[۳۷-] بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الحَلْقِ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ

[۱۲۹۶-] وَقَالَ الْحَكَمُ بْنُ مُوْسَى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَابِرٍ، أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُخَيْمَرَةَ حَدَّثَهُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ أَبِيْ مُوْسَى قَالَ: وَجِعَ أَبُوْ مُوْسَى وَجَعًا، فَغُشِيَ عَلَيْهِ، وَرَأْسُهُ فِيْ حَجْرِ امْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِهِ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَرُدَّ عَلَيْهَا شَيْئًا، فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ: أَنَا بَرِيْءٌ مِمَّنْ بَرِئَ مِنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَرِئَ مِنَ الصَّالِقَةِ وَالْحَالِقَةِ وَالشَّاقَّةِ.

لغات: صَلَقَ (ن) صَلْقًا: چیخنا چلانا .... حَلَقَ (ن) حَلْقًا: مونڈنا .... شَقَّ (ن) شَقًّا الشيئَ: پھاڑنا، چیرنا۔

بَابٌ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ

ہم میں سے نہیں جو رخسار پیٹے

غم یا موت کے موقع پر رخسار پیٹنا، گریبان پھاڑنا اور جاہلیت والی پکاریں پکارنا بھی ممنوع ہے۔ یہ کام اسلامی تہذیب کے خلاف ہیں، ہندوانہ تہذیب ہے اور حدیث میں جو تین باتیں مذکور ہیں وہ عربوں کی عادت کے موافق ہیں، پس سینہ کوبی، دیوار سے سر ٹکرانا، چوڑیاں توڑنا اور سر منڈوانا سب ماتم کی شکلیں ہیں اور ممنوع ہیں۔

[۳۸-] بَابٌ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ

[۱۲۹۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ،

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ، وَشَقَّ الْجُيُوْبَ، وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ" [راجع: ۱۲۹۴]

بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الْوَيْلِ وَدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ

مصیبت میں ہلاکت کی دُہائی اور جاہلیت والی پکاریں پکارنا ممنوع ہے

ویل کے معنی ہیں: ہلاکت، زمانۂ جاہلیت میں مصیبت کے وقت پکارتے تھے وَا وَیْلَاہْ! یَا وَیْلَاہْ! وَا حرف ندبہ ہے اور یا بھی اور اس پکار کا مفہوم ہے: او ہلاکت تو کہاں ہے آجا، یہ دعوی الجاھلیة کی ایک مثال ہے زمانۂ جاہلیت میں بوقت مصیبت ایسی پکاریں پکاری جاتی تھیں، اور ترمذی شریف میں دو مثالیں اور آئی ہیں: وَاجَبَلَاہْ: ہائے پہاڑ! وَاسَیِّدَاہْ: ہائے آقا! نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی کسی مرنے والے کو اس طرح پکارتا ہے تو اس پر دو فرشتے مسلط کئے جاتے ہیں جو اس کو مُکّے مارتے ہیں اور کہتے ہیں: اچھا تو ایسا تھا! (ترمذی حدیث ۹۸۷)

[۳۹-] بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الْوَيْلِ وَدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ

[۱۲۹۸-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ، وَشَقَّ الْجُيُوْبَ، وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ" [راجع: ۱۲۹۴]

بَابُ مَنْ جَلَسَ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ يُعْرَفُ فِيْهِ الْحُزْنُ

مصیبت کے وقت اس طرح بیٹھنا کہ حزن وملال ہویدا ہو

یہ یکے بعد دیگرے دو باب ہیں، پہلے باب کا حاصل یہ ہے کہ مصیبت کے وقت دل کا غمگین ہونا، آنکھوں سے آنسو جاری ہونا اور چہرے پر صدمہ کے آثار ہویدا ہونا صبر کے منافی نہیں، آنحضور ﷺ سے یہ سب باتیں ثابت ہیں اور دوسرے باب کا حاصل یہ ہے کہ مصیبت کے وقت ہمت وحوصلہ سے کام لینا اور چہرے سے بالکل غم ظاہر نہ ہونے دینا: اس کی بھی گنجائش ہے، جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے۔

غزوۂ موتہ سے جب حضرات زید بن حارثہ، جعفر طیار اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے اور وحی سے اس کی اطلاع ملی تو آنحضور ﷺ مغموم ہوگئے، آپ نے مسجدِ نبوی میں منبر پر بیٹھ کر جنگ کے احوال سنائے اور آنکھوں سے آنسو جاری تھے، پھر آپ ایک طرف بیٹھ گئے اور حزن وملال آپ کے چہرے سے ظاہر تھا، معلوم ہوا کہ صدمہ کے موقع پر

رونا، اور چہرے پر غم ظاہر کرنا سنت ہے، یہ فطری باتیں اور رقت قلبی کا نتیجہ ہیں، اور امر محمود ہیں، عمرانی زندگی میں باہمی الفت ومحبت اس پر موقوف ہے اور انسان کی سلامتی مزاج کا بھی یہی تقاضہ ہے، البتہ جزع فزع ممنوع ہے کیونکہ کبھی بے چینی کا ہیجان قضاءِ الٰہی پر عدم رضا کا سبب بن جاتا ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر راضی رہنا ضروری ہے۔

[٤٠-] بَابُ مَنْ جَلَسَ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ يُعْرَفُ فِيْهِ الْحُزْنُ

[١٢٩٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيىَ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِىْ عَمْرَةُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا جَاءَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَتْلُ ابْنِ حَارِثَةَ، وَجَعْفَرٍ، وَابْنِ رَوَاحَةَ: جَلَسَ يُعْرَفُ فِيْهِ الْحُزْنُ، وَأَنَا أَنْظُرُ مِنْ صَايِرِ الْبَابِ- شَقِّ الْبَابِ- فَأَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ، وَذَكَرَ بُكَاءَ هُنَّ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَنْهَاهُنَّ، فَذَهَبَ ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ، لَمْ يُطِعْنَهُ، فَقَالَ: "انْهَهُنَّ" فَأَتَاهُ الثَّالِثَةَ، قَالَ: واللّٰهِ غَلَبْنَنَا يَارسولَ اللّٰهِ! فَزَعَمَتْ أَنَّهُ قَالَ: "فَاحْثُ فِيْ أَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ" فَقُلْتُ: أَرْغَمَ اللّٰهُ أَنْفَكَ! لَمْ تَفْعَلْ مَا أَمَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ تَتْرُكْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْعَنَاءِ [انظر: ١٣٠٥، ٤٢٦٣]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب نبی ﷺ کے پاس زید بن حارثہ، جعفر طیار اور عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم کی شہادت کی خبر آئی (النبیَّ مفعول بہ ہے اور قتلُ إلخ فاعل ہے) تو آپؐ (جنگ کے احوال سنا کر مسجد میں ایک طرف) بیٹھ گئے درانحالیکہ آپؐ کے چہرہ میں غم کے آثار نمایاں تھے (یہی جزء باب سے متعلق ہے) اور میں دروازے کی جھری (ریخ) سے دیکھ رہی تھی، پس ایک شخص آیا اور اس نے عرض کیا: جعفر کی عورتیں، اور اس نے ان کے رونے کا تذکرہ کیا، یعنی جعفر کے گھر میں عورتیں رو رہی ہیں، پس نبی ﷺ نے اس کو حکم دیا کہ ان کو منع کرے، چنانچہ وہ گیا، پھر دوسری مرتبہ آیا اور کہا عورتیں اس کی بات نہیں مانتی، آپؐ نے فرمایا: ان کو منع کرو، پھر وہ تیسری مرتبہ آیا اور عرض کیا: قسم بخدا! وہ ہم پر غالب آگئیں اے اللہ کے رسول! یعنی عورتیں بالکل مان نہیں رہیں! حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: ان کے منہ پر مٹی ڈال! پس میں نے کہا: اللہ تیری ناک خاک آلود کرے تو نہیں کر سکے گا جس چیز کا تجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا، اور تو رسول اللہ ﷺ کو پریشان کرنے سے باز نہیں آیا۔

وضاحتیں: صَایِر (صاد اور الف کے بعد یاء) الباب: دروازے کی ریخ، جھری، شگاف، شَقُّ الباب: (شین کا زبر) تفسیر ہے، اصل لفظ الصِّیْر ہے، صَایِر: اس کے ہم معنی ہے، حدیث میں ہے: من نَظَر من صِیْرِ بَاب، ففُقِئَتْ عینُه فهی هَدْر: اگر کوئی دروازے کی جھری سے اندر جھانکے، اور اس کی آنکھ پھوڑ دی جائے تو اس کا کوئی بدلہ نہیں............ احْثُ (فعل امر) حَثًا فی وجهه التراب: چہرے پر مٹی ڈالنا............لم تفعل (ماضی منفی کے معنی میں) جس طرح قرآن میں

مستقبل میں پیش آنے والی باتوں کو تحقق وقوع کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ماضی سے تعبیر کرتے ہیں اسی طرح یہ لم تفعل ہے یعنی آنحضور ﷺ نے اب جو حکم دیا ہے تو کبھی اسے پورا نہیں کر سکے گا اور تو رسول اللہ ﷺ کو پریشان کرنے سے باز نہیں آیا۔

[۱۳۰۰-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَهْرًا حِيْنَ قُتِلَ الْقُرَّاءُ، فَمَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَزِنَ حُزْنًا قَطُّ أَشَدَّ مِنْهُ. [راجع: ۱۰۰۱]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے، بیر معونہ کے واقعہ میں جب رعل، ذکوان اور عُصیّہ قبائل نے دھوکہ سے ستر قراء کو شہید کیا تھا تو نبی ﷺ کو اتنا صدمہ ہوا تھا کہ تمام عمر کبھی اتنا صدمہ نہیں ہوا، آپؐ نے ایک مہینہ تک ان قبائل کے لئے بددعا فرمائی (تفصیل کے لئے دیکھئے: تحفۃ القاری ۳: ۳۲۸)

بَابُ مَنْ لَمْ يُظْهِرْ حُزْنَهُ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ

جو شخص مصیبت کے وقت حزن وملال ظاہر نہ ہونے دے

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے: مصیبت کے وقت آدمی باہمت رہے، غم بالکل ظاہر نہ ہونے دے تو اس کی بھی گنجائش ہے:

۱- محمد بن کعب قرظیؒ (مشہور تابعی) کہتے ہیں: مصیبت کے وقت بری بات زبان سے نکالنا اور اللہ کے بارے میں بدگمانی کرنا: جزع فزع ہے جو ماتم ہے اور ممنوع ہے پس اس کی ضد جائز ہے۔ اس طرح تقابل تضاد کے طور پر محمد بن کعب قرظی کا قول باب میں لائے ہیں (حاشیہ)

۲- حضرت یعقوب علیہ السلام کے واقعہ میں ہے کہ جب صاحبزادوں نے آکر اطلاع دی کہ بن یامین نے چوری کی جس کی وجہ سے عزیز مصر نے اس کو اپنے پاس روک لیا تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا: بن یامین نے چوری نہیں کی، یہ تمہاری بنائی ہوئی بات ہے، پھر آپ نے فرمایا: ﴿إِنَّمَا أَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْ إِلَى اللّٰهِ﴾ حزن کے معنی تو ظاہر ہیں اور بثّ کے معنی ہیں: شدید غم یعنی میں اپنا شدید غم اور عام غم اللہ ہی کے سامنے ظاہر کرتا ہوں، یعنی تم سے کوئی شکایت نہیں، لہٰذا اگر کوئی مصیبت کے وقت لوگوں کے سامنے بالکل غم ظاہر نہ ہونے دے تو اس کی بھی گنجائش ہے۔

حدیث: حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کا مشہور واقعہ ہے: وہ سفر میں تھے اور بچہ کا انتقال ہو گیا، اتفاق سے اسی رات وہ سفر سے لوٹنے والے تھے، چنانچہ ان کی بیوی حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا نے بچہ کو نہلا کر اور کفن پہنا کر گھر میں ایک طرف رکھ دیا

اور چادر اوڑھادی، اور شوہر کے لئے کھانا تیار کیا اور بناؤ سنگھار کیا۔ حضرت ابوطلحہؓ نے آتے ہی بچہ کا حال دریافت کیا، اہلیہ نے جواب دیا: بچہ پرسکون ہے، انھوں نے توریہ کیا، ان کی مراد یہ تھی کہ بچے کی سب تکلیف دور ہوگئی، وہ فوت ہوگیا ہے۔ حضرت ابوطلحہؓ نے سمجھا: بچہ ٹھیک ہوگیا ہے، انھوں نے کھانا کھایا پھر بیوی سے ہم بستر ہوئے، صبح جب نماز کے لئے جانے لگے تو بیوی نے بچہ کے فوت ہونے کی خبر دی، حضرت ابوطلحہؓ ناراض ہوئے اور نبی ﷺ سے شکایت کی، آپؐ نے حضرت ام سلیم کے عمل کی تصویب کی اور برکت کی دعا فرمائی۔ ابن عیینہؒ کہتے ہیں: مجھے ایک انصاری نے بتایا کہ اس صحبت سے جولڑکا پیدا ہوا اس کی نو اولاد ہوئی، سب قاری قرآن تھے، اس صحبت سے عبداللہ پیدا ہوئے تھے، جن کے بارے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ وہ اپنے زمانہ کے بہترین لوگوں میں سے تھے۔

غرض حضرت ام سُلیم نے غم ظاہر نہیں ہونے دیا، اور آنحضور ﷺ نے ان کے عمل کی تصویب فرمائی اور برکت کی دعا دی، معلوم ہوا کہ مصیبت کے وقت اگر حزن وملال ظاہر نہ ہونے دے، اور ہشاش بشاش رہے اور اللہ کی طرف متوجہ رہے تو اس کی بھی گنجائش ہے۔

[۴۱-] بَابُ مَنْ لَمْ يُظْهِرْ حُزْنَهُ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ

[۱-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ: الْجَزَعُ: الْقَوْلُ السَّيِّئُ، وَالظَّنُّ السَّيِّئُ.

[۲-] وَقَالَ يَعْقُوْبُ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: ﴿إِنَّمَا أَشْكُوْ بَثِّيْ وَحُزْنِيْ إِلَى اللّٰهِ﴾ [يوسف: ۸۶]

[۱۳۰۱-] حدثنا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: اشْتَكَى ابْنٌ لِأَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: فَمَاتَ وَأَبُوْ طَلْحَةَ خَارِجٌ، فَلَمَّا رَأَتِ امْرَأَتُهُ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ هَيَّأَتْ شَيْئًا، وَنَحَّتْهُ فِيْ جَانِبِ الْبَيْتِ، فَلَمَّا جَاءَ أَبُوْ طَلْحَةَ، قَالَ: كَيْفَ الْغُلَامُ؟ قَالَتْ: قَدْ هَدَأَتْ نَفْسُهُ، وَأَرْجُوْ أَنْ يَكُوْنَ قَدِ اسْتَرَاحَ، وَظَنَّ أَبُوْ طَلْحَةَ أَنَّهَا صَادِقَةٌ، قَالَ: فَبَاتَ، فَلَمَّا أَصْبَحَ اغْتَسَلَ، فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ أَعْلَمَتْهُ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ، فَصَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ أَخْبَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِمَا كَانَ مِنْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُبَارِكَ لَهُمَا فِيْ لَيْلَتِهِمَا" قَالَ: سُفْيَانُ: فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: فَرَأَيْتُ تِسْعَةَ أَوْلَادٍ، كُلُّهُمْ قَدْ قَرَأَ الْقُرْآنَ. [انظر: ۵۴۷۰]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا ایک لڑکا بیمار ہوا اور اس کا انتقال ہوگیا اور ابوطلحہؓ باہر تھے، جب ان کی بیوی نے دیکھا کہ بچہ کا انتقال ہوگیا ہے تو انھوں نے کچھ تیار کیا (یعنی بچہ کو نہلا کر رکھ دیا اور شوہر کے لئے کھانا تیار کیا اور بناؤ سنگھار کیا) اور بچہ کو گھر میں ایک کونہ میں رکھ دیا، جب ابوطلحہؓ آئے تو انھوں نے پوچھا: بچہ کیسا ہے؟ ام سلیمؓ نے

جواب دیا: اس کا نفس پر سکون ہوگیا ہے، اور میرا خیال ہے کہ اسے آرام مل گیا ہے، اور ابوطلحہؓ نے خیال کیا کہ وہ ٹھیک کہہ رہی ہیں، حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس انھوں نے (بیوی کے ساتھ) رات گذاری پھر جب صبح ہوئی تو غسل کیا، پھر جب انھوں نے نماز کے لئے جانے کا ارادہ کیا تو بیوی نے بتایا کہ بچہ کا انتقال ہوگیا ہے، پس ابوطلحہؓ نے نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی اور آپ کو بیوی کا معاملہ بتایا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''شاید اللہ تعالیٰ ان دونوں کے لئے اس رات میں برکت فرمائیں!'' ابن عیینہؒ کہتے ہیں: ایک انصاری نے بیان کیا کہ میں نے ان کی نو اولاد دیکھی جو سب قرآن پڑھے ہوئے تھے۔

بَابُ الصَّبْرِ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰی

صدمہ کی ابتدا میں صبر کرنا

صبر کا مادہ ص، ب، ر ہے، اس مادہ کے معنی ہیں: روکنا، جب کوئی مصیبت آتی ہے تو پھوٹ پھوٹ کر رونے کو جی چاہتا ہے لیکن اگر آدمی اپنے نفس کو روکے تو اس کو صبر کہتے ہیں، نفس کو جزع فزع سے روکنا اولوالعزمی کا کام ہے، پختہ ارادہ والا ہی یہ کام کرسکتا ہے، پس صبر کی حقیقت ہے: مصیبت برداشت کرنا اور ہمت سے کام لینا۔

اور صبر کسی کی موت کے ساتھ خاص نہیں، ہر مصیبت اور تکلیف کے ساتھ صبر کا تعلق ہے، اور کامل صبر صدمہ کی ابتداء میں ہوتا ہے، جب مصیبت دل سے ٹکرائے اس وقت اولوالعزمی کا مظاہرہ کرے اور ہمت نہ ہارے تو بڑے ثواب کا حقدار ہوگا، کیونکہ بعد چندے تو ہر کسی کو صبر آ ہی جاتا ہے، اب صبر کرنا بڑا کمال نہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں سورۂ بقرہ کی دو آیتیں (۱۵۶ و ۱۵۷) لکھی ہیں، پہلی آیت میں صبر کا فارمولہ ہے، اور دوسری آیت میں صبر کا ثواب۔

صبر کا فارمولہ: ارشاد پاک ہے: ﴿وَبَشِّرِ الصَّابِرِیْنَ، الَّذِیْنَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِیْبَةٌ قَالُوْا: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ﴾: آپ ایسے صابرین کو خوش خبری سنا دیجئے کہ جب ان پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم اللہ ہی کی ملک ہیں، اور ہم انہی کے پاس جانے والے ہیں۔

تفسیر: صابرین وہ لوگ ہیں کہ جب ان کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ دو باتیں پیش نظر رکھتے ہیں: ایک: پوری کائنات اللہ ہی کی ملک ہے، دوسری: ہر ایک کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، کسی شخص کا بچہ مر گیا یا دوکان جل گئی تو وہ اس عقیدہ کا استحضار کرے کہ بچہ اللہ ہی کی ملک تھا، دوکان اللہ ہی کی ملک تھی، اللہ نے اپنا مال واپس لے لیا تو غم کیسا؟ پھر بچہ ہمیشہ کے لئے جدا نہیں ہوا، وہ جہاں گیا ہے کل ہم سب کو وہیں جانا ہے، وہاں بچہ مل جائے گا، پس غم کے کیا معنی! جیسے ایک آدمی کا لڑکا بمبئی گیا اور ایک ہفتہ کے بعد باپ کو بھی وہیں جانا ہے پس بچہ کی جدائیگی پر باپ کیوں روئے! یہ جدائیگی عارضی ہے ایک ہفتہ کے بعد بچہ سے ملاقات ہو جائے گی، اسی طرح بچہ مر کر ہمیشہ کے لئے جدا نہیں ہوا، ہمیں بھی مر کر وہیں جانا ہے، جہاں

بچہ گیا ہے، پس جوان عقیدوں کو ملحوظ رکھے گا اور ان کا اقرار کرے گا اور کہے گا: ﴿إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ تو اس کے لئے صبر کرنا آسان ہو جائے گا۔

صبر کا ثواب: پھر ارشادِ پاک ہے: ﴿أُوْلٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّنْ رَبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ، وَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ﴾: ان لوگوں پر ان کے پروردگار کی طرف سے خاص رحمتیں بھی ہیں اور عام رحمت بھی، اور یہی لوگ راہ یاب ہیں۔

تفسیر: صلوٰۃ اور رحمت دو عدل ہیں، اونٹ پر جب سامان باندھتے ہیں تو دونوں طرف بالکل برابر بوجھ لادتے ہیں، ایک طرف زیادہ ہوگا تو بورا جھک جائے گا، العِدل کے معنی ہیں: اونٹ کے ایک پہلو پر لدا ہوا آدھا بوجھ، اس کا تثنیہ عِدلان ہے، صلوٰۃ ورحمت عدلان ہیں یعنی دونوں مترادف ہیں، عربی میں دو لفظ مترادف نہیں ہوتے، تھوڑا بہت فرق ضرور ہوتا ہے، پس رحمت نیچے کا درجہ ہے اور صلوٰۃ آخری درجہ، کتاب الصلوٰۃ کے شروع میں بتایا تھا کہ صلوٰۃ کے معنی ہیں: غایتِ انعطاف، یعنی آخری درجہ کا میلان، یعنی درود، خصوصی رحمت اور رحمة: دوسرا درجہ ہے یعنی عمومی رحمت۔

پھر کبھی ایسا ہوتا ہے کہ دونوں بورے بھر جاتے ہیں اور کچھ جنس بچ جاتی ہے تو اس کی پوٹلی باندھ کر بوروں کے بیچ میں رکھ دیتے ہیں، یہ عِلاوۃ ہے، (اردو میں عین کے زبر کے ساتھ عَلاوہ کہتے ہیں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو عدل کتنے شاندار ہیں اور عِلاوۃ کتنا شاندار ہے۔ صابرین کے لئے تین فضیلتیں ہیں: صلوٰۃ، رحمت اور ہدایت، صلوٰۃ اور رحمت عدلان ہیں اور ہدایت علاوہ (مزید برآں) مگر یہ صدمہ اولیٰ پر صبر کرنے کا ثواب ہے جب مصیبت دل کے ساتھ ٹکرائے اسی وقت جو صبر کرے اس کے لئے یہ فضیلت ہے۔

اس کے بعد حضرت رحمہ اللہ نے سورۂ بقرہ کی آیت ۴۵ لکھی ہے: ﴿وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلاَةِ﴾ اس آیت میں صبر کا فارمولہ ہے، بعض مرتبہ مصیبت بہت بھاری ہوتی ہے اس وقت صبر کے ساتھ ذکر خداوندی سے بھی مدد لینی چاہئے، اور ذکر کا آخری درجہ نماز ہے۔ آنحضور ﷺ کو جب کوئی بات پیش آتی: آندھیاں چلتیں، بادل گرجتے تو آپ فوراً نماز شروع فرما دیتے، نماز سے قلب کو اطمینان حاصل ہوتا ہے، ارشادِ پاک ہے ﴿أَلاَ بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبِ﴾ اور صبر سے بھی قلب کو اطمینان حاصل ہوتا ہے، حدیث شریف میں ہے: الصبر ضِیاءٌ: صبر ایک روشنی ہے، صبر کرنے سے آدمی اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر راضی ہو جاتا ہے، یہی وہ روشنی ہے جو صبر سے حاصل ہوتی ہے۔

اور آیت کریمہ میں صبر کو پہلے ذکر کیا اور نماز کو بعد میں اس سے صبر کی اہمیت واضح ہوتی ہے، نیز نماز بھی وہی پڑھے گا جو صبر کرے گا، اور جو صبر نہیں کر سکتا وہ نماز بھی نہیں پڑھے گا، کیونکہ اللہ کے احکام پر اپنے آپ کو روکنا بھی صبر ہے، اور اللہ کے احکام میں سے ایک حکم نماز ہے، اس لئے نماز کے لئے اپنے آپ کو وہی تیار کرتا ہے جو صبر شعار ہوتا ہے، جس کے اندر یہ خوبی نہیں ہوتی وہ کٹھنائیوں میں بھی نماز کی طرف متوجہ نہیں ہوتا، اپنی الجھنوں میں پھنسا رہتا ہے ﴿وَإِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ إِلاَّ عَلَى الْخَاشِعِيْنَ﴾ صبر اور نماز بہت بھاری ہیں، مگر جو بندے عاجزی کرتے ہیں اور اللہ عزوجل کے روبرو کھڑے ہونے سے

ڈرتے ہیں اور حساب وکتاب کی فکر کرتے ہیں ان پر صبر بھی آسان ہے اور نماز بھی۔

[٤٢-] بَابُ الصَّبْرِ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰى

[١-] وَقَالَ عُمَرُ: نَعْمَ الْعِدْلَانِ، وَنِعْمَ الْعِلَاوَةُ ﴿ الَّذِيْنَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيْبَةٌ قَالُوْا: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۝ أُوْلٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ﴾[البقرة: ١٥٦-١٥٧]

[٢-] وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ وَإِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ﴾[البقرة: ٤٥]

[١٣٠٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰى" [راجع: ١٢٥٢]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّا بِكَ لَمَحْزُوْنُوْنَ

ارشادِ نبوی: بیشک ہم تیری جدائی سے مغموم ہیں!

اوپر باب آیا تھا کہ صدمہ کے وقت دل غمگین ہو، آنکھوں سے آنسو جاری ہوں اور چہرے سے غم کے آثار ظاہر ہوں تو اس میں کچھ حرج نہیں، یہ سنت ہے، اسی سے تعلق رکھنے والا یہ باب ہے، جب صاحبزادہ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس ﷺ کی گود میں وفات پائی تو آپؐ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور آپؐ نے فرمایا: آنکھیں اشکبار ہیں، دل غمگین ہے، مگر ہم زباں سے وہی بات کہتے ہیں جس سے ہمارا پروردگار راضی ہے اور ہم اے ابراہیم تیری جدائی سے مغموم ہیں! پھر آپؐ نے إِنَّا لِلّٰہ پڑھا، یہی وہ بات ہے جس سے اللہ تعالیٰ راضی ہیں۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ رونے سے منع فرماتے ہیں اور آپؐ خود رورہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: اے ابن عوف! یہ رحمت ہے یعنی میں نے رونے سے مطلقاً منع نہیں کیا بلکہ اس رونے سے منع کیا ہے جو نوحہ ہے، اور معمولی رونا رقت قلبی اور رحمدلی کا نتیجہ ہے اور اس بات کی علامت ہے کہ آدمی کے دل میں محبت اور دردمندی کا جذبہ موجود ہے اور وہ امر محمود ہے۔

[٤٣-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّا بِكَ لَمَحْزُوْنُوْنَ

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ"

[١٣٠٣-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَيْشٌ، هُوَ ابْنُ حَيَّانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَخَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى أَبِي سَيْفِ الْقَيْنِ، وَكَانَ ظِئْرًا لِإِبْرَاهِيْمَ، فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِبْرَاهِيْمَ، فَقَبَّلَهُ وَشَمَّهُ، ثُمَّ دَخَلْنَا عَلَيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ، وَإِبْرَاهِيْمُ يَجُوْدُ بِنَفْسِهِ، فَجَعَلَتْ عَيْنَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَذْرِفَانِ،

فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: وَأَنْتَ يَارَسولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ:" يَا ابْنَ عَوْفٍ! إِنَّهَا رَحْمَةٌ" ثُمَّ أَتْبَعَهَا بِأُخْرَى، فَقَالَ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ الْعَيْنَ تَدْمَعُ، وَالْقَلْبَ يَحْزَنُ، وَلاَ نَقُوْلُ إِلاَّ مَا يَرْضَى رَبُّنَا، وَإِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا إِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ"

رَوَاهُ مُوْسَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: صاحبزادہ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ حضرت ماریہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے، وہ آپؐ کی سُرِّیّہ تھیں، سریہ وہ باندی کہلاتی ہے جس سے آقا صحبت کرتا ہے، جب غلام باندیوں کا دور تھا تو آقا تمام باندیوں سے صحبت نہیں کرتا تھا، جس سے صحبت کرنا چاہتا اسی کو صحبت کے لئے خاص کرتا تھا، اور حضرت ماریہؓ قبا میں رہتی تھیں، آپؐ گاہ گاہ وہاں تشریف لے جاتے تھے، اور ابوسیف آہنگر کے یہاں وہ بچہ دودھ پیتا تھا، نبی ﷺ کبھی کبھی اس آہنگر کے یہاں تشریف لے جاتے تھے اور بچہ کو کھلاتے تھے، جب بچہ کا انتقال ہوا اس وقت بھی وہ بچہ اسی آہنگر کے یہاں دودھ پیتا تھا۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ ابوسیف لوہار کے گھر گئے، اس کی بیوی ابراہیمؓ کی انّا تھی، پس نبی ﷺ نے ابراہیم کو لیا اس کو چوما اور سونگھا، اس واقعہ کے بعد پھر ایک مرتبہ ہم ابوسیف کے یہاں گئے درانحالیکہ ابراہیمؓ اپنی جان کی سخاوت کررہے تھے یعنی جان کنی کا وقت تھا، پس نبی ﷺ کی آنکھیں بہنے لگیں، آپؐ سے حضرت عبدالرحمٰنؓ نے عرض کیا: آپؐ رو رہے ہیں اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: ابن عوف! یہ رحمت ہے (جو آنسو کی شکل میں ٹپک رہی ہے) پھر اس کے ساتھ ہی ایک آنسو اور ٹپک گیا، پس آپؐ نے فرمایا: بیشک آنکھ اشکبار ہے، دل غمگین ہے مگر ہم زبان سے وہی کہتے ہیں جس سے ہمارا پروردگار راضی ہے۔ اے ابراہیم! ہم تیری جدائی سے (با سببیہ ہے یا مجاز بالحذف ہے أی بموتك) مغموم ہیں۔

سند:

اس حدیث کو موسیٰ بن اسماعیل بھی روایت کرتے ہیں، ان کے استاذ سلیمان بن المغیرہ ہیں اور ثابت پر دونوں سندیں مل جاتی ہیں، اور ایک وہم کو دور کرنے کے لئے اس دوسری سند کو ذکر کیا ہے، اوپر ابن عمرؓ کی حدیث کا حوالہ تھا، کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ یہ راوی کا وہم ہے درحقیقت یہ ابن عمرؓ کی حدیث ہے، حضرت انسؓ کی حدیث نہیں، اس لئے دوسری سند ذکر کی کہ یہ حضرت انسؓ کی بھی حدیث ہے ابن عمرؓ کی طرح حضرت انسؓ بھی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں۔

بَابُ الْبُكَاءِ عِنْدَ الْمَرِيْضِ

قریب المرگ کے پاس رونا

جس طرح کسی کی موت پر غمگین ہونا اور معمولی رونا جائز ہے اسی طرح مریض کے پاس جو سکرات میں ہو رونا جائز ہے،

کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ مریض کے پاس رونے میں مریض کو خوف اور وحشت میں ڈالنا ہے، پس مریض کے پاس رونا جائز نہیں ہونا چاہئے۔ حضرتؒ نے یہ باب قائم کر کے تنبیہ کی کہ ایسا نہیں، یہ بھی محبت کا اظہار اور جذبہ رحمت کا نتیجہ ہے، اور سنت سے ثابت ہے۔ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ جو قبیلہ خزرج کے سردار تھے بہت زیادہ بیمار ہوگئے، آنحضور ﷺ صحابہ کے ساتھ ان کی بیمار پرسی کے لئے تشریف لے گئے، گھر والے سب جمع تھے، آپؐ نے پوچھا: کیا انتقال ہوگیا؟ لوگوں نے بتایا کہ نہیں، آپؐ ان کا حال دیکھ کر رو پڑے، دوسرے لوگ بھی رونے لگے، آپؐ نے فرمایا: سنو! اللہ تعالیٰ آنسو بہانے پر اور دل کے حزن وملال پر سزا نہیں دیتے بلکہ اس کی وجہ سے سزا دیتے ہیں (اور آپؐ نے اپنی زبان مبارک کی طرف اشارہ کیا) یا مہربانی فرماتے ہیں، یعنی اگر زبان سے ناشکری، بے صبری اور بے ادبی کے کلمات نکالے تو مستحق عذاب ہوگا، اور حمد وترجیع کی تو مستحق ثواب ہوگا۔ غرض مریض کے پاس رونا جائز ہے، البتہ سخت واویلا مچانا جو نوحہ کی حد تک پہنچ جائے جائز نہیں۔

[٤٤-] بَابُ الْبُكَاءِ عِنْدَ الْمَرِيْضِ

[١٣٠٤-] حدثنا أَصْبَغُ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: اشْتَكَى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ شَكْوَى لَهُ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُهُ، مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، وَسَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ، فَوَجَدَهُ فِيْ غَاشِيَةِ أَهْلِهِ، فَقَالَ: "قَدْ قُضِيَ؟" فَقَالُوْا: لَا، يارسولَ اللّٰهِ! فَبَكَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا رَأَى الْقَوْمُ بُكَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَكَوْا، فَقَالَ: "أَلَا تَسْمَعُوْنَ؟ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُعَذِّبُ بِدَمْعِ الْعَيْنِ وَلَا بِحُزْنِ الْقَلْبِ، ولٰكِنْ يُعَذِّبُ بِهٰذَا - وَأَشَارَ إِلٰى لِسَانِهِ - أَوْ يَرْحَمُ، وَإِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ" وَكَانَ عُمَرُ يَضْرِبُ فِيْهِ بِالْعَصَا، وَيَرْمِيْ بِالْحِجَارَةِ، وَيَحْثِيْ بِالتُّرَابِ.

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کسی بیماری میں مبتلا ہوئے تو آنحضور ﷺ حضرات عبد الرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاص اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم کے ساتھ ان کی بیمار پرسی کے لئے تشریف لے گئے، جب آپؐ ان کے پاس پہنچے تو آپؐ نے پایا کہ گھر والوں نے ان کو گھیر رکھا ہے یعنی گھر کے سب افراد ان کے پاس جمع ہیں، آپؐ نے پوچھا: کیا ان کی وفات ہوگئی؟ لوگوں نے عرض کیا: نہیں یارسول اللہ! پس آپؐ روئے، جب لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو روتے ہوئے دیکھا تو وہ بھی روئے، پس آپؐ نے فرمایا: کیا سنتے نہیں ہو؟ بیشک اللہ تعالیٰ آنسو بہانے پر اور دل کے حزن وملال پر سزا نہیں دیتے بلکہ اس کی وجہ سے سزا دیتے ہیں ـــــ اور آپؐ نے اپنی زبان مبارک کی طرف اشارہ کیا ـــــ یا مہربانی فرماتے ہیں، اور بیشک میت پسماندگان کے رونے کی وجہ سے سزا دی جاتی ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس پر (نوحہ کرنے پر) ڈنڈا بجاتے تھے اور پتھر پھینک کر مارتے تھے اور رونے والے کے منہ پر مٹی پھینکتے تھے۔

بَابُ مَا يُنْهَى عَنِ النَّوْحِ وَالْبُكَاءِ وَالزَّجْرِ عَنْ ذٰلِكَ

ماتم اور رونے سے روکنا اور اس سے جھڑکنا

امام بخاری رحمہ اللہ کا ایک طریقہ یہ ہے کہ حدیث کے آخر میں جو مضمون آتا ہے اس کی مناسبت سے اگلا باب قائم کردیتے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ جو رونے پر پٹائی کیا کرتے تھے اس کی مناسبت سے یہ باب قائم کیا کہ نوحہ اور آہ وبکاء کرنا ممنوع ہے۔ اور حدیث المیت یعذب ببکاء أھله علیه کا مصداق یہی رونا ہے۔

[٤٥-] بَابُ مَا يُنْهَى عَنِ النَّوْحِ وَالْبُكَاءِ وَالزَّجْرِ عَنْ ذٰلِكَ

[١٣٠٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِيْ عَمْرَةُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ: لَمَّا جَاءَ قَتْلُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، وَجَعْفَرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ: جَلَسَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُعْرَفُ فِيْهِ الْحُزْنُ، وَأَنَا أَطَّلِعُ مِنْ شَقِّ الْبَابِ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ، وَذَكَرَ بُكَاءَ هُنَّ فَأَمَرَهُ أَنْ يَنْهَاهُنَّ، فَذَهَبَ الرَّجُلُ، ثُمَّ أَتَى، فَقَالَ: قَدْ نَهَيْتُهُنَّ، وَذَكَرَ أَنَّهُ لَمْ يُطِعْنَهُ، فَأَمَرَهُ الثَّانِيَةَ أَنْ يَنْهَاهُنَّ، فَذَهَبَ ثُمَّ أَتَاهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ! لَقَدْ غَلَبْنَنِيْ- أَوْ: غَلَبْنَنَا، الشَّكُّ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ [عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ] حَوْشَبٍ - فَزَعَمَتْ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " فَاحْثُ فِيْ أَفْوَاهِهِنَّ مِنَ التُّرَابِ" فَقُلْتُ: أَرْغَمَ اللّٰهُ أَنْفَكَ! فَوَ اللّٰهِ مَا أَنْتَ بِفَاعِلٍ، وَمَا تَرَكْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْعَنَاءِ. [راجع: ١٢٩٩]

وضاحت: یہ حدیث ابھی گذری ہے، اور حدیث کی باب سے مناسبت یہ ہے کہ جب جعفر کی عورتیں رونے سے باز نہ آئیں تو نبی ﷺ نے ان کے منہ پر مٹی ڈالنے کا حکم دیا، یہی آہ وبکاء پر زجر وتوبیخ ہے۔

[١٣٠٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: أَخَذَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ الْبَيْعَةِ أَنْ لاَ نَنُوْحَ، فَمَا وَفَتْ مِنَّا امْرَأَةٌ غَيْرُ خَمْسِ نِسْوَةٍ: أُمُّ سُلَيْمٍ، وَأُمُّ الْعَلاَءِ، وَابْنَةُ أَبِيْ سَبْرَةَ امْرَأَةِ مُعَاذٍ، وَامْرَأَتَانِ، أَوْ: ابْنَةُ أَبِيْ سَبْرَةَ، وَامْرَأَةُ مُعَاذٍ، وَامْرَأَةٌ أُخْرَى. [انظر: ٤٨٩٢، ٧٢١٥]

ترجمہ: ام عطیہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ نے بیعت کے وقت ہم سے عہد وپیمان لیا کہ ہم ماتم نہیں کریں گی، چنانچہ ہم میں سے صرف پانچ عورتوں نے اس عہد کو وفا کیا: ام سلیمؓ نے، ام العلاءؓ نے، ابو سبرہ کی بیٹی نے جو معاذؓ کی بیوی ہیں، اور دیگر

دوعورتوں نے، یا یہ کہا کہ ابوسبرہ کی بیٹی نے اور معاذؓ کی بیوی نے اور ایک اور عورت نے۔

تشریح: اس حدیث میں بیعت سلوک کا ذکر ہے، سورۂ ممتحنہ کی آیت ۱۰ میں اس بیعت کا تذکرہ ہے، اور شروع سال میں بتلایا تھا کہ بیعت سلوک کی دفعات میں بیعت کرنے والوں کے احوال کی رعایت سے کمی بیشی کر سکتے ہیں، مثلاً: ایک شخص غیبت کرتا ہے جب اس کو بیعت کریں گے تو اس سے یہ گناہ نہ کرنے کا عہد لیں گے، یا کسی جگہ میت کا ماتم کیا جاتا ہے تو وہاں کی عورتوں سے بیعت میں یہ حرکت نہ کرنے کا بھی عہد لیں گے، آنحضور ﷺ نے جب عورتوں کو بیعت کیا تو ماتم نہ کرنے کا عہد لیا، حضرت ام عطیہؓ کہتی ہیں: پانچ عورتوں کے علاوہ کوئی اس عہد پر برقرار نہ رہ سکی، صرف پانچ نے کبھی ماتم نہیں کیا، باقی عورتیں وفاء کے اعلی معیار پر نہ اتر سکیں (بیعتِ سلوک کے لئے دیکھئے تحفۃ القاری ۱:۲۲۱-۲۲۴)

سوال: کیا ام عطیہؓ نے عہد پورا نہیں کیا تھا؟ **جواب:** ان کے بارے میں روایات مختلف ہیں (دیکھیں فتح)

بَابُ الْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ

جنازہ کے لئے کھڑا ہونا

پہلے آنحضرت ﷺ کا طریقہ یہ تھا کہ آپؐ جنازہ دیکھ کر کھڑے ہوجاتے تھے، پھر جب جنازہ رکھ دیا جاتا یا آگے بڑھ جاتا تو آپؐ بیٹھ جاتے، اور آپؐ نے صحابہ کو بھی اس کا حکم دیا تھا، بعد میں آپؐ کا عمل بدل گیا، جنازہ دیکھ کر آپؐ کھڑے نہیں ہوتے تھے اور صحابہ کو بھی اس سے منع کر دیا، پس پہلا حکم منسوخ ہوگیا، مسند احمد میں روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں جنازہ کے لئے کھڑے ہونے کا حکم دیا پھر بعد میں آپؐ بیٹھے اور ہمیں بھی بیٹھنے کا حکم دیا (مشکوٰۃ حدیث ۱۶۸۲) اور امام احمد رحمہ اللہ نے دونوں حدیثوں کو جمع کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: ''اگر چاہے تو کھڑا ہو اور چاہے تو کھڑا نہ ہو'' (ترمذی کتاب الجنائز باب ۵۱) یعنی قیام واجب نہیں، کھڑے ہونے نہ ہونے کا اختیار ہے، اور یہ تطبیق زیادہ پسند کی گئی ہے اس لئے کہ جنازہ کو دیکھ کر گھبراہٹ ہوتی ہے، اور بے اختیار آدمی کھڑا ہوجاتا ہے، اور ناسخ ومنسوخ قرار دیں گے تو جنازہ دیکھ کر کھڑا ہونا جائز نہیں ہوگا، پس آدمی گنہ گار ہوگا —— اور شاہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں دونوں عملوں کی درج ذیل حکمتیں بیان کی ہیں:

جب جنازہ دیکھ کر کھڑا ہونا مشروع تھا تو اس کی وجہ یہ تھی کہ موت کو یاد کرنا جو زندگی مٹانے والی ہے اور بھائیوں کی موت سے عبرت پکڑنا امر مطلوب ہے، مگر چونکہ یہ امر مخفی تھا یعنی کس نے عبرت پکڑی اور کس نے نہیں پکڑی اس کا پتا چلانا مشکل تھا، اس لئے نبی ﷺ نے جنازہ کے لئے کھڑا ہونا متعین کیا تا کہ موت سے لوگوں کی عبرت پذیری کا اندازہ ہوجائے۔

پھر جب یہ حکم منسوخ کر دیا گیا تو نسخ کی وجہ یہ تھی کہ زمانہ جاہلیت میں قیام تعظیمی کا رواج تھا، شریعت میں ایسا قیام ممنوع ہے، ابوداؤد کی روایت ہے: **لاتقوموا كما يقوم الأعاجم: يُعَظِّم بعضُها بعضًا:** یعنی نہ کھڑے ہوؤ جس طرح عجمی لوگ کھڑے ہوتے ہیں، وہ کھڑے ہوکر ایک دوسرے کی تعظیم کرتے ہیں اور جنازہ دیکھ کر کھڑا ہونا عبرت پذیری کے

لئے تھا، تعظیم کے لئے نہیں تھا مگر آنحضرت ﷺ کو اندیشہ ہوا کہ کہیں لوگ جنازہ کے لئے کھڑے ہونے کو غیر محل میں استعمال نہ کرنے لگیں، یعنی ممکن ہے وہ یہ خیال کرنے لگیں کہ جب مردے کے لئے کھڑے ہونے کا حکم ہے تو زندے تو اس کے بدرجہ اولیٰ مستحق ہیں اور اس طرح ایک ناجائز کام کا رواج چل پڑے، اس لئے فساد کا دروازہ بند کرنے کے لئے جنازہ کے لئے قیام ختم کردیا گیا۔

فائدہ: بعض لوگوں نے حضرت سعد بن معاذؓ کے واقعہ سے قیام تعظیمی پر استدلال کیا ہے مگر وہ استدلال صحیح نہیں، وہ استدلال اس وقت درست ہوتا جب قوموا لسيدكم ہوتا، یعنی اپنے سردار کے لئے اٹھو، حالانکہ حدیث میں لام نہیں ہے بلکہ إلى ہے، قوموا إلى سيدكم ہے، یعنی تمہارے سردار بیمار ہیں ان کو سہارا دے کر سواری سے اتارو (دیکھئے تحفۃ القاری ٢: ٣١٧)

ملحوظہ: امام بخاری رحمہ اللہ نسخ کے قائل نہیں، ان کے نزدیک جنازہ دیکھ کر کھڑے ہونے کا حکم معمول بہ ہے، چنانچہ حضرت رحمہ اللہ اسی سلسلہ کے ابواب لائے ہیں، اور اس پر دلائل قائم کئے ہیں، یعنی امام بخاری رحمہ اللہ نے امام احمد رحمہ اللہ کی رائے اختیار کی ہے۔

[٤٦-] بَابُ الْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ

[١٣٠٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا حَتّٰى تُخَلِّفَكُمْ" قَالَ سُفْيَانُ: قَالَ الزُّهْرِيُّ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَامِرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، زَادَ الْحُمَيْدِيُّ: "حَتّٰى تُخَلِّفَكُمْ أَوْ تُوْضَعَ" [انظر: ١٣٠٨]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہوجاؤ، یہاں تک کہ جنازہ تمہیں پیچھے کردے" یعنی جنازہ آگے بڑھ جائے، پھر ابن عیینہ کے شاگرد حمیدی کی سند لائے ہیں، اس میں اخبار کی صراحت ہے، اور یہ اضافہ ہے: "یا جنازہ زمین پر رکھ دیا جائے"

تشریح: اس حدیث میں جنازہ دیکھ کر کھڑے ہونے کا حکم ہے، اور نسخ کی کوئی دلیل نہیں، پس حکم باقی ہے۔

بَابٌ: مَتٰى يَقْعُدُ إِذَا قَامَ لِلْجَنَازَةِ؟

جب جنازہ کے لئے اٹھے تو کب بیٹھے؟

کوئی شخص کسی جگہ بیٹھا ہے اور جنازہ آئے تو حکم ہے کہ جنازہ دیکھ کر کھڑے ہوجاؤ، اگرچہ جنازہ کے ساتھ نہ جانا ہو، پھر جب جنازہ آگے بڑھ جائے تو بیٹھ سکتا ہے، یا کوئی طالب علم نودرہ میں بیٹھا ہے اور جنازہ آیا تو کھڑا ہوجائے، پھر جب جنازہ

زمین پر رکھ دیا جائے تو بیٹھ سکتا ہے۔

[٤٧-] بَابٌ: مَتَى يَقْعُدُ إِذَا قَامَ لِلْجَنَازَةِ؟

[١٣٠٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَامِرِبْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ جَنَازَةً، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ مَاشِيًا مَعَهَا فَلْيَقُمْ حَتّٰى يُخَلِّفَهَا أَوْ تُخَلِّفَهُ، أَوْ تُوْضَعَ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُخَلِّفَهُ"[راجع: ١٣٠٧]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی جنازہ دیکھے اور اس کو جنازہ کے ساتھ نہیں جانا تو بھی کھڑا ہو جائے یہاں تک کہ وہ جنازہ کو پیچھے کر دے یا جنازہ اس کو پیچھے کر دے یعنی جنازہ آگے بڑھ جائے یا جنازہ اتار دیا جائے اس سے پہلے کہ وہ اس کو پیچھے کرے''

[١٣١٠-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا، فَمَنْ تَبِعَهَا فَلاَ يَقْعُدْ حَتّٰى تُوْضَعَ" [راجع: ١٣٠٩]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ، پس جو شخص اس کے ساتھ جائے وہ نہ بیٹھے یہاں تک کہ جنازہ اتار دیا جائے''

تشریح: مصری نسخہ میں یہ حدیث آئندہ باب میں ہے، اس حدیث میں وہ مسئلہ بھی ہے جو اگلے باب میں آرہا ہے کہ جو شخص جنازہ کے ساتھ جائے وہ اس وقت تک نہ بیٹھے جب تک جنازہ نیچے نہ رکھ دیا جائے، کیونکہ کبھی جنازہ اتارنے میں مدد کی ضرورت پیش آتی ہے پس اگر لوگ بیٹھ جائیں گے تو ان کے کھڑے ہونے تک جنازہ گر پڑے گا۔

بَابُ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلاَ يَقْعُدْ حَتّٰى تُوْضَعَ عَنْ مَنَاكِبِ الرِّجَالِ، فَإِنْ قَعَدَ أُمِرَ بِالْقِيَامِ

جو شخص جنازہ کے ساتھ جائے وہ جب تک جنازہ مردوں کے کندھوں سے اتار نہ دیا جائے: نہ بیٹھے، اور اگر بیٹھ جائے تو اس کو کھڑا ہونے کا حکم دیا جائے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ جو لوگ جنازہ کے ساتھ جائیں وہ جب جنازہ نماز پڑھنے کی جگہ یا قبرستان پہنچ جائے تو جب تک جنازہ زمین پر نہ رکھ دیا جائے لوگ نہ بیٹھیں، کیونکہ جنازہ اگرچہ چار آدمی اٹھاتے ہیں مگر اتارتے وقت اور آدمیوں کی ضرورت پیش آتی ہے، پس اگر لوگ بیٹھ جائیں گے تو ان کے کھڑے ہونے تک جنازہ گر پڑے گا، پھر جب جنازہ زمین

پر رکھ دیا جائے تو اب بیٹھنے اور کھڑے رہنے میں اختیار ہے۔

البتہ اگر لوگ جنازے میں زیادہ ہوں تو جو لوگ جنازہ کے پاس ہیں وہ نہ بیٹھیں، باقی لوگ بیٹھ سکتے ہیں، اسی طرح جو لوگ جنازہ سے پہلے قبرستان پہنچ جائیں وہ بھی بیٹھ سکتے ہیں۔

فائدہ: مناکب الرجال: کی قید اس لئے لگائی کہ عورتیں نہ جنازہ کے ساتھ جاتی ہیں اور نہ جنازہ کو کندھا دیتی ہیں۔ اور اس سلسلہ میں آگے مستقل باب آ رہا ہے۔

[٤٨-] بَابُ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلاَ يَقْعُدْ حَتّٰى تُوْضَعَ عَنْ مَنَاكِبِ الرِّجَالِ، فَإِنْ قَعَدَ أُمِرَ بِالْقِيَامِ

[١٣٠٩-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كُنَّا فِيْ جَنَازَةٍ، فَأَخَذَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ بِيَدِ مَرْوَانَ فَجَلَسَا قَبْلَ أَنْ تُوْضَعَ، فَجَاءَ أَبُوْ سَعِيْدٍ، قَالَ: فَأَخَذَ بِيَدِ مَرْوَانَ، فَقَالَ: قُمْ، فَوَ اللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ هٰذَا أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ أَ بُوْهُرَيْرَةَ: صَدَقَ. [انظر: ١٣١٠]

ترجمہ: سعید مقبریؒ کے والد ابوسعید کیسان کہتے ہیں: ہم ایک جنازہ میں تھے (لوگوں میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور مدینہ کا گورنر مروان بھی تھا) پس حضرت ابوہریرہؓ نے مروان کا ہاتھ پکڑا اور جنازہ زمین پر رکھے جانے سے پہلے ہی دونوں بیٹھ گئے، پس حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ آئے، راوی کہتا ہے: پس انھوں نے مروان کا ہاتھ پکڑا اور کہا: کھڑے ہو جایئے! بخدا! یہ (ابوہریرہؓ) اچھی طرح جانتے ہیں کہ نبی ﷺ نے اس سے (یعنی جنازہ اتارے جانے سے پہلے بیٹھنے سے) منع کیا ہے، پس حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: انھوں نے سچ کہا۔

سوال: جب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ حدیث جانتے تھے تو پھر وہ کیوں بیٹھے، اور نہ صرف بیٹھے بلکہ مروان کو بھی ہاتھ پکڑ کر بٹھا دیا، ایسا کیوں کیا؟

جواب: حاشیہ میں اس کا ایک جواب یہ دیا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس حکم کو واجب نہیں سمجھتے تھے، اور دوسرا جواب یہ ہے کہ جس جنازے میں گورنر شریک ہو اس میں پانچ پچیس آدمی نہیں ہوتے، لوگوں کی بڑی تعداد ہوتی ہے، پس جنازہ کو اتارنے میں جتنے لوگوں کے تعاون کی ضرورت ہے وہ کھڑے رہیں گے، باقی بیٹھ سکتے ہیں، پس حدیث میں جو ممانعت ہے وہ اس صورت میں ہے جب لوگ تھوڑے ہوں۔

بَابُ مَنْ قَامَ لِجَنَازَةِ يَهُوْدِيٍّ

جو شخص یہودی کے جنازہ کے لئے کھڑا ہو

دور سے ایک ہی سلسلہ کے ابواب چل رہے ہیں کہ جنازہ دیکھ کر کھڑا ہو جانا چاہئے، اب فرماتے ہیں: غیر مسلم کا جنازہ

ہوتب بھی کھڑا ہوجانا چاہئے، کیونکہ وہ بھی ایک نفس ہے، اور کسی کا بھی جنازہ ہو اس کو دیکھ کر ایک دہشت طاری ہوتی ہے اور آدمی کھڑے ہونے پر مجبور ہوجاتا ہے۔

[۴۹-] بَابُ مَنْ قَامَ لِجَنَازَةِ يَهُوْدِيٍّ

[۱۳۱۱-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَرَّبِنَا جَنَازَةٌ، فَقَامَ لَهَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقُمْنَا فَقُلْنَا: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُوْدِيٍّ، قَالَ: "إِذَا رَأَيْتُم الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا"

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمارے پاس سے ایک جنازہ گذرا پس نبی ﷺ اس جنازہ کو دیکھ کر کھڑے ہوئے، اور ہم بھی کھڑے ہوئے، پس ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ یہودی کا جنازہ ہے، آپؐ نے (ہماری بات کو نظر انداز کیا اور) فرمایا: "جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہوجاؤ"

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دورِ اول میں جنازہ کے لئے جو کھڑے ہونے کا حکم تھا وہ جنازہ کی تعظیم کے لئے نہیں تھا، کیونکہ یہودی کے جنازہ کی تعظیم کا کوئی مطلب نہیں، بلکہ وہ کھڑا ہونا اور مقصد سے تھا جو ہم نے ابھی بیان کیا۔

[۱۳۱۲-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ أَبِیْ لَيْلیٰ، قَالَ: كَانَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، وَقَيْسُ بْنُ سَعْدٍ قَاعِدَيْنِ بِالْقَادِسِيَّةِ، فَمَرُّوْا عَلَيْهِمَا بِجَنَازَةٍ فَقَامَا، فَقِيْلَ لَهُمَا: إِنَّهَا مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ، أَیْ مِنْ أَهْلِ الذِّمَّةِ، فَقَالَا: إِنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم مَرَّتْ بِهِ جَنَازَةٌ فقام: فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُوْدِيٍّ، فَقَالَ: "أَلَيْسَتْ نَفْسًا؟"

[۱۳۱۳-] وَقَالَ أَبُوْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ أَبِیْ لَيْلیٰ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ سَهْلٍ وَقَيْسٍ فَقَالَا: كُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم. وَقَالَ زَكَرِيَّاءُ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ لَيْلَی: كَانَ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ وَقَيْسٌ يَقُوْمَانِ لِلْجَنَازَةِ.

ترجمہ: ابن ابی لیلیٰ کبیر کہتے ہیں: سہل بن حنیف اور قیس بن سعد رضی اللہ عنہما قادسیہ (جگہ کا نام) میں بیٹھے ہوئے تھے، ان کے پاس سے ایک جنازہ گذرا، دونوں کھڑے ہوگئے، ان سے کہا گیا: یہ ذمی کا جنازہ ہے، پس دونوں نے کہا: نبی ﷺ کے پاس سے ایک جنازہ گذرا، پس آپؐ کھڑے ہوئے، آپؐ سے عرض کیا گیا: یہ یہودی کا جنازہ ہے، آپؐ نے فرمایا: "کیا یہودی انسان نہیں!" (معلوم ہوا: جنازہ مسلمان کا ہو یا غیر مسلم کا اسے دیکھ کر کھڑا ہوجانا چاہئے)

اس کے بعد حضرت رحمہ اللہ نے معلق حدیث ذکر کی ہے، اس میں صراحت ہے کہ جب مذکورہ واقعہ پیش آیا تو ابن ابی

لیلیٰ: حضرت سہلؓ اور حضرت قیسؓ کے پاس تھے، یعنی سماع کی صراحت کے لئے یہ تعلیق لائے ہیں، پھر بواسطہ زکریا: ابن ابی لیلیٰ ہی کے حوالہ سے حضرت ابو مسعودؓ اور حضرت قیسؓ کا عمل ذکر کیا ہے کہ وہ دونوں حضرات جنازہ دیکھ کر کھڑے ہوتے تھے، پس ابن ابی لیلیٰ تین صحابہ سے یہ عمل روایت کرتے ہیں۔

بَابُ حَمْلِ الرِّجَالِ الْجَنَازَةَ دُوْنَ النِّسَاءِ

جنازہ مرد اٹھائیں، عورتیں نہیں

مرد جنازہ اٹھا کر قبرستان لے جائیں گے، عورتیں نہیں، کیونکہ عورتوں کا جنازہ کے ساتھ جانا جائز نہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ ایک جنازہ میں تشریف لے جا رہے تھے، آپؐ نے چند عورتوں کو ایک جگہ بیٹھا ہوا دیکھا، پوچھا: یہاں کیوں بیٹھی ہو؟ انھوں نے جواب دیا: ہم جنازہ کا انتظار کر رہی ہیں، آپؐ نے پوچھا: تم نے جنازہ کو نہلایا؟ انھوں نے جواب دیا: نہیں، آپؐ نے پوچھا: تم جنازہ کو کندھا دوگی؟ انھوں نے جواب دیا: نہیں، آپؐ نے پوچھا: تم جنازہ کو قبر میں اتاروگی؟ انھوں نے جواب دیا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: پس واپس جاؤ گناہوں کا بوجھ لے کر، ثواب سے خالی ہاتھ (ابن ماجہ حدیث ۱۵۷۸) اس سوال وجواب سے معلوم ہوا کہ عورتوں کا جنازہ میں کوئی کام نہیں، پس ان کی شرکت بے فائدہ ہے، اس لئے عورتوں کا جنازہ کے ساتھ جانا ممنوع ہے۔

[۵۰-] بَابُ حَمْلِ الرِّجَالِ الْجَنَازَةَ دُوْنَ النِّسَاءِ

[۱۳۱۴-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ، وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلٰى أَعْنَاقِهِمْ، فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُوْنِيْ، وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ: يَاوَيْلَهَا! أَيْنَ تَذْهَبُوْنَ بِهَا؟ يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْئٍ إِلَّا الإِنْسَانَ، وَلَوْ سَمِعَهُ لَصَعِقَ"[انظر: ۱۳۱۶، ۱۳۸۰]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب جنازہ (چارپائی پر) رکھ دیا جاتا ہے اور مرد اسے اپنے کندھوں پر اٹھا لیتے ہیں (یہ جزء ترجمۃ الباب سے متعلق ہے) تو اگر وہ نیک ہوتا ہے تو کہتا ہے: مجھے آگے بڑھاؤ یعنی جلدی لے چلو، اور اگر نیک نہیں ہوتا تو کہتا ہے: کم بختی ہو جنازہ کے لئے! اس کو کہاں لے جا رہے ہو! جنازہ کی آواز انسان کے علاوہ ہر مخلوق سنتی ہے اور اگر اس کو انسان سن لے تو بیہوش ہو جائے۔

تشریح:

۱- اس حدیث میں میت کی جس گفتگو کا تذکرہ ہے: وہ حقیقت ہے مجاز نہیں، کچھ ارواح جسم سے جدا ہونے کے بعد بھی

ان معاملات کومحسوس کرتی ہیں جوان کے اجسام کے ساتھ کیا جاتا ہے،مگر وہ روحانی گفتگو ہے،معروف کانوں سے نہیں سنی جاسکتی،صرف وجدان ہی سے اس کو سمجھا جاسکتا ہے۔اور دلیل حدیث کا یہ جملہ ہے کہ انسان کے علاوہ دیگر مخلوقات وہ گفتگو سنتی ہیں،معلوم ہوا کہ حدیث میں بیان واقعہ ہے،تمثیل اور پیرایۂ بیان نہیں ہے (رحمۃ اللہ ۶۷۲:۳)

۲-جب مرد جنازہ اپنے کندھوں پر اٹھاتے ہیں: اس جملہ سے استدلال کیا ہے کہ جنازہ مرد اٹھا کر قبرستان لے جائیں گے،عورتیں نہیں، یہ ایسا ہی استدلال ہے جیسا سورۂ نور کی آیات ۳۵-۳۷ میں کیا گیا ہے،ان آیات میں اللہ عزوجل نے آسمان وزمین میں جونور ہدایت ہے اس کی ایک مثال بیان کی ہے، پھر فرمایا ہے کہ وہ نور ہدایت مسجدوں میں پیدا ہوتا ہے، کیونکہ وہاں ایسے مرد عبادت کرتے ہیں جن کو اللہ کے ذکر سے نہ تجارت غافل کرتی ہے اور نہ خرید وفروخت ﴿رِجَالٌ لاَ تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَلاَ بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ﴾اس میں لفظ رجالٌ سے معلوم ہوا کہ عورتیں مسجد میں نہیں جائیں گی۔

بَابُ السُّرْعَةِ بِالْجَنَازَةِ

جنازہ جلدی لے چلنا

جنازہ لے کر تیز چلنا چاہئے،خراماں خراماں نہیں چلنا چاہئے، دوڑنا بھی نہیں چاہئے اس سے جنازہ کی بے توقیری ہوگی۔اور جنازہ تیز لے کر چلنے میں حکمت یہ ہے کہ اگر جنازہ نیک آدمی کا ہے تو جلدی اس کو خیر سے ہمکنار کر دیا جائے گا، اور اگر بد ہے تو جلدی بدی سے پیچھا چھوٹ جائے گا۔

لوگ جنازہ کے آگے چلیں یا پیچھے؟

اس کے بعد ایک ضمنی مسئلہ ہے،امام بخاری رحمہ اللہ اس مسئلہ کو نہیں چھیڑیں گے،ترمذی میں وہ مسئلہ ہے،جولوگ جنازہ کے ساتھ جائیں ان کو جنازہ کے آگے چلنا چاہئے یا پیچھے؟ جاننا چاہئے کہ جنازہ کے آگے پیچھے دائیں بائیں ہر طرف چلنا جائز ہے،البتہ افضلیت میں اختلاف ہے۔امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جنازہ کے آگے چلنا افضل ہے،اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک پیچھے چلنا افضل ہے،اور اس اختلاف کی بنیاد نقطۂ نظر کا اختلاف ہے، جولوگ جنازہ کے ساتھ جاتے ہیں وہ کس غرض سے جاتے ہیں؟ احناف کے نزدیک وہ رخصت کرنے کے لئے جاتے ہیں،اور رخصت کرنے والا مہمان کے پیچھے چلتا ہے اس لئے جنازہ کے پیچھے چلنا اولیٰ ہے۔اور امام شافعیؒ کے نزدیک سفارش کرنے کے لئے جاتے ہیں اور سفارش کرنے والا آگے چلتا ہے اس لئے ان کے نزدیک آگے چلنا اولیٰ ہے۔

اثر: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم لوگ رخصت کرنے والے ہو،پس جنازہ کے آگے پیچھے دائیں اور بائیں چلو،اس اثر سے احناف کے موقف کی تائید ہوتی ہے۔حضرت انسؓ نے جنازہ کے ساتھ جانے والوں کو رخصت کرنے والا قرار دیا ہے —— اور کسی اور کا قول ہے کہ جنازہ کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں ہر طرف چلنے کی گنجائش ہے مگر جنازہ کے

قریب چلنا چاہئے، تاکہ لوگ جنازہ کو کندھا دیں، اور ایک دوسرے کی مدد کریں۔

مناسبت: اگر سب لوگ ایک ساتھ چلیں گے تو جنازہ لے کر تیز نہیں چلا جا سکے گا، اور دائیں بائیں آگے پیچھے پھیل جائیں گے تو جنازہ تیز رفتاری کے ساتھ لے چلیں گے، اسی مناسبت سے یہ اثر لائے ہیں۔

[۵۱-] بَابُ السُّرْعَةِ بِالْجَنَازَةِ

وَقَالَ أَنَسٌ: أَنْتُمْ مُشَيِّعُوْنَ، فَامْشِ بَيْنَ يَدَيْهَا وَخَلْفَهَا وَعَنْ يَمِيْنِهَا وَعَنْ شِمَالِهَا.

وَقَالَ غَيْرُهُ: قَرِيْبًا مِنْهَا.

[۱۳۱۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " أَسْرِعُوْا بِالْجَنَازَةِ، فَإِنْ تَكُ صَالِحَةً فَخَيْرٌ تُقَدِّمُوْنَهَا [إِلَيْهِ] وَإِنْ تَكُ سِوَى ذٰلِكَ فَشَرٌّ تَضَعُوْنَهُ عَنْ رِقَابِكُمْ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "جنازہ لے کر تیز چلو، اس لئے کہ اگر جنازہ نیک آدمی کا ہے تو تم جنازہ کو خیر کی طرف آگے بڑھاؤ گے، اور اگر جنازہ اس کے علاوہ کا ہے یعنی برے آدمی کا ہے تو تم اس بدی کو اپنے کندھوں سے اتار دو گے"

بَابُ قَوْلِ الْمَيِّتِ وَهُوَ عَلَى الْجَنَازَةِ: قَدِّمُوْنِيْ

چارپائی سے میت کا کہنا: مجھے آگے بڑھاؤ!

یہ ضمنی باب ہے، جب میت کہتی ہے: مجھے تیز لے کر چلو، تو اس کی بات ماننی چاہئے اور جنازہ کو تیز لے کر چلنا چاہئے، اور الجنازۃ (بفتح الجیم و کسرھا) کے معنی ہیں: مردہ اور مردے کی چارپائی، بعض لوگ فرق کرتے ہیں، بفتح الجیم مردے کے لئے استعمال کرتے ہیں اور بکسر الجیم مردے کی چارپائی کے لئے، مگر اہل لغت فرق نہیں کرتے، نہ عرف میں کچھ فرق کیا جاتا ہے۔

[۵۲-] بَابُ قَوْلِ الْمَيِّتِ وَهُوَ عَلَى الْجَنَازَةِ: قَدِّمُوْنِيْ

[۱۳۱۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ، وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلٰى أَعْنَاقِهِمْ، فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُوْنِيْ، وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ لِأَهْلِهَا: يَا وَيْلَهَا! أَيْنَ تَذْهَبُوْنَ بِهَا؟ يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْئٍ إِلَّا الإِنْسَانَ، وَلَوْ سَمِعَ الإِنْسَانُ لَصَعِقَ" [راجع: ۱۳۱۴]

قولہ: یاویلھا! أین تذھبون بھا؟ میت تو یاویلی اور أین تذھبون ہی کہے گی، مگر یہ بولنے کا ادب ہے، نامناسب

بات حکایت کے طور پر بھی اپنی طرف منسوب نہیں کرنی چاہئے، اس لئے ضمیریں بدل دی ہیں۔

بَابُ مَنْ صَفَّ صَفَّيْنِ أَوْ ثَلاَ ثَةً عَلَى الْجَنَازَةِ خَلْفَ الإِمَامِ

جس نے باجماعت جنازہ پڑھنے کے لئے دو یا تین صفیں بنائیں

بعض احادیث میں نماز جنازہ میں تین صفیں بنانے کا ذکر ہے، اور صحابہ کا بھی یہی معمول تھا، اور فقہ میں بھی اس کو مستحب لکھا ہے۔ ترمذی میں حدیث ہے: مالک بن ہبیرہ رضی اللہ عنہ جب کسی کی نماز جنازہ پڑھاتے تھے اور لوگ کم ہوتے تھے تو لوگوں کو تین صفوں میں بانٹتے تھے اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: جس میت کی نماز جنازہ تین صفیں پڑھیں اس کے لئے جنت واجب (ثابت) ہوجاتی ہے (ترمذی حدیث ۱۰۱۲)

حضرت رحمہ اللہ نے یہ باب قائم کر کے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ تین صفیں بنانا ضروری نہیں، دو صفیں بنائیں یا تین سب درست ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے نجاشیؓ کی نماز جنازہ پڑھائی، میں دوسری یا تیسری صف میں تھا، یہاں شک ہے مگر مسلم شریف (حدیث ۲۲۰۹) میں حدیث کے الفاظ ہیں: **فصففنا صفين**: معلوم ہوا کہ دو ہی صفیں تھیں اور حضرت جابرؓ دوسری صف میں تھے، پس ثابت ہوا کہ تین صفیں ضروری نہیں۔

فائدہ: نماز جنازہ درحقیقت میت کے لئے سفارش ہے اور شفاعتیں دو ہیں: قولی اور فعلی: قولی شفاعت یہ ہے کہ آدمی زبان سے میت کے لئے مغفرت کی دعا کرے، اور بڑی جماعت کا نماز جنازہ پڑھنا فعلی شفاعت ہے، اور بڑی جماعت سے مصلی الجنائز کی تین صفیں مراد ہیں جن میں تقریباً سو آدمی آتے تھے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس مسلمان کا انتقال ہوجائے اور اس کی نماز جنازہ مسلمانوں کی بڑی جماعت پڑھے جن کی تعداد سو تک پہنچ جائے اور وہ سب اس کے لئے سفارش کریں تو اللہ تعالیٰ ان کی سفارش قبول فرماتے ہیں'' (مسلم حدیث ۲۱۹۸)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بڑی جماعت سے مراد سو آدمی ہیں مگر حضرت مالک بن ہبیرہ رضی اللہ عنہ لوگوں کی کمی کی صورت میں حیلہ کرتے تھے اور لوگوں کو تین صفوں میں کھڑا کرتے تھے، کیونکہ رحمت حق بہانہ می جوید بہانمی جوید! حضرت مالک بن ہبیرہؓ جو حیلہ کرتے تھے وہ حدیث کی تاویل بعید ہے اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے کہ نصوص کی تاویل بعید غیر معتبر ہے، البتہ اگر تاویل بعید کسی فقیہ صحابی سے مروی ہو تو وہ معتبر ہے، مالک بن ہبیرہؓ صحابی ہیں پس یہ تاویل معتبر ہے۔

اور حضرت مالک بن ہبیرہؓ کی حدیث کی وجہ سے بعض علماء کہتے ہیں کہ نماز جنازہ میں صفیں طاق ہونی چاہئیں، اور وہ اس کا بڑا اہتمام کرتے ہیں، حالانکہ تین صفوں کے بعد طاق اور جفت سے کوئی فرق نہیں پڑتا، یہ الگ بات ہے کہ اگر آدمی زیادہ ہوں تو تین یا پانچ یا سات صفیں بنانا بہتر ہے، کیونکہ حدیث ہے: **إن الله وتر يحب الوتر**، یہ ایک عام ادب ہے،

جنازہ کی صفوف میں بھی اس کالحاظ رہنا چاہئے مگر اس کا واجب کی طرح اہتمام درست نہیں۔ اور ثلاثۃ کا یہ مطلب سمجھنا کہ صفیں طاق ہوں یہ صحیح نہیں، صفوں کی جو بھی تعداد ہو نماز درست ہے۔

[۵۳-] بَابُ مَنْ صَفَّ صَفَّيْنِ أَوْ ثَلاَثَةً عَلَى الْجَنَازَةِ خَلْفَ الإِمَامِ

[۱۳۱۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى عَلَى النَّجَاشِيِّ، فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِيْ أَوِ الثَّالِثِ.

[انظر: ۱۳۲۰، ۱۳۳٤، ۳۸۷۷، ۳۸۷۸، ۳۸۷۹]

بَابُ الصُّفُوْفِ عَلَى الْجَنَازَةِ

نماز جنازہ کی صفوں کا بیان

کوئی یہ خیال کرسکتا تھا کہ نماز جنازہ برائے نام نماز ہے، پس صف بندی کی کوئی خاص ضرورت نہیں، منتشر طور پر نماز پڑھ لی جائے تو بھی کافی ہے۔ حضرت رحمہ اللہ نے یہ باب قائم کرکے بتایا کہ جس طرح فرائض میں امام کے پیچھے صف بندی ضروری ہے نماز جنازہ میں بھی ضروری ہے، منتشر طور پر اور امام کے آگے نماز پڑھنا جائز نہیں، اسی مقصد سے گذشتہ باب میں خلف الإمام کی قید لگائی تھی۔

[۵٤-] بَابُ الصُّفُوْفِ عَلَى الْجَنَازَةِ

[۱۳۱۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَعَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى أَصْحَابِهِ النَّجَاشِيَّ، ثُمَّ تَقَدَّمَ فَصَفُّوْا خَلْفَهُ، فَكَبَّرَ أَرْبَعًا. [راجع: ۱۲٤۵]

[۱۳۱۹-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَنْ شَهِدَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: أَتَى عَلَى قَبْرٍ مَنْبُوْذٍ فَصَفَّهُمْ، وَكَبَّرَ أَرْبَعًا، قُلْتُ: مَنْ حَدَّثَكَ؟ قَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ. [راجع: ۸۵۷]

[۱۳۲۰-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "قَدْ تُوُفِّيَ الْيَوْمَ رَجُلٌ صَالِحٌ مِنَ الْحَبَشِ، فَهَلُمُّوْا فَصَلُّوْا عَلَيْهِ" قَالَ: فَصَفَفْنَا فَصَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ صُفُوْفٌ، وَقَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ: كُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِيْ. [راجع: ۱۳۱۷]

وضاحت: تینوں حدیثیں پہلے گذری ہیں، شرح کتاب الصلوٰۃ (باب ۱۶۱ تحفۃ القاری ۳:۱۸۳) میں پڑھیں، اور اس حدیث میں یاد رکھنے کی خاص بات یہ ہے کہ کبھی راوی کو مروی عنہ کا نام یاد ہوتا ہے مگر وہ کسی مصلحت سے نام نہیں لیتا، عامر شعبیؒ کو مروی عنہ کا نام یاد تھا، مگر نہیں لیا، پھر جب پوچھا گیا تو نام لیا۔

بَابُ صُفُوْفِ الصِّبْيَانِ مَعَ الرِّجَالِ عَلَى الْجَنَائِزِ

جنازے کی نماز میں مردوں کے ساتھ بچوں کی صفیں

فرائض میں صف بندی کا جو طریقہ ہے کہ پہلے مردوں کی صفیں ہوں، پھر بچوں کی، پھر خنثیٰ کی پھر عورتوں کی، اسی طریقہ سے نماز جنازہ میں بھی صفیں ہوں گی۔

[۵۵-] بَابُ صُفُوْفِ الصِّبْيَانِ مَعَ الرِّجَالِ عَلَى الْجَنَائِزِ

[۱۳۲۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَرَّ بِقَبْرٍ قَدْ دُفِنَ لَيْلاً، فَقَالَ: "مَتَى دُفِنَ هٰذَا؟" فَقَالُوْا: الْبَارِحَةَ، قَالَ: "أَفَلاَ آذَنْتُمُوْنِيْ؟" قَالُوْا: دَفَنَّاهُ فِيْ ظُلْمَةِ اللَّيْلِ، فَكَرِهْنَا أَنْ نُوْقِظَكَ، فَقَامَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَأَنَا فِيْهِمْ فَصَلَّى عَلَيْهِ. [راجع: ۸۵۷]

وضاحتیں:

۱- ابن عباس رضی اللہ عنہما عہد رسالت میں بالغ نہیں ہوئے تھے، اور وہ بھی نماز جنازہ میں شریک تھے اور مردوں کی صف میں کھڑے تھے، معلوم ہوا کہ بچہ تنہا ہو تو اس کی الگ صف نہیں بنے گی بلکہ وہ مردوں کے ساتھ صف کے کنارے پر کھڑا ہوگا۔

قبر پر نماز جنازہ پڑھنے کا حکم:

۲- قبر پر نماز جنازہ پڑھنے کے سلسلہ میں ائمہ کے درمیان اختلاف ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قبر پر نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے خواہ میت جنازہ پڑھ کر دفن کی گئی ہو یا جنازہ پڑھے بغیر دفن کی گئی ہو، پھر امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک قبر پر ایک ماہ تک نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں، اس کے بعد نہیں، اور امام شافعیؒ کے نزدیک کوئی قید نہیں، ہمیشہ پڑھ سکتے ہیں۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک: اگر میت کو جنازہ پڑھ کر دفن کیا گیا ہے تو قبر پر نماز جنازہ پڑھنا جائز نہیں اور اگر میت جنازہ پڑھے بغیر دفن کی گئی ہے تو جب تک خیال ہو کہ میت پھولی پھٹی نہیں ہوگی قبر پر نماز جنازہ پڑھ سکتے

ہیں اور جب یہ خیال ہو کہ مردہ پھٹ گیا ہوگا تو نماز نہیں پڑھ سکتے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں دو حدیثیں ہیں، ایک تو مذکورہ حدیث ہے اور دوسری حدیث یہ ہے کہ جب حضور اقدس ﷺ تبوک میں تشریف لے گئے تو پیچھے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کا انتقال ہو گیا، لوگوں نے جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا، ایک ماہ کے بعد جب آپؐ واپس تشریف لائے تو آپؐ نے ان کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی، چھوٹے دو اماموں نے ان حدیثوں کی بنیاد پر قبر پر نماز جنازہ پڑھنے کو جائز قرار دیا ہے۔ پھر امام احمدؒ فرماتے ہیں: چونکہ نبی ﷺ نے حضرت سعد بن عبادہؓ کی والدہ کی قبر پر ایک مہینہ کے بعد نماز جنازہ پڑھی ہے اس لئے ایک مہینہ تک قبر پر نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں اس کے بعد نہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ کا ایک ماہ کے بعد نماز پڑھنا محض اتفاق تھا، اگر آپؐ دو ماہ کے بعد لوٹتے تو بھی نماز جنازہ پڑھتے، جیسے آپؐ نے فتح مکہ کے موقع پر مکہ معظّمہ میں انیس دن قیام فرمایا اور نمازیں قصر پڑھیں مگر انیس دن کو مدت اقامت قرار دینا صحیح نہیں، کیونکہ اگر آپ بیسویں دن ٹھہرتے تو بھی نماز قصر پڑھتے، اسی طرح یہاں بھی اگر آپؐ ڈیڑھ دو ماہ کے بعد بھی لوٹتے تو بھی نماز جنازہ پڑھتے، اس لئے مدت کی تحدید صحیح نہیں۔

اور بڑے دو امام اس کو حضور اقدس ﷺ کی خصوصیت قرار دیتے ہیں، چنانچہ آپؐ نے خود اس کا اظہار فرمایا ہے کہ یہ قبریں مردوں پر تاریکی سے بھری ہوئی ہوتی ہیں، میرے ان پر نماز جنازہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ان کو روشن کرتے ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۶۵۹) ظاہر ہے یہ بات امت کو حاصل نہیں، امت میں ایسا کون ہے جس کی نماز سے قبریں روشن ہوں؟

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ مسئلہ یہ ہے کہ اگر ولی نے جنازہ نہ پڑھا ہو اور نہ اس نے نماز کی اجازت دی ہو تو اگرچہ میت جنازہ پڑھ کر دفن کی گئی ہو: ولی قبر پر نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے اور امت کے ولی حضور اقدس ﷺ ہیں، پس آپؐ کا قبر پر نماز پڑھنا ولی ہونے کی حیثیت سے تھا، اور ولی کے ساتھ دوسرے لوگ بھی نماز جنازہ میں شریک ہو سکتے ہیں۔

بَابُ سُنَّةِ الصَّلاَةِ عَلَى الْجَنَازَةِ

نماز جنازہ پڑھنے کا طریقہ

نماز جنازہ گو ناقص نماز ہے مگر نماز ہے، پس نماز والی تمام قیودات و شرائط اس میں ملحوظ رہیں گی، اور ابواب سجود القرآن (تحفۃ القاری ۳:۷ ۳۹) میں بتلایا تھا کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک سجدہ تلاوت کے لئے وضو ضروری نہیں، مگر نماز جنازہ کے لئے وضوء ضروری ہے، کیونکہ سجدۂ تلاوت پر نماز کا اطلاق نہیں ہوتا، نہ شرعاً نہ عرفاً، اور نماز جنازہ پر اطلاق ہوتا ہے، شرعاً بھی اور عرفاً بھی۔ حضرت رحمہ اللہ باب میں متعدد احادیث و آثار لائے ہیں جن سے جنازہ کا نماز ہونا یا نماز کے حکم میں ہونا ثابت ہوتا ہے پس نماز جنازہ میں نماز کی تمام شرائط و قیود ملحوظ رہیں گی۔

[۵٦-] بَابُ سُنَّةِ الصَّلاَةِ عَلَى الْجَنَازَةِ

[۱-] وَقَالَ النَّبِيُّ صَلى الله عليه وسلم: " مَنْ صَلَّى عَلَى الْجَنَازَةِ" وَقَالَ: " صَلُّوْا عَلَى صَاحِبِكُمْ" وَقَالَ: " صَلُّوْا عَلَى النَّجَّاشِيِّ": سَمَّاهَا صَلاَةً، لَيْسَ فِيْهَا رُكُوْعٌ وَلاَ سَجُوْدٌ، وَلاَ يُتَكَلَّمُ فِيْهَا، وَفِيْهَا تَكْبِيْرٌ وَتَسْلِيْمٌ.

[۲-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ لاَ يُصَلِّيْ إِلاَّ طَاهِرًا، وَلاَ يُصَلِّيْ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلاَ عِنْدَ غُرُوْبِهَا. وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ.

[۳-] وَقَالَ الْحَسَنُ: أَدْرَكْتُ النَّاسَ، وَأَحَقُّهُمْ عَلٰى جَنَائِزِهِمْ مَنْ رَضُوْهُ لِفَرَائِضِهِمْ، وَإِذَا أَحْدَثَ يَوْمَ الْعِيْدِ أَوْ عِنْدَ الْجَنَازَةِ يَطْلُبُ الْمَاءَ وَلاَ يَتَيَمَّمُ، وَإِذَا انْتَهَى إِلَى الْجَنَازَةِ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ يَدْخُلُ مَعَهُمْ بَتَكْبِيْرَةٍ.

[٤-] وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ: يُكَبِّرُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالسَّفَرِ وَالْحَضَرِ أَرْبَعًا.

[۵-] وَقَالَ أَنَسٌ: اَلتَّكْبِيْرَةُ الْوَاحِدَةُ اسْتِفْتَاحُ الصَّلاَةِ.

[٦-] وَقَالَ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَلاَ تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا﴾[التوبة: ۸٤]

[۷-] وَفِيْهِ صُفُوْفٌ وَإِمَامٌ.

[۱۳۲۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَنْ مَرَّ مَعَ نَبِيِّكُمْ صلى الله عليه وسلم عَلٰى قَبْرٍ مَنْبُوْذٍ، فَأَمَّنَا، فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، فَقُلْنَا: يَا أَبَا عَمْرٍو! وَمَنْ حَدَّثَكَ؟ قَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ. [راجع: ۸۵۷]

احادیث وآثار:

۱-امام بخاری رحمہ اللہ نے سب سے پہلے تین حدیثیں ذکر کی ہیں:

(الف) نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے جنازہ کی نماز پڑھی اسے ایک قیراط ملے گا، اور جو تدفین تک ساتھ رہا اسے دو قیراط ملیں گے'' (یہ حدیث دوسرے باب میں آرہی ہے)

(ب) نبی پاک ﷺ کے پاس ایک جنازہ لایا گیا، آپؐ نے پوچھا: میت پر قرضہ ہے؟ عرض کیا گیا: ہے، یارسول اللہ! آپؐ نے نماز جنازہ نہیں پڑھی، اور صحابہ سے فرمایا: ''اپنے ساتھی کی نماز پڑھ لو'' (یہ حدیث کتاب الحوالہ کے شروع میں آئے گی)

(ج) جب نجاشی رحمہ اللہ کا انتقال ہوا تو آنحضور ﷺ نے صحابہ کو اس کی خبر دی اور فرمایا: ''نجاشیؒ کی نماز پڑھو''

استدلال: ان احادیث میں نبی ﷺ نے نماز جنازہ پر ''صلاۃ'' کا اطلاق کیا ہے، پس اس کے لئے وضو ضروری ہے،

مگر نماز جنازہ کامل نماز نہیں، اس میں رکوع و سجود نہیں، البتہ نماز جنازہ میں باتیں کرنا ممنوع ہے۔ اور اس میں نماز کے ارکان میں سے شروع میں تکبیر تحریمہ ہے اور آخر میں سلام ہے، پس نماز کی دیگر شرطیں وضوء وغیرہ اس میں ملحوظ رہیں گی۔ اور بے طہارت نماز جنازہ جائز نہ ہوگی۔

۲- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سجدۂ تلاوت تو بے وضو کرتے تھے مگر نماز جنازہ بے وضو نہیں پڑھتے تھے، نیز طلوع وغروب اور استواء کے وقت بھی جنازہ نہیں پڑھتے تھے، اور ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرتے تھے، معلوم ہوا کہ نماز جنازہ پر نماز کے احکام جاری ہوتے ہیں، پس وہ بھی نماز ہے، گو ناقص سہی!

فائدہ: چھوٹے دو اماموں کے نزدیک جنازہ کی ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین سنت ہے، اور بڑے دو اماموں کے نزدیک صرف پہلی تکبیر میں رفع یدین ہے، باقی تکبیروں میں رفع یدین نہیں ہے، یعنی نماز میں رفع یدین کے بارے میں جو اختلاف ہے وہی اختلاف یہاں بھی ہے، حضرت ابن عمرؓ نماز میں رفع یدین کرتے تھے، اس لئے جنازہ میں بھی ہر تکبیر کے بعد رفع یدین کرتے تھے۔

۳- حضرت حسن بصریؒ نے تین مسئلے بیان کئے ہیں، جو دلیل ہیں کہ آپؒ نے جنازہ پر نماز کے احکام جاری کئے ہیں:

پہلا مسئلہ: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے لوگوں کو پایا ہے یعنی اسلاف کو دیکھا ہے کہ وہ اپنے جنازے پڑھانے کا زیادہ حق دار اس کو سمجھتے تھے جس کو فرض نماز کی امامت کے لئے پسند کرتے تھے۔

دوسرا مسئلہ: عید کی نماز یا جنازہ کی نماز تیار ہو، اور کسی کا وضوء ٹوٹ جائے تو وہ تیمّم کر کے عید اور جنازہ نہیں پڑھ سکتا، وضوء ضروری ہے، معلوم ہوا کہ عید اور جنازہ کے احکام یکساں ہیں، اور عید کے لئے بالاتفاق وضو ضروری ہے، پس نماز جنازہ کے لئے بھی وضو ضروری ہے۔

ملحوظہ: احناف کے نزدیک اگر نماز جنازہ فوت ہونے کا اندیشہ ہو تو تیمّم کر کے جنازہ پڑھ سکتا ہے، اسی طرح اگر عید کی نماز فوت ہونے کا اندیشہ ہو اور شہر میں دوسری جگہ عید نہ ہوتی ہو یا وہ آخری نماز ہو تو بھی تیمّم کر کے شریک ہو سکتا ہے۔

تیسرا مسئلہ: کوئی شخص نماز جنازہ شروع ہونے کے بعد آئے تو وہ تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز میں شامل ہو جائے، اگلی تکبیر کا انتظار نہ کرے، نماز کا بھی یہی حکم ہے، مسبوق تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز میں شریک ہو جاتا ہے، کسی رکن کا انتظار نہیں کرتا، معلوم ہوا کہ فرائض اور جنازہ کے احکام ایک ہیں۔

مسئلہ: کوئی شخص نماز جنازہ کی ایک یا دو تکبیریں ہو جانے کے بعد آئے تو وہ تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز میں شامل ہو جائے، اور امام کے سلام پھیرنے کے بعد باقی تکبیریں کہہ کر سلام پھیر دے، ان میں کچھ نہ پڑھے۔

۴- سعید بن المسیبؒ فرماتے ہیں: جنازہ میں چار تکبیریں ہیں: رات میں بھی، دن میں بھی، سفر میں بھی اور حضر میں بھی (یہ چار تکبیریں چار رکعتوں کے قائم مقام ہیں اور ان میں قصر نہیں، سفر میں بھی چار ہی تکبیریں کہے گا اور رات میں اگرچہ نفل

دودو افضل ہیں مگر جنازہ میں رات میں بھی ایک ہی سلام سے چار تکبیریں کہے گا)

۵- حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پہلی تکبیر تکبیر تحریمہ ہے یعنی جس طرح تکبیر تحریمہ کے بغیر نماز میں داخل نہیں ہو سکتے، اسی طرح نماز جنازہ میں بھی داخل نہیں ہو سکتے، معلوم ہوا کہ جنازہ بھی نماز ہے۔

۶- سورۂ توبہ آیت ۸۴ میں اللہ عزوجل کا ارشاد ہے: ''آپؐ منافقین میں سے کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھیں'' اس آیت میں بھی جنازہ پر صلوٰۃ کا اطلاق کیا ہے۔

۷- جس طرح فرض باجماعت نماز میں امام بھی ہوتا ہے، صفیں بھی ہوتی ہیں اسی طرح جنازہ کی نماز میں امام بھی ہوگا اور صفیں بھی ہونگی۔

اس کے بعد وہی حدیث ہے جو بار بار آرہی ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک علاحدہ قبر دیکھی، آپؐ نے اس پر باجماعت نماز پڑھی اور صحابہ نے آپؐ کے پیچھے صفیں بنائیں۔

خلاصہ کلام: ان تمام نصوص وآثار سے بس یہ استدلال کرنا ہے کہ جنازہ پر صلوٰۃ کا اطلاق آیا ہے قرآن وحدیث میں بھی اور صحابہ وتابعین کے اقوال میں بھی، اور عرف میں بھی جنازہ پر صلوٰۃ کا اطلاق کیا جاتا ہے، پس جنازہ پر نماز کے احکام جاری ہونگے، سجدۂ تلاوت کے احکام جاری نہیں ہونگے، مگر ائمہ اربعہ سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ میں فرق نہیں کرتے وہ دونوں کے لئے وضو کو شرط قرار دیتے ہیں، اور فرماتے ہیں کہ سجدۂ تلاوت پر اگرچہ صلوٰۃ کا اطلاق نہیں آیا مگر سجدہ نماز کا رکن ہے، اس لئے وہ بھی نماز کے حکم میں ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۳:۳۹۷) میں ہے۔

بَابُ فَضْلِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ

جنازہ کے ساتھ جانے کی اہمیت

جب جنازہ پڑھ لیا تو ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر جو چھ یا سات حقوق ہیں (جو کتاب الجنائز کے شروع میں گذرے ہیں) وہ حق ادا ہو گیا، اب اگر کوئی لوٹنا چاہے تو لوٹ سکتا ہے، البتہ اس صورت میں ثواب ایک ہی قیراط ملے گا، اور تدفین تک ساتھ رہے گا تو دو قیراط ملیں گے۔

دورِ اول میں طریقہ یہ تھا کہ جنازہ قبرستان لے جا کر قبر کھودتے تھے، اور میت کو دفن کرتے تھے، پس اگر لوگ نماز پڑھ کر لوٹ جائیں گے تو اولیاء ہی کو قبر کھودنی پڑے گی، اس لئے دفن سے فارغ ہونے تک جنازہ کے ساتھ رہنے کی ترغیب دی گئی تا کہ ہر شخص قبر تیار کرنے میں حصہ لے اور اولیاء کا کام آسان ہو، اسی مقصد سے ثواب کے دو قیراط دو مرحلوں میں تقسیم کئے گئے۔ پس جو لوگ مٹی دے کر لوٹ جاتے ہیں وہ شریعت کے منشاء کی تکمیل نہیں کرتے۔

[۵۷-] بَابُ فَضْلِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ

[۱-] وَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: إِذَا صَلَّيْتَ فَقَدْ قَضَيْتَ الَّذِیْ عَلَيْكَ.

[۲-] وَقَالَ حُمَيْدُ بْنُ هِلاَلٍ: مَا عَلِمْنَا عَلَى الْجَنَازَةِ إِذْنًا، وَلٰكِنْ مَنْ صَلّٰى ثُمَّ رَجَعَ فَلَهُ قِيرَاطٌ.

[۱۳۲۳-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ نَافِعًا يَقُوْلُ: حُدِّثَ ابْنُ عُمَرَ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلَهُ قِيْرَاطٌ، فَقَالَ: أَكْثَرَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَلَيْنَا. [راجع: ۴۷]

[۱۳۲۴-] فَصَدَّقَتْ- يَعْنِیْ عَائِشَةَ- أَبَا هُرَيْرَةَ، وَقَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُهُ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَقَدْ فَرَّطْنَا فِیْ قَرَارِيْطَ كَثِيْرَةٍ.

فَرَّطْتُ: ضَيَّعْتُ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ.

آثار:

۱-زید بن ثابتؓ کہتے ہیں: جب آپ نے نماز پڑھ لی تو آپ نے وہ حق ادا کر دیا جو آپ پر تھا، یعنی جنازہ کے ساتھ جانا حقوق اسلام میں سے ہے، اور نماز جنازہ پڑھ لینے سے وہ حق ادا ہو جاتا ہے، پس اب کوئی لوٹنا چاہے تو لوٹ سکتا ہے۔

۲-حمید بن ہلال رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جنازہ میں اجازت لینے کی بات ہم نہیں جانتے، یعنی جنازہ پڑھ کر واپس لوٹنے کے لئے اولیاء سے اجازت لینا ضروری نہیں، البتہ جو جنازہ پڑھ کر لوٹ جائے گا اس کو ایک قریاط ملے گا۔

مسئلہ: جنازہ پڑھ کر واپس لوٹنا جائز ہے، اولیاء سے اجازت لینا ضروری نہیں، لیکن اگر اجازت لے کر لوٹے تو بہتر ہے، حاشیہ میں حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما وغیرہ کے نام لکھے ہیں کہ وہ اجازت لے کر لوٹتے تھے۔

حدیث: حضرت ابن عمرؓ سے یہ حدیث بیان کی گئی (بیان کرنے والے یا تو ابوالسائب ہیں کما فی المسلم یا ابوسلمہ ہیں کما فی الترمذی) کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو جنازہ کے ساتھ گیا اس کو ایک قیراط ملے گا، ابن عمرؓ نے فرمایا: ابو ہریرہؓ کچھ زیادہ ہی حدیثیں بیان کرنے لگے ہیں، پس صدیقہؓ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی تصدیق کی اور فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ بات فرماتے ہوئے سنا ہے، پس ابن عمرؓ نے فرمایا: ہم نے تو بہت سے قیراط ضائع کر دیئے۔

لغت: سورۃ الزمر (آیت ۵۶) میں بھی فرطت آیا ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿أَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ: يٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُ فِیْ جَنْبِ اللّٰهِ﴾: کبھی (کل قیامت کو) کوئی شخص کہنے لگے: افسوس اس کوتاہی پر جو میں نے خدا کی جناب میں کی، یعنی اللہ کے احکام میں۔

تشریح:

۱-جب ابوالسائب یا ابوسلمہ نے ابن عمرؓ کے سامنے یہ حدیث ذکر کی تو انھوں نے ایک شخص کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

کے پاس بھیجا اور ان سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا، حضرت عائشہؓ نے تصدیق کی کہ ابو ہریرہؓ نے صحیح بیان کیا، میں نے نبی ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے، پس حضرت ابن عمرؓ نے افسوس کیا کہ ہم نے تو بہت سے قیراط ضائع کردیئے یعنی اگر یہ حدیث پہلے سے معلوم ہوتی تو میں تدفین تک رکتا، لاعلمی کی وجہ سے میرا بہت ثواب ضائع ہوگیا۔

۲- اس حدیث پر یہ اشکال ہے کہ صحابی نے صحابی کی حدیث پر بے اطمینانی کا اظہار کیا ہے اور حضرت عائشہؓ سے اس کی تصدیق چاہی ہے، یہ بات **الصحابة كلهم عدول** کے قاعدہ کے خلاف ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ ابن عمرؓ کو بے اطمینانی اس وجہ سے نہیں ہوئی تھی کہ وہ ابو ہریرہؓ کی حدیث تھی، بلکہ یہ بات چونکہ پہلی مرتبہ ان کے سامنے آئی تھی اس لئے اچنبھا ہوا اور ایسی صورت میں ایسا ہوتا ہی ہے، میرے ساتھ بھی کبھی ایسا ہوتا ہے، دستخط کے لئے ایک فتوی آتا ہے، اول وہلہ میں تذبذب ہوتا ہے پھر جب کتابوں کی مراجعت کی جاتی ہے اور جزئیہ مل جاتا ہے تو اطمینان ہوجاتا ہے، پس یہ مفتی پر بے اطمینانی نہیں، بلکہ بے اطمینانی کی وجہ عدم علم ہے، اسی طرح ابن عمرؓ کو اس وجہ سے بے اطمینانی نہیں ہوئی تھی کہ وہ ابو ہریرہؓ کی حدیث تھی، بلکہ مضمون سے ناواقفیت بے اطمینانی کی وجہ بنی تھی۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ قاعدہ استقرائی ہے، صحابہ کا دور گذرنے کے بعد صحابہ کے احوال کا جائزہ لے کر یہ قاعدہ بنایا ہے، صحابہ کے دور میں یہ قاعدہ تھا ہی نہیں۔

بَابُ مَنِ انْتَظَرَ حَتَّى يُدْفَنَ

جو شخص تدفین تک انتظار کرے

جو تدفین تک جنازہ کے ساتھ رہا اس کو دو قیراط ثواب ملے گا، اور جو جنازہ پڑھ کر لوٹ گیا اس کو ایک قیراط ثواب ملے گا، اور قیراط درہم کے بارہویں حصہ کا نام ہے[1] دورِ نبوی میں مزدوروں کو ان کے کام کی اجرت قیراطوں کے حساب سے دی جاتی تھی، اس لئے رسول اللہ ﷺ نے بھی قیراط کا لفظ استعمال کیا ہے، پھر واضح فرمایا کہ یہ دنیا کا قیراط نہیں بلکہ آخرت کا قیراط ہے۔ اور جس طرح آخرت کا دن بڑا ہوتا ہے وہاں کا قیراط بھی پہاڑ کے برابر ہوگا۔

[۵۸-] بَابُ مَنِ انْتَظَرَ حَتَّى يُدْفَنَ

[۱۳۲۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى ابْنِ أَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم . ح: وَحَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ

(۱) تحفۃ القاری (۱:۲۸۱) اور تحفۃ الالمعی (۳:۴۵۰) میں ہے: قیراط درہم کے چھٹے حصہ کو کہتے ہیں: یہ تسامح ہے، صحیح بات وہ ہے جو یہاں ہے ۱۲

النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم. ح: وَحَدَّثَنِیْ أَحْمَدُ بْنُ شَبِیْبِ بْنِ سَعِیْدٍ، حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا یُوْنُسُ، قَالَ: ابْنُ شِهَابٍ، وَحَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجُ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ شَهِدَ الْجَنَازَةَ حَتّٰی یُصَلّٰی عَلَیْهِ فَلَهُ قِیْرَاطٌ، وَمَنْ شَهِدَ حَتّٰی یُدْفَنَ كَانَ لَهُ قِیْرَاطَانِ. قِیْلَ: وَمَا الْقِیْرَاطَانِ؟ قَالَ: "مِثْلُ الْجَبَلَیْنِ الْعَظِیْمَیْنِ"

بَابُ صَلَاةِ الصِّبْیَانِ مَعَ النَّاسِ عَلَی الْجَنَائِزِ

بچوں کا لوگوں کے ساتھ جنازہ پڑھنا

اس قسم کا ایک باب تین ابواب پہلے بھی گذرا ہے، اُس باب کا مقصد یہ تھا کہ اگر بچہ تنہا ہو تو وہ مردوں کی صف میں کنارے پر کھڑا ہوگا، اور دو یا زیادہ ہوں تو مردوں کے بعد ان کی مستقل صف بنائی جائے گی، اور اس باب کا مقصود حضرت الاستاذ قدس سرہ نے یہ بیان کیا تھا کہ نماز جنازہ میں بچوں کی شرکت جائز ہے، مگر بچوں کی شرکت مردوں کے ساتھ ہونی چاہئے، تنہا بچوں کی نماز نہ مشروع ہے نہ فرض کی ادائیگی کے لئے کافی ہے۔

[۵۹-] بَابُ صَلَاةِ الصِّبْیَانِ مَعَ النَّاسِ عَلَی الْجَنَائِزِ

[۱۳۲۶-] حدثنا یَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ أَبِیْ بُكَیْرٍ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الشَّیْبَانِیُّ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: أَتَی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَبْرًا فَقَالُوْا: هٰذَا ادُفِنَ، أَوْ: دُفِنَتِ الْبَارِحَةَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، ثُمَّ صَلّٰی عَلَیْهَا.

[راجع: ۸۵۷]

بَابُ الصَّلَاةِ عَلَی الْجَنَائِزِ بِالْمُصَلّٰی وَالْمَسْجِدِ

نماز جنازہ پڑھنے کی جگہ میں اور مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا

مُصلّی سے مصلی الجنائز مراد ہے، نبی ﷺ کے زمانہ میں مسجد نبوی کے سامنے مصلی الجنائز بنا ہوا تھا، جنازے وہاں پڑھے جاتے تھے، اور مصلی سے عیدگاہ مراد لیں تو بھی کوئی مانع نہیں، اور باب کا دوسرا جزء ہے: مسجد میں جنازہ پڑھنا، مگر باب کی کسی حدیث میں مسجد میں جنازہ پڑھنے کا ذکر نہیں، پس تطبیق کی دو صورتیں ہیں:

ایک: مصلی سے عیدگاہ مراد لی جائے اور عیدگاہ من وجہ مسجد ہے، پس مسجد جماعت میں جنازہ پڑھنے کا جواز نکلا۔

دوم: حضرت رحمہ اللہ کبھی باب میں اضافہ کرتے ہیں پھر روایت لاکر اس اضافہ کو ثابت کرتے ہیں اور اس کے ضمن میں

پہلا جزء ثابت کرتے ہیں اور کبھی اس کے برعکس کرتے ہیں، پہلے جزء کو صراحتاً ثابت کرتے ہیں اور دوسرے جزء کو ضمناً، یہاں بھی ایسا ہی کیا ہے، نبی ﷺ نے نماز جنازہ پڑھی ہے، کہاں پڑھی ہے اس سے قطع نظر، اور نماز جنازہ بھی نماز ہے اور مسجدیں نماز پڑھنے ہی کے لئے بنائی گئی ہیں، پس مسجد میں جنازہ پڑھ سکتے ہیں۔

مسجد میں جنازہ پڑھنے کا حکم:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک مسجد الجماعہ میں جنازہ پڑھنا مطلقاً جائز ہے، البتہ ان کے نزدیک بھی اولیٰ یہ ہے کہ جنازہ مسجد سے الگ کسی جگہ پڑھا جائے، لیکن اگر مسجد میں پڑھا جائے تو بلا کراہت درست ہے اور حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک عذر کے بغیر مسجد الجماعہ میں جنازہ پڑھنا مکروہ ہے، پھر کراہتِ تنزیہی کا قول بھی ہے اور کراہتِ تحریمی کا بھی، اور جنازہ اور نمازی سب مسجد میں ہوں یا جنازہ مسجد سے باہر ہو اور نمازی مسجد میں ہوں، یا جنازہ اور بعض نمازی مسجد سے باہر ہوں اور بعض مسجد میں ہوں: سب صورتوں کا ایک حکم ہے، اور اعذار کی صورت میں مسجد میں جنازہ پڑھنا جائز ہے۔ حرمین شریفین میں عذر ہے، وہاں لاکھوں کا مجمع ہوتا ہے اگر دوسری جگہ جنازہ پڑھا جائے گا تو لوگوں کے لئے حرم میں فرض پڑھ کر جنازہ پڑھنے کے لئے دوسری جگہ جانا مشکل ہوگا، اس لئے حرمین میں جنازہ پڑھ سکتے ہیں۔

دلائل:

۱- جب حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (جو عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں، اور فاتح عراق ہیں) کا انتقال ہوا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے لوگوں سے درخواست کی ان کا جنازہ مسجدِ نبوی میں پڑھا جائے، کیونکہ وہ بھی جنازہ پڑھنا چاہتی ہیں، مگر صحابہ حضرت سعدؓ کا جنازہ مسجد میں نہیں لائے اور حضرت عائشہؓ جنازہ نہیں پڑھ سکیں، اس موقع پر حضرت عائشہؓ نے فرمایا: لوگ کتنی جلدی بھول گئے، نبی ﷺ نے بیضاء کے لڑکے سہیلؓ کا جنازہ مسجد میں پڑھا ہے (مسلم مصری ۷: ۳۸)

معلوم ہوا کہ جنازے مسجد میں نہیں پڑھے جاتے تھے، کسی اور جگہ پڑھے جاتے تھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی درخواست کے باوجود صحابہ کا جنازہ کو مسجد میں نہ لانا دلیل ہے کہ مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا جائز نہیں، اور سہیلؓ کا جنازہ کسی عذر یا خصوصیت کی وجہ سے مسجد میں پڑھا گیا تھا۔

۲- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: **مَن صَلّٰی علی جنازۃ فی المسجد فلاشیئ له**: جس نے مسجد میں جنازہ پڑھا اس کے لئے کوئی ثواب نہیں (ابوداؤد ۲: ۴۵۴) اور ایک روایت میں ہے: **فلا شیئ علیه**: اس پر کوئی گناہ نہیں۔

چھوٹے دو اماموں نے حضرت سہیل رضی اللہ عنہ کے واقعہ کو اور فلاشیئ علیہ کے الفاظ کو دلیل بنایا ہے کہ مسجد الجماعہ میں جنازہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، اور بڑے دو امام پہلی بات تو یہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ اور صحابہ کے زمانہ میں مسجدِ نبوی

میں جنازے نہیں پڑھے جاتے تھے، جنازے پڑھنے کے لئے الگ جگہ بنی ہوئی تھی، اگر مسجد میں جنازہ پڑھنا جائز ہوتا تو الگ سے مصلی الجنائز بنانے کی کچھ ضرورت نہیں تھی۔ اور ابو داؤد کی حدیث کے الفاظ فلاشیئ له اصل ہیں اور حضرت سہیلؓ والے واقعہ کا جواب یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے کسی عذر سے مسجد میں جنازہ پڑھا ہوگا، مثلاً یہ عذر کہ آپؐ اعتکاف میں ہونگے اور معتکف جنازہ پڑھنے کے لئے مسجد سے نہیں نکل سکتا اور نبی ﷺ کے جنازہ پڑھنے سے قبر میں روشنی ہوتی ہے، اس لئے آپؐ نے مسجد میں جنازہ منگوا کر پڑھا، یا بیان جواز کے لئے آپؐ نے ایسا کیا ہوگا، اور بیان جواز خود ایک مستقل عذر ہے پس اعذار کی صورت میں مسجد میں جنازہ پڑھنا جائز ہے، جیسے عذر کی صورت میں کھڑے ہوکر پیشاب کرنا جائز ہے۔ علاوہ ازیں جنازہ مسجد میں لانے میں تلویث مسجد کا اندیشہ ہے، اس لئے جنازے مسجد سے باہر ہی پڑھنے چاہئیں۔

[٦٠-] بَابُ الصَّلاَةِ عَلَى الْجَنَائِزِ بِالْمُصَلَّى وَالْمَسْجِدِ

[١٣٢٧-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ، أَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَعَى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم النَّجَاشِيَّ صَاحِبَ الْحَبَشَةِ الْيَوْمَ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، فَقَالَ: "اسْتَغْفِرُوْا لِأَخِيْكُمْ" [راجع: ١٢٤٥]

[١٣٢٨-] وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَفَّ بِهِمْ بِالْمُصَلَّى، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا. [راجع: ١٢٤٥]

وضاحت: اس حدیث میں مصلّی سے عیدگاہ مراد ہے یا مصلی الجنائز؟ کچھ فیصلہ کرنا مشکل ہے، بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ عیدگاہ مراد ہے اور بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ مصلی الجنائز مراد ہے۔ واللہ اعلم

[١٣٢٩-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ الْيَهُوْدَ جَاؤُا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِرَجُلٍ مِنْهُمْ وَامْرَأَةٍ زَنَيَا، فَأَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا قَرِيْبًا مِنْ مَوْضِعِ الْجَنَائِزِ عِنْدَ الْمَسْجِدِ.

[انظر: ٣٦٣٥، ٤٥٥٦، ٦٨١٩، ٦٨٤١، ٧٣٣٢، ٧٥٤٣]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ (خیبر کے) یہودی نبی پاک ﷺ کے پاس ایک مرد اور ایک عورت کو لے کر آئے، جنھوں نے زنا کیا تھا، آپؐ نے ان دونوں کے متعلق حکم دیا، پس وہ دونوں مسجدِ نبوی کے پاس جنازہ پڑھنے کی جگہ کے قریب سنگسار کئے گئے۔

تشریح: خیبر میں ایک یہودی مرد اور عورت نے زنا کیا، ان لوگوں میں سزا دینے کے بارے میں اختلاف ہوا، وہ لوگ

شریف کو کچھ سزا دیتے تھے اور وضیع کو کچھ، زانی اور زانیہ بڑے لوگ تھے یا معمولی؟ اس میں اختلاف ہوا، تو وہ یہ خیال کر کے کہ نبی ﷺ کی شریعت میں سہولت ہے: مقدمہ لے کر آپؐ کے پاس آئے، آپؐ نے پوچھا: تمہاری شریعت میں زنا کی کیا سزا ہے؟ انھوں نے کہا کہ ہماری شریعت میں زانی اور زانیہ کا منہ کالا کر کے ان کی تشہیر کی جاتی ہے، آپ نے فرمایا: تورات لاؤ، چنانچہ تورات لائی گئی اور عبداللہ بن صوریا نے پڑھنا شروع کیا، اور آیت رجم کو چھوڑ گیا، حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے چوری پکڑی، آپؐ نے دونوں کو تورات کے حکم کے مطابق رجم کرنے کا حکم دیا چنانچہ مسجدِ نبوی کے قریب جو مصلی الجنائز تھا اس کے قریب دونوں کو سنگسار کیا گیا۔

یہ حدیث نہایت واضح ہے کہ مسجدِ نبوی کے سامنے جنازہ پڑھنے کی جگہ بنی ہوئی تھی، اسی میں جنازے پڑھے جاتے تھے، مسجدِ نبوی میں جنازے نہیں پڑھے جاتے تھے۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ اتِّخَاذِ الْمَسَاجِدِ عَلَى الْقُبُوْرِ

قبروں پر مسجدیں بنانے کی کراہیت

چند ابواب کے بعد اس قسم کا ایک اور باب آرہا ہے۔ ان دونوں بابوں میں فرق یہ ہے کہ یہاں لفظ اتخاذ ہے اور آگے لفظ بناء آئے گا، اتخاذ کے معنی ہیں: بنانا اور بناء کے معنی ہیں: تعمیر کرنا، اتخاذ عام ہے اور بناء خاص ہے، پس قبر پر سجدہ کرنا اتخاذ ہے یعنی قبر کو مسجد (سجدہ گاہ) بنانا ہے اور قبر کے آس پاس مسجد تعمیر کرنا بناء بھی ہے اور اتخاذ بھی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ غیر اللہ کو سجدہ کرنا حرام ہے، اور عبادت کے طور پر سجدہ کرنا شرک ہے اس سے سجدہ کرنے والا اسلام سے خارج ہوجاتا ہے، اور تعظیم کے طور پر سجدہ کرنا کبیرہ گناہ ہے، اور سجدہ کرنے والا اسلام سے خارج نہیں ہوتا۔ اولیاء کے مزاروں پر جو جاہل مسلمان سجدے کرتے ہیں وہ تعظیم کے طور پر کرتے ہیں، عبادت کے طور پر نہیں کرتے، پس وہ مسلمان ہیں مگر سخت گنہ گار ہیں، البتہ اگر کوئی عبادت کی نیت سے سجدہ کرے تو وہ اسلام سے خارج ہوجائے گا۔

[٦١-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ اتِّخَاذِ الْمَسَاجِدِ عَلَى الْقُبُوْرِ

وَلَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، ضَرَبَتِ امْرَأَتُهُ الْقُبَّةَ عَلَى قَبْرِهِ سَنَةً، ثُمَّ رُفِعَتْ، فَسَمِعُوْا صَائِحًا يَقُوْلُ: أَلَا هَلْ وَجَدُوْا مَا فَقَدُوْا؟ فَأَجَابَهُ آخَرُ: بَلْ يَئِسُوْا فَانْقَلَبُوْا.

[١٣٣٠-] حدثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ هِلَالٍ، هُوَ الْوَزَّانُ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ: " لَعَنَ اللهُ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارَى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ" قَالَتْ: وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَأُبْرِزَ قَبْرُهُ، غَيْرَ أَنِّيْ أَخْشَى أَنْ يُتَّخَذَ مَسْجِدًا. [راجع: ٤٣٥]

اثر: جب حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حسن رحمہ اللہ کا انتقال ہوا تو ان کی بیوی نے فرطِ محبت میں شوہر کی قبر کے پاس خیمہ کھڑا کیا اور ایک سال تک وہاں رہیں، پھر جب غم ہلکا پڑا تو واپس لوٹ گئیں، جب خیمہ اکھاڑا گیا تو ایک غیبی آواز آئی: بتاؤ! گم کردہ کو پالیا؟ یعنی قبر کے پاس سال بھر پڑے رہنے سے مردہ زندہ ہوگیا؟ دوسری غیبی آواز آئی: بلکہ مایوس ہوگئے تو لوٹ گئے!

اس اثر کی باب سے مناسبت یہ ہے کہ جب وہ عورت ایک سال تک قبر کے پاس رہی تو ظاہر ہے نمازیں بھی وہاں پڑھی ہونگی، یہی قبروں پر مسجدیں (سجدہ گاہ) بنانا ہے۔

حدیث: پہلے گذر چکی ہے: نبی ﷺ مرض وفات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرہ میں چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے تھے اور ازواج مطہرات جمع تھیں، حضرت ام سلمہ اور حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہما نے ایک گرجے کا تذکرہ کیا جو انھوں نے حبشہ میں دیکھا تھا جس کا نام ماریہ تھا، اور یہ بات بھی ذکر کی کہ اس میں تصویریں تھیں، یہود و نصاری کا طریقہ تھا کہ جب کوئی نیک آدمی مرتا تو اس کی قبر کے پاس مسجد بناتے اور دیوار پر صاحب قبر کا فوٹو لگاتے، نبی ﷺ نے ان پر لعنت فرمائی اور فرمایا: ''انھوں نے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا''

اس جملہ کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک: جہاں اولیاء اور انبیاء کی قبریں ہوں وہاں مسجد تعمیر نہ کی جائے، دوم: انبیاء اور اولیاء کی قبروں پر سجدے نہ کئے جائیں، جیسے جاہل مسلمان قبروں پر باقاعدہ نماز کی طرح سجدے کرتے ہیں، حدیث کے یہ دونوں مطلب ہوسکتے ہیں اور یہ دونوں کام موجب لعنت ہیں، اللہ کے رسول ﷺ نے یہ کام کرنے کی وجہ سے یہود و نصاری پر لعنت فرمائی ہے پس اگر آپؐ کی امت یہ کام کرے گی تو وہ بھی لعنت کی مستحق ہوگی۔

اس کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضور اقدس ﷺ کی قبر جو کمرے کے اندر بنائی گئی ہے، یہ آپؐ کی خصوصیت ہے۔ اب قبر اطہر مسجدِ نبوی میں ہے، جب قبر بنی تھی مسجد سے علاحدہ تھی، پھر بعد میں جب مسجد کی توسیع کی گئی تو قبر مسجد میں آگئی، اور یہ آنحضور ﷺ کی خصوصیت ہے اور اس کی وجہ صدیقہؓ نے یہ بیان فرمائی کہ اگر قبر اطہر گورِ غریباں میں بنتی تو وہاں لوگ اس کو سجدہ گاہ بناتے اور کنٹرول کرنا مشکل ہوجاتا، اس لئے قبر اطہر کمرہ میں بنی تاکہ وہاں خرافات نہ ہوں۔

حدیث کے آخری جزء کا ترجمہ: صدیقہؓ فرماتی ہیں: اور اگر یہ بات نہ ہوتی یعنی یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ یہود و نصاری کی طرح قبر اطہر کو سجدہ گاہ بنائیں گے تو قبر اطہر کو ظاہر کیا جاتا، یعنی گورِ غریباں میں آپؐ کی قبر بنتی، لیکن میں ڈرتی ہوں کہ لوگ قبر اطہر کو سجدہ گاہ بنالیں گے اس لئے دروازہ بند رکھتی ہوں۔

اب قبر اطہر کے چاروں طرف جالی ہے جو زمین کے اندر سیسہ پگھلا کر بنائی گئی ہے، سلطان نورالدین زنگی رحمہ اللہ نے ۵۵۷ھ میں یہ جالی بنائی تھی کیونکہ یہود نے جسم اطہر کو نکالنے کی ناپاک کوشش کی تھی، پس اب قبر اطہر تک جانے کا کوئی راستہ نہیں۔

بَابُ الصَّلاَ ةِ عَلَى النِّسَاءِ إِذَا مَاتَتْ فِيْ نِفَاسِهَا

جوعورت زچگی میں مرجائے اس کی نماز جنازہ پڑھنا

اگر کوئی عورت نفاس میں مرجائے تو اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا، اس کا جنازہ پڑھا جائے گا اور یہی حکم حائضہ کا بھی ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک عورت کا نفاس میں انتقال ہوا، آنحضور ﷺ نے اس کا جنازہ پڑھا، اور آپؐ جنازہ کے درمیان کھڑے ہوئے۔

[٦٢-] بَابُ الصَّلاَ ةِ عَلَى النِّسَاءِ إِذَا مَاتَتْ فِيْ نِفَاسِهَا

[١٣٣١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم على امْرَأَةٍ مَاتَتْ فِيْ نِفَاسِهَا، فَقَامَ عَلَيْهَا وَسْطَهَا. [راجع: ٣٣٢]

لغت: وسط کے سلسلہ میں قاعدہ یہ ہے کہ اگر اس کو ہٹا کر اس کی جگہ بین رکھ سکیں تو اس کو سین کے سکون کے ساتھ پڑھیں گے، جیسے جَلستُ وَسْط الرجلین، یہاں سین کے سکون کے ساتھ پڑھیں گے کیونکہ وسط کو ہٹا کر بین الرجلین کہہ سکتے ہیں، اور اگر بین رکھنا درست نہ ہو تو وہاں سین کے زبر کے ساتھ پڑھیں گے، جیسے ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا﴾ اور یوں اللہ عزوجل نے تمہیں معتدل امت بنایا، اس قاعدہ سے قام وَسْطَها پر جزم پڑھنا بہتر ہے۔

بَابٌ: أَيْنَ يَقُوْمُ مِنَ الْمَرْأَ ةِ وَالرَّجُلِ؟

مردوزن کا جنازہ پڑھاتے وقت امام کہاں کھڑا رہے؟

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک امام میت کے سر کے مقابل کھڑا ہو، خواہ جنازہ مرد کا ہو یا عورت کا اور حنفیہ کے نزدیک سینہ کے مقابل کھڑا ہو، اور شوافع اور حنابلہ کے نزدیک اگر مرد کا جنازہ ہے تو سر کے مقابل اور عورت کا جنازہ ہے تو نصف بدن کے مقابل کھڑا ہو۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک مردوزن دونوں کے جنازے میں نصف بدن کے مقابل کھڑا ہو۔

جاننا چاہئے کہ احناف کے نزدیک عورت کے جنازہ میں سینہ کے مقابل کھڑا ہونا اس وقت مستحب ہے جب جنازہ پر نعش ہو اور میت ڈھکی ہوئی ہو، اور اگر عورت کا جنازہ کھلا ہو تو امام نصف بدن کے مقابل کھڑا ہو، تاکہ پردہ ہوجائے، اور مردوزن کے سینہ کے مقابل کھڑے ہونے میں حکمت یہ ہے کہ دل محل ایمان ہے اور نماز جنازہ ایمان کی وجہ سے شفاعت ہے اس لئے دل کے مقابل کھڑا ہونا چاہئے۔

[٦٣-] بَابٌ: أَيْنَ يَقُوْمُ مِنَ الْمَرْأَةِ وَالرَّجُلِ؟

[١٣٣٢-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدَبٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى امْرَأَةٍ مَاتَتْ فِيْ نِفَاسِهَا، فَقَامَ عَلَيْهَا وَسْطَهَا. [راجع: ٣٣٢]

وضاحت: مذکورہ حدیث میں صرف عورت کے جنازہ کا ذکر ہے مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں مرد اور عورت دونوں کا ذکر کیا ہے اور اس طرف اشارہ کیا ہے کہ حدیث عام ہے، عورت کا جنازہ پڑھانے کے لئے امام جہاں کھڑا ہوگا مرد کا جنازہ پڑھانے کے لئے بھی اسی جگہ کھڑا ہوگا، اور شوافع اور حنابلہ نے حدیث کو عورت کے ساتھ خاص کیا ہے اور احناف کہتے ہیں: یہ قیام عارض کی وجہ سے تھا، جس عورت کی نعش ڈھکی ہوئی نہ ہو، امام کو اس کے بیچ میں کھڑا ہونا چاہئے تاکہ پردہ ہوجائے۔

بَابُ التَّكْبِيْرِ عَلَى الْجَنَازَةِ أَرْبَعًا

نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں ہیں

حضور اکرم ﷺ نے جنازہ کی نماز میں پانچ تکبیریں بھی کہی ہیں اور چار بھی، اور صحابہؓ نے کم وبیش بھی کہی ہیں، مگر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں صحابہ کا اتفاق ہوگیا کہ نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی جائیں، کأطولِ صلاۃ یعنی چار تکبیریں بمنزلۂ چار رکعتوں کے ہیں، اور چاروں ائمہ بھی اس پر متفق ہیں۔

ایک واقعہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ جنازہ پڑھایا، بھول سے تین تکبیریں کہہ کر سلام پھیر دیا، لوگوں نے عرض کیا: آپؓ نے تین تکبیریں کہی ہیں، پس آپؓ قبلہ کی طرف متوجہ ہوئے اور چوتھی تکبیر کہی، پھر سلام پھیرا، معلوم ہوا کہ چار سے کم تکبیریں نہیں کہنی چاہئیں۔ اور زیادہ بھی نہیں کہنی چاہئیں اور اگر امام پانچویں تکبیر کہے تو مقتدی اس کی پیروی نہ کریں، بلکہ خاموش کھڑے رہیں، پھر جب امام سلام پھیرے تو اس کے ساتھ سلام پھیر دیں۔

سوال: کلام کرنے سے نماز ٹوٹ گئی، پھر بنا کیسے کی؟ **جواب:** ممکن ہے حضرت انسؓ کے نزدیک نماز جنازہ میں کلام جائز ہو۔

[٦٤-] بَابُ التَّكْبِيْرِ عَلَى الْجَنَازَةِ أَرْبَعًا

وَقَالَ حُمَيْدٌ: صَلَّى بِنَا أَنَسٌ فَكَبَّرَ ثَلَاثًا، ثُمَّ سَلَّمَ، فَقِيْلَ لَهُ: فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ كَبَّرَ الرَّابِعَةَ، ثُمَّ سَلَّمَ.

[١٣٣٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَعَى النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، وَخَرَجَ

بِهِمْ إِلٰى الْمُصَلَّى، فَصَفَّ بِهِمْ، وَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ. [راجع: ۱۲۴۵]

[۱۳۳۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلِيْمُ بْنُ حَيَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءَ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلّٰى عَلٰى أَصْحَمَةَ النَّجَاشِيِّ فَكَبَّرَ أَرْبَعًا، وَقَالَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، وَعَبْدُ الصَّمَدِ، عَنْ سَلِيْمٍ: أَصْحَمَةَ. [راجع: ۱۳۱۷]

وضاحت: حضرت نجاشی رحمہ اللہ کا حبشہ میں انتقال ہوا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کو اس کی اطلاع دی، آپؐ صحابہ کو لے کر مصلی الجنائز کی طرف نکلے اور صفیں بنائیں اور نماز جنازہ پڑھی، جس میں چار تکبیریں کہیں (غائبانہ نماز جنازہ کا حکم کتاب الجنائز باب ۴ (تحفۃ القاری ۳: ۵۶۷) میں گذر چکا ہے)

اور نجاشی رحمہ اللہ کا نام اصحمہ تھا، نجاشی لقب تھا، حبشہ کے ہر بادشاہ کا یہ لقب تھا جیسے مصر کا ہر بادشاہ فرعون، روم کا ہر بادشاہ قیصر اور ایران کا ہر بادشاہ کسری کہلاتا تھا۔

نجاشی کا نام: سلیم کے شاگرد محمد بن سنان کی روایت میں أَصْحَمَةْ نام آیا ہے، اور یزید اور عبدالصمد کی روایتوں میں صَحْمَة (الف کے بغیر) ہے مگر ہمارے نسخہ میں دونوں جگہ أصحمة ہے، یہ تصحیف ہے، اور بعض روات اَصْمَحَة (بتقدیم المیم) اور بعض روات اصحبہ کہتے ہیں، صحیح اصحمہ ہے۔

بَابُ قِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ عَلَى الْجَنَازَةِ

نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھنا

تمام ائمہ متفق ہیں کہ نماز جنازہ میں قراءت نہیں، نہ فاتحہ فرض ہے، البتہ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک پہلی تکبیر کے بعد فاتحہ پڑھنا سنت ہے اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک سنت نہیں، البتہ ان کے نزدیک بھی ثناء کی نیت سے فاتحہ پڑھنا جائز ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے چھوٹے دو اماموں کی موافقت کی ہے۔

[۶۵-] بَابُ قِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ عَلَى الْجَنَازَةِ

وَقَالَ الْحَسَنُ: يَقْرَأُ عَلَى الطِّفْلِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَيَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَسَلَفًا وَأَجْرًا.

[۱۳۳۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ طَلْحَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ ابْنِ عَبَّاسٍ، ح: قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ ابْنِ عَبَّاسٍ عَلَى جَنَازَةٍ، فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، قَالَ: لِتَعْلَمُوْا أَنَّهَا سُنَّةٌ.

اثر: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بچے کی نماز میں پہلی تکبیر کے بعد فاتحہ پڑھے، پھر یہ دعا پڑھے: اے اللہ! بچے کو ہمارے لئے پیش رو، آگے گیا ہوا اور ثواب بنا (اور لڑکی ہو تو اجعلها کہے) یعنی دوسری اور تیسری تکبیر کے بعد درود اور دعا پڑھے، فرط کے معنی ہیں: پیش رو، پیش خیمہ، آگے کیا ہوا، سَلَف کے بھی یہی معنی ہیں۔

حدیث: طلحہ بن عبداللہ کہتے ہیں: میں نے ابن عباسؓ کے پیچھے نماز جنازہ پڑھی، آپؓ نے (پہلی تکبیر کے بعد) سورۂ فاتحہ پڑھی اور (نماز کے بعد) فرمایا: تاکہ تم جانو کہ فاتحہ پڑھنا سنت ہے۔

تشریح: نماز جنازہ میں فاتحہ پڑھنا سنت ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں تنہا یہی روایت ہے اور یہ بھی موقوف ہے، یعنی حضرت ابن عباسؓ کا عمل ہے، ابن عباسؓ سے یہ روایت مرفوع بھی مروی ہے، ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے جنازہ کی نماز میں سورۂ فاتحہ پڑھی، مگر یہ روایت صحیح نہیں، اس کی سند میں ابوشیبہ ابراہیم بن عثمان ضعیف راوی ہے، درحقیقت یہ حضرت ابن عباسؓ کا عمل ہے، انھوں نے نماز جنازہ میں فاتحہ پڑھی تھی اور جہراً پڑھی تھی، لوگوں نے اس سلسلہ میں سوال کیا تو آپؓ نے فرمایا: میں نے یہ عمل اس لئے کیا تاکہ تم جان لو کہ یہ سنت ہے۔

مگر غور طلب بات یہ ہے کہ اگر یہ سنت ہے تو سب مسلمان اس پر عمل پیرا ہونگے، اور نماز کے بعد فوراً سوال کرنا دلیل ہے کہ اس وقت مسلمان نماز جنازہ میں فاتحہ نہیں پڑھتے تھے، چنانچہ جب ایک صحابی کا انوکھا عمل سامنے آیا تو لوگوں نے سوال کیا۔

اور حضرت ابن عباسؓ نے جو اس کو سنت کہا ہے وہ آپؓ کا اجتہاد تھا اور سنت بمعنی جائز تھا، صحابہ کبھی اپنے مجتہدات کے لئے بھی لفظ سنت استعمال کرتے تھے۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحابہ کے احوال کا جائزہ لینے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ کبھی صحابہ اپنے مجتہدات کے لئے بھی لفظ سنت استعمال کرتے تھے، امام شافعی رحمہ اللہ کا یہ قول علامہ کشمیری قدس سرہ نے العرف الشذی (کتاب الجنائز باب ۳۸) میں ذکر کیا ہے، پس لفظ سنت سے ایسا سمجھنا کہ نبی ﷺ نے نماز جنازہ میں فاتحہ پڑھی ہے: صحیح نہیں، ہاں ابن عباسؓ نے بیان جواز کے لئے پڑھی ہے۔

بَابُ الصَّلاَةِ عَلَى الْقَبْرِ بَعْدَ مَا يُدْفَنُ

دفن کے بعد قبر پر نماز جنازہ پڑھنا

اگر میت جنازہ پڑھے بغیر دفن کی گئی ہے اور ظن غالب یہ ہے کہ ابھی میت پھولی پھٹی نہیں تو بالاجماع قبر پر نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے اور اگر جنازہ پڑھ کر دفن کیا گیا ہے تو پھر اختلاف ہے، تفصیل کتاب الجنائز باب ۵۵ میں گذر چکی ہے۔

[٦٦-] بَابُ الصَّلاَةِ عَلَى الْقَبْرِ بَعْدَ مَا يُدْفَنُ

[١٣٣٦-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ:

سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَنْ مَرَّ مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰى قَبْرٍ مَنْبُوْذٍ، فَأَمَّهُمْ وَصَلَّوْا خَلْفَهُ، قُلْتُ: مَنْ حَدَّثَكَ هٰذَا يَا أَبَا عَمْرٍو؟ قَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ. [راجع: ۸۵۷]

[۱۳۳۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ أَسْوَدَ رَجُلاً أَوِ امْرَأَةً كَانَ يَكُوْنُ فِي الْمَسْجِدِ، يَقُمُّ الْمَسْجِدَ، فَمَاتَ وَلَمْ يَعْلَمِ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِمَوْتِهِ، فَذَكَرَهُ ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ: "مَا فَعَلَ ذٰلِكَ الإِنْسَانُ؟" قَالُوْا: مَاتَ يَارَسُوْلَ اللهِ! قَالَ: "أَفَلاَ آذَنْتُمُوْنِيْ؟" فَقَالُوْا: إِنَّهُ كَانَ كَذَا وَكَذَا، قِصَّتَهُ، قَالَ: فَحَقَّرُوْا شَأْنَهُ، قَالَ: "فَدُلُّوْنِيْ عَلٰى قَبْرِهِ". فَأَتَى قَبْرَهُ فَصَلَّى عَلَيْهِ. [راجع: ٤٥٨]

وضاحت: یہ دونوں حدیثیں متعدد بار گذر چکی ہیں اور دونوں حدیثوں میں نبی ﷺ کا قبر پر جنازہ پڑھنا مروی ہے۔ چھوٹے دواماموں نے ان حدیثوں کی بناپر قبر پر جنازہ پڑھنے کو جائز قرار دیا ہے، اور بڑے دوامام اس کو آنحضور ﷺ کی خصوصیت قرار دیتے ہیں۔ تفصیل کتاب الجنائز باب ۵۵ میں گذر چکی ہے۔

دوسری حدیث کا ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ایک کالا آدمی (حبشی) یا کالی عورت مسجد نبوی میں رہتی تھی اور مسجد کی صفائی کیا کرتی تھی (أو شک راوی کا ہے اور مرد کی رعایت میں فعل مذکور لائے ہیں) اس کا انتقال ہوگیا اور نبی ﷺ کو اس کی موت کی خبر نہ ہوئی، آپؐ نے ایک دن اس کو یاد کیا، آپؐ نے پوچھا: فلاں انسان کہاں ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کا انتقال ہوگیا، آپؐ نے فرمایا: تم نے مجھے اس کی خبر کیوں نہ کی؟ صحابہ نے عرض کیا: وہ ایسا اور ایسا تھا، اور اس کا واقعہ ذکر کیا (قصتہ: مستقل جملہ ہے أي ذکر قصتہ) راوی کہتے ہیں: لوگوں نے اس کی شان گھٹائی یعنی کہا کہ وہ معمولی آدمی تھا، آپؐ کو کیا تکلیف دیتے، ہم نے خود جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا، آپؐ نے فرمایا: میری اس کی قبر کی طرف راہنمائی کرو، پس آپؐ اس کی قبر پر تشریف لے گئے اور قبر پر نماز جنازہ پڑھی (یہ اس بڑھیا کا واقعہ ہے جس پر اس کے قبیلہ والوں نے چوری کا الزام لگایا تھا جو مختلف سندوں اور مختلف الفاظ سے بار بار گذر چکا ہے، پس اگر کوئی اختلاف نظر آئے تو اس کو واقعہ کے متعلقات کا اختلاف سمجھ کر نظر انداز کرنا چاہئے (پورا واقعہ حدیث ۴۳۹ (تحفۃ القاری ۲: ۲۸۰) میں گذر چکا ہے)

بَابُ الْمَيِّتِ يَسْمَعُ خَفْقَ النِّعَالِ

میت چپلوں کی آواز سنتی ہے

خَفَقَ (ن،ض) النعلُ کے معنی ہیں: جوتے کی آواز نکلنا، اور ایک دوسرا لفظ ہے قَرَعَ الباب (ف) دروازہ کھٹکھٹانا، دونوں کا ایک مفہوم ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جب لوگ میت کو دفن کر کے لوٹتے ہیں تو ابھی میت لوگوں کے چپلوں کی آواز سن رہی ہوتی ہے کہ منکر نکیر آجاتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ قبرستان میں جوتے چپل پہن کر جاسکتے ہیں۔ البتہ فقہ کی

کتابوں میں لکھا ہے کہ قبر پر جوتے چپل پہن کرنہیں چلنا چاہئے، جہاں قبریں نہ ہوں وہاں چل سکتے ہیں۔

[٦٧-] بَابُ الْمَيِّتِ يَسْمَعُ خَفْقَ النِّعَالِ

[١٣٣٨-] حدثنا عَيَّاشٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، ح: قَالَ: وَقَالَ لِي خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْعَبْدُ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ، وَتُوُلِّيَ، وَذَهَبَ أَصْحَابُهُ، حَتّٰى إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ، أَتَاهُ مَلَكَانِ، فَأَقْعَدَاهُ، فَيَقُوْلَانِ لَهُ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِي هٰذَا الرَّجُلِ مُحَمَّدٍ؟ فَيَقُوْلُ: أَشْهَدُ أَنَّهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ، فَيُقَالُ: انْظُرْ إِلٰى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ، أَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهِ مَقْعَدًا مِنَ الْجَنَّةِ" قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَيَرَاهُمَا جَمِيْعًا، وَأَمَّا الْكَافِرُ أَوِ: الْمُنَافِقُ فَيَقُوْلُ: لَا أَدْرِيْ! كُنْتُ أَقُوْلُ مَا يَقُوْلُ النَّاسُ، فَيُقَالُ: لَادَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ! ثُمَّ يُضْرَبُ بِمِطْرَقَةٍ مِنْ حَدِيْدٍ ضَرْبَةً بَيْنَ أُذُنَيْهِ، فَيَصِيْحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيْهِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ" [انظر: ١٣٧٤]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: بندہ جب اس کی قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور پیٹھ پھیری جاتی ہے اور اس کے ساتھی جانے لگتے ہیں یہاں تک کہ وہ ان کے جوتوں کی آواز سن رہا ہوتا ہے (یہاں باب ہے) اس کے پاس دوفرشتے آتے ہیں، پس وہ اس کو بٹھاتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں: تو اس آدمی یعنی محمد ﷺ کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ پس وہ کہتا ہے: میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، پس کہا جاتا ہے: دیکھ اپنے جہنم کے ٹھکانہ کی طرف، جسے اللہ تعالیٰ نے جنت کے ٹھکانہ سے بدل دیا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ دونوں ہی ٹھکانوں کو دیکھتا ہے، اور رہا کافر یا فرمایا: منافق وہ کہتا ہے: میں نہیں جانتا! میں وہ کہتا تھا جو لوگ کہتے تھے، پس کہا جاتا ہے: نہ تو نے جانا نہ پڑھا، یعنی نہ تو نے قرآن پڑھا نہ قرآن کو جانا (قاعدے سے ولا تلوت ہونا چاہئے، مگر پڑوس کی رعایت سے تلیت ہے) پھر وہ لوہے کے گرز سے دونوں کانوں کے بیچ میں زور سے مارا جاتا ہے پس وہ اتنی زور سے چلاتا ہے کہ اس کو آس پاس کی مخلوقات سنتی ہیں، سوائے جن ّوانس کے۔

بَابُ مَنْ أَحَبَّ الدَّفْنَ فِي الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ أَوْ نَحْوِهَا

جس نے بیت المقدس میں یا متبرک جگہ میں دفن ہونا پسند کیا

ارض مقدس سے بیت المقدس اور نحوھا سے دنیا کی تمام متبرک جگہیں مراد ہیں، اگر کوئی شخص کسی متبرک جگہ میں موت کی اور دفن ہونے کی تمنا کرے تو یہ تمنا کرنا جائز ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تمنا تھی کہ بیت المقدس میں ان کی وفات ہو اور وہاں قبر بنے، معلوم ہوا ایسی تمنا کرنا جائز ہے، لیکن اس کے لئے میت کو منتقل کرنا جائز نہیں، کسی کی مدینہ منورہ

میں دفن ہونے کی تمنا تھی پھر اتفاق سے مدینہ میں اس کی موت آگئی تو تمنا پوری ہوگئی، لیکن ہندوستان میں موت آئی اور اس کی لاش مدینہ لے جاکر دفن کی تو یہ جائز نہیں۔

فائدہ: جس طرح صالحین کے جنازے پڑھنے اور پڑھانے سے میت کو فائدہ پہنچتا ہے، اسی طرح صالحین کے پڑوس میں اور متبرک جگہوں میں دفن ہونے سے بھی میت کو فائدہ پہنچتا ہے، پس متبرک جگہ میں دفن ہونے کی تمنا کرنا جائز ہے۔

[٦٨-] بَابُ مَنْ أَحَبَّ الدَّفْنَ فِي الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ أَوْ نَحْوِهَا

[١٣٣٩-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أُرْسِلَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلٰى مُوْسَى، فَلَمَّا جَاءَ هُ صَكَّهُ، فَفَقَأَ عَيْنَهُ، فَرَجَعَ إِلٰى رَبِّهِ، فَقَالَ: أَرْسَلْتَنِيْ إِلٰى عَبْدٍ لاَ يُرِيْدُ الْمَوْتَ، فَرَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَيْنَهُ، وَقَالَ: ارْجِعْ، فَقُلْ لَهُ: يَضَعُ يَدَهُ عَلٰى مَتْنِ ثَوْرٍ، فَلَهُ بِكُلِّ مَا غَطَّتْ بِهِ يَدُهُ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةٌ، قَالَ: أَىْ رَبِّ! ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ الْمَوْتُ. قَالَ: فَالْآنَ، فَسَأَلَ اللّٰهَ أَنْ يُدْنِيَهُ مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَلَوْ كُنْتُ ثَمَّ لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ إِلٰى جَانِبِ الطَّرِيْقِ، عِنْدَ الْكَثِيْبِ الْأَحْمَرِ" [انظر: ٣٤٠٧]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ملک الموت حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف بھیجے گئے، پس جب وہ ان کے پاس آئے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو ہاتھ مارا[1] پس ان کی آنکھ پھوڑ دی، وہ اپنے رب کی طرف لوٹے اور عرض کیا: آپؐ نے مجھے ایسے بندے کی طرف بھیجا جو مرنا نہیں چاہتا، پس اللہ تعالیٰ نے ان کی آنکھ ٹھیک کردی اور فرمایا: دوبارہ جاؤ اور ان سے کہو کہ وہ اپنا ہاتھ بیل کی پیٹھ پر رکھیں، پس ان کے لئے ہر اس بال کے بدل جس کو ان کا ہاتھ چھپائے ایک سال کی زندگی ہے، یعنی ہاتھ کے نیچے جتنے بال آئیں اتنے سال زندہ رہیں گے، موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا: اے پروردگار! پھر کیا ہوگا؟ اللہ عزوجل نے فرمایا: پھر مرنا ہوگا! موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: پھر ابھی! یعنی جب بالآخر مرنا ہی ہے تو ابھی سہی! پھر موسیٰ علیہ السلام نے اللہ عزوجل سے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کو بیت المقدس سے پتھر پھینکنے کے فاصلہ تک نزدیک کردیں (یہ جزء باب سے متعلق ہے) رسول اللہ ﷺ نے (معراج کی حدیث میں) فرمایا: "پس اگر میں وہاں ہوتا تو ضرور تمہیں دکھاتا کہ ان کی قبر راستہ کے کنارے سرخ ٹیلے کے قریب ہے"

(۱) صَكَّ (ن) صَكًّا: ہاتھ مارنا: ﴿فَصَكَّتْ وَجْهَهَا﴾ (الذاریات ۲۹) پس اہلیہ نے چہرے پر ہاتھ مارا۔ تھپّر مارنا ترجمہ صحیح نہیں اور یہ ہاتھ بھی بالقصد نہیں مارا تھا، بلکہ چلایا تھا، جب موسیٰ علیہ السلام سے موت کے لئے اجازت طلب کی گئی تو انھوں نے قول سے انکار کرنے کے بجائے ہاتھ سے انکار کیا، یہ جو ہاتھ چلایا وہ اتفاقاً آنکھ پر لگ گیا اور حادثہ پیش آگیا، اسی لئے چہرے پر مارنے کی ممانعت آئی ہے، کیونکہ ایسا حادثہ پیش آسکتا ہے۔

تشریح:

۱- یہ حدیث صحیحین میں دو سندوں سے مروی ہے، اس کو طاؤس اور ہمام دونوں روایت کرتے ہیں، پھر طاؤس موقوف کرتے ہیں اور ہمام مرفوع کرتے ہیں، یہاں یہ روایت طاؤس کی سند سے ہے پھر آگے احادیث الانبیاء میں (حدیث ۳۴۰۷) یہ حدیث طاؤس ہی کی سند سے روایت کی ہے مگر اس کے بعد ہمام کی سند بھی ذکر کی ہے جو مرفوع ہے۔

اور امام مسلم رحمہ اللہ نے دونوں سندوں سے حدیث روایت کی ہے (حدیث ۲۳۷۲/۱۵۷ و ۱۵۸) پس یہ حدیث مرفوع ہے کیونکہ شیخین نے دونوں سندیں قبول کی ہیں، اور راوی ایسا کرتے ہیں کہ مرفوع حدیث کو کبھی موقوف بیان کرتے ہیں، پس طاؤس کے موقوف بیان کرنے سے یہ خیال نہ کیا جائے کہ یہ حدیث موقوف ہے، صحیح بات یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے۔

۲- اور باب پر حدیث کی دلالت واضح ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی تھی کہ اگر ابھی بیت المقدس میں داخل ہونے کا وقت نہیں آیا تو ان کو کم از کم ایک پتھر پھینکنے کے بقدر فاصلہ تک بیت المقدس سے نزدیک کر دیا جائے، پھر ان کی روح قبض کی جائے، تاکہ وہاں ان کی قبر بنے، کیونکہ روایت میں ہے کہ انبیاء کی موت وہاں آتی ہے جہاں ان کو دفن ہونا پسند ہوتا ہے۔

۳- مگر اس روایت کی بنیاد پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر کی تعیین مشکل ہے، کیونکہ بیت المقدس کی طرف جو راستہ جاتا تھا وہ کونسا راستہ تھا؟ اور اس کی دائیں جانب جو ٹیلہ تھا وہ کونسا ٹیلہ تھا؟ وہاں تو ٹیلے ہی ٹیلے ہیں! اور بیت المقدس سے مسجد صخرہ مراد ہے یا شہر یا شہر کی فنا؟ اور پتھر پھینکنے کی مقدار کیا ہے؟ نیز موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں شہر کہاں تک تھا؟ جب تک یہ سب باتیں معلوم نہ ہوں قبر کی تعیین مشکل ہے، اور ان باتوں کو جاننے کی اب کوئی صورت نہیں، اس لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر مشخص نہیں۔

۴- پھر یہاں چند سوال ہیں ان کے جواب جاننے ضروری ہیں:

(۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے موت کے فرشتہ کو چپت کیوں رسید کیا، اور کب رسید کیا؟ روایات میں ہے کہ ملک الموت انبیاء کرام سے پہلے اجازت طلب کرتے ہیں پھر روح قبض کرتے ہیں، اس لئے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ بوقت اجازت تھپڑ مارا تھا یا روح قبض کرتے وقت؟ اگر بوقت اجازت مارا تھا تو سوال یہ ہے کہ کیوں مارا تھا؟ اجازت دیتے یا نہ دیتے، ان کو اختیار تھا۔

(۲) فرشتہ کی آنکھ کیسے پھوٹی، وہ تو مادی مخلوق نہیں، پھر وہ بارگاہِ خداوندی میں حاضر ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کی آنکھ ٹھیک کر دی، یہ سب کچھ کیسے ہوا؟ فرشتہ تو روحانی مخلوق ہے اس پر یہ احوال نہیں گذر سکتے؟

(۳) پہلے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام مرنے کے لئے تیار نہیں تھے، اب ایک دم تیار کیوں ہو گئے؟

جواب: ان سب باتوں کا جواب جاننے کے لئے پہلے چار باتیں سمجھنی ضروری ہیں: ایک: موسیٰ علیہ السلام کی مزاجی کیفیت، دوم: وہ پلان جو آپؑ کے پیش نظر تھا، سوم: بھیس بدلنے سے احکام بدلتے ہیں، چہارم: رضاء بقضاء۔

پہلی بات: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے مختلف واقعات سے آپ کی مزاجی کیفیت کا اندازہ ہوتا ہے، ایک تو آپؑ نے بچپن میں فرعون کی ڈاڑھی پکڑ کر تھپڑ مارا تھا، جن کا تذکرہ سورۂ طٰہٰ کی آیت ﴿وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِیْ﴾ کی تفسیر میں آتا ہے۔ دوسرے: جب آپ طور سے لوٹے اور قوم کی گوسالہ پرستی دیکھی تو غصہ میں تورات کی تختیاں ڈال دیں اور حضرت ہارون علیہ السلام کی سرزنش کی، حالانکہ وہ نبی تھے، سر اور ڈاڑھی کے بال پکڑ کر کھینچے اور اتنے زور سے کھینچے کہ حضرت ہارون علیہ السلام التجا کرنے پر مجبور ہو گئے۔ تیسرے: اس پتھر کی آپ نے پٹائی کی تھی جو کپڑے لے کر بھاگا تھا اور اتنا زور سے مارا تھا کہ اس پر چھ یا سات نشان پڑ گئے تھے، حالانکہ پتھر جماد (بے جان) ہے، پھر یہ واقعہ ہے کہ موت کے فرشتہ کو مارا، ان سب واقعات سے حضرت کی گرم مزاجی کا خوب اندازہ ہو جاتا ہے۔

دوسری بات: جب حضرت کو طور پر بلایا گیا تا کہ آپؑ کو عظیم الشان کتاب تورات عنایت فرمائی جائے تو حضرت کے پیش نظر بڑا پلان تھا: اللہ کی کتاب ملے گی، وہ اس کے ذریعہ قوم کی یوں اور یوں اصلاح کریں گے اور قوم کو بام عروج تک پہنچائیں گے، مگر پیچھے سامری نے کھیل بگاڑ دیا، اس نے گوسالہ پرستی کی داغ بیل ڈال دی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی بھر کی محنت پر پانی پھیر دیا، اس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام غصہ میں بھرے ہوئے اور افسوس کرتے ہوئے لوٹے، اور ہارون علیہ السلام کے ساتھ وہ معاملہ کیا جو کیا۔

اسی طرح فرعون کی غرقابی کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سامنے بڑا پلان تھا کہ بیت المقدس فتح کریں گے اور قوم کو وہاں آباد کریں گے مگر قوم ناہنجار ثابت ہوئی، اس نے بزدلی کا مظاہرہ کیا تو اللہ کی طرف سے سزا ملی اور بنی اسرائیل کو میدان تیہ میں چالیس سال کے لئے محصور کر دیا گیا۔ اب حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سامنے پلان یہ ہے کہ چالیس سال کے بعد وہ بنی اسرائیل کے ساتھ جہاد کریں گے اور بیت المقدس فتح کریں گے، مگر حضرت کو اپنی موت کا وقت معلوم نہیں تھا، چنانچہ چالیس سال پورے ہونے سے پہلے ہی موت کا فرشتہ آ گیا اور اس نے روح قبض کرنے کی اجازت چاہی تو چونکہ موسیٰ علیہ السلام کا سارا پلان فیل ہو جاتا تھا اس لئے جھلا کر ہاتھ چلایا اور نفی میں جواب دیا کہ وہ ابھی مرنے کے لئے تیار نہیں، ہاتھ اتفاقاً آنکھ پر لگ گیا، اور آنکھ پھوٹ گئی۔

تیسری بات: بھیس بدلنے سے احکام بدلتے ہیں، لوگ ایک حدیث جنّات سے روایت کرتے ہیں کہ مَن قُتِلَ فی غیر زِیِّه فدمُه هَدْرٌ: جو شخص اپنے روپ کے علاوہ بھیس میں مارا جائے تو اس کا خون رائگاں ہے، یعنی قصاص یا دیت نہیں، مثلاً جنّ سانپ کی شکل میں ظاہر ہوا اور کسی نے اس کو مار دیا تو اس کی دیت یا قصاص واجب نہیں، اسی طرح فرشتہ روحانی مخلوق ہے مگر جب وہ بھیس بدل کر انسانی روپ میں ظاہر ہو گا تو اس پر مادی احکام جاری ہونگے اور وہ احکام روحانی وجود تک مفضی ہونگے، پس فرشتہ کی آنکھ پھوٹ سکتی ہے، اس وجہ سے کہ وہ مادی بھیس میں ظاہر ہوا ہے، اور اس کا اثر روحانی وجود تک پہنچ سکتا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی آنکھ ٹھیک کر دی۔

چوتھی بات: انسان اپنے طور پر پلان بناتا ہے کہ میں یوں کروں گا ووں کروں گا، مگر جب سوچتا ہے تو بے بسی سامنے آتی ہے اور انسان اللہ کے فیصلوں پر راضی ہوجاتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سامنے بھی پہلے بڑا پلان تھا، پھر حضرت نے سوچا کہ میں کیا اور میری جدوجہد کیا! ہوگا وہی جو اللہ چاہتے ہیں، جب اللہ چاہیں گے بیت المقدس فتح ہوگا، اور بنی اسرائیل وہاں پہنچیں گے، میں رہوں یا نہ رہوں، یہ سوچ کر وصل محبوب کا جذبہ غالب آیا تو فوراً مرنے کے لئے تیار ہوگئے، بس ایک دعا کی جو پوری کردی گئی، پھر حضرت کی بیت المقدس کے قریب وفات ہوئی اور وہیں قبر بنی۔

بَابُ الدَّفْنِ بِاللَّيْلِ

رات میں تدفین

میت کو رات میں دفن کرنے میں کچھ حرج نہیں، اور بعض روایات میں جو رات میں دفن کرنے کی ممانعت آئی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اندھیرے میں عموماً لوگ کم آتے ہیں، جبکہ میت کا فائدہ اس میں ہے کہ نمازیوں کی تعداد زیادہ ہو، نیز اندھیرے میں تجہیز وتکفین میں کمی کا بھی اندیشہ ہے، جیسے فقہ کی کتابوں میں مسئلہ لکھا ہے کہ رات میں قربانی کرنا مکروہ ہے، اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ اندھیرے میں ذبح میں غلطی کا امکان ہے، مگر اب بجلی کا زمانہ ہے، دن کی طرح رات بھی روشن ہوتی ہے، پس اب رات میں قربانی کرنے میں کوئی کراہیت نہیں، اسی طرح میت کو رات میں دفن کرنے میں بھی کچھ حرج نہیں، خود سرورِ کونین ﷺ کی تدفین رات میں عمل میں آئی ہے، اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بھی رات ہی میں دفن کیا گیا تھا، وہ امیر المؤمنین تھے، ان کی تدفین میں سب صحابہ موجود تھے، اسی طرح وہ بڑھیا جو مسجدِ نبوی میں جھاڑو دیتی تھی، اس کو بھی صحابہ نے رات میں دفن کیا تھا، ان کے علاوہ بھی رات میں دفن کرنے کی بہت روایات ہیں اور بعض صحابہ کی تدفین میں رات میں خود نبی ﷺ بھی شریک رہے ہیں [1] اور صحابہ کا رات میں دفن کرنا بھی بکثرت مروی ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو رات ہی میں دفن کیا ہے، پس تدفین کے سلسلہ میں رات اور دن یکساں ہیں، ان میں کچھ فرق نہیں۔

[۶۹-] بَابُ الدَّفْنِ بِاللَّيْلِ

وَدُفِنَ أَبُوْ بَكْرٍ لَيْلاً.

[۱۳۴۰-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ

(۱) غزوۂ تبوک میں ایک صاحب کا انتقال ہوا، ان کی تدفین رات میں کی گئی اور ان کو قبر میں اتارنے کے لئے آنحضرت ﷺ بذاتِ خود قبر میں اترے ہیں، معلوم ہوا کہ رات میں تدفین جائز ہے (ترمذی حدیث ۱۰۴۰)

عَبَّاسٍ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى رَجُلٍ بَعْدَ مَا دُفِنَ بِلَيْلَةٍ، قَامَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ، وَكَانَ سَأَلَ عَنْهُ فَقَالَ: "مَنْ هٰذَا؟" فَقَالُوْا: فُلَانٌ دُفِنَ الْبَارِحَةَ، فَصَلُّوْا عَلَيْهِ. [راجع: ۸۵۷]

بَابُ بِنَاءِ الْمَسْجِدِ عَلَى الْقَبْرِ

قبر پر مسجد کی تعمیر

پہلے لفظ اتخاذ آیا تھا اور یہاں لفظ بناء ہے، اتخاذ: عام ہے اس کے لئے باقاعدہ مسجد بنانا ضروری نہیں، قبر پر سجدہ کرنا یا قبر کے پاس نماز پڑھنا بھی اتخاذ ہے اور قبر پر باقاعدہ مسجد بنانا بناء ہے۔

قبر کے پاس مسجد بنانے کا حکم: قاضی بیضاوی (شافعی) رحمہ اللہ نے شرح مصابیح السنۃ میں تحریر فرمایا ہے کہ قبر کی تعظیم کی غرض سے اس کے قریب اس طرح مسجد بنانا کہ دورانِ نماز قبر کا مواجہہ ہو: شرک جلی ہے، اور اگر قبر ایک طرف ہو یعنی دائیں بائیں یا پیچھے ہو اور مقصد بزرگ کی تعظیم ہو تو یہ شرک خفی ہے۔ اور اگر زائرین کے قیام، نماز اور دیگر سہولتوں کے لئے مسجد بنائی جائے تو جائز ہے، بشرطیکہ مسجد بنانے سے مقصود اس بزرگ کی تعظیم یا اس کی روحانیت کی طرف توجہ کرنا نہ ہو۔

اور مصابیح السنہ کے دوسرے شارح علامہ تورپشتی (حنفی) رحمہ اللہ تینوں صورتوں کو ناجائز کہتے ہیں وہ فرماتے ہیں: اگر مسجد بنانے کا مقصد اس بزرگ کی تعظیم ہے تو یہ شرک جلی ہے اور اس کی روحانیت سے استفادہ ہے تو یہ شرک خفی ہے اور اگر یہ دونوں باتیں نہیں ہیں تو بھی قبوریوں کے ساتھ اور یہود ونصاری کے ساتھ مشابہت ہے اس لئے جائز نہیں (معارف السنن ۳:۳۰۵)

فائدہ: کسی مسجد کے پاس یا کسی مدرسہ میں کسی بزرگ کی تدفین جس کا آج کل رواج چل پڑا ہے جائز نہیں، تورپشتی رحمہ اللہ نے جو تیسری صورت کو ناجائز کہا ہے اس میں یہ صورت بھی داخل ہے۔

[۷۰-] بَابُ بِنَاءِ الْمَسْجِدِ عَلَى الْقَبْرِ

[۱۳۴۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا اشْتَكَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ذَكَرَ بَعْضُ نِسَائِهِ كَنِيْسَةً رَأَيْنَهَا بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ، يُقَالُ لَهَا: مَارِيَةُ، وَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ وَأُمُّ حَبِيْبَةَ أَتَتَا أَرْضَ الْحَبَشَةِ، فَذَكَرَتَا مِنْ حُسْنِهَا وَتَصَاوِيْرَ فِيْهَا، فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ: "أُوْلٰئِكَ إِذَا مَاتَ مِنْهُمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ بَنَوْا عَلٰى قَبْرِهِ مَسْجِدًا، ثُمَّ صَوَّرُوْا فِيْهِ تِلْكَ الصُّوَرَ، وَأُوْلٰئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللّٰهِ" [راجع: ۴۲۷]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، نبی ﷺ مرض وفات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرہ میں چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے تھے، ازواج مطہرات سب جمع تھیں، حضرت ام حبیبہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے جنھوں نے حبشہ پھر

مدینہ ہجرت کی تھی ایک چرچ کا تذکرہ کیا جوانھوں نے حبشہ میں دیکھا تھا جو بہت خوبصورت تھا اوراس کا نام ماریہ تھا، اور یہ بات بھی ذکر کی کہ اس میں تصویریں تھیں، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات سنی تو آپؐ نے سر سے چادر ہٹائی اور فرمایا: ''یہ وہ لوگ ہیں کہ جب ان میں کوئی نیک بندہ مرجاتا تھا تو وہ اس کی قبر پر مسجد تعمیر کرتے تھے اور اس میں اس نیک بندے کی تصویریں بناتے تھے، یہ لوگ اللہ کے نزدیک بدترین مخلوق ہیں'' معلوم ہوا کہ قبر پر مسجد تعمیر کرنا حرام اور موجب لعنت ہے۔

بَابُ مَنْ يَدْخُلُ قَبْرَ الْمَرْأَةِ

عورت کی قبر میں کون اترے؟

اولیٰ یہ ہے کہ عورت کو قبر میں محارم اتاریں، لیکن غیر محرم بھی اتار سکتے ہیں، حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کو جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے قبر میں اتارا ہے جبکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عثمانؓ موجود تھے، اور حضرت ابوطلحہؓ غیر محرم تھے، معلوم ہوا کہ غیر محرم بھی عورت کو قبر میں اتار سکتا ہے، کیونکہ میت کپڑے میں لپٹی ہوئی ہوتی ہے، پس کسی کے لئے بھی اتارنا بلا کراہیت درست ہے۔

[۷۱-] بَابُ مَنْ يَدْخُلُ قَبْرَ الْمَرْأَةِ

[۱۳۴۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: شَهِدْنَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ عَلَى الْقَبْرِ، فَرَأَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ، فَقَالَ: "هَلْ فِيْكُمْ مِنْ أَحَدٍ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ؟" فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: أَنَا، قَالَ: "فَانْزِلْ فِيْ قَبْرِهَا" فَنَزَلَ فِيْ قَبْرِهَا.

قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ: قَالَ فُلَيْحٌ: أُرَاهُ يَعْنِيْ الذَّنْبَ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿لِيَقْتَرِفُوْا﴾[الأنعام:۱۱۳]: لِيَكْتَسِبُوْا. [راجع: ۱۲۸۵]

وضاحت: اس حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الجنائز باب ۳۲ میں پڑھیں، اور لم یُقارف کے کیا معنی ہیں؟ فلیح رحمہ اللہ نے اس کے معنی گناہ کے کئے ہیں، یعنی جس نے رات میں کوئی گناہ نہیں کیا، مگر یہ ترجمہ صحیح نہیں، اس سے وہم پیدا ہوتا ہے کہ حضرت ابوطلحہؓ کے علاوہ سب نے رات میں گناہ کیا تھا۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ لفظ سورۃ الانعام (آیت ۱۱۳) میں بھی آیا ہے، وہاں معنی ہیں: لیکتسبوا، معلوم ہوا کہ یہ لفظ گناہ کے معنی کے ساتھ خاص نہیں، کوئی بھی مباح کام کرنے کے لئے یہ لفظ استعمال کیا جاسکتا ہے، چنانچہ میں نے ترجمہ کیا تھا: جس نے رات میں بیوی سے جماع نہیں کیا۔

بَابُ الصَّلاَۃِ عَلَی الشَّهِيْدِ

شہید کی نماز جنازہ

شہید کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک شہید کی نماز جنازہ مستحب ہے یعنی پڑھیں تو سبحان اللہ، نہ پڑھیں تو کوئی بات نہیں، اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک شہید کی نماز جنازہ نہیں ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک عام اموات کی طرح شہید کی بھی نماز جنازہ واجب ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ نبی ﷺ نے شہدائے احد کی نماز جنازہ پڑھی تھی یا نہیں؟ اس میں روایات مختلف ہیں، بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز پڑھی تھی اور بعض نفی کرتی ہیں اور دونوں روایتیں صحیح ہیں، باب میں نفی والی روایت ہے اور مسند احمد میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے سب سے پہلے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھی، پھر یکے بعد دیگرے جنازے لائے جاتے رہے اور آپ ﷺ نماز پڑھاتے رہے اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا جنازہ آخر تک وہیں رکھا رہا (نصب الرایہ ۲: ۳۰۹ باب الشہید) اس حدیث کو ابن مسعودؓ سے شعبی رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں، اور شعبیؒ کا حضرت ابن مسعودؓ سے لقاء وسماع نہیں، مگر چونکہ وہ ثقہ ہی سے روایت کرتے ہیں اس لئے ان کے مراسیل معتبر ہیں۔ حافظ ذہبی رحمہ اللہ کہتے ہیں: مرسل الشعبی صحیح لایکاد یُرسل إلا صحیحا (تذکرۃ الحفاظ ۱: ۷۹)

اور باب میں یہ حدیث بھی ہے کہ ایک مرتبہ آپ صحابہ کو لے کر شہدائے احد کی قبروں پر تشریف لے گئے اور جس طرح میت کی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے اس طرح نماز پڑھی —— یہ روایت زیر بحث نہیں، صرف وہ روایتیں زیر بحث ہیں کہ جب شہدائے احد کو دفن کیا گیا اس وقت ان کی نماز جنازہ پڑھی گئی یا نہیں؟ اور وہ متعارض ہیں، اثبات کی بھی ہیں اور نفی کی بھی، اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کا مزاج ترجیح کا ہے، چنانچہ انھوں نے لم یصل والی روایت کو اصح قرار دیا اور نماز جنازہ کی نفی کی، اور امام احمد رحمہ اللہ کا مزاج جمع کا ہے چنانچہ انھوں نے روایات کو جمع کیا اور نماز جنازہ کو مستحب قرار دیا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کا مزاج عبادات میں احتیاط کا ہے چنانچہ انھوں نے احتیاط والا پہلو لیا، اور احتیاط نماز پڑھنے میں ہے۔

اور جو ائمہ عدم صلوٰۃ کے قائل ہیں ان کی عقلی دلیل یہ ہے کہ شہید مغفور لہ ہے، پس نماز جنازہ کی کیا ضرورت ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ استغفار نماز جنازہ کا ضمنی فائدہ ہے اصل مقصد میت کی تعظیم ہے، چنانچہ انبیاء کی بھی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے جبکہ وہ معصوم ہوتے ہیں اور شہداء احترام کے زیادہ مستحق ہیں، پس ان کی بھی نماز جنازہ پڑھنی چاہئے۔

مسئلہ: اگر متعدد جنازے جمع ہوں تو افضل یہ ہے کہ ہر جنازہ علاحدہ علاحدہ پڑھا جائے، احد میں تمام صحابہ بشمول سرور کونین ﷺ زخمی تھے، اس کے باوجود آپ ﷺ نے جنازے علاحدہ علاحدہ پڑھے، اور ترمذی میں یہ حدیث (نمبر 1018) ہے

کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کا جنازہ پڑھایا پھر ایک قریشی عورت کا جنازہ پڑھایا، یعنی دونوں جنازے الگ الگ پڑھائے اور فقہاء نے بھی اس کی صراحت کی ہے، درمختار میں ہے: **وإذا اجتمعت الجنائز فإفراد الصلوٰة علی کل واحدة أولیٰ من الجمع** (شامی ۱:۶۴۸) لوگوں میں اس مسئلہ میں غلط فہمی پائی جاتی ہے، لوگ ایسا سمجھتے ہیں کہ سب جنازے ایک ساتھ پڑھنا اولیٰ ہے، حالانکہ یہ صرف جائز ہے، بہتر الگ الگ نماز پڑھنا ہے۔

شہید کون ہے؟

شہید وہ شخص ہے جس میں سات باتیں جمع ہوں: (۱) مسلمان ہو، (۲) مکلّف ہو یعنی عاقل بالغ ہو، پس بچہ اور مجنون نکل گئے، (۳) حدث اکبر سے پاک ہو[1] (۴) ظلماً یعنی ناحق قتل کیا گیا ہو (۵) دھاردار ہتھیار سے قتل کیا گیا ہو، بندوق کی گولی بھی دھاردار ہتھیار میں آتی ہے (۶) قتل کی وجہ سے دیت واجب نہ ہوئی ہو (۷) زخمی ہونے کے بعد دنیا سے فائدہ نہ اٹھایا ہو، اگر زخمی ہونے کے بعد زندہ رہا اور کچھ کھایا پیا پھر مرا تو غسل دیا جائے گا، جس شہید میں یہ سات باتیں جمع ہوں اس کو غسل نہیں دیا جائے گا اور نماز جنازہ پڑھی جائے گی یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔

فائدہ: شہید کی نماز جنازہ کے بارے میں جو اختلاف ہوا ہے اس پر مجھے حیرت ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے انیس جنگیں لڑی ہیں، ہر جنگ میں کچھ نہ کچھ صحابہ شہید ہوئے ہیں، آپؐ ان کی نماز جنازہ پڑھتے تھے یا نہیں؟ یہ بات پردۂ خفا میں کیسے رہ گئی؟ پھر آنحضرت ﷺ کے بعد سو سال تک صحابہ نے جنگیں لڑی ہیں اور ان میں بے شمار لوگ شہید ہوئے ہیں پس صحابہ کا طریقہ کیا تھا؟ وہ شہداء کی نماز جنازہ پڑھتے تھے یا نہیں؟ یہ بات تواتر سے منقول ہونی چاہئے تھی مگر حقیقت یہ ہے کہ اس سلسلہ میں کچھ مروی نہیں، نہ حضور اکرم ﷺ کا طریقہ مروی ہے اور نہ صحابہ کا طرز عمل منقول ہے۔ صرف غزوۂ احد کے بارے میں روایات ہیں اور وہ بھی مختلف ہیں، مجھے اس پر حیرت ہے: اتنی عام بات پردۂ خفا میں کیسے رہ گئی؟ یہ بات تو تواتر سے منقول ہونی چاہئے تھی پس تعامل امت سب سے بڑی دلیل ہوتی، روایات کی ضرورت ہی باقی نہ رہتی، مگر ایسا نہیں ہوا اس پر مجھے بڑی حیرت ہے۔

[۷۲-] بَابُ الصَّلاَةِ عَلَى الشَّهِيْدِ

[۱۳۴۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلٰى أُحُدٍ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ: "أَ يُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ؟" فَإِذَا أُشِيْرَ لَهُ إِلٰى

(۱) حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ جنگ احد میں جنابت کی حالت میں شہید ہوئے تھے، بیوی کے ساتھ مقاربت کر رہے تھے کہ جہاد میں نکلنے کا اعلان ہوا، فوراً نکل کھڑے ہوئے اور غسل نہیں کیا، اور شہید ہو گئے تو فرشتوں نے ان کو غسل دیا۔

أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ، وَقَالَ: '' أَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ '' وَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ فِيْ دِمَائِهِمْ، وَلَمْ يُغْسَلُوْا، وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ. [انظر: ١٣٤٥، ١٣٤٦، ١٣٤٧، ١٣٤٨، ١٣٥٣، ٤٠٧٩]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ احد کے شہداء میں سے دو دو کو ایک کپڑے میں جمع کرتے تھے، پھر پوچھتے تھے: ان میں سے قرآن کس کو زیادہ یاد تھا؟ جب ان میں سے کسی ایک کی طرف اشارہ کیا جاتا (کہ اس کو قرآن زیادہ یاد تھا) تو آپؐ اس کو قبر میں پہلے رکھتے اور آپؐ نے فرمایا: ''میں قیامت کے دن ان کے حق میں گواہی دوں گا، اور آپؐ نے ان کو ان کے خونوں کے ساتھ دفن کرنے کا حکم دیا، اور وہ نہلائے نہیں گئے اور آپؐ نے ان کی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔

تشریح:

۱- غزوۂ احد میں ستر صحابہ شہید ہوئے تھے، اور عرب کی زمین پتھریلی ہے، سب کے لئے قبر کھودنا مشکل تھا، نیز سب صحابہ بشمول نبی پاک ﷺ زخمی تھے اس لئے ایک ایک قبر میں دو دو، تین تین شہداء کو دفن کیا گیا، اور جس کو قرآن زیادہ یاد ہوتا اس کو آپؐ قبلہ کی طرف مقدم کرتے، یہ قرآن کی وجہ سے اس کی تعظیم تھی۔

۲- ایک کپڑے میں دو اور تین کو کفن دینے کا مطلب یہ ہے کہ کپڑا اپھاڑ کر دو اور تین کو کفن دیا گیا، کیونکہ کپڑے تھوڑے تھے اور شہداء زیادہ تھے۔

۳- اگر کسی مجبوری میں ایک کپڑے میں ایک سے زیادہ اموات کو لپیٹنا پڑے تو لاشوں کے درمیان فصل رکھنا چاہئے، خواہ کپڑے کا فصل ہو یا گھاس پتے یا کاغذ وغیرہ کا۔

۴- جس قبر میں متعدد اموات دفن کی جائیں اس کو کھودنے کے دو طریقے ہیں: ایک: شمالاً جنوباً لمبی قبر کھودی جائے، اس کو پاٹنا آسان ہوگا۔ دوم: شرقاً غرباً چوڑی قبر کھودی جائے، اس کو پاٹنے میں دشواری ہوگی، غزوۂ احد میں چوڑی قبریں کھودی گئی تھیں، اس حدیث سے یہی مفہوم ہوتا ہے۔

۵- آنحضرت ﷺ قیامت کے دن جن لوگوں نے آپؐ کی دعوت قبول کی ہے، ان کے حق میں اور جن لوگوں نے انکار کیا ہے ان کے خلاف گواہی دیں گے، یہ مضمون سورۃ الحج آیت ۷۸ میں ہے اور اسی لحاظ سے آپؐ کی صفت شاھد آئی ہے۔

یاد رکھنا چاہئے کہ تین مضمون ملتے جلتے ہیں اس لئے ان کو الگ الگ سمجھ لینا چاہئے، عام طور پر ان میں اشتباہ ہوتا ہے:

پہلا مضمون: قیامت کے دن تمام انبیاء اپنی امتوں کے خلاف گواہی دیں گے اور حضور ﷺ اپنی امت دعوت کے خلاف گواہی دیں گے، یہ مضمون دو جگہ آیا ہے، سورۃ النساء آیت ۴۰ میں اور سورۃ النحل آیت ۸۹ میں، سورۃ النساء میں مقصود منظر کشی ہے اور سورۃ النحل میں مقصود مضمون کو مدلل کرنا ہے۔

دوسرا مضمون: قیامت کے دن امت محمدیہ پچھلی امتوں کے خلاف، انبیاء کرام کی حمایت میں گواہی دے گی اور جب ان کی امتوں کی طرف سے جرح ہوگی کہ یہ گواہی دینے والی امت سب سے آخری امت ہے انھوں نے ہمارا زمانہ نہیں پایا،

اس لئے ان کی گواہی معتبر نہیں، اس وقت آنحضور ﷺ اپنی امت کے حق میں گواہی دیں گے کہ میری امت صحیح کہہ رہی ہے ان کو مجھ سے اور قرآن سے ایسا ہی معلوم ہوا ہے ـــــ یہ مضمون سورۃ البقرہ آیت ۱۴۳ میں ہے۔

تیسرا مضمون: نبی ﷺ اپنے زمانہ کے لوگوں (امت دعوت) کے خلاف گواہی دیں گے اور آپؐ کی امت اپنے اپنے زمانہ کے لوگوں کے خلاف گواہی دے گی، کیونکہ جس طرح رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لوگوں کی طرف مبعوث ہیں آپؐ کی امت بھی آپؐ کی طرف سے لوگوں کی طرف مبعوث ہے، پس جو ذمہ داری اللہ کے رسول کی ہے وہی ذمہ داری رسول اللہ ﷺ کے رسولوں کی بھی ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ کی ذمہ داری دعوت وارشاد ہے، پس وہی ذمہ داری امت کی بھی ہے، یہ مضمون سورۃ الحج آیت ۷۸ میں ہے (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۲: ۵۰-۵۵ اور تفسیر ہدایت القرآن پارہ ۱۴ص: ۱۵۸ میں ہے)

[۱۳۴۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ يَوْمًا فَصَلّٰى عَلٰى أَهْلِ أُحُدٍ صَلاَ تَهُ عَلَى الْمَيِّتِ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: "إِنِّيْ فَرَطٌ لَكُمْ، وَأَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لَأَنْظُرُ إِلٰى حَوْضِيَ الآنَ، وَإِنِّيْ أُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الأَرْضِ أَوْ: مَفَاتِيْحَ الأَرْضِ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا" [۳۵۹۶، ۴۰۴۲، ۴۰۸۵، ۶۴۲۶، ۶۵۹۰]

ترجمہ: نبی ﷺ (وفات سے چند دن پہلے) ایک دن نکلے اور آپؐ نے احد کے شہداء کی میت کی نماز پڑھنے کی طرح نماز پڑھی، پھر منبر کی طرف پھرے یعنی مسجد نبوی میں واپس آکر تقریر کرنے کے لئے منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: "میں تمہارے لئے فرط (پیش رو) ہوں اور میں تم پر گواہ ہوں (۱) اور میں بخدا اس وقت اپنا حوض دیکھ رہا ہوں، اور مجھے زمین کے خزانوں کی یا فرمایا: مجھے زمین کی چابیاں دی گئیں اور مجھے بخدا تمہارے بارے میں اس بات کا اندیشہ نہیں ہے کہ تم میرے بعد شرک میں مبتلا ہوجاؤ گے، ہاں میں ڈرتا ہوں کہ تم دنیا کی ریس کروگے" یعنی دنیا حاصل کرنے میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کروگے۔

تشریح:

۱- احناف جو شہید کی نماز جنازہ کے قائل ہیں: یہ حدیث ان کا مستدل نہیں، کیونکہ یہ تو بہت بعد کا واقعہ ہے، ان کی اصل دلیل حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو مسند احمد میں ہے جو ابھی میں نے بیان کی۔

(۱) اسی معنی میں نبی ﷺ کی صفت قرآن میں شاھد آئی ہے ﴿إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا﴾ جو لوگ اس کا حاضر وناظر ترجمہ کرتے ہیں وہ غلط ترجمہ کرتے ہیں، شاھد کے معنی گواہ کے ہیں ۱۲

۲- آنحضور ﷺ نے تقریر میں دو باتیں فرمائیں:

ایک: میں تمہارا پیش رَو ہوں یعنی تم سے پہلے آخرت میں پہنچونگا، اور تمہارا انتظار کروں گا، پھر تمہارے حق میں گواہی دوں گا۔

دوم: مجھے زمین کے خزانوں کی چابیاں دی گئی ہیں یعنی ساری دنیا میری امت کے زیرِ نگیں آئے گی اور مال ومنال کی ریل پیل ہوجائے گی اور امت اس میں ریس کرنے لگے گی، حلال وحرام کی تمیز کے بغیر دنیا کمائے گی۔

فائدہ: مال فی نفسہ بری چیز نہیں، مال تو مایۂ زندگانی ہے وہ لوگوں کے لئے سہارا ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَلاَ تُؤْتُوْا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيَامًا﴾ اور مت دو کم عقلوں (یتیموں) کو ان کے وہ مال جس کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے مایۂ زندگی بنایا ہے یعنی زندگی مال کے سہارے قائم ہے پس وہ بری چیز کیسی ہوسکتی ہے؟ ہاں مال حاصل کرنے کے لئے ریس کرنا اور حلال وحرام کی پرواہ نہ کرنا بڑا فتنہ ہے، نبی ﷺ نے اسی کا اندیشہ ظاہر فرمایا ہے۔

بَابُ دَفْنِ الرَّجُلَيْنِ أَوِ الثَّلاَثَةِ فِيْ قَبْرٍ وَاحِدٍ

ایک قبر میں دو یا تین مردوں کو دفن کرنا

کبھی اموات بہت ہوتی ہیں اور ہر ایک کے لئے قبر کھودنا مشکل ہوتا ہے، ایسی صورت میں ایک قبر میں متعدد اموات دفن کی جاسکتی ہیں، جگہ جگہ جو نوگزہ پیر ہیں یعنی لمبی قبریں ہیں ان کی حقیقت یہی ہے، وہاں یا تو جنگ ہوئی ہے یا کوئی وبا آئی ہے اس لئے ایک قبر میں کئی کئی اموات دفن کی گئی ہیں، دیو بند میں بھی ایک لمبی قبر ہے، یہ اس وقت کی ہے جب دیو بند میں طاعون پھیلا تھا جس سے روزانہ سیکڑوں آدمی مرتے تھے، دارالعلوم دیوبند کے پہلے صدر المدرسین حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی قدس سرہ بھی اسی وبا میں شہید ہوئے ہیں، مگر آپ کی قبر نانوتہ میں لب سڑک ہے۔

[۷۳-] بَابُ دَفْنِ الرَّجُلَيْنِ أَوِ الثَّلاَثَةِ فِيْ قَبْرٍ وَاحِدٍ

[۱۳۴۵-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ كَعْبٍ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلٰى أُحُدٍ. [راجع: ۱۳۴۳]

وضاحت: اس حدیث میں ایک قبر میں دو کو دفن کرنے کا ذکر ہے، اور بعض روایات میں تین کو بھی دفن کرنے کا ذکر ہے، مگر وہ بخاری میں لانے کے قابل نہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے اس کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ترجمہ میں الثلاثۃ بڑھا ہے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ غُسْلَ الشُّهَدَاءِ

جن کے نزدیک شہید کا غسل نہیں

کچھ حضرات مثلاً حسن بصری اور سعید بن المسیب رحمہما اللہ کہتے ہیں کہ شہید کو بھی غسل دیا جائے گا، لیکن ائمہ اربعہ متفق ہیں کہ شہید کو غسل نہیں دیا جائے گا، نبی ﷺ نے احد کے شہداء کو ان کے خونوں کے ساتھ یعنی نہلائے بغیر دفن کیا تھا۔

اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے اس کی تین حکمتیں بیان فرمائی ہیں:

پہلی حکمت: اس طرح دفنانے سے اس مقدس عمل (شہادت) کی عظمت ظاہر ہوگی، یعنی یہ بات لوگوں کے ذہن میں بیٹھے گی کہ راہِ خدا میں مارا جانا ایک ایسا پیارا عمل ہے اور ایک ایسی عمدہ حالت ہے کہ عام اموات کی طرح اس کی زندگی کی حالت میں تبدیلی نہیں کی گئی، بلکہ اس حالت کو گلے سے لگائے رکھا گیا۔

دوسری حکمت: اس طرح دفنانے سے عمل شہادت کے بقاء کا نقشہ لوگوں کی نگاہوں کے سامنے رہے گا گو سرسری ہی سہی۔

تیسری حکمت: اس طرح دفن کرنے سے خود شہید کو بھی اس کے مقدس عمل کی یاد تازہ رہے گی، کیونکہ عام روحوں میں بھی جسم سے جدا ہونے کے بعد گونہ احساس باقی رہتا ہے۔ اور مردے اپنی حالت کو جانتے ہیں، اور شہداء تو زندہ ہیں وہ ان امور کا جو ان سے متعلق ہیں پورا پورا ادراک رکھتے ہیں اس لئے جب ان کی شہادت کا اثر باقی رہے گا تو وہ ان کو اس مقدس عمل کی یاد دلاتا رہے گا، اور قیامت کے میدان میں اس کی مظلومیت بھی ظاہر ہوگی۔ ایک حدیث میں ہے: قیامت کے دن شہداء کے زخموں سے خون بہتا ہوگا: رنگ خون کا ہوگا مگر خوشبو مشک سی ہوگی (رحمۃ اللہ الواسعہ ۳:۲٦۷)

[۷٤-] بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ غُسْلَ الشُّهَدَاءِ

[۱۳٤٦-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "ادْفِنُوْهُمْ فِيْ دِمَائِهِمْ" يَعْنِيْ يَوْمَ أُحُدٍ وَلَمْ يُغَسِّلْهُمْ. [راجع: ۱۳٤۳]

بَابٌ: مَنْ يُقَدَّمُ فِي اللَّحْدِ؟

بغلی میں کس کو پہلے رکھا جائے

اجتماعی تدفین میں قبلہ کی طرف پہلے اس شخص کو رکھا جائے جسے قرآن زیادہ یاد ہو، یا جسے کوئی اور دینی فضیلت حاصل ہو، احد کے شہداء کو جب دفن کیا گیا تو نبی ﷺ پوچھتے تھے: کس کو قرآن کریم زیادہ یاد ہے؟ صحابہ بتاتے تھے تو آپؐ اس کو قبلہ کی طرف آگے رکھواتے تھے، اس سے حافظ قرآن کی فضیلت نکلتی ہے کہ حفظ قرآن دنیا میں بھی رفع درجات کا سبب ہے اور

آخرت میں بھی۔

لحد اور شق:

جاننا چاہئے کہ قبر دو طرح کی ہوتی ہے: لحد اور شق، قبر کے گڑھے میں جدار قبلی میں کھود کر جگہ بناتے ہیں، پھر اس میں میت کو رکھتے ہیں پھر پیچھے پتھر یا اینٹوں سے چن دیتے ہیں اس کو "لحد" کہتے ہیں۔ اور شق یہ ہے کہ قبر کے گڑھے کے بیچ میں دوسرا گڑھا کھودتے ہیں اور اس میں میت کو لٹاتے ہیں اور اوپر تختے رکھ کر پاٹ دیتے ہیں، دیوبند میں اسی طرح قبر بناتے ہیں ان میں کونسا طریقہ افضل ہے؟ یہ مسئلہ چند ابواب کے بعد آرہا ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے لحد کی وجہ تسمیہ بیان کی ہے کہ لحد کا مادہ ثلاثی مجرد (لحد) اور ثلاثی مزید (ألحد) دونوں طرح مستعمل ہے، اور اس کے اصل معنی ہیں: ہٹنا اور انحراف کرنا، چونکہ لحد میں قبر کنارہ پر ہوتی ہے یعنی ایک جانب ہٹی ہوئی ہوتی ہے اس لئے اس کو لحد کہتے ہیں، اور اسی سے ملحِد بنا ہے، یعنی وہ شخص جو صراط مستقیم سے ہٹ گیا ہے، ہر ظالم کو بھی ملحد کہہ سکتے ہیں کیونکہ وہ جادۂ مستقیم سے ہٹا ہوا ہوتا ہے، سورۂ کہف (آیت ۲۷) میں ارشادِ پاک ہے ﴿وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهِ مُلْتَحَدًا﴾ آپ اللہ کے علاوہ کوئی ہٹنے کی جگہ یعنی جائے پناہ نہیں پائیں گے۔ مُلتَحد: اسم ظرف ہے اور اس کے معنی ہیں: مَعْدِلاً یعنی ہٹنے کی جگہ، اور جو قبر سیدھی ہوتی ہے جیسے دیوبند میں قبر بنتی ہے اس کو ضریح اور شق کہتے ہیں اور اردو میں اس کو صندوقچی قبر کہتے ہیں۔

[۷۵-] بَابٌ: مَنْ يُقَدَّمُ فِي اللَّحْدِ؟

قَالَ أَ بُوْ عبد اللهِ: سُمِّيَ اللَّحْدُ لِأَنَّهُ فِيْ نَاحِيَةٍ، [وَكُلُّ جائِرٍ مُلْحِدٌ،] ﴿مُلْتَحَدًا﴾ [الكهف: ۲۷] مَعْدِلاً، وَلَوْ كَانَ مُسْتَقِيْمًا كَانَ ضَرِيْحًا.

[۱۳۴۷-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ: " أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ؟" فَإِذَا أُشِيْرَ لَهُ إِلٰى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ، وَقَالَ: " أَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى هٰؤُلَآءِ" وَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ، وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يُغَسِّلْهُمْ. [راجع: ۱۳۴۳]

[۱۳۴۸-] قَالَ [ابْنُ الْمُبَارَكِ:] وَأَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ لِقَتْلَى أُحُدٍ: " أَيُّ هٰؤُلَآءِ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ؟" فَإِذَا أُشِيْرَ لَهُ إِلٰى رَجُلٍ قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ قَبْلَ صَاحِبِهِ، قَالَ جَابِرٌ: فَكُفِّنَ أَبِيْ وَعَمِّيْ فِيْ نَمِرَةٍ وَاحِدَةٍ. [راجع: ۱۳۴۳]

وَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَنْ سَمِعَ جَابِرًا.

وضاحت: اس حدیث کو ابن شہاب زہریؒ سے تین حضرات روایت کرتے ہیں: لیث بن سعد مصری، امام اوزاعی اور سلیمان بن کثیر، لیث: زہری اور حضرت جابرؓ کے درمیان عبدالرحمٰن بن کعب کا واسطہ ذکر کرتے ہیں اور امام اوزاعی کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے، جبکہ زہری رحمہ اللہ کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے لقاء وسماع نہیں، اور سلیمان بن کثیر مجہول واسطہ ذکر کرتے ہیں، پس صحیح سند پہلی ہے۔

اور امام اوزاعی رحمہ اللہ کی حدیث میں یہ اضافہ ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے ابا اور میرے چچا کو ایک دھاری دار چادر میں کفن دیا گیا، کرمانی نے اس کو راوی کا وہم قرار دیا ہے کیونکہ حضرت عبداللہؓ کے ساتھ ان کے بھائی یعنی حضرت جابرؓ کے چچا دفن نہیں کئے گئے تھے بلکہ عمرو بن الجموح رضی اللہ عنہ دفن کئے گئے تھے، مگر وہم قرار دینے کی ضرورت نہیں اس لئے کہ جابرؓ کی عمرو بن الجموحؓ کے ساتھ قرابت تھی، عمرو کے نکاح میں جابرؓ کی پھوپھی ہند بنت عمرو تھیں اس لئے حضرت جابرؓ نے مجازاً ان کو چچا کہہ دیا ہے، یا یوں کہا جائے کہ ایک چادر پھاڑ کر اس میں حضرت جابرؓ کے والد کو بھی کفن دیا گیا اور چچا کو بھی، اور دفن الگ الگ کیا گیا پس ایک چادر میں کفن دینے کی بات صحیح ہو جائے گی۔

بَابُ الإِذْخَرِ وَالْحَشِيْشِ فِيْ الْقَبْرِ

قبر میں اذخر اور دوسری گھاس کا استعمال

قبر میں تختوں اور اینٹوں کے درمیان جو جگہ خالی رہ جاتی ہے اس کو بند کرنے کے لئے درخت کے پتے، ٹہنیاں اور گھاس وغیرہ استعمال کرتے ہیں: یہ جائز ہے اور یہی اس باب کا مقصد ہے۔ عرب میں اذخر گھاس استعمال کرتے تھے، ہمارے یہاں یہ گھاس نہیں ہوتی اس لئے دوسری گھاس اور درخت کے پتے استعمال کرتے ہیں۔ حضرت رحمہ اللہ نے ترجمہ میں لفظ حشیش بڑھا کر مسئلہ عام کیا ہے یعنی قبر میں ہر گھاس رکھ سکتے ہیں۔

[٧٦-] بَابُ الإِذْخَرِ وَالْحَشِيْشِ فِيْ الْقَبْرِ

[١٣٤٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " حَرَّمَ اللّٰهُ مَكَّةَ، فَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِيْ، وَلَا تَحِلُّ لِأَحَدٍ بَعْدِيْ، أُحِلَّتْ لِيْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، لَا يُخْتَلَى خَلَاهَا، وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا، وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا، وَلَا تُلْتَقَطُ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمُعَرِّفٍ" فَقَالَ الْعَبَّاسُ: إِلَّا الإِذْخِرَ لِصَاغَتِنَا وَقُبُوْرِنَا، فَقَالَ: " إِلَّا الإِذْخِرَ"، وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لِقُبُوْرِنَا وَبُيُوْتِنَا" وَقَالَ أَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، وَقَالَ

مُجَاهِدٌ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: لِقَيْنِهِمْ وَبُيُوْتِهِمْ.
[انظر: ۱۵۸۷، ۱۸۳۳، ۱۸۳۴، ۲۰۹۰، ۲۴۳۳، ۲۷۸۳، ۲۸۲۵، ۳۰۷۷، ۳۱۸۹، ۴۳۱۳]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مکہ کو حرام کیا ہے پس وہ نہیں حلال ہوا مجھ سے پہلے کسی کے لئے اور نہیں حلال ہوگا میرے بعد کسی کے لئے، اور میرے لئے بھی دن کی ایک مخصوص گھڑی میں (طلوع شمس سے غروب تک) حلال کیا گیا ہے، اس کی گھاس نہ کاٹی جائے اور اس کا درخت نہ کاٹا جائے اور اس کا شکار نہ بھگایا جائے اور اس کی پڑی ہوئی چیز نہ اٹھائی جائے مگر مالک ڈھونڈھنے والے کے لئے، پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اذخر گھاس کا استثناء فرمادیں ہمارے سناروں اور قبروں کے لئے (یہ جزء باب سے متعلق ہے) پس آپؐ نے فرمایا: اذخر گھاس مستثنیٰ ہے (یہ عکرمہ کی حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے: ہماری قبروں کے لئے اور ہمارے گھروں کے لئے یعنی لوگ گھروں کے لئے اذخر گھاس کے چھپر بناتے ہیں اور اس کو قبروں میں بھی ڈالتے ہیں، اور صفیہؓ کی حدیث میں بھی یہی ہے، اور طاؤس کی حضرت ابن عباسؓ سے روایت میں ہے: ہمارے لوہاروں کے لئے اور ہمارے گھروں کے لئے۔

وضاحت: حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے، نبی ﷺ نے قبر میں ڈالنے کے لئے حرم کی اذخر گھاس کاٹنے کی اجازت دی، پس غیر حرم کی بدرجۂ اولیٰ ڈال سکتے ہیں اور یہی حکم دوسری گھاسوں کا ہے اور حدیث کی شرح کتاب العلم باب ۳۷ (تحفۃ القاری ۱: ۳۹۶) میں ہے۔

بَابٌ: هَلْ يُخْرَجُ الْمَيِّتُ مِنَ الْقَبْرِ وَاللَّحْدِ لِعِلَّةٍ؟

کسی وجہ سے میت کو قبر سے نکال سکتے ہیں؟

اگر کسی وجہ سے قبر کھولنی پڑے یا میت کو قبر سے نکالنا پڑے تو کیا حکم ہے؟ حضرت رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، ھل استفہامیہ رکھا ہے، احادیث پڑھ کر قارئین فیصلہ کریں۔

میت نکالنے کی دو صورتیں:

ایک: میت قبر میں رکھ دی گئی مگر ابھی قبر بند نہیں کی یا قبر بھری نہیں گئی تو میت کو نکالنے کی اور قبر کھولنے کی گنجائش ہے، رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی ابن سلول کو قبر میں رکھ دیا گیا تھا، مگر ابھی قبر بند نہیں کی گئی تھی، نبی ﷺ نے اس کو قبر میں سے نکلوایا اور اس کو اپنا کرتا پہنایا اور اس پر لعاب ڈالا، پس اگر کوئی شخص میت کو اتارنے کے لئے قبر میں اترا اور اس کی گھڑی گر گئی اور قبر ابھی بند نہیں کی گئی تو قبر کھول کر گھڑی نکال سکتے ہیں۔

دوسری صورت: قبر پاٹ دی گئی، اب قبر کھولنے کی اور میت کو نکالنے کی اجازت نہیں، مگر شدید مجبوری ہو تو دوسری بات ہے۔

[۷۷-] بَابٌ: هَلْ يُخْرَجُ الْمَيِّتُ مِنَ الْقَبْرِ وَاللَّحْدِ لِعِلَّةٍ؟

[۱۳۵۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ بَعْدَ مَا أُدْخِلَ حُفْرَتَهُ، فَأَمَرَ بِهِ فَأُخْرِجَ، فَوَضَعَهُ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ، وَنَفَثَ فِيْهِ مِنْ رِيْقِهِ، وَأَلْبَسَهُ قَمِيْصَهُ، فَاللّٰهُ أَعْلَمُ، وَكَانَ كَسَا عَبَّاسًا قَمِيْصًا، وَقَالَ سُفْيَانُ: وَقَالَ أَبُوْ هَارُوْنَ: وَكَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَمِيْصَانِ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَلْبِسْ أَبِيْ قَمِيْصَكَ الَّذِيْ يَلِيْ جِلْدَكَ، قَالَ سُفْيَانُ: فَيَرَوْنَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله علي وسلم أَلْبَسَ عَبْدَ اللّٰهِ قَمِيْصَهُ مُكَافَأَةً لِمَا صَنَعَ.

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ عبداللہ بن ابی کے پاس آئے اس کو گھڑے میں داخل کئے جانے کے بعد، پس آپؐ نے اس کو نکالنے کا حکم دیا، پس وہ نکالا گیا (یہاں باب ہے) پس آپؐ نے اس کو اپنے گھٹنوں پر رکھا اور اس کے منہ میں لعاب ڈالا، اور اس کو اپنا کرتا پہنایا ــــــ پس اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں اور اس نے حضرت عباسؓ کو اپنا کرتا پہنایا تھا (یہ حضرت جابرؓ نے اپنے گمان سے ابن سلول کو کرتا پہنانے کی وجہ بیان کی ہے، بدر کے قیدیوں میں حضرت عباسؓ بھی تھے، وہ دراز قد تھے، اور ابن سلول بھی دراز قد تھا، اس نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو پہننے کے لئے اپنا کرتا دیا تھا آپؐ نے اپنا کرتا دے کر اس کا احسان چکا دیا) ــــــ اور سفیان کہتے ہیں: ابو ہارون نے بیان کیا کہ نبی ﷺ کے پاس دو کرتے تھے (یہ سوال مقدر کا جواب ہے کہ جب آپؐ نے اپنا کرتا ابن سلول کو پہنا دیا تو آپؐ بے کرتہ رہ گئے، اس کا جواب دیا کہ آپؐ نے دو کرتے پہن رکھے تھے) پس آپؐ سے ابن سلول کے بیٹے نے (ان کا نام بھی عبداللہ تھا اور وہ مخلص مسلمان تھے) عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ کے بدن مبارک سے جو کرتا لگا ہوا ہے وہ کرتا میرے باپ کو پہنا دیں، سفیان کہتے ہیں: لوگوں کا خیال ہے کہ نبی ﷺ نے عبداللہ بن ابی کو اپنا کرتا اس احسان کے بدلہ میں پہنایا تھا جو اس نے (آپؐ کے چچا حضرت عباسؓ پر) کیا تھا (حدیث کی شرح کتاب الجنائز باب ۲۲ (تحفۃ القاری ۳:۵۸۹) میں ہے)

[۱۳۵۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَ أُحُدٌ: دَعَانِيْ أَبِيْ مِنَ اللَّيْلِ، فَقَالَ: مَا أُرَانِيْ إِلَّا مَقْتُوْلًا فِيْ أَوَّلِ مَنْ يُقْتَلُ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَإِنِّيْ لَا أَتْرُكُ بَعْدِيْ أَعَزَّ عَلَيَّ مِنْكَ، غَيْرَ نَفْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَإِنَّ عَلَيَّ دَيْنًا فَاقْضِ، وَاسْتَوْصِ بِأَخَوَاتِكَ خَيْرًا، فَأَصْبَحْنَا، فَكَانَ أَوَّلَ قَتِيْلٍ، وَدَفَنْتُ مَعَهُ آخَرَ فِيْ قَبْرِهِ، ثُمَّ لَمْ تَطِبْ نَفْسِيْ أَنْ أَتْرُكَهُ مَعَ آخَرَ، فَاسْتَخْرَجْتُهُ بَعْدَ سِتَّةِ أَشْهُرٍ، فَإِذَا هُوَ كَيَوْمِ وَضَعْتُهُ، هُنَيَّةً غَيْرَ أُذُنِهِ. [انظر: ۱۳۵۲]

[۱۳۵۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: دُفِنَ مَعَ أَبِيْ رَجُلٌ فَلَمْ تَطِبْ نَفْسِيْ حَتَّى أَخْرَجْتُهُ، فَجَعَلْتُهُ فِيْ قَبْرٍ عَلٰى حِدَةٍ.
[راجع: ۱۳۵۱]

وضاحت: غزوہ احد سے پہلے والی رات میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو بلایا اور فرمایا: کل جب جنگ ہوگی تو میرا خیال ہے کہ صحابہ میں سے جو لوگ سب سے پہلے شہید ہوں گے ان میں میں بھی شہید ہو جاؤں گا، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات ایک خواب کی بنیاد پر کہی تھی، انھوں نے خواب میں مبشر بن عبد المنذر رضی اللہ عنہ کو دیکھا جو جنگ بدر میں شہید ہو گئے تھے، وہ کہہ رہے تھے: آج کل میں تم ہمارے پاس آنے والے ہو، حضرت عبداللہؓ نے اپنا خواب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا، آپؐ نے فرمایا: **هذه شهادة**: یہ شہادت کی طرف اشارہ ہے۔
(مستدرک حاکم ۳: ۲۲۵)

اور دوسری بات یہ فرمائی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مجھے سب سے زیادہ پیارتم سے ہے، پھر وصیت کی کہ مجھ پر قرض ہے اسے ادا کرنا اور اپنی بہنوں کا خیال رکھنا، حضرت جابرؓ کہتے ہیں: ایسا ہی ہوا، صبح اول وہلہ میں جو صحابہ شہید ہوئے ان میں میرے ابا بھی تھے، ان کو ایک دوسرے شخص کے ساتھ (عمرو بن الجموح رضی اللہ عنہ کے ساتھ) ایک ہی قبر میں دفن کیا گیا، مگر مجھے یہ اچھا نہ لگا تو میں نے چھ ماہ کے بعد اپنے والد کو نکال کر دوسری جگہ دفن کیا، چھ ماہ کے بعد بھی ابا کی نعش ویسی ہی تھی جیسی دفن کی تھی، بس کان پر مٹی کا ذرا سا اثر آیا تھا، اس کے علاوہ کوئی تغیر نہیں آیا تھا۔

قولہ: ثم لم تَطِبْ نفسی: پھر مجھے اچھا نہیں لگا کہ ابا کو دوسرے کے ساتھ رہنے دوں الی آخرہ، یہ جزء باب سے متعلق ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے چھ ماہ بعد ابا کی نعش قبر سے نکالی ہے۔

قولہ: هُنَيَّةً غَيْرَ أُذُنِهِ: هُنَيَّة: تھوڑی سی چیز، یہ هَنَة کی تصغیر ہے، پھر اس کے بعد الفاظ کیا ہیں؟ اس میں روایات میں سخت اختلاف ہے (فتح) اور نہ تطبیق واضح ہے نہ مفہوم۔ میرے نزدیک یہ مستثنیٰ ہے اور إلا مقدر ہے، اور اس کے بعد غَيَّرَ أُذُنَهُ ہے یعنی: مگر تھوڑی سی تبدیلی، جس نے ان کے کان کو بدلا تھا یعنی مٹی سے ایک کان ذرا سا متأثر ہوا تھا۔ اس کے علاوہ پورے بدن میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی۔

عجیب بات: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے چھ مہینہ کے بعد ابا کی نعش نکال کر علاحدہ دفن کی تھی، مگر چھیالیس سال کے بعد جب نہر نے مٹی کھود کر ان کی قبر ظاہر کی تو حضرت عبداللہ اور حضرت عمرو بن الجموح رضی اللہ عنہما ایک ساتھ تھے، اور دونوں کی نعشیں بحالہ تھیں، ذرا تبدیلی نہیں آئی تھی، یہ بات عبدالرحمٰن بن ابی صعصعہ نے بلاغاً بیان کی ہے جو موطا مالک (ص: ۷۷۱ آخر ابواب الجہاد) میں ہے۔

بلاغاً: یعنی یہ بات ان کو پہنچی ہے، انھوں نے خود مشاہدہ نہیں کیا، اور شنیدہ کئے بود مانند دیدہ!

بَابُ اللَّحْدِ وَالشَّقِّ فِي الْقَبْرِ

قبر میں لحد اور شق

لحد (بغلی قبر) وہاں بناتے ہیں جہاں زمین سخت ہوتی ہے، نرم زمین میں صندوقچی قبر بناتے ہیں، اور دونوں طریقے یکساں ہیں، البتہ جہاں دونوں طرح کی قبریں بن سکتی ہوں وہاں لحد بنانا اولیٰ ہے۔

اور اس کی چند وجوہ ہیں:

پہلی وجہ: بغلی قبر میں میت کا زیادہ اکرام ہے کیونکہ بےضرورت میت کے چہرے پر مٹی ڈالنا بےادبی ہے، علاوہ ازیں جب صندوقچی قبر بیٹھے گی اور تختے ٹوٹیں گے تو میت پر مٹی پڑے گی۔

دوسری وجہ: بغلی قبر میں میت مردار خور جانور سے محفوظ رہتی ہے، جانور نرم مٹی کھودتا چلا جاتا ہے اور میت ایک طرف رہ جاتی ہے وہ اس کے ہاتھ نہیں آتی۔

تیسری وجہ: بغلی قبر میں میت کو کروٹ پر لٹانے میں آسانی ہے۔

مردے کو قبر میں کیسے رکھا جائے؟

مردے کو قبر میں دائیں کروٹ لٹانا چاہئے یا چت لٹا کر قبلہ کی طرف منہ کرنا چاہئے؟ فقہ کی کتابوں میں عام طور پر یہ لکھا ہے کہ میت کو دائیں کروٹ پر لٹانا چاہئے، مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی قدس سرہ (صاحب احسن الفتاوی) نے وصیت کی تھی کہ ان کو قبر میں کروٹ پر لٹایا جائے، اور فقہ کی بعض عبارتوں سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ مردے کو چٹ لٹا کر اس کا منہ قبلہ کی طرف کیا جائے، دیوبند اور سہارن پور میں اسی پر عمل ہے، میرے نزدیک دونوں طریقے جائز ہیں اور کروٹ پر لٹانا افضل ہے اور لحد کی فضیلت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں کروٹ دینے میں آسانی ہوتی ہے اور شق میں کروٹ پر لٹانے میں دشواری ہوگی، کروٹ دینے کے لئے میت کے پیچھے مٹی بھرنی ہوگی ورنہ وہ کھڑی نہیں رہے گی۔

بغلی قبر ہمارے لئے اور صندوقچی قبر دوسروں کے لئے: کا مطلب

ترمذی (حدیث ۱۰۲۹) میں ہے: **اللحد لنا، والشق لغيرنا**: اس حدیث میں مسئلہ کا بیان نہیں ہے بلکہ یہ ایک پیشین گوئی ہے، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے تعلق سے فرمایا تھا کہ دوسروں کی قبر چاہے بغلی بناؤ چاہے صندوقچی، مگر میری قبر بغلی بنانا، اس سے لحد کی فضیلت نکلی، چنانچہ آپ ؐ کے انتقال کے بعد جب اس مسئلہ میں اختلاف ہوا کہ قبر اطہر بغلی بنائی جائے یا صندوقچی؟ اور یہ حدیث اس وقت سامنے نہیں تھی تو فیصلہ اس طرح کیا گیا کہ مدینہ منورہ میں دو صحابی تھے جو قبر کھودتے تھے ایک لحد بناتے تھے دوسرے شق۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ لحد اور حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ شق بناتے تھے، چنانچہ دونوں کے پاس

آدمی بھیجے گئے اور طے کیا گیا کہ جو پہلے آئے وہ اپنا کام کرے، پھر ہوا یہ کہ جو صحابی شق بناتے تھے وہ گھر پر نہیں ملے اور جو لحد بناتے تھے وہ آئے اور انھوں نے اپنا کام کیا، اس طرح تکوینی طور پر آنحضور ﷺ کی پیشین گوئی پوری ہوئی۔

[۷۸-] بَابُ اللَّحْدِ وَالشَّقِّ فِي الْقَبْرِ

[۱۳۵۳-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلٰى أُحُدٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ:" أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ؟" فَإِذَا أُشِيْرَ لَهُ إِلٰى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ، فَقَالَ:" أَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى هٰؤُلَآءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" فَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ، وَلَمْ يُغَسِّلْهُمْ. [راجع: ۱۳۴۳]

بَابٌ: إِذَا أَسْلَمَ الصَّبِيُّ فَمَاتَ هَلْ يُصَلّٰى عَلَيْهِ؟ وَهَلْ يُعْرَضُ عَلَى الصَّبِيِّ الإِسْلَامُ؟

بچہ مسلمان ہوا، پھر مر گیا تو کیا اس کا جنازہ پڑھا جائے گا؟

اور کیا بچے کے سامنے دعوتِ اسلام پیش کی جائے گی؟

اگر بچہ سمجھدار ہے اور مسلمان ہوا ہے تو اس کا جنازہ پڑھا جائے گا، اگرچہ اس کے ماں باپ مسلمان نہ ہوں، کیونکہ جب بچہ سمجھ دار ہو گیا اور وہ دین وشریعت کو سمجھنے لگا تو وہ مستقل ہو گیا، اب اس کے اسلام کا اعتبار کیا جائے گا، اگرچہ بلوغ سے پہلے انسان مکلّف نہیں ہوتا مگر علیہ (ذمہ داریوں) میں مکلّف نہیں ہوتا، لہ (فوائد) میں اعتبار کیا جاتا ہے، پس اگر بچے نے نمازیں نہیں پڑھیں تو قضا نہیں نہ کوئی مؤاخذہ ہے، لیکن سمجھ دار بچہ نماز پڑھے تو نماز صحیح ہوگی اور اس کو ثواب ملے گا، کیونکہ لہ میں اعتبار کیا جاتا ہے اور بچہ نے کفر کیا تو اس کفر کا اعتبار نہیں کیا جاتا، کیونکہ وہ مکلّف نہیں، لیکن اگر وہ سمجھ دار ہے اور اسلام قبول کرے تو اس کا اعتبار کیا جائے گا۔ اب اگر وہ مر جائے تو اس کا جنازہ پڑھا جائے گا چاہے اس کے ماں باپ مسلمان نہ ہوں وہ اب ماں باپ کے تابع نہیں۔ اور اس سے دوسری بات کا جواب بھی نکل آیا کہ اگر بچہ سمجھ دار ہے، دین وشریعت کو سمجھتا ہے تو اس کے سامنے اسلام پیش کرنا چاہئے۔

اور اگر بچہ ناسمجھ ہے تو کفر واسلام میں ماں باپ کے تابع ہوگا، ماں باپ میں سے کوئی ایک مسلمان ہو تو وہ خیر الابوین کے تابع ہوگا، اور اگر ماں باپ دونوں غیر مسلم ہوں تو بچہ کا جنازہ نہیں پڑھا جائے گا، اور اگر ایک بھی مسلمان ہو تو جنازہ پڑھیں گے، کچھ لوگ کہتے ہیں: بچہ باپ کے تابع ہے، ماں کے تابع نہیں، ان کی یہ بات صحیح نہیں، چاروں ائمہ متفق ہیں کہ بچہ خیر الابوین کے تابع ہوتا ہے، حضرات حسن بصری، قاضی شریح، ابراہیم نخعی اور قتادہ رحمہم اللہ اسی کے قائل تھے۔

دلائل:

۱-حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ ام الفضل رضی اللہ عنہا مکہ میں شروع ہی سے اسلام لے آئی تھیں اور حضرت عباسؓ کا اگرچہ اسلام کے بارے میں نرم گوشہ تھا مگر وہ اسلام نہیں لائے تھے، فتح مکہ کے موقع پر اسلام لائے ہیں، اور ابن عباسؓ کا شمار ماں کے ساتھ تھا باپ کے ساتھ نہیں تھا۔ سورۃ النساء (آیت ۹۸) میں ہے: ﴿إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً﴾: حضرت ابن عباسؓ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں: النساء سے میری ماں مراد ہیں اور الولدان سے میں مراد ہوں، معلوم ہوا کہ بچہ خیر الابوین کے تابع ہوتا ہے۔

۲-ارشادِ نبوی ہے: الإسلامُ يَعْلُو ولا يُعْلٰى عَلَيْهِ: اسلام سربلند رہتا ہے اس سے کوئی مذہب بلند نہیں ہوتا، پس ماں باپ میں سے اگر کوئی غیر مسلم ہے اور بچہ اس کے تابع ہوگا تو غیر اسلام کا بلند ہونا لازم آئے گا، اس لئے بچہ کو خیر الابوین کے تابع کریں گے، کیونکہ اسلام ہی سربلند رہتا ہے۔

[۷۹-] بَابٌ: إِذَا أَسْلَمَ الصَّبِيُّ فَمَاتَ هَلْ يُصَلّٰى عَلَيْهِ؟ وَهَلْ يُعْرَضُ عَلَى الصَّبِيِّ الإِسْلَامُ؟

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ، وَشُرَيْحٌ، وَإِبْرَاهِيْمُ، وَقَتَادَةُ: إِذَا أَسْلَمَ أَحَدُهُمَا فَالْوَلَدُ مَعَ الْمُسْلِمِ.

[۲-] وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَعَ أُمِّهِ مِنَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ، وَلَمْ يَكُنْ مَعَ أَبِيْهِ عَلٰى دِيْنِ قَوْمِهِ.

[۳-] وقَالَ: الإِسْلَامُ يَعْلُوْ وَلَا يُعْلٰى.

[۱۳۵٤-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عُمَرَ انْطَلَقَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَهْطٍ قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ، حَتّٰى وَجَدُوْهُ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ عِنْدَ أُطُمِ بَنِيْ مَغَالَةَ، وَقَدْ قَارَبَ ابْنُ صَيَّادِ الْحُلُمَ، فَلَمْ يَشْعُرْ حَتّٰى ضَرَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ لِابْنِ صَيَّادٍ: " أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟" فَنَظَرَ إِلَيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ الْأُمِّيِّيْنَ، فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَرَفَضَهُ، وَقَالَ: " آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرُسُلِهِ" فَقَالَ لَهُ: " مَاذَا تَرٰى؟" قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: يَأْتِيْنِيْ صَادِقٌ وَكَاذِبٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " خُلِّطَ عَلَيْكَ الْأَمْرُ" ثُمَّ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنِّيْ قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيْئًا" فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: هُوَ الدُّخُّ، فَقَالَ: " اخْسَأْ! فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ" فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنِيْ يَارَسولَ اللّٰهِ أَضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنْ يَكُنْ هُوَ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ هُوَ فَلَا خَيْرَ لَكَ فِيْ قَتْلِهِ"[انظر: ۳۰۵۵، ٦۱۷۳، ٦٦۱۸]

[۱۳۵۵-] وَقَالَ سَالِمٌ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: ثُمَّ انْطَلَقَ بَعْدَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه

وسلم وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ إِلَى النَّخْلِ الَّتِي فِيهَا ابْنُ صَيَّادٍ، وَهُوَ يَخْتِلُ أَنْ يَسْمَعَ مِنِ ابْنِ صَيَّادٍ شَيْئًا قَبْلَ أَنْ يَرَاهُ ابْنُ صَيَّادٍ، فَرَآهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُضْطَجِعٌ فِي قَطِيفَةٍ، لَهُ فِيهَا رَمْزَةٌ، أَوْ: زَمْرَةٌ، فَرَأَتْ أُمُّ صَيَّادٍ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ يَتَّقِي بِجُذُوْعِ النَّخْلِ، فَقَالَتْ لِابْنِ صَيَّادٍ: يَا صَافِ - وَهُوَ اسْمُ ابْنِ صَيَّادٍ - هٰذَا مُحَمَّدٌ، فَثَارَ ابْنُ صَيَّادٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ" وَقَالَ شُعَيْبٌ: زَمْزَمَةٌ، فَرَفَصَهُ وَقَالَ إِسْحَاقُ الْكَلْبِيُّ، وَعُقَيْلٌ: رَمْرَمَةٌ، وَقَالَ مَعْمَرٌ: رَمْزَةٌ.

[انظر: ۲۶۳۸، ۳۰۳۳، ۳۰۵۶، ۶۱۷۴]

وضاحت: اس حدیث میں ابن صیاد (بڑے شکاری کے لڑکے) کا ذکر ہے، یہ مدینہ کے ایک یہودی کا لڑکا تھا، اور کاہن تھا، یعنی اس کے تابع جنّ تھا اور وہ غیب کی باتیں بتلاتا تھا، اور اس کی بعض باتیں صحیح بھی ہوجاتی تھیں، اس کا معاملہ عجیب تھا۔ نبی ﷺ کو شروع میں اس پر دجال ہونے کا شبہ تھا، اس لئے حقیقت حال جاننے کے لئے آپ متعدد بار اس کے پاس تشریف لے گئے ہیں، مگر بعد کے حالات نے ثابت کیا کہ وہ دجال اکبر نہیں تھا جس کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام باب لدّ پر قتل کریں گے۔

ایک بار آنحضور ﷺ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور چند دوسرے صحابہ کے ساتھ اس کے پاس گئے، اس وقت وہ بنومغالہ کے بلند مکانوں کے پاس بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، اور وہ قریب البلوغ تھا، آپؐ نے اس سے پوچھا: کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ یہ بچے کے سامنے اسلام پیش کرنا ہے، اسی مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ: نبی ﷺ کے ساتھ مع چند رفقاء کے ابن صیاد کی طرف چلے، یہاں تک کہ اس کو بنومغالہ کے بلند مکانوں کے پاس بچوں کے ساتھ کھیلتا ہوا پایا، اور ابن صیاد بلوغ کے قریب ہوگیا تھا پس اس کو بھنک نہیں پڑی یہاں تک کہ نبی ﷺ نے اس کو اپنا ہاتھ مارا، آپؐ نے ابن صیاد سے پوچھا: کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ ابن صیاد نے نبی ﷺ کی طرف دیکھا اور کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؐ امیوں (ناخواندہ لوگوں) کے یعنی عربوں کے رسول ہیں (ابن صیاد یہودی تھا) پھر ابن صیاد نے نبی ﷺ سے کہا: کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ پس آپؐ نے اس کو چھوڑ دیا یعنی بات گول کردی اور فرمایا: میں اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لاتا ہوں، پھر نبی ﷺ نے اس سے پوچھا: تو کیا دیکھتا ہے؟ یعنی تیرے پاس کیا خبریں آتی ہیں؟ ابن صیاد نے کہا: میرے پاس سچا اور جھوٹا آتا ہے، یعنی کبھی سچی بات بتاتا ہے کبھی جھوٹی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: تجھ پر معاملہ گڈمڈ کردیا گیا! اس سے نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے تیرے لئے ایک بات چھپائی ہے (بتا کیا ہے؟ اور نبی ﷺ نے اس کے لئے آیت کریمہ ﴿يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ﴾ چھپائی) ابن صیاد نے کہا: وہ ''دخ'' ہے، یعنی وہ قریب قریب پہنچ گیا مگر پوری بات نہ بتاسکا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: دور ہو! تو ہرگز اپنی حیثیت سے نہیں بڑھے گا، یعنی کاہنوں تک ہی تیرا معاملہ رہے گا، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ

نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کی گردن ماردوں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اگر یہ وہی ہے یعنی یہ واقعی دجال ہے تو تم ہرگز اس پر مسلط نہیں کیئے جاؤگے (اس کو تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی قتل کریں گے) اور اگر یہ وہ نہیں تو اس کے قتل میں آپؓ کے لئے کوئی خیر نہیں (کیونکہ بے گناہ ذمی کا قتل جائز نہیں)

اور سالم کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عمرؓ کو کہتے ہوئے سنا: اس واقعہ کے بعد پھر ایک مرتبہ نبی ﷺ اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کھجور کے اس باغ میں گئے جس میں ابن صیاد تھا، آپؐ آہستہ چل رہے تھے، تاکہ ابن صیاد کے دیکھنے سے پہلے اس کی کوئی بات سنیں، پس نبی ﷺ نے اس کو دیکھا وہ ایک چادر میں لپٹا ہوا تھا، اس کے لئے چادر میں گنگنانا تھا یعنی وہ جگ رہا تھا اور کچھ گنگنا رہا تھا۔ پس ابن صیاد کی ماں نے نبی ﷺ کو دیکھ لیا، درانحالیکہ آپؐ کھجور کے تنوں میں بچتے ہوئے آرہے تھے، پس اس نے ابن صیاد سے کہا: — اے صاف یہ ابن صیاد کا نام ہے — یہ محمد ہیں، پس ابن صیاد یکدم کھڑا ہوگیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر وہ اس کو چھوڑ دیتی یعنی نہ بتاتی تو وہ اپنا حال ظاہر کردیتا''

دولفظوں میں اختلاف: مذکورہ دونوں حدیثیں امام زہری رحمہ اللہ کی ہیں، ان کے تلامذہ میں دولفظوں میں اختلاف ہوا ہے، یونس کی روایت میں جو کتاب میں ہے: پہلی حدیث میں فَرَفَصَهُ (ضاد معجمہ کے ساتھ) ہے، اور دوسری روایت میں رَمْزَة یازَمْرَة: شک کے ساتھ ہے — اور شعیب کی روایت میں: زَمْزَمَة: بے شک ہے اور پہلی روایت میں فَرَفَصَهُ (صاد مہملہ کے ساتھ) ہے — اور اسحاق اور عقیل کی روایتوں میں رَمْرَمَة ہے — اور معمر کی روایت میں رَمزة ہے — مطلب سب کا ایک ہے: وہ گنگنا رہا تھا، ہلکی آواز میں کچھ بول رہا تھا — اور رفض اور رفص دونوں کے معنی ہیں: گول کرجانا، چھوڑ دینا۔

لغات: الرَهْط والرَهَط: قوم، قبیلہ، تین سے دس تک کا گروہ جس میں کوئی عورت نہ ہو، جمع أرهُط وأرهاط.......... الأطْم والأُطُم: قلعہ، بلند مکان، جمع آطام وأُطُوْم.......... رفض (ن،ض) رَفْضا ورَفَضا الشيئَ: پھینکنا، چھوڑنا، اور شعیب کے طریق میں فرفصه (بالصاد المہملہ) ہے، دونوں لفظ قریب المعنی ہیں.......... خَتَل (ن،ض) خَتْلا وخَتَلا نا وخاتله مخاتلة: غافل رکھنا، فریب دینا، خاتل الصیاد یعنی آہستہ آہستہ چلا تاکہ شکار کو احساس نہ ہو.......... رمرمة، زمزمة اور رمزة: تینوں ہم معنی ہیں، یعنی گنگناہٹ، پھسپھساہٹ۔

تشریح:

۱- ابن صیاد کا نام صاف یا صافی تھا، پہلا قول زیادہ مشہور ہے، ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں ایک یہودی گھرانے میں پیدا ہوا اور مدینہ ہی میں زندگی گذاری، نبی ﷺ کے زمانہ میں اسلام قبول نہیں کیا مگر بعد میں مسلمان ہوگیا اور حج بھی کیا، اور شادی بھی کی اور اولاد بھی ہوئی، اس کا پوتا عمارۃ بن عبداللہ بن صائد بڑا محدث ہے، تمام ائمہ جرح وتعدیل نے بالاتفاق اس کی توثیق کی ہے، عمارہ موطا مالک کے راوی ہیں، امام مالکؒ نے موطا مالک میں ان کی روایت لی ہے (ایضاح البخاری)

ترمذی اور ابن ماجہ نے بھی ان کی روایت لی ہے۔

۲-ابن صیاد کے حالات عجیب وغریب تھے، اس لئے اس کے بارے میں یہ شبہ رہا کہ یہی دجال اکبر ہوگا، حضرت جابر رضی اللہ عنہ قسم کھا کر کہتے تھے کہ ابن صیاد ہی دجال اکبر ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قسم کھانا بھی روایت کرتے تھے (ابوداؤد حدیث ۴۳۳۱) ابن صیاد کو اس کا بہت احساس تھا اور وہ اس کی کوشش کرتا تھا کہ لوگ اس کو دجال نہ سمجھیں، مسلم شریف میں اس سلسلہ میں ایک دلچسپ قصہ ہے، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حج یا عمرہ کے لئے جاتے ہوئے میرا اور ابن صیاد کا ساتھ ہوا، لوگ آگے نکل گئے اور میں اور وہ پیچھے رہ گئے، جب میں اس کے ساتھ تنہا ہوا تو میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے اور میں اس سے بہت متوحش ہوا، کیونکہ لوگ اس کو دجال سمجھتے تھے، جب ہم نے پڑاؤ کیا تو میں نے اس سے کہا: اپنا سامان اُس جگہ رکھ جہاں وہ درخت ہے، یعنی میرے سامان کے ساتھ اپنا سامان مت رکھ اور میرے قریب مت ٹھہر، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس نے کچھ بکریاں دیکھیں تو پیالہ لے کر ان کی طرف گیا اور ان کا دودھ دوہ کر میرے پاس لایا اور دودھ پیش کیا، میں نے اس کے ہاتھ سے دودھ پینے کو ناپسند کیا اس لئے میں نے عذر کیا کہ گرمی بہت ہے میں دودھ پینا نہیں چاہتا، وہ کہنے لگا: اے ابوسعید! میں نے پختہ ارادہ کیا ہے کہ ایک رسّی لوں اور اس کو اس درخت سے باندھوں پھر گلا گھونٹ کر مرجاؤں ان باتوں کی وجہ سے جو لوگ میرے بارے میں کہتے ہیں، جن لوگوں پر میری باتیں پوشیدہ ہوسکتی ہیں: ہوسکتی ہیں مگر تم پر ہرگز پوشیدہ نہیں ہوسکتیں، آپ لوگ سب سے زیادہ نبی ﷺ کی حدیثوں کو جاننے والے ہو، اے جماعت انصار! کیا نبی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ دجال کافر ہوگا اور میں مسلمان ہوں؟ کیا نبی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ دجال بانجھ ہوگا، اس کی کوئی اولاد نہیں ہوگی اور میں مدینہ میں اپنی اولاد چھوڑ کر آیا ہوں؟ کیا نبی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ دجال کے لئے مکہ اور مدینہ حلال نہیں ہوگا اور میں مدینہ والوں میں سے ہوں، اور آپ کے ساتھ مکہ جارہا ہوں۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بخدا! وہ برابر اسی قسم کی باتیں کرتا رہا، یہاں تک کہ میں نے سوچا: شاید اس کے نام جھوٹی باتیں لگائی گئی ہیں، یعنی اس کے بارے میں لوگ جو کہتے ہیں کہ یہ دجال ہے وہ غلط ہے، حضرت ابوسعید خدریؓ یہ بات سوچ ہی رہے تھے کہ ابن صیاد کہنے لگا: اے ابوسعید! بخدا میں آپ کو ایک سچی بات بتاتا ہوں، بخدا! میں دجال کو جانتا ہوں اور اس کے ماں باپ کو بھی پہچانتا ہوں، اور وہ فی الحال زمین میں کہاں ہے وہ بھی جانتا ہوں، ابوسعید خدریؓ نے فرمایا: تبًّا لك سائر الیوم! تیرا ناس ہو ہمیشہ کے لئے (مشکوٰۃ حدیث ۵۴۹۸، ترمذی حدیث ۲۲۴۴)

۳-ابن صیاد کی وفات کے بارے میں بھی مختلف باتیں ہیں، بعض حضرات کہتے ہیں: مدینہ میں اس کا انتقال ہوا، اور جنازہ پڑھا گیا، بلکہ جنازہ کے وقت اس کا چہرہ کھول کر دکھایا گیا اور لوگوں کو اس کی موت پر گواہ بنایا گیا (عمدۃ القاری ۸: ۱۷۲) اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: واقعہ حراء میں وہ غائب ہوگیا اور پتہ ہی نہیں چلا کہ کہاں گیا۔ واللہ اعلم

(ابوداؤد حدیث ۴۳۳۲)

[١٣٥٦-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ غُلَامٌ يَهُوْدِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَمَرِضَ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُهُ، فَقَعَدَ عِنْدَ رَأْسِهِ، فَقَالَ لَهُ: "أَسْلِمْ" فَنَظَرَ إِلَى أَبِيْهِ، وَهُوَ عِنْدَهُ، فَقَالَ: أَطِعْ أَبَا الْقَاسِمِ، فَأَسْلَمَ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَقُوْلُ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ" [انظر: ٥٦٥٧]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک یہودی لڑکا نبی ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا وہ بیمار ہوا تو نبی ﷺ اس کے پاس عیادت کے لئے تشریف لے گئے، اوراس کے سرہانے بیٹھے، آپؐ نے اس سے فرمایا: اسلام قبول کرلے (یہ جزء باب سے متعلق ہے) پس اس نے اپنے باپ کی طرف دیکھا اور وہ اس کے پاس ہی بیٹھا تھا، اس نے کہا: ابوالقاسم کی بات مان لے، پس اس نے اسلام قبول کرلیا، پس نبی ﷺ وہاں سے یہ کہتے ہوئے نکلے: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے اس کو جہنم سے بچالیا۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بچہ کے سامنے اسلام پیش کرسکتے ہیں اوراس کا اسلام قبول کرنا معتبر ہے۔

[١٣٥٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: كُنْتُ أَنَا وَأُمِّي مِنَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ، أَنَا مِنَ الْوِلْدَانِ وَأُمِّي مِنَ النِّسَاءِ.

[انظر: ٤٥٨٧، ٤٥٨٨، ٤٥٩٧]

ترجمہ: ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں اور میری ماں کمزوروں میں سے تھے، میں بچوں میں تھا اور میری ماں عورتوں میں تھیں۔

تشریح: سورۃ النساء کی آیات ۹۷و۹۸ میں دارالکفر سے جہاں دین وشریعت پر آزاد رہ کر عمل کرنا ممکن نہ ہو ہجرت کو ضروری قرار دیا ہے، اور جو ہجرت نہ کریں ان کو گناہ گار ٹھہرایا ہے، مگر کمزوروں کا استثناء کیا گیا ہے کہ اگر وہ ہجرت نہ کرسکیں تو کوئی گناہ نہیں، خواہ وہ مرد ہوں، عورتیں ہوں یا بچے ہوں، ابن عباسؓ کی ماں ام الفضلؓ عورتوں میں تھیں، انھوں نے مکہ میں اسلام قبول کیا تھا مگر حضرت عباسؓ نے قبول نہیں کیا تھا، اور ابن عباس بچوں میں تھے یعنی وہ ماں کے تابع تھے، معلوم ہوا کہ بچہ خیر الابوین کے تابع ہوتا ہے۔

[١٣٥٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: يُصَلَّى عَلَى كُلِّ مَوْلُوْدٍ مُتَوَفًّى، وَإِنْ كَانَ لِغَيَّةٍ، مِنْ أَجْلِ أَنَّهُ وُلِدَ عَلَى فِطْرَةِ الإِسْلَامِ، يَدَّعِيْ أَبَوَاهُ الإِسْلَامَ أَوْ أَبُوْهُ خَاصَّةً، وَإِنْ كَانَتْ أُمُّهُ عَلَى غَيْرِ الإِسْلَامِ، إِذَا اسْتَهَلَّ صَارِخًا صُلِّيَ عَلَيْهِ، وَلَا يُصَلَّى عَلَى مَنْ لَا يَسْتَهِلُّ، مِنْ أَجْلِ أَنَّهُ سِقْطٌ، فَإِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يُحَدِّثُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ إِلَّا يُوْلَدُ عَلَى

الْفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ، كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيْمَةُ بَهِيْمَةً جَمْعَاءَ، هَلْ تُحِسُّوْنَ فِيْهَا مِنْ جَدْعَاءَ؟" ثُمَّ يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: ﴿فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِىْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا﴾[الروم: ۳۰]الآية.

[انظر: ۱۳۵۹، ۱۳۸۵، ٤٧٧٥، ٦٥٩٩]

[۱۳۵۹-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: أَخْبَرَنِىْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَامِنْ مَوْلُوْدٍ إِلَّا يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ، كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيْمَةُ بَهِيْمَةً جَمْعَاءَ، هَلْ تُحِسُّوْنَ فِيْهَا مَنْ جَدْعَاءَ؟" ثُمَّ يَقُوْلُ أَ بُوْ هُرَيْرَةَ ﴿فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِىْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا، لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ، ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ﴾[الروم: ۳۰] [راجع: ۱۳۵۸]

ترجمہ:ابن شہاب زہریؒ کہتے ہیں: ہر بچہ کی جس کا انتقال ہوجائے نماز پڑھی جائے گی، اگرچہ وہ زنا کا ہو، اس لئے کہ وہ بچہ فطرتِ اسلام پر جنا گیا ہے، اس کے ماں باپ دونوں اسلام کے مدعی ہوں یا صرف باپ مدعی ہو، اگرچہ اس کی ماں غیر مسلم ہو، جب بچہ پیدا ہوتے وقت چلایا ہو یعنی زندہ پیدا ہوا ہو تو اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی اور اس بچہ کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی جو نہیں چلایا یعنی مرا ہوا پیدا ہوا ہو، اس وجہ سے کہ وہ ناتمام بچہ ہے، پس بیشک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حدیث بیان کیا کرتے تھے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”ہر بچہ فطرت پر جنا جاتا ہے، پھر اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا نصرانی یا مجوسی (یا ہندو وغیرہ) بنادیتے ہیں، جس طرح چوپایہ سالم اعضاء جنا جاتا ہے، کیا تم نے کوئی چوپایہ کان کٹا دیکھا ہے؟" پھر ابوہریرہؓ سورۃ الروم کی آیت ۳۰ تلاوت کرتے تھے: ”اللہ کی بناوٹ جس پر اللہ نے لوگوں کو پیدا کیا، اللہ کی بناوٹ کو مت بدلو، یہی سیدھا دین ہے“

تشریح:

۱-اگر نومولود بچہ چلائے یعنی اس کی حیات متحقق ہوجائے پھر مرجائے تو اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، خواہ بچہ حلالی ہو یا حرامی، کیونکہ بچہ کا کوئی قصور نہیں، قصور زانی زانیہ کا ہے، اور اگر زندگی کے آثار ظاہر نہ ہوں بلکہ مرا ہوا پیدا ہو تو اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، یہ جمہور کی رائے ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہر اس بچہ کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی جس کی تخلیق مکمل ہوگئی ہے خواہ وہ بچہ زندہ پیدا ہو یا مردہ، اور تخلیق مکمل ہونے کی علامت یہ ہے کہ بچہ کے سر کے بال نکل آئے ہوں، اور اگر بچہ ادھورا پیدا ہوا ہے اس کی تخلیق مکمل نہیں ہوئی تو اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، زہریؒ نے جمہور کی رائے بیان کی ہے۔

۲-زہریؒ کے نزدیک بچہ کی نماز جنازہ پڑھنے کے لئے ماں باپ دونوں کا یا باپ کا مسلمان ہونا ضروری ہے، اور جمہور بشمول امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک اگر صرف ماں مسلمان ہے تو بھی بچہ کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، کیونکہ بچہ خیر الابوین

کے تابع ہوتا ہے، اور اگر ماں باپ دونوں غیر مسلم ہوں تو پھر بالا جماع بچہ کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔

۳- بچہ کی نماز جنازہ اس لئے پڑھی جائے گی کہ ہر بچہ فطرت (Nature) پر پیدا ہوتا ہے یعنی حکماً مسلمان ہوتا ہے، پھر ماں باپ دونوں یا ان میں سے ایک مسلمان ہو تو بچہ کا اسلام یقینی ہو گیا وہ بڑا ہو کر ضرور مسلمان ہوگا، اس لئے اس کی نماز جنازہ پڑھیں گے، اور اگر ماں باپ دونوں غیر مسلم ہیں تو بچہ بڑا ہو کر کیا ہوگا؟ یہ معلوم نہیں اس لئے نماز جنازہ نہیں پڑھیں گے۔

۴- کسی حدیث میں ملة ہے، کسی میں فطرة، اور کسی میں إسلام وغیرہ، اور سب کی مراد ایک ہے یعنی ہر بچہ اسلام کی استعداد لے کر پیدا ہوتا ہے، کیونکہ انسان اس دنیا میں نیا پیدا نہیں ہوتا اس دنیا میں اس کا صرف جسم بنتا ہے، کیونکہ یہ عالم اجساد ہے، اور اس کی روح اس سے بہت پہلے پیدا کی جا چکی ہے، پھر تمام روحیں عالم ارواح میں ہیں، وہاں سے شکم مادر میں بننے والے جسد خاکی میں منتقل کی جاتی ہیں، سورۃ الاعراف کی آیت ۱۷۲ ہے: ﴿وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ، أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى، شَهِدْنَا أَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ﴾ ترجمہ: اور جب آپ کے رب نے اولادِ آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے انہی کے متعلق اقرار لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے جواب دیا: کیوں نہیں! ہم سب گواہ ہیں، تا کہ تم لوگ قیامت کے دن یہ نہ کہو کہ ہم تو اس سے محض بے خبر تھے، یہ عہد الست کا واقعہ ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بعد ان کی پشت سے ان کی صلبی اولاد پیدا کی گئی، جیسا کہ حدیث میں تفصیل ہے (مشکوٰۃ حدیث ۹۵) پھر اولاد کی پشت سے ان کی اولاد نکالی گئی، پھر اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو اپنے سامنے پھیلا دیا، یعنی ان پر اپنی تجلی فرمائی، اپنا جلوہ دکھایا، اس طرح دیدار کرا کر اپنی معرفت اور پہچان کروائی پھر ان سے پوچھا: ''کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے اقرار کیا: کیوں نہیں! ہم سب گواہی دیتے ہیں کہ آپ ہی ہمارے ربّ ہیں۔ یہ مضمون مسند احمد (۲۷۲:۱) اور مستدرک حاکم (۵۴۴:۲) میں ہے جس کی سند صحیح ہے۔

پھر وہ روحیں پیٹھوں میں واپس نہیں کی گئیں بلکہ عالم ارواح میں ان کو خاص ترتیب سے رکھ دیا گیا، بخاری شریف (حدیث ۳۳۳۶) میں روایت ہے: اَلْأَرْوَاحُ جنودٌ مُجَنَّدَةٌ: عالم ارواح میں روحیں خاص ترتیب سے جیسے فوج کی پلٹنیں ہوتی ہیں رکھی ہوئی ہیں، پھر شکم مادر میں تیار ہونے والے جسم میں وہیں سے روح لا کر فرشتہ پھونکتا ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۱۱۶:۱)

الغرض معرفتِ خداوندی اور ربوبیت ربانی کا علم ہر انسان کی فطرت میں ودیعت رکھا گیا ہے، اور اس دنیا میں آنے کے بعد انسان گو اس عہد کی تفصیلات بھول گیا ہے مگر اصل استعداد موجود ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ آڑے وقت میں انسان کو اللہ یاد آتا ہے جس سے پتا چلتا ہے کہ یہ معرفت اس کی فطرت میں ہے۔

پس اگر کوئی مانع پیش نہ آئے تو بچہ اس فطرت پر بڑا ہوتا ہے مگر کبھی عوارض پیش آتے ہیں، بچہ جن ہاتھوں میں اور جس ماحول میں پلتا بڑھتا ہے وہ ماحول اس کو بگاڑ دیتا ہے، اس وقت وہ فطری علم جہالت سے بدل جاتا ہے، جیسے ہر جانور صحیح سالم پیدا ہوتا ہے پھر لوگ پہچان کے لئے بکریوں کے کان کاٹتے ہیں مگر کوئی بکری کان کٹی پیدا نہیں ہوتی، اسی طرح ہر انسانی بچہ

فطرت اسلامی پر جنا جاتا ہے پھر بعد میں اس کو گمراہ کردیا جاتا ہے اور فطرت کی یہ تفسیر ابوداؤد کی روایت (حدیث ۴۷۱۶ کتاب السنة باب ۱۹) میں ہے، حماد بن سلمہ فرماتے ہیں: هذا عندنا حيثُ أَخَذَ اللّٰهُ العهدَ عليهم في أصلاب آبائهم حيثُ قال: ألستُ بربكم، قالوا: بلىٰ!: یہ یعنی کل مولودٍ یُوْلَدُ علی الفطرۃ ہمارے نزدیک بایں طور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں سے عہد و پیمان لیا ہے، جب ان کو اصلاب آباء سے نکالا تھا جس کا تذکرہ ألستُ بربکم؟ قالوا بلیٰ میں ہے۔

۵- مذکورہ حدیث ابن شہاب زہری رحمہ اللہ کی ہے جس کو امام بخاری رحمہ اللہ نے دو سندوں سے ذکر کیا ہے، پہلی سند منقطع ہے کیونکہ اس میں زہریؒ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور زہریؒ کا حضرت ابو ہریرہؓ سے سماع نہیں۔ اور دوسری سند میں زہریؒ اور ابو ہریرہؓ کے درمیان ابوسلمہ کا واسطہ ہے، پس وہ حدیث متصل ہے، اور منقطع حدیث ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں امام زہریؒ نے استدلال کیا ہے، حدیث روایت نہیں کی۔

مناسبت: جب ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے یعنی حکماً مسلمان ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ دونوں یا ان میں سے کوئی ایک مسلمان ہو تو اس حکمی اسلام کا اعتبار کرکے نماز جنازہ پڑھیں گے، اسی مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں۔

بَابٌ: إِذَاقَالَ الْمُشْرِكُ عِنْدَ الْمَوْتِ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

جب غیر مسلم مرتے وقت کلمہ طیبہ پڑھے

زندگی کے آخری لمحات میں نزع شروع ہونے سے پہلے اگر کوئی غیر مسلم کلمہ پڑھ لے یعنی ایمان لے آئے تو اس کا ایمان معتبر ہے، اور اگر نزع شروع ہونے کے بعد ایمان لایا تو اس کا ایمان معتبر نہیں، قرآنِ کریم میں ہے: جب فرعون ڈوبنے لگا تو بولا: میں یقین کرتا ہوں کہ اُس ہستی کے سواء کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان رکھتے ہیں، اور میں فرمانبرداروں میں شامل ہوتا ہوں، اللہ کی طرف سے جواب آیا: کیا اب؟ جبکہ پہلے تو برابر نافرمانی کرتا رہا اور تو فسادیوں میں سے تھا، یعنی ساری زندگی گمراہی پھیلاتا رہا، شرارتیں کرتا رہا اب ایمان لاتا ہے؟ (یونس آیات ۹۰ و ۹۱) یعنی فرعون کی حالت نزع کے ایمان کا اعتبار نہیں کیا گیا۔

اور حدیث شریف میں ہے: إن اللّٰه يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَالَمْ يُغَرْغِرْ: (مشکوٰۃ حدیث ۲۳۴۳) جب تک گلے سے دم اٹکنے کی آواز نہ نکلنے لگے اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ قبول فرماتے ہیں، اس کے بعد توبہ قبول نہیں ہوتی، پس اس وقت کا ایمان بھی معتبر نہیں۔

حدیث: جب ابو طالب کی موت کا وقت قریب آیا (نزع شروع ہونے سے پہلے) رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے، ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ پہلے سے وہاں موجود تھے، آپؐ نے فرمایا: چچا! لا إله إلا الله کہہ لیں، تاکہ میں قیامت کے دن اس کلمہ کی آپ کے حق میں گواہی دوں، ابوجہل اور ابن ابی امیہ نے ان کو غیرت دلائی اور کہا: ابو طالب!

کیا تم عبدالمطلب کی ملت کو چھوڑ دو گے؟ آنحضور ﷺ برابر ابوطالب کے سامنے کلمہ پیش کرتے رہے اور وہ دونوں اپنی بات دوہراتے رہے، یہاں تک کہ ابوطالب نے آخری بات یہ کہی کہ وہ عبدالمطلب کے دھرم پر ہیں ——— معلوم ہوا کہ اگر کافر موت کے قریب ایمان قبول کرلے تو معتبر ہے۔

[۸۰-] بَابٌ: إِذَاقَالَ الْمُشْرِكُ عِنْدَ الْمَوْتِ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

[۱۳۶۰-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ، أَ نَّـهُ أَخْبَرَهُ، أَ نَّـهُ لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبٍ الْوَفَاةُ، جَاءَ هُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَوَجَدَ عِنْدَهُ أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِیْ أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: قَالَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَبِیْ طَالِبٍ: " يَا عَمِّ! قُلْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، كَلِمَةً أَشْهَدُ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ" فَقَالَ أَبُوْ جَهْلٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ أُمَيَّةَ: يَا أَبَا طَالِبٍ! أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟ فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ، وَيَعُوْدَانِ بِتِلْكَ الْمَقَالَةِ، حَتّٰى قَالَ أَبُوْ طَالِبٍ آخِرَ مَا كَلَّمَهُمْ بِهِ: هُوَ عَلٰى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وأَبٰى أَنْ يَقُوْلَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَمَا وَاللّٰهِ! لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَالَمْ أُنْهَ عَنْكَ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ﴿مَا كَانَ لِلنَّبِیِّ﴾ الآيَةَ [التوبة:۱۱۳] [انظر: ۳۸۸٤، ٤٦٧٥، ٤٧٧٢، ٦٦٨١]

ترجمہ: سعید بن المسیب کے والد مسیّب بن حزن بیان کرتے ہیں کہ جب ابوطالب کی وفات کا وقت قریب آیا تو ان کے پاس نبی ﷺ تشریف لے گئے، آپؐ نے ان کے پاس ابوجہل اور ابن ابی امیہ کو پایا، راوی کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ابوطالب سے فرمایا: چچا آپ لا إلٰہَ إلاّ اللہ کہہ لیں، میں اس کلمہ کی اللہ کے پاس آپ کے حق میں گواہی دوں گا (کلمةً: لا إلٰہ إلا اللہ سے بدل ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور مستقل جملہ قرار دیں تو مرفوع پڑھیں گے) پس ابوجہل اور ابن ابی امیہ نے کہا: ابوطالب! کیا آپ عبدالمطلب کے دھرم سے اعراض کریں گے؟ پس نبی ﷺ برابر ان کے سامنے اس کلمہ کو پیش کرتے رہے اور وہ دونوں اپنی بات دوہراتے رہے، یہاں تک کہ ابوطالب نے آخری بات یہ کہی کہ وہ عبدالمطلب کے دھرم پر ہیں (ابوطالب نے تو أنا کہا ہوگا، مگر بولنے کا ادب یہ ہے کہ بری بات حکایت کے طور پر بھی زبان سے نہ نکالی جائے، اس لئے راوی نے متکلم کی ضمیر کو غائب کی ضمیر سے بدل دیا) اور لا إلٰہ إلا اللہ کہنے سے انکار کر دیا، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بخدا! میں ضرور آپ کے لئے مغفرت چاہتا رہوں گا جب تک مجھے آپ کے لئے مغفرت چاہنے سے منع نہ کر دیا جائے، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: "نبی کے لئے اور مسلمانوں کے لئے جائز نہیں کہ مشرکین کے لئے دعائے مغفرت کریں اگرچہ وہ ان کے رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں، جب یہ ظاہر ہو گیا کہ وہ لوگ دوزخی ہیں یعنی کفر پر مرے ہیں"

تشریح: صرف لا إلٰہ إلا اللہ کا اقرار بھی کافی ہے مگر اس میں محمد رسول اللہ شامل ہونا چاہئے، پس عیسائی اور یہودی کا لا إلٰہ إلا اللہ کافی نہیں، کیونکہ اس میں محمد رسول اللہ شامل نہیں۔ تفصیل کتاب الجنائز کے پہلے باب میں (تحفۃ القاری ۳: ۵۵۶) گذر چکی ہے۔

بَابُ الْجَرِيْدَةِ عَلَى الْقَبْرِ

قبر پر کھجور کی ٹہنی گاڑنا

قبر پر ٹہنی گاڑنے کے سلسلہ میں تفصیل کتاب الوضوء (باب ۵۵) میں گذر چکی ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گذرے جن کو قبروں میں عذاب ہورہا تھا، آپ نے کھجور کی شاخ منگوا کر اس کو چیر کر دو ٹکڑے کئے اور ہر قبر پر ایک ٹہنی گاڑی اور اس کی وجہ یہ بیان فرمائی کہ میں نے ان کے لئے سفارش کی تھی، میری سفارش مطلق قبول نہیں ہوئی، مقید قبول ہوئی، جب تک یہ ٹہنیاں تر رہیں گی میری سفارش کی وجہ سے ان کے عذاب میں تخفیف ہوگی، یہ وجہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت میں آئی ہے جو مسلم شریف کے آخر میں ہے (۲: ۴۱۸) پس اس روایت سے بدعتیوں کا قبروں پر پھول چڑھانے کے جواز پر استدلال کرنا صحیح نہیں، اوران کا یہ کہنا بھی بے دلیل ہے کہ پھول تسبیح پڑھیں گے اور اس سے میت کو فائدہ پہنچے گا، کیونکہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنے عمل کی وجہ بیان فرمادی تو اب کسی اور کو فعل نبوی کی وجہ بیان کرنے کا حق نہیں، (تفصیل کے لئے دیکھئے تحفۃ القاری ۱: ۵۴۹) —— امام بخاری رحمہ اللہ نے اس ترجمہ کے ذیل میں پانچ آثار اور ایک مرفوع حدیث پیش کی ہے اور قبر کی تعظیم وتوہین کی حدود بیان کی ہیں۔

[۸۱-] بَابُ الْجَرِيْدَةِ عَلَى الْقَبْرِ

[۱-] وَأَوْصَى بُرَيْدَةُ الْأَسْلَمِيُّ أَنْ يُجْعَلَ فِيْ قَبْرِهِ جَرِيْدَانِ.

[۲-] وَرَأَى ابْنُ عُمَرَ فُسْطَاطًا عَلَى قَبْرِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ: انْزِعْهُ يَا غُلَامُ فَإِنَّمَا يُظِلُّهُ عَمَلُهُ.

[۳-] وَقَالَ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدٍ: رَأَيْتُنِيْ وَنَحْنُ شُبَّانٌ فِيْ زَمَنِ عُثْمَانَ، وَإِنَّ أَشَدَّنَا وَثْبَةً الَّذِيْ يَثِبُ قَبْرَ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ حَتّٰى يُجَاوِزَهُ.

[۴-] وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ حَكِيْمٍ: أَخَذَ بِيَدِيْ خَارِجَةُ فَأَجْلَسَنِيْ عَلٰى قَبْرٍ، وَأَخْبَرَنِيْ عَنْ عَمِّهِ يَزِيْدَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: إِنَّمَا كُرِهَ ذٰلِكَ لِمَنْ أَحْدَثَ عَلَيْهِ.

[۵-] وَقَالَ نَافِعٌ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَجْلِسُ عَلَى الْقُبُوْرِ.

[۱۳۶۱-] حدثنا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ

عَبَّاسٍ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: بِقَبْرَيْنِ يُعَذَّبَانِ فَقَالَ:" إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ، وَمَا يُعَذَّبَانِ فِيْ كَبِيْرٍ، أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ لاَ يَسْتَتِرُ مِنَ الْبَوْلِ، وَأَمَّا الآخَرُ فَكَانَ يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ" ثُمَّ أَخَذَ جَرِيْدَةً رَطْبَةً فَشَقَّهَا بِنِصْفَيْنِ ثُمَّ غَرَزَ فِيْ كُلِّ قَبْرٍ وَاحِدَةً، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ صَنَعْتَ هٰذَا؟ فَقَالَ: " لَعَلَّهُ أَنْ يُخَفَّفَ عَنْهُمَا مَالَمْ يَيْبَسَا" [راجع: ٢١٦]

آثار:

۱- حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے وصیت کی کہ ان کی قبر میں کھجور کی دو شاخیں رکھی جائیں۔

تشریح: حضرت بریدہؓ نے ٹہنیاں گاڑنے کی وصیت نہیں کی تھی، بلکہ قبر کے اندر ٹہنیاں رکھنے کی وصیت کی تھی، دیوبند میں بھی اس کا رواج ہے، جب قبر آدھی بھر جاتی ہے تو درخت کے پتے اور شاخیں قبر میں ڈالتے ہیں، حضرت بریدہؓ کے قول کا محمل یہی صورت ہے اور اس میں کچھ حرج نہیں۔

۲- ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کی قبر پر خیمہ دیکھا (کسی نے ان کی قبر پر خیمہ کھڑا کیا ہوگا تا کہ قبر کو دھوپ نہ لگے) ابن عمرؓ نے خادم سے کہا: خیمہ اکھاڑ دے، ان پر ان کا عمل سایہ فگن ہوگا۔

تشریح: قبر پر عمارت بنانا، گنبد بنانا، خیمہ کھڑا کرنا قبر کی غیر معمولی تعظیم ہے، جس کی حدیث میں ممانعت آئی ہے اس لئے ابن عمرؓ نے خیمہ اکھڑوا دیا۔

۳- خارجۃ بن زید رحمہ اللہ (جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں) کہتے ہیں: دیکھا میں نے مجھ کو درانحالیکہ ہم جوان تھے، خلافتِ عثمانی میں، اور بیشک ہم میں سب سے زیادہ کودنے والا وہ تھا جو حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر کو کود جاتا تھا، یعنی خلافتِ عثمانی میں بچے بقیع قبرستان میں کھیلتے تھے، اور قبروں پر کودتے تھے، یہ اگرچہ بچوں کا عمل ہے مگر دورِ صحابہ کا واقعہ ہے، پس اگر یہ عمل غلط ہوتا تو صحابہ ضرور اس سے منع کرتے۔

۴- عثمان بن حکیم کہتے ہیں: انہی خارجۃ بن زید نے جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں میرا ہاتھ پکڑا، اور مجھے قبر پر بٹھایا، پھر اپنے چچا یزید بن ثابت کے حوالہ سے بتایا کہ قبر پر بول و براز کے لئے بیٹھنا ممنوع ہے، مطلقاً بیٹھنا ممنوع نہیں۔

۵- نافع کہتے ہیں: ابن عمر رضی اللہ عنہما قبروں پر بیٹھتے تھے۔

خلاصۂ کلام: امام بخاری رحمہ اللہ نے چند آثار ذکر کئے ہیں، ان کے علاوہ بھی نصوص ہیں، سب کا خلاصہ یہ ہے کہ قبور کے معاملہ میں افراط و تفریط سے بچنا چاہئے، قبروں کی نہ توہین کرنی چاہئے نہ غایت درجہ تعظیم، بلکہ اعتدال سے کام لیا جائے، افراط یہ ہے کہ قبریں اونچی بنائی جائیں، پختہ بنائی جائیں، قبروں پر گنبد بنائے جائیں، ان کی طرف منہ کرکے نماز پڑھی جائے، ان پر پھول ڈالے جائیں، ان پر چادریں چڑھائی جائیں اور ان پر چراغاں کیا جائے، یہ سب افعال شرکیہ

ہیں، یعنی ان کا مآل شرک ہے، اورتفریط یہ ہے کہ ان کو روندا جائے، ان پر چلا جائے، ان پر بیٹھا جائے، اوران پر قضاء حاجت کی جائے، اوراعتدال یہ ہے کہ دل میں قبور کی قدر ومنزلت ہو، اوران کے ساتھ وہ معاملہ کیا جائے جو سنت سے ثابت ہے یعنی قبروں کی زیارت کے لئے جانا، ان کے پاس کھڑے ہوکر ایصالِ ثواب کرنا اور دعائے مغفرت کرنا۔

اورحضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما وغیرہ جوقبروں پر بیٹھتے تھے تو ان کے نزدیک قبروں پر بیٹھنے کی ممانعت بول وبراز کے ساتھ خاص تھی، مگر عام طور پر علماء کا خیال ہے کہ قبروں پر بیٹھنا مطلقاً ممنوع ہے کیونکہ ممانعت کی حدیث مطلق ہے اور یہ بات اکرام میت کے بھی خلاف ہے۔ واللہ اعلم

حدیث: جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں پر ٹہنیاں گاڑیں تو آپؐ سے اس کی وجہ پوچھی گئی، آپؐ نے فرمایا: **لعله أن يُخَفَّفَ عنهما مالم يَيْبَسَا**: شاید ان کے عذاب میں تخفیف کی جائے جب تک ٹہنیاں خشک نہ ہوں۔ اور مسلم شریف (۴۱۸:۲) میں ہے: **أحببتُ بشفاعتي أن يُرفَّه ذاك عنهما مادام الغُصْنَانِ رَطْبَيْنِ**: میں نے پسند کیا اپنی سفارش کی وجہ سے کہ آسانی کرے وہ سفارش ان دونوں سے جب تک وہ دونوں تر رہیں، یعنی میں نے ان کے لئے سفارش کی مگر میری سفارش مطلق قبول نہیں ہوئی، مقید قبول ہوئی، جب تک یہ ٹہنیاں تر رہیں گی میری سفارش کی وجہ سے ان کے عذاب میں تخفیف ہوگی۔

بَابُ مَوْعِظَةِ الْمُحَدِّثِ عِنْدَ الْقَبْرِ، وَقُعُوْدِ أَصْحَابِهِ حَوْلَهُ

عالم کا قبر کے پاس نصیحت کرنا، اوراس کے ساتھیوں کا اس کے پاس بیٹھنا

جنازہ لے کر قبرستان گئے، ابھی قبر تیار ہورہی ہے، لوگوں میں کوئی بڑا عالم بھی ہے وہ بیٹھ جائے اور لوگ اس کے اردگرد بیٹھ جائیں اور وہ ان کو نصیحت کرے اور دینی باتیں بتائے تو اس میں کچھ حرج نہیں، قبرستان میں دنیوی باتیں نہیں کرنی چاہئیں، دینی باتیں کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ سورۃ التکاثر کی ابتدائی دو آیتوں کی ایک تفسیر یہ کی جاتی ہے کہ تکاثر یعنی مال کی فروانی کا جذبہ (Competition) لوگوں کو اس درجہ غافل کئے رہتا ہے کہ جب وہ کسی جنازہ کے ساتھ قبرستان جاتے ہیں تو وہاں بھی کاروبار کرتے ہیں، یہ تفسیر اگرچہ صحیح نہیں، زیارت قبور موت سے کنایہ ہے، یعنی انسان تاحیات مال ودولت کے پیچھے مرتا ہے، یہاں تک کہ قبر میں پہنچ جاتا ہے، اور وہاں پہنچتے ہی غفلت کا مزہ چکھتا ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم برابر عذاب قبر کے بارے میں تردد میں رہے یہاں تک کہ سورۃ التکاثر نازل ہوئی، پس تردد ختم ہوگیا (ترمذی حدیث ۳۳۷۷) معلوم ہوا کہ ﴿زُرْتُمُ الْمَقَابِرْ﴾ موت سے کنایہ ہے، مگر بات صحیح ہے کہ قبرستان میں دنیا کی باتیں نہیں کرنی چاہئیں، وہاں دعاء استغفار، ذکر واذکار اور ایصالِ ثواب میں مشغول رہنا چاہئے، ہاں دینی باتیں کرنے میں کچھ حرج نہیں، کیونکہ یہ بھی کارِ ثواب ہے۔

[۸۲-] بَابُ مَوْعِظَةِ الْمُحَدِّثِ عِنْدَ الْقَبْرِ، وَقُعُوْدِ أَصْحَابِهِ حَوْلَهُ

﴿يَخْرُجُوْنَ مِنَ الأَجْدَاثِ﴾[المعارج:٤٣] الْقُبُوْرُ ﴿بُعْثِرَتْ﴾[الانفطار:٤]:أُثِيْرَتْ، بَعْثَرْتُ حَوْضِيْ: جَعَلْتُ أَسْفَلَهُ أَعْلَاهُ. الإِيْفَاضُ: الإِسْرَاعُ، وَقَرَأَ الأَعْمَشُ:﴿ إِلٰى نَصْبٍ يُوْفِضُوْنَ﴾[المعارج: ٤٣] إِلٰى شَيْئٍ مَنْصُوْبٍ يَسْتَبِقُوْنَ إِلَيْهِ، وَالنُّصْبُ وَاحِدٌ، وَالنَّصْبُ مَصْدَرٌ ﴿يَوْمُ الْخُرُوْجِ﴾[ق: ٤٣] مِنَ الْقُبُوْرِ ﴿ يَنْسِلُوْنَ﴾[يس: ٥١] يَخْرُجُوْنَ.

[١٣٦٢-] حدثنا عُثْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا فِيْ جَنَازَةٍ فِيْ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ، فَأَتَانَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقعَدَ وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ، وَمَعَهُ مِخْصَرَةٌ فَنَكَّسَ، فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِمِخْصَرَتِهِ، ثُمَّ قَالَ:"مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ، أَوْ: مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوْسَةٍ إِلَّا كُتِبَ مَكَانُهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، وَإِلَّا قَدْ كُتِبَتْ شَقِيَّةٌ أَوْ سَعِيْدَةٌ" فَقَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَفَلَا نَتَّكِلُ عَلٰى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ؟ فَمَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَسَيَصِيْرُ إِلٰى عَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ، وَأَمَّا مَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ فَسَيَصِيْرُ إِلٰى عَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ! قَالَ: " أَمَّا أَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُوْنَ لِعَمَلِ السَّعَادَةِ، وَأَمَّا أَهْلُ الشَّقَاوَةِ فَيُيَسَّرُوْنَ لِعَمَلِ الشَّقَاوَةِ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى﴾ [الليل:٥]الآية.[انظر: ٤٩٤٥، ٤٩٤٦، ٤٩٤٧، ٤٩٤٨، ٦٢١٧، ٦٦٠٥، ٧٥٥٢]

وضاحت: امام بخاریؒ نے چند مفردات لکھے ہیں، اوراس طرف اشارہ کیا ہے کہ قبرستان میں اگر کوئی وعظ کہے تو ان آیتوں میں جو مضامین ہیں وہ بیان کرے، یعنی موت، قبر اور قیامت سے متعلق مضامین بیان کرے، یہ بات ابن المُنَیِّر رحمہ اللہ نے بیان فرمائی ہے اور حاشیہ میں ہے۔

۱-سورۃ المعارج میں ہے:﴿يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الأَجْدَاثِ﴾(یادکرو) جس دن لوگ نکلیں گے قبروں سے،الجَدَث: قبر،جمع:أجداث،سورہ یٰس میں بھی یہ لفظ آیا ہے:﴿وَنُفِخَ فِيْ الصُّوْرِ فَإِذَاهُمْ مِنَ الأَجْدَاثِ إِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ﴾اور صور پھونکا جائے گا پس یکا یک سب قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف جلدی سے چلنے لگیں گے،نَسَلَ الشيئُ (ن) نُسُوْلاً: ایک شئ کا دوسری شئ سے الگ ہونا، یعنی مردوں کا قبروں سے نکلنا۔

۲-سورۃ الانفطار میں ہے:﴿وَإِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ﴾اور جب قبریں اکھاڑی جائیں گی، یعنی ان میں سے مردے نکل کر کھڑے ہونگے۔اور بَعْثَرْتُ حوضی کے معنی ہیں: میں نے حوض کو تہ وبالا کیا یعنی نیچے کی مٹی نکال کر باہر ڈال دی، اسی طرح قبر میں سے مردے باہر نکل آئیں گے۔

۳- سورۃ المعارج کی مذکورہ آیت پوری یہ ہے:﴿يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلٰى نُصُبٍ

يُوْفِضُوْنَ﴾ (یاد کرو) جب لوگ قبروں سے نکل کر اس طرح دوڑیں گے جس طرح کسی پرستش گاہ کی طرف دوڑتے ہیں، أوضع الراکبُ الدَّابَّةَ: سوار کا جانور کو تیز دوڑانا، اور امام اعمش رحمہ اللہ نے نَصْب (نون کے زبر اور صاد کے سکون کے ساتھ) پڑھا ہے یہ مصدر ہے اور منصوب (کھڑی کی ہوئی چیز) کے معنی میں ہے، اور عام قراءت نُصُب (نون اور صاد دونوں کے پیش کے ساتھ) ہے، یہ جمع ہے اس کا مفرد نُصْب ہے، یہ بھی منصوب کے معنی میں ہے، یعنی لوگ قبروں سے نکل کر تیزی کے ساتھ پرستش کے لئے کھڑی کی ہوئی چیز کی طرف دوڑیں گے، اور یوفضون کے معنی میں ریس کا مفہوم بھی شامل ہے، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے یستبقون إلیه بڑھایا ہے، یعنی ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کریں گے۔

۴- سورۂ ق میں ہے: ﴿يَوْمُ الْخُرُوْجِ﴾ نکلنے کا دن، یعنی قبروں سے نکلنے کا دن۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک جنازہ کے ساتھ بقیع الغرقد گئے (غرقد ایک درخت کا نام ہے اور بقیع جگہ کا نام ہے، یہ مدینہ کا مشہور قبرستان ہے جو عوام میں جنت البقیع کے نام سے مشہور ہے) پس ہمارے پاس نبی ﷺ آئے، اور آپؐ بیٹھے اور ہم آپؐ کے ارد گرد بیٹھے، اور آپؐ کے دست مبارک میں ایک چھڑی تھی، آپؐ نے سر جھکا لیا اور چھڑی سے مٹی کریدنے لگے، پھر فرمایا: تم میں سے کوئی نہیں، یا فرمایا: کوئی سانس لینے والا نفس ایسا نہیں مگر اس کا جنت یا جہنم کا ٹھکانہ لکھ دیا گیا ہے، اور اس کا بد بخت ہونا یا نیک بخت ہونا بھی لکھ دیا گیا ہے، پس ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ہم لکھے ہوئے پر بھروسہ نہ کرلیں اور عمل کرنا چھوڑ نہ دیں؟ کیونکہ ہم میں سے جو نیک بخت ہوگا وہ نیک بختی کے عمل کی طرف لوٹے گا، اور ہم میں سے جو بروں میں سے ہوگا وہ بدبختی کے عمل کی طرف لوٹے گا، نبی ﷺ نے فرمایا: جو نیک بختوں میں سے ہے اس کے لئے نیک کام آسان کئے جاتے ہیں، اور جو بدبختوں میں سے ہے اس کے لئے برے کام آسان کئے جاتے ہیں، پھر آپؐ نے یہ آیات تلاوت فرمائیں: رہا وہ شخص جو اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے اور اللہ سے ڈرتا ہے اور اچھی بات یعنی کلمہ طیبہ کی تصدیق کرتا ہے تو ہم اس کے لئے جنت کے کام آسان کرتے ہیں۔

تشریح: دو مسئلوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے، اگر ان کو الگ الگ نہ کیا جائے تو سخت الجھن پیش آئے گی:

پہلا مسئلہ: بھلی بری تقدیر کا ہے، تقدیر کے معنی ہیں: پلاننگ، اللہ تعالیٰ نے ازل میں مخلوقات کے تعلق سے مفید اور مضر باتیں طے کی ہیں، چنانچہ انسان دنیوی امور کی حد تک تقدیر الٰہی کی پوری پابندی کرتا ہے، مفید باتیں اختیار کرتا ہے اور مضر باتوں سے بچتا ہے، اسی طرح عقائد و اعمال کے سلسلہ میں بھی بھلی بری تقدیر کا لحاظ کرنا چاہئے۔

دوسرا مسئلہ: شمولِ علم کا ہے، شمول یعنی عموم یعنی ازل سے ابد تک جو کچھ ہونے والا ہے سب کو اللہ تعالیٰ جانتے ہیں، کوئی بات منتظر نہیں، یعنی کوئی بات ایسی نہیں جس کو اللہ تعالیٰ نہ جانتے ہوں، مذکورہ حدیث میں شمولِ علم کا مسئلہ ہے، کون جنتی ہے کون جہنمی؟ کون نیک ہے کون بد؟ یہ باتیں اللہ تعالیٰ ازل سے جانتے ہیں، اور اتنی بات بدیہی ہے، اگر اللہ تعالیٰ کا علم ایسا شامل (عام) نہ ہوگا تو ہم میں اور اللہ میں کیا فرق رہے گا؟

اور مذکورہ حدیث میں جو سوال ہے وہ تقدیر کے مسئلہ سے پچ ہے، جب ہر شخص کا انجام طے کر دیا گیا اور لکھ بھی لیا گیا تو اب عمل سے کیا فائدہ؟ نبی ﷺ نے اس کا جواب شمولِ علم کے مسئلہ سے دیا ہے، ارشاد فرمایا: تقدیر اجمالی نہیں ہے، تفصیلی ہے، اسباب ومسببات کی پوری دنیا تقدیر میں شامل ہے، تقدیر میں یہ بھی طے ہے کہ انسان اپنے جزوی اختیار سے جنت والے کام کر کے جنت میں جائے گا یا جہنم والے کام کر کے جہنم میں جائے گا، اور اس کو اللہ تعالیٰ ازل سے جانتے ہیں، پس یہ شمولِ علم کا مسئلہ ہے اور بدیہی مسئلہ ہے، اور نبی ﷺ نے جو آیات تلاوت فرمائی ہیں ان میں اس طرف اشارہ ہے: ﴿سَنُيَسِّرُهُ﴾ : ہم عنقریب اس کو آسان کریں گے یعنی مکلّف انسان اپنے جزوی اختیار سے جنت والے اسباب اختیار کرے گا، اور جنت میں جائے گا یا جہنم والے کام کرے گا اور جہنم رسید ہوگا اور سب کا انجام اللہ تعالیٰ کو ازل سے معلوم ہے، مگر معلوم: علم کے تابع نہیں ہوتا، بلکہ علم: معلوم سے ماخوذ ہوتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کا علم حضوری ہے، اس لئے وجود معلوم کا محتاج نہیں۔ یہ مسئلہ تفصیل سے تحفۃ الالمعی (۵:۴۷۹) میں بیان کیا گیا ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَاتِلِ النَّفْسِ

خودکُشی کرنے والے کے بارے میں روایات

خودکشی (کاف کا پیش): خود کو مار ڈالنا۔ خودکشی حرام ہے اور کبیرہ گناہ ہے، حدیثوں میں اس کے بارے میں سخت وعیدیں آئی ہیں، کیونکہ جس طرح دوسرے کو قتل کرنا حرام ہے خود کو مار ڈالنا بھی حرام ہے، آدمی نہ اپنی جان کا مالک ہے نہ اعضاء کا کہ جس طرح چاہے ان میں تصرف کرے، پھر خودکشی کا فائدہ کچھ نہیں، اگر آدمی یہ سمجھتا ہے کہ وہ مر کر مصیبتوں سے نجات پا جائے گا تو یہ خام خیالی ہے، ہوسکتا ہے آگے اور بھی سخت آفت سے دوچار ہونا پڑے، اس لئے مؤمن کو کبھی یہ حرکت نہیں کرنی چاہئے۔

خودکُشی کرنے والے کی نماز جنازہ پڑھی جائے یا نہیں؟

امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، اور ائمہ اربعہ متفق ہیں کہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، کیونکہ خودکشی کرنے والا اسلام سے خارج نہیں ہوتا اور نبی ﷺ نے فرمایا ہے: صَلُّوا علی کل بِرٍّ وَفَاجِرٍ: ہر شخص کی خواہ نیک ہو یا بد نماز جنازہ پڑھو، یہ حدیث دار قطنی میں ہے اور منقطع ہے، مکحول کا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں، اور سنن میں یہ حدیث ہے کہ ایک شخص نے خودکشی کی، نبی ﷺ نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی، دوسروں نے پڑھی، چنانچہ نسائی (۱:۲۷۹) میں ہے: أَمَّا أَنَا فَلاَ أُصَلِّی علیه: میں تو اس کا جنازہ نہیں پڑھتا، یعنی آپ لوگ پڑھیں، اور آپ کا نماز جنازہ نہ پڑھنا زجراً تھا، چنانچہ علماء اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں: قاتلِ نفس کے جنازہ میں مقتدیٰ (اسم مفعول) کو شریک نہیں

ہونا چاہئے، تاکہ اس فعل قبیح پر زجر ہو —— یہ حدیث بخاری میں لانے کے قابل نہیں تھی، اس لئے حضرت رحمہ اللہ حدیث تو نہیں لائے مگر باب رکھ کر حدیث کی طرف اشارہ کیا۔

[٨٣-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَاتِلِ النَّفْسِ

[١٣٦٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، عَنْ ثَابِتِ ابْنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الإِسْلاَمِ كَاذِبًا مُتَعَمِّدًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيْدَةٍ عُذِّبَ بِهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ".

[انظر: ٤١٧١، ٤٨٤٣، ٦٠٤٧، ٦١٠٥، ٦٦٥٢]

[١٣٦٤-] قَالَ: وَقَالَ حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُنْدُبٌ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ، فَمَا نَسِيْنَاهُ، وَمَا نَخَافُ أَنْ يَكْذِبَ جُنْدَبٌ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: كَانَ بِرَجُلٍ جِرَاحٌ، قَتَلَ نَفْسَهُ، فَقَالَ اللّٰهُ:"بَدَرَنِيْ عَبْدِيْ بِنَفْسِهِ، حَرَّمْتُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ" [انظر: ٣٤٦٣]

[١٣٦٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" الَّذِيْ يَخْنُقُ نَفْسَهُ يَخْنُقُهَا فِيْ النَّارِ، وَالَّذِيْ يَطْعَنُهَا يَطْعَنُهَا فِيْ النَّارِ"[انظر: ٥٧٧٨]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جو اسلام کے علاوہ کسی مذہب کی جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھائے تو وہ ویسا ہی ہے جیسا اس نے کہا، اور جس نے خود کو کسی ہتھیار سے مار ڈالا تو وہ اس ہتھیار سے جہنم میں سزا دیا جائے گا۔

حدیث (۲): حسن بصری رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم سے حضرت جندب رضی اللہ عنہ نے (بصرہ کی) اسی مسجد میں حدیث بیان کی، پھر نہ ہم اس کو بھولے اور نہ ہمیں یہ اندیشہ ہے کہ حضرت جندبؓ نے نبی ﷺ پر جھوٹ باندھا (حضرت حسنؒ نے حدیث کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے یہ بات کہی ہے) آپؐ نے فرمایا: ایک شخص کو زخم لگا (وہ اس کی تاب نہ لاسکا چنانچہ) اس نے خود کو قتل کردیا، پس اللہ عزوجل نے فرمایا: "میرے بندے نے اپنی جان لینے میں مجھ سے جلدی کی، پس میں نے اس پر جنت حرام کردی!"

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: "جو اپنا گلا گھونٹتا ہے وہ جہنم میں اپنا گلا گھونٹتا رہے گا، اور جو خود کو نیزے سے قتل کرتا ہے وہ جہنم میں خود کو نیزے سے قتل کرتا رہے گا"

تشریح:

۱- اس طرح قسم کھانا کہ اگر اس نے فلاں کام کیا ہو تو وہ یہودی یا ہندو ہے اور وہ جھوٹا ہو تو نبی ﷺ نے فرمایا: "وہ ویسا

ہی ہے جیسا اس نے کہا''یعنی وہ یہودی یا ہندو ہوگیا ـــــ یہ حدیث از قبیل وعید ہے یعنی ایسی قسم کھانا کبیرہ گناہ ہے مگر وہ شخص مرتد نہیں۔

۲-خودکشی کرنے والے کو جنسِ عمل سے سزادی جائے گی، اس نے خود کو مار ڈالنے کے لئے جو طریقہ اختیار کیا ہے اسی عمل کو وہ برابر دہراتا رہے گا قبر میں بھی، حشر میں بھی اور جہنم میں بھی۔ مگر کسی دن وہ جہنم سے نکالا جائے گا، کیونکہ اہل حق متفق ہیں کہ کفر وشرک کے علاوہ کوئی امر موجب خلود فی النار نہیں اور حرمتُ علیه الجنة: زجر وتوبیخ کے طور پر ہے یعنی اس گناہ کی اصل سزا یہی ہے، مگر دیگر نصوص سے ثابت ہے کہ مؤمنین کو یہ سزا نہیں دی جائے گی، جس شخص میں ذرہ بھر بھی ایمان ہوگا وہ کسی نہ کسی دن جہنم سے نکال لیا جائے گا۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الصَّلاَةِ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ وَالِاسْتِغْفَارِ لِلْمُشْرِكِيْنَ

منافقین کی نماز جنازہ پڑھنا اور مشرکین کے لئے دعائے مغفرت کرنا مکروہ ہے

کافر، مشرک اور منافق کے لئے ہدایت کی دعا تو کرسکتے ہیں مگر اس کا جنازہ پڑھنا، اس کے لئے دعائے مغفرت کرنا اور اس کے کفن دفن میں شریک ہونا حرام ہے، کتاب الجنائز کے شروع میں یہ حدیث گذری ہے کہ جب رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کا انتقال ہوا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے کفن میں شامل کرنے کے لئے اپنا کرتا عنایت فرمایا، اور اس کی نماز جنازہ پڑھائی، جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھانے کا ارادہ کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بہ اصرار منع کیا اور عرض کیا: اللہ عزوجل نے آپ کو منافقوں کے لئے استغفار کرنے سے منع کیا ہے آپؐ اس کی نماز نہ پڑھائیں، آپؐ نے فرمایا: مجھے استغفار سے منع نہیں کیا، آزاد رکھا گیا ہے کہ استغفار کروں یا نہ کروں، چنانچہ آپؐ نے اس کا جنازہ پڑھا، اور قبرستان بھی تشریف لے گئے، پس سورۂ توبہ کی آیت ۸۴ نازل ہوئی، اور صاف طور پر منافقوں، کافروں اور مشرکوں کا جنازہ پڑھنے سے اور استغفار کرنے سے بلکہ کفن دفن میں شریک ہونے سے بھی روک دیا گیا، چنانچہ آپؐ نے پھر کسی منافق کا جنازہ نہیں پڑھا (تفصیل تحفۃ القاری ۳: ۵۸۹ میں گذر چکی ہے)

[۸۴-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الصَّلاَةِ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ وَالِاسْتِغْفَارِ لِلْمُشْرِكِيْنَ

رَوَاهُ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۳۶۶-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ قَالَ: لَمَّا مَاتَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلٍ، دُعِيَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَثَبْتُ إِلَيْهِ،

فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتُصَلِّي عَلَى ابْنِ أُبَيٍّ؟ وَقَدْ قَالَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا: كَذَا وَكَذَا، أُعَدِّدُ عَلَيْهِ قَوْلَهُ، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" أَخِّرْ عَنِّيْ يَا عُمَرُ" فَلَمَّا أَكْثَرْتُ عَلَيْهِ، قَالَ:" إِنِّيْ خُيِّرْتُ فَاخْتَرْتُ، لَوْ أَعْلَمُ أَنِّيْ إِنْ زِدْتُ عَلَى السَّبْعِيْنَ يُغْفَرُ لَهُ لَزِدْتُ عَلَيْهَا" قَالَ: فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ انْصَرَفَ، فَلَمْ يَمْكُثْ إِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى نَزَلَتِ الآيَتَانِ مِنْ بَرَاءَةٍ:﴿وَلَا تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا، وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهِ، إِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَمَاتُوْا وَهُمْ فَاسِقُوْنَ﴾[براء ة ٨٤] قَالَ: فَعَجِبْتُ بَعْدُ مِنْ جُرْأَتِيْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَئِذٍ، وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ.

[انظر: ٤٦٧١]

قوله: فلما قام إلخ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ (ابن سلول کا جنازہ پڑھانے کے لئے) کھڑے ہوئے تو میں آپؐ کی طرف کودا یعنی میں آپؐ کی طرف جلدی سے بڑھا اور میں نے عرض کیا: کیا آپؐ ابن ابی کا جنازہ پڑھائیں گے جس نے فلاں فلاں موقعہ پر یہ یہ کہا ہے؟ میں اس کی نازیبا باتیں گنا رہا تھا۔

قوله: لو أعلم أني إن زدتُ إلخ: اگر میں جانتا کہ میں ستر مرتبہ سے زیادہ اس کی بخشش چاہوں تو وہ بخشا جائے گا: تو میں ستر مرتبہ سے زیادہ اس کے لئے استغفار کرتا۔

قوله: فعجبتُ بعدُ: بعد میں مجھے نبی ﷺ کے سامنے اپنی بے باکی پر تعجب ہوا حالانکہ اللہ ورسول زیادہ جانتے ہیں۔

قوله: نزلت الآيتان: سب نسخوں میں اسی طرح ہے، جامع الاصول میں بھی اسی طرح ہے، پھر ایک آیت (۸۴) مذکور ہے، غالباً اس کے بعد کی آیت (۸۵) بھی اسی موقعہ پر نازل ہوئی ہے۔

بَابُ ثَنَاءِ النَّاسِ عَلَى الْمَيِّتِ

لوگوں کا میت کی تعریف کرنا

جس میت کے لئے صالحین کی ایک جماعت اچھا ہونے کی گواہی دے بشرطیکہ وہ گواہی دل کی تھاہ سے ہو اوپری دل سے نہ ہو، اور بغیر ریاء کے ہو، نمائش کے لئے نہ ہو، اور ریت رواج کی موافقت میں نہ ہو، کیونکہ رواجی طور پر تو ہر مرنے والے کو پسماندگان کی دل جوئی کے لئے اچھا کہتے ہیں: تو یہ شہادت اس میت کے ناجی ہونے کی علامت ہے یعنی قطعی بات تو نہیں کہہ سکتے مگر یہ علامت ضرور ہے کہ یہ شخص جنتی ہے، اسی طرح جب صالحین کی ایک جماعت کسی میت کی برائی کرے تو وہ اس کے تباہ حال ہونے کی علامت ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ صالحین کے دلوں میں یہ باتیں غیب سے ڈالی جاتی ہیں، تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو: کا یہی مطلب ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ باتیں صالحین کو الہام کی جاتی ہیں، اور ان کی زبانیں غیب کی ترجمانی کرتی ہیں، پس ان کا کہا: اللہ کا کہا ہے!

[۸۵-] بَابُ ثَنَاءِ النَّاسِ عَلَى الْمَيِّتِ

[١٣٦٧-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ ابْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: مَرُّوْا بِجَنَازَةٍ، فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" وَجَبَتْ" ثُمَّ مَرُّوْا بِأُخْرىٰ فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا شراً، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَجَبَتْ" فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: مَا وَجَبَتْ؟ قَالَ:" هٰذَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ خَيْرًا، فَوَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَهٰذَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ شَرًّا، فَوَجَبَتْ لَهُ النَّارُ، أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِيْ الْأَرْضِ" [انظر: ٢٦٤٢]

[١٣٦٨-] حدثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، هُوَ الصَّفَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الْفُرَاتِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، وَقَدْ وَقَعَ بِهَا مَرَضٌ، فَجَلَسْتُ إِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَمَرَّتْ بِهِمْ جَنَازَةٌ، فَأُثْنِيَ عَلٰى صَاحِبِهَا خَيْرًا. فَقَالَ عُمَرُ: وَجَبَتْ، ثُمَّ مُرَّ بِأُخْرَى، فَأُثْنِيَ عَلٰى صَاحِبِهَا خَيْرًا، فَقَالَ: وَجَبَتْ، ثُمَّ مُرَّ بِالثَّالِثَةِ، فَأُثْنِيَ عَلٰى صَاحِبِهَا شَرًّا، فَقَالَ: وَجَبَتْ. فَقَالَ أَبُو الْأَسْوَدِ: فَقُلْتُ: وَمَا وَجَبَتْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ؟ قَالَ: قُلْتُ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَيُّمَا مُسْلِمٍ شَهِدَ لَهُ أَرْبَعَةٌ بِخَيْرٍ، أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ" فَقُلْنَا: وثَلاَثَةٌ؟ قَالَ: "وَثَلاَثَةٌ" فَقُلْنَا: وَاثْنَانِ؟ قَالَ: "وَاثْنَانِ" ثُمَّ لَمْ نَسْأَلْهُ عَنِ الْوَاحِدِ. [انظر: ٢٦٤٣]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: لوگ ایک جنازہ لے کر گذرے، صحابہ نے اس کی تعریف کی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''ثابت ہوگئی'' پھر (دوسرے موقع پر) دوسرا جنازہ لے کر لوگ گذرے تو صحابہ نے برائی کے ساتھ اس کا ذکر کیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''ثابت ہوگئی'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا ثابت ہوگیا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''یہ جس کی تم نے تعریف کی اس کے لئے جنت ثابت ہوگئی، اور یہ جس کی تم نے برائی کی اس کے لئے جہنم ثابت ہوگئی، تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو''

حدیث (۲): ابوالاسود دیلی کہتے ہیں: میں مدینہ منورہ آیا، ان دنوں مدینہ میں بیماری پھیلی ہوئی تھی، میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس (علم حاصل کرنے کے لئے) بیٹھا، پس لوگ وہاں سے ایک جنازہ لے کر گذرے، اہل مجلس نے اس کا ذکر تعریف کے ساتھ کیا، تو حضرت عمرؓ نے فرمایا: ثابت ہوگئی، پھر لوگ دوسرا جنازہ لے کر گذرے اس کی بھی اہل مجلس نے تعریف کی، حضرت عمرؓ نے فرمایا: ثابت ہوگئی، پھر لوگ ایک اور جنازہ لے کر گذرے اہل مجلس نے اس کا ذکر برائی کے ساتھ کیا، حضرت عمرؓ نے فرمایا: ثابت ہوگئی، ابوالاسود کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: کیا چیز ثابت ہوگئی اے امیر المؤمنین! حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں نے وہی بات کہی ہے جو نبی ﷺ نے کہی ہے: ''جس مسلمان کے لئے چار آدمی خیر کی گواہی دیں تو اللہ

تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرتے ہیں'' ہم نے پوچھا: اور تین کی گواہی؟ آپؐ نے فرمایا: تین کی گواہی بھی، ہم نے پوچھا: اور دو کی گواہی؟ آپ نے فرمایا: دو کی گواہی بھی، پھر ہم نے آپؐ سے ایک کے بارے میں نہیں پوچھا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ عَذَابِ الْقَبْرِ

عذاب قبر کا بیان

عذابِ قبر برحق ہے: یہ آدھی بات ہے:

پہلے یہ بات جان لیں کہ عذاب القبر حق: آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا مضمون فہم سامع پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا گیا ہے۔ قبر میں عذاب ہی نہیں ہوتا، عذاب تو نافرمانوں کے لئے ہے اور اطاعت شعاروں کے لئے راحتیں ہیں۔

قرآن وحدیث میں کبھی فہم سامع پر اعتماد کر کے آدھا مضمون چھوڑ دیتے ہیں جیسے ﴿بِيَدِكَ الْخَيْرُ﴾ (آل عمران آیت ۲۶) اللہ کے ہاتھ میں خیر ہے، شر بھی اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے مگر فہم سامع پر اعتماد کر کے اس کو چھوڑ دیا گیا ہے، کیونکہ اس سے پہلے متقابلات آئے ہیں، پس سامع خود آدھا مضمون سمجھ لے گا کہ شر بھی اللہ ہی کے قبضہ میں ہے۔

اور جو جزء جہاں اہم اور مقصود ہوتا ہے اس کو ذکر کیا جاتا ہے اور دوسرا جزء قرینہ پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ جیسے مذکورہ آیت میں اللہ کی تعریف کی جارہی ہے، اس کے مناسب ﴿بِيَدِكَ الْخَيْرُ﴾ ہے، پس اس کو ذکر کیا اور دوسرا آدھا فہم سامع پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا۔

اور قبر کے معاملات میں چونکہ عذاب کا جزء اہم ہے تاکہ لوگ محتاط زندگی گذاریں اور آنے والی زندگی کی تیاری کریں، اس لئے اسی جزء کو بیان کیا جاتا ہے، اگر قبر میں نعمتوں والا جزء بیان کریں گے تو لوگوں کو غلط فہمی ہوگی، اور وہ آخرت سے بے فکر ہو جائیں گے۔

جزاء وسزا کے چار مواطن:

۱- اس دنیا میں بھی سزا ملتی ہے، حدیث میں ہے: جب کسی بندہ کو کوئی کانٹا چبھتا ہے یا اس سے بھی معمولی تکلیف پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس تکلیف کی وجہ سے اس کا ایک درجہ بڑھاتے ہیں اور اس کی وجہ سے اس کا ایک گناہ مٹاتے ہیں (ترمذی حدیث ۹۵۳) اور دوسری حدیث میں ہے کہ جب کسی بندے کے گناہ زیادہ ہوتے ہیں اور اچھے اعمال سے اس کا دامن خالی ہوتا ہے جو گناہوں کے لئے کفارہ بن سکیں تو اللہ تعالیٰ اس کو موت سے پہلے مصائب میں مبتلا کرتے ہیں، اور وہ بہ توفیق الٰہی ان پر صبر کرتا ہے اور اللہ کی تعریف کرتا ہے تو وہ گناہوں سے پاک صاف ہو جاتا ہے، اور ایسا ہو جاتا ہے جیسا اس کو اس کی ماں نے جنا تھا (مشکوٰۃ حدیث ۱۵۷۹ و ۱۵۸۰)

تنبیہ: مؤمن کو اس دنیا میں نیک اعمال کا پورا اجر نہیں ملتا اگر دنیا میں نیک اعمال کا اجر دیا جائے گا تو مؤمن گھاٹے میں رہے گا، اس لئے نیک اعمال کا اجر آخرت کے لئے اٹھا رکھا ہے، تا کہ وہاں تا ابد اس اجر سے متمتع ہو، البتہ کبھی دنیا میں نیک اعمال کا کچھ مزہ چکھایا جاتا ہے، یہ مضمون سورہ یوسف (آیات ۵۶و۵۷) میں بیان ہوا ہے، حضرت یوسف علیہ السلام کو بھائیوں نے کنویں میں ڈالا، وہاں سے نکلے تو غلام بن گئے، پھر جیل پہنچ گئے، پھر صبر وعزیمت کے نتیجہ میں عزیز مصر بن گئے، اور بادشاہ ریان بن الولید برائے نام بادشاہ رہ گیا، سارا اختیار حضرت یوسف علیہ السلام کے ہاتھ میں آ گیا، وہاں قصہ روک کر اللہ عزوجل فرماتے ہیں: ﴿نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَاءُ، وَلاَ نُضِیْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ﴾ ہم جس کو چاہتے ہیں اپنی رحمت پہنچاتے ہیں اور بھلائی کرنے والوں کا بدلہ ہم ضائع نہیں کرتے ﴿وَلَأَجْرُ الآخِرَةِ خَیْرٌ لِلَّذِیْنَ آمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ﴾: اور آخرت کا اجر کہیں زیادہ بہتر ہے ایمان داروں اور تقوی شعاروں کے لئے۔

غرض دنیا میں نیک اعمال کا پورا اجر نہیں ملتا، بس کچھ مزہ چکھایا جاتا ہے، اور برے اعمال کی سزا دنیا میں بھی ملتی ہے، بلکہ نیک لوگوں کو زیادہ تر سزا اسی دنیا میں دیدی جاتی ہے، پھر پاک صاف کر کے ان کو اٹھایا جاتا ہے، تا کہ آخرت میں ان کا حساب بے باق رہے۔

۲- برزخ میں جزاوسزا ہوتی ہے۔ برزخ کے معنی ہیں: دو چیزوں کے درمیان کی آڑ، دو روڈوں کے درمیان کا باریر، ایک دنیا سے کود کر دوسری دنیا میں نہیں جاسکتے، پہلے برزخ میں منتقل ہونا پڑتا ہے پھر دوسری دنیا میں جانا ہے، چند ابواب پہلے یہ بتایا تھا کہ اس عالم اجساد سے پہلے ایک عالم ارواح ہے، حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے ذریت عالم ارواح میں نکالی گئی تھی، پھر ان روحوں کو عالم ارواح میں ایک خاص ترتیب سے رکھ دیا گیا ہے، پھر جب اس دنیا میں آنے کا وقت آتا ہے تو ماں باپ کے نطفوں سے بچہ دانی میں جسم تیار ہوتا ہے، پھر فرشتہ عالم ارواح سے وہ روح جس کے لئے یہ جسم تیار کیا گیا ہے لاکر اس جسم میں پھونک دیتا ہے، اب روح ایک دنیا سے دوسری دنیا میں منتقل ہوجاتی ہے، لیکن روح پڑنے کے بعد بھی چار مہینہ تک ماں کے پیٹ میں رہنا پڑتا ہے، وہاں اس کی پرورش کی جاتی ہے، اس کو تیار کیا جاتا ہے کہ وہ اس دنیا کی آب وہوا برداشت کرسکے، پھر جب بچہ اس دنیا کی آب وہوا برداشت کرنے کے قابل ہوجاتا ہے تو وہ پیدا (نمودار) ہوتا ہے یعنی اب مکمل اس دنیا میں آجاتا ہے۔ اور یہ عالم اجساد ہے، اب روحیں جسموں کے اندر آ گئیں، اور ان دونوں عالموں (عالم ارواح اور عالم اجساد) کا درمیان یعنی ماں کے پیٹ کی زندگی عالم برزخ ہے، پھر ایک وقت کے بعد روح جسم سے نکل کر آگے بڑھ جاتی ہے، اور جسم مٹی کے حوالہ کر دیا جاتا ہے، کیونکہ وہ مٹی سے بنا ہے، اس طرح کہ ماں باپ کا نطفہ خون سے بنا ہے، اور خون غذا سے بنا ہے اور غذا مٹی سے پیدا ہوتی ہے اس طرح ہر انسان کا جسم مٹی سے بنا ہے۔

غرض موت سے روح نہیں مرتی بدن مرتا ہے، روح بدن سے نکل کر عالم قبر (عالم برزخ) میں پہنچ جاتی ہے اسی لئے کہتے ہیں: انتقال ہوگیا یعنی دوسری جگہ منتقل ہوگیا، مرگیا (مَرّ: گیا) گذر گیا یعنی آگے بڑھ گیا، دنیا کی ہر زبان میں موت کے

لئے جو الفاظ ہیں وہ اسی حقیقت کی ترجمانی کرتے ہیں، غرض ہر انسان مرنے کے بعد عالم قبر میں پہنچ جاتا ہے خواہ وہ دفنایا جائے، جلایا جائے، یا اس کو کوئی درندہ کھا جائے۔ قبر مٹی کے گڑھے کا نام نہیں، وہ ایک مستقل دنیا ہے اور ہماری اس دنیا کا ضمیمہ ہے، آخرت کا حصہ نہیں، جیسے ماں کے پیٹ کی زندگی ہماری اس دنیا کی ابتداء ہے اسی طرح عالم قبر ہماری اس دنیا کا تتمہ ہے، آخرت کا حصہ نہیں، یعنی مرنے کے بعد بھی لوگ اسی دنیا میں رہتے ہیں۔ آخرت میں نہیں پہنچ جاتے۔

پھر جب عالم ارواح خالی ہو جائے گا یعنی سب لوگ اس عالم اجساد میں منتقل ہو جائیں گے تو صور پھونکا جائے گا اور سب مر جائیں گے اور تمام روحیں برزخ میں پہنچ جائیں گی، پھر اللہ تعالیٰ ایک بارش برسائیں گے اس بارش سے تمام مخلوقات: انسان اور غیر انسان جو مر کر مٹی ہو گئے ہیں از سر نو ان کے اجسام زمین سے اگیں گے، جب اجسام تیار ہو جائیں گے تو دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا، اور تمام روحیں عالم برزخ سے واپس آکر اپنے جسموں میں داخل ہو جائیں گی، اسی کا نام نشأۃ ثانیہ (مرنے کے بعد کی زندگی) ہے۔

یہ سب کچھ اس دنیا کے الیوم الآخر میں ہوگا، سورۃ المعارج آیت ۴ میں ہے کہ وہ دن پچاس ہزار سال کا ہے اس میں جزاء وسزا کے فیصلے ہونگے، پھر لوگوں کو آخرت میں منتقل کیا جائے گا، جہنم کی پشت پر پل بچھایا جائے گا، لوگ اس پر سے گذر کر آخرت میں پہنچیں گے، جہنمی جہنم میں گر جائیں گے اور جنتی آگے بڑھ جائیں گے، اور آخرت کی یہ دونوں زندگیاں ابدی ہیں وہاں موت نہیں۔

غرض اس دنیا سے دوسری دنیا میں کود کر نہیں جایا جاسکتا، اور جس طرح عالم ارواح اور عالم اجساد کے درمیان برزخ ہے دنیا اور آخرت کے درمیان میں بھی برزخ ہے اور عالم ارواح اور اس دنیا کے درمیان جو برزخ ہے وہ اسی دنیا کا حصہ ہے اسی لئے یہاں کے اثرات جنین پر پڑتے ہیں، ماں جو کھاتی ہے، پیتی ہے، پہنتی ہے یا سوچتی ہے بچے پر اس کے اچھے برے اثرات پڑتے ہیں، اسی طرح عالم قبر میں بھی اس دنیا کے اثرات پہنچتے ہیں کیونکہ عالم برزخ اس دنیا کا ضمیمہ ہے، اور وہاں آخرت کے احوال بھی جھلکتے ہیں۔ شاہ صاحب قدس سرہ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں: آخرت اور قبر کے درمیان ایک باریک پردہ ہے چنانچہ آخرت کے احوال قبر میں جھلکتے ہیں، حدیث شریف میں ہے کہ نیک بندے کی قبر میں جنت کی طرف ایک کھڑکی کھولی جاتی ہے، اور برے آدمی کی قبر میں جہنم کی طرف۔ یہی آخرت کے احکام کا جھلکنا ہے اور یہی قبر کا عذاب اور قبر کی راحتیں ہیں اور دنیا و آخرت کے درمیان دبیز پردہ ہے اس لئے عالم آخرت کے احوال یہاں محسوس نہیں ہوتے، البتہ پہنچتے ضرور ہیں، حدیث میں ہے کہ گرمی کی شدت جہنم کے اثرات کے پھیلنے کی وجہ سے ہے۔

غرض جو روحیں عالم برزخ میں پہنچ جاتی ہیں وہاں ان کو آخرت کے لئے تیار کیا جاتا ہے، آخرت میں ہر انسان کا جسم ساٹھ ہاتھ کا ہوگا، پس اسی اعتبار سے چوڑا بھی ہوگا، اور اس وقت ہماری روح اتنی نحیف ہے کہ اگر آدمی ڈیڑھ سو کلو کا ہو جائے تو روح اس کو ڈیل نہیں کر سکتی، بس آدمی پڑا ہی رہے گا، پھر آخرت میں اتنے لمبے چوڑے اور موٹے بدن کو کس طرح ڈیل

کرے گی؟ اسی کے لئے اس کو برزخ میں تیار کیا جاتا ہے تا کہ وہ آخرت کی نعمتوں سے فائدہ اٹھا سکے، اور وہاں کے عذاب کو سہار سکے، اور قیامت کے دن جو نیا بدن بنے گا وہ اسی جسم کے اجزاء سے بنے گا، کوئی نیا جزء اس میں شامل نہیں ہوگا، غرض برزخ کی زندگی ایک خاص مقصد سے تجویز کی گئی ہے۔

۳- میدانِ حشر میں بھی جزاء وسزا ہوگی۔ جاننا چاہئے کہ بعض بندوں کی سزا دنیا میں اور بعض کی برزخ میں پوری ہوجائے گی، پس اگلے مواطن میں ان کے لئے کوئی سزا نہیں، اور بعض بندوں کی سزا برزخ میں بھی پوری نہیں ہوگی، ان کو حشر میں سزا ملے گی، مشہور حدیث ہے: جس شخص نے اونٹوں، گایوں اور بھینسوں کی زکوٰۃ ادا نہیں کی اس کے جانور قیامت کے دن اس کے پاس خوب موٹے تازے اور بڑے ڈیل ڈول کے ہوکر آئیں گے، اور وہ اس کو باری باری اپنے پاؤں سے روندیں گے، اور سینگوں سے ماریں گے، اور جب ایک بار سب جانور روندتے ہوئے اور ٹکر مارتے ہوئے گذر جائیں گے تو دوبارہ اور سہ بارہ اسی طرح گذریں گے اور یہ سزا قیامت کے پورے دن میں جو پچاس ہزار سال کے برابر ہے جاری رہے گی، نیز حدیث میں یہ بھی ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سات قسم کے آدمیوں کو اپنے سایہ میں رکھیں گے، یہی قیامت کے میدان کی جزاء وسزا ہے۔

۴- آخرت میں اصلی جزاؤسزا ہے۔ جس کی حشر میں سزا پوری ہوجائے گی وہ جنت میں جائے گا ورنہ باقی سزا پانے کے لئے جہنم میں جائے گا، اور جب سزا پوری ہوگی تب جنت میں جائے گا، اور کفار کی سزا کبھی پوری نہیں ہوگی، وہ تا ابد جہنم میں رہیں گے۔

غرض جزاؤسزا کے چار مواطن ہیں ان میں سے ایک عالم برزخ (عالم قبر) بھی ہے اور اسی کا نام عذابِ قبر اور راحتِ قبر ہے۔

عذابِ قبر روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے:

اہل السنہ والجماعہ کا متفقہ عقیدہ ہے کہ عذابِ قبر روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے، حدیث شریف میں اس کی یہ تعبیر ہے کہ نیک بندے کی قبر چوڑی اور منور کردی جاتی ہے اور برے شخص کی قبر تنگ کی جاتی ہے، یہاں تک کہ اس کی پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں، معلوم ہوا کہ جسم کے اجزاء بھی عذاب ونعمت میں شریک ہوتے ہیں، اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ عذابِ قبر صرف روح کو ہوتا ہے وہ اہل السنہ والجماعہ کے اجماعی عقیدہ کے خلاف ہیں، اس لئے وہ گمراہ ہیں۔

اور اس بات کو اس طرح سمجھ سکتے ہیں کہ مرنے کے بعد بھی روح کا جسم کے ساتھ تعلق باقی رہتا ہے، البتہ وہ وہمی (حکمی) تعلق ہوتا ہے، اس وہمی تعلق کو ٹیلیفون کی مثال سے سمجھا جاسکتا ہے، فون اگر P.C.O ہے تو اس کا تعلق بستی کے ہر فون سے ہوتا ہے S.T.D ہے تو اس کا تعلق ملک کے ہر فون سے ہوتا ہے اور I.S.D ہے تو اس کا تعلق پوری دنیا کے فونوں

سے ہوتا ہے، یہ تعلق وہمی ہے اور شہر کے مرکز مواصلات سے فون کا تعلق تحقیقی ہے، پھر اس کے توسط سے دیگر فونوں کے ساتھ تحقیقی تعلق قائم ہوتا ہے، جب آپ کوئی نمبر ڈائل کرتے ہیں تو اگر آپ کے فون کا سامنے والے فون سے حکمی تعلق ہوتا ہے تو تحقیقی تعلق قائم ہوجاتا ہے اور گھنٹی بجنے لگتی ہے، ورنہ جواب ملتا ہے: ''آپ کے فون پر یہ سہولت نہیں'' اب آپ اس مثال سے یہ مضمون سمجھئے کہ قیامت کے دن جب دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا اور تمام روحیں اس دنیا میں واپس آئیں گی تو ہر روح اپنے جسم میں داخل ہوگی، کوئی روح دوسرے جسم میں داخل نہیں ہوگی، یہ ارواح کا اجسام سے تحقیقی تعلق ہے، اور تحقیقی تعلق فرع ہے حکمی تعلق کی، پس ماننا پڑے گا کہ برزخ کی زندگی میں روح کا جسم کے اجزاء کے ساتھ تعلق باقی رہتا ہے، اگر حکمی (وہمی) تعلق نہیں مانیں گے تو سوال پیدا ہوگا کہ ارواح اپنے اجسام کو کس طرح پہچانیں گی؟ اور وہ اپنے ہی اجسام میں کس تعلق کی بنا پر داخل ہونگی؟ اس طرح جسم کے اجزاء بھی جزاء وسزا میں روح کے ساتھ کسی درجہ میں شریک ہوتے ہیں۔

عذابِ قبر کا ذکر قرآن میں:

اور عذابِ قبر کا تذکرہ قرآن مجید میں بھی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں وہ آیات ذکر کی ہیں جن میں عذابِ قبر کا صاف تذکرہ ہے۔ اور وہ احادیثِ متواترہ سے بھی ثابت ہے اور تواتر کی چار قسمیں ہیں (۱)، چوتھی قسم تواتر قدر مشترک ہے، یعنی کوئی حقیقت اتنی مختلف سندوں سے مروی ہو جو موجب طمانینت ہو، جیسے معجزات کی روایات چار سو صحابہ سے مروی ہیں، جو الگ الگ واقعات ہیں مگر ان کا قدر مشترک یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم کے علاوہ دیگر معجزات بھی عنایات فرمائے تھے، یہ بات تواتر قدر مشترک سے ثابت ہے، اسی طرح بیشمار روایات میں عذابِ قبر کا ذکر آیا ہے۔ وہ روایات اگرچہ الگ الگ ہیں مگر ان کا قدر مشترک یہ ہے کہ قبر کا عذاب برحق ہے پس جو شخص عذابِ قبر کا انکار کرتا ہے وہ بددین گمراہ ہے۔

[۸۶-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ عَذَابِ الْقَبْرِ

[۱-] وَقَوْلُ اللّٰهِ: ﴿وَلَوْ تَرَى إِذِ الظَّالِمُوْنَ فِيْ غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلاَئِكَةُ بَاسِطُوْا أَيْدِيْهِمْ أَخْرِجُوْا أَنْفُسَكُمْ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ﴾ [الأنعام:۹۳] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْهُوْنُ هُوَ الْهَوَانُ، وَالْهَوْنُ: الرِّفْقُ.

(۱) تواتر کی چار قسمیں ہیں: (۱) تواتر اسناد: کسی حدیث کو شروع سے آخر تک اتنی بڑی جماعت روایت کرے جس کا جھوٹ پر اتفاق عادۃً محال ہو، جیسے ختم نبوت کی روایات۔ (۲) تواتر طبقہ: پوری امت کسی بات کو نقل کرتی چلی آئے جیسے قرآنِ کریم نقل ہوتا ہوا چلا آرہا ہے، اس تواتر کا درجہ قسم اول سے بڑھا ہوا ہے۔ (۳) تواتر تعامل وتوارث: کوئی عمل امت میں مسلسل چلا آرہا ہو جیسے تراویح کی بیس رکعتیں۔ (۴) تواتر قدر مشترک: کوئی حقیقت اتنی مختلف سندوں سے مروی ہو جو حد تواتر کو پہنچ جائے جیسے معجزات کی روایات۔

[۲-] وَقَوْلُهُ: ﴿سَنُعَذِّبُهُمْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ إِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ﴾[التوبة: ۱۰۱]

[۳-] وَقَوْلُهُ: ﴿وَحَاقَ بِآلِ فِرْعَوْنَ سُوْءُ الْعَذَابِ، النَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا، وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ: أَدْخِلُوْا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ﴾[المؤمن: ۴۵ و۴۶]

[۱۳۶۹-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا أُقْعِدَ الْمُؤْمِنُ فِيْ قَبْرِهِ، أُتِيَ، ثُمَّ شَهِدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ: ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِيْ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِيْ الآخِرَةِ﴾ [إبراهيم: ۲۷]

حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهٰذَا، وَزَادَ ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾ نَزَلَتْ فِيْ عَذَابِ الْقَبْرِ.[انظر: ۴۶۹۹]

وضاحت: قرآنِ کریم میں متعدد آیتیں عذابِ قبر کے تعلق سے ہیں۔امام بخاری رحمہ اللہ نے تین آیتیں ذکر کی ہیں، اورحدیثیں تو بہت ہیں،تقریباً دوصفحہ تک عذابِ قبر ہی کا مضمون چلے گا،البتہ امام صاحبؒ نے افادہ کے لئے نئے نئے ابواب بھی قائم کئے ہیں۔

پہلی آیت: سورۃ الانعام میں ارشادِ پاک ہے: اور اگر دیکھیں آپ جس وقت کفار موت کی سختیوں میں ہونگے اور فرشتے (جان نکالنے کے لئے) ان کی طرف اپنے ہاتھوں کو بڑھارہے ہونگے (اور مزید تشدید اوراظہارِغیظ کے لئے کہہ رہے ہوں گے) اپنی جانیں نکالو آج تم کو بدلہ میں ذلت کا عذاب ملے گا،یعنی سخت تکلیف کے ساتھ ذلت ورسوائی بھی ہوگی،یہی عذابِ قبر ہے —— امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:ھُون (بالضم) کے معنی ہیں:ھَوان: ذلت اوررسوائی،اور ھَون (بالفتح) کے معنی ہیں: نرمی،سورۂ فرقان میں ہے: ﴿وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا﴾: رحمان کے بندے وہ ہیں جوزمین پرنرمی سے یعنی دبے پاؤں چلتے ہیں،ان کی چال سے تواضع،متانت، خاکساری اورسنجیدگی ٹپکتی ہے،متکبرین کی طرح زمین پراکڑ کرنہیں چلتے۔

دوسری آیت: سورۃ التوبہ میں ارشاد پاک ہے:''عنقریب ہم ان (منافقین) کودومرتبہ سزادیں گے، پھروہ بھاری عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے'' —— یعنی آخرت کے عذاب سے پہلے اللہ تعالیٰ منافقین کودومرتبہ سزادیں گے،ایک دنیوی عذاب دوسرا قبر کا عذاب، پھر بھاری عذاب یعنی دوزخ کے عذاب میں پہنچائے جائیں گے —— دنیوی عذاب: ذلت ورسوائی ہے۔حدیث میں ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن منبرنبوی سے چھتیس آدمیوں کونام بنام پکارکرفرمایا:أُخرج فإنك منافق: دفع ہوجا،تومنافق ہے —— پھرموت کے بعدعذابِ قبرمیں مبتلا کئے جائیں گے —— پھراس کے بعد بڑا عذاب دوزخ تیار ہے۔

تیسری آیت: سورۃ المؤمن میں ارشادِ پاک ہے: ''اور گھیر لیا فرعونیوں کو برے عذاب نے، یعنی آگ: ان پر پیش کی جاتی ہے صبح وشام، اور جب قیامت قائم ہوگی تو حکم ہوگا: جھونکو فرعونیوں کو سخت عذاب میں —— فی الحال فرعونیوں کو صبح وشام جو جہنم پر پیش کیا جاتا ہے یہی عذابِ قبر ہے، پھر جب قیامت کا دن آئے گا تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دیں گے کہ ان کو جہنم میں جھونکو، یہ دوزخ کا عذاب ہے۔

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب مؤمن کو اس کی قبر میں بیٹھایا جاتا ہے تو وہ آیا جاتا ہے یعنی اس کے پاس فرشتے آتے ہیں، پھر وہ گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، پس یہی مراد ہے اللہ عزوجل کے اس قول کی: ''اللہ ثابت قدم رکھتا ہے ایمان والوں کو مضبوط کلمہ کے ذریعہ دنیوی زندگی میں اور اخروی زندگی میں'' —— اور محمد بن بشار کے طریق میں یہ اضافہ ہے کہ یہ آیت عذابِ قبر کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

تشریح:

۱- اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو پکی بات کے ذریعہ یعنی کلمہ طیبہ کی بدولت دنیا کی زندگی میں، قبر کی زندگی میں اور آخرت میں مضبوط رکھتے ہیں، خواہ دنیا میں کیسی ہی آفات وبلیات آئیں، کتنا ہی سخت امتحان ہو، مؤمن کلمہ طیبہ کی بدولت ثابت قدم رہتا ہے، اور قبر میں منکر ونکیر کے سوالوں کا صحیح جواب دیتا ہے، اور جب محشر کا ہولناک منظر ہوگا تو وہ کلمہ کی بدولت نہایت مطمئن ہوگا، اسے ادنی گھبراہٹ لاحق نہ ہوگی، پھر آخرت میں تو اس کے لئے جنت ہے ہی!

۲- حضرت براء رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث یہاں مختصر ہے، تفصیلی روایت مسند احمد اور ابو داؤد میں ہے۔ حضرت براءؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: مؤمن بندہ جب قبر میں دفن کیا جاتا ہے تو اس کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے دو فرشتے آتے ہیں، وہ اس کو بٹھاتے ہیں پھر اس سے پوچھتے ہیں: تیرا رب کون ہے؟ وہ جواب دیتا ہے: میرے پروردگار اللہ تعالیٰ ہیں، وہ دوسرا سوال کرتے ہیں: تیرا دین کیا ہے؟ وہ جواب دیتا ہے: میرا دین اسلام ہے، پھر وہ پوچھتے ہیں: یہ ذات جو تمہارے درمیان مبعوث کی گئی تھی اس کے بارے میں تیرا کیا خیال ہے؟ وہ کہتا ہے: وہ اللہ کے سچے رسول ہیں، اب فرشتے پوچھتے ہیں: یہ باتیں تجھے کس نے بتلائیں؟ وہ جواب دیتا ہے: میں نے اللہ تعالیٰ کی کتاب پڑھی، میں اس پر ایمان لایا، اور میں نے اس کی تصدیق کی، رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: مؤمن بندے کا یہی جواب ہے جس کے متعلق قرآن مجید میں ارشاد فرمایا گیا ہے: ''اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو پکی بات کے ذریعہ دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں مضبوط رکھتے ہیں''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پھر ایک ندا دینے والا آسمان سے ندا دیتا ہے: ''میرے بندے نے ٹھیک بات کہی اور صحیح جوابات دیئے، لہٰذا اس کے لئے جنت کا فرش بچھاؤ، اور اس کو جنت کا لباس پہناؤ، اور جنت کی طرف اس کے لئے ایک دروازہ کھول دو، چنانچہ وہ دروازہ کھول دیا جاتا ہے جس سے جنت کی خوشگوار ہوائیں اور بھینی بھینی خوشبوئیں آنے لگتی ہیں، اور

منتہائے نظر تک اس کے لئے قبر میں کشادگی کردی جاتی ہے۔

اور کافر (منافق) جب مرتا ہے اور عالم برزخ میں پہنچتا ہے تو اس کی روح اس کے جسم میں لوٹائی جاتی ہے اور اس کے پاس بھی دو فرشتے آتے ہیں، وہ اس کو بٹھاتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں: تیرا رب کون ہے؟ وہ کہتا ہے: ہا! ہا! میں کچھ نہیں جانتا، پھر فرشتے اس سے دوسرا سوال کرتے ہیں: تیرا دین کیا تھا؟ وہ کہتا ہے: ہا! ہا! میں کچھ نہیں جانتا، پھر فرشتے پوچھتے ہیں: یہ ہستی جو تمہارے درمیان مبعوث کی گئی تھی اس کے بارے میں تیرا کیا خیال ہے؟ اس کا جواب بھی وہ یہی دیتا ہے کہ ہا! ہا!! میں کچھ نہیں جانتا، پھر آسمان سے ایک ندا دینے والا اللہ تعالیٰ کی طرف سے پکارتا ہے کہ اس نے جھوٹ کہا (یعنی یہ جانتا سب کچھ ہے مگر چونکہ زندگی بھر منکر رہا ہے اس لئے اب اقرار کس منہ سے کرے!) اس کے لئے دوزخ کا فرش کرو، اور دوزخ کا اس کو لباس پہناؤ، اور اس کے لئے دوزخ کا ایک دروازہ کھول دو، رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: اس کو دوزخ کی گرمی اور آگ کی لپٹیں اور جھلسا دینے والی ہوائیں پہنچتی رہیں گی اور اس کی قبر نہایت تنگ کردی جائے گی جس کی وجہ سے اس کے سینہ کی پسلیاں ادھر سے اُدھر ہو جائیں گی، پھر اس کو عذاب دینے کے لئے ایک ایسا فرشتہ اس پر مسلط کیا جائے گا جو نہ کچھ دیکھے گا اور نہ کچھ سنے گا، اس کے پاس لوہے کا ایک ایسا گرز ہوگا کہ اس کی ایک چوٹ کسی پہاڑ پر ماری جائے تو وہ بھی مٹی کا ڈھیر ہو جائے وہ فرشتہ اس گرز سے اس کو مارے گا جس سے وہ اس طرح چیخے گا کہ اس کی چیخ جن وانس کے علاوہ مشرق ومغرب کے درمیان موجود ہر مخلوق سنے گی، وہ کافر ومنافق اس چوٹ سے خاک ہو جائے گا مگر فوراً ہی اس میں روح ڈال دی جائے گی (ہدایت القرآن پارہ ۱۳ص:۱۶۳) (کتاب السنۃ حدیث ۴۷۵۳ باب ۲۷)

۲- بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ قبر میں کافر سے سوال نہیں ہوگا، مرتے ہی اس پر عذاب شروع ہو جائے گا، کیونکہ حدیثوں میں لفظ منافق آیا ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ کافر سے بھی سوال ہوگا، شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے ذریعہ جو دین بھیجا ہے اگلی دنیا میں پہنچنے پر داخلہ امتحان ہوگا کہ آدمی اس دین کو لے کر آیا ہے یا تہی دست آیا ہے، پس ہر شخص سے سوال ہوگا۔

۳- کافر ومنافق کے پاس منکر ونکیر آئیں گے۔ منکَر کے معنی ہیں: انجانا اور نکیر: فعیل کا وزن ہے وہ بھی منکر (اسم مفعول) کے معنی میں ہے، اور منکر: وہ چیز ہے جسے دیکھ کر آدمی پریشان ہو جائے کہ کیا آفت آئی؟ اور نیک بندے کے پاس مُبَشِّر بشیر (خوش خبری دینے والے) آئیں گے، وہ نہایت خوبصورت ہونگے، ان کی ہیئت نہایت شاندار ہوگی، کالے، نیلگوں آنکھوں والے فرشتے صرف برے آدمی کے پاس آئیں گے۔

[۱۳۷۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، عَنْ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ نَافِعٌ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، أَخْبَرَهُ، قَالَ: اطَّلَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى أَهْلِ الْقَلِيْبِ، فَقَالَ: "وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَكُمْ رَبُّكُمْ حَقًّا؟" فَقِيْلَ لَهُ: أَ تَدْعُوْ أَمْوَاتًا! قَالَ: "مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ مِنْهُمْ، وَلٰكِنْ

لَایُجِیْبُوْنَ" [انظر: ٣٩٨٠، ٤٠٢٦]

[١٣٧١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنَّمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّهُمْ لَيَعْلَمُوْنَ الآنَ أَنَّ مَا كُنْتُ أَقُوْلُ لَهُمْ حَقٌّ" وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى﴾ [النمل: ٨٠] [انظر: ٣٩٧٩، ٣٩٨١]

حدیث (١): ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے کنویں والوں پر جھانکا، پس فرمایا: "کیا تم نے برحق پایا اس کو جس کا تم سے تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا؟" (یہی جزء باب سے متعلق ہے، یعنی میں جو کہا کرتا تھا کہ اگر اللہ کی وحدانیت اور میری رسالت کا اقرار نہیں کروگے تو مرتے ہی عذاب سے دوچار ہوؤ گے، سو عذاب شروع ہوا یا نہیں؟ یہی عذابِ قبر ہے) آپؐ سے عرض کیا گیا: کیا آپؐ بے جان لاشوں سے کلام فرمارہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: "نہیں ہو تم زیادہ سننے والے ان سے، مگر وہ جواب نہیں دیتے"

حدیث (٢): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے یہی فرمایا تھا کہ وہ یقیناً جانتے ہیں اب کہ جو بات میں ان سے کہا کرتا تھا وہ برحق ہے" اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "بیشک آپ مردوں کو سنا نہیں سکتے"

تشریح:

بدر کے مقتولین میں سے چوبیس سردارانِ قریش کی لاشوں کو آنحضور ﷺ نے ایک نہایت گندے کنویں میں ڈالنے کا حکم دیا تھا، اور باقی لاشوں کو اور جگہ دفن کیا گیا تھا، اور آپؐ کی عادت شریفہ تھی کہ جب آپؐ کسی قوم پر غلبہ پاتے تو تین دن وہاں قیام فرماتے، تاکہ زخمیوں کی مرہم پٹی ہوجائے، شہداء کو دفن کیا جائے، اور کافروں کی لاشیں ٹھکانے لگائی جائیں، اسی عادت کے مطابق جب تیسرا دن آیا تو آپؐ صحابہ کے ساتھ اس کنویں پر تشریف لے گئے، اور مقتولین کو نام بنام پکارا اور فرمایا: تم کو یہ اچھا نہ لگا کہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے، پس جس چیز کا ہمارے رب نے ہم سے وعدہ کیا تھا ہم نے اس کو سچا پایا، پس کیا تم نے بھی اپنے رب کے وعدہ کو برحق پایا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپؐ بے جان لاشوں سے کلام فرمارہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: میری بات تم ان لوگوں سے زیادہ نہیں سنتے یعنی جس طرح تم میری بات سن رہے ہو یہ بھی سن رہے ہیں۔ مگر وہ جواب نہیں دے سکتے۔

سماع موتی کا مسئلہ:

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ میت بات سنتی ہے، مگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس کا انکار کرتی تھیں۔ انھوں نے ابن عمرؓ کی مذکورہ حدیث پر نقد کیا ہے، وہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے قلیب بدر پر یہ فرمایا تھا کہ اب انھوں نے جان لیا کہ میری بات برحق تھی، اس کو ابن عمرؓ نے سننے سے تعبیر کردیا، یہ ان کا تسامح ہے، پھر انھوں نے سورۂ نمل کی آیت (٨٠) سے استدلال

کیا،اس میں اللہ تعالیٰ نے اسماع موتی (مردوں کوسنانے) کی نفی کی ہے۔
مگر صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جو نقد کیا ہے وہ صحیح نہیں، حدیث صحیح ہے، جمہور صحابہ وتابعین اسی کے قائل ہیں کہ میت فی الجملہ سنتی ہے، اور حضرت عائشہؓ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ آیتِ کریمہ میں اسماع (سنانے) کی نفی ہے، سماع (سننے) کی نفی نہیں ہے، یعنی مردے خود تو کچھ نہیں سن سکتے، مگر جب اللہ تعالیٰ سنانا چاہیں اور اس کو دنیا کی طرف متوجہ کردیں تو وہ سنتے ہیں۔
اور حدیث کو ابن عمرؓ کے علاوہ اور بھی صحابہ روایت کرتے ہیں اور سب سے تسامح ہوگیا ہو یہ بات بعید ہے، اور حدیث سماع موتی کے سلسلہ میں صریح ہے، اور اس کے علاوہ بھی متعدد احادیث سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے، مثلاً: قبرستان میں سلام کرنے کا حکم ہے اس کو مردے سنتے ہیں، جب لوگ تدفین سے فارغ ہوکر واپس لوٹتے ہیں تو مردہ جوتوں کی آواز سنتا ہے۔ جمہور صحابہ وتابعین کا یہی مسلک ہے کہ مردے فی الجملہ (کچھ نہ کچھ) سنتے ہیں، ورنہ مردوں کو سلام کرنا لغو عمل ہوجائے گا۔

[۱۳۷۲-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الأَشْعَثَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ یُهُوْدِیَّةً دَخَلَتْ عَلَیْهَا، فَذَكَرَتْ عَذَابَ الْقَبْرِ، فَقَالَتْ لَهَا: أَعَاذَكِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، فَسَأَلَتْ عَائِشَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، فَقَالَ: "نَعَمْ! عَذَابُ الْقَبْرِ" قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَا رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بَعْدُ صَلّٰی صَلَاةً إِلَّا تَعَوَّذَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، زَادَ غُنْدَرٌ "عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ" [راجع: ۱۰۴۹]

وضاحت: یہ حدیث ابواب الکسوف (باب ۷ تحفۃ القاری ۳:۳۸۱) میں گذر چکی ہے، ایک یہودی عورت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیک مانگنے کے لئے آئی، انھوں نے کچھ خیرات دی، اس نے دعا دی: "اللہ آپ کو قبر کے عذاب سے بچائے" حضرت عائشہؓ کو اس پر حیرت ہوئی، وہ عذابِ قبر کے بارے میں نہیں جانتی تھیں، جب نبی ﷺ تشریف لائے تو انھوں نے آپؐ سے دریافت کیا، آپؐ نے فرمایا: "ہاں! قبر کا عذاب"
اور غندر کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ قبر کا عذاب برحق ہے، یعنی عبدان کی روایت میں جملہ ناقص ہے، اور غندر کی روایت میں کامل ہے، حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: اس واقعہ کے بعد نبی ﷺ ہر نماز کے بعد عذابِ قبر سے پناہ مانگتے تھے، نبی ﷺ نے خیال فرمایا کہ جب آپؐ کے گھر والے اس بات کو نہیں جانتے تو عام لوگوں کا کیا حال ہوگا؟ چنانچہ آپؐ اس واقعہ کے بعد بکثرت عذابِ قبر سے پناہ مانگتے تھے، کیونکہ آپؐ کی دعائیں امت کی تعلیم کے لئے بھی ہوتی ہیں ——— اور فذكرت عذاب القبر: مجازی تعبیر ہے، واقعہ کی اصل صورت وہ ہے جو بیان کی گئی۔

[١٣٧٣-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِيْ بَكْرٍ، تَقُوْلُ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَطِيْبًا، فَذَكَرَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ الَّتِيْ يَفْتَتِنُ فِيْهَا الْمَرْءُ، فَلَمَّا ذَكَرَ ذٰلِكَ ضَجَّ الْمُسْلِمُوْنَ ضَجَّةً. [راجع: ٨٦]

وضاحت: یہ حدیث بھی کئی بار گذر چکی ہے (پہلی بار: تحفۃ القاری ۱:۳۶۶ میں آئی ہے) جب نبی ﷺ نے نماز کسوف کے بعد خطبہ دیا اس خطبہ میں یہ مضمون بیان فرمایا کہ قبر میں انسان کو آزمائشوں سے دوچار ہونا پڑے گا، صحابہ یہ مضمون سن کر دہاڑیں مار کر رونے لگے۔

[١٣٧٤-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّهُ حَدَّثَهُمْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا وُضِعَ فِيْ قَبْرِهِ، وَتَوَلّٰى عَنْهُ أَصْحَابُهُ، وَإِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ، أَتَاهُ مَلَكَانِ فَيُقْعِدَانِهِ فَيَقُوْلَانِ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ لِمُحَمَّدٍ؟ فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيَقُوْلُ: أَشْهَدُ أَنَّهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ، فَيُقَالُ لَهُ: انْظُرْ إِلٰى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ، قَدْ أَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهِ مَقْعَدًا مِنَ الْجَنَّةِ، فَيَرَاهُمَا جَمِيْعًا" قَالَ قَتَادَةُ: وَذُكِرَ لَنَا أَنَّهُ يُفْسَحُ لَهُ فِيْ قَبْرِهِ، ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى حَدِيْثِ أَنَسٍ، قَالَ:" وَأَمَّا الْمُنَافِقُ أَوْ: الْكَافِرُ، فَيُقَالُ لَهُ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُوْلُ: لَا أَدْرِيْ، كُنْتُ أَقُوْلُ مَا يَقُوْلُ النَّاسُ، فَيُقَالُ: لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ، وَيُضْرَبُ بِمَطَارِقَ مِنْ حَدِيْدٍ ضَرْبَةً، فَيَصِيْحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيْهِ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ" [راجع: ١٣٣٨]

وضاحت: یہ حدیث کتاب الجنائز باب ۶۷ میں گذر چکی ہے، اور یضرب بمطارق من حدید: باب سے متعلق ہے۔ اور یہاں یہ سوال نہیں ہونا چاہئے کہ بیک وقت ہزاروں آدمی مرتے ہیں، پس رسول اللہ ﷺ کو کہاں کہاں لے جائیں گے؟ اس لئے کہ اگلی دنیا میں آڑ اور پہاڑ نہیں، اور فاصلے بھی نہیں، ہر شخص اپنی جگہ سے آنحضور ﷺ کی زیارت کرے گا۔

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

قبر کے عذاب سے پناہ چاہنا

ابھی عذاب قبر سے متعلق احادیث چل رہی ہیں، اور حضرت رحمہ اللہ افادہ کے لئے نئے نئے ابواب قائم کر رہے ہیں۔ عذابِ قبر سے پناہ مانگنی چاہئے، اس کے دو فائدے ہیں: ایک: عذابِ قبر سے حفاظت ہوگی۔ دوم: عذاب قبر کا جو موجب (سبب) ہے یعنی سیئات (گناہ) ان سے بچیں گے، ظاہر ہے سیئات سے بچیں گے جبھی قبر کے عذاب سے بچیں گے۔

[۸۷-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

[۱۳۷۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَوْنُ بْنُ أَبِىْ جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ أَبِىْ أَيُّوْبَ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ وَجَبَتِ الشَّمْسُ، فَسَمِعَ صَوْتًا، فَقَالَ: "يَهُوْدُ تُعَذَّبُ فِىْ قُبُوْرِهَا"

وَقَالَ النَّضْرُ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْنٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِىْ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، عَنْ أَبِىْ أَيُّوْبَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۳۷۶-] حدثنا مُعَلًّى، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَتْنِىْ بِنْتُ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ، أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَتَعَوَّذُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. [انظر: ٦٣٦٤]

[۱۳۷۷-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْ: "اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ"

حدیث (۱): نبی ﷺ (مدینہ سے) نکلے، جبکہ سورج غروب ہو چکا تھا، آپؐ نے ایک آواز سنی پس فرمایا: "یہود اپنی قبروں میں عذاب دیئے جا رہے ہیں!" —— اس حدیث کو شعبہؒ سے نضر بن شمیل بھی روایت کرتے ہیں، اس میں عون کی اپنے والد ابوجحیفہؓ سے سماع کی صراحت ہے۔

حدیث (۲): خالد کی صاحبزادی سے مروی ہے: انھوں نے نبی ﷺ کو عذابِ قبر سے پناہ مانگتے ہوئے سنا۔

حدیث (۳): نبی ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے: "اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں قبر کے عذاب سے، جہنم کے عذاب سے، زندگی اور موت کی آزمائش سے اور دجال کی آزمائش سے"

تشریح: آنحضور ﷺ نے جو آواز سنی تھی اس کو صحابہ نے بھی سنا تھا، صحابہ نے اس سلسلہ میں دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: یہود کو ان کی قبروں میں عذاب ہو رہا ہے، پس عذابِ قبر ثابت ہوا، اسی مناسبت سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

بَابُ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْغِيْبَةِ وَالْبَوْلِ

غیبت اور پیشاب کی وجہ سے قبر کا عذاب

غیبت اور پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے بھی قبر میں عذاب ہوتا ہے، اور ان دو گناہوں میں حصر نہیں، یہ دو گناہ بطور مثال ہیں، ان کے علاوہ بھی گناہ ہیں، بلکہ سبھی گناہ عذابِ قبر کا سبب ہیں۔

[٨٨-] بَابُ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْغِيْبَةِ وَالْبَوْلِ

[١٣٧٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى قَبْرَيْنِ فَقَالَ: "إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ مِنْ كَبِيْرٍ" ثُمَّ قَالَ: "بَلٰى، أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ يَسْعَى بِالنَّمِيْمَةِ. وَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ لَا يَسْتَتِرُ مِنْ بَوْلِهِ" قَالَ: ثُمَّ أَخَذَ عُوْدًا رَطْبًا فَكَسَرَهُ بِاثْنَتَيْنِ، ثُمَّ غَرَزَ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى قَبْرٍ، ثُمَّ قَالَ: لَعَلَّهُ يُخَفَّفُ عَنْهُمَا مَالَمْ يَيْبَسَا"

[راجع: ٢١٦]

بَابُ الْمَيِّتِ يُعْرَضُ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ

مردے کے سامنے صبح وشام اس کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے

قبر میں راحت اور عذاب کی بے شمار شکلیں ہیں، ان میں سے ایک شکل یہ ہے کہ ہر شخص کو جنت یا جہنم میں اس کا جو ٹھکانہ ہے وہ صبح وشام دکھایا جاتا ہے۔

[٨٩-] بَابُ الْمَيِّتِ يُعْرَضُ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ

[١٣٧٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا مَاتَ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ، إِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَيُقَالُ: هٰذَا مَقْعَدُكَ حَتّٰى يَبْعَثَكَ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" [انظر: ٣٢٤٠، ٦٥١٥]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "جب تم میں سے کوئی شخص مرتا ہے تو اس پر صبح وشام اس کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے، اگر وہ جنتیوں میں سے ہوتا ہے تو جنت کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے اور اگر جہنمیوں میں سے ہوتا ہے تو جہنم کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے، پھر کہا جاتا ہے: یہ تیرا ٹھکانہ ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تجھے قیامت کے دن اٹھائیں یعنی اس وقت تو اپنے اس ٹھکانے میں پہنچے گا۔

بَابُ كَلَامِ الْمَيِّتِ عَلَى الْجَنَازَةِ

جنازے پر مردے کا بات کرنا

یہ عذابِ قبر کے سلسلہ کا آخری باب ہے، جب جنازہ چارپائی وغیرہ پر رکھ دیا جاتا ہے اور لوگ اس کو اٹھا کر لے چلتے

ہیں تو اگر وہ نیک ہوتا ہے تو کہتا ہے: مجھے جلدی لے چلو، اسے قبر کی راحتوں کا انتظار ہے، اور میت بری ہوتی تو کہتی ہے: ہائے اس کی بدنصیبی! اسے کہاں لے جارہے ہو، اسے بھی اپنا انجام (عذابِ قبر) نظر آرہا ہے، اسی مناسبت سے یہ باب اور یہ حدیث لائے ہیں............ اور میت حقیقتاً کلام کرتی ہے، مجاز نہیں ہے، تفصیل کتاب الجنائز باب ۵۰ میں گذر چکی ہے۔

[۹۰-] بَابُ كَلَامِ الْمَيِّتِ عَلَى الْجَنَازَةِ

[۱۳۸۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ، فَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلٰى أَعْنَاقِهِمْ، فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُوْنِيْ! قَدِّمُوْنِيْ! وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ، قَالَتْ: يَا وَيْلَهَا! أَيْنَ تَذْهَبُوْنَ بِهَا؟ يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْئٍ إِلَّا الإِنْسَانُ، وَلَوْ سَمِعَهَا الإِنْسَانُ لَصَعِقَ" [راجع: ۱۳۱۴]

بَابُ مَا قِيْلَ فِيْ أَوْلَادِ الْمُسْلِمِيْنَ

مسلمانوں کے نابالغ بچوں کا حکم

جو بچہ نابالغی کے زمانہ میں مرگیا، اگر وہ مسلمان کا بچہ ہے تو اس کے بارے میں تقریباً اتفاق ہے کہ وہ جنتی ہوگا، اور اطفالِ مشرکین کے بارے میں اختلاف ہے، جو اگلے باب میں آرہا ہے۔

[۹۱-] بَابُ مَا قِيْلَ فِيْ أَوْلَادِ الْمُسْلِمِيْنَ

وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ مَاتَ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ، لَمْ يَبْلُغُوْا الْحِنْثَ، كَانَ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ" أَوْ:" دَخَلَ الْجَنَّةَ"

[۱۳۸۱-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا مِنَ النَّاسِ مُسْلِمٌ، يَمُوْتُ لَهُ ثَلَاثَةٌ، لَمْ يَبْلُغُوْا الْحِنْثَ، إِلَّا أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ"[راجع: ۱۲۴۸]

[۱۳۸۲-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّهُ سَمِعَ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ إِبْرَاهِيْمُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ لَهُ مُرْضِعًا فِي الْجَنَّةِ"

[انظر: ۳۲۵۵، ۶۱۹۵]

وضاحت: حضرت ابو ہریرہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کی حدیثیں گذر چکی ہیں (حدیث ۱۲۵۱ و ۱۲۴۸) اور استدلال

بفضل رحمته إیاھم سے ہے، رحمته کی ضمیر اللہ کی طرف لوٹ رہی ہے، اور إیاھم کی ضمیر فوت ہونے والے بچوں کی طرف، بچوں پر اللہ کی خصوصی مہربانی ہے، اور اس مہربانی کا اثر والدین کو بھی پہنچتا ہے، چنانچہ اس خصوصی مہربانی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ والدین کو بھی جنت میں داخل کریں گے، پس بچوں کو بدرجہ اولیٰ جنت میں داخل کریں گے، اس طرح ان حدیثوں سے استدلال ہے، اور جب صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کے لئے جنت میں انا (دودھ پلانے والی) کا انتظام کیا ہے —— معلوم ہوا کہ مسلمانوں کے بچے جنت میں جائیں گے، اور اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حضرت ابراہیمؓ جنت میں بھی بچے ہی رہیں گے، عالم برزخ کے لئے یہ تعبیر اختیار کی گئی ہے، اور دودھ پلانے والی کا انتظام نبی ﷺ کے اعزاز واکرام کے طور پر کیا گیا ہے، ورنہ بچہ کو اس کی حاجت نہیں۔

بَابُ مَا قِيْلَ فِيْ أَوْلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ

مشرکوں کی نابالغ اولاد کا حکم

اگر ماں باپ دونوں یا کوئی ایک مسلمان ہے تو ان کے بچے ذراری المسلمین (مسلمان کی اولاد) ہیں اور ان کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں، وہ جنت میں جائیں گے، اور اگر ماں باپ دونوں کافر ہیں تو وہ بچے ذراری المشرکین ہیں اور ان کے بارے میں چند قول ہیں، جو درج ذیل ہیں:

۱- وہ دوزخی ہونگے، یہ مذہب بین البطلان ہے، کیونکہ سلف کا اجماع ہے کہ عمل بد کے بغیر عذاب نہیں ہوتا۔

۲- وہ اعراف میں رہیں گے، وہاں ان کو نہ عذاب ہوگا نہ راحت پہنچے گی، یہ قول بھی صحیح نہیں، کیونکہ اعراف ہمیشہ رہنے کی جگہ نہیں۔

۳- ان کا آخرت میں امتحان ہوگا، جیسے اصحاب فترت اور پاگلوں کا امتحان ہوگا، جو کامیاب ہونگے جنت میں جائیں گے اور جو ناکام ہونگے جہنم میں جائیں گے، یہ قول بھی صحیح نہیں، کیونکہ آخرت دار جزاء ہے دار تکلیف نہیں۔

۴- ایک رائے یہ ہے کہ وہ اہل جنت کے خدام ہونگے، مگر اس قول کی مرفوع حدیث سے کوئی دلیل نہیں، اور قرآنِ کریم میں دوجگہ ﴿وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ﴾ آیا ہے وہ لڑکے جنت کی مخلوق ہونگے۔

۵- غیر مسلموں کے بچے بھی جنتی ہونگے، یہ امام ابوالحسن اشعری رحمہ اللہ کا قول ہے۔

۶- اور ایک رائے یہ ہے کہ اطفال مشرکین کے بارے میں توقف کیا جائے، توقف کے دو معنی ہیں: کسی چیز کے بارے میں علم نہ ہونا، یا حکم نہ لگا سکنا، یعنی سکوت اختیار کرنا، دوسرے: کسی چیز پر کوئی کلی حکم نہ لگانا، اطفال کے مسئلہ میں توقف بالمعنی الثانی ہے، یعنی نہ ہم سب کو ناجی کہتے ہیں نہ ناری، کون ناجی ہوگا اور کون ناری؟ اس کی تعیین اللہ کے حوالے ہے۔

امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور سفیان ثوری رحمہم اللہ وغیرہ بہت سے اکابر کا مسلک توقف کا ہے، کیونکہ اس مسئلہ

میں حدیثیں مختلف ہیں، اور نسخ یعنی تقدیم وتاخیر کا کوئی قرینہ نہیں، اور سند کے اعتبار سے قوی اللہ أَعْلم بما کانوا عاملین بہ ہے جو توقف پر دلالت کرتی ہے، پس یہی قول راجح ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۳:۹۰)

[۹۲-] بَابُ مَا قِيْلَ فِيْ أَوْلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ

[۱۳۸۳-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَوْلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ؟ فَقَالَ: " اللّٰهُ إِذْ خَلَقَهُمْ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ" [انظر: ٦٥٩٧]

[۱۳۸٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ اللَّيْثِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذَرَارِي الْمُشْرِكِيْنَ؟ فَقَالَ: "اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ" [انظر: ٦٥٩٨، ٦٦٠٠]

[۱۳۸٥-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، أَوْ يُنَصِّرَانِهِ، أَوْ يُمَجِّسَانِهِ، كَمَثَلِ الْبَهِيْمَةِ تُنْتِجُ الْبَهِيْمَةَ، هَلْ تَرَى فِيْهَا جَدْعَاءَ؟"

[راجع: ١٣٥٨]

حدیث (۱): نبی ﷺ سے مشرکین کی اولاد کے بارے میں پوچھا گیا: آپؐ نے فرمایا: "جب اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کیا تھا اس وقت وہ خوب جانتے تھے کہ وہ کیا کرنے والے ہیں" یعنی ان کے بارے میں علم الٰہی کے مطابق فیصلہ ہوگا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ سے مشرکین کی اولاد کے بارے میں پوچھا گیا: آپؐ نے فرمایا: "وہ جو کچھ کرنے والے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ باخبر ہیں" (یہ روایت پہلی روایت کے ہم معنی ہے)

تشریح: اطفالِ مشرکین کے بارے میں روایات مختلف ہیں اور سب سے قوی یہ روایت ہے، اور یہ توقف پر دلالت کرتی ہے، چنانچہ جمہور کا یہی مسلک ہے کہ ذراری مشرکین کے بارے میں توقف کیا جائے، یعنی اس کا فیصلہ اللہ کے حوالہ کردیا جائے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی اسی مذہب کو اختیار کیا ہے، چنانچہ آپ نے بھی کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

احکام شرعیہ میں توقف کی وجوہ:

اور احکام شرعیہ میں توقف کی وجہ صرف یہی نہیں ہوتی کہ اس کے بارے میں وحی نازل نہیں ہوئی بلکہ توقف کی اور بھی وجوہ ہوتی ہیں، مثلاً:

۱- کسی حکم کا کوئی واضح قرینہ موجود نہیں ہوتا اس لئے توقف کیا جاتا ہے۔

۲-کسی حکم کی وضاحت ضروری نہیں ہوتی اس لئے بات مبہم رکھی جاتی ہے۔
۳-کوئی حکم دقیق ہوتا ہے مخاطبین میں اس کے فہم کی صلاحیت نہیں ہوتی اس لئے توقف کیا جاتا ہے۔

اور حدیث (۳) کتاب الجنائز باب ۹۷ میں گذر چکی ہے، اس حدیث سے بھی کوئی فیصلہ کرنا مشکل ہے، اس لئے کہ اول سے کچھ سمجھ میں آتا ہے اور آخر سے کچھ، حدیث کے آخر سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ مشرکین کے بچے جہنم میں جائیں گے، کیونکہ بچہ بڑا ہوکر جو یہودی، عیسائی یا ہندو وغیرہ بنتا ہے وہ کافر ماں باپ کے گھر میں پلنے کی وجہ سے بنتا ہے پھر جہنم میں جاتا ہے پس جو بچپن میں مر گیا وہ بھی جہنم میں جائے گا، اور حدیث شریف کے اول سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ مشرکین کے بچے جنت میں جائیں گے کیونکہ ہر بچہ فطرت (اسلام) پر پیدا ہوتا ہے، پس مشرکین کے بچے بھی جنت میں جائیں گے۔

اور بہت سے مسائل ہیں جن میں جمہور نے توقف کیا ہے، مثلاً: آنحضور ﷺ کے والدین کے ایمان کا مسئلہ، یزید کے ناری یا ناجی ہونے کا مسئلہ، ان مسائل میں بھی توقف کیا گیا ہے، کیونکہ دلائل متعارض ہیں، علاوہ ازیں ان پر کوئی حکم شرعی موقوف نہیں، پس فیصلہ کی ضرورت نہیں۔ واللہ اعلم

بَابٌ

سب بچے ابراہیم علیہ السلام کے پاس ہیں

اس باب میں جو روایت ہے وہ گذشتہ باب ہی سے متعلق ہے، ابوذر کے نسخہ میں یہ باب نہیں ہے اور روایت طویل ہے اس لئے قارئین کی سہولت کے لئے چند ٹکڑوں میں لکھی جاتی ہے، اور استدلال: والصبیانُ حولَه فأولادُ الناس سے ہے، اولاد الناس عام ہے، اس میں مشرکین کے بچے بھی شامل ہیں اور سب ابراہیم علیہ السلام کے پاس ہیں، پس سب بچے جنتی ہوں گے۔

[۹۳-] بَابٌ

[۱۳۸۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، هُوَ ابْنُ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا صَلَّى صَلاَةً أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: "مَنْ رَأَى مِنْكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا؟" قَالَ: فَإِنْ رَأَى أَحَدٌ قَصَّهَا، فَيَقُوْلُ: مَاشَاءَ اللّٰهُ، فَسَأَلَنَا يَوْمًا، فَقَالَ: "هَلْ رَأَى مِنْكُمْ أَحَدٌ رُؤْيَا؟" قُلْنَا: لاَ، قَالَ: "لٰكِنِّىْ رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِىْ، فَأَخَذَا بِيَدِىْ، فَأَخْرَجَانِىْ إِلٰى أَرْضٍ مُقَدَّسَةٍ، فَإِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَرَجُلٌ قَائِمٌ، بِيَدِهِ كَلُّوْبٌ مِنْ حَدِيْدٍ - قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا عَنْ مُوْسٰى: كُلَّابٌ مِنْ حَدِيْدٍ- يُدْخِلُهُ فِىْ شِدْقِهِ حَتّٰى يَبْلُغَ قَفَاهُ، ثُمَّ يَفْعَلُ بِشِدْقِهِ الآخَرِ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَيَلْتَئِمُ شِدْقُهُ هٰذَا، فَيَعُوْدُ فَيَصْنَعُ مِثْلَهُ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ قَالاَ: انْطَلِقْ.

ترجمہ: حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کوئی نماز (فجر کی) پڑھاتے تھے تو (نماز کے بعد) اپنے چہرے کے ذریعہ ہماری طرف متوجہ ہوتے تھے، یعنی لوگوں کی طرف گھوم کر بیٹھتے تھے، پھر پوچھتے تھے: ''آج رات تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟'' اگر کسی نے کوئی خواب دیکھا ہوتا تو وہ بیان کرتا اور آپؐ فرماتے جو اللہ چاہتے یعنی خواب بشارت ہوتا تو بشارت سناتے، اور شیطان کا ڈراوا ہوتا تو اس کا علاج بتاتے، پس آپؐ نے ایک دن ہم سے پوچھا: آپؐ نے فرمایا: کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ ہم نے کہا: نہیں آپؐ نے فرمایا: لیکن میں نے آج رات دیکھا: دو شخص میرے پاس آئے پس انھوں نے میرا ہاتھ پکڑا، اور مجھے پاکیزہ سرزمین کی طرف لے چلے، پس اچانک ایک شخص بیٹھا ہوا ہے اور دوسرا کھڑا ہے، اس کے ہاتھ میں لوہے کا آنکڑا ہے —— امام بخاریؒ کہتے ہیں: ہمارے بعض ساتھیوں نے موسیٰ بن اسماعیل سے روایت کرتے ہوئے کَلُّوْب کی جگہ کُلاَّب کہا ہے، دونوں کے معنی ہیں: لوہے کا آنکڑا جیسا بوریاں اٹھانے والوں کے پاس ہوتا ہے —— وہ اس آنکڑے کو اس (بیٹھے ہوئے شخص) کے جبڑے میں گھساتا ہے (جہاں دونوں ہونٹ ملتے ہیں اس کو شدق کہتے ہیں) یہاں تک کہ وہ گدی تک پہنچ جاتا ہے، یعنی گدی تک جبڑا چیر دیتا ہے، پھر وہ دوسرے جبڑے کے ساتھ بھی یہی معاملہ کرتا ہے اور اس کا یہ جبڑا مل جاتا ہے، یعنی جتنی دیر میں دوسرا جبڑا چیرتا ہے پہلا جبڑا درست ہوجاتا ہے، پھر وہ لوٹتا ہے اور اسی طرح کرتا ہے یعنی دوبارہ پہلا جبڑا چیرتا ہے اور اتنی دیر میں دوسرا جبڑا درست ہوجاتا ہے، پھر وہ اس کو چیرتا ہے اور یہ عمل برابر جاری رہتا ہے، میں نے پوچھا: یہ کیا ماجرا ہے؟ دونوں نے کہا: آگے چلئے:

فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى أَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ عَلٰى قَفَاهُ، وَرَجُلٌ قَائِمٌ عَلٰى رَأْسِهِ بِفِهْرٍ أَوْ: صَخْرَةٍ، فَيَشْدَخُ بِهِ رَأْسَهُ، فَإِذَا ضَرَبَهُ تَدَهْدَهَ الْحَجَرُ، فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ لِيَأْخُذَهُ، فَلَا يَرْجِعُ إِلٰى هٰذَا حَتّٰى يَلْتَئِمَ رَأْسُهُ، وَعَادَ رَأْسُهُ كَمَا هُوَ، فَعَادَ إِلَيْهِ فَضَرَبَهُ، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَا: انْطَلِقْ.

فَانْطَلَقْنَا إِلٰى نَقْبٍ مِثْلِ التَّنُّوْرِ، أَعْلَاهُ ضَيِّقٌ وَأَسْفَلُهُ وَاسِعٌ، تَتَوَقَّدُ تَحْتَهُ نَارٌ، فَإِذَا اقْتَرَبَ ارْتَفَعُوْا حَتّٰى كَادُوْا يَخْرُجُوْنَ، فَإِذَا خَمَدَتْ رَجَعُوْا فِيْهَا، وَفِيْهَا رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَا: انْطَلِقْ!

پس ہم چلے، یہاں تک کہ ایک ایسے شخص کے پاس پہنچے جو گدی کے بل یعنی چت لیٹا ہوا ہے، اور دوسرا شخص اس کے پاس بڑا پتھر لے کر کھڑا ہے، اس پتھر سے وہ اس کا سر کچلتا ہے، جب وہ اس کو پتھر مارتا ہے تو پتھر لڑھک کر دور چلا جاتا ہے، پھر وہ اس پتھر کو اٹھانے کے لئے جاتا ہے، ابھی وہ پتھر اٹھا کر واپس نہیں آتا کہ اس کا سر جڑ جاتا ہے، اور اس کا سر پہلے کی طرح ہوجاتا ہے، پس وہ لوٹتا ہے اور اس کو دوبارہ مارتا ہے، میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ دونوں نے کہا: آگے چلئے۔

پس ہم چلے ایک تندور جیسے سوراخ کی طرف، جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ تھا، اس کے نیچے آگ جل رہی تھی،

پس جب آگ تندور کے کنارے تک پہنچتی تو وہ لوگ اوپر اٹھتے، یہاں تک کہ نکلنے کے قریب ہوجاتے، پھر جب آگ دھیمی پڑتی تو وہ لوگ اس میں لوٹ جاتے، یعنی تہ میں بیٹھ جاتے اور اس میں ننگے مرد اور عورتیں تھیں، میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ انھوں نے کہا: آگے چلئے۔

لغات: فِهر: دواء وغیرہ پیسنے کا پتھر، ج: أفهار، فُهور .... صخرة: بڑا پتھر، چٹان، ج: صَخْر وصخرات ...... شَدَخَ الرأسَ (ف) شَدْخًا: سر توڑنا، کچلنا......... تَدَهْدَهَ الحجرُ: لڑھکنا، دَهْدَهَ الحجرَ: لڑھکانا۔

فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى أَتَيْنَا عَلٰى نَهْرٍ مِنْ دَمٍ، فِيْهِ رَجُلٌ قَائِمٌ، وَعَلٰى وَسْطِ النَّهْرِ – قَالَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، وَوَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ: وَعَلٰى شَطِّ النَّهْرِ – رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ، فَأَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِيْ فِيْ النَّهْرِ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ رَمَاهُ الرَّجُلُ بِحَجَرٍ فِيْ فِيْهِ، فَرَدَّهُ حَيْثُ كَانَ، فَجَعَلَ كُلَّمَا جَاءَ لِيَخْرُجَ رَمَى فِيْ فِيْهِ بِحَجَرٍ، فَيَرْجِعُ كَمَا كَانَ. فَقُلْتُ مَا هٰذَا؟ قَالَا: انْطَلِقْ.

فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى أَتَيْنَا إِلٰى رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ، فِيْهَا شَجَرَةٌ عَظِيْمَةٌ، وَفِيْ أَصْلِهَا شَيْخٌ وَصِبْيَانٌ، وَإِذَا رَجُلٌ قَرِيْبٌ مِنَ الشَّجَرَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ يُوْقِدُهَا، فَصَعِدَا بِيْ فِيْ الشَّجَرَةِ، فَأَدْخَلَانِيْ دَارًا لَمْ أَرَ قَطُّ أَحْسَنَ وَأَفْضَلَ مِنْهَا، فِيْهَا رِجَالٌ شُيُوْخٌ وَشَبَابٌ وَنِسَاءٌ وَصِبْيَانٌ، ثُمَّ أَخْرَجَانِيْ مِنْهَا، فَصَعِدَا بِيْ الشَّجَرَةَ، فَأَدْخَلَانِيْ دَارًا هِيَ أَحْسَنُ وَأَفْضَلُ، فِيْهَا شُيُوْخٌ وَشَبَابٌ.

پس ہم چلے، یہاں تک کہ ہم خون کی ایک نہر پر پہنچے، اس میں ایک شخص کھڑا تھا، اور نہر کے بیچ میں ـــــ یزید بن ہارون اور وہب بن جریر نے جریر بن حازم سے وعلی شطّ النهر کہا ہے یعنی نہر کے ساحل پر ـــــ ایک شخص کھڑا تھا، اس کے سامنے پتھر تھے، پس وہ شخص جو نہر کے اندر تھا آگے بڑھا پس جب اس نے نکلنے کا ارادہ کیا تو اس شخص نے (جو ساحل پر تھا) اس کے منہ پر ایک پتھر دے مارا، اور وہ جہاں تھا وہیں اس کو لوٹا دیا، پس جب بھی وہ چاہتا کہ نہر سے نکلے تو وہ اس کے منہ پر پتھر مارتا تھا، اور وہ لوٹ کر اپنی جگہ پہنچ جاتا تھا، میں نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا: آگے چلئے:

پس ہم چلے، یہاں تک کہ ایک ہرے بھرے باغ میں پہنچے، اس باغ میں ایک بڑا درخت تھا، اور اس درخت کی جڑ میں ایک بڑے میاں اور بچے تھے (وہ انسانوں کے بچے تھے، یہی جزء باب سے متعلق ہے) اور اچانک ایک آدمی درخت کے قریب آگ سلگا رہا ہے، پس وہ دونوں مجھے درخت پر لے کر چڑھے، اور ایک ایسے گھر میں داخل کیا کہ میں نے اس سے اچھا اور عمدہ گھر کبھی نہیں دیکھا، اس گھر میں بوڑھے مرد جوان، عورتیں اور بچے تھے (یہاں بھی 'بچے' عام ہے، اور یہ گھر عام مؤمنین کا تھا) پھر وہ دونوں مجھے اس گھر سے باہر لائے اور مجھے لے کر ایک دوسرے درخت پر چڑھے، پس مجھے ایک دوسرے گھر میں لے گئے جو پہلے گھر سے بھی اچھا اور عمدہ تھا اور اس میں بھی بوڑھے اور جوان تھے (یہ شہداء کا گھر تھا، اور جہاد میں عورتیں

اور بچے شریک نہیں ہوتے، اس لئے وہ نہیں تھے)

قُلْتُ: طَوَّفْتُمَانِیْ اللَّيْلَةَ، فَأَخْبِرَانِیْ عَمَّا رَأَيْتُ، قَالَا: نَعَمْ:
[۱-] أَمَّا الَّذِیْ رَأَيْتَهُ يُشَقُّ شِدْقُهُ فَكَذَّابٌ، يُحَدِّثُ بِالْكِذْبَةِ، فَتُحْمَلُ عَنْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ الْآفَاقَ، فَيُصْنَعُ بِهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.
[۲-] وَالَّذِیْ رَأَيْتَهُ يُشْدَخُ رَأْسُهُ، فَرَجُلٌ عَلَّمَهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ، فَنَامَ عَنْهُ بِاللَّيْلِ، وَلَمْ يَعْمَلْ فِيْهِ بِالنَّهَارِ، يُفْعَلُ بِهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.
[۳-] وَالَّذِیْ رَأَيْتَهُ فِیْ النَّقْبِ، فَهُمُ الزُّنَاةُ.
[٤-] وَالَّذِیْ رَأَيْتَهُ فِیْ النَّهْرِ: آكِلُوْ الرِّبَا.
[٥-] وَالشَّيْخُ الَّذِیْ فِیْ أَصْلِ الشَّجَرَةِ: إِبْرَاهِيْمُ، وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهُ فَأَوْلَادُ النَّاسِ، وَالَّذِیْ يُوْقِدُ النَّارَ مَالِكٌ خَازِنُ النَّارِ، وَالدَّارُ الْأُوْلٰى الَّتِیْ دَخَلْتَ دَارُ عَامَّةِ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَأَمَّا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ، وَأَنَا جِبْرَئِيْلُ، وَهٰذَا مِيْكَائِيْلُ، فَارْفَعْ رَأْسَكَ، فَرَفَعْتُ رَأْسِیْ، فَإِذَا فَوْقِیْ مِثْلُ السَّحَابِ، قَالَا: ذٰلِكَ مَنْزِلُكَ، فَقُلْتُ: دَعَانِیْ أَدْخُلْ مَنْزِلِیْ، قَالَا: إِنَّهُ بَقِیَ لَكَ عُمْرٌ لَمْ تَسْتَكْمِلْهُ، فَلَوِ اسْتَكْمَلْتَ أَتَيْتَ مَنْزِلَكَ.
[راجع: ۸٤٥]

میں نے پوچھا: آپ دونوں نے مجھے رات بھر گھمایا، پس مجھے بتلاؤ وہ جو میں نے دیکھا، انھوں نے کہا: ہاں:

۱- رہا وہ جس کو آپ نے دیکھا کہ اس کا جبڑا چیرا جارہا ہے وہ مہا جھوٹا ہے، جھوٹی بات بیان کرتا ہے، پس وہ اس سے اٹھائی جاتی ہے یہاں تک کہ دنیا کے کناروں میں پہنچ جاتی ہے، پس قیامت تک اس کے ساتھ یہی معاملہ کیا جائے گا۔

۲- اور وہ جس کو آپ نے دیکھا کہ اس کا سر پھوڑا جارہا ہے وہ وہ شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کا علم دیا، لیکن وہ رات میں سوتا رہا اور دن میں اس پر عمل نہیں کیا، اس کو قیامت تک یہی سزا ملتی رہے گی۔

۳- اور وہ جن کو آپ نے سوراخ میں دیکھا وہ زناکار مرد وزن ہیں۔

۴- اور وہ جس کو آپ نے نہر میں دیکھا وہ سود خور ہیں۔

۵- اور وہ بوڑھے آدمی جو درخت کی جڑ میں بیٹھے ہوئے ہیں: وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں، اور ان کے ارد گرد جو بچے ہیں وہ انسانوں کے بچے ہیں، اور جو آگ سلگا رہا ہے وہ جہنم کا داروغہ مالک ہے، اور پہلا گھر جس میں آپؐ گئے وہ عام مسلمانوں کا گھر ہے، اور رہا یہ گھر پس یہ شہداء کا گھر ہے، اور میں جبرئیل ہوں اور یہ میکائیل ہیں، اب آپؐ اپنا سر اٹھائیے، پس میں نے اپنا سر اٹھایا تو اچانک میرے اوپر بادل کی طرح کچھ ہے، دونوں نے کہا: یہ آپؐ کا گھر ہے، میں نے کہا: مجھے

موقع دو کہ میں اپنے گھر میں جاؤں، انھوں نے کہا: ابھی آپؐ کی وہ عمر باقی ہے جو آپؐ نے پوری نہیں کی، پس جب آپ اپنی عمر پوری کرلیں گے تو آپؐ اپنے گھر میں پہنچیں گے۔

تشریح: آنحضور ﷺ کو بڑی معراج کے علاوہ پانچ منامی معراجیں بھی ہوئی ہیں، ان میں سے یہ ایک معراج کا واقعہ ہے، اور آنحضور ﷺ جس ہرے بھرے باغ میں تشریف لے گئے تھے وہ جنت تھی، پھر جس مکان میں گئے تھے وہ جنت کا مکان تھا، اور دونوں جگہ آپؐ نے جو بچے دیکھے، وہ مسلمانوں کے بچے تھے، ایسی کوئی صراحت نہیں، حدیث مطلق ہے، وہ انسانوں کے بچے تھے، معلوم ہوا کہ بچے خواہ مسلمانوں کے ہوں یا مشرکین کے جنت میں جائیں گے، اسی مناسبت سے حضرت نے یہ حدیث یہاں ذکر کی ہے۔

بَابُ مَوْتِ يَوْمِ الِاثْنَيْنِ

پیر کے دن کی موت

پیر کے دن مرنے کی فضیلت میں کوئی صریح روایت نہیں، اس کی فضیلت مستنبط ہے، اور جمعہ کے دن مرنے کی فضیلت میں صریح روایتیں ہیں، مگر سب ضعیف ہیں، مگر فضائل میں ضعیف روایتیں معتبر ہیں، یہ بات علامہ کشمیری قدس سرہ نے العرف الشذی میں بیان فرمائی ہے (ترمذی کتاب الجنائز باب ۷۲) اور جمعہ کے دن مرنے کی جو فضیلت ہے وہ اس شخص کے لئے ہے جس کی جمعہ کی رات میں یا جمعہ کے دن میں وفات ہوئی ہو، جو شخص جمعرات میں مرا اور جمعہ کی رات میں یا دن میں دفن ہوا اس کے لئے وہ فضیلت نہیں۔

غرض جمعہ کے دن کی موت کی فضیلت میں جو روایتیں ہیں وہ ضعیف ہیں، بخاری میں لانے کے قابل نہیں، اور پیر کے دن مرنے کی فضیلت کی روایت اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، مگر وہ صریح نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کی وفات کے لئے پیر کا دن منتخب فرمایا، اس سے پیر کے دن مرنے کی فضیلت نکلتی ہے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے بھی اس کی تمنا کی تھی، چنانچہ ان کا انتقال پیر کا دن گذرتے ہی ہوا اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا بھی پیر کے دن انتقال ہوا، اور واقعات سے بھی زمانہ میں برکت اور فضیلت پیدا ہوتی ہے، جمعہ کے دن کو فضیلت اسی لئے حاصل ہے کہ اس دن میں گذشتہ زمانہ میں تین اہم واقعات پیش آئے ہیں اور جس دن میں کوئی اہم واقعہ پیش آتا ہے اس دن کو خصوصیت حاصل ہوجاتی ہے، جیسے ۲۶ جنوری کو ہندوستان کی آزادی کا معاہدہ ہوا، اور ۱۵ اگست کو آزادی ملی اس لئے ہندوستان میں ان دونوں دنوں کی اہمیت ہے اور مستقبل میں جمعہ کے دن میں ایک اہم واقعہ پیش آنے والا ہے اس وجہ سے بھی جمعہ کے دن میں فضیلت پیدا ہوئی ہے، اور ایک خصوصیت (ساعتِ مرجوّہ) بالفعل ہر جمعہ کے دن میں پائی جاتی ہے جو دوسرے چھ دنوں میں نہیں پائی جاتی اس وجہ سے بھی جمعہ کے دن کو فضیلت حاصل ہوئی ہے ــــــ (۱) حضرت آدم

علیہ السلام جمعہ کے دن پیدا کئے گئے (۲) اور جمعہ ہی کے دن جنت میں داخل کئے گئے (۳) اور جمعہ ہی کے دن خلیفہ بنا کر زمین پر اتارے گئے (۴) اور قیامت بھی جمعہ ہی کے دن میں برپا ہوگی (۵) اور ہر جمعہ میں ساعت مرجوّہ (امید باندھی ہوئی گھڑی) ہے۔ ان پانچ وجوہات سے جمعہ کے دن کو فضیلت حاصل ہوئی ہے (تفصیل تحفۃ الالمعی ۲:۳۴۹ میں ہے)

غرض واقعات کی وجہ سے بھی زمانہ میں برکت اور فضیلت پیدا ہوتی ہے، پیر کے دن حبیب پاک ﷺ کی وفات ہوئی اور حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کی بھی وفات ہوئی، اس سے پیر کے دن مرنے کی فضیلت نکلی، مگر یہ مستنبط فضیلت ہے۔

[۹۴-] بَابُ مَوْتِ یَوْمِ الاِثْنَیْنِ

[۱۳۸۷-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلٰى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: فِيْ كَمْ كَفَّنْتُمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: فِيْ ثَلاَثَةِ أَثْوَابٍ بِيْضٍ سَحُوْلِيَّةٍ، لَيْسَ فِيْهَا قَمِيْصٌ وَلاَ عِمَامَةٌ، وَقَالَ لَهَا: فِيْ أَيِّ يَوْمٍ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: يَوْمَ الاِثْنَيْنِ. قَالَ: فَأَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟ قَالَتْ: يَوْمُ الاِثْنَيْنِ، قَالَ: أَرْجُوْ فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ اللَّيْلِ، فَنَظَرَ إِلٰى ثَوْبٍ عَلَيْهِ، كَانَ يُمَرَّضُ فِيْهِ، بِهِ رَدْعٌ مِنْ زَعْفَرَانٍ، فَقَالَ: اغْسِلُوْا ثَوْبِيْ هٰذَا، وَزِيْدُوْا عَلَيْهِ ثَوْبَيْنِ، فَكَفِّنُوْنِيْ فِيْهِمَا. قُلْتُ: إِنْ هٰذَا خَلَقٌ، قَالَ: إِنَّ الْحَيَّ أَحَقُّ بِالْجَدِيْدِ مِنَ الْمَيِّتِ، إِنَّمَا هُوَ لِلْمُهْلَةِ، فَلَمْ يُتَوَفَّ حَتّٰى أَمْسَى مِنْ لَيْلَةِ الثُّلاَثَاءِ، وَدُفِنَ قَبْلَ أَنْ يُصْبِحَ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں (مرض وفات میں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس گئی، آپؓ نے پوچھا: تم نے نبی ﷺ کو کتنے کپڑوں میں کفن دیا تھا؟ صدیقہؓ نے عرض کیا: تین سحولی سفید کپڑوں میں (سحول: یمن کی ایک بستی ہے) ان میں نہ قمیص تھی نہ پگڑی، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے دوسرا سوال کیا: نبی ﷺ کی کس دن وفات ہوئی؟ صدیقہؓ نے کہا: پیر کے دن، آپؓ نے پوچھا: آج کونسا دن ہے؟ صدیقہؓ نے کہا: پیر ہے، آپؓ نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں اس وقت کے درمیان اور رات کے درمیان، یعنی رات شروع ہونے سے پہلے میرا انتقال ہوجائے گا، پھر آپؓ نے ان کپڑوں پر نظر ڈالی جن میں آپؓ کی تیمارداری کی جاتی تھی، یعنی جو کپڑے بیماری کے ایام میں پہن رکھے تھے ان پر نظر ڈالی۔ اس میں زعفران کے اثرات تھے، پس فرمایا: میرا یہ کپڑا دھوڈالو اور اس کے ساتھ دو کپڑے اور ملالو اور ان میں مجھے کفن دو، صدیقہؓ نے عرض کیا: یہ پرانا کپڑا ہے (ہم نئے کپڑوں میں کفن دیں گے) آپؓ نے فرمایا: زندہ مردے کی بہ نسبت نئے کپڑے کا زیادہ حق دار ہے، مردے کا کپڑا پیپ ہی کے لئے ہے یعنی جب قبر میں میت پھٹے گی تو کپڑا خون اور پیپ میں لت پت ہوجائے گا، پس آپ کی روح وصول نہیں کی گئی یہاں تک کہ منگل کی شام شروع ہوگئی، یعنی منگل کی رات شروع ہونے کے بعد آپؓ کا انتقال ہوا، اور آپؓ کو صبح ہونے سے پہلے دفن کردیا گیا۔

تشریح:

۱- کفن میں راہ اعتدال اپنانی چاہئے، افراط وتفریط سے بچنا چاہئے، افراط یہ ہے کہ مسنون تعداد سے زیادہ کپڑوں میں کفن دیا جائے یا کفن میں بیش قیمت کپڑا استعمال کیا جائے، اور تفریط یہ ہے کہ استطاعت کے باوجود مسنون تعداد سے کم کپڑوں میں کفن دیا جائے، یا پھٹے پرانے ردی کپڑوں میں کفن دیا جائے، اور اعتدال کی راہ یہ ہے کہ مسنون تعداد میں اور درمیانی قیمت کے کپڑوں میں کفن دیا جائے، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ''جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کے کفن کا ذمہ دار بنے تو چاہئے کہ وہ اس کے کفن کو اچھا کرے'' اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ صاف ستھرے اور پاکیزہ کپڑوں میں کفن دیا جائے، قیمتی کپڑا مراد نہیں۔

۲- اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو مستعمل چادر میں کفن دینے کی وصیت فرمائی تھی: اس کی ایک وجہ تو خود یہاں حدیث میں ہے اور بعض روایات میں یہ وجہ بھی آئی ہے کہ آپؓ نے فرمایا: میں نے اس کپڑے میں نمازیں پڑھی ہیں۔

سوال: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے پیر کے دن موت کی تمنا کی تھی، مگر آپؓ کی وفات منگل کی رات شروع ہونے کے بعد ہوئی، اس میں کیا حکمت ہے؟

جواب: زین بن المنیر رحمہ اللہ نے اس کی حکمت یہ بیان کی ہے کہ آپؓ نبی ﷺ کے خلیفہ تھے، اس لئے آپؓ کی وفات ذرا پیچھے ہوئی، تا کہ خلافت کے معنی کا تحقق ہوجائے (فتح)

بَابُ مَوْتِ الْفُجَاءَ ةِ بَغْتَةً

یکا یک ناگہانی موت

اچانک موت ایک اعتبار سے اچھی ہے کہ موت کی سختیوں اور تکلیفوں سے بچ گیا اور ایک اعتبار سے بری ہے کہ توبہ واستغفار اور خیر خیرات کا موقع نہیں ملا، اور ایک روایت میں اچانک موت کو اللہ کے غصہ کی پکڑ کہا گیا ہے، ابوداؤد (حدیث ۳۱۱۰) میں ہے: مَوْتُ الْفُجَاءَ ةِ أَخْذَةُ أَسَفٍ: اچانک موت اللہ کے غصہ کی پکڑ ہے، یہ وعید بدکاروں کے لئے ہے، جو توبہ واستغفار سے محروم رہے، اور نیک بندوں کے حق میں یہ راحت کی موت ہے، مصنف ابن ابی شیبہ میں حدیث (۱۲۱۳۲) ہے: موتُ الْفُجَاءَ ةِ رَاحَةٌ للمؤمن، وأَسَفٌ علی الفاجر: اچانک موت مؤمن کے لئے راحت اور بدکار کے لئے غصہ کی پکڑ ہے۔

ملحوظہ: الفَجْأَة (بفتح الفاء وسکون الجیم وبالھمزة من غیر مدّ) اور الفُجَاءَ ة (بضم الفاء وبعد الجیم مدّ، ثم ھمزة) دونوں طرح پڑھا گیا ہے .... بَغْتَة: اکثر رواۃ نے اس کو معرف باللام (البغتةِ) ذکر کیا ہے، اور یہ الفجاء ة سے بدل ہونے کی وجہ سے مکسور ہے، اور مبتدا محذوف کی خبر بھی بنا سکتے ہیں، پس مرفوع ہوگا أی ھی البغتة، اور کشمیھنی

نے بغتةً: نکرہ ذکر کیا ہے پس وہ حال ہوگا (قسطلانی)

[۹۵-] بَابُ مَوْتِ الْفُجَاءَةِ بَغْتَةً

[۱۳۸۸-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ هِشَامُ بْنُ عَرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ أُمِّيْ افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا، وَأَظُنُّهَا لَوْتَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ، فَهَلْ لَهَا أَجْرٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا؟ قَالَ: "نَعَمْ" [انظر: ۲۷٦۰]

ترجمہ: ایک شخص نے نبی ﷺ سے عرض کیا: میری امی کا اچانک انتقال ہوگیا (أُفْلِت اور أُفْتلِتَ: دونوں کے معنی ہیں: ناگہانی موت مرنا) اور میرا خیال ہے کہ اگر ان کو بات کرنے کا موقع ملتا تو وہ خیرات کرتیں، پس کیا ان کو ثواب ملے گا اگر میں ان کی طرف سے خیرات کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔

تشریح: یہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، وہ آنحضور ﷺ کے ساتھ تبوک میں تھے کہ پیچھے ان کی امی کا اچانک انتقال ہوگیا، چنانچہ حضرت سعدؓ نے اپنی امی کی طرف سے کھجوروں کا ایک باغ خیرات کیا —— اس حدیث میں اشارہ ہے کہ ناگہانی موت اچھی نہیں، اگرچہ مؤمن اور نیک بندے کے حق میں بری بھی نہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَبْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ

نبی ﷺ اور شیخین کی قبروں کا بیان

حضور اقدس ﷺ کی اور حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کی قبریں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں ہیں، اور تینوں کی قبریں کوہان نما ہیں۔ اسی لئے جمہور کوہان نما قبر کو مستحب کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان تینوں حضرات کے لئے جو صورت مقدر فرمائی وہ افضل صورت ہی مقدر فرمائی ہے۔ اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ مسطح اور ہموار قبر کو مستحب کہتے ہیں، مگر یہ اختلاف استحباب وعدم استحباب کا ہے، جواز وعدم جواز کا نہیں، اور تینوں قبروں میں ترتیب کیا ہے؟ اس کی تعیین مشکل ہے، روایات مختلف ہیں، وہ روایتیں وَفَاءُ الوفاء بأخبار دار المصطفی میں ہیں اور انھوں نے اس مسئلہ پر مفصل کلام کیا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر:

اور لوگوں میں جو مشہور ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ﷺ کے ساتھ دفن ہونگے، احادیث صحیحہ سے یہ بات ثابت نہیں، اور عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے جو مروی ہے کہ تورات میں محمد ﷺ کے اوصاف مذکور ہیں، ان میں یہ بھی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپؐ کے ساتھ دفن کئے جائیں گے (ترمذی حدیث ۳٦۴٦) یہ حدیث نہیں ہے بلکہ حضرت

عبداللہ بن سلامؓ نے تورات کی بات ذکر کی ہے، اور یہ روایت کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ ؐ کے ساتھ دفن ہونے کی اجازت طلب کی تو آپ ؐ نے فرمایا: وَأَنّٰی لکِ بذٰلكِ، وليس في ذلك الموضع إلا قبري وقبر أبي بكر وعمر وعيسىٰ ابن مريم: حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ روایت ثابت نہیں، اور یہ روایت بخاری کی حدیث (۱۳۹۱) کے معارض بھی ہے۔ اور اخبار مدینہ میں حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ کا قول ہے کہ روضۂ اقدس میں ایک قبر کی جگہ ہے اس میں عیسیٰ علیہ السلام دفن ہونگے، اس کی سند ضعیف ہے، اور یہ بھی تابعی کا قول ہے، اور مشکوٰۃ (حدیث ۵۵۰۸ باب نزول عیسیٰ) میں جو روایت ہے: فَيُدْفَن معي في قبري: اس کی سند معلوم نہیں، مشکوٰۃ میں اس کا یہ حوالہ ہے: رواه ابن الجوزي في كتاب الوفاء۔ اور ابن الجوزی واعظ تھے، اور بہت بعد کے آدمی ہیں اس لئے صرف ان کا حوالہ کافی نہیں۔

[۹۶-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَبْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ

﴿فَأَقْبَرَهُ﴾ [عبس: ۲۱] أَقْبَرْتُ الرَّجُلَ أُقْبِرُهُ: إِذَا جَعَلْتَ لَهُ قَبْرًا، وَقَبَرْتُهُ: دَفَنْتُهُ ﴿كِفَاتًا﴾ [المرسلات: ۲۵]: تَكُوْنُوْنَ فِيْهَا أَحْيَاءً، وَتُدْفَنُوْنَ فِيْهَا أَمْوَاتًا.

[۱۳۸۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ هِشَامٍ، ح: قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مَرْوَانَ يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ زَكَرِيَّا، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: إِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيَتَعَذَّرُ فِيْ مَرَضِهِ:" أَيْنَ أَنَا الْيَوْمَ؟ أَيْنَ أَنَا غَدًا؟" اسْتِبْطَاءً لِيَوْمِ عَائِشَةَ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمِيْ قَبَضَهُ اللّٰهُ بَيْنَ سَحْرِيْ وَنَحْرِيْ، وَدُفِنَ فِيْ بَيْتِيْ. [راجع: ۸۹۰]

قولہ: فأقبره: باب افعال سے واحد مذکر غائب ہے، اور معنی ہیں: قبر بنانا، أَقْبَرْتُ الرجلَ: میں نے آدمی کی قبر بنائی، ارشادِ پاک ہے: ﴿ثُمَّ أَمَا تَهُ فَأَقْبَرَهُ﴾ پھر اس کو موت دی پھر اس کی قبر بنائی، یعنی مرنے کے بعد لاش کو قبر میں رکھنے کی ہدایت دی تاکہ زندوں کے ساتھ یونہی بے حرمت نہ پڑی رہے، اور مجرد قبر (ن) قبرًا کے معنی ہیں: دفن کرنا۔

قولہ: کفاتاً: یہ لفظ سورۂ مرسلات میں آیا ہے، اور اس کے معنی ہیں: اکٹھا ہونے کی جگہ، زمین زندوں اور مردوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ ہے، آدمی مٹی سے پیدا ہوتا ہے، مٹی میں زندگی گذارتا ہے، اور مرنے کے بعد مٹی میں مل جاتا ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ مرض وفات میں درنگ محسوس کرتے تھے یعنی حضرت عائشہؓ کی باری کو دیر سے آنے والا سمجھتے تھے، آپ ؐ پوچھتے تھے: میں آج کہاں ہوں؟ میں کل کہاں ہونگا؟ حضرت عائشہؓ کی باری کو دیر سے آنے والا محسوس کرتے ہوئے (یہ مفعول لہ ہے) پھر جب میری باری کا دن آیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ ؐ کی روح قبض کی میرے پھیپھڑے اور میری گردن کے درمیان (نبی ﷺ حضرت عائشہؓ کے سینہ سے ٹیک لگائے ہوئے تھے کہ وصال ہوا) اور آپ ؐ میرے گھر میں دفن کئے گئے (یہی جزء باب سے متعلق ہے)

قولہ: یتعذّر: تعذّر عن الأمر: کے معنی ہیں: دیر کرنا، کسی کام میں پیچھے رہنا، اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ نبی ﷺ حضرت عائشہؓ کی باری کو دیر میں آنے والا محسوس کرتے تھے یعنی آپؐ کو صدیقہؓ کی باری کا انتظار تھا، اور گیلری میں لیتقدّر (اندازہ کرتے تھے) ہے یعنی آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا انتظار کر رہے تھے، اس لفظ کو لیں گے تو کوئی الجھن پیش نہیں آئے گی، اور استبطاءً: یتعذر کا مفعول لہ ہے یعنی صدیقہؓ کی باری کو دیر سے آنے والا سمجھ کر آپؐ بار بار مذکورہ سوال کرتے تھے۔

نبی ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا انتظار کیوں تھا؟ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ تعلق خاطر کی وجہ سے آپؐ کو ان کی باری کا انتظار تھا، مگر میرے خیال میں وجہ یہ تھی کہ حضرت عائشہؓ کے حجرے میں دفن ہونے کی آپؐ کی تمنا تھی اور بالاجمال یہ بات آپؐ پر منکشف ہوگئی تھی، اس لئے آپؐ کو ان کی باری کا انتظار تھا۔ واللہ اعلم

[۱۳۹۰/۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ هِلاَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ لَمْ يَقُمْ مِنْهُ: "لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارَى، اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ" لَوْلاَ ذٰلِكَ أُبْرِزَ قَبْرُهُ غَيْرَ أَنَّهُ خَشِيَ أَوْ: خُشِيَ أَنْ يُتَّخَذَ مَسْجِدًا.
وَعَنْ هِلاَلٍ، قَالَ: كَنَّانِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَلَمْ يُوْلَدْ لِيْ. [راجع: ۴۳۵]

۱- یہ حدیث گذر چکی ہے، قبر اطہر جو گھر میں بنائی گئی ہے، یہ آنحضور ﷺ کی خصوصیت ہے، اور اس کی وجہ صدیقہ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ اگر قبر اطہر گورغریباں میں بنتی تو وہاں لوگ اس کو سجدہ کرتے اور کنٹرول کرنا مشکل ہوتا، اس لئے قبر اطہر کمرہ میں بنی، تاکہ وہاں خرافات نہ ہوں، اور حدیث کا ترجمہ کتاب الجنائز باب ۶۱ (حدیث ۱۳۳۰) میں ہے۔

۲- حدیث کے ایک راوی ہلال کہتے ہیں: حضرت عروہ نے میری کنیت اس وقت رکھ دی تھی، جب میری کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی، (ہلال کی کنیت میں اختلاف ہے) ہلال نے عروہ سے بصیغہ عن روایت کیا ہے جس میں انقطاع کا احتمال ہے اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے یہ بات ذکر کی کہ ہلال کی حضرت عروہ سے ملاقات ہے، اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کنیت رکھنے کے لئے اولاد کا ہونا ضروری نہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بھانجے عبداللہؓ کے نام پر کنیت رکھی تھی، اور آنحضور ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے چھوٹے بھائی کی ابوعمیر کنیت رکھی تھی، جس کا بچپن میں انتقال ہوگیا۔

[۱۳۹۰/۲-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سُفْيَانَ التَّمَّارِ: أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ رَأَى قَبْرَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مُسَنَّمًا.

ترجمہ: سفیان تمّار (کھجور فروش) نے بیان کیا کہ انھوں نے نبی ﷺ کی قبر مبارک کو کوہان نما دیکھا ہے۔

تشریح: ابھی بتایا ہے کہ جمہور کے نزدیک کوہان نما قبر بنانا افضل ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ مسطح اور ہموار قبر کو افضل قرار دیتے ہیں، یہ حدیث جمہور کی دلیل ہے، قبر اطہر کوہان نما ہے، اللہ نے اپنے حبیب ﷺ کے لئے سب سے افضل صورت مقدر فرمائی۔

[۱۳۹۰/۳-] حدثنا فَرْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: لَمَّا سَقَطَ عَلَيْهِمُ الْحَائِطُ فِيْ زِمَانِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، أَخَذُوْا فِيْ بِنَائِهِ، فَبَدَتْ لَهُمْ قَدَمٌ، فَفَزِعُوْا وَظَنُّوْا أَنَّهَا قَدَمُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَمَا وَجَدُوْا أَحَدًا يَعْلَمُ ذٰلِكَ حَتّٰى قَالَ لَهُمْ عُرْوَةُ: لاَ وَاللّٰهِ! مَا هِيَ قَدَمُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، مَا هِيَ إِلَّا قَدَمُ عُمَرَ.

[۱۳۹۱-] وَعَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا أَوْصَتْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ: لاَتَدْفِنِّيْ مَعَهُمْ، وَادْفِنِّيْ مَعَ صَوَاحِبِيْ بِالْبَقِيْعِ، لاَ أُزَكّٰى بِهِ أَبَدًا. [انظر: ۷۳۲۷]

ترجمہ: حضرت عروہ رحمہ اللہ سے مروی ہے: جب ولید بن عبدالملک کے زمانہ میں ان پر (قبر والوں پر) دیوار گر گئی تو لوگوں نے اس کو بنانا شروع کیا، پس ان کے لئے ایک پیر ظاہر ہوا، پس لوگ گھبرا گئے اور انھوں نے خیال کیا کہ یہ نبی ﷺ کا قدم مبارک ہے، اور ایسا کوئی نہیں تھا جو اس کو پہچانتا ہو، یہاں تک کہ حضرت عروہؒ نے ان سے کہا: بخدا! یہ نبی ﷺ کا قدم نہیں ہے، بلکہ یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قدم ہے۔

اور مذکورہ بالا سند ہی سے یہ بھی مروی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کو یہ وصیت کی کہ: مجھے ان کے ساتھ دفن نہ کرنا، بقیع قبرستان میں میری سہیلیوں کے ساتھ دفن کرنا (تاکہ) نہ پاکی بیان کی جاؤں میں اس تدفین سے کبھی بھی!

تشریح: اس حدیث میں دو واقعے ہیں: پہلا واقعہ یہ ہے کہ ولید بن عبدالملک کے زمانہ میں حجرۂ عائشہ کی ایک دیوار گر گئی، اس کو بنانے کے لئے جب بنیاد کھودی گئی، تو ایک پیر ظاہر ہوا، لوگوں نے سمجھا: یہ آنحضور ﷺ کا قدم مبارک ہے، چنانچہ وہ گھبرا گئے، حضرت عروہ رحمہ اللہ نے اس پیر کو دیکھ کر فرمایا کہ یہ حضور اکرم ﷺ کا پیر نہیں ہے، بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا پیر ہے، معلوم ہوا کہ حجرۂ عائشہؓ میں حضرت عمرؓ کی بھی قبر ہے۔

اور دوسرا واقعہ یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بھانجے حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ کو یہ تاکید کی تھی کہ انھیں بقیع قبرستان میں ازواج مطہرات کے ساتھ دفن کیا جائے، ان حضرات کے ساتھ کمرے میں دفن نہ کیا جائے، صدیقہؓ یہ نہیں چاہتی تھیں کہ نبی ﷺ کے ساتھ دفن ہونے کی وجہ سے ان کو ازواج مطہرات پر برتری دی جائے۔ حضرت عائشہؓ نے معھم جمع کی ضمیر استعمال کی ہے اور اقل جمع تین ہیں، معلوم ہوا کہ حجرہ عائشہ میں تین قبریں ہیں، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ابھی

وہاں کچھ جگہ باقی ہے اور اس میں ایک تدفین اور ہو سکتی ہے مگر لوگوں میں جو مشہور ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام وہاں دفن ہونگے! احادیث صحیحہ سے یہ بات ثابت نہیں، اگر وہاں عیسیٰ علیہ السلام کا دفن ہونا مقدر تھا تو حضرت عائشہؓ کی وہاں تدفین کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا، پھر وصیت کی کیا ضرورت تھی۔

[۱۳۹۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ الْأَوْدِيِّ، قَالَ: رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، قَالَ: يَا عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ، اذْهَبْ إِلٰى أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ، فَقُلْ: يَقْرَأُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَيْكِ السَّلَامَ، ثُمَّ سَلْهَا أَنْ أُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيَّ، قَالَتْ: كُنْتُ أُرِيْدُهُ لِنَفْسِيْ فَلَأُوْثِرَنَّهُ الْيَوْمَ عَلٰى نَفْسِيْ، فَلَمَّا أَقْبَلَ، قَالَ لَهُ: مَا لَدَيْكَ؟ قَالَ أَذِنَتْ لَكَ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَ: مَاكَانَ شَيْئٌ أَهَمَّ إِلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ الْمَضْجَعِ، فَإِذَا قُبِضْتُ فَاحْمِلُوْنِيْ، ثُمَّ سَلِّمُوْا، ثُمَّ قُلْ: يَسْتَأْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَإِنْ أَذِنَتْ لِيْ فَادْفِنُوْنِيْ، وَإِلَّا فَرُدُّوْنِيْ إِلٰى مَقَابِرِ الْمُسْلِمِيْنَ.

إِنِّيْ لَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَحَقَّ بِهٰذَا الْأَمْرِ مِنْ هٰؤُلَآءِ النَّفَرِ الَّذِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ، فَمَنِ اسْتَخْلَفُوْا بَعْدِيْ فَهُوَ الْخَلِيْفَةُ، فَاسْمَعُوْا لَهُ وَأَطِيْعُوْا، فَسَمّٰى عُثْمَانَ، وَعَلِيًّا، وَطَلْحَةَ، وَالزُّبَيْرَ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، وَسَعْدَ بْنَ أَبِيْ وَقَّاصٍ.

وَوَلَجَ عَلَيْهِ شَابٌّ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: أَبْشِرْ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِبُشْرَى اللهِ، كَانَ لَكَ مِنَ الْقَدَمِ فِيْ الْإِسْلَامِ مَا قَدْ عَلِمْتَ، ثُمَّ اسْتُخْلِفْتَ فَعَدَلْتَ، ثُمَّ الشَّهَادَةُ بَعْدَ هٰذَا كُلِّهِ، فَقَالَ: لَيْتَنِيْ يَا ابْنَ أَخِيْ وَذٰلِكَ كَفَافٌ، لَا عَلَيَّ وَلَا لِيَ.

أُوْصِي الْخَلِيْفَةَ مِنْ بَعْدِيْ بِالْمُهَاجِرِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ خَيْرًا؛ أَنْ يَعْرِفَ لَهُمْ حَقَّهُمْ، وَأَنْ يَحْفَظَ لَهُمْ حُرْمَتَهُمْ، وَأُوْصِيْهِ بِالْأَنْصَارِ خَيْرًا، الَّذِيْنَ تَبَوَّؤُا الدَّارَ وَالْإِيْمَانَ، أَنْ يُقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَيُعْفٰى عَنْ مُسِيْئِهِمْ. وَأُوْصِيْهِ بِذِمَّةِ اللهِ وَذِمَّةِ رَسُوْلِهِ، أَنْ يُوْفٰى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ، وَأَنْ يُقَاتَلَ مِنْ وَرَائِهِمْ، وَأَنْ لَا يُكَلَّفُوْا فَوْقَ طَاقَتِهِمْ. [انظر: ۳۰۵۲، ۳۱۶۲، ۳۷۰۰، ۴۸۸۸، ۷۲۰۷]

وضاحت: جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر ابولؤلؤ فیروز نامی غلام نے حملہ کیا اور آپؓ سخت زخمی ہو گئے اور زندگی کی امید نہ رہی تو آپؓ نے اپنے صاحبزادے حضرت عبداللہؓ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا اور آنحضور ﷺ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ساتھ دفن ہونے کی اجازت طلب کی، حضرت عائشہؓ نے اجازت دیدی، آپؓ نے اس کو اپنی زندگی کی سب سے بڑی خواہش قرار دیا، چنانچہ آپؓ کو بھی حجرۂ عائشہ میں دفن کیا گیا، اور یہی باب کا مقصد ہے کہ نبی ﷺ اور حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کی قبریں حضرت عائشہؓ کے کمرہ میں ایک ساتھ ہیں۔

ترجمہ:عمرو بن میمون کہتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا، انھوں نے کہا: اے عبداللہ! ام المؤمنین عائشہؓ کے پاس جاؤ، اور کہو: عمر بن الخطاب نے سلام کہا ہے، پھر ان سے درخواست کرو کہ میں اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ دفن کیا جاؤں، حضرت عائشہؓ نے کہا: میں اس جگہ کو اپنے لئے چاہتی تھی پس آج ضرور ترجیح دیتی ہوں میں ان کو اپنی ذات پر، پس جب ابن عمرؓ آئے تو آپؓ نے پوچھا: کیا خبر لائے؟ عبداللہ نے کہا: امیر المؤمنین! آپ کے لئے انھوں نے اجازت دیدی، آپؓ نے فرمایا: نہیں تھی کوئی چیز زیادہ فکر کی میرے نزدیک اس خوابگاہ سے یعنی میری سب سے بڑی خواہش یہی تھی کہ آنحضور ﷺ کے ساتھ دفن کیا جاؤں، پس جب میرا انتقال ہوجائے تو مجھے اٹھانا پھر سلام کرنا، پھر پوچھنا: عمر بن الخطابؓ اجازت مانگتے ہیں، پس اگر وہ اجازت دیں تو مجھے وہاں دفن کرنا، ورنہ مجھے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا۔

(پھر خلیفہ کی نامزدگی کے لئے چھ رکنی کمیٹی بنائی اور فرمایا:) میں نہیں جانتا اس خلافت کا کسی کو زیادہ حقدار ان حضرات سے، جن سے راضی ہونے کی حالت میں نبی ﷺ کی وفات ہوئی ہے، پس میرے بعد جس کو یہ لوگ خلیفہ نامزد کریں وہی خلیفہ ہوگا، پس اس کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو، پھر آپؓ نے حضرات عثمان، علی، طلحہ، زبیر، عبدالرحمٰن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کو نامزد کیا۔

اور آپؓ کے پاس ایک انصاری نوجوان آیا اور اس نے کہا: اے امیر المؤمنین! اللہ کی طرف سے خوش خبری سن لیں، آپؓ قدیم الاسلام ہیں جیسا کہ آپؓ جانتے ہیں پھر آپؓ خلیفہ بنائے گئے، پس آپؓ نے انصاف کیا پھر اس سب کے بعد شہادت نصیب ہوئی۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: بھتیجے! کاش وہ برابر سرابر ہوجائے، نہ مجھ پر ذمہ داری عائد ہو نہ مجھے کچھ فائدہ پہنچے!

میں اپنے بعد نامزد ہونے والے خلیفہ کو تاکید کرتا ہوں کہ وہ مہاجرین اولین کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے، یعنی ان کا حق پہچانے اور ان کی حرمت کی حفاظت کرے، اور اس کو انصار کے ساتھ اچھا معاملہ کرنے کی تاکید کرتا ہوں جنھوں نے مدینہ منورہ میں اور ایمان میں ٹھکانہ بنایا کہ ان کے نیکوکاروں سے قبول کرے اور ان کے برائی کرنے والوں سے درگذر کیا جائے اور میں اس کو اللہ کی اور اس کے رسول کی ذمہ داری کی تاکید کرتا ہوں کہ ذمیوں کے لئے ان کا عہد و پیمان پورا کیا جائے اور ان کی حفاظت کے لئے جنگ کی جائے اور ان پر ان کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالا جائے۔

قولہ: ماکان شیئ أھمّ: آنحضور ﷺ کے ساتھ دفن ہونا بلاشبہ عظیم سعادت ہے، اس سے بڑی کوئی سعادت نہیں، اور یہ سعادت حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کو حاصل ہے اس سے ان بزرگوں کی فضیلت نکلتی ہے، اور ابن بطال رحمہ اللہ نے اسی کو اس ترجمہ کا مقصد بتایا ہے۔

قولہ:یستأذن عمر بن الخطاب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اجازت دیدی تھی مگر احتمال تھا کہ شرم لحاظ میں اجازت دی ہو، دل سے اجازت نہ دی ہو، اس لئے حضرت عمرؓ نے تاکید فرمائی کہ انتقال کے بعد جنازہ کمرہ کے باہر رکھ دیا جائے، اور دوبارہ اجازت طلب کی جائے، اگر اجازت دیں تو دفن کیا جائے ورنہ گورغریباں میں عام مسلمانوں کے ساتھ دفن

کیا جائے۔

یہاں سے معلوم ہوا کہ زندگی میں شرما شرمی میں جو باتیں ہوتی ہیں ان کا اعتبار نہیں، مثلاً: باپ کے سامنے بیٹیوں نے میراث کا اپنا حصہ بھائیوں کے حق میں چھوڑ دیا تو اس کا اعتبار نہیں، یہ باپ کی شرم کی وجہ سے چھوڑا ہے۔ البتہ جب باپ مرجائے اور ان کا حقِ میراث ثابت ہوجائے اب وہ بھائیوں کے حق میں دستبردار ہوجائیں تو ٹھیک ہے، حضرت عمرؓ نے اپنی زندگی میں جو اجازت ملی تھی اس کا اعتبار نہیں کیا اور دوبارہ اجازت طلب کرنے کی تاکید فرمائی۔

قوله: وَوَلَجَ عليه شَابٌّ من الْأَنْصَارِ: یہاں سے یہ سبق ملتا ہے کہ جب کسی مریض کی بیمار پرسی کے لئے جائے تو ایسی باتیں کرے جس سے اس کا دل خوش ہو، اور غم ہلکا پڑے، لوگ اس سلسلہ میں کوتاہی کرتے ہیں، مریض کے پاس روہانی صورت بنا کر جاتے ہیں اور دل توڑنے والی باتیں کرتے ہیں جس سے مریض کی پریشانی بڑھ جاتی ہے، یہ ٹھیک نہیں۔

قوله: وأوصيه بذمة الله: حضرت عمرؓ نے اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو ذمیوں کے ساتھ کئے ہوئے عہد و پیمان کو پورا کرنے کی، ان کی جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کرنے کی اور ان کے دفاع میں جنگ کرنے کی خاص طور پر تاکید فرمائی۔

ذمی: اسلامی ملک کے غیر مسلم شہری کو کہتے ہیں، اور لفظ ذمی کے معنی ہیں: **له ذمة الله وذمة رسوله**: اس کے لئے اللہ اور اس کے رسول کی ذمہ داری ہے یعنی جس کی جان و مال اور آبرو کی حفاظت کی ذمہ داری اسلامی حکومت نے لی ہے، اور اس کے بدلہ میں ان سے جزیہ لیا جاتا ہے۔

جزیہ کے معنی ہیں: بدلہ، یعنی اسلامی حکومت نے غیر مسلم شہریوں کی حفاظت کی جو ذمہ داری لی ہے اور فوج اور پولیس کے ذریعہ ان کی حفاظت کرتی ہے یہ اس کا بدلہ ہے۔

اور غیر مسلموں سے جو جزیہ لیا جاتا ہے اس کا ایک حصہ ملک چلانے میں، دوسرا حصہ ملک کی ترقی میں اور تیسرا حصہ ذمیوں کے غرباء اور محتاجوں کی مدد میں استعمال کیا جاتا ہے، اور عورتوں، بچوں، محتاجوں، بوڑھوں، مذہبی لوگوں اور جن کے پاس کام نہیں، ان سے جزیہ نہیں لیا جاتا، اور مالدار سے سالانہ اڑتالیس درہم، متوسط حال سے چوبیس درہم اور کامدار غریب سے بارہ درہم لئے جاتے ہیں، اور اس میں کمی بیشی کرنے کا حکومت کو اختیار ہے، مگر ان کی طاقت سے زیادہ جزیہ عائد کرنا جائز نہیں، تفصیل کے لئے دیکھئے (تحفۃ الالمعی ۲: ۵۴۵ کتاب الزکوٰۃ باب ۱۱)

بَابُ مَا يُنْهَى مِنْ سَبِّ الْأَمْوَاتِ وَذِكْرِ شِرَارِ الْمَوْتَى

مُردوں کو برا کہنے کی ممانعت، اور برے مُردوں کا تذکرہ

یہ دو باب ہیں، پہلا باب خاص ہے اور دوسرا عام، اور ان دونوں بابوں کا حاصل یہ ہے کہ مردوں کی بے ضرورت برائی نہ کی جائے، البتہ ضروری برائی کرنے کی گنجائش ہے، جیسے کوئی شخص گمراہ ہے اس کے افکار کی گمراہی کو بیان کرنا تا کہ لوگ اس

کی گمراہی سے بچیں: ضروری ہے۔ اسی طرح رواۃ پر نقد کرنا: ایک شرعی ضرورت ہے اور اس حد تک برائی جائز ہے، اور کفار وفساق کا برائی کے ساتھ تذکرہ جائز ہے، قرآنِ کریم میں جگہ جگہ فرعون، قارون، اور ابولہب وغیرہ کا برائی کے ساتھ تذکرہ ہے۔

[٩٧-] بَابُ مَا يُنْهَى مِنْ سَبِّ الْأَمْوَاتِ

[١٣٩٣-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَا تَسُبُّوا الْأَمْوَاتَ، فَإِنَّهُمْ قَدْ أَفْضَوْا إِلَى مَا قَدَّمُوْا "

تَابَعَهُ عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، وَابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ. [انظر: ٦٥١٦]

[٩٨-] بَابُ ذِكْرِ شِرَارِ الْمَوْتَى

[١٣٩٤-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ لَهَبٍ لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ! فَنَزَلَتْ ﴿ تَبَّتْ يَدَا أَبِيْ لَهَبٍ وَتَبَّ ﴾ [انظر: ٣٥٢٥، ٣٥٢٦، ٤٧٧٠، ٤٨٠١، ٤٩٧١، ٤٩٧٢، ٤٩٧٣]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ’’مردوں کی برائی مت کرو، کیونکہ وہ ان برائیوں (کی جزا) تک پہنچ چکے ہیں جو انھوں نے آگے بھیجی ہیں‘‘ یعنی مردہ اپنے انجام سے دوچار ہو چکا ہے، اب اس کو برا کہنے سے کوئی فائدہ نہیں، گندگی میں ڈھیلا ڈالنے سے گندگی پھیلتی ہے۔

سند: آدم بن ابی ایاس کے تین متابع ہیں: علی بن الجعد، محمد بن عرعرۃ اور ابن عدی اور یہ متابعتِ تامہ ہے، اور عبداللہ بن عبدالقدوس اور محمد بن انس بھی اس حدیث کو اعمش سے روایت کرتے ہیں پس یہ متابعتِ قاصرہ ہے۔

حدیث (۲): جب آیتِ کریمہ ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ نازل ہوئی تو حضور اکرم ﷺ نے کوہ صفا پر چڑھ کر بطون قریش کو نام بنام پکارا، آپؐ کی آواز پر سب جمع ہو گئے، آپؐ نے فرمایا: بتاؤ! اگر میں تمھیں خبر دوں کہ دشمن شام کو حملہ کرنے والا ہے یا صبح کو حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم میری بات مان لوگے؟ سب نے بیک زبان کہا کہ ضرور مان لیں گے، پس آپؐ نے ان کو ایمان قبول کرنے کی دعوت دی اور آخرت کے عذاب سے ڈرایا اس پر ابولہب (جس کا نام عبدالعزی بن عبد المطلب تھا اور وہ آپؐ کا چچا تھا) چراغ پا ہو گیا، اور نہایت بدبختانہ جواب دیا کہ تو برباد ہو! تو نے اسی لئے ہمیں جمع کیا ہے؟ اس پر سورۂ تبت نازل ہوئی، اس میں ابولہب کا برائی کے ساتھ ذکر ہے، جو آج تک جاری ہے، معلوم ہوا کہ اموات کا برائی کے ساتھ ذکر کرنا جائز ہے، جبکہ کوئی مصلحت پیشِ نظر ہو۔

﴿الحمدللہ! کتاب الجنائز کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كِتَابُ الزَّكَاةِ

زکات کا بیان

بَابُ وُجُوْبِ الزَّكَاةِ

زکات کی فرضیت

یہاں وجوب بمعنی فرض ہے، جس طرح نماز فرض ہے زکات بھی فرض ہے، اور دو صفحہ تک اسی سلسلہ کے ابواب ہیں۔ اور حضرت رحمہ اللہ اپنی عادت کے مطابق نئے ابواب بھی قائم کریں گے مگر اصل مسئلہ یہی چلتا رہے گا۔

امام صاحب رحمہ اللہ نے سب سے پہلے سورۃ البقرۃ کی آیت ۴۳ لکھی ہے: ﴿وَأَقِيْمُوْا الصَّلاَةَ، وَآتُوْا الزَّكَاةَ﴾: اس آیت سے زکات کی فرضیت اس قاعدہ سے نکلتی ہے کہ قِران فی النظم، قران فی الحکم کی دلیل ہوتا ہے، یعنی جب دو چیزیں ایک ساتھ ملا کر بیان کی جائیں تو دونوں کا حکم ایک ہوتا ہے، قرآنِ کریم میں اکیاسی جگہ نماز اور زکوٰۃ کو ایک ساتھ بیان کیا گیا ہے اور نماز کی فرضیت ظاہر ہے، پس زکوٰۃ بھی فرض ہے، یہ آیت کریمہ سے استدلال ہے۔

ملحوظہ: پہلے یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ ایک سلسلۂ بیان میں مختلف المدارج احکام اکٹھا ہوتے ہیں، وہ قاعدہ کلیہ نہیں تھا، اکثری تھا، او یہ قاعدہ بھی کلیہ نہیں، اکثری ہے۔

پھر وہ حدیث لکھی ہے جو کتاب کے بالکل شروع میں گذر چکی ہے، ہرقل نے ابوسفیان سے چند باتیں پوچھی تھیں، ایک بات یہ پوچھی تھی کہ یہ مدعی نبوت تمہیں کن باتوں کا حکم دیتے ہیں۔ ابوسفیان نے جواب دیا تھا: وہ ہمیں نماز کا، زکات کا، صلہ رحمی کا اور پاک دامنی کا حکم دیتے ہیں، اور امر جب قرائن سے خالی ہوتا ہے تو وجوب کے لئے ہوتا ہے پس ثابت ہوا کہ زکوٰۃ فرض ہے۔

فائدہ: اس حدیث سے زکوٰۃ کی فرضیت کی قدامت بھی ثابت ہوتی ہے، ابوسفیانؓ ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے، اور وہ زکوٰۃ کے بارے میں جانتے تھے، ظاہر ہے انھوں نے یہ بات مکی دور میں سنی ہے، پس زکات قدیم فریضہ ہے۔

جاننا چاہئے کہ زکوۃ اسلام کے ابتدائی زمانہ میں فرض کی گئی تھی، سورۃ المزمل میں جو ابتدائی سورتوں میں سے ہے اس کی آخری آیت میں زکوۃ کا ذکر ہے، مگر مکی دور میں زکوۃ کی تفصیلات نازل نہیں ہوئی تھیں، جب صحابہ نے پوچھا کہ کیا خرچ کریں؟ تو سورۃ البقرۃ (آیت ۲۱۹) میں جواب دیا کہ اپنی ضرورت سے بچا ہوا مال خرچ کرو، مال کی کوئی مقدار متعین نہیں کی، پھر جب ہجرت کے بعد سن دو ہجری میں اسلامی حکومت قائم ہوئی اور اسلامی نظام وجود میں آیا تو زکوۃ کی تفصیلات نازل ہوئیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٢٤- كِتَابُ الزَّكَاةِ

[١-] بَابُ وُجُوْبِ الزَّكَاةِ

[١-] وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَأَقِيْمُوْا الصَّلاَةَ وَآتُوْا الزَّكَاةَ﴾[البقرة: ٤٣]

[٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: حَدَّثَنِي أَبُوْ سُفْيَانَ، فَذَكَرَ حَدِيْثَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَأْمُرُنَا بِالصَّلاَةِ، وَالزَّكَاةِ، وَالصِّلَةِ، وَالْعَفَافِ.

[١٣٩٥-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ أَبِيْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ مُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ: "ادْعُهُمْ إِلٰى شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، فَإِنْ أَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِيْ أَمْوَالِهِمْ، تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ.

[انظر: ١٤٥٨، ١٤٩٦، ٢٤٤٨، ٤٣٤٧، ٧٣٧١، ٧٣٧٢]

ترجمہ: نبی ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف (گورنر بنا کر) بھیجا، پس فرمایا: ان کو اس بات کی دعوت دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں، پس اگر وہ یہ بات مان لیں تو ان کو بتلانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر رات دن میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں، پس اگر وہ یہ بات مان لیں تو ان کو بتلانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ان کے مالوں میں زکوۃ فرض کی ہے، جو ان کے مالداروں سے لی جائے گی اور ان کے غریبوں پر خرچ کی جائے گی —— لفظ افترض سے استدلال ہے کہ زکوۃ فرض ہے۔

تشریح: یمن میں زیادہ تر عیسائی تھے، وہاں کے پادریوں کا ایک وفد مدینہ منورہ آیا تھا، انھوں نے رسول اللہ ﷺ

سے بحث ومباحثہ کیا تھا اس موقع پر سورۂ آل عمران کی شروع کی ۹۰ آیتیں نازل ہوئی تھیں اوران کو مباہلہ کی دعوت دی گئی تھی، مگرانھوں نے باہمی مشورہ کرکے مباہلہ سے انکار کیا، اوراسلامی حکومت کی ماتحتی قبول کرلی، اس مصالحت کے بعدرسول اللہ ﷺ نے یمن کے دو مخلاف (پرگنے) بنائے، ایک پرگنہ کا گورنر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو اور دوسرے کا گورنر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو بنایا، مذکورہ حدیث اسی موقعہ کی ہے۔

جب آنحضور ﷺ نے ان کو گورنر بنا کر روانہ کیا تو مختلف ہدایات دی تھیں، ان میں سے ایک ہدایت یہ دی تھی کہ اہل یمن کو سب سے پہلے اسلام کی دعوت دینا۔ معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کی بعثت سے تمام ادیان منسوخ ہوگئے حتی کہ نبی ﷺ سے قریب ترین پیغمبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دین بھی منسوخ ہوگیا، اب نجات صرف نبی ﷺ کے دین کو قبول کرنے میں ہے، دین عیسوی، یا دین موسوی یا کسی اور نبی کی شریعت پر عمل کرنے سے نجات نہیں ہوگی۔

اور دوسری ہدایت یہ دی کہ احکام اسلامیہ بتدریج ان کے سامنے پیش کئے جائیں، سب احکام ایک ساتھ پیش نہ کئے جائیں، اگر ایک ساتھ تمام احکام پیش کئے جائیں گے تو ممکن ہے ان کے ذہن پر بوجھ پڑے اور وہ گھبرا کر پیچھے ہٹ جائیں، اس لئے الأهم فالأهم کے قاعدہ سے جو حکم سب سے زیادہ اہم ہے وہ پہلے پیش کیا جائے، پھر جب لوگ اسے قبول کرلیں تو ان کو دیگر احکام بتدریج بتائے جائیں، اور بنیادی حکم توحید ورسالت محمدی ہے، یہود ونصاری توحید کے تو قائل ہیں مگر محمد ﷺ کی رسالت کے قائل نہیں، پس ان کو توحید کے ساتھ رسالت محمدی کی بھی دعوت دی جائے، جب وہ نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا فرستادہ تسلیم کرلیں تو وہ خود سمجھ جائیں گے کہ ہر فرستادہ کوئی نہ کوئی پیغام ضرور لاتا ہے، وہ خالی ہاتھ نہیں آتا، اس لئے اب ان کو عملی احکام میں سے جو سب سے اہم حکم ہے یعنی نماز کی دعوت دی جائے۔

اور نماز کے دو پہلو ہیں: ایک پہلو سے وہ آسان ہے اور دوسرے پہلو سے ذرا بھاری ہے، آسان پہلو یہ ہے کہ نماز میں کچھ خرچ نہیں ہوتا اور بھاری پہلو یہ ہے کہ روزانہ پانچ بار نماز پڑھنا مشکل ہے، جب آسان پہلو سے دعوت دیں گے تو اس کی کوئی مصلحت بتانے کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ ہر شخص جانتا ہے کہ ہم اللہ کے بندے ہیں اور ہمارے ذمہ اللہ کی بندگی (عبادت) ہے پھر جب وہ یہ حکم قبول کرلیں تو دوسرے اہم حکم زکوٰۃ کی دعوت دی جائے، اور زکوٰۃ کے بھی دو پہلو ہیں: ایک آسان اور دوسرا بھاری۔ اس اعتبار سے کہ زکوٰۃ میں مال نکالنا پڑتا ہے بھاری حکم ہے، آدمی چمڑی دے سکتا ہے مگر دمڑی دینے کے لئے تیار نہیں ہوتا، اور یہ حکم اس اعتبار سے آسان ہے کہ وہ سال میں صرف ایک مرتبہ فرض ہے، دل پر جبر کرکے ایک مرتبہ زکوٰۃ نکال دی جائے تو سال بھر کے لئے چھٹی ہوجاتی ہے، نماز کی طرح زکات بار بار فرض نہیں، پس اگر زکاۃ کا جو بھاری پہلو ہے اس کے لحاظ سے دعوت دی جائے گی تو اس کی مصلحت بھی بتانی ہوگی۔

علاوہ ازیں زمانہ جاہلیت میں قبیلہ کا سردار ہر شخص کی آمدنی سے چوتھائی لیا کرتا تھا تاکہ وہ اس سے عیش کرے، اب اسلام بھی زکوٰۃ کا مطالبہ کرتا ہے اس لئے یہ غلط فہمی ہوسکتی ہے کہ زکوٰۃ نبی ﷺ کے لئے لی جارہی ہے، اس لئے بھی

مصلحت بتانی ضروری ہے کہ زکوۃ نبی ﷺ کے لئے نہیں لی جارہی، ان پر اور ان کے خاندان پر حتی کہ ان کے موالی پر بھی زکوۃ حرام ہے، بلکہ زکوۃ اس لئے لی جاتی ہے کہ تمہارے قبیلوں میں، تمہارے پڑوس میں جو غریب غرباء ہیں ان پر خرچ کی جائے اور غرباء کی مدد کرنا اور رفاہی کاموں میں خرچ کرنا سب کو پسند ہے، اور ضرورت مندوں پر خرچ کرنے کا جذبہ ہر انسان میں ودیعت فرمایا گیا ہے، اس لئے جب ان کے سامنے یہ مصلحت بیان کی جائے گی تو غلط فہمی دور ہوگی، اور ان کے لئے زکوۃ نکالنا آسان ہوگا۔

[۱۳۹۶-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِىْ أَيُّوْبَ، أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَخْبِرْنِىْ بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِى الْجَنَّةَ، قَالَ: [النَّاسُ] مَالَهُ؟ مَالَهُ؟ وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَرَبٌ، مَالَهُ؟ تَعْبُدُ اللّٰهَ لاَ تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيْمُ الصَّلاَةَ، وَتُؤْتِى الزَّكَاةَ، وَتَصِلُ الرَّحِمَ"

وَقَالَ بَهْزٌ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَثْمَانَ، وَأَبُوْهُ عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُمَا سَمِعَا مَوْسَى بْنَ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِىْ أَيُّوْبَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ: أَخْشَى أَنْ يَكُوْنَ مُحَمَّدٌ غَيْرَ مَحْفُوْظٍ، إِنَّمَا هُوَ عَمْرٌو. [انظر: ۵۹۸۲، ۵۹۸۳]

ترجمہ: ایک شخص نے نبی ﷺ سے عرض کیا: مجھے کوئی ایسا عمل بتلائیں جو مجھے جنت میں پہنچادے یعنی نجات اوّلی حاصل ہوجائے، لوگوں نے کہا: ارے رے رے! ارے رے رے! یعنی کیسی بات پوچھ رہا ہے؟ اور نبی ﷺ نے فرمایا: ایک حاجت ہے، ارے رے رے! کیوں کہہ رہے ہو؟ اللہ کی عبادت کر، اس کے ساتھ کسی کو شریک مت کر، اور زکوۃ ادا کر، اور صلہ رحمی کر۔

سند کا بیان:

یہ حدیث شعبہؒ نے کس سے روایت کی ہے؟ حفص بن عمر کا بیان ہے کہ صرف محمد بن عثمان سے روایت کی ہے اور بہز بن اسد بصری کی روایت میں یہ ہے کہ محمد بن عثمان اور ان کے ابا عثمان بن عبداللہ: دونوں سے روایت کی ہے، پھر وہ دونوں موسیٰ بن طلحہ سے روایت کرتے ہیں —— اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھے ڈر ہے کہ محمد محفوظ نہ ہو، یعنی شعبہؒ محمد بن عثمان سے نہیں بلکہ ان کے بھائی عمرو بن عثمان سے روایت کرتے ہیں، پھر عمرو اور ان کے ابا عثمان دونوں موسیٰ بن طلحہ سے روایت کرتے ہیں۔

تشریح:

۱- حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں دوسری قسم کے شروع میں لکھا ہے کہ آخرت میں نجات

اوّلی کے لئے اسلام کے ارکانِ اربعہ کی پابندی کے ساتھ ادائیگی ضروری ہے، جو شخص کبیرہ گناہوں سے بچتے ہوئے ان اعمال پر عمل پیرا ہوگا وہ اگر دیگر طاعات نہ بھی بجالائے تب بھی اس کی نجات اوّلی ہوگی، وہ عذاب جہنم سے بچ جائے گا، اور اگر بہ تقاضائے بشریت اعمال میں کوتاہی ہوئی یا کبائر کا ارتکاب کیا تو اگر مغفرت خداوندی اس کے شامل حال ہوئی تو وہ بھی بغیر عذاب کے جنت میں جائے گا، اور اگر اس کا نصیب ایسا نہ ہوا تو وہ کوتاہیوں اور گناہوں کی پاداش میں جہنم میں جائے گا اور سزا پانے کے بعد جنت میں جائے گا، یعنی اس کو دخولِ ثانوی نصیب ہوگا (رحمۃ اللہ الواسعہ ۳:۵۷)

۲- آنحضور ﷺ نے سائل کو جو جواب دیا ہے اس میں عبادت بدنیہ میں سے سب سے اہم عبادت نماز کو لیا ہے، اور عبادت مالیہ میں سے سب سے اہم عبادت زکوٰۃ کو لیا ہے اور مراد اسلام کے سب ارکان ہیں، اور دلیل آئندہ حدیث ہے، اس میں صوم رمضان کا بھی ذکر ہے۔

سوال: صلہ رحمی: ارکانِ اسلام میں سے نہیں، پھر نبی ﷺ نے اس کو کیوں ذکر کیا؟

جواب: شاید سائل کے خصوصی احوال کی رعایت سے ایسا کیا ہوگا، سائل قطع رحمی کرتا ہوگا، وہ خاندان والوں کے ساتھ بدسلوکی کرتا ہوگا، اس لئے نبی ﷺ نے خاص طور پر اس کو بیان کیا۔

[۱۳۹۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ إِذَا عَمِلْتُهُ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، قَالَ: "تَعْبُدُ اللّٰهَ، وَلَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيْمُ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوْبَةَ، وَتُؤَدِّى الزَّكَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ، وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ" قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَا أَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا، فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ إِلٰى هٰذَا"

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ زُرْعَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا.

ترجمہ: ایک بدّو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: میری کسی ایسے عمل کی طرف راہنمائی فرمائیں کہ جب میں اس کو کروں تو جنت میں پہنچ جاؤں؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ کی عبادت کر، اور ان کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کر، اور فرض نمازوں کا اہتمام کر، اور فرض زکوٰۃ ادا کر، اور ماہ رمضان کے روزے رکھ، اس نے کہا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں اس میں کچھ نہیں بڑھاؤں گا، پس جب وہ منہ پھیر کر چل دیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: "جس کو خوشی ہو کہ وہ کسی جنتی آدمی کو دیکھے تو وہ اس شخص کو دیکھ لے"

تشریح: حضرت الاستاذ قدس سرہ نے فرمایا تھا: اوپر والا واقعہ اور یہ واقعہ ایک ہیں، اوپر زکوٰۃ کے ساتھ لفظ مفروضۃ نہیں تھا، جبکہ بیان زکوٰۃ کی فرضیت کا چل رہا ہے اور اس حدیث میں لفظ مفروضۃ ہے پس دونوں حدیثیں باب کے ساتھ

منطبق ہوگئیں، مگر میرا رجحان یہ ہے کہ یہ واقعہ الگ ہے اور اوپر والا واقعہ الگ ہے، یہ واقعہ حضرت ضمام بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ کا ہے وہ اپنی قوم کے وافد بن کر آئے تھے (تفصیل تحفۃ القاری ۱:۳۲۱ میں ہے) اور لا أزید کا مطلب یہ ہے کہ آپؐ نے جو باتیں بتائی ہیں وہ بے کم وکاست قوم کو پہنچاؤں گا، اپنی طرف سے ان میں کوئی اضافہ نہیں کروں گا، اور نبی ﷺ نے ان کی قلبی حالت پر مطلع ہوکر ان کو جنت کی بشارت سنائی۔ واللہ اعلم

[۱۳۹۸-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ جَمْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا هٰذَا الْحَيَّ مِنْ رَبِيْعَةَ قَدْ حَالَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ، وَلَسْنَا نَخْلُصُ إِلَيْكَ إِلَّا فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ، فَمُرْنَا بِشَيْئٍ نَأْخُذُهُ عَنْكَ، وَنَدْعُوْ إِلَيْهِ مَنْ وَرَاءَ نَا، قَالَ: " آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: الْإِيْمَانِ بِاللّٰهِ، وَشَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَعَقَدَ بِيَدِهِ هٰكَذَا، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَأَنْ تُؤَدُّوْا خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ، وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالنَّقِيْرِ، وَالْمُزَفَّتِ"

وَقَالَ سُلَيْمَانُ، وَأَبُوْ النُّعْمَانِ، عَنْ حَمَّادٍ: " الْإِيْمَانِ بِاللّٰهِ: شَهَادَةِ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ"[راجع: ۵۳]

وضاحت: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الایمان (باب ۴۰ تحفۃ القاری ۱:۲۹۷) میں گذر چکی ہے۔ وفد عبدالقیس نے نبی ﷺ سے عرض کیا تھا: آپ ہمیں جامع بات بتائیں تاکہ ہم خود بھی اس پر عمل کریں، اور جو لوگ پیچھے ہیں ان کو بھی اس کی دعوت دیں، آپؐ نے ان کو چار باتوں کا حکم دیا اور شراب کے چار برتنوں سے منع کیا، اور پہلے بتایا ہے کہ امر جب قرائن سے خالی ہوتا ہے تو وجوب کے لئے ہوتا ہے، پس صلوٰۃ اور خمس کی طرح زکوٰۃ بھی واجب ہے۔

قوله: الإيمانِ بالله و شهادةِ: واؤ پر ن بنایا ہے اور صح کا نشان بھی بنایا ہے، یعنی واؤ ایک نسخہ میں ہے اور وہ صحیح ہے، کاتب کی غلطی نہیں ہے، اور یہ واؤ تفصیلیہ ہے، دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے الإيمان بالله و شهادة أن لا إله إلا الله: کہہ کر ایک انگلی بند کی ہے، معلوم ہوا کہ یہ دونوں مل کر ایک ہیں۔ اور دوسری دلیل یہ ہے کہ سلیمان اور ابوالنعمان کی حدیث میں واؤ نہیں ہے، اور یہاں بھی صح کا نشان بنا رکھا ہے یعنی کاتب کی غلطی سے واؤ نہیں رہ گیا، بلکہ اس روایت میں واؤ نہیں ہے، پس بات صاف ہوگئی کہ دونوں مل کر ایک ہیں، پس حدیث میں چار باتیں مذکور ہیں، پانچ باتیں نہیں ہیں۔

[۱۳۹۹-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ، فَقَالَ عُمَرُ: كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ، وَقَدْ قَالَ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُوْلُوْا لاَ إِلٰـهَ إِلاَّ اللّٰهُ، فَمَنْ قَالَهَا فَقَدْ عَصَمَ مِنِّىْ مَالَهُ وَنَفْسَهُ إِلاَّ بِحَقِّهِ، وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ؟ [انظر: ۱٤٥٧، ٦٩٢٤، ٧٢٨٤]

[۱٤۰۰-] فَقَالَ: وَاللّٰهِ! لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلاَةِ وَالزَّكَاةِ، فَإِنَّ الزَّكَاةَ حَقُّ الْمَالِ، وَاللّٰهِ! لَوْ مَنَعُوْنِىْ عَنَاقًا كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهَا، قَالَ عُمَرُ: فَوَ اللّٰهِ مَا هُوَ إِلاَّ أَنْ قَدْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَ أَبِىْ بَكْرٍ فَعَرَفْتُ أَنَّـهُ الْحَقُّ. [انظر: ۱٤٥٦، ٦٩٢٥، ٧٢٨٥]

ترجمہ: جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے (کان تامہ ہے) انکار کیا جس نے انکار کیا عربوں میں سے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے) کہا: آپؓ لوگوں سے (مانعین زکوٰۃ سے) کیسے جنگ کریں گے جبکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''میں حکم دیا گیا ہوں کہ لوگوں کے ساتھ جنگ کروں یہاں تک کہ وہ لا إله إلا الله کہیں، پس جس نے لا إله إلا الله کہہ لیا اس نے مجھ سے اپنا مال اور اپنی جان محفوظ کرلی، مگر اسلام کے حق کی وجہ سے اور اس کا حساب اللہ پر ہے؟ یعنی ایمان لے آنے پر جنگ بند کرنے کا حکم ہے اور مانعینِ زکوٰۃ مسلمان ہیں، کلمہ پڑھتے ہیں، ایمان کا انکار نہیں کرتے پھر آپؓ ان کے ساتھ جنگ کیسے کریں گے؟

ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: بخدا! میں ضرور لڑوں گا اس شخص سے جو نماز اور زکوٰۃ کے درمیان فرق کرتا ہے کیونکہ زکوٰۃ مال کا حق ہے (معلوم ہوا کہ نماز کی طرح زکوٰۃ بھی فرض ہے) بخدا! اگر وہ مجھے بھیڑ کا چار ماہ کا بچہ بھی نہیں دیں گے جسے وہ نبی ﷺ کو دیا کرتے تھے تو میں ان سے اس کے نہ دینے پر لڑوں گا، حضرت عمرؓ نے کہا: بخدا! نہیں تھی وہ بات مگر یہ کہ دیکھی میں نے کہ اللہ نے ابوبکرؓ کا سینہ (جنگ کے لئے) کھول دیا ہے، پس میں نے جان لیا کہ وہی بات برحق ہے۔

تشریح:

۱- حضور ﷺ کے وصال پر کچھ لوگ بالکل دین اسلام سے پلٹ گئے تھے جیسے مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی کے ساتھی، اور کچھ لوگوں نے ایمان تو نہیں چھوڑا تھا مگر انھوں نے پایۂ تخت کو زکوٰۃ دینے سے انکار کردیا تھا، وہ کہتے تھے: ہم اپنی زکوٰۃ خود غریبوں کو بانٹیں گے۔ ابوبکرؓ کو نہیں دیں گے۔

ان کی دلیل یہ تھی کہ سورۂ توبہ (آیت ۱۰۳) میں ارشاد پاک ہے: ﴿خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ، إِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ﴾: یعنی صدقہ کرنے کا ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ صدقہ کرنے والے کو حضور ﷺ کی دعائیں ملتی ہیں جو صدقہ کرنے والوں کے لئے باعثِ سکون ہیں، اب آپ ﷺ نہیں رہے، پس کون دعائیں دے گا؟ اس لئے ہم خود غریبوں کو زکوٰۃ دیں گے، پایۂ تخت کو زکوٰۃ نہیں بھیجیں گے۔

اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خلیفہ بننے کے بعد سب سے پہلا کام یہ کیا کہ جیش اسامہ کو روانہ کیا، یہ آخری سریہ تھا جسے آنحضور ﷺ نے روانہ کیا تھا۔ اور دوسرا کام یہ کیا کہ حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو دس ہزار کے لشکر کے ساتھ

مسیلمہ کذاب کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد کی، اور مسیلمہ کذاب مارا گیا۔

پھر آپؓ نے مانعینِ زکوٰۃ کی سرکوبی کے لئے لشکر بھیجنے کا ارادہ کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس مسئلہ میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے گفتگو کی، اور عرض کیا: آپؓ اس حدیث کی موجودگی میں مانعینِ زکوٰۃ سے جنگ کیسے کریں گے؟ ایمان لانے پر جنگ بند کرنا ضروری ہے اور مانعینِ زکوٰۃ مسلمان ہیں، ایمان کا انکار نہیں کرتے، پھر ان سے جنگ کیسے کی جائے گی؟ حضرت ابوبکرؓ نے جواب دیا: بخدا! میں ہر اس شخص سے لڑوں گا جو نماز اور زکوٰۃ کے درمیان فرق کرے گا، کیونکہ زکوٰۃ مال کا حق ہے یعنی جس طرح نماز بدن کا حق ہے اور وہ لوگ اجتماعی طور پر نماز قائم کرتے ہیں، اسی طرح زکات مال کا حق ہے اور وہ بھی اجتماعی فریضہ ہے، پس جو لوگ اجتماعی طور پر زکات ادا کرنے کے لئے تیار نہیں، میں ان سے ضرور جنگ کروں گا، ملت کی شیرازہ بندی کے لئے یہ کام ضروری ہے، بخدا! اگر وہ مجھے عِقال: اونٹ کا پیر باندھنے کی رسّی یا عَناق: ایک سالہ بھیڑ بھی نہیں دیں گے جسے وہ نبی ﷺ کو دیا کرتے تھے تو میں اس کے نہ دینے پر بھی جنگ کروں گا۔

۲- حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سمجھ رہے تھے کہ مانعینِ زکوٰۃ سے بر بنائے ارتداد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جنگ کرنا چاہتے ہیں اس لئے انھوں نے مذکورہ حدیث سے معارضہ کیا، مگر حضرت ابوبکرؓ نے سمجھایا کہ وہ اس بنیاد پر جنگ نہیں کر رہے، بلکہ ملت کی شیرازہ بندی کے لئے یہ اقدام کر رہے ہیں، جیسے کسی علاقہ کے مسلمان اذان نہ دینے پر اتفاق کرلیں تو ان سے جنگ کی جائے گی اور یہ جنگ بر بنائے ارتداد نہیں ہوگی بلکہ ملت کی اجتماعیت کو برقرار رکھنے کے لئے ہوگی، اسی طرح حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جس طرح یہ لوگ مل کر نمازیں پڑھتے ہیں، اسی طرح نبی ﷺ کے زمانہ سے جو اجتماعی زکوٰۃ کی ادائیگی کا نظام چلا آرہا ہے اس کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔ اگر ایسا نہیں کیا جائے گا تو تسبیح کے دانے بکھر جائیں گے۔ اور ملت میں یک جہتی باقی نہیں رہے گی جب یہ نکتہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سمجھ میں آگیا تو ان کو شرح صدر ہوگیا، پھر مانعینِ زکوٰۃ سے قتال کی نوبت نہیں آئی، جیش اسامہ جو مظفر و منصور لوٹا اور مسیلمہ مارا گیا تو لوگوں پر دھاک بیٹھ گئی اور وہ مدینہ کو زکوٰتیں بھیجنے کے لئے تیار ہوگئے۔

۳- حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں اموال ظاہرہ (مویشی، پیداوار اور مال تجارت وغیرہ) اور اموال باطنہ (دراہم ودنانیر) کی زکوٰتیں حکومت وصول کرتی تھی اور حکومت ہی تقسیم کرتی تھی، پھر جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو انھوں نے اموال باطنہ میں اختیار دیدیا، اب حکومت صرف اموال ظاہرہ کی زکوٰتیں وصول کرتی تھی، پھر جب زمانہ آگے بڑھا تو اموال ظاہرہ کی زکاتوں کا نظام بھی درہم برہم ہوگیا۔ اب لوگ سبھی اموال کی زکاتیں خود ہی ادا کرتے ہیں۔

۴- لا إله إلا الله: کہنے سے مراد پورا دین قبول کرنا ہے۔ ترمذی کی حدیث (نمبر ۲۶۰۶ أبواب الإیمان باب۲) میں اس کی صراحت ہے، محض کلمہ پڑھ لینا مراد نہیں، اور إلا بحقها کا مطلب یہ ہے کہ اسلام قبول کرنے کے بعد اگر لوگ کوئی ایسا جرم کریں جس کی سزا اللہ کے قانون میں جان یا مال لینا ہو تو حکم خداوندی کے مطابق اس کو سزا دی جائے گی، ایمان لانے

سے اور مسلمان کہلانے سے وہ قانونی گرفت سے بچ نہیں سکتا۔ اور ضمیر مؤنث کلمۃ الإسلام کی طرف لوٹتی ہے۔

۵- وحسابهم علی اللہ: جو شخص کلمہ پڑھ کر اپنا مؤمن ہونا ظاہر کرے اس کو مؤمن سمجھ کر جنگ بند کردیں گے، اور اس کے ساتھ مسلمانوں جیسا سلوک کریں گے، لیکن اگر حقیقت میں اس کی نیت میں کھوٹ ہے تو اس کا حساب آخرت میں اللہ تعالیٰ لیں گے، وہ عالم الغیب ہیں، دلوں کے رازوں سے واقف ہیں وہ اس کا پورا پورا حساب چکائیں گے۔

ملحوظہ: اس حدیث میں جنگ بندی کا بیان ہے، جنگ چھیڑنے کا حکم نہیں، اس کی تفصیل تحفۃ القاری (۱:۲۳۵ کتاب الایمان باب ۱۷) میں ہے۔

بَابُ الْبَيْعَةِ عَلَى إِيْتَاءِ الزَّكَاةِ

زکات ادا کرنے کی بیعت لینا

یہ ذیلی باب ہے، اس میں بھی زکوٰۃ کی فرضیت کا بیان ہے، جب کوئی غیر مسلم اسلام قبول کرے اور اس سے بیعت لی جائے اور اس میں شرطیں لگائی جائیں تو وہ ان کی اہمیت پر دلالت کرتی ہیں۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے جب اسلام قبول کیا تو نبی ﷺ نے ان سے تین باتوں پر بیعت لی: نماز کا اہتمام کریں گے، زکوٰۃ ادا کریں گے اور تمام مسلمانوں کے ساتھ خیر خواہی کریں گے۔ معلوم ہوا کہ جس طرح نماز کا اہتمام فرض ہے زکوٰۃ ادا کرنا بھی فرض ہے۔

فائدہ: توحید و رسالت کا اقرار کرنے سے آدمی مسلمان ہوجاتا ہے مگر اسلامی برادری میں شامل ہونے کے لئے صرف کفر سے توبہ کافی نہیں، بلکہ اس کے لئے شعائر اسلام کی تعظیم کرنا: نمازوں کا اہتمام کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، روزے رکھنا، حج کرنا بھی ضروری ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿فَإِنْ تَابُوْا وَأَقَامُوْا الصَّلٰوةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ﴾: اگر وہ لوگ کفر سے توبہ کریں یعنی اسلام قبول کریں اور نمازوں کا اہتمام کریں اور زکوٰۃ دیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں، معلوم ہوا کہ اسلامی برادری میں داخل ہونے کے لئے کلمہ پڑھ لینا کافی نہیں، بلکہ جب وہ مسلمانوں کی طرح نماز پڑھے، زکوٰۃ دے، روزے رکھے اور حج کرے تب اسلامی برادری میں داخل ہوگا، اس سے بھی زکات کی اہمیت اور فرضیت نکلتی ہے۔

[۲-] بَابُ الْبَيْعَةِ عَلَى إِيْتَاءِ الزَّكَاةِ

﴿فَإِنْ تَابُوْا وَأَقَامُوْا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ﴾[التوبة: ۱۱]

[۱۴۰۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: بَايَعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰى إِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ. [راجع: ۵۷]

بَابُ إِثْمِ مَانِعِ الزَّكَاةِ

زکوۃ نہ دینے کا گناہ

یہ بھی ذیلی باب ہے۔قرآن وحدیث میں زکوۃ ادانہ کرنے پر بھاری وعیدیں آئی ہیں،جبکہ غیر واجب پر عمل نہ کرنے پر اتنی سخت وعید نہیں ہوسکتی۔پس یہ بھی زکات کی فرضیت کی دلیل ہے۔

[۳-] بَابُ إِثْمِ مَانِعِ الزَّكَاةِ

وَقَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ، وَلاَ يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ﴾ [التوبة: ٣٤ و٣٥]

[١٤٠٢-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ هُرْمُزَ الْأَعْرَجَ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تَأْتِيْ الإِبِلُ عَلٰى صَاحِبِهَا عَلٰى خَيْرِ مَا كَانَتْ، إِذَا هُوَ لَمْ يُعْطِ فِيْهَا حَقَّهَا، تَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا، وَتَأْتِيْ الْغَنَمُ عَلٰى صَاحِبِهَا عَلٰى خَيْرِ مَاكَانَتْ، إِذَا لَمْ يُعْطِ فِيْهَا حَقَّهَا، تَطَؤُهُ بِأَظْلاَفِهَا، وَتَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا، قَالَ: وَمِنْ حَقِّهَا أَنْ تُحْلَبَ عَلَى الْمَاءِ. قَالَ: وَلاَ يَأْتِيْ أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِشَاةٍ يَحْمِلُهَا عَلٰى رَقَبَتِهِ، لَهَا يُعَارٌ، فَيَقُوْلُ: يَا مُحَمَّدُ! فَأَقُوْلُ: لاَ أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ بَلَّغْتُ! وَلاَ يَأْتِيْ بِبَعِيْرٍ يَحْمِلُهُ عَلٰى رَقَبَتِهِ، لَهُ رُغَاءٌ، فَيَقُوْلُ: يَا مُحَمَّدُ! فَأَقُوْلُ: لاَ أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ بَلَّغْتُ!" [انظر: ٢٣٧٨، ٣٠٧٣، ٦٩٥٨]

آیتِ کریمہ: سورۃ التوبہ میں ارشاد پاک ہے: اور جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجئے، جس دن جہنم کی بھٹی میں اس سونے اور چاندی پر آگ دہکائی جائے گی پھر اس سے ان لوگوں کی پیشانیاں، پہلو اور پیٹھوں کو داغا جائے گا (اور کہا جائے گا:) یہ ہے وہ دولت جو تم نے اپنے لئے جمع کر کے رکھی تھی، پس اب اپنی سمیٹی ہوئی دولت کا مزہ چکھو!

تفسیر: جو مالدار مال سینت کر رکھتا ہے، اور مال کا حق یعنی زکوۃ ادا نہیں کرتا اس کو آخرت میں یہ سزا دی جائے گی کہ اس کے مال کو جہنم میں خوب گرم کیا جائے گا، اس دولت پر آگ دہکائی جائے گی اور جو چیز آگ پر رکھ کر گرم کی جاتی ہے وہ اتنی گرم نہیں ہوتی جتنی آگ کے نیچے رکھ کر اس پر آگ دہکانے سے گرم ہوتی ہے، اس لئے تُحمی ھی کے بجائے تُحمی علیھا فرمایا، پھر اس سے اس کی پیشانی پہلو اور پیٹھ کو داغا جائے گا، اور اس مالدار کا جسم اتنا موٹا کر دیا جائے گا کہ سارے مال کا الگ الگ داغ لگ سکے، کیونکہ بخیل دولت مند سے جب اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لئے کہا جاتا تھا تو اس کی پیشانی

پر بل پڑ جاتے تھے، زیادہ کہا جاتا تھا تو اعراض کر کے پہلو بدل لیتا تھا، اگر اس پر بھی جان نہ بچتی تو پیٹھ پھیر کر چل دیتا تھا، اس لئے اس کی دولت تپا کر انہی تین جگہوں پر داغ دیا جائے گا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: (حشر کے دن) اونٹ والے کے پاس اونٹ آئیں گے، بہتر سے بہتر جو وہ (دنیا میں) تھے، جبکہ اس نے ان میں سے اللہ کا حق ادا نہیں کیا ہوگا (زکات ادا نہ کی ہوگی) وہ اس کو اپنے پیروں سے روندیں گے (خف: اونٹ کے پیر کو کہتے ہیں) اور بکریوں والے کے پاس بکریاں آئیں گی بہتر سے بہتر جو وہ تھیں، جبکہ اس نے ان میں سے اللہ کا حق ادا نہیں کیا ہوگا، وہ اس کو اپنے پیروں سے روندیں گی (ظِلْف: بکری کے پیر کو کہتے ہیں) اور اس کو اپنے سینگوں سے ماریں گی، نبی ﷺ نے فرمایا: بکریوں کا ایک حق یہ ہے کہ پانی پر وہ دوہی جائیں (بکریاں جنگل میں چرتی ہیں جب وہ پانی پینے کے لئے چشمے یا کنویں پر آئیں اور کوئی ضرورت مند دودھ مانگے یا جنگل میں کوئی مسافر دودھ مانگے تو اس کو دوہ کر دینا یا دوہنے کی اجازت دینا بکریوں میں اللہ کا ایک حق ہے) نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص قیامت کے دن بکری لے کر اس حال میں نہ آئے کہ وہ اس کو اپنی گردن پر لادے ہوئے ہو، وہ ممیا رہی ہو، پس وہ فریاد کرے: اے محمد! (میری مدد کرو) پس میں کہہ دوں: میں تیرے لئے کچھ نہیں کر سکتا، میں نے اللہ کا حکم پہنچا دیا تھا! اور نہ کوئی اس حال میں آئے کہ وہ اونٹ کو گردن پر لادے ہوئے ہو، وہ بلبلا رہا ہو اور وہ مجھ سے فریاد کرے: اے محمد (میری مدد کرو) اور میں کہہ دوں: میں تیرے لئے کچھ نہیں کر سکتا، میں نے اللہ کا حکم پہنچا دیا تھا!

قولہ: علی خیر ما کانت: بہتر سے بہتر حالت پر جو وہ تھے.......... جانور چھوٹا ہوتا ہے پھر بڑا ہوتا ہے اسی طرح کبھی دبلا ہوتا ہے کبھی موٹا، پس اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ جانور دنیا میں جتنے بڑے اور موٹے ہوئے ہونگے اس حالت میں قیامت کے دن آئیں گے اور اس کو روندتے ہوئے اور ٹکریں مارتے ہوئے گذریں گے، اور جب ایک بار سب گذر جائیں گے تو دوبارہ اور سہ بارہ گذریں گے، اور یہ سزا قیامت کے پورے دن میں جو پچاس ہزار سال کے برابر ہے جاری رہے گی، پھر اگر اس کی سزا پوری ہو جائے گی تو وہ جنت میں جائے گا ورنہ باقی سزا پانے کے لئے جہنم میں جائے گا، اور مالِ غنیمت میں خیانت کرنے والے جانور کو گردن پر لادے ہوئے مارے مارے پھریں گے اور نبی ﷺ کو مدد کے لئے پکاریں گے، مگر آپؐ مدد کرنے سے صاف انکار کر دیں گے، معلوم ہوا کہ زکوٰۃ فرض ہے اور مالِ غنیمت میں خیانت حرام ہے، اگر زکوٰۃ فرض نہ ہوتی تو اتنی سخت سزا نہ دی جاتی۔

[۱۴۰۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحِ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً، فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ، مُثِّلَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ، لَهُ زَبِيْبَتَانِ، يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ يَأْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ، يَعْنِيْ بِشِدْقَيْهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا مَالُكَ! أَنَا كَنْزُكَ!" ثُمَّ تَلاَ: ﴿وَلاَ يَحْسَبَنَّ

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ هُوَ خَيْرٌ لَّهُمْ، بَلْ هُوَ شَرٌّ لَهُمْ، سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾ [آل عمران: ۱۸۰] [انظر: ٤٥٦٥، ٤٦٥٩، ٦٩٥٧]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا پھر اس نے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کی تو اس کا مال قیامت کے دن ایک گنجے سانپ کا پیکر (شکل) اختیار کرے گا، جس کی آنکھوں پر دوسیاہ نقطے ہونگے وہ قیامت کے دن اس کے گلے کا طوق بن جائے گا، پھر اس کی دونوں باچھیں پکڑے گا، اور کہے گا: میں تیرا مال ہوں! میں تیرا خزانہ ہوں! پھر نبی ﷺ نے سورۂ آل عمران کی آیت ۱۸۰ تلاوت فرمائی: ''اور نہ گمان کریں وہ لوگ جو بخیلی کرتے ہیں اس مال میں جو ان کو اللہ نے اپنے فضل سے دیا ہے کہ وہ بخیلی ان کے حق میں بہتر ہے، بلکہ وہ بخیلی ان کے حق میں بری ہے، عنقریب وہ مال جس میں وہ بخیلی کیا کرتے تھے قیامت کے دن ان کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا''

تشریح: مال گلے میں کس طرح طوق بنا کر ڈالا جائے گا؟ حدیث میں اس کی صورت بیان کی گئی ہے کہ وہ دولت زہریلے سانپ کی شکل میں نمودار ہوگی، اور انتہائی زہریلے ہونے کی وجہ سے اس کے سر کے بال جھڑ گئے ہونگے، اس کی آنکھوں پر دو سیاہ نقطے ہونگے، وہ سانپ اس کے گلے کا ہار بن جائے گا پھر اس کی دونوں باچھوں کو کاٹے گا اور کہے گا: میں تیرا مال ہوں! میں تیری دولت ہوں! تو اپنی دولت پر سانپ بنا بیٹھا رہا، خرچ کرنے کی جگہوں میں بھی خرچ نہیں کیا، اللہ کا حق بھی ادا نہیں کیا، پس اب چکھ اس کا مزہ! اور عذاب کا یہ سلسلہ حساب وکتاب پورا ہونے تک جاری رہے گا، ظاہر ہے اتنی سخت سزا غیر فرض پر نہیں دی جاسکتی، معلوم ہوا کہ زکوٰۃ ادا کرنا فرض ہے۔

بَابُ مَا أُدِّىَ زَكَاتُهُ فَلَيْسَ بِكَنْزٍ

جس مال کی زکات ادا کردی گئی وہ کنز نہیں

یہ باب وجوبِ زکوٰۃ کے سلسلہ کا آخری باب ہے، اور یہ باب ایک اشکال کے جواب کے طور پر لایا گیا ہے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ تھا کہ سونا چاندی اور دراہم ودنانیر جمع کر کے رکھنا جائز نہیں، فلوس (سونے چاندی کے علاوہ دھات کی کرنسی) رکھ سکتے ہیں، اور دلیل میں وہ سورۂ توبہ کی آیت (۳۴) پیش کرتے تھے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور اللہ کی راہ میں اس کو خرچ نہیں کرتے ان کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنادیجئے''

حضرت ابوذرؓ کی یہ رائے صحیح نہیں تھی، صحابہ میں سے ان کے علاوہ کوئی اس کا قائل نہیں تھا اور حضرت کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ یہ آیت اہل کتاب کے بارے میں ہے، آیت کا سیاق وسباق اس پر دلالت کرتا ہے۔

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی بات کیسے صحیح ہوسکتی ہے؟ اگر سونا چاندی جمع رکھنا جائز نہیں تو پھر زکوٰۃ کس مال میں فرض ہوگی؟ زکوٰۃ تو سونے چاندی کے نصاب میں فرض ہوتی ہے اور حولان حول کے بعد ادا کی جاتی ہے۔

اورامام بخاری رحمہ اللہ نے ایک دوسرا جواب دیا ہے، وہ فرماتے ہیں: جس مال کی زکوٰۃ ادا کردی گئی وہ کنز نہیں، اور وہ اس آیت کا مصداق نہیں، اور دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''پانچ اوقیوں سے کم چاندی میں زکوٰۃ نہیں'' ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے پس پانچ اوقیہ دوسو درہم ہوئے، یعنی ایک سو ننانوے درہم میں زکوٰۃ نہیں، پس وہ کنز بھی نہیں، اسی طرح بیس مثقال سے کم سونے میں زکوٰۃ نہیں، پس وہ بھی کنز نہیں، اور زیادہ میں زکوٰۃ ہے مگر جب زکوٰۃ ادا کردی جائے یعنی مال کا چالیسواں حصہ غرباء کو دیدیا جائے تو باقی مال پاک ہوگیا، پس وہ بھی کنز نہیں، نہ وہ آیت کا مصداق ہے، ہاں وہ سونا چاندی جو پانچ اوقیہ اور بیس مثقال یا زیادہ ہے اور اس کی زکوٰۃ نہیں نکالی گئی تو وہ آیت کا مصداق ہے اور وہ کنز ہے۔

[٤-] بَابُ مَا أُدِّیَ زَکَاتُهُ فَلَیْسَ بِکَنْزٍ

لِقَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: '' لَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ ''

[١٤٠٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ شَبِیْبِ بْنِ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ: عَنْ یُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَسْلَمَ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَقَالَ أَعْرَابِیٌّ: أَخْبِرْنِیْ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ﴾ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَنْ کَنَزَهَا فَلَمْ یُؤَدِّ زَکَاتَهَا فَوَیْلٌ لَهُ، إِنَّمَا کَانَ هٰذَا قَبْلَ أَنْ تُنْزَلَ الزَّکَاةُ، فَلَمَّا أُنْزِلَتْ جَعَلَهَا اللّٰهُ طُهْرًا لِلْأَمْوَالِ. [انظر: ٤٦٦١]

ترجمہ: خالد بن اسلم کہتے ہیں: ہم ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ نکلے (راستہ میں ایک بدو سے ملاقات ہوئی) اس نے عرض کیا: مجھے اللہ تعالیٰ کے قول ﴿وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّهَبَ﴾ کے بارے میں بتلائیے (حضرت ابوذرؓ کا مذہب پھیل چکا تھا اس لئے بدو نے یہ سوال کیا) ابن عمرؓ نے فرمایا: جس نے مال جمع کیا اور اس کی زکوٰۃ ادا نہیں کی تو وہ مال اس کے لئے ہلاکت کا سامان ہے، یہ بات زکوٰۃ کا حکم نازل ہونے سے پہلے تھی، پھر جب زکوٰۃ کا حکم نازل ہوا تو اللہ تعالیٰ نے مال کو زکوٰۃ کے ذریعہ پاک کردیا (اب وہ کنز نہیں اور آیت کا مصداق نہیں)

[١٤٠٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ یَزِیْدَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: أَنَا الْأَوْزَاعِیُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ یَحْیَی بْنُ أَبِیْ کَثِیْرٍ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ یَحْیَی بْنِ عُمَارَةَ، أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِیْهِ یَحْیَی بْنِ عُمَارَةَ بْنِ أَبِی الْحَسَنِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِیْدٍ یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: '' لَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ''

[انظر: ١٤٤٧، ١٤٥٩، ١٤٨٤]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: پانچ اوقیوں سے کم چاندی میں زکوٰۃ نہیں، اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں، اور

پانچ وسق سے کم (غلہ) میں زکوٰۃ نہیں۔

تشریح: جب پانچ اوقیوں سے کم چاندی میں اور پانچ سے کم اونٹوں میں اور پانچ وسق سے کم پیداوار میں زکوٰۃ واجب نہیں تو وہ کنز نہیں، اور آیت کا مصداق نہیں، اور زیادہ میں زکوٰۃ واجب ہے، مگر جب زکوٰۃ نکال دی تو جو مال بچ گیا وہ کنز نہیں، اس لئے آیت کا مصداق نہیں، یہ اس حدیث سے استدلال ہے، اور حدیث میں جو مسائل ہیں وہ آگے آئیں گے۔

[١٤٠٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ هَاشِمٍ، سَمِعَ هُشَيْمًا، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: مَرَرْتُ بِالرَّبَذَةِ، فَإِذَا أَنَا بِأَبِيْ ذَرٍّ، فَقُلْتُ لَهُ: مَا أَنْزَلَكَ مَنْزِلَكَ هٰذَا؟ قَالَ: كُنْتُ بِالشَّامِ، فَاخْتَلَفْتُ أَنَا وَمُعَاوِيَةُ فِيْ﴿وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلاَ يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ قَالَ مُعَاوِيَةُ: نَزَلَتْ فِيْ أَهْلِ الْكِتَابِ، فَقُلْتُ: نَزَلَتْ فِيْنَا وَفِيْهِمْ، فَكَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ فِيْ ذٰلِكَ، فَكَتَبَ إِلٰى عُثْمَانَ يَشْكُوْنِيْ، فَكَتَبَ إِلَيَّ عُثْمَانُ: أَنِ اقْدَمِ الْمَدِيْنَةَ، فَقَدِمْتُهَا، فَكَثُرَ عَلَيَّ النَّاسُ، حَتّٰى كَأَنَّهُمْ لَمْ يَرَوْنِيْ قَبْلَ ذٰلِكَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعُثْمَانَ، فَقَالَ لِيْ: إِنْ شِئْتَ تَنَحَّيْتَ، فَكُنْتَ قَرِيْبًا، فَذَاكَ الَّذِيْ أَنْزَلَنِيْ هٰذَا الْمَنْزِلَ، وَلَوْ أَمَّرُوْا عَلَيَّ حَبَشِيًّا لَسَمِعْتُ وَأَطَعْتُ.[انظر: ٤٦٦٠]

ترجمہ: زید بن وہب کہتے ہیں: میں رَبذہ (مدینہ سے قریب گاؤں) سے گذرا تو اچانک میری حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوگئی، میں نے ان سے پوچھا: آپؓ اس جگہ کیوں رہتے ہیں؟ (آپ کو تو شہر میں رہنا چاہئے؟ تاکہ لوگ آپ کے علم سے استفادہ کریں) حضرت ابوذرؓ نے جواب دیا: میں شام میں تھا، پس میرے اور معاویہؓ کے درمیان آیت پاک ﴿والَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ﴾ میں اختلاف ہوگیا، معاویہؓ نے کہا: یہ آیت اہل کتاب کے بارے میں ہے اور میں نے کہا: ہمارے اور ان کے بارے میں ہے، یعنی آیت عام ہے یہود اور مسلمان سب اس کا مصداق ہیں، پس میرے اور ان کے درمیان اس سلسلہ میں اختلاف ہوا۔ معاویہؓ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بذریعہ تحریر میری شکایت کی (حضرت ابوذرؓ کے یہ مسئلہ بیان کرنے سے لوگوں میں خلفشار ہوا لوگ معاویہؓ سے شکایت کرتے تھے، وہ شام کے گورنر تھے، آپؓ حضرت ابوذرؓ کو بلا کر سمجھاتے تھے مگر وہ نہیں مانتے تھے، ان کا علمی مقام حضرت معاویہؓ سے بلند تھا، وہ علم وفضل میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ہم پلہ سمجھے جاتے تھے، اس لئے حضرت معاویہؓ کچھ نہیں کر سکتے تھے، اس لئے انھوں نے امیر المؤمنین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو صورت حال سے واقف کیا) پس حضرت عثمانؓ نے مجھے لکھا کہ مدینہ آجاؤ میں مدینہ آگیا، پس میرے پاس لوگوں کی بھیڑ جمع ہوگئی گویا انھوں نے مجھے آج سے پہلے نہیں دیکھا (اور ہر شخص یہی بات دریافت کرتا، جس سے حضرت ابوذرؓ پریشان ہوگئے) اور عثمانؓ سے ذکر کیا (کہ جہاں بھی جاتا ہوں لوگ اکٹھا ہوجاتے ہیں اور یہی ایک بات پوچھتے ہیں) تو حضرت عثمانؓ نے مجھ سے فرمایا: اگر آپ چاہیں تو (مدینہ کے) کنارے میں چلے جائیں تاکہ

مدینہ سے قریب رہیں، یعنی مدینہ کے قریب کسی گاؤں میں چلے جائیں، اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت عثمانؓ نے حکم دیا کہ آپؓ ربذہ میں رہیں تا کہ مجھے کوئی مسئلہ پوچھنا ہو یا کوئی مشورہ کرنا ہو تو میں آسانی سے آپؓ کو بلاسکوں) اسی وجہ سے میں اس جگہ رہتا ہوں اور اگر مجھ پر کوئی حبشی امیر مقرر کر دیا جائے تو میں اس کی بھی بات سنوں گا اور اس کی بھی اطاعت کروں گا یعنی حضرت عثمانؓ تو بڑے آدمی ہیں ان کی بات کیوں نہ مانوں!

ملحوظہ: اس حدیث کی شرح تحفۃ القاری ۱:۳۳۶ میں ہے۔

[۱۴۰۷-] حدثنا عَيَّاشٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَلاَءِ، عَنِ الأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: جَلَسْتُ، ح: وَحَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: قَالَ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ الْعَلاَءِ بْنُ الشِّخِّيْرِ، أَنَّ الأَحْنَفَ بْنَ قَيْسٍ حَدَّثَهُمْ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلٰى مَلَإٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ خَشِنُ الشَّعْرِ وَالثِّيَابِ وَالْهَيْئَةِ، حَتّٰى قَامَ عَلَيْهِمْ فَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: بَشِّرِ الْكَانِزِيْنَ بِرَضْفٍ يُحْمَى عَلَيْهِ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ، ثُمَّ تُوْضَعُ عَلٰى حَلَمَةِ ثَدْيِ أَحَدِهِمْ حَتّٰى يَخْرُجَ مِنْ نُغْضِ كَتِفِهِ، وَتُوْضَعُ عَلٰى نُغْضِ كَتِفِهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ حَمَلَةِ ثَدْيِهِ، يَتَزَلْزَلُ، ثُمَّ وَلّٰى فَجَلَسَ إِلٰى سَارِيَةٍ، وَتَبِعْتُهُ وَجَلَسْتُ إِلَيْهِ، وَأَنَا لاَ أَدْرِيْ مَنْ هُوَ؟ فَقُلْتُ لَهُ: لاَ أُرَى الْقَوْمَ إِلاَّ قَدْ كَرِهُوْا الَّذِيْ قُلْتَ، قَالَ: إِنَّهُمْ لاَ يَعْقِلُوْنَ شَيْئًا.

[۱۴۰۸-] قَالَ لِيْ خَلِيْلِيْ - قَالَ: قُلْتُ: وَمَنْ خَلِيْلُكَ تَعْنِيْ؟ قَالَ: النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم-: "يَا أَبَا ذَرٍّ! أَتُبْصِرُ أُحُدًا؟" قَالَ: فَنَظَرْتُ إِلَى الشَّمْسِ: مَا بَقِيَ مِنَ النَّهَارِ؟ وَأَنَا أُرَى أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُرْسِلُنِيْ فِيْ حَاجَةٍ لَهُ، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "مَا أُحِبُّ أَنَّ لِيْ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا أُنْفِقُهُ كُلَّهُ إِلاَّ ثَلاَثَةَ دَنَانِيْرَ" وَإِنَّ هٰؤُلآءِ لاَ يَعْقِلُوْنَ، إِنَّمَا يَجْمَعُوْنَ الدُّنْيَا، وَلاَ وَاللّٰهِ لاَ أَسْأَلُهُمْ دُنْيَا، وَلاَ أَسْتَفْتِيْهِمْ عَنْ دِيْنٍ، حَتّٰى أَلْقَى اللّٰهَ. [راجع: ۱۲۴۷]

ترجمہ: احنف بن قیسؒ کہتے ہیں: میں قریش کی ایک جماعت میں بیٹھا، پس ایک شخص آیا جس کے بال، کپڑے اور صورت سخت تھی (خَشِن: خُشونة سے ہے جس کے معنی ہیں: سخت اور کھردرا، یہ لفظ تینوں کے ساتھ لگے گا) یہاں تک کہ وہ ان لوگوں کے پاس کھڑا ہوا، پس سلام کیا پھر اس نے کہا: مال جمع کرنے والوں کو خوشخبری سنا دو گرم پتھر کی جس پر جہنم کی آگ دہکائی جائے گی (یعنی پتھر خوب گرم کیا جائے گا کیونکہ جو چیز آگ کے اوپر رکھ کر گرم کی جاتی ہے وہ زیادہ گرم نہیں ہوتی اور جو آگ کے نیچے رکھ کر اس پر آگ دہکائی جاتی ہے وہ بہت گرم ہوتی ہے) پھر وہ پتھر ان میں سے ایک کی پستان کے سرے پر رکھا جائے گا یہاں تک کہ وہ اس کے شانے کی نرم ہڈی سے پار ہو جائے گا (النُغْض من الكتف: مونڈھے کے

کنارے کی پتلی ہڈی) پھر وہ شانے کی نرم ہڈی پر رکھا جائے گا، یہاں تک کہ وہ اس کے پستان کے سرے سے پار ہو جائے گا، وہ پتھر حرکت کررہا ہوگا (یہ سن کر سب لوگوں نے سر جھکا لیا، کسی نے کوئی جواب نہیں دیا) پھر اس شخص نے پیٹھ پھیری اور ایک ستون کے پاس بیٹھ گیا، اور میں اس کے پیچھے گیا اور اس کے پاس بیٹھا، اور مجھے معلوم نہیں تھا کہ وہ کون ہے؟ پس میں نے ان سے کہا: نہیں گمان کرتا میں لوگوں کو مگر انھوں نے آپ کی بات کو ناپسند کیا، اس شخص نے کہا: یہ لوگ ناسمجھ ہیں۔

مجھ سے میرے دوست نے کہا: — میں نے پوچھا: آپ کے دوست کون ہیں جس کو آپ مراد لے رہے ہیں؟ اس نے کہا: نبی ﷺ ہیں — اے ابوذر! کیا تم احد پہاڑ کو دیکھتے ہو؟ اس شخص نے کہا: پس میں نے سورج کی طرف دیکھا کہ کتنا دن باقی ہے؟ اور میں نے خیال کیا کہ نبی ﷺ مجھے کسی کام کے لئے بھیجیں گے، میں نے عرض کیا: جی ہاں! آپؐ نے فرمایا: ''میں پسند نہیں کرتا کہ میرے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہو، جس کو میں سب کو خرچ کردوں مگر تین دینار'' یعنی قرض کی ادائیگی کے لئے صرف تین دینار بچاؤں گا باقی سارا مال راہِ خدا میں خرچ کرڈالوں گا اور بیشک یہ لوگ ناسمجھ ہیں، دنیا جمع کرتے ہیں (اس لئے انہیں میری بات ناگوار معلوم ہوتی ہے) اور اللہ کی قسم! نہ میں ان سے دنیا مانگتا ہوں اور نہ ان سے دین کی بات پوچھتا ہوں، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کروں۔

تشریح: اس حدیث میں جن صاحب کا ذکر ہے وہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ ہیں، اور بشر الکانزین إلخ ان کا قول ہے، جس کا جواب ضروری نہیں، یہ ان کا اپنا مسلک ہے، البتہ آخر میں انھوں نے جو حدیث بیان کی ہے اس کا تعلق الفقر فخری سے ہے، مسئلہ شرعی نہیں ہے۔ یہ زہد کا اعلیٰ درجہ ہے جو ہر کسی کا نصیب نہیں ہوتا۔

بَابُ إِنْفَاقِ الْمَالِ فِيْ حَقِّهِ

مال کو اس کے حق میں خرچ کرنا

حقه کی ضمیر کا مرجع کیا ہے؟ دو احتمال ہیں: ایک: اللہ کی طرف بھی ضمیر لوٹ سکتی ہے، اللہ کا تصور ہر وقت مؤمن کے دل میں رہتا ہے اس لئے ضمیر لوٹانے کے لئے مرجع کا تذکرہ ضروری نہیں، دوم: مال کی طرف ضمیر لوٹائی جائے، اور دونوں صورتوں میں مطلب ایک ہوگا۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو مال دیا ہے وہ ہمارا نہیں، اس کے مالک اللہ تعالیٰ ہیں اور بندے ان کے نائب ہیں۔ قرآنِ کریم میں اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَأَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ﴾: اور جس مال میں اس نے تم کو اپنا قائم مقام بنایا ہے اس میں سے خرچ کرو (الحدید آیت ۷) یعنی یہ مال اللہ تعالیٰ کا ہے ہم منیجر (منتظم) ہیں، اب اللہ حکم دیتے ہیں کہ میرا جو مال تمہارے پاس ہے اس میں سے کچھ خرچ کرو، پس تم کیوں ہچکچاتے ہو؟ مال تمہارا کب ہے؟ اللہ تعالیٰ نے جو ہمیں مال دیا ہے اس میں ہمارا بھی حق ہے پس ہم اپنی ضرورت میں بھی خرچ کریں اور اللہ کا بھی حق ہے پس راہِ خدا میں بھی خرچ کریں۔

جان ومال خرچ کرنے کے مواقع:

سورۃ التوبہ (آیت ۱۱۱) میں اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرَى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ﴾: اللہ تعالیٰ نے مؤمنین سے ان کی جانیں اور ان کے مال خرید لئے ہیں، بایں قیمت کہ ان کے لئے جنت ہے، اسی معاہدے کا نام ایمان ہے جس کی رو سے مؤمن نے اپنا سب کچھ اللہ کے ہاتھ بیچ ڈالا ہے، جان بھی اور مال بھی۔ اب یہ چیزیں اس کی اپنی نہیں رہیں، بلکہ اللہ پاک کے لئے اور ان کے دین کے لئے وقف ہوگئیں، اور اللہ پاک کی طرف سے اس کے عوض موت کے بعد جنت کی سرمدی نعمتیں ملیں گی۔

جب ہم نے اپنی جانیں اور اپنے اموال اللہ کے ہاتھ بیچ دیئے تو اب یہ چیزیں اللہ کی راہ میں خرچ کرنی ہیں، جان کہاں خرچ کرنی ہے؟ اس کی جگہ متعین ہے: ﴿ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ﴾: وہ راہِ خدا میں لڑتے ہیں پس مارتے (بھی) ہیں اور مرتے (بھی) ہیں، یعنی مقصود اللہ کی راہ میں جان حاضر کر دینا ہے، پھر چاہے ماریں یا مارے جائیں، بہر صورت سودا پورا ہوگیا، اور مؤمنین یقینی طور پر قیمت کے مستحق ہوگئے، ﴿وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالإِنْجِيْلِ وَالْقُرْآنِ﴾: جنت کا یہ وعدہ اللہ کے ذمہ پختہ ہے جس کا تورات، انجیل اور قرآن میں تذکرہ کیا گیا ہے، یعنی قیمت ڈوبنے کا کوئی اندیشہ نہیں، اللہ پاک کا یہ پکا وعدہ ہے اور ہر آسمانی کتاب میں اس کا تذکرہ کیا گیا ہے اس لئے خلاف ورزی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اور تورات انجیل اور قرآن کا تذکرہ ان کی اہمیت کے پیش نظر ہے ﴿وَمَنْ أَوْفٰى بِعَهْدِهِ مِنَ اللّٰهِ﴾ الآیة: اور جو اللہ سے کیا ہوا اپنا عہد پورا کرے وہ اللہ کے ساتھ کئے ہوئے اپنے سودے پر خوشیاں منائے۔ ﴿وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ﴾: اور یہی (سودا) عظیم کامیابی ہے۔

غرض ہم اپنی جانیں اور اپنے اموال اللہ کے ہاتھ فروخت کر چکے ہیں اور جان خرچ کرنے کی جگہ متعین ہے، جس کا آیت میں ذکر ہے، اور مال خرچ کرنے کی بے شمار جگہیں ہیں، بعض کو اللہ پاک نے قرآن میں بیان کیا ہے، اور بعض کو نبی ﷺ نے احادیث شریفہ میں بیان کیا ہے، یہ باب اسی سلسلہ کا ہے، اور مال میں اللہ تعالیٰ کا حق زکوٰۃ ہے اور زکوٰۃ کے علاوہ بھی کچھ حقوق ہیں جو ثانوی درجہ کے ہیں جیسے نوائب الحق یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والے حوادث میں خرچ کرنا، پڑوسی کو بھوکا نہ چھوڑنا، سائل کو خالی ہاتھ نہ لوٹانا، یہ سب مال میں اللہ تعالیٰ کے حقوق ہیں۔

چار ابواب کا حاصل:

اور یہاں سے چار بابوں کا حاصل یہ ہے کہ انفاق فی سبیل اللہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ داخلی اور خارجی خادشات (زخمی کرنے والی باتوں) سے پاک ہو، مثلاً: غیر محل میں مال خرچ کرنا، شہرت کا جذبہ ہونا، مال کا حرام ہونا یا صدقہ کے ساتھ ایذا رسانی کا جمع ہونا: یہ صدقہ کو مخدوش کرنے والی باتیں ہیں ان سے بچنا ضروری ہے۔ انفاق فی سبیل اللہ یہ ہے کہ حلال

وطیب اور پاکیزہ مال ہو، محل میں خرچ کیا جائے، نیت اچھی ہو اور صدقہ کے بعد ایذاء نہ پہنچائی جائے، اگر یہ سب باتیں ہیں تو وہ انفاق فی سبیل اللہ ہے اور اگر ان میں سے کوئی ایک بات بھی مفقود ہے تو وہ نہ انفاق فی سبیل اللہ ہے نہ موجب اجر وثواب!

[٥-] بَابُ إِنْفَاقِ الْمَالِ فِيْ حَقِّهِ

[١٤٠٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ قَيْسٌ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" لَاحَسَدَ إِلَّا فِيْ اثْنَيْنِ: رَجُلٍ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً، فَسَلَّطَهُ عَلٰى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ، وَرَجُلٍ آتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً، فَهُوَ يَقْضِيْ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا" [راجع: ٧٣]

وضاحت: یہ حدیث کتاب العلم (باب۱۵) میں گذر چکی ہے، اور حسد بمعنی غبطہ ہے، حقیقی حسد کسی حال میں جائز نہیں، حسد تمام شرور وفتن کی جڑ ہے، البتہ غبطہ کی گنجائش ہے۔

اور حسد وغبطہ میں فرق یہ ہے کہ کسی کی نعمت کے زوال کی تمنا کرنا حسد (جلنا) ہے پھر خواہ وہ نعمت اسے ملے یا نہ ملے، جب کسی سے حسد ہو جاتا ہے تو آدمی اس کو نیچا دکھانے کے لئے ہر کردنی ناکردنی کرتا ہے، اور ایسے ایسے حربے استعمال کرتا ہے کہ خدا کی پناہ! اس لئے حسد حرام ہے۔ اور غبطہ (رشک) یہ ہے کہ کسی کی نعمت دیکھ کر تمنا کرے کہ کاش مجھے بھی یہ نعمت مل جائے، مگر اس کی نعمت کے زوال کی تمنا نہ کرے: یہ جائز ہے، بلکہ مذکورہ دو صورتوں میں محمود ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۱: ۳۴۵) میں ہے۔

فائدہ: حکمت: آخری درجہ ہے، اس سے آگے کوئی درجہ نہیں، اور پہلا مرحلہ عالم بننے کا ہے، پھر دوسرا مرحلہ فقیہ بننے کا ہے، اور آخری مرحلہ حکیم بننے کا ہے۔ جو شخص دین یعنی مسائل جانتا ہے وہ عالم ہے اور جو مسائل کو ان کی حقیقتوں (دلائل) کے ساتھ جانتا ہے وہ فقیہ ہے، اور جو مسائل کی علتیں بھی جانتا ہے وہ حکیم ہے اور یہ آخری درجہ ہے اس سے آگے کوئی درجہ نہیں۔

بَابُ الرِّيَاءِ فِيْ الصَّدَقَةِ

خیرات میں دکھاوا

صدقہ خیرات میں ریاء اور دکھاوے سے بچنا ضروری ہے اس سے صدقہ بیکار ہو جاتا ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: اے ایمان والو! اپنے صدقات کو احسان جتلا کر یا تکلیف پہنچا کر بیکار نہ کرو اس شخص کی طرح جو اپنا مال لوگوں کو دکھلانے کے لئے خرچ کرتا ہے اور وہ خدا اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا، یعنی جو شخص ایمان کے نور سے محروم ہے وہی شہرت اور دکھاوے کے لئے خرچ کرتا ہے اور جو ایمان کی دولت سے منور ہے وہ شہرت کے لئے نہیں بلکہ اللہ کی رضا جوئی کے لئے خرچ

کرتا ہے، ریاکار کی مثال اس چکنے پتھر جیسی ہے جس پر کچھ گرد وغبار جمع ہوگیا ہو پھر اس پر موسلا دھار بارش برسے اور پتھر صاف ہوجائے۔

اور ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: صلدًا کے معنی ہیں: لیس علیه شیئ: اس پر کچھ نہیں رہا اور وابل کے معنی ہیں: مطر شدید: موسلا دھار بارش، یعنی جس نے ریا اور دکھاوے کے لئے صدقہ کیا اس کی مثال یہ ہے کہ اس نے ایسے پتھر پر دانہ بویا جس پر تھوڑی سی مٹی نظر آتی تھی، جب بارش ہوئی تو پتھر صاف ہوگیا، پس اس پر دانہ کیا اُگے گا! ایسے ہی ریاکاروں کو صدقات میں کیا ثواب ملے گا! —— اور اگلی آیت میں ایک لفظ آیا ہے طَلّ: اس کے معنی ہیں: شبنم، ہلکی پھوار۔

[٦-] بَابُ الرِّيَاءِ فِي الصَّدَقَةِ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَ تُبْطِلُوْا صَدَقَاتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالأَذَى، كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهُ رِئَاءَ النَّاسِ وَلاَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَاللّٰهُ لاَ يَهْدِى الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ﴾[البقرة: ٢٦٤] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿صَلْدًا﴾: لَيْسَ عَلَيْهِ شَيْئٌ، وَقَالَ عِكْرِمَةُ: ﴿وَابِلٌ﴾: مَطَرٌ شَدِيْدٌ. ﴿وَالطَّلُّ﴾ النَّدَى.

بَابٌ: لاَ يَقْبَلُ اللّٰهُ صَدَقَةً مِنْ غُلُوْلٍ، وَلاَ يُقْبَلُ إِلاَّ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ

اللہ تعالیٰ خیانت کے مال سے خیرات قبول نہیں کرتے، وہ حلال کمائی ہی قبول فرماتے ہیں

صدقہ خیرات کی قبولیت میں ایک شرط یہ ہے کہ اس میں ریاء وسمعہ نہیں ہونا چاہئے اور دوسری شرط یہ ہے کہ مال حرام نہیں ہونا چاہئے، حرام مال کو اللہ تعالیٰ قبول نہیں کرتے، حلال اور پاکیزہ مال ہی قبول کرتے ہیں۔ غلول کے اصل معنی ہیں: مال غنیمت میں خیانت کرنا مگر مراد عام ہے، ہر حرام مال غلول کے حکم میں ہے۔ حدیث میں ہے: إِن اللّٰه طَيِّبٌ لا يَقْبَلُ إِلَّا طَيِّبًا: اللہ ستھرے ہیں، وہ ستھرے مال ہی کو قبول کرتے ہیں۔

اور قبول کے دو معنی ہیں: قبول بمعنی صحت اور قبول بمعنی رضا (پسندیدگی) یہاں قبول کے دوسرے معنی ہیں: اور فقہ کی کتابوں میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ اگر کسی کے پاس حرام مال ہو اور مالک معلوم ہو تو مالک کو وہ مال لوٹانا فرض ہے، اور مالک معلوم نہ ہو تو اس سے تفصّی (پیچھا چھڑانا) ضروری ہے، اور پیچھا چھڑانے کی صورت یہ ہے کہ ثواب کی نیت کے بغیر وہ مال غریب کو دیدے، کیونکہ اللہ تعالیٰ حرام مال کو قبول نہیں کرتے یعنی اس پر ثواب عنایت نہیں فرماتے، البتہ امتثالِ امر کا ثواب ملے گا۔

بینک کے سود کا مصرف:

یہاں یہ مسئلہ سمجھ لینا چاہئے کہ بینک سے جو سود ملتا ہے اس کو لے لینا واجب ہے، وہاں چھوڑنا جائز نہیں، اس لئے کہ اگر وہ رقم وہاں چھوڑی جائے گی تو وہ مذہب اسلام اور مسلمانوں کے خلاف استعمال ہوگی، ایسا واقعہ پیش آچکا ہے، جب

ہندوستان پر انگریزوں کا قبضہ ہوا اور بینکوں میں مسلمانوں کی جو رقمیں تھیں مسلمانوں نے ان کا سود نہ لیا تو انگریزوں نے پوری رقم عیسائی مشنری کو دیدی، مشنری نے اس رقم سے دنیا بھر میں عیسائیت کی تبلیغ کی، اس وقت سے علماء برابر یہ فتوی دیتے ہیں کہ بینک سے جو سود ملتا ہے اس کو وہاں چھوڑنا حرام ہے اس کو لے لینا واجب ہے۔ اور لے کر ثواب کی نیت کے بغیر غریب کو دیدینا واجب ہے، اپنے استعمال میں لانا کسی طرح درست نہیں۔

اور ایک فتوی آج کل یہ چل رہا ہے کہ سود کی رقم حکومت کے ٹیکس میں دی جاسکتی ہے، حالانکہ یہ ذاتی استعمال ہے، اس کا فائدہ ٹیکس دینے والے کی طرف لوٹتا ہے، اور وہ فتوی اس پر مبنی ہے کہ ردعلی رب المال واجب ہے، اور بینکیں چونکہ حکومت کی ہیں اس لئے کسی بھی طرح وہ رقم حکومت کو لوٹادی جائے تو سبک دوشی حاصل ہوجائے گی، مگر اس پر غور نہیں کیا گیا کہ پھر بینک سے سود لینے کی ضرورت ہی کیا ہے؟ بینک سود لینے پر مجبور نہیں کرتی، اور جب فتوی کی رو سے لیا ہے تو فتوی ہی کی رو سے غریبوں کو دینا واجب ہے۔

[۷-] بَابٌ: لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَدَقَةً مِنْ غُلُوْلٍ، وَلَا يُقْبَلُ إِلَّا مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿ قَوْلٌ مَعْرُوْفٌ وَمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِنْ صَدَقَةٍ يَتْبَعُهَا أَذًى، وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ﴾[البقرة: ۲۶۳]

استدلال: آیت سے باب پر استدلال ذرا دقیق ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: وہ صدقہ جس کے ساتھ ایذا رسانی جمع ہو بیکار ہے، اس سے بہتر میٹھا بول ہے، کہہ دو: بھائی معاف کردو، ابھی گنجائش نہیں، پھر دیں گے، یہ قول معروف ہے اور معاف کرو: مغفرت ہے۔ اور جب حلال مال کا صدقہ جس کے ساتھ اذی مقارن ہو: قرآن نے اس کو بیکار قرار دیا ہے، اور قول معروف اور مغفرت کو اس سے بہتر قرار دیا ہے، تو حرام مال خیر کیسے ہوسکتا ہے؟ وہ تو بدرجۂ اولیٰ بدترین صدقہ ہے، اس کو اللہ تعالیٰ کیسے قبول کریں گے؟ یہ اس آیت سے استدلال ہے۔

بَابُ الصَّدَقَةِ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ

ستھری کمائی سے خیرات کرنا

یہ مسئلہ اوپر آچکا، اوپر منفی اور مثبت دونوں پہلو سے یہ مسئلہ آیا تھا۔ منفی پہلو مستقل تھا اور مثبت پہلو ضمناً، اب مثبت پہلو کو مستقل لارہے ہیں، اور باب میں دو آیاتِ کریمہ اور ایک حدیث ہے ان کو سمجھنا ہے۔

[۸-] بَابُ الصَّدَقَةِ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِى الصَّدَقَاتِ وَاللّٰهُ لَايُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيْمٍ○ إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا

وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُوْا الصَّلاَ ةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُم أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَهُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾[البقرة: ۲۷۶و ۲۷۷]

[۱۴۱۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ أَبَا النَّضْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللهِ ابْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ-وَلاَ يَقْبَلُ اللهُ إِلاَّ الطَّيِّبَ- فَإِنَّ اللهَ يَتَقَبَّلُهَا بِيَمِيْنِهِ، ثُمَّ يُرَبِّيْهَا لِصَاحِبِهِ، كَمَا يُرَبِّيْ أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ، حَتّٰى تَكُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ"

تَابَعَهُ سُلَيْمَانُ، عَنِ ابْنِ دِيْنَارٍ، وَقَالَ وَرْقَاءُ: عَنِ ابْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، وَزَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، وَسُهَيْلٌ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ۷۴۳۰]

پہلی آیت کا ترجمہ: اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں، اور صدقہ کی پرورش کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کسی بھی ناشکرے گناہ گار کو پسند نہیں کرتے۔

تفسیر: اس آیت میں تقابل تضاد ہے۔ اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں، کیونکہ اس میں خبث ہے، پس جو صدقہ مال خبیث سے ہوگا اس کو اللہ تعالیٰ کیسے قبول کریں گے؟ اور اس کو کیسے ہاتھ میں لے کر بڑھائیں گے، اللہ تعالیٰ تو حرام مال کو مٹاتے ہیں؟! اللہ تعالیٰ اسی صدقہ کو ہاتھ میں لے کر بڑھاتے ہیں جس کے اندر کوئی خبث نہیں ہوتا، یعنی جو صدقہ حلال وطیب اور پاکیزہ مال سے ہوتا ہے اسی کو اللہ تعالیٰ قبول کرتے ہیں، یہ اس آیت سے استدلال ہے اور یہ تطبیق ابن بطال رحمہ اللہ نے بیان کی ہے اور حاشیہ میں ہے۔

دوسری آیت کا ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کئے اور انھوں نے نماز کا اہتمام کیا اور زکوٰۃ ادا کی تو ان کے لئے ان کا ثواب ہے ان کے رب کے پاس ان کو نہ کوئی خوف ہوگا، نہ وہ غمگین ہونگے۔

تفسیر وتطبیق: اس آیت کی تطبیق کی طرف شارحین کا ذہن نہیں گیا، انھوں نے ایک آیت کی تطبیق کو کافی سمجھا ہے، حالانکہ امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں آیتوں سے استدلال کیا ہے، اور اس آیت سے استدلال یہ ہے کہ نماز کا اہتمام کرنا اور زکوٰۃ دینا عمل صالح ہے بشرطیکہ ان میں شہرت کا جذبہ نہ ہو اور مال حلال ہو، دکھاوے کے لئے نماز پڑھنا، شہرت کے لئے مال خرچ کرنا یا حرام مال خیرات کرنا نہ صرف یہ کہ عمل صالح نہیں بلکہ ایسی نماز اور ایسی زکوٰۃ منہ پر ماردی جائے گی جو نماز اور زکوٰۃ خالص لوجہ اللہ ہوں اور خیرات حلال وطیب مال ہو وہی عمل صالح ہیں اور وہی اللہ کے یہاں مقبول ہیں۔

بہ الفاظ دیگر: عمل صالح کے لئے ایمان ضروری ہے اور أقاموا الصلوٰۃ و آتوا الزکاۃ: عملوا الصالحات کی دو مثالیں ہیں، پس ان کے نیک عمل بننے کے لئے مثبت پہلو سے ایمان ضروری ہے اور منفی پہلو سے خادشات سے محفوظ ہونا

ضروری ہےاورریاءوسمعہ اورمال کا حرام ہوناخادشات ہیں ان کی وجہ سےعمل ضائع ہوجاتا ہےاورمنہ پر ماردیا جاتا ہے،اللہ تعالیٰ اس عمل کوقبول نہیں کرتے ، یہ اس آیت سے استدلال ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:''جس شخص نے پاکیزہ کمائی میں سے ایک کھجور کے برابر صدقہ کیا — اور اللہ تعالیٰ پاکیزہ کمائی ہی قبول کرتے ہیں —پس بیشک اللہ تعالیٰ اس کو اپنے دائیں ہاتھ میں لیتے ہیں پھرصدقہ کرنے والے کے لئے اس کے صدقہ کو بڑھاتے ہیں جس طرح تم میں سے ایک اپنی گھوڑی کے بچہ کی پرورش کرتا ہے یہاں تک کہ وہ چیز پہاڑ کے برابر ہوجاتی ہے۔

سند کا بیان:

اس حدیث کوعبداللہ بن دینار (عمرو بن دینار الگ راوی ہیں) سے ان کے صاحبزادے عبدالرحمٰن بھی روایت کرتے ہیں اور ورقاء بن عمر یشکری بھی ، پھر عبدالرحمٰن: ابن دیناراور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ابوصالح کا واسطہ ذکر کرتے ہیں اورسلیمان بن بلال ان کے متابع ہیں یعنی وہ بھی ابوصالح کا واسطہ ذکر کرتے ہیں اور ورقاء بن عمر:سعید بن یسار کا واسطہ ذکرکرتے ہیں اوران کا کوئی متابع نہیں ،اور مسلم بن ابی مریم ، زید بن اسلم اور سہیل بن ابی صالح نے بھی ابوصالح سے روایت کی ہے، یہ عبدالرحمٰن کی متابعت قاصرہ ہے،غرض عبدالرحمٰن کی متابعت قاصرہ بھی ہے اورمتابعت تامہ بھی اور ورقاء کا کوئی متابع نہیں پس راجح ابوصالح کا واسطہ ہے۔

تشریح:

۱-باب پرحدیث کی دلالت واضح ہے،اللہ تعالیٰ حلال مال ہی قبول کرتے ہیں اوراس کو بڑھاتے ہیں،حرام مال کوقبول نہیں کرتے ،اور یہاں قبول بمعنی رِضا (پسندیدگی) ہے اس لئے کہ اگرکسی کے پاس حرام مال ہےتو اس سے پیچھا چھڑانا ضروری ہےاور پیچھا چھڑانے کی صورت پہلے بتائی ہے کہ ثواب کی نیت کے بغیر وہ مال غریب کو دیدیا جائے۔ معلوم ہوا کہ حرام مال کا بھی صدقہ ہوتا ہے مگر اس میں ثواب کی نیت جائز نہیں، اور نہ اس صدقہ کا ثواب ملتا ہےاور یہاں چونکہ ثواب مذکور ہےاس لئے یہ قبول بمعنی رِضا ہے۔

۲-دائیں ہاتھ میں لینے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس صدقہ کوخوشی سے قبول کرتے ہیں اوراللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں،کوئی ہاتھ بایاں نہیں۔اوراس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھوں میں قوت ہے،انسان کے دائیں ہاتھ میں قوت اور بائیں ہاتھ میں ضعف ہوتا ہے،اللہ تعالیٰ میں ایسا نہیں،اس لئے کہ وہ عیوب سے پاک ہیں۔

۳-اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں صدقہ تدریجاً بڑھتا ہے، یک بیک پہاڑ جتنا نہیں ہوجاتا، یہ بات نبی ﷺ نے ایک مثال سے سمجھائی ہے،جس طرح آدمی گھوڑی کے بچہ کی پرورش کرتا ہےاور مسلسل اس کی نگہبانی کرتا ہے،حوادثات سے بچاتا ہے تا آنکہ وہ رفتہ رفتہ گھوڑا بن جاتا ہےاسی طرح اللہ تعالیٰ بندوں کی خیرات کی حفاظت کرتے ہیں اور ایک چھوہارا تدریجاً

پہاڑ سے بڑا ہوجاتا ہے، اور انسان گھوڑی کے بچہ کو اپنے فائدے کے لئے پالتا ہے تاکہ وہ سواری کے قابل ہوجائے یا اچھی قیمت سے فروخت ہوجائے اسی طرح اللہ تعالیٰ بندوں کے فائدہ کے لئے صدقہ کو اپنے ہاتھ میں بڑا کرتے ہیں۔

سوال: جب صدقات پروردگار کے ہاتھ میں تدریجاً بڑھتے ہیں تو حضرت آدم علیہ السلام کی امت نے جو خیراتیں کی ہیں ان میں اور نبی ﷺ کی امت کے آخری افراد جو خیراتیں کریں گے ان میں بڑا تفاوت ہوگا؟ اور یہ آخری امت گھاٹے میں رہے گی؟

جواب: کبھی کھاد اور بیج کی تاثیر سے بعد میں بوئی ہوئی کھیتی جلدی تیار ہوجاتی ہے اور وہ پہلے بوئی ہوئی کھیتی کے ساتھ کاٹنے کے قابل ہوجاتی ہے، یہاں بھی ایسا ہی سمجھنا چاہئے، ان شاء اللہ یہ امت گھاٹے میں نہیں رہے گی، سرخ رو ہوگی۔

فائدہ: یہ صفات کی حدیث ہے اور صفات کے بارے میں اہل حق کے دو موقف ہیں: تنزیہ مع التفویض، یعنی مخلوق کی مشابہت سے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کی جائے اور صفات کی کیفیت علم الٰہی کے حوالے کردی جائے مثلاً یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ کا سننا، دیکھنا، جاننا، عرش پر مستوی ہونا اور دائیں ہاتھ میں صدقہ لینا وغیرہ: مخلوقات کے سننے، دیکھنے، جاننے، تخت شاہی پر براجمان ہونے اور ہاتھ میں لینے کی طرح نہیں۔ پھر یہ صفات کیسی ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی اپنی صفات کی حقیقت بہتر جانتے ہیں، ہم نہیں جانتے، یہ محدثین اور اسلاف کا مذہب ہے۔

اور دوسرا موقف: تفویض مع التاویل ہے، یعنی مخلوق کی مشابہت سے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنا اور صفات کا درجہ احتمال میں اللہ کے شایانِ شان مطلب بیان کرنا، یہ متکلمین: اشاعرہ و ماتریدیہ کا مسلک ہے، اور ان حضرات نے یہ رائے بیمار ذہنوں کو گمراہی سے بچانے کے لئے اختیار کی ہے، کیونکہ صفات کی اگر مناسب تاویل نہیں کی جائے گی تو کمزور ایمان والے تجسیم وتشبیہ کے قائل ہوکر رہ جائیں گے، جیسے دائیں ہاتھ میں صدقہ لینے کی یہ تاویل کہ اللہ تعالیٰ اس کو خوشی سے قبول کرتے ہیں اور قبولیت سے نوازتے ہیں ایک جائز تاویل ہے، اور یہ مسئلہ تفصیل سے میں نے تحفۃ الالمعی (۲:۵۸۳) رحمۃ اللہ الواسعہ (۱:۶۳۳) اور علمی خطبات (۱:۱۱۴) میں بیان کیا ہے اور کتاب الایمان کے شروع میں بھی (تحفۃ القاری ۱:۱۷۹) اس کی کچھ تفصیل گذر چکی ہے۔

بَابُ الصَّدَّقَةِ قَبْلَ الرَّدِّ

کوئی لینے والا نہ ملے اس سے پہلے خیرات کرو

یہاں سے دور تک کے ابواب کا حاصل یہ ہے کہ زکوٰۃ دینے میں تنگ دلی سے کام نہ لیا جائے، نہ ٹال مٹول کی جائے، بلکہ فراخ دلی، اور بلند حوصلگی کے ساتھ خیرات کی جائے، ہوسکتا ہے وہ زمانہ آجائے کہ صدقہ قبول کرنے والا کوئی نہ رہے۔ باب کی حدیث میں ہے کہ ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ آدمی اپنی زکوٰۃ لئے لئے پھرے گا اور کوئی اسے قبول کرنے والا نہیں

ہوگا، وہ جس کے پاس بھی زکوۃ لے کر جائے گا وہ کہے گا: اگر آپ گذشتہ کل لاتے تو میں قبول کرلیتا، آج مجھے ضرورت نہیں، پس ایسا زمانہ آئے اس سے پہلے صدقہ کرو، اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ خیر خیرات کرنے کا جذبہ ابھرتا ہے، پھر وہ جذبہ سرد پڑ جاتا ہے، پس فوراً خیرات کر ڈالو، ہوسکتا ہے: کچھ دیر کے بعد وہ جذبہ سرد پڑ جائے اور خیرات کرنا مشکل ہوجائے اور آدمی ثواب سے محروم رہ جائے۔

[۹-] بَابُ الصَّدَّقَةِ قَبْلَ الرَّدِّ

[۱۴۱۱-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" تَصَدَّقُوْا، فَإِنَّهُ يَأْتِيْ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمْشِيْ الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهِ، فَلاَ يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا، يَقُوْلُ الرَّجُلُ: لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالْأَمْسِ لَقَبِلْتُهَا، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلاَ حَاجَةَ لِيْ فِيْهَا"[انظر: ۱۴۲۴، ۷۱۲۰]

[۱۴۱۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لاَتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ فِيْكُمُ الْمَالُ، فَيَفِيْضَ، حَتّٰى يُهِمَّ رَبُّ الْمَالِ مَنْ يَقْبَلُ صَدَقَتَهُ، وَحَتّٰى يَعْرِضَهُ، فَيَقُوْلُ الَّذِيْ يَعْرِضُهُ عَلَيْهِ: لاَ أَرَبَ لِيْ"[راجع: ۸۵]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: صدقہ کرو، اس لئے کہ تم پر ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ آدمی اپنے صدقہ کو لے کر چلے گا پس وہ ایسے شخص کو نہیں پائے گا جو اس کے صدقہ کو قبول کرے، وہ شخص (جس کے پاس صدقہ لے کر گیا ہے) کہے گا: اگر آپ گذشتہ کل لاتے تو میں ضرور قبول کرتا، آج تو مجھے اس کی ضرورت نہیں، یعنی اب میں زکوۃ کا مستحق نہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ تمہارے پاس دولت کی ریل پیل ہوجائے گی اور وہ (پانی کی طرح) بہے گی، یہاں تک کہ مالدار کو فکر ہوگی کہ اس کے صدقہ کو کون قبول کرے گا؟ اور یہاں تک کہ وہ اپنا صدقہ پیش کرے گا پس وہ شخص جس کو اس نے صدقہ پیش کیا ہے کہے گا: مجھے ضرورت نہیں۔

سوال: جب کوئی غریب نہیں ہوگا تو زکوۃ کس کو دیں گے؟

جواب: غریب ہی زکوۃ کا مصرف نہیں، زکوۃ کے آٹھ مصارف ہیں پس دوسرے مصارف میں خرچ کریں گے۔ اور دوسرا جواب یہ ہے کہ جب زکوۃ کا کوئی مصرف نہیں رہے گا تو آدمی زکوۃ کی رقم اپنے پاس جمع رکھے گا پھر جب کوئی مصرف ملے گا خرچ کرے گا۔

[۱۴۱۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سَعْدَانُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحِلُّ بْنُ خَلِيْفَةَ الطَّائِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ، يَقُوْلُ:

كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ هُ رَجُلَانِ: أَحَدُهُمَا يَشْكُوْ الْعَيْلَةَ، وَالآخَرُ يَشْكُوْ قَطْعَ السَّبِيْلِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَمَّا قَطْعُ السَّبِيْلِ، فَإِنَّهُ لَا يَأْتِيْ عَلَيْكَ إِلَّا قَلِيْلٌ، حَتّٰى تَخْرُجَ الْعِيْرُ إِلٰى مَكَّةَ بِغَيْرِ خَفِيْرٍ، وَأَمَّا الْعَيْلَةُ، فَإِنَّ السَّاعَةَ لَاتَقُوْمُ حَتّٰى يَطُوْفَ أَحَدُكُمْ بِصَدَقَتِهِ، فَلَا يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا مِنْهُ.

ثُمَّ لَيَقِفَنَّ أَحَدُكُمْ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ حِجَابٌ، وَلَا تَرْجُمَانٌ يُتَرْجِمُ لَهُ، ثُمَّ لَيَقُوْلَنَّ لَهُ: أَلَمْ أُوْتِكَ مَالًا؟ فَلَيَقُوْلَنَّ: بَلٰى! ثُمَّ لَيَقُوْلَنَّ: أَلَمْ أُرْسِلْ إِلَيْكَ رَسُوْلًا؟ فَلَيَقُوْلَنَّ: بَلٰى! فَيَنْظُرُ عَنْ يَمِيْنِهِ فَلَا يَرَى إِلَّا النَّارَ، ثُمَّ يَنْظُرُ عَنْ شِمَالِهِ فَلَا يَرَى إِلَّا النَّارَ، فَلْيَتَّقِيَنَّ أَحَدُكُمُ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ" [انظر: ۱٤۱۷، ۳٥۹٥، ٦۰۲۳، ٦٥۳۹، ٦٥٤۰، ٦٥٦۳، ۷٤٤۳، ۷٥۱۲]

ترجمہ: حضرت عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس حاضر تھا کہ آپؐ کے پاس دو آدمی آئے، ان میں سے ایک فقر وفاقہ کی شکایت کررہا تھا، اور دوسرا ڈاکہ زنی کی۔ پس نبی ﷺ نے فرمایا: رہی ڈاکہ زنی، پس بیشک شان یہ ہے کہ نہیں گذرے گا تجھ پر مگر تھوڑا وقت، یہاں تک کہ تجارتی قافلہ بغیر کسی نگہبان کے مکہ جائے گا۔ اور رہا فقر وفاقہ! پس بیشک قیامت نہیں قائم ہوگی، یہاں تک کہ تم میں سے ایک اپنی خیرات لے کر گھومے گا پس نہیں پائے گا وہ اس شخص کو جو اس کی زکوٰۃ کو قبول کرے۔

پھر ضرور تم میں سے ایک اللہ کے سامنے کھڑا ہوگا، اس کے درمیان اور اللہ کے درمیان نہ کوئی پردہ ہوگا اور نہ کوئی ترجمان جو ان کے لئے ترجمہ کرے (کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر زبان جانتے ہیں بلکہ اللہ ہی نے سب زبانیں پیدا کی ہیں پس ترجمان کا کیا کام!) اللہ تعالیٰ اس سے پوچھیں گے: کیا میں نے تجھے مال نہیں دیا تھا؟ وہ عرض کرے گا: کیوں نہیں! پھر اللہ پوچھیں گے: کیا میں نے تیرے پاس رسول نہیں بھیجا تھا؟ وہ عرض کرے گا: کیوں نہیں! پس وہ اپنی دائیں طرف دیکھے گا تو اسے آگ ہی آگ نظر آئے گی، پھر وہ اپنی بائیں طرف دیکھے گا تو اس طرف بھی آگ ہی آگ نظر آئے گی، پس چاہئے کہ تم میں سے ہر ایک آگ سے بچنے کا سامان کرے، اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ذریعہ ہو یعنی اگر اتنا ہی صدقہ کرنے کے لئے ہے تو اتنا ہی صدقہ کرے اور اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچائے اور اس کی بھی استطاعت نہ رکھتا ہو تو اچھی بات کے ذریعہ آگ سے بچے!

تشریح: نبی ﷺ کے پاس دو شخص آئے، ایک نے اپنی قوم کے فقر وفاقہ کی شکایت کی اور دوسرے نے راستہ کی بدامنی کی، آپؐ نے اس شخص سے جس نے بدامنی کی شکایت کی تھی فرمایا: بہت جلد ایسا زمانہ آرہا ہے کہ تجارتی قافلے مکہ جائیں گے اور ان کا کوئی محافظ نہیں ہوگا۔ خفیر: کے معنی ہیں: محافظ، پناہ دینے والا۔ اسلام سے پہلے ہر طرف بدامنی تھی، اس لئے علاقہ کا جو سب سے بڑا دادا بدمعاش ہوتا تھا اس کی پناہ لینی پڑتی تھی، وہ چورا چکوں سے قافلہ کی حفاظت کرتا تھا اور اس

کی اجرت لیتا تھا، آپؐ نے فرمایا: بہت جلد ایسا زمانہ آرہا ہے کہ تجارتی قافلے سفر کریں گے، اور انہیں کوئی ڈر نہیں ہوگا نہ کسی کی پناہ لینی پڑے گی۔

اور اس شخص سے جس نے فقر وفاقہ کی شکایت کی تھی فرمایا کہ عنقریب مال ودولت کی ریل پیل ہوجائے گی، یہاں تک کہ کوئی زکوٰۃ لینے والا نہیں رہے گا، اسی کی مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں۔

پھر نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن ہر شخص اللہ کے روبرو کھڑا کیا جائے گا، درمیان میں نہ کوئی پردہ ہوگا نہ ترجمان، اللہ عزوجل ہر ایک سے براہ راست گفتگو فرمائیں گے۔ اور جس کا دامن صدقہ خیرات سے خالی ہوگا اس کو چاروں طرف جہنم کی آگ نظر آئے گی، پس اگر تم آدھی کھجور کے ذریعہ آگ سے بچ سکتے ہو تو اتنا ہی صدقہ کرو، آدھی کھجور یعنی معمولی صدقہ بھی اللہ کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے اور اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو اچھی اور بھلی بات بولو، ذکر واذکار کرنا، مظلوم کی مدد کرنا، راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹانا، اندھے کو راستہ پر لگانا حتی کہ بیوی کو کھلانا بھی صدقہ ہے، جو بھی بھلائی ممکن ہو کرو اور اللہ کے غصہ کو ٹھنڈا کرو، اور جہنم کی آگ سے بچو۔

[١٤١٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، يَطُوْفُ الرَّجُلُ فِيْهِ بِالصَّدَقَةِ مِنَ الذَّهَبِ، ثُمَّ لَا يَجِدُ أَحَدًا يَأْخُذُهَا مِنْهُ، وَيُرَى الرَّجُلُ الْوَاحِدُ يَتْبَعُهُ أَرْبَعُوْنَ امْرَأَةً، يَلُذْنَ بِهِ مِنْ قِلَّةِ الرِّجَالِ وَكَثْرَةِ النِّسَاءِ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی صدقہ کا سونا لئے ہوئے گھومے گا پھر وہ اس شخص کو نہیں پائے گا جو اس سے وہ صدقہ لے، اور ایک شخص دیکھا جائے گا جس کے پیچھے چالیس عورتیں ہونگی، جو اس کی پناہ لئے ہوئے ہونگی، مرد کم ہونے کی وجہ سے اور عورتیں زیادہ ہونے کی وجہ سے، یعنی ایک مرد چالیس عورتوں کا ذمہ دار ہوگا، کیونکہ مرد کم ہونگے اور عورتیں زیادہ ہونگی۔

تشریح: مرد یا تو جنگوں میں مارے جائیں گے یا لڑکیوں کی شرح پیدائش بڑھ جائے گی، دونوں احتمال ہیں۔

بَابٌ: اتَّقُوْا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، وَالْقَلِيْلِ مِنَ الصَّدَقَةِ

دوزخ سے بچو اگرچہ آدھی کھجور کے ذریعہ ہو اور معمولی خیرات کرنا

باب کا پہلا جزء ایک حدیث ہے اور اس کی شرح کرنے کے لئے حضرت رحمہ اللہ نے اگلا جملہ بڑھایا ہے، یعنی شق تمر سے مراد معمولی صدقہ ہے، اس کے بعد سورۂ بقرہ کی دو آیتیں لکھی ہیں:

آیاتِ پاک کا ترجمہ: اور ان لوگوں کی مثال جو اپنے اموال اللہ کی خوشنودی کے لئے اور اپنے نفس میں پختگی پیدا کرنے کے لئے خرچ کرتے ہیں ایسی ہے جیسے بلند زمین پر کوئی باغ ہو، جس پر موسلا دھار بارش برسے، پس اس میں دوچند پھل آئیں اور اگر موسلا دھار بارش نہ برسے تو ہلکی پھوار (شبنم) بھی کافی ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو خوب دیکھتے ہیں، کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ اس کے پاس کھجور اور انگور کا باغ ہو جس کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں اس کو اس باغ میں ہر طرح کا میوہ حاصل ہو (الی آخرہ)

تشریح: شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں کتاب الزکوٰۃ کے شروع میں صدقہ خیرات کرنے کے فوائد بیان کئے ہیں ان میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ صدقہ خیرات کرنے سے نفس دوسروں کی خیر خواہی کا خوگر بنتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ بخیلی فطری چیز ہے اللہ تعالیٰ نے انسان کی طبیعت میں بخیلی رکھی ہے اسی لئے انسان کے پاس بیلنس ہے، اگر انسان کی فطرت میں بخیلی نہ ہوتی تو جس طرح چرند و پرند کے پاس کوئی بیلنس نہیں، انسانوں کے پاس بھی کوئی بیلنس نہ ہوتا، پس بخیلی فطرت انسانی کا جزء ہے وہ ختم نہیں ہوسکتی، ہاں اس کی اصلاح ہوسکتی ہے، پھر شُحّ ہے اس کے معنی ہیں: خودغرضی، یہ بخیلی کا باوا ہے، اور یہ فطری نہیں بخل بڑھ کر شح بنتا ہے اور یہ بری صفت ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾: جس میں خودغرضی نہیں وہ کامیاب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ: جس میں بخیلی نہیں وہ کامیاب ہے۔ اس لئے کہ بخیلی فطری ہے وہ ختم نہیں ہوسکتی اور شحّ (خودغرضی) فطرت میں نہیں، جب بخل بڑھ جاتا ہے تو شح بن جاتا ہے، اسی وجہ سے سود کو حرام کیا گیا، کیونکہ سودخور اپنی ہی غرض پیش نظر رکھتا ہے اور غریب کا خون چوستا ہے۔

غرض جیسے بخیلی بڑھ کر خودغرضی بن جاتی ہے بخیلی گھٹ کر فیاضی اور سماحت بن جاتی ہے، مگر اس کے لئے محنت درکار ہے، نفس پر زور ڈال کر خرچ کرنا پڑتا ہے تب نفس میں پختگی پیدا ہوتی ہے اور نفس بے تکلف خرچ کرنے کا خوگر بن جاتا ہے یہی ﴿تَثْبِيْتًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ﴾ ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: جو لوگ خیرات کرتے ہیں، اللہ کو خوش کرنے کے لئے اور اپنے نفس کے اندر پختگی پیدا کرنے کے لئے یعنی اپنے نفس کو راہِ خدا میں خرچ کرنے کا عادی بنانے کے لئے ان کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی باغ ہو، وہ ایسی جگہ ہو جہاں کی مٹی زرخیز ہے اب اگر زور کی بارش ہوگئی تو پیداوار دوگنی ہوجائے گی، اور اگر زور کی بارش نہ ہوئی تو ہلکی پھوار یعنی شبنم کافی ہے، اصل پیداوار کم نہیں ہوگی، یعنی اگر بہت بڑی خیرات کروگے جو بہ منزلہ موسلا دھار بارش کے ہے تو بڑا فائدہ ہوگا، اور اگر بہت بڑی خیرات نہیں کرسکتے تو آدھی کھجور یعنی معمولی خیرات کرو، یہ بھی کافی ہے، جیسے بارش کی ہلکی پھوار سے بھی باغ میں پھل آتا ہے اسی طرح یہ معمولی خیرات بھی کام آئے گی یہ اس آیت سے استدلال ہے۔

[۱۰-] بَابٌ: اتَّقُوْ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، وَالْقَلِيْلِ مِنَ الصَّدَقَةِ

﴿وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ، كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ﴾[البقرة: ۲۶۵و ۲۶۶]

[۱٤۱۵-] حدثنا أَ بُوْ قُدَامَةَ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ النُّعْمَانِ، هُوَ الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ آ يَةُ الصَّدَقَةِ كُنَّا نُحَامِلُ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَتَصَدَّقَ بِشَيْئٍ كَثِيْرٍ، فَقَالُوْا: مُرَائِيٌ، وَجَاءَ رَجُلٌ فَتَصَدَّقَ بِصَاعٍ، فَقَالُوْا: إِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنْ صَاعِ هٰذَا، فَنَزَلَتْ:﴿ الَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ الصَّدَقَاتِ وَالَّذِيْنَ لَايَجِدُوْنَ إِلَّا جُهْدَهُمْ﴾ الآيَةَ [التوبة: ۷۹] [انظر: ۱٤۱٦، ٤٦٦۸، ٤٦٦۹]

ترجمہ: حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب آیت صدقہ نازل ہوئی تو ہم مزدوری کیا کرتے تھے پس ایک شخص آیا اور اس نے بڑا مال صدقہ کیا تو منافقین نے کہا: ریا کار ہے! اور دوسرا شخص آیا اور اس نے کھجور کا ایک صاع صدقہ کیا تو منافقین نے کہا: اللہ اس کے اس صاع سے یقیناً بے نیاز ہے! پس یہ آیت نازل ہوئی: ''جو لوگ باتیں چھانٹتے ہیں تبرع کرنے والے مؤمنین کی مالی قربانیوں کے حق میں اور جو لوگ نہیں پاتے مگر اپنی کوشش یعنی محنت کی کمائی پس وہ ان کا مذاق اڑاتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ ان کا مذاق اڑاتے ہیں اور ان کے لئے دردناک سزا ہے!

تشریح: قرآنِ کریم کی بہت سی آیتوں میں صدقہ کی ترغیب دی گئی ہے، جب کوئی آیت نازل ہوتی جس میں صدقہ کی ترغیب ہوتی تو صحابہ حتی المقدور خیرات کرتے، اور نادار مسلمان جن کے پاس صدقہ کرنے کے لئے کچھ نہیں ہوتا تھا محنت مزدوری کر کے جو اجرت پاتے اسی کو صدقہ کرتے، یہ بات منافقین کو ایک آنکھ نہ بھاتی وہ اس کا ٹھٹھا کرتے، مذاق اڑاتے۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے مسلمانوں کو صدقہ کرنے کی ترغیب دی، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ایک بڑی رقم حاضر کی، حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ نے کھجوروں کی بہت بڑی مقدار صدقہ کی اس پر یہ منافق کہنے لگے: یہ دونوں نام ونمود کے لئے اتنا دے رہے ہیں، غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی ﷺ نے چندے کی اپیل کی تو منافقین ہاتھ روکے رہے، لیکن حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما نے خوب چندہ دیا، منافقین نے ان پر ریا کاری کا الزام لگایا، اور ایک غریب صحابی حضرت ابوعقیل رضی اللہ عنہ نے رات بھر مزدوری کی اور ایک صاع کھجوریں حاصل کیں، اسی کو چندہ میں پیش کیا، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنے بال بچوں کا پیٹ کاٹ کر معمولی رقم لائے تو منافقین نے ان کا مذاق اڑایا، کہنے لگے: لو ٹڈی کی ٹانگ بھی آ گئی، اس سے روم وفارس کے قلعے فتح کئے جائیں گے! غرض تھوڑا دینے والا اور بہت خرچ کرنے والا کوئی ان کی زبان سے نہیں بچا، اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی، کہا گیا: یہ منافقین کیا مذاق اڑاتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کا مذاق اڑاتے

ہیں یعنی ان کے مذاق کی ان کو سخت سزا دیں گے۔

[۱۴۱۶-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ أَبِىْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِىِّ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ انْطَلَقَ أَحَدُنَا إِلَى السُّوْقِ، فَيُحَامِلُ، فَيُصِيْبُ الْمُدَّ، وَإِنَّ لِبَعْضِهِمُ الْيَوْمَ لَمِائَةَ أَلْفٍ.[راجع: ۱۴۱۵]

[۱۴۱۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ مَعْقِلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَدِىَّ بْنَ حَاتِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "اتَّقُوْا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ.[راجع: ۱۴۱۳]

ترجمہ: ابومسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب ہمیں صدقہ کا حکم دیتے یعنی چندہ کی اپیل کرتے تو ہم میں سے ایک بازار جاتا پس وہ مزدوری کرتا پس ایک مدا ناج پاتا (اور اسی کو صدقہ کرتا) اور بیشک ان میں سے بعض کے پاس آج ایک لاکھ ہیں، یعنی آنحضور ﷺ کے زمانہ میں صدقہ خیرات کرنے کے لئے ان کے پاس کچھ نہیں ہوتا تھا، مگر آج فراوانی ہے، ان میں سے بعض لاکھ کے مالک ہیں، یہ اسی قربانی کا صلہ تھا جو انھوں نے اسلام کی خاطر دی تھی۔

[۱۴۱۸-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِىْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَتِ امْرَأَةٌ، مَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا، تَسْأَلُ، فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِىْ شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ، فَأَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا، فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا، وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا، ثُم قَامَتْ فَخَرَجَتْ، وَدَخَلَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَلَيْنَا فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنِ ابْتُلِىَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْئٍ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ" [انظر: ۵۹۹۵]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ایک عورت ان کے پاس مانگنے کے لئے آئی، اس کے ساتھ اس کی دو بیٹیاں تھیں اور میرے پاس ایک کھجور کے علاوہ کچھ نہیں تھا، پس میں نے اس کو وہ کھجور دی، اس عورت نے اس کو توڑ کر دونوں بیٹیوں میں تقسیم کردیا، اور خود اس میں سے کچھ نہیں کھایا، پھر کھڑی ہوئی اور چلی گئی۔ جب نبی ﷺ ہمارے پاس آئے تو میں نے آپؐ سے پوری صورتِ حال بیان کی، پس آپؐ نے فرمایا: "جو شخص ان بیٹیوں میں سے کسی چیز کے ذریعہ آزمایا گیا تو وہ اس کے لئے قیامت کے دن دوزخ سے آڑ ہونگی"

تشریح: بیٹوں کے ساتھ ماں باپ کی امیدیں وابستہ ہوتی ہیں اس لئے لوگ ان کی جی جان سے پرورش کرتے ہیں، پڑھاتے لکھاتے ہیں، اور ہنر مند بناتے ہیں اور بیٹیاں پرایا مال ہوتی ہیں، ایک وقت کے بعد دوسرے گھر چلی جاتی ہیں اس

لئے ان کی طرف توجہ کم ہوتی ہے بلکہ جس معاشرہ میں جہیز کی لعنت ہے وہاں بیٹیاں مصیبت ہیں، اس لئے جو ماں باپ بیٹیوں کی تربیت پر توجہ دیتے ہیں ان کو سلیقہ مند بناتے ہیں اور ان کی تعلیم وتربیت میں مشقت اٹھاتے ہیں ان کے لئے یہ مژدہ اور خوشخبری ہے کہ قیامت کے دن بیٹیاں ماں باپ کے لئے جہنم سے آڑ بنیں گی، اور یہ حدیث یہاں بایں مناسبت لائے ہیں کہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایک ہی کھجور خیرات کی تھی، کیونکہ اس وقت اتنی ہی گنجائش تھی۔

بَابُ فَضْلِ صَدَقَةِ الشَّحِيْحِ الصَّحِيْحِ

تندرست مال کے حریص کی خیرات کی اہمیت

تندرستی میں راہِ خدا میں مال خرچ کرنے کی بڑی اہمیت ہے، اس کو افضل صدقہ قرار دیا گیا ہے، کیونکہ جب آدمی تندرست ہوتا ہے: اسے زندگی کی امید ہوتی ہے اور مال کی خواہش بھی ہوتی ہے، مستقبل کے پلان بھی سامنے ہوتے ہیں اور فقر وفاقہ اور غریبی کا اندیشہ بھی ہوتا ہے اس وقت اللہ کی راہ میں خرچ کرنا بڑی بات ہے۔ اور جب موت نظر آنے لگے اس وقت خرچ کرے تو کوئی بڑا کمال نہیں، الصحیح کے معنی ہیں: تندرست اور الشحیح کے معنی ہیں: خود غرض، اور مراد ہے: مال کا خواہش مند، اور دونوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتے، جب آدمی تندرست ہوتا ہے خود غرضی یعنی مال کی خواہش بھی باقی رہتی ہے اور جب موت کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں تو خود غرضی بھی دم توڑ دیتی ہے، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے دونوں کا تذکرہ کیا ہے، اور اس ترجمہ کے ذیل میں دو آیتیں اور ایک حدیث لکھی ہے:

[۱۱-] بَابُ فَضْلِ صَدَقَةِ الشَّحِيْحِ الصَّحِيْحِ

[۱-] لِقَوْلِهِ تَعَالٰى:﴿وَأَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ﴾ إِلٰى آخِرِهَا [المنافقون: ١٠]

[٢-] وَقَوْلِهِ تَعَالٰى:﴿ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ لَا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ﴾ الآية [البقرة: ٢٥٤]

[١٤١٩-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ زُرْعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللهِ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَعْظَمُ أَجْرًا؟ قَالَ: " أَنْ تَصَدَّقَ وَأَنْتَ صَحِيْحٌ شَحِيْحٌ، تَخْشَى الْفَقْرَ، وَتَأْمُلُ الغِنَى، وَلَا تُمْهِلُ حَتّٰى إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ قُلْتَ: لِفُلَانٍ كَذَا، وَلِفُلَانٍ كَذَا، وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ"

[انظر: ٢٧٤٨]

پہلی آیت: سورۃ المنافقون میں ارشادِ پاک ہے: ''اور خرچ کرو اس میں سے جو ہم نے تمہیں بطور روزی دیا ہے اس سے پہلے کہ آپہنچے تم میں سے ایک کے پاس موت پس وہ کہے: اے پروردگار! آپ نے مجھے تھوڑی مہلت کیوں نہ دی کہ میں خیرات کرتا اور نیک لوگوں میں شامل ہو جاتا'' یعنی جو کچھ صدقہ خیرات کرنا ہو جلدی کرو، جب موت سر پر آپہنچے گی تو پچھتاؤ گے کہ ہم نے کیوں خدا کے راستہ میں خرچ نہ کیا، مگر اس پچھتاوے کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا، تندرستی کے زمانہ کو غنیمت جانو اور راہ خدا میں خرچ کرو۔

دوسری آیت: سورۃ البقرۃ میں ارشاد پاک ہے: ''اے ایمان والو! خرچ کرو اس میں سے جو ہم نے تم کو بطور روزی دیا ہے اس سے پہلے کہ وہ دن آپہنچے جس میں نہ خریداری ہے نہ دوستی اور نہ سفارش'' اس آیت میں بھی موت سے پہلے خرچ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

سوال: مذکورہ دونوں آیتوں میں موت سے پہلے یعنی تندرستی کے زمانہ میں راہِ خدا میں خرچ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے پس تندرستی کے زمانہ میں خرچ کرنے کی فضیلت تو ان آیتوں سے نکلتی ہے مگر جب مال کی شدید خواہش ہو اس وقت خرچ کرنے کی فضیلت نہیں نکلتی، جبکہ ترجمہ میں دونوں جزء ہیں!

جواب: تندرستی اور مال کی شدید خواہش میں چولی دامن کا ساتھ ہے، وہ کبھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتے، پس خودغرضی کے وقت میں مال خرچ کرنے کی اہمیت خود بخود نکل آئی۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کونسے صدقہ کا ثواب سب سے زیادہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: یہ کہ صدقہ کرے تو (ایک ت پوشیدہ ہے أی تتصدق) درانحالیکہ تو تندرست ہو، مال کی تجھے شدید خواہش ہو، فقر کا اندیشہ ہو اور مالداری کی آرزو ہو اور خرچ کرنے میں ڈھیل مت کر، یہاں تک کہ جب روح گلے تک پہنچ جائے تو کہے: فلاں کے لئے اتنا اور فلاں کے لئے اتنا، حالانکہ وہ فلاں کے لئے ہو چکا ہے۔

بَابٌ

بعض نسخوں میں یہاں باب ہے اور بعض میں نہیں ہے، پس حدیث اوپر والے باب سے متعلق ہے، حدیث کا یہ جملہ کانت طولَ یدھا الصدقةُ: حدیث کو باب اول سے جوڑے گا، کیونکہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا تندرستی میں خیرات کیا کرتی تھیں۔ اور اگر یہاں باب ہے تو وہ کالفصل من الباب السابق ہے یا تشحیذ اذہان کے لئے خالی رکھا ہے، میرے نزدیک وہ نسخہ راجح ہے جس میں باب نہیں ہے اور اگر باب ہے تو کالفصل من الباب السابق ہے۔ اور حضرت الاستاذ قدس سرہ نے القول النصیح میں کئی باب قائم کئے ہیں، مثلاً: من کان أکثرُ صدقةٌ فهو أقربُ لحوقاً بالنبی صلی اللہ علیه وسلم۔

بَابٌ

[١٤٢٠-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ عَوَانَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ بَعْضَ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَيُّنَا أَسْرَعُ بِكَ لُحُوْقًا؟ قَالَ: " أَطْوَلُكُنَّ يَدًا" فَأَخَذُوْا قَصَبَةً يَذْرَعُوْنَهَا، فَكَانَتْ سَوْدَةُ أَطْوَلَهُنَّ يَدًا، فَعَلِمْنَا بَعْدُ: أَ نَّمَا كَانَتْ طُوْلَ يَدِهَا الصَّدَقَةُ، وَكَانَتْ أَسْرَعَنَا لُحُوْقًا بِهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَتْ تُحِبُّ الصَّدَقَةَ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: نبی ﷺ کی ایک بیوی صاحبہ نے آپؐ سے پوچھا: ہم میں سے کون سب سے پہلے آپؐ سے ملے گی؟ آپؐ نے فرمایا: تم میں سے جس کے ہاتھ زیادہ لمبے ہیں۔ پس (وفاتِ نبوی کے بعد) ازواج مطہرات نے ایک بانس لیا اور اس سے اپنے ہاتھوں کو ناپا، پس حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا ہاتھ سب سے زیادہ لمبا تھا، پھر بعد میں ہم نے جانا کہ لمبے ہاتھ سے مراد 'صدقہ' تھا اور تھیں وہ نبی ﷺ سے سب سے پہلے ملنے والی اور وہ صدقہ کرنے کو بہت پسند کیا کرتی تھیں۔

تشریح: یہ واقعہ غالباً مرض وفات کا ہے، پھر جب آنحضور ﷺ کی وفات ہوگئی تو ازواج مطہرات نے ایک لکڑی سے اپنے ہاتھ ناپے، حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا ہاتھ سب سے لمبا تھا، اور وہ ازواج مطہرات میں سب سے زیادہ عمر رسیدہ بھی تھیں، اس لئے فطری طور پر انہی کی طرف ذہن گیا، مگر جب حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا انتقال سب سے پہلے ہوا، تو معلوم ہوا کہ طول ید سے معنوی لمبائی مراد تھی، حضرت زینبؓ کا ہاتھ صدقہ خیرات میں سب سے لمبا تھا، وہ اپنے دست وبازو سے کماتی تھیں، دباغت کا کام کرتی تھیں، اور اس سے جو آمدنی ہوتی وہ سب راہِ خدا میں خرچ کرتیں۔ سن ۲۰ھ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں ان کا انتقال ہوا اور حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کی وفات سن ۲۳ھ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آخر زمانہ خلافت میں ہوئی ہے۔ پس باب کی حدیث میں راوی کا وہم ہے، حضرت سودہؓ کا انتقال پہلے نہیں ہوا، حضرت زینبؓ کا ہوا ہے۔

بَابُ صَدَقَةِ الْعَلاَ نِيَةِ وَبَابُ صَدَقَةِ السِّرِّ

برملا اور چپکے سے خیرات کرنا

یہ دو باب ہیں۔ صدقہ خیرات برملا بھی کر سکتے ہیں اور چپکے سے بھی، وقت کا جیسا تقاضہ ہو اس کے مطابق عمل کرنا چاہئے، اگر نفس کے دھوکہ دینے کا اور نام ونمود کا خطرہ ہو تو سراً صدقہ کرنا افضل ہے اور دوسروں کی ترغیب مقصود ہو تو برملا خرچ کرنا افضل ہے، اللہ تعالیٰ سورۃ البقرۃ میں ارشاد فرماتے ہیں: "جو لوگ رات دن اپنا مال خرچ کرتے ہیں برملا اور پوشیدہ ان

کے لئے اس کا اجر ہے ان کے رب کے پاس اور انہیں نہ کوئی خوف ہوگا نہ وہ غمگین ہونگے'' (البقرۃ آیت ۲۷۴) اور سورۃ البقرۃ ہی میں دوسری جگہ ارشاد پاک ہے: ''اگر تم صدقات کو ظاہر کرو تو بھی اچھی بات ہے، اور اگر ان کا اخفاء کرو اور فقراء کو دو تو وہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے، اور اللہ تعالیٰ تمہارے کچھ گناہ بھی دور کردیں گے، اور اللہ تعالیٰ تمہارے کئے ہوئے کاموں کی خوب خبر رکھتے ہیں''

ان آیات سے معلوم ہوا کہ دونوں طرح صدقہ کرنا جائز ہے، مگر فی نفسہ اخفا بہتر ہے، پس اگر کوئی مصلحت نہ ہو تو چھپا کر صدقہ کرنا افضل ہے۔

[۱۲-] بَابُ صَدَقَةِ الْعَلاَ نِيَةِ

وَقَوْلُهُ:﴿الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلاَنِيَةً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَهُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾[البقرة: ٢٧٤]

[۱۳-] بَابُ صَدَقَةِ السِّرِّ

[۱-] وَقَالَ أَ بُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:''وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَأَخْفَاهَا، حَتّٰى لاَ تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهُ''

[۲-] وَقَوْلُهُ:﴿ إِنْ تُبْدُوْا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ! وَإِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِنْ سَيِّئَاتِكُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ﴾ الآية [البقرة: ٢٧١]

وقال أبو هريرة: یہ لمبی حدیث کا ٹکڑا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: سات قسم کے لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنا سایہ عنایت فرمائیں گے جس دن ان کے سایے کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا، ان میں سے ایک وہ بندہ ہے جس نے کوئی خیرات کی پھر اس خیرات کو چھپایا یہاں تک کہ اس کے بائیں ہاتھ نے نہیں جانا اس کو جو اس کے دائیں ہاتھ نے خرچ کیا (یہ انتہائی درجہ کا اخفاء ہے) اور یہ حدیث پہلے نمبر ۶۶۰ پر گذری ہے (تحفۃ القاری ۲: ۵۱۹)

بَابٌ: إِذَا تَصَدَّقَ عَلٰى غَنِيٍّ وَهُوَ لاَ يَعْلَمُ

جب کوئی لاعلمی میں مالدار کو خیرات دیدے

کسی کو غریب سمجھ کر زکوۃ دی، مگر نفس الامر میں وہ مالدار تھا تو اس کی زکوۃ ادا ہوگئی، پھر اگر پتا چلے کہ اس نے جس کو زکوۃ دی ہے وہ مالدار ہے تو اس کو بتلادے کہ میں نے جو رقم آپ کو دی ہے وہ زکوۃ کی رقم ہے، پس اگر وہ رقم واپس کردے تو کسی

اورغریب کودیدے اورواپس نہ کرے تو وہی اس کا ذمہ دار ہے، اس لئے کہ انسان طاقت کے بقدر ہی مکلّف ہے، اور حقیقت حال کو جاننا انسان کی طاقت سے باہر ہے، پس اس نے غریب سمجھ کرزکوٰۃ دی تو اس کی زکوٰۃ ادا ہوگئی۔

[۱٤-] بَابٌ: إِذَا تَصَدَّقَ عَلٰى غَنِيٍّ وَهُوَ لاَ يَعْلَمُ

[۱٤۲۱-] حدثنا أَ بُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "قَالَ رَجُلٌ: لَأَ تَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ، فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ سَارِقٍ، فَأَصْبَحُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ: تُصُدِّقَ عَلٰى سَارِقٍ! فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ! لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ، فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ زَانِيَةٍ، فَأَصْبَحُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ: تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى زَانِيَةٍ! فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى زَانِيَةٍ! لَأَ تَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ، فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ غَنِيٍّ، فَأَصْبَحُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ: تُصُدِّقَ عَلٰى غَنِيٍّ! فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى سَارِقٍ، وَعَلٰى زَانِيَةٍ، وَعَلٰى غَنِيٍّ! فَأُتِيَ، فَقِيْلَ لَهُ: أَمَّا صَدَقَتُكَ عَلٰى سَارِقٍ، فَلَعَلَّهُ أَنْ يَسْتَعِفَّ عَنْ سَرِقَتِهِ. وَأَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا أَنْ تَسْتَعِفَّ عَنْ زِنَاهَا، وَأَمَّا الغَنِيُّ فَلَعَلَّهُ أَنْ يَعْتَبِرَ فَيُنْفِقَ مِمَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ"

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: (بنی اسرائیل کے ایک شخص نے خیرات کرنے کا ارادہ کیا) اس نے کہا: میں (آج رات) ضرور بڑی خیرات کروں گا، پس وہ (رات میں) خیرات لے کر نکلا پس (بے خبری میں) وہ چور کے ہاتھ میں رکھ دی یعنی خیرات کی رقم چور کو دیدی، پس صبح لوگوں میں چرچا ہوا کہ رات ایک چور کو بڑی خیرات دی گئی۔ پس اس بندے نے اللہ کی حمد کی اور دوبارہ صدقہ نکالنے کا پختہ ارادہ کیا اور رات کو صدقہ لے کر نکلا اور اس کو ایک رنڈی کے ہاتھ میں رکھ دیا، پھر صبح چرچا ہوا کہ رات ایک رنڈی کو بڑی خیرات دی گئی، اس بندے نے اللہ کی حمد کی اور سہ بارہ صدقہ نکالنے کا ارادہ کیا اور رات میں صدقہ لے کر نکلا اور ایک مالدار کے ہاتھ میں رکھ دیا، صبح اس کا چرچا ہوا کہ رات ایک مالدار کو صدقہ دیا گیا (یہاں باب ہے) اس بندے نے کہا: اے اللہ! میں چور، رنڈی اور مالدار کو صدقہ دینے پر آپ کا شکر بجالاتا ہوں کہ آپ نے مجھے اس کی توفیق دی، پس اس کے پاس آیا گیا اور اس سے کہا گیا (یعنی کسی نے خواب میں اس سے کہا:) تیرا چور کو صدقہ دینا: ممکن ہے وہ چوری سے رک جائے، اور رنڈی کو صدقہ دینا: ممکن ہے وہ زنا سے توبہ کرلے، اور مالدار کو صدقہ دینا: ممکن ہے وہ عبرت پکڑے، اور اللہ نے جو کچھ اس کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرے یعنی تیرے یہ سب صدقات بیکار نہیں گئے، چور کو، رنڈی کو اور مالدار کو دینا بھی سودمند ہوگا۔

تشریح: اس حدیث میں نبی ﷺ نے گذشتہ امت کے کسی شخص کا واقعہ بیان کیا ہے اور قرآن وحدیث میں گذشتہ شریعت کی کوئی بات بیان کی جائے اور اس پر نکیر نہ کی جائے تو وہ ہماری شریعت کا بھی حکم ہوتا ہے۔ آنحضور ﷺ نے مذکورہ

واقعہ بنظر استحسان بیان فرمایا ہے پس وہ ہمارے لئے بھی ہے، مگر تقریب تام نہیں، اس لئے کہ ممکن ہے وہ نفلی صدقہ ہو واجب صدقہ یعنی زکوٰۃ نہ ہو، مگر حدیث میں لفظ صدقہ آیا ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ باب میں یہ حدیث لائے ہیں۔

بَابٌ: إِذَا تَصَدَّقَ عَلٰى ابْنِهِ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ

جب کوئی بے خبری میں اپنے بیٹے کو خیرات دیدے

نفلی صدقہ ہر کسی کو دے سکتے ہیں، ماں باپ، اولاد اور مالدار کو بھی دے سکتے ہیں، اور زکوٰۃ مالدار کو دینا جائز نہیں، اسی طرح دو قسم کے رشتہ داروں کو بھی دینا جائز نہیں۔ ایک: وہ جن کے ساتھ ولادت کا تعلق ہے یعنی اصول (باپ دادا، دادی اوپر تک، ماں نانا، نانی اوپر تک) کو اور فروع (بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی، نواسہ، نواسی نیچے تک) کو، دوسرے: وہ جن سے زواج (نکاح) کا تعلق ہے یعنی میاں بیوی ایک دوسرے کو زکوٰۃ نہیں دے سکتے۔ ان دو رشتوں کے علاوہ تمام رشتہ داروں کو اگر وہ غریب ہوں زکوٰۃ دینا جائز ہے، پس بھائی بہن کو، ان کی اولاد کو، چچا پھوپھی، ماموں اور خالہ وغیرہ کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔

مسئلہ: کسی نے بے خبری میں بیٹے کو یا ماں باپ کو زکوٰۃ دیدی تو زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی، ان کو بتانا اور رقم دوسرے غریب کو دینا ضروری ہے۔ اور اگر وہ رقم واپس نہ کریں اور نہ خود غریب کو دیں تو وہ جانیں، دینے والے کی زکوٰۃ ادا ہوگئی۔

[۱۵-] بَابٌ: إِذَا تَصَدَّقَ عَلٰى ابْنِهِ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ

[۱۴۲۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْجُوَيْرِيَةِ، أَنَّ مَعْنَ بْنَ يَزِيْدَ حَدَّثَهُ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَا وَأَبِيْ وَجَدِّيْ، وَخَطَبَ عَلَيَّ فَأَنْكَحَنِيْ، وَخَاصَمْتُ إِلَيْهِ، وَكَانَ أَبِيْ يَزِيْدُ أَخْرَجَ دَنَانِيْرَ يَتَصَدَّقُ بِهَا، فَوَضَعَهَا عِنْدَ رَجُلٍ فِيْ الْمَسْجِدِ، فَجِئْتُ فَأَخَذْتُهَا، فَأَتَيْتُهُ بِهَا. فَقَالَ: وَاللّٰهِ! مَا إِيَّاكَ أَرَدْتُ، فَخَاصَمْتُهُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "لَكَ مَا نَوَيْتَ يَا يَزِيْدُ، وَلَكَ مَا أَخَذْتَ يَا مَعْنُ"

ترجمہ: معن بن یزید کہتے ہیں: میں نے اور میرے ابا یزید نے اور میرے دادا اخنس رضی اللہ عنہم نے نبی ﷺ کے ہاتھ پر (ایک ساتھ) بیعت کی ہے (یہ اپنا قدیم الاسلام ہونا بیان کیا) اور آپؐ نے میری منگنی ڈالی اور میرا نکاح کروایا (یہ نبی ﷺ نے اپنا تعلق بیان کیا) اور میں آپؐ کے پاس مقدمہ لے گیا: ہوا یہ تھا کہ میرے ابا نے چند دینار نکالے، ان کو صدقہ کیا اور مسجد میں ایک شخص کے پاس رکھ دیئے (تاکہ وہ ضرورت مند کو دے) پس میں گیا اور میں نے ان کو لیا اور گھر لے کر آیا، تو ابا نے کہا: بخدا! میں نے تیرا ارادہ نہیں کیا، یعنی تجھے دینے کے لئے نہیں رکھے تھے؟ پس میں یہ مقدمہ لے کر نبی ﷺ کے پاس گیا تو آپؐ نے فرمایا: اے یزید! تیرے لئے وہ ہے جس کی تو نے نیت کی یعنی تجھے ثواب مل گیا اور اے

معن! تیرے لئے وہ ہے جو تو نے لیا یعنی اب یہ دینار تیرے ہیں۔

تشریح: ابھی بتایا ہے کہ صدقہ کی دو قسمیں ہیں: صدقہ نافلہ اور صدقہ واجبہ، نفلی صدقہ اولاد کو دے سکتے ہیں مگر زکوٰۃ نہیں دے سکتے، حضرت یزید رضی اللہ عنہ نے جو دینار صدقہ کئے تھے وہ نفلی صدقہ تھے یا زکوٰۃ؟ اس کی حدیث میں کوئی صراحت نہیں، پس یہ بات نفلی خیرات کی حد تک درست ہے، مگر فرض زکات ادا نہ ہوگی۔

بَابُ الصَّدَقَةِ بِالْيَمِيْنِ

دائیں ہاتھ سے خیرات کرنا

خیرات کرنا اچھا کام ہے، اور ہر اچھا کام دائیں ہاتھ سے کرنا چاہئے، پس خیرات بھی دائیں ہاتھ سے دینا افضل ہے۔

[١٦-] بَابُ الصَّدَقَةِ بِالْيَمِيْنِ

[١٤٢٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "سبعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِىْ ظِلِّهِ، يَوْمَ لاَظِلَّ إِلاَّ ظِلُّهُ: إِمَامٌ عَادِلٌ، وَشَابٌّ نَشَأَ فِىْ عِبَادَةِ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ مُعَلَّقٌ قَلْبُهُ فِى الْمَسَاجِدِ، وَرَجُلاَنِ تَحَابَّا فِى اللّٰهِ: اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَتَفَرَّقَا عَلَيْهِ، وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَأَةٌ ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ، فَقَالَ: إِنِّىْ أَخَافُ اللّٰهَ! وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَأَخْفَاهَا، حَتّٰى لاَ تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهُ، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ"[راجع: ٦٦٠]

حوالہ: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الصلوٰۃ (باب ۳۶، تحفۃ القاری ۲: ۵۱۹) میں گذر چکی ہے، اور حتی لا تعلم شمالُه ما تُنفق يمينُه: سے استدلال ہے۔

[١٤٢٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ الْخُزَاعِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:" تَصَدَّقُوْا، فَسَيَأْتِىْ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ، يَمْشِىْ الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهِ، فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ: لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالْأَمْسِ لَقَبِلْتُهَا مِنْكَ، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلاَ حَاجَةَ لِىْ فِيْهَا "[راجع: ١٤١١]

وضاحت: یہ حدیث چند ابواب پہلے گذری ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: صدقہ کرو، عنقریب تم پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اپنی زکات لے کر چلے گا مگر کوئی اس سے لینے والا نہیں ہوگا۔

تطبیق: جاننا چاہئے کہ زکات میں روپے پیسے ہی نہیں دیئے جاتے جنس بھی دی جاتی ہے، بلکہ دورِ اول میں تو عام طور پر

لوگ اجناس ہی زکات میں دیتے تھے، اور بھاری چیزیں دائیں ہاتھ سے اٹھائی جاتی ہیں، کیونکہ دائیں ہاتھ میں قوت ہے، اس طرح یمشی الرجل بصدقته سے باب ثابت ہوگا۔

بَابُ مَنْ أَمَرَ خَادِمَهُ بِالصَّدَقَةِ، وَلَمْ يُنَاوِلْ بِنَفْسِهِ

خادم کو خیرات کا حکم دے، اور بذاتِ خود نہ دے

کوئی شخص بذاتِ خود زکات خیرات نہ دے بلکہ نوکر یا منیجر کو حکم دے اور وہ دے تو ایسا کرسکتا ہے، کیونکہ آدمی اپنے سب کام خود نہیں کرتا، بعض کام نوکروں سے لیتا ہے، پس زکات بھی نوکر سے دلواسکتا ہے، اور نوکر اور منیجر خوش دلی سے دیں تو وہ أحد المتصدقین ہونگے، ان کو بھی خیرات کا ثواب ملے گا۔

[۱۷-] بَابُ مَنْ أَمَرَ خَادِمَهُ بِالصَّدَقَةِ، وَلَمْ يُنَاوِلْ بِنَفْسِهِ

وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "هُوَ أَحَدُ الْمُتَصَدِّقَيْنِ"

[۱۴۲۵-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا، غَيْرَ مُفْسِدَةٍ، كَانَ لَهَا أَجْرُهَا بِمَا أَنْفَقَتْ، وَلِزَوْجِهَا أَجْرُهُ بِمَا كَسَبَ، وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ، لاَ يَنْقُصُ بَعْضُهُمْ أَجْرَ بَعْضٍ شَيْئًا" [انظر: ۱۴۳۷، ۱۴۳۹، ۱۴۴۰، ۱۴۴۱، ۲۰۶۵]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب عورت اپنے گھر کے کھانے میں سے کچھ خیرات کرے درانحالیکہ وہ گھر کو بگاڑنے والی نہ ہو تو عورت کو خرچ کرنے کی وجہ سے اور اس کے شوہر کو کمانے کی وجہ سے خیرات کا ثواب ملے گا، اور خازن کے لئے بھی اس کے مانند ہے (مِثل کے مفہوم میں ثواب کا برابر ہونا داخل نہیں، بلکہ مطلب یہ ہے کہ جس طرح عورت کو اور شوہر کو ثواب ملتا ہے خازن (منیجر) کو بھی ثواب ملتا ہے، کس کو کتنا ملتا ہے؟ یہ نیت اور دل کے جذبے پر موقوف ہے) اور بعض بعض کے ثواب میں سے کچھ کم نہیں کریں گے یعنی ایک کے ثواب میں سے کٹوتی کرکے دوسرے کو نہیں دیا جائے گا بلکہ ہر ایک کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے عنایت فرمائیں گے۔

تشریح: اگر عورت شوہر کے مال میں سے یا خازن (منیجر، سکریٹری) مالک کے مال میں سے خرچ کریں اور ان کی نیت گھر بگاڑنے کی اور مال برباد کرنے کی نہ ہو تو مالک اور شوہر کی طرح عورت اور خازن کو بھی ثواب ملے گا، اس لئے کہ عورت اور خازن اگر چاہیں تو ہزار بہانے بنا کر سائل کو ٹلا سکتے ہیں، اس لئے جب انھوں نے سائل کو ٹلانے کے بجائے دیا تو وہ بھی ثواب کے مستحق ہونگے، مگر ان کو ثواب اس وقت ملے گا جب وہ خوش دلی سے دیں۔

فائدہ: وہ چیزیں جن کوخرچ کرنے کی صراحۃً یا دلالۃً یا عرفاً اجازت ہے، عورت شوہر کے مال میں سے خرچ کرسکتی ہے اور جن چیزوں کے خرچ کرنے کی اجازت نہیں ان کو خرچ کرنا جائز نہیں، دروازہ پر سائل آیا، روپیہ دوروپیہ دیا یا تھوڑا آٹا دیا تو لوگوں کے عرف میں اس کی اجازت ہے، یا عورت نے شوہر کی موجودگی میں سائل کو دو چار روپے دیئے، شوہر دیکھ رہا ہے اور کچھ بولا نہیں تو یہ دلالۃً اجازت ہے اور اگر خود شوہر سائل کو دینے کے لئے کہے تو یہ صراحۃً اجازت ہے، البتہ مدرسہ اور مسجد کے چندے میں پچاس سو روپے دینا جائز نہیں، کیونکہ اس کا عرف نہیں، ہاں کسی خاص گھر میں شوہر نے صراحۃً اجازت دے رکھی ہو تو جائز ہے، اور یہی حکم خازن کا ہے۔

بَابٌ: لَاصَدَقَةَ إِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى

بہترین خیرات وہ ہے جو مالداری کی پیٹھ سے ہو

یہ حدیث کے الفاظ ہیں، ان الفاظ سے حدیث باب میں آرہی ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ خیرات کرکے خالی ہاتھ ہوجانا ٹھیک نہیں۔ اپنی اور اہل وعیال کی ضرورت سے جو زائد ہو وہ خرچ کرنا چاہئے، اس کے بعد حضرت رحمہ اللہ نے ایک مسئلہ بیان کیا ہے پھر ایک سوال مقدر کا جواب دیا ہے۔

مسئلہ: اپنا کل مال خیرات کردینا یا ہبہ کردینا یا غلام آزاد کردینا جبکہ خود کو یا اہل وعیال کو اس مال کی اور غلام کی ضرورت ہو یا اس پر قرض ہو تو جائز نہیں، کیونکہ قرض کی ادائیگی صدقہ، ہبہ اور عتق سے مقدم ہے، پس یہ لوگوں کا مال برباد کرنا ہے، اور نبی ﷺ نے ایسے شخص کے حق میں بددعا فرمائی ہے، جس نے لوگوں کا مال برباد کرنے کے ارادہ سے لیا یعنی قرض لیا اور واپس کرنے کا ارادہ نہیں تو اللہ تعالیٰ اس کو برباد کریں گے۔ پس قرض ہوتے ہوئے صدقہ یا ہبہ کرنا دوسرے کے مال کو برباد کرنا ہے، اور اپنی اور گھر والوں کی ضرورت سے صرف نظر کرکے صدقہ یا ہبہ کرنا بھی مال کو برباد کرنا ہے، اس لئے یہ بھی جائز نہیں۔

سوال: جب غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی ﷺ نے چندہ کی اپیل کی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو کچھ ان کے پاس تھا سب حاضر کردیا، آپؐ نے پوچھا: کتنا لائے اور کتنا گھر والوں کے لئے چھوڑا؟ انھوں نے عرض کیا: جو کچھ تھا سب لے آیا ہوں اور گھر والوں کے لئے اللہ اور اس کے رسول کا نام چھوڑا ہے، صدیق اکبرؓ کا یہ عمل اس حدیث کے خلاف ہے!

جواب: لوگوں کے احوال مختلف ہوتے ہیں، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا زہد میں بڑا مقام تھا، ہر بوالہوس کے لئے دار ورسن نہیں، جیسے ایک حدیث میں نبی ﷺ نے فقر کو اپنے سر کا تاج بتایا ہے: الفقر فخری اور دوسری حدیث میں ہے کہ فقر کے ڈانڈے کفر سے ملے ہوئے ہیں: كاد الفقرُ أن يكون كفرًا، ان دونوں حدیث میں کوئی تعارض نہیں، دونوں کے مصداق الگ الگ ہیں۔ الفقر فخری کا مصداق آقائے دوجہاں ﷺ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جیسے حضرات ہیں اور كاد الفقر أن يكون كفرًا کا مصداق ماوشما ہیں۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا مقام خاص شان کا حامل تھا، اس لئے نبی ﷺ

نے ان کا سارا مال قبول کرلیا۔

اور غزوۂ تبوک میں جو تین مخلص صحابہ پیچھے رہ گئے تھے ان میں حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ بھی تھے، جب ان کی توبہ قبول ہوئی تو انھوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! مال کی محبت میرے لئے اس سعادت سے محرومی کا سبب بن گئی، پس میری توبہ کا تتمہ یہ ہے کہ میرے پاس جو کچھ ہے سب راہِ خدا میں صدقہ ہے، تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری! مگر آنحضور ﷺ نے ان کا سارا مال قبول نہیں کیا بلکہ فرمایا: ''کچھ خیرات کرو اور کچھ اپنی ضرورت کے لئے روک لو'' چنانچہ انھوں نے خیبر کی غنیمت میں سے جو زمین ان کے حصہ میں آئی تھی وہ روک لی اور باقی مال خیرات کردیا، پس لوگوں کے احوال کے اختلاف سے احکام مختلف ہوتے ہیں۔

[۱۸-] بَابٌ: لَاصَدَقَةَ إِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى

وَمَنْ تَصَدَّقَ وَهُوَ مُحْتَاجٌ، أَوْ أَهْلُهُ مُحْتَاجٌ، أَوْ عَلَيْهِ دَيْنٌ، فَالدَّيْنُ أَحَقُّ أَنْ يُقْضَى مِنَ الصَّدَقَةِ، وَالْعِتْقِ، وَالْهِبَةِ، وَهُوَ رَدٌّ عَلَيْهِ، لَيْسَ لَهُ أَنْ يُتْلِفَ أَمْوَالَ النَّاسِ، وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ أَخَذَ أَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيْدُ إِتْلَافَها أَتْلَفَهُ اللّٰهُ'' إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ مَعْرُوْفًا بِالصَّبْرِ، فَيُؤْثِرَ عَلٰى نَفْسِهِ، وَلَوْ كَانَ بِهِ خَصَاصَةٌ، كَفِعْلِ أَبِيْ بَكْرٍ حِيْنَ تَصَدَّقَ بِمَالِهِ، وَكَذٰلِكَ آثَرَ الْأَنْصَارُ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَنَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ إِضَاعَةِ الْمَالِ، فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يُضَيِّعَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِعِلَّةِ الصَّدَقَةِ، وَقَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَإِلٰى رَسُوْلِهِ، قَالَ: ''أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ'' قُلْتُ: فَإِنِّيْ أُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِيْ بِخَيْبَرَ.

مسئلہ: اور جس نے صدقہ کیا درانحالیکہ اس کو اس مال کی ضرورت ہے یا اس کے گھر والوں کو ضرورت ہے یا اس پر قرض ہے تو قرض ادا کرنا صدقہ، عتق اور ہبہ سے مقدم ہے، اور اس کا صدقہ اس پر پھر دیا جائے گا یعنی اس کا صدقہ قبول نہیں کیا جائے گا، اس لئے کہ کسی کے لئے بھی جائز نہیں کہ وہ دوسروں کا مال برباد کرے (اور قرض کے ہوتے ہوئے صدقہ یا ہبہ کرنا لوگوں کا مال برباد کرنا ہے) اور نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''جو شخص لوگوں کا مال اس کو برباد کرنے کی نیت سے لے یعنی قرض ادا کرنے کی نیت نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو برباد کریں!''

(سوال مقدر کا جواب) مگر یہ کہ وہ صبر میں مشہور ہو تو وہ اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دے سکتا ہے، اگرچہ وہ مفلوک الحال ہو، جیسے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا عمل جب انھوں نے اپنا سارا مال صدقہ کیا، اسی طرح انصار نے مہاجرین کو ترجیح دی (جب نبی ﷺ نے انصار اور مہاجرین کے درمیان مواخات کی تو انصار نے اپنا سب مال دو برابر حصوں میں تقسیم کردیا اور مہاجرین کو کوئی بھی ایک حصہ لینے کا اختیار دیا حتی کہ اپنی بیویوں میں بھی اختیار دیا یہ ان کی خاص شان تھی)

اور نبی ﷺ نے مال برباد کرنے سے منع فرمایا ہے، پس کسی کے لئے بھی جائز نہیں کہ وہ صدقہ کے بہانے لوگوں کا مال ضائع کرے، یعنی جب اپنا مال برباد کرنا جائز نہیں تو دوسروں کا مال برباد کرنا کیسے جائز ہوگا؟! اور قرض کے ہوتے ہوئے صدقہ اور ہبہ کرنا دوسرے کا مال ضائع کرنا ہے۔ اور حضرت کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میری توبہ میں سے یہ ہے کہ میں اپنے مال سے جدا ہوجاؤں، اللہ اور اس کے رسول کی طرف صدقہ کے طور پر یعنی سب مال اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے لئے خیرات ہے، آپؐ نے فرمایا: ''اپنا کچھ مال اپنے پاس روک لو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے'' میں نے عرض کیا: میں اپنا وہ حصہ روکتا ہوں جو خیبر میں ہے۔

فائدہ: صدقہ اور ہبہ میں فرق یہ ہے کہ صدقہ میں ثواب مقصود ہوتا ہے اور ہدیہ میں موہوب لہ کی خوشی۔ اور ثواب دونوں صورتوں میں ملتا ہے۔

[۱۴۲۶-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ" [انظر: ۱۴۲۸، ۵۳۵۵، ۵۳۵۶]

[۱۴۲۷-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ حَكِيْمِ ابْنِ حِزَامٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ، وَخَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَمَنْ يَسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ"

[۱۴۲۸-] وَعَنْ وُهَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، بِهٰذَا. [راجع: ۱۴۲۶]

[۱۴۲۹-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَذَكَرَ الصَّدَقَةَ وَالتَّعَفُّفَ وَالْمَسْأَلَةَ: "الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى" فَالْيَدُ الْعُلْيَا هِيَ الْمُنْفِقَةُ وَالسُّفْلَى هِيَ السَّائِلَةُ.

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''بہترین صدقہ وہ ہے جو مالداری کی پیٹھ سے ہو اور خرچ کرنے میں ان لوگوں سے ابتداء کر جن کے مصارف تیرے ذمہ ہیں''

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔ اور خرچ کرنے میں ابتداء کر ان لوگوں سے جن کا خرچہ تیرے ذمہ ہے، اور بہترین صدقہ مالداری کی پیٹھ سے ہے اور جو پاک دامن رہنے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو پاک دامن رکھتے ہیں، اور جو بے نیاز ہونے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بے نیاز کردیتے ہیں۔

ملحوظہ: اس حدیث کو ہشام نے اپنے ابا کے واسطہ سے حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کیا ہے اور

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی۔

حدیث (۴): ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا درانحالیکہ آپ منبر پر تھے اور صدقہ، پاک دامنی اور بھیک مانگنے کا تذکرہ کررہے تھے: ''اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے'' اوپر کا ہاتھ یعنی خرچ کرنے والا ہاتھ اور نیچے کا ہاتھ یعنی مانگنے والا ہاتھ —— یہ راوی نے یا امام بخاری رحمہ اللہ نے حدیث کی شرح کی ہے۔

تشریح: ان احادیث میں نبی ﷺ نے تین باتیں فرمائی ہیں:

۱- خرچ کرکے بالکل خالی ہاتھ نہیں ہوجانا چاہئے، ورنہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پسارنا پڑے گا، جبکہ اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے، پس انسان کو ہمیشہ دینے کی پوزیشن میں رہنا چاہئے، مانگنے کی حالت میں نہیں ہوجانا چاہئے۔

۲- خرچ کرنے میں اس کا لحاظ رہنا چاہئے کہ اہم مصارف کیا ہیں؟ ان میں پہلے خرچ کرے پھر جو بچے وہ درجہ بدرجہ دوسری جگہوں میں خرچ کرے۔

۳- پاک دامنی اور بے نیازی کی دولت سے وہی سرفراز کیا جاتا ہے جو یہ خوبیاں چاہتا ہے اور اس کے لئے جدوجہد کرتا ہے۔

بَابُ الْمَنَّانِ بِمَا أَعْطٰى

دے کر احسان جتلانے والا

بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے: وہ کسی پر کچھ خرچ کرتے ہیں تو زندگی بھر احسان جتلاتے ہیں، یہ بری عادت ہے، اس سے صدقہ احسان ضائع ہوجاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''جو لوگ خدا کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں پھر نہ احسان جتلاتے ہیں اور نہ تکلیف دیتے ہیں ان کے لئے اس کا اجر ہے ان کے رب کے پاس'' پس خرچ کرنے کے بعد کبھی بھی خرچ کئے ہوئے مال کا خیال دل میں نہیں لانا چاہئے، جو لوگ اس خوبی کے ساتھ خرچ کرتے ہیں ان کا اجر اللہ کے پاس محفوظ ہے وہ ایسے لوگوں کو نہال کردیں گے۔

[۱۹-] بَابُ الْمَنَّانِ بِمَا أَعْطٰى

لِقَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ ثُمَّ لاَ يُتْبِعُوْنَ مَا أَنْفَقُوْا مَنًّا وَلاَ أَذًى﴾ الآية. [البقرة: ۲۶۲]

بَابُ مَنْ أَحَبَّ تَعْجِيْلَ الصَّدَقَةِ مِنْ يَوْمِهَا

جو جلد اسی دن خیرات کرنا پسند کرتا ہے

من یومها: کا مطلب یہ ہے کہ جس دن خیرات کرنے کا جذبہ ابھرے اسی دن خیرات کرے، ہوسکتا ہے: اگلے دن کوئی

لینے والا نہ رہے، یا خوش حالی باقی نہ رہے یا خیرات کرنے کا جذبہ سرد پڑ جائے، اس لئے جلد اسی دن خیرات کر دینی چاہئے، آج کل نہیں کرنا چاہئے۔

[۲۰-] بَابُ مَنْ أَحَبَّ تَعْجِيْلَ الصَّدَقَةِ مِنْ يَوْمِهَا

[۱۴۳۰-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، أَنَّ عُقْبَةَ بْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَهُ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْعَصْرَ فَأَسْرَعَ، ثُمَّ دَخَلَ الْبَيْتَ فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ خَرَجَ، فَقُلْتُ أَوْ قِيْلَ لَهُ، فَقَالَ: "كُنْتُ خَلَّفْتُ فِي الْبَيْتِ تِبْرًا مِنَ الصَّدَقَةِ فَكَرِهْتُ أَنْ أُبَيِّتَهُ، فَقَسَمْتُهُ"[راجع: ۸۵۱]

وضاحت: یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ (باب ۱۵۸، تحفۃ القاری ۳:۱۷۸) میں گذر چکی ہے۔ ایک دن نبی ﷺ نے عصر کی نماز پڑھائی اور سلام پھیر کر فوراً صفیں چیرتے ہوئے گھر میں تشریف لے گئے اور بہت جلدی سونے کا ایک ٹکڑا لے کر واپس تشریف لائے اور کسی صحابی کو تقسیم کرنے کے لئے دیا، آپؐ سے اس کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا: میرے گھر میں سونے کا ایک ٹکڑا تھا جو صدقہ کا تھا اور مجھے ناپسند ہوا کہ گھر میں رات بھر سونا رہے، اس لئے میں نے اس کو تقسیم کرنے کا حکم دیا۔ معلوم ہوا کہ صدقہ فوراً کر دینا چاہئے، دیر نہیں کرنی چاہئے، تِبْر کے معنی ہیں: بے ڈھلا سونے کا ڈھلا۔

بَابُ التَّحْرِيْضِ عَلَى الصَّدَقَةِ وَالشَّفَاعَةِ فِيْهَا

خیرات کرنے کے لئے ابھارنا اور خیرات کرنے کی سفارش کرنا

واؤ: تفسیر کا ہے، صدقہ کی ترغیب دینا اور اس کی سفارش کرنا ایک چیز ہے، کسی کے پاس کوئی مسجد کا یا مدرسہ کا چندہ مانگنے آیا وہ اس کو کسی کے پاس لے گیا اور اس کی رسید بنوائی یہ خیرات پر ابھارنا اور سفارش کرنا ہے اس کا بھی بڑا ثواب ہے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: "بھلائی کی طرف راہنمائی کرنے والا بھلائی کرنے والے کی طرح ہے"

[۲۱-] بَابُ التَّحْرِيْضِ عَلَى الصَّدَقَةِ وَالشَّفَاعَةِ فِيْهَا

[۱۴۳۱-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَدِيٌّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ عِيْدٍ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، لَمْ يُصَلِّ قَبْلُ وَلاَ بَعْدُ، ثُمَّ مَالَ عَلَى النِّسَاءِ، وَبِلاَلٌ مَعَهُ، فَوَعَظَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ أَنْ يَتَصَدَّقْنَ فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تُلْقِي الْقُلْبَ وَالْخُرْصَ. [راجع: ۹۸]

وضاحت: یہ حدیث بار بار گذری ہے۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے عید کی نماز کے بعد خطبہ دیا پھر عورتوں کے مجمع کے قریب تشریف لے گئے اور ان کو وعظ و نصیحت کی اور ان کو خاص طور پر صدقہ کرنے کی ترغیب دی، یہی تحریض اور سفارش ہے

اوراسی مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں............ القُلب کے معنی ہیں: کنگن اور الخُرص کے معنی ہیں: سونے یا چاندی کا کڑا۔

[۱۴۳۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ أَبِيْ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا جَاءَ هُ السَّائِلُ، أَوْ طُلِبَتْ إِلَيْهِ حَاجَةٌ، قَالَ: "اشْفَعُوْا تُؤْجَرُوْا، وَيَقْضِيَ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَاشَاءَ"[انظر: ۶۰۲۷، ۶۰۲۸، ۷۴۷۶]

ترجمہ: جب نبی ﷺ کے پاس کوئی سائل آتا یا آپؐ سے کوئی حاجت طلب کی جاتی (أو شک راوی کا بھی ہوسکتا ہے اور تنویع کا بھی) تو آپؐ (صحابہ سے) فرماتے: سفارش کرو ثواب ملے گا (یہی جزء باب سے متعلق ہے) اور اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبر کے ذریعہ جو چاہیں گے فیصلہ کریں گے"یعنی کچھ ہوگا تو سائل کی ضرورت پوری کروں گا، ورنہ انکار کروں گا مگر آپ لوگ سفارش کریں، آپ لوگوں کو سفارش کرنے کا ثواب ملے گا۔

ملحوظہ: اگر کوئی طالب علم کسی استاذ سے اپنی درخواست پر سفارش لکھنے کے لئے کہے تو ضرور سفارش کرے، اس کا ثواب ملے گا، لیکن بعض مرتبہ سفارش حکم بن جاتی ہے اور سامنے والے پر زور پڑتا ہے، مثلاً جس سے سفارش کی گئی ہے وہ سفارش کرنے والے کا شاگرد ہے، چنانچہ وہ اس سفارش کو حکم سمجھتا ہے اس لئے میں عام طور پر طلبہ کی درخواست پر سفارش نہیں کرتا۔

[۱۴۳۳-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ فَاطِمَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَا تُوْكِيْ فَيُوْكَى عَلَيْكِ"

حَدَّثَنِيْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، عَنْ عَبْدَةَ، وَقَالَ: "لَاتُحْصِيْ فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ"

[انظر: ۱۴۳۴، ۲۵۹۰، ۲۵۹۱]

ترجمہ: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ نے مجھ سے فرمایا: "کنجوسی مت کرو ورنہ تمہیں بھی تھوڑا دیا جائے گا" اور عثمان بن ابی شیبہ کی حدیث میں ہے: "گن کر مت رکھو، ورنہ تمہیں بھی گن کر دیا جائے گا"

تشریح: أَوْكَى يُوْكِيْ إِيْكَاءً: بٹوہ باندھ کر رکھنا، یعنی کنجوسی کرنا، اس کا مجرد وَكَى يَكِيْ وَكْيًا ہے، جس کے معنی ہیں: تھیلی کو ڈوری سے باندھنا، اور أَحصى الشيئَ کے معنی ہیں: شمار کرنا، مقدار جاننا، گننا۔ اور حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ راہِ خدا میں دل کھول کر خرچ کرو، اللہ تعالیٰ بے حساب دیں گے، جو غریبوں پر خرچ کرتا ہے ان کی روزی اللہ تعالیٰ اس بندے کے واپا دیتے ہیں، پس جو زیادہ خرچ کرے گا اس کو زیادہ دیا جائے گا اور جو کنجوسی کرے گا اس سے روزی روک لی جائے گی۔

بَابُ الصَّدَقَةِ فِيْمَا اسْتَطَاعَ

حسب استطاعت خرچ کرنا

پہلے حدیث آئی ہے: خير الصدقة ماكان عن ظهر غنىً: بہترین صدقہ وہ ہے جو مالداری کی پیٹھ سے ہو، اُس حدیث کا جو مطلب ہے وہی اس باب کا حاصل ہے، یعنی حیثیت اور استطاعت سے زیادہ خرچ کرنا اور کنگال ہوجانا ٹھیک نہیں، گنجائش کے بقدر ہی خرچ کرنا چاہئے۔

[۲۲-] بَابُ الصَّدَقَةِ فِيْمَا اسْتَطَاعَ

[۱۴۳۴-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، ح: وَحَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ ابْنُ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَخْبَرَهُ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِىْ بَكْرٍ، أَنَّهَا جَاءَ تِ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " لَاتُوْعِىْ فَيُوْعِىَ اللّٰهُ عَلَيْكِ، ارْضَخِىْ مَا اسْتَطَعْتِ"[راجع: ۱۴۳۳]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "بخیلی مت کرو ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ بخیلی کریں گے" (یہ مشاکلۃ کہا ہے یعنی اللہ تعالیٰ تمہیں روزی کم دیں گے، پس تھوڑا بھی دو جتنا تمہارے بس میں ہو)

تشریح: یہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی وہی حدیث ہے جو گذشتہ باب میں گذری ہے، یہ حدیث مختلف الفاظ سے آئی ہے۔ أَوْعٰى عليه إِيْعَاء کے معنی ہیں: بخیلی کرنا، اور ارْضَخِيْ: امر حاضر واحد مؤنث ہے، رَضَخَ (ف،ض) رَضْخًا کے معنی ہیں: تھوڑا دینا۔

بَابٌ: الصَّدَقَةُ تكَفِّرُ الْخَطِيْئَةَ

خیرات خطا کو مٹاتی ہے

شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں کتاب الزکاۃ کے شروع میں زکات کے دو فائدے بیان کئے ہیں، ایک: نفس کی طرف لوٹنے والا فائدہ یعنی شخصی فائدہ اور دوسرا: ملک وملت کی طرف لوٹنے والا فائدہ یعنی ملکی فائدہ۔ پھر شخصی فائدے تین بیان کئے ہیں ان میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ خیرات سے گناہ معاف ہوتے ہیں، یہ ذاتی فائدہ ہے۔

[۲۳-] بَابٌ: الصَّدَقَةُ تكَفِّرُ الْخَطِيْئَةَ

[۱۴۳۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ

ابْنُ الْخَطَّابِ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ حَدِيْثَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْفِتْنَةِ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَنَا أَحْفَظُهُ كَمَا قَالَ، قَالَ: إِنَّكَ عَلَيْهِ لَجَرِئٌ، فَكَيْفَ قَالَ؟ قُلْتُ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِيْ أَهْلِهِ وَوَلَدِهِ وَجَارِهِ تُكَفِّرُهُ الصَّلَاةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْمَعْرُوْفُ ــــ قَالَ سُلَيْمَانُ: قَدْ كَانَ يَقُوْلُ: الصَّلَاةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ ــــ قَالَ: لَيْسَ هٰذِهِ أُرِيْدُ، وَلٰكِنِّيْ أُرِيْدُ الَّتِيْ تَمُوْجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ، قَالَ: قُلْتُ: لَيْسَ عَلَيْكَ مِنْهَا يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بَأْسٌ، بَيْنَهَا وَبَيْنَكَ بَابٌ مُغْلَقٌ، قَالَ: فَيُكْسَرُ الْبَابُ أَمْ يُفْتَحُ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، بَلْ يُكْسَرُ. قَالَ: فَإِنَّهُ إِذَا كُسِرَ لَمْ يُغْلَقْ أَبَدًا، قَالَ: قُلْتُ: أَجَلْ! قَالَ فَهِبْنَا أَنْ نَسْأَلَهُ مَنِ الْبَابُ؟ فَقُلْنَا لِمَسْرُوْقٍ: سَلْهُ، قَالَ: فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: عُمَرُ، قَالَ: فَقُلْنَا: أَفَعَلِمَ عُمَرُ مَنْ تَعْنِيْ؟ قَالَ: نَعَمْ، كَمَا أَنَّ دُوْنَ غَدٍ لَيْلَةً، وَذٰلِكَ أَنِّيْ حَدَّثْتُهُ حَدِيْثًا لَيْسَ بِالْأَغَالِيْطِ.[راجع: ۵۲۵]

وضاحت: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الصلوٰۃ (باب۴) میں گذر چکی ہے، ترجمہ اور شرح وہاں دیکھ لیں، اور یہاں باب کے ساتھ حدیث کی مناسبت یہ ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: آدمی سے اس کی فیملی، مال واولاد، پاس پڑوس کے لوگوں اور احباب ومتعلقین کے حقوق میں جو کوتاہیاں ہوتی ہیں: نماز، صدقہ، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ان کے لئے کفارہ بن جاتے ہیں، اسی جزء سے باب ثابت کرنا ہے کہ نماز وغیرہ کی طرح صدقہ میں بھی کفارۂ سیئات کی شان ہے، اور یہ صدقہ کا ذاتی فائدہ ہے، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: تحفۃ القاری (۳۸۴:۲)

بَابُ مَنْ تَصَدَّقَ فِي الشِّرْكِ ثُمَّ أَسْلَمَ

جس نے مسلمان ہونے سے پہلے خیرات کی پھر مسلمان ہوا

ایک شخص نے کفر وشرک کے زمانہ میں صدقہ کیا یا کوئی نیک کام کیا پھر وہ مسلمان ہوگیا تو بحالت کفر اس نے جو نیک کام کیا ہے اس کا ثواب ملے گا یا نہیں؟ یہ مشکل مسئلہ ہے کیونکہ قرآن کریم میں صراحت ہے کہ آخرت میں ثواب اسی کو ملے گا جس نے ایمان کی حالت میں نیک کام کیا ہے ﴿وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ﴾ (النساء۱۲۴) اور باب میں حدیث ہے کہ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے مسلمان ہونے کے بعد نبی ﷺ سے پوچھا: میں نے زمانۂ جاہلیت میں جو صدقہ خیرات کیا ہے، غلام آزاد کئے ہیں، صلہ رحمی کی ہے تو کیا مجھے اس کا ثواب ملے گا؟ آپؐ نے فرمایا: ''اُن نیک کاموں کی وجہ سے تمہیں اسلام کی دولت ملی ہے'' اس سے معلوم ہوا کہ کافر کو بھی نیک اعمال کا اجر ملتا ہے۔ غرض قرآنِ کریم سے کچھ مفہوم ہوتا ہے اور حدیث شریف سے کچھ، اس لئے یہ مسئلہ پیچیدہ ہے، اور حاشیہ میں کئی طرح سے اس کو حل کیا ہے۔

اور میں نے اس مسئلہ کو اس طرح حل کیا ہے کہ قرآنِ کریم میں آخرت میں نیک اعمال کی جزاء کا بیان ہے اور اس کے لئے ایمان شرط ہے، اور حدیث شریف میں دنیا میں نیک اعمال کی جزاء کا بیان ہے، اور اس کے لئے ایمان شرط نہیں۔ کافر کو

بھی دنیا میں اس کے نیک اعمال کا بدلہ ملتا ہے بلکہ کافر کو اس کی نیکیاں دنیا ہی میں کھلا دی جاتی ہیں۔ حدیث شریف میں اس کی صراحت ہے (مسلم حدیث ۲۸۰۸) اور ایمان کی توفیق دینا نیکی کھلانے کی ایک صورت ہے۔

[۲۴-] بَابُ مَنْ تَصَدَّقَ فِي الشِّرْكِ ثُمَّ أَسْلَمَ

[۱۴۳۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ أَشْيَاءَ كُنْتُ أَتَحَنَّثُ بِهَا فِيْ الْجَاهِلِيَّةِ: مِنْ صَدَقَةٍ، أَوْ عَتَاقَةٍ، أَوْ صِلَةِ رَحِمٍ، فَهَلْ فِيْهَا مِنْ أَجْرٍ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَسْلَمْتَ عَلٰى مَا سَلَفَ مِنْ خَيْرٍ" [انظر: ۲۲۲۰، ۲۵۳۸، ۵۹۹۲]

ترجمہ: حکیم بن حزامؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! بتلائیں ان کاموں کے بارے میں جن کو میں عبادت کے طور پر زمانۂ جاہلیت میں کیا کرتا تھا یعنی صدقہ، غلام آزاد کرنا اور صلہ رحمی کرنا، کیا ان کا کچھ اجر ملے گا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: آپ اسلام لائے ہیں ان نیک کاموں کی وجہ سے جو آپ نے پہلے کئے ہیں یعنی زمانۂ جاہلیت میں آپ نے جو نیک اعمال کئے ہیں، ان کی برکت سے آپ کو اسلام کی دولت ملی ہے، یہی ان نیک کاموں کا اجر ہے۔

بَابُ أَجْرِ الْخَادِمِ إِذَا تَصَدَّقَ بِأَمْرِ صَاحِبِهِ، غَيْرَ مُفْسِدٍ

خادم کا ثواب جب وہ مخدوم کے حکم سے خرچ کرے، مال برباد کئے بغیر

یہ مسئلہ ابھی آیا ہے کہ اگر کوئی شخص خازن (منیجر، سکریٹری) کو صدقہ کرنے کا حکم دے اور خازن خوش دلی سے خرچ کرے اور اس کی نیت مالک کا مال برباد کرنے کی اور اس کا کاروبار بگاڑنے کی نہ ہو تو مالک کی طرح خازن کو بھی ثواب ملتا ہے، اسی طرح عورت شوہر کے مال میں سے خرچ کرے اور اس کی نیت شوہر کا مال برباد کرنے کی اور گھر بگاڑنے کی نہ ہو تو اس کو بھی شوہر کی طرح ثواب ملتا ہے۔

عورت اور خازن وہی چیزیں خرچ کر سکتے ہیں جن کے خرچ کرنے کی صراحۃ یا دلالۃ یا عرفاً اجازت ہے، اور جن چیزوں کے خرچ کرنے کی اجازت نہیں ان کو خرچ کرنا جائز نہیں۔ تفصیل ابھی گذری ہے۔

[۲۵-] بَابُ أَجْرِ الْخَادِمِ إِذَا تَصَدَّقَ بِأَمْرِ صَاحِبِهِ، غَيْرَ مُفْسِدٍ

[۱۴۳۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ طَعَامٍ زَوْجِهَا، غَيْرَ

مُفْسِدَةٍ، كَانَ لَهَا أَجْرُهَا، وَلِزَوْجِهَا بِمَا كَسَبَ، وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ"

[۱۴۳۸-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " الْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الْأَمِيْنُ الَّذِیْ يُنَفِّذُ — وَرُبَّمَا قَالَ: يُعْطِیْ — مَا أُمِرَ بِهِ، كَامِلاً مُوَفَّرًا طَيِّبًا بِهِ نَفْسُهُ، فَيَدْفَعُهُ إِلَى الَّذِیْ أُمِرَ لَهُ بِهِ: أَحَدُ الْمُتَصَدِّقِيْنِ"

[انظر: ۲۲۶۰، ۲۳۱۹]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جب عورت اپنے شوہر کے کھانے میں سے خیرات کرے درانحالیکہ وہ گھر بگاڑنے والی نہ ہو تو عورت کو خرچ کرنے کی وجہ سے ثواب ملتا ہے، اور شوہر کو کمانے کی وجہ سے اور خازن کے لئے (بھی) اس کے مانند ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان امانت دار خزانچی جو نافذ کرے ــــ اور کبھی کہا: دے ــــ وہ چیز جس کا حکم دیا گیا ہے پورا پورا، کمی کئے بغیر، خوش دلی کے ساتھ، پس دے وہ اس کو جس کو دینے کا حکم دیا گیا ہے تو وہ دو خیرات کرنے والوں میں سے ایک ہے'' یعنی خازن کو بھی خیرات کرنے والے کی طرح ثواب ملے گا۔

تشریح: خازن کو ثواب اس وقت ملتا ہے جب وہ مسلمان ہو، امانت دار ہو، اس نے مالک کے حکم کی تعمیل کی ہو یعنی مالک نے جتنا مال خرچ کرنے کا حکم دیا ہے وہ پورا مال خرچ کیا ہو اس میں کمی نہ کی ہو، اور خوش دلی سے خرچ کیا ہو تو خازن کو بھی ثواب ملے گا۔ اور اگر ایک بھی شرط مفقود ہو تو خازن کو ثواب نہیں ملے گا، پس اگر خازن غیر مسلم ہو، یا امانت دار نہ ہو، یا کم خرچ کرے یا جھک مار کر خرچ کرے، خوش دلی سے خرچ نہ کرے تو خازن کے لئے کوئی ثواب نہیں۔

قصہ مشہور ہے: حضرت عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ کا بڑا کاروبار تھا، اور وہ بڑے فیاض تھے، جب ان کے پاس کوئی ضرورت مند آتا تو وہ منیجر کو پرچہ لکھ دیتے کہ اس کو اتنا دیدو، ایک مرتبہ حضرت نے کسی کے لئے بہت بڑی رقم لکھ دی، منیجر نے بذریعہ تحریر عرض کیا کہ اگر آپ اس طرح خرچ کرتے رہیں گے تو میں کاروبار کیسے چلاؤں گا؟ آپؒ نے جواب لکھا: دکان میری ہے یا آپ کی؟ منیجر نے مجبوراً وہ رقم دی، چونکہ خازن نے مجبوراً دی ہے اس لئے اس کا ثواب گیا، منیجر کو ثواب اسی صورت میں ملے گا جب وہ برضا و رغبت خرچ کرے پورا دے اور امانت داری کے ساتھ دے۔

بَابُ أَجْرِ الْمَرْأَةِ إِذَا تَصَدَّقَتْ أَوْ أَطْعَمَتْ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ

بیوی کا اجر جب وہ شوہر کے گھر سے خیرات کرے یا کھلائے، مال برباد کئے بغیر

عورت کا اگر ذاتی مال ہے تو وہ مالک ہے جو چاہے کرے، جتنا چاہے خرچ کرے، مگر شوہر کے مال میں سے اتنا ہی

خرچہ کرسکتی ہے جس کو خرچ کرنے کی صراحۃ یا دلالۃ یا عرفاً اجازت ہے۔ اور عورت خوش دلی سے اور اچھی نیت سے خرچ کرے، گھر برباد کرنے کی نیت نہ ہو تو اس کو بھی شوہر کی طرح ثواب ملے گا۔

واقعہ: ایک مولوی صاحب نے مسجد میں وعظ کہا، اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کے خوب فضائل بیان کئے، مجمع میں ان کی اہلیہ بھی تھیں۔ وعظ کے بعد مولوی صاحب تو چائے ناشتہ میں رہے، بیوی نے گھر جا کر سارا گھر راہِ خدا میں لٹا دیا۔ مولوی صاحب جب گھر پہنچے تو دیکھا کہ گھر ویران ہے، پوچھا: خوش نصیب! کیا ہوا؟ ڈاکہ پڑا، گھر کا سامان کیا ہوا؟ بیوی نے کہا: آپ نے راہِ خدا میں خرچ کرنے کے فضائل بیان کئے تھے، میں نے سارا مال غریبوں میں بانٹ دیا۔ مولوی صاحب کہنے لگے: ہائے وہ وعظ اپنے گھر کے لئے تھوڑے ئی تھا! —— یہ گھر کو برباد کرنے کی ایک مثال ہے۔

[۲۶-] بَابُ أَجْرِ الْمَرْأَةِ إِذَا تَصَدَّقَتْ أَوْ أَطْعَمَتْ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ

[۱۴۳۹-] حدثنا آدمُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، والْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، تَعْنِيْ: " إِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا" ح:

[۱۴۴۰-] وَحَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا أَطْعَمَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا، غَيْرَ مُفْسِدَةٍ، لَهَا أَجْرُهَا، وَلَهُ مِثْلُهُ، وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ، لَهُ بِمَا اكْتَسَبَ وَلَهَا بِمَا أَنْفَقَتْ"

[۱۴۴۱-] حدثنا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا، غَيْرَ مُفْسِدَةٍ، فَلَهَا أَجْرُهَا، وَلِلزَّوْجِ بِمَا اكْتَسَبَ، وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ"

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى، وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى، فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرٰى وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى﴾ الآية، اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقَ مَالٍ خَلَفًا

سخی اور بخیل کے اعمال وانجام کا اختلاف اور راہِ خدا میں خرچ کرنے والے کو اس کا عوض ملتا ہے

سورۃ اللیل میں اللہ تعالیٰ نے رات دن کی اور نر مادہ کی قسمیں کھائی ہیں۔ ارشاد پاک ہے: ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى﴾: قسم

ہے رات کی جب وہ چھا جائے ﴿وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى﴾ اور قسم ہے دن کی جب وہ خوب روشن ہو جائے ﴿وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثَىٰ﴾ اور قسم ہے نر مادہ کی جن کو اللہ نے پیدا کیا ہے، رات دن زمانے کے دو حصے ہیں اور مذکر و مؤنث ایک نوع کی دو صنفیں ہیں اور ان کے درمیان جو تفاوت ہے وہ ظاہر ہے۔

یہ دو مثالیں بیان کر کے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَىٰ﴾: ایک انسان وہ ہے جو راہِ خدا میں خرچ کرتا ہے، اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے زندگی گذارتا ہے اور کلمۂ حُسنیٰ کی تصدیق کرتا ہے ﴿وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَىٰ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَىٰ﴾ اور دوسرا انسان وہ ہے جو بخیلی کرتا ہے، اللہ تعالیٰ سے بے نیاز بنتا ہے اور کلمہ حسنیٰ کی تکذیب کرتا ہے، یہ دونوں ہی انسان ہیں مگر دونوں میں ایسا ہی تفاوت ہے جیسا تفاوت رات دن میں اور مرد وزن میں ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کی سنت یہ ہے کہ جو جس راہ کو اختیار کرتا ہے اور جیسا ارادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے وہی راہ آسان کرتے ہیں، جو نیک اعمال کا ارادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے نیک اعمال آسان کرتے ہیں اور نیک اعمال فی نفسہ بھی آسان ہیں ﴿فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَىٰ﴾ اور جو برے اعمال کا ارادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے برے اعمال آسان کرتے ہیں اگرچہ برے کام فی نفسہ مشکل ہیں ﴿فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَىٰ﴾

غرض ان آیات پاک میں أَعْطَىٰ اور بَخِلَ کے درمیان موازنہ کیا گیا ہے اور یہ واضح کیا گیا ہے کہ دونوں قسم کے اعمال میں حد درجہ تفاوت ہے جیسا تفاوت رات دن کے درمیان اور مرد وزن کے درمیان ہے، جب دونوں کے اعمال کے درمیان تفاوت ہے تو دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی دونوں کا نتیجہ مختلف ہوگا، چنانچہ حدیث شریف میں ہے: ہر صبح آسمان سے دو فرشتے اترتے ہیں، ایک فرشتہ دعا کرتا ہے: اے اللہ! آپ کی راہ میں خرچ کرنے والے کو اس کا عوض دے، دوسرا فرشتہ آمین کہتا ہے، پھر دوسرا فرشتہ دعا کرتا ہے: اے اللہ! بخیل کا مال تباہ کر، دوسرا آمین کہتا ہے پھر دونوں فرشتے آسمان میں چڑھ جاتے ہیں اور ایسا ہر صبح ہوتا ہے، ان فرشتوں کی دعاؤں کا اثر اس دنیا میں بھی ظاہر ہوتا ہے، چنانچہ راہِ خدا میں خرچ کرنے سے کبھی کوئی تنگ دست نہیں ہو گیا اور سینت کر رکھنے والے بہت سے بھوکے مر جاتے ہیں، ڈاکٹر ہر چیز کھانے سے منع کر دیتا ہے، اب وہ صرف اپنی جمع کی ہوئی دولت کا غم کھاتا ہے! اور آخرت کا تفاوت تو بدیہی ہے بخیل کے لئے جہنم کی سزا ہے اور راہِ خدا میں خرچ کرنے والے کے لئے جنت کی دائمی نعمتیں ہیں۔

[۲۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ، وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَىٰ، فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَىٰ وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَىٰ﴾ الآية.

اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقَ مَالٍ خَلَفًا

[١٤٤٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِيْ مُزَرِّدٍ، عَنْ أَبِيْ الْحُبَابِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَا مَنْ يَوْمٍ يُصْبِحُ الْعِبَادُ فِيْهِ إِلَّا مَلَكَانِ يَنْزِلَانِ، فَيَقُوْلُ أَحَدُهُمَا: اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا، وَيَقُوْلُ الآخَرُ: اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا"

بَابُ مَثَلِ الْمُتَصَدِّقِ وَالْبَخِيْلِ

خیرات کرنے والے کی اور کنجوس کی حالت

نبی اکرم ﷺ نے سخی اور کنجوس کی حالت ایک مثال کے ذریعہ سمجھائی ہے، بخیل کا اور خیرات کرنے والے کا حال ان دو شخصوں جیسا ہے جنھوں نے چھاتیوں سے ہنسلیوں تک لوہے کی کُرتیاں (زرہیں) پہن رکھی ہوں، پس جب بھی خیرات کرنے والا خیرات کرتا ہے تو اس کا کرتا کشادہ ہوتا ہے، یہاں تک کہ اس کے پورے بدن کو چھپالیتا ہے، ہاتھوں کی انگلیوں کو بھی چھپالیتا ہے اور آثار قدم بھی مٹاتا ہے یعنی وہ کرتا خوب کشادہ اور بڑا ہوجاتا ہے، اور بخیل جب بھی خیرات کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو کرتا سکڑ جاتا ہے اور اس کے حلقے بھینچ جاتے ہیں، بخیل ان کو ڈھیلا کرنا چاہتا ہے مگر وہ ڈھیلے نہیں ہوتے۔

اس تمثیل میں انفاق وامساک کی حقیقت اور ان کے اثر کی طرف اشارہ ہے، یعنی جب کسی انسان کے دل میں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا داعیہ پیدا ہوتا ہے تو اگر وہ فیاض اور سخی دل ہوتا ہے تو اس کو روحانی انشراح حاصل ہوتا ہے اور اس کو مال حقیر وذلیل نظر آنے لگتا ہے پس اس کے لئے مال کو جدا کرنا آسان ہوجاتا ہے اور جتنا زیادہ خرچ کرتا ہے اتنا ہی زیادہ مزہ آتا ہے اور خرچ کرنا آسان ہوتا ہے اور اگر وہ شخص انتہائی حریص ہوتا ہے تو اس کا دل مال کی محبت میں پھنس جاتا ہے، مال کی چمک دمک اس کے دماغ پر حاوی ہوجاتی ہے اور مال خرچ کرنا اس کے لئے دشوار ہوجاتا ہے۔

[٢٨-] بَابُ مَثَلِ الْمُتَصَدِّقِ وَالْبَخِيْلِ

[١٤٤٣-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ" ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:" مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُنْفِقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ، مِنْ ثُدِيِّهِمَا إِلَى تَرَاقِيْهِمَا، فَأَمَّا الْمُنْفِقُ فَلَا يُنْفِقُ إِلَّا سَبَغَتْ، أَوْ: وَفَرَتْ عَلَى جِلْدِهِ، حَتّٰى تُخْفِيَ بَنَانَهُ، وَتَعْفُوَ أَثَرَهُ، وَأَمَّا الْبَخِيْلُ فَلَا يُرِيْدُ أَنْ يُنْفِقَ شَيْئًا، إِلَّا لَزِقَتْ

كُلُّ حَلْقَةٍ مَكَانَهَا، فَهُوَ يُوَسِّعُهَا فَلاَ تَتَّسِعُ"

تَابَعَهُ الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، فِي الْجُبَّتَيْنِ.[انظر: ١٤٤٤، ٢٩١٧، ٥٢٩٩، ٥٧٩٧]

[١٤٤٤-] وَقَالَ حَنْظَلَةُ، عَنْ طَاوُسٍ: "جُنَّتَانِ" وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِي جَعْفَرٌ، عَنِ ابْنِ هُرْمُزَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " جُنَّتَانِ"[راجع: ١٤٤٣]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: بخیل اور خیرات کرنے والے کی حالت ان دوشخصوں جیسی ہے جنھوں نے لوہے کے دو کُرتے پہن رکھے ہوں، ان کی چھاتیوں سے ان کی ہنسلیوں تک، پس رہا خرچ کرنے والا: پس نہیں خرچ کرتا وہ مگر وہ کرتا اس کے پورے بدن کو ڈھانپ لیتا ہے یا فرمایا: اس کے بدن پر پھیل جاتا ہے یہاں تک کہ چھپاتا ہے وہ اس کی انگلیوں کے پوروں کو اور مٹاتا ہے اس کے نشاناتِ قدم کو، اور رہا بخیل: پس نہیں ارادہ کرتا وہ کچھ خرچ کرنے کا مگر ہر حلقہ اس کی جگہ چپک جاتا ہے پس وہ اس کو ڈھیلا کرتا ہے مگر وہ ڈھیلا نہیں ہوتا۔

لغات: الثَّدْيُ: پستان: مرد یا عورت کا، جمع ثُدِیّ.......... التَّرْقُوہ: ہنسلی، جمع التَّراقی .... الجُنَّة: زرہ، لوہے کا کُرتا جو جنگ میں پہنتے ہیں .... تَعْفُو أَثَرَهُ: مٹاتا ہے اس کے نشانِ قدم کو یعنی کُرتا لمبا ہو کر زمین پر گھسٹتا ہے اور قدموں کے نشانات کو مٹا دیتا ہے۔

حدیث کے ایک لفظ میں اختلاف

یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے ان سے طاؤس اور عبدالرحمٰن بن ہرمز روایت کرتے ہیں، پھر طاؤس سے ان کے صاحبزادے عبداللہ اور حنظلۃ بن ابی سفیان روایت کرتے ہیں، عبداللہ کی روایت میں جُبَّتان (دو کُرتے) ہے اور حسن بن مسلم ان کے متابع ہیں یعنی وہ بھی جبتان روایت کرتے ہیں، اور حنظلہ جُنَّتَان (دو زرہیں) روایت کرتے ہیں، اسی طرح عبدالرحمٰن بن ہُرمُز سے ابوالزناد اور جعفر روایت کرتے ہیں، ابوالزناد کی روایت میں جبتان ہے اور جعفر کی روایت میں جُنتان ہے اور، یہی صحیح ہے، کڑیاں زرہ میں ہوتی ہیں۔

بَابُ صَدَقَةِ الْكَسْبِ وَالتِّجَارَةِ

کمائی اور بزنس میں سے خیرات کرنا

جو شخص تجارت کرتا ہے اس کو اپنے کاروبار میں سے صدقہ کرتے رہنا چاہئے، یا کوئی اور ذریعہ معاش ہے مثلاً نوکری کرتا ہے تو اپنی تنخواہ میں سے یا کھیتی باڑی کرتا ہے تو پیداوار میں سے صدقہ کرنا چاہئے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: یامعشرَ التُّجّار! إنَّ الشّيطان والإثم يَحْضُرَانِ البيعَ فَشُوْبُوْا بيعَكم بالصدقة: اے تاجرو! کاروبار میں شیطان اور گناہ دونوں موجود

رہتے ہیں، پس تم اپنے کاروبار کی صدقہ کے ساتھ ملونی کرو (ترمذی حدیث ۱۱۹۳)

لوگ عام طور پر خرید وفروخت میں کچھ نہ کچھ جھوٹ بولتے ہیں اور نوکری پیشہ لوگ اپنی ذمہ داریوں میں کوتاہی کرتے ہیں، جو اللہ کی ناراضگی کا باعث ہے، اور صدقہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کو کم کرتا ہے اس لئے کمائی میں سے خیرات کرتے رہنا چاہئے تاکہ نادانستہ جو بات ہوگئی ہو وہ دُھل جائے، ارشاد پاک ہے: ''اے ایمان والو! جو کچھ تم کماتے ہو اس میں سے پاکیزہ چیزیں خرچ کرو اور جو کچھ ہم تمہارے لئے زمین سے نکالتے ہیں اس میں سے بھی، یعنی جو کچھ تم تجارت سے اور دوسرے جائز طریقوں سے کماتے ہو اور جو کچھ تمہیں زمین میں سے پیداوار کی شکل میں ملتا ہے اس میں سے عمدہ چیزیں راہِ خدا میں خرچ کرو اور ردّی (ناکارہ) چیز کی طرف نیت مت لے جایا کرو، تم (اس کو) خرچ کرتے ہو، حالانکہ تم کبھی اس کو لینے والے نہیں، ہاں چشم پوشی کر جاؤ (تو اور بات ہے) اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ستودہ ہیں۔

[۲۹-] بَابُ صَدَقَةِ الْكَسْبِ وَالتِّجَارَةِ

لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿غَنِيٌّ حَمِيْدٌ﴾ [البقرة: ۲٦۷]

بَابٌ: عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ، فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيَعْمَلْ بِالْمَعْرُوْفِ

ہر مسلمان خیرات کرے، اور جو نہ پائے وہ نیک کام کرے

ہر مسلمان کو خیرات کرنی چاہئے اور اگر غریب ہے، خیرات کی استطاعت نہیں رکھتا تو نیک کام کرے یہ بھی ایک طرح کا صدقہ ہے۔ جاننا چاہئے کہ ہر نیک کام پر صدقہ کا اطلاق ہوتا ہے اگرچہ حقیقی صدقہ راہِ خدا میں مال خرچ کرنا ہے، پس نیک کام حکماً صدقہ ہیں اس لئے جس میں خیرات کرنے کی استطاعت نہ ہو اس کو نیک کام کرنے چاہئیں۔

[۳۰-] بَابٌ: عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ، فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيَعْمَلْ بِالْمَعْرُوْفِ

[۱٤٤٥-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ" فَقَالُوْا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! فَمَنْ لَمْ يَجِدْ؟ فَقَالَ: "يَعْمَلُ بِيَدِهِ، فَيَنْفَعُ نَفْسَهُ، وَيَتَصَدَّقُ" قَالُوْا: فَإِنْ لَمْ يَجِدْ؟ قَالَ: "يُعِيْنُ ذَا الْحَاجَةِ الْمَلْهُوْفَ" قَالُوْا: فَإِنْ لَمْ يَجِدْ؟ قَالَ: "فَلْيَعْمَلْ بِالْمَعْرُوْفِ، وَلْيُمْسِكْ عَنِ الشَّرِّ، فَإِنَّهَا لَهُ صَدَقَةٌ" [انظر: ٦٠٢٢]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہر مسلمان پر صدقہ لازم ہے'' لوگوں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! اگر کسی میں صدقہ کرنے کی استطاعت نہ ہو تو؟ آپؐ نے فرمایا: ''اپنے ہاتھ سے کام کرے یعنی مزدوری کرے پس خود بھی فائدہ اٹھائے اور

صدقہ بھی کرے'' لوگوں نے عرض کیا: اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو؟ آپؐ نے فرمایا: ''غمگین ضرورت مند کی مدد کرے'' (المَلْهُوف: غمگین، جس کا مال ضائع ہوگیا ہو یا کوئی رشتہ دار فوت ہوگیا ہو رجلٌ ملھوفُ القلب: سوختہ دل آدمی) صحابہ نے عرض کیا: اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو؟ آپؐ نے فرمایا: ''نیک کام کرے اور برائی سے رکے یہ بھی اس کے لئے صدقہ ہے''

تشریح: جس طرح نیک کام کرنے پر ثواب ملتا ہے برائی سے رکنے پر بھی ثواب ملتا ہے، مگر برائی سے رکنے پر ثواب اس وقت ملتا ہے جب برائی کا موقع ہو اور برائی نہ کرے، مثلاً جھوٹ بولنے کا موقع ہو مگر جھوٹ نہ بولے، یا زنا کا موقع ہو اور زنا نہ کرے تو ثواب ملے گا۔

بابٌ: قَدْرُ كَمْ يُعْطَى من الزَّكَاةِ وَالصَّدَقَةِ؟ وَمَنْ أَعْطَى شَاةً

زکات خیرات کی کتنی مقدار دینی چاہئے؟ اور جو پوری بکری دے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی غریب کو زکات دیں تو کتنی مقدار دینی چاہئے؟ فقہ میں لکھا ہے کہ ایک ساتھ اتنی زکات دینا کہ غریب صاحب نصاب بن جائے مکروہ ہے۔ نصاب سے کم زکات دینی چاہئے، مگر کبھی غریب کو بڑی رقم کی ضرورت ہوتی ہے، مثلاً: آپریشن کروانا ہے، دو لاکھ کا خرچہ ہے یا مکان بنوانا ہے، اس کے لئے بڑی رقم کی ضرورت ہے، تو علماء نے لکھا ہے کہ تھوڑی تھوڑی رقم دے پھر جب پہلی رقم خرچ ہوجائے تو دوسری رقم دے مگر کبھی اس سے کام نہیں چلتا، ایک ساتھ پوری رقم جمع کرنی ہوتی ہے، پس ایسی مجبوری میں نصاب سے زیادہ بھی زکات دے سکتے ہیں، کیونکہ نصاب سے زیادہ زکات دینا مکروہ ہے مگر زکات ادا ہوجاتی ہے، اور یہاں عذر ہے پس نصاب سے زیادہ زکات دینے کی گنجائش ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہ مسئلہ کہ غریب کو کتنی زکات دے سکتے ہیں؟ منصوص نہیں بلکہ اجتہادی ہے اور حدیث شریف میں ایک واقعہ آیا ہے، حضرت رحمہ اللہ نے ومن أعطى شاة سے اس کی طرف اشارہ کیا ہے، نبی پاک ﷺ نے حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کو جن کا نام نُسیبہ تھا زکات کی ایک بکری دی تھی، انھوں نے وہ بکری ذبح کی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس اس کا گوشت ہدیہ بھیجا، جب نبی ﷺ گھر میں تشریف لائے تو آپؐ نے پوچھا: تمہارے پاس کھانے کے لئے کچھ ہے؟ صدیقہؓ نے عرض کیا: کچھ نہیں ہے، ہاں نسیبہؓ نے اس بکری کا گوشت بھیجا ہے جو آپؐ نے ان کو زکات میں دی تھی، نبی ﷺ نے فرمایا: هَاتِ، فقد بَلَغَتْ مَحِلَّها: لاؤ، کیونکہ زکات اس کے اترنے کی جگہ میں پہنچ گئی، یعنی جب تک زکات غریب کو نہیں دی جاتی: زکات ہے لیکن جب غریب نے زکات پر قبضہ کرلیا تو اب وہ زکات نہیں رہی، کیونکہ ملکیت بدل گئی، اب وہ کسی مالدار کو ہدیہ دے تو اس کے لئے وہ جائز ہے۔

اس واقعہ کی طرف اشارہ کرنے کے لئے حضرت رحمہ اللہ نے باب میں اضافہ کیا ہے کہ ایک بکری زکات میں دینے میں کچھ حرج نہیں کیونکہ ایک بکری نصاب سے کم ہے، نصاب چالیس بکریوں سے بنتا ہے۔

[۳۱-] بابٌ: قَدْرُ کَمْ یُعْطَی من الزَّکَاۃِ وَالصَّدَقَۃِ؟ وَمَنْ أَعْطَی شَاۃً

[۱۴۴۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ شِھَابٍ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ حَفْصَۃَ بِنْتِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أُمِّ عَطِیَّۃَ، أَنَّھَا قَالَتْ: بُعِثَ إِلٰی نُسَیْبَۃَ الْأَنْصَارِیَّۃِ بِشَاۃٍ، فَأَرْسَلَتْ إِلٰی عَائِشَۃَ مِنْھَا، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "عِنْدَکُمْ شَیْئٌ" فَقَالَتْ: لاَ، إِلاَّ مَا أَرْسَلَتْ بِہِ نُسَیْبَۃُ مِنْ ذٰلِکَ الشَّاۃِ، فَقَالَ: "ھَاتِ، فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّھَا" [انظر: ۱۴۹۴، ۲۵۷۹]

بَابُ زَکَاۃِ الْوَرِقِ

چاندی کی زکات

ورِق (بکسر الراء) کے معنی ہیں: چاندی جس کا سکہ نہ ڈھالا گیا ہو، مگر مراد عام ہے خواہ چاندی مضروبہ (ڈھلی ہوئی) ہو یا غیر مضروبہ، سب کا ایک حکم ہے اور چاندی کا نصاب پانچ اوقیہ یعنی دوسو درہم ہیں جن کی چھ سو بارہ گرام چاندی بنتی ہے اس سے کم میں زکات واجب نہیں، اس کے بعد دو باتیں سمجھنی ہیں:

پہلی بات: سونا اور چاندی دونوں خلقی ثمن ہیں، اس لئے دونوں میں زکات واجب ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، البتہ سونے کا کوئی مستقل نصاب ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، کچھ حضرات کہتے ہیں کہ سونے کا کوئی مستقل نصاب نہیں سونا چاندی پر محمول ہے یعنی چھ سو بارہ گرام چاندی کی قیمت کے بقدر سونا ہو تو اس میں زکات واجب ہے، شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ کی یہی رائے ہے اور متقدمین میں سے بھی کئی حضرات کی یہی رائے تھی، لیکن جمہور کے نزدیک سونے کا مستقل نصاب ہے اس میں قیمت کا اعتبار نہیں، ساڑھے سات تولہ (بیس مثقال) یعنی ستاسی گرام پوئنٹ پندرہ (87.15) سونے کا نصاب ہے، اور جمہور کی دلیل تین حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہے کہ سونے میں کچھ واجب نہیں تا آنکہ وہ بیس دینار ہو جائے، پھر اگر کسی کے پاس بیس دینار ہوں اور ان پر سال گذر جائے تو ان میں آدھا دینار واجب ہے، اس روایت کو ابن وہب مصری نے مرفوع کیا ہے اور شعبہ اور ثوری وغیرہ نے موقوف کیا ہے یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیا ہے۔ اور امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے اس پر سکوت اختیار کیا ہے یعنی کوئی جرح نہیں کی۔ اور امام نووی رحمہ اللہ نے حسن یا صحیح کہا ہے، اور زیلعی رحمہ اللہ نے حسن قرار دیا ہے (ابوداؤد حدیث ۱۵۷۳ باب زکاۃ السائمۃ، نصب الرایہ ۲: ۳۲۸)

دوسری حدیث: حضرات عائشہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً مروی ہے کہ نبی ﷺ ہر بیس دینار یا زیادہ میں سے آدھا دینار لیتے تھے، اس کی سند میں ایک راوی ابراہیم بن اسماعیل بن مجمّع انصاری ہے جو ضعیف ہے، مگر بہت ضعیف

نہیں، بخاری میں اس کی روایت تعلیقاً ہے (ابن ماجہ حدیث ۱۷۹۱، باب زکاۃ الورق والذہب)

تیسری حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ دوسو درہم سے کم میں کچھ نہیں، اور سونے کے بیس مثقال سے کم میں کچھ نہیں۔ حافظ رحمہ اللہ نے درایہ میں اس کی سند کو ضعیف کہا ہے، یہ حدیث ابوعبیدۃ اور ابن زنجویہ نے کتاب الاموال میں روایت کی ہے (نصب الرایہ ۲:۳۶۹، مغنی ابن قدامہ ۲:۵۹۹)

مذکورہ روایات اگرچہ الگ الگ ضعیف ہیں، مگر ضعف شدید نہیں، اور مل کر ایک قوت حاصل کر لیتی ہیں اس لئے قابل استدلال ہیں، چنانچہ فتوی جمہور کے قول پر ہے کہ سونے کا مستقل نصاب ہے چاندی کے نصاب پر محمول نہیں۔

مگر یہ فتوی اس صورت میں ہے جبکہ کسی کے پاس صرف سونا ہو، اور اگر سونے کے ساتھ کچھ چاندی یا روپے بھی ہوں تو پھر سونے کی قیمت لگا کر روپیوں کے ساتھ ملا کر چھ سو بارہ گرام چاندی کی قیمت کے برابر ہوجائیں تو زکات واجب ہے، اس صورت میں سونے کو مستقل جنس شمار نہیں کرتے۔

حالانکہ جمہور نے جب سونے کا مستقل نصاب مان لیا تو وہ مستقل جنس ہوگئی، پس جس طرح بکریوں کو اونٹوں کے ساتھ نہیں ملاتے، اسی طرح سونے کو بھی چاندی کے ساتھ نہیں ملانا چاہئے، مگر فتوی ملانے کا ہے۔

اسی طرح کرنسیاں ثمن عرفی ہیں، کاغذ کے نوٹ حکومتوں کے اعتماد پر 'زر' بنے ہیں، البتہ ان کے پیچھے سونا چاندی ہیں، نوٹ ان کی نمائندگی کرتے ہیں، اس سلسلہ میں بھی مفتیانِ کرام چاندی ہی کا اعتبار کرتے ہیں، اگر چاندی کے نصاب کے بقدر کرنسی ہوجائے تو اس میں وجوب زکات کا فتوی دیتے ہیں۔

حالانکہ نوٹ دو طرح کے ہیں: ہلکے اور بھاری۔ جیسے انڈیا، پاکستان اور بنگلہ دیش کی کرنسی ہلکی کرنسی ہے اور کویتی دینار، پاؤنڈ، ڈالر اور یورو بھاری کرنسیاں ہیں۔ پس ہلکی کرنسی کو تو چاندی پر محمول کرنا چاہئے، کیونکہ چھ سو بارہ گرام چاندی کی قیمت قابل لحاظ مال ہوتی ہے، اور بھاری کرنسی کو سونے پر محمول کرنا چاہئے، ستاسی گرام سونے کی قیمت قابل لحاظ مال ہے، چاندی کے نصاب پر محمول نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ وہ قابل لحاظ مال نہیں، اسی طرح اموال تجارت کا حکم ہونا چاہئے۔ واللہ اعلم

دوسری بات: سونے چاندی اور اموال تجارت میں زکات چالیسواں یعنی ڈھائی فیصد ہے، اور یہ مقدار زکات کی تمام مقداروں سے کم ہے، جو اموال گردش میں رہتے ہیں شریعت مطہرہ نے ان میں زکات کم رکھی ہے اور جو گردش میں نہیں رہتے ان میں نسبتاً زکات زیادہ رکھی ہے، کھیت میں دس من پیداوار ہو تو ایک من عشر واجب ہوگا یعنی دس فیصد اور سونے چاندی کرنسی اور اموال تجارت میں چالیس فیصد زکات ہے، کیونکہ زمین میں سال بھر میں ایک دو مرتبہ پیداوار ہوتی ہے اس لئے اس میں زکات زیادہ رکھی ہے اور سونا چاندی وغیرہ اموال گردش میں رہتے ہیں خرچ ہوتے رہتے ہیں، نیز وہ قابل رغبت اموال ہیں، اس لئے اگر لوگوں کو ان میں سے بہت مقدار خرچ کرنے کے لئے کہا جائے گا تو ان پر بوجھ پڑے گا، اس لئے ان کی زکات تمام زکوتوں سے کم رکھی ہے۔

[۳۲-] بَابُ زَكَاةِ الْوَرِقِ

[١٤٤٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيىَ الْمَازِنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ مِنَ الإِبِلِ، وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيْمَادُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ"

حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، سَمِعَ أَبَاهُ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا. [راجع: ١٤٠٥]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اونٹوں کے پانچ سے کم ریوڑ میں زکات نہیں، یعنی اونٹوں کا چھوٹا ریوڑ جس میں زکات واجب ہے پانچ کا ہے اس سے کم میں زکات نہیں اور پانچ میں ایک بکری واجب ہے، اور پانچ اوقیوں (دوسو درہم) سے کم میں زکات نہیں اور پانچ وسق (تین سو صاع) سے کم پیداوار میں زکات نہیں۔

ملحوظہ: اس حدیث میں تین مسئلے ہیں، باب سے متعلق دوسرا مسئلہ ہے اور باقی دو مسئلے آگے آئیں گے۔ اور یہ عمرو بن یحییٰ مازنی کی حدیث ہے ان سے امام مالک رحمہ اللہ بھی روایت کرتے ہیں اور یحییٰ بن سعید انصاری بھی۔

بَابُ الْعَرْضِ فِي الزَّكَاةِ

زکات میں سامان دینا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ زکات میں استبدال جائز ہے یا نہیں؟ یعنی مال کی جس جنس میں زکات واجب ہوئی ہے اس کے علاوہ کے ذریعہ زکات ادا کرنا جائز ہے یا نہیں؟ مثلاً سونے چاندی یا کرنسی میں زکات واجب ہوئی اور زکات میں کتابیں دی جائیں، یا کتابوں میں زکات واجب ہوئی اور زکات میں کرنسی دی جائے یا لحاف بنوا کر تقسیم کئے جائیں تو یہ جائز ہے یا نہیں؟

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس چیز میں زکات واجب ہوئی ہے وہی چیز دینی ضروری ہے، استبدال جائز نہیں۔ اور احناف کے نزدیک استبدال جائز ہے، امام بخاری رحمہ اللہ احناف کے ساتھ ہیں۔

دلائل:

۱- حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ یمن کے گورنر تھے، وہاں جو مسلمان آباد تھے ان سے حضرت معاذؓ نے فرمایا: پیداوار میں جو عشر یا نصف عشر واجب ہے اس میں جو اور مکئی دینے کے بجائے خمیس اور لبیس (کپڑے) دو۔

خمیس: وہ کپڑا جو پانچ ہاتھ لمبا ہو، اور لبیس بمعنی ملبوس ہے یعنی ہر وہ کپڑا جو پہنا جائے، یمن میں گھر گھر کپڑا تیار ہوتا تھا اور ان کے لئے کپڑا دینا آسان تھا اس لئے حضرت معاذؓ نے فرمایا: عشر میں کپڑا دو اس میں تمہارے لئے بھی سہولت

ہے اور جب وہ کپڑا مدینہ پہنچے گا تو نبی ﷺ کے اصحاب کے لئے بھی مفید اور کارآمد ہوگا۔ غرض حضرت معاذؓ نے پیداوار کے بدلہ میں کپڑا لیا، معلوم ہوا کہ زکات میں استبدال جائز ہے۔

۲- نبی ﷺ نے مدینہ اور قرب وجوار کی زکوتیں وصول کرنے کے لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا، کام مکمل کرکے انھوں نے رپورٹ دی کہ سب کی زکوتیں وصول ہوگئیں، صرف حضرت عباسؓ حضرت خالدؓ اور ابن جمیل نے زکات نہیں دی، آپؐ نے فرمایا: ابن جمیل کنگال تھا، اس نے مجھ سے دعا کروائی اور اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اس کو نواز دیا، اب اس کو اللہ کا حق دینا بھی بھاری معلوم ہوتا ہے یعنی ابن جمیل سے ناراضگی ظاہر فرمائی، اور حضرت عباس اور حضرت خالد رضی اللہ عنہما کی طرف سے صفائی دی، آپؐ نے فرمایا: عباسؓ سے میں دو سال کی پیشگی زکات وصول کر چکا ہوں، اس لئے وہ میرے ذمہ ہے[1] اور خالدؓ نے اپنی زکات سے زرہیں (فولاد کے کُرتے جو لڑائی میں پہنے جاتے ہیں) اور دیگر سامان جنگ خرید کر رکھ لیا ہے تاکہ مجاہدین کو جب وہ جنگ کے لئے جائیں یہ چیزیں دیں، غرض حضرت خالدؓ زکات سے آلات حرب خرید کر مجاہدین کو دیتے تھے، معلوم ہوا کہ استبدال جائز ہے۔

۳- ایک مرتبہ نبی ﷺ نے عید کی نماز کے بعد خطبہ دیا پھر عورتوں کے مجمع کے قریب تشریف لے گئے اور ان کو وعظ ونصیحت فرمائی اور خاص طور پر صدقہ کی ترغیب دی، آپؐ نے فرمایا: ''خیرات دو چاہے زیورات میں سے ہو'' چنانچہ عورتوں نے جو زیورات پہن رکھے تھے یعنی کان کی بالیاں اور گلے کے ہار وغیرہ اتار اتار کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں ڈالنا شروع کیا۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے کوئی تفصیل نہیں کی کہ نفلی خیرات میں زیور دیں اور جن پر زکات واجب ہے وہ زیور نہ دیں بلکہ جس مال میں زکات واجب ہوئی ہے وہی مال زکات میں دیں، ایسی کوئی تفصیل نہیں فرمائی۔ معلوم ہوا کہ سامان کی زکات میں سونا چاندی اور سونے چاندی کی زکات میں سامان دے سکتے ہیں —— مگر اس واقعہ میں بہ ظاہر نفلی صدقہ مراد ہے، زکات مراد نہیں، لہٰذا اس واقعہ سے استدلال ذرا مشکل ہے۔

۴- نبی ﷺ نے اموال زکات اور ان کے نصاب کے سلسلہ میں ایک تحریر لکھوائی تھی تاکہ عاملین (سفراء) کو اس کی نقلیں دی جائیں، اور وہ اس کے حساب سے زکات وصول کریں، آپؐ کے وصال کے بعد وہ تحریر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

(۱) نبی ﷺ کے پاس باہر سے جو لوگ مسلمان ہونے کے لئے یا بیعت ہونے کے لئے یا دین سیکھنے کے لئے آتے تھے اور وہ غریب ہوتے تھے تو آپؐ زکات کے مال سے ان کی مدد کرتے تھے مگر کبھی بیت المال خالی ہوتا تھا اور کوئی ایسا نادار آجاتا تھا جس کی مدد ضروری ہوتی تھی تو آپؐ قرض لے کر اس کی مدد فرماتے تھے، پھر جب زکات وصول ہوتی تو قرض ادا کر دیتے، ایک مرتبہ آپؐ نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے قرض مانگا، وہ جانتے تھے کہ آپؐ اپنے لئے قرض نہیں لے رہے، چنانچہ انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھ پر سال پورا ہونے پر جو زکات واجب ہوگی اگر وہ زکات میں ابھی دیدوں تو کیا یہ جائز ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جائز ہے، چنانچہ حضرت عباسؓ نے پیشگی دو سال کی زکات دیدی۔

کے پاس تھی، انھوں نے سفراء کو اس کی نقلیں دیں، ایک مرتبہ حضرت انس رضی اللہ عنہ زکات وصول کرنے کے لئے گئے تو ان کو بھی نقل دی، اس تحریر میں ایک بات یہ تھی کہ اگر کسی پر بنت مخاض (اونٹنی کا ایک سالہ مادہ بچہ) واجب ہوا ہو اور اس کے ریوڑ میں بنت مخاض نہ ہو اور بنت لبون (دوسالہ مادہ بچہ) ہو تو عامل بنت لبون لیلے اور مالک کو بیس درہم یا دو بکریاں پھیر دے، بنت مخاض کی قیمت کم ہوتی ہے اور بنت لبون کی زیادہ اس لئے زائد قیمت واپس کی جائے، اور کسی کے پاس بنت لبون نہ ہو بلکہ ابن لبون (دوسالہ مذکر بچہ) ہو تو وہ لے لے اور کچھ واپس نہ کرے، کیونکہ بنت مخاض اور ابن لبون کی قیمت برابر ہوتی ہے۔ یہ بنت مخاض کی جگہ بنت لبون یا ابن لبون لینا ہی استبدال ہے۔

ملحوظہ: امام شافعیؒ کے نزدیک بعض مسائل میں تنگی ہے، مثلاً: ان کے نزدیک نمازی کے بدن اور کپڑے پر ذرا بھی نجاست معاف نہیں، اسی طرح وہ فرماتے ہیں: قرآنِ کریم میں زکات کے جو آٹھ مصارف ہیں ان میں سے کم از کم تین مصارف میں اور ہر مصرف میں سے کم از کم تین شخصوں کو زکات دینا ضروری ہے اسی طرح جہاں مال ہے وہیں کے غریبوں کو دینا ضروری ہے، دوسری جگہ بھیجنا جائز نہیں، اسی طرح یہ مسئلہ بھی ہے کہ زکات میں استبدال جائز نہیں اس پر بھی عمل کرنا مشکل ہے۔

اسی طرح ہر فقہ میں کچھ ایسے مسائل ہوتے ہیں جن میں اہل مذہب تنگی محسوس کرتے ہیں، اور یہ منصوص مسائل نہیں ہوتے، بلکہ مستنبط مسائل ہوتے ہیں، ایسے مسائل یا تو رفتہ رفتہ مضمحل ہو جاتے ہیں، یا مفتیانِ کرام دوسرے مجتہدین کے مسلک پر فتوی دیتے ہیں، جیسے مفقود کے مسئلہ میں احناف نے مالکیہ کے مذہب پر فتوی دیا ہے۔

[۳۳-] بَابُ الْعَرْضِ فِي الزَّكَاةِ

[۱-] وَقَالَ طَاوُسٌ: قَالَ مُعَاذٌ لِأَهْلِ الْيَمَنِ: ائْتُوْنِيْ بِعَرْضٍ ثِيَابٍ: خَمِيْصٍ أَوْ لَبِيْسٍ فِي الصَّدَقَةِ مَكَانَ الشَّعِيْرِ وَالذُّرَةِ، أَهْوَنُ عَلَيْكُمْ، وَخَيْرٌ لِأَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِيْنَةِ.

[۲-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَأَمَّا خَالِدٌ فَقَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتُدَهُ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ"

[۳-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ" فَلَمْ يَسْتَثْنِ صَدَقَةَ الْفَرْضِ مِنْ غَيْرِهَا، فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تُلْقِيْ خُرْصَهَا وَسِخَابَهَا، وَلَمْ يَخُصَّ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ مِنَ الْعُرُوْضِ.

[۱۴۴۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ثُمَامَةُ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِيْ أَمَرَ اللهُ رَسُوْلَهُ: "وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَةَ بِنْتِ مَخَاضٍ، وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ، وَعِنْدَهُ بِنْتُ لَبُوْنٍ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ، وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ بِنْتُ مَخَاضٍ عَلَى وَجْهِهَا، وَعِنْدَهُ ابْنُ لَبُوْنٍ فَإِنَّهُ يُقْبَلُ مِنْهُ، وَلَيْسَ مَعَهُ شَيْئٌ"

[انظر: ۱۴۵۰، ۱۴۵۱، ۱۴۵۳، ۱۴۵۴، ۱۴۵۵، ۲۴۸۷، ۳۱۰۶، ۵۸۷۸، ۶۹۵۵]

[۱٤٤٩-] حدثنا مُؤَمَّلٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِىْ رَبَاحٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَشْهَدُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: لَصَلَّى قَبْلَ الْخُطْبَةِ، فَرَأَى أَنَّهُ لَمْ يُسْمِعِ النِّسَاءَ، فَأَتَاهُنَّ، وَمَعَهُ بِلَالٌ نَاشِرٌ ثَوْبَهُ، فَوَعَظَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ أَنْ يَتَصَدَّقْنَ فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تُلْقِى، وَأَشَارَ أَيُّوْبُ إِلٰى أُذُنِهِ وَإِلٰى حَلْقِهِ. [راجع: ۹۸]

قولہ: بِعَرضٍ ثِيَابٍ: اضافت کے بغیر، ثیاب: یا تو بدل ہے یا عطف بیان ہے اور اضافت بیانیہ کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے .... خمیص (بالصاد) سیاہ مربع چادر اور مشہور سین کے ساتھ خمیس ہے: وہ کپڑا جو پانچ ہاتھ لمبا ہو اور لبیس: ملبوس کے معنی میں ہے یعنی ہر وہ کپڑا جو پہنا جائے .... الذُّرَة: مکئی .... خُرْص: کان کی بالی، سِخابٌ: گلے کا ہار۔

حدیث انسؓ: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو وہ تحریر لکھ کر دی جس کا اللہ نے اپنے رسول کو حکم دیا یعنی نبی ﷺ نے جو تحریر لکھوائی تھی، جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس تھی، اس کی نقل حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دی، اس تحریر میں ایک بات یہ تھی: اور جس پر بنت مخاض واجب ہو اور اس کے پاس بنت مخاض نہ ہو اور اس کے پاس بنت لبون ہو تو اس سے بنت لبون لی جائے، اور صدقہ وصول کرنے والا اس کو بیس درہم یا دو بکریاں دے، اور اگر اس کے پاس بنت مخاض نہ ہو جیسی اس پر واجب ہوئی ہے یعنی ایک سالہ اور اس کے پاس ابن لبون ہو تو اس سے ابن لبون لیا جائے اور اس کے ساتھ کچھ نہیں، یعنی اس صورت میں عامل کچھ واپس نہیں کرے گا، یہ جو بنت مخاض کی جگہ بنت لبون یا ابن لبون لیا ہے یہی استبدال ہے۔

بَابٌ: لَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ

جدا مویشی کو اکٹھا نہ کیا جائے اور اکٹھا کو جدا نہ کیا جائے

یہ حدیث ہی کے الفاظ ہیں اور لایُجْمَعُ اور لَا یُفَرَّقُ مضارع منفی ہیں فعل نہی نہیں ہیں، مضارع منفی اور نہی کے درمیان لفظی فرق یہ ہے کہ مضارع منفی پر پیش آتا ہے اور نہی پر جزم، اور معنوی فرق یہ ہے کہ مضارع منفی خبر ہوتی ہے اور فعل نہی انشاء۔ احناف کے نزدیک دونوں مضارع منفی ہیں اور اس میں مالکان مویشی سے بھی خطاب ہے اور ساعی (زکات وصول کرنے والے) سے بھی، مالکانِ مویشی سے کہا گیا کہ جو مواشی جدا ہیں ان کو زیادہ زکات واجب ہونے کے اندیشہ سے جمع نہ کیا جائے، مثلاً دو شخصوں کی چالیس چالیس بکریاں ہیں ان میں دو بکریاں واجب ہیں لیکن اگر وہ جمع کر کے ایک کی بکریاں بتائیں تو ایک بکری واجب ہوگی، ایسی حیلہ بازی نہ کی جائے، اسی طرح جو مواشی جمع ہیں ان کو وجوب زکات کے اندیشہ سے جدا نہ کیا جائے، مثلاً ایک شخص کی چالیس بکریاں ہیں اور دوسرے کی بیس، اول پر ایک بکری واجب ہے اور دوسرے پر کچھ نہیں۔ اب اگر پہلا شخص اپنی چند بکریاں دوسرے کے ریوڑ میں ملا دے تو دونوں پر زکات واجب نہ ہوگی۔ حدیث میں ایسا فریب کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

اورساعی سے یہ کہا گیا ہے کہ وہ زیادہ زکات وصول کرنے کی غرض سے جمع وتفریق نہ کرے مثلاً دو بھائیوں کے پاس انصافاً دوسودو بکریاں ہیں اور متفرق ہیں، پس ہر ایک پر ایک بکری واجب ہے، ساعی ان کو جمع کرائے اور دوسودو میں سے تین بکریاں لے: ایسا نہ کرے، بلکہ ملکیت کا اعتبار کرکے زکات لے، یا دو بھائیوں کی ملی ہوئی اسّی بکریاں ہیں، ساعی دو بکریاں لینے کے لئے ان کو جدا کرائے اس سے منع کیا گیا۔

غرض احناف کے نزدیک لایجمع اور لایفرق فعل مضارع منفی ہیں، فعل نہی نہیں ہیں، پس یہ ارشاد انشاء نہیں بلکہ اخبار ہے یعنی جمع وتفریق کے بارے میں خبر دی گئی کہ وہ لغو عمل ہے، زکات پر اس کا کوئی اثر مرتب نہیں ہوتا، زکات کا مدار ملکیت پر ہے جس کی جتنی ملکیت ہوگی اس کے اعتبار سے زکات لی جائے گی، خواہ جانور جمع ہوں یا متفرق۔

اور ائمہ ثلاثہ: لایُجمع اور لایُفرّق کو نہی مانتے ہیں کیونکہ اخبار انشاء کو متضمن ہوتے ہیں۔ اور وہ نہی کا تعلق صرف ساعی سے کرتے ہیں، کیونکہ مالکان کو جمع وتفریق کا ہر وقت اختیار ہے، خواہ ان کی نیت کچھ بھی ہو، اور ان کے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر جانور متفرق ہوں اور زکات واجب نہ ہوتی ہو یا کم واجب ہوتی ہو تو ساعی زکات کی خاطر ان کو جمع نہ کرائے، اور جمع ہوں تو جدا نہ کرائے، جس حال میں ہوں اس کا اعتبار کرکے زکات وصول کرے۔

زکات میں خُلطہ کا اعتبار ہے یا نہیں؟

مذکورہ بالا اختلاف اس پر مبنی ہے کہ باب زکات میں خلطہ کا اعتبار ہے یا نہیں؟ خلطہ (بالضم) کے معنی ہیں: شرکت، خاص طور پر مواشی میں شرکت، پھر خلطہ کی دو قسمیں ہیں:

پہلی قسم: خلطۃ الشیوع: جس کو خلطۃ الاعیان اور خلطۃ الاشتراک بھی کہتے ہیں، اور وہ یہ ہے کہ میراث میں ملنے کی وجہ سے یا بخشش میں ملنے کی وجہ سے، یا مشترک رقم سے خریدنے کی وجہ سے مویشی دو آدمیوں میں مشترک (غیر منقسم) ہوں، مثلاً ایک شخص کا انتقال ہوا اس نے ایک سو بیس بکریاں چھوڑیں اور وارث ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہیں تو بھائی بہن اَثلاثا ان بکریوں کے مالک ہونگے، اور جب تک وہ بکریاں تقسیم نہیں ہونگی ان میں خلطۃ الشیوع ہوگا۔

دوسری قسم: خلطۃ الجوار ہے جس کو خلطۃ الاوصاف بھی کہتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ دو آدمیوں کے جانور ملکیت میں متمائز (جدا جدا) ہوں مگر دس باتوں میں (عندالشافعی) اور چھ باتوں میں (عند مالک واحمد) مشترک ہوں [1]

(۱) امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک خلطۃ الجوار میں جن چھ باتوں میں اشتراک ہوتا ہے وہ یہ ہیں: (۱) چراگاہ (۲) باڑا (مویشیوں کے رہنے کی جگہ) (۳) چرواہا (۴) دودھ دوہنے کا برتن (۵) بِجار (وہ نر جو نسل کشی کے لئے ریوڑ میں رکھا جاتا ہے) (۶) پانی پینے کی جگہ حوض، نہر وغیرہ۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مزید یہ چار چیزیں ضروری ہیں: (۱) کتا (جو ریوڑ کی حفاظت کے لئے رکھا جاتا ہے) (۲) چراگاہ جانے اور لوٹنے کا راستہ (۳) دودھ دوہنے والا (۴) خلطہ کی نیت، اگر اتفاقاً اشتراک ہوگیا ہو تو وہ خلطہ نہیں ۱۲

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: دونوں خلطوں سے دو یا چند مالکوں کے مواشی کَمَالِ رجلٍ وَاحدٍ (ایک شخص کے مال کی طرح) ہوجاتے ہیں اور خلطہ: وجوبِ زکات اور تقلیل وتکثیر زکوۃ پر اثر انداز ہوتا ہے، مگر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک وجوبِ زکات کے لئے شرط یہ ہے کہ ہر مالک کی ملکیت بقدر نصاب ہو۔ امام بخاری رحمہ اللہ بھی اسی کے قائل ہیں۔

نفسِ وجوب کی مثال: دو آدمیوں کی چالیس بکریاں ہوں اور کوئی بھی خلطہ ہو تو امام شافعی اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ایک بکری واجب ہوگی۔ اور امام مالک اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک کچھ واجب نہیں ہوگا، کیونکہ ہر مالک کی ملکیت نصاب سے کم ہے۔

تکثیر کی مثال: دو شخصوں کی انصافا دوسو دو بکریاں ہوں اور کوئی بھی خلطہ ہو تو تین بکریاں واجب ہونگی، اور اگر خلطہ نہ ہو تو ہر ایک پر ایک بکری واجب ہوگی، پس خلطہ کی وجہ سے زکات زیادہ ہوگئی۔

تقلیل کی مثال: تین شخصوں کی ایک سو بیس بکریاں ہوں اور کوئی بھی خلطہ ہو تو ایک بکری واجب ہوگی، اور خلطہ نہ ہو تو تین بکریاں واجب ہونگی، پس خلطہ کی وجہ سے زکات کم ہوگئی۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک خلطہ کا مطلق اعتبار نہیں یعنی خلطہ جائز تو ہے مگر باب زکات میں اس کا اعتبار نہیں نہ وجوب میں، نہ تقلیل میں اور نہ تکثیر میں۔ حنفیہ کے نزدیک اعتبار ملکیت کا ہے، چنانچہ پہلی صورت میں کچھ واجب نہ ہوگا، کیونکہ ہر ایک کی ملکیت نصاب سے کم ہے اور دوسری صورت میں دو بکریاں واجب ہونگی، کیونکہ ہر ایک: ایک سو ایک کا مالک ہے اور تیسری صورت میں تین بکریاں واجب ہونگی کیونکہ ہر ایک کی ملک میں چالیس بکریاں ہیں۔

ملحوظہ: جمع وتفریق ملکیت میں مراد ہے مکان میں بالاتفاق مراد نہیں، کیونکہ مکان میں بالاجماع جمع وتفریق کی جائے گی، مثلاً ایک شخص کی چالیس بکریاں ایک چراگاہ میں چرتی ہیں اور دوسری چالیس دوسری چراگاہ میں تو دونوں کو جمع کرکے اسّی میں سے ایک بکری لی جائے گی۔

[٣٤-] بَابٌ: لاَ يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلاَ يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ

وَيُذْكَرُ عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلُهُ.

[١٤٥٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ثُمَامَةُ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، كَتَبَ لَهُ الَّتِيْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " وَلاَ يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ، وَلاَ يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ: خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ" [راجع: ١٤٤٨]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کے لئے لکھی زکات کی تفصیل جو نبی ﷺ نے مقرر کی تھی (اس تحریر میں ایک بات یہ تھی) اور جمع نہ کیا جائے متفرق کے درمیان اور جدا نہ کیا جائے جمع کے

درمیان صدقہ کے ڈر سے۔

قولہ: خشیۃَ الصدقۃ: دونوں فعلوں کا مفعول لہ ہے، اس میں تنازع فعلان ہے، پس ایک فعل کا ایسا ہی معمول محذوف مانا جائے گا۔

بَابٌ: مَاکَانَ مِنْ خِلِیْطَیْنِ فَإِنَّهُمَا یَتَرَاجَعَانِ بَیْنَهُمَا بِالسَّوِیَّةِ

زکات میں جانور دو شریکوں میں سے کسی ایک سے لیا گیا ہو تو دونوں آپس میں ٹھیک لین دین کرلیں

یہ بھی حدیث کے الفاظ ہیں اور من خلیطین: جار مجرور ظرف مستقر ہیں، تقدیر عبارت: ماکان مأخوذا من خلیطین ہے۔ اور اس جملہ کی تفسیر میں بھی اختلاف ہے اور یہ اختلاف پہلے جملہ میں اختلاف پر مبنی ہے:

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: اس جملہ کا تعلق دونوں خلطوں سے ہے، مگر خلطۃ الشیوع میں کچھ لین دین نہیں ہوگا، صرف خلطۃ الجوار میں لین دین ہوگا، مثلاً زید کی چالیس بکریاں اور خالد کی چالیس بکریاں ہیں، اور دونوں نے خلطۃ الجوار کر رکھا ہے تو اسّی میں سے ساعی ایک بکری لے گا پھر وہ جس کی بکریوں میں سے لے گا وہ اس کی آدھی قیمت دوسرے سے لے لیگا، کیونکہ دونوں پر آدھی آدھی بکری واجب ہوئی ہے، اور بکری ایک کے جانوروں میں سے لی گئی ہے پس اس کا مالک بکری کی آدھی قیمت اپنے ساتھی سے لے لیگا۔

اور احناف کے نزدیک: اس جملہ کا تعلق صرف خلطۃ الشیوع سے ہے، پس اگر اسّی بکریاں انصافا ہوں تو دو بکریاں واجب ہونگی اور کچھ لین دین نہیں ہوگا، اور اَثلاثا ہوں تو دوثلث والے پر ایک بکری واجب ہے اور ایک ثلث والے پر کچھ واجب نہیں، کیونکہ نصاب مکمل نہیں۔ پس جو ایک بکری زکات میں لی گئی، اس کا تہائی: دوثلث والا ایک ثلث والے کو دے گا، اور ایک سو بیس بکریاں اثلاثا ہوں تو دو بکریاں واجب ہونگی، پس دوثلث والا: ایک ثلث والے سے ایک بکری کا ثلث لیگا، کیونکہ اس کا ایک ثلث زائد گیا ہے، اور اکسٹھ اونٹ ہوں ایک کے پچیس اور دوسرے کے چھتیس اور خلطۃ الشیوع ہو یعنی املاک متمائزہ نہ ہوں تو ایک بنت مخاض اور ایک بنت لبون واجب ہوگی، پھر ۳۶ والا بنت لبون کے اکسٹھ حصوں میں سے پچیس حصے پچیس والے کو دے گا اور پچیس والا بنت مخاض کے اکسٹھ حصوں میں سے چھتیس حصے: چھتیس والے کو دے گا (یہ دونوں طرف سے لین دین ہوا)

[۳۵-] بَابٌ: مَاکَانَ مِنْ خِلِیْطَیْنِ فَإِنَّهُمَا یَتَرَاجَعَانِ بَیْنَهُمَا بِالسَّوِیَّةِ

[۱-] وَقَالَ طَاوُسٌ وَعَطَاءٌ: إِذَا عَلِمَ الْخَلِیْطَانِ أَمْوَالَهُمَا فَلاَ یُجْمَعُ مَالُهُمَا.

[۲-] وَقَالَ سُفْیَانُ: لاَتَجِبُ حَتّٰی یَتِمَّ لِهٰذَا أَرْبَعُوْنَ شَاةً وَلِهٰذَا أَرْبَعُوْنَ شَاةً.

[۱۴۵۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ثُمَامَةُ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِیْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم: "وَمَا كَانَ مِنْ خَلِیْطَیْنِ، فَإِنَّهُمَا یَتَرَاجَعَانِ بَیْنَهُمَا بِالسَّوِیَّةِ" [راجع: ۱۴۴۸]

۱-حضرت طاؤس اور حضرت عطاء رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جب دونوں شریک اپنے مویشی پہچانتے ہوں یعنی املاک متمائزہ ہوں تو ان کے مویشی کو جمع نہیں کیا جائے گا۔

تشریح: یہ قول مجمل ہے اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ خلطہ کی وجہ سے جو دو یا چند مالکوں کے مویشی کمالِ رجلٍ واحد ہوتے ہیں وہ خلطۃ الشیوع میں ہوتے ہیں، خلطۃ الجوار میں نہیں ہوتے تو یہ قول من وجہٍ ائمہ ثلاثہ کے موافق ہوگا............اور اگر یہ مطلب ہے کہ باہم لین دین خلطۃ الشیوع میں ہوگا، خلطۃ الجوار میں نہیں ہوگا کیونکہ جب املاک متمائزہ ہیں تو عامل ہر ایک کے مویشی میں سے زکات لے گا، پس اس صورت میں یہ قول حنفیہ کے موافق ہوگا۔

۲-سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دو یا چند مالکوں کے مویشی کو ایک آدمی کے مال کی طرح اس وقت قرار دیں گے جب ہر ایک کی ملکیت بقدر نصاب ہو، دو شخصوں کی چالیس بکریاں ہوں اور ان میں خلطہ ہو تو امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ اس کو کمال رجل واحد گردانتے ہیں، اور ان میں ایک بکری واجب کرتے ہیں، سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں: اس صورت میں کمال رجل واحد نہیں ہوں گے کیونکہ ہر ایک کی ملکیت نصاب سے کم ہے، اور دونوں کی چالیس چالیس بکریاں ہوں اور خلطہ ہو تو کمال رجل واحد گردانیں گے، امام مالکؒ اور امام بخاریؒ اسی کے قائل ہیں

بَابُ زَكَاةِ الإِبِلِ

اونٹوں کی زکات

اونٹوں میں زکات فرض ہے۔ جاننا چاہئے کہ سب جانوروں میں زکات فرض نہیں، صرف اونٹ بھیڑ بکری اور گائے بھینس میں زکات فرض ہے، اور شرط یہ ہے کہ جانور سائمہ ہوں یعنی سال بھر یا سال کا اکثر حصہ جنگل کی مباح گھاس پر گذارہ کرتے ہوں اور جن جانوروں کو خرید کر یا اگا کر چارہ کھلایا جاتا ہو وہ علوفہ ہیں، ان میں زکات فرض نہیں، نیز یہ بھی شرط ہے کہ وہ جانور زوائد وفوائد کے لئے پالے گئے ہوں، سواری، بار برداری یا ہل میں جوتنے کے لئے نہ ہوں، جو جانور ان مقاصد کے لئے ہوتے ہیں ان میں زکات واجب نہیں، وہ عوامل کہلاتے ہیں۔

[۳۶-] بَابُ زَكَاةِ الإِبِلِ

ذَكَرَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، وَأَبُوْ ذَرٍّ، وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم.

[۱۴۵۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: " وَيْحَكَ! إِنَّ شَأْنَهَا شَدِيْدٌ، فَهَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ تُؤَدِّيْ صَدَقَتَهَا؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: " فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَنْ يَتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا "[انظر: ۲۶۳۳، ۳۹۲۳، ۶۱۶۵]

ترجمہ: ایک بدو نے نبی ﷺ سے ہجرت کی اجازت مانگی، آپؐ نے فرمایا: " باؤلے! ہجرت بہت بھاری عمل ہے!" یعنی آپؐ نے اس کو ہجرت کی اجازت نہیں دی، پھر آپؐ نے پوچھا: کیا تیرے پاس اونٹ ہیں (اور) تو ان کی زکات نکالتا ہے؟ (یہ جملہ باب سے متعلق ہے) اس نے عرض کیا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: پس سمندروں کے پرے عمل کر یعنی جہاں بھی رہے عمل کر، اللہ تعالیٰ تیرے عمل میں سے کچھ بھی کتر نہیں لیں گے یعنی تیرے عمل کا پورا ثواب دیں گے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دورِ اول میں بھی ہجرت فرض عین نہیں تھی، بلکہ فرض کفایہ تھی، جیسے نماز جنازہ، میت کی تجہیز وتکفین اور عام احوال میں جہاد فرض کفایہ ہیں، اگر ہجرت فرض عین ہوتی تو نبی ﷺ اس کو ہجرت کرنے کا حکم دیتے۔

بَابُ مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ بِنْتِ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ

جس پر زکات میں بنت مخاض واجب ہوئی، اور وہ اس کے پاس نہیں ہے

ابھی یہ مسئلہ آیا ہے کہ زکات میں استبدال جائز ہے، اُس مسئلہ کی یہاں لمبی تفصیل ہے، زکات میں ادنی سے اعلی کی طرف اور اعلی سے ادنی کی طرف انتقال جائز ہے، مثلاً ایک شخص پر بنت مخاض واجب ہوئی اور اس کے ریوڑ میں بنت مخاض نہیں ہے، بنت لبون ہے یا اس کی برعکس صورت ہے یا جذعہ واجب ہوا اور ریوڑ میں جذعہ نہیں ہے حقہ ہے یا اس کی برعکس صورت ہے تو کیا کرے؟ حدیث میں اس سلسلہ کے چند جزئیے آئے ہیں مگر جو جزئیہ باب میں لیا ہے وہ جزئیہ نہیں لائے، کیونکہ وہ جزئیہ پہلے گذر چکا ہے۔

[۳۷-] بَابُ مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ بِنْتِ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ

[۱۴۵۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ثُمَامَةُ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ فَرِيْضَةَ الصَّدَقَةِ الَّتِيْ أَمَرَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ صلى الله عليه وسلم:

[۱-] مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ مِنَ الإِبِلِ صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ جَذَعَةٌ وَعِنْدَهُ حِقَّةٌ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ، وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ إِنِ اسْتَيْسَرَتَا لَهُ، أَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا.

[۲-] وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ، وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ الْحِقَّةُ، وَعِنْدَهُ الْجَذَعَةُ، فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ

الْجَذَعَةُ، وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ.

[٣-] وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ، وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ إِلَّا بِنْتُ لَبُوْنٍ، فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ لَبُوْنٍ، وَيُعْطِيْ شَاتَيْنِ أَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا.

[٤-] وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ بِنْتَ لَبُوْنٍ، وَعِنْدَهُ حِقَّةٌ، فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ، وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ.

[٥-] وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ بِنْتَ لَبُوْنٍ، وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ، وَعِنْدَهُ بِنْتُ مَخَاضٍ، فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ مَخَاضٍ، وَيُعْطِي مَعَهَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ [راجع: ١٤٤٨]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کے لئے زکات کا حکم لکھا جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو حکم دیا ہے:

۱- جس کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ ان میں جذعہ (چار سالہ مادہ بچہ) واجب ہوا ہو، اور اس کے پاس جذعہ نہیں، اور اس کے پاس حقہ (تین سالہ مادہ بچہ) ہے تو اس سے حقہ لیا جائے گا اور مالک اس کے ساتھ دو بکریاں دے گا اگر اس کے لئے بکریاں دینا آسان ہو، ورنہ بیس درہم دے گا (یہ اعلی سے ادنی کی طرف انتقال ہے)

۲- اور جس پر حقہ واجب ہوا اور اس کے پاس حقہ نہیں اور اس کے پاس جذعہ ہے تو اس سے جذعہ لیا جائے گا اور ساعی اس کو بیس درہم یا دو بکریاں دے گا (یہ ادنی سے اعلی کی طرف انتقال ہے)

۳- اور جس پر حقہ واجب ہوا اور اس کے پاس وہ نہیں ہے مگر بنت لبون ہے تو اس سے بنت لبون لی جائے گی اور وہ دو بکریاں یا بیس درہم دے گا۔

۴- اور جس پر بنت لبون واجب ہوئی اور اس کے پاس حقہ ہے تو اس سے حقہ لیا جائے اور صدقہ وصول کرنے والا اس کو بیس درہم یا دو بکریاں دے۔

۵- اور جس پر بنت لبون واجب ہوئی اور اس کے پاس بنت لبون نہیں ہے اور اس کے پاس بنت مخاض ہے تو ساعی اس سے بنت مخاض لے اور مالک اس کے ساتھ بیس درہم یا دو بکریاں دے (اس کی برعکس صورت باب والی صورت ہے اور وہ جزئیہ پہلے آچکا ہے اس لئے اس کو نہیں لائے)

ترکیب: صدقة الجذعة: وغیرہ کو دو طرح پڑھ سکتے ہیں: (۱) ترکیب اضافی کے ساتھ مرفوع پڑھیں تو بَلَغَتْ کا فاعل ہوگا، متن میں یہی اعراب لگایا ہے، اس صورت میں بَلَغَتْ: وَجَبَتْ کو متضمن ہوگا، اور مفعول کی ضرورت نہ ہوگی (۲) صَدَقَةٌ کو تنوین کے ساتھ مرفوع اور الجذعة کو منصوب پڑھیں تو یہ بھی درست ہے، ہندی نسخہ میں یہ اعراب بھی لگایا ہے، اس صورت میں تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہوگی أی صدقةُ الإبل، اور الجذعةَ مفعول بہ ہوگا۔

بَابُ زَكَاةِ الْغَنَمِ

بکریوں کی زکات

بھیڑ بکریوں میں بھی زکات فرض ہے۔ اور باب میں جو حدیث ہے اس میں اونٹوں اور بکریوں کے نصاب کا بیان ہے۔

اونٹوں کا نصاب اور ان کی زکات:

پانچ اونٹوں سے کم میں زکات نہیں، اور پانچ میں ایک ایسی بکری واجب ہے جس کی قربانی جائز ہو یعنی اس کی عمر ایک سال ہو، اور اس میں قربانی کے لئے مانع کوئی عیب نہ ہو، پھر چار اونٹ وَقص ہیں یعنی نو تک یہی فریضہ ہے پھر دس میں دو بکریاں واجب ہیں (ایک نصاب سے دوسرا نصاب عقد کہلاتا ہے اور ان کا درمیان وقص ہے) اور پندرہ میں تین بکریاں، اور بیس میں چار بکریاں واجب ہیں، اور پچیس میں ایک بنت مخاض واجب ہے یعنی اونٹ کا ایک سالہ مادہ بچہ واجب ہے، پھر یہی فریضہ پینتیس تک ہے اور چھتیس میں ایک بنت لبون یعنی دو سالہ مادہ بچہ واجب ہے اور یہ فریضہ پینتالیس تک ہے اور چھیالیس میں حقہ یعنی تین سالہ مادہ بچہ واجب ہے ساٹھ تک، پھر اکسٹھ میں جذعہ یعنی چار سالہ مادہ بچہ واجب ہے پچھتر تک (زکات میں چار سال سے زیادہ عمر کا اونٹ نہیں لیا جاتا، اس لئے پیچھے لوٹیں گے) اور چھہتر میں دو بنت لبون واجب ہیں کیونکہ یہ چھتیس کا ڈبل ہے، صرف چند زیادہ ہیں، اور یہ فریضہ پینتالیس کے ڈبل تک باقی رہتا ہے پھر اکیانوے میں دو حقے واجب ہیں اور یہ فریضہ ساٹھ کے ڈبل تک یعنی ایک سو بیس تک باقی رہتا ہے۔

پھر یہ قاعدہ کلیہ ہے: ''ہر چالیس میں بنت لبون اور ہر پچاس میں حقہ واجب ہے'' اور اس قاعدہ کی تطبیق میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہوا ہے، ائمہ ثلاثہ نے ایک سو بیس کے بعد أربعينات اور خمسينات یعنی چالیسویں اور پچاسویں پر مدار رکھا ہے، پھر امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ایک سو بیس سے اگر ایک اونٹ بھی زیادہ ہو جائے تو فریضہ بدل جائے گا اور نیا حساب: أربعينات اور خمسينات والا شروع ہو جائے گا، جتنے چالیس نکلیں گے اتنے بنت لبون اور جتنے پچاس نکلیں گے اتنے حقے واجب ہونگے، چنانچہ ایک سو اکیس میں تین بنت لبون واجب ہونگے کیونکہ اس میں تین چالیس ہیں، پھر ایک سو تیس میں فریضہ بدلے گا ان میں دو بنت لبون اور ایک حقہ واجب ہوگا کیونکہ اس میں دو چالیس اور ایک پچاس ہے۔ اور ایک سو چالیس میں دو حقے اور ایک بنت لبون واجب ہوگی اور ایک سو پچاس میں تین حقے واجب ہونگے، غرض ہر دس پر فریضہ بدلے گا، درمیان کے نو وقص ہونگے اور یہ حساب اسی طرح چلتا رہے گا۔

اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک ایک سو اکیس پر فریضہ نہیں بدلے گا بلکہ ایک سو انتیس تک دو حقے ہی واجب رہیں گے، ایک سو تیس پر فریضہ بدلے گا اور حساب أربعينات اور خمسينات پر دائر ہوگا۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل باب کی حدیث ہے اس میں ہے: ''جب اونٹ ایک سوبیس سے زیادہ ہوں تو ہر چالیس میں بنت لبون اور ہر پچاس میں حقہ ہے''

اور حنفیہ نے حساب کا مدار پچاس پر رکھا ہے ان کے نزدیک ہر پچاس میں حقہ واجب ہے اور چالیس کا اعتبار نہیں۔ احناف ایک سوبیس میں دو حقے واجب کرکے از سرنو حساب شروع کرتے ہیں اور بیس تک چار بکریاں اور پچیس میں بنت مخاض واجب کرکے اس کو ایک سوبیس کے ساتھ ملاتے ہیں، پس مجموعہ میں یعنی ایک سو پینتالیس میں دو حقے اور ایک بنت مخاض واجب ہے، یہی فریضہ ایک سوانچاس تک باقی رہتا ہے۔ پھر ایک سو پچاس میں تین حقے واجب ہوتے ہیں، اور یہ استینافِ ناقص ہے اس لئے کہ اس میں بنت لبون نہیں آئی، پھر ایک سو پچاس کے بعد دوبارہ حساب شروع ہوگا اور ہر پانچ میں ایک بکری واجب ہوگی اور پچیس میں ایک بنت مخاض پھر چھتیس میں ایک بنت لبون واجب کرکے اس کو سابق سے ملائیں گے اور مجموعہ ایک سو چھیاسی میں تین حقے اور ایک بنت لبون واجب ہوگی، یہی فریضہ ایک سوننانوے تک باقی رہے گا، پھر دوسو میں چار حقے واجب ہونگے، یہ استینافِ کامل ہے پھر آخر تک اسی طرح استینافِ کامل ہوتا رہے گا، یعنی ہر پچاس کے بعد حساب از سرنو شروع کیا جائے گا اور بنت لبون واجب کرکے اس کو سابق سے ملائیں گے پھر پچاس پورے ہونے پر نیا حقہ واجب ہوگا۔

اور حنفیہ کا مستدل حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کی تحریر ہے جو نبی ﷺ نے ان کو لکھ کر دی تھی، اس میں ہے: **فإذا كانت أكثرَ من ذلك ففى كل خمسين حقة، فما فَضُلَ فإنه يُعاد إلى أول فريضة الإبل، فما كانت أقل من خمس وعشرين ففيه الغنم، فى كل خمسِ ذَودٍ شاة**: اس میں صراحت ہے کہ ایک سوبیس کے بعد فریضہ از سرنو شروع کیا جائے گا اور بکریوں سے شروع کیا جائے گا، یہ حدیث نسائی (۲۱۸:۲ **ذكر حديث عمرو بن حزم فى العقول**) میں ہے، اس حدیث پر خصیب بن ناصح کے ضعف کا اعتراض کیا جاتا ہے مگر طحاوی (۲۱۸:۲ **كتاب الزيادات، باب الزكاة فى الإبل**) میں ابوعمر الضریر عن حماد کے طریق سے بھی یہ حدیث مروی ہے اور وہ اسناد صحیح ہے۔

علاوہ ازیں حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے آثار (جو بالترتیب ابو داؤد حدیث ۱۵۷۲ **باب زكاة السائمة** اور امام محمد رحمہ اللہ کی کتاب الآثار حدیث ۳۱۷ **باب زكاة الإبل** میں) ہیں ان میں اونٹوں کے نصاب کی تفصیل مسلک احناف کے مطابق ہے، پھر خاص طور سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اثر اس لئے اہمت رکھتا ہے کہ صحیحین کی روایت کے مطابق ان کے پاس بھی ایک صحیفہ تھا جس میں آنحضور ﷺ نے دوسرے امور کے ساتھ اسنان الابل بھی لکھوائے تھے (بخاری کتاب الاعتصام **باب ما يكره من التعمق** الخ مسلم **كتاب الحج باب فضل المدينة**) پس ظاہر یہ ہے کہ آپؓ کی بیان کردہ تفصیلات اس صحیفہ کے مطابق ہونگی۔

اور باب کی حدیث مجمل ہے اور عمرو بن حزم کی حدیث مفصل ہے، پس مجمل کو مفصل کی طرف لوٹایا جائے گا اور اس کی

وضاحت یہ ہے کہ فی کل خمسین حقة حنفیہ کی بیان کردہ تفصیل کے مطابق بھی صادق آتا ہے اور فی کل أربعین بنت لبون میں ۳۶ سے لے کر ۴۹ تک کے اعداد مراد ہیں۔ اہل عرب کے کلام میں اس قسم کا توسع پایا جاتا ہے، وہ کسور کو چھوڑ دیتے ہیں، صرف عقود کو لیتے ہیں، اور حنفیہ کے نزدیک چھتیس سے انچاس تک میں بنت لبون واجب ہوتی ہے پس ان کے مذہب پر بھی اس روایت پر عمل ہو جاتا ہے اور جمع بین الروایات کے لئے یہ تاویل ضروری ہے۔

ملحوظہ: اونٹوں کی زکات خواہ ائمہ ثلاثہ کے قول کے مطابق وصول کریں خواہ حنفیہ کے قول کے مطابق مالیت میں کچھ فرق نہیں پڑتا، دونوں صورتوں میں مالیت تقریباً برابر ہوتی ہے، اس لئے ابن جریر طبری رحمہ اللہ تخییر کے قائل ہیں کہ جس طرح چاہو زکات وصول کرو، اور دونوں حساب نہایت آسان ہیں، کلکیولیٹر کی ضرورت نہیں۔

بکریوں کا نصاب اور ان کی زکات:

بھیڑ بکریوں کا چھوٹا ریوڑ چالیس کا تجویز کیا گیا ہے، اور اس میں ایک بکری واجب کی ہے اور بڑا ریوڑ تین چالیسوں سے زیادہ کا تجویز کیا ہے، چنانچہ ایک سو اکیس میں دو بکریاں واجب ہیں، اور یہی فریضہ دو سو تک باقی رہتا ہے، اور دو سو ایک میں تین بکریاں واجب ہیں، پھر قاعدہ کلیہ ہے: ''ہر سیکڑے میں ایک بکری'' اور اس قاعدہ کی تطبیق میں بھی اختلاف ہوا ہے، ائمہ اربعہ کے نزدیک سیکڑہ پورا ہونے پر فریضہ بدلے گا، چنانچہ ان کے نزدیک دو سو ایک سے دو سو ننانوے تک وقص ہے، اس لئے کہ سیکڑہ تین سو ایک پر پورا ہوگا، پورے تین سو پر پورا نہیں ہوگا، پھر قاعدہ کلیہ جاری ہوگا تو چار سو میں چار بکریاں ہونگی اور پانچ سو میں پانچ اور چھ سو میں چھ اسی طرح حساب چلے گا۔ اور حسن بن حیّ کہتے ہیں: جب سیکڑہ شروع ہوگا اس وقت فریضہ بدلے گا، چنانچہ ان کے نزدیک دو سو ایک کے بعد تین سو ایک پر فریضہ بدلے گا اور چار بکریاں واجب ہونگی، پھر چار سو ایک میں پانچ اور پانچ سو ایک میں چھ، وقس علی ہذا۔ یعنی ہر سیکڑہ کے شروع میں اس سیکڑہ کی بکری واجب ہوگی، اور سیکڑہ پورا ہونے تک وہ فریضہ باقی رہے گا۔ اور حدیث سے جمہور کا مسلک ثابت ہوتا ہے۔

فائدہ: جانوروں میں رأس (سر) گنے جاتے ہیں، ان کی عمروں کا اعتبار نہیں، جو بچہ ایک دن کا ہے وہ بھی شمار ہوگا، البتہ اگر کسی کے پاس بچے ہی ہوں جیسے کسی کے پاس اونٹ کے بیس بچے ہوں (جانور جب تک ماں کا دودھ پیتا ہے بچہ ہے) تو ان میں زکات واجب نہیں، ہاں ساتھ میں ایک بھی بڑا ہے تو زکات واجب ہے۔

[۳۸-] بَابُ زَکَاةِ الْغَنَمِ

[۱٤٥٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنَّى الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ثُمَامَةُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ هٰذَا الْكِتَابَ، لَمَّا وَجَّهَهُ إِلَى الْبَحْرَيْنِ: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ هٰذِهِ فَرِيْضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِيْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ، وَالَّتِيْ أَمَرَ اللّٰهُ بِهَا رَسُوْلَهُ، فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا، وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا فَلاَ يُعْطِ:

فِيْ أَرْبَعٍ وَعِشْرِيْنَ مِنَ الإِبِلِ فَمَا دُوْنَهَا مِنَ الْغَنَمِ مِنْ كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ، فَإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ إِلٰى خَمْسٍ وَثَلاَثِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتُ مَخَاضٍ أُنْثَى، فَإِذَا بَلَغتْ سِتَّةً وَثَلاَثِيْنَ إِلٰى خَمْسٍ وَأَرْبَعِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتُ لَبُوْنٍ أُنْثَى، فَإِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَأَرْبَعِيْنَ إِلٰى سِتِّيْنَ فَفِيْهَا حِقَّةٌ طَرُوْقَةُ الْجَمَلِ، فَإِذَا بَلَغَتْ وَاحِدَةً وَسِتِّيْنَ إِلٰى خَمْسٍ وَسَبْعِيْنَ فَفِيْهَا جَذَعَةٌ، فَإِذَا بَلَغَتْ يَعْنِىْ سِتَّةً وَسَبْعِيْنَ إِلٰى تِسْعِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتَا لَبُوْنٍ، فَإِذَا بَلَغَتْ إِحْدَى وَتِسْعِيْنَ إِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ طَرُوْقَتَا الْجَمَلِ، فَإِذَا زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ أَرْبَعِيْنَ بِنْتُ لَبُوْنٍ، وَفِيْ كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ. وَمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ إِلاَّ أَرْبَعٌ مِنَ الإِبِلِ فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ، إِلاَّ أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا، فَإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا مِنَ الإِبِلِ فَفِيْهَا شَاةٌ.

وَفِيْ صَدَقَةِ الْغَنَمِ فِيْ سَائِمَتِهَا: إِذَا كَانَتْ أَرْبَعِيْنَ إِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ: شَاةٌ. فَإِذَا زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ إِلٰى مِائَتَيْنِ: شَاتَانِ، فَإِذَا زَادَتْ عَلٰى مِائَتَيْنِ إِلٰى ثَلاَثِمِائَةٍ فَفِيْهَا ثَلاَثٌ، فَإِذَا زَادَتْ عَلٰى ثَلاَثِمِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ، فَإِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِنْ أَرْبَعِيْنَ شَاةً وَاحِدَةً فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ، إِلاَّ أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا.

وَفِي الرِّقَّةِ رُبْعُ الْعُشْرِ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ إِلاَّ تِسْعِيْنَ وَمِائَةً فَلَيْسَ فِيْهَا شَيْئٌ، إِلاَّ أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا.

[راجع: ١٤٤٨]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کے لئے یہ تحریر لکھی جب (زکات کی وصولی کے لئے) ان کو بحرین بھیجا:

زکات نامہ

اللہ کے نام سے شروع جو رحمٰن ورحیم ہیں۔ یہ وہ فرض زکات ہے جو آنحضور ﷺ نے مسلمانوں پر مقرر کی ہے اور جس کا اللہ نے اپنے رسول کو حکم دیا ہے، پس جس مسلمان سے اس تحریر کے مطابق زکات مانگی جائے تو چاہئے کہ وہ دے اور جس سے اس سے زیادہ مانگی جائے تو وہ نہ دے:

چوبیس اونٹوں میں اور اس سے کم میں بکریوں کے ذریعہ زکات ہے، ہر پانچ میں ایک بکری ہے، پس جب اونٹ پچیس ہوجائیں تو پینتیس تک ان میں بنت مخاض ہے، (أنثی زائد ہے، بنت مخاض مؤنث ہوتی ہے) پس جب وہ چھتیس ہوجائیں پینتالیس تک تو ان میں بنت لبون ہے، پس جب وہ چھیالیس ہوجائیں ساٹھ تک تو ان میں جفتی کے قابل حقہ

ہے، پھر جب وہ اکسٹھ ہو جائیں پچھتر تک تو ان میں جذعہ ہے (پہلے دو ریوڑوں میں دس دس کا اور آخری دو ریوڑوں میں پندرہ پندرہ کا اضافہ اس لئے کیا ہے کہ ایک سالہ اور دو سالہ بچہ بہت زیادہ قیمتی نہیں ہوتا اور تین سالہ اور چار سالہ بچہ قیمتی ہوتا ہے کیونکہ اب وہ بار برداری اور حمل کے قابل ہو جاتا ہے اس لئے اس کی قیمت بڑھ جاتی ہے اس لئے ریوڑ میں پندرہ پندرہ کا اضافہ کیا ہے، اور طَرُوْقَةُ الجمل میں اسی طرف اشارہ ہے یا یہ لفظ بھی زائد ہے جیسے أنثی زائد ہے) پھر جب وہ چھہتر ہو جائیں تو نوے تک ان میں دو بنت لبون ہیں، پھر جب وہ اکیانوے ہو جائیں ایک سو بیس تک تو ان میں جفتی کے قابل دو حقے ہیں، پھر جب ایک سو بیس سے بڑھ جائیں تو ہر چالیس میں بنت لبون اور ہر پچاس میں حقہ ہے۔ اور جس کے پاس صرف چار اونٹ ہوں اس پر زکات نہیں، مگر یہ کہ مالک چاہے یعنی اگر مالک نفلی صدقہ نکالے تو عامل لے لیگا، پس جب پانچ اونٹ ہو جائیں تو ان میں ایک بکری ہے۔

اور چرنے والی بکریوں میں زکات ہے (سائمہ جانوروں ہی میں زکات ہے، علوفہ میں نہیں) جبکہ وہ چالیس ہوں ایک سو بیس تک: ایک بکری ہے، پھر جب وہ ایک سو بیس سے بڑھ جائیں دو سو تک تو دو بکریاں ہیں، پھر جب وہ دو سے بڑھ جائیں تین سو تک تو ان میں تین بکریاں ہیں، پھر جب وہ تین سو سے بڑھ جائیں تو ہر سیکڑہ میں ایک بکری ہے، پس اگر کسی شخص کی چرنے والی بکریاں چالیس سے ایک بھی کم ہو تو ان میں زکات نہیں، مگر یہ کہ مالک چاہے۔

اور چاندی میں ڈھائی فیصد ہے، پس اگر کسی کے پاس ایک سو نوے درہم ہوں (یا اس کے بقدر چاندی ہو) تو اس پر کچھ نہیں، مگر یہ کہ مالک چاہے (ایک سو نوے سے ایک سو نانوے درہم یا اس کے بقدر چاندی مراد ہے، عرب کسر چھوڑ دیتے ہیں، دہائیوں کو گنتے ہیں، پیسے پیسے کا حساب کرنا ان کا مزاج نہیں، تفصیل کتاب الزکاۃ باب ۳۲ میں گذر چکی ہے)

بَابٌ: لَايُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَلَا تَيْسٌ إِلَّا مَاشَاءَ الْمُصَدِّقُ

زکات میں نہایت بوڑھا، اور عیب دار جانور اور بجار نہ لیا جائے مگر عامل چاہے تو لے سکتا ہے

هَرِمَةَ کے معنی ہیں: بہت بوڑھا جس کے دانت گر گئے ہوں، اور ذاتُ عَوار: ایسا عیب دار جانور جس کی قربانی درست نہیں، اور تَیْس کے معنی ہیں: بوک، بجار، بکریوں کے ریوڑ میں جو نر ہوتا ہے اس کو بوک کہتے ہیں اور گائے بھینس کے ریوڑ میں جو نر ہوتا ہے اس کو بجار کہتے ہیں، اور مصدِّق: عامل، زکات وصول کرنے والا۔ قسطلانی نے استثناء تینوں کی طرف لوٹایا ہے۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ زکات میں نہایت بوڑھا اور عیب دار جانور اور بوک نہ لیا جائے لیکن اگر عامل کی رائے میں وہ جانور غرباء اور مساکین کے لئے زیادہ مفید ہو تو لے سکتا ہے۔ اس لئے کہ عامل غرباء کا وکیل ہے، یا زکات کی بکریوں کے لئے بوک کی ضرورت ہے تو اس کو لے سکتا ہے، بوک بایں معنی عیب دار ہے کہ اس کی قیمت کم ہوتی ہے اور اس کا گوشت بدبودار ہوتا ہے، مگر بکریوں کے ریوڑ کے لئے اس کی ضرورت ہے، یا لنگڑا جانور ہے مگر موٹا تازہ ہے تو عامل اس کو لے سکتا

ہے۔ رہا بہت بوڑھا جانور تو عامل اس کو کیوں لے گا؟

[۳۹-] بَابٌ: لاَيُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلاَ ذَاتُ عَوَارٍ وَلاَ تَيْسٌ إِلَّا مَاشَاءَ الْمُصَدِّقُ

[۱٤٥٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ثُمَامَةُ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِيْ أَمَرَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ صلی اللہ علیہ وسلم: "وَلاَ يُخْرَجُ فِيْ الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ، وَلاَ ذَاتُ عَوَارٍ، وَلاَ تَيْسٌ إِلَّا مَاشَاءَ الْمُصَدِّقُ"

ترجمہ: اور نہ نکالا جائے یعنی نہ دیا جائے زکات میں بہت بوڑھا جانور اور نہ عیب دار جانور اور نہ بجار مگر جس کو زکات وصول کرنے والا چاہے۔

بَابُ أَخْذِ الْعَنَاقِ فِي الصَّدَقَةِ

زکات میں بکری کا چار ماہہ بچہ لینا

عَناق: بکری کا چار ماہ کا بچہ، اگر زکات میں بکری واجب ہو تو ایسی بکری لیں گے جس کی قربانی جائز ہو، ایسا بچہ جس کی قربانی جائز نہیں زکات میں لینا جائز نہیں۔ مگر امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر عامل کی رائے ہو تو وہ بکری کا بچہ بھی لے سکتا ہے۔ حضرت رحمہ اللہ نے نقصان عمر کو نقصان وصف کے حکم میں رکھا ہے۔ جانور کا بوڑھا ہونا، عیب دار ہونا، اور بوک اور بجار ہونا نقصانِ وصف ہے اس کا لینا عامل کی صوابدید پر موقوف ہے، اسی طرح یہ بھی عامل کی رائے پر موقوف ہے کہ وہ زکات میں بچہ لے، مگر احناف اس سے متفق نہیں۔ اور حضرتؒ نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے وہ استدلال تام نہیں۔

[٤٠-] بَابُ أَخْذِ الْعَنَاقِ فِي الصَّدَقَةِ

[١٤٥٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ أَبُوْ بُكْرٍ: وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِيْ عَنَاقًا كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهَا. [راجع: ١٤٠٠]

[١٤٥٧-] قَالَ عُمَرُ: فَمَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُ أَنَّ اللّٰهَ شَرَحَ صَدْرَ أَبِيْ بَكْرٍ بِالْقِتَالِ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ. [راجع: ١٣٩٩]

وضاحت: یہ حدیث کتاب الزکاۃ کے بالکل شروع میں گذر چکی ہے، جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مانعینِ

زکات سے جنگ کا ارادہ کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: آپؐ ان لوگوں سے کیسے جنگ کریں گے جو لا إلا الله کے قائل ہیں؟ پس حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: ''اگر وہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں بکری کا بچہ دیتے تھے اور وہ مجھے نہیں دیں گے تو میں ان سے لڑوں گا'' اس سے امام بخاری رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں بکری کا بچہ دیا جاتا تھا اور حضرت ابوبکر بکرؓ فرمارہے ہیں کہ میں بھی لوں گا، مگر یہ استدلال تام نہیں اس لئے کہ راوی کسی لفظ پر نہیں ٹھہرتا، کبھی عِقالا (اونٹ کا پیر باندھنے کی رسی) کہتا ہے اور کبھی عَنَاقا۔ پس یہ حدیث مبالغہ پر محمول ہے۔

فائدہ: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو مانعینِ زکات سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا تھا اس کی انھوں نے کوئی دلیل پیش نہیں کی تھی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ حدیث پیش کررہے تھے، مگر حضرت ابوبکرؓ اپنے موقف پر قائم رہے، یہاں تک کہ حضرت عمرؓ کو شرح صدر ہو گیا کہ حضرت ابوبکرؓ حق پر ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جو شرح صدر ہوا تھا وہ وجدانی تھا، وجدان کی دو قسمیں ہیں: وجدانِ صحیح اور وجدانِ فاسد، قرآن وحدیث اور سلف کے اقوال میں غور کرنے کے بعد جو ذہن بنتا ہے وہ وجدانِ صحیح ہے، اور اپنے طور پر کوئی بات طے کرلی تو وہ وجدانِ فاسد ہے۔ مودودی صاحب کے یہاں اس کی بے شمار مثالیں ہیں۔ انھوں نے طے کیا کہ اب ماڈرن زمانہ ہے، اور قرآن وحدیث کی جو تشریحات سلف سے منقول ہیں وہ نئے زمانہ سے ہم آہنگ نہیں، اس لئے انھوں نے اسلام کو ماڈرن بنایا، اور چہرہ کا پردہ، ڈاڑھی اور دیگر اسلامی تشخصات پر ہاتھ صاف کیا، جو وجدانِ فاسد کا نتیجہ ہے۔ وجدان صحیح وہی ہے جو قرآن واحادیث اور آثار سلف کے گہرے مطالعہ کے بعد بنتا ہے اور اسی کا اعتبار ہے۔

بَابٌ: لَا تُؤْخَذُ كَرَائِمُ أَمْوَالِ النَّاسِ فِي الصَّدَقَةِ

زکات میں لوگوں کے عمدہ مال نہ لئے جائیں

زکات میں درمیانی جانور لیا جائے، شاندار جانور نہ لیا جائے تاکہ مالک پر بار نہ پڑے اور نکما بھی نہ لیا جائے تاکہ غرباء کا نقصان نہ ہو............ کرائم: کریمۃ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: عمدہ چیز۔

[٤١-] بَابٌ: لَا تُؤْخَذُ كَرَائِمُ أَمْوَالِ النَّاسِ فِي الصَّدَقَةِ

[١٤٥٨-] حدثنا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ أَبِيْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا بَعَثَ مُعَاذًا عَلَى الْيَمَنِ، قَالَ: ''إِنَّكَ تَقْدَمُ عَلٰى قَوْمٍ أَهْلِ كِتَابٍ، فَلْيَكُنْ أَوَّلَ مَا تَدْعُوْهُمْ إِلَيْهِ عِبَادَةُ اللّٰهِ، فَإِذَا عَرَفُوْا اللّٰهَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ

يَوْمِهِمْ وَلَيْلَتِهِمْ، فَإِذَا فَعَلُوْا فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ تَعَالىٰ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ زَكَاةً، تُؤْخَذُ مِنْ أَمْوَالِهِمْ وَتُرَدُّ عَلىٰ فُقَرَائِهِمْ فَإِذَا أَطَاعُوْا بِهَا، فَخُذْ مِنْهُمْ، وَتَوَقَّ كَرَائِمَ أَمْوَالِ النَّاسِ"[راجع: ۱۳۹۵]

وضاحت: جب آنحضور ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجا تھا تو مختلف ہدایات دی تھیں، ان میں ایک ہدایت یہ تھی کہ زکات میں بہترین اموال نہ لئے جائیں، یہ ظلم ہوگا اور مظلوم کے دل سے جو آہ نکلتی ہے وہ اللہ سے ورے نہیں رکتی، پس کہیں مظلوم کی آہ تمہاری حکومت کی تباہی کا باعث نہ بن جائے اس لئے اس کا خیال رکھنا۔اسی مناسبت سے یہ حدیث ذکر کی ہے اور یہ حدیث کتاب الزکاۃ کے پہلے باب میں گذر چکی ہے۔ترجمہ اور شرح وہاں دیکھیں۔

بَابٌ: لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ

پانچ اونٹوں سے کم میں زکات نہیں

یہ مسئلہ گذر چکا کہ اونٹوں کا چھوٹا ریوڑ پانچ کا بنایا ہے ان سے کم میں کوئی زکات نہیں اور پانچ اونٹوں میں ایک بکری واجب ہے۔

اب یہاں دو سوال ہیں: ایک یہ کہ زکات میں اصل یہ ہے کہ وہ جنسِ مال سے لی جائے، پھر اونٹوں کی زکات میں بکریاں کیوں لی جاتی ہیں؟ دوم: نصاب کوئی مہتم بالشان عدد ہونا چاہئے، اور پانچ اونٹ کوئی بڑا مال نہیں، پھر اتنے اونٹوں میں زکات کیوں واجب کی ہے؟

دوسرے سوال کا جواب: یہ ہے کہ پانچ اونٹ: دو اعتباروں سے مال کی کافی مقدار ہیں:

ایک: اونٹ مویشی میں عظیم الجثہ، کثیر الفائدہ جانور ہے اس کو ذبح کر کے کھایا جاسکتا ہے، اس پر سواری کی جاسکتی ہے اس کے دودھ سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔اس سے نسل کشی کی جاسکتی ہے، اور اس کے بال اور کھال سے گرم کپڑے بنائے جاسکتے ہیں۔اس اعتبار سے تھوڑے اونٹ بھی بہت ہیں۔

دوم: بعض لوگ ایسی چند عمدہ اونٹنیاں پالنے پر اکتفا کرتے ہیں جو بہت اونٹنیوں کا کام کرتی ہیں اور قیمت کے اعتبار سے بھی پانچ اونٹ: چالیس پچاس بکریوں کے مساوی ہیں، دورِ نبوی میں اور دورِ خلافت میں ایک اونٹ: آٹھ، دس یا بارہ بکریوں کے برابر سمجھا جاتا تھا، روایات میں بکثرت یہ بات آئی ہے۔پس پانچ اونٹ: چالیس پچاس بکریوں کے برابر ہوئے اور اتنی بکریوں میں سے ایک بکری لی جاتی ہے، اس لئے پانچ اونٹوں میں سے بھی ایک بکری لی جاتی ہے۔

پہلے سوال کا جواب: اونٹ کا کم از کم ایک سالہ بچہ ہی زکات میں لیا جاسکتا ہے اس سے چھوٹا نہیں لیا جاسکتا، کیونکہ وہ ماں کے دودھ کا محتاج ہوتا ہے، اور بنت مخاض کی مالیت بہت زیادہ ہوتی ہے پانچ اونٹوں میں سے اتنی زیادہ زکات لی جائے گی تو فریضہ بھاری ہو جائے گا، اس لئے پچیس سے کم اونٹوں کی زکات میں بکریاں لی جاتی ہیں (رحمۃ اللہ الواسعہ کتاب الزکاۃ باب ۳)

[۴۲-] بَابٌ: لَيْسَ فِيمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ

[۱۴۵۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ الْمَازِنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ مِنَ التَّمْرِ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ أَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ مِنَ الإِبِلِ صَدَقَةٌ "[راجع: ۱۴۰۵]

وضاحت: اس حدیث میں تین مسئلے ہیں، پہلا مسئلہ یہ ہے کہ پانچ وسق سے کم کھجوروں میں زکات نہیں۔ اس کی تفصیل آگے (باب ۵۶ میں) آئے گی اور باقی دو مسئلے گذر چکے۔

بَابُ زَكَاةِ الْبَقَرِ

گایوں بھینسوں کی زکات

گایوں بھینسوں میں بھی زکات فرض ہے، گائے بھینس ایک جنس ہیں، بقر اسم جنس ہے، اس کی دو صنفیں ہیں جاموس (بھینس) اور ثور (بیل) اسی طرح غنم بھی اسم جنس ہے، اس کی بھی دو صنفیں ہیں: مَعْز (بکرا) اور ضأن (بھیڑ)

نصاب: گائے بھینسوں کا چھوٹا ریوڑ تیس کا بنایا ہے اس سے کم میں زکات واجب نہیں، اور تیس میں تبیع یا تبیعة (ایک سالہ مذکر یا مؤنث بچہ) واجب ہوتا ہے، پھر نو وقص ہیں اور چالیس میں مُسِنّ یا مُسِنّة (دو سالہ مذکر یا مؤنث بچہ) واجب ہے، پھر قاعدہ کلیہ ہے: "ہر تیس میں ایک تبیعہ اور ہر چالیس میں ایک مسنّہ" اور اس قاعدہ کو جاری کرنے میں بھی اختلاف ہوا ہے۔ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک چالیس کے بعد انیس وقص ہے، ساٹھ میں فریضہ بدلے گا کیونکہ پچاس میں کوئی حساب نہیں بنتا۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے تین قول ہیں: اول: صاحبین کے قول کے موافق۔ دوم: چالیس کے بعد مطلق وقص نہیں، ایک بھی بڑھے گا تو اس میں زکات واجب ہوگی، اور زکات مُسِنّہ کی قیمت کے حساب سے لی جائے گی، مثلاً مُسِنّہ کی قیمت اسّی روپے ہے تو اکتالیس میں ایک مسنہ اور دو روپے لیں گے، اور بیالیس میں ایک مسنہ اور چار روپے لیں گے، وعلی ہذا۔ سوم: چالیس کے بعد نو وقص ہیں اور پچاس میں مسنہ کی قیمت کا چوتھائی واجب ہوگا، مسنہ کی قیمت اسّی روپے فرض کی تھی پس پچاس میں ایک مسنہ اور بیس روپے واجب ہونگے، اور ساٹھ میں بالاجماع دو تبیعے واجب ہیں کیونکہ اس میں سے دو تیس نکلتے ہیں، اور ستر میں ایک تبیعہ اور ایک مسنہ ہوگا، کیونکہ اس میں سے ایک تیس اور ایک چالیس نکلتا ہے، اور اسّی میں دو مسنے اور نوے میں تین تبیعے واجب ہونگے وقس علی ہذا۔

ملحوظہ: اونٹ کا مادہ بچہ زیادہ قیمتی ہوتا ہے اس لئے وہاں زکات میں مؤنث بچہ ہی لیا جاتا ہے اور گائے بھینس کے مذکر ومؤنث بچوں کی قیمت یکساں ہوتی ہے اس لئے یہاں مذکر بچہ بھی لے سکتے ہیں اور مؤنث بھی۔

[۴۳-] بَابُ زَكَاةِ الْبَقَرِ

وَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَأَعْرِفَنَّ: مَاجَاءَ اللّٰهَ رَجُلٌ بِبَقَرَةٍ لَهَا خُوَارٌ" وَيُقَالُ: جُؤَارٌ، ﴿يَجْأَرُوْنَ﴾ [المؤمنون: ٦٤]: يَرْفَعُوْنَ أَصْوَاتَهُمْ كَمَا تَجْأَرُ الْبَقَرَةُ.

[۱٤٦٠-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ ابْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَيْهِ يَعْنِيْ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! أَوْ: وَالَّذِيْ لاَ إِلٰهَ غَيْرُهُ! أَوْ كَمَا حَلَفَ: مَا مِنْ رَجُلٍ تَكُوْنُ لَهُ إِبِلٌ أَوْ بَقَرٌ أَوْ غَنَمٌ لاَ يُؤَدِّيْ حَقَّهَا، إِلَّا أُتِيَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْظَمَ مَاتَكُوْنُ وَأَسْمَنَهُ، تَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا وَتَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا، كُلَّمَا جَازَتْ أُخْرَاهَا رُدَّتْ عَلَيْهِ أُوْلاَهَا، حَتّٰى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ"

رَوَاهُ بُكَيْرٌ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٦٦٣٨]

معلق روایت: نبی ﷺ نے فرمایا: البتہ ضرور پہچانوں گا میں (اور گیلری میں: لَأعرِفَنَّ: ہے یعنی ہرگز نہ پہچانوں میں) اس شخص کو جو اللہ کے دربار میں گائے اٹھائے ہوئے آئے گا، وہ گائے رینک رہی ہوگی۔ خُوار: گائے بھینس کی آواز کے لئے خاص ہے، اردو میں اس کو رینکنا کہتے ہیں، اور ایک روایت میں خُوار کے بجائے جُؤار ہے، اس کے بھی یہی معنی ہیں۔ سورہ مؤمنون میں ﴿يَجْأَرُوْنَ﴾ آیا ہے یعنی کفار گایوں بھینسوں کی طرح چلا رہے ہونگے، اور یہ وہ گائے بھینس ہے جس کی زکات نہیں نکالی گئی، اس کو اٹھائے ہوئے اللہ کے دربار میں آئے گا اور وہ چلا چلا کر اہل محشر کو اس کی تباہ حالی کی طرف متوجہ کرے گی، یہ زکات نہ نکالنے کی سزا ہے، معلوم ہوا کہ گایوں بھینسوں میں زکات فرض ہے۔

حدیث: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس پہنچا تو آپؐ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! یا فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں! یا اس کے مانند کوئی قسم کھائی اور فرمایا: نہیں ہے کوئی شخص جس کے پاس اونٹ، گائے بھینس یا بھیڑ بکریاں ہوں اور ان کی زکات ادا نہ کی ہو، مگر وہ جانور اس کے پاس قیامت کے دن آئیں گے، بڑے سے بڑے اور موٹے سے موٹے ہوکر جو وہ کبھی تھے (یعنی وہ جانور دنیا میں جتنے بڑے اور موٹے ہوئے ہونگے اس حالت میں آئیں گے) وہ اس کو اپنے پاؤں سے روندیں گے اور اپنے سینگوں سے ماریں گے، جب جب ان کا آخری گذرے گا تو اس پر ان کا پہلا لوٹ آئے گا (یعنی جب ایک بار سب جانور روندتے ہوئے اور ٹکریں مارتے ہوئے گذر جائیں گے تو دوبارہ اور سہ بارہ اسی طرح گذریں گے اور یہ سزا قیامت کے پورے دن

میں جو پچاس ہزار سال کے برابر ہے جاری رہے گی) یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلے کردیئے جائیں گے (پس اگر اس کی سزا پوری ہوگئی تو وہ جنت میں جائے گا ورنہ باقی سزا پانے کے لئے جہنم میں جائے گا)

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اونٹ اور بھیڑ بکریوں کی طرح گایوں بھینسوں میں بھی زکات فرض ہے، اگر ان میں زکات فرض نہ ہوتی تو اتنی سخت سزا نہ ہوتی۔

بَابُ الزَّكَاةِ عَلَى الْأَقَارِبِ

رشتہ داروں کو زکات دینا

مستحقین زکات میں اقارب کو اجانب پر ترجیح حاصل ہے، یعنی اجنبیوں کے مقابلہ میں رشتہ داروں کو زکات دینا اولیٰ ہے، اس کا دوہرا ثواب ہے ایک زکات کا دوسرا صلہ رحمی کا۔

جاننا چاہئے کہ صدقہ نافلہ ہر کسی کو دے سکتے ہیں، ماں باپ کو، بیوی بچوں کو، مالداروں کو اور آل رسول کو بھی دے سکتے ہیں، اور صدقہ واجبہ (زکات) دو قسم کے رشتہ داروں کو دینا جائز نہیں ایک وہ جن کے ساتھ ولادت کا تعلق ہے اور دوسرے وہ جن سے نکاح کا تعلق ہے۔ ان دو رشتوں کے علاوہ تمام رشتہ داروں کو اگر وہ غریب ہیں زکات دینا جائز ہے۔ اور نہ صرف جائز ہے بلکہ اس میں دوگنا ثواب ہے۔ تفصیل چند ابواب پہلے (کتاب الزکاۃ باب ۱۵) میں گذر چکی ہے۔

مگر عام طور پر لوگوں کے ذہنوں میں یہ بات بیٹھ گئی ہے کہ اپنوں کو دینے میں کیا ثواب؟ اس لئے اجنبیوں پر شوق سے خرچ کرتے ہیں اور رشتہ داروں کی مدد کرنے میں بوجھ محسوس کرتے ہیں، یہ مزاج ٹھیک نہیں، رشتہ داروں کا حق مقدم ہے، زکات دینے میں بھی اور مدد کرنے میں بھی۔

اور باب میں دو واقعے ہیں، دونوں بظاہر صدقہ نافلہ سے متعلق ہیں، مگر حضرتؒ نے صدقہ نافلہ اور صدقہ واجبہ (زکات) کا فرق کئے بغیر باب قائم کیا ہے۔

پہلا واقعہ: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیرحاء نامی ایک باغ تھا جو مسجد نبوی سے متصل تھا، اس کے کنویں کا پانی میٹھا اور ٹھنڈا تھا، نبی پاک ﷺ اکثر وہاں تشریف لے جاتے تھے اور اس کنویں کا پانی نوش فرماتے تھے، وہ باغ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو بہت پسند تھا، جب آیت کریمہ ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ﴾ نازل ہوئی تو حضرت ابوطلحہؓ حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ عزوجل یہ فرمارہے ہیں کہ تم کو اس وقت تک نیکی نصیب نہیں ہوسکتی جب تک کہ تم اپنی پسندیدہ اور مرغوب چیز راہِ خدا میں خرچ نہ کرو، میرے پاس سب سے زیادہ نفیس یہی باغ ہے، میں اس کو راہِ خدا میں دیتا ہوں، آپ جس طرح چاہیں اس میں تصرف فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: واہ واہ! یہ تو نفع بخش مال ہے! پھر آپؐ نے مشورہ دیا کہ یہ باغ اپنے رشتہ داروں میں بانٹ دو، چنانچہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے وہ باغ رشتہ داروں میں بانٹ دیا۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ

عنہ کو بھی اس میں سے دیا، وہ بھی ان کے رشتہ دار تھے، معلوم ہوا کہ خیرات دینے میں اور مدد کرنے میں رشتہ داروں کو مقدم رکھنا چاہئے۔

دوسرا واقعہ: ایک عید میں خطبہ سے فارغ ہوکر نبی پاک ﷺ عورتوں کے مجمع کے قریب تشریف لے گئے اور ان کو نصیحت کی، خاص طور پر صدقہ کی ترغیب دی، چنانچہ عورتوں نے زیورات کا صدقہ کرنا شروع کیا، مگر بعض عورتیں مالدار تھیں، ان کے پاس بڑے زیور تھے جو گھر پر تھے انھوں نے بھی وہ زیور صدقہ کرنے کا ارادہ کیا، ان میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی اہلیہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا بھی تھیں، جب انھوں نے گھر جا کر اس زیور کو صدقہ کرنے کا ارادہ کیا تو ابن مسعودؓ نے ان سے فرمایا: تم کسی اور کو صدقہ دو اس سے بہتر یہ ہے کہ مجھے دو، میں اس کو اپنے اوپر اور بچوں پر خرچ کروں گا، حضرت زینبؓ نے کہا: اگر ایسا ہوسکتا ہے تو میں آپ کو مقدم رکھوں گی، آپ نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھ آئیں، حضرت ابن مسعودؓ کو شرم آئی، انھوں نے فرمایا: تم ہی پوچھ آؤ، چنانچہ حضرت زینبؓ خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئیں اتفاق سے ایک اور عورت بھی یہی مسئلہ پوچھنے آئی تھی، دونوں نے اجازت چاہی، حضرت بلال رضی اللہ عنہ باہر آئے، ان سے دونوں نے مسئلہ پوچھوایا اور کہا: ہمارا نام نہ لینا، آپؐ نے پوچھا: کون پوچھ رہی ہیں؟ حضرت بلالؓ نے کہا: ایک تو زینب ہیں، آپؐ نے پوچھا: کونسی زینب؟ حضرت بلالؓ نے کہا: ابن مسعودؓ کی اہلیہ۔ آپؐ نے دونوں کو اندر آنے کی اجازت دیدی، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آج آپؐ نے صدقہ کا حکم دیا ہے اور میرے پاس ایک زیور ہے، میں اسے صدقہ کرنا چاہتی ہوں، ابن مسعودؓ کہتے ہیں: وہ اور ان کے بچے اس صدقہ کے زیادہ حق دار ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ابن مسعودؓ نے صحیح کہا، تمہارے شوہر اور تمہارے بچے زیادہ حقدار ہیں ان سے جن پر تم خیرات کرو۔ معلوم ہوا کہ اقارب کو اجانب پر ترجیح حاصل ہے، مگر یہ حدیث بھی بظاہر نفلی صدقہ کے بارے میں ہے۔

[٤٤-] بَابُ الزَّكَاةِ عَلَى الْأَقَارِبِ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَهُ أَجْرَانِ: أَجْرُ الْقَرَابَةِ وَالصَّدَقَةِ"

[١٤٦١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كَانَ أَ بُوْ طَلْحَةَ أَكْثَرَ الْأَنْصَارِ بِالْمَدِيْنَةِ مَالاً مِنْ نَخْلٍ، وَكَانَ أَحَبُّ أَمْوَالِهِ إِلَيْهِ بَيْرُحَاءَ، وَكَانَتْ مُسْتَقْبَلَةَ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْخُلُهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ، قَالَ أَنَسٌ: فَلَمَّا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ:﴿ لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ قَامَ أَبُوْ طَلْحَةَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَقُوْلُ: ﴿ لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾[آل عمران:٩٢] وَإِنَّ أَحَبَّ أَمْوَالِيْ إِلَيَّ

بَيْرُحَاءَ، وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ، أَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ، فَضَعْهَا يارسولَ اللّٰهِ! حَيْثُ أَرَاكَ اللّٰهُ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" بَخْ، ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ! ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ! وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ، وَإِنِّيْ أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ" فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: أَفْعَلُ يارسولَ اللّٰهِ! فَقَسَمَهَا أَبُوْ طَلْحَةَ فِيْ أَقَارِبِهِ وَبَنِيْ عَمِّهِ. تَابَعَهُ رَوْحٌ، وَقَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، وَإِسْمَاعِيْلُ، عَنْ مَالِكٍ:" رَايِحٌ" بِالْيَاءِ.

[انظر: ۲۳۱۸، ۲۷۵۲، ۲۷۵۸، ۲۷۶۹، ٤٥٥٤، ٤٥٥٥، ٥٦١١]

قوله: رابح: یہ لفظ باء کے ساتھ رابح ہے یا یاء کے ساتھ رایح؟ عبداللہ بن یوسف کی روایت میں رابح (باء کے ساتھ) ہے اور روح ان کے متابع ہیں ان کی روایت میں بھی باء ہے مگر امام مالک رحمہ اللہ کے دوسرے شاگرد یحییٰ بن یحییٰ اور اسماعیل بن ابی اویس یاء کے ساتھ رایحٌ کہتے ہیں، اور رایحٌ کے معنی ہیں: آخرت میں اس کا بڑا ثواب ہے۔

[۱٤٦۲-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زَيْدٌ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ أَضْحَى أَوْ فِطْرٍ إِلَى الْمُصَلَّى، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَوَعَظَ النَّاسَ وَأَمَرَهُمْ بِالصَّدَقَةِ، فَقَالَ:"أَيُّهَا النَّاسُ تَصَدَّقُوْا" فَمَرَّ عَلَى النِّسَاءِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ! تَصَدَّقْنَ فَإِنِّيْ رَأَيْتُكُنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ" فَقُلْنَ: وَبِمَ ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ، مَا رَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِيْنٍ أَذْهَبَ لِلُبِّ الرَّجُلِ الْحَازِمِ مِنْ إِحْدَاكُنَّ، يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ" ثُمَّ انْصَرَفَ. فَلَمَّا صَارَ إِلَى مَنْزِلِهِ جَاءَتْ زَيْنَبُ امْرَأَةُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: تَسْتَأْذِنُ عَلَيْهِ، فَقِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذِهِ زَيْنَبُ فَقَالَ:" أَيُّ الزَّيَانِبِ؟" فَقِيْلَ: امْرَأَةُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: "نَعَمْ، ائْذَنُوْا لَهَا" فَأُذِنَ لَهَا قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! إِنَّكَ أَمَرْتَ الْيَوْمَ بِالصَّدَقَةِ وَكَانَ عِنْدِيْ حُلِيٌّ لِيْ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَتَصَدَّقَ بِهِ، فَزَعَمَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ أَنَّهُ وَوَلَدَهُ أَحَقُّ مَنْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" صَدَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ، زَوْجُكِ وَوَلَدُكِ أَحَقُّ مَنْ تَصَدَّقْتِ بِهِ عَلَيْهِمْ"[راجع: ۳۰٤]

وضاحت: اس حدیث کا شروع کا حصہ کئی بار گذر چکا ہے، اور آخری حصہ پہلی بار آیا ہے۔ شروع کا ترجمہ اور شرح کتاب الحیض (باب ٦ تحفۃ القاری ۲: ۹۰) میں ہے۔

آخری حصہ کا ترجمہ: جب نبی ﷺ عورتوں کو نصیحت فرما کر گھر لوٹے تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی اہلیہ زینب رضی اللہ عنہا آئیں، وہ آپؐ کے پاس آنے کی اجازت مانگ رہی تھیں، پس عرض کیا گیا: یارسول اللہ! یہ زینب ہیں، آپؐ نے فرمایا: کونسی زینب ہیں؟ عرض کیا گیا: ابن مسعودؓ کی اہلیہ ہیں، آپؐ نے فرمایا: ہاں ان کو اجازت دیدو، چنانچہ ان کو

اندر آنے کی اجازت دیدی گئی، انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! آپؐ نے آج صدقہ کرنے کا حکم دیا ہے اور میرے پاس ایک زیور ہے، میں نے اس کو صدقہ کرنے کا ارادہ کیا تو ابن مسعودؓ کہتے ہیں: وہ اور ان کے بچے ان سب لوگوں سے زیادہ حق دار ہیں جن کو میں صدقہ دوں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ابن مسعود نے صحیح کہا: تمہارا شوہر اور تمہارے بچے ان سب سے زیادہ حقدار ہیں جن کو تم صدقہ دو۔

بَابٌ: لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِيْ فَرَسِهِ صَدَقَةٌ

مسلمان کے گھوڑے میں زکات نہیں

امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب کے ذریعہ جنسِ فرس میں زکات کی نفی کی ہے یعنی گھوڑا خواہ کسی مقصد سے ہو، سواری کے لئے ہو یا نسل کشی کے لئے: اس میں زکات نہیں، البتہ اگر تجارت کے لئے ہو تو بالاجماع زکات واجب ہے۔

گھوڑوں کے سلسلہ میں دو حدیثیں ہیں: ایک حدیث حضرتؒ کی شرط کے مطابق ہے، اس کو لائے ہیں اور دوسری حدیث آپ کی شرط کے مطابق نہیں، وہ ترمذی میں ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: قد عَفَوْتُ عن صدقةِ الخيل والرقيق: میں نے گھوڑوں اور غلاموں کی زکات معاف کردی، یعنی میں اللہ کی طرف سے ان میں زکات نہ ہونے کا اعلان کرتا ہوں (ترمذی حدیث ۶۲۰) یہ حدیث صریح ہے مگر بخاری میں لانے کے قابل نہیں۔

اور دوسری حدیث یہ ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان پر اس کے گھوڑوں میں اور اس کے غلام باندیوں میں زکات نہیں'' مگر ان حدیثوں سے استدلال تام نہیں، کیونکہ ان میں فرس کی مالک کی طرف اضافت ہے، پس اس سے سواری کا گھوڑا مراد ہے، ہر گھوڑا مراد نہیں، چنانچہ تجارت کے گھوڑوں میں بالاجماع زکات فرض ہے، پس جنسِ خیل سے زکات کی نفی کیسے ہوسکتی ہے؟

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ گھوڑے تین مقاصد سے پالے جاتے ہیں: ایک: سواری اور بار برداری وغیرہ کے لئے۔ دوسرے: تجارت کے لئے، تیسرے: تناسل یعنی نسل کشی کے لئے، جو گھوڑے استعمال کے لئے ہیں یعنی بار برداری اور سواری وغیرہ کے لئے ہیں ان میں بالاجماع زکات واجب نہیں، اور تجارت کے گھوڑوں میں بالاجماع زکات واجب ہے، اور جو گھوڑے نسل حاصل کرنے کے لئے ہیں ان میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک ان میں زکات واجب نہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک واجب ہے، پھر آپ کے قول کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کسی کے پاس گھوڑے اور گھوڑیاں دونوں ہوں تو ان میں زکات واجب ہے اور اگر صرف گھوڑیاں ہوں تو دو قول ہیں: وجوب کا بھی اور عدم وجوب کا بھی اور راجح وجوب کا قول ہے اس لئے کہ دوسرے سے گھوڑا مانگ کر نسل حاصل کرنا ممکن ہے اور اگر صرف گھوڑے ہوں تو بھی دو قول ہیں اور راجح عدم وجوب کا قول ہے، اس لئے کہ صرف گھوڑوں سے نسل حاصل نہیں کی جاسکتی۔

اور جمہور کا استدلال باب کی حدیث اور ترمذی کی حدیث سے ہے اور ان کا استدلال واضح ہے: نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے گھوڑوں اور بُردوں میں زکات کی معافی کا اعلان کیا ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہ حدیثیں خاص ہیں ان میں صرف ان بُردوں اور گھوڑوں کا ذکر ہے جو سواری، بار برداری یا خدمت کے لئے ہیں، ہر قسم کے غلام باندی اور گھوڑوں کا مسئلہ ان حدیثوں میں نہیں ہے۔ چنانچہ جمہور بھی تجارت کے گھوڑوں اور بردوں میں زکات کے قائل ہیں۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وہ فیصلہ ہے جو انھوں نے صحابہ سے مشورہ کر کے کیا تھا، جس کی تفصیل یہ ہے کہ عرب صرف سواری، بار برداری یا تجارت کے لئے گھوڑے پالتے تھے، نسل حاصل کرنے کے لئے گھوڑے پالنے کا عرب میں رواج نہیں تھا، مگر جب دورِ فاروقی میں فتوحات ہوئیں اور ایران، عراق اور شام وغیرہ ممالک اسلامی حکومت میں شامل ہوئے تو وہاں تناسل کے لئے گھوڑے پالنے کا رواج تھا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مسئلہ دریافت کیا گیا، آپؓ نے صحابہ سے مشورہ کر کے جواب لکھا کہ ان میں زکات واجب ہے، ہر گھوڑے میں سے ایک دینار (دس درہم) یا قیمت کا چالیسواں حصہ لیا جائے (تفصیل نصب الرایہ ۲: ۳۵۸ و ۳۵۹ میں ہے)

[٤٥-] بَابٌ: لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِيْ فَرَسِهِ صَدَقَةٌ

[١٤٦٣-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِيْ فَرَسِهِ وَغُلَامِهِ صَدَقَةٌ"[انظر: ١٤٦٤]

وضاحت: غُلَامِهِ میں بھی اضافت ہے۔ اور تمام ائمہ متفق ہیں کہ اس سے وہ غلام باندی مراد ہیں جو خدمت کے لئے ہیں، ہر غلام باندی مراد نہیں۔ اسی طرح فرسہ میں بھی وہ گھوڑے مراد ہیں جو سواری اور بار برداری کے لئے ہیں، ہر گھوڑا مراد نہیں، قِران فی النظم قِران فی الحکم کا قرینہ ہے۔

بَابٌ: لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِيْ عَبْدِهِ صَدَقَةٌ

مسلمان کے غلام میں زکات نہیں

غلام باندی دو مقصد سے ہوتے ہیں: خدمت کے لئے اور تجارت کے لئے، جو غلام باندی خدمت کے لئے ہیں ان میں بالاجماع زکات نہیں، اور جو تجارت کے لئے ہیں ان میں بالاجماع زکات ہے۔ جاننا چاہئے کہ آقا پر غلام باندی کا صدقہ فطر واجب ہے خواہ وہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم، یہ حنفیہ کی رائے ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صرف مسلمان غلام باندی کا صدقہ واجب ہے (تفصیل تحفۃ الالمعی ۲: ۶۰۶ میں ہے)

[٤٦-] بَابٌ: لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِيْ عَبْدِهِ صَدَقَةٌ

[١٤٦٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَدَّثِنِيْ أَبِيْ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ح: وَحَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خُثَيْمُ بْنُ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ صَدَقَةٌ فِيْ عَبْدِهِ وَلاَ فِيْ فَرَسِهِ"[راجع: ١٤٦٣]

بَابُ الصَّدَقَةِ عَلَى الْيَتَامَى

یتیموں کوزکات دینا

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ جوبھی زکات کا مستحق ہےاس کوزکات دینے سے زکات ادا ہوجائے گی، قرآنِ کریم میں (التوبہ آیت ٦٠) زکات کے آٹھ مصارف بیان کئے گئے ہیں ان میں سے جس کوبھی زکات دی جائے گی زکات ادا ہوجائے گی، البتہ اس میں اولیٰ غیر اولیٰ کا لحاظ رکھنا چاہئے، جیسے رشتہ داروں کوزکات دینا اولیٰ ہے اجنبیوں کودینے سے، اسی طرح جن یتیم بچوں کے پاس گذارے کے لئے کچھ نہیں، ان کوزکات دینا دوسرے غریبوں کودینے سے بہتر ہے، کیونکہ جوغریب ہے مگر بڑی عمر کا ہے وہ مزدوری کرکے پیٹ پال سکتا ہے، لیکن یتیم بچہ کیا کرے گا؟ اس لئے اس کوزکات دینا اولیٰ ہے، یا جیسے علماء فرماتے ہیں: علوم دینیہ کی تحصیل میں جوغریب طلبہ مشغول ہیں ان کوزکات دینا اولیٰ ہے۔ غرض زکات کے جو آٹھ مصارف ہیں ان میں سے کسی بھی مصرف میں زکات دینے سے زکات ادا ہوجائے گی۔ مگر ان میں اولیٰ غیر اولیٰ کا لحاظ رکھنا چاہئے، یہی اس باب کا مقصد ہے۔

[٤٧-] بَابُ الصَّدَقَةِ عَلَى الْيَتَامَى

[١٤٦٥-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ هِلاَلِ بْنِ أَبِيْ مَيْمُوْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم جَلَسَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ، فَقَالَ: " إِنَّ مِمَّا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِيْ مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتِهَا" فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَوَ يَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَسَكَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقِيْلَ لَهُ: مَا شَأْنُكَ تُكَلِّمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَلاَ يُكَلِّمُكَ؟ فَرُئِيْنَا أَنَّهُ يُنْزَلُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَمَسَحَ عَنْهُ الرُّحَضَاءَ، وَقَالَ: " أَيْنَ السَّائِلُ؟" وَكَأَنَّهُ حَمِدَهُ، فَقَالَ: " إِنَّهُ لاَيَأْتِيْ الْخَيْرُ بِالشَّرِّ، وَإِنَّ مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيْعُ يَقْتُلُ أَوْ يُلِمُّ، إِلاَّ آكِلَةَ الْخَضِرِ، أَكَلَتْ حَتّٰى إِذَا امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتْ عَيْنَ

الشَّمْسِ، فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ وَرَتَعَتْ، وَإِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَنِعْمَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ مَا أَعْطَى مِنْهُ الْمِسْكِيْنَ وَالْيَتِيْمَ وَابْنَ السَّبِيْلِ" أَوْ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" وَإِنَّهُ مَنْ يَأْخُذُهُ بِغَيْرِ حَقِّهِ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَيَكُوْنُ شَهِيْدًا عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"[راجع: ۹۲۱]

ترجمہ: عطاء بن یسار کہتے ہیں: انھوں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ ایک دن نبی ﷺ (تقریر کے لئے) منبر پر بیٹھے اور ہم آپؐ کے اردگرد بیٹھے، آپؐ نے فرمایا: ''مجھے اپنے بعد تم پر جس چیز کا ڈر ہے وہ دنیا کی زیب وزینت ہے جو تم پر کھولی جائے گی'' یعنی فتوحات ہونگی جس کے نتیجہ میں مال کی فراوانی ہوگی، اور اس کی زیب وزینت آخرت سے غافل کرے گی، پس ایک شخص نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا اور خیر شر کو لائے گی؟ یعنی جو جنگیں ہونگی اور فتوحات ہونگی یہ اچھی چیز ہیں اور آپؐ اس کے بارے میں اندیشہ ظاہر فرمارہے ہیں تو کیا اچھی چیز بری چیز کا ذریعہ بن سکتی ہے؟ پس نبی ﷺ خاموش رہے، پس اس شخص سے کہا گیا: تجھے کیا ہوا! تو نبی ﷺ سے بات کرتا ہے اور نبی ﷺ تجھ سے بات نہیں کرتے یعنی مہمل سوال کیوں کررہا ہے؟ پس ہم نے محسوس کیا کہ آپؐ پر وحی نازل ہورہی ہے۔ راوی کہتے ہیں: پس آپؐ نے چہرۂ مبارک سے پسینہ پونچھا، اور فرمایا: سائل کہاں ہے؟ گویا آپؐ نے اس کے سوال کو پسند کیا۔ پس آپؐ نے فرمایا: ''بیشک خیر شر کو نہیں لاتی (مگر خیر کا بے جا استعمال برے نتائج پیدا کرتا ہے، پھر آپؐ نے یہ بات ایک مثال سے سمجھائی:) بیشک موسم بہار جو گھاس اگاتا ہے وہ جانور کو ماردیتی ہے یا ادھ مرا کردیتی ہے مگر وہ جانور جو ہری گھاس خوب چرے یہاں تک کہ جب اس کی دونوں کوکھیں خوب تن جائیں تو وہ سورج کی طرف منہ کرکے پڑ جائے اور پتلا گوبر کرے اور پیشاب کرے یعنی ٹھیک ہوجائے اور چرے یعنی پھر چرنے لگے۔ اور بیشک مال سرسبز وشاداب ہے (یہ جانوروں کے لحاظ سے تعبیر ہے) اور شیریں ہے (یہ انسانوں کے اعتبار سے ہے) پس بہترین شخص وہ ہے جو مالدار ہو مسلمان ہو، جب تک وہ اپنے مال میں سے مسکینوں پر، یتیموں پر اور مسافروں پر خرچ کرے (یہی جزء باب سے متعلق ہے) یا جیسا نبی ﷺ نے فرمایا: اور بیشک وہ شخص جو بغیر حق کے مال لیتا ہے، اس شخص کی طرح ہے جو کھاتا ہے اور شکم سیر نہیں ہوتا یعنی ایسے شخص کی مال کی حرص ختم نہیں ہوتی اور وہ مال قیامت کے دن اس کے خلاف گواہی دے گا۔ (بالشر: یأتی کا صلہ ہے، أی: هل يَسْتَجْلِبُ الخيرُ الشرَّ؟ عمدۃ القاری)

تشریح: نبی ﷺ نے مذکورہ حدیث میں یہ بات سمجھائی ہے کہ جو چیز اچھی ہے وہ اچھی ہے، البتہ اگر غلط طریقہ سے استعمال کی جائے تو اچھی چیز بھی بری ہوجاتی ہے، جیسے گھی اور شہد مفید ہیں لیکن سلیقہ سے استعمال کریں تو مفید ہیں، اگر کوئی شخص ایک ساتھ آدھا کلو گھی پی جائے تو لوٹا لے کر بھاگتے بھاگتے تھک جائے گا، یہ غلط استعمال کی وجہ سے ہوا، ورنہ گھی فی نفسہ اچھی چیز ہے۔

ایک واقعہ: میرے خالہ زاد بھائی ایک مرتبہ ایک کلو شہد لائے اور تین دن میں کھا گئے، گرمی کا زمانہ تھا، پورے بدن میں

پھنسیاں نکل آئیں، وہ مولانا مفتی محمد اکبر میاں صاحب رحمہ اللہ کے پاس دوا لینے کے لئے گئے، حضرت میرے استاذ اور ماہر حکیم تھے، پالن پور میں رہتے تھے، انھوں نے مسکن دواء دی، دواء لینے کے بعد خالہ زاد بھائی نے پوچھا: حضرت! قرآنِ کریم میں ہے: ﴿فِيْهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ﴾: شہد میں لوگوں کے لئے شفاء ہے اور میں تو شہد کھا کر بیمار پڑ گیا! حضرت نے فرمایا: مولوی صاحب! قرآن میں ﴿فِيْهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ﴾ ہے لِلْبھینس نہیں ہے، آپ جو تین دن میں ایک کلو شہد چاٹ گئے، یہ انسان کا کام ہے یا بھینس کا؟ غرض شہد اچھی چیز ہے مگر سلیقہ سے استعمال کیا جائے تو مفید ہے اور بے سلیقہ استعمال کیا جائے تو بیمار پڑ جائے گا۔

یہی بات نبی ﷺ نے مثال سے سمجھائی ہے: جب موسم بہار آتا ہے تو جنگل ہری گھاس سے بھر جاتا ہے اور جانور خوب چرتے ہیں مگر کوئی گھاس سخت ہوتی ہے اس کو بے حد کھانے سے جانور یا تو مر جاتا ہے یا ادھ مرا ہو جاتا ہے اور کوئی گھاس نرم ہوتی ہے، جانور اس کو بے حد کھاتا ہے تو اپھارہ ہو جاتا ہے، پس وہ سورج کی طرف پیٹ کر کے لیٹ جاتا ہے، گھنٹہ دو گھنٹہ کے بعد اسہال شروع ہو جاتے ہیں، پتلا گوبر کرتا ہے اور پیٹ خالی ہو جاتا ہے، تو اٹھ کر چرنے لگتا ہے۔

غرض گھاس اللہ کی نعمت ہے اور اچھی چیز ہے اور جو جانور مر گیا یا ادھ مرا ہو گیا وہ بے حد کھانے کی وجہ سے مرا ہے، اسی طرح مال بھی اچھی چیز ہے اللہ کی بڑی نعمت ہے، مایۂ زندگانی ہے، سرخ روئی کا ذریعہ ہے، دنیا میں بقاء کا سہارا ہے مگر اس کو غلط طور پر کمایا جائے اور غلط جگہوں میں خرچ کیا جائے تو پھر ہلاکت اور بربادی کا سامان ہے، اور اللہ کی راہ میں خرچ کیا جائے، اس سے یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کی مدد کی جائے تو دنیا میں بھی سرخ رو ہو گا اور آخرت میں بھی بلند درجات حاصل ہونگے۔

بَابُ الزَّكَاةِ عَلَى الزَّوْجِ وَالأَيْتَامِ فِي الْحَجْرِ

شوہر کو زکات دینا اور اپنی پرورش میں جو یتیم بچے ہیں ان پر زکات خرچ کرنا

الحَجْر: حاء کے زبر کے ساتھ بھی ہے اور زیر کے ساتھ بھی، اور اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: یہ ہے کہ عورت شوہر کو زکات دے سکتی ہے یا نہیں؟ بعض فقہاء کہتے ہیں: عورت شوہر کو زکات دے سکتی ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ اسی کے قائل ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کا بھی ایک قول یہی ہے، ان کی نقلی دلیل حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ والا واقعہ ہے، جو تین ابواب پہلے گذرا ہے۔ نبی ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو ان کے شوہر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو صدقہ دینے کی اجازت دی تھی، اور امام بخاریؒ کے نزدیک صدقہ نافلہ اور صدقہ مفروضہ میں فرق نہیں۔ اور عقلی دلیل یہ ہے کہ بیوی کے ذمہ شوہر کا نفقہ نہیں، بلکہ شوہر کے ذمہ بیوی کا نفقہ ہے پس شوہر تو اپنی زکات بیوی کو نہیں دے سکتا، مگر بیوی اپنی زکات شوہر کو دے سکتی ہے۔

اور حنفیہ کے نزدیک زوجین میں سے ایک دوسرے کو زکات نہیں دے سکتا۔ وہ کہتے ہیں: میاں بیوی کا ہاتھ ایک

دوسرے کے مال میں دراز ہوتا ہے یعنی زوجین ایک دوسرے کا مال بے تکلف استعمال کرتے ہیں، پس شوہر نے بیوی کو زکات دی یا بیوی نے شوہر کو زکات دی تو اس کو دوسرا استعمال کرے گا اس لئے پوری طرح مال ملکیت سے نہیں نکلا، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث میں نفلی صدقہ کا احتمال ہے اور نفلی صدقہ ہر کسی کو ماں باپ، اولاد، مالدار اور آل رسول کو بھی دے سکتے ہیں۔

دوسرا مسئلہ: یہ ہے کہ کسی مرد یا عورت کی پرورش میں یتیم بچے ہیں تو وہ اپنی زکات ان یتیموں پر خرچ کرسکتا ہے؟ جواب یہ ہے کہ اگر ان بچوں کے ساتھ ولادت کا تعلق نہیں ہے تو کرسکتا ہے، اور اگر یتیم پوتے، نواسے پرورش میں ہیں تو دادا دادی، اور نانا نانی اپنی زکات ان پر خرچ نہیں کرسکتے، رہا قبضہ تو وکیل ہو کر نیا بۃً وہ خود قبضہ کریں گے۔ اور حضرت زینبؓ یا حضرت ابن مسعودؓ کی پرورش میں یتیم بچے تھے: ان پر خیرات کرنے کی نبی ﷺ نے اجازت دی تھی، وہ ان کے اپنے بچے نہیں تھے۔

[٤٨-] بَابُ الزَّكَاةِ عَلَى الزَّوْجِ وَالأَيْتَامِ فِي الْحَجْرِ

قَالَهُ أَبُوْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[١٤٦٦-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ — قَالَ: فَذَكَرْتُهُ لِإِبْرَاهِيْمَ، فَحَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بِمِثْلِهِ سَوَاءً — قَالَتْ: كُنْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ" وَكَانَتْ زَيْنَبُ تُنْفِقُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ وَأَيْتَامٍ فِيْ حَجْرِهَا، فَقَالَتْ لِعَبْدِ اللّٰهِ: سَلْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَيُجْزِئُ عَنِّيْ أَنْ أُنْفِقَ عَلَيْكَ، وَعَلَى أَيْتَامٍ لِيْ فِيْ حَجْرِيْ: مِنَ الصَّدَقَةِ؟ فَقَالَ: سَلِيْ أَنْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَانْطَلَقْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَوَجَدْتُ امْرَأَةً مِنَ الأَنْصَارِ عَلَى الْبَابِ، حَاجَتُهَا مِثْلُ حَاجَتِيْ. فَمَرَّ عَلَيْنَا بِلَالٌ، فَقُلْنَا: سَلِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: أَيُجْزِئُ عَنِّيْ أَنْ أُنْفِقَ عَلَى زَوْجِيْ وَأَيْتَامٍ لِيْ فِيْ حَجْرِيْ؟ وَقُلْنَا: لَاتُخْبِرْ بِنَا، فَدَخَلَ فَسَأَلَهُ فَقَالَ: "مَنْ هُمَا؟" قَالَ: زَيْنَبُ، فَقَالَ: "أَيُّ الزَّيَانِبِ؟" قَالَ: امْرَأَةُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: "نَعَمْ وَلَهَا أَجْرَانِ: أَجْرُ الْقَرَابَةِ، وَأَجْرُ الصَّدَقَةِ"

قولہ: فذکرتُه: اعمش رحمہ اللہ نے ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کو یہ حدیث شقیق عن عمرو بن الحارث عن زینب کی سند سے سنائی تو حضرت ابراہیمؒ نے ایک دوسری سند سے یعنی ابوعبیدۃ عن عمرو بن الحارث عن زینب کی سند سے بعینہٖ یہی حدیث سنائی، پس عمرو بن الحارث مدار الاسناد ہیں اور ان سے شقیق بھی روایت کرتے ہیں اور ابوعبیدہ بھی۔

قولہ: وکانت زینب: حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی پرروش میں یتیم بچے تھے، وہ ان پر خرچ کرنا چاہتی تھیں اور

اپنے شوہر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ پر بھی، اور کسی روایت میں ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ کی پرورش میں یتیم بچے تھے، حضرت زینبؓ ان پر خرچ کرنا چاہتی تھیں، یہ واقعہ کے متعلقات ہیں، اسی طرح پہلے حدیث میں آیا ہے کہ حضرت زینبؓ نے خدمتِ اقدس میں حاضر ہونے کی اجازت مانگی، اور یہاں یہ ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے مسئلہ پوچھوایا اور اپنا نام ظاہر نہ کرنے کے لئے کہا، یہ بھی واقعہ کے متعلقات ہیں۔ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ دوسری عورت سے واقف نہیں تھے، صرف حضرت زینبؓ کو جانتے تھے اس لئے انہی کا نام لیا۔

[۱٤٦٧-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: یَارسولَ اللّٰهِ! أَلِیْ أَجْرٌ أَنْ أُنْفِقَ عَلٰی بَنِیْ أَبِیْ سَلَمَةَ، إِنَّمَا هُمْ بَنِیَّ، فَقَالَ: " أَنْفِقِیْ عَلَیْهِمْ، فَلَكِ أَجْرُ مَا أَنْفَقْتِ عَلَیْهِمْ"[انظر: ٥٣٦٩]

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اگر میں ابوسلمہ (سابق شوہر) کے بچوں پر جو میرے بھی بچے ہیں خرچ کروں تو کیا مجھے ثواب ملے گا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: تم ان پر خرچ کرو، تمہیں اُس کا ثواب ملے گا جو تم ان پر خرچ کروگی (مگر حدیث میں صدقہ نافلہ اور صدقہ مفروضہ کی صراحت نہیں، اس لئے اپنی اولاد پر اپنی زکات خرچ کرنے کے جواز پر اس حدیث سے استدلال نہیں ہوسکتا)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿وَفِی الرِّقَابِ وَالْغَارِمِیْنَ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ﴾

غلاموں کی گردن چھڑانے میں، قرض داروں کے قرضہ میں اور راہِ خدا میں زکات خرچ کرنا

قرآنِ کریم میں زکات کے آٹھ مصارف بیان کئے گئے ہیں، ان میں سے تین وہ ہیں جو باب میں مذکور ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ ان کی تفسیر میں مختلف آثار لائے ہیں:

۱- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص زکات کی رقم سے غلام باندی خرید کر آزاد کرے تو جائز ہے، زکات ادا ہوجائے گی۔ اسی طرح کوئی شخص حج کے لئے جانا چاہتا ہے اور اس کے پاس انتظام نہیں ہے تو اس کو زکات دے سکتے ہیں۔

تشریح: پہلے مسئلہ میں حنفیہ کے نزدیک زکات ادا نہیں ہوگی، کیونکہ آزاد کرنے کی حقیقت ہے: اپنی ملکیت ختم کرنا، جبکہ زکات ملکیت ختم کرنے سے ادا نہیں ہوتی بلکہ غریب کو مالک بنانے سے ادا ہوتی ہے۔ پس زکات کی رقم سے غلام باندی خرید کر آزاد کرنے سے زکات ادا نہیں ہوگی۔

اور حنفیہ کے نزدیک **فی الرقاب** کا مطلب ہے مکاتب کو دینا، کسی غلام نے اپنے آقا سے کتابت کر رکھی ہے، کتابت

کرنے سے غلام رقبہ کے اعتبار سے تو غلام رہتا ہے مگر تصرف کے اعتبار سے آزاد ہو جاتا ہے، پس اگر اس کو زکات دی جائے تو وہ مالک ہو جائے گا، اس لئے اس کو زکات دینا جائز ہے تا کہ وہ بدل کتابت بھر کر آزاد ہو جائے۔

قولہ: یُذکر عن ابن عباس: صیغہ تمریض سے اس اثر کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے۔

۲- حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کسی شخص نے زکات کی رقم سے اپنے باپ کو خریدا تو خریدتے ہی باپ آزاد ہو جائے گا، اور زکات ادا ہو جائے گی، اسی طرح کوئی شخص جہاد میں جانا چاہتا ہے اور اس کے پاس ہتھیار نہیں ہیں تو اس کو زکات دے سکتے ہیں، تا کہ وہ ہتھیار خرید کر جہاد میں جائے یا حج میں جانا چاہتا ہے اس کو زکات دی تو زکات ادا ہو جائے گی۔ پھر حضرتؒ نے سورۂ توبہ کی آیت ۶۰ تلاوت فرمائی اور فرمایا: ان آٹھ مصارف میں سے جس کو بھی زکات دی جائے گی زکات ادا ہو جائے گی۔

تشریح: پہلے مسئلہ میں احناف کے نزدیک زکات کی رقم سے باپ کو خریدنے سے باپ تو آزاد ہو جائے گا مگر زکات ادا نہیں ہوگی، کیونکہ زکات غریب کو مالک بنانے سے ادا ہوتی ہے، اپنا حق ختم کرنے سے ادا نہیں ہوتی۔

اور فی سبیل اللہ کا مصداق کیا ہے؟ اس سلسلہ میں امام اعظم رحمہ اللہ سے کچھ مروی نہیں، اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک منقطع الغزات مراد ہیں یعنی وہ مجاہدین مراد ہیں جو دشمنانِ اسلام سے لڑنا چاہتے ہیں مگر ان کے پاس اسباب نہیں، ان کو زکات کے مال سے ہتھیار وغیرہ خرید کر دے سکتے ہیں۔ اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک منقطع الحاج مراد ہے، اور فتوی امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول پر ہے (تحفۃ القاری ۱: ۲۵۵، تحفۃ الالمعی ۴: ۵۶۳)

۳- نبی پاک ﷺ نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: خالدؓ نے جنگی سامان روک رکھا ہے، یعنی زکات کی رقم سے ہتھیار خرید رکھے ہیں اور جو جہاد میں جانا چاہتا ہے مگر اس کے پاس ہتھیار نہیں ہوتے اس کو وہ ہتھیار دیتے ہیں۔ عاریت پر دیتے تھے یا مالک بناتے تھے؟ حدیث میں اس کی کوئی صراحت نہیں، میرا خیال ہے کہ مالک بناتے تھے، أَدْرَاعٌ: دِرْعٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: زرہ یعنی لوہے کا کُرتا۔

۴- ایک صحابی کی کنیت ابولاس ہے اور نام عبداللہ یا زیاد ہے وہ کہتے ہیں: ہم حج میں جانا چاہتے تھے اور ہمارے پاس سواریاں نہیں تھیں، پس نبی ﷺ نے زکات کے اونٹوں میں سے ہمیں سواریاں دیں (یہ اونٹ عاریت پر نہیں دیئے تھے بلکہ ان کو مالک بنایا تھا، حَمَلَہ کے معنی ہیں: جانور کا مالک بنانا)

غارم کے معنی: قرآنِ کریم میں زکات کے جو آٹھ مصارف آئے ہیں ان میں ایک غارم بھی ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک غارم سے مدیون مراد ہے یعنی وہ شخص جس کے پاس مال ہے لیکن اس کا سارا مال یا بعض مال قرض میں مشغول ہے اور قرض ادا کرنے کے بعد بقدر نصاب مال باقی نہیں رہتا، یہ شخص اگرچہ بظاہر غنی ہے مگر حقیقت میں فقیر ہے، پس اس کو زکات دینا جائز ہے اور اس کے لئے لینا بھی جائز ہے۔

اورامام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: غارم وہ شخص ہے جس نے اصلاح ذات البین کے لئے کسی مقتول کی دیت یا کوئی بڑی رقم اپنے سر لی ہو، وہ شخص چندہ کرکے اس ذمہ داری سے سبکدوش ہوسکتا ہے، خود استعمال نہیں کرسکتا کیونکہ وہ مالدار ہے۔

[٤٩-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَفِيْ الرِّقَابِ وَالْغَارِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾

[١-] وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: يُعْتِقُ مِنْ زَكَاةِ مَالِهِ، وَيُعْطِيْ فِي الْحَجِّ.

[٢-] وَقَالَ الْحَسَنُ: إِنِ اشْتَرَى أَبَاهُ مِنَ الزَّكَاةِ جَازَ، وَيُعْطِيْ فِي الْمُجَاهِدِيْنَ، وَالَّذِيْ لَمْ يَحُجَّ، ثُمَّ تَلاَ ﴿إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ﴾ الآيَةَ: فِيْ أَيِّهَا أُعْطِيَتْ أَجْزَأَتْ.

[٣-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ خَالِدًا احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"

[٤-] وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِيْ لاَسٍ: حَمَلَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى إِبِلِ الصَّدَقَةِ لِلْحَجِّ.

[١٤٦٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِصَدَقَةٍ، فَقِيْلَ: مَنَعَ ابْنُ جَمِيْلٍ، وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، وَعَبَّاسُ ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَا يَنْقِمُ ابْنُ جَمِيْلٍ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ فَقِيْرًا، فَأَغْنَاهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ، وَأَمَّا خَالِدٌ فَإِنَّكُمْ تَظْلِمُوْنَ خَالِدًا، قَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتُدَهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَأَمَّا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَعَمُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَهِيَ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ، وَمِثْلُهَا مَعَهَا"

تَابَعَهُ ابْنُ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيْهِ، وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ: " هِيَ عَلَيْهِ، وَمِثْلُهَا مَعَهَا" وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: حُدِّثْتُ عَنِ الْأَعْرَجِ مِثْلَهُ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے صدقہ کا حکم دیا یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زکوتیں وصول کرنے کے لئے بھیجا، پس کہا گیا، یعنی حضرت عمرؓ نے رپورٹ دی کہ ابن جمیل، خالد بن الولید اور عباس بن عبدالمطلب نے زکات نہیں دی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ابن جمیل کو ناگوار نہیں ہوئی مگر یہ بات کہ وہ غریب تھا پس اللہ نے اور اس کے رسول نے اس کو بے نیاز کردیا یعنی اس نے نبی ﷺ سے دعا کروائی، دعا کی برکت سے اس کو مال مل گیا، اب اس کو اللہ کا حق دینا بھی بھاری معلوم ہوتا ہے۔ اور رہے خالدؓ تو آپ لوگ خالدؓ پر ظلم کرتے ہو، یعنی ان کے پاس زکات لینے کیوں گئے؟ انھوں نے تو اپنی زکات کا الگ نظام بنا رکھا ہے انھوں نے فولادی کُرتے اور جنگی سامان راہِ خدا میں روک رکھا ہے۔ اور رہے عباسؓ تو وہ رسول اللہ ﷺ کے چچا ہیں، وہ زکات ان پر خیرات ہے اور اس کے مانند اس کے ساتھ (یہ شعیب کی روایت کے الفاظ ہیں اور ابن ابی الزناد ان کے متابع ہیں۔ اور ابوالزناد کے شاگرد ابن اسحاق کے الفاظ یہ ہیں: هِيَ عليه یعنی لفظ صدقة نہیں ہے اور ابن جریج ان کے متابع ہیں اور صحیح الفاظ یہی ہیں اور علیه کی ضمیر کا مرجع حضور ﷺ ہیں أی: هی عليَّ: وہ زکات میرے ذمہ ہے، آپ ﷺ

ان سے دوسال کی زکات پیشگی وصول کر چکے تھے)

ملحوظہ: اس حدیث کی تشریح کتاب الزکاۃ باب ۴۳ میں ہے۔

قولہ: وأما العباس فعم رسول اللہ: یہ جملہ مجمل ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شکایت کی تو نبی ﷺ نے حضرت عباس اور حضرت خالد رضی اللہ عنہما کی طرف سے صفائی دی اور ابن جمیل کے طرز عمل پر ناراضگی ظاہر فرمائی، پھر حضرت عمرؓ کو تنبیہ فرمائی کہ تم نے حضرت عباسؓ کی شکایت نامناسب انداز میں کی ہے، کیونکہ عَمُّ الرجل صِنْوُ أبیہ: آدمی کا چچا اس کے باپ کی جڑ میں سے نکلا ہوا درخت ہے۔ بعض درخت ایسے ہوتے ہیں جن کی جڑ میں سے دوسرے درخت نکلتے ہیں جیسے کھجور، گنا، کیلا اور گیہوں وغیرہ ان کی جڑ میں سے کئی درخت نکلتے ہیں، وہ ایک دوسرے کا صنو کہلاتے ہیں، اسی طرح باپ اور چچا ایک دوسرے کے صنو ہیں، دونوں دادا کی اولاد ہیں۔ اس میں تنبیہ ہے کہ وہ میرے چچا ہیں وہ میرے لئے بہ منزلہ باپ ہیں، یہاں سے ادب نکلا کہ اگر کسی استاذ کا لڑکا آوارہ ہو اور باپ کو پتہ نہ ہو اور شکایت کرنی ہو تو خوبصورت انداز اختیار کرنا چاہئے، سیدھا یہ کہہ دینا کہ حضرت آپ کا لڑکا سنیما دیکھتا ہے مناسب نہیں۔

لغات: نَقَم (ض، س) نَقْمًا: مکروہ جاننا (اوپر یہ ترجمہ کیا ہے) بدلہ دینا یعنی ابن جمیل کا زکات روکنا صرف اس بات کا بدلہ ہے کہ اس نے مجھ سے دعا کروائی اور اللہ نے اس کو نواز دیا............ أدراع: دِرْعٌ کی جمع ہے: زرہ، یہ خاص ہے اور عُتُد عام ہے: کوئی بھی جنگی سامان۔

بَابُ الِاسْتِعْفَافِ عَنِ الْمَسْئَلَةِ

مانگنے سے بچنے کی کوشش کرنا

حدیثوں میں اس پر بہت زور دیا گیا ہے کہ آدمی مانگنے سے بچے۔ جاننا چاہئے کہ جو شخص نصاب نامی یا نصاب غیر نامی کا مالک ہے وہ غنی ہے، اس کے لئے نہ تو زکات کا سوال کرنا جائز ہے اور نہ زکات لینا جائز ہے، اس کو زکات دینے سے زکات ادا نہ ہوگی، اور وہ شخص جس کے پاس کوئی نصاب نہیں: نہ نامی نہ غیر نامی مگر اس کے پاس گذارہ کے بقدر ہے اس کو زکات دینا جائز ہے اور اس کے لئے لینا بھی جائز ہے مگر اس کے لئے زکات کا سوال کرنا حرام ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو لوگوں سے سوال کرتا ہے درانحالیکہ اس کے پاس اتنا ہے جو اس کو بے نیاز کرتا ہے تو وہ سوال قیامت کے دن اس کے چہرے پر خراشیں ہوگا (ترمذی حدیث ۶۴۴) اور چوتھا شخص وہ ہے جس کے پاس گذارہ بھی نہیں، یہ شخص زکات کا سوال کرسکتا ہے اور اس کو زکات دینا بھی جائز ہے۔

فائدہ: نصاب دو ہیں: ایک: نصاب نامی (بڑھنے والا نصاب) اس میں صرف قابل زکات اموال شمار ہوتے ہیں، قابل زکات اموال کی چار اجناس ہیں: (۱) اونٹ (۲) بھیڑ بکری (دونوں ایک جنس ہیں) (۳) گائے بھینس (یہ دونوں بھی

ایک جنس ہیں) (۴) سونا چاندی، اموال تجارت اور کرنسی وغیرہ (یہ سب ایک جنس ہیں) ان میں سے ایک کا دوسرے کے ساتھ انضمام نہیں کیا جائے گا (تحفۃ الالمعی ۲:۵۱۷)

اور دوسرا نصاب: غیر نامی (نہ بڑھنے والا) ہے قابل زکات اموال کے علاوہ جو بھی مال ضرورت سے زائد ہو وہ اس میں شمار ہوتا ہے، یہ مال خواہ کتنا ہی ہو اس میں زکات واجب نہیں۔ البتہ اگر وہ حاجات اصلیہ سے زائد ہے اور چھ سو بارہ گرام چاندی کی قیمت کے بقدر ہے تو وہ شخص چھوٹے نصاب کا مالک ہے اور اس پر پانچ احکام لازم ہوتے ہیں: (۱) اس پر صدقۃ الفطر واجب ہے (۲) اس پر قربانی واجب ہے (۳) اس پر نادار نہ کما سکنے والے ددھیالی اور ننھیالی رشتہ داروں کا نفقہ واجب ہے جو ذی رحم محرم ہوں (۴) اس پر حج فرض ہے، زائد مکان اور زائد زمین بیچ کر حج کرنا ضروری ہے (۵) اس کے لئے زکات حرام ہے اگر کوئی اس کو زکات دے گا تو زکات ادا نہیں ہوگی .... اور نصاب نامی کے مالک پر چھ فریضے عائد ہوتے ہیں پانچ یہی اور چھٹا: اس پر ہر سال زکات نکالنا فرض ہے (درمختار ۲:۳۱۳ باب صدقة الفطر)

[٥٠-] بَابُ الِاسْتِعْفَافِ عَنِ الْمَسْئَلَةِ

[١٤٦٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ: إِنَّ أُنَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَعْطَاهُمْ، ثُمَّ سَأَلُوْهُ فَأَعْطَاهُمْ [ثُمَّ سَأَلُوْهُ فَأَعْطَاهُمْ] حَتَّى نَفِدَ مَا عِنْدَهُ، فَقَالَ:" مَايَكُوْنُ عِنْدِيْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ أَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ، وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ، وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ"[انظر: ٦٤٧٠]

ترجمہ: چند انصار نے نبی ﷺ سے سوال کیا، پس آپؐ نے ان کو عطا فرمایا، انھوں نے پھر مانگا آپؐ نے پھر دیا، انھوں نے پھر مانگا آپؐ نے پھر دیا یہاں تک کہ آپؐ کے پاس کچھ نہ رہا۔ پس آپؐ نے فرمایا: ''میرے پاس جو کچھ ہوگا میں اس کو تم سے بچا کر نہیں رکھوں گا، اور جو شخص مانگنے سے بچنے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بچا دیتے ہیں یعنی ایسے اسباب پیدا فرما دیتے ہیں کہ وہ مانگنے سے بچ جاتا ہے، اور جو بے نیاز بننے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بے نیاز کر دیتے ہیں، اور جو شخص ہمت سے کام لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو صبر شعار بنا دیتے ہیں اور کسی کو کوئی نعمت نہیں دی گئی صبر سے بہتر اور کشادہ، یعنی صبر کی توفیق سب سے بڑی نعمت ہے۔

تشریح: لفظ خیر عام ہے مگر یہاں مال مراد ہے۔ ارشاد پاک: ﴿وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ﴾ میں بھی خیر سے مال مراد ہے، اور استعفاف، استغناء اور صبر میں بڑی نعمت صبر ہے اگر صبر حاصل ہو جائے تو دوسری دونوں چیزیں خود بخود حاصل ہو جاتی ہیں۔

[۱۴۷۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ! لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ، فَيَحْتَطِبَ عَلٰى ظَهْرِهِ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْتِىَ رَجُلًا فَيَسْأَلَهُ: أَعْطَاهُ أَوْ مَنَعَهُ"

[انظر: ۱۴۸۰، ۲۰۷۴، ۲۳۷۳]

[۱۴۷۱-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ، فَيَأْتِىَ بِحُزْمَةِ حَطَبٍ عَلٰى ظَهْرِهِ، فَيَبِيْعَهَا، فَيَكُفَّ اللّٰهُ بِهَا وَجْهَهُ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ: أَعْطَوْهُ أَوْ مَنَعُوْهُ"[انظر: ۲۰۷۵، ۲۳۵۳]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! تم میں سے ایک شخص رسّی لے اور اپنی پیٹھ پر سوختہ لاد کر لائے، یہ اس کے لئے بہتر ہے اس سے کہ کسی آدمی کے پاس جائے اور اس سے مانگے: وہ اس کو دے یا نہ دے (یعنی مانگنے میں دو احتمال ہیں: مل بھی سکتا ہے اور نہیں بھی ملتا اور سوختہ لا کر بیچے گا تو بالیقین کمائے گا پس وہ بہتر ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: البتہ یہ بات کہ تم میں سے ایک شخص رسّی لے پس وہ اپنی پیٹھ پر سوختہ لاد کر لائے اور اس کو بیچے اور اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کو مانگنے سے بے نیاز کر دیں تو یہ اس کے لئے زیادہ بہتر ہے اس سے کہ وہ لوگوں سے مانگے: لوگ اس کو دیں یا دینے سے انکار کر دیں۔

تشریح: اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ جب تک بازو میں طاقت ہو کما کر کھانا چاہئے۔

[۱۴۷۲-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ: أَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَعْطَانِىْ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِىْ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِىْ، ثُمَّ قَالَ:" يَا حَكِيْمُ! إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ، وَكَانَ كَالَّذِىْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى" فَقَالَ حَكِيْمٌ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَالَّذِىْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! لَا أَرْزَأُ أَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى أُفَارِقَ الدُّنْيَا، فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ يَدْعُوْ حَكِيْمًا إِلَى الْعَطَاءِ فَيَأْبٰى أَنْ يَقْبَلَهُ مِنْهُ، ثُمَّ إِنَّ عُمَرَ دَعَاهُ لِيُعْطِيَهُ فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا، فَقَالَ: إِنِّىْ أُشْهِدُكُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى حَكِيْمٍ، أَنِّىْ أَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ فَيَأْبٰى أَنْ يَأْخُذَهُ، فَلَمْ يَرْزَأْ حَكِيْمٌ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى تُوُفِّىَ.[انظر: ۲۷۵۰، ۳۱۴۳، ۶۴۴۱]

ترجمہ: حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا، پس آپؐ نے مجھے عنایت

فرمایا؛ پھر میں نے مانگا تو آپؐ نے پھر عنایت فرمایا، پھر (تیسری بار) میں نے مانگا تو (بھی) آپؐ نے عنایت فرمایا، پھر فرمایا: اے حکیم! یہ مال سرسبز وشیریں ہے، پس جو شخص دریا دلی سے مال لیتا ہے اس کے لئے اس میں برکت فرمائی جاتی ہے۔ اور جو شخص نفس کے جھانکنے کے ساتھ مال لیتا ہے اس کے لئے اس میں برکت نہیں فرمائی جاتی۔ اور وہ اس شخص کی طرح ہوتا ہے جو کھاتا ہے مگر شکم سیر نہیں ہوتا (اور) اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے، حکیم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میں آپؐ کے بعد کبھی کسی کا مال نہیں گھٹاؤں گا، تا آنکہ دنیا سے جدا ہو جاؤں، یعنی اب میں کسی سے کچھ نہیں لوں گا، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت حکیمؓ کو ان کا وظیفہ لینے کے لئے بلاتے تھے مگر وہ قبول کرنے سے انکار کر دیتے تھے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کو بلاتے تھے تا کہ وہ ان کو ان کا وظیفہ دیں مگر حضرت حکیمؓ ان سے بھی کوئی چیز قبول نہیں کرتے تھے، پس حضرت عمرؓ نے فرمایا: اے مسلمانو! میں آپ لوگوں کو حکیم کے معاملہ میں گواہ بناتا ہوں، میں ان کے سامنے ان کا وہ حق پیش کرتا ہوں جو ان کا اس مال میں ہے پس وہ اس کو لینے سے انکار کرتے ہیں۔ پس حضرت حکیمؓ نے نبی ﷺ کے بعد لوگوں میں سے کسی کا مال نہیں گھٹایا یعنی کسی سے کچھ نہیں لیا، یہاں تک کہ ان کی وفات ہوگئی۔

لغات: السَّخَاوَۃ وَالسَّخَاءُ: فیاضی، دریا دلی، سخاوت نفس: رال نہ ٹپکانا .... الإشراف: اوپر سے دیکھنا، اسی معنی میں استشراف بھی ہے، یعنی نگاہ اٹھا کر دیکھنا، اشراف نفس: نفس کا جھانکنا، امیدوار رہنا .... رَزَءَ (ف) مالَه رُزْءً ا: مال میں سے کچھ لے کر اس میں کمی کرنا۔

تشریح:

۱- حضرت حکیم رضی اللہ عنہ نے جو بار بار مال کا سوال کیا تھا وہی نفس کا جھانکنا ہے اور اس طرح جو مال حاصل کیا جاتا ہے اس سے کبھی پیٹ نہیں بھرتا۔

۲- اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے، اس کی سات تفسیریں کی گئی ہیں، راجح یہ ہے کہ اوپر کا ہاتھ خرچ کرنے والا ہاتھ ہے اور نیچے کا ہاتھ لینے والا ہاتھ ہے، یعنی آدمی کی خوبی مانگنا نہیں بلکہ دینا ہے۔

۳- مال کو جانوروں کے تعلق سے سرسبز کہا گیا ہے، جانور سبز گھاس خوب کھاتے ہیں اور اس کو شیریں انسانوں کے تعلق سے کہا گیا ہے، انسان میٹھی چیز بہت کھاتا ہے، مال کا بھی یہی حال ہے اس سے آدمی کا پیٹ کبھی نہیں بھرتا۔

بَابُ مَنْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ وَلَا إِشْرَافِ نَفْسٍ

حرصِ نفس اور طلب کے بغیر اللہ تعالیٰ کسی کو کوئی چیز عنایت فرمائیں

اگر اشرافِ نفس اور طلب کے بغیر کوئی چیز ملے تو اسے لے سکتا ہے، یہ لینا نقائص سے مبرا ہے، اس میں کوئی خرابی نہیں،

اورآیت کریمہ کسی نسخہ میں ہے، سب نسخوں میں نہیں ہے۔ارشاد پاک ہے: ''اور مالداروں کے مالوں میں سوالی اور غیر سوالی کا حق ہے (الذاریات آیت:۱۹) محروم: وہ غریب ہے جو کسی سے سوال نہیں کرتا، اس لئے عام طور پر لوگ اس کی حالت سے واقف نہیں ہوتے، اور اس کو کچھ نہیں دیتے، اس لئے وہ محروم رہ جاتا ہے۔لیکن اگر کوئی مالدار اس کی حالت کا پتہ چلالے اور اس کو کچھ دے تو اس کے لئے لینا جائز ہے، کیونکہ مالدار کے مال میں اس کا بھی حق ہے، معلوم ہوا کہ حرصِ نفس اور مانگے بغیر کوئی چیز ملے تو اس کو لے سکتا ہے اس میں کچھ حرج نہیں، یہ آیت کریمہ سے استدلال ہے۔

[۵۱-] بَابُ مَنْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ وَلاَ إِشْرَافِ نَفْسٍ

﴿وَفِيْ أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ﴾

[۱۴۷۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُعْطِيْنِى الْعَطَاءَ، فَأَقُوْلُ: أَعْطِهِ مَنْ هُوَ أَفْقَرُ إِلَيْهِ مِنِّىْ، فَقَالَ: " خُذْهُ، إِذَا جَاءَ كَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ شَيْئٌ وَأَنْتَ غَيْرُ مُشْرِفٍ وَلاَ سَائِلٍ فَخُذْهُ، وَمَا لاَ فَلاَ تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ" [انظر: ۷۱۶۳، ۷۱۶۴]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ مجھے مال عنایت فرمایا کرتے تھے، پس میں کہتا: یہ اس کو دیجئے جس کو مجھ سے زیادہ اس کی ضرورت ہے، پس آپؐ نے فرمایا: ''اس کو لے لو، جب تمہارے پاس کچھ مال آئے درانحالیکہ تمہارا نفس اس کی طرف نہ جھانکنے والا ہو نہ مانگنے والا تو اس کو لے لو، ورنہ اس پر رال مت ٹپکاؤ!

قولہ: ومالا: أی مالایکون علی ھذہ الصفۃ: جو مال ایسی حالت کا نہ ہو، بلکہ اس کو مانگنا پڑے یا نفس اس کا بہت زیادہ خواہش مند ہو فَلاَ تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ: پس اس کے پیچھے مت چلا تو اپنے نفس کو، ضمیرہ مفعولِ اول اور نَفْسَكَ مفعولِ ثانی ہے۔

تشریح: جب نبی ﷺ کسی کو کوئی سرکاری کام سونپتے تھے تو اس کا بدلہ عنایت فرماتے تھے، ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کوئی ذمہ داری سونپی، انھوں نے کام سرانجام دیا تو آپؐ نے ان کو کچھ عنایت فرمایا، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جو مجھ سے زیادہ ضرورت مند ہو اس کو عنایت فرمائیں۔اس وقت نبی ﷺ نے ان کو یہ قاعدہ سمجھایا کہ اگر اشرافِ نفس اور طلب کے بغیر کوئی چیز ملے تو اس کو لے لینا چاہئے، اس میں برکت ہوتی ہے۔

بَابُ مَنْ سَأَلَ النَّاسَ تَكَثُّرًا

جو لوگوں سے زیادہ مال جمع کرنے کی نیت سے مانگتا ہے

مانگنے کو کمائی کا ذریعہ اور پیشہ نہیں بنانا چاہئے، قطع نظر اس سے کہ وہ مالدار ہے یا غریب، اور اس کو ضرورت ہے یا نہیں،

جو شخص مانگنے کو پیشہ بنالیتا ہے اس کا پیٹ کبھی نہیں بھرتا۔ پیشہ ور سائلوں میں سے بعض بڑے مالدار ہوتے ہیں پھر بھی صبح وشام مانگتے پھرتے ہیں، یہی ان کا پیشہ ہے، اس کی قباحت بیان کرنے کے لئے یہ باب قائم کیا ہے۔

[۵۲-] بَابُ مَنْ سَأَلَ النَّاسَ تَكَثُّرًا

[۱۴۷۴-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ جَعْفَرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَمْزَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَسْأَلُ النَّاسَ، حَتَّى يَأْتِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَيْسَ فِيْ وَجْهِهِ مُزْعَةُ لَحْمٍ"

[۱۴۷۵-] وَقَالَ: "إِنَّ الشَّمْسَ تَدْنُوْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، حَتَّى يَبْلُغَ الْعَرَقُ نِصْفَ الْأُذُنِ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ اسْتَغَاثُوْا بِآدَمَ، ثُمَّ بِمُوْسَى، ثُمَّ بِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم، وَزَادَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ: قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِيْ جَعْفَرٍ: " فَيَشْفَعُ لِيُقْضَى بَيْنَ الْخَلْقِ، فَيَمْشِيْ حَتّٰى يَأْخُذَ بِحَلَقَةِ الْبَابِ، فَيَوْمَئِذٍ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا، يَحْمَدُهُ أَهْلُ الْجَمْعِ، كُلُّهُمْ، وَقَالَ مُعَلًّى: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّـهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَسْأَلَةِ. [انظر: ۴۷۱۸]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: آدمی برابر لوگوں سے مانگتا ہے، یہاں تک کہ وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے چہرے میں گوشت کا ایک ٹکڑا بھی نہیں ہوگا۔

تشریح: یہ سزا جنسِ عمل سے ہے، اس نے دنیا میں مانگ کر اپنے چہرے کو رسوا کیا اس لئے آخرت میں اس کو یہ سزا دی جائے گی کہ اس کا چہرہ ہڈیوں کا ڈھانچہ ہوگا، اس میں گوشت کا ایک ٹکڑا بھی نہیں ہوگا۔

حدیث (۲): اور نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک قیامت کے دن سورج (لوگوں کے) قریب آجائے گا (اور لوگوں کا بدن پسینہ سے شرابور ہوجائے گا) یہاں تک کہ پسینہ آدھے کان تک پہنچ جائے گا، اس حال میں لوگ (اپنی خلاصی کے لئے) حضرت آدم علیہ السلام سے فریاد کریں گے پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فریاد کریں گے پھر (آخر میں) نبی ﷺ سے فریاد کریں گے —— اور عبداللہ بن صالح کی حدیث میں جو بواسطہ لیث: ابن ابی جعفر سے مروی ہے: یہ اضافہ ہے —— پس نبی ﷺ سفارش کریں گے تاکہ مخلوقات کے درمیان فیصلہ کیا جائے پس آپؐ چلیں گے، یہاں تک کہ (جنت کے) دروازہ کا حلقہ پکڑیں گے، اس دن اللہ تعالیٰ آپؐ کو مقام محمود پر فائز کریں گے۔ اور آپؐ کی تمام اہل محشر تعریف کریں گے۔

اس کے بعد تعلیق ہے اس کی سند بیہقی میں ہے (عمدۃ القاری ۹:۵۸) اور اس سند سے صرف پہلا جزء مروی ہے، یعنی صرف اتنی بات مروی ہے کہ جو شخص مانگنے کو پیشہ بنالیتا ہے وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے چہرے میں

گوشت کی ایک بوٹی بھی نہیں ہوگی۔

تشریح: یہ شفاعت کی حدیث ہے جو مشہور ہے اور یہاں بہت مختصر ہے، اور مقام محمود (تعریف کیا ہوا مرتبہ) وہ مقام ہے جس پر فائز ہونے والا ہر ایک کی نگاہ میں محترم ہوگا، سب اس کے ثناخواں ہونگے، وہ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں سب کے لئے سفارش کرے گا، پھر گنہ گاروں کے لئے سفارش کا دروازہ بھی اسی کے طفیل کھلے گا، یہی وہ مقام ہے جس کا اللہ نے آپؐ سے سورۂ بنی اسرائیل (آیت ۷۹) میں وعدہ فرمایا ہے (تحفۃ القاری ۲:۴۷۹)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿لَايَسْأَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾ وَكَمِ الْغِنٰى؟

لگ لپٹ کر مانگنے کی ممانعت اور مالداری کی حد کیا ہے؟

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: ضروری سوال میں بھی اصرار کرنا مناسب نہیں، خواہ مال کا سوال ہو یا غیر مال کا، بعض طالب علم دماغ چاٹتا ہے، ایک سوال پورا نہیں ہوتا کہ دوسرا سوال شروع کر دیتا ہے، یہ اصرار ہے، ایسا نہیں کرنا چاہئے۔ اگر استاذ کے جواب سے تسلی نہ ہو اور اندازہ ہو جائے کہ استاذ کا علم بس اتنا ہی ہے تو خاموش ہو جانا چاہئے اور کسی دوسرے سے پوچھنا چاہئے یا استاذ کی طبیعت میں انشراح نہ ہو تو بھی دوسرے وقت پوچھنا چاہئے۔ غرض: اصرار مناسب نہیں، نہ مال کے سوال میں اور نہ غیر مال کے سوال میں۔

دوسرا مسئلہ: مالدار کو سوال نہیں کرنا چاہئے، نہ اصرار کے ساتھ نہ بغیر اصرار کے، اور غنی (مالداری) کی کیا مقدار ہے جس کی موجودگی میں سوال حرام ہے؟ باب میں یہ دو مسئلے ہیں اور دلائل میں لف ونشر مشوش (غیر مرتب) ہے، دوسرے مسئلہ کی دلیل پہلے ہے اور پہلے مسئلہ کی بعد میں۔

اور باب ہے: ﴿لَايَسْئَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾: یہ پہلا مسئلہ ہے اور یہ قِيَاسَاتُهَا مَعَهَا کے قبیل سے ہے، یعنی مسئلہ کی دلیل بھی اسی آیت میں ہے الگ سے دلیل ڈھونڈھنے کی ضرورت نہیں، پس اگر آیت ہی کو پہلے مسئلہ کی دلیل بنائیں تو پھر لف ونشر مرتب ہوگا، مشوش نہیں ہوگا۔

سوال: جب یہی آیت پہلے مسئلہ کی دلیل ہے تو پھر حضرت رحمہ اللہ نے دوبارہ یہ آیت کیوں لکھی ہے؟

جواب: بخاری شریف کے نسخے مختلف ہیں، اور اختلافِ نُسخ بعض مرتبہ باعثِ تشویش ہو جاتا ہے، واضح بات بھی الجھ جاتی ہے، کسی نسخہ میں آیت ہوگی اس لئے یہاں بھی لکھ دی حالانکہ اس کی ضرورت نہیں، کیونکہ باب میں مذکورہ آیت میں مسئلہ بھی ہے اور دلیل بھی۔

قولہ: وَكَمِ الْغِنٰى؟: مالداری کی کیا مقدار ہے جس کی موجودگی میں سوال کرنا حرام ہے؟ اس سلسلہ میں نبی ﷺ

کا یہ ارشاد ہے کہ جو شخص نہ پائے ایسی مالداری جو اس کو بے نیاز کرے یعنی جس کے پاس اتنا مال نہ ہو جس سے اس کی ضرورت پوری ہو جائے تو اس کے لئے سوال کرنا جائز ہے مگر جس کے پاس بقدر ضرورت مال سامان ہو اس کے لئے سوال کرنا جائز نہیں۔

اور یہ ایک جامع ارشاد ہے اس کو پھیلانا آپ کا کام ہے اور ترمذی شریف میں حضرت حکیم بن جبیر کی روایت میں **ما یغنیه** کی مقدار پچاس درہم یا اس کے بقدر سونا بیان کی گئی ہے۔ شعبہ رحمہ اللہ نے اس حدیث کی وجہ سے حکیم بن جبیر پر جرح کی ہے، ان کے خیال میں یہ بہت بڑی رقم ہے، سوال سے مانع تو اس سے کم رقم بھی ہو سکتی ہے۔ اس لئے انھوں نے راویوں کا جائزہ لیا اور حکیم پر تنقید کی کہ اس حدیث میں شاید حکیم نے کچھ گڑبڑ کی ہے، مگر شعبہ رحمہ اللہ کی تنقید ٹھیک نہیں، کیونکہ زمان ومکان اور اہل وعیال کے اختلاف سے لوگوں کے احوال مختلف ہوتے ہیں، ایک شخص گاؤں میں رہتا ہے اور اس کی فیملی میں بیوی اور ایک دو بچے ہیں ان کے لئے پچاس درہم بڑی رقم ہو سکتی ہے مگر کثیر العیال شخص کے لئے جو دہلی یا بمبئی میں رہتا ہو پچاس درہم بڑی رقم نہیں ہے۔ بلکہ ممکن ہے اتنی رقم اس کی ضرورت کے لئے ناکافی ہو، اس لئے **ما یغنیه** کی مقدار کو رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دینا چاہئے۔ اور شعبہ رحمہ اللہ نے جو پچاس درہم کو بڑی رقم قرار دیا ہے اور اس کی وجہ سے حکیم پر جرح کی ہے، علماء نے اس کا اعتبار نہیں کیا۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۲: ۵۶۵) میں ہے۔

آیت کا ترجمہ: (صدقات دراصل) اُن حاجت مندوں کا حق ہے جو اللہ کی راہ میں مقید ہو گئے ہیں (اور اس وجہ سے) وہ لوگ کہیں زمین میں چلنے پھرنے کا امکان نہیں رکھتے (اور) ناواقف ان کو تونگر خیال کرتا ہے، ان کے سوال سے بچنے کی وجہ سے (البتہ) تم ان کو ان کے چہرے کے نشانات سے پہچان سکتے ہو (کیونکہ فقر وفاقہ کے اثرات چہرے سے ظاہر ہو جاتے ہیں) وہ لوگوں سے لگ لپٹ کر نہیں مانگتے (یہاں باب ہے اور یہ پہلے مسئلہ کی دلیل ہے) اور جو بھی مال خرچ کرو گے اللہ تعالیٰ کو اس کی خوب اطلاع ہے۔

تفسیر: یہ آیت درحقیقت مجاہدین کے بارے میں ہے اور علوم دینیہ کے طالب علم مجاہدین کے ساتھ لاحق ہیں۔ ارشاد ہے: **مَنْ خَرَجَ يَطْلُبُ العلمَ فهو في سبيل الله حتّٰى يَرْجِعَ**: جو شخص علم دین حاصل کرنے کے لئے گھر سے نکلا وہ راہِ خدا (جہاد) میں ہے یہاں تک کہ وہ لوٹ آئے۔ پس طالب علم بھی اس آیت کا مصداق ہونگے۔

اور آیتِ کریمہ کا حاصل یہ ہے کہ جو لوگ راہِ خدا میں لڑنے کے لئے وقف ہو گئے ہیں یا دینی کاموں میں مشغول ہیں، اس لئے کما نہیں سکتے، اور ان کی خودداری کا حال یہ ہے کہ ضرورت مند ہونے کے باوجود کسی کے سامنے دست سوال دراز نہیں کرتے، اس لئے ناواقف لوگ ان کو مالدار سمجھتے ہیں مگر ان کے چہرے بشرے سے ان کی محتاجگی اور حاجت کا اندازہ ہو جاتا ہے، یہی لوگ واقعی اعانت کے مستحق ہیں، ان پر خرچ کرنا بڑا کار ثواب ہے، پس لوگوں پر لازم ہے کہ ایسے لوگوں کو تلاش کریں اور ان کی امداد واعانت کریں۔

[۵۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿لَايَسْأَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾ وَكَمِ الْغِنٰى؟

[۱-] وَقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "وَلَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيْهِ"

[۲-] ﴿لِلْفُقَرَاءِ الَّذِيْنَ أُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿فَإِنَّ اللّٰهَ بِهِ عَلِيْمٌ﴾

[۱۴۷۶-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ الَّذِيْ تَرُدُّهُ الْأُكْلَةُ وَالْأُكْلَتَانِ، وَلٰكِنَّ الْمِسْكِيْنَ الَّذِيْ لَيْسَ لَهُ غِنًى، وَيَسْتَحْيِيْ، أَوْ: لَا يَسْأَلُ النَّاسَ إِلْحَافًا"[انظر: ۱۴۷۹، ۴۵۳۹]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "مسکین وہ نہیں جو لقمہ لقمہ کے لئے دربدر گھومتا ہے بلکہ مسکین وہ ہے جس کے پاس بقدر ضرورت نہیں، اور وہ شرماتا ہے یعنی مانگتا نہیں۔ یا فرمایا: لوگوں سے لپٹ کر نہیں مانگتا"

تشریح: جس شخص کا پیشہ مانگنا ہے وہ مسکین نہیں، بلکہ مسکین وہ ہے جس کے پاس بقدر ضرورت نہیں، پھر بھی سوال نہیں کرتا، شرم مانع بنتی ہے اور مجبوری میں مانگتا ہے تو اصرار نہیں کرتا، ایسے شخص کی مدد کرنا اور اس پر خرچ کرنا بڑا کار ثواب ہے، پس یہ حدیث پہلے جزء سے متعلق ہے۔

[۱۴۷۷-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنِ ابْنِ أَشْوَعَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ كَاتِبُ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ إِلَى الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ: أَنِ اكْتُبْ إِلَيَّ بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَكَتَبَ إِلَيْهِ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمْ ثَلَاثًا: قِيْلَ وَقَالَ، وَإِضَاعَةَ الْمَالِ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ"[راجع: ۸۴۴]

ترجمہ: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے سکریٹری (ورّاد) کہتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ آپ مجھے وہ حدیث لکھ کر بھیجیں جو آپ نے نبی ﷺ سے سنی ہے، پس حضرت مغیرہؓ نے ان کو لکھا کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: "بیشک اللہ تعالیٰ تمہارے لئے تین باتوں کو ناپسند کرتے ہیں: قیل وقال کو، مال ضائع کرنے کو، اور بہت زیادہ مانگنے کو"

تشریح: قیل وقال: محاورہ ہے، اردو میں بھی مستعمل ہے اس سے بے فائدہ بکواس مراد ہے —— اور اضاعۃ المال سے مراد: مباح کاموں میں اسراف کرنا ہے، گناہ کے کاموں میں خرچ کرنا مطلقاً جائز نہیں —— اور کثرتِ سوال: اصرار والحاح تک مفضی ہوتا ہے اس لئے یہ بھی ناپسندیدہ ہے، اور یہی جزء باب سے متعلق ہے۔

[١٤٧٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ غُرَيْرٍ الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ صَالِحِ ابْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَعْطىٰ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَهْطًا، وَأَنَا جَالِسٌ فِيْهِمْ، قَالَ: فَتَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً فِيْهِمْ، لَمْ يُعْطِهِ، وَهُوَ أَعْجَبُهُمْ إِلَيَّ، فَقُمْتُ إِلىٰ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَارَرْتُهُ، فَقُلْتُ: مَالَكَ عَنْ فُلَانٍ؟ وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُرَاهُ مُؤْمِنًا، قَالَ:" أَوْ مُسْلِمًا" قَالَ: فَسَكَتُّ قَلِيْلاً، ثُمَّ غَلَبَنِيْ مَا أَعْلَمُ فِيْهِ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَالَكَ عَنْ فُلَانٍ؟ وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُرَاهُ مُؤْمِنًا، قَالَ:" أَوْ مُسْلِمًا" قَالَ: فَسَكَتُّ قَلِيْلاً، ثُمَّ غَلَبَنِيْ مَا أَعْلَمُ فِيْهِ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَالَكَ عَنْ فُلَانٍ؟ وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُرَاهُ مُؤْمِنًا، قَالَ:" أَوْ مُسْلِمًا" ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ: " إِنِّيْ لَأُعْطِيْ الرَّجُلَ وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ، خَشْيَةَ أَنْ يُكَبَّ فِيْ النَّارِ عَلىٰ وَجْهِهِ"

وَعَنْ أَبِيْهِ، عَنْ صَالِحٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُحَمَّدٍ، أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ يُحَدِّثُ بِهٰذَا، فَقَالَ فِيْ حَدِيْثِهِ: فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ، فَجَمَعَ بَيْنَ عُنُقِيْ وَكَتِفِيْ، ثُمَّ قَالَ:" أَقْبِلْ أَيْ سَعْدُ! إِنِّيْ لَأُعْطِيْ الرَّجُلُ"[راجع: ٢٧]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿فَكُبْكِبُوْا﴾[الإسراء: ٩٤]: قُلِبُوْا، ﴿مُكِبًّا﴾ أَكَبَّ الرَّجُلُ إِذَا كَانَ فِعْلُهُ غَيْرَ وَاقِعٍ عَلىٰ أَحَدٍ، فَإِذَا وَقَعَ الْفِعْلُ، قُلْتَ: كَبَّهُ اللّٰهُ لِوَجْهِهِ، وَكَبَبْتُهُ أَنَا.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، هُوَ أَكْبَرُ مِنَ الزُّهْرِيِّ، وَهُوَ قَدْ أَدْرَكَ ابْنَ عُمَر.

۱- یہ حدیث تفصیل سے کتاب الایمان (باب۱۹) میں گذر چکی ہے۔ جب نبی ﷺ نے جعرانہ میں مالِ غنیمت تقسیم کیا تو آپؐ نے نئے مسلمانوں کو جن کے دلوں میں ابھی اسلام راسخ نہیں ہوا تھا تالیف قلب کے لئے مال عطا فرمایا، اور بعض کامل الایمان مسلمانوں کو چھوڑ دیا، ان میں حضرت جُعیل بن سراقہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، جب نبی ﷺ نے ان کو کچھ نہیں دیا تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپ جُعیلؓ کو کیوں نہیں دیتے؟ قسم بخدا! میرا گمان ہے کہ وہ مؤمن ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: ''یا مسلمان ہیں'' حضرت سعدؓ بیٹھ گئے، تھوڑی دیر کے بعد پھر یہی بات عرض کی تو آپؐ نے پھر یہی بات فرمائی، جب انھوں نے تیسری مرتبہ عرض کیا تو نبی ﷺ نے ان کی گردن اور مونڈھے کے درمیان مکا مارا، یعنی آپؐ نے ان کے بار بار عرض کرنے کو ناپسند کیا، کیونکہ یہ الحاح اور اصرار تھا جو شرعاً ناپسندیدہ ہے، اور اسی مناسبت سے حضرت رحمہ اللہ یہاں یہ حدیث لائے ہیں، اور حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الایمان (تحفۃ القاری ۲۴۲:۱) میں ملاحظہ فرمائیں۔

۲- اس حدیث کو صالح بن کیسان نے امام زہری رحمہ اللہ سے بھی روایت کیا ہے اور اسماعیل بن محمد سے بھی، اور مکا

مارنے والی بات صرف اسماعیل کی روایت میں ہے، امام زہریؒ کی روایت میں یہ مضمون نہیں ہے۔

اور جب نبی ﷺ نے مکا مارا تو حضرت سعدؓ اٹھ کر جانے لگے، انھوں نے خیال کیا کہ نبی ﷺ ناراض ہو گئے، آپؐ نے ان کو بلایا اور فرمایا: ''میں ایک شخص کو دیتا ہوں جبکہ دوسرا شخص مجھے اس سے زیادہ پسند ہوتا ہے اس اندیشہ سے کہ کہیں اللہ تعالیٰ اس کو جہنم میں اوندھے منہ نہ ڈال دیں''، یعنی جو پکا مسلمان ہوتا ہے، اور جس کے دل میں اسلام راسخ ہوتا ہے، جس کے دین وایمان کے بارے میں مجھے کوئی اندیشہ نہیں ہوتا اس کو نہیں دیتا، اس کو اس کے ایمان کے حوالہ کرتا ہوں، اور جو نیا مسلمان ہوا ہے اور ابھی اس کے دل میں اسلام کا پودا جما نہیں اس کو دیتا ہوں تاکہ وہ ایمان میں جم جائے، ایسا نہ ہو کہ وہ الٹے پاؤں پھر جائے، اور اپنی عاقبت خراب کرلے، حضرت جُعیل بن سراقہ رضی اللہ عنہ کامل الایمان تھے ان کی تالیف قلب کی ضرورت نہیں تھی اس لئے آپؐ نے ان کو مال عنایت نہیں فرمایا، بلکہ ان کو ان کے ایمان کے حوالہ فرمایا۔

۳- صالح بن کیسانؒ: امام زہری رحمہ اللہ سے عمر میں بڑے ہیں، انھوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا زمانہ پایا ہے، مگر انھوں نے یہ حدیث امام زہریؒ سے روایت کی ہے، پس یہ روایت الاکابر عن الاصاغر ہے۔

لغت: حدیث میں ایک لفظ یُکَبُّ آیا ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کے معنی بیان کئے ہیں، یہ البیلا (انوکھا) **فعل** ہے، مزید میں لازم اور مجرد میں متعدی ہے، جبکہ عام طور پر افعال مزید میں متعدی اور مجرد میں لازم ہوتے ہیں، مگر اس **فعل** کا معاملہ برعکس ہے۔ اور اسی سے قرآن کریم میں ﴿کُبْکِبُوْا﴾ اور ﴿مُکِبًّا﴾ آئے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: **أَکَبَّ الرجلُ: إذا کان فعلُه غیرَ واقع علی أحد**: جب یہ فعل کسی پر واقع نہ ہو یعنی لازم ہو تو باب افعال سے أکب استعمال کرتے ہیں، **فإذا وقع الفعلُ قلتَ کَبَّه اللّٰه علی وجهه**: اور جب یہ فعل کسی پر واقع ہو یعنی متعدی ہو تو مجرد سے کَبَّ (نصر) استعمال کرتے ہیں۔

[۱۴۷۹-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: '' لَیْسَ الْمَسْکِیْنُ الَّذِیْ یَطُوْفُ عَلَی النَّاسِ، تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ، وَلٰکِنِ الْمِسْکِیْنُ الَّذِیْ لَا یَجِدُ غِنًی یُغْنِیْهِ، وَلَا یُفْطَنُ بِهِ فَیُتَصَدَّقُ عَلَیْهِ، وَلَا یَقُوْمُ فَیَسْأَلُ النَّاسَ'' [راجع: ۱۴۷۶]

[۱۴۸۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: '' لَأَنْ یَأْخُذَ أَحَدُکُمْ حَبْلَهُ، ثُمَّ یَغْدُوَ - أَحْسِبُهُ قَالَ: إِلَی الْجَبَلِ - فَیَحْتَطِبَ، فَیَبِیْعَ، فَیَأْکُلَ وَیَتَصَدَّقَ خَیْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ یَسْأَلَ النَّاسَ''

[راجع: ۱۴۷۰]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مسکین وہ نہیں جو لوگوں کے پاس چکر لگائے، اس کو ایک لقمہ اور دو لقمے اور ایک کھجور اور دو کھجوریں پھیریں یعنی دربدر پھرائیں، بلکہ مسکین وہ ہے جو اتنا مال نہیں پاتا جو اس کو بے نیاز کرے اور نہ اس کا حال بھانپ لیا جاتا ہے کہ اس کو صدقہ دیا جائے، اور نہ وہ سوال کرنے کے لئے اٹھتا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: البتہ یہ بات کہ تم میں سے ایک آدمی اپنی رسّی لے پھر صبح کو جائے —— میرا خیال ہے کہ انھوں نے کہا: پہاڑ پر —— پس سوختہ جمع کرے اور اس کو بیچے پس اس میں سے کھائے اور صدقہ کرے یہ اس کے لئے بہتر ہے اس سے کہ وہ لوگوں سے مانگے۔

بَابُ خَرْصِ التَّمْرِ

کھجوروں کا اندازہ لگانا

خرص کے معنی ہیں: کھیتی اور پھلوں کا اندازہ لگانا، جب کھیتی اور پھل آفات سے محفوظ ہو جائیں اور ابھی کھانے کے قابل نہ ہوں، اس وقت حکومت کے کارندے پیداوار کا تخمینہ لگائیں گے، اور پوری تفصیل رجسٹر میں درج کریں گے کہ فلاں کھیت میں اتنا اناج پیدا ہوگا، اور فلاں باغ میں اتنا پھل تیار ہوگا، اور اس میں اتنا عشر یا نصف عشر واجب ہوگا، اس کا نام خرص (تخمینہ لگانا) ہے، پھر جب غلہ سوکھ کر تیار ہو جائے، کھجوریں چھوہارے بن جائیں اور انگور کشمش بن جائیں تو ساعی رجسٹر کے حساب سے زکات وصول کرے گا، اور پوری پیداوار کا عشر یا نصف عشر لے گا۔

اور تخمینہ کرنے میں حکمت یہ ہے کہ ارباب زراعت آزاد ہو جائیں گے، جس طرح چاہیں گے کھائیں گے کھلائیں گے اور زکات وصول کرنے والے بھی بے فکر ہو جائیں گے، اب ان کو پیداوار کی نگرانی نہیں کرنی پڑے گی، اور یہ اندیشہ بھی نہیں رہے گا کہ کھیت والے اور باغ والے پیداوار میں سے کچھ چھپالیں گے۔

اس کے بعد چند باتیں جاننی چاہئیں:

پہلی بات: یہ مسئلہ ان مسائل میں سے ہے جن کے بارے میں غلط فہمی ہے، مشہور یہ ہے کہ احناف کے نزدیک خرص معتبر نہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک معتبر ہے، پھر اعتراض ہوتا ہے کہ جب خرص کے سلسلہ میں صحیح حدیث موجود ہے تو احناف اس کا انکار کیوں کرتے ہیں؟ بات درحقیقت یہ ہے کہ احناف کے قول کو سمجھنے میں غلط فہمی ہوئی ہے، جیسے امام اعظم رحمہ اللہ کے اس قول کا کہ بارش طلبی کے لئے نماز نہیں: یہ مطلب سمجھ لیا گیا ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نماز مشروع نہیں، حالانکہ ان کے قول کا مطلب یہ ہے کہ بارش طلبی کے لئے نماز ضروری نہیں، نماز کے بغیر بھی استسقاء ہو سکتا ہے (تحفۃ القاری ۳: ۳۳۰) اسی طرح احناف جو کہتے ہیں کہ خرص معتبر نہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر زمین کا مالک تخمینہ یا اندراج کے غلط ہونے کا دعوی کرے تو خرص معتبر نہیں، اس لئے کہ تخمینہ اور اندراج میں غلطی کا امکان ہے، اور اس صورت میں مقدمہ

کورٹ میں جائے گا، اور قاضی گواہ طلب کرے گا، یا منکر سے قسم لے گا یا کمیشن بھیج کر انکوائری کرائے گا، پھر شہادت سے یا کمیشن کی رپورٹ سے جو پیداوار ثابت ہو اس کی زکات لی جائے گی، خرص کا اعتبار نہیں۔ احناف کے قول کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حکومت کارندے بھیج کر اندازہ نہیں کروائے گی، بلکہ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ خرص لازم نہیں اور نہ خرص کرنا ضروری ہے، یہ بات حکومت کی صوابدید پر موقوف ہے۔

دوسری بات: خارص یعنی تاڑنے والے غضب کی نظر رکھتے ہیں، ان کا اندازہ ایسا نپا تُلا ہوتا ہے کہ دھڑی دو دھڑی بھی کم وبیش نہیں ہوتا۔ حدیث میں یہ واقعہ آرہا ہے کہ جب نبی پاک ﷺ تبوک تشریف لے گئے تو وادی القری نامی جگہ سے گذرے، وہاں ایک عورت کا انگور کا باغ تھا جس پر پھل لدے ہوئے تھے اور ابھی کھانے کے قابل نہیں ہوئے تھے، آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: اندازہ کرو، ان بیلوں سے کتنے پھل اتریں گے، پس کسی نے کچھ اندازہ کیا اور کسی نے کچھ، اور نبی ﷺ نے دس وسق کا اندازہ کیا، پھر اس عورت سے فرمایا: جتنے پھل اتریں ان کو یاد رکھنا، واپسی میں آپؐ نے اس عورت سے پوچھا، اس نے بتایا: دس وسق اترے، یعنی صحابہ کے اندازے کم وبیش رہے اور آپؐ کا اندازہ بالکل صحیح نکلا۔

مذاہبِ فقہاء: امام اعظم، امام مالک اور امام شافعی رحمہم اللہ کا قول جدید یہ ہے کہ پوری پیداوار کی زکات لی جائے گی، کارندوں کو اس میں سے کم کرنے کا اختیار نہیں، کیونکہ عشر غریبوں کا حق ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک تہائی یا چوتھائی کم کرکے عشر لیا جائے گا، کیونکہ اندازہ زیادہ ہوسکتا ہے، اور چرند وپرند اور چور اچکے نقصان بھی کرتے ہیں، اس لئے کم کرکے عشر لینا قرین انصاف ہے۔

اس سلسلہ میں دو حدیثیں ہیں اور دونوں ترمذی میں ہیں۔

پہلی حدیث: حضرت عتاب بن اَسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ لوگوں کے پاس ایسا آدمی بھیجتے تھے جو ان کی انگوروں اور ان کی کھجوروں کا اندازہ کرے —— حضرت عتابؓ مکہ اور طائف کے گورنر تھے، فتح مکہ کے بعد نبی ﷺ نے ان کو وہاں کا گورنر بنایا تھا، اس وقت ان کی عمر صرف اکیس سال تھی، اور نبی ﷺ مدینہ منورہ سے خارص (تاڑنے والا) بھیجا کرتے تھے اور وہ جو اندازہ ٹھہراتا تھا اس کے مطابق زکات وصول کی جاتی تھی، باب عشر سے یہی حدیث متعلق ہے اور اس میں کم کرنے کا ذکر نہیں، اور یہی جمہور کا مسلک ہے۔

دوسری حدیث: حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ کی ہے، اس میں تہائی یا چوتھائی کم کرنے کا ذکر ہے، امام احمد رحمہ اللہ اس حدیث کی وجہ سے فرماتے ہیں: تہائی یا چوتھائی کم کرکے باقی کا عشر لیا جائے گا، مگر جمہور کے نزدیک یہ حدیث غیر مسلموں کے ساتھ مزارعت اور مساقات کی ہے، فتح خیبر کے بعد صحابہ نے اپنی زمینیں یہود کو بٹائی پر دی تھیں، نبی ﷺ ان کا بھی تخمینہ کرواتے تھے اور اندازہ سے تہائی یا چوتھائی کم کرکے لینے کا حکم تھا کیونکہ وہ مالکان کا حق تھا، عشر کے مسئلہ سے اس کا کچھ تعلق نہیں (دیکھئے: تحفۃ الالمعی ۲: ۵۵۸)

[٥٤-] بَابُ خَرْصِ التَّمْرِ

[١٤٨١-] حدثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيىَ، عَنْ عَبَّاسٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم غَزْوَةَ تَبُوْكَ، فَلَمَّا جَاءَ وَادِيَ الْقُرَى، إِذَا امْرَأَةٌ فِيْ حَدِيْقَةٍ لَهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَصْحَابِهِ:" اخْرُصُوْا" وَخَرَصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَشَرَةَ أَوْسُقٍ، فَقَالَ لَهَا:" أَحْصِيْ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا"

فَلَمَّا أَتَيْنَا تَبُوْكَ قَالَ:" أَمَا إِنَّهَا سَتَهُبُّ اللَّيْلَةَ رِيْحٌ شَدِيْدَةٌ، وَلَا يَقُوْمَنَّ أَحَدٌ، وَمَنْ كَانَ مَعَهُ بَعِيْرٌ فَلْيَعْقِلْهُ" فَعَقَلْنَاهَا، وَهَبَّتْ رِيْحٌ شَدِيْدَةٌ، فَقَامَ رَجُلٌ، فَأَلْقَتْهُ بِجَبَلَيْ طَيِّئٍ.

وَأَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَغْلَةً بَيْضَاءَ، وَكَسَاهُ بُرْدًا، وَكَتَبَ لَهُ بِبَحْرِهِمْ.

فَلَمَّا أَتَى وَادِيَ الْقُرَى، قَالَ لِلْمَرْأَةِ:" كَمْ جَاءَ حَدِيْقَتُكِ؟" قَالَتْ: عَشَرَةُ أَوْسُقٍ: خَرْصُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنِّيْ مُتَعَجِّلٌ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَمَنْ أَرَادَ مِنْكُمْ أَنْ يَتَعَجَّلَ مَعِيْ فَلْيَتَعَجَّلْ" فَلَمَّا قَالَ ابْنُ بَكَّارٍ كَلِمَةً مَعْنَاهَا: أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ، قَالَ:" هٰذِهِ طَابَةُ" فَلَمَّا رَأَى أُحُدًا قَالَ:" هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْأَنْصَارِ؟" قَالُوْا: بَلٰى. قَالَ: "دُوْرُ بَنِيْ النَّجَّارِ، ثُمَّ دُوْرُ بَنِيْ عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ دُوْرُ بَنِيْ سَاعِدَةَ، أَوْ: دُوْرُ بَنِيْ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْأَنْصَارِ، يَعْنِيْ خَيْرًا"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: كُلُّ بُسْتَانٍ عَلَيْهِ حَائِطٌ فَهُوَ حَدِيْقَةٌ، وَمَالَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ حَائِطٌ لَا يُقَالُ حَدِيْقَةٌ.

[انظر: ١٨٧٢، ٣١٦١، ٣٧٩١، ٤٤٢٢]

[١٤٨٢-] وَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ: حَدَّثَنِيْ عَمْرٌو:" ثُمَّ دَارُ بَنِيْ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ بَنِيْ سَاعِدَةَ" وَقَالَ سُلَيْمَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" أُحُدٌ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ"

ترجمہ: حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک کیا، جب آپؐ وادی القریٰ میں پہنچے تو اچانک ایک عورت کو دیکھا جو اپنے باغ میں تھی، پس نبی ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: تاڑو (یعنی اندازہ کرو کہ کتنے پھل اتریں گے) اور نبی ﷺ نے دس وسق کا اندازہ کیا، پس آپؐ نے اس عورت سے فرمایا: گن رکھ جو اس میں سے نکلے یعنی جب پھل اترے تو یاد رکھنا کہ کتنا اترا؟

پس جب ہم تبوک پہنچے تو آپؐ نے فرمایا: سنو! بیشک (ھا: ضمیر قصہ ہے) آج رات سخت ہوا چلے گی، اور (جب ہوا چلے تو) تم میں سے کوئی ہرگز کھڑا نہ ہو اور جس کے پاس اونٹ ہو وہ اس کا پیر باندھ دے یعنی اگلے پیر میں رسّی باندھ کر اونٹ کو

بٹھادے، پس ہم نے اونٹوں کو باندھ دیا، اور سخت آندھی چلی، پس ایک شخص کھڑا ہوا تو ہوا نے اس کو قبیلہ طی کے دو (مشہور) پہاڑوں کے درمیان ڈال دیا۔

اور ایلہ کے بادشاہ نے نبی ﷺ کے پاس ایک سفید خچر ہدیۃً بھیجا، اور آپؐ نے اس کو ہدیہ کے جواب میں چادر پہنائی اور آپؐ نے اس کے لئے ان کا سمندر لکھا یعنی ساحلی علاقہ کا پٹّہ لکھ کر دیا۔

پس جب آپؐ (واپسی میں) وادی القری میں پہنچے تو اس عورت سے پوچھا: تیرے باغ میں کتنا پھل پیدا ہوا؟ اس نے کہا: دس وسق، وہی جو نبی ﷺ نے تاڑا تھا۔

پھر نبی ﷺ نے فرمایا: میں مدینہ کی طرف جلدی چل رہا ہوں، پس تم میں سے جو میرے ساتھ جلدی مدینہ پہنچنا چاہے تو چاہئے کہ جلدی کرے، پھر سہل بن بکار نے ایک لفظ کہا (راوی اس کو بھول گیا) اس کا مفہوم یہ ہے کہ جب مدینہ منورہ نظر آنے لگا تو آپؐ نے فرمایا: یہ طابہ ہے (طابہ اور طیبہ ہم معنی ہیں) پس جب احد پہاڑ نظر آیا تو آپؐ نے فرمایا: یہ وہ پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں (پھر آپؐ نے انصار کے قبیلوں کے مراتب قائم کئے، فرمایا) کیا میں تمہیں انصار کے بہترین قبیلہ کے بارے میں نہ بتلاؤں؟ صحابہ نے عرض کیا: کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا: بنوالنجار کا قبیلہ، پھر بنوعبدالاشہل کا قبیلہ، پھر بنوساعدہ کا۔ یا فرمایا: بنوالحارث کا قبیلہ اور انصار کے سبھی قبائل میں خیر ہے —— بنوساعدہ اور بنو الحارث میں اول کون ہے؟ روایت میں شک ہے اور یہ وہیب کی روایت ہے، اور سلیمان بن بلال بھی عمرو بن یحییٰ سے اس کو روایت کرتے ہیں اور اس میں شک نہیں ہے، اس میں تیسرا نمبر بنوحارثہ کا ہے، پھر چوتھا نمبر بنوساعدہ کا۔

تشریح: انصار (اوس وخزرج) کے بہت سے بطون ہیں، نبی ﷺ نے ان میں سے چار بطون کو بالترتیب بہتر قرار دیا ہے، جو یہ ہیں:

۱- بنوالنجار: نسبت: نجاری: خزرج کا بطن ہے۔ حضرت انسؓ اسی بطن سے ہیں اور یہی بطن: نبی ﷺ کی ننھیال ہے۔

۲- بنوعبدالاشہل: نسبت: اشہلی: اوس کا بطن ہے۔ حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ اسی بطن سے ہیں۔

۳- بنوالحارث: نسبت: حارثی: خزرج کا بطن ہے۔ حضرت رافع بن خدیج حارثی رضی اللہ عنہ اسی بطن سے ہیں۔

۴- بنوساعدہ: نسبت ساعدی: خزرج کا بطن ہے۔ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ اسی بطن سے ہیں۔

حدیقہ: وہ باغ ہے جس کی چہار دیواری کھینچی گئی ہو، اور جس کی چہار دیواری نہ ہو وہ حدیقہ نہیں کہلاتا۔

بَابُ الْعُشْرِ فِيْمَا يُسْقَى مِنْ مَاءِ السَّمَاءِ وَالْمَاءِ الْجَارِيْ

بارش اور جاری پانی سے سینچی ہوئی پیداوار میں عشر

اس باب میں دو مسئلے ہیں: ایک اصل ہے، دوسرا ضمنی:

پہلا مسئلہ: باغات اور کھیتوں میں جو کچھ پیدا ہوتا ہے اس میں بھی زکات واجب ہے جبکہ زمین عشری ہو، اور اس زکات کے لئے مخصوص لفظ 'عشر' ہے، زرعی پیداوار میں سے دسواں حصہ لیا جائے یا بیسواں، دونوں کے لئے لفظ عشر (دسواں) مستعمل ہے۔ اگر کھیت اور باغ کی سینچائی پر خرچ نہ کیا گیا ہو، نہ محنت کرنی پڑی ہو، بارش کے پانی سے یا قریب سے جو نہر گذر رہی ہے اس کے پانی سے باغ کی سینچائی ہوئی ہو تو پیداوار میں عشر (دسواں حصہ) واجب ہے۔ اور اگر سینچائی پر خرچ کیا گیا ہے، موٹر سے پانی نکال کر سینچائی کی ہے یا محنت کی ہے یعنی کنویں سے پانی کھینچ کر سینچائی کی ہے تو نصف عشر (بیسواں حصہ) واجب ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

دوسرا مسئلہ: شہد میں عشر واجب ہے یا نہیں؟ اور اس کا کوئی نصاب مقرر ہے یا نہیں؟ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک شہد میں عشر واجب نہیں، اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک شہد میں عشر واجب ہے، اور یہ اختلاف اس شہد میں ہے جو کھیت، باغ، بیابان اور پہاڑوں میں سے حاصل کیا گیا ہو اور اگر شہد کی تجارت ہے تو اس میں بالاجماع زکات واجب ہے۔

جاننا چاہئے کہ جن دو اماموں کے نزدیک شہد میں عشر واجب نہیں، ان کی دلیل عدم دلیل ہے، وہ کہتے ہیں: اس مسئلہ میں کوئی ایسی صحیح صریح حدیث نہیں ہے جس سے شہد میں عشر واجب کیا جا سکے، اس لئے شہد میں عشر واجب نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ بھی اسی کے قائل ہیں، چنانچہ وہ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کا قول لائے ہیں کہ شہد میں عشر واجب نہیں۔

اور قائلین وجوب کا استدلال یہ ہے کہ اس مسئلہ میں متعدد حدیثیں ہیں اگر چہ وہ ضعیف ہیں مگر مجموعہ حسن لغیرہ اور قابل استدلال ہے۔ اس لئے شہد میں عشر واجب ہے، اور اس مسئلہ میں سب سے بہتر حضرت ابو سیّارہ مُتعی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے شہد کی مکھیاں پالی ہیں، آپؐ نے فرمایا: اس کا عشر ادا کرو، یہ حدیث ابن ماجہ (ص:۱۳۱) میں ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ قائلین وجوب کے درمیان اس بات میں اختلاف ہے کہ شہد کا کوئی نصاب ہے یا نہیں؟ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک دس مشکیزے نصاب ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک کوئی نصاب نہیں۔ اور یہ نص فہمی کا اختلاف ہے، حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''شہد کے دس مشکیزوں میں ایک مشکیزہ ہے'' (ترمذی حدیث ۶۲۷) امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اس حدیث میں 'نصاب' کا بیان ہے چنانچہ وہ فرماتے ہیں: دس مشکیزوں سے کم شہد میں عشر واجب نہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اس حدیث میں 'حساب' کا بیان ہے یعنی شہد میں عشر (دسواں حصہ) واجب ہے اس میں نصف عشر (بیسواں حصہ) واجب نہیں ہوتا، کیونکہ اس میں محنت نہیں کرنی پڑتی، پس قلیل وکثیر کی تفریق کے بغیر زکات واجب ہے۔

سوال: مذکورہ دونوں مسئلوں میں کیا تعلق ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں مسئلوں کو ساتھ کیوں بیان کیا ہے؟

جواب: علامہ عینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بارش اور چشموں کا پانی بھی بہتا ہے اور شہد بھی بہنے والی چیز ہے اس مناسبت

سے دونوں کو ایک ساتھ بیان کیا ہے، مگر اس سے بہتر وجہ یہ ہے کہ درختوں سے جو پھل اترے گا اس میں تو عشر یا نصف عشر واجب ہوگا، مگر ان درختوں پر مکھیوں نے جو شہد بنایا ہے اس میں امام بخاریؒ کے نزدیک کچھ واجب نہیں، اس مناسبت سے ان دونوں مسئلوں کو ایک ساتھ بیان کیا ہے۔

[٥٥-] بَابُ الْعُشْرِ فِيْمَا يُسْقَى مِنْ مَاءِ السَّمَاءِ وَالْمَاءِ الْجَارِيْ

وَلَمْ يَرَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فِيْ الْعَسَلِ شَيْئًا.

[١٤٨٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " فِيْمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْعُيُوْنُ أَوْ كَانَ عَثَرِيًّا: الْعُشْرُ، وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ: نِصْفُ الْعُشْرِ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا تَفْسِيْرُ الْأَوَّلِ، لِأَنَّهُ لَمْ يُوَقِّتْ فِيْ الْأَوَّلِ، يَعْنِيْ حَدِيْثَ ابنِ عُمَرَ: " فِيْمَا سَقَتِ السَّمَاءُ الْعُشْرُ" وَبَيَّنَ فِيْ هٰذَا وَوَقَّتَ، وَالزِّيَادَةُ مَقْبُوْلَةٌ وَالْمُفَسَّرُ يَقْضِيْ عَلَى الْمُبْهَمِ، إِذَا رَوَاهُ أَهْلُ الثَّبْتِ، كَمَا رَوَى الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يُصَلِّ فِيْ الْكَعْبَةِ، وَقَالَ بِلَالٌ: قَدْ صَلَّى، فَأُخِذَ بِقَوْلِ بِلَالٍ، وَتُرِكَ قَوْلُ الْفَضْلِ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اس پیداوار میں جس کو بارش اور چشموں کے پانی نے سینچا ہے یا وہ زمین عَثَری ہے: دسواں حصہ ہے۔ اور اس پیداوار میں جو پانی بردار اونٹنی کے ذریعہ سینچی گئی ہے: بیسواں حصہ ہے۔

تشریح: عَثَری: کھجور وغیرہ کے اس باغ کو کہتے ہیں جس کے درمیان سے یا پاس سے نہر گذر رہی ہو، اور درختوں کو نیچے سے نمی مل رہی ہو، اس پیداوار میں عشر واجب ہے، کیونکہ سینچائی پر نہ تو خرچ کیا گیا ہے نہ محنت۔

قال أبو عبد الله إلخ: یہ عبارت اس باب کی ہے یا اگلے باب کی؟ اس سلسلہ میں بخاری کے نسخے مختلف ہیں، ہم نے اپنے نسخہ کی پیروی کی ہے، اس لئے اس باب میں یہ عبارت لکھی ہے، اور اگلے باب میں بھی کھڑی دو قوسوں کے درمیان اس کو لکھا ہے اور وہاں ترجمہ اور شرح کی ہے کیونکہ وہی اس کی موزون جگہ ہے۔

بَابٌ: لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ

پانچ وسق سے کم میں زکات نہیں

یہ حدیث ہی کے الفاظ ہیں، اور اس میں ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک عشر کا بیان ہے، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: پیداوار میں عشر (دسواں حصہ) یا نصف عشر (بیسواں حصہ) اس وقت واجب ہوتا ہے جب پیداوار کم سے کم پانچ وسق ہو۔ اس سے کم

پیداوار میں عشر واجب نہیں، اور یہ بھی شرط ہے کہ پیداوار ذخیرہ کرنے کے قابل ہو، جو چیزیں جلدی خراب ہوجاتی ہیں جیسے ٹماٹر، لوکی، بیگن، پالک وغیرہ ان میں عشر واجب نہیں۔ اس کے لئے تعبیر ہے: مَالَهُ ثَمَرَةٌ بَاقِيَةٌ۔ غرض جمہور کے نزدیک پیداوار میں عشر یا نصف عشر واجب ہونے کے لئے دو شرطیں ہیں: ایک: پیداوار سال بھر ذخیرہ کرکے رکھی جاسکتی ہو، دوسری: پیداوار پانچ وسق یا اس سے زائد ہو، جب یہ دونوں شرطیں جمع ہونگی تب عشر واجب ہوگا، ورنہ نہیں۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک زمین کی ہر پیداوار میں عشر یا نصف عشر واجب ہے، خواہ تھوڑی ہو یا زیادہ اور سال بھر باقی رہنے والی ہو یا جلدی خراب ہونے والی، اور مذکورہ حدیث کی تین توجیہیں کی گئی ہیں:

پہلی توجیہ: اس حدیث میں غلہ کے تاجر کی زکات کا بیان ہے، زمین کی پیداوار کے نصاب کا بیان نہیں ہے۔ نبی ﷺ نے تاجروں کی سہولت کے لئے لم سم ایک حساب بتلایا ہے کہ جس تاجر کے پاس پانچ وسق (۶۷۹ کلو آٹھ سو گرام) غلہ ہو اس پر زکات فرض ہے، غلہ کی یہ مقدار پانچ اوقیہ چاندی کی قیمت کے برابر ہے۔

اس کی نظیر یہ ہے کہ عید الفطر میں مفتی اور قاضی کی طرف سے صدقۃ الفطر کی رقم کا اعلان ہوتا ہے کہ نصف صاع گیہوں کی یہ قیمت ہے، یہ لوگوں کی سہولت کے لئے ہے، کیونکہ نصف صاع کتنا وزن ہے؟ پھر عام دکانوں پر ایک ریٹ ہوتا ہے اور راشن کی دکان پر دوسرا ریٹ ہوتا ہے اس لئے ہر شخص کے لئے رقم کی تعیین دشوار ہوتی ہے اس لئے مفتی ایک رقم کا اعلان کرتا ہے یا جیسے امام محمد رحمہ اللہ نے رَی کے کنوؤں کے پانی کا اندازہ کیا اور فرمایا: دو سو سے تین سو ڈول نکال دو، کنواں پاک ہوجائے گا، یہ بھی ایک لم سم اندازہ ہے، اسی طرح یہاں بھی نبی ﷺ نے غلہ کے تاجر کو موٹا حساب بتلایا ہے کہ پانچ وسق غلہ یا پھل پانچ اوقیہ چاندی کی قیمت کے برابر ہوتے ہیں، پس جس تاجر کے پاس پانچ وسق غلہ ہے اس پر زکات واجب ہے (یہ توجیہ کنز الدقائق کی شرح البحر الرائق (۲:۲۳۸) میں ہے)

دوسری توجیہ: اس حدیث میں عَرِیَّہ (عطیہ) کا بیان ہے۔ نبی ﷺ کے زمانہ میں یہ طریقہ تھا کہ باغ یا کھیت کا مالک چند درخت یا چند کیاریاں کسی رشتہ دار کو یا دوست کو دیدیتا تھا تاکہ ان درختوں پر جو پھل آئے یا ان کیاریوں میں جو پیداوار ہو اس کو وہ استعمال کرے، شریعت نے پانچ وسق سے کم میں عریہ کی اجازت دی ہے یعنی جب ساعی زکات وصول کرنے کے لئے آئے اور مالک اسے بتائے کہ میں نے یہ درخت یا کیاریاں عریہ دی ہیں یعنی میں نے عشر ادا کردیا ہے تو پانچ وسق سے کم میں اس کی بات مان لی جائے گی، ساعی اس پیداوار کا عشر نہیں لے گا، اور اگر پیداوار پانچ وسق سے زیادہ ہے تو مالک کی بات قبول نہیں کی جائے گی۔ مصدِّق ان کا عشر وصول کرے گا (یہ توجیہ معارف السنن (۵:۲۰۸) میں ہے)۔

تیسری توجیہ: اس حدیث کا مدعی یہ ہے کہ پانچ وسق اور زیادہ غلے کا عشر بیت المال میں پہنچانا ضروری ہے، اور اس سے کم کی زکات مالکان خود تقسیم کرسکتے ہیں، اس کی تفصیل یہ ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے جو شخص عشر وصول کرنے کے لئے آتا ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ کھیت کھیت جاکر زکات وصول کرے، کسی ایک جگہ بیٹھ کر لوگوں کو قابل زکات اموال

وہاں لانے کا مکلّف بنانا اور وہیں بیٹھے ہوئے زکوتیں وصول کرنا جائز نہیں۔ حدیث میں ہے: لاجَلَبَ وَلاَ جَنَبَ (ابوداؤد ۱:۲۲۵) یعنی نہ تو لوگوں کے لئے جائز ہے کہ وہ مصدِّق کو پریشان کرنے کے لئے اموال زکات (مویشی) لے کر دور چلے جائیں اور نہ ساعی کے لئے جائز ہے کہ وہ لوگوں کو کسی ایک جگہ قابل زکات اموال لانے کا مکلّف بنائے، بلکہ اسے گھر گھر اور کھیت کھیت جا کر زکات وصول کرنی ہوگی، اور ظاہر ہے کہ عامل دھڑی دو دھڑی اناج کے لئے ایک کھیت سے دوسرے کھیت نہیں جاسکتا، اس کا وقت ضائع ہوگا، عامل کے لئے بھی دشواری ہے اور بیت المال کا بھی نقصان ہے۔ حکومت کا ٹرک کہاں کہاں گھومے گا؟ بلکہ ساعی صرف وہاں جائے گا جہاں کم از کم دس بوریاں پیدا ہوئی ہوں تاکہ عشر میں کم از کم ایک بوری ملے، اس سے کم پیداوار کا عشر مالکان خود غریبوں کو دیں گے، اگر مصدق وہاں پہنچے اور مالک زکات ادا کرنے کا دعوی کرے تو پانچ وسق سے کم میں دعوی قبول کیا جائے گا، زیادہ میں دعوی قبول نہیں کیا جائے گا، کیونکہ پانچ وسق اور زیادہ کی زکات بیت المال کو ادا کرنا ضروری ہے (معارف السنن ۵:۲۱۲)

امام اعظم رحمہ اللہ کے مستدلات:

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے دلائل قرآن وحدیث کے عمومات ہیں۔ سورۃ البقرہ (آیت ۲۶۷) میں ہے: ﴿یٰٓأَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا أَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا کَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَکُمْ مِنَ الْأَرْضِ﴾: اے ایمان والو! خرچ کرو ستھری چیزیں اپنی کمائی میں سے اور اس چیز میں سے جو ہم نے پیدا کی ہے تمہارے لئے زمین سے۔ اور سورۃ الانعام (آیت ۱۴۱) میں ہے: ﴿کُلُوْا مِنْ ثَمَرِہٖ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوْا حَقَّهُ یَوْمَ حَصَادِہٖ﴾: کھاؤ ان کے پھلوں میں سے جس وقت وہ پھل دیں، اور ادا کرو اللہ کا حق جس دن اس کو کاٹو۔ اور سورۃ التوبہ (آیت ۱۰۲) میں ہے: ﴿خُذْ مِنْ أَمْوَالِھِمْ صَدَقَةً﴾: ان کے مال میں سے زکات لیجئے۔

اسی طرح گذشتہ باب میں حدیث گذری ہے کہ جس باغ اور جس کھیت کی سینچائی بارش اور چشموں کے پانی سے ہوئی ہو اس میں عشر واجب ہے، اور جس کی سینچائی پانی بردار اونٹنی کے ذریعہ کی گئی ہو اس میں نصف عشر واجب ہے، ان آیات واحادیث میں زرعی پیداوار میں جس حق کا ذکر ہے وہ مطلق ہے، اس میں قلیل وکثیر کی تفریق نہیں کی گئی ہے، یہی عمومات امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل ہیں (تحفۃ الالمعی ۲:۵۳۲)

فائدہ: وسق: غلوں اور پھلوں کا پیمانہ ہے۔ ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے، پس پانچ وسق ۳۰۰ صاع ہوئے، اور صاع: چار مد کا، اور مد: احناف کے نزدیک دو رطل کا اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایک رطل اور تہائی رطل کا ہوتا ہے۔ اور رطل عراقی چار سو سات گرام کا ہوتا ہے، پس ایک صاع احناف کے نزدیک تین کلو دو سو اکسٹھ گرام ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دو کلو ایک سو تہتر گرام ہے، اور ایک وسق احناف کے نزدیک ایک سو پچانوے کلو تین سو ساٹھ گرام ہے اور پانچ وسق: نو سو چھہتر کلو

آٹھ سوگرام ہےاورائمۂ ثلاثہ کے نزدیک چھ سوا کیاون کلونوے گرام ہے۔

[٥٦-] بَابٌ: لَيْسَ فِيمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ

[١٤٨٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَيْسَ فِيْمَا أَقَلَّ مِنْ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ، وَلاَ فِيْ أَقَلَّ مِنْ خَمْسَةٍ مِنَ الإِبِلِ الذَّوْدِ صَدَقَةٌ، وَلاَ فِيْ أَقَلَّ مِنْ خَمْسِ أَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ"[راجع: ١٤٠٥]

[قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: هٰذَا تَفْسِيْرُ الْأَوَّلِ، لِأَنَّهُ لَمْ يُوَقِّتْ فِيْ الْأَوَّلِ، يَعْنِيْ حَدِيْثَ ابْنِ عُمَرَ: " فِيْمَا سَقَتِ السَّمَاءُ الْعُشْرُ" وَبَيَّنَ فِيْ هٰذَا وَوَقَّتَ، وَالزِّيَادَةُ مَقْبُوْلَةٌ، وَالْمُفَسَّرُ يَقْضِيْ عَلَى الْمُبْهَمِ إِذَا رَوَاهُ أَهْلُ الثَّبْتِ، كَمَا رَوَى الفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يُصَلِّ فِي الْكَعْبَةِ، وَقَالَ بِلاَلٌ: قَدْ صَلَّى، فَأُخِذَ بِقَوْلِ بِلاَلٍ وَتُرِكَ قَوْلُ الْفَضْلِ]

ترجمہ: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث پہلی حدیث (گذشتہ باب کی حدیث) کی تفسیر ہے، اس لئے کہ پہلی حدیث میں یعنی ابن عمرؓ کی حدیث میں کہ جس کھیتی کی بارش کے پانی سے سینچائی ہوئی ہو عشر ہے: نصاب کی کوئی مقدار مذکور نہیں ہے اور اس حدیث میں (یعنی ابوسعید کی حدیث میں) نصاب کی مقدار بیان کی گئی ہے اور اس کی تعیین کی ہے۔ اور زیادتی قبول کی جاتی ہے، اور مفصل حدیث فیصلہ کرتی ہے مجمل حدیث کا، جبکہ اس کا راوی ثقہ ہو، جیسے فضل بن عباسؓ نے روایت کیا کہ نبی ﷺ نے کعبہ میں نماز نہیں پڑھی، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پڑھی ہے، پس حضرت بلالؓ کا قول لیا گیا اور فضل بن عباسؓ کا قول چھوڑ دیا گیا۔

تشریح: جمہور بشمول امام بخاریؒ کے نزدیک صرف اس زرعی پیداوار میں عشر یا نصف عشر واجب ہے جو ذخیرہ کی جاسکتی ہے اور وہ پانچ وسق یا زیادہ ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نہ قابل ذخیرہ ہونا شرط ہے، نہ نصاب شرط ہے بلکہ ہر زرعی پیداوار میں عشر واجب ہے، خواہ تھوڑی ہو یا زیادہ، اور ذخیرہ کی جاسکتی ہو یا نہیں، اور ان کا استدلال حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس حدیث سے ہے جو گذشتہ باب میں آئی ہے، وہ حدیث مطلق ہے، اس میں نہ نصاب کی شرط ہے نہ پیداوار کے قابل ذخیرہ ہونے کی، بلکہ مطلقاً عشر واجب ہونے کی بات ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ اس استدلال کا جواب دیتے ہیں: فرماتے ہیں: حضرت ابن عمرؓ کی حدیث مبہم ہے یعنی اس میں اجمال ہے، کوئی تفصیل نہیں، اس میں نہ یہ بات ہے کہ پیداوار کتنی ہونی چاہئے؟ اور نہ یہ ہے کہ پیداوار کیسی ہونی چاہئے؟ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی باب کی حدیث مفسَّر (مفصل) ہے، اس میں صراحت ہے کہ پیداوار کم از کم پانچ وسق

ہونی چاہئے، اور ظاہر ہے پانچ وسق پیداوار وہی جمع ہوسکتی ہے جو ذخیرہ کی جاسکتی ہو، ٹماٹر، بیگن اور لوکی وغیرہ پانچ وسق جمع نہیں ہوسکتے، وہ اس سے پہلے ہی سڑ جائیں گے۔ پس حضرت ابوسعیدؓ کی حدیث میں دو باتیں زائد ہیں: ایک: پیداوار کم از کم پانچ وسق ہو، دوسری: وہ ذخیرہ کی جاسکتی ہو۔

اور یہ مسلّمہ اصول ہے کہ ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، نیز یہ بھی طے شدہ امر ہے کہ مفسَّر (مفصل) اور مبہم (مجمل) میں سے مفسر کو لیں گے، جیسے فضل بن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کعبہ شریف میں نماز نہیں پڑھی، اور حضرت بلالؓ کہتے ہیں: پڑھی ہے، پس حضرت بلالؓ کی حدیث لیں گے کیونکہ وہ واضح ہے اور حضرت فضل کی روایت نہیں لیں گے کیونکہ وہ غیر مفسر ہے۔ اسی طرح یہاں بھی حضرت ابوسعیدؓ کی حدیث لیں گے کیونکہ وہ مفسر اور واضح ہے اور ابن عمرؓ کی حدیث مبہم اور غیر واضح ہے، اس لئے اس کو نہیں لیں گے (۱)

پہلا جواب: امام بخاری رحمہ اللہ نے جو دو قاعدے بیان کئے ہیں وہ دونوں قاعدے صحیح ہیں، مگر وہ یہاں جاری نہیں ہوتے، کیونکہ یہ دونوں حدیثیں الگ الگ مسئلوں سے متعلق ہیں، ایک مسئلہ سے متعلق نہیں، ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث عشر کے بارے میں ہے اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں غلہ کے تاجر کی زکات کا نصاب ہے۔ عشر کے بارے میں وہ حدیث نہیں ہے، پس حضرت رحمہ اللہ کا ایک حدیث کو مبہم اور دوسری کو مفسر قرار دینا اور مبہم کو مفسر کی طرف لوٹانا غور طلب ہے۔

دوسرا جواب: اگر دونوں روایتوں کو بابِ عشر سے متعلق مان لیں، تو پھر ایک روایت کو ترجیح دینے سے بہتر دونوں کو جمع کرنا ہے، ترجیح سے تطبیق بہتر ہے، اور تطبیق یہ ہے کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی حدیث خاص ہے اس کا تعلق گورنمنٹ سے ہے، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث عام ہے، پس مطلب یہ ہوگا کہ پانچ وسق اور زیادہ پیداوار کی زکات گورنمنٹ وصول کرے گی، مالکان خود غریبوں کو نہیں دے سکتے، کیونکہ پانچ وسق اور زیادہ کی زکات بیت المال کو ادا کرنا ضروری ہے اور پانچ وسق سے کم کی زکات مالکان خود غریبوں کو دے سکتے ہیں، حکومت وصول نہیں کرے گی، کیونکہ عامل دھڑی دو دھڑی اناج کے لئے ایک کھیت سے دوسرے کھیت نہیں جاسکتا، اس میں عامل کے لئے بھی دشواری ہے اور بیت المال کا بھی نقصان ہے۔ حکومت کا ٹرک کہاں کہاں گھومے گا؟ بلکہ ساعی صرف وہاں جائے گا جہاں کم از کم دس بوریاں پیدا ہوئی ہوں، تاکہ عشر میں کم از کم ایک بوری ملے، اسی طرح سبزیوں اور ترکاریوں کی زکات بھی گورنمنٹ وصول نہیں کرے گی، کیونکہ جب تک ساعی عشر وصول کرے گا اور غریبوں میں تقسیم کرے گا وہ خراب ہوجائیں گی، بلکہ ان کا عشر مالکان خود غرباء تک پہنچائیں گے۔

(۱) یاد رہے کہ یہ وہم ہے، نفی والی روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ہے اور حضرت فضلؓ سے تو کعبہ میں نماز پڑھنا مروی ہے ان کی روایت مسند احمد میں ہے۔

بَابُ أَخْذِ صَدَقَةِ التَّمْرِ عِنْدَ صِرَامِ النَّخْلِ، وَهَلْ يُتْرَكُ الصَّبِيُّ فَيَمَسُّ تَمْرَ الصَّدَقَةِ؟

کھجوروں کا عشر پھلوں کی تڑائی کے وقت لینا، اور کیا بچے کو عشر کی کھجوریں چھونے دی جائیں گی؟

اس باب میں دو مسئلے ہیں اور دونوں میں گہرا ربط ہے: پہلا مسئلہ: یہ ہے کہ پھلوں کو اور غلوں کو گاہ کر اور سوکھا کر تیار کرنا مالکان کی ذمہ داری ہے، جب پھل اور غلے اسٹور کرنے کے قابل ہوجائیں تب ساعی زکات لینے آئے گا۔ الصِّرام کے معنی ہیں: پھل توڑنا، ظاہر ہے کھجوریں ایک ساتھ نہیں ٹوٹتیں، جب خوشے میں پانچ دس دانے پک جاتے ہیں تو خوشہ کاٹ لیا جاتا ہے، پھر اسے دھوپ میں رسّی وغیرہ سے باندھ کر لٹکا دیا جاتا ہے، پھر جب چھوہارے بن جاتے ہیں تو ڈنڈا بجا کر دانے الگ کر لئے جاتے ہیں، پھر ان کو کسی کونے میں ڈھیر کر دیا جاتا ہے، اور ظاہر ہے گھر کے بچے ان سے کھیلیں گے اور کھائیں گے بھی، پس دوسرا مسئلہ کھڑا ہوگیا کہ بچوں کو ان سے کھیلنے کی اور کھانے کی اجازت دی جائے گی یا نہیں؟ کیونکہ ابھی ان کا عشر نہیں نکالا گیا، اس طرح یہ دونوں مسئلے ایک ساتھ ہوگئے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، ھل چلایا ہے یعنی مسئلہ قارئین کے حوالہ کیا ہے کہ حدیث پڑھ کر خود فیصلہ کرو، اور میری رائے یہ ہے کہ اگر خرص ہو چکا ہے تو بچے کھیل بھی سکتے ہیں اور کھا بھی سکتے ہیں، کیونکہ رجسٹر میں جو اندراج ہے ساعی اس کے مطابق عشر لے گا پس بچے کھیلیں یا کھائیں اس سے کیا فرق پڑتا ہے! اور اگر پیداوار کا خرص نہیں ہوا تو پھر بچوں کو کھانے اور کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، جب تک اللہ کا حق (غریبوں کا حق) اس میں سے نکل نہ جائے، کسی کو کھانے کی اجازت نہ دی جائے گی۔

[٥٧-] بَابُ أَخْذِ صَدَقَةِ التَّمْرِ عِنْدَ صِرَامِ النَّخْلِ، وَهَلْ يُتْرَكُ الصَّبِيُّ فَيَمَسُّ تَمْرَ الصَّدَقَةِ؟

[١٤٨٥-] حدثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْأَسَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُؤْتَى بِالتَّمْرِ عِنْدَ صِرَامِ النَّخْلِ، فَيَجِيْءُ هٰذَا بِتَمْرِهِ، وَهٰذَا مِنْ تَمْرِهِ، حَتَّى يَصِيْرَ عِنْدَهُ كَوْمًا مِنْ تَمْرٍ، فَجَعَلَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ يَلْعَبَانِ بِذٰلِكَ التَّمْرِ، فَأَخَذَ أَحَدُهُمَا تَمْرَةً، فَجَعَلَهُ فِيْ فِيْهِ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْرَجَهَا مِنْ فِيْهِ، فَقَالَ: "أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ آلَ مُحَمَّدٍ لَا يَأْكُلُوْنَ الصَّدَقَةَ؟"

[انظر: ١٤٩١، ٣٠٧٢]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ کے پاس کھجوریں لائی جاتیں جب کھجوریں ٹوٹتیں، پس یہ اپنی کھجوریں لاتا اور وہ اپنی کھجوریں لاتا، یہاں تک کہ آپؐ کے پاس کھجوروں کا ڈھیر لگ جاتا، پس حسنین رضی اللہ عنہما

ان کھجوروں سے کھیلا کرتے تھے، پس ان میں سے کسی ایک نے ایک کھجور لی اور اپنے منہ میں رکھ لی، نبی ﷺ نے اس کو دیکھ لیا، آپؐ نے وہ کھجور اس کے منہ سے نکال دی اور فرمایا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ خاندانِ محمد زکات نہیں کھاتا!

تشریح: مدینہ منورہ میں جو باغ والے تھے جب کھجوریں پک جاتیں اور سوکھ کر چھوہارے بن جاتے تو وہ ان کی زکوٰت لے کر خدمتِ نبوی میں حاضر ہوتے اور مسجدِ نبوی میں ایک طرف ڈھیر کر دیتے، معلوم ہوا کہ چھوہارے بن جانے تک باغ والے کی ذمہ داری ہے، اور آپؐ نے نواسے کے منہ سے صدقہ کی کھجور نکال دی، معلوم ہوا کہ عشر نکالنے سے پہلے بچوں کو کھجوریں نہیں کھانے دی جائیں گی۔

بَابٌ: مَنْ بَاعَ ثِمَارَهُ أَوْ نَخْلَهُ أَوْ أَرْضَهُ أَوْ زَرْعَهُ وَقَدْ وَجَبَ فِيْهِ الْعُشْرُ أَوِ الصَّدَقَةُ فَأَدَّى الزَّكَاةَ مِنْ غَيْرِهِ، أَوْ بَاعَ ثِمَارَهُ وَلَمْ تَجِبْ فِيْهِ الصَّدَقَةُ

عشر یا زکات واجب ہونے کے بعد پھل، کھجور کا درخت، زمین یا کھیتی بیچی اور زکات دوسرے مال سے ادا کی یا زکات واجب ہونے سے پہلے پھل بیچا تو درست ہے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ وجوبِ عشر وزکات کے بعد پھل، کھجور کے درخت، زمین اور تجارتی سامان وغیرہ بیچ سکتا ہے یا نہیں؟ جب خارص نے پھلوں کا تخمینہ لگا کر رجسٹر میں اندراج کر لیا تو عشر ثابت ہو گیا، یا مالِ تجارت پر حولانِ حول ہو گیا تو زکات واجب ہو گئی، اب وجوبِ عشر وزکات کے بعد پھل یا پھل دار درخت، یا جس زمین میں درخت یا کھیتی کھڑی ہے وہ زمین یا تجارت کا سامان فروخت کر سکتے ہیں یا نہیں؟ احناف کے نزدیک کر سکتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک نہیں کر سکتے، وہ فرماتے ہیں: جب تک حق واجب ادا نہ ہو جائے نہ پھل بیچنا جائز ہے نہ درخت، نہ زمین اور نہ سامان تجارت، اور وجوبِ عشر وزکات سے پہلے بیچنا بالاتفاق جائز ہے، اختلاف صرف ان پھلوں، درختوں، زمین اور تجارت کے سامان میں ہے جن میں عشر وزکات واجب ہو چکے ہیں۔

اور حنفیہ اور امام بخاریؒ کے نزدیک بیع اس لئے درست ہے کہ ان کے نزدیک زکات وعشر میں استبدال جائز ہے، پس وجوبِ زکات کے بعد جو پھل یا سامان بیچ دیا ہے اس کی زکات اور عشر رقم کے ذریعہ یا بازار سے پھل اور اناج خرید کر ادا کر دے گا۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک استبدال جائز نہیں، بلکہ جس چیز میں زکات واجب ہوئی ہے اسی کو زکات میں دینا ضروری ہے، اس لئے ان کے نزدیک حق واجب ادا کئے بغیر بیچنا جائز نہیں۔

استدلال:

نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ”پھل مت بیچو، یہاں تک کہ ان کا کارآمد ہونا ظاہر ہو جائے“ اس ارشاد میں نبی ﷺ نے

بیع کی صحت کو بدوّصلاح پر موقوف کیا ہے، یعنی اگر پھل کار آمد ہو گئے ہیں تو بیچنا جائز ہے ورنہ نہیں، عشر وزکات واجب ہوئے ہیں یا نہیں؟ اس پر بیع کی صحت کو موقوف نہیں کیا، پس دونوں صورتوں میں بیچنا جائز ہے، عشر وزکات واجب ہونے سے پہلے بھی اور بعد میں بھی۔ یہ اس حدیث سے استدلال ہے، اور حدیث کی شرح کتاب البیوع میں آئے گی ـــــ اب باب کا ترجمہ سنیے:

مَنْ باع ثمارَہ: جس نے اپنے باغ کے پھل بیچے، أو نَخلَہ: یا اپنے کھجور کے درخت بیچے، أو أرضَہ: یا درخت زمین کے ساتھ بیچے، أو زرعَہ: یا اپنی کھیتی بیچی، وقد وجب فیه العشرُ أو الصدقةُ: درانحالیکہ اس میں زکات یا عشر واجب ہو چکا ہے یعنی پھل اور اناج کا خرص ہو گیا ہے یا مالِ تجارت پر حولان حول ہو گیا ہے، فأدّی الزکاةَ من غیرہ: پس اس نے اس کے علاوہ مال سے زکات ادا کی یعنی جس چیز میں زکات واجب ہوئی تھی اس کے علاوہ چیز زکات میں دی تو بیچ سکتا ہے أو باع ثمارہ ولم تجب فیه الصدقة: یا اپنا پھل بیچا درانحالیکہ ان میں زکات واجب نہیں ہوئی تو بھی درست ہے۔

دلیل: وقولُ النبی صلی اللہ علیه وسلم: اور نبی ﷺ کا ارشاد ہے: پھلوں کو مت بیچو یہاں تک کہ ان کا کار آمد ہونا ظاہر ہو جائے (حدیث پوری ہوئی) فلم یحظُر البیعَ بعد الصلاح علی أحد: نبی ﷺ نے پھل کار آمد ہونے کے بعد کسی کو بھی بیچنے سے منع نہیں فرمایا، ولم یخص من وجبت علیه الزکاة ممن لم تجب اور نہ آپؐ نے اس شخص کی تخصیص کی جس پر زکات واجب ہوئی ہے، اس شخص سے جس پر زکات واجب نہیں ہوئی، یعنی آپؐ نے بیع کی صحت کو بدوّ صلاح پر موقوف کیا، وجوبِ عشر وزکات پر موقوف نہیں کیا، پس بدوّ صلاح سے پہلے تو پھل بیچنا جائز نہیں اور بدوّ صلاح کے بعد بیچنا جائز ہے خواہ ان میں زکات واجب ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو، یہ اس حدیث سے استدلال ہے۔

[۵۸-] بَابٌ: مَنْ بَاعَ ثِمَارَهُ أَوْ نَخْلَهُ أَوْ أَرْضَهُ أَوْ زَرْعَهُ وَقَدْ وَجَبَ فِيْهِ الْعُشْرُ أَوِ الصَّدَقَةُ فَأَدَّى الزَّكَاةَ مِنْ غَيْرِهِ، أَوْ بَاعَ ثِمَارَهُ وَلَمْ تَجِبْ فِيْهِ الصَّدَقَةُ

وَقَوْلُ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم: " لَاتَبِيْعُوْا الثَّمَرَةَ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا" فَلَمْ يَحْظُرِ الْبَيْعَ بَعْدَ الصَّلَاحِ عَلٰى أَحَدٍ، وَلَمْ يَخُصَّ مَنْ وَجَبَتْ عَلَيْهِ الزَّكَاةُ مِمَّنْ لَمْ تَجِبْ.

[۱۴۸۶-] حدثنا حَجَّاجٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: نَهَى النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا، وَكَانَ إِذَا سُئِلَ عَنْ صَلَاحِهَا، قَالَ: " حَتَّى تَذْهَبَ عَاهَتُهُ" [انظر: ۲۱۸۳، ۲۱۹۴، ۲۱۹۹، ۲۲۴۷، ۲۲۴۹]

[۱۴۸۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ عَطَاءِ ابْنِ أَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى يَبْدُوَ

صَلاَحُهَا [انظر: ٢١٨٩، ٢١٩٦، ٢٣٨١]

[١٤٨٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى تُزْهِيَ، قَالَ: حَتّٰى تَحْمَارَّ. [انظر: ٢١٩٥، ٢١٩٧، ٢١٩٨، ٢٢٠٨]

حدیث (۱): ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کھجوروں کو بیچنے سے منع فرمایا، یہاں تک کہ ان کا کار آمد ہونا ظاہر ہو جائے، اور جب ابن عمرؓ سے پوچھا جاتا کہ پھلوں کا کار آمد ہونا کیا ہے؟ تو فرماتے: یہاں تک کہ اس کی آفت ٹل جائے یعنی پھل آفتوں سے محفوظ ہو جائیں۔

تشریح: ابن عمرؓ نے بدوّ صلاح کی جو تفسیر کی ہے حنفیہ نے اسی کو لیا ہے، ان کے نزدیک بدوّ صلاح کی تعریف ہے: **الأمنُ من العاهات والآفات، لا الحادثات:** غلہ اور پھل کا بیماریوں اور آفتوں سے محفوظ ہو جانا نہ کہ حادثات سے محفوظ ہونا، پھلوں اور غلوں میں ایک وقت تک بیماریاں آتی ہیں، جب وہ مرحلہ گذر جاتا ہے تو پھل اور غلّے محفوظ ہو جاتے ہیں، البتہ کوئی حادثہ آسکتا ہے جیسے اولے گرے، جس سے پھل جڑھ گئے یہ بات بدوّ صلاح میں شامل نہیں، مزید تفصیل کتاب البیوع میں آئے گی۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے پھلوں کو بیچنے سے منع فرمایا، یہاں تک کہ ان کا کار آمد ہونا ظاہر ہو جائے۔

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے پھلوں کو بیچنے سے منع فرمایا، یہاں تک کہ وہ سرخ ہو جائیں۔

تشریح: ثِمار: ثمر کی جمع ہے اور اس کے معنی ہیں: کوئی بھی پھل، مگر عربی میں لفظ ثمر سے کھجور مراد لیتے ہیں، اور زَهَا يَزْهُوْ زَهْوًا کے لفظی معنی ہیں: حسن المنظر ہونا، جب کھجوریں پکنے کے قریب آتی ہیں تو بڑا خوشنما منظر ہوتا ہے، اور مراد ہے: کھجوریں پیلی یا سرخ پڑ جائیں، کھجوریں شروع میں ہری ہوتی ہیں اور پکنے کے قریب بعض سرخ ہو جاتی ہیں اور بعض پیلی پڑ جاتی ہیں۔ ائمہ ثلاثہ نے بدوّ صلاح کی یہ تفسیر لی ہے، کھجور کے بارے میں حتّی یَزْهُو آیا ہے، پس جب کھجوریں پیلی یا سرخ ہو جائیں تو بدوّ صلاح ہو گیا۔ تفصیل کتاب البیوع میں آئے گی۔

بَابٌ: هَلْ يَشْتَرِىْ صَدَقَتَهُ؟

کیا آدمی اپنی دی ہوئی زکات خرید سکتا ہے؟

اس باب میں دو مسئلے ہیں، ایک اصل ہے دوسرا ضمنی:

پہلا مسئلہ: ایک شخص نے کسی غریب کو کوئی چیز صدقہ دی، وہ غریب اس چیز کو بیچ رہا ہے تو صدقہ دینے والا اس کو خرید سکتا ہے یا نہیں؟ جواب یہ ہے کہ خرید سکتا ہے اس لئے کہ ملکیت بدلنے سے چیز بدل جاتی ہے اور یہ قاعدہ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے ماخوذ ہے، ان کو صدقہ میں گوشت ملا تھا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر بریرہؓ اس میں سے ہمیں دے گی تو ہمارے لئے ہدیہ ہوگا۔

اور باب کی حدیث میں یہ واقعہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک صحابی کو گھوڑا دیا تا کہ وہ اللہ کے راستہ میں اس پر جہاد کریں، وہ گھوڑا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بہت پسند تھا، اتفاق سے ان صحابی کو ضرورت پیش آئی، انھوں نے وہ گھوڑا بیچنے کے لئے بازار میں لاکر کھڑا کیا، جب حضرت عمرؓ نے اس کو بکتے دیکھا تو اس کو خریدنے کا ارادہ کیا، پھر خیال آیا کہ پہلے نبی ﷺ سے معلوم کر لینا چاہئے، چنانچہ انھوں نے نبی ﷺ سے دریافت کیا، آپؐ نے فرمایا: ''اپنی خیرات واپس مت لو''

سوال: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی خیرات واپس کہاں لے رہے تھے؟ وہ تو خریدنا چاہتے تھے؟ جواب: جب حضرت عمرؓ خریدیں گے تو وہ صحابی محابات (بہت زیادہ رعایت) کریں گے، یہ محابات ایک طرح سے صدقہ کا کچھ حصہ واپس لینا ہے، نبی ﷺ نے اس کو بھی پسند نہیں فرمایا۔

اور اگر پوری قیمت پر خریدتے تو بھی ٹھیک نہیں تھا، کیونکہ نفس ابھی اس چیز سے پوری طرح ہٹا نہیں۔ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ جب کوئی چیز خیرات کردے تو دل اس چیز سے جھاڑ لے، دل کے کسی گوشے میں اس کی چاہت باقی نہ رہے، اگر صدقہ کے بعد بھی نفس اس چیز کی طرف جھکتا ہے تو صدقہ کامل نہیں ہوا۔

دوسرا مسئلہ: کسی دوسرے کے صدقہ کو خریدنے میں کوئی قباحت نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنا صدقہ خریدنے سے منع کیا تھا، دوسرے کا صدقہ خریدنے سے منع نہیں کیا، نیز اس میں محابات اور اشرافِ نفس کا احتمال بھی نہیں ہے اس لئے دوسرے کے صدقہ کو خریدنے میں کچھ حرج نہیں۔

[۵۹-] بَابٌ: هَلْ يَشْتَرِىْ صَدَقَتَهُ؟

وَلاَ بَأْسَ أَنْ يَشْتَرِىْ صَدَقَةَ غَيْرِهِ، لِأَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم إِنَّمَا نَهَى الْمُتَصَدِّقَ خَاصَّةً عَنِ الشِّرَاءِ، وَلَمْ يَنْهَ غَيْرَهُ.

[۱۴۸۹-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شَهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يُحَدِّثُ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ تَصَدَّقَ بِفَرَسٍ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَوَجَدَهُ يُبَاعُ، فَأَرَادَ أَنْ يَشْتَرِيَهُ، ثُمَّ أَتَى النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم، فَاسْتَأْمَرَهُ فَقَالَ: "لاَتَعُدْ فِىْ صَدَقَتِكَ" فَبِذٰلِكَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ لاَ يَتْرُكُ أَنْ يَبْتَاعَ شَيْئًا تَصَدَّقَ بِهِ إِلاَّ جَعَلَهُ صَدَقَةً. [انظر: ۲۷۷۵، ۲۹۷۱، ۳۰۰۲]

[۱۴۹۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ: حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَأَضَاعَهُ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَهُ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِيَهُ، وَظَنَنْتُ أَنَّهُ يَبِيْعُهُ بِرُخْصٍ، فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" لَا تَشْتَرِهِ، وَلَا تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ، وَإِنْ أَعْطَاكَهُ بِدِرْهَمٍ، فَإِنَّ الْعَائِدَ فِيْ صَدَقَتِهِ كَالْعَائِدِ فِيْ قَيْئِهِ"

[انظر:۲۶۲۳، ۲۶۳۶، ۲۹۷۰، ۳۰۰۳]

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو جہاد میں استعمال کرنے کے لئے گھوڑا دیا، پھر انھوں نے اس گھوڑے کو بکتا ہوا پایا تو انھوں نے اس کو خریدنے کا ارادہ کیا، پھر وہ نبی ﷺ کے پاس آئے اور آپؐ سے مشورہ کیا۔ آپؐ نے فرمایا: اپنا صدقہ واپس مت لو، چنانچہ حضرت ابن عمرؓ جب بھی خیرات میں دی ہوئی کوئی چیز خریدتے تو اس کو (دوبارہ) صدقہ کردیتے۔

تشریح: اگر کوئی شخص صدقہ یا ہدیہ دے اور کوئی شرط لگائے تو اس شرط کو پورا کرنا ضروری نہیں، مثلاً: کسی کو قلم ہدیہ دیا اور شرط لگائی کہ آپ اس سے تصنیف کریں گے، اس شرط کو پورا کرنا ضروری نہیں، موہوب لہ اس قلم کو بیچ سکتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے گھوڑا اس لئے دیا تھا کہ اس کو جہاد میں استعمال کیا جائے مگر موہوب لہٗ نے اس کو بیچ دیا، کیونکہ اس شرط کو پورا کرنا ضروری نہیں تھا۔

حدیث (۲): حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے (ایک شخص کو) جہاد کرنے کے لئے ایک گھوڑا دیا، پس اس نے اس کو ضائع کردیا یعنی گھوڑے کی ٹھیک سے ٹہل نہیں کی، پس میں نے اس کو خریدنے کا ارادہ کیا اور میں نے گمان کیا کہ وہ اس کو سستا بیچے گا، پس میں نے نبی ﷺ سے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: تم اس کو مت خریدو اور اپنا صدقہ واپس مت لو، اگرچہ وہ آپؓ کو ایک درہم میں دے، اس لئے کہ خیرات کرکے واپس لینے والا ایسا ہے جیسا قئی کرکے چاٹ لینے والا!

تشریح: صدقہ خیرات میں رجوع نہیں ہوسکتا، ہدیہ میں رجوع ہوسکتا ہے، مگر حنفیہ کے نزدیک سات موانع ہیں اگر ان میں سے کوئی مانع پایا جائے تو رجوع نہیں ہوسکتا اور اگر کوئی مانع موجود نہ ہو تو تراضی طرفین سے یا قضائے قاضی سے رجوع ہوسکتا ہے، مگر مکروہ تحریمی ہے اس لئے کہ نبی ﷺ نے ہبہ کرکے واپس لینے والے کو اس کتے کے مانند قرار دیا ہے جو اپنی قئی چاٹ لیتا ہے۔

کتّے کو جب کوئی مردار ملتا ہے تو بے تحاشہ کھاتا ہے، یہاں تک کہ چلنا دشوار ہوجاتا ہے۔ پس وہ قئی کرکے خود کو ہلکا کرلیتا ہے، پھر جب اس کو کھانا نہیں ملتا اور بھوکا ہوتا ہے اور اپنی قئی پر سے گذرتا ہے تو اسی کو کھاکر پیٹ بھر لیتا ہے (تفصیل کتاب الہبہ میں آئے گی)

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الصَّدَقَةِ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَآلِهِ

نبی ﷺ اور آپؐ کے خاندان کے لئے صدقہ کا حکم

نبی ﷺ پر اور آپؐ کے خاندان پر زکات حرام ہے، ان کو زکات دینے سے زکات ادا نہیں ہوگی، اور نہ ان کے لئے زکات لینا جائز ہے۔ اور آلِ رسول جن پر زکات حرام ہے: اس سے پانچ خاندان مراد ہیں: (۱) حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد (۲) حارث بن عبدالمطلب کی تمام اولاد (۳) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد (۴) حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد (۵) اور حضرت عقیل رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد۔ ان سب کے لئے زکات حرام ہے۔

اور نبی ﷺ کی نرینہ اولاد سن بلوغ کو نہیں پہنچی تھی، اس لئے خود آپؐ کی اولاد اور اولاد در اولاد کا سلسلہ تو چلا نہیں، البتہ حضرات حسنین رضی اللہ عنہما اور ان کی اولاد آپؐ کی اولاد ہے، اور یہی آل رسول اور خاندانِ رسول ہیں۔ اور لوگ صرف انہی کے لئے زکات کی حرمت جانتے ہیں حالانکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دوسری اولاد اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی بے شمار اولاد موجود ہے۔ ان سب کے لئے زکات حرام ہے مگر اب ان کی پہچان بھی باقی نہیں رہی۔

اور نبی ﷺ اور آپؐ کے خاندان کے لئے زکات کی حرمت تین وجوہ سے ہے:

پہلی وجہ: مسلم شریف میں حدیث ہے کہ صدقات لوگوں کا میل ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۲۳) پس وہ آپؐ کے اور آپؐ کے خاندان کے لائق نہیں۔

دوسری وجہ: جو مال کسی چیز کے عوض میں لیا جاتا ہے یعنی خرید وفروخت کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے یا کسی منفعت کے عوض میں ملتا ہے یعنی ملازمت یا اجارہ کے طور پر حاصل ہوتا ہے اس میں تو کوئی خبث نہیں ہوتا، کیونکہ وہ ہماری چیز یا ہمارے نفع کا عوض ہے، پس کمائی کرنے کے بہترین ذرائع یہی ہیں۔ اسی طرح جو ہدیہ ملتا ہے وہ بھی طیب ہے کیونکہ اس میں مودت ومحبت اور عزت واحترام کا جذبہ کارفرما ہوتا ہے مگر ان کے علاوہ جو مال حاصل ہوتا ہے یعنی خیرات کے طور پر ملتا ہے اس کے لینے میں ذلت واہانت ہے۔ اور دینے والے کی لینے والے پر برتری اور احسان کا پہلو بھی ہے، چند ابواب پہلے حدیث گذری ہے کہ: ''اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے'' اس حدیث میں اسی برتری اور احسان کے پہلو کی طرف اشارہ ہے، اس لئے مال حاصل کرنے کا یہ طریقہ بدترین ذریعۂ معاش ہے، یہ پیشہ نہایت پاکیزہ لوگوں کے لائق نہیں، نہ ان لوگوں کے شایانِ شان ہے جن کو ملت میں نہایت اہم مقام حاصل ہے یعنی یہ مال خاندانِ نبوت کے لئے سزاوار نہیں۔

تیسری وجہ: اگر آپؐ اپنی ذات کے لئے زکات لیتے یا اپنے خاندان کے لئے جائز قرار دیتے جن کا فائدہ آپؐ ہی کا فائدہ ہے تو اندیشہ تھا کہ بدگمانی کرنے والے آپؐ کی شان میں نازیبا بات کہتے، وہ طعن کرتے کہ اپنی عیش کوشی کے لئے لوگوں پر ٹیکس لگایا ہے۔ اس لئے آپؐ نے اس دروازہ کو بالکل بند کردیا، اور صاف اعلان کردیا کہ زکات کی منفعت لوگوں ہی

کی طرف لوٹنے والی ہے۔ تُؤْخَذُ من أغنیائھم وترد علی فقرائھم: زکات ان کے مالداروں سے لی جائے گی اوران کے فقیروں کو لوٹادی جائے گی، یعنی زکات کا یہ نظام فقراء پر مہربانی، مساکین پر نوازش، حاجت مندوں کی خوش حالی اوران کو فلاکت سے بچانے کے لئے قائم کیا گیا ہے، اس میں آپؐ کا اور آپؐ کے خاندان کا کچھ حصہ نہیں (مزید وضاحت تحفۃ الالمعی (۵۷۲:۲) اور رحمۃ اللہ الواسعہ (۷۷:۴) میں ہے)

فائدہ: نبی ﷺ کے خاندان کے غریبوں کے لئے شریعت نے متبادل یہ تجویز کیا ہے کہ غنیمت کے خمس (پانچویں حصہ) میں ذوی القربی کا حصہ رکھا ہے، لیکن اب جبکہ غنیمت نہیں رہی تو کیا آلِ رسول میں جو غریب ہیں ان کو زکات دی جاسکتی ہے؟ پرانے زمانہ سے یہ مسئلہ اختلافی چلا آرہا ہے۔ حضرت مفتی سید مہدی حسن صاحب شاہ جہان پوری رحمہ اللہ جو میرے استاذ ہیں اور دارالعلوم دیوبند میں صدر مفتی تھے اور سادات میں سے تھے ان کے پاس لکھا ہوا نسب نامہ موجود تھا، ان کا سلسلہ نسب پیرانِ پیر حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ تک پہنچتا ہے یعنی وہ قادری سادات میں سے تھے، حضرت مفتی صاحبؒ یہ فتوی دیا کرتے تھے کہ فی زمانہ سادات کو زکات دینا جائز ہے، کیونکہ شریعت نے جو متبادل تجویز کیا ہے وہ باقی نہیں رہا (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۵۷۴:۲) میں ہے)

[٦٠-] بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الصَّدَقَةِ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَآلِهِ

[١٤٩١-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَخَذَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ، فَجَعَلَهَا فِيْ فِيْهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "كِخْ كِخْ"، لِيَطْرَحَهَا، ثُمَّ قَالَ: "أَمَا شَعَرْتَ أَنَّا لاَ نَأْكُلُ الصَّدَقَةَ!"[راجع: ١٤٧٥]

ترجمہ: حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور لی اور منہ میں رکھ لی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: تھوتھو! تاکہ وہ اس کو نکال دیں، پھر فرمایا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے!

بَابُ الصَّدَقَةِ عَلٰى مَوَالِيْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن کے آزاد کردہ غلاموں کے لئے زکات جائز ہے

نبی ﷺ نے اور آپؐ کے خاندان نے جن غلاموں کو آزاد کیا ہے ان پر تو زکات حرام ہے، کیونکہ حدیث میں ہے: موالی القوم من أنفسهم (بخاری، مشکوۃ حدیث ۳۰۴۴) یعنی آزاد کردہ غلاموں کا شمار اسی قوم میں ہوتا ہے جس نے ان کو آزاد کیا ہے، پس جس طرح نبی ﷺ پر اور آپؐ کے خاندان پر زکات حرام ہے ان کے موالی پر بھی حرام ہے، مگر ازواج مطہرات کے موالی پر زکات حرام نہیں، کیونکہ جن پانچ خاندانوں پر زکات حرام ہے ازواج مطہرات ان میں سے نہیں تھیں،

پس ان کے موالی کو زکات دینا جائز ہے۔ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی آزاد کردہ تھیں صدقہ دیا گیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: لها صدقة ولنا هدية: معلوم ہوا کہ ازواج مطہرات کے موالی کو زکات دے سکتے ہیں۔

[٦١-] بَابُ الصَّدَقَةِ عَلٰى مَوَالِيْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[١٤٩٢-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: وَجَدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم شَاةً مَيِّتَةً، أُعْطِيَتْهَا مَوْلَاةٌ لِمَيْمُوْنَةَ مِنَ الصَّدَقَةِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هَلَّا انْتَفَعْتُمْ بِجِلْدِهَا؟" قَالُوْا: إِنَّهَا مَيْتَةٌ، قَالَ: "إِنَّمَا حَرُمَ أَكْلُهَا" [انظر: ٢٢٢١، ٥٥٣١، ٥٥٣٢]

ترجمہ: نبی ﷺ نے ایک مری ہوئی بکری دیکھی جو آپؐ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی کسی آزاد کردہ باندی کو صدقہ میں سے دی تھی (یہی جزء باب سے متعلق ہے) (لوگ اس کو پھینکنے کے لئے لے جارہے تھے) آپؐ نے فرمایا: تم لوگ اس کی کھال سے فائدہ کیوں نہیں اٹھاتے؟ انھوں نے عرض کیا: یہ مردار ہے! آپؐ نے فرمایا: اس کا کھانا ہی حرام ہے۔

تشریح: دباغت کے بعد مردار کی کھال سے انتفاع جائز ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے البتہ مردار کی کھال دباغت سے پہلے فروخت کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے اور یہ مسئلہ تفصیل سے کتاب البیوع میں آئے گا۔

[١٤٩٣-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَكَمُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيْرَةَ لِلْعِتْقِ، وَأَرَادَ مَوَالِيْهَا أَنْ يَشْتَرِطُوْا وَلَاءَ هَا، فَذَكَرَتْ عَائِشَةُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اشْتَرِيْهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" قَالَتْ: وَأُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِلَحْمٍ، فَقُلْتُ: هٰذَا مَا تُصُدِّقَ بِهِ عَلٰى بَرِيْرَةَ، فَقَالَ: "هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ" [راجع: ٤٥٦]

وضاحت: یہ حدیث گذر چکی ہے، حضرت بریرہؓ ایک یہودی کی باندی تھیں، انھوں نے اپنے آقا سے ایک بڑی رقم پر کتابت کا معاملہ کرلیا تھا، اور مدد مانگنے کے لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی تھیں، آپؓ نے ان کو خرید کر آزاد کرنے کا ارادہ کیا، یہودی آقا نے ولاء کی شرط لگائی، انھوں نے نبی ﷺ سے یہ بات دریافت کی تو آپؐ نے فرمایا: تم خرید کر آزاد کرو ولاء اسی کو ملے گی جو آزاد کرے گا۔ چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو خرید کر آزاد کردیا۔

ایک مرتبہ ان کو کسی نے صدقہ کا گوشت دیا، گھر میں گوشت پک رہا تھا کہ نبی ﷺ تشریف لائے اور کھانا طلب فرمایا، چنانچہ جو چٹنی روٹی میسر تھی پیش کی گئی، آپؐ نے فرمایا: گوشت کی خوشبو آرہی ہے کیا اس میں ہمارا حصہ نہیں؟ عرض کیا گیا:

یارسول اللہ! یہ صدقہ کا گوشت ہے جو کسی نے بریرہؓ کو دیا ہے، آپؐ نے فرمایا: بریرہؓ کے لئے صدقہ ہے لیکن اگر وہ ہمیں دیں گی تو وہ ہمارے لئے ہدیہ ہوگا، معلوم ہوا کہ ازواج مطہرات کے موالی کو صدقہ دیا جاسکتا ہے (باقی تفصیل تحفۃ القاری (۲:۳۰۴) میں گذری ہے)

فائدہ: اس حدیث میں یاد رکھنے کی خاص بات یہ ہے کہ ولاء کی شرط اعتاق میں تھی جو ازقبیل یمین ہے، بیع میں شرط نہیں تھی، پس بیع بھی درست ہوئی اور اعتاق بھی، اور شرط فاسد ہوگئی، کیونکہ جو معاملات ازقبیل یمین ہوتے ہیں اگر ان میں شرط فاسد لگائی جائے تو وہ شرط خود فاسد ہوجاتی ہے اور معاملہ درست رہتا ہے (تفصیل تحفۃ القاری (۲:۳۰۷) میں گذر چکی ہے)

بَابٌ: إِذَا تَحَوَّلَتِ الصَّدَقَةُ

جب زکات ایک کے پاس سے دوسرے کے پاس منتقل ہوجائے

اس باب میں وہی مسئلہ ہے جو ابھی بیان کیا گیا کہ ملک بدلنے سے احکام بدل جاتے ہیں، یعنی جب تک زکات مالک کی ملکیت میں ہے زکات ہے اور وہ مالدار کے لئے جائز نہیں، مگر جب اس پر غریب کا قبضہ ہوگیا، تو ملکیت بدل گئی، اب وہ زکات نہیں رہی، اب اگر وہ کسی مالدار کو ہدیہ دے تو اس کے لئے جائز ہے۔

اور یہ قاعدہ حضرت بریرہ اور حضرت نُسیبہ رضی اللہ عنہما کی حدیثوں سے بنایا گیا ہے، حضرت بریرہؓ کو صدقہ میں گوشت ملا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر بریرہ اس میں سے ہمیں دے گی تو ہمارے لئے ہدیہ ہوگا'' اسی طرح نبی ﷺ نے حضرت نُسیبہؓ کو زکات کی ایک بکری دی تھی انھوں نے وہ بکری ذبح کی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس اس کا گوشت بھیجا، جب نبی ﷺ گھر میں تشریف لائے اور کھانا طلب فرمایا تو صدیقہؓ نے عرض کیا: کھانے کے لئے کچھ نہیں، ہاں نُسیبہ نے اس بکری کا گوشت بھیجا ہے جو آپؐ نے ان کو زکات میں دی ہے، آپؐ نے فرمایا: هَاتِ فقد بَلَغت مَحِلَّهَا: لاؤ، کیونکہ زکات اس کے اترنے کی جگہ میں پہنچ گئی یعنی جب تک زکات غریب کو نہیں دی گئی تھی زکات تھی، لیکن جب غریب نے زکات پر قبضہ کرلیا تو اب وہ زکات نہیں رہی، کیونکہ ملکیت بدل گئی، اب غریب کسی کو ہدیہ دے تو اس کے لئے وہ جائز ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

[٦٢-] بَابٌ: إِذَا تَحَوَّلَتِ الصَّدَقَةُ

[١٤٩٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةِ، قَالَتْ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى عَائِشَةَ، فَقَالَ: "هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْئٌ؟" فَقَالَتْ: لاَ، إِلَّا شَيْئٌ بَعَثَتْ بِهِ إِلَيْنَا نُسَيْبَةُ، مِنَ الشَّاةِ الَّتِيْ بَعَثْتَ لَهَا مِنَ الصَّدَقَةِ، فَقَالَ:

’’إِنَّهَا قَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا‘‘ [راجع: ١٤٤٦]

[١٤٩٥-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أُتِيَ بِلَحْمٍ تُصُدِّقَ بِهِ عَلٰى بَرِيْرَةَ، فَقَالَ:’’ هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَهُوَ لَنَا هَدِيَّةٌ‘‘ وَقَالَ أَبُوْ دَاوُدَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ: سَمِعَ أَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ٢٥٧٧]

حوالہ: پہلی حدیث کتاب الزکاۃ (باب ۳۱) میں گذری ہے اور دوسری حدیث ابھی گذری ہے اور اس کو قتادہؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بصیغہ عن روایت کیا ہے اور قتادہ پر تدلیس کا الزام ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے دوسری سند پیش کی، جس میں سماعت کی صراحت ہے۔

بَابُ أَخْذِ الصَّدَقَةِ مِنَ الأَغْنِيَاءِ وَتُرَدُّ فِيْ الْفُقَرَاءِ حَيْثُ كَانُوْا

مالداروں سے زکات لینا اور غریبوں کو دینا وہ جہاں کے بھی ہوں

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ مالداروں سے زکات لے کر غریبوں پر خرچ کی جائے گی، خواہ وہ کہیں کے ہوں، جن لوگوں کی زکات ہے انہی کے غریبوں پر خرچ کرنا ضروری نہیں، البتہ ان کا حق مقدم ہے، پہلے ان کے غریبوں پر خرچ کی جائے پھر جو بچے وہ دوسرے غریبوں پر خرچ کی جائے۔

[٦٣-] بَابُ أَخْذِ الصَّدَقَةِ مِنَ الأَغْنِيَاءِ وَتُرَدُّ فِيْ الْفُقَرَاءِ حَيْثُ كَانُوْا

[١٤٩٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ أَبِيْ مَعْبَدٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ حِيْنَ بَعَثَهُ إِلَى الْيَمَنِ:’’ إِنَّكَ سَتَأْتِيْ قَوْمًا أَهْلَ كِتَابٍ، فَإِذَا جِئْتَهُمْ فَادْعُهُمْ إِلٰى أَنْ يَشْهَدُوْا أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ. فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ، فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ، فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً، تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ، وَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ، فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ، وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ، فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللهِ حِجَابٌ‘‘[راجع: ١٣٩٥]

حوالہ: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الزکاۃ کے پہلے باب میں گذری ہے، ترجمہ اور شرح وہاں دیکھیں۔

قوله: فإياك وكرائم أموالهم: اگر وہ زکات دینا منظور کرلیں تو ان کے بہترین مالوں سے بچو (کرائم أموالهم درحقیقت مرکب توصیفی ہے أی أموالٌ کریمةٌ) اور مظلوم کی بددعا سے بچو، اس لئے کہ مظلوم کی بددعا اور اللہ کے درمیان

کوئی پردہ نہیں، یعنی مظلوم کی آہ سیدھی اللہ تک پہنچتی ہے۔

بَابُ صَلاَةِ الإِمَامِ وَدُعَائِهِ لِصَاحِبِ الصَّدَقَةِ

امیر المؤمنین کا زکات لانے والے کو دعا دینا

عطف تفسیری ہے یعنی صلوٰۃ بمعنی دعا ہے، صلوٰۃ کے ایک معنی ہیں: غایتِ انعطاف یعنی انتہائی درجہ کا میلان، اس معنی کے اعتبار سے یہ لفظ انبیاء کے ساتھ خاص ہے۔ غیر نبی کے لئے اس کا استعمال جائز نہیں، غیر نبی پر تبعاً تو صلوٰۃ وسلام بھیج سکتے ہیں مگر مستقلاً بھیجنا جائز نہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ عطف تفسیری لائے کہ یہ صلوٰۃ بمعنی دعا ہے، جب کوئی امیر المؤمنین کے پاس زکات لے کر آئے تو امام کو چاہئے کہ اس کو دعا دے، اس سے اس کا دل خوش ہوگا۔

سوال (۱): جب صلاۃ سے دعا مراد ہے تو پھر لفظ صلاۃ کیوں لائے، لفظ 'دعا' کافی تھا؟

جواب: حدیث میں لفظ صلاۃ آیا ہے، اس لئے اس لفظ کو لائے ہیں۔

سوال (۲): جب صلاۃ انبیاء کے ساتھ خاص ہے تو نبی ﷺ نے غیر انبیاء کے لئے لفظ صلاۃ کیوں استعمال کیا؟

جواب: صاحبِ حق کو حق ہے کہ وہ اپنا حق کسی کو دیدے، آنحضور ﷺ پیغمبر ہیں، صلاۃ ان کا حق ہے، پس آپؐ کو اختیار ہے کہ کسی اور کے لئے یہ لفظ استعمال فرمائیں، لیکن غیر نبی کو حق نہیں کہ جو انبیاءؑ کا حق ہے وہ اس کو اپنے لئے یا کسی اور کے لئے استعمال کرے۔

جیسے: ایک شخص بڑا آدمی ہے، کسی مدرسہ کا شیخ الحدیث ہے، اس کا باپ اس کو نام لے کر پکارتا ہے کہ عبدالرحمٰن! فلاں کام کر، پس باپ کو تو یہ حق ہے لیکن اس کے شاگرد کو اس طرح پکارنے کا حق نہیں۔

اسی طرح صلاۃ وسلام انبیاء کا خاص حق ہے، اور ان کو اختیار ہے کہ وہ غیر نبی کے لئے یہ لفظ استعمال کریں، مگر غیر نبی کو یہ حق نہیں کہ وہ انبیاء کا حق غیر انبیاء کے لئے استعمال کرے۔

قولہ: خذ من أموالهم: قرآن میں بھی لفظ صلاۃ آیا ہے اور حدیث میں بھی، اس لئے حضرت رحمہ اللہ باب میں لفظ صلوٰۃ لائے پھر عطف تفسیری لاکر اس کے معنی بیان کئے کہ یہ لفظ دعا کے معنی میں ہے۔

[٦٤-] بَابُ صَلاَةِ الإِمَامِ وَدُعَائِهِ لِصَاحِبِ الصَّدَقَةِ

وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ﴾ [التوبة: ١٠٣]

[١٤٩٧-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِهِمْ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ فُلاَنٍ" فَأَتَاهُ أَبِي بِصَدَقَتِهِ، فَقَالَ: " اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ أَبِي أَوْفٰى" [انظر: ٤١٦٦، ٦٣٣٢، ٦٣٥٩]

آیتِ پاک: آپؐ ان کے مالوں میں سے صدقہ لیں، آپؐ ان کو اس کے ذریعہ (گناہوں سے) پاک صاف کریں گے، اور ان کے لئے دعا کریں، بیشک آپؐ کی دعا ان کے لئے باعث طمانینت ہے۔

حدیث: ابن ابی اوفی کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کے پاس کوئی قوم اپنی زکات لے کر آتی تو آپؐ فرماتے: ''اے اللہ! فلاں کے خاندان پر رحم فرما!'' چنانچہ میرے ابا بھی اپنی زکات لے کر پہنچے تو آپؐ نے فرمایا: ''اے اللہ! ابو اوفی کے خاندان پر رحم فرما!''

تشریح: زکات پہنچانا مالدار کی ذمہ داری ہے، وہ امیر المؤمنین پر عامل پر اور غریب پر کوئی احسان نہیں کرتا، پھر بھی جو زکات لے کر آئے امیر المؤمنین کو، اس کے عامل کو اور غریب کو اس کا شکریہ ادا کرنا چاہئے، اور اس کو دعا دینی چاہئے، یہی نبی ﷺ کا طریقہ ہے۔

بَابُ مَا يُسْتَخْرَجُ مِنَ الْبَحْرِ

جو چیزیں سمندر سے نکالی جاتی ہیں

حنفیہ کے نزدیک سمندر میں سے جو چیز نکلے اس میں کوئی چیز واجب نہیں، سمندر میں سے موتی، مونگے، عنبر اور مچھلی نکلتی ہے ان میں کوئی چیز واجب نہیں۔

۱- ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: عنبر رکاز (خزانہ) نہیں ہے، بلکہ وہ ایسی چیز ہے جسے سمندر نے کنارے پر پھینک دیا ہے —— رکاز میں خمس واجب ہے اور عنبر رکاز نہیں، پس اس میں کچھ واجب نہیں۔

۲- حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عنبر اور موتیوں میں خمس (پانچواں حصہ) واجب ہے، امام بخاری رحمہ اللہ تردید کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے رکاز میں خمس واجب کیا ہے اور جو چیز سمندر سے نکلتی ہے وہ رکاز نہیں، پس موتیوں اور عنبر میں کچھ واجب نہیں۔

حدیث: یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو پہلی مرتبہ آئی ہے اور مختصر آئی ہے، اور آگے چھ مرتبہ اور آئے گی، یہ بنی اسرائیل کا واقعہ ہے۔ ایک شخص نے دوسرے سے معین مدت کے لئے ایک ہزار دینار قرض مانگا، ایک ہزار دینار آج کے سات آٹھ لاکھ روپے ہوتے ہیں، جس سے قرض مانگا گیا تھا اس نے ضامن مانگا، قرض خواہ نے اللہ کو ضامن دیا، مالدار نیک بندہ تھا اس نے اس ضمانت پر قرض دیدیا، قرض خواہ قرض لے کر وطن چلا گیا اور اپنی ضرورت پوری کرلی، جب مدت پوری ہونے آئی تو وہ قرض کے ہزار دینار لے کر ساحل پر آیا، مگر اتفاق سے کشتی نہیں ملی، وہ بہت پریشان ہوا اس نے ایک ترکیب سوچی، ایک موٹی لکڑی لی، اس کو کرید کر کھوکھلا کیا، اور ہزار دینار اور ایک پرچہ اس میں رکھا، اس میں پوری صورت حال لکھ دی، اور وہ لکڑی سمندر میں چھوڑ دی۔

اُدھر قرض خواہ ساحل پر آیا تاکہ مقروض کا استقبال کرے مگر اس دن کوئی کشتی نہیں آئی، وہ مایوس ہوکر لوٹنے لگا، اچانک اس نے دیکھا کہ ایک لکڑی تیرتی ہوئی آرہی ہے، اس نے سوچا خالی ہاتھ لوٹنے سے بہتر یہ ہے کہ یہ لکڑی لیتا جاؤں، جلانے کے کام آئے گی، گھر جا کر جب اس کو چیرا تو اس میں سے ہزار دینار اور پرچہ نکلا، وہ اپنا قرض پا کر خوش ہوگیا۔

اُدھر اس بندے نے سوچا کہ اللہ جانے وہ ہزار دینار قرض خواہ کو ملے یا نہیں، چنانچہ اس نے دوسرے ہزار دینار جمع کئے اور ایک دو دن کے بعد جب کشتی ملی تو ان کو لے کر قرض خواہ کے پاس پہنچا اور وقت پر قرض ادا نہ کرسکنے کی معذرت کی اور ہزار دینار پیش کئے، اس بندے نے کہا: تم نے اللہ کے بھروسے پر لکڑی میں رکھ کر جو پیسے بھیجے تھے وہ مجھے مل گئے ہیں، اپنے پیسے واپس لے جاؤ۔

استدلال:

نبی ﷺ نے یہ واقعہ موضع استحسان میں بیان کیا ہے، اور خمس کا کوئی تذکرہ نہیں کیا، اگر خمس واجب ہوتا تو آپؐ اس کا تذکرہ کرتے۔ معلوم ہوا کہ سمندر میں سے جو چیز نکلے اس میں خمس واجب نہیں۔

مگر یہ استدلال غور طلب ہے، دینار سمندر سے نہیں نکلے تھے، بلکہ سمندر میں بہہ کر آئے تھے، اور وہ مباح الاصل بھی نہیں تھے، بلکہ وہ مدیون نے دائن کو بھیجے تھے، ان کے ساتھ پرچہ بھی تھا، پس ان کو سمندر سے نکلنے والی چیز قرار دینا کیسے درست ہے؟

[٦٥-] بَابُ مَا يُسْتَخْرَجُ مِنَ الْبَحْرِ

[١-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَيْسَ الْعَنْبَرُ بِرِكَازٍ، هُوَ شَيْئٌ دَسَرَهُ الْبَحْرُ.

[٢-] وَقَالَ الْحَسَنُ: فِيْ الْعَنْبَرِ وَاللُّؤْلُؤِ الْخُمُسُ.

[قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ:] وَإِنَّمَا جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الرِّكَازِ الْخُمُسَ، لَيْسَ فِي الَّذِيْ يُصَابُ فِيْ الْمَاءِ.

[١٤٩٨-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ رُجُلاً مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ سَأَلَ بَعْضَ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ أَنْ يُسْلِفَهُ أَلْفَ دِيْنَارٍ، فَدَفَعَهَا إِلَيْهِ، فَخَرَجَ فِي الْبَحْرِ فَلَمْ يَجِدْ مَرْكَبًا، فَأَخَذَ خَشَبَةً فَنَقَرَهَا، فَأَدْخَلَ فِيْهَا أَلْفَ دِيْنَارٍ، فَرَمَى بِهَا فِي الْبَحْرِ، فَخَرَجَ الرَّجُلُ الَّذِيْ كَانَ أَسْلَفَهُ، فَإِذَا بِالْخَشَبَةِ، فَأَخَذَهَا لِأَهْلِهِ حَطَبًا — فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ — فَلَمَا نَشَرَهَا وَجَدَ الْمَالَ" [انظر: ٢٠٦٣، ٢٢٩١، ٢٤٠٤، ٢٤٣٠، ٢٧٣٤، ٦٢٦١]

ملحوظہ: یہاں یہ حدیث تعلیقاً ہے اور کتاب البیوع (باب ۱۰ حدیث ۲۰۶۳) میں موصولاً ہے۔

بَابٌ: فِيْ الرِّكَازِ الْخُمُسُ

رکاز میں پانچواں حصہ ہے

رِکاز: رَكَزَ فِي الأرض (ن) سے ہے، اس کے معنی ہیں: زمین میں گاڑنا، اور مراد ہے خزانہ، خزانے دو قسم کے ہیں: ایک: وہ جو انسانوں نے زمین میں گاڑے ہیں ان کو دفینہ کہتے ہیں۔ دوسرے: وہ جو قدرت نے زمین میں پیدا کئے ہیں جیسے سونا، چاندی، لوہا اور کوئلہ وغیرہ۔

احناف کے نزدیک دونوں رکاز ہیں اور دونوں میں خمس واجب ہے یعنی اگر کسی کو دفینہ ملے یا قدرتی خزانہ ملے تو دونوں میں سے پانچواں حصہ حکومت لے گی، اور چار حصے پانے والے کے ہونگے۔ اور ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک صرف دفینے رکاز ہیں، قدرتی کھانیں رکاز نہیں، پس ان کے نزدیک صرف دفینوں میں خمس واجب ہے قدرتی کھانوں میں خمس واجب نہیں۔

فائدہ: دفائن اہل اسلام بالاتفاق بحکم لقطہ ہیں، جو اس کو پائے اس پر مالک کو تلاش کرنا ضروری ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک اگر مالک نہ ملے تو اٹھانے والا چاہے وہ مالدار ہو اپنے استعمال میں لاسکتا ہے۔ اور احناف کے نزدیک اگر وہ غریب ہے تو اپنے استعمال میں لاسکتا ہے اور مالدار ہے تو خیرات کرنا ضروری ہے (لقطہ کے احکام تحفۃ الالمعی (۴:۱۰۱) میں ہیں) اور اگر زمانہ جاہلیت کا یا بہت قدیم زمانہ کے لوگوں کا دفن کیا ہوا مال ہے تو وہ بحکم غنیمت ہے، اس میں سے پانچواں حصہ حکومت لے گی، باقی چار حصے پانے والے کے ہیں۔

[٦٦-] بَابٌ: فِيْ الرِّكَازِ الْخُمُسُ

[١-] وَقَالَ مَالِكٌ وَابْنُ إِدْرِيْسَ: الرِّكَازُ دِفْنُ الْجَاهِلِيَّةِ، فِيْ قَلِيْلِهِ وَكَثِيْرِهِ: الْخُمُسُ، وَلَيْسَ الْمَعْدِنُ بِرِكَازٍ، وَقَدْ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَعْدِنِ: "جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ"

[٢-] وَأَخَذَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ مِنَ الْمَعَادِنِ مِنْ كُلِّ مِائَتَيْنِ خَمْسَةً.

[٣-] وَقَالَ الْحَسَنُ: مَا كَانَ مِنْ رِكَازٍ فِيْ أَرْضِ الْحَرْبِ فَفِيْهِ الْخُمُسُ، وَمَا كَانَ مِنْ أَرْضِ السِّلْمِ فَفِيْهِ الزَّكَاةُ، وَإِنْ وَجَدْتَ لُقَطَةً فِيْ أَرْضِ الْعَدُوِّ فَعَرِّفْهَا، فَإِنْ كَانَتْ مِنَ الْعَدُوِّ فَفِيْهَا الْخُمُسُ.

[٤-] وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: الْمَعْدِنُ رِكَازٌ مِثْلُ دِفْنِ الْجَاهِلِيَّةِ، لِأَنَّهُ يُقَالُ: أَرْكَزَ الْمَعْدِنُ: إِذَا أُخْرِجَ مِنْهُ شَيْئٌ.

قِيْلَ لَهُ: فَقَدْ يُقَالُ لِمَنْ وُهِبَ لَهُ الشَّيْئُ، أَوْ رَبِحَ رِبْحًا كَثِيْرًا، أَوْ كَثُرَ ثَمَرُهُ: أَرْكَزْتَ.

ثُمَّ نَاقَضَهُ: قَالَ: لاَ بَأْسَ أَنْ يَكْتُمَهُ، وَلاَ يُؤَدِّىَ الْخُمُسَ.

[۱۴۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَعَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَفِى الرِّكَازِ الْخُمُسُ" [انظر: ۲۳۵۵، ۶۹۱۲، ۶۹۱۳]

۱- امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ فرماتے ہیں: رکاز جاہلی دفینے ہیں۔ (دِفْن (بکسر الدال) بمعنی دفینہ ہے) یعنی اسلامی حکومت کے قیام سے پہلے لوگوں نے جو مال زمین میں گاڑا ہے وہ رکاز ہے، اس کے تھوڑے میں بھی اور زیادہ میں بھی خمس ہے (کیونکہ وہ مال غنیمت ہے) اور قدرتی کھان رکاز نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے کھان کے بارے میں فرمایا ہے کہ وہ رائگاں ہے یعنی اس میں کوئی حق شرعی واجب نہیں اور رکاز میں خمس ہے۔

تشریح: دونوں اماموں نے مذکورہ حدیث سے استدلال اس طرح کیا ہے کہ معادن (سونے چاندی کی کھانوں) اور رکاز (جاہلیت کے دفینوں) میں مقابلہ ڈالا گیا ہے، اور رکاز میں خمس واجب کیا ہے اور معدن کو رائگاں بتایا ہے، پس رکاز میں تو گورنمنٹ کا حق (پانچواں حصہ) ہے مگر معدن میں کچھ نہیں، بلکہ اس میں حولانِ حول کے بعد زکات واجب ہوگی۔

اور حنفیہ کے نزدیک دونوں میں خمس واجب ہے، دفینہ میں بھی اور کھان سے نکلے ہوئے سونے چاندی میں بھی اور کھان رائگاں ہے کا مطلب یہ ہے کہ اگر کھان میں کوئی حادثہ پیش آئے اور جانی یا مالی نقصان ہوجائے تو کھان کے مالک پر کوئی تاوان نہیں، اور قرینہ سابقہ جملے ہیں: حدیث میں تین جملے ایک شاکلہ (انداز) پر آئے ہیں: (۱) چوپایے کا زخم رائگاں ہے یعنی اگر جانور مالک کے ہاتھ سے چھوٹ جائے یا کھونٹے سے کھل جائے اور کسی کو زخمی کردے یا ہلاک کردے یا کوئی مالی نقصان کردے تو خون اور نقصان رائگاں ہے۔ (۲) کنواں رائگاں ہے یعنی کنواں کھودتے وقت اگر کوئی مزدور گر کر ہلاک ہوجائے تو مالک پر اس کی دیت نہیں وہ خون رائگاں ہے۔ (۳) کھان رائگاں ہے یعنی اگر کھان میں کوئی حادثہ پیش آئے اور کوئی مرجائے تو کھان کے مالک پر اس کا ضمان نہیں —— یہ تینوں جملے ایک شاکلہ پر ہیں، اور بطور مثال ہیں، اس قسم کی صورتوں میں خون اور نقصان رائگاں ہوتا ہے مالک پر کوئی ضمان نہیں ہوتا۔

مگر المعدن جبار سے غلط فہمی ہوسکتی تھی کہ کھان سے جو سونا چاندی نکلے اس میں کچھ واجب نہیں، وہ سارا مالک کا ہے، اس لئے اگلا جملہ بڑھایا: وفی الرکاز الخمس یعنی جو خزانہ نکلے اس میں خمس ہے۔ پس معدن اور رکاز میں مقابلہ نہیں ڈالا گیا، بلکہ فی الرکاز الخمس سے غلط فہمی دور کی گئی ہے۔

۲- حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کھانوں میں سے ہر دوسو درہم میں سے پانچ درہم لیتے تھے، یعنی ڈھائی فیصد زکات لیتے تھے۔

تشریح: ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک رکاز میں خمس واجب ہے اور معاون میں زکات، حضرت عمر بن عبدالعزیز بھی معادن میں سے ڈھائی فیصد زکات لیتے تھے ــــ حضرت عمر رحمہ اللہ تابعی ہیں اور تابعین کے اقوال مجتہدین پر حجت نہیں ہوتے اس لئے اس کے جواب کی ضرورت نہیں۔

۳- امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے دو قول ذکر کئے ہیں، اور حافظ رحمہ اللہ نے دوسرے قول کے بعد لکھا ہے کہ دونوں کے ایک معنی ہیں (فتح) مگر ہم معنی قرار دینا بھی مشکل ہے:

پہلا قول: ماكان من ركازٍ في أرض الحرب ففيه الخُمُسُ، وماكان من أرض السِّلْمِ ففيه الزكاة: جو بھی رکاز دارالحرب میں ملے اس میں خمس ہے، اور جو صلح کی زمین میں ملے اس میں زکات ہے (مگر رکاز کیا ہے؟ اس کی اس قول میں وضاحت نہیں، اس لئے یہ قول باب سے غیر متعلق ہے)

دوسرا قول: وإن وَجدتَّ لُقَطَةً فِي أرضِ العدوِ فَعَرِّفْهَا، فإن كانت من العدوِّ ففيها الخمس: اگر تم دشمن کی زمین میں کوئی لقطہ (گری پڑی چیز) پاؤ تو مالک کو تلاش کرو، پس اگر وہ چیز دشمن (غیر مسلم) کی ہو تو اس میں خمس ہے (یہ قول رکاز سے متعلق نہیں ہے، بلکہ لقطہ سے متعلق ہے، اس لئے یہ قول بھی باب سے غیر متعلق ہے)

۴- اور بعض لوگ (امام ابوحنیفہ، سفیان ثوری اور اوزاعی رحمہم اللہ) کہتے ہیں: کھانیں بھی رکاز ہیں، جیسے دفینے رکاز ہیں، ان میں سے حکومت خمس لے گی، باقی چار اخماس کھان پانے والے کے ہیں۔

دلیل: اور ان کے قول کی دلیل یہ بیان کی گئی ہے کہ أَرْكَزَ الْمعدِنُ کے معنی ہیں: کھان میں سے کوئی چیز نکالی گئی۔ معلوم ہوا کہ جو چیز کھان سے نکلے وہ بھی رکاز ہے۔

پہلا اعتراض: یہ دلیل غلط ہے، کیونکہ کسی کو کوئی چیز ہبہ کی جائے، یا کسی کو تجارت میں بہت نفع ہو، یا کسی کے باغ میں بہت پھل آئیں تو بھی کہتے ہیں: أَرْكَزْتَ: تیرے وارے نیارے ہوگئے! حالانکہ ان صورتوں میں زمین سے کوئی چیز نہیں نکالی گئی، معلوم ہوا کہ فعل أَرْكَزَ کے لئے زمین سے کوئی نکالنا ضروری نہیں، اس لئے بعض الناس کی مذکورہ دلیل غلط ہے۔

دوسرا اعتراض: بعض الناس ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ کھان میں خمس واجب ہے، دوسری طرف یہ بھی کہتے ہیں کہ اگر کسی کے گھر یا زمین میں کھان ملے، اور وہ اس کو ظاہر نہ کرے یعنی حکومت کو پتہ نہ چلنے دے اور خمس ادا نہ کرے تو جائز ہے، یہ اپنی پہلی بات کو توڑنا ہے۔

پہلے اعتراض کا جواب: أَرْكَزَ الْمَعْدِنُ سے معلوم نہیں کس نے امام اعظمؒ کے قول کے لئے استدلال کیا ہے، عربی میں یہ محاورہ مستعمل نہیں، بلکہ أَرْكَزَ الرجلُ محاورہ ہے، جب کسی کو کوئی چیز ہبہ میں ملتی ہے، یا بڑا نفع ہوتا ہے یا بہت آمدنی ہوتی ہے تو أَرْكَزَ الرجلُ کہتے ہیں، أركز المعدنُ کلام عرب نہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کئی پشتوں سے عربوں کے درمیان

بودوباش رکھتے تھے، وہ ایسی غلطی کیسے کرسکتے ہیں؟

جاننا چاہئے کہ مجتہدین کے اقوال کے دلائل خود مجتہدین نے بیان نہیں کئے، بعد کے حضرات نے وہ دلائل جوڑے ہیں پس اگر کسی قول کی کوئی دلیل غلط ہوجائے تو مجتہدین اس کے ذمہ دار نہیں۔

امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کی اصل دلیل: حدیث **وفی الرکاز الخمس** ہے، اور یہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔ امام بخاری اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک اس حدیث کا مطلب کچھ ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک کچھ، جس کی تفصیل اوپر آچکی ہے۔

دوسرے اعتراض کا جواب: امام بخاری رحمہ اللہ نے حنفیہ کی بات پوری طرح نہیں سمجھی، حنفیہ کہتے ہیں: اگر کسی شخص کے گھر میں یا کھیت میں سونے چاندی کی کھان نکلے، اور وہ غریب (مستحق زکات) ہو، اور وہ حکومت کو خمس ادا نہ کرے، بلکہ خود استعمال کرے تو اس کی گنجائش ہے، کیونکہ بیت المال میں اس کا بھی حق ہے، اور اس کو اندیشہ ہے کہ اگر خمس حکومت کو دے گا تو معلوم نہیں اس کا حق ملے گا یا نہیں؟ پس اگر وہ غریب ہونے کی وجہ سے اس خمس کو رکھ لے تو کچھ حرج نہیں۔ پس یہ بات وجوب خمس کے قول کے معارض نہیں۔

اور اس کی نظیر یہ ہے: احناف کہتے ہیں: تعریف کے بعد جب مالک نہ ملے تو لقطہ کا تصدق واجب ہے پھر کہتے ہیں: اگر پڑی چیز پانے والا غریب ہو تو خود استعمال کرسکتا ہے، ان دونوں باتوں میں تعارض نہیں، کیونکہ غریب کا استعمال کرنا اپنی ذات پر تصدق ہے۔

فائدہ: بخاری شریف میں چوبیس جگہ **قال بعض الناس** آیا ہے، ان میں سے یہ پہلی جگہ ہے، اور یہ معرکۃ الآراء بحثیں ہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ اکثر جگہ **بعض الناس** سے حنفیہ کو مراد لیتے ہیں، بلکہ امام اعظم رحمہ اللہ کو مراد لیتے ہیں، اور شروع سال میں بتلایا تھا کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے ساتھ عنفوانِ شباب میں کچھ ایسی باتیں پیش آئی ہیں جن کی وجہ سے ان کو فقہ حنفی سے بُعد ہوگیا تھا، اور علامہ کشمیری رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کو مذہبِ حنفی کی پوری واقفیت نہیں، جس کی وجہ سے انھوں نے ائمہ احناف کی طرف کئی مسائل کا غلط انتساب کیا ہے (انوار الباری ۱: ۵)

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''چوپایہ یعنی اس کا زخم رائگاں ہے، اور کنواں رائگاں ہے، اور کھان رائگاں ہے، اور رکاز یعنی نکلنے والے سونے چاندی میں خمس واجب ہے''

تشریح: یہاں حدیث کے الفاظ ہیں: **العجماءُ جُبَار**، اور آگے کتاب الدیات (حدیث ۶۹۱۲) میں الفاظ ہیں: **العجماء جُرْحُها جُبار**: چوپائے کا زخم رائگاں ہے۔ **العجماء**: جانور، اور جُرْح اور جَرْح کے معنی ہیں: زخم یا زخمی کرنا، اول حاصل مصدر ہے اور ثانی مصدر، اور جُبار کے معنی ہیں: رائگاں، أی **لا ضمان فیه** (مزید تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی (۵۵۶:۲) دیکھیں)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَالْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا﴾ وَمُحَاسَبَةِ الْمُصَدِّقِيْنَ مَعَ الإِمَامِ

زکات کے محکمہ میں کام کرنے والے اور حکومت کا ان پر کڑی نظر رکھنا

حکومت کی طرف سے جو لوگ زکات وصول کرنے کے لئے جائیں اور جو اس کی تقسیم پر مامور ہوں وہ **العاملین علیها** ہیں، ان کی تنخواہ زکات کے فنڈ سے دی جائے گی، اگرچہ مالدار ہوں، کیونکہ قرآنِ کریم (التوبہ آیت: ۶۰) میں زکات کے جو آٹھ مصارف بیان کئے گئے ہیں ان میں ایک مصرف **العاملین علیها** بھی ہے۔

جاننا چاہئے کہ دورِ اول میں وصولی کا محکمہ اور تقسیم کا محکمہ ایک ہی تھا، عاملین زکوٰۃ وصول کرنے کے بعد وہیں غریبوں میں تقسیم بھی کر دیا کرتے تھے، بعد میں یہ دونوں محکمے الگ الگ ہوگئے، اب وصولی کرنے والے صرف وصولی کریں گے اور تقسیم کرنے والے تقسیم کریں گے، ان کے پاس ملک کے غرباء کی فہرست ہوگی، اور وہ ہر ایک کا حق اس کے گھر پہنچائیں گے، اور یہ دونوں: وصولی کرنے والے اور تقسیم کرنے والے **العاملین علیها** ہیں۔

دوسرا مسئلہ: حکومت کو چاہئے کہ اس محکمہ پر کڑی نظر رکھے، مالیات کا معاملہ بڑا نازک معاملہ ہے، شیطان ورغلا کر گڑبڑ کراتا ہے، اس لئے امام کو عاملین کا محاسبہ کرتے رہنا چاہئے۔

قوله: ومحاسبة المصدِّقين مع الإمام: حضرت الاستاذ قدس سرہ نے فرمایا: یہ الٹا ہوگیا، **محاسبة الإمام مع المصدقين** ہونا چاہئے، کیونکہ محاسبہ امام کرے گا، مصدق محاسبہ نہیں کرے گا۔

[۶۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَالْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا﴾ وَمُحَاسَبَةِ الْمُصَدِّقِيْنَ مَعَ الإِمَامِ

[۱۵۰۰-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: اسْتَعْمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلًا مِنَ الأَسْدِ، عَلٰى صَدَقَاتِ بَنِيْ سُلَيْمٍ، يُدْعٰى ابْنَ اللُّتْبِيَّةِ، فَلَمَّا جَاءَ حَاسَبَهُ. [راجع: ۹۲۵]

ترجمہ: ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک شخص کو جو قبیلہ بنو اسد کا تھا قبیلہ بنو سلیم کی زکاتیں وصول کرنے کے لئے مامور فرمایا اس کا نام **ابن اللتبية** تھا، جب وہ آیا تو آپؐ نے اس سے باز پرس کی۔

تشریح: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، تفصیلی حدیث آگے آئے گی، نبی پاک ﷺ نے قبیلۂ بنو اسد کے ایک شخص کو جس کا نام **ابن اللتبيه** تھا زکاتیں وصول کرنے کے لئے بھیجا، جب وہ زکاتیں وصول کر کے آیا تو مال کا ایک حصہ آپؐ کو دیا اور ایک پوٹلی لے کر گھر جانے لگا، نبی ﷺ نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ اس نے کہا: یہ مجھے ملا ہے، آپؐ نے فرمایا: ”تو اپنی ماں کے گھر بیٹھتا، پھر میں دیکھتا تجھے کیسا ہدیہ ملتا ہے!“، یعنی ہم نے عامل بنا کر بھیجا اس لئے تجھے ہدیہ ملا، پس یہ مال تیرا نہیں بیت

المال کا ہے۔ گورنمنٹ کے کارندوں کو جو ہدایا ملتے ہیں وہ رشوت ہوتے ہیں، تا کہ وہ وصولی میں نرمی کریں پس ان کے لئے اس ہدیہ کا لینا جائز نہیں۔

بَابُ اسْتِعْمَالِ إِبِلِ الصَّدَقَةِ وَأَلْبَانِهَا لِأَبْنَاءِ السَّبِيْلِ

مسافر زکات کے اونٹ اور ان کا دودھ استعمال کرسکتا ہے

مصارف زکات میں ایک ابن السبیل بھی ہے، اس کے لفظی معنی ہیں: راستہ کا بیٹا اور مراد مسافر ہے، کوئی شخص اپنی جگہ مالدار ہے مگر سفر میں ضرورت مند ہوگیا، اس کا زادراہ ختم ہوگیا یا مال چوری ہوگیا تو اس کو زکات دے سکتے ہیں، اور زکات میں اعیان (چیزیں) بھی دے سکتے ہیں اور منافع بھی۔ زکات کی اونٹنی کا دودھ منافع ہیں، جب اعیان دے سکتے ہیں تو منافع بدرجۂ اولیٰ دے سکتے ہیں، پہلے حدیث گذری ہے کہ قبیلہ عُرینہ کے کچھ لوگ مدینہ آئے اور مسلمان ہوئے، مدینہ کی آب وہوا ان کو موافق نہیں آئی، ان کو جَوی بیماری ہوگئی، آپؐ نے ان کو زکات کے اونٹوں میں بھیج دیا اور فرمایا: ''ان کا دودھ اور موت پیو'' نبی ﷺ نے ان کو زکات کے اونٹ نہیں دیئے تھے بلکہ ان کا دودھ دیا تھا۔ غرض غریب مسافر کو زکات دے سکتے ہیں۔

[٦٨-] بَابُ اسْتِعْمَالِ إِبِلِ الصَّدَقَةِ وَأَلْبَانِهَا لِأَبْنَاءِ السَّبِيْلِ

[١٥٠١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ نَاسًا مِنْ عُرَيْنَةَ اجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ، فَرَخَّصَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَأْتُوْا إِبِلَ الصَّدَقَةِ، فَيَشْرَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا، فَقَتَلُوْا الرَّاعِيَ، وَاسْتَاقُوْا الذَّوْدَ، فَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَّعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسَمَّرَ أَعْيُنَهُمْ، وَتَرَكَهُمْ بِالْحَرَّةِ يَعَضُّوْنَ الْحِجَارَةَ.

تَابَعَهُ أَبُوْ قِلَابَةَ، وَحُمَيْدٌ، وَثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ. [راجع: ٢٣٣]

حوالہ: اس حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الوضوء (باب ٦٦ تحفۃ القاری ١: ٥٦٨) میں دیکھیں۔

بَابُ وَسْمِ الإِمَامِ إِبِلَ الصَّدَقَةِ بِيَدِهِ

امیر المؤمنین کا اپنے ہاتھ سے زکات کے اونٹوں پر نشان لگانا

مویشی پر نشان لگاتے ہیں، جیسے دھوبی کپڑوں پر نشان لگاتے ہیں، جنگل میں سب کے جانور ایک ساتھ چرتے ہیں، اس لئے لوگ جانوروں پر مخصوص نشان لگاتے ہیں تا کہ اپنے جانوروں کو پہچان سکیں، صدقہ کے اونٹوں کو امیر المؤمنین خود نشان لگائے تو لگا سکتا ہے، نبی ﷺ نے اپنے دست مبارک سے صدقہ کے اونٹوں کو نشان لگائے ہیں، حضرت انس رضی

اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک دن صبح سویرے میں اپنے سوتیلے بھائی عبداللہ کو لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچا تا کہ آپؐ اس کی تحنیك کریں، میں نے دیکھا کہ آپؐ کے دست مبارک میں داغنے کا آلہ ہے، آپؐ اس سے زکات کے اونٹوں کو نشان لگا رہے تھے۔

[٦٩-] بَابُ وَسْمِ الإِمَامِ إِبِلَ الصَّدَقَةِ بِيَدِهِ

[١٥٠٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: غَدَوْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ لِيُحَنِّكَهُ، فَوَافَيْتُهُ فِيْ يَدِهِ الْمِيْسَمُ، يَسِمُ إِبِلَ الصَّدَقَةِ.

[انظر: ٥٥٤٢، ٥٨٢٤]

لغات: تحنيك: کھجور چبا کر نومولود بچہ کے تالو میں چپکانا...... وَافى فلانا: کسی کے پاس اچانک آنا............ المِيْسَم: داغ لگانے کا آلہ، وَسَمَ يَسِمُ (ض) وَسْمًا وَسِمَةً: داغ کر خاص نشان لگانا۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَابُ فَرْضِ صَدَقَةِ الْفِطْرِ

صدقۃ الفطر کی فرضیت کا بیان

ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک صدقۃ الفطر فرض ہے، اور حنفیہ کے نزدیک واجب، فرض اور واجب میں عمل کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں، دونوں پر عمل ضروری ہے ـــــ اور ابو العالیہ، عطاء بن ابی رباح اور محمد بن سیرین رحمہم اللہ بھی صدقۃ الفطر کی فرضیت کے قائل ہیں، یہ سب حضرات تابعین ہیں، اور تابعین کے اقوال مجتہدین پر حجت نہیں ہوتے۔

[۷۰-] بَابُ فَرْضِ صَدَقَةِ الْفِطْرِ

وَرَأَى أَبُو الْعَالِيَةِ، وَعَطَاءٌ، وَابْنُ سِيْرِيْنَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ فَرِيْضَةً.

[۱۵۰۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ، عَلَى الْعَبْدِ وَالْحُرِّ، وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى، وَالصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ: مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَأَمَرَ بِهَا أَنْ تُؤَدَّى قَبْلَ خُرُوْجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلَاةِ.

[انظر: ۱۵۰۴، ۱۵۰۷، ۱۵۰۹، ۱۵۱۱، ۱۵۱۲]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے ختم رمضان کی زکات مقرر کی، کھجور سے ایک صاع اور جَو سے ایک صاع، غلام اور آزاد پر، مرد اور عورت پر، چھوٹے اور بڑے پر: مسلمانوں میں سے (اس کا العبد سے تعلق ہے یعنی اس سے حال ہے) اور عید کی نماز کے لئے نکلنے سے پہلے اس کو ادا کرنے کا حکم دیا۔

تشریح:

۱- لفظ فَرَضَ سے استدلال کیا ہے، حالانکہ اس سے فقہاء والا فرض مراد نہیں، یہ تو بعد کی اصطلاح ہے جو نصوص میں مراد

نہیں لی جاتی، بلکہ اس کے لغوی معنی مراد ہیں، یعنی مقرر کرنا، اور مقرر کرنا فقہاء کے فرض و واجب دونوں پر صادق آتا ہے۔

۲- ائمہ ثلاثہ اور محدثین اعلی درجہ کی خبر واحد سے فرضیت ثابت کرتے ہیں، اور مسئلہ باب میں اعلی درجہ کی روایات موجود ہیں اس لئے وہ صدقۃ الفطر کی فرضیت کے قائل ہوئے ہیں، اور حنفیہ کے نزدیک خبر واحد سے اگرچہ وہ اعلی درجہ کی ہو فرضیت ثابت نہیں ہوسکتی، زیادہ سے زیادہ وجوب ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ اخبار آحاد مفید ظن ہوتی ہیں اس لئے وہ صدقۃ الفطر کے وجوب کے قائل ہوئے ہیں، پس یہ طریق استدلال کا اختلاف ہے دلائل کا اختلاف نہیں ——— اور حدیث میں اور بھی مسائل ہیں جو آگے آئیں گے۔

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الْعَبْدِ وَغَيْرِهِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

صدقۃ الفطر مسلمان غلام وغیرہ پر ہے

صاحب نصاب پر اس کا اور اس کے نابالغ بچوں کا اور اس کے غلام باندیوں کا صدقۃ الفطر واجب ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، البتہ آقا پر صرف مسلمان غلام باندیوں کا صدقہ واجب ہے یا ہر غلام باندی کا؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک صرف مسلمان بردوں کا صدقہ واجب ہے اور احناف کے نزدیک ہر غلام باندی کا خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر صدقہ واجب ہے۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل باب کی حدیث ہے اس میں من المسلمین کی قید ہے، اس حدیث کو نافع رحمہ اللہ سے ایوب سختیانی، عبید اللہ عمری اور ان کے علاوہ متعدد حضرات روایت کرتے ہیں، مگر سب اس حدیث میں من المسلمین نہیں بڑھاتے، صرف امام مالک رحمہ اللہ یہ اضافہ کرتے ہیں، مگر ان کے متعدد متابع ہیں وہ بھی نافع رحمہ اللہ سے اس اضافہ کے ساتھ حدیث روایت کرتے ہیں۔ گذشتہ باب میں نافع کے صاحبزادے عمر کی روایت گذری ہے وہ بھی اپنے ابا سے اس اضافہ کے ساتھ حدیث روایت کرتے ہیں۔ ائمہ ثلاثہ نے اس اضافہ کو لیا ہے کیونکہ ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، چنانچہ ان کے نزدیک مولیٰ پر صرف مسلمان بردوں کا صدقہ فرض ہے۔

اور ان کی عقلی دلیل یہ ہے کہ کافر احکام شرع کا مکلّف نہیں، پس اس پر صدقۃ الفطر واجب نہیں۔ اور احناف کے نزدیک ہر بردہ کا خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر صدقہ واجب ہے، اور احناف نے بھی اس زیادتی کو لیا ہے، ان کے نزدیک بھی آقا پر مسلمان بردوں کا صدقہ واجب ہے، مگر احناف نصوص میں مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں کرتے، اور یہ مسئلہ کہ غیر مسلم بردوں کا صدقہ واجب نہیں: مفہوم مخالف ہے، جو احناف کے نزدیک معتبر نہیں، چنانچہ حدیث کے راوی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اپنے غیر مسلم غلام باندیوں کا صدقہ بھی نکالا کرتے تھے (فتح الباری ۳: ۳۷۱) اور یہ کہنا کہ نفلی طور پر نکالتے ہونگے بلا وجہ کا احتمال ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کی عقلی دلیل کا جواب یہ ہے کہ صدقہ کافر غلام باندی پر واجب نہیں ہوتا، بلکہ آقا پر واجب ہوتا ہے جو

مسلمان ہے اور مکلّف ہے۔

فائدہ: مذکورہ حدیث کو نافع رحمہ اللہ سے من المسلمین کے اضافہ کے ساتھ متعدد حضرات روایت کرتے ہیں اور یہ جو بات کہی جاتی ہے کہ صرف امام مالک رحمہ اللہ اس اضافہ کے ساتھ روایت کرتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ بڑے لوگوں میں سے صرف امام مالک رحمہ اللہ اس اضافہ کے ساتھ روایت کرتے ہیں، دوسرے ائمہ جیسے ایوب سختیانی اور عبید اللہ عمری وغیرہ یہ اضافہ روایت نہیں کرتے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے جو متابع ہیں وہ اعلی درجہ کے رواۃ نہیں ہیں۔ حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ليس فيمن روى هذه الزيادة أحد مثل مالك (فتح)

[۷۱-] بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الْعَبْدِ وَغَيْرِهِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

[۱۵۰٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ عَلٰى كُلِّ حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ، ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى: مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ [راجع: ۱۵۰٤]

ملحوظہ: باب میں تمام نسخوں میں وغیرہ ہے، مگر اس کی مراد واضح نہیں، اور فتح الباری میں ہے: ويؤيده عطف الصغير عليه: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تصحیف ہے، صحیح والصغیر ہے، مگر حدیث میں صغیر کا تذکرہ نہیں ہے۔ فاللہ اعلم

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ شَعِيْرٍ

صدقۃ الفطر جو سے ایک صاع ہے

ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک ہر غلّے کا خواہ منصوص ہو یا غیر منصوص یعنی حدیثوں میں اس کا ذکر آیا ہو یا نہ آیا ہو: صدقۃ الفطر ایک صاع ہے، اور احناف کے نزدیک گیہوں اور اس سے بنی ہوئی چیزوں سے جیسے گیہوں کا آٹا، گیہوں کا دلیا اور گیہوں کی سوجی وغیرہ سے نصف صاع ہے، اور باقی غلوں سے ایک صاع، اور کشمش میں احناف کا ایک قول صاع کا بھی ہے مگر وہ قول شاذ ہے، اور غیر منصوص غلوں سے جیسے چاول اور چنے وغیرہ سے نصف صاع گیہوں کی قیمت یا دوسرے غلوں کے ایک صاع کی قیمت کے برابر ہے۔

اور اس اختلاف کی ایک وجہ یہ ہے کہ ائمہ ثلاثہ کا صاع چھوٹا (پانچ رطل اور تہائی رطل) ہے اور احناف کا صاع بڑا (آٹھ رطل) ہے، اب اگر ائمہ ثلاثہ نصف صاع گندم واجب کریں گے تو غریب کو مٹھی بھر غلہ ملے گا، اور احناف کا نصف صاع خاصی مقدار ہے اس لئے انھوں نے گیہوں میں نصف صاع واجب کیا۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ لفظ طعام کے مصداق میں اختلاف ہوا ہے، اس کی تفصیل آئندہ باب میں آرہی ہے۔

[۷۲-] بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ

[۱۵۰۵-] حدثنا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كُنَّا نُطْعِمُ الصَّدَقَةَ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ. [انظر: ۱۵۰۶، ۱۵۰۸، ۱۵۱۰]

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم جَو سے ایک صاع کھلایا کرتے تھے یعنی دیا کرتے تھے (اور یہ اجماعی مسئلہ ہے)

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ

صدقۃ الفطر کھانے سے ایک صاع ہے

طَعَام (کھانے) کا مصداق کیا ہے؟ ائمہ ثلاثہ نے گندم کو مصداق قرار دیا ہے اور حنفیہ نے مکئی کو، نبی ﷺ کے زمانہ میں طعام کا مصداق مکئی تھا، بعد میں مصداق بدل گیا۔

اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ ہر علاقہ کا طعام (کھانا، بھات) وہ ہوتا ہے جو وہاں عام طور پر کھایا جاتا ہے، نبی ﷺ کے زمانہ میں عام طور پر مکئی کھائی جاتی تھی، اور جَو کا دوسرا نمبر تھا، پس آپؐ کے زمانہ کا 'طعام' مکئی ہے گندم: دورِ اول میں گراں اور کم یاب تھا، امراء ہی اس کو کھاتے تھے، مساکین کو وہ نصیب نہیں ہوتا تھا۔ خاندانِ بنواُبیرق کے بشیر نامی منافق نے جو چوری کی تھی اس واقعہ میں حضرت قتادہ بن النعمان رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ جب شام سے کوئی تاجر میدہ لاتا تھا تو متمول آدمی اس کو خرید لیتا تھا، اور اپنے لئے خاص کر لیتا تھا، اور بال بچے کھجور اور جَو کھاتے تھے (ترمذی ۲: ۱۲۸، کتاب التفسیر، سورۃ النساء) پھر جب عراق اور شام فتح ہوئے تو عرب میں گندم بکثرت آنے لگا، اور وہ سستا بھی ہوگیا، اس لئے لوگ اس کو عام طور پر استعمال کرنے لگے، پس طعام کا مصداق بدل گیا، چنانچہ ائمہ ثلاثہ کے زمانہ میں طعام سے گیہوں مراد لیا جاتا تھا، اس لئے انھوں نے حدیث میں طعام سے گیہوں مراد لیا ہے، حالانکہ یہ زمانہ کی تبدیلی کا اثر تھا، جیسے حدیث: تحریمها التکبیر میں تکبیر کے معنی ہیں: اللہ کی بڑائی بیان کرنا، پھر اللہ اکبر کہنے پر اس کا اطلاق ہونے لگا، اس لئے ائمہ ثلاثہ نے حدیث میں بھی اللہ اکبر کہنا مراد لیا، حالانکہ یہ عرف حادث تھا، اسی طرح طعام بمعنی گندم عرف حادث ہے، نصوص میں وہ مراد نہیں، نصوص میں اس کا مصداق مکئی ہے۔

[۷۳-] بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ

[۱۵۰۶-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ابْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ الْعَامِرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: كُنَّا نُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ

طَعَامٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًامِنْ أَقِطٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيْبٍ.[راجع: ۱۵۰۵]

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم صدقہ فطر نکالا کرتے تھے طعام سے ایک صاع یا جَو سے ایک صاع یا کھجور سے ایک صاع، یا خشک کئے ہوئے دودھ سے ایک صاع، یا کشمش سے ایک صاع۔

تشریح:

۱-اس حدیث میں لفظ طعام آیا ہے ائمہ ثلاثہ نے اس سے گندم مراد لیا ہے اور احناف کے نزدیک اس سے مکئی مراد ہے۔

۲-أَقِطْ: خشک کیا ہوا دودھ۔ عربوں میں اس کا رواج تھا، وہ دودھ کو پھاڑتے تھے، پھر اس کو خشک کر کے کھاتے تھے۔ لسان العرب میں ہے: الأَقِطُ: شيئٌ يُتَّخَذُ من اللبن المَخِيْضِ، يُطْبَخُ ثم يُتْرَكُ حتى يَمْصُلَ: اقط: ایک چیز ہے جو ہلائے ہوئے دودھ سے بنائی جاتی ہے، پھر پکایا جاتا ہے یہاں تک کہ اس کا پانی ٹپک جاتا ہے —— اور کشمش میں احناف کا ایک قول صاع کا ہے مگر وہ قول شاذ ہے، اور مختار قول نصف صاع کا ہے۔

۳-احناف جو گندم سے نصف صاع صدقہ واجب کہتے ہیں: ان کے دلائل درج ذیل ہیں:

(۱) نبی پاک ﷺ نے مکہ میں منادی کرائی کہ ہر مسلمان پر صدقہ واجب ہے، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام، بڑا ہو یا چھوٹا، گندم میں سے نصف صاع اور دیگر غلوں میں سے ایک صاع، یہ حدیث ترمذی (حدیث ۶۶۷) میں ہے، اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حدیثوں میں گندم پر بغیر قید کے طعام کا اطلاق نہیں ہوتا۔

(۲) طحاوی میں ثعلبة بن أبي صُعير، عن أبيه کی سند سے مرفوع روایت ہے کہ کھجور اور جَو سے ایک صاع اور گندم سے نصف صاع ادا کرو۔

(۳) اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کہتی ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں گندم سے دو مد نکالا کرتے تھے (طحاوی) مد احناف کے نزدیک دو رطل کا اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایک رطل اور تہائی رطل کا ہوتا ہے۔

(۴) سعید بن المسیب رحمہ اللہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے گندم سے نصف صاع صدقہ مقرر کیا —— یہ حدیث اگرچہ مرسل ہے لیکن سعید بن المسیب کے مراسیل بالاتفاق معتبر ہیں (یہ تینوں روایتیں طحاوی جلد اول باب مقدار صدقة الفطر میں ہیں)

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ

صدقۃ الفطر چھوہاروں سے ایک صاع ہے

منصوص اجناس میں قیمت کا اعتبار نہیں، آج ایک صاع چھوہاروں کی قیمت نصف صاع گندم کی قیمت سے بہت زیادہ ہے مگر اس میں قیمت کا اعتبار نہیں، بلکہ وزن کا اعتبار ہے، ہاں غیر منصوص میں قیمت کا اعتبار ہے۔

[۷۴-] بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ

[۱۵۰۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِزَكَاةِ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْصَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ. قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَجَعَلَ النَّاسُ عِدْلَهُ مُدَّيْنِ مِنْ حِنْطَةٍ [راجع: ۱۵۰۳]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: پس لوگوں نے گندم کے دو مد (نصف صاع) کو ایک صاع کے برابر کردیا، یعنی اب لوگ صدقۃ الفطر نصف صاع گندم نکالتے ہیں (مگر میں ایک ہی صاع نکالتا ہوں) —— چونکہ بعد میں گندم سستا ہوگیا تھا اس لئے ابن عمرؓ گندم کا بھی ایک صاع نکالتے تھے، آج بھی گندم چھوہاروں سے ارزاں ہے، پس صدقۃ الفطر ایک صاع گندم نکالنا چاہئے۔

بَابُ صَاعٍ مِنْ زَبِيْبٍ

صدقۃ الفطر کشمش سے ایک صاع ہے

احناف کے نزدیک کشمش سے نصف صاع واجب ہے، اور ایک صاع کا بھی قول ہے مگر وہ شاذ ہے، مختار قول پہلا ہے۔

[۷۵-] بَابُ صَاعٍ مِنْ زَبِيْبٍ

[۱۵۰۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ يَزِيْدَ بْنَ أَبِيْ حَكِيْمٍ الْعَدَنِيَّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زَيْدِ ابْنِ أَسْلَمَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ سَرْحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كُنَّا نُعْطِيْهَا فِيْ زَمَانِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم صَاعًا مِنْ طَعَامٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيْبٍ، فَلَمَّا جَاءَ مُعَاوِيَةُ، وَجَاءَ تِ السَّمْرَاءُ، قَالَ: أُرَى مُدًّا مِنْ هٰذَا يَعْدِلُ مُدَّيْنِ. [راجع: ۱۵۰۵]

ترجمہ: ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں نکالا کرتے تھے طعام سے ایک صاع، یا کھجور سے ایک صاع، یا جو سے ایک صاع، یا کشمش سے ایک صاع۔ پس جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ (مدینہ آئے) اور گندم آنے لگا یعنی جب عراق اور شام فتح ہوئے اور عرب میں بکثرت گندم آنے لگا تو حضرت معاویہؓ نے کہا: میں سمجھتا ہوں کہ گندم کا ایک مُد دوسرے غلوں کے دو مد کے برابر ہے۔

تشریح: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اپنے دورِ خلافت میں ایک مرتبہ مدینہ منورہ آئے اور انھوں نے تقریر کی، اور یہ مسئلہ بیان کیا کہ گندم کا ایک مد دوسرے غلوں کے دو مد کے برابر ہے، یعنی گندم کا نصف صاع کھجور وغیرہ کے ایک صاع کے

برابر ہے، پس صدقۃ الفطر میں نصف صاع گندم دینا کافی ہے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے قیمت کا اعتبار کرکے یہ مسئلہ بیان کیا تھا، کیونکہ ان کے علم میں گندم کے سلسلہ کی کوئی حدیث نہیں تھی، اور انھوں نے اس کو غیر منصوص غلہ سمجھا تھا، اور غیر منصوص غلوں میں قیمت کا اعتبار ہے۔ مگر بعد میں جن صحابہ کے پاس گندم کے بارے میں حدیث تھی انھوں نے وہ حدیث بیان کرنی شروع کی جس سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی قول کی تائید ہوئی، جیسے آنحضور ﷺ کے زمانہ میں عراق کی طرف سے حج وعمرہ کے لئے آنے والا کوئی نہیں تھا، اس لئے اہل مشرق کی میقات ذات عرق جو رسول اللہ ﷺ نے مقرر کی تھی لوگوں سے مخفی تھی، لوگ چار ہی میقاتوں کو جانتے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب عراق فتح ہوا اور وہاں سے لوگ حج وعمرہ کے لئے آنے لگے تو آپؓ سے پوچھا گیا کہ وہ لوگ احرام کہاں سے باندھیں؟ آپؓ نے ذات عرق سے ان کو احرام باندھنے کا حکم دیا، بعد میں جن لوگوں کے پاس اس سلسلہ کی حدیثیں تھیں وہ انھوں نے بیان کیں، اسی طرح دورِ اول میں عرب میں گندم کم تھا، اس لئے اس سلسلہ کی حدیثیں لوگوں سے مخفی تھیں، مگر بعد میں جب شام وعراق سے گندم آنے لگا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے مسئلہ بیان کیا تو جن لوگوں کے پاس اس سلسلہ کی حدیثیں تھیں وہ انھوں نے بیان کیں۔

بَابُ الصَّدَقَةِ قَبْلَ الْعِيْدِ

نماز عید سے پہلے صدقۃ الفطر ادا کرنا

احناف کے نزدیک صدقۃ الفطر عید سے پہلے دینا بھی جائز ہے، مگر بہتر عید الفطر کے دن عید گاہ جانے سے پہلے ادا کرنا ہے، تاکہ جن لوگوں کا گذارہ دہاڑی پر ہے جو روز کماتے کھاتے ہیں جب ان کو صبح سویرے دن بھر کا خرچہ مل جائے گا، تو وہ فکر معاش سے فارغ ہوکر عید پڑھنے جائیں گے، اور دس پندرہ دن پہلے صدقہ دیدیا جائے گا، تو عید آتے آتے ختم ہوجائے گا، اور عید کی نماز کے بعد دیں گے تو عید کے دن فکر معاش سے فارغ نہیں ہونگے، اس لئے عید کے دن عید گاہ جانے سے پہلے صدقہ دینا افضل ہے۔

فائدہ: احناف کے نزدیک عید سے جتنا بھی چاہیں مقدم صدقۃ الفطر ادا کرنا جائز ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک رمضان شروع ہونے کے بعد کسی بھی وقت ادا کرسکتے ہیں، رمضان شروع ہونے سے پہلے ادا کرنا جائز نہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک عید سے ایک یا دو دن مقدم کرسکتے ہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقاً تقدیم جائز نہیں۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ صدقۃ الفطر میں نفس وجوب اور وجوب ادا ساتھ ہیں یا الگ؟ احناف کے نزدیک الگ ہیں جیسے زکوۃ میں الگ ہیں اس لئے ان کے نزدیک علی الاطلاق تقدیم جائز ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۲:۲۰۸) میں ہے۔

[۷۶-] بَابُ الصَّدَقَةِ قَبْلَ الْعِيْدِ

[۱۵۰۹-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم أَمَرَ بِزَكَاةِ الْفِطْرِ قَبْلَ خُرُوْجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلاَةِ[راجع: ۱۵۰۳]

[۱۵۱۰-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ عُمَرَ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَهَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ،عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: كُنَّا نُخْرِجُ فِیْ عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم يَوْمَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ، قَالَ: أَ بُوْ سَعِيْدٍ: وَكَانَ طَعَامَنَا الشَّعِيْرُ وَالزَّبِيْبُ وَالأَقِطُ وَالتَّمْرُ"

[راجع: ۱۵۰۵]

ملحوظہ: لفظ طعام حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بار بار آیا ہے، اور وہ خود فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں ہمارا طعام جَو، کشمش، خشک کیا ہوا دودھ اور کھجور تھا۔ معلوم ہوا کہ اس وقت گیہوں نہیں تھا، گیہوں طعام کا مصداق بعد میں بنا ہے۔

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الْحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ

صدقۃ الفطر آزاد اور غلام پر واجب ہے

اوپر باب من المسلمین کی قید کے ساتھ آیا تھا اور یہاں بغیر قید کے آیا ہے، اور حضرت رحمہ اللہ کے نزدیک اتنا فرق بھی نیا باب قائم کرنے کے لئے کافی ہے —— حضرتؒ نے امام زہری رحمہ اللہ کا قول لکھا ہے کہ اگر غلام باندی تجارت کے لئے ہوں تو ان میں زکوٰۃ بھی واجب ہے، اور صدقۃ الفطر بھی اور اگر صرف خدمت کے لئے ہوں تو پھر زکوٰۃ واجب نہیں، صرف صدقۃ الفطر واجب ہے۔ مگر اس کا کوئی قائل نہیں، کیونکہ دو مؤنتیں اکٹھا نہیں ہوتیں، اور حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں فرمایا ہے کہ امام بخاریؒ نے ابن شہاب رحمہ اللہ کا جو قول لکھا ہے مجھے اس کی کوئی سند نہیں ملی۔ پھر انھوں نے ابوعبید کی کتاب الاموال سے امام زہریؒ کا قول نقل کیا ہے: لیس علی الملوك زكاة، ولايزكی عند سيده إلا زكاة الفطر: غلاموں پر زکوٰۃ نہیں، اور ان کی طرف سے ان کا آقا بھی زکات نہیں دے گا ہاں صدقۂ فطر دے گا، یہی رائے جمہور فقہاء کی ہے۔

[۷۷-] بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الْحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ

وَقَالَ الزُّهْرِیُّ فِیْ الْمَمْلُوْكِيْنَ لِلتِّجَارَةِ: يُزَكَّى فِیْ التِّجَارَةِ، وَيُزَكَّى فِیْ الْفِطْرِ.

[۱۵۱۱-] حدثنا أَ بُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ يُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ

عُمَرَ، قَالَ: فَرَضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَدَقَةَ الْفِطْرِ، أَوْ قَالَ: رَمَضَانَ، عَلَى الذَّكَرِ وَالْأُنْثَى، وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ، صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ، فَعَدَلَ النَّاسُ بِهِ نَصْفَ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ، فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِي التَّمْرَ، فَأَعْوَزَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ مِنَ التَّمْرِ، فَأَعْطىٰ شَعِيْرًا، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِي عَنِ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ، حَتَّى إِنْ كَانَ لَيُعْطِي عَنْ بَنِيَّ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِيْهَا الَّذِيْنَ يَقْبَلُوْنَهَا، وَكَانُوْا يُعْطُوْنَ قَبْلَ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ.[راجع: ۱۵۰۳]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: بَنِيَّ يَعْنِيْ بَنِيْ نَافِعٍ، قَالَ كَانُوْا يُعْطُوْنَ لِيُجْمَعَ، لاَ لِلْفُقَرَاءِ.

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مردوزن اور آزاد وغلام پر چھوہاروں سے ایک صاع یا جَو سے ایک صاع صدقۃ الفطر — یا فرمایا: صدقۂ رمضان — مقرر فرمایا، پھر لوگوں نے گندم کے نصف صاع کو ایک صاع کے برابر کردیا۔ اور ابن عمرؓ چھوہارے دیا کرتے تھے (ایک سال) مدینہ منورہ میں چھوہارے کم ہوگئے تو آپؓ نے جَو دیئے۔ اور ابن عمرؓ (گھر کے) چھوٹے بڑے سب کی طرف سے صدقۃ الفطر دیا کرتے تھے، یہاں تک کہ میرے (حضرت نافع کے) بچوں کی طرف سے بھی دیتے تھے، اور ابن عمرؓ ان کو دیتے تھے جو (گورنمنٹ کی طرف سے) صدقہ فطر وصول کرتے تھے، اور عید الفطر سے ایک دو دن پہلے دیتے تھے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بنیّ سے نافع رحمہ اللہ کے بیٹے مراد ہیں، امام بخاریؒ کہتے ہیں: لوگ صدقۃ الفطر دیا کرتے تھے تاکہ جمع کیا جائے یعنی گورنمنٹ کی طرف سے جو وصول کرنے آتے تھے ان کو دیتے تھے اور وہ جمع کرکے غرباء میں تقسیم کرتے تھے، لوگ خود براہ راست غرباء کو نہیں دیتے تھے۔

تشریح: باپ پر صرف نابالغ بچوں کا صدقہ فطر واجب ہے بالغ بچوں کا صدقہ واجب نہیں اور اگر نابالغ بچے کے پاس مال ہو تو اس کا صدقہ اس کے مال میں واجب ہوگا، باپ پر واجب نہیں ہوگا، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ اور غلام باندیوں کا صدقہ آقا پر واجب ہے، اور شوہر پر بیوی کا صدقہ واجب نہیں، اگر بیوی صاحب نصاب ہے تو اس کا صدقہ اسی پر واجب ہے، البتہ اگر باپ بالغ بچوں کا اور شوہر: بیوی کا صدقہ نکالے تو جائز ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما گھر کے چھوٹے بڑے حتی کہ اپنے مولیٰ نافع کے بچوں کا بھی صدقہ نکالتے تھے، اور میں بھی چھوٹے بڑے سب بچوں کا اور ان کی اولاد کا صدقہ نکالتا ہوں، البتہ ان کے حکم سے یا علم واطلاع سے ہونا ضروری ہے۔

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ

صدقۃ الفطر خورد وکلاں پر واجب ہے

نابالغ پر اگر مالدار ہے بالاجماع صدقۂ فطر واجب ہے، اور زکات واجب ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ احناف

کے نزدیک نابالغ پر زکات واجب نہیں، اس لئے کہ حدیث میں ہے: تین شخصوں سے قلم اٹھادیا گیا ہے یعنی وہ احکام شرعیہ کے مکلّف نہیں، ان میں ایک نابالغ بچہ بھی ہے (مشکوٰۃ حدیث ۳۲۸۷) اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نابالغ بچہ پر جو مالدار ہو زکات بھی واجب ہے اور صدقۂ فطر بھی، یہ مسئلہ ترمذی میں آئے گا اور تفصیل تحفۃ الالمعی (۲: ۵۵۴) میں ہے۔

[۷۸-] بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ

قَالَ أَبُوْ عَمْرٍو: وَرَآى عُمَرُ وَعَلِيٌّ وَابْنُ عُمَرَ وَجَابِرٌ وَعَائِشَةُ وَطَاوُسٌ وَعَطَاءٌ وَابْنُ سِيْرِيْنَ أَنْ يُزَكّٰى مَالُ الْيَتِيْمِ، وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: يُزَكّٰى مَالُ الْمَجْنُوْنِ.

[۱۵۱۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَدَقَةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، عَلَى الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ، وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ. [راجع: ۱۵۰۳]

قَالَ أبو عَمرو: کتاب میں مذکور سب حضرات کہتے ہیں: یتیم (نابالغ بچے) کے مال میں زکات واجب ہے، اور ابن شہاب زہری پاگل کے مال میں بھی زکات واجب کہتے ہیں۔ مگر یہ عبارت نہ مصری نسخہ میں ہے نہ فتح الباری میں، نہ عمدۃ القاری میں، اور احناف کے نزدیک نابالغ اور پاگل کے مال میں زکات واجب نہیں، وہ مکلّف نہیں۔

﴿الحمدللہ! کتاب الزکات کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ الْمَنَاسِك

مناسك: مَنْسَك (بفتح السین و کسرها) کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: عبادت کی جگہ، قربانی کی جگہ، پھر حج کے افعال وارکان کے لئے اس کا استعمال ہونے لگا۔

بَابُ وُجُوْبِ الْحَجِّ وَفَضْلِهِ

حج کی فرضیت اور اس کی اہمیت

اس باب میں دو مسئلے ہیں: پہلا مسئلہ یہ ہے کہ حج فرض ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ حج کی کیا اہمیت ہے؟ حضرت رحمہ اللہ نے سورۂ آل عمران کی آیت (۹۷) لکھی ہے اس سے دونوں جزء ثابت ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''اور لوگوں کے ذمہ اللہ تعالیٰ کے واسطے بیت اللہ کا قصد کرنا لازم ہے جو اس تک پہنچنے کی قدرت رکھتا ہو (اس سے پہلا جزء ثابت ہوا) اور جو حکم نہ مانے تو بیشک اللہ تعالیٰ سارے جہانوں سے بے نیاز ہیں'' یعنی جو قدرت کے باوجود حج نہ کرے اسے جان لینا چاہئے کہ خداوند قدوس کو کسی کی پرواہ نہیں، اس کے مفہوم مخالف سے حج کی اہمیت نکلتی ہے، یعنی جو اس فریضہ کو بجالائے گا اس کو فائدہ پہنچے گا، اور جو روگردانی کرے گا اس کا نقصان ہوگا۔

اور حدیث میں ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص زاد (توشہ) اور ایسے راحلہ (سواری) کا مالک ہو جو اس کو بیت اللہ تک پہنچائے پھر بھی حج نہ کرے تو اس پر کوئی حرج نہیں کہ یہودی یا نصرانی ہو کر مرے'' (ترمذی حدیث ۸۰۲) یہ یہودی یا عیسائی ہو کر مرنے کی اجازت نہیں ہے بلکہ حج نہ کرنے پر وعید ہے یعنی جس کو استطاعت بدنی اور استطاعت مالی حاصل ہو پھر بھی حج نہ کرے تو اللہ کو اس کی قطعی پرواہ نہیں۔ اس حدیث سے میں نے یہ بات مستنبط کی ہے کہ جو شخص استطاعت کے باوجود حج نہیں کرتا وہ مَعرض فتن میں رہتا ہے، وہ کسی بھی وقت فتنہ کا شکار ہو سکتا ہے، بلکہ اسلام سے ہاتھ دھو بیٹھے ایسا بھی ہو سکتا ہے، اور حج کرنے سے ایمان پر مہر لگ جاتی ہے اور ارتداد کا خطرہ ٹل جاتا ہے، یہ حج کا فائدہ ہے اور یہ بات ﴿وَمَنْ كَفَرَ﴾ کے مفہوم مخالف سے بھی نکلتی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٢٥- كِتَابُ الْمُنَاسِكِ

[١-] بَابُ وُجُوْبِ الْحَجِّ وَفَضْلِهِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً، وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِيْنَ﴾[آل عمران:٩٧]

[١٥١٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ الْفَضْلُ رَدِيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ تِ امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمَ، فَجَعَلَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا، وَتَنْظُرُ إِلَيْهِ، وَجَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَصْرِفُ وَجْهَ الْفَضْلِ إِلَى الشِّقِّ الآخَرِ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ فَرِيْضَةَ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهِ فِي الْحَجِّ أَدْرَكَتْ أَبِيْ شَيْخًا كَبِيْرًا، لاَ يَثْبُتُ عَلَى الرَّاحِلَةِ، أَفَأَحُجُّ عَنْهُ؟ قَالَ: " نَعَمْ" وَذٰلِكَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ.

[انظر: ١٨٥٤، ١٨٥٥، ٤٣٩٩، ٦٢٢٨]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: فضل بن عباسؓ سواری پر نبی ﷺ کے پیچھے بیٹھے تھے، پس قبیلۂ خثعم کی ایک عورت آئی، پس فضل بن عباسؓ اس کو دیکھنے لگے اور وہ فضلؓ کو دیکھنے لگی، اور نبی ﷺ فضل کے چہرے کو دوسری طرف پھیرنے لگے، پس اس عورت نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! بیشک حج کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کا اس کے بندوں پر مقرر کیا ہوا حکم (یہاں باب ہے) اس نے میرے باپ کو اس حال میں پایا ہے کہ وہ بہت بوڑھے ہو چکے ہیں، وہ اونٹ پر بیٹھنے کی طاقت نہیں رکھتے، پس کیا میں ان کی طرف سے حج کر سکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! اور یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے۔

تشریح: حجۃ الوداع میں جب نبی ﷺ عرفہ سے مزدلفہ آئے تو حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ آپؐ کے اونٹ پر پیچھے بیٹھے تھے، پھر جب مزدلفہ سے منیٰ کی طرف روانہ ہوئے تو آپؐ تنہا اونٹ پر سوار تھے، لیکن جب آپؐ وادی محسّر سے آگے بڑھے تو دیکھا کہ فضل بن عباس رضی اللہ عنہما پیدل جا رہے ہیں، آپؐ نے ان کو پیچھے بٹھالیا، پھر راستہ میں قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے آپؐ سے مسئلہ پوچھا، جب وہ عورت مسئلہ پوچھ رہی تھی تو حضرت فضلؓ اس کو دیکھ رہے تھے، اس کا چہرہ کھلا ہوا تھا اور وہ حضرت فضلؓ کو دیکھ رہی تھی، نبی ﷺ نے ہاتھ سے فضل کا چہرہ دوسری طرف پھیر دیا۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ ساتھ تھے کسی موقعہ پر انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے اپنے بھتیجے کی گردن کیوں پھیری تھی؟ آپؐ نے فرمایا: لڑکا بھی جوان تھا اور لڑکی بھی۔ اس لئے مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں شیطان ان کا حج خراب نہ کرے، احرام میں اگر بیوی ساتھ ہو تو

زن وشوئی کے معاملات کا تصور بھی دل میں نہیں لانا چاہئے، یہ بھی ایک درجہ میں رفث ہے، اس سے بھی حج میں نقصان آتا ہے، اور غیر عورت کے بارے میں دل میں کوئی خیال لانا تو نہایت بری بات ہے، اس لئے آنحضور ﷺ نے حضرت فضل رضی اللہ عنہ کا چہرہ پھیر دیا، کیونکہ دونوں جوان تھے، شیطان کسی کے بھی دل میں کوئی وسوسہ ڈال سکتا تھا۔

اور اس حدیث سے چند مسئلے نکلتے ہیں:

۱-عورت احرام میں چہرہ نہیں چھپائے گی، اس کا احرام چہرہ میں ہے، تفصیل آگے آئے گی۔

۲-عورت کے لئے اگر مجبوری ہو اور وہ پردہ نہ کر سکتی ہو تو مرد پر نظر پھیر لینا واجب ہے۔ آنحضور ﷺ نے اسی وجہ سے حضرت فضلؓ کی گردن پھیری تھی۔

۳-وہ مرد جس سے معاملہ متعلق ہے عورت کو دیکھ سکتا ہے، مثلاً عورت بیمار ہے اور وہ ڈاکٹر کو اپنے بدن کا وہ حصہ جسے چھپانا ضروری ہے دکھا رہی ہے تو اس کے لئے ایسا کرنا جائز ہے اور ڈاکٹر بھی دیکھ سکتا ہے اس کے لئے بھی مجبوری ہے، مگر وہاں جو دوسرے لوگ ہیں ان کے لئے کوئی مجبوری نہیں، ان پر نظریں پھیر لینا واجب ہے۔

۴- نبی ﷺ نے جو حضرت فضل رضی اللہ عنہ کا چہرہ گھمایا تھا حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس کی وجہ پوچھی تھی، کیونکہ احکام کو سمجھ کر اخذ کرنا ضروری ہے، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾ حکمت سے مراد احکام کی یہی مصلحتیں ہیں۔

قولہ: إن فريضة الله على عباده في الحج: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، اور اس کے دو مطلب ہیں: ایک: جب حج کی فرضیت نازل ہوئی اس وقت میرے ابا اتنے کمزور ہو چکے تھے کہ اونٹ پر بیٹھ نہیں سکتے تھے، اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ جب آیت نازل ہوئی اس وقت استطاعت بدنی تھی، لیکن اب بڑھاپے کی وجہ سے بہت کمزور ہو گئے ہیں۔

جاننا چاہئے کہ استطاعت بدنی: نفس وجوب کے لئے شرط ہے یا وجوب ادا کے لئے؟ اس میں اختلاف ہے:

امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نفس وجوب کے لئے شرط ہے پس اگر کوئی شخص بہت بوڑھا ہے، سواری پر بیٹھ نہیں سکتا، نہ ارکانِ حج ادا کرنے کی قدرت رکھتا ہے اور ایسی حالت میں زاد وراحلہ کا مالک ہوا تو اس پر حج کرنا یا حج بدل کرانا یا حج کی وصیت کرنا فرض نہیں، کیونکہ جب اس میں حج کرنے کی طاقت ہی نہیں تو اس پر حج فرض کرنا تکلیف مالا یطاق ہے۔ ہاں اگر اسے استطاعت مالی کے ساتھ استطاعت بدنی بھی حاصل تھی مگر حج میں تاخیر کی یہاں تک کہ قدرت اور قوت ختم ہو گئی تو بالاتفاق اس پر حج فرض ہے، اگر خود نہ کر سکے تو حج بدل کرائے یا وصیت کرے۔

اور صاحبین کے نزدیک استطاعت بدنی وجوب ادا کے لئے شرط ہے، نفس وجوب کے لئے شرط نہیں۔ پس جسے استطاعت مالی کے ساتھ استطاعت بدنی بھی حاصل ہو اس پر تو خود حج کرنا فرض ہے وہ حج بدل نہیں کرا سکتا، اور جسے استطاعت بدنی حاصل نہیں اور وہ زاد وراحلہ کا مالک ہوا تو اس پر حج بدل کرانا یا وصیت کرنا ضروری ہے۔

اور حدیث باب سے بظاہر یہی مفہوم ہوتا ہے کہ سائلہ کے باپ پر شیخ کبیر ہونے کی حالت میں حج فرض ہوا تھا، پس اس سے صاحبین کے قول کی تائید ہوتی ہے، مگر یہ بھی احتمال ہے کہ وہ حج فرض ہونے کے بعد شیخ فانی ہوگیا ہو، پس حدیث امام صاحب کے قول کے موافق ہوگی۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿يَأْتُوْكَ رِجَالاً وَعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ، لِيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ﴾ فِجَاجًا: الطُّرُقُ الْوَاسِعَةُ

پیدل حج کرنا بھی مشروع ہے اور سوار ہو کر بھی

جاننا چاہئے کہ حج کی فرضیت کے لئے استطاعت بدنی تو شرط ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، کیونکہ قرآنِ کریم میں ہے: ﴿مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾: اس شخص پر حج فرض ہے جو بیت اللہ تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہے، البتہ استطاعت مالی یعنی زاد و راحلہ شرط ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو شخص پیدل مکہ پہنچ سکتا ہے اور راستہ میں کما کر کھا سکتا ہے اس پر حج فرض ہے، دوسرے ائمہ کے نزدیک استطاعت بدنی کے ساتھ استطاعت مالی یعنی زاد و راحلہ بھی فرضیت حج کے لئے شرط ہے، اگر دونوں میں سے کوئی بھی استطاعت نہ ہو تو حج فرض نہیں ہوگا۔

جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں کوئی صحیح روایت نہیں ہے، سب روایتیں ضعیف ہیں اور شرط کا درجہ فرض کا درجہ ہے، اس کے ثبوت کے لئے نہایت مضبوط دلیل درکار ہے، اس لئے امام مالک رحمہ اللہ زاد و راحلہ کو شرط نہیں کہتے، اور دیگر ائمہ کہتے ہیں: ان روایات سے استطاعت مالی کی فرضیت ثابت نہیں کرنی، وہ تو قرآنِ کریم سے ثابت ہے، قرآن میں جو ﴿مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ ہے اس سے استطاعت بدنی کے ساتھ استطاعتِ مالی بھی مراد ہے۔ روایات نے اس کی وضاحت اور تفسیر کی ہے، اور اشتراط کے لئے تو روایت کا اعلیٰ درجہ کا ہونا ضروری ہے، مگر مجمل کی تفسیر کے لئے یہ بات ضروری نہیں، ضعیف روایتوں سے بھی تفسیر ہوسکتی ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک بیچ کی راہ نکالی ہے کہ پیدل اور سوار: دونوں طریقوں سے حج کرنا مشروع ہے، قریب اور بعید دونوں کی مصلحتوں کی شریعت نے رعایت کی ہے، پس قریب کے آدمی کے لئے جو پیدل حج کرسکتا ہے زاد و راحلہ شرط نہیں، لیکن جو لوگ دور رہتے ہیں، ان کے لئے زاد و راحلہ شرط ہے۔

آیت کریمہ: اور آیت یہاں سے شروع ہوتی ہے: ﴿وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ﴾: اور لوگوں میں حج کا اعلان کردیں —— چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اعلان کیا: لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم پر حج فرض کیا ہے، پس حج کو آؤ! اس اعلان سے بیت اللہ کا حج شروع ہوا جو آج تک جاری ہے۔ زمانۂ جاہلیت میں بھی حج ہوتا تھا اور ان شاء اللہ قیامت تک جاری رہے گا۔

حاکم اور بیہقی وغیرہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اعلان کرنے کا حکم ملا تو آپؑ نے عرض کیا: پروردگار! میری آواز کہاں تک پہنچے گی۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: آپ کا کام اعلان کرنا ہے، آواز پہنچانا میرا کام ہے، چنانچہ اس اعلان کو آسمان وزمین کے سب لوگوں نے سن لیا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اصلاب آباء میں جو لوگ تھے انھوں نے بھی اعلان سن لیا، اور جس کی قسمت میں حج تھا اس نے لبیک پکارا۔

آگے اعلانِ حج کی غایت کا بیان ہے: ﴿يَأْتُوْكَ رِجَالاً وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّأْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ﴾: لوگ آپ کے پاس پیادہ اور ہر دبلی اونٹنی پر سوار ہوکر آئیں گے، وہ اونٹنیاں ہر گہری گھاٹی سے آئیں گی —— فَجّ: مفرد، جمع: فِجَاجٌ ہے اور معنی ہیں: کشادہ راستہ، جی ٹی روڈ، عمیق کے معنی ہیں: گہرا، اور مراد ہے: دور دراز سے آئیں گے۔ اور ضامِر کے معنی ہیں: دبلی اونٹنی، یعنی لوگ اتنی دور سے آئیں گے کہ اونٹنیاں دبلی ہوجائیں گی، یعنی آنے والے ہر حال میں آئیں گے خواہ ان کو سواری میسر ہو یا نہ ہو، اور اتنی دور مسافت سے آئیں گے کہ سواریاں مشقت سفر سے ہلکان ہوجائیں گی، چنانچہ اس وقت سے آج تک ہزاروں سال گذر چکے ہیں، مگر حج کے لئے آنے والوں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ دور جاہلیت میں بھی اگرچہ عرب بت پرستی میں مبتلا ہوگئے تھے مگر حج کرتے تھے۔

حج کے مصالح: ﴿لِيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ﴾: تاکہ وہ اپنے فوائد میں حاضر ہوں یعنی حج بے مصلحت نہیں ہے اس میں دینی اور دنیوی منافع ہیں، اس کا سب سے بڑا دینی فائدہ یہ ہے کہ اس سے زندگی بھر کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ آگے حدیث آرہی ہے کہ جس شخص نے اللہ کے لئے حج کیا اور اس میں بے حیائی اور گناہ کے کاموں سے بچا رہا تو وہ حج سے ایسی حالت میں لوٹے گا جیسے اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے۔ اور دوسرا فائدہ یہ ہے کہ حج کرنے سے ایمان پر مہر لگ جاتی ہے اب اس کے مرتد ہونے کا خطرہ ٹل جاتا ہے۔

اور دنیا کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس سے محتاجگی دور ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ نے سفر حج وعمرہ میں یہ خاصیت رکھی ہے کہ اس سے فقر وفاقہ دور ہوتا ہے، ترمذی اور نسائی میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: حج اور عمرہ پے بہ پے کرو، کیونکہ دونوں فقر ومحتاجگی اور گناہوں کو اس طرح دور کردیتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے اور سونے چاندی کے میل کو دور کردیتی ہے، اور حج مقبول کا ثواب بس جنت ہی ہے، یعنی دنیا میں بھی اس پر اللہ تعالیٰ کا یہ فضل ہوتا ہے کہ فقر وفاقہ اور محتاجگی وپریشان حالی سے اس کو نجات مل جاتی ہے اور خوش حالی اور اطمینان قلبی کی دولت نصیب ہوتی ہے۔

علاوہ ازیں: اس عظیم الشان اجتماع کے ذریعہ بہت سے سیاسی، تمدنی اور اقتصادی فوائد حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں کتاب الحج کے شروع میں حج کے سات فائدے بیان کئے ہیں، طلبہ کو رحمۃ اللہ الواسعہ میں ان کو دیکھ لینا چاہئے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿يَأْتُوْكَ رِجَالاً وَعَلٰی كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ، لِيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ﴾[الحج:۲۷و۲۸] ﴿فِجَاجًا﴾[نوح: ۲۰]: الطُّرُقُ الْوَاسِعَةُ

[۱۵۱۴-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَالِمَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَرْكَبُ رَاحِلَتَهُ بِذِیْ الْحُلَيْفَةِ، ثُمَّ يُهِلُّ حِيْنَ تَسْتَوِیَ بِهِ قَائِمَةً. [راجع: ۱۶۶]

[۱۵۱۵-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰی، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِیُّ، سَمِعَ عَطَاءً، يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِیِّ، أَنَّ إِهْلاَلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ ذِیْ الْحُلَيْفَةِ، حِيْنَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ.

رَوَاهُ أَنَسٌ، وَابْنُ عَبَّاسٍ يَعْنِیْ حَدِيْثَ إِبْرَاهِيْمَ بْنَ مُوْسَی.

حدیث (۱): ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا، آپؐ ذوالحلیفہ میں اپنی سواری پر سوار ہوئے، پھر لبیک پکارا، جب آپؐ کو لے کر سواری سیدھی کھڑی ہوئی۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ذوالحلیفہ سے احرام شروع فرمایا، جب آپؐ کو لے کر سواری سیدھی کھڑی ہوئی۔

تطبیق: دونوں حدیثوں کا یہ جزء کہ آپؐ کو لے کر سواری سیدھی کھڑی ہوئی: باب سے متعلق ہے۔

تشریح: جب نبی ﷺ نے حج فرمایا تو ۲۵ ذی القعدہ کو ظہر کی نماز پڑھ کر مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے اور ذوالحلیفہ میں رک گئے، یہ اہل مدینہ کی میقات ہے اور مدینہ منورہ سے تقریباً پانچ چھ کلومیٹر پر ہے، وہاں آپؐ نے عصر تا فجر چار نمازیں ادا کیں، اس قیام کا مقصد یہ تھا کہ سب رفقاء جمع ہو جائیں، اور آگے سفر ایک ساتھ ہو، اگلے دن طلوع شمس کے بعد آپؐ نے ذوالحلیفہ میں ایک درخت کے پاس احرام کا دوگانہ پڑھا اور تلبیہ پڑھ کر احرام شروع کیا، مگر اس کا علم صرف ان لوگوں کو ہوا جو وہاں موجود تھے، پھر جب اونٹنی آپؐ کو لے کر کھڑی ہوئی تو آپؐ نے تلبیہ پڑھا، احرام باندھنے کے بعد بار بار تلبیہ پڑھا جاتا ہے، یہ افضل ذکر ہے، پس کچھ لوگوں نے یہی تلبیہ سنا اور ان کو غلط فہمی ہوئی کہ آپؐ نے اب احرام شروع کیا، چنانچہ انھوں نے یہی روایت کیا۔ پھر جب اونٹنی آپؐ کو لے کر بیداء نامی ٹیلے پر چڑھی تو آپؐ نے پھر تلبیہ پڑھا، کچھ لوگوں نے یہی تلبیہ سنا اور انھوں نے اس کو پہلا تلبیہ سمجھا اور یہ بیان کرنا شروع کر دیا کہ آپؐ نے بیداء سے احرام باندھا، مگر صحیح بات یہ ہے کہ آپؐ نے مسجد کے پاس درخت کے قریب احرام شروع کیا ہے، یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کی ہے۔

(ابوداؤد حدیث ۱۷۷۰ باب وقت الإحرام)

بَابُ الْحَجِّ عَلَى الرَّحْلِ

کجاوے پر حج کرنا

اس باب میں سفر حج میں سادگی اور ترک تکلف کی تعلیم ہے، سوار ہوکر حج کے لئے جاسکتے ہیں، پیدل جانا ضروری نہیں، مگر سفر حج میں سادگی ہونی چاہئے، تکلفات سے بچنا چاہئے۔

۱۳ ذی الحجہ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جو اپنے توڑے ہوئے عمرہ کی قضا کی ہے تو وہ اپنے بھائی کے اونٹ پر قَتَب پر بیٹھی ہیں۔ قَتَب کے معنی ہیں: پالان، چھوٹا کجاوہ، بڑے کجاوہ کے پیچھے چھوٹا کجاوہ ہوتا ہے اس کو قتب کہتے ہیں، جیسے سائیکل کے پیچھے کیریر ہوتا ہے، اس کو حَقَب بھی کہتے ہیں، اتنی سادگی سے انھوں نے عمرہ کیا تھا۔

اور حضرت عمرؓ نے فرمایا ہے کہ حج کے لئے کجاوے مضبوط باندھو، کیونکہ حج دو جہادوں میں سے ایک جہاد ہے، یعنی جب جہاد سے لوٹو تو حج کرو، یہ بھی ایک جہاد ہے، معلوم ہوا کہ اونٹ پر کجاوے میں بیٹھ کر سفر حج کر سکتے ہیں، مگر سادگی ہونی چاہئے۔

[۳-] بَابُ الْحَجِّ عَلَى الرَّحْلِ

[۱۵۱٦-] وَقَالَ أَبَانٌ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ مَعَهَا أَخَاهَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ، فَأَعْمَرَهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ، وَحَمَلَهَا عَلٰى قَتَبٍ.

وَقَالَ عُمَرُ: شُدُّوْا الرِّحَالَ فِي الْحَجِّ، فَإِنَّهُ أَحَدُ الْجِهَادَيْنِ.[راجع: ۲۹٤]

[۱۵۱۷-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ ثُمَامَةَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، قَالَ: حَجَّ أَنَسٌ عَلٰى رَحْلٍ، وَلَمْ يَكُنْ شَحِيْحًا، وَحَدَّثَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حَجَّ عَلٰى رَحْلٍ، وَكَانَتْ زَامِلَتَهُ.

[۱۵۱۸-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اعْتَمَرْتُمْ وَلَمْ أَعْتَمِرْ، قَالَ: "يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ! اذْهَبْ بِأُخْتِكَ، فَأَعْمِرْهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ" فَأَحْقَبَهَا عَلٰى نَاقَةٍ، فَاعْتَمَرَتْ.[راجع: ۲۹٤]

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ایک کجاوہ پر حج کیا، اور وہ بخیل نہیں تھے، اور انھوں نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے ایک کجاوہ پر حج کیا ہے، اور اسی پر آپ کا سامان لدا ہوا تھا۔

تشریح: اونٹ پر کجاوہ باندھ کر سفر کرنا سادہ سفر ہے، اور ٹھاٹھ کا سفر یہ ہے کہ اونٹ پر ہودج باندھا جائے۔ ہودہ پورا کمرہ ہوتا ہے، اس میں شان سے بیٹھتے ہیں اور سامان دوسرے اونٹ پر ہوتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس مال کی کمی نہیں

تھی، اللہ نے ان کو مال سے خوب نوازا تھا اور وہ بخیل بھی نہیں تھے، پھر بھی انھوں نے کجاوہ پر سفرِ حج کیا اور بیان کیا کہ نبی ﷺ نے بھی کجاوے پر حج کیا ہے۔ یہ انتہائی درجہ کی سادگی ہے، حضرت انسؓ نے آپؐ کی سنت پر عمل کیا ہے۔

بَابُ فَضْلِ الْحَجِّ الْمَبْرُوْرِ

حج مقبول کی فضیلت

المبرور کے لفظی معنی ہیں: نیکی والا، اور مرادی معنی ہیں: مقبول، مقبول حج وہ ہے جو رفث وفسوق سے پاک ہو، زن وشوئی کی باتیں رفث کہلاتی ہیں، حالت احرام میں میاں بیوی کے درمیان مذاق کی بھی گنجائش نہیں۔

اور فسق وفسوق مصدر ہیں، اور ان کے معنی ہیں: صلاح کے راستہ سے ہٹ جانا، یعنی احکام شرعیہ کی خلاف ورزی کرنا، اور مادہ کے اصل معنی ہیں: نکل جانا، اور پہلے یہ بات آئی ہے کہ اسلام کے دو سرکل (دائرے) ہیں ایک چھوٹا سرکل ہے اور ایک بڑا، اور گناہ چار ہیں، دو گناہ: ذنب اور خطیئہ سرکل کے اندر ہیں اور دو گناہ: سیئہ اور معصیہ سرکل سے باہر ہیں، پس جو بندہ سیئہ یا معصیہ کا ارتکاب کرتا ہے وہ فاسق ہے، یعنی وہ دین داری کے دائرہ سے باہر ہو گیا، اس لئے حج میں رفث وفسوق سے بچنا ضروری ہے۔ ورنہ حج مقبول نہ ہوگا (تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۲۰۱) میں ہے)

[٤-] بَابُ فَضْلِ الْحَجِّ الْمَبْرُوْرِ

[١٥١٩-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "إِيْمَانٌ بِاللهِ وَرَسُوْلِهِ" قِيْلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: "جِهَادٌ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ" قِيْلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: "حَجٌّ مَبْرُوْرٌ" [راجع: ٢٦]

فائدہ: حج مقبول کی ایک ظاہری علامت ہے اور ایک باطنی۔ ظاہری علامت یہ ہے کہ مسائل کا لحاظ کر کے حج کیا گیا ہو، جو حج کے فرائض وواجبات، سنن ومستحبات ہیں ان پر پوری طرح عمل کیا ہو، اور جو ممنوعات ہیں ان سے اجتناب کیا ہو، اور باطنی علامت علماء نے یہ لکھی ہے کہ حج کے بعد زندگی بدل جائے، اگر پہلے ڈاڑھی منڈاتا تھا، کاروبار میں گھپلا کرتا تھا، گالی گلوچ کرتا تھا تو حج کے بعد اس کی زندگی بدل جائے، وہ نیک صالح بن جائے اور اپنی زندگی کا ورق پلٹ دے۔ اور اگر پہلے نیک تھا تو حج کے بعد اس کی نیکی میں اضافہ ہو جائے (تحفۃ القاری ۱:۲۴۰)

[١٥٢٠-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! نَرَى الْجِهَادَ أَفْضَلَ الْعَمَلِ، أَفَلاَ نُجَاهِدُ؟ قَالَ: "لاَ، لَكُنَّ أَفْضَلُ الْجِهَادِ حَجٌّ مَبْرُوْرٌ" [انظر: ١٨٦١، ٢٧٨٤، ٢٨٧٥، ٢٨٨٦]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہم جہاد کو سب سے افضل عمل دیکھتے ہیں، قرآن وحدیث میں جہاد کی بہت فضیلت آئی ہے، پس کیا ہم جہاد نہ کریں؟ آپؐ نے فرمایا: ’’نہیں، تمہارے لئے افضل جہاد مقبول حج ہے‘‘

تشریح: عورت صنف نازک ہے، ناتواں اور کمزور ہے، ان کو بھاری ذمہ داریوں سے سبک دوش رکھا گیا ہے، جہاد بھاری ذمہ داری ہے وہ بڑا صبر آزما اور مشکل کام ہے، جب میدان کارزار گرم ہوتا ہے تو سورماؤں کے پتے پانی ہوتے ہیں، اور کلیجہ منہ کو آتا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے عورتوں پر جہاد فرض نہیں کیا، بلکہ ان کے لئے اس کا متبادل تجویز کیا ہے، اور وہ شرائط کی پابندی کے ساتھ کیا ہوا حج ہے، حضرت عمرؓ نے ابھی فرمایا ہے کہ حج بھی ایک جہاد ہے۔

[۱۵۲۱-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَيَّارٌ أَبُو الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: ’’مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ‘‘ [انظر: ۱۸۱۹، ۱۸۲۰]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لئے حج کیا پس (احرام میں) نہ بیوی کے ساتھ زن وشوئی کی باتیں کیں نہ کسی گناہ کا ارتکاب کیا تو وہ لوٹے گا اس دن کی طرح جس دن اس کی ماں نے اس کو جنا تھا۔

تشریح: حج مبرور کے لئے خادشات (زخمی کرنے والی باتوں) سے بچنا ضروری ہے، منفی پہلو سے بھی اور مثبت پہلو سے بھی۔ منفی پہلو سے خادشات رفث وفسوق وغیرہ ہیں، حج میں ان سے بچنا ضروری ہے، اور مثبت پہلو سے فرائض وواجبات اور سنن ومستحبات پر پوری طرح عمل کرنا ہے، تب گناہ دھل جائیں گے —— اور اللہ کے لئے حج کرنے کا مطلب یہ ہے کہ حج ہی کی نیت ہو، کاروبار کے لئے نہ گیا ہو، نہ حاجی کہلانے کا جذبہ کارفرما ہو۔

بَابُ فَرْضِ مَوَاقِيْتِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حج وعمرہ کے لئے مواقیت کی تعیین

مواقیت: میقات کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: کسی کام کا مقررہ وقت یا جگہ، مواقیتُ الصلاۃ: نماز کے مقررہ اوقات، مواقیتُ الحاجّ: حاجی کے احرام باندھنے کے مقررہ مقامات۔ اور حج کے لغوی معنی ہیں: قصد وارادہ، اور مرادی معنی ہیں: مخصوص وقت میں مخصوص طریقہ پر بیت اللہ کی زیارت کا قصد کرنا۔ اور عمرہ کے معنی ہیں: زیارت، اور مرادی معنی ہیں: مخصوص طریقہ پر بیت اللہ کی زیارت کرنا، پس عمرہ بھی حج ہے، حج: حجِ اکبر (بڑا حج) ہے، اور عمرہ حج اصغر (چھوٹا حج) ہے، اور فرض لغوی معنی میں ہے: مقرر کرنا، متعین کرنا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ابھی مواقیت کا بیان شروع نہیں ہورہا، مواقیت کا بیان باب ۷ سے شروع ہوگا، پھر اس باب کا اور آئندہ باب کا مقصد کیا ہے؟ تو جاننا چاہئے کہ یہ باب اور آئندہ باب گذشتہ باب سے پیوستہ ابواب ہیں۔ ان ابواب میں خادشات کا بیان ہے۔ شریعت نے حج وعمرہ کے لئے احرام باندھنے کی جگہیں (مواقیت) مقرر کئے ہیں، پس احرام انہی جگہوں سے باندھنا چاہئے، نہ تقدیم جائز ہے نہ تاخیر۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک تقدیم جائز نہیں، جیسا کہ آگے آرہا ہے، ورنہ مواقیت کی تعیین بے فائدہ ہوگی، اور حج: حج مبرور نہیں ہوگا، اسی طرح توشہ لئے بغیر حج یا عمرہ کے لئے نکلنا تقوی کو متاثر کرتا ہے، جبکہ تقوی ہی عبادت کی روح ہے، اور تقوی (دل کا جذبہ) ہی اللہ کے یہاں پہنچتا ہے، باقی ظاہری امور تو یہاں رہ جاتے ہیں۔

[۵-] بَابُ فَرْضِ مَوَاقِيْتِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

[۱۵۲۲-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، أَنَّهُ أَتَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ فِيْ مَنْزِلِهِ، وَلَهُ فُسْطَاطٌ وَسُرَادِقُ، فَسَأَلْتُهُ: مِنْ أَيْنَ يَجُوْزُ أَنْ أَعْتَمِرَ؟ قَالَ: فَرَضَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَهْلِ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ، وَلِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ.

[راجع: ۱۳۳]

ترجمہ: زید بن جبیر رحمہ اللہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس ان کے ڈیرے میں پہنچے، اور ان کے لئے خیمہ اور شامیانہ تھا، میں نے ان سے پوچھا: عمرہ کا احرام کہاں سے باندھوں؟ آپؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے اہل نجد کے لئے قرن المنازل، اہل مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ اور اہل شام کے لئے جُحفہ مقرر کیا ہے (پس میقات ہی سے احرام باندھنا چاہئے، نہ تقدیم جائز ہے نہ تاخیر، ورنہ تعیین بے فائدہ ہوگی)

لغات: فُسْطاط: مطلق خیمہ یا اون کا خیمہ، جمع فَسَاطِیْط.........سُرَادِق: شامیانہ، کپڑے کا سائبان، جمع سُرَادِقَات۔

تشریح: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما خاندان کے ساتھ حج کے لئے آئے ہیں، اس لئے خیمہ کھڑا کیا ہے تاکہ اس میں عورتیں اور بچے رہیں، اور شامیانہ بھی لگایا ہے تاکہ اس میں مرد رہیں، پس یہ ضرورت ہے، ٹھاٹھ نہیں۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَتَزَوَّدُوْا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى﴾

خرچ ضرور ساتھ لیا کرو، توشہ کا فائدہ تقوی ہے

یہ گذشتہ سے پیوستہ باب سے مربوط باب ہے، حج مبرور کے لئے مثبت پہلو سے یہ بھی ضروری ہے کہ جب حج کے

لئے نکلے تو توشہ لے کر نکلے، تاکہ کسی پر بوجھ نہ بنے، کچھ لوگ بالکل خالی ہاتھ حج کے لئے نکلتے تھے، وہ خود کو متوکل (اللہ پر بھروسہ کرنے والا) کہتے تھے، پھر مانگ کر کھاتے تھے۔ اس پر مذکورہ آیت نازل ہوئی کہ سامان سفر ضرور لے لیا کرو، اس لئے کہ توشہ کا فائدہ تقوی ہے، اور مانگنے سے بچنا بھی تقوی ہے، جو لوگ توشہ ساتھ نہیں لیتے وہ دوسروں پر بوجھ بنتے ہیں، اور حج مبرور کے لئے ضروری ہے کہ دوسروں پر بوجھ نہ بنے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَتَزَوَّدُوْا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى﴾

[١٥٢٣-] حدثنا يَحْيىٰ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، عَنْ وَرْقَاءَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ أَهْلُ الْيَمَنِ يَحُجُّوْنَ وَلاَ يَتَزَوَّدُوْنَ، وَيَقُوْلُوْنَ: نَحْنُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ، فَإِذَا قَدِمُوْا مَكَّةَ سَأَلُوْا النَّاسَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَتَزَوَّدُوْا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى﴾[البقرة: ١٩٧] رَوَاهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلاً.

ترجمہ: ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ یمن کے لوگ حج کیا کرتے تھے اور توشہ ساتھ نہیں لیتے تھے، اور کہتے تھے: ہم اللہ پر بھروسہ کرنے والے ہیں۔ پھر جب وہ مکہ آتے تو لوگوں سے مانگتے، پس اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی کہ سامان سفر ساتھ لے لو، بیشک توشہ کا فائدہ تقوی ہے (اس حدیث کو سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے مرسل روایت کیا ہے، یعنی ابن عباس رضی اللہ عنہما کا تذکرہ نہیں کیا، اس کو عکرمہؒ کا قول قرار دیا ہے، اور ورقاءؒ نے ابن عباسؓ کا قول قرار دیا ہے اور یہی صحیح ہے)

بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ مَكَّةَ لِلْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

مکہ والے حج اور عمرہ کا احرام کہاں سے باندھیں؟

اب ابواب المواقیت شروع ہو رہے ہیں۔ مُهَلّ (میم کے پیش اور ہاء کے زبر کے ساتھ) احرام باندھنے کی جگہ إهلال سے ظرف مکان۔ تین قسم کے لوگ ہیں: آفاقی، حلّی اور حرمی۔ حرم شریف کے اندر کا باشندہ حرمی ہے، اور حرم شریف اور مواقیت کے درمیان کا باشندہ حلّی ہے، اور میقات سے باہر کا باشندہ آفاقی ہے۔

آفاقی: میقات سے احرام باندھے گا، حج کا بھی اور عمرہ کا بھی، حج اور عمرہ کا احرام ایک طرح کا ہوتا ہے صرف نیت کا فرق ہے، اور حلّی اپنے گھر سے یا حرم میں داخل ہونے سے پہلے احرام باندھے گا۔ اور حرمی خواہ حقیقی حرمی ہو یا حکمی: حج کا احرام حرم سے باندھے گا۔ چاہے گھر سے باندھے چاہے مسجدِ حرام سے۔ اور عمرہ کا احرام حرم سے نکل کر حل سے باندھے گا۔

جاننا چاہئے کہ جو مکہ کا باشندہ ہے وہ حقیقی حرمی ہے اور جو باہر سے مکہ آیا ہے اور اس نے عمرہ کر کے احرام کھول دیا ہے وہ حکماً حرمی ہے، وہ عمرہ کا احرام حرم سے نکل کر حل سے باندھے گا تاکہ گونہ سفر متحقق ہو، اور حج کا احرام گھر سے یا مسجدِ حرام سے

باندھے گا، کیونکہ حاجی کو منی پھر عرفہ پھر مزدلفہ جانا ہوتا ہے پس سفر متحقق ہو جاتا ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے جو ترجمہ قائم کیا ہے اس سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک مکہ کا باشندہ حج کا احرام بھی مکہ سے باندھے گا اور عمرہ کا احرام بھی۔ جمہور اس کے قائل نہیں، ان کے نزدیک مکہ کا باشندہ حج کا احرام تو مکہ سے باندھے گا مگر عمرہ کا احرام حرم سے نکل کر حل سے باندھے گا۔

فائدہ (۱): حرم: بیت اللہ کے گرد مخصوص جگہ کا نام ہے جس کی نشان لگا کر تعیین کر دی گئی ہے جو مدینہ کی جانب تین میل، عراق کی جانب سات میل، جعرانہ کی جانب نو میل اور جدہ کی جانب دس میل ہے (قسطلانی ۴: ۱۱۵) اور حرم سے باہر اور میقات کے اندر کی جگہ حلّ کہلاتی ہے اور میقات سے باہر کی دنیا آفاق ہے اور میقات پانچ ہیں: ذوالحلیفہ، جُحفة، قرن المنازل، یلملم اور ذات عرق۔ تفصیل آگے آرہی ہے۔

فائدہ (۲): شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے تعیین مواقیت کی حکمت یہ بیان فرمائی ہے کہ مکہ مکرمہ میں اس حالت میں پہنچنا مطلوب ہے کہ سر میں مٹی بھری ہوئی ہو، جسم سے بو آرہی ہو، اور نفس نشاط جوانی میں بے لگام نہ ہو۔ اور یہ مقصد احرام کے ساتھ حاضری ہی سے حاصل ہو سکتا ہے، رہی یہ بات کہ احرام کہاں سے باندھا جائے؟ تو اصل یہ ہے کہ لوگ اپنے گھروں سے احرام باندھ کر چلیں، لیکن ایسا حکم دینے میں لوگوں کے لئے دقت تھی، کیونکہ کسی کا وطن مکہ سے ایک ماہ کے مسافت پر ہے، کسی کا دو ماہ کی، اور کسی کا اور زیادہ دوری پر۔ اس لئے ضروری ہوا کہ مکہ مکرمہ کے گرد احرام باندھنے کے لئے کچھ ایسے مقامات متعین کئے جائیں جہاں سے لوگ احرام باندھیں، ان مقامات سے احرام کو مؤخر نہ کریں۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ وہ مقامات واضح اور مشہور ہوں، کوئی بھی ان سے ناواقف نہ ہو، اور آفاق والے ان مقامات سے گذرتے ہوں یعنی وہ عام گذرگاہ ہو، چنانچہ نبی ﷺ نے ایسے مقامات کا جائزہ لیا، اور مذکورہ بالا پانچ مقامات احرام باندھنے کے لئے مقرر فرمائے۔

[۷-] بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ مَكَّةَ لِلْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

[١٥٢٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ، وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ، وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ، هُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِهِنَّ، مِمَّنْ أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، وَمَنْ كَانَ دُوْنَ ذٰلِكَ فَمِنْ حَيْثُ أَنْشَأَ، حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ.

[انظر: ١٥٢٦، ١٥٢٩، ١٥٣٠، ١٨٤٥]

ترجمہ: نبی ﷺ نے مدینہ والوں کے لئے ذوالحلیفہ، شام والوں کے لئے جُحفہ، نجد والوں کے لئے قرن المنازل اور یمن والوں کے لئے یلملم مقرر کیا۔ یہ مقامات ان جگہوں کے باشندوں کے لئے بھی ہیں اور ان لوگوں کے لئے بھی ہیں

جو حج یا عمرہ کے ارادہ سے ان مقامات پر سے گذریں اور جو ان مقامات سے وَرے حلّ میں ہیں، پس وہ جہاں سے چاہیں احرام باندھیں، یہاں تک کہ مکہ والے مکہ سے۔

تشریح:

۱- پانچویں مقامات ذاتُ عرق ہے، وہ اہل عراق کی میقات ہے، اور جس راستہ میں کوئی میقات نہ ہو اس میں محاذات کا اعتبار ہے۔

۲- اس حدیث میں ہے کہ جو لوگ میقات کے اندر رہتے ہیں وہ اپنے گھر سے احرام باندھیں حتی کہ مکہ والے مکہ سے احرام باندھیں۔ اور نبی ﷺ نے حج اور عمرہ میں فرق نہیں کیا، معلوم ہوا کہ مکہ والے حج کا احرام بھی مکہ سے باندھیں گے اور عمرہ کا احرام بھی، یہ اس حدیث سے استدلال ہے۔

اور اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت رحمہ اللہ نے خود قاعدہ بیان کیا ہے کہ جب مفسّر اور مبہم روایتیں جمع ہوں تو مفسّر کو لیں گے اور مبہم کو چھوڑ دیں گے، یہ روایت مبہم ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی تنعیم سے عمرہ کرنے کی روایت مفسّر ہے، پس اس کو لیں گے اور اس روایت کو مفسّر روایت کی طرف لوٹائیں گے۔

بَابُ مِيْقَاتِ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، وَلَا يُهِلُّوْنُ قَبْلَ ذِيْ الْحُلَيْفَةِ

مدینہ والوں کی میقات، اور وہ لوگ ذوالحلیفہ سے پہلے احرام نہ باندھیں

باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: اہل مدینہ کی میقات ذوالحلیفہ ہے، مدینہ طیبہ سے مکہ معظّمہ جاتے ہوئے پانچ چھ میل پر یہ مقام واقع ہے۔ یہ بعید ترین میقات ہے، یہاں سے مکہ مکرمہ تقریباً دو سو میل ہے، بلکہ آج کل کے راستہ سے تقریباً ڈھائی سو میل ہے۔ اور شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے مدینہ والوں کے لئے بعید ترین میقات مقرر کرنے کی وجہ بیان فرمائی ہے، جو رحمۃ اللہ الواسعہ (۱۹۶:۴) میں ہے۔

دوسرا مسئلہ: احرام باندھے بغیر میقات سے بڑھنا بالاتفاق جائز نہیں، اور اگر کوئی بڑھ جائے تو اس پر واپس لوٹ کر میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے، اور اگر بغیر احرام کے حرم میں پہنچ گیا تو دم واجب ہوگا۔ اور میقات سے پہلے احرام باندھنا جائز ہے یا نہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک جائز نہیں، میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے، وہ فرماتے ہیں: ذوالحلیفہ مدینہ منورہ سے پانچ چھ میل پر واقع ہے، احرام کو مقدم کرنے میں کوئی پریشانی نہیں تھی، پھر بھی نبی ﷺ نے گھر سے احرام نہیں باندھا، بلکہ ذوالحلیفہ سے احرام باندھا، معلوم ہوا کہ میقات سے پہلے احرام باندھنا جائز نہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کی دوسری دلیل یہ ہے کہ میقات دو ہیں: زمانی اور مکانی۔ زمانی میقات شوال سے شروع ہوتی

ہے، اس سے مقدم حج کا احرام باندھنا جائز نہیں، پس میقات مکانی سے بھی مقدم احرام باندھنا جائز نہیں۔ اور ائمہ اربعہ کے نزدیک تقدیم جائز ہے، وہ فرماتے ہیں: تقدیم کے عدم جواز کی کوئی دلیل نہیں۔

اور زمانی میقات سے تقدیم اس لئے جائز نہیں کہ حج کے مہینے مقرر کردیئے گئے ہیں، پس حج کے مہینے شروع ہونے سے پہلے حج کا احرام باندھنا جائز نہیں۔ اور نبی ﷺ نے ذوالحلیفہ میں قیام فرمایا تھا اور پوری رات وہاں گذاری تھی، اور پہلے سے اس کا ارادہ تھا تاکہ سب رفقاء وہاں جمع ہوجائیں اور آگے کا سفر ایک ساتھ ہو، اس لئے نبی ﷺ نے احرام کو مقدم نہیں فرمایا۔

[۸-] بَابُ مِيْقَاتِ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، وَلاَ يُهِلُّوْنَ قَبْلَ ذِيْ الْحُلَيْفَةِ

[۱۵۲۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " يُهِلُّ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ مِنْ ذِيْ الْحُلَيْفَةِ، وَأَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ، وَأَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ" قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَبَلَغَنِيْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " وَيُهِلُّ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ"[راجع: ۱۳۳]

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: اور مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اور یمن والے یلملم سے احرام باندھیں، یعنی شروع کے تین مواقیت تو حضرت ابن عمرؓ نے نبی ﷺ سے براہ راست سنے ہیں، اور چوتھی میقات صحابہ کے واسطہ سے سنی ہے۔

بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ الشَّامِ

شام والوں کی احرام باندھنے کی جگہ

شام اور مغربی علاقوں سے آنے والوں کی میقات جُحفة ہے، اس کا دوسرا نام مَهْيَعَة ہے، یہ میقات مکہ معظّمہ سے تقریباً سو میل کے فاصلہ پر بجانب مغرب ساحل کے قریب ہے۔

[۹-] بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ الشَّامِ

[۱۵۲۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: وَقَّتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ، وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ، وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ، فَهُنَّ لَهُنَّ، وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِ أَهْلِهِنَّ، لِمَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، فَمَنْ كَانَ دُوْنَهُنَّ فَمُهَلُّهُ مِنْ أَهْلِهِ، وَكَذَاكَ، حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ يُهِلُّوْنَ مِنْهَا[راجع: ۱۵۲۴]

قوله: كذاك: مستقل جملہ ہے، ترجمہ: پس جو ہو مواقیت سے ورے یعنی حرم کی طرف پس اس کی احرام باندھنے کی جگہ اس کے گھر سے ہے، اور اسی طرح یعنی جو حرم سے اور قریب ہو وہ بھی اپنے گھر سے احرام باندھے، یہاں تک کہ مکہ والے مکہ سے (حج کا) احرام باندھیں۔

بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ نَجْدٍ

نجد والوں کی احرام باندھنے کی جگہ

نجد کی طرف سے آنے والوں کے لئے میقات قرن المنازل ہے، یہ مکہ معظّمہ سے تقریباً ۳۵ میل مشرق میں نجد کے راستہ پر ایک پہاڑی ہے۔

[۱۰-] بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ نَجْدٍ

[۱۵۲۷-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ وَقَّتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ح:

[۱۵۲۸-] قَالَ: وَحَدَّثَنِي أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " مُهَلُّ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذُوْ الْحُلَيْفَةِ، وَمُهَلُّ أَهْلِ الشَّامِ مَهْيَعَةُ، وَهِيَ الْجُحْفَةُ، وَأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنٌ"

قَالَ ابْنُ عُمَرَ: زَعَمُوْا أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ وَلَمْ أَسْمَعْهُ: " وَمُهَلُّ أَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمُ"

[راجع: ۱۳۳]

بَابُ مُهَلِّ مَنْ كَانَ دُوْنَ الْمَوَاقِيْتِ

جو لوگ میقات سے حرم کی طرف رہتے ہیں ان کے احرام باندھنے کی جگہ

دُون المواقيت: یعنی حل کے باشندے، حل میں رہنے والے اپنے گھر سے یا حرم میں داخل ہونے سے پہلے احرام باندھیں۔

[۱۱-] بَابُ مُهَلِّ مَنْ كَانَ دُوْنَ الْمَوَاقِيْتِ

[۱۵۲۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ الجُحْفَةَ، وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ، وَلِأَهْلِ

نَجْدٍ قَرْنًا، فَهُنَّ لَهُنَّ، وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِ أَهْلِهِنَّ، مِمَّنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، فَمَنْ كَانَ دُوْنَهُنَّ فَمِنْ أَهْلِهِ، حَتَّى إِنَّ أَهْلَ مَكَّةَ يُهِلُّوْنَ مِنْهَا. [راجع: ١٥٢٤]

بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ الْيَمَنِ

یمن والوں کی احرام باندھنے کی جگہ

یمن کی طرف سے آنے والوں کے لئے میقات یلملم ہے، یہ تہامہ کی ایک معروف پہاڑی ہے جو مکہ معظّمہ سے تقریباً چالیس میل جنوب مشرق میں واقع ہے۔

[١٢-] بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ الْيَمَنِ

[١٥٣٠-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ، وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ، وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ، هُنَّ لِأَهْلِهِنَّ، وَلِكُلِّ آتٍ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِهِمْ، مِمَّنْ أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، فَمَنْ كَانَ دُوْنَ ذٰلِكَ فَمِنْ حَيْثُ أَنْشَأَ، حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ. [راجع: ١٥٢٤]

بَابٌ: ذَاتُ عِرْقٍ لِأَهْلِ الْعِرَاقِ

عراق والوں کی میقات ذات عرق ہے

عراق کی طرف سے آنے والوں کے لئے ذات عرق میقات ہے، یہ جگہ مکہ معظّمہ سے شمال مشرق میں عراق کے راستہ پر واقع ہے، یہ مکہ معظّمہ سے پچاس میل کی دوری پر واقع ہے، اہل مشرق کی یہ میقات خود نبی ﷺ نے مقرر فرمائی ہے، مگر شروع میں لوگوں سے یہ مخفی رہی، لوگ چار ہی میقات جانتے تھے، کیونکہ نبی ﷺ کے زمانہ میں عراق کی طرف سے حج وعمرہ کے لئے آنے والا کوئی نہیں تھا، وہاں مسلمان آباد نہیں تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب عراق فتح ہوا اور وہاں سے لوگ حج وعمرہ کے لئے آنے لگے، تو شروع میں قرن المنازل سے احرام باندھ کر آتے تھے، مگر ان کو پریشانی ہوتی تھی، کیونکہ یہ میقات ان کے راستہ سے ہٹی ہوئی تھی، اور یہی ان کے لئے قریب ترین میقات تھی، انھوں نے یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کی، آپؓ نے ان کے لئے ذات عرق میقات مقرر فرمائی، کیونکہ یہ جگہ قرن المنازل کے محاذات میں تھی، بعد میں جن لوگوں کے پاس اس سلسلہ کی حدیثیں تھیں وہ انھوں نے بیان کیں، جن سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اجتہاد کی تائید ہوئی۔

[١٣-] بَابٌ: ذَاتُ عِرْقٍ لِأَهْلِ الْعِرَاقِ

[١٥٣١-] حَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَیْرٍ، حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: لَمَّا فُتِحَ هٰذَانِ الْمِصْرَانِ أَتَوْا عُمَرَ، فَقَالُوْا: یَا أَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ! إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم حَدَّ لِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا، وَهُوَ جَوْرٌ عَنْ طَرِیْقِنَا، وَإِنَّا إِنْ أَرَدْنَا قَرْنًا شَقَّ عَلَیْنَا، قَالَ: فَانْظُرُوْا حَذْوَهَا مِنْ طَرِیْقِكُمْ، فَحَدَّ لَهُمْ ذَاتَ عِرْقٍ.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جب یہ دونوں شہر (کوفہ وبصرہ) فتح ہوئے تو وہاں کے لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور انھوں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! بیشک نبی ﷺ نے نجد والوں کے لئے قرن المنازل میقات مقرر فرمائی ہے اور وہ جگہ ہمارے راستہ سے ہٹی ہوئی ہے، اور ہم اگر قرن المنازل کا قصد کریں یعنی اس راستہ سے آئیں تو ہمیں پریشانی ہوتی ہے، آپؓ نے فرمایا: تم اپنے راستہ میں اس کے محاذات میں کوئی جگہ دیکھو، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے لئے ذات عرق کو مقرر فرمایا۔

بَابُ الصَّلَاةِ بِذِی الْحُلَیْفَةِ

ذوالحلیفہ میں نماز پڑھنا

نبی ﷺ کا معمول تھا: جب آپؐ حج یا عمرہ کے لئے تشریف لے جاتے تو ذوالحلیفہ میں پہلا پڑاؤ کرتے، تاکہ تمام ساتھی تیار ہوکر وہاں اکٹھا ہوجائیں، پھر اگلی منزل کے لئے سفر شروع ہو، حجۃ الوداع میں میدانِ ذوالحلیفہ میں ایک کیکر کے درخت کے پاس آپؐ کا خیمہ نصب کیا گیا تھا، آپؐ نے اسی درخت کے نیچے احرام کا دوگانہ پڑھا ہے، پھر تلبیہ پڑھ کر احرام شروع کیا ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی اسی جگہ پہلا پڑاؤ ڈالتے تھے اور وہیں دوگانہ پڑھ کر احرام شروع کرتے تھے، اب اس جگہ مسجد بنی ہوئی ہے، جس میں نہانے دھونے کا معقول انتظام ہے، لوگ وہیں سے احرام باندھتے ہیں، حضرت ابن عمرؓ کے زمانہ میں بھی وہاں مسجد بن گئی تھی۔

[١٤-] بَابُ الصَّلَاةِ بِذِی الْحُلَیْفَةِ

[١٥٣٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَنَاخَ بِالْبَطْحَاءِ بِذِی الْحُلَیْفَةِ، فَصَلّٰی بِهَا، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ یَفْعَلُ ذٰلِكَ. [راجع: ٤٨٤]

ترجمہ: نبی ﷺ نے ذوالحلیفہ میں پتھریلی زمین میں اپنی اونٹنی بٹھائی یعنی پڑاؤ ڈالا، اوراسی میدان میں دوگانہ پڑھا، اورابن عمرؓ بھی ایسا کرتے تھے (بطحاء اس میدان کو کہتے ہیں جہاں پانی کی رو سے سنگریزے جمع ہوگئے ہوں)

بَابُ خُرُوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى طَرِيْقِ الشَّجَرَةِ

نبی ﷺ کا درخت کے راستے سے نکلنا

ذوالحلیفہ: بڑا میدان ہے، اس میں کیکر کا ایک بڑا درخت تھا، جب نبی ﷺ حج یا عمرہ کے لئے نکلتے تو اس درخت کے راستہ سے نکلتے تھے، اوراسی درخت کے پاس پڑاؤ ڈالتے، اور واپسی میں معرّس کے راستہ سے لوٹتے، یہ راستہ بھی میدانِ ذوالحلیفہ میں ہے، معرّس کے معنی ہیں: رات گذارنے کی جگہ، آپؐ واپسی میں یہاں رات گذار کر صبح مدینہ میں داخل ہوتے تھے، اوراس کی وجہ تحفۃ القاری (۲: ۳۴۵) میں ہے۔

[۱۵-] بَابُ خُرُوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى طَرِيْقِ الشَّجَرَةِ

[۱۵۳۳-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَخْرُجُ مِنْ طَرِيْقِ الشَّجَرَةِ، وَيَدْخُلُ مِنْ طَرِيْقِ الْمُعَرَّسِ، وَأَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا خَرَجَ إِلٰى مَكَّةَ صَلّٰى فِيْ مَسْجِدِ الشَّجَرَةِ، وَإِذَا رَجَعَ صَلّٰى بِذِي الْحُلَيْفَةِ بِبَطْنِ الْوَادِيْ، وَبَاتَ حَتّٰى يُصْبِحَ. [راجع: ٤٨٤]

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ درخت کے راستہ سے نکلا کرتے تھے (یہ وہی درخت ہے جس کے نیچے نبی ﷺ نے احرام کا دوگانہ پڑھا ہے، اور جہاں اب مسجد ذوالحلیفہ بنی ہوئی ہے) اور مدینہ میں رات گذارنے کے راستے سے داخل ہوتے تھے (یہ راستہ بھی میدان ذوالحلیفہ میں ہے، اوراسی میں وادی عقیق ہے) اور رسول اللہ ﷺ جب مکہ کی طرف نکلتے تھے تو درخت والی مسجد (مسجد ذوالحلیفہ) میں نماز پڑھتے تھے، اور جب لوٹتے تو ذوالحلیفہ میں وادی (عقیق) کے درمیان میں نماز پڑھتے تھے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "اَلْعَقِيْقُ وَادٍ مُبَارَكٌ"

نبی ﷺ کا ارشاد کہ عقیق مبارک میدان ہے

عقیق کے معنی ہیں: وہ میدان جس کو قدیم زمانہ میں سیلاب نے وسیع کردیا ہو، اور مدینہ کے پاس اور جزیرۃ العرب میں عقیق نام کے متعدد میدان ہیں، ایک میدان ذوالحلیفہ میں بھی ہے، اسی سے لگواں معرّس ہے، یہ میدان مبارک کیوں ہے؟

اس کی وجہ کسی روایت میں نہیں آئی، اور یہ واقعہ ہے کہ مختلف عوامل سے زمان ومکان میں فضیلت پیدا ہوتی ہے، یہ مضمون علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے زاد المعاد کے شروع میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اور العقیق واد مبارك دراصل فرشہ کا قول ہے، اس نے خواب میں نبی ﷺ سے یہ بات کہی ہے، پھر آپؐ نے لوگوں کو یہ بات بتائی تو یہ آپؐ کا بھی ارشاد ہو گیا۔

[۱٦-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "الْعَقِيْقُ وَادٍ مُبَارَكٌ"

[۱۵۳٤-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، وَبِشْرُ بْنُ بَكْرٍ التِّنِّيْسِيُّ، قَالاَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عِكْرِمَةُ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: إِنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِوَادِي الْعَقِيْقِ يَقُوْلُ: "أَتَانِي اللَّيْلَةَ آتٍ مِنْ رَبِّيْ فَقَالَ: صَلِّ فِيْ هٰذَا الْوَادِي الْمُبَارَكِ، وَقُلْ: عُمْرَةٌ فِيْ حَجَّةٍ" [انظر: ۲۳۳۷، ۷۳٤۳]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے وادی عقیق میں نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے پاس آج رات (خواب میں) میرے ربّ کی طرف سے ایک آنے والا (فرشتہ) آیا، پس اس نے کہا: اس مبارک میدان میں نماز پڑھیں، اور عمرة فی حجة کہیں یعنی میں عمرہ کا احرام حج کے احرام میں ملاتا ہوں یعنی قران کرتا ہوں۔

قوله: عمرة کو اکثر محدثین نے مرفوع پڑھا ہے، پس یہ مبتدا محذوف کی خبر ہے أی: هذه عمرة فی حجة، اور بعض نے منصوب پڑھا ہے، پس یہ فعل محذوف کا مفعول ہے، أی: جعلتُها عمرةً فی حجة۔

تشریح: یہ حدیث بخاری شریف میں تین جگہ ہے، اور سب جگہ تقریباً یہی الفاظ ہیں، مگر اس کی مراد واضح نہیں، کیونکہ یہ واقعہ حج سے واپسی کا ہے، اور اس موقعہ پر احرام نہیں تھا، پس اس تلبیہ کا کیا موقع ہے! اور اس واقعہ کی تفصیل آئندہ روایت میں ہے۔

[۱۵۳۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ أُرِيَ وَهُوَ فِيْ مُعَرَّسٍ بِذِي الْحُلَيْفَةِ بِبَطْنِ الْوَادِيْ، قِيْلَ لَهُ: إِنَّكَ بِبَطْحَاءَ مُبَارَكَةٍ!

وَقَدْ أَنَاخَ بِنَا سَالِمٌ، يَتَوَخَّى الْمُنَاخَ الَّذِيْ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُنِيْخُ، يَتَحَرَّى مُعَرَّسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ أَسْفَلُ مِنَ الْمَسْجِدِ الَّذِيْ بِبَطْنِ الْوَادِيْ، بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الطَّرِيْقِ وَسَطٌ مِنْ ذٰلِكَ.

[راجع: ٤۸۳]

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ (خواب) دکھلائے گئے، درانحالیکہ آپؐ ذوالحلیفہ میں وادی (عقیق) کے درمیان

میں معرّس (رات گذارنے کی جگہ) میں تھے، آپؐ سے (خواب میں) کہا گیا: بے شک آپ سنگریزوں والے بابرکت میدان میں ہیں!

(موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں:) اور سالم رحمہ اللہ نے ہم کو وہاں ٹھہرایا، قصد کرتے تھے وہ اس جگہ کا جہاں ابن عمرؓ اونٹ بٹھایا کرتے تھے، قصد کرتے تھے ابن عمرؓ نبی ﷺ کے رات گذارنے کی جگہ کا، اور وہ جگہ اس مسجد سے نیچے ہے جو وادی کے درمیان ہے، (پڑاؤ ڈالنے والے) لوگوں اور راستہ کے بالکل بیچ میں ہے۔

تشریح: پہلے آیا ہے کہ جب آپ کسی غزوہ سے یا حج یا عمرہ سے لوٹتے تو وادی (عقیق) کے درمیان سے گذرتے، اور جب آپؐ وادی (عقیق) کے بیچ سے اوپر چڑھتے تو بطحاء (سنگریزوں والی جگہ) میں جو وادی عقیق کے مشرقی کنارہ پر واقع ہے وہاں اونٹ بٹھاتے، اور وہاں رات گذارتے، یہاں تک کہ صبح کرتے، یہی جگہ معرّس ہے، اور اسی جگہ آپؐ نے خواب دیکھا ہے، چنانچہ آپؐ نے وادی عقیق میں تشریف لے جا کر نماز پڑھی۔

یہ جگہ اس مسجد کے پاس نہیں ہے جو پتھروں کی بنی ہوئی ہے، اور نہ اس ٹیلے پر ہے جس پر مسجد بنی ہوئی ہے بلکہ وہاں ایک گہری وادی تھی، ابن عمرؓ اس کے پاس نماز پڑھا کرتے تھے، اس وادی کے بیچ میں ریت کے تودے تھے، نبی ﷺ وہاں نماز پڑھا کرتے تھے، پس اس میں پانی کی رَو سنگریزوں کو دھکیل لائی، یہاں تک کہ وہ جگہ چھپ گئی جہاں ابن عمرؓ نماز پڑھا کرتے تھے (تحفۃ القاری ۲: ۳۴۵)

بَابُ غَسْلِ الْخَلُوْقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مِنَ الثِّيَابِ

کپڑوں سے خوشبو تین مرتبہ دھونا

الخَلوق و الخِلاق: ایک قسم کی خوشبو جس کا جزءِ اعظم زعفران ہوتا ہے۔ جعرانہ میں جہاں نبی ﷺ نے حنین کی غنیمت تقسیم فرمائی ہے تین دن قیام رہا ہے، وہاں سے صحابہ احرام باندھ کر مکہ جاتے تھے اور عمرہ کرتے تھے۔ اس موقعہ کا قصہ ہے: ایک بدّو نے عمرہ کا احرام باندھا اور جبہ پہن رکھا ہے، اور اس پر اور بدن پر خلوق لگا رکھا ہے، کسی نے اس کو مسئلہ بتایا کہ احرام کی حالت میں جبہ پہننا اور خوشبو لگانا جائز نہیں، مگر جو غلطی ہوگئی اس کا کیا؟ اس نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا: آپؐ خاموش رہے، پھر آپؐ پر وحی کے آثار طاری ہوئے، جب آپ پر وحی آتی تو جو بھی موجود ہوتا آپ کو کپڑا اوڑھا دیتا —— ایک صحابی ہیں حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ، انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہہ رکھا تھا کہ جب نبی ﷺ پر وحی آئے تو مجھے دکھانا، چنانچہ جب وحی کے آثار شروع ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت یعلیٰؓ کو لائے اور ان کا سر کپڑے کے نیچے گھسایا اور کہا: دیکھ وحی اس طرح آتی ہے۔ جب وحی پوری ہوئی تو آپؐ نے اعرابی سے فرمایا: ”جبہ نکال دے، اور خوشبو تین مرتبہ دھو ڈال اور جس طرح حج کرتا ہے عمرہ کر“

اب چند باتیں سمجھنی ہیں:

۱- حالت احرام میں خوشبو لگانا اور سلا ہوا کپڑا پہننا جنایت ہے، مگر آپؐ نے اس کو جنایت قرار نہیں دیا کیونکہ یہ صورت پہلی بار پیش آئی تھی۔ پس یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے۔

۲- وہ اعرابی جبہ نکال کر رکھ لے گا، اور بدن سے خوشبو دھو کر بے سلا کپڑا پہن لے گا، اس لئے جبہ دھونا ضروری نہیں، لیکن اگر کسی نے ناواقفی میں احرام کی چادر میں خوشبو لگائی ہو اور اس کے پاس دوسری چادر نہ ہو تو وہ اس کو دھو کر استعمال کرسکتا ہے اس طرف اشارہ کرنے کے لئے حضرت رحمہ اللہ نے ترجمہ میں من الثیاب بڑھایا ہے، ورنہ حدیث میں کپڑا دھونے کا ذکر نہیں۔

۳- ناپاک کپڑے کے پاک کرنے کا جو طریقہ فقہ میں لکھا ہے کہ تین مرتبہ دھوؤ اور ہر بار نچوڑ و اس کی اصل یہ حدیث ہے۔

[۱۷-] بَابُ غَسْلِ الْخَلُوْقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مِنَ الثِّيَابِ

[۱۵۳۶-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، أَنَّ صَفْوَانَ بْنَ يَعْلٰى أَخْبَرَهُ، أَنَّ يَعْلٰى قَالَ لِعُمَرَ: أَرِنِيْ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ يُوْحٰى إِلَيْهِ، قَالَ: فَبَيْنَمَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْجِعْرَانَةِ، وَمَعَهُ نَفَرٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، جَاءَ هُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! كَيْفَ تَرٰى فِي رَجُلٍ أَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ، وَهُوَ مُتَضَمِّخٌ بِطِيْبٍ؟ فَسَكَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَاعَةً، فَجَاءَ هُ الْوَحْيُ فَأَشَارَ عُمَرُ إِلٰى يَعْلٰى، فَجَاءَ يَعْلٰى، وَعَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَوْبٌ، قَدْ أُظِلَّ بِهِ، فَأَدْخَلَ رَأْسَهُ، فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُحْمَرُّ الْوَجْهِ، وَهُوَ يَغِطُّ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَقَالَ: "أَيْنَ الَّذِيْ سَأَلَ عَنِ الْعُمْرَةِ؟" فَأُتِيَ بِرَجُلٍ، فَقَالَ: "اغْسِلِ الطِّيْبَ الَّذِيْ بِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَانْزِعْ عَنْكَ الْجُبَّةَ، وَاصْنَعْ فِي عُمْرَتِكَ كَمَا تَصْنَعُ فِي حَجَّتِكَ" فَقُلْتُ لِعَطَاءٍ: أَرَادَ الإِنْقَاءَ حِيْنَ أَمَرَهُ أَنْ يَغْسِلَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ؟ فَقَالَ: نَعَمْ.[انظر: ۱۷۸۹، ۱۸۴۷، ۴۳۲۹، ۴۹۸۵]

حدیث کا آخر: حضرت عمرؓ نے یعلیٰؓ کو اشارہ کیا، پس یعلیٰؓ آئے اور نبی ﷺ پر ایک کپڑا تھا جو آپؐ کو اوڑھایا گیا تھا، پس حضرت یعلیٰؓ نے کپڑے میں اپنا سر گھسایا، پس اچانک رسول اللہ ﷺ کا چہرہ سرخ ہو رہا ہے، اور آپ خراٹے لے رہے ہیں، پھر آپؐ سے یہ کیفیت دور کی گئی، یعنی وحی پوری ہوگئی، تو آپؐ نے پوچھا: وہ شخص کہاں ہے جس نے عمرہ کے بارے میں پوچھا تھا؟ پس ایک شخص لایا گیا، آپؐ نے فرمایا: جو خوشبو تیرے بدن پر ہے اسے تین مرتبہ دھو ڈال، اور جبہ نکال دے اور عمرہ میں اس طرح کر جس طرح اپنے حج میں کرتا ہے۔ ابن جریجؒ نے عطاءؒ سے پوچھا: تین مرتبہ دھونے کا حکم آپؐ نے صفائی کے لئے دیا تھا؟ انھوں نے کہا: ہاں۔

بَابُ الطِّيْبِ عِنْدَ الإِحْرَامِ، وَمَا يَلْبَسُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُحْرِمَ؟ وَيَتَرَجَّلُ وَيَدَّهِنُ

احرام شروع کرتے وقت خوشبو لگانا، اور احرام میں کیا کپڑے پہنے؟

اور احرام سے پہلے سر میں تیل کنگھا کرنا

اس باب میں تین مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: احرام شروع کرنے سے پہلے خوشبو لگانا جائز ہے، نبی ﷺ نے جب احرام باندھا تھا تو احرام باندھنے سے پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ کو خوشبو لگائی تھی۔ جاننا چاہئے کہ کان میں عطر کا پھاہا رکھنا جائز نہیں، اسی طرح اگر کسی نے احرام کی چادر میں خوشبو لگائی تو جب تک وہ چادر بدن پر ہے کچھ حرج نہیں، لیکن جب ایک مرتبہ چادر بدن سے الگ کردی تو اب اس کو اوڑھنا جائز نہیں۔ اس لئے چادر میں خوشبو نہیں لگانی چاہئے، اور بدن پر بھی جہاں کپڑا لگے خوشبو نہیں لگانی چاہئے، کیونکہ کپڑا خوشبودار ہوجائے گا تو اس کو دوبارہ اوڑھنے سے جنابت لازم آئے گی۔ اور نبی ﷺ نے سر میں خوشبو لگائی تھی، وہاں کپڑا نہیں لگتا، پس ایسی جگہ خوشبو لگا سکتے ہیں۔

دوسرا مسئلہ: جب احرام شروع کرے تو کیا کپڑے پہنے؟ یہ مستقل مسئلہ ہے اور آگے دوسرے باب میں آرہا ہے۔

تیسرا مسئلہ: اگر کوئی احرام شروع کرنے سے پہلے سر کو اچھی طرح دھوکر تیل کنگھا کرکے پھر احرام باندھے تو ایسا کرسکتا ہے، باب میں یہ تین مسئلے ہیں، اس کے بعد آثار ہیں اور ان میں بھی مسائل ہیں، مذکورہ تین مسئلوں کے دلائل نہیں ہیں۔

[۱۸-] بَابُ الطِّيْبِ عِنْدَ الإِحْرَامِ، وَمَا يَلْبَسُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُحْرِمَ؟ وَيَتَرَجَّلُ وَيَدَّهِنُ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يَشُمُّ الْمُحْرِمُ الرَّيْحَانَ، وَيَنْظُرُ فِي الْمِرْآةِ، وَيَتَدَاوٰى بِمَا يَأْكُلُ: الزَّيْتَ وَالسَّمْنَ.

[۲-] وَقَالَ عَطَاءٌ: يَتَخَتَّمُ، وَيَلْبَسُ الْهِمْيَانَ.

[۳-] وَطَافَ ابْنُ عُمَرَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، وَقَدْ حَزَمَ عَلٰى بَطْنِهِ بِثَوْبٍ.

[٤-] وَلَمْ تَرَ عَائِشَةُ بِالتُّبَّانِ بَأْسًا، لِلَّذِيْنَ يَرْحَلُوْنَ هَوْدَجَهَا.

[۱۵۳۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَدَّهِنُ بِالزَّيْتِ، فَذَكَرْتُهُ لِإِبْرَاهِيْمَ، فَقَالَ: مَا تَصْنَعُ بِقَوْلِهِ؟

[۱۵۳۸-] حَدَّثَنِي الأَسْوَدُ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى وَبِيْصِ الطِّيْبِ فِي مَفَارِقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَهُوَ مُحْرِمٌ.

[۱۵۳۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَتْ: کُنْتُ أُطَیِّبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم لِإِحْرَامِهِ حِیْنَ یُحْرِمُ، وَلِحِلِّهِ قَبْلَ أَنْ یَطُوْفَ بِالْبَیْتِ. [انظر: ۱۷۵٤، ۵۹۲۲، ۵۹۲۸، ۵۹۳۰]

۱-ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: محرم پھول سونگھ سکتا ہے، اور آئینہ میں دیکھ سکتا ہے، اور خوشبودار کھانے کی چیزوں سے علاج کرسکتا ہے، جیسے زیتون اور گھی یعنی زیتون کو پیس کر بدن پر لگا سکتا ہے۔

تشریح: حضرت ابن عمر اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما کے نزدیک محرم کے لئے پھول سونگھنا مکروہ ہے، حنفیہ اور مالکیہ اسی کے قائل ہیں، اور شوافع کے نزدیک حرام ہے (عمدۃ القاری ۹: ۱۵۳)

۲-حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ کہتے ہیں: محرم انگوٹھی پہن سکتا ہے اور ہمیانی باندھ سکتا ہے، لوگ احرام کے اوپر ایک پٹی باندھتے ہیں اس میں جیب ہوتی ہے، اس میں پیسہ وغیرہ رکھتے ہیں، اس کو ہمیانی کہتے ہیں، احرام میں اس کو باندھنے میں کچھ حرج نہیں۔

۳-ابن عمر رضی اللہ عنہما بحالت احرام طواف کررہے تھے اور انھوں نے پیٹ پر ایک کپڑا باندھ رکھا تھا۔

۴-حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جب حج یا عمرہ کے لئے جاتیں تو ہودہ میں بیٹھتی تھیں (ہودہ: اردو تلفظ ہے اور عربی تلفظ ہودج ہے: عماری، کجاوہ جو اونٹ اور ہاتھی پر بیٹھنے کے لئے رکھتے ہیں) اس کو اتارنے اور اونٹ پر رکھنے کے لئے کم از کم دو مزدور چاہئیں، وہ مزدور بھی احرام میں ہوتے تھے، جب وہ ہودہ کو اتاریں گے یا اونٹ پر رکھیں گے تو ستر کھلنے کا اندیشہ ہے، اس لئے حضرت عائشہؓ نے ان کے بارے میں فرمایا: اگر وہ انڈرویر پہنیں تو کچھ حرج نہیں ——— مگر ائمہ اربعہ اس سے متفق نہیں، کیونکہ انڈرویر بدن کی ساخت پر سیا جاتا ہے اور جو کپڑے بدن کی ساخت پر سیے گئے ہوں احرام میں ان کو پہننا جائز نہیں۔

حدیث (۱): سعید بن جبیر رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمر (احرام سے پہلے) زیتون کا تیل لگاتے تھے، پس میں نے یہ بات ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے ذکر کی تو انھوں نے فرمایا: ابن عمرؓ کے عمل کی کیا ضرورت ہے؟ مجھ سے اسودؒ نے بواسطہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کیا کہ گویا میں نبی ﷺ کی مانگ میں خوشبو کی چمک دیکھ رہی ہوں، درانحالیکہ آپؐ احرام میں تھے، یعنی احرام شروع کرنے سے پہلے مانگ میں جو خوشبو ڈالی تھی احرام شروع کرنے کے بعد وہ خوشبو باقی تھی۔

تشریح:

۱-ہمارا ملک گرم مرطوب ہے، اگر ہم سال بھر بدن میں تیل نہ لگائیں تو کوئی فرق نہیں پڑتا، مگر عرب کا ملک گرم خشک ہے وہاں ہفتہ میں ایک مرتبہ جسم میں تیل لگانا پڑتا ہے، ورنہ بدن پھٹنے لگتا ہے۔ اس لئے ابن عمر رضی اللہ عنہما احرام باندھنے سے پہلے بدن میں زیتون کا تیل لگاتے تھے پھر نہا کر احرام باندھتے تھے، ابن عمرؓ کا یہ عمل سعید بن جبیرؒ نے ابراہیم نخعیؒ سے ذکر کیا تو انھوں نے فرمایا: فعل صحابی کی ضرورت نہیں، اس سلسلہ میں حدیث مرفوع موجود ہے، پھر انھوں نے حضرت عائشہ

رضی اللہ عنہا کی حدیث سنائی کہ انھوں نے احرام سے پہلے نبی ﷺ کو مشک ملی ہوئی خوشبو لگائی اور مانگ میں پسی ہوئی خوشبو بھری جو احرام شروع کرنے کے بعد بھی نظر آتی تھی، جب احرام شروع کرنے سے پہلے مشک لگا سکتے ہیں جو اعلیٰ درجہ کی خوشبو ہے تو تیل بدرجۂ اولیٰ لگا سکتے ہیں۔

۲- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فعل صحابی کی ضرورت اس وقت ہوتی ہے جب حدیث مرفوع موجود نہ ہو، اگر حدیث مرفوع موجود ہو تو پھر فعل صحابی کی ضرورت نہیں، اگر فعل صحابی حدیث مرفوع کے موافق ہے تو سبحان اللہ اور خلاف ہے تو حدیث مرفوع لیں گے اور فعل صحابی کو چھوڑ دیں گے۔ یہ قاعدہ اس حدیث سے نکلا۔

حدیث (۲): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نبی ﷺ کو احرام شروع کرنے سے پہلے خوشبو لگاتی تھی جب آپؐ احرام شروع فرماتے اور جب احرام کھولتے طواف زیارت سے پہلے۔

تشریح: جمہور کے نزدیک احرام سے پہلے ہر قسم کی خوشبو لگانا بلا کراہیت جائز ہے، خواہ وہ دیر تک باقی رہنے والی ہو یا جلدی اڑ جانے والی ہو، اس لئے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کو احرام سے پہلے مشک ملی ہوئی خوشبو لگائی ہے جو دیرپا ہوتی ہے، اور امام مالک اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک احرام سے پہلے ایسی خوشبو لگانا مکروہ ہے جس کا اثر احرام کے بعد باقی رہے، اور احرام کھولنے کے بعد طوافِ زیارت سے پہلے خوشبو لگانا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے اور یہ مسئلہ آگے (کتاب الحج باب ۱۴۳ میں) آرہا ہے۔

بَابُ مَنْ أَهَلَّ مُلَبِّدًا

جس نے بال چپکا کر احرام باندھا

لَبَّد الشعرَ کے معنی ہیں: لیس دار چیز یا گوند سے بالوں کو چپکانا۔ آنحضور ﷺ کے زمانہ میں مدینہ سے مکہ دس دن میں پہنچتے تھے، اور سارا علاقہ ریتیلا تھا، ہوائیں چلتی تھیں، گرد وغبار اڑتا تھا اور آدمی کا برا حال ہو جاتا تھا، اس لئے نبی ﷺ نے کسی لیس دار مادے سے بالوں کو چپکایا تاکہ بال بکھر نہ جائیں، اور ان میں گرد وغبار نہ گھسے، اب کوئی بال نہیں چپکاتا کیونکہ اب ایک دو دن میں احرام کھل جاتا ہے بلکہ بعض مرتبہ ایک دن بھی نہیں لگتا، پھر بند گاڑیوں میں سفر ہوتا ہے وہاں گرد وغبار کا گذر نہیں، اس لئے اب کوئی تلبید نہیں کرتا، اور نہ تلبید کی ضرورت ہے۔

[۱۹-] بَابُ مَنْ أَهَلَّ مُلَبِّدًا

[۱٥٤٠-] حدثنا أَصْبَغُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُهِلُّ مُلَبِّدًا. [انظر: ١٥٤٩، ٥٩١٤، ٥٩١٥]

ترجمہ: ابن عمرؓ نے نبی ﷺ کو تلبیہ پڑھتے ہوئے سنا درانحالیکہ آپؐ نے لیس دار مادے سے بال چپکا رکھے تھے۔

بَابُ الإِهْلَالِ عِنْدَ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ

ذوالحلیفہ میں نماز پڑھنے کی جگہ کے پاس احرام باندھنا

نبی ﷺ جب کسی جگہ پڑاؤ ڈالتے تھے تو آپؐ کے خیمہ کے پاس باجماعت نماز کے لئے جگہ ہموار کرلی جاتی تھی، وہیں اذان ہوتی تھی اور وہیں نمازیں پڑھی جاتی تھیں، حج کے لئے جب روانگی ہوئی اور پہلا پڑاؤ ذوالحلیفہ میں ہوا تو وہاں بھی نماز کے لئے جگہ تیار کی گئی، یہی مسجد ہے، اس جگہ کے قریب ایک کیکر کا درخت تھا، آپؐ نے اس کے نیچے احرام کا دوگانہ پڑھا، پھر تلبیہ پڑھ کر احرام شروع کیا، اب ٹھیک اسی جگہ مسجد بنی ہوئی ہے اور اس میں نہانے دھونے کا معقول انتظام ہے۔

[۲۰-] بَابُ الإِهْلَالِ عِنْدَ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ

[۱۵۴۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ يَقُوْلُ: مَا أَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا مِنْ عِنْدِ الْمَسْجِدِ، يَعْنِيْ مَسْجِدَ ذِي الْحُلَيْفَةِ.

ترجمہ: نہیں تلبیہ پڑھا رسول اللہ ﷺ نے مگر مسجد کے پاس، مراد لے رہے ہیں ابن عمرؓ ذوالحلیفہ کی مسجد کو۔

بَابٌ: مَالَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ

وہ کپڑے جو محرم نہیں پہن سکتا

باب کی حدیث میں سائل نے مثبت پہلو سے سوال کیا ہے کہ محرم کیا کپڑے پہن سکتا ہے؟ اور نبی ﷺ نے منفی پہلو سے جواب دیا ہے کہ یہ یہ کپڑے نہیں پہن سکتا، اور آپؐ نے جواب کا انداز اس لئے بدلا ہے کہ جو کپڑے احرام میں پہن سکتے ہیں وہ بے شمار ہیں اور جو ممنوع ہیں وہ محدود ہیں، اس لئے ان کو بیان فرمایا۔

[۲۱-] بَابٌ: مَالَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ

[۱۵۴۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَا يَلْبَسُ الْقَمِيْصَ،

وَلَا الْعَمَائِمَ، وَلَا السَّرَاوِيْلَاتِ، وَلَا الْبَرَانِسَ، وَلَا الْخِفَافَ، إِلَّا أَحَدٌ لَا يَجِدُ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ، وَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ، وَلَا تَلْبَسُوْا مِنَ الثِّيَابِ شَيْئًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ أَوْ وَرْسٌ"[راجع: ۱۳٤]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: يَغْسِلُ الْمُحْرِمُ رَأْسَهُ، وَلَا يَتَرَجَّلُ، وَلَا يَحُكُّ جَسَدَهُ، وَيُلْقِي الْقَمْلَ مِنْ رَأْسِهِ وَجَسَدِهِ فِي الْأَرْضِ.

ترجمہ: ایک شخص نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! محرم کیا کپڑے پہن سکتا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: محرم کرتا نہ پہنے، نہ پگڑیاں باندھے، نہ پائجامے پہنے، نہ کرتے کے ساتھ ملا ہوا سر پوش اوڑھے اور نہ چمڑے کے موزے پہنے، مگر جو شخص چپل نہ پائے تو چاہئے کہ وہ خفین پہنے اور چاہئے کہ وہ ان کو ٹخنوں سے نیچے کاٹ لے، اور نہ کوئی ایسا کپڑا پہنے جس کو زعفران یا ورس نے چھویا ہو، یعنی ان میں رنگا گیا ہو۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: محرم سر دھوسکتا ہے اور کنگھی نہ کرے اور بدن نہ کھجائے، اور سر اور بدن میں سے جوں زمین پر ڈال دے۔

وہ کپڑے جو محرم کے لئے ممنوع ہیں:

۱و۲- کرتا اور پائجامہ: محرم ان کو نہیں پہن سکتا اور یہ حکم صرف مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے نہیں، وہ احرام کی حالت میں شلوار اور قمیص پہن سکتی ہیں۔ اور علماء نے تنقیح مناط کر کے اس سے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ جو کپڑا بدن کی ساخت پر سیا گیا ہو یا بنا گیا ہو وہ محرم کے لئے جائز نہیں، مثلاً کُرتا، جبہ، پائجامہ، پتلون، بنیان، چڈی، نیکر، جانگیہ وغیرہ محرم نہیں پہن سکتا، اور وہ کپڑا جو بدن کی ساخت پر نہیں سیا گیا جیسے لنگی بدن کی ساخت پر نہیں سی جاتی بلکہ اس کے دو کنارے ملا کر آگے سے سی دیتے ہیں اس لئے محرم اس کو پہن سکتا ہے۔

۳و۴- ٹوپی اور پگڑی: محرم ان کو بھی نہیں پہن سکتا، اور تنقیح مناط کر کے علماء نے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ احرام میں مرد کے لئے سر ڈھانکنا منع ہے، اسی طرح چہرہ ڈھانکنا بھی منع ہے، کیونکہ احرام کی حالت میں عورت کے لئے چہرہ ڈھانکنا منع ہے تو مرد کے لئے بدرجہ اولیٰ منع ہے، مرد کا احرام سر اور چہرہ میں ہے اور عورت کا احرام صرف چہرے میں ہے، عورت کے لئے سر چھپانا جائز ہے، چہرہ چھپانا جائز نہیں۔

البتہ اگر سونے کی حالت میں بے خبری میں کوئی چادر کھینچ لے اور سر ڈھانپ لے تو گناہ نہیں، حدیث میں ہے: تین شخصوں سے قلم اٹھا دیا گیا ہے یعنی وہ احکام شرعیہ کے مکلّف نہیں، ان میں سے ایک سونے والا بھی ہے (مشکوٰۃ ۳۲۸۷) اور چھتری سے سایہ کرنا سر ڈھانپنا نہیں، کیونکہ اس کے اور سر کے درمیان فاصلہ رہتا ہے، اور یہ ایسا ہی ہے جیسے چھت کے نیچے رہنا بالاتفاق جائز ہے۔

اور بَرَانِس: بُرنُس کی جمع ہے، بُرنُس وہ ٹوپی ہے جو جبہ کے ساتھ سلی ہوئی ہوتی ہے، اور لمبی ٹوپی کو بھی بُرنُس کہتے ہیں۔

۵- چمڑے کے موزے: پہننا بھی جائز نہیں، یعنی پیروں میں بھی احرام ہے اور چونکہ چپل کے بغیر چلنا دشوار ہے اس لئے تلوے اور کعبین (ٹخنوں) سے نیچے ڈھانک سکتے ہیں، البتہ ٹخنے کھلے رکھنے ضروری ہیں، اور ٹخنے دو ہیں: ایک: وہ جہاں تک وضو میں پاؤں دھونا ضروری ہے، یعنی پیر کی دونوں جانبوں میں ابھری ہوئی ہڈیاں، دوسرے: پاؤں کا اوپری حصہ جہاں بال اگتے ہیں، یہ بھی ٹخنے ہیں۔ دونوں ٹخنے کھلے رکھنے ضروری ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: اگر کسی کے پاس چپل نہ ہوں تو خفین کو ٹخنوں سے نیچے کاٹ لے پھر پہنے، معلوم ہوا کہ پاؤں کے تلوے اور کعبین سے نیچے کا حصہ احرام میں داخل نہیں، اس کو ڈھانک سکتے ہیں، پس محرم جوتی پہن سکتا ہے کیونکہ وہ کاٹے ہوئے خف کی طرح ہوتی ہے اور بہتر یہ ہے کہ ایسے چپل پہنے جس کے تسمے چوڑے نہ ہوں۔

۶- جو کپڑا زعفران یا ورس میں رنگا گیا ہو: اس کو محرم نہیں پہن سکتا، اور یہ مسئلہ مرد وزن سب کے لئے ہے، اور علماء نے تنقیح مناط کر کے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ ہر وہ کپڑا جو خوشبودار رنگ میں رنگا گیا ہو یا خوشبو میں بسایا گیا ہو محرم نہیں پہن سکتا، نہ مرد پہن سکتا ہے نہ عورت، اور ممانعت کی وجہ خوشبو ہے رنگ نہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے احرام کی حالت میں مُعصفر (زرد رنگ میں رنگا ہوا) کپڑا پہنا ہے۔ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بھی یہی فتوی ہے کہ محرم معصفر کپڑا پہن سکتا ہے (یہ فتوی اور حضرت عائشہؓ کا عمل آگے دوسرے باب میں آرہا ہے)

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے چند مسائل بیان کئے ہیں: محرم سر دھو سکتا ہے اور نہا بھی سکتا ہے، مگر کنگھی نہ کرے نہ سر اور بدن کھجلائے، کیونکہ بال ٹوٹیں گے اور یہ جنابت ہے اور مجبوری ہو تو احتیاط سے کھجلائے تاکہ بال نہ ٹوٹیں، اور احرام میں جوں مارنا بھی جائز نہیں، اگر جوں ہاتھ میں آجائے تو زمین پر ڈال دے، مارے نہیں۔

بَابُ الرُّكُوْبِ وَالإِرْتِدَافِ فِی الْحَجِّ

حج کے سفر میں سوار ہونا اور سواری پر کسی کو پیچھے بٹھانا

احرام میں سواری پر سوار ہو سکتے ہیں، اور سواری پر کسی کو پیچھے بھی بٹھا سکتے ہیں، کوئی کہے کہ یہ تو بدیہی مسائل ہیں، اس کے لئے ابواب قائم کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ جواب یہ ہے کہ دقیق مسائل اور اختلافی مسائل بیان کرنا ہی حضرتؒ کے پیش نظر نہیں ہوتا، بلکہ ساری فقہ اسلامی پیش کرنا آپ کے پیش نظر رہتا ہے۔ عوام کے لئے یہ موٹے مسائل بھی ضروری ہیں۔

[۲۲-] بَابُ الرُّكُوْبِ وَالإِرْتِدَافِ فِی الْحَجِّ

[۱۵۴۳، ۱۵۴۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ

يُونُسَ الْأَيْلِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ أُسَامَةَ كَانَ رِدْفَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم مِنْ عَرَفَةَ إِلَى الْمُزْدَلِفَةِ، ثُمَّ أَرْدَفَ الْفَضْلَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى، قَالَ: فَكِلَاهُمَا قَالَ: لَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم يُلَبِّيْ حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ.

[الحديث: ۱۵٤۳، انظر: ۱٦۸٦] [الحديث: ۱۵٤٤، انظر: ۱٦۷۰، ۱٦۸۵]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ عرفہ سے مزدلفہ تک نبی ﷺ کی سواری پر پیچھے بیٹھے تھے، پھر مزدلفہ سے منیٰ تک فضل بن عباسؓ پیچھے بیٹھے تھے، اور وہ دونوں کہتے ہیں: نبی ﷺ برابر تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ آپؐ نے جمرۂ عقبہ کی رمی کی۔

تشریح: حج وعمرہ کا احرام باندھنے کے بعد تلبیہ افضل ذکر ہے، پس احرام کی حالت میں بار بار تلبیہ پڑھنا چاہئے، پھر جب دس ذی الحجہ کو جمرۂ عقبہ کی رمی کرے تو تلبیہ بند کر دے۔ اور عمرہ میں جب طواف کے لئے کعبہ کے پاس پہنچے اور حجر اسود کو بوسہ دے تو تلبیہ بند کر دے، یہ جمہور کا مذہب ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب عرفہ کا قصد کرے تو تلبیہ بند کر دے، اور عمرہ میں اگر میقات سے احرام باندھا ہے تو جب حدود حرم میں داخل ہو تو تلبیہ بند کر دے اور اگر حل سے احرام باندھا ہے تو جب مکہ کی آبادی میں داخل ہو یا مسجد حرام میں داخل ہو تو تلبیہ بند کر دے۔

بَابُ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ وَالْأَرْدِيَةِ وَالْأُزُرِ

کپڑے، چادریں اور لنگیاں جو محرم پہن سکتا ہے

أَرْدِيَة: رِدَاء کی جمع ہے: چادر، اور أُزُر: إزار کی جمع ہے: لنگی۔ یہ باب مثبت پہلو سے ہے، محرم چادر بھی اوڑھ سکتا ہے لنگی بھی باندھ سکتا ہے، اور کپڑے کونسے پہن سکتا ہے؟ اس کی تفصیل باب میں مذکور آثار میں ہے۔

[۲۳-] بَابُ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ وَالْأَرْدِيَةِ وَالْأُزُرِ

[۱-] وَلَبِسَتْ عَائِشَةُ الثِّيَابَ الْمُعَصْفَرَةَ، وَهِيَ مُحْرِمَةٌ، وَقَالَتْ: لَا تَلَثَّمْ، وَلَا تَبَرْقَعْ، وَلَا تَلْبَسْ ثَوْبًا بِوَرْسٍ وَلَا زَعْفَرَانٍ.

[۲-] وَقَالَ جَابِرٌ: لَا أَرَى الْمُعَصْفَرَ طِيبًا.

[۳-] وَلَمْ تَرَ عَائِشَةُ بَأْسًا بِالْحُلِيِّ، وَالثَّوْبِ الْأَسْوَدِ، وَالْمُوَرَّدِ، وَالْخُفِّ لِلْمَرْأَةِ.

[٤-] وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ: لَا بَأْسَ أَنْ يُبَدِّلَ ثِيَابَهُ.

۱- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے احرام میں عصفر میں رنگے ہوئے کپڑے پہنے، اور فرمایا: عورت احرام میں ڈھاٹا نہ

باندھے، اور نہ نقاب ڈالے اور نہ ورس اور زعفران میں رنگا ہوا کپڑا پہنے۔

لغات: **العُصْفر**: ایک زرد رنگ کی بوٹی جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں .... **تَلَثَّمَتِ الْمَرأة**: ڈھاٹا باندھنا، منہ پر کپڑے کی پٹی باندھنا .... **تبرْقَعَت المرأة**: برقع اوڑھنا، نقاب ڈالنا .... **بِوَرْسٍ**: أی مصبوغاً بورس **الوَرْس**: ایک قسم کا پودا جو رنگائی کے کام میں لایا جاتا ہے، اور ہندوستان، عرب اور ملک حبشہ میں پیدا ہوتا ہے۔

تشریح: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تین مسئلے بیان کئے ہیں:

(۱) عصفر میں رنگا ہوا کپڑا پہننا جائز ہے، انھوں نے احرام میں پہنا ہے، جمہور کی بھی یہی رائے ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ منع کرتے ہیں، اور اس کو جنایت قرار دیتے ہیں۔ اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ معصفر کپڑے میں خوشبو ہوتی ہے یا نہیں؟ جمہور کے نزدیک اس میں خوشبو نہیں ہوتی اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ہوتی ہے۔ جیسے ویکس میں خوشبو ہے یا نہیں؟ اور احرام میں ویکس لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ میرے نزدیک لگا سکتے ہیں، کیونکہ اس میں خوشبو نہیں ہے، بلکہ بدبو ہے، مگر بعض مفتیانِ کرام کے نزدیک اس میں خوشبو ہے، چنانچہ وہ منع کرتے ہیں۔

پھر اگر معصفر کپڑے میں خوشبو ہے تو وہ نئے کپڑے میں ہوتی ہے، جب بار بار دھونے کی وجہ سے خوشبو ختم ہو جائے، اور صرف رنگ رہ جائے تو پہن سکتے ہیں، کیونکہ احرام میں خوشبودار کپڑا ممنوع ہے، رنگین کپڑا ممنوع نہیں۔

(۲) عورت کا احرام چہرے میں ہے، جتنا حصہ وضو میں دھونا فرض ہے عورت کے لئے احرام میں اس کو کھلا رکھنا ضروری ہے، پس عورت کسی طرح چہرے کو نہ چھپائے، نہ ڈھاٹا باندھے نہ نقاب ڈالے، مگر اجنبیوں سے پردہ کرنا ضروری ہے، اور اس کی مختلف شکلیں ہوسکتی ہیں، مثلاً پنکھا ہاتھ میں رکھے، اور بس وغیرہ میں چہرے کے سامنے پنکھا کر کے بیٹھے، یا ایسا نقاب ڈالے جو چہرے سے نہ لگے، دور رہے۔

(۳) ورس اور زعفران میں رنگا ہوا کپڑا احرام میں نہ مرد پہن سکتا ہے نہ عورت، اور وجہ ممانعت خوشبو ہے۔

۲- حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں معصفر کپڑے کو خوشبودار نہیں سمجھتا (یہی جمہور کی رائے ہے)

۳- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک عورت احرام میں زیور، کالا کپڑا، گلابی کپڑا (جبکہ خوشبودار نہ ہو) اور چمڑے کے موزے پہن سکتی ہے۔

۴- ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: محرم کپڑے بدل سکتا ہے۔

[۱۵۴۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِی بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى ابْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِی كُرَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: انْطَلَقَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْمَدِينَةِ بَعْدَ مَا تَرَجَّلَ وَادَّهَنَ، وَلَبِسَ إِزَارَهُ وَرِدَاءَ هُ، هُوَ وَأَصْحَابُهُ، فَلَمْ يَنْهَ عَنْ شَيْئٍ مِنَ الْأَرْدِيَةِ وَالْأُزُرِ أَنْ تُلْبَسَ، إِلَّا الْمُزَعْفَرَةَ الَّتِی تُرْدَعُ عَلَى الْجِلْدِ، فَأَصْبَحَ بِذِی الْحُلَيْفَةِ، رَكِبَ رَاحِلَتَهُ حَتَّى

اسْتَوَى عَلَى الْبَيْدَاءِ أَهَلَّ، هُوَ وَأَصْحَابُهُ، وَقَلَّدَ بُدْنَهُ. وَذٰلِكَ لِخَمْسٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ، فَقَدِمَ مَكَّةَ لِأَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَطَافَ بِالْبَيْتِ، وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَلَمْ يَحِلَّ مِنْ أَجْلِ بُدْنِهِ لِأَنَّـهُ قَلَّدَهَا، ثُمَّ نَزَلَ بَأَعْلَى مَكَّةَ عِنْدَ الْحَجُوْنِ وَهُوَ مُهِلٌّ بِالْحَجِّ، وَلَمْ يَقْرَبِ الْكَعْبَةَ بَعْدَ طَوَافِهِ بِهَا حَتَّى رَجَعَ مِنْ عَرَفَةَ، وَأَمَرَ أَصْحَابَهُ أَنْ يَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ، وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ يُقَصِّرُوْا مِنْ رُؤُسِهِنَّ، ثُمَّ يَحِلُّوْا، وَذٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ بَدَنَةٌ قَلَّدَهَا، وَمَنْ كَانَتْ مَعَهُ امْرَأَتُهُ فَهِيَ لَهُ حَلَالٌ، وَالطِّيْبُ وَالثِّيَابُ. [انظر: ۱۶۲۵، ۱۷۳۱]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ مدینہ منورہ سے تیل کنگھا کر کے نکلے، یعنی نہا دھو کر نکلے، اور آپؐ نے اور آپؐ کے اصحاب نے چادریں اور لنگیاں پہنیں (یہی جزء باب سے متعلق ہے) اور آپؐ نے کسی چادر اور لنگی کے پہننے سے منع نہیں کیا (أن سے پہلے مِن پوشیدہ ہے) مگر اس زعفرانی چادر اور لنگی سے جس سے زعفران بدن پر جڑھ رہی ہو، یعنی بدن خوشبودار ہو رہا ہو، پس آپؐ نے ذوالحلیفہ میں صبح کی (اور صبح میں) اپنی سواری پر سوار ہوئے، یہاں تک کہ بیداء نامی ٹیلے پر چڑھے، پس آپؐ نے اور آپؐ کے اصحاب نے تلبیہ پڑھا اور آپؐ نے اپنے اونٹوں کو ہار پہنایا، اور یہ نکلنا اس وقت ہوا جب ذی قعدہ کی پانچ راتیں باقی رہ گئیں یعنی ۲۵ ذی قعدہ کو ذوالحلیفہ سے روانہ ہوئے، پس آپؐ مکہ پہنچے جب ذی الحجہ کی چار راتیں گذر گئیں یعنی ۴/ ذی الحجہ کو مکہ پہنچے (مکہ پہنچنے کے بعد سب سے پہلے) آپؐ نے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کی، اور اپنی ہدی ساتھ ہونے کی وجہ سے آپؐ نے احرام نہیں کھولا، اس لئے کہ آپؐ نے ان کو ہار پہنایا تھا، پھر آپؐ نے مکہ کے بالائی حصہ میں حجون قبرستان کے قریب پڑاؤ ڈالا، درانحالیکہ آپؐ حج کا احرام باندھے ہوئے تھے اور آپؐ بیت اللہ کا طواف کرنے کے بعد کعبہ کے پاس نہیں گئے یعنی اور کوئی طواف نہیں کیا، یہاں تک کہ عرفہ سے لوٹے اور آپؐ نے اپنے اصحاب کو بیت اللہ کا طواف کرنے کا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنے کا حکم دیا۔ پھر انھوں نے اپنے سروں کو کتروایا یعنی پنٹھے بنوائے (مصری نسخہ میں، فتح الباری اور عمدۃ القاری میں رؤسھم: مذکر کی ضمیر ہے اور وہی صحیح ہے) پھر وہ حلال ہو گئے، اور یہ ان لوگوں نے کیا جن کے پاس ایسی ہدی نہیں تھی جس کو انھوں نے ہار پہنایا ہو، اور جس کے ساتھ بیوی تھی اس کے لئے بیوی حلال ہو گئی اور خوشبو لگانا اور کپڑے پہننا بھی حلال ہو گیا، یعنی احرام مکمل کھل گیا۔

تشریح:

۱- نبی ﷺ مدینہ منورہ سے نہا دھو کر تیل کنگھا کر کے روانہ ہوئے، اور ذوالحلیفہ میں رات گذاری وہاں رات میں سب ازواج سے مباشرت فرمائی، اور آخر میں ایک غسل کیا، پھر طلوع شمس کے بعد احرام کا دوگانہ پڑھا اور احرام شروع کیا۔

۲- عرب ابتدائی پندرہ راتوں کے لئے خَلَوْن اور آخری پندرہ راتوں کے لئے بَقِيْن استعمال کرتے ہیں۔

۳- ذوالحلیفہ سے سب حضرات بشمول نبی ﷺ حج کا احرام باندھ کر روانہ ہوئے تھے، کیونکہ جاہلیت سے یہ تصور چلا

آرہا تھا کہ جس سال حج کرنا ہو اس سال اشہرِ حج میں عمرہ کرنا بڑا گناہ ہے، اور شریعت کا حکم ابھی نازل نہیں ہوا تھا، اس لئے سب نے صرف حج کا احرام باندھا تھا، پھر مکہ پہنچنے پر وحی آئی کہ جس کے ساتھ قربانی نہیں ہے وہ حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دے یعنی نیت بدل دے اور افعال عمرہ کرکے احرام کھول دے، چنانچہ لوگوں نے عمرہ کرکے احرام کھول دیا، اور آپؐ نے احرام نہیں کھولا، کیونکہ آپؐ کے ساتھ ہدی تھی، اور آپؐ نے حج کے احرام کے ساتھ عمرہ کا احرام ملالیا، پس آپؐ قارن ہوگئے۔

۴- نبی ﷺ نے مکہ مکرمہ پہنچ کر سب سے پہلے طواف کیا پھر سعی کی، مگر احرام نہیں کھولا، کیونکہ آپؐ کے ساتھ قربانیاں تھیں، جب تک وہ ذبح نہ ہوں احرام نہیں کھول سکتے تھے، اس لئے آپؐ نے حج کے ساتھ عمرہ کی نیت کرلی، اب آپؐ قارن ہوگئے اور آپؐ نے تلبیہ پڑھا: **لبیك عمرةٌ فی حجة**: یہ اس موقع پر آپؐ نے تلبیہ پڑھا تھا، تاکہ لوگوں کو معلوم ہوجائے کہ آپؐ نے حج کے احرام کے ساتھ عمرہ کا احرام ملالیا ہے۔

اور آنحضور ﷺ نے مکہ پہنچنے پر جو طواف کیا تھا وہ عمرہ کا طواف تھا یا طوافِ قدوم تھا؟ ائمہ ثلاثہ اس کو طوافِ قدوم قرار دیتے ہیں، چنانچہ ان کے نزدیک قارن پر ایک طواف اور ایک سعی ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ اس کو طوافِ عمرہ قرار دیتے ہیں کیونکہ نبی ﷺ نے اس کے بعد سعی کی ہے، اور طواف قدوم کے بعد سعی نہیں ہے اور وہ حج کی سعی بھی نہیں تھی کیونکہ آپؐ نے طواف زیارت کے بعد بھی سعی کی ہے، اس لئے حنفیہ کے نزدیک قارن پر دو طواف اور دو سعی ہیں اور یہ حدیث ان کی دلیل ہے۔

۵- نبی ﷺ نے مکہ پہنچ کر ایک طواف کیا پھر چار دن مکہ میں رہے، آپؐ ۴؍ ذی الحجہ کو مکہ مکرمہ پہنچے ہیں، پھر آٹھ کو منی کے لئے نکلے ہیں، ان چار دنوں میں آپؐ نے کوئی طواف نہیں کیا حالانکہ مکہ میں افضل عبادت طواف ہے۔ آپؐ نے ایسا تشریع کے مقصد سے کیا تھا، اگر آپ طواف کرتے تو لوگ اس کو ضروری سمجھ لیتے، جیسے شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں لکھا ہے کہ نبی ﷺ نے مزدلفہ کی رات میں بالقصد تہجد نہیں پڑھا، کیونکہ پورا جزیرۃ العرب جمع تھا، اگر آپؐ تہجد پڑھتے تو لوگ اس کو ضروری سمجھ لیتے، اسی طرح اگر آپؐ نفلی طواف کرتے تو لوگ اس کو ضروری سمجھ لیتے اس لئے آپؐ نے ان چار دنوں میں کوئی طواف نہیں کیا۔

بَابُ مَنْ بَاتَ بِذِی الْحُلَیْفَةِ حَتّٰی أَصْبَحَ

جس نے ذوالحلیفہ میں رات گذاری یہاں تک کہ صبح ہوئی

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ میقات پر بغیر احرام کے رہ سکتے ہیں۔ نبی ﷺ نے ذوالحلیفہ میں بغیر احرام کے رات گذاری ہے اور سب ازواج سے صحبت فرمائی ہے۔ معلوم ہوا کہ میقات پر بغیر احرام کے رہ سکتے ہیں البتہ احرام کے بغیر میقات سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔

[۲٤-] بَابُ مَنْ بَاتَ بِذِی الْحُلَیْفَةِ حَتّٰی أَصْبَحَ

قَالَهُ ابْنُ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم.

[١٥٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی ابْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّی النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم بِالْمَدِیْنَةِ أَرْبَعًا، وَبِذِی الْحُلَیْفَةِ رَكْعَتَیْنِ، ثُمَّ بَاتَ حَتّٰی أَصْبَحَ بِذِی الْحُلَیْفَةِ، فَلَمَّا رَكِبَ رَاحِلَتَهُ وَاسْتَوَتْ بِهِ أَهَلَّ.

[راجع: ١٠٨٩]

[١٥٤٦-] حدثنا قُتَیْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَیُّوْبُ، عَنْ أَبِی قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم صَلَّی الظُّهْرَ بِالْمَدِیْنَةِ أَرْبَعًا، وَصَلَّی الْعَصْرَ بِذِی الْحُلَیْفَةِ رَكْعَتَیْنِ، قَالَ: وَأَحْسِبُهُ بَاتَ بِهَا حَتّٰی أَصْبَحَ. [راجع: ١٠٨٩]

حوالہ: یہ حدیثیں أبواب تقصیر الصلاۃ (باب ۵ تحفۃ القاری ۳: ۴۲۳) میں گذر چکی ہیں، اور یہاں ثم بات حتی أصبح سے استدلال ہے۔

بَابُ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالإِهْلَالِ

تلبیہ زور سے پڑھنا

تلبیہ میں رفع صوت مطلوب ہے، کیونکہ ذکر اگر مسلسل سراً کیا جائے تو طبیعت تھک جاتی ہے اور ہلکے جہر سے کیا جائے تو نشاط رہتا ہے۔ علاوہ ازیں: حج میں جو مصلحتیں ملحوظ ہیں ان میں سے ایک مصلحت اللہ کا بول بالا کرنا ہے اور زور سے تلبیہ پڑھنا اس مقصد کی تکمیل کرتا ہے، اس لئے اس کو بہترین عمل قرار دیا گیا ہے، مگر عورت سراً تلبیہ پڑھے، کیونکہ اس کی آواز بھی ستر ہے، البتہ اگر عورت تنہا ہو تو زور سے تلبیہ پڑھ سکتی ہے۔

[۲٥-] بَابُ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالإِهْلَالِ

[١٥٤٨-] حدثنا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ أَبِی قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّی النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم بِالْمَدِیْنَةِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا، وَالْعَصْرَ بِذِی الْحُلَیْفَةِ رَكْعَتَیْنِ، وَسَمِعْتُهُمْ یَصْرُخُوْنَ بِهِمَا جَمِیْعًا.

قوله: یصرخون بهما: أی بالحج والعمرة یعنی جنھوں نے حج کا احرام باندھا تھا حجۃ الوداع میں وہ بھی تلبیہ زور

سے پڑھتے تھے، اور جنھوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا، جبکہ نبی ﷺ نے ذوالحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھا تھا، حدیبیہ کے سال اور عمرۃ القضاء کے سال وہ بھی تلبیہ زور سے پڑھتے تھے، اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ حجۃ الوداع کے سال سب نے ذوالحلیفہ سے حج کا احرام باندھا تھا۔

بَابُ التَّلْبِيَةِ

تلبیہ کا بیان

احرام تلبیہ سے شروع ہوتا ہے، اور حنفیہ کے نزدیک کوئی بھی ذکر تلبیہ کے قائم مقام ہوجاتا ہے، یعنی حج یا عمرہ کی نیت کرنے کے بعد کوئی بھی اللہ کا ذکر کیا جائے مثلاً الحمد للہ کہا یا سبحان اللہ کہا تو احرام شروع ہوگیا، یہ ذکر تلبیہ کے قائم مقام ہوجائے گا۔ اور باب کی حدیثوں میں تلبیہ کا تذکرہ ہے۔

[۲۶-] بَابُ التَّلْبِيَةِ

[۱۵۴۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَاشَرِيْكَ لَكَ" [راجع: ۱۵۴۰]

[۱۵۵۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِىْ عَطِيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنِّىْ لَأَعْلَمُ كَيْفَ كَانَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم يُلَبِّى: " لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ"

تَابَعَهُ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ، وَقَالَ شُعْبَةُ: أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ خَيْثَمَةَ، عَنْ أَبِىْ عَطِيَّةَ، قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ.

تلبیہ کا ترجمہ: میں بار بار حاضر ہوں، اے اللہ! میں بار بار حاضر ہوں۔ میں بار بار حاضر ہوں، آپ کا کوئی شریک نہیں، میں بار بار حاضر ہوں (آپ کا کوئی شریک نہیں: یعنی آپ ہی کی بارگاہ میں حاضر ہو رہا ہوں) بے شک حمد وثنا اور نعمتیں اور فرمان روائی آپ کے لئے ہے، آپ کا کوئی شریک نہیں یعنی تینوں باتوں میں آپ کا کوئی شریک نہیں۔

لغت: لَبٌّ: مصدر بمعنی صفت ہے، لَبَّ بالمکان (ن) لَبًّا: قیام کرنا، برقرار رہنا، اور تثنیہ (حالت نصبی جری میں) لَبَّیْنِ ہے، اس کی ضمیر خطاب کی طرف اضافت کی گئی ہے، اس لئے تثنیہ کا نون گر گیا ہے، اور یہ تثنیہ تکرار کے لئے ہے، جیسے کرتین (سورۃ الملک) یعنی میں اطاعت کے لزوم کی وجہ سے بار بار حاضر ہوں۔

تشریح: آنحضور ﷺ حج اور عمرہ میں یہی تلبیہ پڑھتے تھے، اس تلبیہ میں چار جگہ وقف کرنا مستحب ہے، عبارت میں علامتِ وقف لگا کر اس کی نشاندہی کردی گئی ہے۔ اور تلبیہ میں یہ الفاظ اس لئے پسند کئے گئے ہیں کہ وہ اپنے مولیٰ کی بندگی پر برقرار رہنے کی ترجمانی کرتے ہیں، اور اس کو یہ بات یاد دلاتے ہیں کہ اب وہ بندگی کے لئے کمربستہ ہے، پس اس کو عبادت کا پورا پورا حق ادا کرنا چاہئے۔ اور تلبیہ میں دو مرتبہ لاشریك لك شامل کیا گیا ہے، کیونکہ زمانۂ جاہلیت کے لوگ اپنے بتوں کی تعظیم کرتے تھے اور تلبیہ میں ان کا بھی تذکرہ کرتے تھے، وہ کہتے تھے: لاشریك لك إلا شریکا هو لك تَمْلِكُه وما مَلَكَ یعنی آپ کا کوئی شریک نہیں، مگر وہ شریک جو آپ کا ہے جس کے آپ مالک ہیں اور وہ مالک نہیں، چنانچہ مشرکین کی تردید کے لئے اور مسلمانوں کے تلبیہ کو مشرکوں کے تلبیہ سے جدا کرنے کے لئے رسول اللہ ﷺ نے تلبیہ میں یہ جملے بڑھائے ہیں۔

سند کا بیان: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں آخری جملہ: لاشریك لك: نہیں ہے۔ اور یہ روایت سلیمان اعمشؒ سے سفیان ثوری اور شعبہ رحمہما اللہ نقل کرتے ہیں، سفیان کی اسناد میں اعمش کے استاذ عمارہ ہیں، اور شعبہ کی اسناد میں خیثمۃ بن عبدالرحمٰن جُعفی، پھر دونوں ابوعطیہ سے روایت کرتے ہیں، اور وہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں۔

اور اکثر محدثین کا خیال ہے کہ دونوں سندیں صحیح ہیں، اور ابو حاتم رازی کی کتاب العلل میں رائے یہ ہے کہ ثوریؒ کی سند راجح ہے، کیونکہ ابومعاویہ: اعمش سے اسی طرح روایت کرتے ہیں، پس یہ متابعت تامہ ہے، اور شعبہ کی سند وہم ہے، کیونکہ ان کا کوئی متابع نہیں۔

بَابُ التَّحْمِيْدِ وَالتَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ قَبْلَ الإِهْلَالِ عِنْدَ الرُّكُوْبِ عَلَى الدَّابَّةِ

سواری پر سوار ہوتے وقت تلبیہ پڑھنے سے پہلے تسبیح وتحمید وتکبیر کہنا

نبی ﷺ نے ذوالحلیفہ میں کیکر کے درخت کے پاس احرام کا دوگانہ پڑھا، اور تلبیہ کہہ کر احرام شروع کیا، پھر جب روانگی کا وقت آیا اور اونٹنی آپؐ کو لے کر سیدھی کھڑی ہوئی تو آپؐ نے پھر تلبیہ پکارا۔ پھر تسبیح وتحمید وتکبیر کہتے ہوئے چلے، یہاں تک کہ جب بیداء ٹیلے پر چڑھے تو پھر زور سے تلبیہ پڑھا۔

احرام میں تلبیہ افضل ذکر ہے، مگر دیگر اذکار بھی کرسکتے ہیں، کیونکہ ایک ہی ذکر زبان کا لقلقہ[1] (محض آواز) بن جاتا ہے، زبان سے الفاظ نکلتے ہیں اور دل ودماغ غیر حاضر ہوتے ہیں، اس لئے اذکار بدلتے رہنا چاہئے، جیسے مکہ میں افضل عبادت طواف ہے، لیکن قرآن بھی پڑھ سکتے ہیں، نفلیں بھی پڑھ سکتے ہیں، ذکر واذکار بھی کرسکتے ہیں، اسی طرح احرام میں بھی دیگر اذکار جائز ہیں۔

(۱) لقلقہ کے اصل معنی ہیں: سارس کی آواز، سارس ایک پرندہ ہے، نر اور مادہ ساتھ رہتے ہیں، اور ساتھ اڑتے ہیں، اور اڑتے ہوئے خاص قسم کی آواز نکالتے ہیں، یہ لقلقہ ہے ۱۲

[۲۷-] بَابُ التَّحْمِيْدِ وَالتَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ قَبْلَ الإِهْلَالِ عِنْدَ الرُّكُوْبِ عَلَى الدَّابَّةِ

[۱۵۵۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ مَعَهُ بِالْمَدِيْنَةِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا، وَالْعَصْرَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ بَاتَ بِهَا حَتَّى أَصْبَحَ، ثُمَّ رَكِبَ حَتَّى اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ عَلَى الْبَيْدَاءِ: حَمِدَ اللّٰهَ وَسَبَّحَ وَكَبَّرَ، ثُمَّ أَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ، وَأَهَلَّ النَّاسُ بِهِمَا، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَ النَّاسَ فَحَلُّوْا، حَتَّى كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ أَهَلُّوْا بِالْحَجِّ، قَالَ: وَنَحَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَدَنَاتٍ بِيَدِهِ قِيَامًا، وَذَبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِيْنَةِ كَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ بَعْضُهُمْ: هٰذَا، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَنَسٍ. [راجع: ۱۰۸۹]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے مدینہ میں ظہر کی چار رکعتیں پڑھیں یعنی نماز پوری پڑھی، قصر نہیں کیا کیونکہ ابھی سفر شروع نہیں ہوا تھا۔ اور ہم آپؐ کے ساتھ تھے اور ذوالحلیفہ میں عصر کی دو رکعتیں پڑھیں یعنی قصر کیا، اور ذوالحلیفہ میں رات گذاری یہاں تک کہ صبح کی، پھر سوار ہوئے، یہاں تک کہ جب آپؐ کی سواری آپؐ کو لے کر بیداء نامی ٹیلہ پر چڑھی تو آپؐ نے اللہ کی حمد وثناء کی، اور پاکی بیان کی اور بڑائی بیان کی (یہاں باب ہے) پھر حج وعمرہ کا تلبیہ پکارا یعنی احرام شروع کیا (یہ اختلاف روات ہے، اس وقت عمرہ کا تصور نہیں تھا) اور لوگوں نے بھی دونوں کا تلبیہ پکارا، پس جب ہم مکہ مکرمہ آئے تو آپؐ نے لوگوں کو (عمرہ کر کے احرام کھولنے کا) حکم دیا، پس لوگوں نے احرام کھول دیا، یہاں تک کہ یوم الترویہ (آٹھ ذی الحجہ) آگیا تو لوگوں نے حج کا احرام باندھا۔ راوی کہتا ہے: اور نبی ﷺ نے اپنے ہاتھ سے کچھ اونٹ (۶۳ اونٹ) نحر کئے درانحالیکہ وہ کھڑے تھے (اونٹ میں نحر مسنون ہے، اور نحر کھڑے کھڑے کیا جاتا ہے) اور نبی ﷺ نے مدینہ منورہ میں دو چتکبرے مینڈھے ذبح کئے (یہ عید الاضحیٰ کے موقعہ کی روایت ہے) امام بخاری رحمہ اللہ کہتے ہیں: بعض روات ایوب سختیانی اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے درمیان مجہول واسطہ بڑھاتے ہیں۔

تشریح:

۱- جب سواری آپؐ کو لے کر بیداء نامی ٹیلہ پر چڑھی تو آپؐ نے تسبیح وتحمید اور تکبیر کہی پھر تلبیہ پڑھا یعنی احرام شروع کیا: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، یعنی احرام شروع کرنے سے پہلے تسبیح وتحمید اور تکبیر کہی مگر یہ بات صحیح نہیں۔ آپؐ نے کیکر کے درخت کے پاس دوگانۂ احرام پڑھ کر احرام شروع کیا تھا مگر جن لوگوں نے پہلی بار یہ تلبیہ سنا انھوں نے یہی روایت کیا کہ آپؐ نے یہاں سے احرام شروع کیا۔

۲- صحابہ نے مکہ پہنچ کر عمرہ کر کے احرام کھول دیا، اگر انھوں نے حج وعمرہ دونوں کا تلبیہ پکارا تھا تو قران ہوگیا، پس عمرہ

کر کے احرام کیسے کھولیں گے؟ یہ اشکال ہے، صحیح بات یہ ہے کہ اس وقت عمرہ کا تصور نہیں تھا۔

۳- آنحضور ﷺ نے حجۃ الوداع میں سو اونٹ ذبح کئے تھے، تریسٹھ اونٹ آپؐ مدینہ منورہ سے ساتھ لائے تھے، باقی حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے لائے تھے، اور آپؐ نے اپنے دست مبارک سے تریسٹھ اونٹ ذبح کئے، پھر آپؐ تھک گئے تو باقی اونٹ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ذبح کئے، اور سو اونٹ اس لئے ذبح کئے تھے کہ سب حاجیوں کو گوشت پہنچے۔ اس سفر میں ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ ساتھ تھے، اور اکثر غریب تھے، ان کو گوشت پہنچے اس مقصد سے آپؐ نے یہ قربانیاں کی تھیں۔

۴- آنحضور ﷺ کو مدینہ منورہ میں تریسٹھ اونٹوں کا ملنا اور تریسٹھ اونٹ ذبح کر کے آپؐ کا تھک جانا اس میں اشارہ ہے کہ آپؐ کی عمر مبارک تریسٹھ سال ہوگی، اور اس سے زیادہ عجیب اشارہ یہ ہے کہ قرآنِ کریم میں ۶۳ ویں سورت سورۃ المنافقین کی آخری آیت ہے: ﴿وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا﴾: ہرگز ڈھیل نہ دے گا اللہ کسی کو جب اس کا وقت آپہنچے گا، اس میں بھی اشارہ ہے کہ آپؐ کی عمر مبارک تریسٹھ سال ہوگی، مگر یہ اشارہ امت کی سمجھ میں بعد میں آیا اور اس کو نکتہ بعد الوقوع کہتے ہیں۔

بَابُ مَنْ أَهَلَّ حِيْنَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ

جس نے تلبیہ پکارا جب اونٹنی اس کو لے کر کھڑی ہوئی

یہ ایک روایت ہے کہ جب سواری آپؐ کو لے کر کھڑی ہوئی تب آپؐ نے تلبیہ پڑھا اور احرام شروع کیا، مگر واقعہ ایسا نہیں۔

[۲۸-] بَابُ مَنْ أَهَلَّ حِيْنَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ

[۱۵۵۲-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَهَلَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ قَائِمَةً [راجع: ۱٦٦]

بَابُ الإِهْلاَلِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ

قبلہ رخ ہو کر تلبیہ پڑھنا

دوگانہ احرام پڑھ کر قبلہ رخ ہو کر تلبیہ پڑھ کر احرام شروع کرنا چاہئے، اور سواری پر ہو تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا طریقہ یہ تھا کہ وہ اونٹ کو قبلہ رخ کرتے تھے پھر تلبیہ پڑھ کر احرام شروع کرتے تھے، مگر ایسا کرنا ضروری نہیں۔

[۲۹-] بَابُ الإِهْلاَلِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ

[۱۵۵۳-] وَقَالَ أَبُوْ مَعْمَرٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ

إِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ، أَمَرَ بِرَاحِلَتِهِ فَرُحِلَتْ، ثُمَّ رَكِبَ، فَإِذَا اسْتَوَتْ بِهِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ قَائِمًا، ثُمَّ يُلَبِّى، حَتَّى يَبْلُغَ الْحَرَمَ، ثُمَ يُمْسِكُ، حَتَّى إِذَا جَاءَ ذَا طُوًى بَاتَ بِهِ حَتَّى يُصْبِحَ، فَإِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ اغْتَسَلَ، وَزَعَمَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَعَلَ ذٰلِكَ، تَابَعَهُ إِسْمَاعِيْلُ عَنْ أَيُّوْبَ فِى الْغُسْلِ.

[انظر: ۱۵۵٤، ۱۵۷۳، ۱۵۷٤]

ترجمہ: نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب فجر کی نماز ذوالحلیفہ میں پڑھ لیتے تو سواری کو تیار کرنے کا حکم دیتے، پس سواری تیار کی جاتی، پھر آپؓ سوار ہوتے، پس جب سواری آپؓ کو لے کر کھڑی ہوتی تو اس کو قبلہ رخ کرتے، کھڑی ہونے کی حالت میں، پھر تلبیہ پڑھتے، یہاں تک کہ حرم میں پہنچ جاتے یعنی حرم میں پہنچنے تک وقفہ وقفہ سے تلبیہ پڑھتے رہتے، پھر (حرم میں پہنچ کر) تلبیہ بند کر دیتے، یہاں تک کہ جب ذوطوی نامی جگہ میں پہنچتے تو وہاں رات گذارتے، یہاں تک کہ صبح کرتے، پھر جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو غسل کرتے (پھر مکہ میں داخل ہوتے) اور فرماتے: نبی ﷺ اسی طرح کرتے تھے، اور اسماعیل کی روایت میں بھی غسل کر کے مکہ میں داخل ہونے کا مضمون ہے وہ روایت آگے آرہی ہے۔

تشریح: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اگر عمرہ کرنے والا میقات سے احرام باندھ کر آیا ہے تو حدود حرم میں داخل ہوتے ہی تلبیہ بند کر دے گا، مذکورہ حدیث ان کی دلیل ہے، تفصیل (کتاب الحج باب ۲۲ میں) گذر چکی ہے۔

[۱۵۵٤-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَبُوْ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا أَرَادَ الْخُرُوْجَ إِلَى مَكَّةَ ادَّهَنَ بِدُهْنٍ لَيْسَ لَهُ رَائِحَةٌ طَيِّبَةٌ، ثُمَّ يَأْتِى مَسْجِدَ ذِى الْحُلَيْفَةِ فَيُصَلِّى، ثُمَّ يَرْكَبُ، فَإِذَا اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ قَائِمَةً أَحْرَمَ ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُ.

[راجع: ۱۵۵۳]

ترجمہ: نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب مکہ کے ارادہ سے (یعنی حج یا عمرہ کے لئے) نکلتے تو ایسا تیل لگاتے جس میں خوشبو نہ ہوتی، پھر مسجد ذوالحلیفہ میں آتے اور دوگانہ احرام ادا کرتے پھر سوار ہوتے پس جب آپؓ کو لے کر سواری سیدھی کھڑی ہو جاتی تو احرام شروع کرتے یعنی تلبیہ پڑھتے، پھر فرماتے: میں نے نبی ﷺ کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے۔

بَابُ التَّلْبِيَةِ إِذَا انْحَدَرَ فِى الْوَادِىْ

جب میدان میں اترے تو تلبیہ پڑھنا

سفر حج وعمرہ میں جب کسی بلند جگہ چڑھے تو تلبیہ پڑھے اور جب نشیب میں اترے تو بھی تلبیہ پڑھے، یہ مستحب ہے۔

[۳۰-] بَابُ التَّلْبِيَةِ إِذَا انْحَدَرَ فِي الْوَادِيْ

[۱۵۵۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَذَكَرُوْا الدَّجَّالَ، أَنَّهُ قَالَ: "مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ: كَافِرٌ" قَالَ: فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَمْ أَسْمَعْهُ، وَلٰكِنَّهُ قَالَ: "أَمَّا مُوْسَى كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ إِذِ انْحَدَرَ فِي الْوَادِيْ يُلَبِّيْ" [انظر: ۳۳۵۵، ۵۹۱۳]

ترجمہ: مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس تھے، پس لوگوں نے دجال کا تذکرہ کیا کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان 'کافر' لکھا ہوگا'' مجاہدؒ کہتے ہیں: پس ابن عباسؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ سے یہ بات نہیں سنی، البتہ یہ بات سنی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''رہے موسیٰ تو گویا میں ان کو دیکھ رہا ہوں جب وہ نشیب میں اترے تو تلبیہ پڑھ رہے ہیں''

تشریح: یہ خواب ہے، نبی ﷺ نے خواب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ حج کے لئے مکہ آئے ہیں، جب ان کی سواری نشیبی جگہ میں اترتی تو وہ تلبیہ پڑھتے۔ انبیاءِ بنی اسرائیل کا قبلہ بیت المقدس تھا، مگر تمام انبیاء نے حج بیت اللہ کا کیا ہے۔

بَابٌ: كَيْفَ تُهِلُّ الْحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ؟

حائضہ اور نفاس والی عورت احرام کس طرح باندھے؟

جو عورت حالت حیض میں یا نفاس میں ہو، اور اس کو حج یا عمرہ کا احرام باندھنا ہو تو اس کو نہا کر اور بالوں کو سنوار کر احرام باندھنا چاہئے۔ یہ نہانا اگرچہ غیر مفید ہے کیونکہ وہ حالت حیض میں ہے تاہم اسے نہا کر احرام باندھنا چاہئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جب عمرہ کا احرام توڑا تھا اور حج کا احرام باندھا تھا تو بالوں کو کھول کر، نہا کر اور بالوں میں تیل کنگھا کر کے احرام باندھا تھا۔ یہاں روایت میں اگرچہ نہانے کا تذکرہ نہیں ہے مگر ابوداؤد (حدیث ۱۷۸۵) میں اسی حدیث میں اس کا ذکر ہے۔

ملحوظہ: ایسا ہی ایک باب کتاب الحیض (باب ۱۸) میں گذرا ہے، وہاں صرف حائضہ کا تذکرہ تھا اور یہاں نفساء کا بھی ذکر ہے اور اتنا فرق حضرت رحمہ اللہ کے نزدیک نیا باب قائم کرنے کے لئے کافی ہے۔

[۳۱-] بَابٌ: كَيْفَ تُهِلُّ الْحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ؟

أَهَلَّ: تَكَلَّمَ بِهِ، وَاسْتَهْلَلْنَا وَأَهْلَلْنَا الْهِلَالَ: كُلُّهُ مِنَ الظُّهُوْرِ، وَاسْتَهَلَّ الْمَطَرُ: خَرَجَ مِنَ السَّحَابِ، ﴿وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهِ﴾ [المائدة: ۳] وَهُوَ مِنِ اسْتِهْلَالِ الصَّبِيِّ.

[۱۵۵۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ،

عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِی حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَأَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْیٌ فَلْيُهِلَّ بِالْحَجِّ مَعَ الْعُمْرَةِ، ثُمَّ لَايَحِلُّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيْعًا" فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ، وَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ إِلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ: "انْقُضِیْ رَأْسَكِ، وَامْتَشِطِیْ، وَأَهِلِّی بِالْحَجِّ، وَدَعِی الْعُمْرَةَ" فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ أَرْسَلَنِی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ بَكْرٍ إِلَى التَّنْعِيْمِ، فَاعْتَمَرْتُ، فَقَالَ: "هٰذِهِ مَكَانَ عُمْرَتِكِ" قَالَتْ: فَطَافَ الَّذِيْنَ كَانُوْا أَهَلُّوْا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ، وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ حَلُّوْا، ثُمَّ طَافُوْا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوْا مِنْ مِنًى، وَأَمَّا الَّذِيْنَ جَمَعُوْا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَإِنَّمَا طَافُوْا طَوَافًا وَاحِدًا. [راجع: ۲۹٤]

لغت: باب میں تُہِلُّ آیا ہے، امام بخاری رحمہ اللہ اس کے معنی بیان کرتے ہیں: أَهَلّ کے معنی ہیں: تكلّم به: کوئی بات بولنا، کہیں گے: أَهَلَّ بِالتَّلْبِيَةِ: زور سے تلبیہ پڑھا۔ اور اسْتَهْلَلْنَا الهلالَ اور أَهْلَلْنَا الهلالَ کے معنی ہیں: چاند دیکھنا۔ اور سب میں مشترک معنی ہیں: ظاہر ہونا۔ جب آدمی کوئی بات بولتا ہے تو مافی الضمیر ظاہر ہوتا ہے، اور چاند جب ظاہر ہوتا ہے اسی وقت نظر آتا ہے۔ اور اسْتَهَلَّ المطرُ کے معنی ہیں: بارش کا آواز کے ساتھ زور سے برسنا۔ اور سورۃ المائدہ (آیت ۳) میں جو ارشاد ہے: ﴿وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهِ﴾: وہ چیز جس کے ذریعہ اللہ کے علاوہ کو پکارا گیا ہو یعنی جو جانور غیر اللہ کے نام زد کردیا گیا ہو (وہ حرام ہے، اگرچہ اس کو اللہ کے نام پر ذبح کیا جائے) اس آیت میں جو أُهِلَّ ہے وہ اسْتَهَلَّ الصبی سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں: بچہ کا پیدائش کے وقت زور سے رونا۔

وضاحت: حجۃ الوداع میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ذوالحلیفہ سے حج کا احرام باندھا تھا، جب وہ مکہ کے قریب مقام سرف میں پہنچیں تو ماہواری شروع ہوگئی۔ نبی ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ سب ارکان ادا کریں، صرف بیت اللہ کا طواف نہ کریں، اس وقت تک ان کا حج کا احرام تھا، پھر اگلے دن صبح جب قافلہ مکہ پہنچا تو وحی آئی کہ جس کے ساتھ قربانی نہیں وہ حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدل دے، اور طواف وسعی کر کے اور سر منڈا کر یا قصر کرا کر احرام کھول دے، چونکہ حضرت عائشہؓ کے پاس قربانی نہیں تھی اس لئے انھوں نے نیت بدل دی اور پاکی کے انتظار میں رہیں، مگر آٹھ تاریخ تک پاک نہ ہوئیں تو آپؐ نے فرمایا: "تم احرام توڑ دو اور بال کھول لو اور تیل کنگھا کر کے حج کا احرام باندھ لو" ابوداؤد کی حدیث (نمبر ۱۷۸۵) میں غسل کا ذکر بھی ہے۔ معلوم ہوا کہ جس طرح پاک عورت احرام باندھے گی، حائضہ اور نفاس والی عورت بھی اسی طرح احرام باندھے گی (یہ حدیث متعدد بار گذر چکی ہے اور پہلی مرتبہ کتاب الحیض کے پہلے باب (تحفۃ القاری ۲: ۸۰) میں آئی ہے)

بَابُ مَنْ أَهَلَّ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

جس نے نبی ﷺ کی حیات میں آپؐ کے احرام جیسا احرام باندھا

اگر کوئی شخص احرام باندھتے وقت حج یا عمرہ کی تعیین نہ کرے، گول مول احرام باندھے تو اس کا حکم یہ ہے کہ طواف شروع کرنے سے پہلے تعیین کرنا ضروری ہے، اگر تعیین کئے بغیر طواف شروع کر دیا تو وہ احرام خود بخود عمرہ کا ہو جائے گا —— اور باب میں دو روایتیں ہیں:

پہلی روایت: حضرت علی رضی اللہ عنہ حجۃ الوداع میں یمن سے آئے تھے اور نبی ﷺ کے لئے ۳۷ اونٹ لے کر آئے تھے[1] اور ۶۳ اونٹ آپؐ مدینہ سے لائے تھے۔ حضرت علیؓ نے مبہم احرام باندھا تھا، یہ نیت کی تھی کہ جیسا نبی ﷺ نے احرام باندھا ہے ویسا احرام باندھتا ہوں، جب وہ مکہ پہنچے تو آپؐ نے ان سے پوچھا: تم نے کیسا احرام باندھا ہے، میرے ساتھ تمہاری اہلیہ ہیں؟ انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے یہ نیت کی ہے کہ جیسا نبی ﷺ کا احرام ہے ویسا میرا احرام ہے، آپؐ نے فرمایا: میرے ساتھ قربانیاں ہیں اس لئے میرا احرام نہیں کھل سکتا، پس تمہارا احرام بھی نہیں کھل سکتا (اور آپؐ نے ان کو اپنی قربانیوں میں شریک کر لیا)

دوسری حدیث: حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ہے، انھوں نے بھی ویسا ہی مبہم احرام باندھا تھا جیسا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے باندھا تھا، آپؐ نے ان کو حکم دیا کہ عمرہ کر کے احرام کھول دو، چنانچہ انھوں نے طواف وسعی کر کے احرام کھول دیا، آنحضور ﷺ نے ان کو یہ حکم اس لئے دیا تھا کہ ان کے ساتھ قربانی نہیں تھی۔

[۳۲-] بَابُ مَنْ أَهَلَّ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

قَالَهُ ابْنُ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۵۵۷-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ: أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلِيًّا أَنْ يُقِيمَ عَلٰى إِحْرَامِهِ. وَذَكَرَ قَوْلَ سُرَاقَةَ.

[انظر: ۱۵٦۸، ۱۵۷۰، ۱٦۵۱، ۱۷۸۵، ۲۵۰٦، ٤۳۵۲، ۷۲۳۰، ۷۳٦۷]

وَزَادَ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ: قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بِمَا أَهْلَلْتَ يَا عَلِيُّ؟" قَالَ: بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. قَالَ: "فَأَهْدِ وَامْكُثْ حَرَامًا كَمَا أَنْتَ"

[۱۵۵۸-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ الْهُذَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا سَلِيمُ بْنُ حَيَّانَ،

(۱) تحفۃ الالمعی (۳: ۳٦۲) میں ہے کہ ۳۳ اونٹ لائے تھے وہ تسامح ہے ۱۲

قَالَ:سَمِعْتُ مَرْوَانَ الْأَصْفَرَ،عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:قَدِمَ عَلِيٌّ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْيَمَنِ، فَقَالَ:"بِمَا أَهْلَلْتَ؟" قَالَ: بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:"لَوْلاَ أَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ"

قولہ:وذکر قول سُراقة: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے سراقہ بن مالکؓ کی بات ذکر کی (یہ حدیث آگے باب عمرة التنعیم (حدیث ۱۷۸۵) میں آرہی ہے)

قولہ: فَأَهْدِ: پس تم قربانی کرو،اور احرام ہی میں رہو، جیسے اب ہو۔

قولہ:لولا: آپؐ نے فرمایا:"اگر میرے ساتھ قربانیاں نہ ہوتیں تو میں (عمرہ کرکے) احرام کھول دیتا"

[۱۵۵۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: بَعَثَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى قَوْمِيْ بِالْيَمَنِ، فَجِئْتُ وَهُوَ بِالْبَطْحَاءِ، فَقَالَ: "بِمَا أَهْلَلْتَ؟" فَقُلْتُ: أَهْلَلْتُ كَإِهْلاَلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" هَلْ مَعَكَ مِنْ هَدْيٍ؟" قُلْتُ: لاَ، فَأَمَرَنِيْ أَنْ أَطُوْفَ بِالْبَيْتِ، فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ أَمَرَنِيْ فَأَحْلَلْتُ، فَأَتَيْتُ امْرَأَةً مِنْ قَوْمِيْ فَمَشَطَتْنِيْ، أَوْ: غَسَلَتْ رَأْسِيْ، فَقَدِمَ عُمَرُ فَقَالَ: إِنْ نَأْخُذْ بِكِتَابِ اللهِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُنَا بِالتَّمَامِ، قَالَ اللهُ تَعَالَى:﴿وَأَتِمُّوْا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ﴾[البقرة: ۱۹۶]وَإِنْ نَأْخُذْ بِسُنَّةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَإِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى نَحَرَ الْهَدْيَ. [انظر: ۱۵۶۵، ۱۷۲۴، ۱۷۹۵، ۴۳۴۶، ۴۳۹۷]

ترجمہ: ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے میری قوم کی طرف یمن بھیجا، پس میں آیا درانحالیکہ آپؐ بطحاء (مُحصَّب) میں تھے،آپؐ نے پوچھا:تم نے کیسا احرام باندھا ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے ویسا احرام باندھا ہے جیسا نبی ﷺ نے باندھا ہے۔آپؐ نے پوچھا:تمہارے ساتھ قربانی ہے؟ میں نے عرض کیا:نہیں،آپؐ نے مجھے بیت اللہ کا طواف کرنے کا حکم دیا، پس میں نے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا ومروہ کے درمیان سعی کی، پس آپؐ نے مجھے (احرام کھولنے کا) حکم دیا، چنانچہ میں نے احرام کھول دیا، پھر میں خاندان کی ایک عورت کے پاس آیا (جو محرم تھی) اس نے میرے سر میں کنگھی کی یا کہا: میرا سر دھویا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے یعنی ان کا زمانہ آیا، پس انھوں نے کہا: اگر ہم قرآن کو لیں تو وہ ہمیں حج اور عمرہ پورا کرنے کا حکم دیتا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:"اور اللہ کے لئے حج اور عمرہ پورا کرو" اور اگر ہم نبی ﷺ کی سنت لیں تو آپؐ نے احرام نہیں کھولا یہاں تک کہ قربانی کی۔

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں یہ حکم جاری کیا تھا کہ کوئی شخص حج کے ساتھ عمرہ نہ کرے، بلکہ عمرہ کے لئے مستقل سفر کرے، اور اس میں مصلحت یہ تھی کہ حج کے علاوہ دنوں میں بھی بیت اللہ آباد ہوجائے۔ حضرت عمرؓ نے جب یہ حکم جاری کیا تو لوگوں میں چہ میگوئیاں ہوئیں، مگر لوگ حج اور عمرہ کے لئے الگ الگ سفر کرنے لگے اور کعبہ شریف

پورے سال آباد ہو گیا۔

عام لوگ تو اس سلسلہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سوال نہیں کر سکتے تھے، آپؓ کا رعب مانع تھا، مگر خاص لوگ سوال کرتے تھے، اور حضرت عمرؓ ان کو گول مول جواب دیتے تھے، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حضرت عمرؓ سے دوستانہ تعلقات تھے، انھوں نے اس سلسلہ میں گفتگو کی کہ آپؐ نے جو حکم دیا ہے وہ صحیح نہیں، اس لئے کہ حجۃ الوداع میں میں نے عمرہ کیا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عمرہ کر کے احرام کھولنے کا حکم دیا ہے، حضرت عمرؓ نے ان کو جواب دیا کہ اگر یہ مسئلہ قرآنِ کریم سے لیا جائے تو اللہ کا حکم ہے کہ اللہ کے لئے حج اور عمرہ پورا کرو، یعنی اگر عمرہ کا احرام باندھا ہے تو عمرہ پورا کرو، اور حج کا احرام باندھا ہے تو حج پورا کرو، اس آیت کی رو سے حج کا احرام عمرہ سے بدلنا صحیح نہیں، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ دیکھا جائے تو آپؐ نے ذوالحلیفہ سے حج کا احرام باندھا تھا اور دس ذی الحجہ کو قربانی کر کے آپؐ نے احرام کھولا تھا، عمرہ کر کے احرام نہیں کھولا تھا۔

غرض آیتِ کریمہ کا حکم یہ ہے کہ جس چیز کا احرام باندھا ہے اس کو پورا کرنا ضروری ہے، تبدیلی نہیں کر سکتے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت بھی یہی ہے، آپؐ نے بھی احرام نہیں کھولا تھا، پس حجۃ الوداع میں جو حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدلنے کا حکم دیا گیا تھا وہ اس سال کے ساتھ خاص تھا۔ اور سب لوگ ذوالحلیفہ سے حج کا احرام باندھ کر آئے تھے، اس لئے اب بھی حج ہی کا احرام باندھ کر آؤ، عمرہ کا احرام باندھ کر مت آؤ۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُوْمَاتٌ، فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلاَ رَفَثَ وَلاَ فُسُوْقَ وَلاَجِدَالَ فِيْ الْحَجِّ﴾ ﴿يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الأَهِلَّةِ؟ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ﴾

احکامِ حج کی دو آیتیں

ایامِ حج پانچ ہیں، نو ذی الحجہ سے تیرہ ذی الحجہ تک، اور اشہرِ حج دو ماہ تیرہ دن ہیں، یعنی شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کے تیرہ دن، درحقیقت ذی الحجہ کے بارہ تیرہ دن ہیں، مگر عرب کسر چھوڑ دیتے ہیں اس لئے وہ دو ماہ دس دن بولتے ہیں۔

اور ان کے اشہرِ حج ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یہ مہینے حج کی میقاتِ زمانی ہیں، میقات دو ہیں: ایک: میقات مکانی، اور وہ پانچ ہیں، ان کا بیان گذر چکا، دوسری: میقات زمانی، اور وہ یہ دو مہینے دس دن ہیں، اور میقات زمانی کا مطلب یہ ہے کہ شوال سے پہلے حج کا احرام باندھنا مکروہ ہے، جیسے میقات مکانی سے احرام کو مقدم کرنا جائز ہے مگر بہت زیادہ مقدم کرنا مکروہ ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خراسان اور کرمان سے حج کا احرام باندھنا مکروہ ہے، اسی طرح میقات زمانی سے تقدیم بھی مکروہ ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: سنت یہ ہے کہ حج کا احرام نہ باندھا جائے مگر اشہرِ حج میں۔ اگر کوئی شخص حج کا احرام شوال کا چاند نظر آنے سے پہلے باندھ لے تو امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک

درست ہے، مگر مکروہ ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک درست نہیں، وہ احرام عمرہ کا احرام سمجھا جائے گا۔

پہلی آیت: حج معلوم مہینے ہیں، پس جو شخص حج کے مہینوں میں حج کا احرام باندھے وہ فحش بات نہ کرے، نہ کوئی گناہ کا کام کرے اور نہ کسی سے جھگڑے۔

تفسیر: میاں بیوی کے درمیان زن وشوئی سے تعلق رکھنے والی باتیں رفث کہلاتی ہیں، اور حنفیہ کے نزدیک بیوی سے یہ باتیں کرے تو رفث ہے ورنہ نہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خواہ بیوی سے کرے یا مردوں کے سامنے کرے ہر صورت میں رفث ہے۔ احناف کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حالتِ احرام میں یہ شعر پڑھا ہے:

وَهُنَّ يَمْشِيْنَ بِنَا هَمِيْسًا ۞ إِنْ يَصْدُقِ الطَّيْرُ نَنِكْ لَمِيْسًا

آپؓ سے کہا گیا: آپ احرام کی حالت میں رفث کر رہے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: رفث اس وقت ہے جب عورت ساتھ ہو، اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم احرام کی حالت میں عشقیہ اشعار پڑھتے تھے (فتح القدیر ۲: ۳۴۵) مگر جب ائمہ ثلاثہ اس کو بھی رفث کہتے ہیں تو اس سے بھی بچنا چاہئے۔

فسق اور فسوق: دونوں مصدر ہیں، ان کے معنی ہیں: حق وصلاح کے راستہ سے ہٹ جانا، اور مادے کے اصل معنی ہیں: کسی چیز سے نکل جانا، اسلام کے دو دائرے (سرکل) ہیں ایک: چھوٹا دائرہ ہے، وہ دینداری کا دائرہ ہے اور دوسرا: بڑا دائرہ ہے، وہ ایمان کا دائرہ ہے، بڑے دائرہ سے نکلنے والا کافر ہے اور چھوٹے دائرہ سے نکلنے والا فاسق۔ حج میں فسق وفجور یعنی سیئہ اور معصیت سے بچنا ضروری ہے ورنہ حج مقبول نہ ہوگا۔

جدال: ساتھیوں سے لڑنا، جھگڑنا، حج کے دوران اس سے بچنا ضروری ہے۔ حج کے سفر میں معمولی باتوں پر جھگڑا ہو جاتا ہے، پس اس سے بچنے کا خوب اہتمام کرنا چاہئے، جو ان تین چیزوں سے بچے گا اس کا حج مقبول ہوگا، اور اس کے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے، اور وہ گناہوں سے ایسا پاک صاف ہو کر لوٹے گا جیسے ابھی اس کو اس کی ماں نے جنا ہے (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۳: ۲۰۱) میں ہے)

دوسری آیت: کا شانِ نزول یہ ہے کہ حضرات صحابہؓ نے نبی پاک ﷺ سے پوچھا: سورج ایک حال پر رہتا ہے، مگر چاند ایک حال پر نہیں رہتا، ایسا کیوں ہے؟ اس سوال کا ایک پس منظر تھا۔ صحابہ نے نبی ﷺ سے یہ بات اس لئے پوچھی تھی کہ عرب کا ملک گرم ہے، اور عرب میں پہاڑ بہت ہیں، وہاں کچھ پیدا نہیں ہوتا، مدینہ اور طائف میں تو تھوڑا بہت پیدا ہو جاتا ہے مگر ملک کی ضرورت کو پورا نہیں کرتا اس لئے عربوں کی معیشت کا مدار اسفار پر تھا، سال میں ایک مرتبہ شام جاتے تھے اور ایک مرتبہ یمن، اونٹوں پر سفر ہوتا تھا اور اونٹ پورے دن نہیں چل سکتے، زمین گرم ہو جاتی ہے، زیادہ سے زیادہ نو بجے تک چل سکتے ہیں، پھر سفر روک دینا پڑتا ہے، پھر شام کو جب موسم ٹھنڈا ہوتا تب سفر شروع کرتے، دن میں سفر نہیں کر سکتے تھے، اس لئے دن کی تلافی رات میں کرتے تھے، اور چاند جیسا تیرہ، چودہ اور پندرہ راتوں میں کامل ہوتا ہے اگر ایسا ہی پورا

مہینہ کامل رہے تو سفر پُر لطف ہوجائے، یہ پس منظر تھا جس کی وجہ سے سوال کیا تھا کہ جس طرح سورج ہمیشہ ایک حال پر رہتا ہے چاند ایک حال پر کیوں نہیں رہتا؟ پس آیتِ پاک نازل ہوئی کہ لوگ آپؐ سے پوچھتے ہیں ہلالوں کے بارے میں؟

أَهِلَّة: جمع لانے میں اس طرف اشارہ ہے کہ ساری دنیا کا ہلال ایک نہیں ہوسکتا۔ اگر ساری دنیا کا ہلال ایک ہوتا تو مفرد ہلال آتا، أَهلة جمع نہ لاتے، بہرحال لوگ آپ ﷺ سے مہینہ کے شروع کے چاندوں کے بارے میں پوچھتے ہیں، آپؐ ان کو جواب دیں: مہینہ کے شروع کے چاند لوگوں کے لئے اوقات مقرر کرتے ہیں اور حج کے لئے وقت مقرر کرتے ہیں۔ یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ حج کو الگ کیوں کیا؟ مواقیت للناس کافی تھا، اس کی وجہ یہ ہے کہ مہینہ کے نئے چاند ساری دنیا کے لئے الگ الگ تاریخیں مقرر کریں گے، جہاں چاند نظر آئے گا وہاں مہینہ شروع ہوگا اور جہاں چاند نظر نہیں آئے گا وہاں مہینہ شروع نہیں ہوگا، صرف حج ایک ایسی عبادت ہے جس میں ساری دنیا کے مسلمان اپنی تاریخیں چھوڑ کر مکہ کی قمری تاریخ کے اعتبار سے معین دن میں حج کریں گے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ شریعت نے کچھ احکام سورج سے متعلق کئے ہیں اور کچھ چاند سے، وہ احکام جن کو سال میں دائر نہیں کرنا ان کو سورج سے متعلق کیا ہے۔ اور جن احکام کو سال میں دائر کرنا ہے ان کو چاند سے متعلق کیا ہے، جیسے رمضان کو سال میں دائر کرنا ہے اس لئے اس کو چاند سے متعلق کیا ہے تاکہ کبھی اور کہیں رمضان سردیوں میں آئے اور کبھی اور کہیں گرمیوں میں، اور نمازیں سال بھر پڑتی ہیں، گرمی اور سردی کا اس پر اثر نہیں پڑتا اس لئے ان کو سورج سے متعلق کیا ہے —— یہ میں نے بہت مختصر طور پر سمجھایا ہے، اس کی بہت تفصیل ہے، اور میرے خطبات کا مجموعہ ''علمی خطبات جلد دوم'' میں اس موضوع پر پوری ایک تقریر ہے، اور تحفۃ الالمعی (۳: ۵۵) میں بھی تفصیل ہے۔

[۳۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُوْمَاتٌ، فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلاَ رَفَثَ وَلاَ فُسُوْقَ وَلاَجِدَالَ فِيْ الْحَجِّ﴾ ﴿يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الأَهِلَّةِ؟ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ﴾

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: أَشْهُرُ الْحَجِّ: شَوَّالٌ، وَذُو الْقَعْدَةِ، وَعَشْرٌ مِنْ ذِيْ الْحِجَّةِ.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مِنَ السُّنَّةِ أَنْ لاَ يُحْرِمَ بِالْحَجِّ إِلَّا فِيْ أَشْهُرِ الْحَجِّ.

[۳-] وَكَرِهَ عُثْمَانُ أَنْ يُحْرِمَ مِنْ خُرَاسَانَ أَوْ كِرْمَانَ.

[۱۵۶۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ أَشْهُرِ الْحَجِّ، وَلَيَالِي الْحَجِّ وَحُرُمِ الْحَجِّ، فَنَزَلْنَا بِسَرِفَ، قَالَتْ: فَخَرَجَ إِلٰى أَصْحَابِهِ فَقَالَ: ''مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْكُمْ مَعَهُ هَدْيٌ فَأَحَبَّ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَلاَ'' قَالَتْ: فَالآخِذُ بِهَا وَالتَّارِكُ لَهَا

مِنْ أَصْحَابِهِ، قَالَتْ: فَأَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَرِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فَكَانُوْا أَهْلَ قُوَّةٍ، وَكَانَ مَعَهُمُ الْهَدْیُ، فَلَمْ يَقْدِرُوْا عَلَى الْعُمْرَةِ، قَالَتْ: فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا أَبْكِي، فَقَالَ:" مَا يُبْكِيْكِ يَا هَنْتَاهْ؟" قُلْتُ: سَمِعْتُ قَوْلَكَ لِأَصْحَابِكَ فَمُنِعْتُ الْعُمْرَةَ، قَالَ:" وَمَا شَأْنُكِ؟" قُلْتُ: لاَ أُصَلِّي، قَالَ:" فَلاَ يَضُرُّكِ إِنَّمَا أَنْتِ امْرَأَةٌ مِنْ بَنَاتِ آدَمَ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْكِ مَا كَتَبَ عَلَيْهِنَّ، فَكُوْنِيْ فِيْ حَجِّكِ، فَعَسَى اللّٰهُ أَنْ يَرْزُقَكِهَا" قَالَتْ: فَخَرَجْنَا فِي حَجَّتِهِ حَتّٰى قَدِمْنَا مِنًى، فَطَهُرْتُ، ثُمَّ خَرَجْتُ مِنْ مِنًى، فَأَفَضْتُ بِالْبَيْتِ، قَالَتْ: ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ فِي النَّفْرِ الآخِرِ حَتَّى نَزَلَ الْمُحَصَّبَ، وَنَزَلْنَا مَعَهُ، فَدَعَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ:" اخْرُجْ بِأُخْتِكَ مِنَ الْحَرَمِ فَلْتُهِلَّ بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ افْرُغَا ثُمَّ ائْتِيَا هٰهُنا، فَإِنِّيْ أَنْظُرُكُمَا حَتَّى تَأْتِيَانِيْ" قَالَتْ: فَخَرَجْنَا حَتَّى إِذَا فَرَغْتُ وَفَرَغَ مِنَ الطَّوَافِ، ثُمَّ جِئْتُهُ بِسَحَرٍ فَقَالَ:" هَلْ فَرَغْتُمْ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، فَآذَنَ بِالرَّحِيْلِ فِي أَصْحَابِهِ، فَارْتَحَلَ النَّاسُ فَمَرَّ مُتَوَجِّهًا إِلَى الْمَدِيْنَةِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: يَضِيْرُ: مِنْ ضَارَ يَضِيْرُ ضَيْرًا، وَيُقَالُ: ضَارَ يَضُوْرُ ضَوْرًا، وَضَرَّ يَضُرُّ ضَرًّا.

[راجع: ٢٩٤]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ حج کے مہینوں میں اور حج کی راتوں میں اور حج کے موسم میں (تینوں کے معنی ایک ہیں) نکلے، پس ہم سرف مقام میں اترے (یہ جگہ مکہ کے قریب ہے) صدیقہؓ کہتی ہیں: پس نبی ﷺ اپنے صحابہ کی طرف (خیمہ سے) نکلے اور فرمایا: ''تم میں سے جس کے پاس ہدی نہ ہو اور وہ حج کے احرام کو عمرہ کے احرام سے بدلنا پسند کرے چاہئے کہ وہ یہ کام کرے اور جس کے ساتھ قربانی ہو وہ یہ کام نہ کرے'' صدیقہؓ کہتی ہیں: پس صحابہ میں سے کسی نے اس ارشاد پر عمل کیا اور کسی نے نہیں کیا۔ صدیقہؓ کہتی ہیں: رہے نبی ﷺ اور آپؐ کے بعض صحابہ جو قوت رکھتے تھے اور وہ اپنی قربانی ساتھ لائے تھے: وہ عمرہ نہیں کر سکتے تھے۔ صدیقہؓ کہتی ہیں: پس نبی ﷺ میرے پاس آئے درانحالیکہ میں رو رہی تھی، آپؐ نے پوچھا: اری! کیوں رو رہی ہو؟ میں نے عرض کیا: میں نے آپؐ کی بات سنی جو آپؐ نے صحابہ سے فرمائی، اور میں عمرہ سے روک دی گئی ہوں، آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہوئی؟ میں نے عرض کیا: میں نماز نہیں پڑھتی یعنی ماہواری شروع ہوگئی ہے، آپؐ نے فرمایا: اس کا غم نہ کرو، تم آدم علیہ السلام کی بیٹیوں میں سے ایک بیٹی ہو، لکھا ہے اللہ نے تم پر یعنی مقرر کیا ہے وہی جوان پر لکھا ہے، تم اپنے حج میں رہو، ممکن ہے اللہ تعالیٰ تمہیں عمرہ بھی نصیب کر دیں۔ صدیقہؓ کہتی ہیں: پس ہم آپؐ کے ساتھ حج میں نکلے یہاں تک کہ (دس ذی الحجہ کو) ہم منی میں آئے پس میں پاک ہوگئی، پھر میں منی سے نکلی اور میں نے طواف افاضہ (زیارت) کیا، صدیقہ کہتی ہیں: پھر میں تیرہ ذی الحجہ کو (النفر الأول: بارہ ذی الحجہ کو اور النفر الآخر: تیرہ ذی الحجہ کو کہتے ہیں) نبی ﷺ کے ساتھ نکلی، یہاں تک کہ آپؐ محصّب نامی میدان میں اترے

اور ہم آپؐ کے ساتھ اترے، پس آپؐ نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو بلایا اور فرمایا: اپنی بہن کو حرم سے باہر لے جاؤ، وہاں سے وہ عمرہ کا احرام باندھیں، پھر تم دونوں عمرہ سے فارغ ہوکر یہاں آجاؤ، میں تمہارا یہاں انتظار کروں گا، یہاں تک کہ تم میرے پاس آجاؤ۔ صدیقہؓ کہتی ہیں: پس ہم نکلے یہاں تک کہ میں اور عبدالرحمٰن طواف سے فارغ ہوکر سحری کے وقت آپؐ کے پاس آئے، آپؐ نے پوچھا: کیا تم فارغ ہوگئے؟ میں نے کہا: جی ہاں، پس آپؐ نے اپنے اصحاب میں کوچ کا اعلان کیا، پس لوگوں نے کوچ کیا اور آپ ﷺ مدینہ کی طرف چلے۔

لغات: فی حُرَم الحج: حج کے محترم مہینوں میں، الحُرْمَة کی جمع، بمعنی عظمت وعزت اور الحُرُم (بضمتین): محترم جیسے الاشهر الْحُرُم: چار حرمت والے مہینے .... هَنْتَاه: اری عورت، اری بھولی بھالی، مرد کے لئے یَاهَنَهْ اور یَا هَنَاهْ کہتے ہے .... فَلَا يَضُرُّكِ: پس وہ (حیض) تمہیں ضرر نہیں پہنچائے گا، ضَرَّه (ن) ضَرًّا وَضَرَارًا: تکلیف پہنچانا، نقصان کرنا۔ اور ایک نسخہ میں فَلَا يُضِيْرُكِ ہے یہ ضَيْرٌ (اجوف یائی) یا ضَوْر (اجوف واوی) سے ہے۔ ضَارَ يَضِيْرُ ضَيْرًا: نقصان پہنچانا۔ الضَّيْر: نقصان، قرآن میں ہے: ﴿قَالُوْا: لَاضَيْرَ، إِنَّا إِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ﴾ اور ضَارَ (ن) ضَوْرًا الشيئُ فلانا کے معنی بھی ہیں: نقصان پہنچانا، پس تینوں کے معنی ایک ہیں۔

بَابُ التَّمَتُّعِ وَالإِقْرَانِ وَالإِفْرَادِ بِالْحَجِّ، وَفَسْخِ الْحَجِّ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ

حج تمتع قران اور افراد کا بیان، اور قربانی ساتھ نہ ہو تو حج کو عمرہ سے بدل دینا

حج کی تین قسمیں ہیں: افراد، تمتع اور قران، جو مکہ یا داخل میقات کا باشندہ ہے وہ تمتع اور قران نہیں کرسکتا، وہ صرف حج افراد کرے گا، اور اس پر قربانی اور طواف وداع واجب نہیں۔ اور آفاقی تینوں قسم کا حج کرسکتے ہیں۔

حج کرنے کا طریقہ: حج کرنے کے دو طریقے ہیں: ایک: مکہ کے باشندوں کے لئے خواہ وہ مکہ کے اصلی باشندے ہوں یا حج تمتع کی نیت سے باہر سے آئے ہوں، اور عمرہ کا احرام کھول کر مکہ میں مقیم ہوگئے ہوں، دوسرا: آفاقی کے لئے یعنی میقات سے باہر کے رہنے والوں کے لئے۔

مکہ سے حج کرنے کا طریقہ: حاجی مکہ ہی سے احرام باندھے، خواہ گھر سے باندھے یا مسجد حرام سے، اور احرام میں ان امور سے اجتناب کرے: (۱) جماع اور اس کے اسباب (بوس وکنار) سے (۲) سر منڈانے سے اور بدن کے کسی بھی حصہ کے بال کٹوانے سے (۳) ناخن ترشوانے سے (۴) سلا ہوا کپڑا پہنے سے (۵) سر ڈھانکنے سے (۶) خوشبو لگانے سے (۷) شکار کرنے سے (۸) اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نکاح کرنے سے۔ یہ آٹھ باتیں ممنوعات احرام کہلاتی ہیں، پھر آٹھ ذی الحجہ کو منی جائے وہاں ظہر سے نو ذی الحجہ کی صبح تک پانچ نمازیں پڑھے، پھر نو ذی الحجہ کی صبح کو وہاں سے عرفہ کے لئے روانہ ہو، منی کا یہ قیام ضروری نہیں، صرف سنت ہے۔ پس اگر کوئی مکہ سے نو ذی الحجہ کو سیدھا عرفہ چلا جائے تو بھی درست ہے۔ اور

میدانِ عرفہ میں نو ذی الحجہ کی شام تک رکا رہے۔ یہاں مسجد نمرہ میں ظہر وعصر: ظہر کے وقت میں ایک ساتھ پڑھے اور نماز سے فارغ ہوکر عرفہ کے کاموں میں یعنی ذکر واذکار اور دعا میں لگ جائے، اسی کا نام وقوفِ عرفہ ہے، اور یہ حج کا سب سے اہم رکن ہے۔ اور عرفہ کے کاموں میں سب سے اہم دعا میں مشغول ہونا ہے، پھر وہاں سے غروب آفتاب کے بعد لوٹے، اور ابھی مغرب نہ پڑھے، مزدلفہ پہنچ کر عشاء کے وقت میں مغرب وعشاء ایک ساتھ ادا کرے، اور مزدلفہ میں رات گذارے، فجر کی نماز کے بعد وقوف مزدلفہ کرے، یعنی ذکر واذکار اور دعا میں مشغول ہو، پھر وہاں سے طلوع آفتاب سے کچھ پہلے منی کے لئے روانہ ہوجائے، اور منی میں پہنچ کر جمرۂ عقبہ کی رمی کرے، پھر قربانی اگر ساتھ ہو تو اس کو ذبح کرے، یہ قربانی (مفرد کے لئے) سنت ہے، پھر احرام کھول دے، خواہ سر منڈوائے یا بال ترشوائے۔ اب بیوی کے علاوہ سب چیزیں حلال ہوگئیں (البتہ خوشبو لگانے میں اختلاف ہے، تفصیل آگے آرہی ہے) پھر طواف زیارت کرے (یہ حج کا دوسرا رکن ہے اور فرض ہے) اس کے بعد بیوی اور خوشبو بھی حلال ہوجاتی ہے، اور طواف زیارت کا وقت دس ذی الحجہ کی صبح صادق سے بارہ ذی الحجہ کے سورج غروب ہونے تک ہے، البتہ حائضہ جب بھی پاک ہو طواف زیارت کرے، اس کے بعد صفا ومروہ کے درمیان سعی کرے (اور اگر حج کا احرام باندھ کر نفل طواف کرکے سعی کرلی ہے تو اب طواف زیارت کے بعد سعی نہ کرے) پھر منی میں قیام کرے اور روزانہ تینوں جمرات کو کنکریاں مارے، بارہ کی رمی کے بعد حج مکمل ہوگیا، پھر اگر مکی ہے تو اس پر طواف وداع نہیں، اور آفاقی ہے تو روانگی کے وقت طواف وداع کرے، یہ طواف واجب ہے، مگر جو عورت واپسی کے وقت ماہواری میں ہو اس پر واجب نہیں، وہ طواف وداع کئے بغیر وطن لوٹ سکتی ہے۔

آفاق سے حج کرنے کا طریقہ: میقات سے حج کا احرام باندھے، پھر اگر سیدھا عرفہ چلا جائے تو اس پر طواف قدوم نہیں اور اگر وقوف عرفہ سے پہلے مکہ میں داخل ہو تو طواف قدوم کرے، یہ طواف سنت ہے، اور اس میں رمل کرے اور اس کے بعد صفا مروہ کے درمیان سعی کرے، مگر سعی اسی وقت واجب نہیں، اس کو مؤخر بھی کرسکتا ہے، یعنی طواف زیارت کے بعد بھی سعی کرسکتا ہے، پھر حالت احرام میں رہے، یہاں تک کہ وقوف عرفہ کرے، اور ذی الحجہ کو رمی کرے اور سر منڈا کر یا بال ترشوا کر احرام کھول دے، اس کے بعد طواف زیارت کرے، اور اس میں رمل اور اس کے بعد سعی نہ کرے، لیکن اگر طواف قدوم کے بعد سعی نہ کی ہو تو طواف زیارت میں رمل اور طواف کے بعد سعی بھی کرے۔

حج تمتع کا طریقہ: آفاقی حج کے مہینوں میں عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ مکرمہ پہنچے، اور اپنا عمرہ پورا کرے اور احرام کھول دے، پھر حلال ہونے کی حالت میں مکہ میں رہے، یعنی وطن نہ لوٹے، پھر آٹھ ذی الحجہ کو مکہ ہی سے حج کا احرام باندھے، اور حج ادا کرے، متمتع پر قربانی واجب ہے۔

حجِ قران کا طریقہ: آفاقی میقات سے حج اور عمرہ کا ایک ساتھ حرام باندھے، پھر احناف کے نزدیک: مکہ پہنچ کر پہلے طواف قدوم کرے، یہ سنت ہے، پھر عمرہ کا طواف کرے، اور اس کے بعد عمرہ کی سعی کرے، یہ افعال عمرہ ہیں۔ پھر احرام کی

حالت میں مکہ میں ٹھہرا رہے اور نفل طواف وغیرہ عبادتیں کرتا رہے، پھر حج کرے اور وقوف عرفہ کے بعد طواف زیارت کرے اور اس کے بعد حج کی سعی کرے، یہ حج کا طواف اور سعی ہیں، پس قارن پر احناف کے نزدیک دوطواف اور دوسعی لازم ہیں، ایک عمرہ کا طواف اور سعی دوسرا حج کا طواف اور سعی۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قارن مکہ میں پہنچ کر صرف طواف قدوم کرے، یہ سنت طواف ہے، پھر احرام کی حالت میں ٹھہرا رہے، یہاں تک کہ حج کرے اور دس ذی الحجہ کو طواف کرے اور اس کے بعد سعی کرے، یہ طواف وسعی حج اور عمرہ دونوں کے لئے ہیں۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دونوں کے افعال میں تداخل ہوجاتا ہے اور قارن پر بالا جماع قربانی واجب ہے۔

فائدہ: نبی ﷺ نے ہجرت کے بعد صرف ایک حج کیا ہے مگر روایات میں اختلاف ہے، سترہ صحابہ سے عمدہ سندوں کے ساتھ مروی ہے کہ آپؐ نے قران کیا تھا اور پانچ صحابہ سے تمتع کرنا مروی ہے اور چار صحابہ سے افراد کرنا مروی ہے، اور سب روایتیں ٹھیک ہیں (معارف السنن ۶:۲۷۶)

اور اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ آپؐ نے ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھا تھا، اس لئے کہ جاہلیت سے یہ تصور چلا آرہا تھا کہ جس سال حج کرنا ہو اس سال اشہر حج میں عمرہ کرنا بہت بڑا گناہ ہے اور شریعت کا حکم ابھی نازل نہیں ہوا تھا اس لئے آپؐ نے صرف حج کا احرام باندھا تھا(۱) افراد کی روایات کا محمل یہی ہے یعنی ان رواۃ نے آپؐ کی ابتدائی حالت کا تذکرہ ہے —— پھر مکہ پہنچتے ہی نیا حکم آیا کہ لوگ حج کا احرام عمرہ سے بدل دیں، اور افعال عمرہ کر کے احرام کھول دیں (تحفۃ القاری ۲:۸۱) جب آپؐ نے لوگوں کو یہ حکم سنایا اور جن کے پاس ہدی نہیں تھی ان کو احرام کھولنے کا حکم دیا تو لوگوں پر یہ حکم بھاری ہوا، کیونکہ حج میں گنتی کے چند دن باقی رہ گئے تھے۔ نبی ﷺ چار ذی الحجہ کو مکہ مکرمہ پہنچے تھے۔ اور احرام کھولنے کا مطلب تھا بیویوں سے فائدہ اٹھانا، اور پہلے سے جو تصور چلا آرہا تھا وہ ذہنوں پر مسلط تھا، اس لئے صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم اس حال میں حج کریں گے کہ ہماری شرم گاہوں سے منی ٹپک رہی ہوگی۔ نبی ﷺ نے فرمایا: تم جانتے ہو: میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا، تم سے زیادہ اللہ کی اطاعت کرنے والا اور تم سے زیادہ خیر کا طالب ہوں، اگر میرے ساتھ قربانی کے جانور نہ ہوتے تو میں بھی عمرہ کر کے احرام کھول دیتا (مشکوٰۃ حدیث ۲۵۵۹) اس تقریر کے بعد صحابہ کے ذہنوں سے بوجھ ہٹ گیا، اور جو لوگ ہدی ساتھ نہیں لائے تھے انھوں نے ارکانِ عمرہ ادا کر کے احرام کھول دیا، اور آپؐ کے لئے مجبوری یہ تھی کہ آپؐ قربانیاں ساتھ لائے تھے جب تک وہ ذبح نہ ہوں آپؐ احرام نہیں کھول سکتے تھے، اس لئے آپؐ نے حج کے ساتھ عمرہ کی نیت کرلی، اب آپ قارن ہوگئے، قران کی روایات اس آخری حالت کے اعتبار سے ہیں ——

(۱) جاننا چاہئے کہ حج حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ پر کیا جاتا تھا مگر اس میں فساد در آیا تھا، اور جب تک وحی کے ذریعہ اس کی اصلاح نہ ہو اسی طریقہ پر حج کرنا تھا، اور چونکہ پہلے سے یہ تصور چلا آرہا تھا کہ جس سال حج کرنا ہو اس سال اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا پاپ ہے اور نیا حکم ابھی نازل نہیں ہوا تھا اس لئے آپؐ نے ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھا تھا ۱۲

اور تمتع کے لغوی معنی ہیں: فائدہ اٹھانا، چونکہ آپؐ نے بھی ایک سفر میں حج وعمرہ بصورت قران ادا فرمایا تھا اس لئے روات نے اس کو تمتع سے تعبیر کردیا۔

مذاہبِ فقہاء: تمام ائمہ کے نزدیک تینوں طریقوں پر حج کرنا جائز ہے، البتہ افضلیت میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک قران افضل ہے، پھر تمتع، پھر افراد، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اس کے برعکس ہے، یعنی سب سے افضل حج افراد ہے پھر تمتع پھر قران۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک سب سے افضل وہ تمتع ہے جس میں ہدی ساتھ نہ لایا ہو، پھر افراد پھر قران، اور وہ تمتع جس میں ہدی ساتھ لایا ہو وہ بحکم قران ہے، کیونکہ قران کی طرح اس تمتع میں بھی احرام نہیں کھلتا۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ نے نبی ﷺ کی ابتدائی حالت کا اعتبار کیا، آپؐ نے ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھا تھا، اور تمتع کو دوسرے نمبر پر رکھا کہ وہ افراد کے مشابہ ہے، اس میں عمرہ الگ ادا کیا جاتا ہے اور حج الگ، اور امام اعظم رحمہ اللہ نے آخری حالت کا اعتبار کیا کیونکہ قاعدہ ہے: **العِبرۃُ بالخواتیم** اور ان کے نزدیک تمتع دوسرے نمبر پر اس وجہ سے ہے کہ وہ قران کے مشابہ ہے، کیونکہ دونوں میں ایک سفر میں حج اور عمرہ کئے جاتے ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ نے نبی ﷺ کی تمنا اور خواہش کا لحاظ کیا۔ آپؐ نے تمنا کی تھی: **لو استقبلتُ مِنْ أمری ما اسْتَدْبَرْتُ لم أَسُقِ الهدیَ وَلَأَحْلَلْتُ**: اگر مجھے پہلے سے معلوم ہوتا کہ آگے یہ حکم آئے گا تو میں ہدی ساتھ نہ لاتا، اور احرام کھول دیتا، پس وہ تمتع جس میں ہدی ساتھ نہ لایا ہو افضل ہے، پھر اس کے مشابہ افراد ہے، کیونکہ تمتع میں حج علاحدہ کیا جاتا ہے اس کو عمرہ کے ساتھ ملایا نہیں جاتا، پس اس کی افراد کے ساتھ مشابہت قوی ہے، لہٰذا افراد دوسرے نمبر پر ہے۔

اور ائمہ ثلاثہ نے قرآن کو جو افضل نہیں کہا اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قران میں حج اور عمرہ کے افعال میں تداخل ہوجاتا ہے۔ ان کے نزدیک طواف زیارت اور اس کے بعد کی سعی حج اور عمرہ دونوں کے لئے ہوتی ہے اور احناف کے نزدیک عمرہ کا طواف اور سعی الگ ہیں، اور حج کا طواف اور سعی الگ ہیں، چونکہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قران میں افعال کم ہوجاتے ہیں اس لئے وہ اس کو افضل نہیں کہتے، اور اسی وجہ سے قارن اور متمتع پر جو قربانی واجب ہے اس کو دم جبر کہتے ہیں، دم شکر نہیں کہتے، دم شکر میں سے مالدار اور غریب سب کھا سکتے ہیں اور دم جبر کا گوشت صرف غریبوں کے لئے ہے، قربانی کرنے والا اور مالدار اس میں سے نہیں کھا سکتے۔ امام شافعی، امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک یہ دم: دم جبر ہے، ان کے نزدیک جو افعال میں کمی ہوگئی ہے اس کی تلافی کے لئے یہ دم ہے۔ اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک یہ دم شکر ہے، اللہ تعالیٰ نے ایک سفر میں دو کام کرنے کی توفیق دی اس کے شکریہ میں یہ قربانی ہے، اور دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں سو اونٹ ذبح کئے تھے، اور ہر اونٹ میں سے ایک بوٹی کاٹی تھی، پھر اس کو پکا کر آپؐ نے شوربہ پیا تھا، ان سو اونٹوں میں آپؐ کی حج کی قربانی بھی تھی، آپؐ نے اس کو علاحدہ کرنے کا حکم نہیں دیا تھا، پس معلوم ہوا کہ متمتع اور قارن کی قربانی دم شکر ہے دم جبر نہیں۔

جاننا چاہئے کہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جو حج افراد افضل ہے وہ وہ حج افراد ہے جس کے بعد حاجی وطن لوٹنے سے پہلے مکہ (حل) سے ایک عمرہ بھی کرے، اگر وہ صرف حج کر کے لوٹے گا تو وہ افراد افضل نہیں۔ اور امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وہ حج وعمرہ جو دو الگ الگ سفروں میں کئے گئے ہوں — خواہ پہلے حج کیا ہو یا عمرہ — وہ سب سے افضل ہے، حج قران سے بھی وہ افضل ہے۔

باب کا دوسرا مسئلہ: حج کو فسخ کر سکتے ہیں یا نہیں؟ یعنی نیت بدل کر حج کا احرام عمرہ سے بدل سکتے ہیں یا نہیں؟ بعض حضرات اس کو جائز کہتے ہیں، کیونکہ حجۃ الوداع میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حج کے احرام کو عمرہ سے بدلا تھا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی بھی یہی رائے تھی، مگر چاروں ائمہ متفق ہیں کہ یہ جائز نہیں۔ یہ رخصت خاص اسی سال کے لئے تھی، اور دلیل یہ ہے کہ ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ سے پوچھا گیا: حج فسخ کرنے کی یعنی حج کا احرام عمرہ سے بدلنے کی رخصت ہمارے لئے خاص ہے یا سب کے لئے یہ رخصت ہے، آپؐ نے فرمایا: تمہارے لئے خاص ہے (قسطلانی ۴: ۱۷۱) پس اب حج کو فسخ کرنا جائز نہیں، میقات سے جو احرام باندھ کر آیا ہے اسی کو پورا کرنا ضروری ہے۔

[۳۴-] بَابُ التَّمَتُّعِ وَالإِقْرَانِ وَالإِفْرَادِ بِالْحَجِّ، وَفَسْخِ الْحَجِّ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْىٌ

[۱۵۶۱-] حَدَّثَنَا عُثْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَلاَ نُرَى إِلاَّ أَنَّهُ الْحَجُّ، فَلَمَّا قَدِمْنَا تَطَوَّفْنَا بِالْبَيْتِ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْىَ أَنْ يَحِلَّ، فَحَلَّ مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْىَ، وَنِسَاؤُهُ لَمْ يَسُقْنَ فَأَحْلَلْنَ.

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَحِضْتُ فَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ، فَلَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ الْحَصْبَةِ، قُلْتُ: يَارسولَ اللهِ! يَرْجِعُ النَّاسُ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ، وَأَرْجِعُ أَنَا بِحَجَّةٍ! قَالَ: "وَمَا طُفْتِ لَيَالِيَ قَدِمْنَا مَكَّةَ؟" قُلْتُ: لاَ، قَالَ: "فَاذْهَبِي مَعَ أَخِيْكِ إِلَى التَّنْعِيْمِ فَأَهِلِّي بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ مَوْعِدُكِ كَذَا وَكَذَا"

وَقَالَتْ صَفِيَّةُ: مَا أُرَانِي إِلاَّ حَابِسَتَهُمْ، فَقَالَ: "عَقْرَى حَلْقَى! أَوَ مَا طُفْتِ يَوْمَ النَّحْرِ؟" قَالَتْ: قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: "لاَبَأْسَ انْفِرِيْ"

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُصْعِدٌ مِنْ مَكَّةَ، وَأَنَا مُنْهَبِطَةٌ عَلَيْهَا، أَوْ أَنَا مُصْعِدَةٌ وَهُوَ مُنْهَبِطٌ مِنْهَا. [راجع: ۲۹۴]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ نکلے، اور نہیں دیکھتے تھے ہم مگر یہ بات کہ وہ حج ہے یعنی سب نے حج کا احرام باندھا تھا، اس وقت عمرہ کا کوئی تصور نہیں تھا، پس جب ہم مکہ پہنچے تو ہم نے یعنی صحابہ نے بیت

اللہ کا طواف کیا (صدیقہؓ اس وقت نماز نہیں پڑھتی تھیں) پس آپؐ نے ان لوگوں کو جو ہدی ساتھ نہیں لائے تھے حکم دیا کہ وہ حلال ہوجائیں، چنانچہ جو لوگ ہدی ساتھ نہیں لائے تھے وہ حلال ہوگئے، اور آپؐ کی ازواج بھی ہدیاں ساتھ نہیں لائی تھیں چنانچہ وہ بھی حلال ہوگئیں —— صدیقہؓ بیان کرتی ہیں: پس مجھے ماہواری آگئی، اس لئے میں نے بیت اللہ کا طواف نہیں کیا، پس جب محصّب کی رات (۱۴ر ذی الحجہ کی رات) آئی تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! لوگ حج اور عمرہ کرکے لوٹیں گے، اور میں (صرف) حج کرکے لوٹوں گی! آپؐ نے پوچھا: ''جب ہم مکہ پہنچے تھے تو تم نے افعالِ عمرہ نہیں کئے تھے؟'' میں نے کہا: نہیں! آپؐ نے فرمایا: ''پس تم اپنے بھائی کے ساتھ تنعیم جاؤ اور عمرہ کا احرام باندھو، پھر تمہارے وعدے کی جگہ یہ اور یہ ہے یعنی فلاں جگہ میں آکر مجھ سے ملو، میں تمہارا انتظار کروں گا۔

اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے کہا: نہیں دیکھتی میں مجھ کو مگر میں لوگوں کو روکنے والی ہوں! (وہ ۱۳ تاریخ کو حائضہ ہوگئی تھیں، پس جب تک وہ پاک ہوکر طوافِ وداع نہیں کریں گی قافلہ مدینہ روانہ نہیں ہوسکے گا) آپؐ نے فرمایا: ''موئی پیڑ مٹی! کیا اور تم نے یوم النحر (۱۰ تاریخ) کو طواف (زیارت) نہیں کیا؟'' صدیقہ کہتی ہیں: میں نے کہا: کیوں نہیں! یعنی طوافِ زیارت کرلیا ہے، آپؐ نے فرمایا: ''کوئی مضائقہ نہیں، سفر شروع کرو (کیونکہ حائضہ پر طوافِ وداع نہیں)

صدیقہؓ کہتی ہیں: پس نبی ﷺ نے مجھ سے ملاقات کی درانحالیکہ آپؐ مکہ سے چڑھنے والے تھے، اور میں مکہ میں اترنے والی تھی، یا میں چڑھنے والی تھی اور آپؐ مکہ سے اترنے والے تھے یعنی ایسی جگہ ملاقات ہوئی کہ ایک چڑھائی پر چڑھ رہا تھا اور دوسرا اتر رہا تھا۔

لغت: عَقْریٰ: عَقِیر کا مؤنث ہے، جیسے جَرْحیٰ: جریح کا، اور دونوں کے معنی ہیں: زخمی (لسان العرب مادہ ع ق ر) میں نے اس کا ترجمہ: موئی کیا ہے۔ اور حَلْقی کو عَقْریٰ کے وزن پر ڈھالا گیا ہے، حَلَق کے معنی ہیں مونڈنا، میں نے اس کا ترجمہ: پیڑ مٹی یعنی نشان مٹی کیا ہے۔ اور عَقْریٰ حَلْقیٰ: کا محاورہ صورت حال پر ناگواری ظاہر کرنے کے لئے عورت کے لئے بولتے ہیں۔ اور اردو میں موئی پیڑ مٹی کہتے ہیں، اور مرد کے لئے موئا پیڑ مٹا بولتے ہیں۔

[۱۵۶۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ نُوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ، وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ، وَأَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْحَجِّ، فَأَمَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ، أَوْ جَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لَمْ يَحِلُّوْا حَتّٰى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ. [راجع: ۲۹٤]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع کے سال نکلے، پس ہم میں سے بعض نے عمرہ کا احرام باندھا اور بعض نے حج اور عمرہ کا احرام باندھا یعنی قران کیا اور بعض نے صرف حج کا احرام باندھا یعنی حج افراد کیا (یہ

باتیں آخری حالت کے اعتبار سے کہی ہیں) اور نبی ﷺ نے صرف حج کا احرام باندھا (یہ ابتدائی حالت کے اعتبار سے کہا ہے) پس رہا وہ جس نے حج کا احرام باندھا یا حج اور عمرہ دونوں کا احرام باندھا وہ حلال نہیں ہوئے یہاں تک کہ یوم النحر آ گیا۔

[۱۵۶۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: شَهِدْتُ عُثْمَانَ وَعَلِيًّا، وَعُثْمَانُ يَنْهَى عَنِ الْمُتْعَةِ، وَأَنْ يُجْمَعَ بَيْنَهُمَا، فَلَمَّا رَأَى ذٰلِكَ عَلِيٌّ أَهَلَّ بِهِمَا: لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ، قَالَ: مَا كُنْتُ لِأَدَعَ سُنَّةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِقَوْلِ أَحَدٍ. [انظر ۱۵۶۹]

ترجمہ: مروان بن الحکم کہتا ہے: میں حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے پاس تھا، (اور حج کا تذکرہ چھڑا) حضرت عثمانؓ نے تمتع اور حج وعمرہ کو جمع کرنے سے یعنی قران کرنے سے منع کیا، جب حضرت علیؓ نے یہ بات سنی تو انھوں نے دونوں کا احرام باندھا اور اس طرح تلبیہ پڑھا: لبیك بحجة وعمرة اور فرمایا: میں نبی ﷺ کی سنت کو کسی کی بات کی وجہ سے نہیں چھوڑ سکتا۔

تشریح: پہلے بتایا تھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں یہ حکم نافذ کیا تھا کہ کوئی شخص حج کے ساتھ عمرہ نہ کرے، مگر آپؓ نے مصلحتًا یہ حکم نافذ کیا تھا، پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو انھوں نے مسئلہ کے طور پر منع کیا، اسی طرح حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بھی مسئلہ کے طور پر منع کیا تو لوگوں نے اس کو قبول نہیں کیا، کیونکہ جب نبی ﷺ نے حج اور عمرہ ایک ساتھ کیا ہے تو وہ ناجائز کیسے ہوسکتا ہے؟

فائدہ: یہ مروان کی روایت ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کی روایت لی ہے، سنن اربعہ میں بھی اس راوی کی روایت ہے، مگر امام مسلم رحمہ اللہ نے اس کی روایت نہیں لی۔ یاد رہے کہ مروان صحابی نہیں ہے، تابعی ہے اور اسماعیلی نے امام بخاریؒ کی خردہ گیری کی ہے کہ ایسے ظالم کی روایت کیوں لی؟ (تہذیب)

[۱۵۶۴-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانُوْا يَرَوْنَ أَنَّ الْعُمْرَةَ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ مِنْ أَفْجَرِ الْفُجُوْرِ فِي الْأَرْضِ، وَيَجْعَلُوْنَ الْمُحَرَّمَ صَفَرَ، وَيَقُوْلُوْنَ: إِذَا بَرَأَ الدَّبَرُ، وَعَفَا الْأَثَرُ، وَانْسَلَخَ صَفَرُ، حَلَّتِ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرَ.

قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ صَبِيْحَةَ رَابِعَةٍ، مُهِلِّيْنَ بِالْحَجِّ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوْهَا عُمْرَةً، فَتَعَاظَمَ ذٰلِكَ عِنْدَهُمْ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَيُّ الْحِلِّ؟ قَالَ: "حِلٌّ كُلُّهُ" [راجع: ۱۰۸۵]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: لوگ اشہر حج میں عمرہ کرنے کو زمین میں سب سے بڑا گناہ سمجھتے تھے اور وہ محرم کو صفر کر لیتے تھے اور کہتے تھے: جب اونٹ کی پیٹھ کا زخم ٹھیک ہو جائے اور حاجیوں کے نشاناتِ قدم مٹ جائیں اور صفر

گذر جائے تو عمرہ کرنے والوں کے لئے عمرہ کرنا درست ہوگیا ——— آنحضرت ﷺ اور آپ ؐ کے صحابہ (ذی الحجہ کی) چوتھی تاریخ کی صبح کو (مکہ) پہنچے درانحالیکہ وہ حج کا تلبیہ پکار رہے تھے، یعنی سب نے حج کا احرام باندھ رکھا تھا، پس آپ ؐ نے ان کو حکم دیا کہ وہ حج کا احرام عمرہ سے بدل دیں، پس یہ حکم لوگوں پر بھاری ہوا، انھوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیسا حلال ہونا؟ آپ ؐ نے فرمایا: ''مکمل حلال ہونا''

تشریح:

۱- لوگ عام طور پر یہ سمجھتے ہیں کہ زمانۂ جاہلیت کے تصور میں مطلقاً اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا گناہ تھا، یہ بات صحیح نہیں، بلکہ ان کا گمان یہ تھا کہ جس سال حج کرنا ہو اس سال اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا گناہ ہے، دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے چاروں عمرے اشہر حج (ذی قعدہ) میں کئے ہیں، مگر کفار نے کوئی اعتراض نہیں کیا کہ اشہر حج میں عمرہ کرنے کیوں آئے ہو؟

۲- اسلام سے پہلے عربوں میں 'لوند' کا سسٹم جاری تھا، لوند: وہ مہینہ جو ہر تیسرے سال قمری کیلنڈر میں بڑھایا جاتا ہے تاکہ وہ شمسی کیلنڈر کے مطابق ہوجائے اور مہینے گردش نہ کریں، ہندو کیلنڈر بھی قمری ہے، وہ بھی ہر تین سال میں ایک مہینہ بڑھاتے ہیں، عربی میں اس کو کبیسہ کہتے ہیں۔ اسلام نے اس کو ختم کردیا سورۃ التوبہ کی (آیت ۳۶) نازل ہوئی: ﴿إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ﴾ اسی طرح ایک دوسری رسم عربوں میں یہ جاری تھی کہ وہ محرم اور صفر کو آگے پیچھے کردیتے تھے، صفر کو پہلے لے آتے تھے اور محرم کو مؤخر کردیتے تھے، قرآن میں اس کو اَلنَّسِیْءُ کہا گیا ہے۔ اسلام نے اس کو بھی ختم کردیا۔ اور وہ ایسا اس لئے کرتے تھے کہ ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم تین مہینے مسلسل اشہر حرام ہیں، ان میں جنگ نہیں کرسکتے تھے، اور عربوں کی معیشت کا مدار جنگوں پر تھا، لڑتے تھے، مال غنیمت لاتے تھے اور کھاتے تھے، اس لئے جب گھر میں کھانے کے لئے کچھ نہیں رہتا تھا تو صفر کو مقدم کرکے جنگ شروع کردیتے تھے۔ حدیث میں اس رسم کا تذکرہ ہے۔ اور قرآنِ کریم کی سورۃ التوبہ کی آیت ۳۷ میں بھی اس کا ذکر ہے۔

۳- عرب اشہر حج میں عمرہ نہیں کرتے تھے اور صفر میں بھی نہیں کرتے تھے، وہ کہتے تھے: إذا بَرَأَ الدَّبَرْ: جب اونٹ کی پیٹھ کا زخم مندمل ہوجائے، ذی الحجہ میں حج کیا ہے، اور کجاوے کی لکڑی سے اونٹ کی پیٹھ زخمی ہوگئی ہے جب وہ زخم ٹھیک ہوجائے۔ وَعَفَا الْأَثَرْ: اور حاجیوں کے آنے جانے کی وجہ سے راستوں میں جو نشاناتِ قدم پڑ گئے ہیں وہ مٹ جائیں۔ وَانْسَلَخَ الصفر: اور ماہ صفر گذر جائے تو حَلَّتِ العمرة لِمن اعْتَمَرْ: عمرہ کرنا جائز ہوگیا، جو چاہے عمرہ کرے، اسلام نے اس رسم کو بھی ختم کردیا، اب عمرہ صرف حج کے پانچ دنوں میں مکروہ ہے، پھر ۱۴ ذی الحجہ سے عمرہ کرسکتے ہیں۔

[۱۵۶۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَمَرَنِيْ بِالْحِلِّ.

[راجع: ۱۵۵۹]

[١٥٦٦-] حدثنا إِسْمَاعِيلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهَا قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا شَأْنُ النَّاسِ حَلُّوْا بِعُمْرَةٍ، وَلَمْ تَحْلِلْ أَنْتَ مِنْ عُمْرَتِكَ؟ قَالَ: " إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِيْ، وَقَلَّدْتُ هَدْيِيْ، فَلاَ أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ"[انظر: ١٦٩٧، ١٧٢٥، ٤٣٩٨، ٥٩١٦]

حدیث: حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! لوگوں کا کیا حال ہے کہ انھوں نے عمرہ کر کے احرام کھول دیا، اور آپؐ اپنے عمرہ سے حلال نہیں ہوئے؟ آپؐ نے فرمایا: میں نے سر کے بال چپکا رکھے ہیں، اور اپنی قربانی کے جانوروں کو ہار پہنایا ہے، پس میں حلال نہیں ہونگا، یہاں تک کہ میں قربانی کروں۔

[١٥٦٧-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ جَمْرَةَ نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ الضُّبَعِيُّ، قَالَ: تَمَتَّعْتُ، فَنَهَانِيْ نَاسٌ، فَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَأَمَرَنِيْ، فَرَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ رَجُلاً يَقُوْلُ لِيْ: حَجٌّ مَبْرُوْرٌ وَعُمْرَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ! فَأَخْبَرْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: سُنَّةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ لِيْ: أَقِمْ عِنْدِيْ، وَأَجْعَلُ لَكَ سَهْمًا مِنْ مَالِيْ، قَالَ شُعْبَةُ: فَقُلْتُ: لِمَ؟ فَقَالَ: لِلرُّؤْيَا الَّتِيْ رَأَيْتُ.[انظر: ١٦٨٨]

ترجمہ: ابوجمرہ کہتے ہیں: میں نے حج تمتع (کا ارادہ) کیا، لوگوں نے مجھے منع کیا (حضرت عمرؓ نے جو مصلحتاً منع کیا تھا وہ بات ابھی لوگوں کے ذہنوں میں تھی) پس میں نے ابن عباسؓ سے پوچھا: انھوں نے مجھے تمتع کرنے کا حکم دیا، پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا کوئی شخص مجھ سے کہہ رہا ہے: تیرا حج مبرور ہوا اور تیرا عمرہ مقبول ہوا، میں نے حضرت ابن عباسؓ کو اپنا خواب سنایا، پس آپؓ نے فرمایا: یہ نبی ﷺ کا طریقہ ہے، پھر آپؓ نے مجھ سے کہا: میرے پاس رُک جا، میں اپنے مال (تنخواہ) میں تیرا بھی حصہ لگاؤں گا۔ شعبہؒ کہتے ہیں: میں نے ابوجمرہ سے پوچھا: آپ کو کیوں روکا؟ انھوں نے کہا: اسی خواب کی وجہ سے جو میں نے دیکھا تھا۔

تشریح: ابوجمرہ نیک آدمی تھے، اللہ کی طرف سے ان کو خواب میں خوشخبری سنائی گئی، یہ ان کے نیک ہونے کی دلیل ہے، اور فارسی اچھی جانتے تھے، اور بصرہ فارسی علاقہ تھا اور حضرت ابن عباسؓ وہاں کے گورنر تھے، اس لئے ابن عباسؓ نے ان سے فرمایا: میرے پاس رک جا، مجھے جو وظیفہ ملتا ہے اس میں سے تجھے بھی دونگا۔ چنانچہ وہ آپؓ کے پاس دو ماہ ٹھہرے۔

[١٥٦٨-] حدثنا أَ بُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَ بُوْ شِهَابٍ، قَالَ: قَدِمْتُ مُتَمَتِّعًا مَكَّةَ بِعُمْرَةٍ، فَدَخَلْنَا قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِثَلاَثَةِ أَيَّامٍ، فَقَالَ لِيْ أُنَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ: تَصِيْرُ الآنَ حَجَّتُكَ مَكِّيَّةً، فَدَخَلْتُ عَلَى عَطَاءٍ أَسْتَفْتِيْهِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: أَ نَّـهُ حَجَّ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ سَاقَ الْبُدْنَ

مَعَهُ، وَقَدْ أَهَلُّوْا بِالْحَجِّ مُفْرَدًا، فَقَالَ لَهُمْ: " أَحِلُّوْا مِنْ إِحْرَامِكُمْ بِطَوَافِ الْبَيْتِ، وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَقَصِّرُوْا، ثُمَّ أَقِيْمُوْا حَلَالاً، حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ فَأَهِلُّوْا بِالْحَجِّ، وَاجْعَلُوْا الَّتِيْ قَدِمْتُمْ بِهَا مُتْعَةً" فَقَالُوْا: كَيْفَ نَجْعَلُهَا مُتْعَةً وَقَدْ سَمَّيْنَا الْحَجَّ؟ فَقَالَ: " افْعَلُوْا مَا أَمَرْتُكُمْ، فَلَوْلَا أَنِّيْ سُقْتُ الْهَدْيَ لَفَعَلْتُ مِثْلَ الَّذِيْ أَمَرْتُكُمْ، ولٰكِنْ لَا يَحِلُّ مِنِّيْ حَرَامٌ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ، فَفَعَلُوْا"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَبُوْ شِهَابٍ لَيْسَ لَهُ مُسْنَدٌ إِلَّا هٰذَا. [راجع: ۱۵۵۶]

ترجمہ: ابوشہاب موسیٰ بن نافع ہذلی کوفی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں تمتع کی نیت سے عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ آیا، اور یوم الترویہ (آٹھ ذی الحجہ) سے تین دن پہلے پہنچا، پس مجھ سے مکہ کے کچھ لوگوں نے کہا: اب تمہارا حج مکی ہوگا (یعنی تم عمرہ کرکے احرام کھول دوگے، پھر آٹھ کو مکہ سے حج کا احرام باندھوگے پس تمہارا حج مکی ہوگا، اور تم گھاٹے میں رہوگے، اگر میقات سے حج کا احرام باندھ کر آتے تو زیادہ ثواب ملتا۔ ابوشہاب کہتے ہیں) پس میں حضرت عطاء رحمہ اللہ کے پاس مسئلہ پوچھنے گیا: انھوں نے فرمایا: مجھ سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ انھوں نے نبی ﷺ کے ساتھ حج کیا، جس دن قربانی کے جانور اپنے ساتھ ہانکے، یعنی حجۃ الوداع میں اور لوگوں نے حج افراد کا احرام باندھا، پس نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: تم بیت اللہ کا طواف کرکے اور صفا مروہ کے درمیان سعی کرکے احرام کھول دو، اور بال کترا دو، پھر حلال ہونے کی حالت میں (مکہ میں) رہو، یہاں تک کہ جب آٹھ تاریخ آئے تو حج کا احرام باندھو، اور اس حج کو جس کا احرام باندھ کر آئے ہو تمتع بنالو، صحابہ نے عرض کیا: ہم اس کو تمتع کیسے بنائیں، ہم نے تو حج کا احرام باندھا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جیسا میں کہتا ہوں ایسا کرو، اگر میں قربانی نہ لاتا تو میں بھی وہی کرتا جس کا میں نے تم کو حکم دیا ہے، لیکن میرے لئے ممنوعاتِ احرام حلال نہیں، تا آنکہ قربانی اس کی جگہ پہنچ جائے، یعنی جب تک قربانی ذبح نہ ہوجائے میں احرام نہیں کھول سکتا، پس لوگوں نے ایسا ہی کیا یعنی لوگوں نے جو کہا کہ تمہارا حج مکی ہوگیا اور ثواب گھٹ گیا یہ صحیح نہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابوشہاب کی صرف یہی ایک مرفوع حدیث ہے۔

[۱۵۶۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَعْوَرُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: اخْتَلَفَ عَلِيٌّ وَعُثْمَانُ وَهُمَا بِعُسْفَانَ فِي الْمُتْعَةِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا تُرِيْدُ إِلَى أَنْ تَنْهَى عَنْ أَمْرٍ فَعَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صل اللہ علیہ وسلم؟ فَقَالَ عُثْمَانُ دَعْنِيْ عَنْكَ!

ترجمہ: سعید بن المسیب رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کے درمیان عسفان مقام میں حج تمتع کے سلسلہ میں اختلاف ہوا (حضرت عثمانؓ نے لوگوں کو تمتع کرنے سے منع کیا) پس حضرت علیؓ نے کہا: آپؓ کیا چاہتے ہیں: اس کام سے روکتے ہیں جو نبی ﷺ نے کیا ہے؟ پس حضرت عثمانؓ نے کہا: چھوڑیں آپ مجھے اپنے سے، یعنی مجھ

سے اس مسئلہ میں گفتگو مت کرو، پس جب حضرت علیؓ نے یہ دیکھا (کہ حضرت عثمانؓ اس مسئلہ میں بات نہیں کرنا چاہتے) تو انھوں نے حج اور عمرہ دونوں کا احرام ایک ساتھ باندھا (کیونکہ حج تمتع جائز ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا منع کرنا مصلحتاً تھا)

بَابُ مَنْ لَبَّى بِالْحَجِّ وَسَمَّاهُ

جس نے حج کا تلبیہ پڑھا اور اس کو نامزد کیا

تلبیہ میں ایک آدھ بار حج یا عمرہ کا ذکر کرنا چاہئے، اگرچہ نیت کافی ہے، جب پہلی مرتبہ تلبیہ پڑھے تو اگر حج کا احرام ہے تو لبیك بحجة کہے اور عمرہ کا احرام ہے تو لبیك بعمرة کہے، اور دونوں کا احرام ہے تو لبیك بحجة و عمرة کہے، پھر آگے صراحت ضروری نہیں، صرف نیت کافی ہے۔

[۳۵-] بَابُ مَنْ لَبَّى بِالْحَجِّ وَسَمَّاهُ

[۱۵۷۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ نَقُوْلُ: لَبَّيْكَ بِالْحَجِّ، فَأَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَجَعَلْنَاهَا عُمْرَةً. [راجع: ۱۵۵۹]

بَابُ التَّمَتُّعِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگوں کا تمتع کرنا

اس باب کا مقصد تمتع کی مشروعیت ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو اس سے منع کیا تھا وہ مصلحتاً تھا، اور حضرت عثمان اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما نے اس سے مسئلہ کے طور پر منع کیا: جو صحیح نہیں تھا، کیونکہ عام طور پر مسلمان غریب ہیں اور پوری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں، وہ حج کے لئے الگ سفر کریں اور عمرہ کے لئے الگ سفر کریں، اتنی گنجائش مسلمانوں کے پاس نہیں، اس لئے شریعت نے ایک ہی سفر میں دونوں کی اجازت دی ہے۔

[۳۶-] بَابُ التَّمَتُّعِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[۱۵۷۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُطَرِّفٌ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: تَمَتَّعْنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَنَزَلَ الْقُرْآنُ، قَالَ رَجُلٌ بِرَأْيِهِ مَاشَاءَ. [انظر: ۴۵۱۸]

ترجمہ: حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے زمانہ میں تمتع کیا، اور قرآن میں بھی اس کا ذکر ہے،

ارشاد پاک ہے: ﴿فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ﴾: جو عمرہ سے فائدہ اٹھائے حج کے ساتھ یعنی قران یا تمتع کرے اس پر قربانی واجب ہے ـــــ (پھر) ایک شخص نے اپنی رائے سے کہا جو چاہا، مراد حضرت عثمان یا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما ہیں۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ذٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾

تمتع اور قران اس شخص کے لئے ہے جس کے اہل وعیال مسجد حرام کے پاس نہ رہتے ہوں

تمتع اور قران صرف آفاقی کا حق ہے، حرم اور حل کے رہنے والے تمتع اور قران نہیں کر سکتے، کیونکہ وہ قریب ہیں جب چاہیں عمرہ کر سکتے ہیں، اس لئے ان کو حج الگ کرنا چاہئے اور عمرہ الگ۔ اور جو دور کے رہنے والے ہیں ان کے لئے حج اور عمرہ کے لئے الگ الگ سفر کرنے میں پریشانی ہے، اس لئے ان کے لئے ایک ہی سفر میں حج اور عمرہ کرنے کی اجازت ہے، اللہ عزوجل فرماتے ہیں: یہ یعنی حج اور عمرہ ایک سفر میں کرنا اس شخص کے لئے ہے جس کی فیملی مسجد حرام میں نہیں رہتی، یعنی جو مکہ کا یا اس کے اردگرد کا باشندہ نہیں ہے وہی تمتع اور قران کر سکتا ہے۔

[۳۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ذٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾

[۱۵۷۲-] وَقَالَ أَبُوْ كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْبَصْرِيُّ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ مُتْعَةِ الْحَجِّ، فَقَالَ: أَهَلَّ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ وَأَزْوَاجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَأَهْلَلْنَا، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اجْعَلُوْا إِهْلَالَكُمْ بِالْحَجِّ عُمْرَةً إِلَّا مَنْ قَلَّدَ الْهَدْيَ" طُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَأَتَيْنَا النِّسَاءَ، وَلَبِسْنَا الثِّيَابَ، وَقَالَ: "مَنْ قَلَّدَ الْهَدْيَ فَإِنَّهُ لَا يَحِلُّ لَهُ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ" ثُمَّ أَمَرَنَا عَشِيَّةَ التَّرْوِيَةِ أَنْ نُهِلَّ بِالْحَجِّ، فَإِذَا فَرَغْنَا مِنَ الْمَنَاسِكِ جِئْنَا، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَقَدْ تَمَّ حَجُّنَا وَعَلَيْنَا الْهَدْيُ. كَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ﴾ إِلٰى أَمْصَارِكُمْ، الشَّاةُ تُجْزِئُ، فَجَمَعُوْا نُسُكَيْنِ فِيْ عَامٍ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَإِنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَهُ فِيْ كِتَابِهِ وَسَنَّهُ نَبِيُّهُ صلى الله عليه وسلم، وَأَبَاحَهُ لِلنَّاسِ غَيْرَ أَهْلِ مَكَّةَ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿ذٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾[البقرة: ۱۹۶] وَأَشْهُرُ الْحَجِّ الَّتِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ كِتَابِهِ: شَوَّالٌ، وَذُوْ الْقَعْدَةِ، وَذُوْ الْحِجَّةِ. فَمَنْ تَمَتَّعَ فِيْ هٰذِهِ الْأَشْهُرِ فَعَلَيْهِ دَمٌ أَوْ صَوْمٌ.

وَالرَّفَثُ: الْجِمَاعُ، وَالْفُسُوْقُ: الْمَعَاصِيْ، وَالْجِدَالُ: الْمِرَاءُ.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: ان سے حج تمتع کے بارے میں پوچھا گیا، انھوں نے فرمایا: مہاجرین، انصار اور نبی ﷺ کی سب ازواج نے حجۃ الوداع میں (حج کا) احرام باندھا، اور ہم نے (بھی) احرام باندھا، پس جب ہم مکہ پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم اپنے حج کے احرام کو عمرہ بنادو، مگر جس نے ہدی کو ہار پہنایا ہے'' (یعنی جو قربانی ساتھ لایا ہے وہ ایسا نہ کرے) پس ہم نے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا مروہ کے درمیان سعی کی اور عورتوں سے مقاربت کی، اور سلے ہوئے کپڑے پہنے، اور آپؐ نے فرمایا: ''جس نے ہدی کو ہار پہنایا ہے وہ احرام نہیں کھول سکتا یہاں تک کہ ہدی اس کی ذبح ہونے کی جگہ میں پہنچ جائے'' پھر آپؐ نے آٹھ ذی الحجہ کی شام کو ہمیں یہ حکم دیا کہ ہم حج کا احرام باندھیں، پس جب ہم حج کے ارکان سے فارغ ہو گئے تو ہم مکہ آئے اور ہم نے بیت اللہ کا طواف (زیارت) کیا اور صفا و مروہ کی سعی کی، پس ہمارا حج مکمل ہو گیا۔ اور ہم پر قربانی واجب ہو گئی، جیسا اللہ عزوجل فرماتے ہیں: ''جو قربانی میسر ہو وہ پیش کرو، اور جو قربانی نہ پائے وہ حج کے دنوں میں تین روزے رکھے اور سات روزے اپنے وطن لوٹ کر رکھے'' ایک بکری بھی کافی ہے، یعنی دم تمتع اور قران میں بڑا جانور ذبح کرنا ضروری نہیں، بکری کی قربانی بھی کافی ہے، پس لوگوں نے دونوں عبادتیں یعنی حج اور عمرہ ایک ہی سال میں جمع کیں، پس اللہ تعالیٰ نے یہ حکم اپنی کتاب میں اتارا اور نبی ﷺ نے اس کو جاری کیا، اور مکہ والوں کے علاوہ لوگوں کے لئے اس کو جائز رکھا (یہاں باب ہے) اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''یہ یعنی تمتع اور قران اس شخص کے لئے ہیں جس کے گھر والے مسجد حرام کے پاس نہیں رہتے'' —— اور اشہر حج جن کا اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ذکر کیا ہے: شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ ہیں، پس جو ان مہینوں میں تمتع کرے اس پر قربانی یا روزے واجب ہیں، اور رفث کے معنی ہیں: جماع، اور فسوق کے معنی ہیں: گناہ کے کام، اور جدال کے معنی ہیں: جھگڑا کرنا۔

تشریح:

۱- اگر متمتع اور قارن کے پاس قربانی نہ ہو، تو اس کو دس روزے رکھنے ہونگے، تین روزے حج میں اور سات روزے گھر لوٹ کر رکھے، اور جو تین روزے حج سے پہلے رکھنے ہیں وہ اشہر حج میں حج کا احرام باندھ کر رکھنے ہیں، مگر مستحب یہ ہے کہ سات تا نو ذی الحجہ کے روزے رکھے، اور باقی سات روزے حج کے بعد مکہ میں بھی رکھ سکتا ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ﴾: یہ دس روزے کامل ہیں، تلك مبتدا ہے اور عشرة كاملة مرکب توصیفی خبر ہے، اور عشرة کا معدود صیام محذوف ہے (جمل حاشیہ جلالین) اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ جو تین روزے مکہ میں رکھے ہیں اور جو سات روزے وطن میں رکھے ہیں: سب کامل ہیں، ان میں ناقص کوئی نہیں، اور یہ بات اس لئے فرمائی کہ کوئی خیال کر سکتا تھا کہ جو تین روزے مکہ میں حج کا احرام باندھ کر رکھے ہیں وہ تو کامل ہیں اور جو سات روزے وطن آ کر رکھے ہیں وہ اس کے برابر نہیں، پس کیوں نہ سب روزے حج میں رکھے جائیں، پس فرمایا کہ دسوں روزے کامل ہیں، ان میں کوئی روزہ ناقص نہیں، پس یہ وہم ذہن سے نکال دو اور حکم شرعی کے مطابق عمل کرو۔

۲-تمتع کے لئے ضروری ہے کہ اشہر حج میں عمرہ کیا ہو، کسی نے رمضان میں عمرہ کیا پھر مکہ میں رہ گیا اور موسم حج میں حج کیا تو وہ حج تمتع نہیں، کیونکہ اس نے اشہر حج میں عمرہ نہیں کیا، اس لئے اس پر نہ قربانی ہے نہ دس روزے۔

۳-امام بخاری رحمہ اللہ نے رفث کے معنی بیان کئے ہیں: جماع، جبکہ اس کے اصل معنی ہیں: احرام میں زن وشوئی کی باتیں کرنا۔ اور فسوق مصدر ہے، اس کے اصل معنی ہیں: کسی چیز سے نکل جانا، کہتے ہیں: فَسَقَتِ الرَّطْبَةُ عن قشرها: کھجور گابھے سے نکل آئی۔ اور گناہوں کا ارتکاب بھی دین داری کے دائرہ سے نکال دیتا ہے اس لئے اس کو فسوق (نکلنا) کہتے ہیں۔

بَابُ الاِغْتِسَالِ عِنْدَ دُخُوْلِ مَكَّةَ

مکہ میں داخل ہوتے وقت غسل کرنا

جب مکہ قریب آئے تو سنت یہ ہے کہ نہادھو کر احرام کی صاف ستھری چادریں پہن کر مکہ میں داخل ہو اور طواف کرے، اس میں کعبہ شریف کی تعظیم ہے، مگر اب لوگ بسوں میں سفر کرتے ہیں اور بے بس ہوتے ہیں، اس لئے موقعہ ہو تو جدہ میں نہالے، ورنہ مکہ پہنچ کر نہائے۔

[۳۸-] بَابُ الاِغْتِسَالِ عِنْدَ دُخُوْلِ مَكَّةَ

[۱۵۷۳-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، أَخْبَرَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا إِذَا دَخَلَ أَدْنَى الْحَرَمِ أَمْسَكَ عَنِ التَّلْبِيَةِ، ثُمَّ يَبِيْتُ بِذِیْ طُوًى، ثُمَّ يُصَلِّیْ بِهِ الصُّبْحَ، وَيَغْتَسِلُ، وَيُحَدِّثُ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ.[راجع: ۱۵۵۳]

بَابُ دُخُوْلِ مَكَّةَ نَهَارًا وَلَيْلاً

دن یا رات میں مکہ میں داخل ہونا

آنحضور ﷺ مکہ مکرمہ میں دن میں داخل ہوئے تھے، مگر حضرت رحمہ اللہ نے باب میں لیلا بڑھایا ہے، اور اس طرف اشارہ کیا ہے کہ رات میں داخل ہونا بھی جائز ہے۔ اور نبی ﷺ جو دن میں داخل ہوئے تھے تو اس کی وجہ یہ تھی کہ آپؐ کا قافلہ ستر اسّی ہزار آدمیوں پر مشتمل تھا، پس اگر آپؐ رات میں داخل ہوتے تو لوگ بے چین ہو جاتے، علاوہ ازیں اس کا یہ فائدہ بھی تھا کہ لوگ مناسک دیکھیں اور سیکھیں، اس لئے آپؐ مکہ سے باہر ذی طوی مقام میں رک گئے، تاکہ جو لوگ پیچھے ہیں وہ آجائیں، اور وہاں سے ساتھ چلیں اور مکہ میں پہنچ کر آپؐ کے ساتھ طواف وغیرہ میں شریک ہوں اور مناسک سیکھیں۔

[۳۹-] بَابُ دُخُوْلِ مَكَّةَ نَهَارًا وَلَيْلاً

بَاتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِذِیْ طُوًی حَتَّی أَصْبَحَ، ثُمَ دَخَلَ مَكَّةَ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ.

[۱۵۷٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيیَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَاتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِذِیْ طُوًی حَتَّی أَصْبَحَ، ثُمَّ دَخَلَ مَكَّةَ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ.

[راجع: ۱۵۵۳]

بَابٌ: مِنْ أَيْنَ يَدْخُلُ مَكَّةَ؟ وَبَابٌ: مِنْ أَيْنَ يَخْرُجُ مِنْ مَكَّةَ؟

مکہ مکرمہ میں کہاں سے داخل ہو، اور کہاں سے نکلے؟

حجۃ الوداع میں نبی اکرم ﷺ مکہ مکرمہ کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے تھے، بیت اللہ سے منی کی جانب بالائی حصہ ہے، اور مکہ کا مشہور قبرستان حجون اسی طرف ہے، اور حج سے فارغ ہوکر مکہ کے زیریں حصہ (مسفلہ) سے مدینہ کی طرف مراجعت فرمائی ہے، اور راستہ بدلنے کی وجہ یہ تھی کہ منی سے لوگ مکہ آرہے تھے، پس اگر آپ جس راستہ سے آئے تھے اسی راستہ سے لوٹتے تو آنے والوں کے ساتھ مزاحمت ہوتی، اور دوسری حکمت وہ ہے جو عیدین میں راستہ بدلنے کی ہے، یعنی دونوں راستوں میں مسلمانوں کی شوکت کا اظہار ہو، اور امراء کے لئے حفاظت خودی کا سامان ہو۔

[٤٠-] بَابٌ: مِنْ أَيْنَ يَدْخُلُ مَكَّةَ؟

[۱۵۷۵-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِیْ مَعْنٌ، حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْخُلُ مَكَّةَ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا، وَيَخْرُجُ مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلٰی.

[انظر: ۱۵۷۶]

وضاحت: مکہ شریف کی مشرقی اور مغربی جانبوں میں پہاڑی سلسلہ ہے، اور ان کے بیچ میں جو راستہ ہوتا ہے وہ ثنیہ (گھاٹی کا راستہ) کہلاتا ہے۔

[٤١-] بَابٌ: مِنْ أَيْنَ يَخْرُجُ مِنْ مَكَّةَ؟

[۱۵۷۶-] حدثنا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيیَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ مِنْ كَدَاءٍ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا الَّتِی بِالْبَطْحَاءِ، وَخَرَجَ مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلٰی. [راجع: ۱۵۷۵]

[١٥٧٧-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالاَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمَّا جَاءَ إِلٰى مَكَّةَ دَخَلَهَا مِنْ أَعْلاَهَا، وَخَرَجَ مِنْ أَسْفَلِهَا. [انظر: ١٥٧٨، ١٥٧٩، ١٥٨٠، ١٥٨١، ٤٢٩٠، ٤٢٩١]

[١٥٧٨-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، حَدَّثَنَا أَ بُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ، وَخَرَجَ مِنْ كُدًى مِنْ أَعْلٰى مَكَّةَ [راجع: ١٥٧٧]

[١٥٧٩-] حدثنا أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَمْرٌو، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ مِنْ أَعْلٰى مَكَّةَ، قَالَ هِشَامٌ: وَكَانَ عُرْوَةُ يَدْخُلُ عَلٰى كِلْتَيْهِمَا مِنْ كَدَاءٍ وَكُدًى، وأَكْثَرُ مَا يَدْخُلُ مِنْ كُدًى، وَكَانَتْ أَقْرَبُهُمَا إِلٰى مَنْزِلِهِ. [راجع: ١٥٧٧]

[١٥٨٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ، وَكَانَ عُرْوَةُ أَكْثَرَ مَا يَدْخُلُ مِنْ كُدًى، وَكَانَ أَقْرَبَهُمَا إِلٰى مَنْزِلِهِ. [راجع: ١٥٧٧]

[١٥٨١-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ، وَكَانَ عُرْوَةُ يَدْخُلُ مِنْهُمَا كِلْتَيْهِمَا، وَكَانَ أَكْثَرَ مَا يَدْخُلُ مِنْ كُدًى أَقْرَبِهِمَا إِلٰى مَنْزِلِهِ، قَالَ أَ بُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: كَدَاءٌ وَكُدًى مَوْضِعَانِ. [راجع: ١٥٧٧]

لغات اور وضاحت: كَدَاء (ممدود): ایک بلند ٹیلہ تھا، جنت المعلی کے پاس .... كُدَى (مقصور): مکہ کی نشیبی جانب میں ایک جگہ کا نام ہے .... بَطْحَاء: سنگریزوں والی زمین .... حضرت عروہ جو مدینہ کے فقہاءِ سبعہ میں سے ہیں: جب مکہ جاتے تو دونوں جانبوں سے داخل ہوتے، معلوم ہوا کہ کسی خاص جانب سے داخل ہونا ضروری نہیں، اور وہ زیادہ تر زیریں حصہ سے داخل ہوتے، کیونکہ ان کا گھر اس جانب سے قریب تھا۔

بَابُ فَضْلِ مَكَّةَ وَبُنْيَانِهَا

مکہ مکرمہ اور اس کی تعمیر کی اہمیت

بَنٰى (ض) بِنَاءً وَبُنْيَانًا: تعمیر کرنا، بنانا (حسّی اور معنوی دونوں تعمیریں)

اس باب میں مکہ معظّمہ کی فضیلت کا بیان ہے اور یہ بیان ہے کہ مکہ کب اور کیسے آباد ہوا؟ حضرت رحمہ اللہ نے سورۂ بقرہ کی آیات (١٢٦-١٢٨) لکھی ہیں، ان کی تفصیل بہت ہے اور خلاصہ چار باتیں ہیں:

پہلی بات: کعبہ شریف کے معمار اور مزدور حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام ہیں، جو اولوالعزم پیغمبر ہونے کے علاوہ ایک خلیل اللہ اور دوسرے ذبیح اللہ ہیں، ایسی عظیم ہستیوں نے کعبہ شریف تعمیر کیا، جو مکہ مکرمہ میں ہے۔ اس لئے کعبہ شریف کی وجہ سے مکہ مکرمہ کو فضیلت حاصل ہوئی، پس باب کا پہلا جزء فضل مکة ثابت ہوا۔

دوسری بات: کعبہ شریف اور مکہ شریف پوری دنیا کا مرکز ہیں، اس کی تفصیل یہ ہے کہ زمین وآسمان کی پیدائش سے پہلے پانی تھا، اور اللہ کا عرش پانی پر تھا، جب آسمان وزمین کی تخلیق کا وقت آیا تو جس جگہ کعبہ شریف ہے وہاں پانی میں جوش پیدا ہوا اور بلبلے اٹھنے لگے، جس سے پانی میں انجماد شروع ہوا، جیسے کیتلی میں جس میں پانی گرم کیا جاتا ہے پتھر جم جاتا ہے، اسی طرح بیت اللہ کی جگہ ہزاروں سال جوش اور بلبلے اٹھنے کی وجہ سے انجماد شروع ہوا، پھر وہاں سے زمین کا پھیلاؤ شروع ہوا، گویا بیت اللہ شریف وہ نقطۂ اولیں ہے جہاں سے یہ وسیع وعریض زمین پھیل کر انسانوں کے لئے ٹھکانہ بنی ہے، اس وجہ سے کعبہ شریف کو اور اس کی وجہ سے مکہ معظّمہ کو مرکزیت حاصل ہوئی، پس اس سے بھی کعبہ شریف کی اور اس کے واسطے سے مکہ شریف کی فضیلت نکلی۔

تیسری بات: مکہ شریف حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کی برکت سے آباد ہوا ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا اور ان کے شیر خوار فرزند حضرت اسماعیل علیہ السلام کو لے کر شام سے چلے اور جہاں آج کعبہ ہے وہاں ایک بڑے درخت کے نیچے زمزم کے موجودہ مقام سے بالائی حصہ میں ان کو چھوڑ دیا، یہ جگہ ویران اور غیر آباد تھی، اور پانی کا بھی نام ونشان نہیں تھا، حضرت ابراہیم علیہ السلام ماں بیٹے کو وہاں چھوڑ کر اور ان کے پاس پانی کا ایک مشکیزہ اور کھجوروں کا ایک تھیلا رکھ کر لوٹنے لگے، حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا آپؑ کے پیچھے چلیں، انھوں نے آپ سے پوچھا: "آپ ہمیں ایسے میدان میں چھوڑ کر کہاں چل دیئے جہاں نہ کوئی آدمی ہے نہ مونس نہ غم خوار؟" وہ بار بار یہ پوچھتی جارہی تھیں، مگر حضرت ابراہیم علیہ السلام خاموش چلے جارہے تھے، آخر حضرت ہاجرہؓ نے پوچھا: "کیا اللہ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے؟" تب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جواب دیا: ہاں! میں تم کو خدائے پاک کے حکم سے چھوڑ کر جارہا ہوں، حضرت ہاجرہؓ نے کہا: تب اللہ تعالیٰ ہمیں ضائع نہیں کریں گے۔ یہ کہہ کر وہ واپس لوٹ گئیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام چلتے رہے، جب وہ ایسی جگہ پہنچے کہ اہل وعیال نگاہ سے اوجھل ہوگئے تو آپؑ رُکے اور کعبہ شریف کی طرف رخ کیا اور ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی: "اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی کچھ اولاد کو بن کھیتی والے میدان میں آپ کے محترم گھر کے پاس آباد کیا ہے، اے ہمارے پالنہار! تاکہ وہ نماز کا اہتمام کریں، لہٰذا آپ کچھ لوگوں کے دلوں کو ان کی جانب مائل کردیجئے اور ان کو پھلوں کی روزی عنایت فرمایئے تاکہ وہ شکر گذار بنیں" (سورہ ابراہیم ۳۷) غرض مکہ شریف حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کی برکت سے آباد ہوا ہے، پس اس سے بھی مکہ شریف کی فضیلت نکلی۔

چوتھی بات: دنیا کا دستور ہے: جہاں بادشاہ کا محل بنتا ہے وہاں چاروں طرف مکانات بننے شروع ہوجاتے ہیں اور جلد

وہاں بستی بس جاتی ہے، کعبہ شریف خدائے عزوجل کا گھر ہے جو بادشاہوں کے بادشاہ ہیں، پس جب مکہ مکرمہ میں اللہ کا گھر بنا تو چاروں طرف گھر بننے لگے اور مکہ مکرمہ آباد ہوگیا، اور ہر بادشاہ کے محل کا آنگن ہوتا ہے اور بیت اللہ کا آنگن حرم شریف ہے۔ غرض حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ مکرمہ کے آباد ہونے کی دعا کی، اور جب وہاں اللہ کا گھر بنا تو مکہ آباد ہوگیا —— یہ میں نے مذکورہ آیات سے فضل مکہ کی چار وجوہ نکالی ہیں، آپ غور کریں گے تو ان کے علاوہ بھی وجوہ نکلیں گی۔

آیاتِ پاک کا ترجمہ اور مختصر وضاحت: ''اور یاد کرو اس وقت کو جب ہم نے کعبہ شریف کو لوٹنے کی اور امن والی جگہ بنایا'' —— مَثَابة کے معنی ہیں: لوٹنے کی جگہ، اکٹھا ہونے کی جگہ، پوری دنیا سے مسلمان ہر سال یہاں اکٹھا ہوتے ہیں اور لوٹ کر آتے ہیں، اور وہاں کوئی کسی پر زیادتی نہیں کرتا، یہ بھی کعبہ شریف اور مکہ شریف کی فضیلت کی ایک وجہ ہے —— ''اور مقامِ ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بناؤ'' —— مقام ابراہیم وہ پتھر ہے جس پر کھڑے ہوکر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ شریف تعمیر کیا ہے، کہتے ہیں: اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قدموں کے نشان ہیں، اور اسی پتھر پر کھڑے ہوکر اللہ کے حکم سے لوگوں کو حج کے لئے پکارا ہے، اس پتھر کے پاس طواف کا دوگانہ پڑھنا مستحب ہے۔ فضل مکہ کی ایک وجہ یہ پتھر بھی ہے —— ''اور ہم نے ابراہیم واسماعیل (علیہما السلام) کی طرف حکم بھیجا کہ میرے گھر کو خوب پاک رکھو، طواف کرنے والوں، اعتکاف کرنے والوں اور رکوع وسجود کرنے والوں کے لئے یعنی نماز پڑھنے والوں کے لئے'' —— یعنی کعبہ شریف نہایت پاکیزہ مقام ہے وہاں کوئی برائی نہ ہونے پائے، اور ناپاک آدمی اس کا طواف نہ کرے، اور اس کو دوسری آلودگیوں سے بھی پاک صاف رکھا جائے —— ''اور یاد کرو اس وقت کو جب ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے پروردگار! اس کو ایک امن والا شہر بنا دیجئے اور وہاں بسنے والوں کو پھلوں کی روزی عنایت فرمائیے، ان لوگوں کو جو ان میں سے اللہ تعالیٰ پر اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں، اللہ نے فرمایا: اور اس شخص کو بھی جو کفر کرے تھوڑے دن نفع پہنچاؤں گا، پھر اس کو جبراً دوزخ کے عذاب کی طرف لے جاؤں گا، اور وہ رہنے کی بری جگہ ہے'' —— جس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ تعمیر کیا تھا اس وقت مکہ شریف محض ایک اجڑ میدان تھا، چاروں طرف سے پہاڑوں سے گھرا ہوا تھا، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا مانگی! الٰہی! اپنے فضل سے یہاں ایک شہر بسا دیجئے جو امن والا ہو، تاکہ تیرا گھر ہمیشہ آباد رہے، اور یہاں کے ایمان دار لوگوں کو پھلوں کی روزی دیجئے، کفار کے لئے دعا نہ کی تاکہ وہ جگہ کفر کی گندگی سے پاک رہے، دونوں دعائیں قبول ہوئیں اور ساتھ ہی فرمایا کہ دنیا میں کفار کو بھی رزق دیا جائے گا۔ رزق کا حال امامت جیسا نہیں ہے کہ اہل ایمان کے سواء کسی کو نہ ملے، البتہ آخرت میں کفار کا انجام برا ہے —— ''اور یاد کرو اس وقت کو جب اٹھا رہے تھے ابراہیم (علیہ السلام) بنیادیں کعبہ شریف کی اور اسماعیل (علیہ السلام) بھی (اور دعا کر رہے تھے) اے ہمارے پروردگار! قبول فرمائیے ہمارے اس کام کو (کعبہ شریف کی تعمیر کو) بیشک آپ خوب سننے والے جاننے والے ہیں، اے ہمارے پروردگار! ہم کو اپنا اور زیادہ مطیع بنائیے اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک جماعت کو اپنا مطیع بنائیے، اور ہم کو حج کا طریقہ سکھلائیے اور ہم کو معاف

فرمایئے، بیشک آپ ہی توجہ فرمانے والے، مہربانی فرمانے والے ہیں'' (ماخوذ از تفسیر ہدایت القرآن وفوائد عثمانی)

[٤٢-] بَابُ فَضْلِ مَكَّةَ وَبُنْيَانِهَا

وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِلنَّاسِ وَأَمْنًا، وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى، وَعَهِدْنَا إِلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِيْلَ أَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِيْنَ وَالْعَاكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ، وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا آمِنًا، وَارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرَاتِ، مَنْ آمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ، قَالَ: وَمَنْ كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيْلًا، ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلٰى عَذَابِ النَّارِ، وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ، وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيْلُ: رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ، رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ، وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ، وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ﴾ [البقرة: ١٢٦- ١٢٨]

[١٥٨٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا بُنِيَتِ الْكَعْبَةُ ذَهَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَعَبَّاسٌ يَنْقُلَانِ الْحِجَارَةَ، فَقَالَ الْعَبَّاسُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: اجْعَلْ إِزْرَاكَ عَلٰى رَقَبَتِكَ، فَخَرَّ إِلَى الْأَرْضِ، فَطَمَحَتْ عَيْنَاهُ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: "أَرِنِيْ إِزَارِيْ" فَشَدَّهُ عَلَيْهِ. [راجع: ٣٦٤]

حوالہ: یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ (ثیاب المصلی باب ۸) میں تفصیل سے گذر چکی ہے، اور یہاں اس حدیث کو پیش کرنے کی غرض یہ ہے کہ صرف حضرت اسماعیل علیہ السلام ہی نے مزدوری نہیں کی، بلکہ آقائے دوجہاں نے بھی مزدوری کی ہے۔ بیت اللہ شریف کے معمار خلیل اللہ ہیں اور پہلے مزدور ذبیح اللہ ہیں اور آخری مزدور حبیب اللہ ہیں (تحفۃ القاری ۲:۱۹۱)

[١٥٨٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ أَخْبَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهَا: "أَلَمْ تَرَىْ أَنَّ قَوْمَكِ حِيْنَ بَنَوُا الْكَعْبَةَ اقْتَصَرُوْا عَنْ قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيْمَ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَلَا تَرُدُّهَا عَلٰى قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيْمَ؟ قَالَ: "لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَفَعَلْتُ" فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَئِنْ كَانَتْ عَائِشَةُ سَمِعَتْ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، مَا أُرَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَرَكَ اسْتِلَامَ الرُّكْنَيْنِ اللَّذَيْنِ يَلِيَانِ الْحِجْرَ، إِلَّا أَنَّ الْبَيْتَ لَمْ يُتَمَّمْ عَلٰى قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيْمَ. [راجع: ١٢٦]

وضاحت: یہ حدیث گذر چکی ہے (دیکھئے تحفۃ القاری ۱:۴۳۳)

حدیث کا آخر: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: اگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ حدیث آنحضور ﷺ سے سنی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ حطیم سے متصل جو دو کونے ہیں ان کا نبی ﷺ استلام اس لئے نہیں کرتے تھے کہ وہ بنائے ابراہیمی پر نہیں ہیں۔ (کعبہ شریف کے دو کونے (رکن یمانی اور جس کونے میں حجر اسود ہے) یہ دونوں اپنی اصل بنیادوں پر ہیں، اور حطیم کی طرف کے دو کونے اپنی اصل بنیادوں پر نہیں ہیں اس لئے آپؐ نے ان کا استلام نہیں کیا)

[١٥٨٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، حَدَّثَنَا الْأَشْعَثُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْجَدْرِ: أَمِنَ الْبَيْتِ هُوَ؟ قَالَ: "نَعَمْ" قُلْتُ: فَمَا لَهُمْ لَمْ يُدْخِلُوْهُ فِي الْبَيْتِ؟ قَالَ: "إِنَّ قَوْمَكِ قَصُرَتْ بِهِمُ النَّفَقَةُ" قُلْتُ: فَمَا شَأْنُ بَابِهِ مُرْتَفِعًا؟ قَالَ: "فَعَلَ ذٰلِكَ قَوْمُكِ لِيُدْخِلُوْا مَنْ شَاؤُا وَيَمْنَعُوْا مَنْ شَاؤُا، وَلَوْلَا أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِالْجَاهِلِيَّةِ، فَأَخَافُ أَنْ تُنْكِرَ قُلُوْبُهُمْ: أَنْ أُدْخِلَ الْجَدْرَ فِي الْبَيْتِ، وَأَنْ أُلْصِقَ بَابَهُ بِالْأَرْضِ"[راجع: ١٢٦]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے حطیم کے بارے میں پوچھا: کیا وہ بیت اللہ کا جزء ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، میں نے عرض کیا: پس لوگوں نے اس کو بیت اللہ میں داخل کیوں نہیں کیا؟ آپؐ نے فرمایا: تیری قوم کے پاس مال کم تھا (تعمیر کعبہ کے لئے جو چندہ جمع ہوا تھا وہ ناکافی تھا، اس لئے کعبہ چھوٹا بنایا) میں نے پوچھا: اور دروازہ اونچا رکھنے میں کیا مصلحت ہے؟ آپؐ نے فرمایا: تیری قوم نے ایسا اس لئے کیا ہے کہ جس کو چاہیں داخل ہونے دیں اور جس کو چاہیں روک دیں۔ اور اگر تیری قوم نئی مسلمان نہ ہوئی ہوتی اور ان کے قلوب کے بگڑنے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں حطیم کو بیت اللہ میں داخل کر دیتا، اور اس کے دروازہ کو زمین سے ملا دیتا (الجَدْر: دیوار، گھیرا، جمع جُدْرَان)

[١٥٨٥-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْلَا حَدَاثَةُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَنَقَضْتُ الْبَيْتَ، ثُمَّ لَبَنَيْتُهُ عَلٰى أَسَاسِ إِبْرَاهِيْمَ، فَإِنَّ قُرَيْشًا اسْتَقْصَرَتْ بِنَاءَهُ، وَجَعَلْتُ لَهُ خَلْفًا" وَقَالَ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ: خَلْفًا يَعْنِيْ بَابًا.[راجع: ١٢٦]

[١٥٨٦-] حدثنا بَيَانُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ ابْنُ هَارُوْنَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهَا: "يَا عَائِشَةُ، لَوْلَا أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ، لَأَمَرْتُ بِالْبَيْتِ فَهُدِمَ، فَأَدْخَلْتُ فِيْهِ مَا أُخْرِجَ مِنْهُ، وَأَلْزَقْتُهُ بِالْأَرْضِ، وَجَعَلْتُ لَهُ بَابَيْنِ، بَابًا شَرْقِيًّا وَبَابًا غَرْبِيًّا، فَبَلَغْتُ بِهِ أَسَاسَ إِبْرَاهِيْمَ" فَذٰلِكَ الَّذِيْ حَمَلَ ابْنَ الزُّبَيْرِ عَلٰى هَدْمِهِ، قَالَ يَزِيْدُ: وَشَهِدْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ حِيْنَ هَدَمَهُ وَبَنَاهُ، وَأَدْخَلَ فِيْهِ مِنَ الْحِجْرِ، وَقَدْ رَأَيْتُ

أَسَاسَ إِبْرَاهِيمَ حِجَارَةً كَأَسْنِمَةِ الإِبِلِ، قَالَ جَرِيْرٌ: فَقُلْتُ لَهُ: أَيْنَ مَوْضِعُهُ؟ قَالَ: أُرِيْكَهُ الآنَ، فَدَخَلْتُ مَعَهُ الْحِجْرَ، فَأَشَارَ إِلٰى مَكَانٍ، فَقَالَ: هَاهُنَا، قَالَ جَرِيْرٌ: فَحَزَرْتُ مِنَ الْحِجْرِ سِتَّةَ أَذْرُعٍ أَوْ نَحْوَهَا.
[راجع: ١٢٦]

دوسری حدیث کا آخر: اسی حدیث کی وجہ سے عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ نے (اپنی خلافت کے زمانہ میں) کعبہ شریف کو گرایا، یزید بن رومان کہتے ہیں: میں حضرت ابن الزبیرؓ کے ساتھ تھا جب انھوں نے کعبہ شریف گرایا اور بنایا، اور حطیم کو اندر لیا، اور میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں کے پتھر دیکھے اونٹوں کی کوہانوں کی طرح۔ جریر کہتے ہیں: میں نے ان سے کہا: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیاد کہاں تھی؟ یزید نے کہا: میں تجھے ابھی دکھاتا ہوں، پس میں یزید کے ساتھ حطیم میں گیا، انھوں نے ایک جگہ کی طرف اشارہ کرکے کہا: یہاں۔ جریر کہتے ہیں: پس میں نے حطیم کی دیوار سے تقریباً چھ ہاتھ کا اندازہ کیا یعنی حطیم کی طرف جو کعبہ شریف کی دیوار ہے اس سے چھ ہاتھ کے قریب وہ جگہ تھی۔ بیت اللہ وہیں تک تھا، پورا حطیم بیت اللہ میں شامل نہیں۔

مسئلہ: حطیم کا بیت اللہ میں شامل ہونا خبر واحد سے ثابت ہے جو دلیل ظنی ہے، اس لئے صرف حطیم کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنے سے نماز نہیں ہوگی۔

بَابُ فَضْلِ الْحَرَمِ

حرم شریف کی فضیلت

حرم شریف بیت اللہ کے اردگرد مخصوص جگہ کا نام ہے، جس کی ستون کھڑی کرکے نشاندہی کردی گئی ہے، جو مدینہ منورہ کی جانب تین میل، عراق کی جانب سات میل، جعرانہ کی جانب نو میل اور جدہ کی جانب دس میل ہے (حاشیہ) اور یہ حدیں اللہ عزوجل کے حکم سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مقرر کی ہیں۔ پس کعبہ شریف اللہ کا گھر ہے، یعنی متبرک مقام ہے اور حرم اس کا صحن ہے، اس لئے جو کعبہ شریف کی فضیلت ہے وہی حرم کی ہے، اور یہی باب کا مدعی ہے۔

پہلی آیت کا ترجمہ: مجھ کو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں عبادت کروں اس شہر کے مالک کی جس نے اس کو حرمت (عزت) دی، اور اسی کی ہے ہر چیز، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہوؤں۔

تفسیر: شہر سے مراد مکہ مکرمہ ہے، اس کا ایک حرم (صحن) ہے، وہ حرم حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نہیں بلکہ خود اللہ عزوجل نے مقرر کیا ہے، یہی حرم کی فضیلت ہے۔

دوسری آیت کا ترجمہ: کیا ہم نے ان کو ٹھکانہ نہیں دیا پناہ والے حرم میں (یہاں باب ہے) جہاں ہر پھل پہنچتا ہے (وہاں کے باشندوں کے لئے یہ) ہماری طرف سے روزی کا انتظام ہے، مگر اکثر لوگ سمجھتے نہیں۔

تفسیر: کفارِ مکہ کہتے تھے: اگر ہم مسلمان ہوجائیں تو سارا عرب ہمارا دشمن ہوجائے گا، اور ہم پر چڑھائی کردے گا اور ہمیں مکہ سے نکال دے گا، اللہ نے فرمایا: اب ان کی دشمنی سے کس کی پناہ میں ہو؟ یہی حرم کا ادب مانع ہے کہ باوجود آپس کی سخت عداوتوں کے باہر والے چڑھائی کرکے تم کو مکہ سے نکال نہیں دیتے، پس جس پاک ہستی نے اس شہر کو امن والا اور محترم بنایا ہے اور کفر وشرک کے باوجود تم کو پناہ دی ہے کیا وہ ایمان وتقوی والی زندگی اختیار کرنے پر تمہیں پناہ نہیں دے گا؟

[٤٣-] بَابُ فَضْلِ الْحَرَمِ

[١-] وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِىْ حَرَّمَهَا، وَلَهُ كُلُّ شَيْئٍ، وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ﴾[النمل: ٩١]

[٢-] وَقَوْلُهُ:﴿أَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَهُمْ حَرَمًا آمِنًا يُجْبَى إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْئٍ، رِزْقًا مِنْ لَدُنَّا، وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لاَ يَعْلَمُوْنَ﴾[القصص: ٥٧]

[١٥٨٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: " إِنَّ هٰذَا الْبَلَدَ حَرَّمَهُ اللّٰهُ، لاَ يُعْضَدُ شَوْكُهُ، وَلاَ يُنَفَّرُ صَيْدُهُ، وَلاَ يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهُ، إِلاَّ مَنْ عَرَّفَهَا"[راجع: ١٣٤٩]

حوالہ: حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب العلم باب ٣٧ (تحفۃ القاری ١: ٣٩٦) میں ہے۔

بَابُ تَوْرِيْثِ دُوْرِ مَكَّةَ وَبَيْعِهَا وَشِرَائِهَا، وَأَنَّ النَّاسَ فِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ سَوَاءٌ خَاصَّةً

مکہ کے مکانوں کی توریث اور ان کی بیع وشراء، اور یہ بات کہ لوگ صرف مسجد حرام میں برابر ہیں

مکہ مکرمہ کی وہ جگہیں جہاں حج کے ارکان ادا کئے جاتے ہیں، جیسے بیت اللہ، مسجد حرام، سعی کی جگہ، منی، مزدلفہ اور عرفات وغیرہ: یہ جگہیں مسلمانوں کے لئے وقف ہیں، ان میں کسی کا مالکانہ حق تسلیم نہیں کیا جائے گا، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

اور مکہ مکرمہ کے دیگر مکانات اور حرم کی باقی زمینیں بعض کے نزدیک وقفِ عام ہیں، ان کا فروخت کرنا اور کرایہ پر دینا جائز نہیں، نہ ان میں میراث جاری ہوسکتی ہے۔ اور یہ امام اعظم اور حضرت اسحاق بن راہویہ رحمہما اللہ وغیرہ کی پہلی رائیں تھیں۔ اور جمہور کے نزدیک بشمول امام بخاری رحمہ اللہ مکہ کے مکانات اور زمینیں ملکِ خاص ہیں، پس ان کی خرید وفروخت اور ان کو کرایہ پر دینا درست ہے۔ اور ان میں میراث بھی جاری ہوگی۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے جمہور کے موافق جواز کی روایت بھی مروی ہے، اور فتوی اسی پر ہے کہ ملکِ خاص ہیں، ان کی خرید وفروخت اور کرایہ پر دینا درست ہے، درمختار میں ہے: وجاز بیعُ بیوتِ مکنه وأرضِها بلاکراهة، وبه قال

الشافعی، وبه یفتی (شامی ۲۷۸:۵) پس مفتی بہ قول کے اعتبار سے تو اب کوئی اختلاف نہیں رہا۔ مگر پہلے یہ مسئلہ معرکۃ الآراء تھا، چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس مسئلہ پر کئی باب قائم کئے ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کا امام اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ سے اس مسئلہ میں مناظرہ بھی ہوا ہے اور انھوں نے اپنے فتوی سے رجوع بھی کیا ہے (روح المعانی)

اور جب اختلاف تھا تو جمہور اضافتوں سے استدلال کرتے تھے، اضافتیں ملکیت پر دلالت کرتی ہیں۔ جیسے: ﴿أُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ﴾: مسلمان ''اپنے گھروں'' سے ناحق نکالے گئے، اور فتح مکہ کے موقعہ پر اعلان کیا گیا تھا من أغلق بابَه فهو آمن، ومن دخل دارَ أبی سفيان فهو آمن، اور مکہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جیل کے لئے حضرت صفوانؓ سے ایک مکان خریدا تھا۔

اور امام اعظم اور حضرت اسحاق رحمہما اللہ سورۃ الحج کی (آیت ۲۵) سے استدلال کرتے تھے، یہ آیت امام بخاریؒ نے باب میں لکھی ہے: ''بے شک جن لوگوں نے دینِ اسلام کا انکار کیا، اور وہ اللہ کے راستے سے یعنی دین اسلام سے اور مسجدِ حرام سے روکتے ہیں، جس کو ہم نے تمام لوگوں کے لئے بنایا ہے، جس میں مقامی باشندہ اور باہر سے آنے والا برابر ہیں''

البادی اور الباد کے معنی ہیں: الطارئ: باہر سے آنے والا، اور اس کا مقابل العاکف ہے یعنی مقامی باشندہ، اس سے معکوفا ہے، جس کے معنی ہی: روکا ہوا، پس مقامی باشندے عاکف ہیں۔

ان حضرات کا استدلال یہ تھا کہ حرم شریف مسجدِ حرام کا اہم جزء ہے، اس لئے آیت میں مسجدِ حرام بول کر پورا حرم شریف مراد لیا گیا ہے، کیونکہ حدیبیہ کے سال جو صورت پیش آئی تھی وہ یہی تھی کہ کفار مکہ نے آپؐ کو صرف مسجدِ حرام سے نہیں روکا تھا، بلکہ حدودِ حرم میں داخل ہونے سے روک دیا تھا۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب کے دوسرے جزء میں اس استدلال کا جواب دیا ہے کہ مسجدِ حرام سے خاص کعبہ شریف مراد ہے، پورا حرم مراد نہیں، کیونکہ مسجد حرام: دراصل کعبہ شریف کا نام ہے۔ سورۃ البقرۃ (آیت ۱۴۴) میں ہے: ﴿فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾: نماز میں آپؐ اپنا چہرہ کعبہ شریف کی طرف پھیر لیجئے، پھر اس مسجد کو بھی مسجد حرام کہنے لگے جو بیت اللہ کے گرد بنائی گئی ہے، اور اسی کے حکم میں تمام مناسک ہیں یعنی وہ جگہیں ہیں جہاں حج کے ارکان ادا کئے جاتے ہیں، پورا حرم شریف اس سے مراد نہیں۔

[٤٤-] بَابُ تَوْرِيْثِ دُوْرِ مَكَّةَ وَبَيْعِهَا وَشِرَائِهَا، وَأَنَّ النَّاسَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ سَوَاءٌ خَاصَّةً لِقَوْلِهِ تَعَالٰى ﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ وَمَنْ يُرِدْ فِيْهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيْمٍ﴾[الحج: ٢٥]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْبَادِيْ: الطَّارِئُ، مَعْكُوْفًا: مَحْبُوْسًا.

[۱۵۸۸-] حدثنا أَصْبَغُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ یُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ حُسَیْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ، أَنَّـهُ قَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَیْنَ تَنْزِلُ: فِیْ دَارِكَ بِمَکَّةَ؟ فَقَالَ: "وَهَلْ تَرَكَ عَقِیْلٌ مِنْ رِبَاعٍ أَوْ: دُوْرٍ؟" وَکَانَ عَقِیْلٌ وَرِثَ أَبَا طَالِبٍ: هُوَ وَطَالِبٌ، وَلَمْ یرِثْه جعْفَرٌ وَلاَ عَلِیٌّ شَیْئًا، لِأَنَّهُمَا کَانَا مُسْلِمَیْنِ، وَکَانَ عَقِیْلٌ وَطَالِبٌ کَافِرَیْنِ. فَکَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ یَقُوْلُ: لَایَرِثُ الْمُؤْمِنُ الْکَافِرَ.

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَکَانُوْا یَتَأَوَّلُوْنَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿إِنَّ الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ آوَوْا وَنَصَرُوْا أُوْلٰئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِیَاءُ بَعْضٍ﴾الآیَةَ[الأنفال: ۷۲]

[انظر:۳۰۵۸، ۴۲۸۲، ٦٧٦٤]

ترجمہ: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ مکہ میں کہاں اتریں گے: اپنے گھر میں؟ آپؐ نے فرمایا: "کیا عقیل نے کوئی جائداد یا فرمایا گھر چھوڑا ہے؟" یعنی مکہ میں ہمارا گھر کہاں ہے، سب کچھ عقیل نے بیچ کھایا ہے اور عقیل اور طالب: ابوطالب کے وارث بنے تھے اور حضرت جعفر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کو وارثت میں کچھ نہیں ملا تھا، اس لئے کہ وہ دونوں مسلمان تھے، اور عقیل اور طالب کافر تھے، اسی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوتا ـــــ ابن شہاب کہتے ہیں: اور لوگ اللہ عزوجل کے اس قول سے استدلال کرتے تھے: بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور وطن چھوڑا، اور اللہ کی راہ میں جان و مال سے جہاد کیا اور وہ لوگ جنھوں نے ان کو ٹھکانہ دیا ان میں سے بعض بعض کے وارث ہیں۔

تشریح:

۱- ابوطالب کی وفات کے بعد ان کا گھر عقیل کے حصہ میں آیا تھا، اس وقت عقیل اور طالب کافر تھے، اس لئے ان دونوں کو میراث ملی تھی، اور حضرت علی اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہما کو میراث نہیں ملی تھی کیونکہ وہ مسلمان تھے، اور عقیل کو وارثت میں جو گھر ملا تھا وہ انھوں نے بیچ کھایا تھا۔ معلوم ہوا کہ مکہ مکرمہ کے مکانوں میں وارثت جاری ہوتی ہے، اور ان کی خرید وفروخت بھی جائز ہے۔

۲- کوئی مسلمان کسی کافر کا اور کوئی کافر کسی مسلمان کا وارث نہیں ہوتا، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، کیونکہ سورۂ انفال کی آیت ۷۲ کا حاصل یہ ہے کہ ابتدائے اسلام میں مہاجرین اور انصار کے درمیان مواخات کروائی گئی تھی، اور اس کی بنیاد پر میراث ملتی تھی، اس لئے کہ مہاجرین کے اکثر رشتہ دار کافر تھے، اور کافر کی میراث مسلمان کو نہیں ملتی، اس لئے مؤاخات کی بنیاد پر مہاجرین اور انصار کو ایک دوسرے کا وارث بنایا گیا تھا، پھر جب مکہ والے سبھی مسلمان ہوگئے تو یہ حکم منسوخ ہوگیا اور اس کی جگہ دوسری آیت ﴿وَأُوْلُوْا الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلٰی بِبَعْضٍ﴾ نازل ہوئی۔

بَابُ نُزُوْلِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم مَكَّةَ

نبی ﷺ کا مکہ میں اترنا

یہ ذیلی باب ہے، اوپر بتایا ہے کہ جمہور کا استدلال اضافات سے ہے، اضافت ملکیت پر دلالت کرتی ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: گذشتہ حدیث میں نبی ﷺ نے اپنے خاندان کے مکانوں کو عقیل کی طرف منسوب کیا ہے، یہ دلیل ہے کہ وہ مکان ان کی ملک تھا، پس اس کو بیچا خریدا جاسکتا ہے، اور عقیل کو وہ مکان وارثت میں ملا تھا، معلوم ہوا کہ مکہ کے مکانوں میں وارثت جاری ہوتی ہے۔

[٤٥-] بَابُ نُزُوْلِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم مَكَّةَ

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: نُسِبَتِ الدُّوْرُ إِلٰى عَقِيْلٍ، وَتُوْرَثُ الدُّوْرُ، وَتُبَاعُ وَتُشْتَرٰى.

[١٥٨٩-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَ بُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم حِيْنَ أَرَادَ قُدُوْمَ مَكَّةَ:" مَنْزِلُنَا غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِخَيْفِ بَنِيْ كِنَانَةَ، حَيْثُ تَقَاسَمُوْا عَلَى الْكُفْرِ"[انظر: ١٥٩٠، ٣٨٨٢، ٤٢٨٤، ٤٢٨٥، ٧٤٧٩]

[١٥٩٠-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم مِنَ الْغَدِ يَوْمَ النَّحْرِ، وَهُوَ بِمِنًى: "نَحْنُ نَازِلُوْنَ غَدًا بِخَيْفِ بَنِيْ كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمُوْا عَلَى الْكُفْرِ" يَعْنِيْ بِذٰلِكَ الْمُحَصَّبَ. وَذٰلِكَ أَنَّ قُرَيْشًا وَكِنَانَةَ تَحَالَفَتْ عَلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ وَبَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَوْ: بَنِي الْمُطَّلِبِ: أَنْ لَا يُنَاكِحُوْهُمْ، وَلَا يُبَايِعُوْهُمْ حَتّٰى يُسْلِمُوْا إِلَيْهِمُ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم.

وَقَالَ سَلَامَةُ، عَنْ عُقَيْلٍ، وَيَحْيَى بْنُ الضَّحَّاكِ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، أَخْبَرَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، وَقَالَا: بَنِيْ هَاشِمٍ وَبَنِيْ الْمُطَّلِبِ، قَالَ أَ بُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: بَنِيْ الْمُطَّلِبِ أَشْبَهُ.[راجع: ١٥٨٩]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے جب ۱۳ ذی الحجہ کو منی سے مکہ لوٹنے کا ارادہ کیا تو فرمایا: "اگر اللہ نے چاہا تو کل خیفِ بنی کنانہ میں ہمارا اترنا ہوگا، جہاں انھوں نے کفر پر جمے رہنے کی قسمیں کھائی تھیں۔

تشریح: خیف کے معنی ہیں: دامنِ کوہ، اور کنانہ آنحضور ﷺ کے اوپر کے دادا ہیں، اور حضرت رحمہ اللہ کا استدلال اضافت سے ہے، اور اس کا جواب یہ ہے کہ اضافت تو مجازی بھی ہوتی ہے، کہتے ہیں: یہ فلاں طالب علم کا کمرہ ہے، حالانکہ وہ مدرسہ کی ملک ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے یوم النحر سے اگلے دن یعنی گیارہ ذی الحجہ کو فرمایا جبکہ آپ منیٰ میں تھے کہ کل ہم خیف بنی کنانہ میں اتریں گے، جہاں قریش نے کفر پر قسمیں کھائی تھیں، آپ نے خیف بنی کنانہ سے محصّب مراد لیا ہے۔

اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ قریش اور کنانہ نے بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب — یا کہا: بنو المطلب — کے بارے میں قسمیں کھائیں کہ وہ ان کو لڑکی نہ دیں گے نہ لیں گے، نہ ان کے ساتھ خرید وفروخت کریں گے جب تک وہ نبی ﷺ کو ان کے حوالے نہیں کریں گے —— ولید کی روایت میں بنی عبد المطلب اور بنی المطلب میں شک ہے اور سلامۃ بن روح اور یحییٰ بن الضحاک کی روایت میں بے شک بنی المطلب ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہی صحیح ہے، کیونکہ بنو عبد المطلب تو بنو ہاشم میں آگئے۔

تشریح: خیف بنی کنانہ، محصّب، ابطح اور بطحاء ایک ہی جگہ کے نام ہیں، اور یہ وہی میدان ہے جہاں قریش نے قسمیں کھائی تھیں، اور آپ کا، ابو طالب کا، بنو ہاشم کا اور بنو المطلب کا بائیکاٹ کیا تھا کہ جب تک وہ نبی ﷺ کو سپرد نہ کریں ان کے ساتھ کوئی راہ ورسم نہ رکھی جائے، چنانچہ تین سال آپ نے اور آپ کے خاندان نے مشقت کے ساتھ کاٹے، پھر آپ نے اطلاع دی کہ قریش نے جس عہد نامہ کو خانہ کعبہ میں لٹکایا ہے اس کو دیمک چاٹ گئی ہے، تب جا کر قید سے نجات ملی، اور بائیکاٹ ختم ہوا۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ آمِنًا﴾

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو محترم گھر (کعبہ شریف) کے پاس بسایا

اس باب میں کوئی روایت نہیں ہے، اور جب قرآنِ کریم کی آیت لکھ دی تو اب روایت کی ضرورت بھی نہیں، اور یہ بھی ذیلی باب ہے، اور استدلال ﴿عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ﴾ سے ہے، جو جگہ مُسبل (وقف) اور مشترک ہے وہ **بيتك المحرم** (کعبہ شریف) ہے، اور اس کے ارد گرد کا حرم مملوکہ ہے۔

محولہ آیات کا ترجمہ: اور یاد کرو وہ وقت جب ابراہیم (علیہ السلام) نے دعا فرمائی:

۱- اے میرے پروردگار! اس شہر کو امن والا شہر بنا دیجئے یعنی یہاں کے لوگوں کو ہر قسم کے اندیشوں سے محفوظ رکھیے۔

۲- اور مجھے اور میرے لڑکوں کو بت پرستی سے محفوظ رکھئے —— نبی شرک وبت پرستی، بلکہ گناہ سے بھی محفوظ ہوتا ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مقصود اولاد کو شرک وبت پرستی سے بچانے کی دعا کرنا ہے، اور دعا کی اہمیت جتانے کے لئے خود کو بھی دعا میں شامل کیا ہے —— اے پروردگار! ان بتوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا ہے —— یعنی یہ مورتیاں بہت خطرناک ہیں، انھوں نے بہت سے لوگوں کو اپنا گرویدہ بنا لیا ہے —— پس جو شخص میرے طریقہ پر چلا وہ یقیناً میرا ہے، اور جس نے میرا کہنا نہ مانا تو آپ یقیناً بے حد درگذر فرمانے والے، نہایت مہربانی فرمانے والے ہیں —— یعنی آپ اپنی رحمت

سے اس کو توبہ کی توفیق دیں اور دین حق کی طرف لوٹا کر اس کا گناہ معاف فرمادیں، پھر وہ میرا ہوجائے گا۔

۳- اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی کچھ اولاد کو ــــ یعنی بنی اسماعیل کو ــــ بن کھیتی والے میدان میں، آپ کے محترم گھر کے پاس آباد کیا ہے، اے ہمارے پروردگار! تاکہ وہ نماز کا اہتمام کریں، پس آپ کچھ لوگوں کے دلوں کو ان کی جانب مائل کردیجئے، اور ان کو پھلوں کی روزی عنایت فرمائیے، تاکہ وہ شکر گذار بنیں!

[٤٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى:

﴿ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَاجْنُبْنِى وَبَنِيَّ أَنْ نَعْبُدَ الْأَصْنَامَ، رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِنَ النَّاسِ، فَمَنْ تَبِعَنِى فَإِنَّهُ مِنِّى، وَمَنْ عَصَانِى فَإِنَّكَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ۝ رَبَّنَا إِنِّى أَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِى بِوَادٍ غَيْرِ ذِى زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ، رَبَّنَا لِيُقِيْمُوْا الصَّلَاةَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِنَ النَّاسِ تَهْوِىْ إِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ﴾

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ﴾

کعبہ شریف لوگوں کے بقاء کا سبب ہے

یہ بھی ذیلی باب ہے اور البیت الحرام سے استدلال ہے کہ مشترک جگہ صرف کعبہ شریف ہے، مکہ مکرمہ کے باقی مکان مملوکہ ہیں۔

آیت پاک کا ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے کعبہ کو محترم گھر اور لوگوں کے قائم رہنے کا سبب قرار دیا ہے (چنانچہ جب کفار اس کو منہدم کردیں گے تو جلد قیامت آجائے گی) اور عزت والے مہینہ کو بھی، اور حرم میں قربان ہونے والے جانور کو بھی، اور ان جانوروں کو بھی جن کے گلے میں پٹے پڑے ہوئے ہیں۔ یہ اس لئے کہ تم اس بات کا یقین کرلو کہ بے شک اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کی اندر کی چیزوں کا علم رکھتے ہیں، اور بے شک اللہ تعالیٰ سب چیزوں کو خوب جانتے ہیں۔

[٤٧-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ وَأَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ﴾

[١٥٩١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُوْ السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ"[انظر: ١٥٩٦]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حبشہ کا چھوٹی پنڈلیوں والا کعبہ شریف کو اجاڑ دے گا۔

تشریح: بیت اللہ شریف کو اجاڑنے کی ہر زمانہ میں کوششیں کی گئی ہیں، آج بھی جاری ہیں اور قیامت تک کی جاتی رہیں گی، مگر کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوئی نہ ہوگی۔ حدیث شریف میں ہے: ''لوگ بیت اللہ پر حملہ کرنے سے باز نہیں آئیں گے، یہاں تک کہ ایک لشکر حملہ آور ہوگا، جب وہ بیداء (چٹیل زمین) میں ہوگا تو ان کے اگلے اور ان کے پچھلے سب دھنسا دیئے جائیں گے'' (ترمذی حدیث ۲۱۸۱) لیکن جب قیامت کا قیام منظور ہوگا، اور دنیا کی بساط پلٹنے کا وقت آئے گا تو حبشہ کا ایک شخص جس کی چھوٹی پنڈلیاں ہونگی یعنی ناقص الخلقت ہوگا لشکر لے کر آئے گا اور کعبہ شریف کی اینٹ سے اینٹ بجادے گا، پھر مسلمان کعبہ شریف کی تعمیر نو نہیں کرسکیں گے، مگر ادھر ہی نمازیں پڑھتے رہیں گے اور حج بھی ہوتا رہے گا، پھر رفتہ رفتہ لوگوں کے ذہن سے کعبہ شریف کا تصور نکل جائے گا، اور قیامت قائم ہوجائے گی۔

استدلال: حبشہ کا یہ شخص صرف بیت اللہ کو اجاڑے گا، دوسرے گھروں کو نہیں اجاڑے گا، کیونکہ بیت اللہ سے اس کی دشمنی ہوگی، دوسرے مکانات لوگوں کے ہیں ان سے کوئی دشمنی نہیں ہوگی، جیسے ابرہہ نے جب بیت اللہ پر چڑھائی کی تو فوج نے سب کے مویشی پکڑ لئے، ان میں عبدالمطلب کے بھی اونٹ تھے، عبدالمطلب ان کو لینے کے لئے گئے، ابرہہ نے آپ کا اعزاز کیا وہ قوم کے سردار تھے، اور اللہ عزوجل نے ان کو حسن و جمال اور وقار و دبدبہ بھی عطا فرمایا تھا جس کی وجہ سے ہر شخص مرعوب ہوجاتا تھا، ابرہہ عبدالمطلب کو دیکھ کر مرعوب ہوگیا اور نہایت اکرام واحترام کے ساتھ پیش آیا۔ گفتگو شروع ہوئی تو عبدالمطلب نے اپنے اونٹوں کا مطالبہ کیا، ابرہہ کو بڑا تعجب ہوا اس نے کہا: آپ نے مجھ سے اپنے اونٹوں کے بارے میں کہا اور خانہ کعبہ کے بارے میں جو تمہارا اور تمہارے آباؤ اجداد کا دین و مذہب ہے اس کے بارے میں کچھ نہیں کہا، عبدالمطلب نے جواب دیا: میں اونٹوں کا مالک ہوں اس لئے میں نے اونٹوں کا مطالبہ کیا اور کعبہ شریف کا مالک خدا ہے وہ خود اپنے گھر کی حفاظت کرلے گا، اس واقعہ میں بھی عبدالمطلب نے اپنی ملکیت اور خدا کی ملکیت کو جدا جدا کیا ہے، اسی طرح چھوٹی پنڈلیوں والا صرف کعبہ کو اجاڑے گا، سارے مکہ کو نہیں اجاڑے گا، کیونکہ ان گھروں سے اس کو کوئی دشمنی نہیں ہوگی، وہ لوگوں کے گھر ہیں، اگر وہ اللہ کی ملکیت ہوتے تو وہ مکہ کے سارے گھروں کو ڈھادیتا، یہ حدیث سے استدلال ہے اور بہت گہرا استدلال ہے۔

[۱۵۹۲-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، ح: وَحَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِىْ حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانُوْا يَصُوْمُوْنَ عَاشُوْرَاءَ، قَبْلَ أَنْ يُفْرَضَ رَمَضَانُ، وَكَانَ يَوْمًا تُسْتَرُ فِيْهِ الْكَعْبَةُ، فَلَمَّا فَرَضَ اللهُ رَمَضَانَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' مَنْ شَاءَ أَنْ يَصُوْمَهُ فَلْيَصُمْهُ، وَمَنْ شَاءَ أَنْ يَتْرُكَهُ فَلْيَتْرُكْهُ''[انظر: ۱۸۹۳، ۲۰۰۱، ۲۰۰۲، ۳۸۳۱، ۴۵۰۲، ۴۵۰۴]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: لوگ رمضان کے روزے فرض ہونے سے پہلے دس محرم کا روزہ رکھتے تھے، اور اسی دن کعبہ شریف پر (نیا) پردہ ڈالا جاتا تھا، پس جب اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے فرض کئے تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو یوم عاشوراء کا روزہ رکھنا چاہے رکھے، اور جو نہ رکھنا چاہے نہ رکھے''

تشریح: تستر فیه الکعبة: سے استدلال ہے، پہلے یوم عاشوراء میں کعبہ شریف کا غلاف بدلا جاتا تھا، اب حکومت عرفہ کے دن جب سب حاجی عرفہ چلے جاتے ہیں کعبہ شریف کا غلاف بدلتی ہے، یہاں یہ سوال ہے کہ صرف کعبہ شریف ہی کو کپڑا کیوں اوڑھایا جاتا ہے، مکہ کے دوسرے مکانوں کو کپڑا کیوں نہیں اوڑھایا جاتا؟ اس کی صرف یہی ایک وجہ ہے کہ کعبہ شریف اللہ کا گھر ہے اس لئے اس کو نیا غلاف پہنایا جاتا ہے، اور دوسرے مکان لوگوں کے مملوکہ ہیں، پس جس کا جی چاہے ان پر رنگ روغن کرائے اور جو نہ چاہے نہ کرائے، یہ استدلال ہے۔

[۱۵۹۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِیْمُ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: ''لَیُحَجَّنَّ الْبَیْتُ وَلَیُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوْجِ یَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ''

تَابَعَهُ أَبَانُ، وَعِمْرَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: '' لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی لَا یُحَجَّ الْبَیْتُ'' وَالْأَوَّلُ أَكْثَرُ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: سَمِعَ قَتَادَةُ عَبْدَ اللّٰهِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ أَبَا سَعِیْدٍ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: البتہ ضرور بیت اللہ کا قصد کیا جاتا رہے گا اور ضرور بیت اللہ کی زیارت کی جاتی رہے گی یعنی حج وعمرہ کا سلسلہ جاری رہے گا، یاجوج وماجوج کے نکلنے کے بعد بھی۔

تشریح:

۱- حَجَّ (ن) حَجًّا کے لغوی معنی ہیں: قصد کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: خاص دنوں میں خاص طریقہ پر کعبہ شریف کی زیارت کرنا یعنی حج کرنا اور اعتمَرَ المکان: کے معنی بھی قصد وزیارت کرنا ہیں۔ اور اسی سے عمرہ ہے۔ اور ان دونوں عبادتوں کے نام حج وعمرہ اس لئے ہیں کہ دونوں میں بیت اللہ کی زیارت کا قصد کیا جاتا ہے، پس عمرہ چھوٹا اور حج بڑا حج ہے۔

۲- اور اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ صرف بیت اللہ ہی کا قصد کیا جاتا رہے گا، مکہ شریف کے دوسرے مکانوں کا قصد نہیں کیا جائے گا۔ معلوم ہوا کہ بیت اللہ میں اور دوسرے مکانوں میں فرق ہے۔

سند اور متن کا اختلاف:

اس حدیث کو قتادہ رحمہ اللہ سے ابان بن یزید اور عمران قطان نے بھی روایت کیا ہے اور ان کی حدیثوں کا متن وہی ہے جو حجاج کی حدیث کا ہے، اور عبدالرحمٰن بن مہدی نے شعبہ رحمہ اللہ سے یہ حدیث روایت کی ہے، اور وہ قتادہؒ سے روایت

کرتے ہیں، مگران کی حدیث کا متن یہ ہے: ''جب تک بیت اللہ کا حج کیا جاتا رہے گا قیامت قائم نہیں ہوگی''

فیصلہ: امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے متن کو ترجیح دی ہے مگر میرا خیال ہے کہ ترجیح دینے کی ضرورت نہیں، دونوں متن صحیح ہیں، اور دونوں حدیثوں کا مطلب یہ ہے کہ خروج یاجوج وماجوج کے بعد بھی حسی کعبہ موجود رہے گا اور اس کا حج بھی اور عمرہ بھی جاری رہے گا، پھر جب ذوالسویقتین کعبہ شریف کو ڈھادے گا تو خیالی کعبہ کا حج اور عمرہ ہوگا۔ اور اسی خیالی کعبہ کی طرف نمازیں پڑھی جائیں گی، پھر ایک عرصہ کے بعد لوگوں کے ذہنوں سے خیالی کعبہ بھی نکل جائے گا اور نہ کوئی نماز پڑھنے والا رہے گا نہ حج وعمرہ کرنے والا، پس قیامت قائم ہوجائے گی۔ غرض پہلے متن میں شروع کے احوال کا ذکر ہے جب حسی کعبہ موجود ہوگا، اور دوسرے متن میں آخری احوال کا ذکر ہے جب نہ صرف یہ کہ حسی کعبہ موجود نہیں رہے گا بلکہ خیالی کعبہ بھی لوگوں کے ذہنوں سے نکل جائے گا، پس دونوں متن صحیح ہیں، کسی ایک کو ترجیح دینے کی ضرورت نہیں۔

بَابُ كِسْوَةِ الْكَعْبَةِ

کعبہ شریف کا لباس

ابھی اوپر والا ہی سلسلہ چل رہا ہے، نئے ابواب شروع نہیں ہوئے، اور باب میں یہ حدیث ہے کہ ایک مرتبہ ابووائل کعبہ شریف میں چابی بردار شیبہ کے ساتھ کرسی پر بیٹھے تھے، شیبہ نے یہ واقعہ بیان کیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ اسی جگہ بیٹھے تھے، انھوں نے مجھ سے فرمایا: میرا ارادہ ہے کہ کعبہ کے اندر تہہ خانہ میں جو سونا اور چاندی ہے وہ سب نکال کر غریب مسلمانوں میں تقسیم کردوں، کعبہ شریف کے تہہ خانہ میں خزانہ ہے، کہتے ہیں: سونے کا ایک ہرن ہے، اور وہ چڑھاوے کا ہے، زمانۂ جاہلیت میں کعبہ شریف پر چڑھاوے چڑھائے جاتے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ خزانہ نکال کر تقسیم کرنے کا ارادہ کیا تو شیبہ نے منع کیا اور یہ دلیل پیش کی کہ آپؓ سے پہلے دو حضرات گذرے ہیں، آنحضور ﷺ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ، ان دونوں کو معلوم تھا کہ کعبہ کے تہہ خانہ میں سونے چاندی کا خزانہ ہے، اور دونوں کے زمانہ میں فلاکت (غریبی) آپؓ کے زمانہ سے زیادہ تھی، پھر بھی ان حضرات نے وہ خزانہ نکال کر تقسیم نہیں کیا، حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں اپنے دوساتھیوں کی اقتداء کروں گا، یعنی میں بھی وہ خزانہ نکال کر تقسیم نہیں کروں گا، چنانچہ آج تک وہ خزانہ اسی تہہ خانہ میں ہے، مگر تہہ خانہ بند ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کعبہ شریف کے احوال اور مکہ کے دوسرے مکانوں کے احوال مختلف ہیں، کعبہ پر چڑھاوے چڑھائے جاتے تھے اور اس کو کپڑا پہنایا جاتا تھا کیونکہ وہ اللہ کا گھر ہے، اور دوسرے مکان لوگوں کے مملوکہ ہیں، اس لئے نہ ان پر چڑھاوے چڑھائے جاتے تھے نہ ان کو کپڑا پہنایا جاتا تھا۔ یہ اس حدیث سے استدلال ہے۔

مسئلہ: اس حدیث سے یہ مسئلہ نکلا کہ اگر کسی وقف کی آمدنی زائد از ضرورت ہو اور مستقبل بعید تک وقف کو اس آمدنی کی

ضرورت نہ ہوتو اس کو ہم جنس دوسرے وقف میں خرچ کرسکتے ہیں اور دوسرے ہم جنس وقف کو بھی ضرورت نہ ہوتو غیر جنس میں بھی خرچ کرسکتے ہیں، کعبہ شریف کے اندر جو خزانہ ہے وہ وقف ہے اور کعبہ کو اس کی ضرورت نہیں، اور دوسرا کوئی کعبہ نہیں، اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو نکال کر غرباء میں تقسیم کرنے کا ارادہ کیا۔

سوال: باب: کعبہ کے لباس کے بارے میں ہے۔ اور حدیث میں اس کا کوئی ذکر نہیں!

جواب: کعبہ میں جو خزانہ ہے وہ چڑھاوے کا ہے، اور کعبہ کے لئے جو کپڑا آتا تھا وہ بھی چڑھاوا ہوتا تھا اس مناسبت سے یہ حدیث لائے ہیں۔

[٤٨-] بَابُ كِسْوَةِ الْكَعْبَةِ

[١٥٩٤-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلٌ الأَحْدَبُ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: جِئْتُ إِلٰى شَيْبَةَ، ح: وَحَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: جَلَسْتُ مَعَ شَيْبَةَ عَلَى الْكُرْسِيِّ فِي الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: لَقَدْ جَلَسَ هٰذَا الْمَجْلِسَ عُمَرُ، فَقَالَ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ لاَ أَدَعَ فِيْهَا صَفْرَاءَ وَلاَ بَيْضَاءَ إِلَّا قَسَمْتُهُ، فَقُلْتُ: إِنَّ صَاحِبَيْكَ لَمْ يَفْعَلاَ، قَالَ: هُمَا الْمَرْآنِ أَقْتَدِيْ بِهِمَا[انظر: ٧٢٧٥]

وضاحت: صَفْراء: پیلا، مراد سونا ہے۔ بیضاء: سفید، مراد چاندی ہے......... هما الْمَرْآن: وہ دو حضرات: میں ان کی پیروی کرونگا۔

بَابُ هَدْمِ الْكَعْبَةِ

کعبہ شریف کو ڈھانا

یہ بھی گذشتہ سلسلہ کا باب ہے، اور تقابل تضاد ہے، جب چھوٹی پنڈلیوں والا آئے گا تو صرف کعبہ ڈھائے گا، مکہ کے دوسرے مکانوں کو نہیں ڈھائے گا، کیونکہ اس کی خانۂ خدا سے دشمنی ہوگی، لوگوں کے مکانوں سے دشمنی نہیں ہوگی، اس لئے ان کے مکانوں کو نہیں اجاڑے گا، صرف بیت اللہ کو اجاڑے گا۔ معلوم ہوا کہ بیت اللہ اور دیگر مکانات کے احکام مختلف ہیں۔

[٤٩-] بَابُ هَدْمِ الْكَعْبَةِ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَغْزُوْ جَيْشٌ الْكَعْبَةَ، فَيُخْسَفُ بِهِمْ"

[١٥٩٥-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ الأَخْنَسِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "كَأَنِّيْ بِهِ أَسْوَدَ

أَفْحَجُ يَقْلَعُهَا حَجرًا حَجرًا"

[۱۵۹۶-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُوْ السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ"[راجع: ۱۵۹۱]

معلق حدیث: ایک لشکر کعبہ پر چڑھائی کرے گا، پس ان کو دھنسا دیا جائے گا۔

تشریح: ابھی بتایا ہے کہ کعبہ شریف کو ڈھانے کی قیامت تک کوششیں ہوتی رہیں گی، مگر اللہ تعالیٰ سب کو ناکام کر دیں گے، چنانچہ ایک لشکر حملہ آور ہوگا، جب وہ بیداء (ویران علاقہ) میں ہونگے تو سب دھنسا دیئے جائیں گے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: گویا میں اس کو دیکھ رہا ہوں: ایک کالا پھڈّا کعبہ کی اینٹ سے اینٹ بجا رہا ہے!

لغت: أَفْحَج: بروزن أَفْعَل: صفتِ مشبہ، فَحِج (س) فَحجًا وَفَحَّجَ فِيْ مِشْيَتِهِ: چلتے ہوئے پیروں کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور کرنا۔ پھڈا: وہ شخص جو آڑے ترچھے پیر رکھے۔ اور اینٹ سے اینٹ بجانا: محاورہ ہے، یعنی ویران کرنا، ڈھانا، اکھاڑنا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: "چھوٹی پنڈلیوں والا جو حبشہ سے آئے گا: کعبہ شریف کو اجاڑے گا"

بَابُ مَاذُكِرَ فِي الْحَجَرِ الأَسْوَدِ

حجر اسود کے بارے میں روایت

اب ابواب کا سلسلہ آگے بڑھاتے ہیں اور کعبہ شریف کے احوال بیان کرتے ہیں، کعبہ شریف کے مشرق جنوب والے کونے میں ایک پتھر لگا ہوا ہے اس کو حجر اسود کہتے ہیں۔ حجر اسود جنت کا پتھر ہے جس کو کعبہ شریف کے کونے میں لگایا گیا ہے، جب حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا گیا تو جنت کی نشانی کے طور پر ان کو وہ پتھر دیا گیا تھا، پھر وہ کعبہ شریف کے اندر رکھ دیا گیا، کعبہ شریف حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے دو ہزار سال قبل تعمیر ہوا ہے، زمین پر پہلے فرشتوں کو بسایا گیا تھا، انھوں نے کعبہ شریف تعمیر کیا تھا، پھر جنات کو اور آخر میں انسانوں کو بسایا گیا۔ اور حدیث شریف میں ہے کہ حجر اسود جب جنت سے اترا تھا تو دودھ سے زیادہ سفید تھا، پھر انسانوں کے گناہوں نے اس کو میلا کر دیا، یعنی جب انسانوں نے اس کا استلام کیا تو چونکہ سب انسان فرشتے نہیں ہوتے بعض بندے گنہ گار بھی ہوتے ہیں اس لئے ان کے گناہوں کا اس پر اثر پڑا اور وہ میلا ہو گیا اور ایک دوسری حدیث میں نبی ﷺ نے فرمایا: "حجر اسود اور مقام ابراہیم جنت کے ہیروں میں سے دو ہیرے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کا نور مٹا دیا ہے، اگر اللہ تعالیٰ ان کا نور نہ مٹاتے تو وہ مشرق و مغرب کی درمیانی چیزوں کو روشن کر دیتے (ترمذی حدیث ۸۶۵، و۸۶۶) یہ دونوں حدیثیں صرف ترمذی میں ہیں، دیگر کتب خمسہ میں نہیں ہیں (تحفۃ الالمعی ۳:۲۷۶)

اورامام بخاری رحمہ اللہ ایک دوسری حدیث لائے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے دورِ خلافت میں ایک مرتبہ حج یا عمرہ کے لئے تشریف لائے، جب طواف کے لئے کعبہ شریف کے پاس پہنچے تو حجر اسود کو چوما پھر اس سے فرمایا: میں تجھے چوم رہا ہوں مگر میں جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے، نہ کسی کو نقصان پہنچا سکتا ہے نہ فائدہ، یعنی تو محض پتھر ہے معبود نہیں۔ اور اگر میں نے نبی ﷺ کو تجھے چومتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے نہ چومتا، پھر آپؓ نے حجر اسود کو چوما۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بات حجر اسود کو نہیں سنائی تھی بلکہ لوگوں کو سنائی تھی، آپؓ کے ساتھ بڑا مجمع تھا، چنانچہ مسلمانوں کے ذہنوں میں یہ بات طے ہے کہ کعبہ شریف معبود نہیں، ملت کی شیرازہ بندی کے لئے بیت اللہ شریف کو قبلہ مقرر کیا گیا ہے، کیونکہ بیت اللہ تجلی ربانی کا مرکز ہے، اور روئے زمین کا نقطۂ اولیں ہے، جہاں سے یہ ساری زمین پھیلی ہے، اور وہ پہلا اللہ کا گھر ہے جو روئے زمین پر بنایا گیا ہے اس لئے اس کو قبلہ مقرر کیا گیا ہے (تفصیل تحفۃ القاری ۲:۲۵۲ میں ہے)

اور حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں فرمایا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد اور عمل سے یہ بات واضح ہوئی کہ جو حکم قرآن وحدیث سے ثابت ہو اس کو بے چون وچرا قبول کر لینا چاہئے، خواہ اس کی مصلحت سمجھ میں آئے یا نہ آئے، حجر اسود بالیقین ایک پتھر ہے، اس میں معبودیت کی شان نہیں، مگر جب نبی ﷺ نے اس کو چوما ہے تو ہم بھی چومیں گے، اگرچہ اس کی حکمت ہماری سمجھ میں نہ آئے، اس سے زیادہ تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۲۵۹) میں ہے۔

[۵۰-] بَابُ مَاذُكِرَ فِي الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ

[۱۵۹۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ عُمَرَ: أَنَّـهُ جَاءَ إِلَى الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ فَقَبَّلَهُ، فَقَالَ: إِنِّىْ لَأَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ، لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ، وَلَوْلَا أَنِّىْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ.[انظر: ۱۶۰۵، ۱۶۱۰]

بَابُ إِغْلَاقِ الْبَيْتِ، وَيُصَلِّىْ فِي أَيِّ نَوَاحِي الْبَيْتِ شَاءَ

بیت اللہ کو لاک کرنا، اور بیت اللہ کے جونسے کونے میں چاہے نماز پڑھے

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: انتظامی مصالح کے پیش نظر بیت اللہ کا اور دوسری مسجدوں کا دروازہ بند رکھ سکتے ہیں، اور یہ باب ایک وہم دور کرنے کے لئے لائے ہیں۔ قرآنِ کریم میں ہے: ﴿وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ أَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهُ﴾: اس سے بڑا ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی مسجدوں میں اللہ کا ذکر کرنے سے روکے، اور مسجدوں کو بند کرنا گویا اللہ کے ذکر سے روکنا ہے، ایک شخص نماز پڑھنا چاہتا ہے، تلاوت کرنا چاہتا ہے، اور مسجد بند ہے تو یہ اللہ کے ذکر سے روکنا ہے، اور ایسا شخص ظالم

ہے۔اس وہم کو دور کرنے کے لئے یہ باب لائے ہیں کہ انتظامی مصالح سے اگر بیت اللہ کا یا کسی دوسری مسجد کا دروازہ بند کیا جائے تو جائز ہے، یہ صورت مذکورہ آیت کا مصداق نہیں۔

دوسرا مسئلہ: جو شخص کعبہ شریف کے اندر ہے وہ جدھر چاہے نماز پڑھ سکتا ہے، اور جو باہر ہے اس کو کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنی ہوگی، مگر جو اندر ہے اس کے چاروں طرف کعبہ ہے، اس لئے جدھر چاہے نماز پڑھے۔

[۵۱-] بَابُ إِغْلَاقِ الْبَيْتِ، وَيُصَلِّيْ فِي أَيِّ نَوَاحِي الْبَيْتِ شَاءَ

[۱۵۹۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ قَالَ: دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْبَيْتَ هُوَ، وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَبِلَالٌ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، فَأَغْلَقُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ، فَلَمَّا فَتَحُوْا كُنْتُ أَوَّلَ مَنْ وَلَجَ، فَلَقِيْتُ بِلَالًا فَسَأَلْتُهُ: هَلْ صَلَّى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، بَيْنَ الْعَمُوْدَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ" [راجع: ۳۹۷]

حوالہ: یہ حدیث بار بار گذری ہے، اور پہلی مرتبہ کتاب الصلوٰۃ (آداب المساجد باب ۸۱) میں آئی ہے۔ فتح مکہ کے موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ شریف کے اندر تشریف لے گئے تھے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ وغیرہ ساتھ تھے، اور اندر سے دروازہ بند کر دیا تھا تا کہ بھیڑ نہ ہو جائے۔ معلوم ہوا کہ انتظامی مصالح سے مسجد کا دروازہ بند کر سکتے ہیں۔

بَابُ الصَّلَاةِ فِي الْكَعْبَةِ

کعبہ شریف میں نماز پڑھنا

امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بیت اللہ میں فرائض وواجبات پڑھنا جائز نہیں، نوافل پڑھ سکتے ہیں۔ اور دیگر ائمہ کے نزدیک فرائض وواجبات بھی پڑھ سکتے ہیں۔ امام مالکؒ استقبال قبلہ کے مسئلہ میں فرائض ونوافل میں فرق کرتے ہیں، جیسے سفر میں سواری پر نفل نماز پڑھ سکتے ہیں، اور فرض نماز نہیں پڑھ سکتے۔ معلوم ہوا کہ استقبالِ قبلہ کے باب میں فرائض ونوافل میں فرق ہے، دیگر ائمہ کہتے ہیں: کوئی فرق نہیں، اور سفر میں سواری پر نفل نماز پڑھنے کا جواز عذر کی وجہ سے ہے، اگر عذر نہ ہو تو فرائض ونوافل میں کوئی فرق نہیں، اور جب کعبہ شریف کے اندر نفل پڑھ سکتے ہیں تو فرض وواجب بھی پڑھ سکتے ہیں۔

[۵۲-] بَابُ الصَّلَاةِ فِي الْكَعْبَةِ

[۱۵۹۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْكَعْبَةَ مَشَى قِبَلَ الْوَجْهِ حِيْنَ يَدْخُلُ، وَيَجْعَلُ الْبَابَ قِبَلَ الظَّهْرِ، يَمْشِيْ

حَتّٰى يَكُوْنَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِدَارِ الَّذِىْ قِبَلَ وَجْهِهِ قَرِيْبًا مِنْ ثَلَاثَةِ أَذْرُعٍ فَيُصَلِّىْ، يَتَوَخَّى الْمَكَانَ الَّذِىْ أَخْبَرَهُ بِلَالٌ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى فِيْهِ، وَلَيْسَ عَلٰى أَحَدٍ بَأْسٌ أَنْ يُصَلِّيَ فِيْ أَيِّ نَوَاحِي الْبَيْتِ شَاءَ. [راجع: ٣٩٧]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما جب بیت اللہ میں جاتے تو بیت اللہ میں داخل ہونے کے بعد سامنے کی طرف چلتے اور بیت اللہ کا دروازہ پیٹھ پیچھے کر لیتے، چلتے یہاں تک کہ ان کے اور ان کے سامنے والی دیوار کے درمیان تقریباً تین ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا، پس وہاں نماز پڑھتے، آپؓ قصد کرتے تھے اس جگہ کا جس کے بارے میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتلایا تھا کہ نبی ﷺ نے وہاں نماز پڑھی ہے، اور کسی پر کوئی تنگی نہیں کہ بیت اللہ کے جس کونے میں چاہے نماز پڑھے (تفصیل تحفۃ القاری (۳۶۱:۲) میں ہے)

بَابُ مَنْ لَمْ يَدْخُلِ الْكَعْبَةَ

جو شخص کعبہ شریف میں نہ جائے

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ دخول کعبہ مناسک میں شامل نہیں۔ حضرت ابن عمرؓ بار بار حج کے لئے جاتے تھے، مگر بیت اللہ میں نہیں جاتے تھے، معلوم ہوا کہ دخول کعبہ مناسک میں نہیں۔

[٥٣-] بَابُ مَنْ لَمْ يَدْخُلِ الْكَعْبَةَ

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَحُجُّ كَثِيْرًا وَلَا يَدْخُلُ.

[١٦٠٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفٰى، قَالَ: اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَطَافَ بِالْبَيْتِ، وَصَلّٰى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَهُ مَنْ يَسْتُرُهُ مِنَ النَّاسِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: أَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْكَعْبَةَ؟ قَالَ: لَا. [انظر: ١٧٩١، ٤١٨٨، ٤٢٥٥]

ترجمہ: عبداللہ بن ابی اوفی کہتے ہیں: نبی ﷺ نے عمرہ کیا پس بیت اللہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پیچھے طواف کا دوگانہ پڑھا۔ اور آپؐ کے ساتھ وہ لوگ تھے جو آپؐ کو لوگوں سے چھپائے ہوئے تھے، یعنی حفاظت کر رہے تھے، پس ابن ابی اوفی سے ایک شخص نے پوچھا: کیا نبی ﷺ (اس موقعہ پر) کعبہ شریف میں گئے تھے؟ انھوں نے کہا: نہیں۔

تشریح: یہ عمرۃ القضاء کا واقعہ ہے، اس وقت مکہ میں کوئی کافر نہیں تھا، معاہدہ کے مطابق سب مکہ سے تین دن کے لئے

نکل گئے تھے، پھر بھی صحابہؓ نے آنحضور ﷺ کی حفاظت کا پورا انتظام کیا تھا، جب آپؐ طواف وسعی فرماتے یا نماز پڑھتے تو صحابہ قریب رہتے، تا کہ کوئی گزند نہ پہنچائے۔ اس موقعہ پر آپؐ خانہ کعبہ میں تشریف نہیں لے گئے تھے، کیونکہ کعبہ غیروں کے قبضہ میں تھا۔

بَابُ مَنْ كَبَّرَ فِي نَوَاحِي الْكَعْبَةِ

جس نے کعبہ کے کونوں میں تکبیر کہی

فتح مکہ کے موقعہ پر جب تک کعبہ شریف کے اندر سے تمام مورتیاں نکال کر باہر نہیں کر دی گئیں، آنحضور ﷺ کعبہ شریف کے اندر تشریف نہیں لے گئے، پھر جب اندر گئے تو چاروں کونوں میں تکبیر کہی اور کعبہ شریف کو غسل دیا، پھر دوگانہ پڑھا، اس طرح دونوں روایتیں جمع ہو جاتی ہیں، کیونکہ ایک روایت میں ہے کہ آپؐ نے کعبہ شریف کے چاروں کونوں میں صرف تکبیر کہی ہے، نماز نہیں پڑھی، اور دوسری روایت میں ہے کہ نماز پڑھی ہے، ان میں تطبیق یہ ہے کہ کعبہ شریف میں جاتے ہی چاروں کونوں میں تکبیر کہی ہے، پھر غسل دیا ہے اور نکلتے وقت دوگانہ ادا فرمایا ہے۔

[٥٤-] بَابُ مَنْ كَبَّرَ فِي نَوَاحِي الْكَعْبَةِ

[١٦٠١-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا قَدِمَ أَبَى أَنْ يَدْخُلَ الْبَيْتَ وَفِيْهِ الآلِهَةُ، فَأَمَرَ بِهَا فَأُخْرِجَتْ، فَأَخْرَجُوْا صُوْرَةَ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِلَ عليهما السلام، فِي أَيْدِيْهِمَا الأَزْلَامُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ! أَمَا وَاللّٰهِ قَدْ عَلِمُوْا أَنَّهُمَا لَمْ يَسْتَقْسِمَا بِهَا قَطُّ" فَدَخَلَ الْبَيْتَ فَكَبَّرَ فِي نَوَاحِيْهِ، وَلَمْ يُصَلِّ فِيْهِ. [راجع: ٣٩٨]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جب (کعبہ شریف کے پاس) آئے تو آپؐ نے بیت اللہ کے اندر جانے سے انکار کر دیا، درانحالیکہ اس میں مورتیاں ہیں، پس آپؐ نے ان کے بارے میں حکم دیا، پس وہ نکالی گئیں، پس لوگوں نے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی صورتیں (مجسمے) نکالے درانحالیکہ ان کے ہاتھوں میں فال کے تیر تھے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ مشرکین کو تباہ کرے! سنو! خدا کی قسم! مشرکین بالیقین جانتے ہیں کہ ان دونوں حضرات نے کبھی بھی فال کے تیروں سے سٹہ نہیں کھیلا، پھر آپ بیت اللہ میں تشریف لے گئے اور اس کے کونوں میں تکبیر کہی، اور اس میں نماز نہیں پڑھی۔

تشریح: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے بیت اللہ میں نماز پڑھی ہے اور حضرت ابن عباس رضی

اللہ عنہما انکار کرتے ہیں، اور علماء نے حضرت بلالؓ کی حدیث کو ترجیح دی ہے کیونکہ وہ مثبت ہے۔ تفصیل (تحفۃ القاری ۲:۲۳۳ میں) گذر چکی ہے، اور میں نے تطبیق کی صورت اوپر ذکر کی ہے۔

بَابٌ: كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الرَّمَلِ؟

طواف میں رمل کا آغاز کس طرح ہوا؟

رمل: خاص انداز کی چال کا نام ہے، جس میں طاقت وقوت کا اظہار ہوتا ہے، اور وہ انداز یہ ہے کہ آدمی چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر، کندھے ہلاتا ہوا چلے، جس طرح پہلوان اکھاڑے میں چلتا ہے۔

جس طواف کے بعد سعی کرنی ہو اس طواف کے پہلے تین چکروں میں رمل کرنا اور باقی چار چکروں میں عادت کے موافق چلنا مسنون ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ سن ۷ ہجری میں جب نبی ﷺ نے صحابہ کے ساتھ عمرۃ القضاء کیا تو مشرکین نے آپس میں کہا: مسلمانوں کو مدینہ کے بخار نے لاغر ونحیف کر دیا ہے، پس آؤ دیکھیں وہ طواف اور سعی کس طرح کرتے ہیں اس سے ان کی حالت کا اندازہ ہو جائے گا، نبی ﷺ کو یہ بات وحی سے معلوم ہوئی، تو آپؐ نے صحابہ کو طواف میں رمل کرنے کا حکم دیا، مشرکین طواف کا منظر دیکھ کر دنگ رہ گئے اور کہنے لگے: کون کہتا ہے کہ مسلمان کمزور ہو گئے ہیں؟ یہ تو ہرنوں کی طرح چوکڑیاں بھر رہے ہیں، کود کود کر طواف کر رہے ہیں۔ نبی ﷺ نے اس وقت کعبہ شریف کے صرف اس حصہ میں رمل کرنے کا حکم دیا تھا جہاں سے طواف کا منظر مشرکین کو نظر آ رہا تھا، اور کعبہ کی اوٹ میں لوگ حسب معمول چلتے تھے، پھر جب مشرکین ہٹ گئے تو باقی چکر حسب معمول پورے کئے، مگر حجۃ الوداع میں آپؐ نے پورے تین چکروں میں رمل کیا ہے، اوٹ میں بھی رمل کیا ہے جب کہ وہاں کوئی مشرک نہیں تھا۔ پس شروع میں رمل کا مقصد چاہے کچھ رہا ہو مگر اب وہ مناسک میں داخل ہے۔

اسی طرح آپؐ نے جب سعی فرمائی تو صفا مروہ کے درمیان ایک مخصوص حصہ میں دوڑے، اس کا مقصد بھی قوت کا مظاہرہ تھا، پھر یہ عمل مناسک میں شامل ہو گیا۔ اب اس مخصوص حصہ میں جس کی دوہرے نشانوں کے ذریعہ نشاندہی کر دی گئی ہے دوڑنا سنت ہے، اور حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا بھی وہاں دوڑی تھیں، جب حضرت اسماعیل علیہ السلام کا شدت پیاس سے تڑپنا ماں سے دیکھا نہ گیا تو وہ بچہ کو وہیں چھوڑ کر چل دیں، قریب میں صفا پہاڑی تھی، وہ اس پر اس خیال سے چڑھیں کہ شاید کوئی اللہ کا بندہ نظر آ جائے، مگر کوئی نظر نہ آیا، وہ بیتابی کی حالت میں وہاں سے اتریں جب برساتی نالے میں پہنچیں تو دوڑتی ہوئی اتریں اور دوسری طرف چڑھ گئیں، دوسری طرف مروہ پہاڑی ہے، اس پر چڑھیں وہاں بھی کوئی نظر نہ آیا تو بیتابی کی حالت میں وہاں سے اتر کر صفا پہاڑی کی طرف چلیں، اور نالے میں دوڑتی ہوئی اتریں اور چڑھیں، اس طرح سات مرتبہ کیا، پس وہاں دوڑنے کی ایک وجہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کا دوڑنا بھی ہے، ایک عمل کی متعدد حکمتیں ہو سکتی ہیں۔

[٥٥-] بَابٌ: كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الرَّمَلِ؟

[١٦٠٢-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، هُوَ ابْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: إِنَّهُ يَقْدَمُ عَلَيْكُمْ وَفْدٌ، وَهَنَهُمْ حُمَّى يَثْرِبَ، فَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَرْمُلُوْا الْأَشْوَاطَ الثَّلَاثَةَ، وَأَنْ يَمْشُوْا مَا بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ، وَلَمْ يَمْنَعْهُ أَنْ يَأْمُرَهُمْ أَنْ يَرْمُلُوْا الْأَشْوَاطَ كُلَّهَا إِلَّا الإِبْقَاءُ عَلَيْهِمْ.

[انظر: ٤٢٥٦]

ترجمہ: ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ اور آپؐ کے اصحاب (مکہ) پہنچے تو مشرکین نے کہا: تمہارے پاس ایک وفد آرہا ہے، جس کو یثرب (مدینہ) کے بخار نے کمزور کردیا ہے۔ پس نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ تین چکروں میں اکڑ کر چلیں اور دو یمنی کونوں کے درمیان عام چال چلیں، اور آپؐ کو تمام چکروں میں رمل کا حکم دینے سے نہیں روکا مگر لوگوں پر مہربانی نے۔

تشریح: صحابہ کرام بخار سے واقعی لاغر ہوگئے تھے، اس لئے ساتوں چکروں میں رمل کرنے میں پریشانی تھی اس لئے صرف تین چکروں میں رمل کا حکم دیا، اور ان میں بھی جب اوٹ میں جاتے تو عام چال چلتے تھے، مگر مشرکین یہ سمجھتے تھے کہ پورے چکر میں دوڑ رہے ہیں، چنانچہ وہ مرعوب ہوکر وہاں سے چل دیئے، مگر حجۃ الوداع میں آپؐ نے پورے تین چکروں میں رمل کیا ہے، اس لئے یہی مسنون ہے۔

بَابُ اسْتِلَامِ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ حِيْنَ يَقْدَمُ مَكَّةَ أَوَّلَ مَا يَطُوْفُ وَيَرْمُلُ ثَلَاثًا

جب مکہ پہنچے تو پہلے طواف میں حجر اسود کو چھوئے، اور چومے اور تین چکروں میں اکڑ کر چلے

جب مکہ مکرمہ پہنچے تو سب سے پہلے طواف قدوم کرے اور طواف کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کعبہ شریف کے پاس پہنچ کر سب سے پہلے حجر اسود کا استلام کرے، یعنی اس کو چھوئے اور چومے، پھر دائیں جانب چلے، اور سات چکر لگائے، اور ہر چکر میں حجر اسود کا استلام کرے، اور اژدحام ہو تو حجر اسود کے مقابل کھڑا ہوکر ہاتھ سے یا لکڑی وغیرہ سے چھوئے اور اس کو چومے، اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو صرف اشارہ کرے اور تکبیر کہے، اور شروع کے تین چکروں میں رمل کرے، اگر طواف قدوم کے بعد سعی کرے، اور سعی نہ کرنی ہو تو رمل نہ کرے، پھر طواف زیارت میں رمل کرے کیونکہ اس کے بعد حج کی سعی ہے اور عمرہ میں بھی طواف کے بعد سعی ہے اس لئے رمل کرے۔ غرض جس طواف کے بعد سعی ہے اس میں رمل مسنون ہے، اور جس طواف کے بعد سعی نہیں اس میں رمل مسنون نہیں۔

[٥٦-] بَابُ اسْتِلَامِ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ حِيْنَ يَقْدَمُ مَكَّةَ أَوَّلَ مَا يَطُوْفُ وَيَرْمُلُ ثَلَاثًا

[١٦٠٣-] حدثنا أَصْبَغُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ يَقْدَمُ مَكَّةَ، إِذَا اسْتَلَمَ الرُّكْنَ الْأَسْوَدَ أَوَّلَ مَا يَطُوْفُ، يَخُبُّ ثَلَاثَةَ أَطْوَافٍ مِنَ السَّبْعِ. [انظر: ١٦٠٤]

بَابُ الرَّمَلِ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حج اور عمرہ میں رمل کرنا

رمل: حج کے طواف میں بھی مسنون ہے اور عمرہ کے طواف میں بھی۔ چونکہ طواف عمرہ کے بعد سعی ہے اس لئے اس میں رمل مسنون ہے، اور حج میں اگر طواف قدوم یا طواف زیارت کے بعد سعی کرنی ہو تو اس میں رمل مسنون ہے ورنہ نہیں۔

[٥٧-] بَابُ الرَّمَلِ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

[١٦٠٤-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَعَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثَلَاثَةَ أَشْوَاطٍ، وَمَشَى أَرْبَعَةً فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ.

تَابَعَهُ اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ كَثِيْرُ بْنُ فَرْقَدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ١٦٠٣]

[١٦٠٥-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، قَالَ لِلرُّكْنِ: أَمَا وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ، لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ، وَلَوْلَا أَنِّيْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اسْتَلَمَكَ مَا اسْتَلَمْتُكَ، فَاسْتَلَمَهُ، ثُمَّ قَالَ: وَمَا لَنَا وَلِلرَّمَلِ؟ إِنَّمَا كُنَّا رَاءَيْنَا الْمُشْرِكِيْنَ، وَقَدْ أَهْلَكَهُمُ اللّٰهُ، ثُمَّ قَالَ: شَيْئٌ صَنَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَا نُحِبُّ أَنْ نَتْرُكَهُ. [راجع: ١٥٩٧]

[١٦٠٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: مَا تَرَكْتُ اسْتِلَامَ هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ فِيْ شِدَّةٍ وَلَا رَخَاءٍ، مُنْذُ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْتَلِمُهُمَا، فَقُلْتُ لِنَافِعٍ، أَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَمْشِيْ بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ؟ قَالَ: إِنَّمَا كَانَ يَمْشِيْ لِيَكُوْنَ أَيْسَرَ لِاسْتِلَامِهِ. [انظر: ١٦١١]

وضاحت: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرۃ القضاء میں بھی رمل کیا تھا اور حجۃ الوداع میں بھی، عمرۃ القضاء میں یہ عمل مشرکوں کے دلوں میں ہیبت بٹھانے کے لئے اور مسلمانوں کا غلبہ دکھانے کے لئے کیا تھا، مگر حجۃ الوداع میں مکہ میں کوئی مشرک نہیں تھا

پھر بھی آپؐ نے پورے تین چکروں میں رمل کیا، پس شروع میں رمل کا مقصد چاہے کچھ رہا ہو مگر بعد میں اس کو مناسک میں شامل کرلیا گیا۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں رمل کو چھوڑ دینے کا ارادہ کیا، کیونکہ رمل قوت کا مظاہرہ کرنے کے لئے کیا گیا تھا، اور اب مکہ میں کوئی مشرک نہیں رہا تھا، اس لئے آپؓ نے رمل کو چھوڑ دینے کا ارادہ کیا، مگر پھر آپؓ نے خیال کیا کہ شاید اس کا کوئی اور سبب ہو، جو ختم ہونے والا نہ ہو اس لئے آپؓ نے رمل نہیں چھوڑا، اور یہ بات اس طرح سمجھ میں آئی کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع میں بھی یہ عمل کیا ہے، جبکہ وہاں کوئی مشرک نہیں تھا۔

آخری حدیث: ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے ان دونوں رکنوں کا (حجر اسود اور رکن یمانی کا) استلام نہیں چھوڑا نہ بھیڑ میں اور نہ چھیڑ میں، جب سے میں نے نبی ﷺ کو ان کا استلام کرتے دیکھا ہے۔ میں نے نافع سے پوچھا: کیا ابن عمرؓ رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان چلتے تھے؟ انھوں نے کہا: (ہاں) اس لئے چلتے تھے کہ حجر اسود کے استلام میں آسانی ہو۔

تشریح: دیگر صحابہ کا طریقہ یہ تھا کہ اگر چھیڑ ہوتی اور آسانی سے استلام ممکن ہوتا تو استلام کرتے، ورنہ نہیں۔ مگر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما استلام کرکے ہی آگے بڑھتے تھے، اور اسی لئے رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان رمل نہیں کرتے تھے، بلکہ بھیڑ کے ساتھ آہستہ چلتے تھے، اور حجر اسود کا استلام کرکے آگے بڑھتے تھے۔

بَابُ اسْتِلاَمِ الرُّكْنِ بِالْمِحْجَنِ

چھڑی سے حجر اسود کا استلام کرنا

استلام کے معنی ہیں: حجر اسود کو ہاتھ سے چھونا یا بوسہ دینا، اور مِحجَن کے معنی ہیں: ٹیڑھے سر والا ڈنڈا، چھڑی۔ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں طواف زیارت اونٹ پر بیٹھ کر کیا ہے، آپؐ کے دست مبارک میں ایک چھڑی تھی، جب آپؐ حجر اسود کے قریب سے گذرتے تو اس چھڑی سے حجر اسود کی طرف اشارہ فرماتے اور تکبیر کہہ کر آگے بڑھ جاتے، یہ جو چھڑی سے اشارہ کیا یہی چھڑی کے ذریعہ استلام ہے۔

مسئلہ: اگر ہاتھ اور چھڑی وغیرہ حجر اسود کو لگے تو ان کو چومے، اور صرف اشارہ کیا ہو چھڑی وغیرہ حجر اسود سے لگی نہ ہو تو ان کو نہ چومے بلکہ تکبیر کہہ کر آگے بڑھ جائے۔

[۵۸-] بَابُ اسْتِلاَمِ الرُّكْنِ بِالْمِحْجَنِ

[۱۶۰۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، وَيَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالاَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: طَافَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ

حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلٰى بَعِيْرِهِ، يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ.

تَابَعَهُ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ. [انظر: ۱۶۱۲، ۱۶۱۳، ۱۶۳۲، ۵۲۹۳]

وضاحت: یہ روایت یونس کی ہے۔ انھوں نے امام زہریؒ اور حضرت ابن عباسؓ کے درمیان عبید اللہ کا واسطہ ذکر کیا ہے، لیکن لیث، اسامہ بن زید اور زمعہ بن صالح بھی امام زہریؒ سے یہ روایت نقل کرتے ہیں، اور وہ یہ واسطہ ذکر نہیں کرتے، بلکہ امام زہریؒ بلغنی عن ابن عباس کہتے ہیں، اس لئے امام بخاریؒ امام زہریؒ کے بھتیجے کی سند لائے، وہ بھی عبید اللہ کا واسطہ ذکر کرتے ہیں، پس یہ واسطہ والی روایت صحیح ہے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَسْتَلِمْ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ

جس نے صرف یمن کی طرف کے دو کونوں کا استلام کیا

کعبہ شریف کے چار کونے ہیں، حطیم کی طرف کے دو کونے رکن شامی کہلاتے ہیں ان کا استلام نہیں کیا جاتا، اور رکن یمانی کو صرف ہاتھ لگایا جاتا ہے چوما نہیں جاتا، اور حجر اسود کو ہاتھ بھی لگانا ہے اور چومنا بھی ہے۔ اور پہلے بتلایا ہے کہ حطیم کی طرف کے دونوں کونے اپنی اصل جگہ پر نہیں ہیں، اس لئے نبی ﷺ نے ان کا استلام نہیں کیا، یہ وجہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان فرمائی ہے، جو گذر چکی ہے۔

[۵۹-] بَابُ مَنْ لَمْ يَسْتَلِمْ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ

[۱۶۰۸-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِي الشَّعْثَاءِ، أَنَّهُ قَالَ: وَمَنْ يَتَّقِي شَيْئًا مِنَ الْبَيْتِ؟ وَكَانَ مُعَاوِيَةُ يَسْتَلِمُ الْأَرْكَانَ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: إِنَّهُ لَا نَسْتَلِمُ هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ، فَقَالَ: لَيْسَ شَيْئٌ مِنَ الْبَيْتِ بِمَهْجُوْرٍ، وَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَسْتَلِمُهُنَّ كُلَّهُنَّ.

[۱۶۰۹-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمْ أَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَسْتَلِمُ مِنَ الْبَيْتِ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ. [راجع: ۱۶۶]

ترجمہ: ابو الشعثاء نے کہا: اور کعبہ کی کسی چیز سے کون بچتا ہے؟ یعنی کعبہ کے ہر کونے کا استلام کرنا چاہئے، ہر کونہ برکت والا ہے۔ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ چاروں کونوں کا استلام کرتے تھے، پس ان سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: ہم ان دو (شامی) کونوں کا استلام نہیں کرتے، پس ان سے (حضرت معاویہؓ نے) کہا: کعبہ کی کوئی چیز متروک نہیں یعنی کعبہ کا ہر جزء بابرکت ہے، پس شامی کونوں کا بھی استلام کرنا چاہئے۔ اور حضرت عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ سب کونوں کا

استلام کرتے تھے۔

تشریح: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے جو فرمایا ہے وہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے شامی کونوں کا استلام نہیں کیا، پس حدیث لیں گے، اور حضرت معاویہؓ کے عمل کو نہیں لیں گے۔ اور حضرت ابن الزبیر رضی اللہ عنہما نے کعبہ کو بنائے ابراہیمی پر قائم کیا تھا، پھر انھوں نے چاروں کونوں کا استلام کیا تھا، ان کے خیال میں نبی ﷺ نے شامی کونوں کا استلام اس لئے نہیں کیا تھا کہ وہ بنائے ابراہیمی پر قائم نہیں تھے، پھر جب حجاج نے کعبہ کا اس طرف کا حصہ توڑ کر حسب سابق کر دیا تو اب عمل سنت کے مطابق ہوتا ہے۔

بَابُ تَقْبِيْلِ الْحَجَرِ

حجر اسود کو چومنا

تقبیل (چومنا، بوسہ دینا) حجر اسود کے ساتھ خاص ہے، رکن یمانی کو صرف ہاتھ لگائیں گے چومیں گے نہیں، اس کو چومنا بدعت ہے۔

[٦٠-] بَابُ تَقْبِيْلِ الْحَجَرِ

[١٦١٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، أَخْبَرَنَا وَرْقَاءُ، أَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَبَّلَ الْحَجَرَ وَقَالَ: لَوْلاَ أَنِّیْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَبَّلَكَ مَا قَبَّلْتُكَ. [راجع: ١٥٩٧]

[١٦١١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَرَبِيٍّ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ عَنِ اسْتِلاَمِ الْحَجَرِ؟ فَقَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْتَلِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ، قَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ زُحِمْتُ؟ أَرَأَيْتَ إِنْ غُلِبْتُ؟ قَالَ: اجْعَلْ 'أَرَأَيْتَ' بِالْيَمَنِ، رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْتَلِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ. [راجع: ١٦٠٦]

وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الفِرَبْرِیُّ: وَجَدْتُ فِیْ كِتَابِ أَبِیْ جَعْفَرٍ: قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الزُّبَيْرُ بْنُ عَدِیٍّ كُوْفِیٌّ، وَالزُّبَيْرُ بْنُ عَرَبِیٍّ بَصْرِیٌّ.

دوسری حدیث: ایک شخص نے ابن عمرؓ سے حجر اسود کے استلام کے بارے میں پوچھا: انھوں نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو حجر اسود کو ہاتھ لگاتے ہوئے اور اس کو چومتے ہوئے دیکھا ہے، اس نے کہا: بتلایئے اگر میں بھیڑ کیا جاؤں؟ میں مغلوب ہو جاؤں؟ یعنی بھیڑ ہو اور استلام نہ کر سکوں تو کیا کروں؟ آپؓ نے فرمایا: أَرَأَيْتَ (بتلایئے) یمن میں رکھ (سائل

یمن کا ہوگا) میں نے نبی ﷺ کو حجر اسود کو ہاتھ لگاتے ہوئے اور اس کو چومتے ہوئے دیکھا ہے۔

فربری کہتے ہیں: میں نے (بخاری کے ورّاق) ابوجعفر کی کتاب میں یہ عبارت پائی ہے: امام بخاریؒ نے فرمایا: زبیر دو ہیں، ایک کے باپ کا نام عدی ہے وہ کوفہ کے رہنے والے ہیں، اور دوسرے کے باپ کا نام عربی ہے، وہ بصرہ کے رہنے والے ہیں، اس حدیث کا راوی یہی دوسرا زبیر ہے۔

وضاحت: شروع سال میں بتلایا تھا کہ بخاری شریف کے راوی محمد بن یوسف فربریؒ ہیں، انھوں نے امام بخاریؒ سے وفات والے سال عنفوانِ شباب میں بخاری پڑھی ہے۔ اور ابوجعفرؒ: بخاری رحمہ اللہ کے ورّاق (مسودہ نویس) ہیں، فربریؒ کہتے ہیں: میں نے جو بخاری پڑھی ہے اس میں تو یہ عبارت نہیں ہے، مگر ابوجعفر کے نسخہ میں ہے۔

بَابُ مَنْ أَشَارَ إِلٰى الرُّكْنِ إِذَا أَتَى عَلَيْهِ، وَبَابُ التَّكْبِيْرِ عِنْدَ الرُّكْنِ

جو شخص حجر اسود کی طرف اشارہ کرے جب اس پر پہنچے، اور تکبیر کہے

یہ دو باب ہیں۔ طواف کرنے والا جب بھی حجر اسود پر پہنچے تو اس کو چھوئے اور چومے، اور اژدحام ہو اور چومنا مشکل ہو تو اس کو ہاتھ یا چھڑی وغیرہ لگا کر ان کو چومے، اور یہ بھی دشوار ہو تو اس کی طرف ہاتھ سے یا کسی چیز سے اشارہ کرے اور تکبیر کہے۔ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں اونٹ پر بیٹھ کر طواف زیارت کیا تھا، آپؐ جب حجر اسود کے سامنے سے گذرتے تو چھڑی سے اشارہ کرتے اور تکبیر کہتے، اور ہاتھ وغیرہ سے اشارہ کرنے کی صورت میں ہاتھ کو نہیں چومے گا، اسی طرح حجر اسود کی طرف پھرنا بھی ضروری نہیں، صرف استقبال (منہ کرنا) کافی ہے۔

[٦١-] بَابُ مَنْ أَشَارَ إِلٰى الرُّكْنِ إِذَا أَتَى عَلَيْهِ

[١٦١٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: طَافَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْبَيْتِ عَلٰى بَعِيْرٍ، كُلَّمَا أَتَى عَلَى الرُّكْنِ أَشَارَ إِلَيْهِ.
[راجع: ١٦٠٧]

[٦٢-] بَابُ التَّكْبِيْرِ عِنْدَ الرُّكْنِ

[١٦١٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: طَافَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْبَيْتِ عَلٰى بَعِيْرٍ كُلَّمَا أَتَى الرُّكْنَ أَشَارَ إِلَيْهِ بِشَيْئٍ كَانَ عِنْدَهُ وَكَبَّرَ. [راجع: ١٦٠٧]

تَابَعَهُ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ.

بَابُ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ إِذَا قَدِمَ مَكَّةَ قَبْلَ أَنْ يَّرْجِعَ إِلٰى بَيْتِهِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّفَا

جب مکہ پہنچے تو گھر جانے سے پہلے بیت اللہ کا طواف کرے، پھر دوگانہ پڑھے، پھر صفا کی طرف نکلے

شارحین کرام کے نزدیک اس باب سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تردید مقصود ہے۔ وہ دو باتیں فرماتے تھے: ایک: یہ کہ میقات سے جو بھی شخص حج کا احرام باندھ کر مکہ آئے اور اس کے ساتھ قربانی نہ ہو تو طواف شروع کرتے ہی اس کا حج کا احرام عمرہ کا احرام ہو جائے گا، اور اس پر عمرہ کے ارکان ادا کر کے احرام کھولنا ضروری ہوگا، جیسا کہ حجۃ الوداع میں صحابہ نے کیا تھا۔ دوسری: یہ کہ طواف پورا کرتے ہی سعی سے پہلے بیوی حلال ہو جائے گی۔ حضرت ابن عباسؓ کے ان اقوال کی تردید مقصود ہے۔

مگر میرا خیال ہے کہ یہ مقصد نہیں ہے بلکہ اس باب کا مقصد یہ ہے کہ جو عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ آئے اسے مکہ پہنچ کر سب سے پہلے عمرہ سے فارغ ہونا چاہئے، طواف وسعی کر کے اور طواف کا دوگانہ پڑھ کر اپنے گھر یا قیام گاہ میں جانا چاہئے، پھر حلق یا قصر کروائے، پھر جو چاہے کرے، مگر پردیسی کے لئے ایسا کرنے میں پریشانی ہے، وہ سامان کہاں رکھے گا، اجنبی جگہ ہے، پس اگر وہ قیام کا انتظام کر کے افعال عمرہ کرے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں۔

[٦٣-] بَابُ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ إِذَا قَدِمَ مَكَّةَ قَبْلَ أَنْ يَّرْجِعَ إِلٰى بَيْتِهِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّفَا

[١٦١٤و١٦١٥-] حدثنا أَصْبَغُ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: ذَكَرْتُ لِعُرْوَةَ، قَالَ: فَأَخْبَرَتْنِيْ عَائِشَةُ: أَنَّ أَوَّلَ شَيْئٍ بَدَأَ بِهِ حِيْنَ قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ تَوَضَّأَ، ثُمَّ طَافَ، ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً، ثُمَّ حَجَّ أَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ مِثْلَهُ.

ثُمَّ حَجَجْتُ مَعَ أَبِيْ: الزُّبَيْرِ، فَأَوَّلُ شَيْئٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ، ثُمَّ رَأَيْتُ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالأَنْصَارَ يَفْعَلُوْنَهُ، وَقَدْ أَخْبَرَتْنِيْ أُمِّيْ أَنَّهَا أَهَلَّتْ هِيَ، وَأُخْتُهَا، وَالزُّبَيْرُ، وَفُلاَنٌ وَفُلاَنٌ بِعُمْرَةٍ. فَلَمَّا مَسَحُوْا الرُّكْنَ حَلُّوْا.

[الحديث: ١٦١٤، انظر: ١٦٤١]؛[الحديث: ١٦١٥، انظر: ١٦٤٢، ١٧٩٦]

حدیث: اس حدیث کا شروع کا حصہ مسلم شریف میں ہے۔ ابوالاسود محمد بن عبدالرحمٰن نوفلی مدنی جو حضرت عروہ رحمہ اللہ کے یتیم (پرورش کردہ) تھے ان سے ایک عراقی نے کہا: میرے لئے حضرت عروہؒ سے مسئلہ پوچھو کہ کوئی شخص حج کا احرام

باندھے تو مکہ پہنچتے ہی جب طواف کرے گا تو وہ حلال ہوجائے گا یا نہیں؟ پس اگر وہ جواب دیں کہ وہ حلال نہیں ہوگا تو ان سے کہو: ایک شخص (ابن عباسؓ) ایسا کہتے ہیں، محمد کہتے ہیں: پس میں نے حضرت عروہؒ سے یہ مسئلہ پوچھا تو آپ نے فرمایا: جب تک حج پورا نہ کرے حلال نہیں ہوگا۔ محمد کہتے ہیں: پھر وہ شخص مجھے ملا، میں نے اس کو یہ جواب سنایا تو اس نے کہا: حضرت عروہؒ سے کہو: ایک صاحب یہ بتلاتے ہیں کہ نبی ﷺ حلال ہوگئے تھے اور حضرت اسماء اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما بھی ایسا کرتے تھے، محمد کہتے ہیں: پھر میں حضرت عروہؒ کے پاس آیا اور ان سے یہ بات ذکر کی، حضرت عروہؒ نے پوچھا: وہ شخص کون ہے؟ محمد نے کہا: میں اس کو نہیں جانتا، حضرت عروہؒ نے کہا: وہ خود میرے پاس کیوں نہیں آتا؟ شاید وہ عراقی ہے! (عراقی مسائل میں جھک کرتے ہیں) پھر حضرت عروہؒ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے حج فرمایا، پس مجھ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے مکہ پہنچ کر سب سے پہلے وضوء کیا، پھر طواف کیا، اور آپؐ کا احرام عمرہ کا احرام نہیں ہوا، پھر ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نے بھی ایسا ہی کیا (حدیث ۱۶۱۴ پوری ہوئی)

پھر میں نے اپنے ابا حضرت زبیرؓ کے ساتھ حج کیا پس انھوں نے بھی سب سے پہلے طواف کیا پھر میں نے مہاجرین اور انصار کو اسی طرح کرتے دیکھا۔ اور مجھے میری امی (حضرت اسماءؓ) نے بتایا کہ انھوں نے اور ان کی بہن (حضرت عائشہؓ) نے اور ان کے شوہر حضرت زبیر بن العوامؓ نے اور فلاں اور فلاں نے عمرہ کا احرام باندھا، پس جب انھوں نے حجر اسود کا استلام کیا تو وہ حلال ہوگئے، یعنی اگر عمرہ کا احرام باندھا ہے تو افعال عمرہ کرکے حلال ہوجائے گا، اور حج کا احرام باندھا ہے تو جب حج پورا کرے گا تب حلال ہوگا، اس کا حج کا احرام خود بخود عمرہ کا احرام نہیں ہوجائے گا۔

قولہ: فلما مسحوا الرکن حلّوا: کا مطلب یہ ہے کہ افعال عمرہ کرکے حلال ہوگئے، صرف حجر اسود کا استلام مراد نہیں۔

[۱۶۱۶-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى ابْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا طَافَ فِي الْحَجِّ أَوِ الْعُمْرَةِ أَوَّلَ مَا يَقْدَمُ سَعَى ثَلاَثَةَ أَطْوَافٍ، وَمَشَى أَرْبَعَةً، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ. ثُمَّ يَطُوْفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.[راجع: ۱۶۰۳]

[۱۶۱۷-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ الطَّوَافَ الْأَوَّلَ يُخبُّ ثَلاَثَةَ أَطْوَافٍ، وَيَمْشِيْ أَرْبَعَةً، وَأَنَّهُ كَانَ يَسْعَى بَطْنَ الْمَسِيْلِ إِذَا طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ[راجع: ۱۶۰۳]

استدلال: دونوں حدیثیں ایک ہیں، اور استدلال یہ ہے کہ نبی ﷺ نے مکہ پہنچتے ہی طواف کیا ہے۔ مگر فقہاء نے لکھا ہے کہ اگر نماز تیار ہو تو پہلے نماز پڑھے، پھر طواف کرے، اسی طرح عورت جوان ہو یا خوبصورت ہو تو رات کا انتظار

کرے (فتح) پس اجنبی بھی پہلے قیام کا انتظام کرے، پھر اطمینان سے طواف کے لئے جائے۔

بَابُ طَوَافِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ

عورتوں کا مردوں کے ساتھ طواف کرنا

مردوزن ایک ساتھ طواف وسعی کر سکتے ہیں، مردوں کے لئے الگ اور عورتوں کے لئے الگ وقت مقرر کرنا خلافِ سنت، اور صالحین کے طریقہ کے خلاف ہے، البتہ پردے کا خیال رکھنا ضروری ہے، جب بھیڑ کم ہو تو مرد کعبہ شریف کے قریب چلیں اور عورتیں کنارہ پر چلیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اسی طرح طواف کرتی تھیں، یہ اختلاط سے بچنے کا ایک طریقہ ہے، ابن ہشام (مکہ کے گورنر) نے الگ الگ وقت مقرر کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت عطاء رحمہ اللہ نے نکیر کی، فرمایا: ازواج مطہرات نے مردوں کے ساتھ طواف کیا ہے، غرض مردوزن کے لئے طواف وسعی کا الگ الگ وقت مقرر کرنا سنت اور توارث کے خلاف ہے۔

[٦٤-] بَابُ طَوَافِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ

[١٦١٨-] وَقَالَ لِىْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: ابْنُ جُرَيْجٍ: أَخْبَرَنِىْ عَطَاءٌ إِذْ مَنَعَ ابْنُ هِشَامٍ النِّسَاءَ الطَّوَافَ مَعَ الرِّجَالِ، قَالَ: كَيْفَ تَمْنَعُهُنَّ وَقَدْ طَافَ نِسَاءُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَعَ الرِّجَالِ؟ قُلْتُ: بَعْدَ الْحِجَابِ أَوْ قَبْلُ؟ قَالَ: إِىْ لَعَمْرِىْ، لَقَدْ أَدْرَكْتُهُ بَعْدَ الْحِجَابِ، قُلْتُ: كَيْفَ يُخَالِطُهُنَّ الرِّجَالُ؟ قَالَ: لَمْ يَكُنْ يُخَالِطُهُنَّ، كَانَتْ عَائِشَةُ تَطُوْفُ حَجْرَةً مِنَ الرِّجَالِ، لاَ تُخَالِطُهُمْ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ: انْطَلِقِىْ نَسْتَلِمْ يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ: انْطَلِقِىْ عَنْكِ، وَأَبَتْ، يَخْرُجْنَ مُتَنَكِّرَاتٍ بِاللَّيْلِ، فَيَطُفْنَ مَعَ الرِّجَالِ، وَلٰكِنَّهُنَّ كُنَّ إِذَا دَخَلْنَ الْبَيْتَ قُمْنَ حِيْنَ يَدْخُلْنَ، وَأُخْرِجَ الرِّجَالُ، وَكُنْتُ آتِىْ عَائِشَةَ أَنَا وَعُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ وَهِىَ مُجَاوِرَةٌ فِى جَوْفِ ثَبِيْرٍ، قُلْتُ: وَمَا حِجَابُهَا؟ قَالَ: هِىَ فِى قُبَّةٍ تُرْكِيَّةٍ لَهَا غِشَاءٌ، وَمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَهَا غَيْرُ ذٰلِكَ، وَرَأَيْتُ عَلَيْهَا دِرْعًا مُوَرَّدًا.

ترجمہ: ابن جریج کہتے ہیں: مجھے عطاء بن ابی رباحؒ نے بتایا کہ جب ابن ہشامؒ نے (جو ہشام بن عبدالملک کی طرف سے مکہ کا گورنر تھا) عورتوں کو مردوں کے ساتھ طواف کرنے سے منع کیا تو حضرت عطاء نے اس سے کہا: آپ عورتوں کو کیسے روکتے ہیں جبکہ نبی ﷺ کی ازواج مطہرات نے مردوں کے ساتھ طواف کیا ہے؟ (یہاں باب ہے) میں نے (ابن جریج نے) پوچھا: پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد یا پہلے؟ عطاء نے کہا: ہاں میری زندگی کی قسم! میں نے ان کو پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد ہی پایا ہے، میں نے کہا: عورتوں کا مردوں کے ساتھ اختلاط کیسے جائز ہوگا؟ عطاء نے کہا: اختلاط نہیں

ہوتا تھا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مردوں سے بچتے ہوئے طواف کرتی تھیں، ان کے ساتھ ملتی نہیں تھیں، پس ایک عورت نے کہا: ام المؤمنین! چلئے حجر اسود کا استلام کریں۔ صدیقہؓ نے فرمایا: تو جا مجھے رہنے دے اور ساتھ جانے سے انکار کر دیا، پس عورتیں رات میں نکلتی تھیں درانحالیکہ وہ پہچانی نہیں جاتی تھیں، پس وہ مردوں کے ساتھ طواف کرتی تھیں، لیکن جب بیت اللہ کے اندر جانے کا وقت آتا تو کھڑی رہتیں، اور مرد نکالے جاتے (پھر عورتیں اندر جاتیں) اور میں اور عبید بن عمیر حضرت عائشہؓ کے پاس جایا کرتے تھے درانحالیکہ وہ (مزدلفہ میں) ثبیر پہاڑ کی جڑ میں ٹھہری ہوئی تھیں، میں نے پوچھا: ان کا پردہ کیا تھا؟ عطاء نے کہا: وہ ایک ترکی ڈیرے میں تھیں۔ اس پر پردہ تھا، ہمارے اور ان کے درمیان اس کے علاوہ کچھ نہیں تھا، اور میں نے ان کو گلابی کرتا پہنے ہوئے دیکھا۔

[١٦١٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: شَكَوْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنِّيْ أَشْتَكِيْ فَقَالَ: " طُوْفِيْ مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ" فَطُفْتُ مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَئِذٍ يُصَلِّيْ إِلَى جَنْبِ الْبَيْتِ، وَهُوَ يَقْرَأُ ﴿وَالطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَسْطُوْرٍ﴾ [انظر: ٤٦٤]

حوالہ: یہ حدیث گذر چکی ہے، حجۃ الوداع میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیمار تھیں، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں بیمار ہوں، کمزوری کی وجہ سے طواف کرنے کی ہمت نہیں، آپؐ نے فرمایا: لوگوں کے پیچھے اونٹ پر بیٹھ کر طواف کرو۔ یہاں باب ہے کہ عورتیں مردوں کے ساتھ اختلاط سے بچتے ہوئے طواف کریں گے۔ مزید وضاحت تحفۃ القاری (۳۱۹:۲) میں ہے۔

بَابُ الْكَلَامِ فِي الطَّوَافِ، وَبَابٌ: إِذَا رَأَى سَيْرًا أَوْ شَيْئًا يُكْرَهُ فِي الطَّوَافِ قَطَعَهُ

دورانِ طواف بات چیت کرنا اور طواف میں کوئی تسمہ یا نامناسب چیز دیکھے تو کاٹ دینا

طواف نماز کے مانند ہے، مگر طواف کے دوران بات چیت کرنا جائز ہے، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ طواف کے درمیان باتیں کرتا رہے، طواف کے دوران ذکر و اذکار اور دعائیں کرنی چاہئیں، اور کوئی ضروری بات ہو تو کر سکتا ہے۔ طواف کے دوران کوئی شناسا مل گیا اور دعا سلام کر لی تو کچھ مضائقہ نہیں۔ نبی ﷺ طواف کر رہے تھے، آپؐ نے دو آدمیوں کو دیکھا انھوں نے تسمے سے یا دھاگے سے یا کسی اور چیز سے اپنے ہاتھ باندھ رکھے تھے، آپؐ نے تسمہ کاٹ دیا اور فرمایا: اس کا ہاتھ پکڑ کر لے چل، یعنی اگر ساتھ رکھنا ہے تو ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر چلو۔

[٦٥-] بَابُ الْكَلَامِ فِي الطَّوَافِ

[١٦٢٠-] حدثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوْسَى، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ الْأَحْوَلُ، أَنَّ طَاوُسًا أَخْبَرَهُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مَرَّ وَهُوَ يَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ، بِإِنْسَانٍ رَبَطَ يَدَهُ إِلَى إِنْسَانٍ بِسَيْرٍ أَوْ بِخَيْطٍ أَوْ بِشَيْئٍ غَيْرِ ذٰلِكَ، فَقَطَعَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ: "قُدْ بِيَدِهِ" [انظر: ١٦٢١، ٦٧٠٢، ٦٧٠٣]

لغات: اگر جانور کو پیچھے سے ہانکا جائے تو اس کے لئے سَاقَ یَسُوْقُ سَوْقًا ہے، اسی سے سائق ہے، اور آگے سے کھینچا جائے تو اس کے لئے قَادَ یَقُوْدُ قَوْدًا ہے، اسی سے قائد ہے، اسی سے قُدْ: فعل امر ہے .... **السَّیْرُ من الجِلد:** لمبا تراشا ہوا چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا، تسمہ، جمع سُیُوْر .... **زِمَام:** لگام۔

[٦٦-] بَابٌ: إِذَا رَأَى سَيْرًا أَوْ شَيْئًا يُكْرَهُ فِي الطَّوَافِ: قَطَعَهُ

[١٦٢١-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلًا يَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ بِزِمَامٍ أَوْ غَيْرِهِ فَقَطَعَهُ. [راجع: ١٦٢٠]

بَابٌ: لَا يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ، وَلَا يَحُجُّ مُشْرِكٌ

کوئی ننگا بیت اللہ کا طواف نہ کرے، اور کوئی مشرک حج نہ کرے

سترِ عورت کے مسئلہ میں طواف اور نماز کا حکم ایک ہے، نماز میں جتنا ننگا پا چھپانا فرض ہے طواف میں بھی فرض ہے، اور جتنا ننگا پا کھلنے سے نماز باطل ہوجاتی ہے طواف بھی باطل ہوجاتا ہے، اور مسلمان ہونا تو شرط ہے ہی، غیر مسلم کیا طواف کرے گا؟ حدیث شریف میں دونوں مسئلے ایک ساتھ ہیں اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے باب میں دونوں کا ذکر کیا، مگر اصل مسئلہ پہلا ہے۔

[٦٧-] بَابٌ: لَا يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ، وَلَا يَحُجُّ مُشْرِكٌ

[١٦٢٢-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: ثَنَا يُوْنُسُ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ بَعَثَهُ فِي الْحَجَّةِ الَّتِي أَمَّرَهُ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، يَوْمَ النَّحْرِ فِي رَهْطٍ يُؤَذِّنُ فِي النَّاسِ: أَنْ لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلَا يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ. [راجع: ٣٦٩]

یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ (باب ۱۰) میں تفصیل سے گذر چکی ہے، حج ۸ ہجری میں فرض ہوا ہے اور ۹ ہجری میں مسلمانوں نے پہلا حج کیا ہے، وہ حج حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کرایا تھا، اس موقع پر براءت کا بھی اعلان کیا گیا تھا، اور بعض دوسرے اعلانات بھی کئے گئے تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ خاص براءت کا اعلان کرتے تھے اور دوسرے اعلانات دوسرے صحابہ کرتے تھے، ان میں سے ایک اعلان یہ تھا کہ آئندہ کوئی بیت اللہ کا ننگے طواف نہیں کرے گا۔ یہی جزء باب سے متعلق ہے، مزید تفصیل تحفۃ القاری (۲:۱۹۵) میں ہے۔

بَابٌ: إِذَا وَقَفَ فِي الطَّوَافِ

جب طواف میں ٹھہر جائے

اگر کسی عذر سے طواف منقطع کرنا پڑے مثلاً حدث پیش آ گیا، یا نماز شروع ہوگئی تو نماز اور وضو کرنے کے بعد بناء کرے، یعنی جہاں تک طواف کیا ہے وہاں سے آگے طواف کرے، از سرِ نو طواف شروع کرنا ضروری نہیں، بلکہ جو شوط (چکر) بیچ میں چھوڑا ہے اس کو بھی از سرِ نو کرنا ضروری نہیں، البتہ بہتر یہ ہے کہ وہ چکر شروع سے (حجر اسود سے) شروع کرے۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، حنفیہ نماز میں بھی بناء کے قائل ہیں اور طواف میں بھی، یعنی حنفیہ کے نزدیک اگر نماز میں حدث پیش آ جائے تو از سرِ نو نماز پڑھنا ضروری نہیں، بناء کرسکتا ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نماز میں بناء جائز نہیں، طواف میں جائز ہے۔

اثر: حضرت عطاء رحمہ اللہ کہتے ہیں: ایک شخص طواف کر رہا تھا اور نماز کھڑی ہوگئی، وہ طواف موقوف کر کے نماز میں مشغول ہوگیا، یا کھڑا تھا، کسی نے دھکا دے کر اس کو اس کی جگہ سے ہٹا دیا تو سلام پھیرنے کے بعد بناء کرے، یعنی جہاں طواف چھوڑا ہے وہاں سے طواف شروع کرے۔ حضرت ابن عمر اور عبد الرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہم بھی یہی فرماتے ہیں۔

فائدہ: امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں کوئی حدیث نہیں لکھی، اور کہاں سے لکھتے جب اس مسئلہ میں کوئی حدیث نہیں ہے۔ جاننا چاہئے کہ قرآنِ کریم میں سب مسائل نہیں ہیں، بہت سے مسائل احادیث شریفہ میں ہیں، اور بعض مسائل نہ قرآن میں ہیں نہ حدیثوں میں، وہ اجتہادی مسائل ہیں، اگر قرآن و حدیث میں سب مسائل ہوتے تو اجتہاد کی ضرورت نہیں تھی، یہ مسئلہ بھی اجتہادی ہے۔ اور امام بخاریؒ نے حضرت عطاءؒ کے قول سے استدلال کیا ہے، اور احناف نے طواف پر نماز کو قیاس کیا ہے، کیونکہ دونوں کا حکم ایک ہے، اور ائمہ ثلاثہ نے قیاس نہیں کیا، اور بناء کے مسئلہ میں طواف کا حکم الگ رکھا ہے، اور نماز کا الگ۔

[۶۸-] بَابٌ: إِذَا وَقَفَ فِي الطَّوَافِ

وَقَالَ عَطَاءٌ فِيمَنْ يَطُوْفُ، فَتُقَامُ الصَّلاَةُ، أَوْ يُدْفَعُ عَنْ مَكَانِهِ: إِذَا سَلَّمَ يَرْجِعُ إِلَى حَيْثُ قُطِعَ عَلَيْهِ فَيَبْنِيْ، وَيُذْكَرُ نَحْوُهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ.

بَابٌ: طَافَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَصَلّٰى لِسُبُوْعِهِ رَكْعَتَيْنِ

نبی ﷺ نے طواف کیا، اور طواف کا دوگانہ پڑھا

طواف کا دوگانہ سنت ہے یا واجب؟ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک سنت ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک واجب ہے، لیکن یہ واجب لغیرہ ہے، لہٰذا اگر کوئی طواف کا دوگانہ نہ پڑھے تو دم سے تلافی نہیں ہوگی۔

چھوٹے دواماموں کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے طواف کا دوگانہ پڑھا ہے: یہ فعلی روایت ہے اور فعل سے وجوب ثابت نہیں ہوتا، اور بڑے دوامام کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے مواظبت تامہ کے ساتھ دوگانۂ طواف پڑھا ہے، ایک بار بھی آپؐ نے یہ دوگانہ نہیں چھوڑا، اور صرف فعلی روایت سے تو وجوب ثابت نہیں ہوتا مگر اس کے ساتھ قرائن منضمہ ہوں تو وجوب ثابت ہوتا ہے، اور یہاں قرائن منضمہ مواظبت تامہ اور آیت پاک ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلّٰى﴾ ہیں اس لئے طواف کا دوگانہ واجب ہے۔

[٦٩-] بَابٌ: طَافَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَصَلّٰى لِسُبُوْعِهِ رَكْعَتَيْنِ

[١-] وَقَالَ نَافِعٌ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ لِكُلِّ سُبُوْعٍ رَكْعَتَيْنِ.

[٢-] وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أُمَيَّةَ: قُلْتُ لِلزُّهْرِيِّ: إِنَّ عَطَاءً يَقُوْلُ: تُجْزِئُهُ الْمَكْتُوْبَةُ مِنْ رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ، فَقَالَ: السُّنَّةُ أَفْضَلُ، لَمْ يَطُفِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سُبُوْعًا قَطُّ إِلَّا صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ.

[١٦٢٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: سَأَلْنَا ابْنَ عُمَرَ: أَيَقَعُ الرَّجُلُ عَلٰي امْرَأَتِهِ فِي الْعُمْرَةِ قَبْلَ أَنْ يَطُوْفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ؟ قَالَ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، ثُمَّ صَلّٰى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَقَالَ: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾[الأحزاب: ٢١] [راجع: ٣٩٥]

[١٦٢٤-] قَالَ: وَسَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: لَا يَقْرَبُ امْرَأَتَهُ حَتّٰى يَطُوْفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.[راجع: ٣٩٦]

دوسرا اثر: اسماعیل بن امیہ نے امام زہری رحمہ اللہ سے ذکر کیا کہ حضرت عطاءؒ فرماتے ہیں: طواف کے بعد فرض نماز پڑھنا کافی ہے، طواف کا دوگانہ پڑھنا ضروری نہیں، ابن شہابؒ نے فرمایا: سنت کی پیروی افضل ہے، نبی ﷺ نے طواف کے سات پھیروں کے بعد ہمیشہ دوگانہ پڑھا ہے، اسی مواظبت تامہ کی وجہ سے دوامام دوگانہ طواف کو واجب کہتے ہیں۔

حدیث: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الصلوٰۃ (باب ۳۰) میں گذر چکی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ

رائے تھی کہ جس نے عمرہ کا احرام باندھا ہے وہ بیت اللہ کا طواف کرنے کے بعد صفا مروہ کے درمیان سعی کرنے سے پہلے بیوی سے صحبت کرسکتا ہے۔ حضرت کی یہ رائے کسی نے نہیں لی، کیونکہ عمرہ طواف وسعی کے بعد مکمل ہوتا ہے، چنانچہ طلبہ نے حضرت ابن عمر اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما سے یہ مسئلہ پوچھا۔ حضرت ابن عمرؓ نے تو گول مول جواب دیا۔ مگر حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے دوٹوک جواب دیا کہ صفا مروہ کے درمیان سعی کرنے سے پہلے بیوی سے صحبت کرنا جائز نہیں اور مسئلہ یہی ہے (مزید تفصیل تحفۃ القاری ۲:۲۳۱ میں ہے)

بَابُ مَنْ لَمْ يَقْرُبِ الْكَعْبَةَ وَلَمْ يَطُفْ حَتَّى يَخْرُجَ إِلٰى عَرَفَةَ وَيَرْجِعَ بَعْدَ الطَّوَافِ الْأَوَّلِ

جو شخص پہلے طواف کے بعد کعبہ کے پاس نہیں گیا، اور طواف نہیں کیا، یہاں تک کہ عرفہ کے لئے نکلا اور لوٹا

نبی اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع میں مکہ مکرمہ پہنچ کر سب سے پہلے بیت اللہ کا طواف کیا، پھر صفا مروہ کی سعی کی، پھر دس ذی الحجہ تک کوئی طواف نہیں کیا، پھر عرفہ سے لوٹنے کے بعد دس ذی الحجہ کو طواف کیا اور اس کے بعد سعی کی، باب میں یہی بات بیان کی ہے۔ آنحضور ﷺ چار ذی الحجہ کو مکہ پہنچے اور آٹھ کو منی کے لئے روانہ ہوئے، یعنی حج سے پہلے چار دن مکہ میں رہے اور مکہ میں افضل عبادت طواف ہے، مگر آپؐ نے ان چار دنوں میں کوئی طواف نہیں کیا، کیونکہ اگر آپؐ نفلی طواف کرتے تو لوگ اس کو ضروری سمجھ لیتے، جیسے آپؐ نے مزدلفہ کی رات میں تہجد نہیں پڑھا، اگر آپؐ تہجد پڑھتے تو لوگ اس کو ضروری سمجھ لیتے۔

اور آپؐ نے مکہ پہنچ کر جو طواف کیا تھا ائمہ ثلاثہ اس کو طواف قدوم کہتے ہیں، چنانچہ ان کے نزدیک قارن پر ایک طواف اور ایک سعی ہے۔ اور حنفیہ اس کو عمرہ کا طواف کہتے ہیں، ان کے نزدیک قارن پر دو طواف اور دو سعی ہیں (تفصیل چند ابواب کے بعد آرہی ہے) اور حنفیہ کی دلیل یہ ہے کہ طواف قدوم کے بعد سعی نہیں ہے، اور نبی ﷺ نے پہلے طواف کے بعد سعی کی ہے، باب کی حدیث میں اس کی صراحت ہے، اس کا انکار ممکن نہیں، پس اس کو طواف قدوم نہیں کہہ سکتے، وہ عمرہ کا طواف تھا۔

اور طواف قدوم کی جو کہ سنت ہے عمرہ کے طواف میں نیت کرلی تھی، جیسے اگر کوئی مسجد میں جا کر فوراً سنتیں پڑھے اور تحیۃ المسجد کی نیت کرلے تو تحیۃ المسجد کا بھی ثواب مل جاتا ہے، پھر حج کا طواف اور اس کی سعی دس ذی الحجہ کو کی تھی۔

[۷۰-] بَابُ مَنْ لَمْ يَقْرُبِ الْكَعْبَةَ وَلَمْ يَطُفْ حَتَّى يَخْرُجَ إِلٰى عَرَفَةَ وَيَرْجِعَ بَعْدَ الطَّوَافِ الْأَوَّلِ

[۱۶۲۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ فَطَافَ سَبْعًا، وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَلَمْ يَقْرُبِ الْكَعْبَةَ بَعْدَ طَوَافِهِ بِهَا، حَتَّى رَجَعَ مِنْ عَرَفَةَ. [راجع: ۱۵۴۵]

بَابُ مَنْ صَلَّى رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ خَارِجًا مِنَ الْمَسْجِدِ

جس نے طواف کا دوگانہ مسجد حرام سے باہر پڑھا

طواف کا دوگانہ مقام ابراہیم پر پڑھنا ضروری نہیں، مستحب ہے، لہٰذا اگر مقام ابراہیم پر اژدحام ہو تو مسجد میں کہیں بھی دوگانہ پڑھ سکتے ہیں، بلکہ حرم سے باہر اپنی قیام گاہ پر اور اپنے وطن میں آکر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے دورِ خلافت میں ایک مرتبہ مکہ مکرمہ آئے، فجر کی نماز کے بعد آپؓ کو روانہ ہونا تھا، آپؓ نے فجر کی نماز پڑھائی، پھر بیت اللہ کا طواف کیا پھر فوراً اونٹ پر بیٹھ کر روانہ ہوگئے، جب ذوطوی نامی مقام میں پہنچے جو حرم سے باہر ہے اس وقت تک سورج بلند ہو چکا تھا، پس آپؓ سواری سے اترے اور طواف کا دوگانہ پڑھا۔ معلوم ہوا کہ حرم سے باہر بھی طواف کا دوگانہ پڑھ سکتے ہیں۔

[٧١-] بَابُ مَنْ صَلَّى رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ خَارِجًا مِنَ الْمَسْجِدِ

[١٦٢٦-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: شَكَوْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ح: قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ ابْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مَرْوَانَ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ زَكَرِيَّا الْغَسَّانِيُّ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: وَهُوَ بِمَكَّةَ، وَأَرَادَ الْخُرُوْجَ، وَلَمْ تَكُنْ أُمُّ سَلَمَةَ طَافَتْ بِالْبَيْتِ، وَأَرَادَتِ الْخُرُوْجَ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ لِلصُّبْحِ فَطُوْفِيْ عَلٰى بَعِيْرِكِ، وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ" فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ فَلَمْ تُصَلِّ حَتّٰى خَرَجَتْ.

[راجع: ٤٦٤]

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا، جبکہ آپؐ مکہ میں تھے، اور مکہ سے روانہ ہونے کا ارادہ کر رہے تھے اور حضرت ام سلمہؓ نے طواف (وداع) نہیں کیا تھا اور انھوں نے بھی روانہ ہونے کا ارادہ کیا، پس نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: جب فجر کی اقامت کہی جائے تو تم لوگوں کے نماز پڑھنے کے دوران اونٹ پر بیٹھ کر طواف کر لینا (عروہ کہتے ہیں:) حضرت ام سلمہؓ نے اسی طرح کیا، اور انھوں نے نماز یعنی دوگانۂ طواف نہیں پڑھا، یہاں تک کہ مکہ سے نکل گئیں (باہر نکل کر کہیں پڑھا، یہی جزء باب سے متعلق ہے)

تشریح: اس حدیث پر اعتراض یہ ہے کہ نبی ﷺ ۱۴ ذی الحجہ کی رات میں آدھی رات کے قریب مدینہ منورہ روانہ ہوئے ہیں پس حضرت ام سلمہؓ کا نماز فجر کے وقت طواف وداع کرنا کیسے ممکن ہے؟ اس سلسلہ میں میرا خیال یہ ہے کہ یہ طواف وداع نہیں تھا بلکہ طواف عمرہ تھا۔ تفصیل تحفۃ القاری (۳۱۹:۲) میں ہے۔

بَابُ مَنْ صَلَّى رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ خَلْفَ الْمَقَامِ

جس نے طواف کا دوگانہ مقام ابراہیم کے پیچھے پڑھا

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، اوپر مسئلہ آیا ہے کہ طواف کا دوگانہ کہیں بھی پڑھ سکتے ہیں، پس کوئی خیال کرسکتا تھا کہ جب کہیں بھی پڑھ سکتے ہیں تو مقام ابراہیم پر پڑھنے کی کوئی فضیلت نہیں رہی، اس لئے یہ باب لائے کہ بیشک کہیں بھی پڑھ سکتے ہیں مگر مقام ابراہیم پر پڑھنا اولیٰ اور افضل ہے۔

[۷۲-] بَابُ مَنْ صَلَّى رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ خَلْفَ الْمَقَامِ

[۱۶۲۷-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّفَا، وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾[الأحزاب: ۲۱]

[راجع: ۳۹۵]

بَابُ الطَّوَافِ بَعْدَ الصُّبْحِ وَالْعَصْرِ

فجر اور عصر کی نمازوں کے بعد طواف کرنا

فجر کی نماز کے بعد طلوع سے پہلے اور عصر کی نماز کے بعد غروب سے پہلے طواف کرنا بالا جماع جائز ہے، اگرچہ طواف بحکم نماز ہے، اور ان دو وقتوں میں نفل نماز ممنوع ہے، مگر طواف جائز ہے، اس مسئلہ میں طواف بحکم نماز نہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فجر کی نماز کے بعد طواف کیا ہے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ ان وقتوں میں طواف کا دوگانہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ چھوٹے دو امام جو دوگانہ طواف کو سنت کہتے ہیں: اجازت دیتے ہیں اور بڑے دو امام جو واجب کہتے ہیں: منع کرتے ہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، نہ کوئی واضح بات کہی ہے، اور روایات و آثار بھی مختلف لائے ہیں، پس ایسا لگتا ہے کہ حضرت رحمہ اللہ کے نزدیک ان وقتوں میں طواف کا دوگانہ پڑھنے کی گنجائش ہے۔

[۷۳-] بَابُ الطَّوَافِ بَعْدَ الصُّبْحِ وَالْعَصْرِ

[۱-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ مَالَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ.

[۲-] وَطَافَ عُمَرُ بَعْدَ صَلاَةِ الصُّبْحِ، فَرَكِبَ حَتَّى صَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ بِذِي طُوًى.

[۱۶۲۸-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ الْبَصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَطَاءٍ،

عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ نَاسًا طَافُوْا بِالْبَيْتِ بَعْدَ صَلاَةِ الصُّبْحِ، ثُمَّ قَعَدُوْا إِلٰى الْمُذَكِّرِ، حَتَّى إِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَامُوْا يُصَلُّوْنَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: قَعَدُوْا حَتَّى إِذَا كَانَتِ السَّاعَةُ الَّتِيْ يُكْرَهُ فِيْهَا الصَّلاَةُ قَامُوْا يُصَلُّوْنَ.

آثار: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اور ان کے صاحبزادے عبداللہ کا عمل مختلف تھا، ابن عمرؓ فجر کی نماز کے بعد طلوع شمس سے پہلے طواف کا دوگانہ پڑھتے تھے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ فجر کی نماز کے بعد طواف کیا، پھر فوراً سوار ہوکر چل دیئے اور ذوطوی میں طواف کا دوگانہ پڑھا، اس وقت سورج نکل کر بلند ہو چکا تھا۔ حضرت ابن عمرؓ کے عمل سے جواز نکلتا ہے اور حضرت عمرؓ کے عمل سے عدم جواز۔ بڑے دواماموں نے حضرت عمرؓ کے عمل کو لیا ہے کیونکہ وہ اپنے صاحبزادے سے افقہ (بڑے فقیہ) تھے۔

حدیث: کچھ لوگوں نے فجر کی نماز کے بعد بیت اللہ کا طواف کیا پھر وہ وعظ کی مجلس میں بیٹھ گئے (مسجد میں کوئی صاحب وعظ کہہ رہے تھے، ان کی مجلس میں بیٹھ گئے اور طواف کا دوگانہ نہیں پڑھا) یہاں تک کہ جب سورج نکلنے لگا تو کھڑے ہوئے اور نماز پڑھنے لگے۔ پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ لوگ بیٹھ گئے یہاں تک کہ جب وہ گھڑی آئی جس میں نماز مکروہ ہے تو کھڑے ہوکر نماز پڑھنے لگے۔

تشریح: اس حدیث میں ہمارے غور کرنے کی بات یہ ہے کہ ان حضرات نے فجر کے بعد دوگانہ نہیں پڑھا، کیونکہ وہ نماز کا وقت نہیں تھا، معلوم ہوا کہ مسئلہ یہی ہے کہ اس وقت نماز نہ پڑھی جائے، پھر جب روشنی پھیل گئی تو ان لوگوں نے خیال کیا کہ سورج نکل آیا ہے، اس لئے انھوں نے دوگانہ پڑھا، حالانکہ اس وقت تک سورج پوری طرح بلند نہیں ہوا تھا، اس لئے صدیقہؓ نے ان پر نکیر کی۔

[۱۶۲۹-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَنْهَى عَنِ الصَّلاَةِ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَعِنْدَ غُرُوْبِهَا.

[۱۶۳۰-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ رُفَيْعٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يَطُوْفُ بَعْدَ الْفَجْرِ، وَيُصَلِّىْ رَكْعَتَيْنِ.

[۱۶۳۱-] قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ: وَرَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَيُخْبِرُ أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَدْخُلْ بَيْتَهَا إِلَّا صَلاَّهُمَا. [راجع: ۵۹۰]

حدیث (۱): ابن عمرؓ نے نبی ﷺ کو سورج نکلتے وقت اور سورج غروب ہوتے وقت نماز پڑھنے سے منع کرتے

ہوئے سنا ہے (یہ حدیث مطلق ہے، اس کے عموم میں طواف کا دوگانہ بھی آتا ہے، پس ان دو وقتوں میں طواف کا دوگانہ پڑھنا جائز نہیں)

حدیث (۲): عبدالعزیزؒ نے ابن الزبیرؓ کو دیکھا، وہ فجر کے بعد طواف کرتے تھے اور دوگانہ پڑھتے تھے، اور انھوں نے ابن الزبیرؓ کو دیکھا کہ وہ عصر کے بعد دو نفلیں پڑھتے تھے اور کہتے تھے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے بیان کیا ہے کہ نبی ﷺ جب بھی ان کے گھر میں آئے تو آپؐ نے دو نفلیں پڑھیں۔

حوالہ: فجر اور عصر کے بعد نفل نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ یہ مسئلہ کتاب الصلوٰۃ باب ۳۰ (تحفۃ القاری ۲: ۴۴۰) اور حدیث کتاب الصلوٰۃ باب ۳۳ (تحفۃ القاری ۲: ۴۴۸) میں گذر چکی ہے۔

بَابُ الْمَرِيْضِ يَطُوْفُ رَاكِبًا

بیمار سوار ہو کر طواف کر سکتا ہے

مریض، معذور اور بوڑھا آدمی سوار ہو کر طواف کر سکتا ہے، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے طواف عمرہ یا طواف وداع اونٹ پر بیٹھ کر کیا ہے، کیونکہ وہ بیمار تھیں، اور کوئی عذر نہ ہو تو بڑے دو اماموں کے نزدیک فرض طواف پیدل کرنا ضروری ہے، اگر عذر کے بغیر سوار ہو کر طواف زیارت کرے گا تو دم واجب ہوگا، اور ویل چیر پر طواف کرنا سوار ہو کر طواف کرنا ہے، اسی طرح کوئی شخص اٹھا کر طواف کرائے یہ بھی سوار ہو کر طواف کرنا ہے، بلا عذر ایسا کرنے سے بڑے دو اماموں کے نزدیک دم واجب ہوگا۔ اور چھوٹے دو اماموں کے نزدیک پیدل طواف زیارت کرنا سنت ہے پس اگر کوئی عذر کے بغیر بھی سوار ہو کر طواف کرے تو جائز ہے۔

ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اونٹ پر سوار ہو کر طواف زیارت کیا ہے، جبکہ آپؐ کو کوئی عذر نہیں تھا، بڑے دو امام کہتے ہیں: نہیں، معقول عذر تھا، آپؐ نے سوار ہو کر طواف اس لئے کیا تھا کہ سب لوگ آپؐ کو طواف کرتے ہوئے دیکھیں، اور طواف کا طریقہ سیکھیں، اور بڑے دو اماموں کی دلیل مشہور حدیث ہے کہ بیت اللہ کا طواف نماز ہے، البتہ طواف میں بات چیت کرنا جائز ہے، اور فرض نماز کھڑے ہو کر پڑھنا ضروری ہے، پس طواف بھی پیدل کرنا ضروری ہے۔
(ترمذی حدیث ۹۴۸)

[۷۴-] بَابُ الْمَرِيْضِ يَطُوْفُ رَاكِبًا

[۱۶۳۲-] حدثنا إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم طَافَ بِالْبَيْتِ وَهُوَ عَلٰى بَعِيْرٍ، كُلَّمَا أَتَى عَلَى الرُّكْنِ أَشَارَ

إِلَيْهِ بَشَيْئٍ فِيْ يَدِهِ، وَكَبَّرَ. [راجع: ١٦٠٧]

[١٦٣٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: شَكَوْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنِّيْ أَشْتَكِيْ، فَقَالَ: "طُوْفِيْ مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ" فَطُفْتُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ إِلٰى جَنْبِ الْبَيْتِ، وَهُوَ يَقْرَأُ بِـ: ﴿الطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَسْطُوْرٍ﴾ [راجع: ٤٦٤]

بَابُ سِقَايَةِ الْحَاجِّ

حاجیوں کوزمزم پلانا

نبی ﷺ کے زمانہ میں حاجیوں کی خدمت کے مختلف صیغے تھے، اور وہ قریش کے مختلف خاندانوں میں تقسیم تھے، ان میں سے ایک خدمت سقایہ تھی، یعنی کنویں سے زم زم کھینچ کر حاجیوں کو پلانا، یہ خدمت حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے سپرد تھی، اب یہ خدمت حکومت انجام دیتی ہے۔

اس باب میں عمل سقایہ کا استحسان بیان کیا ہے، منی کے دنوں میں راتیں منی میں گذارنا سنت ہے، مگر حضرت عباسؓ نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا کہ میرے ذمہ سقایہ ہے، اگر میں رات منی میں گذاروں تو سارا نظام درہم برہم ہوجائے گا، چنانچہ آپؐ نے ان کو مکہ میں رات گذارنے کی اجازت دی۔ معلوم ہوا کہ منی میں رات گذارنا جو سنت ہے اس سے زیادہ اہم سقایہ کی خدمت ہے، یہی سقایہ کا استحسان ہے۔

[٧٥-] بَابُ سِقَايَةِ الْحَاجِّ

[١٦٣٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَبِيْتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى مِنْ أَجْلِ سِقَايَتِهِ، فَأَذِنَ لَهُ. [انظر: ١٧٤٣، ١٧٤٤، ١٧٤٥]

[١٦٣٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ شَاهِيْنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَاءَ إِلَى السِّقَايَةِ فَاسْتَسْقَى، فَقَالَ الْعَبَّاسُ: يَا فَضْلُ اذْهَبْ إِلٰى أُمِّكَ، فَأْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِشَرَابٍ مِنْ عِنْدِهَا، فَقَالَ: "اسْقِنِيْ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهُمْ يَجْعَلُوْنَ أَيْدِيَهُمْ فِيْهِ، قَالَ: "اسْقِنِيْ" فَشَرِبَ مِنْهُ، ثُمَّ أَتَى زَمْزَمَ وَهُمْ يَسْقُوْنَ، وَيَعْمَلُوْنَ فِيْهَا، فَقَالَ: "اعْمَلُوْا فَإِنَّكُمْ عَلٰى عَمَلٍ صَالِحٍ" ثُمَّ قَالَ: "لَوْلَا أَنْ تُغْلَبُوْا لَنَزَلْتُ حَتّٰى أَضَعَ الْحَبْلَ عَلٰى هٰذِهِ" يَعْنِيْ عَاتِقَهُ، وَأَشَارَ إِلٰى عَاتِقِهِ.

دوسری حدیث: نبی ﷺ سقایہ (سبیل، پانی پلانے کی جگہ) کے پاس آئے اور پانی طلب فرمایا (آپؐ اونٹ پر تھے) حضرت عباسؓ نے (صاحبزادے سے) کہا: فضل! اپنی امی کے پاس جا اور نبی ﷺ کے لئے ان کے پاس سے پینے کا پانی لا، آپؐ نے فرمایا: مجھے اسی میں سے پلاؤ، انھوں نے عرض کیا: لوگ اس میں ہاتھ ڈالتے ہیں (پس یہ پانی آپؐ کے مناسب نہیں) آپؐ نے فرمایا: مجھے اسی میں سے پلاؤ، پس آپؐ نے اس میں سے پیا، پھر زم زم کے کنویں کے پاس آئے درانحالیکہ لوگ پانی پلا رہے تھے اور کنویں پر کام کر رہے تھے، آپؐ نے فرمایا: کام کرو تم اچھا کام کر رہے ہو، پھر فرمایا: اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ تم ہرا دیئے جاؤ گے تو میں (سواری سے) اترتا۔ یہاں تک کہ رسّی کو یہاں رکھتا یعنی اپنے کندھے پر رکھتا۔

تشریح: آخری جملہ کا مطلب یہ ہے کہ خود پانی کھینچ کر پیتا اور لوگوں کو پلاتا لیکن اگر میں ایسا کروں گا تو اس کو سنت سمجھ کر ہر کوئی ایسا کرے گا، اور تمہارے ہاتھ سے یہ خدمت نکل جائے گی۔ اس لئے میں تمہارے کام میں دخل نہیں دیتا، آنحضور ﷺ کی اس خواہش سے سقایہ کا استحسان نکلا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي زَمْزَمَ

فضیلتِ زم زم کی روایت

زم زم کی فضیلت میں بہت روایات ہیں، علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ نے فتح القدیر میں زم زم کی فضیلت کا باب قائم کیا ہے اور سب روایات جمع کی ہیں، اور حضرت رحمہ اللہ دو روایتیں لائے ہیں:

پہلی روایت: معراج کی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: میرے گھر کی چھت کھولی گئی، درانحالیکہ میں مکہ میں تھا، پس جبرئیلؑ اترے اور انھوں نے میرا سینہ چاک کیا، پھر اس کو زم زم سے دھویا، پھر ایک سونے کا تھال لائے جو ایمان وحکمت سے بھرا ہوا تھا، اس (ایمان وحکمت) کو میرے سینہ میں انڈیل دیا، پھر سینہ کو بند کر دیا، پھر انھوں نے میرا ہاتھ پکڑا، اور مجھے لے کر سماء دنیا پر چڑھے، پس جبرئیلؑ نے سماء دنیا کے دربان سے کہا: کھولو! اس نے پوچھا: کون؟ کہا: جبرئیلؑ۔

تشریح: زم زم کی اہمیت وبرکت کی وجہ ہی سے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے قلب مبارک کو اس سے دھویا ہے اور آنحضور ﷺ نے اس کو بدن کی گہرائیوں میں پہنچانے کے لئے کھڑے ہو کر نوش فرمایا ہے، یہی زم زم کی فضیلت ہے۔

اور دوسری حدیث پر عکرمہ رحمہ اللہ نے یہ اعتراض کیا ہے کہ جب نبی ﷺ نے زمزم نوش فرمایا تھا تو آپؐ اونٹ پر سوار تھے، پھر آپؐ نے کھڑے ہو کر کیسے نوش فرمایا؟ ایسا ہی اعتراض حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث پر ہے کہ نبی ﷺ ۱۴ ذی الحجہ کی شب میں مدینہ کے لئے روانہ ہوئے ہیں، پھر حضرت ام سلمہؓ کا نماز فجر کے وقت طواف وداع کرنا کیسے ممکن ہے؟

اور میں نے اس دوسرے اعتراض کا جواب یہ دیا ہے کہ یہ طواف وداع کا واقعہ نہیں ہے، بلکہ طوافِ عمرہ کا ہے۔ اسی طرح نبی ﷺ کا زمزم کھڑے ہو کر پینا صحیح ہے۔ مگر طوافِ زیارت کے بعد کا یہ واقعہ نہیں ہے، آپؐ نے کسی اور موقعہ پر کھڑے

ہوکر زمزم نوش فرمایا ہے۔

[٧٦-] بَابُ مَاجَاءَ فِي زَمْزَمَ

[١٦٣٦-] وَقَالَ عَبْدَانُ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: كَانَ أَ بُوْ ذَرٍّ يَحدِّثُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' فُرِجَ سَقْفِيْ وَأَنَا بِمَكَّةَ، فَنَزَلَ جِبْرَئِيْلُ فَفَرَجَ صَدْرِيْ، ثُمَّ غَسَلَهُ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ جَاءَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ، مُمْتَلِيءٍ حِكْمَةً وَإِيْمَانًا، فَأَفْرَغَهَا فِيْ صَدْرِيْ ثُمَّ أَطْبَقَهُ، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِيْ فَعَرَجَ بِيْ إِلٰى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَقَالَ جِبْرَئِيْلُ لِخَازِنِ سَمَاءِ الدُّنْيَا: افْتَحْ. قَالَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرَئِيْلُ''[راجع: ٣٤٩]

[١٦٣٧-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُ قَالَ: سَقَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ زَمْزَمَ فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ، قَالَ عَاصِمٌ: فَحَلَفَ عِكْرِمَةُ: مَاكَانَ يَوْمَئِذٍ إِلَّا عَلٰى بَعِيْرٍ.[انظر: ٥٦١٧]

بَابُ طَوَافِ الْقَارِنِ

قران کرنے والے کا طواف

قارن پر ایک طواف اور ایک سعی ہے یا دو طواف اور دو سعی؟ یعنی قران میں افعالِ حج اور افعالِ عمرہ میں تداخل ہوتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک تداخل ہوتا ہے، پس قارن صرف ایک طواف اور ایک سعی کرے گا، یعنی دس ذی الحجہ کو طواف زیارت اور اس کے بعد سعی کرے گا، یہ طواف اور سعی حج اور عمرہ دونوں کے لئے ہیں، عمرہ کے لئے الگ سے طواف وسعی کرنے کی ضرورت نہیں۔ اور حنفیہ کے نزدیک تداخل نہیں ہوتا پس قارن عمرہ کے لئے طواف وسعی الگ کرے گا اور حج کے لئے الگ۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ائمہ ثلاثہ کے پاس بھی متعدد دلائل ہیں اور احناف کے پاس بھی۔ اور دونوں کی حدیثوں میں کچھ نہ کچھ کلام ہے (علامہ ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے اعلاء السنن میں وہ سب روایتیں جمع کی ہیں) اور اختلاف کی بنیاد نص فہمی کا اختلاف ہے۔ تمام ائمہ متفق ہیں کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں تین طواف کئے ہیں، ایک مکہ میں پہنچتے ہی طواف کیا ہے، دوسرا: طوافِ زیارت کیا ہے اور تیسرا: طوافِ وداع کیا ہے، پہلا طواف جو آپؐ نے مکہ میں پہنچتے ہی کیا تھا وہ طوافِ قدوم تھا یا طوافِ عمرہ؟ ائمہ ثلاثہ کا خیال ہے کہ وہ طواف قدوم تھا، اور آپؐ نے دس ذی الحجہ کو جو طواف کیا ہے وہ حج اور عمرہ دونوں کے لئے تھا، اور اس کے بعد جو سعی کی تھی وہ بھی حج وعمرہ دونوں کے لئے تھی۔ اور احناف کا خیال یہ ہے کہ وہ عمرہ کا طواف تھا،

اوراس کی دلیل یہ ہے کہ آپؐ نے اس کے بعد سعی کی تھی، جیسا کہ ابھی حدیث میں گذرا ہے۔ اورطوافِ قدوم کے بعد بالاتفاق سعی نہیں ہے، پھر دس ذی الحجہ کو حج کا طواف اور سعی کی تھی، اس لئے احناف کے نزدیک قارن پر دوطواف اور دوسعی واجب ہیں اوراسی میں احتیاط ہے اوراحناف اختلافِ روایات کے وقت عبادت میں احتیاط والا پہلو لیتے ہیں (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۳۵۲:۳) میں ہے)

[۷۷-] بَابُ طَوَافِ الْقَارِنِ

[۱۶۳۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَأَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُهِلَّ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، ثُمَّ لاَ يَحِلُّ حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا. فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ، فَلَمَّا قَضَيْنَا حَجَّنَا أَرْسَلَنِيْ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِلَى التَّنْعِيْمِ، فَاعْتَمَرْتُ، فَقَالَ: " هٰذِهِ مَكَانَ عُمْرَتِكِ" فَطَافَ الَّذِيْنَ أَهَلُّوْا بِالْعُمْرَةِ، ثُمَّ حَلُّوْا، ثُمَّ طَافُوْا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوْا مِنْ مِنًى، وَأَمَّا الَّذِيْنَ جَمَعُوْا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَإِنَّمَا طَافُوْا طَوَافًا وَاحِدًا. [راجع: ۲۹٤]

استدلال: حدیث کے آخری جزء: وأما الذين جمعوا سے ائمہ ثلاثہ نے استدلال کیا ہے کہ قارن پر ایک طواف اور ایک سعی ہے۔ اوراحناف کے نزدیک اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ جولوگ قارن تھے انھوں نے مکہ پہنچ کر ایک طواف کیا یعنی صرف عمرہ کا طواف کیا، طوافِ قدوم نہیں کیا، کیونکہ وہ سنت ہے، عمرہ کے طواف میں اس کی نیت کی جاسکتی ہے، الگ سے طوافِ قدوم کرنے کی ضرورت نہیں، جیسے مسجد میں داخل ہونے والا سنتوں یا فرضوں میں تحیۃ المسجد کی نیت کرسکتا ہے، پس یہ حدیث محکم الدلالہ نہیں۔

قوله: فأهللنا بعمرة: مجاز ہے، حجۃ الوداع میں سب نے حج کا احرام باندھا تھا پھر مکہ پہنچ کر بعض نے جن کے پاس ہدی نہیں تھی حج کا احرام عمرہ سے بدل دیا تھا۔ تفصیل گذرچکی ہے، اور یہ حدیث پہلی بار کتاب الحیض باب ۱ (تحفۃ القاری ۷۹:۲) میں گذری ہے۔

[۱۶۳۹-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ دَخَلَ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَظَهْرُهُ فِي الدَّارِ، فَقَالَ: إِنِّيْ لاَ آمَنُ أَنْ يَكُوْنَ الْعَامَ بَيْنَ النَّاسِ قِتَالٌ، فَيَصُدُّوْكَ عَنِ الْبَيْتِ، فَلَوْ أَقَمْتَ! فَقَالَ قَدْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ، فَإِنْ يُحَلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ أَفْعَلُ كَمَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ، ثُمَّ قَالَ: أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ أَوْجَبْتُ مَعَ عُمْرَتِيْ حَجًّا، قَالَ: ثُمَّ قَدِمَ فَطَافَ

لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا. [انظر: ١٦٤٠، ١٦٩٣، ١٧٠٨، ١٧٢٩، ١٨٠٦، ١٨٠٧، ١٨٠٨، ١٨١٠، ١٨١٢، ١٨١٣، ٤١٨٣، ٤١٨٤، ٤١٨٥]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس ان کے صاحبزادے عبداللہ آئے (باپ بیٹے دونوں کا نام عبداللہ تھا) درانحالیکہ آپؓ کی سواری گھیر میں تیار تھی (اور آپؓ حج کے لئے نکلنے کا ارادہ کررہے تھے) صاحبزادے نے عرض کیا: مجھے اندیشہ ہے کہ اس سال لوگوں میں جنگ شروع ہوجائے اور وہ آپؓ کو مکہ میں داخل ہونے سے روک دیں، پس کاش آپؓ گھر رہیں یعنی اس سال حج نہ کریں۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا: نبی ﷺ (حدیبیہ کے سال عمرہ کا احرام باندھ کر) نکلے تھے، پس آپؐ کے اور بیت اللہ کے درمیان کفار آڑ بن گئے، پس اگر میرے اور بیت اللہ کے درمیان کوئی آڑے آئے گا تو میں وہی کروں گا جو نبی ﷺ نے کیا تھا، کیونکہ تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی ذات میں بہترین نمونہ ہے۔ پھر فرمایا: تم گواہ رہو میں نے عمرہ کے ساتھ حج کی بھی نیت کرلی، راوی کہتے ہیں: پھر ابن عمرؓ مکہ پہنچے تو دونوں کے لئے ایک طواف کیا۔

تشریح: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما میقات سے صرف عمرہ کا احرام باندھ کر چلے تھے، جب بیداء ٹیلے پر پہنچے تو فرمایا: عمرہ اور حج کا معاملہ یکساں ہے، اگر احصار واقع ہوگا تو حج میں بھی ہوگا اور عمرہ میں بھی، پس میں قران کرتا ہوں چنانچہ آپؓ نے عمرہ کے احرام کے ساتھ حج کا احرام بھی شامل کرلیا، اور قدید سے قربانی کا جانور خرید کر ساتھ لے لیا، پھر آپؓ کے مکہ پہنچنے سے پہلے جنگ ختم ہوگئی، چنانچہ آپؓ مکہ پہنچے اور ایک طواف کیا، یعنی عمرہ کا طواف کیا اور اسی میں طوافِ قدوم کی نیت کرلی، الگ سے طوافِ قدوم نہیں کیا، اور ائمہ ثلاثہ اس کا دوسرا مطلب لیتے ہیں، پس یہ روایت بھی محکم الدلالہ نہیں۔

[١٦٤٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَرَادَ الْحَجَّ، عَامَ نَزَلَ الْحَجَّاجُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ، فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّ النَّاسَ كَائِنٌ بَيْنَهُمْ قِتَالٌ، وَإِنَّا نَخَافُ أَنْ يَصُدُّوْكَ، فَقَالَ: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ [الأحزاب: ٢١] إِذَنْ أَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِنِّيْ أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً، ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِظَاهِرِ الْبَيْدَاءِ، قَالَ: مَا شَأْنُ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ إِلَّا وَاحِدٌ، أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ أَوْجَبْتُ حَجًّا مَعَ عُمْرَتِيْ، وَأَهْدَى هَدْيًا اشْتَرَاهُ بِقُدَيْدٍ، وَلَمْ يَزِدْ عَلٰى ذٰلِكَ، فَلَمْ يَنْحَرْ وَلَمْ يَحِلَّ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ، وَلَمْ يَحْلِقْ وَلَمْ يُقَصِّرْ، حَتَّى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ، فَنَحَرَ وَحَلَقَ، وَرَأَى أَنْ قَدْ قَضَى طَوَافَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ بِطَوَافِهِ الْأَوَّلِ، وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: كَذٰلِكَ فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ١٦٣٩]

وضاحت: یہ اوپر والی حدیث ہی ہے جو قدرے تفصیل سے آئی ہے۔

قوله: ولم يزد على ذلك: یعنی مکہ پہنچ کر نہ قربانی کی، نہ احرام کھولا، نہ حلق کرایا، نہ قصر کرایا، یہاں تک کہ دس ذی الحجہ کو

قربانی کی پھر سر منڈا کر احرام کھولا۔

ورأى أن قد قضَى: دیکھا ابن عمرؓ نے کہ انھوں نے ادا کر دیا حج اور عمرہ کا طواف اپنے پہلے طواف کے ذریعہ یعنی پہلا طواف جو عمرے کے لئے کیا تھا اسی سے حج کا طوافِ قدوم بھی ہو گیا، اس سے احناف کے سمجھے ہوئے مطلب کی تائید ہوتی ہے، پھر فرمایا کہ نبی ﷺ نے بھی یہی کیا ہے، اب تقریباً معنی متعین ہو گئے کہ آپؐ نے بھی پہلے طواف میں جو عمرہ کے لئے تھا طوافِ قدوم کی نیت کی تھی۔

بَابُ الطَّوَافِ عَلَى وُضُوْءٍ

باوضو طواف کرنا

جس طرح نماز کے لئے طہارت اور ستر عورت ضروری ہیں، طواف کے لئے بھی ضروری ہیں، پس اگر کوئی شخص بے وضو طواف زیارت کر لے تو دوبارہ باوضو طواف کرے اور کوئی دم نہیں۔ اور اگر وطن لوٹ گیا مگر ابھی میقات کے اندر ہے تو لوٹ جائے اور طواف کا اعادہ کرے، اور میقات سے نکل گیا تو دم سے تلافی ہو جائے گی۔

[۷۸-] بَابُ الطَّوَافِ عَلَى وُضُوْءٍ

[۱۶۴۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ الْقُرَشِيِّ، أَنَّهُ سَأَلَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ فَقَالَ: قَدْ حَجَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ أَنَّ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ حِيْنَ قَدِمَ أَنَّهُ تَوَضَّأَ، ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ، ثُمَّ حَجَّ أَبُوْبَكْرٍ، فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ، ثُمَّ عُمَرُ مِثْلُ ذٰلِكَ، ثُمَّ حَجَّ عُثْمَانُ، فَرَأَيْتُهُ أَوَّلُ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ، ثُمَّ مُعَاوِيَةُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، ثُمَّ حَجَجْتُ مَعَ الزُّبَيْرِ: أَبِيْ فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ، ثُمَّ رَأَيْتُ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارَ يَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ، ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ، ثُمَّ آخِرُ مَنْ رَأَيْتُ فَعَلَ ذٰلِكَ ابْنُ عُمَرَ، ثُمَّ لَمْ يَنْقُضْهَا عُمْرَةً، وَهٰذَا ابْنُ عُمَرَ عِنْدَهُمْ، فَلَا يَسْأَلُوْنَهُ؟ وَلَا أَحَدٌ مِمَّنْ مَضَى، مَاكَانُوْا يَبْدَؤُوْنَ بِشَيْءٍ حِيْنَ يَضَعُوْنَ أَقْدَامَهُمْ مِنَ الطَّوَافِ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ لَايَحِلُّوْنَ. وَقَدْ رَأَيْتُ أُمِّي وَخَالَتِي حِيْنَ تَقْدَمَانِ لَا تَبْدَءَانِ بِشَيْءٍ أَوَّلَ مِنَ الْبَيْتِ، تَطُوْفَانِ بِهِ ثُمَّ إِنَّهُمَا لَا تَحِلَّانِ. [راجع: ۱۶۱۴]

[۱۶۴۲-] وَقَدْ أَخْبَرَتْنِي أُمِّي أَنَّهَا أَهَلَّتْ هِيَ، وَأُخْتُهَا، وَالزُّبَيْرُ، وَفُلَانٌ، وَفُلَانٌ بِعُمْرَةٍ، فَلَمَّا مَسَحُوْا الرُّكْنَ حَلُّوْا. [راجع: ۱۶۱۵]

وضاحت: یہ حدیث ابھی چند ابواب پہلے گذری ہے، آنحضور ﷺ جب حجۃ الوداع کے لئے تشریف لے گئے تو مکہ مکرمہ پہنچ کر آپؐ نے سب سے پہلے وضوکیا پھر بیت اللہ کا طواف کیا، یہی جزءباب سے متعلق ہے۔

قوله:ثم آخر من رأيتُ فعل ذلك: پھر سب سے آخر میں میں نے ابن عمرؓ کو ایسا کرتے دیکھا۔انھوں نے حج کو توڑ کر عمرہ نہیں بنایا اور یہ عبداللہ بن عمرؓ ان کے پاس موجود ہیں یعنی حیات ہیں، لوگ ان سے کیوں نہیں پوچھتے؟ اور جتنے اگلے لوگ گذرے ہیں وہ سب بیت اللہ کے طواف سے شروع کرتے تھے جب وہ اپنا قدم رکھتے تھے، یعنی مکہ پہنچتے تھے، پھر وہ حلال نہیں ہوتے تھے یعنی ان کا حج کا احرام عمرہ سے نہیں بدلتا تھا۔

بَابُ وُجُوْبِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَجُعِلَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ

سعی کی فرضیت، اور وہ شعائر اللہ سے ہیں

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صفا مروہ کے درمیان سعی فرض ہے۔اور احناف کے نزدیک واجب، فرض اور واجب میں عمل کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں ہوتا، دونوں پر عمل ضروری ہے، البتہ اگر کوئی شخص سعی کئے بغیر وطن لوٹ جائے تو جب تک مکہ کے قریب ہے اس پر مکہ واپس لوٹنا اور سعی کرنا بالاجماع ضروری ہے، اور اگر دور آ گیا، اور مکہ واپس لوٹنا مشکل ہے تو حنفیہ کے نزدیک دم سے سعی کی تلافی ہو جائے گی۔اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک واپس لوٹنا اور سعی کرنا ضروری ہے، دم سے تلافی نہیں ہوگی، اور باب میں لفظ وجوب بمعنی فرض ہے۔

اور باب کے دوسرے جزء میں سعی کی حکمت کا بیان ہے، کوئی خیال کرسکتا ہے کہ صفا مروہ تو دو پہاڑیاں ہیں، ان کے درمیان چکر لگانا کیوں ضروری ہے؟ جواب یہ ہے کہ یہ صرف دو پہاڑیاں نہیں ہیں، بلکہ دونوں شعائر اللہ میں سے ہیں اس لئے ان کی سعی مقرر کی گئی ہے۔ شَعَائر: شَعِيْرة کی جمع ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: علامت، خاص نشانی اور اصطلاحی معنی ہیں: وہ چیز جو کسی مذہب کی مخصوص علامت ہو جس کو دیکھتے ہی سمجھ لیا جائے کہ اس کا تعلق فلاں مذہب سے ہے، مثلاً جہاں بھی مندر نظر آتا ہے تو لوگ سمجھ جاتے ہیں کہ یہ ہندؤں کی عبادت گاہ ہے، صلیب عیسائیوں کا شعار ہے، مسجد، مینارے، اذان اور قرآن اسلام کے شعائر ہیں اور اسلام کے بڑے شعائر چار ہیں: قرآن، نبی کعبہ اور نماز۔ان کے علاوہ بھی اسلام کے شعائر ہیں ان میں سے صفا مروہ بھی ہیں، اس لئے ان کی سعی مقرر کی گئی ہے، اور اُس انعام کی یادگار میں مناسک میں اس کو شامل کیا گیا ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا پر فرمایا تھا۔

[۷۹-] بَابُ وُجُوْبِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَجُعِلَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ

[۱۶۴۳-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ عُرْوَةُ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ، فَقُلْتُ لَهَا: أَرَأَيْتِ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ

عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا﴾[البقرة: ١٥٨] فَوَ اللّٰهِ مَا عَلٰى أَحَدٍ جُنَاحٌ أَنْ لَا يَطُوْفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، قَالَتْ: بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابْنَ أُخْتِيْ! إِنَّ هٰذِهِ لَوْ كَانَتْ كَمَا أَوَّلْتَهَا عَلَيْهِ، كَانَتْ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَا يَطَّوَّفَ بِهِمَا، وَلٰكِنَّهَا أُنْزِلَتْ فِي الْأَنْصَارِ، كَانُوْا قَبْلَ أَنْ يُسْلِمُوْا يُهِلُّوْنَ لِمَنَاةَ الطَّاغِيَةِ الَّتِيْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَهَا عِنْدَ الْمُشَلَّلِ، فَكَانَ مَنْ أَهَلَّ يَتَحَرَّجُ أَنْ يَطُوْفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَلَمَّا أَسْلَمُوْا سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا كُنَّا نَتَحَرَّجُ أَنْ نَطُوْفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ﴿ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ الآيَةَ. قَالَتْ عَائِشَةُ: وَقَدْ سَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الطَّوَافَ بَيْنَهُمَا، فَلَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يَتْرُكَ الطَّوَافَ بَيْنَهُمَا.

ثُمَّ أَخْبَرْتُ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا الْعِلْمَ! مَا كُنْتُ سَمِعْتُهُ، وَلَقَدْ سَمِعْتُ رِجَالًا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ يَذْكُرُوْنَ أَنَّ النَّاسَ – إِلَّا مَنْ ذَكَرَتْ عَائِشَةُ مِمَّنْ كَانَ يُهِلُّ لِمَنَاةَ – كَانُوْا يَطُوْفُوْنَ كُلُّهُمْ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَلَمَّا ذَكَرَ اللّٰهُ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ، وَلَمْ يَذْكُرِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ فِي الْقُرْآنِ، قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! كُنَّا نَطُوْفُ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَنْزَلَ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ، فَلَمْ يَذْكُرِ الصَّفَا، فَهَلْ عَلَيْنَا مِنْ حَرَجٍ أَنْ نَطَّوَّفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى:﴿ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ الآيَةَ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَأَسْمَعُ هٰذِهِ الآيَةَ نَزَلَتْ فِي الْفَرِيْقَيْنِ كِلَيْهِمَا، فِي الَّذِيْنَ كَانُوْا يَتَحَرَّجُوْنَ أَنْ يَطَّوَّفُوْا بِالْجَاهِلِيَّةِ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَالَّذِيْنَ يَطَّوَّفُوْنَ، ثُمَّ تَحَرَّجُوْا أَنْ يَطَّوَّفُوْا بِهِمَا فِي الإِسْلَامِ مِنْ أَجْلِ أَنَّ اللّٰهَ أَمَرَ بِالطَّوَافِ بِالْبَيْتِ، وَلَمْ يَذْكُرِ الصَّفَا، حَتّٰى ذَكَرَ ذٰلِكَ بَعْدَ مَا ذَكَرَ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ.

[انظر: ١٧٩٠، ٤٤٩٥، ٤٨٦١]

ترجمہ: عروہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: آپؓ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے بارے میں کیا فرماتی ہیں: ''بیشک صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں، پس جو شخص بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے تو اس پر ان کا طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں'' خدا کی قسم! (اس سے تو یہ سمجھ میں آتا ہے کہ) کوئی صفا و مروہ کی سعی نہ کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: بھانجے! تم نے بری بات کہی، اگر وہ بات ہوتی جو تم نے کہی ہے تو (تعبیر) لاجناح علیه أن لایطوف بهما ہوتی، لیکن یہ آیت انصار کے بارے میں نازل ہوئی ہے، وہ اسلام سے پہلے منات کا احرام باندھا کرتے تھے، جس کی وہ عبادت کیا کرتے تھے، جو مشلّل مقام میں تھا، اور انصار میں سے جو (منات کا) احرام باندھتا وہ صفا مروہ کی سعی کو برا سمجھتا تھا، پس جب وہ مسلمان ہوئے تو انھوں نے اس بارے میں نبی ﷺ سے پوچھا: انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم صفا اور مروہ کی سعی میں گناہ سمجھتے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری کہ بیشک صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: صفا اور مروہ کے درمیان سعی کا طریقہ نبی ﷺ نے جاری کیا ہے پس کسی کے لئے ان

کی سعی کو چھوڑنا جائز نہیں (یہی جزء باب سے متعلق ہے)

(زہریؒ کہتے ہیں) میں نے یہ بات ابوبکر بن عبدالرحمٰن سے ذکر کی تو انھوں نے فرمایا: یہی علم ہے! میں نے آج تک یہ بات نہیں سنی، میں نے متعدد علماء سے سنا ہے وہ سب کہتے تھے کہ لوگ ــــ ان لوگوں کے علاوہ جن کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تذکرہ کیا ہے جو منات بت کے لئے احرام باندھتے تھے ــــ سب (اسلام سے پہلے) صفا ومروہ کا طواف کیا کرتے تھے، پس جب اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بیت اللہ کے طواف کا حکم اتارا اور صفا مروہ کا تذکرہ نہیں کیا تو لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم صفا مروہ کا طواف کیا کرتے تھے، اور اللہ تعالیٰ نے بیت اللہ کے طواف کا تو ذکر فرمایا ہے، اور صفا ومروہ کا ذکر نہیں کیا تو کیا ہم پر صفا ومروہ کا طواف کرنے میں کوئی گناہ ہے؟ پس اللہ تعالیٰ نے آیت ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ﴾ نازل فرمائی۔ ابوبکر کہتے ہیں: میں سنتا ہوں یعنی سمجھتا ہوں کہ یہ آیت دونوں فریقوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے، ان کے بارے میں بھی جو زمانۂ جاہلیت میں صفا مروہ کی سعی میں گناہ سمجھتے تھے اور ان کے بارے میں بھی جو سعی کرتے تھے۔ پھر مسلمان ہونے کے بعد ان کے طواف کو گناہ سمجھا اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ نے بیت اللہ کے طواف کا حکم دیا اور صفا ومروہ کا تذکرہ نہیں کیا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے بیت اللہ کے طواف کے بعد ان کے طواف کا بھی ذکر فرمایا۔

تشریح:

۱- حضرت عروہ رحمہ اللہ نے جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں اپنی خالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: اللہ پاک نے سورۃ البقرۃ (آیت ۱۵۸) میں ارشاد فرمایا ہے: ''جو شخص حج یا عمرہ کرے اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ صفا ومروہ کے درمیان سعی کرے'' اس آیت سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ حج اور عمرہ میں سعی واجب نہیں حالانکہ سعی ضروری ہے؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: آپ آیت کا مطلب صحیح نہیں سمجھے، اگر سعی جائز ہوتی، ضروری نہ ہوتی تو تعبیر یہ ہوتی: **فلاجناح علیه أن لایطوف بهما**: حج اور عمرہ کرنے والے پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ صفا مروہ کے درمیان سعی نہ کرے۔

پھر حضرت عائشہؓ نے اس کی وجہ سمجھائی کہ آخر قرآنِ کریم میں یہ تعبیر کیوں ہے؟ فرمایا: انصار زمانۂ جاہلیت میں جب حج یا عمرہ کرتے تھے تو صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے، کیونکہ ان پہاڑیوں پر دو بت رکھے ہوئے تھے، وہ ان کو خدا نہیں مانتے تھے، بلکہ وہ منات کی عبادت کرتے تھے، منات: عرب کی ایک بڑی مورتی تھی جیسے لات اور عزی بڑی مورتیاں تھیں، آپ کسی مندر میں جائیں تو جگہ جگہ چھوٹی چھوٹی مورتیاں دیکھیں گے اور اندر ایک بڑی مورتی ہوگی، یہ **الطاغیة** (انتہائی سرکش) ہے، اور منات کی مورتی مشلّل مقام پر رکھی ہوئی تھی۔ انصار اس کی عبادت کرتے تھے اور اسی کے نام پر احرام باندھتے تھے اور صفا مروہ پر اساف اور نائلہ نامی دو بت رکھے ہوئے تھے، ان کو انصار خدا نہیں مانتے تھے، اس لئے وہ صفا مروہ کی سعی نہیں کرتے تھے، پھر جب اسلام آیا اور وہ بت وہاں سے ہٹا دیئے گئے تب بھی انصار کو سعی کرنے میں حرج محسوس ہوا۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور ان کو سمجھایا کہ صفا مروہ کے درمیان سعی ان بتوں کی وجہ سے نہیں کی

جاتی ہے، اس کی وجہ کچھ اور ہے، لہٰذا بے تکلف سعی کرو، دل میں کوئی خیال نہ لاؤ، لاجناح کی تعبیر اس لئے اختیار کی گئی ہے۔ غرض یہ اباحت کی تعبیر نہیں ہے بلکہ انصار کے دلوں سے بوجھ ہٹانے کے لئے یہ تعبیر اختیار کی گئی ہے (مزید تفصیل تحفۃ القاری ۳:۴۱۳ میں ہے)

۲- جب امام زہری رحمہ اللہ نے ابوبکر بن عبدالرحمٰن کو یہ بات بتائی تو وہ خوشی سے اچھل پڑے اور کہنے لگے: واہ! علم تو یہ ہے، یہ ایک بالکل نئی بات ہے، ہم تو آج تک یہ سنتے آئے ہیں کہ جب آیت: ﴿وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ﴾ نازل ہوئی تو ان لوگوں نے جو زمانۂ جاہلیت میں صفا مروہ کی سعی کیا کرتے تھے نبی ﷺ سے عرض کیا: اللہ عزوجل نے قرآنِ کریم میں بیت اللہ کے طواف کا ذکر تو کیا ہے مگر صفا مروہ کی سعی کا تذکرہ نہیں کیا، پس کیا صفا و مروہ کی سعی کرنے میں کوئی گناہ ہے؟ اس پر یہ آیت: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ﴾ نازل ہوئی۔ پس عام علماء نے جو شانِ نزول بیان کیا ہے وہ بھی صحیح ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جو بیان کیا ہے وہ بھی صحیح ہے۔

قوله: وقد سَنَّ رسولُ اللّٰہِ: اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ سعی کی فرضیت یا وجوب سنت سے یعنی وحی غیر متلو سے ثابت ہے، قرآن میں اس کا ذکر نہیں۔ جیسے صدقہ فطر اور قربانی ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سنت ہیں، اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ ان دونوں کا ثبوت احادیث سے ہے، وہ سنت جو واجب اور مستحب کے درمیان ہے وہ مراد نہیں، چنانچہ ائمہ ثلاثہ بھی صدقہ فطر اور قربانی کے ترک کے روادار نہیں، اسی طرح یہاں بھی سنت بمعنی ثابت بالسنہ ہے، فقہی سنت مراد نہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي السَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

دوہرے نشانوں کے درمیان دوڑنے کی روایت

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ صفا مروہ کے درمیان کہاں دوڑنا مسنون ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: دار بنی عبّاد سے زُقاق بنی ابی حسین تک دوڑنا سنت ہے، اب اس جگہ کو دوہرے نشانوں کے ذریعہ مشخص کردیا گیا ہے، ان کے درمیان مردوں کے لئے دوڑنا سنت ہے۔

[۸۰-] بَابُ مَاجَاءَ فِي السَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: السَّعْيُ مِنْ دَارِ بَنِيْ عَبَّادٍ إِلٰى زُقَاقِ بَنِيْ أَبِيْ حُسَيْنٍ.

[۱۶۴۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا طَافَ الطَّوَافَ الْأَوَّلَ خَبَّ ثَلَاثًا وَمَشَى أَرْبَعًا، وَكَانَ يَسْعَى بَطْنَ الْمَسِيْلِ إِذَا طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَقُلْتُ لِنَافِعٍ: أَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَمْشِيْ إِذَا

بَلَغَ الرُّكْنَ الْيَمَانِيَ؟ قَالَ: لَا، إِلَّا أَنْ يُزَاحَمَ عَلَى الرُّكْنِ، فَإِنَّهُ كَانَ لَا يَدَعُهُ حَتَّى يَسْتَلِمَهُ.

[راجع: ١٦٠٣]

[١٦٤٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَأَلْنَا ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَافَ بِالْبَيْتِ فِي عُمْرَةٍ، وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، أَيَأْتِي امْرَأَتَهُ؟ فَقَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعًا، وَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ. [راجع: ٣٩٥]

[١٦٤٦-] وَسَأَلْنَا جابرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: لَا يَقْرَبَنَّهَا حَتَّى يَطُوَّفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.

[راجع: ٣٩٦]

[١٦٤٧-] حدثنا المَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ، فَطَافَ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ تَلَا ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾[راجع: ٣٩٥]

[١٦٤٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ: أَكُنْتُمْ تَكْرَهُوْنَ السَّعْيَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، لِأَنَّهَا كَانَتْ مِنْ شَعَائِرِ الْجَاهِلِيَّةِ حَتَّى أَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطُوَّفَ بِهِمَا﴾[انظر: ٤٤٩٦]

[١٦٤٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: إِنَّمَا سَعَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيُرِيَ الْمُشْرِكِيْنَ قُوَّتَهُ. وَزَادَ الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ. [انظر: ٤٢٥٧]

آخری حدیث: ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ بیت اللہ اور صفا مروہ کے درمیان صرف اس لئے دوڑتے تھے کہ مشرکین کو اپنی قوت دکھائیں۔

تشریح: جب آنحضور ﷺ عمرۃ القضاء کے لئے مکہ تشریف لائے تو مشرکین مسلمانوں کا طواف اور سعی دیکھنے کے لئے جبل قُیقُعان پر جمع ہوگئے تھے، کیونکہ ان کو خبر پہنچی تھی کہ مدینہ کے بخار نے مسلمانوں کو کمزور کردیا ہے، آنحضور ﷺ کو جب اس کا علم ہوا تو آپؐ نے صحابہ کو طواف میں رمل کرنے کا حکم دیا۔ جب مشرکین نے مسلمانوں کو اکڑ کر طواف کرتے دیکھا تو وہ دنگ رہ گئے اور یہ کہہ کر چل دیئے: کون کہتا ہے: مسلمان کمزور ہوگئے ہیں؟ پھر جب آپؐ سعی کے لئے صفا پر

تشریف لے گئے تو کچھ اور مشرکین جنھوں نے طواف کا منظر نہیں دیکھا تھا اسی پہاڑ پر آ بیٹھے، وہاں سے دوہرے نشانوں کے درمیان کا حصہ نظر آتا تھا، چنانچہ آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ اس حصہ میں دوڑیں، جب کفار نے مسلمانوں کو اس حصہ میں دوڑتے دیکھا تو وہ یہ سمجھے کہ مسلمان صفا مروہ کے درمیان پورا چکر دوڑتے ہوئے سعی کر رہے ہیں، پس وہ حیران رہ گئے، کیونکہ صفا مروہ کے درمیان لمبا فاصلہ ہے، حالانکہ دوڑنا دوہرے نشانوں کے درمیان تھا، پھر جب آنحضور ﷺ حجۃ الوداع کے لئے تشریف لائے تو آپؐ نے طواف میں رمل بھی کیا اور آپؐ دوہرے نشانوں کے درمیان دوڑے بھی، جبکہ مکہ میں کوئی مشرک نہیں تھا، پس اب یہ دونوں عمل مناسک میں داخل ہیں۔

بَابٌ: تَقْضِي الْحَائِضُ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا إِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ، وَإِذَا سَعَى عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

حائضہ طواف کے علاوہ ارکانِ حج وعمرہ ادا کرے، اور بے وضو صفا مروہ کے درمیان سعی کرنے کا حکم

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: حائضہ حج اور عمرہ کے تمام ارکان ادا کرے، صرف طواف نہ کرے، طواف کے لئے طہارت شرط ہے، حدیث میں ہے: ''کعبہ کا طواف نماز کی طرح ہے'' نیز بیت اللہ مسجد میں ہے، اور حائضہ کے لئے مسجد میں داخل ہونا جائز نہیں، اور سعی طواف کے بعد ہے اس لئے سعی بھی نہ کرے، ان کے علاوہ حج وعمرہ کے تمام ارکان ادا کرے۔

دوسرا مسئلہ: سعی کے لئے وضو ضروری نہیں، حجۃ الوداع میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حائضہ ہوگئی تھیں، آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا: حج کے تمام ارکان ادا کرو، صرف طواف نہ کرو، آپؐ نے صرف طواف کو مستثنیٰ کیا، معلوم ہوا کہ حائضہ سعی کر سکتی ہے کیونکہ سعی کے لئے طہارت شرط نہیں۔

مسئلہ: کسی عورت نے طوافِ زیارت کرلیا اور ابھی سعی نہیں کی تھی کہ حائضہ ہوگئی (طواف کے بعد فوراً سعی ضروری نہیں) پس وہ سعی کر سکتی ہے، کیونکہ سعی کے لئے طہارت شرط نہیں، اور مَسعیٰ (سعی کرنے کی جگہ) مسجد سے خارج ہے۔

ملحوظہ: کتاب الحیض (باب ۷) میں بھی اس قسم کا ایک باب آیا ہے۔ مگر وہاں دوسرا مسئلہ نہیں تھا، پس یہ نیا باب ہوگیا۔

[۸۱-] بَابٌ: تَقْضِي الْحَائِضُ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا إِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ، وَإِذَا سَعَى عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

[۱۶۵۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ،

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: قَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ، وَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلاَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، قَالَتْ: فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "افْعَلِيْ كَمَا يَفْعَلُ الْحَاجُّ غَيْرَ أَنْ لاَ تَطُوْفِي بِالْبَيْتِ حَتّٰى تَطْهُرِيْ" [راجع: ٢٩٤]

[١٦٥١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ح: وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبِيْبٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَهَلَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم هُوَ وَأَصْحَابُهُ بِالْحَجِّ، وَلَيْسَ مَعَ أَحَدٍ مِنْهُمْ هُدْيٌ غَيْرَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَطَلْحَةَ، وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ وَمَعَهُ هَدْيٌ، فَقَالَ: أَهْلَلْتُ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَصْحَابَهُ أَنْ يَجْعَلُوْهَا عُمْرَةً وَيَطَّوَّفُوْا، ثُمَّ يُقَصِّرُوْا وَيَحِلُّوْا، إِلاَّ مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ، فَقَالُوْا: نَنْطَلِقُ إِلٰى مِنًى، وَذَكَرُ أَحَدِنَا يَقْطُرُ مَنِيًّا! فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِيْ مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ، وَلَوْلاَ أَنَّ مَعِي الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ"

وَحَاضَتْ عَائِشَةُ فَنَسَكَتِ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا غَيْرَ أَنَّهَا لَمْ تَطُفْ بِالْبَيْتِ، فَلَمَّا طَهُرَتْ طَافَتْ بِالْبَيْتِ، قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تَنْطَلِقُوْنَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ وَأَنْطَلِقُ بِحَجٍّ! فَأَمَرَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ أَنْ يَخْرُجَ مَعَهَا إِلَى التَّنْعِيْمِ، فَاعْتَمَرَتْ بَعْدَ الْحَجِّ. [راجع: ١٥٥٧]

قولہ: وقدم علي: حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے آئے تھے اور قربانی کے اونٹ ساتھ لائے تھے مگر آنحضور ﷺ کے حساب میں لائے تھے، چنانچہ آپؐ نے ان کو اپنی قربانی میں شامل کرلیا، اس لئے انھوں نے بھی قران کیا۔

قولہ: ننطلق إلى منى: جب آنحضور ﷺ نے جن کے پاس ہدی نہیں تھی ان کو عمرہ کرکے احرام کھولنے کا حکم دیا تو لوگوں پر یہ حکم شاق گذرا، کیونکہ حج میں گنتی کے چند دن باقی رہ گئے تھے، اور احرام کھولنے کا مطلب تھا بیویوں سے فائدہ اٹھانا، اور پہلے سے جو تصور چلا آرہا تھا وہ ذہنوں پر مسلط تھا، اس لئے صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم اس حال میں حج کریں گے کہ ہماری شرم گاہوں سے منی ٹپک رہی ہوگی؟ نبی ﷺ نے ان کو تسلی دی اور فرمایا: اگر مجھے پہلے سے معلوم ہوتا کہ آئندہ یہ حکم آنے والا ہے تو میں ہدی ساتھ نہ لاتا اور احرام کھول دیتا۔

قولہ: وأنطلق بحج: حج کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ کی سب ازواج حج اور عمرہ کرکے لوٹیں گی اور میں صرف حج کرکے لوٹوں گی! یہاں سے معلوم ہوا کہ حضرت عائشہؓ نے عمرہ کا احرام توڑ دیا تھا۔ شوافع کہتے ہیں: حضرت عائشہؓ نے عمرہ توڑا نہیں تھا بلکہ اس کے ساتھ حج کا احرام ملالیا تھا یعنی صدیقہؓ قارنہ ہوگئی تھیں اور انھوں نے ایک طواف اور ایک سعی کی تھی، اور حنفیہ کے نزدیک وہ مفردہ تھیں، اور یہ جملہ ان کی دلیل ہے، اگر صدیقہؓ نے عمرہ کے ساتھ حج کا احرام ملایا ہوتا یعنی قران کیا ہوتا تو یہ بات کیوں کہتیں؟

[١٦٥٢-] حدثنا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حَفْصَةَ، قَالَتْ: كُنَّا نَمْنَعُ عَوَاتِقَنَا أَنْ يَخْرُجْنَ، فَقَدِمَتِ امْرَأَةٌ فَنَزَلَتْ قَصْرَ بَنِيْ خَلَفٍ، فَحَدَّثَتْ أَنَّ أُخْتَهَا كَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَدْ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثِنْتَيْ عَشْرَةَ غَزْوَةً، وَكَانَتْ أُخْتِيْ مَعَهُ فِيْ سِتِّ غَزَوَاتٍ، قَالَتْ: كُنَّا نُدَاوِيْ الْكَلْمٰى، وَنَقُوْمُ عَلَى الْمَرْضٰى، فَسَأَلَتْ أُخْتِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: هَلْ عَلٰى إِحْدَانَا بَأْسٌ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا جِلْبَابٌ أَنْ لَا تَخْرُجَ؟ فَقَالَ: "لَتُلْبِسْهَا صَاحِبَتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا، وَلْتَشْهَدِ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَلَمَّا قَدِمَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ سَأَلْتُهَا، أَوْ قَالَتْ: سَأَلْنَاهَا، قَالَتْ: وَكَانَتْ لَا تَذْكُرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَدًا إِلَّا قَالَتْ: بِيَبَا! فَقُلْتُ: أَسَمِعْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، بِيَبَا! فَقَالَتْ: "لِتَخْرُجِ الْعَوَاتِقُ وَذَوَاتُ الْخُدُوْرِ أَوْ: الْعَوَاتِقُ ذَوَاتُ الْخُدُوْرِ وَالْحُيَّضُ فَيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَيَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ الْمُصَلّٰى" فَقُلْتُ: آلْحَائِضُ؟ فَقَالَتْ: أَوَلَيْسَ تَشْهَدُ عَرَفَةَ؟ وَتَشْهَدُ كَذَا وَتَشْهَدُ كَذَا؟[راجع: ٣٢٤]

حوالہ: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الحیض باب ۲۳ (تحفۃ القاری ۱۲۲:۲) میں گذر چکی ہے، اور یہاں أو لیس تشهد عرفة سے استدلال ہے کہ حائضہ عرفہ، منی اور مزدلفہ وغیرہ سب جگہ جائے گی یعنی تمام ارکان حج (طواف کے علاوہ) ادا کرے گی ....**قوله**: بِيَبَا: اس کی اصل بِأَبِیْ ہے اور جار مجرور مُفَدّٰی سے متعلق ہیں، اور اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ آپؐ پر جو آفت آنی مقدر ہو وہ آپؐ پر نہ آئے میرے باپ پر آئے۔

بَابُ الإِهْلَالِ مِنَ الْبَطْحَاءِ وَغَيْرِهَا لِلْمَكِّيِّ وَالْحَاجِّ إِذَا خَرَجَ إِلٰى مِنًى

مکی اور متمتع جب حج کے لئے منی روانہ ہوں تو بطحاء وغیرہ سے احرام باندھیں

مکہ کے اصل باشندے اور وہ لوگ جنھوں نے حج تمتع کیا ہے اور عمرہ کر کے احرام کھول دیا ہے ان کو حج کا احرام آٹھ ذی الحجہ کو جب وہ منی روانہ ہوں: باندھنا چاہئے، یوم الترویہ سے پہلے احرام نہیں باندھنا چاہئے، مجبوری ہو تو الگ بات ہے، مثلاً کسی نے حج تمتع کیا اور اس کے پاس نہ قربانی ہے اور نہ قربانی کے لئے پیسے: اس کو حج سے پہلے تین روزے رکھنے ہونگے اور حج کا احرام باندھ کر رکھنے ہونگے، وہ شخص احرام یوم الترویہ سے مقدم باندھے گا۔ لیکن اگر ایسی کوئی مجبوری نہ ہو تو آٹھ ذی الحجہ کو جب منی روانہ ہو اس وقت احرام باندھے۔

بطحاء: سنگریزوں والا میدان، عرب میں ایسے میدان بہت ہیں، دورِ اول میں باہر سے جو لوگ حج کے لئے آتے تھے وہ مکہ سے باہر میدانوں میں پڑاؤ ڈالتے تھے، نبی ﷺ نے بھی باہر ہی پڑاؤ ڈالا تھا، اور آٹھ ذی الحجہ کو وہیں سے منی تشریف لے گئے تھے۔

[٨٢-] بَابُ الإِهْلَالِ مِنَ الْبَطْحَاءِ وَغَيْرِهَا لِلْمَكِّيِّ وَالْحَاجِّ إِذَا خَرَجَ إِلٰى مِنًى

[١-] وَسُئِلَ عَطَاءٌ عَنِ الْمُجَاوِرِ يُلَبِّيْ بِالْحَجِّ، فَقَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُلَبِّيْ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ إِذَا صَلَّى الظُّهْرَ وَاسْتَوَى عَلٰى رَاحِلَتِهِ.

[٢-] وَقَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ: قَدِمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَحْلَلْنَا حَتَّى يَوْمِ التَّرْوِيَةِ، وَجَعَلْنَا مَكَّةَ بِظَهْرٍ لَبَّيْنَا بِالْحَجِّ.

[٣-] وَقَالَ أَبُوْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَهْلَلْنَا مِنَ الْبَطْحَاءِ.

[٤-] وَقَالَ عُبَيْدُ بْنُ جُرَيْجٍ لِابْنِ عُمَرَ: رَأَيْتُكَ إِذَا كُنْتَ بِمَكَّةَ أَهَلَّ النَّاسُ إِذَا رَأَوُا الْهِلَالَ، وَلَمْ تُهِلَّ أَنْتَ حَتَّى يَوْمِ التَّرْوِيَةِ، فَقَالَ: لَمْ أَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُهِلُّ حَتَّى تَنْبَعِثَ بِهِ رَاحِلَتُهُ.

۱- حضرت عطاء رحمہ اللہ سے کسی نے پوچھا: مجاور یعنی مکی کب تلبیہ پڑھے؟ یعنی کب احرام باندھے؟ آپؒ نے فرمایا: حضرت ابن عمرؓ جب حج کے لئے مکہ مکرمہ آتے تو عمرہ کر کے احرام کھول دیتے، پھر یوم الترویہ کو یعنی آٹھ ذی الحجہ کو ظہر کی نماز پڑھ کر منی جاتے اور جب اونٹ پر بیٹھ جاتے تو تلبیہ پڑھتے تھے یعنی احرام شروع کرتے تھے، معلوم ہوا کہ مکی اور متمتع جب منی روانہ ہوں تب حج کا احرام باندھیں، مقدم نہ کریں۔

۲- حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے عطاءؒ کی روایت ہے: ہم نبی ﷺ کے ساتھ مکہ آئے، پس ہم ۸ ذی الحجہ تک حلال رہے۔ اور جب مکہ کو پیٹھ پیچھے چھوڑا یعنی منی روانہ ہوئے تو حج کا تلبیہ پڑھا، یعنی احرام شروع کیا۔

۳- اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ابوالزبیر کی روایت میں ہے کہ ہم نے بطحاء سے حج کا احرام باندھا، یعنی جہاں پڑاؤ ڈالا تھا وہیں سے حج کا احرام باندھ کر منی روانہ ہوئے۔

۴- عبید نے ابن عمرؓ سے کہا: سب لوگ ذی الحجہ کا چاند نظر آتے ہی حج کا احرام باندھ لیتے ہیں اور آپؓ آٹھ ذی الحجہ کو باندھتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ آپؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا جب تک آپؐ (ذوالحلیفہ میں) اونٹنی پر سوار نہیں ہوئے، احرام نہیں باندھا، اس لئے ابن عمرؓ بھی چلتے وقت احرام باندھتے تھے۔

بَابٌ: أَيْنَ يُصَلِّى الظُّهْرَ فِيْ يَوْمِ التَّرْوِيَةِ

۸ ذی الحجہ کو ظہر کی نماز کہاں پڑھے؟

آٹھ ذی الحجہ کو ظہر کی نماز منی میں پڑھنی چاہئے، نبی ﷺ آٹھ ذی الحجہ کو منی تشریف لے گئے تھے، اور ظہر تا فجر پانچ نمازیں وہاں پڑھی تھیں۔ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ آپؐ نے منی میں قیام اس لئے فرمایا تھا

کہ سب لوگ مکہ سے وہاں پہنچ کر جمع ہو جائیں اور ۹ ذی الحجہ کو سب ایک ساتھ عرفہ جائیں، کیونکہ اگر آپؐ مکہ سے سیدھے عرفہ جاتے تو شام تک لوگ آتے رہتے اور بہت سے لوگ شام تک بھی نہ پہنچتے، اس لئے آپؐ آٹھ تاریخ کو منیٰ تشریف لے گئے تاکہ سب وہاں جمع ہو جائیں۔ غرض منیٰ کے قیام کا مناسک سے بہت زیادہ گہرا تعلق نہیں، اس لئے اگر کوئی مکہ سے یا میقات سے سیدھا عرفہ چلا جائے تو بھی کچھ حرج نہیں۔

[۸۳-] بَابٌ: أَيْنَ يُصَلِّى الظُّهْرَ فِيْ يَوْمِ التَّرْوِيَةِ

[۱۶۵۳-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قُلْتُ: أَخْبِرْنِيْ بِشَيْئٍ عَقَلْتَهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ؟ قَالَ: بِمِنًى، قُلْتُ: فَأَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ؟ قَالَ: بِالْأَبْطَحِ، ثُمَّ قَالَ: افْعَلْ كَمَا يَفْعَلُ أُمَرَاؤُكَ. [انظر: ۱۶۵۴، ۱۷۶۳]

[۱۶۵۴-] حدثنا عَلِيٌّ، سَمِعَ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، قَالَ: لَقِيْتُ أَنَسًا ح: وَحَدَّثَنِيْ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: خَرَجْتُ إِلَى مِنًى يَوْمَ التَّرْوِيَةِ فَلَقِيْتُ أَنَسًا ذَاهِبًا عَلَى حِمَارٍ، فَقُلْتُ: أَيْنَ صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم هٰذَا الْيَوْمَ الظُّهْرَ؟ فَقَالَ: أُنْظُرْ حَيْثُ يُصَلِّى أُمَرَاؤُكَ فَصَلِّ. [راجع: ۱۶۵۳]

ترجمہ: عبدالعزیز نے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے پوچھا: مجھے وہ بات بتلائیں جو آپؐ نے نبی ﷺ سے محفوظ کی ہے یعنی مسئلہ نہ بتائیں، آنحضور ﷺ کا عمل بتائیں کہ آپؐ نے آٹھ ذی الحجہ کو ظہر اور عصر کہاں پڑھی ہیں؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: منیٰ میں، میں نے کہا: یوم النفر (تیرہ ذی الحجہ) کو عصر کہاں پڑھی ہے؟ آپؓ نے فرمایا: ابطح (محصّب) میں، پھر فرمایا: ''وہی کر جو تیرے امراء کریں'' —— قوله: أنظر حيث يصلى أمراء ك فَصَلِّ: دیکھ جہاں تیرے حاکم نماز پڑھیں وہیں تو بھی پڑھ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ منیٰ اور محصب کا قیام ضروری نہیں، لہٰذا اپنے امیر کی پیروی کرو، وہ جہاں قیام کریں اور نماز پڑھیں تم بھی وہاں نماز پڑھو۔

ملحوظہ: اب حج میں اتنا اژدحام ہوتا ہے کہ امارت کا نظام معطل ہو گیا ہے، اب ہر شخص مسائل جان کر خود عمل کرے۔

بَابُ الصَّلاَةِ بِمِنًى

منیٰ میں نماز پوری پڑھے یا قصر کرے؟

حاجی منیٰ میں نماز پوری پڑھے یا قصر کرے؟ یہ مسئلہ تفصیل سے أبو اب تقصير الصلاة باب ۲ (تحفۃ القاری ۳: ۴۱۷)

میں گذر چکا ہے اور تینوں حدیثیں بھی گذری ہیں، وہاں دیکھ لیں۔

[٨٤-] بَابُ الصَّلاَةِ بِمِنًى

[١٦٥٥-] حَدَّثَنِیْ إِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: صَلَّی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِمِنًی رَکْعَتَیْنِ، وَأَبُوْ بَکْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ صَدْرًا مِنْ خِلاَفَتِهِ.[راجع: ١٠٨٢]

[١٦٥٦-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِیِّ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِیِّ، قَالَ: صَلَّی بِنَا النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم وَنَحْنُ أَکْثَرُ مَا کُنَّا قَطُّ وَآمَنُهُ بِمِنًی رَکْعَتَیْنِ[راجع: ١٠٨٣]

[١٦٥٧-] حدثنا قَبِیْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ یَزِیْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: صَلَّیْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم رَکْعَتَیْنِ، وَمَعَ أَبِیْ بَکْرٍ رَکْعَتَیْنِ، وَمَعَ عُمَرَ رَکْعَتَیْنِ، ثُمَّ تَفَرَّقَتْ بِکُمُ الطُّرُقُ، فَیَا لَیْتَ حَظِّی مِنْ أَرْبَعٍ: رَکْعَتَانِ مُتَقَبَّلَتَانِ.

[راجع: ١٠٨٤]

قوله:ثم تفرقت بکم الطرق: پھر تمہاری راہیں الگ الگ ہوگئیں، کاش میرا حصہ چار رکعتوں کے بدل دومقبول رکعتیں ہوتیں۔ یہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر نقد کیا ہے، انھوں نے اپنی خلافت کے آخری سالوں میں منی وغیرہ میں نماز پوری پڑھانی شروع کی تھی، تفصیل گذر چکی ہے۔

بَابُ صَوْمِ یَوْمِ عَرَفَةَ

عرفہ کے دن روزہ رکھنا

عرفہ یعنی نو ذی الحجہ کے روزے کی بڑی فضیلت آئی ہے، اس روزہ سے دوسال کے گناہ معاف ہوتے ہیں (ترمذی حدیث ۷۴۰) اس لئے یوم عرفہ کا روزہ رکھنا بالاجماع مستحب ہے، البتہ حاجی کے لئے عرفہ کے دن عرفہ کے میدان میں روزہ رکھنا اولیٰ ہے یا نہ رکھنا؟ اس میں اختلاف ہے، اور احناف کا مذہب یہ ہے کہ اگر عرفہ کے دن روزہ رکھنے سے عرفہ کے کاموں میں خلل پڑے تو روزہ نہ رکھنا بہتر ہے۔ اور اگر روزہ رکھنے سے عرفہ کے کاموں میں خلل نہ پڑے تو روزہ رکھنا بہتر ہے۔

اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفہ کے دن روزہ نہیں رکھا تھا، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم وقوف عرفہ کئے ہوئے تھے تو خواتین میں یہ مسئلہ چھڑا کہ آج آپؐ کا روزہ ہے یا نہیں؟ حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا نے یہ بات جاننے کے لئے آپؐ کے پاس دودھ بھیجا، آپؐ نے نوش فرمایا، معلوم ہوا کہ روزہ نہیں تھا۔

بعض حضرات نے اس حدیث کی وجہ سے میدانِ عرفات میں روزہ رکھنے کو مکروہ قرار دیا ہے مگر یہ بات صحیح نہیں اس لئے کہ حضرت عائشہ، حضرت عبداللہ بن الزبیر اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہم عرفہ کے دن عرفہ کے میدان میں روزہ رکھتے تھے (فتح الباری ۴:۲۰۷) اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مصلحتاً روزہ نہیں رکھا تھا، اگر آپؐ عرفہ کے دن عرفہ کے میدان میں روزہ رکھتے تو سب لوگ رکھتے اور سب کے لئے میدانِ عرفات میں روزہ رکھنا مشکل ہے، اس لئے آپؐ نے روزہ نہیں رکھا۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۱۲۳) میں ہے۔

[۸۵-] بَابُ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ

[١٦٥٨-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَالِمٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَيْرًا مَوْلٰى أُمِّ الْفَضْلِ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ: شَكَّ النَّاسُ يَوْمَ عَرَفَةَ فِي صَوْمِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَبَعَثْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِشَرَابٍ فَشَرِبَهُ.

[انظر: ١٦٦١، ١٩٨٨، ٥٦٠٤، ٥٦١٨، ٥٦٣٦]

بَابُ التَّلْبِيَةِ وَالتَّكْبِيرِ إِذَا غَدَا مِنْ مِنًى إِلٰى عَرَفَةَ

جب منی سے عرفہ روانہ ہو تو تلبیہ اور تکبیر کہے

حاجی کے لئے افضل عمل کیا ہے، تلبیہ یا تکبیر؟ پہلے بتلایا ہے کہ شروع ذی الحجہ سے تیرہ تاریخ تک افضل عمل تکبیر ہے اور حاجی کے لئے افضل عمل کیا ہے؟ جواب یہ ہے کہ دونوں عمل یکساں ہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ آپ حضرات نے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا تو آپ لوگ جب عرفہ کی طرف روانہ ہوئے تو تلبیہ پڑھتے تھے یا تکبیر؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: ہم میں سے بعض تلبیہ پڑھتے تھے اور بعض تکبیر، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی پر نکیر نہیں فرمائی، معلوم ہوا کہ دونوں عمل یکساں ہیں۔

[۸۶-] بَابُ التَّلْبِيَةِ وَالتَّكْبِيرِ إِذَا غَدَا مِنْ مِنًى إِلٰى عَرَفَةَ

[١٦٥٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ الشَّامِيُّ، قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِبْنِ أَبِيْ بَكْرٍ الثَّقَفِيِّ، أَنَّـهُ سَأَلَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، وَهُمَا غَادِيَانِ مِنْ مِنًى إِلٰى عَرَفَةَ: كَيْفَ كُنْتُم تَصْنَعُوْنَ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: كَانَ يُهِلُّ مِنَّا الْمُهِلُّ، فَلاَ يُنْكِرُ عَلَيْهِ، وَيُكَبِّرُ الْمُكَبِّرُ مِنَّا فَلاَ يُنْكِرُ عَلَيْهِ. [راجع: ٩٧٠]

بَابُ التَّهْجِيْرِ بِالرَّوَاحِ يَوْمَ عَرَفَةَ

عرفہ کے دن زوال کے بعد جلدی جانا

۹ ذی الحجہ کو عرفات میں جانا ہوتا ہے، وہاں زوال تک کوئی کام نہیں، زوال کے بعد امام ظہر وعصر ایک ساتھ مسجدِ نمرہ میں پڑھاتا ہے، اس کے بعد وقوفِ عرفہ کا وقت شروع ہوتا ہے۔ التهجير بالرواح کے معنی ہیں: زوال کے بعد جلدی جانا یعنی زوال ہوتے ہی مسجدِ نمرہ میں نماز کے لئے جانا، پھر جبل رحمت پر وقوف کے لئے جانا۔

[۸۷-] بَابُ التَّهْجِيْرِ بِالرَّوَاحِ يَوْمَ عَرَفَةَ

[۱۶۶۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ الشَّامِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، قَالَ: كَتَبَ عَبْدُ الْمَلِكِ إِلَى الْحَجَّاجِ أَنْ لاَ يُخَالِفَ ابْنَ عُمَرَ فِي الْحَجِّ، فَجَاءَ ابْنُ عُمَرَ، وَأَنَا مَعَهُ يَوْمَ عَرَفَةَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ، فَصَاحَ عِنْدَ سُرَادِقِ الْحَجَّاجِ، فَخَرَجَ وَعَلَيْهِ مِلْحَفَةٌ مُعَصْفَرَةٌ، فَقَالَ: مَالَكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ فَقَالَ: الرَّوَاحَ إِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ السُّنَّةَ، قَالَ: هٰذِهِ السَّاعَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَأَنْظِرْنِي حَتَّى أُفِيْضَ عَلَى رَأْسِي ثُمَّ أَخْرُجَ، فَنَزَلَ حَتَّى خَرَجَ الْحَجَّاجُ، فَسَارَ بَيْنِي وَبَيْنَ أَبِي، فَقُلْتُ: إِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ السُّنَّةَ فَاقْصُرِ الْخُطْبَةَ، وَعَجِّلِ الْوُقُوْفَ، فَجَعَلَ يَنْظُرُ إِلَى عَبْدِ اللهِ، فَلَمَّا رَأَى ذٰلِكَ عَبْدُ اللهِ قَالَ: صَدَقَ. [انظر: ۱۶۶۲، ۱۶۶۳]

وضاحت: جس سال عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما شہید کئے گئے اس سال حجاج نے حج کرایا تھا، اور عبدالملک بن مروان نے اس کو لکھا تھا کہ ابن عمرؓ سے مسائل معلوم کر کے حج کرائے اور کسی مسئلہ میں ان کی مخالفت نہ کرے۔

ترجمہ: سالم کہتے ہیں: عبدالملک نے حجاج کو لکھا کہ وہ ابن عمرؓ کی حج کے مسائل میں مخالفت نہ کرے، پس ابن عمرؓ عرفہ کے دن زوال ہوتے ہی آئے اور میں (سالم) ان کے ساتھ تھا۔ آپؓ نے حجاج کے خیمہ کے پاس زور سے آواز دی، پس حجاج نکلا درانحالیکہ اس نے معصفر چادر اوڑھ رکھی تھی، اس نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! (ابن عمرؓ کی کنیت) کیا بات ہے؟ آپؓ نے فرمایا: چلیے، اگر آپ سنت کی پیروی کرنا چاہتے ہیں۔ اس نے کہا: اس وقت؟ یعنی ابھی تو زوال ہی ہوا ہے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں اسی وقت، اس نے کہا: آپؓ مجھے اتنی مہلت دیں کہ میں نہالوں، پھر چلوں، پس ابن عمرؓ سواری سے اترے (اور انتظار کیا) یہاں تک کہ حجاج (نہا کر) نکلا، پس وہ میرے اور میرے ابا کے درمیان چلنے لگا، پس میں نے کہا: اگر آپ سنت کی پیروی کرنا چاہتے ہیں تو تقریر مختصر کریں اور وقوف میں جلدی کریں (یہاں باب ہے) پس حجاج حضرت ابن عمرؓ کی طرف دیکھنے لگا، پس جب ابن عمرؓ نے یہ دیکھا (کہ وہ تائید چاہتا ہے) تو فرمایا: سالم نے صحیح کہا۔

بَابُ الْوُقُوْفِ عَلَى الدَّابَّةِ بِعَرَفَةَ

عرفہ میں سواری پر وقوف کرنا

نبی ﷺ نے میدانِ عرفات میں اونٹ پر وقوف کیا تھا، اور غروب تک اونٹ پر تشریف فرما رہے تھے، اسی پر سب کام کیے تھے، لوگوں کو مختلف ہدایتیں دینا، حاجت مندوں کی ضرورتیں پوری کرنا اور لوگوں کو مسائل بتانا سب کام اونٹ پر سے کر رہے تھے اور ساتھ ہی ذکر و دعا میں بھی مشغول تھے، اور آپؐ نے اونٹ پر وقوف اس لئے کیا تھا کہ لوگ آپؐ کو دیکھیں اور وقوف کا طریقہ سیکھیں۔

[۸۸-] بَابُ الْوُقُوْفِ عَلَى الدَّابَّةِ بِعَرَفَةَ

[۱۶۶۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ: أَنَّ أُنَاسًا اخْتَلَفُوْا عِنْدَهَا يَوْمَ عَرَفَةَ فِي صَوْمِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: هُوَ صَائِمٌ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَيْسَ بِصَائِمٍ، فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ بِقَدَحِ لَبَنٍ، وَهُوَ وَاقِفٌ عَلٰى بَعِيْرِهِ، فَشَرِبَهُ. [راجع: ۱۶۵۸]

بَابُ الْجَمْعِ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ بِعَرَفَةَ

عرفہ میں ظہر اور عصر ایک ساتھ پڑھنا

تمام ائمہ متفق ہیں کہ حاجی عرفہ میں جمع تقدیم اور مزدلفہ میں جمع تاخیر کرے گا، یعنی عرفہ میں ظہر وعصر کو ایک ساتھ ظہر کے وقت میں اور مزدلفہ میں مغرب وعشاء کو ایک ساتھ عشا کے وقت میں پڑھے گا، اور مزدلفہ میں جمع کرنے کے لئے صرف احرام شرط ہے، جس نے بھی حج کا احرام باندھ رکھا ہے وہ عشائین کو جمع کرے گا، خواہ وہ امام المسلمین کی اقتداء میں نماز ادا کرے یا اپنے ڈیرے میں باجماعت پڑھے یا تنہا پڑھے۔ اور عرفات میں جمع کرنے کے لئے بالاجماع احرام شرط ہے، اور امام المسلمین کی اقتداء میں نماز ادا کرنا شرط ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہ بھی شرط ہے، لہٰذا جو شخص مسجد نمرہ میں امیر الموسم کی اقتداء میں نماز ادا کرے گا وہی جمع بین الصلوٰتین کر سکتا ہے، اور جو مرد و زن اپنے خیموں میں نماز پڑھیں خواہ جماعت سے پڑھیں یا تنہا ان کے لئے جمع کرنا جائز نہیں، کیونکہ ان کے لئے ہر نماز اس کے وقت میں پڑھنے میں کوئی دشواری نہیں۔ اور مسجدِ نمرہ میں جمع بین الصلوٰتین کا حکم اس وجہ سے ہے کہ وہاں مجبوری ہے، اگر لوگ پہلے ظہر کی نماز مسجد میں ادا کریں، پھر جبل رحمت پر وقوف کے لئے جائیں، پھر عصر کے وقت دوبارہ مسجد میں آ کر عصر ادا کریں پھر

جبل رحمت پر جا کر وقوف کریں تو سارا وقت آنے جانے میں خرچ ہو جائے گا، اس لئے شریعت نے مسجدِ نمرہ میں جمع بین الصلوٰتین کی اجازت دی، اور جو اپنے خیمہ میں نماز پڑھ رہا ہے اس کے لئے کوئی مجبوری نہیں، پس اس کے لئے جمع کرنے کی اجازت نہیں، دیگر فقہاء بشمول صاحبین ہر شخص کو جمع بین الصلوٰتین کی اجازت دیتے ہیں، خواہ امیر الموسم کی اقتداء میں نماز ادا کرے یا اپنے خیمہ میں جماعت کے ساتھ پڑھے، یا تنہا پڑھے، ہر صورت میں جمع کر سکتا ہے۔

[۸۹-] بَابُ الْجَمْعِ بَيْنَ الصَّلاَ تَيْنِ بِعَرَفَةَ

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا فَاتَتْهُ الصَّلاَ ةُ مَعَ الإِمَامِ جَمَعَ بَيْنَهُمَا.

[۱٦٦٢-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ أَنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ يُوْسُفَ عَامَ نَزَلَ بِابْنِ الزُّبَيْرِ سَأَلَ عَبْدَ اللّٰهِ: كَيْفَ تَصْنَعُ فِيْ الْمَوْقَفِ يَوْمَ عَرَفَةَ؟ فَقَالَ سَالِمٌ: إِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ السُّنَّةَ فَهَجِّرْ بِالصَّلاَ ةِ يَوْمَ عَرَفَةَ. فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: صَدَقَ، إِنَّهُمْ كَانُوْا يَجْمَعُوْنَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي السُّنَّةِ. فَقُلْتُ لِسَالِمٍ: أَفَعَلَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ سَالِمٌ: وَهَلْ تَتَّبِعُوْنَ فِي ذٰلِكَ إِلَّا سُنَّتَهُ [راجع: ۱٦٦٠]

اثر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما عرفات میں ہر حال میں ظہرین کو جمع کرتے تھے، خواہ امام الموسم کی اقتداء میں نماز ادا کریں یا اپنے ڈیرے میں تنہا یا باجماعت پڑھیں، جمہور اسی کے قائل ہیں۔

حدیث: سالم کہتے ہیں: جس سال حجاج نے ابن الزبیر کے مقابلہ کے لئے مکہ میں فوج اتاری اس سال اس نے ابن عمرؓ سے پوچھا: آپ لوگ عرفہ کے دن عرفہ میں ٹھہرنے کی جگہ میں کیا کرتے تھے؟ پس سالمؒ نے کہا: اگر آپ سنت کی پیروی کرنا چاہتے ہیں تو عرفہ کے دن زوال ہوتے ہی نماز پڑھائیں، پس ابن عمرؓ نے فرمایا: سالم نے صحیح کہا: بیشک صحابہ سنت کے مطابق ظہرین کو جمع کیا کرتے تھے (زہری کہتے ہیں) میں نے سالم سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے ایسا کیا ہے؟ سالم نے جواب دیا: اور نہیں پیروی کرتے تم مگر آپؐ کی سنت کی یعنی یہ آنحضور ﷺ ہی کی سنت ہے جس کی امت پیروی کرتی ہے۔

بَابُ قَصْرِ الْخُطْبَةِ بِعَرَفَةَ

عرفہ میں خطبہ مختصر دینا

جس طرح جمعہ سے پہلے دو خطبے ہیں، عرفہ میں ظہر سے پہلے بھی دو خطبے ہیں، ان میں امام مناسک سکھائے گا، پھر ظہر اور عصر ایک ساتھ پڑھائے گا، مگر امام کو چاہئے کہ تقریر مختصر کرے تا کہ لوگ نماز سے جلدی فارغ ہو جائیں اور وقوفِ عرفہ میں لگ جائیں۔

[۹۰-] بَابُ قَصْرِ الْخُطْبَةِ بِعَرَفَةَ

[۱۶۶۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ كَتَبَ إِلَى الْحَجَّاجِ أَنْ يَأْتَمَّ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِي الْحَجِّ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ عَرَفَةَ، جَاءَ ابْنُ عُمَرَ وَأَنَا مَعَهُ حِيْنَ زَاغَتْ أَوْ: زَالَتِ الشَّمْسُ، فَصَاحَ عِنْدَ فُسْطَاطِهِ: أَيْنَ هٰذَا؟ فَخَرَجَ إِلَيْهِ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: الرَّوَاحَ، فَقَالَ: الآنَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ: أَنْظِرْنِيْ أُفِيْضُ عَلَيَّ مَاءً، فَنَزَلَ ابْنُ عُمَرَ، حَتَّى خَرَجَ، فَسَارَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ أَبِيْ، فَقُلْتُ: لَوْ كُنْتَ تُرِيْدُ أَنْ تُصِيْبَ السُّنَّةَ الْيَوْمَ فَاقْصُرِ الْخُطْبَةَ، وَعَجِّلِ الْوُقُوْفَ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: صَدَقَ. [راجع: ۱۶۶۰]

بَابُ التَّعْجِيْلِ إِلَى الْمَوْقِفِ

وقوف کی جگہ میں جلدی پہنچنا

مسجدِ نمرہ میں ظہرین پڑھ کر جلدی موقف یعنی جبل رحمت پر پہنچ کر وقوف شروع کر دینا چاہئے، عرفہ بہت وسیع میدان ہے اور پہاڑوں سے گھرا ہوا ہے، اس پورے میدان میں کہیں بھی وقوف کیا جا سکتا ہے۔ مگر اصل موقف جبل رحمت ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جبل رحمت کے دامن میں وقوف کیا تھا، اور آنحضور ﷺ نے بھی وہیں وقوف کیا تھا، مگر اب لاکھوں کا مجمع ہوتا ہے، اور وہ سب جبل رحمت کے قریب وقوف نہیں کر سکتے اس لئے پریشانی سے بچنے کے لئے اور عبادت میں یکسوئی پیدا کرنے کے لئے میں جبل رحمت کے قریب نہیں جاتا، خیمہ میں وقوف کرتا ہوں تاکہ دلجمعی کے ساتھ عرفہ کے کاموں میں مشغول رہ سکوں۔

بَابُ التَّعْجِيْلِ إِلَى الْمَوْقِفِ

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: يُزَادُ فِي هٰذَا الْبَابِ هَمْ هٰذَا الْحَدِيْثُ: حَدِيْثُ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، وَلٰكِنِّيْ أُرِيْدُ أَنْ أُدْخِلَ فِيْهِ غَيْرَ مُعَادٍ.

ترجمہ: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: گذشتہ باب میں امام مالک رحمہ اللہ کی جو حدیث آئی ہے وہ اس باب میں بھی لکھی جا سکتی ہے، مگر چونکہ مکرر حدیث لکھنا میرا طریقہ نہیں اس لئے میں وہ حدیث یہاں نہیں لکھ رہا، میں چاہتا ہوں کہ اس باب میں ایسی حدیث لکھوں جو مکرر نہ ہو (جب حدیث کی سند بدل جاتی ہے تو حدیث بدل جاتی ہے، اس حدیث کی دوسری سند ابھی حضرت کے پاس نہیں ہے اس لئے نہیں لکھی)

ملحوظہ: بعد میں علماء نے کتاب کا جائزہ لیا تو ایک سواڑسٹھ حدیثیں مکرر پائی گئیں، یعنی بخاری شریف میں اتنی حدیثیں بعینہٖ ایک سند سے ہیں۔

سوال: جب حضرت رحمہ اللہ نے خود لکھا ہے کہ میں مکرر حدیثیں نہیں لکھتا، پھر یہ حدیثیں مکرر کیوں ہیں؟

جواب: بخاری شریف سولہ سال میں لکھی گئی ہے اور وہ ایک ضخیم کتاب ہے، اتنی بڑی کتاب میں نظر چوک سکتی ہے، ایسی بھول ہر انسان سے ہوتی ہے، لہٰذا اگر یہ حدیثیں مکرر ہیں تو یہ کوئی قابل اعتراض بات نہیں۔

قولہ: هَمْ: یہ فارسی لفظ ہے، اور أیضا کے معنی میں ہے، عربی میں بہت سے الفاظ اردو فارسی کے مستعمل ہیں، عربوں نے ان کو اپنا لیا ہے، حضرتؒ کے زمانہ میں لفظ 'ہم' عربی میں مستعمل ہوگا، اس لئے حضرتؒ نے اس کو استعمال کیا ہے۔

ملحوظہ: یہ باب مصری نسخہ میں نہیں ہے، اس لئے اس پر باب کا نمبر نہیں لگایا۔

بَابُ الْوُقُوْفِ بِعَرَفَةَ

وقوف عرفہ کا بیان

حج کا سب سے اہم رکن وقوفِ عرفہ ہے، حج کے دو بڑے رکن ہیں، وقوفِ عرفہ اور طوافِ زیارت، طوافِ زیارت کا وقت دس کی صبح صادق سے بارہ کے غروب تک ہے، اس دوران اگر کوئی شخص طواف زیارت نہیں کر سکا تو دم واجب ہوگا، لیکن اگر وقوفِ عرفہ رہ گیا تو تلافی کی کوئی صورت نہیں، اس حج کو پورا کرے اور آئندہ سال اس کی قضاء کرے۔

وقوفِ عرفہ کا وقت: ذی الحجہ کی نو تاریخ کے زوال سے اگلے دن کی صبح صادق تک ہے، پھر امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک یہ پورا وقت یکساں ہے۔ جو شخص نو کے زوال سے اگلے دن کی صبح صادق تک کسی بھی وقت حج کا احرام باندھ کر عرفات میں آ گیا اس کا حج ہو گیا —— اور دیگر ائمہ کے نزدیک: دن کے ساتھ رات کا ایک حصہ ملانا بھی ضروری ہے اور رات کی دن سے زیادہ اہمیت ہے —— پھر احناف اور شوافع کے نزدیک: اگر کسی نے صرف دن کا وقوف کیا اور رات کا کوئی حصہ اس کے ساتھ نہیں ملایا یعنی سورج غروب ہونے سے پہلے عرفات سے نکل آیا تو اس پر دم واجب ہے، اور اگر رات میں وقوف کیا اور دن کا کوئی حصہ اس کے ساتھ نہیں ملایا تو کچھ واجب نہیں —— اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک: اگر صرف دن میں وقوف کیا اور غروب سے پہلے عرفات سے نکل گیا تو اس کا حج نہیں ہوا، اور اگر صرف رات میں وقوف کیا اور دن میں وقوف نہیں کیا تو حج صحیح ہو گیا، مگر دم واجب ہے (تحفۃ الالمعی ۳:۲۸۳)

[٩١-] بَابُ الْوُقُوْفِ بِعَرَفَةَ

[١٦٦٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ أَطْلُبُ بَعِيْرًا لِيْ، ح: وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: أَضْلَلْتُ بَعِيْرًا لِيْ، فَذَهَبْتُ أَطْلُبُهُ يَوْمَ عَرَفَةَ، فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَاقِفًا بِعَرَفَةَ، فَقُلْتُ: هٰذَا وَاللّٰهِ مِنَ الْحُمْسِ، فَمَا شَأْنُهُ هٰهُنَا؟

ترجمہ: جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرا اونٹ گم ہوگیا، میں عرفہ کے دن اس کو تلاش کرنے کے لئے نکلا، پس میں نے نبی ﷺ کو عرفہ میں وقوف کئے ہوئے دیکھا، میں نے دل میں سوچا: بخدا! یہ تو حُمس میں سے ہیں، یہ یہاں کیوں ہیں؟

تشریح:

۱- زمانۂ جاہلیت میں حج میں جو خرابیاں درآئی تھیں ان میں سے ایک خرابی یہ تھی کہ قریش اور ان کے ہم مذہب حج میں عرفہ نہیں جاتے تھے، مزدلفہ میں رک جاتے تھے، باقی لوگ عرفات سے لوٹتے تھے، قریش کہتے تھے: ہم حُمس (دین میں مضبوط) ہیں اور ہم قطین اللہ (اللہ کے گھر کے باسی) ہیں، ہم حرم سے نہیں نکلیں گے، حالانکہ وہ تجارت کے لئے شام اور یمن جاتے تھے، حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ قریشی تھے، وہ مزدلفہ میں رک گئے تھے، باقی لوگ عرفہ گئے تھے، یہ نبوت سے پہلے کا واقعہ ہے، اتفاق سے ان کا اونٹ گم ہوگیا وہ اپنا اونٹ تلاش کرتے ہوئے عرفہ پہنچ گئے، وہاں انھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا، آپؐ عرفہ میں وقوف کئے ہوئے تھے، انھوں نے سوچا: ان کا یہاں کیا کام، یہ تو حُمس میں سے ہیں؟ یعنی یہ عرفہ میں کیوں آئے ہیں، ان کو تو مزدلفہ میں رک جانا چاہئے تھا۔

۲- انبیاء کرام کی نبوت سے پہلے بھی نامناسب باتوں سے حفاظت کی جاتی ہے، تعمیر کعبہ کے وقت جب آپؐ کو موزون پتھر ملا اور آپؐ نے اس کو اٹھانے کے لئے لنگی کھولنے کا ارادہ کیا تو بیہوش ہوکر گر پڑے، جب ہوش آیا تو لنگی بندھی ہوئی تھی، اسی طرح مکہ میں ایک تقریب میں آپؐ تشریف لے گئے، جاتے ہی سوگئے، جب ناچ گانا نمٹ گیا تب آپؐ کی آنکھ کھلی، اسی طرح قریش عرفہ نہیں جاتے تھے، مزدلفہ ہی میں رک جاتے تھے، مگر آپؐ کے لئے کوئی سبب بنا اور آپؐ عرفہ تشریف لے گئے۔

۳- آنحضور ﷺ نے ہجرت کے بعد صرف ایک حج کیا ہے، اور ہجرت سے پہلے کتنے حج کئے ہیں؟ یہ بات صحیح روایات میں مروی نہیں، اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے جو مروی ہے کہ نبی ﷺ نے تین حج کئے ہیں، دو ہجرت سے پہلے اور ایک ہجرت کے بعد، یہ روایت قابل اعتماد نہیں، تفصیل تحفۃ الالمعی (۲۰۷:۳) میں ہے۔

[۱۶۶۵-] حدثنا فَرْوَةُ بْنُ أَبِي الْمَغْرَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ عُرْوَةُ: كَانَ النَّاسُ يَطُوْفُوْنَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ عُرَاةً إِلَّا الْحُمْسَ، وَالْحُمْسُ قُرَيْشٌ وَمَا وَلَدَتْ، وَكَانَتِ الْحُمْسُ يَحْتَسِبُوْنَ عَلَى النَّاسِ، يُعْطِي الرَّجُلُ الرَّجُلَ الثِّيَابَ، يَطُوْفُ فِيْهَا، وَتُعْطِي الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ الثِّيَابَ، تَطُوْفُ فِيْهَا، فَمَنْ لَمْ تُعْطِهِ الْحُمْسُ طَافَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانًا، وَكَانَ يُفِيْضُ جَمَاعَةُ النَّاسِ مِنْ عَرَفَاتٍ، وَتُفِيْضُ

الْحُمْسُ مِنْ جَمْعٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ هٰذِهِ الآيَةَ نَزَلَتْ فِي الْحُمْسِ﴿ ثُمَّ أَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ﴾[البقرة:١٩٩] قَالَ: كَانُوْا يُفِيْضُوْنَ مِنْ جَمْعٍ، فَدُفِعُوْا إِلٰى عَرَفَاتٍ.[انظر: ٤٥٢٠]

ترجمہ: عروہ کہتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں حُمس کے علاوہ سب لوگ ننگے طواف کیا کرتے تھے، اور حُمس: قریش اور ان کی اولاد تھی، اور حمس بہ نیت ثواب لوگوں کو کپڑے دیا کرتے تھے، مرد: مردوں کو دیتے تھے، وہ ان میں طواف کرتے تھے، اور عورتیں: عورتوں کو دیتی تھیں، وہ ان میں طواف کرتی تھیں، اور جس کو حمس کپڑے نہیں دیتے تھے وہ ننگا طواف کرتا تھا، اور سب لوگ عرفات سے لوٹتے تھے اور حُمس مزدلفہ سے لوٹتے تھے۔ ہشام کہتے ہیں: مجھ سے میرے ابا نے بواسطہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کیا کہ یہ آیت حُمس کے بارے میں نازل ہوئی ہے: ''پھر تم وہاں سے لوٹو جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں'' عروہ کہتے ہیں: قریش مزدلفہ سے لوٹتے تھے، پھر عرفہ کی طرف دھکا دیئے گئے، یعنی عرفہ جا کر وہاں سے لوٹنے کا حکم دیا گیا۔

تشریح:

۱- زمانۂ جاہلیت میں حج میں چند خرابیاں در آئی تھیں ان میں سے ایک خرابی یہ تھی کہ قریش کے دیئے ہوئے کپڑوں ہی میں لوگ طواف کرتے تھے، اور جس کو کپڑا نہیں ملتا تھا وہ ننگا طواف کرتا تھا، اسی لئے سن ۹ ہجری میں اعلان کیا گیا کہ آئندہ کوئی بیت اللہ کا ننگے طواف نہیں کرے گا۔ اور دوسری خرابی یہ پیدا ہوگئی تھی کہ سب لوگ منیٰ سے عرفہ جاتے تھے، اور قریش اور ان کی اولاد مزدلفہ میں رک جاتی تھی، اس رسم کو ختم کرنے کے لئے سورۃ البقرہ کی آیت ۱۹۹ نازل ہوئی، اور قریش کو عرفہ جا کر لوٹنے کا حکم دیا گیا۔

۲- قریش: نضر بن کنانہ کی اولاد کا نام ہے، یہ آنحضور ﷺ کے اجداد میں ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ فِہر کا لقب قریش تھا، یہ بھی اجداد میں ہیں، اور ان کی اولاد کو قریشی کہتے ہیں (ماخوذ از سیرۃ المصطفیٰ ۱:۲۳)...........اور حُمْس کے لغوی معنی ہیں: دین میں ٹھوس، مضبوط...........اور فعل أفاض إفاضة: عرفہ سے لوٹنے کے لئے مستعمل ہے...........اور مزدلفہ کا دوسرا نام جَمْع ہے۔

بَابُ السَّيْرِ إِذَا دَفَعَ مِنْ عَرَفَةَ

جب عرفہ سے لوٹے تو تیز چلے

جب عرفہ سے مزدلفہ لوٹے تو تیز چلے تاکہ جلدی مزدلفہ پہنچے اور کچھ دیر آرام کرنے کا موقعہ ملے، نبی ﷺ اونٹ پر مزدلفہ کی طرف لوٹے ہیں، آپ کی رفتار عَنَق تھی، یہ ایک چال کا نام ہے، اردو میں اس کے لئے کوئی لفظ نہیں، اور حاشیہ میں اس کے معنی کئے ہیں: السَير السريع۔ یعنی آنحضور ﷺ اونٹنی پر تیز چل رہے تھے، اور جہاں چھیڑ ہوتی آپ کی چال نصّ ہوجاتی، اس کے لئے بھی اردو میں کوئی لفظ نہیں، یہ عَنَق سے تیز چال ہے۔

لغات: العَنَق: اونٹوں اور گھوڑوں کی تیز رفتار............ نَصَّ الدابةَ: چوپائے کو تیز دوڑانا۔

[٩٢-] بَابُ السَّيْرِ إِذَا دَفَعَ مِنْ عَرَفَةَ

[١٦٦٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ قَالَ: سُئِلَ أُسَامَةُ وَأَنَا جَالِسٌ: كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسِيْرُ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ حِيْنَ دَفَعَ؟ قَالَ: كَانَ يَسِيْرُ الْعَنَقَ، فَإِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ.

قَالَ هِشَامٌ: وَالنَّصُّ فَوْقَ الْعَنَقِ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: فَجْوَةٌ: مُتَّسَعٌ، وَالْجَمِيْعُ فَجَوَاتٌ وَفِجَاءٌ، وَكَذٰلِكَ رَكْوَةٌ وَرِكَاءٌ ﴿مَنَاصٍ﴾ [ص: ٣]: لَيْسَ حِيْنَ فِرَارٍ. [انظر: ٢٩٩٩، ٤٤١٣]

لغات: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: فَجْوَة کے معنی ہیں: کشادہ جگہ، اس کی جمع فَجَوَات اور فِجاء ہے جیسے رَكْوَة (چھوٹا ڈول) کی جمع رِكاءٌ ہے، اور سورۂ ص میں جو ﴿مَنَاصٍ﴾ آیا ہے اس کے معنی ہیں: بھاگنا، ﴿ولاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ﴾: کفار کے لئے بھاگنے کا موقع نہیں۔

قوله: مَناص: ليس حِيْنَ فِرَارٍ: یہ عبارت بعض نسخوں میں ہے۔ نَصّ اور مَناص کا مادہ ایک سمجھ لیا گیا ہے اس لئے نص کی مناسبت سے مناص کے معنی بیان کئے ہیں، جبکہ نصّ مضاعف ہے اور مناص (مصدر میمی یا اسم ظرف) معتل (اجوف واوی) ہے، نَاصَ (ن) نَوْصًا: بھاگنا، نَاصَ الفرسُ: گھوڑے کا بھاگنے کے لئے سر اٹھانا، پس جس نسخہ میں یہ عبارت نہیں ہے وہ راجح ہے (حاشیہ)

بَابُ النُّزُوْلِ بَيْنَ عَرَفَةَ وَجَمْعٍ

عرفہ اور مزدلفہ کے درمیان اترنا

جب نبی ﷺ عرفہ سے مزدلفہ لوٹے تھے تو راستہ میں آپؐ نے پیشاب کی ضرورت محسوس کی اور کسی گھاٹی میں اتر کر پیشاب کیا، پھر ہلکا وضو کیا۔ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! نماز پڑھیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: نماز آگے ہے، یعنی مزدلفہ میں جا کر نماز پڑھیں گے، یہ جو آنحضور ﷺ عرفہ اور مزدلفہ کے درمیان اترے ہیں اس مناسبت سے حضرت رحمہ اللہ نے یہ باب رکھا ہے، حالانکہ آنحضور ﷺ کا وہاں اترنا اتفاقی تھا، یہ اترنا مناسک میں شامل نہیں۔

[٩٣-] بَابُ النُّزُوْلِ بَيْنَ عَرَفَةَ وَجَمْعٍ

[١٦٦٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ

كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حَيْثُ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَةَ، مَالَ إِلَى الشِّعْبِ، فَقَضَى حَاجَتَهُ، فَتَوَضَّأَ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتُصَلِّيْ؟ قَالَ: "الصَّلاَةُ أَمَامَكَ" [راجع: ١٣٩]

[١٦٦٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ، غَيْرَ أَنَّهُ يَمُرُّ بِالشِّعْبِ الَّذِيْ أَخَذَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَيَدْخُلُ فَيَنْتَفِضُ، وَيَتَوَضَّأُ، وَلاَ يُصَلِّيْ حَتَّى يُصَلِّيَ بِجَمْعٍ.[راجع: ١٠٩١]

[١٦٦٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ حَرْمَلَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّهُ قَالَ: رَدِفْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ عَرَفَاتٍ، فَلَمَّا بَلَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الشِّعْبَ الْأَيْسَرَ الَّذِيْ دُوْنَ الْمُزْدَلِفَةِ أَنَاخَ، فَبَالَ، ثُمَّ جَاءَ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ الْوَضُوْءَ، فَتَوَضَّأَ وُضُوْءً خَفِيْفًا، فَقُلْتُ: الصَّلاَةُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "الصَّلاَةُ أَمَامَكَ" فَرَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى أَتَى الْمُزْدَلِفَةَ، فَصَلَّى، ثُمَّ رَدِفَ الْفَضْلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غَدَاةَ جَمْعٍ.[راجع: ١٣٩]

[١٦٧٠-] قَالَ كُرَيْبٌ، فَأَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَزَلْ يُلَبِّيْ حَتَّى بَلَغَ الْجَمْرَةَ.[راجع: ١٥٤٤]

وضاحت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما عرفہ سے واپسی میں جس گھاٹی میں نبی ﷺ نے پیشاب کیا تھا، وہاں اتر کر پیشاب اور وضو کرتے، حضرت ابن عمرؓ کی شان نرالی تھی، انھوں نے ان جگہوں کو یاد رکھا تھا جہاں نبی ﷺ نے حج کے سفر میں اتفاقاً نماز پڑھی تھی، ابن عمرؓ وہاں اتر کر نماز پڑھتے تھے، بلکہ جہاں آپؐ قضائے حاجت کے لئے اترے ہیں ان جگہوں کو بھی یاد رکھا تھا، وہاں بھی اترتے تھے، اور استنجاء کرنے کی ہیئت بنا کر بیٹھتے تھے، مگر استنجاء نہیں کرتے تھے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مزاج دوسرا تھا، وہ ایسی جگہوں کو غیر معمولی اہمیت نہیں دیتے تھے۔ تفصیل (تحفۃ القاری ۲: ۳۴۲) میں ہے۔

بَابُ أَمْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالسَّكِيْنَةِ عِنْدَ الإِفَاضَةِ وَإِشَارَتِهِ إِلَيْهِمْ بِالسَّوْطِ

عرفہ سے لوٹتے وقت نبی ﷺ کا سکون سے چلنے کا حکم دینا اور لوگوں کی طرف کوڑے سے اشارہ کرنا

جب عرفہ سے واپسی ہوتی ہے تو ہر ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرتا ہے، اور دھکا مکی ہوتی ہے، یہ ٹھیک نہیں، اطمینان سے چلنا چاہئے، چھیڑ ہو تو تیز چلے اور بھیڑ ہو تو لوگوں کا خیال رکھے۔ نبی ﷺ جب عرفہ سے لوٹے تو آپؐ نے

محسوس کیا کہ پیچھے لوگ اونٹوں کو مار رہے ہیں اور بھگا رہے ہیں، آپؐ نے کوڑا اونچا کر کے خاموش رہنے کا اشارہ کیا پھر فرمایا: ''لوگو! اطمینان سے چلو، سواریاں بھگانا کوئی نیکی کا کام نہیں''

[۹۴-] بَابُ أَمْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالسَّكِيْنَةِ عِنْدَ الإِفَاضَةِ، وَإِشَارَتِهِ إِلَيْهِمْ بِالسَّوْطِ

[۱٦٧١-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سُوَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ أَبِيْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ مَوْلَى وَالِبَةَ الْكُوْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ دَفَعَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ عَرَفَةَ، فَسَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَرَاءَهُ زَجْرًا شَدِيْدًا وَضَرْبًا لِلإِبِلِ، فَأَشَارَ بِسَوْطِهِ إِلَيْهِمْ، وَقَالَ: '' أَيُّهَا النَّاسُ، عَلَيْكُمْ بِالسَّكِيْنَةِ فَإِنَّ الْبِرَّ لَيْسَ بِالإِيْضَاعِ''
أَوْضَعُوْا: أَسْرَعُوْا﴿ خِلاَلَكُمْ﴾ [التوبة: ٤٧] مِنَ التَّخَلُّلِ: بَيْنَكُمْ﴿وَفَجَّرْنَا خِلاَلَهُمَا﴾[الكهف: ۳۳]: بَيْنَهُمَا.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم عرفہ سے لوٹے پس آپؐ نے اپنے پیچھے بہت شور اور اونٹوں کو مارنے کی آواز سنی، پس آپؐ نے اپنے کوڑے سے لوگوں کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: لوگو! اطمینان کو لازم پکڑو، یعنی اطمینان سے چلو، اس لئے کہ تیز چلنا کوئی ثواب کا کام نہیں۔

لغات: حدیث میں إیضاع (مصدر) آیا ہے، جس کے معنی ہیں: سوار کا جانور کو تیز دوڑانا، اور أَوْضَعُوْا کے معنی ہیں: أسْرَعوا، یعنی تیز چلنا۔ سورۂ توبہ (آیت ۴۷) میں ہے: ﴿لأَوْضَعُوْا خِلٰلَکُمْ﴾ وہ گھوڑے دوڑاتے ہیں تمہارے درمیان۔ خلٰلکم: تَخَلُّل سے ہے اور اس کے معنی ہیں: تمہارے درمیان، اسی طرح سورۂ کہف (آیت ۳۳) میں ہے: ﴿وَفَجَّرْنَا خِلاَلَهُمَا نَهَرًا﴾: اور بہادی ہم نے ان کے درمیان نہر، خلال کے معنی ہیں: درمیان۔

بَابُ الْجَمْعِ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ بِالْمُزْدَلِفَةِ

مزدلفہ میں مغرب اور عشاء ایک ساتھ پڑھنا

جس نے بھی حج کا احرام باندھ رکھا ہے وہ مغرب اور عشاء مزدلفہ میں عشاء کے وقت میں پڑھے گا، عشاء کا وقت داخل ہونے سے پہلے مغرب کی نماز پڑھنا جائز نہیں، اور جس کا حج کا احرام نہیں وہ مغرب: مغرب کے وقت میں اور عشاء: عشاء کے وقت میں پڑھے گا، اس کے لئے جمع کرنا جائز نہیں (کتاب الحج باب ۸۹)

[۹۵-] بَابُ الْجَمْعِ بَيْنَ الصَّلاَ تَيْنِ بِالْمُزْدَلِفَةِ

[۱٦٧٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: دَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ عَرَفَةَ، فَنَزَلَ الشِّعْبَ، فَبَالَ ثُمَّ تَوَضَّأَ، وَلَمْ يُسْبِغِ الْوُضُوْءَ، فَقُلْتُ لَهُ: الصَّلاَةُ؟ فَقَالَ: "الصَّلاَةُ أَمَامَكَ" فَجَاءَ الْمُزْدَلِفَةَ فَتَوَضَّأَ فَأَسْبَغَ، ثُمَّ أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، ثُمَّ أَنَاخَ كُلُّ إِنْسَانٍ بَعِيْرَهُ فِيْ مَنْزِلِهِ، ثُمَّ أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَصَلَّى وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا. [راجع: ۱۳۹]

حوالہ: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الوضوء باب ٦ (تحفۃ القاری ۱: ۴۵۲) میں گذری ہے۔

بَابُ مَنْ جَمَعَ بَيْنَهُمَا وَلَمْ يَتَطَوَّعْ

جس نے مغرب اور عشاء ایک ساتھ پڑھیں اور سنتیں نہیں پڑھیں

جب نبی ﷺ نے مزدلفہ میں عشائین کو جمع کیا تو ان کے درمیان سنتیں نہیں پڑھی تھیں، چنانچہ بعض حضرات کہتے ہیں کہ مزدلفہ میں عشائین کے درمیان نفلیں نہیں پڑھنی چاہئیں مگر یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مزدلفہ میں مغرب کے بعد سنتیں پڑھی ہیں، اسی لئے حضرت رحمہ اللہ نے ترجمہ میں مَن رکھا ہے۔ اور آنحضور ﷺ نے سنتیں مصلحتاً نہیں پڑھی تھیں، آپؐ بہت سے مستحب کام عام مجمع میں نہیں کرتے تھے تاکہ لوگ ان کو لازم نہ سمجھ لیں۔

[۹٦-] بَابُ مَنْ جَمَعَ بَيْنَهُمَا وَلَمْ يَتَطَوَّعْ

[۱٦٧٣-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَمَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ، كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا بِإِقَامَةٍ، وَلَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا، وَلاَ عَلٰى إِثْرِ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا. [راجع: ۱۰۹۱]

[۱٦٧٤-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْخَطْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيُّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَمَعَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ. [انظر: ٤٤١٤]

قوله: بإقامة: یعنی مغرب اور عشاء میں سے ہر ایک کے لئے تکبیر کہی (اذان سے قطع نظر)............**قوله: ولا على**

اثر: نبی ﷺ نے نہ مغرب کے بعد سنتیں پڑھیں نہ عشاء کے بعد —— اور دوسری روایت میں مغرب کے بعد سنتیں نہ پڑھنے کا اشارہ ہے، جمع اسی صورت میں متحقق ہوگا۔

بَابُ مَنْ أَذَّنَ وَأَقَامَ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا

جس نے مغرب وعشاء میں سے ہر ایک کے لئے اذان واقامت کہی

مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کے لئے ایک اذان اور ایک تکبیر کہی جائے گی یا دو اذانیں اور دو تکبیریں یا ایک اذان اور دو تکبیریں؟ اس سلسلہ میں حاشیہ میں چھ قول ہیں۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا راجح قول یہ ہے کہ ایک اذان اور دو تکبیریں کہی جائیں گی، یعنی مغرب کے لئے اذان بھی کہیں گے اور تکبیر بھی، اور عشاء کے لئے صرف تکبیر کہیں گے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دو اذانیں اور دو تکبیریں کہی جائیں گی۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ایک اذان اور ایک تکبیر ہے یعنی مغرب کے لئے اذان بھی ہے اور تکبیر بھی اور عشاء کے لئے نہ اذان ہے نہ تکبیر، اور میری ناقص رائے یہ ہے کہ اگر مغرب کے بعد فوراً عشاء پڑھی جائے تو عشاء کے لئے تکبیر کی ضرورت نہیں، ایک تکبیر کافی ہے۔ اور اگر دونوں نمازوں کے درمیان فصل ہو، جیسے نبی ﷺ نے مغرب پڑھا کر وقفہ کیا تھا تاکہ لوگ اونٹوں پر سے سامان اتارلیں اور اونٹوں کو باندھ دیں، پھر عشاء پڑھائی تھی، ایسی صورت میں عشاء کے لئے الگ تکبیر کہنی چاہئے۔ اور فاصلہ زیادہ ہوجائے تو اذان بھی کہنی چاہئے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مزدلفہ میں مغرب پڑھائی، پھر کھانا تناول فرمایا، پھر اذان کہی گئی اور عشاء پڑھائی۔

[۹۷-] بَابُ مَنْ أَذَّنَ وَأَقَامَ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا

[۱۶۷۵-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ، يَقُوْلُ: حَجَّ عَبْدُ اللّٰهِ، فَأَتَيْنَا الْمُزْدَلِفَةَ حِيْنَ الْأَذَانِ بِالْعَتَمَةِ أَوْ قَرِيْبًا مِنْ ذٰلِكَ، فَأَمَرَ رَجُلاً فَأَذَّنَ وَأَقَامَ ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ، وَصَلَّى بَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ دَعَا بِعَشَائِهِ فَتَعَشَّى، ثُمَّ أَمَرَ - أُرٰى - رَجُلاً فَأَذَّنَ وَأَقَامَ، قَالَ عَمْرٌو: وَلَا أَعْلَمُ الشَّكَّ إِلَّا مِنْ زُهَيْرٍ، ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ، فَلَمَّا طَلَعَ الْفَجْرُ قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ لَا يُصَلِّيْ هٰذِهِ السَّاعَةَ إِلَّا هٰذِهِ الصَّلاَةَ فِي هٰذَا الْمَكَانِ مِنْ هٰذَا الْيَوْمِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: هُمَا صَلاَتَانِ تُحَوَّلَانِ عَنْ وَقْتِهِمَا: صَلاَةُ الْمَغْرِبِ بَعْدَ مَا يَأْتِي النَّاسُ الْمُزْدَلِفَةَ، وَالْفَجْرُ حِيْنَ يَبْزُغُ الْفَجْرُ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُهُ.

[انظر: ۱۶۸۲، ۱۶۸۳]

ترجمہ: عبدالرحمٰن بن یزید کہتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حج کیا، پس ہم اس وقت مزدلفہ پہنچے جب عشاء کی اذان ہوتی ہے یا اس کے قریب، پس آپؓ نے ایک آدمی کو حکم دیا اس نے اذان کہی اور تکبیر کہی، پھر آپؓ نے مغرب پڑھائی اور مغرب کے بعد دوسنتیں پڑھیں پھر شام کا کھانا طلب فرمایا، پس کھانا تناول فرمایا، پھر ایک شخص کو — میرا خیال ہے — حکم دیا پس اس نے اذان اور تکبیر کہی۔ عمرو کہتے ہیں: یہ زُہیر کا شک ہے یعنی أُرَی زہیر کا قول ہے، پھر عشاء کی دو رکعتیں پڑھائیں پھر جب صبح صادق ہوئی تو فرمایا: بیشک نبی ﷺ اس وقت فجر کی نماز نہیں پڑھتے تھے، مگر اس دن میں اس جگہ میں یعنی صبح صادق کے بعد فوراً فجر کی نماز پڑھنے کا معمول نہیں تھا، مگر آپؐ نے مزدلفہ میں صبح صادق ہوتے ہی فوراً فجر کی نماز پڑھی تھی۔ ابن مسعودؓ کہتے ہیں: یہ دو نمازیں اپنی جگہ سے ہٹائی گئی ہیں، مغرب کی نماز لوگوں کے مزدلفہ آنے کے بعد پڑھی جاتی ہے اور فجر کی نماز صبح کی پو پھٹتے ہی پڑھی جاتی ہے، حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے۔

تشریح: آنحضور ﷺ نے فجر کی نماز مسجد مشعر حرام میں پڑھائی تھی، پھر جبل قزح کے دامن میں وقوف کیا تھا، اور سورج طلوع ہونے سے پہلے منیٰ کی طرف روانہ ہوئے تھے، اور مسجد مشعر حرام سے جبل قزح تک جانے میں کافی وقت لگتا ہے، اس لئے آپؐ نے صبح صادق ہوتے ہی فجر کی نماز پڑھی تھی۔

بَابُ مَنْ قَدَّمَ ضَعَفَةَ أَهْلِهِ بِلَيْلٍ، فَيَقِفُوْنَ بِالْمُزْدَلِفَةِ، وَيَدْعُوْنَ، وَيُقَدِّمُ إِذَا غَابَ الْقَمَرُ

جو رات میں خاندان کے کمزوروں کو آگے بھیج دے، پس وہ مزدلفہ میں ٹھہریں اور دعا کریں، پھر جس وقت چاند غروب ہو ان کو آگے بھیج دے

عورتوں، بچوں، بوڑھوں اور بیماروں کو عرفہ سے منیٰ بھیج دینا جائز ہے۔ ان پر مزدلفہ میں رات گذارنا اور وقوفِ مزدلفہ کرنا واجب نہیں۔ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں ازواج کو اور خاندان کے بچوں کو عرفہ سے منیٰ بھیج دیا تھا، اور یہ تاکید فرمائی تھی کہ جب مزدلفہ سے گذرو تو تھوڑی دیر رک جانا اور ذکر واذکار اور دعاؤں میں مشغول ہونا، پھر جب چاند چھپ جائے تو رات ہی میں منیٰ چلے جانا۔ جاننا چاہئے کہ مزدلفہ میں رات گذارنا سنت ہے اور صبح صادق کے بعد وقوف واجب ہے، مگر یہ ایسا واجب ہے جو عذر کی وجہ سے ساقط ہو جاتا ہے۔

حج میں چھ واجبات ایسے ہیں جن کا وجوب عذر کی وجہ سے ساقط ہو جاتا ہے: (۱) طوافِ زیارت پیدل کرنا واجب ہے مگر بیماری کی صورت میں سوار ہو کر بھی جائز ہے (۲) حج کی سعی بھی پیدل کرنا واجب ہے مگر بیماری کے عذر سے سوار ہو کر بھی کر سکتے ہیں (۳) طوافِ زیارت کا وقت بارہ ذی الحجہ کا سورج غروب ہونے تک ہے مگر حیض ونفاس کے عذر کی وجہ سے تاخیر بھی جائز ہے (۴) حاجی پر طواف وَداع واجب ہے مگر روانگی کے وقت اگر کوئی عورت حیض یا نفاس میں ہو تو اس پر واجب نہیں (۵) احرام کھولنے کے لئے سر کے بال منڈانا یا کتروانا واجب ہے لیکن اگر بال نہ ہوں یا سر میں زخم ہو تو واجب

نہیں (۲) وقوفِ مزدلفہ واجب ہے مگر عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کے لئے واجب نہیں، وہ وقوفِ مزدلفہ چھوڑ سکتے ہیں۔

[۹۸-] بَابُ مَنْ قَدَّمَ ضَعَفَةَ أَهْلِهِ بِلَيْلٍ، فَيَقِفُوْنَ بِالْمُزْدَلِفَةِ، وَيَدْعُوْنَ، وَيُقَدِّمُ إِذَا غَابَ الْقَمَرُ

[۱۶۷۶-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ سَالِمٌ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يُقَدِّمُ ضَعَفَةَ أَهْلِهِ، فَيَقِفُوْنَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ بِالْمُزْدَلِفَةِ بِلَيْلٍ، فَيَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ مَا بَدَا لَهُمْ، ثُمَّ يَرْجِعُوْنَ قَبْلَ أَنْ يَقِفَ الإِمَامُ وَقَبْلَ أَنْ يَدْفَعَ، فَمِنْهُمْ مَنْ يَقْدَمُ مِنًى لِصَلَاةِ الْفَجْرِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَقْدَمُ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَإِذَا قَدِمُوْا رَمَوُا الْجَمْرَةَ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ: أَرْخَصَ فِيْ أُوْلٰئِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: سالم رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمر رضی اللہ عنہما اپنے خاندان کے کمزوروں کو پہلے بھیج دیا کرتے تھے، پس وہ رات میں مزدلفہ میں مشعر حرام کے پاس ٹھہرتے تھے اور اللہ کا ذکر کرتے تھے جتنا ان کا جی چاہتا، پھر وہ امام المسلمین کے وقوف کرنے اور روانہ ہونے سے پہلے ہی (منیٰ کی طرف) چل دیتے تھے، پس بعض فجر کی نماز کے وقت منیٰ پہنچ جاتے تھے اور بعض اس کے بعد، اور وہ منیٰ میں پہنچ کر جمرہ کی رمی کر لیتے تھے (دس ذی الحجہ کی رمی کا وقت صبح صادق سے اگلے دن کی صبح صادق تک ہے) اور ابن عمرؓ فرمایا کرتے تھے: نبی ﷺ نے ان کمزوروں کو یہ سہولت دی ہے۔

[۱۶۷۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: بَعَثَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ. [انظر: ۱۶۷۸، ۱۸۵۶]

[۱۶۷۸-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ يَزِيْدَ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: أَنَا مِمَّنْ قَدَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ فِي ضَعَفَةِ أَهْلِهِ.

ملحوظہ: بچہ ہونا کمزور ہونا ہے اسی طرح عورت ہونا بھی کمزور ہونا ہے۔

[۱۶۷۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ مَوْلىٰ أَسْمَاءَ، عَنْ أَسْمَاءَ: أَنَّهَا نَزَلَتْ لَيْلَةَ جَمْعٍ عِنْدَ الْمُزْدَلِفَةِ، فَقَامَتْ تُصَلِّيْ، فَصَلَّتْ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَتْ: يَا بُنَيَّ! هَلْ غَابَ الْقَمَرُ؟ قُلْتُ: لَا، فَصَلَّتْ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَتْ: يَا بُنَيَّ! هَلْ غَابَ الْقَمَرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَتْ: فَارْتَحِلُوْا، فَارْتَحَلْنَا فَمَضَيْنَا حَتَّى رَمَتِ الْجَمْرَةَ، ثُمَّ رَجَعَتْ فَصَلَّتِ الصُّبْحَ فِي مَنْزِلِهَا، فَقُلْتُ لَهَا: يَا هَنْتَاهُ! مَا أُرَانَا إِلَّا قَدْ غَلَّسْنَا، قَالَتْ: يَا بُنَيَّ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَذِنَ لِلظُّعُنِ.

ترجمہ: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کا آزاد کردہ عبداللہ کہتا ہے: حضرت اسماءؓ مزدلفہ کی رات مزدلفہ میں اتریں۔ پس نماز

پڑھنے لگیں، تھوڑی دیر نماز پڑھتی رہیں پھر پوچھا: بیٹے! چاند چھپ گیا؟ میں نے کہا: نہیں، پھر وہ تھوڑی دیر نماز پڑھتی رہیں پھر پوچھا: بیٹے! چاند چھپ گیا؟ میں نے کہا: ہاں، پس انھوں نے کہا: سفر شروع کرو، پس ہم نے سفر شروع کیا، اور ہم جمرات کے پاس سے گذرے، یہاں تک کہ انھوں نے جمرہ کو کنکریاں ماریں، پھر واپس لوٹیں، اور اپنے ڈیرے میں فجر کی نماز پڑھی، میں نے ان سے عرض کیا: بی بی! میرا خیال ہے: ہم نے اندھیرے میں رمی کی، انھوں نے فرمایا: بیٹے! نبی ﷺ نے عورتوں کو اس کی اجازت دی ہے......... الظُّعُن جمع ہے، مفرد الظَّعون والظَّعونة ہے، اور معنی ہیں: بار بردار اونٹ، ہودہ اٹھانے والا اونٹ، اور یہاں مراد عورت ہے۔

[۱۶۸۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، هُوَ ابْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَتْ سَوْدَةُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ جَمْعٍ، وَكَانَتْ ثَقِيْلَةً ثَبِطَةً، فَأَذِنَ لَهَا. [انظر: ۱۶۸۱]

[۱۶۸۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: نَزَلْنَا الْمُزْدَلِفَةَ، فَاسْتَأْذَنَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم سَوْدَةُ أَنْ تَدْفَعَ قَبْلَ حَطْمَةِ النَّاسِ، وَكَانَتِ امْرَأَةً بَطِيْئَةً، فَأَذِنَ لَهَا فَدَفَعَتْ قَبْلَ حَطْمَةِ النَّاسِ، وَأَقَمْنَا حَتَّى أَصْبَحْنَا نَحْنُ ثُمَّ دَفَعْنَا بِدَفْعِهِ، فَلَأَنْ أَكُوْنَ اسْتَأْذَنْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَمَا اسْتَأْذَنَتْ سَوْدَةُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ مَفْرُوْحٍ بِهِ.

لغات: ثَقِلَة: وزنی، بھاری......... ثَبِطَة: بھاری، وزنی (دونوں مترادف ہیں)

حدیث (۲): صدیقہؓ فرماتی ہیں: ہم مزدلفہ میں اترے، پس حضرت سودہؓ نے نبی ﷺ سے لوگوں کے ہجوم سے پہلے روانہ ہونے کی اجازت مانگی، اور وہ بھاری بدن کی عورت تھیں، پس آپؐ نے ان کو اجازت دیدی، چنانچہ وہ لوگوں کے ہجوم سے پہلے منیٰ چلی گئیں، اور ہم صبح تک وہیں رہے، پھر ہم آپؐ کے روانہ ہونے کے ساتھ روانہ ہوئے، پس اگر میں نبی ﷺ سے اجازت لے لیتی جیسے سودہؓ نے اجازت لی تھی تو مجھے آپؐ کی رفاقت کی خوشی سے زیادہ خوشی ہوتی۔

تشریح: أحبُّ إليَّ من مَفْرُوْحٍ به: ادبی جملہ ہے، صبح تک جو آنحضور ﷺ کی رفاقت حاصل رہی یہ وہ چیز ہے جس پر خوش ہوا گیا، رفاقت کی اسی خوشی میں صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اجازت نہیں چاہی تھی، پھر جب بھیڑ سے دوچار ہونا پڑا تو اندازہ ہوا کہ اس خوشی سے بہتر یہ تھا کہ وہ بھی حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کی طرح اجازت لے کر رات ہی میں منیٰ چلی جاتیں۔

بَابٌ: مَنْ يُصَلِّى الْفَجْرَ بِجَمْعٍ

جو شخص مزدلفہ میں فجر کی نماز پڑھے

حجۃ الوداع میں نبی ﷺ نے دو نمازیں معمول سے ہٹ کر پڑھی تھیں، ایک: مغرب کی نماز مزدلفہ میں پہنچ کر عشاء کے

وقت میں پڑھی تھیں، اور دوسری: فجر کی نماز صبح صادق ہوتے ہی فوراً پڑھی تھی۔ یہاں طالب علم کا سوال ہے کہ عرفات میں عصر کی نماز بھی معمول سے ہٹ کر پڑھی تھی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ خطابی گفتگو میں اگرچہ الفاظ عام ہوتے ہیں لیکن پیش نظر خاص معاملہ ہوتا ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ نے مزدلفہ میں یہ بات فرمائی تھی، پس مزدلفہ کے تعلق سے ان دو نمازوں کی تخصیص ہے۔

[۹۹-] بَابٌ: مَنْ يُصَلِّى الْفَجْرَ بِجَمْعٍ

[۱۶۸۲-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عُمَارَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم صَلَّی صَلاَ ةً لِغَيْرِ مِيْقَاتِهَا إِلَّا صَلاَ تَيْنِ: جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، وَصَلَّى الْفَجْرَ قَبْلَ مِيْقَاتِهَا. [راجع: ۱۶۷۵]

[۱۶۸۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ إِلٰى مَكَّةَ، ثُمَّ قَدِمْنَا جَمْعًا، فَصَلَّى الصَّلاَ تَيْنِ، كُلَّ صَلاَ ةٍ وَحْدَهَا بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ، وَالْعَشَاءُ بَيْنَهُمَا، ثُمَّ صَلَّى الْفَجْرَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ، قَائِلٌ يَقُوْلُ: طَلَعَ الْفَجْرُ، وَقَائِلٌ يَقُوْلُ: لَمْ يَطْلُعِ الْفَجْرُ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "إِنَّ هَاتَيْنِ الصَّلاَ تَيْنِ حُوِّلَتَا عَنْ وَقْتِهِمَا فِی هٰذَا الْمَكَانِ: الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ، فَلاَ يَقْدَمُ النَّاسُ جَمْعًا حَتّٰى يُعْتِمُوْا، وَصَلاَ ةَ الْفَجْرِ هٰذِهِ السَّاعَةَ" ثُمَّ وَقَفَ حَتّٰى أَسْفَرَ، ثُمَّ قَالَ: لَوْ أَنَّ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَفَاضَ الآنَ أَصَابَ السُّنَّةَ، فَمَا أَدْرِیْ أَقَوْلُهُ كَانَ أَسْرَعَ أَمْ دَفْعُ عُثْمَانَ، فَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّیْ حَتّٰى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ يَوْمَ النَّحْرِ. [راجع: ۱۶۷۵]

حدیث(۱): ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو کوئی نماز اس کے وقت سے ہٹ کر پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا مگر دو نمازیں: آپؐ نے (مزدلفہ میں) مغرب اور عشاء کو ایک ساتھ پڑھا، اور فجر کی نماز اس کے وقت یعنی معمول سے پہلے پڑھی۔

حدیث(۲): عبدالرحمٰن کہتے ہیں: میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ (عراق سے) مکہ کی طرف نکلا، پس ہم مزدلفہ میں پہنچے، پس آپؓ نے دو نمازیں ایک ساتھ پڑھیں، ان میں سے ہر نماز علاحدہ اذان اور تکبیر کے ساتھ پڑھی، اور دونوں نمازوں کے درمیان شام کا کھانا کھایا، پھر فجر کی نماز پڑھی، جب صبح صادق طلوع ہوئی، ایسے وقت کہ کوئی کہنے والا کہتا: صبح صادق ہوگئی، اور کوئی کہتا: ابھی نہیں ہوئی۔ پھر فرمایا: بیشک نبی ﷺ نے فرمایا ہے: یہ دو نمازیں: (۱) مغرب اور عشاء اس جگہ میں اس کے وقت سے ہٹادی گئی ہیں، پس لوگ مزدلفہ میں نہیں پہنچتے مگر جب اندھیرا ہوجاتا ہے یعنی اس مجبوری میں مغرب میں تاخیر کی جاتی ہے (۲) اور فجر کی نماز اس گھڑی میں یعنی جلدی پڑھی جائے، وہ بھی اپنے وقت سے ہٹادی گئی ہے۔ پھر حضرت ابن مسعودؓ نے وقوف کیا، یہاں تک کہ روشنی پھیل گئی، پھر فرمایا: اگر امیر المؤمنین اس وقت مزدلفہ

سے لوٹیں تو وہ سنت کے موافق ہوگا (عبدالرحمٰن کہتے ہیں) پس میں نہیں جانتا کہ ابن مسعودؓ کا کہنا پہلے تھا یا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا لوٹنا یعنی ابھی حضرت ابن مسعودؓ کی بات پوری بھی نہیں ہوئی تھی کہ حضرت عثمانؓ منیٰ کے لئے روانہ ہوگئے، پس ابن مسعودؓ برابر تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ قربانی کے دن جمرۂ عقبہ کی رمی کی (پھر تلبیہ موقوف کردیا)

بَابٌ: مَتَى يُدْفَعُ مِنْ جَمْعٍ؟

مزدلفہ سے کب چلے؟

مشرکین مزدلفہ سے اس وقت لوٹتے تھے جب سورج نکل آتا تھا، مزدلفہ میں جبل قزح کے دامن میں وقوف کیا جاتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہیں وقوف کیا تھا، یہ پہاڑ مشرقی جانب ہے، سورج اس کی اوٹ سے نکلتا ہے، دوسری طرف ثبیر پہاڑ ہے جب اس کی چوٹی پر دھوپ پڑتی تھی تو مشرکین مزدلفہ سے منیٰ کی طرف روانہ ہوتے تھے، وہ کہتے تھے: أَشْرِقْ ثَبِيْرُ لِكَيْ نُغِيْرُ: ثبیر چمک جا تاکہ ہم روانہ ہوں، مگر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حج فرمایا تو آپؐ سورج نکلنے سے پہلے ہی مزدلفہ سے روانہ ہوگئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے عمل سے مشرکین کی مخالفت کی، یعنی مشرکین نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریقے میں تبدیلی کردی تھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی اصلاح کردی۔

[١٠٠-] بَابٌ: مَتَى يُدْفَعُ مِنْ جَمْعٍ؟

[١٦٨٤-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ، يَقُوْلُ: شَهِدْتُ عُمَرَ، صَلَّى بِجَمْعٍ الصُّبْحَ، ثُمَّ وَقَفَ، فَقَالَ: إِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ كَانُوْا لاَ يُفِيْضُوْنَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَيَقُوْلُوْنَ: أَشْرِقْ ثَبِيْرُ، وَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَالَفَهُمْ، ثُمَّ أَفَاضَ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ. [انظر: ٣٨٣٨]

عمرو بن میمون کہتے ہیں: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا، آپؓ نے مزدلفہ میں فجر کی نماز پڑھائی، پھر وقوف کیا، پس فرمایا: بیشک مشرکین نہیں لوٹتے تھے تا آنکہ سورج نکل آتا، اور کہا کرتے تھے: ثبیر چمک جا، اور بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی مخالفت کی، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سورج طلوع ہونے سے پہلے لوٹ گئے۔

بَابُ التَّلْبِيَةِ وَالتَّكْبِيْرِ غَدَاةَ النَّحْرِ حِيْنَ يَرْمِيْ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ، وَالإِرْتِدَافِ فِي السَّيْرِ

تلبیہ پڑھنا اور تکبیر کہنا جب دس کی صبح کو جمرہ کی رمی کرے، اور سواری پر پیچھے کسی کو بٹھانا

جب مزدلفہ سے منیٰ جائیں گے تو تلبیہ پڑھتے ہوئے جائیں گے، اور تکبیر، تسبیح اور تحمید کا ورد بھی کرسکتے ہیں۔ اور منیٰ پہنچ

کر جمرۂ عقبی کی رمی کریں گے، اور رمی کے ساتھ ہی تلبیہ بند کردیں گے، نبی ﷺ مزدلفہ سے واپسی میں برابر تلبیہ پڑھ رہے، پھر جب جمرۂ عقبہ کی رمی کی تو تلبیہ پڑھنا بند کردیا۔ اس موقع پر حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما آپؐ کے ردیف تھے، اور جب عرفہ سے مزدلفہ آئے تھے تو حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ ردیف تھے، اس دوران بھی آپؐ برابر تلبیہ پڑھ رہے تھے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں دو حدیثیں لکھی ہیں، دونوں میں صرف تلبیہ کا ذکر ہے، تکبیر کا ذکر نہیں، جبکہ باب میں تکبیر کا بھی ذکر ہے، اس سلسلہ میں علامہ عینی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ باب میں جتنے اجزاء ہوں، سب کا حدیث میں ذکر ضروری نہیں، بعض مرتبہ امام بخاری رحمہ اللہ دیگر احادیث کو پیش نظر رکھ کر بھی باب قائم کرتے ہیں جو بخاری میں کسی اور جگہ یا کسی اور کتاب میں ہوتی ہے، تاکہ طالب علم اس حدیث کو تلاش کرے۔

[۱۰۱-] بَابُ التَّلْبِيَةِ وَالتَّكْبِيرِ غَدَاةَ النَّحْرِ حِيْنَ يَرْمِي جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ، وَالِارْتِدَافِ فِي السَّيْرِ

[۱۶۸۵-] حدثنا أَبُوْعَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَرْدَفَ الْفَضْلَ، فَأَخْبَرَ الْفَضْلُ أَنَّهُ لَمْ يَزَلْ يُلَبِّيْ حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ.
[راجع: ۱۵۲۴]

[۱۶۸۶و۱۶۸۷-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ يُوْنُسَ الْأَيْلِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ أُسَامَةَ كَانَ رِدْفَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ عَرَفَةَ إِلَى الْمُزْدَلِفَةِ، ثُمَّ أَرْدَفَ الْفَضْلَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى، قَالَ: فَكِلَاهُمَا قَالَ: لَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُلَبِّيْ حَتَّى رَمَىٰ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ. [راجع: ۱۵۴۳، ۱۵۴۴]

بَابٌ: ﴿فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ﴾

حج کے ساتھ عمرہ کرنا

حج کے سفر میں عمرہ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، یعنی حج اور عمرہ دونوں کرسکتے ہیں، خواہ قران کی شکل میں کرے یا تمتع کی شکل میں، اور دلیل اللہ پاک کا یہ ارشاد ہے: ''پس جو کوئی فائدہ اٹھائے عمرہ سے حج کے ساتھ (الی آخرہ) اس میں تمتع اور قران دونوں صورتیں آگئیں۔ اس باب میں بس اتنا ہی مسئلہ ہے، اور آیتِ کریمہ میں جو دیگر مسائل ہیں وہ آگے آئیں گے۔

[۱۰۲-] بَابٌ: ﴿فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ [البقرة: ۱۹۶]

[۱۶۸۸-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا

أَبُوْ جَمْرَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْمُتْعَةِ، فَأَمَرَنِیْ بِهَا، وَسَأَلْتُهُ عَنِ الْهَدْیِ فَقَالَ: فِیْهَا جَزُوْرٌ أَوْ بَقَرَةٌ أَوْ شَاةٌ أَوْ شِرْكٌ فِیْ دَمٍ، قَالَ: وَكَأَنَّ نَاسًا كَرِهُوْهَا، فَنِمْتُ فَرَأَيْتُ فِی الْمَنَامِ كَأَنَّ إِنْسَانًا يُنَادِیْ: حَجٌّ مَبْرُوْرٌ، وَمُتْعَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ، فَأَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَحَدَّثْتُهُ، فَقَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ! سُنَّةُ أَبِی الْقَاسِمِ صلی اللہ علیہ وسلم.
وَقَالَ آدَمُ، وَوَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، وَغُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ: عُمْرَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ، وَحَجٌّ مَبْرُوْرٌ.[راجع: ١٥٦٧]

وضاحت: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الحج باب ۳۴ (حدیث ۱۵۶۷) میں گذر چکی ہے۔ ابو جمرہ نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا: قرآن میں ہے: ﴿فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْیِ﴾ یعنی متمتع اور قارن قربانی پیش کریں جو قربانی آسانی سے میسر ہو، پس قربانی کیا ہے؟ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: اونٹ، گائے اور بکری میں سے جس کی بھی قربانی کرسکتا ہے کرے، اور بڑے جانور میں ساتواں حصہ بھی رکھ سکتا ہے، شِرك کے معنی ہیں: حصہ۔

بَابُ رُكُوْبِ الْبُدْنِ

ہدی کے اونٹ پر سوار ہونا

البُدْن: البَدَنة کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: بڑا جانور، جس جانور میں قربانی کے سات حصے ہوسکتے ہیں وہ بدنہ ہے، اور جب بقرہ کے مقابلہ میں آئے تو اس سے اونٹ مراد ہوتا ہے، بلکہ بغیر مقابلہ کے بھی عام طور پر اونٹ مراد لیتے ہیں۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ ہدی کے جانور پر سواری کرنا جائز ہے یا نہیں؟ چاروں ائمہ متفق ہیں کہ ہدی کے جانور پر سواری کرنا یا اس کا دودھ استعمال کرنا جائز نہیں، کیونکہ ہدایا شعائر اللہ میں داخل ہیں، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ''اور ہدی کے اونٹوں کو ہم نے تمہارے لئے شعائر اللہ یعنی اللہ کے دین کی علامتیں بنایا ہے'' پس ہدایا کا احترام لازم ہے، اور ان سے انتفاع میں ان کی اہانت ہے، اس لئے ہدی کے جانور پر سواری کرنا یا اس کا دودھ استعمال کرنا جائز نہیں، البتہ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک ضرورت کے وقت انتفاع جائز ہے، اور حنفیہ کے نزدیک اضطرار (مجبوری) کی حالت میں انتفاع جائز ہے، مثلاً سواری کا جانور مر گیا، اور وہ چلنے سے معذور ہے یا مکہ بہت دور ہے اور دوسری کوئی سواری میسر نہیں تو ہدی کے اونٹ پر سواری کرسکتا ہے، یا سخت بھوک لگی ہو اور کھانے کے لئے کچھ موجود نہیں تو ہدی کے جانور کا دودھ پی سکتا ہے۔

حنفیہ کا استدلال حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے ہے: اِرْكَبْهَا بالمعروف إذا أُلْجِئْتَ إِلَيها حتی تجدَ ظَهْرًا: بدنہ پر معروف طریقہ پر سواری کرو جب تم اس کی طرف مجبور ہو جاؤ، یعنی اس پر سوار ہوئے بغیر چارہ نہ رہے، تا آنکہ سواری کے لئے دوسرا جانور پاؤ (مسلم ۱: ۴۲۶ باب جواز ركوب البدنة الخ)

اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک ہدی کے جانور پر مطلقاً سوار ہونا جائز ہے، ان کا استدلال: ﴿لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ﴾ سے ہے، اور حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جو اونٹ کو ہانک رہا تھا، آپؐ نے فرمایا: اس پر سوار ہو جا، اس نے

عرض کیا: یارسول اللہ! یہ ہدی ہے، آپؐ نے پھر فرمایا: سوار ہوجا، اس نے پھر یہی کہا، آپؐ نے دوسری مرتبہ یا تیسری مرتبہ میں فرمایا: بائوَلے! سوار ہوجا، (ویلك اور ویحك دونوں مترادف ہیں اور بطور تکیہ کلام کے استعمال ہوتے ہیں، ان کے ذریعہ ڈانٹنا یا برا کہنا مقصود نہیں ہوتا)

مگر ائمہ اربعہ کہتے ہیں کہ ہدایا شعائر اللہ میں سے ہیں، اس لئے قابل احترام ہیں، اوران سے انتفاع میں ان کی ہتک ہے، پس مجبوری ہی میں انتفاع کی گنجائش ہے، اور مذکورہ حدیث حاجت پر محمول ہے۔

[١٠٣-] بَابُ رُكُوْبِ الْبُدْنِ

لِقَوْلِهِ: ﴿وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُمْ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ فَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ﴿ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ﴾[الحج: ٣٦ و٣٧]

قَالَ مُجَاهِدٌ: سُمِّيَتِ الْبُدْنَ لِبُدْنِهَا، وَالْقَانِعُ: السَّائِلُ، وَالْمُعْتَرُّ: الَّذِىْ يَعْتَرُّ بِالْبُدْنِ مِنْ غَنِيٍّ أَوْ فَقِيْرٍ، وَشَعَائِرُ اللّٰهِ: اسْتِعْظَامُ الْبُدْنِ وَاسْتِحْسَانُهَا، وَالْعَتِيْقُ: عِتْقُهُ مِنَ الْجَبَابِرَةِ، يُقَالُ: وَجَبَتْ: سَقَطَتْ إِلَى الْأَرْضِ، وَمِنْهُ وَجَبَتِ الشَّمْسُ.

[١٦٨٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلاً يَسُوْقُ بَدَنَةً، فَقَالَ "ارْكَبْهَا" فَقَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: "ارْكَبْهَا" فَقَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: "ارْكَبْهَا وَيْلَكَ" فِي الثَّانِيَةِ أَوْ فِي الثَّالِثَةِ.[انظر: ١٧٠٦، ٢٧٥٥، ٦١٦٠]

[١٦٩٠-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، وَشُعْبَةُ، قَالَا: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلاً يَسُوْقُ بَدَنَةً، فَقَالَ: "ارْكَبْهَا" قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، فَقَالَ: "ارْكَبْهَا" قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: "ارْكَبْهَا" ثَلَاثًا.[انظر: ٢٧٥٤، ٦١٥٩]

﴿وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُمْ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ، فَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ، فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَأَطْعِمُوْا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ، كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ○ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ، كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوْا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰكُمْ، وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ﴾

ترجمہ وتفسیر: سورت الحج میں ہدی کی اہمیت، اس کے ذبح کا طریقہ اور قربانی کے گوشت کا حکم بیان کیا گیا ہے۔ قربانی اونٹوں کے علاوہ گائے بھینس اور بھیڑ بکریوں کی بھی درست ہے۔ اور ہدی بھی سب کی ہوسکتی ہے۔ مگر بکریوں کا چلنا دشوار ہے، اور بھینس عرب میں نہیں ہوتی، اور گائے بہت کمیاب ہے اس لئے لوگ زیادہ تر اونٹ ہی کو ہدی کے طور پر لے جاتے ہیں۔ اس لئے ارشاد ہے: —— اور ہدی کے اونٹوں کو ہم نے تمہارے لئے اللہ کے دین کی علامتیں بنایا ہے —— یعنی

ہدی کے اونٹ بھی شعائر اللہ میں داخل ہیں۔ جب یہ اونٹ مکہ مکرمہ کے لئے چلتے ہیں تو پورے راستہ میں حج کا اعلان ہوتا ہے، لوگوں کو ترغیب ہوتی ہے کہ وہ بھی اللہ کے گھر چلیں۔ پس جب شعائر اللہ کی تعظیم دلوں کی پرہیزگاری سے ہے تو ان ہدیوں کا بھی احترام کرنا چاہئے ـــــ تمہارے لئے ان میں خیر ہے ـــــ یعنی ان کو ادب کے ساتھ قربان کرنے میں بہت سے دینی اور دنیوی فوائد ہیں ـــــ پس تم ان پر کھڑے ہونے کی حالت میں اللہ کا نام لو ـــــ یعنی بسم الله، الله أكبر کہہ کر ذبح کرو۔ اور اونٹ کے ذبح کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اس کو قبلہ رخ کھڑا کیا جائے۔ پھر اس کا داہنا یا بایاں ہاتھ باندھ دیا جائے۔ پھر سینہ اور گردن کے درمیانی گھڑے میں زخم لگایا جائے ـــــ پھر جب وہ کروٹ کے بل گر پڑیں تو ان میں سے کھاؤ، اور قناعت پسند اور طالبِ احسان کو کھلاؤ ـــــ یعنی جب سارا خون نکل جائے، اور وہ ٹھنڈے ہو کر پہلو کے بل گر پڑیں تو ان کا گوشت خود بھی استعمال کرو، اور حاجت مندوں میں بھی تقسیم کرو ـــــ حاجت مند دو قسم کے ہیں: ایک: قناعت پسند یعنی وہ لوگ محتاج ہیں مگر صبر سے بیٹھے ہیں، سوال نہیں کرتے۔ دوسرے: وہ جو طلب گار بن کر سامنے آتے ہیں، مگر منہ سے کچھ نہیں کہتے۔ صورت بہیں حالت مپرس کی تصویر ہوتے ہیں۔ دونوں قسم کے لوگوں کو کھلانے کا حکم ہے ـــــ اس طرح ہم نے ان جانوروں کو تمہارے زیر حکم کر دیا تا کہ تم اللہ کا شکر بجالاؤ ـــــ یعنی ایسے تن وتوش کے جانور جو تم سے جثہ میں اور قوت میں کہیں زیادہ ہیں تمہارے قبضہ میں کر دیئے، تا کہ تم ان سے خدمات لو اور آسانی سے ذبح کر کے کھاؤ۔ یہ اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے۔ جس کا شکر بجالانا ضروری ہے ـــــ قربانی دوسرے مذاہب میں ایک مشرکانہ رسم ہے۔ اسلام میں محض ایک توحیدی عبادت ہے، خدائے واحد کی طرف سے دھیان ہٹانے والی نہیں، عین اس کی طرف توجہ جمانے والی، رشتۂ عبودیت کو اور محکم کرنے والی! (ماجدی)

عرب جاہلیت میں قربانی کر کے اس کا گوشت بتوں کے سامنے رکھتے تھے، اور خون ان پر ملتے تھے۔ اسی طرح اللہ کے نام کی قربانی کا گوشت کعبہ کے سامنے لا کر رکھتے تھے اور خون کعبہ کی دیواروں پر لگاتے تھے۔ دیگر مشرکین بھی دیوتاؤں پر بھینٹ چڑھا کر یہی عمل کرتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ بَلی کی خوشبو دیوتا محسوس کرتے ہیں۔ اور اسے کھاتے ہیں۔ ان پر رد کیا جارہا ہے اور ساتھ ہی اس بات کی وجہ بیان کی گئی ہے کہ قربانی جب اللہ کے لئے کی گئی ہے تو اس کا گوشت کھانا اور کھال سے فائدہ اٹھانا جائز کیوں ہے؟ ارشاد ہے: ـــــ اللہ تک نہ ان کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ ان کا خون، بلکہ ان کے پاس تمہارا تقوی پہنچتا ہے ـــــ یعنی قربانی ایک عبادت ہے۔ اللہ کے پاس اس کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا، نہ وہ قربانی سے مقصود ہے۔ اس لئے اس کا استعمال جائز ہے۔ قربانی سے مقصود اللہ کا ذکر ہے، اور اخلاص کے ساتھ اللہ کے حکم کی بجا آوری ہے۔ یہی اخلاص کی کیفیت اللہ کے یہاں پہنچتی ہے۔ قربانی میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ تم نے کس خوش دلی اور جوشِ محبت سے اپنی ایک قیمتی چیز اللہ کی بارگاہ میں پیش کی ہے ـــــ اس طرح ان کو تمہارے زیر حکم کر دیا تا کہ تم اللہ کی عظمت بیان کرو اِس نعمت پر کہ اس نے تمہیں ہدایت دی ـــــ یعنی اللہ نے تمہیں اپنی محبت اور

عبودیت کے اظہار کی یہ راہ سمجھائی، اور ایک جانور کی قربانی کو اپنی جان کی قربانی کا قائم مقام کر دیا۔ اس نعمت پر تم جتنی بھی بڑائی بیان کرو کم ہے —— اور آپ نیکو کاروں کو خوش خبری سنا دیجئے —— کہ تمہیں آخرت میں تمہاری نیکیوں کا بڑا اجر ملنے والا ہے۔

لغات:

۱-مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: بدنہ (اونٹ) کو بدنہ اس لئے کہتے ہیں کہ وہ موٹا تازہ اور بڑا ہوتا ہے (گائے بھینس بھی بکری کی بہ نسبت بڑی ہوتی ہے اس لئے ان کو بھی بدنہ کہتے ہیں)

۲-القانع کے معنی ہیں: مانگنے والا، اور المعترّ: وہ شخص جو زبان سے کچھ نہ کہے، مگر قربانی کے گوشت کے پاس آ کر کھڑا ہو جائے خواہ وہ مالدار ہو یا غریب، کیونکہ قربانی کا گوشت مالدار کو بھی دے سکتے ہیں، اور دونوں سائل ہیں مگر اول حقیقتاً سائل ہے وہ زبان سے مانگ رہا ہے اور ثانی حکماً سائل ہے اس کا سراپا مانگ رہا ہے۔ پس قربانی کا گوشت دونوں کو کھلاؤ۔

۳-شعائر اللہ کے حضرت رحمہ اللہ نے معنی نہیں بیان کئے بلکہ تفسیر کی ہے، یعنی قربانی کے اونٹوں کو موٹا کرو، ان کو پسند کرو اور ان کا احترام کرو، اونٹوں کو شعائر بنانے کا یہی مطلب ہے۔ اور ان سے انتفاع میں ان کی ہتک ہے اس لئے چاروں ائمہ متفق ہیں کہ بلاضرورت ہدایا پر سواری کرنا اور ان کا دودھ استعمال کرنا جائز نہیں۔

۴-عتیق: فعیل کا وزن ہے اور اسم مفعول کے معنی میں ہے: آزاد کیا ہوا، جباروں کے قہر سے یہ گھر آزاد ہے، وہ اس کو ڈھا نہیں سکتے۔

۵-وَجَبَت: کے معنی ہیں: زمین پر گر جانا، اسی سے وجبتِ الشمس ہے، یعنی سورج ڈوب گیا۔

بَابُ مَنْ سَاقَ الْبُدْنَ مَعَهُ

جو شخص ہدی کے اونٹوں کو ساتھ لے گیا

حاجی قربانی کا جانور ساتھ لے جا سکتا ہے، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں مدینہ منورہ سے تریسٹھ اونٹ ساتھ لے گئے تھے، اور ذوالحلیفہ میں اپنے دست مبارک سے ان کا اشعار فرمایا تھا، پھر حضرت ناجیہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کو مکہ مکرمہ روانہ کیا تھا، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس خدام تھے اس لئے ان کے ساتھ ہدی کے اونٹ مکہ روانہ کئے تھے، لیکن اگر کوئی خود لے کر مکہ جائے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں۔

[۱۰۴-] بَابُ مَنْ سَاقَ الْبُدْنَ مَعَهُ

[۱۶۹۱-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: تَمَتَّعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى

الْحَجِّ، وَأَهْدَى، فَسَاقَ مَعَهُ الْهَدْىَ مِنْ ذِىْ الْحُلَيْفَةِ، وَبَدَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ، ثُمَّ أَهَلَّ بِالْحَجِّ، فَتَمَتَّعَ النَّاسُ مَعَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ، فَكَانَ مِنَ النَّاسِ مَنْ أَهْدَى، فَسَاقَ الْهَدْىَ، وَمِنْهُمْ مَنْ لَمْ يُهْدِ، فَلَمَّا قَدِمَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ، قَالَ لِلنَّاسِ: ” مَنْ كَانَ مِنْكُمْ أَهْدَى فَإِنَّهُ لاَ يَحِلُّ مِنْ شَيْئٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتَّى يَقْضِىَ حَجَّهُ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْكُمْ أَهْدَى فَلْيَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَيُقَصِّرْ وَلْيَحْلِلْ، ثُمَّ لِيُهِلَّ بِالْحَجِّ. فَمَنْ لَمْ يَجِدْ هَدْيًا فَلْيَصُمْ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ فِى الْحَجِّ، وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعَ إِلٰى أَهْلِهِ“ فَطَافَ حِيْنَ قَدِمَ مَكَّةَ وَاسْتَلَمَ الرُّكْنَ أَوَّلَ شَيْئٍ، ثُمَّ خَبَّ ثَلاَ ثَةَ أَطْوَافٍ وَمَشَى أَرْبَعًا، فَرَكَعَ حِيْنَ قَضَى طَوَافَهُ بِالْبَيْتِ عِنْدَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ فَانْصَرَفَ فَأَتَى الصَّفَا، فَطَافَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعَةَ أَطْوَافٍ، ثُمَّ لَمْ يَحْلِلْ مِنْ شَيْئٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتَّى قَضَى حَجَّهُ، وَنَحَرَ هَدْيَهُ يَوْمَ النَّحْرِ، وَأَفَاضَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ حَلَّ مِنْ كُلِّ شَيْئٍ حَرُمَ مِنْهُ، وَفَعَلَ مِثْلَ مَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَنْ أَهْدَى وَسَاقَ الْهَدْىَ مِنَ النَّاسِ.

[۱۶۹۲-] وَعَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم فِىْ تَمَتُّعِهِ بِالْعُمْرَةِ إِلٰى الْحَجِّ، فَتَمَتَّعَ النَّاسُ مَعَهُ بِمِثْلِ الَّذِىْ أَخْبَرَنِىْ سَالِمٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: تمتع کے لغوی معنی ہیں: فائدہ اٹھانا یعنی ایک ہی سفر میں حج اور عمرہ کرنا، پس قران کو بھی لغوی معنی کے اعتبار سے تمتع کہا جاتا ہے۔ چنانچہ پہلی حدیث کے شروع میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: **تَمَتَّعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:** نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں عمرے سے فائدہ اٹھایا حج کے ساتھ ملا کر یعنی قران کیا............**فساق معه الهدى:** یہ مجاز ہے، آنحضور ﷺ نے اپنی قربانیاں حضرت ناجیہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ بھیجی تھیں ....**فَأَهَلَّ بالعمرة:** یہ اختلافِ روایت ہے، کیونکہ اس وقت عمرہ کا کوئی تصور نہیں تھا، سب نے بشمول نبی ﷺ ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھا تھا..........**وأفاض فطاف بالبيت:** یہ طواف زیارت ہے..........**وفعل مثل:** جس کے پاس ہدی تھی اس نے بھی دس ذی الحجہ کو قربانی کرکے احرام کھولا..........**وساق الهدى:** عطف تفسیری ہے۔

ملحوظہ: دوسری حدیث (۱۶۹۲) میں پہلی حدیث (۱۶۹۱) کا حوالہ ہے، اور اس کی پوری سند مسلم شریف (حدیث ۱۲۲۸) میں ہے۔

بَابُ مَنِ اشْتَرَى الْهَدْىَ مِنَ الطَّرِيْقِ

جس نے راستہ سے ہدی خریدی

قربانی کا جانور ساتھ لے کر چلنا ضروری نہیں، راستہ سے بھی خرید سکتے ہیں، بلکہ مکہ سے بھی خرید سکتے ہیں، قربانی کے

دنوں میں مکہ میں جانور بکتے ہیں ان کو خرید کر قربانی کر سکتا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے قدید سے قربانی خریدی تھی۔

[١٠٥-] بَابُ مَنِ اشْتَرَى الْهَدْىَ مِنَ الطَّرِيْقِ

[١٦٩٣-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ لِأَبِيْهِ: أَقِمْ، فَإِنِّيْ لاَ آمَنُهَا أَنْ تُصَدَّ عَنِ الْبَيْتِ، قَالَ: إِذًا أَفْعَلُ كَمَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ فَأَنَا أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ أَوْجَبْتُ عَلٰى نَفْسِيْ الْعُمْرَةَ، فَأَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ، قَالَ: ثُمَّ خَرَجَ حَتّٰى إِذَا كَانَ بِالْبَيْدَاءِ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، وَقَالَ: مَا شَأْنُ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ إِلاَّ وَاحِدٌ، ثُمَّ اشْتَرَى الْهَدْىَ مِنْ قُدَيْدٍ، ثُمَّ قَدِمَ فَطَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا، فَلَمْ يَحِلَّ حَتّٰى حَلَّ مِنْهُمَا جَمِيْعًا. [راجع: ١٦٣٩]

حوالہ: یہ حدیث تفصیل سے کتاب الحج باب ۷۷ میں گذر چکی ہے۔

بَابُ مَنْ أَشْعَرَ وَقَلَّدَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ ثُمَّ أَحْرَمَ

جس نے ذوالحلیفہ میں اشعار کیا اور ہار پہنایا پھر احرام باندھا

حجۃ الوداع میں آنحضور ﷺ نے ذوالحلیفہ میں اپنی قربانیوں کا اشعار فرمایا تھا اور ان کے گلوں میں چپلوں کا ہار ڈالا تھا، لفظ اشعار کے معنی ہیں: علامت لگانا۔ آنحضور ﷺ نے اشعار اس طرح کیا تھا کہ اونٹ کی کوہان کی دائیں جانب سے ذرا سی کھال کاٹی اور جو خون نکلا اس کو پونچھ دیا، اور قَلَّدَ تقلیدا کے معنی ہیں: ہار پہنانا، رسّی وغیرہ میں پرانا چپل باندھ کر جانور کے گلے میں ڈالنا: قلادہ پہنانا ہے۔ آنحضور ﷺ نے اشعار بھی کیا تھا اور قلادہ بھی پہنایا تھا۔

اور آپؐ نے اشعار اس لئے کیا تھا کہ یہ طریقہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے متوارث چلا آرہا تھا، اور اس میں حکمت یہ تھی کہ زمانۂ جاہلیت میں غارت گری اور لوٹ کھسوٹ بہت ہوتی تھی، مگر ہدی کے جانور قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے، اور آنحضور ﷺ نے اپنی ہدایا چند آدمیوں کے ساتھ حضرت ناجیہ رضی اللہ عنہ کی نگرانی میں علاحدہ روانہ کی تھیں اور ملک میں ابھی پوری طرح امن قائم نہیں ہوا تھا، اس لئے یہ علامت لگائی تھی تا کہ لٹیرے اس کو لوٹنے سے باز رہیں۔

غرض نبی ﷺ نے ذوالحلیفہ میں اشعار کیا تھا، معلوم ہوا کہ جہاں سے احرام باندھنا ہے وہاں سے اشعار کرنا چاہئے اور راستہ سے قربانی خریدے تو وہیں سے اشعار کرے، یہ اس باب کا مقصد ہے، اور اشعار کرنا جائز ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ آگے آئیگا۔

[١٠٦-] بَابُ مَنْ أَشْعَرَ وَقَلَّدَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ ثُمَّ أَحْرَمَ

وَقَالَ نَافِعٌ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا أَهْدَى مِنَ الْمَدِيْنَةِ قَلَّدَهُ وَأَشْعَرَهُ بِذِى الْحُلَيْفَةِ، يَطْعُنُ فِي شِقِّ سَنَامِهِ

الْأَيْمَنِ بِالشَّفْرَةِ وَوَجْهُهَا قِبَلَ الْقِبْلَةِ بَارِكَةً.

[١٦٩٤و١٦٩٥–] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، وَمَرْوَانَ، قَالاَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةً مِنْ أَصْحَابِهِ، حَتَّى إِذَا كَانُوْا بِذِىْ الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْهَدْىَ وَأَشْعَرَهُ وَأَحْرَمَ بِالْعُمْرَةِ. [الحديث:١٦٩٤، انظر: ١٨١١، ٢٧١٢، ٢٧٣١، ٤١٥٨، ٤١٧٨، ٤١٨١] [الحديث:١٦٩٥، انظر: ٢٧١١، ٢٧٣٢، ٤١٥٧، ٤١٧٩، ٤١٨٠]

[١٦٩٦–] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَفْلَحُ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فَتَلْتُ قَلاَئِدَ بُدْنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِيَدَيَّ، ثُمَّ قَلَّدَهَا وَأَشْعَرَهَا وَأَهْدَاهَا، وَمَا حَرُمَ عَلَيْهِ شَيْئٌ كَانَ أُحِلَّ لَهُ.

[انظر: ١٦٩٨، ١٦٩٩، ١٧٠٠، ١٧٠١، ١٧٠٢، ١٧٠٣، ١٧٠٤، ١٧٠٥، ٢٣١٧، ٥٥٦٦]

اثر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب مدینہ منورہ سے قربانی کا جانور ساتھ لے جاتے تھے تو ذوالحلیفہ میں اشعار کرتے تھے اور ہار پہناتے تھے، اور اشعار اس طرح کرتے تھے: اونٹ کو قبلہ رخ بٹھا کر اس کے کوہان کی دائیں جانب میں چھری سے تھوڑی کھال کاٹتے تھے۔

حدیث (۱): آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح حدیبیہ کے سال بھی ذوالحلیفہ میں اونٹوں کا اشعار فرمایا تھا اور ان کو ہار پہنایا تھا پھر عمرہ کا احرام باندھا تھا، اس وقت تقریباً پندرہ سو صحابہ آپ کے ساتھ تھے، بِضْع کا اطلاق تین سے دس تک ہوتا ہے۔

اور اس حدیث پر دو نمبر اس لئے ڈالے ہیں کہ یہ حضرت مسور اور مروان کی حدیثیں ہیں، حضرت مسور اور ان کے والد مخرمہ: دونوں صحابی ہیں، اور مروان صحابی نہیں۔ آگے بھی جہاں دونوں کی روایتیں ساتھ آئی ہیں، وہاں دو دو نمبر ڈالے ہیں، اور ایک جگہ صرف حضرت مسورؓ کی روایت آئی ہے وہاں ایک نمبر ڈالا ہے (حدیث ۱۸۱۱)

حدیث (۲): میں سن ۹ ہجری کا واقعہ ہے، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ سو بکریاں قربانی کے لئے مکہ بھیجی تھیں، اور آپ خود مدینہ میں حلال رہے تھے، یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پر رد کیا ہے۔ آگے تیسرے باب میں یہ حدیث آرہی ہے کہ زیاد بن ابی سفیان نے حضرت عائشہؓ کو لکھا کہ ابن عباسؓ یہ فتوی دیتے ہیں کہ جو شخص ہدی بھیجے اس پر احرام کی تمام پابندیاں عائد ہوجاتی ہیں، حضرت عائشہؓ نے جواب لکھا کہ ایسا نہیں ہے، میں نے خود اپنے ہاتھ سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدی کے ہار بٹے ہیں، پھر آپؐ نے خود وہ ہار پہنائے اور ان کو میرے والد کے ساتھ بھیجا، مگر کوئی چیز آپ پر حرام نہیں ہوئی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ قربانی کے لئے بکریاں بھیجی تھیں، اونٹ نہیں بھیجے تھے، اور بکری کمزور جانور ہے وہ اشعار کو برداشت نہیں کرسکتی اس لئے ان کو صرف قلادہ پہنایا تھا۔

بَابُ فَتْلِ الْقَلَائِدِ لِلْبُدْنِ وَالْبَقَرِ

اونٹوں اور گایوں کے لئے ہار بٹنا

بقر اسم جنس ہے اور اس کی دو نوعیں ہیں، جاموس (بھینس) اور ثور (بیل) اور عرب میں بھینس نہیں ہوتی، گائے ہوتی ہے، مگر حجۃ الوداع میں نبی ﷺ صرف اونٹ لے گئے تھے اور ازواج مطہرات کی طرف سے جو گائے ذبح کی تھی وہ مکہ ہی سے خریدی تھی۔

اگر کوئی حاجی گائے یا بھینس ساتھ لے جائے تو اس کو بھی ہار پہنائے، مگر اس کا اشعار نہیں کرے گا، اور گائے بھینس کو پرانے چپلوں کا ہار پہنا سکتے ہیں، کیونکہ وہ اس کا تحمل کر سکتی ہے، مگر بکری کمزور جانور ہے وہ چپلوں کے ہار کا تحمل نہیں کر سکتی، اس لئے اس کے گلے میں رنگین اون کی رسی باندھیں گے، نبی ﷺ نے ۹ ہجری میں بکریوں کو اون کا ہار پہنایا تھا۔

[۱۰۷-] بَابُ فَتْلِ الْقَلَائِدِ لِلْبُدْنِ وَالْبَقَرِ

[۱۶۹۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا شَأْنُ النَّاسِ حَلُّوْا وَلَمْ تَحِلَّ أَنْتَ؟ قَالَ: إِنِّيْ لَبَّدْتُ رَأْسِيْ، وَقَلَّدْتُ هَدْيِيْ، فَلاَ أَحِلُّ حَتَّى أَحِلَّ مِنَ الْحَجِّ"[راجع: ۱۵۶۶]

[۱۶۹۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، وَعَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُهْدِيْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، فَأَفْتِلُ قَلاَئِدَ هَدْيِهِ، ثُمَّ لاَ يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُ الْمُحْرِمُ.[راجع: ۱۶۹۶]

بَابُ إِشْعَارِ الْبُدْنِ

اونٹوں کا اشعار کرنا

اشعار کے معنی ہیں: علامت لگانا، علامت کے طور پر اونٹ کی کوہان کی دائیں جانب میں ذرا سی کھال چیرتے تھے۔ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں بھی اور صلح حدیبیہ کے سال بھی اشعار فرمایا ہے اس لئے جمہور بشمول صاحبین اشعار کو سنت کہتے ہیں، اور ابراہیم نخعی اور امام اعظم رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اشعار بدعت اور مثلہ ہے۔ ثانی حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کی تعبیر ہے اور اول امام اعظمؒ کی۔ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا زمانہ مقدم ہے، پھر جب امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اشعار کو بدعت کہا تو چاروں طرف سے یلغار ہوئی کہ جو چیز نبی ﷺ سے ثابت ہے اس کو ابوحنیفہ بدعت کہتے ہیں۔ حالانکہ جس طرح صلوٰۃ الاستسقاء اور خرص کے مسئلہ میں امام اعظم کے قول کو صحیح نہیں سمجھا گیا تھا اسی طرح یہاں بھی غلط فہمی ہوئی ہے۔ امام اعظم رحمہ

اللہ نے مطلق اشعار کو بدعت نہیں کہا بلکہ ان کے زمانہ میں لوگ جس طرح بے دردی سے اشعار کرتے تھے اس کو بدعت کہا ہے۔ آنحضور ﷺ نے تو اپنے دست مبارک سے اشعار فرمایا تھا اور ذرا سی کھال کاٹی تھی، اور خون پونچھ ڈالا تھا۔ اور عرب کا ملک گرم خشک ہے دو چار دن میں زخم خشک ہوجائے گا اور اشعار کی علامت کوہان پر باقی رہ جائے گی، بعد میں لوگ شیخ (سیٹھ) بن گئے، نوکروں کو اشعار کرنے کا حکم دیتے تھے، ان کو کیا پڑی تھی، وہ بے دردی سے اشعار کرتے تھے، جس میں کھال کے ساتھ گوشت بھی کاٹ دیتے تھے۔ اور عراق کا علاقہ مرطوب تھا، چنانچہ زخم میں کیڑے پڑ جاتے تھے۔ امام اعظم رحمہ اللہ نے اس اشعار کو بدعت کہا ہے مطلق اشعار کو بدعت نہیں کہا۔

جیسے امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ سے تقلید غنم کا انکار مروی ہے جبکہ صحیح احادیث سے بکریوں کو ہار پہنانا ثابت ہے، وہ بھی دراصل چپلوں کے ہار کا انکار ہے مطلق ہار کا انکار نہیں، اسی طرح جو لوگ بے دردی سے اشعار کرتے تھے امام اعظم رحمہ اللہ نے اس کو بدعت کہا ہے مطلق اشعار کو بدعت نہیں کہا۔ امام اعظمؒ کے قول کا یہ مطلب امام طحاوی رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے جو مذہب حنفی سے سب سے زیادہ واقف تھے (عمدۃ القاری ۱۰: ۳۵)

[۱۰۸-] بَابُ إِشْعَارِ الْبُدْنِ

وَقَالَ عُرْوَةُ، عَنِ الْمِسْوَرِ: قَلَّدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْهَدْىَ، وَأَشْعَرَهُ، وَأَحْرَمَ بِالْعُمْرَةِ.

[۱۶۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فَتَلْتُ قَلَائِدَ هَدْيِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ أَشْعَرَهَا وَقَلَّدَهَا، أَوْ: قَلَّدْتُهَا، ثُمَّ بَعَثَ بِهَا إِلَى الْبَيْتِ، وَأَقَامَ بِالْمَدِينَةِ، فَمَا حَرُمَ عَلَيْهِ شَيْءٌ كَانَ لَهُ حِلٌّ. [راجع: ۱۶۹۶]

قوله: ثم أشعرها: پھر ان بکریوں پر علامت لگائی اور ان کو ہار پہنایا (عطف تفسیری ہے، ہار پہنانا ہی علامت لگانا ہے، معروف اشعار مراد نہیں) یا حضرت عائشہؓ نے کہا: میں نے ان کو ہار پہنایا۔

بَابُ مَنْ قَلَّدَ الْقَلَائِدَ بِيَدِهِ

جس نے بدست خود ہار پہنائے

نبی ﷺ نے اونٹوں کا اشعار بھی خود فرمایا تھا اور ان کو ہار بھی خود پہنایا تھا، اور ۹ ہجری میں بکریوں کو بھی بذاتِ خود ہار پہنایا تھا، پس یہ کام خود کرنے میں کچھ حرج نہیں۔

[۱۰۹-] بَابُ مَنْ قَلَّدَ الْقَلَائِدَ بِيَدِهِ

[۱۷۰۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ

حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ زِيَادَ بْنَ أَبِيْ سُفْيَانَ كَتَبَ إِلٰى عَائِشَةَ: إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: مَنْ أَهْدَى هَدْيًا حَرُمَ عَلَيْهِ مَا يَحْرُمُ عَلَى الْحَاجِّ، حَتَّى يُنْحَرَ هَدْيُهُ، قَالَتْ عَمْرَةُ: فَقَالَتْ عَائِشَةُ: لَيْسَ كَمَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ، أَنَا فَتَلْتُ قَلاَئِدَ هَدْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدَيَّ، ثُمَّ قَلَّدَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدَيْهِ، ثُمَّ بَعَثَ بِهَا مَعَ أَبِيْ، فَلَمْ يَحْرُمْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْئٌ أَحَلَّهُ اللّٰهُ لَهُ، حَتَّى نُحِرَ الْهَدْيُ.[راجع: ١٦٩٦]

وضاحت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فتوی دیا تھا کہ جوشخص برائے قربانی دوسرے کے ساتھ مکہ ہدی بھیجے اس پر وہ تمام چیزیں حرام ہوجاتی ہیں جو محرم پر حرام ہوتی ہیں، جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس بارے میں پوچھا گیا تو انھوں نے انکار کیا اور فرمایا: میں نے خود آنحضور ﷺ کی ہدی کے ہار اپنے ہاتھ سے بٹے ہیں، پھر نبی ﷺ نے خود وہ ہار پہنائے ہیں اور ان کو میرے والد کے ساتھ بھیجا ہے اس کے باوجود کوئی چیز آپؐ پر حرام نہیں ہوئی۔ معلوم ہوا کہ صرف ہدی بھیجنے سے آدمی محرم نہیں ہوتا اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

بَابُ تَقْلِيْدِ الْغَنَمِ

بکریوں کو ہار پہنانا

بکریوں کو بھی ہار پہنائیں گے، البتہ ان کو ہلکا ہار پہنائیں گے، جوتوں کا ہار نہیں پہنائیں گے، بکری کمزور جانور ہے وہ جوتوں کے ہار کا تحمل نہیں کرسکتی۔

[١١٠-] بَابُ تَقْلِيْدِ الْغَنَمِ

[١٧٠١-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَهْدَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَرَّةً غَنَمًا.[راجع: ١٦٩٦]

[١٧٠٢-] ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، أَخْبَرَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَفْتِلُ الْقَلاَئِدَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَيُقَلِّدُ الْغَنَمَ، وَيُقِيْمُ فِي أَهْلِهِ حَلاَلاً.[راجع: ١٦٩٦]

[١٧٠٣-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، ح: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَفْتِلُ قَلاَئِدَ الْغَنَمِ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَيَبْعَثُ بِهَا، ثُمَّ يَمْكُثُ حَلاَلاً.[راجع: ١٦٩٦]

[١٧٠٤-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فَتَلْتُ لِهَدْيِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم - تَعْنِى الْقَلاَئِدَ - قَبْلَ أَنْ يُحْرِمَ. [راجع: ١٦٩٦]

بَابُ الْقَلاَئِدِ مِنَ الْعِهْنِ

اون کے ہار

العِهْن کے معنی ہیں: اون، ۹ ہجری میں اون کی رسیاں بٹی گئی تھیں جو آنحضور ﷺ نے خود بکریوں کو پہنائی تھیں۔ جاننا چاہئے کہ امام اعظم رحمہ اللہ سے جو تقلید غنم کا انکار مروی ہے، وہ چپلوں کے ہار کا انکار ہے، مطلق ہار کا انکار نہیں، تفصیل تحفۃ الألمعی (۳۱۱:۳) میں ہے۔

[١١١-] بَابُ الْقَلاَئِدِ مِنَ الْعِهْنِ

[١٧٠٥-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ: فَتَلْتُ قَلاَئِدَهَا مِنْ عِهْنٍ كَانَ عِنْدِيْ. [راجع: ١٦٩٦]

بَابُ تَقْلِيْدِ النَّعْلِ

چپل کا ہار پہنانا

اونٹ اور گائے بھینس کو جوتوں اور چپلوں کا ہار پہنا سکتے ہیں، وہ بڑے جانور ہیں، اس کا تحمل کر سکتے ہیں اور بکری کمزور جانور ہے اس کو ہلکا ہار پہنایا جائے گا جوتے اور چپل کے ہار کا وہ تحمل نہیں کر سکتی۔

[١١٢-] بَابُ تَقْلِيْدِ النَّعْلِ

[١٧٠٦-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلاً يَسُوْقُ بَدَنَةً، فَقَالَ: "ارْكَبْهَا" قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: "ارْكَبْهَا" قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ رَاكِبَهَا يُسَايِرُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَالنَّعْلُ فِيْ عُنُقِهَا.

تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ أَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ١٦٨٩]

قوله: قال: فلقد رأيته: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: میں نے اس کو دیکھا وہ اونٹ پر سوار تھا اور نبی ﷺ کے برابر

چل رہا تھا، اور گردن میں چپل پڑا ہوا تھا، یعنی سوار ہونے کے بعد بھی وہ اونٹ بدستور ہدی تھا، ہدی سے خارج نہیں ہوا تھا۔

سند کی بحث: اصل سند میں امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ محمد کون ہیں؟ ابن السکن اور ابوذر کی روایت میں ابن سلام کی صراحت ہے، اور حافظ رحمہ اللہ نے اسی کو ترجیح دی ہے —— اور پہلی حدیث کے بعد جو **تابعه محمد بن بشار** ہے: وہ مستقل جملہ ہے یا بعد والی سند کے ساتھ متصل ہے؟ حافظ رحمہ اللہ کی ایک رائے ہے اور علامہ عینی رحمہ اللہ نے اس کی تردید کی ہے، اور میری ناقص رائے یہ ہے کہ وہ مابعد سے متصل ہے، چنانچہ میں نے اس کو اس کے ساتھ ملا کر لکھا ہے۔ محمد بن بشار: امام بخاریؒ کے استاذ ہیں، اور عثمان بن عمر: محمد بن بشار کے استاذ ہیں۔ اور تابعه کی ضمیر کا مرجع محمد بن سلام ہیں، اور یہ متابعت قاصرہ ہے، یحییٰ بن ابی کثیر سے جس طرح معمر روایت کرتے ہیں اسی طرح علی بن المبارک بھی روایت کرتے ہیں، اور متابعتِ قاصرہ کے لئے استاذ الاستاذ میں مشارکت ضروری نہیں، اوپر کسی بھی راوی میں مشارکت متابعتِ قاصرہ ہے۔

بَابُ الْجِلاَلِ لِلْبُدْنِ

اونٹوں کے جھول

اونٹ کو گرمی سردی سے بچانے کے لئے اس پر جھول ڈالتے ہیں اور اس میں ہدی کا احترام بھی ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کوہان کی جگہ کاٹ کر جھول اوڑھاتے تھے، اس طرح جھول کوہان میں پھنس جائے گی اور گرے گی نہیں، پھر جانور کو ذبح کرتے وقت پہلے جھول اتار لیتے تھے تاکہ خون میں خراب نہ ہو جائے اور اس کو صدقہ کر دیتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اونٹوں کے جھول اور ان کی کھال صدقہ کرنے کا حکم دیا تھا۔

[۱۱۳-] بَابُ الْجِلاَلِ لِلْبُدْنِ

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ لاَ يَشُقُّ مِنَ الْجِلاَلِ إِلَّا مَوْضِعَ السَّنَامِ، وَإِذَا نَحَرَهَا نَزَعَ جِلاَلَهَا، مَخَافَةَ أَنْ يُفْسِدَهَا الدَّمُ، ثُمَّ يَتَصَدَّقُ بِهَا.

[۱۷۰۷-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: أَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَتَصَدَّقَ بِجِلاَلِ الْبُدْنِ الَّتِيْ نُحِرَتْ وَبِجُلُوْدِهَا. [انظر: ۱۷۱٦، ۱۷۱٦م، ۱۷۱۷، ۱۷۱۸، ۲۲۹۹]

بَابٌ: مَنِ اشْتَرَى هَدْيَهُ مِنَ الطَّرِيْقِ وَقَلَّدَهَا

جس نے اپنی ہدی راستہ سے خریدی، اور اس کو ہار پہنایا

ایسا باب گذر چکا ہے، وہاں **قَلَّدها** نہیں تھا، اس کو بڑھا دیا تو نیا باب ہو گیا۔

[۱۱۴-] بَابٌ: مَنِ اشْتَرَى هَدْيَهُ مِنَ الطَّرِيْقِ وَقَلَّدَهَا

[۱۷۰۸-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: أَرَادَ ابْنُ عُمَرَ الْحَجَّ، عَامَ حَجَّةِ الْحَرُوْرِيَّةِ، فِي عَهْدِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّ النَّاسَ كَائِنٌ بَيْنَهُمْ قِتَالٌ، وَنَخَافُ أَنْ يَصُدُّوْكَ، فَقَالَ: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ إِذًا أَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً، حَتَّى كَانَ بِظَاهِرِ الْبَيْدَاءِ، قَالَ: مَا شَأْنُ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ إِلَّا وَاحِدٌ، أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ جَمَعْتُ حَجَّةً مَعَ عُمْرَةٍ، وَأَهْدَى هَدْيًا مُقَلَّدًا اشْتَرَاهُ، حَتَّى قَدِمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَلَمْ يَزِدْ عَلَى ذٰلِكَ، وَلَمْ يَحْلِلْ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتَّى يَوْمِ النَّحْرِ، فَحَلَقَ وَنَحَرَ، وَرَأَى أَنْ قَدْ قَضَى طَوَافَهُ لِلْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ بِطَوَافِهِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ قَالَ: كَذٰلِكَ صَنَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۱۶۳۹]

وضاحت: حروری: دراصل خوارج ہیں، مگراس حدیث میں حجاج کوحروری کہا گیا ہے، کیونکہ اصل خلافت حضرت عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کی تھی، اسلامی ملک کے بیشتر حصہ پر ان کا قبضہ تھا، پس عبدالملک اوراس کے عمال باغی ٹھہرے، اس اعتبار سے ان کوحروری کہا گیا ہے............**قوله: وأهدى هديا مقلّدًا اشتراه:** یہ جملہ باب سے متعلق ہے ترجمہ: اور ابن عمرؓ نے ہار پہنائی ہوئی ہدی پیش کی جس کوانھوں نے راستہ سے (قدید سے) خریدا تھا۔

قوله: ولم یزد علی ذلك: ابن عمرؓ نے مکہ پہنچ کر عمرہ کا طواف اور سعی کی اور طوافِ قدوم نہیں کیا، طوافِ قدوم الگ سے کرنا ضروری نہیں، عمرہ کے طواف میں اس کی نیت کی جاسکتی ہے۔

بَابُ ذَبْحِ الرَّجُلِ الْبَقَرَ عَنْ نِسَائِهِ مِنْ غَيْرِ أَمْرِهِنَّ

اپنی بیویوں کی طرف سے گائے ذبح کرنا: ان کے حکم کے بغیر

بیوی کی طرف سے قربانی کرنا جائز ہے، آنحضور ﷺ نے حجۃ الوداع میں ازواج مطہرات کی طرف سے گائے ذبح کی تھی، مگرقربانی کی صحت کے لئے بیوی کی صراحۃً، دلالۃً یا عرفاً اجازت ضروری ہے۔ ازواج مطہرات نے نبی ﷺ کو قربانی کرنے کا صریح حکم نہیں دیا تھا بلکہ ان کو پتہ بھی نہیں تھا، جب ان کے پاس گوشت پہنچا تب معلوم ہوا کہ نبی ﷺ نے ازواج کی طرف سے گائے کی قربانی کی ہے، مگر بیوی کی طرف سے شوہر کو عرفاً اور دلالۃً اجازت ہوتی ہے، اور اتنی اجازت کافی ہے۔

[۱۱۵-] بَابُ ذَبْحِ الرَّجُلِ الْبَقَرَ عَنْ نِسَائِهِ مِنْ غَيْرِ أَمْرِهِنَّ

[۱۷۰۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِخَمْسٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِی الْقَعْدَةِ، لاَ نُرَى إِلاَّ الْحَجَّ، فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنْ مَكَّةَ أَمَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْیٌ، إِذَا طَافَ وَسَعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ: أَنْ يَحِلَّ قَالَتْ: فَدُخِلَ عَلَيْنَا يَوْمَ النَّحْرِ بَلَحْمِ بَقَرٍ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: نَحَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَزْوَاجِهِ، قَالَ يَحْيىَ، فَذَكَرْتُهُ لِلْقَاسِمِ، فَقَالَ: أَتَتْكَ بِالْحَدِيْثِ عَلٰى وَجْهِهِ. [راجع: ٢٩٤]

وضاحت: بَقَر: ۃ مدورہ کے بغیر اسم جنس ہے، ایک پر اور زائد پر اس کا اطلاق ہوتا ہے، اور ۃ مدورہ کے ساتھ البقرۃ کے معنی ہیں: ایک گائے۔ اس صورت میں اشکال ہوگا کہ ایک گائے نو بیویوں کی طرف سے کیسے کافی ہوئی؟ جواب یہ ہے کہ حدیث میں اسم جنس ہے، پس ایک سے زیادہ گائیں ذبح کی ہونگی یا بعض کا حصہ اونٹوں میں رکھا ہوگا، جیسے علیؓ کو اونٹوں میں شریک کیا تھا۔

قوله: أتتك بالحديث: یحیٰ انصاری نے یہ حدیث قاسم بن محمد کو جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں: سنائی، انھوں نے فرمایا: عمرہ آپ کے پاس حدیث لائی ہیں اس کے رخ پر یعنی عمرہ نے حدیث صحیح محفوظ کی ہے اور صحیح روایت کی ہے، قاسم نے بھی یہ حدیث اپنی پھوپھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنی ہے، اس لئے تصدیق کی۔

بَابُ النَّحْرِ فِی مَنْحَرِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم بِمِنًى

منیٰ میں نبی ﷺ کی قربانی کی جگہ میں قربانی کرنا

ہدی کو حرم شریف میں ذبح کرنا ضروری ہے، اور پورے حرم میں کہیں بھی ذبح کر سکتے ہیں، مگر اب ہر سال پچیس تیس لاکھ آدمی حج کرتے ہیں اور زیادہ تر قربانی کرتے ہیں، پس اگر لوگوں کو ہر جگہ قربانی کرنے کی اجازت دی جائے گی تو پورا حرم گندہ ہو جائے گا اور بیماریاں پھیل جائیں گی، اس لئے گورنمنٹ نے منیٰ میں ذبح خانہ بنایا ہے، اب حرم میں ہر جگہ قربانی کرنے کی اجازت نہیں، ورنہ مسئلہ یہی ہے کہ پورے حرم میں کہیں بھی ہدی کا جانور ذبح کر سکتے ہیں۔

[١١٦-] بَابُ النَّحْرِ فِی مَنْحَرِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم بِمِنًى

[١٧١٠-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، سَمِعَ خَالِدَ بْنَ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ يَنْحَرُ فِی الْمَنْحَرِ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: مَنْحَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم [راجع: ٩٨٢]

[١٧١١-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَبْعَثُ بِهَدْيِهِ مِنْ جَمْعٍ، مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ، حَتّٰى يُدْخَلَ بِهِ مَنْحَرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

صلى الله عليه وسلم، مَعَ حُجَّاجٍ فِيْهِمُ الْحُرُّ وَالْمَمْلُوْكُ.[راجع: ۹۸۲]

دوسری حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما مزدلفہ سے رات کے آخری پہر ہدی بھیج دیا کرتے تھے، یہاں تک کہ وہ قربانی حاجیوں کے ساتھ جن میں آزاد اور غلام سب ہوتے تھے نبی ﷺ کے نحر کرنے کی جگہ میں لے جائی جاتی تھی۔

تشریح: فيهم الحر والمملوك: پر حاشیہ ہے کہ آزاد کے ساتھ ہی ہدی بھیجنا ضروری نہیں، غلام اور آزاد کوئی بھی ہدی لے کر جا سکتا ہے۔

بَابُ مَنْ نَحَرَ بِيَدِهِ

جس نے اپنے ہاتھ سے قربانی ذبح کی

قربانی اپنے ہاتھ سے ذبح کرنا مستحب ہے، آنحضور ﷺ نے حجۃ الوداع میں تریسٹھ اونٹ بدستِ خود نحر فرمائے ہیں، اور قربانی بھی ہر سال خود ذبح فرماتے تھے۔

لطیفہ: ضلع غازی آباد میں ہاپوڑ کے قریب ایک گاؤں 'بڑودہ' ہے وہاں کے مندر کا پجاری مسلمانوں کو چھیڑتا تھا کہ تم قربانیاں کیوں کرتے ہو؟ یہ جانوروں پر ظلم ہے، کسی کی جان لینے میں اللہ کا کیا فائدہ ہے! اور اسلام میں قربانی ضروری بھی نہیں، اسلام کے بنیادی ارکان چار ہیں، مسلمان اس کی باتوں سے پریشان تھے۔ میرے ایک دوست حافظ محمد حنیف صاحب رحمہ اللہ جو دارالعلوم دیوبند کے سفیر تھے، ایک مرتبہ اس گاؤں میں گئے، لوگوں نے حافظ صاحب سے اس کا تذکرہ کیا، حافظ صاحب چند مسلمانوں کو لے کر سادھو کے پاس گئے اور کہا: پنڈت جی! آپ کیا باتیں کہتے ہو ہم سے بھی کہو، ہم بھی بوجھیں! اس نے وہی باتیں دہرائی۔ حافظ صاحب نے کہا: پنڈت جی! اسلام کے ارکان چار نہیں، پانچ ہیں۔ پنڈت نے پوچھا: پانچواں حکم کیا ہے؟ حافظ صاحبؒ نے کہا: جہاد! جہاد سے ہر کافر واقف ہے بلکہ خائف ہے، اس نے تسلیم کیا کہ ہاں اسلام میں یہ حکم بھی ہے۔ حافظ صاحبؒ نے کہا: جہاد کی نوبت تو کبھی کبھی آتی ہے، ہم ہر سال قربانی کر کے ریہرسل کرتے ہیں تا کہ جب تمہارا نمبر آئے تو ہمارا ہاتھ چلے، یہ سنتے ہی سادھو کو سانپ سونگھ گیا اور پھر اس نے مسلمانوں کو پریشان کرنا چھوڑ دیا۔

[۱۱۷-] بَابُ مَنْ نَحَرَ بِيَدِهِ

[۱۷۱۲-] حدثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، قَالَ: وَنَحَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ سَبْعَ بُدْنٍ قِيَامًا، وَضَحَّى بِالْمَدِيْنَةِ كَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ، مُخْتَصَرًا.[راجع: ۱۰۸۹]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنے ہاتھ سے سات اونٹ نحر فرمائے درانحالیکہ وہ کھڑے تھے (باقی بٹھا کر نحر کئے) اور مدینہ منورہ میں ایسے دو مینڈھوں کی قربانی کی جو چتکبرے اور سینگ دار تھے (یہ دونوں الگ الگ واقعے ہیں) اور یہ روایت مختصر ہے، مفصل ابھی (حدیث ۱۷۱۴) آرہی ہے۔

بَابُ نَحْرِ الإِبِلِ الْمُقَيَّدَةِ

اونٹ کا پیر باندھ کر ذبح کرنا

اونٹ کا ذبح کرنے سے پہلے پیر باندھ دینا چاہئے، تاکہ کوئی نقصان نہ پہنچائے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایک شخص کے پاس سے گذرے، اس نے نحر کرنے کے لئے اونٹ کو بٹھایا تھا، آپؓ نے فرمایا: اس کو کھڑا کر اور پاؤں باندھ دے پھر نحر کر، نبی ﷺ نے اسی طرح نحر کیا تھا۔

[۱۱۸-] بَابُ نَحْرِ الإِبِلِ الْمُقَيَّدَةِ

[۱۷۱۳-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ أَتَى عَلٰى رَجُلٍ قَدْ أَنَاخَ بَدَنَتَهُ يَنْحَرُهَا، قَالَ: ابْعَثْهَا قِيَامًا مُقَيَّدَةً، سُنَّةُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ شُعْبَةُ: عَنْ يُوْنُسَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زِيَادٌ.

بَابُ نَحْرِ الْبُدْنِ قَائِمَةً

اونٹوں کو کھڑا کر کے ذبح کرنا

گذشتہ باب میں مُقيَّدة تھا، اس باب میں قائمة ہے، پس باب بدل گیا، سورۂ حج (آیت ۳۶) میں صَوافَّ ہے، اس کے معنی ہیں: قیامًا۔

[۱۱۹-] بَابُ نَحْرِ الْبُدْنِ قَائِمَةً

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: سُنَّةُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿صَوَافَّ﴾ قِيَامًا.

[۱۷۱۴-] حدثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ بِالْمَدِيْنَةِ أَرْبَعًا، وَالْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ، فَبَاتَ بِهَا فَلَمَّا أَصْبَحَ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ، فَجَعَلَ يُهَلِّلُ وَيُسَبِّحُ، فَلَمَّا عَلَا عَلَى الْبَيْدَاءِ لَبّٰى بِهِمَا جَمِيْعًا، فَلَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ أَمَرَهُمْ أَنْ يَحِلُّوْا، وَنَحَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ سَبْعَةَ بُدْنٍ قِيَامًا، وَضَحّٰى بِالْمَدِيْنَةِ كَبْشَيْنِ

أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ"[راجع: ۱۰۸۹]

[۱۷۱۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ بِالْمَدِيْنَةِ أَرْبَعًا، وَالْعَصْرَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ.

وَعَنْ أَيُّوْبَ؛ عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، ثُمَّ بَاتَ حَتَّى أَصْبَحَ، فَصَلَّى الصُّبْحَ، ثُمَّ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ حَتَّى إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ الْبَيْدَاءَ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ.[راجع: ۱۰۸۹]

قوله: سبعة بدن قياماً: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، آنحضور ﷺ نے حجۃ الوداع میں تریسٹھ اونٹ اپنے ہاتھ سے ذبح کئے ہیں، سات کھڑے کر کے نحر کئے تھے، باقی بٹھا کر، پس اونٹ کو دونوں طرح ذبح کرنا جائز ہے۔

بَابٌ: لَايُعْطِى الْجَزَّارَ مِنَ الْهَدْىِ شَيْئًا

قصائی کو قربانی میں سے اجرت نہ دے

قربانی کا گوشت کھال قصائی کو اجرت میں نہیں دے سکتے، ہدیہ کے طور پر دے سکتے ہیں، جب دوسروں کو ہدیہ دے سکتے ہیں تو قصائی کو بھی دے سکتے ہیں، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ قربانی پر جو خرچ آئے گا وہ مالک کے ذمہ ہوگا، جیسے زکات غریب کو پہنچانے کی ذمہ داری مالدار کی ہے، پس ڈرافت کا چارج اور منی آرڈر فیس الگ سے ادا کرنی ہوگی، اسی طرح قصائی کی اجرت الگ سے ادا کرنی ہوگی، اس کو گوشت میں سے اجرت نہیں دے سکتے۔

[۱۲۰-] بَابٌ: لَايُعْطِى الْجَزَّارَ مِنَ الْهَدْىِ شَيْئًا

[۱۷۱۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، ثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: بَعَثَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقُمْتُ عَلَى الْبُدْنِ، فَأَمَرَنِيْ فَقَسَمْتُ لَحُوْمَهَا، ثُمَّ أَمَرَنِيْ فَقَسَمْتُ جِلَالَهَا وَجُلُوْدَهَا.[راجع: ۱۷۰۷]

[۱۷۱۶م-] وَقَالَ سُفْيَانُ: ثَنِيْ عَبْدُ الْكَرِيْمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَمَرَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَقُوْمَ عَلَى الْبُدْنِ، وَلَا أُعْطِيَ عَلَيْهَا شَيْئًا فِيْ جُزَارَتِهَا.

[راجع: ۱۷۰۷]

قوله: فقُمتُ على البُدْن: پس میں قربانیوں کا ذمہ دار بنا .... **قوله: أن أقوم على البدن:** کہ میں ہدی کے اونٹوں کا انتظام کروں .... **جُزارتها** (بضم الجيم و كسرها) اجرت۔ م: مکرر کا ہے، حدیث کا نمبر غلط ہوگیا ہے۔

بَابٌ: يُتَصَدَّقُ بِجُلُوْدِ الْهَدْيِ، وَبَابٌ: يُتَصَدَّقُ بِجِلَالِ الْبُدْنِ

قربانی کی کھالیں اور جھولیں خیرات کی جائیں

یہ دو باب ہیں، قربانی کی کھالوں اور جھولوں کا صدقہ کرنا ضروری نہیں، کھال کا وہی حکم ہے جو گوشت کا ہے، قربانی کا گوشت مالدار کو بھی ہدیہ دے سکتے ہیں اور غریب کو بھی، پس کھال بھی غریب اور مالدار کو ہدیہ دے سکتے ہیں اور خود بھی استعمال کر سکتے ہیں، البتہ اگر قربانی کرنے والا کھال یا گوشت فروخت کرے تو قیمت کا صدقہ کرنا ضروری ہے، اسی طرح ہدی کے جھول، رسّی اور زنجیر وغیرہ کا صدقہ کرنا ضروری نہیں، یہ چیزیں صدقہ کرنا مستحب ہے۔

[۱۲۱-] بَابٌ: يُتَصَدَّقُ بِجُلُوْدِ الْهَدْيِ

[۱۷۱۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَعَبْدُ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيُّ، أَنَّ مُجَاهِدًا أَخْبَرَهُمَا، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِيْ لَيْلَى أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَلِيًّا أَخْبَرَهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَهُ أَنْ يَقُوْمَ عَلٰى بُدْنِهِ، وَأَنْ يَقْسِمَ بُدْنَهُ كُلَّهَا، لَحُوْمَهَا وَجُلُوْدَهَا وَجِلَالَهَا، وَلَا يُعْطِي فِي جِزَارَتِهَا شَيْئًا. [راجع: ۱۷۰۷]

[۱۲۲-] بَابٌ: يُتَصَدَّقُ بِجِلَالِ الْبُدْنِ

[۱۷۱۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سَيْفُ بْنُ أَبِيْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُوْلُ: ثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ لَيْلَى، أَنَّ عَلِيًّا حَدَّثَهُ، قَالَ: أَهْدَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِائَةَ بَدَنَةٍ، فَأَمَرَنِيْ بِلُحُوْمِهَا فَقَسَمْتُهَا، ثُمَّ أَمَرَنِيْ بِجِلَالِهَا فَقَسَمْتُهَا، ثُمَّ بِجُلُوْدِهَا فَقَسَمْتُهَا. [راجع: ۱۷۰۷]

بَابٌ: ﴿وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ﴾ إِلٰى قَوْلِه: ﴿فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ عِنْدَ رَبِّهِ﴾

کونسی قربانی کھا سکتے ہیں، اور کونسی قربانی صدقہ کرنا ضروری ہے؟

یہ سورۃ الحج کی (آیات ۲۶-۳۰) ہیں، ان میں حج کا حکم اور فوائد کا بیان ہے، پھر آخر میں ہدایا (قربانیوں) کا ذکر ہے، بَوَّأَ فلاناً منزلاً: جگہ دینا، کسی مکان میں ٹھہرانا۔ بَوَّأْنَا له منزلاً: کوئی جگہ بتلانا، آیت میں یہی معنی ہیں۔ اور مجرد: بَاءَ بالشيئ وإليه (ن) بَوْءً ا: لوٹنا۔

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بیت اللہ کی جگہ (بنیادیں) بتلادیں، اور باپ بیٹے نے مل کر مرکز توحید تیار کیا تو اللہ تعالیٰ نے تین احکام دیئے: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ گردانا جائے، بیت اللہ کو طواف کرنے والوں، اعتکاف کرنے والوں اور رکوع وسجود کرنے والوں یعنی نماز پڑھنے والوں کے لئے پاک صاف رکھا جائے، اور لوگوں میں حج کا اعلان کیا جائے، پھر حج کے فوائد اور اس کے بعد قربانی کا تذکرہ ہے، ارشاد پاک ہے:

﴿وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْ أَيَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ عَلٰى مَارَزَقَهُمْ مِنْ بَهِيْمَةِ الْأَنْعَامِ، فَكُلُوْا مِنْهَا أَطْعِمُوْا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ۝ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ۝ ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ﴾

ترجمہ: اور حُجاج معلوم دنوں میں اللہ کا نام لیں ان پالتو چوپایوں پر جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمائے ہیں، پس تم ان میں سے کھاؤ اور بدحال محتاج کو کھلاؤ، پھر لوگوں کو چاہئے کہ اپنے میل کچیل دور کریں، اور چاہئے کہ وہ اپنی منتوں کو پورا کریں (حضرت ابن عباسؓ نے یہاں نذر سے قربانیاں مراد لی ہیں: روح المعانی) اور چاہئے کہ وہ واجب التکریم گھر کا طواف کریں یعنی طوافِ زیارت کریں، یہ بات تو ہو چکی، اور جو شخص اللہ کی قائم کی ہوئی حرمتوں کا پاس ولحاظ رکھے گا تو وہ اس کے لئے اس کے رب کے پاس بہتر ہے، یعنی شعائر اللہ کی تعظیم بہت اچھی بات ہے، اور ہدایا بھی من جملہ شعائر ہیں (اور شروع آیات کا ترجمہ کتاب الحج کے باب دوم میں آچکا ہے)

آثار:

۱- ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: محرم نے کوئی شکار کیا اور اس کی جزاء میں قربانی کی تو اس کا تصدق ضروری ہے، اسی طرح منت کی قربانی کا بھی تصدق ضروری ہے، خود نہیں کھا سکتا، نہ مالدار کو کھلا سکتا ہے (اسی طرح دم جنایت کا تصدق بھی ضروری ہے) ان کے علاوہ قربانیاں کھا سکتا ہے (اور جب خود کھا سکتا ہے تو مالدار کو بھی کھلا سکتا ہے)

۲- عطاء رحمہ اللہ کہتے ہیں: متمتع اور قارن اپنی قربانی میں سے کھا سکتا ہے اور دوسروں کو بھی کھلا سکتا ہے۔

تشریح: امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک متمتع اور قارن اپنی قربانی میں سے نہیں کھا سکتے اور نہ کوئی مالدار کھا سکتا ہے، اور امام ابوحنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک خود بھی کھا سکتا ہے اور مالدار بھی کھا سکتا ہے۔ اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ متمتع اور قارن کی قربانی دم جبر ہے یا دم شکر؟ دم شکر میں سے مالدار اور غریب کھا سکتے ہیں، اور دم جبر صرف غریبوں کے لئے ہے، قربانی کرنے والا اور مالدار اس میں سے نہیں کھا سکتے۔ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک وہ دم جبر ہے، ان کے نزدیک افعال اور سفر میں جو کمی ہوئی ہے اس کی تلافی کے لئے یہ دم ہے۔ اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک دم شکر ہے، اللہ تعالیٰ نے ایک سفر میں دو کام کرنے کی توفیق دی اس کے شکریہ میں یہ قربانی ہے۔ تفصیل کتاب الحج باب ۳۴ میں گذر چکی ہے۔

[۱۲۳-] بَابٌ: ﴿وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَنْ لَا تُشْرِكْ بِيْ شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِيْنَ وَالْقَائِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ، وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوْكَ رِجَالًا وَعَلَى كُلِّ ضَامِرٍ﴾ إِلَى قَوْلِهِ﴿ فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ عِنْدَ رَبِّهِ﴾ وَمَا يَأْكُلُ مِنَ الْبُدْنِ وَمَا يُتَصَدَّقُ

[۱-] وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: لَايُؤْكَلُ مِنْ جَزَاءِ الصَّيْدِ وَالنَّذْرِ، وَيُؤْكَلُ مِمَّا سِوَى ذٰلِكَ.

[۲-] وَقَالَ عَطَاءٌ: يَأْكُلُ وَيُطْعِمُ مِنَ الْمُتْعَةِ.

[۱۷۱۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ: حَدَّثَنَا عَطَاءٌ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: كُنَّا لَا نَأْكُلُ مِنْ لُحُوْمِ بُدْنِنَا فَوْقَ ثَلَاثِ مِنًى، فَرَخَّصَ لَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "كُلُوْا وَتَزَوَّدُوْا" فَأَكَلْنَا وَتَزَوَّدْنَا.

قُلْتُ لِعَطَاءٍ: أَقَالَ: حَتَّى جِئْنَا الْمَدِيْنَةَ؟ قَالَ: لَا. [انظر: ۲۹۸۰، ۵۴۲۴، ۵۵۶۷]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم اپنی قربانیوں کا گوشت منیٰ کے تین دن (۱۰-۱۲) کے بعد نہیں کھاتے تھے، پس ہمیں نبی ﷺ نے اجازت دی، فرمایا: کھاؤ اور توشہ لو، پس ہم نے کھایا اور توشہ لیا۔ ابن جریج نے حضرت عطاءؒ سے پوچھا: کیا حضرت جابرؓ نے حتّٰی جئنا المدینة (مدینہ پہنچنے تک) بھی کہا تھا؟ حضرت عطاءؒ نے کہا: نہیں۔

تشریح: آنحضور ﷺ نے ایک سال اعلان کرایا تھا کہ قربانی کا گوشت صرف ایام قربانی (۱۰-۱۲) میں کھا سکتے ہیں، اس کے بعد کوئی قربانی کا گوشت نہ کھائے، اور یہ اعلان اس لئے کرایا تھا کہ مدینہ منورہ میں اچانک باہر سے بہت مسلمان آگئے تھے، پس آپؐ نے چاہا کہ سب کو گوشت پہنچے، مگر آئندہ سال بھی صحابہ نے اس پر عمل کیا تو آپؐ نے پھر اعلان کرایا کہ ایام قربانی کے بعد بھی قربانی کا گوشت کھا سکتے ہیں، چنانچہ حجۃ الوداع میں لوگوں نے قربانیوں کا گوشت کھایا بھی اور توشہ کے طور پر ساتھ بھی لیا۔ معلوم ہوا کہ متمتع اور قارن کی قربانی دم شکر ہے اور ہر کوئی اس کو کھا سکتا ہے۔

نوٹ: مصری نسخہ میں وما یأکل سے پہلے باب ۱۲۴ ہے، ہمارے نسخہ میں نہیں ہے، چنانچہ باب اور اسکا نمبر حذف کیا ہے۔

[۱۷۲۰-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، ثَنِيْ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ عَمْرَةُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِخَمْسٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ، وَلَا نُرَى إِلَّا الْحَجَّ، حَتَّى إِذَا دَنَوْنَا مِنْ مَكَّةَ، أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ، إِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ أَنْ يَحِلَّ، قَالَتْ عَائِشَةُ فَدُخِلَ عَلَيْنَا يَوْمَ النَّحْرِ بِلَحْمِ بَقَرٍ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ فَقِيْلَ: ذَبَحَ النَّبِيُّ

صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ أَزْوَاجِهِ.
قَالَ يَحْيىَ: فَذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ لِلْقَاسِمِ، فَقَالَ: أَتَتْكَ بِالْحَدِيْثِ عَلٰى وَجْهِهِ. [راجع: ٢٩٤]

وضاحت: آنحضور ﷺ نے ازواج مطہرات کی طرف سے گائے ذبح کی تھی اور گوشت ازواج کے پاس بھیجا تھا، جبکہ ازواج مطہرات نے تمتع کیا تھا، معلوم ہوا کہ متمتع اور قارن کی قربانی دم شکر ہے اور اس کو قربانی کرنے والا کھا سکتا ہے۔

بَابُ الذَّبْحِ قَبْلَ الْحَلْقِ

سر منڈانے سے پہلے جانور ذبح کرنا

ذی الحجہ کی دس تاریخ کو منیٰ میں چار کام کرنے ہوتے ہیں: پہلے رمی، پھر قربانی، پھر سر منڈا کر یا زلفیں بنوا کر احرام کھولنا، پھر طوافِ زیارت کرنا۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ کام اسی ترتیب سے ادا کئے ہیں، اور یہی ترتیب صحابہ کرام کو بتائی گئی تھی، البتہ یہ ترتیب واجب ہے یا سنت؟ اس میں اختلاف ہے۔

امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک متمتع اور قارن پر رمی، ذبح اور حلق میں ترتیب واجب ہے، تقدیم وتاخیر کی صورت میں دم واجب ہوگا، اور طوافِ زیارت میں ترتیب واجب نہیں، البتہ مناسک ثلاثہ کے بعد طواف زیارت کرنا مسنون ہے، اور مفرد پر چونکہ قربانی واجب نہیں اس لئے اس پر صرف رمی اور حلق میں ترتیب واجب ہے۔ احناف کے یہاں فتوی اسی پر ہے اور ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک مذکورہ چاروں مناسک میں ترتیب سنت ہے، پس تقدیم وتاخیر سے کوئی دم واجب نہیں ہوگا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ منیٰ میں نبی ﷺ سے مناسک کی تقدیم وتاخیر کے سلسلہ میں متعدد سوالات کئے گئے ہیں مثلاً: (۱) کسی نے قربانی سے پہلے سر منڈا لیا (۲) کسی نے رمی سے پہلے قربانی کر ڈالی (۳) کسی نے رمی سے پہلے سر منڈا لیا (۴) کسی نے شام کو رمی کی (۵) کسی نے سر منڈانے سے پہلے طوافِ زیارت کر لیا، آپؐ نے سب کو ایک جواب دیا: **افعل ولا حرج:** کوئی بات نہیں، آگے کا کام کرو (یہ سب روایات مشکوٰۃ **باب التحلل** میں ہیں) آپؐ نے کسی پر دم واجب نہیں کیا، اور حاجت کے موقع پر خاموشی بیان ہوتی ہے، دم واجب ہوتا تو آپؐ اس کی وضاحت فرماتے، پس ثابت ہوا کہ مناسک اربعہ میں ترتیب سنت ہے، یہ جمہور کا استدلال ہے۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی دلیل یہ ہے کہ لَاحَرَجَ والی روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے (یہ حدیث باب میں ہے) پھر ابن عباسؓ کا فتوی ہے: **من قَدَّمَ شَيْئًا من حجّه أو أخّره فليُهْرِق لذلك دما:** جو مناسک میں تقدیم وتاخیر کر دے اس کو چاہئے کہ دم دے، اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس نے قربانی کرنے سے پہلے سر منڈا لیا تو دم واجب ہے، پھر آپؒ نے دلیل میں سورۃ البقرہ کی آیت ۱۹۶ پڑھی: ﴿وَلَا تَحْلِقُوْا رُؤُسَكُمْ حَتَّي يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ﴾: اپنے سروں کو اس وقت تک مت منڈاؤ جب تک قربانی اپنی جگہ نہ پہنچ جائے (یہ دونوں روایتیں ابن ابی شیبہ نے

سند صحیح سے روایت کی ہیں، اعلاء السنن ۱۰: ۱۵۹) اور سورۃ الحج کی آیات ۲۶-۲۹ سے بھی حلق پر قربانی کی تقدیم صاف مفہوم ہوتی ہے، اور طواف کی ترتیب پر دلالت کرنے والا کوئی حرف نہیں، اور رمی کی تقدیم سب مناسک پر فعل نبوی اور ارشاد: **خُذُوْا عنی مَنَاسككم** سے ثابت ہے۔

اور لاحَرَج والی روایات میں تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، جب کوئی نیا مسئلہ بتایا جاتا ہے تو جو فوری الجھن پیش آتی ہے اس میں شریعت سہولت دیتی ہے، اور دلیل حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو ترمذی (حدیث ۱۴۹۶) میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے ان کے ماموں کو ایک سال سے کم عمر کی بکری کی قربانی کی اجازت دی تھی، اور فرمایا تھا: **لاتُجْزِئُ جذعةٌ بعدك**: یہ سہولت صرف آپ کے لئے ہے اور کسی کے لئے نہیں۔ یہی تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، چونکہ یہ حج کا پہلا موقع تھا اور لوگوں کو اگرچہ مناسک کی ترتیب بتادی گئی تھی مگر عدم مزاولت کی وجہ سے خلاف ورزی ہوگئی، تو آپؐ نے درگذر فرمایا، اور کفارہ کا حکم نہیں دیا۔

اور دلیل یہ ہے کہ ان سوالات میں سے ایک سوال یہ بھی تھا کہ ایک صاحب نے طوافِ زیارت سے پہلے سعی کرلی، تو آپؐ نے فرمایا: لاحَرَج کوئی بات نہیں (ابوداؤد، مشکوٰۃ حدیث ۲۶۵۸) حالانکہ اس صورت میں بالاجماع دم واجب ہے۔

اور ترتیب کے وجوب کا ایک قرینہ یہ ہے کہ منیٰ میں سوال کرنے والوں کا ہجوم ہوگیا تھا، لوگ گھبرائے ہوئے مسائل دریافت کررہے تھے، وہ اسی وجہ سے تھا کہ مناسک میں ترتیب واجب تھی، اور یہ بات صحابہ کو بتادی گئی تھی، اگر ترتیب محض سنت ہوتی تو صحابہ کے لئے پریشانی کی کوئی بات نہیں تھی، پس بیان کے موقع پر سکوت کی بات یہاں برمحل نہیں، کیونکہ صحابہ کو یہ بات پہلے سے بتائی جاچکی تھی اس کی کچھ تفصیل کتاب العلم باب ۲۳ (تحفۃ القاری ۱: ۳۶۳) میں بھی گذری ہے۔

[۱۲۵-] بَابُ الذَّبْحِ قَبْلَ الْحَلْقِ

[۱۷۲۱-] حدثنا مَحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، ثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ زَاذَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَمَّنْ حَلَقَ قَبْلَ أَنْ يَذْبَحَ، وَنَحْوِهِ، فَقَالَ: "لَا حَرَجَ، لَا حَرَجَ" [راجع: ۸۴]

ترجمہ: نبی ﷺ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے قربانی سے پہلے سر منڈالیا، اور اس جیسی غلطی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا: کچھ حرج نہیں، کچھ حرج نہیں!............اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صحیح ترتیب وہ ہے جو باب میں ہے یعنی پہلے قربانی کرنی چاہئے پھر سر منڈانا چاہئے، اس سے قطع نظر کہ ترتیب واجب ہے یا سنت۔

[۱۷۲۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، نَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: زُرْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ، قَالَ: "لاحَرَجَ" قَالَ: حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ

أَذْبَحَ، قَالَ: " لَاحَرَجَ" قَالَ: ذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِىَ، قَالَ: " لَا حَرَجَ"

وَقَالَ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِىُّ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، أَخْبَرَنِىْ عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه سلم.

وَقَالَ الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيىَ، ثَنِى ابْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ عَطَاءٍ،عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَالَ عَفَّانُ: أُرَاهُ عَنْ وُهَيْبٍ، ثَنَا ابْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَالَ حَمَّادٌ،عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، وَعَبَّادِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: ایک شخص نے نبی ﷺ سے عرض کیا: میں نے رمی سے پہلے طوافِ زیارت کرلیا؟ آپؐ نے فرمایا: کچھ حرج نہیں! دوسرے نے عرض کیا: میں نے قربانی سے پہلے سر منڈالیا؟ آپؐ نے فرمایا: کچھ حرج نہیں! ایک اور شخص نے عرض کیا: میں نے رمی سے پہلے قربانی کرلی؟ آپؐ نے فرمایا: کچھ حرج نہیں۔

تعلیقات: اس حدیث کو عطاء بن ابی رباح نے حضرت ابن عباسؓ سے بھی روایت کیا ہے اور حضرت جابرؓ سے بھی، اور سعید بن جبیر بھی یہ حدیث ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں۔

تشریح: یہ حدیث نہ کسی کے موافق ہے نہ مخالف، کیونکہ مناسک ثلاثہ اور طوافِ زیارت میں ترتیب بالا جماع واجب نہیں، پس تقدیم وتاخیر سے کوئی فرق نہیں پڑتا، اور دوسرے دونوں سائل اگر مفرد تھے تو ان پر قربانی واجب نہیں تھی، پس ان کے لئے رمی سے پہلے قربانی اور قربانی سے پہلے حلق جائز تھا۔ غرض جب تک ان دونوں سائلوں کا متمتع یا قارن ہونا ثابت نہ ہو یہ حدیث جمہور کی دلیل نہیں بن سکتی، اور یہ ثابت کرنا اب ممکن نہیں۔

[١٧٢٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: رَمَيْتُ بَعْدَ مَا أَمْسَيْتُ، فَقَالَ:" لَاحَرَجَ" فَقَالَ: حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَنْحَرَ، قَالَ:" لَاحَرَجَ"[راجع: ٨٤]

[١٧٢٤-] حدثنا عَبْدَانُ، أَخْبَرَنِىْ أَبِىْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى، قَالَ: قَدِمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ بِالْبَطْحَاءِ، فَقَالَ:" أَحَجَجْتَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ:" بِمَا أَهْلَلْتَ؟" قُلْتُ: لَبَّيْكَ بِإِهْلَالٍ كَإِهْلَالِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَحْسَنْتَ ، انْطَلِقْ، فَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ" ثُمَّ أَتَيْتُ امْرَأَةً مِنْ نِسَاءِ بَنِىْ قَيْسٍ، فَفَلَتْ رَأْسِىْ، ثُمَّ أَهْلَلْتُ بِالْحَجِّ، فَكُنْتُ أُفْتِى بِهِ النَّاسَ حَتّٰى خِلَافَةِ عُمَرَ، فَذَكَرْتُهُ لَهُ. فَقَالَ: إِنْ نَأْخُذْ بِكِتَابِ اللّٰهِ

فَإِنَّهُ يَأْمُرُنَا بِالتَّمَامِ، وَإِنْ نَأْخُذْ بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَحِلَّ حَتَّى بَلَغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ.[راجع: ١٥٥٩]

وضاحت: دس ذی الحجہ کی رمی کا وقت صبح صادق سے گیارہ کی صبح صادق تک ہے، پس اگر کوئی رات میں رمی کرے تو کچھ مضائقہ نہیں۔

حوالہ: دوسری حدیث کتاب الحج باب ۳۲ میں تفصیل سے گذر چکی ہے۔

بَابُ مَنْ لَبَّدَ رَأْسَهُ عِنْدَ الإِحْرَامِ وَحَلَقَ

جس نے احرام کے وقت بالوں کو چپکایا اور سر منڈایا

احرام کھولنے کے لئے حلق یا قصر کرنا ضروری ہے، لیکن اگر تلبید کی ہے یعنی کسی لیس دار مادے سے بالوں کو چپکایا ہے تو پھر سر منڈانا چاہئے، یہ اس باب کا مقصد ہے، آنحضور ﷺ نے حجۃ الوداع میں احرام باندھنے سے پہلے اپنے بالوں کو لیس دار مادے سے چپکایا تھا، چنانچہ آپؐ نے حلق کرایا۔

[١٢٦-] بَابُ مَنْ لَبَّدَ رَأْسَهُ عِنْدَ الإِحْرَامِ وَحَلَقَ

[١٧٢٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، أَنَّهَا قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا شَأْنُ النَّاسِ حَلُّوْا بِعُمْرَةٍ، وَلَمْ تَحْلِلْ أَنْتَ مِنْ عُمْرَتِكَ؟ قَالَ: "إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِيْ، وَقَلَّدْتُ هَدْيِيْ، فَلاَ أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ"[راجع: ١٥٦٦]

سوال: اس حدیث میں صرف تلبید کا ذکر ہے، حلق کا ذکر نہیں؟ **جواب:** تلبید اور حلق میں چولی دامن کا ساتھ ہے، جس نے تلبید کی ہے وہ بال کیسے ترشوائے گا؟ لامحالہ اسے حلق کرانا ہوگا، پس اشارۃ النص سے حلق ثابت ہوگیا۔

بَابُ الْحَلْقِ وَالتَّقْصِيْرِ عِنْدَ الإِحْلاَلِ

احرام کھولتے وقت سر منڈانا اور زلفیں بنوانا

اگر تلبید نہیں کی ہے تو حلق اور قصر میں اختیار ہے البتہ حلق افضل ہے اس لئے کہ نبی ﷺ نے سر منڈانے والوں کو تین بار اور قصر کرنے والوں کو ایک بار دعا دی ہے۔

اور سر منڈا کر احرام کھولنا دو وجہ سے افضل ہے:

پہلی وجہ: جب لوگ بادشاہوں کے دربار میں جاتے ہیں تو صفائی کا خوب اہتمام کرتے ہیں، حجاج بھی احرام کھول کر

طوافِ زیارت کے لئے دربارِ خداوندی میں جائیں گے پس ان کو بھی خوب صاف ہوکر حاضر ہونا چاہئے، اور سر منڈانے سے سر کا میل کچیل اچھی طرح صاف ہوجاتا ہے اس لئے یہ افضل ہے۔

دوسری وجہ: سر منڈا کر احرام کھولنے کا اثر کئی روز تک باقی رہتا ہے، جب تک بال بڑھ نہیں جائیں گے ہر دیکھنے والا محسوس کرے گا کہ اس نے حج کیا ہے، پس اس سے حج کی شان بلند ہوگی، اس لئے حلق افضل ہے۔

فوائد:

۱- قصر کا مفہوم سر کے بال تھوڑے تھوڑے کتروانا نہیں ہے، اگرچہ اس سے بھی احرام کھلتا ہے بلکہ قصر کا مطلب ہے: پٹھے کٹوانا، زلفیں بنوانا، یعنی پیچھے سے بال کٹوانا، قصر میں لمبائی میں کم از کم ایک انملہ اور مقدار میں چوتھائی سر کے برابر بال کٹنے ضروری ہیں، اس سے کم بال کٹوانے میں احرام نہیں کھلے گا، اور عورت کے لئے حلق کرانا حرام ہے، وہ قصر کرائے گی، اس کے لئے بھی لمبائی میں ایک انملہ اور مقدار میں ربع رأس کے بال کٹنے ضروری ہیں۔ بعض عورتوں کی چوٹی آخر میں پتلی ہوجاتی ہے ان کو تھوڑے اوپر سے بال کاٹنے چاہئیں، کیونکہ کٹے ہوئے بال اگر چوتھائی سر کے برابر نہیں ہونگے تو احرام نہیں کھلے گا، اور امام مالکؒ کے نزدیک پورے سر کا حلق یا قصر ضروری ہے، ایک بال بھی رہ گیا تو احرام نہیں کھلے گا، اور صاحبین کے نزدیک آدھے سر کا حلق یا قصر ضروری ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تین بال کاٹنے سے بھی احرام کھل جائے گا۔ اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک چوتھائی سر کا حلق یا قصر ضروری ہے، غرض مسح رأس میں جو اختلاف ہے وہی اختلاف یہاں بھی ہے۔

۲- احرام کھولنے کا یہ طریقہ اس لئے تجویز کیا گیا ہے کہ یہ احرام سے نکلنے کی ایک مناسب صورت ہے، جو متانت کے منافی نہیں، اگر لوگوں کو آزاد چھوڑ دیا جائے گا تو وہ احرام سے نکلنے کے لئے معلوم نہیں کیا کیا طریقے اختیار کریں گے، کوئی جماع سے احرام کھولے گا کوئی کچھ اور کرے گا، تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۴:۲۰۷) میں ہے۔

۳- جب آدمی حج یا عمرہ کے تمام ارکان سے فارغ ہوجائے تو خود اپنا سر بھی مونڈ سکتا ہے اور دوسرے ایسے شخص کا بھی سر مونڈ سکتا ہے جو ارکان سے فارغ ہوگیا ہے، اس میں کوئی جنایت نہیں، جیسے میاں بیوی دونوں تمام ارکان سے فارغ ہوگئے پس مرد: عورت کی چوٹی کاٹ سکتا ہے اور عورت خود بھی اپنی چوٹی کاٹ سکتی ہے، آئندہ حدیث (نمبر ۱۷۳۱ و ۲۷۳۲ کتاب الشروط) میں یہ مسئلہ صراحتاً مذکور ہے اور اگر حالق یا محلوق یا دونوں کے ارکان پورے نہیں ہوئے تو حالق پر صدقہ واجب ہے اور محلوق پر دم (زبدۃ المناسک ص:۱۷۶ مولانا شیر محمد صاحبؒ)

[۱۲۷-] بَابُ الْحَلْقِ وَالتَّقْصِيرِ عِنْدَ الإِحْلَالِ

[۱۷۲۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِيْ حَمْزَةَ، قَالَ نَافِعٌ، كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ: حَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّتِهِ. [انظر: ٤٤١٠، ٤٤١١]

[۱۷۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" اللّٰهُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِيْنَ" قَالُوْا: وَالْمُقَصِّرِيْنَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" اللّٰهُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِيْنَ!" قَالُوْا وَالْمُقَصِّرِيْنَ يَارَسُولَ اللّٰهِ! قَالَ:" وَالْمُقَصِّرِيْنَ"

وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ:" رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِيْنَ" مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ. قَالَ: وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: ثَنِيْ نَافِعٌ، قَالَ فِي الرَّابِعَةِ:" وَالْمُقَصِّرِيْنَ"

[۱۷۲۸-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ!" قَالُوْا: وَالْمُقَصِّرِيْنَ، قَالَ:" اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ!" قَالُوْا: وَالْمُقَصِّرِيْنَ، قَالَهَا ثَلَاثًا. قَالَ:" وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ"

[۱۷۲۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَلَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَطَائِفَةٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، وَقَصَّرَ بَعْضُهُمْ.[راجع: ۱۶۳۹]

[۱۷۳۰-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: قَصَّرْتُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمِشْقَصٍ.

قوله: اللّٰهم ارحم المحلقين: اے اللہ! سر منڈانے والوں پر رحم فرما، لوگوں نے لقمہ دیا: والمقصِّرین یعنی بال ترشوانے والوں کو بھی دعا میں شامل فرمائیں، آپؐ نے پھر یہی دعا کی، لوگوں نے پھر لقمہ دیا، تیسری یا چوتھی مرتبہ آپؐ نے قصر کرانے والوں کو بھی دعا میں شامل فرمایا۔ اس سے حلق کی فضیلت نکلی۔

قوله: قَصَّرتُ عن رسول الله: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے بال پیکان سے تراشے، یہ عمرۂ جعرانہ کا واقعہ ہے، آنحضور ﷺ نے فتح مکہ کے بعد جعرانہ سے ایک عمرہ کیا ہے، دیر رات میں مکہ تشریف لے گئے اور رات ہی میں عمرہ کر کے جعرانہ میں واپس آ گئے، اس لئے یہ عمرہ بہت سوں پر مخفی رہا، اس موقعہ پر آپؐ نے پٹھے بنوائے تھے اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنی برچھی کی انّی سے بال کاٹے تھے۔

بَابُ تَقْصِيْرِ الْمُتَمَتِّعِ بَعْدَ الْعُمْرَةِ

تمتع کرنے والے کا عمرہ کے بعد بال ترشوانا

جب عمرہ کا احرام باندھ کر جائے اور افعالِ عمرہ کر کے احرام کھولے تو بال ترشوائے، سر نہ منڈائے، کیونکہ چند روز کے بعد حج کا احرام باندھے گا، اس سے فارغ ہو کر سر منڈائے گا، یہ اس باب کا مقصد ہے۔

[۱۲۸-] بَابُ تَقْصِيرِ الْمُتَمَتِّعِ بَعْدَ الْعُمْرَةِ

[۱۷۳۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، ثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ أَمَرَ أَصْحَابَهُ أَنْ يَطُوْفُوْا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ يَحِلُّوْا وَيَحْلِقُوْا أَوْ يُقَصِّرُوْا. [راجع: ۱۵٤٥]

قوله: يَحلقوا أو يُقصِّروا: یعنی دونوں کراسکتا ہے، مگر بہتر یہ ہے کہ عمرہ کرکے بال ترشوائے پھر حج سے فارغ ہوکر سر منڈائے۔

بَابُ الزِّيَارَةِ يَوْمَ النَّحْرِ

۱۰ ذی الحجہ کو طوافِ زیارت کرنا

آنحضور ﷺ نے طوافِ زیارت دن میں کیا تھا یا رات میں؟ دونوں طرح کی روایتیں ہیں، اور راجح یہ ہے کہ آپؐ نے دن میں طواف کیا تھا اور اونٹ پر بیٹھ کر کیا تھا تا کہ سب لوگ آپؐ کا طواف دیکھیں اور طواف کا طریقہ سیکھیں، رات میں اونٹ پر بیٹھ کر طواف کرنے کا کوئی فائدہ نہیں، اندھیرے میں کون دیکھے گا؟

جاننا چاہئے کہ آنحضور ﷺ مزدلفہ سے سیدھے جمرات پر آئے تھے، پہلے رمی کی، پھر قربانی کی، پھر حلق کرا کر احرام کھولا، پھر مکہ گئے اور طوافِ زیارت کیا، اور ظہر سے پہلے منیٰ لوٹ آئے، اور ظہر تا عشاء چار نمازیں منیٰ میں پڑھیں، پھر عشاء کے بعد کچھ دیر سو گئے، پھر اٹھ کر مکہ گئے اور نفلی طواف کیا، اور صبح سے پہلے واپس آ گئے، یہاں سے بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوئی، انھوں نے اس کو طوافِ زیارت سمجھا اور یہ روایت کیا کہ نبی ﷺ نے طوافِ زیارت رات میں کیا ہے، جبکہ وہ نفلی طواف تھا، اور منیٰ کی تمام راتوں میں آپؐ نے نفلی طواف کیا ہے، عشاء پڑھا کر کچھ دیر سو جاتے، پھر اٹھ کر مکہ تشریف لے جاتے اور طواف کرکے رات ہی میں لوٹ آتے، کیونکہ منیٰ کی راتیں منیٰ میں گذارنا سنت ہے۔ غرض آنحضور ﷺ نے دن میں طوافِ زیارت کیا ہے، رات تک مؤخر کرنے کی روایت غلط فہمی پر مبنی ہے۔

مسئلہ: طوافِ زیارت کا وقت دس کی صبح صادق سے بارہ کے غروب تک ہے، اس درمیان جب چاہیں رات اور دن میں طواف کر سکتے ہیں، اگر بارہ تاریخ کے غروب تک طوافِ زیارت نہیں کیا تو طواف کے علاوہ دم بھی واجب ہوگا، البتہ حائضہ اور نفاس والی عورت جب پاک ہو طواف کرے گی، اور ان پر تاخیر کی وجہ سے دم واجب نہیں۔

[۱۲۹-] بَابُ الزِّيَارَةِ يَوْمَ النَّحْرِ

[۱-] وَقَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ: أَخَّرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الزِّيَارَةَ إِلَى اللَّيْلِ.

[۲-] وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِي حَسَّانٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ يَزُوْرُ الْبَيْتَ أَيَّامَ مِنًى.

[۱۷۳۲-] وَقَالَ لَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ طَافَ طَوَافًا وَاحِدًا، ثُمَّ يَقِيْلُ، ثُمَّ يَأْتِيْ مِنًى، يَعْنِيْ يَوْمَ النَّحْرِ. وَرَفَعَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ.

[۱۷۳۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، ثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: حَجَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم، فَأَفَضْنَا يَوْمَ النَّحْرِ، فَحَاضَتْ صَفِيَّةُ، فَأَرَادَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم مِنْهَا مَا يُرِيْدُ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِهِ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهَا حَائِضٌ، قَالَ: "حَابِسَتُنَا هِيَ؟" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، أَفَاضَتْ يَوْمَ النَّحْرِ، قَالَ: "اخْرُجُوْا" [راجع: ۲۹٤]

وَيُذْكَرُ عَنِ الْقَاسِمِ، وَعُرْوَةَ، وَالْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَفَاضَتْ صَفِيَّةُ يَوْمَ النَّحْرِ.

قوله: كان يزور البيت: آنحضور ﷺ منیٰ کی راتوں میں بیت اللہ کی زیارت کرتے تھے یعنی طواف کرتے تھے۔ ابن عمرؓ نے طوافِ زیارت کرکے تھوڑی دیر آرام کیا، پھر ظہر سے پہلے منیٰ لوٹ آئے، اور ابن عمرؓ سنت کی پیروی کی پوری کوشش کرتے تھے، معلوم ہوا کہ آپؐ نے بھی طوافِ زیارت دن میں کیا ہے، اور ظہر سے پہلے کیا ہے۔

قوله: فأفضنا يوم النحر: ازواج مطہرات نے بھی دن میں طواف کیا تھا............**قوله: فأراد النبیُّ:** آنحضور ﷺ نے ذوالحلیفہ میں بھی تمام ازواج سے صحبت فرمائی تھی پھر احرام باندھا تھا، اور منیٰ میں بھی احرام کھولنے کے بعد تمام ازواج سے صحبت فرمائی تھی، پھر منیٰ کی کسی اور رات میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے مباشرت کا ارادہ فرمایا، پس عرض کیا گیا کہ وہ حائضہ ہیں، آپؐ نے فرمایا: کیا وہ ہمیں روکنے والی ہیں؟ یعنی ان کی وجہ سے سارے قافلہ کو رکنا پڑے گا؟ عرض کیا گیا کہ انھوں نے طوافِ زیارت کرلیا ہے، آپؐ نے فرمایا: تو نکلو یعنی مدینہ کے لئے روانہ ہوجاؤ۔

بَابٌ: إِذَا رَمَى بَعْدَ مَا أَمْسَى، أَوْ حَلَقَ قَبْلَ أَنْ يَذْبَحَ نَاسِيًا أَوْ جَاهِلاً

کوئی شام کو رمی کرے یا بھول سے یا لاعلمی سے قربانی سے پہلے سر منڈالے

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: اگر کوئی شخص رات میں رمی کرے تو کچھ مضائقہ نہیں، کیونکہ پہلے دن کی رمی کا وقت دس کی صبح صادق سے اگلے دن کی صبح صادق تک ہے اور گیارہ اور بارہ کی رمی کا وقت زوال سے اگلے دن کی صبح صادق تک ہے، پس اگر کوئی رات میں رمی کرے تو کچھ حرج نہیں۔

دوسرا مسئلہ: اگر بھول کر یا مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے قربانی سے پہلے سر منڈالیا تو جمہور کے نزدیک کچھ واجب نہیں، کیونکہ مناسک ثلاثہ میں ترتیب ان کے نزدیک سنت ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اگر وہ قارن یا متمتع ہے تو دم

واجب ہوگا، اور مفرد ہے تو کچھ واجب نہیں، کیونکہ مفرد پر قربانی واجب نہیں۔

[١٣٠-] بَابٌ: إِذَا رَمَى بَعْدَ مَا أَمْسَى، أَوْ حَلَقَ قَبْلَ أَنْ يَذْبَحَ نَاسِيًا أَوْ جَاهِلاً

[١٧٣٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قِيْلَ لَهُ فِي الذَّبْحِ وَالْحَلْقِ وَالرَّمْيِ وَالتَّقْدِيْمِ وَالتَّأْخِيْرِ، فَقَالَ: "لاَ حَرَجَ"

[راجع: ٨٤]

[١٧٣٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُسْأَلُ يَوْمَ النَّحْرِ بِمِنًى، فَيَقُوْلُ: "لاَحَرَجَ" فَسَأَلَهُ رَجُلٌ؟ فَقَالَ: حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ؟ قَالَ: "اذْبَحْ وَلاَ حَرَجَ" قَالَ: رَمَيْتُ بَعْدَ مَا أَمْسَيْتُ؟ فَقَالَ: "لاَحَرَجَ" [راجع: ٨٤]

بَابُ الْفُتْيَا عَلَى الدَّابَّةِ عِنْدَ الْجَمْرَةِ

جمرۃ کے پاس سواری پر سے مسئلہ بتانا

یہ مسئلہ کتاب العلم میں گذر چکا ہے، اور حدیثیں بھی گذری ہیں، سائل اور مسئول کا زمین پر ہونا ضروری نہیں، سواری پر سے بھی مسئلہ بتاسکتے ہیں۔ یہاں عند الجمرۃ کی قید بڑھادی تو نیا باب ہوگیا (دیکھئے تحفۃ القاری ۱:۳۶۳)

[١٣١-] بَابُ الْفُتْيَا عَلَى الدَّابَّةِ عِنْدَ الْجَمْرَةِ

[١٧٣٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَقَفَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَجَعَلُوْا يَسْأَلُوْنَهُ، فَقَالَ رَجُلٌ: لَمْ أَشْعُرْ فَحَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ، قَالَ: "اذْبَحْ وَلاَ حَرَجَ" فَجَاءَ آخَرُ، فَقَالَ: لَمْ أَشْعُرْ فَنَحَرْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ، قَالَ: "ارْمِ وَلاَ حَرَجَ" فَمَا سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَئِذٍ عَنْ شَيْءٍ قُدِّمَ وَلاَ أُخِّرَ، إِلاَّ قَالَ: "افْعَلْ وَلاَ حَرَجَ" [راجع: ٨٣]

[١٧٣٧-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، ثَنَا أَبِيْ، ثنا ابْنُ جُرِيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ عِيْسَى ابْنِ طَلْحَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ شَهِدَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ يَوْمَ النَّحْرِ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: كُنْتُ أَحْسِبُ أَنَّ كَذَا قَبْلَ كَذَا، ثُمَّ قَامَ آخَرُ، فَقَالَ: كُنْتُ أَحْسِبُ أَنَّ كَذَا قَبْلَ كَذَا، حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَنْحَرَ، نَحَرْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ، وَأَشْبَاهَ ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "افْعَلْ وَلاَ حَرَجَ" قَالَ لَهُنَّ كُلِّهِنَّ، فَمَا سُئِلَ يَوْمَئِذٍ عَنْ شَيْءٍ إِلاَّ قَالَ: "افْعَلْ وَلاَ حَرَجَ" [راجع: ٨٣]

[۱۷۳۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَبِىْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنِىْ عِيْسَى بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَنَّـهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى نَاقَتِهِ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. تَابَعَهُ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ.[راجع: ۸۳]

قوله: لم أشعر: مجھے خیال نہ رہا اور میں نے قربانی کرنے سے پہلے سر منڈالیا............**قوله: فما سُئل:** تقدیم وتاخیر کے بارے میں جو بھی سوال کرتا آپؐ یہی جواب دیتے کہ کوئی بات نہیں............**قوله: کنتُ أحسب:** میں ایسا سمجھتا تھا کہ یہ کام پہلے کرنا ہے اور یہ بعد میں جبکہ میرا سمجھنا صحیح نہیں تھا، میں نے الٹا کردیا............**قوله: لهن کلّهن:** ہر سوال کا یہی جواب دیتے کہ کوئی حرج نہیں۔

بَابُ الْخُطْبَةِ أَيَّامَ مِنًى

منیٰ کے دنوں میں تقریر

آج کل امیر موسم صرف عرفہ میں ظہرین سے پہلے تقریر کرتا ہے، مزدلفہ اور منیٰ میں کوئی تقریر نہیں کرتا، لیکن نبی ﷺ نے منیٰ میں بھی تقریر فرمائی تھی، اور وہ عام نصیحت تھی، حج کے بارے میں نہیں تھی، کیونکہ حج سے فراغت ہوچکی تھی۔

[۱۳۲-] بَابُ الْخُطْبَةِ أَيَّامَ مِنًى

[۱۷۳۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ النَّاسَ يَوْمَ النَّحْرِ، فَقَالَ:" يٰأَيُّهَا النَّاسُ! أَىُّ يَوْمٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: يَوْمٌ حَرَامٌ، قَالَ:" فَأَىُّ بَلَدٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: بَلَدٌ حَرَامٌ، قَالَ:" فَأَىُّ شَهْرٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: شَهْرٌ حَرَامٌ، قَالَ:" فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِى بَلَدِكُمْ هٰذَا فِى شَهْرِكُمْ هٰذَا" فَأَعَادَهَا مِرَارًا. ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟ اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟"- قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: فَوَ الَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ إِنَّهَا لَوَصِيَّتُهُ إِلٰى أُمَّتِهِ-" فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، لاَ تَرْجِعُوْا بَعْدِىْ كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ"[انظر: ۷۰۷۹]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ دس ذی الحجہ کو نبی ﷺ نے لوگوں سے خطاب فرمایا: پس آپؐ نے پوچھا: لوگو! آج کونسا دن ہے؟ انھوں نے عرض کیا: محترم دن ہے، آپؐ نے پوچھا: یہ کونسا شہر ہے؟ عرض کیا: محترم شہر ہے، آپؐ نے پوچھا: یہ کونسا مہینہ ہے؟ عرض کیا: حرمت والا مہینہ ہے، آپؐ نے فرمایا: بیشک تمہارے خون، تمہارے مال اور تمہاری آبرو تمہارے درمیان ایک دوسرے پر حرام ہیں اس دن، اس شہر اور اس مہینہ کی حرمت کی طرح۔ بار بار آپؐ نے یہ

بات دوہرائی، پھر سر مبارک آسمان کی طرف اٹھایا، اورفرمایا: اے اللہ (آپ گواہ رہیں) کیا میں نے آپ کا حکم پہنچادیا (آپ گواہ رہیں) کیا میں نے آپ کا حکم پہنچادیا ـــــ ابن عباسؓ کہتے ہیں: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! بیشک یہ آپؐ کی وصیت ہے اپنی امت کو ـــــ پس چاہئے کہ حاضر غائب کو پہنچائے، میرے بعد کافر نہ ہوجانا کہ ایک دوسرے کی گردن مارنے لگو۔

[۱۷۴۰-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِیْ عَمْرٌو، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ زَیْدٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم یَخْطُبُ بِعَرَفَاتٍ، تَابَعُهُ ابْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ عَمْرٍو.

[انظر: ۱۸۴۱، ۱۸۴۳، ۵۸۰۴، ۵۸۵۳]

[۱۷۴۱-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ، ثَنَا قُرَّةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ، أَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِیْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِیْ بَكْرَةَ، وَرَجُلٍ أَفْضَلُ فِیْ نَفْسِیْ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ بَكْرَةَ، قَالَ: خَطَبَنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَوْمَ النَّحْرِ، فَقَالَ: " أَتَدْرُوْنَ أَیُّ یَوْمٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! فَسَكَتَ حَتّٰی ظَنَنَّا أَنَّهُ سَیُسَمِّیْهِ بِغَیْرِ اسْمِهِ، قَالَ: " أَلَیْسَ یَوْمُ النَّحْرِ" قُلْنَا: بَلٰی! قَالَ: " أَیُّ شَهْرٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! فَسَكَتَ حَتّٰی ظَنَنَّا أَنَّهُ سَیُسَمِّیْهِ بِغَیْرِ اسْمِهِ، قَالَ: "أَلَیْسَ ذُو الْحَجَّةِ؟" قُلْنَا: بَلٰی! قَالَ: " أَیُّ بَلَدٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! فَسَكَتَ حَتّٰی ظَنَنَّا أَنَّهُ سَیُسَمِّیْهِ بِغَیْرِ اسْمِهِ، قَالَ: " أَلَیْسَتْ بِالْبَلْدَةِ الْحَرَامِ؟" قُلْنَا: بَلٰی! قَالَ: " فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ عَلَیْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ یَوْمِكُمْ هٰذَا فِیْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِیْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، إِلٰی یَوْمِ تَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ، أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ اشْهَدْ، فَلْیُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَرُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعٰی مِنْ سَامِعٍ، وَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ كُفَّارًا، یَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ"[راجع: ٦٧]

قوله: یخطب بعرفات: نبی ﷺ نے اصل تقریر عرفہ میں ظہر سے پہلے کی تھی، اس میں مناسک سکھلائے تھے اور منیٰ میں عام نصیحت فرمائی تھی ....**قوله: ورجل أفضل:** محمد بن سیرین رحمہ اللہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عبدالرحمٰن سے بھی یہ حدیث روایت کرتے ہیں اور حمید بن عبدالرحمٰن سے بھی۔ ابن سیرین کہتے ہیں: میرے نزدیک حمید: عبدالرحمٰن سے افضل ہیں (اور عبدالرحمٰن بھی بڑے آدمی ہیں، کرمان کے قاضی تھے) اور وہ دونوں ابوبکرہؓ سے روایت کرتے ہیں اور حدیث کتاب العلم باب ۹ (تحفۃ القاری ۱:۳۳۲) میں گذر چکی ہے۔

[۱۷۴۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی، ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، أَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم بِمِنًی: " أَتَدْرُوْنَ أَیُّ یَوْمٍ هٰذَا" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ

أَعْلَمُ! قَالَ: " فَإِنَّ هٰذَا يَوْمٌ حَرَامٌ، أَفَتَدْرُوْنَ أَیُّ بَلَدٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: " بَلَدٌ حَرَامٌ" قَالَ: أَتَدْرُوْنَ أَیُّ شَهْرٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: " شَهْرٌ حَرَامٌ" قَالَ: "فَإِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِی شَهْرِكُمْ هٰذَا، فِیْ بَلَدِكُمْ هٰذَا"

وَقَالَ هِشَامُ بْنُ الْغَازِ: أَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: وَقَفَ النَّبِیُّ صلی اللّٰه علیه وسلم يَوْمَ النَّحْرِ بَيْنَ الْجَمَرَاتِ فِی الْحَجَّةِ الَّتِیْ حَجَّ: بِهٰذَا. وَقَالَ: " هٰذَا يَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ" فَطَفِقَ النَّبِیُّ صلی اللّٰه علیه وسلم يَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ اشْهَدْ" وَوَدَّعَ النَّاسَ، فَقَالُوْا: هٰذِهٖ حَجَّةُ الْوَدَاعِ.

[انظر: ۴۴۰۳، ۶۰۴۳، ۶۱۶۶، ۶۷۸۵، ۶۸۶۸، ۷۰۷۷]

قوله: بهذا: أی بالحديث الذی تقدم من طريق محمد بن زيد (فتح)

قوله: وودّع الناس: اورآپؐ نے لوگوں کو رخصت کیا، آپؐ نے منیٰ کی اس تقریر میں تبلیغ دین واحکام پہنچانے پر لوگوں کو گواہ بنایا، پھر لوگوں کے اقرار پر اللہ کو گواہ بنایا، یہ آپؐ نے لوگوں کو رخصت کیا، یعنی اس طرف اشارہ کیا کہ یہ میرا آخری حج ہے، آئندہ شاید ہماری ملاقات نہ ہو، اس لئے اس حج کو حجۃ الوداع کہا گیا۔

بَابٌ: هَلْ يَبِيْتُ أَصْحَابُ السِّقَايَةِ أَوْ غَيْرُهُمْ بِمَكَّةَ لَيَالِیَ مِنًی؟

کیا زمزم پلانے والے یا اور لوگ منیٰ کی راتیں مکہ میں گذار سکتے ہیں؟

ایام منیٰ کی راتیں منیٰ میں گذارنا سنت ہے، لیکن آنحضور ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو اجازت دی تھی کہ وہ مکہ میں راتیں گذار سکتے ہیں، کیونکہ سقایہ ان کے ذمہ داری تھی، لوگ رات میں بھی طواف کرتے ہیں، ان کو بھی پانی پلانا پڑتا ہے، اور سیٹھ وہاں نہیں ہوگا تو نوکر چاکر اور غلام وغیرہ لاپرواہی برتیں گے، اسی طرح چرواہوں کو منی سے باہر راتیں گذارنے کی اور دو دن کی رمی جمع کرنے کی اجازت دی ہے۔

ایک سال منیٰ میں آگ لگی تھی، ہمارے سارے خیمے جل گئے تھے، منی میں ٹھہرنے کی کوئی جگہ نہیں تھی اس لئے ہم نے مکہ میں قیام کیا تھا، روزانہ منی جا کر رمی کرتے تھے، یہ ایک مجبوری تھی، ایسی مجبوری میں بھی منی سے باہر راتیں گذار سکتے ہیں۔

[۱۳۳-] بَابٌ: هَلْ يَبِيْتُ أَصْحَابُ السِّقَايَةِ أَوْ غَيْرُهُمْ بِمَكَّةَ لَيَالِیَ مِنًی؟

[۱۷۴۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، ثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: رَخَّصَ النَّبِیُّ صلی اللّٰه علیه وسلم. [راجع: ۱۶۳۴]

[۱۷۴۴-] ح: وَحَدَّثَنِیْ يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ،

عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَذِنَ. [راجع: ١٦٣٤]

[١٧٤٥-] ح: وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا أَبِي، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ، ثَنِي نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ الْعَبَّاسَ اسْتَأْذَنَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لِيَبِيْتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى، مِنْ أَجْلِ سِقَايَتِهِ، فَأَذِنَ لَهُ، تَابَعَهُ أَبُوْ أُسَامَةَ، وَعُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَأَبُوْ ضَمْرَةَ. [راجع: ١٦٣٤]

بَابُ رَمْيِ الْجِمَارِ

جمرات کو کنکریاں مارنا

یہ جنرل باب ہے، یہاں سے رمی کا بیان شروع ہو رہا ہے، آنحضور ﷺ مزدلفہ سے سیدھے جمرہ عقبہ پر تشریف لائے تھے اور اونٹ پر ہی سے آپؐ نے رمی کی تھی تا کہ سب لوگ آپؐ کی رمی دیکھیں اور رمی کرنے کا طریقہ سیکھیں اور باقی دنوں میں پیدل رمی کی تھی، اس لئے سوار ہو کر بھی رمی کر سکتے ہیں اور پیدل بھی، اور حنفیہ کے نزدیک جس رمی کے بعد رمی ہے وہ پیدل کرنا افضل ہے اور جس کے بعد رمی نہیں وہ سوار ہو کر کرنا افضل ہے، مگر اب سب پیدل رمی کرتے ہیں، جانور پر سوار ہو کر رمی کرنے کی اب کوئی صورت نہیں۔

[١٣٤-] بَابُ رَمْيِ الْجِمَارِ

وَقَالَ جَابِرٌ: رَمَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى، وَرَمَى بَعْدَ ذٰلِكَ بَعْدَ الزَّوَالِ.

[١٧٤٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ وَبَرَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ: مَتَى أَرْمِي الْجِمَارَ؟ قَالَ: إِذَا رَمَى إِمَامُكَ فَارْمِهِ، فَأَعَدْتُ عَلَيْهِ الْمَسْأَلَةَ، قَالَ: كُنَّا نَتَحَيَّنُ، فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ رَمَيْنَا.

حدیث: وبرۃ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: میں رمی کب کروں؟ آپؓ نے فرمایا: جب تیرا امام رمی کرے تب رمی کر، اس نے دوبارہ پوچھا: تو آپؓ نے فرمایا: ہم انتظار کرتے تھے، جب زوال ہوتا تو رمی کرتے تھے (گیارہ اور بارہ کی رمی کا وقت زوال کے بعد شروع ہوتا ہے)

بَابُ رَمْيِ الْجِمَارِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ

میدان کے بیچ سے جمرات کی رمی کرنا

جمرات کی رمی چاروں طرف سے جائز ہے، مگر نبی ﷺ نے میدان کے درمیان سے رمی کی تھی، کیونکہ آپؐ مزدلفہ سے اسی طرف سے تشریف لائے تھے، اور رمی اس طرح کی تھی کہ کعبہ شریف آپؐ کی بائیں جانب تھا، اور منی دائیں جانب، مگر اب وہاں نہ وادی ہے نہ اس کا درمیان، عمارت بنادی گئی ہے اور کئی منزلہ ہے، اور ہر منزل پر رمی کی جاتی ہے۔

[۱۳۵-] بَابُ رَمْيِ الْجِمَارِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِیْ

[۱۷۴۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: رَمَى عَبْدُ اللّٰهِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِیْ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! إِنَّ نَاسًا يَرْمُوْنَهَا مِنْ فَوْقِهَا، فَقَالَ: وَالَّذِیْ لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ! هٰذَا مَقَامُ الَّذِیْ أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ.

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ: ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الأَعْمَشُ بِهٰذَا.[انظر: ۱۷۴۸، ۱۷۴۹، ۱۷۵۰]

ترجمہ: عبدالرحمٰن کہتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے وادی کے بیچ سے رمی کی، پس میں نے عرض کیا: کچھ لوگ اوپر سے رمی کرتے ہیں، آپؓ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں! یہ اس ہستی کی رمی کرنے کی جگہ ہے جس پر سورۂ بقرہ نازل ہوئی ہے۔

تشریح: سورۂ بقرہ کی تخصیص اس لئے کی ہے کہ حج کے زیادہ تر احکام اسی میں ہیں، ظاہر ہے جس ہستی پر یہ سورت نازل ہوئی ہے یعنی آنحضور ﷺ حج کے احکام سب سے زیادہ جانتے تھے، انھوں نے یہاں سے رمی کی ہے۔

بَابُ رَمْيِ الْجِمَارِ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ

سات کنکریوں سے جمرات کی رمی کرنا

ہر جمرہ کو سات کنکریاں ماری جاتی ہیں، اور کنکری نہ بہت چھوٹی ہونی چاہئیں اور نہ بہت بڑی، چنے کے دو دانوں کے بقدر ہونی چاہئیں۔

[۱۳۶-] بَابُ رَمْيِ الْجِمَارِ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ

ذَكَرَهُ ابْنُ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۷۴۸-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، هُوَ ابْنُ عُتَيْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّهُ انْتَهَى إِلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرَى، جَعَلَ الْبَيْتَ عَنْ يَسَارِهِ وَمِنًى عَنْ يَمِيْنِهِ وَرَمَى بِسَبْعٍ. وَقَالَ: هٰكَذَا رَمَى الَّذِیْ أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ.[راجع: ۱۷۴۷]

بَابُ مَنْ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ وَجَعَلَ الْبَيْتَ عَنْ يَسَارِهِ

جس نے جمرۂ عقبہ کی رمی کی اور بیت اللہ کو اپنی بائیں جانب کیا

جب آنحضور ﷺ نے جمرۂ عقبہ کی رمی کی تھی تو وادی کے بیچ میں کھڑے ہوئے تھے اور کعبہ شریف کو بائیں جانب

اور منیٰ کو دائیں جانب کیا تھا، پھر سات کنکریاں ماری تھیں اور ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہی تھی۔

[۱۳۷-] بَابُ مَنْ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ وَجعَلَ الْبَيْتَ عَنْ يَسَارِهِ

[۱۷۴۹-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا الْحَكَمُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، أَنَّهُ حَجَّ مَعَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، فَرَآهُ يَرْمِيْ الْجَمْرَةَ الْكُبْرَى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، وَجَعَلَ الْبَيْتَ عَنْ يَسَارِهِ، وَمِنًى عَنْ يَمِيْنِهِ، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا مَقَامُ الَّذِیْ أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ.[راجع: ۱۷۴۷]

بَابٌ: يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ

ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہنا

ہر جمرے کو سات کنکریاں مارنی ہوتی ہیں اور ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہی جاتی ہے، تکبیر کہنا سنت ہے، اگر کوئی بھیڑ میں حواس باختہ ہوجائے اور تکبیر کہنا بھول جائے تو کچھ حرج نہیں —— اور رمی کی دو حکمتیں ہیں:

پہلی حکمت: یہ عمل ذکر اللہ کی گرم بازاری کے لئے ہے، منیٰ کے ایام میں ان جمرات پر ذکر اللہ کا وہ غلغلہ بلند ہوتا ہے کہ بس دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے، ہزاروں آدمی جب ایک ساتھ اللہ کی بڑائی کا نعرہ بلند کرتے ہیں اور جمروں پر کنکریاں مارتے ہیں تو وہ منظر اہلِ بصیرت کے لئے ایک ایمان افروز عمل ہوتا ہے۔

دوسری حکمت: بعض تاریخی اور تفسیری روایات میں یہ بات آئی ہے کہ شیطان نے تین مرتبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم الٰہی کی تعمیل سے روکنے کی کوشش کی تھی، اور ہر بار آپ نے اسے سات کنکریاں مار کر دفع کیا تھا، منیٰ میں آج تک انہی مقامات میں یہ محبوب عمل دوہرایا جاتا ہے، کیونکہ اکابر کے ایسے بابرکت عمل کی نقل کرنے سے نفس کو نہایت قوی تنبیہ ہوتی ہے کہ اسے بھی اپنے اوپر شیطان کا داؤ نہیں چلنے دینا چاہئے (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی ۳:۳۰۳ میں ہے)

[۱۳۸-] بَابٌ: يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ

قَالَهُ ابْنُ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۷۵۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ، ثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ يَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ: السُّوْرَةُ الَّتِیْ تُذْكَرُ فِيْهَا الْبَقَرَةُ، وَالسُّوْرَةُ الَّتِیْ يُذْكَرُ فِيْهَا آلُ عِمْرَانَ، وَالسُّوْرَةُ الَّتِیْ تُذْكَرُ فِيْهَا النِّسَاءُ، قَالَ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِإِبْرَاهِيْمَ، فَقَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ، أَنَّهُ كَانَ مَعَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ حِيْنَ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ، فَاسْتَبْطَنَ الْوَادِیَ، حَتَّى إِذَا حَاذَى بِالشَّجَرَةِ اعْتَرَضَهَا، فَرَمَى بِسَبْعِ

حَصَيَاتٍ، يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ، ثُمَّ قَالَ: مِنْ هٰهُنَا وَالَّذِي لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ! قَامَ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ.[راجع: ١٧٤٧]

وضاحت: حجاج نے ایک مرتبہ تقریر میں کہا کہ یہ نہ کہو: سورۂ بقرہ (گائے کی سورت) سورۂ آل عمران (خاندانِ عمران کی سورت) بلکہ کہو: وہ سورت جس میں گائے کا تذکرہ ہے، وہ سورت جس میں خاندان عمران کا تذکرہ ہے، وہ سورت جس میں عورتوں کا تذکرہ ہے، اعمشؒ نے حضرت ابراہیم نخعیؒ سے یہ بات ذکر کی تو انھوں نے حجاج کی تردید کی اور فرمایا: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ وادی کے بیچ سے رمی کی پھر فرمایا: اس ہستی کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں! جس ہستی پر سورۂ بقرہ نازل ہوئی ہے، انھوں نے یہاں سے رمی کی ہے۔ معلوم ہوا کہ سورۂ بقرہ، سورۂ آل عمران وغیرہ کہنا درست ہے۔

بَابُ مَنْ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ وَلَمْ يَقِفْ

جس نے جمرۂ عقبہ کی رمی کی اور دعا کے لئے ٹھہرا نہیں

پہلے اور دوسرے جمرہ کی رمی سے فارغ ہوکر، ایک طرف ہٹ کر، قبلہ رخ ہوکر دعا مانگنی چاہئے اور تیسرے جمرہ کی رمی کے بعد ٹھہرنا نہیں چاہئے، لوٹ جانا چاہئے۔ قاعدہ یہ ہے: جس رمی کے بعد رمی ہے اس کے بعد دعا ہے اور جس رمی کے بعد رمی نہیں اس کے بعد دعا نہیں۔

[۱۳۹-] بَابُ مَنْ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ وَلَمْ يَقِفْ

قَالَهُ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابٌ: إِذَا رَمَى الْجَمْرَتَيْنِ يَقُوْمُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَيُسْهِلُ

جب پہلے اور دوسرے جمرے کی رمی کرے تو قبلہ رخ کھڑا ہو، اور ہموار زمین میں دعا کرے

گذشتہ باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی جس حدیث کا حوالہ تھا وہ حدیث اس باب میں ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جب گیارہ بارہ کی رمی کی تو سب سے پہلے مسجد خیف سے متصل جو جمرہ ہے اس کو سات کنکریاں ماریں، ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہتے تھے، پھر آگے بڑھے اور ہموار زمین میں آئے، پھر قبلہ رخ کھڑے ہوکر دیر تک ہاتھ اٹھائے ہوئے دعا کرتے رہے، پھر درمیانی جمرہ کے پاس آئے اور اس کی رمی کی، پھر بائیں طرف چلے اور ہموار زمین میں آئے، اور وہاں بھی قبلہ رخ ہوکر اور ہاتھ اٹھا کر دیر تک دعا کی، پھر آخری جمرہ کے پاس آئے اور وادی کے بیچ سے اس کو کنکریاں ماریں، اور رمی کرکے فوراً چل دیئے، وہاں رک کر دعا نہیں کی، اور فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

[۱۴۰-] بَابٌ: إِذَا رَمَى الْجَمْرَتَيْنِ يَقُوْمُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَيُسْهِلُ

[۱۷۵۱-] حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَيْبَةَ، ثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيىٰ، ثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ كَانَ يَرْمِیْ الْجَمْرَةَ الدُّنْيَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، يُكَبِّرُ عَلَى إِثْرِ كُلِّ حَصَاةٍ، ثُمَّ يَتَقَدَّمُ حَتَّى يُسْهِلَ، فَيَقُوْمَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ، فَيَقُوْمُ طَوِيْلاً، وَيَدْعُوْ وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ، ثُمَّ يَرْمِیْ الْوُسْطَى، ثُمَّ يَأْخُذُ ذَاتَ الشِمَالِ فَيُسْهِلُ وَيَقُوْمُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ، ثُمَّ يَدْعُوْ وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ وَيَقُوْمُ طَوِيْلاً، ثُمَّ يَرْمِیْ جَمْرَةَ ذَاتِ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِیْ، وَلاَ يَقِفُ عِنْدَهَا ثُمَّ يَنْصَرِفُ، وَيَقُوْلُ: هٰكَذَا رَأَيْتُ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُهُ. [انظر: ۱۷۵۲، ۱۷۵۳]

بَابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ عِنْدَ الْجَمْرَةِ الدُّنْيَا وَالْوُسْطَى، وَبَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْجَمْرَتَيْنِ

پہلے اور دوسرے جمروں کے پاس ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا

یہ دو باب ہیں، اور جمرۃ الدنیا سے پہلا جمرہ مراد ہے، الدنیا: الأدنی کا مؤنث ہے، اور اس کے معنی ہیں: الأقرب، یہ جمرہ مسجدِ خیف سے قریب ہے اس لئے اس کو جمرۃ الدنیا کہتے ہیں، پہلے اور دوسرے جمروں کی رمی کے بعد اگر موقعہ ہو تو ایک طرف ہٹ کر ہاتھ اٹھا کر دعا کرنی چاہئے۔

[۱۴۱-] بَابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ عِنْدَ الْجَمْرَةِ الدُّنْيَا وَالْوُسْطَى

[۱۷۵۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ: أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنِ عُمَرَ كَانَ يَرْمِیْ الْجَمْرَةَ الدُّنْيَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، يُكَبِّرُ عَلٰى إِثْرِ كُلِّ حَصَاةٍ، ثُمَّ يَتَقَدَّمُ فَيُسْهِلُ، فَيَقُوْمُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ قِيَامًا طَوِيْلاً، فَيَدْعُوْ وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ، ثُمَّ يَرْمِی الْجَمْرَةَ الْوُسْطَى كَذٰلِكَ، فَيَأْخُذُ ذَاتَ الشِّمَالِ فَيُسْهِلُ، وَيَقُوْمُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ قِيَامًا طَوِيْلاً، فَيَدْعُوْ وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ، ثُمَّ يَرْمِی الْجَمْرَةَ ذَاتَ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِیْ، وَلاَ يَقِفُ عِنْدَهَا، وَيَقُوْلُ: هٰكَذَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُ. [راجع: ۱۷۵۱]

[۱۴۲-] بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْجَمْرَتَيْنِ

[۱۷۵۳-] وَقَالَ مُحَمَّدٌ: ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا رَمَى الْجَمْرَةَ الَّتِیْ تَلِیْ مَسْجِدَ مِنًى، يَرْمِيْهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ، ثُمَّ تَقَدَّمَ أَمَامَهَا، فَوَقَفَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ، رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُوْ، وَكَانَ يُطِيْلُ الْوُقُوْفَ، ثُمَّ يَأْتِیْ

الْجَمْرَةَ الثَّانِيَةَ فَيَرْمِيهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ، ثُمَّ يَنْحَدِرُ ذَاتَ الشِّمَالِ مِمَّا يَلِي الْوَادِيَ، فَيَقِفُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُوْ، ثُمَّ يَأْتِي الْجَمْرَةَ الَّتِيْ عِنْدَ الْعَقَبَةِ، فَيَرْمِيهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ عِنْدَ كُلِّ حَصَاةٍ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ وَلاَ يَقِفُ عِنْدَهَا، قَالَ الزُّهْرِيُّ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ بِمِثْلِ هٰذَا عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. قَالَ: وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ.[راجع: ۱۷۵۱]

وضاحت: مذکورہ حدیث کوامام زہری رحمہ اللہ نے پہلے مرسل بیان کیا ہے پھر آخر میں سند ذکر کی ہے، بعض حضرات کے نزدیک اس طرح حدیث مسند نہیں ہوتی، پس یہ حدیث مرسل ہے، مگر ان کی بات صحیح نہیں، کیونکہ محدثین کبھی سند پہلے بیان کرتے ہیں، کبھی بعد میں۔ نیز کبھی شروع میں پوری سند بیان کرتے ہیں کبھی بعض سند شروع میں اور بعض آخر میں بیان کرتے ہیں، یہ محدثین کا حدیثیں روایت کرنے کا طریقہ تھا، اور محمد سے محمد بن بشار مراد ہیں۔

بَابُ الطِّيْبِ بَعْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ وَالْحَلْقِ قَبْلَ الإِفَاضَةِ

جمرۂ عقبہ کی رمی اور سر منڈانے کے بعد طوافِ زیارت سے پہلے خوشبو لگانا

جب رمی، قربانی اور حلق یا قصر کرا کر احرام کھول دے تو ممنوعاتِ احرام حلال ہو گئے، مگر بیوی طوافِ زیارت کے بعد حلال ہوگی، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ البتہ طوافِ زیارت سے پہلے خوشبو لگانا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ جمہور کے نزدیک طوافِ زیارت سے پہلے خوشبو لگانا بلا کراہیت جائز ہے، مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ منع کرتے تھے، اور امام مالک رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے اور بعض حضرات نے امام محمد رحمہ اللہ کا بھی یہی مذہب بیان کیا ہے۔ مگر ان کی طرف اس قول کی نسبت صحیح نہیں، امام محمد رحمہ اللہ نے موطا محمد باب ما يحرم على الحاج بعد رمي جمرة العقبة يوم النحر میں پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اثر بیان کیا ہے کہ جس نے جمرۂ عقبہ کی رمی کر لی اس کے لئے تمام ممنوعاتِ احرام حلال ہو گئے علاوہ عورت اور خوشبو کے، پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث لکھی ہے کہ میں نے خود اپنے ہاتھوں سے آنحضور ﷺ کو طوافِ زیارت سے پہلے خوشبو لگائی ہے۔ پھر امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وبهٰذا نأخذ في الطيب قبل زيارة البيت، وندع ما روى عمر، وابن عمر، وهو قول أبي حنيفة والعامة من فقهائنا، اس سے معلوم ہوا کہ امام محمدؒ جمہور کے ساتھ ہیں (موطا محمد ص: ۲۳۱)

[۱۴۳-] بَابُ الطِّيْبِ بَعْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ وَالْحَلْقِ قَبْلَ الإِفَاضَةِ

[۱۷۵٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، وَكَانَ أَفْضَلَ أَهْلِ زَمَانِهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ، وَكَانَ أَفْضَلَ أَهْلِ زَمَانِهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ: طَيَّبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله

عليه وسلم بِيَدَيَّ هَاتَيْنِ حِيْنَ أَحْرَمَ، وَلِحِلِّهِ حِيْنَ أَحَلَّ قَبْلَ أَنْ يَطُوْفَ، وَبَسَطَتْ يَدَيْهَا.

[راجع: ١٥٣٩]

بَابُ طَوَافِ الْوَدَاعِ

طوافِ وداع کا بیان

اب طوافِ وداع کے ابواب شروع ہورہے ہیں، طوافِ وداع واجب ہے، البتہ حائضہ اور نفاس والی عورت پر واجب نہیں، وہ طوافِ وداع کئے بغیر وطن لوٹ سکتی ہے۔ اور صرف حاجی پر طوافِ وداع واجب ہے عمرہ کرنے والوں پر واجب نہیں، مگر افضل یہ ہے کہ وہ بھی جب وطن لوٹیں تو سب سے آخر میں طواف کرکے لوٹیں۔

مسئلہ: اگر کوئی طوافِ وداع کئے بغیر وطن لوٹ گیا تو جب تک میقات کے اندر ہے اس پر واپس لوٹ کر طواف کرنا ضروری ہے، اور میقات سے نکل گیا تو دم دے، اور دم پوری زندگی میں کبھی بھی دے سکتا ہے۔

[١٤٤-] بَابُ طَوَافِ الْوَدَاعِ

[١٧٥٥-] حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أُمِرَ النَّاسُ أَنْ يَكُوْنَ آخِرُ عَهْدِهِمْ بِالْبَيْتِ، إِلَّا أَنَّهُ خُفِّفَ عَنِ الْحَائِضِ.[راجع: ٣٢٩]

[١٧٥٦-] حدثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، أَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ:أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ، ثُمَّ رَقَدَ رَقْدَةً بِالْمُحَصَّبِ، ثُمَّ رَكِبَ إِلَى الْبَيْتِ، فَطَافَ بِهِ.

تَابَعَهُ اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ خَالِدٌ، عَنْ سَعِيْدٍ، هُوَ ابْنُ أَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ : أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ١٧٦٤]

حدیث (۱): ابن عباسؓ کہتے ہیں: لوگ حکم دیئے گئے کہ ان کی سب سے آخری ملاقات بیت اللہ سے ہو یعنی طوافِ وداع کرکے لوٹیں، مگر یہ بات ہے کہ یہ حکم ہلکا کردیا گیا ہے حائضہ سے یعنی وہ طوافِ وداع کئے بغیر لوٹ سکتی ہے۔

تشریح: طوافِ وداع: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک سنت یا واجب ہے، اور اس کے تارک پر کوئی دم نہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک صرف آفاقی پر واجب ہے، اور اس کے تارک پر دم ہے، اور جمہور کے نزدیک ہر حاجی پر واجب ہے، کیونکہ امر جب قرائن سے خالی ہوتا ہے تو وجوب کے لئے ہوتا ہے، اور ترک واجب سے دم آتا ہے۔

ترکیب: بالبیت: کائن محذوف سے متعلق ہوکر یکون کی خبر ہے۔

حدیث(۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے (تیرہ ذی الحجہ کو) ظہرین اور عشائین پڑھیں پھر تھوڑی دیر سوگئے (تھوڑی دیر رقدة کا ترجمہ ہے، مصدر نوعیت بیان کرنے کے لئے ہے) پھر سوار ہوکر بیت اللہ تشریف لے گئے اور طواف (وداع) کیا (پھر مدینہ منورہ کی طرف مراجعت فرمائی)

بَابٌ: إِذَا حَاضَتِ الْمَرْأَةُ بَعْدَ مَا أَفَاضَتْ

جب عورت کو طوافِ زیارت کے بعد حیض آجائے

طوافِ زیارت کے بعد اگر عورت کو حیض آجائے تو وہ وطن لوٹ سکتی ہے، کیونکہ حائضہ پر بالاجماع طوافِ وداع واجب نہیں۔

[۱۴۵-] بَابٌ: إِذَا حَاضَتِ الْمَرْأَةُ بَعْدَ مَا أَفَاضَتْ

[۱۷۵۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَاضَتْ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" أَحَابِسَتُنَا هِيَ؟" قَالُوْا: إِنَّهَا قَدْ أَفَاضَتْ، قَالَ:" فَلاَ إِذًا"[راجع: ۲۹۴]

[۱۷۵۸و۱۷۵۹-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ: أَنَّ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ سَأَلُوْا ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ امْرَأَةٍ طَافَتْ، ثُمَّ حَاضَتْ، قَالَ لَهُمْ: تَنْفِرُ، قَالُوْا: لاَ نَأْخُذُ بِقَوْلِكَ وَنَدَعُ قَوْلَ زَيْدٍ، قَالَ: إِذَا قَدِمْتُمُ الْمَدِيْنَةَ فَاسْأَلُوْا، فَقَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ فَسَأَلُوْا، فَكَانَ فِيْمَنْ سَأَلُوْا أُمُّ سُلَيْمٍ، فَذَكَرَتْ حَدِيْثَ صَفِيَّةَ. رَوَاهُ خَالِدٌ، وَقَتَادَةُ، عَنْ عِكْرِمَةَ.

[۱۷۶۰-] حدثنا مُسْلِمٌ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: رُخِّصَ لِلْحَائِضِ أَنْ تَنْفِرَ إِذَا أَفَاضَتْ.[راجع: ۳۲۹]

[۱۷۶۱-] قَالَ: وَسَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: إِنَّهَا لاَ تَنْفِرُ، ثُمَّ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ بَعْدُ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ لَهُنَّ.[راجع: ۳۳۰]

[۱۷۶۲-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلاَ نُرَى إِلَّا الْحَجَّ، فَقَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ يَحِلَّ، وَكَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَطَافَ مَنْ كَانَ مَعَهُ مِنْ نِسَائِهِ وَأَصْحَابِهِ، وَحَلَّ مِنْهُمْ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ الْهَدْيُ، فَحَاضَتْ هِيَ، فَنَسَكْنَا مَنَاسِكَنَا مِنْ حَجِّنَا، فَلَمَّا كَانَتْ

لَيْلَةُ الْحَصْبَةِ: لَيْلَةُ النَّفْرِ، قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كُلُّ أَصْحَابِكَ يَرْجِعُ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ غَيْرِىْ، قَالَ:" مَا كُنْتِ تَطُوْفِيْنَ بِالْبَيْتِ لَيَالِيَ قَدِمْنَا؟" قُلْتُ: بَلٰى! قَالَ:" فَاخْرُجِىْ مَعَ أَخِيْكَ إِلَى التَّنْعِيْمِ فَأَهِلِّي بِعُمْرَةٍ، وَمَوْعِدُكِ مَكَانُ كَذَا وَكَذَا" فَخَرَجْتُ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِلَى التَّنْعِيْمِ فَأَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ، وَحَاضَتْ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" عَقْرَى حَلْقَى! إِنَّكِ لَحَابِسَتُنَا. أَمَا كُنْتِ طُفْتِ يَوْمَ النَّحْرِ؟" قَالَتْ: بَلٰى، قَالَ:" فَلاَ بَأْسَ، انْفِرِىْ" فَلَقِيْتُهُ مُصْعِدًا عَلٰى أَهْلِ مَكَّةَ وَأَنَا مُنْهَبِطَةٌ، أَوْ أَنَا مُصْعِدَةٌ وَهُوَ مُنْهَبِطٌ، وَقَالَ مُسَدَّدٌ: قُلْتُ: لاَ، وَتَابَعَهُ جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ فِىْ قَوْلِهِ، لاَ:[راجع: ٢٩٤]

وضاحت: مدینہ کے کچھ لوگوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مسئلہ پوچھا کہ ایک عورت کو طوافِ زیارت کے بعد حیض آ گیا تو کیا وہ وطن لوٹ سکتی ہے؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: لوٹ سکتی ہے۔ انھوں نے کہا: ہم آپ کا قول نہیں لیتے درانحالیکہ ہم حضرت زیدؓ کا قول چھوڑ دیں (حضرت زید رضی اللہ عنہ کا فتوی یہ ہوگا کہ حائضہ طوافِ وداع کئے بغیر وطن نہیں لوٹ سکتی، حضرت ابن عمرؓ کا بھی پہلے یہ فتوی تھا) ابن عباسؓ نے ان سے کہا: جب تم مدینہ پہنچو تو اس مسئلہ کی تحقیق کر لینا (ایک حدیث پوری ہوئی) چنانچہ انھوں نے مدینہ پہنچ کر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے یا حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا سے پوچھا: انھوں نے بھی یہی بات کہی کہ حائضہ طوافِ وداع کئے بغیر وطن لوٹ سکتی ہے، پھر حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ سنایا۔

قوله: قلتُ: بلٰی: یہاں صحیح لا ہے، بلٰی واقعہ کے مطابق نہیں۔ چنانچہ امام بخاریؒ کے دوسرے استاذ مسدد کی روایت میں لا ہے اور جریر ان کے متابع ہیں، پس یہی صحیح ہے اور یہ حدیث کتاب الحج باب ۳۴ (حدیث ۱۵۶۱) میں گذری ہے۔

بَابُ مَنْ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ بِالأَبْطَحِ

جس نے ۱۳ ذی الحجہ کو عصر کی نماز محصّب میں پڑھی

آنحضور ﷺ نے تیرہ ذی الحجہ کو عصر کی نماز ابطح (محصّب) میں پڑھی تھی، پھر عشاء پڑھ کر تھوڑی دیر آرام فرمایا تھا، پھر طوافِ وداع کر کے آدھی رات کے قریب مدینہ منورہ کی طرف مراجعت فرمائی تھی۔

[١٤٦-] بَابُ مَنْ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ بِالأَبْطَحِ

[١٧٦٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ، ثنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: أَخْبِرْنِىْ بِشَيْئٍ عَقَلْتَهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ؟ قَالَ: بِمِنًى، قُلْتُ: فَأَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ؟ قَالَ: بِالأَبْطَحِ: افْعَلْ كَمَا يَفْعَلُ أُمَرَاؤُكَ.[راجع: ١٦٥٣]

[١٧٦٤-] حدثنا عَبْدُ الْمُتَعَالِ بْنُ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ قَتَادَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَنَسَ بْنِ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ، وَرَقَدَ رَقْدَةً بِالْمُحَصَّبِ، ثُمَّ رَكِبَ إِلَى الْبَيْتِ فَطَافَ بِهِ.[راجع: ١٧٥٦]

بَابُ الْمُحَصَّبِ

محصّب کا نزول

آنحضور ﷺ کا محصّب میں پڑاؤ اتفاقی تھا یا ارادی؟ یعنی یہ نزول مناسک میں داخل ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف تھا، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اس کو سنت کہتے تھے، اور ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس کو راستہ کی ایک منزل قرار دیتے تھے، مناسک میں شمار نہیں کرتے تھے، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: آپؐ نے وہاں پڑاؤ اس لئے کیا تھا کہ سب ساتھی وہاں جمع ہوجائیں پھر وہاں سے ایک ساتھ روانہ ہوں۔

اور چند ابواب پہلے یہ حدیث (نمبر ۱۵۹۰) گذری ہے کہ آپؐ نے منیٰ کے ایام میں فرمایا تھا کہ کل ہم خفیف بنی کنانہ میں اتریں گے، جہاں قریش اور کنانہ نے رسول اللہ ﷺ کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا تھا، اس روایت سے بعض حضرات نے یہ سمجھا ہے کہ آپؐ کا ابطح میں نزول ارادی تھا، دین کی رفعت شان کے لئے آپؐ وہاں اترے تھے، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ نزول ابطح مناسک میں شامل نہیں، اور اب وہاں نزول کی کوئی صورت بھی نہیں، وہاں مکانات بن گئے ہیں۔

[١٤٧-] بَابُ الْمُحَصَّبِ

[١٧٦٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: "إِنَّمَا كَانَ مَنْزِلاً يَنْزِلُهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِيَكُوْنَ أَسْمَحَ لِخُرُوْجِهِ، تَعْنِي الأَبْطَحَ.

[١٧٦٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَيْسَ التَّحْصِيْبُ بِشَيْئٍ، إِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ نَزَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ النُّزُوْلِ بِذِى طُوًى قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ مَكَّةَ وَنُزُوْلِ الْبَطْحَاءِ الَّتِى بِذِى الْحُلَيْفَةِ إِذَا رَجَعَ مِنْ مَكَّةَ

مکہ میں داخل ہونے سے پہلے ذوطوی میں، اور مکہ سے واپسی میں ذوالحلیفہ میں بطحاء میں اترنا

آنحضور ﷺ جب حجۃ الوداع کے لئے تشریف لے گئے تو مکہ سے قریب ذوطوی میں پڑاؤ کیا تھا، اور واپسی میں

مدینہ سے قریب بطحاء میں پڑاؤ کیا تھا، یہ دونوں نزول بھی مناسک میں داخل نہیں۔

[۱٤٨-] بَابُ النُّزُوْلِ بِذِی طُوًی قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ مَكَّةَ وَنُزُوْلِ الْبَطْحَاءِ الَّتِی بِذِی الْحُلَيْفَةِ إِذَا رَجَعَ مِنْ مَكَّةَ

[١٧٦٧-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، ثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَبِيْتُ بِذِی الطُّوَی بَيْنَ الثَّنِيَّتَيْنِ، ثُمَّ يَدْخُلُ مِنَ الثَّنِيَّةِ الَّتِیْ بِأَعْلٰی مَكَّةَ، وَكَانَ إِذَا قَدِمَ مَكَّةَ حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا لَمْ يُنِخْ نَاقَتَهُ إِلَّا عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ، ثُمَّ يَدخُلُ فَيَأْتِیْ الرُّكْنَ الْأَسْوَدَ فَيَبْدَأُ بِهِ، ثُمَّ يَطُوْفُ سَبْعًا: ثلاثًا سَعْيًا وَأَرْبَعًا مَشْيًا، ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيُصَلِّیْ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ يَنْطَلِقُ قَبْلَ أَنْ يَرْجِعَ إِلٰی مَنْزِلِهِ، فَيَطُوْفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَكَانَ إِذَا صَدَرَ عَنِ الْحَجِّ أَوِ الْعُمْرَةِ أَنَاخَ بِالْبَطْحَاءِ الَّتِیْ بِذِی الْحُلَيْفَةِ، الَّتِیْ كَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم يُنِيْخُ بِهَا.[راجع: ٤٩١]

[١٧٦٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: سُئِلَ عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنِ الْمُحَصَّبِ، فَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: نَزَلَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَعُمَرُ، وَابْنُ عُمَرَ، وَعَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُصَلِّیْ بِهَا يَعْنِی الْمُحَصَّبَ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ، أَحْسِبُهُ قَالَ: وَالْمَغْرِبَ. قَالَ خَالِدٌ: لَا أَشُكُّ فِی الْعِشَاءِ، وَيَهْجَعُ هَجْعَةً، وَيَذْكُرُ ذٰلِكَ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

قوله: كان يبيت: ابن عمرؓ ذوطوی میں دو پہاڑوں کے بیچ میں رات گذارتے تھے، پھر اس پہاڑی کی طرف سے مکہ میں داخل ہوتے تھے جو مکہ کی بالائی جانب میں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ **قوله: لم يُنِخْ:** اونٹ نہیں بٹھاتے تھے مگر مسجدِ حرام کے دروازہ پر، یعنی مکہ پہنچ کر سب سے پہلے طواف کرتے تھے، اور ارکان عمرہ ادا کرکے پھر پڑاؤ کی جگہ جاتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ **قوله: وكان إذا صدر:** اور جب واپس لوٹتے تو ذوالحلیفہ میں سنگریزوں والے میدان میں اونٹ بٹھاتے تھے یعنی پڑاؤ ڈالتے تھے، جہاں نبی ﷺ پڑاؤ ڈالتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ **قوله: لا أشك:** ابن عمرؓ محصّب میں مغرب پڑھتے تھے یا نہیں؟ اس میں راوی کو شک ہے مگر عشاء کے بارے میں کوئی شک نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ **قوله: ويهجع هَجْعة:** اور تھوڑی دیر سوتے تھے۔

بَابُ مَنْ نَزَلَ بِذِی طُوًی إِذَا رَجَعَ مِنْ مَكَّةَ

جو شخص ذوطوی میں پڑاؤ ڈالے، جب وہ مکہ سے لوٹے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جاتے ہوئے بھی ذی طوی میں رات گذارتے تھے اور واپسی میں بھی وہاں رات گذارتے تھے، اور فرماتے تھے کہ نبی ﷺ یہاں آتے جاتے رات گذارتے تھے۔

[۱۴۹-] بَابُ مَنْ نَزَلَ بِذِی طُوًی إِذَا رَجَعَ مِنْ مَكَّةَ

[۱۷۶۹-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَی: ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ كَانَ إِذَا أَقْبَلَ بَاتَ بِذِی طُوًی، حَتَّی إِذَا أَصْبَحَ دَخَلَ، وَإِذَا نَفَرَ مَرَّ بِذِی طُوًی، وَبَاتَ بِهَا حَتَّی يُصْبِحَ. وَكَانَ يَذْكُرُ أَنَّ النَّبِیَّ صلی الله عليه وسلم كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ. [راجع: ۴۹۱]

بَابُ التِّجَارَةِ أَيَّامَ الْمَوْسِمِ وَالْبَيْعِ فِی أَسْوَاقِ الْجَاهِلِيَّةِ

حج کے دنوں میں تجارت اور جاہلی میلوں میں کاروبار کرنا

أيام الموسم کا ترجمہ ہے: حج کا سیزن، اور أسواق الجاهلية: جاہلیت کے میلے، عرب میں پانچ میلے یکے بعد دیگرے لگتے تھے: (۱) عُکاظ (۲) ذُو المَجاز (۳) مَجنَّة۔ یہ تینوں میلے مکہ مکرمہ سے چند میل دور مر الظہر ان کے قریب لگتے تھے (۴) حُبَاشَة، یہ یمن کی جانب میں مکہ سے چھ منزل کے فاصلہ پر لگتا تھا (۵) اور آخر میں حج کے ایام میں منیٰ میں بازار لگتا تھا۔ مینا بازار کا محاورہ وہیں سے آیا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں حج کے سیزن میں لوگ ان میلوں میں خریداری اور کاروبار کرتے تھے، جب اسلام کا زمانہ آیا تو کچھ لوگوں نے اس کو مکروہ جانا، انھوں نے خیال کیا کہ حج کا سفر ایک عبادت کا سفر ہے اس کو وسیلۂ تجارت نہیں بنانا چاہئے، چنانچہ سورۂ بقرہ کی آیت ۱۹۸ نازل ہوئی کہ تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اپنے رب کی روزی تلاش کرو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس آیت کی تفسیر میں فی مواسم الحج بڑھاتے تھے، یعنی حج کے سیزن میں تجارت اور خرید وفروخت کرنے میں کوئی گناہ نہیں، یہ بات ثواب کی کمی کا باعث نہیں۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ اصل نیت حج کی ہو اور تجارت ضمناً ہو، اور دلوں کا حال اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں۔

[۱۵۰-] بَابُ التِّجَارَةِ أَيَّامَ الْمَوْسِمِ، وَالْبَيْعِ فِی أَسْوَاقِ الْجَاهِلِيَّةِ

[۱۷۷۰-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَانَ ذُو الْمَجَازِ وَعُكَاظُ مَتْجَرَ النَّاسِ فِی الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا جَاءَ الإِسْلَامُ كَأَنَّهُمْ كَرِهُوْا ذٰلِكَ، حَتَّی نَزَلَتْ ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلاً مِنْ رَبِّكُمْ﴾ [البقرة: ۱۹۸]: فی مَوَاسِمِ الْحَجِّ.

[انظر: ۲۰۵۰، ۲۰۹۸، ۴۵۱۹]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ذوالمجاز اور عکاظ زمانۂ جاہلیت میں لوگوں کی تجارت کی جگہیں تھیں، پس جب اسلام آیا تو گویا لوگوں نے اس کو برا جانا، یہاں تک کہ آیت نازل ہوئی۔

بَابُ الإِدِّلَاجِ مِنَ الْمُحَصَّبِ

رات کے آخری حصہ میں محصّب سے روانہ ہونا

الادّلاج کے معنی ہیں: آخر رات میں سفر کرنا، حضور اکرم ﷺ نے منیٰ سے مکہ آکر محصب میں پڑاؤ ڈالا تھا، پھر وہاں سے آخر رات میں مدینہ کی طرف روانگی ہوئی تھی۔

[١٥١-] بَابُ الإِدِّلَاجِ مِنَ الْمُحَصَّبِ

[١٧٧١-] حدثنا عَمْرُو بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا أَبِیْ، ثَنَا الأَعْمَشُ، ثَنِیْ إِبْرَاهِیْمُ، عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: حَاضَتْ صَفِیَّةُ لَیْلَةَ النَّفْرِ، فَقَالَتْ: مَا أُرَانِیْ إِلَّا حَابِسَتَکُمْ! قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "عَقْرىٰ حَلْقىٰ! أَطَافَتْ یَوْمَ النَّحْرِ؟" قِیْلَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَانْفِرِیْ"[راجع: ٢٩٤]

[١٧٧٢-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَزَادَنِیْ مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرٌ،ثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، لَا نَذْکُرُ إِلَّا الْحَجَّ، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَنَا أَنْ نَحِلَّ، فَلَمَّا کَانَتْ لَیْلَةُ النَّفْرِ حَاضَتْ صَفِیَّةُ بِنْتُ حُیَیٍّ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "حَلْقىٰ عَقْرَى! مَا أُرَاهَا إِلَّا حَابِسَتَکُمْ" ثُمَّ قَالَ: "کُنْتِ طُفْتِ یَوْمَ النَّحْرِ؟" قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: "فَانْفِرِیْ" قُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّیْ لَمْ أَکُنْ حَلَلْتُ، قَالَ: "فَاعْتَمِرِیْ مِنَ التَّنْعِیْمِ" فَخَرَجَ مَعَهَا أَخُوْهَا، فَلَقِیْنَاهُ مُدَّلِجًا، فَقَالَ: "مَوْعِدُكِ مَکَانُ کَذَا وَکَذَا"[راجع: ٢٩٤]

قولہ: پہلی حدیث میں عَقْرىٰ حَلْقىٰ! الگ جملہ ہے، اور أطافت یوم النحر؟ الگ سوال ہے، فرمایا: موئی پیڑ مٹی! یعنی صورتِ حال پر ناگواری کا اظہار فرمایا، پھر دریافت کیا: کیا اس نے ۱۰ ذی الحجہ کو طوافِ زیارت کیا ہے؟ اور دوسری روایت میں پوری بات ہے، پھر سوال ہے۔ اور دونوں حدیثیں ایک ہیں، اور دوسری حدیث میں آخر رات میں سفر کا تذکرہ ہے، پس دونوں حدیثیں باب سے متعلق ہیں۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ الْعُمْرَةِ

عمرہ کا بیان

بَابُ وُجُوْبِ الْعُمْرَةِ وَفَضْلِهَا

عمرہ کی فرضیت اوراس کی اہمیت

امام شافعی، امام احمد اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک حج کی طرح زندگی میں ایک مرتبہ عمرہ بھی فرض ہے، البتہ حج کے ساتھ عمرہ کرنے سے بھی یہ فرض ادا ہو جاتا ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک عمرہ سنت ہے، ان کی دلیل حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: نبی ﷺ سے پوچھا گیا: کیا عمرہ واجب ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، البتہ لوگ عمرہ کریں یہ اچھی بات ہے، یہ حدیث ترمذی (نمبر ۹۱۸) میں ہے اور امام ترمذی نے اس کو حسن صحیح کہا ہے (اگرچہ سند میں حجاج بن ارطاۃ ہیں) اور چھوٹے دو اماموں کی دلیل حضرات ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کے آثار ہیں، حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں: ہر شخص پر زندگی میں ایک مرتبہ حج اور عمرہ کرنا فرض ہے، اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں: قران فی النظم قران فی الحکم کی دلیل ہے۔ اور اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَأَتِمُّوْا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ﴾ اور حج بالاجماع فرض ہے، پس اس کا قرین عمرہ بھی فرض ہے، مگر یہ قاعدہ کلیہ نہیں پھر جب حدیث مرفوع موجود ہے تو آثار کی کیا ضرورت ہے؟ غرض باب کے دو جزء ہیں: ایک: عمرہ واجب (بمعنی فرض) ہے دوسرے: عمرہ کی کیا فضیلت ہے؟

بسم الله الرحمن الرحيم

أَبْوَابُ الْعُمْرَةِ

[۱-] بَابُ وُجُوْبِ الْعُمْرَةِ وَفَضْلِهَا

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَيْسَ أَحَدٌ إِلَّا وَعَلَيْهِ حَجَّةٌ وَعُمْرَةٌ.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّهَا لَقَرِينَتُهَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ ﴿وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ﴾[البقرة: ۱۹۶]

[۱۷۷۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي صَالِحِ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا، وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ"

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عمرہ تا عمرہ کفارہ ہے ان گناہوں کا جو دونوں کے درمیان میں ہیں (یہی عمرہ کی فضیلت ہے) اور حج مبرور کا ثواب جنت کے علاوہ کچھ نہیں (اور عمرہ کی فرضیت کی دلیل آثار ہیں)

بَابُ مَنِ اعْتَمَرَ قَبْلَ الْحَجِّ

جس نے حج سے پہلے عمرہ کیا

یہ باب ایک وہم دور کرنے کے لئے لائے ہیں، کوئی کہہ سکتا ہے کہ حج سے پہلے عمرہ کرنا درست نہیں، کیونکہ ارشاد پاک ہے: ﴿وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ﴾ اس آیت کے اشارے سے یہ بات مفہوم ہوتی ہے کہ پہلے حج کرے، پھر عمرہ کرے، جیسے: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ﴾ میں صفا کی تقدیم برائے وجوب ہے، صفا سے سعی شروع کرنی ضروری ہے، نبی ﷺ نے سعی صفا سے شروع کی تھی اور یہ آیت پڑھی تھی، امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب قائم کرکے اس شبہ کو دور کیا کہ آیت میں حج کی تقدیم وجوب کے لئے نہیں ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے حج سے پہلے عمرے کئے ہیں۔

تنبیہ: اور لوگوں میں جو مشہور ہے کہ کعبہ پر نظر پڑتے ہی حج فرض ہو جاتا ہے: یہ بات صحیح نہیں، نبی ﷺ نے حج سے پہلے عمرے کئے ہیں، مگر حج کے موقعہ پر ایسا کوئی اعلان نہیں کیا کہ جس نے بھی ہمارے ساتھ عمرہ کیا ہے وہ ضرور حج کو چلے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ایام حج میں جو مکہ میں ہوگا اس پر حج فرض ہو جائے گا، ان ایام کے علاوہ کوئی عمرہ کے لئے جائے تو کعبہ کو دیکھنے سے حج فرض نہیں ہوتا۔

[۲-] بَابُ مَنِ اعْتَمَرَ قَبْلَ الْحَجِّ

[۱۷۷٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَنَّ عِكْرِمَةَ بْنَ خَالِدٍ، سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ: عَنِ الْعُمْرَةِ قَبْلَ الْحَجِّ، فَقَالَ: لَا بَأْسَ، قَالَ عِكْرِمَةُ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَبْلَ أَنْ يَحُجَّ.

وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ: عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، ثَنِي عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ مِثْلَهُ.

حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَ بُوْ عَاصِمٍ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ: مِثْلَهُ.

بَابٌ: كَمِ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟

نبی ﷺ نے کتنے عمرے کئے ہیں؟

آنحضور ﷺ نے چار عمرے کئے ہیں اور چاروں ذی قعدہ میں کئے ہیں، پہلی بار حدیبیہ کے سال ذی قعدہ میں عمرہ کا احرام باندھ کر تشریف لے گئے، مگر مشرکین نے جانے نہیں دیا، اور آپؐ احرام کھول کر حدیبیہ سے واپس آ گئے، پس یہ حکماً عمرہ ہے، پھر اگلے سال ذی قعدہ میں اس کی قضاء کی، پھر فتح مکہ کے بعد جعرانہ سے ایک عمرہ کیا وہ بھی ذی قعدہ میں کیا تھا، اور حج کے ساتھ جو عمرہ کیا تھا اس کا احرام بھی ذی قعدہ میں باندھا تھا۔

[٣-] بَابٌ: كَمِ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟

[١٧٧٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ الْمَسْجِدَ، فَإِذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ جَالِسٌ إِلٰى حُجْرَةِ عَائِشَةَ، وَإِذَا أُنَاسٌ يُصَلُّوْنَ فِي الْمَسْجِدِ صَلَاةَ الضُّحَى، قَالَ: فَسَأَلْنَاهُ عَنْ صَلَاتِهِمْ؟ فَقَالَ: بِدْعَةٌ! ثُمَّ قَالَ لَهُ: كَمِ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: أَرْبَعٌ، إِحْدَاهُنَّ فِي رَجَبٍ، فَكَرِهْنَا أَنْ نُرَدَّ عَلَيْهِ.[انظر: ٤٢٥٣]

[١٧٧٦-] قَالَ: وَسَمِعْنَا اسْتِنَانَ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الْحُجْرَةِ، فَقَالَ عُرْوَةُ: يَا أُمَّاهْ! يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَلَا تَسْمَعِيْنَ مَا يَقُوْلُ أَ بُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ قَالَتْ مَا يَقُوْلُ؟ قَالَ: يَقُوْلُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اعْتَمَرَ أَرْبَعَ عُمُرَاتٍ إِحْدَاهُنَّ فِي رَجَبٍ، قَالَتْ: يَرْحَمُ اللّٰهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! مَا اعْتَمَرَ عُمْرَةً إِلَّا وَهُوَ شَاهِدُهُ، وَمَا اعْتَمَرَ فِي رَجَبٍ قَطُّ.[انظر: ١٧٧٧، ٤٢٥٤]

[١٧٧٧-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ، قَالَتْ: ما اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي رَجَبٍ.[راجع: ١٧٧٦]

ترجمہ: مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں اور عروہؓ چاشت کے وقت مسجدِ نبوی میں گئے، پس اچانک وہاں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حجرۂ عائشہؓ سے ٹیک لگا کر بیٹھے تھے، اور لوگ مسجد میں چاشت کی نماز پڑھ رہے تھے، پس ہم نے لوگوں کی نماز کے بارے میں پوچھا: آپؓ نے فرمایا: بدعت ہے! پھر پوچھا: نبی ﷺ نے کتنے عمرے کئے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: چار، ان میں سے ایک رجب میں کیا ہے، پس ہم نے ناپسند کیا کہ ان کی تردید کریں۔ مجاہدؒ کہتے ہیں: اور ہم نے حجرہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے مسواک کرنے کی آواز سنی، پس عروہؓ نے کہا: امی جان! (صدیقہؓ حضرت عروہ کی خالہ ہیں اور خالہ ماں سی ہوتی ہے) اے ام المؤمنین! (یہ عام نداء ہے) آپؓ نے سنا: ابوعبدالرحمٰن کیا کہہ رہے ہیں؟ حضرت عائشہؓ نے پوچھا: کیا

کہہ رہے ہیں؟ عروہ نے کہا: کہہ رہے ہیں کہ نبی ﷺ نے چار عمرے کئے ہیں ان میں سے ایک عمرہ رجب میں کیا ہے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: اللہ ابوعبد الرحمٰن پر رحم فرمائیں! نبی ﷺ نے کوئی عمرہ نہیں کیا مگر ابن عمرؓ آپؐ کے ساتھ تھے اور نبی ﷺ نے رجب میں کوئی عمرہ نہیں کیا۔

تشریح:

۱- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے چاشت کی نماز کو بدعت قرار دیا ہے، جبکہ چاشت کی نماز آنحضور ﷺ سے ثابت ہے؟ حاشیہ میں اس کے دو جواب دیئے ہیں: پہلا جواب یہ دیا ہے کہ نبی ﷺ نے چاشت کی نماز پڑھی ہے یہ بات حضرت ابن عمرؓ کے علم میں نہیں ہوگی، مگر یہ جواب صحیح نہیں۔ نبی ﷺ جب بھی سفر سے لوٹتے تھے تو رات مدینہ منورہ سے باہر گذارتے تھے، پھر صبح چاشت کے وقت شہر میں داخل ہوتے تھے اور مسجدِ نبوی میں دو نفلیں پڑھتے تھے، اسی طرح فتح مکہ کے موقعہ پر چاشت کے وقت آٹھ نفلیں پڑھی ہیں، ان سب سے حضرت ابن عمرؓ بے خبر رہے ہوں یہ بات عقل قبول نہیں کرتی۔ اور دوسرا جواب یہ دیا ہے کہ لوگوں نے چاشت کی نماز کو اجتماعی عمل بنا دیا تھا جبکہ وہ انفرادی عمل ہے اس اعتبار سے اس کو بدعت کہا ہے۔

جاننا چاہئے کہ جو عبادتیں انفرادی ہیں اگر ان کو اجتماعی بنا دیا جائے تو وہ بدعت ہو جاتی ہیں، جیسے شب براءت اور شبِ قدر کی عبادتیں انفرادی ہیں مگر اب لوگوں نے ان کو اجتماعی بنا دیا ہے، رات بھر مسجدیں بھری رہتی ہیں، اور سحری کھا کر لوگ سو جاتے ہیں، بعض تو فجر کی نماز بھی نہیں پڑھتے، یہ غلط طریقہ ہے، شبِ براءت اور شبِ قدر کی نفلیں انفرادی عمل ہیں، اسی طرح چاشت کی نماز بھی انفرادی عمل ہے، اگر اس کو اجتماعی عمل بنا دیا جائے تو وہ بدعت ہو جاتا ہے، ابن عمرؓ نے اسی لئے اس کو بدعت کہا ہے، یہ جواب ٹھیک ہے، اور بہت اہم بات ہے۔

۲- نبی ﷺ نے چار عمرے کئے ہیں اور چاروں حقیقتاً یا حکماً ذو القعدہ میں کئے ہیں، رجب میں کوئی عمرہ نہیں کیا، مگر ابن عمرؓ کو ایسا یاد رہ گیا کہ آپؐ نے ایک عمرہ رجب میں کیا ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کی تردید کی، ابن عمرؓ سن کر خاموش رہے، ان کو اپنے تسامح کا احساس ہو گیا۔

۳- اس حدیث میں ہمارے لئے ایک اہم سبق ہے، اگر کسی بڑے آدمی سے غلطی ہو جائے تو منہ پر تردید نہیں کرنی چاہئے، بلکہ تردید کے لئے کوئی خوبصورت طریقہ اختیار کرنا چاہئے، مثلاً استاذ نے سبق میں کوئی غلط بات بیان کی تو استاذ سے یہ کہنا کہ آپ نے غلط کہا: بے ادبی کی بات ہے، چاہئے کہ کسی کتاب میں مسئلہ نکال کر دکھائے، یا کوئی اور خوبصورت طریقہ اختیار کرے، جیسے ابن عمرؓ سے تسامح ہوا تو حضرت عروہؒ نے تردید نہیں کی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: اور حضرت عائشہؓ نے بھی یرحم اللہ أبا عبد الرحمن کہہ کر اپنی بات کہی، اسی طرح غزوۂ تبوک میں منافقین بہانے بنا کر چھٹی مانگتے تھے، آنحضور ﷺ ان کا عذر قبول فرما لیتے تھے، پس قرآنِ کریم نازل ہوا ﴿عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ أَذِنْتَ لَهُمْ﴾ یہ تردید

کرنے کا ادب ہے اس کو یاد رکھنا چاہئے۔

[۱۷۷۸-] حدثنا حَسَّانُ بْنُ حَسَّانٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، سَأَلْتُ أَنَسًا: كَمِ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: أَرْبَعًا، عُمْرَةُ الْحُدَيْبِيَةِ فِي ذِي الْقَعْدَةِ حَيْثُ صَدَّهُ الْمُشْرِكُوْنَ، وَعُمْرَةٌ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِي ذِي الْقَعْدَةِ حَيْثُ صَالَحَهُمْ، وَعُمْرَةُ الْجِعْرَانَةِ إِذْ قَسَمَ غَنِيْمَةً - أُرَاهُ حُنَيْنٍ - قُلْتُ: كَمْ حَجَّ؟ قَالَ: وَاحِدَةً.[انظر: ۱۷۷۹، ۱۷۸۰، ۳۰۶۶، ۴۱۴۸]

[۱۷۷۹-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، سَأَلْتُ أَنَسًا فَقَالَ: اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَيْثُ رَدُّوْهُ، وَمِنَ الْقَابِلِ عُمْرَةَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَعُمْرَةً فِي ذِي الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَةً مَعَ حَجَّتِهِ.[راجع: ۱۷۷۸]

ترجمہ: قتادہؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: نبی ﷺ نے کتنے عمرے کئے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: چار (ایک) عمرۂ حدیبیہ جو ذوالقعدہ میں کیا جب مشرکین نے آپؐ کو روک دیا (یہ حکماً عمرہ ہے) (دوسرا) وہ عمرہ جو آئندہ سال ذوالقعدہ میں کیا جب آپؐ نے مشرکین کے ساتھ مصالحت فرمائی۔ اور تیسرا عمرہ جعرانہ سے کیا جہاں غنیمت تقسیم فرمائی — راوی کا خیال ہے کہ حدیث میں حنین بھی ہے — (اور چوتھا عمرہ حج کے ساتھ کیا) قتادہؒ نے پوچھا: آپؐ نے کتنے حج کئے ہیں؟ فرمایا: ایک۔

تشریح: حضور ﷺ نے ہجرت کے بعد صرف ایک حج کیا ہے، اور ہجرت سے پہلے کتنے حج کئے ہیں؟ یہ بات کسی صحیح روایت میں مروی نہیں۔ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے جو مروی ہے کہ نبی ﷺ نے تین حج کئے ہیں: دو ہجرت سے پہلے اور ایک ہجرت کے بعد یہ روایت صحیح نہیں، تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۲۰۷) میں ہے۔

[۱۷۸۰-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، وَقَالَ: اعْتَمَرَ أَرْبَعَ عُمَرٍ فِي ذِي الْقَعْدَةِ، إِلَّا الَّتِيْ اعْتَمَرَ مَعَ حَجَّتِهِ: عُمْرَتَهُ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَمِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ. وَمِنَ الْجِعْرَانَةِ حَيْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ حُنَيْنٍ، وَعُمْرَةً مِعَ حَجَّتِهِ.[راجع: ۱۷۷۸]

[۱۷۸۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، ثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَأَلْتُ مَسْرُوْقًا، وَعَطَاءً، وَمُجَاهِدًا، فَقَالُوْا: اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي ذِي الْقَعْدَةِ قَبْلَ أَنْ يَحُجَّ. قَالَ: وَسَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُوْلُ: اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي ذِي الْقَعْدَةِ قَبْلَ أَنْ يَحُجَّ: مَرَّتَيْنِ[انظر: ۱۸۴۴، ۲۶۹۸، ۲۶۹۹، ۲۷۰۰، ۳۱۸۴، ۴۲۵۱]

قوله: إلا التي اعتمر مع حجته: نبی ﷺ نے حج کے ساتھ جو عمرہ کیا تھا وہ اگرچہ ذی الحجہ میں کیا تھا، مگر وہ حکماً ذی

القعدہ میں تھا، کیونکہ آپؐ نے حج کا احرام ذی قعدہ میں باندھا تھا، پھر آپؐ نے وہ احرام کھولا نہیں تھا بلکہ اسی کے ساتھ عمرہ کو ملا لیا تھا۔

قولہ: قبل أن یحج: مرتین: حج سے پہلے آپؐ نے دو مرتبہ عمرہ کیا ہے، ایک عمرۂ قضا دوسرا عمرۂ جعرانہ، عمرۂ حدیبیہ کو شمار نہیں کیا کیونکہ وہ حکماً عمرہ تھا۔

بَابُ عُمْرَةٍ فِیْ رَمَضَانَ

رمضان میں عمرہ کرنا

ایک انصاری خاتون جن کا نام ام سنانؓ تھا، ان کی آنحضور ﷺ کے ساتھ حج کرنے کی بڑی خواہش تھی، مگر کسی وجہ سے وہ آپؐ کے ساتھ حج نہ کرسکیں، جب آپؐ حج سے فارغ ہوکر گھر آئے تو وہ ملاقات کے لئے آئیں، آپؐ نے حج میں نہ آنے کی وجہ دریافت کی، انھوں نے شکستہ دلی سے جواب دیا: ہمارے پاس دو ہی اونٹنیاں تھیں ایک پر میرا شوہر اور بیٹا چلا گیا اور دوسری اونٹنی سینچائی کے لئے تھی، اس لئے میں حج میں نہ آسکی، آپؐ نے فرمایا: ''رمضان میں عمرہ کرلینا، رمضان کا عمرہ حج کے برابر ہے'' اور آگے حدیث (نمبر ۱۸۶۳) میں ہے کہ رمضان میں عمرہ میرے ساتھ حج کے برابر ہے۔

اس حدیث میں غور طلب بات یہ ہے کہ یہ فضیلت اس سال کے رمضان کے ساتھ خاص تھی یا قیامت تک کے ہر رمضان کے لئے ہے؟ اور دوسری بات یہ غور طلب ہے کہ یہ فضیلت ام سنانؓ کے ساتھ خاص ہے یا ہر شخص کے لئے ہے؟ حدیث سے بظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ یہ فضیلت ام سنان ہی کے لئے تھی اور اُس مخصوص رمضان کے لئے تھی، لیکن پوری امت متفق ہے کہ یہ فضیلت عام ہے، ام سنانؓ کے ساتھ خاص نہیں، اور اس مخصوص رمضان کے لئے بھی نہیں، ہر رمضان میں عمرہ کرنے کی یہ فضیلت ہے، البتہ حدیث (نمبر ۱۸۶۳) میں جو لفظ معی آیا ہے یعنی رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب نبی ﷺ کے ساتھ حج کرنے کے ثواب کے برابر ہے، اس سلسلہ میں جاننا چاہئے کہ لفظ معی میں اول تو راوی کو شک ہے پھر لفظ معی کو علماء نے عام نہیں کیا، علماء بس اتنی بات کہتے ہیں کہ رمضان میں عمرہ کرنے سے حج کا ثواب ملتا ہے۔ نبی ﷺ کے ساتھ حج کرنے کا ثواب ملتا ہے: یہ بات کوئی نہیں کہتا۔

فائدہ (۱): حضرت ام معقل رضی اللہ عنہا کی بھی آنحضور ﷺ کے ساتھ حج کرنے کی بڑی آرزو تھی اور انھوں نے تیاری بھی کرلی تھی مگر عین وقت پر شوہر کو چیچک نکل آئی اس لئے وہ نبی ﷺ کے ساتھ حج میں نہیں جاسکیں، آپؐ نے ان سے بھی فرمایا تھا کہ رمضان میں عمرہ کرلینا، میرے ساتھ حج کرنے کا ثواب مل جائے گا، تفصیل تحفۃ الالمعی (۳۴۰:۳) میں ہے۔

فائدہ (۲): عمرہ چھوٹا حج ہے، کیونکہ حج میں دو باتیں ہوتی ہیں: ایک شعائر اللہ کی تعظیم، دوسری: لوگوں کا اجتماعی طور پر اللہ کی رحمت کو طلب کرنا، اور عمرہ میں صرف پہلی بات پائی جاتی ہے، اس لئے اس کا درجہ حج سے کم ہے، مگر رمضان کے عمرہ

میں دونوں باتیں جمع ہوتی ہیں، رمضان میں نیکوکاروں کے انوار ایک دوسرے پر پلٹتے ہیں اور روحانیت کا نزول ہوتا ہے، اور اب تو رمضان کے عمرہ میں حج جیسا منظر ہوتا ہے، لوگوں کا بڑا اجتماع ہوتا ہے اس لئے رمضان کے عمرہ کو جو حج کے برابر گردانا گیا ہے وہ خوب سمجھ میں آجاتا ہے۔

اور وہ قاعدہ جو پہلے بیان کیا ہے: طلبہ کو یاد ہوگا، یہ برابری فضلی (انعامی) اور اصلی ثواب میں ہے، یعنی رمضان کے عمرے کا فضلی ثواب اور حج کا اصلی ثواب برابر ہیں، اور حج کا فضلی ثواب کہیں زیادہ ہے، حج مبرور کا انعامی ثواب تو جنت ہی ہے۔

[٤-] بَابُ عُمْرَةٍ فِي رَمَضَانَ

[١٧٨٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يُخْبِرُنَا، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ - سَمَّاهَا ابْنُ عَبَّاسٍ فَنَسِيْتُ اسْمَهَا -:" مَا مَنَعَكِ أَنْ تَحُجِّيْ مَعَنَا؟" قَالَتْ: كَانَ لَنَا نَاضِحٌ فَرَكِبَهُ أَبُوْ فُلاَنٍ وَابْنُهُ: لِزَوْجِهَا وَابْنِهَا، وَتَرَكَ نَاضِحًا نَنْضِحُ عَلَيْهِ، قَالَ:" فَإِذَا كَانَ رَمَضَانُ اعْتَمِرِىْ فِيْهِ، فَإِنَّ عُمْرَةً فِي رَمَضَانَ حَجَّةٌ" أَوْ نَحْوًا مِمَّا قَالَ. [انظر: ١٨٦٣]

وضاحت: اس حدیث میں ام سنانؓ کا واقعہ ہے، آگے (حدیث ۱۸۶۳ میں) اس کی صراحت ہے، اور اس حدیث میں ابن جریج نام بھول گئے ہیں، اگرچہ بظاہر یہ سمجھ میں آتا ہے کہ عطاءؒ بھول گئے ہیں مگر یہ احتمال صحیح نہیں، کیونکہ آئندہ حدیث میں عطاء کے شاگرد حبیب معلّم نے نام ذکر کیا ہے، پس عطاءؒ نہیں بھولے، بلکہ ان کے شاگرد ابن جریج بھولے ہیں،

بَابُ الْعُمْرَةِ لَيْلَةَ الْحَصْبَةِ وَغَيْرِهَا

۱۴ ذی الحجہ کی رات میں اور اس کے علاوہ میں عمرہ کرنا

تیرہ اور چودہ کی بیچ کی رات لیلۃ الحصبۃ ہے، وہ رات آنحضور ﷺ نے محصب میں گذاری تھی، اس رات میں اور اس کے علاوہ راتوں میں عمرہ کرنے کا کیا حکم ہے؟ سب سے پہلے یہ بات جان لینی چاہئے کہ قمری کلینڈر میں راتیں آنے والے دن کے ساتھ شمار ہوتی ہیں، مگر حج کے مخصوص ایام (۹-۱۳) کی راتیں گذشتہ دنوں کے ساتھ لاحق کی گئی ہیں، پس لیلۃ الحصبۃ یعنی تیرہ اور چودہ کی درمیانی رات کا تعلق تیرہ تاریخ سے ہے، اور تیرہ تاریخ یوم تشریق ہے، اس لئے مسئلہ کھڑا ہوا کہ ایام خمسہ (۹-۱۳) میں عمرہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب رکھ کر جواز کی طرف اشارہ کیا ہے، اور فقہاء سے دونوں قسم کے اقوال مروی ہیں، احناف کے نزدیک حج کے پانچ دنوں میں عمرہ کرنا مکروہ ہے، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک کسی بھی دن کوئی کراہیت نہیں، ان پانچ دنوں میں بھی عمرہ کر سکتے ہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے

نزدیک اشہرِ حج میں عمرہ کرنا مکروہ ہے، یہ قول حاشیہ میں لکھا ہے۔اور امام بخاریؒ نے اس مسئلہ میں چھوٹے دواماموں کی موافقت کی ہے۔اور ان کا استدلال یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے لیلة الحصبة میں عمرہ کیا ہے،اور ایامِ حج کی راتیں گذشتہ دنوں کے ساتھ ملحق ہیں، پس لیلة الحصبة تیرہ کے ساتھ لاحق ہوگی۔اور تیرہ یوم تشریق ہے،معلوم ہوا کہ ایام تشریق میں عمرہ کرنے میں کوئی کراہیت نہیں۔اور جب ایام تشریق میں کراہیت نہیں تو نو اور دس میں عمرہ کرنے میں بھی کوئی کراہیت نہیں،اور اس کا جواب یہ ہے کہ بیشک ایامِ حج کی راتیں گذشتہ دنوں کے ساتھ لاحق ہوتی ہیں،لیکن تیرہ کی رمی ہی ضروری نہیں،اور حج میں راتوں کو جو گذشتہ دنوں کے ساتھ لاحق کیا گیا ہے وہ رمی میں گنجائش پیدا کرنے کے لئے ہے، پس جب تیرہ کی رمی ہی ضروری نہیں تو چودہ کی رات کو تیرہ کے ساتھ لاحق کرنے کی کوئی ضرورت نہیں،اس لئے لیلة الحصبة چودہ کی رات ہے، تیرہ کی نہیں۔واللہ اعلم

[٥-] بَابُ الْعُمْرَةِ لَيْلَةَ الْحَصْبَةِ وَغَيْرِهَا

[١٧٨٣-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، أَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُوَافِيْنَ لِهِلَالِ ذِى الْحَجَّةِ، فَقَالَ لَنَا: " مَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُهِلَّ بِالْحَجِّ فَلْيُهِلَّ، وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُهِلَّ بِالْعُمْرَةِ فَلْيُهِلَّ بِعُمْرَةٍ، فَلَوْلاَ أَنِّيْ أَهْدَيْتُ لَأَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ" قَالَتْ: فَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِحَجٍّ. وَكُنْتُ مِمَّنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، فَأَظَلَّنِيْ يَوْمُ عَرَفَةَ وَأَنَا حَائِضٌ، فَشَكَوْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " ارْفُضِيْ عُمْرَتَكِ، وَانْقُضِيْ رَأْسَكِ، وَامْتَشِطِيْ وَأَهِلِّيْ بِالْحَجِّ" فَلَمَّا كَانَ لَيْلَةُ الْحَصْبَةِ أَرْسَلَ مَعِيْ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ إِلَى التَّنْعِيْمِ فَأَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ مَكَانَ عُمْرَتِيْ. [راجع: ٢٩٤]

قوله: مُوافين لِهلال: ذی الحجہ کا چاند نظر آنے ہی والا تھا یعنی ذی قعدہ پورا ہونے ہی والا تھا............**قوله: من أحبَّ منكم:** یہ نبی ﷺ نے مکہ مکرمہ پہنچ کر حکم دیا تھا اور اختیاری بات نہیں تھی............**قوله: فأظلّني يوم عرفة:** مجھ پر عرفہ کا دن سایہ فگن ہو گیا، یعنی عرفہ کا دن آ گیا۔

بَابُ عُمْرَةِ التَّنْعِيْمِ

تنعیم سے عمرہ کرنا

نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو تنعیم سے عمرہ کرایا تھا، اور اس کی وجہ یہ تھی کہ تنعیم سے عمرہ کرنے کا پہلے سے رواج تھا۔زمانۂ جاہلیت میں بھی جو مکی عمرہ کرتے تھے وہ تنعیم جا کر احرام باندھا کرتے تھے، اور قربِ مکان بھی اس کی وجہ ہو سکتی ہے۔

[٦-] بَابُ عُمْرَةِ التَّنْعِيْمِ

[١٧٨٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ عَمْرَو بْنَ أَوْسٍ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ أَبِىْ بَكْرٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَهُ: أَنْ يُرْدِفَ عَائِشَةَ، وَيُعْمِرَهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ. قَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: سَمِعْتُ عَمْرًا، وَكَمْ سَمِعْتُهُ مِنْ عَمْرٍو![انظر: ٢٩٨٥]

[١٧٨٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، عَنْ حَبِيْبِ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَطَاءٍ، ثَنِىْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَهَلَّ وَأَصْحَابُهُ بِالْحَجِّ، وَلَيْسَ مَعَ أَحَدٍ مِنْهُمْ هَدْىٌ، غَيْرَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَطَلْحَةَ، وَكَانَ عَلِيٌّ قَدِمَ مِنَ الْيَمَنِ، وَمَعَهُ الْهَدْىُ، فَقَالَ: أَهْلَلْتُ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَذِنَ لِأَصْحَابِهِ أَنْ يَجْعَلُوْهَا عُمْرَةً، يَطُوْفُوْا ثُمَّ يُقَصِّرُوْا وَيَحِلُّوْا، إِلَّا مَنْ مَعَهُ الْهَدْىُ فَقَالُوْا: نَنْطَلِقُ إِلٰى مِنًى، وَذَكَرُ أَحَدِنَا يَقْطُرُ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِىْ مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ، وَلَوْلَا أَنَّ مَعِىَ الْهَدْىَ لَأَحْلَلْتُ"، وَأَنَّ عَائِشَةَ حَاضَتْ، فَنَسَكَتِ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا، غَيْرَ أَنَّهَا لَمْ تَطُفْ، قَالَ: فَلَمَّا طَهُرَتْ وَطَافَتْ، قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتَنْطَلِقُوْنَ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ، وَأَنْطَلِقُ بِالْحَجِّ؟ فَأَمَرَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِىْ بَكْرٍ أَنْ يَخْرُجَ مَعَهَا إِلَى التَّنْعِيْمِ، فَاعْتَمَرَتْ بَعْدَ الْحَجِّ فِىْ ذِى الْحِجَّةِ، وَأَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ لَقِىَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِالْعَقَبَةِ، وَهُوَ يَرْمِيْهَا، فَقَالَ: أَلَكُمْ خَاصَّةً هٰذِهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: " لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ"[راجع: ١٥٥٧]

قوله: أَمَرَهُ أَن يُردف: حضرت عبدالرحمٰنؓ کو حکم دیا کہ صدیقہؓ کو اونٹ پر پیچھے بٹھا کر لے جائیں اور تنعیم سے عمرہ کرائیں .... **کم سمعتُه:** کتنی ہی بار میں نے یہ حدیث عمرو بن دینار سے سنی ہے یعنی ایک مرتبہ نہیں، بار بار سنی ہے ....**قوله:وليس مع أحد منهم هدی:** یہ بات راوی نے اپنے علم کے اعتبار سے کہی ہے، ورنہ حضرات شیخین اور ذوی الیسار لوگوں کے پاس بھی ہدی تھی (حاشیہ)......... **قوله: وأن سراقة:** جب نبی ﷺ جمرۂ عقبہ کی رمی کر چکے تو ایک طرف ہٹ کر کھڑے ہوگئے تا کہ لوگ مسائل دریافت کریں، اس وقت حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: حج کے سفر میں عمرہ کرنے کی رخصت اسی سال کے لئے ہے یا ہمیشہ کے لئے؟ آپؐ نے فرمایا: ہمیشہ ہمیش کے لئے ہے۔

بَابُ الِاعْتِمَارِ بَعْدَ الْحَجِّ بِغَيْرِ هَدْىٍ

ہدی کے بغیر حج کے بعد عمرہ کرنا

اگر کوئی شخص حج کے بعد عمرہ کرے تو وہ متمتع نہیں ہوگا، نہ قربانی واجب ہوگی، تمتع کے لئے ضروری ہے کہ حج سے پہلے

اشہر حج میں عمرہ کیا ہو، پھر میقات کے اندر ہی رہا ہو، پھر حج کے موسم میں حج کیا ہو تو وہ متمتع ہے اور اس پر قربانی واجب ہے۔

البتہ اب فقہاء نے اتنی گنجائش رکھی ہے کہ اگر عمرہ کے بعد مدینہ چلا گیا، پھر آکر حج کیا تو وہ متمتع ہے، لیکن اگر عمرہ کر کے لندن چلا گیا یا دیوبند آگیا، پھر اسی سال حج کیا تو وہ متمتع نہیں۔

[۷-] بَابُ الِاعْتِمَارِ بَعْدَ الْحَجِّ بِغَيْرِ هَدْيٍ

[۱۷۸۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيَى، ثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، أَخْبَرَتْنِيْ عَائِشَةُ، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُوَافِيْنَ لِهِلَالِ ذِى الْحَجَّةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُهِلَّ بِعُمْرَةٍ فَلْيُهِلَّ، وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُهِلَّ بِحَجَّةٍ فَلْيُهِلَّ، وَلَوْلَا أَنِّيْ أَهْدَيْتُ لَأَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ" فَمِنْهُمْ مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، وَمِنْهُمْ مَنْ أَهَلَّ بِحَجَّةٍ، وَكُنْتُ مِمَّنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، فَحِضْتُ قَبْلَ أَنْ أَدْخُلَ مَكَّةَ، فَأَدْرَكَنِيْ يَوْمُ عَرَفَةَ وَأَنَا حَائِضٌ، فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " دَعِيْ عُمْرَتَكِ، وَانْقُضِيْ رَأْسَكِ، وَامْتَشِطِيْ، وَأَهِلِّيْ بِالْحَجِّ" فَفَعَلْتُ. فَلَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ الْحَصْبَةِ أَرْسَلَ مَعِيْ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ إِلَى التَّنْعِيْمِ، فَأَرْدَفَهَا، فَأَهَلَّتْ بِعُمْرَةٍ مَكَانَ عُمْرَتِهَا، فَقَضَى اللّٰهُ حَجَّهَا وَعُمْرَتَهَا، وَلَمْ يَكُنْ فِيْ شَيْئٍ مِنْ ذٰلِكَ هَدْيٌ، وَلَا صَدَقَةٌ، وَلَا صَوْمٌ.[راجع: ۲۹٤]

حوالہ: اس حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الحیض باب ۱۶ (تحفۃ القاری ۲:۱۰۹، حدیث ۳۱۷) میں ہے۔ (وہاں ہے کہ عمرہ توڑنے کی وجہ سے احناف کے نزدیک دم واجب ہوتا ہے اور قضاء بھی" اور دم نہ ہو تو دس روزے رکھے تین ایام حج میں اور سات وطن لوٹ کر" یہ بات کہ دم نہ ہو دس روزے رکھے الخ تسامح ہے۔

بَابُ أَجْرِ الْعُمْرَةِ عَلَى قَدْرِ النَّصَبِ

عمرہ کا ثواب بقدر مشقت ہے

عمرہ میں جتنی مشقت ہوگی اتنا ثواب زیادہ ملے گا، تنعیم سے عمرہ کرنے میں وقت کم لگتا ہے اور خرچ بھی کم ہوتا ہے اور جعرانہ سے عمرہ کرنے میں ایک دن لگتا ہے اور خرچ بھی زیادہ ہوتا ہے، چنانچہ جعرانہ سے عمرہ عرف عام میں بڑا عمرہ اور تنعیم سے عمرہ چھوٹا عمرہ کہلاتا ہے۔ اسی طرح جو شخص میقات سے عمرہ کا احرام باندھ کر آئے گا اس کو ثواب زیادہ ملے گا۔

اس باب میں حضرت رحمہ اللہ نے یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ عمرہ کا ثواب بقدر مشقت ہوتا ہے، جس عمرہ میں جتنی زیادہ مشقت ہوگی اتنا ثواب زیادہ ملے گا، اور یہ قاعدہ تمام عبادات میں جاری ہوگا، ایک شخص جدہ سے حج کرتا ہے، دوسرا ہندوستان سے پس دونوں کا ثواب یکساں نہیں ہوسکتا، کیونکہ جدہ سے حج کرنے میں پانچ سو ریال خرچ ہوتے ہیں اور

ہندوستان سے حج کرنے میں ڈیڑھ لاکھ خرچ ہوتے ہیں، پس دونوں کا ثواب برابر کیسے ہوسکتا ہے!

[٨-] بَابُ أَجْرِ الْعُمْرَةِ عَلَى قَدْرِ النَّصَبِ

[١٧٨٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَعَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَا: قَالَتْ عَائِشَةُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! يَصْدُرُ النَّاسُ بِنُسُكَيْنِ وَأَصْدُرُ بِنُسُكٍ؟ فَقِيْلَ لَهَا: "انْتَظِرِیْ، فَإِذَا طَهُرْتِ فَاخْرُجِیْ إِلَى التَّنْعِيْمِ، فَأَهِلِّیْ ثُمَّ ائْتِيْنَا بِمَكَانِ كَذَا، وَلٰكِنَّهَا عَلٰى قَدْرِ نَفَقَتِكِ، أَوْ: نَصَبِكِ. [راجع: ٢٩٤]

لغت: النَّصَب: تکان لَقِیَ نَصَبًا: تھکنا.......... **قوله**: ولکنها: لیکن عمرہ یعنی اس کا ثواب تمہارے خرچہ کے بقدر ہوگا یا فرمایا: تمہارے تکان کے بقدر ہوگا۔

بَابُ الْمُعْتَمِرِ إِذَا طَافَ طَوَافَ الْعُمْرَةِ ثُمَّ خَرَجَ، هَلْ يُجْزِئُ مِنْ طَوَافِ الْوَدَاعِ؟

عمرہ کرنے والا عمرے کا طواف کرکے وطن لوٹ جائے تو کیا وہ طوافِ وداع کے قائم مقام ہوجائے گا؟

اگر حاجی نے طوافِ زیارت کے بعد عمرہ کیا یا کوئی نفلی طواف کیا پھر وہ طوافِ وداع کئے بغیر لوٹ گیا تو وہ نفلی طواف یا عمرہ کا طواف طوافِ وداع کے قائم مقام ہوجائے گا، اب اس پر دم واجب نہیں ہوگا، مگر افضل یہ ہے کہ رخصت ہوتے وقت طوافِ وداع کی نیت سے طواف کرے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تنعیم سے عمرہ کیا تھا اور ان کے واقعہ میں طوافِ وداع کا کوئی تذکرہ نہیں، معلوم ہوا کہ حضرت عائشہؓ نے جو عمرہ کا طواف کیا تھا وہی طوافِ وداع کے قائم مقام ہوگیا۔

[٩-] بَابُ الْمُعْتَمِرِ إِذَا طَافَ طَوَافَ الْعُمْرَةِ ثُمَّ خَرَجَ، هَلْ يُجْزِئُ مِنْ طَوَافِ الْوَدَاعِ؟

[١٧٨٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا أَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُهِلِّيْنَ بِالْحَجِّ، فِی أَشْهُرِ الْحَجِّ وَحُرُمِ الْحَجِّ، فَنَزَلْنَا بِسَرِفَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم لِأَصْحَابِهِ: "مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْیٌ فَأَحَبَّ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْیٌ فَلَا" وَكَانَ مَعَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم وَرِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِهِ ذَوِی قُوَّةٍ الْهَدْیُ، فَلَمْ تَكُنْ لَهُمْ عُمْرَةٌ، فَدَخَلَ عَلَیَّ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا أَبْكِیْ، فَقَالَ: "مَا يُبْكِيْكِ؟" قُلْتُ: سَمِعْتُكَ تَقُوْلُ لِأَصْحَابِكَ مَا قُلْتَ، فَمُنِعْتُ الْعُمْرَةَ، قَالَ: "وَمَا شَأْنُكِ؟" قُلْتُ: لَا أُصَلِّیْ، قَالَ: فَلَا يَضُرُّكِ، أَنْتِ مِنْ بَنَاتِ آدَمَ، كُتِبَ عَلَيْكِ مَا كُتِبَ عَلَيْهِنَّ، فَكُوْنِیْ فِی حَجِّكِ، عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَرْزُقَكِهَا" قَالَتْ: فَكُنْتُ، حَتَّى نَفَرْنَا مِنْ مِنًى،

فَنزَلْنَا الْمُحَصَّبَ، فَدَعَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ: "اخْرُجْ بِأُخْتِكَ الْحَرَمَ، فَلْتُهِلَّ بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ افْرُغَا مِنْ طَوَافِكُمَا، أَنْتَظِرُكُمَا هَاهُنَا" فَأَتَيْنَا فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ، فَقَالَ: "فَرَغْتُمَا؟" قُلْتُ: نَعَمْ، فَنَادَى بِالرَّحِيْلِ فِي أَصْحَابِهِ، فَارْتَحَلَ النَّاسُ، وَمَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ، ثُمَّ خَرَجَ مُوَجِّهًا إِلَى الْمَدِيْنَةِ.[راجع: ۲۹٤]

قوله: في أشهر الحج وُحُرُم الحج: دونوں مترادف (ہم معنی) ہیں............ **قوله: رجال من أصحابه:** معلوم ہوا کہ متعدد صحابہ کے پاس ہدی تھی، اور پہلے روایت میں جو آیا ہے کہ صرف نبی ﷺ اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس ہدی تھی وہ راوی نے اپنے علم کے اعتبار سے کہا ہے............ **قوله: فلم تكن لهم عمرة:** یعنی جن کے پاس ہدی تھی انھوں نے عمرہ کرکے احرام نہیں کھولا............ **قوله: فكوني في حجّك:** یعنی عمرہ توڑ دو اور حج کا احرام باندھ لو............ **قوله: فأ تينا في جوف الليل:** عمرہ سے فارغ ہو کر جہاں نبی ﷺ کا قیام تھا وہاں ہم صبح صادق سے پہلے پہنچ گئے............ **فنادى بالرحيل:** سفر شروع کرنے کا اعلان کیا گیا............ **ومن طاف بالبيت:** جن لوگوں نے فجر کی نماز سے پہلے طواف وداع کیا تھا وہ بھی آ گئے پھر سب ساتھ روانہ ہوئے۔

بَابٌ: يَفْعَلُ بِالْعُمْرَةِ مَا يَفْعَلُ بِالْحَجِّ

عمرہ میں وہی کرے جو حج میں کرتا ہے

حج اور عمرہ دونوں حج ہیں، عمرہ چھوٹا حج ہے اور حج بڑا حج ہے۔ اس لئے مامورات و منہیات میں دونوں کے احکام ایک ہیں، جیسے فرض اور نفل نماز کے احکام ایک ہیں۔

[۱۰-] بَابٌ: يَفْعَلُ بِالْعُمْرَةِ مَا يَفْعَلُ بِالْحَجِّ

[۱۷۸۹-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، ثنا عَطَاءٌ، قَالَ: ثَنِيْ صَفْوَانُ بْنُ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ، وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ، وَعَلَيْهِ أَثَرُ الْخَلُوْقِ، أَوْ قَالَ: صُفْرَةٍ، فَقَالَ: كَيْفَ تَأْمُرُنِيْ أَنْ أَصْنَعَ فِيْ عُمْرَتِيْ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَسُتِرَ بِثَوْبٍ، فَقُلْتُ لِعُمَرَ: وَدِدْتُ أَنِّيْ قَدْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْوَحْيَ، فَقَالَ عُمَرُ: تَعَالَ: أَيَسُرُّكَ أَنْ تَنْظُرَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْوَحْيَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. فَرَفَعَ طَرْفَ الثَّوْبِ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ لَهُ غَطِيْطٌ، وَأَحْسِبُهُ قَالَ: كَغَطِيْطِ الْبَكْرِ، فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ أَيْنَ السَّائِلُ عَنِ الْعُمْرَةِ؟ اخْلَعْ عَنْكَ الْجُبَّةَ، وَاغْسِلْ أَثَرَ الْخَلُوْقِ عَنْكَ، وَأَنْقِ الصُّفْرَةَ، وَاصْنَعْ فِي عُمْرَتِكَ كَمَا تَصْنَعُ فِي حَجِّكَ"[راجع: ۱۵۳٦]

وضاحت: خلوق اور صُفرہ: ایک ہی خوشبو ہیں، اور أو شک راوی کا ہے............**قولہ: فقلت لعمر**: اسی وقت نہیں کہا تھا بلکہ پہلے سے کہہ رکھا تھا کہ میں وحی اترتے ہوئے دیکھنا چاہتا ہوں............**غطیط**: خراٹے............ **قولہ: وأحسبه الخ**: راوی کا خیال ہے کہ حدیث میں **کَغَطِیْطِ الکبر** بھی ہے یعنی جوان اونٹ کے خراٹے لینے کی طرح............
قولہ: واصنع فی عمرتك: یہ جملہ باب سے متعلق ہے۔

[۱۷۹۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، أَ نَّـهُ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، وَأَنَا یَوْمَئِذٍ حَدِیثُ السِّنِّ: أَرَأَیْتِ قَوْلَ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْهِ أَنْ یَطَّوَّفَ بِهِمَا﴾[البقرة: ۱۵۸] فَلاَ أُرَی عَلٰی أَحَدٍ شَیْئًا أَنْ لاَ یَطَّوَّفَ بِهِمَا، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: كَلَّا لَوْ كَانَتْ كَمَا تَقُوْلُ، كَانَتْ: فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْهِ أَنْ لاَ یَطَّوَّفَ بِهِمَا، إِنَّمَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآیَةُ فِی الأَنْصَارِ، كَانُوْا یُهِلُّوْنَ لِمَنَاةَ، وَكَانَتْ مَنَاةُ حَذْوَ قُدَیْدٍ، وَكَانُوْا یَتَحَرَّجُوْنَ أَنْ یَطَّوَّفُوْا بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَلَمَّا جَاءَ الإِسْلاَمُ سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْهِ أَنْ یَطَّوَّفَ بِهِمَا﴾ زَادَ سُفْیَانُ، وَأَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: مَا أَتَمَّ اللّٰهُ حَجَّ امْرِئٍ وَلاَ عُمْرَتَهُ مَالَمْ یَطُفْ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.[راجع: ۱٦٤۳]

حوالہ: اس حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الحج باب ۷۹ میں ہے............**قولہ: وأنا یومئذ حدیثُ السِّن**: یہ دفع دخل مقدر ہے، حضرت عروہؒ نے آیت کا جو مطلب سمجھا تھا وہ اس وقت کا واقعہ ہے، جب وہ کم عمر تھے، جب فقیہ بن گئے اس وقت کا یہ واقعہ نہیں............ **قولہ: مَا أَتَمَّ اللّٰهُ**: باب سے متعلق ہے، حج کی طرح عمرے میں بھی صفا مروہ کی سعی ضروری ہے۔

بَابٌ: مَتَی یَحِلُّ الْمُعْتَمِرُ؟

عمرہ کرنے والا کب حلال ہوگا؟

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فتوی یہ تھا کہ جس نے عمرہ کا احرام باندھا ہے وہ بیت اللہ کا طواف کرتے ہی حلال ہوجائے گا، وہ صفا مروہ کی سعی سے پہلے بیوی سے صحبت کرسکتا ہے، مگر اس رائے کو کسی نے نہیں لیا، صحیح بات یہ ہے کہ عمرہ طواف وسعی کے بعد مکمل ہوتا ہے اس سے پہلے بیوی سے مقاربت جائز نہیں۔

[۱۱-] بَابٌ: مَتَی یَحِلُّ الْمُعْتَمِرُ؟

وَقَالَ عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرٍ: أَمَرَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم أَصْحَابَهُ أَنْ یَجْعَلُوْهَا عُمْرَةً، وَیَطُوْفُوْا ثُمَّ

يُقَصِّرُوْا وَيَحِلُّوْا.

[۱۷۹۱-] حدثنا إِسْحَاقَ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ جَرِيْرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفَى، قَالَ: اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَاعْتَمَرْنَا مَعَهُ، فَلَمَّادَخَلَ مَكَّةَ طَافَ وَطُفْنَا مَعَهُ، فَأَتَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ وَأَتَيْنَاهُمَا مَعَهُ، وَكُنَّا نَسْتُرُهُ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ أَنْ يَرْمِيَهُ أَحَدٌ، فَقَالَ لَهُ صَاحِبٌ لِيْ: أَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ الْكَعْبَةَ؟ قَالَ: لاَ. [راجع: ۱۶۰۰]

[۱۷۹۲-] قَالَ: فَحَدِّثْنَا مَا قَالَ لِخَدِيْجَةَ، قَالَ: ”بَشِّرُوْا لِخَدِيْجَةَ بِبَيْتٍ مِنَ الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ، لاَصَخَبَ فِيْهِ وَلاَ نَصَبَ“[انظر: ۳۸۱۹]

قوله: ثم يُقَصِّرُوْا وَيَحِلُّوْا: یعنی معتمر طواف اور صفا مروہ کی سعی کرنے کے بعد حلق یا قصر کرا کر حلال ہوگا ....

قوله: وكنا نستره: عمرۃ القضا میں صحابہ نبی ﷺ کو حفاظت کی غرض سے چھپائے ہوئے تھے، کہیں ایسا نہ ہو کہ مکہ کا کوئی مشرک آپؐ کو کوئی چیز پھینک مارے، یہاں اگر کوئی کہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی حفاظت کی ذمہ داری لی ہے ﴿وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ﴾ پس جواب یہ ہے کہ آیتِ کریمہ کا مطلب یہ ہے کہ کوئی آپؐ کو قتل نہیں کرسکتا، مگر مادون النفس گزند پہنچاسکتا ہے اس لئے صحابہ آپؐ کو گھیرے ہوئے تھے............ **قوله: أَدَخَلَ الكعبةَ؟** عمرۃ القضاء کے موقعہ پر نبی ﷺ کعبہ شریف کے اندر نہیں گئے، کیونکہ اس کے اندر مورتیاں تھیں اور کعبہ غیروں کے قبضہ میں تھا .... **قوله: فَحَدِّثْنَا ماقالَ:** راوی نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے وہ بات پوچھی جو نبی ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے حق میں فرمائی ہے .... قَصَب: بانس، اور یہاں کھوکھلا کیا ہوا موتی مراد ہے، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لئے جنت میں جو محل ہے وہ ون پیس موتی ہے، اور اس محل میں نہ شور وشغب ہے نہ تھکن۔

[۱۷۹۳-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَأَلْنَا ابْنَ عُمَرَ: عَنْ رَجُلٍ طَافَ بِالْبَيْتِ فِيْ عُمْرَةٍ، وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، أَيَأْتِيْ امْرَأَتَهُ؟ فَقَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعًا، وَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ“[راجع: ۳۹۵]

[۱۷۹۴-] قَالَ: وَسَأَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: لاَ يَقْرَبَنَّهَا حَتَّى يَطُوْفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ. [راجع: ۳۹۶]

[۱۷۹۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالْبَطْحَاءِ، وَهُوَ مُنِيْخٌ، فَقَالَ: ”أَحَجَجْتَ؟“ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: ”بِمَا أَهْلَلْتَ؟“ قُلْتُ: لَبَّيْكَ بِإِهْلاَلٍ كَإِهْلاَلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه

وسلم، قَالَ: " أَحْسَنْتَ، طُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ أَحِلَّ" فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ أَتَيْتُ امْرَأَةً مِنْ قَيْسٍ، فَفَلَّتْ رَأْسِي، ثُمَّ أَهْلَلْتُ بِالْحَجِّ، فَكُنْتُ أُفْتِي بِهِ حَتَّى كَانَ فِي خِلَافَةِ عُمَرَ، فَقَالَ: إِنْ أَخَذْنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُنَا بِالتَّمَامِ، وَإِنْ أَخَذْنَا بِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَإِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ. [راجع: ۱۵۵۹]

قوله: وهو مُنِيْخٌ: درانحالیکہ آپؐ اونٹ بٹھانے والے تھے یعنی بطحاء میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے .... **قوله:** أَحَجَجْتَ؟ کیا تم نے حج کا احرام باندھا ہے؟ .... **قوله:** طُف بالبيت: طواف اور سعی کر کے حلال ہوجاؤ، معلوم ہوا کہ صرف طواف کرنے سے حلال نہیں ہوگا بلکہ صفا مروہ کے درمیان سعی کرنے کے بعد حلال ہوگا۔

[۱۷۹۶-] حدثنا أَحْمَدُ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَنَا عَمْرٌو، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ مَوْلَى أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ كَانَ يَسْمَعُ أَسْمَاءَ تَقُوْلُ كُلَّمَا مَرَّتْ بِالْحَجُوْنِ: صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ. لَقَدْ نَزَلْنَا مَعَهُ هَاهُنَا، وَنَحْنُ يَوْمَئِذٍ خِفَافٌ قَلِيْلٌ ظَهْرُنَا، قَلِيْلَةٌ أَزْوَادُنَا، فَاعْتَمَرْتُ أَنَا، وَأُخْتِي عَائِشَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَفُلَانٌ، وَفُلَانٌ، فَلَمَّا مَسَحْنَا الْبَيْتَ أَحْلَلْنَا، ثُمَّ أَهْلَلْنَا مِنَ الْعَشِيِّ بِالْحَجِّ. [راجع: ۱۶۱۵]

وضاحت: جب حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما خلافت لے کر مکہ چلے گئے تھے، تو ان کی والدہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بھی مکہ میں آگئی تھیں، وہ جب بھی حجون قبرستان کے قریب سے گذرتیں تو درود شریف پڑھتیں، لوگوں نے اس کی وجہ پوچھی تو فرمایا: آنحضور ﷺ نے حجۃ الوداع میں یہاں پڑاؤ ڈالا تھا .... حضرت اسماءؓ نے طویل عمر پائی ہے، حضرت عبداللہ کی شہادت کے بعد تک زندہ رہی ہیں، جب حجاج نے حضرت عبداللہؓ کو شہید کیا تو دل کی بھڑاس نکالنے کے لئے ان کی لاش کو سولی پر لٹکایا، ایک مرتبہ حضرت اسماءؓ وہاں سے گذریں تو فرمایا: أما آنَ لهذا الفارس أن ينزل؟ کیا اس گھوڑ سوار کے لئے اترنے کا وقت نہیں آیا؟ جب حجاج کو یہ بات پہنچی تو اس نے فوراً حضرت عبداللہؓ کو دفن کرادیا، کیونکہ اب سولی پر ہونا حضرت عبداللہؓ کے لئے فضیلت بن گیا۔

قوله: ونحن يومئذ خفاف: ہم اس وقت غریب تھے، سواریاں بھی تھوڑی تھیں اور توشہ بھی تھوڑا تھا .... **قوله:** فلما مسحنا: یعنی افعالِ عمرہ کر کے ہم نے احرام کھول دیا .... ثم أهللنا: پھر حج کے موقع پر حج کا احرام باندھا (یہ حدیث ابھی گذری ہے)

بَابُ مَايَقُوْلُ إِذَا رَجَعَ مِنَ الْحَجِّ أَوِ الْعُمْرَةِ أَوِ الْغَزْوِ؟

جب حج سے یا عمرہ سے یا جہاد سے لوٹے تو کیا ذکر کرے؟

أبواب العمرة پورے ہوچکے، اب یہاں سے أبواب المُحْصَر تک أبواب العمرة کا ضمیمہ ہے، اور اس میں سفر سے

لوٹنے سے متعلق ہدایات ہیں، اور باہم مناسبت یہ ہے کہ جو عمرہ کرنے جائے گا وہ ضرور گھر لوٹے گا، اور حج اور عمرہ کے احکام ایک ہیں، اس لئے دونوں سے لوٹنے کے مسائل بیان کرتے ہیں، اور جہاد سے لوٹنے کو بھی ساتھ لے لیا، کیونکہ حج بھی ایک جہاد ہے، جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔

لوگ جب حج یا عمرہ کے لئے جاتے ہیں تو تلبیہ پڑھتے ہوئے اور دیگر اذکار کرتے ہوئے جاتے ہیں، مگر جب لوٹتے ہیں تو گھر کی محبت اور بیوی بچوں سے ملاقات کا شوق غالب آجاتا ہے، جو ذکر سے غافل کر دیتا ہے، حالانکہ نبی ﷺ جب سفر میں جاتے تھے تب بھی ذکر کرتے تھے اور جب لوٹتے تھے تب بھی ذکر کرتے تھے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب آپؐ غزوہ سے یا حج سے یا عمرہ سے لوٹتے اور کسی بلند جگہ پر چڑھتے تو تین بار اللہ اکبر کہتے پھر فرماتے: لا إلٰه إلا الله وحده (الی آخرہ) ترجمہ: کوئی عبادت کے لائق نہیں اللہ کے علاوہ جو یگانہ ہیں ان کا کوئی شریک نہیں، انہی کے لئے فرمانروائی ہے، اور وہی تعریفوں کے مستحق ہیں، اور وہ ہر چیز پر قادر ہیں، ہم لوٹ رہے ہیں، اپنی لغزشتوں کی توبہ کرنے والے ہیں، اپنے پروردگار کی عبادت کرنے والے ہیں، سجدے کرنے والے ہیں، اپنے پروردگار کے لئے، تعریف کرنے والے ہیں، اللہ نے اپنا وعدہ سچا کیا اور اپنے بندے (نبی ﷺ) کی مدد کی اور لشکروں کو تن تنہا شکست دی۔

[۱۲-] بَابُ مَايَقُوْلُ إِذَا رَجَعَ مِنَ الْحَجِّ أَوِ الْعُمْرَةِ أَوِ الْغَزْوِ؟

[۱۷۹۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ: نَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَفَلَ مِنْ غَزْوٍ أَوْ حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ يُكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ مِنَ الْأَرْضِ ثَلَاثَ تَكْبِيْرَاتٍ ثُمَّ يَقُوْلُ:" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ، لِرَبِّنَا، حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ"[انظر: ۲۹۹۵، ۳۰۸۴، ۴۱۱۶، ۶۳۸۵]

بَابُ اسْتِقْبَالِ الْحَاجِّ الْقَادِمِيْنَ، وَالثَّلَاثَةِ عَلَى الدَّابَّةِ

آنے والے حاجیوں کا استقبال کرنا، اور ایک اونٹ پر تین کا بیٹھنا

حجاج کا استقبال کر سکتے ہیں، اور سواری پر نا قابل برداشت بوجھ نہ پڑے تو تین آدمی بیٹھ سکتے ہیں، بلکہ چار بھی بیٹھ سکتے ہیں، مگر یہ شرط ہے کہ سواری پر نا قابل برداشت بوجھ نہ پڑے، جب آنحضور ﷺ مکہ مکرمہ پہنچے ہیں تو خاندان کے بچوں نے آپؐ کا استقبال کیا ہے، آپؐ نے ایک بچہ کو آگے اور دوسرے کو پیچھے بٹھا لیا۔ معلوم ہوا کہ اگر سواری برداشت کر سکے تو اس پر تین آدمی بیٹھ سکتے ہیں، اور جب جاتے ہوئے حاجی کا استقبال کر سکتے ہیں تو واپسی میں بھی کر سکتے ہیں۔

فائدہ: آج کل مفتیانِ کرام حاجی کو رخصت کرنے سے اور اس کا استقبال کرنے سے منع کرتے ہیں، کیونکہ اب یہ رسم

بن گئی ہے، اوراس میں بے شمار مفاسد ہیں، مثلاً: فوٹو گرافی، شور وشغب، مردوزن کا اختلاط اور نمازوں سے غفلت، علاوہ ازیں جولوگ رخصت کرنے یا استقبال کرنے کے لئے جاتے ہیں، ان کا صرفہ حاجی کے سرپڑتا ہے، جس کی وجہ سے وہ خواہ مخواہ زیر بار ہوتا ہے، ہاں ضرورت کے بقدر آدمی لینے یا چھوڑنے جائیں تو اس میں کچھ حرج نہیں۔

[۱۳-] بَابُ اسْتِقْبَالِ الْحَاجِّ الْقَادِمِيْنَ، وَالثَّلاَ ثَةِ عَلَى الدَّابَّةِ

[۱۷۹۸-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ اسْتَقْبَلَهُ أُغَيْلِمَةُ بَنِىْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَحَمَلَ وَاحِدًا بَيْنَ يَدَيْهِ وَآخَرَ خَلْفَهُ.[انظر: ۵۹۶۵، ۵۹۶۶]

بَابُ الْقُدُوْمِ بِالْغَدَاةِ

صبح کے وقت آنا

آنحضور ﷺ کا طریقہ یہ تھا کہ آپؐ رات میں مدینہ منورہ میں داخل نہیں ہوتے تھے بلکہ شہر سے باہر پڑاؤ کرتے تھے، پھر صبح شہر میں داخل ہوتے تھے، اوراس کی دو وجہ تھیں: ایک: آپؐ عورتوں کو موقع دینا چاہتے تھے کہ وہ بناؤ سنگھار کرکے خود کو شوہروں کے لئے تیار کرلیں۔ دوسری: آپؐ کے ساتھ بڑا مجمع ہوتا تھا، اگر آپؐ رات میں مدینہ میں داخل ہوتے تو لوگوں کا چین ختم ہوجاتا، مگر اب احوال بدل گئے ہیں، گھر والوں کو پہلے سے خبر ہوتی ہے اور شہر میں رات بھر آمدورفت جاری رہتی ہے، پس اگر گھر والوں کو اطلاع دے رکھی ہے تو رات میں بھی گھر آسکتا ہے، کیونکہ ایک دو آدمیوں کے شہر اور گاؤں میں داخل ہونے سے کسی کو پریشانی نہیں ہوتی، البتہ اگر کسی کے ساتھ بڑا مجمع ہو تو اس کو رات میں شہر میں داخل نہیں ہونا چاہئے۔

[۱۴-] بَابُ الْقُدُوْمِ بِالْغَدَاةِ

[۱۷۹۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا خَرَجَ إِلَى مَكَّةَ يُصَلِّيْ فِيْ مَسْجِدِ الشَّجَرَةِ، وَإِذَا رَجَعَ صَلَّى بِذِىْ الْحُلَيْفَةِ بِبَطْنِ الْوَادِىْ، وَبَاتَ حَتَّى يُصْبِحَ.[راجع: ۴۸۴]

بَابُ الدُّخُوْلِ بِالْعَشِيِّ

شام کے وقت داخل ہونا

شام کے وقت گھر آسکتے ہیں، کیونکہ شام میں اچانک گھر پہنچے گا تو بھی عورت کے لئے بننے سنور کا موقع ہوگا، اور کسی کو

پریشانی بھی نہیں ہوگی، نبی ﷺ شام میں مدینہ میں داخل ہوتے تھے لیکن اگر رات ہوجاتی تو شہر سے باہر قیام فرماتے اور صبح شہر میں داخل ہوتے۔

[۱۵-] بَابُ الدُّخُوْلِ بِالْعَشِيِّ

[۱۸۰۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا هَمَامٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِى طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لاَ يَطْرُقُ أَهْلَهُ لَيْلاً، كَانَ لاَ يَدْخُلُ إِلَّا غُدْوَةً أَوْ عَشِيَّةً.

بَابٌ: لاَيَطْرُقُ أَهْلَهُ إِذَا بَلَغَ الْمَدِيْنَةَ

جب مدینہ پہنچے تو رات میں اچانک گھر نہ پہنچے

رات میں بے خبری میں گھر آنے کی اجازت نہیں۔ نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے لیکن اگر پہلے سے گھر والوں کو اطلاع ہے تو رات میں بھی گھر آنے میں کچھ مضائقہ نہیں۔

[۱۶-] بَابٌ: لاَيَطْرُقُ أَهْلَهُ إِذَا بَلَغَ الْمَدِيْنَةَ

[۱۸۰۱-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَارِبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَطْرُقَ أَهْلَهُ لَيْلاً. [راجع: ٤٤٣]

بَابُ مَنْ أَسْرَعَ نَاقَتَهُ إِذَا بَلَغَ الْمَدِيْنَةَ

جس نے اونٹنی کو تیز چلایا جب مدینہ پہنچا

وطن سے محبت فطری چیز ہے، اور اس مسئلہ میں کسی نے ایک حدیث بھی گھڑی ہے: حُبُّ الوطن مِن الإيمان: یہ بے اصل روایت ہے، لیکن آدمی کو وطن سے محبت ہوتی ہے، چنانچہ نبی ﷺ جب سفر سے لوٹتے اور مدینہ کی چڑھائی اور مکانات نظر آتے تو سواری تیز کر دیتے، ایسا وطن کی محبت میں کرتے تھے۔

[۱۷-] بَابُ مَنْ أَسْرَعَ نَاقَتَهُ إِذَا بَلَغَ الْمَدِيْنَةَ

[۱۸۰۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِى مَرْيَمَ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِى حُمَيْدٌ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا، يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَأَبْصَرَ دَرَجَاتِ الْمَدِيْنَةِ أَوْضَعَ نَاقَتَهُ، وَإِنْ كَانَتْ دَابَّةً حَرَّكَهَا.

حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: "جُدُرَاتٍ" تَابَعَهُ الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ: وَزَادَ الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ: حَرَّكَهَا مِنْ حُبِّهَا. [انظر: ۱۸۸۶]

قوله: درجاتِ المدينة: مدینہ کی سیڑھیاں اور مراد مدینہ کے مکانات ہیں، اور ایک روایت میں دَوْحَات ہے، اس کے معنی ہیں: بڑے درخت، اور قتیبہ کی روایت میں جُدُرات (دیواریں) ہے اس سے بھی مکان مراد ہیں.......... **قوله: أوضع ناقته، وإن كانت دابة حَرَّكها:** اپنی اونٹنی کو تیز چلاتے، اور اگر کوئی اور سوار ہوتی تو اس کو تیز کر دیتے اور حارث بن عُمیر کی روایت میں یہ اضافہ ہے: "مدینہ کی محبت میں سواری تیز کرتے تھے"

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ أَبْوَابِهَا﴾

گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ

آیتِ کریمہ کا شانِ نزول یہ ہے کہ انصار جب حج کر کے آتے تھے تو پہلی مرتبہ گھر میں دروازے سے داخل نہیں ہوتے تھے، گھر کے پیچھے سے سیڑھی رکھ کر یا دیوار پھاند کر آتے تھے، اور اس کو نیکی کا کام سمجھتے تھے، ایک شخص غلطی سے دروازے سے گھر میں آ گیا تو لوگوں نے اس کو خوب لعن طعن کیا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ یہ کوئی نیکی کا کام نہیں کہ تم گھروں میں پیچھے سے آؤ، بلکہ نیکی تقوی اختیار کرنا ہے، اور تم گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ اور اللہ سے ڈرو یعنی ظاہر و باطن میں اللہ سے ڈرنا اصل نیکی ہے، گھروں میں پیچھے سے آنا کوئی نیکی نہیں۔

[۱۸-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ أَبْوَابِهَا﴾

[۱۸۰۳-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِيْنَا، كَانَتِ الْأَنْصَارُ إِذَا حَجُّوْا، فَجَاؤُا لَمْ يَدْخُلُوْا مِنْ قِبَلِ أَبْوَابِ بُيُوْتِهِمْ، وَلٰكِنْ مِنْ ظُهُوْرِهَا، فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَدَخَلَ مِنْ قِبَلِ بَابِهِ، فَكَأَنَّهُ عُيِّرَ بِذٰلِكَ، فَنَزَلَتْ: ﴿وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا، وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَى، وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ أَبْوَابِهَا﴾ [البقرة: ۱۸۹] [انظر: ۴۵۱۲]

بَابٌ: السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ

سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے

سفر کتنا ہی آرام دہ ہو مگر ہوتا ہے وہ تکلیف دہ، گھر میں جو آرام ملتا ہے وہ سفر میں نہیں مل سکتا، اس لئے حج کا سفر ہو یا عمرہ کا یا عام سفر، جب مقصد پورا ہو جائے تو جلدی گھر لوٹ جانا چاہئے، آنحضور ﷺ حجۃ الوداع میں چار ذی الحجہ کو مکہ مکرمہ

پہنچے تھے، تین دن مکہ میں رہے، پھر حج سے فارغ ہوکر تیرہ اور چودہ کی درمیانی رات میں مدینہ منورہ لوٹ گئے، مگر اب لوگ چالیس دن تک مکہ اور مدینہ میں رہتے ہیں کیونکہ وہ زندگی بھر پیسہ جوڑتے ہیں اور بڑی آرزوئیں لے کر جاتے ہیں اس لئے زیادہ سے زیادہ وقت حرمین میں گذارنا چاہتے ہیں مگر نبی ﷺ کی سنت یہی ہے کہ حج اور عمرہ سے فارغ ہوکر جلد واپس لوٹ جانا چاہئے۔

[۱۹-] بَابٌ: السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ

[۱۸۰٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ، يَمْنَعُ أَحَدَكُمْ طَعَامَهُ وَشَرَابَهُ وَنَوْمَهُ، فَإِذَا قَضَى نَهْمَتَهُ فَلْيُعَجِّلْ إِلٰى أَهْلِهِ. [انظر: ۳۰۰۱، ۵٤۲۹]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: سفر ایک قسم کا عذاب ہے، وہ آدمی کو کھانے پینے اور سونے سے روک دیتا ہے، یعنی سفر میں نہ وقت پر کھانا ملتا ہے نہ اطمینان حاصل ہوتا ہے، پس جب ضرورت پوری ہوجائے تو چاہئے کہ گھر لوٹ آئے۔

بَابُ الْمُسَافِرِ إِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ، وَتَعَجَّلَ إِلٰى أَهْلِهِ

جب مسافر تیزی سے سفر کررہا ہو اور وہ جلدی گھر پہنچنا چاہتا ہو (تو جمع صوری کرے)

کبھی کسی وجہ سے آدمی جلدی سفر کرتا ہے، وہ جلدی گھر پہنچنا چاہتا ہے تو وہ سفر میں جمع صوری کرے، تاکہ جلدی گھر پہنچے۔قولہ: وَتَعَجَّلَ إلى أهلِه: بعض نسخوں میں واؤ نہیں ہے اور بعض میں ہے، اور عطف تفسیری ہے، اور باب میں جو حدیث ہے اس سے جاتے ہوئے جلدی کرنے کا ثبوت ملتا ہے لیکن واپسی میں جلدی کرنے کا حدیث میں کوئی تذکرہ نہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے باب میں اضافہ کیا ہے کہ جاتے ہوئے بھی جمع صوری کرسکتا ہے اور واپسی میں بھی۔

[۲۰-] بَابُ الْمُسَافِرِ إِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ، وَتَعَجَّلَ إِلٰى أَهْلِهِ

[۱۸۰۵-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِيْ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِطَرِيْقِ مَكَّةَ، فَبَلَغَهُ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِيْ عُبَيْدٍ شِدَّةُ وَجَعٍ، فَأَسْرَعَ السَّيْرَ، حَتّٰى إِذَا كَانَ بَعْدَ غُرُوْبِ الشَّفَقِ نَزَلَ، فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعَتَمَةَ، جَمَعَ بَيْنَهُمَا، ثُمَّ قَالَ: إِنِّيْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم إِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ أَخَّرَ الْمَغْرِبَ وَجَمَعَ بَيْنَهُمَا. [راجع: ۱۰۹۱]

حوالہ: یہ حدیث أبواب تقصیر الصلاۃ باب ٦ (تحفۃ القاری ۳: ۴۲۵) میں تفصیل سے گذر چکی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَابُ الْمُحْصَرِ وَجَزَاءُ الصَّيْدِ

احصار کا بیان اور شکار کا بدلہ

مُحصَر (باب افعال سے) اسم مفعول ہے، اس کے معنی ہیں: روکا ہوا، کوئی شخص حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر چلا پھر کوئی مانع پیش آ گیا جس کی وجہ سے وہ مکہ نہیں جا سکتا تو وہ محصَر (اسم مفعول) اور مانع (روکنے والا) مُحصِر (اسم فاعل) ہے، اور باب میں دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی محرم شکار مارے تو اس کی جزاء واجب ہے۔ باب میں یہ دونوں مسئلے اکٹھا کئے گئے ہیں، مگر دوسرا مسئلہ اگلی بسم اللہ کے بعد آئے گا، وہاں تک احصار کا بیان ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہاں چار مسئلے مختلف فیہ ہیں: (۱) دشمن کے روکنے سے بالاجماع احصار متحقق ہوتا ہے مگر مرض وغیرہ موانع سے احصار متحقق ہوتا ہے یا نہیں؟ احناف کے نزدیک متحقق ہوتا ہے اور دیگر ائمہ کے نزدیک متحقق نہیں ہوتا (۲) احصار کی صورت میں احرام کھولنے کے لئے ہدی حرم میں بھیجنا ضروری ہے یا نہیں؟ احناف کے نزدیک ضروری ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ضروری نہیں (۳) اُس حج یا عمرہ کی قضا ضروری ہے یا نہیں؟ احناف کے نزدیک ضروری ہے، دیگر ائمہ کے نزدیک ضروری نہیں (۴) سر منڈانا احرام سے نکلنے کی محض علامت ہے یا احرام سے نکلنے کے لئے شرط ہے؟ احناف کے نزدیک یہ محض علامت ہے، احرام قربانی سے خود بخود کھل جاتا ہے اور دیگر ائمہ کے نزدیک شرط ہے، سر منڈانے ہی سے احرام کھلے گا، اور امام بخاری رحمہ اللہ پہلے مسئلہ میں احناف کے ساتھ ہیں اور باقی مسائل میں ائمہ ثلاثہ کے ساتھ ہیں، تفصیل درج ذیل ہے:

احناف اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک ہر عذر سے احصار متحقق ہوتا ہے، مثلاً: کوئی حادثہ پیش آیا اور لنگڑا ہو گیا، یا ایکسیڈنٹ ہو گیا یا کسی شدید مرض میں مبتلا ہو گیا یا کسی جرم کا ارتکاب کرنے کی وجہ سے جیل میں چلا گیا یا پاسپورٹ چوری ہو گیا یا دشمن نے روک دیا ان سب صورتوں میں احناف کے نزدیک احصار متحقق ہوگا، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک احصار صرف دشمن کے روکنے سے متحقق ہوتا ہے، دیگر اعذار کی وجہ سے احصار متحقق نہیں ہوتا۔ اور احصار میں ائمہ ثلاثہ اور امام بخاریؒ کے نزدیک: جہاں مانع پیش آیا ہے وہیں قربانی کر کے اور سر منڈا کر احرام کھول دے اور اس پر اس حج یا عمرہ کی قضا واجب نہیں،

اور چونکہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دشمن کے علاوہ اعذار کی صورت میں احصار متحقق نہیں ہوتا اس لئے دیگر اعذار کی صورت میں اس کو بہر حال مکہ پہنچنا ہوگا، پھر عمرہ کا احرام ہے تو ارکانِ عمرہ کرنے سے احرام کھلے گا اور حج کا احرام ہے تو ارکانِ حج ادا کرنے سے بھی کھلے گا اور حج کے دن گذر گئے ہیں تو عمرہ کے افعال سے بھی کھل جائے گا، اس کے علاوہ ان کے نزدیک احرام سے نکلنے کی کوئی صورت نہیں۔

اور احناف کے نزدیک ہر عذر سے احصار متحقق ہوتا ہے اور احرام ختم کرنے کے لئے ہدی (قربانی) حرم میں بھیجنی ضروری ہے جب وہاں ہدی ذبح ہو جائے تو احرام کھل جائے گا، اور اس حج یا عمرہ کی قضا واجب ہے، اور احرام کھولنے کے لئے سر منڈانا ضروری ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام ابو یوسف اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سر منڈا کر احرام کھولنا ضروری ہے، اور طرفین کے نزدیک جب حرم میں ہدی ذبح ہوگئی تو احرام خود بخود کھل گیا سر منڈانے کی ضرورت نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں چار دلائل ہیں، جن پر مسائل کا مدار ہے: ایک قرآنِ کریم کی آیت ہے، دوسرا نبی ﷺ کا واقعہ ہے اور دو حدیثیں ہیں:

واقعہ اور آیت: سن ۶ ہجری میں نبی ﷺ نے ایک خواب دیکھا، جس کا تذکرہ سورۃ الفتح (آیت ۲۷) میں ہے: آپؐ مع اصحاب مکہ مکرمہ عمرہ کے لئے تشریف لے گئے اور سب نے باطمینان عمرہ ادا کیا، اس خواب کی وجہ سے (نبی کا خواب وحی ہوتا ہے) آپؐ کا اور صحابہ کا اشتیاق بڑھ گیا، چنانچہ آپؐ پندرہ سو صحابہ کے ساتھ عمرہ کے لئے روانہ ہوئے، کعبہ شریف سب کی مشترک عبادت گاہ تھی وہاں حج یا عمرہ کے لئے آنے والوں کو روکنے کا کسی کو حق نہیں تھا، مگر جب یہ قافلہ حدیبیہ پہنچا تو اطلاع ملی کہ مکہ والوں کا ارادہ ٹھیک نہیں، وہ آپؐ کو مکہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے، چنانچہ آپؐ حدیبیہ میں رک گئے اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو یہ پیغام دے کر مکہ بھیجا کہ ہم لڑنے نہیں آئے، عمرہ کرنے آئے ہیں، پھر مکہ سے یکے بعد دیگرے کئی وفد آئے بالآخر صلح ہوگئی کہ آپؐ اور صحابہ امسال واپس جائیں اس موقع پر سورۃ البقرہ کی آیت ۱۹۶ نازل ہوئی:

﴿وَأَتِمُّوْا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ، فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ، وَلَا تَحْلِقُوْا رُؤُسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ﴾: اور پورا کرو حج اور عمرہ اللہ کے لئے پس اگر تم روک دیئے جاؤ تو تم پر قربانی ہے جو تمہیں بسہولت میسر آئے، اور اپنے سروں کو نہ منڈاؤ یہاں تک کہ قربانی اس کی جگہ پہنچ جائے۔ اس آیت کے نزول کے بعد نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ قربانیاں کر کے احرام کھول دو، صحابہ پر غم کا پہاڑ ٹوٹا ہوا تھا، انھیں اب بھی امید تھی کہ عمرہ کریں گے، اس لئے انھوں نے قربانیاں نہیں کیں، نبی ﷺ خیمہ میں تشریف لے گئے اس سفر میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا ساتھ تھیں، آپؐ نے ان سے ناراضگی کے لہجہ میں فرمایا: ''تیرے باپ کی قوم میری بات نہیں مانتی'' حضرت ام سلمہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایسا نہیں ہے لوگ غمگین ہیں، آپؐ کسی سے کچھ نہ کہیں اپنی قربانی ذبح کر کے سر منڈا کر احرام کھول دیں، چنانچہ آپؐ نے ایسا ہی کیا، جب آپؐ کا احرام کھل گیا تو صحابہ کی امید پر پانی پھر گیا، انھوں نے بھی قرانیاں کر کے احرام کھول دیا۔

احادیث:

۱-حجاج بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ’’جس شخص کی ہڈی توڑ دی گئی یا وہ لنگڑا ہو گیا تو اس کا احرام کھل گیا اور اس کے ذمہ دوسرا حج ہے‘‘

۲-حضرت ضُباعہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کے پاس آئیں یہ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی ہیں وہ کمزور دل کی تھیں، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری خواہش ہے کہ آپؐ کے ساتھ حج کروں، مگر میرا دل دھڑکتا ہے، پس کیا میں شرط بدوں؟ یعنی شرط لگاؤں؟ آپؐ نے فرمایا: بدو! کہنے لگیں: یارسول اللہ! کس طرح شرط بدوں؟ آپؐ نے فرمایا: کہو: لبيك اللّٰهم لبيك مَحِلِّى مِنَ الأرضِ حيث تَحْبِسُنِىْ یعنی میرے احرام کھولنے کی جگہ وہ ہے جہاں آپ مجھے روک دیں، پھر وہ آپ کے ساتھ حج میں گئیں اور حج کر کے بعافیت لوٹ آئیں یعنی کوئی مانع پیش نہ آیا —— یہ دونوں حدیثیں ترمذی (نمبر ۹۲۷ و ۹۲۸) میں ہیں اور اعلی درجہ کی صحیح ہیں۔

استدلال: ائمہ ثلاثہ نے شانِ نزول کے واقعہ کو اصل قرار دیا اور فرمایا کہ اس واقعہ میں احصار دشمن کی وجہ سے تھا اور نبی ﷺ نے اور سب صحابہ نے حدیبیہ میں قربانیاں کی تھیں، حرم میں قربانیاں نہیں بھیجی تھیں اور سر منڈا کر احرام کھولا تھا اس لئے احصار صرف دشمن کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اور جہاں احصار ہو وہیں قربانی کر کے احرام کھول دے، اور سر منڈانا ضروری ہے۔ اور دیگر اعذار شانِ نزول والے واقعہ کے درجہ کے نہیں ہیں اس لئے ان سے احصار نہیں ہوگا، جیسے ایک صحابی نے رمضان میں بیوی سے صحبت کر کے روزہ توڑ دیا، آپؐ نے قضاء اور کفارہ کا حکم دیا (بخاری حدیث ۱۹۳۵) پس جو صحبت کر کے روزہ توڑے اس پر تو بالا جماع قضا اور کفارہ واجب ہے، مگر جو کھا پی کر روزہ توڑے اس پر کفارہ واجب ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، چھوٹے دو اماموں کے نزدیک اس میں کفارہ واجب نہیں، وہ فرماتے ہیں کہ اکل وشرب: جماع کے معنی میں نہیں، جماع میں بہت زیادہ لذت ہے، اکل وشرب میں وہ لذت نہیں، پس یہ دونوں جماع کے درجہ کے گناہ نہیں، اسی طرح دشمن کی طرف سے جو احصار ہوتا ہے اس کی نوعیت الگ ہے، اور دیگر اعذار کی وجہ سے جو احصار ہوتا ہے اس کی نوعیت الگ ہے، پس ان کا حکم بھی الگ ہے۔

اور دوسری دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت ضباعہ رضی اللہ عنہا کو اشتراط کی اجازت دی تھی، اگر دشمن کے علاوہ موانع سے احصار ہوتا تو اشتراط کی کیا ضرورت تھی؟ حضرت ضُباعہؓ کو جہاں بھی عذر پیش آتا جانور ذبح کر کے احرام کھول دیتیں؟! اور حجاج بن عمرو کی حدیث سے انھوں نے صرف نظر کیا ہے۔

اور حنفیہ کہتے ہیں: جو احصار دشمن کی طرف سے ہوتا ہے اس کے لئے لفظ حَصَرَ (مجرد) آتا ہے اور جو احصار دیگر موانع سے ہوتا ہے اس کے لئے باب افعال سے إحصار آتا ہے، اکثر اہل لغت نے یہی فرق لکھا ہے، اور آیت میں أُحْصِرْتُمْ (باب افعال سے) ہے جبکہ حدیبیہ میں دشمن کی طرف سے احصار ہوا تھا، یعنی آیت میں دیگر موانع سے احصار کا ذکر ہے اور

آیت کے نزول کے بعد نبی ﷺ نے احرام کھول دیا تھا کیونکہ آیت کا حکم احصار کی اقوی صورت کو بھی شامل ہے، جیسے: ﴿وَلاَ تَقُلْ لَّهُمَا أُفٍّ﴾ سے ضرب وشتم اور ہر طرح کی ایذاء رسانی کی حرمت دلالۃ النص سے ثابت ہوتی ہے، اسی طرح دلالۃ النص سے دشمن کے احصار کا حکم بھی آیت سے معلوم ہو گیا، پس آیت اور واقعہ کے مجموعہ سے ثابت ہوا کہ احصار ہر صورت میں ہوتا ہے۔

اور دوسری دلیل: حجاج بن عمرو کی حدیث ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دشمن کے علاوہ دیگر اعذار کی وجہ سے بھی احصار ہوتا ہے (یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اگرچہ ترمذی کے ہندوستانی نسخوں میں صرف حسنٌ ہے مگر مصری نسخہ میں صحیح بھی ہے)

اور حضرت ضباعہؓ کی حدیث کا جواب یہ ہے کہ ان سے شرط بدنے کی بات نبی ﷺ نے نہیں فرمائی تھی بلکہ وہ بات انھوں نے خود کہی تھی اور آپؐ نے اجازت دی تھی، اور لیلۃ القدر کی روایات میں جو اختلاف ہے اس کی وجہ خود امام شافعی رحمہ اللہ نے یہ بیان کی ہے کہ جب کوئی نبی ﷺ سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھتا تو آپؐ اس کا ذہن پڑھتے اور جس طرف اس کا رجحان ہوتا اس رات میں شبِ قدر تلاش کرنے کا حکم دیتے (امام شافعیؒ کا یہ قول ترمذی کتاب الصوم باب ۷۱ (تحفۃ الالمعی ۳:۱۶۷) میں ہے یہاں بھی جب حضرت ضباعہؓ نے اشتراط کی بات کہی تو آپ نے منع نہیں کیا اور اشتراط میں حضرت ضباعہؓ کا فائدہ یہ تھا کہ ان کو گونہ اطمینان رہے گا، اس لئے آپؐ نے اشتراط کی اجازت دیدی (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۳۴۶) میں ہے)

اور حنفیہ جو کہتے ہیں کہ قربانی حرم میں ذبح کرنا ضروری ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ آیت میں دو مرتبہ لفظ ہدی آیا ہے اور ہدی کی تعریف ہے: ما یُهْدَى إلى الحرم: وہ جانور جو حرم میں ذبح کیا جائے۔ اور ارشادِ پاک ہے: ﴿وَلاَ تَحْلِقُوْا رُؤُسَكُمْ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ﴾ یعنی جب تک ہدی اس کی جگہ میں پہنچ جائے ممنوعاتِ احرام سے بچو، مَحِلَّه سے حرم مراد ہے، پس ثابت ہوا کہ قربانی حرم میں ذبح کرنا ضروری ہے، جہاں احصار پیش آیا ہے وہاں جانور ذبح کرنا جائز نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ حدیبیہ کا ایک حصہ حل میں ہے اور ایک حصہ حرم میں، آپؐ کا قافلہ حل میں رکا تھا مگر قربانیاں حرم میں کی تھیں۔

اور ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک احصار کی صورت میں سر منڈا کر احرام کھولنا ضروری ہے، اور طرفین کے نزدیک قربانی ذبح ہوتے ہی احرام خود بخود کھل جاتا ہے، سر منڈا کر احرام کھولنا ضروری نہیں، اس مسئلہ میں جمہور کی دو دلیلیں ہیں: اول: حدیبیہ میں نبی ﷺ نے اور صحابہ نے باقاعدہ سر منڈا کر احرام کھولا تھا۔ دوم: آیت پاک: ﴿وَلاَ تَحْلِقُوْا رُؤُسَكُمْ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ﴾ کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ ہدی ذبح ہونے کے بعد سر منڈاؤ، اور طرفین فرماتے ہیں: اول تو مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں، ثانیاً آیت میں احرام کھولنے کا بیان نہیں ہے بلکہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب تک حرم میں قربانی ذبح نہ ہو جائے ممنوعات احرام سے بچو، کیونکہ آیت منفی ہے، اگر احرام کھولنے کا طریقہ بیان کرنا مقصود ہوتا تو

آیت مثبت ہوتی: واحلقوا رؤسکم إذا بلغ الهدی محله فرمایا جاتا، یعنی جب قربانی اس کی جگہ پہنچ جائے تو سر منڈاؤ مگر آیت میں نہی ہے، یعنی اس میں احرام کھولنے کا طریقہ بیان نہیں کیا گیا بلکہ قربانی ذبح ہونے تک ممنوعات احرام سے بچنے کا حکم ہے۔

اور دوسری دلیل کا جواب یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے مشورہ سے سر منڈایا تھا، تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ آپؐ کا احرام کھل گیا، تاکہ آپؐ کی اتباع میں سب احرام کھول دیں، غرض آپؐ نے علامت کے طور پر سر منڈایا تھا، اور صحابہ نے آپؐ کی اتباع میں سر منڈایا تھا، احرام کھولنے کے لئے سر نہیں منڈایا تھا، وہ تو خود بخود کھل گیا تھا۔

اور احناف جو حج اور عمرہ کی قضا واجب کرتے ہیں اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے عمرۂ حدیبیہ کی قضا کی تھی، چنانچہ آپؐ نے اگلے سال جو عمرہ کیا تھا اس کا ایک نام عمرۃ القضاء بھی ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس کا نام عمرۃ القضیہ ہے یعنی باہمی معاہدہ کے مطابق آپؐ نے اگلے سال جو عمرہ کیا تھا وہ گذشتہ عمرہ کی قضا نہیں تھی وہ مستقل عمرہ تھا، اور احناف کے نزدیک وہ عمرۃ القضیہ بھی تھا اور عمرۃ القضاء بھی، اور دوسری دلیل حجاج بن عمروؓ کی مذکورہ حدیث ہے۔ آپؐ نے فرمایا: ”جس شخص کی ہڈی توڑ دی گئی یا وہ لنگڑا ہو گیا تو اس کا احرام کھل گیا اور اس کے ذمہ دوسرا حج ہے“

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۷ – بَابُ الْمُحْصَرِ، وَجَزَاءُ الصَّيْدِ

[۱–] وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ، وَلَا تَحْلِقُوْا رُؤُسَكُمْ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ﴾ [البقرة: ۱۹۶]

[۲–] وَقَالَ عَطَاءٌ: الإِحْصَارُ مِنْ كُلِّ شَيْئٍ يَحْبِسُهُ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: ﴿حَصُوْرًا﴾ [آل عمران: ۳۹]: لَايَأْتِي النِّسَاءَ.

۲– حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کوئی بھی مانع پیش آئے: احصار متحقق ہوگا یہی حنفیہ اور امام بخاری رحمہما اللہ کی رائے ہے .... **قولہ: حصوراً**: حضرت یحییٰ علیہ السلام کے واقعہ میں یہ لفظ آیا ہے، حصور: وہ شخص ہے جس کو عورت سے کوئی سروکار نہ ہو، طلبہ سمجھتے ہیں: جس میں قوت مردمی نہ ہو وہ حصور ہے، یہ صحیح نہیں، حصور: وہ شخص ہے جس میں قوت مردمی ہو مگر وہ عورتوں سے بے تعلق رہے یعنی شادی نہ کرے۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے شادی نہیں کی تھی اس لئے وہ حصور ہیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بھی شادی نہیں کی تھی، مگر ابھی ان کی زندگی باقی ہے، وہ قیامت سے پہلے اتریں گے اور شادی کریں گے، اور ان کی اولاد بھی ہوگی، اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کی زندگی پوری ہو گئی اور انھوں نے شادی نہیں کی، اس

لئے وہ حصور ہیں۔

بَابٌ: إِذَا أُحْصِرَ الْمُعْتَمِرُ

جب عمرہ کرنے والا روک دیا جائے

امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: احصار صرف حج میں ہوتا ہے عمرہ میں احصار نہیں ہوتا، کیونکہ حج کے پانچ دن متعین ہیں، پس وہ فوت ہوسکتا ہے اور عمرہ کا کوئی وقت متعین نہیں، وہ پورے سال ہوسکتا ہے، لہٰذا اگر عمرہ میں کوئی مانع پیش آئے تو احرام میں رہے گا اور انتظار کرے گا، جب مانع دور ہو تو مکہ جائے اور عمرہ کرے۔

اور جمہور کے نزدیک حج میں بھی احصار ہوتا ہے اور عمرہ میں بھی، اور ان کی دلیل یہ ہے کہ آیت پاک ﴿فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ﴾: عمرہ کے احصار کے سلسلہ میں نازل ہوئی ہے، حدیبیہ میں سب کا بشمول نبی صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ کا احرام تھا، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی جس سال حجاج نے حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ کو شہید کیا ہے مدینہ منورہ سے عمرہ کا احرام باندھ کر نکلے تھے، بعد میں اس کے ساتھ حج کا احرام ملایا تھا، اگر صرف عمرہ کا احرام باندھ کر جاتے اور حجاج مکہ میں داخل نہ ہونے دیتا تو حضرت ابن عمرؓ قربانی کر کے احرام کھول دیتے، جیسا کہ حدیبیہ کے سال حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا۔

اور امام مالک رحمہ اللہ کی دلیل کا جواب یہ ہے کہ بیشک حج فوت ہوسکتا ہے مگر اس کے احرام سے نکلنے کے لئے متبادل صورت موجود ہے، اگر حج کے ایام گذر جائیں تو افعالِ عمرہ کر کے احرام کھول دے گا اور آئندہ اس حج کی قضا کرے گا پس کہنا چاہئے تھا کہ حج میں بھی احصار نہیں ہوتا، حالانکہ اس کو امام مالک رحمہ اللہ مانتے ہیں، پس عمرہ میں بھی احصار ماننا چاہئے۔ علاوہ ازیں یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے اس لئے صحیح نہیں، غرض اس باب سے امام مالک رحمہ اللہ کی تردید مقصود ہے۔

[۱-] بَابٌ: إِذَا أُحْصِرَ الْمُعْتَمِرُ

[۱۸۰۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، حِيْنَ خَرَجَ إِلٰى مَكَّةَ مُعْتَمِرًا فِي الْفِتْنَةِ، قَالَ: إِنْ صُدِدْتُمْ عَنِ الْبَيْتِ صَنَعْنَا كَمَا صَنَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَهَلَّ بِعُمْرَةٍ مِنْ أَجْلِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ.

[۱۸۰۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَسَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَاهُ أَنَّهُمَا كَلَّمَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ لَيَالِيَ نَزَلَ الْجَيْشُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ، فَقَالاَ: لاَ يَضِيْرُكَ أَلاَّ تَحُجَّ الْعَامَ، وَإِنَّا نَخَافُ أَنْ يُحَالَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْبَيْتِ، فَقَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ دُوْنَ الْبَيْتِ، فَنَحَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم هَدْيَهُ، وَحَلَقَ رَأْسَهُ،

وَأُشْهِدُكُمْ أَنِّىْ قَدْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْطَلِقُ فَإِنْ خُلِّىَ بَيْنِىْ وَبَيْنَ الْبَيْتِ: طُفْتُ، وَإِنْ حِيْلَ بَيْنِىْ وَبَيْنَهُ فَعَلْتُ كَمَا فَعَلَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا مَعَهُ، فَأَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ مِنْ ذِى الْحُلَيْفَةِ، ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا شَأْنُهُمَا وَاحِدٌ، أُشْهِدُكُمْ أَنِّىْ قَدْ أَوْجَبْتُ حَجَّةً مَعَ عُمْرَتِىْ، فَلَمْ يَحِلَّ مِنْهُمَا حَتَّى حَلَّ يَوْمَ النَّحْرِ، وَأَهْدَى، وَكَانَ يَقُوْلُ: لَايَحِلُّ حَتَّى يَطُوْفَ طَوَافًا وَاحِدًا يَوْمَ يَدْخُلُ مَكَّةَ.

[راجع: ۱۶۳۹]

[۱۸۰۸-] حَدَّثَنِىْ مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ بَعْضَ بَنِىْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَهُ: لَوْ أَقَمْتَ: بِهٰذَا. [راجع: ۱۶۳۹]

[۱۸۰۹-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَدْ أُحْصِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَحَلَقَ رَأْسَهُ، وَجَامَعَ نِسَاءَهُ، وَنَحَرَ هَدْيَهُ حَتَّى اعْتَمَرَ عَامًا قَابِلاً.

قوله: لو أَقَمت: بهذا: لو کا جواب محذوف ہے أی لو أقمتَ فی هذه السنة لکان خیرا: اس سال اگر آپؓ گھر رہیں اور حج نہ کریں تو بہتر ہے اور لو تمنی کا بھی ہوسکتا ہے، پس کچھ محذوف نہ ہوگا.......... **بهذا:** ای بمثل حدیث جویریة۔

بَابُ الإِحْصَارِ فِى الْحَجِّ

حج میں مانع پیش آنے کا بیان

امام بخاری رحمہ اللہ نے عمرہ میں احصار کو اصل قرار دے کر بطور قیاس یا دلالۃ النص حج میں احصار کو ثابت کیا ہے، قیاس تو ظاہر ہے اور دلالۃ النص یہ ہے کہ جب عمرہ میں جس کا کوئی وقت متعین نہیں احصار کی صورت میں احرام کھول سکتے ہیں تو حج میں جس کے پانچ دن متعین ہیں احصار کی صورت میں بدرجہ اولیٰ احرام کھول سکتے ہیں۔

[۲-] بَابُ الإِحْصَارِ فِى الْحَجِّ

[۱۸۱۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، ثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، أَخْبَرَنِىْ سَالِمٌ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ: أَلَيْسَ حَسْبُكُمْ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنْ حُبِسَ أَحَدُكُمْ عَنِ الْحَجِّ، طَافَ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ حَلَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ، حَتَّى يَحُجَّ عَامًا قَابِلاً، فَيُهْدِىْ أَوْ يَصُوْمُ إِنْ لَمْ يَجِدْ هَدْيًا.

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، ثَنِىْ سَالِمٌ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ: نَحْوَهُ. [راجع: ۱۶۳۹]

وضاحت: حضرت ضُباعہ رضی اللہ عنہا نے حجۃ الوداع میں اشتراط کی اجازت مانگی تھی، آپؐ نے منع نہیں کیا تھا، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے باب کی حدیث میں اس اشتراط پر نکیر کی ہے نسائی (حدیث ۲۷۶۹ و ۲۷۷۰) میں اس کی صراحت ہے۔ فرماتے ہیں: کیا تمہارے لئے نبی ﷺ کی سنت کافی نہیں؟ یعنی حدیبیہ کے سال آپؐ کو اور صحابہ کو یقین نہیں تھا کہ وہ ضرور عمرہ کریں گے، یہ احتمال تھا کہ کفار: مکہ میں داخل ہونے سے روک دیں، پھر بھی آپؐ نے اور صحابہ نے احرام میں کوئی شرط نہیں لگائی تھی، اگر اشتراط جائز ہوتا تو حدیبیہ کے سال آپ ضرور شرط لگاتے، معلوم ہوا کہ اشتراط کوئی چیز نہیں، اور اس کی وجہ سے احرام کھولنا جائز نہیں، چنانچہ بڑے دو امام اسی کے قائل ہیں، وہ کہتے ہیں: حضرت ضباعہؓ کو آپؐ نے اشتراط کی اجازت بر بناء مصلحت دی تھی، وہ مسئلہ نہیں تھا، حضرت ضباعہؓ کمزور دل کی تھیں، اشتراط کی وجہ سے ان کو یک گونہ اطمینان حاصل ہوگیا، اس لئے آپؐ نے اشتراط کی اجازت دی تھی، یعنی اس میں حضرت ضباعہؓ کا ذاتی فائدہ تھا اگرچہ مسئلہ کی رو سے کوئی فائدہ نہیں تھا۔

پھر حضرت ابن عمرؓ نے مسئلہ بیان کیا کہ اگر کوئی شخص وقت پر مکہ نہ پہنچ سکے اور حج کا زمانہ گذر جائے تو وہ افعالِ عمرہ کرکے احرام کھول دے اور اگلے سال اس حج کی قضا کرے، پس (اگلے سال اگر تمتع یا قران کرے تو) ہدی پیش کرے، اور ہدی میسر نہ ہو تو دس روزے رکھے۔

فائدہ: یہ حدیث زہریؒ سے یونس اَیلی بھی روایت کرتے ہیں اور معمرؒ بھی، امام بخاری رحمہ اللہ نے معمرؒ کی روایت کا متن نہیں لکھا، نسائی (حدیث ۲۷۷۰) میں وہ متن ہے، اس میں یہ آخری بات نہیں ہے، وعلیه الحجُّ من قابل تک روایت ہے، پس افعال عمرہ کرکے حج سے نکلنے کی وجہ سے کچھ واجب نہیں، ہاں اگلے سالوں میں جب اس حج کی قضا کرے تو اگر حج افراد کرے تو قربانی واجب نہیں، اور تمتع یا قران کرے تو قربانی واجب ہوگی، اور وہ میسر نہ ہو تو دس روزے رکھے۔

بَابُ النَّحْرِ قَبْلَ الْحَلْقِ فِي الْحَصْرِ

احصار کی صورت میں سر منڈانے سے پہلے قربانی کرنا

احصار کی صورت میں پہلے قربانی کرے پھر حلق کرائے، ترتیب ضروری ہے، یہ عجیب بات ہے، حج میں تو ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ مناسک ثلاثہ میں ترتیب سنت ہے، پھر یہاں واجب کیسے ہوگئی؟

جاننا چاہئے کہ حنفیہ کے نزدیک احصار میں قربانی کرتے ہی خود بخود احرام کھل جاتا ہے، حلق کرانا ضروری نہیں، اور جمہور کے نزدیک بشمول امام ابو یوسفؒ قربانی بھی ضروری ہے، اور حلق بھی ضروری ہے اور ان میں ترتیب بھی واجب ہے۔

[۳-] بَابُ النَّحْرِ قَبْلَ الْحَلْقِ فِي الْحَصْرِ

[۱۸۱۱-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ: أَنَّ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَحَرَ قَبْلَ أَنْ يَحْلِقَ، وَأَمَرَ أَصْحَابَهُ بِذٰلِكَ.[راجع: ١٤٩٤]

[١٨١٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، أَنَا أَ بُوْ بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيِّ، قَالَ: وَحَدَّثَ نَافِعٌ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ وَسَالِمًا كَلَّمَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ فَقَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مُعْتَمِرِيْنَ، فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ دُوْنَ الْبَيْتِ، فَنَحَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بُدْنَهُ، وَحَلَقَ رَأْسَهُ.[راجع: ١٦٣٩]

استدلال: نَحَر قبلَ أن يحلق و أَمَر اور فَنَحَرَ رَسولُ اللّٰهِ بدنه سے استدلال ہے کہ ترتیب ضروری ہے۔

بَابُ مَنْ قَالَ: لَيْسَ عَلَى الْمُحْصَرِ بَدَلٌ

جس نے کہا کہ محصر (روکے ہوئے) پر قضانہیں

اگراحصار کی وجہ سے حج یا عمرہ توڑنا پڑے تو اس کی قضا ضروری ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک ضروری ہے اور ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک ضروری نہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حدیبیہ کے سال ایسا کوئی اعلان نہیں کیا تھا کہ اس عمرہ کی قضا لازم ہے اور آپؐ نے آئندہ سال جو عمرہ کیا تھا اس کو انھوں نے عمرۃ القضیہ قرار دیا ہے، یعنی باہمی معاہدہ کے مطابق آپؐ نے اگلے سال عمرہ کیا تھا، وہ عمرۂ حدیبیہ کی قضا نہیں تھی، اور حنفیہ کے نزدیک وہ عمرۃ القضیہ بھی تھا اور عمرۃ القضا بھی۔ چنانچہ روایات میں اس کے دونوں نام آئے ہیں، اور اس عمرہ میں وہی پندرہ سو صحابہ تھے جنھوں نے گذشتہ سال عمرہ توڑا تھا، اور غزوۂ خیبر میں بھی وہی تھے، ان کے علاوہ کوئی نہیں تھا۔ غرض عمرۃ القضاء میں کسی کو چھوڑا نہیں گیا تھا اس لئے اعلان کی ضرورت نہیں تھی۔

اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کی دوسری دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے کہ جس نے حج یا عمرہ تلذذ کے طور پر یعنی بیوی سے صحبت کرکے توڑا اس پر قضا واجب ہے، لیکن اگر کوئی عذر پیش آجائے یا دشمن روک دے تو قضا واجب نہیں، اور ہدی حرم میں بھیج سکتا ہو تو حرم میں بھیجے اور جب تک وہاں ہدی ذبح نہ ہو جائے احرام میں رہے، اور حرم میں ہدی بھیجنا ممکن نہ ہو تو جہاں احصار واقع ہوا ہے وہیں ہدی ذبح کرکے احرام کھول دے اور گھر لوٹ آئے۔

اور حنفیہ کا مستدل یہ ارشادِ نبوی ہے کہ جس شخص کی ہڈی توڑ دی گئی یا وہ لنگڑا ہو گیا تو اس کا احرام کھل گیا اور اس کے ذمہ دوسرا حج ہے، اور حدیث مرفوع کی موجودگی میں صحابی کا قول نہیں لیا جاتا اور حنفیہ جو کہتے ہیں کہ قربانی حرم میں بھیجنا ضروری ہے اس کی دلیل لفظ ہدی ہے، لأن الهدى: ما يُهْدى إلى الحرم: جو جانور حرم میں ذبح کیا جائے وہ ہدی ہے، پس قربانی حرم میں ذبح کرنا ضروری ہے۔

[٤-] بَابُ مَنْ قَالَ: لَيْسَ عَلَى الْمُحْصَرِ بَدَلٌ

[١-] وَقَالَ رَوْحٌ، عَنْ شِبْلٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّمَا الْبَدَلُ عَلَى مَنْ نَقَضَ حَجَّهُ بِالتَّلَذُّذِ، فَأَمَّا مَنْ حَبَسَهُ عُذْرٌ أَوْ غَيْرُ ذٰلِكَ فَإِنَّهُ يَحِلُّ وَلاَ يَرْجِعُ. وَإِنْ كَانَ مَعَهُ هَدْىٌ وَهُوَ مُحْصَرٌ نَحَرَهُ إِنْ كَانَ لاَ يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَبْعَثَ، وَإِنِ اسْتَطَاعَ أَنْ يَبْعَثَ بِهِ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْىُ مَحِلَّهُ.

[٢-] وَقَالَ مَالِكٌ وَغَيْرُهُ: يَنْحَرُ هَدْيَهُ وَيَحْلِقُ فِي أَيِّ مَوْضِعٍ كَانَ، وَلاَ قَضَاءَ عَلَيْهِ، لِأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابَهُ بِالْحُدَيْبِيَةِ نَحَرُوْا وَحَلَقُوْا وَحَلُّوْا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ قَبْلَ الطَّوَافِ وَقَبْلَ أَنْ يَصِلَ الْهَدْىُ إِلَى الْبَيْتِ، ثُمَّ لَمْ يُذْكَرْ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ أَحَدًا أَنْ يَقْضُوْا شَيْئًا وَلاَ يَعُوْدُوْا لَهُ، وَالْحُدَيْبِيَةُ خَارِجٌ مِنَ الْحَرَمِ.

[١٨١٣-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ حِيْنَ خَرَجَ إِلَى مَكَّةَ مُعْتَمِرًا فِي الْفِتْنَةِ: إِنْ صُدِدْتُ عَنِ الْبَيْتِ صَنَعْنَا كَمَا صَنَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَأَهَلَّ بِعُمْرَةٍ مِنْ أَجْلِ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ. ثُمَّ إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ نَظَرَ فِيْ أَمْرِهِ فَقَالَ: مَا أَمْرُهُمَا إِلاَّ وَاحِدٌ، فَالْتَفَتَ إِلٰى أَصْحَابِهِ فَقَالَ: مَا أَمْرُهُمَا إِلاَّ وَاحِدٌ، أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ أَوْجَبْتُ الْحَجَّ مَعَ الْعُمْرَةِ، ثُمَّ طَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا، وَرَأَى أَنَّ ذٰلِكَ مُجْزِئٌ عَنْهُ وَأَهْدَى[راجع: ١٦٣٩]

قولہ: والحديبيةُ خارج من الحرم: یہ امام مالک رحمہ اللہ کا قول بھی ہوسکتا ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ کا بھی، مگر حدیبیہ سارا حرم سے باہر نہیں، بعض حدیبیہ حرم کے اندر ہے، حدیث میں اس کی صراحت ہے، حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کا قیام حل میں تھا اور آپؐ نمازیں حرم میں پڑھتے تھے، یعنی جو عارضی مسجد بنائی گئی تھی وہ حرم میں تھی اور آپؐ نے اور سب صحابہ نے قربانیاں حرم میں کی تھیں (حاشیہ) اور حدیث سے استدلال کا طریقہ اوپر تقریر میں آ گیا ہے کہ نبی ﷺ نے حدیبیہ کے سال ایسا کوئی اعلان نہیں کیا تھا کہ اس عمرہ کی قضا لازم ہے، نہ ابن عمرؓ نے قضاء کا کوئی تذکرہ کیا ہے، حالانکہ عدمِ ذکر عدمِ شئ کو مستلزم نہیں۔



(بسم اللہ الرحمٰن الرحیم)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ﴾ وَهُوَ مُخَيَّرٌ، فَأَمَّا الصَّوْمُ فَثَلاَثَةُ أَيَّامٍ

فدیہ میں تین چیزوں میں اختیار ہے اور روزے تین ہیں

احصار کا بیان پورا ہوا، اب فدیہ کا بیان شروع کرتے ہیں، کیونکہ یہ بھی من وجہ احصار ہے، بعض مرتبہ مجبوری میں ممنوعاتِ احرام کا ارتکاب کرنا پڑتا ہے، ایسی صورت میں فدیہ واجب ہوتا ہے، اور فدیہ تین چیزیں ہیں: تین روزے رکھے، یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلائے، یا جانور ذبح کرے، اور ان تینوں میں اختیار ہے۔ اور بغیر عذر کے ممنوعاتِ احرام کا ارتکاب کرے گا تو دم واجب ہوگا۔

حدیث: حدیبیہ میں حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے سر میں جوئیں پڑ گئی تھیں، اور اتنی زیادہ ہوگئی تھیں کہ چہرے پر جھڑتی تھیں، حضرت کعب رضی اللہ عنہ بہت پریشان تھے، ایک دن وہ ہانڈی پکا رہے تھے کہ نبی ﷺ وہاں سے گذرے، آپؐ نے پوچھا: کیا تمھیں تمہارے یہ کیڑے پریشان کرتے ہیں؟ انھوں نے کہا: بہت پریشان کرتے ہیں یارسول اللہ! پس سورۂ بقرہ کی آیت ۱۹۶ نازل ہوئی کہ جو کوئی تم میں سے بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ تکلیف ہو تو سر منڈا کر اس کا فدیہ دیدے: روزوں سے یا خیرات سے یا قربانی سے، اس آیت کے نزول کے بعد آپؐ نے ان سے فرمایا: سر منڈادو اور فدیہ دیدو، کیونکہ جب تک سر نہیں منڈایا جائے گا بالوں کی جڑوں سے میل ختم نہیں ہوگا اور جوؤں کی پیدائش بند نہیں ہوگی۔

[٥-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ﴾ وَهُوَ مُخَيَّرٌ، فَأَمَّا الصَّوْمُ فَثَلاَثَةُ أَيَّامٍ

[١٨١٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "لَعَلَّكَ آذَاكَ

هُوَامُّكَ؟" قَالَ: نَعَمْ، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" احْلِقْ رَأْسَكَ، وَصُمْ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ، أَوْ أَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ، أَوِ انْسُكْ بِشَاةٍ" [انظر: ١٨١٥، ١٨١٦، ١٨١٧، ١٨١٨، ٤١٥٩، ٤١٩٠، ٤١٩١، ٤٥١٧، ٥٦٦٥، ٥٧٠٣، ٦٧٠٨]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَوْ صَدَقَةٍ﴾ وَهِيَ إِطْعَامُ سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ

آیتِ فدیہ میں صدقہ سے مراد چھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے

آیتِ فدیہ میں صدقہ سے مراد چھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے، اور یہ بات اوپر حدیث میں آئی ہے، مگر حضرت رحمہ اللہ کو حدیث کی سب صحیح سندیں بخاری شریف میں لانی ہیں، مگر ایک باب کے تحت ان کو جمع نہیں کرتے، نئے عناوین لگاتے ہیں تاکہ افادۂ مزید ہوجائے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَوْ صَدَقَةٍ﴾ وَهِيَ إِطْعَامُ سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ

[١٨١٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سَيْفٌ، قَالَ: ثَنِيْ مُجَاهِدٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِيْ لَيْلَى، أَنَّ كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ حَدَّثَهُ، قَالَ: وَقَفَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْحُدَيْبِيَةِ، وَرَأْسِيْ يَتَهَافَتُ قَمْلاً، فَقَالَ:" أَيُؤْذِيْكَ هُوَامُّكَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ:" فَاحْلِقْ رَأْسَكَ" أَوْ:" احْلِقْ" قَالَ: فِيَّ نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ﴾ إِلَى آخِرِهَا[البقرة: ١٩٦] فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" صُمْ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ، أَوْ تَصَدَّقْ بِفَرَقٍ بَيْنَ سِتَّةٍ، أُوْ نُسُكٍ مِمَّا تَيَسَّرَ"

[راجع: ١٨١٤]

قوله: أو تَصَدَّقْ بِفَرَقٍ: ایک فرق سولہ رطل کا ہوتا ہے، اور رطل عراقی چار سو سات گرام کا ہوتا ہے، پس ایک فرق صدقہ کافی نہیں، کیونکہ چھ مسکینوں میں سے ہر ایک کو گندم کا نصف صاع یا دیگر اجناس کا ایک صاع دینا ہوگا، مگر حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے لئے ایک فرق کافی ہوجائے گا، یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، جیسے ایک صحابی نے رمضان میں بیوی سے صحبت کرکے روزہ توڑ دیا تھا، نبی ﷺ نے ان کو کفارہ ادا کرنے کا حکم دیا تو انھوں نے تینوں کفاروں سے معذوری ظاہر کی، پھر آپؐ کے پاس ایک عَرَق لایا گیا، ایک عرق میں پندرہ صاع چھوہارے ہوتے ہیں، آپؐ نے وہ چھوہارے ان کو دیئے اور غریبوں میں تقسیم کرنے کے لئے کہا، ظاہر ہے پندرہ صاع سے کفارہ ادا نہیں ہوگا، ساٹھ صاع کھجوریں دینی ضروری ہیں، لیکن اگر وہ صحابی پندرہ صاع چھوہارے غریبوں کو دیدیتے تو کفارہ ادا ہوجاتا، بلکہ ان کے

اوران کے بچوں کے کھانے سے بھی کفارہ ادا ہوگیا، یہ بھی تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، آج پہلی بار امت کے سامنے یہ مسئلہ آیا ہے، پس یہ قانون سازی کا آغاز ہے اور ایسے وقت میں شریعت سہولت دیتی ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۹۶:۳) میں ہے۔

بَابُ الإِطْعَامِ فِي الْفِدْيَةِ نَصْفُ صَاعٍ

فدیہ میں گیہوں آدھا صاع دے

صدقہ چھ مسکینوں کو دینا ضروری ہے اور ہر ایک کو نصف صاع گندم یا دیگر منصوص اجناس میں سے ایک صاع دینا ضروری ہے، ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ صدقۃ الفطر میں نصف صاع کے قائل نہیں، وہاں ہر غلّے کا ایک صاع ضروری قرار دیتے ہیں، مگر یہاں نصف صاع مان لیا، جادو وہ جو سر پے چڑھ کے بولے! ایسی ہی ایک عجیب بات ابھی گذری ہے: ائمہ ثلاثہ وغیرہ حج میں مناسک ثلاثہ میں ترتیب کو سنت کہتے ہیں، مگر احصار میں ترتیب کو واجب مان لیا، یعنی پہلے قربانی پھر حلق کو ضروری قرار دیتے ہیں۔

[۷-] بَابُ الإِطْعَامِ فِي الْفِدْيَةِ نَصْفُ صَاعٍ

[۱۸۱٦-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلٰى كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْفِدْيَةِ، فَقَالَ: نَزَلَتْ فِيَّ خَاصَّةً، وَهِيَ لَكُمْ عَامَّةً، حُمِلْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله علی وسلم، وَالْقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلَى وَجْهِيْ، فَقَالَ: "مَا كُنْتُ أُرَى الْوَجَعَ بَلَغَ بِكَ مَا أَرَى" أَوْ: "مَا كُنْتُ أُرَى الْجُهْدَ بَلَغَ بِكَ مَا أَرَى، تَجِدُ شَاةً؟" فَقُلْتُ: لاَ، قَالَ: "فَصُمْ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ، أَوْ أَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ، لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ نِصْفُ صَاعٍ" [راجع: ۱۸۱٤]

قوله: نزلت فِيَّ خَاصَّة: یہاں سے قاعدہ بنا کہ اگر نص کے الفاظ عام ہوں تو حکم مورد کے ساتھ خاص نہیں رہتا، عام ہو جاتا ہے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ یہی فرما رہے ہیں کہ آیت میرے بارے میں نازل ہوئی ہے مگر حکم عام ہے............

قوله: حُمِلْتُ إلى رسول الله: مجھے لوگ نبی ﷺ کے پاس لے گئے، اٹھا کر لے جانا ضروری نہیں............**قوله: ما كنت أرى الوجع بلغ بك ما أرى**: نہیں دیکھتا تھا میں کہ تکلیف پہنچی ہے آپ کے ساتھ اس درجہ کو جو میں دیکھ رہا ہوں یعنی میں ایسا سمجھتا ہوں کہ تم ان جوؤں کی وجہ سے بہت پریشان ہو گئے ہو، أو: ما كنت یہ أو شک راوی کا ہے اور اس جملہ کا بھی وہی مفہوم ہے جو پہلے جملہ کا ہے.......... **الجهد** کے معنی ہیں: پریشانی، مشقت .... **لكل مسكين نصف صاع**: اس سے گندم کا نصف صاع مراد ہے، مسند احمد کی روایت میں اس کی صراحت ہے (حاشیہ)

بَابٌ: النُّسُكُ شَاةٌ

قربانی ایک بکری ہے

اگر مجبوری میں ممنوعاتِ احرام کا ارتکاب کرنا پڑے اور بطور فدیہ قربانی کرے تو کم از کم ایک بکری کی قربانی ضروری ہے، اور پورے اونٹ اور گائے بھینس کی قربانی کرے تو یہ بھی درست ہے۔

[۸-] بَابٌ: النُّسُكُ شَاةٌ

[۱۸۱۷-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا رَوْحٌ، ثَنَا شِبْلٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، ثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَآهُ، وَأَنَّهُ يَسْقُطُ عَلَى وَجْهِهِ، فَقَالَ: "أَ يُؤْذِيْكَ هُوَامُّكَ؟" قَالَ: نَعَمْ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَحْلِقَ، وَهُوَ بِالْحُدَيْبِيَةِ، وَلَمْ يَتَبَيَّنْ لَهُمْ أَنَّهُمْ يَحِلُّوْنَ بِهَا، وَهُمْ عَلٰى طَمَعٍ أَنْ يَدْخُلُوْا مَكَّةَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ الْفِدْيَةَ، فَأَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُطْعِمَ فَرَقًا بَيْنَ سِتَّةٍ، أَوْ يُهْدِىَ شَاةً، أَوْ يَصُوْمَ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ. [راجع: ۱۸۱٤]

[۱۸۱۸-] وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ، ثَنَا وَرْقَاءُ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَآهُ وَقَمْلُهُ يَسْقُطُ عَلٰى وَجْهِهِ: مِثْلَهُ. [راجع: ۱۸۱٤]

قوله: ولم يتبيين لهم: یعنی ابھی یہ واضح نہیں ہوا تھا کہ سبھی کو احرام کھولنا پڑے گا، ابھی سب کو امید تھی کہ مکہ جائیں گے اور عمرہ کریں گے، حضرت کعبؓ کا واقعہ اس سے پہلے کا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَلاَ رَفَثَ وَلاَ فُسُوْقَ وَلاَ جِدَالَ فِي الْحَجِّ﴾

حج اور عمرہ میں نہ بیوی کے ساتھ زن وشوئی کی باتیں کرے، نہ کوئی گناہ کا کام کرے، نہ کسی سے جھگڑے

یہ دو باب فدیہ کے سلسلہ کے آخری ابواب ہیں۔ حج اور عمرہ میں کچھ کوتاہیاں ایسی ہوجاتی ہیں جن کی تلافی کی کوئی صورت نہیں، اور ان سے حج اور عمرے میں نقصان پیدا ہوتا ہے، جیسے نماز میں کچھ فرائض ہیں، کچھ واجبات اور کچھ سنتیں، اگر فرض چھوٹ جائے تو نماز باطل ہوجاتی ہے، واجب چھوٹ جائے تو سجدۂ سہو سے تلافی ہوجاتی ہے، اور سنت چھوٹ جائے تو تلافی کی کوئی صورت نہیں، اس سے نماز میں نقصان پیدا ہوگا، اسی طرح حج اور عمرہ میں بعض جنایات بھاری ہیں ان میں دم واجب ہوتا ہے بعض ان سے ہلکی ہیں ان میں فدیہ واجب ہوتا ہے اور بعض بہت ہلکی ہیں، وہ بمنزلہ نماز کی سنتوں کے ہیں،

ان سے حج وعمرہ میں نقصان پیدا ہوگا اوراس کی تلافی کی کوئی صورت نہیں، ایسی کوتاہیوں کی تلافی بس اس طرح ہوسکتی ہے کہ نفلی صدقہ کیا جائے، خیر خیرات سے ایسی کوتاہیاں معاف ہوجاتی ہیں، رفث، فسق اور جدال ایسی ہی کوتاہیاں ہیں۔

[۹-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَلَا رَفَثَ﴾

[۱۸۱۹-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ حَجَّ هٰذَا الْبَيْتَ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَمَا وَلَدَتْهُ أُمُّهُ" [راجع: ۱۵۲۱]

[۱۰-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِى الْحَجِّ﴾

[۱۸۲۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ حَجَّ هٰذَا الْبَيْتَ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ" [راجع: ۱۵۲۱]

وضاحت: رفث: ایک جامع لفظ ہے، جس میں عورت سے مباشرت، اس کے مقدمات حتی کہ زن وشوئی کی باتیں بھی داخل ہیں، احرام میں یہ سب چیزیں حرام ہیں، اور فسوق کے لفظی معنی خروج کے ہیں اور اصطلاح میں حکم عدولی اور نافرمانی کو فسوق کہا جاتا ہے، جو اپنے عام معنی کے اعتبار سے سب گناہوں کو شامل ہے، مگر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فسوق کی تفسیر محظورات احرام سے کی ہے، یعنی جو کام حالتِ احرام میں ممنوع اور ناجائز ہیں فسوق سے وہ مراد ہیں اور محظورات احرام چھ ہیں: (۱) بیوی کے ساتھ مباشرت کے مقدمات حتی کہ کھلی بات چیت بھی (۲) بری شکار (۳) بال یا ناخن کاٹنا (۴) خوشبو لگانا (۵) سلے ہوئے کپڑے پہننا (۶) سر اور چہرے کو چھپانا، حالت احرام میں ان میں سے کسی کا ارتکاب کرنا فسوق ہے، البتہ عورت احرام میں سر ڈھانپے گی اور سلے ہوئے کپڑے پہنے گی، اور محظورات احرام میں اگرچہ رفث بھی داخل ہے مگر اس کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے اس کو الگ سے ذکر کیا گیا ہے۔

مگر عام طور پر علماء فسوق وجدال کو عام معنی میں رکھتے ہیں اور فرماتے ہیں: اگرچہ فسق وفجور اسی طرح باہم جدال وخلاف ہر جگہ اور ہر حال میں مذموم وگناہ ہیں لیکن حالت احرام میں ان کا گناہ اور زیادہ شدید ہوجاتا ہے، مبارک ایام اور مقدس سرزمین میں فسق وفسوق اور نزاع وجدال انتہائی بے باکی اور سخت ترین بات ہے (ماخوذ از معارف القرآن ۱:۴۲۸)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَابُ جَزَاءِ الصَّيْدِ وَنَحْوِهِ

شکاروغیرہ کی جزاء

اب نئے مسائل شروع ہورہے ہیں: حرم اور احرام میں شکار کرنے سے جزاء واجب ہوتی ہے، اور نحوہ سے حرم کی خودرو گھاس اور جنگلی درخت وغیرہ مراد ہیں، احرام کی حالت میں سمندری شکار حلال ہے، قرآنِ کریم (المائدہ آیت ۹۶) میں اس کی صراحت ہے، البتہ محرم کے لئے خشکی کا شکار کرنا جائز نہیں، نہ حرم کا اور نہ حل کا، اور غیر محرم حل کا شکار تو کرسکتا ہے مگر حرم کا شکار نہیں کرسکتا، اگر حرم کا شکار مارا یا محرم نے شکار کیا تو وہ مردار ہے، اگرچہ اللہ کا نام لے کر اس کو ذبح کیا جائے، اور اس کی جزاء (بدلہ) واجب ہے۔

پہلی آیت: سورۃ المائدہ آیت ۹۵ میں اللہ عزوجل کا ارشاد ہے: ﴿يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَقْتُلُوْا الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ، وَمَنْ قَتَلَهُ مِنكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ أَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ أَمْرِهِ، عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ، وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ﴾

ترجمہ: اے ایمان والو! تم شکار (وحشی جانور[1]) کو قتل مت کرو، جبکہ تم حالت احرام میں ہو، اور جو شخص تم میں سے اس کو جان بوجھ کر قتل کرے گا اس پر جزاء واجب ہے، وہ جزاء جو کعبہ تک پہنچنے والی ہو، یا کفارہ کے طور پر غریبوں کو کھانا کھلانا ہے یا اس طعام کے بقدر روزے رکھے جائیں (یہی حکم حرم کے شکار کا ہے گو شکاری احرام میں نہ ہو) تاکہ وہ اپنے کئے کا وبال چکھے، اور اللہ تعالیٰ نے پچھلی باتوں سے درگذر کیا، اور جو شخص پھر ایسی حرکت کرے گا: اللہ تعالیٰ اس سے انتقام لیں گے اور اللہ تعالیٰ زبردست انتقام لینے والے ہیں۔

(۱) یہاں سے معلوم ہوا کہ محرم پالتو جانور مثلاً بکری گائے اور مرغی وغیرہ ذبح کرکے کھاسکتا ہے، اسی طرح حرم میں بھی ان کو ذبح کرکے کھاسکتے ہیں، مگر وحشی جانور مثلاً کبوتر، ہرن اور نیل گائے وغیرہ کا شکار جائز نہیں، اور اگر ان کو مارا گیا تو وہ مردار ہیں خواہ اللہ کا نام لے کر ذبح کیا گیا ہو، اور جزاء واجب ہے ۱۲

تفسیر: مثل سے کیا مراد ہے: مثل معنوی یا مثل صوری؟ اس میں اختلاف ہے۔ شیخین رحمہما اللہ کے نزدیک مثل معنوی مراد ہے، یعنی قیمت کے اعتبار سے مماثلت مراد ہے، یعنی دو معتبر شخص شکار کی جو قیمت لگائیں وہ قیمت واجب ہوگی، اور جنایت کرنے والے کو تین باتوں میں اختیار ہوگا: اول: اگر اس رقم سے ہدی کا کوئی جانور خریدا جاسکتا ہو تو وہ خرید کر حرم میں ذبح کرے اور اس کا گوشت غریبوں میں تقسیم کردے، ثانی: اس رقم کا غلہ خریدے اور صدقۂ فطر کے اصول کے مطابق غریبوں میں بانٹ دے، ثالث: ہر نصف صاع گندم یا ایک صاع دیگر غلوں کے بدلے میں ایک روزہ رکھے۔

اور امام محمد، امام شافعی اور امام مالک رحمہم اللہ کے نزدیک: شکار کے ہم شکل جو پالتو جانور پایا جاتا ہو یعنی ہیئت وشکل میں مماثلت ہو اس کی قربانی واجب ہے، قیمت کا اعتبار نہیں، ہرن میں بکری، نیل گائے میں گائے اور شتر مرغ میں اونٹ واجب ہوگا، کیونکہ یہ جانور ہم شکل ہیں اور جن جانوروں کی نظیر نہیں جیسے چڑیا اور کبوتر تو ان میں امام محمد رحمہ اللہ قیمت کا اعتبار کرتے ہیں اور امام شافعی رحمہ اللہ صفات میں مماثلت کا اعتبار کرتے ہیں، پس کبوتر میں بکری واجب ہوگی، کیونکہ دونوں ایک طرح سے پانی پیتے ہیں۔ مزید تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ میں ہے۔

دوسری آیت: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ، وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا، وَاتَّقُوْا اللّٰهَ الَّذِىْ إِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ﴾

ترجمہ: تمہارے لئے حلال کیا گیا ہے سمندر کا شکار کرنا اور اس کا کھانا، تمہارے اور مسافروں کے فائدے کے طور پر، اور تم پر خشکی کا شکار حرام کیا گیا ہے جب تک تم حالت احرام میں ہو، اور اللہ سے ڈرو جس کے پاس تم اکٹھا کئے جاؤ گے۔

تفسیر: اس آیت میں صراحت ہے کہ محرم کے لئے دریائی جانور مثلاً مچھلی کو مارنا اور مچھلی کو کھانا جائز ہے، البتہ خشکی کا شکار محرم نہیں مارسکتا، اگر مارے گا تو جزاء واجب ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۸- جَزَاءُ الصَّيْدِ

[۱-] بَابُ جَزَاءِ الصَّيْدِ وَنَحْوِهِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿ لَاتَقْتُلُوْا الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ وَمَنْ قَتَلَهُ مِنْكُمْ مُتَعَمِّدًا فَجَزَاءٌ مِثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ، يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِنْكُمْ هَدْيًا بَالِغَ الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسَاكِيْنَ أَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَزِيْزٌ ذُوْ انْتِقَامٍ﴾ ﴿ أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعًا لَّكُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ إِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ﴾

[المائدہ: ۹۵و۹۶]

بَابٌ: إِذَا صَادَ الْحَلَالُ فَأَهْدَى لِلْمُحْرِمِ الصَّيْدَ: أَكَلَهُ

حلال نے شکار کیا اور محرم کو ہدیہ دیا تو محرم اس کو کھا سکتا ہے

غیر محرم کا کیا ہوا شکار محرم کھا سکتا ہے، تبدل ملک کا قاعدہ یہاں جاری ہوگا، غیر محرم کے لئے حرم سے باہر شکار کرنا جائز ہے، اور وہ شکار ذبح کر کے کسی محرم کو اس کا گوشت ہدیہ دے تو محرم اس کو کھا سکتا ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

مسئلہ: حضرت ابن عباس اور حضرت انس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: محرم شکار کے علاوہ یعنی پالتو جانور جیسے اونٹ، بکری، گائے، مرغی اور گھوڑا وغیرہ ذبح کر کے کھا سکتا ہے (امام بخاری، صاحبین اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک گھوڑا حلال ہے) جاننا چاہئے کہ حضرت ابن عباس اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کے اقوال بأسًا تک ہیں۔ اور ھو سے امام بخاری رحمہ اللہ نے تخصیص کی ہے کہ یہ جواز پالتو جانوروں میں ہے، پس ھو کا مرجع 'جواز' ہے جو اقوال سے مفہوم ہوتا ہے۔

لغات: عَدل (بفتح العین) کے معنی ہیں: برابر، مانند، اور عِدل (بکسر العین) کے بھی یہی معنی ہیں۔

قوله: زِنَةُ ذٰلِكَ: یعنی عِدل اور عَدل ہم وزن اور ہم معنی ہیں .... قیامًا: کے معنی ہیں: سہارا، پہلے بتایا ہے کہ قرآنِ کریم نے صرف دو چیزوں کو لوگوں کے لئے سہارا کہا ہے: بیت اللہ کو اور مال کو .... یَعدلون: یہ لفظ قرآن میں بار بار آیا ہے، کفار اللہ کے مانند تجویز کرتے ہیں۔

[۲-] بَابٌ: إِذَا صَادَ الْحَلَالُ فَأَهْدَى لِلْمُحْرِمِ الصَّيْدَ: أَكَلَهُ

[۱-] وَلَمْ يَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَأَنَسٌ بِالذَّبْحِ بَأْسًا، وَهُوَ فِيْ غَيْرِ الصَّيْدِ، نَحْوَ الإِبِلِ وَالْغَنَمِ وَالْبَقَرِ وَالدَّجَاجِ وَالْخَيْلِ.

[۲-] يُقَالُ: عَدْلٌ: مِثْلٌ، فَإِذَا كُسِرَتْ قُلْتَ "عِدْلٌ" فَهُوَ زِنَةُ ذٰلِكَ. ﴿قِيَامًا﴾ [المائدة: ۹۷]: قِوَامًا، ﴿يَعْدِلُوْنَ﴾ [الأنعام: ۱]: يَجْعَلُوْنَ لَهُ عَدْلًا.

[۱۸۲۱-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ: انْطَلَقَ أَبِيْ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ، فَأَحْرَمَ أَصْحَابُهُ وَلَمْ يُحْرِمْ، وَحُدِّثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنَّ عَدُوًّا يَغْزُوْهُ، فَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَبَيْنَمَا أَنَا مَعَ أَصْحَابِهِ يَضْحَكُ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا أَنَا بِحِمَارِ وَحْشٍ، فَحَمَلْتُ عَلَيْهِ فَطَعَنْتُهُ فَأَثْبَتُّهُ، وَاسْتَعَنْتُ بِهِمْ فَأَبَوْا أَنْ يُعِيْنُوْنِيْ، فَأَكَلْنَا مِنْ لَحْمِهِ، وَخَشِيْنَا أَنْ نُقْتَطَعَ، فَطَلَبْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَرْفَعُ فَرَسِيْ شَأْوًا وَأَسِيْرُ شَأْوًا، فَلَقِيْتُ رَجُلًا مِنْ بَنِيْ غِفَارٍ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ، قُلْتُ: أَيْنَ تَرَكْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: تَرَكْتُهُ بِتَعْهِنَ، وَهُوَ

قَائِلُ السُّقْيَا، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَهْلَكَ يَقْرَؤُوْنَ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَرَحْمَةَ اللّٰهِ، إِنَّهُمْ قَدْ خَشُوْا أَنْ يُقْتَطَعُوْا دُوْنَكَ فَانْتَظِرْهُمْ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَصَبْتُ حِمَارَ وَحْشٍ، وَعِنْدِيْ مِنْهُ فَاضِلَةٌ، فَقَالَ لِلْقَوْمِ: "كُلُوْا" وَهُمْ مُحْرِمُوْنَ.[انظر: ۱۸۲۲، ۱۸۲۳، ۱۸۲۴، ۲۵۷۰، ۲۸۵۴، ۲۹۱۴، ۴۱۴۹، ۵۴۰۶، ۵۴۰۷، ۵۴۹۰، ۵۴۹۱، ۵۴۹۲]

حدیث: عبداللہ بن ابی قتادہؒ کہتے ہیں: حدیبیہ[1] کے سال میرے ابا چلے، پس سب صحابہ نے احرام باندھا اور انھوں نے احرام نہیں باندھا، اور نبی ﷺ سے بیان کیا گیا کہ کوئی دشمن آپؐ پر حملہ کرنے والا ہے (افواہ اڑی تھی کہ راستہ میں کوئی قبیلہ مسلمانوں پر حملہ کرے گا) پس نبی ﷺ چلے، پس دریں اثنا کہ میں آپؐ کے صحابہ کے ساتھ تھا کہ بعض بعض کو دیکھ کر ہنس رہے ہیں، پس (اِدھر اُدھر) دیکھا میں نے، پس اچانک ایک گورخر تھا پس میں نے اس پر حملہ کیا، اور اس کو بھالا مارا، پس اس کو ڈھیر کر دیا۔ اور میں نے ان حضرات سے مدد مانگی، مگر انھوں نے میری مدد کرنے سے انکار کر دیا، پس ہم نے اس کا گوشت کھایا، اور ہم ڈرے کہ اچک لئے جائیں ہم (بعض صحابہ پیچھے رہ گئے تھے، ان کو اندیشہ ہوا کہ کہیں دشمن ان کو تھوڑا سمجھ کر ان پر حملہ کر دے) پس میں نے نبی ﷺ کو تلاش کیا، میں اپنا گھوڑا تھوڑی دیر دوڑاتا تھا اور تھوڑی دیر چلاتا تھا، پس میری قبیلہ بنی غفار کے ایک شخص سے آدھی رات میں ملاقات ہوئی، میں نے اس سے پوچھا: آپ نے نبی ﷺ کو کہاں چھوڑا؟ اس نے کہا: میں نے آپؐ کو تَعْہِنْ میں چھوڑا ہے اور آپ سُقْیا میں قیلولہ کرنے والے ہیں یعنی دس بجے تک سقیا پہنچ جائیں گے (پھر جب نبی ﷺ سے میری ملاقات ہوئی تو) میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ کے ساتھیوں نے (أهلك سے صحابہ مراد ہیں) سلام عرض کیا ہے اور ان کو اندیشہ ہے کہ کہیں وہ قتل نہ کر دیئے جائیں، پس آپؐ ان کا انتظار کریں (پھر) میں نے عرض کیا: مجھے ایک گورخر ملا ہے، اور میرے پاس اس کا بچا ہوا گوشت ہے پس آپؐ نے لوگوں سے فرمایا: کھاؤ! درانحالیکہ وہ احرام میں تھے۔

لغات: أَثْبَتُّهُ: میں نے اس کو ڈھیر کر دیا۔ أَثْبَتَ فلا نا: قید کرنا، باندھنا .... رَفَّعَ الفرسَ: تیز دوڑانا .... الشَّأْو: چکر، پھیرا۔

تشریح: ۶ یا ۷ ہجری میں عمرہ کے لئے روانہ ہونے سے پہلے نبی ﷺ نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو حل کے کسی گاؤں میں زکوتیں وصول کرنے کے لئے بھیجا، انھوں نے زکوتیں وصول کیں اور غریبوں میں تقسیم کر دیں، پھر اس راستہ پر آگئے جہاں سے نبی ﷺ کا قافلہ گذرنے والا تھا، اور وہ غیر محرم تھے کیونکہ مدینہ سے چلتے وقت ان کی نیت حل میں جانے کی تھی، اور پہلے یہ بتایا جا چکا ہے کہ جس کی نیت حل میں جانے کی ہو اس کے لئے میقات سے احرام باندھنا ضروری نہیں،

(۱) اور بعض روایات میں ہے کہ یہ عمرۃ القضاء کا واقعہ ہے (عمدۃ) اور بعض روایات میں ہے کہ یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے: پس یہ اختلاف رُوات ہے ۱۲

پھر جب مکہ جائے گا تو حرم شروع ہونے سے پہلے احرام باندھے گا، اور یہ بات کہ نبی ﷺ نے ان کو زکوتیں وصول کرنے کے لئے حل میں بھیجا تھا حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کی ہے جو عمدۃ القاری (۱۰: ۱۶۷) میں ہے۔ غرض ان کی بعض صحابہ سے ملاقات ہوئی جو قافلہ سے پیچھے رہ گئے تھے، پھر ایک موقعہ پر حضرت ابو قتادہؓ نے ان کو ہنستے ہوئے دیکھا تو اِدھر اُدھر نظر دوڑائی اچانک ایک گورخر نظر آیا، چونکہ وہ حلال تھے اس لئے تیزی کے ساتھ اٹھے اور گھوڑے پر سوار ہوئے تاکہ شکار کریں، مگر ان کا بھالا نیچے رہ گیا، انھوں نے ساتھیوں سے بھالا مانگا، مگر ساتھی سب محرم تھے انھوں نے دینے سے انکار کیا، چنانچہ وہ خود گھوڑے سے اترے اور بھالا لیا، پھر ان کا کوڑا رہ گیا وہ بھی ساتھیوں نے نہیں دیا، انھوں نے خود اتر کر اس کو لیا اور شکار کے پیچھے دوڑے، اور گورخر کو مار گرایا، پھر ساتھیوں سے ذبح میں مدد کرنے کے لئے کہا: انھوں نے اس سے بھی انکار کر دیا، چنانچہ خود ہی ذبح کیا پھر ساتھیوں سے کہا: کھاؤ، بعض نے کھایا اور بعض نے انکار کیا، پھر جب نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: ''کھاؤ'' اور ایک روایت میں یہ ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اگر کچھ گوشت بچا ہوا ہو تو ہمیں بھی دو، معلوم ہوا کہ غیر محرم کا کیا ہوا شکار محرم کھا سکتا ہے، مگر یہ شرط ہے کہ محرم نے اس کا حکم نہ دیا ہو اور نہ شکار کی طرف راہنمائی کی ہو نہ اشارہ کیا ہو اور نہ کوئی مدد کی ہو، کیونکہ اگر محرم کے حکم، تعاون، اشارہ یا راہنمائی سے شکار کیا گیا ہوگا تو وہ مردار ہے، اسے کوئی نہیں کھا سکتا نہ محرم اور نہ غیر محرم۔

بَابٌ: إِذَا رَأَى الْمُحْرِمُوْنَ صَيْدًا فَضَحِكُوْا، فَفَطِنَ الْحَلاَلُ

محرموں نے شکار دیکھا اور ہنسے، پس حلال سمجھ گیا

شکار دیکھ کر محرم ہنسا جس کی وجہ سے غیر محرم سمجھ گیا اور اس نے شکار مارا، یا محرم نے کسی طرف دیکھا جس کی وجہ سے غیر محرم سمجھ گیا اور اس نے شکار کیا تو یہ تعاون اور اشارہ نہیں پس وہ شکار حلال ہے اس کو کھا سکتے ہیں۔

[۳-] بَابٌ: إِذَا رَأَى الْمُحْرِمُوْنَ صَيْدًا فَضَحِكُوْا، فَفَطِنَ الْحَلاَلُ

[۱۸۲۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ: أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ قَالَ: انْطَلَقْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ، فَأَحْرَمَ أَصْحَابُهُ وَلَمْ أُحْرِمْ، فَأُنْبِئْنَا بِعَدُوٍّ بِغَيْقَةَ، فَتَوَجَّهْنَا نَحْوَهُمْ، فَبَصُرَ أَصْحَابِيْ بِحِمَارِ وَحْشٍ، فَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَضْحَكُ إِلَى بَعْضٍ، فَنَظَرْتُ فَرَأَيْتُهُ، فَحَمَلْتُ عَلَيْهِ الْفَرَسَ، فَطَعَنْتُهُ فَأَثْبَتُّهُ، فَاسْتَعَنْتُهُمْ فَأَبَوْا أَنْ يُعِيْنُوْنِيْ، فَأَكَلْنَا مِنْهُ، ثُمَّ لَحِقْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَخَشِيْنَا أَنْ نُقْتَطَعَ، أَرْفَعُ فَرَسِيْ شَأْوًا، وَأَسِيْرُ عَلَيْهِ شَأْوًا، فَلَقِيْتُ رَجُلاً مِنْ بَنِيْ غِفَارٍ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ، فَقُلْتُ لَهُ: أَيْنَ تَرَكْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

فَقَالَ: تَرَكْتُهُ بِتَعْهِنَ، وَهُوَ قَائِلُ السُّقْيَا، فَلَحِقْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حَتّٰی أَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَصْحَابَكَ أَرْسَلُوْا يَقْرَؤُنَ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَرَحْمَةَ اللّٰهِ، وَإِنَّهُمْ قَدْ خَشُوْا أَنْ يَقْتَطِعَهُمُ الْعَدُوُّ دُوْنَكَ، فَانْظُرْهُمْ، ففعلَ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا اصَّدْنَا حِمَارَ وَحْشٍ، وَإِنَّ عِنْدَنَا مِنْهُ فَاضِلَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لِأَصْحَابِهِ: ”كُلُوْا“ وَهُمْ مُحْرِمُوْنَ. [راجع: ۱۸۲۱]

قولہ: فَأُنْبِئْنَا بعدو: ہم خبر دیئے گئے کہ دشمن غیقہ مقام میں ہے یعنی ہمیں یہ خبر ملی کہ غیقہ مقام میں قبیلہ غفار حملہ کی تیاری کر رہا ہے.........قولہ: فتوجَّهْنا نحوهم: پس ہم ان کی طرف متوجہ ہوئے یعنی چوکنا چلے تاکہ کوئی حملہ کرے تو اس کو جواب دے سکیں، مگر وہ محض افواہ تھی کوئی حملہ کرنے والا نہیں تھا.........قولہ: فانظُرهم أی فانتظرهم.........
اصَّدْنا: اصل میں اصْطَدْنا تھا۔

بَابٌ: لَايُعِيْنُ الْمُحْرِمُ الْحَلَالَ فِي قَتْلِ الصَّيْدِ

محرم شکار مارنے میں حلال کی مدد نہ کرے

اگر محرم نے شکار کرنے میں غیر محرم کا تعاون کیا ہو، مثلاً: شکار کی طرف اشارہ کیا ہو، راہنمائی کی ہو، ذبح کرنے میں مدد کی ہو تو وہ شکار مردار ہے، اگرچہ اللہ کا نام لے کر ذبح کیا گیا ہو، اس کو کوئی نہیں کھا سکتا۔

[٤-] بَابٌ: لَايُعِيْنُ الْمُحْرِمُ الْحَلَالَ فِي قَتْلِ الصَّيْدِ

[۱۸۲۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ، سَمِعَ أَبَا قَتَادَةَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالْقَاحَةِ مِنَ الْمَدِيْنَةِ عَلٰى ثَلَاثٍ، ح: وَثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالْقَاحَةِ، وَمِنَّا الْمُحْرِمُ وَمِنَّا غَيْرُ الْمُحْرِمِ، فَرَأَيْتُ أَصْحَابِيْ يَتَرَاءَ وْنَ شَيْئًا، فَنَظَرْتُ فَإِذَا حِمَارُ وَحْشٍ، يَعْنِيْ وَقَعَ سَوْطُهُ، فَقَالُوْا: لَانُعِيْنُكَ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ إِنَّا مُحْرِمُوْنَ، فَتَنَاوَلْتُهُ فَأَخَذْتُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ الْحِمَارَ مِنْ وَرَاءِ أَكَمَةٍ فَعَقَرْتُهُ، فَأَتَيْتُ بِهِ أَصْحَابِيْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: كُلُوْا، وَقَالَ بَعْضُهُمْ، لَا تَأْكُلُوْا، فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ أَمَامَنَا فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: ”كُلُوْهُ حَلَالٌ“ قَالَ لَنَا عَمْرٌو: اذْهَبُوْا إِلٰى صَالِحٍ فَسَلُوْهُ عَنْ هٰذَا وَغَيْرِهِ، وَقَدِمَ عَلَيْنَا هَاهُنَا. [راجع: ۱۸۲۱]

قاحہ: جگہ کا نام ہے جو مدینہ منورہ سے تین منزل پر ہے.........قولہ: يعني وقع سوطُه: کرمانی کہتے ہیں: یہ راوی کا قول ہے اور لانعينك عليه بشيئ کی تفسیر ہے، یعنی جب حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے گورخر دیکھا تو فوراً بھالا اور کوڑا

لے کر کھڑے ہوئے اور تیزی سے گھوڑے پر سوار ہوئے اور جلدی میں کوڑا گر گیا، تو انھوں نے ساتھیوں سے کوڑا اٹھا کر دینے کے لئے کہا مگر انھوں نے انکار کر دیا کہ ہم احرام میں ہیں، تمہاری کچھ مدد نہیں کر سکتے ....**قوله: ثم أتيت الحمار**: پھر میں ایک ٹیلے کے پیچھے سے گورخر کے پاس آیا پس میں نے اس کو زخمی کیا............ **قوله: قال لنا عمرو**: سفیان بن عیینہ کہتے ہیں: صالح بن کیسان رحمہ اللہ ایک مرتبہ مکہ آئے تو عمرو بن دینار نے اپنے تلامذہ سے کہا: صالح کے پاس جاؤ اور ان سے یہ حدیث اور دوسری حدیثیں پوچھو۔

بَابٌ: لاَ يُشِيْرُ الْمُحْرِمُ إِلَى الصَّيْدِ، لِكَيْ يَصْطَادَهُ الحَلاَلُ

محرم شکار کی طرف اشارہ نہ کرے تاکہ اس کو حلال شکار کرے

محرم شکار کی طرف اشارہ بھی نہیں کر سکتا، اگر محرم نے اشارہ کیا یا شکار جس طرف گیا ہے اس کی راہنمائی کی تو وہ شکار مردار ہے، کسی کے لئے اس کا کھانا جائز نہیں۔

[٥-] بَابٌ: لاَ يُشِيْرُ الْمُحْرِمُ إِلَى الصَّيْدِ، لِكَيْ يَصْطَادَهُ الحَلاَلُ

[١٨٢٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْعَوَانَةَ، ثَنَا عُثْمَانُ، هُوَ ابْنُ مَوْهَبٍ، أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ أَبِيْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ حَاجًّا، فَخَرَجُوْا مَعَهُ، فَصَرَفَ طَائِفَةً مِنْهُمْ، فِيْهِمْ أَبُوْ قَتَادَةَ، فَقَالَ: "خُذُوْا سَاحِلَ الْبَحْرِ حَتَّى نَلْتَقِيَ" فَأَخَذُوْا سَاحِلَ الْبَحْرِ، فَلَمَّا انْصَرَفُوْا أَحْرَمُوْا كُلُّهُمْ إِلَّا أَبَا قَتَادَةَ لَمْ يُحْرِمْ، فَبَيْنَا هُمْ يَسِيْرُوْنَ إِذْ رَأَوْا حُمُرَ وَحْشٍ، فَحَمَلَ أَبُوْ قَتَادَةَ عَلَى الْحُمُرِ، فَعَقَرَ مِنْهَا أَتَانًا، فَنَزَلُوْا، فَأَكَلُوْا مِنْ لَحْمِهَا، فَقَالُوْا: أَنَأْكُلُ لَحْمَ الصَّيْدِ، وَنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ؟ فَحَمَلْنَا مَا بَقِيَ مِنْ لَحْمِ الْأَتَانِ، فَلَمَّا أَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا كُنَّا أَحْرَمْنَا، وَقَدْ كَانَ أَبُوْ قَتَادَةَ لَمْ يُحْرِمْ، فَرَأَيْنَا حُمُرَ وَحْشٍ، فَحَمَلَ عَلَيْهَا أَبُوْ قَتَادَةَ، فَعَقَرَ مِنْهَا أَتَانًا، فَنَزَلْنَا فَأَكَلْنَا مِنْ لَحْمِهَا، ثُمَّ قُلْنَا: أَنَأْكُلُ لَحْمَ صَيْدٍ وَنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ؟ فَحَمَلْنَا مَابَقِيَ مِنْ لَحْمِهَا، قَالَ: "أَمِنْكُمْ أَحَدٌ أَمَرَهُ أَنْ يَحْمِلَ عَلَيْهَا أَوْ أَشَارَ إِلَيْهَا؟" قَالُوْا: لاَ، قَالَ: "فَكُلُوْا مَا بَقِيَ مِنْ لَحْمِهَا"

[راجع: ١٨٢١]

قوله: خَرَج حاجًّا: یہ بھی ایک روایت ہے کہ یہ واقعہ حجۃ الوداع کا ہے............**خُذُوْا ساحلَ البحر**: حضور ﷺ علاحدہ راستہ سے مکہ چلے تھے اور بعض صحابہ کو سمندر کے راستے سے مکہ جانے کا حکم دیا تھا ان میں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بھی تھے............**قوله: أحرموا كلهم**: جو صحابہ ساحل سمندر سے چلے تھے انھوں نے بھی ذوالحلیفہ سے احرام باندھا تھا

مگر حضرت ابوقتادہؓ نے احرام نہیں باندھا تھا کیونکہ وہ حل میں زکوتیں وصول کرنے کے لئے گئے تھے............ **فعقر منها أتانا**: نیل گایوں میں سے ایک کوزخمی کیا، نیل گایوں کا ریوڑ ساتھ چلتا ہے............**قوله: أمنكم أحد أمره**: نبی ﷺ نے لوگوں سے پوچھا: کیا تم میں سے کسی نے شکار کرنے کے لئے کہا تھا؟ یا کسی نے شکار کی طرف اشارہ کیا تھا؟ راہنمائی کرنا بھی اشارہ کرنا ہے، مگر آپؐ نے حضرت ابوقتادہؓ سے یہ نہیں پوچھا کہ ان کی ساتھیوں کو کھلانے کی نیت تھی یا نہیں؟ معلوم ہوا کہ اگر کوئی حلال شکار کرے اور اس کے دل میں محرم کو کھلانے کی نیت ہو تو محرم اس شکار کو کھا سکتا ہے۔ حنفیہ اسی کے قائل ہیں اور ائمہ ثلاثہ اس کو صِیْدَ لأجله قرار دیتے ہیں اس لئے اس کو حرام کہتے ہیں، تفصیل تحفۃ الألمعی (۲۴۲:۳) میں ہے۔

بَابٌ: إِذَا أَهْدَى لِلْمُحْرِمِ حِمَارًا وَحْشِيًّا حَيًّا لَمْ يَقْبَلْ

اگر محرم کو زندہ گورخر ہدیہ میں پیش کیا جائے تو قبول نہ کرے

اگر کوئی حلال آدمی گورخر یا کوئی اور شکار زندہ پکڑ کر کسی محرم کو ہدیہ دے تو محرم کو وہ ہدیہ قبول نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ محرم شکار مار نہیں سکتا وہ ہدیہ قبول کرے گا تو اس شکار کو آزاد کر دینا ضروری ہوگا اس لئے ہدیہ قبول نہ کرے تاکہ وہ شکار حلال کے کام آئے۔ نبی ﷺ جب حجۃ الوداع یا عمرۃ القضاء کے لئے مکہ تشریف لے جا رہے تھے تو مقام ابواء یا ودّان میں حضرت صعب بن جثّامہ رضی اللہ عنہ بغرض ملاقات حاضر ہوئے، وہ اپنے قبیلہ کے سردار تھے، اور ایک سردار جب دوسرے سردار سے ملتا ہے تو خالی ہاتھ نہیں ملتا، اور شکار کا گوشت عربوں کے نزدیک پسندیدہ چیز ہے اور نبی ﷺ کس دن وہاں سے گذریں گے یہ بات معلوم نہیں تھی۔ اور شکار ذبح کر دیا جائے تو گوشت سڑ جائے گا اس لئے حضرت صعبؓ نے قبیلہ کے جوانوں کو حکم دیا کہ وہ ایک گورخر زندہ پکڑیں، چنانچہ جوانوں نے ایک گورخر زندہ پکڑا اور اسے باندھ رکھا، جب آپؐ گذرے تو حضرت صعبؓ وہ زندہ گورخر لے کر حاضر خدمت ہوئے اور اس کا ہدیہ پیش کیا، آپؐ نے ہدیہ قبول نہیں کیا، حضرت صعبؓ کو ناگواری ہوئی، کیونکہ قوم کے سردار کا ہدیہ دوسرا سردار قبول نہ کرے تو یہ ڈوب مرنے کی بات ہے، چنانچہ آپؐ کو ان کی ناراضگی کا احساس ہوا پس آپؐ نے ہدیہ قبول نہ کرنے کی وجہ بیان کی کہ ہم احرام میں ہیں اس لئے ہم ہدیہ قبول نہیں کر سکتے، اور جس روایت میں ہے کہ حضرت صعبؓ نے ذبح کیا ہوا گورخر پیش کیا تھا وہ روایت محفوظ نہیں۔ حضرت رحمہ اللہ نے اس کی طرف اشارہ کرنے کے لئے باب میں حَيًّا کی قید بڑھائی ہے۔

[٦-] بَابٌ: إِذَا أَهْدَى لِلْمُحْرِمِ حِمَارًا وَحْشِيًّا حَيًّا لَمْ يَقْبَلْ

[١٨٢٥-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنَ مَسْعُوْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ اللَّيْثِيِّ: أَنَّـهُ أَهْدَى لِرَسُوْلِ اللهِ صلى

اللہ علیہ وسلم حِمَارًا وَحْشِيًّا، وَهُوَ بِالْأَبْوَاءِ أَوْ بِوَدَّانَ، فَرَدَّهُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا رَأَى مَا فِي وَجْهِهِ قَالَ: ''إِنَّا لَمْ نَرُدَّهُ عَلَيْكَ إِلَّا أَنَّا حُرُمٌ''[انظر: ۲۵۷۳، ۲۵۹۶]

لغات: حُرُم: حِرْم کی جمع ہے: بمعنی حرام، مرادمحرم ہے۔

بَابُ مَا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الدَّوَابِّ

وہ جانور جن کومحرم مارسکتا ہے

حرم میں وحشی جانوروں کو مارنا جائز نہیں، نہ محرم کے لئے اور نہ غیر محرم کے لئے، البتہ پانچ جانور مستثنیٰ ہیں، ان کو محرم اور غیر محرم مارسکتا ہے اوران کوحرم شریف میں بھی مار سکتے ہیں، ان کو مارنے سے جزاء واجب نہیں ہوتی: چوہا، بچھو، کوّا، چیل اور کٹ کھنا کتّا، اوران پانچ میں حصر نہیں، علماء نے تنقیح مناط کر کے اور بھی جانوروں کو مستثنیٰ کیا ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ہر وہ جانور جس کا گوشت حرام ہے اس کو مار سکتے ہیں، کیونکہ یہ پانچوں غیر ماکول اللحم ہیں اور جب حرم میں مارنا جائز ہے تو احرام کی حالت میں بھی مار سکتے ہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک موذی جانور کو مارنا جائز ہے، یعنی جو بھی جانور ستاتا ہے اسے حرم میں اور احرام میں مار سکتے ہیں، مذکورہ پانچوں جانور کس طرح ستاتے ہیں؟ چوہا اناج کھا جاتا ہے، دودھ پی جاتا ہے اور کپڑے کتر دیتا ہے اور بچھو اور کٹ کھنے کتّے کی ایذارسانی ظاہر ہے، اور کوّا جب اونٹ کی کوہان زخمی ہوتی ہے تب اس کا تماشہ دیکھنا چاہئے، زخم میں چونچیں مارتا ہے اور اس کو مندمل نہیں ہونے دیتا، اور چیل مرغی کے چوزے جھپٹ جاتی ہے، غرض یہ پانچوں موذی جانور ہیں اس لئے امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک ہر موذی جانور کو مارنا جائز ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ہر موذی جانور کو اور حشرات الارض (زمین کے کیڑوں) کو مارنا جائز ہے، پس جو جانور ستاتے ہیں اسی طرح زمین کے کیڑے مثلاً سانپ، بچھو اور چھپکلی وغیرہ کو حرم میں اور احرام میں مار سکتے ہیں۔

[۷-] بَابُ مَا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الدَّوَابِّ

[۱۸۲۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: '' خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ لَيْسَ عَلَى الْمُحْرِمِ فِي قَتْلِهِنَّ جُنَاحٌ'' ح: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم[انظر: ۳۳۱۵]

[۱۸۲۷-] ح: وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: حَدَّثَتْنِيْ إِحْدَى نِسْوَةِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: '' يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ''

[انظر: ۱۸۲۸]

[١٨٢٨-] ح: وَحَدَّثَنِي أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَتْ حَفْصَةُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" خَمْسٌ مِنَ الدَّوَّابِّ لاَ حَرَجَ عَلٰى مَنْ قَتَلَهُنَّ: الْغُرَابُ، وَالْحِدَأَةُ، وَالْفَأْرَةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ"

[١٨٢٩-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" خَمْسٌ مِنَ الدَّوَّابِّ كُلُّهُنَّ فَاسِقٌ، يُقْتَلْنَ فِي الْحَرَمِ: الْغُرَابُ، وَالْحِدَأَةُ، والْعَقْرَبُ، وَالْفَأْرَةُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ"[انظر: ٣٣١٤]

[١٨٣٠-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثَنَا أَبِيْ ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي غَارٍ بِمِنًى، إِذْ نَزَلَ عَلَيْهِ ﴿وَالْمُرْسَلاَتِ﴾ وَإِنَّهُ لَيَتْلُوْهَا، وَإِنِّي لَأَ تَلَقَّاهَا مِنْ فِيْهِ، وَإِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا، إِذْ وَثَبَتْ عَلَيْنَا حَيَّةٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:"اقْتُلُوْهَا" فَابْتَدَرْنَاهَا فَذَهَبَتْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:"وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيْتُمْ شَرَّهَا"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: إِنَّمَا أَرَدْنَا بِهٰذَا أَنَّ مِنىً مِنَ الْحَرَمِ، وَإِنَّهُمْ لَمْ يَرَوْا بِقَتْلِ الْحَيَّةِ بَأْسًا.

[انظر: ٣٣١٧، ٤٩٣٠، ٤٩٣١، ٤٩٣٤]

[١٨٣١-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: ثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِلْوَزَغِ: "فُوَيْسِقٌ" وَلَمْ أَسْمَعْهُ أَمَرَ بِقَتْلِهِ.[انظر: ٣٣٠٦]

قوله: حدثتني أحدى نسوة: اس سے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا مراد ہیں، جیسا کہ اگلی روایت میں آرہا ہے.........

قوله: لاحرج علی من قتلهن: مذکورہ پانچوں جانوروں کو مارنے میں کوئی جزاء نہیں.......... **قوله: كلُّهن فاسق:** سب شرارتی ہیں.......... **فويسق:** تصغیر ہے: چھوٹا شرارتی۔

حدیث (۱۸۳۰): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثناء کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ منیٰ میں ایک غار میں تھے کہ آپؐ پر سورۃ المرسلات نازل ہوئی (جب سورت نازل ہوچکی تو) آپؐ نے اس کی تلاوت کی، اور میں آپؐ کی زبان سے اس سورت کو لے رہا تھا یعنی آپؐ تلقین فرمارہے تھے اور میں یاد کررہا تھا، اور آپؐ کی زبان اس سورت کے ساتھ تازہ تھی یعنی ابھی ابھی وہ سورت نازل ہوئی تھی، پس اچانک ہم پر ایک سانپ کودا پس نبی ﷺ نے فرمایا: اس کو مارو، پس ہم اس کی طرف جھپٹے، مگر وہ کسی سوراخ وغیرہ میں گھس گیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: وہ تمہارے شر سے بچایا گیا جیسے تم اس کے شر سے بچائے گئے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث اس باب میں اس لئے لکھی ہے کہ منیٰ حرم میں ہے اور صحابہ نے سانپ کو مارنے میں کچھ حرج نہیں سمجھا، معلوم ہوا کہ حرم میں سانپ وغیرہ کو یعنی موذی جانوروں کو مار سکتے ہیں، اور حدیث میں پانچ میں حصر نہیں ہے، بطور مثال پانچ کا ذکر ہے۔

آخری حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے چھپکلی (اور گرگٹ) کو چھوٹا شرارتی کہا ہے، اور میں نے آپؐ کو ان کو مارنے کا حکم دیتے ہوئے نہیں سنا۔

تشریح: وزغ اسم جنس ہے اور اس کی دو قسمیں ہیں: سام ابرص (چھپکلی) اور حرباء (گرگٹ) دونوں ہی شرارتی ہیں، پس ان کو حرم میں اور محرم مار سکتا ہے۔

اور صدیقہؓ نے جو قتل وزغ کی نفی کی ہے: وہ ان کے علم کے اعتبار سے ہے، دیگر متعدد صحابہ سے ان کو مارنے کا حکم مروی ہے، فرمایا: ''جس نے پہلے وار میں مار ڈالا اس کے لئے سو نیکیاں ہیں، اور دوسرے وار میں اس سے کم، اور تیسرے وار میں اس سے بھی کم'' (مشکوۃ حدیث ۴۱۱۹) تفصیل تحفۃ الالمعی (۴: ۴۱۷) میں ہے۔

بَابٌ: لَا يُعْضَدُ شَجَرُ الْحَرَمِ

حرم کا درخت نہ کاٹا جائے

حرم کا درخت کاٹنا جائز نہیں، نبی ﷺ نے فرمایا ہے: حرم کے درخت کا کانٹا نہ توڑا جائے، جب کانٹا توڑنا جائز نہیں تو درخت کاٹنا بدرجۂ اولیٰ جائز نہیں۔ جاننا چاہئے کہ خودرو گھاس اور جنگلی درخت کاٹنے کی ممانعت ہے، البتہ جو درخت انسان اگاتے ہیں جیسے آم اور نیم وغیرہ ان کو کاٹنا جائز ہے، خواہ وہ خود اگا ہو یا کسی نے اگایا ہو، تفصیل کتاب العلم باب ۳۷ (تحفۃ القاری ۱: ۳۹۸) میں گذر چکی ہے، اور حدیث بھی وہاں گذری ہے۔

[۸-] بَابٌ: لَا يُعْضَدُ شَجَرُ الْحَرَمِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لَا يُعْضَدُ شَوْكُهُ "

[۱۸۳۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ، أَنَّهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ، وَهُوَ يَبْعَثُ الْبُعُوْثَ إِلٰى مَكَّةَ: ائْذَنْ لِيْ أَيُّهَا الْأَمِيْرُ أُحَدِّثْكَ قَوْلًا قَامَ بِهِ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم الْغَدَ مِنْ يَوْمِ الْفَتْحِ، فَسَمِعَتْهُ أُذُنَايَ، وَوَعَاهُ قَلْبِيْ، وَأَبْصَرَتْهُ عَيْنَايَ حِيْنَ تَكَلَّمَ بِهِ، إِنَّهُ حَمِدَ اللهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ. ثُمَّ قَالَ: " إِنَّ مَكَّةَ حَرَّمَهَا اللهُ، وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ، فَلَا يَحِلُّ لِامْرِئٍ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ يَسْفُكَ بِهَا دَمًا، وَلَا يَعْضُدَ بِهَا شَجَرَةً، فَإِنْ أَحَدٌ تَرَخَّصَ لِقِتَالِ

رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُوْلُوْا لَهُ: إِنَّ اللّٰهَ أَذِنَ لِرَسُوْلِهِ، وَلَمْ يَأْذَنْ لَكُمْ. وَإِنَّمَا أَذِنَ لِيْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ: وَقَدْ عَادَتْ حُرْمَتُهَا الْيَوْمَ كَحُرْمَتِهَا بِالْأَمْسِ، وَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ" فَقِيْلَ لِأَبِيْ شُرَيْحٍ: مَا قَالَ لَكَ عَمْرٌو؟ قَالَ: أَنَا أَعْلَمُ بِذٰلِكَ مِنْكَ يَا أَبَا شُرَيْحٍ، إِنَّ الْحَرَمَ لاَ يُعِيْذُ عَاصِيًا وَلاَ فَارًّا بِدَمٍ، وَلاَ فَارًّا بِخَرْبَةٍ، خَرْبَةٌ بَلِيَّةٌ.[راجع: ۱۰۴]

لغت: خَرْبَة (خا کا زبر اور پیش) کے معنی ہیں: بدمعاشی، فساد، لغزش، جنایت۔ اور ایک روایت میں خِزْيَة ہے یعنی رسوائی کا کام۔

بَابٌ: لاَيُنَفَّرُ صَيْدُ الْحَرَمِ

حرم کا شکار بھگایا نہ جائے

یہ حدیث کے الفاظ ہیں اور اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: **ایک**: شکاری چھوٹے جانور کو مثلاً خرگوش کو گولی نہیں مارتے بلکہ یہاں وہاں بھگاتے ہیں، پھر جب شکار تھک جاتا ہے تو اس کو پکڑ لیتے ہیں، پس شکار کو بھگانا شکار کرنے سے تعبیر ہے۔ نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے۔ اور دوسرا مطلب علماء نے یہ بیان کیا ہے کہ کوئی شکار کسی غار میں یا کسی درخت یا چٹان کے سایہ میں بیٹھا ہے، کوئی وہاں آرام کرنا چاہتا ہے اس لئے شکار کو وہاں سے بھگاتا ہے: یہ بھی ممنوع ہے، کیونکہ یہ شکار کو گھبراہٹ میں ڈالنا ہے، اور جس طرح حرم کا شکار کرنا جائز نہیں، اسے گھبراہٹ میں ڈالنا بھی جائز نہیں۔

[۹-] بَابٌ: لاَيُنَفَّرُ صَيْدُ الْحَرَمِ

[۱۸۳۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مَكَّةَ، فَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِيْ، وَلاَ تَحِلُّ لِأَحَدٍ بَعْدِيْ، وَإِنَّمَا أُحِلَّتْ لِيْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، لاَ يُخْتَلَى خَلاَهَا، وَلاَ يُعْضَدُ شَجَرُهَا، وَلاَ يُنَفَّرُ صَيْدُهَا، وَلاَ يُلْتَقَطُ لُقَطَتُهَا إِلاَّ لِمُعَرِّفٍ" فَقَالَ الْعَبَّاسُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِلاَّ الإِذْخِرُ لِصَاغَتِنَا وَقُبُوْرِنَا، فَقَالَ: " إِلاَّ الإِذْخِرُ" وَعَنْ خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: هَلْ تَدْرِيْ مَا "لاَ يُنَفَّرُ صَيْدُهَا؟" هُوَ أَنْ يُنَحِّيَهُ مِنَ الظِّلِّ، يَنْزِلُ مَكَانَهُ.

[راجع: ۱۳۴۹]

حوالہ: حدیث کا ترجمہ کتاب الجنائز باب ۷۶ میں ہے.......... **قوله: هو أن يُنحِّيَه من الظِّلِّ**: شکار کو سایہ سے ہٹانا تاکہ خود وہاں آرام کرے یہ شکار کو بھگانا ہے، یہ حدیث کا دوسرا مطلب ہے۔

بَابٌ: لَايَحِلُّ الْقِتَالُ بِمَكَّةَ

حرم شریف میں جنگ جائز نہیں

جب حرم کا شکار مارنا جائز نہیں تو کسی انسان کو مارنا یا جنگ کرنا کیسے جائز ہوسکتا ہے؟!

[۱۰-] بَابٌ: لَايَحِلُّ الْقِتَالُ بِمَكَّةَ

وَقَالَ أَبُوْ شُرَيْحٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لَا يَسْفِكُ بِهَا دَمًا"

[۱۸۳٤-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ افْتَتَحَ مَكَّةَ: " لَا هِجْرَةَ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، فَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا، فَإِنَّ هٰذَا بَلَدٌ حَرَّمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ، وَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللّٰهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَإِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ الْقِتَالُ فِيْهِ لِأَحَدٍ قَبْلِيْ، وَلَمْ يَحِلَّ لِيْ إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللّٰهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا يُعْضَدُ شَوْكُهُ، وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهُ، وَلَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهُ، إِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا، وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا" قَالَ الْعَبَّاسُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِلَّا الإِذْخِرَ، فَإِنَّهُ لِقَيْنِهِمْ وَلِبُيُوْتِهِمْ، قَالَ: قَالَ: " إِلَّا الإِذْخِرَ.

[راجع: ۱۳٤۹]

قوله: لاهجرة: فتح مکہ کے موقعہ پر آنحضور ﷺ نے جو تقریر فرمائی تھی اس میں ایک بات یہ فرمائی تھی کہ اب مکہ سے ہجرت ختم، کیونکہ اب مکہ دارالاسلام بن گیا، البتہ جہاد کا موقعہ ہو تو ضرور مکہ سے نکلے اور جہاد جاری نہ ہو تو نیت رکھے کہ جب موقع آئے گا جہاد کے لئے نکلوں گا .... **قوله: فإذا استنفرتم فانفروا:** پس جب جہاد کے لئے نکلنے کے لئے کہا جائے تو اٹھ کھڑے ہوؤ........... **وإنه لم يحل القتال:** یہ جملہ باب سے متعلق ہے۔

بَابُ الْحِجَامَةِ لِلْمُحْرِمِ، وَكَوَى ابْنُ عُمَرَ ابْنَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ، وَيَتَدَاوَى مَالَمْ يَكُنْ فِيْهِ طِيْبٌ

محرم پچھنے لگوا سکتا ہے، اور لوہا گرم کرکے داغ لگوا سکتا ہے، اور ایسی دواء استعمال کرسکتا ہے جو خوشبودار نہ ہو

امام بخاریؒ نے باب میں تین مسئلے اکٹھا کئے ہیں، تینوں از قبیل علاج اور الأهم فالأهم ہیں۔

پہلا مسئلہ: احرام میں پچھنے لگوا سکتے ہیں، نبی ﷺ نے احرام میں پچھنے لگوائے ہیں، مگر بال مونڈنا جائز نہیں، اور مجبوری ہو اور پچھنے لگوانے ناگزیر ہوں تو لگوائے اور جو بال مونڈے ان کا فدیہ دے یعنی تین روزے رکھے، یا چھ مسکینوں کو غلّہ دے یا ایک بکری ذبح کرے، البتہ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بے ضرورت پچھنے نہ لگوائے، مگر بے ضرورت پچھنے

کون لگواتا ہے؟

دوسرا مسئلہ: لوہا گرم کر کے بدن میں داغ لگوا سکتے ہیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے صاحبزادے واقد کو احرام میں داغ لگایا ہے کیونکہ یہ بھی پچھنے لگانے کی طرح ایک علاج ہے، اور اس کے لئے بھی بال مونڈنے پڑیں تو فدیہ دے۔

تیسرا مسئلہ: احرام میں کوئی بھی ایسی دواء جو خوشبودار نہ ہو بدن میں لگا سکتے ہیں، یہ بھی علاج کی ضرورت ہے۔

[۱۱-] بَابُ الْحِجَامَةِ لِلْمُحْرِمِ، وَكَوَى ابْنُ عُمَرَ ابْنَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ، وَيَتَدَاوَى مَالَمْ يَكُنْ فِيْهِ طِيْبٌ

[۱۸۳۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قَالَ لَنَا عَمْرٌو: أَوَّلُ شَيْئٍ سَمِعْتُ عَطَاءً، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: احْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُحْرِمٌ، ثُمَّ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: ثَنِى طَاوُسٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقُلْتُ: لَعَلَّهُ سَمِعَهُ مِنْهُمَا.

[انظر: ۱۹۳۸، ۱۹۳۹، ۲۱۰۳، ۲۲۷۸، ۲۲۷۹، ۵۶۹۱، ۵۶۹۴، ۵۶۹۵، ۵۶۹۹، ۵۷۰۰، ۵۷۰۱]

[۱۸۳۶-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ أَبِى عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنِ ابْنِ بُحَيْنَةَ، قَالَ: احْتَجَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُحْرِمٌ، بِلَحْيِ جَمَلٍ، فِي وَسَطِ رَأْسِهِ. [انظر: ۵۶۹۸]

قولہ: قال لنا عمرو: ابن عیینہؒ کہتے ہیں: ہم سے عمرو بن دینارؒ نے کہا کہ میں نے حضرت عطاءؒ سے سب سے پہلے یہ حدیث سنی کہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے احرام کی حالت میں پچھنے لگوائے، ابن عیینہؒ کہتے ہیں: پھر میں نے عمرو بن دینار کو بواسطہ طاؤس حضرت ابن عباسؓ سے یہ حدیث روایت کرتے ہوئے سنا، پس میں نے خیال کیا کہ شاید عمرو بن دینار نے دونوں حضرات سے یہ حدیث سنی ہے۔

لَحْيُ جَمل: مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے اور یہ جگہ مکہ کی بہ نسبت مدینہ سے اقرب ہے، وہاں نبی ﷺ نے سر کے بیچ میں پچھنے لگوائے ہیں، درانحالیکہ آپؐ احرام میں تھے (اور بال مونڈنے کا فدیہ دیا ہوگا)

بَابُ تَزْوِيْجِ الْمُحْرِمِ

محرم کا نکاح کرنا

یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے کیونکہ حجازی اور عراقی مکاتب فکر میں اختلاف ہے، احرام کی حالت میں اپنا نکاح پڑھنا یا قاضی

بن کر دوسرے کا نکاح پڑھانا، اپنی منگنی بھیجنا جبکہ منگنی بھیجنے والا احرام میں ہو یا جس کی منگنی بھیجی جارہی ہے وہ احرام میں ہو یا دونوں احرام میں ہوں: یہ جائز ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک احرام میں یہ سب کام مکروہ ہیں، اور اگر کوئی احرام کی حالت میں نکاح پڑھ لے یا دوسرے کا نکاح پڑھا دے تو نکاح صحیح ہے، البتہ جماع اور دواعی جماع کی مطلق گنجائش نہیں، وہ حرام ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک احرام کی حالت میں اپنی منگنی بھیجنا یا جو لڑکی یا لڑکا احرام میں ہیں ان کی منگنی بھیجنا مکروہ ہے، اور محرم کا خود اپنا نکاح پڑھنا یا قاضی بن کر دوسرے کا نکاح پڑھانا حرام ہے، وہ نکاح باطل اور کالعدم ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں دو روایتیں ہیں: ایک قولی ہے جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اور مسلم شریف (۱:۴۵۳) میں ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: لاَیَنْکِحُ المحرمُ، ولا یُنکِح غیرَہ ولا یخطُب: محرم نہ اپنا نکاح پڑھے اور نہ دوسرے کا نکاح پڑھائے اور نہ منگنی بھیجے، اور صحیح ابن حبان (حدیث ۴۱۱۲) میں یہ اضافہ ہے: ولا یُخْطَب علیہ: اور محرم کی منگنی نہ بھیجی جائے، اور دوسری روایت فعلی ہے اور اس میں اختلاف ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب نبی ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا تو آپؐ احرام میں تھے، اور ابو رافع اور یزید بن الاصم (یہ بھی حضرت میمونہؓ کے بھانجے ہیں) اور خود حضرت میمونہؓ کی روایتوں کا مضمون یہ ہے کہ نبی ﷺ کا نکاح حلال ہونے کی حالت میں ہوا۔

ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ نے ان روایتوں کو اور قولی روایت کو لیا ہے اور حنفیہ اور امام بخاری رحمہما اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے، کیونکہ وہ روایت اصح ما فی الباب ہے، اور لایَنکح و لایُنکح میں لا نفی کمال کا لیا ہے یعنی نکاح تو ہو جائے گا مگر یہ فعل زیبا نہیں، اور ممانعت سد ذرائع کے لئے ہے، جیسے روزہ کی حالت میں بیوی کو ساتھ لٹانے سے اس لئے منع کیا ہے کہ یہ سلسلہ کہیں آگے نہ بڑھ جائے، اسی طرح یہاں بھی ممانعت سد ذرائع کے لئے ہے، کیونکہ احرام کی حالت میں اگر نکاح کیا گیا تو ممکن ہے یہ سلسلہ آگے بڑھ جائے اور بات جماع یا دواعی جماع تک پہنچ جائے جو احرام میں قطعاً ممنوع اور حرام ہیں، اور قرینہ یہ ہے کہ لایخطُب اور لایُخطَب علیہ میں بالاتفاق کمال کی نفی ہے، کیونکہ اگر احرام میں منگنی بھیجی گئی پھر حلال ہونے کے بعد نکاح ہوا تو یہ نکاح بالاتفاق درست ہے مگر احرام کی حالت میں منگنی بھیجنا بالاتفاق مکروہ ہے، پس یہ ایک قرینہ ہے کہ حدیث کے پہلے دونوں جملوں میں بھی کمال کی نفی ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے بحالتِ احرام نکاح کیا ہے (لہٰذا اگر احرام کی حالت میں نکاح پڑھا جائے تو نکاح صحیح ہے اور یہ باب کی صحیح ترین روایت ہے اور متفق علیہ ہے۔ اور پندرہ اکابر تابعین ابن عباسؓ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں اور ابو رافع، یزید بن الاصم اور حضرت میمونہؓ کی حدیثوں میں کلام ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۲۳۶) میں ہے)

[١٢-] بَابُ تَزْوِيْجِ الْمُحْرِمِ

[١٨٣٧-] حدثنا أَبُوْ الْمُغِيْرَةِ عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنِيْ عَطَاءُ بْنُ أَبِيْ رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

[انظر: ٤٢٥٨، ٤٢٥٩، ٥١١٤]

بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الطِّيْبِ لِلْمُحْرِمِ وَالْمُحْرِمَةِ

مردوزن کے لئے احرام میں خوشبوممنوع ہے

محرم خوشبونہیں لگا سکتا، اوراس حکم میں مردوزن یکساں ہیں، اور یہ ممانعت زندوں کے ساتھ خاص نہیں، جو شخص احرام میں مرااس کا بھی یہی حکم ہے، اس کو بھی خوشبونہیں لگا سکتے، مگراس دوسرے مسئلہ میں حنفیہ اور مالکیہ کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک موت کے بعد احرام ختم ہوجاتا ہے، پس محرم کی تجہیز وتکفین عام اموات کی طرح کی جائے گی، تفصیل کتاب الجنائز باب ۲۱ میں گذرچکی ہے۔ البتہ زندہ احرام میں خوشبونہیں لگا سکتا، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: عورت احرام میں ورس اور زعفران میں رنگا ہوا کپڑا نہ پہنے، کیونکہ ان کپڑوں میں خوشبو ہوتی ہے، اس لئے یہ ممانعت ہے۔

[١٣-] بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الطِّيْبِ لِلْمُحْرِمِ وَالْمُحْرِمَةِ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ: لاَ تَلْبَسُ الْمُحْرِمَةُ ثَوْبًا بِوَرْسٍ أَوْ زَعْفَرَانٍ.

[١٨٣٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنَا نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، مَاذَا تَأْمُرُنَا أَنْ نَلْبَسَ مِنَ الثِّيَابِ فِي الإِحْرَامِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لاَتَلْبَسُوْا الْقُمُصَ، وَلاَ السَّرَاوِيْلاَتِ، وَلاَ الْعَمَائِمَ، وَلاَ الْبَرَانِسَ، إِلاَّ أَنْ يَكُوْنَ أَحَدٌ لَيْسَتْ لَهُ نَعْلاَنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ، وَلْيَقْطَعْ أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ، وَلاَ تَلْبَسُوْا شَيْئًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَلاَ الْوَرْسُ، وَلاَ تَنْتَقِبُ الْمُحْرِمَةُ، وَلاَ تَلْبَسُ الْقُفَّازَيْنِ"

تَابَعَهُ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، وَإِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُقْبَةَ، وَجُوَيْرِيَةُ، وَابْنُ إِسْحَاقَ فِي النِّقَابِ وَالْقُفَّازَيْنِ، وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: "وَلاَ وَرْسٌ" وَكَانَ يَقُوْلُ: "لاَ تَنْتَقِبُ الْمُحْرِمَةُ وَلاَ تَلْبَسُ الْقُفَّازَيْنِ" وَقَالَ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: "لاَ تَنْتَقِبُ الْمُحْرِمَةُ" وَتَابَعَهُ لَيْثُ بْنُ أَبِيْ سُلَيْمٍ. [راجع: ١٣٤]

قولہ: ولا تلبسوا شیئًا: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، مردوزن کی تخصیص کے بغیر یہ حکم ہے، اور یہ حدیث بخاری شریف میں دس جگہ آئی ہے، پہلے بھی کئی بار گذری ہے اور آگے بھی آئے گی، اور یہاں حدیث میں دو مسئلے زائد ہیں جو صرف اسی جگہ ہیں:

پہلا مسئلہ: عورت احرام میں چہرے پر نقاب نہ ڈالے، کیونکہ عورت کا احرام چہرے میں ہے، پس جتنا حصہ وضو میں دھونا فرض ہے عورت کے لئے احرام میں اتنا حصہ کھلا رکھنا ضروری ہے، پس ایسا نقاب جو چہرے سے لگے ڈالنا جائز نہیں، ہاں پردہ کرنا ضروری ہے، اور پردہ کی مختلف شکلیں ہوسکتی ہیں، مثلاً: پنکھا ہاتھ میں رکھ لے اور بس وغیرہ میں چہرے کے سامنے پنکھا کرکے بیٹھی رہے یا ایسا نقاب ڈالے جو چہرہ سے دور رہے۔

دوسرا مسئلہ: احرام میں عورت ہاتھوں میں دستانے نہ پہنے: مردوزن کے لئے حالتِ احرام میں دستانے پہننا مکروہ ہے۔

مذکورہ دونوں مسئلے مرفوع ہیں یا حدیث میں مدرج ہیں؟ اس میں نافع کے تلامذہ میں اختلاف ہے، لیث مصریؒ، موسیٰ بن عقبہؒ، اسماعیل بن ابراہیمؒ، جویریہؒ اور ابن اسحاقؒ مرفوع کرتے ہیں، اور عبیداللہ ولاورس کے بعد وکان یقول بڑھاتے ہیں یعنی مذکورہ دونوں مسئلے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کئے ہیں، حدیث میں نہیں ہیں، اور امام مالک اور لیث بن ابی سُلیم بھی موقوف بیان کرتے ہیں، پس ان دو مسئلوں کے رفع ووقف میں اختلاف ہے۔

[۱۸۳۹-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، ثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الْحَکَمِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: وَقَصَتْ بِرَجُلٍ مُحْرِمٍ نَاقَتُہُ فَقَتَلَتْہُ، فَأُتِیَ بِہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ: " اغْسِلُوْہُ وَکَفِّنُوْہُ، وَلاَ تُغَطُّوْا رَأْسَہُ، وَلاَ تُقَرِّبُوْہُ طِیْبًا، فَإِنَّہُ یُبْعَثُ یُہِلُّ" [راجع: ۱۲۶۶]

وضاحت: باب میں یہ حدیث لاکر امام بخاری رحمہ اللہ نے حکم عام کیا ہے، یعنی محرم کے لئے خوشبو کی ممانعت زندگی میں بھی ہے اور مرنے کے بعد بھی، مگر حنفیہ اور مالکیہ اس سے متفق نہیں، تفصیل کتاب الجنائز (باب ۲۰ و ۲۱) میں گذری ہے۔

بَابُ الِاغْتِسَالِ لِلْمُحْرِمِ

محرم نہا سکتا ہے

احرام میں آدمی نہا سکتا ہے، مگر صابن استعمال نہیں کرسکتا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: محرم حمام میں جاسکتا ہے، ظاہر ہے حمام میں نہانے کے لئے جائے گا، اور حضرت عائشہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: احرام میں کھجلا سکتا ہے، یعنی نہاتے وقت بدن کو رگڑ سکتا ہے اور سر اور ڈاڑھی پر ہاتھ پھیر سکتا ہے، اور عام اوقات میں بھی کھجا سکتا ہے مگر احتیاط ضروری ہے، بال نہ ٹوٹیں ورنہ جنایت لازم ہوگی۔

[١٤-] بَابُ الِاغْتِسَالِ لِلْمُحْرِمِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يَدْخُلُ الْمُحْرِمُ الْحَمَّامَ، وَلَمْ يَرَ ابْنُ عُمَرَ وَعَائِشَةُ بِالْحَكِّ بَأْسًا.

[١٨٤٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ اخْتَلَفَا بِالأَبْوَاءِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ: يَغْسِلُ الْمُحْرِمُ رَأْسَهُ، وَقَالَ الْمِسْوَرُ: لَا يَغْسِلُ الْمُحْرِمُ رَأْسَهُ، فَأَرْسَلَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ إِلٰى أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ بَيْنَ الْقَرْنَيْنِ، وَهُوَ يُسْتَرُ بِثَوْبٍ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ فَقُلْتُ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُنَيْنٍ، أَرْسَلَنِيْ إِلَيْكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ يَسْأَلُكَ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَغْسِلُ رَأْسَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ؟ فَوَضَعَ أَبُوْ أَيُّوْبَ يَدَهُ عَلَى الثَّوْبِ فَطَأْطَأَهُ، حَتّٰى بَدَا لِيْ رَأْسُهُ، ثُمَّ قَالَ لِإِنْسَانٍ يَصُبُّ عَلَيْهِ: اصْبُبْ، فَصَبَّ عَلٰى رَأْسِهِ، ثُمَّ حَرَّكَ رَأْسَهُ بِيَدَيْهِ، فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ، وَقَالَ هٰكَذَا رَأَيْتُهُ صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُ.

ترجمہ: عبداللہ بن حنین سے مروی ہے کہ ابن عباس اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما کے درمیان ابواء مقام میں اختلاف ہوا، ابن عباسؓ نے کہا: محرم سر دھوسکتا ہے، اور مسور بن مخرمہؓ نے کہا: نہیں دھوسکتا، پس ابن عباسؓ نے مجھے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا، میں نے ان کو دو قرنوں کے درمیان غسل کرتے ہوئے پایا (کنویں پر دو لکڑیاں کھڑی کرتے ہیں اور ان کے بیچ میں ایک آڑی لکڑی ہوتی ہے اور اس میں چرخی ہوتی ہے یہ کھڑی دو لکڑیاں قرنین ہیں یعنی حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کنویں پر نہار ہے تھے) درانحالیکہ آپؓ ایک کپڑے میں چھپائے گئے تھے (یعنی ایک شخص کپڑے سے پردہ کئے ہوئے تھا اور آپؓ پردہ کے پیچھے نہار ہے تھے) میں نے سلام کیا، آپؓ نے پوچھا: کون؟ میں نے عرض کیا: میں عبداللہ بن حنین ہوں، مجھے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے آپؓ کے پاس بھیجا ہے وہ آپؓ سے پوچھ رہے ہیں کہ نبی ﷺ احرام کی حالت میں سر کس طرح دھوتے تھے؟ پس حضرت ابوایوبؓ نے اپنا ہاتھ کپڑے پر رکھا اور اس کو جھکایا یہاں تک کہ آپؓ کا سر ظاہر ہوا، پھر ایک شخص سے جو پانی ڈال رہا تھا کہا: پانی ڈال، پس اس نے آپؓ کے سر پر پانی ڈالا، پس آپؓ نے اپنا سر دونوں ہاتھوں سے ہلایا، اور ہاتھوں کو آگے لائے اور پیچھے لے گئے، پھر فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو اس طرح کرتے دیکھا ہے۔

تشریح: حدیث کی باب پر دلالت واضح ہے، اور اس حدیث میں ہمارے سمجھنے کی بات یہ ہے کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ پردہ کے پیچھے نہار ہے تھے جبکہ آپؓ نے لنگی پہن رکھی ہوگی، کیونکہ پردے کے اندر ایک شخص تھا جو پانی ڈال رہا تھا، مگر ہمارے طلبہ نل پر لنگی پہن کر کھڑے ہوجاتے ہیں اور نہانا شروع کرتے ہیں اور لنگی بھیک کر بدن سے چپک جاتی ہے اور سارا

ننگا پا نظر آتا ہے، یہ غلط طریقہ ہے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ لنگی پہن کر نہار ہے ہیں، اس کے باوجود پردہ کر رکھا ہے۔

بَابُ لُبْسِ الْخُفَّيْنِ لِلْمُحْرِمِ إِذَا لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ

بَابٌ: إِذَا لَمْ يَجِدِ الإِزَارَ فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ

اگر محرم کے پاس چپل نہ ہوں تو خفین پہنے اور لنگی نہ ہو تو شلوار پہنے

یہ دو باب ہیں، ان میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص کے پاس لنگی اور چپل نہ ہوں تو کیا وہ احرام میں پائجامہ اور خفین پہن سکتا ہے؟ چھوٹے دو اماموں کے نزدیک ایسے شخص کے لئے پائجامہ اور خفین پہننا جائز ہے اور بڑے دو اماموں کے نزدیک ایسا شخص خفین ٹخنوں سے نیچے کاٹ کر پہنے اور پائجامہ پھاڑ کر اس کی لنگی بنا کر پہنے۔ اگر بغیر کاٹے خفین پہنے گا یا پائجامہ پہنے گا تو جنایت لازم ہوگی۔

[۱۵-] بَابُ لُبْسِ الْخُفَّيْنِ لِلْمُحْرِمِ إِذَا لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ

[۱۸۴۱-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ بِعَرَفَاتٍ: مَنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ، وَمَنْ لَمْ يَجِدْ إِزَارًا فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ لِلْمُحْرِمِ"[راجع: ۱۷۴۰]

[۱۸۴۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَا يَلْبِسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ فَقَالَ:" لاَ يَلْبَسُ الْقَمِيْصَ، وَلاَ الْعَمَائِمَ، وَلاَ السَّرَاوِيْلاَتِ وَلاَ الْبُرْنُسَ وَلاَ ثَوْبًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَلاَ وَرْسٌ، وَإِنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ، وَلْيَقْطَعْهُمَا حَتَّى يَكُوْنَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ"[راجع: ۱۳۴]

[۱۶-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يَجِدِ الإِزَارَ فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ

[۱۸۴۳-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَطَبَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَفَاتٍ، فَقَالَ:" مَنْ لَمْ يَجِدِ الإِزَارَ فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ، وَمَنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ"[راجع: ۱۷۴۰]

حدیث (۱): ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو عرفات میں تقریر کرتے ہوئے سنا کہ جو محرم چپل نہ پائے وہ خفین پہنے اور جو لنگی نہ پائے وہ پائجامہ پہنے۔

تشریح: اس حدیث سے چھوٹے دواماموں نے استدلال کیا ہے، یہ حدیث مطلق ہے، اس میں خفین کو کاٹنے کا اور شلوار کو پھاڑنے کا ذکر نہیں، پس خفین اور شلوار کو کاٹے اور پھاڑے بغیر پہن سکتے ہیں اور بڑے دوامام کہتے ہیں: اس حدیث میں اگرچہ یہ قید نہیں ہے مگر ابن عمرؓ کی اسی حدیث میں جو اس کے بعد ہے خفین کو کاٹنے کا تذکرہ ہے، اور حادثہ واحدہ (ایک مسئلہ) میں مطلق کو مقید پر محمول کیا جاتا ہے، اور شلوار کو بڑے دواماموں نے خفین پر قیاس کیا ہے۔

بَابُ لُبْسِ السِّلَاحِ لِلْمُحْرِمِ

محرم ہتھیار باندھ سکتا ہے

اگر دشمن کا خوف ہو تو احرام میں ہتھیار باندھ سکتے ہیں، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں، حضرت عکرمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر دشمن کا خوف ہو تو ہتھیار باندھے اور فدیہ دے، یعنی احرام میں ہتھیار باندھنا جائز نہیں، اس لئے فدیہ لازم ہوگا۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: فدیہ والی بات صحیح نہیں، کسی فقیہ نے حضرت عکرمہ کی موافقت نہیں کی۔

[۱۷-] بَابُ لُبْسِ السِّلَاحِ لِلْمُحْرِمِ

وَقَالَ عِكْرِمَةُ: إِذَا خَشِيَ الْعَدُوَّ لَبِسَ السِّلَاحَ وافْتَدَى، وَلَمْ يُتَابَعْ عَلَيْهِ فِي الْفِدْيَةِ.

[۱۸۴۴-] حدثنا عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ: قَالَ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي ذِي الْقَعْدَةِ، فَأَبىٰ أَهْلُ مَكَّةَ أَنْ يَدَعُوْهُ يَدْخُلُ مَكَّةَ، حَتَّى قَاضَاهُمْ: لَا يُدْخِلُ مَكَّةَ سِلَاحًا إِلَّا فِي الْقِرَابِ. [راجع: ۱۷۸۱]

وضاحت: حدیبیہ کے سال جن شرائط پر صلح ہوئی تھی ان میں ایک شرط یہ تھی کہ امسال مسلمان عمرہ کئے بغیر واپس جائیں، آئندہ سال عمرہ کے لئے آئیں اور صرف تین دن مکہ میں رہیں، اور تلوار کے علاوہ کوئی ہتھیار نہ لائیں، اور تلوار بھی میان میں رہے۔ معلوم ہوا کہ احرام میں ہتھیار باندھ سکتے ہیں اسی لئے یہ شرط لگائی تھی، اگر احرام میں ہتھیار باندھنا جائز نہ ہوتا تو اس شرط کی ضرورت نہیں تھی، اس طرح حدیث سے استدلال کیا ہے۔

بَابُ دُخُوْلِ الْحَرَمِ وَمَكَّةَ بِغَيْرِ إِحْرَامٍ

حرم میں اور مکہ میں احرام کے بغیر داخل ہونا

آفاقی اگر حج یا عمرہ کی نیت سے مکہ جائے تو میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں، البتہ اگر کسی دوسرے مقصد سے حرم میں جائے تو احرام باندھنا ضروری ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ اصحابِ ظواہر کا

مذہب، امام بخاریؒ کی رائے اور امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کی روایت یہ ہے کہ اگر آفاقی حج یا عمرہ کے علاوہ کسی دوسرے مقصد سے حرم میں جائے تو اس پر احرام باندھنا ضروری نہیں۔

اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کا مذہب، امام مالک رحمہ اللہ کی راجح روایت اور امام شافعی رحمہ اللہ کا مشہور قول یہ ہے کہ آفاقی کے لئے میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے، خواہ کسی مقصد سے حرم میں جائے، اگر کوئی بغیر احرام کے میقات سے بڑھ جائے تو حرم شروع ہونے سے پہلے واپس آ کر میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے اور حرم میں داخل ہو گیا تو دم واجب ہو گیا۔ آج کل کاروباری لوگ اور ٹیکسی والے مدینہ اور مکہ کے درمیان اور جدہ اور مکہ کے درمیان آتے جاتے رہتے ہیں، اور بعض علماء کے نزدیک جدہ میقات سے باہر ہے اور ہر بار عمرہ کا احرام باندھ کر لوٹنا دشوار ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ وغیرہ کے مسلک پر عمل کرنے کی گنجائش ہے، مگر عام لوگوں کے لئے جن کے ساتھ ایسی کوئی مجبوری نہیں وہ جب مدینہ یا جدہ جائیں تو احرام باندھ کر لوٹیں، اور حلّ کا رہنے والا بالاتفاق بغیر احرام کے حرم شریف میں آ جا سکتا ہے۔

[۱۸-] بَابُ دُخُوْلِ الْحَرَمِ وَمَكَّةَ بِغَيْرِ إِحْرَامٍ

وَدَخَلَ ابْنُ عُمَرَ حَلَالاً، وَإِنَّمَا أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالإِهْلَالِ لِمَنْ أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، وَلَمْ يَذْكُرِ الْحَطَّابِيْنَ وَغَيْرَهُمْ.

[۱۸۴۵-] حدثنا مُسْلِمٌ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ، وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ، هُنَّ لَهُنَّ، وَلِكُلِّ آتٍ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِهِمْ، مِمَّنْ أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، فَمَنْ كَانَ دُوْنَ ذٰلِكَ فَمِنْ حَيْثُ أَنْشَأَ، حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ. [راجع: ۱۵۲۴]

[۱۸۴۶-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ، وَعَلٰى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ، فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنَّ ابْنَ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: "اقْتُلُوْهُ" [انظر: ۳۰۴۴، ۴۲۸۶، ۵۸۰۸]

اثر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حلال ہونے کی حالت میں یعنی احرام باندھے بغیر مکہ گئے (اثر پورا ہوا) (امام بخاریؒ فرماتے ہیں) اور نبی ﷺ نے احرام باندھنے کا حکم اس شخص کو دیا ہے جس کا حج یا عمرہ کا ارادہ ہے اور جو لوگ سوختہ لے کر مکہ آتے جاتے ہیں یا کسی اور مقصد سے آتے جاتے ہیں ان کا نبی ﷺ نے تذکرہ نہیں کیا۔ معلوم ہوا کہ جس کا حج یا عمرہ کا ارادہ نہیں ہے وہ بغیر احرام کے حرم میں جا سکتا ہے (امام بخاریؒ کا قول پورا ہوا)

دوسری حدیث: جب نبی ﷺ فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے تو سر پر لوہے کی ٹوپی تھی جب مکہ میں پہنچ کر آپؐ

نے ٹوپی اتاری تو ایک شخص نے آ کر عرض کیا: یارسول اللہ! ابن خطل کعبہ شریف کا پردہ پکڑے ہوئے ہے، آپؐ نے فرمایا: اس کو قتل کردو۔

تشریح: آنحضور ﷺ نے فتح مکہ کے موقعہ پر چند مردوں اور عورتوں کا خون مباح کیا تھا ان میں سے ایک عبداللہ بن خطل بھی تھا، یہ شخص مسلمان ہوا تھا، ایک مرتبہ نبی ﷺ نے اس کو عامل بنا کر صدقات وصول کرنے کے لئے بھی بھیجا تھا، ایک غلام اور ایک انصاری ساتھ تھے، ایک جگہ ابن خطل نے غلام کو کھانا تیار کرنے کے لئے کہا، غلام کسی وجہ سے سو گیا، اس پر ابن خطل نے غلام کو غصہ میں قتل کر ڈالا، پھر مرتد ہو کر مکہ چلا گیا اور مشرکین کے ساتھ مل گیا، پھر آنحضور ﷺ کی ہجو میں اشعار کہتا اور باندیوں کو ان اشعار کے گانے کا حکم دیا، غرض اس کے تین جرم تھے: خونِ ناحق، ارتداد اور آپؐ کی ہجو میں اشعار کہنا، اس لئے اس کو قتل کیا گیا۔

استدلال: فتح مکہ کے موقع پر نبی ﷺ کا احرام نہیں تھا، معلوم ہوا کہ جس کا حج یا عمرہ کا ارادہ نہیں وہ بغیر احرام کے حرم میں داخل ہوسکتا ہے، یہ اس حدیث سے استدلال ہے، مگر یہ استدلال تام نہیں اس لئے کہ یہ آنحضور ﷺ کی خصوصیت تھی، فتح مکہ کے دن آپؐ کے لئے اور صحابہ کے لئے حرم کے احکام اٹھا دیئے گئے تھے، چنانچہ وہاں قتل وقتال بھی جائز ہوگیا تھا، پس تقریب تام نہیں۔

بَابٌ: إِذَا أَحْرَمَ جَاهِلًا وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ

مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے کسی نے کرتہ پہن کر احرام باندھا

کوئی مسئلہ نہیں جانتا تھا اور اس نے احرام میں سلا ہوا کپڑا پہنا تو کیا حکم ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک جہالت عذر ہے پس کوئی کفارہ واجب نہیں۔ امام شافعی اور عطاء بن ابی رباح رحمہما اللہ کی بھی یہی رائے ہے، حضرت عطاءؒ فرماتے ہیں: اگر کسی شخص نے مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے یا بھول کر سلا ہوا کپڑا پہنا یا خوشبو لگائی تو اس کے ذمہ کوئی کفارہ نہیں، دیگر فقہاء جہالت کا اعتبار نہیں کرتے، اور وہ کفارہ واجب کرتے ہیں، اگر ارتفاق ناقص ہے تو فدیہ واجب ہے اور ارتفاق کامل ہے تو دم واجب ہے، ارتفاق کے معنی ہیں: فائدہ اٹھانا، ارتفاق کامل اور ناقص کیا ہیں؟ اس میں اختلاف ہے، اگر سلا ہوا کپڑا پورے دن پہنا ہے اور بعض کہتے ہیں: اکثر دن پہنا ہے تو یہ ارتفاق کامل ہے پس دم واجب ہوگا، اور آدھے دن سے کم پہنا ہے تو یہ ارتفاق ناقص ہے، پس فدیہ واجب ہوگا، دیگر چیزوں کی تفصیل فقہ کی کتابوں میں ہے۔

[۱۹-] بَابٌ: إِذَا أَحْرَمَ جَاهِلًا وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ

وَقَالَ عَطَاءٌ: إِذَا تَطَيَّبَ أَوْ لَبِسَ جَاهِلًا أَوْ نَاسِيًا فَلَا كَفَّارَةَ عَلَيْهِ.

[١٨٤٧-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا هَمَّامٌ، ثَنا عَطَاءٌ، قَالَ: ثَنِيْ صَفْوَانُ بْنُ يَعْلَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَاهُ رَجُلٌ عَلَيْهِ جُبَّةٌ، وَعَلَيْهَا أَثَرُ صُفْرَةٍ أَوْ نَحْوُهُ، كَانَ عُمَرُ يَقُوْلُ لِيْ: تُحِبُّ إِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ أَنْ تَرَاهُ؟ فَنَزَلَ عَلَيْهِ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَقَالَ: "اصْنَعْ فِي عُمْرَتِكَ مَا تَصْنَعُ فِي حَجِّكَ"[راجع: ١٥٣٦]

[١٨٤٨-] وَعَضَّ رَجُلٌ يَدَ رَجُلٍ، يَعْنِيْ فَانْتَزَعَ ثَنِيَّتَهُ، فَأَبْطَلَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ٢٢٦٥، ٢٩٧٣، ٤٤١٧، ٦٨٩٣]

وضاحت: یہ حدیث کتاب الحج باب ۱۷میں گذر چکی ہے، ایک بدّو نے جعرانہ میں عمرہ کا احرام باندھا اور جبہ پہن رکھا تھا اور خوشبو بھی لگا رکھی تھی، کوئی شخص اس کو نبی ﷺ کے پاس لایا، اس نے مسئلہ پوچھا، آپؐ خاموش رہے، کیونکہ ابھی کوئی حکم نازل نہیں ہوا تھا، فوراً ہی آپؐ پر وحی کے آثار شروع ہوئے، جب وحی پوری ہوئی تو آپؐ نے اس سے فرمایا: "جبہ اتار دو اور خوشبو دھوڈالو اور جس طرح حج کرتے ہو اس طرح عمرہ کرو"

استدلال: اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ اس شخص نے مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے جبہ پہنا تھا اور خوشبو لگائی تھی، آنحضور ﷺ نے اس کی جہالت کا اعتبار کیا اور کوئی کفارہ واجب نہیں کیا، مگر یہ تشریع کے وقت کی ترخیص تھی، پس یہ استدلال محلِ نظر ہے۔

قوله: وكان عمر يقول لي: یعلی بن امیہؓ کہتے ہیں: مجھ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے: آپ کو پسند ہے کہ جب وحی اتر رہی ہو اس وقت آپ نبی ﷺ کو دیکھیں؟ یہ راوی کی تعبیر ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کیا ضرورت تھی کہ وہ یہ بات کہتے؟ درحقیقت حضرت یعلی رضی اللہ عنہ نے خواہش ظاہر کی تھی کہ میں نبی ﷺ کو وحی اترتے ہوئے دیکھنا چاہتا ہوں، جب کوئی موقع ہو تو مجھے دکھلانا، چنانچہ جب وحی کے آثار شروع ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور حضرت یعلی رضی اللہ عنہ کو لائے اور اس کپڑے کے اندر ان کا منہ گھسایا جو آپؐ کو اڑھایا گیا تھا اور فرمایا: دیکھ وحی اس طرح آتی ہے۔

قوله: وَعَضَّ رجلٌ يدَ رجلٍ: یہ دوسرے موقعہ کا واقعہ ہے، ایک جہاد میں لوگ کسی چشمہ سے پانی بھر رہے تھے، دو شخصوں کے درمیان جھگڑا ہوا، ایک نے دوسرے کے ہاتھ کو کاٹا، اس نے بچاؤ کے لئے اپنا ہاتھ کھینچا، پس کاٹنے والے کا سامنے کا اوپر کا دانت ٹوٹ گیا، اس نے قصاص کا مطالبہ کیا، آپؐ نے فرمایا: "کیا وہ تیرے منہ میں اپنا ہاتھ دیئے رہتا کہ تو اس کو سانڈ کی طرح چپاتا رہتا؟!" وہ بچاؤ کے لئے ہاتھ تو کھینچے گا؟ اور آپؐ نے اس کا خون رائگاں کیا یعنی نہ قصاص واجب کیا نہ دیت۔

بَابُ الْمُحْرِمِ يَمُوْتُ بِعَرَفَةَ وَلَمْ يَأْمُرِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُؤَدَّى عَنْهُ بِقِيَّةُ الْحَجِّ

محرم کا عرفہ میں انتقال ہوا اور نبی ﷺ نے اس کی طرف سے باقی حج کرنے کا حکم نہیں دیا

کسی کا حج میں وقوف عرفہ کے دوران یا اس کے بعد انتقال ہو گیا تو اس کا حج پورا ہو گیا، پس اس کی طرف سے حج بدل ضروری نہیں، اور وقوفِ عرفہ سے پہلے انتقال ہو جائے اور وہ مالدار ہو تو حج بدل کرانا ضروری ہے۔ حجۃ الوداع میں ایک صحابی وقوفِ عرفہ کے دوران اونٹ پر سے گر کر مر گئے، نبی ﷺ نے ان کے ورثاء کو ان کی طرف سے حج کرنے کا حکم نہیں دیا، معلوم ہوا کہ جو وقوفِ عرفہ کے دوران یا اس کے بعد مرا اس کا حج ہو گیا، اس کی طرف سے حج بدل کرانا ضروری نہیں۔

[٢٠-] بَابُ الْمُحْرِمِ يَمُوْتُ بِعَرَفَةَ وَلَمْ يَأْمُرِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُؤَدَّى عَنْهُ بِقِيَّةُ الْحَجِّ

[١٨٤٩-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بَيْنَا رَجُلٌ وَاقِفٌ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَفَةَ، إِذْ وَقَعَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، فَوَقَصَتْهُ أَوْ قَالَ: فَأَقْعَصَتْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفِّنُوْهُ فِي ثَوْبَيْنِ" أَوْ قَالَ: " فِي ثَوْبَيْهِ، وَلاَ تُخَمِّرُوْا رَأْسَهُ، وَلاَ تُحَنِّطُوْهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُلَبِّيْ"

[١٨٥٠-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ وَاقِفٌ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَفَةَ، إِذْ وَقَعَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، فَوَقَصَتْهُ أَوْ قَالَ: فَأَوْقَصَتْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفِّنُوْهُ فِي ثَوْبَيْنِ، وَلاَ تَمَسُّوْهُ طِيْبًا، وَلاَ تُخَمِّرُوْا رَأْسَهُ، وَلاَ تُحَنِّطُوْهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا"

حوالہ: یہ حدیث کتاب الجنائز باب ۲۰ و ۲۱ میں گذری ہے۔

بَابُ سُنَّةِ الْمُحْرِمِ إِذَا مَاتَ

حالت احرام میں کسی کا انتقال ہو جائے تو اس کی تجہیز و تکفین کیسے کی جائے؟

امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ محرم کا کفن غیر محرم کے کفن سے جداگانہ ہونا چاہئے، ان کے نزدیک مرنے کے

بعد بھی احرام باقی رہتا ہے، چھوٹے دواماموں کی بھی یہی رائے ہے۔اور بڑے دواماموں کے نزدیک احرام ختم ہوجاتا ہے، پس عام اموات کی طرح اس کی تجہیز وتکفین کی جائے گی۔تفصیل کتاب الجنائز باب ۲۱ میں گذر چکی ہے۔

[۲۱-] بَابُ سُنَّةِ الْمُحْرِمِ إِذَا مَاتَ

[۱۸۵۱-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا هُشَيْمٌ، أَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَجُلاً كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَوَقَصَتْهُ نَاقَتُهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَمَاتَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفِّنُوْهُ فِي ثَوْبَيْهِ، وَلاَ تَمَسُّوْهُ بِطِيْبٍ، وَلاَ تُخَمِّرُوْا رَأْسَهُ، فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا"

بَابُ الْحَجِّ وَالنَّذْرِ عَنِ الْمَيِّتِ، وَالرَّجُلُ يَحُجُّ عَنِ الْمَرْأَةِ

میت کی منت پوری کرنا اور اس کی طرف سے حج کرنا، اور آدمی عورت کا حج بدل کرسکتا ہے

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: کسی شخص نے کوئی نذر مانی، ابھی نذر پوری نہیں کی تھی کہ اس کا انتقال ہوگیا، یا حج فرض تھا اور حج کرنے سے پہلے انتقال ہوگیا تو کیا میت کے ورثاء پر نذر پوری کرنا اور حج بدل کرنا ضروری ہے؟ شوافع کے نزدیک ضروری ہے اور احناف کے نزدیک ضروری نہیں، اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ منت اور حج بندوں کے قرضوں کے مانند ہیں یا بحکم وصیت ہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بندوں کے قرضوں کے مانند ہیں پس تجہیز وتکفین کے بعد جمیع ترکہ سے منت پوری کرنا اور حج بدل کرانا ضروری ہے، اور احناف کے نزدیک بحکم وصیت ہے، لہٰذا اگر میت نے وصیت کی ہے تو تہائی ترکہ سے منت پوری کرنا اور حج بدل کرانا ضروری ہے اور وصیت نہیں کی تو ورثاء کے ذمہ کچھ واجب نہیں۔

دوسرا مسئلہ: عورت کی طرف سے مرد حج بدل کرسکتا ہے، یہ مسئلہ حدیث میں صراحۃً نہیں، حدیث سے مستنبط کیا ہے۔

حدیث: قبیلہ جہینہ کی ایک عورت نے نبی ﷺ سے پوچھا: میری ماں نے حج کی منت مانی تھی اور ابھی منت پوری نہیں کی تھی کہ ان کا انتقال ہوگیا، پس کیا میں اپنی ماں کی طرف سے حج کرسکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: کرسکتی ہو، پھر آپؐ نے پوچھا: بتا! اگر تیری ماں پر کسی کا قرض ہوتا تو تو اس قرض کو ادا کرتی یا نہیں؟ اس نے عرض کیا: کرتی، آپؐ نے فرمایا: نذر اللہ کا قرض ہے، پس اس کو ادا کر، اللہ کا قرض اس کا زیادہ حق دار ہے کہ اس کو ادا کیا جائے۔

تشریح:

۱- امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے اللہ کے قرض کو بندوں کے قرض کے مانند قرار دیا ہے اور بندوں کا

قرض جمیع ترکہ سے ادا کرنا ضروری ہے، بس نذر اور حج بدل بھی جمیع ترکہ سے ادا کرنے ضروری ہیں۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ نے رضا کارانہ نذر پوری کرنے کا حکم دیا ہے، ترکہ میں سے نذر پوری کرنے کا حکم نہیں دیا، پس دو چیزیں الگ الگ ہیں: ایک: میت کے ترکہ میں سے فرض ادا کرنا، دوم: رضا کارانہ فرض ادا کرنا، بندوں کے قرضوں میں بھی یہ دونوں باتیں ہوتی ہیں، ایک شخص مرگیا اس کے ذمہ قرض ہے اور اس نے ترکہ نہیں چھوڑا تو قرض خواہوں کو ورثہ سے مطالبہ کا حق نہیں، ترکہ میں سے تو مطالبہ کا حق ہے لیکن اگر میت نے ترکہ نہیں چھوڑا تو ورثہ سے مطالبہ کا حق نہیں، نہ ورثا پر قرض ادا کرنا ضروری ہے، مگر بیٹا رضا کارانہ باپ کا قرض ادا کرتا ہے، مروت وانسانیت کا بھی یہی تقاضہ ہے اور یہی دنیا کا دستور ہے، آنحضور ﷺ نے یہی بات فرمائی ہے کہ ماں کی نذر پوری کرنی چاہئے اور اس کی طرف سے حج کرنا چاہئے، اگرچہ ضروری نہیں، جیسے ماں پر قرض ہوتا تو بیٹی قرض ادا کرتی، پس اللہ کا قرض بھی ادا کرنا چاہئے۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے ان باتوں میں فرق نہیں کیا۔

۲- جب ماں کی طرف سے بیٹی یعنی عورت کی طرف سے عورت حج کرسکتی ہے تو مرد تو عورت سے دوگنا ہے، وہ بدرجہ اولیٰ حج کرسکتا ہے، مرد کی طرف سے عورت حج کرے تو اشکال ہوسکتا ہے کیونکہ عورت مرد سے آدھی ہے مگر عورت کی طرف سے مرد کا حج کرنا اجلی بدیہیات سے ہے، اس طرح حدیث سے استدلال کیا ہے۔

[۲۲-] بَابُ الْحَجِّ وَالنَّذْرِ عَنِ الْمَيِّتِ، وَالرَّجُلُ يَحُجُّ عَنِ الْمَرْأَةِ

[۱۸۵۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِى بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ امْرَأَةً مِنْ جُهَيْنَةَ جَاءَ تْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: إِنَّ أُمِّي نَذَرَتْ أَنْ تَحُجَّ فَلَمْ تَحُجَّ حَتَّى مَاتَتْ، أَفَأَحُجُّ عَنْهَا؟ قَالَ: حُجِّي عَنْهَا، أَرَأَيْتِ لَوْ كَانَ عَلَى أُمِّكِ دَيْنٌ، أَكُنْتِ قَاضِيَةً؟ اقْضُوْا اللّٰهَ، فَاللّٰهُ أَحَقُّ بِالْوَفَاءِ" [انظر: ۶۶۹۹، ۷۳۱۵]

بَابُ الْحَجِّ عَمَّنْ لَايَسْتَطِيْعُ الثُّبُوْتَ عَلَى الرَّاحِلَةِ

جو اونٹ پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا، اس کی طرف سے حج کرنا

ایسا معذور جو خود حج نہیں کرسکتا: اس کی طرف سے حج بدل ہوسکتا ہے یا نہیں؟ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: زندگی میں حج بدل نہیں ہوسکتا، اور ایسے معذور پر حج بدل کی وصیت کرنا ضروری ہے اور وصیت تہائی ترکہ سے نافذ ہوگی، دیگر فقہاء کے نزدیک ایسے عذر میں جو موت تک زائل نہ ہونے والا ہو حج بدل ہوسکتا ہے، پس جو شخص بڑھاپے کی وجہ سے یا لنگڑا لولا، اندھا اور اپاہج ہونے کی وجہ سے خود حج نہیں کرسکتا تو اس کا حج بدل کرنا جائز ہے، اور باب کی حدیث جمہور کی دلیل ہے، قبیلہ

خثعم کی ایک عورت نے پوچھا: یارسول اللہ! میرے باپ کو اللہ کے فریضۂ حج نے پالیا ہے اور وہ بہت بوڑھے ہیں، اونٹ پر بیٹھنے کی سکت نہیں رکھتے تو کیا میں ان کی طرف سے حج کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ان کی طرف سے حج کرو'' معلوم ہوا کہ زندگی میں حج بدل ہوسکتا ہے۔

[۲۳-] بَابُ الْحَجِّ عَمَّنْ لَايَسْتَطِيْعُ الثُّبُوْتَ عَلَى الرَّاحِلَةِ

[۱۸۵۳-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ:

[۱۸۵٤-] ح: وَثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، ثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ فَرِيْضَةَ اللّٰهِ عَلَى عِبَادِهِ فِي الحَجِّ أَدْرَكَتْ أَبِيْ شَيْخًا كَبِيْرًا، لَا يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَسْتَوِيَ عَلَى الرَّاحِلَةِ، فَهَلْ يَقْضِيْ عَنْهُ أَنْ أَحُجَّ عَنْهُ؟ قَالَ: '' نَعَمْ''[راجع: ۱۵۱۳]

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حجۃ الوداع میں قبیلہ خثعم کی ایک خاتون آئیں، پس انھوں نے پوچھا: یارسول اللہ! حج کے سلسلہ میں اللہ کے فریضہ (لازمی حکم) نے میرے ابا کو پایا ہے بہت بوڑھے ہونے کی حالت میں (اوراب) وہ اونٹ پر بیٹھنے کی طاقت نہیں رکھتے، پس کیا ان کا فریضہ ادا ہوجائے گا اگر میں ان کی طرف سے حج کروں؟ آپؐ نے جواب دیا: ہاں۔

بَابُ حَجِّ الْمَرْأَةِ عَنِ الرَّجُلِ

عورت: مرد کی طرف سے حج کرسکتی ہے

مرد کی طرف سے عورت حج بدل کرسکتی ہے، اور یہ باب قائم کرنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ کوئی خیال کرسکتا تھا کہ عورت مرد سے آدھی ہے، پس عورت مرد کا حج بدل نہیں کرسکتی، اس شبہ کو دور کیا کہ بیشک عورت مرد سے آدھی ہے مگر ہر جگہ آدھی نہیں، بعض مخصوص مسائل میں ﴿لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ﴾ کا قاعدہ ہے۔

[۲٤-] بَابُ حَجِّ الْمَرْأَةِ عَنِ الرَّجُلِ

[۱۸۵۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ الْفَضْلُ رَدِيْفَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ تِ امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمَ، فَجَعَلَ

الْفَضْلُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا وَتَنْظُرُ إِلَيْهِ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَصْرِفُ وَجْهَ الْفَضْلِ إِلَى الشِّقِّ الآخَرِ، فَقَالَتْ: إِنَّ فَرِيْضَةَ اللّٰهِ أَدْرَكَتْ أَبِيْ شَيْخًا كَبِيْرًا، لاَ يَثْبُتُ عَلَى الرَّاحِلَةِ، أَفَأَحُجُّ عَنْهُ؟ قَالَ: "نَعَمْ" وَذٰلِكَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ. [راجع: ۱۵۱۳]

بَابُ حَجِّ الصِّبْيَانِ

بچوں کا حج کرنا

بچے کا حج بالا جماع صحیح ہے، البتہ وہ فرض حج کے قائم مقام ہوگا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، اصحاب ظواہر کے نزدیک بچہ کا حج فرض حج کے قائم مقام ہوجائے گا، پس بالغ ہونے کے بعد اس پر دوبارہ حج کرنا ضروری نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا بھی اسی طرف رجحان ہے، اسی طرح غلام اور باندی کا حج بھی صحیح ہے اور وہ فرض حج کے قائم مقام ہوجائے گا، آزاد ہونے کے بعد ان پر دوبارہ حج کرنا ضروری نہیں، مگر چاروں ائمہ متفق ہیں کہ بچہ کا حج فرض حج کے قائم مقام نہیں ہوگا اسی طرح غلام باندی کا حج بھی فرض حج کے قائم مقام نہیں ہوگا، بالغ ہونے اور آزاد ہونے کے بعد بشرط استطاعت دوبارہ حج کرنا ہوگا، کیونکہ بچے اور غلام باندی پر حج فرض نہیں، پس ان کا حج نفلی حج ہوگا اور وہ فرض حج کے قائم مقام نہیں ہوگا۔

پھر اگر بچہ سمجھ دار ہے تو ارکانِ حج خود ادا کرے گا، اور اگر نا سمجھ ہے تو ولی یا سرپرست اس کی طرف سے ارکان ادا کرے گا، اور وہی نیت کرے گا، اور اس بچہ کو بھی احرام پہنانا اور عرفات میں لے جانا ضروری ہے، اور ثواب ولی اور سرپرست کو ملے گا۔

[۲۵-] بَابُ حَجِّ الصِّبْيَانِ

[۱۸۵۶-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ يَزِيْدَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: بَعَثَنِيْ أَوْ: قَدَّمَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الثَّقَلِ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ.

[۱۸۵۷-] حدثنا إِسْحَاقُ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا ابْنُ أَخِيْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: أَقْبَلْتُ وَقَدْ نَاهَزْتُ الْحُلُمَ، أَسِيْرُ عَلٰى أَتَانٍ لِيْ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمٌ يُصَلِّيْ بِمِنًى، حَتَّى سِرْتُ بَيْنَ يَدَيْ بَعْضِ الصَّفِّ الأَوَّلِ، ثُمَّ نَزَلْتُ عَنْهَا فَرَتَعَتْ، فَصَفَفْتُ مَعَ النَّاسِ وَرَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: بِمِنًى فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ. [راجع: ۷۶]

[۱۸۵۸-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: حُجَّ بِيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا ابْنُ سَبْعِ سِنِيْنَ.

[۱۸۵۹-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، أَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ

عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، يَقُوْلُ لِلسَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، وَكَانَ السَّائِبُ قَدْ حُجَّ بِهِ فِى ثَقَلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٦٧١٢، ٧٣٣٠]

وضاحت: آنحضور ﷺ نے حجۃ الوداع میں خاندان کے بوڑھوں، بچوں اور عورتوں کو مزدلفہ سے رات ہی میں منیٰ بھیج دیا تھا، ان میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بھی تھے، وہ اس وقت بچے تھے، اور نبی ﷺ نے ان کو بالغ ہونے کے بعد دوبارہ حج کرنے کی ہدایت نہیں دی۔ معلوم ہوا کہ بچہ کا حج کافی ہے۔

لغات: الثَّقَل: بوجھ، مسافر کا سامان .... جَمعٌ: مزدلفہ .... **قوله: ناهزتُ الحُلُم:** میں بالغ ہونے کے قریب تھا .... أَتان: گدھی .... فَرَتَعَتْ: گدھی چرتی رہی، رَتَعَ (ف) رَتْعاً ورُتُوًّا المكان: فراخی کے ساتھ کھانا پینا .... **قوله: حُجَّ بِي:** میرے ساتھ حج کیا گیا، یعنی حجۃ الوداع میں میرے ابا مجھے ساتھ لے گئے، اس وقت ان کی عمر سات سال کی تھی اور ان کو بھی نبی ﷺ نے دوبارہ حج کرنے کی ہدایت نہیں دی .... **قوله: يقول للسائب:** عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ سائب بن یزید رحمہ اللہ سے پوچھ رہے ہیں، سوال وجواب یہاں محذوف ہیں، آگے (حدیث ۶۷۱۲) آرہے ہیں، مُدّ کے بارے میں پوچھا تھا .... **قد حُجَّ به فى ثقل النبى:** نبی ﷺ نے سائب کو بھی مزدلفہ کی رات میں سامان کے ساتھ منیٰ بھیج دیا تھا۔

بَابُ حَجِّ النِّسَاءِ

عورتوں کا حج کرنا

عورت محرم کے بغیر قابل اعتماد مردوں یا عورتوں کے ساتھ حج کرسکتی ہے یا نہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی بات صاف نہیں کہی، مختلف روایتیں جمع کی ہیں، اور امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اگر راستہ پُرامن ہے، کوئی خطرہ نہیں تو عورت محرم کے بغیر قابلِ اعتماد عورتوں اور مردوں کے قافلہ میں سفر کرسکتی ہے۔ اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک محرم شرط ہے، عورت حج کا سفر شوہر یا محرم کے بغیر نہیں کرسکتی، کیونکہ حج کا سفر لمبا ہے، مہینہ بھر اس میں لگتا ہے اور بیماری تندرستی ساتھ لگی ہوئی ہے، اور بہت سی جگہوں میں عورت کو مرد کے تعاون کی ضرورت پڑتی ہے، پس اگر شوہر یا محرم ساتھ نہیں ہوگا تو عورت کا کیا بنے گا؟

[٢٦-] بَابُ حَجِّ النِّسَاءِ

[١٨٦٠-] وَقَالَ لِىْ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَذِنَ عُمَرُ لِأَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِى آخِرِ حَجَّةٍ حَجَّهَا، فَبَعَثَ مَعَهُنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ.

[۱۸۶۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ عَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا عَائِشَةُ بِنْتُ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَلاَ نَغْزُوْ أَوْ: نُجَاهِدُ مَعَكُمْ؟ فَقَالَ: "لَكُنَّ أَحْسَنُ الْجِهَادِ وَأَجْمَلُهُ الْحَجُّ: حَجٌّ مَبْرُوْرٌ" فَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَلاَ أَدَعُ الْحَجَّ بَعْدَ إِذْ سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم .[راجع: ۱۵۲۰]

وضاحت: آنحضور ﷺ کے بعد ازواج مطہرات حج اور عمرہ کریں یا نہ کریں؟ اس سلسلہ میں پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شرح صدر نہیں تھا، چنانچہ وہ ازواج مطہرات کو حج اور عمرہ کی اجازت نہیں دیتے تھے، اور شرح صدر نہ ہونے کی وجہ یہ تھی کہ قرآنِ کریم میں خاص ازواج مطہرات کے بارے میں ہے: ﴿وَقَرْنَ فِي بُيُوْتِكُنَّ﴾: تم اپنے گھروں میں قرار سے رہو (الاحزاب ۳۳) اور نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "کسی بھی عورت کے لئے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر یقین رکھتی ہے شوہر یا محرم کے بغیر تین دن کا سفر جائز نہیں"

پھر بعد میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شرح صدر ہو گیا اور انھوں نے ازواج مطہرات کو حج کی اجازت دیدی اور اس کے لئے باقاعدہ سرکاری انتظام کیا اور حضرت عثمان غنی اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کو ان کے ساتھ حج میں بھیجا اور سب ازواج مطہرات نے حج کیا، صرف حضرت سودہ اور حضرت زینب رضی اللہ عنہما نے حج نہیں کیا، انھوں نے کہا: نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں ازواج مطہرات سے فرمایا تھا: "بس یہ تمہارا آخری حج ہے اس کے بعد چٹائیوں پر بیٹھ جانا" یعنی گھر سے نہ نکلنا (رواہ ابوداؤد: حاشیہ)

مگر دیگر ازواج خاص طور پر صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا کہ قرآن وحدیث میں جہاد کے بڑے فضائل آئے ہیں، پس کیا ہم مردوں کے ساتھ جہاد نہ کریں؟ آپؐ نے فرمایا: "تمہارے لئے بہترین جہاد حج مبرور ہے" آپؐ نے "اپنی حیات" کی کوئی قید نہیں لگائی بلکہ مطلق عورتوں کے لئے حج مبرور کو افضل جہاد قرار دیا ہے، اس لئے سب ازواج مطہرات حج بھی کرتی تھیں اور عمرہ بھی۔

اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے ازواج مطہرات کو حضرت عثمان اور حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما کے ساتھ جو حج میں بھیجا ہے اس میں کچھ حرج نہیں، کیونکہ وہ امہات المؤمنین ہیں یعنی آنحضور ﷺ کے بعد ازواج سے ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہے، پس دونوں حضرات گویا محرم ہیں، اور وہ افضل الناس تھے، اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو ازواج مطہرات کے ساتھ حج میں بھیجا۔

[۱۸۶۲-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لاَ تُسَافِرُ الْمَرْأَةُ إِلاَّ مَعَ ذِيْ مَحْرَمٍ، وَلاَ يَدْخُلُ عَلَيْهَا

رَجُلٌ إِلَّا وَمَعَهَا مَحْرَمٌ" فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنِّيْ أُرِيْدُ أَنْ أَخْرُجَ فِي جَيْشِ كَذَا وَكَذَا، وَامْرَأَتِيْ تُرِيْدُ الْحَجَّ، فَقَالَ: "اخْرُجْ مَعَهَا"[انظر: ۳۰۰۶، ۳۰۶۱، ۵۲۳۳]

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عورت سفر نہ کرے مگر ذی رحم محرم کے ساتھ، اور عورت کے پاس کوئی شخص نہ آئے مگر یہ کہ عورت کے پاس کوئی محرم ہو یعنی شوہر یا محرم کی عدم موجودگی میں اجنبی عورت سے تنہائی میں ملنا جائز نہیں، پس ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا فلاں غزوہ میں نکلنے کا ارادہ ہے اور میری بیوی حج کے لئے جانا چاہتی ہے (اور کوئی محرم ساتھ جانے والا نہیں) آپؐ نے فرمایا: تم اس کے ساتھ جاؤ، معلوم ہوا کہ عورت کے لئے محرم کے بغیر حج کا سفر کرنا جائز نہیں۔

تشریح: عورت پر حج کی فرضیت کے لئے استطاعت بدنی اور مالی کے ساتھ محرم شرط ہے یا نہیں؟ احناف کا مذہب یہ ہے کہ استطاعت بدنی و مالی سے نفس وجوب آتا ہے اور حج ادا کرنا اس وقت واجب ہوتا ہے جب کوئی محرم ساتھ لے جانے والا ہو یا عورت کے پاس دو آدمیوں کا خرچہ ہوتا کہ محرم کو خرچ دے کر ساتھ لے جائے، اور اگر عورت کے پاس اتنا مال نہیں اور مفت ساتھ لے جانے والا کوئی محرم میسر نہیں تو اس پر بوقت موت حج بدل کی وصیت کرنا فرض ہے، کیونکہ نفسِ وجوب اس پر آچکا ہے، پس تہائی ترکہ سے جہاں سے بھی حج ہوسکتا ہو ورثاء حج بدل کرائیں گے، وطن سے حج کرانا ضروری نہیں، پس احناف کے نزدیک محرم ﴿مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلًا﴾ میں داخل نہیں۔

[۱۸۶۳-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: ثَنَا حَبِيْبُ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا رَجَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ حَجَّتِهِ، قَالَ لِأُمِّ سِنَانٍ الْأَنْصَارِيَّةِ: "مَا مَنَعَكِ مِنَ الْحَجِّ؟" قَالَتْ: أَبُوْ فُلَانٍ، تَعْنِيْ زَوْجَهَا وَكَانَ لَنَا نَاضِحَانِ حَجَّ عَلَى أَحَدِهِمَا، وَالْآخَرُ يَسْقِيْ أَرْضًا لَنَا، قَالَ: "فَإِنَّ عُمْرَةً فِي رَمَضَانَ تَقْضِيْ حَجَّةً أَوْ: حَجَّةً مَعِيْ" رَوَاهُ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۱۷۸۲]

وضاحت: یہ حدیث گذر چکی ہے، اس میں آپؐ کا یہ ارشاد ہے کہ رمضان میں عمرہ کرلینا حج کا، یا فرمایا: میرے ساتھ حج کا ثواب مل جائے گا۔ اس حدیث میں نبی ﷺ نے صرف عمرہ کرنے کی بات فرمائی ہے، شوہر یا محرم کے ساتھ جانے کی بات نہیں فرمائی، اور عمرہ چھوٹا حج ہے پس ثابت ہوا کہ عورت شوہر اور محرم کے بغیر حج اور عمرہ کرسکتی ہے۔ مزید تفصیل أبواب العمرة باب ۴ میں ہے۔

[۱۸۶۴-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ قَزَعَةَ مَوْلَى زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ، وَقَدْ غَزَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثِنْتَيْ عَشْرَةَ غَزْوَةً، قَالَ: أَرْبَعٌ سَمِعْتُهُنَّ

مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، أَوْ قَالَ: يُحَدِّثُهُنَّ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَأَعْجَبْنِي وَآنَقْنَنِي:" أَنْ لَا تُسَافِرَ امْرَأَةٌ مَسِيْرَةَ يَوْمَيْنِ لَيْسَ مَعَهَا زَوْجُهَا أَوْ ذُوْ مَحْرَمٍ، وَلَا صَوْمَ يَوْمَيْنِ: الْفِطْرِ وَالْأَضْحَى، وَلَا صَلَاةَ بَعْدَ صَلَاتَيْنِ: بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَلَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِي، وَمَسْجِدِ الْأَقْصَى"[راجع: ۵۸۶]

حوالہ: یہ حدیث پہلے گذری ہے (تحفۃ القاری ۳:۵۱۷) اور یہاں أن لاتسافر امرأة سے استدلال ہے، اور یہ حدیث عام ہے پس عورت کے لئے شوہر یا محرم کے بغیر کوئی سفر جائز نہیں خواہ حج کا سفر ہو یا عام سفر ہو۔

بَابُ مَنْ نَذَرَ الْمَشْيَ إِلَى الْكَعْبَةِ

جس نے کعبہ تک پیدل جانے کی منت مانی

اگر کوئی شخص کعبہ شریف تک چلنے کی نذر مانے تو اس پر بالاجماع حج یا عمرہ واجب ہے پھر اگر وہ جزیرۃ العرب میں کہیں قریب رہتا ہے تو پیدل حج یا عمرہ کرنا بھی واجب ہے کیونکہ اس کے لئے پیدل حج یا عمرہ کرنا ممکن ہے اور اس کی جنس سے طاعت واجبہ ہے[1] طوافِ زیارت پیدل کرنا واجب ہے اور اگر پیدل جانا مشکل ہو، جیسے بوڑھے شخص کا یا عورت کا یا دور دراز ممالک کے باشندوں کا پیدل حج یا عمرہ کرنا مشکل ہے تو وہ سوار ہو کر حج وعمرہ کریں اور ہدی ذبح کریں اور اس کی استطاعت نہ ہو تو تین روزے رکھیں (تحفۃ الالمعی ۴:۴۷۰)

[۲۷-] بَابُ مَنْ نَذَرَ الْمَشْيَ إِلَى الْكَعْبَةِ

[۱۸۶۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، أَنَا الْفَزَارِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، قَالَ: حَدَّثَنِي ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم رَأَى شَيْخًا يُهَادَى بَيْنَ ابْنَيْهِ، قَالَ:" مَا بَالُ هٰذَا؟" قَالُوْا: نَذَرَ أَنْ يَمْشِيَ، قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ عَنْ تَعْذِيْبِ هٰذَا نَفْسَهُ لَغَنِيٌّ" وَأَمَرَهُ أَنْ يَرْكَبَ. [انظر: ۶۷۰۱]

ترجمہ: نبی ﷺ نے ایک بوڑھے شخص کو دیکھا جو اپنے دو بیٹوں کے درمیان ان کے سہارے چل رہا تھا، آپؐ نے پوچھا: اس کا کیا معاملہ ہے؟ یعنی اس طرح کیوں چل رہا ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ اس نے پیدل چلنے کی منت مانی ہے، آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اس سے بے نیاز ہیں کہ یہ شخص خود کو سزا دے!'' اور آپؐ نے اس کو سوار ہو کر جانے کا حکم دیا۔

(۱) اس منت کو پورا کرنا ضروری ہے، جس کے قبیل سے کوئی واجب عبادت ہو اور وہ منت جس کے قبیل سے کوئی واجب عبادت نہ ہو مثلاً کسی مباح کام کی منت مانی تو اس کو پورا کرنا ضروری نہیں، اور کسی گناہ کے کام کی منت مانی تو اس کا وفا جائز نہیں۔
(تحفۃ الالمعی ۴:۴۵۵)

[۱۸۶۶-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، أَنَّ يَزِيْدَ بْنَ أَبِيْ حَبِيْبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا الْخَيْرِ حَدَّثَهُ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: نَذَرَتْ أُخْتِيْ أَنْ تَمْشِيَ إِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ، وَأَمَرَتْنِيْ أَنْ أَسْتَفْتِيَ لَهَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَاسْتَفْتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ صلى الله عليه وسلم: " لِتَمْشِ وَلْتَرْكَبْ" قَالَ: وَكَانَ أَبُوْ الْخَيْرِ لَايُفَارِقُ عُقْبَةَ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَيُّوْبَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِيْ الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ.

ترجمہ: حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میری بہن نے بیت اللہ تک چلنے کی منت مانی (پھر جب ان کو اس میں دشواری محسوس ہوئی تو) مجھے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھنے کا حکم دیا، میں نے آپؐ سے مسئلہ پوچھا (اور طبرانی کی روایت میں ہے کہ میری بہن ضعیف تھی، کعبہ شریف تک پیدل جانے میں ان کے لئے دشواری تھی) پس آپؐ نے فرمایا: ''چاہئے کہ وہ چلے اور چاہئے کہ وہ سوار ہو'' یعنی جہاں تک ممکن ہو چلے، پھر سوار ہو یا اس کو اختیار ہے چل کر جائے یا سوار ہو کر جائے، مگر سوار ہونے کی صورت میں ہدی ورنہ تین روزے رکھنے ہونگے۔

قوله: وكان أبو الخير: اور ابوالخیر: حضرت عقبہؓ سے جدا نہیں ہوتے تھے، یعنی ہمیشہ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہتے تھے، ابوالخیر کی عقبہؓ سے سماعت کی صراحت کے لئے یہ بات بیان کی ہے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَضَائِلُ الْمَدِيْنَةِ

مدینہ منورہ کے فضائل

جو حج کرنے جاتا ہے وہ حج سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ بھی جاتا ہے، اس مناسبت سے کتاب الحج کے آخر میں مدینہ منورہ کے فضائل کی حدیثیں لائے ہیں۔

بَابُ حَرَمِ الْمَدِيْنَةِ

مدینہ شریف کا حرم

جس طرح کعبہ کا حرم ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ عز وجل کے حکم سے مقرر کیا ہے اسی طرح مدینہ منورہ کا بھی حرم (محترم ایریا) ہے اور وہ نبی ﷺ نے مقرر کیا ہے اور اللہ ہی کی طرف سے مقرر کیا ہے: گفتۂ او گفتۂ اللہ بود ÷ گرچہ از حلقوم عبداللہ بود ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَى، إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى﴾

مگر دونوں حرموں کے احکام میں فرق ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مکہ مکرمہ کا حرم اللہ کے گھر کا صحن ہے، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس کا اعلان کیا ہے، اور مدینہ منورہ کا حرم نبی ﷺ کے شہر کی پذیرائی ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کو منظوری دی ہے، اس لئے دونوں کے احکام میں فرق ہے۔

حرم مکی کے احکام آپ جانتے ہیں: وہاں نہ شکار مار سکتے ہیں، نہ شکار بھگا سکتے ہیں، نہ جنگلی درخت اور خودرو گھاس کاٹ سکتے ہیں، نہ درختوں کے پتے جھاڑ سکتے ہیں حتی کہ درختوں کے کانٹے توڑنے کی بھی اجازت نہیں، اور مدینہ منورہ کے حرم کے یہ سب احکام نہیں، چنانچہ حدیث شریف میں جانوروں کے چارہ کے لئے وہاں کے درختوں کے پتے جھاڑنے کی اجازت دی گئی ہے (مشکوۃ حدیث ۲۷۳۲) معلوم ہوا کہ حرم مدنی کے احکام بعینہ حرم مکی کے احکام نہیں، البتہ عظمت واحترام میں مدینہ منورہ کا حرم مکہ معظّمہ کے حرم کی طرح ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۹- فَضَائِلُ الْمَدِیْنَةِ

[۱-] بَابُ حَرَمِ الْمَدِیْنَةِ

[۱۸۶۷-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا ثَابِتُ بْنُ یَزِیْدَ، ثَنَا عَاصِمٌ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:'' الْمَدِیْنَةُ حَرَمٌ مِنْ كَذَا إِلٰی كَذَا، لَا یُقْطَعُ شَجَرُهَا، وَلَا یُحْدَثُ فِیْهَا حَدَثٌ، مَنْ أَحْدَثَ فِیْهَا حَدَثًا فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِیْنَ''[انظر: ۷۳۰۶]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا:'' مدینہ کا حرم یہاں سے یہاں تک ہے، یعنی جبل عیر سے جبل ثور تک ہے، اس کا درخت نہ کاٹا جائے، اس میں کوئی بدعت (گمراہی) پیدا نہ کی جائے، جو مدینہ کے حرم میں گمراہی پیدا کرے اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہے''

تشریح:

۱- کذا وکذا اسم کنایہ ہیں اور مراد جبل عیر سے جبل ثور تک ہے، یہ مدینہ کے دو مشہور پہاڑ ہیں، ان کے درمیان کے درخت کاٹنے سے نبی ﷺ نے منع کیا، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حرم مدینہ کے درخت کاٹنا اور شکار مارنا وغیرہ جائز نہیں، مگر کوئی خلاف ورزی کرے تو جزاء واجب نہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک مدینہ کے حرم کے احکام مکہ کے حرم سے مختلف ہیں، وہاں کے درخت کاٹنا جائز ہے، چنانچہ خود نبی ﷺ نے جانوروں کے چارہ کے لئے وہاں کے پتوں کو جھاڑنے کی اجازت دی ہے (مشکوٰۃ حدیث ۲۷۳۲)

اور باب کی حدیث میں آنحضور ﷺ نے حرم مدینہ کے درخت کاٹنے سے جو منع کیا ہے اس کا مقصد مدینہ منورہ کو خوبصورت بنانا اور سرسبز وشاداب رکھنا ہے، آج کل حکومتیں اس پر بڑا خرچ کرتی ہیں، شہر کو خوبصورت بنانے کے لئے جگہ جگہ درخت لگاتی ہیں، ان کی نگرانی کرتی ہیں ان کو کاٹنے پر پابندی لگاتی ہیں، اور اس پر سزا مقرر کرتی ہیں، اسی طرح مدینہ منورہ کو خوبصورت بنانے کے لئے نبی ﷺ نے وہاں کے درختوں کو کاٹنے سے منع فرمایا ہے۔

۲- مکہ اور مدینہ قابل احترام شہر ہیں، پس جو کام حرم سے باہر حرام ہیں ان کی حرمت حرمین شریفین میں مزید مؤکد ہوجاتی ہے اس لئے نبی ﷺ نے حرم مدینہ میں خاص طور پر بدعت (گمراہی) سے احتراز کی ترغیب دی ہے، اور اس پر وعید سنائی ہے۔

[۱۸۶۸-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَبِیْ التَّیَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم الْمَدِیْنَةَ، وَأَمَرَ بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ:'' یَا بَنِیْ النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِیْ'' فَقَالُوْا: لَا نَطْلُبُ ثَمَنَهُ إِلَّا

إِلٰى اللّٰهِ، فَأَمَرَ بِقُبُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ فَنُبِشَتْ، ثُمَّ بِالْخَرِبِ فَسُوِّيَتْ، وَبِالنَّخْلِ فَقُطِعَ، فَصَفُّوْا النَّخْلَ قِبْلَةَ الْمَسْجِدِ. [راجع: ٢٣٤]

استدلال: اس حدیث سے استدلال یہ ہے کہ حرم مدینہ کے بھی صرف ان درختوں کو کاٹنے کی ممانعت ہے جو جنگلی ہیں، اور وہ درخت جو انسان اگاتے ہیں جیسے کھجور وغیرہ ان کو کاٹ سکتے ہیں، حرم مکی میں بھی ان کو کاٹ سکتے ہیں۔ تفصیل کتاب الصلوٰۃ (آداب المساجد) باب ۴۸ (تحفۃ القاری ۲:۲۶۶) میں ہے۔

[١٨٦٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "حُرِّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِيْنَةِ عَلٰى لِسَانِيْ" قَالَ: وَأَتَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَنِيْ حَارِثَةَ، فَقَالَ: "أَرَاكُمْ يَا بَنِيْ حَارِثَةَ قَدْ خَرَجْتُمْ مِنَ الْحَرَمِ" ثُمَّ الْتَفَتَ، فَقَالَ: "بَلْ أَنْتُمْ فِيْهِ" [انظر: ١٨٧٣]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: مدینہ کے دولابوں (سیاہ پتھروں والی زمین) کے درمیان جو جگہ ہے وہ میری معرفت حرم مقرر کی گئی ہے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور نبی ﷺ بنو حارثہ کے محلّہ میں گئے پس آپؐ نے فرمایا: "اے بنو حارثہ! میں سمجھتا ہوں کہ تم حرم سے نکل گئے ہو! پھر آپؐ نے موقع کا جائزہ لیا اور فرمایا: نہیں، تم حرم کے اندر ہو (ثابت ہوا کہ مکہ کی طرح مدینہ کا بھی حرم ہے)

[١٨٧٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: مَا عِنْدَنَا شَيْئٌ إِلَّا كِتَابُ اللّٰهِ، وَهٰذِهِ الصَّحِيْفَةُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "الْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ مَا بَيْنَ عَائِرٍ إِلٰى كَذَا، مَنْ أَحْدَثَ فِيْهَا حَدَثًا أَوْ آوَى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ" وَقَالَ: "ذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدَةٌ، فَمَنْ أَخْفَرَ مُسْلِمًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ، وَمَنْ تَوَلّٰى قَوْمًا بِغَيْرِ إِذْنِ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: عَدْلٌ: فِدَاءٌ. [راجع: ١١١]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمارے پاس صرف کتاب اللہ اور یہ صحیفہ نبوی ہے، اس میں تحریر تھا کہ مدینہ عائر پہاڑ سے یہاں تک (ثور پہاڑ تک) حرم ہے، جو شخص یہاں کوئی بدعت (گمراہی) پیدا کرے یا کسی بدعتی (گمراہ) کو پناہ نہ دے اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہے، اس کی نہ کوئی نفل عبادت مقبول ہے نہ فرض! اور آپؐ نے

فرمایا: مسلمانوں کی ذمہ داری ایک ہے پس جو شخص کسی مسلمان کی ذمہ داری میں رخنہ اندازی کرے یعنی امان دیئے ہوئے شخص کو قتل کردے اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور تمام انسانوں کی لعنت ہے، اس کی نہ کوئی نفل عبادت مقبول ہے نہ فرض! اور جو کسی قوم سے دوستی کرے اپنے آقاؤں کی اجازت کے بغیر تو اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہے اس کی نہ کوئی نفل عبادت مقبول ہے نہ فرض! امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عدل کے معنی ہیں: فدیہ، بدلہ۔

تشریح:

۱- شیعوں نے پروپیگنڈہ کیا تھا کہ نبی ﷺ نے خاندانِ نبوت (بنو ہاشم) کو خاص علوم دیئے ہیں اور ان کے پاس قرآن کا الگ نوشتہ بھی ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کی تردید کی کہ ہمارے پاس کوئی خاص تحریر نہیں، صرف یہ قرآن ہے جو ساری امت کے پاس ہے، ہاں اس کے علاوہ ایک تحریر ہے جس میں یہ مسائل ہیں (تحفۃ القاری ۱:۴۰۳)

۲- حاشیہ میں ہے کہ بخاری کے اکثر رواۃ عیر (الف کے بغیر) ذکر کرتے ہیں اور مسلم شریف (حدیث ۱۳۷) میں إلی ثور ہے، ثور نامی پہاڑ مکہ میں بھی ہے اور مدینہ میں بھی، جبل عیر سے جبل ثور تک مدینہ کا حرم ہے۔

۳- صَرف کے معنی ہیں: نفل عبادت، اور عدل کے معنی ہیں: فرض عبادت (حاشیہ) اور امام بخاریؒ نے عدل کے معنی بدلہ کے کئے ہیں۔

۴- مسلمانوں کی ذمہ داری ایک ہے یعنی اگر کوئی مسلمان خواہ مرد ہو یا عورت فوجی ہو یا غیر فوجی کسی کافر کو پناہ دیدے تو اس کافر کو قتل کرنا کسی کے لئے جائز نہیں، جو اس کو قتل کرے گا وہ مسلمان کی ذمہ داری میں رخنہ اندازی کرے گا، ایسا شخص ملعون ہے۔

۵- پہلے بتلایا ہے کہ جب غلام باندیوں کا دور تھا تو غلام باندی آزاد ہو کر چلے نہیں جاتے تھے، بلکہ آقا کے ساتھ رہتے تھے، اور وہ آقا کے خاندان کا فرد سمجھے جاتے تھے، ان کی شادی بیاہ اور دیگر ذمہ داریاں آقا پوری کرتا تھا، اس لئے آقا کی اجازت کے بغیر غلام کا کسی دوسرے قبیلہ اور خاندان سے تعلق قائم کرنا جائز نہیں، ایسا غلام ملعون ہے، آج کل لوگ فیملی پلاننگ کرتے ہیں تا کہ خاندان نہ بڑھے مگر دورِ اول میں ہر شخص اپنا قبیلہ اور خاندان بڑا کرنا چاہتا تھا، وہ جنگوں کا زمانہ تھا اس لئے ہر شخص اپنی تعداد اور طاقت بڑھانا چاہتا تھا، موالی اگر آقا کے ساتھ رہیں گے تو اس کے قبیلہ کی تعداد اور طاقت بڑھے گی، اور دوسرے کے ساتھ مل جائیں گے تو دوسرے قبیلہ کی طاقت بڑھے گی اور آقا کے قبیلہ کی طاقت گھٹے گی، اس لئے یہ حکم دیا ہے۔

بَابُ فَضْلِ الْمَدِيْنَةِ، وَأَنَّهَا تَنْفِي النَّاسَ

مدینہ کی فضیلت اور مدینہ لوگوں کی چھٹائی کرتا ہے

مدینہ منورہ کی فضیلت مختلف وجوہ سے ہے ان میں سے ایک وجہ یہ ہے کہ وہ لوگوں کی چھٹائی کرتا ہے، یہ ترجمہ تنقی

(بالقاف) کا ہے اور فاء کے ساتھ تنفی کے معنی ہیں: مدینہ برے لوگوں کو دور کرتا ہے، یعنی ایسے حالات پیدا ہوتے ہیں کہ وہ خود وہاں سے نکل جاتے ہیں، اس صورت میں الناس خاص ہوگا اور اول صورت میں عام۔

[۲-] بَابُ فَضْلِ الْمَدِيْنَةِ، وَأَنَّهَا تَنْفِى النَّاسَ

[۱۸۷۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْحُبَابِ سَعِيْدَ بْنَ يَسَارٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "أُمِرْتُ بِقَرْيَةٍ تَأْكُلُ الْقُرَى، يَقُوْلُوْنَ: يَثْرِبُ، وَهِيَ الْمَدِيْنَةُ، تَنْفِي النَّاسَ كَمَا يَنْفِي الْكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: میں حکم دیا گیا ایک ایسی بستی (کی طرف ہجرت کرنے) کا جو سب بستیوں کو کھا جائے گی (أی: أُمرت بالهجرة إلى قرية تَغْلِبُ القرى: مجھے ایسی بستی کی طرف ہجرت کرنے کا حکم دیا گیا جو جزیرۃ العرب کی تمام بستیوں پر غالب آجائے گی، یہ مدینہ منورہ کی پہلی فضیلت ہے) لوگ اس کو یثرب (برا، بیماری کا گڑھ) کہتے ہیں حالانکہ وہ مدینہ (شہر) ہے (رسول اللہ ﷺ کا شہر ہے، وہ برا کیسے ہوسکتا ہے؟ یہ مدینہ کی دوسری فضیلت ہے) وہ (برے) لوگوں کو دور کرتا ہے جیسے بھٹی لوہے کے میل کو دور کرتی ہے (یہ مدینہ کی تیسری فضیلت ہے)

بَابٌ: الْمَدِيْنَةُ طَابَةٌ

مدینہ منورہ ستھرا شہر ہے

یہ فضلِ مدینہ کا ذیلی باب ہے، طیبہ اور طابہ مترادف ہیں، مدینہ کے ساتھ الرسول لگاؤ تو الگ فضیلت نکلے گی، اور المنورۃ لگاؤ تو الگ فضیلت نکلے گی، اور الطیبة لگاؤ تو الگ فضیلت نکلے گی اور طابہ کہو تو الگ فضیلت نکلے گی۔ علامہ شیرازی رحمہ اللہ نے کتاب المغانم المطابة فی معالم طابة میں مدینہ شریف کے ۶۵ نام لکھے ہیں اور وفاء الوفاء میں تقریباً تیس ناموں کا اضافہ کیا ہے، غرض مدینہ منورہ کے بہت سے نام ہیں ان میں سے ایک نام طابہ بھی ہے۔

[۳-] بَابٌ: الْمَدِيْنَةُ طَابَةٌ

[۱۸۷۲-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ، ثَنِي عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ: أَقْبَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم مِنْ تَبُوْكَ، حَتَّى أَشْرَفْنَا عَلَى الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ: "هٰذِهِ طَابَةٌ"[راجع: ۱۴۸۱]

ترجمہ: ابوحمیدؓ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ تبوک سے لوٹے، جب مدینہ نظر آنے لگا تو آپؐ نے فرمایا: "یہ طابہ

ہے" یعنی مدینہ منورہ کا ایک نیا نام رکھا۔

بَابُ لاَبتَيِ الْمَدِيْنَةِ

مدینہ کی دو جانبوں میں سیاہ پتھروں والی زمین

یہ بھی ذیلی باب ہے، نبی ﷺ نے مدینہ منورہ کے دولابوں کے درمیان جو جگہ ہے اس کو محترم قرار دیا ہے، یہ محترم قرار دینا بھی مدینہ منورہ کی فضیلت کی ایک وجہ ہے۔ اور اللَّابَة کے معنی ہیں: سیاہ پتھروں والی زمین، جمع لاَبَاتٌ۔

[٤-] بَابُ لاَبتَيِ الْمَدِيْنَةِ

[١٨٧٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَ نَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: لَوْ رَأَيْتُ الظِّبَاءَ بِالْمَدِيْنَةِ تَرْتَعُ مَا ذَعَرْتُهَا، قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا حَرَامٌ"[راجع: ١٨٦٩]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اگر میں ہرنوں کو دیکھوں کہ وہ مدینہ میں چر رہے ہیں یعنی شکار بدست ہے تو بھی میں ان کو خوف زدہ نہیں کروں گا، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "مدینہ کے دولابوں (سیاہ پتھروں والی زمین) کے درمیان کی جگہ محترم ہے"

بَابُ مَنْ رَغِبَ عَنِ الْمَدِيْنَةِ

مدینہ شریف سے اعراض کرنا

رغب کے صلہ میں جب عن آتا ہے تو اس کے معنی اعراض کرنے کے ہوتے ہیں۔ اس باب میں مدینہ منورہ سے اعراض کرنے پر وعید کا بیان ہے، پس یہ منفی پہلو سے فضل مدینہ کا ذیلی باب ہے۔

[٥-] بَابُ مَنْ رَغِبَ عَنِ الْمَدِيْنَةِ

[١٨٧٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" تَتْرُكُوْنَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى خَيْرِ مَا كَانَتْ، لاَيَغْشَاهَا إِلَّا الْعَوَافِيْ"، يُرِيْدُ عَوَافِيَ الطَّيْرِ وَالسِّبَاعِ "وَآخِرُ مَنْ يُحْشَرُ: رَاعِيَانِ مِنْ مُزَيْنَةَ، يُرِيْدَانِ الْمَدِيْنَةَ، يَنْعِقَانِ بِغَنَمِهِمَا، فَيَجِدَانِهَا وُحُوْشًا، حَتَّى إِذَا بَلَغَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ خَرَّا عَلَى وَجُوْهِهِمَا"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم لوگ مدینہ کو چھوڑ دو گے گذشتہ زمانہ سے بہتر حالت ہوتے ہوئے بھی'' یعنی مدینہ ترقی یافتہ شہر ہوگا، پھر بھی لوگ اس سے اعراض کریں گے اور دوسری جگہ منتقل ہوجائیں گے۔ ''نہیں چھائیں گے اس میں مگر عوافی'' مراد لے رہے ہیں آپؐ مردار خور درندوں اور پرندوں کو یعنی مدینہ اتنا اجڑ جائے گا کہ یہاں مردار خور درندوں اور پرندوں کا بسیرا ہوگا، لوگ برائے نام رہ جائیں گے۔ ''اور سب سے آخر میں جو جمع کیا جائے گا یعنی ہجرت کرکے آئے گا وہ قبیلۂ مزینہ کے دو چرواہے ہوں گے، وہ مدینہ کا ارادہ کریں گے یعنی ہجرت کرکے مدینہ آئیں گے، وہ اپنی بکریوں کو ہانک رہے ہونگے، پس وہ مدینہ کو جنگلی جانوروں سے بھرا ہوا پائیں گے یہاں تک کہ جب وہ ثنیۃ الوداع پر پہنچیں گے تو چہروں کے بل گر پڑیں گے'' یعنی مدینہ منورہ کی ویرانی اور وہاں درندوں کی حکمرانی دیکھ کر دونوں ہارٹ فیل ہوجائیں گے۔

لغات: لایغشاها: غَشِيَ غَشْيًا الأمرُ: ڈھانکنا، چھاجانا.........العوافی: عافیة کی جمع: طالب رزق درندے اور پرندے.........يَنْعَقَان: نَعَقَ (ف،ض) نَعْقًا وَنَعِيْقًا الراعی بغنمه: چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا یعنی ہانکنا.......... وحوش: وحش کی جمع: جنگلی جانور، مکانٌ وحشٌ: خالی جگہ۔

تشریح: قیامت سے پہلے ایک وقت ایسا آئے گا کہ مدینہ منورہ ویران ہوجائے گا، لوگ وہاں سے دوسری جگہ منتقل ہوجائیں گے اور مدینہ میں مردار خور درند و پرند کا راج ہوگا اور ہو کا عالم ہوگا، اس وقت مدینہ منورہ کا حال زمانۂ ماضی میں جو حال تھا اس سے کہیں بہتر ہوگا مگر دوسری جگہوں میں اسباب معیشت زیادہ ہونگے، اس لئے لوگ حصول معاش کی غرض سے دوسری جگہوں میں جا بسیں گے، اور مدینہ منورہ میں خال خال آدمی رہ جائیں گے اور سب سے آخر میں قبیلۂ مزینہ کے دو چرواہے اپنی بکریاں لے کر ہجرت کرکے مدینہ میں رہنے کے لئے آئیں گے مگر جب وہ ثنیۃ الوداع پر پہنچ کر مدینہ میں درند و پرند کا راج دیکھیں گے تو مارے گھبراہٹ کے ہارٹ فیل ہوجائیں گے، یہ جو لوگوں نے مدینہ منورہ سے اعراض کیا اور دوسری جگہ جا بسے یہ انھوں نے ٹھیک نہیں کیا، یہی منفی پہلو سے مدینہ منورہ کی فضیلت ہے۔

[۱۸۷۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِىْ زُهَيْرٍ، أَ نَّـهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِىْ قَوْمٌ، يَبِسُّوْنَ، فَيَتَحَمَّلُوْنَ بِأَهْلِيْهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ! وَتُفْتَحُ الشَّامُ فَيَأْتِىْ قَوْمٌ، يَبِسُّوْنَ، فَيَتَحَمَّلُوْنَ بِأَهْلِيْهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ! وَتُفْتَحُ الْعِرَاقُ، فَيَأْتِىْ قَوْمٌ، يَبِسُّوْنَ، فَيَتَحَمَّلُوْنَ بِأَهْلِيْهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ''

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: یمن فتح کیا جائے گا، پس ایک قوم (یمن سے) آئے گی، وہ اونٹوں کو ہانکیں گے اور

اپنے گھر والوں کو اور ماتحتوں کو یعنی متعلقین کو سوار کر کے لے جائیں گے حالانکہ مدینہ ان کے لئے بہتر ہوگا، اگر وہ سمجھیں! اور شام فتح کیا جائے گا پس کچھ لوگ (شام سے) آئیں گے، وہ سواریاں ہانکیں گے اور گھر والوں کو اور متعلقین کو لاد کر لے جائیں گے، درانحالیکہ مدینہ منورہ ان کے لئے بہتر ہوگا اگر وہ سمجھیں! اور عراق فتح کیا جائے گا پس کچھ لوگ (عراق سے) آئیں گے، وہ سواریاں ہانکیں گے اور گھر والوں کو اور متعلقین کو لاد کر لے جائیں گے حالانکہ مدینہ ان کے لئے بہتر ہوگا اگر وہ سمجھیں (بَسَّ (ن) بَسًّا: اونٹوں کو آہستہ ہانکنا)

تشریح: یہ واقعات پیش آچکے ہیں، آنحضور ﷺ کے بعد جب فتوحات ہوئیں اور شام وعراق فتح ہوئے تو کچھ لوگ مدینہ کو چھوڑ کر ان ملکوں میں جا بسے، نبی ﷺ نے فرمایا: ان کے لئے مدینہ بہتر تھا اگر وہ سمجھتے! یہی منفی پہلو سے مدینہ کی فضیلت ہے۔

اور یہ حدیث 'مدینہ سے اعراض' کے باب میں لاکر اس کا مصداق متعین کیا ہے، پس جو لوگ جہاد کے مقصد سے یا تجارت کے لئے یا کسی اور حاجت کے پیش نظر دوسری جگہ جا بسیں وہ اس حدیث کا مصداق نہیں۔ حافظ رحمہ اللہ نے لکھا ہے: **المرادُ به الخارجون عن المدينة رغبةً عنها، كارهين لها، وأما من خرج لحاجة أو تجارة أو جهاد أو نحو ذلك فليس بداخل في معنى الحديث** (فتح)

بَابٌ: الإِيْمَانُ يَأْرِزُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ

ایمان مدینہ کی طرف سمٹ آئے گا

یہ بھی ذیلی باب ہے، آنحضور ﷺ نے یہ پیشین گوئی فرمائی ہے کہ جیسے ایمان مدینہ منورہ سے نکل کر چار دانگ عالم پھیلا ہے، اسی طرح ایک وقت آئے گا کہ ایمان ساری دنیا سے سمٹ کر مدینہ میں آجائے گا، جیسے سانپ بل سے روزی کی تلاش میں نکلتا ہے اور دور تک چلا جاتا ہے پھر اپنے بل میں لوٹ آتا ہے، یعنی ایمان آخر تک مدینہ میں رہے گا، یہی مدینہ کی فضیلت ہے۔

[٦-] بَابٌ: الإِيْمَانُ يَأْرِزُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ

[١٨٧٦-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، ثَنِى عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ الإِيْمَانَ لَيَأْرِزُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، كَمَا تَأْرِزُ الْحَيَّةُ إِلَى جُحْرِهَا"

لغت: أَرَزَ (ن،ض،ف) أَرْزًا وَأُرُوْزًا: سمٹنا، سکڑنا۔

بَابُ إِثْمِ مَنْ كَادَ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ

اس شخص کا گناہ جو مدینہ والوں کے ساتھ چال چلے

کاد یکید کیداً کے معنی ہیں: چال چلنا، نقصان پہنچانے کی کوشش کرنا، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص مدینہ والوں کے ساتھ چال چلے گا وہ اس طرح پگھل جائے گا جس طرح پانی میں نمک پگھل جاتا ہے یعنی وہ شخص خود تباہ ہوجائے گا، یہ بھی مدینہ منورہ کی منفی پہلو سے فضیلت ہے۔

[۷-] بَابُ إِثْمِ مَنْ كَادَ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ

[۱۸۷۷-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، أَنَا الفَضْلُ، عَنْ جُعَيْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتَ سَعْدٍ، قَالَتْ: سَمِعْتُ سَعْدًا، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم، يَقُوْلُ:'' لَايَكِيْدُ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ أَحَدٌ إِلَّا انْمَاعَ، كَمَا يَنْمَاعُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ''

لغت: اِنْمَاع السَّمَنُ ونحوه: گھی وغیرہ کا پگھل جانا (مادہ مَيع)

بَابُ آطَامِ الْمَدِيْنَةِ

مدینہ منورہ کے قلعے

آطام: اُطُم کی جمع ہے: قلعے، قلعے بڑے شہروں میں ہوتے ہیں، گاؤں اور چھوٹی بستیوں میں قلعے نہیں ہوتے، مدینہ منورہ میں بھی متعدد قلعے تھے، معلوم ہوا کہ اسلام سے پہلے سے مدینہ منورہ ترقی یافتہ شہر تھا، یہ بھی مدینہ منورہ کی ایک فضیلت ہے۔

[۸-] بَابُ آطَامِ الْمَدِيْنَةِ

[۱۸۷۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أُسَامَةَ، قَالَ: أَشْرَفَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم عَلٰى أُطُمٍ مِنْ آطَامِ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ:'' هَلْ تَرَوْنَ مَا أَرَى؟ إِنِّي لَأَرَى مَوَاقِعَ الْفِتَنِ خِلَالَ بُيُوْتِكُمْ، كَمَوَاقِعِ الْقَطْرِ'' تَابَعَهُ مَعْمَرٌ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ. [انظر: ۲٤٦۷، ۳۵۹۷، ۷۰٦۰]

ترجمہ: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ مدینہ کے قلعوں میں سے کسی قلعے پر چڑھے (وہاں سے سارا مدینہ نظر آرہا تھا) آپؐ نے فرمایا: میں جو کچھ دیکھ رہا ہوں آپ لوگ اس کو دیکھ رہے ہو؟ (سوال متوجہ کرنے کے لئے ہے)

میں تمہارے گھروں میں فتنے برستے ہوئے دیکھ رہا ہوں جیسے بارش برستی ہے! (ہر بڑا شہر فتنوں کی آماجگاہ ہوتا ہے، اس میں بھی اشارہ ہے کہ مدینہ بڑا شہر تھا)

بَابٌ: لاَيَدْخُلُ الدَّجَّالُ الْمَدِيْنَةَ

دجال مدینہ منورہ میں داخل نہیں ہوگا

جب دجال نکلے گا تو پوری زمین کو اور ہر بستی کو روند ڈالے گا، سوائے مکہ اور مدینہ کے، ان دوشہروں میں فرشتے دجال کو داخل نہیں ہونے دیں گے، دجال کا فتنہ سنگین فتنہ ہے، مگر مکہ اور مدینہ کے لوگ اس سے محفوظ رہیں گے، یہ بھی مدینہ منورہ کی ایک فضیلت ہے۔

[۹-] بَابٌ: لاَيَدْخُلُ الدَّجَّالُ الْمَدِيْنَةَ

[۱۸۷۹-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِیْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِیْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لاَيَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ رُعْبُ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، لَهَا يَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ أَبْوَابٍ، عَلٰى كُلِّ بَابٍ مَلَكَانِ"[انظر: ۷۱۲۵، ۷۱۲۶]

[۱۸۸۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُجْمِرِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" عَلٰى أَنْقَابِ الْمَدِيْنَةِ مَلاَئِكَةٌ لاَ يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنَ وَلاَ الدَّجَّالُ"
[انظر: ۵۷۳۱، ۷۱۳۳]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مدینہ میں مسیح دجال کا رعب داخل نہیں ہوگا (اس وقت) مدینہ کے سات دروازے ہونگے یعنی مدینہ میں داخل ہونے کے سات راستے ہونگے، ہر دروازے پر دو فرشتے ہونگے (جو دجال کو مدینہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے)

تشریح:

۱- رُعب کے معنی ہیں: خوف، اردو میں بھی یہی لفظ استعمال ہوتا ہے، اہل مدینہ کو دجال کا خوف نہیں ہوگا، وہ مطمئن ہونگے، کیونکہ دجال مدینہ میں داخل نہیں ہو سکے گا۔

۲- مسیح: فعیل کا وزن ہے، مَسَحَ الشیئَ کے معنی ہیں: ہاتھ پھیرنا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی مسیح ہیں، اور دجال بھی، مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسیح بمعنی ماسح (ہاتھ پھیرنے والے) ہیں، آپ کے ہاتھ پھیرنے سے بیمار چنگے ہوجاتے تھے اور دجال مسیح بمعنی ممسوح (ہاتھ پھیرا ہوا) ہے، اس کی ایک آنکھ پیدائشی طور پر چوپٹ ہوگی، اس لئے

اس کا لقب مسیح ہوگا۔

حدیث (۲): أنقاب: نقب کی جمع ہے: سوراخ۔ نَقَبَ (ن) الحائط کے معنی ہیں: دیوار میں سوراخ کرنا، پہاڑ میں سوراخ کرکے جو سرنگ بناتے ہیں وہ بھی نقب ہے، اس کے لئے دوسرا لفظ نفخ ہے، آج کل یہی لفظ مستعمل ہے، اور مراد اس سے بھی راستے ہیں، مدینہ منورہ میں نہ طاعون (پلیگ) داخل ہوگا نہ دجال، مدینہ منورہ بحفاظت خداوندی ان دونوں آفتوں سے محفوظ رہے گا، دجال اُحد پہاڑ کے پیچھے تک پہنچے گا مگر مدینہ میں داخل نہیں ہوسکے گا۔

[۱۸۸۲-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِىَّ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثًا طَوِيْلاً عَنِ الدَّجَّالِ، فَكَانَ فِيْمَا حَدَّثَنَا بِهِ أَنْ قَالَ: " يَأْتِى الدَّجَّالُ - وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْهِ أَنْ يَدْخُلَ نِقَابَ الْمَدِيْنَةِ - يَنْزِلُ بَعْضَ السِّبَاخِ الَّتِىْ بِالْمَدِيْنَةِ، فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ يَوْمَئِذٍ رَجُلٌ هُوَ خَيْرُ النَّاسِ، أَوْ: مِنْ خَيْرِ النَّاسِ، فَيَقُوْلُ: أَشْهَدُ أَنَّكَ الدَّجَّالُ الَّذِىْ حَدَّثَنَا عَنْكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثَهُ، فَيَقُوْلُ الدَّجَّالُ: أَرَأَيْتَ إِنْ قَتَلْتُ هٰذَا ثُمَّ أَحْيَيْتُهُ، هَلْ تَشُكُّوْنَ فِى الْأَمْرِ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لاَ، فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يُحْيِيْهِ، فَيَقُوْلُ حِيْنَ يُحْيِيْهِ: وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ أَشَدَّ بَصِيْرَةً مِنِّى الْيَوْمَ، فَيَقُوْلُ الدَّجَّالُ: أَقْتُلُهُ؟ فَلاَ يُسَلَّطُ عَلَيْهِ"

[انظر: ۷۱۳۲]

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم سے نبی ﷺ نے دجال کے بارے میں ایک لمبی حدیث بیان فرمائی، اس حدیث میں یہ بھی تھا کہ آپؐ نے فرمایا: دجال آئے گا ــــ درانحالیکہ اس پر مدینہ منورہ کے راستوں میں داخل ہونا حرام کردیا گیا ہوگا ــــ وہ مدینہ کی ایک شورزمین میں اترے گا (أَرْضٌ سَبْخَةٌ: ایک قسم کی کھاری مٹی جو کپڑا دھونے کے کام آتی ہے، دھوبی اسے استعمال کرتے ہیں، اردو میں اس کو رِیہ کہتے ہیں) پس اس دن ایک شخص مدینہ سے نکل کر دجال کے پاس جائے گا وہ لوگوں میں سب سے بہتر ــــ یا فرمایا ــــ نیک لوگوں میں سے ہوگا، پس وہ کہے گا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تو وہی دجال ہے جس کا حال نبی ﷺ نے ہم سے بیان کیا ہے، پس دجال (اپنے چیلوں سے) کہے گا: بتاؤ، اگر میں اس کو قتل کروں پھر زندہ کروں، تو تمہیں میری خدائی میں شک رہے گا؟ وہ کہیں گے: نہیں، پس دجال اس شخص کو قتل کرے گا پھر زندہ کرے گا، پس وہ شخص کہے گا: خدا کی قسم! اب تو مجھے پہلے سے زیادہ یقین ہوگیا کہ تو ہی دجال ہے، پس دجال کہے گا: میں اس کو مار ڈالوں؟ مگر وہ اس پر قادر نہ ہوسکے گا۔

تشریح: دجال مدینہ منورہ میں داخل نہیں ہوسکے گا مگر احد پہاڑ کے قریب پہنچے گا، اس وقت ایک شخص مدینہ منورہ سے نکلے گا اور دجال کا مقابلہ کرے گا اور اس کے دعوی خدائی کی تکذیب کرے گا، دجال قتل کرکے اس کے دو ٹکڑے کردے گا پھر

آواز دے گا تو وہ شخص زندہ ہوجائے گا، وہ اب بھی اس کی تکذیب کرے گا، پس وہ دوبارہ اس کو قتل کرنا چاہے گا مگر قتل نہیں کرسکے گا۔

[۱۸۸۱-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا الْوَلِيْدُ، ثَنَا أَبُوْ عَمْرٍو، ثَنَا إِسْحَاقُ، ثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةَ، لَيْسَ لَهُ مِنْ نِقَابِهَا نَقْبٌ إِلَّا عَلَيْهِ الْمَلاَئِكَةُ صَافِّيْنَ يَحْرُسُوْنَهَا، ثُمَّ تَرْجُفُ الْمَدِيْنَةُ بِأَهْلِهَا ثَلاَثَ رَجَفَاتٍ، فَيُخْرِجُ اللّٰهُ كُلَّ كَافِرٍ وَمُنَافِقٍ"[انظر: ۷۱۲٤، ۷۱۳٤، ۷٤۷۳]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں ہے کوئی شہر مگر عنقریب اس کو روندے گا دجال، سوائے مکہ اور مدینہ کے، نہیں ہے اس کے راستوں میں سے کوئی راستہ مگر اس پر فرشتے قطار باندھے ہوئے پہرہ دے رہے ہونگے، پھر مدینہ اپنے باشندوں کے ساتھ تین مرتبہ جھٹکے لے گا، پس اللہ ہر کافر اور منافق کو مدینہ سے نکال دیں گے۔

قوله: ليس له من نقابها: له کی ضمیر دجال کی طرف اور ھا ضمیر مدینہ کی طرف راجع ہے اور دجال مکہ میں داخل ہونے کی کوشش کرے گا یا نہیں؟ اس سلسلہ میں روایات خاموش ہیں، اور جب دجال مدینہ سے باہر پڑاؤ ڈالے گا تو مدینہ میں وقفہ وقفہ سے تین جھٹکے آئیں گے جس کی وجہ سے مدینہ منورہ میں جو کفار وفساق اور منافق ہونگے وہ مدینہ سے نکل کر دجال کے ساتھ جاملیں گے، اور مدینہ میں اللہ کے نیک بندے ہی رہ جائیں گے۔

بَابٌ: الْمَدِيْنَةُ تَنْفِي الْخَبَثَ

مدینہ منورہ میل کو دور کرتا ہے

الخبَثَ کے معنی ہیں: گندگی، میل اور مراد بدمعاش لوگ ہیں، پہلے **تنفی الناس** آیا تھا، اُس باب کا اور اِس باب کا ایک ہی مطلب ہے، بس الفاظ بدل گئے ہیں، اور اتنا فرق نیا باب قائم کرنے کے لئے کافی ہے۔

[۱۰-] بَابٌ: الْمَدِيْنَةُ تَنْفِي الْخَبَثَ

[۱۸۸۳-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَبَايَعَهُ عَلَى الإِسْلاَمِ، فَجَاءَ مِنَ الْغَدِ مَحْمُوْمًا، فَقَالَ: أَقِلْنِيْ، فَأَبىٰ، ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ:" الْمَدِيْنَةُ كَالْكِيْرِ تَنْفِي خَبَثَهَا، وَتَنْصَعُ طَيِّبُهَا"

[انظر: ۷۲۰۹، ۷۲۱۱، ۷۲۱٦، ۷۳۲۲]

ترجمہ: ایک بدو نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے بیعتِ اسلام کی، پھر وہ اگلے دن آیا درانحالیکہ وہ بخاری (بخار والا) تھا، پس اس نے کہا: مجھے میری بیعت واپس کیجئے، پس آپؐ نے انکار کیا، ایسا تین مرتبہ ہوا، یعنی وقفہ وقفہ سے اس بدّو نے تین مرتبہ بیعت واپس مانگی، اور آپؐ نے ہر بار انکار کیا (بالآخر وہ مدینہ سے چلا گیا) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''مدینہ اس بھٹی کی طرح ہے جو دھات کے میل کو دور کرتی ہے اور خالص کو چھانٹ لیتی ہے (نَصَعَ الشيئُ نصوعًا: صاف اور نکھرا ہوا ہونا، طیبھا فاعل ہے: عمدہ دھات نکھر جاتی ہے)

[۱۸۸٤-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُوْلُ: لَمَّا خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى أُحُدٍ، رَجَعَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَتْ فِرْقَةٌ: نَقْتُلُهُمْ، وَقَالَتْ فِرْقَةٌ: لاَنَقْتُلُهُمْ، فَنَزَلَتْ: ﴿فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ﴾ [النساء: ۸۸] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّهَا تَنْفِي الرِّجَالَ كَمَا تَنْفِي النَّارُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ''

[انظر: ٤٠٥٠، ٤٥٨٩]

ترجمہ: جب نبی ﷺ غزوہ احد کے لئے نکلے تو آپؐ کے اصحاب میں سے کچھ لوگ (جو منافق تھے، راستہ سے) لوٹ گئے (اور ان کے بارے میں مخلص صحابہ دو فرقوں میں بٹ گئے) ایک جماعت نے کہا: ہم ان سے لڑیں گے اور دوسری جماعت نے لڑنے سے انکار کیا، پس آیت: ﴿فَمَالَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ﴾ نازل ہوئی اور نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیشک مدینہ لوگوں کو دور کرتا ہے جس طرح آگ لوہے کے میل کو دور کرتی ہے''

بَابٌ

نبی ﷺ نے مدینہ کے لئے برکت کی دعا فرمائی

اس باب میں دو حدیثیں ہیں اور ان سے اوپر والے باب پر ایک الگ نوعیت سے استدلال ہے، پس یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے۔

[۱۰م-] بَابٌ

[۱۸۸۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' اللّٰهُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِيْنَةِ ضِعْفَىْ مَا جَعَلْتَ بِمَكَّةَ مِنَ الْبَرَكَةِ'' تَابَعَهُ عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ يُوْنُسَ.

[۱۸۸۶-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم کَانَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ، فَنَظَرَ إِلٰی جُدُرَاتِ الْمَدِیْنَةِ أَوْضَعَ رَاحِلَتَهُ، وَإِنْ کَانَ عَلٰی دَابَّةٍ حَرَّکَهَا مِنْ حُبِّهَا. [راجع: ۱۸۰۲]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! مکہ میں جتنی برکت آپ نے رکھی ہے مدینہ میں اس سے دوگنی برکت گردانیں!''

مناسبت: اس حدیث میں تقابل تضاد ہے، جب برکت دوگنی ہوجائے گی تو بے برکت لوگ (محروم قسمت) مدینہ سے ڈبل دور ہوجائیں گے، یہ حدیث کی اوپر والے باب سے مناسبت ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ جب کسی سفر سے لوٹتے تھے، اور مدینہ کے مکانات نظر آتے تھے تو آپؐ مدینہ کی محبت میں اپنے اونٹ کو تیز کردیتے تھے اور اگر کوئی دوسری سواری ہوتی تو اس کو ہانکتے تھے۔ اس میں بھی تقابل تضاد ہے، مدینہ میں وہی لوگ رہیں گے جن کو مدینہ سے محبت ہے، اور جن کو محبت نہیں ان کو مدینہ نکال باہر کرے گا۔

بَابُ کَرَاهِیَةِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم أَنْ تُعْرَی الْمَدِیْنَةُ

نبی ﷺ نے اس بات کو ناپسند کیا کہ مدینہ غیر محفوظ ہوجائے

أعری فلانا ثوبه ومن ثوبه کے معنی ہیں: برہنہ کرنا، کپڑے اتروانا، انصار کا ایک قبیلہ بنو سلمہ تھا، وہ مدینہ منورہ کے آخری کنارے پر رہتا تھا، اور مسجدِ نبوی کے قریب ایک زمین فروخت ہورہی تھی، اس قبیلہ نے چاہا کہ زمین خرید لے اور وہاں بس جائیں، تاکہ مسجد آنے جانے میں سہولت ہو، نبی ﷺ نے ان کو اس سے منع کیا، کیونکہ بنو سلمہ جہاں آباد تھے وہ مدینہ منورہ میں داخل ہونے کا راستہ تھا، اس طرف سے دشمن حملہ کرسکتا تھا اور بنو سلمہ مضبوط اور جنگجو قبیلہ تھا، دشمن کا مقابلہ کرسکتا تھا، اس لئے نبی ﷺ نہیں چاہتے تھے کہ وہ قبیلہ وہاں سے ہٹ جائے اور مدینہ غیر محفوظ ہوجائے۔ غرض نبی ﷺ نے مدینہ منورہ کی حفاظت کا پورا انتظام کر رکھا تھا، مزید تفصیل کتاب الصلوٰۃ باب ۳۳ (تحفۃ القاری ۲: ۵۱۵) میں گذری ہے۔

[۱۱-] بَابُ کَرَاهِیَةِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم أَنْ تُعْرَی الْمَدِیْنَةُ

[۱۸۸۷-] حَدَّثَنِیْ ابْنُ سَلَامٍ، أَنَا الْفَزَارِیُّ، عَنْ حُمَیْدٍ الطَّوِیْلِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَرَادَ بَنُوْ سَلِمَةَ أَنْ یَتَحَوَّلُوْا إِلٰی قُرْبِ الْمَسْجِدِ، فَکَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَنْ تُعْرَی الْمَدِیْنَةُ، وَقَالَ: ''یَا بَنِیْ سَلِمَةَ، أَلَا تَحْتَسِبُوْنَ آثَارَکُمْ؟'' فَأَقَامُوْا. [راجع: ۶۵۵]

بَابٌ

مدینہ شریف سے محبت کرنا اور وہاں سکونت اختیار کرنا

[١٢-] بَابٌ

[١٨٨٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: ثَنِىْ خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَا بَيْنَ بَيْتِىْ وَمِنْبَرِىْ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِىْ عَلٰى حَوْضِىْ"[راجع: ١١٩٦]

[١٨٨٩-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ وُعِكَ أَبُوْ بَكْرٍ وَبِلَالٌ، فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ إِذَا أَخَذَتْهُ الْحُمَّى يَقُوْلُ:

كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِى أَهْلِهِ ۞ وَالْمَوْتُ أَدْنَى مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ

وَكَانَ بِلَالٌ إِذَا أَقْلَعَ عَنْهُ الْحُمَّى يَرْفَعُ عَقِيْرَتَهُ يَقُوْلُ:

أَلَا لَيْتَ شِعْرِىْ هَلْ أَبِيْتَنَّ لَيْلَةً ۞ بِوَادٍ وَحَوْلِىْ إِذْخِرٌ وَجَلِيْلُ

وَهَلْ أَرِدَنْ يَوْمًا مِيَاهَ مَجَنَّةٍ ۞ وَهَلْ يَبْدُوَنْ لِىْ شَامَةٌ وَطَفِيْلُ

وَقَالَ: اللّٰهُمَّ الْعَنْ شَيْبَةَ بْنَ رَبِيْعَةَ، وَعُتْبَةَ بْنَ رَبِيْعَةَ، وَأُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ، كَمَا أَخْرَجُوْنَا مِنْ أَرْضِنَا إِلٰى أَرْضِ الْوَبَاءِ.

ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْمَدِيْنَةَ كَحُبِّنَا مَكَّةَ أَوْ أَشَدَّ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِىْ صَاعِنَا وَفِىْ مُدِّنَا، وَصَحِّحْهَا لَنَا، وَانْقُلْ حُمَّاهَا إِلَى الْجُحْفَةِ"

قَالَتْ: وَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ وَهِىَ أَوْبَأُ أَرْضِ اللّٰهِ، قَالَتْ: فَكَانَ بُطْحَانُ يَجْرِىْ نَجْلًا، تَعْنِىْ مَاءً آجِنًا.

[انظر: ٣٩٢٦، ٥٦٥٤، ٥٦٧٧، ٦٣٧٢]

حوالہ: پہلی حدیث پہلے آچکی ہے (کتاب الصلوٰۃ (صلاۃ التہجد) باب۵، تحفۃ القاری ۳:۵۱۵)

دوسری حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ (ہجرت کرکے) مدینہ منورہ آئے تو حضرت ابوبکر اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما سخت بیمار پڑ گئے، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو جب بھی بخار چڑھتا تو کہتے:

كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِى أَهْلِهِ ۞ وَالْمَوْتُ أَدْنَى مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ

ہر شخص اپنے خاندان میں ''صبح مبارک'' کہا جاتا ہے، حالانکہ موت اس کے چپل کے تسمے سے بھی زیادہ قریب ہے۔
اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا جب بخار اترتا تو وہ بلند آواز سے کہتے:

أَلَا لَيْتَ شِعْرِىْ هَلْ أَبِيْتَنَّ لَيْلَةً ❁ بِوَادٍ وَحَوْلِىْ إِذْخِرٌ وَجَلِيْلُ

سنو! کاش مجھے معلوم ہوتا کہ میں کوئی رات وادی مکہ میں گذاروں گا ÷ اور میرے اردگرد اذخر اور جلیل گھاس ہوگی۔

وَهَلْ أَرِدَنْ يَوْمًا مِيَاهَ مَجَنَّةٍ ❁ وَهَلْ يَبْدُوَنْ لِىْ شَامَةٌ وَطَفِيْلُ

اور کیا میں کسی دن مجنہ نامی چشمے پر اتروں گا ÷ اور کیا میرے لئے شامہ اور طفیل پہاڑ ظاہر ہونگے؟
اور وہ (بلالؓ) کہتے:

اے اللہ! شیبۃ بن ربیعہ، عتبہ بن ربیعہ اور امیہ بن خلف پر لعنت فرما، جس طرح انھوں نے ہمیں ہمارے وطن سے وباء والی سرزمین کی طرف نکالا!

(حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ کو اس کی اطلاع دی) تو آپؐ نے دعا فرمائی: اے اللہ! ہمارے دلوں میں مدینہ کی محبت مکہ کی محبت کی طرح پیوست فرمادے، بلکہ اس سے بھی زیادہ (یہاں باب ہے) اے اللہ! ہمارے صاع میں برکت فرما اور ہمارے مد میں برکت فرما، اور مدینہ کو ہمارے لئے صحت افزا بنادے اور اس کے بخار کو جُحفۃ میں منتقل فرمادے (وہاں کوئی آبادی نہیں تھی)

صدیقہؓ فرماتی ہیں: جب ہم مدینہ آئے تو مدینہ سب سے زیادہ وباء والا شہر تھا، صدیقہؓ فرماتی ہیں: اور مدینہ کے بُطحان نامی نالے میں گندہ پانی بہتا تھا (جہاں گندہ نالہ ہو وہاں ضرور وبائیں پھیلیں گی)

[۱۸۹۰-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِىْ هِلَالٍ، عَنْ زَيْدِ ابْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْنِىْ شَهَادَةً فِىْ سَبِيْلِكَ، وَاجْعَلْ مَوْتِى فِى بَلَدِ رَسُوْلِكَ.
وَقَالَ ابْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عُمَرَ نَحْوَهُ.
وَقَالَ هِشَامٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ حَفْصَةَ: سَمِعْتُ عُمَرَ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ! كَذَا قَالَ رَوْحٌ عَنْ أُمِّهِ.

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ دعا فرمایا کرتے تھے: ''اے اللہ! مجھے اپنی راہ میں شہادت نصیب فرما اور اپنے رسول کے شہر میں موت عطا فرما'' آپؓ عجیب وغریب دعا کرتے تھے، مدینۃ الرسول میں مرنا بھی چاہتے تھے اور راہِ خدا میں شہادت کی تمنا بھی کرتے تھے، اللہ عزوجل نے آپؓ کی دونوں دعائیں قبول فرمائیں۔ ابولؤلؤ فیروز نامی غلام نے فجر کی نماز میں آپؓ

کو خنجر مارا جو آپؓ کی موت کا سبب بنا، اور مدینہ شریف میں مرنے کی، اور شہادت کی تمنا پوری ہوئی، غرض حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مدینہ شریف سے محبت تھی، اس لئے آپؓ نے مدینہ میں مرنے کی دعا کی۔

سند: زید بن اسلم یہ حدیث اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں یا اپنی امی سے؟ سعید بن ابی ہلال کی سند میں ابا سے روایت ہے اور ہشام بن سعد ان کے متابع ہیں، یعنی ان کی حدیث میں بھی ابا سے روایت ہے، مگر سعید کی روایت میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا واسطہ نہیں ہے، اور ہشام کی روایت میں یہ واسطہ ہے۔ اور روح بن القاسم کی حدیث میں امی سے روایت ہے اور اس میں بھی حضرت حفصہؓ کا واسطہ ہے، مگر وہ اس میں متفرد ہیں، ان کا کوئی متابع نہیں۔

قوله: كذا قال رَوْح: اس عبارت سے حضرت رحمہ اللہ کی غرض یہ ہے کہ اگرچہ روح بن القاسم کی حدیث میں ماں سے روایت ہے مگر مشہور یہ ہے کہ زید اپنے ابا اسلم سے روایت کرتے ہیں، پس صحیح سند عن زيد، عن أبيه، عن عمر ہے۔

﴿الحمدللہ! کتاب الحج کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كِتَابُ الصَّوْمِ

روزوں کا بیان

بَابُ وُجُوْبِ صَوْمِ رَمَضَانَ

رمضان کے روزے فرض ہیں

وجوب بمعنی فرض ہے، رمضان المبارک کے روزے فرض ہیں، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ''اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم پر روزے فرض کئے گئے، جس طرح تم سے پہلے والے لوگوں پر فرض کئے گئے، تا کہ تم پرہیز گار بنو'' اس آیت سے معلوم ہوا کہ رمضان کے روزے فرض ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٣٠- كِتَابُ الصَّوْمِ

[١-] بَابُ وُجُوْبِ صَوْمِ رَمَضَانَ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى:﴿ يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ﴾[البقرة: ١٨٣]

[١٨٩١-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِىْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ: أَنَّ أَعْرَابِيًا جَاءَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَائِرَ الرَّأْسِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَخْبِرْنِىْ مَاذَا فَرَضَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنَ الصَّلاَ ةِ؟ فَقَالَ:'' الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، إِلاَّ أَنْ تَطَّوَّعَ شَيْئًا'' فَقَالَ: أَخْبِرْنِىْ مَاذَا فَرَضَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنَ الصِّيَامِ؟ فَقَالَ:'' شَهْرُ رَمَضَانَ، إِلاَّ أَنْ تَطَّوَّعَ شَيْئًا'' فَقَالَ: أَخْبِرْنِىْ مَاذَا فَرَضَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنَ الزَّكَاةِ؟ قَالَ: فَأَخْبَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِشَرَائِعِ الإِسْلَامِ، قَالَ:

وَالَّذِیْ أَكْرَمَكَ بِالْحَقِّ! لاَ أَتَطَوَّعُ شَيْئًا، وَلاَ أَنْقُصُ مِمَّا فَرَضَ اللّٰهُ عَلَیَّ شَيْئًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" أَفْلَحَ إِنْ صَدَقَ! أَوْ: دَخَلَ الْجَنَّةَ إِنْ صَدَقَ!"[راجع: ٤٦]

حوالہ: حدیث کی باب پر دلالت واضح ہے، اور ترجمہ اور شرح کتاب العلم باب ۳۴ (تحفۃ القاری ۱: ۲۷۸) میں ہے، پہلے ابوسہیل کے شاگرد امام مالک رحمہ اللہ کی روایت تھی، اس میں فأخبره رسول الله صلی الله علیه وسلم بشرائع الإسلام نہیں تھا، یعنی نبی ﷺ نے اس بدّو کو سبھی بنیادی احکام بتلائے یہ بات نہیں تھی اور یہاں روایت ابواسحاق اسماعیل بن جعفر زرقی انصاری کی ہے اس میں یہ بات زائد ہے، اور شاہ ولی اللہ صاحب نے لکھا ہے کہ آخرت میں نجات کا مدار ایمانِ صحیح اور ارکانِ اسلام پر مضبوطی سے عمل کرنے پر (اور کبائر سے بچنے پر) ہے۔

[۱۸۹۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: صَامَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ، فَلَمَّا فُرِضَ رَمَضَانُ تُرِكَ، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ لاَ يَصُوْمُهُ إِلَّا أَنْ يُوَافِقَ صَوْمَهُ.[انظر: ۲۰۰۰، ٤٥٠١]

[۱۸۹۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ حَبِيْبٍ، أَنَّ عِرَاكَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ عُرْوَةَ أَخْبَرَهُ عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ قُرَيْشًا كَانَتْ تَصُوْمُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ فِی الْجَاهِلِيَّةِ، ثُمَّ أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِصِيَامِهِ حَتّٰی فُرِضَ رَمَضَانُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" مَنْ شَاءَ فَلْيَصُمْهُ، وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَهُ"[راجع: ۱۵۹۲]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ خود بھی عاشوراء (دس محرم) کا روزہ رکھتے تھے اور صحابہ کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیتے تھے، پھر جب رمضان کے روزے فرض کئے گئے (یہاں باب ہے) تو عاشوراء کا روزہ چھوڑ دیا گیا۔ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما عاشوراء کا روزہ نہیں رکھتے تھے، مگر یہ کہ وہ دن ان کے روزے کے موافق ہوجائے، یعنی حضرت ابن عمرؓ کا جس دن روزہ رکھنے کا معمول تھا اگر اتفاق سے وہ عاشوراء کا دن ہوتا تو روزہ رکھتے تھے (ورنہ نہیں)

تشریح: رمضان کی فرضیت سے پہلے عاشوراء کا روزہ فرض تھا، پھر جب رمضان کی فرضیت نازل ہوئی تو عاشوراء کی فرضیت منسوخ کردی گئی، کیونکہ ڈبل روزے فرض کرنے میں امت کے لئے دشواری تھی، اور جو حکم تخفیفاً منسوخ ہوتا ہے اس کا استحباب باقی رہتا ہے، اس لئے عاشوراء کا روزہ مستحب ہے، ارشادِ نبوی: مَنْ شاءَ فلیصمه ومن شاء أفطره میں اسی استحباب کی طرف اشارہ ہے، اور یہ بات متفق علیہ ہے، اب عاشوراء کا روزہ مستحب ہے، البتہ رمضان سے پہلے عاشوراء کا روزہ فرض تھا یا نہیں؟ اس میں حنفیہ اور شافعیہ کا اختلاف ہے، حنفیہ فرضیت کے قائل ہیں اور شوافع اس کا انکار کرتے ہیں۔ اور روایات دونوں طرح کی ہیں۔ یہ روایات باب ۶۹ میں آرہی ہیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اگلی روایت حنفیہ کا مستدل ہے۔

بَابُ فَضْلِ الصَّوْمِ

روزے کی اہمیت

روزوں کی فرضیت کے بیان سے فارغ ہوکر اب روزوں کی اہمیت وفضیلت کا بیان شروع کرتے ہیں۔ روزوں کے بہت فائدے ہیں، ان میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ روزوں کا بے حد ثواب ہے، کم سے کم ثواب تو عام ضابطہ کے مطابق دس گنا ہے، مگر زیادہ کی کوئی حد نہیں۔ حدیث قدسی ہے: الصَّوْمُ لی وأنا أَجْزِیْ به: روزہ میرے لئے ہے اور میں اس کا ثواب دوں گا، یعنی روزوں کا زیادہ سے زیادہ ثواب کتنا ہے؟ یہ بات اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو بھی نہیں بتائی، قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ روزوں کا ثواب ڈکلیر کریں گے تب پتہ چلے گا کہ کس کو کتنا ثواب ملا، ابھی تو بالاجمال یہ بات بتلائی ہے کہ جب روزوں کا ثواب ملے گا تو روزہ دار خوش ہوجائے گا۔ حدیث میں ہے: ''روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں: ایک افطار کے وقت، دوسری جب اللہ تعالیٰ سے ملاقات ہوگی، جب روزوں کا ثواب ڈکلیر کیا جائے گا اس وقت روزہ دار خوش ہوجائے گا۔

[۲-] بَابُ فَضْلِ الصَّوْمِ

[۱۸۹۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: '' الصِّیَامُ جُنَّةٌ، فَلاَ یَرْفُثْ وَلاَ یَجْهَلْ، فَإِنِ امْرُؤٌ قَاتَلَهُ أَوْ شَاتَمَهُ فَلْیَقُلْ: إِنِّیْ صَائِمٌ، مَرَّتَیْنِ، وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهِ! لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْیَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِیْحِ الْمِسْكِ، یَتْرُكُ طَعَامَهُ وَشَرَابَهُ وَشَهْوَتَهُ مِنْ أَجْلِیْ، الصِّیَامُ لِیْ وَأَنَا أَجْزِیْ بِهِ، وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا''

[انظر: ۱۹۰۴، ۵۹۲۷، ۷۴۹۲، ۷۵۳۸]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: روزہ ڈھال ہے پس روزہ دار زن وشوئی کی باتیں نہ کرے اور نہ نادانی کرے پس اگر کوئی اس سے جھگڑے یا گالی گلوچ کرے تو چاہئے کہ کہے: ''میرا روزہ ہے'' یہ جملہ اس روایت میں دو مرتبہ ہے، اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! یقیناً روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پسندیدہ ہے (آگے حدیث قدسی ہے) چھوڑتا ہے روزہ دار اپنا کھانا، پینا اور اپنی خواہش میری خاطر، روزے میرے لئے ہیں اور میں اس کا بدلہ دوں گا (حدیث قدسی پوری ہوئی) اور نیکی دس گنا ہے۔

قوله: الصیام جُنة: یہ روزے کا پہلا فائدہ ہے، پرانے زمانہ میں جب فوجی جنگ میں اترتا تھا تو اس کے ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے ہاتھ میں ڈھال ہوتی تھی، تلوار سے حملہ کرتا تھا اور ڈھال سے بچاؤ کرتا تھا اور انسان کا کھلا دشمن شیطان ہے اور بڑا دشمن نفس ہے، روزہ دونوں سے بچاتا ہے، روزے کے ذریعہ شیطانی اور شہوانی گناہوں سے حفاظت ہوجاتی ہے،

مگر روزہ اسی شخص کا سودمند ہے جو روزے کے تقاضے پورے کرے، جو شخص روزے میں بیوی سے مذاق کرے، لوگوں سے لڑائی جھگڑا کرے اور غیبت جھوٹ اور کردنی ناکردنی میں مبتلا رہے اس کا روزہ کیا خاک ڈھال ہوگا! اس کا روزہ بھوک پیاس کے علاوہ کچھ نہیں ہوگا۔

قولہ: فإن امرؤ قاتلہ: روزہ میں بعض لوگوں کو غصہ بہت آتا ہے ان کو چاہئے کہ اگر کوئی ان سے لڑائی جھگڑا کرے یا گالی گلوچ پر اتر آئے تو جواب ترکی بہ ترکی نہ دے، اندیشہ ہے: کہیں حد سے تجاوز نہ کرجائے بلکہ یہ بات ذہن میں لائے کہ اس کا روزہ ہے، پس جواب دینا ٹھیک نہیں اور ضرورت پڑے تو بتا بھی دے کہ میرا روزہ ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ شرح مہذب میں فرماتے ہیں: **كلٌّ منهما حسنٌ، والقولُ باللسان أقوى، ولو جمعهما لكان حَسَنًا** (فتح الباری ۴:۱۰۵)

قولہ: لَخُلُوْفُ فم الصائم: جب معدہ خالی ہوجاتا ہے تو ایک گیس اٹھتی ہے جو منہ میں آکر رکتی ہے تو بو پیدا ہوتی ہے، یہ خلوف ہے اور یہ روزہ سے تعلق رکھنے والی ایک چیز ہے، جب اللہ تعالیٰ کو روزے سے تعلق رکھنے والی یہ بات اتنی پسند ہے تو خود روزہ کتنا پسند ہوگا؟

قولہ: الصیام لی: اس حدیث قدسی کے علماء نے متعدد معانی بیان کئے ہیں:

۱- روزہ ایسی عبادت ہے جس میں ریاء کا احتمال نہیں، دوسری عبادتوں میں ریاء کا احتمال ہے، روزہ میرے لئے ہے کا یہی مطلب ہے۔

۲- تمام اعمالِ صالحہ میں اللہ کو زیادہ پسند روزہ ہے، اس لئے فرمایا کہ روزہ میرے لئے ہے یعنی مجھے بہت پسند ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ کھانے پینے اور خواہشات سے استغنا ئصفات باری تعالیٰ میں سے ہے پس جب بندہ روزہ رکھتا ہے اور مفطرات ثلاثہ سے رکتا ہے تو اس کو اللہ عزوجل سے مناسبت حاصل ہوتی ہے، اس لئے فرمایا: ''روزہ میرے لئے ہے''

۳- روزہ ایسی عبادت ہے جو غیر اللہ کے لئے نہ کی گئی نہ کی جاسکتی ہے۔ دوسری عبادتیں صدقہ طواف وغیرہ غیر اللہ کے لئے بھی کئے جاسکتے ہیں اس لئے فرمایا کہ روزہ میرے لئے ہے!

۴- الصیام لی: میں نسبت تشریف کے لئے ہے یعنی روزہ بہت اچھی عبادت ہے، جیسے بیت اللہ میں نسبت تشریف کے لئے ہے یعنی کعبہ اللہ کا معظم گھر ہے، علاوہ ازیں حدیث کی اور بھی توجیہیں کی گئی ہیں۔

قولہ: أجزی: مجہول بھی پڑھا گیا ہے اور معروف بھی، مشہور قراءت معروف کی ہے اور محدثین معروف ہی پڑھتے ہیں، مجہول صوفیاء پڑھتے ہیں، مجہول کے معنی ہیں: میں روزے کے بدلے میں دیا جاتا ہوں یعنی روزہ دار کو اللہ کا وصال (قرب) نصیب ہوتا ہے، اور معروف کے معنی معروف ہیں: یعنی میں قیامت کے دن اس کا بدلہ دوں گا۔

قولہ: والحسنة بعشر أمثالها: یہ ثواب کا عام ضابطہ ہے، ہر نیک عمل کا ثواب دس گنا سے سات سو گنا تک ملتا ہے مگر دو عمل اس سے مستثنیٰ ہیں:

ایک: انفاق فی سبیل اللہ، جہاد کے کاموں میں خرچ کرنا، اس کا تذکرہ سورۂ بقرہ آیت ۲۶۱ میں ہے، انفاق فی سبیل اللہ کا ثواب سات سو گنا سے شروع ہوتا ہے اور زیادہ کی کوئی حد نہیں۔

دوسرا عمل: روزہ ہے اس کا کم از کم ثواب عام ضابطہ کے مطابق ہے یعنی دس گنا ثواب ملتا ہے، یہاں استثناء نہیں، اور زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں، جب قیامت کے دن اللہ تعالیٰ روزوں کا ثواب عنایت فرمائیں گے تب پتہ چلے گا کہ کس کو اس کے روزے کا کتنا ثواب ملا، ابھی تو بالاجمال یہ بات بتائی گئی ہے کہ جب ثواب ملے گا تو روزہ دار خوش ہو جائے گا۔

بَابٌ: الصَّوْمُ كَفَّارَةٌ

روزوں سے گناہ مٹتے ہیں

روزوں کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اس سے گناہ معاف ہوتے ہیں، پہلے حدیث آئی ہے کہ آدمی سے مال واولاد، پاس پڑوس کے لوگوں میں اور احباب ومتعلقین کے حقوق کی ادائیگی میں جو کوتاہیاں ہوتی ہیں نماز، روزہ، صدقہ، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے وہ کوتاہیاں معاف ہوتی ہیں۔ معلوم ہوا کہ روزہ میں کفارۂ سیئات کی شان ہے، یہ بھی روزہ کی اہمیت کا ایک پہلو ہے۔

[۳-] بَابٌ: الصَّوْمُ كَفَّارَةٌ

[۱۸۹۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا جَامِعٌ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: مَنْ يَحْفَظُ حَدِيْثَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْفِتْنَةِ؟ قَالَ حُذَيْفَةُ: أَنَا، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَجَارِهِ: يُكَفِّرُهَا الصَّلاَةُ وَالصِّيَامُ وَالصَّدَقَةُ" قَالَ: لَيْسَ أَسْأَلُ عَنْ ذِهِ، إِنَّمَا أَسْأَلُ عَنِ الَّتِيْ تَمُوْجُ كَمَا يَمُوْجُ الْبَحْرُ، قَالَ: إِنَّ دُوْنَ ذٰلِكَ بَابًا مُغْلَقًا، قَالَ: فَيُفْتَحُ أَوْ يُكْسَرُ؟ قَالَ: يُكْسَرُ، قَالَ: ذَاكَ أَجْدَرُ أَنْ لاَ يُغْلَقَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَقُلْنَا لِمَسْرُوْقٍ: سَلْهُ، أَكَانَ عُمَرُ يَعْلَمُ مَنِ الْبَابُ؟ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: نَعَمْ، كَمَا يَعْلَمُ أَنَّ دُوْنَ غَدٍ اللَّيْلَةَ. [راجع: ۵۲۵]

حوالہ: حدیث کا ترجمہ اور شرح تحفۃ القاری ۲: ۳۸۴، کتاب الصلوٰۃ باب ۴ میں ہے۔

بَابٌ: الرَّيَّانُ لِلصَّائِمِيْنَ

روزہ داروں کے لئے سیرابی کا دروازہ

ریّ کے معنی ہیں: سیرابی، روزہ داروں کے لئے جنت میں ایک خاص دروازہ ہے، اس دروازے سے صرف روزہ داروں کو بلایا جائے گا، یہ بھی روزہ کی اہمیت وفضیلت کی ایک دلیل ہے، اور یہ جنس عمل سے جزاء ہے، روزہ دار پیاسا رہا اس

لئے اس کی سیرابی کا اللہ تعالیٰ نے انتظام کیا، ضد بھی جنسِ عمل ہے، اس لئے یہ جزاء جنسِ عمل سے ہے۔

[٤-] بَابٌ: الرَّيَّانُ لِلصَّائِمِيْنَ

[١٨٩٦-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، ثَنِیْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: " إِنَّ فِی الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ: الرَّيَّانُ، يَدْخُلُ مِنْهُ الصَّائِمُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَايَدْخُلُ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ، يُقَالُ: أَيْنَ الصَّائِمُوْنَ؟ فَيَقُوْمُوْنَ، لَا يَدْخُلُ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ، فَإِذَا دَخَلُوْا أُغْلِقَ، فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ أَحَدٌ"[انظر: ٣٢٥٧]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک دوازہ ہے اس کا نام ریان ہے، قیامت کے دن اس دروازہ سے روزہ دار داخل ہونگے ان کے علاوہ کوئی اس دروازہ سے داخل نہیں ہوگا، پکارا جائے گا: روزہ دار کہاں ہیں؟ پس روزہ دار کھڑے ہونگے، ان کے علاوہ کوئی اس دروازہ سے داخل نہیں ہوگا، جب سب روزہ دار داخل ہوجائیں گے تو دروازہ بند کردیا جائے گا، اس سے کوئی اور داخل نہیں ہوگا۔

تشریح: رمضان کے روزے تو سب رکھتے ہیں، مگر بعض لوگوں کو بعض عبادتوں سے دلچسپی ہوتی ہے، کسی کو نفل نماز سے، کسی کو خیرات سے، کسی کو حج سے، کسی کو تلاوت سے، کسی کو ذکر سے، اور کسی کو روزوں سے، جن لوگوں کو نفل روزوں سے خاص دلچسپی ہوگی ان کو باب ریان سے پکارا جائے گا۔

[١٨٩٧-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: ثَنِیْ مَعْنٌ، حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ نُوْدِیَ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا خَيْرٌ، فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّلاَ ةِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّلاَ ةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجِهَادِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصِّيَامِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ" فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: بِأَبِیْ أَنْتَ وَأُمِّیْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا عَلَى مَنْ دُعِیَ مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ، فَهَلْ يُدْعَى أَحَدٌ مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ كُلِّهَا؟ قَالَ: "نَعَمْ؛ وَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ"[انظر: ٢٨٤١، ٣٢١٦، ٣٦٦٦]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص خدا کی راہ میں بار بار خرچ کرتا ہے اس کو جنت کے (متعدد) دروازوں سے پکارا جائے گا: اے بندۂ خدا! یہ دروازہ تیرے لئے بہتر ہے! (ادھر آ) اور جو شخص نمازیوں میں سے ہوگا یعنی جس کو نفل نماز سے دلچسپی ہوگی اس کو نماز کے دروازے سے پکارا جائے گا، اور جس کو جہاد سے دلچسپی ہوگی اس کو جہاد کے دروازے سے پکارا جائے گا، اور جس کو روزوں سے دلچسپی ہوگی اس کو سیرابی کے دروازے سے پکارا جائے گا اور جس کو صدقہ سے دلچسپی ہوگی اس

کو خیرات کے دروازے سے پکارا جائے گا۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! اگر کوئی ان میں سے کسی (بھی) دروازے سے بلایا جائے تو کچھ ضرورت نہیں یعنی کافی ہے، مگر کیا کوئی ایسا شخص ہے جس کو سبھی دروازوں سے بلایا جائے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! اور مجھے امید ہے: تم ان میں سے ہو!

قولہ: زوجین: تثنیہ تکرار کے لئے ہے، جیسے ﴿ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ﴾ میں کرتین تثنیہ تکرار کے لئے ہے یعنی بار بار نظر پھیر۔ اور تثنیہ سے عدد بھی مراد ہو سکتا ہے، یعنی جو جہاد کے چندے میں ہر چیز کا جوڑا دے، دو کرتے، دو تلواریں، دو گھوڑے وغیرہ دے۔

قولہ: ما علی من دُعی من تلك الأبواب من ضرورة: یہ ادبی جملہ ہے، اور ہر ادبی جملہ ٹیڑھا میڑھا ہوتا ہے، اس میں کچھ محذوف بھی ہوتا ہے اور کبھی اس میں تلمیح (اشارہ) بھی ہوتی ہے۔ ما: نافیہ بمعنی لیس ہے، اور علی من: خبر مقدم ہے اور من ضرورۃ: اسم مؤخر ہے اور من زائدہ ہے، حرفِ زائد عام طور پر خبر پر آتا ہے، مگر یہاں اسم پر آیا ہے، أی لیس بضروری لمن دُعی من بابٍ من تلك الأبواب أن يُدعی من باب آخر: جس کو جنت کے دروازوں میں سے کسی بھی دروازے سے بلایا جائے اس کو ضرورت نہیں کہ کسی اور دوازے سے بھی بلایا جائے، وہی دروازہ اس کے جنت میں جانے کے لئے کافی ہے، مگر کیا کوئی ایسا شخص ہو سکتا ہے جس کو سبھی دروازوں سے بلایا جائے؟

فائدہ: جنت کے آٹھ دروازے ہیں اور جہنم کے سات، جہنم کے دروازوں کا تذکرہ سورۃ الحجر آیت ۴۴ میں ہے، اور جنت کے آٹھ دروازوں کا تذکرہ حدیثوں میں ہے، اور جنت کا ایک دروازہ زائد اس لئے ہے کہ رحمتِ الٰہی غضب پر غالب ہے، اور جس بندے کو جس عبادت سے دلچسپی ہوگی اس کو اس دروازہ سے پکارا جائے گا، ہاں بعض خوش نصیب بندے ایسے بھی ہو سکتے ہیں جن کو ہر دروازے سے پکارا جائے، کیونکہ ان کو ہر عبادت سے دلچسپی ہوگی، ایسے بندوں میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں۔

بَابٌ: هَلْ يُقَالُ: رَمَضَانُ أَوْ شَهْرُ رَمَضَانَ؟ وَمَنْ رَأَى كُلَّهُ وَاسِعًا

کیا رمضان کہا جائے یا ماہِ رمضان؟ اور جو دونوں کو درست سمجھتا ہے

رمضان کے معنی ہیں: وہ زمانہ جس میں زمین نہایت گرم ہو جاتی ہے، تپتی ہے، اسلام سے پہلے ہمیشہ رمضان ایسے ہی موسم میں آتا تھا اس لئے اس کو رمضان کہا جانے لگا، اور پہلے بتلایا ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں لوگ تیسرے سال کبیسہ کے نام سے ایک مہینہ بڑھاتے تھے اس لئے رمضان ہمیشہ گرمیوں میں آتا تھا، اسلام نے لوند کا یہ سسٹم ختم کر دیا اس لئے رمضان ہر موسم میں گھومنے لگا، مگر نام پرانا ہی چل رہا ہے۔

اور ابن عدی کی الکامل میں ایک ضعیف حدیث ہے: **لاتقولوا رمضانَ، فإنَّ رمضانَ إسمٌ من أسماء الله، ولكن قولوا: شهرُ رمضانَ**، یہ حدیث ابومعشر نجیح مدنی کی وجہ سے ضعیف ہے، اور قرآن میں ﴿شَهْرُ رَمَضَانَ﴾ ہے اس

سے خیال ہوسکتا ہے کہ صرف رمضان کہنا ٹھیک نہیں، ماہِ رمضان کہنا چاہئے، لیکن نصوص سے یہ اطلاق ثابت ہے، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے یہ باب رکھا کہ صرف رمضان کہنا بھی جائز ہے۔

[۵-] بَابٌ: هَلْ يُقَالُ: رَمَضَانُ أَوْ شَهْرُ رَمَضَانَ؟ وَمَنْ رَأَى كُلَّهُ وَاسِعًا

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ صَامَ رَمَضَانَ" وَقَالَ: "لَا تَقَدَّمُوْا رَمَضَانَ"

[۱۸۹۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا جَاءَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ"[انظر: ۱۸۹۹، ۳۲۷۷]

وضاحت: جب رمضان آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، یہ آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا یہ ہے: اورجہنم کے دروازے بھیڑ دیئے جاتے ہیں یہ مضمون بھی حدیث میں آیا ہے، اور استدلال واضح ہے۔

[۱۸۹۹-] وَحَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنِيْ اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: ثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ أَنَسٍ مَوْلَى التَّيْمِيِّيْنَ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ، وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِيْنُ"[راجع: ۱۸۹۸]

وضاحت: رمضان میں شیاطین جکڑ دیئے جاتے ہیں، یہ بھی آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا ہے: "اور فرشتے زمین میں پھیلا دیئے جاتے ہیں" اور حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ جب رمضان آتا ہے تو خیر کے اسباب بروئے کار آتے ہیں اور شر کے اسباب سکیڑ لئے جاتے ہیں، جنت کے جو کہ ربّ ذوالجلال کی صفت رحمت کا مظہر ہے سب دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، پس اس کے اثرات دنیا میں پھیلتے ہیں، اور جہنم کے جو کہ اللہ کی صفت غضب کا مظہر ہے، سب دروازے بند کردیئے جاتے ہیں تاکہ اس کا اثر نہ پھیلے۔ اور دستور زمانہ ہے کہ جب کوئی اہم دن آتا ہے تو اس کے لئے ضروری انتظامات کئے جاتے ہیں، شرپسندوں کو بند کردیا جاتا ہے تاکہ تقریب میں رخنہ نہ ڈالیں (پھر تقریب ختم ہونے کے بعد ان کو چھوڑ دیا جاتا ہے) اور ہمنواؤں کو ہر طرف پھیلا دیا جاتا ہے چنانچہ رمضان میں فرشتے زمین میں پھیل جاتے ہیں۔

فائدہ: بعض مسلمان رمضان میں بھی گناہوں میں غوطہ زن رہتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ شر کے تمام اسباب مسدود نہیں ہوجاتے، بعض اسباب باقی رہتے ہیں، مثلاً شیاطین الانس کھلے پھرتے ہیں نیز انسان کا سب سے بڑا دشمن نفس ہے، جو اس کے دونوں پہلوؤں کے بیچ میں ہے: وہ ساتھ لگا رہتا ہے، اس لئے جب خدا فراموش اور غفلت شعار لوگ گیارہ مہینے شیطان کی پیروی کرتے ہیں تو رمضان میں ان کی زندگیوں میں پوری طرح تبدیلی نہیں آتی، مگر رمضان میں عموماً اہل ایمان کا رجحان خیر کے کاموں کی طرف بڑھ جاتا ہے، یہاں تک کہ بہت سے غیر محتاط اور آزاد منش لوگ بھی رمضان میں اپنی روش کچھ بدل لیتے ہیں اس کی وجہ یہی ہے کہ جب رمضان شروع ہوتا ہے تو خیر کے اسباب بروئے کار لائے جاتے ہیں، اور شر کے

بعض اسباب مسدود کردیئے جاتے ہیں۔

بَابُ رُؤْيَةِ الْهِلَالِ

چاند دیکھنا

پہلے یہ بات بتائی ہے کہ شریعتِ مطہرہ نے بعض احکام سورج سے متعلق کئے ہیں اور بعض چاند سے، مثلاً نمازوں کے اوقات اور سحر وافطار کے اوقات کا تعلق سورج سے ہے اور رمضان کے آغاز واختتام کا تعلق چاند سے، جہاں عبادت کو سال میں دائر نہیں کرنا وہاں احکام سورج سے متعلق کئے ہیں، اور جہاں عبادت کو سال میں دائر کرنا ہے وہاں احکام چاند سے متعلق کئے ہیں۔ رمضان شریف کو سال میں دائر کرنا ہے اگر ہمیشہ رمضان گرمی میں آئے گا تو لوگ پریشان ہوجائیں گے اور ہمیشہ سردی میں آئے گا تو کچھ مشقت نہ ہوگی، پھر زمین گول ہے، شمال کی سردی گرمی کا اعتبار ہوگا یا جنوب کی؟ ایک جانب والا ہمیشہ مزے میں رہے گا اور دوسری جانب والا پریشان! پس رمضان پورے سال میں گھومے اس لئے اس کو چاند سے متعلق کیا ہے، تاکہ کبھی اور کہیں رمضان سردیوں میں آئے اور کبھی اور کہیں گرمیوں میں، اور نمازیں سال بھر پڑھنی ہیں گرمی سردی کا اس پر اثر نہیں پڑتا اس لئے ان کو سورج سے متعلق کیا ہے۔

پھر جو احکام سورج سے متعلق ہیں ان میں بھی حساب کا اعتبار نہیں کیا اور جو چاند سے متعلق ہیں ان میں بھی حساب کا اعتبار نہیں کیا، دونوں صورتوں میں رویت پر مدار رکھا ہے، حساب پر مدار نہیں رکھا، اگرچہ لوگوں نے جنتریاں بنائی ہیں مگر ان پر مدار نہیں، جو شخص سورج کو غروب ہوتے ہوئے دیکھ رہا ہے اس کے لئے روزہ کھولنا جائز ہے چاہے جنتری میں وقت نہ ہوا ہو، اور اگر سورج موجود ہے تو روزہ کھولنا جائز نہیں، اگرچہ جنتری میں وقت ہوگیا ہو۔

اور یہ اصول کہ احکام شرعیہ کا مدار رویت پر ہے حساب پر نہیں باب کی حدیث سے لیا گیا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''چاند دیکھ کر روزے شروع کرو اور چاند دیکھ کر روزے ختم کرو، اور اگر بادل ہو تو شعبان یا رمضان کے تیس دن پورے کرو'' معلوم ہوا کہ احکام شرعیہ کا مدار رویت پر ہے حساب پر نہیں، اگر حساب لینا ہوتا تو سورج کا حساب لیتے، کیونکہ سورج کی چال چاند کی چال کی بنسبت زیادہ باقاعدہ ہے۔ اور رویت پر احکام کا مدار رکھنے میں مصلحت یہ ہے کہ آپؐ کی امت بہت بڑی امت ہے اور ان میں اکثر حساب سے نابلد ہیں، پس اگر حساب پر مدار رکھا جائے گا تو عمل میں دشواری پیش آئے گی، اور جب رویت پر مدار رکھا تو ہر شخص خواندہ ہو یا ناخواندہ، شہری ہو یا دیہاتی، آسانی سے دین پر عمل کرسکے گا۔

[۵-م] بَابُ رُؤْيَةِ الْهِلَالِ

[۱۹۰۰-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:'' إِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَصُوْمُوْا، وَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ

فَأَفْطِرُوْا، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوْا لَهُ"
وَقَالَ غَيْرُهُ عَنِ اللَّيْثِ: ثَنِيْ عُقَيْلٌ، وَيُوْنُسُ: لِهِلَالِ رَمَضَانَ. [انظر: ١٩٠٦، ١٩٠٧]

قولہ: وقال غیرہ عن اللیث: غیرہ کی ضمیر یحییٰ بن بکیر کی طرف راجع ہے، اور غیر سے مراد عبداللہ بن صالح ہیں، جو لیث کے سکریٹری تھے (حاشیہ) ان کی روایت میں لہ کی جگہ لھلال رمضان ہے۔

ترجمہ: جب تم مہینہ (کے چاند) کو دیکھو تو روزے رکھو یعنی رمضان شروع کرو، اور جب تم اس (شوال کے چاند) کو دیکھو تو روزے کھول دو یعنی رمضان ختم کرو، اور اگر چاند تم پر چھپا دیا جائے یعنی نظر نہ آئے تو چاند کا اندازہ کرو یعنی تیس دن پورے کرو۔

بَابُ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا واحْتِسَابًا وَنِيَّةً

جس نے رمضان کے روزے ثواب کے یقین اور امید اور نیت کے ساتھ رکھے

ایمان کے جو معروف معنی ہیں وہ یہاں مراد نہیں، یہاں ایمان کے معنی ہیں: ثواب کا یقین کرنا، اور احتساب کے معنی ہیں: ثواب کی امید رکھنا۔ حضرت رحمہ اللہ نے نِيَّة اسی لئے بڑھایا ہے، اشارہ کیا ہے کہ ایمان بمعنی نیت ہے اور حدیث میں نبی ﷺ نے مشکل کو آسان بنانے کا فارمولہ بیان کیا ہے، اللہ تعالیٰ نے اعمال پر جو ثواب کے وعدے کئے ہیں اس پر پختہ یقین کرنا اور اس کو پیش نظر رکھنا مشکل کام کو آسان بنا دیتا ہے۔ تفصیل کتاب الایمان باب ۲۵ (تحفۃ القاری ۱: ۲۵۳) میں ہے۔

[٦-] بَابُ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا واحْتِسَابًا وَنِيَّةً

وَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يُبْعَثُوْنَ عَلَى نِيَّاتِهِمْ"

[١٩٠١-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا واحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" [راجع: ٣٥]

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی معلق حدیث آگے (حدیث ۲۱۱۸) آرہی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ایک لشکر کعبہ پر چڑھائی کرے گا، پس جب وہ چٹیل زمین میں ہونگے تو اگلے پچھلے سارے زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے .... پھر وہ قیامت کے دن ان کی نیتوں کے موافق اٹھائے جائیں گے۔

معلوم ہوا کہ عمل میں نیت اثر انداز ہوتی ہے، کیونکہ اس لشکر میں ہر طرح کے لوگ ہونگے، دکان دار، نوکر چاکر اور مجبور کئے ہوئے لوگ بھی ہونگے، ان کا قیامت کے دن کوئی مواخذہ نہیں ہوگا، کعبہ کو ڈھانے کا مقصد لے کر جو لوگ چلے ہیں انہی کی پکڑ ہوگی، معلوم ہوا کہ عمل میں نیت کا اعتبار ہے۔

بَابٌ: أَجْوَدُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَكُوْنُ فِي رَمَضَانَ

رمضان میں نبی ﷺ بے حد سخی ہوجاتے تھے

یہ حدیث کتاب کے شروع میں گذر چکی ہے، وہاں بتلایا تھا کہ نیک بندوں کے ساتھ ملاقات آدمی کے دل ودماغ پر اثر انداز ہوتی ہے، خیر کے کام کرنے کو جی چاہتا ہے۔ آنحضور ﷺ جودوسخا کے پیکر تھے مگر رمضان المبارک میں آپؐ کی سخاوت نقطۂ عروج پر پہنچ جاتی تھی، کیونکہ رمضان کی راتوں میں حضرت جبرئیل علیہ السلام آپؐ سے روزانہ ملتے تھے اور آپؐ کے ساتھ قرآن کا دور کرتے تھے (تحفۃ القاری ۱:۱۵۲)

[۷-] بَابٌ: أَجْوَدُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَكُوْنُ فِي رَمَضَانَ

[۱۹۰۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عُتْبَةَ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ، وَكَانَ أَجْوَدَ مَا يَكُوْنُ فِي رَمَضَانَ حِيْنَ يَلْقَاهُ جِبْرَئِيْلُ، وَكَانَ جِبْرَئِيْلُ يَلْقَاهُ كُلَّ لَيْلَةٍ فِي رَمَضَانَ حَتَّى يَنْسَلِخَ، يَعْرِضُ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْقُرْآنَ، فَإِذَا لَقِيَهُ جِبْرِيْلُ كَانَ أَجْوَدَ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ[راجع: ٦]

قوله:يعرض عليه النبيُّ: جب نبی ﷺ حضرت جبرئیل علیہ السلام کو پارہ سناتے تھے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهِ فِي الصَّوْمِ

جو شخص روزے میں جھوٹی بات کہنے سے اور اس پر عمل کرنے سے احتراز نہ کرے

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ مثبت ومنفی پہلو سے روزہ کی حفاظت ضروری ہے، مثبت پہلو سے: روزہ میں مفطرات ثلاثہ سے بچنا ضروری ہے اور منفی پہلو سے: خادشات سے یعنی زخمی کرنے والی باتوں سے جو روزے کو ناقص کرتی ہیں بچنا ضروری ہے۔ روزے کا صحیح فائدہ اسی وقت حاصل ہوگا۔

اور جھوٹ کی دو قسمیں ہیں: قولی اور فعلی، قولی جھوٹ ظاہر ہے اور فعلی جھوٹ تاجر کا جھوٹا بل دکھانا ہے، اسی طرح اور ناجائز کام مثلاً غیبت کرنا اور گالی گلوچ بھی عملی جھوٹ ہیں، پس جس نے جھوٹ نہیں چھوڑا اس کا روزہ بھوک پیاس کے علاوہ کچھ نہیں!

[۸-] بَابُ مَنْ لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهِ فِي الصَّوْمِ

[۱۹۰۳-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهِ فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِي أَنْ يَدَعَ طَعَامَهُ وَشَرَابَهُ"[انظر: ٦٠٥٧]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "جس نے جھوٹ بولنا اور اس پر عمل پیرا ہونا نہیں چھوڑا تو اللہ کو اس کے کھانا پینا چھوڑنے کی کیا ضرورت ہے!"

تشریح: یہ روزہ چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے بلکہ روزے میں جھوٹ اور فریب نہ چھوڑنے پر وعید ہے، جیسے حدیث میں ہے کہ جس کے پاس زادوراحلہ ہو اور وہ حج نہ کرے تو اس پر کچھ گناہ نہیں کہ وہ یہودی یا نصرانی ہو کر مرے" یہ یہودی اور نصرانی ہونے کی اباحت نہیں ہے بلکہ حج نہ کرنے پر وعید ہے، یہ حدیث بھی اسی شاکلہ (انداز) پر ہے کہ جو شخص روزے میں جھوٹ اور فریب سے نہیں بچتا اس کے روزہ کا کیا فائدہ؟ جو خادشات سے بچے گا اسی کو روزہ کا کماحقہ فائدہ پہنچے گا۔

بَابٌ: هَلْ يَقُوْلُ: إِنِّيْ صَائِمٌ إِذَا شُتِمَ؟

جب کوئی گالی دیا جائے تو وہ کہے کہ میرا روزہ ہے؟

اگر کوئی شخص روزہ دار سے گالی گلوچ اور لڑائی جھگڑا کرے تو جواب ترکی بہ ترکی نہ دے بلکہ یہ سوچے کہ اس کا روزہ ہے اور ضرورت پڑے تو کہہ بھی دے کہ میرا روزہ ہے۔ فتح الباری (۱۰۵:۴) میں ہے: کل منهما حسنٌ، والقول باللسان أقوى، ولو جمعهما لكان حَسَنًا۔

[٩-] بَابٌ: هَلْ يَقُوْلُ: إِنِّيْ صَائِمٌ إِذَا شُتِمَ؟

[١٩٠٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ الزَّيَّاتِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَالَ اللّٰهُ: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ إِلَّا الصِّيَامَ فَإِنَّهُ لِيْ، وَأَنَا أَجْزِيْ بِهِ، وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ، وَإِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ أَحَدِكُمْ فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَصْخَبْ، فَإِنْ سَابَّهُ أَحَدٌ أَوْ قَاتَلَهُ فَلْيَقُلْ: إِنِّيْ امْرُؤٌ صَائِمٌ، وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ، لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ يَفْرَحُهُمَا: إِذَا أَفْطَرَ فَرِحَ، وَإِذَا لَقِيَ رَبَّهُ فَرِحَ بِصَوْمِهِ"[راجع: ١٨٩٤]

قولہ: ولا يَصخَب: روزہ رکھ کر شور شرابہ نہ کرے اس سے روزہ لگتا ہے، بھوک پیاس محسوس ہوتی ہے۔

قولہ: للصائم فرحتان: روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں: ایک: جب روزہ کھولتا ہے تو خوش ہوتا ہے، دوسرے: جب اللہ عزوجل سے ملاقات ہوگی تو اپنے روزے کی وجہ سے خوش ہوگا۔

بَابُ الصَّوْمِ لِمَنْ خَافَ عَلٰى نَفْسِهِ الْعُزُوْبَةَ

بیوی نہ ہونے کی وجہ سے گناہ کا اندیشہ ہوتو روزے رکھے

عَزَبَ فلانٌ عُزْبَةً وَعُزُوْبَةً: غیر شادی شدہ ہونا، کنوارا ہونا، ھو عازب، جمع عُزَّاب۔ اگر کسی کی بیوی نہ ہو اور زنا میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو تو شریعت نے اس کا علاج روزے تجویز کیا ہے، روزوں سے مادّہ کی فراوانی گھٹتی ہے، نفس کی تیزی ٹوٹتی ہے اور جوانی کا جوش ٹھنڈا پڑتا ہے، مگر روزے کم سحری اور کم افطاری کے ساتھ رکھنے چاہئیں، اور مسلسل رکھنے چاہئیں، چند روزوں سے فائدہ نہیں ہوگا، مگر بہت زیادہ بھی نہ رکھے، روزے زہریلی دواء کی طرح ہیں، اور ایسی دواء احتیاط کے ساتھ بقدر ضرورت لی جاتی ہے۔ اور کفارہ میں مسلسل دو ماہ کے روزے تجویز کئے گئے ہیں، پس زیادہ سے زیادہ دو ماہ کے روزے رکھے، پھر بند کردے، اور ضرورت باقی رہے تو کچھ وقفہ کے بعد دوبارہ شروع کرے مگر مسلسل دو ماہ سے زیادہ نہ رکھے، ضعف ونقاہت کا اندیشہ ہے۔

معلوم ہوا کہ روزوں میں صرف اخروی فائدہ ہی نہیں، دنیوی فائدہ بھی ہے اور وہ دنیوی فائدہ بھی من وجہ اخروی فائدہ ہے، اسی طرح ہر عبادت میں دوہرا فائدہ ہوتا ہے، مثلاً نماز سے سکون قلبی حاصل ہوتا ہے، زکات سے لوگوں میں مقبولیت پیدا ہوتی ہے، حج میں تجارت کرسکتا ہے۔ اسی طرح تمام عبادتوں میں آخرت کے فوائد کے ساتھ دنیوی فوائد بھی ہوتے ہیں، اور روزوں کا سب سے بڑا دنیوی فائدہ یہ ہے کہ نفس کنٹرول میں رہتا ہے، شہوت کا زور ٹوٹتا ہے اور گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہیں رہتا، یہی اس باب کا مدعی ہے۔

[۱۰-] بَابُ الصَّوْمِ لِمَنْ خَافَ عَلٰى نَفْسِهِ الْعُزُوْبَةَ

[۱۹۰۵-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: بَيْنَا أَنَا أَمْشِيْ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" مَنِ اسْتَطَاعَ الْبَاءَ ةَ فَلْيَتَزَوَّجْ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ، وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ" قَالَ: أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْبَاءَ ةُ: النِّكَاحُ. [انظر: ۵۰۶۵، ۵۰۶۶]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص گھر بسانے کی طاقت رکھتا ہے وہ نکاح کرلے، اس لئے کہ نکاح نگاہ کو بہت زیادہ پست کرنے والا اور شرم گاہ کی بہت زیادہ حفاظت کرنے والا ہے۔ اور جو نکاح نہیں کرسکتا وہ روزے لازم پکڑے اس لئے کہ روزے اس کے لئے آختگی ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: الباء ة کے معنی ہیں: نکاح۔

لغات: الباء ة، البِيْئَة، الْمَبْوَأ اور الْمَبَاءَ ة کے معنی ہیں: منزل، گھر، اور ایک دوسرا لفظ ہے: الْبَاهُ والْبَاهَة: اس کے معنی ہیں: جماع کی قوت، قوت باہ کے لئے یہی لفظ مستعمل ہے، مگر حدیث میں یہ لفظ نہیں ہے، لوگ عام طور پر اس حدیث

کی تفسیر کرتے ہیں کہ جس میں قوت مردمی ہے وہ نکاح کرلے مگر یہ بات صحیح نہیں، نامردوں کو روزوں کی کیا ضرورت ہے؟ اور امام بخاریؒ نے الباء ۃ کی تفسیر النکاح سے کی ہے، یہ تفسیر صحیح ہے، اس میں مہر، جھونپڑا اور دیگر ضروری سامان آجاتا ہے ....وَجَأَ (ف) وِجاءً الْفَحْلَ: آختہ کرنا، یعنی نر کے خصیوں کو چپٹا کرنا، جس سے وہ خصی جیسا ہوجائے، اور خَصَاہ (ض) خِصَاءً کے معنی ہیں: فوطے نکال دینا، روزوں سے شہوت ٹوٹتی ہے، قوت مردمی ختم نہیں ہوتی، اس لئے اس کے لئے لفظ وجاء استعمال کیا ہے۔

تشریح: جب جسم میں منی کی فراوانی ہوتی ہے تو نفس میں شہوت پیدا ہوتی ہے اور جنسی خواہش بھڑکتی ہے، جس سے انسان زنا جیسے حرام فعل کا ارتکاب کرنے پر مجبور ہوجاتا ہے، اس لئے جو شخص گھر بسانے کی طاقت رکھتا ہے اسے ایسی عورت میسر ہے جس سے نکاح کرنا حکمت کے تقاضہ کے مطابق ہے اور اس کے نان ونفقہ پر قادر ہے تو اس کے لئے اس سے بہتر کوئی صورت نہیں کہ وہ نکاح کرلے، اس سے نگاہ بہت زیادہ پست ہوجاتی ہے، اور شرم گاہ کی خوب حفاظت ہوجاتی ہے، کیونکہ نکاح سے استفراغ مادہ خوب ہوتا ہے، اور جو نکاح کی استطاعت نہیں رکھتا وہ مسلسل روزے رکھے، مسلسل روزوں میں یہ خاصیت ہے کہ اس سے نفس کی تیزی ٹوٹتی ہے اور جوانی کا جوش ٹھنڈا پڑتا ہے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: إِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُوْمُوْا وَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَأَفْطِرُوْا

جب تم نیا چاند دیکھو تو روزے شروع کرو، اور جب اگلا چاند دیکھو تو روزے بند کردو (حدیث)

یہ باب (چھ ابواب قبل) آچکا ہے مگر وہ مختصر تھا اور یہ تفصیلی باب ہے، علاوہ ازیں وہ باب سب نسخوں میں نہیں ہے کسی نسخہ میں ہے اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ شریعت نے جو عبادت جتنی مشروع کی ہے اتنی ہی کرنی چاہئے، اس میں کمی بیشی جائز نہیں، ظہر کی چار رکعتیں فرض کی ہیں تو چار ہی رکعتیں پڑھنی چاہئیں، تین یا پانچ پڑھنا جائز نہیں۔ اسی طرح رمضان کے روزے ایک دو دن پہلے شروع کردینا یا بعد تک رکھنا جائز نہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''رمضان کا چاند دیکھ کر روزے شروع کرو اور شوال کا چاند دیکھ کر روزے ختم کردو یعنی احتیاط کے نام پر ایک دو دن پہلے روزے شروع مت کرو، نہ بعد میں رکھو، کیونکہ جب احتیاط کے نام پر اضافہ کیا جائے گا تو وہ اضافہ بڑھتا ہی جائے گا، پھر جب بوجھ ناقابل برداشت ہوجائے گا تو لوگ اصل کو بھی چھوڑ دیں گے، کہتے ہیں: بنی اسرائیل پر صرف تین روزے فرض کئے گئے تھے، انھوں نے احتیاط کے نام پر ان میں اضافہ کیا یہاں تک کہ چھ مہینے کے روزے کردیئے، پھر سب ختم کردیئے، آج عیسائی روزہ رکھتے ہیں، ہندو بھی رکھتے ہیں، مگر یہودی نہیں رکھتے، اس لئے شریعت نے رمضان کے روزے پہلے شروع کرنے سے منع کیا اسی طرح رمضان کے آخر میں بھی اضافہ ممنوع ہے، یکم شوال کا روزہ حرام ہے، کیونکہ روزے رکھنے سے قلب منور ہوجاتا ہے، اور روزوں میں مزہ آنے لگتا ہے، اس لئے رمضان کے آخر میں اضافہ کا احتمال زیادہ تھا، چنانچہ یکم شوال کا روزہ حرام کردیا، اور ابتدائے

رمضان میں یہ احتمال کم تھا اس لئے صرف زبانی ممانعت کی۔

حدیث: حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس نے یوم الشک کا روزہ رکھا اس نے ابوالقاسم ﷺ کی نافرمانی کی، یوم الشک شعبان کی تیس تاریخ ہے، جبکہ انتیس شعبان کو مطلع صاف نہ ہو، بادل، گہرا غبار یا تیز سرخی ہو جس کی وجہ سے چاند نظر نہ آیا ہو، تو اگلا دن یوم الشک ہے، اور یوم الشک میں روزہ رکھنے سے نبی ﷺ نے منع فرمایا ہے، یہ بات اسی حدیث کے اقتضاء سے ثابت ہوتی ہے، الگ سے حدیث تلاش کرنے کی ضرورت نہیں، اور یوم الشک میں روزہ کی ممانعت اس وجہ سے ہے کہ اس دن کے روزہ میں دو احتمال ہیں: اگر وہ رمضان کی پہلی تاریخ ہوگی تو روزہ فرض ہوگا اور اگر تیس شعبان ہوگی تو روزہ نفل ہوگا یہ رمضان کی وجہ سے ایک دو دن پہلے روزے شروع کرنا ہے اس لئے یوم الشک کا روزہ ممنوع ٹھہرا۔

[۱۱-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُوْمُوْا، وَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَأَفْطِرُوْا"

وَقَالَ صِلَةُ، عَنْ عَمَّارٍ: مَنْ صَامَ يَوْمَ الشَّكِّ فَقَدْ عَصَى أَبَا الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم

[۱۹۰۶-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم ذَكَرَ رَمَضَانَ، فَقَالَ:" لَاتَصُوْمُوْا حَتَّى تَرَوُا الْهِلَالَ، وَلَا تُفْطِرُوْا حَتَّى تَرَوْهُ، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوْا لَهُ"[راجع: ۱۹۰۰]

[۱۹۰۷-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ لَيْلَةً، فَلَا تَصُوْمُوْا حَتَّى تَرَوْهُ، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوْا الْعِدَّةَ ثَلَاثِيْنَ"[راجع: ۱۹۰۰]

[۱۹۰۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم "الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا" وَخَنَسَ الإِبْهَامَ فِي الثَّالِثَةِ[انظر: ۱۹۱۳، ۵۳۰۲]

[۱۹۰۹-] حدثنا آدَمُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم- أَوْ قَالَ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم - "صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهِ، وَأَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهِ، فَإِنْ أُغْمِيَ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوْا عِدَّةَ شَعْبَانَ ثَلَاثِيْنَ"

[۱۹۱۰-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم آلَى مِنْ نِسَائِهِ شَهْرًا، فَلَمَّا مَضَى تِسْعَةٌ وَعِشْرُوْنَ يَوْمًا غَدَا أَوْ: رَاحَ، فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّكَ حَلَفْتَ أَنْ لَا تَدْخُلَ شَهْرًا، فَقَالَ:" إِنَّ الشَّهْرَ يَكُوْنُ تِسْعَةً وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا"[انظر: ۵۲۰۲]

[۱۹۱۱-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: آلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ نِسَائِهِ، وَكَانَتِ انْفَكَّتْ رِجْلُهُ، فَأَقَامَ فِي مَشْرُبَةٍ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً، ثُمَّ نَزَلَ، فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! آلَيْتَ شَهْرًا، فَقَالَ: "إِنَّ الشَّهْرَ يَكُوْنُ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ" [راجع: ۳۷۸]

قولہ: ذکر رمضان: آپؐ نے رمضان کے احکام بیان فرمائے.......... **قولہ:** الشہر تسع وعشرون: قمری مہینہ کبھی انتیس دن کا ہوتا ہے.......... **قولہ:** وخَنَسَ الإبهام: نبی ﷺ نے پہلی مرتبہ دونوں ہاتھوں کی سب انگلیاں کھول کر تین مرتبہ اشارہ کیا اور فرمایا: الشہر ھکذا وھکذا وھکذا: یعنی مہینہ کبھی تیس دن کا ہوتا ہے پھر دوسری مرتبہ اسی طرح اشارہ کیا اور تیسری مرتبہ میں انگوٹھا موڑ لیا یعنی کبھی مہینہ انتیس دن میں پورا ہوتا ہے۔

قولہ: آلی من نسائہ شھرًا: ایک مرتبہ نبی ﷺ نے ازواج مطہرات سے ناراض ہوکر ایک ماہ تک ان کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی تھی یعنی ایلاء لغوی کیا تھا، اور اسی زمانہ میں گھوڑے سے گرنے کا حادثہ پیش آیا تھا، چنانچہ آپؐ نے بیماری کے ایام اور ایلاء کے ایام ایک بالا خانے میں تنہائی میں گذارے تھے، جب مہینہ پورا ہوا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ کو خبر دی، آپؐ بالا خانہ سے اترے اور یکے بعد دیگرے سب ازواج مطہرات کے پاس گئے، سب سے پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور آیات تخییر سنائیں، حضرت عائشہؓ نے آپؐ کو اختیار کیا اور یہ بھی عرض کیا کہ یارسول اللہ! آپؐ نے ایک ماہ کی قسم کھائی تھی، اور ابھی انتیس دن ہوئے ہیں، آپؐ نے فرمایا: یہ مہینہ انتیس دن کا ہے۔ تفصیل کتاب الصلوٰۃ باب ۱۸ (تحفۃ القاری ۲: ۲۱۳) میں گذر چکی ہے۔

بَابٌ: شَهْرَا عِيْدٍ لَايَنْقُصَانِ

عید کے دو مہینے گھٹتے نہیں

یہ حدیث کے الفاظ ہیں اور عید کے دو مہینوں سے مراد: رمضان اور ذوالحجہ ہیں، ذوالحجہ کا عید کا مہینہ ہونا تو ظاہر ہے اور رمضان عرفا عید کا مہینہ ہے، حقیقت میں عید کا مہینہ شوال ہے مگر چونکہ عرف میں ماہ رمضان کو عید کا مہینہ کہتے ہیں اس لئے یہاں یہی مراد ہے، اور اس ارشاد کے تقریباً دس مطلب بیان کئے گئے ہیں (دیکھیں معارف السنن ۶: ۲۵) اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے ان میں سے دو مطلب نقل کئے ہیں۔

پہلا مطلب: امام احمد رحمہ اللہ نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ یہ دونوں مہینے ایک ساتھ نہیں گھٹتے، یعنی دونوں انتیس انتیس کے نہیں ہوتے، اگر ایک انتیس کا ہوگا تو دوسرا تیس کا ہوگا، ہاں دونوں تیس کے ہوسکتے ہیں۔

دوسرا مطلب: امام اسحاق رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے کہ دونوں مہینے انتیس انتیس کے ہوسکتے ہیں اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ان کا ثواب نہیں گھٹتا، اگر یہ مہینے انتیس کے بھی ہوں تب بھی ثواب پورے تیس دن کا ملے گا۔ یہ مطلب حضرت

اسحاق رحمہ اللہ سے ان کے صاحبزادے ابوالحسن علی نقل کرتے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کی سند سے یہ قول لکھا ہے (تہذیب الکمال میں اس صاحبزادے کی ایک روایت ہے کہ ان کے ابا مثقوب الاذنین پیدا ہوئے تھے)

مگر یہ دوسرا مطلب بھی غور طلب ہے کیونکہ رمضان انتیس کا ہو تو ثواب کی کمی کا خیال پیدا ہوسکتا ہے مگر ذوالحجہ انتیس کا ہو: اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟ ذوالحجہ میں تو عبادت شروع کے دس بارہ دن میں ہے، مہینہ کی کمی بیشی کا اس پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔

اس لئے میری ناقص رائے یہ ہے کہ مقصود رمضان کا حال بیان کرنا ہے، رمضان اگر انتیس دن کا بھی ہو تب بھی ثواب پورے تیس دن کا ملے گا۔ اور ذی الحجہ کا ذکر تبعاً ہے، اور یہ عربی کا اسلوب ہے، جب دو چیزوں میں مناسبت ہوتی ہے تو دونوں کو ملا کر حکم بیان کرتے ہیں، جیسے: اقتلوا الأسودين في الصلاة: الحَيَّةَ والعقرب نماز میں دو کالوں کو یعنی سانپ اور بچھو کو مارو، سانپ تو کالا ہوتا ہے، بچھو کالا نہیں ہوتا پس اصل مقصود سانپ کو مارنے کا حکم دینا ہے اور بچھو کا تذکرہ ضمناً آیا ہے اور ایسی صورت میں جو مقصود بالذکر ہوتا ہے اس کا وصف دوسرے کو اوڑھاتے ہیں، چنانچہ 'دو کالے' کہا گیا، مگر بچھو کا تذکرہ خواہ مخواہ نہیں، اس کو بھی مارنا ہے، مگر اصل مقصد سانپ کو مارنے کا حکم دینا ہے۔

اسی طرح مسلسلات میں ایک موضوع حدیث ہے: أضافني بالأسودين: التمرِ والماء: میری ضیافت کی دو کالی چیزوں سے یعنی کھجور اور پانی سے، کھجور تو کالی ہوتی ہے اور اس کی ضیافت بھی کی جاتی ہے مگر پانی نہ کالا ہوتا ہے نہ اس کی ضیافت کی جاتی ہے، مگر چونکہ کھجور کھا کر پانی پیا جاتا ہے اس لئے اس کا بھی تذکرہ کر دیا۔

اسی طرح یہاں بھی مقصود صرف رمضان کی فضیلت بیان کرنا ہے مگر مناسبت کی وجہ سے عید کے دوسرے مہینہ ذی الحجہ کا بھی تذکرہ کر دیا، اور مقصود بنائے حکم کی طرف ذہن کو منعطف کرنا ہے یعنی ثواب اس لئے نہیں گھٹے گا کہ وہ عید کا مہینہ ہے، خوشی کے موقعہ پر ثواب گھٹا دیا جائے تو خوشی خاک میں مل جاتی ہے (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۶۱) میں ہے)

ملحوظہ: یہ میں نے گیارہویں توجیہ بیان کی ہے، اگر کسی کی سمجھ میں یہ بھی نہ آئے تو اس کو سوچنے کا اور بارہویں توجیہ کرنے کا حق ہے۔

[۱۲-] بَابٌ: شَهْرَا عِيدٍ لاَيَنْقُصَانِ

[۱۹۱۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ إِسْحَاقَ، هُوَ ابْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. ح: وَحَدَّثَنِي مُسَدَّدٌ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، قَالَ: ثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "شَهْرَانِ لاَ يَنْقُصَانِ، شَهْرَا عِيدٍ: رَمَضَانُ وَذُو الْحَجَّةِ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: إِنْ نَقَصَ رَمَضَانُ تَمَّ ذُوْ الْحَجَّةِ، وَإِنْ نَقَصَ ذُوْالْحَجَّةِ تَمَّ رَمَضَانُ.

وَقَالَ أَبُوْ الْحَسَنِ: كَانَ إِسْحَاقُ بْنُ رَاهْوَيْهِ يَقُوْلُ: لَايَنْقُصَانِ فِي الْفَضِيْلَةِ، إِنْ كَانَ تِسْعَةً وَعِشْرِيْنَ أَوْ ثَلَاثِيْنَ.

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: لَانَكْتُبُ وَلَا نَحْسِبُ

ارشادِ نبوی: ہم نہ لکھتے ہیں نہ گنتے ہیں!

اس باب کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ رمضان کے آغاز واختتام کا مدار رویت پر ہے، حساب پر نہیں، اس لئے کہ نبی ﷺ کی امت بہت بڑی امت ہے، اگر آسمان کے تارے گنے جاسکتے ہیں، درختوں کے پتّے گنے جاسکتے ہیں اور ریت کے ذرّے گنے جاسکتے ہیں تو آپؐ کی امت گنی جاسکتی ہے۔ اور شہر، گاؤں، بیابان سب جگہ بسی ہوئی ہے، اور امت کی بڑی تعداد ناخواندہ ہے، اور ذرائع مواصلات اب عام ہوئے ہیں اور وہ بھی ہر جگہ دستیاب نہیں، پس اگر حساب پر مدار رکھا جائے گا تو بڑی دشواری پیش آئے گی، اس لئے سہولت کی خاطر رؤیت پر مدار رکھا ہے، اب ہر شخص خواندہ ہو یا ناخواندہ، شہری ہو یا دیہاتی آسانی سے دین پر عمل کرسکے گا۔ تفصیل چند ابواب پہلے گذری ہے۔

[۱۳-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: لَانَكْتُبُ وَلَا نَحْسِبُ

[۱۹۱۳-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا الْأَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَمْرٍو، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "إِنَّا أُمَّةٌ أُمِّيَّةٌ، لَا نَكْتُبُ وَلَا نَحْسِبُ، الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا" يَعْنِيْ مَرَّةً تِسْعَةً وَعِشْرِيْنَ وَمَرَّةً ثَلَاثِيْنَ.

بَابٌ: لَايَتَقَدَّمُ رَمَضَانَ بِصَوْمِ يَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ

رمضان کے روزے ایک دو دن پہلے شروع نہ کئے جائیں

یہ مسئلہ گذر چکا ہے، شریعت نے جو عبادت جتنی مشروع کی ہے اتنی ہی بجالانی ضروری ہے، اس میں نہ کمی کرنی چاہئے نہ زیادتی، اگر رمضان کے روزے احتیاطاً ایک دو دن پہلے شروع کئے جائیں گے تو یہ روزوں میں اضافہ ہوگا جو ممنوع ہے۔

[۱٤-] بَابٌ: لَايَتَقَدَّمُ رَمَضَانَ بِصَوْمِ يَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ

[۱۹۱٤-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَايَتَقَدَمَنَّ أَحَدُكُمْ رَمَضَانَ بِصَوْمِ يَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ رَجُلٌ كَانَ يَصُوْمُ صَوْمَه، فَلْيَصُمْ ذٰلِكَ الْيَوْمَ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص ہرگز رمضان سے ایک دو دن آگے نہ بڑھے، مگر یہ کہ کوئی شخص کسی دن کا روزہ رکھتا ہو تو وہ اس دن کا روزہ رکھ سکتا ہے۔

تشریح: احتیاط کے نام پر ایک دو دن پہلے روزے شروع کر دینا جائز نہیں، ہاں اگر کسی شخص کا کسی خاص دن میں روزہ رکھنے کا معمول ہے، مثلاً جمعہ کا روزہ رکھتا ہے اور اتفاق سے شعبان کی انتیس یا تیس تاریخ جمعہ کا دن ہو تو وہ روزہ رکھ سکتا ہے، کیونکہ وہ پہلے سے رمضان شروع نہیں کر رہا بلکہ اپنا معمول پورا کر رہا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ﴾

آیتِ کریمہ ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ﴾ کا شانِ نزول

امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ کتاب کے شروع میں آیت لکھتے ہیں، پھر احادیث لاتے ہیں اور پوری کتاب اس آیت کی تفسیر ہوتی ہے، مگر یہاں درمیان میں آیت لکھی ہے، یہ بھی حضرت رحمہ اللہ کا ایک طریقہ ہے، کبھی جنرل عنوان درمیان میں قائم کرتے ہیں، اور یہاں آیت کی تفسیر نہیں کرنی، آگے جو ابواب آرہے وہ سب اس آیت کی تفسیر ہیں۔ یہاں صرف آیت کا شانِ نزول بیان کرنا ہے۔

[١٥-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلٰى نِسَائِكُمْ، هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ، عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَكُمْ، فَتَابَ عَلَيْكُمْ، وَعَفَا عَنْكُمْ، فَالْآنَ بَاشِرُوْهُنَّ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ﴾

[١٩١٥-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم: إِذَا كَانَ الرَّجُلُ صَائِمًا، فَحَضَرَ الإِفْطَارُ، فَنَامَ قَبْلَ أَنْ يُفْطِرَ، لَمْ يَأْكُلْ لَيْلَتَهُ وَلاَ يَوْمَهُ حَتَّى يُمْسِيَ، وَإِنَّ قَيْسَ بْنَ صِرْمَةَ الْأَنْصَارِيَّ كَانَ صَائِمًا، فَلَمَّا حَضَرَ الإِفْطَارُ أَتَى امْرَأَتَهُ، فَقَالَ لَهَا: أَعِنْدَكِ طَعَامٌ؟ قَالَتْ: لاَ، وَلٰكِنْ أَنْطَلِقُ وَأَطْلُبُ لَكَ، وَكَانَ يَوْمَهُ يَعْمَلُ، فَغَلَبَتْهُ عَيْنُهُ، فَجَاءَتِ امْرَأَتُهُ، فَلَمَّا رَأَتْهُ قَالَتْ: خَيْبَةً لَكَ! فَلَمَّا انْتَصَفَ النَّهَارُ غُشِيَ عَلَيْهِ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلٰى نِسَائِكُمْ﴾ فَفَرِحُوْا بِهَا فَرَحًا شَدِيْدًا، وَنَزَلَتْ: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ﴾ [البقرة: ١٨٧] [انظر: ٤٥٠٨]

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: صحابہ میں سے جب کوئی روزے سے ہوتا اور افطار کا وقت آتا اور افطار کرنے

سے پہلے سوجاتا تو اس پوری رات اور آئندہ دن شام تک کچھ نہیں کھا سکتا تھا، اور حضرت قیس بن صرمہ انصاری رضی اللہ عنہ روزہ سے تھے، جب افطار کا وقت ہوا تو وہ اپنی بیوی کے پاس آئے اور اس سے پوچھا: کیا آپ کے پاس کھانے کے لئے کچھ ہے؟ اس نے کہا: نہیں، لیکن میں جاتی ہوں اور آپ کے لئے کچھ ڈھونڈھتی ہوں، اور وہ اپنا پورا دن کام کرتے رہے تھے، پس ان کی آنکھ لگ گئی، پس ان کی بیوی آئی جب اس نے ان کو سوتے ہوئے پایا تو کہا: آپ نا کام رہے! پس جب (اگلا) آدھا دن ہوا تو وہ بیہوش ہوگئے، پس یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی گئی اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ تمہارے لئے رمضان کی راتوں میں اپنی بیویوں سے زن وشوئی کی باتیں کرنا جائز کردیا گیا، پس صحابہ بہت خوش ہوئے، اس آیت کی وجہ سے، اور (یہ بھی) نازل ہوا کہ کھاؤ پیو، یہاں تک کہ تمہارے لئے صبح کا سفید دھاگا رات کے سیاہ دھاگے سے خوب واضح ہوجائے۔

تشریح: ابتداء میں جب روزے فرض ہوئے تو مسئلہ یہ تھا کہ افطار کے بعد سونے سے پہلے کھا پی سکتے تھے، اور جب آنکھ لگ گئی تو اب کھانا پینا جائز نہیں، اگلا روزہ شروع ہوگیا، نہ بیوی سے صحبت کرسکتے ہیں، بعض صحابہ سے اس حکم کی خلاف ورزی ہوگئی، انھوں نے سونے کے بعد بیوی سے مقاربت کی۔ پھر مذکورہ واقعہ پیش آیا تو سورۂ بقرہ کی آیت ۱۸۷ نازل ہوئی اور حکم سابق منسوخ کردیا گیا، اور صبح صادق تک کھانے پینے کی اور بیوی سے ملنے کی اجازت دیدی گئی۔

آیت کا ترجمہ: روزوں کی راتوں میں تمہارے لئے اپنی بیویوں سے زن وشوئی کی باتیں کرنا جائز کردیا گیا، وہ تمہارا پہناوا ہیں اور تم ان کا پہناوا ہو، اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ تم اپنی ذوات کے ساتھ خیانت کرتے ہو، پس اس نے تمہاری حالت پر توجہ کی اور تم کو معاف کردیا یعنی پچھلی کسی لغزش پر تم سے سوال نہیں ہوگا، پس اب تم ان سے مل جل سکتے ہو، اور وہ (اولاد) تلاش کرو جو اللہ نے تمہارے لئے مقدر کی ہے، اور کھاؤ پیو یہاں تک کہ صبح کا سفید دھاگا (رات کے) سیاہ دھاگے سے خوب واضح ہوجائے، پھر تم رات تک روزہ پورا کرو۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ، ثُمَّ أَتِمُّوْا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ﴾

خیط ابیض اور خیط اسود کا مطلب

جب مذکورہ آیت نازل ہوئی تو حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے سفید اور سیاہ عقال لئے، عقال اونٹ کے پیر میں باندھنے کی رسّی کو کہتے ہیں، ان کو تکیے کے نیچے رکھا، اور ان کو دیکھتے رہے اور کھاتے رہے، وہ دیر تک ایک دوسرے سے جدا نظر نہ آئے، انھوں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، آپؐ نے فرمایا: تمہارا تکیہ بڑا چوڑا ہے! پھر ان کو آیت کا مطلب سمجھایا کہ خیط ابیض سے صبح صادق اور خیط اسود سے رات مراد ہے، جب صبح کی سفید لکیر رات کی سیاہ لکیر سے الگ محسوس ہونے لگے یعنی یقینی طور پر صبح صادق ہوجائے تب کھانا پینا بند کرو۔

[۱۶-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ، ثُمَّ أَتِمُّوْا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ﴾

فِيْهِ الْبَرَاءُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۹۱۶-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، أَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ﴾ عَمَدْتُ إِلٰى عِقَالٍ أَسْوَدَ وَإِلٰى عِقَالٍ أَبْيَضَ، فَجَعَلْتُهُمَا تَحْتَ وِسَادَتِيْ، فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ فِي اللَّيْلِ فَلاَ يَسْتَبِيْنُ لِيْ، فَغَدَوْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: "إِنَّمَا ذٰلِكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَبَيَاضُ النَّهَارِ"[انظر: ۴۵۰۹، ۴۵۱۰]

[۱۹۱۷-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، ثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: أُنْزِلَتْ: ﴿كُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ﴾ وَلَمْ يَنْزِلْ ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ فَكَانَ رِجَالٌ إِذَا أَرَادُوْا الصَّوْمَ، رَبَطَ أَحَدُهُمْ فِيْ رِجْلَيْهِ الْخَيْطَ الْأَبْيَضَ وَالْخَيْطَ الْأَسْوَدَ، وَلاَ يَزَالُ يَأْكُلُ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُ رُؤْيَتُهُمَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ بَعْدُ: ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ فَعَلِمُوْا إِنَّمَا يَعْنِيْ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ.
[انظر: ۴۵۱۱]

قوله: ولم ینزل من الفجر: جب سورۂ بقرہ کی آیت ۱۸۷ نازل ہوئی تو ﴿مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ﴾ تک نازل ہوئی اور ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ نازل نہیں ہوا، چنانچہ کچھ لوگوں نے اپنی فہم کے مطابق آیت کو سمجھا، حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے دو عقال تکیے کے نیچے رکھے اور بعض نے پاؤں میں سیاہ وسفید دھاگے باندھے، وہ ان کو دیکھتے تھے اور کھاتے تھے، پس ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ نازل ہوا اور آیت کی مراد واضح ہوئی۔

یہاں سمجھنے کی خاص بات یہ ہے کہ بعض مرتبہ آیت کا کچھ حصہ روک لیا جاتا تھا، پھر جب الجھن پیش آتی تو وہ ٹکڑا نازل کیا جاتا، پس ہر شخص بغیر سمجھائے آیت کو کماحقہ سمجھ جاتا، مثلاً: جب آیت تیمّم نازل ہوئی تو آیت کا صرف ابتدائی حصہ ﴿فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا﴾ نازل ہوا، اور تیمّم کا طریقہ نازل نہیں کیا گیا، چنانچہ لوگوں نے اپنی سمجھ کے مطابق پاک مٹی کا قصد کیا، کسی نے تمام اعضاء وضوء پر مٹی ملی، کسی نے ہاتھوں پر مونڈھوں اور بغلوں تک مسح کیا، کسی نے پورے بدن پر مٹی ملی، غرض مختلف طریقوں سے تیمّم کیا گیا اس کے بعد آیت کا باقی حصہ ﴿فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَأَيْدِيْكُمْ مِنْهُ﴾ نازل ہوا۔ اور لوگوں نے تیمّم کا طریقہ سیکھ لیا۔ اسی طرح یہاں بھی ابتداء میں ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ کو روک لیا، چنانچہ لوگوں نے اپنی فہم کے

مطابق آیت کو سمجھا، پھر جب الجھن پیش آئی اور نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا تو ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ نازل ہوا، اب بات واضح ہوگئی کہ خیط أبیض اور خیط أسود سے دن اور رات مراد ہیں۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: لَايَمْنَعُكُمْ مِنْ سُحُوْرِكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ

نبی ﷺ نے فرمایا: تمھیں سحری کھانے سے بلال کی اذان نہ روکے

نبی ﷺ کے زمانہ میں رمضان کی راتوں میں دو اذانیں ہوتی تھیں، پہلی اذان سحری کے وقت حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ دیتے تھے اور دوسری اذان صبح صادق پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ دیتے تھے۔ ایک مرتبہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے غلطی ہوگئی، ان کی آنکھوں میں کمزوری تھی، ان کو وقت کا صحیح اندازہ نہ ہوا اور انھوں نے صبح صادق سے پہلے اذان دیدی تو ڈیوٹیاں بدل دیں۔ آنحضور ﷺ نے باب کی حدیث میں اس کی اطلاع دی ہے کہ آئندہ حضرت بلالؓ سحری کے وقت اذان دیا کریں گے، پس ان کی اذان سن کر کھانا پینا بند مت کرو۔ تفصیل کتاب الصلوٰۃ باب ۱۱ (تحفۃ القاری ۲: ۴۸۳) میں گذر چکی ہے۔

[۱۷-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: لَايَمْنَعُكُمْ مِنْ سُحُوْرِكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ

[۱۹۱۸و۱۹۱۹-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَالْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ بِلَالاً كَانَ يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتَّى يُؤَذِّنَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، فَإِنَّهُ لَا يُؤَذِّنُ حَتَّى يَطْلُعَ الْفَجْرُ" قَالَ الْقَاسِمُ: وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَ أَذَانِهِمَا إِلَّا أَنْ يَرْقِيَ ذَا وَيَنْزِلَ ذَا. [راجع: ٦١٧]

قوله: ولم يكن بين أذانهما: قاسم بن محمدؒ کہتے ہیں: حضرت بلال اور حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما کی اذانوں میں زیادہ فصل نہیں تھا، ایک اذان دے کر مسجد کی چھت سے اترتا تھا، دوسرا چڑھتا تھا، اس پر اشکال یہ ہے کہ دس منٹ میں سحری کیسے کھالیں گے؟ سحری کے لئے کم از کم آدھ پون گھنٹہ چاہئے! اس کا ایک جواب یہ ہے کہ قاسم بن محمد تابعی ہیں، انھوں نے خود یہ منظر نہیں دیکھا، اور دوسرا جواب حاشیہ میں ہے کہ اترنے چڑھنے کے لئے اذان دے کر فوراً اترنا اور چڑھ کر فوراً اذان دینا ضروری نہیں، بلکہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دے کر وہیں چھت پر ذکر واذکار اور دعا میں مشغول رہتے تھے پھر اترتے تھے اور حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ چڑھتے تھے اور وہ بھی وہاں ذکر واذکار اور دعا وغیرہ میں لگ جاتے تھے، پھر جب لوگ صبح صادق ہونے کی خبر دیتے تب فجر کی اذان دیتے تھے۔ قاسم بن محمدؒ نے حضرت بلالؓ کے اذان دے کر فوراً اترنے کی اور حضرت ابن ام مکتومؓ کے چڑھنے کے بعد فوراً اذان دینے کی بات نہیں کہی، پس کوئی اشکال نہیں۔

بَابُ تَعْجِيْلِ السُّحُوْرِ

سحری جلدی جلدی کھانا

سَحور (بالفتح) کے معنی ہیں: سحری کا کھانا، اور سُحور (بالضم) کے معنی ہیں: سحری کھانا۔ سحری کرنے میں تاخیر کرنا یعنی صبح صادق کے قریب سحری کھانا مستحب ہے، اور ایسی صورت میں آدمی جلدی جلدی سحری کھاتا ہے، ایک صحابی کہتے ہیں: ہم سحری کی اذان پر تہجد کی نماز سے پھرتے تھے: فَنَسْتَعْجِلُ بالطعام مخافة الفجر: پس ہم جلدی جلدی سحری کھاتے تھے، صبح صادق کے اندیشہ سے (فتح) اور گیلری میں تاخیر السَّحور ہے اور اس کی تاویل یہ ہے کہ صبح صادق کی طرف سے تعجیل مراد ہے، جیسے فوقیت نیچے کی طرف سے بھی ہوتی ہے اور اوپر کی طرف بھی، اسی طرح تعجیل بھی دونوں طرف سے ہوتی ہے، اور یہاں صبح صادق کی طرف سے تعجیل اور رات کی طرف سے تاخیر مراد ہے، اس طرح دونوں نسخے جمع ہوجائیں گے۔

[۱۸-] بَابُ تَعْجِيْلِ السُّحُوْرِ

[۱۹۲۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنْتُ أَتَسَحَّرُ فِي أَهْلِيْ، ثُمَّ يَكُوْنُ سُرْعَتِيْ أَنْ أُدْرِكَ السَّحُوْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۵۷۷]

وضاحت: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اپنے گھر سحری کھاتا تھا پھر تیزی کے ساتھ چلتا تھا تاکہ نبی ﷺ کے ساتھ سحری پاؤں، اور گیلری میں السجود ہے اور یہی صحیح ہے یعنی سحری کھا کر میں لپک کر چلتا تھا تاکہ جماعت پاؤں۔

نبی ﷺ رمضان میں خلافِ معمول صبح صادق کے بعد جلدی فجر کی نماز پڑھ لیتے تھے اس لئے حضرت سہلؓ سحری کھا کر لپک کر چلتے تھے تاکہ جماعت فوت نہ ہوجائے، معلوم ہوا کہ حضرت سہلؓ تاخیر سے سحری کھاتے تھے اور یہی سنت ہے (کان تامہ ہے، اور أن سے پہلے لام پوشیدہ ہے أی لأن أدرك)

بَابُ قَدْرِ كَمْ بَيْنَ السُّحُوْرِ وَصَلاَةِ الْفَجْرِ؟

سحری اور نماز فجر کے درمیان کتنا فصل ہوتا تھا؟

حدیث: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (ایک سفر میں) ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ سحری کھائی، پھر ہم فجر کی نماز کے لئے کھڑے ہوئے، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے پوچھا: سحری کھانے اور نماز کے لئے کھڑے ہونے کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟ انھوں نے فرمایا: پچاس آیتیں پڑھنے کے بقدر۔

تشریح: اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ آپؐ صبح صادق کے قریب سحری کھاتے تھے اور صبح صادق کے بعد فوراً فجر کی نماز پڑھتے تھے، دیوبند میں اسی پر عمل ہے، رمضان میں صبح صادق کے بعد فوراً اذان ہوتی ہے پھر سنتیں پڑھتے ہیں اور نماز کھڑی ہوجاتی ہے۔

[۱۹-] بَابُ قَدْرِ كَمْ بَيْنَ السُّحُوْرِ وَصَلاَةِ الْفَجْرِ؟

[۱۹۲۱-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا هِشَامٌ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: تَسَحَّرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلاَةِ، قُلْتُ: كَمْ كَانَ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالسُّحُوْرِ؟ قَالَ: قَدْرُ خَمْسِيْنَ آيَةً [راجع: ۵۷۵]

بَابُ بَرَكَةِ السُّحُوْرِ مِنْ غَيْرِ إِيْجَابٍ

سحری کھانے میں فائدہ ہے، مگر ضروری نہیں

سحری کھانا واجب نہیں، لیکن سحری کھانی چاہئے اس میں فوائد ہیں۔ برکۃ کے معنی ہیں: فوائد، سحری کھانے سے روزے میں مدد ملتی ہے اور سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ دل دھڑکتا نہیں، اگر کسی دن سوتا رہ گیا اور سحری نہیں کھائی تو دن بھر دل بے چین رہتا ہے اور سحری کھائی ہے تو اطمینان رہتا ہے، مگر سحری کھانا واجب نہیں اور اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم صوم وصال رکھتے تھے۔ ظاہر ہے جو صوم وصال رکھے گا وہ نہ افطاری کرے گا نہ سحری کھائے گا، اگر افطاری یا سحری کرے گا تو صوم وصال نہیں رہے گا، اگرچہ بعد میں آپؐ نے صحابہ کو صوم وصال سے منع کر دیا مگر شروع میں صحابہ بھی صوم وصال رکھتے تھے۔ معلوم ہوا کہ روزہ رکھنے کے لئے سحری کھانا ضروری نہیں۔

[۲۰-] بَابُ بَرَكَةِ السُّحُوْرِ مِنْ غَيْرِ إِيْجَابٍ

لِأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابَهُ وَاصَلُوْا، وَلَمْ يُذْكَرِ السُّحُوْرُ.

[۱۹۲۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَاصَلَ، فَوَاصَلَ النَّاسُ، فَشَقَّ عَلَيْهِمْ، فَنَهَاهُمْ، قَالُوْا: فَإِنَّكَ تُوَاصِلُ، قَالَ: "لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ، إِنِّيْ أَظَلُّ أُطْعَمُ وَأُسْقَى" [انظر: ۱۹۶۲]

[۱۹۲۳-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تَسَحَّرُوْا فَإِنَّ فِي السُّحُوْرِ بَرَكَةً"

وضاحت: جب نبی ﷺ نے صوم وصال رکھا تو آپؐ کو دیکھ کر بعض صحابہ نے بھی صوم وصال رکھا۔ آپؐ نے منع

فرمایا، صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ تو صوم وصال رکھتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''میں تمہاری طرح نہیں ہوں، میں برابر کھلایا پلایا جاتا ہوں'' اس سے روحانی کھلانا پلانا مراد ہے، روحانی کھلانے پلانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا بلکہ مادی کھلانا پلانا بھی اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو تو روزہ نہیں ٹوٹتا۔ مشہور حدیث ہے: جو شخص بھول کر کھا پی لے وہ روزہ نہ توڑے کیونکہ اس کو اللہ تعالیٰ نے کھلایا پلایا ہے، اور روحانی کھلانا پلانا کیا ہے؟ اس کی وضاحت تحفۃ الالمعی (۳:۱۵۳) میں ہے۔

بَابٌ: إِذَا نَوَى بِالنَّهَارِ صَوْمًا

جب دن میں روزے کی نیت کرے

روزے چھ ہیں: (۱) رمضان کے روزے (۲) نذر معین کا روزہ (۳) رمضان کے روزہ کی قضا (۴) نذر غیر معین کا روزہ (۵) کفارہ کے روزے (۶) نفل روزے۔ جمہور کے نزدیک نفل روزوں میں تبییت نیت یعنی رات سے نیت کرنا ضروری نہیں، صبح صادق کے بعد بھی نیت ہو سکتی ہے البتہ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک نفل روزہ کی بھی رات سے نیت ضروری ہے اور حنفیہ کے نزدیک ضحوۂ کبریٰ تک (نصف نہار شرعی سے چالیس منٹ پہلے تک) نیت ہو سکتی ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک زوال کے بعد بھی نیت ہو سکتی ہے۔

اور رمضان کے روزے جن کا وقت اللہ کی طرف سے متعین ہے اور نذر معین کا روزہ جس کا وقت بندہ کی طرف سے متعین ہے، ان میں رات سے نیت کرنا شرط ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ حنفیہ کے نزدیک ان میں بھی رات سے نیت کرنا شرط نہیں، صبح صادق کے بعد بھی نیت ہو سکتی ہے اور دیگر ائمہ کے نزدیک صبح صادق سے پہلے نیت کرنا ضروری ہے اور قضا اور کفارہ کے روزے اور نذر غیر معین کے روزوں میں بالا جماع رات سے نیت کرنا شرط ہے۔

اور اس باب میں نفل روزوں کا بیان ہے اور اس میں کوئی خاص اختلاف نہیں۔ جمہور متفق ہیں کہ نفل روزوں میں رات سے نیت کرنا شرط نہیں، صبح صادق کے بعد بھی نیت ہو سکتی ہے، اور باب بظاہر عام ہے مگر روایات وآثار سب نفل روزوں کے بارے میں ہیں، اس لئے میں نے کہا کہ یہ باب نفل روزوں کے بارے میں ہے۔

[۲۱-] بَابٌ: إِذَا نَوَى بِالنَّهَارِ صَوْمًا

وَقَالَتْ أُمُّ الدَّرْدَاءِ: كَانَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ يَقُوْلُ: عِنْدَكُمْ طَعَامٌ؟ فَإِنْ قُلْنَا: لَا، قَالَ: فَإِنِّيْ صَائِمٌ يَوْمِيْ هٰذَا، وَفَعَلَهُ أَبُوْ طَلْحَةَ، وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَابْنُ عَبَّاسٍ، وَحُذَيْفَةُ.

[۱۹۲۴-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ رَجُلًا يُنَادِيْ فِي النَّاسِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ: إِنَّ مَنْ أَكَلَ فَلْيُتِمَّ، أَوْ: فَلْيَصُمْ، وَمَنْ لَمْ يَأْكُلْ فَلَا يَأْكُلْ''

[انظر: ۲۰۰۷، ۷۲۶۵]

اثر: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فجر کی نماز پڑھ کر گھر تشریف لاتے اور اہلیہ سے پوچھتے: گھر میں کھانے کے لئے کچھ ہے؟ اگر وہ کہتیں: کچھ نہیں ہے تو آپؓ روزہ کی نیت کر لیتے، حضرات ابوطلحہ، ابو ہریرہ، ابن عباس اور حذیفہ رضی اللہ عنہم بھی دن شروع ہونے کے بعد روزہ کی نیت کرتے تھے، اور اس سلسلہ میں حدیث مرفوع بھی ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک دن نبی ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور پوچھا: کیا تمہارے پاس کھانے کے لئے کچھ ہے؟ میں نے عرض کیا: کچھ نہیں ہے، آپؐ نے فرمایا: پس میں روزے کی نیت کرتا ہوں (ترمذی حدیث ۷۳۴) یہ حدیث چونکہ امام بخاری رحمہ اللہ کی شرط کے مطابق نہیں تھی اس لئے آثار صحابہ لائے ہیں۔

حدیث: حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے عاشوراء کے دن ایک شخص کو بھیج کر لوگوں میں اعلان کرایا کہ جس نے کچھ کھا پی لیا ہے وہ دن پورا کرے یعنی شام تک کچھ نہ کھائے، یا فرمایا: چاہئے کہ وہ روزہ رکھے یعنی اس دن کے روزہ کی قضا کرے اور جس نے کچھ نہیں کھایا وہ اب نہ کھائے یعنی روزہ کی نیت کر لے۔

تشریح: آنحضور ﷺ ہجرت سے پہلے مکہ معظّمہ میں عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے، اور قریش بھی یہ روزہ رکھتے تھے، ہجرت کے بعد جب آپؐ مدینہ منورہ آئے تو آپؐ نے دیکھا کہ یہاں کے لوگ اس روزہ کو نہیں جانتے، چنانچہ آپؐ نے عاشوراء کے دن منادی کروائی کہ جس نے ابھی تک کچھ کھایا پیا نہیں، وہ روزہ کی نیت کر لے، اور جس نے کچھ کھا پی لیا ہے وہ شام تک کھانے پینے سے رکا رہے، اور آئندہ کسی دن اس روزہ کی قضاء کرے۔

اور پہلے بتلایا ہے کہ رمضان کی فرضیت نازل ہونے سے پہلے عاشوراء کا روزہ فرض تھا، اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فرض روزے میں جس کا وقت متعین ہے رات سے نیت کرنا شرط نہیں، دن شروع ہونے کے بعد بھی اس کی نیت ہو سکتی ہے، احناف اسی کے قائل ہیں، ان کے نزدیک رمضان اور نذر معین کے روزوں کی صبح صادق کے بعد بھی نیت ہو سکتی ہے، مگر شوافع عاشوراء کے روزہ کی فرضیت کا انکار کرتے ہیں اس لئے وہ ان دو روزوں میں بھی رات سے نیت کو شرط قرار دیتے ہیں۔

بَابُ الصَّائِمِ يُصْبِحُ جُنُبًا

روزہ دار نے بحالت جنابت صبح کی

کوئی شخص بیوی سے صحبت کرنے کی وجہ سے یا احتلام ہو جانے کی وجہ سے جنبی ہے اور صبح صادق ہو گئی پس کیا وہ اس دن فرض یا نفل روزہ رکھ سکتا ہے؟ حضرت ابو ہریرہؓ پہلے یہ فتوی دیا کرتے تھے کہ اس دن روزہ رکھنا جائز نہیں، نہ فرض نہ نفل، پھر جب حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما کی حدیثیں ان کے سامنے آئیں کہ نبی ﷺ بیوی سے صحبت کرنے کی وجہ سے جنبی ہوتے تھے اور صبح صادق ہونے کے بعد آپؐ روزہ کی نیت کرتے تھے، پھر صبح صادق کے بعد غسل کرتے تھے، جب یہ فعلِ نبوی سامنے آیا تو حضرت ابو ہریرہؓ نے اپنے قول سے رجوع کر لیا، اب اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں۔

[۲۲-] بَابُ الصَّائِمِ يُصْبِحُ جُنُبًا

[۱۹۲۵و۱۹۲۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلٰى أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: جِئْتُ أَنَا وَأَبِيْ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى عَائِشَةَ وَأُمِّ سَلَمَةَ: ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، أَنَّ أَبَاهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَ مَرْوَانَ، أَنَّ عَائِشَةَ وَأُمَّ سَلَمَةَ أَخْبَرَتَاهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ، وَهُوَ جُنُبٌ مِنْ أَهْلِهِ، ثُمَّ يَغْتَسِلُ وَيَصُوْمُ، وَقَالَ مَرْوَانُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ: أُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَتُفْزِعَنَّ بِهَا أَبَا هُرَيْرَةَ، وَمَرْوَانُ يَوْمَئِذٍ عَلَى الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَكَرِهَ ذٰلِكَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، ثُمَّ قُدِّرَلَنَا أَنْ نَجْتَمِعَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ، وَكَانَتْ لِأَبِيْ هُرَيْرَةَ هُنَالِكَ أَرْضٌ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ لِأَبِيْ هُرَيْرَةَ: إِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكَ أَمْرًا، وَلَوْلَا أَنَّ مَرْوَانَ أَقْسَمَ عَلَيَّ فِيْهِ لَمْ أَذْكُرْهُ لَكَ، فَذَكَرَ قَوْلَ عَائِشَةَ وَأُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ: كَذٰلِكَ حَدَّثَنِى الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ، وَهُوَ أَعْلَمُ، وَقَالَ هَمَّامٌ، وَابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْمُرُ بِالْفِطْرِ، وَالْأَوَّلُ أَسْنَدُ[الحديث: ۱۹۲۵، انظر: ۱۹۳۰، ۱۹۳۱]؛[الحديث: ۱۹۲۶، انظر: ۱۹۳۲]

ترجمہ: ابوبکر بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں: ان کے ابا عبدالرحمٰن نے مروان سے بیان کیا کہ حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے ان سے بیان کیا کہ نبی ﷺ کو صبح صادق پاتی تھی درانحالیکہ آپؐ بیوی سے صحبت کرنے کی وجہ سے جنبی ہوتے تھے (علماء نے لکھا ہے کہ کسی نبی کو کبھی احتلام نہیں ہوا اور نہ کسی نبی کو جماہی آئی) پھر آپؐ غسل فرماتے تھے اور روزہ رکھتے تھے (یہ حدیث سن کر) مروان نے عبدالرحمٰن سے کہا: میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں، یہ حدیث سنا کر آپ ضرور ابوہریرہؓ کو گھبراہٹ میں ڈالیں (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور مروان میں دوستانہ تعلقات تھے اور یہ حدیث ابوہریرہؓ کے مذہب کے خلاف تھی اس لئے مروان نے کہا کہ ابوہریرہؓ کو ضرور یہ حدیث سناؤ، تاکہ وہ گھبرا جائیں) اور ان دنوں مروان مدینہ منورہ کا گورنر تھا (یہ مروان کے امیر المؤمنین بننے سے پہلے کا واقعہ ہے) ابوبکر کہتے ہیں: عبدالرحمٰن نے اس کو ناپسند کیا (عبدالرحمٰن جانتے تھے کہ حضرت ابوہریرہؓ کا فتوی اس کے خلاف ہے مگر وہ بڑے آدمی تھے، صحابی رسول تھے اس لئے عبدالرحمٰن کی حضرت ابوہریرہؓ سے یہ حدیث بیان کرنے کی ہمت نہ ہوئی) پھر ہمارے لئے ذوالحلیفہ میں جمع ہونا مقدر کیا گیا یعنی اتفاقاً ذوالحلیفہ میں ہماری حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، پس عبدالرحمٰن نے حضرت ابوہریرہؓ سے عرض کیا: میں آپ سے ایک حدیث ذکر کرتا ہوں اور اگر مروان نے وہ حدیث ذکر کرنے کے لئے مجھے قسم نہ دی ہوتی تو میں آپؓ سے وہ حدیث ذکر نہ کرتا۔ پھر انھوں نے حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما کی حدیث سنائی، حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا: مجھ سے فضل بن عباسؓ نے اسی طرح بیان کیا ہے (یعنی میں حضرت فضلؓ کی حدیث کے مطابق فتوی دیتا ہوں) اور وہ زیادہ جاننے والے ہیں (اور

گیلری میں ہے: وهن أعلم اور یہی صحیح ہے یعنی ازواج مطہرات اس مسئلہ کو فضل سے زیادہ جانتی ہیں یعنی حضرت ابو ہریرہؓ نے اپنے قول سے رجوع کرلیا) اور ہمام نے اور ابن عمرؓ کے صاحبزادے نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا کہ نبی ﷺ روزہ نہ رکھنے کا حکم دیا کرتے تھے۔ یعنی اگر صبح صادق کے وقت جنبی ہے تو آپؐ فرماتے تھے کہ اب روزہ نہ رکھے، اور پہلی روایت (حضرت عائشہ اور ام سلمہ رضی اللہ عنہما کی روایت) سند کے اعتبار سے اقوی ہے (اس لئے اسی پر امت کا عمل ہے)

بَابُ الْمُبَاشَرَةِ لِلصَّائِمِ

روزے میں بیوی کو ساتھ لٹانا

مباشرۃ: باب مفاعلہ کا مصدر ہے، بَشَرَۃ کے معنی ہیں: کھال، اور مباشرۃ کے معنی ہیں: بدن سے بدن لگانا، کپڑے کی آڑ کے بغیر میاں بیوی کا ایک دوسرے سے بدن لگانا مباشرت ہے اور زوجین کا باہم خاص اعضاء لگانا مباشرت فاحشہ ہے اور اس سے آگے جماع ہے۔ اردو میں مباشرت جماع کے معنی میں استعمال ہوتا ہے مگر عربی میں اس کے معنی ہیں: بدن سے بدن لگانا، اور یہاں روزہ کی حالت میں بیوی کو ساتھ لٹانا مراد ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ روزہ کی حالت میں بیوی کا بوسہ لیتے تھے اور بیوی کو ساتھ لٹاتے تھے اور آپؐ اپنی خواہش پر تم سے زیادہ قابو یافتہ تھے"

تشریح: آنحضرت ﷺ کا یہ عمل بیانِ جواز کے لئے تھا یعنی مسئلہ کی وضاحت کے لئے تھا، سنت نہیں تھا کہ لوگ اس پر عمل کریں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آخری جملہ سے یہی بات سمجھائی ہے، جیسے آپؐ نے ایک مرتبہ کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا، یہ عمل بھی بیان جواز کے لئے تھا یعنی مجبوری میں کھڑے ہوکر پیشاب کرنا جائز ہے، مگر سنت نہیں۔ یعنی یہ اسلامی تہذیب نہیں، اسی طرح حائضہ کے بارے میں سورۃ البقرہ (آیت ۲۲۲) میں ارشاد ہے کہ حیض گندی چیز ہے پس حیض میں تم عورتوں سے علاحدہ رہا کرو اور ان کے قریب مت جاؤ جب تک وہ پاک نہ ہوجائیں، پھر نبی ﷺ نے اپنے عمل سے اس کی حدود متعین فرمائیں کہ چومنا اور ساتھ لٹانا جائز ہے اس سے آگے بڑھنا جائز نہیں۔

[۲۳-] بَابُ الْمُبَاشَرَةِ لِلصَّائِمِ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَحْرُمُ عَلَيْهِ فَرْجُهَا.

[۱۹۲۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُقَبِّلُ وَيُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَكَانَ أَمْلَكَكُمْ لِإِرْبِهِ.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِرْبٌ: حَاجَةٌ. وَقَالَ طَاوُسٌ: ﴿غَيْرِ أُوْلِي الإِرْبَةِ﴾[النور: ۳۱]: الأَحْمَقُ، لَاحَاجَةَ لَهُ فِي النِّسَاءِ. [انظر: ۱۹۲۸]

وقالت عائشة: صدیقہؓ فرماتی ہیں: روزہ کی حالت میں صرف صحبت کرنا حرام ہے، اور مباشرت یعنی بیوی کو ساتھ لٹانا جائز ہے (مگر جوان آدمی کے لئے خطرہ سے خالی نہیں)

قوله: إِرْبٌ: اس کو الف اور راء کے زبر کے ساتھ بھی پڑھ سکتے ہیں اور الف کے زیر اور راء کے سکون کے ساتھ بھی۔ اور ابن عباسؓ نے اس کے معنی 'حاجت' کئے ہیں۔ اور سورۂ نور (آیت ۳۱) میں ارشاد ہے: ﴿غَيْرِ أُوْلِي الإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ﴾ حضرت طاؤسؒ نے اس کی تفسیر میں فرمایا: ''بیوقوف مراد ہے، جسے عورتوں سے کچھ مطلب نہ ہو!''

بَابُ الْقُبْلَةِ لِلصَّائِمِ

روزے میں بیوی کو چومنا

روزہ کی حالت میں بیوی کا بوسہ لینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، مگر جوان آدمی کو یہ کام نہیں کرنا چاہئے، اندیشہ ہے کہیں صحبت تک معاملہ نہ پہنچ جائے، اسی طرح مباشرت یعنی روزہ کی حالت میں بیوی کو ساتھ لٹانا بھی جائز ہے مگر جوان کے لئے خطرہ سے خالی نہیں۔ اس لئے روزہ کی حالت میں خاص طور پر رمضان میں اس کام سے بہت دور رہنا چاہئے تا کہ روزہ خطرے میں نہ پڑے۔

[٢٤-] بَابُ الْقُبْلَةِ لِلصَّائِمِ

وَقَالَ جَابِرُ بْنُ زَيْدٍ: إِنْ نَظَرَ فَأَمْنَى يُتِمُّ صَوْمَهُ.

[١٩٢٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لَيُقَبِّلُ بَعْضَ أَزْوَاجِهِ وَهُوَ صَائِمٌ، ثُمَّ ضَحِكَتْ [راجع: ١٩٢٧]

[١٩٢٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللهِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّهَا، قَالَتْ: بَيْنَمَا أَنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْخَمِيْلَةِ إِذْ حِضْتُ، فَانْسَلَلْتُ، فَأَخَذْتُ ثِيَابَ حَيْضَتِي، فَقَالَ: " مَا لَكِ؟ أَنُفِسْتِ؟" قُلْتُ: نَعَمْ. فَدَخَلْتُ مَعَهُ فِي الْخَمِيْلَةِ، وَكَانَتْ هِيَ وَرَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَغْتَسِلاَنِ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، وَكَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ. [راجع: ٢٩٨]

قال جابرُ بْنُ زَيْدٍ: جابر بن زید ابوالشعثاء ازدی تابعیؒ فرماتے ہیں: اگر کسی روزہ دار نے عورت کی شرم گاہ کی طرف دیکھا اور انزال ہو گیا تو وہ روزہ پورا کرے یعنی اس کا روزہ باقی ہے، انزال ہونے کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹا۔ حنفیہ کے یہاں

بھی یہی مسئلہ ہے۔ درمختار میں ہے: ولو نظر إلى فرجها مرارا يعني لم يفسد صومه بالنظر، وإن أنزل، ونظر إلى الفرج مرارا یعنی عورت کی شرم گاہ کی طرف بار بار دیکھا اور انزال ہوگیا تو روزہ فاسد نہیں ہوا (درمختار ۳: ۳۶۷)

حوالہ: دونوں حدیثوں کی باب پر دلالت واضح ہے اور دونوں حدیثیں پہلے گذر چکی ہیں، پہلی حدیث گذشتہ باب میں آئی ہے اور دوسری حدیث پہلی بار کتاب الحیض باب ۴ (تحفۃ القاری ۲: ۸۵) میں آئی ہے۔

بَابُ اغْتِسَالِ الصَّائِمِ

روزے میں نہانا

روزہ دار نہا سکتا ہے خواہ نفل روزہ ہو یا فرض، حضرت رحمہ اللہ نے اس باب میں بہت سارے آثار جمع کئے ہیں اور دو باتیں پیش نظر رکھ کر جمع کئے ہیں: ایک: روزہ میں نہانے سے آرام ملتا ہے۔ دوم: روزہ میں نہانا ایک قسم کا ٹھاٹھ ہے۔ یہ دونوں باتیں روزہ کے منافی نہیں، اس لئے روزے میں نہانے میں کچھ حرج نہیں۔

[۲۵-] بَابُ اغْتِسَالِ الصَّائِمِ

[۱-] وَبَلَّ ابْنُ عُمَرَ ثَوْبًا، فَأُلْقِيَ عَلَيْهِ وَهُوَ صَائِمٌ.

[۲-] وَدَخَلَ الشَّعْبِيُّ الْحَمَّامَ وَهُوَ صَائِمٌ.

[۳-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَابَأْسَ أَنْ يَتَطَعَّمَ الْقِدْرَ أَوِ الشَّيْئَ.

[۴-] وَقَالَ الْحَسَنُ: لَا بَأْسَ بِالْمَضْمَضَةِ وَالتَبَرُّدِ لِلصَّائِمِ.

[۵-] وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: إِذَا كَانَ صَوْمُ أَحَدِكُمْ فَلْيُصْبِحْ دَهِينًا مُتَرَجِّلاً.

[۶-] وَقَالَ أَنَسٌ: إِنَّ لِي أَبْزَنَ، أَتَقَحَّمُ فِيْهِ وَأَنَا صَائِمٌ.

[۷-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ: يَسْتَاكُ أَوَّلَ النَّهَارِ وَآخِرَهُ.

[۸-] وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: لَابَأْسَ بِالسِّوَاكِ الرَّطَبِ، قِيْلَ: لَهُ طَعْمٌ، قَالَ: وَالْمَاءُ لَهُ طَعْمٌ، وَأَنْتَ تُمَضْمِضُ بِهِ.

[۹-] وَلَمْ يَرَ أَنَسٌ وَالْحَسَنُ وَإِبْرَاهِيْمُ بِالْكُحْلِ لِلصَّائِمِ بَأْسًا.

آثار:

۱- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کپڑا بھگایا، پھر وہ آپؓ پر ڈالا گیا، درانحالیکہ آپؓ روزے سے تھے، جب روزے میں بھیگا ہوا کپڑا بدن پر ڈال سکتے ہیں تو نہا بھی سکتے ہیں، کیونکہ بھیگا ہوا کپڑا بدن پر ڈالے گا تو مسامات کے ذریعہ پانی بدن میں جائے گا اور آرام ملے گا اور نہائے گا تو بھی مسامات کے ذریعہ پانی بدن میں جائے گا اور آرام ملے گا، مگر روزہ میں آرام روزہ

کے منافی نہیں۔

۲- شعبی رحمہ اللہ روزہ کی حالت میں حمام میں گئے (حمام میں آدمی نہانے ہی کے لئے جاتا ہے)

۳- ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: روزہ دار ہانڈی یا کوئی چیز چکھ سکتا ہے، اس میں کچھ حرج نہیں، ہماری فقہ میں لکھا ہے کہ اگر کسی عورت کا شوہر سخت مزاج ہو تو عورت سالن چکھ سکتی ہے یا ککڑی خریدی اور چکھ کر دیکھی کہ میٹھی ہے یا کڑوی؟ تو اس میں کچھ حرج نہیں، مگر شرط یہ ہے کہ وہ چیز گلے سے نہ اترے، سالن یا ککڑی چکھ کر تھوک دے تو کچھ حرج نہیں، اور اگر نگل گیا تو روزہ ٹوٹ گیا۔ غرض جب کوئی چیز چکھنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا تو نہانے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا، اگرچہ پانی منہ میں جائے اور مزہ پائے۔

۴- حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: روزے میں کلی کرنے میں اور ٹھنڈک حاصل کرنے میں کچھ حرج نہیں، نہانا اور کپڑا بھگا کر بدن پر ڈالنا ٹھنڈک حاصل کرنے کی شکلیں ہیں، اور جب کلی کرنے سے یعنی منہ کے اندر پانی لینے سے روزہ پر اثر نہیں پڑتا تو ظاہر بدن پر پانی ڈالنے سے بھی کچھ اثر نہیں پڑے گا۔

۵- حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب تم میں سے کوئی روزے سے ہو تو وہ صبح اٹھ کر بالوں میں تیل ڈال سکتا ہے اور کنگھا کر کے مزین ہو سکتا ہے، یہ ٹھاٹھ ہے مگر یہ روزے کے منافی نہیں۔

۶- حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرے پاس آبزن (لکڑی وغیرہ کا بڑا ٹب، باتھ) ہے میں اس میں روزہ کی حالت میں پانی بھر کر بیٹھتا ہوں۔

۷و۸- ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: روزہ میں صبح وشام جب چاہے مسواک کر سکتا ہے، محمد بن سیرین رحمہ اللہ نے بھی یہی بات فرمائی ہے کہ روزہ میں تر مسواک کر سکتے ہیں۔ آپ سے کسی نے عرض کیا: تر مسواک کرے گا تو لکڑی کا مزہ محسوس ہوگا، آپ نے فرمایا: جب کلی کرتے ہو تب بھی تو پانی کا مزہ محسوس ہوتا ہے، پس جب کلی کر سکتے ہیں تو مسواک بھی کر سکتے ہیں۔

۹- روزہ کی حالت میں سرمہ لگا سکتے ہیں یہ بات حضرت انسؓ، حسن بصریؒ، اور ابراہیم نخعیؒ نے فرمائی ہے۔ آنکھ میں سرمہ لگانے سے تھوک میں اس کا اثر محسوس ہوتا ہے، مگر وہ اثر مسامات کے ذریعہ آتا ہے، اس لئے اس میں کچھ حرج نہیں، نہانے کی صورت میں بھی مسامات کے ذریعہ پانی جسم میں اترتا ہے، پس اس میں بھی کچھ حرج نہیں۔

[۱۹۳۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، ثَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، وَأَبِي بَكْرٍ، قَالاَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ جُنُبًا فِي رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ حُلْمٍ فَيَغْتَسِلُ وَيَصُومُ. [راجع: ۱۹۲۵]

[۱۹۳۱-] حدثنا إِسْمَاعِيلُ، ثَنِي مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَأَبِي فَذَهَبْتُ مَعَهُ حَتَّى دَخَلْنَا

عَلٰی عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَشْهَدُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم إِنْ كَانَ لَيُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ جِمَاعٍ غَيْرِ احْتِلَامٍ، ثُمَّ يَصُوْمُهُ.[راجع: ۱۹۲۵]

[۱۹۳۲-] ثُمَّ دَخَلْنَا عَلٰی أُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ مِثْلَ ذٰلِكَ.[راجع: ۱۹۲۶]

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ: إِذَا أَفْطَرَ يُكَفِّرُ مِثْلَ الْمُجَامِعِ؟ قَالَ: لَا، أَلَا تَرَی الْأَحَادِيْثَ: لَمْ يَقْضِهِ، وَإِنْ صَامَ الدَّهْرَ!

وضاحت: یہ حدیثیں گذر چکی ہیں۔ نبی ﷺ کبھی صبح صادق کے وقت جنبی ہوتے تھے، پھر آپؐ روزہ رکھ لیتے تھے اور غسل صبح صادق کے بعد کرتے تھے، معلوم ہوا کہ روزہ کی حالت میں نہانا جائز ہے۔

قال أبو جعفر: یہ امام بخاری رحمہ اللہ کے خاص شاگرد، سفر وحضر کے ساتھی اور امام بخاری رحمہ اللہ کے ورّاق (مسودہ نویس) ہیں۔ ابوعبداللہ کنیت اور محمد بن ابی حاتم نام ہے، فربری رحمہ اللہ نے جو بخاری شریف کے راوی ہیں، بعض حدیثیں اور فوائد انہی ابوجعفر کی روایت سے لکھے ہیں۔ انھوں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے یہ باتیں براہِ راست نہیں سنیں۔

ابوجعفر رحمہ اللہ نے امام بخاریؒ سے پوچھا: رمضان کا روزہ جماع سے توڑنے کی صورت میں تو بالاجماع کفارہ واجب ہے، پس کیا کھاپی کر روزہ توڑنے کی صورت میں بھی کفارہ واجب ہوگا؟ امام بخاریؒ نے فرمایا: نہیں (چھوٹے دواماموں کی بھی یہی رائے ہے) اور دلیل یہ دی کہ کفارہ نقصان کی تلافی کے لئے ہوتا ہے، جبکہ فوت کردہ روزہ کی تلافی ممکن نہیں، نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''جس نے جان بوجھ کر رمضان کا روزہ نہیں رکھا اگر وہ پوری زندگی روزہ رکھے تو بھی اس نے جو روزہ کھایا ہے اس کی تلافی نہیں ہوسکتی'' جب چھوڑے ہوئے روزے کی تلافی ممکن نہیں تو کفارہ سے کیا فائدہ؟ بلکہ روزہ توڑنا کبیرہ گناہ ہے اور اس کے لئے توبہ شرط ہے، یہاں اگر کوئی سوال کرے کہ جماع سے روزہ توڑنے کی صورت میں کفارہ کیوں واجب ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات نص سے ثابت ہے، اور اکل وشرب سے روزہ توڑنے کی صورت میں کوئی نص نہیں، اس لئے اس کا حکم اصل قیاس پر رہے گا۔

اور حقیقت میں اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ جماع کی طرح اکل وشرب بھی اگرچہ منافی صوم ہیں، مگر اکل وشرب جماع کے معنی میں ہیں یا نہیں؟ یعنی جماع سے جتنا حظ نفس (لذت) حاصل ہوتا ہے اکل وشرب سے اتنا حظ نفس حاصل ہوتا ہے یا نہیں؟ اور اگر تفاوت ہے تو تھوڑا ہے یا زیادہ؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کا رجحان یہ ہے کہ جماع اور اکل وشرب میں تفاوت برائے نام ہے اس لئے ان حضرات نے جماع کا حکم اکل وشرب کی طرف متعدی کیا ہے۔ اور امام شافعی، امام احمد اور امام بخاری رحمہم اللہ کا خیال یہ ہے کہ تفاوت بہت ہے، اس لئے انھوں نے جماع کے حکم کو اکل وشرب کی طرف متعدی نہیں کیا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ قیاس کے لئے مقیس مقیس علیہ کا ہم معنی ہونا ضروری ہے، اگر دونوں میں تفاوت ہے تو حکم کا

تعدیہ نہیں کیا جائے گا، جیسے عبادات مالیہ اور عبادات بدنیہ میں فرق ہے، عباداتِ مالیہ میں ثواب بھی ملتا ہے اور غریبوں کو فائدہ بھی پہنچتا ہے اور عباداتِ بدنیہ میں صرف ثواب ملتا ہے پس حضرت سعد بن عبادہ (۱) رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جو عباداتِ مالیہ میں ایصالِ ثواب کا ذکر ہے: امام مالکؒ اور امام شافعیؒ اس کو مورد پر خاص رکھتے ہیں، عباداتِ بدنیہ کی طرف اس کو متعدی نہیں کرتے۔ اسی طرح یہاں شہوتِ جماع اور لذت اکل وشرب میں بڑا تفاوت ہے، پس کفارہ کا حکم مورد کے ساتھ خاص رہے گا، اکل وشرب سے روزہ توڑنے کی صورت میں وہ حکم ثابت نہیں ہوگا۔

اور احناف اور مالکیہ کے نزدیک حظ نفس کے اعتبار سے اگرچہ تفاوت ہے مگر مفطر (روزہ توڑنے والی چیز) ہونے کے اعتبار سے کوئی تفاوت نہیں۔ تینوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، پس تینوں میں کفارہ واجب ہوگا، رہا حظ نفس کا معاملہ تو اس کا اعتبار کرنا مشکل ہے، کیونکہ جوان اور بوڑھے کے جماع میں بھی حظ نفس میں تفاوت ہوتا ہے، پس اس کا کیسے اعتبار کیا جاسکتا ہے؟! اسی طرح دو امام عباداتِ مالیہ کی حدیث میں صرف ثواب ملنے کی جہت کا اعتبار کرتے ہیں اس لئے انھوں نے حدیثِ سعد بن عبادہؓ کا حکم عبادات بدنیہ کی طرف متعدی کیا۔

بالفاظ دیگر: جماع میں دو چیزیں ہیں، ایک: اس کا مفطر ہونا، دوسرا: اس سے حظ نفس حاصل ہونا۔ دو اماموں نے صرف پہلی بات کا اعتبار کیا ہے اور اس پر اکل وشرب کو قیاس کیا ہے اور دوسرے دو اماموں نے دونوں باتوں کے مجموعہ کا اعتبار کیا ہے اس لئے اکل وشرب کو جماع پر قیاس نہیں کیا (تحفۃ الالمعی ۳: ۹۵)

ملحوظہ: ابوجعفر رحمہ اللہ کا یہ قول صرف ہندوستانی نسخہ میں ہے، مصری نسخہ میں نیز فتح الباری اور عمدۃ القاری میں نہیں ہے۔

الحمد للہ! تحفۃ القاری کی جلد چہارم تمام ہوئی۔ جلد پنجم ان شاء اللہ
کتاب الصوم [۲۶] باب الصائم إذا أكل أو شرب ناسيا سے شروع ہوگی۔



(۱) غزوۂ تبوک کے موقع پر قبیلۂ خزرج کے سردار حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کا ان کی عدم موجودگی میں اچانک انتقال ہوگیا تھا، ان کو اپنی والدہ سے بہت محبت تھی، انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: اگر میری والدہ کو موت کا پہلے سے احساس ہوتا تو وہ ضرور اللہ کے راستہ میں مال خرچ کرتیں، مگر ان کا اچانک انتقال ہوگیا، پس کیا میں ان کی طرف سے صدقہ کرسکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں، تمہاری خیرات کا ثواب تمہاری والدہ کو پہنچے گا'' چنانچہ انھوں نے غلام آزاد کئے اور ایک باغ اللہ کے راستہ میں صدقہ کیا۔

اس حدیث کی وجہ سے عباداتِ مالیہ کے ایصالِ ثواب میں تو اتفاق ہے مگر عباداتِ بدنیہ کا ایصالِ ثواب ہوسکتا ہے یا نہیں اس میں اختلاف ہے۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۲: ۵۹۸) میں ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(بَقِيَّةُ كِتَابِ الصَّوْمِ)

بَابُ الصَّائِمِ إِذَا أَكَلَ أَوْ شَرِبَ نَاسِيًا

روزہ دار نے بھول سے کھاپی لیا

اگر روزہ دار بھول کر کھاپی لے تو روزہ نہیں ٹوٹتا، خواہ رمضان کا روزہ ہو یا غیر رمضان کا، اس مسئلہ میں امام مالک رحمہ اللہ کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک نفل روزہ نہیں ٹوٹتا، رمضان کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ دوسرے فقہاء کہتے ہیں: روزہ توڑنے والی اور نہ توڑنے والی چیزوں میں نفل وفرض کے درمیان کوئی فرق نہیں، جیسے مفسداتِ نماز اور غیر مفسداتِ نماز میں نفل وفرض کے درمیان کوئی فرق نہیں۔

آثار:

۱- حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر ناک جھاڑی پس پانی حلق میں چلا گیا تو کچھ حرج نہیں یعنی روزہ نہیں ٹوٹا، کیونکہ وہ اس کو روکنے پر قادر نہیں۔ استنثار کے معنی ہیں: ناک جھاڑنا، اور ناک میں پانی چڑھانے کے لئے لفظ استنشاق ہے اور ناک جھاڑتے وقت حلق میں پانی جانے کا کوئی امکان نہیں، پس استنثر سے استنشق مراد ہے کیونکہ استنثار کے لئے استنشاق لازم ہے، پانی ناک میں چڑھائے گا تبھی جھاڑے گا۔ اور حضرت عطاءؒ کے قول کا آخری جملہ ہمارے نسخہ میں: لم يملك رَدَّه ہے، مگر مصری نسخہ میں إن بھی ہے: إِنْ لم يَمْلِكْ رَدَّه: اگر وہ روکنے پر قادر نہ ہو یعنی بے اختیار بغیر کوتاہی کے پانی چلا گیا۔

اور حنفیہ کے نزدیک روزہ ٹوٹ جائے گا، کیونکہ روزہ میں مبالغہ کے ساتھ ناک میں پانی چڑھانے سے منع کیا گیا ہے، ترمذی میں حدیث (نمبر ۷۷۹) ہے حضرت لقیط بن صبرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے وضوء سکھلایئے، آپؐ نے فرمایا: أَسْبِغ الوضوءَ، وخَلِّلِ بين الأصابع، وبَالِغْ فى الِاسْتِنْشَاقِ إلا أن تكونَ صائمًا: وضوء کامل کرو، اور انگلیوں میں خلال کرو، اور اچھی طرح پانی ناک میں چڑھاؤ، مگر یہ کہ تم روزے سے ہوؤ۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ روزہ میں استنشاق میں مبالغہ کرنا جائز نہیں، پس اگر مبالغہ کیا اور حلق میں پانی چلا گیا تو روزہ ٹوٹ گیا، کیونکہ پانی اس کی بے احتیاطی سے

چلا گیا ہے۔

۲-حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر روزہ دار کے منہ میں مکھی یا مچھر گھس جائے تو کچھ حرج نہیں (اسی طرح عورت کھانا پکا رہی تھی اور دھواں دماغ میں چڑھ گیا تو کچھ حرج نہیں، کیونکہ دھواں بے اختیار چڑھ جاتا ہے، اسی طرح مکھی اور مچھر بے اختیار منہ میں گھس جاتے ہیں)

۳-حضرات حسن ومجاہد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اگر کسی روزہ دار نے بھول سے بیوی سے صحبت کرلی تو کچھ حرج نہیں، جس طرح بھول کر کھانے پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، صحبت کرنے سے بھی نہیں ٹوٹتا۔ مفطرات ثلاثہ کا حکم ایک ہے۔

[۲۶-] بَابُ الصَّائِمِ إِذَا أَكَلَ أَوْ شَرِبَ نَاسِيًا

[۱-] وَقَالَ عَطَاءٌ: إِنِ اسْتَنْثَرَ فَدَخَلَ الْمَاءُ فِي حَلْقِهِ لَا بَأْسَ بِهِ، لَمْ يَمْلِكْ رَدَّهُ.

[۲-] وَقَالَ الْحَسَنُ: إِنْ دَخَلَ حَلْقَهُ الذُّبَابُ فَلَا شَيْئَ عَلَيْهِ.

[۳-] وَقَالَ الْحَسَنُ وَمُجَاهِدٌ: إِنْ جَامَعَ نَاسِيًا فَلَا شَيْئَ عَلَيْهِ.

[۱۹۳۳-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا هِشَامٌ، ثَنَا ابْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا نَسِيَ فَأَكَلَ وَشَرِبَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، فَإِنَّمَا أَطْعَمَهُ اللّٰهُ وَسَقَاهُ"[انظر: ٦٦٦٩]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص روزہ بھول گیا، پس اس نے کچھ کھا پی لیا تو چاہئے کہ وہ اپنا روزہ پورا کرے اس لئے کہ اس کو اللہ ہی نے کھلایا پلایا ہے۔

تشریح: روزہ میں بھول چوک معاف ہے، نماز میں معاف نہیں، بھول کر بات کرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے اور بھول کر کھانے پینے اور صحبت کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، اور یہ فرق اس لئے ہے کہ نماز میں ہیئتِ مذکرہ (عبادت یاد دلانے والی حالت) ہے اس لئے نماز ٹوٹ جاتی ہے اور روزہ میں ہیئت مذکرہ نہیں اس لئے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

بَابُ السِوَاكِ الرَّطْبِ وَالْيَابِسِ لِلصَّائِمِ

روزہ دار تر اور خشک مسواک کرسکتا ہے

روزہ دار تازہ لکڑی کی جو ابھی درخت سے توڑی گئی ہے یا سوکھی لکڑی کی مسواک کرے تو کچھ مضائقہ نہیں، کیونکہ تازہ لکڑی منہ میں چبائے گا تو مزہ منہ تک رہے گا، گلے سے نیچے نہیں اترے گا۔ اور اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں، البتہ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: زوال سے پہلے مسواک کرسکتا ہے، زوال کے بعد مکروہ ہے، مگر شوافع کے یہاں اب اس پر فتوی

نہیں ہے، ان کے یہاں دیگر اقوال بھی ہیں، پس اس مسئلہ میں کوئی خاص اختلاف نہیں۔

[٢٧-] بَابُ السِوَاكِ الرَّطْبِ وَالْيَابِسِ لِلصَّائِمِ

[١-] وَيُذْكَرُ عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَسْتَاكُ وَهُوَ صَائِمٌ، مَالاَ أُحْصِي أَوْ: أَعُدُّ.

[٢-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ وُضُوْءٍ" وَيُرْوَى نَحْوُهُ عَنْ جَابِرٍ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَخُصَّ الصَّائِمَ مِنْ غَيْرِهِ.

[٣-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ".

[٤-] وَقَالَ عَطَاءٌ، وَقَتَادَةُ: يَبْتَلِعُ رِيْقَهُ.

[١٩٣٤-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا مَعْمَرٌ، ثَنِيْ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ حُمْرَانَ، قَالَ: رَأَيْتُ عُثْمَانَ تَوَضَّأَ فَأَفْرَغَ عَلَى يَدِهِ ثَلاَثًا، ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ، ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاَثًا، ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى إِلَى الْمِرْفَقِ ثَلاَثًا، ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُسْرَى إِلَى الْمِرْفَقِ ثَلاَثًا، ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنَى ثَلاَثًا، ثُمَّ غَسَلَ الْيُسْرَى ثَلاَثًا، ثُمَّ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا. ثُمَّ قَالَ: "مَنْ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا، ثُمَّ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ لاَ يُحَدِّثُ نَفْسَهُ فِيْهِمَا بِشَيْئٍ: غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" [راجع: ١٥٩]

۱- عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: "میں نے نبی ﷺ کو روزہ کی حالت میں بے شمار مرتبہ مسواک کرتے ہوئے دیکھا ہے" أُحْصِي اور أَعُدّ میں راوی کو شک ہے اور دونوں کے معنی ہیں: میں گن نہیں سکتا یعنی بے شمار مرتبہ (اس حدیث سے استدلال اگلے نمبر کے بعد ہے)

۲- نبی ﷺ نے فرمایا: "اگر مجھے اندیشہ نہ ہوتا کہ میری امت پر حکم بھاری ہوگا تو میں ان کو وضوء کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا" یہ روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضرت جابر اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہما بھی مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔

استدلال: آنحضور ﷺ نے جو خواہش ظاہر فرمائی ہے اس میں روزہ دار اور غیر روزہ دار میں تفریق نہیں کی، پس روزہ دار بھی مسواک کر سکتا ہے۔

۳- نبی ﷺ نے فرمایا: "مسواک منہ کی پاکی اور اللہ کی خوشنودی کا ذریعہ ہے" اس میں بھی صائم وغیر صائم میں

تفریق نہیں کی گئی، پس دونوں مسواک کر سکتے ہیں۔

۴- حضرات عطاء وقتادہ رحمہما اللہ فرماتے ہیں: روزہ دار تھوک نگل سکتا ہے۔

تشریح: منہ اور ناک کا اندر من وجہٍ ظاہر اور من وجہٍ باطن ہے، پس اگر کوئی چیز ناک میں ڈالی یا منہ میں ڈالی اور نکال لی تو روزہ نہیں ٹوٹا، کیونکہ ابھی وہ باہر ہے، اندر نہیں گئی، اور رینٹ یا تھوک نگل لیا تو بھی روزہ نہیں ٹوٹا، کیونکہ باہر سے کوئی چیز پیٹ میں نہیں گئی، اندر سے اندر گئی ہے، اور اگر کوئی ذی جرم (جسم دار چیز) منہ میں ڈالی اور اس کو نگل لیا تو روزہ ٹوٹ گیا، اور اگر وہ چیز منہ میں تحلیل (پاش پاش) ہوگئی، صرف اس کا مزہ تھوک میں باقی رہ گیا اور وہ تھوک نگل گیا تو بھی روزہ نہیں ٹوٹا، پس مسواک کرنے سے اگر مسواک تازہ تھی تو لکڑی کا مزہ تھوک میں باقی رہے گا اور اس کو نگلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، اس لئے روزہ میں مسواک کر سکتا ہے، خواہ تازہ مسواک ہو یا خشک۔

حدیث: کتاب الوضوء باب ۲۴ (تحفۃ القاری ۱: ۴۷۹) میں گذر چکی ہے اور یہاں استدلال یہ ہے کہ جب روزہ دار کلی کرے گا تو پانی کا مزہ محسوس ہوگا، پھر پانی پھینک کر تھوک نگل سکتا ہے اسی طرح اگر مسواک کرے اور اس کا مزہ محسوس ہو اور منہ صاف کر کے تھوک نگلے تو اس میں کچھ حرج نہیں۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا تَوَضَّأَ فَلْيَسْتَنْشِقْ بِمَنْخِرِهِ الْمَاءَ"

وَلَمْ يُمَيِّزْ بَيْنَ الصَّائِمِ وَغَيْرِهِ

جب وضوء کرے تو اپنے نتھنے سے پانی سونگھے (حدیث) اور آپؐ نے صائم اور غیر صائم میں تفریق نہیں کی

مَنْخِرْ کے معنی ہیں: ناک کا نتھنا، ناک کا سوراخ، نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی وضوء کرے تو چاہئے کہ ناک کے نتھنے سے پانی سونگھے یعنی خوب اچھی طرح ناک میں پانی چڑھائے اور ناک صاف کرے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آپ ﷺ نے صائم اور غیر صائم کے درمیان فرق نہیں کیا یعنی ہر شخص کو خواہ اس کا روزہ ہو یا نہ ہو مبالغہ کے ساتھ استنشاق کرنا چاہئے، مگر حضرتؒ کی یہ بات غور طلب ہے کیونکہ حضرت لقیط بن صبرہؓ کی حدیث میں ہے إلا أن تكون صائما اور وہ اعلی درجہ کی صحیح حدیث ہے (ترمذی حدیث ۷۷۹) یعنی روزہ کی حالت میں ناک میں پانی چڑھانے میں مبالغہ کرنے سے منع کیا ہے، پس آپ ﷺ نے تفریق کی ہے۔

آثار:

۱- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: روزہ دار ناک میں دوا ڈالے تو کچھ حرج نہیں، جبکہ دواء حلق میں نہ پہنچے (مگر چاروں فقہاء کے نزدیک ناک میں دوا ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، کیونکہ ناک سے منہ کی طرف بھی سوراخ ہے اور

دماغ کی طرف بھی، پھر دماغ سے پیٹ کی طرف سوراخ ہے۔ البحر الرائق (۲۷۹:۲) میں ہے: دماغ اور پیٹ کے درمیان اصلی سوراخ ہے اور دماغ میں چڑھنے والی ہر چیز پیٹ میں اتر جاتی ہے، پس اگر روزہ کی حالت میں ناک میں دوا ڈالے گا تو وہ دواء یا تو حلق کے راستہ سے پیٹ میں پہنچ جائے گی یا دماغ کے راستہ سے، پس روزہ ٹوٹ جائے گا۔

اور دوسرا مسئلہ حضرت حسنؒ نے یہ بیان کیا کہ روزہ میں سرمہ لگا سکتے ہیں (اس میں کوئی اختلاف نہیں)

مسئلہ: اور آنکھ میں سیال دوا بھی ڈال سکتے ہیں اور بعض مرتبہ آنکھ میں جب سرمہ لگاتے ہیں تو اس کا اثر تھوک میں ظاہر ہوتا ہے، اس سے بھی کچھ فرق نہیں پڑتا، اس لئے کہ وہ اثر مسامات کے ذریعہ پہنچتا ہے اور جو چیز مسامات کے ذریعہ جوف معدہ میں یا جوف دماغ میں پہنچے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، روزہ اس وقت ٹوٹتا ہے جب اصلی سوراخ سے یا اصلی جیسے مصنوعی سوراخ سے معدہ میں یا دماغ میں کوئی چیز پہنچے، اور اصلی سوراخ دو ہیں: ایک: منہ کا سوراخ (ناک کا سوراخ اور منہ کا سوراخ ایک ہیں) دوسرا: بڑے استنجے کا سوراخ، وہ بھی معدہ تک جاتا ہے، ان دونوں سوراخوں سے کوئی چیز معدہ میں پہنچائی جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا، اور اصلی جیسے مصنوعی سوراخ بھی دو ہیں: ایک: پیٹ کا ایسا زخم جو معدہ کے اندر تک پہنچ گیا ہو اور وہ مستقل سوراخ بن گیا ہو، اس کو جائفہ کہتے ہیں اور دوسرا: وہ زخم جو جوف دماغ تک پہنچ گیا ہو اور مستقل سوراخ بن گیا ہو اس کو آمّۃ کہتے ہیں۔ یہ دونوں سوراخ گو کہ منفذ اصلی نہیں، مگر اس کے مشابہ ہیں، پس ان میں دوا وغیرہ ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا، جبکہ وہ معدہ کے اندر پہنچ جائے۔

مذکورہ چار منفذوں کے علاوہ کسی بھی طریقہ سے معدہ میں یا جوف دماغ میں کوئی چیز پہنچائی جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ جیسے انجکشن خواہ رگ میں لگایا جائے یا گوشت میں: ناقض صوم نہیں، کیونکہ وہ دوا معدہ تک نہیں پہنچتی، اسی طرح کتے کے کاٹے کے انجکشن میں دوا اگر چہ براہ راست معدہ تک پہنچائی جاتی ہے مگر چونکہ منفذ اصلی سے نہیں پہنچائی جاتی اس لئے اس سے بھی روزہ نہیں ٹوٹتا، اور انجکشن کی سوئی کا سوراخ عارضی سوراخ ہے۔

۲- حضرت عطاء رحمہ اللہ نے دو مسئلے بیان کئے ہیں:

پہلا مسئلہ: روزہ دار نے کلی کی اور پانی پھینک دیا تو تھوک نگل سکتا ہے اگر چہ منہ میں پانی کا اثر باقی ہو اس سے روزہ پر اثر نہیں پڑتا۔

دوسرا مسئلہ: روزہ دار نے علک چبایا، علک (گوند) ہر وہ چیز ہے جو چبانے سے ختم نہ ہو، منہ میں باقی رہے، جیسے چیونگم، اس کو چبانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، جبکہ اس کا کوئی جزء گلے سے نیچے نہ اترے۔ حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر روزہ دار نے علک چبا کر تھوک نگل لیا تو میں نہیں کہونگا کہ روزہ ٹوٹ گیا، ہاں روزہ دار کو اس سے روکا جائے گا (اسی طرح روزہ دار نے منجن یا پیسٹ دانتوں پر ملا، پھر منہ صاف کر دیا، پھر تھوک نگلا جس میں مزہ باقی تھا تو روزہ نہیں ٹوٹا، مگر روزہ میں منجن یا پیسٹ کرنے سے منع کیا جائے گا، اسی طرح ہونٹ میں نسوار دبایا یا دانتوں پر پسا ہوا تمباکو ملا اور نسوار کا اور تمباکو کا کوئی جزء

پیٹ میں نہیں گیا تو بھی روزہ نہیں ٹوٹا، مگر روزہ میں ایسا کرنے سے منع کیا جائے گا۔

[۲۸-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا تَوَضَّأَ فَلْيَسْتَنْشِقْ بِمَنْخِرِهِ الْمَاءَ"

وَلَمْ يُمَيِّزْ بَيْنَ الصَّائِمِ وَغَيْرِهِ

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ: لاَبَأْسَ بِالسَّعُوْطِ لِلصَّائِمِ، إِنْ لَمْ يَصِلْ إِلَى حَلْقِهِ، وَيَكْتَحِلُ.

[۲-] وَقَالَ عَطَاءٌ: إِنْ مَضْمَضَ، ثُمَّ أَفْرَغَ مَا فِي فِيْهِ مِنَ الْمَاءِ، لاَ يُضِيْرُهُ أَنْ يَزْدَرِدَ رِيْقَهُ، وَمَا بَقِيَ فِي فِيْهِ، وَلاَ يَمْضَغُ الْعِلْكَ فَإِنِ ازْدَرَدَ رِيْقَ الْعِلْكِ لاَ أَقُوْلُ: إِنَّهُ يُفْطِرُ، وَلكِنَّهُ يُنْهَى عَنْهُ.

بَابٌ: إِذَا جَامَعَ فِي رَمَضَانَ

جب کوئی رمضان میں بیوی سے صحبت کرے

چند مسائل:

۱- غیر رمضان میں کوئی بھی روزہ رکھ کر بالقصد توڑ دے تو صرف قضا واجب ہے، کفارہ واجب نہیں، اگرچہ وہ رمضان کی قضا ہی کیوں نہ ہو، اور اگرچہ اس کو صحبت کے ذریعہ ہی کیوں نہ توڑا ہو، اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

۲- اور اگر کوئی شخص رمضان میں روزہ رکھ کر بغیر عذر شرعی کے بالقصد یعنی روزہ یاد ہوتے ہوئے جماع کر کے توڑ دے تو اس پر ائمہ اربعہ کے نزدیک کفارہ واجب ہے، اور اس روزہ کی قضا واجب ہے یا نہیں: اس میں سلف میں اختلاف تھا، ائمہ اربعہ کے نزدیک قضا بھی واجب ہے (جیسا کہ آگے آرہا ہے)

۳- اور اگر بالقصد کھا پی کر روزہ توڑے تو امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک صرف قضا واجب ہے، کفارہ واجب نہیں، ان کے نزدیک قضائے شہوتِ بطن: قضائے شہوتِ فرج کے حکم میں نہیں ہے۔ اور دیگر فقہاء کے نزدیک کفارہ بھی واجب ہے اور قضا بھی۔ ان کے نزدیک مفطراتِ ثلاثہ کا حکم ایک ہے، اور کفارہ کا حکم رمضان کی توہین کی سزا ہے۔

اور دوسری صورت میں وجوب قضا کے سلسلہ میں امام بخاری رحمہ اللہ نے دو قول ذکر کئے ہیں:

پہلا قول: حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کا ہے کہ صرف کفارہ واجب ہے، قضا واجب نہیں۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوع حدیث مروی ہے کہ جس نے بغیر کسی عذر یا بیماری کے رمضان کا روزہ جان بوجھ کر توڑ دیا تو اگرچہ وہ پوری زندگی روزہ رکھے تب بھی اس کی تلافی نہیں ہوسکتی، پھر قضا سے کیا حاصل؟ ہاں روزہ توڑنا کبیرہ گناہ ہے، اس کے لئے توبہ ضروری ہے، اور کفارہ اس لئے واجب ہے کہ وہ حدیث سے ثابت ہے (یہ حدیث باب میں ہے)

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول یہ ہے: من أَفْطَرَ يوما من رمضان متعمداً من غير علة، ثم قضى طولَ

الدهر لم یُقبل منه: جس نے رمضان کے کسی دن کا روزہ توڑا، بالقصد بلاوجہ، پھر زمانہ بھر قضا کی تو بھی وہ اس سے قبول نہیں کی جائے گی۔

سوال: جب حضرت ابوہریرہؓ کی مرفوع حدیث موجود ہے تو ابن مسعودؓ کے قول کی کیا ضرورت ہے؟ حدیث مرفوع کے بعد قول صحابی کی ضرورت نہیں رہتی۔

جواب: حضرت ابوہریرہؓ کی مرفوع حدیث نہایت ضعیف ہے، اس میں تین اضطراب ہیں (تفصیل تحفۃ الالمعی (۹۳:۳) میں ہے) پس امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک گویا یہ حدیث ہی نہیں، حضرت ابوہریرہؓ کا قول ہے۔ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ چھوٹے صحابی ہیں، اس لئے تائید میں بڑے صحابی (ابن مسعودؓ) کا قول لائے ہیں۔

دوسرا قول: چھ تابعین کرام کے نزدیک صرف قضا واجب ہے، کفارہ واجب نہیں (ان کے نام کتاب میں ہیں) اور ان حضرات کے نزدیک حدیث میں جو کفارہ کا حکم ہے وہ اُن صحابی کے ساتھ خاص تھا (مگر ابن بطال رحمہ اللہ نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ میں نے دیگر کتابوں میں ان حضرات کے اقوال میں غور کیا تو وہ اقوال اکل وشرب سے روزہ توڑنے کے سلسلہ میں ہیں، ان میں کفارہ واجب نہیں، صرف قضا واجب ہے، جماع سے روزہ توڑنے کے سلسلہ میں یہ اقوال نہیں ہیں (عمدۃ القاری (۲۴:۱۱) میں ہے: **قال ابن بطال: نظرت أقوال التابعين الذين ذكرهم البخاري في هذا الباب في المصنفات، فلم أر قولهم بسقوط الكفارة إلا في الفطر بالأكل، لا المجامعة**)

تیسرا قول: ائمہ اربعہ کا ہے، ان کے نزدیک قضا اور کفارہ دونوں واجب ہیں (امام بخاریؒ نے یہ قول ذکر نہیں کیا)

تنبیہ: **أفطر** (باب افعال) کے اہل لغت نے دو معنی لکھے ہیں: روزہ توڑنا اور روزہ کھولنے کا وقت ہونا، مگر **أفطر صوما** اور **أفطر یوماً** میں امام بخاری رحمہ اللہ نے فرق نہیں کیا، **أفطر صوماً** کے معنی ہیں: روزہ توڑنا، اور **أفطر یومًا** کے معنی ہیں: روزہ چھوڑنا یعنی روزہ نہ رکھنا، اور حدیث ابوہریرہؓ اور قول ابن مسعودؓ کا مطلب یہ ہے کہ شرعی عذر اور رخصت کے بغیر رمضان کا ایک روزہ دانستہ چھوڑنے سے رمضان مبارک کی خاص برکتوں اور اللہ تعالیٰ کی خاص الخاص رحمتوں سے جو محرومی ہوتی ہے، عمر بھر نفل روزہ رکھنے سے بھی اس محرومی اور خسران کی تلافی نہیں ہوسکتی، اگرچہ ایک روزہ کی قانونی قضا ایک ہی دن کا روزہ ہے، لیکن اس سے وہ ہرگز حاصل نہیں ہوسکتا، جو روزہ چھوڑنے سے کھو گیا —— پس جو لوگ بے پروائی کے ساتھ رمضان کے روزے چھوڑتے ہیں وہ سوچیں کہ اپنے کو وہ کتنا نقصان پہنچاتے ہیں (معارف الحدیث ۴:۱۱۱، مولانا منظور نعمانی رحمہ اللہ)

غرض مرفوع حدیث کا اور قول ابن مسعودؓ کا زیر بحث مسئلہ سے کچھ تعلق نہیں، اور یہ اشتباہ **أفطر صوما** اور **أفطر یوما** میں فرق نہ کرنے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔

فائدہ: روزہ توڑنے کا کفارہ وہی ہے جو ظہار کا ہے، سورۃ المجادلہ آیت ۳ و ۴ میں اس کا بیان ہے، یعنی غلام آزاد کرنا یا لگاتار دو ماہ کے روزے رکھنا یا ساٹھ مسکینوں کو صبح وشام کھانا کھلانا، اور ان تینوں کے درمیان جمہور کے نزدیک ترتیب واجب

ہے اوران کی دلیل یہ ہے کہ آیاتِ ظِہار میں اور حدیث میں جو آئندہ دوسرے باب میں آرہی ہے ف ہے جو تعقیب کے لئے ہے، البتہ امام مالک رحمہ اللہ تخییر کے قائل ہیں، ان کا مستدل حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: أَمَرَ رَجلاً أَفطر فی رمضان أن یعتق رقبةً أو یصوم شهرین أو یُطعم ستین مسکینا (مسلم ۱:۳۵۵ باب تغلیظ تحریم الجماع) لیکن جمہور نے دوسری روایات کی بنا پر اس روایت میں أو کو تخییر کے بجائے تنویع کے لئے لیا ہے (تحفۃ الالمعی ۳:۹۴)

[۲۹-] بَابٌ: إِذَا جَامَعَ فِی رَمَضَانَ

وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ، رَفَعَهُ: "مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ وَلاَ مَرَضٍ، لَمْ يَقْضِهِ صِيَامُ الدَّهْرِ، وَإِنْ صَامَهُ" وَبِهِ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ، وَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَالشَّعْبِیُّ، وَابْنُ جُبَيْرٍ، وَإِبْرَاهِيْمُ، وَقَتَادَةُ، وَحَمَّادٌ: يَقْضِی يَوْمًا مَكَانَهُ.

[۱۹۳۵-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ، أَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ أَخْبَرَهُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ بْنِ خُوَيْلِدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ: إِنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: إِنَّهُ احْتَرَقَ، قَالَ: "مَالَكَ؟" قَالَ: أَصَبْتُ أَهْلِی فِی رَمَضَانَ، فَأُتِیَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم بِمِكْتَلٍ يُدْعَى الْعَرَقَ، فَقَالَ: "أَيْنَ الْمُحْتَرِقُ؟" قَالَ: أَنَا، قَالَ: "تَصَدَّقْ بِهٰذَا" [انظر: ٦٨٢٢]

وضاحت: ایک صحابی نے رمضان المبارک میں روزہ کی حالت میں روزہ یاد ہوتے ہوئے بیوی سے صحبت کرلی، جوش میں یہ حرکت ہوگئی مگر بعد میں پشیمان ہوئے اور خدمت اقدس میں حاضر ہوکر عرض کیا: یارسول اللہ! وہ (جہنم میں) جل گیا: (انھوں نے إنی احترقتُ کہا ہوگا، راوی نے اس کو بدل دیا ہے اگر بطور حکایت کوئی غلط بات بیان کرنی پڑے تو بھی اس کو اپنی طرف منسوب نہیں کرنا چاہئے، یہ بولنے کا ادب ہے) آپؐ نے پوچھا: ''کیا بات ہے؟'' انھوں نے واقعہ بیان کیا کہ انھوں نے رمضان میں بیوی سے صحبت کرلی ہے۔ آپؐ نے فرمایا: ''ایک رقبہ (گردن) آزاد کرو'' رقبہ کے لفظی معنی ہیں: گردن اور عرفی معنی ہیں غلام، ان صحابی نے لفظی معنی سے نکتہ پیدا کیا اور اپنی گردن پر ہاتھ مارا اور کہا: یارسول اللہ! بندہ کے پاس تو یہی ایک گردن ہے یعنی میں غلام آزاد کرنے کی طاقت نہیں رکھتا، آپؐ نے فرمایا: ''پس لگاتار دو ماہ کے روزے رکھو''(۱) انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایک ماہ کے روزے تو رکھے نہیں گئے دو مہینے کے روزے کیسے رکھوں گا؟ یعنی انھوں نے شَبَق (شدت شہوت) کا عذر پیش کیا (رمضان کی راتوں میں بیوی سے فائدہ اٹھانا جائز ہے، شبق یہ ہے کہ

(۱) کفارے کے روزے پے بہ پے رکھنے ضروری ہیں اگر درمیان میں عذر سماوی پیش آجائے تو کوئی حرج نہیں، جیسے عورت کو دو مہینے میں دو مرتبہ حیض آئے گا لیکن اگر اپنے اختیار سے بیچ میں روزہ چھوڑا تو از سر نو روزے رکھنے ہونگے ۱۲

صبح سے شام تک بھی صبر نہ کرسکے) آپؐ نے فرمایا: ''پس ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ'' انھوں نے اس سے بھی معذرت ظاہر کی، آپؐ نے ان سے بیٹھ جانے کے لئے فرمایا، تھوڑی دیر کے بعد آپؐ کے پاس ایک بڑا بورا آیا جس کو عرق کہتے ہیں (ایک عرق میں پندرہ صاع چھوہارے آتے ہیں یعنی پینتالیس پچاس کلو غلہ جس بورے میں آجائے وہ عرق ہے) آپؐ نے وہ چھوہارے ان کو دیئے اور غریبوں میں تقسیم کرنے کے لئے کہا، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مدینہ کے دولابوں (سیاہ پتھروں والی زمین) کے درمیان میرے گھر سے زیادہ غریب کوئی گھر نہیں، آپؐ مسکرائے یہاں تک کہ انیاب مبارک کھل گئے (آپ کا زیادہ سے زیادہ ہنسنا یہی ہوتا تھا کہ انیاب ظاہر ہوجاتے تھے اس سے زیادہ آپؐ کبھی نہیں ہنستے تھے) آپؐ نے فرمایا: ''جاؤ گھر میں کھالو''

استدلال: اس روایت کی بنیاد پر جمہور کہتے ہیں کہ جو شخص بالقصد جماع کے ذریعہ رمضان کا روزہ توڑے تو اس پر کفارہ واجب ہے اور جب کفارہ واجب ہے تو قضا بدرجہ اولیٰ واجب ہے۔

فائدہ: اس حدیث میں تین مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: جماع سے رمضان کا روزہ توڑنے کی صورت میں تو بالاجماع کفارہ واجب ہے، مگر کھاپی کر روزہ توڑنے کی صورت میں بھی کفارہ واجب ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ تین امام اس صورت میں بھی کفارہ کے وجوب کے قائل ہیں، اور امام شافعیؒ کے نزدیک اس صورت میں کفارہ واجب نہیں۔ تفصیل چند ابواب پہلے (حدیث ۱۹۳۱ کی شرح میں) گذر چکی ہے۔

دوسرا مسئلہ: شَبَق یعنی شدت شہوت عذر ہے یا نہیں؟ نبی ﷺ نے مذکورہ صحابی کے حق میں شَبَق کو عذر مانا ہے اور ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کا حکم دیا ہے مگر فقہاء شَبَق کو عذر نہیں مانتے۔

تیسرا مسئلہ: حدیث سے بظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ اگر وہ صحابی پندرہ صاع چھوہارے غریبوں کو دیدیتے تو کفارہ ادا ہوجاتا، بلکہ خود کھالینے سے بھی کفارہ ادا ہوگیا مگر تمام فقہاء کے نزدیک پندرہ صاع سے کفارہ ادا نہیں ہوتا، اور نہ خود کھانے سے کفارہ ادا ہوتا ہے، بلکہ ساٹھ صاع غلہ غریبوں کو دینا ضروری ہے۔

میرے نزدیک یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، کیونکہ یہ مسئلہ کہ رمضان کا روزہ جان بوجھ کر توڑنے کی وجہ سے کفارہ واجب ہوتا ہے آج پہلی بار امت کے سامنے آیا ہے، پہلے سے اگر معلوم ہوتا تو شاید وہ صحابی یہ حرکت نہ کرتے، پس یہ قانون سازی کا آغاز ہے، اور اس وقت سہولت دی جاتی ہے اس لئے نبی ﷺ نے ان کا ہر عذر تسلیم کرلیا، اور خود کھانے کی اجازت دیدی۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کفارہ کی ادائیگی سہولت کے ساتھ مشروط ہے، یعنی مالی کفارہ اس وقت واجب ہوتا ہے جب آدمی کے پاس گنجائش ہو اور مذکورہ صحابی چونکہ غریب تھے اور جو چھوہارے ان کو ملے تھے وہ ان کی ضرورت میں مشغول تھے، اس لئے ان پر فوری کفارہ ادا کرنا واجب نہیں تھا۔ اس لئے ان کو گھر میں کھانے کی اجازت دی گئی۔ غرض گھر میں کھانے سے کفارہ ادا نہیں ہوا، کفارہ ان کے ذمہ دَین ہے، جب گنجائش ہوگی ادا کریں گے۔ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا

یہ قول ترمذی شریف (کتاب الصوم باب ۲۸، تحفۃ الالمعی ۹۶:۳) میں ہے۔

بَابٌ: إِذَا جَامَعَ فِي رَمَضَانَ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ شَيْءٌ، فَتُصُدِّقَ عَلَيْهِ، فَلْيُكَفِّرْ

رمضان میں صحبت کی، اور کفارہ کے لئے اس کے پاس کچھ نہیں تھا، پس اس کو خیرات ملی تو اس سے کفارہ ادا کرے

کسی نے جماع کر کے رمضان کا روزہ توڑ دیا اور وہ غریب ہے اس کے پاس کفارہ کے لئے کچھ نہیں، پھر کسی نے اس کو صدقہ دیا تو وہ اس صدقہ کو کفارہ میں دے سکتا ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

[۳۰-] بَابٌ: إِذَا جَامَعَ فِي رَمَضَانَ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ شَيْءٌ، فَتُصُدِّقَ عَلَيْهِ، فَلْيُكَفِّرْ

[۱۹۳۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ جَاءَ هُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلَكْتُ! قَالَ: " مَالَكَ؟" قَالَ: وَقَعْتُ عَلَى امْرَأَتِيْ وَأَنَا صَائِمٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هلْ تَجِدُ رَقَبَةً تُعْتِقُهَا؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: " فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: "فَهَلْ تَجِدُ إِطْعَامَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: فَمَكَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَبَيْنَا نَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ أُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَقٍ فِيْهَا تَمْرٌ - وَالْعَرَقُ: الْمِكْتَلُ - قَالَ: " أَيْنَ السَّائِلُ؟" فَقَالَ: أَنَا، قَالَ: " خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ" فَقَالَ الرَّجُلُ: أَعَلٰى أَفْقَرَ مِنِّيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَوَ اللّٰهِ مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا - يُرِيْدُ الْحَرَّتَيْنِ - أَهْلُ بَيْتٍ أَفْقَرُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِيْ، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى بَدَتْ أَنْيَابُهُ، ثُمَّ قَالَ: " أَطْعِمْهُ أَهْلَكَ"

[انظر: ۱۹۳۷، ۲۶۰۰، ۵۳۶۸، ۶۰۸۷، ۶۱۶۴، ۶۷۰۹، ۶۷۱۰، ۶۷۱۱، ۶۸۲۶]

قوله: خذ هٰذا فتصدَّق به: سے معلوم ہوا کہ غریب پر کفارہ واجب ہوا اور کوئی اسے صدقہ دے تو اس صدقہ سے کفارہ ادا کرسکتا ہے، اور حدیث کا ترجمہ گذشتہ باب میں آ گیا ہے۔

بَابُ الْمُجَامِعِ فِي رَمَضَانَ، هَلْ يُطْعِمُ أَهْلَهُ مِنَ الْكَفَّارَةِ، إِذَا كَانُوْا مَحَاوِيْجَ؟

رمضان میں صحبت کرنے والا: کیا کفارہ کا کھانا اپنے گھر والوں کو کھلا سکتا ہے جبکہ وہ محتاج ہوں؟

ایک شخص پر کفارہ واجب ہوا اور اس کے گھر والے غریب ہیں، تو کیا ان کو کفارہ کا کھانا کھلانے سے کفارہ ادا ہوگا؟ تمام فقہاء متفق ہیں کہ گھر والوں کو کھلانے سے کفارہ ادا نہیں ہوگا، اور مذکورہ صحابی کا گھر والوں کو کھلانے سے کفارہ ادا ہو گیا مگر وہ

تشریع کے وقت کی ترخیص تھی، یہ میری رائے ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی اس طرف اشارہ کیا ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ان پر کفارہ دَین تھا، جب گنجائش ہوگی ادا کریں گے، گھر والوں کو کھلانے سے کفارہ ادا نہیں ہوگا۔

[۳۱-] بَابُ الْمُجَامِعِ فِي رَمَضَانَ، هَلْ يُطْعِمُ أَهْلَهُ مِنَ الْكَفَّارَةِ، إِذَا كَانُوْا مَحَاوِيْجَ؟

[۱۹۳۷-] حَدَّثَنِيْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: إِنَ الْأَخِرَ وَقَعَ عَلٰى امْرَأَتِهِ فِي رَمَضَانَ، فَقَالَ: " أَتَجِدُ مَا تُحَرِّرُ رَقَبَةً؟" قَالَ: لا، قَالَ: "أَفَتَسْتَطِيْعُ أَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟" قَالَ: لَا، قَالَ: " أَفَتَجِدُ مَا تُطْعِمُ بِهِ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا؟" قَالَ: لَا، قَالَ: فَأُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَقٍ فِيْهِ تَمْرٌ، وَهُوَ الزَّبِيْلُ، قَالَ: " أَطْعِمْ هٰذَا عَنْكَ" قَالَ: عَلَى أَحْوَجَ مِنَّا، وَمَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجُ مِنَّا؟ قَالَ: " فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ"[راجع: ۱۹۳۶]

الأَخِر: بمعنی الأَخیر: پیچھے رہنے والا، محروم یعنی بدنصیب، حاشیہ میں اس کے اور بھی معنی لکھے ہیں، میں بدنصیب ترجمہ کرتا ہوں یعنی مجھ بدنصیب نے رمضان میں بیوی سے صحبت کرلی .... الزَّبِيْل اور الزِّنْبِيْل کے معنی ہیں: بورا، بڑا تھیلا۔

بَابُ الْحِجَامَةِ وَالْقَيْئِ لِلصَّائِمِ

روزے دار کا پچھنے لگوانا اور وامیٹ ہونا

حَجَم المريضَ (ن) حَجْمًا: پچھنا لگانا یعنی سینگی کے ذریعہ خراب خون چوسنا۔ سینگی: یعنی سوراخ کیا ہوا سینگ جسے سینگیے درد وغیرہ دور کرنے کے لئے بدن پر لگا کر منہ سے خون چوستے ہیں .... سینگی لگانا مختلف بیماریوں کا علاج ہے اور بہت سے ملکوں میں آج بھی اس کا رواج ہے، میں نے امریکہ میں شیخ حسن ابونارزید مجدہ سے پچھنے لگوائے ہیں، مجھے کوئی بیماری نہیں تھی، صرف حجامہ کو سمجھنے کے لئے اور اتباعِ سنت کے لئے لگوائے تھے .... اب سینگی لگانے کا طریقہ کافی ترقی کر گیا ہے، جہاں سینگی لگاتے ہیں پہلے بال مونڈ دیتے ہیں، پھر بلیڈ یا چاقو کی نوک سے ہلکے زخم لگاتے ہیں، پھر زخموں پر کٹوریاں چپکا دیتے ہیں، اور پمپ سے ان کی ہوا نکال دیتے ہیں، تو کٹوریاں چپک جاتی ہیں اور خون چوسنا شروع کر دیتی ہیں، جب ان میں خون جمع ہو جاتا ہے تو ان کو اکھاڑ لیتے ہیں اور متاثرہ جگہ پر مرہم یا خالص شہد لگا دیتے ہیں، جس سے زخم ہفتہ عشرہ میں مندمل ہو جاتے ہیں۔

غرض پچھنے لگوانے سے کوئی چیز جوفِ معدہ میں یا جوفِ دماغ میں نہیں پہنچتی، صرف جسم سے خون نکلتا ہے، اسی طرح پلٹی میں بھی معدے سے مواد نکلتا ہے، کوئی چیز پیٹ میں جاتی نہیں، پس بنائے حکم متحد ہے اور روایات دونوں کے سلسلہ میں

مختلف ہیں، اس لئے امام صاحب رحمہ اللہ نے دونوں کو باب میں جمع کیا ہے اور کوئی حکم نہیں لگایا کہ روزہ ٹوٹے گا یا نہیں؟

حجامہ کے سلسلہ میں روایات میں اختلاف:

پچھنے لگوانے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ اس میں روایات مختلف ہیں۔ اصح مافی الباب روایت یہ ہے کہ نبی ﷺ نے احرام میں اور روزے میں پچھنے لگوائے، یہ روایت کتاب میں ہے، یہ روایت اعلی درجہ کی صحیح بھی ہے اور صریح بھی، اس لئے جمہور نے اس کو لیا ہے، ان کے نزدیک حجامہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

دوسری روایت جو مختلف فیہ ہے باب میں بصیغۂ تمریض مذکور ہے، کسی موقع پر نبی ﷺ نے فرمایا: **أَفْطَرَ الْحاجِمُ وَالمحجوم**: پچھنے لگانے والے کا اور لگوانے والے کا روزہ ٹوٹ گیا، یہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کی روایت ہے، انھوں نے یہ روایت متعدد صحابہ سے مرفوعاً نقل کی ہے، مگر بعد میں انھوں نے **و اللہ أعلم** کہہ کر رفع میں شک ظاہر کیا ہے، اور یہ روایت اعلی درجہ کی صحیح بھی نہیں اور اس کی مختلف تاویلیں بھی کی گئی ہیں، تحفۃ الالمعی (۱۴۸:۳) میں اس کی چار تاویلیں ذکر کی گئی ہیں: مثلاً:

۱- **أَفْطَر: أی کاد أن یُفطر**: دونوں کا روزہ ٹوٹنے کے قریب ہوگیا، حاجم کا اس لئے کہ وہ خون چوستا ہے، پس خون کے حلق میں چلے جانے کا اندیشہ ہے، اور پچھنے لگوانے والے کا اس لئے کہ اس کو ضعف لاحق ہوسکتا ہے اور روزہ توڑنا پڑسکتا ہے۔

۲- **الحاجم** اور **المحجوم** میں الف لام عہدی ہیں، اور مراد مخصوص آدمی ہیں جو حجامت کے ساتھ غیبت کررہے تھے یعنی دونوں کا روزہ غیبت کی وجہ سے ضائع ہوگیا، پس ضیاع ثواب کی علت غیبت ہے نہ کہ حجامت۔

۳- **أفطر**: جملہ خبریہ ہے، مگر اس میں انشاء مضمر ہے اور وہی مقصود ہے، آپؐ نے یہ مشورہ دیا کہ روزے میں پچھنے نہ لگوائے جائیں، کیونکہ اس سے کمزوری لاحق ہوسکتی ہے، اور روزے میں انشراح ضروری ہے، پس یہ امر ارشادی ہے، اور دلیل ابوداؤد کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے صحابہ کو صوم وصال سے اور روزے میں پچھنے لگوانے سے منع کیا، اور یہ ممانعت شفقت کے طور پر تھی، حرمت کے طور پر نہیں تھی (ابوداؤد ا:۲۲۳)

۴- اس حدیث کے مرفوع ہونے میں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے شک ظاہر کیا ہے —— اس لئے صرف امام احمد رحمہ اللہ نے اس حدیث کو لیا ہے، ان کے نزدیک پچھنے لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، مگر صرف قضا واجب ہوتی ہے، کفارہ واجب نہیں ہوتا۔

اور جمہور کے نزدیک روزہ نہیں ٹوٹتا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما وغیرہ نے یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ جوفِ معدہ یا جوفِ دماغ میں منافذ اصلیہ سے کوئی چیز پہنچے تو روزہ ٹوٹتا ہے، اور بدن کے اندر سے کوئی چیز باہر نکلے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا(۱) اور حضرات ابن عمر، سعد بن ابی وقاص، زید بن ارقم اور ام سلمہ رضی اللہ عنہم نے روزے میں پچھنے لگوائے ہیں۔ اور مرجانہ ام علقمہؒ

(۱) یہ قاعدہ کلیہ نہیں، اس میں استثناء ہے، انگلی وغیرہ ڈال کر قئی کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، اسی طرح استمناء بالید (ہاتھ سے منی نکالنے) سے بھی روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

کہتی ہیں: ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس روزے میں پچھنے لگواتے تھے، اور وہ ہمیں منع نہیں کرتی تھیں۔

مگر روزے کی حالت میں ایسا کام کرنا جس سے ضعف لاحق ہو یا ضعف کا اندیشہ ہو: ٹھیک نہیں، روزے میں انشراح ضروری ہے، جیسے شوگر ٹیسٹ کرنے کے لئے روزے میں خون دینے میں مضائقہ نہیں، کیونکہ اس میں تھوڑا سا خون نکالا جاتا ہے، اس لئے ضعف کا اندیشہ نہیں۔ مگر کسی مریض کو چڑھانے کے لئے رمضان کے روزے میں خون کی بوتل دینا مکروہ ہے، اس صورت میں ضعف کا اندیشہ ہے، اور کبھی دواء لینی پڑسکتی ہے، اس لئے متعدد صحابہ احرام میں پچھنے نہیں لگواتے تھے، کیونکہ اس میں کافی خون نکالا جاتا ہے۔ چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ آپ حضرات روزے میں پچھنے لگوانے کو ناپسند کرتے تھے؟ فرمایا: نہیں، مگر کمزوری کے خیال سے یعنی فی نفسہ پچھنے لگوانا جائز ہے، مگر کمزوری کے اندیشہ سے مناسب نہیں۔

قئ کے سلسلہ میں روایات میں اختلاف:

قئ کے سلسلہ میں حضرات ابوالدرداء اور ثوبان رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قَاءَ، فَأَفْطَرَ، فتوضأ: رسول اللہ ﷺ کو پلٹی ہوئی تو آپؐ نے روزہ توڑ دیا، اور وضوء کیا، یہ روایت ترمذی[1] ابوداؤد اور دارمی سے مشکوٰۃ (حدیث ۲۰۰۸) میں نقل ہوئی ہے، اور یہ روایت صحیح ہے، مگر صریح نہیں، کیونکہ یہ احتمال ہے کہ آپؐ کا نفل روزہ ہو، اور طبیعت بگڑنے کی وجہ سے آپؐ نے روزہ توڑ دیا ہو، ٹوٹا نہ ہو۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے دو فتوے مروی ہیں: ایک: یہ کہ اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، کیونکہ وامیٹ میں بدن سے فاسد مادہ نکلتا ہے، کوئی چیز بدن میں داخل نہیں ہوتی۔ اور دوسری روایت یہ ہے کہ روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: پہلی روایت اصح ہے، اس لئے مسئلہ یہی ہے کہ پلٹی سے روزہ نہیں ٹوٹتا، اگرچہ منہ بھر کر ہو، البتہ انگلی وغیرہ ڈال کر قئ کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، جبکہ وہ منہ بھر کر ہو، یا قئ کو منہ میں آنے کے بعد لوٹا لیا ہو، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث ہے: من ذَرَعَهُ الْقَيْئُ، وهو صائم، فليس عليه قضاءٌ، ومن اسْتَقَاءَ عمداً فَلْيَقْضِ: جس کو قئ پیش آئی یعنی خود بخود ہوئی درانحالیکہ وہ روزے سے ہے تو اس پر قضا نہیں، کیونکہ روزہ نہیں ٹوٹا، اور جس نے بالقصد یعنی روزہ یاد ہوتے ہوئے پلٹی طلب کی یعنی انگلی وغیرہ ڈال کر قئ کی تو چاہئے کہ وہ قضا کرے، کیونکہ اس کا روزہ ٹوٹ گیا۔

[۳۲-] بَابُ الْحِجَامَةِ وَالْقَيْئِ لِلصَّائِمِ

[۱-] وَقَالَ لِي يَحْيىَ بْنُ صَالِحٍ: ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، ثَنَا يَحْيىَ بْنُ أَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ: إِذَا قَاءَ فَلاَ يُفْطِرُ، إِنَّمَا يُخْرِجُ وَلاَ يُوْلِجُ، وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ:

(۱) ترمذی کے ہندی نسخہ میں فأفطر رہ گیا ہے مصری نسخہ میں ہے۔

يُفْطِرُ، وَالْأَوَّلُ أَصَحُّ.

[٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَعِكْرِمَةُ: الصَّوْمُ مِمَّا دَخَلَ، وَلَيْسَ مِمَّا خَرَجَ.

[٣-] وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَحْتَجِمُ وَهُوَ صَائِمٌ، ثُمَّ تَرَكَهُ، فَكَانَ يَحْتَجِمُ بِاللَّيْلِ، وَاحْتَجَمَ أَبُوْ مُوْسَى لَيْلاً، وَيُذْكَرُ عَنْ سَعْدٍ، وَزَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهُمُ احْتَجَمُوْا صِيَامًا، وَقَالَ بُكَيْرٌ، عَنْ أُمِّ عَلْقَمَةَ: كُنَّا نَحْتَجِمُ عِنْدَ عَائِشَةَ فَلاَ نُنْهَى.

[٤-] وَيُرْوَى عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ، مَرْفُوْعًا: "أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ" وَقَالَ لِيْ عَيَّاشٌ، ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، ثنا يُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ مِثْلَهُ، قِيْلَ لَهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ أَعْلَمُ.

[١٩٣٨-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، وَاحْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ. [راجع: ١٨٣٥]

[١٩٣٩-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: احْتَجَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ صَائِمٌ. [راجع: ١٨٣٥]

[١٩٤٠-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، ثنا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَابِتًا الْبُنَانِيَّ، قَالَ: سُئِلَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَكُنْتُمْ تَكْرَهُوْنَ الْحِجَامَةَ لِلصَّائِمِ؟ قَالَ: لاَ، إِلَّا مِنْ أَجْلِ الضَّعْفِ، وَزَادَ شَبَابَةُ: ثَنَا شُعْبَةُ: عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ وَالإِفْطَارِ

سفر میں روزہ رکھنا اور نہ رکھنا

سفر میں روزہ رکھنے نہ رکھنے کا اختیار ہے۔ البتہ اگر سفر میں کوئی خاص دشواری نہ ہوتو رمضان کا روزہ رکھنا اولیٰ ہے اور نہ رکھنا بھی جائز ہے، بعد میں اس روزہ کی قضا کرے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

[٣٣-] بَابُ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ وَالإِفْطَارِ

[١٩٤١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، سَمِعَ ابْنَ أَبِيْ أَوْفَى، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، فَقَالَ لِرَجُلٍ: "انْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! الشَّمْسُ، قَالَ: "انْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! الشَّمْسُ، قَالَ: "انْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ" فَنَزَلَ، فَجَدَحَ

لَهُ، فَشَرِبَ، ثُمَّ رَمىٰ بِيَدِهِ هٰهُنَا، ثُمَّ قَالَ: "إِذَا رَأَيْتُمُ اللَّيْلَ أَقْبَلَ مِنْ هَاهُنَا فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ"
تَابَعَهُ جَرِيْرٌ، وَأَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفَى، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ. [انظر: ۱۹۵۵، ۱۹۵۶، ۱۹۵۸، ۵۲۹۷]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، آپؐ نے ایک شخص سے فرمایا: ''اترا اور میرے لئے ستّو گھول'' یعنی افطاری کا سامان تیار کر (جَدَحْتُ السويقَ (ف) جَدْحا کے معنی ہیں: ستو کو پانی وغیرہ میں گھولنا، مِجْدَح: ستو گھولنے کا آلہ) اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ سورج رہا یعنی ابھی افطار کا وقت نہیں ہوا (الشمسُ: حالت رفعی میں هذا مبتدا محذوف کی خبر ہے اور حالت نصبی میں أَنْظُرُ کا مفعول ہے) آپؐ نے (وقفہ کے بعد) فرمایا: ''اترا اور ستو گھول'' اس نے پھر عرض کیا: یارسول اللہ! سورج یہ رہا، آپؐ نے پھر (وقفہ کے بعد) فرمایا: ''اترا اور ستو گھول'' چنانچہ اس نے اتر کر آپؐ کے لئے ستو گھولا، پس آپؐ نے نوش فرمایا، پھر دست مبارک سے ادھر (مشرق کی طرف) اشارہ کیا اور فرمایا: ''جب یہاں سے رات آجائے تو افطار کا وقت ہوگیا'' اس حدیث کو جریر اور ابوبکر بن عیاش نے بھی ابواسحاق شیبانی سے روایت کیا ہے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سفر میں روزہ رکھ سکتے ہیں............ قولہ: إذا رأيتم الليل: بعض جگہ مغربی اور مشرقی جانبوں میں پہاڑ ہوتے ہیں وہاں سورج غروب ہوتے ہوئے نظر نہیں آتا، غروب سے آدھ پون گھنٹہ پہلے سورج پہاڑوں کی اوٹ میں چلا جاتا ہے ایسی جگہوں میں غروب کی دوسری علامتیں بھی اس کے ملانی چاہئیں، اس لئے نبی ﷺ نے جو تاریکی مشرقی افق پر ابھرتی ہے اس کو بھی غروب کے ساتھ ملایا، مشرقی افق کا تاریک ہونا دلیل ہے کہ سورج چھپ گیا، کیونکہ مغربی افق میں سورج جتنا نیچے جاتا ہے مشرقی افق میں اتنی ہی تاریکی ابھرتی ہے، اور جب تک سورج موجود رہتا ہے مشرقی افق روشن رہتا ہے۔ غرض: مشرقی افق کا تاریک ہونا دلیل ہے کہ سورج چھپ گیا اور افطار کا وقت ہوگیا۔

[۱۹۴۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ هِشَامٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيَّ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ أَسْرُدُ الصَّوْمَ. [انظر: ۱۹۴۳]

[۱۹۴۳-] ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيَّ، قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَأَصُوْمُ فِي السَّفَرِ؟ وَكَانَ كَثِيْرَ الصِّيَامِ، فَقَالَ: "إِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ" [راجع: ۱۹۴۲]

وضاحت: حضرت حمزہؓ صائم الدہر تھے، انھوں نے نبی ﷺ سے سفر میں روزہ رکھنے کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: ''آپ کی مرضی، چاہو روزہ رکھو چاہو نہ رکھو''............ قولہ: إِنِّيْ أَسْرُدُ الصوم: میں ہمیشہ روزہ رکھتا ہوں۔

بَابٌ: إِذَا صَامَ أَيَّامًا مِنْ رَمَضَانَ ثُمَّ سَافَرَ

رمضان کے کچھ روزے رکھنے کے بعد سفر شروع کیا

ایک شخص مقیم تھا، رمضان کا مہینہ شروع ہوگیا، اس نے چند روزے رکھے، پھر رمضان کے درمیان سفر شروع کردیا تو اسے افطار کی رخصت حاصل ہے یا نہیں؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس کو سفر میں افطار کی رخصت حاصل نہیں، اس کے لئے ضروری ہے کہ سفر میں بھی روزے رکھے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ﴾: جو شخص تم میں سے رمضان کے مہینہ کو دیکھے تو چاہئے کہ وہ اس کے روزے رکھے۔ اور اس شخص کو رمضان نے حضر میں پالیا ہے، پس اُس پر روزے فرض ہوگئے اب اس کو سفر میں افطار کی رخصت حاصل نہیں (یہ بات حاشیہ میں ہے) مگر یہ بات صحیح نہیں، اور روایت بھی ضعیف ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب رکھ کر مسئلہ کی وضاحت کی کہ ایسے شخص کو بھی رخصت حاصل ہوگی، اور وہ سفر میں روزہ نہ رکھنا چاہے تو ایسا کرسکتا ہے، نص سے یہ بات ثابت ہے، اور نص کے مقابلہ میں صحابی کی رائے نہیں لی جاتی۔

[٣٤-] بَابٌ: إِذَا صَامَ أَيَّامًا مِنْ رَمَضَانَ ثُمَّ سَافَرَ

[١٩٤٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ إِلٰى مَكَّةَ فِي رَمَضَانَ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ الْكَدِيْدَ: أَفْطَرَ، فَأَفْطَرَ النَّاسُ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَالْكَدِيْدُ مَاءٌ بَيْنَ عُسْفَانَ وَقُدَيْدٍ.

[انظر: ١٩٤٨، ٢٩٥٣، ٤٢٧٥، ٤٢٧٦، ٤٢٧٧، ٤٢٧٨، ٤٢٧٩]

وضاحت: نبی ﷺ رمضان شروع ہونے کے بعد دس ہزار کا لشکر لے کر مکہ مکرمہ فتح کرنے کے لئے مدینہ منورہ سے چلے، مکہ مکرمہ سترہ رمضان کو فتح ہوا ہے، اور مدینہ سے مکہ کی مسافت دس دن کی ہے، جب مدینہ سے چلے تو حضور ﷺ اور تمام صحابہ رمضان کے روزے رکھتے ہوئے چلے تھے، جب مکہ قریب آیا تو فوج کے ذمہ داروں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مکہ اب قریب ہے اور جنگ ہوسکتی ہے، پس فوجی مصلحت یہ ہے کہ لوگ روزے بند کردیں تاکہ کھاپی کر طاقت حاصل کریں، مگر چونکہ آپؐ روزے رکھتے ہیں اس لئے لوگ روزے نہیں چھوڑتے، چنانچہ آپؐ نے مقام کدید میں جو عسفان اور قُدید کے درمیان ایک چشمہ ہے عصر کی نماز کے بعد پانی منگوا کر سب کے سامنے نوش فرمایا، لوگ سمجھ گئے کہ آپؐ نے روزے بند کردیئے ہیں، چنانچہ سب نے روزے بند کردیئے مگر کچھ لوگوں نے روزہ رکھا، جب آپؐ کو اس کا علم ہوا تو آپؐ نے فرمایا: أولئك العُصاة: یہی لوگ نافرمان ہے۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ قول رسول کی طرح فعل رسول بھی حجت ہے، آپؐ

نے زبانِ مبارک سے روزے بند کرنے کا حکم نہیں دیا تھا بلکہ فعل کر کے دکھایا تھا اور اس کے بعد جن لوگوں نے روزہ رکھا، آپؐ نے ان کو نافرمان قرار دیا، کیونکہ انھوں نے نبی ﷺ کے فعل کی مخالفت کی، اور آپؐ نے آج روزہ رکھ کر توڑا تھا یا صبح سے روزہ رکھا ہی نہیں تھا؟ اس سلسلہ میں حنفیہ کا خیال یہ ہے کہ آج آپؐ کا روزہ نہیں تھا اور عصر کے بعد پانی نوش فرما کر روزہ نہ ہونا ظاہر فرمایا تھا، چنانچہ حنفیہ کے نزدیک دورانِ سفر رکھا ہوا روزہ توڑنا جائز نہیں، اور دیگر فقہاء کی رائے یہ ہے کہ صبح سے آپؐ کا روزہ تھا اور آپؐ نے روزہ توڑ دیا تھا، چنانچہ ان کے نزدیک سفر میں رکھا ہوا روزہ توڑنا جائز ہے، اور سفر میں رمضان کا روزہ توڑنے کی صورت میں بالاجماع قضا واجب ہوگی، کفارہ واجب نہیں ہوگا۔

بَابٌ

اگر سفر میں کوئی خاص پریشانی نہ ہو تو رمضان کا روزہ رکھنا اولیٰ ہے

[۳۵-] بَابٌ

[۱۹۴۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا يَحْيىَ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، أَنَّ إِسْمَاعِيْلَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَهُ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ فِي يَوْمٍ حَارٍّ، حَتَّى يَضَعَ الرَّجُلُ يَدَهُ عَلىٰ رَأْسِهِ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِّ، وَمَا فِيْنَا صَائِمٌ إِلاَّ مَا كَانَ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَابْنِ رَوَاحَةَ.

ترجمہ: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں گرم دن میں نکلے، یہاں تک کہ آدمی گرمی سے بچنے کے لئے اپنے سر پر اپنا ہاتھ رکھتا تھا (ہم لوگ رومال وغیرہ رکھتے ہیں، صحابہ کے پاس پہننے کے لئے کپڑے نہیں تھے، رومال کہاں سے لاتے، اس لئے ہاتھ سے سایہ کرتے تھے) اور ہم میں نبی ﷺ اور عبداللہ بن رواحہ کے علاوہ کوئی روزہ سے نہیں تھا، ان میں طاقت تھی اس لئے انھوں نے روزہ رکھا تھا، معلوم ہوا کہ اگر طاقت ہو تو سفر میں رمضان کا روزہ رکھنا اولیٰ ہے اور دوسروں کے اندر طاقت نہیں تھی، گرمی برداشت نہیں ہو رہی تھی اس لئے انھوں نے روزہ نہیں رکھا تھا۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِمَنْ ظُلِّلَ عَلَيْهِ وَاشْتَدَّ الْحَرُّ: لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ

سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی کا کام نہیں! (حدیث)

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، ابھی باب گذرا ہے کہ سفر میں رمضان کا روزہ رکھنا اور نہ رکھنا دونوں جائز ہیں،

اورطاقت ہوتو روزہ رکھنا اولیٰ ہے، جبکہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: لیس من الْبِرِّ الصِّیَامُ فی السفر: سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی کا کام نہیں! اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سفر میں روزہ رکھنا جائز نہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث عام نہیں، خاص حالات کے لئے ہے، ایک سفر میں قافلہ نے پڑاؤ کیا، آپؐ نے ایک جگہ بھیڑ دیکھی، آپؐ نے صورتِ حال دریافت کی تو عرض کیا گیا: ایک صاحب کا روزہ ہے ان کو روزہ لگا ہے، اس لئے سایہ کرکے لوگ ان کو آرام پہنچا رہے ہیں، اس دن آپؐ نے فرمایا: لیس من البر الصیام فی السفر: یعنی سفر میں اگر روزہ رکھنے سے ایسی صورتِ حال ہوجائے تو پھر روزہ نہ رکھنا اولیٰ ہے۔

[۳۶-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِمَنْ ظُلِّلَ عَلَيْهِ وَاشْتَدَّ الْحَرُّ: لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِيْ السَّفَرِ

[۱۹۴۶-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو ابْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، فَرَأَى زِحَامًا، وَرَجُلاً قَدْ ظُلِّلَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: "مَا هٰذَا؟" فَقَالُوْا: صَائِمٌ! فَقَالَ: "لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصَّوْمُ فِي السَّفَرِ"

بَابٌ: لَمْ يَعِبْ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي الصَّوْمِ وَالإِفْطَارِ

سفر میں روزہ رکھنے نہ رکھنے کے سلسلہ میں صحابہ ایک دوسرے پر نکیر نہیں کرتے تھے

جب صحابہ سفر کرتے تھے تو بعض روزہ رکھتے تھے اور بعض نہیں رکھتے تھے، مگر جو روزہ رکھتے تھے وہ روزہ نہ رکھنے والوں پر نکیر نہیں کرتے تھے، اسی طرح روزہ نہ رکھنے والے روزہ رکھنے والوں پر نکیر نہیں کرتے تھے، کیونکہ دونوں باتیں جائز تھیں، اور جائز پر نکیر کیسی!

[۳۷-] بَابٌ: لَمْ يَعِبْ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي الصَّوْمِ وَالإِفْطَارِ

[۱۹۴۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا نُسَافِرُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يَعِبِ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ، وَلاَ الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ.

بَابُ مَنْ أَفْطَرَ فِي السَّفَرِ لِيَرَاهُ النَّاسُ

جس نے سفر میں روزہ توڑا تاکہ لوگ اس کو دیکھیں

فتح مکہ کے سفر میں نبی ﷺ نے جو عصر کے وقت پانی نوش فرمایا تھا تو کیا آپؐ نے روزہ توڑا تھا یا صبح سے رکھا ہی نہیں

تھا؟ ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کی رائے یہ ہے کہ آپ ﷺ نے روزہ رکھا تھا جس کو عصر کے بعد توڑ دیا تھا، تاکہ لوگ دیکھیں کہ آپ ﷺ نے روزے بند کردیئے ہیں۔ اور حنفیہ کہتے ہیں: آپ ﷺ نے اس دن روزہ نہیں رکھا تھا اور عصر کے وقت سب لوگ چشمے پر جمع ہوئے تھے اس لئے آپ ﷺ نے پانی پی کر روزہ نہ ہونا ظاہر کیا تھا۔ اور اس اختلاف کا اثر اس مسئلہ پر پڑا ہے کہ سفر میں رمضان کا رکھا ہوا روزہ توڑنا جائز ہے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک جائز ہے اور حنفیہ کے نزدیک جائز نہیں، مگر توڑنے کی صورت میں بالاجماع قضا واجب ہے کفارہ واجب نہیں۔

[۳۸-] بَابُ مَنْ أَفْطَرَ فِي السَّفَرِ لِيَرَاهُ النَّاسُ

[۱۹۴۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْمَدِيْنَةِ إِلٰى مَكَّةَ، فَصَامَ حَتَّى بَلَغَ عُسْفَانَ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ، فَرَفَعَهُ إِلَى يَدِهِ لِيُرِيَهُ النَّاسَ، فَأَفْطَرَ حَتَّى قَدِمَ مَكَّةَ، وَذٰلِكَ فِي رَمَضَانَ، فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: قَدْ صَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَفْطَرَ، فَمَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَ.

[راجع: ۱۹۴۴]

وضاحت: قد صام: یعنی مدینہ سے عسفان تک .... وأفطر: یعنی عسفان کے بعد مکہ تک۔

بَابٌ: ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾

جس کو روزہ رکھنا بہت بھاری معلوم ہو وہ فدیہ دے

على الذين يطيقونه: خبر مقدم ہے، اور ضمیر صوم کی طرف راجع ہے، جس کا تذکرہ چل رہا ہے، اور **فدية طعام مسكين:** مبتدا مؤخر ہے، اور طاق (ن) طَوْقًا اور أَطَاق إِطاقة کے معنی ہیں: بمشقت کوئی کام کرنا۔ لسان العرب (مادہ طوق) میں ہے: والطَّوْقُ: الطاقةُ، أي أقصى غايته، وهو اسم لمقدارِ ما يمكن أن يفعله بمشقة منه، جیسے ایک بہت بھاری پتھر ہے، جس کو اٹھانے کی کوئی ہمت نہیں کرتا، پس ایک شخص کہتا ہے: إني أُطيق رفعَ هذا الحجر: میں اس پتھر کو اٹھا سکتا ہوں، یہاں فعل أطاق کا استعمال صحیح ہے، کیونکہ وہ پتھر ضرور اٹھالے گا مگر ٹانگیں ہل جائیں گی، اور اگر کوئی کہے: إني أطيق رفعَ هذا القلم: تو یہ استعمال صحیح نہیں، کیونکہ قلم اٹھانے میں کچھ مشقت نہیں! پس آیت میں کچھ محذوف نہیں، اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ جس کو روزہ رکھنا بہت بھاری معلوم ہو وہ روزہ نہ رکھے، فدیہ دے، ہر روزہ کے بدلے میں ایک غریب کو کھانا کھلائے، پھر بعد میں یہ حکم ختم کردیا، اور روزہ رکھنا لازم کردیا۔ حضرت ابن عمر اور حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہما نے اس آیت کو روزوں سے متعلق کیا ہے اور منسوخ قرار دیا ہے، اور عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (ابن ابی لیلیٰ کبیر) متعدد صحابہ سے

روایت کرتے ہیں کہ جب رمضان کی فرضیت نازل ہوئی تو یہ حکم لوگوں کو بھاری معلوم ہوا، چنانچہ ان کو اختیار دیا گیا کہ جس کو روزہ رکھنا بہت بھاری معلوم ہو وہ روزہ نہ رکھے، بلکہ ہر روزہ کے بدلے میں ایک غریب کو کھانا کھلائے، اور ایک سے زیادہ غریبوں کو کھلائے تو سبحان اللہ! اور ہمت کر کے روزہ رکھے تو یہ اور بھی اچھی بات ہے، پھر جب لوگوں نے روزے رکھے تو معلوم ہوا کہ روزہ رکھنا کچھ مشکل نہیں، بلکہ فدیہ دینا مشکل ہے، کیونکہ آدمی چمڑی دے سکتا ہے، مگر دمڑی نہیں دیتا، چنانچہ اگلی آیت نازل ہوئی: ﴿فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ﴾ اس آیت سے سابقہ آیت منسوخ کردی گئی۔ مگر بالکلیہ منسوخ نہیں کی گئی، بعض افراد میں اب بھی معمول بہ ہے، شیخ فانی جس کے لئے روزہ رکھنا واقعی دشوار ہے، اس کے حق میں آیت کا حکم باقی ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے روزے فرض کئے تو اولاً سات طرح سے ذہن سازی کی، کیونکہ جب بھی کوئی مشکل حکم نازل کیا جاتا تھا تو پہلے ذہن سازی کی جاتی تھی، اور حکم کو قابل قبول بنایا جاتا تھا، جیسے شراب لوگوں کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی، اس لئے اس کو چار مرحلوں میں حرام کیا، اسی طرح روزہ مشقت بھرا کام تھا، اگرچہ لوگ پہلے روزہ رکھتے تھے، عاشوراء کا روزہ فرض تھا، مگر اب ایک ماہ کے مسلسل روزے فرض کئے جارہے ہیں جو بھاری محسوس ہونگے، اس لئے روزوں کا حکم نازل کرنے سے پہلے سات طرح سے ذہن سازی کی گئی، اس آیت کا تعلق ان مراحل سبعہ میں سے ایک مرحلہ سے ہے، پھر تجربہ سے معلوم ہوا کہ یہ محض ہوّا ہے، روزہ رکھنا کچھ مشکل نہیں، چنانچہ یہ حکم ختم کردیا گیا۔

ملحوظہ: حرمت خمر کے مراحل اربعہ کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۵:۲۰۳) میں ہے، اور ذہن سازی کے مراحل سبعہ کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۱۷۳) میں ہے۔

[۳۹-] بَابٌ: ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾

[۱-] قَالَ ابْنُ عُمَرَ، وَسَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ: نَسَخَتْهَا: ﴿شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِىْ أُنْزِلَ فِيْهِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَلٰى مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ﴾ [البقرة: ۱۸۴]

[۲-] وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ: ثَنَا الْأَعْمَشُ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِىْ لَيْلَى: ثَنَا أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم: نَزَلَ رَمَضَانُ فَشَقَّ عَلَيْهِمْ، فَكَانَ مَنْ أَطْعَمَ كُلَّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا تَرَكَ الصَّوْمَ مِمَّنْ يُطِيْقُهُ، وَرُخِّصَ لَهُمْ فِى ذٰلِكَ، فَنَسَخَتْهَا: ﴿وَأَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَكُمْ﴾ فَأُمِرُوْا بِالصَّوْمِ.

[۱۹۴۹-] حدثنا عَيَّاشٌ، ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: قَرَأَ ﴿فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾ قَالَ: هِىَ مَنْسُوْخَةٌ. [انظر: ۴۵۰۶]

وضاحت: ناسخ آیت: ﴿وَأَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَكُمْ﴾ نہیں ہے، بلکہ ﴿فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ﴾ ہے۔

بَابٌ: مَتَى يُقْضَى قَضَاءُ رَمَضَانَ؟

رمضان کے روزوں کی قضا کب کی جائے؟

اگر سفر یا بیماری کی وجہ سے کسی کے رمضان کے روزے رہ گئے ہوں یا حیض ونفاس کی وجہ سے عورت نے روزے نہ رکھے ہوں تو ان کی قضا کب تک ضروری ہے؟ اور قضا کے روزے مسلسل رکھنے ضروری ہیں یا متفرق بھی رکھ سکتے ہیں؟ حنفیہ کے نزدیک زندگی میں کسی بھی وقت رکھ سکتے ہیں اور مسلسل رکھنے ضروری نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مسلسل رکھنے تو ضروری نہیں، مگر آئندہ رمضان سے پہلے رکھنے ضروری ہیں، اگر عذر کے بغیر آئندہ رمضان تک نہ رکھے تو گنہ گار ہوگا، اور قضا کے علاوہ فدیہ بھی واجب ہوگا۔

[٤٠-] بَابٌ: مَتَى يُقْضَى قَضَاءُ رَمَضَانَ؟

[١-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَابَأْسَ أَنْ يُفَرَّقَ، لِقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ﴾

[٢-] وَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ فِي صَوْمِ الْعَشْرِ: لَا يَصْلُحُ حَتَّى يَبْدَأَ بِرَمَضَانَ.

[٣-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ النَّخَعِيُّ: إِذَا فَرَّطَ حَتَّى جَاءَ رَمَضَانُ آخَرُ يَصُوْمُهُمَا. وَلَمْ يَرَ عَلَيْهِ طَعَامًا.

[٤-] وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ مُرْسَلاً، وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ يُطْعِمُ، وَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهُ الإِطْعَامَ، إِنَّمَا قَالَ: ﴿فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ﴾

[١٩٥٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ: كَانَ يَكُوْنُ عَلَيَّ الصَّوْمُ مِنْ رَمَضَانَ، فَمَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَقْضِيَ إِلَّا فِي شَعْبَانَ، قَالَ يَحْيَى: الشُّغْلُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَوْ: بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

۱- ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: قضا کے روزے متفرق رکھنے میں کچھ حرج نہیں، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ﴾: پس دوسرے دنوں سے شمار کرنا ہے یعنی جتنے روزے گئے ہیں، دوسرے دنوں میں اتنے ہی روزے رکھنے ہیں، اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلسل کی قید کے بغیر روزے رکھنے کا حکم دیا ہے، پس چاہے تو مسلسل رکھے، چاہے متفرق۔

۲- سعید بن المسیبؒ نے عشرۂ ذی الحجہ کے روزوں کے بارے میں فرمایا: مناسب نہیں یہاں تک کہ شروع کرے وہ رمضان سے، یعنی کسی کے رمضان کے روزے رہ گئے ہوں اور ذی الحجہ کا مہینہ آجائے تو پہلے رمضان کے قضا روزے رکھے، کیونکہ وہ فرض ہیں، اور زندگی کا کچھ بھروسہ نہیں اور عشرۂ ذی الحجہ کے روزے نفل ہیں، پس فرض روزے چھوڑ کر نفل روزے رکھنا مناسب نہیں۔

۳- حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کسی کے ذمہ رمضان کے روزے باقی تھے، اس نے قضا کرنے میں کوتاہی کی یہاں تک کہ دوسرا رمضان آگیا تو وہ دونوں رمضانوں کے روزے رکھے اور اس پر فدیہ (کھانا کھلانا) واجب نہیں، یعنی تاخیر کرنے کی وجہ سے فدیہ واجب نہیں۔

۴- حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ وہ کھانا کھلائے یعنی اگر رمضان کے روزے باقی تھے اور اگلا رمضان شروع ہوگیا تو قضا کے علاوہ فدیہ بھی واجب ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے ﴿فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ﴾ فرمایا ہے، یعنی صرف قضا کا حکم دیا ہے فدیہ کا حکم نہیں دیا، پس زندگی میں جب بھی روزے قضا کرے فدیہ واجب نہیں۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میرے ذمہ رمضان کے روزے ہوتے تھے، پس میں قضا نہیں کرتی تھی مگر شعبان میں۔ یحییٰ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے ساتھ مشغولی مانع بنتی تھی (یہ حدیث ائمہ ثلاثہ کے خلاف نہیں، کیونکہ صدیقہ رمضان سے پہلے شعبان میں قضا کرلیتی تھیں)

بَابُ الْحَائِضِ تَتْرُكُ الصَّوْمَ وَالصَّلاَةَ

حائضہ نہ روزے رکھے نہ نماز پڑھے

حیض میں عورت روزہ بھی نہیں رکھے گی اور نماز بھی نہیں پڑھے گی، اور بعد میں صرف روزوں کی قضا کرے گی، نمازوں کی قضا نہیں کرے گی، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، ابوالزناد عبداللہ بن ذکوان (تابعی) رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کبھی شریعت کے احکام رائے کے خلاف آتے ہیں، ان کی حکمت عام طور پر لوگ نہیں سمجھ سکتے، ایسی جگہوں میں شریعت کے احکام کے سامنے سرنگوں ہونا اور ان کی پیروی کرنا لازم ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ کے مقدمہ میں تحریر فرمایا ہے: **لایَحِلُّ أن يُتَوَقَّفَ فی امتثالِ أحكام الشرع - إذا صَحَّتْ به الروايةُ - على معرفة تلك المصالح لعدم استقلالِ كثيرٍ من الناس فی معرفة كثير من المصالح**: احکام شرعیہ پر عمل حکمتوں کے جاننے پر موقوف نہیں، جبکہ صحیح روایت سے وہ احکام ثابت ہوجائیں، کیونکہ بہت سے انسانوں کی عقلیں بہت سی حکمتوں کو از خود نہیں سمجھ سکتیں (رحمۃ اللہ الواسعہ ۱:۱۱۰) پس حکم کی وجہ سمجھ میں آئے یا نہ آئے پیروی ضروری ہے، ابوالزناد رحمہ اللہ نے بھی یہی بات فرمائی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ہر حکم کی کوئی نہ کوئی حکمت ضرور ہوتی ہے، مگر وہ حکمت نہ ہر کوئی سمجھ سکتا ہے اور نہ ہر کوئی سمجھا سکتا ہے، اور حکمت کے سمجھنے پر عمل موقوف بھی نہیں، حکم شرعی کی سب سے بڑی حکمت یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے، امتثال کے لئے اتنی بات کافی ہے۔

پھر حکمت معلوم ہوجائے تو سبحان اللہ! جیسے حائضہ پر روزوں کی قضا واجب ہے اور نمازوں کی قضا واجب نہیں، اور فرق

کی وجہ یہ ہے کہ نمازوں میں تکرار ہے، سات دن حیض آیا، چالیس نمازیں مع وتر قضا ہوئیں، اب پاک ہونے کے بعد وقتی چھ نمازیں بھی پڑھنی ہیں اور چالیس قضا نمازیں بھی پڑھنی ہیں۔ اس لئے قضا پڑھنے میں دشواری ہے اور شریعت کا قاعدہ ہے: **الحرجُ مدفوْعٌ**، چنانچہ نمازوں کی قضا معاف کردی اور روزوں کو قضا کرنے میں کچھ دشواری نہیں، زیادہ سے زیادہ تین تا دس روزے قضا ہوتے ہیں ان کو سال بھر میں رکھنے میں کیا دشواری ہے؟ اس لئے روزوں کی قضا معاف نہیں۔

[٤١-] بَابُ الْحَائِضِ تَتْرُكُ الصَّوْمَ وَالصَّلاَةَ

وَقَالَ أَبُوْ الزِّنَادِ: إِنَّ السُّنَنَ وَوُجُوْهَ الْحَقِّ لَتَأْتِيْ كَثِيْرًا عَلٰى خِلاَفِ الرَّأْيِ، فَمَا يَجِدُ الْمُسْلِمُوْنَ بُدًّا مِنِ اتِّبَاعِهَا، مِنْ ذٰلِكَ أَنَّ الْحَائِضَ تَقْضِيْ الصِّيَامَ وَلاَ تَقْضِيْ الصَّلاَةَ.

[١٩٥١-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِيْ زَيْدٌ، عَنْ عِيَاضٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَلَيْسَ إِذَا حَاضَتْ لَمْ تُصَلِّ وَلَمْ تَصُمْ؟ فَذٰلِكَ مِنْ نُقْصَانِ دِيْنِهَا"

[راجع: ٣٠٤]

ترجمہ: ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن ذکوان قرشی مدنی، جو ابوالزناد سے معروف ہیں، جو ثقہ راوی اور بڑے فقیہ ہیں، فرماتے ہیں: سنتیں یعنی احکام شرعیہ اور دین حق کی راہیں یعنی مسائل دینیہ (عطف تفسیری ہے) بار بار رائے کے خلاف آتے ہیں یعنی عقل ان کی حکمتوں کا ادراک نہیں کرسکتی، پس نہیں پاتے مسلمان کوئی چارہ ان کی پیروی سے یعنی ان کی پیروی ضروری ہوتی ہے، ان مسائل میں سے ایک مسئلہ یہ ہے کہ روزوں کی قضا کرے اور نمازوں کی قضا نہ کرے، وجہ فرق ہر شخص نہیں سمجھ سکتا۔

وجہ فرق: آسان وجہ اوپر بیان کی گئی، اور دقیق وجہ یہ ہے کہ نماز کے لئے طہارت شرط ہے، جو حائضہ اور نفساء کو حاصل نہیں، اور ان کا عذر سماوی (غیر اختیاری) ہے، اور سماوی اعذار میں شریعت کا اصول یہ ہے کہ قلیل عذر کا اعتبار نہیں اور طویل عذر معتبر ہے، جیسے جنون و اغماء طویل ہوجائیں تو نماز معاف ہے، اور ۲۴ گھنٹوں سے کم ہوں تو نمازوں کی قضا ضروری ہے، اور حیض و نفاس طویل اعذار ہیں، اس لئے نمازیں معاف ہیں۔ اور روزوں کے لئے طہارت شرط نہیں، دن بھر جنابت میں رہے تو بھی روزہ صحیح ہے، البتہ روزے میں انبساط ضروری ہے جو حیض میں روزہ رکھنے میں حاصل نہیں ہوسکتا، اس لئے مسافر کی طرح حائضہ کو روزہ نہ رکھنے کی رخصت دی اور دونوں بعد میں قضا کریں گے، مگر مسافر سے حائضہ کا معاملہ سخت ہے، اس لئے مسافر روزہ رکھ سکتا ہے اور حائضہ نہیں رکھ سکتی وہ قضا ہی کرے گی۔

بہ الفاظ دیگر: حائضہ کا نماز نہ پڑھنا اور روزہ نہ رکھنا: ایک باب کے مسائل نہیں ہیں، بلکہ دو مختلف بابوں کے مسائل ہیں۔ نماز نہ پڑھنا تو عذر سماوی کی وجہ سے اہلیت ختم ہوجانے کی وجہ سے ہے، اور اس سلسلہ میں شریعت کا ضابطہ وہ ہے جو اوپر بیان کیا کہ عذر قلیل میں قضا واجب ہے اور عذر طویل میں معاف ہے، اور حائضہ میں روزہ رکھنے کی صلاحیت ہے، کیونکہ

روزوں کے لئے طہارت شرط نہیں، مگر چونکہ روزوں میں انبساط ضروری ہے، اس لئے بیمار اور مسافر کی طرح حائضہ کو بھی روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی، پس یہ رخصت حائضہ کی ذاتی مصلحت سے ہے، اور ﴿عِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ﴾ کے باب سے ہے، البتہ حائضہ کا معاملہ بیمار اور مسافر سے سخت ہے اس لئے اس کے لئے حالتِ حیض میں روزہ حرام کر دیا، تاکہ وہ روزہ رکھنے کی کوشش ہی نہ کرے، مگر یہ حرمت اس کی ذاتی مصلحت سے ہے، اس لئے روزوں کی قضا واجب ہے۔ واللہ اعلم

بَابُ مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صَوْمٌ

کسی کا انتقال ہو جائے اور اس کے ذمہ روزے باقی ہوں

عبادات تین قسم کی ہیں: (۱) بدنیہ محضہ (۲) مالیہ محضہ (۳) بدن و مال سے مرکب، تمام ائمہ متفق ہیں کہ عبادات مالیہ میں نیابت جائز ہے، زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی، کیونکہ عبادات مالیہ میں مقصود غریب تک مال پہنچانا ہے، مالک غریب کو خود دے یا کسی کے ذریعہ دے اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟ اس لئے عبادات مالیہ میں نیابت جائز ہے، حالتِ اختیار میں بھی اور حالتِ اضطرار میں بھی۔ اور عبادات بدنیہ میں بالاجماع نیابت جائز نہیں، البتہ امام احمد رحمہ اللہ نذر کے روزوں کو مستثنیٰ کرتے ہیں، کسی پر نذر کے روزے ہوں اور اس کا انتقال ہو جائے تو وارث اس کی طرف سے روزے رکھ سکتا ہے، اس ایک جزئیہ کے علاوہ چاروں ائمہ متفق ہیں کہ عبادت بدنیہ محضہ میں نیابت جائز نہیں، کیونکہ عبادات بدنیہ میں مقصود اتعاب نفس (نفس کو تھکانا) ہوتا ہے، اور یہ مقصد خود عبادت کرنے سے حاصل ہوتا ہے، دوسرے کے عبادت کرنے سے حاصل نہیں ہوتا اس لئے عبادت بدنیہ میں نیابت جائز نہیں، نہ حالت اختیار میں نہ حالتِ اضطرار میں۔ اور جو عبادت بدن و مال سے مرکب ہے اور ایسی عبادت صرف حج ہے اس میں حالت اختیار میں نیابت جائز نہیں، اور حالت اضطرار میں نیابت جائز ہے، زندگی میں بھی معذور حج بدل کرا سکتا ہے۔ جمہور اسی کے قائل ہیں۔ البتہ امام مالک رحمہ اللہ منع کرتے ہیں اور مرنے کے بعد بالاجماع حج بدل کر سکتے ہیں، کیونکہ یہ اضطرار کی حالت ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں دو حدیثیں اور ایک اثر ہے:

اثر: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کسی کے ذمہ پورے مہینہ کے روزے ہوں اور اس کا انتقال ہو جائے اور اس کے وارثوں میں سے تیس آدمی ایک ہی دن میں تیس روزے رکھ لیں تو یہ جائز ہے یعنی میت کا ذمہ فارغ ہو جائے گا، مگر حضرت حسنؒ تابعی ہیں اور تابعین کے اقوال مجتہدین پر حجت نہیں ہوتے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس کا انتقال ہو جائے درانحالیکہ اس کے ذمہ روزے ہوں تو اس کی طرف سے اس کا وارث روزے رکھے''

حدیث (۲): ایک عورت نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میری ماں کا انتقال ہو گیا اور اس کے ذمہ ایک مہینہ کے روزے

ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ پندرہ دن کے روزے ہیں، پس کیا میں ان کی طرف سے روزے رکھ سکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، اللہ کا حق زیادہ حق دار ہے کہ اس کو چکایا جائے۔

تشریح: چونکہ دوسری روایت کے ایک طریق میں صراحت ہے کہ سائلہ کی ماں پر نذر کے روزے تھے اس لئے امام احمد رحمہ اللہ نے نذر کے روزوں کو مستثنیٰ کیا ہے، اور اس میں نیابت کو جائز قرار دیا ہے مگر پہلی حدیث مطلق ہے اور وہ امام احمد رحمہ اللہ کے بھی خلاف ہے، پس ان کو بھی پہلی حدیث کا جواب دینا ہے، اس لئے جمہور کہتے ہیں کہ دونوں حدیثوں میں نیابت فی العبادت کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ ایصالِ ثواب کے مسئلہ سے تمسک ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے سائلہ کو ایصالِ ثواب کے مسئلہ کا سہارا لینے کا امر فرمایا ہے یعنی تیری ماں پر جتنے روزے ہیں اتنے نفل روزے رکھ کر ایصالِ ثواب کر، اور اللہ تعالیٰ سے امید باندھ کہ وہ ان روزوں کو میت کے حساب میں لے لیں، جس طرح میت پر حج فرض ہو، اور اس نے وصیت نہ کی ہو، اور کوئی اس کی طرف سے حج کر لے تو امید باندھی جاسکتی ہے کہ وہ حج اس کے حساب میں لے لیا جائے گا۔ نبی ﷺ کے زمانہ میں عام طور پر لوگ غریب تھے، اس لئے جب بیٹی نے ماں کی طرف سے نفل روزے رکھنے کی اجازت چاہی تو آپؐ نے اجازت دیدی، پس یہ نیابت فی العبادۃ کا مسئلہ نہیں ہے، بلکہ ایصالِ ثواب کے مسئلہ سے تمسک ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۲:۵۹۴) میں ہے۔

[۴۲-] بَابُ مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صَوْمٌ

وَقَالَ الْحَسَنُ: إِنْ صَامَ عَنْهُ ثَلاَثُوْنَ رَجُلاً يَوْمًا وَاحِدًا جَازَ.

[۱۹۵۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى بْنِ أَعْيَنَ، ثَنَا أَبِىْ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ جَعْفَرٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَهُ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهُ"

تَابَعَهُ ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرٍو، وَرَوَاهُ يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ جَعْفَرٍ.

[۱۹۵۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو: ثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِيْنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أُمِّىْ مَاتَتْ، وَعَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرٍ، أَفَأَقْضِيْهِ عَنْهَا؟ قَالَ: "نَعَمْ، فَدَيْنُ اللّٰهِ أَحَقُّ أَنْ يُقْضَى"

قَالَ سُلَيْمَانُ: فَقَالَ الْحَكَمُ، وَسَلَمَةُ: وَنَحْنُ جَمِيْعًا جُلُوْسٌ حِيْنَ حَدَّثَ مُسْلِمٌ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ، قَالاَ: سَمِعْنَا مُجَاهِدًا، يَذْكُرُ هٰذَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِىْ خَالِدٍ الْأَحْمَرِ، قَالَ: ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنِ الْحَكَمِ، وَمُسْلِمٍ الْبَطِيْنِ، وَسَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ،

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، وَعَطَاءٍ، وَمُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَ قَالَتِ امْرَأَةٌ لِلنَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم: إِنَّ أُخْتِيْ مَاتَتْ.

وَقَالَ يَحْيىَ، وَأَبُوْ مُعَاوِيَةَ: ثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَتِ امْرَأَةٌ لِلنَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم: إِنَّ أُمِّيْ مَاتَتْ.

وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِيْ أُنَيْسَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَتِ امْرَأَةٌ لِلنَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم: مَاتَتْ أُمِّيْ، وَعَلَيْهَا صَوْمُ نَذْرٍ.

وَقَالَ أَبُوْ حَرِيْزٍ: ثَنِيْ عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَتِ امْرَأَةٌ لِلنَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم: مَاتَتْ أُمِّيْ، وَعَلَيْهَا صَوْمُ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا.

دوسری حدیث کی چھ سندیں: یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے چار حضرات: سعید بن جبیر، مجاہد، عطاء اور عکرمہ رحمہم اللہ روایت کرتے ہیں:

پہلی سند: سلیمان اعمشؒ کے شاگرد زائدہ کی ہے، وہ اعمش سے، وہ مسلم بطین سے، وہ سعید بن جبیر سے، اور وہ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں، اس روایت میں سائل مرد ہے اور اس کی ماں کا انتقال ہوا ہے، اور اس کے ذمہ ایک ماہ کے روزے ہیں۔

دوسری سند: سلیمان اعمش کہتے ہیں: پھر حکم اور سلمہ نے کہا — درانحالیکہ ہم سب بیٹھے ہوئے تھے جب مسلم بطین نے سعید کی سند سے یہ حدیث بیان کی — دونوں نے کہا: ہم نے مجاہد سے یہ حدیث سنی، انھوں نے ابن عباسؓ سے روایت کی۔

تیسری سند: اعمشؒ کے شاگرد ابو خالد احمر کی ہے، اس سند میں اعمش تین اساتذہ: حکم، مسلم اور سلمہ سے روایت کرتے ہیں، اور وہ تینوں بھی تین حضرات: سعید، عطاء اور مجاہد سے روایت کرتے ہیں، اور وہ تینوں ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں، اس روایت میں سائلہ عورت ہے، اور اس کی بہن کا انتقال ہوا ہے۔

چوتھی سند: اعمشؒ کے دو شاگرد: یحیٰ اور ابو معاویہ کی ہے، وہ دونوں اعمش سے، وہ مسلم بطین سے، وہ سعید سے اور وہ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں، اس روایت میں سائلہ عورت ہے، اور اس کی ماں کا انتقال ہوا ہے۔

پانچویں سند: عبیداللہ رقی کی ہے، وہ زید سے، وہ حکم سے، وہ سعید سے اور وہ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں، اس روایت میں بھی سائلہ عورت ہے، اور اس کی ماں کا انتقال ہوا ہے۔

چھٹی سند: ابو حریز عبیداللہ بن الحسین کی ہے، وہ عکرمہ سے، اور وہ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں، اس روایت میں بھی سائلہ عورت ہے، اور اس کی ماں کا انتقال ہوا ہے، اور اس کے ذمہ پندرہ دن کے روزے ہیں۔ ابو حریز سجستان کے قاضی تھے، مگر امام احمد اور ابن معین وغیرہ نے ان کی تضعیف کی ہے، اس لئے صحیح سندیں حضرت ابن عباسؓ کے

تین ہی شاگردوں کی ہیں، اوراس قدر اختلاف کے باوجود محدثین نے حدیث کو مضطرب قرار نہیں دیا، بلکہ جمع کرنے کی کوشش کی ہے۔

بَابٌ: مَتَى يَحِلُّ فِطْرُ الصَّائِمِ؟

روزہ کھولنے کا وقت کب ہوتا ہے؟

جب سورج ڈوب جائے تو روزہ کھولنے کا وقت ہوگیا، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے سورج کی ٹکیہ غائب ہوتے ہی روزہ کھولا ہے۔ معلوم ہوا کہ سورج غروب ہوتے ہی روزہ کھولنے کا وقت ہوجاتا ہے۔

[٤٣-] بَابٌ: مَتَى يَحِلُّ فِطْرُ الصَّائِمِ؟

وَأَفْطَرَ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ حِيْنَ غَابَ قُرْصُ الشَّمْسِ.

[١٩٥٤-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَاصِمَ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أَقْبَلَ اللَّيْلُ مِنْ هَاهُنَا، وَأَدْبَرَ النَّهَارُ مِنْ هَاهُنَا، وَغَرَبَتِ الشَّمْسُ: فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ"

ترجمہ: جب رات یہاں (مشرق) سے آئی، اور دن نے یہاں (مغرب) سے پیٹھ پھیری، اور سورج ڈوب گیا تو روزہ کھولنے کا وقت ہوگیا۔

[١٩٥٥-] حدثنا إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا خَالِدٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفَى، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي سَفَرٍ وَهُوَ صَائِمٌ، فَلَمَّا غَابَتِ الشَّمْسُ، قَالَ لِبَعْضِ الْقَوْمِ: "يَا فُلَانُ! قُمْ فَاجْدَحْ لَنَا" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ أَمْسَيْتَ، قَالَ: "انْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَلَوْ أَمْسَيْتَ! قَالَ: "انْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا" قَالَ: إِنَّ عَلَيْكَ نَهَارًا، قَالَ: "انْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا" فَنزَلَ فَجَدَحَ لَهُمْ، فَشَرِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: "إِذَا رَأَيْتُمُ اللَّيْلَ قَدْ أَقْبَلَ مِنْ هَاهُنَا، فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ" [راجع: ١٩٤١]

وضاحت: مغربی افق میں سورج جتنا نیچے جاتا ہے مشرقی افق میں اسی قدر تاریکی ابھرتی ہے، یہ إقبال الليل ہے اور سورج کا مغربی افق میں نیچے جانا إدبار النهار ہے، اور پہلے بتایا ہے کہ اگر مغرب میں پہاڑ ہوں اور سورج غروب ہوتا ہوا نظر نہ آتا ہو تو وہاں غروب کی دوسری علامتیں بھی اس کے ساتھ ملانی چاہئیں، سفر میں مغربی جانب میں پہاڑ تھے اور مشرق کی

جانب میں بھی، وہاں سورج غروب ہوتا ہوا نظر نہیں آتا تھا، اس لئے نبی ﷺ نے جو تاریکی مشرقی افق پر ابھرتی ہے اس کو بھی غروب کے ساتھ ملایا ہے۔

بَابٌ: يُفْطِرُ بِمَا تَيَسَّرَ بِالْمَاءِ وَغَيْرِهِ

پانی وغیرہ جو کچھ میسر ہو اس سے روزہ کھولے

جو بھی چیز میسر ہو اس سے روزہ کھول سکتا ہے، کسی معین چیز سے افطار کرنا ضروری نہیں، حتی کہ جماع سے بھی روزہ کھول سکتا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس طرح روزہ کھولا ہے۔ ایک مرتبہ رمضان میں ہم ٹورنٹو سے کہیں جا رہے تھے، ظہر کے بعد نکلے تھے اور خیال تھا کہ عصر تک منزل پر پہنچ جائیں گے، مگر راستہ میں جام لگ گیا، افطار کا وقت ہو گیا اور کوئی چیز کھانے پینے کی ساتھ نہیں تھی، میں پان کا تھیلا ہمیشہ ساتھ رکھتا ہوں، میں نے پان لگا کر سب کو دیا، سب نے اس سے افطار کیا۔

[٤٤-] بَابٌ: يُفْطِرُ بِمَا تَيَسَّرَ بِالْمَاءِ وَغَيْرِهِ

[١٩٥٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا الشَّيْبَانِيُّ سُلَيْمَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِيْ أَوْفَى، قَالَ: سِرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ صَائِمٌ، فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ قَالَ: "انْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ أَمْسَيْتَ، قَالَ: "انْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ عَلَيْكَ نَهَارًا، قَالَ: " انْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا" قَالَ: فَنَزَلَ فَجَدَحَ، ثُمَّ قَالَ: " إِذَا رَأَيْتُمُ اللَّيْلَ أَقْبَلَ مِنْ هَاهُنَا، فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ" وَأَشَارَ بِإِصْبَعِهِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ. [راجع: ١٩٤١]

وضاحت: ترمذی شریف میں ایک حدیث ہے: من وجد تمراً فليفطر عليه، ومن لا فليفطر على الماء: جس کو کھجور میسر ہو وہ کھجور سے افطار کرے اور جس کو کھجور میسر نہ ہو وہ پانی سے افطار کرے، یہ امر وجوب کے لئے نہیں ہے۔ حضرت رحمہ اللہ نے یہ باب قائم کر کے اس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے، نبی ﷺ نے ایک سفر میں ستّو سے بھی افطار کیا ہے۔

بَابُ تَعْجِيْلِ الإِفْطَارِ

افطار جلدی کرنا

جلدی افطار کرنا مستحب ہے، اس لئے کہ افطار میں تاخیر کرنا صورۃً روزہ میں اضافہ ہے، حقیقۃً تو اضافہ نہیں ہوسکتا، روزہ صبح صادق سے شروع ہوتا ہے اور غروب پر ختم ہو جاتا ہے، مگر صورۃً اضافہ ہوسکتا ہے اور شرعی احکام میں صورۃً اضافہ بھی پسندیدہ نہیں، علاوہ ازیں احتیاطاً تاخیر کی جائے گی تو یہ سلسلہ بڑھتا جائے گا، اس لئے تاخیر نہیں کرنی چاہئے، غروب ہوتے

ہی افطار کر لینا چاہئے یہی نبی ﷺ کی سنت ہے۔

[٤٥-] بَابُ تَعْجِيْلِ الإِفْطَارِ

[١٩٥٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَايَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوْا الْفِطْرَ"

[١٩٥٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفَى، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي سَفَرٍ فَصَامَ حَتَّى أَمْسَى، قَالَ لِرَجُلٍ:" انْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ" قَالَ: لَوِ انْتَظَرْتَ حَتَّى تُمْسِيَ، قَالَ:"انْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ" إِذَا رَأَيْتَ اللَّيْلَ قَدْ أَقْبَلَ مِنْ هَاهُنَا فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ"[راجع: ١٩٤١]

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لوگ برابر بھلائی میں رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کریں گے۔ یعنی جب تک لوگ غروب ہوتے ہی افطار کریں گے دین کی اصل شکل باقی رہے گی، پس وہ فائدے میں رہیں گے، اور جب احتیاط کے نام پر تاخیر کرنے لگیں گے تو اصل دین پر عمل نہیں رہے گا، بلکہ نئی بات وجود میں آئے گی اور دین میں نئی بات خیر کا باعث نہیں ہوسکتی۔

بَابٌ: إِذَا أَفْطَرَ فِي رَمَضَانَ، ثُمَّ طَلَعَتِ الشَّمْسُ

رمضان میں روزہ کھول دیا، پھر سورج نظر آیا

یہ سمجھ کر کہ سورج غروب ہوگیا روزہ کھول لیا، پھر سورج بادل سے نکل آیا اور غلطی ظاہر ہوئی تو اس روزہ کی قضا واجب ہے اور امساک یعنی غروب تک کھانے پینے سے رکنا بھی واجب ہے۔

[٤٦-] بَابٌ: إِذَا أَفْطَرَ فِي رَمَضَانَ، ثُمَّ طَلَعَتِ الشَّمْسُ

[١٩٥٩-]حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَتْ: أَفْطَرْنَا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي يَوْمِ غَيْمٍ، ثُمَّ طَلَعَتِ الشَّمْسُ، قِيْلَ لِهِشَامٍ: فَأُمِرُوْا بِالْقَضَاءِ؟ قَالَ: بُدٌّ مِنْ قَضَاءٍ، وَقَالَ مَعْمَرٌ: سَمِعْتُ هِشَامًا: لَا أَدْرِيْ أَقْضَوْا أَمْ لَا!

ترجمہ: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں ہم نے ایک ابر آلود دن میں افطار کیا پھر سورج نکل آیا، ہشام سے پوچھا گیا: لوگ قضا کرنے کا حکم دیئے گئے؟ ہشام نے کہا: قضا ضروری ہے، اور معمر کہتے ہیں: میں نے ہشام سے سنا: میں نہیں جانتا کہ لوگوں نے روزہ قضا کیا یا نہیں؟ یعنی حدیث میں اس کا تذکرہ نہیں، مگر قضا ضروری ہے۔

بَابُ صَوْمِ الصِّبْيَانِ

بچوں کا روزہ رکھنا

بچہ اگر سمجھ دار ہے اور روزہ رکھے تو اس کا روزہ صحیح ہے، اور اس کو روزہ کا ثواب ملے گا، اور کوئی بدعنوانی کرے یعنی چپکے سے پانی پی لے تو کوئی گناہ نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شرابی نشے میں دھت لایا گیا، حضرت عمرؓ نے اس کو ڈانٹا، فرمایا: بے ہودے! ہمارے بچے تو روزے سے ہیں اور تو رمضان میں شراب پیتا ہے، پھر آپؓ نے حد جاری فرمائی۔ معلوم ہوا کہ بچے روزہ رکھتے تھے۔

[٤٧-] بَابُ صَوْمِ الصِّبْيَانِ

وَقَالَ عُمَر لِنَشْوَانٍ فِيْ رَمَضَانَ: وَيْلَكَ! وَصِبْيَانُنَا صِيَامٌ! فَضَرَبَهُ.

[١٩٦٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا خَالِدُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، قَالَتْ: أَرْسَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم غَدَاةَ عَاشُوْرَاءَ إِلَى قُرَى الأَنْصَارِ: " مَنْ أَصْبَحَ مُفْطِرًا فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ، وَمَنْ أَصْبَحَ صَائِمًا فَلْيَصُمْ" قَالَتْ: فَكُنَّا نَصُوْمُهُ بَعْدُ، وَنُصَوِّمُ صِبْيَانَنَا، وَنَجْعَلُ لَهُمُ اللُّعْبَةَ مِنَ الْعِهْنِ، فَإِذَا بَكَى أَحَدُهُمْ عَلَى الطَّعَامِ أَعْطَيْنَاهُ ذٰلِكَ، حَتَّى يَكُوْنَ عِنْدَ الإِفْطَارِ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْعِهْنُ: الصُّوْفُ. [راجع: ١٩٢٤]

ترجمہ: حضرت ربیع رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ نے عاشوراء (دس محرم) کی صبح کو انصار کے محلوں میں آدمی بھیج کر منادی کرائی: "جس نے صبح ہونے کے بعد کچھ کھا پی لیا ہے وہ اپنا دن پورا کرے یعنی امساک کرے، شام تک کچھ نہ کھائے اور جس نے کچھ نہیں کھایا وہ اب نہ کھائے یعنی روزہ کی نیت کرلے (یہاں تک حدیث کتاب الصوم باب ۲۱ میں گذر چکی ہے) ربیعؓ کہتی ہیں: اس اعلان کے بعد ہم عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے اور اپنے بچوں سے رکھواتے تھے، ہم ان کے لئے اون کی گڑیا بنا لیتے تھے، جب کوئی بچہ کھانے کے لئے روتا تو ہم اس کو وہ دیدیتے (بچہ کھیلنے میں لگ جاتا) یہاں تک کہ افطار کا وقت آجاتا۔

بَابُ الْوِصَالِ

کئی روزے ایک ساتھ رکھنا

صوم وصال: دو یا زیادہ دنوں کو ملا کر روزے رکھنا، رات میں بھی سحر وافطار نہ کرنا۔ جاننا چاہئے کہ حقیقی صوم وصال ممکن

نہیں، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿ثُمَّ أَتِمُّوْا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ﴾: پھر رات تک روزہ پورا کرو، رات روزہ کا محل نہیں، رات شروع ہوتے ہی روزہ ختم ہوجاتا ہے، پس دو روزوں کو ملانے کی کوئی صورت نہیں، ہاں صورۃً صوم وصال ممکن ہے، مگر نبی ﷺ نے امت اور شریعت کی مصلحت سے صوم وصال سے منع کیا ہے، پس یہ ممانعت ارشادی ہے، اور ممانعت میں امت کی مصلحت رحمةً لهم اور إبقاءً عليهم ہے، دونوں کا ایک مطلب ہے، اور عطف تفسیری ہے، کئی دن کا روزہ امت کے لئے بھاری ہے اس لئے شفقت ومہربانی کے طور پر صوم وصال سے منع کیا، ورنہ فی نفسہ صوم وصال جائز ہے۔

اور شریعت کی مصلحت دین کو تحریف سے بچانا ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ کے پانچویں مبحث کے اٹھارہویں باب میں تحریف کے سات اسباب بیان کئے ہیں، ان میں سے دوسرا سبب تعمُّق فی الدین ہے، تعمُّق کے لغوی معنی ہیں: کسی چیز کی گہرائی میں پہنچنا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: احکام شرعیہ کو ان کی حدود سے متجاوز کرنا، یعنی شریعت نے جو حکم جتنا دیا ہے اتنا ہی رہنے دیا جائے اس میں مبالغہ کرنا شریعت کو پسند نہیں، اگر لوگ ایسا کریں گے تو دین کی شکل بگڑ جائے گی، علاوہ ازیں پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ الدين يُسْرٌ، ولن يُشَادَّ الدينَ أحدٌ إلا غلَبَه (حدیث ۳۹): دین آسان ہے اور جو بھی دین سے مقابلہ کرے گا یعنی احکام میں مبالغہ کرے گا: دین اس کو ہرا دے گا اور صوم وصال ایک طرح کا روزوں میں مبالغہ ہے، اس لئے عام طور پر امت کے حق میں اس کو پسند نہیں کیا گیا۔

[٤٨-] بَابُ الْوِصَالِ

وَمَنْ قَالَ: لَيْسَ فِي اللَّيْلِ صِيَامٌ، لِقَوْلِهِ: ﴿ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ﴾ [البقرة: ١٨٧] وَنَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْهُ رَحْمَةً لَهُمْ وَإِبْقَاءً عَلَيْهِمْ، وَمَا يُكْرَهُ مِنَ التَّعَمُّقِ.

[١٩٦١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، ثَنِيْ قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَاتُوَاصِلُوْا" قَالُوْا: إِنَّكَ تُوَاصِلُ! قَالَ: "لَسْتُ كَأَحَدٍ مِنْكُمْ، إِنِّيْ أُطْعَمُ وَأُسْقَى، أَوْ: إِنِّي أَبِيْتُ أُطْعَمُ وَأُسْقَى" [انظر: ٧٢٤١]

[١٩٦٢-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْوِصَالِ، قَالُوْا: إِنَّكَ تُوَاصِلُ! قَالَ: "إِنِّيْ لَسْتُ مِثْلَكُمْ، إِنِّيْ أُطْعَمُ وَأُسْقَى" [راجع: ١٩٢٢]

[١٩٦٣-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَاتُوَاصِلُوْا، فَأَيُّكُمْ أَرَادَ أَنْ يُوَاصِلَ فَلْيُوَاصِلْ حَتَّى السَّحَرِ" قَالُوْا: فَإِنَّكَ تُوَاصِلُ يَارَسُوْلَ اللهِ؟! قَالَ: "إِنِّيْ لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ. إِنِّيْ أَبِيْتُ لِيْ مُطْعِمٌ

يُطْعِمُنِىْ، وَسَاقٍ يَسْقِيْنِىْ''[انظر: ۱۹۶۷]

[۱۹۶٤-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِىْ شَيْبَةَ، وَمُحَمَّدٌ، قَالاَ: ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْوِصَالِ رَحْمَةً لَهُمْ، فَقَالُوْا: إِنَّكَ تُوَاصِلُ، قَالَ: '' إِنِّىْ لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ، إِنِّىْ يُطْعِمُنِىْ رَبِّىْ وَيَسْقِيْنِىْ'' قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: لَمْ يَذْكُرْ عُثْمَانُ: رَحْمَةً لَهُمْ.

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''صوم وصال مت رکھو'' صحابہ نے عرض کیا: آپؐ تو صوم وصال رکھتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: میں تمہاری طرح نہیں ہوں، میں کھلایا پلایا جاتا ہوں، یا فرمایا: میں اس حال میں رات گذارتا ہوں کہ میں کھلایا پلایا جاتا ہوں۔

تشریح: روحانی کھلانا پلانا مراد ہے، اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، بلکہ مادی کھلانا پلانا بھی اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، پہلے حدیث گذری ہے کہ جو شخص بھول کر کھاپی لے وہ روزہ نہ توڑے کیونکہ اس کو اللہ تعالیٰ نے کھلایا پلایا ہے اور روحانی کھلانا پلانا کیا ہوتا ہے، اس کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۵۳:۳) میں ہے۔

تیسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: صوم وصال مت رکھو، پس تم میں سے جو صوم وصال رکھے وہ سحر تک رکھے، یعنی سحری میں کچھ کھالے۔

آخری حدیث: عثمان اور محمد روایت کرتے ہیں اور دونوں کی حدیثوں میں فرق صرف اتنا ہے کہ عثمان کی روایت میں رحمة لهم نہیں ہے اور محمد کی روایت میں ہے۔

بَابُ التَّنْكِيْلِ لِمَنْ أَكْثَرَ الْوِصَالَ

بکثرت صوم وصال رکھنے والے کو عبرتناک سزا دینا

تنکیل کے معنی ہیں: عبرت ناک سزا دینا، چور کی سزا والی آیت میں ہے: ﴿نَكَالاً مِنَ اللّٰهِ﴾ چور کا جو ہاتھ کاٹا جاتا ہے وہ اللہ کی طرف سے عبرتناک سزا ہے، نبی ﷺ نے صوم وصال سے منع کیا پھر بھی بعض صحابہ نے صوم وصال رکھا آپؐ نے ان کو عبرتناک سزا دینے کا ارادہ کیا چنانچہ آپؐ نے ایک دن روزہ افطار نہیں کیا، انھوں نے بھی افطار نہیں کیا، آپؐ نے دوسرا روزہ ملایا تو انھوں نے بھی ملایا، پھر رمضان کا چاند نظر آ گیا، پس آپؐ نے فرمایا: اگر چاند نظر نہ آتا تو میں مسلسل روزے رکھتا، میں دیکھتا کہاں تک لوگ میرا ساتھ دیتے ہیں، یہ جو آنحضور ﷺ مسلسل روزے رکھتے: یہ لوگوں کے لئے عبرتناک سزا ہوتی، وہ ان کے لئے 'مرن برت' بن جاتا۔

[٤٩-] بَابُ التَّنْكِيْلِ لِمَنْ أَكْثَرَ الْوِصَالَ

رَوَاهُ أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[١٩٦٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْوِصَالِ فِي الصَّوْمِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ: إِنَّكَ تُوَاصِلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: " وَأَيُّكُمْ مِثْلِيْ؟ إِنِّيْ أَبِيْتُ يُطْعِمُنِيْ رَبِّيْ وَيَسْقِيْنِيْ" فَلَمَّا أَبَوْا أَنْ يَنْتَهُوْا عَنِ الْوِصَالِ وَاصَلَ بِهِمْ يَوْمًا، ثُمَّ يَوْمًا، ثُمَّ رَأَوُا الْهِلَالَ، فَقَالَ: " لَوْتَأَخَّرَ لَزِدْتُكُمْ" كَالتَّنْكِيْلِ لَهُمْ حِيْنَ أَبَوْا أَنْ يَنْتَهُوْا. [انظر: ١٩٦٦، ٦٨٥١، ٧٢٤٢، ٧٢٩٩]

[١٩٦٦-] حدثنا يَحيىَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِيَّاكُمْ وَالْوِصَالَ" مَرَّتَيْنِ قِيْلَ: إِنَّكَ تُوَاصِلُ، قَالَ: " إِنِّيْ أَبِيْتُ يُطْعِمُنِيْ رَبِّيْ وَيَسْقِيْنِيْ، فَاكْلَفُوْا مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيْقُوْنَ" [راجع: ١٩٦٥]

قوله: فلما أبوا: پس جب لوگوں نے (عملاً) انکار کیا کہ وہ صوم وصال سے رکیں تو آپ ﷺ نے ان کے ساتھ ایک دن کا صوم وصال رکھا، پھر ایک اور دن کا رکھا، پھر لوگوں نے (رمضان کا) چاند دیکھا، پس آپ ﷺ نے فرمایا: اگر چاند (نظر آنے) میں تاخیر ہوتی تو میں تم کو اور بھی بڑھاتا یعنی اور آگے بھی روزہ رکھتا (یہ فرمایا) ان کو سخت سزا دینے کے طور پر، جب انھوں نے رکنے سے (عملاً) انکار کیا............ **قوله: فَاكْلَفُوْا:** اتنے ہی عمل کے ذمہ دار بنو جو تمہارے بس میں ہو۔

بَابُ الْوِصَالِ إِلَى السَّحَرِ

سحری تک صوم وصال رکھنا

سحری تک کچھ نہ کھانا یعنی افطار نہ کرنا: اس میں کچھ حرج نہیں کیونکہ پھر جب سحری کر لی تو صوم وصال نہیں رہا۔

[٥٠-] بَابُ الْوِصَالِ إِلَى السَّحَرِ

[١٩٦٧-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، ثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَا تُوَاصِلُوْا، فَأَيُّكُمْ أَرَادَ أَنْ يُوَاصِلَ فَلْيُوَاصِلْ حَتَّى السَّحَرِ" قَالُوْا: فَإِنَّكَ تُوَاصِلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: " لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ، إِنِّيْ أَبِيْتُ لِيْ مُطْعِمٌ يُطْعِمُنِيْ وَسَاقٍ يَسْقِيْنِيْ" [راجع: ١٩٦٣]

بَابُ مَنْ أَقْسَمَ عَلٰى أَخِيْهِ لِيُفْطِرَ فِي التَّطَوُّعِ، وَلَمْ يَرَ عَلَيْهِ قَضَاءً، إِذَا كَانَ أَوْفَقَ لَهُ

کسی نے قسم دی کہ نفل روزہ توڑ دے، پس اگر مصلحت ہو تو روزہ توڑ سکتا ہے اور اس کی قضا واجب نہیں

کسی کا نفلی روزہ تھا اس کے یہاں کوئی بے تکلف مہمان آیا، جب اس نے مہمان کے سامنے کھانا پیش کیا تو مہمان نے کھانے کے لئے اصرار کیا اور روزہ توڑنے کی قسم دی تو میزبان روزہ توڑ کر کھا سکتا ہے اور اس روزہ کی قضا واجب نہیں۔ ائمہ ثلاثہ کی بھی یہی رائے ہے، اور احناف کے نزدیک عذر ہو تو نفل روزہ توڑنا جائز ہے، اور اس کی قضا واجب ہے۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ نفل عمل شروع کرنے کے بعد بھی نفل رہتا ہے یا اس کو پورا کرنا واجب ہے؟ جمہور کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ جس طرح پہلے وہ عمل نفل تھا اب بھی نفل ہے، اس کو پورا کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے۔ اور حنفیہ کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ نفل عمل شروع کرنے سے پہلے تو نفل ہے، اس کو شروع کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے مگر شروع کرنے کے بعد واجب ہو جاتا ہے۔ ارشاد پاک ہے: ﴿لَاتُبْطِلُوْا أَعْمَالَكُمْ﴾ اس آیت سے معلوم ہوا کہ نفل عمل شروع کرنے کے بعد اس کو پورا کرنا ضروری ہے، پس عذر کی وجہ سے نفل روزہ توڑ سکتے ہیں، اور اس کی قضا واجب ہے، اور فرض اور واجب عمل توڑے گا تو لامحالہ اس کو دوبارہ کرے گا، وہی اس کی قضا بن جائے گا۔

[۵۱-] بَابُ مَنْ أَقْسَمَ عَلٰى أَخِيْهِ لِيُفْطِرَ فِي التَّطَوُّعِ، وَلَمْ يَرَ عَلَيْهِ قَضَاءً، إِذَا كَانَ أَوْفَقَ لَهُ

[۱۹۶۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، ثَنَا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: آخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ سَلْمَانَ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ، فَزَارَ سَلْمَانُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، فَرَأَى أُمَّ الدَّرْدَاءِ مُتَبَذِّلَةً، فَقَالَ لَهَا: مَا شَأْنُكِ؟ قَالَتْ: أَخُوْكَ أَبُو الدَّرْدَاءِ لَيْسَ لَهُ حَاجَةٌ فِي الدُّنْيَا، فَجَاءَ أَبُو الدَّرْدَاءِ فَصَنَعَ لَهُ طَعَامًا، فَقَالَ لَهُ: كُلْ، فَإِنِّيْ صَائِمٌ، قَالَ: مَا أَنَا بِآكِلٍ حَتَّى تَأْكُلَ، فَأَكَلَ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلُ ذَهَبَ أَبُو الدَّرْدَاءِ يَقُوْمُ، قَالَ: نَمْ، فَنَامَ، ثُمَّ ذَهَبَ يَقُوْمُ، فَقَالَ: نَمْ، فَلَمَّا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ قَالَ سَلْمَانُ: قُمِ الآنَ، فَصَلَّيَا، فَقَالَ لَهُ سَلْمَانُ: إِنَّ لِرَبِّكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِأَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، فَأَعْطِ كُلَّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهُ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "صَدَقَ سَلْمَانُ" [انظر: ۶۱۳۹]

ترجمہ: ابو جحیفہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت سلمان فارسی اور حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ کرایا، پس سلمانؓ ابو الدرداءؓ سے ملنے گئے، پس انھوں نے ام الدرداءؓ کو معمولی کپڑوں میں دیکھا، پس ان سے پوچھا: تمہارا یہ حال کیوں ہے؟ انھوں نے کہا: آپ کے بھائی ابو الدرداءؓ کو دنیا سے کچھ مطلب نہیں! پس ابو الدرداءؓ آئے اور

انھوں نے حضرت سلمانؓ کے لئے کھانا تیار کیا اور ان سے کہا: کھایئے، میرا روزہ ہے، حضرت سلمانؓ نے فرمایا: جب تک آپ نہیں کھائیں گے میں نہیں کھاؤں گا، چنانچہ انھوں نے کھایا یعنی روزہ توڑ دیا (یہاں باب ہے) پس جب رات ہوئی تو حضرت ابوالدرداءؓ (نفلوں کے لئے) کھڑے ہونے لگے، حضرت سلمانؓ نے کہا: سو جاؤ، پس وہ سو گئے (تھوڑی دیر کے بعد) پھر کھڑے ہونے لگے تو سلمانؓ نے کہا: سوتے رہو، پس جب رات کا آخر ہوا تو سلمانؓ نے کہا: اب اٹھو، پس دونوں نے نماز (تہجد) پڑھی، پھر حضرت سلمانؓ نے ابوالدرداءؓ سے کہا: بیشک آپ کے رب کا آپ پر حق ہے اور آپ کے نفس کا آپ پر حق ہے اور آپ کی بیوی کا آپ پر حق ہے، پس آپ ہر صاحبِ حق کو اس کا حق دیں، پھر حضرت ابوالدرداءؓ نبی ﷺ کے پاس آئے اور آپؐ سے یہ واقعہ بیان کیا۔ آپؐ نے ان سے فرمایا: ''سلمانؓ نے صحیح کہا''

تشریح: اس واقعہ میں نبی ﷺ نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کو روزہ قضا کرنے کا حکم نہیں دیا، معلوم ہوا کہ عذر کی وجہ سے نفل روزہ توڑنا جائز ہے اور اس کی قضا واجب نہیں، مگر عدم ذکر عدمِ شئی کو مستلزم نہیں، اس لئے بات غور طلب ہے۔

بَابُ صَوْمِ شَعْبَانَ

شعبان کا روزہ

آنحضور ﷺ شعبان میں بکثرت روزے رکھا کرتے تھے، بلکہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا تو فرماتی ہیں کہ پورے شعبان اور پورے رمضان کے روزہ رکھتے تھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آپؐ اکثر شعبان کے روزے رکھتے تھے یعنی مکمل شعبان کے روزے نہیں رکھتے تھے، یہ تعارض ہے اور حضرت عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ نے اس تعارض کو اس طرح حل کیا ہے کہ حضرت ام سلمہؓ کی حدیث میں مجاز ہے اور حضرت عائشہؓ کی حدیث میں حقیقت۔ نبی ﷺ شعبان کے اکثر دنوں میں روزے رکھتے تھے پورے مہینہ کے روزے نہیں رکھتے تھے، اور اکثر پر کل کا اطلاق کیا جاتا ہے، مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۳: ۱۱۰) میں ہے۔

سوال: نبی ﷺ شعبان میں بکثرت روزے کیوں رکھتے تھے؟

جواب: اس کی وجہ کتابوں میں یہ لکھی ہے کہ ازواج مطہرات کے رمضان کے جو روزے رہ جاتے تھے وہ پورے سال قضا نہیں کرتی تھیں، شعبان میں قضا کرتی تھیں، اور ازواج مطہرات نو تھیں اور اقل حیض تین دن ہے، پس نو تیا ستائیس، اس لئے آپ اکثر شعبان کے روزے رکھتے تھے تاکہ سب ازواج اپنے روزے قضا کرلیں۔

مگر یہ وجہ میری سمجھ میں نہیں آئی، یہ کیوں فرض کیا گیا کہ ہر بیوی کو تین دن حیض آتا تھا؟ پھر جب ایک بیوی کی قضا پوری ہوجاتی تب دوسری قضا شروع کرتی: سب ایک ساتھ قضا کیوں نہیں کرسکتیں؟ سب تین دن میں فارغ ہوجائیں گی!

پس صحیح بات یہ ہے کہ نبی ﷺ جو اکثر شعبان کے روزے رکھتے تھے وہ رمضان کی تیاری کرتے تھے، عورتیں بھی

رمضان کی تیاری کرتی ہیں، آٹا پسوا لیتی ہیں، چاول چن لیتی ہیں، اور یورپ اورامریکہ میں تو رمضان بھر کے سموسے بنا لیتی ہیں، پس جس طرح رمضان کے لئے مادی تیاری کرتے ہیں روحانی تیاری بھی کرنی چاہئے، آپ غور کریں! جب رمضان شروع ہوتا ہے تو شروع میں روزہ بھاری معلوم ہوتا ہے، پھر ہفتہ عشرہ کے بعد مزہ آنے لگتا ہے۔ شروع میں روزہ بھاری اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی عادت نہیں ہوتی، اس لئے رمضان شروع ہونے سے پہلے روحانی تیاری کرنی چاہئے۔ نبی ﷺ شعبان میں جو بکثرت روزے رکھتے تھے وہ رمضان کی روحانی تیاری ہوتی تھی۔

[۵۲-] بَابُ صَوْمِ شَعْبَانَ

[۱۹۶۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ حَتَّى نَقُوْلَ: لَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُوْلَ: لَايَصُوْمُ، وَمَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اسْتَكْمَلَ صِيَامَ شَهْرٍ إِلَّا رَمَضَانَ، وَمَا رَأَيْتُهُ أَكْثَرَ صِيَامًا مِنْهُ فِيْ شَعْبَانَ. [انظر: ۱۹۷۰، ٦٤٦٥]

[۱۹۷۰-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ، قَالَتْ: لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ شَهْرًا أَكْثَرَ مِنْ شَعْبَانَ، فَإِنَّهُ كَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ كُلَّهُ، وَكَانَ يَقُوْلُ: "خُذُوْا مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيْقُوْنَ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتَّى تَمَلُّوْا" وَأَحَبُّ الصَّلَاةِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَادِيْمَ عَلَيْهِ وَإِنْ قَلَّتْ، وَكَانَ إِذَا صَلَّى صَلَاةً دَاوَمَ عَلَيْهَا. [راجع: ۱۹۶۹]

وضاحت: نبی ﷺ کا نفل روزوں کے بارے میں کوئی بندھا ٹکا معمول نہیں تھا، آپؐ کبھی مسلسل روزے رکھتے، یہاں تک کہ خیال کیا جاتا کہ آپؐ اب روزے نہیں چھوڑیں گے، اور کبھی آپؐ اتنا عرصہ روزے نہیں رکھتے تھے کہ خیال کیا جاتا کہ اب آپ روزے نہیں رکھیں گے، البتہ رمضان کے علاوہ کسی پورے مہینہ کے روزے آپؐ نہیں رکھتے تھے اور سب سے زیادہ روزے آپؐ شعبان میں رکھتے تھے.......... **قولہ: فإنه كان يصوم شعبان كلّه:** یہ مجاز ہے، عرب اکثر پر کل کا اطلاق کردیتے ہیں اور بعض روایت میں إلا قليلا بھی آیا ہے أي يصوم شعبان كله إلا قليلا۔

قولہ: خذوا من العمل ما تطيقون: تم انہی اعمال کو لازم پکڑو جن کو تم نباہ سکو، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اس وقت تک ملول (رنجیدہ) نہیں ہوتے جب تک تم ملول نہ ہوجاؤ، بندہ کا رنجیدہ ہونا یہ ہے کہ وہ تھک ہار کر بیٹھ جائے اور عمل چھوڑ دے اور اللہ کا رنجیدہ ہونا مشاکلۃً ہے، اللہ کا رنجیدہ ہونا یہ ہے کہ ثواب دینا بند کردیں (تحفۃ القاری ۱: ۲۷۰)

قولہ: وَأَحَبُّ الصلاة: آنحضور ﷺ کو سب سے زیادہ پسند وہ نفل نماز تھی جس پر آدمی مداومت کرے، جب بندہ معین وقت پر عبادت کرتا ہے تو اللہ کو اس کا انتظار رہتا ہے، اس لئے پابندی کے ساتھ عمل کرنا چاہئے، اگرچہ تھوڑا ہو، چنانچہ

نبی ﷺ جب کوئی نفل عمل شروع کرتے تو پابندی سے کرتے، مزید وضاحت تحفۃ القاری (۲۶۹:۱) میں ہے۔

بَابُ مَا يُذْكَرُ مِنْ صَوْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِفْطَارِهِ

نبی ﷺ کا نفل روزے رکھنے کا معمول

نبی ﷺ کا نفل روزوں کے سلسلہ میں کوئی بندھا ٹکا معمول نہیں تھا، کبھی آپؐ مسلسل روزے رکھتے تھے اور کبھی بہت دنوں تک نہیں رکھتے تھے۔

[۵۳-] بَابُ مَا يُذْكَرُ مِنْ صَوْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِفْطَارِهِ

[۱۹۷۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَاصَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم شَهْرًا كَامِلاً قَطُّ غَيْرَ رَمَضَانَ، وَيَصُوْمُ حَتَّى يَقُوْلَ الْقَائِلُ: لَا، وَاللّٰهِ! لَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ حَتَّى يَقُوْلَ الْقَائِلُ: لَا، وَاللّٰهِ! لَا يَصُوْمُ.

[۱۹۷۲-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُفْطِرُ مِنَ الشَّهْرِ حَتَّى نَظُنَّ أَنْ لَايَصُوْمَ مِنْهُ، وَيَصُوْمُ حَتَّى نَظُنَّ أَنْ لَا يُفْطِرَ مِنْهُ شَيْئًا، وَكَانَ لَا تَشَاءُ تَرَاهُ مِنَ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا إِلَّا رَأَيْتَهُ، وَلَا نَائِمًا إِلَّا رَأَيْتَهُ. وَقَالَ سُلَيْمَانُ، عَنْ حُمَيْدٍ: أَنَّهُ سَأَلَ أَنَسًا فِي الصَّوْمِ. [راجع: ۱۱۴۱]

[۱۹۷۳-] حدثنا مُحَمَّدٌ، أَنَا أَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، أَنَا حُمَيْدٌ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا عَنْ صِيَامِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: مَا كُنْتُ أُحِبُّ أَنْ أَرَاهُ مِنَ الشَّهْرِ صَائِمًا إِلَّا رَأَيْتُهُ، وَلَا مُفْطِرًا إِلَّا رَأَيْتُهُ، وَلَا مِنَ اللَّيْلِ قَائِمًا إِلَّا رَأَيْتُهُ، وَلَا نَائِمًا إِلَّا رَأَيْتُهُ. وَلَا مَسِسْتُ خَزَّةً وَلَا حَرِيْرَةً أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَا شَمِمْتُ مِسْكَةً وَلَا عَنْبَرَةً أَطْيَبَ رَائِحَةً مِنْ رَائِحَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۱۱۴۱]

حدیث (۱): ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے رمضان کے علاوہ کسی پورے مہینہ کے روزے نہیں رکھے، اور آپؐ (نفل) روزہ رکھتے تھے یہاں تک کہ کہنے والا کہتا یعنی سوچتا: نہیں، بخدا! آپ روزے رکھنا بند نہیں کریں گے، اور آپؐ روزے بند کردیتے تھے، یہاں تک کہ کہنے والا کہتا: نہیں، بخدا! اب آپؐ روزے نہیں رکھیں گے۔

حدیث (۲): انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کسی ماہ (نفل) روزے نہیں رکھتے تھے یہاں تک کہ ہم گمان کرتے کہ آپؐ اس ماہ کا روزہ نہیں رکھیں گے، اور کسی مہینہ میں روزے رکھتے تھے یہاں تک کہ ہم گمان کرتے کہ آپؐ

اس ماہ کا کوئی روزہ نہیں چھوڑیں گے، اور آپ رات کے جس حصہ میں چاہیں آپ کو (تہجد کی) نماز پڑھتا ہوا دیکھ سکتے تھے، اور سوتا ہوا دیکھنا چاہیں تو بھی دیکھ سکتے تھے (اور سلیمان کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ: حمید طویل نے حضرت انسؓ سے (نفل) روزوں کے بارے میں پوچھا۔ یہ سلیمان کون ہیں؟ حافظ رحمہ اللہ کا خیال ہے کہ یہ ابوخالد احمر ہیں، ان کا نام سلیمان بن حبان ہے، ان کی مفصل روایت اگلے نمبر پر آرہی ہے، پس پہلے (تحفۃ القاری ۳:۴۶۴) جو تابعه سليمان و أبو خالد الأحمر آیا ہے، اس میں واؤ زائد ہے)

حدیث (۳): حمید رحمہ اللہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے (نفل) روزوں کے بارے میں پوچھا (کہ آپؐ کا معمول کیا تھا؟) پس حضرت انسؓ نے کہا: نہیں پسند کیا کرتا تھا میں کہ دیکھوں آپؐ کو کسی مہینہ میں روزہ سے مگر میں آپؐ کو دیکھتا تھا، اور نہ بے روزہ مگر میں آپؐ کو دیکھتا تھا یعنی آپؐ نے ہر مہینہ کے ہر دن میں نفل روزہ رکھا بھی ہے اور نہیں بھی رکھا۔ اور نہ رات میں (تہجد کی) نماز پڑھتے ہوئے مگر میں آپؐ کو دیکھتا تھا، اور نہ سویا ہوا، مگر میں آپؐ کو دیکھتا تھا یعنی آپؐ نے رات کے ہر حصہ میں تہجد پڑھا ہے، جب بھی آنکھ کھل جاتی آپؐ نماز کے لئے کھڑے ہوجاتے، اور نہیں چھویا میں نے کوئی رواں اور نہ کوئی ریشم زیادہ نرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی سے (خَزَّۃ: ایک جانور کی کھال ہے، جس کے روئیں بڑے نرم ہوتے ہیں) اور نہیں سونگھی میں نے کوئی مشک اور نہ کوئی عنبر زیادہ خوشبودار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے یعنی آپؐ کا دست مبارک پشمینہ اور ریشم سے زیادہ نرم تھا، اور بدن سے جو خوشبو مہکتی تھی وہ مشک وعنبر کی خوشبو سے زیادہ شاندار تھی۔

بَابُ حَقِّ الضَّيْفِ فِي الصَّوْمِ

نفل روزوں میں مہمان کا حق

کوئی مہمان آیا تو اس دن میزبان کو روزہ نہیں رکھنا چاہئے، یہ مہمان کا حق ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک طویل حدیث میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے فرمایا ہے: إن لِزَوْرِكَ عليك حقًّا: بے شک تمہارے مہمان کا تم پر حق ہے، وہ حق یہی ہے کہ جس دن گھر میں مہمان ہو نفل روزہ نہ رکھے۔

[٥٤-] بَابُ حَقِّ الضَّيْفِ فِي الصَّوْمِ

[١٩٧٤-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا هَارُوْنُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا يَحْيىٰ، ثَنِي أَبُوْ سَلَمَةَ، ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، يَعْنِيْ: "إِنَّ لِزَوْرِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا" فَقُلْتُ: وَمَا صَوْمُ دَاوُدَ؟ قَالَ: "نَصْفُ الدَّهْرِ"

[راجع: ١١٣١]

بَابُ حَقِّ الْجِسْمِ فِی الصَّوْمِ

روزے میں جسم کا حق

انسان پر جہاں اور حقوق ہیں، جسم کا بھی حق ہے، پس جسم کے حق کی رعایت کے ساتھ نفلی روزے رکھنے چاہئیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما ہمیشہ روزہ رکھتے تھے اور رات بھر نفلیں پڑھتے تھے، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر ہوئی تو پہلے آپؐ نے ان سے اس کی تصدیق چاہی، انھوں نے اقرار کیا پس آپؐ نے فرمایا: ایسا مت کرو، کبھی روزہ رکھو کبھی بے روزہ رہو، اور رات میں سوؤ بھی اور نفلیں بھی پڑھو، اس لئے کہ تم پر تمہارے جسم کا بھی حق ہے، تمہاری آنکھوں کا بھی حق ہے، تمہاری بیوی کا بھی حق ہے اور تمہارے مہمانوں کا بھی حق ہے، سب کے حقوق ادا کرو، پھر فرمایا: ہر مہینہ میں تین روزے رکھو، شریعت کا ضابطہ ہے: نیکی کا ثواب دس گنا ملتا ہے، پس جس نے ہر ماہ تین روزے رکھے اس نے گویا زندگی بھر روزے رکھے۔ حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں: پس میں نے سختی کی تو مجھ پر سختی کی گئی، حضرت عبداللہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں زیادہ روزوں کی طاقت رکھتا ہوں، پس آپؐ نے صوم داؤدی کی اجازت دی یعنی ایک دن روزہ رکھو، ایک دن افطار کرو، مگر بعد میں حضرت عبداللہؓ پچھتاتے تھے، بڑھاپے میں اس معمول کو بناہنا مشکل ہوگیا، مزید تفصیل کتاب الصلوٰۃ باب ۲۰ (تحفۃ القاری ۳: ۴۸۱) میں ہے۔

[۵۵-] بَابُ حَقِّ الْجِسْمِ فِی الصَّوْمِ

[۱۹۷۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنِیْ يَحْيىَ بْنُ أَبِیْ كَثِيْرٍ، ثَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "يَا عَبْدَ اللّٰهِ! أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ تَصُوْمُ النَّهَارَ وَتَقُوْمُ اللَّيْلَ؟" فَقُلْتُ: بَلٰى، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: فَلاَ تَفْعَلْ، صُمْ وَأَفْطِرْ، وَقُمْ وَنَمْ، فَإِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِعَيْنَيْكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِزَوْرِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ بِحَسْبِكَ أَنْ تَصُوْمَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ، فَإِنَّ لَكَ بِكُلِّ حَسَنَةٍ عَشْرَ أَمْثَالِهَا، فَإِذَنْ ذٰلِكَ صِيَامُ الدَّهْرِ كُلِّهِ" فَشَدَّدْتُ عَلَيْهِ فَشُدِّدَ عَلَيَّ، قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّیْ أَجِدُ قُوَّةً، قَالَ: "فَصُمْ صِيَامَ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوُدَ، وَلاَ تَزِدْ عَلَيْهِ" قُلْتُ: وَمَا كَانَ صِيَامُ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوُدَ؟ قَالَ: "نِصْفُ الدَّهْرِ" قَالَ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقُوْلُ بَعْدَ مَا كَبِرَ: يَا لَيْتَنِیْ قَبِلْتُ رُخْصَةَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[راجع: ۱۱۳۱]

قوله: وإن بِحَسْبِكَ: بے شک تمہارے لئے یہ بات کافی ہے کہ ہر ماہ تین روزے رکھو (إن کے اسم پر باء زائدہ ہے)

بَابُ صَوْمِ الدَّهْرِ

ہمیشہ روزے رکھنا

حقیقی صوم الدہر یہ ہے کہ پورے سال کے روزے رکھے، ان پانچ دنوں کے بھی رکھے جن میں روزے حرام ہیں، ایسا صوم الدہر مکروہ ہے، اور اگر ممنوع پانچ دنوں کو چھوڑ کر باقی دنوں کے روزے رکھے تو یہ صورت جائز ہے، مگر ایسا صوم الدہر شریعت کو پسند نہیں، کیونکہ ایسا روزہ دو حال سے خالی نہیں، یا تو وہ روزہ دار کو کمزور کرے گا یا صبح سے پہلے اور غروب کے بعد کھانے کی عادت بن جائے گی، پس روزہ بے فائدہ ہوگا، اس لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے صوم الدہر کو پسند نہیں فرمایا۔

اور حکمی صوم الدہر کی ایک صورت صوم داؤدی ہے یعنی ایک دن روزہ رکھے، ایک دن نہ رکھے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما کو اس کی اجازت دی تھی، اور آپؐ نے اس کو پسند بھی فرمایا ہے، کیونکہ اس طرح روزہ رکھنے میں نہ بھوکا رہنے کی عادت ہوتی ہے نہ روزے سے کمزوری آتی ہے، علاوہ ازیں حکمی صوم الدہر کی اور بھی صورتیں ہیں، مثلاً: ہر ماہ تین روزے رکھنا بھی صوم الدہر کی ایک شکل ہے، کیونکہ ثواب دس گنا ملتا ہے، پس تین کو دس میں ضرب دیں گے تو تیس روزوں کا ثواب مل جائے گا اور حکماً صوم الدہر ہو جائے گا۔

[٥٦-] بَابُ صَوْمِ الدَّهْرِ

[١٩٧٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو قَالَ: أُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنِّيْ أَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَأَصُوْمَنَّ النَّهَارَ وَلَأَقُوْمَنَّ اللَّيْلَ مَا عِشْتُ! فَقُلْتُ لَهُ: قَدْ قُلْتُهُ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! قَالَ:" فَإِنَّكَ لَاتَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ، فَصُمْ وَأَفْطِرْ، وَقُمْ وَنَمْ، وَصُمْ مِنَ الشَّهْرِ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ، فَإِنَّ الْحَسَنَةَ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، وَذٰلِكَ مِثْلُ صِيَامِ الدَّهْرِ" قُلْتُ: إِنِّيْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ:" فَصُمْ يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمَيْنِ" قُلْتُ: إِنِّيْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ:" فَصُمْ يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمًا، فَذٰلِكَ صِيَامُ دَاوُدَ وَهُوَ أَفْضَلُ الصِّيَامِ" فَقُلْتُ: إِنِّيْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَا أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ"[راجع: ١١٣١]

بَابُ حَقِّ الْأَهْلِ فِي الصَّوْمِ

روزے میں بیوی کا حق

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ بیوی کے حق کی رعایت کر کے نفلی روزے رکھنے چاہئیں، اتنے روزے رکھنا کہ بیوی کے کام کا نہ رہے، ٹھیک نہیں۔

[۵۷-] بَابُ حَقِّ الْأَهْلِ فِي الصَّوْمِ

رَوَاهُ أَبُوْ جُحَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۱۹۷۷-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءً، أَنَّ أَبَا الْعَبَّاسِ الشَّاعِرَ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، بَلَغَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنِّيْ أَسْرُدُ الصَّوْمَ، وَأُصَلِّي اللَّيْلَ، فَإِمَّا أَرْسَلَ إِلَيَّ وَإِمَّا لَقِيْتُهُ، فَقَالَ: " أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ تَصُوْمُ وَلَا تُفْطِرُ، وَتُصَلِّيْ وَلَا تَنَامُ؟ فَصُمْ وَأَفْطِرْ، وَقُمْ وَنَمْ، فَإِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِنَفْسِكَ وَأَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا" قَالَ: إِنِّيْ لَأَقْوَى لِذٰلِكَ، قَالَ: " فَصُمْ صِيَامَ دَاوُدَ" قَالَ: قَالَ: فَكَيْفَ؟ قَالَ: "كَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا، وَلَا يَفِرُّ إِذَا لَاقَى" قَالَ: مَنْ لِيْ بِهٰذِهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ عَطَاءٌ: لَا أَدْرِيْ كَيْفَ ذَكَرَ صِيَامَ الْأَبَدِ؟ قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَاصَامَ مَنْ صَامَ الْأَبَدَ" مَرَّتَيْنِ. [راجع: ۱۱۳۱]

وضاحت: یہ حدیث مختصراً پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۴۸۱) گذری ہے۔ عبداللہؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کو خبر پہنچی کہ میں ہمیشہ روزہ رکھتا ہوں اور رات میں نفلیں پڑھتا ہوں، پس یا تو آپؐ نے مجھے آدمی بھیج کر بلایا یا میں نے آپؐ سے ملاقات کی (یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے)

قولہ: إني لَأَقْوَى لذلك: میرے اندر اس سے زیادہ کی طاقت ہے (قَوِيَ يَقْوىٰ (س) قُوَّةً: کام کی طاقت رکھنا، قادر ہونا)

قولہ: ولايَفِرُّ إِذَا لَاقىٰ: حضرت داؤد علیہ السلام جب دشمن کے مقابل ہوتے تھے تو بھاگتے نہیں تھے، اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ صوم داؤدی سے کمزوری نہیں آتی .... **قولہ: مَن لي بهذه يانبي الله؟** یہ محاورہ ہے، لفظی ترجمہ ہے: کون ذمہ دار ہے، میرے لئے اس کا اے اللہ کے نبی، یعنی دشمن کے مقابلہ میں ڈٹ جانا اور نہ بھاگنا بڑوں ہی کا حصہ ہے، میرا یہ نصیب کہاں! .... **قولہ: لا أدری کیف**: حضرت عطاء رحمہ اللہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ہمیشہ روزہ رکھنے کو ناپسند کیا اور اس کے لئے کیا جملہ ارشاد فرمایا: یہ مجھے یاد نہیں رہا، غالباً یہ فرمایا کہ "جس نے ہمیشہ روزہ رکھا اس نے کیا خاک روزہ رکھا!" جو ہمیشہ روزہ رکھتا ہے اس کی صبح سے پہلے اور غروب کے بعد کھانے کی عادت ہوجاتی ہے درمیان میں اسے بھوک نہیں لگتی، پس روزہ کی مشقت اس کو حاصل نہیں ہوتی، اس لئے ایسے روزہ کا کچھ فائدہ نہیں۔

بَابُ صَوْمِ يَوْمٍ وَإِفْطَارِ يَوْمٍ، وَبَابُ صَوْمِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن نہ رکھنا، حضرت داؤد علیہ السلام اس طرح روزہ رکھتے تھے

آنحضور ﷺ نے حضرت عبداللہؓ سے فرمایا کہ ایک دن روزہ رکھو اور ایک دن مت رکھو۔ حضرت داؤد علیہ السلام اسی

طرح روزہ رکھتے تھے اور آپ ؐ نے اس روزہ کو پسند فرمایا۔ اسی طرح حضرت عبداللہ ؓ روزا یک قرآن ختم کرتے تھے، نبی ﷺ نے پہلے ان کو ایک ماہ میں ایک قرآن ختم کرنے کا حکم دیا، پھر جب حضرت عبداللہ ؓ نے اصرار کیا تو تین دن میں ختم کرنے کے لئے فرمایا۔

[۵۸-] بَابُ صَوْمِ يَوْمٍ وَإِفْطَارِ يَوْمٍ

[۱۹۷۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " صُمْ مِنَ الشَّهْرِ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ "قَالَ: أُطِيْقُ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ، فَمَا زَالَ حَتَّى قَالَ: " صُمْ يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمًا" قَالَ: " اقْرَأِ الْقُرْآنَ فِي كُلِّ شَهْرٍ" قَالَ: إِنِّيْ أُطِيْقُ أَكْثَرَ، فَمَا زَالَ حَتَّى قَالَ: " فِيْ ثَلاَثٍ "[راجع: ۱۱۳۱]

[۵۹-] بَابُ صَوْمِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

[۱۹۷۹-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْعَبَّاسِ الْمَكِّيَّ — وَكَانَ شَاعِرًا، وَكَانَ لاَ يُتَّهَمُ فِيْ حَدِيْثِهِ — قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّكَ لَتَصُوْمُ الدَّهْرَ، وَتَقُوْمُ اللَّيْلَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: " إِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ هَجَمَتْ لَهُ الْعَيْنُ، وَنَفِهَتْ لَهُ النَّفْسُ، لاَصَامَ مَنْ صَامَ الدَّهْرَ، صَوْمُ ثَلاَ ثَةِ أَيَّامٍ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهِ" قُلْتُ: فَإِنِّيْ أُطِيْقُ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: " فَصُمْ صَوْمَ دَاوُدَ، وَكَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا، وَلاَ يَفِرُّ إِذَا لاَقَى"[راجع: ۱۱۳۱]

وضاحت: ابوالعباس مکی نابینا تھے اور شاعر تھے اور شاعر عام طور پر جھوٹے ہوتے ہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے یا حبیب نے ان کی توثیق کی کہ ابوالعباس شاعر ضرور تھے، مگر جھوٹ نہیں بولتے تھے، حدیث میں قابل اعتماد تھے۔

قوله: إنك إذا فعلت ذلك: اگر تم ایسا کرو گے تو اس کی وجہ سے آنکھیں دھنس جائیں گی، اور طبیعت سست پڑ جائے گی، یعنی جب رات بھر نفلیں پڑھو گے اور آنکھیں مل کر نیند اڑاؤ گے تو آنکھیں دھنس جائیں گی، دیکھنے میں بھی بری معلوم ہونگی اور روشنی پر بھی اثر پڑے گا اور زیادہ دنوں تک اس معمول کو نباہ نہیں سکو گے، پس اعتدال سے کام لو۔

[۱۹۸۰-] حدثنا إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، أَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ الْمَلِيْحِ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِيْكَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَحَدَّثَنَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذُكِرَ لَهُ صَوْمِيْ، فَدَخَلَ عَلَيَّ، فَأَلْقَيْتُ لَهُ وِسَادَةً مِنْ أَدَمٍ، حَشْوُهَا لِيْفٌ، فَجَلَسَ عَلَى الْأَرْضِ، وَصَارَتِ

الْوِسَادَةُ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ، فَقَالَ:" أَمَا يَكْفِيْكَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلاَ ثَةُ أَيَّامٍ؟" قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "خَمْسًا" قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" سَبْعًا" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" تِسْعًا" قُلْتُ: يَارسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" إِحْدَى عَشْرَةَ" ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَاصَوْمَ فَوْقَ صَوْمِ دَاوُدَ، شَطْرُ الدَّهْرِ، صُمْ يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمًا"[راجع: ۱۱۳۱]

وضاحت: ابوالملیح: ابوقلابہ کے ابا کے ساتھ جن کا نام زید تھا حضرت عبداللہؓ کے پاس گئے............ میں نے آپؐ کے لئے چمڑے کا گدہ بچھایا، جس میں کھجور کی چھال کا برادہ بھرا ہوا تھا............ آپؐ نیچے بیٹھے، گدہ درمیان میں پڑا رہا ....قلت: یارسول اللہ! میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یعنی کچھ اور اجازت دیجئے، قلتُ: یارسولَ اللّٰهِ! زِدْنِيْ ......

شطر الدھر: اگر مستقل جملہ ہے تو مرفوع ہے، اور صُمْ کا مفعول ہے تو منصوب ہے۔

بَابُ صِيَامِ الْبِيْضِ: ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَأَرْبَعَ عَشْرَةَ، وَخَمْسَ عَشْرَةَ

ایام بیض: ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخوں کے روزے

اللیلۃُ البیضاء: روشن رات جس میں اول سے آخر تک چاند نکلا ہوا ہو۔ ہر ماہ تین روزے رکھنا مستحب ہے، اور یہ بھی صوم الدہر کی ایک شکل ہے۔ الحسنةُ بعشرة أمثالها کے قاعدہ سے تین روزے تیس روزے ہو جائیں گے، پس ہر ماہ تین روزے رکھنے والا حکماً صائم الدہر ہے، اور اولیٰ یہ ہے کہ ایام بیض یعنی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخوں کے روزے رکھے، نبی ﷺ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ایام بیض کے روزے رکھنے کے لئے فرمایا ہے (ترمذی حدیث ۷۵۲) مگر وہ حدیث بخاری میں لانے کے قابل نہیں تھی، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے باب میں ایام بیض کی تخصیص کر کے اس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے۔

[۶۰-] بَابُ صِيَامِ الْبِيْضِ: ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَأَرْبَعَ عَشْرَةَ، وَخَمْسَ عَشْرَةَ

[۱۹۸۱-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا أَبُوْ التَّيَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: أَوْصَانِيْ خَلِيْلِيْ صلى الله عليه وسلم بِثَلَاثٍ: صِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَرَكْعَتِي الضُّحَى، وَأَنْ أُوْتِرَ قَبْلَ أَنْ أَنَامَ. [راجع: ۱۱۷۸]

ترجمہ: میرے دوست ﷺ نے مجھے تین باتوں کی وصیت (تاکید) کی ہے: ہر ماہ تین دن کے روزوں کی، اور چاشت کے دوگانہ کی، اور سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی (پس مہینہ کی کسی بھی تاریخوں کے روزے رکھیں: وصیت پر عمل ہو جائے گا مگر بہتر یہ ہے کہ ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ کے روزے رکھے جائیں)

بَابُ مَنْ زَارَ قَوْمًا فَلَمْ يُفْطِرْ عِنْدَهُمْ

جو کسی کے یہاں مہمان گیا، اور اس نے وہاں روزہ نہیں توڑا

ایک شخص کسی کا مہمان بنا اور اس کا نفل روزہ ہے، میزبان نے کھانا پیش کیا اس نے معذرت کی کہ میرا روزہ ہے تو اس میں کچھ حرج نہیں۔ آنحضور ﷺ ایک مرتبہ حضرت ام سلیمؓ کے گھر تشریف لے گئے انھوں نے گھی اور کھجوریں پیش کیں، آپؐ نے فرمایا: گھی کپّی میں پھیر دو اور کھجوریں تھیلے میں ڈال دو، میرا روزہ ہے۔ پھر آپؐ نے گھر کے ایک کونے میں برکت کے لئے دو نفلیں پڑھیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نانی ملیکہؓ نے بھی دعوت کی تھی اس وقت بھی آپؐ نے گھر میں دو نفلیں پڑھی تھیں، وہ اور یہ الگ الگ واقعے ہیں۔

[٦١-] بَابُ مَنْ زَارَ قَوْمًا فَلَمْ يُفْطِرْ عِنْدَهُمْ

[١٩٨٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنِيْ خَالِدٌ، هُوَ ابْنُ الْحَارِثِ، ثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى أُمِّ سُلَيْمٍ، فَأَتَتْهُ بِتَمْرٍ وَسَمْنٍ، فَقَالَ: " أَعِيْدُوْا سَمْنَكُمْ فِيْ سِقَائِهِ، وَتَمْرَكُمْ فِيْ وِعَائِهِ، فَإِنِّيْ صَائِمٌ" ثُمَّ قَامَ إِلٰى نَاحِيَةٍ مِنَ الْبَيْتِ، فَصَلّٰى غَيْرَ الْمَكْتُوْبَةِ، فَدَعَا لِأُمِّ سُلَيْمٍ وَأَهْلِ بَيْتِهَا، فَقَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ لِيْ خُوَيْصَّةً، قَالَ: " مَا هِيَ؟" قَالَتْ: خَادِمُكَ أَنَسٌ! فَمَا تَرَكَ خَيْرَ آخِرَةٍ وَلَا دُنْيَا إِلَّا دَعَا لِيْ بِهِ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ مَالًا وَوَلَدًا وَبَارِكْ لَهُ" فَإِنِّيْ لَمِنْ أَكْثَرِ الْأَنْصَارِ مَالًا، وَحَدَّثَتْنِيْ ابْنَتِيْ أُمَيْنَةُ أَنَّهُ دُفِنَ لِصُلْبِيْ مَقْدَمَ الْحَجَّاجِ الْبَصْرَةَ بِضْعٌ وَعِشْرُوْنَ وَمِائَةٌ.

وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ: أَنَا يَحْيىَ بْنُ أَيُّوْبَ، ثَنِيْ حُمَيْدٌ: سَمِعَ أَنَسًا، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ٦٣٣٤، ٦٣٤٤، ٦٣٧٨، ٦٣٨٠]

قوله: أعيدوا سمنكم: لوٹا دو تم تمہارا گھی اس کے مشکیزے (کپی) میں اور کھجور اس کے برتن (تھیلے) میں، یعنی دسترخوان اٹھالو، میرا روزہ ہے۔

قوله: إن لي خُوَيْصَّةً: میں ایک چھوٹی سی خاص دعا چاہتی ہوں، آپؐ نے پوچھا: وہ کیا ہے؟ ام سلیمؓ نے عرض کیا: آپ کا خادم انس! یعنی انسؓ کے لئے دعا فرمادیجئے، پس آپؐ نے دنیا وآخرت کی کوئی بھلائی نہیں چھوڑی، مگر میرے لئے اس کی دعا فرمائی، آپؐ نے فرمایا: اللّٰهم اغفر له (یہ ٹکڑا دوسری جگہ ہے) وارزقه مالاً وولداً، وبارك له: اے اللہ! انس کی مغفرت فرما (اس میں آخرت کی سب بھلائیاں آگئیں) اور اس کو مال اور اولاد عطا فرما اور اس کے لئے برکت فرما۔ چنانچہ میں انصار میں سب سے زیادہ مال (جائداد) والا ہوں اور مجھ سے میری بیٹی اُمینہ نے بیان کیا کہ حجاج کے (گورنر بن کر)

بصرہ آنے تک میری ایک سوبیس سے زیادہ صلبی اولاد دفن ہوچکی ہے۔

تشریح: حضرت انس رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کے بعد بصرہ چلے گئے تھے، وہاں زاویہ (گاؤں کا نام) میں مقیم تھے، آپؓ کثیر المال اور کثیر العیال تھے، سن ۷۵ ہجری میں جب حجاج بصرہ کا گورنر بن کر آیا ہے اس سے پہلے تک آپؓ کی ایک سو بیس سے زیادہ صلبی اولاد انتقال کرچکی تھی، اور معلوم نہیں کتنی زندہ تھی۔ وہ باندیوں کا دور تھا اور باندیوں میں کوئی تحدید نہیں ہوتی، جتنی چاہیں رکھ سکتے ہیں اور آپؓ کے باغ میں سال میں دومرتبہ پھل آتا تھا، یہ دعائے نبوی کی برکت تھی۔ آپؓ کا انتقال ۹۳ ہجری میں سوسال سے زیادہ عمر میں ہوا ہے، حجاج کی آمد کے بعد اٹھارہ سال آپؓ زندہ رہے ہیں، اس زمانہ میں معلوم نہیں آپؓ کی کتنی اولاد ہوئی ہوگی۔

لغت: خُوَيْصَّة: خاصَّة کی تصغیر ہے، خَاصَّةُ الشَّيْءِ: اپنے لئے خاص کی ہوئی چیز (اس میں دوساکنوں کا اجتماع معاف رکھا گیا ہے)

بَابُ الصَّوْمِ مِنْ آخِرِ الشَّهْرِ

مہینہ کے آخر میں روزہ رکھنا

ہر ماہ تین روزے رکھنا مستحب ہے اور وہ مہینہ کے شروع میں، ایام بیض میں، مہینہ کے آخر میں، ایک ساتھ اور متفرق ہر طرح رکھ سکتے ہیں۔

[٦٢-] بَابُ الصَّوْمِ مِنْ آخِرِ الشَّهْرِ

[١٩٨٣-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مَهْدِيٌّ، عَنْ غَيْلَانَ، ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثنا مَهْدِيُّ ابْنُ مَيْمُوْنٍ، ثَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ سَأَلَهُ، أَوْ: سَأَلَ رَجُلاً، وَعِمْرَانُ يَسْمَعُ، فَقَالَ: "يَا أَبَا فُلَانٍ! أَمَا صُمْتَ سَرَرَ هٰذَا الشَّهْرِ؟" قَالَ: أَظُنُّهُ قَالَ: يَعْنِي رَمَضَانَ. قَالَ الرَّجُلُ: لَا، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَإِذَا أَفْطَرْتَ فَصُمْ يَوْمَيْنِ"

لَمْ يَقُلِ الصَّلْتُ: أَظُنُّهُ يَعْنِي رَمَضَانَ، وَقَالَ ثَابِتٌ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عِمْرَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "مِنْ سَرَرِ شَعْبَانَ" قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَشَعْبَانُ أَصَحُّ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے حضرت عمران رضی اللہ عنہ سے یا کسی اور آدمی سے پوچھا درانحالیکہ عمرانؓ سن رہے تھے، آپؐ نے فرمایا: اے فلاں کے ابا! کیا تم نے اس مہینہ کے آخر میں روزہ نہیں رکھا؟ (ابوالنعمان نے) کہا: میرا گمان ہے: هذا الشهر کے بعد یعنی رمضان بھی کہا (مگر یہ وہم ہے، رمضان کے روزے تو فرض ہیں، صحیح شعبان ہے جیسا کہ آگے آرہا

ہے) اس شخص نے عرض کیا: نہیں، اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: ''جب تم روزے ختم کروتو دو روزے رکھنا (یعنی شعبان کے آخر میں جو روزہ نہیں رکھا ہے اس کے بدل رمضان کے بعد دو روزے رکھنا۔ صلت کی روایت میں یعنی أظنه رمضان نہیں ہے (اور یہی صحیح ہے) اور مطرف کے دوسرے شاگرد ثابت کی روایت میں مِن سَرَرِ شعبان ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: شعبان زیادہ صحیح ہے۔

لغت: السَّرَر: (بفتحتین) کے معنی امام بخاری اور جمہور نے: 'مہینہ کا آخر' سمجھے ہیں، چنانچہ یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں، مگر اس کے معنی: 'مہینہ کا شروع' اور 'مہینہ کا درمیان' بھی کئے گئے ہیں۔

سوال (۱): شعبان کے آخر میں روزے رکھنے کا تو فائدہ ہے، وہ رمضان کی تیاری ہے، مگر رمضان کے بعد دو روزے رکھیں گے تو کیا فائدہ ہوگا؟ پھر ایک کے بجائے دو روزے رکھنے کے لئے کیوں فرمایا؟

جواب: بعض مرتبہ نبی ﷺ تنبیہ کے ساتھ عمل کو جوڑتے تھے، تاکہ وہ تنبیہ یاد رہے، صرف تنبیہ آدمی بھول جاتا ہے، لیکن اگر اس کے ساتھ کوئی عمل جوڑ دیا جائے تو وہ عمل تنبیہ یاد رکھنے میں معاون بنتا ہے، جیسے نبی ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس کی لنگی ٹخنوں سے نیچے ہے، وہ وضو کر کے آیا تھا آپؐ نے اس کو دوبارہ وضو کرنے کا حکم دیا، ظاہر ہے لنگی ٹخنہ کے نیچے ہونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، مگر آپؐ نے دوبارہ وضو اس لئے کروایا کہ تنبیہ قوی ہو جائے اور وہ دوبارہ یہ غلطی نہ کرے، اسی طرح آپؐ نے رمضان کے بعد شعبان کے روزے رکھنے کا حکم دیا، تاکہ وہ آئندہ شعبان کے آخر کے روزے رکھنا نہ بھولیں۔

سوال (۲): شعبان کے آخر میں نفل روزوں کی ممانعت آئی ہے، فرمایا: لَا تَتَقَدَّمُوْا رمضانَ بصوم یوم ویومین: رمضان سے آگے مت بڑھو، ایک اور دو دن کے روزوں کے ساتھ پس حدیثوں میں تعارض ہے!

جواب: یہ بڑا الجھا ہوا سوال ہے، فتح الباری میں اس پر لمبی بحث ہے، ایک جواب یہ ہے کہ سَرَر کے معنی 'آخر ماہ' متعین نہیں، شروع ماہ اور درمیان بھی اس کے معنی کئے گئے ہیں۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ شعبان کی آخری تاریخ اگر عادۃً روزہ رکھنے کی ہے تو روزہ رکھ سکتے ہیں، بلکہ رکھنا چاہئے، مثلاً کوئی جمعہ کے دن روزہ رکھتا ہے اور شعبان کی آخری تاریخ جمعہ پڑی تو اس کا روزہ رکھنا چاہئے۔ حدیث میں جن صحابی سے آپؐ نے سوال کیا تھا وہ اس روزے کے عادی ہونگے، اور وظائف میں معمول کی پابندی کرنی چاہئے، اور ناغہ ہو جائے تو ڈبل عمل کرنا چاہئے، چنانچہ آپؐ نے رمضان کے بعد دو روزے رکھنے کے لئے فرمایا۔

بَابُ صَوْمِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن کا روزہ

جمعہ افضلِ ایام ہے، پس اس کا روزہ بھی افضل ہے، ترمذی اور نسائی میں حدیث ہے: ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے

ہیں کہ کم ایسا ہوتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا جمعہ کے دن روزہ نہ ہو، لیکن دوسری حدیثوں میں صرف جمعہ کا روزہ رکھنے کی ممانعت بھی آئی ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک صرف جمعہ کا روزہ رکھنا جائز نہیں، وہ فرماتے ہیں: اگر جمعہ کے دن روزہ کی حالت میں صبح کی اور اس نے جمعرات کا روزہ نہیں رکھا نہ سنیچر کا روزہ رکھنے کا ارادہ ہے تو وہ روزہ توڑ دے، کیونکہ نبی ﷺ نے صرف جمعہ کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ مگر حنفیہ کے نزدیک صرف جمعہ کا روزہ رکھنا بھی جائز ہے، البتہ تخصیص یا تفضیل کا وہم پیدا ہو تو مکروہ ہے جیسے نماز میں ماثورہ سورتیں پڑھنا جائز ہے لیکن تخصیص یا تفضیل کا وہم پیدا ہو تو مکروہ ہے۔

فائدہ: مسلم شریف میں روایت ہے کہ تم لوگ راتوں میں سے جمعہ کی رات کو نماز اور عبادت کے لئے مخصوص نہ کرو، اسی طرح دنوں میں سے جمعہ کے دن کو روزہ کے لئے مخصوص نہ کرو، مگر یہ کہ جمعہ کسی ایسی تاریخ میں پڑے جس کا تم میں سے کوئی روزہ رکھتا ہو (اس صورت میں جمعہ کا روزہ رکھنے میں کچھ مضائقہ نہیں)

تشریح: جمعہ کے دن اور اس کی رات کی خاص فضیلت کی وجہ سے چونکہ اس کا امکان زیادہ تھا کہ فضیلت پسند لوگ اس دن نفلی روزہ رکھنے کا، اور اس کی رات میں شب بیداری اور عبادت کا بہت زیادہ اہتمام کرنے لگیں گے، اور جس چیز کو اللہ و رسول نے فرض و واجب نہیں کیا اس کے ساتھ فرض و واجب کا سا معاملہ ہونے لگے، اس لئے رسول اللہ ﷺ نے یہ ممانعت فرمائی پس ممانعت کا منشا یہ ہے کہ جمعہ کا روزہ اور شب جمعہ کی عبادت ایک زائد رسم نہ بن جائے (معارف الحدیث ۴: ۱۷۷)

[۶۳-] بَابُ صَوْمِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

وَإِذَا أَصْبَحَ صَائِمًا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَعَلَيْهِ أَنْ يُفْطِرَ، يَعْنِى إِذَا لَمْ يَصُمْ قَبْلَهُ وَلاَ يُرِيْدُ أَنْ يَصُوْمَ بَعْدَهُ.

[۱۹۸۴-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرِيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ، قَالَ: سَأَلْتُ جَابِرًا: أَ نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَوْمِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ، زَادَ غَيْرُ أَبِىْ عَاصِمٍ: يَعْنِىْ: أَنْ يَتَفَرَّدَ بِصَوْمِهِ.

[۱۹۸۵-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثَنَا أَبِىْ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، ثَنِىْ أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لاَ يَصُوْمَنَّ أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، إِلاَّ يَوْمًا قَبْلَهُ أَوْ بَعْدَهُ"

[۱۹۸۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، ح: وَحَدَّثَنِىْ مُحَمَّدٌ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِىْ أَيُّوْبَ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ: أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَهِىَ صَائِمَةٌ، فَقَالَ: "أَصُمْتِ أَمْسِ؟" قَالَتْ: لاَ، قَالَ: "تُرِيْدِيْنَ أَنْ تَصُوْمِىْ غَدًا؟" قَالَتْ: لاَ، قَالَ: "فَأَفْطِرِىْ" وَقَالَ حَمَّادُ بْنُ الْجَعْدِ: سَمِعَ قَتَادَةُ: ثَنِىْ أَبُو أَيُّوْبَ، أَنَّ جُوَيْرِيَةَ حَدَّثَتْهُ، فَأَمَرَهَا فَأَفْطَرَتْ.

حدیث (۱): محمد بن عباد نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے جمعہ کے دن روزہ سے منع کیا ہے؟ انھوں نے فرمایا: ہاں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ ابوعاصم کے علاوہ نے حدیث میں یہ اضافہ کیا ہے: یعنی تنہا جمعہ کے دن کا روزہ رکھنے سے منع کیا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہرگز تم میں سے کوئی جمعہ کے دن کا روزہ نہ رکھے مگر یہ کہ جمعہ سے پہلے والے یا بعد والے دن میں بھی روزہ رکھے'' یعنی اگر جمعہ کے ساتھ جمعرات یا سنیچر کا روزہ ملالے تو ممانعت نہیں۔

حدیث (۳): نبی ﷺ ام المؤمنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے، درانحالیکہ ان کا روزہ تھا، آپؐ نے پوچھا: تم نے گذشتہ کل روزہ رکھا تھا؟ انھوں نے کہا: نہیں، آپؐ نے پوچھا: تمہارا آئندہ کل روزہ رکھنے کا ارادہ ہے؟ انھوں نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: پس روزہ توڑ دو۔

سماع کی صراحت: قتادہ رحمہ اللہ تدلیس کرتے تھے، اور انھوں نے ابوایوب عتکی سے حدیث بصیغۂ عن روایت کی ہے، اس لئے انقطاع کا احتمال تھا، چنانچہ حماد کی سند لائے جس میں سماع کی صراحت ہے، حماد کہتے ہیں: قتادہ نے یہ حدیث سنی ہے، انھوں نے حدثنی أبو أیوب کہہ کر روایت کی ہے۔

بَابٌ: هَلْ يَخُصُّ شَيْئًا مِنَ الأَيَّامِ؟

کیا نفل روزہ کے لئے کسی خاص دن کی تخصیص کرسکتا ہے؟

نفل روزہ رکھنے کے لئے جمعہ وغیرہ کسی بھی دن کی تعیین شریعت کو پسند نہیں، بلکہ کسی بھی نیک عمل کے لئے دن کی تخصیص شریعت کو پسند نہیں، کیونکہ تخصیص کا نقصان یہ ہے کہ آدمی دوسرے دنوں میں عمل نہیں کرتا، پس دن کی تعیین کے بغیر ہمہ وقت اور ہر دن نیک عمل کرنا چاہئے اور ہر دن روزہ رکھنا چاہئے، یہ اس باب کا مقصود ہے۔

[٦٤-] بَابٌ: هَلْ يَخُصُّ شَيْئًا مِنَ الأَيَّامِ؟

[١٩٨٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قُلْتُ لِعَائِشَةَ: هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَخْتَصُّ مِنَ الأَيَّامِ شَيْئًا؟ قَالَتْ: لاَ، كَانَ عَمَلُهُ دِيْمَةً، وَأَيُّكُمْ يُطِيْقُ مَا كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُطِيْقُ؟ [انظر: ٦٤٦٦]

ترجمہ: علقمہؒ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا نبی ﷺ کوئی دن کسی عمل کے لئے خاص کرتے تھے؟ انھوں نے کہا: نہیں، آپ کا عمل دائمی ہوتا تھا یعنی جب کوئی عمل شروع کرتے تو پابندی سے کرتے، اور تم میں سے کون ہے جو نبی ﷺ جتنی طاقت رکھتا ہو؟ یعنی استمرار ودوام بہت مشکل امر ہے۔

بَابُ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ

عرفہ کے دن کا روزہ

حاجی کے لئے عرفہ کے دن روزہ رکھنا اولیٰ ہے یا نہ رکھنا؟ اس میں اختلاف ہے، تفصیل کتاب الحج میں گذر چکی ہے، مگر غیر حاجی کے لئے عرفہ کے دن کا یعنی نو ذی الحجہ کا روزہ بالاجماع مستحب ہے۔ عرفہ کے روزہ سے دو سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں (ترمذی حدیث ۷۴۰) اس لئے حاجیوں کے علاوہ دوسروں کے لئے نو ذی الحجہ کا روزہ رکھنا بالاجماع مستحب ہے۔

[٦٥-] بَابُ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ

[١٩٨٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنِيْ يَحْيىَ، عَنْ مَالِكٍ، ثَنِيْ سَالِمٌ، ثَنِيْ عُمَيْرٌ مَوْلٰى أُمِّ الْفَضْلِ، أَنَّ أُمَّ الْفَضْلِ حَدَّثَتْهُ ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ،، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ: أَنَّ نَاسًا تَمَارَوْا عِنْدَهَا يَوْمَ عَرَفَةَ فِي صَوْمِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: هُوَ صَائِمٌ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَيْسَ بِصَائِمٍ، فَأَرْسَلَتْ أُمُّ الْفَضْلِ إِلَيْهِ بِقَدَحِ لَبَنٍ، وَهُوَ وَاقِفٌ عَلٰى بَعِيْرِهِ، فَشَرِبَهُ. [راجع: ١٦٥٨]

[١٩٨٩-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، أَوْ: قُرِئَ عَلَيْهِ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، أَنَّ النَّاسَ شَكُّوْا فِيْ صِيَامِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ عَرَفَةَ، فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ بِحِلَابٍ، وَهُوَ وَاقِفٌ فِي الْمَوْقِفِ، فَشَرِبَ مِنْهُ، وَالنَّاسُ يَنْظُرُوْنَ.

سوال: دودھ کس نے بھیجا تھا: حضرت ام الفضلؓ نے یا حضرت میمونہؓ نے؟

جواب: دونوں نے الگ الگ واقعات میں بھیجا ہوگا، اور اگر واقعہ ایک ہے تو چونکہ سب خواتین جمع تھیں اور دودھ سب کی طرف سے بھیجا گیا تھا اس لئے ہر کوئی اپنی طرف نسبت کرسکتی ہے، یا ام الفضلؓ بڑی تھیں، انھوں نے حکم دیا اور حضرت میمونہؓ نے تھرمس میں سے دودھ نکال کر دیا، اس لئے اپنی طرف نسبت کردی۔ اور میرے نزدیک یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اس سے صرف نظر کرنی چاہئے۔

بَابُ صَوْمِ يَوْمِ الْفِطْرِ

عید الفطر (یکم شوال) کا روزہ رکھنا

عید الفطر کا روزہ بالاجماع حرام ہے، البتہ اگر کوئی عید الفطر کا روزہ رکھے تو روزہ صحیح ہوگا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔

حنفیہ کے نزدیک کراہتِ تحریمی کے ساتھ روزہ صحیح ہوگا، اور دیگر فقہاء کے نزدیک صحیح نہیں ہوگا، اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ افعالِ شرعیہ کی نہی مشروعیت پر مشتمل ہوتی ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک مشتمل ہوتی ہے، اس لئے عید الفطر کا روزہ صحیح ہوگا، اور دیگر فقہاء کے نزدیک مشتمل نہیں ہوتی، اس لئے روزہ صحیح نہیں ہوگا۔ اور اشتمال کا مطلب ہے: جلو میں لئے ہوئے ہونا، مثلاً: جمعہ کی اذانِ اول کے بعد بیع ممنوع ہے، پس کیا اس نہی کے جلو میں بیع کا جواز ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک ہے، پس بیع کراہتِ تحریمی کے ساتھ منعقد ہوجائے گی، اور زنا کی نہی افعالِ حسیہ کی نہی ہے، اس میں بالاتفاق مشروعیت (جواز) کا پہلو نہیں ہوتا، چنانچہ زنا سے جو اولاد ہوگی وہ ثابت النسب نہیں ہوگی۔

[٦٦-] بَابُ صَوْمِ يَوْمِ الْفِطْرِ

[١٩٩٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِىْ عُبَيْدٍ مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ، قَالَ: " شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: هٰذَانِ يَوْمَانِ نَهَى رسول الله صلى الله عليه وسلم عَنْ صِيَامِهِمَا: يَوْمُ فِطْرِكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ، وَالْيَوْمُ الآخَرُ تَأْكُلُوْنَ فِيْهِ مِنْ نُسُكِكُمْ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: مَنْ قَالَ: مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ فَقَدْ أَصَابَ، وَمَنْ قَالَ: مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فَقَدْ أَصَابَ. [انظر: ٥٥٧١]

[١٩٩١-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَوْمِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَالنَّحْرِ، وَعَنِ الصَّمَّاءِ، وَأَنْ يَحْتَبِىَ الرَّجُلُ فِىْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ. [راجع: ٣٦٧]

[١٩٩٢-] وَعَنِ الصَّلاَةِ بَعْدَ الصُّبْحِ وَالْعَصْرِ. [راجع: ٥٨٦]

ترجمہ: ابو عبیدؒ کہتے ہیں: میں عید کے دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا، آپؓ نے فرمایا: دو دن: ان کے روزوں سے نبی ﷺ نے فرمایا ہے، تمہارا روزے ختم کرنے کا دن یعنی عید الفطر (یکم شوال) کا دن اور دوسرا دن: کھاتے ہو تم اس میں اپنی قربانیوں سے۔

تشریح: عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے روزوں سے کیوں منع کیا گیا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی وجہ بیان کی ہے: عید الفطر کے روزے سے اس لئے منع کیا ہے کہ عملی طور پر رمضان ختم ہوجائے، اور عید الاضحیٰ کے روزے سے اس لئے منع کیا ہے کہ لوگ اپنی قربانیاں کھائیں۔ قربانی اگرچہ تین دن ہوتی ہے مگر عام طور پر لوگ دس ذی الحجہ کو قربانی کرتے ہیں اور قربانی کا خون نالی میں بہہ جاتا ہے اور اللہ کے یہاں قربانی کرنے والے کا تقوی (جذبہ) پہنچتا ہے اور قربانی کا گوشت اللہ کی طرف سے دعوت ہے، پس اگر اس دن لوگ روزہ رکھ لیں گے تو اللہ کی دعوت کون کھائے گا؟ اس لئے عید الاضحیٰ کا رزہ

حرام کردیا۔

قال أبو عبد الله: یہ عبارت اکثر نسخوں میں نہیں ہے اور ابن ازہر اور ابن عوف ابوعبید کی ولاء میں شریک ہونگے اس لئے ان کو مولیٰ ابن ازہر کہنا بھی صحیح ہے اور مولیٰ ابن عوف بھی۔

ملحوظہ: دوسری اور تیسری حدیثیں پہلے گذری ہیں، ان میں چار احکام ہیں۔

بَابُ صَوْمِ يَوْمِ النَّحْرِ

عیدقربان (۱۰ ذی الحجہ) کا روزہ

اس باب میں تین حدیثیں ہیں، پہلی اور تیسری حدیثیں پہلے گذر چکی ہیں اور دوسری حدیث یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کسی نے مسئلہ پوچھا: ایک شخص نے کسی دن کی مثلاً پیر کے روزہ کی منت مانی، اتفاق سے اس دن عید پڑ گئی تو وہ روزہ رکھے یا نہیں؟ حضرت ابن عمرؓ نے گول مول جواب دیا کہ اللہ عز وجل نے منت پوری کرنے کا حکم دیا ہے اور نبی ﷺ نے عید کے دن روزہ رکھنے سے منع کیا ہے، یہ گول مول جواب ہے۔ حنفیہ کے نزدیک اس دن روزہ نہ رکھے، بعد میں اس کی قضا کرے، اور رکھ لے تو کراہت تحریمی کے ساتھ روزہ صحیح ہوجائے گا۔

[٦٧-] بَابُ صَوْمِ يَوْمِ النَّحْرِ

[١٩٩٣-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِى عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ عَطَاءِ ابْنِ مِيْنَاءَ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: يُنْهَى عَنْ صِيَامَيْنِ، وَبَيْعَتَيْنِ: الْفِطْرِ وَالنَّحْرِ، وَالْمُلاَمَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ. [راجع: ٣٦٨]

[١٩٩٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا مُعَاذٌ، أَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى ابْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: رَجُلٌ نَذَرَ أَنْ يَصُوْمَ يَوْمًا- أَظُنُّهُ قَالَ: الِاثْنَيْنِ - فَوَافَقَ يَوْمَ عِيْدٍ؟ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: أَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِوَفَاءِ النَّذْرِ، وَنَهَى النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَوْمِ هٰذَا الْيَوْمِ.

[انظر: ٦٧٠٥، ٦٧٠٦]

[١٩٩٥-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ قَزَعَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِىَّ، وَكَانَ غَزَا مَعَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم ثِنْتَىْ عَشْرَةَ غَزْوَةً، قَالَ: سَمِعْتُ أَرْبَعًا مِنَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَعْجَبْنَنِى، قَالَ: " لاَ تُسَافِرِ الْمَرْأَةُ مَسِيْرَةَ يَوْمَيْنِ إِلَّا وَمَعَهَا زَوْجُهَا أَوْ ذُوْ مَحْرَمٍ، وَلاَ صَوْمَ فِى يَوْمَيْنِ: الْفِطْرِ وَالْأَضْحَى، وَلاَ صَلاَةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَلاَ بَعْدَ

الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ، وَلَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَالْمَسْجِدِ الْأَقْصَى، وَمَسْجِدِيْ هٰذَا" [راجع: ۵۸۶]

بَابُ صِيَامِ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

ایام تشریق کے روزے

تشریق: کے معنی ہیں: گوشت کے پارچے بنا کر دھوپ میں سکھانا۔ذی الحجہ کی دس تاریخ صرف یوم النحر ہے یعنی قربانی کا دن ہے، اور لوگ عام طور پر پہلے دن قربانی کرتے ہیں، پھر بچا ہوا گوشت سکھا کر آنے والے دنوں میں استعمال کرتے ہیں، اس لئے گیارہ اور بارہ ایام نحر بھی ہیں اور ایام تشریق بھی، اور تیرہ تاریخ صرف یوم تشریق ہے، پس ۱۱-۱۳ ایام تشریق ہیں ـــــ مگر اب وہ ایام تبرید بن گئے ہیں، لوگ بچا ہوا گوشت فریج میں، بلکہ فریجر میں رکھ دیتے ہیں، اور کافی دنوں تک کھاتے رہتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ پانچ دنوں کے روزے ممنوع ہیں، یوم الفطر (یکم شوال) کا، اور ۱۰-۱۳ ذی الحجہ کے۔اور اُن کے دو گروپ بنائے گئے ہیں، اول: یکم شوال اور دس ذی الحجہ کا روزہ، اس کی حدیثیں الگ ہیں۔دوم: ۱۱-۱۳ ذی الحجہ کے روزے اور ان کی حدیثیں الگ ہیں۔

جیسے اوقاتِ خمسہ میں نماز ممنوع ہے، اور ان کے بھی دو گروپ بنائے گئے ہیں: ایک: طلوع وغروب واستواء کے وقت نماز کی ممانعت، اور اس کی حدیثیں الگ ہیں۔دوم: فجر کے فرضوں کے بعد طلوع تک نماز کی ممانعت، اور عصر کے فرضوں کے بعد غروب تک، اور اس کی حدیثیں الگ ہیں۔اور یہ دو گروپ اس لئے بنائے گئے ہیں کہ احکام مختلف ہیں، تین اوقات میں ہر نماز ممنوع ہے، اور دو وقتوں میں نوافل ممنوع ہیں، قضا نماز پڑھ سکتے ہیں۔

اسی طرح دو دنوں میں روزوں کی ممانعت شدید ہے، ان میں کسی روزے کی کوئی گنجائش نہیں، اور ایامِ تشریق میں ممانعت خفیف ہے، چنانچہ کتاب الحج میں یہ مسئلہ گذرا ہے کہ متمتع اور قارن کے پاس اگر ہدی نہ ہو اور قربانی خریدنے کے لئے پیسے بھی نہ ہوں تو اسے دس روزے رکھنے ہوتے ہیں، تین حج سے پہلے اور سات وطن لوٹ کر، اور حج سے پہلے جو روزے رکھنے ہیں وہ حج کا احرام باندھ کر رکھنے ہیں اور نو ذی الحجہ تک پورے کرنے ہیں، اور اگر کوئی حج سے پہلے تین روزے نہ رکھ سکے تو کیا وہ ایامِ تشریق میں روزے رکھ سکتا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔امام اعظم رحمہ اللہ کا مذہب، امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید اور امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ متمتع اور قارن کے لئے بھی ایام تشریق میں روزے رکھنا جائز نہیں۔ اب ان پر دم لازم ہے دوسرا کوئی راستہ نہیں۔اور امام مالک رحمہ اللہ کا مذہب اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کی دوسری

روایت اورامام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہ شخص ایام تشریق میں روزے رکھ سکتا ہے۔

[٦٨-] بَابُ صِيَامِ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

[١٩٩٦-] وَقَالَ لِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی، ثَنَا يَحْيیَ، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، كَانَتْ عَائِشَةُ تَصُوْمُ أَيَّامَ مِنًى، وَكَانَ أَبُوْهُ يَصُوْمُهَا.

[١٩٩٧و١٩٩٨-] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عِيْسَى، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَعَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالاَ: لَمْ يُرَخَّصْ فِی أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ أَنْ يُصَمْنَ، إِلاَّ لِمَنْ لَمْ يَجِدِ الْهَدْیَ.

[١٩٩٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: الصِّيَامُ لِمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ إِلٰی يَوْمِ عَرَفَةَ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ هَدْيًا وَلَمْ يَصُمْ صَامَ أَيَّامَ مِنًى، وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ، تَابَعَهُ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ.

حدیث (۱): حضرت عروہؒ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایام منی (یعنی ایام تشریق) کے روزے رکھتی تھیں (اور یحییٰ قطانؒ کہتے ہیں) اوران کے ابا یعنی ہشام کے ابا حضرت عروہؒ بھی ایام منیٰ میں روزے رکھتے تھے، یعنی ان حضرات کا فتوی یہ تھا کہ متمتع اور قارن ایام منیٰ (ایام تشریق) میں روزے رکھ سکتے ہیں، پس ظاہر الفاظ سے جو بات سمجھ میں آتی ہے کہ وہ دونوں روزے رکھتے تھے: یہ مراد نہیں، اور دلیل اگلی حدیث ہے۔

حدیث (۲و۳): حضرت عائشہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایام تشریق میں روزہ رکھنے کی رخصت نہیں ہے مگر اس شخص کے لئے جو ہدی نہ پائے۔ معلوم ہوا کہ گذشتہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ وغیرہ کا فتوی یہ تھا کہ متمتع اور قارن ایام تشریق میں روزے رکھ سکتے ہیں، وہ خود ایام تشریق میں روزے نہیں رکھتے تھے۔

حدیث (۴): ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: تمتع کرنے والا عرفہ تک تین روزے رکھے، پس اگر ہدی نہ پائے اور روزے بھی نہ رکھے ہوں تو منیٰ کے دنوں میں یعنی ایام تشریق میں روزے رکھے۔

بَابُ صِيَامِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

دس محرم کا روزہ

رمضان کی فرضیت سے پہلے عاشوراء کا روزہ فرق تھا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، شوافع انکار کرتے ہیں اور احناف

اثبات کرتے ہیں، تفصیل گذر چکی ہے، مگر اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ اب عاشوراء کا روزہ مستحب ہے۔

زمانۂ جاہلیت میں قریش عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے، اور نبی ﷺ بھی رکھتے تھے اور اس کی ترغیب دیتے تھے، آپؐ نے فرمایا: ''مجھے اللہ سے امید ہے کہ عاشوراء کے روزہ سے گذشتہ سال کے گناہ مٹادیں گے'' یہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور ترمذی (حدیث ۷۴۳) میں ہے اور اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔

[٦٩-] بَابُ صِيَامِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

[۲۰۰۰-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ: إِنْ شَاءَ صَامَ'' [راجع: ۱۸۹۲]

[۲۰۰۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِصِيَامِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ، فَلَمَّا فُرِضَ رَمَضَانُ كَانَ مَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَ. [راجع: ۱۵۹۲]

[۲۰۰۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ تَصُوْمُهُ قُرَيْشٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ صَامَهُ، وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ، فَلَمَّا فُرِضَ رَمَضَانُ تَرَكَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ. [راجع: ۱۵۹۲]

[۲۰۰۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِيْ سُفْيَانَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ عَامَ حَجَّ عَلَى الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: يَا أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ! أَيْنَ عُلَمَاؤُكُمْ؟ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' هٰذَا يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ، وَلَمْ يَكْتُبِ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ، وَأَنَا صَائِمٌ، فَمَنْ شَاءَ فَلْيَصُمْ وَمَنْ شَاءَ فَلْيُفْطِرْ''

پہلی حدیث: یہاں مختصر ہے، مسلم شریف میں اس کا متن اس طرح ہے: ذُكر عند رسول الله صلى الله عليه وسلم يومُ عاشوراء، فقال: كان يوم يصومُه أهل الجاهلية، فمن شاء صامه، ومن شاء تركه۔

آخری حدیث: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے عاشوراء کے دن جس سال آپؓ نے حج کیا منبر سے فرمایا: مدینہ والو! تمہارے علماء کہاں ہیں؟ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ یہ عاشوراء کا دن ہے اور اللہ نے تم پر اس کا روزہ فرض نہیں کیا اور میں روزہ سے ہوں، پس جو چاہے روزہ رکھے اور جو چاہے نہ رکھے۔

تشریح: اس حدیث سے شوافع وغیرہ نے استدلال کیا ہے کہ رمضان سے پہلے بھی عاشوراء کا روزہ فرض نہیں تھا، مگر یہ

استدلال صحیح نہیں، اس لئے کہ یہ ارشاد رمضان کی فرضیت کے بعد کا ہے۔

[٢٠٠٤-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا أَيُّوْبُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، فَرَأَى الْيَهُوْدَ تَصُوْمُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، فَقَالَ: "مَاهٰذَا؟" قَالُوْا: هٰذَا يَوْمٌ صَالِحٌ، هٰذَا يَوْمٌ نَجَّى اللّٰهُ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ مِنْ عَدُوِّهِمْ، فَصَامَهُ مُوْسَى، قَالَ: " فَأَنَا أَحَقُّ بِمُوْسَى مِنْكُمْ" فَصَامَهُ، وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ.[انظر: ٣٣٩٧، ٣٩٤٣، ٤٦٨٠، ٤٧٣٧]

[٢٠٠٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ أَبِىْ عُمَيْسٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى، قَالَ: كَانَ يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ تَعُدُّهُ الْيَهُوْدُ عِيْدًا، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَصُوْمُوْهُ أَنْتُمْ"[انظر: ٣٩٤٢]

[٢٠٠٦-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَتَحَرَّى صِيَامَ يَوْمٍ فَضَّلَهُ عَلَى غَيْرِهِ إِلَّا هٰذَا الْيَوْمَ، يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، وَهٰذَا الشَّهْرَ، يَعْنِىْ: شَهْرَ رَمَضَانَ.

[٢٠٠٧-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا يَزِيْدُ هُوَ ابْنُ أَبِىْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً مِنْ أَسْلَمَ أَنْ أَذِّنْ فِى النَّاسِ: أَنَّ مَنْ كَانَ أَكَلَ فَلْيَصُمْ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ أَكَلَ فَلْيَصُمْ، فَإِنَّ الْيَوْمَ يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ"[راجع: ١٩٢٤]

وضاحت: آنحضور ﷺ ہجرت سے پہلے عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے، ہجرت کے بعد جب آپؐ مدینہ میں رونق افروز ہوئے تو آپؐ نے دیکھا کہ یہود بھی دس محرم کا روزہ رکھتے ہیں، آپؐ نے اس کی وجہ دریافت کی، یہودیوں نے بتایا کہ دس محرم کو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو فرعون سے نجات دی تھی، اس لئے شکریہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس دن کا روزہ رکھا تھا، اس لئے ہم اس دن کا روزہ رکھتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: ''موسیٰ کی سنت پر عمل کرنے کے زیادہ حق دار ہم ہیں!'' اور یہ بھی فرمایا کہ اگر میں آئندہ سال زندہ رہا تو صرف عاشوراء کا روزہ نہیں رکھوں گا بلکہ اس کے ساتھ نو کا روزہ بھی ملاؤں گا۔

یہاں سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی اسلامی بات اغیار اپنالیں تو مسلمان اپنا کوئی امتیاز پیدا کریں، جیسے عرب میں سب لوگ عمامہ باندھتے تھے، مشرکین بھی باندھتے تھے اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا: ہمارے اور مشرکین کے عماموں میں فرق ٹوپی ہے ہم ٹوپی پہن کر عمامہ باندھتے ہیں اور وہ بغیر ٹوپی کے باندھتے ہیں، یہ امتیاز ہوگیا، اسی طرح آپؐ نے فرمایا: ہم عاشوراء کا روزہ کیوں چھوڑیں! حضرت موسیٰ علیہ السلام کی سنت کی پیروی کرنے کا زیادہ حق ہمارا ہے، ہاں ہم نو تاریخ کا بھی روزہ رکھیں

گے، تاکہ امتیاز ہوجائے۔

قولہ: یومٌ صالحٌ: مبارک دن .... **تَعُدُّہ الیھودُ عیدًا**: یہود عاشوراء کے دن عید منایا کرتے تھے۔

تیسری حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نہیں دیکھا میں نے نبی ﷺ کو کہ قصد کرتے ہوں آپؐ کسی ایسے دن کے روزے کا جس کو اللہ نے اس کے علاوہ پر برتری بخشی ہو، مگر اس دن کا یعنی دس محرم کا، اور اس مہینہ کا یعنی ماہ رمضان کا، یعنی نبی ﷺ کسی خاص دن کا روزہ، اس کو دوسرے دنوں سے افضل سمجھ کر نہیں رکھتے تھے، سوائے دس محرم اور ماہ رمضان کے۔

آخری حدیث: حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے قبیلۂ اسلم کے ایک شخص کو حکم دیا کہ وہ لوگوں میں منادی کرے کہ جس نے کھالیا ہے وہ اپنا باقی دن روزہ رکھے یعنی امساک کرے، اب کچھ نہ کھائے، اور جس نے نہیں کھایا وہ روزہ رکھے یعنی روزہ کی نیت کرلے، کیونکہ آج کا دن عاشوراء کا دن ہے۔

تشریح: یہ ثلاثی حدیث ہے، اور امساک کا حکم واضح دلیل ہے کہ رمضان سے پہلے عاشوراء کا روزہ فرض تھا۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ صَلاَ ۃِ التَّرَاوِیْحِ

نمازِ تراویح کا بیان

یہ عنوان گیلری میں لکھا ہوا ہے، اور پورے صفحہ کی روایتوں کو سمجھنے کے لئے اس عنوان کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے۔ ائمہ اربعہ کے ماننے والوں اور نہ ماننے والوں میں یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے۔ رمضان میں عشاء کے بعد سونے سے پہلے جو نفلیں پڑھی جاتی ہیں وہ تہجد ہیں یا رمضان کی زائد نماز ہے؟ مقلدین کہتے ہیں: یہ رمضان کی خاص نماز ہے، اس کا نام 'قیام رمضان' ہے، قیام رمضان کے معنی ہیں: رمضان میں عشاء کے بعد سونے سے پہلے نفلیں پڑھنا، بعد میں اس کا نام 'تراویح' پڑ گیا، اور سال بھر رات کے آخری پہر سحری کے وقت جو نفلیں پڑھی جاتی ہیں ان کا نام ''صلاۃ اللیل'' ہے، بعد میں اس کا نام تہجد پڑ گیا، یہ دو نمازیں الگ الگ ہیں۔ اور غیر مقلدین کہتے ہیں: یہ دونوں نمازیں ایک ہیں، یہ نماز گیارہ مہینوں میں سونے کے بعد اٹھ کر پڑھی جاتی ہے اور رمضان میں سونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے، اس لئے وہ کہتے ہیں: تراویح کی آٹھ رکعتیں ہیں، اور تین وتر الگ ہیں۔ مگر مقلدین کے نزدیک یہ دونوں نمازیں الگ الگ ہیں، تراویح کی بیس رکعتیں ہیں اور ان کو عشاء کے بعد سونے سے پہلے پڑھنا ہے اور وتر علاحدہ نماز ہے، اور تہجد کی نماز رمضان میں بھی رات کے آخر میں پڑھنی ہے اور اس کی رکعتوں کی تعداد کم وبیش ہے، عام طور پر نبی ﷺ آٹھ رکعتیں پڑھتے تھے۔

سوال: وتر کی نماز تہجد کے بعد ہے، جبکہ رمضان میں تراویح کے بعد پڑھی جاتی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ غیر مقلدین کی بات صحیح ہے کہ تراویح تہجد کی نماز ہے جو رمضان میں سونے سے پہلے پڑھی جاتیہے؟

جواب: وتر کی نماز تہجد کے بعد نہیں ہے، آنحضور ﷺ نے متعدد صحابہ کو جن کے مشاغل ایسے تھے کہ رات کے آخر میں ان کے لئے اٹھنا مشکل تھا: سونے سے پہلے ان کو وتر پڑھنے کی وصیت کی تھی، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی سونے سے پہلے وتر پڑھا کرتے تھے، آپؓ ہمیشہ تہجد میں اٹھتے تھے مگر احتیاطاً وتر پڑھ کر سوتے تھے تاکہ ان کے قضا ہونے کا اندیشہ نہ رہے، اور اٹھانوے فیصد مسلمان سونے سے پہلے ہی وتر پڑھتے ہیں، بس دو فیصد مسلمان تہجد کے بعد وتر پڑھتے ہیں پس رمضان ہی میں وتر کو مقدم نہیں کیا گیا بلکہ عام طور پر لوگ اسی وقت وتر پڑھتے ہیں، ان کی رعایت میں تراویح کے بعد وتر

جماعت سے پڑھے جاتے ہیں۔

فائدہ(۱): غیر مقلدین کے پاس اپنے دعوی کی کوئی دلیل نہیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث جس کو وہ پیش کرتے ہیں، وہ قیام اللیل (تہجد) کے بارے میں ہے، قیام رمضان (تراویح) کے بارے میں نہیں ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۳:۴۷۰) اور تحفۃ الالمعی (۳:۱۸۵) میں ہے۔

فائدہ(۲): امام بخاری رحمہ اللہ تہجد کا بیان کتاب الصلوٰۃ میں لائے ہیں، اور تراویح کا بیان یہاں کتاب الصوم میں لائے ہیں، اس میں واضح اشارہ ہے کہ یہ دو نمازیں علاحدہ علاحدہ ہیں، پس کہاں ہیں امام بخاری رحمہ اللہ کی دُہائی دینے والے، ان سے مدد طلب کرنے والے؟ کیا وہ امام صاحب کی اتنی واضح بات بھی نہیں سمجھتے؟ اور اگر کوئی کہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ اس کتاب میں بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی آٹھ رکعت والی روایت لائے ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تراویح اور تہجد ایک نماز ہیں، تو اس کا جواب یہ ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے استدلالات سمجھنا ہر کہ ومہ کا کام نہیں، امام صاحب اس حدیث کو دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، جیسا کہ اپنی جگہ آرہا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۳۱- کِتَابُ صَلاَةِ التَّرَاوِيْحِ]

[۱-] بَابُ فَضْلِ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ

[۲۰۰۸-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِىْ أَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ لِرَمَضَانَ: "مَنْ قَامَهُ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"[راجع: ۳۵]

[۲۰۰۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَتُوُفِّىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالْأَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ، ثُمَّ كَانَ الْأَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ فِىْ خِلاَفَةِ أَبِىْ بَكْرٍ، وَصَدْرًا مِنْ خِلاَفَةِ عُمَرَ.[راجع: ۳۵]

[۲۰۱۰-] وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِىِّ، أَنَّهُ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ لَيْلَةً فِىْ رَمَضَانَ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا النَّاسُ أَوْزَاعٌ مُتَفَرِّقُوْنَ، يُصَلِّىْ الرَّجُلُ لِنَفْسِهِ، وَيُصَلِّىْ الرَّجُلُ فَيُصَلِّىْ بِصَلاَتِهِ الرَّهْطُ، فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّىْ أَرَى لَوْ جَمَعْتُ هٰؤُلآءِ عَلٰى

قَارِئٍ وَاحِدٍ لَكَانَ أَمْثَلَ، ثُمَّ عَزَمَ فَجَمَعَهُمْ عَلَى أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ لَيْلَةً أُخْرَى، وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلاَةِ قَارِئِهِمْ، قَالَ عُمَرُ: نِعْمَ الْبِدْعَةُ هٰذِهِ! وَالَّتِيْ يَنَامُوْنَ عَنْهَا أَفْضَلُ مِنَ الَّتِيْ يَقُوْمُوْنَ، يُرِيْدُ آخِرَ اللَّيْلِ، وَكَانَ النَّاسُ يَقُوْمُوْنَ أَوَّلَهُ.

وضاحت: پہلے یہ بات بتائی ہے کہ عہدِ رسالت میں نہ تو تراویح کی رکعتوں کی تعداد متعین تھی اور نہ یہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھی جاتی تھی، صرف اس کی ترغیب دی جاتی تھی کہ یہ ایسی نماز ہے جس سے سابقہ گناہ معاف ہوجاتے ہیں، پہلی دو حدیثوں میں اسی فضیلت کا بیان ہے۔ چنانچہ لوگ رمضان میں سونے سے پہلے یہ نماز پڑھتے تھے، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں یہی طریقہ رہا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ابتدائی سالوں میں بھی یہی طریقہ رہا، پھر جب روم وایران کی طاقتیں ٹوٹیں اور مسلمانوں کو سکون نصیب ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ملک وملت کی تنظیم سے متعلق بہت سے کام کئے، ان میں سے ایک کام یہ تھا کہ جماعت کے ساتھ تراویح کا نظام بنایا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک رمضان کی رات میں مسجدِ نبوی میں تشریف لائے، آپؓ نے دیکھا کہ کوئی تنہا نماز پڑھ رہا ہے، کوئی دو چار کو لے کر پڑھ رہا ہے اور مسجد کا عجیب منظر ہے اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خیال آیا کہ سب کو کسی ایک امام پر جمع کردینا چاہئے، اور اس کا مشورہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بھی دیا تھا، الدر المنثور میں سورۂ قدر کی تفسیر میں روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ حدیث سنائی کہ شبِ قدر میں حضرت جبرئیل علیہ السلام فرشتوں کے جھرمٹ میں زمین پر اترتے ہیں اور جو بھی نماز پڑھتا ہوا ملتا ہے اس کے لئے دعا کرتے ہیں، یہ روایت سنا کر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ رمضان کی ہر رات شبِ قدر ہوسکتی ہے، پس ہمیں کوئی ایسا نظام بنانا چاہئے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام جس رات بھی اتریں مسلمان ان کو نماز پڑھتے ہوئے ملیں، اور وہ ان کے لئے دعا کریں، چنانچہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسجد کا منظر دیکھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مشورہ یاد آیا اور سب کو ایک امام پر جمع کردیا، اس طرح باجماعت تراویح کا نظام وجود میں آیا۔

اس نئے نظام کے شروع ہونے کے بعد ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجدِ نبوی میں تشریف لائے، لوگوں کو ایک امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو بہت خوش ہوئے اور فرمایا: نعم البدعة هذه: یہ نئی بات بہت اچھی ہے! جب تراویح کا باقاعدہ نظام بنا تھا تو لوگوں میں چہ می گوئیاں ہوئی تھیں کہ یہ کیا نئی چیز شروع ہوئی! اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر یہ نئی چیز ہے تو بہت اچھی ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تراویح کو لوگوں کے خیال کے مطابق بدعت (نئی بات) کہا ہے اور نِعم سے بدعت سیئہ ہونے کی نفی کی ہے۔

اور دوسری بات یہ فرمائی: والتی ینامون عنها أفضل من التی یقومون: جس نماز سے لوگ سوتے رہتے ہیں وہ اس نماز سے افضل ہے جس کو وہ پڑھتے ہیں یعنی رمضان میں تراویح سے افضل تہجد ہے، پس لوگوں کو چاہئے کہ جس طرح تراویح

اہتمام سے پڑھتے ہیں تہجد بھی پڑھیں، اس ارشاد سے یہ بات صاف ہوگئی کہ تراویح تہجد کی نماز نہیں ہے بلکہ یہ دو الگ الگ نمازیں ہیں، ایک کا وقت سونے سے پہلے ہے اور دوسری کا سونے کے بعد۔ مزید تفصیل تحفۃ القاری (۳:۱۷۴) میں ہے۔

[۲۰۱۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِىْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شَهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى، وَذٰلِكَ فِي رَمَضَانَ.

[راجع: ۷۲۹]

[۲۰۱۲-] ح:وَحَدَّثَنِىْ يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنِىْ اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ لَيْلَةً مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ، فَصَلَّى فِي الْمَسْجِدِ، وَصَلَّى رِجَالٌ بِصَلاَ تِهِ، فَأَصْبَحَ النَّاسُ فَتَحَدَّثُوْا، فَاجْتَمَعَ أَكْثَرُ مِنْهُمْ، فَصَلَّى، فَصَلَّوْا مَعَهُ، فَأَصْبَحَ النَّاسُ، فَتَحَدَّثُوْا، فَكَثُرَ أَهْلُ الْمُسْجِدِ مِنَ اللَّيْلَةِ الثَّالِثَةِ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَصَلَّوْا بِصَلاَ تِهِ، فَلَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الرَّابِعَةُ عَجَزَ الْمَسْجِدُ عَنْ أَهْلِهِ، حَتَّى خَرَجَ لِصَلاَ ةِ الصُّبْحِ، فَلَمَّا قَضَى الْفَجْرَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَتَشَهَّدَ. ثُمَ قَالَ:" أَمَّا بَعْدُ! فَإِنَّهُ لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ مَكَانُكُمْ، وَلٰكِنِّىْ خَشِيْتُ أَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ، فَتَعْجِزُوْا عَنْهَا" فَتُوُفِّىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالْأَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ.

[راجع: ۷۲۹]

وضاحت: یہ حدیث پہلے کئی بار گذر چکی ہے، ایک رمضان میں نبی ﷺ نے دو یا تین راتیں تراویح پڑھائی تھی، اس کی بنیاد پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے باجماعت تراویح کا نظام بنایا اور ترجمہ اور شرح کے لئے دیکھیں: کتاب الجمعة باب ۲۹ تحفۃ القاری ۳:۲۴۴

[۲۰۱۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِىْ مِالِكٌ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَ نَّـهُ سَأَلَ عَائِشَةَ: كَيْفَ كَانَتْ صَلاَ ةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي رَمَضَانَ؟ فَقَالَتْ: مَاكَانَ يَزِيْدُ فِيْ رَمَضَانَ وَلاَ فِي غَيْرِهِ عَلٰى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، يُصَلِّىْ أَرْبَعًا فَلاَ تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ يُصَلِّىْ أَرْبَعًا فَلاَ تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ يُصَلِّىْ ثَلاَ ثَا، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتَنَامُ قَبْلَ أَنْ تُوْتِرَ؟ قَالَ: "يَا عَائِشَةُ! إِنَّ عَيْنَيَّ تَنَامَانِ وَلاَ يَنَامُ قَلْبِىْ"[راجع: ۱۱۴۷]

وضاحت: یہ حدیث تفصیل سے کتاب التہجد باب ۱۶ (تحفۃ القاری ۳:۴۷۰) میں گذر چکی ہے، اور یہی وہ حدیث ہے جس کو غیر مقلدین پیش کرتے ہیں اور تراویح کی آٹھ رکعتیں ثابت کرتے ہیں، حالانکہ یہ حدیث تراویح کے بارے میں

نہیں ہے، تہجد کے بارے میں ہے، اسی لئے امام بخاری رحمہ اللہ کتاب التھجد میں بھی یہ حدیث لائے ہیں اور یہاں دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں۔

تراویح مختصر پڑھنی چاہئے، ایک سوا پارہ پڑھیں اور بس، بعض لوگ روزانہ تین پارے پڑھتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں، جہاں تین پارے ہوتے ہیں وہاں عملی طور پر نماز اور قرآن کی جو بے حرمتی ہوتی ہے وہ کسی سے مخفی نہیں، علاوہ ازیں: لوگ اچھی نیت سے شریک نہیں ہوتے، وہ اس لئے شریک ہوتے ہیں کہ دس دن میں چھٹی مل جائے، خواص کی بات الگ ہے، حضرت شیخ الحدیث (مولانا زکریا) صاحب قدس سرہ کی مسجد میں روزانہ تین پارے پڑھے جاتے تھے اور رمضان میں تین ختم ہوتے تھے کیونکہ وہاں سب معتکفین ہوتے تھے وہ رات بھر عبادت کرتے تھے، ایسے مخصوص احوال میں تین یا زیادہ پارے پڑھنے میں کچھ حرج نہیں، مگر عام مساجد میں لمبی تراویح نہیں پڑھنی چاہئے اور اگر کوئی کہے کہ نبی ﷺ لمبی نماز پڑھتے تھے جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث تراویح کے بارے میں نہیں ہے، تہجد کے بارے میں ہے، تہجد کی نماز آپؐ نہایت شاندار اور نہایت لمبی پڑھتے تھے، پس اگر کوئی لمبا تہجد پڑھے تو کچھ حرج نہیں، وہ انفرادی نماز ہے، اور تراویح مسجد میں پڑھی جاتی ہے، پس لمبی تراویح نہیں پڑھنی چاہئے، کیونکہ جماعت میں بچے، بوڑھے، کمزور اور بیمار سبھی طرح کے لوگ ہوتے ہیں ان کی رعایت سے مختصر تراویح پڑھنی چاہئے، یہ اس باب میں حدیث عائشہ کو لانے کا مقصد ہے۔

اور اس کی دلیل کہ تہجد انفرادی عبادت ہے، اور اس کو خوب لمبی پڑھنی چاہئے، اور تراویح اجتماعی عبادت ہے، اور اس کو ہلکی پڑھنی چاہئے: وہ بات ہے جو پہلے (تحفۃ القاری ۳:۱۷۴) بیان کی ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے باقاعدہ جماعت کے ساتھ تراویح کا نظام بنایا تو شروع میں امام آٹھ رکعتیں پڑھاتا تھا، اور سحری کے وقت تک پڑھاتا تھا، موطا مالک (ص:۴۰) میں روایت ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہلے گیارہ رکعتیں (آٹھ تہجد اور تین وتر) پڑھانے کا حکم دیا، جن سے لوگ فجر سے کچھ ہی پہلے فارغ ہوتے تھے۔ اس وقت یہ خیال تھا کہ یہ تہجد کی نماز ہے، اس وجہ سے تہجد کے وقت تک اس کو دراز کیا جاتا تھا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے یہ بات آئی کہ رسول اللہ ﷺ نے جو دو یا تین راتیں جماعت کے ساتھ نماز پڑھائی ہے، وہ بیس رکعتیں پڑھائی ہیں، چنانچہ آپؓ نے نظام بدل دیا، اور اماموں کو حکم دیا کہ بیس رکعتیں پڑھائیں اور مختصر پڑھائیں اور لوگوں کو سونے کا موقع دیں، پھر آخری پہر لوگ خود اٹھ کر تہجد پڑھیں، جیسا کہ اس حدیث میں ہے کہ جس نماز سے لوگ سوتے رہتے ہیں یعنی تہجد کی نماز وہ اس نماز سے یعنی تراویح سے افضل ہے، لہٰذا لوگوں کو چاہئے کہ جس طرح وہ تراویح اہتمام سے پڑھتے ہیں رمضان میں بھی تہجد کی نماز پڑھیں، اور جتنی چاہیں طویل کریں، البتہ تراویح مختصر پڑھیں۔ واللہ اعلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتَابُ فَضْلِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

شبِ قدر کا بیان

بَابُ فَضْلِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

شبِ قدر کی فضیلت

قَدْر: کے ایک معنی ہیں: قدر ومنزلت، کہا جاتا ہے: له عندی قدر: اس کی میرے یہاں قدر ومنزلت ہے۔ اور لیلۃ القدر: شبِ قدر: وہ رات ہے جس کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک قدر ومنزلت ہے۔ کیا قدر ومنزلت ہے؟ اس کا بیان سورۃ القدر میں ہے، وہ رات ہزار مہینوں (۸۳ سال چار ماہ) سے بہتر ہے، اس رات حضرت جبرئیل علیہ السلام فرشتوں کے جھرمٹ میں زمین پر اترتے ہیں، اور جو بھی کھڑا یا بیٹھا اللہ کے ذکر وعبادت میں مشغول ہوتا ہے اس کے لئے دعائے رحمت کرتے ہیں۔

شبِ قدر ایک ہے یا دو؟

مسلم شریف میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو کوئی پورے سال کی راتوں میں کھڑا ہوگا یعنی ہر رات عبادت کرے گا اس کو شبِ قدر نصیب ہوگی، اس سے معلوم ہوا کہ شبِ قدر سال بھر میں دائر ہے، رہی یہ بات کہ شبِ قدر ایک ہے یا دو؟ اس قول سے یہ بات واضح نہیں ہوتی۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ شبِ قدر دو ہیں: ایک رمضان میں دائر ہے، اور دوسری سال بھر میں، اور یہ سال والی شبِ قدر کبھی رمضان میں بھی آتی ہے۔

مگر جمہور کے نزدیک شبِ قدر ایک ہے، اور وہ رمضان میں دائر ہے، اور یہی قول صحیح ہے، کیونکہ امت کا معمول سال بھر شبِ قدر تلاش کرنے کا نہیں ہے، نہ نبی ﷺ کی سیرت میں یہ بات ملتی ہے، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کی حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے تاویل کی ہے، فرمایا: بھائی ابن مسعودؓ پر خدا کی رحمت ہو! ان کا مقصد یہ ہے کہ لوگ کسی ایک رات کی عبادت پر قناعت نہ کرلیں، ورنہ ان کو یہ بات یقیناً معلوم تھی کہ شبِ قدر رمضان ہی کے مہینہ میں ہوتی ہے (مسلم شریف)

شبِ قدر معین رات ہے یا غیر معین؟

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے نزدیک شبِ قدر معین رات ہے، اور وہ رمضان کی ستائیسویں رات ہے، اور وہ یہ بات قسم کھا کر کہا کرتے تھے، اور اس کی علامت بیان کرتے تھے کہ شبِ قدر کی صبح کو جب سورج نکلتا ہے تو اس کی کرنیں نہیں ہوتیں، مگر دیگر صحابہ کے نزدیک شبِ قدر غیر معین رات ہے، رمضان کی کوئی بھی رات شبِ قدر ہوسکتی ہے، اور وہ ہر سال بدلتی رہتی ہے، احادیث مرفوعہ سے اسی رائے کی تائید ہوتی ہے، اس لئے یہی بات صحیح ہے۔

شبِ قدر اسی امت کو ملی ہے:

بعض تفسیری روایات میں یہ بات آئی ہے کہ شبِ قدر خاص اسی امت کو ملی ہے، گذشتہ امتوں کو یہ رات نہیں ملی تھی، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ گذشتہ امتوں کی عمریں طویل تھیں، انھوں نے لمبا عرصہ عبادت کی تھی، اور اس امت کی عمریں کم ہیں، اس لئے نقصانِ عمر کی تلافی کے لئے یہ 'سیزن' عنایت فرمایا ہے، سیزن میں تجارت خوب ہوتی ہے، پس شبِ قدر کی عبادت بھی دوچند ہوکر نقصان کی تلافی کردے گی۔

ایک تفسیری نکتہ:

حضرت سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قرآن میں جہاں: ﴿وَمَا أَدْرَاكَ﴾ (ماضی) آیا ہے: وہاں جواب مذکور ہے، جیسے سورۃ القدر میں یہ تعبیر آئی ہے، اور جہاں: ﴿وَمَا يُدْرِيْكَ﴾ (مضارع) آیا ہے، وہاں جواب مذکور نہیں، اور یہ تعبیر صرف تین جگہ آئی ہے، سورۃ الاحزاب (آیت ۶۳) میں، فرمایا: ﴿وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا﴾: اور آپؐ کو کیا خبر! ہوسکتا ہے قیامت قریب ہو، اور سورۃ الشوریٰ (آیت ۱۷) میں، فرمایا: ﴿وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ﴾ اور سورہ عبس (آیت ۳) میں، فرمایا: ﴿وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهُ يَزَّكّٰى﴾: اور آپؐ کو کیا خبر! شاید وہ (نابینا) سنور جائے، اور پہلی تعبیر متعدد جگہ آئی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۳۲- كِتَابُ فَضْلِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ]

[۱-] بَابُ فَضْلِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

وَقَوْلُ اللّٰهِ: ﴿ إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِی لَيْلَةِ الْقَدْرِ○ وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ○ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ﴾ إِلٰی آخِرِهِ.

وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: مَا كَانَ فِي الْقُرْآنِ﴿ وَمَا أَدْرَاكَ﴾ فَقَدْ أَعْلَمَهُ، وَمَا قَالَ:﴿ وَمَا يُدْرِيْكَ﴾ فَإِنَّهُ لَمْ يُعْلِمْ.

[۲۰۱٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْنَاهُ - وَأَيُّمَا حِفْظٍ! - مِنَ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا

غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" تَابَعَهُ سُلَيْمَانُ ابْنُ كَثِيْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ. [راجع: ۳۵]

وضاحت: شبِ قدر میں سونے سے پہلے نفلیں پڑھنا قیام لیلۃ القدر ہے اس سے بھی سابقہ گناہ معاف ہوجاتے ہیں، اللہ تعالیٰ حضرت عمراور حضرت علی رضی اللہ عنہما کوامت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائیں، انھوں نے ایسا نظام بنایا کہ ہر مسلمان رمضان کی ہر رات میں سونے سے پہلے کم از کم بیس نفلیں پڑھتا ہے، اس طرح قیام لیلۃ القدر والی روایت پر خود بخود عمل ہوجاتا ہے اور آدمی حدیث میں مذکور فضیلت کا مستحق ہوجاتا ہے۔

قوله: وأَيُّمَا حِفْظٍ!: اور کیسا کچھ یاد کرنا! یعنی حدیث شاندار یاد کی ہے، یہ علی بن عبداللہ مدینی رحمہ اللہ کا قول ہے، اور جملہ تامہ ہے، اور جملہ معترضہ ہے۔ اور ابن ہشام رحمہ اللہ نے مغنی اللبیب میں أیّ کے پانچ معانی لکھے ہیں، چوتھے معنی ہیں: کمال پر دلالت کرنا، جیسے: هو رجلٌ أيُّ رجلٍ، یعنی وہ کامل مرد ہے۔

ترکیب: أيُّ: مضاف، ما: زائدہ، حِفْظٍ (مصدر) مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتدا اور خبر حَفِظَ (فعل) محذوف ہے۔ پس پورا جملہ ہے: أيُّ مَاحِفْظٍ حَفِظَ! ابن عیینہ رحمہ اللہ نے حدیث کیسی کچھ محفوظ کی ہے! یعنی شاندار یاد رکھی ہے۔

بَابٌ: الْتَمِسُوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ

رمضان کی آخری سات راتوں میں شبِ قدر تلاش کرو

شبِ قدر رمضان کی ہر رات ہوسکتی ہے، کوئی خاص رات یا خاص عشرہ شبِ قدر ہونے کے لئے متعین نہیں، البتہ زیادہ احتمال آخری عشرہ میں شب قدر ہونے کا ہے، پھر اس میں بھی طاق راتوں میں زیادہ احتمال ہے، اور طاق راتوں میں بھی ستائیسویں رات میں زیادہ احتمال ہے۔

[۲-] بَابٌ: الْتَمِسُوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ

[۲۰۱۵-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رِجَالاً مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أُرُوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْمَنَامِ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "أَرَى رُؤْيَاكُمْ قَدْ تَوَاطَأَتْ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ، فَمَنْ كَانَ مُتَحَرِّيْهَا فَلْيَتَحَرَّهَا فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ" [راجع: ۱۱۵۸]

[۲۰۱۶-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا سَعِيْدٍ، وَكَانَ لِي صَدِيْقًا، فَقَالَ: اعْتَكَفْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ مِنْ رَمَضَانَ، فَخَرَجَ

صَبِيْحَةَ عِشْرِيْنَ، فَخَطَبَنَا، وَقَالَ: "إِنِّيْ أُرِيْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ ثُمَّ أُنْسِيْتُهَا أَوْ: نُسِّيْتُهَا، فَالْتَمِسُوْهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فِي الْوِتْرِ، وَإِنِّيْ رَأَيْتُ أَنِّيْ أَسْجُدُ فِيْ مَاءٍ وَطِيْنٍ، فَمَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَلْيَرْجِعْ" فَرَجَعْنَا وَمَا نَرَى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً، فَجَاءَتْ سَحَابَةٌ فَمَطَرَتْ، حَتَّى سَالَ سَقْفُ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ مِنْ جَرِيْدِ النَّخْلِ، وَأُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ، فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْجُدُ فِي الْمَاءِ وَالطِّيْنِ، حَتَّى رَأَيْتُ أَثَرَ الطِّيْنِ فِيْ جَبْهَتِهِ. [راجع: ٦٦٩]

حدیث (۱): ایک رمضان میں متعدد صحابہ خواب میں شبِ قدر آخری سات راتوں میں دکھائے گئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: "میں تمہارے خوابوں کو دیکھتا ہوں کہ آخری سات راتوں میں متفق ہیں، پس جو شخص شبِ قدر کو تلاش کرنے والا ہے چاہئے کہ وہ اس کو آخری سات راتوں میں تلاش کرے۔

تشریح: شبِ قدر کے بارے میں روایات میں شدید اختلاف ہے اور اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ شبِ قدر کے بارے میں صحابہ خواب دیکھتے تھے اور جو جس رات کے بارے میں خواب دیکھتا آپؐ اس کو اسی رات میں شبِ قدر تلاش کرنے کا حکم دیتے، یا جب کوئی شخص شبِ قدر کے بارے میں پوچھتا تو آپؐ اس کا ذہن پڑھتے اور اندازہ کرتے کہ اس کا رجحان کس رات کی طرف ہے؟ جس رات کی طرف اس کا رجحان ہوتا اسی رات میں شبِ قدر تلاش کرنے کا حکم فرماتے، اس طرح روایات مختلف ہوگئیں۔ یہ بات حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے بیان فرمائی ہے جو ترمذی میں باب ماجاء فی لیلۃ القدر میں ہے۔ اور تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۶۷:۳) میں ہے۔

حدیث (۲): بھی گذر چکی ہے، ایک رمضان میں نبی ﷺ نے شبِ قدر کی تلاش میں شروع رمضان سے اعتکاف کیا، پھر درمیانی عشرہ کا اعتکاف کیا، پھر آپؐ نے تقریر فرمائی کہ میں نے شبِ قدر کی تلاش میں شروع رمضان سے اعتکاف کیا تھا، اور مجھے شبِ قدر کی خبر دی گئی ہے مگر میں اس کو بھلا دیا گیا ہوں، پس اس کو آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو، مجھے بس اتنی بات یاد رہ گئی ہے کہ شبِ قدر کی صبح کو میں کیچ میں سجدہ کروں گا، اور گذشتہ دو عشروں میں یہ علامت نہیں پائی گئی، اس لئے شبِ قدر آخری عشرہ میں ہے، پس جو لوگ اعتکاف سے اٹھ گئے ہیں وہ واپس آجائیں، پھر اکیسویں شب میں بارش ہوئی اور محراب میں سجدہ کی جگہ پانی ٹپکا، مسجدِ نبوی کی چھت کھجور کے پتوں کی تھی اور مسجد میں چراغ نہیں جلتا تھا اس لئے جب آپؐ نے فجر کی نماز پڑھائی اور سجدہ کیا تو کیچ میں ماتھا پڑا اور پیشانی اور ناک گارے سے سن گئے، معلوم ہوا کہ شبِ قدر گذر گئی، اور ترجمہ کے لئے دیکھئے: کتاب الصلوٰۃ باب ۱۳۵، تحفۃ القاری ۱۴۲:۳

استدلال: نبی ﷺ نے شبِ قدر کی تلاش میں شروع رمضان سے اعتکاف کیا تھا، معلوم ہوا کہ شبِ قدر پورے رمضان میں دائر ہے، اگر سال میں یا آخری عشرہ میں دائر ہوتی تو پورے سال یا آخری عشرہ کا اعتکاف کرتے۔

بَابُ تَحَرِّیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ فِی الْوِتْرِ مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ

رمضان کی آخری دس راتوں میں سے طاق راتوں میں شبِ قدر کو تلاش کرنا

رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں شبِ قدر کا زیادہ امکان ہے اس لئے نبی ﷺ نے خاص طور پر ان راتوں میں تلاش کرنے کا حکم دیا ہے، پھر اگر شروع رمضان سے گنیں تو ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷، اور ۲۹ طاق راتیں ہونگی اور اگر آخر سے گنیں تو اگر رمضان تیس کا پورا ہوگا تو طاق راتیں یہی ہونگی اور اگر انتیس کا پورا ہوگا تو طاق راتیں ۲۲، ۲۴، ۲۶ اور ۲۸ ہونگی، علماء نے دونوں طرح گنا ہے، پس عشرۂ اخیرہ کی ہر رات میں شبِ قدر ہونے کا امکان ہے۔

[۳-] بَابُ تَحَرِّیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ فِی الْوِتْرِ مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ

فِیْهِ عَنْ عُبَادَةَ.

[۲۰۱۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، ثنا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا أَبُوْ سُهَیْلٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "تَحَرَّوْا لَیْلَةَ الْقَدْرِ فِی الْوِتْرِ مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ" [انظر: ۲۰۱۹، ۲۰۲۰]

[۲۰۱۸-] حدثنا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ حَمْزَةَ، ثَنِیْ ابْنُ أَبِیْ حَازِمٍ، وَالدَّرَاوَرْدِیُّ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یُجَاوِرُ فِی رَمَضَانَ الْعَشْرَ الَّتِیْ فِیْ وَسْطِ الشَّهْرِ، فَإِذَا كَانَ حِیْنَ یُمْسِیْ مِنْ عِشْرِیْنَ لَیْلَةً تَمْضِیْ، وَیَسْتَقْبِلُ إِحْدَى وَعِشْرِیْنَ رَجَعَ إِلٰى مَسْكَنِهِ، وَرَجَعَ مَنْ كَانَ یُجَاوِرُ مَعَهُ، وَأَنَّهُ أَقَامَ فِی شَهْرٍ جَاوَرَ فِیْهِ اللَّیْلَةَ الَّتِیْ كَانَ یَرْجِعُ فِیْهَا، فَخَطَبَ النَّاسَ، فَأَمَرَهُمْ مَاشَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ قَالَ: "كُنْتُ أُجَاوِرُ هٰذِهِ الْعَشْرَ، ثُمَّ قَدْ بَدَا لِیْ أَنْ أُجَاوِرَ هٰذِهِ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ، فَمَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعِیْ فَلْیَثْبُتْ فِی مُعْتَكَفِهِ، وَقَدْ أُرِیْتُ هٰذِهِ اللَّیْلَةَ ثُمَّ أُنْسِیْتُهَا، فَابْتَغُوْهَا فِی الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، وَابْتَغُوْهَا فِی كُلِّ وِتْرٍ، وَقَدْ رَأَیْتُنِیْ أَسْجُدُ فِی مَاءٍ وَطِیْنٍ" فَاسْتَهَلَّتِ السَّمَاءُ فِی تِلْكَ اللَّیْلَةِ، فَأَمْطَرَتْ، فَوَكَفَ الْمَسْجِدُ فِی مُصَلَّى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم لَیْلَةَ إِحْدَى وَعِشْرِیْنَ، فَبَصُرَتْ عَیْنِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَنَظَرْتُ إِلَیْهِ انْصَرَفَ مِنَ الصُّبْحِ، وَوَجْهُهُ مُمْتَلِئٌ طِیْنًا وَمَاءً. [راجع: ٦٦٩]

[۲۰۱۹-] وحدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنِیْ یَحْیَى، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "الْتَمِسُوْا" [راجع: ۲۰۱۷]

[۲۰۲۰-] ح:وَحَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنِیْ عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يُجَاوِرُ فِی الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، وَيَقُوْلُ: ”تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِی الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ“[راجع: ۲۰۱۷]

[۲۰۲۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: ” الْتَمِسُوْهَا فِی الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فِی رَمَضَانَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، فِی تَاسِعَةٍ تَبْقَى، فِی سَابِعَةٍ تَبْقَى، فِی خَامِسَةٍ تَبْقَى“

تَابَعَهُ عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوْبَ، وَعَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: الْتَمِسُوْا فِی أَرْبَعٍ وَعِشْرِيْنَ. [انظر: ۲۰۲۲]

[۲۰۲۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِی الْأَسْوَدِ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ أَبِی مِجْلَزٍ، وَعِكْرِمَةَ، قَالاَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: ” هِیَ فِی الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، هِیَ فِی تِسْعٍ يَمْضِيْنَ، أَوْ: فِی سَبْعٍ يَبْقَيْنَ“ يَعْنِی لَيْلَةَ الْقَدْرِ.[راجع: ۲۰۲۱]

وضاحت:فیہ عن عبادۃ:اس باب میں حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث لکھی جاسکتی ہے یہ حدیث اگلے باب میں آرہی ہے (نمبر۲۰۲۳)علاوہ ازیں:باب میں تین حدیثیں ہیں:حضرات عائشہ،ابوسعید خدری اورابن عباس رضی اللہ عنہم کی، اورحضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث تین سندوں سے لکھی ہے،مگر درمیان میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث لے آئے ہیں۔

حضرت عائشہؓ کی حدیث:پہلے طریق (نمبر۲۰۱۷) میں تَحَرَّوْا ہے،یعنی تلاش کرو،اور دوسرے طریق (نمبر2019) میں التمسوا ہے،اس کے معنی بھی ہیں: تلاش کرو، حدیث کے باقی الفاظ دونوں طریق سے ایک ہیں،اور تیسرے طریق (نمبر۲۰۲۰) میں حدیث کا ابتدائی حصہ بھی مذکور ہے۔صدیقہ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ رمضان کے آخری دس دنوں کا اعتکاف کیا کرتے تھے،اور فرمایا کرتے تھے:تَحَرَّوْا (الی آخرہ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث:(نمبر2018) رسول اللہ ﷺ رمضان کے اُس عشرہ کا اعتکاف کیا کرتے تھے، جو مہینہ کے درمیان میں ہوتا ہے، پس جب بیسویں رات گذر جاتی ،اور اکیسویں رات آتی تو آپؐ گھر لوٹ جاتے ،اور وہ لوگ جنھوں نے آپؐ کے ساتھ اعتکاف کیا تھا: وہ بھی گھر لوٹ جاتے ،اور آپؐ ایک مہینہ ٹھہرے رہے یعنی اس رات میں اعتکاف میں رہے جس رات میں آپؐ لوٹ جاتے تھے، پس آپؐ نے لوگوں سے خطاب فرمایا یعنی ایک رمضان میں آپؐ درمیانی عشرہ کا اعتکاف پورا کرکے گھر نہیں لوٹے ، بلکہ آخری عشرہ کا اعتکاف شروع کیا،اور اکیسویں شب میں تقریر فرمائی، پس آپؐ نے لوگوں کو حکم دیا جو اللہ نے چاہا، پھر فرمایا:”جس نے درمیانی عشرہ کا میرے ساتھ اعتکاف کیا

ہے وہ چاہئے کہ اپنے اعتکاف کی جگہ میں جمارہے یعنی آخری عشرہ کا بھی اعتکاف کرے، گھر نہ جائے، اور میں یہ رات (شبِ قدر) دکھلایا گیا ہوں، پھر میں اس کو بھلا دیا گیا ہوں، پس تم اس کو آخری دس راتوں میں تلاش کرو، اور اس کو ہر طاق رات میں تلاش کرو، اور میں نے خود کو کیچ میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے، پس اس رات میں بادل نمودار ہوا، اور برسا، پس رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھنے کی جگہ میں اکیسویں رات میں مسجد ٹپکی، پس میری آنکھوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، اور میں نے آپؐ کی طرف دیکھا جب آپؐ نماز سے پھرے، درانحالیکہ آپؐ کا چہرہ کیچ سے بھرا ہوا تھا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث: شبِ قدر کو رمضان کے آخری عشرہ میں تلاش کرو (لیلۃَ القدر: ھا سے بدل ہے) نویں رات میں جو باقی رہ جائے، ساتویں رات میں جو باقی رہ جائے، پانچویں رات میں جو باقی رہ جائے (اور عبدالوہاب: وہیب کے متابع ہیں، وہ اس حدیث کو ایوب اور خالد سے روایت کرتے ہیں، پھر وہ دونوں عکرمہ سے، اور وہ ابن عباس سے روایت کرتے ہیں، ان کی روایت میں یہ ہے کہ چوبیسویں رات میں شبِ قدر کو تلاش کرو)

اور عاصم: ابو مجلز اور عکرمہ سے، اور وہ دونوں ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ شبِ قدر آخری دس راتوں میں ہے، نویں رات میں جو گذر جائے یا فرمایا: ساتویں رات میں جو باقی رہ جائے۔

تشریح: ان احادیث کی وجہ سے علماء نے آخر سے بھی گنا ہے، غرض: آخری عشرہ کی ہر رات شبِ قدر ہو سکتی ہے۔

بَابُ رَفْعِ مَعْرِفَةِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ لِتَلَاحِي النَّاسِ

لوگوں کے جھگڑے کی وجہ سے شبِ قدر کا علم اٹھا لیا

تَلَاحَى الرجلان: باہم گالی گلوچ کرنا، باہم جھگڑنا (مادہ لحی) کتاب الایمان (باب ٣٦) میں یہ حدیث گذری ہے ایک مرتبہ نبی ﷺ گھر سے باہر تشریف لائے، آپؐ نے دو شخصوں کو جھگڑتے ہوئے دیکھا، آپؐ صلح صفائی میں لگ گئے اور شب قدر کا علم ذہن سے نکل گیا، آپؐ نے فرمایا: میں اس لئے آیا تھا کہ تمہیں شبِ قدر کی اطلاع دوں، مگر فلاں اور فلاں جھگڑ رہے تھے ان کے جھگڑے کی نحوست سے شبِ قدر کی تعیین اٹھا لی گئی، پھر فرمایا: شاید اسی میں تمہارے لئے خیر ہو، اگر معین رات بتا دی جاتی تو لوگ اسی رات میں عبادت کرتے، اب سب راتوں میں عبادت کریں گے، لہٰذا رمضان کی ہر رات میں شبِ قدر تلاش کرو، خاص طور پر انتیسویں، ستائیسویں اور پچیسویں رات میں تلاش کرو (تحفۃ القاری ١: ٢٨٤)

[٤-] بَابُ رَفْعِ مَعْرِفَةِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ لِتَلَاحِي النَّاسِ

[٢٠٢٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنِيْ خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثَنَا حُمَيْدٌ، ثَنَا أَنَسٌ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِيُخْبِرَنَا بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَتَلَاحَى رَجُلَانِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ،

فَقَالَ: " خَرَجْتُ لِأُخْبِرَكُمْ بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَتَلَاحَى فُلَانٌ وَفُلَانٌ، فَرُفِعَتْ، وَعَسٰى أَنْ يَكُوْنَ خَيْرًا لَكُمْ، فَالْتَمِسُوْهَا فِي التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ "[راجع: ٤٩]

بَابُ الْعَمَلِ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ

رمضان کے آخری عشرہ میں عبادت کرنا

آخری عشرہ کی ہر رات میں شبِ قدر کو تلاش کرنا چاہئے، یعنی عبادت کرنی چاہئے، مگر اس کے لئے پوری رات جاگنا ضروری نہیں، نہ کوئی خاص عمل مروی ہے، بلکہ عام راتوں سے کچھ زیادہ ذکر واذکار، تلاوت، عبادت اور نمازوں کا اہتمام کرنا چاہئے، شبِ قدر کو تلاش کرنے کا یہی مطلب ہے۔

[٥-] بَابُ الْعَمَلِ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ

[٢٠٢٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي يَعْفُوْرٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ شَدَّ مِئْزَرَهُ، وَأَحْيَى لَيْلَهُ، وَأَيْقَظَ أَهْلَهُ.

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب آخری عشرہ شروع ہوتا تو نبی ﷺ اپنی لنگی کس لیتے، اور اپنی رات کو زندہ کرتے، اور گھر والوں کو بیدار کرتے۔

تشریح: لنگی کس لینے کا مطلب بعض حضرات نے یہ بیان کیا ہے کہ بیویوں سے صحبت نہیں کرتے تھے، مگر یہ مطلب صحیح نہیں، بلکہ یہ محاورہ ہے اور اس کا مطلب ہے: تندہی کے ساتھ عبادت میں لگ جانا، اردو میں بھی کمر کسنا محاورہ ہے اور احیاء لیل کے لئے پوری رات جگنا ضروری نہیں، بلکہ عام راتوں کی بنسبت آنحضور ﷺ عشرہ اخیرہ کی راتوں میں زیادہ عبادت کرتے تھے، اور آپؐ پورے سال گھر والوں کو تہجد کے لئے نہیں جگاتے تھے، وہ خود اٹھیں تو ان کی مرضی، مگر عشرۂ اخیرہ میں گھر والوں کو بھی بیدار فرماتے تھے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبْوَابُ الِاعْتِکَافِ

اعتکاف کا بیان

اعتکاف کے لغوی معنی ہیں: ٹھہرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: عبادت کی نیت سے مسجد میں ٹھہرنا۔ اعتکاف کی تین قسمیں ہیں: واجب، سنت مؤکدہ علی الکفایہ، اور مستحب۔

واجب اعتکاف: منت کا اعتکاف ہے، نذریں دو ہیں: نذر معلّق اور نذر منجز، نذر معلّق یہ ہے کہ آدمی اعتکاف کو کسی کام پر معلّق کرے کہ اگر میرا فلاں کام ہوگیا تو میں اعتکاف کروں گا، پھر وہ کام ہوگیا تو اعتکاف کرنا واجب ہے اور نذر منجز یہ ہے کہ کسی چیز پر معلّق کئے بغیر اللہ کے لئے اعتکاف کرنے کی منت مانے، اس صورت میں بھی اعتکاف واجب ہوجاتا ہے۔ اور رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے، ان دو اعتکافوں کے علاوہ جو بھی اعتکاف ہے وہ مستحب ہے اور اس کے لئے مفتی بہ قول کے مطابق نہ وقت کی تحدید ہے نہ روزہ شرط ہے، البتہ واجب اعتکاف کے لئے روزہ شرط ہے، خواہ روزہ کی منت مانی ہو یا نہ مانی ہو، روزہ کے بغیر واجب اعتکاف نہیں ہوتا، اور اگر کوئی شخص رمضان میں اعتکاف کی منت مانے تو رمضان کا روزہ کافی ہے، اسی طرح سنت مؤکدہ اعتکاف کے لئے بھی روزہ شرط ہے، پس اگر کسی نے رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف کیا، پھر بیمار ہوگیا، اور ڈاکٹر نے روزے سے روک دیا تو اعتکاف ختم ہوجائے گا، بعد میں قضا کرے، جس طرح آگے آرہا ہے۔

بَابُ الِاعْتِکَافِ فِی الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ

عشرۂ اخیرہ میں اعتکاف کرنا

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے، اور علی الکفایہ کا مطلب یہ ہے کہ ایک دو آدمی بھی اعتکاف کرلیں تو ساری بستی/محلّہ کی طرف سے سنت ادا ہوجائے گی، اور اگر کوئی بھی اعتکاف نہ کرے تو سب پر

ترک سنت کا وبال ہوگا۔

دوسرا مسئلہ: اعتکاف کے لئے مسجد شرط ہے یا نہیں؟ ایک قول یہ ہے کہ اعتکاف کے لئے مسجد شرط نہیں، حاشیہ میں اس کی تردید کی ہے کہ مردوں کے اعتکاف کے لئے مسجد شرط ہے، البتہ عورت گھر کی مسجد میں اعتکاف کرسکتی ہے یعنی گھر میں نماز پڑھنے کے لئے جو کمرہ یا گوشہ خاص ہے وہاں عورت اعتکاف کرسکتی ہے، اور اگر کوئی جگہ خاص نہیں ہے تو خاص کرلے اور وہاں اعتکاف کرے۔ پس یہ قول کہ اعتکاف کے لئے مسجد ضروری نہیں: کسی درجہ میں صحیح ہوگیا۔ اسی طرح یورپ اور امریکہ میں مصلّی (جماعت خانہ) ہوتا ہے، جب تک حکومت کی طرف سے مسجد بنانے کی باقاعدہ اجازت نہیں ملتی لوگ کوئی گھر وغیرہ کرایہ پر لے کر اس کو عارضی مسجد بنالیتے ہیں، وہاں پنج وقتہ نماز ہوتی ہے، امام متعین ہوتا ہے اور نمازی بھی متعین ہوتے ہیں، پھر جب مسجد بنانے کی اجازت مل جاتی ہے تو مسجد بنالیتے ہیں، ان جماعت خانوں میں مفتیانِ کرام نے اعتکاف کے جواز کا فتوی دیا ہے، معلوم ہوا کہ یہ قول کہ اعتکاف کے لئے مسجد ضروری نہیں، کسی درجہ میں قابل لحاظ ہے۔

البتہ چاروں ائمہ متفق ہیں کہ مردوں کے اعتکاف کے لئے مسجد شرط ہے، غیر مسجد میں مردوں کا اعتکاف نہیں ہوتا، پھر حنفیہ اور امام بخاریؒ کے نزدیک ہر اس مسجد میں جہاں پنج وقتہ نماز ہوتی ہے اور امام اور نمازی متعین ہیں وہاں اعتکاف ہوسکتا ہے۔ اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک صرف اسی مسجد میں اعتکاف ہوسکتا ہے جہاں جمعہ ہوتا ہے، جہاں جمعہ نہیں ہوتا اس مسجد میں اعتکاف صحیح نہیں، کیونکہ جمعہ کے لئے معتکف کو جامع مسجد جانا پڑے گا، اور اعتکاف میں مسجد سے نکلنا جائز نہیں۔ اور حنفیہ کے نزدیک جمعہ کے لئے جامع مسجد جاسکتا ہے، یہ عذر شرعی ہے، پس ہر مسجد میں اعتکاف کرسکتا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ اس مسئلہ میں حنفیہ کے ساتھ ہیں، چنانچہ آپؒ نے المساجد کے بعد کلھا بڑھایا ہے یعنی سب مسجدوں میں اعتکاف ہوسکتا ہے، اس لئے کہ اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَلاَ تُبَاشِرُوْهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ﴾: اور بیویوں کے بدن سے اپنا بدن نہ ملنے دو جبکہ تم مسجدوں میں اعتکاف میں ہو، اس سے معلوم ہوا کہ اعتکاف مسجد ہی میں ہوگا اور ہر مسجد میں اعتکاف ہوسکتا ہے اس لئے کہ آیت مطلق ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۳۳- أَبْوَابُ الِاعْتِكَافِ]

[۱-] بَابُ الِاعْتِكَافِ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ

وَالِاعْتِكَافُ فِي الْمَسَاجِدِ كُلِّهَا، لِقَوْلِهِ ﴿وَلاَ تُبَاشِرُوْهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ، تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلاَ تَقْرَبُوْهَا﴾ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ. [البقرة: ۱۸۷]

[٢٠٢٥-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِىْ ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، أَنَّ نَافِعًا أَخْبَرَهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ.

[٢٠٢٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ، حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ اعْتَكَفَ أَزْوَاجُهُ مِنْ بَعْدِهِ.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف کیا کرتے تھے —— اور صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف کیا کرتے تھے، یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی، پھر آپؐ کے بعد آپؐ کی ازواج نے اعتکاف کیا (عورتوں کے لئے مسجد میں اگر مخصوص جگہ ہو تو عورت مسجد میں اعتکاف کرسکتی ہے)

تشریح: نبی ﷺ جب مدینہ منورہ میں ہوتے تھے تو ہمیشہ رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف کرتے تھے، مگر آپؐ نے نہ تو صحابہ کو اعتکاف کرنے کی تاکید فرمائی، نہ اعتکاف نہ کرنے والوں پر نکیر فرمائی۔ اس لئے مواظبت سے اعتکاف کا سنت ہونا یا زیادہ سے زیادہ سنت مؤکدہ ہونا ثابت ہوتا ہے، اگر آپؐ نے مواظبت کے ساتھ صحابہ کو اعتکاف کی تاکید بھی فرمائی ہوتی یا اعتکاف نہ کرنے پر نکیر فرمائی ہوتی تو اعتکاف کا وجوب ثابت ہوتا۔

[٢٠٢٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ الحَارِثِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَعْتَكِفُ فِى الْعَشْرِ الْأَوْسَطِ مِنْ رَمَضَانَ، فَاعْتَكَفَ عَامًا، حَتَّى إِذَا كَانَ لَيْلَةُ إِحْدَى وَعِشْرِيْنَ، وَهِىَ اللَّيْلَةُ الَّتِى يَخْرُجُ مِنْ صَبِيْحَتِهَا مِنِ اعْتِكَافِهِ، قَالَ: "مَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعِى فَلْيَعْتَكِفِ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ، فَقَدْ أُرِيْتُ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ ثُمَّ أُنْسِيْتُهَا، وَقَدْ رَأَيْتُنِىْ أَسْجُدُ فِى مَاءٍ وَطِيْنٍ مِنْ صَبِيْحَتِهَا، فَالْتَمِسُوْهَا فِى الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، وَالْتَمِسُوْهَا فِى كُلِّ وِتْرٍ" فَمَطَرَتِ السَّمَاءُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ، وَكَانَ الْمَسْجِدُ عَلٰى عَرِيْشٍ، فَوَكَفَ الْمَسْجِدُ، فَبَصُرَتْ عَيْنَاىَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى جَبْهَتِهِ أَثَرُ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ مِنْ صُبْحِ إِحْدَى وَعِشْرِيْنَ. [راجع: ٦٦٩]

وضاحت: یہ حدیث ابھی گذری ہے۔ جاننا چاہئے کہ جو شخص درمیانی عشرہ کا اعتکاف کرے وہ اکیسویں شب میں گھر جاسکتا ہے، مگر بہتر یہ ہے کہ اکیسویں رات مسجد میں گذار کر صبح کو گھر جائے، اور حدیث کا ترجمہ اور شرح کتاب الصلوٰۃ باب ۱۳۵ (تحفۃ القاری ۳:۱۴۱) میں ہے۔

بَابُ الْحَائِضِ تُرَجِّلُ الْمُعْتَكِفَ

حائضہ معتکف کا تیل کنگھا کرسکتی ہے

حائضہ مسجد میں داخل نہیں ہوسکتی، مگر باہر سے معتکف کا تیل کنگھا کرسکتی ہے، آنحضور ﷺ جب رمضان میں اعتکاف فرماتے تھے تو چونکہ بال بڑے تھے اور دس دن کا اعتکاف ہوتا تھا، اتنے دن اگر سر کو نہ دھویا جائے اور تیل نہ ڈالا جائے تو سر میں خشکی ہوجاتی ہے، اس لئے آپؐ مسجد میں رہ کر کمرہ میں سر نکال دیتے تھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کسی بڑے برتن میں سر دھودیتی تھیں، پھر بالوں کو خشک کرکے تیل پلاتیں اور کنگھی کرتیں، اس زمانہ میں آپؓ حیض میں ہوتی تھیں، معلوم ہوا کہ حائضہ معتکف کی یہ خدمت کرسکتی ہے۔

[۲-] بَابُ الْحَائِضِ تُرَجِّلُ الْمُعْتَكِفَ

[۲۰۲۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِىْ أَبِىْ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: كَانَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم يُصْغِىْ إِلَىَّ رَأْسَهُ، وَهُوَ مُجَاوِرٌ فِى الْمَسْجِدِ، فَأُرَجِّلُهُ وَأَنَا حَائِضٌ. [راجع: ۲۹۵]

وضاحت: مدینہ منورہ کی اصطلاح میں مجاور: معتکف کو کہتے ہیں، جو مسجد میں بیٹھ جاتا ہے وہ اللہ کا پڑوسی بن جاتا ہے۔

بَابٌ: الْمُعْتَكِفُ لاَ يَدْخُلُ الْبَيْتَ إِلاَّ لِحَاجَةٍ

معتکف ضرورت ہی کے لئے گھر میں جاسکتا ہے

معتکف انسانی ضرورت پیشاب پاخانہ کے لئے مسجد سے نکل سکتا ہے، بلکہ اگر مسجد میں بیت الخلاء نہ ہو تو استنجے کے لئے گھر یا جنگل میں بھی جاسکتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی کھانا لاکر دینے والا نہ ہو تو گھر سے یا ہوٹل سے کھانا بھی لاسکتا ہے، پانی مسجد سے باہر ہو تو باہر جاکر پانی پی سکتا ہے۔ غرض ہر انسانی ضرورت کے لئے معتکف مسجد سے نکل سکتا ہے۔

[۳-] بَابٌ: الْمُعْتَكِفُ لاَ يَدْخُلُ الْبَيْتَ إِلاَّ لِحَاجَةٍ

[۲۰۲۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، وَعَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: وَإِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيُدْخِلُ عَلَىَّ رَأْسَهُ وَهُوَ فِى الْمَسْجِدِ فَأُرَجِّلُهُ، وَكَانَ لاَ يَدْخُلُ الْبَيْتَ إِلاَّ لِحَاجَةٍ إِذَا كَانَ مُعْتَكِفًا.

[انظر: ۲۰۳۳، ۲۰۳٤، ۲۰٤۱، ۲۰٤٥]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ میرے حجرہ میں سر مبارک داخل کرتے درانحالیکہ آپؐ مسجد میں ہوتے تھے، پس میں سر میں تیل کنگھا کرتی، اور آپؐ گھر میں داخل نہیں ہوتے تھے، مگر (انسانی) ضرورت کے لئے (مسلم میں إلا لحاجة الإنسان ہے) جبکہ آپؐ اعتکاف میں ہوتے تھے۔

تشریح: بول و براز کے لئے معتکف کا مسجد سے نکلنا بالاتفاق جائز ہے، نبی ﷺ انسانی ضرورت کے لئے مسجد سے نکلتے تھے، اسی طرح اگر کوئی کھانا پانی لا کر دینے والا نہ ہو تو معتکف خود جا کر کھانا پانی لا سکتا ہے، یہ بھی انسانی ضرورت ہے، البتہ مسجد میں لا کر کھائے، گھر میں یا ہوٹل میں نہ کھائے۔

اور جمعہ پڑھنے کے لئے جا سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ ناجائز کہتے ہیں، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: جامع مسجد ہی میں اعتکاف کرنا ضروری ہے، جس مسجد میں جمعہ نہیں ہوتا وہاں اعتکاف کرنا جائز نہیں۔ اور احناف کے نزدیک جمعہ پڑھنے کے لئے نکلنا جائز ہے، البتہ معتکف کو چاہئے کہ وہ مسجد سے کم سے کم غیر حاضر رہے۔ جمعہ کے بالکل قریب مسجد سے نکلے اور جمعہ پڑھ کر فوراً واپس آجائے، سنتیں اپنی مسجد میں پڑھے۔

اور دیگر حاجاتِ شرعیہ مثلاً مریض کی عیادت یا نماز جنازہ کے لئے مسجد سے نکل سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں بھی اختلاف ہے۔ بعض علماء جواز کے قائل ہیں، مگر ائمہ اربعہ متفق ہیں کہ ان کاموں کے لئے مسجد سے نکلنا جائز نہیں، جب امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک جمعہ کے لئے نکلنا جائز نہیں تو ان کاموں کے لئے بدرجہ اولیٰ نکلنا جائز نہیں۔

بَابُ غَسْلِ الْمُعْتَكِفِ

معتکف کا (سر وغیرہ) دھونا

معتکف سر دھو سکتا ہے اور تیل کنگھا کر سکتا ہے، آنحضور ﷺ جب اعتکاف میں ہوتے تھے تو چونکہ سر پر بال بڑے تھے اور جس کے بال بڑے ہوتے ہیں اس کو وقفہ وقفہ سے نہا کر یا سر کو اچھی طرح دھو کر ان کو تیل پلانا ضروری ہوتا ہے ورنہ سر میں کھجلی ہو جاتی ہے اور معتکف کے لئے نہانے یا سر دھونے کے لئے مسجد سے نکلنا جائز نہیں، اس لئے نبی ﷺ مسجد سے سر باہر نکال دیتے تھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جن کا حجرہ مسجد سے متصل تھا کوئی بڑا برتن رکھ کر اس میں سر دھو دیتی تھیں اور تیل لگا کر کنگھا کر دیتی تھیں، اس مقصد کے لئے آپؐ مسجد سے نہیں نکلتے تھے۔

یہاں سے یہ مسئلہ نکلا کہ معتکف جمعہ کا غسل کرنے کے لئے یا کپڑے بدلنے کے لئے نہانے کے لئے یا گرمی میں غسل کرنے کے لئے مسجد سے نہیں نکل سکتا، ہاں معتکف جب استنجے کے لئے جائے تو بیت الخلاء میں نہاتا آئے، اسی طرح اگر معتکف مسجد میں نہائے تو جائز ہے، بشرطیکہ مسجد آلودہ نہ ہو، متعلقین بڑا ٹب مسجد میں کنارہ پر رکھ دیں اور معتکف اس میں بیٹھ کر نہالے، پھر لوگ پانی باہر پھینک دیں تو یہ جائز ہے۔

[٤-] بَابُ غَسْلِ الْمُعْتَكِفِ

[٢٠٣٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُبَاشِرُنِيْ وَأَنَا حَائِضٌ. [راجع: ٢٩٥]

[٢٠٣١-] وَكَانَ يُخْرِجُ رَأْسَهُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ، فَأَغْسِلُهُ وَأَنَا حَائِضٌ. [راجع: ٢٩٥]

ملحوظہ: دونوں حدیثیں ایک ہیں، نمبر حوالہ دینے کے لئے الگ کردیا ہے۔

بَابُ الْإِعْتَكَافِ لَيْلاً

رات میں اعتکاف کرنا

نفل اعتکاف ہر وقت ہوسکتا ہے اس کے لئے کوئی شرط نہیں، البتہ واجب اور سنت مؤکدہ اعتکاف کے لئے روزہ شرط ہے، اس لئے یہ دونوں اعتکاف رات میں نہیں ہوسکتے، کم سے کم چوبیس گھنٹے کا اعتکاف ہوگا، مگر امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک واجب اور سنت مؤکدہ اعتکاف بھی رات میں کرسکتے ہیں، آپؒ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے واقعہ سے استدلال کیا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمانۂ جاہلیت میں منت مانی تھی کہ اگر ان کا فلاں کام ہوگیا تو وہ ایک رات حرم شریف میں اعتکاف کریں گے، پھر ان کا وہ کام ہوگیا، اور ابھی منت پوری نہیں کی تھی کہ مسلمان ہوگئے، پھر ہجرت کرکے مدینہ منورہ چلے گئے، فتح مکہ کے بعد انھوں نے یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کی تو آپؐ نے فرمایا: ''اب اپنی منت پوری کرلو'' اس حدیث کے ظاہر سے حضرت رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ صرف رات میں واجب اعتکاف ہوسکتا ہے، مگر اس کا جواب یہ ہے کہ جس طرح ہمارے محاورہ میں 'دن' بول کر چوبیس گھنٹے مراد لیتے ہیں، اسی طرح عربی میں 'رات' بول کر چوبیس گھنٹے مراد لیتے ہیں۔

[٥-] بَابُ الْإِعْتَكَافِ لَيْلاً

[٢٠٣٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ سَأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: كُنْتُ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ أَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، قَالَ: "أَوْفِ بِنَذْرِكَ" [انظر: ٢٠٤٣، ٣١٤٤، ٤٣٢٠، ٦٦٩٧]

بَابُ اعْتِكَافِ النِّسَاءِ

عورتوں کا اعتکاف کرنا

عورت بھی اعتکاف کرسکتی ہے، اعتکاف مردوں کے ساتھ خاص نہیں۔ باب میں یہ حدیث ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم رمضان

میں آخری عشرہ کا اعتکاف کیا کرتے تھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اکیسویں شب میں خیمہ کھڑا کرتی تھیں یعنی چٹائیاں باندھ کر آنحضور ﷺ کے لئے مسجد میں عارضی کمرہ بناتی تھیں، پھر صبح میں فجر کی نماز پڑھا کر آپؐ اس کمرہ میں جا کر آرام فرماتے تھے۔ایک رمضان میں حضرت عائشہؓ نے اعتکاف کرنے کی اور اپنے لئے مسجد میں عارضی کمرہ بنانے کی اجازت چاہی، آپؐ نے اجازت دیدی، چنانچہ انھوں نے آنحضور ﷺ کے کمرہ کے برابر میں اپنے لئے چٹائیاں باندھ کر کمرہ بنالیا، جب حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ دیکھا تو انھوں نے بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اجازت سے اپنا الگ کمرہ بنایا، ازواج مطہرات میں دو پارٹیاں تھیں، ایک کی بڑی حضرت عائشہؓ تھیں اور دوسری کی حضرت زینب رضی اللہ عنہا اور حضرت حفصہؓ حضرت عائشہؓ کی پارٹی کی تھیں، یہ بات آگے بخاری میں آرہی ہے (حدیث ۲۵۸۱) جب حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما کے خیمے دیکھے تو انھوں نے بھی اپنا خیمہ کھڑا کیا، مگر نہ آنحضور ﷺ سے اجازت لی، نہ حضرت عائشہؓ سے، جب آپؐ فجر کی نماز پڑھا کر خیمے کی طرف آئے تو آپؐ نے مسجد میں کئی خیمے دیکھے، آپؐ نے صورتِ حال معلوم کی، حقیقتِ حال سے واقف ہو کر آپؐ نے فرمایا: آلبِرَّ تُرَوْنَ بِهِنَّ؟ کیا نیکی دکھائی جاتی ہو تم ان خیموں سے؟ یعنی اللہ کی خوشنودی کے لئے اعتکاف کہاں رہا، یہ تو مقابلہ بازی ہوگئی! چنانچہ آپؐ نے سب خیمے اکھڑوا دیئے اور خود بھی اعتکاف سے نکل گئے، پھر شوال میں دس دن کا اعتکاف فرمایا، غرض عورت اعتکاف کرسکتی ہے۔

مسئلہ: رمضان میں اگر دو یا زیادہ دنوں کا اعتکاف کیا جائے تو ہر دن کا اعتکاف مستقل ہے، پس اگر کوئی اعتکاف توڑ دے تو اس پر چوبیس گھنٹے کی قضا واجب ہے، مثلاً ایک شخص نے رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف کیا، پھر چھبیسویں تاریخ میں اعتکاف توڑ دیا تو صرف چوبیس گھنٹے کی قضا واجب ہے، اس لئے کہ گذشتہ ایام کا اعتکاف صحیح ہو گیا اور آئندہ کا اعتکاف شروع نہیں کیا، پس جس دن کا اعتکاف توڑا ہے اسی دن کی قضا واجب ہے، جیسے نفل نماز دو دو رکعتیں ہیں پس اگر کوئی چار، چھ یا آٹھ رکعت کی نیت باندھے، پھر چوتھی رکعت میں نماز توڑ دے تو صرف ایک شفعہ کی قضا واجب ہوگی کیونکہ جو شفعہ پڑھ چکا وہ صحیح ہو گیا اور اگلا شفعہ شروع نہیں ہوا پس جو شفعہ توڑا ہے اسی کی قضا واجب ہے، اسی طرح ہر دن کا اعتکاف مستقل ہے اور اگر پہلے سے نیت تھی اور ٹھیک غروب کے وقت اعتکاف سے نکل گیا تو کوئی قضا واجب نہیں، جیسے مذکورہ مثال میں کسی بھی شفعہ پر سلام پھیر دیا تو کوئی قضا واجب نہیں۔اور اگر کوئی قضا کے طور پر پورے عشرہ کا اعتکاف کرے تو سبحان اللہ! نبی ﷺ نے جو اعتکاف چھوڑا تھا اس کے بدلہ میں شوال میں دن دن کا اعتکاف کیا تھا۔

[٦-] بَابُ اعْتِكَافِ النِّسَاءِ

[٢٠٣٣-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

عَنْهَا، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعْتَكِفُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، فَكُنْتُ أَضْرِبُ لَهُ خِبَاءً، فَيُصَلِّي الصُّبْحَ ثُمَّ يَدْخُلُهُ، فَاسْتَأْذَنَتْ حَفْصَةُ عَائِشَةَ أَنْ تَضْرِبَ خِبَاءً، فَأَذِنَتْ لَهَا، فَضَرَبَتْ خِبَاءً، فَلَمَّا رَأَتْهُ زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ ضَرَبَتْ خِبَاءً آخَرَ، فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَأَى الْأَخْبِيَةَ، فَقَالَ: "مَا هٰذَا؟" فَأُخْبِرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "آلْبِرَّ تُرَوْنَ بِهِنَّ؟" فَتَرَكَ الاعْتِكَافَ ذٰلِكَ الشَّهْرَ، ثُمَ اعْتَكَفَ عَشْرًا مِنْ شَوَّالٍ. [راجع: ۲۰۲۹]

بَابُ الْأَخْبِيَةِ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد میں خیمے

أَخْبِيَة: خِبَاء کی جمع ہے: پشم یا اون یا بالوں کا خیمہ جو دو یا تین ستونوں پر کھڑا ہو۔ ازواج مطہرات نے مسجد میں خیمے کھڑے کئے یا چٹائیاں باندھ کر کمرے بنائے، آج کل مچھر دانیاں خیموں جیسی ہوتی ہیں، جس میں ایک آدمی لیٹ سکتا ہے، اتنے چھوٹے خیمے بھی ہوتے تھے۔

[۷-] بَابُ الْأَخْبِيَةِ فِي الْمَسْجِدِ

[۲۰۳۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَرَادَ أَنْ يَعْتَكِفَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ إِلَى الْمَكَانِ الَّذِي أَرَادَ أَنْ يَعْتَكِفَ، إِذَا أَخْبِيَةٌ: خِبَاءُ عَائِشَةَ، وَخِبَاءُ حَفْصَةَ، وَخِبَاءُ زَيْنَبَ، فَقَالَ: "آلْبِرَّ تَقُوْلُوْنَ بِهِنَّ؟" ثُمَّ انْصَرَفَ، فَلَمْ يَعْتَكِفْ حَتَّى اعْتَكَفَ عَشْرًا مِنْ شَوَّالٍ. [راجع: ۲۰۲۹]

وضاحت: فجر کی نماز پڑھا کر جب آپؐ آرام فرمانے کے لئے اپنے خیمے کی طرف آئے تو آپؐ نے مسجد میں خیمے ہی خیمے دیکھے! تقولون: أی تظنون، والقول يطلق على الظن (فتح)

بَابٌ: هَلْ يَخْرُجُ الْمُعْتَكِفُ لِحَوَائِجِهِ إِلَى بَابِ الْمَسْجِدِ؟

کیا معتکف اپنی ضرورت کے لئے مسجد کے دروازے کی طرف نکل سکتا ہے؟

اگر کوئی ضرورت ہو تو معتکف مسجد کے دروازہ تک نکل سکتا ہے، اس میں کچھ حرج نہیں۔ جب آنحضور ﷺ اعتکاف میں ہوتے تھے تو ازواج مطہرات رات میں ملاقات کے لئے آتی تھیں، ایک رات حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا ملنے کے لئے

آئیں، جب وہ جانے لگیں تو آپؐ ان کو چھوڑنے کے لئے مسجد کے دروازہ تک گئے، ان کا حجرہ مسجدِ نبوی کے سامنے روڈ کی دوسری طرف دار اسامہ میں تھا، اور اندھیرا تھا، مسجدِ نبوی میں چراغ نہیں جلتا تھا، اس لئے آپؐ ان کو پہنچانے کے لئے مسجد کے دروازہ تک گئے۔ جب حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا ام سلمہ کے گھر کے دروازے کے پاس مسجد کے دروازے سے نکلیں، تو وہاں سے دو صحابہ گذرے، انھوں نے سلام کیا اور تیزی سے آگے بڑھ گئے، آپؐ نے فرمایا: ''ٹھہرو! پہچانو یہ میری بیوی صفیہؓ ہیں'' ان حضرات نے عرض کیا: سبحان اللہ! یا رسول اللہ! یعنی ہم کیا آپؐ کے بارے میں کوئی بدگمانی کر سکتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: شیطان انسان کی رگوں میں دوڑتا ہے، اس لئے مجھے ڈر ہوا کہ کہیں وہ تمہارے دلوں میں کوئی بات نہ ڈال دے، اس لئے میں نے بات کلیر کی تاکہ شیطان کوئی وسوسہ نہ ڈال سکے۔

[۸-] بَابٌ: هَلْ يَخْرُجُ الْمُعْتَكِفُ لِحَوَائِجِهِ إِلَى بَابِ الْمَسْجِدِ؟

[۲۰۳۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، أَنَّ صَفِيَّةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ، أَنَّهَا جَاءَ تْ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَزُوْرُهُ فِي اعْتِكَافِهِ فِي الْمَسْجِدِ، فِي الْعَشْرِ الأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، فَحَدَّثَتْ عِنْدَهُ سَاعَةً، ثُمَّ قَامَتْ تَنْقَلِبُ، فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَعَهَا يَقْلِبُهَا، حَتَّى إِذَا بَلَغَتْ بَابَ الْمَسْجِدِ عِنْدَ بَابِ أُمِّ سَلَمَةَ، مَرَّ رَجُلَانِ مِنَ الأَنْصَارِ، فَسَلَّمَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُمَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "عَلٰى رِسْلِكُمَا، إِنَّمَا هِيَ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ" فَقَالَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَكَبُرَ عَلَيْهِمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الشَّيْطَانَ يَبْلُغُ مِنَ الإِنْسَانِ مَبْلَغَ الدَّمِ، وَإِنِّيْ خَشِيْتُ أَنْ يَقْذِفَ فِي قُلُوْبِكُمَا شَيْئًا" [انظر: ۲۰۳۸، ۲۰۳۹، ۳۱۰۱، ۳۲۸۱، ۶۲۱۹، ۷۱۷۱]

ترجمہ: علی بن حسینؒ کہتے ہیں: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے ان سے بیان کیا کہ وہ نبی ﷺ کے پاس آپؐ کے اعتکاف میں رمضان کے آخری عشرہ میں ملاقات کے لئے آئیں، پس آپؐ سے ایک گھڑی باتیں کیں، پھر واپس جانے کے لئے کھڑی ہوئیں، پس نبی ﷺ ان کے ساتھ کھڑے ہوئے، آپؐ ان کو پلٹا رہے ہیں یعنی گھر پہنچا رہے ہیں، یہاں تک کہ جب وہ مسجد کے دروازہ پر باب ام سلمہ کے پاس پہنچیں تو انصار کے دو شخص گذرے اور انھوں نے آپؐ کو سلام کیا پس ان سے نبی ﷺ نے فرمایا: ''ٹھہرو! یہ صفیہ بنت حیی ہیں'' انھوں نے عرض کیا: سبحان اللہ! یا رسول اللہ! اور ان پر شاق گذرا یعنی نبی ﷺ نے ان پر بدگمانی کی کہ وہ آپؐ کے بارے میں بدگمانی کر سکتے ہیں، یہ بات ان پر شاق گذری، پس آپؐ نے فرمایا: ''بیشک شیطان انسان کے اندر خون کے دوڑنے کی جگہ پہنچتا ہے اور میں ڈرا کہ تمہارے دلوں میں کچھ ڈال دے!''

بَابُ الِاعْتِكَافِ، وَخُرُوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم صَبِيْحَةَ عِشْرِيْنَ

اعتکاف کا بیان، اور نبی ﷺ کا بیس تاریخ کی صبح کو نکلنا

اگر درمیانی عشرہ کا اعتکاف کیا ہے تو اکیسویں رات کے شروع میں مسجد سے نکل سکتا ہے، اور بہتر یہ ہے کہ اکیسویں رات مسجد میں گذار کر صبح گھر جائے، بیسویں کی صبح میں مسجد سے نکلنا جائز نہیں، مگر حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے ایک رمضان میں نبی ﷺ کے ساتھ درمیانی عشرہ کا اعتکاف کیا اور ہم بیسویں کی صبح میں نکلے: اس کا مطلب یہ ہے کہ بیسویں کی صبح میں سب اعتکاف کی جگہوں سے نکل کر نبی ﷺ کے پاس اکٹھا ہوئے اور آپ بھی اپنی عارضی کمرہ سے نکلے اور تقریر فرمائی۔ مسجد سے نکلنا مراد نہیں۔

ملحوظہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث بار بار آرہی ہے، اور سب جگہ درمیانی عشرہ میں اعتکاف کرنے کا ذکر ہے، حالانکہ آپؐ نے اُس سال پہلے عشرہ کا بھی اعتکاف کیا تھا، مگر پہلے عشرہ کے اعتکاف میں حضرت ابو سعیدؓ نہیں ہونگے، اس لئے انھوں نے اس کا تذکرہ نہیں کیا۔

[٩-] بَابُ الِاعْتِكَافِ، وَخُرُوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم صَبِيْحَةَ عِشْرِيْنَ

[٢٠٣٦-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ هَارُوْنَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثَنِيْ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، قُلْتُ: هَلْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ، اعْتَكَفْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ مِنْ رَمَضَانَ، قَالَ: فَخَرَجْنَا صَبِيْحَةَ عِشْرِيْنَ، قَالَ: فَخَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَبِيْحَةَ عِشْرِيْنَ، فَقَالَ: "إِنِّيْ رَأَيْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، وَإِنِّيْ نُسِّيْتُهَا، فَالْتَمِسُوْهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فِي الْوِتْرِ، فَإِنِّيْ رَأَيْتُ أَنِّيْ أَسْجُدُ فِي مَاءٍ وَطِيْنٍ، فَمَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَلْيَرْجِعْ" فَرَجَعَ النَّاسُ إِلَى الْمَسْجِدِ، وَمَا نَرَى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً، قَالَ: فَجَاءَتْ سَحَابَةٌ فَمَطَرَتْ، وَأُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَسَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الطِّيْنِ وَالْمَاءِ، حَتَّى رَأَيْتُ الطِّيْنَ فِي أَرْنَبَتِهِ وَجَبْهَتِهِ. [راجع: ٦٦٩]

بَابُ اعْتِكَافِ الْمُسْتَحَاضَةِ

مستحاضہ کا اعتکاف کرنا

استحاضہ کا خون طہارت کے منافی نہیں، پس مستحاضہ اعتکاف کرسکتی ہے، وہ پاک عورت کی طرح ہے، اور حیض ونفاس کا

خون طہارت کے منافی ہے، اس لئے حائضہ اور نفساء اعتکاف نہیں کرسکتیں۔ تفصیل کتاب الحیض باب ۱۰ (تحفۃ القاری ۱۰۱:۳) میں گذر چکی ہے۔

[۱۰-] بَابُ اعْتِكَافِ الْمُسْتَحَاضَةِ

[۲۰۳۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اعْتَكَفَتْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم امْرَأَةٌ مِنْ أَزْوَاجِهِ مُسْتَحَاضَةٌ، فَكَانَتْ تَرَى الْحُمْرَةَ وَالصُّفْرَةَ، فَرُبَّمَا وَضَعْنَا الطَّسْتَ تَحْتَهَا وَهِيَ تُصَلِّي. [راجع: ۳۰۹]

وضاحت: جو بیوی صاحبہ مستحاضہ تھیں اور اعتکاف میں تھیں وہ کبھی سرخ خون دیکھتیں اور کبھی زرد یعنی ان کو کبھی سرخ خون آتا اور کبھی زرد............ **قوله: فربما وضعنا:** اور گیلری میں وَضَعَتْ ہے اور یہی صحیح ہے یعنی وہ بیوی صاحبہ اعتکاف میں بھی تسلے میں پانی بھر کر اس میں بیٹھتی تھیں، یہ علاج تھا، اس سے رگیں سکڑتی ہیں اور شفا ہوتی ہے............ **قوله: وهي تصلي:** یعنی استحاضہ میں وہ نماز پڑھتی تھیں، اس لئے کہ مستحاضہ پاک عورت کی طرح ہے۔

بَابُ زِيَارَةِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا فِي اعْتِكَافِهِ

عورت کا اپنے شوہر سے اعتکاف میں ملاقات کرنا

اعتکاف میں عورت، شوہر یا محرم سے ملاقات کے لئے آسکتی ہے، ہم حضرت شیخ قدس سرہ کے ساتھ اعتکاف کرتے تھے، دو چار دن میں خاندان کی عورتیں حضرت سے ملاقات کے لئے آتی تھیں اور کچھ دیر بیٹھ کر چلی جاتی تھیں، ان کا آنے جانے کا راستہ الگ تھا۔

[۱۱-] بَابُ زِيَارَةِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا فِي اعْتِكَافِهِ

[۲۰۳۸-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثَنِيْ اللَّيْثُ، ثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ: أَنَّ صَفِيَّةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ، ح: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَسْجِدِ، وَعِنْدَهُ أَزْوَاجُهُ، فَرُحْنَ، فَقَالَ لِصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ: "لَا تَعْجَلِيْ حَتَّى أَنْصَرِفَ مَعَكِ" وَكَانَ بَيْتُهَا فِي دَارِ أُسَامَةَ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَعَهَا، فَلَقِيَهُ رَجُلَانِ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَنَظَرَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ أَجَازَا. فَقَالَ لَهُمَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تَعَالَيَا، إِنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ"

فَقَالاَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ:" إِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِىْ مِنَ الإِنْسَانِ مَجْرَى الدَّمِ، وَإِنِّىْ خَشِيْتُ أَنْ يُلْقِىَ فِى أَنْفُسِكُمَا شَيْئًا"[راجع: ۲۰۳۵]

بَابٌ: هَلْ يَدْرَأُ الْمُعْتَكِفُ عَنْ نَفْسِهِ؟

کیا معتکف اپنی مدافعت کرسکتا ہے؟

اگر معتکف پر کوئی الزام آسکتا ہو تو معتکف اپنی مدافعت کرسکتا ہے، کیونکہ شیطان وسوسہ ڈال سکتا ہے۔ اس کی روک تھام ضروری ہے، نبی ﷺ نے انصاری صحابہ کو روک کر پہچانوایا کہ وہ خاتون آپؐ کی اہلیہ ہیں، یہ آپؐ نے اپنی مدافعت کی۔

[۱۲-] بَابٌ: هَلْ يَدْرَأُ الْمُعْتَكِفُ عَنْ نَفْسِهِ؟

[۲۰۳۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِىْ أَخِىْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِىْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِىِّ بْنِ حُسَيْنٍ، أَنَّ صَفِيَّةَ أَخْبَرَتْهُ، ح: وَحَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِىَّ، يُخْبِرُ عَنْ عَلِىِّ بْنِ حُسَيْنٍ، أَنَّ صَفِيَّةَ أَتَتِ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُعْتَكِفٌ، فَلَمَّا رَجَعَتْ مَشَى مَعَهَا، فَأَبْصَرَهُ رَجُلٌ مِنَ الأَنْصَارِ، فَلَمَّا أَبْصَرَهُ دَعَاهُ، فَقَالَ:" تَعَالَ، هِىَ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَىٍّ" وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ:" هٰذِهِ صَفِيَّةُ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِىْ مِنِ ابْنِ آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ" قُلْتُ لِسُفْيَانَ: أَتَتْهُ لَيْلاً؟ قَالَ: وَهَلْ هُوَ إِلَّا لَيْلاً؟[راجع: ۲۰۳۵]

بَابُ مَنْ خَرَجَ مِنِ اعْتِكَافِهِ عِنْدَ الصُّبْحِ

جو شخص اپنے اعتکاف سے صبح کے وقت نکلا

اعتکاف کے آخری دن صبح ہی سے سامان وغیرہ باندھ کر یا گھر بھجوا کر اعتکاف سے نکلنے کی تیاری کرلے تو اس میں کچھ حرج نہیں۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے درمیانی عشرہ کا اعتکاف کیا اور بیسویں کی صبح میں اپنا سامان گھر بھیج دیا، معلوم ہوا کہ صبح ہی سے اعتکاف سے نکلنے کی تیاری کرسکتا ہے۔

[۱۳-] بَابُ مَنْ خَرَجَ مِنِ اعْتِكَافِهِ عِنْدَ الصُّبْحِ

[۲۰۴۰-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الأَحْوَلِ، خَالِ ابْنِ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، ح: قَالَ سُفْيَانُ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، قَالَ: وَأَظُنُّ أَنَّ ابْنَ أَبِىْ لَبِيْدٍ، ثَنَا عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، قَالَ: اعْتَكَفْنَا

مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" مَنْ كَانَ اعْتَكَفَ فَلْيَرْجِعْ إِلٰى مُعْتَكَفِهِ، فَإِنِّىْ رَأَيْتُ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ، وَرَأَيْتُنِىْ أَسْجُدُ فِى مَاءٍ وَطِيْنٍ" فَلَمَّا رَجَعَ إِلٰى مُعْتَكَفِهِ، قَالَ وَهَاجَتِ السَّمَاءُ فَمُطِرْنَا، فَوَ الَّذِىْ بَعَثَهُ بِالْحَقِّ لَقَدْ هَاجَتِ السَّمَاءُ مِنْ آخِرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ، وَكَانَ الْمَسْجِدُ عَرِيْشًا، فَلَقَدْ رَأَيْتُ عَلٰى أَنْفِهِ وَأَرْنَبَتِهِ أَثَرَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ. [راجع: ٦٦٩]

قوله: هاجت السماءُ: بادل اٹھا......وكان المسجد عريشا: اور مسجد جونپڑا تھی............أرنبته: ناک کا بانسہ۔

بَابُ الِاعْتِكَافِ فِى شَوَّالٍ

شوال میں اعتکاف کرنا

اعتکاف پورے سال ہوسکتا ہے، نبی ﷺ نے شوال میں بھی اعتکاف کیا ہے، ابھی حدیث گذری ہے کہ ایک رمضان میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے اعتکاف کی اجازت مانگی اور مسجد میں اپنا خیمہ لگایا، ان کو دیکھ کر کئی ازواج نے اپنے خیمے لگائے تو نبی ﷺ نے سب خیمے اکھڑوا دیئے اور خود بھی اعتکاف سے نکل گئے، پھر شوال کے آخر میں دس دن کا اعتکاف کیا۔

[١٤-] بَابُ الِاعْتِكَافِ فِى شَوَّالٍ

[٢٠٤١-] حدثنا مُحَمَّدٌ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعْتَكِفُ فِى كُلِّ رَمَضَانَ، فَإِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ دَخَلَ مَكَانَهُ الَّذِىْ اعْتَكَفَ فِيْهِ، قَالَ: فَاسْتَأْذَنَتْهُ عَائِشَةُ أَنْ تَعْتَكِفَ، فَأَذِنَ لَهَا، فَضَرَبَتْ فِيْهِ قُبَّةً، فَسَمِعَتْ بِهَا حَفْصَةُ، فَضَرَبَتْ قُبَّةً، وَسَمِعَتْ زَيْنَبُ بِهَا، فَضَرَبَتْ قُبَّةً أُخْرَى، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْغَدَاةِ أَبْصَرَ أَرْبَعَ قِبَابٍ، فَقَالَ:" مَا هٰذَا؟" فَأُخْبِرَ خَبَرَهُنَّ، فَقَالَ: "مَا حَمَلَهُنَّ عَلٰى هٰذَا؟ آلْبِرُّ؟ انْزِعُوْهَا فَلاَ أَرَاهَا" فَنُزِعَتْ، فَلَمْ يَعْتَكِفْ فِى رَمَضَانَ حَتَّى اعْتَكَفَ فِى آخِرِ الْعَشْرِ مِنْ شَوَّالٍ"[راجع: ٢٠٣٩]

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ عَلَى الْمُعْتَكِفِ صَوْمًا

جس کے نزدیک اعتکاف کے لئے روزہ ضروری نہیں

پہلے بتایا ہے کہ واجب اور سنت مؤکدہ اعتکاف کے لئے روزہ شرط ہے، مگر امام بخاریؒ کے نزدیک روزہ شرط نہیں،

انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا ہے، اس میں لیلۃً ہے، رات روزہ کا محل نہیں، مگر یہ استدلال تام نہیں، کیونکہ عربی میں رات بول کر چوبیس گھنٹے مراد لیتے ہیں جیسے اردو میں دن بول کر چوبیس گھنٹے مراد لیتے ہیں۔ علاوہ ازیں اسی حدیث میں اعتکاف یوم بھی آیا ہے (بخاری حدیث ۳۱۴۴) پس چوبیس گھنٹے مراد ہیں۔

[١٥-] بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ عَلَى الْمُعْتَكِفِ صَوْمًا

[٢٠٤٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَخِيْهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّهُ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنِّيْ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ أَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَوْفِ نَذْرَكَ" فَاعْتَكَفَ لَيْلَةً.

بَابٌ: إِذَا نَذَرَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ يَعْتَكِفَ، ثُمَّ أَسْلَمَ

اسلام سے پہلے اعتکاف کی منت مانی، پھر مسلمان ہو گیا

اگر کوئی شخص حالتِ کفر میں کوئی منت مانے اور اس کو پورا کرنے سے پہلے مسلمان ہو جائے تو کیا مسلمان ہونے کے بعد اس منت کو پورا کرنا ضروری ہے؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اگر وہ معصیت کی منت نہیں ہے تو اس کو پورا کرنا واجب ہے، ان کی دلیل باب کی حدیث ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زمانۂ جاہلیت کی منت پوری کرنے کا حکم دیا تھا، معلوم ہوا کہ زمانۂ کفر کی منت کا وفا مسلمان ہونے کے بعد ضروری ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک حالتِ کفر کی منت کا پورا کرنا واجب نہیں، کیونکہ کفار فروع کے مکلّف نہیں، البتہ اگر نذر معصیت کی نہیں ہے تو اس کو پورا کرنا مستحب ہے، اور باب کی حدیث میں امر استحباب کے لئے ہے۔

جاننا چاہئے کہ بعض کام ایسے ہوتے ہیں کہ جب تک ان پر عمل نہ کیا جائے طبیعت مطمئن نہیں ہوتی، منت بھی ایسا ہی ایک عمل ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طبیعت پر اس منت کا بوجھ تھا، چنانچہ موقع میسر آتے ہی اس کے بارے میں دریافت کیا اور چونکہ وہ منت طاعت کی تھی اور اس کو پورا کرنے میں کوئی قباحت نہیں تھی، اس لئے آپؐ نے ان کو منت پوری کرنے کی اجازت دی، تاکہ ان کی طبیعت پر سے بوجھ ہٹ جائے۔

[١٦-] بَابٌ: إِذَا نَذَرَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ يَعْتَكِفَ، ثُمَّ أَسْلَمَ

[٢٠٤٣-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ نَذَرَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ يَعْتَكِفَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، قَالَ: أُرَاهُ قَالَ: لَيْلَةً. فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "أُوْفِ بِنَذْرِكَ" [راجع: ٢٠٣٢]

بَابُ الِاعْتِكَافِ فِي الْعَشْرِ الْأَوْسَطِ مِنْ رَمَضَانَ

رمضان کے درمیانی عشرہ کا اعتکاف کرنا

رمضان کے پہلے عشرہ کا اعتکاف بھی جائز ہے اور دوسرے عشرہ کا بھی اور آخری عشرہ کا بھی۔

[۱۷-] بَابُ الِاعْتِكَافِ فِي الْعَشْرِ الْأَوْسَطِ مِنْ رَمَضَانَ

[۲۰۴۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِىْ شَيْبَةَ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِىْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعْتَكِفُ فِى كُلِّ رَمَضَانَ عَشَرَةَ أَيَّامٍ، فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الَّذِىْ قُبِضَ فِيْهِ اعْتَكَفَ عِشْرِيْنَ يَوْمًا.

وضاحت: نبی ﷺ رمضان میں آخری عشرہ کا اعتکاف کیا کرتے تھے، مگر جس سال آپؐ کی وفات ہوئی ہے اس سال آپؐ نے بیس دن کا اعتکاف کیا تھا، اس میں درمیانی عشرہ آ گیا۔

بَابُ مَنْ أَرَادَ أَنْ يَعْتَكِفَ، ثُمَّ بَدَالَهُ أَنْ يَخْرُجَ

جس نے اعتکاف کا ارادہ کیا، پھر رائے بدل گئی کہ اعتکاف نہ کرے

کسی نے آخری عشرہ کا اعتکاف کرنے کا ارادہ کیا اور اعتکاف شروع بھی کر دیا پھر کوئی ضرورت پیش آئی اور وہ اعتکاف سے نکلنا چاہتا ہے تو اگر یہ نیت کر لے کہ آج غروب پر میں اعتکاف سے اٹھ جاؤں گا تو کوئی قضا واجب نہیں، اور اگر رات یا دن کے درمیان اعتکاف سے نکلا تو چوبیس گھنٹے کی قضا واجب ہے، اور دس دن کی قضا کرے تو یہ اولیٰ ہے۔

[۱۸-] بَابُ مَنْ أَرَادَ أَنْ يَعْتَكِفَ، ثُمَّ بَدَالَهُ أَنْ يَخْرُجَ

[۲۰۴۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنِىْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَتْنِىْ عَمْرَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَكَرَ أَنْ يَعْتَكِفَ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ، فَاسْتَأْذَنَتْهُ عَائِشَةُ فَأَذِنَ لَهَا، وَسَأَلَتْ حَفْصَةُ عَائِشَةَ أَنْ تَسْتَأْذِنَ لَهَا فَفَعَلَتْ، فَلَمَّا رَأَتْ ذٰلِكَ زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ أَمَرَتْ بِبِنَاءٍ فَبُنِيَ لَهَا، قَالَتْ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا صَلَّى انْصَرَفَ إِلٰى بِنَائِهِ، فَبَصَرَ بِالْأَبْنِيَةِ، فَقَالَ: "مَا هٰذَا؟" قَالُوْا: بِنَاءُ عَائِشَةَ، وَحَفْصَةَ، وَزَيْنَبَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "آلْبِرَّ أَرَدْنَ بِهٰذَا؟ مَا أَنَا بِمُعْتَكِفٍ" فَرَجَعَ، فَلَمَّا أَفْطَرَ اعْتَكَفَ عَشْرًا مِنْ شَوَّالٍ. [راجع: ۲۰۲۹]

بَابُ الْمُعْتَكِفِ يُدْخِلُ رَأَسَهُ الْبَيْتَ لِلْغَسْلِ

معتکف دھونے کے لئے اپنا سر گھر میں داخل کرے

مسجد کے اندر رہ کر سر گھر کے اندر داخل کرنا مسجد سے نکلنا نہیں، جیسے باہر کھڑے ہو کر پیر گھر میں رکھنا گھر میں داخل ہونا نہیں، پس معتکف سر نکال سکتا ہے، تا کہ اس کو دھویا جائے۔

[۱۹-] بَابُ الْمُعْتَكِفِ يُدْخِلُ رَأَسَهُ الْبَيْتَ لِلْغَسْلِ

[۲۰٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا كَانَتْ تُرَجِّلُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهِيَ حَائِضٌ، وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فِي الْمَسْجِدِ، وَهِيَ فِي حُجْرَتِهَا، يُنَاوِلُهَا رَأْسَهُ. [راجع: ۲۹٥]

﴿الحمد للہ! کتاب الصوم کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب البیوع

خرید وفروخت کا بیان

بیوع: بیع کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: خرید وفروخت، یہ اضداد میں سے ہے، اور کبھی لفظ بیوع سے عام معاملات بھی مراد لیتے ہیں، اب یہاں سے معاملات کا بیان شروع ہورہا ہے، اور بائیس معاملات ذکر کئے ہیں، وہ یہ ہیں: بیوع (عام خرید وفروخت) سَلم (خاص بیع) شفعہ، اجارہ، حوالہ، کفالہ، وکالہ، مزارعہ، مساقہ (باغ کی پرداخت) استقراض (ادائے دیون، حجر، تفلیس) خصومات (مقدمات) لقطہ (پڑی چیز پانا) مظالم (غصب وغیرہ) شرکت، رہن (گروی رکھنا) عتق، کتابت، ہبہ، شہادت، صلح، شروط (دفعات) اور وصیتیں، پھر جہاد کا بیان شروع ہوگا۔ میں نے سب پر المعاملات کا عنوان لگایا ہے اور جس خاص معاملہ کا بیان چل رہا ہے اس کو بین القوسین لیا ہے۔

فقہ کی ایک خاص اصطلاح:

فقہاء کے نزدیک معاملات دوقسم کے ہیں: ایک: وہ جن میں اقالہ نہیں ہوسکتا، جو ہونے کے بعد ختم نہیں ہوسکتے، جو ریوس نہیں آسکتے، تیر نکل گیا: نکل گیا۔ ایسے معاملات 'یمین' کہلاتے ہیں، اس کی جمع اَیمان (بالفتح) ہے، جیسے نکاح، طلاق، رجعت، عتق، حلف وغیرہ۔ دوسرے: وہ معاملات ہیں جن کا اقالہ ہوسکتا ہے، جو ہونے کے بعد ختم ہوسکتے ہیں، وہ ریوس آسکتے ہیں، ایسے معاملات بیوع کہلاتے ہیں، جیسے عام خرید وفروخت، سَلم، ہبہ اور مزارعت وغیرہ، فقہاء کی یہ خاص اصطلاح یہاں مراد نہیں، یہاں عام معاملات مراد ہیں، چنانچہ بعض ایمان کا بھی تذکرہ کیا ہے، جیسے عتاق وغیرہ کا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے یہاں سورۂ بقرہ کی دو آیتیں لکھی ہیں، حضرتؒ کا طریقہ یہ ہے کہ کتاب کے شروع میں ایک یا چند آیتیں لکھتے ہیں، پھر ابواب اور احادیث لاتے ہیں، جو ان آیتوں کی تفسیر ہوتی ہیں۔

پہلی آیت: سورۃ البقرۃ (آیت ۲۷۵) میں ہے: ﴿الَّذِيْنَ يَأْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَايَقُوْمُوْنَ إِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِىْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْمَسِّ، ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوْا إِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا، وَأَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا، فَمَنْ جَاءَ هُ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَبِّهِ فَانْتَهٰى فَلَهُ مَا سَلَفَ، وَأَمْرُهُ إِلَى اللّٰهِ، وَمَنْ عَادَ فَأُوْلٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ، هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ﴾

ترجمہ: جولوگ سود کھاتے ہیں: نہیں کھڑے ہونگے وہ (قیامت کے دن) مگر جس طرح کھڑا ہوتا ہے وہ شخص جس کو شیطان خبطی بنادے لپٹ کر یعنی وہ حیران و مدہوش کھڑے ہونگے، یہ سزا اس لئے ہے کہ انھوں نے کہا: بیع سود کے مانند ہی ہے! حالانکہ اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال کیا ہے، اور سود کو حرام کیا ہے، پس جس شخص کو اس کے پروردگار کی طرف سے نصیحت پہنچی، پس وہ باز آ گیا، تو اس کے لئے وہ (جائز) ہے جو پہلے لے چکا، اور اس کا معاملہ اللہ کی طرف ہے! اور جو شخص (سود کی طرف) لوٹا یعنی نزول حکم کے بعد سود لیا تو وہ دوزخ والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے!

تفسیر: اس آیت میں سمجھنے کی باتیں دو ہیں:

۱- کفار نے کہا: إنما البیع مثل الربوا: بیع: سود کے مانند ہی ہے! یعنی دونوں کا مقصد نفع کمانا ہے، پھر بیع جائز اور سود ناجائز: یہ کیا بات ہوئی؟ اگر جائز ہیں تو دونوں جائز ہیں، اور ناجائز ہیں تو دونوں ناجائز ہیں، جبکہ بیع کے بغیر دنیا کی گاڑی نہیں چل سکتی، پھر سود کیوں حرام ہو؟ اس کو بھی بیع کی طرح جائز ہونا چاہئے۔

۲-قرآن نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے 'بیع' کو حلال کیا ہے اور 'ربا' کو حرام کیا ہے، اور دونوں کا فرق وصفِ عنوانی میں رکھ دیا ہے، بیع کے اصطلاحی معنی ہیں: مبادلۃُ المال بالمال: مال متقوم کا مال متقوم سے تبادلہ کرنا یعنی مالک بننا اور بنانا۔ اور ربا کے اصطلاحی معنی ہیں: فضلٌ خالٍ عن عوضٍ: ایسی زیادتی جس کے مقابل کوئی عوض نہ ہو، ہزار روپے قرض دیئے، جو ایک ماہ کے بعد گیارہ سو روپے بن گئے، تو یہ سو روپے ایسی زیادتی ہے جس کے مقابل کوئی عوض نہیں، یہ ڈائریکٹ زر سے زر پیدا کرنا ہے، یہی ربا ہے، اور بیع میں بھی زر سے زر (نفع) پیدا کیا جاتا ہے، مگر درمیان میں عمل کا واسطہ آتا ہے، جیسے ہزار روپے کی گھڑی لایا اور گیارہ سو میں بیچ دی تو سو روپے نفع حاصل ہوا، مگر یہ ڈائریکٹ نفع حاصل نہیں ہوا، بلکہ درمیان میں عمل کا واسطہ آیا، یہ بیع اور ربا میں فرق ہے، اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال کیا ہے اور ربا کو حرام کیا ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ راست زر سے زر پیدا کرنے کی شریعت حوصلہ افزائی نہیں کرتی، شریعت چاہتی ہے کہ اگر زر سے زر پیدا کیا جائے تو درمیان میں عمل کا واسطہ آئے۔ کیونکہ زر سے بلاتوسطِ عمل زر پیدا کرنے کی صورت میں دو بڑی خرابیاں لازم آتی ہیں:

ایک: دولت کا اکتناز ہوجاتا ہے یعنی دولت چند ہاتھوں میں سمٹ جاتی ہے، جو شریعت کی نظر میں پسندیدہ نہیں، سورۃ الحشر (آیت ۷) میں مالِ فئ کے مصارف بیان کرنے کے بعد ارشاد پاک ہے: ﴿كَیْ لَا یَكُوْنَ دُوْلَةً بَیْنَ الْأَغْنِیَاءِ مِنْكُمْ﴾: تاکہ مالِ فئ تمہارے تونگروں کے قبضہ میں نہ آجائے، مجھے یاد ہے: میرے بچپن میں میری قوم بنیوں کے سود میں پھنسی ہوئی تھی، اور پورے گاؤں میں کسی کے پاس کوئی چیز نہیں تھی، کھیت میں جب فصل تیار ہوتی، تو کھلیان سے ہی بنیا سارا غلہ لے جاتا، پھر کھانے کے لئے غلہ بنیے سے سود پر لانا پڑتا، اب بینکیں چونکہ حکومتوں کی نگرانی میں ہیں، اس لئے شرح سود بھی کم ہوتا ہے اور حکومت وقتاً فوقتاً غریبوں کے قرضے معاف بھی کرتی رہتی ہے، اس لئے اکتناز دولت کی مضرت واضح طور

پر محسوس نہیں ہوتی۔

اور جب پیسے سے پیسہ پیدا کرنے کے لئے درمیان میں عمل کا واسطہ لایا جائے تو دولت پھیلے گی، جیسے ایک شخص کے پاس دس کروڑ روپے ہیں، اس نے ایک کارخانہ لگایا، اور مصنوعات تیار کیں، تو جو نفع ہوگا وہ اولاً ملازموں میں تقسیم ہوگا، پھر دسٹری بیوٹر (تقسیم کار) اس سے منتفع ہونگے، پھر خُردہ فروش ان مصنوعات سے کمائیں گے، اور کارخانے کے مالک کو بھی اس کے نصیب کا مل جائے گا، سارا نفع اس کے جیب میں نہیں جائے گا، اور اگر وہ دس کروڑ کا بینک کھول کر بیٹھ جائے اور سود پر قرضے دینے لگے تو زر سے پیدا ہونے والے زر کا وہ تنہا مالک ہوگا، اس طرح رفتہ رفتہ پبلک کی دولت سمٹ کر مہاجن کے جیب میں چلی جائے گی۔

اس لئے کوئی بینک اسلامی نہیں ہوسکتا، کیونکہ بینک نام ہی زر سے زر پیدا کرنے کا ہے، بینک درمیان میں عمل کا واسطہ نہیں لاسکتا، ہاں مرابحہ کا حیلہ کرسکتا ہے، مگر وہ ہمیشہ اسی حیلے میں پھنسا رہے گا، اس سے آگے عملاً مضاربت تک نہیں پہنچ سکتا۔

دوسری خرابی: بے روزگاری پھیلے گی، جب لوگ چھوٹی بڑی بینکیں اور پیڑھیاں کھول کر بیٹھ جائیں گے، اور زر سے بلاتوسط عمل زر پیدا کرنے لگیں گے تو عوام کے لئے کوئی کام نہیں رہے گا، اور وہ بے روزگار ہوکر حکومت کے لئے بوجھ بن جائیں گے، اور جب لوگ عمل کے توسط سے پیسہ کمائیں گے، کارخانے قائم کریں گے تو لوگوں کو روزگار ملے گا اور حکومتوں کا بوجھ ہلکا ہوگا۔

غرض: ان دو خرابیوں کی وجہ سے شریعت نے ربا کو حرام کیا ہے، اور بیع (معاملات) ان خرابیوں سے پاک ہے، اس لئے اس کو حلال کیا ہے۔

بہ الفاظ دیگر: اس مسئلہ کو اس طرح بھی سمجھا جاسکتا ہے کہ بیع میں اصل حلت ہے، اور جہاں خرابی در آتی ہے تو جس درجہ کی خرابی ہوتی ہے اس کے اعتبار سے بیع ناجائز ہوتی ہے، اگر خرابی ہلکی ہوتی ہے تو بیع فاسد ہوتی ہے، اور خرابی زیادہ ہوتی ہے تو بیع باطل ہوتی ہے، اور ربا بھی اگرچہ ایک طرح سے بیع ہے، مگر اس میں خرابی آخری درجہ کی ہے، جس کی تفصیل اوپر آچکی کہ اس سے دولت کا اکتناز ہوجاتا ہے اور ملک میں بے روزگاری پھیل جاتی ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے سود کو حرام کیا ہے۔

دوسری آیت: آیت مداینہ کا حصہ ہے (سورۃ البقرۃ آیت ۲۸۲) اس آیت میں یہ مضمون ہے کہ اگر کوئی ادھار کا بڑا معاملہ کیا جائے تو اس کی لکھت پڑھت ہوجائے: ﴿إِلَّآ أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً﴾ الآیۃ یعنی اگر کوئی سودا دست بدست ہو، جس کو باہم لیتے دیتے ہوں (ثمن دیا اور مبیع لی) تو اس کے نہ لکھنے میں تم پر کوئی الزام نہیں۔

تفسیر: بیع کی دو قسمیں ہیں: بیع معجّل اور بیع مؤجل۔ اگر مبیع اور ثمن دونوں موجود ہوں جو باہم لئے دیئے جائیں تو یہ بیع معجّل (نقد سودا) ہے، آیتِ کریمہ میں اسی کا بیان ہے اور مبیع اور ثمن میں سے کوئی ایک ادھار ہو تو یہ بیع مؤجل (ادھار

سودا) ہے بیع کی یہ قسم آیت کے اشارہ سے نکلتی ہے اور اس کا ذکر حدیثوں میں ہے، یہ دونوں بیعیں صحیح ہیں، یعنی نقد سودا بھی جائز ہے اور ادھار بھی، مگر ادھار سودے میں ایک عوض ادھار ہوسکتا ہے، دونوں عوض ادھار نہیں ہوسکتے، ورنہ بَیْعُ الْکَالِیٔ بِالْکَالِیٔ ہوگی، اور اس سے نبی ﷺ نے منع فرمایا ہے، اور معاملہ میں ادھار عام طور پر ثمن ہوتا ہے مگر بیع سلم میں ثمن نقد ہوتا ہے اور مبیع ادھار ہوتی ہے، جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۳۴- کِتَابُ الْبیوعِ]

وَقَوْلِهِ: ﴿وَأَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا﴾[البقرة: ۲۷۵] وَقَوْلُهُ: ﴿ إِلَّآ أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ﴾[البقرة: ۲۸۲]

بَابُ مَاجَاءَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى

﴿ فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلاَ ةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْأَرْضِ﴾ ﴿ وَلاَ تَأْكُلُوْا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ﴾

کاروبار کے سلسلہ کی تین آیتیں اور چار حدیثیں

یہاں امام بخاری رحمہ اللہ نے اگرچہ باب رکھا ہے، مگر ان کو عام آیات و احادیث سمجھنا چاہئے۔ آپؒ نے سورۃ الجمعہ کی آخری دو آیتیں، اور سورۃ النساء کی آیت ۲۹ لکھی ہے، پھر چار حدیثیں لائے ہیں۔

سورۃ الجمعہ کی آخری دو آیتیں: ﴿فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلاَ ةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوْا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ○ وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوَانِ انْفَضُّوْا إِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَائِمًا، قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ، وَاللّٰهُ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ﴾

ترجمہ: پھر جب نماز نمٹ جائے تو زمین میں پھیل جاؤ، اور اللہ تعالیٰ کی روزی تلاش کرو، اور اللہ تعالیٰ کو بکثرت یاد کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اور جب وہ کوئی تجارت یا لہو ولعب دیکھتے ہیں تو اس کی طرف دوڑ پڑتے ہیں، اور آپؐ کو خطبہ دیتے ہوئے چھوڑ جاتے ہیں! آپؐ کہہ دیں: جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ لہو ولعب اور تجارت سے بہتر ہے، اور اللہ تعالیٰ بہترین روزی پہنچانے والے ہیں!

تفسیر: ان آیتوں میں پانچ باتیں بیان کر کے ایک سوال مقدر کا جواب دیا ہے:

پہلی بات: کاروبار کا نمبر دوسرا ہے اور نماز کا پہلا، پس اگر نماز اور کاروبار میں تعارض ہوجائے تو نماز کو مقدم کرے گا،

یہی حال نوکری اور کھیتی باڑی کا ہے، بیہقی اور طبرانی نے یہ حدیث روایت کی ہے: کَسْبُ الحلالِ فریضةٌ بعدَ الفریضة: حلال روزی کمانا فرض کے بعد کا فرض ہے (یہ حدیث فی نفسہ ضعیف ہے، مگر اپنے شواہد کی وجہ سے حسن ہے کشف الخفاء) اور کتاب الجمعہ میں یہ حدیث گذری ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ جمعہ کی نماز پڑھا کر خطبہ دے رہے تھے (پہلے جمعہ کا خطبہ بھی عیدین کی طرح بعد میں ہوتا تھا) کہ اچانک مدینہ میں لادی (تجارتی کارواں) آیا، اور اس نے ڈھول بجایا، اور زمانہ قحط سالی کا تھا، لوگوں کے پاس غلہ نہیں تھا، چنانچہ لوگ خریداری کے لئے دوڑ پڑے، اور کچھ تماشہ دیکھنے کے لئے چل دیئے، اور مسجد میں صرف بارہ آدمی رہ گئے، اس پر سورۃ الجمعہ کی آخری آیت نازل ہوئی، اور ان سے کہا گیا کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے یعنی اول درجہ کے فرائض وہ سوداگری سے یعنی دوسرے درجہ کے فرائض سے بہتر ہے۔

دوسری بات: جسے بڑا تاجر بننا ہے یا کامیاب ملازمت کرنی ہے وہ زمین میں پھیلے۔ ﴿فی الأَرْضِ﴾ فرمایا، فی البلد نہیں فرمایا۔ آدمی جتنا زمین میں پھیلے گا آگے بڑھے گا، یہ ایک حقیقت ہے جسے ہر کوئی بوجھتا ہے، میری مثال لو! میں ہندوستان کی حد تک کتابوں کا کاروبار کرتا ہوں، اگر میں ایکسپورٹ امپورٹ کرنے لگوں تو میرا کاروبار دس گنا بڑھ جائے گا، مگر میں ایسا نہیں کرتا کیونکہ یہ میری سائڈ بزنس (ذیلی کام) ہے، میرا اصل کام تعلیم وتعلّم ہے، اگر کاروبار بڑھ جائے گا تو میرا اصل کام ہاتھ سے نکل جائے گا، پس علماء کو ذیلی کام اتنا ہی کرنا چاہئے کہ اصل کام متأثر نہ ہو۔

تیسری بات: ہر کام کے لئے محنت ضروری ہے، پیسہ بھی محنت سے کمایا جاتا ہے، اللہ تعالیٰ کی کچھ روزی تلاش کرنے کا یہی مطلب ہے۔ من جَدَّ وَجَد: جو کوشش کرتا ہے وہ کامیاب ہوتا ہے، زندگی جُہد ہے، استحقاق نہیں، تمام بڑے اور کامیاب تاجروں سے اور کسانوں سے پوچھ دیکھو، انھوں نے اپنی ابتدائی زندگی میں رات دن محنت کی ہے تب وہ کامیاب ہوئے ہیں۔

چوتھی بات: بکثرت ذکر کامیابی کی کنجی ہے، ذکر نمازوں کے ساتھ خاص نہیں، ہر وقت اللہ کا ذکر کرنا چاہئے: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اذْكُرُوْا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا﴾: اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کو خوب کثرت سے یاد کیا کرو (احزاب ۴۱) اور حدیث میں ہے: لایزال لسانُك رَطَبًا بذكر الله: ہمیشہ تیری زبان ذکر الٰہی سے تر رہے! اور جائز ناجائز کو پیش نظر رکھ کر کاروبار وغیرہ کرنا بھی ذکر اللہ کی ایک صورت ہے۔

پانچویں بات: جو لوگ ترتیب الٹی کر دیتے ہیں، اول نمبر کے فرض کو دوسرے درجہ میں کر دیتے ہیں، اور دوسرے درجہ کے فرض کو اول درجہ میں کر دیتے ہیں: وہ 'نادان' مسلمان ہیں، دانشمندی کی بات یہ ہے کہ ہر حقدار کو اس کا حق دیا جائے، جو لوگ تجارت کی ضرورت، کاشتکاری کی مشغولیت اور ملازمت کی حاجت کو مقدم کرتے ہیں اور نماز، روزے اور حج کے تقاضوں کو مؤخر کرتے ہیں: وہ کچھ اچھے مسلمان نہیں، ان کو جان لینا چاہئے کہ جو کچھ اللہ کے پاس ہے یعنی اول درجہ کے فرائض: تجارت اور بے کار مشاغل سے بدرجہا بہتر ہیں!

خیال خام: اور کوئی خیال کرے کہ اگر نماز پڑھنے جائیں گے تو گاہک چلا جائے گا اور نقصان ہوگا، کھیت کا کام رہ

جائے گا، ملازمت چھوٹ جائے گی تو جان لینا چاہئے کہ رزاق: گاہک، کھیت اور سیٹھ نہیں، روزی رساں اللہ تعالیٰ ہیں اور وہ بہترین روزی پہنچانے والے ہیں، پھر کیوں اسباب ظاہری کے چکر میں پڑا جائے، مسبب الاسباب پر اعتماد کر کے تو دیکھو!

دوسری آیت: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لاَ تَأْكُلُوْا أَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ﴾ ترجمہ: اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کے اموال ناحق طور پر مت کھاؤ، البتہ کوئی تجارت ہو جو باہمی رضامندی سے ہو (تو مضائقہ نہیں)

تفسیر: اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ تجارت میں تراضی طرفین بنیادی شرط ہے، تراضی: باب تفاعل کا مصدر ہے یعنی بائع اور مشتری دونوں سودے پر راضی ہوں، یہ بنیادی شرط ہے، اگر ایک بھی راضی نہیں تو خرید وفروخت جائز نہیں، وہ حرام مال کھانا ہے اور دونوں راضی ہیں تو حلال لقمہ ہے۔

[۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِی قَوْلِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی

[۱-] ﴿فَإِذَا قُضِیَتِ الصَّلاَةُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْأَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ﴾ إِلٰی آخِرِ السُّوْرَةِ.

[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿لاَ تَأْكُلُوْا أَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ﴾[النساء: ۲۹]

[۲۰۴۷-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، أَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، أَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ: إِنَّكُمْ تَقُوْلُوْنَ: إِنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ یُكْثِرُ الْحَدِیْثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَتَقُوْلُوْنَ: مَا بَالُ الْمُهَاجِرِیْنَ وَالْأَنْصَارِ لاَ یُحَدِّثُوْنَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِمِثْلِ حَدِیْثِ أَبِیْ هُرَیْرَةَ؟ وَإِنَّ إِخْوَتِیْ مِنَ الْمُهَاجِرِیْنَ كَانَ یَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ، وَكُنْتُ أَلْزَمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَلٰی مِلْءِ بَطْنِیْ، فَأَشْهَدُ إِذَا غَابُوْا، وَأَحْفَظُ إِذَا نَسُوْا. وَكَانَ یَشْغَلُ إِخْوَتِیْ مِنَ الْأَنْصَارِ عَمَلُ أَمْوَالِهِمْ، وَكُنْتُ امْرَءًا مِسْكِیْنًا مِنْ مَسَاكِیْنِ الصُّفَّةِ، أَعِیْ حِیْنَ یَنْسَوْنَ. وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِی حَدِیْثٍ یُحَدِّثُهُ: " إِنَّهُ لَنْ یَبْسُطَ أَحَدٌ ثَوْبَهُ، حَتَّی أَقْضِیَ مَقَالَتِیْ هٰذِهِ، ثُمَّ یَجْمَعَ إِلَیْهِ ثَوْبَهُ، إِلَّا وَعَی مَا أَقُوْلُ" فَبَسَطْتُ نَمِرَةً عَلَیَّ، حَتَّی إِذَا قَضَی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مَقَالَتَهُ جَمَعْتُهَا إِلٰی صَدْرِیْ، فَمَا نَسِیْتُ مِنْ مَقَالَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم تِلْكَ مِنْ شَیْئٍ. [راجع: ۱۱۸]

وضاحت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر لوگ کثرت سے حدیثیں بیان کرنے کی وجہ سے اعتراض کرتے تھے، آپؓ نے ان کو جواب دیا کہ میں ایک طرف ہر وقت نبی ﷺ کے ساتھ لگا رہتا تھا اور آپؐ کی باتیں سنتا اور ان کو یاد کرتا تھا، دوسری طرف نبی ﷺ کی خصوصی دعا بھی مجھے حاصل ہوئی تھی، یہ وجہ ہے میرے پاس حدیثیں زیادہ ہونے کی، مزید تفصیل

اور حدیث کا ترجمہ کتاب العلم باب ۴۲ (تحفۃ القاری ۱: ۴۱۴) میں ہے۔

اور باب سے متعلق حدیث کا یہ جزء ہے: كان يشغلُهم الصَّفْقُ بالأسواق: مہاجرین بازاروں میں تالی بجانے میں مشغول رہتے تھے (زمانۂ جاہلیت میں جب سودا مکمل ہوتا تھا تو تالی بجاتے تھے، پھر یہ محاورہ بن گیا یعنی مہاجرین کاروبار میں مشغول رہتے تھے، یہی جزء باب سے متعلق ہے)..........اور مقالۃ سے جنس مقالہ مراد ہے، کوئی خاص مقالہ (بات) مراد نہیں۔

[۲۰۴۸-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُوْفٍ: لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ آخَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنِيْ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، فَقَالَ سَعْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ: إِنِّيْ أَكْثَرُ الْأَنْصَارِ مَالاً، فَأَقْسِمُ لَكَ نِصْفَ مَالِيْ، وَانْظُرْ أَيَّ زَوْجَتَيَّ هَوِيْتَ، نَزَلْتُ لَكَ عَنْهَا، فَإِذَا حَلَّتْ تَزَوَّجْتَهَا، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: لَاحَاجَةَ لِيْ فِيْ ذٰلِكَ، هَلْ مِنْ سُوْقٍ فِيْهِ تِجَارَةٌ؟ قَالَ: سُوْقُ قَيْنُقَاعَ، قَالَ: فَغَدَا إِلَيْهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، فَأَتَى بِأَقِطٍ وَسَمْنٍ، قَالَ: ثُمَّ تَابَعَ الْغُدُوَّ، فَمَا لَبِثَ أَنْ جَاءَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَلَيْهِ أَثَرُ صُفْرَةٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "تَزَوَّجْتَ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "وَمَنْ؟" قَالَ: امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: "كَمْ سُقْتَ؟" قَالَ: زِنَةَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، أَوْ: نَوَاةَ ذَهَبٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ"[انظر: ۳۷۸۰]

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ہم مدینہ آئے تو نبی ﷺ نے میرے اور حضرت سعد بن الربیع رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ کرایا، پس سعد بن الربیعؓ نے (حضرت عبدالرحمٰنؓ سے) کہا: میں انصار میں سب سے زیادہ مال والا ہوں، پس میں بانٹوں گا آپ کے لئے میرا آدھا مال، اور آپ دیکھیں میری کونسی بیوی آپ کو پسند ہے میں آپ کے لئے اس سے اتر جاؤنگا، یعنی اس کو طلاق دیدونگا، پس جب عدت گذر جائے تو آپ اس سے نکاح کرلیں، پس ان سے عبدالرحمٰنؓ نے فرمایا: مجھے اس کی حاجت نہیں، کیا یہاں کوئی بازار ہے جہاں کاروبار ہوتا ہو؟ حضرت سعدؓ نے کہا: قینقاع کا بازار ہے۔ راوی کہتا ہے: پس حضرت عبدالرحمٰنؓ صبح بازار گئے اور اقط اور گھی لے کر آئے (یعنی دن بھر کاروبار کیا اور جو نفع ہوا اس سے اقط اور گھی خرید کر لائے) راوی کہتا ہے: پھر برابر ہر صبح جاتے رہے، پس زیادہ دن نہیں گذرے تھے کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ آئے درانحالیکہ ان پر صفرہ کا اثر تھا (صفرہ عورتوں کی خوشبو ہے) پس نبی ﷺ نے پوچھا: تم نے شادی کرلی؟ انھوں نے عرض کیا: جی ہاں، آپؐ نے پوچھا: کس سے؟ عرض کیا: ایک انصاری عورت سے، آپؐ نے پوچھا: کتنا مہر دیا؟ عرض کیا: گٹھلی کے برابر سونا یا فرمایا: سونے کی ایک گٹھلی، پس ان سے نبی ﷺ نے فرمایا: ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری کا ہو۔

تشریح: حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ روز بازار جاتے، ادھار مال خریدتے اور بیچتے، اس طرح کاروبار شروع کیا اور

بہت جلد اس قابل ہو گئے کہ شادی کر لی۔

[۲۰۴۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ الْمَدِيْنَةَ، فَآخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ الْأَنْصَارِيِّ، وَكَانَ سَعْدٌ ذَا غِنًى، فَقَالَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ: أُقَاسِمُكَ مَالِيْ نِصْفَيْنِ، وَأُزَوِّجُكَ، قَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ! دُلُّوْنِيْ عَلَى السُّوْقِ، فَمَا رَجَعَ حَتَّى اسْتَفْضَلَ أَقِطًا وَسَمْنًا، فَأَتَى بِهِ أَهْلَ مَنْزِلِهِ، فَمَكَثْنَا يَسِيْرًا أَوْ: مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَجَاءَ وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَهْيَمْ؟" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: "مَا سُقْتَ إِلَيْهَا؟" قَالَ: نَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ، أَوْ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: "أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ"

[انظر: ۲۲۹۳، ۳۷۸۱، ۳۹۳۷، ۵۰۷۲، ۵۱۴۸، ۵۱۵۳، ۵۱۵۵، ۵۱۶۷، ۶۰۸۲، ۶۳۸۶]

وضاحت: یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے، اور اس سے پہلے والی روایت خود حضرت عبدالرحمٰنؓ سے مروی تھی، دونوں میں ایک ہی واقعہ ہے......... اسْتَفْضَلَ: بچالیا یعنی اتنا نفع ہوا.......... وَضَرًا: أی أثرًا...... مَهْيَم: یمنی کلمہ ہے یعنی تمہارے کپڑوں پر یہ نشان کیسا؟ یہ نشان تو بیوی والے کے کپڑوں پر ہوتا ہے.......... وزنُ نواةٍ: کھجور کی گٹھلی کے برابر سونے کا وزن۔

امام اسحاق رحمہ اللہ کے نزدیک: پانچ درہم (۱۴ گرام سونا) اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک: تین درہم اور تہائی درہم۔

[۲۰۵۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَتْ عُكَاظُ، وَمَجَنَّةُ، وَذُوْ الْمَجَازِ أَسْوَاقًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا كَانَ الإِسْلَامُ فَكَأَنَّهُمْ تَأَثَّمُوْا فِيْهِ، فَنَزَلَتْ: ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلاً مِنْ رَبِّكُمْ﴾: فِيْ مَوَاسِمِ الْحَجِّ، فَقَرَأَهَا ابْنُ عَبَّاسٍ. [راجع: ۱۷۷۰]

وضاحت: یہ حدیث تفصیل سے کتاب المناسک باب ۱۵۰ میں گذر چکی ہے وہاں بتایا تھا کہ عرب میں پانچ میلے یکے بعد دیگرے لگتے تھے، عکاظ، مَجَنّة اور ذو المَجاز وغیرہ۔ زمانۂ جاہلیت میں حج کے سیزن میں لوگ ان میلوں میں کاروبار کرتے تھے، پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو کچھ لوگوں نے اس کو گناہ کا کام سمجھا، انھوں نے خیال کیا کہ حج کا سفر عبادت کا سفر ہے، اس کو وسیلۂ تجارت نہیں بنانا چاہیے، چنانچہ سورۂ بقرہ کی آیت ۱۹۸ نازل ہوئی کہ تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اپنے رب کی روزی تلاش کرو، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس آیت کی تفسیر میں فی مواسم الحج بڑھاتے تھے، یعنی حج کے سیزن میں تجارت اور خرید و فروخت کرنے میں کوئی گناہ نہیں، یہ بات ثواب کی کمی کا باعث نہیں، البتہ یہ ضروری ہے کہ اصل

نیت حج کی ہواور تجارت ضمناً ہو، اور دلوں کا حال اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں۔

بَابٌ: اَلْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ

حلال چیزیں واضح ہیں، اور حرام چیزیں واضح ہیں، اور دونوں کے درمیان مشتبہ چیزیں ہیں

روزی حاصل کرنے کے لئے حلال تجارت کرنی چاہئے، حرام تجارت نہیں کرنی چاہئے، جو مقدر میں ہوگا وہ ضرور ملے گا۔ حدیث میں ہے: إن نفساً لن تموت حتى تستكمل رزقها فأجملوا فى الطلب: آدمی اس وقت تک نہیں مرتا جب تک اس کی قسمت کا لکھا رزق اسے نہ پہنچ جائے، جب بات یہ ہے تو حلال کمائے، حرام میں پڑ کر عاقبت خراب کیوں کرے! اسی طرح جو چیزیں مشتبہ ہیں ان کی بھی تجارت نہ کرے ورنہ طبیعت میں بے باکی پیدا ہوگی۔ مثلاً جو ٹی وی خریدتا بیچتا ہے وہ سودی لین دین بھی کرسکتا ہے، جب مزاج میں دین کے تعلق سے بے باکی آگئی تو اب حرام کا ارتکاب کرنے میں کیا باک؟ اس لئے جو چیزیں حلال وحرام کے درمیان دائر ہیں ان سے بھی بچنا چاہئے۔

اس کے بعد چند باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: یہ حدیث پہلی بار کتاب الایمان باب ۳۹ (تحفۃ القاری ۱: ۲۹۴) میں آئی ہے، وہاں حدیث کا صحیح مفہوم بیان کیا ہے اور مشتبہ کی تفسیر عام طور پر علماء نے یہ کی ہے کہ جو امور ذو وجہات ہیں یعنی اس میں جواز کا پہلو بھی ہے اور عدم جواز کا بھی، ایسے معاملات مُشْتَبِهَات ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کی تین مثالیں دی ہیں:

پہلی مثال: حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے ابواہاب کی لڑکی سے نکاح کیا، جب شادی کی شہرت ہوئی تو ایک کالی عورت (حبشن) ان کے پاس آئی، اس نے کہا: عقبہ تو نے کس سے نکاح کرلیا، میں نے تجھے اور جس سے تو نے نکاح کیا ہے دونوں کو دودھ پلایا ہے، حضرت عقبہؓ مدینہ آئے اور آنحضور ﷺ سے پوری بات عرض کی اور آخر میں کہا کہ یارسول اللہ! وہ جھوٹی ہے! پس نبی ﷺ نے رخ پھیرلیا، انھوں نے دوسری جانب سے آکر یہی بات عرض کی، آپؐ نے پھر رخ پھیرلیا، جب تیسری بار یہ بات عرض کی تو آپؐ نے فرمایا: اس کو نکاح میں کیسے رکھو گے جبکہ وہ یہ بات کہتی ہے؟ یعنی رضاعت کا شبہ پیدا ہوگیا، اس لئے اس کو الگ کرو، چنانچہ حضرت عقبہؓ نے اس کو الگ کردیا۔

دوسری مثال: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے ایک بھائی کا کفر کی حالت میں انتقال ہوا، اس نے مرتے وقت حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو وصیت کی کہ زمعہ کی باندی کا فلاں لڑکا میرا ہے، تمہیں جب بھی موقعہ ملے اس کو اپنے خاندان میں ملالینا ــــ زمعہ: ام المؤمنین حضرت سوداء رضی اللہ عنہا کے والد ہیں ــــ فتح مکہ کے موقعہ پر حضرت سعدؓ کو وہ لڑکا مل گیا وہ جوان ہوچکا تھا حضرت سعدؓ نے اس کو لے لیا اور مدینہ ساتھ لانے کا ارادہ کیا، پس زمعہ کے لڑکے عبد نے مزاحمت کی، اس نے کہا: یہ میرا بھائی ہے، میرے ابا کی باندی سے پیدا ہوا ہے، یہ مقدمہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں پہنچا، آپؐ

نے دونوں کی بات سن کر عبد کے حق میں فیصلہ دیا، فرمایا: ''بچہ فراش (بستر) کے لئے ہے اور زانی کے لئے سنگ ہے'' پھر آنحضور ﷺ نے دیکھا کہ وہ حضرت سعدؓ کے بھائی کے مشابہ ہے اس لئے شک پیدا ہوا کہ شاید وہ زنا کی اولاد ہو، چنانچہ حضرت سوداء رضی اللہ عنہا کو اس بھائی سے پردہ کرنے کا حکم دیا، چنانچہ حضرت سوداءؓ نے تا وفات اس بھائی کو نہیں دیکھا۔

تیسری مثال: حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا کہ میں اپنا کتا بسم اللہ پڑھ کر شکار پر چھوڑتا ہوں پھر میں اس کتے کے ساتھ دوسرے کتے کو پاتا ہوں پس کیا میں اس شکار کو کھا سکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: وہ شکار حرام ہے اس کو کھانا جائز نہیں، کیونکہ تم نے اپنے کتے پر بسم اللہ پڑھی ہے، دوسرے کتے پر بسم اللہ نہیں پڑھی، یعنی یہ احتمال ہے کہ شکار کو دوسرے کتے نے مارا ہو اور وہ بسم اللہ پڑھے بغیر چھوڑا گیا ہے، یا وہ غیر معلّم ہو یا کافر کا کتا ہو پس اس شکار میں موت کے دو سبب جمع ہو گئے، ایک حلال، دوسرا حرام، اس لئے نبی ﷺ نے اس شکار کو حرام قرار دیا۔

غرض امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک مشتبہ امور وہ ہیں جن میں حلال کا پہلو بھی ہو اور حرام کا بھی، حضرت رحمہ اللہ نے اگلے باب میں یہ تین مثالیں پیش کی ہیں۔ مگر میں نے پہلے بیان کیا ہے کہ مشتبہ کی تفسیر ادھر اُدھر تلاش کرنے کی ضرورت نہیں خود حدیث میں اس کی وضاحت موجود ہے، ترمذی شریف میں أبواب البیوع کے شروع میں اس کی یہ تفسیر ہے: لایَدری کثیرٌ من الناس أَمِن الحلال هِیَ أم من الحرام؟ یعنی مشتبہ چیزیں وہ ہیں جن کے بارے میں عام لوگ نہیں جانتے کہ وہ حلال ہیں یا حرام؟ بڑے علماء ہی ان کے احکام جانتے ہیں، عام مسلمانوں کے سامنے چونکہ وہ چیزیں پہلی مرتبہ آئی ہیں اس لئے وہ ان کے احکام سے واقف نہیں، یہ چیزیں ان کے حق میں مشتبہ ہیں، جب تک ان کا حلال ہونا واضح نہ ہو ان سے کنارہ کش رہنا چاہئے۔

پس اس حدیث کے ذریعہ مؤمن کا ایک خاص مزاج بنایا گیا ہے، مؤمن کا مزاج یہ ہونا چاہئے کہ وہ محتاط زندگی گذارے اور جن چیزوں کا حلال ہونا یقینی طور پر معلوم نہیں ان سے بچے، اس کا دین پاک صاف رہے گا، ارشاد فرمایا: حلال واضح ہے، اسے بے تکلف اختیار کرو، اور حرام بھی واضح ہے اس کے قریب بھی مت جاؤ، اور دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں جن کا حلال ہونا عام لوگوں کے لئے واضح نہیں، پس جس نے ان کو چھوڑ دیا وہ حرام سے ضرور بچ جائے گا اور جس نے مشتبہ امور میں ہاتھ ڈالا وہ قریب ہے کہ حرام میں جا پڑے، جب مزاج میں دین کے تعلق سے بے باکی پیدا ہوگئی تو اب حرام کا ارتکاب کرنے میں کیا باک؟ پھر اس کو نبی ﷺ نے ایک مثال سے سمجھایا کہ جو شخص سرکاری چراگاہ کے اردگرد جانور چراتا ہے وہ قریب ہے کہ چراگاہ میں جا پڑے، چرواہا ذرا غافل ہوا کہ جانور ریزروایرے میں جا گھسیں گے اور پولیس اس کی خبر لے لیگی، اور جو چرواہا محتاط ہے سرکاری چراگاہ سے دور جانور چراتا ہے وہ اگر غافل بھی ہو گیا اور جانور آگے بڑھ گئے تو چراگاہ تک نہیں پہنچیں گے، اور وہ پولیس کے عتاب سے محفوظ رہے گا۔

اور جس طرح حکومتیں سرکاری جانوروں کے لئے چراگاہ مخصوص کرتی ہیں جن میں پبلک کو جانور چرانے کی اجازت نہیں

اسی طرح اللہ نے جو کام حرام کئے ہیں وہ اللہ کا محفوظ ایریا ہیں، مؤمنین کو ان کی حدود میں داخل ہونے کی اجازت نہیں بلکہ احتیاط کی بات یہ ہے کہ مشتبہ امور سے بھی دور رہے اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے جب تحقیق کے بعد اقدام کرے، جب تک کسی چیز کا حلال ہونا واضح نہ ہو جائے اس سے کنارہ کش رہے، یہی مزاج اور یہی ذہن بنانا اس حدیث کا مقصود ہے۔ مزید تفصیل تحفۃ القاری (۱:۲۹۵) میں ہے۔

[۲-] بَابٌ: اَلْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ

[۲۰۵۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنِ بَشِيْرٍ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، ثَنَا أَبُوْ فَرْوَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِيْ فَرْوَةَ،سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، سَمِعْتُ النُّعْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ فَرْوَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" اَلْحَلَالُ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُمَا أُمُوْرٌ مُشْتَبِهَةٌ، فَمَنْ تَرَكَ مَا شُبِّهَ عَلَيْهِ مِنَ الإِثْمِ كَانَ لِمَا اسْتَبَانَ لَهُ أَتْرَكَ، وَمَنِ اجْتَرَأَ عَلٰى مَا يَشُكُّ فِيْهِ مِنَ الإِثْمِ أَوْشَكَ أَنْ يُوَاقِعَ مَا اسْتَبَانَ، وَالْمَعَاصِيْ حِمَى اللّٰهِ، مَنْ يَرْتَعْ حَوْلَ الْحِمَى يُوْشِكْ أَنْ يُوَاقِعَهُ"[راجع: ۵۲]

قوله: فمن ترك ما شُبِّهَ: جس نے چھوڑ دیا اس گناہ کے کام کو جو اس پر مشتبہ ہے یعنی مشتبہ چیز کا ارتکاب نہیں کیا، نہ اس کی تجارت کی (من الإثم: ما کا بیان ہے) تو اس کے لئے اس گناہ کو چھوڑنا زیادہ آسان ہوگا جس کا گناہ ہونا واضح ہے اور جس نے اس گناہ پر دلیری کی جس میں شک کیا جاتا ہے یعنی جس کا حلال ہونا یقینی طور پر معلوم نہیں تو قریب ہے کہ وہ جا پڑے اس گناہ میں جس کا گناہ ہونا واضح ہے اور معاصی اللہ کا ریزروایریا ہیں، جو شخص ریزروایریے کے آس پاس جانور چراتا ہے وہ قریب ہے کہ ریزروایریے میں جا پڑے۔

بَابُ تَفْسِيْرِ الْمُشَبَّهَاتِ

مشتبہات کی وضاحت

اس باب کی تقریر اوپر آچکی، حضرت رحمہ اللہ نے اس باب میں مشتبہ چیزوں کی تین مثالیں بیان کی ہیں، اور حضرت حسان بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے پرہیزگاری سے زیادہ آسان کوئی چیز نہیں دیکھی، یعنی تقوی اختیار کرنا بہت آسان ہے، اور اس کا فارمولہ ہے: دَعْ مَا يُرِيْبُكَ إِلٰى مَا لاَ يُرِيْبُكَ: جو بات کھٹک پیدا کرے اسے چھوڑ دو، اور بے کھٹک

بات کواختیار کرو، مؤمن کا دل کسوٹی ہے، جب بھی کوئی معاملہ پیش آئے تو دل سے پوچھے، دل مطمئن ہے تو اس کام کو کرے اور شک ہو تو چھوڑ دے یہ پرہیزگار بننے کا آسان فارمولہ ہے۔

[٣-] بَابُ تَفْسِيْرِ الْمُشَبَّهَاتِ

وَقَالَ حَسَّانُ بْنُ أَبِيْ سِنَانٍ: مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَهْوَنَ مِنَ الْوَرَعِ: دَعْ مَا يَرِيْبُكَ إِلٰى مَالاَ يَرِيْبُكَ.

[٢٠٥٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ: أَنَّ امْرَأَةً سَوْدَاءَ جَاءَ تْ فَزَعَمَتْ أَنَّهَا أَرْضَعَتْهُمَا، فَذَكَرَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، وَتَبَسَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "كَيْفَ وَقَدْ قِيْلَ؟" وَكَانَتْ تَحْتَهُ ابْنَةُ أَبِيْ إِهَابٍ التَّمِيْمِيِّ. [راجع: ٨٨]

[٢٠٥٣-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ عُتْبَةُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ عَهِدَ إِلٰى أَخِيْهِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ: أَنَّ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ مِنِّى فَاقْبِضْهُ، قَالَتْ: فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ أَخَذَهُ سَعْدُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ، وَقَالَ: ابْنُ أَخِيْ قَدْ عَهِدَ إِلَيَّ فِيْهِ، فَقَامَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ: أَخِيْ وَابْنُ وَلِيْدَةِ أَبِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَتَسَاوَقَا إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ سَعْدٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ابْنُ أَخِيْ، كَانَ قَدْ عَهِدَ إِلَيَّ فِيْهِ، فَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ: أَخِيْ وَابْنُ وَلِيْدَةِ أَبِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ" ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ" ثُمَّ قَالَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "احْتَجِبِيْ" لِمَا رَأَى مِنْ شَبَهِهِ بِعُتْبَةَ، فَمَا رَآهَا حَتَّى لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ.

[انظر: ٢٢١٨، ٢٤٢١، ٢٥٣٣، ٢٧٤٥، ٤٣٠٣، ٦٧٤٩، ٦٧٦٥، ٦٨١٧، ٧١٨٢]

[٢٠٥٤-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمِعْرَاضِ، فَقَالَ: "إِذَا أَصَابَ بِحَدِّهِ فَكُلْ، وَإِذَا أَصَابَ بِعَرْضِهِ فَقَتَلَ فَلاَ تَأْكُلْ، فَإِنَّهُ وَقِيْذٌ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أُرْسِلُ كَلْبِيْ وَأُسَمِّيْ، فَأَجِدُ مَعَهُ عَلٰى الصَّيْدِ كَلْبًا آخَرَ لَمْ أُسَمِّ عَلَيْهِ، وَلاَ أَدْرِيْ أَيُّهُمَا أَخَذَ؟ قَالَ: "لاَ تَأْكُلْ، إِنَّمَا سَمَّيْتَ عَلٰى كَلْبِكَ وَلَمْ تُسَمِّ عَلَى الآخَرِ"[راجع: ١٧٥]

قوله: كيف وقد قيل؟ اس کو نکاح میں کیسے رکھو گے جبکہ وہ بات کہی گئی یعنی جب وہ حبشن کہہ رہی ہے کہ اس نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے تو رضاعت کا شبہ پیدا ہو گیا اب اس کو کیسے نکاح میں رکھو گے؟............**قوله: أن ابن وليدة زمعة**

منی: زمعہ کی باندی کا لڑکا میرے نطفہ سے ہے، پس اس کو لے لینا.......... قد عهد إلی فيه: یہ میرا بھتیجا ہے میرے بھائی نے اس کے سلسلہ میں مجھ سے عہد لیا ہے.......... قولہ: فتساوقا: پس دونوں نبی ﷺ کے پاس مقدمہ لے کر گئے .... قولہ: لِمَا رأی من شبهه: بایں وجہ کہ آپؐ نے اس لڑکے میں عتبہ کی مشابہت دیکھی .... المِعراض: تیر کے پھل کی طرح کا ایک ہتھیار، تیر میں لکڑی لگتی ہے اور وہ کمان سے چلایا جاتا ہے اور معراض میں لکڑی نہیں لگتی اور وہ تیر کے پھل سے بڑا ہوتا ہے اور اس کا پکڑنے کا دستہ ہوتا ہے اس کو ہاتھ سے پکڑ کر سیدھ باندھ کر مارتے ہیں، وحشیؓ نے سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو اسی ہتھیار سے قتل کیا تھا (تحفۃ الالمعی ۴:۴۰۹) حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے معراض کے شکار کے بارے میں دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''وہ شکار جس کو آپ معراض کی دھار (نوک) سے پہنچیں پس کھائیں، اور جس کو آپ معراض کی چوڑائی (جانب) سے پہنچیں پس وہ مرجائے تو نہ کھائیں کیونکہ وہ کوٹا ہوا ہے'' (جو بہ نص قرآنی حرام ہے، اس کی تفصیل اپنی جگہ آئے گی)

بَابُ مَایُتَنَزَّہُ مِنَ الشُّبُهَاتِ

وہ مشتبہ چیزیں جن سے بچا جائے

مشتبہ چیزوں سے بچنے کی آخری حد یہ ہے کہ معمولی مشتبہ چیزوں سے بھی بچا جائے، بعض لوگ بازار سے آم خرید کر نہیں کھاتے، باغ کے مالک سے خرید کر کھاتے ہیں، کیونکہ آج کل بہار بکتی ہے اور وہ بیع باطل ہوتی ہے، اگرچہ دارالحرب میں عقود فاسدہ کی گنجائش ہے، پس یہ غایت درجہ احتیاط ہے، مشتبہ چیزوں سے ایسی ہی احتیاط چاہئے، یہی اس باب کا مقصود ہے۔

[٤-] بَابُ مَایُتَنَزَّہُ مِنَ الشُّبُهَاتِ

[٢٠٥٥-] حدثنا قَبِيْصَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِتَمْرَةٍ مَسْقُوْطَةٍ، فَقَالَ: " لَوْلَا أَنْ تَكُوْنَ صَدَقَةً لَأَكَلْتُهَا"

وَقَالَ هَمَّامٌ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " أَجِدُ تَمْرَةً سَاقِطَةً عَلٰى فِرَاشِيْ"

[انظر: ٢٤٣١]

ترجمہ: نبی ﷺ ایک کھجور کے پاس سے گذرے جو پڑی ہوئی تھی، پس آپؐ نے فرمایا: اگر صدقہ کی ہونے کا احتمال نہ ہوتا تو میں اس کو اٹھا کر کھالیتا۔ یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: میں اپنے بستر پر چھوہارا پڑا ہوا پاتا ہوں۔

تشریح: عشر و صدقات میں جو چھوہارے وصول ہوتے تھے وہ مسجدِ نبوی میں اور آپؐ کے گھر کے کسی کونے میں ڈھیر

کردیئے جاتے تھے اور گھر میں گھر کے چھوہارے بھی ہوتے ہیں، اس لئے بستر پر جو چھوہارا پڑا ہے اس کے بارے میں یقین سے نہیں کہا جاسکتا کہ وہ صدقہ کا ہے، مگر احتمال ہے اس لئے آپؐ اس کو نہیں کھاتے تھے۔ غرض: اس حد تک (احتمال کے درجہ تک) مشتبہ چیزوں سے بچنا چاہئے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ الْوَسَاوِسَ وَنَحْوَهَا مِنَ الشُّبُهَاتِ

جس نے وسوسوں اور اندیشوں کو شبہات میں شمار نہیں کیا

مشتبہ چیزیں کیا ہیں؟ اس کی حدود متعین کرتے ہیں۔ جس چیز میں ادنی شبہ ہو وہ مشتبہات میں سے ہے، لیکن جو چیزیں وساوس کے درجہ کی ہیں وہ مشتبہات میں شامل نہیں، یعنی احتمال ناشی عن الدلیل ہونا چاہئے، محض وسوسہ کی بنیاد پر کسی چیز کو مشتبہ قرار نہیں دیں گے۔ حضرت رحمہ اللہ نے اس کی دو مثالیں دی ہیں:

پہلی مثال: کبھی پیٹ میں قراقر ہوتا ہے، ریح مبرز کے قریب تک آکر لوٹ جاتی ہے، پس خروج ریح کا مظنہ (احتمال) پیدا ہوتا ہے، نبی ﷺ نے اس کا اعتبار نہیں کیا آپؐ نے فرمایا: **لاینصرف حتی یسمع صوتا أو یجد ریحا**: جب تک آواز نہ سنے یا بدبو نہ پائے نماز سے نہ پھرے یعنی جب خروج ریح کا یقین ہو تب وضو ٹوٹتا ہے۔

دوسری مثال: مدینہ منورہ کے اطراف میں جو بدّو رہتے تھے وہ جانور ذبح کر کے اس کا گوشت مدینہ منورہ میں لاکر بیچتے تھے، بعض لوگوں کو شبہ ہوا کہ یہ لوگ بدّو ہیں، دین وشریعت سے ناواقف ہیں، اللہ جانے ذبح کرتے وقت بسم اللہ پڑھتے ہیں یا نہیں؟ پس آپؐ نے فرمایا: ''تم بسم اللہ پڑھ کر کھالو'' یعنی آپؐ نے اس شبہ کا اعتبار نہیں کیا کیونکہ یہ محض وسوسہ تھا، جب بغیر بسم اللہ کے ذبح کرتے ہوئے ہم نے نہیں دیکھا اور وہ مسلمان ہیں تو محض شبہ کی بنیاد پر گوشت کو حرام قرار نہیں دیں گے۔

[٥-] بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ الْوَسَاوِسَ وَنَحْوَهَا مِنَ الشُّبُهَاتِ

[٢٠٥٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: شُكِيَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الرَّجُلُ يَجِدُ فِي الصَّلاَةِ شَيْئًا، أَيَقْطَعُ الصَّلاَةَ؟ قَالَ: '' لَا، حَتَّى يَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ يَجِدَ رِيْحًا'' [راجع: ١٣٧]

وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: لاَ وُضُوْءَ إِلَّا فِيْمَا وَجَدْتَ الرِّيْحَ أَوْ سَمِعْتَ الصَّوْتَ.

[٢٠٥٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ قَوْمًا قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ قَوْمًا يَأْتُوْنَنَا بِاللَّحْمِ، لاَ نَدْرِيْ أَذْكَرُوْا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ، أَمْ لاَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' سَمُّوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ، وَكُلُوْهُ''

[انظر: ٥٥٠٧، ٧٣٩٨]

قولہ: شُكِيَ: کو مجہول بھی پڑھ سکتے ہیں، اس صورت میں الرجلُ مرفوع ہوگا اور معروف بھی پڑھ سکتے ہیں، پس وہ منصوب ہوگا اور فاعل عبداللہ ہونگے (تحفۃ القاری ۱:۴۴۹)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوَانِ انْفَضُّوْا إِلَيْهَا﴾

جب وہ کوئی تجارت یا لہو ولعب دیکھتے ہیں تو اس کی طرف دوڑ پڑتے ہیں

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ اوقات نماز میں تجارت وغیرہ ممنوع ہیں، حدیث میں ہے: **كَسْبُ الحلال فريضة بعد الفريضة:** یعنی نماز اول درجہ کا فریضہ ہے اور تجارت وغیرہ دوسرے درجہ کا، پس نماز کو چھوڑ کر تجارت میں مشغول ہونا جائز نہیں، ایک مرتبہ آنحضور ﷺ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے، اچانک مدینہ منورہ میں شام سے ایک تجارتی قافلہ آیا اور اس نے نقارہ بجایا، لوگ آپؐ کو خطبہ دیتے ہوئے چھوڑ کر خریداری کے لئے چل دیئے اور کچھ لوگ تماشہ دیکھنے گئے اور نبی ﷺ کے پاس صرف بارہ آدمی باقی رہ گئے، اس پر مذکورہ آیت نازل ہوئی، جس سے معلوم ہوا کہ نماز کو چھوڑ کر تجارت میں مشغول ہونا جائز نہیں۔

[٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوَانِ انْفَضُّوْا إِلَيْهَا﴾

[٢٠٥٨-] حدثنا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، ثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمٍ، حَدَّثَنِيْ جَابِرٌ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، إِذْ أَقْبَلَتْ مِنَ الشَّامِ عِيْرٌ، تَحْمِلُ طَعَامًا، فَالْتَفَتُوْا إِلَيْهَا، حَتَّى مَا بَقِيَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا، فَنَزَلَتْ﴿ وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوَا نِانْفَضُّوْا إِلَيْهَا﴾[الجمعة: ١١] [راجع: ٩٣٦]

قولہ: بينما نحن نصلى مع النبى صلى الله عليه وسلم: یہ مجاز ہے، نماز ہو چکی تھی اور خطبہ ہو رہا تھا اور یہ واقعہ اس زمانہ کا ہے جب نماز جمعہ پہلے ہوتی تھی اور خطبہ عیدین کی طرح بعد میں، تفصیل گذر چکی ہے (تحفۃ القاری ۳:۲۵۸)

بَابُ مَنْ لَمْ يُبَالِ مِنْ حَيْثُ كَسَبَ الْمَالَ

جس کو پرواہ نہیں کہ کہاں سے مال کمایا

یہ باب منفی پہلو سے ہے، پہلے مثبت پہلو سے باب آیا ہے کہ حلال تجارت کرو اور حرام اور مشتبہ امور کی تجارت سے بچو، اب یہ منفی پہلو سے باب آیا کہ جو حلال وحرام کی فکر نہیں کرتا، بس مال آنا چاہئے، کمائی کا ذریعہ حلال ہے یا حرام اس کی کوئی پرواہ نہیں، اس کے بارے میں کیا وعید آئی ہے؟

[۷-] بَابُ مَنْ لَمْ يُبَالِ مِنْ حَيْثُ كَسَبَ الْمَالَ

[۲۰۵۹-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لاَ يُبَالِي الْمَرْءُ مَا أَخَذَ مِنْهُ: أَمِنَ الْحَلاَلِ أَمْ مِنَ الْحَرَامِ؟''

[انظر: ۲۰۸۳]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی کو کچھ پرواہ نہ ہوگی کہ اس نے کہاں سے مال کمایا: حلال طریقہ سے یا حرام طریقہ سے؟'' آپؐ کا یہ ارشاد مذمت کے طور پر ہے، پس یہی وعید ہے۔

بَابُ التِّجَارَةِ فِي الْبَزِّ وَغَيْرِهِ

کپڑے وغیرہ کی تجارت کرنا

الْبَزّ: سوتی کپڑا، مراد مطلق کپڑا ہے، اور گیلری میں فی الْبَرّ ہے یعنی خشکی میں تجارت، بعض نے اس کو اصح قرار دیا ہے، کیونکہ آگے فی البحر آرہا ہے، پس تقابل ہوجائے گا۔

اور حضرت قدس سرہ نے باب میں سورۃ النور کی آیت ۳۷ کا ایک حصہ لکھا ہے، جس میں تجارت کا ذکر ہے، بس باب سے آیت کی مناسبت اتنی ہی ہے۔ اللہ عزوجل فرماتے ہیں: ایسے مرد جن کو اللہ کے ذکر سے نہ تجارت غافل کرتی ہے نہ خرید وفروخت! یعنی وہ بندے دوکان پر کام کرتے ہیں، مگر جب نماز کا وقت آتا ہے تو وہ فوراً مسجد پہنچ جاتے ہیں۔

اور قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قوم یعنی صحابہ خرید وفروخت اور تجارت کرتے تھے، مگر جب اللہ کا کوئی حق سامنے آتا تو ان کو اس حق کی ادائیگی سے نہ تجارت غافل کرتی نہ خرید وفروخت یعنی پہلے وہ اللہ کا حق ادا کرتے، پھر تجارت وغیرہ امور میں مشغول ہوتے۔

[۸-] بَابُ التِّجَارَةِ فِي الْبَزِّ وَغَيْرِهِ

[۱-] وَقَوْلُ اللهِ: ﴿رِجَالٌ لاَ تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَلاَ بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللهِ﴾ [النور: ۳۷]

[۲-] وَقَالَ قَتَادَةُ: كَانَ الْقَوْمُ يَتَبَايَعُوْنَ وَيَتَّجِرُوْنَ، وَلَكِنَّهُمْ إِذَا نَابَهُمْ حَقٌّ مِنْ حُقُوْقِ اللهِ، لَمْ تُلْهِهِمْ تِجَارَةٌ وَلاَ بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللهِ، حَتَّى يُؤَدُّوْهُ إِلَى اللهِ.

[۲۰۶۰و۲۰۶۱-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ، قَالَ: كُنْتُ أَتَّجِرُ فِي الصَّرْفِ، فَسَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، فَقَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنِيْ

الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ، ثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، وَعَامِرُ بْنُ مُصْعَبٍ، أَنَّهُمَا سَمِعَا أَبَا الْمِنْهَالِ، يَقُوْلُ: سَأَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، وَزَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ عَنِ الصَّرْفِ، فَقَالاَ: كُنَّا تَاجِرَيْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الصَّرْفِ، فَقَالَ: "إِنْ كَانَ يَدًا بِيَدٍ فَلاَ بَأْسَ، وَإِنْ كَانَ نَسِيْأً فَلاَ يَصْلُحُ"

[الحديث: ٢٠٦٠، انظر: ٢١٨٠، ٢٤٩٧، ٣٩٣٩]؛ الحديث: ٢١٦١، انظر: ٢١٨١، ٢٤٩٨، ٣٩٤٠]

ترجمہ: ابوالمنہال کہتے ہیں: میں صراف تھا (سونے چاندی کے تاجر کو صراف کہتے ہیں)........... میں نے حضرت براء اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہما سے سونے چاندی کی تجارت کے بارے میں پوچھا: (دونوں حضرات صراف تھے اس لئے ابوالمنہال نے ان سے مسئلہ پوچھا) دونوں نے فرمایا: ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں تجارت کرتے تھے ہم نے آپ سے سونے چاندی کی تجارت کے بارے میں پوچھا، آپ نے فرمایا: اگر دست بدست ہو یعنی نقد معاملہ ہو تو کچھ حرج نہیں، اور اگر ادھار معاملہ ہو تو صحیح نہیں۔

تشریح: حدیث کی باب کے ساتھ مناسبت ظاہر ہے، سونے چاندی کی بیع غیرہ میں داخل ہے، اور عام بیع میں نقد اور ادھار دونوں جائز ہیں، مگر بیع صرف میں مجلس عقد میں عوضین پر قبضہ ضروری ہے، ادھار جائز نہیں۔

بَابُ الْخُرُوْجِ فِي التِّجَارَةِ

تجارت کے لئے سفر کرنا

تجارت کے لئے سفر کرنا جائز ہے، ارشاد پاک ہے: "زمین میں پھیلو اور اللہ کا فضل (رزق) تلاش کرو" (الجمعہ آیت ۱۰) اس آیت میں اشارہ ہے کہ جتنا زمین میں پھیلے گا اتنا فائدہ ہوگا، کہتے ہیں: حرکت میں برکت ہے!

[٩-] بَابُ الْخُرُوْجِ فِي التِّجَارَةِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿فَانْتَشِرُوْا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ﴾[الجمعة: ١٠]

[٢٠٦٢-] حدثنا مُحَمَّدٌ، أَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، أَنَّ أَبَا مُوْسَى الْأَشْعَرِيَّ اسْتَأْذَنَ عَلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ، وَكَأَنَّهُ كَانَ مَشْغُوْلاً، فَرَجَعَ أَبُوْ مُوْسَى، فَفَزِعَ عُمَرُ، فَقَالَ: أَلَمْ أَسْمَعْ صَوْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ؟ ائْذَنُوْا لَهُ، قِيْلَ: قَدْ رَجَعَ، فَدَعَاهُ، فَقَالَ: كُنَّا نُؤْمَرُ بِذٰلِكَ، فَقَالَ: تَأْتِيْنِيْ عَلٰى ذٰلِكَ بِالْبَيِّنَةِ، فَانْطَلَقَ إِلٰى مَجْلِسِ الْأَنْصَارِ، فَسَأَلَهُمْ، فَقَالُوْا: لاَ يَشْهَدُ لَكَ عَلٰى هٰذَا إِلاَّ أَصْغَرُنَا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ، فَذَهَبَ بِأَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، فَقَالَ عُمَرُ: أَخَفِيَ عَلَيَّ مِنْ

أَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ أَلْهَانِيْ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ، يَعْنِيْ الْخُرُوْجَ إِلَى التِّجَارَةِ.

[انظر: ٦٢٤٥، ٧٣٥٣]

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آنے کی اجازت طلب کی، پس ان کو اجازت نہیں دی گئی، اور گویا حضرت عمرؓ کسی کام میں مشغول تھے، پس ابوموسیٰ لوٹ گئے، پس حضرت عمرؓ گھبرا گئے اور فرمایا: کیا میں نے عبداللہ بن قیسؓ کی آواز نہیں سنی؟ ان کو آنے کی اجازت دو، کہا گیا: وہ لوٹ گئے، پس حضرت عمرؓ نے ان کو بلوایا (اور واپس لوٹ جانے کی وجہ دریافت کی) ابوموسیؓ نے کہا: ہم اس کا حکم دیئے جاتے تھے، حضرت عمرؓ نے فرمایا: اس پر گواہ لاؤ، پس ابوموسیؓ انصار کی مجلس میں گئے اور ان سے پوچھا: انھوں نے کہا: آپ کے لئے اس کی گواہی نہیں دے گا مگر ابوسعید جو ہم میں سب سے چھوٹا ہے، پس وہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کو لے کر گئے، پس حضرت عمرؓ نے فرمایا: افسوس! مجھ پر نبی ﷺ کی حدیثیں پوشیدہ رہ گئیں! مجھ کو بازاروں میں مشغولیت نے یعنی تجارت کے لئے نکلنے نے غافل کر دیا (یہی جزء باب سے متعلق ہے)

تشریح: شروع میں حفاظتِ حدیث کے لئے بعض صحابہ نے بعض اصول بنائے تھے، مثلاً حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جب کوئی حدیث بیان کرتا تو آپؓ اس کو قسم دیتے، اگر وہ قسم کھا کر کہتا کہ اس نے نبی ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے تو آپؓ وہ حدیث قبول کر لیتے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ گواہ طلب کرتے تھے، اسی سلسلہ کا یہ واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ان کے دورِ خلافت میں ان کے گھر ملاقات کے لئے گئے، اور وقفہ وقفہ سے تین مرتبہ سلام کیا، حضرت عمرؓ کسی کام میں مشغول تھے، مثلاً بیت الخلاء میں ہونگے اس لئے جواب نہیں دیا، حضرت ابوموسیؓ لوٹ گئے، جب حضرت عمرؓ فارغ ہوئے تو آپؓ نے فرمایا: میں نے عبداللہ بن قیسؓ کی آواز سنی ہے، ان کو اندر بلاؤ، خادم گیا اور آ کر عرض کیا کہ وہ چلے گئے، آپؓ نے آدمی بھیج کر ان کو بلوایا اور واپس لوٹ جانے کی وجہ پوچھی۔ حضرت ابوموسیؓ نے حدیث سنائی کہ نبی ﷺ نے تین مرتبہ اجازت طلب کرنے کی اور اجازت نہ ملے پر واپس لوٹ جانے کا حکم دیا ہے، حضرت عمرؓ نے گواہ مانگا، حضرت ابوموسیؓ پریشان ہو گئے، وہ گواہ کی تلاش میں نکلے، ایک جگہ کچھ انصار جمع تھے ان سے جا کر پورا واقعہ بیان کیا اور مدد کی درخواست کی، انھوں نے کہا ہم میں سے ہر شخص نے یہ حدیث سنی ہے اور عمرؓ نے لوگوں کو پریشان کر دیا، اس لئے ہم میں جو سب سے چھوٹا ہے وہ آپ کے ساتھ جا کر گواہی دے گا، اس مجلس میں سب سے چھوٹے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ تھے انھوں نے جا کر گواہی دی کہ یہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے افسوس ظاہر کرتے ہوئے فرمایا: دین کی موٹی باتیں بھی مجھ سے پوشیدہ رہ گئیں! کیونکہ میں مارکیٹ میں کاروبار کرتا تھا، اسی مناسبت سے یہاں یہ حدیث لائے ہیں۔

ملحوظہ: حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما نے جو احتیاطی ضوابط بنائے تھے ان کو اصول حدیث میں نہیں لیا گیا کیونکہ

روایت حدیث ازقبیل دیانت ہے اور قسم معاملات میں لی جاتی ہے اسی طرح گواہی بھی معاملات میں لی جاتی ہے، دیانات میں گواہی نہیں لی جاتی، اس لئے اصولِ حدیث میں ان ضابطوں کو نہیں لیا گیا۔

بَابُ التِّجَارَةِ فِي الْبَحْرِ

تجارت کے لئے سمندری سفر کرنا

تجارت کے لئے خشکی کا سفر کرنا بھی جائز ہے اور سمندر کا بھی، دورِاول میں سمندر کا سفر خطرناک سمجھا جاتا تھا، حدیث میں ہے: سمندر کا سفر نہ کرے مگر حاجی یا غازی۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب رکھ کر واضح کیا کہ تجارت کے لئے سمندر کا سفر کرسکتے ہیں۔ مطر[1] رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تجارت کے لئے سمندر کا سفر کرنے میں کچھ حرج نہیں، کیونکہ وہ قرآن سے ثابت ہے اور قرآن میں جو بات ہوتی ہے وہ باون تولہ پاؤرتی ہوتی ہے، اس میں شک کی ادنی گنجائش نہیں! اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ﴿وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهِ﴾: اور دیکھتا ہے تو بڑی کشتیوں کو کہ پانی کو چیرتی ہوئی چلی جارہی ہیں، تاکہ تم اللہ کا فضل تلاش کرو، اکثر بڑی تجارتیں کشتیوں کے ذریعہ ہوتی تھیں، ان سے جو منافع حاصل ہوتے ہیں وہ اللہ کا فضل ہیں، غرض آیت کریمہ سے تجارت کے لئے سمندری سفر کا جواز ثابت ہوا۔

[۱۰-] بَابُ التِّجَارَةِ فِي الْبَحْرِ

[۱-] وَقَالَ مَطَرٌ: لاَبَأْسَ بِهِ، وَمَا ذَكَرَهُ اللّٰهُ فِي الْقُرْآنِ إِلَّا بِحَقٍّ، ثُمَّ تَلاَ ﴿وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهِ﴾[فاطر: ۱۲]

[۲-] الْفُلْكُ: السُّفُنُ: الْوَاحِدُ وَالْجَمْعُ سَوَاءٌ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: تَمْخَرُ السُّفُنُ مِنَ الرِّيْحِ، وَلاَ تَمْخَرُ الرِّيْحُ مِنَ السُّفُنِ إِلَّا الْفُلْكُ الْعِظَامُ.

[۲۰۶۳-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ ذَكَرَ رُجُلاً مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ خَرَجَ فِي الْبَحْرِ، فَقَضَى حَاجَتَهُ، وَسَاقَ الْحَدِيْثَ. حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بِهٰذَا. [راجع: ۱٤۹۸]

لغات: الفُلْك: کشتیاں، مفرد بھی یہی ہے اور جمع بھی .... مَوَاخِر: مَاخِرة کی جمع ہے، مَخَرَتْ (ن،ف) مَخْرًا

(۱) یہ مطر بن طهمان ہیں، ابو رجاء ان کی کنیت ہے اور وراق لقب ہے، قرآن کریم لکھتے تھے اس لئے اس لقب سے مشہور ہوئے، بصرہ کے رہنے والے تھے۔ اور علامہ کرمانی کہتے ہیں: یہ مطر بن الفضل مروزی ہیں جو امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ ہیں اور حموی کی روایت میں مطرّف ہے، یہ تصحیف ہے (حاشیہ)

وَمُخُوْرًا السفينةُ: آواز کے ساتھ پانی کو چیرنا.......... مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: کشتیاں ہوا کو پھاڑتی ہیں اور بڑی کشتیاں ہی ہوا کو چیرتی ہیں، جیسے کار روڈ پر چلتی ہے تو ہوا کو نہیں چیرتی اور ٹرک اور بس تیزی سے چلتے ہیں تو ہوا کو چیر کر سائڈ پر ڈالتے ہیں جس سے درخت لوٹ پوٹ ہوجاتے ہیں۔

ملحوظہ: یہ حدیث کتاب الزکاۃ باب ۶۵ میں تفصیل سے گذری ہے، اس میں اس اسرائیلی کا واقعہ ہے جس نے سمندر کا سفر کرکے ایک شخص سے ہزار دینار قرض لئے تھے، یہ قرض تجارت کے لئے لیا تھا، پس خرج فی البحر: سے استدلال کیا ہے۔

بَابٌ

تجارت کرنا

یہ باب مطلق ہے خواہ خشکی کی راہ سے تجارت کرے خواہ سمندر کا سفر کرے، خواہ بغیر سفر کئے اپنی جگہ تجارت کرے، سب کو یہ باب شامل ہے۔ اور اس باب میں دو آیتیں ایک اثر اور ایک حدیث ہے، پہلی آیت اور حدیث پانچویں باب میں اور دوسری آیت اور اثر تیسرے باب میں گذر چکے ہیں۔

[۱۱-] بَابٌ

[۱-] قَوْلُ اللّٰهِ ﴿وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْا إِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَائِمًا﴾ [الجمعة: ۱۱]

[۲-] وَقَوْلُهُ ﴿رِجَالٌ لَا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ﴾ [النور: ۳۷]

[۳-] وَقَالَ قَتَادَةُ: كَانُوْا يَتَّجِرُوْنَ، وَلٰكِنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا نَابَهُمْ حَقٌّ مِنْ حُقُوْقِ اللّٰهِ، لَمْ تُلْهِهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ، حَتّٰى يُؤَدُّوْهُ إِلَى اللّٰهِ.

[۲۰۶٤-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أَقْبَلَتْ عِيْرٌ، وَنَحْنُ نُصَلِّيْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْجُمُعَةَ، فَانْفَضَّ النَّاسُ إِلَّا اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ ﴿وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْا إِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَائِمًا﴾

[راجع: ۹۳۶]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿أَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ﴾

اپنی حلال کمائی سے خرچ کرو

اس باب کا خلاصہ یہ ہے کہ حلال کماؤ اور اس میں سے خرچ کرو، جن کے حقوق واجب ہیں وہ ادا کرو، اپنے اوپر بھی خرچ

کرو، بیوی بچوں پر بھی خرچ کرو، عزیز واقارب پر بھی خرچ کرواور صدقہ خیرات بھی کرو، اور حلال وپاکیزہ مال خرچ کرو پس حلال طریقوں سے کماؤ، جس کی کمائی حلال نہیں ہوتی اس کو صدقہ خیرات کی توفیق نہیں ملتی، اس لئے حلال وسائل سے کماؤ تاکہ راہ خدا میں خرچ کرنے کی توفیق ملے اور صدقہ بھی قبول ہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ حلال وطیب مال ہی قبول فرماتے ہیں۔

[۱۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿أَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ﴾

[۲۰۶۵-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرأَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا، غَيْرَ مُفْسِدَةٍ، كَانَ لَهَا أَجْرُهَا بِمَا أَنْفَقَتْ، وَلِزَوْجِهَا بِمَا كَسَبَ، وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ، لاَ يَنْقُصُ بَعْضُهُمْ أَجْرَ بَعْضٍ شَيْئًا"

[راجع: ۱٤۳۷]

[۲۰٦٦-] حدثنا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ كَسْبِ زَوْجِهَا، عَنْ غَيْرِ أَمْرِهِ، فَلَهَا نَصْفُ أَجْرِهِ"[انظر: ٥١٩٢، ٥١٩٥، ٥٣٦٠]

قوله: ولزوجها بما كسب سے استدلال ہے، عورت جو خرچ کرتی ہے وہ اس کا مال نہیں، شوہر کا ہے، اس نے کمایا ہے، اور اس کی کمائے ہوئے مال کو بیوی خرچ کرتی ہے، اس لئے دونوں کو ثواب ملتا ہے۔

قوله: من غير أمره: صراحۃً امر ضروری نہیں، دلالۃً یا عرفاً امر بھی کافی ہے، لیکن اگر نہ صراحۃ اجازت ہے نہ دلالۃ نہ عرفا تو عورت کے لئے خرچ کرنا جائز نہیں، وہ گنہ گار ہوگی۔

بَابُ مَنْ أَحَبَّ الْبَسْطَ فِي الرِّزْقِ

جو شخص رزق میں کشادگی پسند کرتا ہے

رزق میں کشادگی کا سبب تجارت کے علاوہ صلہ رحمی بھی ہے یعنی ددھیالی اور ننھیالی رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرنا رزق بڑھاتا ہے، جاننا چاہئے کہ آدمی کو جو رزق ملتا ہے سب اس کی قسمت کا نہیں ہوتا، بیوی، بچوں اور غریبوں کی قسمت کا بھی ہوتا ہے، شوہر جو بیوی پر خرچ کرتا ہے اور باپ جو بچوں پر خرچ کرتا ہے وہ انہی کی قسمت کا ہوتا ہے جو مالدار کی معرفت ان کو ملتا ہے پس جو جتنا زیادہ غریبوں پر اور رشتہ داروں پر خرچ کرے گا اتنا ہی زیادہ اس کو ملے گا اور اس کی عمر میں بھی برکت ہوگی یعنی مرنے کے بعد لوگ عرصہ تک اس کو یاد رکھیں گے، شیخ سعدی نے کہا ہے: نوشیرواں نمرد کہ نامِ نکو گذاشت: نوشیرواں نہیں مرا، اس لئے کہ اس نے اچھا نام چھوڑا، اب تک لوگ اس کا تذکرہ کرتے ہیں، اور اس کی اچھائیوں کو یاد کرتے ہیں، نبی ﷺ کا

ارشاد ہے: ''جس کو رزق کی کشادگی اور عمر کی درازی پسند ہو وہ رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرے''

[۱۳-] بَابُ مَنْ أَحَبَّ البَسْطَ فِي الرِّزْقِ

[۲۰۶۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ يَعْقُوْبَ الْكِرْمَانِيُّ، ثَنَا حَسَّانٌ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، قَالَ مُحَمَّدٌ- هُوَ الزُّهْرِيُّ- عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:'' مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُبْسَطَ لَهُ رِزْقُهُ، أَوْ يُنْسَأَ لَهُ فِي أَثَرِهِ، فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ''[انظر:۵۹۸۶]

قوله: أو يُنسأله في أثره: اور تاخیر کی جائے اس کے نشان میں (أو: واو کے معنی میں ہے) آدمی جب چلتا ہے تو قدم کے نشان پڑتے ہیں، نشانات قدم میں تاخیر کی جائے یعنی مرنے کے بعد لوگ یاد کریں۔

سند: یہ حدیث یونس اَیلی: محمد سے، اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، یہ **محمد**: امام زہری ہیں، امام زہری کا نام محمد بن مسلم ہے، پس قال محمد سے پہلے ایک قال محذوف ہے، یونس نے کہا: محمد نے یعنی امام زہری نے حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہوئے کہا۔

بَابُ شِرَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِالنَّسِيْئَةِ

نبی ﷺ کا ادھار خریدنا

اس باب کا مقصد یہ ہے کہ تجارت امر محمود ہے اس لئے کہ نبی ﷺ نے بیچا بھی ہے اور خریدا بھی ہے، آپؐ نے ایک یہودی سے ادھار غلہ خریدا تھا اور اپنا لوہے کا کرتا اس کے پاس گروی رکھا تھا، جب ادھار خریدنا جائز ہے تو ادھار بیچنا بھی جائز ہے، اور نقد خریدنا اور بیچنا بدرجہ اولیٰ جائز ہے۔

[۱۴-] بَابُ شِرَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِالنَّسِيْئَةِ

[۲۰۶۸-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثنا الْأَعْمَشُ، قَالَ: ذَكَرْنَا عِنْدَ إِبْرَاهِيْمَ الرَّهْنَ فِي السَّلَمِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي الْأَسْوَدُ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم اشْتَرَى طَعَامًا مِنْ رَجُلٍ يَهُوْدِيٍّ إِلَى أَجَلٍ، وَرَهَنَهُ دِرْعًا مِنْ حَدِيْدٍ.

[انظر:۲۰۹۶، ۲۲۰۰، ۲۲۵۱، ۲۲۵۲، ۲۳۸۶، ۲۵۰۹، ۲۵۱۳، ۲۹۱۶، ۴۴۶۷]

[۲۰۶۹-] حدثنا مُسْلِمٌ، ثَنَا هِشَامٌ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ، ثَنَا أَسْبَاطٌ أَبُوْ الْيَسَعِ الْبَصْرِيُّ: ثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ

مَشَى إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِخُبْزِ شَعِيْرٍ وَإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ، وَلَقَدْ رَهَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم دِرْعًا لَهُ بِالْمَدِيْنَةِ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ، وَأَخَذَ مِنْهُ شَعِيْرًا لِأَهْلِهِ، وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "مَا أَمْسَى عِنْدَ آلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ بُرٍّ وَلَا صَاعُ حَبٍّ، وَإِنَّ عِنْدَهُ لَتِسْعَ نِسْوَةٍ"[انظر: ۲۵۰۸]

قوله: الرهن في السَّلَم: أي في السَّلَف یعنی ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کی مجلس میں ادھار خریدنے کا مسئلہ چھڑا تو انھوں نے جواز کے لئے حدیث پیش کی، یہاں معروف بیع سلم مراد نہیں (فتح)

دوسری حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ نبی ﷺ کے پاس جو کی روٹی اور پگھلی ہوئی بودار چربی لے کر چلے (یہ حدیث یہاں مختصر ہے اس کا پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک یہودی نے نبی ﷺ کی دعوت کی تھی اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ہاتھ کھانا بھیجا تھا، جو جَو کی روٹی اور چربی پر مشتمل تھی) اور نبی ﷺ نے مدینہ میں ایک یہودی کے پاس اپنی زرہ گروی رکھی اور اس کے بدلے میں گھروں کے لئے جَو لئے اور بخدا! میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا: آج شام کو میرے کسی گھر میں نہ ایک صاع گیہوں ہیں نہ کوئی اور غلہ، جبکہ اس وقت آپؐ کی نو بیویاں تھیں یعنی نو گھر تھے، مگر کسی گھر میں کھانے کے لئے کچھ نہیں تھا۔

تشریح:

۱- حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ کے امراء پر نکیر کی ہے، جن کے بڑے ٹھاٹھ ہو گئے تھے، اس لئے حضرت انسؓ نے آپؐ کی سادگی کے چند واقعات ذکر کئے ہیں۔

۲- آنحضور ﷺ اپنی تنگی صحابہ کے سامنے ظاہر نہیں فرماتے تھے بلکہ قریب ترین لوگوں کو بھی اس کا پتہ نہیں چلتا تھا، مگر کسی مصلحت سے آپؐ نے اپنا حال کبھی ظاہر بھی فرمایا ہے، جیسے غزوہ خندق کی کھدائی کے موقع پر صحابہ نے بھوک کی شکایت کی اور اپنے پیٹ دکھائے جن پر پتھر بندھے ہوئے تھے پس آپؐ نے اپنی چادر ہٹائی، آپؐ کے پیٹ پر دو پتھر بندھے ہوئے تھے یعنی آپؐ کا فاقہ صحابہ سے دوگنا تھا، چنانچہ سب کو تسلی ہوگئی اور سب کام میں لگ گئے، یہاں بھی ایسی ہی کوئی مصلحت رہی ہوگی جس کی وجہ سے آپؐ نے اپنی حالت ظاہر فرمائی کہ آج میرے کسی گھر میں کھانے کے لئے کچھ نہیں۔

بَابُ كَسْبِ الرَّجُلِ، وَعَمَلِهِ بِيَدِهِ

آدمی کا کمائی کرنا اور اپنے ہاتھ سے کام کرنا

كسبُ الرجل: آدمی کا کمائی کرنا عام ہے، اور **عَمَلِه بيده:** خاص ہے، اور باب کا حاصل یہ ہے کہ آدمی کو اپنی محنت کی کمائی کھانی چاہئے، اس میں تجارت بھی آگئی، اور صنعتیں بھی۔ حضرت داؤد علیہ السلام لوہے کی زرہیں بناتے تھے اور اس کی

آمدنی سے گھر کا خرچ چلاتے تھے، عالمگیر رحمہ اللہ قرآنِ کریم لکھتے تھے اور اس کا جو ہدیہ آتا تھا اس سے گھر چلاتے تھے، حکومت کے خزانہ سے کچھ نہیں لیتے تھے۔

[۱۵-] بَابُ كَسْبِ الرَّجُلِ، وَعَمَلِهِ بِيَدِهِ

[۲۰۷۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمَّا اسْتُخْلِفَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ، قَالَ: لَقَدْ عَلِمَ قَوْمِيْ أَنَّ حِرْفَتِيْ لَمْ تَكُنْ تَعْجِزُ عَنْ مَؤُوْنَةِ أَهْلِيْ، وَشُغِلْتُ بِأَمْرِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَسَيَأْكُلُ آلُ أَبِيْ بَكْرٍ مِنْ هٰذَا الْمَالِ، وَأَحْتَرِفُ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنائے گئے تو آپؓ نے فرمایا: میری قوم بخوبی جانتی ہے کہ میرا پیشہ میرے گھر والوں کے خرچ سے عاجز نہیں، یعنی میرے کاروبار سے میرے گھر کا پورا خرچ نکل آتا ہے اور میں مسلمانوں کے کاموں میں مشغول کر دیا گیا ہوں پس اب ابوبکرؓ کے گھر والے اس مال (بیت المال) سے کھائیں گے اور میں مسلمانوں کے لئے پیشہ کروں گا یعنی حکومت کے کاموں میں مشغول رہوں گا۔

تشریح: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا کپڑے کا کاروبار تھا، خلیفہ بننے کے بعد اگلے دن آپؓ کپڑوں کی گٹھری لے کر بازار کے لئے چلے، راستہ میں حضرت عمر اور حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہما مل گئے، انھوں نے پوچھا: حضرت! کہاں چلے؟ آپؓ نے جواب دیا: بازار جارہا ہوں، دکان لگاؤنگا، ان حضرات نے کہا: پھر حکومت کا کام کیسے چلے گا؟ حضرت نے جواب دیا: میرے گھر کا خرچ کیسے چلے گا؟ انھوں نے کہا: آپؓ واپس چلیں ہم اس کا حل نکالیں گے، چنانچہ اکابر صحابہ جمع ہوئے اور باہم مشورہ سے بیت المال سے آپؓ کی تنخواہ مقرر کی، اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجمع عام سے خطاب کیا اور مذکورہ بات بتلائی کہ اب میں مسلمانوں کے کام میں مشغول ہوگیا ہوں اس لئے بیت المال سے تنخواہ لوں گا اور حکومت کا کام کرونگا۔

مناسبت: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد کہ اب میں حکومت کا کام کروں گا، اور اس کے عوض تنخواہ لونگا، یہی العملُ بالید ہے اور یہی کسبُ الرجل ہے، یا یہ کہیں کہ آپؓ جو کپڑے کی تجارت کرتے تھے وہ کسب ہے، اسی طرح مدرسہ کے اساتذہ جو تنخواہ لیتے ہیں وہ بھی العمل بالید ہے اور وہی ان کا کسب ہے۔

[۲۰۷۱-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ، ثَنَا سَعِيْدٌ، ثَنِيْ أَبُوْ الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم عُمَّالَ أَنْفُسِهِمْ، فَكَانَ يَكُوْنُ لَهُمْ أَرْوَاحٌ، فَقِيْلَ لَهُمْ: لَوِ اغْتَسَلْتُمْ! رَوَاهُ هَمَّامٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ. [راجع: ۹۰۳]

وضاحت: صحابہ اپنا کام خود کرتے تھے، کھیتوں کا بھی اور باغوں کا بھی، یہی کسب اور عمل بالید ہے، پھر وہ حضرات زوال کے بعد اسی حالت میں جمعہ کے لئے آتے تھے، اور اونی کپڑے پہنے ہوئے ہوتے تھے، اور ملک گرم تھا، اس لئے پسینہ سے شرابور ہو جاتے تھے اور بو آتی تھی، چنانچہ ان سے کہا گیا: اگر آپ لوگ نہا کر آئیں تو بہت اچھا ہو!

[۲۰۷۲-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْمِقْدَامِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَا أَكَلَ أَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ أَنْ يَأْكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدِهِ، وَإِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ دَاوُدَ كَانَ يَأْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ"

[۲۰۷۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِهٍ، نَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَنَّ دَاوُدَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ لاَ يَأْكُلُ إِلَّا مِنْ عَمَلِ يَدِهِ" [انظر: ٣٤١٧، ٤٧١٣]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "نہیں کھایا کسی نے کوئی کھانا کبھی بہتر اس سے کہ کھائے وہ اپنے ہاتھ کے کام سے یعنی سب سے بہتر لقمہ اپنی کمائی کا لقمہ ہے۔ اور اللہ کے نبی داؤد علیہ السلام اپنے دونوں ہاتھوں کے کام سے کھاتے تھے، آپؑ زرہیں (لوہے کے کرتے) بناتے تھے، اور اس کی آمدنی سے گھر چلاتے تھے، حکومت سے کچھ نہیں لیتے تھے۔

نصیحت: آج کل ہمارے فضلاء دوسرے کاموں میں لگ جاتے ہیں، دین کے کام میں نہیں لگتے اور جو لگتے ہیں وہ دس پندرہ سال پڑھا کر چھوڑ دیتے ہیں، کیونکہ ان کو جو تنخواہ ملتی ہے اس سے گھر نہیں چلتا۔

میرے عزیزو! ملت جو کچھ دیتی ہے اس کو غنیمت جانو، اگر کوئی ایک روپیہ بھی نہ دے تو بھی ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم نے جو پڑھا ہے وہ دوسروں تک پہنچائیں، اور مدرسہ کی تنخواہ پر تکیہ کیوں کرو! حضرت داؤد علیہ السلام پیغمبر تھے، اور بادشاہ تھے پھر بھی اپنے ہاتھ سے زرہیں بنا کر اس کی آمدنی سے گھر چلاتے تھے، بیت المال سے ایک پیسہ نہیں لیتے تھے، اس میں ہمارے لئے بڑا سبق ہے، اگر تنخواہ سے ہماری ضرورتیں پوری نہیں ہوتیں تو درس وتدریس کے ساتھ ہمیں کوئی چھوٹا موٹا کام بھی کرنا چاہئے، اس میں شرم کیسی؟ نبی ﷺ نے اس کو سب سے بہتر لقمہ فرمایا ہے۔ مگر ہمارے فضلاء کا حال یہ ہے کہ چھ سات گھنٹے پڑھاتے ہیں، باقی سارا وقت ضائع کر دیتے ہیں، اس میں کوئی کام نہیں کرتے، یہاں بیٹھے ہیں وہاں کھڑے ہیں، اور اناپ شناپ باتوں میں وقت ضائع کر دیتے ہیں، پھر یا تو دوسروں کے دست نگر رہتے ہیں، یا شکایتیں کرتے پھرتے ہیں یا زندگی کی گاڑی زبردستی کھینچتے رہتے ہیں اور جب کوئی چارہ نہیں رہتا تو مدرسہ کو خیر باد کہہ دیتے ہیں اور بڑھیا کی مثال بن جاتے ہیں، سورۃ النحل میں یہ مثال آئی ہے کہ ایک بڑھیا دن بھر سوت کاتتی تھی اور شام کو ادھیڑ دیتی تھی، دس سال پڑھا کر چھوڑ دینا دن بھر سوت کات کر شام کو ادھیڑ دینے کی طرح ہے، فضلاء کو اس بری مثال کا مصداق نہیں بننا چاہئے، درس

وتدریس کے ساتھ کوئی مناسب کام بھی کرنا چاہئے تاکہ معاشی پریشانیوں سے دوچار نہ ہونا پڑے۔

[۲۰۷۴-] حدثنا يَحْيىٰ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِىْ عُبَيْدٍ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَأَنْ يَحْتَطِبَ أَحَدُكُمْ حُزْمَةً عَلٰى ظَهْرِهِ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ أَحَدًا فَيُعْطِيَهُ أَوْ يَمْنَعَهُ"[راجع: ۱۴۷۰]

[۲۰۷۵-] حدثنا يَحْيىٰ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ أَحْبُلَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ"

[راجع: ۱۴۷۰]

قَالَ أَبُوْ نُعَيْمٍ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوَابٍ، وَثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، الحديث.

حوالہ: ان حدیثوں کا ترجمہ اور شرح کتاب الزکاۃ باب ۵۰ میں ہے۔

بَابُ السُّهُوْلَةِ وَالسَّمَاحَةِ فِي الشِّرَاءِ وَالْبَيْعِ، وَمَنْ طَلَبَ حَقًّا فَلْيَطْلُبْهُ فِي عَفَافٍ

خرید وفروخت میں آسانی کرنا اور عالی ظرفی برتنا، اور جو شخص کوئی حق طلب کرے تو نامناسب قول وفعل سے بچتے ہوئے طلب کرے

السُّهُوْلة (مصدر) کے معنی ہیں: آسانی، نرمی کرنا (بابہ کرم) اور السَّمَاحة (مصدر) کے بھی یہی معنی ہیں (بابہ فتح) اردو میں سیر چشمی اور عالی ظرفی بھی اس کا ترجمہ کرتے ہیں۔ اور عَفَاف (مصدر) کے معنی ہیں: ناجائز یا ناپسندیدہ قول وفعل سے بچنا (بابہ ضرب) فهو عَفٌّ وعَفِيْفٌ۔

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: اگر تجارت میں کامیابی کے ساتھ نیک نامی اور ثواب بھی مطلوب ہے تو تاجر کو چاہئے کہ گاہکوں کے ساتھ نرم برتاؤ کرے، اور عالی ظرفی کا مظاہرہ کرے، اس سے کاروبار میں برکت ہوگی، اور دنیا اس کے گن گائے گی۔

دوسری بات: جب تاجر کسی سے اپنا حق طلب کرے تو نامناسب قول وفعل سے احتراز کرے، نہ سخت گیری کرے نہ نامناسب بات منہ سے نکالے، اس سے بھی تجارت کو فروغ ملتا ہے۔

آگے دو باب آرہے ہیں، پہلے باب میں یہ مضمون ہے کہ مالدار کو ڈھیل دو، اگر مقروض قرض ادا کرسکتا ہے مگر کسی وجہ سے مہلت مانگتا ہے تو مہلت دو، اور دوسرے باب میں یہ مضمون ہے کہ تنگ دست سے درگذر کرو، اس کا قرضہ معاف کردو، یہ نرم برتاؤ اور عالی ظرفی کی دو مثالیں ہیں، اور باب کے دوسرے جزء کی کوئی مثال بیان نہیں کی، اس کو خود سمجھ لیں۔

[۱٦-] بَابُ السُّهُوْلَةِ وَالسَّمَاحَةِ فِی الشِّرَاءَ وَالْبَيْعِ، وَمَنْ طَلَبَ حَقًّا فَلْيَطْلُبْهُ فِی عَفَافٍ

[۲۰۷٦-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنَا أَبُوْ غَسَّانَ: مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، ثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلاً سَمْحًا إِذَا بَاعَ، وَإِذَا اشْتَرَى، وَإِذَا اقْتَضَى"

ترجمہ: نبی ﷺ نے دعا فرمائی: ''اللہ اس بندے پر رحم فرمائے جو نرم برتاؤ کرتا ہے جب بیچتا ہے اور جب خریدتا ہے اور جب قرض کا تقاضہ کرتا ہے۔

بَابُ مَنْ أَنْظَرَ مُوْسِرًا

جس نے مالدار کو ڈھیل دی

اِنظار کے معنی ہیں: مہلت دینا، ڈھیل دینا، کوئی شخص قرض ادا کرسکتا ہے مگر کسی وجہ سے مہلت مانگتا ہے تو اسے مہلت دینی چاہئے، نبی ﷺ نے گذشتہ کسی امت کے ایک شخص کا واقعہ بیان کیا ہے کہ جب فرشتوں نے اس کی روح قبض کی تو اس سے پوچھا: تیرے نامۂ اعمال میں کوئی نیکی ہے؟ اس نے کہا: صرف ایک نیکی ہے، میں تاجر تھا اور لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا اور میں نے اپنے نوکروں کو حکم دے رکھا تھا کہ اگر کوئی گاہک مالدار ہو اور مہلت مانگے تو اسے مہلت دیدینا، اور تنگ دست ہو تو درگذر کرنا، چنانچہ اس خوبی کی وجہ سے اس کی مغفرت کردی گئی، معلوم ہوا کہ مالدار کو مہلت دینا اور تنگ دست سے درگذر کرنا بڑا فضیلت والا کام ہے۔

[۱۷-] بَابُ مَنْ أَنْظَرَ مُوْسِرًا

[۲۰۷۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثنَا زُهَيْرٌ، ثنَا مَنْصُوْرٌ، أَنَّ رِبْعِیَّ بْنَ حِرَاشٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ حُذَيْفَةَ حَدَّثَهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم:" تَلَقَّتِ الْمَلاَئِكَةُ رُوْحَ رَجُلٍ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَقَالُوْا: أَعَمِلْتَ مِنَ الْخَيْرِ شَيْئًا؟ قَالَ: كُنْتُ آمُرُ فِتْيَانِیْ أَنْ يُنْظِرُوْا وَيَتَجَاوَزُوْا عَنِ الْمُوْسِرِ، قَالَ: قَالَ: فَتَجَاوَزُوْا عَنْهُ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ أَبُوْ مَالِكٍ، عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ:" كُنْتُ أُيَسِّرُ عَلَى الْمُوْسِرِ، وَأُنْظِرُ الْمُعْسِرَ" تَابَعَهُ شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ رِبْعِیٍّ، وَقَالَ أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ رِبْعِیٍّ: "فَأُنْظِرُ الْمُوْسِرَ، وَأَتَجَاوَزُ عَنِ الْمُعْسِرِ" وَقَالَ نُعَيْمُ بْنُ أَبِیْ هِنْدٍ: عَنْ رِبْعِیٍّ: " فَأَقْبَلُ مِنَ الْمُوْسِرِ، وَأَتَجَاوَزُ عَنِ الْمُعْسِرِ"[انظر: ۲۳۹۱، ۳٤٥۱]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ان امتوں میں سے جو تم سے پہلے گذری ہیں فرشتوں نے ایک آدمی کی روح وصول کی، پس انھوں نے پوچھا: کیا تو نے کبھی کوئی خیر کا کام کیا ہے؟ اس نے کہا: میں اپنے نوکروں کو حکم دیا کرتا تھا کہ ڈھیل دو اور درگذر کرو مالدار سے'' نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''پس تم اس سے درگذر کرو!'' یہ منصور کی ربعی سے روایت ہے، اور مختصر ہے، اور ابو مالک کی ربعی سے روایت مفصل ہے کہ میں مالداروں کے لئے آسانی کیا کرتا تھا، اور تنگ دست سے درگذر کیا کرتا تھا —— اور عبدالملک بن عمیر کے دو شاگرد شعبہ اور ابوعوانہ بھی اسی طرح روایت کرتے ہیں کہ مالدار کو ڈھیل دیا کرتا تھا (یہی آسانی کرنا ہے) اور تنگ دست سے درگذر کیا کرتا تھا یعنی قرضہ معاف کر دیا کرتا تھا —— اور ربعی کے شاگرد نُعیم کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: ''پس میں مالدار سے قبول کیا کرتا تھا، یعنی ان کی ڈھیل کی درخواست مان لیا کرتا تھا، اور تنگ دست سے درگذر کیا کرتا تھا۔

[۱۸-] بَابُ مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا

[۲۰۷۸-] حدثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثَنِي الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' كَانَ تَاجِرٌ يُدَايِنُ النَّاسَ، فَإِذَا رَأَى مُعْسِرًا قَالَ لِفِتْيَانِهِ: تَجَاوَزُوْا عَنْهُ، لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يَتَجَاوَزَ عَنَّا، فَتَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُ''[انظر: ۳۴۸۰]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ایک تاجر لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا یعنی ادھار دیا کرتا تھا، پس جب وہ کسی تنگ دست کو دیکھتا تو اپنے نوکروں سے کہتا: اس سے درگذر کرو، ہوسکتا ہے: اللہ تعالیٰ ہم سے درگذر کریں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس سے درگذر کیا'' (یہ وہی واقعہ ہے جو گذشتہ باب کی روایت میں آیا ہے)

بَابٌ: إِذَا بَيَّنَ الْبَيِّعَانِ وَلَمْ يَكْتُمَا وَنَصَحَا

جب بائع اور مشتری واضح کریں، اور نہ چھپائیں اور خیر خواہی کریں

البَیِّعان: تثنیہ ہے اس کا مفرد البَیِّع ہے، البائع اور البَیِّع: کے ایک معنی ہیں اور تثنیہ سے بائع اور مشتری مراد ہیں۔ بیع: اضداد میں سے ہے، بیچنا اور خریدنا دونوں اس کے معنی ہیں، یا اس وجہ سے تثنیہ ہے کہ فریقین میں سے ہر ایک اپنا عوض بیچتا ہے۔

اور اس باب کا حاصل یہ ہے کہ بائع اور مشتری کو اپنے عوضوں کا عیب نہیں چھپانا چاہئے بلکہ ایک دوسرے کی خیر خواہی کرنی چاہئے اور مبیع یا ثمن میں کوئی عیب ہو تو اس کو ظاہر کر دینا چاہئے تاکہ متعاقدین میں سے کوئی دھوکا نہ کھائے، اس سے تجارت میں برکت ہوتی ہے، لوگ اپنا مال نکالنے کے لئے مختلف طریقے استعمال کرتے ہیں، کوئی اچھا برا مال ملا کر بیچتا ہے، قصائی گوشت میں چھیچھڑے ملا دیتا ہے، کوئی جھوٹی قسمیں کھاتا ہے، کوئی مبیع کا عیب چھپاتا ہے دور تک ایسی مثالیں آرہی

ہیں، اس سے تجارت کی برکت ختم ہوجاتی ہے اور عیب ظاہر کرنے سے اور ایک دوسرے کی خیر خواہی کرنے سے تجارت میں برکت ہوتی ہے۔

ایک واقعہ: امام اعظم رحمہ اللہ کا کپڑے کا بڑا کاروبار تھا، آپؒ کی دکان میں کپڑے کا ایک تھان تھا جس میں عیب تھا، آپؒ نے منیجر سے کہہ رکھا تھا کہ گاہک کو یہ عیب بتا دینا، منیجر بھول گیا اور کسی مسافر کو عیب بتائے بغیر بیچ دیا۔ حضرتؒ نے اس کے پیچھے آدمی دوڑایا، دو دن کی مسافت پر اس سے ملاقات ہوئی، اس سے پوری صورت حال بیان کی اور کپڑے میں عیب کی بات بتائی، اور یہ بھی کہا کہ اگر آپ کو سودا منظور نہ ہو تو کپڑا واپس کردیں اور اپنا ثمن لے لیں، میں آپ کے دراہم ساتھ لایا ہوں، اس نے وہ دراہم دیکھے، اور پہچان لئے کہ وہ اسی کے ہیں، پھر اس نے بتایا کہ یہ دراہم کھوٹے (کم قیمت) ہیں، چنانچہ اس نے اچھے دراہم دیئے اور بیع کو منظور رکھا، غرض عیب بیان کردینے سے تجارت میں برکت ہوتی ہے، یہی اس باب کا مدعی ہے۔

[۱۹-] بَابٌ: إِذَا بَيَّنَ الْبَيِّعَانِ وَلَمْ يَكْتُمَا وَنَصَحَا

[۱-] وَيُذْكَرُ عَنِ الْعَدَّاءِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: كَتَبَ لِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هٰذَا مَا اشْتَرىٰ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ مِنَ الْعَدَّاءِ بْنِ خَالِدٍ، بَيْعُ الْمُسْلِمِ الْمُسْلِمَ، لَا دَاءَ وَلَا خِبْثَةَ، وَلَا غَائِلَةَ" وَقَالَ قَتَادَةُ: الْغَائِلَةُ: الزِّنَا، وَالسَّرِقَةُ، وَالإِبَاقُ.

[۲-] وَقِيْلَ لِإِبْرَاهِيْمَ: إِنَّ بَعْضَ النَّخَّاسِيْنَ يُسَمِّيْ آرِيَّ خُرَاسَانَ وَسِجْسْتَانَ، فَيَقُوْلُ: جَاءَ أَمْسِ مِنْ خُرَاسَانَ، وَجَاءَ الْيَوْمَ مِنْ سِجِسْتَانَ، فَكَرِهَهُ كَرَاهِيَةً شَدِيْدَةً.

[۳-] وَقَالَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ: لَا يَحِلُّ لِامْرِئٍ أَنْ يَبِيْعَ سِلْعَةً، يَعْلَمُ أَنَّ بِهَا دَاءً، إِلَّا أَخْبَرَهُ.

[۲۰۷۹-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ صَالِحٍ أَبِي الْخَلِيْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، رَفَعَهُ إِلىٰ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، أَوْ قَالَ: حَتّٰى يَتَفَرَّقَا، فَإِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِي بَيْعِهِمَا، وَإِنْ كَذَبَا وَكَتَمَا مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا" [انظر: ۲۰۸۲، ۲۱۰۸، ۲۱۱۰، ۲۱۱۴]

۱- حضرت عدّاء رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے ایک غلام خریدا، آپؐ نے ان کو ایک تحریر لکھ کردی اس میں تھا: "یہ وہ غلام ہے جو محمد رسول اللہ ﷺ نے عداء سے خریدا ہے، مسلمان کی مسلمان کے ساتھ بیع! یعنی کھری بیع ہے، اس میں کوئی بیماری نہیں ہے (جس کی وجہ سے خیار عیب حاصل ہو) نہ یہ حرام مال ہے اور نہ چوری کا مال ہے" قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: غائلۃ کے معنی ہیں: زنا، چوری اور بھاگنا، یعنی غلام میں نہ زنا کی عادت ہے نہ چوری کی اور نہ یہ بھگوڑا ہے۔

تشریح: خریدار کون تھا؟ آنحضور ﷺ یا حضرت عداء رضی اللہ عنہ؟ یہاں یہ ہے کہ غلام نبی ﷺ نے خریدا تھا اور

ترمذی (حدیث ۱۲۰۱) میں ہے کہ حضرت عداءؓ نے خریدا تھا، اور وہی صحیح ہے اور یہ روایت ضعیف ہے، یُذکر (مجہول) سے اس کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے، دوسرا قرینہ یہ ہے کہ تحریر عداءؓ کے پاس تھی، اگر آپؐ خریدار ہوتے تو تحریر آپؐ کے پاس ہوتی۔

۲- ایک شخص گھوڑوں کی تجارت کرتا تھا اس نے ایک اصطبل کا نام خراسان اور دوسرے کا نام سجستان رکھ رکھا تھا، جب گاہک آتا تو اصطبل سے گھوڑا منگواتا اور قیمت بتاتا، مشتری کو قیمت زیادہ معلوم ہوتی تو کہتا: یہ خراسان سے آیا ہے، یا سجستان سے آیا ہے، مشتری سوچتا جب خراسان یا سجستان سے آیا ہے تو مہنگا ہوگا ہی، حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے یہ بات ذکر کی گئی تو آپ نے اس کو سخت ناپسند کیا، کیونکہ یہ دھوکہ ہے۔

لغات: **النخَّاس**: جانوروں کا تاجر، نخاسہ بازار: جہاں جانور بکتے ہیں .... **الآرِیْ**: مویشی باندھنے کی جگہ، اصطبل، جمع: أَوَارٍ، الآرِیّ: یاء کی تشدید کے ساتھ بھی مستعمل ہے، جمع أَوَارِیّ، آرِیَّ: مفعول اول ہے اور **خراسان وسجستان**: مفعول ثانی ہیں۔

۳- عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اگر سامان میں عیب ہے اور مشتری اس کو نہیں جانتا تو عیب ظاہر کئے بغیر بیچنا جائز نہیں (اور کوئی عیب چھپا کر بیچ دے تو مشتری کو خیار عیب حاصل ہوگا، پس عیب چھپانے سے کیا فائدہ؟!)

۴- نبی ﷺ نے فرمایا: بائع اور مشتری کو اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں — یا فرمایا: یہاں تک کہ دونوں جدا ہوں، پس اگر دونوں نے سچ بولا اور عیب بیان کیا تو دونوں کے سودے میں برکت ہوگی، اور اگر جھوٹ بولا اور عیب چھپایا تو بیع کی برکت مٹا دی جائے گی۔

تشریح: خیار مجلس کا مسئلہ آگے آرہا ہے، یہاں صرف اتنی بات ہے کہ بائع اور مشتری میں سے کسی کے لئے بھی جائز نہیں کہ اپنے عوض کا عیب چھپائے، اس سے برکت ختم ہوجاتی ہے۔

بَابُ بَيْعِ الْخِلْطِ مِنَ التَّمْرِ

مخلوط کھجوریں بیچنا

اب عیوب کی مثالیں دے رہے ہیں، اگر کھجوریں مخلوط ہیں اچھی بری رلی ملی ہیں تو مشتری کو یہ بات بتا دینی چاہئے۔

[۲۰-] بَابُ بَيْعِ الْخِلْطِ مِنَ التَّمْرِ

[۲۰۸۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: كُنَّا نُرْزَقُ تَمَرَ الْجَمْعِ، وَهُوَ الْخِلْطُ مِنَ التَّمْرِ، وَكُنَّا نَبِيْعُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَاصَاعَيْنِ بِصَاعٍ، وَلَا دِرْهَمَيْنِ بِدِرْهَمٍ"

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم ملی جلی کھجوریں کھلائے جاتے تھے، یعنی حکومت کی طرف سے جو وظیفہ کے طور پر کھجوریں تقسیم ہوتی تھیں وہ ملی جلی ہوتی تھیں۔ الجمع کے معنی ہیں: الخِلط من التمر: (مخلوط کھجوریں) اور ہم (رلی ملی کے) دو صاع (عمدہ کے) ایک صاع کے بدلے میں بیچا کرتے تھے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہ دو صاع ایک صاع کے بدلے، اور نہ دو درہم ایک درہم کے بدلے''

تشریح: ہم جنس کی کمی بیشی کے ساتھ بیع ناجائز ہے، جید اور ردی کا فرق ظاہر کرنے کے لئے بھی کمی بیشی کے ساتھ بیع جائز نہیں۔ ہاں مخلوط کھجور رقم کے عوض بیچ دی جائے پھر اس رقم سے عمدہ کھجور خرید لی جائے تو یہ جائز ہے، جیسا کہ آرہا ہے۔

بَابُ مَاقِيْلَ فِي اللَّحَّامِ وَالْجَزَّارِ

جو گوشت فروش اور قصائی کے بارے میں کہا گیا

لَحَّام کے معنی ہیں: گوشت بیچنے والا، اور جزَّار کے معنی ہیں: جانور ذبح کرنے والا، قصائی، جو دکان پر بیٹھ کر گوشت بیچتا ہے وہ لحّام ہے اور جو جانور ذبح کر کے گوشت سپلائی کرتا ہے وہ جَزَّار ہے، دونوں گڑبڑ کرتے ہیں، اوپر اچھا گوشت رکھ دیتے ہیں اور اندر ہڈیاں اور چھیچھڑے بھر دیتے ہیں، اور گاہک کو بے وقوف بناتے ہیں، اس لئے یہ باب لائے ہیں، اور ابن السکن کی روایت میں یہ باب پانچ ابواب کے بعد ہے، حافظ رحمہ اللہ کے نزدیک یہ زیادہ بہتر ہے، اس صورت میں سب کاریگروں کا تذکرہ ایک ساتھ ہو جائے گا، مگر بخاری شریف کے عام نسخوں میں یہ باب اسی جگہ ہے۔

حدیث: ابوشعیب رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس ﷺ پر فاقہ کا اثر محسوس کیا وہ خاموشی سے مجلس سے اٹھے اور اپنے غلام کے پاس گئے، ان کا غلام گوشت فروش تھا اس سے کہا: پانچ آدمیوں کا کھانا تیار کر، میں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ پر بھوک کے آثار محسوس کئے ہیں، پھر انھوں نے آپؐ کو اور ان صحابہ کو جو آپؐ کے پاس بیٹھے تھے، مدعو کیا، راستہ سے ایک صاحب اور ساتھ ہو گئے، ان کو یہ بات معلوم نہیں تھی کہ آپؐ دعوت میں تشریف لے جا رہے ہیں، آپؐ داعی کے گھر پہنچے تو میزبان سے فرمایا: جس وقت تمہاری دعوت پہنچی تھی یہ صاحب موجود نہیں تھے، راستہ سے ساتھ ہو گئے ہیں، پس اگر تمہارے پاس گنجائش ہو تو ان کو بھی دعوت دیدو، ورنہ وہ لوٹ جائیں، ابوشعیبؓ نے ان کو بھی مدعو کر لیا۔

سوال: ابن السکنؒ کی روایت کے علاوہ بخاری شریف کے تمام نسخوں میں یہ باب اس جگہ ہے، مگر روایت میں لحام کی کوئی خردہ گیری نہیں کی گئی، پس باب کا مقصد کیا ہے؟ اور حدیث کی تطبیق کس طرح ہوگی؟

جواب: حضرت الاستاذ قدس سرہ نے ابواب کا یہ ربط بیان کیا تھا کہ لوگ خرید و فروخت میں جو گڑبڑ کرتے ہیں: امام بخاریؒ دور تک اس کی مثالیں دے رہے ہیں، اگلا باب آرہا ہے کہ جھوٹ وغیرہ سے بیع کی برکت ختم ہو جاتی ہے، اور حدیث کی تطبیق اس طرح ہوگی کہ حدیث میں لفظ 'قصاب' آیا ہے، پس اس کی برائی وصف عنوانی میں ہے، وہ قصائی ہی کیا جو گڑبڑ نہ

کرے، جوفریب اور دھوکہ نہ دے۔ یا یہ کہا جائے کہ کوئی ضعیف روایت ہوگی، جس میں لحام وقصاب کی برائی کا تذکرہ ہوگا، جیسا کہ باب ۲۸ میں ضعیف روایت ہے، ماقیل کا اشارہ ایسی ہی روایت کی طرف معلوم ہوتا ہے جس تک ہماری نظر نہیں پہنچی۔

[۲۱-] بَابُ مَاقِيْلَ فِي اللَّحَّامِ وَالْجَزَّارِ

[۲۰۸۱-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا أَبِيْ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، ثَنِيْ شَقِيْقٌ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُكْنَى أَبَا شُعَيْبٍ، فَقَالَ لِغُلَامٍ لَهُ قَصَّابٍ: اجْعَلْ لِيْ طَعَامًا يَكْفِيْ خَمْسَةً مِنَ النَّاسِ، فَإِنِّيْ أُرِيْدُ أَنْ أَدْعُوَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَامِسَ خَمْسَةٍ، فَإِنِّيْ قَدْ عَرَفْتُ فِيْ وَجْهِهِ الْجُوْعَ، فَدَعَاهُمْ فَجَاءَ مَعَهُمْ رَجُلٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ هٰذَا قَدْ تَبِعَنَا، فَإِنْ شِئْتَ أَنْ تَأْذَنَ لَهُ فَأْذَنْ لَهُ، وَإِنْ شِئْتَ أَنْ يَرْجِعَ رَجَعَ، فَقَالَ: لَا، بَلْ قَدْ أَذِنْتُ لَهُ"[انظر: ۲۴۵۶، ۵۴۳۴، ۵۴۶۱]

بَابُ مَا يَمْحَقُ الْكَذِبُ وَالْكِتْمَانُ فِي الْبَيْعِ

بیع کی برکت جھوٹ اور عیب چھپانا مٹادیتا ہے

الكَذِب: (کاف کا زبر، ذال کا زیر) اسم ہے، اس کے معنی ہیں: جھوٹ، اور الكِذْب: (کاف کا زیر اور ذال کا سکون) مصدر ہے: جھوٹ بولنا، خرید وفروخت کے وقت جھوٹ لولنے سے اور عوضین کا عیب چھپانے سے بیع کی برکت ختم ہوجاتی ہے، اور ما کا بیان من البرکۃ محذوف ہے۔

سوال: یہ باب پہلے آچکا ہے؟ جواب: پہلے جھوٹ بولنے کا ذکر نہیں آیا اس لئے نیا باب ہوگیا۔

[۲۲-] بَابُ مَا يَمْحَقُ الْكَذِبُ وَالْكِتْمَانُ فِي الْبَيْعِ

[۲۰۸۲-] حدثنا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعْتُ أَبَا الْخَلِيْلِ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتَفَرَّقَا - أَوْ قَالَ: حَتَّى يَتَفَرَّقَا- فَإِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِيْ بَيْعِهِمَا، وَإِنْ كَتَمَا وَكَذَبَا مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا"[راجع: ۲۰۷۹]

بَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالىٰ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَأْكُلُوْا الرِّبٰوا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً﴾

اے ایمان والو! سود کئی گنا بڑھا کر مت کھاؤ

اگر معاملہ سود کا ہے تو اور بھی سنگین بات ہے، ابھی ربا کے مسائل بیان نہیں ہورہے، بلکہ اوپر سے جو سلسلہ چلا آرہا ہے

اسی کو آگے بڑھاتے ہیں، ربوی معاملہ کذب وکتمان سے بھی سنگین ہے، ارشادِ پاک ہے: اللہ تعالیٰ ربوا کو مٹاتے ہیں، پس معاملات میں سود کا شائبہ تک نہیں ہونا چاہئے، ورنہ ایک دن کاروبار کی ساری برکت ختم ہوجائے گی۔ اور یہاں اگرچہ سود کے مسائل بیان نہیں کئے جارہے، مگر حضرت رحمہ اللہ نے سود کی آیت لکھی ہے اس لئے ضروری تفصیل عرض ہے:

ربا کی دو قسمیں ہیں: ربا القرض اور ربا الفضل اور ایک تیسری قسم ربا النسیئۃ ہے، جو ربا الفضل کا بچہ ہے، جاننا چاہئے کہ قرآنِ کریم نے صرف ربا القرض کو بیان کیا ہے، باقی دو کا بیان حدیثوں میں ہے۔

ربا القرض: قرض پر شرط کرکے زیادتی لینا مثلاً ہزار روپے قرض دیئے اور دس فیصد زیادتی شرط کی، تو یہ ربا القرض ہے، یہی قرض أضعافاً مضاعفة ہوتا ہے، اور اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک ہزار روپے قرض دیئے اور دس فیصد زیادتی شرط کی تو مقروض پہلے مہینہ میں گیارہ سو واپس کرے گا، اور دوسرے مہینہ میں بارہ سو دس لازم ہونگے، کیونکہ گیارہ سو کا دس فیصد لازم ہوگا اور تیسرے مہینہ میں بارہ سو دس کا دس فیصد واجب ہوگا، یوں ہر مہینہ کا سود اصل کے ساتھ شامل ہوتا رہے گا اور مجموعہ پر سود بڑھتا رہے گا۔ ربا الفضل میں أضعافًا مضاعفة کا تحقق نہیں ہوتا، اور اشیائے ستہ کی حدیث میں اصالۃً ربا الفضل کا اور ضمناً ربا النسیئہ کا بیان ہے، ربوی اموال کا تبادلہ اگر ہم جنس سے کیا جائے تو برابر سرابر اور دست بدست ہونا ضروری ہے، کمی بیشی جائز نہیں، نہ ادھار جائز ہے اگر کمی بیشی کرے گا تو ربا الفضل ہوگا اور ادھار معاملہ کرے گا تو ربا النسیئة ہوگا، تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۴۹:۴) میں ہے۔

[۲۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿يٰۤأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَأْكُلُوْا الرِّبٰوا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً﴾

[۲۰۸۳-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يُبَالِيْ الْمَرْءُ بِمَا أَخَذَ الْمَالَ: أَمِنَ الْحَلَالِ أَمْ مِنَ الْحَرَامِ" [راجع: ۲۰۵۹]

وضاحت: یہ حدیث ابھی گذری ہے، قیامت کے قریب لوگوں کا حال یہ ہوجائے گا کہ حلال وحرام کی تمیز اٹھ جائے گی، اس کے عموم میں سود بھی آگیا۔

بَابُ آكِلِ الرِّبَا، وَشَاهِدِهِ، وَكَاتِبِهِ

سود کھانے والا، سود کا گواہ اور سودی معاملہ لکھنے والا

صرف سود لینے سے برکت ختم نہیں ہوتی، بلکہ کسی بھی طرح سودی معاملہ میں شرکت کرنا برکت کو ختم کردیتا ہے، مسلم شریف میں روایت ہے: لعن رسولُ الله صلى الله عليه وسلم آكِلَ الربا، ومُوْكِلَه، وكاتبه وشاهِدَيْه، وقال:

"ھم سواء": رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے والے (لینے والے) اور سود کھلانے والے (دینے والے) اور سودی معاملہ لکھنے والے، اور سودی معاملہ کے دو گواہوں پر لعنت بھیجی، اور فرمایا: "وہ گناہ میں برابر ہیں" پس سود کی نحوست میں بھی برابر ہونگے۔

پھر حضرت رحمہ اللہ نے سورۃ البقرہ کی (آیت ۲۷۵) لکھی ہے، یہ آیت ہم پہلے کتاب البیوع کے شروع میں لکھ چکے ہیں، اس کا ترجمہ یہ ہے: "جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ (قیامت میں قبروں سے) نہیں کھڑے ہونگے مگر جس طرح کھڑا ہوتا ہے وہ شخص جس کو شیطان نے خبطی بنادیا ہو لپٹ کر یعنی وہ حیران و مدہوش اٹھیں گے، اور یہ سزا اس لئے ہوگی کہ ان لوگوں نے کہا: "بیع سود کی طرح ہی ہے!" حالانکہ اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام کیا ہے، پس جس شخص کو اس کے پروردگار کی طرف سے نصیحت پہنچی پس وہ باز آگیا تو جو کچھ پہلے (لینا) ہو چکا وہ اسی کا رہا، اور اس کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے، اور جو شخص لوٹا یعنی پھر سود لیا تو وہ لوگ دوزخ میں جائیں گے، وہ اسی میں ہمیشہ رہیں گے"

تفسیر: مسلم شریف کی حدیث کی رو سے اس آیت میں جو سزا سود خور کی بیان کی گئی ہے وہی سزا سودی معاملہ میں مددگاروں کو بھی ملے گی، اور ان سزاؤں میں سے ایک سزا مال میں بے برکتی ہے، پس وہ بھی سب کے حصہ میں آئے گی، اور سود کی نظیر شراب ہے، وہ بھی معاشرہ کے لئے تباہ کن ہے، چنانچہ حدیث میں شراب کے تعلق سے دس آدمیوں پر لعنت بھیجی گئی، اور نبی ﷺ نے جب سود کی آیتیں منبر سے سنائیں تو ساتھ ہی شراب کے کاروبار کی حرمت کا بھی اعلان کیا۔

حدیث: ایک منامی معراج میں نبی ﷺ نے سود خور کا اخروی انجام بچشم خود دیکھا ہے، خون کی ایک نہر ہے، اس کے درمیان ایک شخص کھڑا ہے، اور کنارے پر دوسرا شخص کھڑا ہے، اس کے سامنے پتھروں کا ڈھیر ہے، جب بھی وہ شخص نہر سے نکلنے کا ارادہ کرتا ہے تو کنارے پر کھڑا ہوا آدمی پتھر اٹھا کر مارتا ہے، جس کی وجہ سے وہ جہاں تھا وہیں پہنچ جاتا ہے، یہ جو سود خور کی سزا ہے وہی اس کے مددگاروں کو بھی ملے گی، پناہ بخدا!

[۲۴-] بَابُ آکِلِ الرِّبَا، وَشَاهِدِهِ، وَكَاتِبِهِ

وَقَوْلِهِ تَعَالَىٰ: ﴿الَّذِيْنَ يَأْكُلُوْنَ الرِّبَا لَايَقُوْمُوْنَ إِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِىْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْمَسِّ، ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوْا إِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ﴾[البقرة: ٢٧٥]

[٢٠٨٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِى الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَتْ آخِرُ الْبَقَرَةِ قَرَأَهُنَّ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَلَيْهِمْ فِى الْمَسْجِدِ، ثُمَّ حَرَّمَ التِّجَارَةَ فِى الْخَمْرِ.[راجع: ٤٥٩]

[٢٠٨٥-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، ثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِيْ، فَأَخْرَجَانِيْ إِلٰى أَرْضٍ مُقَدَّسَةٍ، فَانْطَلَقْنَا حَتَّى أَتَيْنَا عَلٰى نَهْرٍ مِنْ دَمٍ، فِيْهِ رَجُلٌ قَائِمٌ، وَعَلٰى وَسْطِ النَّهْرِ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ، فَأَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِيْ فِي النَّهْرِ، فَإِذَا أَرَادَ الرَّجُلُ أَنْ يَخْرُجَ رَمَى الرَّجُلُ بِحَجَرٍ فِي فِيْهِ، فَرَدَّهُ حَيْثُ كَانَ، فَجَعَلَ كُلَّمَا جَاءَ لِيَخْرُجَ رَمَى فِي فِيْهِ بِحَجَرٍ، فَيَرْجِعُ كَمَا كَانَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: الَّذِيْ رَأَيْتَهُ فِي النَّهْرِ آكِلُ الرِّبَا"[راجع: ٨٤٥]

وضاحت: جب آیات ربوا (بقرہ آیات ۲۷۵-۲۷۹) نازل ہوئیں تو نبی ﷺ نے منبر سے یہ آیتیں تلاوت فرمائیں اور سود کی حرمت کا اعلان کیا اور ساتھ ہی شراب کی تجارت کی حرمت کا بھی اعلان کیا، یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ باب ۷۳ (تحفۃ القاری ۲: ۳۱۰) میں گذر چکی ہے اور دوسری حدیث ایک طویل حدیث کا ٹکڑا ہے وہ بھی کتاب الجنائز باب ۹۳ (تحفۃ القاری ۴: ۱۴۸) میں گذر چکی ہے۔

بَابُ مُوْكِلِ الرِّبٰوا

سود کھلانے والے کا بیان

سود لینے والا اور سود دینے والا: دونوں گناہ میں برابر کے شریک ہیں، مسلم شریف کی روایت ابھی گذری ہے کہ **هم في الإثم سواء:** وہ گناہ میں یکساں ہیں، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ تالی دو ہاتھ سے بجتی ہے، کوئی سود دینے والا ہوگا تو لینے والا لے گا، اگر کوئی سود دینے والا نہ ہو تو لینے والا کس سے لے گا؟ اس لئے دونوں گناہ میں برابر کے شریک ہیں، پس نحوست اور مال کی بے برکتی میں بھی دونوں برابر ہونگے۔

مقصد باب: کوئی کہہ سکتا ہے کہ غریب آدمی مجبوری میں سودی قرض لیتا ہے، اس لئے اس کا گناہ ہلکا ہونا چاہئے؟ اس لئے حضرتؒ نے یہ باب باندھا کہ دونوں کا گناہ یکساں ہے، البتہ سود لینے سے تمام مال خبیث (حرام) ہوجاتا ہے، جبکہ وہ سود کو اپنے مال میں ملالے، اور سود دینے سے باقی مال حرام نہیں ہوتا، اس ایک فرق کے علاوہ سود لینا اور دینا برابر درجہ کے گناہ ہیں۔

آیتِ کریمہ: سورۃ البقرۃ (آیات ۲۷۸-۲۸۱) میں ہے: "اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، اور جو کچھ سود باقی رہ گیا ہے اس کو چھوڑو، اگر تم ایمان دار ہو! پھر اگر تم (اس پر عمل) نہ کروگے تو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اعلانِ جنگ سن لو! یعنی تمہارے ساتھ جہاد ہوگا اور تمہیں سودی لین دین بند کرنے پر مجبور کیا جائے گا، اور اگر تم توبہ کرلو تو تم کو اصل اموال مل جائیں گے، نہ تم کسی پر ظلم کرنے پاؤگے، اور نہ تم پر کوئی ظلم کرنے پائے گا، اور اگر مقروض تنگ دست ہو تو آسانی ہونے تک اس کو مہلت دینے کا حکم ہے، اور یہ بات کہ قرضہ معاف ہی کردو تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے، اگر تم اس کا ثواب جانتے ہو، اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ تعالیٰ کی پیشی میں لائے جاؤگے، پھر ہر شخص کو اس کا کیا ہوا پورا پورا ملے گا، اور ان پر کسی قسم کا ظلم نہیں ہوگا"

تفسیر: اس آیت میں سود خور سے کہا گیا ہے کہ تمہارا لوگوں کے ذمہ جو سود باقی ہے، اُس کو چھوڑ دو، اب اس کو لوگوں سے مت لو، یہی لوگ جن کے ذمہ سود باقی ہے، موکل (سود کھلانے والے) ہیں۔

[۲۵-] بَابُ مُوْكِلِ الرِّبَا

لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا﴾ إِلٰى ﴿مَاكَسَبَتْ وَهُمْ لَايُظْلَمُوْنَ﴾ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هٰذِهِ آخِرُ آيَةٍ نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۰۸۶-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبِيْ اشْتَرَى عَبْدًا حَجَّامًا، فَأَمَرَ بِمَحَاجِمِهِ فَكُسِرَتْ، فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَثَمَنِ الدَّمِ. وَنَهَى عَنِ الْوَاشِمَةِ وَالْمَوْشُوْمَةِ، وَآكِلِ الرِّبَا وَمُوْكِلِهِ، وَلَعَنَ الْمُصَوِّرَ.

[انظر: ۲۲۳۸، ۵۳۴۷، ۵۹۴۵، ۵۹۶۲]

وضاحت: حاشیہ میں اشکال ہے کہ آخری آیت: ﴿وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ إِلَى اللّٰهِ﴾ نازل ہوئی ہے، اور جواب یہ دیا ہے کہ یہ آیت سود کی آیت سے متصل ہے، اور دونوں ایک ساتھ نازل ہوئی ہیں، پس ہر ایک کو آخری آیت کہہ سکتے ہیں، اور اسی وجہ سے امام بخاری رحمہ اللہ نے چاروں آیتیں ایک ساتھ لکھی ہیں، اور اشارہ کیا ہے کہ یہ آیتیں ایک ساتھ نازل ہوئی ہیں۔

حدیث: عون کہتے ہیں: میں نے اپنے ابا کو دیکھا، انھوں نے ایک پچھنے لگانے والا غلام خریدا، پس اس کے پچھنے لگانے کے آلات توڑ ڈالے، میں نے اس کی وجہ پوچھی، تو فرمایا: نبی ﷺ نے کتے اور خون کے ثمن سے منع فرمایا ہے (خون کے ثمن سے یعنی پچھنے لگانے کی اجرت سے) اور بدن گودنے والی اور گدوانے والی سے یعنی اس عمل سے، اور سود کھانے اور کھلانے والے سے (یہاں باب ہے) اور تصویر بنانے والے پر لعنت فرمائی ہے (باقی مسائل اپنی جگہ آئیں گے)

بَابٌ: ﴿يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ، وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيْمٍ﴾

اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں اور خیرات کو بڑھاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ

ہر کفر کرنے والے گناہ کرنے والے کو پسند نہیں کرتے

بیوع اور معاملات میں سود کے عمل دخل سے بیع کی برکت ختم ہو جاتی ہے، سود کی کمائی ایک نہ ایک دن ختم ہو جائے گی، ارشادِ پاک ہے: ''اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں اور صدقات کی پرورش کرتے ہیں'' یعنی جو غریب کو دیا وہ بظاہر ختم ہو گیا، مگر حقیقت میں وہ خرچ نہیں ہوا وہ نہ صرف باقی ہے بلکہ اللہ تعالیٰ اس کو بڑھاتے ہیں، اور سود لیا تو بظاہر مال میں اضافہ ہوا مگر حقیقت میں نہیں ہوا اس کو دیر سویر اللہ تعالیٰ مٹا دیں گے۔

[۲۶-] بَابٌ: ﴿يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبَا وَيُرْبِى الصَّدَقَاتِ، وَاللّٰهُ لاَ يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيْمٍ﴾

[۲۰۸۷-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: ابْنُ الْمُسَيَّبِ: إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" اَلْحَلِفُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ، مَمْحَقَةٌ لِلْبَرَكَةِ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جھوٹی قسم سے سامان اگرچہ بک جاتا ہے مگر بیع کی برکت ختم ہوجاتی ہے''

تشریح: الحِلْف (حاء کا زیر، لام ساکن) کے معنی ہیں: جھوٹی قسم کھانا اور الحَلِف (حاء کا زبر اور لام کا زیر) کے معنی ہیں: قسم، اور یہاں جھوٹی قسم مراد ہے کیونکہ سچی قسم تو قرآنِ کریم میں اللہ پاک نے بھی کھائی ہے اور حدیثوں میں نبی ﷺ نے بھی کھائی ہے، پس اس سے برکت کیسے ختم ہوگی؟ اس لئے جھوٹی قسم مراد ہے، جھوٹی قسم کھانے سے مال تو بک جاتا ہے، مگر بیع کی برکت ختم ہوجاتی ہے، اسی طرح سود لینے سے بظاہر مال بڑھتا ہے مگر اس کو اللہ تعالیٰ ایک نہ ایک دن مٹا دیتے ہیں۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْحَلِفِ فِى الْبَيْعِ

جھوٹی قسم بیع میں مکروہ ہے

دور سے یہ سلسلۂ بیان چلا آرہا ہے کہ کن امور سے مال کی برکت ہوجاتی ہے؟ سودے میں جھوٹی قسم کھانے سے بھی برکت ختم ہوجاتی ہے، ابھی حدیث گذری ہے کہ جھوٹی قسم کھانے سے مال بک جاتا ہے مگر بیع کی برکت ختم ہوجاتی ہے، اور اس باب میں جو واقعہ ہے اور اس میں جو آیت نازل ہوئی ہے: اس میں ﴿ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ ہے، یہ قلیل باعتبار برکت ہے، خواہ وہ کتنا بھی مال ہو، مگر جب وہ بے برکت ہے تو وہ بس تھوڑا سا ہی ہے۔

[۲۷-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْحَلِفِ فِى الْبَيْعِ

[۲۰۸۸-] حدثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، أَنَا الْعَوَّامُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ أَوْفَى: أَنَّ رَجُلاً أَقَامَ سِلْعَةً، وَهُوَ فِى السُّوْقِ، فَحَلَفَ بِاللّٰهِ لَقَدْ أُعْطِىَ بِهَا مَا لَمْ يُعْطَ، لِيُوْقِعَ فِيْهَا رَجُلاً مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَنَزَلَتْ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ الآيَةَ: [آل عمران: ۷۷] [انظر: ۲۶۷۵، ٤٥٥١]

ترجمہ: ایک شخص نے بازار میں سامان برائے فروخت لاکر رکھا پس قسم کھائی: بخدا! دیا گیا ہے وہ سامان کے عوض میں (اتنی قیمت) جو وہ نہیں دیا گیا تا کہ واقع کرے وہ اس سامان میں مسلمان آدمی کو یعنی اس جھوٹی قسم کے ذریعہ دھوکہ دے اور مسلمان وہ سامان خرید لے، پس یہ آیت نازل ہوئی: ''جو لوگ اللہ کے عہد و پیمان اور قسموں کے بدل تھوڑی قیمت خریدتے

ہیں ان لوگوں کا آخرت (کی نعمتوں) میں کوئی حصہ نہیں، اور نہ اللہ تعالیٰ (آخرت میں) ان سے کلام فرمائیں گے، اور نہ ان کی طرف (محبت کی نظر سے) دیکھیں گے اور نہ ان کو پاک کریں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا''

بَابُ مَاقِيْلَ فِي الصَّوَّاغِ

سناروں کے بارے میں جو کہا گیا

الصَّائغ: سنار، زیورات بنانے والا، جمع صَاغَةٌ و صُوَّاغٌ وَصُيَّاغٌ، مسند احمد وغیرہ میں ضعیف روایت ہے: أكذبُ الناسِ الصَّبَّاغون و الصَّوَّاغُوْنَ: رنگریز اور سنار مہا جھوٹے ہوتے ہیں، امام صاحب رحمہ اللہ نے باب میں اس روایت کی طرف اشارہ کیا ہے، ان پیشہ وروں کا یہی جھوٹ مال میں بے برکتی کا سبب بنتا ہے۔ اور صحیح حدیثوں میں جو باب میں ہیں: صرف سناروں کا تذکرہ ہے، ان کی کسی برائی کا ذکر نہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوع حدیث مروی ہے کہ حرم کی گھاس مت کاٹو۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اذخر کا استثناء فرمادیں، وہ سناروں اور گھروں کے کام آتی ہے، پس آپ ؐ نے اس کا استثناء فرمایا۔ اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت میں بھی سناروں کے ہاتھ اذخر گھاس بیچنے کا ذکر ہے، اور بس۔

[۲۸-] بَابُ مَاقِيْلَ فِي الصَّوَّاغِ

وَقَالَ طَاوُسٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا" قَالَ الْعَبَّاسُ: إِلَّا الإِذْخِرَ، فَإِنَّهُ لِقَيْنِهِمْ وَبُيُوْتِهِمْ، فَقَالَ: "إِلَّا الإِذْخِرَ"

[۲۰۸۹-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَلِيًّا قَالَ: كَانَتْ لِيْ شَارِفٌ مِنْ نَصِيْبِيْ مِنَ الْمَغْنَمِ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَعْطَانِيْ شَارِفًا مِنَ الْخُمُسِ، فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَبْتَنِيَ بِفَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَاعَدْتُ رَجُلًا صَوَّاغًا مِنْ بَنِيْ قَيْنُقَاعَ: أَنْ يَرْتَحِلَ مَعِيْ، فَنَأْتِيَ بِإِذْخِرٍ، أَرَدْتُ أَنْ أَبِيْعَهُ مِنَ الصَّوَّاغِيْنَ، وَأَسْتَعِيْنَ بِهِ فِيْ وَلِيْمَةِ عُرْسِيْ. [انظر: ۲۳۷۵، ۳۰۹۱، ۴۰۰۳، ۵۷۹۳]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بدر کی غنیمت میں سے ایک اونٹ میرے حصہ میں آیا تھا اور ایک اونٹ مجھے نبی ﷺ نے خمس میں سے دیا تھا، پس جب میں نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کو رخصت کرکے لانے کا ارادہ کیا تو میں نے بنوقینقاع کے ایک سنار کو تیار کیا کہ وہ میرے ساتھ چلے، پس ہم اذخر گھاس لائیں، میں نے اذخر گھاس سناروں کو بیچنے کا اور اس کی آمدنی سے اپنی شادی کا ولیمہ کرنے کا ارادہ کیا۔

تشریح: مالِ غنیمت میں سے جو خمس (پانچواں حصہ) نکالا جاتا ہے اس کا ایک مصرف ذوی القربیٰ بھی ہیں، اس میں

سے آنحضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ایک اونٹ دیا تھا اور دوسرا اونٹ آپؓ کو غنیمت میں ملا تھا، نکاح کے وقت آپؓ نے بنوقینقاع (یہودی قبیلہ) کے ایک آدمی کے ساتھ پروگرام بنایا کہ مکہ جا کر اذخر گھاس لائیں اور سناروں کو بیچیں، اور آمدنی سے ولیمہ کریں، مگر اے بسا آرزو کہ خاک شدہ! ایک گھر میں شراب کا دور چل رہا تھا، یہ اونٹنیاں قریب ہی بندھی ہوئی تھیں: محفل شراب میں ایک باندی نے چند اشعار پڑھ کر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو جوش دلایا، وہ نشہ میں چور تھے، تلوار لے کر اٹھے اور اونٹنیوں کو ذبح کر دیا، اس طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ کا پروگرام فیل ہوگیا۔

[۲۰۹۰-] حدثنا إِسْحَاقُ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مَكَّةَ، وَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِيْ، وَلَا لِأَحَدٍ بَعْدِيْ، وَإِنَّمَا أُحِلَّتْ لِيْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، لَا يُخْتَلَى خَلَاهَا، وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا، وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا، وَلَا يُلْتَقَطُ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمُعَرِّفٍ" فَقَالَ عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: إِلَّا الإِذْخِرَ، لِصَاغَتِنَا وَلِسُقُفِ بُيُوْتِنَا، فَقَالَ: "إِلَّا الإِذْخِرَ" فَقَالَ عِكْرِمَةُ: هَلْ تَدْرِيْ مَا "يُنَفَّرُ صَيْدُهَا؟" هُوَ أَنْ تُنَحِّيَهُ مِنَ الظِّلِّ، وَتَنْزِلُ مَكَانَهُ. قَالَ عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ خَالِدٍ: لِصَاغَتِنَا وَقُبُوْرِنَا. [راجع: ۱۳۴۹]

حوالہ: حدیث کا ترجمہ کتاب الجنائز باب ۷۶ میں ہے .... **قوله: هل تدری ما ینفر صیدها:** اس جملہ کی شرح کتاب المناسک (جزاءُ الصید ونحوہ) باب ۹ میں ہے۔

بَابُ ذِكْرِ الْقَيْنِ وَالْحَدَّادِ

لوہاروں کا تذکرہ

القَین اور الحداد: دونوں کے معنی ہیں: آہنگر، لوہار، البتہ قین عام ہے، کوئی بھی اوزار بنانے والا قین ہے اور حداد خاص ہے، جو لوہے کے اوزار بناتا ہے وہ حداد ہے، یہ بھی پیشے اور کمانے کے ذریعے ہیں، اور ابھی سلسلہ بیان وہی چل رہا ہے، جو پہلے سے چلا آرہا ہے کہ پیشہ وروں کے کاروبار میں برکت نہیں ہوتی، کیونکہ وہ وعدہ خلافی کرتے ہیں، جھوٹ بولتے ہیں اور گاہکوں کے ساتھ گڑبڑ بھی کرتے ہیں، درزی کپڑا چرالیتا ہے، رنگریز رنگ بچالیتا ہے، ایسا ہی ہر کاریگر کرتا ہے، اور باب میں ماقبل اس لئے نہیں لائے کہ ان پیشہ وروں کے بارے میں کوئی برائی کی روایت نہیں، مگر پیشہ ور ہیں سب ایک تھیلے کے چٹے بٹے!

[۲۹-] بَابُ ذِكْرِ الْقَيْنِ وَالْحَدَّادِ

[۲۰۹۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كُنْتُ قَيْنًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ لِيْ عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَيْنٌ، فَأَتَيْتُهُ

أَتَقَاضَاهُ، قَالَ: لاَ أُعْطِيْكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، فَقُلْتُ: لاَ أَكْفُرُ بِمُحَمَّدٍ حَتَّى يُمِيْتَكَ اللّٰهُ ثُمَّ تُبْعَثَ، قَالَ: دَعْنِىْ حَتَّى أَمُوْتَ وَأُبْعَثَ، فَسَأُوْتَى مَالاً وَوَلَدًا، فَأَقْضِيَكَ، فَنَزَلَتْ: ﴿أَفَرَأَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِآيَاتِنَا، وَقَالَ لَأُوْتَيَنَّ مَالاً وَوَلَدًا﴾[مريم: ٧٧] [انظر: ٢٢٧٥، ٢٤٢٥، ٤٧٣٢، ٤٧٣٣، ٤٧٣٤، ٤٧٣٥]

ترجمہ: حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں زمانۂ جاہلیت میں لوہار تھا (یہ جزء باب سے متعلق ہے) اور عاص بن وائل پر میرا قرض تھا، پس میں اس کے پاس گیا تا کہ اس سے اپنے قرض کا تقاضہ کروں، اس نے کہا: میں تیرا قرض نہیں دوں گا، یہاں تک کہ تو محمد کا انکار کرے، پس میں نے کہا: میں محمد کا انکار نہیں کروں گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تجھے ماریں پھر زندہ کریں، عاص نے کہا: پس تو مجھے چھوڑ دے یہاں تک کہ میں مر کر زندہ کیا جاؤں، پس میں مال اور اولاد دیا جاؤں گا، پس تیرا قرض چکا دوں گا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی: ''کیا پس آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور اس نے کہا: میں ضرور مال اور اولاد دیا جاؤں گا'' (سورۂ مریم آیت ۷۷)

بَابُ الْخَيَّاطِ

درزی کا ذکر

سینا پرونا بھی ایک پیشہ ہے، اور سب پیشہ وروں کا حال یکساں ہے۔

[٣٠-] بَابُ الْخَيَّاطِ

[٢٠٩٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: إِنَّ خَيَّاطًا دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِطَعَامٍ صَنَعَهُ، قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: فَذَهَبْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى ذٰلِكَ الطَّعَامِ، فَقَرَّبَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خُبْزًا وَمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ وَقَدِيْدٌ، فَرَأَيْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالِى الْقَصْعَةِ، قَالَ: فَلَمْ أَزَلْ أُحِبُّ الدُّبَّاءَ مِنْ يَوْمِئِذٍ. [انظر: ٥٣٧٩، ٥٤٢٠، ٥٤٣٣، ٥٤٣٥، ٥٤٣٧، ٥٤٣٩]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک درزی نے (یہاں باب ہے) نبی ﷺ کو کھانے پر بلایا، اس نے آپؐ کے لئے کھانا تیار کیا، حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں آپؐ کے ساتھ گیا، اس نے نبی ﷺ کی خدمت میں روٹی اور شوربہ پیش کیا جس میں کدو اور سوکھے ہوئے گوشت کے ٹکڑے تھے، پس میں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ پیالے کی جانبوں سے کدو کے ٹکڑے تلاش کر کے تناول فرما رہے ہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس دن سے میں کدو سے محبت کرنے لگا۔

تشریح:

۱- اگر دسترخوان پر ایک سے زیادہ آدمی ہوں تو ہر شخص کو اپنی طرف سے کھانا چاہئے، یہ کھانے کا ادب ہے، لیکن اگر کوئی بڑا آدمی ہو اور اس کے ادھر ادھر سے کھانے پر کسی کو اعتراض نہ ہو بلکہ خوشی ہو تو وہ جہاں سے چاہے کھا سکتا ہے، جیسے تنہا کھانے والا جہاں سے چاہے کھا سکتا ہے، اس میں کچھ حرج نہیں۔

۲- حضرت انس رضی اللہ عنہ کی کدو سے محبت آنحضرت ﷺ سے محبت کا ثمرہ تھی، محبت کا تقاضہ ہے کہ محبوب کی ہر ادا بھا جاتی ہے، اس کی ہر بات دل میں اتر جاتی ہے، پھر جس درجہ محبت ہوگی اسی درجہ محبّ محبوب کی نقل کرے گا۔

بَابُ النَّسَّاجِ

بُنکر کا ذکر

النَّسَّاج کے معنی ہیں: بُنکر، کپڑا بننے والا، اس کے لئے ایک دوسرا شاندار لفظ: نور باف ہے، اور جولاہا اچھا لفظ نہیں۔

[۳۱-] بَابُ النَّسَّاجِ

[۲۰۹۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ بِبُرْدَةٍ – قَالَ: أَتَدْرُوْنَ مَا الْبُرْدَةُ؟ فَقِيْلَ لَهُ: نَعَمْ، هِيَ الشَّمْلَةُ– مَنْسُوْجٌ فِي حَاشِيَتِهَا، قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ نَسَجْتُ هٰذِهِ بِيَدِيْ أَكْسُوْكَهَا، فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، فَخَرَجَ إِلَيْنَا وَإِنَّهَا إِزَارُهُ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اكْسُنِيْهَا، فَقَالَ: "نَعَمْ" فَجَلَسَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَجْلِسِ، ثُمَّ رَجَعَ فَطَوَاهَا، ثُمَّ أَرْسَلَ بِهَا إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ: مَا أَحْسَنْتَ! سَأَلْتَهَا إِيَّاهُ، وَلَقَدْ عَرَفْتَ أَنَّهُ لاَ يَرُدُّ سَائِلاً، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَاللّٰهِ مَا سَأَلْتُهُ إِلاَّ لِتَكُوْنَ كَفَنِيْ يَوْمَ أَمُوْتُ، قَالَ سَهْلٌ: فَكَانَتْ كَفَنَهُ. [راجع: ۱۲۷۷]

حوالہ: یہ حدیث کتاب الجنائز باب ۲۸ (تحفۃ القاری ۳: ۵۹۵) میں گذر چکی ہے، ترجمہ اور شرح وہاں ہے ....

قوله: إني نسجتُ هذه بيده: یہ جملہ باب سے متعلق ہے اور عرب میں پیشوں سے قومیں نہیں بنتی تھیں۔

بَابُ النَّجَّارِ

بڑھئی کا ذکر

نجّار کے معنی ہیں: بڑھئی، دیوبند میں اس کو باڑھی کہتے ہیں، یہ بھی ایک پیشہ ہے، اور تمام پیشہ وروں کا حال یکساں ہے،

ان کے مال میں برکت نہیں ہوتی، اوراس کی وجوہ ہیں، اگر پیشہ وران اسباب سے بچیں تو برکتوں سے مالا مال ہوں۔

[۳۲-] بَابُ النَّجَّارِ

[۲۰۹۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، قَالَ: أَتٰی رِجَالٌ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَسأَلُوْنَهُ عَنِ الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم إِلٰی فُلَانَةٍ- امْرَأَةٍ قَدْ سَمَّاهَا سَهْلٌ- أَنْ مُرِیْ غُلَامَكِ النَّجَّارَ، يَعْمَلُ لِیْ أَعْوَادًا، أَجْلِسْ عَلَيْهِنَّ إِذَا كَلَّمْتُ النَّاسَ، فَأَمَرَتْهُ يَعْمَلُهَا مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ، ثُمَّ جاءَ بِهَا، فَأَرْسَلَتْ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم بِهَا، فَأَمَرَ بِهَا فَوُضِعَتْ فَجَلَسَ عَلَيْهِ.

[راجع: ۳۷۷]

حوالہ: یہ حدیث کئی بار گذری ہے، پہلی بار کتاب الصلوٰۃ باب ۱۸ (تحفۃ القاری ۲:۲۱۰) میں گذری ہے۔

[۲۰۹۵-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰی، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا أَجْعَلُ لَكَ شَيْئًا تَقْعُدُ عَلَيْهِ؟ فَإِنَّ لِیْ غُلَامًا نَجَّارًا، قَالَ: "إِنْ شِئْتِ" قَالَ: فَعَمِلَتْ لَهُ الْمِنْبَرَ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ قَعَدَ النَّبِیُّ صلی الله عليه وسلم عَلَی الْمِنْبَرِ الَّذِیْ صُنِعَ، فَصَاحَتِ النَّخْلَةُ الَّتِیْ كَانَ يَخْطُبُ عِنْدَهَا حَتّٰی كَادَتْ أَنْ تَنْشَقَّ، فَنَزَلَ النَّبِیُّ صلی الله عليه وسلم حَتّٰی أَخَذَهَا فَضَمَّهَا إِلَيْهِ، فَجَعَلَتْ تَئِنُّ أَنِيْنَ الصَّبِیِّ الَّذِیْ يُسَكَّتُ حَتّٰی اسْتَقَرَّتْ، قَالَ: فَبَكَتْ عَلٰی مَا كَانَتْ تَسْمَعُ مِنَ الذِّكْرِ" [راجع: ۴۴۹]

قوله: فصاحت النخلة: پس درخت کا تنا چلاّ کر رونے لگا..........**حتی كادت أن تنشق**: یہاں تک کہ قریب تھا کہ پھٹ جائے..........**قوله: فجعلت تَئِنُّ أنينَ الصبی**: پس درخت ایں ایں کرنے لگا جس طرح بچہ ایں ایں کرتا ہے جب وہ خاموش کیا جاتا ہے، یہاں تک کہ وہ ٹھہر گیا یعنی درخت کا رونا بند ہوگیا، یہ معجزہ کی روایت ہے اور پہلے **كتاب الجمعة** باب ۲۶ (تحفۃ القاری ۳:۲۳۸) میں گذری ہے۔

بَابُ شِرَی الْإِمَامِ الْحَوَائِجَ بِنَفْسِهِ

امیر المؤمنین کا ضروریات بذاتِ خود خریدنا

پیشہ وروں کا بیان پورا ہوا، اب بات آگے بڑھاتے ہیں، پیشہ وروں سے معاملہ کرنا، خریداری وغیرہ کرنا: مال کو بے برکت نہیں بناتا، بڑے سے بڑا آدمی اپنا سودا سلف بذاتِ خود خرید سکتا ہے، پس ابواب میں تقابل تضاد ہے، کیونکہ بے برکتی

کے اسباب مفقود ہیں۔اور پہلے باب آیا ہے: نبی ﷺ کا ادھار خریدنا، اب یہ باب عام ہے، امیر المؤمنین اپنی ضرورت کی چیزیں بذاتِ خود خریدے خواہ نقد خریدے یا ادھار خریدے اس میں کچھ حرج نہیں، حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب قدس سرہ مدرسہ امینیہ میں پڑھاتے تھے، جب درس سے فارغ ہوکر گھر لوٹتے تو راستہ سے سودا سلف خود خرید کر لاتے تھے، ایک دن ایک دیہاتی امرود بیچ رہا تھا، حضرت نے اس سے بھاؤ معلوم کیا، اس نے دو آنے سیر بتایا، حضرت نے فرمایا: ڈیڑھ آنا دے تو لوں، اس نے انکار کیا، حضرت آگے بڑھ گئے، کسی نے اس سے کہا: جانتا ہے یہ کون ہیں؟ یہ مفتی کفایت اللہ ہیں! اب وہ بھاگتا ہوا پیچھے دوڑا: مفتی جی! ڈیڑھ آنے میں لے جاؤ، حضرت نے فرمایا: اب نہیں، اب دو آنے لے تو لوں، کیونکہ اب قیمت میں کمی مفتی صاحب کی وجاہت کی وجہ سے ہوگی، اور اندیشہ ہے کہ کہیں ﴿يَشْتَرُوْنَ بِآيَاتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ کا مصداق نہ ہوجائے۔غرض بڑا آدمی بھی اپنا سامان خود خرید سکتا ہے، اس میں کچھ حرج نہیں۔

اور بازار سے خریدنا کوئی معیوب بات نہیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اونٹوں کا کاروبار تھا، حضرت خود کاروبار کرتے تھے، اسی طرح آنحضور ﷺ نے حضرت عمر اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما سے اونٹ خریدا ہے اور ایک کافر سے بکری خریدی ہے، اور آپؐ امیر المؤمنین تھے، پس باب ثابت ہوگیا۔

[۳۳-] بَابُ شِرَى الإِمَامِ الْحَوَائِجَ بِنَفْسِهِ

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: اشْتَرَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم جَمَلاً مِنْ عُمَرَ، وَاشْتَرَى ابْنُ عُمَرَ بِنَفْسِهِ، وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ: جَاءَ مُشْرِكٌ بِغَنَمٍ، فَاشْتَرَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْهُ شَاةً، وَاشْتَرَى مِنْ جَابِرٍ بَعِيْرًا.

[۲۰۹۶-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، ثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: اشْتَرَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ يَهُوْدِيٍّ طَعَامًا بِنَسِيْئَةٍ، وَرَهَنَهُ دِرْعَهُ.

[راجع: ۲۰۶۸]

بَابُ شِرَى الدَّوَابِّ وَالْحَمِيْرِ

چوپائے اور گدھے خریدنا

چوپایہ: گھوڑا ہو یا گدھا: خرید سکتے ہیں، کوئی خیال کرسکتا تھا کہ بڑے آدمی کے لئے گدھا خریدنا جائز نہیں ہوگا اس لئے حضرتؒ نے باب میں الحمیر بڑھایا کہ گدھا بھی خرید سکتے ہیں —— اس کے بعد حضرتؒ نے ایک مسئلہ بیان کیا ہے:

مسئلہ: کوئی شخص جانور پر سوار ہے، کسی نے اس سے وہ جانور خریدا، پس کیا جب تک بائع جانور پر سے نیچے نہ اترے

جانور پر مشتری کا قبضہ متصور ہوگا یا نہیں؟ حضرت رحمہ اللہ نے کوئی جواب نہیں دیا، ہل چلایا ہے، اور جواب یہ ہے کہ قبضہ نہیں ہوگا، کیونکہ سونے چاندی کے علاوہ سامان میں قبضہ کے لئے تخلیہ ضروری ہے، جب تک بائع جانور پر سوار ہے تخلیہ نہیں ہوگا، پس مشتری کا قبضہ نہیں ہوگا۔

جاننا چاہئے کہ سونے چاندی کی بیع میں یعنی بیع صرف میں أخذ بالْبَرَاجِمِ (عوضین کو ہاتھ میں لینا) ضروری ہے، جب تک عاقدین اپنے عوض ہاتھ میں نہیں لیں گے قبضہ نہیں ہوگا، اور دیگر تمام عروض (سامان) میں تخلیہ کافی ہے، کسی نے کتاب خریدی، بائع نے کتاب مشتری کے سامنے رکھ دی کہ یہ رہی آپ کی کتاب! پس قبضہ ہوگیا، اگرچہ مشتری نے کتاب کو ہاتھ نہ لگایا ہو، کیونکہ تخلیہ ہوگیا، اور اگر کتاب گودام میں ہے تو قبضہ نہیں ہوا کیونکہ تخلیہ نہیں ہوا، اسی طرح جب تک بائع جانور پر سوار ہے چونکہ تخلیہ نہیں ہوا اس لئے مشتری کا قبضہ نہیں ہوا، جب بائع جانور پر سے اتر کر جانور مشتری کو سونپے گا تب قبضہ ہوگا۔

[۳۴-] بَابُ شِرَى الدَّوَابِّ وَالْحَمِيْرِ

وَإِذَا اشْتَرَى دَابَّةً أَوْ جَمَلاً وَهُوَ عَلَيْهِ، هَلْ يَكُوْنُ ذٰلِكَ قَبْضًا قَبْلَ أَنْ يَنْزِلَ؟

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِعُمَرَ: " بِعْنِيْهِ" يَعْنِي جَمَلاً صَعْبًا.

[۲۰۹۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي غَزَاةٍ، فَأَبْطَأَ بِيْ جَمَلِيْ وَأَعْيَا، فَأَتَى عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " جَابِرٌ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: " مَا شَأْنُكَ؟" قُلْتُ: أَبْطَأَ عَلَيَّ جَمَلِيْ وَأَعْيَا، فَتَخَلَّفْتُ، فَنَزَلَ يَحْجُنُهُ بِمِحْجَنَةٍ، ثُمَّ قَالَ: " ارْكَبْ" فَرَكِبْتُ، فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ أَكُفُّهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " تَزَوَّجْتَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "بِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا؟" قُلْتُ: بَلْ ثَيِّبًا، قَالَ: " أَفَلاَ جَارِيَةً تُلاَ عِبُهَا وَتُلاَعِبُكَ؟" قُلْتُ: إِنَّ لِيْ أَخَوَاتٍ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَتَزَوَّجَ امْرَأَةً تَجْمَعُهُنَّ، وَتَمْشُطُهُنَّ، وَتَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ، قَالَ: " أَمَا إِنَّكَ قَادِمٌ، فَإِذَا قَدِمْتَ فَالْكَيْسَ الْكَيْسَ" ثُمَّ قَالَ: " أَتَبِيْعُ جَمَلَكَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، فَاشْتَرَاهُ مِنِّيْ بِأُوْقِيَّةٍ، ثُمَّ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَبْلِيْ، وَقَدِمْتُ بِالْغَدَاةِ، فَجِئْنَا إِلَى الْمَسْجِدِ، فَوَجَدْتُهُ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ، قَالَ: " الآنَ قَدِمْتَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: " فَدَعْ جَمَلَكَ، ادْخُلْ فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ" فَدَخَلْتُ فَصَلَّيْتُ، فَأَمَرَ بِلاَلاً أَنْ يَزِنَ لَهُ أُوْقِيَّةً، فَوَزَنَ لِيْ بِلاَلٌ، فَأَرْجَحَ لِيْ فِي الْمِيْزَانِ، فَانْطَلَقْتُ حَتَّى وَلَّيْتُ، فَقَالَ: " ادْعُوْا لِيْ جَابِرًا" قُلْتُ: الآنَ يَرُدُّ عَلَيَّ الْجَمَلَ، وَلَمْ يَكُنْ شَيْئٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْهُ، قَالَ: " خُذْ جَمَلَكَ وَلَكَ ثَمَنُهُ" [راجع: ۴۴۳]

حدیث (۱): ایک سفر میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ایک اونٹ پر تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ دوسرے اونٹ پر تھے، اور

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما تیسرے اونٹ پر، جس اونٹ پر ابن عمرؓ سوار تھے وہ بھی حضرت عمرؓ کا تھا، اور وہ بڑا تیز تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
جَملاً صَعْبًا: سخت اونٹ یعنی تیز طرار اونٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بار بار آنحضور ﷺ کے اونٹ سے آگے نکل جاتا تھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو مارتے تھے، تاکہ وہ حضور ﷺ کے اونٹ سے آگے نہ بڑھے، آپؐ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا: اپنا یہ اونٹ مجھے بیچ دو، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ آپ کی نذر ہے، آپؐ نے فرمایا: نہیں، مجھے بیچ دو، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ راضی ہوگئے اور آپؐ نے وہ اونٹ خرید لیا پھر ابن عمرؓ سے فرمایا: عبداللہ اب یہ اونٹ تیرا ہے، جس طرح چاہے چلا، اب حضرت عمرؓ کو مارنے کا حق نہیں رہا کیونکہ وہ اونٹ ان کا نہیں رہا تھا، یہ پورا واقعہ ہے اور اس سے بس اتنا استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ نے اونٹ خریدا، پس اور چوپائے بھی خرید سکتے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے جو پہلے بھی دو مرتبہ آیا ہے، مگر مختصر آیا ہے، مفصل حدیث اب آئی ہے، ایک غزوہ سے واپسی میں جب مدینہ منورہ قریب آیا تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ اپنی اونٹنی کو بھگا رہے تھے، اونٹنی مریل تھی آہستہ چل رہی تھی، حضرت جابر رضی اللہ عنہ اس کو مارتے تھے تاکہ تیز چلے، آنحضور ﷺ پیچھے سے آرہے تھے اور سارا منظر دیکھ رہے تھے، جب آپؐ قریب پہنچے تو پوچھا: جابر! اونٹنی کیوں بھگا رہے ہو؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ چلتی نہیں، تھک گئی ہے اس لئے میں پیچھے رہ گیا ہوں، آپؐ اپنی سواری سے اترے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ بھی اترے اور آپؐ نے اونٹنی کو چھڑی ماری، پھر حضرت جابرؓ سے فرمایا: سوار ہو جاؤ، اب اونٹنی برق رفتار ہوگئی وہ بار بار آنحضور ﷺ کی اونٹنی سے آگے نکل رہی تھی، حضرت جابرؓ اس کو روکتے تھے، پھر آپؐ نے پوچھا: کہ جلدی کیوں ہے؟ حضرت جابرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے شادی کی ہے، میں چاہتا ہوں کہ رات سے پہلے مدینہ پہنچ جاؤں، آپؐ نے پوچھا: کنواری سے شادی کی ہے یا بیوہ سے؟ انھوں نے عرض کیا: بیوہ سے، آپؐ نے فرمایا: کنواری سے کیوں نہ کی، تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ابا جان (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ) جنگ احد میں شہید ہوگئے ہیں اور انھوں نے (سات یا نو) بہنیں چھوڑی ہیں اس لئے میں ایک ایسی عورت لایا ہوں جو ان کو گھیرے رہے ان کی کنگھی کرے یعنی نہلا دھلا کر صاف رکھے اور ان کی نگرانی کرے یعنی اگر کنواری سے شادی کرتا تو گھر میں ایک لڑکی اور آجاتی اس لئے ایک ذمہ دار عورت لایا ہوں تاکہ وہ ان کی تربیت کرے، یہ سن کر آپؐ نے ان کو دعائیں دیں اور فرمایا: ''تم رات سے پہلے گھر پہنچنے والے ہو جب گھر پہنچو تو ہوشیاری سے کام لینا، ہوشیاری سے کام لینا!'' اس جملہ کے علماء نے متعدد مطلب لکھے ہیں، ایک مطلب حاشیہ میں لکھا ہے کہ اگر بیوی حالت حیض میں ہو تو غلبۂ شہوت میں صحبت نہ کر ڈالے، یہ مطلب مجھے پسند نہیں کیونکہ صحابہ سے اس کی توقع نہیں، میرے نزدیک سب سے اچھا مطلب یہ ہے کہ گھر پہنچ کر بیوی کو بننے سنورنے کا موقع دینا۔

پھر آپؐ نے فرمایا: یہ اونٹنی مجھے بیچ دو، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یہ تو نکمی تھی، آپؐ کی چھڑی کی برکت سے اس میں جان پڑی ہے، یہ آپؐ کی نذر ہے، آپؐ نے قبول نہ کی اور بیچنے پر اصرار کیا، چنانچہ آپؐ نے چند اوقیہ کے بدل خرید

لی، پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ تک اس پر جانے کی اجازت مانگی، تو آپؐ نے اجازت دیدی، حضرت جابرؓ رات سے پہلے گھر پہنچ گئے اور آپؐ کی عادت مبارکہ رات میں شہر میں داخل ہونے کی نہیں تھی، اس لئے آپؐ نے مدینہ سے باہر قیام فرمایا، پھر صبح میں مدینہ میں داخل ہوئے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ اونٹنی لے کر حاضر ہوئے اس وقت آپؐ مسجدِ نبوی میں تھے، اور وہ چاشت کا وقت تھا، آپؐ نے حضرت جابرؓ سے فرمایا: دو رکعتیں پڑھ لو، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ان کو ایک اوقیہ چاندی تول کر دیدو، حضرت بلال رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کے خزانچی تھے، انھوں نے جھکتا تول کر دیا، حضرت جابرؓ ثمن لے کر جانے لگے، ابھی مسجد میں تھے کہ آپؐ نے ان کو واپس بلایا، انھوں نے خیال کیا کہ نبی ﷺ سودا ختم کر دیں گے اور اونٹنی پھیر دیں گے، جبکہ حضرت جابرؓ کو وہ اونٹنی بہت ناپسند تھی، جب حضرت جابرؓ آئے تو آپؐ نے فرمایا: اونٹنی بھی لے جاؤ یعنی آپؐ نے ثمن بھی دیا اور اونٹنی بھی دیدی۔

مناسبت: اس حدیث سے بس اتنا استدلال کرنا ہے کہ نبی ﷺ نے اونٹ خریدا۔

فائدہ: آنحضور ﷺ کی چھڑی کی برکت سے وہ اونٹنی برق رفتار ہوگئی تھی، اور بار بار آپؐ کی سواری سے آگے بڑھ رہی تھی، اس لئے آپؐ نے اسے خرید لیا، اب وہ آپؐ کی اونٹنی تھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی اسی مقصد سے اونٹ خریدا تھا، یا آپ حضرت جابرؓ کی مدد کرنا چاہتے تھے، ان کے ابا جنگ احد میں شہید ہوگئے تھے اور ان کی سات یا نو بہنیں تھیں، اس لئے مدد کرنے کے طور پر آپؐ نے ان سے اونٹ خریدا تھا، چنانچہ ثمن بھی دیا اور اونٹنی بھی پھیر دی۔

لغات: أَبْطَأَ إِبْطَاءً (از افعال) دیر کرنا، مؤخر کرنا .... أَعْيَا إِعْيَاءً (از افعال) تھکنا .... الْمِحْجَنَة: ٹیڑھے سر والا ڈنڈا .... **قولہ: تجمعهن:** ان کو گھیرے رہے یعنی محلّہ میں بھٹکنے نہ دے .... **وتمشطهن:** اور ان کے سروں میں کنگھی کرے یعنی نہلا دھلا کر صاف رکھے .... **وتقوم عليهنَّ:** اور ان پر کھڑی رہے یعنی نگرانی کرے .... **قولہ: فاشتراه مني بأوقية:** آنحضور ﷺ نے کتنے اوقیہ چاندی کے بدل اونٹنی خریدی تھی؟ اس سلسلہ میں روایات میں اختلاف ہے اور اب فیصلہ کرنے کی ضرورت نہیں .... **قولہ: ثم قدم رسول الله قبلي:** یعنی مسجدِ نبوی میں آنحضور ﷺ پہلے پہنچے پھر حضرت جابرؓ آئے، مدینہ پہنچنا مراد نہیں، مدینہ پہلے حضرت جابر رضی اللہ عنہ پہنچے تھے اور آپؐ نے شہر سے باہر پڑاؤ کیا تھا، آپؐ کی عادت شریفہ یہی تھی کہ آپؐ رات میں شہر میں داخل نہیں ہوتے تھے۔

بَابُ الْأَسْوَاقِ الَّتِيْ كَانَتْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَتَبَايَعَ بِهَا النَّاسُ فِي الْإِسْلَامِ

زمانۂ جاہلیت کے بازار: جن میں اسلام کے بعد بھی لوگوں نے کاروبار کیا

زمانۂ جاہلیت میں عرب میں حج سے متصل یکے بعد دیگرے پانچ میلے لگتے تھے، اور سب سے آخر میں حج کے ایام میں منیٰ بازار لگتا تھا، جب اسلام کا زمانہ آیا تو بھی یہ سلسلہ جاری رہا، لوگ ان میلوں میں کاروبار کرتے تھے، میلوں، ٹھیلوں میں

کاروبار کرنے سے نفع زیادہ ہوتا ہے، پس یہ بھی رزق حاصل کرنے کی ایک صورت ہے اور یہی اس باب کا مدعی ہے۔ تفصیل کتاب المناسک باب ۱۵۰ (تحفۃ القاری ۴: ۴۸۱) میں ہے۔

[۳۵-] بَابُ الْأَسْوَاقِ الَّتِيْ كَانَتْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَتَبَايَعَ بِهَا النَّاسُ فِي الْإِسْلَامِ

[۲۰۹۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: "كَانَتْ عُكَاظُ وَمَجَنَّةُ وَذُو الْمَجَازِ أَسْوَاقًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا كَانَ الْإِسْلَامُ تَأَثَّمُوْا مِنَ التِّجَارَةِ فِيْهَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ﴾: فِي مَوَاسِمِ الْحَجِّ، قَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَذَا. [راجع: ۱۷۷۰]

بَابُ شِرَاءِ الإِبِلِ الْهِيْمِ أَوِ الْأَجْرَبِ

ہُیام بیماری والا یا خارشتی اونٹ خریدنا

الْهِيْم: جمع ہے، اس کا مفرد الْأَهْيَم ہے اور معنی ہیں: انتہائی پیاسا آدمی یا اونٹ، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿فَشَارِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ﴾ پھر وہ (دوزخی) پیئیں گے سخت پیاسے اونٹوں کے پینے کی طرح (الواقعہ ۵۵)............ الهُيَام والهَيَام: اونٹوں کو لاحق ہونے والی پیاس کی بیماری جس سے اونٹ چارہ چھوڑ کر سرگرداں پھرتے ہیں، اس بیماری میں اونٹ پانی بہت پیتا ہے، اس کا پیٹ نہیں بھرتا، جیسے انسانوں کو استسقاء کی بیماری ہو جاتی ہے اور أجرب کے معنی ہیں: خارشتی، عربوں کے تصورات میں یہ دونوں متعدی امراض تھے، ایسے اونٹوں کو کوئی نہیں خریدتا تھا، کیونکہ دوسرے اونٹوں کو بھی خارش کی اور ہُیام کی بیماری لگ جائے گی۔

اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ عیب دار چیز خریدنا جائز ہے، جیسے بعض دکانوں پر معمولی ٹوٹی ہوئی پیالیاں بکتی ہیں یا کپڑے کے کٹ پیس بکتے ہیں اور ہر پیس میں معمولی عیب ہوتا ہے، اس عیب کی وجہ سے قیمت کم ہو جاتی ہے، اگر کوئی ایسی عیب دار پیالیاں اور کٹ پیس خریدے تو کچھ حرج نہیں۔

لغت: امام بخاری رحمہ اللہ نے الهائم کے بھی معنی بیان کئے ہیں، یہ اسم فاعل ہے اور معنی ہے: آوارہ گرد، وہ شخص جو ہر معاملہ میں الٹا چلے، ابن التینؒ نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ هيم اور هائم میں کوئی مناسبت نہیں، محشی رحمہ اللہ نے اس کا جواب دیا ہے کہ جس طرح عشق میں سرگرداں حیران و پریشان پھرتا ہے اور ہر بات میں الٹی چال چلتا ہے اسی طرح ہُیام بیماری والا اونٹ بھی حیران رہتا ہے، اس مناسبت سے اس کے معنی بیان کئے ہیں۔

[۳۶-] بَابُ شِرَاءِ الإِبِلِ الْهِيْمِ أَوِ الْأَجْرَبِ

الْهَائِمُ: الْمُخَالِفُ لِلْقَصْدِ فِي كُلِّ شَيْءٍ.

[۲۰۹۹-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: قَالَ عَمْرٌو: کَانَ هٰهُنَا رَجُلٌ اسْمُهُ نَوَّاسٌ، وَکَانَتْ عِنْدَهُ إِبِلٌ هِیْمٌ، فَذَهَبَ ابْنُ عُمَرَ، فَاشْتَرَی تِلْکَ الإِبِلَ مِنْ شَرِیْکٍ لَهُ، فَجَاءَ إِلَیْهِ شَرِیْکُهُ، فَقَالَ: بِعْنَا تِلْکَ الإِبِلَ، فَقَالَ: مِمَّنْ بِعْتَهَا؟ فَقَالَ: مِنْ شَیْخٍ کَذَا وَکَذَا، فَقَالَ: وَیْحَکَ! ذَاکَ وَاللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ، فَجَاءَ هُ، فَقَالَ: إِنَّ شَرِیْکِیْ بَاعَکَ إِبِلاً هِیْمًا، وَلَمْ یَعْرِفْکَ، قَالَ: فَاسْتَقْهَا، فَلَمَّا ذَهَبَ یَسْتَاقُهَا: قَالَ: دَعْهَا، رَضِیْنَا بِقَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَا عَدْوَی" سَمِعَ سُفْیَانُ عَمْرًا.

[انظر: ۲۸۵۸، ۵۰۹۳، ۵۰۹۴، ۵۷۵۳، ۵۷۷۲]

ترجمہ: عمرو بن دینار کہتے ہیں: یہاں ایک شخص تھا، اس کا نام نوّاس تھا، اس کے پاس ہُیام بیماری والے اونٹ تھے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما گئے اور اس کے ساتھی سے وہ اونٹ خرید لئے، پس اس کا ساتھی اس کے پاس آیا اور اس نے کہا: ہم نے وہ اونٹ بیچ دیئے، اس نے پوچھا: کس کو بیچے؟ اس نے کہا: ایک حضرت کو بیچے جن کی ایسی اور ایسی صورت تھی، اس نے کہا: بیہودے! خدا کی قسم! یہ تو ابن عمرؓ تھے، پس وہ آپؓ کے پاس آیا اور عرض کیا: میرے ساتھی نے آپ کو ہیام بیماری والے اونٹ بیچے ہیں اور وہ آپ کو جانتا نہیں تھا، آپؓ نے فرمایا: پس ان کو ہانک لے جا، جب وہ اونٹوں کو ہانک لے چلا تو آپؓ نے فرمایا: ان کو چھوڑ دے ہم نبی ﷺ کے فیصلہ پر راضی ہیں کہ ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی۔

تشریح: ہُیام بیماری اونٹ میں عیب ہے، جس کی وجہ سے خیارِ عیب حاصل ہوتا ہے اس لئے ابن عمرؓ نے پہلے اونٹوں کو واپس کر دیا پھر پوری قیمت پر رکھ لیا۔ جاننا چاہئے کہ عیب کی وجہ سے مشتری کو مبیع واپس کرنے کا اختیار حاصل ہوتا ہے، لیکن اگر مشتری عیب دار چیز رکھنا چاہے تو قیمت میں کمی نہیں ہوگی، کیونکہ عیب وصف ہے اور وصف کے مقابل ثمن نہیں آتا۔

عدویٰ کے معنی ہیں: چھوت کی بیماری، متعدی مرض، وہ بیماری جو دوسرے کو لگ جائے، اسلام اس کا قائل نہیں، ہاں سبب کے درجہ میں اس کو تسلیم کرتا ہے مگر اس کی ذاتی تاثیر نہیں مانتا، حدیث میں ہے کہ کوڑھی کے پاس سے بھاگو جیسے شیر کے پاس سے بھاگتے ہو، اس سے معلوم ہوا کہ بعض بیماریوں میں مریض کے ساتھ اختلاط منجملہ اسبابِ مرض ہے، لہٰذا ایسے مریض کے ساتھ اختلاط سے بچنا چاہئے، مگر یہ عقیدہ کہ بعض بیماریاں بذاتِ خود دوسرے کو لگ جاتی ہیں: غلط ہے، یہ بات عقیدۂ توحید کے خلاف ہے، اس لئے نبی ﷺ نے جاہلیت کے اس عقیدہ کی نفی فرمائی۔

بَابُ بَیْعِ السِّلَاحِ فِی الْفِتْنَةِ وَغَیْرِهَا

خانہ جنگی وغیرہ کے زمانہ میں ہتھیار بیچنا

اگر مسلمانوں کے درمیان خانہ جنگی چل رہی ہو تو ہتھیار بیچنا جائز نہیں، کیونکہ جو بھی ہتھیار خریدے گا مسلمان کے خلاف استعمال کرے گا، اس لئے خانہ جنگی کے زمانہ میں ہتھیار بیچنا جائز نہیں، اسی طرح مسلمانوں اور کفار کے درمیان جنگ چل

رہی ہوتو بھی کافروں کے ہاتھ ہتھیار بیچنا جائز نہیں اور ایسی کوئی بات نہ ہوتو ہتھیار بیچ سکتے ہیں، مسلمان کو بھی اور کافر کو بھی، یہ بھی ایک کاروبار ہے بلکہ عام کاروبار سے زیادہ منفعت بخش ہے۔ فی الفتنة سے خانہ جنگی مراد ہے اور غیرھا کی ضمیر فتنہ کی طرف لوٹتی ہے یعنی امن وسکون کا زمانہ۔

[۳۷-] بَابُ بَيْعِ السِّلَاحِ فِي الْفِتْنَةِ وَغَيْرِهَا

وَكَرِهَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ بَيْعَهُ فِي الْفِتْنَةِ.

[۲۱۰۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ أَفْلَحَ، عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ مَوْلَى أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ حُنَيْنٍ، فَأَعْطَاهُ، يَعْنِي الدِّرْعَ فَبِعْتُ الدِّرْعَ، فَابْتَعْتُ بِهِ مَخْرَفًا فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ، فَإِنَّهُ أَوَّلُ مَالٍ تَأَثَّلْتُهُ فِي الْإِسْلَامِ. [انظر: ۳۱۴۲، ۴۳۲۱، ۴۳۲۲، ۷۱۷۰]

ترجمہ: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ جنگ حنین کے سال نکلا، پس آپؐ نے ان کو ذرہ یعنی لوہے کا کرتا دیا، پس میں نے اس کو بیچ کر بنوسلمہ کے علاقہ میں ایک باغ خریدا، پس بیشک یہ پہلا مال تھا جس کو میں نے اسلام کی حالت میں ذخیرہ کیا۔

تشریح: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے جنگ حنین میں ایک بڑے کافر کو مارا تھا، اور اس کا سلب (ساز وسامان) آنحضور ﷺ نے ان کو دیا تھا، انھوں نے اس کو بیچ کر کھجوروں کا ایک باغ خریدا، معلوم ہوا کہ امن کے زمانہ میں مسلمان کے ہاتھ ہتھیار بیچنا جائز ہے۔

بَابٌ: فِي الْعَطَّارِ وَبَيْعِ الْمِسْكِ

عطر فروش اور مشک بیچنے کا بیان

عطر اور مشک بیچنا بھی ایک کاروبار ہے، وہ نہ صرف جائز بلکہ عمدہ کاروبار ہے، اور عطار کا ذکر حدیث میں نہیں تھا اس لئے باب میں مشک کی بیع کا اضافہ کیا۔

[۳۸-] بَابٌ: فِي الْعَطَّارِ وَبَيْعِ الْمِسْكِ

[۲۱۰۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، سَمِعْتُ أَبَا بُرْدَةَ ابْنَ أَبِيْ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالْجَلِيْسِ

السُّوْءِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْمِسْكِ وَكِيرِ الْحَدَّادِ، لَا يَعْدَمُكَ مِنْ صَاحِبِ الْمِسْكِ: إِمَّا تَشْتَرِيهِ وَإِمَّا تَجِدُ رِيْحَهُ، وَكِيْرُ الْحَدَّادِ يُحْرِقُ بَيْتَكَ أَوْ ثَوْبَكَ، أَوْ تَجِدُ مِنْهُ رِيْحًا خَبِيْثَةً"[انظر: ٥٥٣٤]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اچھے ہم نشیں اور برے ہم نشیں کی مثال مشک والے اور لوہار کی بھٹی کی سی ہے، مشک والے سے تو محروم نہیں رہے گا: یا تو اس کو خریدے گا یا اس کی خوشبو سونگھے گا، اور لوہار کی بھٹی: تیرے گھر کو یا کپڑے کو جلائے گی یا تو اس کی بدبو (دھواں) پائے گا، یعنی اچھے ہم نشیں سے فائدہ پہنچتا ہے اور برے ہم نشیں سے نقصان۔

بَابُ ذِكْرِ الْحَجَّامِ

پچھنے لگانے والے کا تذکرہ

سینگی لگوانا فساد خون کا بہترین علاج ہے اور یہ بھی ایک پیشہ ہے، مگر گندہ پیشہ ہے، اس لئے ایک حدیث میں اختیار اولیٰ کے طور پر حجام کی آمدنی سے منع کیا گیا ہے۔

[٣٩-] بَابُ ذِكْرِ الْحَجَّامِ

[٢١٠٢-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَجَمَ أَبُوْ طَيْبَةَ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ، وَأَمَرَ أَهْلَهُ أَنْ يُخَفِّفُوْا مِنْ خَرَاجِهِ.
[انظر: ٢٢١٠، ٢٢٧٧، ٢٢٨٠، ٢٢٨١، ٥٦٩٦]

[٢١٠٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا خَالِدٌ، هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللهِ، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: احْتَجَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَأَعْطَى الَّذِي حَجَمَهُ، وَلَوْ كَانَ حَرَامًا لَمْ يُعْطِهِ.[راجع: ١٨٣٥]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ابوطیبہ نے نبی ﷺ کے پچھنے لگائے پس آپؐ نے اس کو ایک صاع کھجور دی اور اس کے آقا کو اس کا محصول کم کرنے کا حکم دیا۔

حدیث (۲): ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے پچھنے لگوائے اور جس نے پچھنے لگائے تھے اس کو آپؐ نے اجرت دی، اگر پچھنے لگانے کی اجرت حرام ہوتی تو آپؐ اس کو اجرت نہ دیتے۔

تشریح:

۱- یہ حدیث دلیل ہے کہ پچھنے لگانے کی آمدنی جائز ہے اس لئے کہ نبی ﷺ نے ابوطیبہ کو پچھنے لگانے کی اجرت دی ہے، مگر یہ پیشہ کچھ اچھا نہیں، جیسے کمانے کا پیشہ یعنی بیت الخلاء صاف کرنے کا پیشہ فی نفسہ جائز ہے مگر پسندیدہ نہیں، کیونکہ اس میں نجاست سے قرب ہوتا ہے اسی طرح پچھنے لگانے میں گندہ خون منہ میں لینا پڑتا ہے اس لئے یہ پیشہ اچھا نہیں،

حدیث: کَسْبُ الحجّام خبیثٌ کا یہی مطلب ہے۔

۲-ابوطیبہ عبد مأذون تھا اور اس کے آقاؤں نے اس پر زیادہ آمدنی لازم کر رکھی تھی اس کی درخواست پر نبی ﷺ نے اس کے آقاؤں سے بات کی اور اس کا محصول کم کرادیا یعنی اس کے آقاؤں نے اس پر جو آمدنی لازم کی تھی اس کو کم کرادیا۔

بَابُ التِّجَارَةِ فِيْمَا يُكْرَهُ لُبْسُهُ لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

مردوں اور عورتوں کے لئے جس چیز کا پہننا جائز نہیں اس کی تجارت کرنا

کوئی کپڑا ایسا ہے کہ مردوں کے لئے بھی اس کا استعمال مکروہ ہے اور عورتوں کے لئے بھی، جیسے تصویر والا کپڑا: اس کو بیچ سکتے ہیں یا نہیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک بیچنا جائز ہے کیونکہ وہ مال ہے اور جمہور بشمول صاحبین کہتے ہیں کہ ناجائز ہے، اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ یہ اعانت علی المعصیت ہے یا نہیں؟ جمہور کے نزدیک یہ اعانت علی المعصیت ہے کیونکہ جو بھی وہ کپڑا خریدے گا اس کو استعمال کرے گا، جبکہ اس کا استعمال جائز نہیں، پس بائع ایک ناجائز کام میں مددگار رہوا جو قرآنِ کریم کی رو سے ممنوع ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾: گناہ اور ظلم کے کاموں میں مددگار مت بنو، اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ اعانت علی المصیت نہیں، کیونکہ بیچ میں فاعل مختار کا فعل متخلل ہے، اور فاعل مختار کا فعل متخلل ہو تو نسبت منقطع ہوجاتی ہے، مثلاً ایک شخص کی دکان ہے اس نے حجام کو وہ دکان کرایہ پر دی وہ اس میں لوگوں کی ڈاڑھیاں مونڈتا ہے یا بینک کو کرایہ پر دی وہ اس میں سودی کاروبار کرتے ہیں، یہ اعانت علی المصیت نہیں، کیونکہ حجام اور بینک والے فاعل مختار ہیں پس دکان کے مالک سے گناہ کی نسبت منقطع ہوجائے گی، جو ڈاڑھی مونڈے گا یا سودی معاملہ کرے گا وہ گنہ گار ہوگا دکان کے مالک پر کوئی گناہ نہیں، اسی طرح مذکورہ کپڑا بیچ سکتا ہے اور یہ اعانت علی المصیت نہیں، کیونکہ مشتری فاعل مختار ہے پس بائع سے نسبت منقطع ہوجائے گی، مشتری کپڑا پہنے گا تو وہ گنہ گار ہوگا بائع پر کوئی گناہ نہیں، مگر جمہور اس قاعدہ کو نہیں مانتے، ان کے نزدیک یہ اعانت علی المصیت ہے اس لئے مذکورہ کپڑا بیچنا جائز نہیں، اسی طرح حجام اور بینک کو دکان کرایہ پر دینا بھی جائز نہیں اور فتوی امام اعظم رحمہ اللہ کے قول پر ہے، اور تقوی صاحبین کے قول پر عمل کرنے میں ہے۔

[٤٠-] بَابُ التِّجَارَةِ فِيْمَا يُكْرَهُ لُبْسُهُ لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

[٢١٠٤-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَرْسَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى عُمَرَ بِحُلَّةِ حَرِيْرٍ، أَوْ: سِيَرَاءَ، فَرَآهَا عَلَيْهِ، فَقَالَ: "إِنِّي لَمْ أُرْسِلْ بِهَا إِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا، إِنَّمَا يَلْبَسُهَا مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ، إِنَّمَا بَعَثْتُ إِلَيْكَ لِتَسْتَمْتِعَ بِهَا" يَعْنِي تَبِيْعُهَا. [راجع: ٨٨٦]

وضاحت: یہ حدیث پہلے دو مرتبہ آچکی ہے۔ آنحضور ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک ریشمی سوٹ

بھیجا...... حلة حریر کے معنی ہیں: ریشمی سوٹ، اور سیراء جگہ کا نام ہے، یہ بھی ریشم ہی کا سوٹ ہوتا تھا...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو پہن کر آئے تو آپؐ نے فرمایا: میں نے یہ سوٹ اس لئے نہیں بھیجا کہ آپ اس کو پہنیں، اس کو وہی پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، بلکہ اس لئے بھیجا ہے کہ اس کو بیچ کر یا کسی اور طرح سے فائدہ اٹھائیں، چنانچہ حضرت عمرؓ نے وہ سوٹ اپنے ایک رضاعی بھائی کو جو مکہ میں رہتا تھا اور وہ ابھی مسلمان نہیں ہوا تھا بطور ہدیہ بھیج دیا، تا کہ وہ اسلام کی طرف مائل ہو، غرض نبی ﷺ نے ریشمی سوٹ ہبہ کیا، پس اس کو بیچ بھی سکتے ہیں کیونکہ ہبہ اور بیع کا مفاد ایک ہے۔

[۲۱۰۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِيْهَا تَصَاوِيْرُ، فَلَمَّا رَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ عَلَى الْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْهُ، فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِهِ الْكَرَاهَةَ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم، مَاذَا أَذْنَبْتُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَابَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ؟" قُلْتُ: اشْتَرَيْتُهَا لَكَ لِتَقْعُدَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ أَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُعَذَّبُوْنَ، فَيُقَالُ لَهُمْ: أَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ" وَقَالَ "إِنَّ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ الصُّوَرُ لاَ تَدْخُلُهُ الْمَلاَئِكَةُ" [انظر ۳۲۲۴، ۵۱۸۱، ۵۹۵۷، ۵۹۶۱، ۷۵۵۷]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: انھوں نے ایک گدّا خریدا، جس میں تصویریں تھیں، جب اس تصویر والے گدّے کو نبی ﷺ نے دیکھا تو آپؐ دروازہ پر کھڑے ہوگئے، گھر کے اندر داخل نہیں ہوئے، پس میں نے رخ انور میں ناپسندیدگی کے آثار دیکھے تو عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں اللہ اور اس کے رسول کے سامنے توبہ کرتی ہوں، مجھ سے کیا گناہ ہوا؟ آپؐ نے فرمایا: اس گدّے کا کیا حال ہے؟ یعنی یہ گدا یہاں کیوں ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے اس کو آپؐ کے لئے خریدا ہے تا کہ آپؐ اس پر بیٹھیں (تقعد اور توسد کے ایک ہی معنی ہیں) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیشک یہ تصویر والے قیامت کے دن عذاب دیئے جائیں گے، ان سے کہا جائے گا کہ زندہ کرو جس کو تم نے بنایا ہے'' یعنی ان تصویروں میں جان ڈالو اور آپؐ نے فرمایا: ''بیشک وہ گھر جس میں تصویر ہو وہاں ملائکہ داخل نہیں ہوتے''

استدلال: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تصویر والا گدّا خریدا، معلوم ہوا کہ جو بھی چیز شرعاً مال ہے اس کو خرید سکتے ہیں، پس بیچ بھی سکتے ہیں۔

بَابُ صَاحِبِ السِّلْعَةِ أَحَقُّ بِالسَّوْمِ

مال کا مالک قیمت بتانے کا زیادہ حق رکھتا ہے

بھاؤ تاؤ کے وقت بائع اور مشتری میں سے ہر ایک قیمت بول سکتا ہے مگر قیمت بولنے کا زیادہ حق مشتری کا ہے، جب

مسجدِ نبوی کی جگہ خریدی گئی تو نبی ﷺ نے بنونجار سے فرمایا: ثامِنُونی بِحائِطِکُمْ: اپنے اس باغ کی قیمت بتلاؤ، معلوم ہوا کہ قیمت بولنے کا زیادہ حق مالکان کا ہے۔

[٤١-] بَابُ صَاحِبِ السِّلْعَةِ أَحَقُّ بِالسَّوْمِ

[٢١٠٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا بَنِي النَّجَّارِ! ثَامِنُوْنِيْ بِحَائِطِكُمْ" وَفِيْهِ خَرِبٌ وَنَخْلٌ. [راجع: ٢٣٤]

بَابٌ: كَمْ يَجُوْزُ الْخِيَارُ؟

خیارِ شرط کتنے دن ہوسکتا ہے؟

خیارِ شرط یہ ہے کہ خرید وفروخت کے وقت بائع اور مشتری دونوں یا کوئی ایک بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار لے، خیارِ شرط میں کوئی تحدید ہے یا نہیں؟ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک تحدید ہے یعنی خیارِ شرط زیادہ سے زیادہ تین دن کا ہوسکتا ہے اس سے زیادہ کا نہیں، اور امام مالک اور صاحبین رحمہم اللہ کے نزدیک کوئی تحدید نہیں، بائع اور مشتری جتنے دن کا چاہیں خیار لے سکتے ہیں۔ امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ کی دلیل ترمذی کی حدیث (نمبر ۱۲۳۵) ہے، ایک صحابی حضرت حبان بن مُنقِذ رضی اللہ عنہ تھے، ان کی عقل میں کچھ کمزوری تھی، اور وہ کاروبار کرتے تھے اور گھاٹا پاتے تھے، ان کے گھر والے ان کو کاروبار سے منع کرتے تھے مگر وہ مانتے نہیں تھے، چنانچہ گھر والے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور ان کو کاروبار سے روکنے کی درخواست کی، نبی ﷺ نے ان کو بلا کر کاروبار سے منع کیا مگر انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں کاروبار سے صبر نہیں کرسکتا، آپؐ نے فرمایا: اچھا جب کوئی چیز بیچو تو کہا کرو: هاءَ وهاءَ ولاخِلاَبَةَ: لو اور لاؤ، سودے میں کوئی دھوکا نہیں۔ بے غل وغش معاملہ ہے۔ ولي الخيار ثلاثة أيام: اور مجھے تین دن بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار ہے، یہ الفاظ مستدرک حاکم کی روایت میں ہیں، اس حدیث کی وجہ سے امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ خیارِ شرط زیادہ سے زیادہ تین دن ہوسکتا ہے، مگر امام بخاریؒ نے کوئی تحدید نہیں کی، معلوم ہوا کہ وہ امام مالک اور صاحبین رحمہم اللہ کے ساتھ ہیں۔

[٤٢-] بَابٌ: كَمْ يَجُوْزُ الْخِيَارُ؟

[٢١٠٧-] حدثنا صَدَقَةُ، أَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ، سَمِعْتُ نَافِعًا، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِنَّ الْمُتَبَايِعَيْنِ بِالْخِيَارِ فِي بَيْعِهِمَا مَالَمْ يَتَفَرَّقَا، أَوْ يَكُوْنُ الْبَيْعُ خِيَارًا" قَالَ نَافِعٌ: وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا اشْتَرَى شَيْئًا يُعْجِبُهُ فَارَقَ صَاحِبَهُ.

[انظر: ٢١٠٩، ٢١١١، ٢١١٣، ٢١١٦]

[۲۱۰۸-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی الْخَلِیْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: "البَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَفْتَرِقَا"
وَزَادَ أَحْمَدُ: ثَنَا بَهْزٌ، قَالَ: قَالَ هَمَّامٌ: فَذَکَرْتُ ذٰلِكَ لِأَبِی التَّیَّاحِ، فَقَالَ: کُنْتُ مَعَ أَبِی الْخَلِیْلِ لَمَّا حَدَّثَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ هٰذَا الْحَدِیْثَ. [راجع: ۲۰۷۹]

قوله: أو یکون البیع خیاراً: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، یعنی جب ایجاب وقبول کے بعد مجلس بدل گئی تو خیار ختم ہوگیا، البتہ اگر بیع میں خیار شرط ہے تو جتنے دن کی شرط ہے وہاں تک خیار باقی رہے گا، اور اس کی کوئی تحدید نہیں۔

قوله: إذا اشتری شیئا: حضرت ابن عمرؓ جب کوئی چیز خریدتے اور وہ چیز انہیں پسند آتی تو وہ مجلس بدل لیا کرتے تھے تاکہ بیع لازم ہوجائے، یہ مسئلہ آگے آرہا ہے۔

قوله: فذکرت ذلك لأبی التیاح: ہمامؒ کہتے ہیں: میں نے حضرت قتادہؒ سے یہ حدیث سن کر ابوالتیاح کو سنائی تو انھوں نے فرمایا: ابوالخلیل کے استاذ عبداللہ بن الحارث نے جب یہ حدیث بیان کی تھی تو میں مجلس میں موجود تھا۔

بَابٌ: إِذَا لَمْ یُوَقِّتِ الْخِیَارَ: هَلْ یَجُوْزُ الْبَیْعُ؟

اگر خیارِ شرط کی مدت متعین نہ کی ہو تو کیا بیع جائز ہے؟

بائع یا مشتری نے بیع میں اختیار لیا اور خیار کی مدت مقرر نہیں کی تو بیع صحیح ہے یا نہیں؟ حضرت رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بیع صحیح ہے کیونکہ حدیث میں خیارِ شرط کی کوئی مدت نہیں آئی۔ جاننا چاہئے کہ اس صورت میں امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک تین دن کا خیار ہوگا، اس کے بعد بیع لازم ہوجائے گی، اور صاحب خیار کو بیع فسخ کرنے کا حق نہیں رہے گا، اور امام بخاریؒ کے نزدیک تین دن کے بعد بھی صاحب خیار کو بیع فسخ کرنے کا حق ہے، کیونکہ ان کے نزدیک خیار شرط کی کوئی مدت متعین نہیں۔

[۴۳-] بَابٌ: إِذَا لَمْ یُوَقِّتِ الْخِیَارَ: هَلْ یَجُوْزُ الْبَیْعُ؟

[۲۱۰۹-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، ثَنَا أَیُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "الْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَتَفَرَّقَا، أَوْ یَقُوْلُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: اخْتَرْ" وَرُبَّمَا قَالَ: "أَوْ یَکُوْنُ بَیْعَ خِیَارٍ" [راجع: ۲۱۰۷]

قوله: اخْتَرْ: ہر ایک اپنے ساتھی سے اختر کہے یعنی بائع مشتری کو اور مشتری بائع کو ایجاب وقبول کے بعد اختیار دے کہ چاہے تو بیع فسخ کر ڈالے، اور دوسرا کہے نہیں، میں بیع قائم رکھتا ہوں تو اب خیارِ مجلس نہیں رہے گا، بیع لازم ہوجائے گی، تفصیل

آ گے آئے گی اور اختَرِ: فعل امر ہے، اختِیَار: باب افتعال: پسند کرنا، ترجیح دینا۔

قولہ: بیعَ خیارٍ: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، اور یہ مطلق ہے، مدت کی کوئی تحدید نہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک خیار شرط کی مدت مقرر نہیں۔ تحدید کی ہو یا نہ کی ہو: ہر صورت میں بیع صحیح ہے۔

بَابُ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتفَرَّقَا

بائع اور مشتری کو جدا ہونے تک بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار ہے (خیار مجلس کا مسئلہ)

اس باب میں خیار مجلس کا بیان ہے، اور یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے۔ جاننا چاہئے کہ خرید و فروخت کے وقت بائع اور مشتری میں سے جو پہلے بولے گا اس کا قول ایجاب اور دوسرے کا قول قبول کہلائے گا، اور ایجاب کے بعد دوسرے فریق کو قبول کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، پھر جب دوسرے نے قبول کرلیا تو اس کا نام تفرقِ اقوال ہے، تفرقِ اقوال کا مطلب ہے: عاقدین عقد سے فارغ ہوگئے یعنی ایجاب و قبول مکمل ہوگئے۔

ایجاب و قبول مکمل ہونے کے بعد مجلس بدلنے تک بائع اور مشتری کو سودا ختم کرنے کا اختیار ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے اور اسی کا نام خیارِ مجلس ہے۔ حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک متعاقدین میں سے کسی کو بیع فسخ کرنے کا حق نہیں، البتہ اقالہ ہوسکتا ہے یعنی دونوں فریق باہمی رضامندی سے بیع ختم کر سکتے ہیں مگر کسی ایک کو تنہا بیع توڑنے کا حق نہیں، یہ حضرات خیار مجلس کے قائل نہیں، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ خیارِ مجلس کے قائل ہیں، ان کے نزدیک مجلس بدلنے تک ہر ایک بیع توڑ سکتا ہے، وہ ڈکٹیٹر ہے اسے دوسرے فریق کی رضامندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ بیع میں دو چیزیں ہیں: ایک: تمامیتِ بیع، دوم: لزومِ بیع۔ یہ دونوں چیزیں ساتھ ہوتی ہیں یا جدا ہوتی ہیں؟ احناف، مالکیہ اور ظاہریہ کے نزدیک ساتھ ہوتی ہیں اور شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک جدا ہوتی ہیں، پھر ظاہریہ کے نزدیک تفرق ابدان پر دونوں کا تحقق ہوتا ہے، یعنی جب بائع اور مشتری ایک دوسرے سے جدا ہونگے تب بیع تام بھی ہوگی اور لازم بھی ہوگی، اور حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک تفرق اقوال پر دونوں کا تحقق ہوتا ہے، یعنی ایجاب و قبول ہوتے ہی بیع تام بھی ہوجاتی ہے اور لازم بھی۔ اور شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک تفرقِ اقوال پر بیع تام ہوتی ہے اور تفرق ابدان پر بیع لازم ہوتی ہے۔

اور ثمرۂ اختلاف دو صورتوں میں ظاہر ہوگا:

اول: کوئی چیز بیچی خریدی گئی، پھر تفرق ابدان سے پہلے مجلس عقد ہی میں متعاقدین میں سے کوئی ایک فوت ہوگیا تو ظاہریہ کے نزدیک سودا نہیں ہوا، مبیع بائع کی اور ثمن مشتری کا ہے اور ائمہ اربعہ کے نزدیک بیع ہوگئی، کیونکہ ایجاب و قبول پائے گئے، اس لئے بیع تام ہوگئی پس ثمن بائع کا یا اس کے ورثاء کا اور مبیع مشتری کی یا اس کے ورثاء کی ہوگی۔

دوم: چھوٹے دواماموں کے نزدیک تفرق ابدان سے پہلے ہرفریق بیع توڑ سکتا ہے، وہ ڈکٹیٹر ہے اسے دوسرے فریق کی رضامندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ ابھی بیع لازم نہیں ہوئی۔ اور بڑے دواماموں کے نزدیک دوسرے کی رضامندی کے بغیر سودا ختم نہیں کرسکتا کیونکہ بیع لازم ہوچکی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسئلۂ باب میں چار حدیثیں ہیں جن پر مسئلہ کا مدار ہے، مگر امام بخاری رحمہ اللہ ان میں سے صرف دو حدیثیں لائے ہیں:

پہلی حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: البیّعانِ بالخیار مَالَمْ یَتَفَرَّقَا: بائع اور مشتری کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں۔

تشریح:

۱- مالم یتفرقا سے تفرق ابدان مراد ہے یا تفرق اقوال؟ ایک رائے یہ ہے کہ تفرق اقوال مراد ہے یعنی ایجاب کے بعد دوسرے کو قبول کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے، اس کے قبول کرنے سے پہلے ایجاب کرنے والا اپنا ایجاب واپس لے سکتا ہے اور قبول کرنے والا قبول بھی کرسکتا ہے اور قبول نہ کرے یہ بھی اس کو اختیار ہے۔ یہ قول امام محمد رحمہ اللہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے، اس تفسیر کی رو سے حدیث میں خیارِ مجلس کا مسئلہ نہیں ہے، اور چھوٹے دواماموں کے نزدیک تفرقِ ابدان مراد ہے یعنی حدیث میں خیارِ مجلس کا مسئلہ ہے اور بہ ظاہر انہی کی رائے صحیح ہے کیونکہ پوری حدیث اس طرح ہے: ''بائع اور مشتری کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں یا اختر نہ کہہ لیں، یعنی تفرق ابدان سے بھی بیع لازم ہوتی ہے، اور اختر کہنے سے بھی، اس کے بعد خیارِ مجلس باقی نہیں رہتا، مگر یہ کہ بیع میں خیارِ شرط ہو، اگر بیع میں خیارِ شرط ہے تو تفرق ابدان کے بعد بھی خیار باقی رہتا ہے۔

۲- اختر اختر کہنے کا مطلب یہ ہے کہ سودا مکمل ہونے کے بعد متعاقدین میں سے ہر ایک دوسرے سے کہے: آپ غور کرلیں اگر سودا پسند نہ ہو تو معاملہ ختم کردیں، پھر دوسرا غور کر کے یا تو سودا ختم کردے یا یہ کہے کہ مجھے سودا منظور ہے، پھر یہ شخص جس کو سودا پسند ہے، یہی بات دوسرے سے کہے اور وہ بھی غور کر کے سودا ختم کردے یا منظور کرلے۔

۳- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جو اس حدیث کے راوی ہیں ان کے نزدیک بھی تفرق ابدان مراد تھا، چنانچہ آئندہ تیسرے باب میں یہ حدیث آرہی ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہما سے ایک زمین کا سودا کیا، سودا مکمل ہوتے ہی ابن عمرؓ الٹے پاؤں لوٹے اور گھر سے باہر نکل گئے، پھر واپس آکر بیٹھ گئے، آپؓ نے مجلس اس لئے بدلی کہ حضرت عثمانؓ سودا ختم نہ کرلیں، کیونکہ ابن عمرؓ کو سودے میں فائدہ نظر آیا تھا......... ابن عمرؓ کے اس عمل سے معلوم ہوا کہ تفرق سے تفرق ابدان مراد ہے، پس یہ چھوٹے دواماموں کی دلیل ہے۔

ملحوظہ: مذکورہ واقعہ کو راوی نے اس طرح بیان کیا ہے کہ گویا یہ ابن عمرؓ کا معمول تھا، جب بھی وہ کوئی سودا کرتے اور

چاہتے کہ بیع لازم ہوجائے تو فوراً مجلس بدل لیا کرتے تھے، مگر یہ بات غالباً صحیح نہیں، یہ صرف ایک مرتبہ کا واقعہ ہے۔

دوسری حدیث: حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بائع اور مشتری کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں، پس اگر وہ دونوں سچ بولیں اور واضح کریں یعنی مبیع اور ثمن میں کوئی عیب ہو تو اسے واضح کریں تو ان کی بیع میں برکت ہوگی اور اگر دونوں جھوٹ بولیں اور مبیع اور ثمن کے عیب کو چھپائیں تو ان کی بیع کی برکت مٹادی جائے گی۔ اس حدیث میں بھی تفرق ابدان مراد ہے، اور یہ بھی چھوٹے دواماموں کی دلیل ہے۔

تیسری حدیث: حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی ہے، ایک سفر میں ایک کشتی میں دو شخصوں نے شام کے وقت ایک گھوڑے کا سودا کیا، صبح گھوڑے کا مالک پشیمان ہوا اس نے سودا ختم کرنا چاہا، دوسرا تیار نہ ہوا۔ حضرت ابو برزہ اسلمیؓ بھی کشتی میں تھے، دونوں اپنا جھگڑا لے کر ان کے پاس گئے، آپؓ نے فرمایا: میرے خیال میں تم دونوں جدا نہیں ہوئے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ بائع اور مشتری کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں لہٰذا ایک فریق معاملہ ختم کرسکتا ہے —— یہ حدیث ترمذی شریف (حدیث ۱۲۳۱) میں ہے اور گذشتہ دونوں حدیثوں کے ہم معنی ہے، مگر اس میں غور طلب بات یہ ہے کہ وہ دونوں شخص جن کے درمیان گھوڑے کا سودا ہوا تھا شام سے صبح تک ساتھ رہے ہوں، یہ بات عقل باور نہیں کرتی۔

چوتھی حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما کی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: بائع اور مشتری کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں مگر یہ کہ بیع میں خیارِ شرط ہو، یعنی اگر سودے میں خیارِ شرط رکھا ہے، تو پھر تین دن تک فسخ کا اختیار باقی رہے گا، اور اگر یہ اختیار نہ لیا ہو تو فسخ کا اختیار تفرق ابدان تک رہے گا، فریقین کے جدا ہوتے ہی یہ اختیار ختم ہوجائے گا۔ ولایَحِلُّ له أن یُفَارِقَ صَاحِبَهُ خَشْیَةَ أَنْ یستقیلَه: اور فریقین میں سے کسی کے لئے بھی جائز نہیں کہ وہ اپنے ساتھی سے جدا ہو اس خوف سے کہ وہ اس سے اقالہ کی یعنی بیع ختم کرنے کی درخواست کرے گا —— یہ حدیث بھی ترمذی (حدیث ۱۲۳۲) میں ہے، اور حسن ہے۔

استدلال:

اسْتَقَالَهُ البیعَ کے معنی ہیں: بیع فسخ کرنے کی درخواست کرنا، باب استفعال طلب کے لئے ہے۔ اور درخواست اس صورت میں کی جاتی ہے جب معاملہ میں دوسرے کا کچھ دخل ہو، اس جملہ میں صاف اشارہ ہے کہ تفرق ابدان سے پہلے بھی ایک فریق دوسرے فریق کو راضی کئے بغیر سودا ختم نہیں کرسکتا، یعنی ایجاب وقبول پر بیع تام بھی ہوجاتی ہے اور لازم بھی ہوجاتی ہے، بڑے دوامام اسی کے قائل ہیں، اور یہ حدیث ان کی دلیل ہے، اور چھوٹے دواماموں نے حضرت ابن عمر اور حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہما کی حدیثوں کو لیا ہے، کیونکہ وہ اصح مافی الباب ہیں۔ اور بڑے دوامام کہتے ہیں کہ اُن حدیثوں میں تفرق ابدان سے پہلے جس اختیار کا ذکر ہے وہ اختیار ناقص ہے، اختیار تام نہیں، اختیار ناقص کا مطلب یہ ہے کہ سودا مکمل ہونے

کے بعد ہر فریق اپنے ساتھی کو راضی کر کے بیع توڑ سکتا ہے، تنہا نہیں توڑ سکتا، اور دلیل حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی یہ حدیث ہے، اس میں صاف صراحت ہے کہ ہر فریق اپنے ساتھی کو راضی کر کے معاملہ ختم کر سکتا ہے، تنہا نہیں کر سکتا۔

غرض حضرت ابن عمرؓ وغیرہ کی حدیثوں میں تفرق ابدان سے پہلے جس اختیار کا ذکر ہے وہ اختیار تام ہے یا ناقص؟ اس میں اختلاف ہوا ہے۔ بڑے دو اماموں کے نزدیک وہ اختیار ناقص ہے اور چھوٹے دو اماموں کے نزدیک وہ اختیار تام ہے اس لئے تفرق ابدان سے پہلے ہر فریق سودا ختم کر سکتا ہے، وہ ڈکٹیٹر ہے، دوسرے فریق کو راضی کرنے کی ضرورت نہیں (۱)

بہ الفاظ دیگر: اس میں اختلاف ہوا ہے کہ یہ حکم باب قضاء سے ہے یا باب دیانت سے؟ یعنی یہ حکم اخلاق و مروت کے باب سے ہے یا قضاء سے اس کا تعلق ہے؟ چھوٹے دو امام کہتے ہیں: یہ حکم قضاءً ہے یعنی اگر تفرق ابدان سے پہلے کوئی فریق معاملہ ختم کر دے، اور مقدمہ قاضی کے پاس جائے تو قاضی اس فسخ کو برقرار رکھے گا، اور بڑے دو اماموں کے نزدیک یہ حکم اخلاق و مروت کے باب سے ہے، یعنی جب تک فریقین مجلس عقد میں ہیں اگر کوئی فریق سودا ختم کرنا چاہے تو انسانیت و مروت کا تقاضہ یہ ہے کہ دوسرا فریق راضی ہو جائے، کیونکہ فریقین نے ابھی اپنے عوضوں سے فائدہ نہیں اٹھایا۔

اور بڑے دو اماموں نے درج ذیل قرائن کی بنا پر یہ مطلب سمجھا ہے:

۱- اس خوف سے کہ ساتھی بیع فسخ کرنے کی درخواست کرے گا: مجلس بدلنے سے آنحضور ﷺ نے منع کیا، جبکہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ساتھ سودا کیا تھا تو ایسا کیا تھا، اور یہ بات ممکن نہیں کہ راوی خود اپنی روایت کے خلاف عمل کرے اس لئے اس خیار کو باب اخلاق سے قرار دینا زیادہ مناسب ہے، اس صورت میں ابن عمرؓ کا عمل مروت اور حسن اخلاق کے خلاف ہوگا اور اس میں کوئی حرج نہیں، بوقت ضرورت ایسا کیا جا سکتا ہے۔

۲- حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے جو اس حدیث کے ایک راوی ہیں اس کو باب اخلاق سے سمجھا ہے چنانچہ جب کشتی میں دو شخص اپنا جھگڑا لے کر ان کے پاس گئے تو یہ فرمایا کہ میں ایسا سمجھتا ہوں کہ تم ابھی جدا نہیں ہوئے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ فریقین جب تک جدا نہ ہوں ان کو بیع فسخ کرنے کا اختیار ہے یعنی تم دونوں ساتھ سفر کر رہے ہو اور تم نے ابھی اپنے اپنے عوضوں سے فائدہ نہیں اٹھایا اور وقت بھی زیادہ نہیں گذرا، لہٰذا جب ایک فریق سودا ختم کرنا چاہتا ہے تو دوسرے کو راضی ہو جانا چاہئے۔ حسن اخلاق کا یہی تقاضہ ہے، اس حدیث میں تفرق ابدان مراد لینا ممکن نہیں، کیونکہ دونوں شام سے صبح تک ساتھ رہے ہوں، یہ بات عقل باور نہیں کرتی۔

۳- حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی مذکورہ روایت کے ایک راوی ہمام کی روایت آئندہ دوسرے باب میں آرہی

(۱) ایسا ہی اختلاف دو اور حدیثوں میں بھی ہوا ہے: ایک: حدیث مصرات میں، تفصیل آگے باب ۶۴ و ۶۵ میں آئے گی، دوم: اگر کوئی شخص کسی کو عمداً قتل کرے تو مقتول کے ورثاء کو دو باتوں میں اختیار ہے، چاہیں تو قصاص لیں اور چاہیں تو دیت لیں، احناف کے نزدیک دیت لینے کا اختیار بھی ناقص ہے یعنی قاتل کی رضامندی سے دیت لے سکتے ہیں، تفصیل ابواب الدیات میں آئے گی۔

ہے،اس میں یختار ثلاث مراد ہے،یعنی تین مرتبہ اختر اختر کہنے تک خیار فسخ باقی رہتا ہے۔حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری (۴:۳۳۴) میں اس کو استحبابی حکم قرار دیا ہے،پس تین مرتبہ کی طرح ایک مرتبہ کا حکم بھی استحبابی ہے،ایک مرتبہ کے وجوبی حکم ہونے کی کوئی دلیل نہیں۔

[٤٤-] بَابُ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتفَرَّقَا

وَبِهِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ، وَشُرَيْحٌ، وَالشَّعْبِيُّ، وَطَاوُسٌ، وَعَطَاءٌ، وَابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ.

[٢١١٠-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا حَبَّانُ، هُوَ ابْنُ هِلَالٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: قَتَادَةُ أَخْبَرَنِي عَنْ صَالِحٍ أَبِي الْخَلِيْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، سَمِعْتُ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "البَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتفَرَّقَا، فَإِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِي بَيْعِهِمَا، وَإِنْ كَذَبَا وَكَتَمَا مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا"[راجع: ٢٠٧٩]

[٢١١١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابْنُ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الْمُتَبَايِعَانِ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِالْخِيَارِ عَلٰى صَاحِبِهِ مَالَمْ يَتفَرَّقَا، إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ" [راجع: ٢١٠٧]

وضاحت: امام بخاری رحمہ اللہ بھی خیارِ مجلس کے قائل ہیں یعنی ان کے نزدیک بھی تفرق ابدان سے پہلے ہر فریق ڈکٹیٹر ہے،وہ تنہا معاملہ ختم کرسکتا ہے،دوسرے فریق کو راضی کرنے کی ضرورت نہیں،یہی رائے حضرت ابن عمر،قاضی شریح، امام شعبی،حضرات طاؤس وعطاء اور ابن ابی ملیکہ کی ہے۔

بَابٌ إِذَا خَيَّرَ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ بَعْدَ الْبَيْعِ فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ

جب سودا ہونے کے بعد ہر ایک نے دوسرے کو بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دیدیا تو بیع لازم ہوگئی

اس باب کا حاصل یہ ہے کہ اخْتَرْ اخْتَرْ کہنے سے بھی بیع لازم ہوجاتی ہے جس طرح تفرق ابدان سے بیع لازم ہوتی ہے،جب ایجاب وقبول کے بعد ہر فریق نے اپنے ساتھی کو غور کرکے سودا رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دیدیا اور اس نے سودا منظور کرلیا تو بیع لازم ہوگئی،اس کے بعد خیارِ مجلس باقی نہیں رہتا،یہی اس باب کا مدعی ہے۔

[٤٥-] بَابٌ إِذَا خَيَّرَ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ بَعْدَ الْبَيْعِ فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ

[٢١١٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا لَيْثٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّه

قَالَ:" إِذَا تبَايَعَ الرَّجُلاَنِ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِنهُمَا بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتفَرَّقَا وَكَانَا جَمِيْعًا، أَوْ يُخَيِّرُ أَحَدُهُمَا الآخَرَ، فَتبَايَعَا عَلٰى ذٰلِكَ فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ، وَإِنْ تَفَرَّقَا بَعْدَ أَنْ يَتبَايَعَا وَلَمْ يَتْرُكْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا الْبَيْعَ فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ"[راجع: ۲۱۰۷]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب دو شخصوں نے بیچا خریدا، پس ان میں سے ہر ایک کو (بیع رکھنے نہ رکھنے کا) اختیار ہے جب تک وہ دونوں جدا نہ ہوں اور دونوں ساتھ رہیں (عطف تفسیری ہے، دونوں جملوں کا مطلب ایک ہے) یا ان میں سے ہر ایک دوسرے کو اختیار دے، پس دونوں نے بیع کو برقرار رکھا تو بیع لازم ہوگئی (یہی جملہ باب سے متعلق ہے) اور اگر معاملہ کرنے کے بعد دونوں جدا ہوگئے اور ان میں سے کسی نے بیع کو رد نہیں کیا تو بھی بیع لازم ہوگئی، یعنی تفرق ابدان سے بھی بیع لازم ہوجاتی ہے۔

بَابٌ: إِذَا كَانَ الْبَائِعُ بِالْخِيَارِ: هَلْ يَجُوْزُ الْبَيْعُ؟

جب بائع نے خیار شرط لیا تو کیا بیع درست ہے؟

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ بائع کے لئے خیارِ شرط نہیں ہوسکتا، صرف مشتری خیارِ شرط لے سکتا ہے، حضرت رحمہ اللہ نے ان کی تردید کی ہے کہ بائع بھی خیارِ شرط لے سکتا ہے کیونکہ حدیث مطلق ہے، پس بائع اور مشتری دونوں کو خیارِ شرط مل سکتا ہے۔

[٤٦-] بَابٌ: إِذَا كَانَ الْبَائِعُ بِالْخِيَارِ: هَلْ يَجُوْزُ الْبَيْعُ؟

[۲۱۱۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" كُلُّ بَيِّعَيْنِ لاَ بَيْعَ بَيْنَهُمَا حَتَّى يَتفَرَّقَا إِلاَّ بَيْعَ الْخِيَارِ"[راجع: ۲۱۰۷]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "ہر دو بیچنے خریدنے والے ان کے درمیان بیع نہیں، یہاں تک کہ وہ جدا ہوں مگر یہ کہ بیع میں خیارِ شرط ہو" یعنی اگر بیع میں خیارِ شرط ہو تو تفرق ابدان کے بعد بھی بیع لازم نہیں ہوگی۔

قولہ: إلا بيع الخيار: اس سے خیارِ شرط مراد ہے اور یہ مطلق ہے، پس بائع اور مشتری دونوں کے لئے خیارِ شرط ہوسکتا ہے۔

[۲۱۱٤-] حدثنا إِسْحَاقُ، ثَنَا حَبَّانُ، ثنا هَمَّامٌ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي الْخَلِيْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ حَتَّى يَتفَرَّقَا - قَالَ هَمَّامٌ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِيْ: "يَخْتَارُ ثَلاَثَ مِرَارٍ- فَإِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِي بَيْعِهِمَا، وَإِنْ كَذَبَا وَكَتَمَا

فَعَسَى أَنْ يَرْبَحَا رِبْحًا وَيُمْحَقَا بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا"

قَالَ: وَحَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ التَّيَّاحِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۰۷۹]

وضاحت: یہ ہمام کی روایت ہے وہ کہتے ہیں: میری کتاب میں یختار ثلاث مرار ہے یعنی ایجاب وقبول کے بعد ہر ایک اپنے ساتھی کو تین مرتبہ غور کر کے بیع کو باقی رکھنے یا فسخ کرنے کا اختیار دے، یہ جملہ قرینہ ہے کہ تفرق ابدان تک یا اختر اختر کہنے تک خیار کا مسئلہ مروت اور حسن اخلاق کے قبیل سے ہے باب قضاء سے نہیں، چنانچہ حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں تین مرتبہ اختر اختر کہنے کو استحبابی حکم قرار دیا ہے، پس ایک مرتبہ اختر اختر کہنے کا حکم بھی استحبابی ہوگا، ایک مرتبہ کے وجوبی حکم ہونے کی کوئی دلیل نہیں۔

قوله: وإن كذبا و كتما: اور اگر دونوں جھوٹ بولیں اور اپنے عوضوں کا عیب چھپائیں تو ہوسکتا ہے کہ وہ نفع پائیں اور دونوں کی بیع کی برکت مٹادی جائے، یعنی جھوٹ بول کر یا عیب چھپا کر آدمی زیادہ نفع تو پاسکتا ہے، مگر اس سے بیع کی برکت ختم ہوجاتی ہے۔

بَابٌ: إِذَا اشْتَرَى شَيْئًا، فَوَهَبَ مِنْ سَاعَتِهِ، قَبْلَ أَنْ يَتفَرَّقَا، وَلَمْ يُنْكِرِ الْبَائِعُ عَلَى الْمُشْتَرِيْ أَوِ اشْتَرَى عَبْدًا فَأَعْتَقَهُ

جب کوئی چیز خریدی، اور اسی وقت مجلس ختم ہونے سے پہلے ہبہ کر دی یا غلام خریدا اور آزاد کر دیا اور بائع نے اعتراض نہیں کیا تو خیار ختم ہو گیا

إذا کا جواب محذوف ہے أی انقطع خيارہ۔ جاننا چاہئے کہ صحت بیع کے لئے بنیادی شرط تراضی طرفین ہے، سورۃ النساء (آیت ۲۹) میں اس کی صراحت ہے: ﴿إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ﴾ یہ تراضی طرفین کب تک ضروری ہے؟ دو بڑے اماموں کے نزدیک تفرق اقوال (سودا مکمل ہونے) تک ضروری ہے اور دو چھوٹے اماموں کے نزدیک تفرق ابدان تک ضروری ہے، اسی کا نام خیار مجلس ہے، پھر جس طرح اختر اختر کہنے سے خیار مجلس ختم ہوجاتا ہے اسی طرح جب دلالۃً بیع پر فریقین کی رضامندی پائی جائے تو تفرق ابدان سے پہلے ہی خیار مجلس ختم ہوجائے گا۔ امام صاحب رحمہ اللہ نے باب میں اس کی دو مثالیں ذکر کی ہیں: (۱) کوئی چیز خریدی اور فوراً مجلس ختم ہونے سے پہلے مشتری نے وہ چیز کسی کو بخش دی اور بائع نے اعتراض نہیں کیا تو خیارِ مجلس ختم ہوگیا (۲) کسی نے غلام خریدا، پھر اسی وقت مجلس ختم ہونے سے پہلے مشتری نے اس کو آزاد کر دیا اور بائع نے اعتراض نہیں کیا تو بھی خیارِ مجلس ختم ہوگیا، اب بائع بیع نہیں توڑ سکتا، اور ہبہ اور اعتاق کا ذکر بطور

مثال ہے، گروی رکھنے کا بھی یہی حکم ہے جب طرفین کی بیع پر رضا مندی پائی جائے تو خیار مجلس ختم ہوجاتا ہے۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کی ایک نظیر پیش کی ہے کہ ایک شخص نے کوئی سامان خریدا اس شرط پر کہ پسند آیا تو رکھے گا ورنہ واپس کردے گا یعنی خیارِ شرط لیا، پھر اس نے وہ چیز کسی کو بیچ دی تو بیع لازم ہوگئی اور جو نفع اس نے کمایا وہ اس کے لئے حلال ہے، گویا بیچنا دلالۃً خیارِ شرط کو ختم کرنا ہے، یہ مسئلہ حضرت طاؤس رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے۔

[٤٧-] بَابٌ: إِذَا اشْتَرَى شَيْئًا، فَوَهَبَ مِنْ سَاعَتِهِ، قَبْلَ أَنْ يَتفرَّقَا، وَلَمْ يُنْكِرِ الْبَائِعُ عَلَى الْمُشْتَرِىْ، أَوِ اشْتَرَى عَبْدًا فَأَعْتَقَهُ

وَقَالَ طَاوُسٌ فِيْمَنْ يَشْتَرِىْ السِّلْعَةَ عَلَى الرِّضَا ثُمَّ بَاعَهَا: وَجَبَتْ لَهُ، وَالرِّبْحُ لَهُ.

[٢١١٥-] وَقَالَ لَنَا الْحُمَيْدِىُ: ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا عَمْرٌو، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي سَفَرٍ، فَكُنْتُ عَلٰى بَكْرٍ صَعْبٍ لِعُمَرَ، فَكَانَ يَغْلِبُنِىْ، فَيَتَقَدَّمُ أَمَامَ الْقَوْمِ، فَيَزْجُرُهُ عُمَرُ وَيَرُدُّهُ، ثُمَ يَتَقَدَّمُ فَيَزْجُرُهُ عُمَرُ وَيَرُدُّهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِعُمَرَ: "بِعْنِيْهِ" فَقَالَ: هُوَ لَكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بِعْنِيْهِ" فَبَاعَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ تَصْنَعُ بِهِ مَا شِئْتَ"

[انظر: ٢٦١٠، ٢٦١١]

وضاحت: یہ حدیث (ابواب البیوع باب ۳۴ میں) گذر چکی ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایک اونٹ پر سوار تھے وہ اونٹ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تھا اور تیز طرار تھا، وہ بار بار آنحضور ﷺ کے اونٹ سے آگے نکل جاتا تھا، حضرت عمرؓ اس کو مارتے تھے تاکہ آگے نہ نکلے۔ نبی ﷺ نے وہ اونٹ خرید کر حضرت ابن عمرؓ کو بخش دیا، اور فرمایا: "اب یہ اونٹ تیرا ہے جو چاہے کر" غرض نبی ﷺ نے اونٹ خرید کر فوراً تفرق ابدان سے پہلے ابن عمرؓ کو وہ اونٹ بخش دیا اور حضرت عمرؓ نے اعتراض نہ کیا تو ان کا خیار ختم ہوگیا۔

[٢١١٦-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: بِعْتُ مِنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ مَالاً بِالْوَادِىْ بِمَالٍ لَهُ بِخَيْبَرَ، فَلَمَّا تَبَايَعْنَا رَجَعْتُ عَلَى عَقِبَىَّ، حَتَّى خَرَجْتُ مِنْ بَيْتِهِ، خَشْيَةَ أَنْ يُرَادَّنِىْ الْبَيْعَ، وَكَانَتِ السُّنَّةُ أَنَّ الْمُتَبَايِعَيْنِ بِالْخِيَارِ حَتَّى يَتفرَّقَا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَلَمَّا وَجَبَ بَيْعِى وَبَيْعُهُ رَأَيْتُ أَنِّىْ قَدْ غَبَنْتُهُ، بِأَنِّىْ سُقْتُهُ إِلٰى أَرْضِ ثَمُوْدَ بِثَلاَثِ لَيَالٍ، وَسَاقَنِىْ إِلَى الْمَدِيْنَةِ بِثَلاَثِ لَيَالٍ. [راجع: ٢١٠٧]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے امیر المؤمنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو اپنی وہ زمین جو وادی القری میں تھی ان کی اس زمین کے بدلے میں جو خیبر میں تھی بیچی، پس جب ہم معاملہ کر چکے تو میں الٹے پاؤں لوٹا، یہاں تک کہ میں ان کے گھر سے نکل گیا، اس اندیشہ سے کہ وہ مجھ پر بیع کو پھیر دیں گے، یعنی بیع کو توڑ دیں گے۔ اور سنت (اسلامی طریقہ) یہ تھا کہ عاقدین کو اختیار حاصل ہوتا تھا جب تک وہ جدا نہ ہوں، عبداللہؓ کہتے ہیں: پس جب میری اور ان کی بیع لازم ہوگئی یعنی تفرق ابدان ہوگیا تو میں نے دیکھا (دل میں سوچا) کہ میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گھاٹے میں رکھا، اس طرح کہ میں ان کو ثمود کے علاقہ سے قریب تین دن کے فاصلہ پر لے گیا اور وہ مجھے مدینہ سے قریب تین دن کے فاصلہ پر لے آئے۔

تشریح: یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے، حضرت ابن عمرؓ نے حضرت عثمان غنیؓ سے زمین بدلی، ان کی زمین وادی القری میں تھی اور حضرت عثمانؓ کی زمین خیبر میں تھی، جب معاملہ ہو چکا تو ابن عمرؓ نے سوچا: حضرت عثمانؓ گھاٹے میں رہے، اور میں فائدے میں رہا، کیونکہ حضرت عثمانؓ کی زمین مدینہ سے دور ہوگئی اور حضرت ابن عمرؓ مدینہ سے قریب آ گئے، اور انھوں نے خیال کیا کہ اگر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ذہن اس طرف چلا گیا تو وہ معاملہ ختم کر دیں گے، اس لئے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے تفرق ابدان کر کے بیع کو لازم کر دیا، پس اصل حکم تو یہی ہے کہ ختم مجلس پر بیع لازم ہوتی ہے، مگر جب حضرت ابن عمرؓ نے مجلس بدل لی اور حضرت عثمانؓ نے اعتراض نہ کیا تو دلالۃً رضامندی پائی گئی اس لئے بیع لازم ہوگئی، اسی طرح اگر کسی اور طرح سے رضامندی پائی جائے تو مجلس بدلنے سے پہلے ہی خیار ختم ہو جائے گا۔

بَابُ مَايُكْرَهُ مِنَ الْخِدَاعِ فِي الْبَيْعِ

بیع میں دھوکہ ناجائز ہے

بیع میں کسی بھی طرح کا دھوکہ نہیں ہونا چاہئے، اس سے بیع کی برکت ختم ہو جاتی ہے۔

[٤٨-] بَابُ مَايُكْرَهُ مِنَ الْخِدَاعِ فِي الْبَيْعِ

[٢١١٧-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَجُلاً ذَكَرَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ يُخْدَعُ فِي الْبُيُوْعِ، فَقَالَ: " إِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ: لاَ خِلاَبَةَ "

[انظر: ٢٤٠٧، ٢٤١٤، ٦٩٦٤]

وضاحت: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، پورا واقعہ یہ ہے کہ حضرت حبان بن مُنقذ رضی اللہ عنہ کاروبار کرتے تھے اور گھاٹا پاتے تھے، ان کی عقل میں کمزوری تھی، سامان کتنے میں خریدا یہ بات بھول جاتے تھے اور اپنے خیال میں نفع سے بیچ دیتے تھے، اس طرح نقصان اٹھاتے تھے۔ ان کے گھر والے ان کو کاروبار سے منع کرتے تھے مگر وہ مانتے نہیں تھے، چنانچہ گھر

والے نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اوران کو کاروبار سے روکنے کی درخواست کی، آپؐ نے ان کو بلا کر کاروبار سے منع کیا مگر انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں کاروبار کرنے سے صبر نہیں کرسکتا، چنانچہ آپؐ نے ان کوایک ایسی تدبیر بتائی کہ نہ سانپ بچے نہ لاٹھی ٹوٹے، فرمایا: جب کوئی چیز بیچا کروتو کہہ دیا کرو: هَاءَ وَهَاءَ وَلاَ خِلاَبَةَ! لواور لاؤ، سودے میں کوئی دھوکہ نہیں، ولی الخیار ثلاثة أیام: اور مجھے تین دن تک بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار ہے، اس تدبیر کا فائدہ یہ ہوگا کہ جب بھول یاد آئے گی تو معاملہ ختم کردیں گے، اور نقصان سے بچ جائیں گے۔ چنانچہ انھوں نے ہر ایک سے یہی کہنا شروع کردیا اور رفتہ رفتہ ان کا کاروبار ٹھپ ہوگیا، کیونکہ تین دن تک کون انتظار کرے گا؟

بَابُ مَاذُكِرَ فِي الْأَسْوَاقِ

بازاروں کے سلسلہ کی روایات

اس باب میں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ بازار اور مارکیٹ کے بارے میں کیا روایتیں آئی ہیں ان کو دیکھنا ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو جب ان کے انصاری بھائی حضرت سعد بن الربیع رضی اللہ عنہ نے اپنا آدھا مال دینا چاہا تو انھوں نے لینے سے انکار کردیا اور پوچھا: کیا یہاں کوئی بازار ہے، جہاں کاروبار ہوتا ہو؟ پس بازار کا تذکرہ آگیا۔ اسی طرح جب حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ تین مرتبہ سلام کرکے واپس لوٹے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو بلا کر اس کی وجہ پوچھی: انھوں نے حدیث سنائی، حضرت عمرؓ نے گواہ طلب کیا، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے گواہی دی، پس حضرت عمرؓ نے فرمایا: ألهانی الصَّفْقُ بالأسواق: مجھے بازار میں کاروبار نے غافل کردیا! یہ حدیث بھی گذر چکی ہے اور باب سے مناسبت واضح ہے۔

[٤٩-] بَابُ مَاذُكِرَ فِي الْأَسْوَاقِ

[١-] وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ، قُلْتُ: هَلْ مِنْ سُوْقٍ فِيْهِ تِجَارَةٌ؟ فَقَالَ: سُوْقُ قَيْنُقَاعَ.

[٢-] وَقَالَ أَنَسٌ: قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: دُلُّوْنِيْ عَلَى السُّوْقِ.

[٣-] وَقَالَ عُمَرُ: أَلْهَانِيْ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ.

[٢١١٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "يَغْزُوْ جَيْشٌ الْكَعْبَةَ، فَإِذَا كَانُوْا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ" قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! كَيْفَ يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ وَفِيْهِمْ أَسْوَاقُهُمْ وَمَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ؟ قَالَ: "يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ، ثُمَّ يُبْعَثُوْنَ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ"

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ایک لشکر کعبہ شریف کو ڈھانے کے لئے چلے گا، پس جب وہ چٹیل زمین میں ہوگا تو ان کے اگلے پچھلے سب زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے" حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگلے پچھلے سب کیسے دھنسائے جائیں گے، جبکہ ان میں ان کے دکاندار بھی ہونگے؟ (یہاں باب ہے) اور وہ ان (ڈھانے والوں) میں سے نہیں ہونگے یعنی ان کی کعبہ شریف کو ڈھانے کی نیت نہیں ہوگی، وہ صرف دکان لے کر ساتھ آئے ہونگے، آپؐ نے فرمایا: اول وآخر سب دھنسا دیئے جائیں گے، پھر وہ اپنی نیتوں کے مطابق (قیامت کے دن) اٹھائے جائیں گے۔

[۲۱۱۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " صَلاَةُ أَحَدِكُمْ فِيْ جَمَاعَةٍ تَزِيْدُ عَلٰى صَلاَ تِهِ فِي سُوْقِهِ وَبَيْتِهِ بِضْعًا وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً، وَذٰلِكَ: بِأَنَّهُ إِذَا تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ أَتَى الْمَسْجِدَ لاَ يُرِيْدُ إِلَّا الصَّلاَ ةَ، لاَ يَنْهَزُهُ إِلَّا الصَّلاَ ةُ، لَمْ يَخْطُ خُطْوَةً إِلَّا رُفِعَ بِهَا دَرَجَةٌ، وَحُطَّتْ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةٌ، وَالْمَلاَئِكَةُ تُصَلِّيْ عَلٰى أَحِدِكُمْ مَادَامَ فِي مُصَلَّاهُ الَّذِيْ يُصَلِّيْ فِيْهِ، اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ! اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ! مَا لَمْ يُحْدِثْ فِيْهِ، مَالَمْ يُؤْذِ فِيْهِ" وَقَالَ: " أَحَدُكُمْ فِي صَلاَ ةٍ مَا كَانَتِ الصَّلاَ ةُ تَحْبِسُهُ"[راجع: ۱۷۶]

حوالہ: حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہے، في سوقه باب سے متعلق ہے، اور ترجمہ وشرح کتاب الصلوٰۃ باب ۸۷ (تحفۃ القاری ۲: ۳۳۶) میں ہے۔

[۲۱۲۰-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، ثَنا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي السُّوْقِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ! فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنَّمَا دَعَوْتُ هٰذَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلاَ تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِيْ"
[انظر: ۲۱۲۱، ۳۵۳۷]

[۲۱۲۱-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَعَا رَجُلٌ بِالْبَقِيْعِ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ! فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: لَمْ أَعْنِكَ، قَالَ: " سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلاَ تَكْنُوْا بِكُنْيَتِيْ"[راجع: ۲۱۲۰]

وضاحت: ایک مرتبہ نبی ﷺ بازار سے گذر رہے تھے، اسی جانب ایک اور شخص جا رہا تھا، اس کی کنیت ابوالقاسم تھی، کسی نے پیچھے سے پکارا! او ابوالقاسم! نبی ﷺ نے پیچھے مڑ کر دیکھا، اس نے عرض کیا: میری مراد آپ نہیں بلکہ فلاں صاحب ہیں، اس وقت آپؐ نے فرمایا: "میرے نام پر نام رکھو مگر میری کنیت مت رکھو"

تشریح: جاننا چاہئے کہ عربوں کی عادت تھی کہ وہ بڑے آدمی کا نام لے کر نہیں پکارتے تھے بلکہ کنیت سے پکارتے تھے، صحابہ حضور اکرم ﷺ کو یارسول اللہ! کہہ کر پکارتے تھے اور غیر مسلم ابوالقاسم کہہ کر پکارتے تھے، عام طور پر آپؐ کو نام سے نہیں پکارا جاتا تھا، اس لئے نبی ﷺ نے محمد نام رکھنے کی اجازت دی اور ابوالقاسم کنیت رکھنے کی ممانعت فرمائی، اور یہ ممانعت لغیرہ ہے، اور جہاں ممانعت لغیرہ ہوتی ہے وہاں لعینہٖ جواز ہوتا ہے، اس لئے اب نبی ﷺ کے دنیا سے تشریف بری کے بعد محمد نام اور ابوالقاسم کنیت رکھنا جائز ہے۔

[۲۱۲۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ يَزِيْدَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ الدَّوْسِيِّ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِي طَائِفَةِ النَّهَارِ، لاَ يُكَلِّمُنِيْ وَلاَ أُكَلِّمُهُ، حَتّٰى أَتٰى سُوْقَ بَنِيْ قَيْنُقَاعَ، فَجَلَسَ بِفِنَاءِ بَيْتِ فَاطِمَةَ، فَقَالَ: أَثَمَّ لُكَعُ؟ أَثَمَّ لُكَعُ؟" فَحَبَسَتْهُ شَيْئًا، فَظَنَنْتُ أَنَّهَا تُلْبِسُهُ سِخَابًا أَوْ تُغَسِّلُهُ، فَجَاءَ يَشْتَدُّ حَتّٰى عَانَقَهُ وَقَبَّلَهُ، فَقَالَ:" اَللّٰهُمَّ أَحِبَّهُ وَأَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُ" قَالَ سُفْيَانُ: قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: أَخْبَرَنِيْ أَنَّهُ رَأٰى نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ أَوْتَرَ بِرَكْعَةٍ.[انظر: ۵۸۸۴]

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ دن کے ایک حصہ میں نکلے (حضرت ابوہریرہؓ ساتھ تھے) نہ آپؐ مجھ سے بات کر رہے ہیں اور نہ میں آپؐ سے بات کر رہا ہوں، یہاں تک کہ آپؐ بنوقینقاع کے بازار میں آئے (یہاں باب ہے) —— حاشیہ میں ہے کہ اس کے بعد عبارت میں سقط ہے، مسلم شریف میں روایت اس طرح ہے: حتی جاء سوقَ بنی قینقاع، ثم انصرف حتی أتی فناءَ فاطمة: آپؐ بنوقینقاع کے بازار میں آئے پھر واپس لوٹے یہاں تک کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے صحن میں آئے (اور بیٹھ گئے) اور پوچھا: کیا وہاں (گھر میں) بچہ ہے؟ کیا وہاں بچہ ہے؟ (مراد حضرات حسن یا حسین رضی اللہ عنہما ہیں) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے بچہ کو کچھ دیر روک رکھا، پس میں نے سوچا کہ وہ بچہ کو ہار پہنا رہی ہیں یا نہلا رہی ہیں یعنی بچہ کو تیار کر رہی ہیں، پس بچہ دوڑتا ہوا آیا یہاں تک کہ آپؐ نے اس کو گلے سے لگایا اور اس کو چوما اور فرمایا: "اے اللہ! اس سے محبت فرما اور جو اس سے محبت کرے اس سے بھی محبت فرما!" سفیان کہتے ہیں: عبید اللہ نے مجھ کو بتایا کہ انھوں نے نافع بن جبیر کو ایک رکعت وتر پڑھتے دیکھا ہے (معلوم ہوا کہ عبید اللہ کی نافع سے ملاقات ہے، اسی کو بیان کرنے کے لئے یہ بات لائے ہیں)

[۲۱۲۳-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، ثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، ثَنَا ابْنُ عُمَرَ: أَنَّهُمْ كَانُوْا يَشْتَرُوْنَ الطَّعَامَ مِنَ الرُّكْبَانِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَيَبْعَثُ عَلَيْهِمْ مَنْ يَمْنَعُهُمْ أَنْ يَبِيْعُوْهُ حَيْثُ اشْتَرَوْهُ، حَتّٰى يَنْقُلُوْهُ حَيْثُ يُبَاعُ الطَّعَامُ.

[انظر: ۲۱۳۱، ۲۱۳۷، ۲۱۶۶، ۲۱۶۷، ۶۸۵۲]

[۲۱۲٤–] وَقَالَ: وَثَنَا ابْنُ عُمَرَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُبَاعَ الطَّعَامُ إِذَا اشْتَرَاهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ. [انظر: ۲۱۲٦، ۲۱۳۳، ۲۱۳٦]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگ لادیوں سے غلہ خریدا کرتے تھے، پس آپؐ ان کے پاس آدمی بھیجتے تھے جوان کو اسی جگہ جہاں غلہ خریدا ہے غلہ بیچنے سے منع کرتا تھا جب تک وہ اس کو اس جگہ منتقل نہ کرلیں جہاں اناج بکتا ہے یعنی اپنی دکان میں لاکر بیچیں۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے غلہ خرید کر بیچنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ اس پر قبضہ کرلے۔

تشریح:

۱– یہ حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے اور اہم ہے اور آگے بار بار آئے گی اس لئے اس کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے۔ آج کل ایسا ہورہا ہے کہ میں نے مثلاً بنگال سے کاغذ منگوایا، کاغذ ویگن (ریل گاڑی) میں بھر دیا گیا، وہ دس پندرہ دن کے بعد پہنچے گا، مگر بلٹی پہنچ گئی، میں نے پانچ فیصد نفع پر بلٹی بیچ دی، پھر خریدار نے کچھ نفع رکھ کر آگے بیچ دی، ابھی کاغذ پہنچا نہیں کہ کئی بیعیں ہوجاتی ہیں، یہ جائز نہیں، کیونکہ مبیع بائع کے قبضہ میں نہیں اور بیع کی صحت کے لئے ضروری ہے کہ مبیع بائع کی ملکیت میں ہو اور مقدور التسلیم ہو۔

اور شریعت نے یہ شرط اس لئے رکھی ہے کہ 'قبالے' شروع نہ ہوجائیں، مبیع کا سرے سے وجود ہی نہ ہو اور اس کی خرید وفروخت ہونے لگے یہ 'قبالہ' ہے، مثلاً: ایک شخص کو ایک لاکھ روپے قرض چاہئیں اس نے کسی سے قرض مانگا، اس نے کہا: میرے پاس پیسے نہیں، البتہ آپ مجھ سے سرسوں خرید لیں، چنانچہ اس نے ایک سو دس روپے کے بھاؤ سے سو من سرسوں خرید لیا، بازار میں سو روپے بھاؤ چل رہا ہے، پھر نوے روپے کے حساب سے بائع ہی کو وہ سرسوں بیچ دیئے، اور اسے ایک لاکھ روپے مل گئے جبکہ سرسوں کا سرے سے وجود نہیں، اگر قبضہ سے پہلے بیع کی اجازت دیدی جائے گی تو یہ قبالے شروع ہوجائیں گے اس لئے شریعت نے بیع کی صحت کے لئے شرط لگادی کہ مبیع کا بائع کی ملکیت میں ہونا اور مقدور التسلیم ہونا ضروری ہے، یہ اس حدیث کا پس منظر ہے۔

مدینہ منورہ میں باہر سے جو لادیاں غلہ لے کر آتی تھیں ان سے لوگ غلہ خرید کر قبضہ سے پہلے ہی آگے بیچ دیا کرتے تھے، نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا، اور اگر کوئی ایسا کرتا تو محتسب اس کی خبر لے لیتا، غرض مبیع پر قبضہ کرنے سے پہلے اس کو بیچنا جائز نہیں، اور شریعت نے یہ شرط اس لئے لگائی کہ قبالے شروع نہ ہوجائیں، یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمائی ہے جو بخاری کے اگلے صفحہ پر آرہی ہے۔

۲– حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک ہر چیز کا یہی حکم ہے اور حدیث میں لفظ طعام اتفاقی ہے یعنی ان کے نزدیک کوئی بھی چیز قبضہ سے پہلے بیچنا جائز نہیں، اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک طعام سے کھانے پینے کی

چیزیں مراد ہیں، ان کو قبضہ سے پہلے بیچنا جائز نہیں، ان کے علاوہ اشیاء قبضہ سے پہلے بیچ سکتے ہیں، اور شیخین ـــــ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ ـــــ کے نزدیک طعام سے تمام منقولات مراد ہیں، یعنی جو چیزیں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوسکتی ہیں ان کو قبضہ سے پہلے بیچنا جائز نہیں اور غیر منقولات مثلاً زمین قبضہ سے پہلے بیچ سکتے ہیں، کیونکہ منقول اشیاء ہلاک ہوسکتی ہے اگر ان کو قبضہ سے پہلے بیچا گیا اور وہ چیز ہلاک ہوگئی تو بائع مبیع کس طرح سپرد کرے گا؟ اور غیر منقول میں ہلاک ہونے کا اندیشہ نہیں، پس اس کو قبضہ سے پہلے بیچ سکتے ہیں۔

بَابُ كَرَاهِيَةِ الصَّخَبِ فِي السُّوْقِ

بازار میں شور کرنا مکروہ ہے

اسواق کا تذکرہ آیا تھا اس لئے اب یہ بات بیان کرتے ہیں کہ مارکیٹ اور بازاروں میں شور وشغب نہیں کرنا چاہئے، لوگ سکون واطمینان سے کاروبار کریں۔

[۵۰-] بَابُ كَرَاهِيَةِ الصَّخَبِ فِي السُّوْقِ

[۲۱۲۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا فُلَيْحٌ، ثنا هِلَالٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، لَقِيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قُلْتُ: أَخْبِرْنِيْ عَنْ صِفَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي التَّوْرَاةِ؟ قَالَ: أَجَلْ، وَاللّٰهِ إِنَّهُ لَمَوْصُوْفٌ فِي التَّوْرَاةِ بِبَعْضِ صِفَتِهِ فِي الْقُرْآنِ: يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيْرًا، وَحِرْزًا لِلْأُمِّيِّيْنَ، أَنْتَ عَبْدِيْ وَرَسُوْلِيْ، سَمَّيْتُكَ الْمُتَوَكِّلَ، لَيْسَ بِفَظٍّ وَلَا غَلِيْظٍ، وَلَا صَخَّابٍ فِي الْأَسْوَاقِ، وَلَا يَدْفَعُ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ، وَلٰكِنْ يَعْفُوْ وَيَغْفِرُ، وَلَنْ يَقْبِضَهُ اللّٰهُ حَتَّى يُقِيْمَ بِهِ الْمِلَّةَ الْعَوْجَاءَ، بِأَنْ يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَتُفْتَحُ بِهَا أَعْيُنٌ عُمْيٌ، وَآذَانٌ صُمٌّ، وَقُلُوْبٌ غُلْفٌ"

تَابَعَهُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ هِلَالٍ، وَقَالَ سَعِيْدٌ، عَنْ هِلَالٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ سَلَامٍ.

[انظر: ٤٨٣٨]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: غُلْفٌ: كُلُّ شَيْءٍ فِي غِلَافٍ، فَهُوَ أَغْلَفُ، سَيْفٌ أَغْلَفُ، وَقَوْسٌ غَلْفَاءُ: وَرَجُلٌ أَغْلَفُ: إِذَا لَمْ يَكُنْ مَخْتُوْنًا.

ترجمہ: حضرت عطاء رحمہ اللہ کہتے ہیں: میری حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے ملاقات ہوئی، میں نے عرض کیا: مجھ سے نبی ﷺ کی وہ صفات بیان کریں جو تورات (انبیاء بنی اسرائیل کی کتابوں) میں ہیں، حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: ہاں! قسم بخدا! انبیاء بنی اسرائیل کی کتابوں میں آپؐ کی بعض صفات تو وہی ہیں جو قرآن میں ہیں: "اے نبی! ہم

نے آپؐ کو گواہ بنا کر، اور خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے'' (آپؐ کی یہ تینوں صفات انبیاء بنی اسرائیل کی کتابوں میں بھی آئی ہیں اور بعض صفات وہ ہیں جو صرف گذشتہ کتابوں میں ہیں اور وہ یہ ہیں:) اور آپؐ ناخواندہ امت کے محافظ ہونگے، آپؐ میرے بندے اور میرے رسول ہیں، میں نے آپؐ کا نام متوکل رکھا ہے، آپؐ بداخلاق اور سخت گو نہیں ہونگے اور بازاروں میں شور کرنے والے نہیں ہونگے (یہاں باب ہے) اور برائی کو برائی سے دور نہیں کریں گے یعنی برائی کا جواب برائی سے نہیں دیں گے، بلکہ درگذر کریں گے اور معاف کریں گے۔ اور اللہ تعالیٰ آپؐ کی روح قبض نہیں کریں گے یہاں تک کہ سیدھا کریں، اللہ تعالیٰ آپؐ کے ذریعہ ٹیڑھی ملت کو بایں طور کہ وہ کہیں: ''اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں'' اور آپؐ کے ذریعہ اندھی آنکھیں اور بہرے کان اور بند دل کھول دیئے جائیں۔

سند کی بحث:

یہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے یا حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کی؟ اس سلسلہ میں ہلال بن علی قرشی مدنی کے تلامذہ میں اختلاف ہے، فلیح بن سلیمان حضرت عبداللہ بن عمرو تک سند پہنچاتے ہیں اور عبد العزیز بن ابی سلمہ ان کے متابع ہیں یعنی وہ بھی اس کو حضرت عبداللہ بن عمرو کی حدیث بتاتے ہیں اور سعید بن ابی ہلال: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کی حدیث قرار دیتے ہیں۔

لغات: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: **غُلف**: ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو لفافہ میں چھپائی گئی ہو، صفت کا صیغہ **أغلف** ہے (کہتے ہیں) **سَيْفٌ أَغْلَفُ**: میان میں بند تلوار۔ **قوسٌ غَلْفَاءُ**: تھیلے وغیرہ میں بند کمان، **غلفاء**: **أغلف** کا مؤنث ہے، اور قوس مؤنث سماعی ہے۔ **رجلٌ أغلف**: ایسا شخص جس کی ختنہ نہ ہوئی ہو، جس کا حشفہ چمڑی میں چھپا ہوا ہو (**الغلاف**: ڈھکنا جس سے کوئی چیز چھپائی جائے، لفافہ جس میں خط رکھا جائے .... **الغُلْفَة**: ختنہ کی کھال۔ عضوِ تناسل کے اگلے حصہ پر مڑھی ہوئی کھال جو ختنہ میں کاٹی جاتی ہے)

تشریح:

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما بنی اسرائیل کی کتابوں کا مطالعہ کرتے تھے، اور ان میں جو باتیں تھیں ان کو بیان کرتے تھے، اس لئے حضرت عطاء رحمہ اللہ نے ان سے پوچھا کہ توریت میں نبی ﷺ کی کیا صفات آئی ہیں؟ تورات سے اہل کتاب کی سب کتابیں مراد ہیں، خاص تورات مراد نہیں، جیسے کوئی بات اسلامی کتابوں میں ہوتی ہے تو غیر مسلم کہتے ہیں: مسلمانوں کے قرآن میں یہ لکھا ہے، یہی تعبیر یہاں بھی ہے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کچھ صفتیں بنی اسرائیل کی کتابوں میں وہی ہیں جو قرآن میں بھی ہیں، مثلاً شاہد اور بشر و نذیر ہونا۔ اور کچھ صفات مزید ہیں۔ حضرت عبداللہ نے پانچ صفات بیان کی ہیں:

۱- آپ ﷺ شاہد، مبشر اور نذیر ہیں، آپؐ کی یہ صفتیں سورۃ الاحزاب (آیت ۴۵) میں بھی آئی ہیں، شاہد کے معنی ہیں:

دیکھنے والا، گواہ (گواہی رویت (علم قطعی) کی بنیاد پر دی جاتی ہے) آپ ﷺ نے لوگوں کو دین کی دعوت دی، اور بچشم خود دیکھا کہ کس نے مانا اور کس نے نہیں مانا، پھر قیامت کے دن آپؐ اس کی گواہی دیں گے، اور آپؐ کے بعد آپؐ کی امت میں سے جو لوگ دعوت وتبلیغ کا کام کریں گے وہ بھی گواہی دیں گے کہ کس نے بات مانی اور کس نے نہیں مانی، اور یہ مضمون سورۃ الحج (آیت ۷۸) میں آیا ہے: ﴿لِیَکُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ، وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ﴾: تاکہ رسول (ﷺ) تم پر گواہ ہوں، اور تم لوگوں پر گواہ ہوؤ، چنانچہ شہدائے احد کے حق میں آپؐ نے فرمایا: أنا شهيد على هؤلاء: میں ان لوگوں کے حق میں گواہی دونگا کہ ان حضرات نے دین قبول کیا، اور اس کی راہ میں خون کا آخری قطرہ بھی بہادیا۔

اور خوش خبری سنانا اور ڈرانا: دعوت وتبلیغ کے دو بازو ہیں۔ جب لوگوں کو دین کی دعوت دیں گے تو جو لوگ اس دعوت کو قبول کریں گے ان کو جنت کی خوش خبری سنائیں گے، اور جو انکار کریں گے ان کو جہنم کے عذاب سے ڈرائیں گے۔

۲- آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے ناخواندہ لوگوں (عربوں) کا محافظ بنا کر بھیجا ہے، سورۃ الزخرف (آیت ۴۴) میں ہے: ﴿وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَكَ وَلِقَوْمِكَ﴾: اور قرآن آپؐ کے لئے اور آپؐ کی قوم کے لئے بقائے ذکر کا ذریعہ ہے، رہتی دنیا تک آپؐ کے ذریعہ عربوں کا ذکر خیر باقی رہے گا۔ یہی حِرْزًا للأمين کا مطلب ہے، اور یہ أرسلناك کا مفعول ہے۔

۳- أنتَ عبدی ورسولی: (اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں) آپؐ میرے بندے اور میرے رسول ہیں، آنحضور ﷺ کی سب سے بڑی قابل فخر صفت: اللہ کا بندہ ہونا ہے، اور آپؐ کی سب سے بڑی فضیلت 'اللہ کا رسول' ہونا ہے، پہلی صفت اللہ کے تعلق سے ہے، یعنی بایں ہمہ عظمت ورفعت آپؐ اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں، کچھ شانِ الوہیت آپؐ میں پیدا نہیں ہوگئی۔ اور دوسری صفت مخلوقات کے تعلق سے ہے کہ آپؐ اللہ تعالیٰ کے عظیم المرتبت نمائندے ہیں، ان کا مقام: بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر ہے۔

۴- سمیتُك المتوكل: (اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:) میں نے آپؐ کا نام متوکل (اللہ پر بھروسہ کرنے والا) رکھا ہے، آپؐ کا اللہ کی ذات پر بھروسہ کس درجہ کا تھا، اس کے تذکرے سے آپؐ کی سیرتِ طیبہ بھری پڑی ہے۔

۵- اور آپؐ کے اخلاقِ عالیہ یہ تھے: آپؐ تندخو سخت طبیعت نہیں تھے، اور آپؐ بازاروں میں چلا کر نہیں بولتے تھے (صَخَّاب اور سَخَّاب (ص اور سین کے ساتھ): زور سے چلانے والا) اور آپؐ برے برتاؤ کا ترکی بہ ترکی جواب نہیں دیتے تھے، بلکہ درگذر کرتے تھے اور معاف فرمادیتے تھے۔

فائدہ: آنحضور ﷺ کی صفات دوطرح کی ہیں: خاص اور عام، خاص: جیسے آپؐ کا رسول ہونا، ان میں تو کوئی آپؐ کے ساتھ حصہ دار نہیں ہوسکتا، اور جو صفات عام ہیں ان کو اپنے اندر پیدا کرنا چاہئے، جیسے اللہ تعالیٰ کی جو صفات عام ہیں ان کو اپنے اندر پیدا کرنے کا حکم ہے، فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو ان کا احاطہ کرے گا وہ جنت میں جائے گا۔ احصاء کے مفہوم میں تین باتیں شامل ہیں: ایک: ان ناموں کو یاد کرنا، دوم: ان کے معانی سمجھنا، سوم: عام صفات کو اپنے اندر پیدا کرنا،

جیسے مخلوق پر مہربانی کرنا، جب یہ تینوں باتیں حاصل ہونگی تب احصاء کا تحقق ہوگا اور بندہ دخل الجنۃ کی بشارت کا مستحق ہوگا۔

اسی طرح نبی ﷺ کی جو خوبیاں عام ہیں، آپؐ کے ساتھ خاص نہیں، وہ خوبیاں مؤمن کے اندر پیدا ہونی چاہئیں۔ آپؐ مارکیٹ میں زور سے نہیں بولتے تھے، آپؐ نرم مزاج تھے، تند خو اور سخت طبیعت نہیں تھے، اور برابرتاؤ کرنے والے سے درگذر فرماتے تھے اور معاف کردیتے تھے: یہ سب خوبیاں ہر امتی کو اپنے اندر پیدا کرنی چاہئیں۔

۶- گذشتہ کتابوں میں آنحضور ﷺ کی جو صفات مذکور ہیں ان میں سے ایک صفت یہ ہے کہ جب تک ٹیڑھی ملت (ملت جاہلیہ) سیدھی نہ ہوجائے یعنی جزیرۃ العرب کے لوگ جو آپؐ کی پہلی امت ہیں خالص توحید پر نہ آجائیں آپؐ کی وفات نہیں ہوگی۔ جزیرۃ العرب کے لوگ ملتِ ابراہیمی اسماعیلی پر تھے، مگر سیدھے نہیں رہے تھے، ٹیڑھے ہوگئے تھے، ان کے اعمال وعقائد میں کفر کی آمیزش ہوگئی تھی۔ نبی پاک ﷺ نے کلمۂ توحید پر لاکر ان کو سیدھا کیا اور جب پورا جزیرۃ العرب حلقہ بگوش اسلام ہوگیا تو آپؐ کی وفات ہوگئی۔ سورۃ الجمعہ میں آپؐ کی امت کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے: امیین اور آخرین، اور واو کے ذریعہ عطف کیا ہے، جو من وجہٍ اتحاد اور من وجہٍ مغائرت کو چاہتا ہے، اتحاد بایں معنی کہ دونوں آپ ﷺ کی امت ہیں اور مغائرت بایں معنی کہ پہلی امت کی دعوت براہِ راست آپؐ کے ذمہ رکھی گئی ہے اور آخرین کو دعوت دینا امیین کے توسط سے آپؐ کے ذمہ ہے۔ چنانچہ جزیرۃ العرب میں جب دعوت کا کام مکمل ہونے آیا تو سورۃ الفتح نازل ہوئی اور آپؐ کو اطلاع دی گئی کہ آپؐ کا کام پورا ہوگیا، اب آپؐ ہمارے پاس آنے کی تیاری کریں، چنانچہ آپؐ نے فرمایا: نُعِیْتُ إِلی نفسی: مجھے اپنی موت کی اطلاع دیدی گئی۔

بَابُ الْكَيْلِ عَلَى الْبَائِعِ وَالْمُعْطِيْ

مبیع کو ناپنا بیچنے والے اور دینے والے کے ذمہ ہے

مبیع تول کر اور ناپ کر دینا بائع کی ذمہ داری ہے، لہٰذا اگر اس پر خرچ آئے تو بائع اس خرچ کو برداشت کرے۔ سورۃ المطففین میں ہے: ﴿وَإِذَا كَالُوْهُمْ أَوْ وَزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ﴾: جب ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو گھٹا کر یعنی کم ناپ تول کر دیتے ہیں۔ کالوھم میں حرفِ جر پوشیدہ ہے أی کالوا لھم، اسی طرح وزنوھم میں بھی حرفِ جر پوشیدہ ہے أی وَزَنوا لھم، جیسے: ﴿يَسْمَعُوْنَكُمْ﴾ (الشعراء آیت: ۷۲) میں حرفِ جر پوشیدہ ہے، أی یسمعون لکم۔ اور حدیث میں ہے: ''ناپ کرلو، یہاں تک کہ پورا لو'' ناپے اور تولے بغیر لے گا تو کم بھی آسکتا ہے اور زیادہ بھی، کم آئے گا تو اپنا نقصان ہوگا اور زیادہ میں دوسرے کا حق کھانا ہے اس لئے ناپ تول کر لینا چاہئے تاکہ زیادہ آئے نہ کم، اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: ''جب بیچو تو ناپ کردو، اور جب خریدو تو ناپ کرلو'' غرض ناپ تول کر دینا بائع کی ذمہ داری ہے یہ اس باب کا مقصود ہے۔

[۵۱-] بَابُ الْكَيْلِ عَلَى الْبَائِعِ وَالْمُعْطِيْ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ وَإِذَا كَالُوْهُمْ أَوْ وَزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ﴾[المطففين:۳] يَعْنِيْ كَالُوْا لَهُمْ، أَوْ وَزَنُوْا لَهُمْ، كَقَوْلِهِ: ﴿ يَسْمَعُوْنَكُمْ ﴾[الشعراء: ۷۳]: يَسْمَعُوْنَ لَكُمْ. وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اكْتَالُوْا حَتَّى يَسْتَوْفُوْا" وَيُذْكَرُ عَنْ عُثْمَانَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهُ: " إِذَا بِعْتَ فَكِلْ، وَإِذَا ابْتَعْتَ فَاكْتَلْ"

[۲۱۲۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ"[راجع: ۲۱۲۶]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "جس نے خریدی کوئی کھانے پینے کی چیز تو وہ اس کو نہ بیچے یہاں تک کہ وہ اس کو پورا پورا وصول کرلے، یعنی ناپ تول کر اپنے قبضہ میں کرلے پھر آگے بیچے"

تشریح: یہ حکم طعام کے ساتھ خاص ہے یا عام ہے؟ یعنی صرف کھانے پینے کی چیزیں قبضہ سے پہلے بیچنا جائز نہیں یا ہر چیز کا یہی حکم ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ حکم طعام کے ساتھ خاص ہے، کیونکہ ان کا بکثرت معاملہ ہوتا ہے، عام چیزیں کبھی کبھار خریدی بیچی جاتی ہیں، مگر کھانے پینے کی چیزیں ہر روز صبح سے شام تک ہر دکان سے خریدی بیچی جاتی ہیں، اس لئے اس میں فساد کا احتمال زیادہ ہے، اس لئے یہ حکم طعام کے ساتھ خاص ہے، اور شیخین رحمہ اللہ کے نزدیک طعام سے تمام منقولات مراد ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ طعام کی طرح منقولات میں بھی فساد کا احتمال ہے اس لئے ان کو قبضہ کے بعد بیچنے کا حکم ہے، کیونکہ اگر قبضہ سے پہلے بیچ دیا پھر مبیع ہلاک ہوگئی تو مشتری کو کیا دے گا؟ اور غیر منقولات یعنی زمین وغیرہ میں ہلاک ہونے کا احتمال نہیں اس لئے اس کو قبضہ سے پہلے بیچ سکتے ہیں، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک ہر چیز کا خواہ وہ طعام کے قبیل سے ہو یا غیر طعام کے، منقولات ہوں یا غیر منقولات، سب کا یہی حکم ہے، یعنی قبضہ سے پہلے کوئی چیز بیچنا جائز نہیں۔

قولہ: حتی یستوفیہ: یہاں تک کہ وہ مبیع کو پورا پورا وصول کرلے، پورا پورا وصول کرنے کا کیا مطلب ہے؟ پہلے بتلایا تھا کہ بیع صرف میں یعنی سونے چاندی کی بیع میں أخذ بالبراجم ضروری ہے، یعنی جب متعاقدین اپنے اپنے عوض ہاتھ میں لے لیں تب قبضہ ہوگا اور یہی پورا پورا وصول کرنا ہے، اور دیگر عروض (سامان) میں تخلیہ سے بھی قبضہ ہوجاتا ہے، جب بائع نے کتاب الماری میں سے نکال کر مشتری کے سامنے رکھ دی کہ لیجئے آپ کی کتاب تو تخلیہ ہوگیا، اب مشتری اس کو بیچ سکتا ہے، چاہے اس نے کتاب پر ہاتھ نہ رکھا ہو اور نبی ﷺ نے جو تاجروں کو حکم دیا تھا کہ لادیوں سے غلہ خرید کر وہیں مت بیچو بلکہ مارکیٹ میں لے جا کر بیچو وہ حکم بر بنائے مصلحت تھا، ورنہ جب لادی سے غلہ خرید لیا اور بائع نے غلہ الگ کر کے سونپ

دیا تو تخلیہ ہوگیا پس اس کو بیچ سکتا ہے، مگر نبی ﷺ نے مصلحتاً اس سے منع فرمایا تھا، اور وہ مصلحت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمائی ہے کہ اگر یہ سلسلہ شروع ہوگا تو نوبت یہاں تک پہنچے گی کہ غلہ سرے سے موجود نہیں ہوگا اور اس کی خرید وفروخت شروع ہوجائے گی، اوراس طرح قبالے شروع ہوجائیں گے۔

[۲۱۲۷-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ، وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، فَاسْتَعَنْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى غُرَمَائِهِ أَنْ يَضَعُوْا مِنْ دَيْنِهِ، فَطَلَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِمْ فَلَمْ يَفْعَلُوْا، فَقَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اذْهَبْ فَصَنِّفْ تَمْرَكَ أَصْنَافًا: الْعَجْوَةَ عَلٰى حِدَةٍ، وَعِذْقَ زَيْدٍ عَلٰى حِدَةٍ، ثُمَ أَرْسِلْ إِلَيَّ" فَفَعَلْتُ ثُمَّ أَرْسَلْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ فَجَلَسَ عَلٰى أَعْلَاهُ أَوْ: فِي وَسَطِهِ، ثُمَّ قَالَ: "كِلْ لِلْقَوْمِ" فَكِلْتُهُمْ حَتَّى أَوْفَيْتُهُمُ الَّذِيْ لَهُمْ، وَبَقِيَ تَمْرِيْ كَأَنَّهُ لَمْ يَنْقُصْ مِنْهُ شَيْءٌ.

وَقَالَ فِرَاسٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ: ثَنِيْ جَابِرٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: فَمَا زَالَ يَكِيْلُ لَهُمْ حَتَّى أَدَّاهُ. وَقَالَ هِشَامٌ، عَنْ وَهْبٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "جُذَّ لَهُ فَأَوْفِ لَهُ"

[انظر: ۲۳۹۵، ۲۳۹۶، ۲۴۰۵، ۲۶۰۱، ۲۷۰۹، ۲۷۸۱، ۳۵۸۰، ۴۰۵۳، ۶۲۵۰]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: عبداللہ (حضرت جابرؓ کے والد) شہید کئے گئے درانحالیکہ ان پر قرض تھا، پس میں نے ابا کے قرض خواہوں پر نبی ﷺ سے مدد مانگی کہ وہ ابا کا کچھ قرض معاف کردیں، پس نبی ﷺ نے ان کو بلاکر اس سلسلہ میں بات کی، مگر انھوں نے قرض معاف نہیں کیا، پس نبی ﷺ نے مجھ سے فرمایا: جاؤ اور اپنی کھجوروں کی قسمیں بناؤ، عجوہ کی الگ اور عذق کی الگ، یعنی ہر قسم کی کھجور کی الگ ڈھیری لگاؤ، پھر مجھے بلاؤ، پس میں نے ایسا ہی کیا، پھر میں نے نبی ﷺ کو بلایا، پس آپؐ آئے اور سب سے بڑی ڈھیری کے پاس یا فرمایا ڈھیریوں کے بیچ میں بیٹھے، پھر فرمایا: لوگوں کو ناپ کردو (یہاں باب ہے) پس میں نے ان کو ناپ کردیا، یہاں تک کہ میں نے ان سب کا قرض ادا کردیا، اور میری کھجوریں جوں کی توں رہیں، گویا ان میں سے ایک کھجور بھی کم نہیں ہوئی۔

اور فراسؒ: شعبیؒ سے وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے وہ نبی ﷺ سے اسی کے مانند روایت کرتے ہیں، اس میں ہے کہ حضرت جابرؓ برابر ناپتے رہے، یہاں تک کہ سارا قرض ادا کردیا۔ اور ہشام نے وہب سے انھوں نے حضرت جابرؓ سے روایت کیا کہ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: "کھجوریں توڑو اور قرض خواہوں کا پورا قرض دیدو"

تشریح: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جنگ احد میں شہید ہوئے تھے اور ان پر یہودیوں کا قرض تھا، جب باغ میں کھجوریں پکیں تو حضرت جابرؓ نے قرض خواہوں سے کہا کہ ساری کھجوریں لے لو اور باقی قرض

معاف کردو، قرض خواہوں نے انکار کیا، کیونکہ کھجوریں کم تھیں اور قرض زیادہ تھا۔ حضرت جابرؓ نے آنحضور ﷺ سے سفارش کروائی، آپؐ نے قرض خواہوں کو بلاکر بات کی، مگر وہ تیار نہ ہوئے، چنانچہ آپؐ نے حضرت جابرؓ سے فرمایا کہ باغ میں جاکر ہر قسم کی کھجور کی الگ ڈھیری لگاؤ، پھر آنحضور ﷺ تشریف لے گئے، اور سب سے بڑی ڈھیری کے پاس یا ڈھیریوں کے بیچ میں بیٹھے، اور حضرت جابرؓ سے فرمایا: ایک ایک قرض خواہ کو بلاؤ اور تول کر کھجوریں دینا شروع کرو، چنانچہ حضرت جابرؓ نے باری باری سب کو بلاکر تول تول کر قرض چکادیا، سب کا قرض ادا ہوگیا اور ڈھیریوں میں سے ایک کھجور بھی کم نہ ہوئی، اندازہ کرنا مشکل تھا کہ پہلے کھجوریں زیادہ تھیں یا اب۔ غرض حضرت جابر رضی اللہ عنہ معطی تھے، اس لئے انھوں نے ناپ کردیا، اور یہی باب ہے کہ ناپ تول کردینے کی ذمہ داری بائع اور معطی کی ہے۔

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْكَيْلِ

وہ ناپنا جو مستحب ہے

باب میں یہ روایت ہے کہ اپنا کھانا ناپا کرو، اس سے تمہارے لئے برکت ہوگی، اور ایک روایت میں ممانعت ہے۔ لَاتُحْصِيْ فَيُحْصٰى عليكِ یعنی سینت کر مت رکھو ورنہ تمہیں بھی گن کر دیا جائے گا، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میرے پاس تھوڑے جَو تھے، میں ان میں سے کافی دنوں تک کھاتی رہی، پھر ایک دن میں نے ان کو ناپا تو جَو ختم ہوگئے، یعنی ناپنے سے برکت ختم ہوگئی۔

اس تعارض کا حل یہ ہے کہ دونوں روایتوں کا مصداق الگ الگ ہے، حضرت الاستاذ قدس سرہ پوری بخاری شریف پڑھاتے تھے، سال کے آخر میں اگر کوئی صفحے گنتا تو بہت غصے ہوتے اور فرماتے: اس سے برکت ختم ہوجاتی ہے اور آپ خود جتنے صفحے پڑھانے ہوتے تھے گن کر مطالعہ کرکے آتے تھے، یہ گننا الگ ہے اور وہ گننا الگ ہے، اسی طرح گیہوں پسوا کر آٹا ڈبے میں بھر دیا، اس میں سے پکانے کے لئے ناپ کر نکالنا چاہئے، اگر بے حساب آٹا نکالیں گے تو کبھی روٹیاں کم پڑ جائیں گی اور کبھی بچ جائیں گی اور بے کار ہوجائیں گی، اس لئے ناپ کر جتنی ضرورت ہو اتنا ہی آٹا نکالنا چاہئے، اس سے برکت ہوتی ہے، اور ڈبے میں جو آٹا ہے اسے نہیں ناپنا چاہئے، اس سے بے برکتی ہوجاتی ہے۔ غرض دونوں حدیثوں کا مصداق الگ الگ ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ یہ باب لائے کہ کونسا ناپنا مستحب ہے اور کونسا ناپا بے برکتی کا سبب ہے؟

[۵۲-] بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْكَيْلِ

[۲۱۲۸-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا الْوَلِيْدُ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "كِيْلُوْا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ"

بَابُ بَرَكَةِ صَاعِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَمُدِّهِ

نبی ﷺ کے صاع اور مد میں برکت

پہلے یہ بات بتائی ہے کہ مدینہ منورہ میں جو مد استعمال ہوتا تھا وہ دو رطل کا تھا اور صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا، اور جزیرۃ العرب میں مدّ تو وہی تھا جو مدینہ میں استعمال ہوتا تھا مگر صاع بڑا تھا یعنی آٹھ رطل کا تھا، اس سے مدینہ کے تاجروں کو پریشانی تھی، وہ تھوک میں صاع سے خریدتے تھے اور خردے میں مدّ سے بیچتے تھے یعنی چھوٹے پیمانے سے لیتے تھے اور بڑے پیمانے سے دیتے تھے، اس سے گھاٹا ہوتا تھا، چنانچہ صحابہ نے آنحضور ﷺ سے صاع بڑا کرنے کی درخواست کی مگر آپؐ نے ایسا نہیں کیا، صرف مدینہ کے صاع اور مد میں برکت کی دعا فرمائی۔ آنحضور ﷺ کی آرزو تھی کہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملاقات ہو کہ کوئی حق تلفی کا مطالبہ کرنے والا نہ ہو، اگر آپؐ صاع بڑا کرتے تو جن تاجروں نے چھوٹے صاع سے خرید کر اسٹاک کیا ہے ان کا نقصان ہوتا اس لئے آپؐ نے صرف دعا فرمائی اور صاع بڑا نہیں کیا۔

پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں اسلامی حکومت پھیل گئی اور روم، شام، ایران اور مصر وغیرہ اسلامی حکومت میں شامل ہوئے تو اب یہ بات چلنے والی نہیں تھی، اب دو ہی صورتیں تھیں یا مد چھوٹا کر دیا جائے، مگر اس میں خلفشار ہوتا یا صاع بڑا کر دیا جائے اور اس میں کوئی خاص پریشانی نہیں تھی اس لئے کہ مدینہ کے علاوہ سارے جزیرۃ العرب میں آٹھ رطل کا صاع مستعمل تھا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آٹھ رطل کا صاع کر دیا، تفصیل تحفۃ الالمعی (۵۳۶:۲) میں ہے۔

فائدہ: حکومت کے لئے کنٹرول ریٹ قائم کرنا جائز نہیں، اس میں تاجروں کا نقصان ہے، لیکن اگر بھاؤ بہت زیادہ بڑھ جائیں اور ضررِ عام لازم آئے تو حکومت قیمتوں پر کنٹرول کر سکتی ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عمل سے اس کا جواز ثابت ہو، اضررِ عام کے ازالہ کے لئے ضررِ خاص برداشت کیا جا سکتا ہے، یہ بات اہون ہے۔ دیکھئے: تحفۃ الالمعی (۲۴۲:۴)

[۵۳-] بَابُ بَرَكَةِ صَاعِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَمُدِّهِ

فِيْهِ عَائِشَةُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۱۲۹-] حدثنا مُوْسَى، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيىَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَدَعَا لَهَا، وَحَرَّمْتُ الْمَدِيْنَةَ كَمَا حَرَّمَ إِبْرَاهِيْمُ مَكَّةَ، وَدَعَوْتُ لَهَا فِي مُدِّهَا وَصَاعِهَا مِثْلَ مَا دَعَا إِبْرَاهِيْمُ لِمَكَّةَ"

[۲۱۳۰-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْ مِكْيَالِهِمْ، وَبَارِكْ لَهُمْ فِيْ صَاعِهِمْ، وَمُدِّهِمْ" يَعْنِيْ: أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ. [انظر: ٦٧١٤، ٧٣٣١]

قولہ: فیہ عائشة: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ روایت کتاب الحج کے آخر میں گذری ہے (حدیث ۱۸۸۹)

بَابُ مَایُذْکَرُ فِی بَیْعِ الطَّعَامِ وَالْحُکْرَةِ

وہ روایت جو غلہ بیچنے اور ذخیرہ کرنے کے بارے میں آئی ہے

غلہ کی تجارت جائز ہے اور جو غلہ کی تجارت کرے گا وہ ضرورت کے بقدر دکان میں غلہ کا اسٹاک بھی کرے گا، پس یہ بھی جائز ہے۔ دو لفظ ہیں: احتکار اور حُکرۃ، دونوں کے ایک ہی معنی ہیں، مگر یہاں حُکرۃ: اسٹاک کرنے کے معنی میں ہے، احتکار یعنی ذخیرہ اندوزی کے معنی میں نہیں ہے۔ ذخیرہ اندوزی یہ ہے کہ کوئی چیز بڑی مقدار میں خرید کر رکھ لی جائے اور گرانی کا انتظار کیا جائے اور جب تک بھاؤ نہ بڑھے نہ بیچی جائے، یہ جائز نہیں۔ حدیث میں ہے: لَایَحْتَکِرُ إلا خاطئٌ: ذخیرہ اندوزی خطا کار ہی کرتا ہے (ترمذی حدیث ۱۲۵۲) اور وہ ممنوع اس لئے ہے کہ اس سے چیزوں کی قلت ہوجاتی ہے بلکہ تجار اس طرح مصنوعی قحط پیدا کردیتے ہیں، اور اسٹاک کرنا یہ ہے کہ دکان کی ضرورت کے بقدر چیز خرید کر رکھ لی جائے اور فروختگی جاری رکھی جائے، یہ جائز ہے، کیونکہ اس سے نہ داموں پر اثر پڑتا ہے نہ قحط سالی پیدا ہوتی ہے۔ باب میں جو حدیثیں ہیں ان میں ذخیرہ اندوزی کی ممانعت کا کوئی تذکرہ نہیں، بلکہ حضرت رحمہ اللہ نے **بیع الطعام** اور **حکرۃ** کو ساتھ رکھ کر اس کے جواز کی طرف اشارہ کیا ہے، معلوم ہوا کہ یہاں **حکرۃ** اسٹاک کرنے کے معنی میں ہے، احتکار یعنی ذخیرہ اندوزی کے معنی میں نہیں ہے۔

[٥٤-] بَابُ مَایُذْکَرُ فِی بَیْعِ الطَّعَامِ وَالْحُکْرَةِ

[٢١٣١-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ الطَّعَامَ مُجَازَفَةً، يُضْرَبُوْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنْ يَبِيْعُوْهُ حَتّٰى يُؤْوُوْهُ إِلٰى رِحَالِهِمْ. [انظر: ٢١٣٣]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے ان لوگوں کو دیکھا ہے جو غلہ بے تعیین خریدتے تھے، وہ نبی ﷺ کے زمانہ میں مارے جاتے تھے، یعنی داروگیر کرنے والا (محتسب) تنبیہ کے طور پر مارتا تھا، اس بات پر کہ وہ اس کو بیچتے تھے (اسی جگہ جہاں خریدتے تھے جب کہ حکم یہ تھا کہ نہ بیچیں وہ غلہ کو) یہاں تک کہ ٹھکانہ دیں وہ اس کو اپنے ڈیروں میں یعنی گھر لے جا کر بیچیں (اور اس جگہ بیچنے کی ممانعت کی وجہ اگلی روایت میں ہے)

تشریح: مُجازفة کے معنی ہیں: اٹکل سے بیچنا خریدنا، یہ جائز ہے، مثلاً غلہ کا ایک ڈھیر ہے، اس میں کتنا اناج ہے، یہ بات معلوم نہیں، اس ڈھیر کو اٹکل سے بیچنا خریدنا جائز ہے، پس یہاں مجازفة کے مجازی معنی ہیں یعنی مبیع علاحدہ نہ کرنا، غلہ کا ایک

ڈھیر ہے اس میں سے مشتری نے دس من غلہ خریدا، ابھی بائع نے وہ غلہ الگ کر کے مشتری کو نہیں سونپا اس سے پہلے مشتری اس کو بیچ دے تو یہ جائز نہیں۔ عہد رسالت میں اگر کوئی ایسا کرتا تو اس کو تنبیہ کی جاتی، اس کی تفصیل اگلی حدیث میں آرہی ہے۔

[۲۱۳۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى أَنْ يَبِيْعَ الرَّجُلُ طَعَامًا حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ. قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: كَيْفَ ذَاكَ؟ قَالَ: ذَاكَ دَرَاهِمُ بِدَرَاهِمَ، وَالطَّعَامُ مُرْجَأٌ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿مُرْجَوْنَ﴾:[التوبة: ۱۰۶] مُؤَخَّرُوْنَ. [انظر: ۲۱۳۵]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کھانے کی چیز کو بیچنے سے منع فرمایا، یہاں تک کہ اس کو پورا وصول کرلے، طاؤس کہتے ہیں: میں نے ابن عباسؓ سے پوچھا: اس کی وجہ کیا ہے؟ یعنی عروض میں تخلیہ کافی ہے، پھر یہ قید کہ غلہ گھر لے جا کر بیچو: کیوں ہے؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: اگر یہ قید نہیں ہوگی تو دراہم کی دراہم کے بدلے میں بیع شروع ہوجائے گی، اور غلہ ندارد ہوگا۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مُرْجَوْن کے معنی ہیں: مؤخر کیا ہوا (اور مرجأ کے معنی ہیں: ندارد)

تشریح: اسی حدیث کا میں نے پہلے حوالہ دیا تھا، آنحضور ﷺ نے یہ حکم دیا تھا کہ لوگ لادیوں سے غلہ خرید کر وہیں نہ بیچیں بلکہ دکان میں یا گھر پر لے جا کر بیچیں۔ حضرت طاؤس رحمہ اللہ نے اس کی وجہ پوچھی کہ عروض میں تخلیہ کافی ہے، جب لادی سے غلہ خریدا اور غلہ الگ کرلیا تو قبضہ ہوگیا، اب اس کو بیچنا جائز ہے۔ پھر یہ حکم کیوں دیا کہ غلہ خرید کر وہیں نہ بیچیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے کہ روپے کی بیع روپے کے بدلے میں شروع نہ ہوجائے، اس کی روک تھام کے لئے یہ حکم دیا تھا۔ میں نے پہلے اس کی یہ مثال دی ہے کہ ایک شخص کو قرض چاہئے اس نے ایک شخص سے قرض مانگا، اس نے کہا: آپ مجھ سے سرسوں خرید لیں، چنانچہ اس نے بازار کے ریٹ سے بڑھا کر دو لاکھ کا سروں سال بھر کے ادھار پر بیچ دیا، پھر مشتری نے کم دام پر بائع ہی کو ڈیڑھ لاکھ نقد میں بیچ دیا اور بائع نے ڈیڑھ لاکھ اس کو دیدیئے اور دو لاکھ اس کے ذمہ ادھار کھڑے رہے، درانحالیکہ سرسوں سرے سے موجود ہی نہیں اور وہ خریدی بھی گئی اور بیچی بھی گئی، یہ سرسوں کی بیع نہیں، بلکہ روپے کی روپے کے بدلہ میں بیع ہے جو سود ہے اور حرام ہے، اس کی روک تھام کے لئے آنحضور ﷺ نے یہ حکم دیا تھا، جب غلہ خریدنے کے بعد گھر یا دکان پر لے جا کر بیچے گا تو اب سود اور سٹے کا امکان نہیں رہے گا۔

[۲۱۳۳-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتَّى يَقْبِضَهُ" [راجع: ۲۱۲۴]

[۲۱۳۴-] حدثنا عَلِيٌّ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: كَانَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ يُحَدِّثُهُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّهُ قَالَ: مَنْ كَانَ عِنْدَهُ صَرْفٌ؟ فَقَالَ طَلْحَةُ: أَنَا، حَتَّى يَجِيْءَ خَازِنُنَا مِنَ الْغَابَةِ. قَالَ سُفْيَانُ:

هُوَ الَّذِیْ حَفِظْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِیِّ، لَيْسَ فِيْهِ زِيَادَةٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ مَالِكُ بْنُ أَوْسٍ، سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يُخْبِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " الذَّهَبُ بِالْوَرِقِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ"

[انظر: ۲۱۷۰، ۲۱۷٤]

دوسری حدیث: علی بن المدینی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم سے سفیان بن عیینہؒ نے بیان کیا، انھوں نے کہا کہ عمرو بن دینارؒ ان سے بیان کیا کرتے تھے زہریؒ سے روایت کرتے ہوئے، وہ مالک بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ مالکؓ نے پوچھا: کس کے پاس چینج ہے؟ یعنی کون میرے سونے کو دراہم سے بدلے گا؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں بدلوں گا، یہاں تک کہ ہمارا خزانچی غابہ (جنگل) سے آجائے —— سفیانؒ کہتے ہیں: عمرو بن دینار نے جیسی زہریؒ سے روایت بیان کی، ویسی ہی ہم کو زہریؒ سے یاد ہے، اس میں کوئی بات زیادہ نہیں ہے، زہری نے کہا: مجھ کو مالک بن اوسؓ نے بتایا، انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنا وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: سونے کا چاندی سے تبادلہ سود ہے، مگر دست بدست (هاء وهاء: اسم فعل میں اس کے معنی ہیں: لو اور لاؤ، اور مراد ہے دست بدست) اور گندم کا گندم سے تبالہ سود ہے مگر دست بدست، اور کھجور کا کھجور سے تبادلہ سود ہے مگر دست بدست، اور جَو کا جَو سے تبادلہ سود ہے مگر دست بدست۔

تشریح: حضرت مالک بن اوس رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ گھر سے سونا لے کر چلے تاکہ اس کو بھنائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس چند صحابہ بیٹھے تھے ان سے جا کر کہا: کون میرے سونے کو دراہم سے بدلے گا؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے (جو عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں) فرمایا: اپنا سونا دکھاؤ، انھوں نے سونا جانچ کر فرمایا: ابھی ہمارا خزانچی موجود نہیں، غابہ گیا ہوا ہے جب وہ آجائے تو آپ اپنی چاندی لے جائیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یا تو آپ اس کو ابھی چاندی دیں یا اس کا سونا واپس کریں، اس لئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: چاندی کا سونے سے تبادلہ سود ہے، مگر دست بدست، اور گندم کا گندم سے تبادلہ سود ہے مگر دست بدست الی آخرہ یعنی ربوی اشیاء کا خلاف جنس سے تبادلہ ہو یا ہم جنس سے ہر صورت میں عوضین کا نقد ہونا ضروری ہے، ادھار حرام ہے۔

مسئلہ: بیع صرف میں دونوں عوضوں کا مجلس عقد میں ہونا ضروری ہے، اگر ایک عوض مجلس میں موجود ہو اور دوسرا عوض موجود نہ ہو تو یہ بیع جائز نہیں، کیونکہ اثمان (سونا چاندی) متعین کرنے سے بھی متعین نہیں ہوتے، تقابض سے متعین ہوتے ہیں، پس اگر اثمان کا آپس میں تبادلہ ہو اور احد العوضین پر مجلس عقد میں قبضہ ہو جائے اور دوسرا عوض مجلس میں موجود نہ ہو تو اس صورت میں ثانی عوض متعین نہ ہوگا، پس یہ بیع العین بالدین ہوئی اور بیع العین بالدین ادھار بیع ہے اور اثمان کے تبادلہ میں نسیئہ حرام ہے، اس لئے سونے چاندی کے تبادلہ میں بیع الغائب بالناجز جائز نہیں (تحفۃ الالمعی ۴: ۱۵۷)

بَابُ بَيْعِ الطَّعَامِ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ، وَبَيْعِ مَالَيْسَ عِنْدَكَ

کھانے پینے کی چیزیں قبضہ سے پہلے بیچنا، اور وہ چیز بیچنا جو بائع کے پاس نہیں

اس باب میں دو مسئلے ہیں اور دونوں میں گہرا ربط ہے:

پہلا مسئلہ یہ ہے کہ غلہ پر قبضہ کرنے سے پہلے بیچنا بالاجماع جائز نہیں، اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ جو چیز بائع کی ملکیت میں نہیں: اسے بیچنا جائز نہیں۔ جب خریدا ہوا غلہ قبضہ سے پہلے بیچنا جائز نہیں تو جو چیز بائع کی ملکیت ہی میں نہیں اس کو بیچنا کیسے جائز ہوسکتا ہے؟

آرڈر کا حکم:

جو چیز ملکیت میں نہیں اس کو بیچنا جائز نہیں، البتہ اس کا آرڈر لے سکتے ہیں، مثلاً میرا کتب خانہ ہے، میرے پاس آرڈر آتے ہیں، آرڈر میں جو کتابیں ہوتی ہیں میں ان کو بازار میں تلاش کرتا ہوں اور جتنی کتابیں مہیا ہوجاتی ہیں ان کو بھیج دیتا ہوں، باقی کے بارے میں لکھ دیتا ہوں کہ دستیاب نہیں ہوئیں، یہ آرڈر لینا بیع نہیں ہے بلکہ وعدۂ بیع ہے یعنی آرڈر بھیجنے والا اس کا پابند ہے کہ جو کتابیں بھیجی جائیں ان کو ضرور لے گا۔

اور حقیقتاً بیع کے لئے دو شرطیں ہیں: ایک: مبیع کا بائع کی ملکیت میں ہونا، دوسری: مبیع کا بائع کے ضمان (قبضہ) میں ہونا، اگر ان دونوں میں سے ایک شرط بھی مفقود ہوگی تو بیع جائز نہیں ہوگی۔

اور یہ شرطیں اس لئے ہیں کہ جو چیز ملکیت اور قبضہ میں نہیں وہ ہلاک ہوسکتی ہیں، یا نہ ملے یہ بھی ممکن ہے، پس بائع وہ چیز کہاں سے لا کر دے گا؟ مثلاً ایک کتب خانہ میں میں نے ایک کتاب دیکھی، اس کا ایک ہی نسخہ ہے، اب گاہک آتا ہے اور اس کتاب کا سودا کرتا ہے: بائع وہ کتاب اس کو بیچ دیتا ہے اور یہ خیال کرتا ہے کہ اس کتب خانہ سے لا کر دیدوں گا، مگر جب لینے گیا تو معلوم ہوا کہ وہ کتاب بک گئی، اب وہ کتاب کہاں سے لا کر دے گا! اس ہلاکت کے اندیشہ سے شریعت نے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ جو چیز ملکیت اور ضمان میں نہیں اس کو بیچنا جائز نہیں، اور آرڈر لینے کی حقیقت الگ ہے، وہ وعدۂ بیع ہے، چیز ملے گی تو بھیجے گا ورنہ معذرت کردے گا، اس لئے آرڈر لینا اس حدیث کے تحت نہیں آتا۔

[۵۵-] بَابُ بَيْعِ الطَّعَامِ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ، وَبَيْعِ مَالَيْسَ عِنْدَكَ

[۲۱۳۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: الَّذِىْ حَفِظْنَاهُ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ: سَمِعَ طَاوُسًا، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: أَمَّا الَّذِىْ نَهَى عَنْهُ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم فَهُوَ الطَّعَامُ أَنْ يُبَاعَ حَتَّى يُقْبَضَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَلاَ أَحْسِبُ كُلَّ شَيْئٍ إِلاَّ مِثْلَهُ. [راجع: ۲۱۳۲]

[۲۱۳٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلاَ يَبِعْهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ" زَادَ إِسْمَاعِيْلُ: مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلاَ يَبِعْهُ حَتَّى يَقْبِضَهُ"[راجع: ۲۱۲٤]

قوله: ولا أحسب كل شيئ إلا مثله: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حدیث میں تو یہی ہے کہ طعام کو قبضہ سے پہلے بیچنا جائز نہیں، مگر میں سمجھتا ہوں کہ ہر چیز کا یہی حکم ہے، پہلے بتلایا ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ حکم طعام کے ساتھ خاص ہے، اور امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک تمام منقولات کا یہی حکم ہے اور غیر منقولات یعنی جائداد اس حکم سے مستثنیٰ ہے، اس کو قبضہ سے پہلے بیچ سکتے ہیں۔ اور حضرت ابن عباسؓ اور امام محمدؒ کے نزدیک کوئی بھی چیز خواہ طعام ہو یا غیر طعام، منقولات ہوں یا غیر منقولات: قبضہ سے پہلے ان کو بیچنا جائز نہیں۔

قوله: زاد إسماعيل: اسماعیل بن ابی اویس کی روایت میں یَسْتَوْفِيَهُ کی جگہ یَقْبِضَهُ ہے۔ اور کہتے ہیں کہ اس لفظ میں معنی کی زیادتی ہے، بائع مبیع ناپ تول کر اپنے گھر میں جدا کر دے تو یہ استیفاء ہے، مشتری کا اس پر قبضہ ضروری نہیں اور یقبضہ میں قبضہ ضروری ہے یہی معنی کی زیادتی ہے (فتح) مگر یہ بات سرسری ہے، استیفاء میں بھی قبضہ ضروری ہے، کہیں گے: اسْتَوْفٰى منه مالَه: اس سے اپنا سب مال لے لیا، پورا حق وصول کر لیا، پس صحیح بات یہ ہے کہ زیادتی غیر واضح ہے، صرف الفاظ کا فرق ہے۔

بَابُ مَنْ رَأَى إِذَا اشْتَرَى طَعَامًا جُزَافًا أَنْ لاَيَبِيْعَهُ حَتَّى يُؤْوِيَهُ إِلٰى رَحْلِهِ، وَالْأَدَبِ فِي ذٰلِكَ

ایک رائے یہ ہے کہ جب کوئی غیر متعین کھانے کی چیز خریدے تو اس کو نہ بیچے یہاں تک کہ اس کو اپنے ڈیرے میں لے جائے، اور جو اس کی خلاف ورزی کرے اس کو سزا دی جائے

جُزافا: جیم پر تینوں حرکتیں درست ہیں اور فصیح کسرہ ہے، اور اس کے معنی ہیں: اٹکل اور اندازہ یعنی بوری اور ڈھیر میں سے غلہ خریدا اور ابھی ناپ تول کر اس کو مشخص نہیں کیا۔ اور الأدب کے معنی ہیں: سزا دینا۔

اور یہ بات پہلے گذری ہے کہ زمانۂ نبوت میں رُکبان (لادی) سے غلہ خریدنے والے تاجروں کو حکم دیا گیا تھا کہ وہ اسی جگہ غلہ فروخت نہ کریں، وہاں سے دکان یا گھر پر منتقل کریں، پھر بیچیں، اور جو اس حکم کی خلاف ورزی کرتا تھا اس کو سزا دی جاتی تھی، اور اس کی وجہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کی تھی کہ سودی معاملات شروع نہ ہو جائیں اس کے لئے یہ پیش بندی تھی، پس یہ مسئلہ نہیں تھا، بلکہ مصلحت تھی۔ اس باب میں یہی بات بیان کی ہے، اور لفظ من رأی سے اس طرف اشارہ کیا ہے۔

مسئلہ تو یہ ہے کہ غلہ خریدا، پھر ناپ تول کر کے مبیع متعین کر لی اور مشتری نے اس پر قبضہ کر لیا، پس اسی جگہ اس کو فروخت کر سکتے ہیں، دوسری جگہ منتقل کرنا ضروری نہیں، مگر اندیشہ تھا کہ اگر اسی جگہ فروختگی شروع ہو جائے گی تو روپے روپے کے عوض بکنے لگیں گے اور غلہ کا سرے سے وجود ہی نہیں ہوگا، جس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے اس لئے مصلحۃً اس جگہ بیچنے سے منع کیا گیا تھا اور اس پر سختی کی جاتی تھی۔

[٥٦-] بَابُ مَنْ رَأَى إِذَا اشْتَرَى طَعَامًا جُزَافًا أَنْ لَايَبِيْعَهُ حَتَّى يُؤْوِيَهُ إِلٰى رَحْلِهِ، وَالْأَدَبِ فِي ذٰلِكَ

[٢١٣٧-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ النَّاسَ فِي عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَبْتَاعُوْنَ جِزَافًا - يَعْنِيْ الطَّعَامَ - يُضْرَبُوْنَ أَنْ يَبِيْعُوْهُ فِي مَكَانِهِمْ حَتَّى يُؤْوُوْهُ إِلٰى رِحَالِهِمْ.[راجع: ٢١٢٣]

بَابٌ: إِذَا اشْتَرَى مَتَاعًا أَوْ دَابَّةً فَوَضَعَهُ عِنْدَ الْبَائِعِ فَضَاعَ أَوْ مَاتَ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ

جب کوئی سامان یا جانور خریدا، اور اس کو بائع کے پاس چھوڑ دیا، پھر وہ قبضہ سے پہلے ضائع ہو گیا یا مر گیا

کسی شخص نے کوئی سامان یا جانور خریدا اور اس پر قبضہ کر لیا پھر یہ کہہ کر کہ تھوڑی دیر کے بعد لے جاؤں گا بائع کے پاس سامان اور جانور چھوڑ دیا، پھر جب واپس آیا تو سامان ضائع ہو چکا تھا یا جانور مر گیا تھا تو مشتری کا نقصان ہوا، کیونکہ وہ اس پر قبضہ کر چکا تھا، پس وہ اس کا مال تھا اور بائع کے پاس امانت تھا اور امانت تعدی کے بغیر ضائع ہو جائے تو ضمان واجب نہیں ہوتا۔

دوسری صورت یہ ہے کہ کتاب خریدی اور پیسے دیدیئے اور مشتری یہ کہہ چلا گیا کہ کتاب نکال کر رکھنا میں سبزی لے کر واپسی میں لے جاؤں گا پھر دکان میں آگ لگ گئی اور کتاب جل گئی تو یہ بائع کا نقصان ہوا، کیونکہ ابھی مشتری نے کتاب پر قبضہ نہیں کیا، قبضہ کرنے کے بعد بائع کے پاس رکھتا تو مشتری کا نقصان ہوتا۔

قولہ: فَضَاعَ: اصل کتاب میں فَبَاعَ ہے، اور حاشیہ میں ہے کہ یہ تصحیف ہے، صحیح فضاع ہے یعنی وہ سامان ضائع ہو گیا اور حضرت رحمہ اللہ نے إذا کا جواب ذکر نہیں کیا، کیونکہ مسئلہ کی دو صورتیں تھیں، اگر مبیع پر مشتری قبضہ کر چکا ہے تو اس کا نقصان ہے اور قبضہ نہیں کیا تو بائع کا نقصان ہے۔

اثر: ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جس نے مبیع کو زندہ اور اکٹھا (صحیح سلامت) پایا پھر وہ ضائع ہو گئی تو یہ مشتری کا نقصان ہے، مثلاً ایک شخص نے بکری خریدی، بکری زندہ صحیح سلامت ہے، سودا مکمل ہو گیا، بائع نے ثمن وصول کر لیا اور مشتری سے کہا: اپنی بکری لے جاؤ، مشتری نے کہا: میں شام کو منگوا لوں گا، پھر بکری مر گئی تو یہ مشتری کا نقصان ہے کیونکہ مبیع زندہ صحیح

سلامت ہے اور بائع نے تخلیہ کردیا، پس مشتری کا قبضہ ہوگیا، اس لئے اس کا نقصان متصور ہوگا۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ بکری خریدی، بائع نے کہا کہ بکریاں جنگل میں چرنے گئی ہیں، شام میں آکر لے جانا، پھر بکری مرگئی تو یہ بائع کا نقصان ہے، کیونکہ مبیع پر ابھی مشتری کا قبضہ نہیں ہوا۔

[۵۷-] بَابٌ: إِذَا اشْتَرَى مَتَاعًا أَوْ دَابَّةً فَوَضَعَهُ عِنْدَ الْبَائِعِ فَضَاعَ أَوْ مَاتَ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَا أَدْرَكَتِ الصَّفْقَةُ حَيًّا مَجْمُوْعًا فَهُوَ مِنَ الْمُبْتَاعِ.

[۲۱۳۸-] حدثنا فَرْوَةُ بْنُ أَبِى الْمَغْرَاءِ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَقَلَّ يَوْمٌ كَانَ يَأْتِي عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا يَأْتِي فِيْهِ بَيْتَ أَبِى بَكْرٍ أَحَدَ طَرَفَيِ النَّهَارِ، فَلَمَّا أُذِنَ لَهُ فِي الْخُرُوْجِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَمْ يَرُعْنَا إِلَّا وَقَدْ أَتَانَا ظُهْرًا، فَخُبِّرَ بِهِ أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: مَاجَاءَ نَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ إِلَّا مِنْ حَدَثٍ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ لِأَبِى بَكْرٍ: "أَخْرِجْ مَا عِنْدَكَ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّمَا هُمَا ابْنَتَاىَ - يَعْنِى عَائِشَةَ وَأَسْمَاءَ- قَالَ: "أَشَعَرْتَ أَنَّهُ قَدْ أُذِنَ لِي فِي الْخُرُوْجِ؟" قَالَ: الصُّحْبَةَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "الصُّحْبَةُ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّ عِنْدِى نَاقَتَيْنِ أَعْدَدْتُهُمَا لِلْخُرُوْجِ فَخُذْ إِحْدَاهُمَا، قَالَ: "قَدْ أَخَذْتُهَا بِالثَّمَنِ" [راجع: ۴۷۶]

اثر: ابن عمر رضی اللہ عنہما کے قول میں مجموعا: حیا کے معنی میں ہے یعنی صحیح سلامت، اس کے کچھ الگ معنی نہیں ہیں۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ پر بہت کم ایسا دن آتا تھا کہ آپؐ دن کے دونوں کناروں میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر نہ آتے ہوں یعنی آنحضور ﷺ روزانہ صبح وشام ہمارے گھر تشریف لاتے تھے، پس جب آپؐ کو مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی اجازت مل گئی تو ہمیں گھبراہٹ میں نہیں ڈالا، مگر اس بات نے کہ آپؐ ہمارے یہاں دوپہر میں تشریف لائے، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع دی گئی، آپؓ نے فرمایا: نبی ﷺ جو اس وقت ہمارے پاس تشریف لائے ہیں تو کوئی نئی بات پیش آئی ہے، پس جب آپؐ حضرت ابوبکرؓ کے پاس آئے تو آپؐ نے ان سے فرمایا: گھر میں جو لوگ ہیں ان کو باہر کردو، حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یہاں میری دو بیٹیاں: عائشہ اور اسماء رضی اللہ عنہما ہیں (کوئی غیر آدمی نہیں) آپؐ نے فرمایا: تمہیں معلوم ہوا کہ مجھے ہجرت کی اجازت مل گئی؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: رفاقت اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: تم ساتھ چلوگے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اللہ کے رسول! میرے پاس دو اونٹنیاں ہیں میں نے ان کو ہجرت کے لئے ہی تیار کرکے رکھا ہے، آپؐ ان میں سے ایک لے لیجئے، آپؐ نے فرمایا: میں نے قیمتاً لی۔

تشریح: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہجرت کے لئے جو دو اونٹنیاں تیار کررکھی تھیں، ان میں سے آپؐ نے ایک اونٹنی

قیمتاً لی، اور حضرت ابوبکرؓ کے پاس ہی چھوڑ دی، مگر اس واقعہ سے پورا باب ثابت نہیں ہوتا اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے باب قائم کیا، مگر حکم ذکر نہیں کیا، البتہ حضرت ابن عمرؓ کا اثر لاکر جواب کی طرف اشارہ کیا ہے۔

بَابٌ: لاَيَبِيْعُ عَلَى بَيْعِ أَخِيْهِ، وَلاَ يَسُوْمُ عَلٰى سَوْمِ أَخِيْهِ، حَتَّى يَأْذَنَ لَهُ أَوْ يَتْرُكَ

اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے اور اس کے بھاؤ تاؤ پر بھاؤ تاؤ نہ کرے، مگر یہ کہ وہ اجازت دیدے یا سودا چھوڑ دے

کوئی چیز برائے فروخت ہے اور کسی گاہک سے بات چیت چل رہی ہے، پس دوسرے کو بیچ میں نہیں کودنا چاہئے، البتہ اگر وہ اجازت دیدے یا سودے سے ہٹ جائے تو دوسرا شخص بھاؤ تاؤ کرسکتا ہے۔

اور یہ حکم حسنِ معاشرت کے قبیل سے ہے، کیونکہ کسی کے ساتھ سودا چل رہا ہو اور دوسرا بیچ میں کود دے تو اس سے پہلے شخص کو ایذاء پہنچتی ہے اور اس کو ناگواری ہوتی ہے اور فتنوں کا دروازہ کھلتا ہے۔

قوله: ولايَسُوْمُ على سَوْمِ أخيه: یہ پہلے جملہ کی وضاحت کے لئے بڑھایا ہے، کیونکہ حقیقۃً بیع پر بیع نہیں ہوسکتی، جب ایک کے ساتھ سودا مکمل ہوگیا تو دوسرے کے ساتھ سودا کیسے ہوسکتا ہے؟ اس لئے وضاحت کی کہ یہاں بیع بھاؤ تاؤ کرنے کے معنی میں ہے، اور یہ ممانعت اس وقت ہے جب بائع کا مشتری کی طرف میلان ہوجائے۔

جاننا چاہئے کہ بیع کے تین مرحلے ہیں:

پہلا مرحلہ: مبیع جب تک معرضِ بیع میں ہے یعنی اس پر برائے فروخت کا بورڈ لگا ہوا ہے، اس وقت ہر شخص خریدنے کی پیشکش کرسکتا ہے، کوئی ممانعت نہیں۔

دوسرا مرحلہ: جب کسی کے ساتھ سودا طے ہوگیا یعنی چیز بک گئی تو اب درمیان میں کودنے کا کوئی سوال نہیں۔

تیسرا مرحلہ: جب کسی ایک کے ساتھ سودا چل رہا ہو تو دوسرے کو بیچ میں کودنے کی اجازت نہیں، یہ اس شخص کو اس چیز سے مایوس کرنا ہے جس کے وہ درپے ہے اور اس چیز سے نامراد کرنا ہے جس کا وہ امیدوار ہے اور یہ اس کے ساتھ بدمعاملگی اور ظلم ہے، جس سے اس کو ایذاء پہنچے گی اور ناگواری ہوگی اور فتنوں کا دروازہ کھلے گا اس لئے اس کی ممانعت ہے۔

ملحوظہ: حدیث شریف میں نکاح کے پیغام پر پیغام ڈالنے کی بھی ممانعت ہے اور اس کے بھی مذکورہ تین مرحلے ہیں: جب تک لڑکا اور لڑکی معرضِ خطبہ میں ہیں، ان کی منگنیاں آرہی ہیں اس مرحلہ میں کوئی بھی پیغام بھیج سکتا ہے کوئی ممانعت نہیں، اور جب کسی کا پیغام قبول کرلیا گیا اور منگنی طے ہوگئی تو اب بیچ میں کودنے کا سوال ہی نہیں، اور درمیانی مرحلہ یہ ہے کہ منگنی دینے والے کی طرف جھکاؤ ہوگیا، ایک دوسرے کے گھر آنا جانا، لڑکے لڑکی کو دیکھنا اور باہم ہدیہ لینا دینا شروع ہوگیا تو

اب دوسرے کو بیچ میں نہیں کودنا چاہئے۔

[٥٨-] بَابٌ: لَايَبِيْعُ عَلَى بَيْعِ أَخِيْهِ، وَلاَ يَسُوْمُ عَلٰى سَوْمِ أَخِيْهِ، حَتَّى يَأْذَنَ لَهُ أَوْ يَتْرُكَ

[٢١٣٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَا يَبِيْعُ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ أَخِيْهِ"[انظر: ٢١٦٥، ٥١٤٢]

[٢١٤٠-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَلاَ تَنَاجَشُوْا، وَلاَ يَبِيْعُ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ أَخِيْهِ، وَلاَ يَخْطُبُ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيْهِ، وَلاَ تَسْأَلُ الْمَرْأَةُ طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَكْفَأَ مَا فِي إِنَائِهَا"

[انظر: ٢١٤٨، ٢١٥٠، ٢١٥١، ٢١٦٠، ٢١٦٢، ٢٧٢٣، ٢٧٢٧، ٥١٤٤، ٥١٥٢، ٦٦٠١]

دوسری حدیث میں پانچ مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: کوئی شہری کسی دیہاتی کے فائدے کے لئے نہ بیچے، نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے —— أن یبیع سے پہلے من پوشیدہ ہے اور حاضر کے معنی ہیں: شہری اور بَادِیْ اور بَادٍ کے معنی ہیں: خانہ بدوش، دیہاتی۔

کوئی دیہاتی تجارتی مال لے کر شہر آیا، اس نے مارکیٹ ڈاؤن (گری ہوئی) پائی، کسی شہری نے اس سے کہا: آج بھاؤ گرا ہوا ہے، مال مت بیچ، میرے پاس رکھ چھوڑ، جب بھاؤ اٹھے گا میں فروخت کروں گا، نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا، کیونکہ اگر دیہاتی خود بیچے گا تو اس میں اس کا فائدہ ہے اور لوگوں کا بھی فائدہ ہے، دیہاتی اگر اپنا مال آج بیچے گا تو کم نفع پر بیچے گا کیونکہ اس کو گھر لوٹنے کی جلدی ہوگی، اور شہر میں رکھنے کی کوئی صورت نہیں ہوگی، پس اس میں لوگوں کا فائدہ ہے کہ ان کو چیز سستی ملے گی، اور دیہاتی کا بھی فائدہ ہے کہ وہ پیسے لے کر گھر لوٹے گا اور نقد ادھار سے بہتر ہے۔

اور اگر شہری اس کا مال بیچے گا تو اس میں لوگوں کا بھی نقصان ہے اور دیہاتی کا بھی، لوگوں کا نقصان یہ ہے کہ شہری وہ مال زیادہ داموں میں فروخت کرے گا اور دیہاتی کا نقصان یہ ہے کہ کبھی مارکیٹ ہفتوں ڈاؤن رہتی ہے پس دیہاتی کو انتظار کی زحمت برداشت کرنی پڑے گی، پس یہ ممانعت ملکی مصلحت سے ہے، مسئلہ نہیں ہے۔

اور اس کی برعکس صورت یعنی شہری کا دیہاتی کے فائدے کے لئے خریدنا جائز ہے مثلاً کسی دیہاتی کو اپنی لڑکی کی شادی کے لئے جہیز خریدنا ہے کوئی شہری اس کو مناسب قیمت پر چیزیں دلوادے تو یہ جائز ہے اس میں شہری دکاندار کا کوئی نقصان نہیں، کیونکہ تاجر دھوکہ نہیں کھاتا، وہ چالاک ہوتا ہے اور دیہاتی کا فائدہ ہے وہ مہنگا خریدنے سے بچ جائے گا، شہری اجنبی کو لوٹتے ہیں۔

فائدہ: پہلے یہ طریقہ تھا کہ لوگ منڈی میں مال لے کر آتے تھے اور خود ہی بیچتے تھے، مگر اب یہ طریقہ ہے کہ جو بھی گنج

میں مال لے کر آئے گا اسے کسی نہ کسی پیڑھی والے کو مال سونپنا ہوگا، پیڑھی والا اسے نیلام کرے گا، جب نیلامی شروع ہوگی تو تاجر بولی لگائیں گے اور جو سب سے زیادہ بولی لگائے گا اگر مالک چاہے گا تو اس کو وہ مال دیدے گا، ورنہ مالک کو مال لوٹادے گا، اگر مالک آخری بولی پر راضی ہے تو نیلامی کرنے والا پورا مال ناپ تول کر مشتری کو دے گا اور مال والے کو اپنے پاس سے پیسے دے گا، اور مشتری دس پندرہ دن کے بعد اس پیڑھی والے کو پیسے دے گا، اس لئے اس میں اس کا کمیشن ہوتا ہے، انتظامی صورت حال کے لئے یہ طریقہ ہے، اور یہ مذکورہ حدیث کے تحت نہیں آتا۔

دوسرا مسئلہ: ایک دوسرے کے حق میں نجش مت کرو، لَاتناجشوا: باب تفاعل سے ہے، نَجَشَ الشیئَ الْخَبِیْئَۃَ کے معنی ہیں: چھپی ہوئی چیز کو کرید کر نکالنا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: مشتری کو دھوکہ دینے کے لئے خریدنے کی پیشکش کرنا، مثلاً ایک کتب خانہ میں بیروت کی ایک کتاب ہے اور صرف اسی کے پاس ہے اور ایک ہی نسخہ ہے، ایک شخص اس کو خریدنا چاہتا ہے مگر اس کو قیمت زیادہ معلوم ہورہی ہے، چنانچہ وہ بیٹھا ہوا سوچ رہا ہے، دوسرے کتب خانہ والے نے دیکھا کہ گاہک پھنس نہیں رہا، چنانچہ وہ آتا ہے اور پوچھتا ہے فلاں کتاب ہے؟ اس نے کہا: ہاں ہے! مگر یہ خریدار ہے، اس نے کہا: اگر یہ نہ خریدے تو مجھے فون ماردینا، میرے پاس گاہک ہے، وہ یہ بات کہہ کر چلا گیا حالانکہ اس کے پاس کوئی گاہک نہیں، نہ اسے خریدنا ہے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ مشتری اس کو خریدلے اس کو نجش کہتے ہیں، ظاہر ہے یہ دھوکہ بازی ہے اس لئے یہ حرکت ممنوع ہے۔

تیسرا اور چوتھا مسئلہ: کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی کی بیع پر بیع نہ کرے اور اپنے مسلمان بھائی کے نکاح کے پیغام پر پیغام نہ ڈالے، ان مسائل کی تفصیل گذرچکی۔

پانچواں مسئلہ: کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تاکہ وہ اپنے برتن میں انڈیل لے اس چیز کو جو اس دوسری کے برتن میں ہے، یعنی وہ اپنے شوہر کے لئے خالص ہوجائے اور سوکن کا کانٹا درمیان سے نکل جائے۔

معاشرتی خرابیوں میں سے ایک خرابی یہ ہے کہ اگر کسی کی دو یا زیادہ بیویاں ہوتی ہیں تو ہر بیوی اپنی سوکن کے خلاف شوہر کے کان بھرتی ہے، یہاں تک کہ وہ غالب آجاتی ہے اور دوسری کو طلاق دلوادیتی ہے۔ نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا، اور بہترین انداز میں تمثیلی پیرایہ میں یہ مضمون بیان فرمایا، اور سوکن کو بہن جذبۂ ترحم ابھارنے کے لئے کہا۔

بَابُ بَیْعِ الْمُزَایَدَۃِ

نیلامی کا بیان

المزایدۃ: باب مفاعلہ ہے اس میں دو یا زیادہ آدمی شریک ہوتے ہیں اور بیع مزایدہ کا ترجمہ ہے: نیلامی۔ بعض مرتبہ نیلامی ناگزیر ہوجاتی ہے، خاص طور پر میراث میں، ایک شخص کا انتقال ہوا، اس کے کئی وارث ہیں اور میراث میں ایک بھینس

ہے، ظاہر ہے اس کو نیلام کریں گے، تبھی وہ تقسیم ہوگی، جو زیادہ قیمت لگائے گا اس کو بھینس دیدیں گے اور قیمت ورثاء میں تقسیم کردیں گے اس کے علاوہ کوئی صورت نہیں، یا مال غنیمت میں ایک گھوڑا ہے اور مجاہدین ایک سے زیادہ ہیں، ایسی صورت میں گھوڑے کو نیلام کریں گے اور قیمت مجاہدین میں بانٹیں گے۔

غرض بعض مرتبہ نیلامی ناگزیر ہوجاتی ہے اس لئے شریعت نے نیلامی کو جائز رکھا ہے، مگر اسلامی نیلامی اور دنیاوی نیلامی میں فرق ہے، دنیاوی نیلامی میں آخری بولی پر بیع لازم ہوجاتی ہے اور مشتری کو خیار رویت اور خیارِ عیب حاصل نہیں ہوتا۔ اور اسلامی نیلامی میں بیع تام اس وقت ہوتی ہے جب آخری بولی پر دینے کے لئے بائع راضی ہو، کیونکہ بیع میں تراضی طرفین شرط ہے اور مشتری کو خیار رویت اور خیارِ عیب حاصل ہوتا ہے وہ ان خیاروں کی وجہ سے بیع فسخ کرسکتا ہے۔

غرض نیلامی شرعاً جائز ہے اور امت کا اس پر عمل رہا ہے، حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے لوگوں کو دیکھا وہ غنیمت کا مال اس شخص کے ہاتھ فروخت کرنے میں جو زائد قیمت دے کچھ حرج نہیں سمجھتے تھے، یعنی مالِ غنیمت میں نیلامی ہمیشہ سے ہوتی آئی ہے، میں بچپن سے یہی دیکھتا آرہا ہوں۔

[۵۹-] بَابُ بَيْعِ الْمُزَايَدَةِ

وَقَالَ عَطَاءٌ: أَدْرَكْتُ النَّاسَ لَايَرَوْنَ بَأْسًا بِبَيْعِ الْمَغَانِمِ فِيْمَنْ يَزِيْدُ.

[۲۱٤۱-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا الْحُسَيْنُ الْمُكْتِبُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِىْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رَجُلاً أَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ، فَاحْتَاجَ، فَأَخَذَهُ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَنْ يَشْتَرِيْهِ مِنِّىْ؟" فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِكَذَا وَكَذَا، فَدَفَعَهُ إِلَيْهِ.

[انظر: ۲۲۳۰، ۲۲۳۱، ٤۳۰۳، ۲٤۱۵، ۲۵۳٤، ٦۷۱٦، ٦۹٤۷، ۷۱۸٦]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے اپنا غلام اپنے مرنے کے بعد آزاد کیا، یعنی یہ کہا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے، پس وہ غریب ہوگیا (وہ شخص پہلے سے غریب اور مقروض تھا) پس نبی ﷺ نے اس غلام کو لیا اور فرمایا: "کون اس کو مجھ سے خریدتا ہے؟" یعنی آپؐ نے غلام کو نیلام کیا، پس اس کو نعیم بن عبداللہ نے اتنے اور اتنے میں خریدا، پس آپؐ نے ان کو وہ غلام دیدیا۔

تشریح: ایک انصاری صحابی نے جن کا نام ابو مذکور تھا اپنے غلام یعقوب کو مدبر بنایا وہ مقروض تھے، اور ان کے پاس اس غلام کے علاوہ دوسرا کوئی مال نہیں تھا، قرض خواہوں نے آنحضور ﷺ سے اس کی شکایت کی تو آپؐ نے اس غلام کو نیلام کیا، نعیم بن عبداللہ نے آخری بولی لگائی اور آپؐ نے ان کے ہاتھ وہ غلام فروخت کیا۔ معلوم ہوا کہ نیلام کرنا جائز ہے۔

ملحوظہ: مدبر کی دو قسمیں ہیں: مدبر مطلق اور مدبر مقید اور مدبر کی بیع جائز ہے یا نہیں؟ یہ مسائل ترمذی شریف میں آئیں

گے اور تفصیل تحفۃ الالمعی (۴:۱۲۱) میں ہے۔

بَابُ النَّجْشِ، وَمَنْ قَالَ: لاَيَجُوْزُ ذٰلِكَ الْبَيْعُ

خریدنا نہیں اور بھاؤ تاؤ کرنا، اور جس نے کہا کہ یہ بیع جائز نہیں

نَجْش: ج کے سکون کے ساتھ مصدر ہے اور فتح کے ساتھ اسم ہے۔ نَجَشَ الشيئَ الخبيئةَ کے معنی ہیں: چھپی ہوئی چیز کو کرید کر نکالنا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: مشتری کو دھوکہ دینے کے لئے خریدنے کی پیش کش کرنا، اوپر اس کی مثال آئی ہے کہ دکان میں ایک شخص کتاب خریدنے آیا، وہ باہر کی کتاب ہے اور ایک ہی نسخہ ہے، گاہک کو قیمت زیادہ معلوم ہورہی ہے، برابر کی دکان والا آتا ہے اور اس کتاب کو خریدنے کی پیشکش کرتا ہے، اس کا ارادہ خریدنے کا نہیں ہے وہ صرف مشتری کو پھنسانا چاہتا ہے یہ نجش ہے۔

اگر کوئی شخص نجش کرے تو بیع درست ہے یا نہیں؟ اس بارے میں ایک رائے یہ ہے کہ بیع درست نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے نجش سے منع فرمایا ہے۔ حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نجش کرنے والا سود کھانے والا اور چور ہے!

سوال: نجش کرنے والا بائع کے علاوہ ہے اور مال بائع کھائے گا پس نجش کرنے والا سود خور کیسے ہوا؟

جواب: آج اس نے دھوکہ دہی کے لئے خریدنے کی پیشکش کی ہے، کل جب اس کے یہاں گاہک آئے گا تو یہ اس کے لئے نجش کرے گا اور وہ مال کھائے گا، پس وہ مال اس کے لئے بمنزلہ سود ہوا، اور نجش صریح دھوکہ ہے اس لئے جائز نہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''دھوکہ باز جہنم میں جائے گا، اور جو کوئی ایسا کام کرے جو ہمارے امر کے خلاف ہے تو وہ مردود ہے'' یہ ایک رائے ہے، ائمہ اربعہ اس سے متفق نہیں۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کسی شخص نے دھوکہ دہی کے لئے خریدنے کی پیشکش کی تو نجش کرنے والا اس کام کی وجہ سے گنہ گار ہوگا، مگر بیع درست ہوگی، کیونکہ نجش کرنے والا بائع کے علاوہ ہے، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا یہ قول ترمذی شریف (أبواب البيوع باب ۶۳) میں ہے، چاروں ائمہ اسی کے قائل ہیں۔

[۶۰-] بَابُ النَّجْشِ، وَمَنْ قَالَ: لاَيَجُوْزُ ذٰلِكَ الْبَيْعُ

وَقَالَ ابْنُ أَبِي أَوْفَى: النَّاجِشُ آكِلُ الرِّبٰوا خَائِنٌ، وَهُوَ خِدَاعٌ بَاطِلٌ لاَيَحِلُّ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الْخَدِيْعَةُ فِي النَّارِ، وَمَنْ عَمِلَ عَمَلاً لَيْسَ عَلَيْهِ أَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ"

[۲۱۴۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ النَّجْشِ. [انظر: ۶۹۶۳]

بَابُ بَيْعِ الْغَرَرِ وَحَبَلِ الْحَبَلَةِ

دھوکے کی اور حمل کے حمل کی بیع

غرر کے معنی ہیں: دھوکہ۔ ہر وہ بیع جس میں کسی بھی قسم کا دھوکہ ہو وہ بیع ناجائز ہے، اس کی بہت مثالیں ہیں: مثلاً: معدوم کو فروخت کرنا، مجہول کو فروخت کرنا، وہ چیز جس کو سپرد کرنے پر بائع قادر نہیں اس کو بیچنا، جس چیز پر بائع کی ملک تام نہیں اس کو بیچنا، بیع منابذہ، بیع ملامسہ اور بیع الحصاۃ وغیرہ سب **بیع الغرر** کی شکلیں ہیں، اس کی ایک جزئی **حبل الحبلۃ** (حمل کے حمل کا بیچنا) ہے، حضرت رحمہ اللہ نے باب میں بطور مثال اس کو ذکر کیا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے حمل کے حمل کو بیچنے سے منع فرمایا۔

تشریح: اس حدیث کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں، ایک: حمل کے حمل کو بیچنا جائز نہیں، کیونکہ مبیع کا ابھی وجود نہیں، اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ حمل کے حمل کو کسی بیع میں ثمن کی ادائیگی کی مدت مقرر کرنا درست نہیں، کیونکہ اس میں جہالت ہے۔

پہلی صورت اس لئے بھی ممنوع ہے کہ یہ ایک طرح کا سٹہ تھا، بائع مشتری سے کہتا: میں اس گابھن بکری کے حمل کے حمل کو تیرے ہاتھ دس روپے میں بیچتا ہوں، مشتری قبول کر لیتا اور دس روپے دیدیتا، یہ بیع ناجائز ہے، کیونکہ اس میں احتمال ہے کہ بکری گابھن نہ ہو، کسی بیماری کی وجہ سے پیٹ پھولا ہوا ہو، یا بکری گابھن تو ہو مگر حمل گر جائے یا مرا ہوا بچہ پیدا ہو، یا مذکر پیدا ہو، یا بچہ مؤنث پیدا ہو، مگر وہ گابھن ہونے تک زندہ نہ رہے یا اس کو حمل قرار نہ پائے۔ غرض یہ ایک قسم کا جوا تھا اس لئے آنحضور ﷺ نے اس سے منع فرمایا۔

اسی طرح گابھن کے حمل کو فروخت کرنا بھی جائز نہیں، حنفیہ نصوص میں مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں کرتے، اگر یہاں مفہوم مخالف کا اعتبار کریں گے تو مسئلہ یہ ہوگا کہ حمل کے حمل کی بیع تو ناجائز ہے مگر خود اس حمل کی بیع درست ہے، حالانکہ اس حمل کی بیع بھی بالاتفاق ناجائز ہے اور حمل کے حمل کی تخصیص اس لئے کی کہ عربوں میں ایسے سٹوں کا رواج تھا۔

اور دوسری صورت یہ ہے کہ دو شخصوں کے درمیان لین دین ہوا اور حمل کے حمل کو ثمن کی ادائیگی کی مدت قرار دیا یہ بھی ناجائز ہے، کیونکہ مدت مجہول ہے، ہوسکتا ہے وہ جانور بچہ ہی نہ جنے، یا مرا ہوا جنے، یا مذکر جنے یا حمل کو حمل قرار نہ پائے۔ غرض یہ اجل مجہول ہے اس لئے اس کو ثمن کی ادائیگی کی مدت مقرر کرنا بھی صحیح نہیں۔

[٦١-] بَابُ بَيْعِ الْغَرَرِ وَحَبَلِ الْحَبَلَةِ

[٢١٤٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ، وَكَانَ بَيْعًا يَتَبَايَعُهُ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ، كَانَ الرَّجُلُ يَبْتَاعُ الْجَزُوْرَ إِلَى أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ، ثُمَّ تُنْتَجُ الَّتِيْ فِيْ بَطْنِهَا. [انظر: ٢٢٥٦، ٣٨٤٣]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حمل کے حمل کو بیچنے سے منع فرمایا، اور یہ زمانۂ جاہلیت کی ایک بیع تھی۔ لوگ ایسی بیع کیا کرتے تھے، ایک شخص قصائی کا اونٹ (کاٹنے کا اونٹ) خریدتا یہاں تک کہ اونٹنی بچہ جنے، پھر اس کے پیٹ کا بچہ بھی بچہ جنے، یعنی ادھار بیع میں حبل الحبلۃ کو ثمن کی ادائیگی کی مدت مقرر کرتے تھے۔

بَابُ بَيْعِ الْمُلاَمَسَةِ، وَبَابُ بَيْعِ الْمُنَابَذَةِ

مبیع یا ثمن کو چھونے یا پھینکنے پر سودا مکمل ہو جانا

یہ دو باب ساتھ ہیں۔ ملامسہ اور منابذہ: جاہلیت کی بیعیں تھیں، مُلَامَسَة: لَمْسٌ (چھونا، ہاتھ لگانا) سے باب مفاعلہ ہے جس کے معنی ہیں: ایک دوسرے کو چھونا، اور منابذة: نَبْذٌ (پھینکنا، ڈالنا) سے باب مفاعلہ ہے، جس کے معنی ہیں: ایک دوسرے کی طرف ڈالنا، پھینکنا۔ زمانۂ جاہلیت کا دستور تھا کہ اگر سودا کرتے وقت بائع ثمن کو ہاتھ لگا دے یا مشتری مبیع کو ہاتھ لگا دے تو سودا مکمل ہو گیا، اب دوسرے کو بولنے کا اختیار نہیں۔ اور منابذہ کی صورت یہ ہوتی تھی کہ سودا کرتے وقت بائع مبیع کو مشتری کی طرف پھینک دے یا مشتری ثمن کو بائع کی طرف پھینک دے تو سودا مکمل ہو گیا، اب دوسرے کو بولنے کا حق نہیں۔

یہ دستور زبان بندی تھا اسلام نے اس کو ختم کر دیا، بیع میں آخر تک ہر فریق کو اپنی بات کہنے کا اختیار ہے، البتہ یہ اختیار کب تک ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ احناف کے نزدیک: تفرق اقوال تک ہے، جب ایجاب وقبول مکمل ہو گئے، اب کسی کو بیع ختم کرنے کا اختیار نہیں، اور چھوٹے دو اماموں کے نزدیک تفرق ابدان تک یا اختر اختر کہنے تک ہے اور اسی کا نام خیارِ مجلس ہے، جس کی تفصیل گذر چکی ہے۔

[٦٢-] بَابُ بَيْعِ الْمُلاَمَسَةِ

وَقَالَ أَنَسٌ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْهُ.

[٢١٤٤-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثَنِيْ اللَّيْثُ، ثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْمُنَابَذَةِ، وَهِيَ طَرْحُ الرَّجُلِ ثَوْبَهُ بِالْبَيْعِ إِلَى الرَّجُلِ، قَبْلَ أَنْ يُقَلِّبَهُ أَوْ يَنْظُرَ إِلَيْهِ، وَنَهَى عَنِ الْمُلاَمَسَةِ، وَالْمُلاَمَسَةُ لَمْسُ الثَّوْبِ لاَ يَنْظُرُ إِلَيْهِ. [راجع: ٣٦٧]

[٢١٤٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: نُهِيَ عَنْ لِبْسَتَيْنِ: أَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، ثُمَّ يَرْفَعُهُ عَلَى مَنْكِبِهِ، وَعَنْ بَيْعَتَيْنِ: اللِّمَاسِ وَالنِّبَاذِ.

[راجع: ٣٦٨]

[٦٣-] بَابُ بَيْعِ الْمُنَابَذَةِ

وَقَالَ أَنَسٌ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْهُ.

[٢١٤٦-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْمُلاَمَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ.

[راجع: ٣٦٨]

[٢١٤٧-] وَحَدَّثَنِيْ عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ لِبْسَتَيْنِ، وَعَنْ بَيْعَتَيْنِ: الْمُلاَمَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ.

[راجع: ٣٦٧]

پہلی حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے بیع منابذہ سے منع فرمایا، اور بیع منابذہ یہ ہے کہ آدمی (بائع) سودا کرتے وقت اپنا کپڑا مشتری کی طرف پھینک دے، اس سے پہلے کہ مشتری مبیع کو الٹے پلٹے یا دیکھے —— دونوں جملوں کا ایک ہی مطلب ہے اور عطف تفسیری ہے، یعنی جب بائع نے کپڑا وغیرہ مشتری کی طرف پھینک دیا تو بیع لازم ہوگئی، خواہ مشتری نے مبیع کو دیکھا ہو یا نہ دیکھا ہو، مشتری کو نہ خیار عیب حاصل ہے نہ خیار رویت۔

اور بیع ملامسہ سے بھی منع فرمایا، اور ملامسہ: کپڑے کو چھونا ہے جس کو اس نے دیکھا نہیں، یعنی جب مشتری نے مبیع کو ہاتھ لگادیا تو بیع لازم ہوگئی، اب خیار رویت وغیرہ کچھ حاصل نہیں۔

دوسری حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے دو کپڑے پہننے کے طریقوں سے منع فرمایا: ایک یہ کہ آدمی ایک کپڑے میں حبوہ بنائے پھر اس کو کاندھے پر ڈال لے (اور دوسرا اشتمال الصمّاء ہے، تفصیل کتاب الصلوٰۃ (ثیاب المصلی) باب ۱۰ (تحفۃ القاری ۲:۱۴۴) میں گذر چکی ہے) اور دو بیعوں سے یعنی بیع ملامسہ اور بیع مبابذہ سے منع فرمایا۔

بَابُ النَّهْيِ لِلْبَائِعِ أَنْ لاَ يُحَفِّلَ الإِبِلَ وَالْبَقَرَ وَالْغَنَمَ

بائع کے لئے ممانعت کہ اونٹ گائے اور بکری کا دودھ نہ روکے

اوپر جنرل باب آیا ہے کہ ہر وہ بیع جس میں دھوکہ ہو ممنوع ہے، اب اس کی مثال دیتے ہیں کہ جانور کے تھن میں دودھ روک کر بیچنا ممنوع ہے، کیونکہ یہ بھی ایک طرح کا دھوکہ ہے، اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ کوئی شخص اونٹنی، گائے، بھینس یا بکری خریدنے آیا، اس نے مالک سے جانور کے دودھ کے بارے میں پوچھا، مالک نے کہا: کل صبح آجانا تمہارے سامنے

دودھ نکالوں گا جو دودھ ہے وہ تمہارے سامنے آجائے گا۔ پھر اس نے شام کو آدھا دودھ نکالا اور آدھا تھن میں چھوڑ دیا، جب صبح جانور دوہا گیا تو ظاہر ہے دودھ زیادہ نکلے گا، مشتری نے دودھ کی مقدار دیکھ کر جانور خرید لیا، مگر جب گھر لے جا کر دوہا تو دودھ کم نکلا، اس طرح کرنا دھوکہ بازی ہے، آنحضور ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے۔

اور باب میں لا ہے یا نہیں؟ بخاری شریف کے ایک دو نسخوں میں لا نہیں ہے، پس مطلب واضح ہے، مگر بخاری کے عام نسخوں میں لا ہے، اس صورت میں أن تفسیر یہ ہوگا اور یہ النهي کی تفسیر ہوگی، میرے خیال میں یہی نسخہ بہتر ہے۔

اور کلُّ محفَّلة کو دونوں شارحوں (عسقلانی اور عینی) نے باب کا جزء قرار دیا ہے اور الإبل پر عطف کیا ہے اور عام کا خاص پر عطف قرار دیا ہے اور منصوب پڑھا ہے، مگر میرے خیال میں یہ باب کا جزء نہیں، بلکہ مرفوع ہے اور اگلی عبارت کے ساتھ اس کا تعلق ہے یعنی محفلة اور مصرَّاة ایک چیز ہیں، دونوں کے معنی ہیں: تھن میں دودھ جمع کرنا، روکنا، حَفَل کے معنی ہیں: جمع کرنا، بس کو حافلة، مجلس کو حَفَلة اور مَحفِل کہتے ہیں کیونکہ اس میں بہت لوگ جمع ہوتے ہیں، اور تصرية کے اصل معنی ہیں: پانی روکنا، کہتے ہیں: صَرَّيْتُ الماءَ: میں نے پانی روکا اور مُصرَّاة کے معنی ہیں: دودھ روکنا۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کئی دنوں تک جانور کو نہ دوہنا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت نے جانور نہیں پالے، اگر ایک وقت جانور کو نہ دوہا جائے تو وہ چلائے گا، پھر اگر کئی دن تک نہ دوہا جائے تو دودھ خشک ہو جائے گا، اس لئے صحیح صورت یہ ہے کہ کچھ دودھ دوہا اور کچھ چھوڑ دیا تا کہ اگلے وقت میں زیادہ دودھ نکلے، یہی تحفیل اور تصرية ہے۔

[٦٤-] بَابُ النَّهْيِ لِلْبَائِعِ أَنْ لَا يُحَفِّلَ الإِبِلَ وَالْبَقَرَ وَالْغَنَمَ

وَكُلُّ مُحَفَّلَةٍ وَالْمُصَرَّاةُ: الَّتِيْ صُرِّىَ لَبَنُهَا وَحُقِنَ فِيْهِ وَجُمِعَ، فَلَمْ يُحْلَبْ أَيَّامًا. وَأَصْلُ التَّصْرِيَةِ: حَبْسُ الْمَاءِ، يُقَالُ مِنْهُ: صَرَّيْتُ الْمَاءَ: إِذَا حَبَسْتَهُ.

[٢١٤٨-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ الأَعْرَجِ، قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَا تُصَرُّوْا الإِبِلَ وَالْغَنَمَ، فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدُ، فَإِنَّهُ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ أَنْ يَحْتَلِبَهَا، إِنْ شَاءَ أَمْسَكَ وَإِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَصَاعَ تَمْرٍ"

وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، وَمُجَاهِدٍ، وَالْوَلِيْدِ بْنِ رَبَاحٍ، وَمُوْسَى بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "صَاعَ تَمْرٍ"

وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ، وَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلَاثًا.

وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ: "صَاعًا مِنْ تَمْرٍ" وَلَمْ يَذْكُرْ: ثَلَاثًا.

وَالتَّمْرُ أَكْثَرُ. [راجع: ٢١٤٠]

ترجمہ: اور ہر محفلہ (دودھ روکا ہوا) اور ہر مصرات: وہ جانور ہے جس کا دودھ روکا گیا اور تھن میں محفوظ کیا گیا اور جمع کیا گیا، پس جانور کئی دن تک نہیں دوہا گیا۔ اور تصریہ کے اصل معنی ہیں پانی روکنا، اسی سے صَرَّیْتُ الماءَ ہے، جب پانی روک لیا جائے اور دوسرے کے کھیت میں نہ جانے دیا جائے اس وقت یہ جملہ بولتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اونٹنی اور بکری کا دودھ نہ روکا جائے، پس جس شخص نے دودھ روکنے کے بعد (**بعدُ: أی بعد التصریة**) جانور خریدا تو وہ جانور کو دوہنے کے بعد دو مفید باتوں میں اختیار رکھتا ہے، اگر چاہے تو جانور کو روک لے اور اگر چاہے تو واپس کر دے اور ایک صاع چھوہارے (دودھ کے بدلے میں) دے۔

اختلاف رواۃ:

حدیث شریف میں صَاعَ تمر ہے یا صاعَ طعام؟ ابو صالح، مجاہد، ولید بن رباح اور موسیٰ بن یسار وغیرہ نے صاعَ تمر کہا ہے، پس یہ اعرج کے متابع ہیں۔ اور محمد بن سیرین کے بعض تلامذہ صاعَ طعام کہتے ہیں، اور ان کی روایت میں یہ بات زائد ہے کہ جانور کو واپس کرنے کا اختیار تین دن تک ہے اور بعض تلامذہ صاع تمر روایت کرتے ہیں اور تین دن تک اختیار ہے، یہ بات ان کی روایت میں نہیں ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اکثر رواۃ نے صاع تمر روایت کیا ہے، لہٰذا یہی صحیح ہے۔

تشریح:

۱- اگر کوئی شخص دودھ روک کر جانور فروخت کرے تو مشتری کو اختیار ہے اگر جانور پسند ہو تو روک لے ورنہ واپس کر دے، مگر مشتری جانور کو روکے گا تو قیمت میں سے کچھ کم نہیں ہوگا، کیونکہ دودھ کا کم زیادہ ہونا مبیع کا وصف ہے اور وصف کے مقابل ثمن نہیں آتا، ثمن صرف عین کے مقابل آتا ہے، اور اگر مشتری کو جانور پسند نہ ہو اور وہ سودا ختم کر دے تو اس کو چاہئے کہ مبیع کے ساتھ ایک صاع چھوہارے یا کوئی اور غلہ دے اور یہ بائع کا دل خوش کرنے کے لئے ہے، دودھ کا ضمان نہیں کیونکہ ضابطہ ہے: الخَرَاج بالضَّمان: آمدنی نقصان کے عوض ہے (ابن ماجہ حدیث ۲۲۴۳) یعنی اگر جانور لوٹانے سے پہلے مرجاتا تو مشتری کا نقصان ہوتا، پس اس زمانہ کا دودھ بھی مشتری کا ہے، اس کا کوئی ضمان واجب نہیں (۱)

۲- مشتری کو جانور لوٹانے کا اختیار تین دن تک ہے، تین دن کے بعد حق ساقط ہو جاتا ہے کیونکہ جانور کو دو چار مرتبہ دوہنے سے دودھ کا پتا چل جاتا ہے، پس زیادہ دنوں تک اختیار دینے میں بائع کا نقصان ہے، نیز عرصہ گذرنے کے بعد دودھ خود بخود بھی کم ہو جاتا ہے اور دیگر عوارض سے بھی کم ہوتا ہے، اس لئے تین دن تک ہی اختیار ہے۔

(۱) ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک ایک صاع غلہ دینا واجب ہے اور یہ دودھ کا بغیر حساب کے بدلہ ہے اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک ایک صاع غلہ یا دودھ کی قیمت میں سے ایک چیز واجب ہے اور طرفین کے نزدیک یہ دینا مستحب ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۷۲:۴) میں ہے ۱۲

۳-جب کوئی شخص ایسا فریب کرتا ہے اور راز کھل جاتا ہے اور مشتری بیع ختم کرنا چاہتا ہے تو جانور کو بائع کے کھونٹے سے باندھ کر چلا آتا ہے اور معاوضہ کے نام سے کچھ نہیں دیتا بلکہ دس باتیں سنا کر آتا ہے، یہ ایک معاشری خرابی ہے۔ حدیث شریف کا اصل زور اسی پر ہے کہ بائع کا دل خوش کیا جائے، اس کو ایک صاع چھوہارے یا کوئی اور غلہ دیا جائے تا کہ بائع کا دل نہ دکھے، کیونکہ اس زمانہ کا دودھ مشتری نے استعمال کیا ہے، پس بائع خیال کرے گا کہ میرا خواہ مخواہ نقصان ہوا، غرض چھوہارے، کوئی غلہ یا دودھ کی قیمت دے کر بائع کا دل خوش کرنا چاہئے یہ اس حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام ہے۔

۴-غرر کی دو قسمیں ہیں: غرر قولی اور غرر فعلی، غرر قولی یہ ہے کہ بائع دودھ زیادہ بتا کر فروخت کرے، اس صورت میں تمام ائمہ متفق ہیں کہ خیار وصف کی بناء پر مشتری سودا ختم کرسکتا ہے اور بائع انکار کرے تو قاضی سودا ختم کردے گا۔

اور غرر فعلی یہ ہے کہ اپنے عمل سے دھوکہ دے اور زبان سے کچھ نہ کہے، اس صورت میں مشتری کو بیع فسخ کرنے کا حق ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ فرماتے ہیں: مشتری کو اختیار تام حاصل ہے وہ ڈکٹیٹر ہے، بیع فسخ کرسکتا ہے، اور طرفین کے نزدیک مشتری کو خیار ناقص حاصل ہے، وہ بائع کو راضی کر کے سودا ختم کرسکتا ہے، تنہا ختم نہیں کرسکتا۔

[۲۱٤۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، سَمِعْتُ أَبِيْ يَقُوْلُ: ثَنَا أَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: مَنِ اشْتَرَى شَاةً مُحَفَّلَةً فَرَدَّهَا، فَلْيَرُدَّ مَعَهَا صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، وَنَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُلَقَّى الْبُيُوْعُ. [انظر: ۲۱٦٤]

وضاحت: یہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی موقوف روایت ہے، اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مذکور مرفوع روایت کے ہم معنی ہے، پس جن حضرات نے یہ کہا ہے کہ یہ روایت ہر طرح سے قیاس کے خلاف ہے، اور اس کے راوی (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ) غیر فقیہ صحابی ہیں، اس لئے اس روایت کو نہیں لیا جائے گا: یہ باتیں ٹھیک نہیں، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بالاجماع فقیہ صحابی ہیں اور ان کا بھی یہی فتوی ہے اور یہ بات حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام پیش نظر نہ ہونے کی وجہ سے کہی گئی ہے، حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام: معاشرتی خرابی کی اصلاح ہے، اور ایک صاع چھوہارے بائع کا دل خوش کرنے کے لئے دلوائے ہیں، یہ دودھ کا ضمان نہیں۔ پس یہ حدیث احناف کے خلاف نہیں۔

قوله: ونهى النبى صلى الله عليه وسلم أن تُلَقَّى البيوع: تَلَقِّى کے معنی ہیں: استقبال کرنا، ملاقات کرنا، اور بیوع بمعنی مبیعات ہے یعنی برائے فروخت لائی جانے والی چیزیں۔ اگر کوئی شخص تجارتی مال لے کر شہر آرہا ہو تو اس کو شہر میں آکر فروخت کرنے کا موقع دینا چاہئے، تاجروں کو آگے بڑھ کر خریدنا نہیں چاہئے، اگر تاجر اس سے باہر نکل کر ملاقات کرے اور اس سے سودا کرے تو یہ تلقی البیوع ہے، اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے، کیونکہ اس میں عام لوگوں کا نقصان ہے اور

بائع کا بھی نقصان ہے۔ تفصیل آگے آئے گی۔

[۲۱۵۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ، وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ، وَلَا تَنَاجَشُوْا، وَلَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَلَا تُصَرُّوْا الْغَنَمَ، وَمَنِ ابْتَاعَهَا فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ أَنْ يَحْلِبَهَا، إِنْ رَضِيَهَا أَمْسَكَهَا، وَإِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ" [راجع: ۲۱۴۰]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: لادی کا استقبال مت کرو، اور نہ بیچیں تم میں سے بعض بعض کی بیع پر، اور نجش مت کرو یعنی دھوکہ دہی کے لئے خریدنے کی پیشکش مت کرو، اور کوئی شہری کسی دیہاتی کے لئے نہ بیچے، اور بکری کا دودھ نہ روکا جائے، اور جس نے ایسی بکری خریدی پس اسے دودھ دوہنے کے بعد دو مفید باتوں میں اختیار ہے، اگر اس کو بکری پسند آئے تو اس کو روک لے اور اگر پسند نہ آئے تو اس کو واپس کردے، اور ایک صاع چھوہارے دے۔

بَابٌ: إِنْ شَاءَ رَدَّ الْمُصَرَّاةَ، وَفِي حَلْبَتِهَا صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ

اگر مشتری چاہے تو دودھ روکا ہوا جانور واپس کردے،

اور اس کے دوہے ہوئے دودھ میں ایک صاع چھوہارے ہیں

مُصَرَّاة: اسم مفعول ہے، مادہ: ص، ر، ر ہے اور اس کے معنی ہیں: باندھنا، روکنا، بٹوے کو صُرَّة اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ پیسے روکتا ہے، اور ایک صاع چھوہارے یا غلہ دینا ائمہ ثلاثہ کے نزدیک واجب ہے، اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک ایک صاع غلہ یا دودھ کی قیمت میں سے کوئی ایک واجب ہے اور طرفین کے نزدیک یہ دینا مستحب ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ اس مسئلہ میں ائمہ ثلاثہ کے ساتھ ہیں۔

[۶۵-] بَابٌ: إِنْ شَاءَ رَدَّ الْمُصَرَّاةَ، وَفِي حَلْبَتِهَا صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ

[۲۱۵۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا الْمَكِّيُّ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي زِيَادٌ، أَنَّ ثَابِتًا مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنِ اشْتَرٰى غَنَمًا مُصَرَّاةً، فَاحْتَلَبَهَا، فَإِنْ رَضِيَهَا أَمْسَكَهَا، وَإِنْ سَخِطَهَا فَفِي حَلْبَتِهَا صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ" [راجع: ۲۱۴۰]

وضاحت: ابھی بتایا ہے کہ اگر بائع غرر قولی کرے یعنی دودھ زیادہ بتا کر بیچے تو تمام ائمہ متفق ہیں کہ مشتری کو قضاءً بیع فسخ کرنے کا حق ہے اور غرر فعلی کی صورت میں بیع فسخ کرنے کا حق ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ اور امام

ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک اس صورت میں بھی قضاءً بیع فسخ کرنے کا حق ہے اور طرفین رحمہما اللہ کے نزدیک قضاءً فسخ کرنے کا حق نہیں، دیانۃً فسخ کرسکتا ہے۔

اور یہ اختلاف درحقیقت نص فہمی کا اختلاف ہے، حدیث میں تین مسئلے ہیں: ایک: دودھ روکے ہوئے جانور کو واپس کرنے کا اختیار۔ دوسرا: تین دن تک اختیار، تیسرا: دودھ کا عوض دینا —— حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام ان میں سے کونسے مسئلے ہیں؟ احناف کے نزدیک دوسرے اور تیسرے مسائل زیر بحث ہیں، اور پہلا مسئلہ ضمناً آیا ہے، معاشرہ میں خرابی پچھلے دو مسئلوں میں پائی جاتی ہے، کئی دنوں کے بعد مشتری جانور واپس کرنا چاہتا ہے اور اس عرصہ کے دودھ کا کچھ عوض نہیں دینا چاہتا، اس حدیث میں ان دونوں باتوں کی اصلاح کی گئی ہے کہ یہ اختیار صرف تین دن تک ہے اور دودھ کا واجبی بدلہ دینا چاہئے تاکہ بائع کا دل نہ دکھے، وہ خوشی سے جانور واپس لے لے، رہا پہلا مسئلہ تو وہ تمہید کلام کے طور پر زیر بحث آیا ہے، کیونکہ ایسے جانور کو واپس لینے میں بائع حیل حجت نہیں کرتا اور کوئی کرتا ہے تو مسلمانوں کا صالح معاشرہ مشتری کا ساتھ دیتا ہے، ہر کوئی بائع سے کہتا ہے: فریب بھی کرتا ہے اور پُٹھے پر ہاتھ بھی نہیں رکھنے دیتا! ایسے وقت میں اس حدیث کا طرز بیان بھی مشتری کا معاون ہوگا، مگر جمہور کے نزدیک بحث پہلے مسئلے سے ہے۔

اور اختلاف کی دوسری بنیاد یہ ہے کہ حدیث میں خیارِ تام ہے یا خیارِ ناقص؟ جمہور کے نزدیک خیارِ تام ہے، پس مشتری بیع فسخ کرسکتا ہے اور بائع انکار کرے تو قاضی سودا ختم کردے گا، اور طرفین کے نزدیک خیارِ ناقص ہے، پس بائع کی رضامندی سے سودا ختم کیا جاسکتا ہے، تنہا فسخ نہیں کرسکتا اور قاضی بھی فسخ نہیں کرسکتا۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۴:۱۷۱) میں ہے۔

فائدہ: یہ حدیث بکری اور اونٹنی کے سلسلہ میں ہے، اونٹنی کا دودھ اگرچہ زیادہ ہوتا ہے مگر کم قیمت ہوتا ہے، گائے بھینس کا یہ حکم نہیں۔ ان کا دودھ زیادہ ہوتا ہے اور قیمتی ہوتا ہے اس لئے جتنے وقت کا دودھ استعمال کیا ہے اس کی قیمت لوٹانی چاہئے تاکہ بائع خوش دلی سے جانور واپس لے لے۔

بَابُ بَيْعِ الْعَبْدِ الزَّانِيْ

زنا کرنے والے غلام کو بیچنا

اگر باندی میں زنا کی عادت ہے اور بائع سودا کرتے وقت یہ بات ظاہر نہ کرے تو مشتری خیارِ عیب کی وجہ سے سودا ختم کرسکتا ہے اور بائع انکار کرے تو قاضی سودا ختم کردے گا، یہ اجماعی مسئلہ ہے، کیونکہ باندی میں زنا کی عادت بالاجماع عیب ہے، مگر غلام میں یہ عیب ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک غلام میں بھی یہ عیب ہے، اس کی وجہ سے مشتری بیع فسخ کرسکتا ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہر وہ چیز جس کی وجہ سے تاجروں کے نزدیک قیمت کم ہوجائے وہ عیب ہے، اس کی وجہ سے مشتری کو خیارِ عیب حاصل ہوتا ہے اور احناف کے نزدیک صرف

باندی میں یہ عیب ہے غلام میں عیب نہیں، باندی کو آقا بیوی کے طور پر استعمال کرتا ہے اس لئے اگر اس میں زنا کی عادت ہے تو مولیٰ کا نسب محفوظ نہیں رہے گا اس لئے باندی میں یہ عیب ہے اور غلام خدمت کے لئے ہوتا ہے، اس میں یہ عیب ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، اس لئے حنفیہ غلام میں اس کو عیب نہیں مانتے، پس یہ مسئلہ اجتہادی ہے، منصوص نہیں، اور حدیث شریف میں صرف باندی کا ذکر ہے، بعض فقہاء نے اس پر غلام کو قیاس کیا ہے اور بعض قیاس نہیں کرتے، قاضی شریح رحمہ اللہ فرماتے ہیں: زنا کی وجہ سے واپس کرسکتا ہے، مگر غلام کو یا باندی کو یا دونوں کو؟ اس کی صراحت نہیں کی۔

[۶٦-] بَابُ بَيْعِ الْعَبْدِ الزَّانِيْ

وَقَالَ شُرَيْحٌ: إِنْ شَاءَ رَدَّ مِنَ الزِّنَا.

[۲۱۵۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنِيْ سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّـهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ، فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا، فَلْيَجْلِدْهَا، وَلاَ يُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا وَلاَ يُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنَّ زَنَتِ الثَّالِثَةَ فَلْيَبِعْهَا، وَلَوْ بِحَبْلٍ مِنْ شَعْرٍ"

[انظر ۲۱۵۳، ۲۲۳۳، ۲۲۳٤، ۲۵۵۵، ٦۸۳۷، ٦۸۳۹]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب باندی زنا کرے اور اس کا زنا کھل جائے یعنی رنگے ہاتھوں پکڑی جائے تو اس کو کوڑے مارے، اور سرزنش نہ کرے، پھر اگر زنا کرے تو کوڑے مارے اور سرزنش نہ کرے، پھر اگر تیسری مرتبہ زنا کرے تو اس کو فروخت کردے، اگرچہ بالوں کی رسّی کے عوض ہو، یعنی نہایت معمولی قیمت پر بکے پھر بھی بیچ دے۔

تشریح:

۱- تمام ائمہ متفق ہیں کہ غلام باندی اگر زنا کریں تو وہ خواہ شادی شدہ ہوں یا کنوارے ان کی سزا پچاس کوڑے ہے اور یہ مسئلہ سورۃ النساء آیت ۲۵ میں ہے، البتہ حد جاری کرنے کا حق صرف حاکم کو ہے یا آقا کو بھی ہے؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک آقا کو بھی یہ حق حاصل ہے اور حنفیہ کے نزدیک آقا کو یہ حق حاصل نہیں، صرف حاکم حد جاری کرسکتا ہے، تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔

۲- **قولہ:** ولا یُثرِّب: اس کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک: اگر غلام باندی زنا کریں تو ان کو ڈانٹ ڈپٹ کر چھوڑ نہ دے، ان پر حد جاری کرائے یعنی ان کے گناہ کو مت چھپاؤ، جب کوئی شخص اپنے غلام یا باندی کو زنا کرتے دیکھتا ہے تو معاملہ دبا دیتا ہے، کیونکہ اس میں مولیٰ کی بھی بدنامی ہے، یہ ٹھیک نہیں، ان پر حد جاری کرائے، تاکہ وہ آئندہ اس گناہ سے باز رہیں۔ اور دوسرا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ جب حد جاری کرادی تو اب ان کو لعن طعن اور ڈانٹ ڈپٹ نہ کرے کیونکہ ان کو ان کے گناہ کی سزا مل چکی۔

۳- اگر باندی بار بار زنا کرے تو اس کو فروخت کرنے کا حکم اس لئے ہے کہ یہ آقا اس پر کنٹرول نہیں کرسکتا، اس کو برائی سے روک نہیں سکتا، جب وہ دوسرے آقا کے پاس جائے گی تو وہ اس کو بالکل سیدھا کردے گا۔

مناسبت: باندی میں زنا کی عادت عیب ہے اسی لئے اس کو سزا دینے کا اور پھر بھی باز نہ آئے تو بیچ دینے کا حکم ہے، اور مبیع میں عیب ہو تو مشتری کو خیارِ عیب کی وجہ سے بیع فسخ کرنے کا حق ہوتا ہے، یہ اس حدیث سے استدلال ہے اور جمہور نے غلام کو باندی پر قیاس کیا ہے، مگر احناف قیاس نہیں کرتے، کیونکہ غلام اور باندی کے الگ الگ مقاصد ہیں۔

[۲۱۵۳و۲۱۵۴-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنِ الْأَمَةِ إِذَا زَنَتْ وَلَمْ تُحْصِنْ؟ قَالَ: " إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَبِيْعُوْهَا وَلَوْ بِضَفِيْرٍ " قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: لاَ أَدْرِيْ أَبَعْدَ الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ [راجع: ۲۱۵۲، وانظر: ۲۲۳۲، ۲۵۵۶. ۶۸۳۸]

وضاحت: غلام باندی خواہ شادی شدہ ہوں یا کنوارے ان کی سزا پچاس کوڑے ہے، پس ولم تُحْصِنْ کی قید احترازی نہیں .... ضفیر کے معنی ہیں: بکری کے بالوں کی رسّی .... امام زہریؒ کہتے ہیں: زانیہ باندی کو تیسری مرتبہ کے بعد بیچنے کا حکم ہے یا چوتھی مرتبہ کے بعد؟ یہ بات ان کو معلوم نہیں، مگر گذشتہ روایت میں تیسری مرتبہ کے بعد بیچنے کا حکم ہے۔

بَابُ الشِّرَى وَالْبَيْعِ مَعَ النِّسَاءِ

عورتوں کے ساتھ خرید وفروخت کرنا

مرد وزن کا باہم خرید وفروخت کرنا جائز ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو یہودی آقا سے خریدا ہے، اور یہ مسئلہ اس لئے بیان کیا ہے کہ عورت کو دھوکہ دینا آسان ہے، جب بائع مبیع کی جم کر تعریف کرتا ہے تو عورت دھوکہ میں آجاتی ہے، تاہم مرد کا عورت سے اور عورت کا مرد سے بیچنا خریدنا جائز ہے اس میں کچھ حرج نہیں۔

[۶۷-] بَابُ الشِّرَى وَالْبَيْعِ مَعَ النِّسَاءِ

[۲۱۵۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ: قَالَتْ عَائِشَةُ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرْتُ لَهُ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اشْتَرِيْ وَأَعْتِقِيْ فَإِنَّمَا الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْعَشِيِّ، فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ! مَابَالُ أُنَاسٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ! مَنِ اشْتَرَطَ

شَرْطًا لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ، وَإِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ شَرْطٍ، شَرْطُ اللّٰهِ أَحَقُّ وَأَوْثَقُ"[راجع: ٤٥٦]
[٢١٥٦-] حدثنا حَسَّانُ بْنُ أَبِي عَبَّادٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، سَمِعْتُ نَافِعًا يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ عَائِشَةَ سَاوَمَتْ بَرِيْرَةَ، فَخَرَجَ إِلَى الصَّلاَةِ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَتْ: إِنَّهُمْ أَبَوْا أَنْ يَبِيْعُوْهَا إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطُوْا الْوَلاَءَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّمَا الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" قُلْتُ لِنَافِعٍ: حُرًّا كَانَ زَوْجُهَا أَوْ عَبْدًا؟ فَقَالَ: مَا يُدْرِيْنِي؟[انظر: ٢١٦٩، ٢٥٦٢، ٦٧٥٢، ٦٧٥٧، ٦٧٥٩]

حوالہ: یہ حدیث بار بار گذری ہے، پہلی بار کتاب الصلوٰۃ باب ۷۰(تحفۃ القاری ۲: ۳۰۳) میں آئی ہے............قولہ: أن عائشة ساوَمَتْ بريرة: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا (ان کے آقاؤں سے) بھاؤ تاؤ کیا..........قلتُ لنافع: ہمام بن یحییٰ نے حضرت نافع سے پوچھا: جب حضرت بریرہؓ آزاد ہوئیں تو ان کے شوہر مغیث آزاد تھے یا غلام؟ نافع رحمہ اللہ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں، اس کی تفصیل کتاب الطلاق میں آئے گی۔ حنفیہ کے نزدیک شوہر خواہ آزاد ہو یا غلام: دونوں صورتوں میں آزاد ہونے والی باندی کو خیارِ عتق حاصل ہوتا ہے۔

بَابٌ: هَلْ يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ بِغَيْرِ أَجْرٍ؟ وَهَلْ يُعِيْنُهُ أَوْ يَنْصَحُهُ؟

کیا شہری دیہاتی کے لئے اجرت لئے بغیر بیچ سکتا ہے؟ اور کیا اس کی مدد یا خیر خواہی کرے؟

یہ حدیث بار بار آئی ہے کہ کوئی شہری کسی دیہاتی کے لئے نہ بیچے، اس حکم کی وجہ کیا ہے؟ اور کونسی صورت ممنوع ہے؟ میں نے بتایا تھا کہ ایک معین صورت ممنوع ہے اور وہ یہ ہے کہ کوئی دیہاتی گاؤں سے گڑ وغیرہ بیچنے کے لئے شہر لایا اور اس نے مارکیٹ کو ڈاؤن پایا، کوئی شہری اس کا دوست ہے اس نے کہا: ابھی مت بیچ، مارکیٹ ڈاؤن ہے اپنا مال میرے پاس رکھ چھوڑ جب بھاؤ بڑھے گا میں بیچوں گا۔ نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا، کیونکہ آج دیہاتی خود بیچے گا تو کم نفع پر بیچے گا، اس کو گھر لوٹنے کی جلدی ہوگی، پس اس میں لوگوں کا فائدہ ہے، ان کو چیز سستی ملے گی اور دیہاتی کا بھی فائدہ ہے، وہ رقم لے کر گھر لوٹے گا اور نقد ادھار سے بہتر ہے، اور شہری اگر اس کا مال بیچے گا تو دیہاتی کا بھی نقصان ہے اور لوگوں کا بھی، دیہاتی کا نقصان یہ ہے کہ کبھی مارکیٹ ہفتوں ڈاؤن رہتی ہے پس دیہاتی کو رقم کے لئے انتظار کرنا پڑے گا اور لوگوں کا نقصان یہ ہے کہ شہری وہ مال زیادہ داموں پر فروخت کرے گا اس لئے نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا، پس یہ ممانعت ملکی مصلحت سے ہے، باب شریعت سے نہیں یعنی یہ ممانعت مصلحۃً ہے، مسئلہ نہیں ہے۔ البتہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی دوسری شرح فرمائی ہے جو آگے آرہی ہے اور اسی کو امام بخاری رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہے۔

اس کے علاوہ جتنی صورتیں ہیں سب جائز ہیں۔ مثلاً شہری کا دیہاتی کے لئے خریدنا جائز ہے، اس میں دکاندار کا کوئی نقصان نہیں، تاجر دھوکہ نہیں کھاتا وہ چالاک ہوتا ہے اور دیہاتی کا فائدہ ہے، اس کو مال سستا ملے گا، شہری رعایت سے

دلوائے گا، اور وہ دھوکہ سے بھی بچ جائے گا، تاجر اجنبی کو دھوکہ دیتے ہیں۔

اسی طرح پیڑھی والے کا دیہاتی کا مال نیلام کرنا بھی جائز ہے، آج کل یہی طریقہ ہے کہ جو مال لے کر منڈی میں آتا ہے وہ اپنا مال کسی پیڑھی پر اتارتا ہے، پیڑھی والا اس کا مال نیلام کرتا ہے، اور اس میں اس کا کمیشن ہوتا ہے، یہ بھی جائز ہے اس میں کچھ حرج نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک شہری کے لئے دیہاتی کا مال بیچنے کی جو ممانعت ہے اس کی بنیاد اجرت لے کر بیچنا ہے۔ اگر کوئی شہری اجرت لئے بغیر دیہاتی کا مال بیچے تو جائز ہے کیونکہ یہ اس دیہاتی کی مدد اور اس کی خیر خواہی ہے جو شرعاً مطلوب ہے۔ نبی ﷺ نے اس کا حکم دیا ہے، فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے نصیحت چاہے تو چاہئے کہ وہ اس کی خیر خواہی کرے'' حضرت عطاء رحمہ اللہ بھی یہی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اجرت لئے بغیر دیہاتی کا مال فروخت کرے تو جائز ہے۔ اور حدیث کا یہ مطلب امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کی روشنی میں بیان کیا ہے، اور آئندہ تین ابواب اسی بنیاد پر قائم کئے ہیں۔

[٦٨-] بَابٌ: هَلْ يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ بِغَيْرِ أَجْرٍ؟ وَهَلْ يُعِيْنُهُ أَوْ يَنْصَحُهُ؟

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''إِذَا اسْتَنْصَحَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيَنْصَحْ لَهُ'' وَرَخَّصَ فِيْهِ عَطَاءٌ.

[٢١٥٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، سَمِعْتُ جَرِيْرًا يَقُوْلُ: بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ''[راجع: ٥٧]

قوله: والنصح لکل مسلم: یہ جملہ باب سے متعلق ہے، دیہاتی جو مال لے کر شہر میں بیچنے کے لئے آیا ہے اس کے ساتھ خیر خواہی کرنی چاہئے اور اجرت لئے بغیر اس کا مال بیچنا اس کی خیر خواہی ہے جو جائز ہے، اور حدیث کتاب الایمان کے آخری باب میں گذر چکی ہے ترجمہ اور شرح وہاں پڑھیں۔

[٢١٥٨-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' لاَ تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ، وَلاَ يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ'' فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: مَا قَوْلُهُ: لاَ يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ؟ قَالَ: لاَيَكُوْنُ لَهُ سِمْسَارًا. [انظر: ٢١٦٣، ٢٢٧٤]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''لادی کا استقبال مت کرو اور کوئی شہری کسی دیہاتی کے لئے نہ بیچے'' طاؤس رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ نبی ﷺ کے اس ارشاد: **لایبیع حاضر لباد:** کا کیا مطلب ہے؟ ابن عباسؓ نے کہا: دیہاتی کے لئے دلال نہ بنے، یعنی اجرت لے کر دیہاتی کا مال نہ بیچے، یہ صورت حدیث کا مصداق ہے۔

بَابُ مَنْ كَرِهَ أَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ بِأَجْرٍ

ایک رائے یہ ہے کہ شہری کا دیہاتی کے لئے اجرت لے کر بیچنا مکروہ ہے

اوپر بغیر أجر تھا، یہاں بأجر ہے، پس نیا باب ہوگیا، ایک رائے یہ ہے کہ اجرت پر دیہاتی کا مال بیچنا ممنوع ہے، اور یہی صورت حدیث کا مصداق ہے، اجرت لئے بغیر بیچ سکتا ہے۔ یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمائی ہے۔

[٦٩-] بَابُ مَنْ كَرِهَ أَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ بِأَجْرٍ

[٢١٥٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَبَّاحٍ، ثَنَا أَبُوْ عَلِي الْحَنَفِيُّ، هُوَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَبِهِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ.

قوله: وبه قال ابن عباس: گیلری میں یہ عبارت حدیث سے پہلے ہے اور وہی موزون جگہ ہے۔

بَابٌ: لاَ يَشْتَرِيْ حَاضِرٌ لِبَادٍ بِالسَّمْسَرَةِ

کوئی شہری کسی دیہاتی کے لئے اجرت لے کر نہ خریدے

شہری دیہاتی کے لئے خریداری کرے اور اس کی اجرت لے یہ بھی جائز نہیں، یعنی جس طرح اجرت پر دیہاتی کا مال بیچنا جائز نہیں، اجرت پر دیہاتی کے لئے خریدنا بھی جائز نہیں، حضرات محمد بن سیرین اور ابراہیم نخعی رحمہما اللہ نے اس کو مکروہ فرمایا ہے، غرض بائع کی دلالی کرے یا مشتری کی: دونوں صورتیں ناجائز ہیں، مگر اب اجرت پر خریدنے اور بیچنے کے جواز کا فتوی ہے۔

[٧٠-] بَابٌ: لاَ يَشْتَرِيْ حَاضِرٌ لِبَادٍ بِالسَّمْسَرَةِ

وَكَرِهَهُ ابْنُ سِيْرِيْنَ وَإِبْرَاهِيْمُ لِلْبَائِعِ وَلِلْمُشْتَرِيْ، وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: إِنَّ الْعَرَبَ تَقُوْلُ: بِعْ لِيْ ثَوْبًا، وَهِيَ تَعْنِيْ الشِّرَاءَ.

[٢١٦٠-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَيَبْتَاعُ الْمَرْءُ عَلَى بَيْعِ أَخِيْهِ، وَلاَ تَنَاجَشُوْا، وَلاَ يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ"[راجع: ٢١٤٠]

[٢١٦١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا مُعَاذٌ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: نُهِيْنَا أَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ.

قولہ: إن العرب تقول: یہ ایک سوال مقدر کا جواب ہے، سوال یہ ہے کہ حضرت رحمہ اللہ نے باب قائم کیا ہے کہ شہری کا دلال بن کر دیہاتی کے لئے خریدنا جائز نہیں۔ اور حدیث لائے ہیں: **لایبیع حاضر لباد:** اس حدیث سے باب کیسے ثابت ہوگا؟ اس میں تو بیچنے کی ممانعت ہے؟ جواب یہ ہے کہ لفظ بیع اضداد میں سے ہے، اس کے معنی بیچنے کے بھی ہیں اور خریدنے کے بھی، عرب کہتے ہیں: بِعْ لی ثوبا: یعنی میرے لئے کپڑا خرید، پس حدیث سے باب ثابت ہوگا۔

بَابُ النَّهْيِ عَنْ تَلَقِّي الرُّكْبَانِ، وَأَنَّ بَيْعَهُ مَرْدُوْدٌ

لادی کے استقبال کی ممانعت اور اس کی بیع مردود ہے

تَلَقِّی کے معنی ہیں: استقبال کرنا، ملاقات کرنا۔ اور **رُکبان:** راکب کی جمع ہے اور اس سے لادی مراد ہے، پرانے زمانہ میں بڑے تاجر عام لوگوں کی ضروریات جانوروں پر لاد کر شہر شہر، قصبہ قصبہ اور گاؤں گاؤں بیچتے تھے اس کو لادی اور کھیپ کہتے تھے اور جو صبح کے وقت دیہات سے لوگ بوگیوں میں سبزیاں وغیرہ بھر کر شہر میں فروخت کرنے کے لئے لاتے ہیں وہ بھی رکبان کا مصداق ہیں، حضرت رحمہ اللہ نے اسی اعتبار سے یہ باب قائم کیا ہے۔

شہر کے باہر سے کوئی شخص (لادی، دیہاتی) تجارتی مال لے کر شہر آرہا ہو تو اس کو شہر میں آکر فروخت کرنے کا موقع دینا چاہئے، لوگوں کو آگے بڑھ کر خریدنا نہیں چاہئے، اگر تاجر اس سے شہر سے باہر نکل کر ملاقات کرے اور سودا کرے تو یہ تلقی الرکبان اور تلقی البیوع ہے، نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے، کیونکہ اس میں عام لوگوں کا بھی نقصان ہے اور بائع کا بھی نقصان ہے۔ بائع کا نقصان یہ ہے کہ عام طور پر دیہاتی اور لادی والے کو یہ بات معلوم نہیں ہوتی کہ شہر میں اس چیز کا کیا بھاؤ ہے؟ تاجر کم دام بتا کر سامان خرید لیتا ہے، اگر دیہاتی اپنا مال لے کر بازار میں آئے گا تو اس کو زیادہ قیمت ملے گی، اور عوام کا نقصان یہ ہے کہ جب مال ایک یا چند تاجروں نے مل کر خرید لیا اور اس مال کی شہر میں قلت ہے تو وہ من مانی قیمت پر بیچیں گے اور لوگ خریدنے پر مجبور ہونگے، کیونکہ وہ مال دوسروں کے پاس نہیں ہے، اس لئے نبی ﷺ نے ملکی مصلحت سے اس کی ممانعت فرمائی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اگر شہری دیہاتی یا لادی کو دھوکا دے کر کم داموں میں مال خرید لے اور اس نے غرر قولی کیا ہو یعنی غلط بھاؤ بتا کر کم داموں میں مال خریدا ہو تو جب دیہاتی کو دھوکہ کا علم ہوگا اس کو بالاجماع قضاءً بیع فسخ کرنے کا حق ہوگا اور اگر غرر فعلی کیا ہے یعنی زبان سے تو کچھ نہیں کہا مگر طرزِ عمل ایسا اختیار کیا ہے جس سے دیہاتی یہ سمجھا کہ آج مارکیٹ ڈاؤن ہے، اور اس نے کم داموں میں اپنا مال اس تاجر کو بیچ دیا، بعد میں اس کو دھوکہ کا علم ہوا تو وہ قضاءً بیع فسخ کرسکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اس صورت میں قضاءً بیع فسخ کرنے کا حق نہیں، ہاں دیانۃً اس بیع کو فسخ کردینا چاہئے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس صورت میں بھی دیہاتی کو قضاءً بیع فسخ کرنے کا حق ہے۔ غرض شاۃ مصرات

میں جو اختلاف ہے وہی اختلاف یہاں بھی ہے۔

قوله: وأن بيعه مردود: اگر شہری تاجر لادی سے ملاقات کرے اور غلط بھاؤ بتا کر کم داموں میں اس کا مال خرید لے تو جمہور کے نزدیک بیع درست ہے، البتہ جب دیہاتی کو دھوکہ کا علم ہوگا تو وہ بیع فسخ کرسکتا ہے اور ظاہریہ کے نزدیک سرے سے بیع منعقد ہی نہیں ہوگی۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا اسی کی طرف رجحان ہے، یہ بات حاشیہ میں ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ یہ دھوکہ بازی ہے اور دھوکا دینا جائز نہیں، اس لئے بیع منعقد نہیں ہوگی۔

[۷۱-] بَابُ النَّهْيِ عَنْ تَلَقِّي الرُّكْبَانِ، وَأَنَّ بَيْعَهُ مَرْدُوْدٌ

لِأَنَّ صَاحِبَهُ عَاصٍ آثِمٌ، إِذَا كَانَ بِهِ عَالِمًا، وَهُوَ خِدَاعٌ فِي الْبَيْعِ، وَالْخِدَاعُ لَايَجُوْزُ.

[۲۱۶۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ التَّلَقِّي، وَأَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ[راجع: ۲۱۴۰]

[۲۱۶۳-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلٰى، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ: مَا مَعْنَى قَوْلِهِ: لَايَبِيْعَنَّ حَاضِرٌ لِبَادٍ؟ فَقَالَ: لَاتَكُنْ لَهُ سِمْسَارًا.[راجع: ۲۱۵۸]

[۲۱۶۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنِ اشْتَرَى مُحَفَّلَةً فَلْيَرُدَّ مَعَهَا صَاعًا، قَالَ: وَنَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ تَلَقِّي الْبُيُوْعِ.[راجع: ۲۱۴۹]

[۲۱۶۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَايَبِيْعُ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ، وَلَا تَلَقَّوُا السِّلَعَ حَتّٰى يُهْبَطَ بِهَا إِلَى السُّوْقِ"[راجع: ۲۱۳۹]

قوله: لَاتَكُنْ له سِمْسَاراً: نہ بن تو اس کے لئے دلال یعنی اجرت لے کر اس کا مال فروخت مت کر، بغیر اجرت کے کرسکتا ہے، یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک ممانعت کی وجہ ہے .... **مُحَفَّلَة:** دودھ روکا ہوا جانور............ **البیوع:** المبیعات............ **السِّلع:** بیچنے کی چیزیں۔

بَابُ مُنْتَهَى التَّلَقِّيْ

کہاں تک فروختگی کے سامان کا استقبال کرسکتے ہیں؟

شہر سے باہر کتنی دور تک نکل کر خریداری کرنا ممنوع ہے؟ اس کی کوئی حد ہے؟ جواب یہ ہے کہ جب منڈی کے دروازہ پر بوگی آجائے تو خریداری کرسکتا ہے، یہ حد ہے، اس سے آگے بڑھ کر خریدنا ممنوع ہے۔

[۷۲-] بَابُ مُنْتَهَى التَّلَقِّيْ

[۲۱۶۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا نَتَلَقَّى الرُّكْبَانَ، فَنَشْتَرِىْ مِنْهُمُ الطَّعَامَ، فَنَهَانَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ نَبِيْعَهُ حَتَّى نَبْلُغَ بِهِ سُوْقَ الطَّعَامِ.

[راجع: ۲۱۲۳]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا فِي أَعْلَى السُّوْقِ، وَيُبَيِّنُهُ حَدِيْثُ عُبَيْدِ اللّٰهِ.

[۲۱۶۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانُوْا يَتَبَايَعُوْنَ الطَّعَامَ فِي أَعْلَى السُّوْقِ، فَيَبِيْعُوْنَهُ فِيْ مَكَانِهِ، فَنَهَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَبِيْعُوْهُ فِيْ مَكَانِهِ حَتَّى يَنْقُلُوْهُ. [راجع: ۲۱۲۳]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہم لادی سے ملاقات کرتے تھے اور ان سے کھانے پینے کی چیزیں خریدتے تھے، پس ہمیں نبی ﷺ نے لادی سے خریدنے سے منع کیا، یہاں تک کہ ہم اس کے ساتھ غلہ کے بازار تک پہنچیں یعنی جب لادی بازار میں پہنچ جائے تب خریدیں اس سے پہلے خریدنے سے منع فرمایا —— امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سوق الطعام سے مراد أعلی السوق ہے یعنی بازار کے دروازہ پر خریداری کرسکتے ہیں، اس سے آگے بڑھ کر خریدنا ممنوع ہے، عبیداللہ کی حدیث میں جو اس کے بعد ہے اس کی وضاحت ہے۔

دوسری حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہم بازار کے دروازہ پر غلہ خریدتے تھے —— یہ حد ہے، بازار کے دروازہ تک جاسکتے ہیں، اس سے آگے بڑھنا ممنوع ہے —— پھر اسی جگہ غلہ بیچ دیا کرتے تھے، پس ہمیں نبی ﷺ نے جہاں خریدا ہے اسی جگہ بیچنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ ہم اس کو گھر یا بازار میں لے جائیں۔

بَابٌ: إِذَا اشْتَرَطَ فِي الْبَيْعِ شُرُوْطاً لَاتَحِلُّ

جب کوئی شخص بیع میں ناجائز شرطیں لگائے

بیع میں ناجائز شرطیں لگانے سے بیع فاسد ہوجاتی ہے، ہر وہ شرط جس میں احد المتعاقدین کا فائدہ ہو یا مبیع کا فائدہ ہو، درانحالیکہ مبیع اہل استحقاق میں سے ہو: شرط فاسد ہے اور اس سے بیع فاسد ہوجاتی ہے —— باب میں حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جو آپ کی پڑھی ہوئی ہے، اس میں بہت سے مسائل ہیں، حاشیہ میں پانچ اہم مسئلے لکھے ہیں:

۱- مکاتب کی بیع ہوسکتی ہے یا نہیں؟ حضرت بریرہؓ نے اپنے آقاؤں سے کتابت کا معاملہ کر رکھا تھا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو خرید کر آزاد کیا، معلوم ہوا کہ مکاتب کی بیع ہوسکتی ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ اسی کے قائل ہیں اور امام ابوحنیفہ اور

امام شافعی رحمہما اللہ کا مذہب اور امام مالک رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ مکاتب کی بیع جائز نہیں، کیونکہ وہ من وجہٍ (تصرف کے اعتبار سے) آزاد ہو چکا ہے، اور حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کا جواب یہ ہے کہ انھوں نے کتابت سے اپنے آپ کو عاجز کر دیا تھا، مکاتب اپنے آپ کو کتابت سے عاجز کر سکتا ہے اس کے بعد اس کی خرید و فروخت جائز ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

۲- حضرت بریرہؓ کے آقاؤں نے وَلاء کی شرط لگائی تھی، یہ شرط فاسد ہے کیونکہ اس میں مشتری کا فائدہ ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ وَلاء کی شرط اعتاق میں تھی جو از قبیل یمین ہے، بیع میں یہ شرط نہیں تھی، اور بیع میں شرط فاسد سے بیع فاسد ہوتی ہے اور یمین میں اگر شرط فاسد لگائی جائے تو وہ شرط خود فاسد ہو جاتی ہے، معاملہ درست رہتا ہے، تفصیل گذر چکی ہے (تحفۃ القاری ۲:۷ ۳۰) مگر روایات اس انداز سے آئی ہیں کہ دھوکہ لگتا ہے کہ وَلاء کی شرط بیع میں تھی، حالانکہ ایسا نہیں تھا، کیونکہ بیع کے بعد اعتاق ضروری نہیں، اور اعتاق کے بغیر وَلاء ثابت نہیں ہوتا۔ یہ نکتہ خاص یاد رکھنے کا ہے۔

۳- ولاء آزاد کرنے والے کا حق ہے، غلام باندی کو آزاد کرنے سے معتِق (آزاد کرنے والے) اور معتَق (آزاد شدہ) کے درمیان جو رشتہ (تعلق) قائم ہوتا ہے اس کا نام وَلاء ہے، غیر معتق کے لئے اس کی شرط لگانا جائز نہیں، اگر کوئی غیر معتق کے لئے اس کی شرط لگائے تو وہ شرط باطل ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

۴- آزاد ہونے کے بعد باندی کو خیارِ عتق حاصل ہوتا ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، البتہ اگر باندی کا شوہر آزاد ہو تو خیارِ عتق حاصل ہوگا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس صورت میں خیارِ عتق حاصل نہیں ہوگا اور حنفیہ کے نزدیک حاصل ہوگا۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ جب حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا آزاد ہوئیں تو ان کے شوہر مغیثؓ غلام تھے یا آزاد؟ دونوں طرح کی روایتیں ہیں اور احناف نے دونوں روایتوں کو جمع کیا ہے، وہ دونوں صورتوں میں خیار کے قائل ہیں۔

اور اختلاف کی دوسری بنیاد یہ ہے کہ طلاق میں عورت کا اعتبار ہے یا مرد کا؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مرد کا اعتبار ہے اور حنفیہ کے نزدیک عورت کا، اس کی تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔

۵- بیع میں کیسی شرط لگانے سے بیع فاسد ہوتی ہے؟ احناف کے نزدیک ہر اس شرط سے جس میں احد المتعاقدین کا فائدہ ہو یا مبیع کا فائدہ ہو، درانحالیکہ مبیع اہل استحقاق میں سے ہو: بیع فاسد ہو جاتی ہے، کیونکہ شرط کی وجہ سے نزاع ہوگا، اور اگر مبیع اہل استحقاق میں سے نہ ہو تو بیع صحیح ہے، مثلاً گھوڑا بیچا اور شرط لگائی کہ مشتری روزانہ اس کو ایک کلو چنا کھلائے گا تو اس میں کچھ حرج نہیں، کیونکہ اس میں اگرچہ مبیع یعنی گھوڑے کا فائدہ ہے مگر گھوڑا اہل استحقاق میں سے نہیں ہے، اس کو چنا نہیں کھلایا جائے گا تو وہ کوئی جھگڑا نہیں کرے گا، لیکن اگر غلام اس شرط پر بیچا کہ وہ اس کو روزانہ پلاؤ زردہ کھلائے گا تو بیع فاسد ہوگی، کیونکہ مبیع اہل استحقاق میں سے ہے اس کو اگر روزانہ پلاؤ زردہ نہیں کھلائے جائے گا تو وہ لڑے گا، یا گھوڑا بیچا اور بائع نے سواری کی شرط لگائی یا

کپڑا خریدا اور مشتری نے سی کر دینے کی شرط لگائی تو بیع فاسد ہے، کیونکہ اس میں احد المتعاقدین کا فائدہ ہے۔

فائدہ: اشتراط فی البیع کی دو صورتیں ہیں: ایک: وہ اشتراط ہے جو مقصود ہوتا ہے، دوم: وہ اشتراط ہے جو محض وعدہ ہوتا ہے، اشتراط مقصود میں شرط قبول کرنے نہ کرنے پر بیع موقوف ہوتی ہے اگر شرط قبول کی جائے گی تو بیع ہوگی ورنہ نہیں، ایسے اشتراط سے بیع فاسد ہوتی ہے، مثلاً مکان کا سودا کیا، بائع نے چھ مہینے اس میں رہنے کی شرط لگائی تو یہ شرط ناجائز ہے۔

اور اشتراط غیر مقصود وعدہ کے قبیل سے ہوتا ہے، اس میں شرط کے منظور کرنے نہ کرنے پر بیع کا مدار نہیں ہوتا، بس اتنی بات ہوتی ہے کہ اگر شرط منظور کی جائے گی تو بیع خوش دلی سے ہوگی اور شرط منظور نہیں کی جائے گی تو بھی بیع ہوگی، مگر خوش دلی سے نہیں ہوگی۔ مثلاً ایک شخص نے میرے کتب خانہ سے کتابیں خریدیں اور شرط لگائی کہ کتابیں ٹرانسپورٹ سے روانہ کر کے بلٹی بنا کر دیں، ہم نے معذرت کر دی کہ ہمارے پاس کوئی ملازم نہیں پسیج ہوگی اور وہ کتابوں کی روانگی کا کوئی اور انتظام کرے گا، یہ شرط وعدہ کے قبیل سے ہے اس سے بیع فاسد نہیں ہوتی، کیونکہ وہ صلب عقد میں داخل نہیں ہوتی، اور معاوضات (لین دین) میں جو وعدے ہوتے ہیں وہ دیانۃً واجب ہوتے ہیں دیانۃً ان کا پورا کرنا ضروری ہے، قضاءً پورا کرنا ضروری نہیں۔

[۷۳-] بَابٌ: إِذَا اشْتَرَطَ فِي الْبَيْعِ شُرُوْطاً لَاتَحِلُّ

[۲۱۶۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، نَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَ تْنِي بَرِيْرَةُ، فَقَالَتْ: كَاتَبْتُ أَهْلِيْ عَلَى تِسْعِ أَوَاقٍ، فِي كُلِّ عَامٍ أُوْقِيَّةٌ، فَأَعِيْنِيْنِيْ، فَقُلْتُ: إِنْ أَحَبَّ أَهْلُكِ أَنْ أَعُدَّهَا لَهُمْ، وَيَكُوْنَ وَلَاءُ كِ لِيْ فَعَلْتُ، فَذَهَبَتْ بَرِيْرَةُ إِلَى أَهْلِهَا، فَقَالَتْ لَهُمْ فَأَبَوْا [ذٰلِكَ] عَلَيْهَا، فَجَاءَ تْ مِنْ عِنْدِهِمْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ، فَقَالَتْ: إِنِّيْ عَرَضْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَأَبَوْا إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ، فَسَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرَتْ عَائِشَةُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " خُذِيْهَا وَاشْتَرِطِيْ لَهُمُ الْوَلَاءَ، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" فَفَعَلَتْ عَائِشَةُ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي النَّاسِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ! مَابَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِي كِتَابِ اللّٰهِ؟ مَاكَانَ مِنْ شَرْطٍ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ، وَإِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ، قَضَاءُ اللّٰهِ أَحَقُّ، وَشَرْطُ اللّٰهِ أَوْثَقُ، وَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" [راجع: ٤٥٦]

[۲۱۶۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ جَارِيَةً فَتُعْتِقَهَا، فَقَالَ أَهْلُهَا: نَبِيْعُكِهَا عَلَى أَنَّ وَلَاءَ هَا لَنَا، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " لَا يَمْنَعُكِ ذٰلِكَ، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" [راجع: ٢١٥٦]

حوالہ: یہ حدیث گذر چکی ہے، دیکھئے: تحفۃ القاری (۲: ۳۰۴) .... إِنْ أَحب أهلك: اگر تیرا آقا پسند کرے کہ

میں ان کے لئے بدل کتابت تیار کروں اور تیری ولاء میرے لئے ہو تو میں ایسا کرسکتی ہوں، یعنی تو اپنے آقا سے بات کرا گر وہ پوری رقم میں تجھ کو بیچ دے تو میں خرید کر تجھے آزاد کردوں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کو ولاء کی ضرورت نہیں تھی، یہ راوی کی تعبیر ہے۔ کتاب المکاتب کی آخری حدیث میں اس کی صراحت ہے............**قولہ: ما کان من شرط**: **ما** موصولہ ہے اور **من شرط** اس کا بیان ہے............**قولہ: قضاءُ اللّٰہ أحق**: اللہ کا فیصلہ زیادہ حقدار ہے اور اللہ کی شرط زیادہ مؤکد ہے، دونوں جملوں کا ایک ہی مطلب ہے یعنی شریعت کا حکم مقدم ہے۔

بَابُ بَيْعِ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ

چھوہاروں کی چھوہاروں کے بدل بیع

اب ربا الفضل کا بیان شروع ہو رہا ہے، پہلے بتلایا تھا کہ ربا کی دو قسمیں ہیں: ربا القرض اور ربا الفضل، اور ایک تیسری قسم ربا النسیئہ ہے جو ربا الفضل کا بچہ ہے۔ قرآنِ کریم میں صرف ربا القرض کا ذکر ہے اور ربا الفضل اور ربا النسیئہ کا ذکر حدیثوں میں ہے۔

قرض پر زیادتی کا نام ربا القرض ہے، اور اشیائے ستہ کی حدیث میں اصالۃً ربا الفضل کا اور ضمناً ربا النسیئہ کا ذکر ہے، ربوی اشیاء کا تبادلہ اگر ہم جنس سے کیا جائے تو برابر سرابر اور دست بدست ہونا ضروری ہے، کمی بیشی جائز نہیں، نہ ادھار جائز ہے، اگر کمی بیشی کرے گا تو ربا الفضل ہوگا اور ادھار معاملہ کرے گا تو ربا النسیئہ ہوگا، تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۴۹:۴) میں ہے اور کچھ تفصیل پہلے (أبواب البیوع باب ۲۳ میں) گذر چکی ہے۔

اب چند باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: ربا القرض کی حرمت کی وجہ یہ ہے کہ راست زر سے زر پیدا کرنے کی شریعت حوصلہ افزائی نہیں کرتی، شریعت چاہتی ہے کہ اگر زر سے زر پیدا کیا جائے تو درمیان میں عمل کا واسطہ آئے، کیونکہ زر سے بلاتوسطِ عمل زر پیدا کرنے سے دو بڑی خرابیاں لازم آتی ہیں، **ایک**: دولت کا اکتناز ہو جاتا ہے یعنی دولت چند ہاتھوں میں سمٹ آتی ہے۔ **دوسری**: بے روزگاری پھیلتی ہے، تفصیل أبواب البیوع کے شروع میں گذر چکی ہے۔

اور ربا الفضل کی حرمت کی وجہ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں یہ تحریر فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو رفاہیت بالغہ یعنی بہت زیادہ بلند معیار زندگی پسند نہیں، کیونکہ جو شخص بہت اونچے معیار کی زندگی گذارے گا وہ طلب دنیا میں زیادہ منہمک ہوگا، اور اس کے بقدر آخرت سے غافل ہوگا۔

اور اعلی معیار زندگی کا تقاضہ یہ ہے کہ ہر چیز بڑھیا سے بڑھیا اور اعلیٰ معیار کی استعمال کی جائے، گیہوں اعلی قسم ہی کا کھایا جائے، کھجوریں اعلی قسم ہی کی کھائی جائیں، سونا اور چاندی اعلی معیار ہی کی استعمال کی جائے جس کی عملی صورت یہی ہوسکتی

ہے کہ اگر اپنے پاس اعلی درجہ کی چیز نہ ہو بلکہ معمولی درجہ کی ہو تو وہ زیادہ مقدار میں دے کر اس کے بدلے میں اعلی درجہ کی چیز تھوڑی مقدار میں لے لی جائے، اور اس طرح زندگی کا اعلی معیار برقرار رکھا جائے۔ اس لئے رفاہیت بالغہ کی یہ صورت امت مرحومہ کے لئے نبی رحمت ﷺ کے ذریعہ یعنی وحی غیر متلو کے ذریعہ ممنوع قرار دی گئی۔ اور جنس واحد میں جیدوردی کا تفاوت لغو کردیا، تاکہ ہر شخص جو کچھ اس کو میسر ہے اس پر قناعت کرے اور رئیسانہ ٹھاٹ سے بچے [1] تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵۴۶:۴) میں ہے۔

دوسری بات: آنحضور ﷺ نے چھ چیزیں: سونا، چاندی، کھجور، گندم، نمک اور جَو کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ اگر ان کا تبادلہ ہم جنس سے کیا جائے تو برابر سرابر اور دست بدست ہونا ضروری ہے، نہ کمی بیشی جائز ہے اور نہ ادھار، اگر کمی بیشی کے ساتھ فروخت کرے گا تو یہ ربا الفضل ہے اور ادھار معاملہ کرے گا تو یہ ربا النسیئہ ہے، مثلاً کھجور کا کھجور سے تبادلہ کیا جائے تو دو چیزیں ضروری ہیں: مساوات اور دونوں عوضوں کا نقد ہونا، اگر برابر سرابر نہیں ہے، کمی بیشی کے ساتھ فروخت کیا ہے تو یہ ربا الفضل ہے اور یہ بیع ناجائز ہے اور اگر کوئی ایک عوض ادھار ہے تو یہ ربا النسیئہ ہے اور یہ بھی ناجائز ہے اور اگر دونوں عوض ادھار ہیں تو بیع الکالئ بالکالئ ہے اور یہ بھی ناجائز ہے۔

اور اگر غیر جنس کے ساتھ تبادلہ کیا جائے یعنی ایک طرف کھجور ہو اور دوسری طرف گندم تو کمی بیشی جائز ہے، یہ کمی بیشی ربا الفضل نہیں، البتہ ادھار اب بھی جائز نہیں، اگر کوئی عوض ادھار ہوگا تو یہ ربا النسیئہ ہے اور بیع ناجائز ہوگی، غرض ہم جنس کے ساتھ تبادلہ میں ربا الفضل اور ربا النسیئہ دونوں متحقق ہوتے ہیں اور غیر جنس کے ساتھ تبادلہ میں صرف ربا النسیئہ متحقق ہوتا ہے، ربا الفضل متحقق نہیں ہوتا۔

تیسری بات: ربا مذکورہ چھ چیزوں میں منحصر ہے یا ان چیزوں میں سے علت نکالی جائے گی؟ اصحابِ ظواہر یعنی غیر مقلدین کے نزدیک ربا مذکورہ چھ چیزوں میں منحصر ہے، ساتویں کسی چیز میں ربا نہیں، ان کے علاوہ تمام مجتہدین کے نزدیک حدیث معلل ہے، ربا کا حکم اُن تمام چیزوں میں جاری ہوتا ہے جن میں وہ علت پائی جائے، پھر اس میں تو اتفاق ہے کہ سونے اور چاندی کی علت الگ ہے اور باقی چار چیزوں کی الگ، مگر علت نکالنے میں اختلاف ہوا ہے۔

سونے اور چاندی کی علت: شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک سونے اور چاندی میں علت: ثمنیت ہے یعنی ایسی چیز ہونا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے معاملات میں ثمن (وسیلہ) بننے کے لئے پیدا کیا ہے، ایسی چیزیں دو ہی ہیں: سونا اور چاندی، پس یہ

(۱) اگر کسی واقعی ضرورت سے ہم جنس سے تبادلہ کرنا پڑے مثلاً ایک کسان کے پاس معمولی گیہوں ہیں اور اس کو بیج کے لئے عمدہ گیہوں درکار ہیں اور فریقین جیدوردی کا تفاوت ملحوظ رکھنا چاہتے ہیں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ دو بیعیں کی جائیں، اپنے معمولی گیہوں کسی کو نقد بیچ دیئے جائیں پھر اس رقم سے عمدہ گیہوں خرید لئے جائیں، عمدہ گیہوں والے کے ہاتھ ہی ان معمولی گیہوں کو بیچنا ضروری نہیں، پس یہ حیلہ نہیں ۱۲

علت ان دو کے ساتھ خاص ہوگی، اور احناف اور حنابلہ کے نزدیک علت: وزن یعنی موزونی چیز ہونا ہے، پس جو بھی چیز تولی جاتی ہے وہ سونے چاندی کے حکم میں ہے، مثلاً زعفران، لوہا، تانبا، پیتل، گوشت، آلو اور ٹماٹر وغیرہ ہزاروں چیزیں موزونی ہیں، پس یہ سب ربوی اشیاء ہیں۔

باقی چار چیزوں میں علت: احناف اور حنابلہ کے نزدیک کیل یعنی مکیلی ہونا علت ہے، پس جو بھی چیز پیمانے سے ناپی جاتی ہے وہ ربوی ہے، خواہ وہ مطعوم ہو یا غیر مطعوم، جیسے چاول، چنا، مکئی وغیرہ اور معدودات (جو گن کر فروخت کی جاتی ہیں) اور مزروعات (جو گز وغیرہ سے ناپ کر فروخت کی جاتی ہیں) وہ ربوی چیزیں نہیں۔

پس احناف اور حنابلہ کے نزدیک مذکورہ چھ چیزوں میں ربا کی علت وزن وکیل ہیں اور ان دونوں کے لئے مشترک لفظ 'قدر' ہے پس قدر مع الجنس میں یعنی جب دونوں عوض ایک جنس کے ہوں اور دونوں قدری یعنی مکیلی یا موزونی ہوں تو ربا الفضل اور ربا النسیئہ دونوں کا تحقق ہوگا، ان میں نہ تفاضل جائز ہوگا نہ ادھار، بلکہ برابر سرابر اور دست بدست فروخت کرنا ضروری ہے، اور قدر مع غیر الجنس میں یعنی جب دونوں عوض الگ الگ جنس کے ہوں مگر دونوں مکیلی یا موزونی ہوں تو صرف ربا النسیئہ کا تحقق ہوگا، ربا الفضل متحقق نہیں ہوگا، یعنی اس صورت میں کمی بیشی جائز ہوگی اور ادھار ناجائز۔ جیسے گیہوں کو چنے کے عوض بیچا جائے تو تفاضل جائز ہے اور ادھار حرام ہے۔

اور شافعیہ کے نزدیک باقی چیزوں میں علت: طُعم (کھانے کی چیز) ہونا ہے اور طُعم میں ان کے نزدیک تین چیزیں شامل ہیں: اول: مطعومات یعنی وہ چیزیں جو غذا بننے کے لئے پیدا کی گئی ہیں، گیہوں اور جَو اس کی مثالیں ہیں، اور چاول، چنا اور مکئی وغیرہ اس کے ساتھ ملحق ہیں۔ دوم: فواکہ (پھل) کھجور اس کی مثال ہے، اور کشمش اور انجیر وغیرہ اس کے ساتھ ملحق ہیں۔ سوم: مصلحات یعنی وہ چیزیں جو طعام یا جسم کی اصلاح کرتی ہیں نمک اس کی مثال ہے اور تمام ادویہ اور مسالے اس کے ساتھ ملحق ہیں۔

اور مالکیہ کے نزدیک:

(۱) صرف ربا النسیئہ کے لئے طعام میں علت: مطعوم ہونا ہے بشرطیکہ وہ چیز دواء کے طور پر نہ کھائی جاتی ہو خواہ وہ مطعوم اقتیات وادخار کے قابل ہو یا نہ ہو، جیسے ککڑی، خربوزہ، لیموں اور گاجر وغیرہ کو دست بدست بیچنا ضروری ہے —— اور فواکہ کی جملہ انواع جیسے سیب اور کیلے وغیرہ کو بھی دست بدست فروخت کرنا ضروری ہے، ادھار بیچنا سود ہے، البتہ ان میں ربا الفضل متحقق نہیں ہوگا، پس کمی بیشی جائز ہے۔

(۲) اور ربا الفضل اور ربا النسیئہ دونوں کے تحقق کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں: ایک: طعام کا مُقتات ہونا یعنی عموماً انسان ان کو کھاتے ہوں اور صرف ان پر گذر بسر کرتے ہوں۔ دوم: طعام کا ادخار کے قابل ہونا، یعنی عرصہ تک رکھنے سے وہ چیز خراب نہ ہو، جہاں یہ دونوں چیزیں (اقتیات وادخار) پائی جائیں گی وہاں دونوں ربا متحقق ہونگے، پس نہ کم وبیش فروخت

کرنا درست ہوگا نہ ادھار۔

ملحوظہ: شافعیہ اور مالکیہ نے سونے اور چاندی میں جو علت: ثمنیت تجویز کی ہے اس میں غور طلب بات یہ ہے کہ جب ثمنیت سونے اور چاندی کے ساتھ خاص ہے تو اس تعلیل کا کیا فائدہ؟ تعلیل تو حکم کے تعدیہ کے لئے ہوتی ہے، اس لئے اس سے بہتر وزن کو علت بنانا ہے، کیونکہ لوہے وغیرہ کی طرف اس کا تعدیہ ہوتا ہے، علاوہ ازیں حدیث میں وزن وکیل کے علت ہونے کی طرف اشارہ بھی ہے۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۵۱:۴) میں ہے۔

[٧٤-] بَابُ بَيْعِ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ

[٢١٧٠-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسٍ، سَمِعَ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ"[راجع: ٢١٣٤]

بَابُ بَيْعِ الزَّبِيْبِ بِالزَّبِيْبِ، وَالطَّعَامِ بِالطَّعَامِ

زبیب کو زبیب اور غلہ کو غلہ کے بدل بیچنا

کشمش (چھوٹا سوکھا ہوا انگور) اور منقی (بڑا سوکھا ہوا انگور) دونوں کو عربی میں زبیب کہتے ہیں، اگر زبیب کا زبیب کے ساتھ تبادلہ کیا جائے تو قدر مع الجنس کی وجہ سے کمی بیشی ناجائز ہے اور ادھار بھی، دیگر غلوں کا بھی یہی حکم ہے، جب دونوں عوض ہم جنس ہوں اور دونوں قدری (مکیلی یا موزونی) ہوں تو مساوات (برابری) ضروری ہے اور دونوں عوضوں کا نقد ہونا بھی ضروری ہے، کمی بیشی ربا الفضل ہے اور ادھار ربا النسیئہ۔

[٧٥-] بَابُ بَيْعِ الزَّبِيْبِ بِالزَّبِيْبِ، وَالطَّعَامِ بِالطَّعَامِ

[٢١٧١-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ، وَالْمُزَابَنَةُ: بَيْعُ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ كَيْلًا، وَبَيْعُ الزَّبِيْبِ بِالْكَرْمِ كَيْلًا.

[انظر: ٢١٧٢، ٢١٨٥، ٢٢٠٥]

ترجمہ: نبی ﷺ نے بیع مزابنہ سے منع فرمایا، اور بیع مزابنہ: درخت کی کھجور کو خشک کھجور (چھوہاروں) کے بدل پیمانہ کے ذریعہ (برابر کرکے) بیچنا ہے اور کشمش کو انگور کی بیلوں کے بدل پیمانہ کے ذریعہ (برابر کرکے) بیچنا ہے۔

تشریح: بیع مزابنہ: درخت پر لگے ہوئے پھلوں کو مثلاً کھجوروں کو ہم جنس ٹوٹے ہوئے پھلوں کے عوض بیچنا ہے، اسی

کے مانند محاقلہ ہے یعنی کھڑی کھیتی کو مثلاً گیہوں کو ہم جنس غلہ کے عوض بیچنا۔ یہ دونوں بیوع ممنوع ہیں اور ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ غلہ اور پھل ربوی چیزیں ہیں ان کی ہم جنس سے بیع میں مساوات ضروری ہے، کمی بیشی حرام ہے، اور کھڑی کھیتی کا اور درخت پر لگے ہوئے پھلوں کا صحیح اندازہ مشکل ہے، اس لیے کمی بیشی کے احتمال کی وجہ سے یہ بیوع ممنوع ہیں، البتہ کھڑی کھیتی کو اور درخت پر لگے ہوئے پھلوں کو پیسوں کے بدل یا غیر جنس کے پھلوں اور غلہ کے بدل بیچنا جائز ہے کیونکہ غیر جنس کے ساتھ بیع کی صورت میں تفاضل جائز ہے۔

وجہ تسمیہ: مُحاقلة: حَقْل (ہری کھیتی) سے باب مفاعلہ ہے حَاقَلَہ کے معنی ہیں: کسی کو پکنے سے پہلے کھڑی کھیتی ہم جنس غلہ کے عوض بیچنا............ اور مزابنة: زبن سے باب مفاعلہ ہے اس کے لغوی معنی ہیں: دھکا دینا، ہٹانا، اور زَابَنَہ کے معنی ہیں: درخت پر لگے ہوئے پھلوں کو ہم جنس ٹوٹے ہوئے پھلوں کے عوض اندازہ سے برابری کرکے بیچنا ـــــ گویا مشتری نے درخت والے کو کٹے ہوئے پھل دے کر دھکا دیا اور بائع نے کٹے ہوئے پھل لے کر مشتری کو دھکا دیا، یوں ہر ایک نے دوسرے کو دھکا دیا، اس لئے باب مفاعلہ استعمال کیا گیا۔

فائدہ: لوگ بیع محاقلہ اور بیع مزابنہ کبھی تعاون باہمی کے جذبہ سے کرتے ہیں، مثلاً ایک شخص کی کھیتی پکنے میں ابھی دیر ہے اور اس کے یہاں کوئی تقریب آئی ہے، اسے گندم کی ضرورت ہے اور اس کے کسی رشتہ دار، پڑوسی یا دوست کی کھیتی پک کر کٹ چکی ہے وہ اس سے کہتا ہے کہ میرے کھیت کا اندازہ کرکے اس کے بقدر گندم مجھے دیدو، اور جب میری کھیتی پک جائے تو اسے آپ لے لینا۔

مگر تعاون باہمی کا جذبہ تو کم اور نفع کا لالچ زیادہ ہوتا ہے، اس لئے کہ کھڑی کھیتی میں سے جو گھاس نکلے گی وہ نفع میں رہے گی اور یہ سود ہے۔ علاوہ ازیں احتمال ہے کہ جو اندازہ ٹھہرا گیا ہے وہ صحیح نہ ہو، غلہ اندازہ سے زیادہ ہو، پس یہ زیادہ غلہ بھی سود ہے، غرض ربا یا احتمالِ ربا کی وجہ سے یہ دونوں بیوع ممنوع ہیں۔

[۲۱۷۲-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ. قَالَ: وَالْمُزَابَنَةُ: أَنْ يَبِيْعَ الثَّمَرَ بِكَيْلٍ، إِنْ زَادَ فَلِيْ، وَإِنْ نَقَصَ فَعَلَيَّ. [راجع: ۲۱۷۱]

[۲۱۷۳-] قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ فِي الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا.

[انظر: ۲۱۸۴، ۲۱۸۸، ۲۱۹۲، ۲۳۸۰]

ترجمہ: مزابنہ یہ ہے کہ پھل بیچے/خریدے پیمانے کے ذریعہ اور کہے اگر درخت سے پھل زیادہ اتریں تو میرے اور کم تریں تو میں ذمہ دار! اس احتمال ربا کی وجہ سے بیع مزابنہ ممنوع ہے۔

قوله: وحدثنی زید بن ثابت: حدیث میں دو مضمون ہیں: ایک: بیع مزابنہ کی ممانعت، یہ بات حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما آنحضور ﷺ سے براہِ راست روایت کرتے ہیں، اور دوسرا مضمون ہے بیع عریہ کی اجازت، یہ بات حضرت زید بن ثابتؓ کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں، اور بیع عریہ کی وضاحت آگے آئے گی۔

بَابُ بَيْعِ الشَّعِيْرِ بِالشَّعِيْرِ

جَو کو جَو کے بدل بیچنا

اگر جَو کو جَو کے عوض بیچے تو قدر مع الجنس کی وجہ سے مساوات اور نقد ضروری ہے، تفاضل ربا الفضل، اور ادھار ربا النسیئہ ہے۔

[۷٦-] بَابُ بَيْعِ الشَّعِيْرِ بِالشَّعِيْرِ

[۲۱۷٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسٍ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ الْتَمَسَ صَرْفًا بِمِائَةِ دِيْنَارٍ، فَدَعَانِيْ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، فَتَرَاوَضْنَا، حَتّٰى اصْطَرَفَ مِنِّيْ، فَأَخَذَ الذَّهَبَ يُقَلِّبُهَا فِيْ يَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: حَتَّى يَأْتِيَ خَازِنِيْ مِنَ الْغَابَةِ، وَعُمَرُ يَسْمَعُ ذٰلِكَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ! لَا تُفَارِقُهُ حَتَّى تَأْخُذَ مِنْهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الذَّهَبُ بِالْوَرِقِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ"[راجع: ۲۱۳٤]

حوالہ: حدیث گذر چکی ہے، دیکھئے: أبواب البیوع باب ۵۴......... **إلتمس الشيءَ من فلان:** مانگنا، طلب کرنا......

قوله: فتراوضنا: پس ہم نے بھاؤ تاؤ کیا، **تراوض القومُ فی الأمر:** کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا.......... **تراوضنا فی البیع والشراء:** آپس میں خرید وفروخت میں جھگڑنا.......... **اصطرف المالَ بمثله:** تبدیل کرنا، سکہ بدلنا، ریزگاری لینا دینا۔

ترجمہ: مالکؒ نے امام زہریؒ کو بتایا کہ انھوں نے سو دینار کا چینج (تبادلہ) چاہا یعنی سو دینار درہموں سے بھنانے چاہے، پس مجھ کو طلحہ بن عبید اللہؓ نے بلایا، پس ہم نے بھاؤ تاؤ کیا یہاں تک کہ انھوں نے مجھ سے بیع صرف کی، یعنی قیمت طے کی، پس انھوں نے سونا لیا اور اس کو اپنے ہاتھ میں الٹنے پلٹنے لگے، یعنی سونا جانچ رہے ہیں، پھر مجھ سے کہا: یہاں تک کہ میرا منیجر جنگل (کھیت) سے آئے (پس آپ اپنے دراہم لے جائیں) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ بات سن رہے تھے، پس انھوں نے کہا: بخدا! نہ جدا ہوں آپ ان (طلحہ) سے یہاں تک کہ لیں آپ (دراہم) ان سے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: "سونا چاندی کے بدل سود ہے مگر لو اور لاؤ، یعنی بدست ہونا ضروری ہے۔ الی آخرہ۔

بَابُ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ

سونا سونے کے بدل بیچنا

اگر سونے کا سونے سے تبادلہ کیا جائے تو برابری ضروری ہے، اعلی اور ادنی کا فرق ظاہر نہیں ہوگا، جیِّدھا وردیُّھا سواء اگر چہ حدیث نہیں ہے (ہدایہ میں اس کو حدیث کے طور پر پیش کیا ہے) مگر یہ مضمون صحیح احادیث سے ثابت ہے۔ (نصب الرایہ ۴/ ۳۷)

اور اگر کوئی ربوی چیز کا ہم جنس سے تبالہ کرے اور ادنی اور اعلی کا فرق ظاہر کرنا چاہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ دو بیعیں کرے، اپنا معمولی سونا کسی کو دراہم کے عوض بیچ دے پھر اس رقم سے عمدہ سونا خرید ے، عمدہ سونے والے کے ہاتھ ہی اس معمولی سونے کو بیچنا ضروری نہیں، پس یہ حیلہ نہیں۔

سوال: اگر کوئی کہے کہ دو بیعیں کرنے سے مسئلہ کیا حل ہوگا؟ سیدھی ناک پکڑو یا گھما کر پکڑو بات ایک ہی ہے!

جواب: بات ایک نہیں، جو لوگ رئیسانہ زندگی گزارتے ہیں یعنی ہر چیز اعلی درجہ کی استعمال کرتے ہیں، اعلی درجہ ہی کا گندم اور مسالہ کھاتے ہیں اور اعلی درجہ ہی کا سونا چاندی استعمال کرتے ہیں، جو رفاہیت بالغہ (رئیسانہ ٹھاٹھ) ہے وہ جب جنس کو جنس کے ساتھ بدلیں گے تو معمولی چیز زیادہ دے کر اس کے بدلہ میں اعلی درجہ کی چیز تھوڑی لیں گے، مگر جب قیمتاً خریدیں گے تو پیسے پیسے کا حساب کریں گے، میں اپنی مثال دیتا ہوں، جب میرے پاس کوئی غریب آتا ہے اور اس کو سو روپے دینے پڑتے ہیں تو میری طبیعت پر بوجھ پڑتا ہے اور ڈیڑھ سو کی کتاب کسی عالم کو ہدیہ دینے میں کوئی بوجھ نہیں پڑتا، اس لیے کہ میں کتابوں کا تاجر ہوں، اسی طرح جنسوں کے تبادلہ میں عام طور پر لوگ خیال نہیں کرتے اور جب دو بیعیں ہونگی تو اب پیسوں میں خریدنا ہوگا، اس لئے اب آنکھ بند کر کے نہیں خریدے گا، اس لئے یہ کہنا کہ اجناس باہم بدلی جائیں یا دو بیعیں کی جائیں بات ایک ہے: صحیح نہیں، دونوں میں بڑا فرق ہے۔

[۷۷-] بَابُ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ

[۲۱۷۵-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ: أَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِيْ إِسْحَاقَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ قَالَ أَبُوْ بَكْرَةَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَاتَبِيْعُوْا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ، وَالْفِضَّةَ بِالْفِضَّةِ إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ. وَبِيْعُوْا الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ وَالْفِضَّةَ بِالذَّهَبِ كَيْفَ شِئْتُمْ"[انظر: ۲۱۸۲]

وضاحت: اگر سونے کا سونے سے یا چاندی کا چاندی سے تبادلہ کیا جائے تو برابری ضروری ہے، اور دست بدست ہونا

بھی ضروری ہے۔ اور اگر خلاف جنس سے تبادلہ کیا جائے یعنی سونے کا چاندی سے یا چاندی کا سونے سے تبادلہ کیا جائے تو کمی بیشی جائز ہے، مگر دست بدست ہونا ضروری ہے۔

بَابُ بَيْعِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ

چاندی: چاندی کے بدل بیچنا

امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ ہے کہ حدیث جتنی صحیح سندوں سے ان کے پاس ہوتی ہے اُن سب سندوں سے اس کو لاتے ہیں، اور ہر حدیث پر نیا عنوان قائم کرتے ہیں، اگرچہ نئے عنوان کا کوئی خاص مفاد نہ ہو۔

[۷۸-] بَابُ بَيْعِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ

[۲۱۷۶-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا عَمِّي يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا ابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، ثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ حَدَّثَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ حَدِيْثًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم. فَلَقِيَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، فَقَالَ: يَا أَبَا سَعِيْدٍ! مَا هٰذَا الَّذِيْ تُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ فَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ فِي الصَّرْفِ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: "الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلٌ بِمِثْلٍ، وَالْوَرِقُ بِالْوَرِقِ مِثْلٌ بِمِثْلٍ" [انظر: ۲۱۷۷، ۲۱۷۸]

وضاحت: اس حدیث میں اختصار اور تقدیم وتاخیر ہے، مسلم شریف کی روایت میں ہے: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بنولیث کے ایک آدمی نے بیان کیا کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتے ہیں اور اسماعیلی کی تخریج میں ہے کہ حضرت ابوسعید خدریؓ نے ان سے بیع صرف کے سلسلہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث کی طرح حدیث بیان کی، پس حضرت ابن عمرؓ بات پکی کرنے کے لیے حضرت ابوسعید خدریؓ کے پاس گئے اور ان سے پوچھا: اے ابوسعید! آپؓ نبی ﷺ کی کیا حدیث بیان کرتے ہیں؟ پس ابوسعیدؓ نے بیع صرف کے بارے میں فرمایا کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: "سونا سونے کے بدلے میں برابر سرابر بیچو اور چاندی چاندی کے بدلے میں برابر سرابر بیچو"

تشریح: پہلے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی رائے یہ تھی کہ اگر سونا اور چاندی ہم جنس دست بدست بیچے جائیں تو کمی بیشی جائز ہے اور ان کو غلط فہمی ایک حدیث سے ہوئی تھی، آپؓ بقیع قبرستان کے پاس جانوروں کی مارکیٹ میں اونٹ فروخت کرتے تھے، کبھی اونٹ دیناروں میں بیچتے مگر خریدار کے پاس دینار نہ ہوتے تو ان کی جگہ درہم لیتے، اور کبھی دراہم میں بیچتے اور ان کی جگہ دینار لیتے، کسی نے ان سے کہا: یہ جائز نہیں، چنانچہ وہ نبی ﷺ کے پاس پہنچے اس وقت آپؐ حضرت

حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے نکل رہے تھے، انھوں نے آپؐ سے یہ مسئلہ پوچھا: آپؐ نے فرمایا: ''اس دن کے بھاؤ سے ایسا کرنے میں کچھ حرج نہیں'' مثلاً دینار میں اونٹ فروخت کیا اور مشتری دینار کے بدلے میں دراہم دینا چاہتا ہے تو اس دن دینار کی جو قیمت ہے اس کے اعتبار سے دراہم لینا جائز ہے۔ یہ حدیث ترمذی (حدیث ۱۲۲۶) میں ہے، اسی حدیث کی وجہ سے حضرت ابن عمرؓ کو غلط فہمی ہوئی کہ اثمان کا باہم تبادلہ بھی اگر دست بدست ہو تو کمی بیشی جائز ہے اور غلط فہمی کی بنیاد یہ تھی کہ سونا اور چاندی کیرٹ[1] کے اعتبار سے یکساں نہیں ہوتے، پس آپؓ نے خیال کیا کہ اس دن کے بھاؤ کا لحاظ کر کے دینار کی جگہ دینار اور دراہم کی جگہ دراہم کم وبیش لے سکتے ہیں کیونکہ سونا چاندی یکساں نہیں ہوتے، ان میں کیرٹ کے اعتبار سے تفاوت ہوتا ہے، پس قیمت کا اعتبار کر کے سونے چاندی کا باہم تبادلہ بھی کمی بیشی کے ساتھ جائز ہے حالانکہ یہ قیاس صحیح نہیں تھا اس لیے کہ دراہم و دینار الگ الگ جنسیں ہیں، پس اس دن کے بھاؤ کا لحاظ کر کے دینار کی جگہ دراہم اور دراہم کی جگہ دینار کم وبیش لے سکتے ہیں مگر اس سے یہ سمجھ لینا کہ سونے اور چاندی میں بھی چونکہ کیرٹ کے اعتبار سے تفاوت ہوتا ہے اس لئے ان میں بھی کمی بیشی جائز ہے: صحیح نہیں، سونا اور چاندی ربوی اشیاء ہیں اور ربوی اشیاء میں جید اور ردی کا تفاوت ظاہر نہیں ہوتا، چنانچہ جب حضرت ابوسعید خدریؓ نے حدیث سنائی تو حضرت ابن عمرؓ نے اپنے قول سے رجوع کر لیا۔

[۲۱۷۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، نَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' لَاتَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ، وَلَا تَبِيْعُوْا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ، وَلَا تَبِيْعُوْا مِنْهَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ''

[راجع: ۲۱۷۶]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: سونے کو سونے کے عوض مت بیچو مگر برابر سرابر، اور ایک کو دوسرے پر مت بڑھاؤ، یعنی کمی بیشی جائز نہیں، اور چاندی کو چاندی کے عوض مت بیچو مگر برابر سرابر، اور ایک کو دوسرے پر مت بڑھاؤ، اور ان میں سے غائب (غیر موجود) کو ناجز (موجود) کے عوض مت بیچو، یعنی دونوں عوض دست بدست ہونے ضروری ہیں۔

لغات: لاتُشِفُّوْا: فعل مضارع معروف منفی از باب افعال أَشَفَّ الدِّرْهَمَ، درہم میں کمی بیشی کرنا، یہ اضداد میں سے ہے......غائب: غیر موجود.........الناجز: حاضر وموجود، کہا جاتا ہے: وعدٌ ناجزٌ: پورا کیا ہوا وعدہ، مجرد نَجَزَ الشَّيئُ (ن) نَجْزًا: مکمل اور پورا ہونا۔

تشریح: بیع صرف میں دونوں عوضوں کا مجلس عقد میں ہونا ضروری ہے اگر ایک عوض مجلس میں موجود ہو اور دوسرا عوض موجود نہ ہو تو یہ بیع جائز نہیں، کیوں کہ اثمان (سونا چاندی) متعین کرنے سے بھی متعین نہیں ہوتے، تقابض ہی سے متعین

(۱) کیرٹ انگریزی لفظ ہے، سونے چاندی کی معدنی حالت کو کیرٹ کہتے ہیں، عربی میں اس کو عیار کہتے ہیں ۱۲

ہوتے ہیں، پس اگر اثمان کا آپس میں تبادلہ کیا جائے اور احد العوضین پر مجلس میں قبضہ ہوجائے اور دوسرا عوض مجلس میں موجود نہ ہوتو اس صورت میں ثانی عوض متعین نہ ہوگا، پس یہ بیع العین بالدین ہوئی اور بیع العین بالدین ادھار بیع ہے اور اثمان کے تبادلہ میں نسیئہ حرام ہے اس لیے سونے چاندی کے تبادلہ میں بیع الغائب بالناجز جائز نہیں۔

بَابُ بَيْعِ الدِّيْنَارِ بِالدِّيْنَارِ نَسَاءً

دینار کو دینار کے بدل ادھار بیچنا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی طرح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی رائے بھی یہ تھی کہ اگر سونا اور چاندی ہم جنس دست بدست بیچے جائیں تو کمی بیشی جائز ہے، اور ان کو حدیث لا ربا إلا فی النسیئة سے غلط فہمی ہوئی تھی، حالانکہ یہ حصر ادعائی تھا، مگر ابن عباسؓ نے اس کو حقیقی حصر سمجھ لیا کہ ادھار ہی میں سود ہے، دست بدست معاملہ ہوتو سود نہیں، خواہ برابر سرابر بیچے یا کمی بیشی کے ساتھ فروخت کرے، سب درست ہے، جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؓ حضرت ابن عباسؓ کے پاس گئے اور پوچھا: آپؓ جو فتوی دیتے ہیں کہ سونے چاندی کی ہم جنس دست بدست بیع کمی بیشی کے ساتھ جائز ہے کیا یہ بات آپؓ نے نبی ﷺ سے سنی ہے یا قرآنِ کریم میں پائی ہے؟ ابن عباسؓ نے عرض کیا: نہ یہ بات قرآن میں ہے اور نہ میں نے نبی ﷺ سے سنی ہے اور آپ حضرات آنحضور ﷺ کی حدیثیں مجھ سے زیادہ جانتے ہیں، البتہ حضرت اسامہؓ نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی ہے کہ: ''ربا نہیں ہے مگر ادھار میں'' اس حدیث کی بنیاد پر ابن عباسؓ مذکورہ فتوی دیتے تھے مگر جب حضرت ابوسعید خدریؓ نے ان کو مذکورہ حدیث سنائی تو انھوں نے اپنے قول سے رجوع کرلیا۔

فائدہ: لا ربا إلا فی النسیئة میں ربا النسیئہ کی شناعت وقباحت ذہنوں میں بٹھانے کے لیے حصر کیا ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ حقیقی ربا تو ربا القرض ہے اسی لئے اسی کو قرآن میں لیا ہے اور ربا الفضل حکمی ربا ہے یعنی دوسرے درجہ کا ربا ہے اور ربا النسیئہ اس کا بچہ ہے پس وہ تیسرے درجہ کا ربا ہے، یہ جو درجہ بندی کی گئی ہے اس سے کسی کو غلط فہمی ہوسکتی ہے کہ حقیقی ربا یعنی ربا القرض سے بچنا تو ضروری ہے مگر ربا الفضل سے بچنے کی کچھ زیادہ تاکید نہیں، کیونکہ وہ دوسرے درجہ کا ربا ہے مگر امت میں ایسا خیال نہیں پایا جاتا، سب لوگ یہی جانتے ہیں کہ ربا کی دونوں قسمیں یکساں ہیں، البتہ ربا النسیئہ کے بارے میں غلط فہمی ہوسکتی ہے بلکہ پائی جارہی ہے کہ یہ دونوں سے فروتر ہے اس لئے اس کی شناعت وقباحت ذہنوں میں بٹھانے کے لئے حصر کرکے فرمایا: سود ادھار ہی میں ہے یعنی اس کو ہلکا مت سمجھو وہی حقیقی سود ہے۔

[۷۹-] بَابُ بَيْعِ الدِّيْنَارِ بِالدِّيْنَارِ نَسَاءً

[۲۱۷۸و۲۱۷۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا ضَحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو

ابْنُ دِيْنَارٍ، أَنَّ أَبَا صَالِحِ الزَّيَّاتَ، أَخْبَرَهُ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ: الدِّيْنَارُ بِالدِّيْنَارِ، وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ، فَقُلْتُ لَهُ: فَإِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ لاَ يَقُوْلُهُ، فَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: سَأَلْتُهُ، فَقُلْتُ: سَمِعْتَهُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَوْ وَجَدْتَهُ فِي كِتَابِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: كُلَّ ذٰلِكَ لاَ أَقُوْلُ، وَأَنْتُمْ أَعْلَمُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنِّيْ، وَلٰكِنْ أَخْبَرَنِيْ أُسَامَةُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لاَرِبَا إِلَّا فِي النَّسِيْئَةِ"

[راجع: ۲۱۷۶]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ حَرْبٍ يَقُوْلُ: لاَ رِبَا إِلَّا فِي النَّسِيْئَةِ، قَالَ: هٰذَا عِنْدَنَا فِي الذَّهَبِ بِالْوَرِقِ وَالْحِنْطَةِ بِالشَّعِيْرِ مُتَفَاضِلاً، لاَبَأْسَ بِهِ يَدًا بِيَدٍ وَلاَ خَيْرَ فِيْهِ نَسِيْئَةً.

قال أبو عبد الله: حدیث لاربا إلا فی النسیئة کا ایک مطلب تو میں نے بیان کیا تھا کہ ربا النسیئہ کی شناعت وقباحت ظاہر کرنا مقصود ہے، لوگ ربا النسیئہ کو معمولی سمجھتے ہیں، ادھار کو سود ہی نہیں سمجھتے اس لیے اس کی قباحت ذہنوں میں بٹھائی گئی ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے دوسرا مطلب بیان کیا ہے، انھوں نے سلیمان بن حربؒ کا قول نقل کیا ہے کہ: سونے کو چاندی کے عوض یا گندم کو جو کے عوض کمی بیشی کے ساتھ بیچنا جائز ہے، کیونکہ اجناس مختلف ہیں، مگر دست بدست ہونا ضروری ہے، ادھار سود ہے، یہ بات بھی صحیح ہے مگر اس میں سے حصر کی وجہ نہیں نکلتی اور میں نے جو مطلب بیان کیا ہے اس سے حصر کی وجہ سمجھ میں آتی ہے۔

بَابُ بَيْعِ الْوَرِقِ بِالذَّهَبِ نَسِيْئَةً، وَبَابُ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالْوَرِقِ يَدًا بِيَدٍ

چاندی کو سونے کے بدل ادھار بیچنا اور سونے کو چاندی کے بدل دست بدست بیچنا

سونے کا چاندی سے یا چاندی کا سونے سے تبادلہ کمی بیشی کے ساتھ جائز ہے مگر ادھار جائز نہیں، کیونکہ قاعدہ ہے: قدر مع الجنس میں یعنی جب دونوں عوض ایک جنس کے ہوں اور دونوں قدری (مکیلی یا موزونی) ہوں تو ربا الفضل اور ربا النسیئہ دونوں کا تحقق ہوگا اور نہ تفاضل جائز ہوگا نہ ادھار، بلکہ برابر سرابر اور دست بدست فروخت کرنا ضروری ہوگا، اور قدر مع غیر الجنس میں یعنی جب دونوں عوض الگ الگ جنس کے ہوں اور دونوں مکیلی یا موزونی ہوں تو صرف ربا النسیئہ کا تحقق ہوگا ربا الفضل متحقق نہیں ہوگا، یعنی اس صورت میں کمی بیشی جائز اور ادھار ناجائز ہوگا، پس چاندی کو سونے کے عوض بیچا جائے تو تفاضل جائز ہے اور ادھار حرام ہے۔

[۸۰-] بَابُ بَيْعِ الْوَرِقِ بِالذَّهَبِ نَسِيْئَةً

[۲۱۸۰و۲۱۸۱-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ حَبِيْبُ بْنُ ثَابِتٍ، سَمِعْتُ أَبَا الْمِنْهَالِ،

قَالَ: سَأَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ وَزَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ عَنِ الصَّرْفِ، فَكُلٌّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا يَقُوْلُ: هٰذَا خَيْرٌ مِنِّىْ، فَكِلَاهُمَا يَقُوْلُ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالْوَرِقِ دَيْنًا.

[راجع: ٢٠٦٠، ٢٠٦١]

[٨١-] بَابُ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالْوَرِقِ يَدًا بِيَدٍ

[٢١٨٢-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، نَا يَحْيَى بْنُ أَبِىْ إِسْحَاقَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ أَبِىْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: نَهَى النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ، وَالذَّهَبِ بِالذَّهَبِ إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ، وَأَمَرَنَا أَنْ نَبْتَاعَ الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ كَيْفَ شِئْنَا، وَالْفِضَّةَ بِالذَّهَبِ كَيْفَ شِئْنَا.

[راجع: ٢١٧٥]

بَابُ بَيْعِ الْمُزَابَنَةِ، وَبَيْعِ الْعَرَايَا

مزابنہ اورعرایا کا بیان

اب بیع مزابنہ کے ابواب شروع ہورہے ہیں، مزابنہ کی ممانعت احتمالِ ربا کی وجہ سے ہے، اس لئے ربا کے ابواب کے بعد یہ ابواب لائے ہیں ـــــ جو کھجوریں سوکھ کر چھوہارے بن گئے ہیں وہ تمر ہیں، اور درخت پر جو تازہ کھجوریں لگی ہوئی ہیں وہ ثمر ہیں، چھوہاروں کو درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کے عوض اندازے سے برابری کرکے بیچنا یا کشمش کو بیلوں کے انگوروں کے عوض یعنی درخت پر لگے ہوئے انگوروں کے عوض اندازہ سے برابری کرکے بیچنا جائز نہیں، اور اس باب کا مقصد یہ ہے کہ مزابنہ کی ممانعت ہے، مگر عرایا کی اجازت ہے، مزابنہ اور محاقلہ ایک ہیں پھلوں کی بیع مزابنہ ہے اور کھیتی کی محاقلہ، تفصیل أبواب البیوع باب ۵۷ میں گذر چکی ہے، اور عرایا کی تفسیر آگے آرہی ہے۔

[٨٢-] بَابُ بَيْعِ الْمُزَابَنَةِ، وَهِىَ بَيْعُ التَّمْرِ بِالثَّمَرِ، وَبَيْعُ الزَّبِيْبِ بِالْكَرْمِ، وَبَيْعِ الْعَرَايَا

وَقَالَ أَنَسٌ: نَهَى النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ.

[٢١٨٣-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِىْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا تَبِيْعُوْا الثَّمَرَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ، وَلَا تَبِيْعُوْا الثَّمَرَ بِالتَّمْرِ "[راجع: ١٤٨٦]

[٢١٨٤-] قَالَ سَالِمٌ: أَخْبَرَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ بَعْدَ ذٰلِكَ فِىْ بَيْعِ الْعَرِيَّةِ بِالرُّطَبِ أَوْ: بِالتَّمْرِ، وَلَمْ يُرَخِّصْ فِىْ غَيْرِهِ.[راجع: ٢١٧٣]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: درخت کے پھلوں کومت بیچو جب تک ان کا کارآمد ہونا ظاہر نہ ہو (یہ مسئلہ آگے آرہا ہے) اور درخت کی کھجوروں کو چھوہاروں کے عوض مت بیچو (یہ جزء باب سے متعلق ہے اور ابن عمرؓ اتنی ہی حدیث آنحضور ﷺ سے براہ راست روایت کرتے ہیں اور بیع عریہ کی اجازت حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں)

سالم کہتے ہیں: مجھے ابن عمرؓ نے خبر دی، وہ زید بن ثابتؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے بیع مزابنہ کی ممانعت کے بعد بیع عریہ کی اجازت دی تازہ کھجوروں کے عوض میں بھی اور چھوہاروں کے عوض میں بھی، اور عریہ کے علاوہ اور کسی صورت میں اجازت نہیں دی (بیع عریہ کی تفسیر آگے آرہی ہے)

[۲۱۸۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ، وَالْمُزَابَنَةُ: اشْتِرَاءُ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ كَيْلاً، وَبَيْعُ الْكَرْمِ بِالزَّبِيْبِ كَيْلاً. [راجع: ۲۱۷۱]

[۲۱۸۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ أَبِىْ سُفْيَانَ مَوْلَى ابْنِ أَبِىْ أَحْمَدَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ، وَالْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةُ اشْتِرَاءُ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ عَلَى رُؤُوْسِ النَّخْلِ.

[۲۱۸۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الشَّيْبَانِىِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: نَهَى النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ.

[۲۱۸۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ لِصَاحِبِ الْعَرِيَّةِ أَنْ يَبِيْعَهَا بِخَرْصِهَا. [راجع: ۲۱۷۳]

قولہ: رَخَّصَ لصاحب العرية: عرية کے معنی ہیں: عطیہ، آنحضور ﷺ نے عطیہ والے کو اندازے سے بیچنے کی اجازت دی، تفصیل آگے آرہی ہے۔

بَابُ بَيْعِ الثَّمَرِ عَلَى رُؤُسِ النَّخْلِ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

درخت کے پھل سونے اور چاندی کے بدل بیچنا

درخت پر جو پھل ہیں ان کو روپیوں سے خریدنا اور بیچنا جائز ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

[۸۳-] بَابُ بَيْعِ الثَّمَرِ عَلَى رُؤُسِ النَّخْلِ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

[۲۱۸۹-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِىْ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَأَبِى الزُّبَيْرِ،

عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَطِيْبَ، وَلَا يُبَاعُ شَيْئٌ مِنْهُ إِلَّا بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ إِلَّا الْعَرَايَا. [راجع: ١٤٨٧]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے پھلوں کو بیچنے سے منع فرمایا، یہاں تک کہ وہ عمدہ ہوجائیں یعنی کارآمد ہوجائیں، اور کوئی پھل نہ بیچا جائے مگر دینار و دراہم کے بدلے میں مگر عرایا مستثنیٰ ہے، اس کی تفصیل آئندہ باب میں آرہی ہے۔

[٢١٩٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكًا، وَسَأَلَهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الرَّبِيْعِ، أَحَدَّثَكَ دَاوُدُ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا فِي خَمْسَةِ أَوْسُقٍ أَوْ: دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ؟ قَالَ: نَعَمْ. [انظر: ٢٣٨٢]

ترجمہ: عبید اللہ نے امام مالکؒ سے پوچھا: کیا داؤد بن الحصینؒ نے آپ سے یہ حدیث بیان کی ہے کہ نبی ﷺ نے پانچ وسق میں یا فرمایا پانچ وسق سے کم میں عریہ کی اجازت دی؟ امام مالکؒ نے فرمایا: ہاں —— یہ داؤد بن الحصینؒ کا شک ہے اور پانچ وسق ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تقریباً ساڑھے چھ کوئنٹل کھجوریں ہوتی ہیں اور حنفیہ کے نزدیک تقریباً دس کوئنٹل، ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور حنفیہ کا صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے اور ائمہ ثلاثہ کا صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا ہوتا ہے، غرض داؤد کو شک ہے اور شوافع نے مادون خمسة أوسق کو لیا ہے، اس میں احتیاط ہے اور مالکیہ نے دونوں کو لیا ہے۔

[٢١٩١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُ بُشَيْرًا، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ أَبِيْ حَثْمَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ، وَرَخَّصَ فِي الْعَرِيَّةِ: أَنْ تُبَاعَ بِخَرْصِهَا، يَأْكُلُهَا أَهْلُهَا رُطَبًا.

وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً أُخْرَى: إِلَّا أَنَّهُ رَخَّصَ فِي الْعَرِيَّةِ: يَبِيْعُهَا أَهْلُهَا بِخَرْصِهَا، يَأْكُلُوْنَهَا رُطَبًا.

قَالَ: هُوَ سَوَاءٌ.

قَالَ سُفْيَانُ: قُلْتُ لِيَحْيَى وَأَنَا غُلَامٌ: إِنَّ أَهْلَ مَكَّةَ يَقُوْلُوْنَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا، فَقَالَ: وَمَا يُدْرِيْ أَهْلَ مَكَّةَ؟ قُلْتُ: إِنَّهُمْ يَرْوُوْنَهُ عَنْ جَابِرٍ، فَسَكَتَ.

قَالَ سُفْيَانُ: إِنَّمَا أَرَدْتُ أَنَّ جَابِرًا مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ.

قِيْلَ لِسُفْيَانَ: وَلَيْسَ فِيْهِ نَهْيٌ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ، قَالَ: لَا. [انظر: ٢٣٨٤]

ترجمہ: حضرت سہل بن ابی حثمہؓ سے روایت ہے: نبی ﷺ نے درخت پر کی کھجوروں کو چھوہاروں کے بدل بیچنے سے

منع فرمایا اور عریہ کی اجازت دی کہ اندازہ سے کھجوریں بیچی خریدی جائیں تاکہ گھر والے تازہ کھجوریں کھائیں (امام شافعیؒ نے عریہ کی یہی تفسیر کی ہے) —— اور سفیانؒ نے دوسری مرتبہ کہا: مگر آپؐ نے عریہ کی اجازت دی، عریہ والا کھجوروں کو اندازے سے بیچے تاکہ گھر والوں کو تازہ کھجوریں کھلائے —— سفیان نے کہا: دونوں برابر ہیں (ابن عیینہؒ نے پہلی مرتبہ حدیث الگ لفظوں سے اور دوسری مرتبہ الگ لفظوں سے بیان کی، ابن المدینیؒ نے عرض کیا: آپ نے پہلی مرتبہ ان الفاظ سے حدیث بیان کی تھی اور اب دوسرے الفاظ سے بیان کی! ابن عیینہؒ نے فرمایا: دونوں برابر ہیں یعنی دونوں کا مطلب ایک ہے —— سفیانؒ کہتے ہیں: میں نے یحییٰ بن سعید سے پوچھا درانحالیکہ میں بچہ تھا کہ اہل مکہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے بیع عریہ کی اجازت دی ہے، یحییٰ نے کہا: مکہ والے کیا جانیں؟ یعنی مکہ میں تو کھجوریں نہیں ہوتیں، ان کو یہ بات کیسے معلوم ہوئی؟ میں نے عرض کیا: مکہ والے یہ بات حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، پس یحییٰ خاموش ہوگئے —— سفیانؒ کہتے ہیں: میرا مطلب یہ تھا کہ حضرت جابرؓ مدینہ والوں میں سے ہیں —— سفیانؒ سے پوچھا گیا: اس حدیث میں پھلوں کو کارآمد ہونے سے پہلے بیچنے کی ممانعت نہیں ہے؟ انھوں نے فرمایا: نہیں، یعنی یہ مضمون اس حدیث میں نہیں ہے۔

بَابُ تَفْسِيْرِ الْعَرَايَا

بیع عرایا کی تفسیر

عریہ کی مختلف تفسیریں کی گئی ہیں جو فتح الباری اور تحفۃ الاحوذی میں دیکھی جاسکتی ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے ان میں سے ایک تفسیر امام مالک رحمہ اللہ کے حوالے سے بیان کی ہے جو ان کے نزدیک مختار ہے اور وہی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی رائے ہے۔

سب سے پہلے یہ بات ذہن نشین کرلینی چاہئے کہ اگر درخت پر لگے ہوئے پھل مثلاً کھجوریں اور انگور ہم جنس پھلوں کے بدلے میں اندازے سے برابری کرکے بیچے جائیں تو یہ بیع مزابنہ ہے اور وہ ربا یا احتمال ربا کی وجہ سے ممنوع ہے۔

البتہ بیع عریہ مستثنیٰ ہے، اور یہ استثناء متصل ہے یا منقطع؟ یعنی بیع عریہ حقیقۃً بیع مزابنہ ہے یا صرف صورۃ؟ اس میں اختلاف ہوا ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک حقیقۃً بیع عریہ ہے یعنی استثناء متصل ہے اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک صرف صورۃ بیع مزابنہ ہے، پس استثناء منقطع ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ نے دونوں احتمال لئے ہیں، یعنی استثناء متصل بھی ہے اور منقطع بھی اس لئے عریہ کی تین تفسیریں ہوگئیں:

پہلی تفسیر: کسی باغ والے نے اپنے باغ میں سے کسی حبیب، قریب یا غریب کو کھجوروں کے چند درخت ہبہ کئے، پھر جب کھجوروں کے پکنے کا وقت آیا تو باغ والا اپنی فیملی لے کر باغ میں چلا گیا تاکہ پھلوں کی دیکھ بھال کرسکے، اب وہ شخص جس کو چند درخت دیئے ہیں روزانہ باغ میں آتا ہے تاکہ درختوں پر چڑھ کر پکی ہوئی کھجوریں چن کرلے جائے اس کے اس

طرح روز روز آنے سے مستورات کو پریشانی ہوئی، انھوں نے شوہر سے شکوہ کیا کہ ہمیں روزانہ گھنٹہ بھر پردہ میں رہنا پڑتا ہے، باغ کا کام کیسے نمٹے؟ باغ والے نے عورتوں کی پریشانی دیکھ کر اس حبیب قریب یا غریب سے اندازہ کر کے چھوہاروں کے عوض درختوں کے پھل خرید لئے، یہ بیع عریہ ہے اور جائز ہے، اور یہ حقیقتاً بیع نہیں ہے صرف صورۃً بیع ہے کیونکہ درخت کے پھلوں پر ابھی حبیب، قریب یا غریب کا قبضہ نہیں ہوا اس لئے ہبہ تام نہیں ہوا، وہ پھل بدستور مالک کے ہیں، اس صورت میں بیع عریہ: بیع مزابنہ میں داخل نہیں، اور استثناء منقطع ہے۔

اور پانچ وسق سے کم کی شرط اس لئے لگائی کہ عشر کی اتنی ہی مقدار باغ کا مالک غرباء کو دے سکتا ہے اگر عشر کی مقدار اس سے زیادہ ہوگی تو اس کو حکومت وصول کرے گی، تفصیل کتاب الزکاۃ باب ۵۶ (تحفۃ القاری ۴: ۲۶۶) میں گذر چکی ہے۔

عریہ کی یہ تفسیر امام مالک رحمہ اللہ نے کی ہے جو ان کے مذہب کی مشہور کتاب المدونۃ الکبری میں ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو نقل کیا ہے اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

فائدہ: عرایا: عریۃ کی جمع ہے اور اس کے معنی ہیں: عطیہ، باغ والے نے حبیب، قریب یا غریب کو جو چند درخت دیئے ہیں وہ عطیہ ہیں، ابھی موہوب لہ ان پھلوں کا مالک نہیں ہوا کیونکہ اس کا ان پر قبضہ نہیں ہوا، پس اگر وہ پھل خرید لئے جائیں تو وہ ایک عطیہ کے بدلے میں دوسرا عطیہ ہوگا۔

دوسری تفسیر: امام مالک رحمہ اللہ سے دوسری تفسیر یہ بھی منقول ہے کہ کسی باغ میں دو آدمی شریک ہیں اور ایک کے نوے درخت ہیں دوسرے کے دس، پس زیادہ درخت والا اپنی فیملی لے کر باغ میں جائے گا اور کم درخت والا روز آئے گا، اس سے زیادہ درخت والے کی فیملی کو پریشانی ہوگی، پس اگر وہ اندازہ سے چھوہاروں کے عوض اپنے شریک کے درختوں کے پھل خرید لے تو یہ جائز ہے، یہ حقیقۃً بیع عریہ ہے اور حقیقتاً بیع مزابنہ ہے، اس صورت میں استثناء متصل ہوگا، اس کو امام بخاری رحمہ اللہ نے نہیں لیا۔

تیسری تفسیر: امام شافعی رحمہ اللہ نے کتاب الام میں کی ہے کہ کسی کے پاس چھوہارے ہیں، مگر پیسے نہیں ہیں اس لئے جب موسم آیا تو اس کے بچوں نے تازہ کھجوروں کے لیے اصرار کیا اس نے کسی باغ والے سے اندازہ سے برابری کر کے چھوہاروں کے عوض درخت پر لگی ہوئی تازہ کھجوریں خرید لیں پس یہ حقیقۃً بیع عریہ ہے اور پانچ وسق تک کی اجازت ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حاجت مندوں کی حاجت کے پیش نظر اجازت دی ہے، اتنی مقدار ایک گھرانے کی ضرورت کے لئے کافی ہے، اس صورت میں حقیقتاً بیع مزابنہ سے استثناء ہوگا اور استثناء متصل ہوگا، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس تفسیر کو بھی نہیں لیا۔

فائدہ: امام شافعی رحمہ اللہ نے عریہ کی جو تفسیر کی ہے اس کی کوئی معقول وجہ تسمیہ بیان نہیں کی جاسکتی، ان کی تفسیر پر بیع عریہ پر عطیہ کا اطلاق نہیں ہوسکتا، پھر ان کی تفسیر پر دو اعتراض وارد ہوتے ہیں، ایک: پانچ وسق ان کے نزدیک تقریباً

ساڑھے چھ کوئنٹل کھجوریں ہوتی ہیں اور حنفیہ کے نزدیک تقریباً دس کوئنٹل، جو ایک فیملی کی ضرورت سے بہت زیادہ ہیں پھر اتنی بڑی مقدار کا استثناء آخر کیوں کیا گیا؟ دوسرا اعتراض یہ وارد ہوتا ہے کہ اگر کوئی حیلہ کرے اور پانچ وسق سے کم کی چند بیعیں کرکے پورا باغ خرید لے تو یہ جائز ہوگا۔ پس بیع مزابنہ کی ممانعت گاؤخورد ہوگئی!

اور امام اعظم رحمہ اللہ نے جو تفسیر لی ہے وہ عربیہ کے لغوی معنی عطیہ سے ہم آہنگ ہے اور پانچ وسق سے کم کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ عشر کی اتنی ہی مقدار مالک از خود غریبوں کو دے سکتا ہے اور اس سے زیادہ عشر حکومت وصول کرتی ہے، تفصیل کتاب الزکاۃ میں گذر چکی ہے۔

[٨٤-] بَابُ تَفْسِيْرِ الْعَرَايَا

[١-] وَقَالَ مَالِكٌ: الْعَرِيَّةُ: أَنْ يُعْرِىَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ النَّخْلَةَ، ثُمَّ يَتَأَذَّى بِدُخُوْلِهِ عَلَيْهِ. فَرُخِّصَ لَهُ أَنْ يَشْتَرِيَهَا مِنْهُ بِتَمْرٍ.

[٢-] وَقَالَ ابْنُ إِدْرِيْسَ: لَاتَكُوْنُ إِلَّا بِالْكَيْلِ مِنَ التَّمْرِ يَدًا بِيَدٍ، وَلَاتَكُوْنُ بِالجِزَافِ. وَمِمَّا يُقَوِّيْهِ قَوْلُ سَهْلِ بْنِ أَبِىْ حَثْمَةَ: بِالْأَوْسُقِ الْمُوَسَّقَةِ.

[٣-] وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ فِى حَدِيْثِهِ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: كَانَتِ الْعَرَايَا أَنْ يُعْرِىَ الرَّجُلُ فِى مَالِهِ النَّخْلَةَ وَالنَّخْلَتَيْنِ.

[٤-] وَقَالَ يَزِيْدُ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ: الْعَرَايَا نَخْلٌ كَانَتْ تُوْهَبُ لِلْمَسَاكِيْنِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ أَنْ يَنْتَظِرُوْا بِهَا، فَرُخِّصَ لَهُمْ أَنْ يَبِيْعُوْهَا بِمَا شَاءُ وْا مِنَ التَّمْرِ.

[٢١٩٢-] حدثنا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ مُقَاتِلٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ فِى الْعَرَايَا أَنْ تُبَاعَ بِخَرْصِهَا كَيْلاً. قَالَ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ: وَالْعَرَايَا نَخَلَاتٌ مَعْلُوْمَاتٌ يَأْتِيْهَا فَيَشْتَرِيْهَا. [راجع: ٢١٧٣]

ترجمہ: (۱) امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عریہ یہ ہے کہ کوئی آدمی دوسرے کو کھجور کا درخت ہبہ کرے، پھر موہوب لہ کے باغ میں آنے سے اس کو تکلیف ہو تو باغ والے کو چھوہاروں کے بدل موہوب لہ سے اس کے درخت کی کھجوریں خریدنے کی اجازت دی گئی۔

(۲) اور ابن ادریس یعنی عبداللہ بن ادریس اَوْدی کوفی رحمہ اللہ جو ثقہ، فقیہ، عابد اور صحاح ستہ کے راوی ہیں فرماتے ہیں: بیع باقاعدہ ہو، بیع اٹکل پچو نہیں ہونی چاہئے، بلکہ چھوہاروں کا پیمانے کے ساتھ اندازہ کرکے دست بدست بیع ہونی چاہئے، یعنی درخت پر جو کھجوریں ہیں وہ سوکھ کر کتنے چھوہارے بنیں گے اتنے چھوہارے فوراً دیئے جائیں، ادھار نہ کیا

جائے۔(۱) حضرت سہل رضی اللہ عنہ کے قول سے اس کی تائید ہوتی ہے، حضرت سہلؓ کا قول طبری میں ہے: بالأَوْسُقِ الْمُوَسَّقَةِ: ناپنے ہوئے وسقوں کے ذریعہ، المؤسَّقَة تاکید کے لئے ہے۔ جیسے: القناطیر المقنطرة، یہ جملہ إلا بالکیل کے ساتھ جڑے گا، یعنی وسقوں سے اندازہ کرے اٹکل سے بیع نہ کرے۔

(۳) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ (عربوں میں) عرایا (عطایا) کا دستور تھا، ایک شخص اپنے کھجور کے درختوں میں سے ایک درخت کسی کو ہدیہ دیتا تھا۔

(۴) سفیان بن حسین سے بھی یہی مروی ہے کہ عرایا وہ کھجور کے درخت ہیں جو غریبوں کو بطور ہدیہ دیئے جاتے ہیں، پھر وہ کھجوریں پکنے کا انتظار نہیں کر سکتے تھے اس لئے اجازت دی گئی کہ چھوہاروں کے بدل اس کو خرید لیں۔

حدیث: سے بھی اسی تفسیر کی تائید ہوتی ہے، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے عریہ کی اجازت دی کہ اندازہ کرکے پھل خرید لیے جائیں، نافع کے شاگرد موسیٰ بن عقبہؒ کہتے ہیں: عرایا چند معین درخت ہوتے تھے، موہوب لہ ان درختوں کے پاس آتا تھا (جس سے باغ والے کو پریشانی ہوتی تھی) پس باغ والا ان درختوں کو خرید لیتا تھا۔

ملحوظہ: امام بخاری رحمہ اللہ نے عرایا کی تفسیر میں امام مالک رحمہ اللہ کا صرف وہ قول لیا ہے جس کو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے لیا ہے، امام شافعی رحمہ اللہ کی تفسیر نہیں لی، پس امام بخاریؒ نے اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہؒ کی موافقت کی ہے، اور جن شارحین نے ابن ادریس سے امام شافعی رحمہ اللہ کو مراد لیا ہے ان کو باب کی شرح میں بہت تکلف کرنا پڑا ہے۔

بَابُ بَيْعِ الثِّمَارِ قَبْلَ أَنْ يَّبْدُوَ صَلاَحُهَا

کارآمد ہونے سے پہلے پھلوں کو بیچنا

بَدَا (ن) بُدُوًّا: ظاہر ہونا، اور صلاح کے معنی ہیں: کارآمد ہونا، پھل جب تک کارآمد نہ ہوجائیں حضور ﷺ نے بیچنے سے منع فرمایا —— اور حدیث میں تین مسئلے سمجھنے چاہئیں:

پہلا مسئلہ: یہ ہے کہ بدوّ صلاح —— کارآمد ہونا، ظاہر ہونا —— کی تفسیر کیا ہے؟ ائمہ ثلاثہ کی تفسیر ہے تَحْمَارُّ أَوْ تَصْفَارُّ: کھجوریں سرخ ہوجائیں یا پیلی پڑ جائیں، کھجوریں جب درخت پر لگتی ہیں تو ہری ہوتی ہیں، گھاس جیسا رنگ ہوتا ہے، پھر جب پکنے کے قریب آجاتی ہیں تو بعض سرخ ہوجاتی ہیں اور بعض زرد، اب وہ بیماریوں سے محفوظ ہوجاتی ہے، جیسے آم

(۱) عبداللہ بن ادریس اَوْدیؒ کا قول اس لئے لائے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ باغ کا مالک درخت کی کھجوروں کا اٹکل سے کچھ ویسے ہی بدلہ دیدے، یہ خیال کرے کہ ابھی کھجوروں کا غریب مالک نہیں ہوا، پس جو کچھ بھی دیدیا جائے ٹھیک ہے۔ ابن ادریس نے فرمایا: ایسا نہ کیا جائے باقاعدہ پیمانے سے اندازہ کرکے بیع کی جائے اور گویہ بیع نہیں ہے، مگر صورتِ بیع ہے، مزابنہ سے اس کا استثناء کیا گیا ہے۔

کے درخت پر جب پھل آتا ہے تو ایک وقت تک گٹھلی نہیں بنتی، اس وقت تک کوئی بھی بیماری اور آفت آسکتی ہے، اور جب گٹھلی بن گئی تو اب کوئی بیماری نہیں آتی، آم میں گٹھلی بن جانا، کھجور کا سرخ ہو جانا، کھجور کا زرد پڑ جانا ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بدوّ صلاح ہے۔

اور حنفیہ نے تفسیر کی ہے: الأمنُ من العاھات والآفاتِ لا الحوادثات: پھلوں کا بیماریوں سے محفوظ ہو جانا، عاہات اور آفات ہم معنی ہیں، بیماریوں سے پھل محفوظ ہو جائیں، حادثہ سے محفوظ ہونا ضروری نہیں، اولے پڑ جائیں، آندھی آجائے تو کسی بھی وقت پھل ٹوٹ پڑے گا، اس لئے حادثہ سے محفوظ ہونا ضروری نہیں۔

اور حنفیہ نے بدوصلاح کی جو تفسیر کی ہے وہ مسلم شریف کی روایت میں آئی ہے اور ائمہ ثلاثہ نے جو تفسیر کی ہے وہ بھی روایتوں میں آئی ہے، مگر ائمہ ثلاثہ کی تفسیر کھجوروں کے ساتھ خاص ہے، آم میں یہ تفسیر نہیں چلے گی، امردو میں نہیں چلے گی، اور حنفیہ نے جو تفسیر کی ہے وہ ہر پھل میں چلے گی۔

دوسرا مسئلہ: حضور ﷺ نے جو بیع کی ممانعت فرمائی ہے وہ نہی تشریعی ہے یا ارشادی؟ یعنی یہ شرعی مسئلہ ہے یا لوگوں کو ان کی بھلائی کی بات بتلائی گئی ہے؟ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: یہ نہی تشریعی ہے، بدوصلاح سے پہلے اگر کھجوروں کی، آم کی بیع کی جائے گی تو وہ بیع باطل ہوگی، اور حنفیہ کہتے ہیں: یہ مسئلہ نہیں ہے، یہ نہی تشریعی نہیں ہے بلکہ یہ نہی ارشادی ہے لوگوں کو بھلائی کی ایک بات بتائی گئی ہے کیونکہ بدوصلاح سے پہلے بیچیں گے تو بائع کا نقصان ہوسکتا ہے اور مشتری کا بھی، اور بدوصلاح کے بعد بیچیں گے تو کسی کا نقصان نہیں ہوگا، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔

اور حنفیہ کی دلیل باب کی حدیث ہے: حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب نبی ﷺ ہجرت کرکے مدینہ آئے تو مدینہ میں بدوصلاح سے پہلے کھجوروں کے باغات بیچنے کا رواج تھا، پھر بیماریاں آتی تھیں، جب کھجوریں اترتیں تو باغ والا کہتا: لاؤ پیسے! باغ خریدنے والا کہتا: کہاں سے لاؤں؟ آمدنی نہیں ہوئی! کھجوروں میں یہ بیماری آئی وہ بیماری آئی، پھر یہ جھگڑے حضور ﷺ کے پاس آتے تھے جب ایسے کئی جھگڑے آئے تو حضرت زیدؓ کہتے ہیں: حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم جھگڑوں سے باز نہیں آتے تو بدوصلاح سے پہلے باغ مت بیچو، کَالْمَشُوْرَۃِ لَھُمْ: یہ آنحضور ﷺ نے لوگوں کو ایک مشورہ دیا تھا، معلوم ہوا کہ بدوصلاح سے پہلے بیع کی ممانعت ارشادی ہے تشریعی نہیں، دوسری حدیث بھی باب میں آرہی ہے کہ آپؐ نے بدوصلاح سے پہلے کھجوریں بیچنے سے منع کیا: بائع کو بھی اور مشتری کو بھی، یہ تخصیص کیوں ہے؟ جب یہ مسئلہ شرعی ہے تو بدوصلاح سے پہلے بیچنا مطلقاً جائز نہیں، بالتخصیص بائع کو منع کرنا اور مشتری کو منع کرنا اس میں اشارہ ہے کہ یہ دونوں کو ان کی بھلائی کی بات بتلائی ہے۔

ان دونوں روایتوں کی وجہ سے حنفیہ نے کہا کہ یہ نہی ارشادی ہے اور دیگر ائمہ کہتے ہیں کہ یہ نہی تشریعی ہے، اور بدوصلاح سے پہلے بیع باطل ہے، بدوصلاح کے بعد ہی بیع جائز ہے۔

تیسرا مسئلہ: اگر کوئی بدوصلاح سے پہلے بیع کرے تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بیع صحیح نہیں، بیع باطل ہے اور حنفیہ کے نزدیک بیع کی صحت وعدم صحت کا مدار مال ہونے نہ ہونے پر ہے، پس بدوصلاح سے پہلے بھی بیع ہوسکتی ہے۔

اس کی تفصیل ہدایہ آخرین میں ہے کہ اگر پھل مال بن گیا ہے —— مال وہ ہے جس کی طرف طبیعتیں مائل ہوں: المالُ مایمیل إلیه النفس —— تو بیع درست ہے اور اگر ابھی مال نہیں بنا، آم لگ گئے ہیں مگر وہ چوہے کی مینگنی کے بقدر ہیں تو اس مرحلہ میں بیع درست نہیں، جیسے بہار بیچنا جائز نہیں، اسی طرح اگر پھل مال نہیں بنا تو بھی بیع صحیح نہیں، اور یہ صرف پھل ہی کا مسئلہ نہیں، کھیت میں گیہوں بوئے وہ گیہوں اُگ آئے لیکن ابھی چھوٹے ہیں، درانتی سے کاٹیں تو ہاتھ میں کچھ نہیں آئے گا، جانور چریں تو ان کے ہونٹوں میں گھاس نہیں آئے گی، یہ ابھی مال نہیں بنا، اور اگر گھاس اتنی بڑی ہوگئی کہ اسے کاٹ کر جانور کو کھلا سکتے ہیں یا جانور کو اس میں چھوڑ دیں تو وہ چر سکتے ہیں، پس جب کھیتی ایسی ہوجائے تو مال بن گئی، گیہوں کے پودے مال بن گئے، اب بیچ سکے، اور جب تک مال نہ بنے اس وقت تک بیع باطل ہے۔ ایسے ہی پھلوں میں بھی جب مال بن جائیں، کارآمد ہوجائیں اور بکنے لگیں، لوگ استعمال کرنے لگیں تو اب ان کی بیع درست ہے، اور اس سے پہلے جب تک مال نہ بنیں بیع درست نہیں۔

پھر مال بننے کے بعد بیع کی تین صورتیں ہیں: بشرط القطع، بشرط الترک اور مطلقاً، بشرط القطع: کاٹ لینے کی شرط کے ساتھ بیع جائز ہے اور اگر بشرط الترک بیع ہوئی ہے یعنی پکنے تک گیہوں کھیت میں کھڑے رکھنے کی شرط لگائی ہے تو بیع فاسد ہے، کیونکہ یہ ایسی شرط ہے جس میں احد المتعاقدین کا فائدہ ہے۔

تیسری صورت: مطلق بیع کی جائے، قطع اور ترک کا کوئی تذکرہ نہ کیا جائے، پھر مشتری نے کہا: اگر آپ اجازت دیں تو میں پھل پکنے تک درخت پر رہنے دوں؟ اس نے کہا: رہنے دو، تو اب وہ پھل پکنے تک رکھ سکتا ہے اس شرط کے ساتھ کہ اس علاقہ میں پھل پکنے تک درختوں پر رکھنے کا رواج نہ ہو، اور اگر عرف ورواج ہو تو مطلقاً بھی بیع صحیح نہیں۔

[۸۵-] بَابُ بَيْعِ الثِّمَارِ قَبْلَ أَنْ يَّبْدُوَ صَلاَحُهَا

[۲۱۹۳-] وَقَالَ اللَّيْثُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ: عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، يُحَدِّثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ الأَنْصَارِيِّ: مِنْ بَنِي حَارِثَةَ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَبَايَعُوْنَ الثِّمَارَ، فَإِذَا جَدَّ النَّاسُ، وَحَضَرَ تَقَاضِيْهِمْ، قَالَ الْمُبْتَاعُ: إِنَّهُ أَصَابَ الثَّمَرَ الدُّمَانُ، أَصَابَهُ مُرَاضٌ، أَصَابَهُ قُشَامٌ: عَاهَاتٌ يَحْتَجُّوْنَ بِهَا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا كَثُرَتْ عِنْدَهُ الْخُصُوْمَةُ فِيْ ذٰلِكَ: "فَإِمَّا لاَ، فَلاَ تَبْتَاعُوْا حَتَّى يَبْدُوَ صَلاَحُ الثَّمَرِ" كَالْمَشُوْرَةِ، يُشِيْرُ بِهَا، لِكَثْرَةِ خُصُوْمَتِهِمْ.

قَالَ: وَأَخْبَرَنِیْ خَارِجَةُ بْنُ زَیْدٍ: أَنَّ زَیْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَمْ یَکُنْ یَبِیْعُ ثِمَارَ أَرْضِهِ حَتَّى تَطْلُعَ الثُّرَیَّا، فَیَتَبَیَّنَ الْأَصْفَرُ مِنَ الْأَحْمَرِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَرَوَاهُ عَلِیُّ بْنُ بَحْرٍ، ثَنَا حَکَّامٌ، ثَنَا عَنْبَسَةُ، عَنْ زَکَرِیَّا، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ سَهْلٍ، عَنْ زَیْدٍ.

[۲۱۹٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، نَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم نَهٰى عَنْ بَیْعِ الثِّمَارِ حَتَّى یَبْدُوَ صَلاَحُهَا: نَهَى الْبَائِعَ وَ الْمُبْتَاعَ. [راجع: ۱٤۸٦]

[۲۱۹٥-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا حُمَیْدٌ الطَّوِیْلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم نَهٰى أَنْ تُبَاعَ ثَمَرَةُ النَّخْلِ حَتَّى تَزْهُوَ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: یَعْنِیْ حَتَّى تَحْمَرَّ. [راجع: ۱٤۸۸]

[۲۱۹٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا یَحْیَى بْنُ سَعِیْدٍ، عَنْ سَلِیْمِ بْنِ حَیَّانَ، ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مِیْنَاءَ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَهَى النَّبِیُّ صلى الله علیه وسلم أَنْ تُبَاعَ الثَّمَرَةُ حَتَّى تُشْقِحَ. [فَقِیْلَ: وَمَا تُشْقِحُ؟] قَالَ: تَحْمَارُّ أَوْ تَصْفَارُّ، وَیُؤْکَلُ مِنْهَا. [راجع: ۱٤۸۷]

ترجمہ: حضرت زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: لوگ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں پھل بیچتے خریدتے تھے، پس جب لوگ پھل اتار لیتے اور باغ کے مالکوں کا تقاضا شروع ہوتا تو خریدار کہتا: پھلوں کو دُمان بیماری پہنچی، مُراض بیماری آ گئی، قُشام بیماری پہنچی: چند بیماریاں جن کے ذریعہ لوگ ٹال مٹول کرتے تھے، پس جب نبی ﷺ کے پاس اس قسم کے بہت جھگڑے آئے تو آپؐ نے فرمایا: جب تم جھگڑوں سے باز نہیں آتے تو پھل مت بیچو، یہاں تک کہ پھل کا کارآمد ہونا ظاہر ہو جائے۔ آپؐ نے یہ بات مشورہ کے طور پر فرمائی تھی، ان کے جھگڑوں کے زیادہ ہونے کی وجہ سے۔

اور ابوالزناد کہتے ہیں: مجھ کو خارجہ بن زید نے بتلایا کہ زید بن ثابتؓ اپنے باغ کے پھل اس وقت تک نہیں بیچتے تھے جب تک ثریا ستارہ طلوع نہ ہوتا پس زردی سرخی سے نمایاں ہو جاتی (ثریا ایک ستارہ ہے جب وہ طلوع ہونا شروع ہوتا ہے تو کھجوروں کی بیماری ختم ہو جاتی ہے، اس کے بعد کھجوروں میں بیماریاں نہیں آتی ہیں، حضرت زید رضی اللہ عنہ اپنا باغ جب ثریا ستارہ طلوع ہوتا تب بیچتے تھے، صبح صادق سے پہلے ثریا ستارہ طلوع ہونا شروع ہو جائے تو اب کھجوروں میں بیماریاں نہیں آتیں) پس جن کھجوروں کو پیلا ہونا ہے وہ پیلی ہو جائیں گی اور جن کو سرخ ہونا ہے وہ سرخ ہو جائیں گی (باقی تین حدیثیں پہلے گذری ہیں)

لغات: تبَایَعَ یَتبَایَعُ: باہم خرید و فروخت کرنا .... المَشْوَرَةُ وَالْمَشُوْرَةُ: مشورہ، ہمدردانہ رائے .... جَذَّهُ (ن) جذًّا: توڑنا، کاٹنا .... تَقَاضِیْ: قرض کا مطالبہ کرنا .... الدُّمَان (دال کا پیش افصح، زبر جائز) کھجور کی ایک

بیماری جس سے کھجور گوبر کی طرح کالی پڑ جاتی ہے، الدِّمَن: کوڑی...........المُرَاض (میم کا پیش اور زبر) کھجوروں کو لگنے والی بیماری جس سے پھل سڑ جاتا ہے، وھو اسم لجمیع الأمراض بوزن الصُّداع والسعال (فتح)...........قُشَام: میوہ کا پکنے سے پہلے جھڑ جانا، کم ہوجانا...........عَاهَة، آفة، بیماری........... اِحْتَجَّ به: اس (بیماری) سے استدلال کرنا، دلیل قائم کرنا........... الثُّرَيَّا: ثور (بیل) کی شکل میں ستاروں کا مجموعہ (ثریا گیارہ ستارے ہیں، جو آنکھ سے برابر نظر نہیں آتے، مگر دوربین سے صاف دکھائی دیتے ہیں) جب یہ ستارے صبح صادق کے ساتھ طلوع ہوتے ہیں تو پھلوں کی بیماریاں ختم ہوجاتی ہے، ابوداؤد میں ہے: إذا طلع النجم صباحاً رُفعت العاهة عن كل بلد اھ وطلوعها صباحاً يقع في أول فصل الصيف (فتح)...........فتبين الأصفر من الأحمر: جن کھجوروں کو پیلا پڑنا ہے وہ پیلی ہوجائیں، اور جن کو سرخ ہونا ہے وہ سرخ ہوجائیں...........زَهَا (ن) زَهْوًا اللونُ: رنگ کا صاف اور کھلا ہوا ہونا، خوشنما اور بھڑک دار ہونا، امام بخاری رحمہ اللہ نے تفسیر کی ہے کہ جب کھجوریں سرخ ہوجائیں تب بیچی جائیں........... أَشْقَحَ الْبُسْر: گدر کھجور میں سرخی یا زردی آجانا اور کھانے کے قابل ہوجانا۔

وضاحت: پہلی حدیث معلق ہے، اس کی دوسری پوری سند بعد میں ذکر کی ہے۔

بَابُ بَيْعِ النَّخْلِ قَبْلَ أَنْ يَّبْدُوَ صَلاَحُهَا

بدو صلاح سے پہلے کھجور کے درخت یعنی پھل بیچنا

یہ ذیلی باب ہے اوپر ثمار آیا تھا، یہاں نخل ہے، اس لئے دو باب الگ ہوگئے، امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک اتنا فرق باب قائم کرنے کے لئے کافی ہے۔ اور مسئلہ وہی ہے جو پہلے باب میں ہے، نخل (کھجور کے درخت) سے بھی مراد کھجور کے پھل ہیں۔

[۸۶-] بَابُ بَيْعِ النَّخْلِ قَبْلَ أَنْ يَّبْدُوَ صَلاَحُهَا

[۲۱۹۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْهَيْثَمِ، ثَنَا مُعَلَّى بْنِ مَنْصُوْرٍ الرَّازِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، أَنَا حُمَيْدٌ، ثنا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّـهُ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلاَحُهَا، وَعَنِ النَّخْلِ حَتَّى تَزْهُوَ، قِيْلَ: وَمَا تَزْهُوَ؟ قَالَ: تَحْمَارُّ أَوْ تَصْفَارُّ. [راجع: ۱۴۸۸]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: كَتَبْتُ أَنَا عَنْ مُعَلَّى بْنِ مَنْصُوْرٍ إِلاَّ أَنِّي لَمْ أَكْتُبْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْهُ.

وضاحت: معلّٰی بن منصور رازی: امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ ہیں، مگر حضرت رحمہ اللہ نے یہ حدیث خود معلّٰی سے نہیں سنی، اس لئے علی کے واسطہ سے لائے ہیں۔

قوله: قيل: وما تزهو؟ یہ طلبہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا ہے، جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

بَابٌ إِذَا بَاعَ الثِّمَارَ قَبْلَ أَنْ يَّبْدُوَ صَلاَحُهَا، ثُمَّ أَصَابَتْهُ عَاهَةٌ فَهُوَ مِنَ الْبَائِعِ

اگر بدوصلاح سے پہلے پھل بیچا پھر پھلوں میں کوئی آفت آئی تو نقصان کا ذمہ دار بائع ہوگا

ابھی یہ مسئلہ آیا ہے کہ بدوصلاح سے پہلے جو بیع ممنوع ہے، وہ مسئلہ ہے یا مصلحت؟ امام بخاری رحمہ اللہ اس مسئلہ میں حنفیہ کے ساتھ ہیں کہ یہ مصلحت ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مسئلہ ہے، پس اگر کھجور کے پھل بدوصلاح سے پہلے بیچے تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بیع باطل ہے اور حنفیہ کے نزدیک اگر پھل مال بن گیا ہے تو بیع درست ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اگر بدوصلاح سے پہلے کوئی پھل بیچے پھر پھلوں میں کوئی آفت آئے تو نقصان بائع کا ہوگا۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تو بیع باطل ہے، پس نقصان بھگتنے کا سوال ہی نہیں[1] اور امام بخاریؒ فرماتے ہیں: نقصان بائع بھگتے گا، اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ بدوصلاح سے پہلے جو بیع ہوئی ہے وہ درست ہوئی ہے۔ بین السطور میں بھی یہی لکھا ہے: **هذا يدل على أن البخاری قائل بصحة هذا البيع وإن لم يبدو صلاحها۔**

مگر حنفیہ اور شافعیہ شاید اس میں حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کی موافقت نہ کرسکیں، کیونکہ جب بیع درست ہوگئی تو اب نفع نقصان سے بائع کو کیا لینا دینا؟ اب نقصان کا ذمہ دار مشتری ہوگا، کیونکہ نفع اسی کا ہے اور شریعت کا ضابطہ ہے: **الخَراج بالضَّمان**: اور: **الغُنْمُ بالغُرْم**: اور یہ جو مشتری کا نقصان ہوا ہے وہ دونوں نے خود اپنے پیروں پر کلہاڑی ماری ہے، شریعت نے تو پہلے ہی سمجھا دیا تھا کہ بدوصلاح سے پہلے پھل مت بیچو، ورنہ دونوں میں سے کسی کا نقصان ہوگا، اور اس کی دلیل مسلم شریف کی حدیث ہے جو حاشیہ میں ہے کہ ایک صحابی نے باغ خریدا، اس میں ان کو نقصان ہوگیا تو نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ **تصدقوا عليه**: ان کو خیرات دو، مگر وہ بھی قرضہ کے بقدر جمع نہیں ہوئی تو آپ ؐ نے قرض خواہوں سے فرمایا: **خذوا ما وجدتم، وليس لكم إلا ذلك**: جو تمہیں مل گیا اس پر بس کرو، تمہارے لئے یہی ہے یعنی باقی قرضہ چھوڑ دو، اس واقعہ میں آپ ؐ نے نقصان کا ذمہ دار مشتری کو ٹھہرایا ہے۔

اور باب میں جو حدیث ہے اس کا تعلق اخلاقیات سے ہے، یعنی اگر مشتری کا نقصان ہوجائے تو بائع کو سمجھنا چاہئے، جو قیمت طے ہوئی ہے اس میں سے کچھ گھٹا دینا چاہئے، مثلاً پچاس ہزار میں باغ بیچا، مشتری کو صرف چالیس ہزار کی آمدنی ہوئی، پس بائع مشتری سے کہے کہ چل پینتیس ہزار دیدے، پس یہ اخلاقی بات ہے، آمدنی میں سے بھی پانچ ہزار چھوڑ دے تا کہ مشتری نے جو محنت کی ہے اس کا کچھ نفع اس کو مل جائے۔

---

(۱) مگر یہ عجیب بات ہے کہ نقصان کی صورت میں امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تہائی قیمت چھوڑ دے اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سارا ثمن چھوڑ دے (یہ بات حاشیہ میں ہے)

[۸۷-] بَابُ إِذَا بَاعَ الثِّمَارَ قَبْلَ أَنْ يَّبْدُوَ صَلاَحُهَا، ثُمَّ أَصَابَتْهُ عَاهَةٌ، فَهُوَ مِنَ الْبَائِعِ

[۲۱۹۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتى تُزْهِيَ، فَقِيْلَ لَهُ: وَمَا تُزْهِيَ؟ قَالَ: حَتَّى تَحْمَرَّ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَرَأَيْتَ إِنْ مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمَرَةَ، بِمَ يَأْخُذُ أَحَدُكُمْ مَالَ أَخِيْهِ؟" [راجع: ۱٤۸۸]

[۲۱۹۹-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: لَوْ أَنَّ رَجُلاً ابْتَاعَ ثَمَرًا قَبْلَ أَنْ يَبْدُوَ صَلاَحُهُ، ثُمَّ أَصَابَتْهُ عَاهَةٌ، كَانَ مَا أَصَابَهُ عَلَى رَبِّهِ، أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَ تَبْتَاعُوْا الثَّمَرَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلاَحُهَا، وَلاَ تَبِيْعُوْا الثَّمَرَ بِالتَّمْرِ"

[راجع: ۱٤۸٦]

وضاحت: تُزْهِي: أَزْهَى (باب افعال) سے ہے اور مجرد زُهِيَ کے معنی میں ہے، زُهِيَ الشيئُ: چیز اسے بھاگئی، پسند آگئی۔۔۔۔۔۔۔۔فقيل له: طلبہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا:۔۔۔۔۔۔۔۔۔أرأيتَ: بتاؤ! اگر اللہ تعالیٰ پھل کو روک دیں تو تم میں سے ایک اپنے بھائی کا مال کیسے کھائے گا؟ یعنی اگر مشتری کا نقصان ہوجائے تو بائع پورا ثمن کیسے لے گا؟

وقال الليث: امام بخاری رحمہ اللہ یہ دوسری سند اس لئے لائے ہیں کہ نقصان کا ذمہ دار بائع ہوگا، یہ مسئلہ امام زہریؒ نے حدیث سے مستنبط کیا ہے، امام زہریؒ کہتے ہیں: اگر کوئی شخص بدوصلاح سے پہلے پھل بیچے پھر پھلوں میں آفت آئے تو نقصان باغ والے کے ذمہ ہوگا، اس لئے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: پھل بدوصلاح سے پہلے مت بیچو خریدو، اور تازہ کھجوریں چھوہاروں کے بدلہ میں مت بیچو، یعنی بیع مزابنہ مت کرو، مگر امام زہری رحمہ اللہ کا یہ استنباط محل نظر ہے کیونکہ ممانعت مصلحتاً ہے اور نبی ﷺ کا ارشاد أرأيت بھی دلیل ہے کہ نقصان کا ذمہ دار مشتری ہے مگر اخلاقی بات یہ ہے کہ بائع اس کا خیال کرے۔

بَابُ شِرَاءِ الطَّعَامِ إِلٰى أَجَلٍ

کھانے پینے کی چیزیں ادھار خریدنا

غلہ اور دیگر کھانے پینے کی چیزیں بلکہ کوئی بھی چیز ادھار خریدنا جائز ہے، نبی ﷺ نے ایک یہودی سے جَو ادھار خریدے ہیں، بلکہ فقہ میں یہ مسئلہ ہے کہ ادھار کی وجہ سے قیمت بڑھانا بھی جائز ہے۔

[۸۸-] بَابُ شِرَاءِ الطَّعَامِ إِلٰى أَجَلٍ

[۲۲۰۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: ذَكَرْنَا عِنْدَ إِبْرَاهِيْمَ الرَّهْنَ

فِي السَّلَفِ، فَقَالَ: لاَ بَأْسَ بِهِ، ثُمَّ ثَنَا عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم اشْتَرَى طَعَامًا مِنْ يَهُوْدِيٍّ إِلَى أَجَلٍ وَرَهَنَهُ دِرْعَهُ. [راجع: ۲۰۶۸]

بَابٌ: إِذَا أَرَادَ بَيْعَ تَمْرٍ بِتَمْرٍ خَيْرٍ مِنْهُ

جب کوئی معمولی کھجور عمدہ کھجور کے عوض بیچنا چاہے تو کس طرح کرے؟

یہ مسئلہ پہلے آیا ہے کہ ربوی اشیاء میں جید اور ردی یکساں ہیں اگر چہ گیہوں اور گیہوں برابر نہیں ہوتے مگر چونکہ گیہوں ربوی ہیں اس لئے اعلی اور گھٹیا کا فرق ہم جنس کے تبادلہ میں ظاہر نہیں کیا جا سکتا، برابر سرابر بیچنا ضروری ہے۔ اور یہ بات بھی پہلے آئی ہے کہ اگر کوئی جید اور ردی کا فرق ظاہر کرنا چاہے تو دو بیعیں کرے، معمولی گیہوں رقم میں بیچ دے پھر ان پیسوں سے اچھے گیہوں خرید لے، اس طرح جید اور ردی کا فرق ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

حدیث: خیبر میں صحابہ کی زمینیں تھیں، وہ بٹائی پر یہودیوں کے پاس تھیں، اب ہر صحابی اپنے کھیت اور باغ کو دیکھنے نہیں جا سکتا تھا، وہ جہاد میں مشغول تھے اس لئے نبی ﷺ صحابہ کی طرف سے عامل (کارندہ) بھیج دیا کرتے تھے، وہ سب کے حصے وصول کر کے ان کے گھر پہنچا دیا کرتا تھا، اسی طرح خیبر میں گورنمنٹ کی بھی زمینیں تھیں وہ زمینیں خمس میں ملی تھیں اس کی آمدنی حکومت کے پاس آتی تھی اس کو وصول کرنے کے لیے بھی عامل بھیجا جاتا تھا، چنانچہ ایک عامل خیبر سے کھجوریں لے کر آیا وہ سب جنیب (شاندار کھجوریں) تھیں، آپؐ نے پوچھا: کیا خیبر میں سب کھجوریں ایسی عمدہ ہوتی ہیں؟ عامل نے کہا: نہیں، ہر طرح کی کھجوریں ہوتی ہیں، مگر ہم معمولی کھجوروں کے دو صاع دے کر عمدہ کھجوروں کا ایک صاع لے لیتے ہیں، یا تین صاع دے کر دو صاع لے لیتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: یہ تو سود ہوا! تم معمولی کھجوریں دراہم میں بیچ دو، پھر ان پیسوں سے عمدہ کھجوریں خرید لو: یہ درست ہے۔

جاننا چاہئے کہ یہ سود سے بچنے کا حیلہ نہیں ہے، کیونکہ جس کو معمولی کھجوریں بیچی ہیں اسی سے عمدہ کھجوریں خریدنا ضروری نہیں، لیکن اگر کوئی معمولی کھجوروں کی قیمت وصول کرنے سے پہلے اور جدا ہونے سے پہلے اسی خریدار سے عمدہ کھجوریں خرید لے تو اس میں اختلاف ہے جو حاشیہ میں مذکور ہے۔ امام مالکؒ اس کو ناجائز کہتے ہیں اور دوسرے فقہاء جائز کہتے ہیں۔

[۸۹-] بَابٌ: إِذَا أَرَادَ بَيْعَ تَمْرٍ بِتَمْرٍ خَيْرٍ مِنْهُ

[۲۲۰۱ و ۲۲۰۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِيْدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلَى خَيْبَرَ، فَجَاءَهُ بِتَمْرٍ جَنِيْبٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا؟"

قَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا لَنَأْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَيْنِ، وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلاَثَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''لاَتَفْعَلْ، بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ، ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيْبًا''

[الحديث: ۲۲۰۱، انظر: ۲۳۰۲، ٤٢٤٤، ٤٢٤٦، ۷۳۵۰]

[الحديث: ۲۲۰۲، انظر: ۲۳۰۳، ٤٢٤٥، ٤٢٤٧، ۷۳۵۱]

لغات: جَنِيْب: عمدہ کھجوروں کی ایک قسم............ **الجَمْع**: معمولی اور عمدہ رلی ملی کھجوریں۔

بَابٌ: مَنْ بَاعَ نَخْلاً قَدْ أُبِّرَتْ، أَوْ أَرْضًا مَزْرُوْعَةً، أَوْ بِإِجَارَةٍ

جس نے: گابھا دیئے ہوئے کھجور کے درخت اور بوئی ہوئی زمین بیچی، یا کرایہ پر لی

یہ ذرا الجھا ہوا باب ہے، غور سے پڑھیں، کتاب میں بابٌ کے بعد جو لفظ قبض ہے یہ لفظ عمدۃ القاری، فتح الباری اور مصری نسخہ میں نہیں ہے۔ اور اس پر نسخہ کا نون بنا ہوا ہے اور گیلری میں کچھ نہیں، یعنی یہ لفظ صرف ابوذر کے نسخہ میں ہے باقی نسخوں میں نہیں ہے۔ اور یہاں یہ لفظ بے معنی ہے، اس لئے میں نے اس کو حذف کیا ہے۔

اس باب کے تین اجزاء ہیں یا کہیں کہ اس باب میں تین مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: نخلِ مؤبّر (گابھا دیئے ہوئے کھجور کے درخت) بیچنا، یعنی پھل نہیں بیچے بلکہ کھجور کے درخت بیچے، اور مالک گابھا دے چکا ہے تو پھل مشتری کا ہوگا یا بائع کا؟ حدیث میں ہے کہ پھل بائع کا ہوگا، کیونکہ اس نے تأبیر کی ہے، البتہ اگر سودے میں صراحت ہو کہ وہ پھل کے ساتھ بیچ رہا ہے یا خرید رہا ہے تو پھل مشتری کا ہوگا، اور اگر ایسی صراحت نہ ہو تو پھل بائع کا ہوگا۔

دوسرا مسئلہ: ارض مزروعہ (بوئی ہوئی زمین) بیچی، کسی زمین میں گیہوں بوئے ہوئے ہیں، مالک نے وہ کھیت بیچ دیا، پس گیہوں کس کا؟ یہاں بھی وہی مسئلہ ہے: کھیت میں کھڑے گیہوں بائع کے ہیں، البتہ اگر سودے میں صراحت ہو کہ گیہوں کے ساتھ زمین بیچ رہا ہے یا خرید رہا ہے تو گیہوں مشتری کے ہونگے۔

تیسرا مسئلہ: کوئی زمین کرایہ پر لی، زمین میں گیہوں کھڑے ہیں جیسے کسی مدرسہ والوں کو جلسہ کرنا ہے، انھوں نے کھیت کرایہ پر لیا تو کھیت میں کھڑے گیہوں کس کے؟ یہاں بھی وہی مسئلہ ہے: گیہوں زمین کے مالک ہیں، وہ کاٹ لے گا لیکن اگر سودے میں صراحت ہو کہ زمین کھیتی کے ساتھ کرایہ پر لے رہا ہے تو پھر گیہوں کرایہ دار کے ہونگے۔

ایک اور مسئلہ: حدیث میں غلام کا بھی ذکر ہے، کسی شخص کا کوئی غلام ہے اس کی بازار میں دکان ہے یعنی وہ عبد ماذون ہے اب مالک نے وہ غلام بیچ دیا تو اس کی دکان بیع میں شامل ہوگی یا نہیں؟ یہاں بھی وہی مسئلہ ہے: اگر بیع میں صراحت ہے کہ غلام کو اس کی دکان کے ساتھ خریدتا ہے تو وہ بھی بیع میں شامل ہوگی ورنہ نہیں۔ اسی طرح باندی بیچی اس نے زیور پہن رکھا

ہے، یہ زیور بائع کا ہے، البتہ اگر معاملہ میں صراحت ہو کہ مشتری زیور کے ساتھ خریدتا ہے تو پھر زیور مشتری کا ہوگا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ غلام باندی کے سلسلہ میں تو کوئی اختلاف نہیں، لیکن کھیتی اور باغ وغیرہ کے سلسلہ میں حنفیہ کے یہاں قاعدہ یہ ہے کہ جو چیز مبیع کے ساتھ علی الدوام متصل ہو، اس میں صراحت کرے یا نہ کرے: وہ بیع میں شامل ہوگی اور جو چیز عارضی طور پر متصل ہو اس میں صراحت ضروری ہے، مثلاً مکان بیچا اس میں پنکھے لٹک رہے ہیں، یہ پنکھے مکان کے ساتھ علی الدوام جڑے ہوئے نہیں ہیں اس لئے صراحت ہوگی تو وہ بیع میں داخل ہونگے ورنہ بائع اتار لے گا۔ اور دروازے بھی مکان کے ساتھ متصل ہیں مگر وہ ہمیشہ کے لئے متصل ہیں اس لئے وہ بہرحال بیع میں داخل رہیں گے، پس کھیتی علی الدوام زمین کے ساتھ متصل نہیں، ایک وقت کے بعد کٹ جائے گی اس لئے اس میں صراحت ضروری ہے۔

دوسری بات یہ جاننی چاہئے کہ گابھا دینے سے کیا مراد ہے؟ حنفیہ کے نزدیک یہ ''ظہورِ ثمرۃ'' سے کنایہ ہے، گابھا دینے کے بعد عام طور پر جلدی پھل ظاہر ہو جاتے ہیں، پس اگر پھل درخت پر نمودار ہو چکے ہیں تو اس میں صراحت ضروری ہے اور اگر گابھا دیا ہے مگر پھل ظاہر نہیں ہوئے تو وہ پھل مشتری کا ہوگا، کیونکہ وہ اس کی ملک میں ظاہر ہوا ہے۔

[۹۰-] بَابٌ: مَنْ بَاعَ نَخْلاً قَدْ أُبِّرَتْ، أَوْ أَرْضًا مَزْرُوْعَةً، أَوْ بِإِجَارَةٍ

[۲۲۰۳-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ لِیْ إِبْرَاهِیْمُ، ثَنَا هِشَامٌ، أَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ، سَمِعْتُ ابْنَ أَبِیْ مُلَیْکَةَ، یُخْبِرُ عَنْ نَافِعٍ مَوْلَی ابْنِ عُمَرَ: أَیُّمَا نَخْلٍ بِیْعَتْ قَدْ أُبِّرَتْ، لَمْ یُذْکَرِ الثَّمَرُ، فَالثَّمَرُ لِلَّذِیْ أَبَّرَهَا، وَکَذٰلِكَ الْعَبْدُ وَالْحَرْثُ، سَمَّی لَهُ نَافِعٌ هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثَ. [انظر ۲۲۰۴، ۲۲۰۶، ۲۳۷۹، ۲۷۱۶]

[۲۲۰۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: ''مَنْ بَاعَ نَخْلاً قَدْ أُبِّرَتْ، فَثَمَرُهَا لِلْبَائِعِ، إِلَّا أَنْ یَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ''

[راجع: ۲۲۰۳]

ترجمہ: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور مجھ سے ابراہیم بن المنذرؒ نے کہا، یعنی یہ حدیث مذاکرہ میں حاصل کی ہے، تحدیث کے طور پر نہیں لی............ جونسا کھجور کا درخت بیچا گیا، تحقیق گابھا دیدیا گیا ہے (اور) پھل کا ذکر نہیں کیا گیا، پس پھل اس شخص کے لیے ہے جس نے درختوں کو گابھا دیا ہے یعنی بائع کے لیے ہے، اور اسی طرح غلام اور کھیتی (کا حکم ہے) نافع نے ابن ابی ملیکہ کے سامنے ان تینوں چیزوں کا تذکرہ کیا (یہ حدیث موقوف ہے اور بعد والی حدیث مرفوع ہے)

لغت: اَبَّرَ النَّخْلَ: گابھا دینا، مادہ درخت کا پھول پھاڑ کر نر درخت کے پھول میں سے کچھ حصہ اس میں داخل کرنا، ایسا کرنے سے پھل عمدہ اور بڑا ہوتا ہے............ قوله: بإجارة: أی أَخَذَ بإجارة............ قوله: نخلٌ بیعت: متعلق بالجزء الأول............ قوله: والحرث: متعلق بالثانی............ وقاس الإجارة علی البیع۔

بَابُ بَيْعِ الزَّرْعِ بِالطَّعَامِ كَيْلاً

کھیتی کو غلّہ کے بدل پیمانے سے بیچنا

مزابنہ کا ذکر پہلے آیا ہے اور محاقلہ کا تذکرہ رہ گیا تھا، اب یہ باب محاقلہ کے لئے ہے، گیہوں کا کھڑا کھیت اگر گیہوں کے عوض بیچا جائے اور اندازہ کر کے برابری کر لی جائے تو یہ محاقلہ ہے، اور یہ بھی ربوا کی وجہ سے یا احتمال ربوا کی وجہ سے ناجائز ہے۔

[۹۱-] بَابُ بَيْعِ الزَّرْعِ بِالطَّعَامِ كَيْلاً

[۲۲۰۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمُزَابَنَةِ: أَنْ يَبِيْعَ ثَمَرَ حَائِطِهِ إِنْ كَانَ نَخْلاً بِتَمْرٍ كَيْلاً، وَإِنْ كَانَ كَرْمًا: أَنْ يَبِيْعَهُ بِزَبِيْبٍ كَيْلاً، وَإِنْ كَانَ زَرْعًا: أَنْ يَبِيْعَهُ بِكَيْلِ طَعَامٍ، نَهَى عَنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ. [راجع: ۲۱۷۱]

وضاحت: حدیث پہلے آچکی ہے............اور أن يبيع سے پہلے هي / هو محذوف ہے۔

بَابُ بَيْعِ النَّخْلِ بِأَصْلِهِ

کھجور کے درخت ہی بیچنا

کھجور کے پھل نہیں بیچے، بلکہ درخت ہی بیچے، یہ مسئلہ بھی اوپر آچکا ہے، یہ بیچنا جائز ہے، رہی یہ بات کہ پھل کس کے ہونگے؟ یہ بات بھی اوپر آچکی ہے، اور بأصله کا یہ مطلب بھی لے سکتے ہیں کہ کھجور کے درخت زمین کے ساتھ بیچ دیئے! یہ بھی جائز ہے۔

[۹۲-] بَابُ بَيْعِ النَّخْلِ بِأَصْلِهِ

[۲۲۰۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَيُّمَا امْرِئٍ أَبَّرَ نَخْلاً، ثُمَّ بَاعَ أَصْلَهَا، فَلِلَّذِيْ أَبَّرَ ثَمَرُ النَّخْلِ، إِلاَّ أَنْ يَشْتَرِطَهُ الْمُبْتَاعُ"

[راجع: ۲۲۰۳]

ترجمہ: جس شخص نے کھجور کے درختوں کا گابھا کیا، پھر وہ درخت ہی بیچ دیئے، پس اس شخص کے لیے جس نے گابھا کیا ہے درختوں کے پھل ہیں یعنی پھل بائع کے لیے ہیں، مگر یہ کہ مشتری پھلوں کی شرط لگائے کہ وہ درخت پھلوں کے ساتھ خرید

رہا ہے تو پھر پھل مشتری کے ہونگے۔

بَابُ بَيْعِ الْمُخَاضَرَةِ

ہری کھیتی اور پھلوں کو بیچنا

بدوصلاح سے پہلے بیع کی ممانعت آئی ہے، وہی مخاضرہ ہے، ابھی پھل ہرا ہے، کھیتی ہری ہے، بدوصلاح نہیں ہوا اور بیچ دیا تو یہ بیع ممنوع ہے، رہی یہ بات کہ یہ ممانعت مسئلہ ہے یا مصلحت؟ اس کی تفصیل پہلے آچکی ہے۔

[۹۳-] بَابُ بَيْعِ الْمُخَاضَرَةِ

[۲۲۰۷-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنِيْ أَبِيْ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِيْ طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّـهُ قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُخَاضَرَةِ وَالْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ وَالْمُزَابَنَةِ.

[۲۲۰۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى تَزْهُوَ ـــ فَقُلْنَا لِأَنَسٍ: مَا زَهْوُهَا؟ قَالَ: تَحْمَرُّ أَوْ تَصْفَرُّ ـــ "أَرَأَيْتَ إِنْ مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمْرَةَ، بِمَ تَسْتَحِلُّ مَالَ أَخِيْكَ؟" [راجع: ۱٤۸۸]

وضاحت: مُحاقلہ: حَقل سے ہے، جس کے معنی ہیں: بویا ہوا کھیت .... مُخاضرۃ: خَضْرٌ سے ہے، جس کے معنی ہیں: سرسبز وشاداب ہونا .... مُلامَسَة: لَمْسٌ سے ہے، جس کے معنی ہیں: چھونا، ہاتھ لگانا .... مُنابذۃ: نبذٌ سے ہے، جس کے معنی ہیں: پھینکنا .... مزابنۃ: زَبْنٌ سے ہے، جس کے معنی ہیں: دفع کرنا، ہٹانا .... محاقلہ اور مزابنہ خاص ہیں اور مخاضرہ دونوں کو عام ہے، بلکہ بدوصلاح سے پہلے بھی پھلوں کو بیچنے کے لئے یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے .... حتی تزھو: پیلا پڑنے اور سرخ ہونے سے پہلے بیچنا، یہی مخاضرہ ہے، حضور ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے .... قولہ: أریت إلخ: بدوصلاح سے پہلے بیچنا کیوں ممنوع ہے؟ آپؐ نے اس کی وجہ بیان کی ہے۔

بَابُ بَيْعِ الْجُمَّارِ وَأَكْلِهِ

کھجور کے درخت کا گوند بیچنا اور اس کا کھانا

جُمَّار: کھجور کے درخت کا گوند جو چربی کی طرح سفید ہوتا ہے اور کھایا جاتا ہے، پس وہ مال ہے اس لئے اس کو بیچنا اور کھانا جائز ہے۔ اور حدیث پہلے کتاب العلم میں گذر چکی ہے۔ نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ جمار تناول فرمارہے تھے، اس

مناسبت سے آپؐ نے فرمایا: ''ایک درخت مسلمان کی مثال ہے، جس کے پتّے کبھی نہیں جھڑتے، بتاؤ وہ کونسا درخت ہے؟'' ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ذہن میں جواب آیا، کیونکہ جمّار کھایا جا رہا تھا، اور صحابہ کا ذہن جواب کی طرف منتقل نہیں ہوا، کیونکہ کھجور کے پتے نہیں ہوتے۔ کھجور کی شاخوں کو وَرَق (پتّے) نہیں کہا جاتا، سَعْف کہا جاتا ہے، پس جب کسی نے جواب نہیں دیا تو آپؐ نے فرمایا: ''وہ کھجور کا درخت ہے'' اور اس کی شاخوں کو پتّے مجازاً کہا گیا ہے۔ بہر حال کھجور کا گوند کھانا جائز ہے اور بیچنا بھی۔

[۹۴-] بَابُ بَيْعِ الْجُمَّارِ وَأَكْلِهِ

[۲۲۰۹-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِى بِشْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَأْكُلُ جُمَّارًا، فَقَالَ: " مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةٌ كَالرَّجُلِ الْمؤْمِنِ" فَأَرَدْتُ أَنْ أَقُوْلَ: هِيَ النَّخْلَةُ، فَإِذَا أَنَا أَحْدَثُهُمْ، قَالَ: " هِيَ النَّخْلَةُ" [راجع: ٦١]

بابُ مَنْ أَجْرَى أَمْرَ الأَمْصَارِ عَلٰى مَا يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ إلخ

عرف وعادت ثابت ہے اور غیر منصوص مسائل میں اس کا اعتبار ہے

باب کی عبارت لمبی ہے، اور اس میں عرف وعادت کا اثبات ہے، یعنی غیر منصوص معاملات میں عرف وعادت کے مطابق حکم کیا جائے گا، معاملات کے بہت سے مسائل عرف وعادت پر متفرع ہوتے ہیں اور باب میں جو دلیلیں ہیں ان سے بات اچھی طرح واضح ہو جائے گی (۱)

اب باب دیکھیں: بابٌ: من أجرى أَمْرَ الأَمْصَار: جس نے علاقوں کے معاملہ کو جاری کیا أمصار کا ترجمہ علاقے ہے، مختلف علاقوں کا عرف مختلف ہوتا ہے، پس علاقہ اور جس ملک میں جو عرف وعادت ہے اس پر مسائل متفرع کئے جائیں گے۔ علي ما يتعارفون بينهم: اس بات پر جس کا لوگوں کے درمیان عرف ہے، اور وہ امور کیا ہیں؟ في البيوع والإجارة والمكيال والوزن: بیع وشراء، اجارہ اور ناپ تول میں یعنی ان کے احکام عرف وعادت کے مطابق طے کئے جائیں گے، وسُنَنِهِمْ: اس کا عطف مایتعارفون پر ہے یعنی مختلف علاقوں میں لوگوں کا جو طریقہ رائج ہے ان پر احکام جاری کئے جائیں گے، سنة اور مایتعارفون ایک ہی چیز ہیں۔ علی نیاتهم ومذاهبهم المشهورة: لوگوں کی نیتوں کے موافق اور ان کے مشہور طریقوں کے مطابق: احکام کو جاری کیا جائے گا، یہاں تک باب ہے اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ عرف وعادت ثابت

(۱) حضرت مولانا مفتی شعیب اللہ خاں صاحب کے اس موضوع پر دو رسالے ہیں، ایک عربی میں، دوسرا اردو میں، اور دونوں ان کی کتاب نفائس الفقہ، جلد اول میں شامل ہیں، عرف وعادت کی مزید تفصیل جاننے کے لئے ان کی طرف رجوع کریں۔

ہیں، اس لئے غیر منصوص مسائل میں ان کا اعتبار کیا جائے گا۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے چھ دلیلیں پیش کی ہیں:

پہلی دلیل: قاضی شریح رحمہ اللہ جو ساٹھ سال تک کوفہ کے قاضی رہے ہیں، جو اکابر تابعین میں سے ہیں: ان کے پاس سوت کاتنے والوں کا کوئی معاملہ آیا، ان لوگوں نے کہا: ہمارا عرف یہ ہے، قاضی صاحب نے کہا: جو تمہارا عرف ہے وہی تمہارے درمیان معتبر ہے۔

دوسری دلیل: ابن سیرین رحمہ اللہ کہتے ہیں: دس فیصد نفع پر بیچنا اور خرچہ الگ سے لینا درست ہے، اس لئے کہ اس طرح معاملہ کرنے کا لوگوں میں رواج ہے، بائع کہے: میں دس فیصد نفع لونگا اور مصارف الگ سے لونگا تو بیع درست ہے۔

قولہ: یأخذ للنفقۃ ربحا: شارحین نے اس جملہ کی مختلف شرحیں کی ہیں، میرے نزدیک راجح مطلب وہ ہے جو میں نے بیان کیا کہ مصارف الگ سے لوں گا۔

جاننا چاہئے کہ بیع کی تین صورتیں ہیں: مرابحہ، تولیہ اور وضیعہ، تولیہ: جتنے میں لایا اتنے میں بیچ دیا، مرابحہ: نفع لے کر بیچا اور وضیعہ: قیمت گھٹا کر بیچا، پھر مرابحہ کی دو شکلیں ہیں: ایک: دس فیصد نفع پر بیچا، اور مصارف الگ سے نہیں لئے، دوسری: خرچ الگ سے لینے کی بات طے ہوئی، مرابحہ کی یہ دونوں شکلیں جائز ہیں۔ **العشرۃُ بأحد عشرۃ:** یہ مرابحہ ہے یعنی دس فیصد نفع لوں گا۔ **ویأخذ للنفقۃ ربحا:** یعنی خرچ الگ سے لوں گا، اس طرح بیع کرنا درست ہے، کیونکہ عرفاً اس طرح معاملہ کیا جاتا ہے۔

تیسری دلیل: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ حضرت ہند رضی اللہ عنہا فتح مکہ کے دن بیعت کے لئے حاضر ہوئیں، ان کے شوہر ابوسفیان رضی اللہ عنہ گھر کے خرچ میں بخیلی کرتے تھے، پس ہندؓ نے مسئلہ پوچھا کہ اگر وہ اپنے شوہر کی نظر بچا کر ان کے مال میں سے کچھ لے لیں تو جائز ہے یا نہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: معروف طریقہ پر لے سکتی ہو، یعنی عام طور پر گھر میں جتنا خرچ ہوتا ہے اتنا لے سکتی ہو۔

چوتھی دلیل: قرآنِ کریم میں ہے کہ یتیم کا سرپرست جو یتیم کا کاروبار سنبھالتا ہے اگر وہ نادار ہو تو یتیم کے مال میں سے معروف طریقہ پر تنخواہ لے سکتا ہے، یہ حکم عرف کے لحاظ سے ہے۔

پانچویں دلیل: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے عبدالرحمٰن بن مرداس سے گدھا دو دانق میں کرایہ پر لیا، ایک درہم چھ دانق کا ہوتا ہے، پھر دوسرے وقت آئے اور کہا: گدھا لاؤ، اور بغیر کرایہ طے کئے گدھے پر بیٹھ کر چلے گئے اور واپس آکر تین دانق دیئے، یعنی کچھ بڑھا کر دیا، جیسے دارالعلوم سے اسٹیشن تک رکشہ کا کرایہ پندرہ روپے ہے، مگر میں جب کرایہ پوچھتا ہوں تو رکشہ والا نہیں بتلاتا، چنانچہ میں اسٹیشن پہنچ کر بیس روپے دیتا ہوں۔

چھٹی دلیل: نبی ﷺ نے ایک مرتبہ پچھنے لگوائے اور کچھ اجرت طے نہیں کی، پھر جب ابوطیبہ اپنے کام سے فارغ

ہوئے تو آپؐ نے معروف طریقہ پر ایک صاع غلہ اجرت میں دیا۔

ان سب دلیلوں سے یہ بات ثابت ہوئی کہ شریعت: عرف وعادت کا اعتبار کرتی ہے، پس اس کے مطابق غیر منصوص مسائل طے کئے جائیں گے، اور یہ جنرل باب ہے، آگے اس سلسلہ کے پانچ ذیلی ابواب بھی آرہے ہیں۔

[٩٥-] بابُ مَنْ أَجْرَى أَمْرَ الْأَمْصَارِ عَلٰى مَا يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ، فِي الْبُيُوْعِ وَالإِجَارَةِ، وَالْمِكْيَالِ وَالْوَزْنِ؛ وَسُنَّتِهِمْ، عَلٰى نِيَّاتِهِمْ وَمَذَاهِبِهِمُ الْمَشْهُوْرَةِ

[١-] وَقَالَ شُرَيْحٌ لِلْغَزَّالِيْنَ: سُنَّتُكُمْ بَيْنَكُمْ.

[٢-] وَقَالَ عَبْدُ الْوَهَّابِ: عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ: لَابَأْسَ العَشَرَةُ بَأَحَدَ عَشَرَ، وَيَأْخُذُ لِلنَّفَقَةِ رِبْحًا.

[٣-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِهِنْدٍ: " خُذِيْ مَا يَكْفِيْكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوْفِ"

[٤-] وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ﴾[النساء:٦]

[٥-] واكْتَرَى الْحَسَنُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مِرْدَاسٍ حِمَارًا فَقَالَ: بِكَمْ؟ فَقَالَ: بِدَانِقَيْنِ، فَرَكِبَهُ، ثُمَّ جَاءَ مَرَّةً أُخْرَى فَقَالَ: الْحِمَارَ الْحِمَارَ، فَرَكِبَهُ وَلَمْ يُشَارِطْهُ. فَبَعَثَ إِلَيْهِ بِنِصْفِ دِرْهَمٍ.

[٢٢١٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَجَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبُوْ طَيْبَةَ، فَأَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ، وَأَمَرَ أَهْلَهُ أَنْ يُخَفِّفُوْا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهِ.[راجع: ٢١٠٢]

[٢٢١١-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: قَالَتْ هِنْدٌ أُمُّ مُعَاوِيَةَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ، فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ أَنْ آخُذَ مِنْ مَالِهِ سِرًّا؟ قَالَ:" خُذِيْ أَنْتِ وَبَنُوْكِ مَا يَكْفِيْكِ بِالْمَعْرُوْفِ"

[انظر: ٢٤٦٠، ٣٨٢٥، ٥٣٥٩، ٥٣٦٤، ٥٣٧٠، ٦٦٤١، ٧١٦١، ٧١٨٠]

[٢٢١٢-] حدثنا إِسْحَاقُ، ثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، ثَنَا هِشَامٌ ،ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ فَرْقَدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ﴿وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ، وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ﴾[النساء:٦]: أُنْزِلَتْ فِيْ وَالِي الْيَتِيْمِ الَّذِيْ يُقِيْمُ عَلَيْهِ، وَيُصْلِحُ فِيْ مَالِهِ: إِنْ كَانَ فَقِيْرًا أَكَلَ مِنْهُ بِالْمَعْرُوْفِ"[انظر: ٢٧٦٥، ٤٥٧٥]

وضاحتیں: غَزَّال: سوت کاتنے والے، دھاگے بنانے والے.........سُنَّتَكم: اگر منصوب ہے تو الزموا وغیرہ کا مفعول ہے، اور مرفوع ہے تو مبتدا ہے أي عادتكم معتبرة في معاملاتكم.........العشرةُ: مبتدا ہے، اور بأحد عشر:

خبر ہے أی یُبَاع بأحد عشر.........شَارَطه علی کذا: کسی سے کسی بات کی شرط لگانا یعنی کرایہ طے نہیں کیا............ شحیح :بخیل.........خذی: تم اور تمہارے بیٹے معروف طریقہ پر لو جو تمہارے لئے کافی ہوجائے ....قولہ تعالیٰ: وَمَنْ کَانَ غَنِیًّا الآیة: ترجمہ: اور جو شخص (تنخواہ سے) مستغنی ہو سو وہ تو اپنے کو بالکل بچائے، اور جو شخص حاجت مند ہو وہ مناسب مقدار سے کھائے یعنی (بقدر ضرورت) تنخواہ لے سکتا ہے۔

بَابُ بَیْعِ الشَّرِیْکِ مِنْ شَرِیْکِهِ

شریک کا شریک کو حصہ بیچنا

یہ عرف وعادت کی اعتباریت کا ذیلی باب ہے، کسی چیز میں دو شخص شریک ہیں، ایک شریک اپنا حصہ دوسرے شریک کو بیچ دے تو یہ جائز ہے۔ خواہ وہ چیز قابل تقسیم ہو یا نہ ہو، یعنی مشترک مشاع ہو، بانٹی جاسکتی ہو، جیسے گیہوں، یا بانٹی نہ جاسکتی ہو، جیسے غسل خانہ۔ پس اگر ایک شریک اپنا حصہ دوسرے شریک کو بیچ دے تو جائز ہے، کیونکہ یہ لوگوں میں معروف ہے۔

اور حدیث آگے آئے گی جب شفعہ کا بیان آئے گا وہاں حدیث سمجھائی جائے گی۔ یہاں بالاجمال حدیث سمجھ کر باب پر استدلال کرنا ہے۔ جمہور (ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری) کے نزدیک شفعہ صرف نفس مبیع میں شریک کو ملتا ہے، جار کے لئے شفعہ نہیں، خواہ وہ جار فی الحقوق ہو یا جار محض، اور حنفیہ کے نزدیک تینوں کو ترتیب وار شفعہ ملتا ہے، پہلے نفس مبیع میں شریک کو، وہ نہ ہو یا نہ لے تو جار فی الحقوق کو، اور وہ بھی نہ ہو یا نہ لے تو جار محض کو شفعہ ملے گا، تفصیل آگے آئے گی، پس جو نفس مبیع میں شریک ہے مثلاً کوئی گھر دو بھائیوں میں مشترک ہے، اب ایک بھائی اپنا حصہ کسی اجنبی کو بیچ دے تو دوسرا بھائی جو گھر میں شریک ہے شفعہ لے گا، جتنے میں اجنبی کو بیچا ہے اتنے میں وہ بھائی خرید لے گا، یہ شریک نے شریک کو بیچا پس باب ثابت ہوگیا۔

قولہ: فی کل مال لم یُقسم: اس لفظ میں راویوں میں اختلاف ہوا ہے، یعنی مال لفظ ہے یا ما موصولہ، اور یہ اختلاف اگلے باب میں مذکور ہے، مگر اس اختلاف کا حاصل کچھ نہیں کیونکہ ما موصولہ سے بھی جائداد مراد ہے اور مال سے بھی، اس لئے روایوں کے اس اختلاف کا مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

[۹۶-] بَابُ بَیْعِ الشَّرِیْکِ مِنْ شَرِیْکِهِ

[۲۲۱۳-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم الشُّفْعَةَ فِی کُلِّ مَالٍ لَمْ یُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ فَلاَ شُفْعَةَ. [انظر: ۲۲۱٤، ۲۲۵۷، ۲٤۹۵، ۲٤۹٦، ٦۹۷٦]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے شفعہ ہر اس مال (جائداد) میں گردانا جو بانٹا نہ گیا ہو، پس

جب سرحدیں قائم ہوگئیں اور راستے پھیر دیئے گئے تو شفعہ نہیں۔

بَابُ بَيْعِ الأَرْضِ وَالدُّوْرِ وَالْعُرُوْضِ مُشَاعًا غَيْرَ مَقْسُوْمٍ

مشترک زمین، گھر اور سامان بیچنا

عرف وعادت کی اعتباریت کے سلسلہ کا یہ دوسرا ذیلی باب ہے۔ شریک کا شریک کو بیچنا بھی جائز ہے اور غیر شریک کو بھی، مثلاً کسی نے اپنی زمین، مکان یا مشین کا آدھا حصہ کسی کو بیچ دیا تو یہ بیع درست ہے، بانٹ کر بیچے یا مشترک: دونوں جائز ہیں، کیونکہ اس کا لوگوں میں عرف ہے۔

[٩٧-] بَابُ بَيْعِ الأَرْضِ وَالدُّوْرِ وَالْعُرُوْضِ مُشَاعًا غَيْرَ مَقْسُوْمٍ

[٢٢١٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَضَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالشُّفْعَةِ فِيْ كُلِّ مَالٍ لَمْ يُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ، وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ فَلاَ شُفْعَةَ.

حدثنا مُسَدَّدٌ، ثنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بِهٰذَا. وَقَالَ: فِيْ كُلِّ مَالَمْ يُقْسَمْ، تَابَعَهُ هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: فِي كُلِّ مَالٍ لَمْ يُقْسَمْ، وَرَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ. [راجع: ٢٢١٣]

وضاحت: الدُّور: واؤ کے ساتھ اور الدُّؤر: ہمزہ کے ساتھ: دونوں دار کی جمع ہے .... مُشاعًا: کے معنی ہیں: مشترک، پس غیر مقسوم: اس کی تفسیر ہے .... قضٰی: شفعہ کا فیصلہ کیا یعنی شفعہ دلوایا۔

قوله: بهذا أی بالحديث المذكور قبله: البتہ اس سند سے روایت میں ما موصولہ ہے، اور باب کے شروع میں جو عبدالرزاق صنعانیؒ کی روایت ہے، اس میں مال ہے۔

بَابٌ: إِذَا اشْتَرَى شَيْئًا لِغَيْرِهِ بِغَيْرِ إِذْنِهِ فَرَضِيَ

بے اجازت کسی کے لئے کوئی چیز خریدی اور وہ راضی ہوگیا

یہ بھی عرف وعادت کی اعتباریت کے سلسلہ کا تیسرا ذیلی باب ہے۔ فضولی کے بیچنے اور خریدنے کا بھی لوگوں میں رواج ہے، دوسرے کی چیز بیچنا یا اس کے لئے کوئی چیز خریدنا جائز ہے، جبکہ اصیل اس کو منظور کرلے۔ مثلاً کوئی شخص دیوبند آیا، اس نے اپنے دوست کے مطلب کی کوئی کتاب دیکھی اور اس کو خرید لیا، پس یہ فضولی کا خریدنا ہے، اگر دوست اس پر راضی ہوجائے تو بیع درست ہے۔

حدیث: تین شخص جنگل میں جارہے تھے، اچانک بارش شروع ہوگئی، وہ لوگ بارش سے بچنے کے لئے ایک غار میں جاچھپے، اچانک ایک بڑی چٹان لڑھکی، اور غار کے دہانے پر آکر سیٹ ہوگئی، اب اندر نہ روشنی رہی نہ ہوا، تینوں نے سوچا اب مرے! اب سوائے اس کے کوئی چارہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں، پس ہر شخص نے اپنے نیک عمل کے وسیلہ سے دعا کی، اور اللہ نے ان کو نجات بخشی۔

اس واقعہ میں تیسرے شخص نے ایک مزدور کی مزدوری میں تصرف کیا تھا، اس کو بڑھا کر بکریاں خریدیں، پھر گائیں خریدیں۔ یہ سب فضولی کا عمل تھا اور اصل یعنی مزدور جب آیا تو اس سے کہا کہ یہ سب تیرا ہے، چنانچہ وہ لے کر چلا گیا، یعنی اس نے منظور کرلیا، پس درمیان میں جو سیکڑوں بیعیں ہوئی وہ سب درست ہوگئیں۔

[۹۸-] بَابٌ: إِذَا اشْتَرَى شَيْئًا لِغَيْرِهِ بِغَيْرِ إِذْنِهِ فَرَضِيَ

[۲۲۱۵-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" خَرَجَ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ يَمْشُوْنَ، فَأَصَابَهُمُ الْمَطَرُ، فَدَخَلُوْا فِيْ غَارٍ فِي جَبَلٍ، فَانْحَطَّتْ عَلَيْهِمْ صَخْرَةٌ. قَالَ: فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: ادْعُوْا اللّٰهَ بِأَفْضَلِ عَمَلٍ عَمِلْتُمُوْهُ.

فَقَالَ أَحَدُهُمْ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ كَانَ لِيْ أَبَوَانِ شَيْخَانِ كَبِيْرَانِ، فَكُنْتُ أَخْرُجُ، فَأَرْعَى، ثُمَّ أَجِيْءُ فَأَحْلُبُ، فَأَجِيْءُ بِالْحِلاَبِ، فَآتِيْ بِهِ أَبَوَيَّ فَيَشْرَبَانِ، ثُمَّ أَسْقِي الصِّبْيَةَ وَأَهْلِيْ وَامْرَأَتِيْ. فَاحْتُبِسْتُ لَيْلَةً فَجِئْتُ، فَإِذَا هُمَا نَائِمَانِ، قَالَ: فَكَرِهْتُ أَنْ أُوْقِظَهُمَا، وَالصِّبْيَةُ يَتَضَاغَوْنَ عِنْدَ رِجْلَيَّ. فَلَمْ يَزَلْ ذٰلِكَ دَأْبِيْ وَدَأْبَهُمَا حَتَّى طَلَعَ الْفَجْرُ. اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا فُرْجَةً نَرَى مِنْهَا السَّمَاءَ. قَالَ: فَفُرِجَ عَنْهُمْ.

فَقَالَ الآخِرُ: اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ كُنْتُ أُحِبُّ امْرَأَةً مِنْ بَنَاتِ عَمِّي كَأَشَدِّ مَا يُحِبُّ الرَّجُلُ النِّسَاءَ، فَقَالَتْ: لاَ تَنَالُ ذٰلِكَ مِنْهَا حَتَّى تُعْطِيَهَا مِائَةَ دِيْنَارٍ، فَسَعَيْتُ فِيْهَا حَتَّى جَمَعْتُهَا، فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا، قَالَتِ: اتَّقِ اللّٰهَ وَلاَ تَفُضَّ الْخَاتَمَ إِلاَّ بِحَقِّهِ، فَقُمْتُ وَتَرَكْتُهَا، فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا فُرْجَةً، قَالَ: فَفَرَجَ عَنْهُمُ الثُّلُثَيْنِ.

وَقَالَ الآخَرُ: اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ اسْتَأْجَرْتُ أَجِيْرًا بِفَرَقٍ مِنْ ذُرَةٍ فَأَعْطَيْتُهُ، فَأَبَى ذٰلِكَ أَنْ يَأْخُذَ، فَعَمَدْتُ إِلٰى ذٰلِكَ الْفَرَقِ، فَزَرَعْتُهُ، حَتَى اشْتَرَيْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَرَاعِيَهَا، ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! أَعْطِنِيْ حَقِّيْ، فَقُلْتُ: انْطَلِقْ إِلٰى تِلْكَ الْبَقَرِ وَرَاعِيْهَا [فَإِنَّهَا لَكَ] فَقَالَ: أَتَسْتَهْزِئُ بِيْ؟ قَالَ: قُلْتُ: مَا

أَسْتَهْزِئُ بِكَ وَلٰكِنَّهَا لَكَ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا، فَكُشِفَ عَنْهُمْ"[انظر: ۲۲۷۲، ۲۳۳۳، ۳٤٦٥، ٥٩٧٤]

ترجمہ: یہ حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے اس لئے ترجمہ کرتا ہوں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: تین شخص نکلے، وہ چل رہے تھے، پس ان کو بارش پہنچی، پس وہ پہاڑ کی ایک کھوہ میں جا گھسے، پس ان پر ایک بڑی چٹان لڑھک آئی، نبی ﷺ نے فرمایا: پس ان میں سے بعض نے بعض سے کہا: اللہ سے دعا کرو اپنے اُس بہترین عمل کے ذریعہ جو تم نے کیا ہے۔

پس ان میں سے ایک نے دعا کی: اے اللہ! میرے بہت بوڑھے ماں باپ تھے، میں نکلتا تھا، پس بکریاں چراتا تھا، پھر آتا تھا، پس دوہتا تھا، پس میں دودھ کے ساتھ آتا تھا اور اس کو اپنے والدین کے پاس لاتا تھا، وہ دونوں اس کو پیتے تھے، پھر میں بچوں کو، گھر والوں کو اور اپنی بیوی کو پلاتا تھا، پس میں ایک رات روک دیا گیا پس میں آیا تو اچانک دونوں سو چکے تھے، پس میں نے ناپسند کیا کہ ان کو جگاؤں اور بچے میرے پیروں کے پاس شور مچا رہے تھے، پس میرا اور ان دونوں کا یہی حال رہا یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔ اے اللہ! اگر آپ جانتے ہیں کہ میں نے یہ کام آپ کی خوشنودی کے لئے کیا ہے تو کھول دیں ہم سے تھوڑا کھولنا، دیکھیں ہم اس (سوراخ) سے آسمان کو، نبی ﷺ نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ نے ان سے کھول دیا۔

پس دوسرے نے دعا کی: اے اللہ! آپ جانتے ہیں کہ میں اپنی چچازاد بہنوں میں سے ایک عورت سے محبت کرتا تھا جتنا زیادہ سے زیادہ کوئی مرد عورتوں سے محبت کرسکتا ہے، پس اس بہن نے کہا: نہیں حاصل کرسکتا ہے تو وہ چیز اس سے یہاں تک کہ دے تو اس کو سو دینار، پس کوشش کی میں نے ان دیناروں کو حاصل کرنے کی، یہاں تک کہ جمع کرلیا میں نے ان کو، پس جب بیٹھ گیا میں اس کے دونوں پیروں کے درمیان تو اس نے کہا: اللہ سے ڈر اور مہر مت توڑ، مگر اس کے حق کے ساتھ۔ پس میں اٹھ گیا اور دینار چھوڑ دیئے، پس اگر آپ جانتے ہیں کہ میں نے یہ کام کیا ہے آپ کی خوشنودی کے لیے تو ہم سے کچھ کشادگی کردیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: پس ان سے اللہ تعالیٰ نے دو تہائی کشادگی کردی۔

اور تیسرے نے کہا: اے اللہ! آپ جانتے ہیں کہ میں نے ایک مزدور رکھا تھا، مکئی کے ایک فَرق (تین صاع) کے بدل پس میں نے وہ مزدوری اس کو دی، پس اس نے لینے سے انکار کردیا، پس میں نے اس فرق کا قصد کیا، پس اس کو بویا، یہاں تک کہ میں نے اس سے گائیں اور ان کا چرواہا خریدا، پھر وہ آیا تو اس نے کہا: اے بندۂ خدا! مجھے میرا حق دے، پس میں نے کہا: ان گایوں اور ان کے چرواہے کی طرف جا (پس وہ سب تیرے ہیں) پس اس نے کہا: کیا آپ میرا ٹھٹھا کرتے ہیں؟ میں نے کہا: میں آپ کا ٹھٹھا نہیں کرتا، بلکہ وہ (واقعتاً) تیرے ہیں۔ اے اللہ! اگر آپ جانتے ہیں کہ میں نے یہ کام آپ کی خوشنودی کے لئے کیا ہے تو ہم سے کھول دیں، چنانچہ ان سے کھول دیا گیا۔

لغات: **اِنْحَطَّ**: لڑھک آیا، گر پڑا............**صخرة**: بڑا پتھر............**دأب**: طریقہ، عادت............**فَضَّ الشيئَ**: کھولنا............**خاتم**: مہر، مراد ناموس ہے............**بحقّه**: یعنی نکاح کر کے............**تَضَاغَى القِطّ**: بلی کا شور مچانا، مجرد:

ضَغَا القطّ: بلی کا تکلیف کی وجہ سے شور مچانا۔

بَابُ الشِّرَى وَالْبَيْعِ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَهْلِ الْحَرْبِ

مشرکوں اور حربیوں کے ساتھ خرید وفروخت کرنا

یہ عرف وعادت کی اعتباریت کے سلسلہ کا چوتھا باب ہے، حربی یعنی دارالحرب کا باشندہ اور مشرک عام ہے، دارالحرب کا باشندہ ہو یا ذمی ہو ان کے ساتھ خرید وفروخت کرنا جائز ہے۔

اور اگر کوئی کہے کہ غیر مسلم کے پاس اس کا اپنا کوئی مال نہیں ہوتا، اس کا سب مال: مال غنیمت ہے، پھر اس سے بیچنا خریدنا کیسے جائز ہوسکتا ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات خاص حالت میں ہے، عام حالات میں غیر مسلم کی ملکیت تسلیم کی گئی ہے اور چونکہ اس قسم کے معاملات کا رواج ہے اس لئے جائز ہیں۔

[۹۹-] بَابُ الشِّرَى وَالْبَيْعِ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَهْلِ الْحَرْبِ

[۲۲۱۶-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ مُشْرِكٌ مُشْعَانٌ طَوِيْلٌ بِغَنَمٍ يَسُوْقُهَا، قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بَيْعًا أَوْ عَطِيَّةً؟" أَوْ قَالَ: "أَمْ هِبَةً؟" قَالَ: لَا، بَلْ بَيْعٌ، فَاشْتَرَى مِنْهُ شَاةً. [انظر: ۲۶۱۸، ۵۳۸۲]

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہم (کسی غزوہ میں) نبی ﷺ کے ساتھ تھے، ایک غیر مسلم لمبو جی آیا جو اپنی بکریاں ہانک رہا تھا، اس سے نبی ﷺ نے پوچھا: بیچے گا یا بخشش دے گا؟ اس نے کہا: بیچونگا، پس آپؐ نے اس سے ایک بکری خریدی۔

لغات: مُشْعَانٌ طويل: طويل: مُشعانٌ کا عطف بیان ہے، اگر کوئی مشعان کو نہ سمجھے تو طویل کو سمجھ جائے اور دونوں کا ترجمہ ہے: لمڈھنگ، لمبو جی .... بغنم يسوقها: وہ بکریاں چراتا ہوا وہاں پہنچا .... بيعًا أو عطيَّةً: بکری بیچے گا یا ہدیہ دے گا۔

بَابُ شِرَى الْمَمْلُوْكِ مِنَ الْحَرْبِيِّ وَهِبَتِهِ وَعِتْقِهِ

حربی سے غلام خریدنا اور حربی کا غلام بخشنا اور آزاد کرنا

یہ عرف وعادت کی اعتباریت کے سلسلہ کا پانچواں اور آخری باب ہے، اور شِرَى المملوك میں مصدر کی مفعول کی

طرف اضافت ہے یعنی حربی کامملوکہ غلام، حربی یعنی دارالحرب کا غیر مسلم باشندہ۔ اس سے غلام خریدنا جائز ہے، کیونکہ وہ اس کی ملک ہے اور حربی کسی کو غلام ہبہ کرے تو یہ بھی جائز ہے، اور وہ اپنے غلام کو آزاد کرے تو یہ بھی جائز ہے۔ **لأن هذا مما يتعارفه الناس**............اور دلائل درج ذیل ہیں:

۱-حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ حرّالاصل تھے مگر پھنس گئے تھے اور غلام بنالئے گئے تھے، پھر وہ کتنے ہی آقاؤں کے پاس ہوتے ہوئے مدینہ کے ایک یہودی کے پاس پہنچے، جب نبی ﷺ ہجرت کرکے مدینہ آئے تو حضرت سلمانؓ مسلمان ہوگئے۔ آپؐ نے ان سے فرمایا: تم اپنے آقا سے کتابت کا معاملہ کرلو، یعنی وہ بیچے گا تو نہیں اس لئے کتابت کا معاملہ کرلو، ان کے آقا نے کہا: کھجور کی فلاں قسم مثلاً عجوہ کے تین سو درخت لگاؤ، اور ان کی خدمت کرو، جب ان پر پھل آجائیں تم آزاد ہو، حضرت سلمانؓ نے کھیت تیار کیا، نرسری سے پودے لائے، نبی ﷺ نے تشریف لے جاکر خود اپنے ہاتھ سے پودے لگائے۔ حضرت سلمانؓ نے ان کی خدمت کی، اللہ کا کرنا کہ پہلے ہی سال پھل آ گیا، جبکہ کھجور کے درخت پر دس سال کے بعد پھل آتے ہیں۔ البتہ ایک درخت پر پھل نہیں آیا، اس لئے شرط پوری نہیں ہوئی، حضرت سلمانؓ نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ! ایک درخت نہیں پھلا، آپؐ نے پوچھا کیا بات ہوئی؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ درخت میں نے لگایا تھا۔ حضور ﷺ تشریف لے گئے اس کو اکھاڑا اور دوبارہ لگایا اللہ کا کرنا کہ اسی سال اس پر بھی پھل آ گیا، اور اس طرح حضرت سلمانؓ آزاد ہوگئے۔ پس کتابت کے ذریعہ آزاد کرنا یا مفت آزاد کرنا ایک ہی بات ہے، غرض حربی کی طرف سے غلام کا آزاد کرنا پایا گیا۔

۲-حضرت عمار، حضرت صہیب اور حضرت بلال رضی اللہ عنہم بھی قید کئے گئے تھے اور غلام بنالئے گئے تھے، پھر مختلف لوگوں نے ان کو خرید کر آزاد کیا ہے، معلوم ہوا کہ غیر مسلم کا آزاد کرنا صحیح ہے۔(۱)

۳-سورۃ النحل کی آیت ۷۱ ہے: اور اللہ تعالیٰ نے تم میں سے بعضوں کو بعضوں پر رزق میں فضیلت دی ہے، وہ اپنے حصہ کا مال اپنے غلاموں کو اس طرح کبھی دینے والے نہیں کہ وہ (مالک اور مملوک) سب اس میں برابر ہوجائیں، کیا پھر بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت کا انکار کرتے ہو؟

---

(۱) فتح الباری میں ہے کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کا قید ہونا میری (حافظ رحمہ اللہ کی) سمجھ میں نہیں آیا۔ اس لئے کہ وہ عربی تھے، کبھی قید نہیں ہوئے، ان کے والد نے قبیلہ عنسی سے مکہ آکر بنومخزوم سے دوستی کی تھی، بنومخزوم نے ان کا حضرت سمیّہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا تھا، وہ آزاد شدہ تھیں، ان کے بطن سے حضرت عمار رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔ اس لئے مشرکین نے شاید ان کے ساتھ قیدیوں جیسا معاملہ کیا۔

اور حضرت صُہیب رومی بھی عربی تھے، نمر قبیلہ سے ان کا تعلق تھا، رومیوں نے ان کو قید کیا تھا اور عبدالرحمٰن بن جدعان نے ان کو آزاد کیا تھا، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ابوجہل سے یا امیہ بن خلف سے خرید کر آزاد کیا تھا۔

اس آیت میں شرک کی انتہائی درجہ کی برائی بیان کی گئی ہے کہ جب تمہارے غلام رزق میں تمہارے برابر کے شریک نہیں ہوسکتے تو اللہ تعالیٰ کے غلام اس کے ساتھ الوہیت میں کیسے شریک ہوسکتے ہیں؟

آیت میں مشرکین کے غلاموں کو ﴿مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ﴾ کہا ہے، پس جب وہ اپنے غلاموں کے مالک ہوئے تو ہم ان سے خرید سکتے ہیں اور مشرک آزاد کرے یا ہبہ کرے تو وہ آزاد کرنا اور ہبہ کرنا بھی درست ہے۔

قوله: فهم فيه سواء: یعنی آقا غلاموں کو خوراک پوشاک تو دیتا ہے مگر اتنا نہیں دیتا کہ وہ برابر کی پوزیشن میں آجائیں۔

۴- حضرت سارۃ رضی اللہ عنہا کے واقعہ کے آخر میں ہے: وَأَخْدَمَ وليدةً: اس ظالم بادشاہ نے حضرت ہاجرہؓ کو باندی کے طور پر خدمت کے لئے دیا، یہ کافر کا غلام کو ہبہ کرنا ہے، اور حدیث کا ترجمہ بعد میں آئے گا۔

۵- حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے مقدمہ میں نبی ﷺ نے فیصلہ فرمایا: **الولد للفراش وللعاهر الحجر**: یہ فیصلہ عرف وعادت پر مبنی ہے، جو عورت کسی کے گھر میں ہوتی ہے دنیا اس کے بچہ کو شوہر ہی کا قرار دیتی ہے۔ نبی ﷺ نے بھی عتبہ کے ساتھ واضح مشابہت کے باوجود نسب زمعہ سے ثابت کیا۔

۶- حضرت صُہیب رومی رضی اللہ عنہ خود کو عربی النسل کہتے تھے اس پر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اعتراض کیا کہ تم غلام تھے، آزاد کئے گئے، پھر تم عربی النسل کیسے ہوگئے؟ حضرت صہیبؓ نے جواب دیا: میں بچپن میں چرالیا گیا تھا، اور مجھے غلام بنالیا گیا تھا، پھر ان کے آقا نے ان کو آزاد کیا، معلوم ہوا کہ کافر کا آزاد کرنا صحیح ہے۔

۷- حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے اپنے جاہلیت کے اعمالِ صالحہ کے بارے میں دریافت کیا کہ ان کا کوئی ثواب ان کو ملے گا؟ انھوں نے زمانہ جاہلیت میں صلہ رحمی کی تھی، غلام آزاد کئے تھے اور دان پون کیا تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: یہی تمہارے خیر کے کام تمہارے اسلام کا سبب بنے ہیں، معلوم ہوا کہ غیر مسلم کا غلاموں کو آزاد کرنا درست ہے، اور وہ خیر کا کام ہے جس کا صلہ اس کو دنیا ہی میں دیدیا جاتا ہے۔

[۱۰۰-] بَابُ شِرَى الْمَمْلُوْكِ مِنَ الْحَرْبِيِّ وَهِبَتِهِ وَعِتْقِهِ

[۱-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِسَلْمَانَ: كَاتِبْ، وَكَانَ حُرًّا فَظَلَمُوْهُ وَبَاعُوْهُ.

[۲-] وَسُبِيَ عَمَّارٌ وَصُهَيْبٌ وَبِلَالٌ.

[۳-] وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى:﴿ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَادِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَاءٌ، أَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ﴾[النحل: ۷۱]

[۲۲۱۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، أَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " هَاجَرَ إِبْرَاهِيْمُ بِسَارَةَ، فَدَخَلَ بِهَا قَرْيَةً فِيْهَا مَلِكٌ مِنَ الْمُلُوْكِ، أَوْ: جَبَّارٌ

مِنَ الْجَبَابِرَةِ. فَقِيْلَ: دَخَلَ إِبْرَاهِيْمُ بِامْرَأَةٍ هِىَ مِنْ أَحْسَنِ النِّسَاءِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ: أَنْ يَا إِبْرَاهِيْمُ! مَنْ هٰذِهِ الَّتِىْ مَعَكَ؟ قَالَ: أُخْتِىْ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهَا فَقَالَ: لَا تُكَذِّبِىْ حَدِيْثِىْ، فَإِنِّىْ أَخْبَرْتُهُمْ أَنَّكِ أُخْتِىْ، وَاللّٰهِ إِنْ عَلَى الْأَرْضِ مِنْ مُؤْمِنٍ غَيْرِىْ وَغَيْرُكِ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ہجرت کی، پس وہ ان کے ساتھ ایک بستی میں داخل ہوئے جس میں بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ یا فرمایا: ظالموں میں سے ایک ظالم تھا، پس کہا گیا کہ ابراہیم ایک ایسی عورت کے ساتھ آئے ہیں کہ وہ نہایت خوبصورت عورتوں میں سے ہے، پس بادشاہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف آدمی بھیجا کہ اے ابراہیم! یہ کون عورت ہے جو تیرے ساتھ ہے؟ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: میری بہن ہے، پھر وہ حضرت سارہؓ کی طرف لوٹے پس فرمایا: تم میری بات کی تکذیب نہ کرنا اس لئے کہ میں نے ان کو بتایا ہے کہ تم میری بہن ہو، بخدا! میرے اور تمہارے علاوہ زمین میں کوئی مؤمن نہیں، یعنی ایمانی رشتہ سے میں نے بہن کہا ہے۔

فَأَرْسَلَ بِهَا إِلَيْهِ، فَقَامَ إِلَيْهَا، فَقَامَتْ تَوَضَّأُ وَتُصَلِّىْ، فَقَالَتْ: اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتُ آمَنْتُ بِكَ وَبِرَسُوْلِكَ، وَأَحْصَنْتُ فَرْجِى إِلَّا عَلٰى زَوْجِىْ، فَلَا تُسَلِّطْ عَلَىَّ الْكَافِرَ، فَغُطَّ حَتَّى رَكَضَ بِرِجْلِهِ، قَالَ الْأَعْرَجُ قَالَ: أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَتْ: اللّٰهُمَّ إِنْ يَمُتْ يُقَالُ: هِىَ قَتَلَتْهُ، فَأُرْسِلَ، ثُمَّ قَامَ إِلَيْهَا، فَقَامَتْ تَوَضَّأُ وَتُصَلِّىْ، وَتَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتُ آمَنْتُ بِكَ وَبِرَسُوْلِكَ، وَأَحْصَنْتُ فَرْجِىْ إِلَّا عَلٰى زَوْجِىْ، فَلَا تُسَلِّطْ عَلَىَّ هٰذَا الْكَافِرَ، فَغُطَّ حَتَّى رَكَضَ بِرِجْلِهِ. قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: "فَقَالَتْ: اللّٰهُمَّ إِنْ يَمُتْ يُقَلْ: هِىَ قَتَلَتْهُ. فَأُرْسِلَ فِى الثَّانِيَةِ أَوْ فِى الثَّالِثَةِ.

ترجمہ: پس بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو بادشاہ کی طرف، پس اٹھا وہ سارہ کی طرف (بدنیتی سے) پس حضرت سارہؓ اٹھیں، وضو کیا اور نماز پڑھنے لگیں، اور دعا کی: اے اللہ! اگر میں آپ پر اور آپ کے رسول پر ایمان لائی ہوں اور میں نے اپنے شوہر کے علاوہ ہر کسی سے اپنے ناموس کی حفاظت کی ہے تو مجھ پر اس کافر کو مسلط نہ فرما۔ پس وہ دم گھٹنے والے کی طرح آواز نکالنے لگا، یہاں تک کہ اپنا پیر پٹخنے لگا —— حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت سارہؓ نے دعا کی: اے اللہ! اگر وہ مر گیا تو کہا جائے گا کہ سارہؓ نے اس کو قتل کر دیا، پس وہ چھوڑ دیا گیا —— پھر وہ بادشاہ حضرت سارہؓ کی طرف کھڑا ہوا (بدنیتی سے) پس وہ کھڑی ہوئیں، وضو کیا اور نماز پڑھنے لگیں، اور دعا کی: اے اللہ! اگر میں آپ پر اور آپ کے رسول پر ایمان لائی ہوں اور اپنے شوہر کے علاوہ ہر کسی سے میں نے اپنے ناموس کی حفاظت کی ہے تو مجھ پر اس کافر کو مسلط نہ فرما۔ پس وہ دم گھٹنے والے کی طرح آواز نکالنے لگا، یہاں تک کہ اپنا پیر پٹخنے لگا —— حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: پس حضرت سارہؓ نے دعا کی: اے اللہ! اگر وہ مر گیا تو کہا جائے گا کہ اس نے اس کو قتل کر دیا، پس

وہ دوسری مرتبہ یا تیسری مرتبہ چھوڑ دیا گیا۔
لغت: غَطَّ فی النوم: نیند میں خراٹے لینا............غَطَّ المخنوق: دم گھٹنے والے کی طرح آواز نکالنا۔

فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَرْسَلْتُمْ إِلَيَّ إِلَّا شَيْطَانًا، أَرْجِعُوْهَا إِلٰى إِبْرَاهِيْمَ، وَأَعْطُوْهَا آجَرَ، فَرَجَعَتْ إِلٰى إِبْرَاهِيْمَ فَقَالَتْ: أَشْعَرْتَ أَنَّ اللّٰهَ كَبَتَ الْكَافِرَ، وَأَخْدَمَ وَلِيْدَةً؟"
[انظر: ۲٦۳٥، ۳۳٥۷، ۳۳٥۸، ٥۰۸٤، ٦۹٥۰]

ترجمہ: پس اس نے کہا: بخدا! نہیں بھیجا تم نے میری طرف مگر بھوتنی کو، لوٹاؤ اس کو ابراہیم کی طرف، اور دو اس کو ہاجرہ، پس لوٹیں حضرت سارہؓ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف، پس انھوں نے کہا کہ آپ نے جانا کہ اللہ نے کافر کو لگام دیدی اور اس نے خدمت کے لئے ایک لڑکی دی۔

وضاحت: حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو جب سے پولیس والے لے گئے تھے تب سے حضرت ابراہیم علیہ السلام برابر نماز میں مشغول تھے، جب پولیس والے حضرت سارہؓ کو واپس لائے اس وقت بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نیت بندھی ہوئی تھی، اس لئے انھوں نے أشعرت کہا۔
لغت: کَبَتَ اللّٰهُ العدوَّ: دشمن کو اس کے غیظ وغضب کے باوجود پیچھے ہٹا دینا، اس کی ایک نہ چلنے دینا۔

[۲۲۱۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: اخْتَصَمَ سَعْدُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ وَعَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فِي غُلَامٍ، فَقَالَ سَعْدٌ: هٰذَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ابْنُ أَخِيْ عُتْبَةَ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَهِدَ إِلَيَّ أَنَّهُ ابْنُهُ، انْظُرْ إِلٰى شَبَهِهِ، وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ: هٰذَا أَخِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ أَبِيْ مِنْ وَلِيْدَتِهِ، فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى شَبَهِهِ، فَرَأَى شَبَهًا بَيِّنًا بِعُتْبَةَ فَقَالَ: "هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ! الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ، وَاحْتَجِبِيْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ" فَلَمْ تَرَهُ سَوْدَةُ قَطُّ. [راجع: ۲۰٥۳]

ترجمہ: فتح مکہ کے دن حضرت سعدؓ اور عبدؓ کا ایک لڑکے کے بارے میں مقدمہ خدمتِ نبوی میں آیا، حضرت سعدؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ میرا بھتیجا ہے، عتبہ کا لڑکا ہے اس نے مجھ کو ذمہ دار بنایا ہے کہ وہ اس کا لڑکا ہے، آپ دیکھیں عتبہ کے ساتھ اس کی مشابہت کو اور عبد نے کہا: یارسول اللہ! یہ میرا بھائی ہے، میرے ابا کے بستر پر جنا گیا ہے ان کی باندی سے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی مشابہت میں غور کیا تو اس کو واضح طور پر عتبہ کے ساتھ مشابہ پایا، پس آپؐ نے فرمایا: اے عبد! وہ تیرے لئے ہے، بچہ بستر کے لئے ہے اور زانی کے لئے پتھر (حرماں نصیبی) ہے، اور پردہ کریں آپ اس سے اے

سودہ! پس نہیں دیکھا اس کو حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے کبھی بھی (یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے)

[۲۲۱۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عُوْفٍ لِصُهَيْبٍ: اتَّقِ اللّٰهَ! وَلاَ تَدَّعِ إِلٰى غَيْرِ أَبِيْكَ. فَقَالَ صُهَيْبٌ: مُا يَسُرُّنِيْ أَنَّ لِيْ كَذَا وَكَذَا وَأَنِّيْ قُلْتُ ذٰلِكَ. ولٰكِنِّيْ سُرِقْتُ وَأَنَا صَبِيٌّ.

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے حضرت صُہیب رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ سے ڈرو! اور اپنے باپ کے علاوہ سے اپنا نسب مت جوڑو، حضرت صہیبؓ نے جواب دیا: نہیں خوش کرتی مجھ کو کہ میرے لئے یہ اور یہ ہو اور میں یہ بات کہوں یعنی اپنے عربی النسل ہونے کا دعوی کروں، بلکہ میں چرایا گیا تھا درانحالیکہ میں بچہ تھا۔

لغت: ادَّعى على فلانٍ: غیر باپ کی طرف منسوب کرنا۔

[۲۲۲۰-] حدثنا أَبُوْالْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ أُمُوْرًا كُنْتُ أَتَحَنَّثُ أَوْ: أَتَحَنَّتُ بِهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ: مِنْ صِلَةٍ وَعَتَاقَةٍ وَصَدَقَةٍ، هَلْ لِيْ فِيْهَا أَجْرٌ؟ قَالَ حَكِيْمٌ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَسْلَمْتَ عَلٰى مَا سَلَفَ لَكَ مِنْ خَيْرٍ" [راجع: ۱۴۳۶]

ترجمہ: حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یارسول اللہ! بتلائیں، چند کام جن کو میں زمانۂ جاہلیت میں عبادت کے طور پر کیا کرتا تھا یعنی صلہ رحمی، غلام آزاد کرنا اور خیر خیرات کرنا، کیا میرے لئے ان میں کوئی ثواب ہے؟ نبی ﷺ نے جواب دیا: أسلمتَ على ماسَلَفَ لك من خير: تم مسلمان ان خیر کے کاموں کی وجہ سے ہوئے ہو جو تم نے پہلے کئے ہیں (یہ حدیث بھی پہلے آئی ہے)

لغت: تَحَنَّث (آخر میں ثاء مثلثہ) اور تَحَنَّتَ (آخر میں تاء مثناۃ) دونوں کے معنی ہیں: عبادت کرنا۔

بَابُ جُلُوْدِ الْمَيْتَةِ قَبْلَ أَنْ تُدْبَغَ

رنگنے سے پہلے مردار کی کھالیں

مردار ناپاک ہے اس کا بیچنا خریدنا جائز نہیں، اور کھال گوشت کے حکم میں ہے، جس کو قربانی کا گوشت دے سکتے ہیں اس کو کھال بھی دے سکتے ہیں، اس لئے ائمہ اربعہ کے نزدیک مردار کی کھال رنگنے سے پہلے بیچنا خریدنا جائز نہیں، کیونکہ وہ ناپاک ہے، البتہ رنگنے سے پاک ہوجاتی ہے، پس اس کو بیچ سکتے ہیں۔

اورامام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ رنگنے سے پہلے بھی مردار کی کھال بیچ سکتے ہیں، امام زہری رحمہ اللہ کا بھی یہی مذہب ہے، اسی کو امام بخاریؒ نے اختیار کیا ہے۔ اور قرینہ اس کا یہ ہے کہ میتہ کے لئے الگ باب لائے ہیں، مگر حضرتؒ نے صاف نہیں کہا، بات مجمل رکھی ہے۔

اور باب میں حدیث یہ ہے کہ ایک بکری مرگئی، اس کو کھینچ کر گاؤں سے باہر ڈالنے کے لئے لے جارہے تھے، آپؐ نے فرمایا: اس کی کھال اتارلو، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ مردار ہے، آپؐ نے فرمایا: اس کا کھانا حرام ہے، یعنی کھال اتار کر اس سے فائدہ اٹھاسکتے ہو۔

اس حدیث میں نبی ﷺ نے ایسی کوئی تفصیل نہیں کی کہ رنگنے کے بعد فائدہ اٹھاسکتے ہو، علاوہ ازیں: إھاب کچے چمڑے کو کہتے ہیں اور حدیث سے معلوم ہوا کہ إھاب سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں اور فائدہ اٹھانے کی ایک شکل یہ ہے کہ اس کو بیچ دیا جائے اور اس کی قیمت سے فائدہ اٹھایا جائے، مگر چاروں ائمہ اس کو ناجائز کہتے ہیں۔ آگے مردار کی چربی کا حکم آرہا ہے اس کو پگھال کر بیچنا بھی جائز نہیں، پس چمڑے کا بھی یہی حکم ہے۔

ملحوظہ: آج کل ٹینیروں کا زمانہ ہے، چمڑا رنگنے والے چمار نہیں رہے، اس لئے مردار اور مذبوحہ جانوروں کے چمڑے بکتے بکتے ٹینیریوں تک پہنچتے ہیں، پھر ہاتھ سے رنگنے کی صورت میں چمڑے کی قیمت کچھ بھی نہیں رہتی، اور ٹینیریوں میں جو چمڑے رنگے جاتے ہیں ان کی قیمت زیادہ ہوتی ہے، اس لئے اس زمانہ میں جواز بیع کا حیلہ یہ ہے کہ چمڑے پر نمک لگادیا جائے یا پانی سے دھودیا جائے یا سکھادیا جائے تو دباغت ہوگئی، اب بیچنا جائز ہے۔ یا مفتیانِ کرام ضرورت کے پیش نظر امام بخاریؒ کے قول پر فتوی دیں تو بیع درست ہوسکتی ہے۔

[۱۰۱-] بَابُ جُلُوْدِ الْمَيْتَةِ قَبْلَ أَنْ تُدْبَغَ

[۲۲۲۱-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، ثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَرَّ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ فَقَالَ: " هَلَّا اسْتَمْتَعْتُمْ بِإِهَابِهَا؟" قَالُوْا: إِنَّهَا مَيِّتَةٌ، قَالَ: " إِنَّمَا حَرُمَ أَكْلُهَا" [راجع: ۱٤۹۲]

بَابُ قَتْلِ الْخِنْزِيْرِ

سور کو مار ڈالنا

ربط: اس باب کا ابواب البیوع سے ربط حاشیہ میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ جس چیز کے قتل کا حکم دیا گیا ہے اس کی بیع جائز نہیں، مگر گذشتہ باب سے ربط کے لئے یہ بات کافی نہیں۔ میرے خیال میں یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا

ہے، پچھلے باب میں یہ مسئلہ آیا ہے کہ مردار کے چمڑے سے رنگنے سے پہلے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں، پس کوئی خیال کرسکتا ہے کہ جب مردار کے چمڑے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اوراس کو بیچ سکتے ہیں تو اس کے گوشت سے، اس کی ہڈیوں سے اور بالوں وغیرہ سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں اوران کو بھی بیچ سکتے ہیں بلکہ ناپاکی میں مردار سے بڑھا ہوا خنزیر ہے اس کو بھی بیچ سکتے ہیں، اس لئے یہ باب لائے کہ خنزیر کو تو زندہ ہی نہیں چھوڑا جائے گا، جہاں ملے گا مار ڈالا جائے گا، پس جب خنزیر رہے گا ہی نہیں تو اس کے بیچنے کا کیا سوال؟ اور مردار کی کچی کھال کی بیع کا جواز نص کی وجہ سے ہے، گوشت وغیرہ کو اس پر قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

اس کے بعد جاننا چاہیئے کہ چاروں فقہاء کے نزدیک قتل خنزیر کا حکم نہیں، کیونکہ خنزیر بھی ایک امت ہیں اور کتوں کے بارے میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ اگر کتے امتوں میں سے ایک امت نہ ہوتے تو میں ان کو مار ڈالنے کا حکم دیتا، اس ارشاد سے آپؐ نے کتوں کو مار ڈالنے کا حکم اٹھا دیا، ایسے ہی خنزیر بھی ایک امت ہیں ان کو بھی مار ڈالنے کا حکم نہیں، ہاں کتا پریشان کرتا ہو تو مار ڈالیں گے، اسی طرح خنزیر پریشان کرتا ہو تو مار ڈالیں گے، لیکن بے ضرورت خنزیر کو مارنے کا حکم نہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال اس طرح ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے تو تمام خنزیروں کو قتل کردیں گے، لہٰذا خنزیر جہاں ملے اس کو مار ڈالنا چاہیئے۔

مگر حضرت رحمہ اللہ کا یہ استدلال محل نظر ہے، کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو صلیبیں بھی توڑ دیں گے، تو کیا دنیا کی سب صلیبیں توڑ دی جائیں؟ عیسائی ہمارے ملک کے شہری ہیں پھر ان کی صلیبیں کیسے توڑیں گے؟ جب وہ ہمارے شہری ہیں اور ہم نے ان کی مذہبی باتوں کو برقرار رکھا ہے تو ان کی صلیبیں بھی باقی رہیں گی، اسی طرح خنزیر ان کی بکریاں ہیں، پس ہم ان کو کیسے مار ڈالیں گے؟ اور اگر ہم سب خنزیروں کو مار ڈالیں گے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں کوئی خنزیر ہوگا ہی نہیں، پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس کو قتل کریں گے؟

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو خنزیروں کو قتل کریں گے اور صلیبوں کو توڑیں گے تو وہ عیسائیوں کی ناک زمین میں رگڑنے کے لئے ایسا کریں گے۔ ان کی صلیبیں توڑ دیں گے ان کے سوروں کو قتل کردیں گے، یا ان کے زمانہ میں عیسائی رہیں گے ہی نہیں، سب مسلمان ہوجائیں گے اس لئے ان کی سب صلیبیں توڑ دیں گے۔

اور آگے نو ابواب کے بعد حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث آرہی ہے کہ نبی ﷺ نے خنزیر کی بیع کو حرام کیا ہے، اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ خنزیر کو زندہ چھوڑنا ہی جائز نہیں: یہ استدلال بھی صحیح نہیں۔ خنزیر کا بیچنا تو اس لئے جائز نہیں کہ وہ مسلمان کے حق میں مال متقوم نہیں، پھر بیع کیسے ہوگی؟ رہا ان کو زندہ رکھنا تو وہ دیگر حرام جانوروں کی طرح ایک امت ہیں، پس ان کو بھی زندہ رہنے کا حق ہے۔

[١٠٢-] بَابُ قَتْلِ الْخِنْزِيْرِ

وَقَالَ جَابِرٌ: حَرَّمَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم بَيْعَ الْخِنْزِيْرِ.

[٢٢٢٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ لَيُوْشِكَنَّ أَنْ يَنْزِلَ فِيْكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا مُقْسِطًا، فَيَكْسِرَ الصَّلِيْبَ، وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيْرَ، وَيَضَعَ الْجِزْيَةَ، وَيَفِيْضَ الْمَالُ حَتّٰى لاَ يَقْبَلَهُ أَحَدٌ"[انظر: ٢٤٧٦، ٣٤٤٨، ٣٤٤٩]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے عنقریب تم میں مریم کے بیٹے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) انصاف پرور حاکم بن کر اتریں گے۔ پس صلیب کو توڑ ڈالیں گے، اور سور کو مار ڈالیں گے اور جزیہ موقوف کردیں گے اور مال کی ریل پیل ہوجائے گی، یہاں تک کہ کوئی اس کو قبول کرنے والا نہیں رہے گا۔

لغت: أَوْشَكَ: فعل مقارب ہے یعنی کسی فعل پر داخل ہوکر اس کے قربِ وقوع پر دلالت کرتا ہے، اس کے بعد اکثر أن کے ساتھ فعل ہوتا ہے، اور وہی أن فاء کے بعد کے افعال کو بھی نصب دیتا ہے۔

بَابٌ: لاَ يُذَابُ شَحْمُ الْمَيْتَةِ، وَلاَ يُبَاعُ وَدَكُهُ

مردار کی چربی پگھالی نہ جائے اور اس کا گھی بیچا نہ جائے

پیٹ میں سے جو چربی نکلتی ہے وہ شَحْم کہلاتی ہے اور پگھلانے کے بعد جو گھی تیار ہوتا ہے وہ وَدَك کہلاتا ہے۔ اور مردار چونکہ حرام ہے اس لئے اس کا ہر جزء حرام ہے، پس چربی کا بیچنا خریدنا بھی جائز نہیں۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شکایت پہنچی کہ ایک مسلمان نے شراب بیچی (اس نے سوچا ہوگا کہ شراب پینا تو حرام ہے مگر اس کو ضائع کرنے سے بہتر یہ ہے کہ بیچ دی جائے اور پیسوں سے فائدہ اٹھایا جائے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کا ناس ہو! یہود نے بھی تو یہی کیا تھا، ان پر مذبوحہ جانور کے پیٹ کی چربی حرام کی گئی تو انھوں نے اس کو پگھلایا اور گھی بنا کر بیچا، اور اس کا ثمن کھایا۔ نبی ﷺ نے ان پر لعنت فرمائی، پس شراب بیچ کر ثمن کھانا بھی حرام ہے اور لعنت کا سبب ہے۔

[١٠٣-] بَابٌ: لاَ يُذَابُ شَحْمُ الْمَيْتَةِ، وَلاَ يُبَاعُ وَدَكُهُ

رَوَاهُ جَابِرٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[٢٢٢٣-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ طَاوُسٌ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، يَقُوْلُ: بَلَغَ عُمَرَ أَنَّ فُلاَنًا بَاعَ خَمْرًا، فَقَالَ: قَاتَلَ اللّٰهُ فُلاَنًا! أَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ

رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" قَاتَلَ اللّٰہُ الْیَھُوْدَ! حُرِّمَتْ عَلَیْھِمُ الشُّحُوْمُ، فَجَمَلُوْھَا فَبَاعُوْھَا"

[انظر: ۳٤٦۰]

[۲۲۲٤-] حدثنا عَبْدَانُ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ، أَخْبَرَنَا یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِھَابٍ، سَمِعْتُ سَعِیْدَ بْنَ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" قَاتَلَ اللّٰہُ یَھُوْدًا! حُرِّمَتْ عَلَیْھِمُ الشُّحُوْمُ فَبَاعُوْھَا، وَأَکَلُوْا أَثْمَانَھَا"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ: قَاتَلَھُمُ اللّٰہُ: لَعَنَھُمْ ﴿قُتِلَ﴾: لُعِنَ ﴿الْخَرَّاصُوْنَ﴾: الْکَذَّابُوْنَ.

لغات: قاتلھم اللہ: محاورہ ہے اس کے معنی ہیں: لعنھم اللہ، تعالیٰ ان کو اپنی رحمت سے دور کریں، لعنت کا یہی مفہوم ہے .... الْخَرَّاصُوْن کے معنی ہیں: الکذّابون: مہا جھوٹے، بے سند باتیں کرنے والے، یہ دونوں لفظ سورۃ الذاریات آیت: ۱۰ میں آئے ہیں .... جَمَلَ الشحمَ وَأَجْمَلَ: چربی کو پگھلانا۔

بَابُ بَیْعِ التَّصَاوِیْرِ الَّتِیْ لَیْسَ فِیْھَا رُوْحٌ، وَمَا یُکْرَہُ مِنْ ذٰلِکَ

غیر جاندار کی تصویریں بیچنا، اور جو تصویریں مکروہ ہیں

غیر جاندار کی تصویریں بیچنا خریدنا جائز ہے، اور جاندار کی تصویریں بنانا، بیچنا اور خریدنا ناجائز ہے۔

حدیث: ایک شخص حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا، اس نے عرض کیا: میں ایک ایسا انسان ہوں جس کا گذارہ دست کاری پر ہے، میں کاری گر ہوں اور تصویر بناتا بیچتا ہوں، اور اس سے گذارہ کرتا ہوں، پس اس کا کیا حکم ہے؟ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: میں اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتا۔ حدیث سناتا ہوں، نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص کوئی بھی (جاندار کی) تصویر بنائے گا تو قیامت کے دن اس کی تمام تصویریں حاضر کی جائیں گی اور اس سے کہا جائے گا کہ اپنی تصویروں کو پایۂ تکمیل تک پہنچا، ان میں روح ڈال، جب تک وہ ان میں روح نہیں ڈالے گا —— اور وہ کبھی بھی ان میں روح نہیں ڈال سکتا —— فرشتے پٹائی کرتے رہیں گے"

جب حضرت ابن عباسؓ نے یہ حدیث سنائی تو وہ پھول کر کپّا ہوگیا، اس کا چہرہ زرد پڑ گیا، حضرت ابن عباسؓ سمجھ گئے، پس فرمایا: تیرا ناس ہو! اگر تجھے تصویریں بنانی ہی ہیں تو غیر جاندار کی تصویریں بنا، اور ان کو بیچ، جملہ کل شیئ: الشجر سے بدل ہے، یعنی درخت وغیرہ کی تصویر بنا، اور اس کی آمدنی سے گذارہ کر۔

جاننا چاہئے کہ جاندار کی تصویریں بنانے کی حرمت دو وجہ سے ہے: ایک: اس سے شرک کا دروازہ کھلتا ہے، لوگ بڑوں کی تصویریں بنا کر احترام سے رکھتے ہیں، پھر جب جہالت کا دور شروع ہوتا ہے تو ان کی پوجا شروع ہوجاتی ہے، آج کل دیوبند میں بعض فوٹو گرافر اکابر کی تصویریں بنا کر بیچتے ہیں، اور لوگ شوق سے خریدتے ہیں، یہ خطرہ کی گھنٹی ہے، اللہ نہ کرے

کہ کل ان کی پوجا شروع ہوجائے!

دوسری وجہ: جاندار کی تصویریں فواحش کے پھیلنے کا ذریعہ ہیں، آج پوری دنیا فواحش سے بھرگئی ہے، ٹی وی اور اخبار وغیرہ میں ایسی دل کش عورتوں کی تصویریں آتی ہیں کہ لوگ دیکھتے ہی رہ جاتے ہیں اور اسی کے لئے اخبار خریدتے ہیں۔

[۱۰۴-] بَابُ بَيْعِ التَّصَاوِيْرِ الَّتِي لَيْسَ فِيْهَا رُوْحٌ، وَمَا يُكْرَهُ مِنْ ذٰلِكَ

[۲۲۲۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا عَوْفٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ، إِذْ أَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبَّاسٍ! إِنِّي إِنْسَانٌ، إِنَّمَا مَعِيْشَتِي مِنْ صَنْعَةِ يَدِي، وَإِنِّي أَصْنَعُ هٰذِهِ التَّصَاوِيْرَ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لاَ أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً فَإِنَّ اللّٰهَ مُعَذِّبُهُ، حَتَّى يَنْفُخَ فِيْهَا الرُّوْحَ، وَلَيْسَ بِنَافِخٍ فِيْهَا أَبَدًا" فَرَبَا الرَّجُلُ رَبْوَةً شَدِيْدَةً، وَاصْفَرَّ وَجْهُهُ فَقَالَ: وَيْحَكَ إِنْ أَبَيْتَ إِلَّا أَنْ تَصْنَعَ، فَعَلَيْكَ بِهٰذَا الشَّجَرِ، كُلِّ شَيْئٍ لَيْسَ فِيْهِ رُوْحٌ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدَةَ، عَنْ سَعِيْدٍ، قَالَ سَمِعْتُ النَّضْرَ بْنَ أَنَسٍ، قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: سَمِعَ سَعِيْدُ بْنُ أَبِي عَرُوْبَةَ مِنَ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ هٰذَا الْوَاحِدَ[انظر: ۵۹۶۳، ۷۰۴۲]

لغت: رَبَا (ن) الشیئُ رَبْوًا: بڑھنا، پھولنا............ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی کنیت، ابوعباس بھی ہے، ان کے بیٹے کا نام عباس تھا۔

سند کا بیان: پہلی سند عوف اعرابی کی ہے، وہ حضرت حسن بصریؒ کے بھائی سعید بن ابی الحسنؒ سے روایت کرتے ہیں۔ بخاری شریف میں سعید کی یہی ایک روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں: میں حضرت ابن عباسؓ کی خدمت میں حاضر تھا (الی آخرہ) اور دوسری سند محمد بن سلام کی ہے، وہ عبدۃ بن سلیمان سے روایت کرتے ہیں، اور وہ سعید بن ابی عروبہ سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: میں نے نضر بن انسؒ سے سنا کہ میں ابن عباسؓ کے پاس حاضر تھا (الی آخرہ) پس یہ حدیث کی دوسری سند ہے، پھر امام بخاریؒ نے فرمایا کہ سعید بن ابی عروبہ نے نضر سے یہی ایک حدیث سنی ہے۔

بَابُ تَحْرِيْمِ التِّجَارَةِ فِي الْخَمْرِ

شراب کا کاروبار حرام ہے

جس طرح خنزیر مسلمان کے حق میں مال متقوم نہیں، اسی طرح شراب بھی مال متقوم نہیں، اس لئے مسلمان نہ شراب بیچ سکتا ہے، نہ خرید سکتا ہے، اور غیر مسلموں کے حق میں شراب سرکہ کی طرح مال متقوم ہے، پس غیر مسلم آپس میں شراب بیچ

خرید سکتے ہیں۔

[۱۰۵-] بَابُ تَحْرِيْمِ التِّجَارَةِ فِى الْخَمْرِ

وَقَالَ جَابِرٌ: حَرَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْعَ الْخَمْرِ.

[۲۲۲٦-] حدثنا مُسْلِمٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِى الضُّحى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ: لَمَّا نَزَلَتْ آيَاتُ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ مِنْ آخِرِهَا خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: حُرِّمَتِ التِّجَارَةُ فِى الْخَمْرِ. [ر: ٤٥٩]

حوالہ: حدیث کی شرح کتاب الصلوٰۃ (آداب المساجد) باب ۷۳ (تحفۃ القاری ۲: ۳۱۰) میں گذر چکی ہے۔

بَابُ إِثْمِ مَنْ بَاعَ حُرًّا

آزاد کو بیچنے کا گناہ

کسی آزاد شخص کو پکڑ کر بیچ دیا تو بیع باطل ہے اور یہ گناہ کبیرہ ہے۔ اس لئے کہ آزاد کسی کے حق میں بھی مال نہیں، اور آزاد کو غلام بتا کر بیچنا کتنا بڑا گناہ ہے؟ اس کا باب کی حدیث سے اندازہ ہوجائے گا۔

حدیثِ قدسی: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: قیامت کے دن تین شخصوں کی طرف سے میں خود دعوی دائر کروں گا، جیسے دنیا میں کبھی خود حکومت دعوی دائر کرتی ہے اسی طرح میدانِ قیامت میں جب کورٹ قائم ہوگی تو ان تین شخصوں کی طرف سے اللہ تعالیٰ خود دعوی داخل کریں گے: ایک: جس نے اللہ تعالیٰ کے نام سے کسی کو پناہ دی، پھر بے وفائی کی، اور اس کو قتل کردیا۔ دوم: جس نے کسی آزاد کو غلام بتا کر بیچ دیا۔ سوم: نوکر رکھا دن بھر کام لیا پھر جب اجرت دینے کا وقت آیا تو ٹکا سا جواب دیدیا، مزدور بے چارہ مجبور ہوکر چلا گیا۔ ان تین شخصوں کی طرف سے اللہ تعالیٰ خود دعوی دائر کریں گے، اور جس کے خلاف اللہ تعالیٰ دعویدار ہوں اس کو کہاں پناہ مل سکتی ہے!

[۱۰٦-] بَابُ إِثْمِ مَنْ بَاعَ حُرًّا

[۲۲۲۷-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مَرْحُوْمٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِى سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " قَالَ اللّٰهُ: ثَلَاثَةٌ أَنَا خَصْمُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: رَجُلٌ أَعْطَى بِى ثُمَّ غَدَرَ، وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَأَكَلَ ثَمَنَهُ، وَرَجُلٌ اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا فَاسْتَوْفَى مِنْهُ، وَلَمْ يُعْطِهِ أَجْرَهُ"

وضاحت: رجل أعطى بى: میں مفعول محذوف ہے أی أعطى العهدَ باسمی، ثم نقض العهد، وقتله۔

بَابُ أَمْرِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم الْیَهُوْدَ بِبَیْعِ أَرَضِیْهِمْ حِیْنَ أَجْلاَهُمْ

جب نبی ﷺ نے یہود کو جلاوطن کیا تو ان کو ان کی زمینیں بیچنے کا حکم دیا

بنونضیر یہود کا ایک قبیلہ تھا، جب نبی ﷺ نے ان کو جلاوطن کرنے کا ارادہ کیا تو ان سے کہا: تمہاری جو املاک ہیں وہ بیچ کر پیسے بنالو، اور مدینہ سے چلے جاؤ، معلوم ہوا کہ غیر مسلموں کے پاس بھی املاک ہوتی ہیں، وہ ان کے مالک ہیں، اور ان کو بیچ سکتے ہیں۔

اور دلیل میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث پیش کی ہے جو آگے کتاب الجہاد (حدیث ۳۱۶۷) میں آرہی ہے، مگر اس کی دوسری سند نہیں تھی، اس لئے صرف حوالہ دیا ہے۔ یہاں غور طلب بات یہ ہے کہ اُس حدیث میں: فَمَنْ یَجِدْ مِنْکُمْ بمالِه شَیْئًا فَلْیَبِعْهُ: ہے، زمینوں کا تذکرہ نہیں ہے، اور لفظ مال کا اطلاق اگرچہ زمینوں پر بھی ہوسکتا ہے مگر ان کی تمام زمینیں مالِ فئ قرار دی گئی تھیں۔ پس مال سے مراد منقولات ہیں، یعنی ساز وسامان، پس باب میں زمینوں کا تذکرہ تسامح ہے۔ اور أَرَضِیْنَ (راء کے زبر کے ساتھ) أَرْض (راء کے سکون کے ساتھ) کی جمع سالم ہے، اور نون اضافت کی وجہ سے حذف ہوا ہے، مگر مفرد کا وزن جمع میں باقی نہیں رہا، اس لئے یہ جمع شاذ ہے۔

[۱۰۷-] بَابُ أَمْرِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم الْیَهُوْدَ بِبَیْعِ أَرَضِیْهِمْ حِیْنَ أَجْلاَهُمْ
فِیْهِ الْمَقْبُرِیُّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ.

بَابُ بَیْعِ الْعَبِیْدِ بِالْعَبْدِ وَالْحَیْوَنِ بِالْحَیْوَانِ نَسِیْئَةً

غلاموں کو غلام کے بدل، اور جانور کو جانور کے بدل ادھار بیچنا

جانور ربوی نہیں، ربوی چیزیں صرف مکیلی اور موزونی ہیں، اور جو چیزیں ہاتھ سے ناپ کر یا گن کر بیچی جاتی ہیں وہ ربوی نہیں، اور حیوانات گن کر بیچے جاتے ہیں پس وہ ربوی نہیں۔ (۱)

اور اس باب میں دو مسئلے ہیں: ایک ضمنی ہے دوسرا بنیادی:

ضمنی مسئلہ: حیوانات کی بیع کمی بیشی کے ساتھ جائز ہے، ایک بکرا دے کر دو بکرے لے سکتے ہیں۔

---

(۱) یہاں اگر کوئی کہے کہ اب تو مرغیاں تول کر بیچی جاتی ہیں، پورا ٹرک تولا جاتا ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس تولنے سے مقصود تقدیرِ ثمن (قیمت کا اندازہ کرنا) ہوتا ہے، ہر مرغی کی الگ قیمت کرنا مشکل ہے، اس لئے ٹرک تولا جاتا ہے، پھر ٹرک کا وزن کم کر کے مرغیوں کی قیمت طے کرلی جاتی ہے، پس یہ تولنا تقدیرِ ثمن کے لئے ہے اور اگر حقیقۃً تولنا ہی مقصود ہو تو پھر حیوان کی بیع تول کر درست نہیں۔

بنیادی مسئلہ: حیوانات کی بیع میں اگر دونوں عوض نقد ہوں تو بالاتفاق بیع درست ہے، اور اگر دونوں عوض ادھار ہوں تو بالاتفاق بیع درست نہیں، کیونکہ یہ بیع کالیٔ بالکالیٔ ہے جس کی حدیث میں ممانعت آئی ہے۔ اور اگر ایک عوض نقد ہو اور دوسرا ادھار تو اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی، امام مالک اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک بیع درست ہے، اور احناف وحنابلہ کے نزدیک درست نہیں۔

اور امام بخاریؒ نے اپنے موقف پر درج ذیل دلائل پیش کئے ہیں:

پہلی دلیل: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک راحلہ (سواری کا اونٹ) خریدا، اس کے بدلے میں چار (عام) اونٹ دیئے، راحلہ پر تو حضرت نے فوراً قبضہ کر لیا اور اس کی قیمت میں جو چار اونٹ دینے تھے وہ اپنے ذمہ لے لئے، مضمونة کے معنی ہیں: ذمہ پر لے لینا۔ فرمایا: وہ چار اونٹ میں رَبذہ گاؤں میں دوں گا، وہاں میرے اونٹ چر رہے ہیں، پس ایک عوض نقد ہے اور دوسرا ادھار، معلوم ہوا کہ یہ جائز ہے۔

دوسری دلیل: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کبھی ایک اونٹ دو اونٹوں کی قیمت کے برابر ہوتا ہے، پس حیوانات میں کمی بیشی جائز ہے۔

تیسری دلیل: حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے ایک اونٹ دو اونٹوں کے بدلے میں خریدا اور ثمن کے جو دو اونٹ تھے ان میں سے ایک اونٹ فوراً دیدیا اور دوسرے کے بارے میں کہا کہ وہ ان شاء اللہ آئندہ کل اطمینان سے دوں گا۔ رَهْوًا کے معنی ہیں: اطمینان سے۔

چوتھی دلیل: حضرت سعید بن المسیبؒ کا فتوی ہے کہ حیوانات ربوی نہیں، پس ایک بکری دو بکری کے بدلے میں اور ایک اونٹ دو اونٹ کے بدلے میں ادھار (بھی) بیچ سکتے ہیں۔

پانچویں دلیل: محمد بن سیرینؒ نے فرمایا: ایک اونٹ دو اونٹوں کے بدل اور درہم درہم کے بدل ادھار بیچ سکتے ہیں۔

ملحوظہ: درہم درہم کے بدل ادھار نہیں بیچ سکتے، یہ بیع صرف ہے، مگر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا پہلے فتوی تھا: لا ربوا إلا في النسيئة: اس فتوی کی بنیاد پر ابن سیرینؒ نے یہ بات فرمائی ہے۔

چھٹی دلیل: ام المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا پہلے حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کے حصہ میں آئی تھیں، نبی ﷺ نے ان کو سات یا نو بردے دے کر لیا تھا، معلوم ہوا کہ حیوان میں کمی بیشی جائز ہے۔

دلائل پر ایک نظر:

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے جو دلائل پیش کئے ہیں وہ سب آثار ہیں، صرف آخری دلیل حدیث ہے، مگر اس کا تعلق کمی بیشی کے مسئلہ سے ہے ادھار کے مسئلہ سے نہیں ہے اور احناف اور حنابلہ کی دلیل مرفوع صحیح حدیث ہے، جو ترمذی میں ہے (حدیث ۱۲۲۱) نهى النبيُّ صلى الله عليه وسلم عن بيع الحيوان بالحيوان نَسِيْئَةً۔ حضرت سمرہؓ کی یہ حدیث حسن

صحیح ہے، کیونکہ حضرت حسن بصریؒ کا سماع حضرت سمرۃؓ سے ثابت ہے۔

دوسری حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: الحیوانُ: اثْنَیْنِ بواحدٍ، لایَصْلُح نِسْئًا، ولاَ بَأْس به یدًا بیدٍ: اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے حسن کہا ہے، پس احادیث مرفوعہ کی موجودگی میں آثار سے استدلال درست نہیں۔ اور ان حدیثوں کی یہ تاویل کرنا کہ دونوں عوض ادھار مراد ہیں، اپاہج تاویل ہے، چل نہیں سکتی۔

اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ نے جس مرفوع حدیث سے استدلال کیا ہے وہ یہ ہے: اسْتَقْرَضَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم سِنًّا فَأَعْطٰی سِنًّا خیراً مِنْ سِنِّه: اور قرض میں ایک عوض ادھار ہوتا ہے اور قرض اور بیع کا معاملہ یکساں ہے، پس بیع میں بھی ایک عوض ادھار ہوسکتا ہے، مگر یہ حدیث درحقیقت قرض لینے کی نہیں ہے، ادھار خریدنے کی ہے، ایک جہاد کے موقع پر سواریوں کی ضرورت تھی، چنانچہ اونٹ ادھار خریدے گئے، پھر جب زکوٰۃ میں اونٹ آئے تو قیمت دینے کے بجائے جنس دی گئی، اور بہتر اونٹ دیئے گئے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۴: ۲۴۵) میں ہے۔

[۱۰۸-] بَابُ بَیْعِ الْعَبِیْدِ بِالْعَبْدِ وَالْحَیْوَانِ بِالْحَیْوَانِ نِسِیْئَةً

[۱-] وَاشْتَرَی ابْنُ عُمَرَ رَاحِلَةً بِأَرْبَعَةِ أَبْعِرَةٍ مَضْمُوْنَةٍ عَلَیْهِ، یُوَفِّیْهَا صَاحِبَهَا بِالرَّبَذَةِ.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَدْ یَکُوْنُ الْبَعِیْرُ خَیْرًا مِنَ الْبَعِیْرَیْنِ.

[۳-] وَاشْتَرَی رَافِعُ بْنُ خَدِیْجٍ بَعِیْرًا بِبَعِیْرَیْنِ فَأَعْطَاهُ أَحَدَهُمَا، وَقَالَ: آتِیْكَ بِالآخَرِ غَدًا رَهْوًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

[۴-] وَقَالَ ابْنُ الْمُسَیَّبِ: لَارِبَا فِی الْحَیْوَانِ، الْبَعِیْرُ بِالْبَعِیْرَیْنِ، والشَّاةُ بِالشَّاتَیْنِ إِلٰی أَجَلٍ.

[۵-] وَقَالَ ابْنُ سِیْرِیْنَ: لَا بَأْسَ بَعِیْرٌ بِبَعِیْرَیْنِ وَدِرْهَمٌ بِدِرْهَمٍ نَسِیْئَةً.

[۲۲۲۸-] حدثنا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: کَانَ فِیْ السَّبْیِ صَفِیَّةُ، فَصَارَتْ إِلٰی دِحْیَةَ الْکَلْبِیِّ. ثُمَّ صَارَتْ إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.[راجع: ۳۷۱]

قوله: مضمونة: صفةُ راحلةٍ، أی تکون فی ضمان البائع حتی یوفیها (فتح)............قوله: رَهْوًا: أی سَهْلاً والرهو: السیر السهل، والمراد به ههنا: أن یأتیه به سریعاً من غیر مَطَل (فتح)

بَابُ بَیْعِ الرَّقِیْقِ

غلاموں کو بیچنا

غلام باندی کو بیچ سکتے ہیں اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں ایک انصاری صحابی نے مسئلہ پوچھا کہ جنگ میں فوجی کے حصہ میں باندی آتی ہے اور وہ چاہتا ہے کہ گھر لوٹ کر اس کو بیچ دے اور سفر میں وہ بغیر بیوی کے ہے، باندی کے استعمال کی اس کو ضرورت ہے۔ پس اگر استعمال کرے اور حمل ٹھہر جائے تو وہ ام ولد بن جائے گی۔ اس لئے اس کو بیچ نہیں سکے گا، پس کیا ہم عزل کر سکتے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: کیا اور تم اس طرح کرتے ہو یعنی اس طرح کرنے کا ارادہ رکھتے ہو، اگر تم عزل نہ کرو تو کیا حرج ہے، کیونکہ جس کو دنیا میں آنا ہے: آنا ہے عزل کرو یا نہ کرو جو مقدر ہے وہ ہو کر رہے گا۔ اس حدیث کا یہ جملہ کہ فوجی گھر جا کر باندی کو بیچنا چاہتا ہے، باب کی دلیل ہے، اس سے معلوم ہوا کہ غلام باندی کو بیچ سکتے ہیں، اور عزل کا مسئلہ کتاب النکاح کا مسئلہ ہے، تحفۃ القاری (۵۶۹:۳) میں یہ مسئلہ تفصیل سے آیا ہے۔

[۱۰۹-] بَابُ بَيْعِ الرَّقِيْقِ

[۲۲۲۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ مُحَيْرِيْزٍ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا نُصِيْبُ سَبْيًا، فَنُحِبُّ الْأَثْمَانَ، فَكَيْفَ تَرٰى فِي الْعَزْلِ؟ فَقَالَ: "أَوَ إِنَّكُمْ تَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ؟ لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوْا ذٰلِكُمْ، فَإِنَّهَا لَيْسَتْ نَسْمَةٌ كَتَبَ اللّٰهُ أَنْ تَخْرُجَ إِلَّا هِيَ خَارِجَةٌ"

قوله: بينما هو جالس: يوهم أنه السائل، وليس كذلك، بل وقع في السياق حذف كمافي رواية النسائي (فتح)

بَابُ بَيْعِ الْمُدَبَّرِ

مدبر کو بیچنا

صغانی اور نسفی کے نسخوں میں یہاں باب نہیں ہے، اس باب کی سب حدیثیں اوپر والے باب میں ہیں، اور آگے کتاب العتق میں یہی باب آرہا ہے۔

مدبر وہ غلام ہے جس سے آقا نے کہہ دیا ہو: أنتَ حُرٌّ عن دُبُرٍ مِّنِّي: میرے مرنے کے بعد تو آزاد ہے۔ تدبیر کے بعد بھی مدبر: غلام ہی رہتا ہے، لیکن اب اس کو نہ بیچ سکتے ہیں، نہ ہبہ کر سکتے ہیں، اور نہ کسی اور طرح سے —— آزاد کرنے کے علاوہ —— آقا کی ملکیت سے نکل سکتا ہے، پھر جب آقا مرے گا تو وہ آزاد ہو جائے گا۔

پھر تدبیر کی دو قسمیں ہیں: مطلق اور مقید، مطلق یہ ہے کہ آقا کہے کہ میں جب بھی مروں تو تو آزاد ہے، اور مقید یہ ہے کہ آقا کہے کہ میں سفر حج میں جا رہا ہوں اگر اس سفر میں مر جاؤں تو تو آزاد ہے، پس اگر آقا سفر حج میں نہیں مرا تو تدبیر ختم ہوگئی، آقا اس کو بیچ سکتا ہے اور اگر سفر حج میں مر گیا تو وہ آزاد ہو گیا، اب بیچنے کا سوال ہی نہیں۔

اور مدبر مطلق کو آقا کے مرنے کے بعد بالاتفاق فروخت کرنا جائز نہیں، کیونکہ وہ موت کے ساتھ ہی آزاد ہوجائے گا، البتہ آقا کی حیات میں فروخت کرسکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک فروخت کرنا جائز ہے اور امام مالک اور امام ابوحنیفہ رحمہما اللہ کے نزدیک مدبر مطلق کو فروخت کرنا جائز نہیں، کیونکہ وہ اگرچہ فی الحال آزاد نہیں ہوا مگر آزادی کا اس کو استحقاق حاصل ہوگیا ہے، پس اس کی بیع جائز نہیں، البتہ امام مالکؒ فرماتے ہیں: اگر مدبر بنانے سے پہلے آقا مدیون ہو اور غلام دین میں مشغول ہو یعنی اس غلام کو بیچ کر ہی قرض ادا کیا جاسکتا ہو، قرض کو ادا کرنے کی کوئی اور صورت نہ ہو تو آقا اس مدبر غلام کو بیچ سکتا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک آقا کو یہ حق حاصل نہیں، البتہ قاضی تدبیر فسخ کرکے غلام کو بیچ سکتا ہے۔

حدیث: ایک انصاری صحابی نے جن کا نام ابو مذکور تھا، اپنے غلام یعقوب کو مدبر بنایا چونکہ ان کے پاس اس غلام کے علاوہ دوسرا کوئی مال نہیں تھا اس لئے آنحضور ﷺ نے اس کو نعیم بن نحام کے ہاتھ فروخت کردیا، وہ قبطی غلام (مصر کا باشندہ) تھا اور وہ ہمیشہ غلام ہی رہا۔ حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے پہلے سال میں اس کا انتقال ہوا (یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو کتاب میں مختصر آئی ہے)

تشریح: اس حدیث سے امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ نے استدلال کیا ہے کہ وہ غلام مدبر مطلق تھا اور آنحضور ﷺ نے اس کو فروخت کیا، معلوم ہوا کہ مدبر مطلق کو فروخت کرسکتے ہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کا جواب یہ ہے کہ وہ غلام دین میں مشغول تھا اس لئے فروخت کیا گیا، اس سے ہر مدبر مطلق کی بیع کا جواز ثابت نہیں ہوتا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کو آنحضور ﷺ نے یعنی قاضی نے فروخت کیا تھا، مولیٰ نے فروخت نہیں کیا تھا، اور وہ مدبر جو دین میں مشغول ہو قاضی تدبیر فسخ کرکے اس کو فروخت کرسکتا ہے، البتہ مولیٰ کو یہ حق نہیں۔ غرض یہ حدیث کسی کے بھی معارض نہیں اور اختلاف نص فہمی کا ہے۔

[۱۱۰-] بَابُ بَيْعِ الْمُدَبَّرِ

[۲۲۳۰-] حدثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: بَاعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمُدَبَّرَ. [راجع: ۲۱۴۱]

[۲۲۳۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: بَاعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۱۴۱]

[۲۲۳۲و۲۲۳۳-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا يَعْقُوْبُ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ، وَأَبَا هُرَيْرَةَ، أَخْبَرَاهُ، أَنَّهُمَا سَمِعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه

وسلم يُسْأَلُ عَنِ الْأَمَةِ تَزْنِيْ، وَلَمْ تُحْصَنْ، قَالَ:" اجْلِدُوْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ بِيْعُوْهَا بَعْدَ الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ"[راجع: ۲۱۵۲]

[۲۲۳٤-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا، فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ، وَلاَ يُثَرِّبْ عَلَيْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ، وَلاَ يُثَرِّبْ عَلَيْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتِ الثَّالِثَةَ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَبِعْهَا، وَلَوْ بِحَبْلٍ مِنْ شَعَرٍ"[راجع: ۲۱۵۲]

وضاحت: آخری حدیث ابھی آئی ہے۔اوراس کی شرح کی جاچکی ہے،اس میں مدبر کا ذکر نہیں، پس یا تو یہ کہا جائے کہ حدیث باب بیع الرقیق کی ہے یا یہ کہا جائے کہ یہ زنا کار باندی مدبرہ بھی ہوسکتی ہے،اور آپؐ نے اس کو بیچ دینے کا حکم دیا،معلوم ہوا کہ مدبر کی بیع درست ہے۔

بَابٌ: هَلْ يُسَافِرُ بِالْجَارِيَةِ قَبْلَ أَنْ يَّسْتَبْرِئَهَا؟

استبراءرحم سے پہلے باندی کے ساتھ سفر کیا جاسکتا ہے؟

اسْتَبْرَأَ من كذا کے لغوی معنی ہیں: پاکی چاہنا۔اور اصلاحی معنی ہیں: جب باندی میں ملکیت بدلے تو ایک حیض کا انتظار کرنا، تاکہ معلوم ہوجائے کہ اس کی بچہ دانی حمل سے خالی ہے، اب باندیوں کا زمانہ نہیں رہا، جب باندیاں تھیں تو جو نکاح کے احکام تھے وہی باندیوں کے بھی تھے، مثلاً دو باندیاں بہنیں ہوں تو مولیٰ دونوں کو صحبت میں جمع نہیں کرسکتا، اور باندی مسلمان، یہودی یا عیسائی ہو تو ہی مولیٰ صحبت کرسکتا ہے۔ ہندو یا مجوسی ہو تو صحبت نہیں کرسکتا۔اور جب باندیوں میں ملکیت بدلتی تھی تو استبراءرحم واجب تھا، کیونکہ امکان تھا کہ پہلے آقا کی صحبت سے حمل ٹھہر گیا ہو، اور ابھی حمل ظاہر نہ ہوا ہو، پس اگر دوسرا آقا مالک ہوتے ہی صحبت کرے گا اور بچہ پیدا ہوگا تو یہ جاننا مشکل ہوگا کہ بچہ کس کا ہے، پہلے آقا کا یا دوسرے آقا کا؟ اس لئے ایک حیض تک انتظار کرنا پڑتا تھا۔

یہ تو صحبت کرنے کا مسئلہ ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔ رہا دواعی صحبت کا معاملہ یعنی بوس و کنار مباشرت (ساتھ لٹانا) اور ساتھ سفر کرنا (سفر میں مولیٰ باندی کے ساتھ ایک خیمہ میں قیام کرے گا) یہ دواعی: استبراءرحم سے پہلے جائز ہیں یا نہیں؟ اس مسئلہ میں علماء کی رائیں مختلف ہیں۔اور امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، ہل چلایا ہے، بیچ نہیں ڈالا یعنی دوٹوک بات نہیں کہی، مگر باب میں جو آثار، آیت اور حدیث لائے ہیں اس سے سفر کے جواز کی طرف رجحان معلوم ہوتا ہے۔

پہلا اثر: حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں: دواعی صحبت کی گنجائش ہے، پس ساتھ سفر کرنا بھی جائز ہے۔

دوسرا اثر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے دو باتیں فرمائی ہیں۔امام صاحب نے ان کو ملا دیا ہے۔

پہلی بات: باندی اگر (بالغہ یا) ایسی مراہقہ ہے جس سے صحبت کی جاسکتی ہے: اس باندی کو اگر کوئی ہبہ کرے یا بیچی جائے (اور ملکیت بدلے) یا آزاد کی جائے اور وہ نکاح کرنا چاہے تو استبراء رحم ضروری ہے۔
دوسری بات: کنواری باندی میں استبراء رحم ضروری نہیں، کیونکہ علوق کا احتمال نہیں، پس ایسی باندی کے ساتھ سفر کرنا جائز ہے۔
تیسرا اثر: حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر باندی خریدی یا بخشش میں ملی اور وہ حاملہ ہے تو جب تک وضع حمل نہ ہو جائے دوسرا آقا اس سے صحبت نہیں کرسکتا، لیکن صحبت سے نیچے کے معاملات مثلاً چومنا، ہاتھ لگانا وغیرہ میں کوئی حرج نہیں، پس باندی کے ساتھ سفر کرنا بھی جائز ہے۔
آیت کریمہ: قرآنِ کریم میں دو جگہ (المؤمنون آیات: ۵-۷، المعارج، آیات: ۲۹-۳۱) مؤمنین کی صفات میں یہ بات آئی ہے کہ وہ اپنی شرم گاہوں کی حفاظت رکھنے والے ہیں، لیکن اپنی بیویوں سے یا اپنی شرعی باندیوں سے (حفاظت نہیں کرتے) کیونکہ ان پر اس میں کوئی الزام نہیں، ہاں جو اس کے علاوہ کا طلب گار ہو ایسے لوگ ہی حد شرعی سے نکلنے والے ہیں۔
ان آیات سے باندیوں سے مطلقاً فائدہ اٹھانا جائز ثابت ہوتا ہے، پھر دوسرے دلائل سے استبراء رحم سے پہلے صحبت کا عدم جواز ثابت ہوا، تو دواعی اس آیت کی رو سے جائز ہونگے، پس اس کے ساتھ سفر بھی جائز ہوگا۔
حدیث: ام المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا پہلے حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کے حصہ میں گئی تھیں، پھر نبی ﷺ نے نو یا سات بردے دے کر ان کو خرید لیا، پھر جب واپسی ہوئی تو وہ سفر میں آپ کے ساتھ تھیں، معلوم ہوا کہ استبراء رحم سے پہلے باندی کے ساتھ سفر کرنا جائز ہے، ان کو خیبر کے قیام کے زمانہ میں حیض شروع ہوا، راستہ میں سد الروحاء میں وہ پاک ہوئیں پس آپ نے ان کو آزاد کر کے ان سے نکاح کرلیا۔ اور حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا نے ان کو سنوار کر پیش کیا، اور زفاف عمل میں آیا، پھر آپؐ نے ان کے پردے کا اہتمام فرمایا، آپؐ نے اونٹ پر اپنے پیچھے اینڈوا بنا کر ان کو باپردہ بٹھایا۔ اس سے پہلے ان کے لئے پردہ کا اہتمام نہیں کیا تھا، کیونکہ اس وقت وہ باندی تھیں۔
عقلی دلیل: جب کوئی شخص کسی باندی کا مالک ہوگیا تو آیت کریمہ کی رو سے اور قیاس کی رو سے ہر معاملہ باندی کے ساتھ جائز ہے، پھر صحبت کا عدم جواز بالذات ہے اور وہ دوسرے دلائل سے ثابت ہے، کیونکہ اس میں علوق کا احتمال ہے اور نسب میں اختلاط کا اندیشہ ہے، مگر دواعی صحبت میں ایسا کوئی اندیشہ نہیں اس لئے اس کا لذاتہ جواز ہے، اور دواعی میں ساتھ سفر کرنا بھی ہے۔
مگر جمہور یعنی ائمہ اربعہ استبراء رحم سے پہلے دواعی صحبت کو بھی جائز نہیں کہتے، وہ دواعی کو صحبت کے حکم میں رکھتے ہیں، کیونکہ دواعی کے بعد جماع سے بچنا مشکل امر ہے اور شریعت میں اس کی بہت مثالیں ہیں کہ سبب ظاہری کو سبب خفی کے قائم مقام گردانا جاتا ہے، جیسے نوم ناقض وضوء ہے، خروج ریح کا مظنہ ہونے کی وجہ سے، اور نیند میں اس کا ادراک مشکل ہے

اس لئے چت لیٹ کرسونے کو جو ظاہری سبب ہے حقیقی سبب کی جگہ رکھا گیا ہے، اب سوتے ہی وضوٹوٹ جائے گا، چاہے نفس الامر میں ریح نہ نکلی ہو۔

[۱۱۱-] بَابٌ: هَلْ يُسَافِرُ بِالْجَارِيَةِ قَبْلَ أَنْ يَّسْتَبْرِئَهَا؟

[۱-] وَلَمْ يَرَ الْحَسَنُ بَأْسًا أَنْ يُقَبِّلَهَا أَوْ يُبَاشِرَهَا.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: إِذَا وُهِبَتِ الْوَلِيْدَةُ الَّتِيْ تُوْطَأُ أَوْ بِيْعَتْ أَوْ عَتَقَتْ فَلْيُسْتَبْرَأْ رَحِمُهَا بِحَيْضَةٍ، وَلَا تُسْتَبْرَأُ الْعَذْرَاءُ.

[۳-] وَقَالَ عَطَاءٌ: لَابَأْسَ أَنْ يُصِيْبَ مِنْ جَارِيَتِهِ الْحَامِلِ مَا دُوْنَ الْفَرْجِ.

[٤-] وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِلَّا عَلٰى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ﴾ [المؤمنون:٦]

[۲۲۳۵-] حدثنا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ عَمْرٍو، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ، فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْحِصْنَ، ذُكِرَ لَهُ جَمَالُ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ بْنِ أَخْطَبَ، وَقَدْ قُتِلَ زَوْجُهَا، وَكَانَتْ عَرُوْسًا، فَاصْطَفَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِنَفْسِهِ، فَخَرَجَ بِهَا، حَتّٰى بَلَغْنَا سَدَّ الرَّوْحَاءِ حَلَّتْ، فَبَنٰى بِهَا، ثُمَّ صَنَعَ حَيْسًا فِيْ نِطَعٍ صَغِيْرٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "آذِنْ مَنْ حَوْلَكَ" فَكَانَتْ تِلْكَ وَلِيْمَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى صَفِيَّةَ، ثُمَّ خَرَجْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ، قَالَ: فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحَوِّيْ لَهَا وَرَاءَهُ بِعَبَاءَةٍ، ثُمَّ يَجْلِسُ عِنْدَ بَعِيْرِهِ، فَيَضَعُ رُكْبَتَهُ فَتَضَعُ صَفِيَّةُ رِجْلَهَا عَلٰى رُكْبَتَيْهِ، حَتّٰى تَرْكَبَ. [راجع: ۳۷۱]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ خیبر میں تشریف لے گئے، پس جب اللہ نے ان پر قلعہ فتح کیا تو آپؐ کے سامنے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کی خوبصورتی کا تذکرہ آیا، ان کا شوہر جنگ میں مارا گیا تھا اور وہ نئی نویلی دلہن تھیں، پس نبی ﷺ نے ان کو اپنی ذات کے لئے منتخب کیا، پس آپؐ ان کے ساتھ نکلے (یہاں باب ہے) یہاں تک کہ ہم سدّ الروحاء پہنچے تو وہ پاک ہوگئیں، پس آپؐ نے ان کے ساتھ زفاف فرمایا، پھر ایک چھوٹے چمڑے کے دسترخوان میں حیس (کھجور اور ستو اور گھی ملا کر بنایا ہوا کھانا) تیار کیا، پھر نبی ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہارے اردگرد جو لوگ ہوں ان کو کھانے پر آنے کی اجازت دیدو، چنانچہ وہ رسول اللہ ﷺ کا اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا ولیمہ ہوا، پھر ہم مدینہ کی طرف نکلے، حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپؐ ان کے لئے اپنے پیچھے کمبل کا اینڈوا بناتے تھے، پھر آپؐ اپنے اونٹ کے پاس بیٹھتے تھے اور اپنا گھٹنا کھڑا کرتے تھے، پس حضرت

صفیہؓ اپنا پیر آپ کے گھٹنے پر رکھتی تھیں، یہاں تک کہ وہ سوار ہوتی تھیں۔
لغت: حَوَّی حَوِیَّۃً: کپڑے کو گول لپیٹ کر گھر سا بنانا، اینڈوا بنانا، جو گھڑا اٹھانے کے لئے سر پر رکھا جاتا ہے۔

بَابُ بَیْعِ الْمَیْتَۃِ وَالْأَصْنَامِ

مردار اور مورتیوں کو بیچنا

مردار مال نہیں، اس لئے اس کی بیع باطل ہے، اور مورتیاں دو طرح کی ہیں ایک وہ جس کو توڑ پھوڑ کر کباڑ کر دیا گیا ہو، اس کو بیچنا جائز ہے، کیونکہ میٹریل مال ہے، دوسری وہ جس کو لوگ خرید کر لے جاتے ہیں اور ان کی پوجا کرتے ہیں، ان کا بیچنا جائز نہیں۔ وہ ﴿وَلاَ تَعَاوَنُوْا عَلَی الإِثْمِ وَالْعُدْوَان﴾ کے تحت آتی ہیں۔ حضرت رحمہ اللہ نے باب میں اس دوسری قسم کا حکم بیان کیا ہے۔

حدیث: فتح مکہ کی تقریر میں آپؐ نے فرمایا: إن اللہ حرم بیع الخمر والمیتۃ والخنزیر والأصنام: اللہ تعالیٰ نے چار چیزوں کا بیچنا حرام کیا ہے: شراب، مردار، خنزیر اور مورتیاں۔ اور پہلے قاعدہ بتلایا ہے کہ ایک سلسلۂ بیان میں مختلف المدارج احکام اکٹھا ہوتے ہیں، پس میتہ، خمر اور خنزیر تو مال ہی نہیں، کوئی سرے سے مال نہیں اور کوئی مسلمانوں کے حق میں مال متقوم نہیں۔ اور مورتیوں کی بیع گناہ میں تعاون کی وجہ سے ممنوع ہے۔

لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مردار کی چربی کا استثناء فرمادیں، مردار کی چربی سے کشتیاں باہر سے لیپی جاتی ہیں تاکہ پانی سے لکڑی خراب نہ ہو، اور وہ چمڑوں پر بھی لگائی جاتی ہے تاکہ چمڑا نرم رہے، پہلے چمار کے رنگے ہوئے چمڑے کا جوتا بنتا تھا۔ اس پر مہینہ میں ایک بار تیل لگانا پڑتا تھا، ورنہ وہ اکڑ کر سخت ہوجاتا تھا، اور لوگ گھروں میں چربی سے چراغ بھی جلاتے تھے، کٹورے میں چربی بھر دیتے تھے، اور اس میں فتیلہ رکھ کر جلا دیتے تھے، چربی تھوڑی تھوڑی پگھلتی رہتی، اور چراغ جلتا رہتا۔ ان ضرورتوں میں چربی مستعمل ہے۔ پس مردار کی چربی کا استثناء فرمادیں، مگر آپؐ نے فرمایا: لاھو حرام: نہیں وہ حرام ہے، یعنی اس کے خارجی استعمال کی بھی اجازت نہیں، پھر فرمایا: یہود کا ناس ہو! ان پر ماکول اللحم مذبوحہ جانور کی پیٹ کی چربی حرام کی گئی پس انھوں نے اس کو پگھالا اور گھی بنا کر بیچا اور اس کا پیسہ کھایا۔ اسی طرح مردار کی چربی کا خارجی استعمال بھی جائز نہیں۔

[۱۱۲-] بَابُ بَیْعِ الْمَیْتَۃِ وَالْأَصْنَامِ

[۲۲۳۶-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ حَبِیْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِیْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ: أَنَّہُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! أَرَأَیْتَ شُحُوْمَ الْمَیْتَۃِ، فَإِنَّھَا یُطْلٰی بِھَا السُّفُنُ، وَتُدَّھَنُ بِھَا الْجُلُوْدُ، وَیَسْتَصْبِحُ بِھَا النَّاسُ؟ فَقَالَ: " لاَ، ھُوَ حَرَامٌ" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ

اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ: " قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ! إِنَّ اللّٰهَ لَمَّا حَرَّمَ شُحُوْمَهَا جَمَلُوْهُ ثُمَّ بَاعُوْهُ فَأَكَلُوْا ثَمَنَهُ"

وَقَالَ أَبُوْ عَاصِمٍ: ثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ، ثَنَا يَزِيْدُ، كَتَبَ إِلَيَّ عَطَاءٌ: سَمِعْتُ جَابِرًا عَنِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم.[انظر: ٤٢٩٦، ٤٦٣٣]

وضاحت: دوسری سند لاکر یہ بات واضح کی کہ یہ حدیث یزید نے حضرت عطاءؒ سے سنی نہیں، بلکہ مکاتبۃً حاصل کی ہے۔

بَابُ ثَمَنِ الْكَلْبِ

کتے کی قیمت

صاحب ہدایہ نے ہر کتے کی بیع جائز قرار دی ہے اور امام سرخسیؒ نے معلَّم کتے کی یعنی جس کو کوئی فن سکھایا گیا ہو، اس کی بیع جائز ہے اور بے ہنر کتے کی بیع ناجائز ہے، اِس زمانہ میں کتوں کو بہت سے فنون سکھائے جاتے ہیں اور وہ بڑی قیمت پر بکتے ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے تین چیزوں سے منع فرمایا: کتے کی قیمت سے، رنڈی کی فیس سے، اور کاہن (جوتشی) کے حلوے مانڈے (نذرانے) سے۔

حدیث (۲): عون کہتے ہیں: میرے ابا نے ایک پچھنے لگانے والا غلام خریدا، اور حکم دیا کہ اس کے پچھنے لگانے کے آلات توڑ دیئے جائیں، میں نے اس کی وجہ پوچھی تو فرمایا: نبی ﷺ نے چند باتوں سے منع فرمایا ہے: خون کی قیمت سے یعنی پچھنے لگانے کی اجرت سے اور کتے کی قیمت سے۔ اور باندی کی کمائی سے (جو زنا کے ذریعہ حاصل کی گئی ہو) اور گودنے والی اور گدوانے والی پر اور سود کھانے والے پر، اور سود دینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ اور (جاندار کی) تصویر بنانے والے پر (بھی) لعنت فرمائی ہے۔

ان دونوں حدیثوں میں نبی ﷺ نے کتے کے ثمن سے منع فرمایا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ اس کی بیع درست نہیں، اگر بیع درست ہوتی تو اس کے ثمن سے کیوں منع کیا جاتا؟

مگر حضرت رحمہ اللہ نے باب میں کوئی فیصلہ نہیں کیا، کیونکہ نبی ﷺ نے مختلف ضرورتوں سے کتا پالنے کی اجازت دی ہے، پس جب ان کا پالنا جائز ہے تو خریدنا بھی جائز ہے، اسی لئے سرخسی رحمہ اللہ نے یہ تطبیق دی ہے کہ شکاری کتا چونکہ معلَّم ہے اس لئے اس کی بیع جائز ہے، اور نکمے کتے کی بیع جائز نہیں۔ مگر صاحب ہدایہ مطلقاً جائز کہتے ہیں، کیونکہ کتا نجس العین نہیں، پس وہ مال ہے اس لئے اس کی بیع درست ہے۔

فائدہ: بعض پیشے فی نفسہ جائز ہوتے ہیں، مگر نبی ﷺ نے اختیار اولیٰ کے طور پر ان سے منع فرمایا ہے، جیسے: پچھنے

لگانے کا پیشہ گندہ پیشہ ہے، منہ سے خون چوسنا پڑتا ہے، کمائی کا پیشہ یعنی بھنگی کا کام بھی گندہ کام ہے، اسی طرح بدن کی چمپی کرنے کا پیشہ اور کتوں کا کاروبار کرنا وغیرہ، سب نکمے کام ہیں، انسان کو ایسے دھندے نہیں کرنے چاہئیں، کوئی اچھا کاروبار کرنا چاہئے۔

اور اگر کوئی کہے کہ پھر یہ گندے پیشے کون کرے گا؟ تو جواب یہ ہے کہ تم اپنی فکر کرو، ان گندے پیشوں کا کرنے والا بھی کوئی نہ کوئی ملے گا۔ لِکلِّ ساقطةٍ لاقطةٌ: ہر گری پڑی چیز کا کوئی نہ کوئی اٹھانے والا ہوتا ہے، جیسے حدیث میں ہے کہ کنواری لڑکی سے شادی کرو، یہاں بھی سوال پیدا ہوتا ہے کہ پھر بیوہ سے کون کرے گا؟ اس کا جواب بھی یہی ہے کہ تو اپنی نبھیڑ پرائی مٹ چھیڑ!

[۱۱۳-] بَابُ ثَمَنِ الْكَلْبِ

[۲۲۳۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ. [انظر: ۲۲۸۲، ۵۳۴۶، ۵۷۶۱]

[۲۲۳۸-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، أَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ عَوْنُ بْنُ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبِي اشْتَرَى حَجَّامًا، فَأَمَرَ بِمَحَاجِمِهِ، فَكُسِرَتْ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ، وَثَمَنِ الْكَلْبِ، وَكَسْبِ الْأَمَةِ، وَلَعَنَ الْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ، وَآكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهُ، وَلَعَنَ الْمُصَوِّرَ. [راجع: ۲۰۸۶]

لغات: البَغِيّ: چاہی ہوئی عورت یعنی رنڈی .... مهر: بدلہ، فیس .... الحُلْوان: نذرانہ .... الكاهن: غیب دانی کا مدعی، پیش گوئی کرنے والا .... المِحْجَم: سینگی، پچھنے لگانے کا آلہ، جمع مَحَاجِمْ .... کسب الأمة اور مهر البغی ایک چیز ہیں، زمانۂ جاہلیت میں باندیاں زنا کے ذریعہ کمائی کرکے مولیٰ کو دیتی تھیں، مولیٰ کو اس کے لینے سے منع کیا .... وَشَمَ الجلدَ يَشِمُ وَشْمًا: کھال کو سوئی سے گود کر سرمہ یا نیل بھرنا، الواشمة: گودنے والی عورت، اسْتَوْشَم: گدائی کا خواہش مند ہونا المستوشمة: گدائی کرانے والی عورت .... مُوْكِل (اسم فاعل) کھلانے والا یعنی سود دینے والا۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ السَّلَمِ

بیع سلم کا بیان

بیع سلم: وہ بیع ہے جس میں قیمت فوری ادا کی جاتی ہے، اور مبیع بائع کے ذمہ واجب الاداء ہوتی ہے۔ عروض (سامان) کی بیع میں ثمن ادھار ہوسکتا ہے، مبیع ادھار نہیں ہوسکتی اور سلم میں ثمن نقد دیا جاتا ہے، اور مبیع ادھار ہوتی ہے، اس لئے یہ بیع خلاف قیاس جائز ہے، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف فرما ہوئے تو دیکھا کہ مدینہ والے کھجوروں میں بیع سلم کرتے ہیں، تو آپ نے چند شرطوں کے ساتھ اس کو برقرار رکھا۔

شریعت نے بیع سلم کو لوگوں کی حاجت اور ضرورت کے پیش نظر جائز رکھا ہے، بیع سلم کے ذریعہ آدمی بغیر پیسے کے کاروبار کھڑا کرسکتا ہے، مثلاً: کسی کو بنیان بنانے کا کارخانہ کھولنا ہے، مشینیں دس لاکھ کی آئیں گی، اور اس کے پاس پیسے نہیں، لیکن لوگوں میں اس کی ساکھ (اعتبار) ہے چنانچہ اس نے دکانداروں سے سودا کیا اور بنیان کی تمام تفصیلات طے کیں اور بھاؤ چل رہا ہے دس روپے فی بنیان، اس نے کہا: میں نو روپے میں دوں گا، چنانچہ کسی تاجر نے ایک لاکھ بنیان خریدے اور کسی نے کم وبیش، اور سب نے قیمت فوراً ادا کردی اور طے پایا کہ چھ ماہ کے بعد سپلائی شروع کرے گا، اس طرح اس نے دس لاکھ روپے جمع کر لئے، وہ ان کی مشینیں لایا اور کام شروع کردیا، اور چھ ماہ کے بعد سپلائی شروع کردی، دو تین سال میں سب کے بنیان سپلائی ہوگئے۔ کارخانے کے مالک کو کوئی خاص نفع ہوا، مگر مشینیں پھری ہوگئیں۔

دوسری مثال: ایک شخص کے پاس پانچ سو بیگھ زمین ہے، وہ بونا چاہتا ہے مگر بیج کھاد وغیرہ کے لئے پیسے نہیں، اس نے غلہ کے تاجروں سے سودا کیا، سیزن میں گیہوں کا بھاؤ ہزار روپئے ہوتا ہے اس نے کہا: میں نو سو میں دوں گا، چنانچہ کسی نے سو من گیہوں خریدا، کسی نے کم وبیش اور سب تاجروں نے مجلس عقد میں قیمت دیدی، وہ ٹریکٹر لایا، بیج اور کھاد لایا اور بوائی شروع کردی، اور طے پایا تھا کہ چار ماہ کے بعد گیہوں دے گا، تین مہینہ میں گیہوں تیار ہوگیا، اس نے سب کی سپلائی کردی اور ڈیڑھ سو من گیہوں بچ گیا، یہ سلم کا فائدہ ہے۔

فائدہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تو سلم غلوں اور پھلوں میں ہوتا تھا مگر اب مشینری دور ہے، بے شمار چیزیں ایک طرح کی تیار ہوتی ہیں پس ہر وہ چیز جس کی جملہ تفصیلات طے کی جاسکتی ہوں اور آئندہ نزاع کا کوئی اندیشہ نہ ہو: ایسی تمام چیزوں میں

بیع سلم کی جاسکتی ہے، اور یہی لوگوں کی وہ حاجت ہے جس کے پیش نظر شریعت نے بیع سلم کو خلاف قیاس جائز رکھا ہے۔

بَابُ السَّلَمِ فِي كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ، وَبَابُ السَّلَمِ فِي وَزْنٍ مَعْلُوْمٍ

بیع سلم میں مبیع کا پیمانوں سے یا وزن سے طے ہونا ضروری ہے

بیع سلم میں چونکہ مبیع ادھار ہوتی ہے، ایک مدت کے بعد سپرد کی جاتی ہے، اس لئے اس کی جملہ تفصیلات طے ہوجانی چاہئیں، ورنہ بوقتِ تسلیم مبیع نزاع پیش آئے گا، مثلاً: گیہوں کے پیمانے (صاع) یا وزن (من) طے ہوجانے چاہئیں۔ زعفران کے تولے متعین کرلئے جائیں، نیز مبیع سپرد کرنے کا وقت طے ہوجانا چاہئے۔ حدیث میں انہی دو باتوں (کیل وزن اور اجل) کا ذکر آیا ہے، پھر فقہاء نے تفصیل کی اور پانچ سات شرطیں کردیں، جن کا خلاصہ یہ ہے کہ مبیع کی ہر طرح تعیین ہوجانی چاہئے، تاکہ آئندہ کوئی نزاع پیش نہ آئے۔

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ میں وارد ہوئے، درانحالیکہ لوگ کھجوروں میں سال اور دوسال کے لئے قرض دیتے تھے، یعنی بیع سلم کرتے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: جو چھوہاروں کی بیع سلم کرے وہ چاہئے کہ معلوم پیمانوں سے اور معلوم وزن سے کرے۔

حدیث (۲): عبداللہ بن شداد اور ابو بردہ میں بیع سلف کے سلسلہ میں اختلاف ہوا، انھوں نے اپنے شاگرد محمد بن ابی المجالد کو یا عبداللہ بن ابی المجالد کو عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا، انھوں نے کہا: ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں اور شیخین رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں گیہوں، جو، کشمش اور چھوہاروں کی بیع سلم کرتے تھے، قاصد کہتا ہے: میں نے یہ مسئلہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیؓ سے بھی پوچھا، انھوں نے بھی یہی جواب دیا۔

تشریح: نبی ﷺ نے دو شرطوں کے ساتھ بیع سلم کی اجازت دی ہے، ایک: مکیلی چیزوں میں پیمانے اور وزنی چیزوں میں وزن متعین ہوجانا چاہئے۔ اور مبیع کی مقدار بھی متعین ہوجانی چاہئے۔ دوسری: اجل معلوم یعنی سپرد کرنے کی مدت بھی متعین ہوجانی چاہئے، پھر صاحبین نے ان دو شرطوں کو بڑھا کر پانچ شرطیں کردیا اور امام اعظمؒ نے سات: وہ سب اسی حدیث کی تفصیل ہیں، جن کا ذکر فقہ کی کتابوں میں ہے۔

قولہ: والناس یُسْلفون: لوگ چھوہاروں پر قرض دیتے تھے، یعنی چھوہارے خریدتے تھے، اور اس کی قیمت پیشگی دیتے تھے، یہ گویا قرض دیا، کیونکہ چھوہاروں کا ابھی وجود نہیں، اور دیتے تھے ایک سال کے لئے اور دوسال کے لئے، جتنی مدت لمبی ہوگی اتنی مبیع سستی ہوگی، بہرحال مدینہ میں اس کا رواج تھا، حضور ﷺ نے اس کو برقرار رکھا، پس یہ تقریر نبوی کی مثال ہے۔

فائدہ (۱): چیزیں دو قسم کی ہیں: ذوات القیم اور ذوات الامثال، ذوات القیم وہ چیزیں ہیں جن کے افراد یکساں نہیں ہوتے، جیسے جانور، اور ذوات الامثال وہ چیزیں ہیں جن کے افراد تقریباً یکساں ہوتے ہیں، جیسے اخروٹ، بیع سلم ذوات

الامثال ہی کی ہوسکتی ہے، ذوات القیم کی نہیں ہوسکتی، کیونکہ ان کی تفصیلات طے کرنا ممکن نہیں۔

اور پہلے ذوات الامثال چیزیں تھوڑی تھیں زیادہ تر چیزیں ذوات القیم تھیں، مگر اب مشینری دور میں زیادہ تر چیزیں ذوات الامثال ہیں، پس اب بہت سی چیزوں کی بیع سلم ہوسکتی ہے۔

فائدہ (۲): قرض صرف مکیلات، موزونات اور معدودات کا لے سکتے ہیں، کیونکہ ان کی تعیین ہوسکتی ہے مگر اب مشینری دور میں بہت سی چیزیں قرض لے سکتے ہیں، مثلاً گیس سلنڈر کا ریگیو لیٹر خراب ہوگیا، پڑوسی کے یہاں زائد رکھا ہے، اس سے قرض لے لیا، پھر اس کمپنی کا ریگیو لیٹر لاکر اسے دیدیا تو یہ جائز ہے اور آٹا اور روٹی بھی قرض لے سکتے ہیں، اگرچہ وہ ذوات الامثال نہیں ہیں، مگر معاشرتی ضرورت کے پیشِ نظر ان کا قرض لینا جائز رکھا گیا ہے۔

۳۵- كَتَابُ السَّلَمِ

[۱-] بَابُ السَّلَمِ فِى كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ

[۲۲۳۹-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، ثنَا ابْنُ أَبِى نَجِيْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِى الْمِنْهَالِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، وَالنَّاسُ يُسْلِفُوْنَ فِى الثَّمَرِ الْعَامَ وَالْعَامَيْنِ– أَوْ قَالَ: عَامَيْنِ أَوْ ثَلاَ ثَةً، شَكَّ إِسْمَاعِيْلُ – فَقَالَ:" مَنْ سَلَفَ فِى تَمْرٍ فَلْيُسْلِفْ فِى كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ وَوَزْنٍ مَعْلُوْمٍ"

حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنِ ابْنِ أَبِى نَجِيْحٍ بِهٰذَا:" فِىْ كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ وَوَزْنٍ مَعْلُوْمٍ"

[انظر: ۲۲٤۰، ۲۲٤۱، ۲۲۵۳]

[۲-] بَابُ السَّلَمِ فِىْ وَزْنٍ مَعْلُوْمٍ

[۲۲٤۰-] حدثنا صَدَقَةُ، أَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، أَنَا ابْنُ أَبِى نَجِيْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِى الْمِنْهَالِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، وَهُمْ يُسْلِفُوْنَ بِالثَّمْرِ السَّنَتَيْنِ وَالثَّلاَثَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَسْلَفَ فِىْ شَيْءٍ فَفِىْ كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ، وَوَزْنٍ مَعْلُوْمٍ، إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ"[راجع: ۲۲۳۹]

حدثنا عَلِىُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثنَا ابْنُ أَبِى نَجِيْحٍ، وَقَالَ:" فَلْيُسْلِفْ فِىْ كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ"

[۲۲٤۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنِىْ ابْنُ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِى الْمِنْهَالِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم وَقَالَ:" فِى كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ، وَوَزْنٍ مَعْلُوْمٍ،

إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ"[راجع: ۲۲۳۹]

[۲۲۴۲و۲۲۴۳-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ الْمُجَالِدِ. ح: وَحَدَّثَنِيْ يَحْيىَ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ الْمُجَالِدِ، ح: وَحَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدٌ أَوْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ الْمُجَالِدِ، قَالَ: اخْتَلَفَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، وَأَبُوْ بُرْدَةَ، فِي السَّلَفِ فَبَعَثُوْنِيْ إِلٰى ابْنِ أَبِيْ أَوْفٰى، فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: إِنَّا كُنَّا نُسْلِفُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، فِي الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالزَّبِيْبِ وَالتَّمْرِ، وَسَأَلْتُ ابْنَ أَبْزٰى فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

[الحديث: ۲۲۴۲، انظر: ۲۲۴۴، ۲۲۵۵]؛[الحديث:۲۲۴۳، انظر: ۲۲۴۵، ۲۲۵۴]

وضاحت: آخری حدیث میں ابوالمجالد کے لڑکے کے نام میں شک ہے، راجح نام محمد ہے۔

بَابُ السَّلَمِ إِلٰى مَنْ لَيْسَ عِنْدَه أَصْلٌ

جس کے پاس مبیع کی اصل (باغ اور کھیت نہ ہو) اس سے سلم کرنا

أصل سے مراد باغ اور کھیت ہیں، جس شخص کے پاس کھجور کا باغ یا کھیت نہیں، اس سے چھوہاروں یا غلّے کا سلم کرنا جائز ہے، کیونکہ سلم میں بوقت عقد بائع کے پاس مبیع کا یا مبیع کی اصل کا ہونا ضروری نہیں، البتہ احناف کے نزدیک عقد کے وقت سے مبیع سپرد کرنے کے وقت تک مارکیٹ میں مبیع کا وجود ضروری ہے، بائع کی ملکیت میں ہونا ضروری نہیں، گویا مارکیٹ میں مبیع کا وجود بائع کے پاس وجود مان لیا گیا ہے، اس لئے کہ جب مبیع مارکیٹ میں ہوگی تو بائع جب چاہے گا خرید کر مشتری کو سپرد کردے گا، اسی طرح بائع کے پاس باغ اور کھیت کا ہونا بھی ضروری نہیں، وہ مارکیٹ سے خرید کر سپرد کرسکتا ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث تو وہی ہے جو گذشتہ باب میں آئی ہے، عبداللہ بن شداد اور ابو بردہ میں سلم کے جواز وعدم جواز کے سلسلہ میں اختلاف ہوا، انھوں نے محمد بن ابی المجالد کو عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا کہ ان سے پوچھ آؤ، صحابہ عہدِ نبوی میں گیہوں کا سلم کرتے تھے؟ حضرت عبداللہ نے جواب دیا: ہم شام کے نبطیوں سے گیہوں، جو اور زیتون کے تیل کا سلم کرتے تھے، پیمانے متعین کرکے اور مدت مقرر کرکے۔ محمد کہتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہؓ سے پوچھا: کیا ان لوگوں کے پاس جن کے ساتھ آپ سلم کرتے تھے باغ اور کھیت ہوتے تھے؟ عبداللہؓ نے کہا: ہم ان سے یہ بات نہیں پوچھتے تھے (معلوم ہوا کہ مسلم فیہ کی اصل بائع کے پاس ہونا ضروری نہیں) پھر دونوں نے مجھے حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیٰؓ کے پاس بھیجا کہ ان سے بھی پوچھ آؤ، انھوں نے بھی فرمایا کہ صحابہ عہدِ نبوی میں سلم کیا کرتے تھے اور بائع سے یہ بات دریافت نہیں کرتے تھے کہ ان کے پاس کھیت ہے یا نہیں۔

پھر یہی حدیث دوسرے طریق سے ذکر کی ہے، اس میں زیتون کے تیل کا ذکر نہیں، اور تیسرے طریق میں ہے، اور

چوتھے طریق میں کشمش کا بھی ذکر ہے۔

دوسری حدیث: ابوالبختری کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباسؓ سے کھجور کے درخت میں سلم کے بارے میں پوچھا: (یہاں سلم: بیع کے معنی میں ہے یعنی درخت کی کھجوریں خریدنے کے بارے میں پوچھا) حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے کھجور کے درخت کے پھل بیچنے سے منع فرمایا، یہاں تک کہ وہ کھانے کے قابل ہوجائیں، اور یہاں تک کہ وہ تولے جائیں، پس ایک شخص نے پوچھا: تولے جانے کا کیا مطلب ہے؟ (درخت پر کے پھل تو تولے نہیں جاسکتے) حضرت ابن عباسؓ کے پہلو میں ایک آدمی بیٹھا تھا، اس نے جواب دیا: تولے جانے کا مطلب سمیٹ لیا جانا ہے۔

تشریح: چونکہ اس حدیث میں لفظ سلم آیا ہے، اس لئے حضرت امام بخاری رحمہ اللہ اس حدیث کو اس باب میں لائے ہیں، مگر ابن بطالؒ نے اعتراض کیا ہے کہ اس حدیث کا باب سے کچھ تعلق نہیں، اور ابن المنیر نے تطبیق دی ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ ابن بطال رحمہ اللہ کی بات باون تولہ پاؤ رتی ہے۔ اور اس حدیث میں دو مسئلے ہیں:

۱- بدوصلاح سے پہلے پھل بیچنے سے نبی ﷺ نے منع کیا ہے۔

۲- لادی سے مبیع خریدنے کے بعد جب تک تول کر اپنی دکان میں نہ لے جائے غلہ کو بیچنے سے نبی ﷺ نے منع کیا ہے (یہ دونوں مسئلے پہلے گذر چکے ہیں) اور حضرت ابن عباسؓ کے جواب میں دونوں مسئلے جمع ہیں، آپؓ کے ساتھی نے اس کو الگ کیا ہے۔

[۳-] بَابُ السَّلَمِ إِلٰى مَنْ لَيْسَ عِنْدَهُ أَصْلٌ

[۲۲۴۴و۲۲۴۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ مُجَالِدٍ، قَالَ: بَعَثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ، وَأَبُوْ بُرْدَةَ إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفٰى، فَقَالَا: سَلْهُ هَلْ كَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يُسْلِفُوْنَ فِي الْحِنْطَةِ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كُنَّا نُسْلِفُ نَبِيْطَ أَهْلِ الشَّأْمِ فِي الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ، وَالزَّبِيْبِ، فِيْ كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ. قُلْتُ: إِلٰى مَنْ كَانَ أَصْلُهُ عِنْدَهُ؟ قَالَ: مَا كُنَّا نَسْأَلُهُمْ عَنْ ذٰلِكَ، ثُمَّ بَعَثَانِيْ إِلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى، فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: كَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يُسْلِفُوْنَ فِيْ عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَلَمْ نَسْأَلْهُمْ: أَلَهُمْ حَرْثٌ أَمْ لَا؟[راجع: ۲۲۴۲، ۲۲۴۳]

حدثنا إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ مُجَالِدٍ بِهٰذَا، وَقَالَ: فَنُسْلِفُهُمْ فِي الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، وَقَالَ: فِي الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالزَّبِيْبِ.

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ سُفْيَانَ، ثَنَا الشَّيْبَانِيِّ وَقَالَ والزَّيْت.

[۲۲٤٦-] حدثنا آدمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا عَمْرٌو، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَاالْبَخْتَرِيَّ الطَّائِيَّ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ السَّلَمِ فِي النَّخْلِ، فَقَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتَّى يُؤْكَلَ مِنْهُ، وَحَتّٰى يُوْزَنَ فَقَالَ الرَّجُلُ: وَأَيُّ شَيْئٍ يُوْزَنَ؟ فَقَالَ رَجُلٌ إِلٰى جَانِبِهِ: حَتَّى يُحْرَزَ"

وَقَالَ مُعَاذٌ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ أَبُوْ الْبَخْتَرِيِّ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ: نَهَى النبيُّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.[انظر: ۲۲٤۸، ۲۲٥۰]

نَبِيْط: ملک شام اور جزیرۃ العرب کے باڈر پر بسی ہوئی ایک عرب قوم، چونکہ یہ شام کے باڈر پر بسے ہوئے تھے، اس لئے نبیط الشام کہلاتے تھے.......... جب کوئی جنگ ہوتی اور صحابہ کو مالِ غنیمت ملتا تو وہ لوگ صحابہ کے پاس آتے اور ان سے بیع سلم کرتے، صحابہ ان سے گیہوں وغیرہ خریدتے اور مالِ غنیمت میں جو پیسے ملے تھے وہ ان کو دیدیتے، وہ مقررہ وقت پر غلہ سپلائی کردیتے، صحابہ ان سے نہیں پوچھتے تھے کہ ان کے پاس زمینیں ہیں یا نہیں؟

بَابُ السَّلَمِ فِي النَّخْلِ

کھجور کے (معین) درخت میں سلم کرنا

پہلے کسی وقت بتایا ہے کہ حضرت امام بخاریؒ کی ایک عادت یہ ہے کہ باب کے آخر میں جو حدیث آتی ہے اس کو پیش نظر رکھ کر اگلا باب قائم کرتے ہیں۔ یہاں بھی حضرتؒ نے ایسا ہی کیا ہے، پس اس باب میں نظر ہے، کیونکہ معین درخت یا معین باغ یا معین علاقے کی پیداوار کی شرط لگانا بیع سلم میں جائز نہیں، ممکن ہے اس درخت میں یا اس باغ میں یا اس چھوٹے گاؤں میں پیداوار نہ ہو، پھر بائع مبیع کہاں سے لاکر دے گا؟ پس حدیث میں نخل کے معنی کھجور کے درخت کے ہیں، مگر حدیث میں چونکہ السلم فی النخل آیا ہے، اس لئے حضرتؒ نے باب قائم کردیا ہے، حالانکہ اس حدیث میں سلم مجازاً بیع کے معنی میں ہے۔

[٤-] بَابُ السَّلَمِ فِي النَّخْلِ

[۲۲٤۷و۲۲٤۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ الْبَخْتَرِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ السَّلَمِ فِي النَّخْلِ، فَقَالَ: نُهِيَ عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتَّى يَصْلُحَ، وَعَنْ بَيْعِ الْوَرِقِ نَسَاءً بِنَاجِزٍ.

وَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ السَّلَمِ فِي النَّخْلِ فَقَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتَّى يُؤْكَلَ مِنْهُ- أَوْ: يَأْكُلَ مِنْهُ- وَحَتَّى يُوْزَنَ.[راجع: ۱٤۸٦، ۲۲٤٦]

[۲۲٤۹و۲۲٥۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ الْبَخْتَرِيِّ،

قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ السَّلَمِ فِي النَّخْلِ، فَقَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَصْلُحَ، وَنَهَى عَنِ الْوَرِقِ بِالذَّهَبِ نَسَاءً بِنَاجِزٍ.
وَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتَّى يَأْكُلَ أَوْ: يُؤْكَلَ، وَحَتَّى يُوْزَنَ. قُلْتُ: وَمَا يُوْزَنُ؟ قَالَ رَجُلٌ عِنْدَهُ: حَتَّى يُحْرَزَ. [راجع: ١٤٨٦، ٢٢٤٦]

حدیث (۲۲۴۷): ابوالبختریؒ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کھجور کے درخت کے پھل خریدنے کے بارے میں دریافت کیا، آپؓ نے فرمایا: کھجور کے درخت بیچنے سے منع کیا گیا ہے یہاں تک کہ وہ کارآمد ہوجائیں، اور چاندی ادھار بیچنے سے منع کیا گیا ہے، نقد کے عوض (بیع صرف میں)

حدیث (۲۲۴۸): اور میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی سوال کیا، تو انھوں نے فرمایا: نبی ﷺ نے کھجور کے درخت بیچنے سے منع کیا، یہاں تک کہ اس میں سے کھایا جائے، یا فرمایا: اس میں سے کھائے، اور یہاں تک کہ تولا جائے (یہ دو مسئلے جمع کئے ہیں)

حدیث (۲۲۴۹): ابوالبختریؒ نے حضرت ابن عمرؓ سے وہی سوال کیا، انھوں نے فرمایا: نبی ﷺ نے پھل بیچنے سے منع کیا ہے، یہاں تک کہ وہ کارآمد ہوجائے (اس حدیث میں لفظ بیع ہے، پس اوپر والی حدیث میں جو لفظ سلم آیا ہے اس سے بھی بیع مراد ہے) اور چاندی کو سونے کے بدل ادھار بیچنے سے منع کیا، نقد کے عوض میں .... اور حدیث (۲۲۵۰) کا ترجمہ اوپر آچکا۔

بَابُ الْكَفِيْلِ فِي السَّلَمِ

سلم میں ضامن لینا

بیع سلم میں ثمن نقد دیا جاتا ہے اور مبیع ادھار ہوتی ہے، اس لئے اگر مشتری بائع سے ضامن لینا چاہے تو لے سکتا ہے۔ اور حدیث وہی ہے جو پہلے گذری ہے، حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کی مجلس میں سلم میں گروی لینے کا مسئلہ چھڑا، انھوں نے حدیث سنائی کہ نبی ﷺ نے ایک یہودی سے مقررہ مدت کے لئے ادھار غلہ خریدا تھا اور اس کے پاس لوہے کی زرہ گروی رکھی تھی، پس جب ادھار ثمن میں گروی رکھ سکتے ہیں تو ادھار مبیع میں بھی رہن اور کفیل لے سکتے ہیں، کیونکہ دونوں کا مقصد توثیق اور اعتماد پیدا کرنا ہے۔

[٥-] بَابُ الْكَفِيْلِ فِي السَّلَمِ

[٢٢٥١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، ثَنَا يَعْلَى، ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ،

قَالَتْ: اشْتَرَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم طَعَامًا مِنْ يَهُوْدِيٍّ بِنَسِيْئَةٍ، وَرَهَنَهُ دِرْعًا لَهُ مِنْ حَدِيْدٍ.

[راجع: ٢٠٦٨]

بَابُ الرَّهْنِ فِي السَّلَمِ

سلم میں گروی

بیع سلم میں مشتری اعتماد اور توثیق کے لئے بائع سے گروی بھی لے سکتا ہے۔ اور حدیث وہی ہے جو اوپر آئی۔ حضور ﷺ نے یہودی کے پاس زرہ گروی رکھی، پس سلم میں بھی گروی لینا جائز ہے۔

[٦-] بَابُ الرَّهْنِ فِي السَّلَمِ

[٢٢٥٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: تَذَاكَرْنَا عِنْدَ إِبْرَاهِيْمَ الرَّهْنَ فِي السَّلَفِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي الْأَسْوَدُ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم اشْتَرَى مِنْ يَهُوْدِيٍّ طَعَامًا إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ، وَارْتَهَنَ مِنْهُ دِرْعًا مِنْ حَدِيْدٍ. [راجع: ٢٠٦٨]

وضاحت: ارتهن: گروی لی یعنی یہودی نے منه یعنی نبی ﷺ سے۔

بَابُ السَّلَمِ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ

معین مدت کے لئے سلم کرنا

سلم میں مسلم فیہ (مبیع) سپرد کرنے کی مدت متعین ہونی ضروری ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: وہ غلہ جس کی تمام تفصیلات طے کردی گئی ہوں مقررہ بھاؤ کے ساتھ مقررہ مدت تک سودا کرنے میں کوئی حرج نہیں، ہاں ایسی کھیتی کا سودا نہ کیا جائے جو ابھی کارآمد نہ ہوئی ہو، اس کی بیع جائز نہیں۔ اور پہلی حدیث میں حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: ہمیں مالِ غنیمت میں جو کچھ ملتا تھا ہم وہ نبطیوں کو قرض دیتے تھے یعنی ان کے ساتھ بیع سلم کرتے تھے، اور حدیث کا ترجمہ پہلے آچکا ہے۔

[٧-] بَابُ السَّلَمِ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ

[١-] وَبِهِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَأَبُوْ سَعِيْدٍ، وَالْأَسْوَدُ، وَالْحَسَنُ.

[٢-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَابَأْسَ بِالطَّعَامِ الْمَوْصُوْفِ بِسِعْرٍ مَعْلُوْمٍ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ، مَالَمْ يَكُ ذٰلِكَ فِي زَرْعٍ لَمْ يَبْدُ صَلَاحُهُ.

[٢٢٥٣-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، وَهُمْ يُسْلِفُوْنَ فِي الثِّمَارِ: السَّنَتَيْنِ وَالثَّلَاثَ، فَقَالَ: "أَسْلِفُوْا فِي الثِّمَارِ فِي كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ"

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ: ثَنَا سُفْيَانُ: ثَنَا ابْنُ أَبِي نَجِيْحٍ، وَقَالَ: "فِي كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ وَوَزْنٍ مَعْلُوْمٍ"

[راجع: ۲۲۳۹]

[۲۲۵۴و۲۲۵۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْمُجَالِدِ، قَالَ: أَرْسَلَنِي أَبُوْ بُرْدَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ، إِلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفٰى، فَسَأَلْتُهُمَا عَنِ السَّلَفِ، فَقَالَا: كُنَّا نُصِيْبُ الْمَغَانِمَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَانَ يَأْتِيْنَا أَنْبَاطٌ مِنْ أَنْبَاطِ الشَّأْمِ، فَنُسْلِفُهُمْ فِي الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالزَّبِيْبِ إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى، قَالَ: قُلْتُ: أَكَانَ لَهُمْ زَرْعٌ أَوْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ زَرْعٌ؟ قَالَ: مَا كُنَّا نَسْأَلُهُمْ عَنْ ذٰلِكَ.

[راجع: ۲۲۴۲، ۲۲۴۳]

بَابُ السَّلَمِ إِلٰى أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ

سلم میں اونٹنی بیاہنے کو مدت مقرر کرنا

بیع سلم میں ایسی مدت مقرر کرنا جو مفضی الی النزاع ہو: درست نہیں، مثلاً ایک اونٹنی گابھن ہے، سودا کیا گیا کہ جب یہ بچہ جنے گی تب مبیع سپرد کی جائے گی: یہ درست نہیں، کیونکہ ممکن ہے اونٹنی کے پیٹ میں گیس ہو، حمل نہ ہو، اسی طرح جب موسم کی پہلی بارش ہوگی تب مبیع سپرد کی جائے گی: یہ بھی درست نہیں، کیونکہ موسم کی پہلی بارش میں تقدیم وتاخیر ہوسکتی ہے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: زمانۂ جاہلیت کے لوگ قصائی کے اونٹ بیچا خریدا کرتے تھے، حمل کے حمل تک یعنی ایک بکری گابھن ہے جب وہ بچہ جنے گی پھر وہ بچہ بڑا ہوکر بچہ جنے گا تب پیسے دوں گا۔ پس نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا، کیونکہ یہ ایک قسم کا سٹہ تھا جو وہ کھیلا کرتے تھے، اور نافع رحمہ اللہ نے حَبَلُ الْحَبَلَة کی شرح کی ہے: جب گابھن اونٹنی بچہ جنے گی: یہ اجل مجہول ہے، کیونکہ اس کے بچہ جننے کا وقت معلوم نہیں۔ اب یہ مدت مجہولہ کی مثال بن گئی۔

[۸-] بَابُ السَّلَمِ إِلٰى أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ

[۲۲۵۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانُوْا يَتَبَايَعُوْنَ الْجَزُوْرَ إِلٰى حَبَلِ الْحَبَلَةِ، فَنَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْهُ، فَسَّرَهُ نَافِعٌ إِلٰى أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ مَا فِي بَطْنِهَا. [راجع: ۲۱۴۳]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ الشفعَةِ

شفعہ کا بیان

مادہ ش، ف، ع کے لغوی معنی ہیں: ملانا، دو رکعتیں شفعہ کہلاتی ہیں کیونکہ ان کو آپس میں ملایا جاتا ہے، اسی طرح کسی کی درخواست پر جو سفارش لکھی جاتی ہے اس کو 'شفاعت' کہتے ہیں، کیونکہ سفارش لکھنے والے نے اپنی سفارش درخواست کے ساتھ ملائی۔

اور اصطلاح میں: شفعہ بکی ہوئی جائداد کو اپنی جائداد کے ساتھ ملانے کا نام ہے۔ جو جائداد فروخت ہوئی ہے شفیع اس کو اپنی جائداد کے ساتھ ملاتا ہے، شریعت نے اس کو یہ حق دیا ہے اس لئے اس کا نام 'حق شفعہ' ہے۔

شفعہ کا مسئلہ معرکۃ الآراء ہے، اس میں حجازی اور عراقی فقہاء کے درمیان اختلاف ہوا ہے، شفیع کتنے ہیں؟ اور کون ہیں؟ حجازی فقہاء (ائمہ ثلاثہ) کہتے ہیں کہ شفیع صرف ایک ہے، بکی ہوئی جائداد میں جو شریک ہے اور وہ جائداد قابل تقسیم ہے (۱) تو شریک کو حق شفعہ ملے گا، بکی ہوئی جائداد شفیع اجنبی کو نہیں لینے دے گا، بلکہ جس قیمت پر وہ جائداد بکی ہے اسی قیمت پر شفیع اس کو خرید کر اپنی جائداد کے ساتھ ملالے گا، یہی حق شفعہ ہے۔

اور فقہاء عراق (حنفیہ) کہتے ہیں کہ شفیع تین ہیں:

اول: نفس مبیع میں شریک، خواہ مبیع قابل تقسیم ہو یا نا قابل تقسیم۔

دوم: شریک فی الحقوق، مبیع کے کچھ حقوق ہوتے ہیں، جیسے دو بھائیوں کی زمین الگ الگ ہے مگر کنواں مشترک ہے، دونوں اسی سے اپنی زمینیں سیراب کرتے ہیں، پس یہ شریک فی الحقوق ہیں، اسی طرح مکان کا راستہ ایک ہے، بدرو (گندے پانی کی نالی) ایک ہے تو یہ بھی شریک فی الحقوق ہیں، اسی طرح مکانوں کا راستہ ایک ہے تو یہ بھی شریک فی الحقوق ہیں۔

(۱) قابل تقسیم جیسے بڑا گھر، جس کے بیچ میں دیوار کر کے دو گھر بنا سکیں۔ اور چھوٹا غسل خانہ قابل تقسیم نہیں، قابل تقسیم وہ جائداد کہلاتی ہے، جس کی پہلی منفعت تقسیم کے بعد باقی رہے، بڑا گھر بیچ میں دیوار کر کے بھی رہنے کے قابل ہوتا ہے اور چھوٹے غسل خانہ میں اگر دیوار کر لی جائے گی تو غسل خانہ نہیں رہے گا، مرغیوں کا ڈربہ بن جائے گا، ہاں بڑا غسل خانہ جو دیوار بننے کے بعد دو غسل خانے ہو جائیں قابل تقسیم ہے۔

سوم: محض پڑوسی جو کسی بات میں شریک نہیں، نہ مبیع میں نہ حقوق میں، بلکہ محض پڑوسی ہے۔
حنفیہ کے نزدیک یہ تینوں ترتیب وار شفیع ہیں، سب سے پہلے شفعہ کا حق شریک فی نفس المبیع کا ہے، چاہے مبیع قابل تقسیم ہو یا نہ ہو۔ اور اگر یہ شفیع نہیں ہے یا وہ شفعہ نہیں لینا چاہتا تو دوسرے نمبر پر شریک فی الحقوق ہے، اور اگر وہ بھی نہیں ہے یا شفعہ لینا نہیں چاہتا تو پھر جار محض کو حق شفعہ ملے گا۔
نوٹ: شریک فی الحقوق کو جار بھی کہتے ہیں، پس جار کی دو قسمیں ہوئیں: جار فی الحقوق، اور جار محض۔
دلائل:
اس مسئلہ میں چار حدیثیں ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے ان میں سے ایک یا دو حدیثیں پیش کی ہیں، باقی نہیں لائے، اس لئے مسئلہ سمجھنے میں دشواری ہوگی۔ امام ترمذی رحمہ اللہ چاروں حدیثیں لائے ہیں۔
پہلی حدیث: جو اصح مافی الباب ہے: **الشفعةُ فيمالم يُقسم**: حق شفعہ اس جائداد میں ہے جو بانٹی نہیں گئی۔ **فإذا وقعت الحدود**: پس جب سرحدیں قائم ہوجائیں، **وصُرفت الطرق**: اور راہیں الگ الگ کرلی جائیں یعنی سرکاری راستہ تک پہنچنے کی راہیں ہر ایک نے جدا کرلیں، **فلاشفعة**: تو شفعہ نہیں ہے، یہ حدیث اصح مافی الباب ہے مگر اس کا مطلب (**ما سِيْقَ لأجله الكلام**) کیا ہے؟ اس میں حجازی اور عراقی فقہاء کے درمیان اختلاف ہوا ہے، جیسا کہ آگے آئے گا۔
دوسری حدیث: **الشريكُ شفيع، والشفعة فی کل شيئ**: مبیع میں شریک شفیع ہے اور شفعہ ہر چیز (جائداد) میں ہے، خواہ وہ قابل تقسیم ہو یا نا قابل تقسیم۔
تیسری حدیث: **الشريكُ شفيع إذا كان طريقهما واحداً ينتظر به إذا كان غائبا**: شریک کے لئے حق شفعہ ہے جب دونوں جائدادوں کا راستہ ایک ہو، اگر وہ شریک سفر میں ہو تو اس کا انتظار کیا جائے، کیونکہ اس کا حق پہلے ہے۔
چوتھی حدیث: **جار الدار أحق بالدار**: گھر کا پڑوسی گھر کا زیادہ حق دار ہے۔ امام ترمذیؒ نے اس کو حدیث حسن صحیح کہا ہے، اور یہ حدیث **الجار أحق بسقبه** کے الفاظ سے بھی مروی ہے، سقب کے معنی ہیں: قرب، یعنی پڑوسی اپنے قریب کی جائداد کا زیادہ حق دار ہے۔
یہ سب حدیثیں قابل استدلال ہیں اور حنفیہ نے سب کو لیا ہے، کوئی حدیث چھوڑی نہیں، حنفیہ کا یہی طریقہ ہے وہ پہلے جمع کرنے کی کوشش کرتے ہیں، چنانچہ حنفیہ نے کہا کہ دوسری حدیث سے شریک فی نفس المبیع کے لئے شفعہ ثابت ہوا، اور تیسری حدیث سے جار فی الحقوق کے لئے اور آخری حدیث سے جار محض کے لئے شفعہ کا حق ثابت ہوا۔
اور ائمہ ثلاثہ نے پہلی حدیث لی جو اصح مافی الباب ہے اور کہا کہ شفعہ صرف اس شریک کے لئے ہے جو نفس مبیع میں شریک ہے، اور مبیع قابل تقسیم ہے، جیسے گھر اور زمین، اور اگر مبیع قابل تقسیم نہیں، جیسے چھوٹا غسل خانہ تو شریک کے لئے بھی حق شفعہ نہیں، اور باقی تینوں حدیثیں انھوں نے نہیں لیں۔ انھوں نے ترجیح کا راستہ اختیار کیا، جو حدیث اصح مافی الباب تھی

اس کو لے لیا اور باقی کو چھوڑ دیا۔

اور حنفیہ اصح مافی الباب حدیث کے بارے میں کہتے ہیں کہ اس میں مسئلہ کا بیان نہیں، بلکہ ایک غلط فہمی کا ازالہ ہے، ایک شخص مر گیا، پچاس بیگھے زمین چھوڑی، اس کے وارث تین لڑکے ہیں انھوں نے زمین تقسیم کر لی، اور اپنے کھیتوں کی مینڈھیں بنالیں اور سرکاری راستہ تک جانے کا ہر ایک نے راستہ الگ کر لیا پھر ایک بھائی کے پڑوس میں زمین بکی تو تینوں بھائی شفعہ لینے کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں، کہتے ہیں: ہمارے باپ کی زمین کے پاس جائداد بکی ہے پس ہم سب اس کے شفیع ہیں۔ نبی ﷺ نے ایسے ایک قضیہ میں فیصلہ کیا کہ تینوں کے لئے حق شفعہ نہیں، اگر زمین مشترک ہوتی، بانٹی نہ گئی ہوتی تو تینوں بھائی شفعہ کے حق دار تھے۔ مگر جب بھائیوں نے زمین بانٹ لی اور ہر ایک نے اپنی زمین کی سرحد قائم کر لی اور راستے الگ کر لئے تو اب تینوں بھائیوں کے لئے حق شفعہ نہیں، صرف اس بھائی کے لئے حق شفعہ ہے جس کی زمین بکی ہوئی زمین کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔

بہر حال یہ ایک جھگڑے کا تصفیہ ہے یہ مسئلہ نہیں ہے، مسائل باقی تین حدیثوں میں ہیں اور اصح مافی الباب حدیث میں صرف غلط فہمی کا ازالہ ہے۔

اور اختلاف کی بنیاد یہ بھی ہے کہ شفعہ کی علت کیا ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک علت: ضرر قسمت سے بچنا ہے اور احناف کے نزدیک علت: ضرر جوار سے بچنا ہے۔ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: جب کوئی گھر دو بھائیوں میں مشترک ہوگا تو دونوں ساتھ رہیں گے، پھر جب کوئی اجنبی خریدار آ گیا تو گھر دیوار بنا کر تقسیم کرنا پڑے گا، اور اس کے خرچہ میں بھائی کو بھی شریک ہونا پڑے گا، پس اگر وہ بٹوارے کے خرچہ سے بچنا چاہے تو اجنبی کو نہ آنے دے، اس کا حصہ اسی قیمت پر خود خرید لے، اور یہ علت صرف اس شریک میں پائی جاتی ہے جو نفس مبیع میں شریک ہے، اور مبیع قابل تقسیم ہے، اگر مبیع قابل تقسیم نہ ہو تو بٹوارے کا سوال ہی نہیں۔

اور احناف کے نزدیک شفعہ کی علت برے پڑوسی کے ضرر سے بچنا ہے، اگر ناہنجار پڑوسی آ گیا تو زندگی اجیرن کر دے گا، اور یہ علت تینوں شفیعوں میں پائی جاتی ہے، پس ترتیب وار تینوں کے لئے حق شفعہ ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے کیا ہے؟ وہ حجازی فقہاء کے ساتھ ہیں یا عراقی؟ حضرت رحمہ اللہ نے اس کا پتہ نہیں چلنے دیا، وہ اصح مافی الباب روایت بھی لائے ہیں اور الجار أحق بسقبه کو بھی لائے ہیں، اور میرا رجحان یہ ہے کہ امام بخاریؒ اس مسئلہ میں حنفیہ کے ساتھ ہیں، وہ جار محض کے لئے بھی شفعہ مانتے ہیں مگر حضرتؒ نے کوئی واضح باب قائم نہیں کیا، صرف دو قرینوں سے میں نے یہ بات سمجھی ہے: ایک: قَضٰی رسولُ الله إلخ: نبی ﷺ نے فیصلہ کیا، اس میں اشارہ ہے کہ جو حدیث اصح مافی الباب ہے اس میں مسئلہ کا بیان نہیں ہے بلکہ وہ ایک قضیہ کا تصفیہ ہے۔ دوم: حدیث الجار أحق بسقبه کی تخریج کی ہے، یہ بھی قرینہ ہے کہ حضرت رحمہ اللہ اس مسئلہ میں حنفیہ کے ساتھ ہیں۔ واللہ اعلم

بَابُ الشُّفْعَةِ فِيمَا لَمْ يُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ فَلاَ شُفْعَةَ

شفعہ اس جائداد میں ہے جو بانٹی نہیں گئی، پھر جب سرحدیں قائم ہوگئیں تو شفعہ نہیں

یہ حدیث ہی کے الفاظ ہیں، ائمہ ثلاثہ اس کا منطوق اور مفہوم دونوں لیتے ہیں، یعنی جائداد قابل قسمت ہو تو اس میں شفعہ ہے، اور اس کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ جو چیز قابل تقسیم نہیں اس میں شفعہ نہیں۔ اور احناف اس حدیث کو مسئلہ سے متعلق نہیں کرتے، بلکہ اس کو قضیہ کا تصفیہ قرار دیتے ہیں، کیونکہ باب کی حدیث میں لفظ قضی اس پر صاف دلالت کرتا ہے۔ واللہ اعلم

۳۶- كتاب الشفعة

بسم الله الرحمن الرحيم

[۱-] بَابُ الشُّفْعَةِ فِيمَا لَمْ يُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ فَلاَ شُفْعَةَ

[۲۲۵۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَضَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالشُّفْعَةِ فِي كُلِّ مَا لَمْ يُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ، وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ، فَلاَ شُفْعَةَ. [راجع: ۲۲۱۳]

ملحوظہ: ابو حاتم رازی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ یہ حدیث صرف لم یُقْسَمْ تک ہے، باقی حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا کلام ہے جو حدیث میں مدرج ہے، مگر حافظ رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ یہ بات بے دلیل ہے (فتح)

بَابُ عَرْضِ الشُّفْعَةِ عَلٰى صَاحِبِهَا قَبْلَ الْبَيْعِ

فروخت کرنے سے پہلے شفیع کے سامنے پیش کش کرنا

کوئی شخص اپنی جائداد بیچنا چاہتا ہے اور اس کا کوئی شفیع ہے تو اس کو چپکے سے جائداد اجنبی کو فروخت نہیں کرنی چاہئے، کیونکہ یہ بات چھپی نہیں رہے گی، کسی دن ظاہر ہوگی تو شفیع دعوی کرکے جائداد لے لیگا، پھر چھپانے سے کیا فائدہ ہوا؟ البتہ زندگی بھر کے لئے شفیع کا دل کھٹا ہوجائے گا، بلکہ اسلامی طریقہ یہ ہے کہ پہلے شفیع کے سامنے پیش کش کرے، عرض کے معنی ہیں: پیش کرنا، اگر شفیع انکار کرے تو جس کو چاہے بیچے۔

مسئلہ: شفیع کے انکار کے بعد اگر جائداد اجنبی کو بیچی تو اب شفیع شفعہ کا دعوی کرسکتا ہے یا نہیں؟ حکم بن عتیبہؒ جو بڑے تابعی ہیں کہتے ہیں: اگر شفیع بیع سے پہلے حق شفعہ سے دستبردار ہوجائے تو اب بیع کے بعد شفعہ کا دعوی نہیں کرسکتا۔ اور امام

شعبی رحمہ اللہ جو بڑے تابعی ہیں، فرماتے ہیں: اگر مجلس عقد میں شفیع موجود تھا اور اس نے اعتراض نہیں کیا، خاموش رہا تو اب بیع کے بعد شفعہ کا دعوی نہیں کرسکتا، اس کی خاموشی دلیل ہے کہ وہ شفعہ نہیں لینا چاہتا۔

اور حنفیہ کہتے ہیں: وہ دعوی کرسکتا ہے، کیونکہ جس وقت اس نے شفعہ چھوڑا تھا اس وقت تک حق شفعہ ثابت نہیں ہوا تھا، جیسے بیٹیاں باپ کے سامنے بیٹوں کے حق میں جائداد میں اپنے حق میراث سے دستبردار ہوجائیں، پھر باپ مرجائے تو اب بہنوں کو اپنا حق مانگنے کا حق ہے، کیونکہ جب وہ اپنے حق سے دستبردار ہوئی تھیں اس وقت تک ان کا حق میراث ثابت ہی نہیں ہوا تھا۔ ہاں یہ بات الگ ہے کہ باپ اپنی زندگی میں مکان یا زمین تقسیم کرکے بیٹوں کو قبضہ دیدے تو اب بیٹیاں دعوی نہیں کرسکتیں۔

حدیث: میں ایک واقعہ ہے، عمرو بن الشریدؒ کہتے ہیں: میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے پاس کھڑا تھا کہ مسور بن مخرمہؓ آئے اور وہ میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہوگئے، اتنے میں حضرت ابو رافعؓ آئے جو حضور ﷺ کے آزاد کردہ ہیں، انھوں نے حضرت سعدؓ سے کہا: آپ کے گھیر (بڑے احاطہ میں چند گھروں کا مجموعہ) میں میرے جو دو کمرے ہیں وہ بیچنے ہیں، حضرت سعدؓ نے کہا: مجھے ضرورت نہیں، حضرت مسورؓ نے کہا: آپ کو وہ دونوں گھر لینے پڑیں گے، پس حضرت سعدؓ نے کہا: میں چار ہزار درہم یعنی چار سو دینار سے زیادہ نہیں دونگا، اور وہ بھی قسط وار دوں گا، حضرت ابو رافعؓ نے کہا: میرے پاس پانچ سو دینار یعنی پانچ ہزار درہم کا گاہک موجود ہے، لیکن اگر میں نے نبی ﷺ سے نہ سنا ہوتا کہ الجار أحق بِسَقَبِه : پڑوسی اپنی قریب کی جائداد کا زیادہ حق دار ہے تو وہ دونوں گھر چار ہزار دینار میں نہ دیتا، درانحالیکہ میں ان دونوں کے پانچ سو دینار دیا جارہا ہوں، میں وہ گھر آپ کو چار سو دینار میں دے رہا ہوں (حدیث پوری ہوئی)

اب فقہاء آئے، حنفیہ کہتے ہیں: حضرت سعدؓ جار محض تھے اور ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: وہ شریک فی نفس المبیع تھے، حنفیہ کہتے ہیں: شریک فی نفس المبیع وہ ہوتا ہے جو مبیع کے ہر ہر جزء میں شریک ہو، اور یہاں ایک گھیر ہے جس میں دو کمرے حضرت ابو رافعؓ کے ہیں، ان میں حضرت سعدؓ کی کوئی شرکت نہیں، جیسے ایک بڑی بلڈنگ میں اپارٹمینٹ ہوں، اور ہر فلیٹ کا مالک الگ ہو، تو وہ شریک فی نفس المبیع نہیں، وہ جار محض ہے، پس اس واقعہ سے جار محض کے لئے شفعہ ثابت ہوا۔

[۲-] بَابُ عَرْضِ الشُّفْعَةِ عَلٰى صَاحِبِهَا قَبْلَ الْبَيْعِ

[۱-] وَقَالَ الْحَكَمُ: إِذَا أَذِنَ لَهُ قَبْلَ الْبَيْعِ فَلاَ شُفْعَةَ لَهُ.

[۲-] وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: مَنْ بِيعَتْ شُفْعَتُهُ وَهُوَ شَاهِدٌ لاَ يُغَيِّرُهَا فَلاَ شُفْعَةَ لَهُ.

[۲۲۵۸-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، قَالَ: وَقَفْتُ عَلٰى سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، فَجَاءَ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى إِحْدٰى

مَنْكَبِيَّ، إِذْ جَاءَ أَبُوْ رَافِعٍ مَوْلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ، فَقَالَ: يَا سَعْدُ ابْتَعْ مِنِّيْ بَيْتَيَّ فِي دَارِكَ، فَقَالَ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ مَا أَبْتَاعُهُمَا، فَقَالَ الْمِسْوَرُ: وَاللّٰهِ لَتَبْتَاعَنَّهُمَا، فَقَالَ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ لَا أَزِيْدُكَ عَلٰى أَرْبَعَةِ آلَافٍ مُنَجَّمَةً أَوْ: مُقَطَّعَةً، قَالَ أَبُوْ رَافِعٍ: لَقَدْ أُعْطِيْتُ بِهِمَا خَمْسَ مِائَةِ دِيْنَارٍ، وَلَوْلَا أَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقَبِهِ" مَا أَعْطَيْتُكَمَا بِأَرْبَعَةِ آلَافٍ، وَأَنَا أُعْطٰى بِهِمَا خَمْسَ مِائَةِ دِيْنَارٍ، فَأَعْطَاهَا إِيَّاهُ.[انظر: ٦٩٧٧، ٦٩٨١]

وضاحت: حضرت مسور رضی اللہ عنہ سفارش ہی کے لئے پہلے سے آئے ہوئے تھے............**منجمة** اور **مقطعة** کے ایک معنی ہیں، یعنی قسط وار۔

بَابٌ: أَيُّ الْجِوَارِ أَقْرَبُ؟

کونسا پڑوسی زیادہ نزدیک ہے؟

حنفیہ کے نزدیک اگر کسی فروخت شدہ جائداد کے کئی پڑوسی ہوں، تو جار ملاصق کو شفعہ ملے گا، یعنی جس پڑوسی کی جائداد فروخت شدہ جائداد کے ساتھ ملی ہوئی ہے اس کو شفعہ ملے گا، کیونکہ ضرر جوار سے وہی متأثر ہوگا، اور جن پڑوسیوں کی جائداد ملاصق نہیں، ان کے لئے حق شفعہ نہیں۔

اور یہ مسئلہ اجتہادی ہے، اس سلسلہ میں کوئی نص نہیں۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے غیر باب کی حدیث پیش کی ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: اگر مجھے کوئی ہدیہ دینا ہو، اور کئی پڑوسی ہوں تو کس کو دوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''جس کا دروازہ تمہارے دروازے سے قریب ہو اس کو دو'' ہدیہ موانست (انسیت) پیدا کرنے کے لئے دیا جاتا ہے تاکہ وہ آڑے وقت کام آئے، پس جو اقرب ہے وہ احق ہے۔ اور شفعہ کی بنیاد ضرر جوار سے بچنے پر ہے اور اس کا تحقق جار ملاصق ہی میں ہوتا ہے، اس لئے شفعہ کو ہدیہ پر قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

[۳-] بَابٌ: أَيُّ الْجِوَارِ أَقْرَبُ؟

[۲۲۵۹-] حدثنا حَجَّاجٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، ح: وَحَدَّثَنِيْ عَلِيٌّ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عِمْرَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ لِيْ جَارَيْنِ فَإِلٰى أَيِّهِمَا أُهْدِي؟ قَالَ:" إِلٰى أَقْرَبِهِمَا مِنْكِ بَابًا"[انظر: ۲۵۹۵، ۶۰۲۰]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الإجَارَۃِ

کرایہ پر لینے کا بیان

حاشیہ میں اجارہ کی تین تعریفیں لکھی ہیں، ان میں واضح تیسری تعریف ہے، جو یہ ہے: بیعُ منفعۃٍ معلومۃٍ بأجرٍ معلومٍ: جانی پہچانی منفعت (نفع) کو معلوم اجرت کے بدل بیچنا، پس اجارہ میں منفعت بھی معلوم ہونی چاہئے اور اجرت بھی۔

بَابُ اسْتِئجَارِ الرَّجُلِ الصَّالِحِ، وَالْخَازِنُ الأَمِيْنُ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَعْمِلْ مَنْ أَرَادَ

(۱) کام کے لئے نیک آدمی رکھنا چاہئے (۲) خزانچی امانت دار ہونا چاہئے (۳) اور جو عہدہ مانگے اس کو عہدہ نہ دیا جائے

اس باب میں تین باتیں ہیں:

پہلی بات: کام کے لئے نیک آدمی کو رکھنا چاہئے، تاکہ کام میں اس کی نیکی کی برکتیں شامل ہوں، اور اس کی دلیل آیتِ کریمہ ہے: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ میں مدین کے نیک آدمی کی دولڑکیوں میں سے ایک نے اپنے ابا کو مشورہ دیا کہ اس پردیسی کو نوکر رکھ لیں، کیونکہ نوکر میں دو صفتیں ہونی چاہئیں، وہ دونوں اس میں موجود ہیں: ایک: نوکر قوی (طاقت ور) ہونا چاہئے، تاکہ مشکل کام نمٹا سکے۔ دوم: امانت دار ہونا چاہئے، تاکہ کام میں یا مال میں خیانت نہ کرے۔

دوسری بات: منیجر امانت دار ہی ہونا چاہئے، الخازنُ الأمینُ: مبتدا خبر ہیں، اور جب جملہ اسمیہ کے دونوں جزء معرفہ ہوتے ہیں تو وہ تخصیص کا فائدہ دیتے ہیں، اور دلیل پہلی حدیث ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: امانت دار خزانچی جو خوش دلی سے وہ کام کرے جس کا اس کو حکم دیا گیا ہے تو وہ دو خیرات کرنے والوں میں سے ایک ہے، یعنی گھر کا یا دکان کا منیجر اگر خوش دلی سے سیٹھ جو صدقہ کرنے کے لئے کہے وہ کرے تو ایسے منیجر کو بھی صدقہ کا ثواب ملتا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خازن امانت دار ہونا چاہئے، اگر منیجر خائن ہوگا تو پیڑھی کا بھٹہ بٹھا دے گا۔

تیسری بات: جو شخص کوئی سرکاری عہدہ چاہے اس کو وہ عہدہ نہیں سونپنا چاہئے، عہدہ کا طلب گار عام طور پر مخلص نہیں ہوتا، بلکہ امانت دار بھی نہیں ہوتا، وہ بس اپنا الو سیدھا کرنا چاہتا ہے، ایسے کو عہدہ سونپنے سے کیا فائدہ؟!

اوراس جزء کی دلیل دوسری حدیث ہے، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک مرتبہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا، میرے ساتھ میرے قبیلہ کے دو آدمی بھی تھے، انھوں نے نبی ﷺ سے کوئی سرکاری نوکری چاہی، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے علم میں یہ بات نہیں تھی کہ یہ نوکری کی تلاش میں آئے ہیں (یہ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے اپنی صفائی پیش کی کہ کہیں حضور ﷺ یہ نہ سمجھیں کہ میں سفارشی بن کر آیا ہوں) پس نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہم سرکاری کام اس شخص کو ہرگز نہیں دیتے جو اس کو چاہتا ہے''

۳۷- كتاب الإجارة

بسم الله الرحمن الرحيم

[۱-] بَابُ اسْتِئجَارِ الرَّجُلِ الصَّالِحِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِيْنُ﴾ [القصص: ۲۶]

وَالْخَازِنُ الْأَمِيْنُ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَعْمِلْ مَنْ أَرَادَهُ

[۲۲۶۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، أَخْبَرَنِيْ جَدِّيْ أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الْخَازِنُ الْأَمِيْنُ الَّذِيْ يُؤَدِّيْ مَا أُمِرَ بِهِ طَيِّبَةً نَفْسُهُ أَحَدُ الْمُتَصَدِّقِيْنَ" [راجع: ۱٤۳۸]

[۲۲۶۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، ثَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، ثَنَا أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: أَقْبَلْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَمَعِيَ رَجُلَانِ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ، فَقُلْتُ: مَا عَلِمْتُ أَنَّهُمَا يَطْلُبَانِ الْعَمَلَ، قَالَ: " لَنْ، أَوْ: لَا نَسْتَعْمِلُ عَلٰى عَمَلِنَا مَنْ أَرَادَهُ"

[انظر: ۳۰۳۸، ٤۳٤۱، ٤۳٤٤، ٦۱۲٤، ٦۹۲۳، ۷۱٤۹، ۷۱٥٦]

ترکیب: حدیث میں الخازن: مبتدا، الأمین: پہلی صفت، الذی: دوسری صفت، طیبةً: یؤدی کے فاعل سے حال، أحد: خبر، (حدیث پہلے کتاب الزکاۃ میں آچکی ہے)

بَابُ رَعْيِ الْغَنَمِ عَلٰى قَرَارِيْطَ

قیراطوں پر بکریاں چرانا

قراریط: قیراط کی جمع ہے، درہم کا چھٹا حصہ قیراط کہلاتا ہے۔ اجیر کی دو قسمیں ہیں: اجیر خاص اور اجیر عام۔ اجیر خاص

وہ ہے جو معین آدمی کا کام کرے، جیسے شخصی ملازم اور مزدور۔ **هو الذی یَعْمَل لواحدٍ، ولا یَعمل لغیره:** اور اجیر عام وہ ہے جو ایک ساتھ کئی آدمیوں کا کام کرے، جیسے دھوبی، درزی اور رنگریز وغیرہ، **الذی یعمل لکل من قَدَّم له العَمَلَ۔**

جاننا چاہئے کہ دونوں طرح کا اجارہ صحیح ہے، نبی ﷺ بچپن میں اجیر عام کے طور پر لوگوں کی بکریاں چراتے تھے، اور فی بکری چند قیراط لیتے تھے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب دادا عبدالمطلب کا انتقال ہوا تو کوئی چچا یتیم بھتیجے کے سر پر دست شفقت رکھنے کے لئے تیار نہیں تھا، خواجہ ابو طالب جو کثیر العیال اور نادار تھے انھوں نے نبی ﷺ کو اپنی پرورش میں لے لیا، حضور ﷺ نے فرمایا: جب میں نے ہوش سنبھالا تو سوچا کہ چچا کی اولاد بہت ہے اور آمدنی ناکافی ہے، پس میں مکہ کے لوگوں کی بکریاں چرانے لگا، کسی کی دو بکریاں، کسی کی چار، کسی کی چھ، اس طرح ریوڑ بنا کر میں بکریاں چراتا تھا، اور شام کو سب کی بکریاں ان کے گھر پہنچا دیتا تھا، اس طرح جو آمدنی ہوتی تھی وہ چچا کی خدمت میں پیش کرتا تھا تاکہ ان کی کچھ معاونت ہو جائے۔

حدیث: ایک مرتبہ نبی ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: ہر نبی نے بکریاں چرائی ہیں، صحابہ نے پوچھا: یا رسول اللہ! آپؐ نے بھی؟ آپؐ نے فرمایا: میں بھی مکہ میں (بچپن میں) مکہ والوں کی بکریاں چراتا تھا، اور ہر بکری کی چرائی چند قیراط لیتا تھا۔

تشریح: جاننا چاہئے کہ یہ منطقی قاعدہ نہیں، جو کلیہ ہوتا ہے، بلکہ خطابی قاعدہ ہے جو اکثری ہوتا ہے، اور علماء نے بکریاں چروانے کی حکمت یہ بیان کی ہے کہ بکری ضعیف، مسکین جانور ہے اور انبیاء کے پہلے متبعین ضعفاء ہوتے ہیں، ان کے ساتھ کس طرح معاملہ کرنا چاہئے اس کی تربیت بکریاں چروا کر کی جاتی تھی۔

[۲-] بَابُ رَعْيِ الْغَنَمِ عَلٰی قَرَارِيْطَ

[۲۲۶۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَكِّيُّ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَا بَعَثَ اللّٰهُ نَبِيًّا إِلَّا رَعَى الْغَنَمَ" فَقَالَ أَصْحَابُهُ: وَأَنْتَ؟ فَقَالَ: "نَعَمْ، كُنْتُ أَرْعَاهَا عَلٰى قَرَارِيْطَ لِأَهْلِ مَكَّةَ"

بَابُ اسْتِئْجَارِ الْمُشْرِكِيْنَ عِنْدَ الضَّرُوْرَةِ، وَإِذَا لَمْ يُوْجَدْ أَهْلُ الإِسْلَامِ

بوقت ضرورت غیر مسلم کو نوکر رکھنا، یا جب کوئی مسلمان ملازم نہ ملے

ہمارے نسخہ میں واؤ ہے، اور مصری نسخہ میں اور گیلری میں أو ہے، پس یہ واؤ بھی أو کے معنی میں ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک غیر مسلم کو (خواہ ذمی ہو یا حربی) بوقت ضرورت ہی ملازم رکھا جا سکتا ہے، جیسے نبی ﷺ نے خیبر کے یہودیوں سے بٹائی کا معاملہ کیا، یہ ضرورت کی وجہ سے تھا، کیونکہ مسلمان سب جہاد میں مشغول تھے، وہ اپنی زمینیں خود نہیں بو سکتے تھے۔

یا کوئی مسلمان ملازم دستیاب نہ ہو تو غیر مسلم کو ملازم رکھ سکتے ہیں، جیسے سفرِ ہجرت میں غیر مسلم راہبر رکھا گیا تھا، کیونکہ کوئی مسلمان راہبر دستیاب نہیں تھا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب نبی ﷺ ہجرت کے لئے چلے تو چار آدمی ساتھ تھے، ایک: آپ ﷺ، دوسرے: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، تیسرا: اونٹوں کا خادم، سفر میں جہاں رکیں گے وہاں اونٹوں کو چرانے کے لئے اور پانی پلانے کے لئے کسی خادم کی ضرورت ہوگی، چوتھے: عرب کا علاقہ پہاڑی علاقہ ہے، اور پہاڑی علاقہ میں جو عام راستہ تھا اس پر سفر نہیں کرنا تھا، کیونکہ اس راستہ پر مکہ والے ڈھونڈھیں گے، اس لئے انجانے راستہ پر سفر کرنا تھا، اور پہاڑی علاقہ میں ہر آدمی خود سفر نہیں کرسکتا، گم ہوجائے گا، گھاٹیوں میں پھنس جائے گا، اس لئے راستوں کا ایک ماہر ساتھ لیا تھا اور وہ مشرک تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دو اونٹنیاں اس کو دیدی تھیں، اور اس سے کہا تھا کہ تیسری رات کو صبح صادق سے پہلے دونوں اونٹنیاں لے کر جبل ثور کے پاس آجانا، وقت پر آپ ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پہاڑ سے اترے اور مدینہ کی طرف روانہ ہوگئے، وہ غیر مسلم راہبر غیر معروف راستہ پر لے کر چلا اور مدینہ تک پہنچادیا۔

لیکن ابن بطالؒ وغیرہ نے اعتراض کیا ہے کہ غیر مسلم کو ہر حال میں نوکر رکھ سکتے ہیں، خواہ ضرورت ہو یا نہ ہو، اور خواہ مسلمان نوکر دستیاب ہو یا نہ ہو۔ پس حضرت امام نے جو قیدیں لگائی ہیں اس سے فقہاء متفق نہیں۔

[۳-] بَابُ اسْتِئْجَارِ الْمُشْرِكِيْنَ عِنْدَ الضَّرُوْرَةِ، وَإِذَا لَمْ يُوْجَدْ أَهْلُ الإِسْلاَمِ

وَعَامَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَهُوْدَ خَيْبَرَ.

[۲۲۶۳-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ: وَاسْتَأْجَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ رَجُلاً مِنْ بَنِيْ الدِّيْلِ، ثُمَّ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ بْنِ عَدِيٍّ هَادِيًا خِرِّيْتًا —— وَالْخِرِّيْتُ: الْمَاهِرُ بِالْهِدَايَةِ —— قَدْ غَمَسَ يَمِيْنَ حِلْفٍ فِيْ آلِ الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ، وَهُوَ عَلَى دِيْنِ كُفَّارِ قُرَيْشٍ، فَأَمِنَاهُ، فَدَفَعَا إِلَيْهِ رَاحِلَتَيْهِمَا، وَوَاعَدَاهُ غَارَ ثَوْرٍ بَعْدَ ثَلاَثِ لَيَالٍ، فَأَتَاهُمَا بِرَاحِلَتَيْهِمَا صَبِيْحَةَ لَيَالٍ ثَلاَثٍ، فَارْتَحَلاَ، وَانْطَلَقَ مَعَهُمَا عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ وَالدَّلِيْلُ الدِّيْلِيُّ، فَأَخَذَ بِهِمْ أَسْفَلَ مَكَّةَ وَهُوَ طَرِيْقُ السَّاحِلِ. [راجع: ۴۷۶]

ترجمہ: اور نبی ﷺ نے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو اجرت پر رکھا جو قبیلہ بنو دیل کا تھا، پھر اس کی شاخ بنو عبد بن عدی کا تھا راہبری کے لئے، جو راستوں کا ماہر تھا، جس نے عاص بن وائل کے خاندان سے دوستی گانٹھی تھی، یعنی اب وہ مکہ کا باشندہ تھا، اور وہ مشرک تھا، پس دونوں نے اس پر اطمینان کیا اور اس کو اپنی دونوں سواریاں دیدیں، اور اس سے تین راتوں کے بعد غار ثور کا وعدہ کیا، پس وہ دونوں کے پاس تیسری رات کی صبح کو اپنی سواریاں لے کر آیا، پس دونوں

نے کوچ کیا اوران دونوں کے ساتھ عامر بن فہیرہؓ اور دیلی گائڈ چلا، پس وہ ان کو زیریں مکہ سے لے چلا جو ساحل سمندر کا راستہ ہے۔

وضاحت: حدیث کے شروع میں واؤ اس لئے ہے کہ یہ لمبی حدیث کا حصہ ہے، اس کا شروع کا حصہ پہلے دوجگہ آچکا ہے.........**والخریت: الماهر بالهداية** امام زہری رحمہ اللہ کی تفسیر ہے جو حدیث میں مدرج ہے۔

بَابٌ: إِذَا اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا إلخ

خاص وقت سے کام شروع کرنے کے لئے اجیر رکھنا درست ہے

باب کی عبارت لمبی ہے۔ اس کا ترجمہ ہے: ''جب کوئی اجیر کرایہ پر رکھا تاکہ وہ اس کے لئے کام کرے تین دن کے بعد یا مہینہ کے بعد یا سال کے بعد تو یہ درست ہے۔ اور وہ دونوں اپنی اس شرط پر ہونگے جو ان دونوں نے طے کی ہے، جبکہ مقررہ وقت آئے گا'' اس کا حاصل یہ ہے کہ کسی کو نوکر رکھا اور کام کرنے کا زمانہ طے کیا کہ چوتھے دن سے کام شروع کرنا ہے تو ایسا اجارہ درست ہے۔ اور وہ وقت مقررہ پر کام شروع کرے گا، اور جو معاملہ طے ہوا ہے اس کے مطابق اجرت پائے گا، اور حدیث وہی ہے جو اوپر گذری کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بنو دیل کے ایک آدمی کے ساتھ معاملہ طے کیا کہ وہ تین راتوں کے بعد غارِ ثور کے پاس پہنچے گا، چنانچہ وہ وقت مقررہ پر پہنچا اور اسی وقت سے اس کا اجارہ شروع ہوا۔

[٤-] بَابٌ: إِذَا اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا، لِيَعْمَلَ لَهُ بَعْدَ ثَلاَ ثَةِ أَيَّامٍ، أَوْ بَعْدَ شَهْرٍ، أَوْ بَعْدَ سَنَةٍ جَازَ، وَهُمَا عَلٰى شَرْطِهِمَا الَّذِىْ اشْتَرَطَاهُ إِذَا جَاءَ الْأَجَلُ

[٢٢٦٤-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: وَاسْتَأْجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ رَجُلاً مِنْ بَنِىْ الدِّيْلِ هَادِيًا خِرِّيْتًا، وَهُوَ عَلٰى دِيْنِ كُفَّارِ قُرَيْشٍ، فَدَفَعَا إِلَيْهِ رَاحِلَتَيْهِمَا، وَوَاعَدَاهُ غَارَ ثَوْرٍ بَعْدَ ثَلاَثِ لَيَالٍ، بِرَاحِلَتَيْهِمَا صُبْحَ ثَلاَثٍ. [راجع: ٤٧٦]

بَابُ الْأَجِيْرِ فِى الْغَزْوِ

جہاد میں مزدور رکھنا

کوئی شخص جہاد کے لئے نکلے اور نوکر ساتھ لیجائے تو یہ جائز ہے، کیونکہ گھوڑے کی خدمت کے لئے، کھانا پکانے کے لئے

اوردوسرے کاموں کے لئے نوکر کی ضرورت ہوتی ہے، اور نوکر ساتھ لے جانے سے اس کے ثواب میں کوئی کمی نہیں آئیگی۔

حدیث: حضرت یعلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک جہاد میں اپنے ساتھ نوکر لے گیا، سفر میں میرے نوکر اور ایک دوسرے مجاہد کے نوکر کے درمیان جھگڑا ہوگیا۔ اس نے میرے نوکر کا ہاتھ کاٹا، میرے نوکر نے اپنا ہاتھ چھڑایا تو دوسرے نوکر کا دانت ٹوٹ گیا، وہ فریاد لے کر حضور ﷺ کے پاس پہنچا اور قصاص کا مطالبہ کیا، آپؐ نے کوئی قصاص نہیں دلوایا، بلکہ اس کو ڈانٹا کہ کیا وہ تیرے منہ میں اپنا ہاتھ دیئے رہتا کہ تو اس کو سانڈ کی طرح چپاتا رہتا!

[۵-] بَابُ الْأَجِيْرِ فِي الْغَزْوِ

[۲۲۶۵-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى، عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم جَيْشَ الْعُسْرَةِ، فَكَانَ مِنْ أَوْثَقِ أَعْمَالِيْ فِي نَفْسِيْ، وَكَانَ لِيْ أَجِيْرٌ، فَقَاتَلَ إِنْسَانًا، فَعَضَّ أَحَدُهُمَا إِصْبَعَ صَاحِبِهِ، فَانْتَزَعَ إِصْبَعَهُ، فَأَنْدَرَ ثَنِيَّتَهُ، فَسَقَطَتْ، فَانْطَلَقَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَهْدَرَ ثَنِيَّتَهُ، وَقَالَ: "أَفَيَدَعُ إِصْبَعَهُ فِي فِيْكَ تَقْضَمُهَا؟" قَالَ: أَحْسِبُهُ قَالَ: "كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ" [راجع: ۱۸۴۸]

[۲۲۶۶-] وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ جَدِّهِ بِمِثْلِ هٰذِهِ الْقِصَّةِ، أَنَّ رَجُلاً عَضَّ يَدَ رَجُلٍ فَأَنْدَرَ ثَنِيَّتَهُ، فَأَهْدَرَهَا أَبُوْ بَكْرٍ.

قوله: فكان من أوثق أعمالي: حضرت یعلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں جیش عسرہ (غزوۂ تبوک) میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا، اگرچہ اس غزوہ میں لڑنا نہیں پڑا، لیکن مجھے زندگی بھر کے تمام اچھے کاموں میں سب سے زیادہ اعتماد غزوۂ تبوک کی شرکت پر ہے، یعنی میرے نزدیک سب سے افضل عمل غزوۂ تبوک کی شرکت ہے اگرچہ لوگ بدر کو افضل سمجھتے ہیں۔

قوله: فانتزع إصبعه: یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے۔ اصل واقعہ یہ ہے کہ دوسرے نوکر نے حضرت یعلیؓ کے نوکر کی کلائی پر کاٹا تھا، اور جب اس نے اپنی کلائی چھڑائی تو دوسرے نوکر کا دانت ٹوٹ گیا۔

قوله: فأهدر ثنيته: حضور ﷺ نے اس کے دانت کو رائگاں کیا، یعنی نہ قصاص دلوایا نہ دیت دلوائی۔

قوله: أحسبه قال: راوی کہتا ہے کہ میرا خیال ہے کہ یہ ٹکرا: کما یقضم الفحل بھی حدیث میں ہے۔

ملحوظہ: دوسری حدیث: حاکم ابو احمد نے کُنیٰ میں روایت کی ہے: اس میں عن جده کے بعد عن أبي بكر ہے، اور اس میں آخر میں فأهدرها أبوبكر ہے، مگر یہ بات سمجھ میں نہیں آتی، کیونکہ اس کو رائگاں نبی ﷺ نے کیا تھا............ اور **قوله: بمثل هذه القصة:** مصری نسخہ میں بمثل هذه الصفة ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسا ہی واقعہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی پیش آیا ہے............ اور مغلطائی کہتے ہیں کہ اس دوسری حدیث کی سند میں دو جگہ انقطاع ہے۔

بَابٌ: إِذَا اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا، فَبَيَّنَ لَهُ الأَجَلَ، وَلَمْ يُبَيِّنِ الْعَمَلَ

اجیر رکھا، اس کو کام کی مدت بتلائی، اور کام نہیں بتلایا

کتاب الاجارہ کے شروع میں بتایا ہے کہ اجارہ منفعت معلومہ کو بیچنا ہے، پس اگر منفعت دلالۃً یا عرفاً معلوم ہو تو عقد صحیح ہے، اس کا تذکرہ ضروری نہیں، اور کسی طرح بھی معلوم نہ ہو تو اجارہ فاسد ہے۔

مدین کے نیک آدمی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ ان دونوں لڑکیوں میں سے ایک کو تمہارے ساتھ بیاہ دوں، اس شرط پر کہ تم آٹھ سال میری نوکری کرو، پھر اگر تم دس سال پورے کرو تو یہ تمہاری طرف سے (احسان) ہے اور میں اس معاملہ میں تم پر کوئی مشقت ڈالنا نہیں چاہتا، اور تم مجھ کو اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو خوش معاملہ پاؤ گے، یعنی کام لینے میں اور وقت کی پابندی وغیرہ تمام امور میں آسانی برتوں گا۔ موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: یہ بات میرے اور آپ کے درمیان طے ہے اور دونوں مدتوں میں سے جس مدت کو بھی پورا کردوں مجھ پر کوئی جبر نہ ہوگا، اور ہم جو بات کررہے ہیں اللہ اس کے گواہ ہیں۔ اس نیک بندے نے مدت مقرر کی ہے، آٹھ سال یا دس سال، مگر کام نہیں بتلایا، کیونکہ عرف میں گھر کے ملازم سے کیا کام لیا جاتا ہے وہ معلوم ہے، اسی طرح تعمیر لگ رہی ہے، مزدور کو بلایا تو معلوم ہے کہ اسے کیا کرنا ہے یا مستری کو رکھا تو معلوم ہے کہ اسے کیا کرنا ہے، یا مدرس رکھا تو معلوم ہے کہ اس کو کیا کرنا ہے، وقت کی پابندی کے ساتھ مفوضہ کام انجام دینا ہے۔

[٦-] بَابٌ: إِذَا اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا، فَبَيَّنَ لَهُ الأَجَلَ، وَلَمْ يُبَيِّنِ الْعَمَلَ

لِقَوْلِهِ تَعَالىٰ: ﴿إِنِّيْ أُرِيْدُ أَنْ أُنْكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ﴾ إِلىٰ قَوْلِهِ: ﴿وَاللّٰهُ عَلىٰ مَانَقُوْلُ وَكِيْلٌ﴾ [القصص:٢٧-٢٨] يَأْجُرُ فُلَانًا: يُعْطِيْهِ أَجْرًا، وَمِنْهُ فِي التَّعْزِيَةِ: آجَرَكَ اللّٰهُ.

لغات: آیت کریمہ میں ﴿أَنْ تَأْجُرَنِيْ﴾ آیا ہے کہ تو میری نوکری کرے، تو میری مزدوری کرے۔ أَجَرَ يَأْجُرُ (ن) أَجْرًا کے معنی ہیں: کسی کی مزدوری کرنا، أن ناصبہ ہے، تأجر مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ہے، نون وقایہ کا ہے اوری ضمیر واحد متکلم ہے۔ اور أَجَرَ اللّٰهُ عَبْدَهُ کے معنی ہیں: ثواب دینا، یہی معنی آجر إِيْجَارًا (باب افعال) کے ہیں، چنانچہ تعزیت کے موقع پر کہتے ہیں: آجرك الله: اللہ آپ کو مصیبت کا بدلہ دے۔

بَابٌ: إِذَا اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا عَلىٰ أَنْ يُقِيْمَ حَائِطًا يُرِيْدُ أَنْ يَنْقَضَّ جَازَ

اجیر رکھا کہ بوسیدہ دیوار سیدھی کردے تو یہ جائز ہے

اجارہ کی ایک شکل ٹھیکہ دینا ہے، دیوار بوسیدہ ہوگئی، مستری کو بلایا اور کہا کہ یہ دیوار ٹھیک کردے، کتنے پیسے لے گا؟ اس

نے کہا: سات سو روپے، یہ ٹھیکہ ہوگیا، یہ جائز ہے۔ کیونکہ یہ بھی ایک طرح کا اجارہ ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تعلیمی سفرنامہ میں یہ جملہ آیا ہے: ﴿لَوْ شِئْتَ لاَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا﴾ موسیٰ علیہ السلام نے خضر علیہ السلام سے کہا: اگر آپ دیوار سیدھی کرنے کا ٹھیکہ لیتے تو کیا اچھا ہوتا، ہم کچھ خرید کر کھا پی لیتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ دیوار سیدھی کرنے کے لئے یا کسی بھی کام کے لئے ٹھیکہ دینا جائز ہے۔

[۷-] بَابٌ: إِذَا اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا عَلٰى أَنْ يُقِيْمَ حَائِطًا يُرِيْدُ أَنْ يَنْقَضَّ جَازَ

[۲۲٦۷-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ يَعْلَى بْنُ مُسْلِمٍ، وَعَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، يَزِيْدُ أَحَدُهُمَا عَلٰى صَاحِبِهِ، وَغَيْرُهُمَا قَالَ: قَدْ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُهُ عَنْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ لِىْ ابْنُ عَبَّاسٍ: ثَنِىْ أُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿فَانْطَلَقَا فَوَجَدَا جِدَارًا يُرِيْدُ أَنْ يَّنْقَضَّ﴾ [الكهف: ۷۷]- قَالَ سَعِيْدٌ: بِيَدِهِ هٰكَذَا- وَرَفَعَ يَدَهُ - فَاسْتَقَامَ" قَالَ يَعْلٰى: حَسِبْتُ أَنَّ سَعِيْدًا قَالَ: " فَمَسَحَهُ بِيَدِهِ فَاسْتَقَامَ قَالَ: ﴿لَوْ شِئْتَ لاَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا﴾ [الكهف: ۷۷]" قَالَ سَعِيْدٌ: أَجْرًا نَأْكُلُهُ. [راجع: ۷٤]

وضاحت: یہ لمبی حدیث ہے، کتاب التفسیر (حدیث ۴۷۲٦) میں مفصل ہے، ابن جریج یہ حدیث متعدد اساتذہ سے روایت کرتے ہیں، ان میں سے یعلی اور عمرو بن دینار بصیغۂ عن حضرت سعید بن جبیر سے روایت کرتے ہیں، اور ان دونوں میں سے ایک اپنے ساتھی پر حدیث میں اضافہ کرتا ہے۔ ابن جریج نے دونوں کی حدیثوں کو ملا کر ایک کیا ہے۔ اور ابن جریج یہ حدیث ان دونوں کے علاوہ اساتذہ سے بھی روایت کرتے ہیں، ان میں سے ایک سماع کی صراحت کرتا ہے، کہتا ہے: قد سمعتُه یحدِّثُه عن سعید: ابن جریج کہتے ہیں: میں نے اس کو سنا وہ حضرت سعید بن جبیر سے سن کر حدیث نقل کرتا ہے۔

قال سعید بیده هکذا: حضرت سعیدؒ نے اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کیا، قال کے صلہ میں باء آئے تو اس کے معنی اشارہ کرنے کے ہوتے ہیں، اور اٹھایا سعید نے اپنا ہاتھ، یعنی دیوار کی جڑ میں ہاتھ رکھ کر اوپر کی طرف اٹھایا، تو دیوار سیدھی ہوگئی۔

بَابُ الإِجَارَةِ إِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ، وَبَابُ الإِجَارَةِ إِلٰى صَلاَةِ الْعَصْرِ

آدھے دن کے لئے مزدور رکھنا، اور نمازِ عصر تک کے لئے مزدور رکھنا

یہ تین باب ہیں، پہلا باب ہے: آدھے دن کے لئے مزدور رکھنا۔ دوسرا باب ہے: دوپہر سے عصر کی نماز تک کے لئے

مزدور رکھنا، پھر تیسرا باب آئے گا باب الإجارة من العصر إلی اللیل، عصر کے وقت سے رات تک کے لئے مزدور رکھنا، اور بیچ میں دفع دخل مقدر کے طور پر باب آئے گا: باب إثم من منع أجر الأجیر: مزدور کو مزدوری نہ دینے کا گناہ، ان تینوں بابوں میں ایک ہی واقعہ ہے، جو بخاری شریف میں کئی جگہ آیا ہے، اور پہلے بھی آچکا ہے۔

اور دورِ اول میں روایت بالمعنی کی جاتی تھی، صحابہ ایک ہی واقعہ مختلف اوقات میں بیان کرتے تھے، ایسی صورت میں واقعہ کے متعلقات میں کچھ اختلاف ناگزیر ہے، اس لئے اس کو نظر انداز کرنا چاہئے۔ اور واقعہ کی صحیح نوعیت یہ ہے کہ پہلے مزدوروں کو دن بھر کے لئے رکھا تھا، اور دوسروں کو دوپہر سے شام تک کے لئے اور تیسروں کو عصر سے رات تک کے لئے، لیکن مسئلہ کی رو سے اگر آپ آدھے دن کے لئے مزدور رکھیں تو جائز ہے۔

واقعہ کی صحیح نوعیت: پہلے حدیث ۵۵۸ آئی ہے، نبی ﷺ نے یہود ونصاری اور مسلمانوں کی ایک مثال بیان فرمائی: ایک شخص کو کوئی ضروری تعمیر کرنی ہے، اور شام تک اس کو نمٹانا ہے، وہ مزدور لایا اور دہاڑی ایک ایک قیراط طے کی، دوپہر کو وہ تھک گئے، انھوں نے کہا: اب ہم آگے کام نہیں کریں گے، اور جو کام ہم نے کیا ہے اس کی اجرت بھی نہیں چاہئے، پھر بھی مالک نے ان کو پوری اجرت دے کر رخصت کیا، پھر وہ رات تک کے لئے دوسرے مزدور لایا، ان کی اجرت بھی ایک ایک قیراط طے کی، عصر کے وقت وہ بھی تھک گئے، انھوں نے کہہ دیا کہ ہم آگے کام نہیں کریں گے، اور جو کام ہم نے کیا ہے اس کی مزدوری بھی ہمیں نہیں چاہئے، پھر بھی مالک نے ان کو پوری اجرت دے کر رخصت کیا، پھر وہ تیسرے مزدور رات تک کے لئے لایا، اور ان سے کہا: لگ لپٹ کر کام پورا کرو، میں تمھیں ڈبل مزدوری دوں گا، چنانچہ انھوں نے کام پورا کیا اور دو قیراط پائے، پس پہلے دونوں مزدور آئے، کہنے لگے: کام ہم نے زیادہ کیا اور ہمیں ایک ایک قیراط ملا، اور انھوں نے کام تھوڑا کیا اور ڈبل مزدوری پائی۔ مالک نے کہا: میں نے جو تم سے مزدوری طے کی تھی وہ پوری دی یا نہیں؟ انھوں نے کہا: آپ نے ہمیں مزدوری پوری دی، آقا نے کہا: پھر تمہارا کیا مطالبہ ہے؟ مجھے جس کا کام پسند آیا اس کو ڈبل مزدوری دی، تمہارا تو کوئی حق نہیں مارا، پہلے مزدور یہود ہیں، دوسرے نصاری اور آخری مزدور یہ امت ہے جس نے لگ لپٹ کر کام نمٹا دیا ہے، اللہ تعالیٰ ان سے خوش ہوئے اور ان کو ایک کے دس دیئے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ۔

[۸-] بَابُ الإِجَارَةِ إِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ

[۲۲۶۸-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَثَلُكُمْ وَمَثَلُ أَهْلِ الْكِتَابَيْنِ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَأْجَرَ أُجَرَاءَ، فَقَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ مِنْ غُدْوَةٍ إِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ؟ فَعَمِلَتِ الْيَهُوْدُ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ إِلٰى صَلَاةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيْرَاطٍ؟ فَعَمِلَتِ النَّصَارَى، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَعْمَلُ مِنَ الْعَصْرِ إِلٰى أَنْ تَغِيْبَ الشَّمْسُ

عَلٰى قِيْرَاطَيْنِ؟ فَأَنْتُمْ هُمْ، فَغَضِبَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارَى، فَقَالُوْا: مَا لَنَا أَكْثَرَ عَمَلاً وَأَقَلَّ عَطَاءً؟ قَالَ: هَلْ نَقَصْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ؟ قَالُوْا: لاَ، قَالَ: فَذٰلِكَ فَضْلِيْ أُوْتِيْهِ مَنْ أَشَاءُ"[راجع: ۵۵۷]

[۹-] بَابُ الإِجَارَةِ إِلٰى صَلاَةِ الْعَصْرِ

[۲۲۶۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَالْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى كَرَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالاً، فَقَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ إِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ؟ فَعَمِلَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ، ثُمَّ عَمِلَتِ النَّصَارَى عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ، ثُمَّ أَنْتُمُ الَّذِيْنَ تَعْمَلُوْنَ مِنْ صَلاَةِ الْعَصْرِ إِلٰى مَغَارِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ، فَغَضِبَتَ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارَى وَقَالُوْا: نَحْنُ أَكْثَرُ عَمَلاً وَأَقَلُّ عَطَاءً! قَالَ: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا؟ قَالُوْا: لاَ، قَالَ: فَذٰلِكَ فَضْلِيْ أُوْتِيْهِ مَنْ أَشَاءُ"

[راجع: ۵۵۷]

وضاحت: ان دونوں روایتوں میں پہلے مزدوروں کے تعلق سے إلی نصف النهار آیا ہے، اس لئے حضرت نے پہلا باب قائم کیا ہے، حالانکہ وہ بھی پورے دن کے لئے رکھے گئے تھے۔

بَابُ إِثْمِ مَنْ مَنَعَ أَجْرَ الأَجِيْرِ

اجیر کو اجرت نہ دینے کا گناہ

مزدور رکھا، کام لے لیا، اور مزدوری نہیں دی، یہ ان تین شخصوں میں سے ایک ہے جس کے خلاف قیامت کے دن اللہ تعالیٰ دعوی دائر کریں گے۔ اور حدیث پہلے گذر چکی ہے۔ اور یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں کہ جتنے وقت کا اجارہ ہوا ہے، اس کی پوری مزدوری دینی چاہئے، مگر حدیث میں ہے کہ مزدوروں نے درمیان میں خود کام چھوڑ دیا تھا، اورانھوں نے تسلیم کیا تھا کہ ان کا اجرت کا استحقاق نہیں ہے، ہاں اگر کوئی معقول عذر کی وجہ سے کام چھوڑ دے تو جتنی دیر کام کیا ہے اتنی اجرت دینی چاہئے، مگر کریم آقا نے بلا وجہ درمیان میں کام چھوڑنے پر بھی پوری اجرت دی، یہ اس کا کرم واحسان ہے۔

[۱۰-] بَابُ إِثْمِ مَنْ مَنَعَ أَجْرَ الأَجِيْرِ

[۲۲۷۰-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ

سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ثَلَاثَةٌ أَنَا خَصْمُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ : رَجُلٌ أَعْطٰی بِیْ ثُمَّ غَدَرَ، وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَأَكَلَ ثَمَنَهُ، وَرَجُلٌ اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا فَاسْتَوْفٰی مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِهِ أَجْرَهُ"[راجع: ۲۲۲۷]

بَابُ الإِجَارَةِ مِنَ الْعَصْرِ إِلٰی اللَّيْلِ

عصر سے رات تک کے لئے مزدور رکھنا

اس باب اورحدیث کے بارے میں پہلے گفتگو آ چکی ہے،اور باب کی حدیث سے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ عصر کا وقت دو مثل سے شروع ہوتا ہے، کیونکہ زوال سے ایک مثل کے ختم تک اور دوسرے مثل سے غروب تک تقریباً وقت مساوی ہوتا ہے،صرف آدھے گھنٹہ کا فرق رہتا ہے، یہ فرق آج گھڑیوں کے زمانہ میں تو معلوم کیا جاسکتا ہے،لیکن اگر گھڑی نہ ہوتو یہ فرق محسوس نہیں کیا جاسکتا۔ نیز باب کی روایت میں ہے:بَقِیَ من النهار شیئ یسیر: پس وقت تھوڑا ہی بچا ہے!معلوم ہوا کہ عصر کا وقت تیسرے مثل سے شروع ہوتا ہے۔

[۱۱-] بَابُ الإِجَارَةِ مِنَ الْعَصْرِ إِلٰی اللَّيْلِ

[۲۲۷۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" مَثَلُ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَی كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَأْجَرَ قَوْمًا يَعْمَلُوْنَ لَهُ عَمَلاً يَوْمًا إِلٰی اللَّيْلِ عَلٰی أَجْرٍ مَعْلُوْمٍ، فَعَمِلُوْا لَهُ إِلٰی نِصْفِ النَّهَارِ، فَقَالُوْا: لَاحَاجَةَ لَنَا إِلٰی أَجْرِكَ الَّذِیْ شَرَطْتَ لَنَا، وَمَا عَمِلْنَا بَاطِلٌ، فَقَالَ لَهُمْ: لَا تَفْعَلُوْا، أَكْمِلُوا بَقِيَّةَ عَمَلِكُمْ، وَخُذُوْا أَجْرَكُمْ كَامِلاً، فَأَبَوْا وَتَرَكُوْا. وَاسْتَأْجَرَ آخَرِيْنَ بَعْدَهُمْ، فَقَالَ: أَكْمِلُوا بَقِيَّةَ يَوْمِكُمْ هٰذَا، وَلَكُمُ الَّذِیْ شَرَطْتُ لَهُمْ مِنَ الْأَجْرِ ، فَعَمِلُوْا حَتّٰی إِذَا كَانَ حِيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ، قَالُوْا: لَكَ مَا عَمِلْنَا بَاطِلٌ، وَلَكَ الْأَجْرُ الَّذِیْ جَعَلْتَ لَنَا فِيْهِ. فَقَالَ لَهُمْ: أَكْمِلُوْا بَقِيَّةَ عَمَلِكُمْ فَإِنَّ مَا بَقِیَ مِنَ النَّهَارِ شَیْئٌ يَسِيْرٌ، فَأَبَوْا، فَاسْتَأْجَرَ قَوْمًا أَنْ يَعْمَلُوْا لَهُ بَقِيَّةَ يَوْمِهِمْ، فَعَمِلُوْا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمْ حَتّٰی غَابَتِ الشَّمْسُ، وَاسْتَكْمَلُوْا أَجْرَ الْفَرِيْقَيْنِ كِلَيْهِمَا، فَذٰلِكَ مَثَلُهُمْ وَمَثَلُ مَا قَبِلُوْا مِنْ هٰذَا النُّوْرِ"[راجع: ۵۵۸]

وضاحت: اس حدیث میں پہلے مزدوروں کے معاملہ میں ہے:یوماً إلی اللیل: یہی صحیح واقعہ ہے،وہ دن بھر کے لئے رکھے گئے تھے.......... من هذا النور سے مراد شریعت ہے، یہود ونصاری نے دین پر عمل کم کیا،اور یہ امت عمل میں ان سے آگے بڑھ گئی۔

بَابُ مَنِ اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا فَتَرَكَ أَجْرَهُ فعَمِلَ فِيْهِ الْمُسْتَأْجِرُ فَزَادَ أَوْ مَنْ عَمِلَ فِي مَالِ غَيْرِهِ فَاسْتَفْضَلَ

(۱)مزدور رکھا وہ اپنی مزدوری چھوڑ کر چلا گیا، پس مالک نے اس کو بڑھایا

(۲)یا جس نے دوسرے کے مال میں عمل کیا، پس اس کو بڑھایا

اس باب میں دو باتیں ہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں کا حکم بیان نہیں کیا، مہمل چھوڑ دیا ہے:

پہلی بات: ایک مزدور اپنی مزدوری چھوڑ کر چلا گیا، مالک نے اس میں عمل کیا اور اس کو بڑھایا، پس یہ بڑھوتری مزدور کا حق نہیں، کیونکہ مزدور نے اپنی مزدوری پر قبضہ نہیں کیا، اس لئے وہ اس کا مالک نہیں ہوا، پس یہ اضافہ اس کا حق نہیں۔

اور حدیث میں ان تین شخصوں کا واقعہ ہے جو کسی غار میں پھنس گئے تھے، پھر انھوں نے دعا کی تھی، اور اللہ نے ان کو نجات بخشی تھی، ان میں سے تیسرے نے دعا کی تھی: اے اللہ! میرے یہاں ایک شخص نے مزدوری کی اور وہ ناراض ہوکر اجرت لئے بغیر چلا گیا، میں نے اس کی اجرت (ایک فرق مکئی) کو اپنے کھیت میں علاحدہ بودیا، اس سے جو پیداوار ہوئی وہ پھر بوئی، پھر پیداوار ہوئی وہ پھر بوئی، اس طرح بڑھتے بڑھتے میں نے اس پیداوار سے مرغیاں خریدیں، پھر بکریاں خریدیں، پھر گائیں خریدیں۔ ایک عرصہ کے بعد وہ مزدور آیا اور اس نے اپنی مزدوری مانگی، میں نے کہا: یہ سارا ریوڑ چرواہے کے ساتھ تیرا ہے، چنانچہ وہ لے کر چلا گیا۔ اس واقعہ میں تیسرے شخص نے جو بڑھایا ہوا سب دیدیا تھا وہ اس کے کریمانہ اخلاق کا اعلی نمونہ اور بڑا ثواب کا کام تھا، مگر وہ شرعی مسئلہ نہیں، اور وہ اضافہ مزدور کا حق نہیں۔

دوسری بات: کسی کے مال میں آدمی نے تصرف کیا، مثلاً کسی نے اس کے پاس ایک من گیہوں یا ایک لاکھ روپے امانت رکھے تھے، اس نے اس کو بویا یا کاروبار میں لگا کر بڑھایا تو اگر اس عمل کو مالک جائز رکھے تو فضولی کا عمل ہوگا، اور فضولی کا مسئلہ پہلے گذر چکا ہے، اور وہاں یہ حدیث بھی گذری ہے، اور اگر وہ اس تصرف کو نافذ نہ رکھے یعنی جائز قرار نہ دے تو اس پر غصب کے احکام جاری ہونگے، اصل مال مالک کو واپس کیا جائے گا اور اضافہ کو (مصارف منہا کرکے) صدقہ کرنا واجب ہوگا۔

[۱۲-] بَابُ مَنِ اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا فَتَرَكَ أَجْرَهُ فعَمِلَ فِيْهِ الْمُسْتَأْجِرُ فَزَادَ أَوْ مَنْ عَمِلَ فِي مَالِ غَيْرِهِ فَاسْتَفْضَلَ

[۲۲۷۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " انْطَلَقَ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حَتَّى أَوَوْا

الْمَبِيْتَ إِلٰى غَارٍ فَدَخَلُوْهُ، فَانْحَدَرَتْ صَخْرَةٌ مِنَ الْجَبَلِ، فَسَدَّتْ عَلَيْهِمُ الْغَارَ، فَقَالُوْا: إِنَّهُ لاَ يُنْجِيْكُمْ مِنْ هٰذِهِ الصَّخْرَةِ إِلَّا أَنْ تَدْعُوْا اللّٰهَ بِصَالِحِ أَعْمَالِكُمْ.

فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: اللّٰهُمَّ كَانَ لِىْ أَبَوَانِ شَيْخَانِ كَبِيْرَانِ، وَكُنْتُ لاَ أَغْبِقُ قَبْلَهُمَا أَهْلاً وَلاَمَالاً، فَنَأَى بِىْ فِى طَلَبِ شَيْئٍ يَوْمًا، فَلَمْ أُرِحْ عَلَيْهِمَا حَتَّى نَامَا، فَحَلَبْتُ لَهُمَا غَبُوْقَهُمَا، فَوَجَدْتُهُمَا نَائِمَيْنِ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَغْبِقَ قَبْلَهُمَا أَهْلاً وَمَالاً، فَلَبِثْتُ وَالْقَدَحُ عَلٰى يَدَىَّ أَنْتَظِرُ اسْتِيْقَاظَهُمَا حَتَّى بَرَقَ الْفَجْرُ، فَاسْتَيْقَظَا فَشَرِبَا غَبُوْقَهُمَا. اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتُ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَفَرِّجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِيْهِ مِنْ هٰذِهِ الصَّخْرَةِ، فَانْفَرَجَتْ شَيْئًا لاَ يَسْتَطِيْعُوْنَ الْخُرُوْجَ.

قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" وَقَالَ الآخَرُ: اللّٰهُمَّ كَانَتْ لِى بِنْتُ عَمٍّ كَانَتْ أَحَبَّ النَّاسِ إِلَيَّ، فَأَرَدْتُهَا عَنْ نَفْسِهَا، فَامْتَنَعَتْ مِنِّىْ، حَتَّى اَلَمَّتْ بِهَا سَنَةٌ مِنَ السِّنِيْنَ، فَجَاءَ تْنِىْ، فَأَعْطَيْتُهَا عِشْرِيْنَ وَمِائَةَ دِيْنَارٍ عَلٰى أَنْ تُخَلِّيَ بَيْنِىْ وَبَيْنَ نَفْسِهَا، فَفَعَلَتْ، حَتَّى إِذَا قَدَرْتُ عَلَيْهَا، قَالَتْ: لاَ أُحِلُّ لَكَ أَنْ تَفُضَّ الْخَاتَمَ إِلَّا بِحَقِّهِ، فَتَحَرَّجْتُ مِنَ الْوُقُوْعِ عَلَيْهَا، فَانْصَرَفْتُ عَنْهَا، وَهِىَ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ، وَتَرَكْتُ الذَّهَبَ الَّذِىْ أَعْطَيْتُهَا. اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتُ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِيْهِ، فَانْفَرَجَتِ الصَّخْرَةُ غَيْرَ أَنَّهُمْ لاَ يَسْتَطِيْعُوْنَ الْخُرُوْجَ مِنْهَا"

قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" وَقَالَ الثَّالِثُ: اللّٰهُمَّ إِنِّىْ اسْتَأْجَرْتُ أُجَرَاءَ، فَأَعْطَيْتُهُمْ أَجْرَهُمْ، غَيْرَ رَجُلٍ وَاحِدٍ، تَرَكَ الَّذِىْ لَهُ وَذَهَبَ، فَثَمَّرْتُ أَجْرَهُ حَتَّى كَثُرَتْ مِنْهُ الأَمْوَالُ، فَجَاءَ نِىْ بَعْدَ حِيْنٍ، فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! أَدِّ إِلَيَّ أَجْرِىْ، فَقُلْتُ لَهُ: كُلُّ مَاتَرَى مِنْ أَجْرِكَ مِنَ الإِبِلِ وَالْبَقَرِ وَالْغَنَمِ وَالرَّقِيْقِ. فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، لاَ تَسْتَهْزِئْ بِىْ، فَقُلْتُ: إِنِّىْ لاَ أَسْتَهْزِئُ بِكَ، فَأَخَذَهُ كُلَّهُ فَاسْتَاقَهُ، فَلَمْ يَتْرُكْ مِنْهُ شَيْئًا، اللّٰهُمَّ فَإِنْ كُنْتُ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِيْهِ، فَانْفَرَجَتِ الصَّخْرَةُ فَخَرَجُوْا يَمْشُوْنَ"

[راجع: ۲۲۱۵]

لغات: غَبَقَه (ض) غَبْقًا: شام کا مشروب پلانا، الغَبُوْق: شام کا مشروب .... ولا مالاً: سے مراد غلام باندی ہیں .... سَنَة: قحط سالی، تنگ حالی .... سو دینار دیئے تھے یا ایک سوبیس؟ یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے۔

بَابُ مَنْ آجَرَ نَفْسَهُ لِيَحْمِلَ عَلٰى ظَهْرِهِ، ثُمَّ تَصَدَّقَ مِنْهُ، وَأَجْرِ الْحَمَّالِ

جس نے خود کو مزدوری پر لگایا تا کہ پیٹھ پر سامان ڈھوئے پھر اس سے خیرات کی، اور حمال کی اجرت

اس باب میں بھی دو باتیں ہیں، دوسری بات یہ ہے کہ سامان ڈھونے کی مزدوری کرنا جائز وطیب ہے۔ دارالعلوم کے

مطبخ میں بوریاں اٹھانے کے لئے مزدور رکھا جاتا ہے، یہ مزدوری کرنا جائز ہے اور آمدنی طیب ہے اور یہ دوسری بات پہلی بات سے مستفاد ہے، حدیث کا تعلق پہلی بات سے ہے، مگر یہ دوسری بات بھی اس سے نکلتی ہے۔

اور پہلی بات یہ ہے کہ اپنے آپ کو کرایہ پر دیا یعنی مزدور رہا، تاکہ پیٹھ پر سامان ڈھوئے، پھر جو آمدنی ہوئی اس سے خیرات کی تو یہ ایک مثالی کارنامہ ہے، اسی کا نام جُهْدُ الْمُقِلّ ہے، یعنی نادار کی آخری درجہ کی کوشش!

اور حدیث یہ ہے کہ جب نبی ﷺ چندے کا اعلان کرتے تھے، جب کوئی مہم پیش آتی تھی، فوج تیار کر کے جہاد کے لئے بھیجنی ہوتی تھی تو چندہ کا اعلان کیا جاتا تھا، اس وقت بعض صحابہ جن کے پاس کچھ نہیں تھا جیسے اصحابِ صفہ وہ بازار چلے جاتے، اور سامان اٹھانے کی مزدوری کرتے، اور جو مزدوری ملتی لاکر چندہ میں دیتے۔

ایسا اعلان اس وقت بھی ہوتا تھا جب کسی قبیلہ کے بہت لوگ آکر مسلمان ہوتے تھے اور وہ قبیلہ غریب ہوتا تھا اور جو لوگ آئے ہیں وہ بھی غریب ہوتے تھے، ان کے تعاون کے لئے بھی نبی ﷺ اعلان کرتے تھے کہ صدقہ کرو۔

راوی کہتے ہیں: اس زمانہ میں صحابہ کا یہ حال تھا کہ صدقہ کرنے کے لئے مزدوری کرتے تھے، اور جو ملتا تھا وہ لاکر خیرات کرتے تھے، آج ان کے پاس ایک لاکھ روپے ہیں، راوی خود اپنی ذات کو مراد لے رہے ہیں۔

[۱۳-] بَابُ مَنْ آجَرَ نَفْسَهُ لِيَحْمِلَ عَلٰى ظَهْرِهِ، ثُمَّ تَصَدَّقَ مِنْهُ، وَأَجْرِ الْحَمَّالِ

[۲۲۷۳-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْقُرَشِيِّ، ثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الأَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ انْطَلَقَ أَحَدُنَا إِلَى السُّوْقِ فَيُحَامِلُ فَيُصِيْبُ الْمُدَّ وَإِنَّ لِبَعْضِهِمْ لَمِائَةَ أَلْفٍ. قَالَ: مَانَرَاهُ إِلَّا نَفْسَهُ.

لغت: فَيُحَامِل: مارکیٹ میں جاکر بیٹھ جاتا، تاکہ جس کو سامان اٹھوانا ہے اس کو لے جائے: يَطلب أن يَحْمِلَ بالأجرة (فتح) مُدّ: چوتھائی صاع .... قال: مانراہ: راوی کہتے ہیں: حضرت ابومسعودؓ خود اپنی ذات کو مراد لے رہے ہیں۔

بَابُ أَجْرِ السَّمْسَرَةِ

دلالی کی اجرت

السَّمْسَرَة: مصدر ہے، السِّمْسَار: دلال، آڑتی، جمع: سَمَاسِرَة فارسی لفظ کا معرب ہے، بائع اور مشتری کے درمیان سہولت پیدا کرنے کے لئے کمیشن پر ثالثی کرنے والا، اگر اجرت معلوم ہو یا معلوم جیسی ہو تو بالاتفاق جائز ہے اور یہ بھی اجارہ کی ایک قسم ہے، اور اکابر کی رائیں اس مسئلہ میں درج ذیل ہیں:

۱- حضرات محمد بن سیرین، عطاء بن ابی رباح، ابراہیم نخعی اور حسن بصری رحمہم اللہ کے نزدیک دلالی کی اجرت کی گنجائش ہے۔

۲-حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اگر کسی کو کپڑا دیا اور کہا کہ اتنے میں بیچ دے، اس سے جو زیادہ ملے گا وہ تیرا ہے تو اس کی گنجائش ہے۔

۳-ابن سیرین رحمہ اللہ نے فرمایا: جب اس سے کہا کہ اتنے میں بیچ، باقی جو نفع ہوگا وہ تیرا یا میرے اور تیرے درمیان (آدھا آدھا) ہے تو اس کی گنجائش ہے۔

۴-شامی میں محمد بن سلمہ کا قول دلال کی اجرت کے بارے میں ہے: أرجو أنه لابأس به: مجھے امید ہے کہ اس کی گنجائش ہے، اگرچہ اصل کے اعتبار سے یہ معاملہ فاسد ہے مگر تعامل کی وجہ سے اس کی گنجائش ہے (یہ اضافہ ہے)

پہلی حدیث: ترمذی شریف میں حدیث (نمبر ۱۳۳۵) ہے کہ مسلمان اپنی شرطوں پر ہیں، مگر وہ شرط جو حلال کو حرام کرے یا حرام کو حلال کرے: وہ جائز نہیں، پس جب بائع اور مشتری کے درمیان ایک بات طے ہوگئی اور وہ شریعت کے خلاف بھی نہیں، اور اجرت طے شدہ ہے تو اس حدیث کی رو سے کمیشن ایجنٹ بننا جائز ہے۔

تشریح: شروط: شرط کی جمع ہے، شرط کے معنی ہیں: دفعہ، کسی انجمن یا ادارے یا ملک کا دستور بنانا ہو تو اس میں جو چاہیں دفعات رکھ سکتے ہیں، بس ایک شرط ہے کہ شریعت کے خلاف کوئی دفعہ نہ ہو، مثلاً مدرسہ کے دستور میں یہ دفعہ رکھنا کہ اگر کوئی ملازم اچانک استعفیٰ دے کر چلا جائے تو اتنا جرمانہ دینا ہوگا، ایسی شرط نہیں رکھ سکتے، کیونکہ شریعت میں مالی جرمانہ جائز نہیں، اس حدیث کے عموم میں آڑت (دلالی) بھی آتی ہے، کسی پیڑھی والے کو مال فروخت کرنے کے لئے دیا، اس نے کہا: دو فیصد کمیشن لوں گا تو یہ جائز ہے۔

دوسری حدیث: پہلے گذر چکی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے تجارتی قافلہ سے ملاقات کرنے سے منع فرمایا۔ اور کوئی شہری کسی دیہاتی کے لئے نہ بیچے، حضرت طاؤسؒ نے پوچھا: اس کا کیا مطلب ہے؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: دیہاتی کا دلال نہ بنے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ شہری شہری کے لئے دلال بن سکتا ہے، یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی رائے ہے، ورنہ ممانعت عمرانی مصلحت سے ہے، جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، پس شہری دیہاتی کا بھی کمیشن ایجنٹ بن سکتا ہے۔

[١٤-] بَابُ أَجْرِ السَّمْسَرَةِ

[١-] وَلَمْ يَرَ ابْنُ سِيرِينَ وَعَطَاءٌ وَإِبْرَاهِيمُ وَالْحَسَنُ بِأَجْرِ السِّمْسَارِ بَأْسًا.

[٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَابَأْسَ أَنْ يَقُولَ: بِعْ هٰذَا الثَّوْبَ، فَمَا زَادَ عَلٰى كَذَا وَكَذَا فَهُوَ لَكَ.

[٣-] وَقَالَ ابْنُ سِيرِيْنَ: إِذَا قَالَ: بِعْهُ بِكَذَا وَكَذَا، فَمَا كَانَ مِنْ رِبْحٍ فَهُوَ لَكَ أَوْ بَيْنِي وَبَيْنَكَ؛ فَلَا بَأْسَ بِهِ.

[٤-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الْمُسْلِمُوْنَ عِنْدَ شُرُوْطِهِمْ"

[٢٢٧٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُتَلَقَّى الرُّكْبَانُ، وَلاَ يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ، قُلْتُ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ! مَاقَوْلُهُ: " لاَ يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ؟" قَالَ: لاَيَكُوْنُ لَهُ سِمْسَارًا. [راجع: ٢١٥٨]

بَابٌ: هَلْ يُؤَاجِرُ الرَّجُلُ نَفْسَهُ مِنْ مُشْرِكٍ فِي أَرْضِ الْحَرْبِ؟

کیا غیر اسلامی ملک میں غیر مسلم کے یہاں نوکری کرسکتے ہیں؟

ہندوستان جیسے ملک میں جو غیر اسلامی ملک ہے، اگر کوئی مسلمان غیر مسلم کے یہاں نوکری کرے تو کرسکتا ہے، اور بنگلہ دیش اور پاکستان جیسے ملک میں جو اسلامی ملک ہیں اگر کوئی مسلمان غیر مسلم کے یہاں نوکری کرنا چاہے تو بھی کرسکتا ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے اس کی برعکس صورت کا جواز دو شرطوں کے ساتھ بیان کیا ہے، ایک یہ کہ غیر مسلم کو ملازم رکھنے کی ضرورت (مجبوری) ہو، دوسرے یہ کہ مسلمان ملازم دستیاب نہ ہو۔ اور باب میں مذکور صورت کے بارے میں کوئی دو ٹوک فیصلہ نہیں کیا، ھل استفہامیہ لائے ہیں، مگر حدیث سے اس صورت کا بھی جواز ثابت ہوتا ہے۔

حدیث: پہلے آچکی ہے، حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے جو مسلمان تھے ہجرت سے پہلے مکہ میں جو دارالحرب تھا، عاص بن وائل کا جو غیر مسلم تھا اجیر مشترک کے طور پر لوہے کا کوئی کام کیا تھا، جس کی اجرت باقی تھی، پس جب اجیر عام کے طور پر کام کرسکتے ہیں تو اجیر خاص کے طور پر بھی کرسکتے ہیں، اور چونکہ غیر مسلم کے یہاں نوکری کرنا اپنے آپ کو ذلیل کرنا ہے، اس لئے بعض علماء نے اس کو ناجائز فرمایا ہے، مگر باب کی روایت سے جواز ثابت ہوتا ہے، اور غیر مسلم کے یہاں ملازمت کرنے میں کوئی خاص ذلت کا پہلو نہیں، اس لئے دونوں صورتیں جائز ہیں۔ اور حافظ رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ باب میں فی أرض الحرب کی قید اتفاقی ہے، دونوں ملکوں کا ایک حکم ہے۔

فائدہ: غیر مسلم کے یہاں ملازمت کرنے میں جمعہ اور جماعت سے نماز پڑھنے کا مسئلہ پیدا ہوتا ہے مگر اس میں کچھ قصور مسلمان ملازم کا بھی ہے، وہ جماعت سے نماز پڑھنا چاہتا ہے اور جمعہ ادا کرنے کے لئے جانا چاہتا ہے اور اس میں جو وقت صرف ہوتا ہے اس کی تنخواہ بھی چاہتا ہے، غیر مسلم بوس (مالک) اس کے لئے روادار نہیں ہوتا، لیکن اگر مسلمان ملازم نے عبادت میں جو وقت خرچ کیا ہے اس کے بدل اُور ٹائم (اضافی کام) کرے تو کوئی نامعقول بوس ہی عبادت کے لئے جانے سے روکے گا، اس لئے مسلمان ملازم کو اس کا خاص خیال رکھنا چاہئے، وہ جو وقت عبادت میں لگائے اس کی جگہ زائد کام کرے یا اتنے وقت کی تنخواہ نہ لے، پھر ان شاء اللہ کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔

[۱۵-] بَابٌ: هَلْ يُؤَاجِرُ الرَّجُلُ نَفْسَهُ مِنْ مُشْرِكٍ فِي أَرْضِ الْحَرْبِ؟

[۲۲۷۵-] حدثنا عَمْرُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، ثَنَا خَبَّابٌ، قَالَ: كُنْتُ رَجُلاً قَيْنًا، فَعَمِلْتُ لِلْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ، فَاجْتَمَعَ لِيْ عِنْدَهُ، فَأَتَيْتُهُ أَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! لاَ أَقْضِيْكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، فَقُلْتُ: أَمَا وَاللّٰهِ! حَتَّى تَمُوْتَ ثُمَّ تُبْعَثَ فَلاَ، قَالَ: وَإِنِّيْ لَمِيِّتٌ ثُمَّ مَبْعُوْثٌ؟ قُلْتُ نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّهُ سَيَكُوْنُ لِيْ ثَمَّ مَالٌ وَوَلَدٌ فَأَقْضِيْكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿أَفَرَأَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لأُوْتَيَنَّ مَالاً وَوَلَدًا﴾ [مريم:۷۷] [راجع: ۲۰۹۱]

بَابُ مَايُعْطَى فِي الرُّقْيَةِ عَلٰى أَحْيَاءِ الْعَرِبِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

سورۂ فاتحہ کے ذریعہ عرب قبیلوں کو جھاڑنے کی اجرت لینا

أحياءٌ: حَيٌّ کی جمع ہے، اس سے مراد عرب کا قبیلہ ہے، اس کے لئے دوسرا لفظ شَعْب ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ پر اعتراض کیا گیا ہے کہ جگہوں کے اختلاف سے اور جنسوں (لوگوں) کے اختلاف سے حکم نہیں بدلتا، پھر امام صاحب نے باب کو عرب قبیلوں کے ساتھ مقید کیوں کیا؟ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ حدیث میں جو واقعہ ہے اس کے پیش نظر یہ لفظ بڑھایا ہے، پس یہ قید اتفاقی ہے، اور رقیة کے معنی ہیں: جھاڑنا، کوئی دعا وغیرہ پڑھ کر کسی بیماری کا علاج کرنا۔ الرقيةُ: كلامٌ يُسْتَشْفَى به من كل عارض (فتح)

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ قرآن وحدیث میں جو جھاڑیں آئی ہیں ان کے ذریعہ جھاڑ کر اجرت لے سکتے ہیں یا نہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، مگر باب کا اشارہ جواز کی طرف ہے، اور اس کے لئے کسی نص (دلیل) کی ضرورت نہیں، کیونکہ یہ روحانی علاج ہے، اور جیسے حکیم، ڈاکٹر جسمانی علاج کرتے ہیں اور فیس اور دواء کی قیمت لیتے ہیں جو جائز ہے اسی طرح بالاتفاق روحانی علاج کی بھی اجرت جائز ہے۔ اور صرف جھاڑ کی نہیں تعویذ وغیرہ کی اجرت بھی لے سکتے ہیں، مگر ہمارے بزرگوں نے اس کو پیشہ نہیں بنایا، وہ جھاڑ پھونک کا معاوضہ نہیں لیتے، یہ اختیار اولیٰ کے طور پر ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اس سلسلہ میں سب سے پہلے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث پیش کی ہے، یہ لمبی حدیث کا آخری حصہ ہے، وہ کتاب الطب باب ۳۴ (حدیث ۵۷۳۷) میں آرہی ہے، ابن عباسؓ فرماتے ہیں: چند صحابہ ایک چشمہ پر سے گذرے، قبیلہ کے لوگوں میں ایک بچھو ڈسا یا سانپ ڈسا تھا، پس ان کے پاس قبیلہ کا ایک آدمی آیا اور اس نے کہا: آپ لوگوں میں کوئی جھاڑنے والا ہے؟ قبیلہ میں ایک بچھو ڈسا یا سانپ ڈسا آدمی ہے، پس صحابہ میں سے ایک آدمی چلا اور اس نے سورۂ فاتحہ پڑھ کر جھاڑا، مریض اچھا ہو گیا، پس وہ صحابی بکریاں لے کر اپنے ساتھیوں کے پاس آئے، ساتھیوں

نے اس کو ناپسند کیا، اور کہا: أَخَذْتَ علی کتاب اللہ أجراً: تم نے اللہ کی کتاب پر مزدوری لی (جو جائز نہیں) یہاں تک کہ وہ مدینہ آئے، پس انھوں نے شکایت کی کہ اے اللہ کے رسول! أَخَذَ علی کتاب اللہ أَجْرًا: فلاں نے اللہ کی کتاب پر مزدوری لی، پس آپؐ نے فرمایا: إِنَّ أَحَقَّ مَا أَخَذْتُمْ علیه أَجْرًا کتابُ اللہ: بیشک قرآن زیادہ حق دار ہے اس کا کہ اس پر اجرت لی جائے، یعنی تم دنیا بھر کے کام کر کے مزدوری لیتے ہو اگر اس نے قرآن سے جھاڑ کر اجرت لی تو اس میں کیا حرج ہے! یہ تو نہایت پاکیزہ اور حلال کمائی ہے۔

ترکیب: إِنَّ حرف مشبہ بالفعل، أحقَّ اس کا اسم اور مضاف، اور ما أخذتم علیه أجرًا جملہ موصولہ مضاف الیہ، اور کتابُ اللہ خبر ہے۔ لفظی ترجمہ: بیشک زیادہ حق دار (سزاوار) اس چیز کا جس پر تم کوئی اجرت لیتے ہو اللہ کی کتاب ہے۔

اس مرفوع حدیث کے علاوہ امام بخاری رحمہ اللہ نے درج ذیل آثار پیش کئے ہیں:

۱- امام عامر شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قرآن پڑھانے پر اجرت کی شرط تو نہ کرے، لیکن اگر قرآن سکھلانے پر کچھ دیا جائے تو اس کو لے سکتا ہے، یعنی اجارہ تو صحیح نہیں، مگر نذرانہ صحیح ہے، پس یہی حکم قرآن وحدیث سے جھاڑنے کا ہے۔

۲- حضرت حکم بن عتیبہ رحمہ اللہ جو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد ہیں، کہتے ہیں: میں نے کسی عالم سے نہیں سنا کہ وہ معلّم (استاذ) کی اجرت کو مکروہ کہتا ہو، پس جب معلّم کی اجرت جائز ہے تو جھاڑنے کی بھی جائز ہے (مگر معلّم سے کونسا معلّم مراد ہے؟ یہ بات واضح نہیں، کیونکہ معلّم تو طاعات مقصودہ کے علاوہ دوسری چیزوں کی بھی تعلیم دیتا ہے، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں)

۳- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے بھتیجے نے تعلیم مکمل کی تو اپنے چچا سے کہا: استاذ صاحب کچھ چاہتے ہیں، حضرت حسنؒ نے کہا: ما کانوا یأخذون شیئًا: اساتذہ کچھ نہیں لیا کرتے تھے، پھر کہا: اس کو پانچ درہم دیدو، بھتیجے نے اصرار کیا کہ کچھ زیادہ دیں تو فرمایا: دس درہم دیدو، اس میں بھی صراحت نہیں کہ معلّم نے کیا پڑھایا تھا۔

۴- پرانے زمانہ میں تحصیل میں ایک آدمی ہوتا تھا جس کا کام یہ تھا کہ اگر لوگوں کو مکانات یا زمینیں یا کوئی اور چیز بانٹنی ہے تو اس کے لئے اس آدمی کو بھیجا جاتا تھا، وہ قسّام اور قاسم کہلاتا تھا، اس کا چارج مقرر تھا، وہ اجرت لے کر کام کرتا تھا۔ حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ قسام کی اجرت کے بارے میں گنجائش کے قائل تھے، اور فرماتے تھے: جن بعض روایات میں اس اجرت کو سُحت (حرام) کہا گیا ہے اس سے مراد کورٹ میں جج کو رشوت دینا ہے، قسام کی اجرت اس ذیل میں نہیں آتی، اگرچہ وہ بھی سرکاری آدمی ہوتا ہے۔ اور حضرت فرماتے ہیں: پیداوار کا اندازہ کرنے والے کو جس کو خارص (تاڑنے والا) کہتے ہیں، اس کو لوگ اجرت دیا کرتے تھے، پس قسّام کو بھی اجرت دینا جائز ہے، یعنی بٹوارہ کرنا اور پھل اور کھیت کو تاڑنا ایک ہی طرح کا عمل ہے اور اس کی اجرت جائز ہے، اسی طرح جھاڑنا بھی ایک علاج ہے، پس اس کی اجرت بھی جائز ہے، خواہ قرآن وحدیث کی دعاؤں سے جھاڑے یا کسی اور جائز طریقہ سے علاج کرے۔

حدیث: ایک سریہ بھیجا گیا جو ایک قبیلہ کے پاس جا کر ٹھہرا اور قبیلہ والوں سے مہمانی طلب کی، چونکہ وہ کافر تھے اس لئے انھوں نے مہمانی کرنے سے انکار کر دیا، حالانکہ جزیرۃ العرب کا عام دستور تھا کہ جب مسافر گذریں تو گاؤں والے کھانا کھلاتے تھے، لیکن مذہبی دشمنی کی وجہ سے گاؤں والوں نے انکار کر دیا، پھر ایسا ہوا کہ قبیلہ کے سردار کو بچھو نے ڈس لیا، قبیلہ والوں نے ہر جتن کر لیا مگر شفا نہ ہوئی، تو انھوں نے کہا: یہ لوگ جو مدینہ سے آئے ہیں، ان سے پوچھو کہ کوئی جھاڑنا جانتا ہے؟ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا: میں جانتا ہوں، مگر ہم نے تم سے مہمانی مانگی تم نے انکار کیا، اس لئے ہم مفت نہیں جھاڑیں گے، جھاڑنے کی اجرت تیس بکریاں لیں گے، قبیلہ والوں نے منظور کیا۔ حضرت ابوسعیدؓ گئے اور سورۂ فاتحہ پڑھ پڑھ کر پھونکنا شروع کیا، کچھ دیر کے بعد وہ سردار اٹھ کر بیٹھ گیا، چنانچہ انھوں نے شرط کے مطابق تیس بکریاں دیں۔

اب سریہ کے لوگوں میں اختلاف ہوا کہ یہ بکریاں ہمارے لئے حلال ہیں یا نہیں؟ کیونکہ حضرت ابوسعیدؓ نے قرآن سے جھاڑا تھا، اور سب صحابہ یہ مسئلہ جانتے تھے کہ طاعات مقصودہ کا اجارہ باطل ہے، پس یہ اجرت کیسے جائز ہوگی؟ آخر فیصلہ ہوا کہ ابھی ان بکریوں میں تصرف نہ کیا جائے، مدینہ لوٹ کر مسئلہ پوچھیں گے، جب وہ مدینہ لوٹے اور آپؐ کے سامنے پورا واقعہ بیان کیا تو آپؐ کو حیرت ہوئی، آپؐ مسکرائے اور فرمایا: ابوسعید! تمہارا ذہن کیسے منتقل ہوا کہ سورۂ فاتحہ میں شفا ہے، پھر فرمایا: بکریاں بانٹ لو اور میرا بھی حصہ رکھو (حدیث پوری ہوئی)

یہاں غور طلب بات یہ ہے کہ اگر وہ بکریاں جھاڑنے کی اجرت تھیں تو وہ صرف جھاڑنے والے کا حق تھا، لیکن حضور ﷺ نے اس کو سریہ میں تقسیم کروایا، اس سے ذہن اس طرف جاتا ہے کہ آپؐ نے اس کو مالِ غنیمت قرار دیا ہے، پس جھاڑنے کی اجرت کے جواز پر اس سے استدلال خفی ہے۔

سوال: نبی ﷺ نے اپنا حصہ ان بکریوں میں کیوں رکھوایا؟

جواب: عام طور پر علماء کہتے ہیں کہ قافلہ والوں کے دلوں کو خوش کرنے کے لئے اپنا حصہ رکھوایا تھا، جیسے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے حلال ہونے کی حالت میں گورخر شکار کیا تھا ان کے ساتھی احرام میں تھے، وہ اس کو کھا سکتے تھے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہوا۔ جب نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: کھا سکتے ہو اور کچھ بچا ہوا ہو تو ہمیں بھی دو، یہ آپؐ نے محرموں کے دلوں کو مطمئن کرنے کے لئے فرمایا تھا۔ یا جیسے مالِ فئی کے مصارف میں اللہ تعالیٰ نے اپنا بھی ذکر فرمایا ہے، حالانکہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کا ہے، وہ بھی تطییب قلوب کے لئے ہے۔ اسی طرح یہاں بھی سریہ والوں کے دلوں کو خوش کرنے کے لئے اپنا حصہ رکھوایا تھا۔

مگر اس توجیہ سے ایک بات تو حل ہو جاتی ہے کہ آپؐ نے اپنا حصہ کیوں رکھوایا، مگر دوسری بات ابھی باقی ہے کہ یہ بکریاں صرف جھاڑنے والے کا حق ہے، دوسروں کا اس میں کوئی حصہ نہیں، پھر وہ سریہ والوں میں کیوں تقسیم کروائی؟

اس لئے صحیح توجیہ یہ ہے کہ اس کو مالِ غنیمت قرار دیا گیا ہے، کیونکہ وہ کفار سے حاصل ہوا تھا، اور نبی ﷺ کا مالِ

غنیمت میں ایک حصہ اللہ کا رسول ہونے کی وجہ سے بھی تھا، یا امیر المؤمنین ہونے کی وجہ سے تھا۔ تحفۃ الالمعی (۴:۵۰۳) میں یہ بات حوالہ کے ساتھ لکھی گئی ہے، پس اس توجیہ سے رقیہ کے جواز پر استدلال ختم ہوجاتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ یہ مسئلہ ایک دوسرے مسئلہ پر مبنی ہے جس میں پہلے اختلاف تھا، یعنی طاعات مقصودہ کا جیسے تعلیم قرآن کا اجارہ درست ہے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک جائز ہے اور ان کی دلیل وہ حدیث ہے جو باب کے شروع میں آئی ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک یہ اجارہ باطل ہے اور ان کی دلیل یہ ہے کہ جب حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کو طائف کا گورنر بنا کر بھیجا، تو یہ ہدایت دی تھی کہ مؤذن ایسا رکھنا جو اذان کی اجرت نہ لے، اور دوسری دلیل حاشیہ میں ہے۔ حضرت عبادہؓ کہتے ہیں: میں نے صفہ کے کچھ طالب علموں کو قرآن پڑھایا، پس ان میں سے ایک نے مجھے کمان ہدیہ میں دی، میں نے سوچا: یہ کوئی بڑا مال نہیں، اور میں اس کو اللہ کے راستہ میں استعمال کروں گا، چنانچہ میں نے وہ لے لی، پھر میں نے نبی ﷺ سے اس کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: ''اگر جہنم کا طوق پہننے کا ارادہ ہے تو لے لو'' یہ حدیث ابن ماجہ اور مستدرک حاکم میں ہے۔ ان دونوں حدیثوں کے علاوہ دیگر حدیثوں کی بنیاد پر حنفیہ کے نزدیک طاعات مقصودہ کا اجارہ باطل ہے، کیونکہ ایسے لوگوں کی حکومت کفالت کرتی تھی، مگر جب اسلامی حکومت کمزور ہوگئی اور ان کی کفالت کرنے والا کوئی نہ رہا تو حنفیہ نے فتوی بدلا اور کہا کہ ایسی طاعات جن کے ساتھ نظام اسلامی وابستہ ہے ان کا اجارہ جائز ہے، کیونکہ ان کاموں کے لئے اگر آدمی نہیں رکھے جائیں گے تو سارا نظام درہم برہم ہوجائے گا، اور جن طاعات کے ساتھ اسلامی نظام وابستہ نہیں، جیسے ایصالِ ثواب کے لئے قرآن پڑھوانا، یا رمضان میں تراویح میں قرآن سنانے کا اجارہ اب بھی باطل ہے، کیونکہ اس کے ساتھ نظام اسلامی جڑا ہوا نہیں، اگر کوئی قرآن سنانے والا نہیں ہوگا تو کوئی بھی چھوٹی سورتوں سے تراویح پڑھا دے گا۔

[١٦-] بَابُ مَايُعْطٰى فِي الرُّقْيَةِ عَلٰى أَحْيَاءِ الْعَرِبِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

[١-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: '' أَحَقُّ مَا أَخَذْتُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا كِتَابُ اللّٰهِ''

[٢-] وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: لَايَشْرِطُ الْمُعَلِّمُ إِلَّآ أَنْ يُعْطٰى شَيْئًا، فَيَقْبَلُهُ.

[٣-] وَقَالَ الْحَكَمُ: لَمْ أَسْمَعْ أَحَدًا كَرِهَ أَجْرَ الْمُعَلِّمِ.

[٤-] وَأَعْطَى الْحَسَنُ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ.

[٥-] وَلَمْ يَرَ ابْنُ سِيْرِيْنَ بِأَجْرِ الْقَسَّامِ بَأْسًا، وَقَالَ: كَانَ يُقَالُ: السُّحْتُ: الرِّشْوَةُ فِي الْحُكْمِ، وَكَانُوْا يُعْطَوْنَ عَلَى الْخَرْصِ.

[٢٢٧٦-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: انْطَلَقَ نَفَرٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي سَفْرَةٍ سَافَرُوْهَا، حَتّٰى نَزَلُوْا عَلٰى حَيٍّ مِنْ أَحْيَاءِ

الْعَرَبِ، فَاسْتَضَافُوْهُمْ فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوْهُمْ، فَلُدِغَ سَيِّدُ ذٰلِكَ الْحَيِّ، فَسَعَوْا لَهُ بِكُلِّ شَيْئٍ لَا يَنْفَعُهُ شَيْئٌ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَوْ أَتَيْتُمْ هٰؤُلَآءِ الرَّهْطَ الَّذِيْنَ نَزَلُوْا، لَعَلَّهُ أَنْ يَكُوْنَ عِنْدَ بَعْضِهِمْ شَيْئٌ، فَأَتَوْهُمْ فَقَالُوْا: يَا أَيُّهَا الرَّهْطُ! إِنَّ سَيِّدَنَا لُدِغَ، وَسَعَيْنَا لَهُ بِكُلِّ شَيْئٍ لَا يَنْفَعُهُ، فَهَلْ عِنْدَ أَحَدٍ مِنْكُمْ مِنْ شَيْئٍ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: نَعَمْ، وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَرْقِيْ، وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ لَقَدْ اسْتَضَفْنَاكُمْ فَلَمْ تُضَيِّفُوْنَا، فَمَا أَنَا بِرَاقٍ لَكُمْ حَتّٰى تَجْعَلُوْا لَنَا جُعْلًا، فَصَالَحُوْهُمْ عَلٰى قَطِيْعٍ مِنَ الْغَنَمِ، فَانْطَلَقَ يَتْفِلُ عَلَيْهِ وَيَقْرَأُ: ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ فَكَأَنَّمَا نُشِطَ مِنْ عِقَالٍ، فَانْطَلَقَ يَمْشِيْ وَمَا بِهِ قَلَبَةٌ، قَالَ: فَأَوْفُوْهُمْ جُعْلَهُمُ الَّذِيْ صَالَحُوْهُمْ عَلَيْهِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اقْسِمُوْا، فَقَالَ الَّذِيْ رَقٰى: لَا تَفْعَلُوْا حَتّٰى نَأْتِيَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَنَذْكُرَ لَهُ الَّذِيْ كَانَ، فَنَنْظُرَ مَا يَأْمُرُنَا، فَقَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَذَكَرُوْا لَهُ، فَقَالَ: " وَمَا يُدْرِيْكَ أَنَّهَا رُقْيَةٌ ؟" ثُمَّ قَالَ: " قَدْ أَصَبْتُمْ! اقْسِمُوْا وَاضْرِبُوْا لِيْ مَعَكُمْ سَهْمًا" فَضَحِكَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ شُعْبَةُ: ثَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، سَمِعْتُ أَبَا الْمُتَوَكِّلِ بِهٰذَا.

[انظر: ۵۰۰۷، ۵۷۳۶، ۵۷۴۹]

لغات: اِسْتَضَافَ فلانا: ضیافت چاہنا........... لَدَغَ: سانپ اور بچھو کے ڈسنے کے لئے ہے، پھر لدیغ: بچھوڈسے کو اور سلیم: سانپ ڈسے کو کہتے ہیں........... القَلَبة: کوئی بھی بیماری خاص طور پر دل کی بیماری........... فضحك کی جگہ فذکروا له کے بعد ہے۔

بَابُ ضَرِيْبَةِ الْعَبْدِ، وَتَعَاهُدِ ضَرَائِبِ الإِمَاءِ

غلام کا ٹیکس، اور باندیوں کے ٹیکس کی نگرانی کرنا

الضَّرِيْبَة: ٹیکس، مال کی وہ مقررہ مقدار جو پہلے آقا غلام باندی سے لیا کرتے تھے، اس کو غَلَّة (آمدنی) بھی کہتے ہیں۔ غلام باندی مزدوری کر کے مال ادا کیا کرتے تھے، اس اعتبار سے کتاب الإجارة میں یہ باب آیا ہے، اور یہ جنرل باب ہے، آگے اس سلسلہ کے اور بھی ابواب آرہے ہیں۔

باندیاں گھروں میں کام کرتی تھیں اور کما کر لا کر آقا کو دیتی تھیں، اور جو آقا بھاری آمدنی مقرر کرتا اور باندی اتنا نہیں کما سکتی تھی تو بیچاری کی پٹائی ہوتی تھی، اس لئے وہ زنا کے ذریعہ کما کر لا کر دیتی تھی، اس لئے باب کے دو جزء ہیں: پہلا: غلام پر آمدنی مقرر کرنا جائز ہے۔ دوسرا: باندی پر بھی آمدنی مقرر کرنا جائز ہے مگر اس کی نگرانی رکھنی ضروری ہے کہ وہ کس ذریعہ سے کما کر لا رہی ہے، جائز طریقہ پر کما کر لائے تو آقا کے لئے وہ آمدنی حلال ہے اور ناجائز طریقہ پر کما کر لائے تو حرام ہے۔

[۱۷-] بَابُ ضَرِيْبَةِ الْعَبْدِ، وَتَعَاهُدِ ضَرَائِبِ الإِمَاءِ

[۲۲۷۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَجَمَ أَبُوْ طَيْبَةَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم، فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعٍ أَوْ صَاعَيْنِ مِنْ طَعَامٍ، وَكَلَّمَ مَوَالِيَهُ فَخَفَّفَ عَنْ غَلَّتِهِ أَوْ: ضَرِيْبَتِهِ.[راجع: ۲۱۰۲]

بَابُ خَرَاجِ الْحَجَّامِ

پچھنے لگانے والے کی آمدنی

خَرَاج (بالفتح): آمدنی، اور یہ ذیلی باب ہے، پچھنے لگانے کی آمدنی جائز ہے، اگر نا جائز ہوتی تو آپ ﷺ پچھنے لگوا کر اجرت کیوں دیتے؟ اور اگر کوئی کہے کہ پہلے روایت آئی ہے کہ حضور ﷺ نے خون کی قیمت سے منع کیا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ اختیار اولیٰ کے طور پر منع کیا ہے۔ آدمی کو اچھا پیشہ اختیار کرنا چاہئے، گندہ پیشہ اختیار نہیں کرنا چاہئے، پچھنے لگانے کا پیشہ پہلے گندہ پیشہ تھا، اب ترقی یافتہ دور میں منہ سے خون نہیں چوسنا پڑتا، کٹوریاں چپکا دی جاتی ہیں، وہ خون چوس لیتی ہیں اس لئے اب یہ پیشہ گندہ نہیں رہا۔

[۱۸-] بَابُ خَرَاجِ الْحَجَّامِ

[۲۲۷۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: احْتَجَمَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم وَأَعْطَى الْحَجَّامَ أَجْرَهُ.[راجع: ۱۸۳۵]

[۲۲۷۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: احْتَجَمَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم، وَأَعْطَى الْحَجَّامَ أَجْرَهُ، وَلَوْ عَلِمَ كَرَاهِيَةً لَمْ يُعْطِهِ.[راجع: ۱۸۳۵]

[۲۲۸۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم يَحْتَجِمُ، وَلَمْ يَكُنْ يَظْلِمُ أَحَدًا أَجْرَهُ.[راجع: ۲۱۰۲]

بَابُ مَنْ كَلَّمَ مَوَالِيَ الْعَبْدِ أَنْ يُخَفِّفُوْا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهِ

غلام کے آقا سے سفارش کر کے اس کے ٹیکس کو کم کرا دینا

یہ بھی ذیلی باب ہے۔ آقا غلام باندی پر آمدنی لازم کر سکتا ہے مگر وہ قابل برداشت ہونی چاہئے، ابوطیبہ پر اس کے آقا نے بھاری آمدنی لازم کی تھی۔ حضور ﷺ نے سفارش کر کے آمدنی کم کرا دی تھی۔

[۱۹-] بَابُ مَنْ كَلَّمَ مَوَالِيَ الْعَبْدِ أَنْ يُخَفِّفُوْا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهِ

[۲۲۸۱-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم غُلاَمًا حَجَّامًا فَحَجَمَهُ، فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعٍ أَوْ: صَاعَيْنِ، أَوْ: مُدٍّ أَوْ مُدَّيْنِ، فَكَلَّمَ فِيْهِ، فَخُفِّفَ مِنْ ضَرِيْبَتِهِ. [راجع: ۲۱۰۲]

بَابُ كَسْبِ الْبَغِيِّ وَالإِمَاءِ

رنڈی اور باندیوں کی کمائی

یہ بھی ذیلی باب ہے۔ باندیوں پر بھی آمدنی لازم کی جاسکتی ہے مگر اتنی بھاری آمدنی لازم کرنا کہ وہ زنا کرانے پر مجبور ہو جائز نہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رنڈی کی کمائی سے منع کیا ہے، پس جب باندی زنا کرا کر فیس لائے گی تو وہ کَسْبُ البَغِیّ ہوگی اور مولیٰ کے لئے اس کا لینا جائز نہیں ہوگا۔

اور صرف زنا کے ذریعہ کمائی ہوئی آمدنی ناجائز نہیں ہے بلکہ باندیاں میت پر رونے کے لئے بھی کرایہ پر بلائی جاتی تھیں، یہ آمدنی بھی ناجائز ہے۔ اسی طرح باندیاں گانے کے لئے بھی بلائی جاتی تھیں اور اس کی ان کو اجرت ملتی تھی، یہ آمدنی بھی ناجائز ہے۔ اس لئے نگرانی رکھنی چاہئے کہ باندیاں کہاں سے کما کر لا رہی ہیں، اگر ناجائز طریقہ سے کما کر لا رہی ہیں تو وہ آمدنی مولیٰ کے لئے جائز نہیں۔ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا قول لائے ہیں کہ رونے والی اور گانے والی کی اجرت (مولیٰ کے لئے) مکروہ تحریمی ہے، یعنی حرام ہے۔ اور سورۃ النور میں ہے کہ اگر تمہاری باندیاں پاک دامن رہنا چاہیں تو ان کو زنا پر مجبور مت کرو، مجبور کرنے کی یہ صورت ہوتی تھی کہ باندی پر بڑی بھاری آمدنی لازم کردی جائے، اب وہ اتنی آمدنی جھاڑو دے کر یا برتن کپڑے صاف کر کے نہیں لاسکتی، اس لئے زنا کرانے پر مجبور ہوتی تھی۔ قرآن نے مولیٰ سے کہا: ایسا مت کرو، بلکہ فرمایا: اگر کوئی ان کو مجبور کرے گا تو اللہ تعالیٰ ان کو تو معاف کردیں گے اور ان کی جگہ مولیٰ کو پکڑ لیں گے، اور حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ آیت میں فَتَیَات (خادمائیں) سے مراد تمہاری باندیاں ہیں۔

[۲۰-] بَابُ كَسْبِ الْبَغِيِّ وَالإِمَاءِ

[۱-] وَكَرِهَ إِبْرَاهِيْمُ أَجْرَ النَّائِحَةِ وَالْمُغَنِّيَةِ.

[۲-] وَقَوْلِ اللهِ تَعَالَى: ﴿وَلاَ تُكْرِهُوْا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّنًا﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾ [النور: ۳۳]

[۳-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: فَتَيَاتِكُمْ: إِمَاءَكُمْ.

[۲۲۸۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِیِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم نَهٰی عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِیِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ. [راجع: ۲۲۳۷]

[۲۲۸۳-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ كَسْبِ الإِمَاءِ. [انظر: ۵۳۴۸]

بَابُ عَسْبِ الْفَحْلِ

سانڈ کی جفتی کا کرایہ

عسب کے معنی ہیں: سانڈ کا مادۂ منویہ۔ اور جفتی کا کرایہ، کچھ لوگ نر جانور (بجار) پالتے ہیں، جب مادہ اٹھتی ہے تو مالک اس کو لے کر آتا ہے، نر کا مالک بجار کھولتا ہے، جس سے مادہ گابھن ہوتی ہے۔ بجار کا مالک اس کا کرایہ لیتا ہے، یہ اجارہ باطلہ ہے، اس لئے کہ اگر یہ مادۂ منویہ کی قیمت ہے تو وہ کوئی مال نہیں، اور اگر گابھن کرانے کا کرایہ ہے تو منفعت مجہولہ ہے، بعض مرتبہ مادہ خالی رہ جاتی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے عسب الفحل سے منع کیا، لوگوں نے پوچھا: إِنَّا نُكْرَمُ: مادہ والا نذرانہ دے کر جاتا ہے، آپؐ نے فرمایا: نذرانہ لے سکتے ہو۔

یہی مسئلہ حافظوں کے لئے بھی ہے، وہ قرآن سنانے کی اجرت نہیں لے سکتے، البتہ نذرانہ لے سکتے ہیں۔ اور نذرانہ وہ ہے جو کوئی مصلّی دے، کمیٹی اپنے فنڈ سے یا چندہ کر کے دے اور اس علاقہ میں دینے لینے کا رواج ہو تو وہ نذرانہ نہیں، المعروف کالمشروط کے قاعدہ سے وہ بھی اجرت ہے، البتہ اگر نمازیوں میں سے کوئی دے — اور اس کو دینا چاہئے — تو وہ لے سکتا ہے، یہ نذرانہ ہے۔

ملحوظہ: آج کل نرسی گایوں میں بیج رکھتے ہیں، یعنی انجکشن کے ذریعہ نر کا مادّہ منویہ مادہ کے رحم میں پہنچاتے ہیں، جس سے وہ گابھن ہو جاتی ہے، اس مادہ منویہ کی خرید وفروخت جائز ہے، کیونکہ وہ مال ہے، نر کے مادہ کے ساتھ دیگر اعمال بھی ہوتے ہیں، اس لئے اس کی خرید وفروخت ہوتی ہے جو جائز ہے۔

[۲۱-] بَابُ عَسْبِ الْفَحْلِ

[۲۲۸۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، وَإِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ.

بَابٌ: إِذَا اسْتَأْجَرَ أَرْضًا فَمَاتَ أَحَدُهُمَا

زمین کرایہ پر لی، پھر متعاقدین میں سے ایک مر گیا

کسی نے اپنی زمین بٹائی پر یا کرایہ پر دی تو یہ بھی اجارہ ہے، البتہ اس کا الگ نام 'مزارعۃ' ہے، اب مسئلہ یہ ہے کہ عاقدین میں سے کوئی ایک مر جائے تو اجارہ باقی رہے گا یا ختم ہو جائے گا؟ مثلاً کھیت کرایہ پر دیا، کرایہ دار نے اس میں گیہوں بوئے، ابھی گیہوں کچے ہیں کہ زمین کا مالک یا کرایہ دار مر گیا تو اجارہ باقی ہے یا ختم؟ امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ اجارہ اپنی مدت تک باقی رہے گا اور اکابر کی رائیں درج ذیل ہیں:

۱- ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر زمین کا مالک مر جائے تو اس کے ورثاء کرایہ دار کو مقررہ مدت سے پہلے نہیں نکال سکتے (اور اس کی برعکس صورت کا بھی یہی حکم ہوگا، اگر کرایہ دار مر جائے تو اس کے ورثاء مقررہ مدت سے پہلے زمین نہیں چھوڑ سکتے)

۲- حضرات حکم بن عتیبہ، حسن بصری اور قاضی ایاس بن معاویہ رحمہم اللہ کی بھی یہی رائے ہے کہ ٹرم تک اجارہ باقی رہے گا۔

۳- اور حنفیہ کے نزدیک اجارہ باطل ہو جائے گا، مالک کا انتقال ہو جائے یا کرایہ دار کا: دونوں صورتوں میں اجارہ ختم ہو جائے گا، اگر آگے اجارہ باقی رکھنا ہے تو عقد کی تجدید ضروری ہے، مثلاً کوئی مکان کرایہ پر دیا، پھر مالک یا کرایہ دار مر گیا تو اجارہ ختم ہو گیا، آگے اجارہ باقی رکھنا ہے تو معاملہ کی تجدید ضروری ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جب مالک مر گیا تو اب ورثاء اس مکان کے مالک ہو گئے اور ورثاء نے وہ مکان کرایہ پر نہیں دیا، پس اجارہ کیسے باقی رہ سکتا ہے؟ البتہ اگر ورثاء اجارہ باقی رکھنا چاہیں تو کرایہ دار کے ساتھ صراحتاً یا دلالۃً عقد کی تجدید کریں (یہ اضافہ ہے)

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: خیبر کے یہودیوں کو نبی ﷺ نے زمین بٹائی پر دی تھی، آپؐ کی وفات کے بعد معاملہ کی تجدید نہیں کی گئی، پھر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی تو بھی تجدید نہیں کی گئی، معلوم ہوا کہ تجدید عقد کی ضرورت نہیں، سابق عقد باقی ہے۔

اس دلیل کا جواب یہ ہے کہ معاملہ کی تجدید کبھی دلالۃً بھی ہوتی ہے، مکان کرایہ پر دے رکھا ہے، مالک مر گیا، ورثاء نے مکان خالی کرنے کا کوئی نوٹس نہیں دیا تو یہ دلالۃً تجدید ہے، اور اگر ورثاء نے کہا کہ گھر خالی کرو، یہ گھر ہمیں میراث میں تقسیم کرنا ہے تو اب گھر خالی کرنا پڑے گا۔ اور نبی ﷺ نے جو معاملہ کیا تھا اس کی تجدید دلالۃً ہوتی رہی تھی، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب ارادہ کیا کہ خیبر سے یہودیوں کو ہٹا کر دوسری جگہ بسائیں تو آپؓ نے ان کو نوٹس دیا کہ اتنے دنوں کے بعد ہمارا تمہارا معاملہ ختم ہو جائے گا، جو تمہاری چیزیں ہیں وہ بیچ کر پیسے بنا لو، اب اجارہ ختم ہو گیا۔

ایک نیا مسئلہ: روایات میں اختلاف ہے کہ زمین بٹائی پر دے سکتے ہیں یا نہیں؟ اسی طرح باغات سینچائی پر دے سکتے

ہیں یا نہیں؟ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ کہتے ہیں: دونوں جائز نہیں۔ دوسرے ائمہ کہتے ہیں: جائز ہیں اور اسی پر فتوی ہے۔ اور اس مسئلہ میں ایک تو خیبر کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے خیبر کے کھیت اور باغات مزارعت اور مساقات کے طور پر دیئے تھے۔ دوسری حضرت رافع رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے مزارعت سے منع کیا، پس مساقات بھی ناجائز ہوگی۔ یہ مسئلہ تفصیل سے آگے کتاب المز ارعہ میں آئے گا۔

ملحوظہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت جو جویریۃ بن اسماء سے مروی ہے، اس میں حتی أجلاھم عمرُ نہیں ہے اور نافع کے شاگرد عبید اللہ کی روایت میں یہ جملہ ہے اور جویریہ کی روایت میں یہ ہے کہ کھیت کرایہ پر دیئے جاتے تھے، کسی چیز پر، نافع نے اس چیز کو نامزد کیا تھا مگر جویریہ اس کو بھول گئے۔ پس حدیث کے اس جزء کے بارے میں کوئی تفصیل نہیں کی جاسکتی ہے کہ زمینیں کرایہ پر دی جاتی تھیں یا بٹائی پر؟

[۲۲-] بَابٌ: إِذَا اسْتَأْجَرَ أَرْضًا فَمَاتَ أَحَدُهُمَا

[۱-] وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: لَيْسَ لِأَهْلِهِ أَنْ يُخْرِجُوْهُ إِلَى تَمَامِ الْأَجَلِ.

[۲-] وَقَالَ الْحَسَنُ وَالْحَكَمُ وَإِيَاسُ بْنُ مُعَاوِيَةَ: تُمْضَى الإِجَارَةُ إِلَى أَجَلِهَا.

[۳-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: أَعْطَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ بِالشَّطْرِ، فَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ، وَصَدْرًا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ، وَلَمْ يُذْكَرْ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ جَدَّدَ الإِجَارَةَ بَعْدَ مَا قُبِضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۲۸۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَعْطَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ الْيَهُوْدَ، أَنْ يَعْمَلُوْهَا وَيَزْرَعُوْهَا، وَلَهُمْ شَطْرُ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا، وَأَنَّ ابْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّ الْمَزَارِعَ كَانَتْ تُكْرَى عَلَى شَيْءٍ، سَمَّاهُ نَافِعٌ لَا أَحْفَظُهُ.

[انظر: ۲۳۲۸، ۲۳۲۹، ۲۳۳۱، ۲۳۳۸، ۲۴۹۹، ۲۷۲۰، ۳۱۵۲، ۴۲۴۸]

[۲۲۸۶-] وَأَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ حَدَّثَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ كِرَاءِ الْمَزَارِعِ.

وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: حَتَّى أَجْلَاهُمْ عُمَرُ. [انظر: ۲۳۳۲، ۳۳۴۴، ۲۷۲۲]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الحوالة

اپنا قرضہ دوسرے پر اتارنا

حوالہ کے اصطلاحی معنی ہیں: نَقْلُ دِیْنٍ مِنْ ذِمَّةٍ إِلٰی ذِمَّةٍ: اپنا قرضہ کسی دوسرے پر اتارنا۔ مقروض نے قرض خواہ سے کہا: آپ کا قرضہ میرا بھائی یا میرا دوست دے گا: یہ حوالہ ہے[1] اور حوالہ میں چار چیزیں ہوتی ہیں: اول: اصل مقروض جس نے اپنا قرضہ دوسرے پر اتارا ہے، اسے مُحیل کہتے ہیں۔ محیل اسم فاعل ہے أحال علیہ کے معنی ہیں: دوسرے پر قرضہ اتارنا۔ دوم: قرض خواہ اس کو محتال: حوالہ قبول کرنے والا کہتے ہیں۔ سوم: وہ شخص جس پر قرضہ اتارا گیا ہے اس کو محتال علیہ کہتے ہیں۔ چہارم: وہ قرضہ جو کسی دوسرے پر اتارا گیا ہے، اس کو محتال بہ کہتے ہیں۔

اگر محتال اور محتال علیہ دونوں راضی ہوں، محتال علیہ کہے کہ آپ کا قرضہ میں دونگا اور محتال قبول کرلے، تو حوالہ تام ہوگیا، بعض مرتبہ محتال علیہ (جس پر قرضہ اتارا گیا ہے) اصیل سے بھی زیادہ نادہند ہوتا ہے، اس سے قرضہ ملنے کی کوئی امید نہیں ہوتی، اس لئے محتال یعنی قرض خواہ کی رضامندی ضروری ہے، اسی طرح اگر قرض خواہ راضی ہے، مگر محتال علیہ راضی نہیں تو بھی اس پر قرض کیسے اترے گا؟ اس لئے دونوں کی رضامندی ضروری ہے۔

مسئلہ: جب حوالہ درست ہوگیا تو قرضہ اصل مقروض سے مطلقاً اتر گیا یا کوئی شرط ہے؟ حنفیہ کے نزدیک اصل (مقروض) بری ہوتا ہے، بشرط اداء المحتال علیہ یعنی اگر محتال علیہ قرضہ ادا کرے تو اصیل بری ہوگا، اور اگر وہ قرضہ ادا نہ کرے تو قرضہ اصل کی طرف لوٹ آئے گا، اب قرض خواہ اپنا قرضہ پھر اس سے مانگے گا۔ ترمذی میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قول ہے: لیس علی مَالِ المسلم تَوِیً: مسلمان کا مال ضائع نہیں ہوتا، یا تو محتال علیہ ادا کرے یا پھر اصل مقروض ادا کرے، دونوں میں سے کسی ایک کو تو دینا ہی ہوگا (تَوِیَ (س) تَوًی: مال کا برباد ہونا، آدمی کا ہلاک ہونا)

اور ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: جس وقت حوالہ کیا گیا ہے اس وقت اگر محتال علیہ مالدار ہے یعنی قرضہ بھر سکتا ہے تو قرضہ ہمیشہ کے لئے اتر گیا، اب محتال علیہ خواہ ادا کرے یا نہ کرے اصل پر قرضہ واپس نہیں لوٹے گا۔ اور اگر قرض خواہ بوقت حوالہ یہ

(۱) آج کل ایک ملک کی کرنسی دوسرے ملک کی کرنسی سے بدلنے کا اور دوسرے ملک میں رقم پہنچانے کا نام 'حوالہ کا کاروبار' ہے، یہ یہاں مراد نہیں۔

سمجھتا تھا کہ محتال علیہ مالدار ہے مگر بعد میں معلوم ہوا کہ وہ تو کنگلا ہے، اس کے پاس کچھ نہیں، تو حوالہ درست نہیں، قرض اصل پر باقی ہے قرض خواہ اسی سے مانگے گا۔

بَابٌ: فِي الْحَوَالَةِ، وَهَلْ يَرْجِعُ فِي الْحَوَالَةِ؟

دوسرے پر قرضہ اتارنا اور کیا حوالے میں (قرضہ) لوٹے گا؟

باب میں دو مسئلے ہیں: ایک: مسئلہ ابھی گذرا کہ حوالہ جائز ہے یا نہیں؟ جائز ہے، اور دوسرا مسئلہ اختلافی ہے کہ حوالے سے اصیل بری ہوگا یا نہیں؟ اس کی تفصیل اوپر آچکی، اس اختلافی مسئلہ میں آراء درج ذیل ہیں:

۱- حضرت حسن بصری اور حضرت قتادہ رحمہما اللہ کی رائے وہی ہے جو ائمہ ثلاثہ کی ہے کہ جس دن قرضہ اتارا ہے، اس دن محتال علیہ مالدار ہو تو حوالہ درست ہوگیا۔ اب قرض اصیل کی طرف نہیں لوٹے گا، اور اگر اس دن محتال علیہ کنگلا (محتاج) ہے تو حوالہ درست نہیں، قرض خواہ اصل مقروض سے قرض مانگے گا۔

۲- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک دکان میں دو شریک ہیں یا ترکہ ورثاء میں مشترک ہے اور کچھ مال نقد ہے اور کچھ ادھار، ڈیڑھ لاکھ روپے لوگوں کے ذمہ باقی ہیں، اور موجود ایک لاکھ کا مال ہے۔ اب ان شریکوں نے چاہا کہ شرکت ختم کر دیں یا ورثاء ترکہ تقسیم کرنا چاہتے ہیں، پس ایک شریک نے یا وارث نے موجود مال لے لیا اور دوسرے نے ڈیڑھ لاکھ جو ادھار ہے وہ لے لیا (یہ ایک دوسرے کو حوالہ ہوا) ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اس طرح معاملہ کرنا درست ہے، پھر جس نے قرضہ لیا ہے اگر وہ قرضہ پورا وصول نہ ہو تو وہ جانے، وہ اپنے ساتھی سے کچھ نہیں لے سکتا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **مَطْلُ الغنِيِّ ظُلْمٌ**: مالدار کا ٹال مٹول کرنا ظلم ہے۔ **فإذا أُتْبِعَ أَحدُكم على مَلِيءٍ فَلْيَتْبَعْ**: پس جب پیچھے لگایا جائے تم میں سے کوئی کسی مالدار کے تو چاہئے کہ وہ اس کا پیچھا کرے (**فَلْيَتْبَعْ** اور **فَلْيَتَّبِعْ**: دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں)

تشریح: اس حدیث میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: مقروض اگر قرضہ ادا کرنے کی پوزیشن میں ہے تو قرضہ ادا کرنے میں ٹال مٹول نہیں کرنا چاہئے، ہاں تنگ دست ہو تو دوسری بات ہے، پہلے دو باب آئے ہیں: ایک: تنگ دست سے درگذر کرنے کا، یعنی اس کا قرضہ چھوڑ دو، اور مالدار سے نرمی کرنے کا یعنی اس کو مہلت دو، یہ بات کب ہے؟ جب کہ وہ نادہندنہ ہو، اور اگر وہ مالدار ہے، قرض دے سکتا ہے، مگر ٹال مٹول کرتا ہے، تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کے ساتھ نرمی کرنے کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ مالدار کا ٹال مٹول کرنا ظلم ہے۔ اور دوسری جگہ اسی حدیث میں ہے: **يُحِلُّ عُقُوْبَتَه**: جائز کرتا ہے وہ ٹال مٹول کرنا اس کی سزا دہی کو یعنی اس کو سزا دینا جائز ہے۔ قاضی کے پاس لے جاؤ، وہ قرضہ دلوائے گا۔

دوسری بات: جب تم میں سے کوئی کسی مالدار کے پیچھے لگایا جائے تو چاہئے کہ وہ اس کا پیچھا کرے، قرض خواہ آیا، باپ نے کہا: میرے پاس پیسے نہیں، میرا یہ بیٹا آپ کا قرض ادا کرے گا اور بیٹا قبول کرتا ہے، پھر بھی قرض خواہ اکڑتا ہے، وہ کہتا ہے: میں کیا جانوں تیرے بیٹے کو؟ میرا قرضہ تجھ پر ہے، میں تو تجھی سے لونگا! حضور ﷺ نے فرمایا: ایسی ضدمت کرو، بیٹے سے قرض وصول کرنے پر راضی ہوجاؤ، آم سے مطلب رکھو، پیڑ سے کیا لینا ہے! پس یہ حسن اخلاق کی تعلیم ہے۔

۳۸- كتاب الحوالة

بسم الله الرحمن الرحيم

[۱-] بَابٌ: فِي الْحَوَالَةِ، وَهَلْ يَرْجِعُ فِي الْحَوَالَةِ؟

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ وَقَتَادَةُ: إِذَا كَانَ يَوْمَ أَحَالَ عَلَيْهِ مَلِيًّا جَازَ.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يَتَخَارَجُ الشَّرِيْكَانِ وَأَهْلُ الْمِيْرَاثِ، فَيَأْخُذُ هٰذَا عَيْنًا وَهٰذَا دَيْنًا، فَإِنْ تَوِىَ لِأَحَدِهِمَا لَمْ يَرْجِعْ عَلٰى صَاحِبِهِ.

[۲۲۸۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ، فَإِذَا أُتْبِعَ أَحَدُكُمْ عَلٰى مَلِيٍّ فَلْيَتَّبِعْ"

[انظر: ۲۲۸۸، ۲٤۰۰]

بَابٌ: إِذَا أَحَالَ عَلٰى مِلِيٍّ فَلَيْسَ لَهُ رَدٌّ

جب مالدار پر قرض اتارا تو اس کے لئے لوٹنا نہیں

یہ وہی اختلافی مسئلہ ہے جس کی تفصیل اوپر آچکی۔ علماء حجاز کے نزدیک جس وقت قرض اتارا ہے اگر محتال علیہ قرض ادا کرنے کی پوزیشن میں ہے تو قرضہ ہمیشہ کے لئے اتر گیا، اب اگر محتال علیہ ادا نہ کرے تو قرض خواہ اپنی قسمت کو روئے، وہ قرض اب لوٹ کر محیل پر نہیں آئے گا۔ البتہ جس وقت قرضہ اتارا ہے محتال علیہ غریب تھا، مگر بظاہر مالدار نظر آرہا تھا تو حوالہ درست نہیں ہوا، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ بھی اسی کے قائل ہیں۔ اور حنفیہ کے نزدیک حوالے میں قرضہ براءتِ اصیل کی شرط کے ساتھ دوسرے پر اترتا ہے، پس محتال علیہ نفس الامر میں مالدار ہو یا غریب: حوالہ درست ہے، پھر اگر وہ قرض ادا کردے تو اصیل بری ہوجائے گا ورنہ قرض لوٹ کر اصیل پر آجائے گا، اور حدیث وہی ہے جو اوپر آئی ہے، مگر حدیث میں صرف اخلاقی تعلیم ہے، مسئلہ کا بیان نہیں ہے۔

مگر امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: من أُتْبِعَ على مِلِيٍّ فَلْيَتَّبِعْ: کا مطلب یہ ہے کہ تیرے کنگال ہونے کے باوجود

محتال علیہ سے قرض کا مطالبہ ہوتا ہے، تیرے افلاس کا اس پر کوئی اثر نہیں پڑتا، پس اس کی برعکس صورت میں یعنی محتاج علیہ کے کنگال ہونے کی صورت میں بھی دین تجھ پر نہیں لوٹے گا۔

عبارت کا لفظی ترجمہ: حدیث کے معنی ہیں: جب ہو کسی کے لئے تجھ پر کوئی چیز یعنی قرضہ ہو، پس اتار دیا تو نے اس کو کسی مالدار آدمی پر، پس ذمہ دار بن گیا وہ اس کا تیری طرف سے، پس اگر دیوالیہ ہوگیا تو اس کے بعد: تو قرض خواہ کے لئے حق ہے کہ حوالہ قبول کرنے والے کا یعنی محتال علیہ کا پیچھا کرے، پس اس سے قرض مانگے۔

مثال: زید نے اپنا قرضہ بکر پر اتار دیا، درانحالیکہ وہ مالدار ہے اور محتال علیہ (بکر) نے حوالے کو قبول کرلیا کہ ٹھیک ہے تمہارا قرضہ میں دیدوں گا، پھر قاضی نے اس محیل (زید) کے دیوالیہ ہونے کا اعلان کردیا، جب قاضی کسی کے دیوالیہ ہونے کا اعلان کرتا ہے تو پھر اس سے کوئی قرضہ نہیں مانگ سکتا لیکن قرض خواہ اس محتال علیہ (بکر) سے قرضہ مانگے گا، کیونکہ اصیل کے دیوالیہ ہوجانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، لہٰذا اس کی برعکس صورت میں بھی کوئی فرق نہیں پڑے گا، برعکس صورت یہ ہے کہ محتال علیہ کنگلا ہوجائے، قاضی اس کے دیوالیہ ہونے کا اعلان کردے پس اگرچہ افلاس کے اعلان کے بعد محتال علیہ سے قرض خواہ قرضہ نہیں مانگ سکتا مگر اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا، یعنی قرضہ اسی کے ذمہ رہے گا، اصیل (زید) کی طرف نہیں لوٹے گا۔

جواب: حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے حدیث کے یہ جو معنی سمجھائے ہیں ہم نے اوپر عرض کیا ہے کہ یہ حدیث کا مطلب نہیں ہے، حدیث میں صرف اخلاقی تعلیم ہے کہ قرض خواہ کو خواہ مخواہ کی ضد نہیں کرنی چاہئے، جب مقروض اپنا قرضہ کسی مالدار پر اتار رہا ہے تو قرض خواہ کو اس کی بات مان لینی چاہئے، اس کو قرض سے مطلب ہے، کہاں سے ملا اس سے کیا مطلب؟ اور زیر بحث مسئلہ کے بارے میں تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔

[۲-] بَابٌ: إِذَا أَحَالَ عَلٰى مِلِيٍّ فَلَيْسَ لَهُ رَدٌّ

وَمَنْ أُتْبِعَ عَلٰى مِلِيٍّ فَلْيَتَّبِعْ، مَعْنَاهُ: إِذَا كَانَ لِأَحَدٍ عَلَيْكَ شَيْئٌ، فَأَحَلْتَهُ عَلٰى رَجُلٍ مَلِيٍّ، فَضَمِنَ ذٰلِكَ مِنْكَ، فَإِنْ أَفْلَسْتَ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَلَهُ أَنْ يَّتَّبِعَ صَاحِبَ الْحَوَالَةِ فَيَأْخُذَ عَنْهُ.

[۲۲۸۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ ذَكْوَانَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ، وَمَنْ أُتْبِعَ عَلٰى مَلِيءٍ فَلْيَتَّبِعْ"[راجع: ۲۲۸۷]

بَابٌ: إِذَا أَحَالَ دَيْنَ الْمَيِّتِ عَلٰى رَجُلٍ جَازَ

میت کا قرضہ کسی پر اتارنا جائز ہے

حاشیہ میں لکھا ہے کہ اس ترجمہ میں مجاز ہے، یعنی حقیقی تعبیر نہیں، کیونکہ جب ایک آدمی مرگیا تو اب اس کا قرضہ دوسرے

پر کون اتارے گا؟ ہاں میت کی طرف سے اگر کوئی رضا کارانہ ضامن بن جائے تو یہ دوسری بات ہے، پس یہ ضمان کا مسئلہ ہے حوالہ کا مسئلہ نہیں ہے۔ پھر حاشیہ میں لکھا ہے کہ ابن بطال رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ضمان اور حوالہ ایک ہی چیز ہیں، پس یہ مجازی تعبیر ہے۔

حدیث: مختلف وقتوں میں تین جنازے لائے گئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے کے بارے میں پوچھا: اس کے ذمہ قرضہ ہے؟ جواب دیا گیا: نہیں، اور ترکہ میں بھی کچھ نہیں، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھائی، دوسرے جنازہ کے بارے میں بھی یہی سوال کیا، جواب دیا گیا کہ جی ہاں اس پر قرضہ ہے، مگر ترکہ میں بھرپائی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی بھی نماز جنازہ پڑھائی۔ تیسری میت کے بارے میں بھی یہی پوچھا: جواب دیا گیا: جی ہاں مقروض ہے، آپؐ نے پوچھا: ترکہ میں بھرپائی ہے؟ جواب دیا گیا: نہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھانے سے انکار کردیا، اور فرمایا: آپ لوگ اپنے آدمی کا جنازہ پڑھیں اور دفن کردیں۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کا قرضہ میں اپنے ذمہ لیتا ہوں، آپؐ نے پوچھا: بالوفاء؟ واقعی بھروگے یا صرف زبانی جمع خرچ کرتے ہو؟ انھوں نے جواب دیا: بالوفاء، واقعی بھروں گا۔ پس آپؐ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی۔

اس حدیث میں جو علیَّ دینُہ ہے وہ حوالہ نہیں ہے بلکہ ضمانت ہے کہ اس کا قرضہ میں بھروں گا۔ ابن بطالؒ نے اسی کے بارے میں کہا ہے کہ حوالہ اور ضمان ہم معنی ہیں، اس لئے کتاب الحوالہ میں یہ باب لانے میں کچھ حرج نہیں۔

[۳-] بَابٌ: إِذَا أَحَالَ دَيْنَ الْمَيِّتِ عَلٰى رَجُلٍ جَازَ

[۲۲۸۹-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ، فَقَالُوْا: صَلِّ عَلَيْهَا، فَقَالَ: "هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ؟" فَقَالُوْا: لَا، قَالَ: "فَهَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟" قَالُوْا: لَا، فَصَلّٰى عَلَيْهِ. ثُمَّ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ أُخْرٰى، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ! صَلِّ عَلَيْهَا. قَالَ: "هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ؟" قِيْلَ: نَعَمْ، قَالَ: "هَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟" قَالُوْا: ثَلَاثَةَ دَنَانِيْرَ، فَصَلّٰى عَلَيْهَا. ثُمَّ أُتِيَ بِالثَّالِثَةِ فَقَالُوْا: صَلِّ عَلَيْهَا. قَالَ: "هَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟" قَالُوْا: لَا، قَالَ: "فَهَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ؟" قَالُوْا: ثَلَاثَةُ دَنَانِيْرَ، قَالَ: "صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ" فَقَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ: صَلِّ عَلَيْهِ يَارَسُوْلَ اللهِ! وَعَلَيَّ دَيْنُهُ. فَصَلّٰى عَلَيْهِ.

[انظر: ۲۲۹۵]

وضاحت: پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مقروض کا جنازہ نہیں پڑھتے تھے، تاکہ لوگوں کو تنبیہ ہو اور لوگ خواہ مخواہ قرضہ نہ کریں، پھر جب بیت المال میں گنجائش ہوگئی تو آپؐ کا عمل بدل گیا، پھر آپؐ مقروض کا جنازہ پڑھتے تھے اور بیت المال سے اس کا قرضہ ادا کرتے تھے، اور بے آسرا اولاد کی کفالت بھی کرتے تھے، جیسا کہ آگے باب الدین میں حدیث آرہی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الکفالۃ

ذمہ داری لینے کا بیان

کفالہ کے اصطلاحی معنی ہیں: ضَمُّ الذمَّةِ إلى الذمة: ذمہ داری کو ذمہ داری کے ساتھ ملانا، یعنی پہلے قرضہ کا ذمہ دار ایک آدمی تھا اب دو ہو گئے، اسی کا نام ضامن بننا ہے۔ اب قرض خواہ دونوں سے مطالبہ کرسکتا ہے، اصیل سے بھی اور کفیل سے بھی۔

بَابُ الْكَفَالَةِ فِي الْقَرْضِ وَالدُّيُوْنِ: بِالْأَبْدَانِ وَغَيْرِهَا

قرض اور دین کی ذمہ داری لینا نفس کی بھی اور غیر نفس کی بھی

قرض: وہ ذوات الامثال ہیں جو کسی کو دی جائیں تاکہ وہ اس کا مانند آئندہ واپس کرے، جیسے روپے قرض دیئے، گیہوں قرض دیئے، تاکہ ایک وقت کے بعد مقروض اس کے مانند کو واپس کرے۔

اور دَین: وہ مال ہے جو ذمہ پر واجب ہوتا ہے کسی عقد کی وجہ سے یا کسی کی کوئی چیز ہلاک کرنے کی وجہ سے یا قرض لینے کی وجہ سے۔ پس قرض اور دَین میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے۔ قرض خاص ہے اور دَین عام ہے، پھر کفالہ نفس کا بھی ہوتا ہے اور مال وغیرہ کا بھی۔ اور حضرت رحمہ اللہ نے باب میں تین روایتیں پیش کی ہیں:

پہلی روایت: حضرت حمزۃ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زکوٰتیں وصول کرنے کے لئے ایک قبیلہ میں بھیجا، وہاں ایک واقعہ پیش آیا تھا، ایک شخص نے اپنی بیوی کی باندی سے صحبت کی تھی، اور کئی مرتبہ کی تھی، اور اس سے ایک لڑکا بھی پیدا ہوا تھا، جب حضرت حمزہؓ وہاں پہنچے تو یہ واقعہ سامنے آیا، یہ واقعہ رجم کا تھا، مگر قبیلہ کے لوگوں نے بتایا کہ یہ معاملہ حضرت عمرؓ کے پاس جا چکا ہے اور حضرت عمرؓ نے رجم کے بجائے اس کو سو کوڑے مارے ہیں۔ حضرت حمزہؓ کی سمجھ میں بات نہیں آئی، انھوں نے قبیلہ والوں سے کہا: اس شخص کو لے کر مدینہ آؤ اور یہ بھاگ نہ جائے اس کے لئے ضامن دو، چنانچہ قبیلہ والے ضامن بنے، یہ کفالہ بالنفس ہوا، پھر قبیلہ کے لوگ اس شخص کو لے کر مدینہ آئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے ہم نے اس کو کوڑے مار دیئے ہیں۔

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے کوڑے کیوں مارے، وہ شادی شدہ تھا، اس کو سنگسار کرنا چاہئے تھا؟

جواب یہ ہے کہ وہ قبیلہ جاہل تھا، شرعی حکم جانتا نہیں تھا کہ بیوی کی باندی شوہر استعمال نہیں کرسکتا، اس لئے حضرت عمرؓ

نے جہالت کو عذر قرار دے کر سنگسار کرنے کے بجائے کوڑے مارے۔

دوسری روایت: کوفہ میں کچھ لوگ مرتد ہوگئے، ان کا مقدمہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی کورٹ میں آیا، مرتد کو قتل کیا جاتا ہے، مگر جریر اور اشعث نے عرض کیا: آپ ان کو قتل نہ کریں، ان سے توبہ کرائیں، کیونکہ مرتد توبہ کر لے تو پھر قتل نہیں کیا جاتا، اور ان کی توبہ حقیقی ہے یا دکھاوا ہے؟ اس کے لئے آپ ضامن لے لیں، چنانچہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے توبہ کروائی اور ان کی قوم سے ضامن لئے کہ آئندہ یہ مرتد نہیں ہونگے، یہی کفالہ بالنفس ہے۔

مسئلہ: اگر کسی شخص کو ضامن بنکر جیل سے چھڑایا، پھر وہ مرگیا اور کورٹ مطالبہ کرے کہ مجرم کو لاؤ تو حضرت حماد بن ابی سلیمان رحمہ اللہ (امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے فقہ کے استاذ) فرماتے ہیں کہ کفالہ ختم ہوگیا، جب وہ شخص مرگیا تو مجرم کو کہاں سے لائیں گے؟! یہی مفتی بہ قول ہے۔

اور حکم بن عتیبہؒ کہتے ہیں: اب بھی کفیل ضامن ہوگا، کورٹ سے جب کسی مجرم کو چھڑاتے ہیں تو ضمانت کی ایک رقم طے ہوتی ہے، کفیل اس رقم کا ضامن ہوگا (مگر رقم کا ضامن اس صورت میں ہوتا ہے جب مجرم زندہ ہو اور روپوش ہوجائے، مجرم کے مرنے کی صورت میں کورٹ بھی رقم کا مطالبہ نہیں کرتی)

تیسری روایت: پہلے اسی جلد میں گذری ہے۔ بنی اسرائیل کا واقعہ ہے، ایک نے دوسرے سے قرض مانگا، اس نے کہا: ضامن لاؤ، قرض خواہ نے کہا: میرے ضامن اللہ تعالیٰ ہیں، چنانچہ اس نے قرض دیدیا، پس جب اللہ تعالیٰ کو کفیل بنا سکتے ہیں تو کسی بندہ کو بھی کفیل بنانا درست ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۳۹- کتاب الکفالۃ

[۱-] بَابُ الْكَفَالَةِ فِي الْقَرْضِ وَالدُّيُوْنِ: بِالْأَبْدَانِ وَغَيْرِهَا

[۲۲۹۰-] وَقَالَ أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ عُمَرَ بَعَثَهُ مُصَدِّقًا، فَوَقَعَ رَجُلٌ عَلٰى جَارِيَةِ امْرَأَتِهِ، فَأَخَذَ حَمْزَةُ مِنَ الرَّجُلِ كُفَلَاءَ، حَتّٰى قَدِمَ عَلٰى عُمَرَ، وَكَانَ عُمَرُ قَدْ جَلَدَهُ مِائَةَ جَلْدَةٍ فَصَدَّقَهُمْ وَعَذَرَهُ بِالْجَهَالَةِ.

[۱-] وَقَالَ جَرِيْرٌ وَالْأَشْعَثُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فِي الْمُرْتَدِّيْنَ: اسْتَتِبْهُمْ وَكَفِّلْهُمْ فَتَابُوْا وَكَفَلَهُمْ عَشَائِرُهُمْ.

[۲-] وَقَالَ حَمَّادٌ: إِذَا تَكَفَّلَ بِنَفْسٍ فَمَاتَ فَلَا شَيْئَ عَلَيْهِ.

[۳-] وَقَالَ الْحَكَمُ: يَضْمَنُ.

[۲۲۹۱-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنَّهُ ذَكَرَ رَجُلاً مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ سَأَلَ بَعْضَ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ أَنْ يُسْلِفَهُ أَلْفَ دِيْنَارٍ، فَقَالَ: ائْتِنِيْ بِالشُّهَدَاءِ أُشْهِدُهُمْ، فَقَالَ: كَفَى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا، قَالَ: فَأْتِنِيْ بِالْكَفِيْلِ، قَالَ: كَفَى بِاللّٰهِ كَفِيْلاً. قَالَ: صَدَقْتَ، فَدَفَعَهَا إِلَيْهِ إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى، فَخَرَجَ فِي الْبَحْرِ فَقَضَى حَاجَتَهُ، ثُمَّ الْتَمَسَ مَرْكَبًا يَرْكَبُهَا يَقْدَمُ عَلَيْهِ لِلْأَجَلِ الَّذِيْ أَجَّلَهُ، فَلَمْ يَجِدْ مَرْكَبًا، فَأَخَذَ خَشَبَةً فَنَقَرَهَا، فَأَدْخَلَ فِيْهَا أَلْفَ دِيْنَارٍ، وَصَحِيْفَةً مِنْهُ إِلٰى صَاحِبِهِ، ثُمَّ زَجَّجَ مَوْضِعَهَا، ثُمَّ أَتَى بِهَا إِلَى الْبَحْرِ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنِّيْ كُنْتُ تَسَلَّفْتُ فُلَانًا أَلْفَ دِيْنَارٍ، فَسَأَلَنِيْ كَفِيْلاً، فَقُلْتُ: كَفَى بِاللّٰهِ كَفِيْلاً فَرَضِيَ بِكَ، وَسَأَلَنِيْ شَهِيْدًا فَقُلْتُ: كَفَى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا فَرَضِيَ بِذٰلِكَ. وَإِنِّيْ جَهَدْتُ أَنْ أَجِدَ مَرْكَبًا، أَبْعَثُ إِلَيْهِ الَّذِيْ لَهُ فَلَمْ أَقْدِرْ، وَإِنِّيْ أَسْتَوْدِعُكَهَا، فَرَمَى بِهَا فِي الْبَحْرِ حَتَّى وَلَجَتْ فِيْهِ، ثُمَّ انْصَرَفَ، وَهُوَ فِيْ ذٰلِكَ يَلْتَمِسُ مَرْكَبًا يَخْرُجُ إِلٰى بَلَدِهِ، فَخَرَجَ الرَّجُلُ الَّذِيْ كَانَ أَسْلَفَهُ، يَنْظُرُ لَعَلَّ مَرْكَبًا قَدْ جَاءَ بِمَالِهِ، فَإِذَا بِالْخَشَبَةِ الَّتِيْ فِيْهَا الْمَالُ، فَأَخَذَهَا لِأَهْلِهِ حَطَبًا، فَلَمَّا نَشَرَهَا وَجَدَ الْمَالَ وَالصَّحِيْفَةَ، ثُمَّ قَدِمَ الَّذِيْ كَانَ أَسْلَفَهُ فَأَتَى بِالْأَلْفِ دِيْنَارٍ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا زِلْتُ جَاهِدًا فِيْ طَلَبِ مَرْكَبٍ لِآتِيَكَ بِمَالِكَ، فَمَا وَجَدْتُ مَرْكَبًا قَبْلَ الَّذِيْ أَتَيْتُ فِيْهِ، قَالَ: هَلْ كُنْتَ بَعَثْتَ إِلَيَّ بِشَيْءٍ؟ قَالَ: أُخْبِرُكَ أَنِّيْ لَمْ أَجِدْ مَرْكَبًا قَبْلَ الَّذِيْ جِئْتُ فِيْهِ، قَالَ: فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَدَّى عَنْكَ الَّذِيْ بَعَثْتَ فِي الْخَشَبَةِ، وَانْصَرِفْ بِالْأَلْفِ الدِّيْنَارِ رَاشِدًا"

[راجع: ۱٤۹۸]

لغات: أُشْهِدُهُمْ: گواہ بناؤں میں ان کو......... زَجَّجَ: لوہا یا لاکھ وغیرہ کی ڈاٹ لگانا، تاکہ پانی اندر نہ جائے...... أَسْتَوْدِعُكَهَا: سونپتا ہوں میں آپ کو وہ روپے.......... حَطَبًا: سوختہ کے طور پر، جلانے کے لئے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ﴾

عقد موالات کا بیان

سورۂ نساء کی آیت (۳۳) ہے: ﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُوْنَ، وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا﴾ ترجمہ: اور ہر ایسے مال کے لئے جس کو والدین اور رشتہ دار چھوڑ جائیں ہم نے وارث مقرر کر دیئے ہیں، اور جن لوگوں سے تمہارے عہد بندھے ہوئے ہیں ان کو ان کا حصہ (سدس) دیدو، بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر مطلع ہیں۔

تفسیر: زمانۂ جاہلیت سے عقد موالات کا سلسلہ چلا آرہا تھا، عقد موالات یہ ہے کہ کسی کا کوئی وارث نہیں، وہ دوسرے

کے ساتھ اس طرح معاملہ کرے کہ اگر میں کوئی جنایت کروں تو آپ اس کی دیت دیں، اور آپ جنایت کریں تو میں دیت دوں۔ اور میں مروں تو میراث آپ کو ملے گی اور آپ مریں تو آپ کی میراث میں پاؤں گا، زمانۂ جاہلیت میں لوگ ایسی دوستی کیا کرتے تھے، اور اس کو عقد موالات کہتے تھے، زمانۂ جاہلیت میں اس موالات کی وجہ سے میراث ملتی تھی اور دیت دینی پڑتی تھی، اور وہ مولی الموالات کہلاتے تھے۔ پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو ہجرت سے پہلے والے سال تو گذر گئے پھر جب صحابہ ہجرت کر کے مدینہ آئے تو حضور ﷺ نے مہاجرین وانصار کے درمیان مواخات کرائی، یہ مواخات وہی موالات تھی کیونکہ مہاجرین کے سب ورثاء کافر تھے، اس لئے انصار کے ساتھ مواخات کرائی تا کہ ایک دوسرے کو میراث ملے۔

پھر ایک وقت آیا کہ مہاجرین کے ورثاء مسلمان ہوگئے تو اس حکم میں تبدیلی آئی اور مذکورہ آیت نازل ہوئی، جس میں یہ حکم دیا گیا کہ ہر ایک کے وارث ہیں، وہی میراث پائیں گے، اور جن کے ساتھ عقد موالات ہے ان کو ایک سدس ملے گا، باقی ترکہ ورثاء کو ملے گا۔

پھر زمانہ آگے بڑھا تو سورۃ الانفال کی آخری آیت نازل ہوئی: ﴿وَأُوْلُوْا الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ﴾ اس آیت کے ذریعہ مولی الموالات کا جو سدس تھا وہ ختم ہوگیا، اب میراث رشتہ داروں ہی کو ملے گی، البتہ مولی الموالات کی مدد، تعاون، خیر خواہی اور وصیت کرنا جائز رہا۔

نوٹ: عاقدت ایک قراءت ہے ہماری قراءت عَقَدَتْ ہے، کتاب میں یہ تبدیلی کی ہے۔

سوال: امام بخاری رحمہ اللہ عقد موالات کا بیان کتاب الکفالہ میں کیوں لائے ہیں؟

جواب: عقد موالات ایک دوسرے کا ضامن بننا ہے کہ تم جنایت کروگے تو میں دیت دوں گا، اور میں جنایت کروں تو آپ دیت دیں، یہ ایک دوسرے کا ضامن بننا ہے، پس کفالہ اور عقد موالات گویا ایک ہی چیز ہیں، جیسے ابن بطال رحمہ اللہ کا قول گذرا ہے کہ حوالہ اور ضمان ایک ہی ہیں، ایسے ہی یہاں بھی کفالہ اور عقد موالات ایک ہی ہیں۔

[۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ﴾

[۲۲۹۲-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ إِدْرِيْسَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ﴾ قَالَ: وَرَثَةً ﴿وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾: كَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ لَمَّا قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ وَرِثَ الْمُهَاجِرُ الْأَنْصَارِيَّ دُوْنَ ذَوِي رَحِمِهِ، لِلْأُخُوَّةِ الَّتِيْ آخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُمْ، فَلَمَّا نَزَلَتْ ﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ﴾ نُسِخَتْ، ثُمَّ قَالَ: ﴿وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ إِلَّا النَّصْرَ وَالرِّفَادَةَ وَالنَّصِيْحَةَ. وَقَدْ ذَهَبَ الْمِيْرَاثُ وَيُوْصَى لَهُ. [انظر: ۴۵۸۰، ۶۷۴۷]

[۲۲۹۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَدِمَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

ابْنِ عَوْفٍ، فَآخَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ.[راجع: ٢٠٣٩]

[٢٢٩٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثَنَا عَاصِمٌ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَبَلَغَكَ أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" لَاحِلْفَ فِي الإِسْلَامِ؟" فَقَالَ: قَدْ حَالَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَيْنَ قُرَيْشٍ وَالْأَنْصَارِ فِي دَارِيْ.[انظر: ٦٠٨٣، ٧٣٤٠]

وضاحت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہمانے موالی کا ترجمہ ورثاء کیا ہے.........نُسِخَتْ: یعنی آیت:﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ﴾ منسوخ ہوگئی، اب میراث ورثاء کو ملے گی.........﴿فَآتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ﴾ کی تفسیر حضرت ابن عباسؓ نے مدد، تعاون اور خیر خواہی سے کی ہے، اور فرمایا کہ میراث تو ختم ہوگئی البتہ مولی الموالات کے لئے وصیت کر سکتے ہیں، مگر صحیح بات یہ ہے کہ نصیب سے سدس مراد ہے، پھر بالکلیہ توریث سورۃ الانفال کی آخری آیت سے ختم ہوئی ہے۔.........

الرِّفادة: تعاون، سہارا، غریب حاجیوں کی ضیافت، زمانۂ جاہلیت میں قریش اپنے مالوں میں سے ایک حصہ نکال کر غریب حاجیوں کے کھانے وغیرہ کا انتظام کرتے تھے، اس کو رفادہ کہتے تھے۔

آخری حدیث: عاصم احول نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا آپ کو یہ حدیث پہنچی ہے کہ لا حِلْفَ فی الإسلام: اسلام میں قسمیں کھا کر معاہدہ کرنا نہیں ہے، حضرت انسؓ نے کہا: نبی ﷺ نے میرے گھر میں قریش اور انصار کے درمیان معاہدہ کرایا ہے (پس وہ بات کیسے صحیح ہوسکتی ہے؟)

تشریح: حدیث لاحِلْفَ فی الإسلام متعدد طرق سے مروی ہے یعنی اسلام میں تعاون باہمی کے لئے قسمیں کھا کر انجمن بنانے کی ضرورت نہیں، کیونکہ اخوت اسلامی ہی تعاون باہمی کے لئے کافی ہے، یہ مطلب نہیں ہے کہ جائز نہیں، پس مواخات نبوی اور حدیث میں کوئی تعارض نہیں۔

بَابُ مَنْ تَكَفَّلَ عَنْ مَيِّتٍ دَيْنًا، فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَرْجِعَ

جو کسی میت کے قرضہ کا ضامن بن جائے وہ رجوع نہیں کرسکتا

ابھی یہ مسئلہ آیا ہے کہ اگر کوئی کسی میت کی طرف سے قرضہ کا ضامن بننا چاہے تو بن سکتا ہے، اب یہ مسئلہ ہے کہ یہ ضمانت لازم ہے یا اختیاری؟ یعنی اگر رجوع کرنا چاہے اور قرضہ نہ بھرنا چاہے تو اس کی گنجائش ہے یا نہیں؟ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ضمانت لازم ہے، اب رجوع نہیں کرسکتا، اس کو قرضہ بھرنا ہی پڑے گا۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے۔ مگر ائمہ: ابوحنیفہ، شافعی اور مالک رحمہم اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہ رضا کارانہ ضمانت ہے، اس کو قرضہ بھرنا چاہئے، لیکن اگر نہ بھرے تو اس کی بھی گنجائش ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں دو حدیثیں پیش کی ہیں۔ پہلی حدیث ابھی گذری ہے کہ جب حضرت ابوقتادہ رضی

اللہ عنہ نے میت کا قرضہ اپنے ذمہ لیا تو حضور ﷺ نے پوچھا: بالوفاء؟ واقعی بھروگے؟ انھوں نے کہا: بالوفاء، واقعی بھرونگا اس سے امام بخاریؒ نے لزوم ضمانت پر استدلال کیا ہے، مگر یہ استدلال صحیح نہیں، اگر ضمانت لازم ہوتی تو حضور ﷺ یہ کیوں پوچھتے کہ واقعی بھروگے؟

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے اپنی حیاتِ مبارکہ میں مختلف لوگوں سے کچھ وعدے کر رکھے تھے، مثلاً حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے وعدہ کیا تھا کہ جب بحرین کا محصول آئے گا میں تمہیں اتنا اتنا دوں گا، اور آپؐ نے تین مرتبہ لب بھر کر ڈالے، حضور ﷺ کی حیات میں بحرین کا محصول نہیں آیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں آیا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں اعلان کرایا کہ حضور ﷺ نے کسی سے کوئی وعدہ کیا ہو یا حضور ﷺ کے ذمہ کوئی قرضہ ہو تو وہ آئے میں اس کو پورا کروں گا۔ حضرت جابرؓ آئے اور انھوں نے کہا: نبی ﷺ نے مجھ سے یہ فرمایا تھا، حضرت ابوبکرؓ نے بحرین کے مال میں سے لب بھر کر ڈالا، اور فرمایا: گنو، وہ پانچ سو درہم تھے، آپؓ نے فرمایا: اس کا دوگنا لے لو (حدیث پوری ہوئی)

یہ نبی ﷺ کا ایک وعدہ تھا، اس کو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے پورا کیا، یہ نبی ﷺ کے ذمہ کوئی قرض نہیں تھا، مگر سخی آدمی جب کوئی وعدہ کرتا ہے تو گویا وہ قرضہ ہوجاتا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کو چکایا۔ معلوم ہوا کہ اگر کوئی میت کی طرف سے کسی قرضہ کا ضامن بنے تو ضمانت لازم ہے، یہ امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال ہے۔

لیکن یہ استدلال غور طلب ہے، اول: اس لئے کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ضامن نہیں بنے تھے، بلکہ حکومت کے مال میں سے دیا تھا۔ ثانیاً: یہ وعدہ تھا، قرضہ نہیں تھا، پس حدیث سے قرض کی ضمانت پر استدلال تام نہیں۔

[۳-] بَابُ مَنْ تَكَفَّلَ عَنْ مَيِّتٍ دَيْنًا، فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَرْجِعَ

وَبِهِ قَالَ الْحَسَنُ.

[۲۲۹۵-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أُتِيَ بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: "هَلْ عَلَيْهِ مِنْ دَيْنٍ؟" فَقَالُوْا: لاَ، فَصَلَّى عَلَيْهِ. ثُمَّ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ أُخْرَى، فَقَالَ: "هَلْ عَلَيْهِ مِنْ دَيْنٍ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: "فَصَلُّوْا عَلَى صَاحِبِكُمْ" قَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ: عَلَيَّ دَيْنُهُ يَارَسُوْلَ اللهِ! فَصَلَّى عَلَيْهِ. [راجع: ۲۲۸۹]

[۲۲۹۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا عَمْرٌو، سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ قَدْ جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ قَدْ أَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا، فَلَمْ يَجِئْ مَالُ الْبَحْرَيْنِ حَتَّى قُبِضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ أَمَرَ أَبُوْ بَكْرٍ فَنَادَى: مَنْ كَانَ لَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عِدَةٌ أَوْ دَيْنٌ فَلْيَأْتِنَا، فَأَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه

وسلم قَالَ لِیْ كَذَا وَكَذَا، فَحَثَا لِیْ حَثْيَةً، فَعَدَدْتُهَا فَإِذَا هِیَ خَمْسُ مِائَةٍ، وَقَالَ: خُذْ مِثْلَيْهَا.

[انظر: ۲۵۹۸، ۲۶۸۳، ۳۱۳۷، ۳۱٦٤، ٤۳۸۳]

بَابُ جُوَارِ أَبِیْ بَكْرٍ الصَّدِّيْقِ فِی عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَعَقْدِهِ

عہدِ نبوی میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کا پناہ لینا، اور پیمان باندھنا

جَاوَرَ مُجَاوَرَةً وَجُوَارًا (جیم کا زبر اور پیش) کسی کی حمایت وحفاظت کرنا، پناہ لینا۔ اور عقد کے معنی ہیں: گرہ باندھنا یعنی عقد و پیمان باندھنا، پس باب کے دونوں جزوں کا ایک مطلب ہے۔

مکی دور میں جب لوگ ہجرت کر کے حبشہ جا رہے تھے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے بھی اہل مکہ کی ایذاء رسانی سے تنگ آکر ہجرت کا ارادہ کیا اور مکہ سے نکل کھڑے ہوئے، برك الغماد (ایک جگہ) پر پہنچے تو ابنُ الدَّغِنَة سے ملاقات ہوئی، اس سے سابقہ معرفت تھی، اس نے پوچھا: کہاں جا رہے ہو؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری قوم نے مجھے تنگ کر دیا، مجھے مکہ سے نکلنے پر مجبور کر دیا، اب میں اللہ کی زمین میں پھرونگا اور اللہ کی عبادت کروں گا (یہ نہیں بتایا کہ حبشہ جا رہا ہوں) ابن الدغنہ نے کہا: آپ جیسا آدمی جو یہ اور یہ رفاہی کام کرتا ہے، مکہ سے نکل جائے گا تو مکہ والوں کا کیا ہوگا؟ ابن الدغنہ نے وہی پانچ رفاہی کام گنائے ہیں جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ کی شان میں بیان کئے تھے، پھر اس نے کہا: آپ واپس چلیں، میں آپ کے ساتھ آتا ہوں، میں آپ کو اپنی پناہ میں لوں گا، یہ کفالہ بالنفس کے مشابہ ہے، وہ آپ کو لیکر مکہ آیا اور مکہ کے تمام سرداروں سے ملا اور کہا: ابوبکر میری پناہ میں ہیں، الی آخرہ۔ حدیث کا ترجمہ آگے آرہا ہے۔

دوسری حدیث: جب فتوحات ہونے لگیں اور حکومت کی آمدنی شروع ہوگئی تو نبی ﷺ نے فرمایا: أنا أولی بالمؤمنين من أنفسهم: أولی بمعنی أقرب ہے، یعنی میں مؤمنین سے ان کی ذاتوں سے زیادہ قریب ہوں، ہر شخص پہلے اپنی فکر کرتا ہے، نبی ﷺ مؤمنین کی اس سے زیادہ فکر کرتے ہیں، پھر آپؐ نے اعلان کیا: اگر کوئی مرے گا اور قرضہ چھوڑے گا تو وہ قرضہ میں (بیت المال سے) ادا کروں گا اور بچے چھوڑے گا اور ان کی پرورش کا کوئی نظم نہیں ہوگا تو میں ان کی کفالت کروں گا، البتہ ترکہ چھوڑے گا تو حکومت وارث نہیں ہوگی، بلکہ اس کی میراث اس کے ورثاء کو ملے گی۔ یہ نبی ﷺ نے مرنے والے کے قرضہ کی اور بے آسرا بچوں کی کفالت کی۔

[٤-] بَابُ جُوَارِ أَبِیْ بَكْرٍ الصَّدِّيْقِ فِی عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَعَقْدِهِ

[۲۲۹۷-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَتْ: لَمْ أَعْقِلْ أَبَوَیَّ قَطُّ إِلَّا وَهُمَا يَدِيْنَانِ الدِّيْنَ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ أَبُوْ صَالِحٍ: ثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ یُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ: أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ: أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمْ أَعْقِلْ أَبَوَیَّ قَطُّ إِلَّا وَهُمَا یَدِیْنَانِ الدِّیْنَ، وَلَمْ یَمُرَّ عَلَیْنَا یَوْمٌ إِلَّا یَأْتِیْنَا فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم طَرَفَیِ النَّهَارِ بُكْرَةً وَعَشِیَّةً، فَلَمَّا ابْتُلِیَ الْمُسْلِمُوْنَ خَرَجَ أَبُوْ بَكْرٍ مُهَاجِرًا قِبَلَ الْحَبَشَةِ، حَتّٰی إِذَا بَلَغَ بَرْكَ الْغُمَادِ لَقِیَهُ ابْنُ الدَّغِنَةِ، وَهُوَ سَیِّدُ الْقَارَةِ، فَقَالَ: أَیْنَ تُرِیْدُ یَا أَبَا بَكْرٍ؟ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَخْرَجَنِیْ قَوْمِیْ، وَأَنَا أُرِیْدُ أَنْ أَسِیْحَ فِی الْأَرْضِ، وَأَعْبُدَ رَبِّیْ، قَالَ ابْنُ الدَّغِنَةِ: إِنَّ مِثْلَكَ لَایَخْرُجُ وَلَا یُخْرَجُ، فَإِنَّكَ تَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ، وَتَصِلُ الرَّحِمَ، وَتَحْمِلُ الْكَلَّ، وَتَقْرِی الضَّیْفَ، وَتُعِیْنُ عَلٰی نَوَائِبِ الْحَقِّ، وَأَنَا لَكَ جَارٌ، فَارْجِعْ فَاعْبُدْ رَبَّكَ بِبِلَادِكَ.

ترجمہ: حدیث لمبی ہے اور پہلی بار آئی ہے، اس لئے چند ٹکروں میں ترجمہ کرتا ہوں ـــــ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے اپنے والدین کو دیندار پایا ہے (حدیث کا اتنا حصہ پہلے بھی آچکا ہے) اور ہم پر کوئی دن نہیں گذرتا تھا مگر اس میں نبی ﷺ ہمارے یہاں تشریف لاتے تھے، دن کے دونوں کناروں میں یعنی صبح وشام، پس جب مسلمان آزمائش میں ڈالے گئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حبشہ کی طرف ہجرت کے ارادہ سے نکلے، یہاں تک کہ جب آپ برک الغماد پہنچے تو ان سے ابن الدغنہ ملا، اور وہ قبیلہ قارہ کا سردار تھا (اور اس سے ابوبکرؓ کی سابقہ معرفت تھی) اس نے پوچھا: ابوبکر! کہاں کا ارادہ ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میری قوم نے مجھے نکال دیا ہے، پس میں چاہتا ہوں کہ زمین میں پھروں اور میرے پروردگار کی عبادت کروں، ابن الدغنہ نے کہا: آپ جیسا آدمی نہ نکلے گا نہ نکالا جائے گا، اس لئے کہ آپؓ معدوم (نابود) کو کماتے ہیں اور صلہ رحمی کرتے ہیں اور بوجھ اٹھاتے ہیں اور مہمان نوازی کرتے ہیں اور قدرتی حوادث میں لوگوں کی مدد کرتے ہیں اور میں آپؓ کو پناہ دینے والا ہوں، پس آپؓ واپس چلیں اور اپنے شہر میں اپنے رب کی عبادت کریں۔

فَارْتَحَلَ ابْنُ الدَّغِنَةِ فَرَجَعَ مَعَ أَبِیْ بَكْرٍ فَطَافَ فِیْ أَشْرَافِ كُفَّارِ قُرَیْشٍ، فَقَالَ لَهُمْ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ لَا یَخْرُجُ مِثْلُهُ وَلَا یُخْرَجُ. أَتُخْرِجُوْنَ رَجُلًا یَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ، وَیَصِلُ الرَّحِمَ وَیَحْمِلُ الْكَلَّ، وَیَقْرِی الضَّیْفَ، وَیُعِیْنُ عَلٰی نَوَائِبِ الْحَقِّ؟ فَأَنْفَذَتْ قُرَیْشٌ جِوَارَ ابْنِ الدَّغِنَةِ، وَآمَنُوْا أَبَا بَكْرٍ، وَقَالُوْا لِابْنِ الدَّغِنَةِ: مُرْ أَبَا بَكْرٍ فَلْیَعْبُدْ رَبَّهُ فِیْ دَارِهِ، فَلْیُصَلِّ وَلْیَقْرَأْ مَاشَاءَ، وَلَا یُؤْذِیْنَا بِذٰلِكَ، وَلَا یَسْتَعْلِنْ بِهِ، فَإِنَّا قَدْ خَشِیْنَا أَنْ یَفْتِنَ أَبْنَاءَ نَا وَنِسَاءَ نَا، قَالَ ذٰلِكَ ابْنُ الدَّغِنَةِ لِأَبِیْ بَكْرٍ، فَطَفِقَ أَبُوْ بَكْرٍ یَعْبُدُ رَبَّهُ فِیْ دَارِهِ، وَلَا یَسْتَعْلِنُ بِالصَّلَاةِ، وَلَا الْقِرَاءَ ةِ فِی غَیْرِ دَارِهِ.

ترجمہ: پس ابن الدغنہ نے سفر کیا اور وہ ابوبکرؓ کے ساتھ لوٹا اور کفار قریش کے بڑے لوگوں سے ملا اور ان سے کہا: ابوبکر

جیسا آدمی نہ نکلے گا نہ نکالا جائے گا، کیا تم ایسے آدمی کو نکالتے ہو جو معدوم کو کماتا ہے، صلہ رحمی کرتا ہے، بوجھ اٹھاتا ہے، مہمان نوازی کرتا ہے اور قدرتی حادثات میں لوگوں کی مدد کرتا ہے؟ پس قریش نے ابن الدغنہ کی پناہ کو نافذ کیا یعنی مان لیا اور انھوں نے حضرت ابوبکرؓ کو امن دیدیا۔ اور انھوں نے ابن الدغنہ سے کہا: آپ ابوبکر کو حکم دیں کہ وہ اپنے رب کی عبادت کریں اپنے گھر میں، پس نماز اور جو چاہیں پڑھیں اور ہمیں اس کے ذریعہ نہ ستائیں، اور وہ اپنی عبادت برملا نہ کریں، اس لئے کہ ہمیں اندیشہ ہے کہ ہمارے بیٹے اور ہماری بیویاں فتنہ میں مبتلا ہوجائیں گی۔ ابن الدغنہ نے یہ بات حضرت ابوبکرؓ سے کہی، پس حضرت ابوبکرؓ اپنے گھر میں اپنے رب کی عبادت کرنے لگے، اور برملا نماز نہیں پڑھتے تھے اور اپنے گھر کے سواء قرآن بھی نہیں پڑھتے تھے۔

ثُمَّ بَدَا لِأَبِیْ بَکْرٍ فَابْتَنَی مَسْجِدًا بِفِنَاءِ دَارِهِ وَبَرَزَ فَکَانَ یُصَلِّیْ فِیْهِ وَیَقْرَأُ الْقُرْآنَ، فَیَتَقَصَّفُ عَلَیْهِ نِسَاءُ الْمُشْرِکِیْنَ وَأَبْنَاؤُهُمْ، یَعْجَبُوْنَ وَیَنْظُرُوْنَ إِلَیْهِ، وَکَانَ أَبُوْ بَکْرٍ رَجُلًا بَکَّاءً، لَا یَمْلِكُ دَمْعَهُ حِیْنَ یَقْرَأُ الْقُرْآنَ، فَأَفْزَعَ ذٰلِكَ أَشْرَافَ قُرَیْشٍ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ، فَأَرْسَلُوْا إِلٰی ابْنِ الدَّغِنَةِ، فَقَدِمَ عَلَیْهِمْ، فَقَالُوْا لَهُ: إِنَّا کُنَّا أَجَرْنَا أَبَا بَکْرٍ عَلٰی أَنْ یَعْبُدَ رَبَّهُ فِی دَارِهِ، وَإِنَّهُ جَاوَزَ ذٰلِكَ، فَابْتَنَی مَسْجِدًا بِفِنَاءِ دَارِهِ، وَأَعْلَنَ الصَّلَاةَ وَالْقِرَاءَةَ، وَقَدْ خَشِیْنَا أَنْ یَفْتِنَ أَبْنَاءَنَا وَنِسَاءَنَا، فَأْتِهِ، فَإِنْ أَحَبَّ أَنْ یَقْتَصِرَ عَلٰی أَنْ یَعْبُدَ رَبَّهُ فِی دَارِهِ فَعَلَ، وَإِنْ أَبَی إِلَّا أَنْ یُعْلِنَ ذٰلِكَ فَسَلْهُ أَنْ یَرُدَّ إِلَیْكَ ذِمَّتَكَ فَإِنَّا کَرِهْنَا أَنْ نُخْفِرَكَ، وَلَسْنَا مُقِرِّیْنَ لِأَبِیْ بَکْرٍ الِاسْتِعْلَانَ.

ترجمہ: پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رائے بدلی، چنانچہ انھوں نے اپنے گھر کے صحن میں مسجد بنائی اور باہر نکلے، پس وہ اس میں نماز اور قرآن پڑھتے تھے، پس مشرکین کی بیویاں اور ان کے بیٹے ان پر ٹوٹ پڑتے تھے، وہ تعجب کرتے تھے، اور ابوبکرؓ کو دیکھتے تھے، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کثیر البکاء تھے، وہ اپنے آنسوؤں پر قابو نہیں رکھ سکتے تھے، جب قرآن پڑھتے تھے، پس اس چیز نے گھبراہٹ میں ڈال دیا مشرکین میں سے قریش کے بڑے لوگوں کو، پس انھوں نے ابن الدغنہ کے پاس آدمی بھیجا، وہ ان کے پاس آیا، انھوں نے اس سے کہا: ہم نے ابوبکر کو پناہ دی تھی، اس شرط پر کہ وہ اپنے گھر میں اپنے رب کی عبادت کریں، اور بیشک انھوں نے اس سے تجاوز کیا ہے، پس اپنے گھر کے صحن میں مسجد بنائی ہے اور برملا نماز اور قرآن پڑھتے ہیں اور ہمیں اندیشہ ہے کہ ہمارے بیٹے اور ہماری بیویاں فتنہ میں مبتلا ہوجائیں، پس آپ ان کے پاس جائیں اگر وہ اس بات کو پسند کریں کہ اکتفا کریں اس پر کہ وہ اپنے گھر میں اپنے رب کی عبادت کریں تو کریں۔ اور اگر وہ انکار کریں مگر اس بات کا کہ وہ اس کو علی الاعلان کریں گے تو آپ ان سے کہئے کہ وہ آپ کی طرف آپ کی ذمہ داری واپس کردیں، اس لئے کہ ہم اس بات کو ناپسند کرتے ہیں کہ آپ کی ذمہ داری میں رخنہ ڈالیں، اور ہم برملا کرنے کے روادار بھی نہیں۔

لغت: تَقَصَّفَ القومُ علی شیئٍ: کسی چیز پرٹوٹ پڑنا۔

قَالَتْ عَائِشَةُ فَأَتَى ابْنُ الدَّغِنَةِ أَبَا بَكْرٍ فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتَ الَّذِىْ عَقَدْتُ لَكَ عَلَيْهِ، فَإِمَّا أَنْ تَقْتَصِرَ عَلٰى ذٰلِكَ، وَإِمَّا أَنْ تَرُدَّ إِلَىَّ ذِمَّتِىْ، فَإِنِّىْ لَاأُحِبُّ أَنْ تَسْمَعَ الْعَرَبُ أَنِّىْ أُخْفِرْتُ فِى رَجُلٍ عَقَدْتُ لَهُ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَإِنِّىْ أَرُدُّ إِلَيْكَ جِوَارَكَ، وَأَرْضَى بِجِوَارِ اللّٰهِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَئِذٍ بِمَكَّةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " قَدْ أُرِيْتُ دَارَ هِجْرَتِكُمْ، رَأَيْتُ سَبْخَةً ذَاتَ نَخْلٍ بَيْنَ لَابَتَيْنِ" وَهُمَا الْحَرَّتَانِ. فَهَاجَرَ مَنْ هَاجَرَ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ حِيْنَ ذَكَرَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَجَعَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ بَعْضُ مَنْ كَانَ هَاجَرَ إِلٰى أَرْضِ الْحَبَشَةِ، وَتَجَهَّزَ أَبُوْ بَكْرٍ مُهَاجِرًا، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " عَلٰى رِسْلِكَ، فَإِنِّىْ أَرْجُوْ أَنْ يُؤْذَنَ لِىْ" قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: هَلْ تَرْجُوْ ذٰلِكَ بِأَبِىْ أَنْتَ؟ قَالَ: " نَعَمْ" فَحَبَسَ أَبُوْ بَكْرٍ نَفْسَهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِيَصْحَبَهُ، وَعَلَفَ رَاحِلَتَيْنِ كَانَتَا عِنْدَهُ وَرَقَ السَّمُرِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ. [راجع: ٤٧٦]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پس ابن الدغنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اس نے کہا: آپ جانتے ہیں اس بات کو جس پر میں نے آپ کو پناہ دی ہے، پس یا تو اکتفاء کریں آپ اُس پر اور یا پھیر دیں آپ میری طرف میری ذمہ داری، اس لئے کہ میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ عربوں میں یہ بات پھیلے کہ میری ذمہ داری میں رخنہ ڈالا گیا، ایک ایسے آدمی کے بارے میں جس کو میں نے پناہ دی ہے۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا: میں آپ کی پناہ آپ کی طرف واپس کرتا ہوں، اور میں اللہ کی پناہ پر خوش ہوں۔ اور رسول اللہ ﷺ اس زمانہ میں مکہ میں تھے، پس آپؐ نے فرمایا: میں تمہارا دارالہجرۃ خواب میں دکھایا گیا ہوں، میں نے دولابوں کے درمیان نخلستان والی شور زمین دیکھی ہے" .... اور دولابے دو حرّے ہیں یعنی سیاہ پتھروں والی زمین، پس مدینہ کی طرف ہجرت کی جس نے ہجرت کی، جب نبی ﷺ نے یہ خواب ذکر کیا اور بعض وہ لوگ جنھوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی وہ بھی مدینہ کی طرف لوٹ آئے، اور حضرت ابوبکرؓ نے ہجرت کے لئے سامان تیار کیا، پس ان سے نبی ﷺ نے فرمایا: "ٹھہرو! مجھے بھی امید ہے کہ مجھے ہجرت کی اجازت دی جائے گی" حضرت ابوبکرؓ نے کہا: کیا آپؐ بھی اس کی امید کرتے ہیں، میرے والد آپؐ پر فدا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، پس ابوبکرؓ نے اپنی ذات کو رسول اللہ ﷺ پر روک لیا تاکہ وہ آپؐ کے ساتھ ہجرت کریں، اور دو سواریوں کو چار مہینہ تک کیکر کے پتوں کا چارہ کھلایا جو ان کے پاس تھیں۔

[٢٢٩٨-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ الْمُتَوَفَّى عَلَيْهِ الدَّيْنُ،

فَيَسْأَلُ: " هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهِ فَضْلاً؟" فَإِنْ حُدِّثَ أَنَّـهُ تَرَكَ لِدَيْنِهِ وَفَاءً صَلَّى، وَإِلَّا قَالَ لِلْمُسْلِمِيْنَ: " صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ" فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْفُتُوْحَ قَالَ: " أَنَا أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ تُوُفِّيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ، وَمَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِوَرَثَتِهِ"

[انظر: ۲۳۹۸، ۲۳۹۹، ۴۷۸۱، ۵۳۷۱، ۶۷۳۱، ۶۷۴۵، ۶۷۶۳]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایسے شخص کا جنازہ لایا جاتا جس پر قرض ہوتا، پس آپؐ پوچھتے: کیا اس شخص نے قرض سے زیادہ مال چھوڑا ہے؟ پس اگر لوگ کہتے کہ اس نے اپنے قرضہ کی بھرپائی چھوڑی ہے تو آپؐ اس کی نماز جنازہ پڑھتے ورنہ مسلمانوں سے فرماتے: تم اپنے آدمی کا جنازہ پڑھ لو۔ پھر جب آپؐ کے لئے فتوحات ہوئیں تو آپؐ نے فرمایا: میں مسلمانوں سے خود ان کی جانوں سے زیادہ قریب ہوں، پس جس مسلمان کا انتقال ہوا اور اس نے قرض چھوڑا ہو تو اس کا قرضہ مجھ پر ہے اور جس نے مال چھوڑا ہو تو وہ مال اس کے ورثاء کے لئے ہے۔

سوال: اس حدیث کا باب جوار أبی بکر سے کیا تعلق ہے؟

جواب: پہلے یہ سوال ہونا چاہئے کہ بَابُ جوار أبی بکر کا کتاب الکفالة سے کیا تعلق ہے؟ میں نے پہلے اس کا جواب دیا ہے کہ ابن الدغنہ کا حضرت ابوبکرؓ کو پناہ دینا کفالہ بالنفس کے مشابہ ہے، اس لئے یہ باب لائے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہاں بخاری شریف کے نسخوں میں بہت اختلاف ہے، اصیلی اور کریمہ کے نسخوں میں یہاں باب الدَّین ہے۔ اور ابوذر اور ابوالوقت کے نسخوں میں نہ باب ہے نہ ترجمہ، اور مستملی کے نسخہ میں یہ حدیث ہی نہیں ہے، اور نسفی اور شبُّویہ کے نسخوں میں صرف باب بلا ترجمہ ہے، اور اسماعیلی کو یہی نسخہ پسند ہے، اور ابن بطالؒ نے یہ حدیث باب من تکفل عن میت بدین کے آخر میں ذکر کی ہے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اس کو مناسب قرار دیا ہے، اور میرے نزدیک صرف بابٌ ہونا چاہئے جو کالفصل من الباب السابق ہو جائے، یا باب الدَّین ہونا چاہئے جیسا کہ مصری نسخہ میں ہے، پہلے میت کے قرضہ کی کفالت کا باب آیا ہے اب یہ باب مطلق لائے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نادار وفات پانے والے کے قرضہ کی ذمہ داری لی اور اس کے بے سہارا بچوں کی پرورش کی ذمہ داری لی، یہ اگرچہ رضاکارانہ تھا مگر کفالہ کے مشابہ ہے، اس لئے یہاں یہ باب اور یہ حدیث لائے ہیں۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الوکالۃ

دوسرے سے کام کرانا

وکالت کے معنی ہیں: کوئی کام خود کرنے کے بجائے دوسرے سے کرانا، کتاب خریدنی ہے، خود خریدنے کے بجائے دوسرے سے خریدوائی: یہ وکالت ہے۔ تَفویضُ شخصٍ أمرَہ إلیٰ آخرَ، وإِقَامتُہ مَقامَہ فی التَّصَرُّفِ (معجم لغۃ الفقہاء) آج کل وکیل اور وکالت ایک دوسرے معنی میں مستعمل ہیں، یعنی ایڈوکیٹ، اس کے لئے عربی میں لفظ مُحامی ہے، یہ یہاں مراد نہیں۔

بَابُ وَکَالَۃِ الشَّرِیْکِ الشَّرِیْکَ فِی الْقِسْمَۃِ وَغَیْرِھَا

بانٹنے وغیرہ میں شریک کو وکیل بنانا

دو شخص کسی چیز میں شریک ہیں ایک نے دوسرے کو وکیل بنایا کہ یہ چیز آپ لوگوں میں بانٹ دیں، تو یہ جائز ہے۔ حجۃ الوداع میں منیٰ میں نبی ﷺ نے سو اونٹ قربان کئے تھے ان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو آپؐ نے شریک کر لیا تھا، پھر تریسٹھ اونٹ آپؐ نے خود ذبح کئے پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو وکیل بنایا کہ باقی تم ذبح کرو اور گوشت اور کھال وغیرہ بانٹ دو، یہ فرما کر آپؐ قیام گاہ پر تشریف لے آئے، باقی کام حضرت علیؓ نے انجام دیا، یہ وکالت کے جواز کی پہلی دلیل ہے۔

دوسری دلیل: ایک سفر میں بقرعید آ گئی، نبی ﷺ نے حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کو بکریاں دیں اور فرمایا: ہر صحابی کو ایک ایک بکری دیدو، بکریاں حضور ﷺ کی طرف سے تقسیم ہوئیں، مگر حضور ﷺ نے بذاتِ خود تقسیم کرنے کے بجائے حضرت عقبہؓ کو وکیل بنایا، یہ جواز وکالت کی دوسری دلیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٤٠ - کتاب الوکالۃ

[١-] بَابُ وَکَالَۃِ الشَّرِیْکِ الشَّرِیْکَ فِی الْقِسْمَۃِ وَغَیْرِھَا

وَقَدْ أَشْرَکَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلِیًّا فِیْ ھَدْیِہٖ، ثُمَّ أَمَرَہُ بِقِسْمَتِھَا.

[۲۲۹۹-] حدثنا قَبِيْصَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِىْ لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: "أَمَرَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَتَصَدَّقَ بِجِلَالِ الْبُدْنِ الَّتِىْ نُحِرَتْ، وَبِجُلُوْدِهَا"[راجع: ۱۷۰۷]

[۲۳۰۰-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِى الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَعْطَاهُ غَنَمًا يَقْسِمُهَا عَلٰى صَحَابَتِهِ، فَبَقِىَ عَتُوْدٌ فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "ضَحِّ بِهِ أَنْتَ"[انظر: ۲۵۰۰، ۵۵٤۷، ۵۵۵۵]

لغات: الجُلّ: جانور کی جھول، جمع جِلال............ العَتُوْد: بکری کا ایک سالہ بچہ، جمع أعتِدَة۔

بَابٌ: إِذَا وَكَّلَ الْمُسْلِمُ حَرْبِيًّا فِى دَارِ الْحَرْبِ أَوْ فِى دَارِ الإِسْلَامِ جَازَ

مسلمان نے دارالحرب میں یا دارالاسلام میں حربی کو وکیل بنایا تو جائز ہے

مسلمان نے غیر مسلم کو وکیل بنایا تو یہ جائز ہے خواہ دارالحرب میں بنائے یا دارالاسلام میں، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

حدیث: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا امیہ بن خلف کے ساتھ معاہدہ تھا کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ کے جو متعلقین مکہ میں ہیں ان کی حفاظت امیہ کرے گا اور امیہ کے جو متعلقین مدینہ میں ہیں ان کی حفاظت حضرت عبدالرحمٰنؓ کریں گے، پورا واقعہ حدیث کے بعد آرہا ہے۔ اس حدیث سے یہ استدلال کرنا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ نے امیہ کو وکیل بنایا۔ معلوم ہوا کہ کافر کو وکیل بنانا جائز ہے۔

[۲-] بَابٌ: إِذَا وَكَّلَ الْمُسْلِمُ حَرْبِيًّا فِى دَارِ الْحَرْبِ أَوْ فِى دَارِ الإِسْلَامِ جَازَ

[۲۳۰۱-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: كَاتَبْتُ أُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ كِتَابًا، بِأَنْ يَحْفَظَنِىْ فِىْ صَاغِيَتِىْ بِمَكَّةَ، وَأَحْفَظَهُ فِى صَاغِيَتِهِ بِالْمَدِيْنَةِ، فَلَمَّا ذَكَرْتُ 'الرَّحْمٰنَ' قَالَ: لَا أَعْرِفُ 'الرَّحْمٰنَ' كَاتِبْنِىْ بِاسْمِكَ الَّذِىْ كَانَ فِى الْجَاهِلِيَّةِ، فَكَاتَبْتُهُ: عَبْدُ عَمْرٍو.

فَلَمَّا كَانَ فِى يَوْمِ بَدْرٍ خَرَجْتُ إِلٰى جَبَلٍ لِأُحْرِزَهُ حِيْنَ نَامَ النَّاسُ، فَأَبْصَرَهُ بِلَالٌ، فَخَرَجَ حَتَّى وَقَفَ عَلٰى مَجْلِسِ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ! لَا نَجَوْتُ إِنْ نَجَا أُمَيَّةُ! فَخَرَجَ مَعَهُ فَرِيْقٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فِى آثَارِنَا، فَلَمَّا خَشِيْتُ أَنْ يَلْحَقُوْنَا خَلَّفْتُ لَهُمُ ابْنَهُ لِأَشْغَلَهُمْ، فَقَتَلُوْهُ، ثُمَّ أَبَوْا حَتَّى يَتْبَعُوْنَا، وَكَانَ رَجُلًا ثَقِيْلًا، فَلَمَّا أَدْرَكُوْنَا قُلْتُ لَهُ: ابْرُكْ، فَبَرَكَ فَأَلْقَيْتُ عَلَيْهِ نَفْسِىْ لِأَمْنَعَهُ، فَتَخَلَّلُوْهُ بِالسُّيُوْفِ مِنْ تَحْتِىْ حَتَّى

قَتَلُوْهُ، وَأَصَابَ أَحَدُهُمْ رِجْلِي بِسَيْفِهِ؛ وَكَانَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ يُرِينَا ذٰلِكَ الْأَثَرَ فِي ظَهْرِ قَدَمِهِ.
قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: سَمِعَ يُوْسُفُ صَالِحًا، وَإِبْرَاهِيْمُ أَبَاهُ. [انظر: ۳۹۷۱]

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے امیہ بن خلف کے ساتھ خط وکتابت کی کہ وہ میری حفاظت کرے مکہ میں میرے متعلقین میں، اور میں اس کی حفاظت کروں مدینہ میں اس کے متعلقین میں، پس جب میں نے اپنے نام میں 'الرحمٰن' لکھا تو اس نے کہا: میں 'الرحمٰن' کو نہیں جانتا، میرے ساتھ آپ خط وکتابت کریں، اپنے اس نام سے جو آپ کا زمانہ جاہلیت میں تھا، پس میں نے اس سے خط وکتابت کی 'عبد عمرو' کے ساتھ۔

پھر جب جنگ بدر کا موقع آیا تو میں پہاڑ کی طرف نکلا تاکہ اس کی حفاظت کروں، جب لوگ سو گئے، پس اس کو بلال رضی اللہ عنہ نے دیکھ لیا، پس وہ نکلے یہاں تک کہ وہ پہنچے انصار کی ایک مجلس کے پاس اور انھوں نے کہا: امیہ بن خلف! نہیں بچا میں اگر امیہ بچ گیا! پس اس کے ساتھ انصار کی ایک جماعت نکلی، ہمارے پیروں کے نشانات پر، پس جب میں ڈرا کہ وہ ہم سے مل جائیں گے تو میں نے پیچھے کر دیا ان کے لئے امیہ کے بیٹے کو تاکہ مشغول کر دوں میں ان کو، پس انھوں نے اس کو قتل کر دیا، پھر انھوں نے انکار کیا، مگر یہ کہ پیچھا کریں وہ ہمارا اور امیہ بھاری بدن کا تھا، پس جب انھوں نے ہم کو پالیا تو میں نے امیہ سے کہا: سینہ کے بل گر جا، پس وہ گر گیا، پس میں نے اس پر اپنے آپ کو ڈال دیا، تاکہ اس کو بچاؤں، پس انصار نے میرے نیچے تلواریں گھسا کر اس کا کام تمام کر دیا۔ اور ان میں سے ایک اپنی تلوار کے ذریعہ میرے پیر کو پہنچا (صاحبزادے ابراہیم کہتے ہیں:) اور حضرت عبدالرحمٰن ہمیں وہ نشان دکھلایا کرتے تھے اپنے پیر کے بالائی حصہ میں۔

لغات: الصَّاغِيَة: مصاحبین، متعلقین، ماتحت لوگ، مجرد صَغِيَ (س) صَغًا: جھکنا، مائل ہونا .... فَتَخَلَّلُوْهُ، تَخَلَّلَ الشيئَ: گھسنا، پار ہونا۔

بَابُ الْوَكَالَةِ فِي الصَّرْفِ وَالْمِيْزَانِ

سونے چاندی اور تولنے کی چیزوں میں وکیل بنانا

سونے چاندی کی خرید وفروخت میں وکیل بنانا جائز ہے۔ صرف اور میزان ایک چیز ہیں، عطف تفسیری ہے، بیع صرف میں چونکہ قبض بالبراجم ضروری ہے یعنی دونوں عوضوں کو ہاتھوں میں لینا ضروری ہے، اس لئے اگر وکیل بنایا ہے تو وکیل ہاتھ میں لے گا اصیل نہیں لے گا۔ مگر پھر بھی بیع صرف میں اور تولنے کی چیزوں میں وکیل بنانا جائز ہے، وکیل کا اپنے ہاتھ میں لینا مؤکل کا اپنے ہاتھ میں لینا ہے۔

حضرت عمرؓ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو ایک سونے کا ملمع کیا ہوا برتن دیا اور کہا: اسے بیچ دو، چنانچہ انھوں نے ایک یہودی کے ہاتھ اس کو بیچ دیا، اسی طرح حسن بن سعد کے حضرت ابن عمرؓ کے ذمہ دراہم نکلتے تھے، ان کے پاس دینار تھے،

انھوں نے میرے ساتھ ایک آدمی بھیجا کہ یہ دینار بیچ کر ان کے درہم دیدو۔ معلوم ہوا کہ بیع صرف میں وکیل بنانا جائز ہے۔

اور حدیث وہی ہے جو پہلے گذری ہے کہ خیبر سے عامل جنیب کھجوریں لایا تو آپؐ نے پوچھا: کیا خیبر میں سبھی کھجوریں ایسی ہوتی ہیں، عامل نے کہا: نہیں، بلکہ ہم تبادلہ کرتے ہیں اچھی کھجوروں کا ایک صاع معمولی کھجوروں کے دو صاع سے اور اچھی کھجوروں کے دو صاع معمولی کھجوروں کے تین صاع سے بدل لیتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ایسا مت کرو، رلی ملی کھجوریں دراہم میں بیچو، پھر دراہم سے جنیب کھجوریں خریدو، یہ نبی ﷺ نے عامل کو اجازت دی، یہی وکیل بنانا ہے، مگر کھجوریں مکیلی ہیں اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے بیع صرف کو مکیلات کے ساتھ ملحق کیا ہے۔

اور حدیث کے آخر میں ہے: وقال في الميزان مثل ذلك: یعنی جو حکم مکیلی چیزوں کا ہے وہی حکم موزونی چیزوں کا بھی ہے، اب حدیث صراحتاً باب سے متعلق ہوگئی، اس زمانہ میں موزونی چیزیں صرف سونا چاندی تھیں۔

فائدہ: اس حدیث سے امام ابوحنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ نے استدلال کیا ہے کہ ربوی چیزوں میں علت کیل و وزن ہیں، جن کا مشترک نام 'قدر' ہے، اس کی تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۴:۵۵۲) اور تحفۃ الالمعی (۴:۱۵۱) میں ہے۔

[۳-] بَابُ الْوَكَالَةِ فِي الصَّرْفِ وَالْمِيْزَانِ

وَقَدْ وَكَّلَ عُمَرُ وَابْنُ عُمَرَ فِي الصَّرْفِ.

[۲۳۰۲و۲۳۰۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِيْدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اسْتَعْمَلَ رَجُلاً عَلٰى خَيْبَرَ، فَجَاءَ هُمْ بِتَمْرٍ جَنِيْبٍ، فَقَالَ: "أَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا؟" فَقَالَ: إِنَّا لَنَأْخُذُ الصَّاعَ بِالصَّاعَيْنِ، وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلاَثَةِ، فَقَالَ: " لاَ تَفْعَلْ، بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ، ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيْبًا" وَقَالَ فِي الْمِيْزَانِ مِثْلَ ذٰلِكَ. [راجع: ۲۲۰۱، ۲۲۰۲]

نوٹ: یہ حدیث دو صحابہ سے مروی ہے، اس لئے دو حدیثیں ہوگئیں۔

بَابٌ: إِذَا أَبْصَرَ الرَّاعِي أَوِ الْوَكِيْلُ شَاةً تَمُوْتُ أَوْ شَيْئًا يَفْسُدُ: ذَبَحَ أَوْ أَصْلَحَ مَايَخَافُ الْفَسَادَ

چرواہے یا وکیل نے دیکھا کہ بکری مر رہی ہے، یا کوئی چیز بگڑ رہی ہے

پس اس نے بکری ذبح کردی یا جو چیز بگڑ رہی تھی اس کو سنوار دیا تو یہ جائز ہے

ایک باندی سلع پہاڑی کے پاس بکریاں چرا رہی تھی، ایک بکری مرنے لگی، باندی نے ایک دھار پتھر سے اس کو ذبح

کردیا، اور مردار ہوجانے سے بچالیا، شام کو جب گھر آئی تو اس نے صورت حال بیان کی، پس حضور ﷺ سے مسئلہ پوچھا گیا کہ دھاردار پتھر سے ذبح کیا ہوا جانور کھا سکتے ہیں یا نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کھا سکتے ہو۔ اس واقعہ میں باندی نے آقا کی بکری کو ذبح کرکے مردار ہونے سے بچالیا: یہ دلالۃ وکالت ہے، یا جیسے کسی کا قربانی کا بکرا تھا اور تیسرے دن شام کو ذبح کرنے کا پروگرام تھا، مالک دہلی گیا اور شام تک نہیں لوٹ سکا، پس گھر والوں نے یا کسی دوست نے اس کی قربانی کردی تو قربانی درست ہوگئی، اور یہ عرفاً توکیل ہے، کیونکہ مالک ہوتا تو بھی قربانی کرتا، پس گھر والوں نے اچھا کیا کہ قربانی کردی۔

[٤-] بَابٌ: إِذَا أَبْصَرَ الرَّاعِي أَوِ الْوَكِيْلُ شَاةً تَمُوْتُ أَوْ شَيْئًا يَفْسُدُ: ذَبَحَ أَوْ أَصْلَحَ مَايَخَافُ الْفَسَادَ

[٢٣٠٤-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، سَمِعَ الْمُعْتَمِرَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ كَانَتْ لَهُ غَنَمٌ تَرْعَى بِسَلْعٍ، فَأَبْصَرَتْ جَارِيَةٌ لَنَا بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِنَا مَوْتًا، فَكَسَرَتْ حَجَرًا فَذَبَحَتْهَا بِهِ، فَقَالَ لَهُمْ: لَا تَأْكُلُوْا حَتَّى أَسْأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَوْ: أُرْسِلَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَنْ يَسْأَلُهُ، وَأَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ أَوْ: أَرْسَلَ، فَأَمَرَهُ بِأَكْلِهَا. قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَيُعْجِبُنِيْ أَنَّهَا أَمَةٌ، وَأَنَّهَا ذَبَحَتْ، تَابَعَهُ عَبْدَةُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ.[انظر: ٥٥٠١، ٥٥٠٢، ٥٥٠٤]

ترجمہ: حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ان کی بکریاں سلع پہاڑ پر چرا کرتی تھیں، پس ہماری ایک باندی نے ہماری بکریوں میں سے ایک بکری کو مرتے ہوئے دیکھا، پس اس نے ایک پتھر توڑا اور اس پتھر سے اس کو ذبح کردیا، حضرت کعبؓ نے گھر والوں سے کہا: اس کو نہ کھاؤ یہاں تک کہ میں رسول اللہ ﷺ سے پوچھوں یا کہا: نبی ﷺ کے پاس آدمی بھیجا گیا جو آپؐ سے اس کے بارے میں پوچھے، اور اس نے نبی ﷺ سے اس کے بارے میں پوچھا، یا کہا کسی کو بھیج کر دریافت کروایا تو نبی ﷺ نے اس کو کھانے کا حکم دیا۔ عبیداللہ (راوی) کہتے ہیں: مجھے حیرت ہے کہ باندی (عورت) نے بکری کو ذبح کردیا۔

بَابٌ: وَكَالَةُ الشَّاهِدِ وَالْغَائِبِ جَائِزَةٌ

موجود اور غیر موجود کو وکیل بنانا جائز ہے

وکیل حاضر کو بھی بنا سکتے ہیں اور غائب کو بھی۔ خط لکھ کر بھیج دیا، ٹیلیفون کردیا یا کسی ذریعہ سے کہلوادیا کہ میرا فلاں کام کردو، تو وکیل اگرچہ غیر حاضر ہے مگر توکیل درست ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمروؓ نے اپنے منیجر کو لکھا کہ میری پوری فیملی کا

صدقہ فطر ادا کردو، اور حدیث میں یہ واقعہ ہے کہ جب زکوٰۃ کے اونٹ آتے تھے تو نبی ﷺ صحابہ کو حکم دیتے تھے کہ فلاں سے ہم نے اونٹ خریدے ہیں اس کے ثمن میں زکوٰۃ کے اونٹوں میں سے اونٹ ادا کردو۔ پس عبداللہ بن عمرو کے واقعہ سے غائب کی توکیل ثابت ہوئی اور حدیث سے حاضر کی۔

[٥-] بَابٌ: وَكَالَةُ الشَّاهِدِ وَالْغَائِبِ جَائِزَةٌ

وَكَتَبَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو إِلٰى قَهْرَمَانِهِ، وَهُوَ غَائِبٌ عَنْهُ، أَنْ يُزَكِّيَ عَنْ أَهْلِهِ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ.

[٢٣٠٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ لِرَجُلٍ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم سِنٌّ مِنَ الإِبِلِ، فَجَاءَهُ يَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ: "أَعْطُوْهُ" فَطَلَبُوْا سِنَّهُ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُ إِلَّا سِنًّا فَوْقَهَا، فَقَالَ: "أَعْطُوْهُ" فَقَالَ: أَوْفَيْتَنِيْ أَوْفَى اللّٰهُ بِكَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ خِيَارَكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً"

[انظر: ٢٣٠٦، ٢٣٩٠، ٢٣٩٢، ٢٣٩٣، ٢٤٠١، ٢٦٠٦، ٢٦٠٩]

ترجمہ: ایک شخص کا نبی ﷺ کے ذمہ ایک خاص عمر کا اونٹ تھا، پس وہ آپؐ کے پاس اس کا تقاضہ کرنے کے لئے آیا، پس آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: تم اس کو دو، پس صحابہ نے اس عمر کا اونٹ تلاش کیا مگر اس کو نہیں پایا، ہاں اس سے بڑی عمر کا اونٹ ملا، پس آپؐ نے فرمایا: وہی اس کو دیدو، پس اس نے (شکریہ ادا کیا اور) کہا: أَوْ فَيْتَنِيْ أَوْفَى اللّٰهُ بك: آپؐ نے میرا حق پورا دیا، اللہ آپؐ کے ساتھ بھلائی کا معاملہ کرے، نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ خيارَكُمْ أحسنُكم قضاءً: تم میں بہترین وہ ہے جو دوسرے کا حق ادا کرنے میں بہترین ہے۔

لغت: قهرمان: فارسی لفظ ہے، اس کے معنی ہیں: خادم خاص، منیجر، سکریٹری۔

بَابُ الْوَكَالَةِ فِي قَضَاءِ الدُّيُوْنِ

قرضہ چکانے میں وکیل بنانا

مقروض نے کسی کو وکیل بنایا کہ وہ اس کا قرضہ چکادے اور اس کو پیسے دیئے اور اس نے جا کر قرضہ چکادیا یا اس نے اپنی جیب سے چکایا، پھر آکر مؤکل سے لے لیا تو درست ہے، یہ قرضہ چکانے کے لئے وکیل بنانا ہے، اور باب میں وہی حدیث ہے جو گذشتہ باب میں آئی ہے، مگر اس کا انداز بدلا ہوا ہے، پس ممکن ہے یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہو یا یہ دوسرا واقعہ ہو۔

حدیث: نبی ﷺ نے کسی یہودی سے اونٹ خریدا، وہ قبل از وقت آ گیا اور قرض کا مطالبہ کیا، اور گفتگو میں بدتمیزی اختیار کی، صحابہ جو وہاں موجود تھے ان کو غصہ آیا اور بجانے کا ارادہ کیا، آپؐ نے صحابہ کو روک دیا، اور فرمایا: جب ہم نے قرض لیا

ہے تو اس کا ہم پر حق ہے اور صاحب حق کو زور زور سے بولنے کا حق ہے، ہمیں اس کو برداشت کرنا چاہئے، پھر حکم دیا کہ اونٹ خرید کر اس کا ثمن ادا کردو، جب اونٹ تلاش کیا گیا تو بڑی عمر کا اونٹ ملا، آپؐ نے فرمایا: اسی کو خرید کر دیدو۔ اس واقعہ میں نبی ﷺ نے قرضہ چکانے کے لئے صحابہ کو وکیل بنایا ہے۔

[٦-] بَابُ الْوَكَالَةِ فِي قَضَاءِ الدُّيُوْنِ

[٢٣٠٦-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَتَقَاضَاهُ، فَأَغْلَظَ، فَهَمَّ بِهِ أَصْحَابُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " دَعُوْهُ فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالاً" ثُمَّ قَالَ:" أَعْطُوْهُ سِنًّا مِثْلَ سِنِّهِ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لانَجِدُ إِلَّا أَمْثَلَ مِنْ سِنِّهِ، فَقَالَ:" أَعْطُوْهُ، فَإِنَّ خَيْرَكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً "[راجع: ٢٣٠٥]

بَابٌ: إِذَا وَهَبَ شَيْئًا لِوَكِيْلٍ أَوْ شَفِيْعِ قَوْمٍ جَازَ

جب کسی وکیل کو یا کسی قوم کے سفارشی کو کوئی چیز بخشی تو جائز ہے

کسی قوم کا یا کسی شخص کا وکیل یا سفارشی آیا، آپ نے اس کے مؤکل کو کوئی چیز بخشی یا جس قوم کی وہ سفارش کر رہا تھا اس کو کوئی چیز بخشی اور وہ چیز اس وکیل یا سفارشی کو دیدی تو یہ جائز ہے۔ غزوۂ حنین کی جب غنیمت تقسیم ہوگئی تو آپؐ کے پاس قبیلۂ ہوازن کا وفد آیا اور اس نے اپنا مال اور اپنے قیدی واپس مانگے، آپؐ نے ان سے فرمایا: میرے ساتھ بارہ ہزار کا لشکر ہے، میں نے غنیمت تقسیم کرنے میں تاخیر کی، تاکہ تم مسلمان ہو کر آجاؤ مگر تم نہیں آئے، چنانچہ میں نے غنیمت تقسیم کردی، اب دونوں چیزیں واپس نہیں مل سکتیں، یا تو مال واپس لو یا قیدی، انھوں نے قیدیوں کو واپس لینا پسند کیا، چنانچہ ان کے بیوی بچے ان کو واپس کردیئے، یہ وفد سفارشی تھا، قوم کا وکیل تھا۔ حضور ﷺ نے ان کو بخشا تو ان کو مالک نہیں بنایا بلکہ بیوی شوہر کو دی، بچے باپ کے حوالہ کئے اور سر دست سفارشیوں کو دیئے، یہ ان کو پہچانے کے لئے دیئے ہیں، یعنی آپؐ نے ان کو وکیل بنایا ہے۔

[٧-] بَابٌ: إِذَا وَهَبَ شَيْئًا لِوَكِيْلٍ أَوْ شَفِيْعِ قَوْمٍ جَازَ

لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِوَفْدِ هَوَازِنَ حِيْنَ سَأَلُوْهُ الْمَغَانِمَ، فَقَالَ :"نَصِيْبِي لَكُمْ"

[٢٣٠٧و٢٣٠٨-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، ثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: وَزَعَمَ عُرْوَةُ أَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَاهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ حِيْنَ جَاءَ هُ وَفْدُ هَوَازِنَ مُسْلِمِيْنَ، فَسَأَلُوْهُ أَنْ يَرُدَّ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ وَسَبْيَهُمْ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله

عليه وسلم:" أَحَبُّ الْحَدِيْثِ إِلَيَّ أَصْدَقُهُ، فَاخْتَارُوْا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ: إِمَّا السَّبْيَ وَإِمَّا الْمَالَ. وَلَقَدْ كُنْتُ اسْتَأْنَيْتُ بِهِمْ" ـــــ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم انْتَظَرَهُمْ بِضْعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً حِيْنَ قَفَلَ مِنَ الطَّائِفِ ـــــ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غَيْرُ رَادٍّ إِلَيْهِمْ إِلَّا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ، قَالُوْا: فَإِنَّا نَخْتَارُ سَبْيَنَا، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْمُسْلِمِيْنَ، فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ:" أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ إِخْوَانَكُمْ هٰؤُلَاءِ قَدْ جَاؤُنَا تَائِبِيْنَ، وَإِنِّيْ قَدْ رَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّ إِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ، فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُطَيِّبَ بِذٰلِكَ فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يَكُوْنَ عَلَى حَظِّهِ حَتَّى نُعْطِيَهُ إِيَّاهُ مِنْ أَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ" فَقَالَ النَّاسُ: قَدْ طَيَّبْنَا ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّا لَا نَدْرِيْ مَنْ أَذِنَ مِنْكُمْ فِيْ ذٰلِكَ مِمَّنْ لَمْ يَأْذَنْ، فَارْجِعُوْا حَتَّى يَرْفَعَ إِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ أَمْرَكُمْ" فَرَجَعَ النَّاسُ، فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ، ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرُوْهُ أَنَّهُمْ قَدْ طَيَّبُوْا وَأَذِنُوْا.[الحدث: ۲۳۰۷، انظر: ۲۵۳۹، ۲۵۸۴، ۲۶۰۷، ۳۱۳۱، ۴۳۱۸، ۷۱۷۶]؛[الحديث: ۲۳۰۸، انظر: ۲۵۴۰، ۲۵۸۳، ۲۶۰۸، ۳۱۳۲، ۴۳۱۹، ۷۱۷۷]

ترجمہ: نبی ﷺ نے ہوازن کے وفد سے جب انھوں نے غنیمتوں کو واپس مانگا: فرمایا: نصيبي لكم: میرا حصہ تمہارے لئے ہے یعنی جو قیدی میرے حصہ میں آئے ہیں وہ میں تمہیں واپس کرتا ہوں۔

حدیث: مروان اور مسور بیان کرتے ہیں کہ جب قبیلہ ہوازن کا وفد نبی ﷺ کی خدمت میں مسلمان ہو کر حاضر ہوا تو انھوں نے آپؐ سے درخواست کی کہ ان کو پھیر دیا جائے ان کا مال اور ان کے قیدی، پس ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے سچی بات سب سے زیادہ پسند ہے! پس پسند کرو تم دو چیزوں میں سے ایک کو یا قیدیوں کو یا مال کو۔ اور میں نے ان کے بارے میں تاخیر کی تھی ـــــ نبی ﷺ نے ان کا دس دن سے زیادہ انتظار کیا تھا جب آپؐ طائف سے لوٹے تھے ـــــ پس جب وفد ہوازن کے لئے واضح ہو گیا کہ نبی ﷺ نہیں لوٹانے والے ہیں ان کو مگر دو چیزوں میں سے ایک، تو انھوں نے کہا: ہم اختیار کرتے ہیں ہمارے قیدیوں کو، پس نبی ﷺ نے مسلمانوں کے سامنے تقریر فرمائی اور اللہ کی وہ تعریف کی جس کے وہ حقدار ہیں، پھر فرمایا: أما بعد! پس بیشک یہ تمہارے بھائی ہمارے پاس آئے ہیں تائب ہو کر، اور میری رائے یہ ہے کہ میں ان کو ان کے قیدی واپس کردوں، پس جو شخص تم میں سے پسند کرے کہ خوش دلی سے یہ کام کرے تو چاہئے کہ کرے اور جو تم میں سے پسند کرے کہ رہے وہ اپنے حصہ پر یہاں تک کہ دیں ہم اس کو وہ اس پہلے مال سے جو لوٹائیں اللہ تعالیٰ ہم پر تو چاہئے کہ کرے، پس لوگوں نے کہا: ہم خوش دلی سے یہ کام کرتے ہیں اے اللہ کے رسول! ان کے لئے، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک نہیں جانتے ہم کہ کس نے تم میں سے اس کی اجازت دی اور کس نے اجازت نہیں دی، پس لوٹو تم، یہاں تک کہ پیش کریں ہمارے سامنے تمہارے سردار تمہارا معاملہ، پس لوگ لوٹے، پس ان سے ان کے

سرداروں نے گفتگو کی پھر وہ لوٹے حضور ﷺ کی طرف پس انھوں نے آپؐ کو بتلایا کہ وہ سب خوش دل ہو گئے ہیں اور انھوں نے اجازت دیدی ہے۔

لغت: استأنٰی فی الأمر: آہستگی اختیار کرنا، ٹھہر ٹھہر کر کام کرنا، مجرد أنَی (ض) أنْیًا وإنًی وأنَاةً: قریب ہونا، وقت آجانا۔

بَابٌ: إِذَا وَكَّلَ رَجُلاً أَنْ يُعْطِيَ شَيْئًا، وَلَمْ يُبَيِّنْ كَمْ يُعْطِيْ؟ فَأَعْطٰى عَلٰى مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ

کسی کو وکیل بنایا کہ وہ کچھ دے اور نہیں بتلایا کہ کتنا دے پس اس نے عرف کے مطابق دیا تو درست ہے

دکان پر یا گھر پر سائل یا سفیر آیا، پس سیٹھ نے یا شوہر نے منیجر یا بیوی سے کہا کہ کچھ دیدو، مگر کوئی مقدار نہیں بتلائی تو ایسی توکیل بھی جائز ہے، اب منیجر یا بیوی عرف کے لحاظ سے دیں گے، عام سائل ہو تو روپیہ دو روپیہ دیں گے اور کوئی مدرسہ کا سفیر ہو تو مدرسہ کی حیثیت کے مطابق دیں گے۔ اور حدیث وہی ہے جو پہلے بار بار آئی ہے۔ ابن جریج حضرت عطاء وغیرہ اساتذہ سے روایت کرتے ہیں اور کہتے ہیں: میرے اساتذہ کی حدیثوں میں کسی میں مضمون کم ہے کسی میں زیادہ، میں نے سب کو ملا کر مکمل روایت بنائی ہے۔ پھر وہی واقعہ بیان کیا جس میں نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی اونٹنی کو مارا تھا اور وہ تیز ہوگئی تھی، پھر آپؐ نے وہ اونٹنی حضرت جابرؓ سے خرید لی تھی۔ اس روایت کے آخر میں ہے کہ مدینہ پہنچنے پر جب حضرت جابرؓ اونٹنی لے کر حاضر ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: بلال! ان کی رقم ادا کر دو اور کچھ زیادہ دو، پس حضرت بلالؓ نے ان کو چار دینار اور ایک قیراط زائد دیا (یہاں باب ہے) حضرت جابرؓ کہتے ہیں: حضور ﷺ کا زائد دیا ہوا (ایک قیراط) میں ہمیشہ ساتھ رکھتا ہوں، ان کے توشہ دان میں وہ قیراط رہتا تھا۔

[۸-] بَابٌ: إِذَا وَكَّلَ رَجُلاً أَنْ يُعْطِيَ شَيْئًا، وَلَمْ يُبَيِّنْ كَمْ يُعْطِيْ؟ فَأَعْطٰى عَلٰى مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ

[۲۳۰۹-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِيْ رَبَاحٍ، وَغَيْرِهِ ـــ يَزِيْدُ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ، لَمْ يُبَلِّغْهُ كُلَّهُ رَجُلٌ وَاحِدٌ مِنْهُمْ ـــ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، فَكُنْتُ عَلٰى جَمَلٍ ثَفَالٍ، إِنَّمَا هُوَ فِيْ آخِرِ الْقَوْمِ، فَمَرَّ بِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " مَنْ هٰذَا؟" فَقُلْتُ: جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ: " مَا لَكَ؟" فَقُلْتُ: إِنِّيْ عَلٰى جَمَلٍ ثَفَالٍ، قَالَ: " أَمَعَكَ قَضِيْبٌ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: " أَعْطِنِيْهِ" فَأَعْطَيْتُهُ، فَضَرَبَهُ وَزَجَرَهُ، فَكَانَ مِنْ ذٰلِكَ الْمَكَانِ مِنْ أَوَّلِ الْقَوْمِ، قَالَ: " بِعْنِيْهِ" قَالَ: بَلْ هُوَ لَكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: " بَلْ بِعْنِيْهِ، قَالَ: " قَدْ أَخَذْتُهُ بِأَرْبَعَةِ دَنَانِيْرَ وَلَكَ ظَهْرُهُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ" فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ أَخَذْتُ أَرْتَحِلُ، قَالَ: " أَيْنَ تُرِيْدُ" قُلْتُ:

تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً قَدْ خَلَا مِنْهَا، قَالَ: " فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ؟" قُلْتُ: إِنَّ أَبِي تُوُفِّيَ وَتَرَكَ بَنَاتٍ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَنْكِحَ امْرَأَةً قَدْ جَرَّبَتْ وَخَلَا مِنْهَا، قَالَ: " فَذٰلِكَ" فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ قَالَ: " يَا بِلَالُ! اقْضِهِ وَزِدْهُ" فَأَعْطَاهُ أَرْبَعَةَ دَنَانِيْرَ وَزَادَهُ قِيْرَاطًا، قَالَ جَابِرٌ: لَا تُفَارِقُنِيْ زِيَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يَكُنِ الْقِيْرَاطُ يُفَارِقُ قِرَابَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ.[راجع: ٤٤٣]

لغات: الثَّقَال: سست رفتار جانور.........قضیب: چھری.........قَدْ خَلَا منها: جو بیوہ ہے.........فذلك: پس ٹھیک کیا.........قِرَاب: خورجی، وہ تھیلا جس میں مسافر کا توشہ رہتا ہے۔

وضاحت: لَمْ يُبَلِّغْهُ كلَّه رجلٌ واحدٌ منهم: نہیں پہنچایا ہے اس (حدیث) کو اس کی ساری کو یعنی کامل بیان نہیں کیا ان میں سے کسی نے بھی۔ یہ جملہ ہمارے ہندوستانی نسخہ میں بگڑ گیا ہے، اس لئے اس کی ترکیب بھی مشکل ہوگئی ہے، اس لئے ہم نے مصری نسخہ کی عبارت رکھی ہے۔ اور لَمْ يَبْلُغْهُ بھی پڑھ سکتے ہیں یعنی نہیں پہنچا ہے ساری حدیث کو ان میں سے کوئی بھی، اور اس صورت میں كلَّه: ضمیر مفعول بہ کی تاکید یا بدل ہوگا۔

بَابُ وَكَالَةِ الْمَرْأَةِ الإِمَامَ فِي النِّكَاحِ

عورت کا امیر المؤمنین کو نکاح کا وکیل بنانا

ایک عورت نے کسی کو وکیل بنایا کہ آپ میرا نکاح کردیں، تو یہ توکیل صحیح ہے۔ پھر وہ جہاں مناسب سمجھے شادی کرسکتا ہے۔ اور باب میں یہ حدیث ہے کہ جب سورۂ احزاب کی یہ آیت نازل ہوئی: ﴿وَامْرَأَةً مُّؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ﴾ اور کوئی مسلمان عورت اگر اپنی ذات بخش دے حضور ﷺ کو تو حضور ﷺ اس سے نکاح کرسکتے ہیں۔ اس آیت کے نزول کے بعد ایک دو واقعے پیش آئے، بعض مسلمان عورتوں نے اپنا نفس حضور ﷺ کو ہبہ کیا مگر آپؐ نے اس کو قبول نہیں کیا، پس یہ سلسلہ رک گیا۔

ان واقعات میں سے ایک واقعہ باب کی حدیث میں ہے، ایک عورت نے اپنا نفس حضور ﷺ کو ہبہ کیا، حضورؐ خاموش رہے یعنی اس کو نکاح میں قبول نہیں کیا، پس ایک صحابی نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر آپؐ ان سے نکاح نہیں کرنا چاہتے تو میرا نکاح ان سے کردیں، یہ عورت نے امیر المؤمنین کو وکیل بنایا کہ یا تو آپؐ خود مجھ سے نکاح کرلیں یا جہاں چاہیں میرا نکاح کردیں، چنانچہ آپؐ نے ان صحابی کے ساتھ تعلیم قرآن پر نکاح کردیا۔

مگر اس واقعہ سے باب پر استدلال ذرا مشکل ہے، اس عورت نے نبی ﷺ کو اپنا نفس ہبہ کیا تھا، آپؐ کو وکیل نہیں بنایا تھا، البتہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ جب اس نے اپنا نفس حضور ﷺ کو ہبہ کیا تو اختیار دیا کہ یا تو آپؐ خود نکاح کرلیں یا کسی دوسرے سے نکاح کرادیں۔ یا یہ کہیں کہ جب آپؐ نے خاموش رہ کر انکار کیا اور ایک صحابی نے عرض کیا، اور آپؐ نے پوچھا

تمہارے پاس مہر میں دینے کے لئے کیا ہے؟ (الی آخرہ) اور وہ عورت خاموش رہی تو یہ دلالۃً توکیل ہوگئی، اس طرح باب ثابت ہوجائے گا۔

[۹-] بَابُ وَكَالَةِ الْمَرْأَةِ الإِمَامَ فِي النِّكَاحِ

[۲۳۱۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ قَدْ وَهَبْتُ لَكَ مِنْ نَفْسِيْ، فَقَالَ رَجُلٌ: زَوِّجْنِيْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "قَدْ زَوَّجْنَاكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرآنِ" [انظر: ۵۰۲۹، ۵۰۳۰، ۵۰۸۷، ۵۱۲۱، ۵۱۲۶، ۵۱۳۲، ۵۱۳۵، ۵۱۴۱، ۵۱۴۹، ۵۱۵۰، ۵۸۷۱، ۷۴۱۷]

بَابٌ: إِذَا وَكَّلَ رَجُلاً فَتَرَكَ الْوَكِيْلُ شَيْئًا فَأَجَازَهُ الْمُوَكِّلُ فَهُوَ جَائِزٌ وَإِنْ أَقْرَضَهُ إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى جَازَ

(۱) کسی کو وکیل بنایا، وکیل نے کوئی چیز چھوڑ دی، اور مؤکل نے اس کو نافذ کیا تو جائز ہے

(۲) اور اگر اس کو مقررہ مدت کے لئے قرض دیا تو (بھی) جائز ہے

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: ایک شخص نے دوسرے کو وکیل بنایا کسی چیز کی حفاظت کا، وکیل نے اس چیز میں سے کسی کو کوئی چیز لے جانے دی، پھر جب مؤکل کے علم میں یہ بات آئی تو اس نے اس کو نافذ کیا تو وکیل کا یہ تصرف درست ہے، باب میں لمبا واقعہ ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو صدقۃ الفطر کے غلہ کی حفاظت کا ذمہ دار بنایا تھا، رات میں شیطان آیا اور غلہ میں سے گٹھری باندھنے لگا۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے اس کو پکڑا کہ میں تجھے حضور ﷺ کے پاس لے جاؤں گا، اس نے عیال داری اور محتاج ہونے کا شکوہ کیا تو حضرت ابو ہریرہؓ نے اس کو غلہ لے جانے دیا، کیونکہ وہ اس مال کا مصرف تھا، فجر کی نماز کے بعد حضور ﷺ نے پوچھا: ابو ہریرہ! گذشتہ رات تمہارے قیدی کا معاملہ کیا رہا؟ انھوں نے عرض کیا: اس نے عیال داری اور غربت کی شکایت کی تو مجھے ترس آ گیا اور میں نے اس کا راستہ چھوڑ دیا، اور وہ وعدہ کر کے گیا ہے کہ آئندہ نہیں آئے گا، آپؐ نے فرمایا: اس نے جھوٹ کہا، وہ آئندہ آئے گا، چنانچہ دوسری رات بھی وہ آیا اور حضرت ابو ہریرہؓ نے اس کو غلہ لے جانے دیا، حضور ﷺ نے فرمایا: پھر آئے گا، چنانچہ تیسری رات بھی آیا، حضرت ابو ہریرہؓ نے اس کو پکڑا کہ اب تو میں تجھے چھوڑوں گا نہیں، اس نے کہا: میں چند کلمات آپ کو سکھلاتا ہوں جن سے اللہ آپ کو نفع پہنچائیں گے۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: وہ کلمات کیا ہیں؟ اس

نے کہا: جب آپ رات کو بستر پر آجائیں تو پوری آیت الکرسی پڑھیں پس اللہ کی طرف سے آپ پر ایک نگہبان مقرر ہو جائے گا اور صبح تک شیطان آپ کے پاس نہیں آسکے گا، چنانچہ تیسری رات بھی آپؓ نے اس کو چھوڑ دیا اور غلہ لے جانے دیا، صبح حضور ﷺ نے فرمایا: اس نے جو بتایا وہ صحیح ہے درانحالیکہ وہ مہا جھوٹا ہے، جانتے ہو تم تین راتوں سے کس سے ہم کلام ہو رہے تھے؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: وہ شیطان (جنّ) تھا، وہ چور چونکہ غریب تھا اور غلہ صدقہ کا تھا اس لئے حضرت ابو ہریرہؓ نے لے جانے دیا، اور حضور ﷺ نے اس کو نافذ کیا، پس وکیل کا یہ تصرف درست ہے۔

دوسرا مسئلہ: کسی شخص کو کسی چیز کی حفاظت کا ذمہ دار بنایا یا وکیل بنایا، اس نے اس چیز میں سے کسی کو مقررہ مدت کے لئے قرضہ دیا اور مؤکل نے اس کو نافذ کیا تو یہ قرض دینا درست ہے، یہ مسئلہ امام بخاری رحمہ اللہ نے حدیث سے مستنبط کیا ہے اور شارحین نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ قرضہ دینے کا اختیار نہیں، میرے نزدیک اگر وہ شخصی مال ہے اور رب المال وکیل کے تصرف کو نافذ کرے تو کوئی اشکال نہیں، اور اگر وہ قوم کا مال ہے جیسے مدرسہ کی رقم تو مہتمم چونکہ اس کا مالک نہیں اس لئے نہ وہ خود قرض دے سکتا ہے نہ اس کا وکیل۔

[۱۰-] بَابٌ: إِذَا وَكَّلَ رَجُلًا فَتَرَكَ الْوَكِيْلُ شَيْئًا فَأَجَازَهُ الْمُوَكِّلُ فَهُوَ جَائِزٌ وَإِنْ أَقْرَضَهُ إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى جَازَ

[۲۳۱۱-] وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ أَبُوْ عَمْرٍو: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: وَكَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِحِفْظِ زَكَاةِ رَمَضَانَ، فَأَتَانِيْ آتٍ، فَجَعَلَ يَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ، فَأَخَذْتُهُ، وَقُلْتُ: لَأَرْفَعَنَّكَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: إِنِّيْ مُحْتَاجٌ وَعَلَيَّ عِيَالٌ وَلِيْ حَاجَةٌ شَدِيْدَةٌ! قَالَ: فَخَلَّيْتُ عَنْهُ، فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! مَا فَعَلَ أَسِيْرُكَ الْبَارِحَةَ؟" قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! شَكَا حَاجَةً شَدِيْدَةً وَعِيَالًا فَرَحِمْتُهُ، فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهُ. قَالَ: "أَمَا إِنَّهُ قَدْ كَذَبَكَ وَسَيَعُوْدُ" فَعَرَفْتُ أَنَّهُ سَيَعُوْدُ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّهُ سَيَعُوْدُ" فَرَصَدْتُهُ فَجَعَلَ يَحْثُوْ مِنَ الطَّعَامِ، فَأَخَذْتُهُ، فَقُلْتُ: لَأَرْفَعَنَّكَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: دَعْنِيْ فَإِنِّيْ مُحْتَاجٌ وَعَلَيَّ عِيَالٌ، لَا أَعُوْدُ، فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهُ! فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! مَافَعَلَ أَسِيْرُكَ؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! شَكَا حَاجَةً شَدِيْدَةً وَعِيَالًا فَرَحِمْتُهُ، فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهُ. قَالَ: "أَمَا إِنَّهُ قَدْ كَذَبَكَ وَسَيَعُوْدُ" فَرَصَدْتُهُ الثَّالِثَةَ، فَجَعَلَ يَحْثُوْ مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ، فَقُلْتُ: لَأَرْفَعَنَّكَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهٰذَا آخِرُ ثَلَاثِ مَرَّاتٍ، أَنَّكَ تَزْعُمُ لَا تَعُوْدُ ثُمَّ تَعُوْدُ، قَالَ: دَعْنِيْ أُعَلِّمْكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهَا.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے رمضان کی زکوۃ یعنی صدقۃ الفطر کے غلّے کی حفاظت کا ذمہ دار بنایا، پس میرے پاس ایک آنے والا آیا اور غلہ میں سے مٹھی بھرنے لگا، پس میں نے اس کو پکڑا اور کہا: بخدا! میں ضرور تجھے پیش کروں گا رسول اللہ ﷺ کے سامنے، اس نے کہا: میں غریب آدمی ہوں، میرے بال بچے ہیں، اور میں سخت حاجت مند ہوں (اور اب نہیں آؤں گا) حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: پس میں نے اس کو چھوڑ دیا، پس جب صبح کی میں نے تو نبی ﷺ نے پوچھا: ابو ہریرہؓ! گذشتہ رات تمہارے قیدی کا معاملہ کیا رہا؟ ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس نے سخت حاجت اور بچوں کا شکوہ کیا، پس میں نے اس پر رحم کیا اور اس کا راستہ چھوڑ دیا۔ آپؐ نے فرمایا: سنو! بیشک اس نے تم سے جھوٹ کہا، اور عنقریب وہ آئے گا، پس رسول اللہ ﷺ کے فرمانے کی وجہ سے کہ وہ عنقریب آئے گا میں نے جان لیا کہ وہ ضرور آئے گا، پس نگرانی کی میں نے اس کی۔ پس وہ غلہ میں سے مٹھیاں بھرنے لگا، میں نے اس کو پکڑا اور کہا: ضرور لے جاؤں گا میں تجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس، اس نے کہا: مجھے چھوڑ دو، میں غریب آدمی ہوں اور میرے بال بچے ہیں، اب دوبارہ میں نہیں آؤں گا، پس مجھے اس پر رحم آیا اور میں نے اس کا راستہ چھوڑ دیا، پس میں نے صبح کی تو مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: ابو ہریرہؓ! تمہارے قیدی کا معاملہ کیا رہا؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس نے سخت غربت کا اور عیال داری کا شکوہ کیا تو مجھے اس پر رحم آ گیا، پس میں نے اس کا راستہ چھوڑ دیا۔ آپؐ نے فرمایا: سنو! بیشک اس نے تم سے جھوٹ کہا، اور عنقریب لوٹے گا، پس میں نے تیسری رات اس کی نگرانی کی، پس اس نے غلہ میں سے مٹھیاں بھرنی شروع کیں پس میں نے اس کو پکڑا اور میں نے کہا: میں ضرور تجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے جاؤں گا اور یہ تین مرتبہ میں سے آخری مرتبہ ہے، تو کہتا ہے کہ نہیں آئے گا پھر آتا ہے، اس نے کہا: مجھے چھوڑ دو، میں تمہیں ایسے کلمات سکھلاتا ہوں جن سے اللہ تعالیٰ تمہیں نفع پہنچائیں گے۔

قُلْتُ: مَاهُنَّ؟ قَالَ: إِذَا أَوَيْتَ إِلٰى فِرَاشِكَ فَاقْرَأْ آيَةَ الْكُرْسِيِّ: ﴿اللّٰهُ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾ حَتَّى تَخْتِمَ الآيَةَ، فَإِنَّكَ لَنْ يَزَالَ عَلَيْكَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ، وَلاَ يَقْرَبَنَّكَ شَيْطَانٌ حَتَّى تُصْبِحَ، فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهُ. فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَافَعَلَ أَسِيْرُكَ الْبَارِحَةَ؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، زَعَمَ أَنَّهُ يُعَلِّمُنِيْ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُنِيَ اللّٰهُ بِهَا، فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهُ. قَالَ:" مَاهِيَ؟" قُلْتُ: قَالَ لِيْ: إِذَا أَوَيْتَ إِلٰى فِرَاشِكَ فَاقْرَأْ آيَةَ الْكُرْسِي مِنْ أَوَّلِهَا حَتَّى تَخْتِمَ الآيَةَ: ﴿اللّٰهُ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾ وَقَالَ لِيْ: لَنْ يَزَالَ عَلَيْكَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ، وَلاَ يَقْرَبُكَ شَيْطَانٌ حَتَّى تُصْبِحَ - وَكَانُوْا أَحْرَصَ شَيْئٍ عَلَى الْخَيْرِ - فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَمَا إِنَّهُ قَدْ صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوْبٌ! تَعْلَمُ مَنْ تُخَاطِبُ مُذْ ثَلاَثِ لَيَالٍ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ؟" قَالَ: لاَ، قَالَ:" ذَاكَ شَيْطَانٌ" [انظر: ۳۲۷۵، ۵۰۱۰]

ترجمہ: میں نے کہا: وہ کلمات کیا ہیں؟ اس نے کہا: جب آپ اپنے بستر پر ٹھکانہ پکڑیں تو آیت الکرسی پڑھیں: ﴿اللّٰهُ

لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾ یہاں تک کہ آیت پوری کریں، پس بے شک برابر رہے گا آپ پر اللہ کی طرف سے ایک نگہبان۔ اور ہرگز نزدیک نہیں ہوسکے گا آپ سے شیطان، یہاں تک کہ آپ صبح کریں، پس میں نے اس کا راستہ چھوڑ دیا، پس صبح کی میں نے تو مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: گذشتہ رات تمہارے قیدی کا معاملہ کیا رہا؟ میں نے کہا: یارسول اللہ! اس نے کہا کہ وہ مجھے چند کلمات سکھلائے گا جن کے ذریعہ اللہ تعالیٰ مجھے نفع پہنچائیں گے، پس میں نے اس کا راستہ چھوڑ دیا۔ حضور ﷺ نے پوچھا: وہ کلمات کیا ہیں؟ میں نے کہا: اس نے مجھ سے کہا: جب آپ اپنے بستر پر ٹھکانہ پکڑیں تو آیت الکرسی پڑھیں اس کے شروع سے یہاں تک کہ آپ اس کو پورا کریں ﴿اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾ اور اس نے مجھ سے کہا: برابر رہے گا آپ پر اللہ کی طرف سے ایک نگہبان اور نزدیک نہیں ہوگا آپ سے شیطان، یہاں تک کہ آپ صبح کریں —— اور صحابہ خیر کی بات کے سب سے زیادہ حریص تھے، یعنی صحابہ نصیحت کے بڑے رسیا تھے، جب نصیحت کی کوئی بات مل جاتی تو بڑی سے بڑی کوتاہی معاف کردیتے —— پس نبی ﷺ نے فرمایا: سنو! بیشک اس نے سچ کہا، درانحالیکہ وہ مہا جھوٹا ہے یعنی اگرچہ وہ جھوٹا مکار ہے مگر یہ بات اس نے آپ کو صحیح بتائی، کیونکہ جھوٹا بھی کبھی سچ بولتا ہے۔ اے ابوہریرہ! جانتے ہو کہ تم تین راتوں سے کس سے بات چیت کرتے رہے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: وہ شیطان ہے۔

تشریح: یہ تو بخاری شریف کی حدیث ہے اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی روایت میں ایسے ہی واقعہ میں یہ زیادتی آئی ہے کہ آیت الکرسی کے ساتھ سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں: ﴿آمَنَ الرَّسُوْلُ﴾ سے آخر تک پڑھیں۔ یہ حدیث تفصیل سے فتح الباری میں ہے، پس طلبہ کو چاہئے کہ سوتے وقت آیت الکرسی اور ﴿آمَنَ الرَّسُوْلُ﴾ سے آخر تک پڑھنے کو معمول بنائیں، اللہ تعالیٰ مجھے بھی توفیق دیں اور آپ حضرات کو بھی (آمین)

بَابٌ: إِذَابَاعَ الْوَكِيْلُ شَيْئًا فَاسِدًا فَبَيْعُهُ مَرْدُوْدٌ

وکیل نے بیع فاسد کی تو وہ بیع مردود ہے

کسی شخص کو وکیل بنایا کہ میری یہ چیز بیچ دو، اس نے کسی کے ساتھ بیع فاسد کی تو وہ واجب الرد ہے، کیونکہ اگر مؤکل فاسد بیع کرتا تو اس کی بیع مردود ہوتی، اور وکیل کا تصرف مؤکل کا تصرف ہوتا ہے، پس اس کی فاسد بیع کو بھی ختم کرنا ضروری ہے۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس برنی کھجوریں لائے، آپؐ نے ان سے پوچھا: کہاں سے لائے؟ حضرت بلالؓ نے عرض کیا: میرے پاس معمولی کھجوریں تھیں، میں نے اس کے دو صاع برنی کے ایک صاع کے بدلے میں بیچ دیئے تاکہ میں یہ اچھی کھجوریں آپؐ کی خدمت میں پیش کروں، نبی ﷺ نے فرمایا: اُفّ! اُفّ! بالکل سود! بالکل سود!! ایسا مت کرو، البتہ اگر تم اچھی کھجوریں خریدنا چاہو تو معمولی کھجوروں کی

الگ بیع کرو، پھر رقم سے اچھی کھجوریں خریدو۔

اس حدیث سے باب پر استدلال خفی ہے کیونکہ نبی ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو وکیل نہیں بنایا تھا، وہ خود عمدہ کھجوریں خرید کر لائے تھے، تاکہ آپؐ تناول فرمائیں۔ یا پھر یہ کہا جائے کہ حضرت بلالؓ چونکہ خادم خاص تھے، اس لئے وہ آپؐ کے یہاں سے معمولی کھجوریں لے کر بدل لائے تھے، پس وہ عرفاً وکیل ہوئے۔ اور اُفّ: اَوَّہ کا ترجمہ ہے، ہم اردو میں ناگواری کے اظہار کے لئے یہی لفظ استعمال کرتے ہیں، اور عینُ الربوا کے معنی ہیں: یہی تو سود ہے۔

[۱۱-] بَابٌ: إِذَابَا عَ الْوَكِيْلُ شَيْئًا فَاسِدًا فَبَيْعُهُ مَرْدُوْدٌ

[۲۳۱۲-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا يَحْيىَ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ هُوَ ابْنُ سَلَّامٍ، عَنْ يَحْيىَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَبْدِ الْغَافِرِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، قَالَ: جَاءَ بِلَالٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِتَمْرٍ بَرْنِيٍّ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مِنْ أَيْنَ هٰذَا؟" قَالَ بِلَالٌ: كَانَ عِنْدِيْ تَمْرٌ رَدِيْءٌ، فَبِعْتُ مِنْهُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ، لِيُطْعِمَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ: "أَوَّهْ أَوَّهْ! عَيْنُ الرِّبَا! لَاتَفْعَلْ، وَلٰكِنْ إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَشْتَرِيَ فَبِعِ التَّمْرَ بِبَيْعٍ آخَرَ، ثُمَّ اشْتَرِ بِهِ"

بَابُ الْوَكَالَةِ فِي الْوَقْفِ وَنَفَقَتِهِ، وَأَنْ يُطْعِمَ صَدِيْقًا لَهُ، وَيَأْكُلَ بِالْمَعْرُوْفِ

وقف کو خرچ کرنے کی وکالت اور وکیل اپنے دوست کو کھلا سکتا ہے اور عرف کے مطابق کھا سکتا ہے

اوقاف شخصِ حکمی ہوتے ہیں یعنی قانونی آدمی ہوتے ہیں، جیسے دارالعلوم دیوبند یا جامع مسجد شخصِ حکمی ہیں، اور ان کا جو مہتمم یا متولی ہے وہ اس وقف کا وکیل ہے، وہ وقف کو اس کے مصارف میں خرچ کرے گا، اور وقف کے مہمانوں کی مہمان نوازی کرسکتا ہے اور عرف کے مطابق تنخواہ بھی لے سکتا ہے، البتہ وقف کی رقم میں سے کسی کو قرض نہیں دے سکتا۔

مدارس کے مہتممین دو جہتیں رکھتے ہیں وہ چندہ دینے والوں کے بھی وکیل ہیں اور طلبہ کے بھی، پس چندہ دینے والوں نے جس مصرف میں خرچ کرنے کے لئے رقم دی ہے، مہتمم پابند ہے کہ اسی مصرف میں خرچ کرے، اور وہ طلبہ کا بھی وکیل ہے، پس وہ مصارف طلبہ میں زکات کی رقم خرچ کرسکتا ہے، حیلہ تملیک کی ضرورت نہیں، حیلہ تملیک محض ڈھونگ ہے، اس سے کوئی حلت پیدا نہیں ہوتی، نیز وہ حیلہ کرنے کے لئے کسی کو بڑی رقم دینے کا مجاز بھی نہیں۔

اور مصارف طلبہ میں وہ تمام خرچے آتے ہیں جو غریب طلبہ کے خورد ونوش رہائش، روشنی پانی اور تعلیم پر آتے ہیں، پس غریب طلبہ کے اساتذہ کی تنخواہ بھی مہتمم طلبہ کا وکیل ہونے کی حیثیت سے زکوٰۃ کے فنڈ میں دے سکتا ہے، البتہ مصارف طلبہ میں صرف وہ چیزیں آتی ہیں جن کی منفعت غریب پر ختم ہوجاتی ہے، پس عمارت، تپائیاں، ٹاٹ اور کتابیں وغیرہ مصارف

میں شمار نہیں، کیونکہ ان کی منفعت طالب علموں پر ختم نہیں ہوتی۔

جاننا چاہئے کہ روشنی پانی غریب طلبہ پر بھی خرچ ہوتا ہے اور مستطیع طلبہ پر بھی، اور آفس، راستہ وغیرہ میں بھی، ان کا حساب کرنا ہوگا، غریب طلبہ کے حصہ میں جو مصارف آئیں وہی زکوۃ سے ادا کئے جاسکتے ہیں اور یہی حکم تعلیمی مصارف کا بھی ہے۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خیبر میں ایک زمین وقف کی تھی، اور وقف نامہ میں لکھا تھا کہ متولی کے لئے اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ خود کھائے یعنی تنخواہ لے، اور اپنے دوست کو کھلائے، یعنی وقف کے مہمانوں کی میزبانی کرے، درانحالیکہ وہ مال کا ذخیرہ کرنے والا نہ ہو، اس کا تعلق أن یأکل سے ہے، یعنی متولی عرف کے مطابق وقف سے تنخواہ لے سکتا ہے، عرف سے زیادہ نہیں لے سکتا۔

پھر جب تک حضرت عمر رضی اللہ عنہ حیات رہے خود ہی متولی رہے، آپ کے بعد صاحبزادے حضرت ابن عمرؓ متولی بنے، وہ ان لوگوں کو بھی وقف میں سے ہدیہ دیتے تھے یعنی کھلاتے تھے جو ان کے پاس آتے تھے یعنی وہ وقف کھیت اور باغات تھے، اس کی پیداوار خریدنے کے لئے مکہ سے جو گاہک آتے تھے وہ اس وقف سے ان کی مہمان نوازی کرتے تھے۔

خیال رہے کہ وقف کی آمدنی سے مہمان نوازی کرنا اور مدرسہ کے مہمانوں کو زکوۃ کے فنڈ سے کھلانا دو الگ الگ چیزیں ہیں، زکوۃ کے فنڈ سے مہمانوں کی میزبانی نہیں کی جاسکتی، البتہ جو امداد اور عطاء کی رقمیں ہیں ان سے مہتمم مہمان نوازی کرسکتا ہے۔

[۱۲-] بَابُ الْوَكَالَةِ فِي الْوَقْفِ وَنَفَقَتِهِ، وَأَنْ يُطْعِمَ صَدِيْقًا لَهُ، وَيَأْكُلَ بِالْمَعْرُوْفِ

[۲۳۱۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ فِي صَدَقَةِ عُمَرَ: لَيْسَ عَلَى الْوَلِيِّ جُنَاحٌ أَنْ يَأْكُلَ، وَيُؤْكِلَ صَدِيْقًا لَهُ، غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالاً وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ هُوَ يَلِيْ صَدَقَةَ عُمَرَ، يُهْدِيْ لِلنَّاسِ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ كَانَ يَنْزِلُ عَلَيْهِمْ. [انظر: ۲۷۳۷، ۲۷٦٤، ۲۷۷۲، ۲۷۷۳، ۲۷۷۷]

بَابُ الْوَكَالَةِ فِي الْحُدُوْدِ

حد جاری کرنے کے لئے وکیل بنانا

قاضی نے کسی پر حد (سزا) کا فیصلہ کیا، پھر اس نے کسی کو وکیل بنایا کہ وہ حد جاری کرے تو یہ توکیل درست ہے۔ اور باب میں دو واقعے ہیں:

پہلا واقعہ: بہت لمبا ہے، آگے کئی جگہ آئے گا۔ ایک شخص کا جوان لڑکا دوسرے کے یہاں ملازم تھا، اس نے مالک کی بیوی سے زنا کیا، یہ مقدمہ حضور ﷺ کی خدمت میں آیا تو آپؐ نے لڑکے کو جو کنوارا تھا سو کوڑے مارے اور حضرت اُنیس

رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ صبح اس کے گاؤں میں جاؤ اور اس کی بیوی سے پوچھو، اگر وہ اقرار کرے تو اسے سنگسار کردو، یہ حد جاری کرنے کے لئے حضور ﷺ نے وکیل بنایا۔

دوسرا واقعہ: نُعیمان یا ان کے لڑکے نے شراب پی اور نشہ کی حالت میں نبی ﷺ کے پاس لائے گئے، آپؐ نے گھر میں موجود لوگوں کو حکم دیا کہ اس کو مارو، یہ آپؐ نے لوگوں کو حد جاری کرنے کا وکیل بنایا۔ راوی حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں بھی پٹائی کرنے والوں میں تھا، پس ہم نے اس کو چپلوں سے اور کھجور کی چھڑی سے مارا، یہ واقعہ آگے دو جگہ آئے گا۔

[۱۳-] بَابُ الْوَكَالَةِ فِي الْحُدُوْدِ

[۲۳۱٤و۲۳۱۵-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، أَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "وَاغْدُ يَا أُنَيْسُ إِلٰى امْرَأَةِ هٰذَا، فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا"
[الحديث: ۲۳۱٤، انظر: ۲٦٤۹، ۲٦۹٦، ۲۷۲۵، ٦٦۳٤، ٦۸۲۸، ٦۸۳۱، ٦۸۳٦، ٦۸٤۳، ٦۸٦۰، ۷۱۹٤، ۷۲۵۹، ۷۲۷۹] [الحديث: ۲۳۱۵، انظر: ۲٦۹۵، ۲۷۲٤، ٦٦۳۳، ٦۸۲۷، ٦۸۳۳، ٦۸۳۵، ٦۸٤۲، ٦۸۵۹، ۷۱۹۳، ۷۲۵۸، ۷۲٦۰، ۷۲۷۸]

[۲۳۱٦-] حدثنا ابْنُ سَلَامٍ، أَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: جِيْءَ بِالنُّعَيْمَانِ أَوِ ابْنِ النُّعَيْمَانِ شَارِبًا، فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ كَانَ فِي الْبَيْتِ أَنْ يَضْرِبُوْهُ، قَالَ: فَكُنْتُ أَنَا فِيْمَنْ ضَرَبَهُ، فَضَرَبْنَاهُ بِالنِّعَالِ وَالْجَرِيْدِ[انظر: ٦۷۷٤، ٦۷۷۵]

بَابُ الْوَكَالَةِ فِي الْبُدْنِ وَتَعَاهُدِهَا

ہدی کے اونٹوں کی نگرانی کا وکیل بنانا

تعاهُد کے معنی ہیں: نگرانی کرنا۔ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں قربانی کے لئے جو اونٹ مدینہ سے ساتھ لئے تھے، وہ ذوالحلیفہ میں دو تین آدمیوں کو سونپے تھے، جن کے سردار ناجیہ خُزاعی رضی اللہ عنہ تھے، وہ اونٹ لے کر قافلہ سے الگ چلے تھے، کیونکہ وہ راستہ میں چرتے ہوئے چلیں گے۔ یہ حضور ﷺ نے حضرت ناجیہؓ کو اور ان کے ساتھیوں کو اونٹوں کی نگرانی کا وکیل بنایا۔

اور باب میں ایک دوسرا واقعہ ہے جو پہلے گذرا ہے، سن ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حج کرانے کے لئے تشریف لے گئے تھے، ان کے ساتھ نبی ﷺ نے سو بکریاں قربانی کے لئے بھیجی تھیں۔ یہ حضرت ابوبکرؓ کو وکیل بنایا،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے اپنے ہاتھوں سے نبی ﷺ کی قربانی کی بکریوں کے ہار بٹے تھے، پھر ان کو نبی ﷺ نے اپنے ہاتھوں سے پہنایا تھا، پھر ان کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھیجا تھا، پس نبی ﷺ پر کوئی چیز حرام نہیں ہوئی جس کو اللہ نے آپ کے لئے حلال کیا تھا، یہاں تک کہ ہدی ذبح کی گئی، یعنی حاجی کے ساتھ ہدی بھیجنے سے احرام کی پابندی لازم نہیں ہوتیں۔

[١٤-] بَابُ الْوَكَالَةِ فِي الْبُدْنِ وَتَعَاهُدِهَا

[٢٣١٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ، قَالَتْ عَائِشَةُ: أَنَا فَتَلْتُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدَيَّ، ثُمَّ قَلَّدَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدَيْهِ، ثُمَّ بَعَثَ بِهَا مَعَ أَبِيْ بَكْرٍ، فَلَمْ يَحْرُمْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْئٌ أَحَلَّهُ اللّٰهُ لَهُ حَتّٰى نُحِرَ الْهَدْيُ.[راجع: ١٦٩٦]

بَابٌ: إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِوَكِيْلِهِ: ضَعْهُ حَيْثُ أَرَاكَ اللّٰهُ، وَقَالَ الْوَكِيْلُ: قَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ

کسی کو کوئی چیز دی اور وکیل بنایا کہ جہاں چاہیں خرچ کریں تو یہ توکیل درست ہے

ایک شخص نے دوسرے کو کوئی رقم وغیرہ دی اور کہا: جس مصرف میں آپ خرچ کرنا مناسب سمجھیں خرچ کریں، وکیل نے کہا: بہت اچھا! پس یہ توکیل درست ہے، پھر اگر رقم زکوٰۃ کی ہے تو وہ اس کے مصارف میں خرچ کرے گا، اور امداد وعطاء کی ہے تو جہاں چاہے خرچ کرے۔

اور باب میں وہ واقعہ ہے جو پہلے (حدیث ۱۴۶۱) آچکا ہے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنا ایک باغ خیرات کیا، جب آیت: ﴿لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ﴾ نازل ہوئی، انھوں نے کہا: یہ میرا بہترین مال ہے جو میں اللہ کے راستہ میں دیتا ہوں، آپؐ جہاں چاہیں خرچ کریں، یہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کو وکیل بنایا، پس حضور ﷺ نے فرمایا: واہ! یہ تو بہت عمدہ مال ہے اور جو تم نے کہا وہ میں نے سن لیا، اب میری رائے یہ ہے کہ تم اس باغ کو اپنے خاندان کے غریبوں میں تقسیم کردو، یہ نبی ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو وکیل بنایا، چنانچہ انھوں نے خاندان کے غریبوں میں اس کو تقسیم کردیا۔

[١٥-] بَابٌ: إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِوَكِيْلِهِ: ضَعْهُ حَيْثُ أَرَاكَ اللّٰهُ، وَقَالَ الْوَكِيْلُ: قَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ

[٢٣١٨-] حدثنا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَكْثَرَ أَنْصَارِيٍّ بِالْمَدِيْنَةِ مَالاً، وَكَانَ أَحَبُّ أَمْوَالِهِ إِلَيْهِ بِيْرُحَاءَ،

وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ. وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْخُلُهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ، فَلَمَّا نَزَلَتْ﴿ لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾[آل عمران: ٩٢] قَامَ أَبُوْ طَلْحَةَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ فِيْ كِتَابِهِ:﴿ لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ وَإِنَّ أَحَبَّ أَمْوَالِيْ إِلَيَّ بِيْرُحَاءُ، وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ أَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ، فَضَعْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ شِئْتَ. فَقَالَ:" بَخْ، ذٰلِكَ مَالٌ رَائِحٌ! ذٰلِكَ مَالٌ رَائِحٌ! قَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ فِيْهَا وَإِنِّيْ أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ" قَالَ: أَفْعَلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَسَمَهَا أَبُوْ طَلْحَةَ فِي أَقَارِبِهِ وَبَنِيْ عَمِّهِ، تَابَعَهُ إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ مَالِكٍ. وَقَالَ رَوْحٌ، عَنْ مَالِكٍ:" رَابِحٌ"[راجع: ١٤٦١]

بَابُ وَكَالَةِ الْأَمِيْنِ فِي الْخِزَانَةِ وَنَحْوِهَا

مال وغیرہ کے سلسلہ میں امانت دار کو وکیل بنانا

اگر مال یا قیمتی چیز کا کسی کو وکیل بنانا ہے تو اس کا خیال رکھنا چاہئے کہ وکیل امانت دار ہو، اور حدیث ابھی گذری ہے کہ امانت دار منیجر جو خرچ کرے اس چیز کو جس کا حکم دیا گیا ہے کامل و مکمل طور پر خوشدلی سے اس شخص پر جس پر خرچ کرنے کا حکم دیا گیا ہے تو وہ دو خیرات کرنے والوں میں سے ایک ہے، کاملاً اور موفّراً کے ایک ہی معنی ہیں، موفّرا: تاکید کے لئے ہے۔

[١٦-] بَابُ وَكَالَةِ الْأَمِيْنِ فِي الْخِزَانَةِ وَنَحْوِهَا

[٢٣١٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الْخَازِنُ الْأَمِيْنُ الَّذِيْ يُنْفِقُ – وَرُبَّمَا قَالَ: الَّذِيْ يُعْطِيْ– مَاأُمِرَ بِهِ كَامِلًا مُوَفَّرًا، طَيِّبًا نَفْسُهُ، إِلَى الَّذِيْ أُمِرَ بِهِ: أَحَدُ الْمُتَصَدِّقِيْنِ"[راجع: ١٤٣٨]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الْحَرْثِ وَالْمُزَارَعَةِ

کھیتی اور بٹائی کا بیان

حرثٌ: کھیتی، خواہ خود بوئے یا کسی سے بوائے۔ اور **مزارعہ**: بٹائی، یعنی دوسرے سے بوانا، پس حرث عام ہے اور مزارعہ خاص ہے۔

بَابُ فَضْلِ الزَّرْعِ وَالْغَرْسِ إِذَا أُكِلَ مِنْهُ

کھیتی باڑی کی فضیلت جب اس سے کھایا جائے

زَرْعٌ کے معنی ہیں: کھیتی۔ اور غَرْس کے معنی ہیں: باڑی، جیسے لوکی بوئی، ٹماٹر بوئے یا بیگن کی باڑی لگائی، باغبانی کے لئے کتاب المساقاۃ آرہی ہے۔

کھیتی باڑی کی اہمیت کے سلسلہ میں یہ پہلا باب ہے، پھر اگلا باب دفع دخل مقدر کے طور پر آیا ہے، پھر اس کے بعد پانچ باب اور کھیتی باڑی کی اہمیت کے سلسلہ میں آئیں گے، اس کے بعد مسائل شروع ہونگے۔

کھیتی باڑی کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ قرآنِ کریم میں موضع امتنان میں فرمایا ہے: ''اچھا پھر بتلاؤ کہ تم جو کچھ بوتے ہو اس کو تم اگاتے ہو یا ہم اگانے والے والے؟ (اللہ ہی اگاتے ہیں، یہ اضافت تشریف کے لئے ہے، اور یہی کھیتی باڑی کی فضیلت ہے) اگر ہم چاہیں تو اس کو چورا چورا کردیں، پھر تم حیرت میں رہ جاؤ'' یعنی اللہ تعالیٰ نہ صرف کھیتی اگاتے ہیں، بلکہ اس کی حفاظت بھی فرماتے ہیں، اس سے بھی کھیتی کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جو بھی مسلمان کوئی پودا لگاتا ہے یا کھیتی بوتا ہے، پس اس سے کوئی پرندہ یا انسان یا جانور کھاتا ہے تو اس کو اس کھانے کی وجہ سے خیرات کا ثواب ملتا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں قید بڑھائی ہے: إذا أُكل منه: جب مخلوقات اس کھیتی باڑی سے فائدہ اٹھائیں تو کسان کو صدقہ کا ثواب ملتا ہے، یہی کھیتی باڑی کی فضیلت ہے، اور مسلمان کی قید احترازی ہے یہ ثواب مسلمان ہی کو ملتا ہے۔

لطیفہ: جس دن کسان ہل بیل لے کر جوتائی کے لئے کھیت میں اترتا ہے یا باڑی لگانے کی تیاری کرتا ہے اس دن اگر وہ تمام مخلوقات جو اس کھیت یا باڑی سے فائدہ اٹھائے گی، حاضر ہو اور کسان سے کہے: بوؤ، ہم کھائیں گے تو کسان یہ کہہ کر

لوٹ جائے گا کہ کھالو بابا! میں بوتا ہی نہیں! غرض بے شمار مخلوقات فائدہ اٹھاتی ہے اور کسان کو اس کا ثواب ملتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٤١- كتاب الحَرْثِ والمُزارَعةِ

[١-] بَابُ فَضْلِ الزَّرْعِ وَالْغَرَسِ إِذَا أُكِلَ مِنْهُ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿أَفَرَأَيْتُم مَا تَحْرُثُوْنَ، أَأَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُوْنَ، لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا﴾ [الواقعه: ٦٣-٦٥]

[٢٣٢٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، ح: وَحَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَأْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ أَوْ إِنْسَانٌ أَوْ بَهِيْمَةٌ إِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ"

وَقَالَ مُسْلِمٌ: حَدَّثَنَا أَبَانُ، ثَنَا قَتَادَةُ، ثَنَا أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٦٠١٢]

بَابُ مَا يُحَذَّرُ مِنْ عَوَاقِبِ الِاشْتِغَالِ بِآلَةِ الزَّرْعِ، أَوْ جَاوَزَ الْحَدَّ الَّذِيْ أُمِرَ بِهِ

کھیتی کے آلات میں مشغول ہونے سے یا ماموربہ حد سے نکل جانے سے ڈرانا

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، گذشتہ باب سے کھیتی باڑی کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے جبکہ دیگر احادیث میں اس کی برائی آئی ہے۔ باب میں حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، آپؓ نے کسی گھر میں ہل کی پھار یا کھیتی کا کوئی آلہ دیکھا تو کہا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: لايدخلُ هذا بيتَ قوم إلا أدخله الله الذُّلَّ: یہ آلات جس گھر میں بھی داخل ہوتے ہیں اس گھر میں اللہ تعالیٰ رسوائی داخل کر دیتے ہیں۔

اور ابوداؤد میں حدیث ہے: جب تم بیع عینہ کرنے لگو، اور بیلوں کی دُمیں پکڑ لو اور راہِ خدا میں جہاد چھوڑ دو تو اللہ تعالیٰ تم پر ایسی ذلت مسلط کریں گے جو اس وقت تک نہیں ہٹے گی جب تک تم یہ باتیں نہ چھوڑو۔

ان حدیثوں میں کھیتی باڑی کی برائی ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب قائم کیا ہے اور اس تعارض کو دو طرح سے رفع کیا ہے:

ا- کھیتی باڑی فی نفسہ بری چیز نہیں، اس کی تو فضیلت آئی ہے مگر کھیتی باڑی میں ایسا مشغول ہونا کہ دین کی ضروری باتیں رہ جائیں اس کے نتائج برے ہیں، ابوداؤد کی حدیث کا یہ جملہ: وتركتم الجهاد في سبيل الله: برائی کی بنیاد ہے، جب راہِ خدا میں جہاد بند ہو جائے گا تو اس کا برا نتیجہ سامنے آجائے گا۔

۲- ہر چیز کی ایک حد ہوتی ہے، کھیتی باڑی اور تجارت وغیرہ کی بھی ایک حد ہے، اس حد سے کوئی آگے بڑھ جائے تو برے انجام سے دوچار ہوگا، مثلاً: ملازمت کی ایک حد ہے، جو اس حد سے آگے بڑھ گیا، حج فرض ہوگیا اور حج کے لئے نہیں گیا، اسی طرح تجارت کی بھی ایک حد ہے، اگر اس میں خود غرضی شامل ہوگئی اور لوگ بیع عینہ کرنے لگیں تو پھر یہ چیزیں بری ہیں۔

فائدہ: بیع عینہ یہ ہے کہ ایک شخص آپ کے پاس دس ہزار روپے قرض لینے آیا، آپ نے کہا: پیسے تو میرے پاس نہیں، البتہ یہ بھینس بارہ ہزار میں بیچنی ہے تم پیسے ایک سال کے بعد دیدینا، جب کہ بھینس دس ہزار کی ہے، قرض خواہ نے سوچا: میں بھینس بارہ ہزار میں خریدلوں اور بازار میں دس ہزار میں بیچ دوں اور اپنا کام نکال لوں، پھر سال بھر کے بعد بارہ ہزار دیدوں گا، تو یہ بیع عینہ ہے، یعنی قرض دینے کے بجائے قرض خواہ کے ہاتھ کوئی چیز گراں قیمت پر فروخت کرنا، اس بیع میں خود غرضی شامل ہوگئی ہے، اس لئے وہ رسوائی کا سبب ہے۔

[۲-] بَابُ مَا يُحَذَّرُ مِنْ عَوَاقِبِ الاِشْتِغَالِ بِآلَةِ الزَّرْعِ، أَوْ جَاوَزَ الْحَدَّ الَّذِیْ أُمِرَ بِهِ

[۲۳۲۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ الْحِمْصِیُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الْأَلْهَانِیُّ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ الْبَاهِلِیِّ، قَالَ: وَرَأَى سِكَّةً وَشَيْئًا مِنْ آلَةِ الْحَرْثِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لاَ يَدْخُلُ هٰذَا بَيْتَ قَوْمٍ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الذُّلَّ" قَالَ مُحَمَّدٌ: وَاسْمُ أَبِیْ أُمَامَةَ: صُدَیُّ بْنُ عَجْلاَنَ.

بَابُ اقْتِنَاءِ الْكَلْبِ لِلْحَرْثِ

کھیتی کے لئے کتا پالنا

یہ کھیتی باڑی کی اہمیت کے سلسلہ کا دوسرا باب ہے، کھیتی باڑی کی حفاظت کے لئے کتا پالنے کی اجازت ہے، حالانکہ کتا پالنے کی ممانعت آئی ہے، جو شخص شوقیہ کتا پالتا ہے اس کا روزانہ ایک قیراط ثواب گھٹ جاتا ہے، لیکن کھیت اور باغیچہ کی حفاظت کے لئے کتا پالنے کی اجازت ہے، اس لئے کہ کھیتی باڑی ذرائع معاش میں نہایت اہم ذریعہ ہے، اگر اس کی حفاظت کے لئے کتا پالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی تو لوگ کھیتوں اور باغوں کی حفاظت کیسے کریں گے؟ اس سے کھیتی باڑی کی اہمیت ثابت ہوتی ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی کتا روکا یعنی پالا، پس بیشک شان یہ ہے کہ گھٹ جائے گا روزانہ اس کے عمل میں سے ایک قیراط، مگر کھیت کا کتا یا جانوروں کا کتا مستثنیٰ ہے، یہ ابوسلمہ کی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ اور ابن سیرین اور ابوصالح کی روایت میں ہے: مگر بکریوں کا یا کھیتی کا یا

شکار کا کتا مستثنیٰ ہے۔ اور ابو حازم کی حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے: شکار کا یا جانوروں کا کتا مستثنیٰ ہے۔

حدیث (۲): سفیان بن ابی زہیر جو قبیلۂ ازدشنوءہ کے ہیں اور صحابی ہیں، کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا: جس نے کوئی کتا پالا جو نہ کھیتی کے کام کا ہے اور نہ تھن یعنی بکریوں کے کام کا ہے تو ہر دن اس کے عمل میں سے ایک قیراط گھٹ جائے گا۔ طالب علموں نے حضرت سفیانؓ سے پوچھا: آپ نے خود یہ حدیث حضور ﷺ سے سنی ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں، اس مسجد کے پروردگار کی قسم!

تشریح: شوقیہ کتا پالنا ممنوع ہے، مگر کسی مصلحت اور ضرورت سے کتا پالنے کی اجازت ہے، اور حدیثوں میں جو دو تین مصلحتوں کا بیان ہے ان میں حصر نہیں، اب کتوں کو بے شمار ہنر سکھائے جاتے ہیں، اور ان سے بڑے بڑے کام لئے جاتے ہیں، اس کی اجازت ہے، شوقیہ جیسے یوروپ اور امریکہ کے لوگ پالتے ہیں اور اولاد سے زیادہ ان سے محبت کرتے ہیں، یہ ممنوع ہے، کیونکہ جو Dog (کتے) کو پکڑے گا وہ God (خدا) سے کٹ جائے گا۔

[۳-] بَابُ اقْتِنَاءِ الْكَلْبِ لِلْحَرْثِ

[۲۳۲۲-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ أَمْسَكَ كَلْبًا فَإِنَّـهُ يَنْقُصُ كُلَّ يَوْمٍ مِنْ عَمَلِهِ قِيْرَاطٌ، إِلَّا كَلْبَ حَرْثٍ، أَوْ مَاشِيَةٍ" وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ وَأَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " إِلَّا كَلْبَ غَنَمٍ أَوْ حَرْثٍ أَوْ صَيْدٍ" وَقَالَ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " كَلْبَ صَيْدٍ أَوْ مَاشِيَةٍ. [انظر: ۳۳۲٤]

[۲۳۲۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، أَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ حَدَّثَهُ، أَنَّـهُ سَمِعَ سُفْيَانَ بْنَ أَبِيْ زُهَيْرٍ، رَجُلًا مِنْ أَزْدِ شَنُوْءَ ةَ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا لَا يُغْنِيْ عَنْهُ زَرْعًا وَلَا ضَرْعًا نَقَصَ كُلَّ يَوْمٍ مِنْ عَمَلِهِ قِيْرَاطٌ" قُلْتُ: أَأَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: إِيْ وَرَبِّ هٰذَا الْمَسْجِدِ. [انظر: ۳۳۲۵]

بَابُ اسْتِعْمَالِ الْبَقَرِ لِلْحِرَاثَةِ

کھیتی کے لئے بیل استعمال کرنا

یہ کھیتی باڑی کی اہمیت کے سلسلہ کا تیسرا باب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کھیتی کے مقصد کے لئے بیل پیدا کیا ہے، اس سے کھیتی

کی اہمیت ظاہر ہے، اللہ تعالیٰ نے نہ صرف کھیتی کی اجازت دی بلکہ اس کے لئے اسباب بھی مہیا کئے۔

حدیث: ایک بار نبی ﷺ نے گذشتہ زمانہ کا ایک واقعہ بیان کیا کہ دریں اثناء کہ ایک شخص بیل پر بیٹھ کر جارہا تھا (بیل آہستہ چلتا ہے، اس نے اس کو تیز چلانے کے لئے مارا ہوگا تو) بیل اس کی طرف متوجہ ہوا، اور اس سے کہا: میں اس مقصد (سواری) کے لئے نہیں پیدا کیا گیا، میں تو کھیت کے لئے پیدا کیا گیا ہوں (اس پر لوگوں کو حیرت ہوئی کہ بیل بولا پس) نبی ﷺ نے فرمایا: میں اور ابوبکر وعمر اس پر ایمان رکھتے ہیں، یعنی تصدیق کرتے ہیں۔

اور (ایک دوسرے موقع پر حضور ﷺ نے فرمایا کہ) ایک بھیڑیے نے بکری پکڑی، پس چرواہے نے اس کا پیچھا کیا پس اس سے بھیڑیے نے کہا: درندوں کے دن بکری کو کون بچائے گا، جس دن میرے علاوہ بکریوں کا کوئی چرواہا نہیں ہوگا (اس پر لوگوں کو حیرت ہوئی کہ بھیڑیا بولا، پس) نبی ﷺ نے فرمایا: میں اور ابوبکر وعمر اس پر ایمان رکھتے ہیں، ابوسلمہ (راوی) کہتے ہیں: ابوبکر وعمر اس وقت لوگوں میں موجود نہیں تھے۔

تشریح: بیل کا اور بھیڑیے کا بولنا خرقِ عادت ہے اور خرقِ عادت نبی کے ہاتھ سے ظاہر ہو تو معجزہ ہے اور کسی ولی کے ہاتھ سے ظاہر ہو تو کرامت ہے، اور غیر مسلم کے ہاتھ سے ظاہر ہو تو استدراج (ڈھیل دینا) ہے۔ اور ان کے علاوہ ظاہر ہو تو اللہ کی ایک نشانی ہے جو اللہ تعالیٰ کبھی مخلوقات کو دکھاتے ہیں۔ حدیث میں جو دو واقعے ہیں دونوں آیتٌ من آیاتِ اللّٰہِ ہیں۔

لوگ کھیتی کے لئے تین جانور استعمال کرتے ہیں: اونٹ، بھینس بھینسا اور گائے بیل، مگر یہ سب کھیتی کے لئے پیدا نہیں کئے گئے، اونٹ ریگستان میں سواری کے لئے پیدا کیا گیا ہے، گائے بھینس دودھ کے لئے اور کھیتی کے لئے صرف بیل پیدا کیا ہے، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ دوسرے جانوروں کو کھیتی میں استعمال نہیں کرسکتے، بلکہ اس حدیث سے یہ ثابت کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بیل کو کھیتی کے لئے پیدا کیا ہے، اس سے کھیتی کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

کرامتوں کے سلسلہ میں صحیح موقف:

کرامتوں کے واقعات اگر پکی دلیل سے ثابت ہوں تو ان کی تصدیق بے چون وچرا کرنی چاہئے، فوراً ان کو مان لینا ایمان کی پختگی کی دلیل ہے، معراج سے جب نبی ﷺ لوٹے اور واقعہ بیان کیا تو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے بے چون وچرا مان لیا، چنانچہ صدیق لقب پایا، اسی طرح مذکورہ حدیث میں جو بیل اور بھیڑیے کے بولنے کا واقعہ ہے وہ صحابہ کے سامنے نبی ﷺ نے بیان کیا ہے، اس سے زیادہ اور پکا ثبوت کیا ہوسکتا ہے؟ پس اس کو فوراً مان لینا چاہئے۔ حضور ﷺ نے اپنے ساتھ ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو شامل کیا یہ ان کے ایمان کی پختگی کی دلیل ہے۔

اس کے برخلاف بے ثبوت بزرگوں کی کرامتوں کے واقعات کو مان لینا ایمان کی کمزوری کی دلیل ہے، بزرگوں کی کرامتوں کے جو واقعات کتابوں میں ہیں ان میں سے آدھے خودساختہ ہیں، اور آدھوں میں نمک مرچ ملاکر چٹ پٹا بنایا

ہے، کمزور ایمان والے ان کو فوراً مان لیتے ہیں، وہ کہتے ہیں: ایسا نہیں ہوسکتا؟ جواب یہ ہے کہ سب کچھ ہوسکتا ہے، آسمان زمین پر گرسکتا ہے، مگر ہوا اس کی کیا دلیل ہے؟ اور بے دلیل کوئی بات مان لینا اور اس کو آگے بڑھانا خطرناک بات ہے۔ حدیث میں ہے: جو شخص ہر سنی ہوئی بات بیان کرتا ہے وہ دو جھوٹوں میں سے ایک ہے، بہر حال کرامتوں کے واقعات پختہ ثبوت کے بعد ہی ماننے چاہئیں۔ اور جاننا چاہئے کہ واقعات سے عقائد ثابت نہیں ہوتے مگر عقائد بگڑتے ضرور ہیں، اللہ تعالیٰ اس بات کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائیں۔

[٤-] بَابُ اسْتِعْمَالِ الْبَقَرِ لِلْحِرَاثَةِ

[٢٣٢٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَيْنَمَا رَجُلٌ رَاكِبٌ عَلٰى بَقَرَةٍ الْتَفَتْ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ: لَمْ أُخْلَقْ لِهٰذَا. خُلِقْتُ لِلْحِرَاثَةِ، قَالَ: آمَنْتُ بِهِ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ. وَأَخَذَ الذِّئْبُ شَاةً فَتَبِعَهَا الرَّاعِيْ فَقَالَ لَهُ الذِّئْبُ: مَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ؟ يَوْمَ لَا رَاعِيَ لَهَا غَيْرِيْ؟ قَالَ: آمَنْتُ بِهِ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ" قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: وَمَا هُمَا يَوْمَئِذٍ فِي الْقَوْمِ. [انظر: ٣٤٧١، ٣٦٦٣، ٣٦٩٠]

بَابٌ: إِذَا قَالَ: اكْفِنِيْ مُؤْنَةَ النَّخْلِ وَغَيْرِهِ، وَتُشْرِكُنِيْ فِي الثَّمَرِ

کہا: آپ میری طرف سے کھجور وغیرہ کی محنت برداشت کریں اور پھل میں شریک ہوجائیں

یہ کھیتی باڑی کی اہمیت کے سلسلہ کا چوتھا باب ہے، ہر کام خود کرنا پڑتا ہے، تجارت خود کرنی پڑتی ہے، نوکری خود کرنی پڑتی ہے، مگر کھیتی باڑی دوسرا بھی کر کے دے سکتا ہے، کسی کے پاس زمین ہے اس نے دوسرے کو دیدی اور کہا: کھیتی کر یا باغ لگا اور محنت کر، اور پیداوار میں ہم دونوں شریک! اس طرح زمین سے بے محنت روزی مل سکتی ہے، اس کو کہتے ہیں: نہ لگے مہندی نہ لگے پھٹکڑی اور رنگ آئے چوکھا!

حدیث: جب صحابہ ہجرت کر کے مدینہ آئے اور نبی ﷺ نے مہاجرین وانصار کے درمیان مواخات کرائی تو انصار نے عرض کیا: کھجوروں کے باغات ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے درمیان بانٹ دیجئے، آپؐ نے انکار فرمایا، پس انصار نے کہا: باغات اور کھیتوں میں محنت مہاجرین کریں اور پیداوار میں ہم ان کو شریک کرلیں، پس مہاجرین نے کہا: ہم نے سنا اور ہم نے مان لیا، یعنی یہ بات ہمیں منظور ہے۔

[٥-] بَابٌ: إِذَا قَالَ: اكْفِنِيْ مُؤْنَةَ النَّخْلِ وَغَيْرِهِ، وَتُشْرِكُنِيْ فِي الثَّمَرِ

[٢٣٢٥-] حدثنا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

قَالَتِ الْأَنْصَارُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: اقْسِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ إِخْوَانِنَا النَّخِيْلَ، قَالَ: "لَا" فَقَالُوْا: فَتَكْفُوْنَا الْمَؤُوْنَةَ وَنُشْرِكُكُمْ فِي الثَّمَرَةِ، قَالُوْا: سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا. [انظر: ۲۷۱۹، ۳۷۸۲]

بَابُ قَطْعِ الشَّجَرِ وَالنَّخْلِ

عام درخت اور کھجور کے درخت کاٹنا

یہ کھیتی باڑی کی اہمیت کے سلسلہ کا پانچواں باب ہے ــــ کھیتی اور باغبانی کی ضرورت سے کبھی ہرے درخت کاٹنے پڑتے ہیں جب کہ درختوں کے کاٹنے میں بڑا نقصان ہے، ایک درخت کئی سال میں تیار ہوتا ہے، پس اس کو کاٹنا جائز نہیں ہونا چاہئے، مگر جنگی مصلحت سے یا کھیتی باڑی کی مصلحت سے درخت کاٹنے پڑیں تو الأھم فالأھم کے قاعدہ سے جائز ہے، اس سے بھی کھیتی باڑی کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

اور باب میں دو روایتیں ہیں:

۱- حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جہاں مسجد نبوی بنی ہے وہاں پہلے کھجور کے درخت تھے، نبی ﷺ کے حکم سے وہ کاٹے گئے، پس جس طرح تعمیر کی مصلحت سے درخت کاٹ سکتے ہیں کھیتی باڑی کی مصلحت سے بھی کاٹ سکتے ہیں۔

۲- غزوۂ بنونضیر میں یہود قلعہ بند ہوگئے، باہر نہیں نکلتے تھے، ان کو باہر نکالنے کے لئے مہاجرین نے ان کے کھجوروں کے باغات اجاڑے اور کاٹے، یہ باغات بُویرہ مقام میں تھے۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے ایک شعر میں اس کا ذکر ہے۔

وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِىْ لُؤَيٍّ ۞ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ

(آسان ہوگیا بنولؤی کے سرداروں (مہاجرین) کے لئے بویرہ مقام میں ایسی آگ لگانا جس کے شرارے ہر سو اڑ رہے تھے)

پھر قرآنِ کریم نے سورۂ حشر میں صحابہ کے اس عمل کی تصویب کی، پس جب جنگی مصلحت سے ہرے درخت کاٹ سکتے ہیں تو کھیتی باڑی کی مصلحت سے بھی کاٹ سکتے ہیں، اس سے بھی کھیتی باڑی کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

[۶-] بَابُ قَطْعِ الشَّجَرِ وَالنَّخْلِ

وقَالَ أَنَسٌ: أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالنَّخْلِ فَقُطِعَ.

[۲۳۲۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ حَرَّقَ نَخْلَ بَنِيْ النَّضِيْرِ وَقَطَعَ، وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ، وَلَهَا يَقُوْلُ حَسَّانُ:

وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِىْ لُؤَيٍّ ۞ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ

[انظر: ۳۰۲۱، ۴۰۳۱، ۴۰۳۲، ۴۸۸۴]

بَابٌ

کھیتی اور درختوں پر کبھی آفت آتی ہے

یہ کھیتی باڑی کی اہمیت کے سلسلہ کا چھٹا اور آخری باب ہے اور یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اور اس میں ایک الگ نوعیت کی دلیل ہے کہ کھیتی اور کھجور کے درختوں پر کبھی قدرتی آفت آتی ہے، پس اگر انسان اپنی ضرورت کے لئے درختوں کو کاٹیں تو یہ بھی جائز ہے۔

حدیث: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم (ہمارا خاندان) مدینہ والوں میں کھیتوں کے اعتبار سے سب سے زیادہ تھے اور ہم زمین کو کرایہ پر دیا کرتے تھے، اس کے ایک معین کونے کے بدلہ میں زمین والے کے لئے، حضرت رافعؓ کہتے ہیں: پھر ایسا ہوتا تھا کہ اس معین حصہ میں آفت آتی تھی اور باقی زمین محفوظ رہتی تھی، اور کبھی ایسا ہوتا تھا کہ ساری زمین پر آفت آتی تھی اور وہ معین حصہ محفوظ رہتا تھا، پس ہم اس طرح کرایہ پر دینے سے منع کئے گئے، اور رہا سونا اور چاندی تو وہ اس زمانہ میں نہیں تھا، اس لئے کرایہ پر دینے کا رواج نہیں تھا، بٹائی پر دینے کا رواج تھا، مگر بٹائی کی جو صورت اوپر آئی ہے وہ جائز نہیں، اس لئے نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا۔

[۷-] بَابٌ

[۲۳۲۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ الْأَنْصَارِيِّ، سَمِعَ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا أَكْثَرَ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مُزْدَرَعًا، كُنَّا نُكْرِى الْأَرْضَ بِالنَّاحِيَةِ مِنْهَا مُسَمًّى لِسَيِّدِ الْأَرْضِ، قَالَ: فَمِمَّا يُصَابُ ذٰلِكَ وَتَسْلَمُ الْأَرْضُ، وَمِمَّا تُصَابُ الْأَرْضُ وَيَسْلَمُ ذٰلِكَ، فَنُهِيْنَا، وَأَمَّا الذَّهَبُ وَالْوَرِقُ فَلَمْ يَكُنْ يَوْمَئِذٍ.

لغت: مُزْدَرَعًا: باب افتعال سے ہے، اصل مُزْتَرَع تھا، تاء کو دال سے بدلا ہے۔

بَابُ الْمُزَارَعَةِ بِالشَّطْرِ وَنَحْوِهِ

آدھے اور اس کے مانند پر زمین بٹائی پر دینا

شَطر کے معنی ہیں: نصف اور نحوہ میں تہائی، دو تہائی، چوتھائی وغیرہ سب شکلیں آجاتی ہیں۔ جاننا چاہئے کہ تین صورتوں میں اتفاق ہے، ایک کے جواز پر اور دو کے عدم جواز پر اور چوتھی صورت میں اختلاف ہے۔ امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ عدم جواز کے قائل ہیں۔ اور جمہور جواز کے، وہ چار شکلیں یہ ہیں:

۱- زمین روپیوں کے عوض کرایہ پر دینا، یہ بالاتفاق جائز ہے۔

۲- زمین بٹائی پر دینا اور شرط لگانا کہ زمین کے مخصوص حصہ کی پیداوار ایک کی اور دوسرے حصہ کی پیداوار دوسرے کی، یہ بالاجماع ناجائز ہے۔

۳- زمین بٹائی پر دینا اور پیداوار کی خاص مقدار مالک کے لئے یا عامل کے لئے طے کرنا، یہ بھی بالاجماع ناجائز ہے۔

۴- زمین بٹائی پر دینا، اور فی صد پیداوار تقسیم کرنا یعنی آدھا آدھا کرنا یا ایک تہائی اور دو تہائی کرنا، اس کو امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ ناجائز کہتے ہیں، مگر احناف اور شوافع کے نزدیک فتوی جواز پر ہے۔ اور باقی تمام فقہاء جائز کہتے ہیں۔ اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ بھی جواز کے قائل ہیں اور انھوں نے اس سلسلہ میں مختلف آثار اور ایک حدیث پیش کی ہے۔

پہلا اثر: امام ابوجعفر (امام باقر) کہتے ہیں: مدینہ میں مہاجرین کے خاندان زمین بٹائی پر لیتے اور بوتے تھے، اور جس طرح معاملہ طے ہوتا تھا اس طرح پیداوار تقسیم کر لیتے تھے۔

دوسرا اثر: حضرات علی، سعد بن ابی وقاص، ابن مسعود رضی اللہ عنہم اور حضرات عمر بن عبدالعزیز، قاسم، عروہ، خاندانِ ابوبکر، خاندانِ عمر، خاندانِ علی اور ابن سیرین رحمہم اللہ جو بڑے صحابہ اور تابعین ہیں: سب زمینیں بٹائی پر لیتے تھے، اپنا حصہ رکھ لیتے تھے اور زمین والوں کا حصہ ان کو دیدیتے تھے۔

تیسرا اثر: عبدالرحمٰن بن الاسود اور ان کے چچا عبدالرحمٰن بن یزید دونوں مل کر لوگوں سے زمینیں بٹائی پر لیتے تھے اور بوتے تھے۔

چوتھا اثر: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی زمین بٹائی پر دی، اس طرح کہ اگر بیج حضرت عمرؓ دیں تو پیداوار آدھی آدھی اور اگر بیج عامل دے تو عامل کے لئے اتنی پیداوار ہوگی۔

پانچواں اثر: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کہتے ہیں: زمین اس طرح بٹائی پر دینا کہ خرچہ دونوں کریں اور پیداوار یوں تقسیم کریں تو یہ درست ہے۔ امام زہری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے۔

چھٹا اثر: حسن بصریؒ کہتے ہیں: نصفا نصفی پر روئی چننے کے لئے دینے کی گنجائش ہے۔

وضاحت: روئی کے پودوں پر جب پھول کھلتا ہے تو روئی چننی پڑتی ہے، ہر ہفتہ یہ عمل کرنا پڑتا ہے، پس اگر اس طرح اجرت مقرر کی کہ جو روئی تم نے چنی ہے اس میں سے آدھی تمہاری اور آدھی ہماری تو حسن بصریؒ فرماتے ہیں: یہ جائز ہے، لیکن فقہاء کے نزدیک یہ جائز نہیں، قفیز طحان کی حدیث کی وجہ سے، مزدور کے عمل سے جو چیز وجود میں آئے اس کو مزدوری نہیں بنا سکتے۔ قفیز طحان سے جو منع کیا گیا ہے اس کی یہی وجہ ہے، یہ حدیث دار قطنی، بیہقی اور مسند ابویعلی میں ہے (بحوالہ نصب الرایہ) پہلے یہ طریقہ تھا کہ اناج پیسنے کے لئے چکی والے کو دیتے تھے اور پسے ہوئے آٹے میں سے اجرت مقرر کرتے تھے، مثلاً ایک من گیہوں پیسنے کی اجرت ایک قفیز آٹا، نبی ﷺ نے اس سے منع کیا، پس روئی آدھے پر چنوانا فقہاء کے

نزدیک درست نہیں۔

ساتواں اثر: حضرات ابرہیم نخعی، ابن سیرین، عطاء بن ابی رباح، حکم بن عتیبہ، زہری اور قتادہ رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ سوت بُنکر کو دیا اور کہا کہ جو کپڑا تیار کروگے اس میں سے تہائی یا چوتھائی تمہارا باقی ہمارا، تو اس کی گنجائش ہے، مگر فقہاء کے نزدیک یہ بھی قفیز طحان کے معنی میں ہے اور جائز نہیں۔

آٹھواں اثر: معمر رحمہ اللہ کہتے ہیں: اگر بیل کھیتی کے لئے معین مدت کے لئے کرایہ پر دیئے اور شرط کی کہ پیداوار کی تہائی یا چوتھائی بیل والے کی اور باقی عامل کی تو اس کی گنجائش ہے، لیکن فقہاء کے نزدیک یہ بھی درست نہیں، یہ بھی قفیز طحان کے معنی میں ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے آخری تین آثار سے مزارعت کے جواز پر استدلال کیا ہے، کیونکہ مزارعت میں بھی اسی طرح سے پیداوار تقسیم کی جاتی ہے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے خیبر کے یہودیوں سے آدھے آدھ پر معاملہ کیا تھا جو کھجوریں یا کھیتی تیار ہوگی اس کا آدھا عامل (یہودی) کا اور آدھا زمین کے مالک کا۔ نبی ﷺ کی بھی خیبر میں زمینیں تھیں، جب اس کی آمدنی ہوتی تھی تو آپؐ ہر بیوی صاحبہ کو سو وسق سال بھر کا خرچہ دیدیتے تھے، اسّی وسق چھوہارے دیتے تھے اور بیس وسق جو (ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے) پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہودیوں کو خیبر سے دوسری جگہ منتقل کیا تو سب زمینیں خالی ہوگئیں، پس حضرت عمرؓ نے ازواج مطہرات سے کہا: اب دو شکلیں ہیں: ایک یہ کہ جس طرح حضور ﷺ ہر بیوی صاحبہ کو سو وسق دیتے تھے میں بھی دیتا رہوں۔ اور زمینوں کا منتظم میں رہوں، اور دوسری صورت یہ ہے کہ اتنی زمین جس میں سے سو وسق پیداوار ہوسکے اتنی زمین پانی کے ساتھ میں تمہیں دیدوں اور تم خود کھیتی کراؤ، یعنی بٹائی پر دو، چنانچہ بعض ازواج مطہرات نے سو وسق لینے کو پسند کیا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے زمین لی، وہ خود کھیتی کرواتی تھیں، پس اس سے بھی مزارعت کا جواز ثابت ہوا۔

[۸-] بَابُ الْمُزَارَعَةِ بِالشَّطْرِ وَنَحْوِهِ

[۱-] وَقَالَ قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِىْ جَعْفَرٍ، قَالَ: مَا بِالْمَدِيْنَةِ أَهْلُ بَيْتِ هِجْرَةٍ إِلَّا يَزْرَعُوْنَ عَلَى الثُّلُثِ وَالرُّبُعِ.

[۲-] وَزَارَعَ عَلِيٌّ، وَسَعْدُ بْنُ مَالِكٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ، وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَالْقَاسِمُ، وَعُرْوَةُ، وَآلُ أَبِىْ بَكْرٍ، وَآلُ عُمَرَ، وآلُ عَلِيٍّ، وَابْنُ سِيْرِيْنَ.

[۳-] وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَسْوَدِ: كُنْتُ أُشَارِكُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ فِى الزَّرْعِ.

[٤-] وَعَامَلَ عُمَرُ النَّاسَ عَلَى إِنْ جَاءَ عُمَرُ بِالْبَذْرِ مِنْ عِنْدِهِ فَلَهُ الشَّطْرُ، وَإِنْ جَاؤُوْا بِالْبَذْرِ فَلَهُمْ كَذَا.

[٥-] وَقَالَ الْحَسَنُ: لَابَأْسَ أَنْ تَكُوْنَ الْأَرْضُ لِأَحِدِهِمَا، فَيُنْفِقَانِ جَمِيْعًا فَمَا خَرَجَ فَهُوَ بَيْنَهُمَا، وَرَأَى ذٰلِكَ الزُّهْرِيُّ.

[٦-] وَقَالَ الْحَسَنُ: لَا بَأْسَ أَنْ يُجْتَنَى الْقُطْنُ عَلَى النِّصْفِ.

[٧-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ، وَابْنُ سِيْرِيْنَ، وَعَطَاءٌ، وَالْحَكَمُ، وَالزُّهْرِيُّ، وَقَتَادَةُ: لَابَأْسَ أَنْ يُعْطِيَ الثَّوْبَ بِالثُّلُثِ أَوِ الرُّبُعِ وَنَحْوِهِ.

[٨-] وَقَالَ مَعْمَرٌ: لَا بَأْسَ أَنْ تُكْرَى الْمَاشِيَةُ عَلَى الثُّلُثِ أَوِ الرُّبُعِ إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى.

[٢٣٢٨-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَامَلَ أَهْلَ خَيْبَرَ بِشَطْرِ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا مِنْ زَرْعٍ أَوْ ثَمَرٍ، وَكَانَ يُعْطِي أَزْوَاجَهُ مِائَةَ وَسْقٍ، ثَمَانُوْنَ وَسْقَ تَمْرٍ، وَعِشْرُوْنَ وَسْقَ شَعِيْرٍ، فَقَسَمَ عُمَرُ خَيْبَرَ فَخَيَّرَ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُقْطِعَ لَهُنَّ مِنَ الْمَاءِ وَالْأَرْضِ، أَوْ يُمْضِيَ لَهُنَّ، فَمِنْهُنَّ مَنِ اخْتَارَ الْأَرْضَ، وَمِنْهُنَّ مَنِ اخْتَارَ الْوَسْقَ، وَكَانَتْ عَائِشَةُ اخْتَارَتِ الْأَرْضَ. [راجع: ٢٢٨٥]

بَابٌ: إِذَا لَمْ يَشْتَرِطِ السِّنِيْنَ فِي الْمُزَارَعَةِ

جب مزارعت میں سالوں کی تعیین نہ کرے

زمین بٹائی پر دی، کتنے سالوں کے لئے؟ اس کی تعیین نہیں کی تو بھی کچھ حرج نہیں، اس سلسلہ میں عرف کا اعتبار ہے، مکان ماہانہ کرایہ پر اور زمین سالانہ بٹائی پر دی جاتی ہے، اور ماہ بہ ماہ اور سال بہ سال معاملہ کی تجدید ہوتی رہتی ہے، پھر جب مالک نہیں چاہتا تو نوٹس دیتا ہے کہ مہینہ کے ختم پر مکان خالی کرنا یا سال کے ختم پر بٹائی کا معاملہ ختم ہوجائے گا تو ایسا ہی ہوتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے جب خیبر کے یہودیوں سے مزارعت کا معاملہ کیا تو ان سے کہا تھا: ''ہم تمہیں یہ زمینیں اور یہ باغات بٹائی پر دے رہے ہیں اور جب تک ہم چاہیں گے تمہیں برقرار رکھیں گے'' چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب یہودیوں کو وہاں سے دوسری جگہ منتقل کیا گیا تو ان کو پہلے اطلاع دیدی تھی کہ اب جب پھلوں اور کھیتی کا سیزن ختم ہوجائے گا تو ہمارا تمہارا معاملہ ختم ہوجائے گا۔

[٩-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يَشْتَرِطِ السِّنِيْنَ فِي الْمُزَارَعَةِ

[٢٣٢٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: عَامَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ بِشَطْرِ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا مِنْ ثَمَرٍ أَوْ زَرْعٍ. [راجع: ٢٢٨٥]

بَابٌ

مزارعت کی ممانعت ارشادی ہے

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اور اس میں جواز مزارعت کی ایک اور طرح کی دلیل ہے:

حدیث: حضرت طاؤس رحمہ اللہ لوگوں سے زمین بٹائی پر لیتے تھے، عمرو بن دینار نے ان سے کہا: کیا اچھا ہوتا کہ آپ مزارعت پر زمینیں نہ لیتے! اس لئے کہ نبی ﷺ نے مخابرہ سے منع کیا ہے۔ حضرت طاؤس رحمہ اللہ نے کہا: میں زمین والوں کو کما کر دیتا ہوں، ان کا تعاون کرتا ہوں، ان کا کچھ نقصان نہیں کرتا، پھر مزارعت کیوں جائز نہیں؟ اور نبی ﷺ نے جو مخابرہ سے منع کیا ہے: اس کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جو صحابہ میں بڑے ذی علم تھے، مجھے یہ بتایا ہے کہ نبی ﷺ نے اس کی ممانعت نہیں کی تھی، بلکہ یہ فرمایا تھا کہ تم میں سے ایک اپنے بھائی کو زمین منیحہ (عطیہ) دے، یہ اس کے لئے بہتر ہے، اس سے کہ وہ اس پر کوئی مقررہ اجرت لے۔

تشریح: مزارعت کے سلسلہ میں حضرت رافع رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے مدینہ والوں کو مخابرہ سے منع کیا، یعنی جس طرح کا معاملہ حضور ﷺ نے خیبر والوں سے کیا تھا ایسا معاملہ مدینہ کے انصار مہاجرین کے ساتھ نہ کریں، اگر کسی کے پاس زمین زائد ہو یا وہ نہیں بوسکتا تو اپنے مہاجر بھائی کو منیحہ دے یعنی مفت بونے کے لئے دیدے، اجرت نہ لے، نہ پیداوار کا کوئی حصہ لے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ نہی ارشادی ہے، مدینہ کے انصار کو ایک مصلحت کے پیش نظر مہاجرین کے ساتھ خیبر جیسا معاملہ کرنے سے منع کیا گیا تھا تاکہ معاشی عدم توازن ختم ہو، ورنہ مزارعت فی نفسہ جائز ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب کسی ملک میں معاشی توازن بگڑ جاتا ہے، کچھ لوگ انتہائی مالدار ہوتے ہیں، ان کے پاس بڑی بڑی کوٹھیاں ہوتی ہیں جن میں چوہے رہتے ہیں اور دوسرے لوگ فٹ پاتھ پر سوتے ہیں ان کے پاس سر چھپانے کے لئے جھونپڑا بھی نہیں، تو یہ معاشی تفاوت مسائل پیدا کرتا ہے، پھر کمیونزم وہاں ڈیرا ڈالتا ہے، ایسی صورت میں توازن قائم کرنا ضروری ہے، چنانچہ جب مہاجرین مدینہ میں آئے تو ان کے پاس کچھ نہیں تھا اور انصار کے پاس زمینیں تھیں اور باغات تھے، اس لئے نبی ﷺ نے انصار کو زمینیں بٹائی پر دینے سے منع کیا، پس یہ شرعی مسئلہ نہیں، اور نہی ارشادی تھی، اور ممانعت وقتی طور پر تھی جو بعد میں ختم ہوگئی، اس سے زیادہ تفصیل تحفۃ الالمعی (۲۴۱:۴) میں ہے۔

[۱۰-] بَابٌ

[۲۳۳۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو، قُلْتُ لِطَاوُسٍ: لَوْ تَرَكْتَ الْمُخَابَرَةَ! فَإِنَّهُمْ

يَزْعُمُوْنَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْهُ، قَالَ: أَىْ عَمْرُو! فَإِنِّىْ أُعْطِيْهِمْ، وَأُعِيْنُهُمْ، وَإِنَّ أَعْلَمَهُمْ أَخْبَرَنِىْ – يَعْنِى ابْنَ عَبَّاسٍ –: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَنْهَ عَنْهُ، وَلٰكِنْ قَالَ:" أَنْ يَمْنَحَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهِ خَرْجًا مَعْلُوْمًا"[انظر: ۲۳۴۲، ۲۶۳۴]

بَابُ الْمُزَارَعَةِ مَعَ الْيَهُوْدِ

یہود کے ساتھ بٹائی کا معاملہ کرنا

مزارعت کے لئے ضروری نہیں کہ مسلمان ہی کے ساتھ معاملہ کیا جائے، غیر مسلموں کو بھی زمین بٹائی پر دے سکتے ہیں، خیبر کی زمینیں نبی ﷺ نے یہود کو بٹائی پر دی تھیں۔

[۱۱-] بَابُ الْمُزَارَعَةِ مَعَ الْيَهُوْدِ

[۲۳۳۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللهِ، أَنَا عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَعْطَى خَيْبَرَ الْيَهُوْدَ، عَلٰى أَنْ يَعْمَلُوْهَا وَيَزْرَعُوْهَا، وَلَهُمْ شَطْرُ مَا خَرَجَ مِنْهَا"

[راجع: ۲۲۸۵]

بَابُ مَايُكْرَهُ مِنَ الشُّرُوْطِ فِى الْمُزَارَعَةِ

جو شرطیں مزارعت میں مکروہ ہیں

پہلے بتایا ہے کہ مزارعت کی چار صورتیں ہیں، ایک بالاجماع جائز ہے یعنی دراہم ودنانیر کے عوض زمین کرایہ پر دینا اور دو بالاجماع ناجائز ہیں، اور چوتھی صورت میں اختلاف ہے، مگر چاروں ائمہ کے یہاں فتوی جواز پر ہے اور وہ چوتھی صورت یہ ہے کہ زمین بٹائی پر دی جائے اور پیداوار فی صد تقسیم کی جائے، اور اس باب میں ان دو صورتوں کا بیان ہے جو بالاجماع ناجائز ہیں۔ اگر مزارعت میں کوئی فاسد شرط لگائی، مثلاً زمین کے خاص حصہ کی پیداوار ایک کی اور باقی حصہ کی پیداوار دوسرے کی تو یہ مزارعت باطل ہے، اسی طرح پیداوار کی مخصوص مقدار مثلاً دس من زمین والے کے، باقی کسان کے تو یہ صورت بھی بالاجماع باطل ہے۔

حدیث: حضرت رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم یعنی ہمارا خاندان مدینہ والوں میں کھیتوں کے اعتبار سے سب سے زیادہ تھا، اور ہم میں سے ایک اپنی زمین کرایہ پر دیتا تھا، پس کہتا تھا: یہ ٹکڑا میرے لئے ہے، اور یہ تیرے لئے، پس کبھی وہ نکالتا تھا یعنی اس میں پیداوار ہوتی تھی اور یہ نہیں نکالتا تھا پس ان کو نبی ﷺ نے روک دیا۔ یہ حدیث پہلے گذری ہے اور

ذِہ اسم اشارہ ہے، ھا تنبیہ کے لئے بڑھاتے ہیں تو ھذہ ہوجاتا ہے۔

[۱۲-] بَابُ مَايُكْرَهُ مِنَ الشُّرُوْطِ فِي الْمُزَارَعَةِ

[۲۳۳۲-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيىٰ، سَمِعَ حَنْظَلَةَ الزُّرَقِيَّ، عَنْ رَافِعٍ، قَالَ: كُنَّا أَكْثَرَ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ حَقْلًا، وَكَانَ أَحَدُنَا يُكْرِى أَرْضَهُ، فَيَقُوْلُ: هٰذِهِ الْقِطْعَةُ لِيْ وَهٰذِهِ لَكَ، فَرُبَّمَا أَخْرَجَتْ ذِهْ وَلَمْ تُخْرِجْ ذِهْ، فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْهُ. [راجع: ۲۲۸۶]

بَابٌ: إِذَا زَرَعَ بِمَالِ قَوْمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ، وَكَانَ فِي ذٰلِكَ صَلَاحٌ لَهُمْ

دوسرے کے مال سے بے اجازت کھیتی کی اور وہ اس کے لئے مفید رہی

کسی کے پاس دوسرے کے گیہوں امانت رکھے تھے یا غصب کئے اور اپنی زمین میں بودیئے تو وہ ضامن ہوگا، اور اگر وہ ساری پیداوار گیہوں کے مالک کو دیدے اور وہ خوش ہوجائے تو سبحان اللہ! مگر حضرت رحمہ اللہ باب میں ان تین آدمیوں کا واقعہ لائے ہیں جو غار میں پھنس گئے تھے، پھر انھوں نے اپنے اعمالِ صالحہ کے وسیلہ سے دعا کی تھی، ان میں سے تیسرے نے ایک مزدور کی مزدوری اپنی زمین میں بودی تھی، اور اس سے ایک بڑا ریوڑ تیار کیا تھا، پھر جب وہ آیا تو ساری پیداوار لے گیا، اور یہ اس کا بہترین عمل قرار پایا۔

مگر اس حدیث سے غیر کے مال کے ذریعہ کھیتی کرنے پر استدلال ذرا خفی ہے، ہاں اگر یہ مان لیا جائے کہ اس نے مزدور کو مزدوری دی تھی، اور وہ قبضہ کرنے کے بعد چھوڑ کر چلا گیا تھا تو وہ غیر کا مال قرار پائے گا، مگر حدیث میں ایسی کوئی صراحت نہیں ہے، بلکہ بظاہر وہ مزدوری لئے بغیر ناراض ہوکر چلا گیا تھا۔

[۱۳-] بَابٌ: إِذَا زَرَعَ بِمَالِ قَوْمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ، وَكَانَ فِي ذٰلِكَ صَلَاحٌ لَهُمْ

[۲۳۳۳-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، ثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "بَيْنَمَا ثَلَاثَةُ نَفَرٍ يَمْشُوْنَ، أَخَذَهُمُ الْمَطَرُ، فَأَوَوْا إِلٰى غَارٍ فِي جَبَلٍ، فَانْحَطَّتْ عَلٰى فَمِ غَارِهِمْ صَخْرَةٌ مِنَ الْجَبَلِ، فَانْطَبَقَتْ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: انْظُرُوْا أَعْمَالًا عَمِلْتُمُوْهَا صَالِحَةً لِلّٰهِ، فَادْعُوْا اللّٰهَ بِهَا، لَعَلَّهُ يُفَرِّجُهَا عَنْكُمْ.

قَالَ أَحَدُهُمْ: اللّٰهُمَّ إِنَّهُ كَانَ لِيْ وَالِدَانِ شَيْخَانِ كَبِيْرَانِ وَلِي صِبْيَةٌ صِغَارٌ كُنْتُ أَرْعٰى عَلَيْهِمْ، فَإِذَا رُحْتُ عَلَيْهِمْ حَلَبْتُ، فَبَدَأْتُ بِوَالِدَيَّ أَسْقِيْهِمَا قَبْلَ بَنِيَّ، وَإِنِّيْ اسْتَأْخَرْتُ ذَاتَ يَوْمٍ، وَلَمْ آتِ حَتّٰى أَمْسَيْتُ، فَوَجَدْتُهُمَا نَائِمَيْنِ، فَحَلَبْتُ كَمَا كُنْتُ أَحْلُبُ، فَقُمْتُ عِنْدَ رُؤُوْسِهِمَا أَكْرَهُ أَنْ أُوْقِظَهُمَا،

وَأَكْرَهُ أَنْ أَسْقِيَ الصِّبْيَةَ، وَالصِّبْيَةُ يَتَضَاغَوْنَ عِنْدَ قَدَمَيَّ حَتَّى طَلَعَ الْفَجْرُ، فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُهُ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا فُرْجَةً نَرَى مِنْهَا السَّمَاءَ، فَفَرَجَ اللّٰهُ فَرَأَوُا السَّمَاءَ.

وَقَالَ الآخَرُ: اللّٰهُمَّ إِنَّهَا كَانَتْ لِيْ بِنْتُ عَمٍّ أَحْبَبْتُهَا كَأَشَدِّ مَا يُحِبُّ الرِّجَالُ النِّسَاءَ فَطَلَبْتُ مِنْهَا فَأَبَتْ حَتَّى آتِيَهَا بِمِائَةِ دِيْنَارٍ، فَبَغَيْتُ حَتَّى جَمَعْتُهَا فَلَمَّا وَقَعْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا قَالَتْ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! اتَّقِ اللّٰهَ وَلاَ تَفْتَحِ الْخَاتَمَ إِلَّا بِحَقِّهِ، فَقُمْتُ. فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُهُ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا فُرْجَةً، فَفَرَجَ.

وَقَالَ الثَّالِثُ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ اسْتَأْجَرْتُ أَجِيْرًا بِفَرَقِ أَرُزٍّ، فَلَمَّا قَضَى عَمَلَهُ فَقَالَ: أَعْطِنِيْ حَقِّيْ، فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ فَرَغِبَ عَنْهُ فَلَمْ أَزَلْ أَزْرَعُهُ، حَتَّى جَمَعْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَرُعَاتَهَا، فَجَاءَ نِيْ، فَقَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ، فَقُلْتُ: اذْهَبْ إِلٰى ذٰلِكَ الْبَقَرِ وَرُعَاتِهَا فَخُذْ، فَقَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ وَلاَ تَسْتَهْزِئْ بِيْ، فَقَالَ: إِنِّيْ لاَ أَسْتَهْزِئُ بِكَ، فَخُذْ فَأَخَذَهُ، فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ مَا بَقِيَ، فَفَرَجَ اللّٰهُ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ ابْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ: " فَسَعَيْتُ "[راجع: ۲۲۱۵]

وضاحتیں: پہلے آیا تھا،۱۲۰ دینار اور یہاں ۱۰۰ دینار ہیں: یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے یا بڑا عدد لیں گے .... پہلے آیا تھا: مکئی کا ایک فرق (۳صاع) اور یہاں چاول ہیں: اس کو بھی واقعات کے متعلقات کا اختلاف سمجھنا چاہئے .... موسیٰ بن عقبہ کی روایت میں فَبَغَيْتُ ہے، یعنی چاہا میں نے اور موسیٰ کے بھتیجے اسماعیل بن ابراہیم بن عقبہ کی نافع سے روایت میں فَسَعَيْتُ ہے، پس کمائی کی میں نے دونوں کا مطلب ایک ہے۔

بَابُ أَوْقَافِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَرْضِ الْخَرَاجِ وَمُزَارَعَتِهِمْ، وَمُعَامَلَتِهِمْ

صحابہ کے اوقاف اور خراجی زمین اور صحابہ کی مزارعت اور ان کی مساقات

اس باب میں چار باتیں ہیں:

پہلی بات: وقف کی زمین بھی مزارعت پر دے سکتے ہیں، جب آیت کریمہ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ﴾ نازل ہوئی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ ہم سے ہمارا بہترین مال مانگتے ہیں، اور میرے نزدیک میرا انفس مال خیبر کی زمین ہے، میں اس کو اللہ کے راستہ میں دیتا ہوں۔ نبی ﷺ نے ان کو مشورہ دیا کہ اصل زمین روکے رکھو، اس کو بیچا نہ جائے اور اس کی آمدنی خیرات کرو، اسی کا نام وقف ہے، چنانچہ حضرت عمرؓ نے ایسا ہی کیا، وہ بڑی زمین تھی، حضرت عمرؓ پھر حضرت ابن عمرؓ وہ زمین بٹائی پر دیتے تھے اور آمدنی کا جو حصہ آتا تھا اس کو مقررہ مصارف میں خرچ کرتے تھے۔

دوسری بات: زمینیں دو قسم کی ہیں: عشری اور خراجی، اسلامی ملک کی جو زمینیں شروع ہی سے مسلمانوں کے پاس ہیں وہ عشری ہیں، ان کی پیداوار میں سے دسواں یا بیسواں حصہ لیا جاتا ہے، اور غیر مسلموں کے پاس جو زمینیں ہیں ان سے خراج (بیگھ) لیا جاتا ہے، یہ خراج بھی ایک طرح کی بٹائی ہے، پیداوار میں سے فیصد لینے کے بجائے محصول مقرر کردیا اور اس سلسلہ میں باب میں حدیث ہے کہ جب خیبر فتح ہوا تو اس کی سب زمینیں مسلمانوں میں تقسیم کردیں۔ جزیرۃ العرب میں کسی اور جگہ خالی زمینیں نہیں تھیں، پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں عراق فتح ہوا تو فوج نے حضرت عمرؓ سے مطالبہ کیا کہ عراق کی زمینیں ہمیں بانٹ کردی جائیں، حضرت عمرؓ نے استخارہ کیا، ایک مہینہ کے استخارہ کے بعد فیصلہ کیا کہ عراق کی زمینیں فوج میں نہیں بانٹی جائیں گی، حکومت کی تحویل میں رہیں گی اور ان زمینوں سے جو آمدنی ہوگی وہ مسلمانوں میں بانٹی جائے گی۔ حضرت عمرؓ نے سورۂ حشر میں مالِ فَیٔ کے سلسلہ میں جو آیات ہیں ان میں غور کیا۔ مالِ فَیٔ میں مہاجرین کا بھی حصہ ہے، انصار کا بھی اور آنے والی نسلوں کا بھی، حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر زمینیں بانٹ دوں گا تو آنے والی نسلوں کو کہاں سے دوں گا؟! دوسری بات حضرت عمرؓ نے یہ فرمائی کہ عراق میں جو غیر مسلم ہیں میں ان کا پیٹ کیسے بھروں گا؟ چنانچہ حضرت عمرؓ نے وہ زمینیں غیر مسلم باشندوں کے پاس چھوڑ دیں اور دو آدمی روانہ کئے کہ پورے عراق کی زمینوں کی پیمائش کرو، ان کی نوعیت مقرر کرو اور مناسب خراج (بیگھ) لگاؤ، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔

تیسری بات: صحابہ اور تابعین نے لوگوں کو زمینیں بٹائی پر دی ہیں اور لی بھی ہیں، ابھی باب گذرا ہے، اس میں بہت سے حضرات کے نام آئے ہیں جو زمینیں بٹائی پر لیتے دیتے تھے، پس اس سے بھی مزارعت کا جواز ثابت ہوتا ہے۔

چوتھی بات: صحابہ اور تابعین باغات پر داخت پر بھی لیتے دیتے تھے، انصار اور مہاجرین کے درمیان شروع میں معاملہ طے ہوا تھا کہ کھیتوں اور باغات میں مہاجرین کام کریں اور پیداوار آدھی آدھی تقسیم کرلیں، یہی مساقات ہے، مساقات کے لئے دوسرا لفظ معاملہ ہے، کھیتی میں لفظ مزارعت اور باغات میں لفظ معاملہ استعمال ہوتا ہے، پس جب صحابہ نے مساقات کی ہے تو مزارعت کا بھی جواز ثابت ہوا۔

[۱۴-] بَابُ أَوْقَافِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَرْضِ الْخَرَاجِ وَمُزَارَعَتِهِمْ، وَمُعَامَلَتِهِمْ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِعُمَرَ: " تَصَدَّقْ بِأَصْلِهِ، لاَ يُبَاعُ، وَلٰكِنْ يُنْفَقُ ثَمَرُهُ" فَتَصَدَّقَ بِهِ.

[۲۳۳۴-] حدثنا صَدَقَةُ، أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: لَوْ لاَ آخِرُ الْمُسْلِمِينَ مَا فَتَحْتُ قَرْيَةً إِلَّا قَسَمْتُهَا بَيْنَ أَهْلِهَا، كَمَا قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ.

[انظر: ۳۱۲۵، ۴۲۳۵، ۴۲۳۶]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر مجھ کو آئندہ جو لوگ مسلمان ہونگے ان کا خیال نہ ہوتا تو میں جس بستی کو بھی فتح کرتا اس کو فتح کرنے والوں کے درمیان بانٹ دیتا، جیسا کہ نبی ﷺ نے خیبر کو بانٹ دیا تھا۔

بَابُ مَنْ أَحْيَا أَرْضًا مَوَاتًا

ویران زمین کی آبادکاری کرنا

اگر کوئی شخص ویران سرکاری زمین کو آباد کرے یعنی اس کو قابل کاشت بنائے تو کیا آباد کرنے سے وہ خود بخود مالک ہوجائے گا یا حکومت کی اجازت کی ضرورت ہوگی؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک حکومت کی اجازت ضروری ہے، چاہے صراحتاً ہو یا دلالۃً یا اذنِ عام ہو، بغیر اجازت کے مالک نہیں ہوگا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بستی سے جو جگہ قریب ہے اور بستی والوں کی ضرورت اس سے متعلق ہے جیسے جانور چرانا، کھلیان بنانا وغیرہ اس کا مالک نہیں ہوگا باقی زمینوں کا مالک ہوجائے گا، دیگر ائمہ کے نزدیک بشمول صاحبین و امام بخاری رحمہم اللہ حکومت کی اجازت کی ضرورت نہیں، آباد کرنے والا خود بخود مالک ہوجائے گا۔

جمہور کے دلائل:

جمہور کے دلائل امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں جمع کئے ہیں جو درج ذیل ہیں:

۱- کوفہ میں جو ویران غیر آباد زمینیں تھیں اور ان کو لوگوں نے آباد کیا تھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی رائے میں وہ اس کے مالک ہوگئے تھے۔

۲- موطا مالک میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول مروی ہے: مَن أحيا أرضا ميتة فهي له: جس نے مردہ زمین کو زندہ کیا تو وہ اس کی ہے، یحییٰ بن آدم نے کتاب الخراج میں اس کا سبب بھی بیان کیا ہے، ابن عمرؓ فرماتے ہیں: حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت میں لوگ زمین کی تحجیر (۱) کرلیتے تھے، پس حضرت عمرؓ نے فرمایا: من أحيا أرضا فهي له: یحییٰ بن آدم (کتاب کے مصنف) کہتے ہیں: كأنّه لم يَجْعَلْهَا له بمُجرَّد التحجير حتى يُحْيِيَهَا: گویا حضرت عمرؓ نے اس زمین کا اس کو مالک نہیں بنایا، صرف پتھر کی دیوار کرلینے سے یہاں تک کہ وہ اس کو آباد کرے۔

۳- حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ سے بھی یہی مرفوع حدیث مروی ہے، مگر اس کی سند میں کثیر بن عبداللہ ہیں، جو ضعیف راوی ہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے یُروی (فعل مجہول) استعمال کیا ہے، ان کی حدیث میں یہ اضافہ ہے: مَن أحيا أرضا مواتا مِن غير أن يكون فيها حقٌّ مسلمٍ فهي له، وليس لِعِرْقٍ ظالمٍ حقٌّ: جس نے کوئی ویران زمین

(۱) تحجیر کے معنی ہیں: پتھر کی دیوار کرنا، زمین گھیر لینا۔

آباد کی بشرطیکہ اس زمین میں کسی مسلمان کا کوئی حق نہ ہو تو وہ زمین اس کی ہے۔ اور ظالمانہ رگ [1] کے لئے کوئی حق نہیں، یعنی اگر کوئی اس آباد کی ہوئی زمین میں درخت لگا دے تو اس کو حکم دیا جائے گا کہ وہ اپنے درخت اکھاڑ لے۔

۴- حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بھی مرفوع حدیث مروی ہے: مَن أحيا أرضا ميتةً فله فيها أجرٌ، وما أَكَلَتِ الْعَوَافِي منها فهو له صدقةٌ: جس نے کوئی ویران زمین آباد کی تو اس کے لئے اس میں ثواب ہے، اور جو کچھ طالب رزق جانور اس سے کھائیں گے وہ اس کے لئے خیرات ہے، یہ حدیث ترمذی میں ہے، اور اس کی سند میں بہت اختلاف ہے، اس لئے یُرْوی (فعل مجہول) استعمال کیا ہے۔

۵- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مرفوع حدیث امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں پیش کی ہے: مَن أَعْمَرَ أَرْضًا لَيسَتْ لِأَحَدٍ فهو أَحَقُّهَا: جس نے کوئی ایسی زمین آباد کی جو کسی کی نہیں، تو وہ اس کا زیادہ حقدار ہے، حضرت عروہؒ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اپنی خلافت میں یہی فیصلہ کیا ہے۔

امام اعظم رحمہ اللہ کے دلائل:

طبرانی نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی یہ مرفوع حدیث روایت کی ہے: ليس لِلْمَرْءِ إلَّا ما طَابَتْ به نفسُ إمامِه: انسان کے لئے نہیں مگر وہ چیز جس کے ساتھ اس کے امام کا دل خوش ہو جائے (نصب الرایہ ۳: ۲۹۰ و ۴: ۲۹۰) اس حدیث میں بھی ضعف ہے، مگر وہ نبی ﷺ کے عمل سے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فیصلہ سے مؤید ہے، صحابہ نے نبی ﷺ سے ویران زمینیں آباد کرنے کے لئے جاگیریں مانگی ہیں۔ اور حضور ﷺ نے عنایت فرمائی ہیں، حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کو یمن میں ایک بڑی جاگیر دی تھی، اگر آباد کرنے سے خود بخود مالک ہو جاتا تو جاگیر مانگنے کی کیا ضرورت تھی؟ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے کہ بصرہ کا ایک شخص ابو عبد اللہ حضرت عمرؓ کی خدمت میں آیا، اور اس نے کہا: بصرہ میں ایک زمین ہے جس کے آباد کرنے میں کسی مسلمان کا کوئی نقصان نہیں، اور وہ خراجی زمین بھی نہیں، پس اگر آپ وہ مجھے جاگیر دیدیں تو میں وہاں ترکاری اور زیتون بوؤں گا، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ اگر وہ زمین ایسی ہی ہے جیسا کہ یہ کہتا ہے تو وہ اس کو جاگیر دیدو (فتح الباری)

نص فہمی کا اختلاف:

اور اس مسئلہ میں اختلاف درحقیقت نص فہمی کا اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کہتے ہیں: جمہور کے جو دلائل ہیں وہ مسئلہ نہیں ہیں، بلکہ حکومت کی طرف سے اذنِ عام ہے۔ نبی ﷺ نے اپنے زمانہ میں یہ اعلان کیا تھا کہ جو بھی ویران زمین آباد کرے گا وہ اس کی ہوگی، پس اب جو بھی آباد کرے گا مالک ہو جائے گا، کیونکہ حکومت کی طرف سے عام اعلان ہے، اگر

(۱) لعرقٍ ظالمٍ: موصوف صفت ہیں اور مضاف الیہ بھی بنا سکتے ہیں۔

ان حدیثوں میں مسئلہ ہوگا تو دوسری حدیث سے اس کا تعارض ہوجائے گا۔اور نظم وانتظام کا بھی یہی تقاضہ ہے کہ سرکاری زمینیں جو حکومت کی تحویل میں ہیں ان کو آباد کرنے سے آباد کرنے والا اجازت ہی سے مالک بنے، خواہ وہ اجازت صراحتاً ہو یا دلالۃ، ورنہ حکومت کا نظام برقرار نہیں رہ سکتا۔

[۱۵-] بَابُ مَنْ أَحْيَا أَرْضًا مَوَاتًا

[۱-] وَرَأَى ذٰلِكَ عَلِيٌّ فِي أَرْضِ الْخَرَابِ بِالْكُوْفَةِ.

[۲-] وَقَالَ عُمَرُ: مَنْ أَحْيَا أَرْضًا مَيِّتَةً فَهِيَ لَهُ.

[۳-] وَيُرْوَى عَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ: " فِي غَيْرِ حَقِّ مُسْلِمٍ، وَلَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ فِيْهِ حَقٌّ"

[٤-] وَيُرْوَى فِيْهِ عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۳۳۵-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ أَعْمَرَ أَرْضًا لَيْسَتْ لِأَحَدٍ فَهُوَ أَحَقُّ" قَالَ عُرْوَةُ: قَضَى بِهِ عُمَرُ فِي خِلَافَتِهِ.

بَابٌ

وہ ویران زمین جس سے عام لوگوں کا حق جڑا ہوا ہے

یہ باب بلاترجمہ ہے اور کالفصل من الباب السابق ہے، اور اس میں امام مالک رحمہ اللہ کے اختلاف کی طرف اشارہ ہے، مگر حضرت رحمہ اللہ نے کھل کر کچھ نہیں کہا، وہ غیر آباد زمین جس کے ساتھ عام مسلمانوں کا حق جڑا ہوا ہے اس کو آباد کرنے سے کوئی مالک نہیں ہوگا، جیسے عام راستہ۔ مدینہ کے قریب ذوالحلیفہ میں مُعرَّس (رات گذارنے کی جگہ) تھی، قافلے جب مدینہ لوٹتے تھے تو وہاں رات گذارتے تھے، پھر صبح شہر میں داخل ہوتے تھے، اس کو کوئی آباد کرے تو مالک نہیں ہوگا کیونکہ یہ عوامی منفعت کی جگہ ہے۔ اور اس سلسلہ کی جو دو حدیثیں ہیں وہ دونوں پہلے گذر چکی ہیں۔

[۱۶-] بَابٌ

[۲۳۳۶-] حدثنا قُتَيبَةُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أُرِيَ وَهُوَ فِي مُعَرَّسِهِ بِذِي الْحُلَيْفَةِ فِي بَطْنِ الْوَادِيْ، فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّكَ بِبَطْحَاءَ مُبَارَكَةٍ، فَقَالَ مُوْسَى: وَقَدْ أَنَاخَ بِنَا سَالِمٌ بِالْمُنَاخِ الَّذِيْ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُنِيْخُ بِهِ،

يَتَحَرَّى مُعَرَّسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ أَسْفَلُ مِنَ الْمَسْجِدِ الَّذِیْ بِبَطْنِ الْوَادِیْ، بَيْنَهُ وَبَيْنَ الطَّرِيْقِ وَسَطٌ مِنْ ذٰلِكَ. [راجع: ٤٨٣]

[٢٣٣٧-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَوْزَاعِیِّ، ثَنِیْ يَحْيىَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " اللَّيْلَةَ أَتَانِیْ آتٍ مِنْ رَبِّیْ وَهُوَ بِالْعَقِيْقِ: أَنْ صَلِّ فِی هٰذَا الْوَادِی الْمُبَارَكِ، وَقَالَ: عُمْرَةٌ فِی حَجَّةٍ"[راجع: ١٥٣٤]

بَابٌ: إِذَا قَالَ رَبُّ الْأَرْضِ: أُقِرُّكَ مَا أَقَرَّكَ اللّٰهُ

وَلَمْ يَذْكُرْ أَجَلاً مَعْلُوْمًا: فَهُمَا عَلٰی تَرَاضِيْهِمَا

زمین کے مالک نے کہا: برقرار رکھوں گا میں آپ کو جب تک اللہ تعالیٰ برقرار رکھیں گے اور مدت متعین نہیں کی تو دونوں آپسی رضامندی پر ہونگے

اگر کوئی زمین بٹائی پر دے اور کہے: میں آپ کو برقرار رکھوں گا جب تک اللہ تعالیٰ برقرار رکھیں گے اور کوئی مدت متعین نہ کرے تو بھی اجارہ درست ہے اور دونوں کی باہمی رضامندی کا اعتبار ہوگا، اور ایسی صورت میں عرف یہ ہے کہ ماہواری اجارہ میں اور سال واری اجارہ میں اجارہ ماہ بہ ماہ اور سال بہ سال ہوتا ہے، پس جب زمین والا یا مزارع مزارعت باقی رکھنا نہیں چاہیں گے تو پہلے سے اطلاع دیں گے کہ مہینہ کے ختم پر یا سال کے ختم پر اجارہ ختم ہوجائے گا۔

حدیث: خیبر لڑ کر فتح ہوا تھا، اس وقت نبی ﷺ کا ارادہ تھا کہ یہودیوں کو وہاں سے چلتا کیا جائے، مگر وہ خود آئے اور کہا: آپ لوگ یہاں آ کر زمینیں اور باغات کیسے سنبھالو گے؟ ہم کو یہاں رہنے دو، ہم یہاں باغوں اور کھیتوں میں کام کریں گے اور جو پیداوار ہوگی وہ آدھی آدھی کرلیں گے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے، میں تم کو یہاں برقرار رکھتا ہوں جب تک ہم چاہیں گے یعنی ہمیشہ کے لئے یہ زمینیں اور باغات تمہیں نہیں دے رہا۔

سوال: اس حدیث میں ما أَقَرَّكَ اللّٰهُ نہیں ہے بلکہ ماشِئْنا ہے، پھر حدیث سے باب کیسے ثابت ہوگا؟

جواب: ماشئنا سے ما أقرك الله کا حکم نکالا ہے، دونوں میں مدت مجہول ہے، پس جیسے ماشئنا میں مزارعت فریقین کی رضامندی پر موقوف ہے، اسی طرح ما أقرك الله میں بھی معاملہ دونوں کی مرضی پر موقوف رہے گا۔ جب رب الارض معاملہ باقی رکھنا نہیں چاہے گا تو نوٹس دے گا، اور مزارع معاملہ سے ہٹنا چاہے گا تو وہ بھی پہلے بتلا دے گا، تاکہ مالک اپنی زمین کا کوئی نظم سوچے۔

[۱۷-] بَابٌ: إِذَا قَالَ رَبُّ الْأَرْضِ: أُقِرُّكَ مَا أَقَرَّكَ اللّٰهُ

وَلَمْ يَذْكُرْ أَجَلاً مَعْلُوْمًا: فَهُمَا عَلٰی تَرَاضِيْهِمَا

[۲۳۳۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا مُوْسَی، أَخْبَرَنِیْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم ح: وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، ثَنِیْ مُوْسَی بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَجْلَی الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی مِنْ أَرْضِ الْحِجَازِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم لَمَّا ظَهَرَ عَلٰی خَيْبَرَ أَرَادَ إِخْرَاجَ الْيَهُوْدِ مِنْهَا وَكَانَتِ الْأَرْضُ حِيْنَ ظَهَرَ عَلَيْهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ صلی الله علیه وسلم وَلِلْمُسْلِمِيْنَ، فَأَرَادَ إِخْرَاجَ الْيَهُودِ مِنْهَا، فَسَأَلَتِ الْيَهُوْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم لِيُقِرَّهُمْ بِهَا أَنْ يَكْفُوْا عَمَلَهَا، وَلَهُمْ نِصْفُ الثَّمَرِ، وَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "نُقِرُّكُمْ بِهَا عَلٰی ذٰلِكَ مَا شِئْنَا" فَقَرُّوْا بِهَا حَتّٰی أَجْلَاهُمْ عُمَرُ إِلٰی تَيْمَاءَ وَأَرِيْحَاءَ. [راجع: ۲۲۸۵]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہود کو سرزمین حجاز (جزیرۃ العرب) سے باہر نکالا، اور نبی ﷺ جب خیبر پر فتح یاب ہوئے تھے تو وہاں سے یہود کو نکالنے کا ارادہ کیا تھا، اور خیبر کی زمین جب اس پر فتح حاصل ہوئی تو اللہ کے لئے اور اس کے رسول کے لئے اور مسلمانوں کے لئے تھی، اور نبی ﷺ نے وہاں سے یہود کو نکالنا چاہا تو یہود نے رسول اللہ ﷺ سے درخواست کی کہ آپ ان کو وہاں برابر رکھیں تا کہ وہ وہاں کام نمٹائیں اور مسلمانوں کے لئے آدھی پیداوار ہوگی، پس ان سے نبی ﷺ نے فرمایا: نُقِرُّکم بھا علی ذلك ماشِئْنا: ہم تمہیں خیبر میں برقرار رکھتے ہیں جب تک ہم چاہیں گے، پس انھوں نے اس کو مان لیا، یہاں تک کہ ان کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تیماء اور اریحاء کی طرف نکالا۔

تشریح: أَجْلَی الْقومَ عن مکانھم: لوگوں کو ان کی جگہ سے نکالنا، جلاوطن کرنا اس کا ترجمہ نہیں ہے، کیونکہ ملک سے رعایا کو نکالنا ظلم ہے، جس کا اسلام روادار نہیں، اور تیماء اور اریحاء جزیرۃ العرب کے باڈر پر ملک شام کا حصہ ہیں، جو اسلامی قلم رو میں آ گئے تھے، اس لئے حضرت عمرؓ نے ان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ بسایا۔

ملحوظہ: جزیرۃ العرب پانچ ڈویژن پر مشتمل ہے، ان میں سے ایک ڈویژن حجاز ہے، مگر اس حدیث میں حجاز سے مراد پورا جزیرۃ العرب ہے اس لئے کہ نبی ﷺ نے وصیت کی تھی: أخرجوا الیھود والنصاری من جزیرۃ العرب: پس اس حدیث میں جزیرۃ العرب کو مجازاً حجاز کہا گیا ہے۔

سند کا بیان: یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے فضیل اور ابن جریج روایت کرتے ہیں، فضیل کی روایت مرفوع متصل ہے اور وہ آگے (حدیث ۳۱۵۲) آرہی ہے اور یہاں جو متن ہے وہ ابن جریج کا ہے۔

بَابُ مَاكَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يُوَاسِيْ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي الزِّرَاعَةِ وَالثَّمَرِ

صحابہ زراعت اور پھلوں (باغات) میں ایک دوسرے کی غم خواری کرتے تھے

اب تک جو ابواب آئے ہیں ان میں مزارعت کے جواز کا بیان تھا، اب اُس حدیث کی جس میں مزارعت کی ممانعت آئی ہے: دو توجیہیں کرتے ہیں:

پہلی توجیہ: ہجرت کے بعد مدینہ میں جو معاشی عدم توازن پیدا ہو گیا تھا کہ آدھے باشندوں کے پاس ساری زمینیں اور باغات تھے اور آدھوں کے پاس کچھ نہیں تھا، اس لئے نبی ﷺ نے توازن قائم کرنے کے لئے وقتی طور پر مخابرہ (مزارعہ) سے منع کیا تھا اور فرمایا تھا کہ کسی کے پاس زائد زمین ہو تو وہ مہاجرین کو مفت بونے کے لئے دئے یہ ممانعت غم خواری کے نقطۂ نظر سے تھی۔

دوسری توجیہ: مزارعت کی وہ شکلیں جن میں مخاطرہ (خطرہ) تھا ان کی ممانعت فرمائی تھی، مطلقاً مزارعت کی ممانعت نہیں فرمائی تھی، مخاطرہ کے معنی ہیں: خطرہ یعنی وہ معاملہ جو نفع نقصان کے درمیان دائر ہو، یہی سٹہ کی حقیقت ہے، اور مزارعت کی ایسی دو شکلیں مدینہ میں رائج تھیں۔

پہلی شکل: زمین بٹائی پر دیتے تھے اس شرط پر کہ بولوں کی پیداوار ایک کی ہوگی اور کیاری کی دوسرے کی، پھر کبھی بولوں پر پیداوار ہوتی تھی اور کیاری میں نہیں ہوتی تھی، اور کبھی اس کے برعکس ہوتا تھا، اس لئے نبی ﷺ نے ایسے اجارہ سے منع کیا۔

دوسری شکل: پیدوار کی خاص مقدار مثلاً دس من ایک کی، اور باقی دوسرے کی، اس میں بھی امکان تھا کہ دس من بھی پیدا نہ ہو، اس لئے نبی ﷺ نے منع کیا کہ اس طرح معاملہ مت کرو، اور باب میں جو احادیث ہیں ان کا بیان بعد میں آئیگا۔

[۱۸-] بَابُ مَاكَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يُوَاسِيْ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي الزِّرَاعَةِ وَالثَّمَرِ

[۲۳۳۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ أَبِي النَّجَاشِيِّ مَوْلَى رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ عَمِّهِ ظُهَيْرِ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ ظُهَيْرٌ: لَقَدْ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَمْرٍ كَانَ بِنَا رَافِقًا ــــ قُلْتُ: مَاقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَهُوَ حَقٌّ ــــ قَالَ: دَعَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَاتَصْنَعُوْنَ بِمَحَاقِلِكُمْ؟" قُلْتُ: نُؤَاجِرُهَا

عَلَى الرَّبِيْعِ وَعَلَى الْأَوْسُقِ مِنَ التَّمْرِ وَالشَّعِيْرِ، قَالَ:" لَاتَفْعَلُوْا، ازْرَعُوْهَا، أَوْ أَزْرِعُوْهَا أَوْ أَمْسِكُوْهَا" قَالَ رَافِعٌ: قُلْتُ: سَمْعًا وَطَاعَةً.[انظر: ۲۳۴۶، ۴۰۱۲]

حدیث: حضرت رافع رضی اللہ عنہ اپنے چچا زُہیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انھوں نے کہا: نبی ﷺ نے ہم کو ایک ایسی بات سے منع کیا جو ہمارے لئے نافع تھی ــــ میں نے (حضرت رافعؓ نے) کہا: جو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ برحق ہے ــــ زُہیر کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے بلایا اور پوچھا: **ما تصنعون بمحاقلکم؟** تم اپنے کھیتوں کے ساتھ کیا کرتے ہو؟ میں نے عرض کیا: ہم ان کو کرایہ پر دیتے ہیں بولوں پر اور چھوہاروں اور جَو کے وسقوں پر، نبی ﷺ نے فرمایا: نہ کرو تم اس کو، بوؤ یا بونے کے لئے دو یا پڑی رہنے دو، رافع کہتے ہیں: میں نے کہا: حضور ﷺ کا ارشاد سر آنکھوں پر!

تشریح: اس حدیث میں مخاطرہ کی جو دو شکلیں تھیں ان سے منع کیا ہے، پھر غم خواری کے نقطۂ نظر سے مہاجرین کو بونے کے لئے دینے کا حکم ہے، فرمایا: خود بوؤ یا مہاجرین کو بونے کے لئے دو یا پڑی رہنے دو!

لغات: آسَی فلانًا بمصیبة: غم خواری کرنا، شریک غم ہونا............**الرافق:** النافع۔

[۲۳۴۰-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانُوْا يَزْرَعُوْنَهَا بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ وَالنِّصْفِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا، أَوْ لِيَمْنَحْهَا، فَإِنْ لَمْ يَفْعَلْ فَلْيُمْسِكْ أَرْضَهُ"[انظر: ۲۶۳۲]

[۲۳۴۱-] وَقَالَ الرَّبِيْعُ بْنُ نَافِعٍ أَبُوْ تَوْبَةَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا أَوْ لِيَمْنَحْهَا أَخَاهُ فَإِنْ أَبَى فَلْيُمْسِكْ أَرْضَهُ"

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: انصار زمین کو بٹائی پر دیتے تھے تہائی، چوتھائی اور آدھے پر، پس نبی ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس زمین ہے تو چاہئے کہ وہ خود بوئے یا چاہئے کہ وہ اس کو منیحہ (عطیہ) کے طور پر دے، پس اگر وہ یہ نہ کرے تو اپنی زمین کو روکے رہے، اس حدیث میں مخاطرہ والی صورتوں کا ذکر نہیں، یہی حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔

[۲۳۴۲-] حدثنا قَبِيْصَةُ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: ذَكَرْتُهُ لِطَاوُسٍ، فَقَالَ: يُزْرَعُ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَنْهَ عَنْهُ، وَلٰكِنْ قَالَ:" أَنْ يَمْنَحَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ

يَأْخُذَ شَيْئًا مَعْلُوْمًا"[راجع: ۲۳۳۰]

[۲۳۴۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُكْرِىْ مَزَارِعَهُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَبِىْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَصَدْرًا مِنْ إِمَارَةِ مُعَاوِيَةَ. [انظر: ۲۳۴۵]

[۲۳۴۴-] ثُمَّ حُدِّثَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ:" أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهٰى عَنْ كِرَاءِ الْمَزَارِعِ، فَذَهَبَ ابْنُ عُمَرَ إِلٰى رَافِعٍ، وَذَهَبْتُ مَعَهُ، فَسَأَلَهُ فَقَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ كِرَاءِ الْمَزَارِعِ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَدْ عَلِمْتَ أَ نَّـا كُنَّا نُكْرِىْ مَزَارِعَنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمَا عَلَى الْأَرْبِعَاءِ وَبِشَيْئٍ مِنَ التِّبْنِ"[راجع: ۲۲۸۶]

[۲۳۴۵-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: قَالَ: أَخْبَرَنِىْ سَالِمٌ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: كُنْتُ أَعْلَمُ فِى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّ الْأَرْضَ تُكْرَى، ثُمَّ خَشِيَ عَبْدُ اللّٰهِ أَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَدْ أَحْدَثَ فِى ذٰلِكَ شَيْئًا لَمْ يَكُنْ عَلِمَه، فَتَرَكَ كِرَاءَ الْأَرْضِ[راجع: ۲۳۴۳]

حدیث (۱): عمرو بن دینارؒ کہتے ہیں: میں نے حضرت رافع رضی اللہ عنہ کی حدیث حضرت طاؤسؒ کو سنائی تو انھوں نے کہا: مزارعت جائز ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے مزارعت سے نہیں روکا بلکہ فرمایا کہ تم میں سے ایک اپنے بھائی کو منیحہ دے، یہ اس کے لئے بہتر ہے اس سے کہ وہ کوئی متعین چیز لے۔

حدیث (۲-۴): حضرت ابن عمرؓ عہدِ نبوی میں، خلفائے ثلاثہ کے زمانہ میں اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حکومت کے شروع میں اپنا کھیت کرایہ پر دیتے تھے، پھر ان کو کسی نے حضرت رافع رضی اللہ عنہ کی حدیث سنائی کہ نبی ﷺ نے کھیت کرایہ پر دینے سے منع کیا ہے، پس ابن عمرؓ ان کے پاس گئے، نافعؒ کہتے ہیں: میں بھی ان کے ساتھ گیا، پس ابن عمرؓ نے رافعؓ سے پوچھا، حضرت رافعؓ نے کہا: نبی ﷺ نے کھیت کرایہ پر دینے سے منع کیا ہے، حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا: آپ کے علم میں یہ بات ہوگی کہ ہم عہدِ نبوی میں اپنے کھیت کرایہ پر دیا کرتے تھے اس پیداوار کے بدل جو بولوں پر ہوتی تھی، اور بھوسے کی کسی مقدار پر۔ یعنی نبی ﷺ نے مخاطرہ والی شکلوں سے منع کیا ہے، مطلقاً مزارعت سے منع نہیں کیا، ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں جانتا تھا کہ عہدِ نبوی میں زمین کرایہ پر دی جاتی تھی، پھر ابن عمرؓ کو اندیشہ لاحق ہوا کہ ممکن ہے نبی ﷺ نے مزارعت کے سلسلہ میں کوئی نیا حکم دیا ہو، جو ان کے علم میں نہ آیا ہو، چنانچہ انھوں نے زمین کرایہ پر دینا چھوڑ دیا۔

ملحوظہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر اس نہیں کیا کہ ابن عمرؓ نے ان سے بیعت نہیں کی تھی، وہ متفق علیہ امام ہی سے

بیعت کرتے تھے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی امامت پر اتفاق نہیں ہوا تھا۔

بَابُ كِرَاءِ الْأَرْضِ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

سونے چاندی کے بدل زمین کرایہ پر دینا

دراہم ودنانیر کے بدل زمین کرایہ پر دے سکتے ہیں، اس پر اتفاق ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بہترین کاروبار بتاؤں؟ (أمثل بمعنی أفضل ہے) فرمایا: خالی زمین سال بھر کے لئے کرایہ پر لے لو، اور بوؤ یہ بہترین کاروبار ہے۔ اور حدیث کے آخر میں لیث بن سعد الامام المصری نے فرمایا کہ مزارعت کی وہ شکلیں جن میں سمجھ دار لوگ غور کریں تو ان کی سمجھ میں آجائے گا کہ ان میں مخاطرہ ہے مزارعت کی ایسی شکلوں سے حضور ﷺ نے منع فرمایا ہے، مطلقاً مزارعت کی ممانعت نہیں فرمائی۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حدیث حضرت رافع رضی اللہ عنہ کے قول **ليس بها بأس بالدينار والدراهم** پر پوری ہوگئی، اس کے بعد امام لیث کا قول ہے، یہ امام بخاریؒ کا طریقہ ہے: جہاں غلط فہمی کا اندیشہ ہوتا ہے وہاں وضاحت کرتے ہیں کہ یہ حدیث کے الفاظ نہیں۔ راوی کا کلام مدرج ہے، کتاب العلم میں بھی ایسا کیا ہے، حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے پھر اس میں اپنی طرف سے اضافہ کیا ہے، پھر بعد میں تنبیہ کی ہے کہ حضرت عمر رحمہ اللہ کا قول **ذهاب العلماء** تک ہے، آگے میری بات ہے۔

[۱۹-] بَابُ كِرَاءِ الْأَرْضِ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّ أَمْثَلَ مَا أَنْتُمْ صَانِعُوْنَ: أَنْ تَسْتَأْجِرُوا الْأَرْضَ الْبَيْضَاءَ مِنَ السَّنَةِ إِلَى السَّنَةِ.

[۲۳۴۶و۲۳۴۷-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، حَدَّثَنِيْ عَمَّايَ: أَنَّهُمْ كَانُوْا يُكْرُوْنَ الْأَرْضَ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمَا يَنْبُتُ عَلَى الْأَرْبِعَاءِ، أَوْ شَيْئٍ يَسْتَثْنِيْهِ صَاحِبُ الْأَرْضِ، فَنَهَانَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ. فَقُلْتُ لِرَافِعٍ: فَكَيْفَ هِيَ بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ؟ فَقَالَ رَافِعٌ: لَيْسَ بِهَا بَأْسٌ بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ.

وَكَانَ الَّذِيْ نُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ: مَا لَوْ نَظَرَ فِيْهِ ذُوُوْ الْفَهْمِ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ، لَمْ يُجِيْزُوْهُ لِمَا فِيْهِ مِنَ الْمُخَاطَرَةِ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: مِنْ هٰهُنَا قَوْلُ اللَّيْثِ: وَكَانَ الَّذِيْ نُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ.

وضاحت: حضرت رافع رضی اللہ عنہ کے دو چچا کون ہیں؟ ایک کا نام ظُہیر ہے جو پہلے گذرا ہے اور دوسرے کا نام یقینی طور پر معلوم نہیں .... **الأربعاء:** الربيع کی جمع ہے: چھوٹی نہر، بول، ترجمہ: وہ زمین کرایہ پر دیا کرتے تھے، رسول اللہ

ﷺ کے زمانہ میں اس پیداوار کے بدل جو بول پر اگتی تھی یا کسی ایسی چیز کے بدل جس کو زمین والا مستثنیٰ کرتا تھا............ حلال وحرام کو سمجھنے والے یعنی فقہاء............ **المخاطرة**: سٹہ، خطرہ اور جوکھم کا کام............ اس حدیث پر دو نمبر اس لئے لگائے ہیں کہ یہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ کے دو چچاؤں کی حدیثیں ہیں۔

بَابٌ

کھیتی لوگوں کی دلچسپی کی چیز ہے

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، باب کی حدیث سے معلوم ہوگا کہ کھیتی لوگوں کی دلچسپی کی چیز ہے، پھر وہ مطلقاً کیسے ممنوع ہوسکتی ہے؟ صرف وہی شکلیں ممنوع ہونگی جن میں سٹہ ہے، اور روپیوں کے بدل زمین کرایہ پر لینا دینا درست ہے، کیونکہ جس کے پاس اپنی زمین نہیں ہے اور اسے کھیتی سے دلچسپی ہے وہ کرایہ پر زمین لے کر اپنا شوق پورا کرے گا، پس یہ گذشتہ باب پر الگ نوعیت سے استدلال ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے بیان کیا کہ جنتی جنت میں جو چاہے گا ملے گا، ایک شخص نے پوچھا: اگر ہم جنت میں کھیتی کرنا چاہیں گے تو چانس ملے گا؟ آپؐ نے فرمایا: ملے گا، ایک بڑا فارم مہیا کیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ٹریکٹر لے کر جا اور کھیتی کر وہ جا کر کھیت کی جتائی کرے گا، بیج ڈالے گا، اور ابھی دیکھ ہی رہا ہوگا کہ ہل خود بخود جُت جائے گا، بیج پڑ جائے گا، کھیتی بڑی ہوجائے گی، پک گئی، کٹ گئی، گہہ گئی، برسادی گئی اور دیکھتے دیکھتے گیہوں کا ڈھیر لگ گیا، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میرے بندے کھا! تیرا پیٹ تو کسی چیز سے بھرے گا نہیں! مجلس میں ایک بدو بھی تھا، اس نے چٹکی لی اور کہا: وہ بندہ جو جنت میں کھیتی کرنا چاہے گا وہ کوئی قریشی یا انصاری ہوگا، ہم نہیں ہونگے، کیونکہ ہمیں کھیتی سے کوئی دلچسپی نہیں، اس پر نبی ﷺ کو ہنسی آگئی۔

لطیفہ: ایک مولانا صاحب نے وعظ میں کہا: جنت میں جو چاہو گے ملے گا، ایک دیہاتی نے پوچھا: اجی! حقہ ملے گا؟ مولانا صاحب نے کہا: اگر یہ گندی چیز تیرا پینے کو جی چاہے گا تو ضرور ملے گا مگر حقہ سلگانے کے لئے جہنم میں جانا ہوگا، کیونکہ جنت میں آگ نہیں۔

[۲۰-] بَابٌ

[۲۳۴۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا فُلَيْحٌ، ثَنَا هِلَالٌ، ح: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ، ثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَوْمًا يُحَدِّثُ، وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ: "أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ اسْتَأْذَنَ رَبَّهُ فِي الزَّرْعِ،

فَقَالَ لَهُ: أَلَسْتَ فِيمَا شِئْتَ؟ قَالَ: بَلٰى وَلٰكِنْ أُحِبُّ أَنْ أَزْرَعَ، قَالَ: فَبَذَرَ، فَبَادَرَ الطَّرْفَ نَبَاتُهُ، وَاسْتِوَاؤُهُ، وَاسْتِحْصَادُهُ، فَكَانَ أَمْثَالَ الْجِبَالِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى: دُوْنَكَ يَا ابْنَ آدَمَ! فَإِنَّهُ لاَ يُشْبِعُكَ شَيْئٌ" فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: وَاللّٰهِ لاَتَجِدُهُ إِلاَّ قُرَشِيًّا أَوْ أَنْصَارِيًّا، فَإِنَّهُمْ أَصْحَابُ زَرْعٍ، وَأَمَّا نَحْنُ فَلَسْنَا بِأَصْحَابِ زَرْعٍ، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ۷۵۱۹]

ترجمہ: ایک دن نبی ﷺ بیان فرمارہے تھے اور مجلس میں ایک بدو بھی تھا کہ ایک جنتی اپنے پروردگار سے کھیتی کرنے کی اجازت چاہے گا، پس اللہ نے اس سے فرمایا: کیا تجھے وہ نعمتیں حاصل نہیں جو تو چاہتا ہے، اس نے کہا: کیوں نہیں، مگر میرا جی کھیتی کرنے کو چاہتا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: پس اس نے بیج ڈالا، پس دیکھتے دیکھتے وہ اُگ آیا، اور پورا بڑھ گیا اور کٹ گیا اور پہاڑوں کے مانند پیدوار کا ڈھیر لگ گیا، پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے، اے آدم کے لڑکے! لے، پس بیشک شان یہ ہے کہ تیرا پیٹ کوئی چیز نہیں بھرے گی، پس بدو نے کہا: بخدا! نہیں پاتے ہم اس کو مگر قریشی یا انصاری یعنی وہ درخواست کرنے والا قریشی یا انصاری ہوگا، اس لئے کہ وہی کھیتی کرنے والے ہیں اور رہے ہم تو ہم کھیتی کرنے والے نہیں ہیں، پس نبی ﷺ ہنس دیئے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْغَرْسِ

الغرس: پودا، سبزی ترکاری کا کھیت، باڑی: مزارعت کا بچہ ہے، اسی لئے کھیتی باڑی ساتھ بولتے ہیں، چنانچہ یہ بھی کھیتی میں شمار ہے اور اس کا بھی ذکر حدیثوں میں آیا ہے۔

[۲۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِي الْغَرْسِ

[۲۳۴۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ قَالَ: إِنْ كُنَّا لَنَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ، كَانَتْ لَنَاعَجُوْزٌ تَأْخُذُ مِنْ أُصُوْلِ سِلْقٍ لَنَا، كُنَّا نَغْرِسُهُ فِي أَرْبِعَائِنَا، فَتَجْعَلُهُ فِي قِدْرٍ لَهَا، فَتَجْعَلُ فِيْهِ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيْرٍ، لاَ أَعْلَمُ إِلاَّ أَنَّهُ قَالَ: لَيْسَ فِيْهِ شَحْمٌ وَلاَ وَدَكٌ، فَإِذَا صَلَّيْنَا الْجُمُعَةَ زُرْنَاهَا فَقَرَّبَتْهُ إِلَيْنَا، فَكُنَّا نَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ، وَمَا كُنَّا نَتَغَدَّى وَلاَ نَقِيْلُ إِلاَّ بَعْدَ الْجُمُعَةِ.[راجع: ۹۳۸]

ترجمہ: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں جمعہ کے دن کی وجہ سے بڑی خوشی ہوتی تھی، ہم میں (انصار میں) ایک بڑھیا تھی جو ہمارے کھیتوں میں سے سلق کی جڑیں لیتی تھی جس کو ہم ہماری بولوں پر بویا کرتے تھے، پس وہ اس کو اپنی ہانڈی میں ڈالتی پھر اس میں جو کے دانے ڈالتی ــــ اور (ابوحازم کہتے ہیں:) جہاں تک مجھے معلوم ہے حضرت سہلؓ نے

یہ بھی فرمایا تھا کہ اس میں چربی اور چربی کا گھی نہیں ہوتا تھا ـــــ پس جب ہم جمعہ پڑھ لیتے تو اس بڑھیا سے ملنے کے لئے جاتے، وہ اس کو ہمارے قریب کرتی، چنانچہ ہمیں جمعہ کے دن کی وجہ سے خوشی ہوتی، اس دعوت کی وجہ سے، اور ہم صبح کا کھانا نہیں کھایا کرتے تھے اور قیلولہ نہیں کیا کرتے تھے مگر جمعہ کے بعد (اس لئے بھوک خوب لگتی تھی)

لغت: السِلق: ایک قسم کی سبزی جس کے پتے لمبے اور جڑ گہری ہوتی ہے، پکا کر کھائی جاتی ہے۔

[۲۳۵۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يُكْثِرُ الْحَدِيْثَ، وَاللّٰهُ الْمُوْعِدُ، وَيَقُوْلُوْنَ: مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ لَا يُحَدِّثُوْنَ مِثْلَ أَحَادِيْثِهِ؟ وَإِنَّ إِخْوَتِیْ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ كَانَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ، وَإِنَّ إِخْوَتِیْ مِنَ الْأَنْصَارِ كَانَ يَشْغَلُهُمْ عَمَلُ أَمْوَالِهِمْ، وَكُنْتُ امْرَأً مِسْكِيْنًا أَلْزَمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی مِلْءِ بَطْنِی، فَأَحْضُرُ حِيْنَ يَغِيْبُوْنَ، وَأَعِی حِيْنَ يَنْسَوْنَ، وَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَوْمًا: "لَنْ يَبْسُطَ أَحَدٌ مِنْكُمْ ثَوْبَهُ حَتّٰى أَقْضِیَ مَقَالَتِیْ هٰذِهِ، ثُمَّ يَجْمَعَهُ إِلٰی صَدْرِهِ، فَيَنْسٰى مِنْ مَقَالَتِیْ شَيْئًا أَبَدًا" فَبَسَطْتُ نَمِرَةً لَيْسَ عَلَیَّ ثَوْبٌ غَيْرُهَا، حَتّٰى قَضَى النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَقَالَتَهُ، ثُمَّ جَمَعْتُهَا إِلٰی صَدْرِیْ، فَوَ الَّذِیْ بَعَثَهُ بِالْحَقِّ! مَا نَسِيْتُ مِنْ مَقَالَتِهِ تِلْكَ إِلٰی يَوْمِیْ هٰذَا، وَاللّٰهِ! لَوْلَا آيَتَانِ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ مَا حَدَّثْتُكُمْ شَيْئًا أَبَدًا﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدٰى﴾ إِلٰی قَوْلِهِ:﴿ الرَّحِيْمُ﴾

[البقرة: ۱۵۹-۱۶۰] [راجع: ۱۱۸]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر بکثرت حدیثیں بیان کرنے کی وجہ سے لوگ اعتراض کرتے تھے، پس انھوں نے کہا: واللہ الموعد، اللہ وعدے کی جگہ ہے، یعنی اللہ کے یہاں اس کا حساب ہوگا۔ اس حدیث میں یہ ہے کہ ہمارے انصاری بھائی اپنے کھیتوں میں مشغول رہتے تھے، اس میں کھیتی اور باڑی دونوں آگئے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ المُسَاقَاۃِ

باغات پرداخت پر دینے کا بیان

مساقات: مزارعت کا بھیّا ہے، کھیتوں میں مزارعت اور باغات میں مساقات استعمال کرتے ہیں، اور دونوں کے احکام ایک ہیں، البتہ کچھ باتیں علاحدہ ہیں۔ مساقات: سَقْیٌ سے ہے جس کے معنی ہیں: سینچائی کرنا۔ باغات میں سب سے پہلا کام درختوں کی سینچائی کرنا ہوتا ہے اس لئے یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔

بَابٌ فِی الشِّرْبِ

پانی کے حصہ کا بیان

شِرب (بالکسر) بچا ہوا مشروب، کٹورہ میں بچا ہوا دودھ یا پانی۔ اور شَرب (بالفتح) شراب پینے والوں کی پارٹی اور شُرْب (بالضم) مصدر: پینا، اور باب میں امام صاحبؒ نے لفظ فضل اگرچہ نہیں بڑھایا مگر اس کو ملحوظ رکھنا ہے۔ پانی کے حصہ کی اہمیت مساقات میں بنیادی ہے اگر پانی کا حصہ نہیں ہوگا تو مساقات کیسے کرے گا؟ بلکہ پانی کی اہمیت بعض مرتبہ کھانے سے بھی زیادہ ہو جاتی ہے، درج ذیل دو آیتیں پانی کی اہمیت پر دلالت کرتی ہیں:

پہلی آیت: سورۃ الانبیاء (آیت ۲۰) میں اللہ تعالیٰ نے امتنان (احسان جتلانے) کے طور پر فرمایا ہے: ''اور ہم نے پانی سے ہر جاندار کو بنایا، کیا پھر بھی تم ایمان نہیں لاتے؟ معلوم ہوا کہ پانی اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے، ہر جاندار چیز پانی سے بنی ہے پس باغات کو سرسبز اور بارآور بنانے کے لئے بھی پانی کی ضرورت ہوگی۔

دوسری آیت: سورۃ الواقعہ (آیت ۶۸-۷۰) میں اللہ پاک نے موضع امتنان میں فرمایا ہے: اچھا پھر یہ بتلاؤ کہ جس پانی کو تم پیتے ہو اس کو بادل سے تم برساتے ہو یا ہم برسانے والے ہیں؟ اگر ہم چاہیں تو اس کو کڑوا کر ڈالیں۔ پس تم شکر کیوں نہیں کرتے؟

تفسیر: سمندر سے بھاپ اٹھتی ہے اور بادل بن کر برستی ہے، سمندر کا پانی کڑوا ہوتا ہے، مگر اللہ کی قدرت دیکھئے کہ بارش کا پانی کیسا شیریں ہے! اگر سمندر کے پانی کی طرح کڑوا ہوتا تو پھر لوگ اس کو کس طرح پیتے؟ اس آیت سے بھی میٹھے پانی کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔ پھر بخاری شریف کے ایک نسخہ میں اس باب میں ایک مسئلہ بھی ہے اور گیلری میں اور مصری نسخہ

میں وہ مستقل باب ہے جو یہ ہے:

وَمَنْ رَأَى صَدَقَةَ الْمَاءِ وَهِبَتَهَ وَوَصِيَّتَهُ جَائِزَةً مَقْسُومًا أَوْ غَيْرَ مَقْسُومٍ

ایک رائے یہ ہے کہ پانی خیرات کرنا، اس کو بخشنا اور اس کی وصیت کرنا جائز ہے خواہ پانی تقسیم شدہ ہو یا نہ ہو

مسئلہ یہ ہے کہ کوئی چیز قابل تقسیم نہیں تو مشاع (مشترک) کا ہبہ درست ہے، اور اگر قابل تقسیم ہے تو مشاع کا ہبہ درست نہیں، بانٹ کر دیا جائے یا بعد میں بانٹ لیا جائے پھر قبضہ ہو تو ہبہ درست ہے، جیسے ایک بوتل پانی ہے اس کا آدھا کسی کو ہبہ کیا تو یہ ہبہ صحیح نہیں، کیونکہ بوتل کا پانی قابل تقسیم ہے، مگر اس مسئلہ میں ایک رائے یہ ہے کہ پانی میں ایسی کوئی شرط نہیں خواہ تقسیم شدہ ہو یا نہ ہو، اس کو خیرات کرنا، بخشنا اور وصیت کرنا جائز ہے، بس شرط یہ ہے کہ پانی ملکیت میں ہو۔

پھر پانی کے تعلق سے قرآنِ کریم میں مختلف آیات میں جو مشکل الفاظ آئے ہیں ان کا ترجمہ کیا ہے:

۱- سورۃ النبأ آیت ۱۴ میں ہے: اور ہم نے پانی بھرے بادلوں سے کثرت سے پانی برسایا، ثَجَّاجًا کے معنی ہیں: مُنْصَبًّا، یہ ماءً کی صفت ہے یعنی چھاجوں برسنے والا۔

۲- سورۃ الواقعہ آیت ۶۹ میں لفظ مُزن آیا ہے اس کے معنی ہیں: بادل۔

۳- اسی سورت میں آیت ۷۰ میں أجاج آیا ہے، اس کے معنی ہیں: اَلْمُرّ کڑوا، انتہائی کھارا۔

۴- سورۃ الفرقان آیت ۵۳ میں فرات آیا ہے اس کے معنی ہیں: عَذب، یعنی شیریں، تسکین بخش۔

حدیث: مدینہ منورہ میں ایک کنواں تھا جو بیر رومہ کہلاتا تھا، ایک یہودی اس کا مالک تھا وہ مسلمانوں کو مفت پانی بھرنے نہیں دیتا تھا، بلکہ ایک مشک کا ایک درہم لیتا تھا، چونکہ اس کا پانی میٹھا تھا اس لئے لوگ ایک درہم دے کر خریدتے تھے، صحابہ نے نبی ﷺ سے اس کی شکایت کی، آپؐ نے صحابہ کو ترغیب دی: کوئی ہے جو بیر رومہ کو خرید کر وقف کر دے، پس میں اس کو جنت کی گارنٹی دیتا ہوں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اس یہودی کے پاس گئے مگر وہ بیچنے کے لئے تیار نہیں ہوا، حضرت نے کہا: آدھا بیچ دے، وہ راضی ہو گیا، حاشیہ میں لکھا ہے کہ آپؓ نے آدھا کنواں ۳۵ ہزار میں خریدا حالانکہ وہ پانچ ہزار کا بھی نہیں تھا، پھر اس نے کنویں میں جال ڈالا، اور کنویں کو آدھا آدھا تقسیم کر دیا۔ اب مسلمان حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حصہ سے پانی بھرتے تھے، پس دوسری طرف کا پانی بھی ادھر آ جاتا تھا، یہودی پریشان ہو گیا اور خود پیشکش کی کہ باقی آدھا بھی آپ خرید لیں، حضرت عثمانؓ نے معمولی قیمت میں اس کو بھی خرید لیا، اور پورا کنواں وقف کر دیا، حضرت کا اس میں کوئی خاص حصہ نہیں تھا، جس طرح دوسرے مسلمانوں کو پانی بھرنے کا حق تھا، ایسے ہی حضرت عثمانؓ کو بھی پانی بھرنے کا حق تھا۔

استدلال:

امام بخاری رحمہ اللہ اس سے یہ استدلال کررہے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بیر رومہ کا آدھا پانی خیرات کردیا حالانکہ پانی قابل تقسیم ہے۔ معلوم ہوا کہ پانی تقسیم کئے بغیر بھی خیرات کیا جاسکتا ہے، پس ہبہ بھی کیا جاسکتا ہے، اور اس کی وصیت بھی کی جاسکتی ہے۔

حدیث (۱): حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کی خدمت میں ایک لکڑی کا پیالہ لایا گیا پس آپؐ نے اس میں سے نوش فرمایا، اور آپؐ کی دائیں جانب سب لوگوں سے چھوٹا ایک لڑکا تھا اور بڑے لوگ بائیں طرف تھے، پس آپؐ نے پوچھا: اے لڑکے! کیا تو اجازت دیتا ہے کہ میں یہ باقی بڑوں کو دوں، لڑکے نے جواب دیا: یارسول اللہ! میں آپؐ کے تبرک کے ساتھ کسی کو ترجیح نہیں دیتا، پس آپؐ نے وہ باقی ماندہ اس لڑکے کو دیا (اس نے پی کر پیالہ آگے بڑھایا درانحالیکہ وہ مشروب قابل تقسیم تھا اور آپؐ نے تقسیم کئے بغیر ہبہ کیا)

جاننا چاہئے کہ لکڑی کا پیالہ بڑا ہوتا تھا، اس میں سے کئی آدمی یکے بعد دیگرے پیتے تھے، اسی لئے پانی پیتے ہوئے برتن میں پھونکنے کی ممانعت آئی ہے تاکہ آگے والوں کو کراہت نہ ہو۔

حدیث (۲): ایک مرتبہ نبی ﷺ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے گھر گئے، اب حضور ﷺ کو کچھ پیش کرنا ہے چنانچہ داجن یعنی گھر کی پلی ہوئی بکری دوہی گئی اور حضرت انسؓ کے گھر میں ایک کنواں تھا اس کا پانی اس دودھ میں ملایا گیا، کیونکہ تھن میں سے جب دودھ نکالا جاتا ہے تو گرم ہوتا ہے، پینے کے قابل نہیں ہوتا، اور جب ٹھنڈا پانی ملادیا جائے تو وہ پینے کے قابل ہوجاتا ہے، پھر وہ پیالہ آپؐ کی خدمت میں پیش کیا گیا، آپؐ جب پی کر فارغ ہوئے تو بائیں طرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے اور دائیں طرف ایک بدو تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اندیشہ ہوا کہ آپؐ بچا ہوا بدو کو دیں گے، تو انھوں نے عرض کیا: آپؐ کے پاس ابوبکر ہیں ان کو عنایت فرمائیں، مگر آپ نے وہ بچا ہوا بدو کو دیا جو آپؐ کی دائیں طرف تھا۔ اور قاعدہ بیان کیا: الأیمنَ فالأیمنَ: دائیں والے کو دو، پھر جو اس کی دائیں جانب ہے اس کو دو، وھکذا۔ اس حدیث سے بھی یہی استدلال کرنا ہے کہ کٹورے میں جو دودھ بچا تھا وہ باری باری کئی آدمی پئیں گے، جب کہ دودھ قابل تقسیم ہے، اور آپؐ نے تقسیم کئے بغیر جہاں تک وہ پہنچے گا ان سب کو بخشا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٤٢ – کتاب المُسَاقَاۃِ

[١-] بَابٌ فِی الشِّرْبِ

[١-] وَقَوْلِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ أَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ﴾ [الأنبیاء: ٣٠]

[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿أَفَرَأَيْتُمُ الْمَاءَ الَّذِیْ تَشْرَبُوْنَ، أَ أَنْتُمْ أَنزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ، لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنَاهُ أُجَاجًا فَلَوْلاَ تَشْكُرُوْنَ﴾[الواقعة: ۶۸-۷۰]

وَمَنْ رَأَى صَدَقَةَ الْمَاءِ وَهِبَتَهَ وَوَصِيَّتَهُ جَائِزَةً مَقْسُوْمًا أَوْ غَيْرَ مَقْسُوْمٍ

ثَجَّاجًا: مُنْصَبًّا، الْمُزْنُ: السَّحَابُ، وَالْأُجَاجُ: الْمُرُّ، فُرَاتًا: عَذْبًا.

وَقَالَ عُثْمَانُ: قَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ يَشْتَرِیْ بِئْرَ رُوْمَةَ، فَيَكُوْنُ دَلْوُهُ فِيْهَا كَدِلَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ؟ فَاشْتَرَاهَا عُثْمَانُ.

[۲۳۵۱-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِیْ مَرْيَمَ، ثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، ثَنِیْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: أُتِیَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم بِقَدَحٍ، فَشَرِبَ مِنْهُ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ غُلَامٌ أَصْغَرُ الْقَوْمِ، وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ، فَقَالَ:" يَا غُلَامُ! أَتَأْذَنُ لِیْ أَنْ أُعْطِيَهُ الْأَشْيَاخَ؟" قَالَ: مَا كُنْتُ لِأُوْثِرَ بِفَضْلِی مِنْكَ أَحَدًا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ.[انظر: ۲۳۶۶، ۲۴۵۱، ۲۶۰۲، ۲۶۰۵، ۵۶۲۰]

[۲۳۵۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، ثَنِیْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّهُ حُلِبَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَاةٌ دَاجِنٌ، وَهِیَ فِیْ دَارِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَشِيْبَ لَبَنُهَا بِمَاءٍ مِنَ الْبِئْرِ الَّتِیْ فِیْ دَارِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَأَعْطَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْقَدَحَ، فَشَرِبَ مِنْهُ، حَتَّى إِذَا نَزَعَ الْقَدَحَ عَنْ فِيْهِ، وَعَلَى يَسَارِهِ أَبُوْ بَكْرٍ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ أَعْرَابِیٌّ. فَقَالَ عُمَرُ، وَخَافَ أَنْ يُعْطِيَهُ الْأَعْرَابِیَّ: أَعْطِ أَبَا بَكْرٍ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! عِنْدَكَ، فَأَعْطَاهُ الْأَعْرَابِیَّ الَّذِیْ عَنْ يَمِيْنِهِ، ثُمَّ قَالَ:" الْأَيْمَنَ فَالْأَيْمَنَ"

[انظر: ۲۵۷۱، ۵۶۱۲، ۵۶۱۹]

بَابُ مَنْ قَالَ: إِنَّ صَاحِبَ الْمَاءِ أَحَقُّ بِالْمَاءِ حَتَّى يَرْوَى

پانی کا مالک پانی کا زیادہ حقدار ہے، یہاں تک کہ سیراب ہوجائے

رَوِیَ(س) من الماء رِیًّا: سیراب ہونا، پیاس بجھنا۔ پانی دوقسم کے ہیں: مُحرَز (سمیٹا ہوا) اور غیر مُحرَز۔ جو پانی برتن میں، ٹنکی میں، حوض میں بھرلیا جائے یا کسی اور طریقہ سے اس کو سمیٹ لیا جائے وہ اس کا مالک ہوجاتا ہے اور جو پانی عام ہے جیسے دریا اور نہر کا پانی وہ کسی کی ملکیت نہیں، اور اپنے مملوکہ کنویں کے پانی میں اختلاف ہے۔

جاننا چاہئے کہ جو پانی مملوکہ ہے اس میں پانی والے کا پہلا حق ہے، جب اس کی ضرورتیں پوری ہوجائیں اور کسی دوسرے کو پانی کی ضرورت ہوتو دینا چاہئے، بخیلی نہیں کرنی چاہئے، لیکن ہے وہی پانی کا مالک، اس کو روکنے کا حق ہے، اور یہ مسئلہ اخلاق ومروت کے باب سے ہے۔ اس سلسلہ میں حدیث شریف ہے: لَايُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ الْكَلَأُ:

ضرورت سے بچا ہوا پانی نہ روکا جائے تاکہ اس کے ذریعہ گھاس روکے۔

اس حدیث کا پس منظر یہ ہے کہ سرکاری چراگاہ میں لوگوں کے جانور چرنے جاتے ہیں، جس کا بڑا ریوڑ ہوتا ہے، وہ چراگاہ میں کنواں کھود لیتا ہے، تاکہ اس کے جانور وہاں سے پانی پئیں۔ اور جن کے پاس دو چار جانور ہوتے ہیں وہ کنواں نہیں کھود سکتے، وہ کسی کنویں والے سے کہتا ہے: آپ میرے جانوروں کو اپنے کنویں سے پانی پینے دیں، نبی ﷺ نے اس سلسلہ میں فرمایا کہ جب تمہارے کنویں میں تمہاری ضرورت سے زائد پانی ہے تو اس کو پلانے دو، مگر کچھ لوگ اس کے روادار نہیں ہوتے، وہ پانی نہیں پلانے دیتے اور وہ اس تدبیر سے کنویں کے اردگرد جو گھاس ہے اس کو بچالیتے ہیں، جب دوسرے کے جانور کنویں پر پانی پینے کے لئے آئیں گے تو چرتے چرتے آئیں گے اور چرتے چرتے جائیں گے، کنویں والا یہ چاہتا ہے کہ یہ گھاس اس کے جانوروں کے لئے محفوظ رہے، حالانکہ گھاس اس کی مملوکہ نہیں، مگر وہ اس تدبیر سے گھاس بچاتا ہے، نبی ﷺ نے اس سے منع کیا۔

پس یہ حدیث درحقیقت اخلاق ومروت کے باب سے ہے، اس سے یہ استدلال کرنا کہ کنویں والا کنویں کے پانی کا مالک نہیں: شاید درست نہ ہو، مگر فتوی یہ چل رہا ہے کہ مالک نہیں، نہ اس پانی کو بیچ سکتا ہے نہ بخش سکتا ہے نہ روک سکتا ہے حالانکہ مملوکہ چیز کے زوائد وفوائد مملوکہ ہوتے ہیں، پس مملوکہ کھیت کی خودرو گھاس مملوکہ ہے، جیسے مملوکہ کھیت کے درخت کے پھل مملوکہ ہیں اور مملوکہ جانوروں کی اون اور دودھ مملوکہ ہیں اسی طرح جو سرکاری چراہ گاہ میں کنواں کھود لیتا ہے وہ کنویں کا اور اس کے حریم کا مالک ہو جاتا ہے، پس اس کو روکنے کا حق ہے مگر گھاس بچانے کے لئے روکنا کمینہ پن ہے۔

[۲-] بَابُ مَنْ قَالَ: إِنَّ صَاحِبَ الْمَاءِ أَحَقُّ بِالْمَاءِ حَتَّى يَرْوَى

لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَ يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ"

[۲۳۵۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَ يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ الْكَلَأُ"[انظر: ۲۳۵۴، ۶۹۶۲]

[۲۳۵۴-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَتَمْنَعُوْا فَضْلَ الْمَاءِ لِتَمْنَعُوْا بِهِ فَضْلَ الْكَلَأِ"[راجع: ۲۳۵۳]

بَابُ مَنْ حَفَرَ بِئْرًا فِي مِلْكِهِ لَمْ يَضْمَنْ

جس نے اپنی ملکیت میں کنواں کھودا وہ ضامن نہیں

کسی نے اپنی زمین میں کھڈا یا کنواں کھودا اور اس میں کوئی انسان یا جانور گر کر مر گیا تو کنویں والا ضامن نہیں، اس

لئے کہ ہر شخص کو اپنی ملکیت میں تصرف کرنے کا حق ہے۔ اور حدیث پہلے گذر چکی ہے۔ البئر جبارٌ: کنواں رائگاں ہے یعنی اس میں کوئی گر کر مرجائے یا کنواں کھودتے وقت کوئی حادثہ پیش آجائے اور کوئی مزدور مرجائے تو کنواں کھودنے والے پر کوئی ضمان نہیں۔

[۳-] بَابُ مَنْ حَفَرَ بِئْرًا فِي مِلْكِهِ لَمْ يَضْمَنْ

[۲۳۵۵-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "الْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْعَجْمَاءُ جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمْسُ"[راجع: ۱۴۹۹]

بَابُ الْخُصُوْمَةِ فِي الْبِئْرِ، وَالْقَضَاءِ فِيْهَا

کنویں کا مقدمہ اور اس کا فیصلہ

کنواں اکیلا نہیں ہوتا اس کے ساتھ زمین بھی ہوتی ہے، اور جیسے زمین میں جھگڑا ہوتا ہے کنویں میں بھی ہوتا ہے، اور دونوں کا فیصلہ ایک طرح کیا جاتا ہے: مدعی گواہ پیش کرے اور اگر وہ گواہ پیش نہ کرسکے تو مدعی علیہ (منکر) کی قسم پر فیصلہ کردیا جاتا ہے۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ جس نے (کورٹ میں) کوئی بھی قسم کھائی تاکہ اس کے ذریعہ کسی مسلمان آدمی کا مال ہڑپ کرجائے درانحالیکہ وہ اس قسم میں جھوٹا ہے تو وہ اللہ سے ملاقات کرے گا، درانحالیکہ اللہ اس پر غضبناک ہونگے، اس پر آلِ عمران کی آیت ۷۷ نازل ہوئی: "بیشک جو لوگ حقیر معاوضہ لیتے ہیں اس عہد کے مقابلہ میں جو انھوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہے اور اپنی قسموں کے عوض میں، ان لوگوں کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، نہ ان سے اللہ تعالیٰ کلام فرمائیں گے، نہ ان کی طرف قیامت کے دن (مہربانی سے) دیکھیں گے اور نہ ان کو پاک کریں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے"

پھر جب سبق ختم ہوا تو حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ طلبہ سے ملے اور ان سے پوچھا: آج ابن مسعودؓ نے تم سے کیا حدیث بیان کی؟ طلبہ نے بتلائی، حضرت اشعثؓ نے کہا: یہ آیت میرے واقعہ میں نازل ہوئی ہے، میرے چچازاد بھائی کی زمین میں میرا ایک کنواں تھا اس کا جھگڑا ہم خدمت نبوی میں لے گئے، آپؐ نے مجھ سے فرمایا: گواہ لاؤ، میں نے عرض کیا: میرے پاس گواہ نہیں، آپؐ نے فرمایا: پھر اس کی قسم پر فیصلہ ہوگا، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ تو قسم کھالے گا، پس نبی ﷺ نے مذکورہ ارشاد فرمایا اور آپؐ کے ارشاد کی تصدیق میں یہ آیت نازل ہوئی۔

ملحوظہ: اس حدیث میں مسلم کی قید اتفاقی ہے، چونکہ مقدمہ میں مدعی مسلمان تھا اس لئے 'مسلم' فرمایا، ورنہ مسئلہ عام ہے

مدعی ہندو ہو اور مدعی علیہ مسلمان اور مسلمان جھوٹی قسم کھا کر اپنے حق میں ڈگری (فیصلہ) کرالے تو بھی یہی وعید ہے۔

[٤-] بَابُ الْخُصُوْمَةِ فِي الْبِئْرِ، وَالْقَضَاءِ فِيْهَا

[٢٣٥٦و٢٣٥٧-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ، يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، هُوَ عَلَيْهَا فَاجِرٌ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى:﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا﴾ الآية [آل عمران:٧٧]

فَجَاءَ الأَشْعَثُ فَقَالَ: مَا يُحَدِّثُكُمْ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ فِيَّ أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ، كَانَتْ لِيْ بِئْرٌ فِي أَرْضِ ابْنِ عَمٍّ لِيْ، فَقَالَ لِيْ:" شُهُوْدَكَ" قُلْتُ: مَالِيْ شُهُوْدٌ، قَالَ:" فَيَمِيْنَهُ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِذًا يَحْلِفُ، فَذَكَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم هٰذَا الحَدِيْثَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ تَصْدِيْقًا لَهُ"[الحديث: ٢٣٥٦، انظر: ٢٤١٦، ٢٥١٥، ٢٦٦٦، ٢٦٦٩، ٢٦٧٣، ٢٦٧٦، ٤٥٤٩، ٦٦٥٩، ٦٦٧٦، ٧١٨٣، ٧٤٤٥]؛ [الحديث:٢٣٥٧، انظر: ٢٤١٧، ٢٥١٦، ٢٦٦٧، ٢٦٧٠، ٢٦٧٧، ٤٥٥٠، ٦٦٦٠، ٦٦٧٧، ٧١٨٤]

بَابُ إِثْمِ مَنْ مَنَعَ ابْنَ السَّبِيْلِ مِنَ الْمَاءِ

راہ رَو سے پانی روکنے کا گناہ

کوئی مسافر راستہ سے گذر رہا ہے، راستہ سے لگواں کنواں ہے، مسافر پانی چاہتا ہے، گھوڑے کو پلانا ہے یا خود پینا ہے تو پانی کے مالک کو انکار نہیں کرنا چاہئے، اگر وہ پانی نہ لینے دے تو یہ بڑا گناہ ہے۔

حدیث: تین شخصوں سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن سخت ناراض ہونگے، ان کی طرف (مہربانی سے) دیکھیں گے بھی نہیں۔ اول: راستہ سے لگواں کنواں ہے اور اس میں اس کی ضرورت سے زائد پانی ہے، کوئی مسافر اس میں سے پانی لینا چاہتا ہے یا اپنے گھوڑے کو پلانا چاہتا ہے لیکن اس نے انکار کر دیا، اور پانی نہیں دیا۔ دوم: جس نے امیر المؤمنین سے بیعت کی، پھر بادشاہ نے خاطر تواضع کی تو بیعت پر برقرار رہا ورنہ باغیوں سے جاملا۔ سوم: وہ شخص ہے جس نے عصر کے بعد بازار میں کوئی چیز فروخت کرنے کے لئے رکھی اور گاہک کو پھنسانے کے لئے جھوٹی قسم کھائی، گاہک نے اس کی قسم پر اعتماد کر کے خرید لی (یہ تین شخص بڑے مجرم ہیں)

[٥-] بَابُ إِثْمِ مَنْ مَنَعَ ابْنَ السَّبِيْلِ مِنَ الْمَاءِ

[٢٣٥٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا

صَالِحٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ثَلاَثَةٌ لاَ يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلاَ يُزَكِّيْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ: رَجُلٌ كَانَ لَهُ فَضْلُ مَاءٍ فِي الطَّرِيْقِ، فَمَنَعَهُ مِنِ ابْنِ السَّبِيْلِ، وَرَجُلٌ بَايَعَ إِمَامًا، لاَ يُبَايِعُهُ إِلَّا لِدُنْيَا، فَإِنْ أَعْطَاهُ مِنْهَا رَضِيَ، وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ مِنْهَا سَخِطَ، وَرَجُلٌ أَقَامَ سِلْعَتَهُ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ الَّذِيْ لاَ إِلٰهَ غَيْرُهُ! لَقَدْ أُعْطِيْتُ بِهَا كَذَا وَكَذَا، فَصَدَّقَهُ رَجُلٌ" ثُمَّ قَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ [آل عمران: ۷۷]

[انظر: ۲۳۶۹، ۲۶۷۲، ۷۲۱۶، ۷۴۴۶]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: تین شخصوں کی طرف اللہ تعالیٰ قیامت کے دن (مہربانی سے) نہیں دیکھیں گے اور نہ ان کو ستھرا کریں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے، ایک وہ شخص ہے جس کے پاس راستہ میں زائد پانی ہے، پس اس کو مسافر سے روک دیا، دوسرا وہ شخص ہے جس نے اپنے امام سے بیعت کی نہیں بیعت کرتا وہ مگر دنیا کے لئے، پس اگر اس کو دنیا میں سے دیا تو خوش ہوا اور اگر اس کو نہیں دیا تو ناراض ہوگیا۔ تیسرا وہ شخص ہے جس نے اپنا سامان عصر کے بعد بیچنے کے لئے رکھا پس کہا: اس اللہ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں! یقیناً دیا گیا ہوں میں اس سامان کی قیمت اتنی اور اتنی، پس اس کی بات گاہک نے مان لی، پھر حضور ﷺ نے سورۂ آل عمران کی آیت ۷۷ پڑھی، جس کا ترجمہ گذشتہ باب میں آچکا ہے۔

بَابُ سَكْرِ الْأَنْهَارِ

نہروں کو باندھنا

سَكَرَ (ن) النهرَ: نہروں کو باندھنا، گنگا جمنا جیسے دریاؤں پر ڈیم باندھ کر نہریں نکالی جاتی ہیں، پھر ان میں سے بمبے نکلتے ہیں، پھر اس میں سے راج بہائیں نکلتی ہیں، پھر ان میں سے بولیں نکلتی ہیں، اور ہر بول پر پندرہ بیس کھیت ہوتے ہیں، جب کھیتوں کی سینچائی ہوجاتی ہے تو راج بہا کے دہانے سے پانی بند کردیتے ہیں، اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ سینچائی کس ترتیب سے ہونی چاہئے؟ دہانے سے آخری کھیت کی طرف یا آخری کھیت سے دہانے کی طرف؟ اس سلسلہ میں شریعت نے کوئی بات طے نہیں کی، لوگوں کے عرف پر اس کا مدار ہے، ہمارا عرف یہ ہے کہ ایک مرتبہ شروع کی طرف سے اور دوسری مرتبہ آخر سے سینچائی شروع کی جائے۔

دوسرا مسئلہ: اس باب میں یہ ہے کہ جس کھیت کا نمبر ہے وہ پانی کب بند کرے؟ اور اگلے کو کب نمبر دے؟ اس سلسلہ میں مسئلہ یہ ہے کہ جب کھیت کی ضرورت پوری ہوجائے تو پانی بند کرکے اگلے کو نمبر دے۔ کھیتیاں دو قسم کی ہیں: ایک: وہ کھیتی ہے جس میں پانی کھیت میں گھوم جائے تو کافی ہوجاتا ہے جیسے گیہوں کا کھیت، اور دوسری کھیتی وہ ہے کہ جب کھیت لبالب بھر جائے تبھی سینچائی مفید ہے جیسے گنا اور دھان کا کھیت، دھان میں ڈوبنے ہی سے جان پڑتی ہے، بہرحال کھیت والے کی

جب ضرورت پوری ہوجائے تو پانی بند کردے اور اگلے کو نمبر دے۔

[٦-] بَابُ سَكْرِ الْأَنْهَارِ

[٢٣٥٩و٢٣٦٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّــهُ حَدَّثَهُ أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ خَاصَمَ الزُّبَيْرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي شِرَاجِ الْحَرَّةِ الَّتِيْ يَسْقُوْنَ بِهَا النَّخْلَ، فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: سَرِّحِ الْمَاءَ يَمُرُّ، فَأَبٰى عَلَيْهِ، فَاخْتَصَمَا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِلزُّبَيْرِ: " اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ أَرْسِلِ الْمَاءَ إِلٰى جَارِكَ" فَغَضِبَ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ: أَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ؟ فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَالَ: " اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ احْبِسِ الْمَاءَ حَتّٰى يَرْجِعَ إِلَى الْجَدْرِ" فَقَالَ الزُّبَيْرُ: وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَحْسِبُ هٰذِهِ الآيَةَ نَزَلَتْ فِي ذٰلِكَ: ﴿فَلاَ وَرَبِّكَ لاَيُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾ [النساء: ٦٥]

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ: قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: لَيْسَ أَحَدٌ يَذْكُرُ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا اللَّيْثُ فَقَطْ.

[انظر: ٢٣٦١، ٢٣٦٢، ٢٧٠٨، ٤٥٨٥]

ترجمہ: ایک انصاری اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما کا مقدمہ نبی ﷺ کے پاس آیا حرّہ کی ان بولوں کے بارے میں جس سے کھجور کے درختوں کی سینچائی کرتے تھے، انصاری نے کہا: پانی کو گذرنے دو یعنی میرے کھیت میں آنے دو، پس حضرت زبیرؓ نے انکار کیا، پس دونوں مقدمہ لے کر حضور ﷺ کے پاس آئے پس آپؐ نے زبیرؓ سے فرمایا: اے زبیر! پانی پلالو یعنی جب باغ میں پانی گھوم جائے تو پڑوسی کی طرف جانے دو، پس انصاری غصہ ہوا اور اس نے کہا: یہ فیصلہ آپؐ نے اس لئے کیا کہ زبیر آپؐ کے پھوپھی زاد بھائی ہیں! پس رسول اللہ ﷺ کے چہرہ کا رنگ بدل گیا اور فرمایا: اے زبیر! پانی پلاؤ پھر پانی روکو، یہاں تک کہ کھیت مینڈ تک بھر جائے، پس حضرت زبیرؓ نے کہا: بخدا! میرا خیال ہے کہ سورۂ نساء کی آیت (۶۵) اسی معاملہ میں نازل ہوئی ہے "پس قسم ہے آپ کے پروردگار کی کہ لوگ ایماندار نہ ہونگے جب تک یہ بات نہ ہو کہ ان کے آپس میں جو جھگڑا واقع ہو، اس میں یہ لوگ آپؐ سے تصفیہ کرائیں، پھر آپؐ کے تصفیہ سے اپنے دلوں میں تنگی نہ پائیں، اور پوری طرح تسلیم کرلیں۔

تشریح: حرّہ جگہ کا نام ہے۔ اور الشِّراج: الشَّرْج کی جمع ہے، اوپر سے بہہ کر آنے والا نالہ، برسات میں پہاڑوں پر سے جو پانی اترتا تھا اس کو روکنے کے لئے حرہ میں ایک ڈیم باندھ رکھا تھا، اس میں سے جو نہریں نکلتی تھیں اس میں جھگڑا ہوا، جزیرۃ العرب میں برسات کا کوئی موسم نہیں، کبھی بھی بارش ہوجاتی ہے اور چھاجوں برستی ہے، اور پہاڑوں پر سے پانی اتر کر بہہ جاتا ہے، اگر ڈیم باندھ کر اس کو روک لیا جائے تو جب تک ڈیم میں پانی رہے گا نہریں چلیں گی جب پانی ختم ہوجائے گا

نہریں بند ہوجائیں گی، اور صورت حال یہ تھی کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا باغ پہلے تھا اور انصاری کا باغ بعد میں۔ حضرت زبیرؓ کے یہاں سینچائی ہورہی تھی، اور ڈیم میں پانی ختم ہونے والا تھا، اس لئے انصاری نے تقاضہ کیا کہ پانی کو چھوڑو، تاکہ آگے بڑھے۔ سَرِّحْ: فعل امر ہے سَرَّحَ الشیئَ کے معنی ہیں: چھوڑنا، بھیجنا۔ حضرت زبیرؓ نے انکار کیا کہ میری ضرورت پوری ہوگی تب پانی آگے جانے دوں گا، نبی ﷺ نے دونوں کی رعایت میں فیصلہ کیا کہ زبیر جب تمہارے باغ میں پانی پھرلے تو بند کردو، اور انصاری کو نمبر دیدو، اس کا بھی کچھ بھلا ہوجائے، پس یہ فیصلہ انصاری کے حق میں تھا مگر اس نے کہا: أن كان ابنَ عمَّتِك: أن سے پہلے لام پوشیدہ ہے أی لأن كان، یعنی آپؐ نے یہ فیصلہ اس لئے کیا کہ زبیرؓ آپؐ کے پھوپھی زاد بھائی ہیں، اس پر آپؐ کو شدید غصہ آیا کہ جس کی رعایت میں فیصلہ کیا ہے وہ اللہ کا بندہ الٹا سمجھ رہا ہے۔ پھر حضور ﷺ نے واقعی فیصلہ کیا، جو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا حق تھا وہ پورا ان کو دیا اور فرمایا: باغ میں پانی گھومنے کے بعد پانی روکے رہو، یہاں تک کہ کھیت مینڈھ تک بھر جائے، کیونکہ گنا اور دھان کی طرح کھجور کا باغ بھی اس کا محتاج ہے کہ کھیت کو لبالب بھر دیا جائے اور سورۂ نساء کی آیت عام ہے: کوئی شخص صحیح مسلمان اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک شریعت کے فیصلوں کے سامنے سر نہ جھکادے۔

سند: اور حدیث کے آخر میں جو محمد بن العباس نے امام بخاری رحمہ اللہ کا قول ذکر کیا ہے: وہ امام بخاری رحمہ اللہ کے معاصر ہیں، اور ان کی وفات امام بخاریؒ کے بعد ۲۶۶ھ میں ہوئی ہے، ان کی روایت فربری نے بڑھائی ہے۔

بَابُ شُرْبِ الأَعْلىٰ قَبْلَ الأَسْفَلِ

نیچے والے سے پہلے اوپر والا سینچائی کرے

یہ ذیلی باب ہے، اوپر بیان کیا ہے کہ سینچائی بول کے دہانے سے نیچے کی طرف ہو یا اس کے برعکس؟ اس سلسلہ میں شریعت نے کوئی بات لازم نہیں کی، اس کا مدار عرف پر ہے، اور حدیث وہی ہے جو گذشتہ باب میں آئی ہے، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا کھیت پہلے تھا اور اسی طرح سینچائی ہوتی ہوئی آرہی تھی، اس لئے حضرت زبیرؓ کا نمبر پہلے تھا، شرعاً ایسا لازم نہیں، اور الجَدْر بمعنی الجِدَار ہے یعنی کھیت کی مینڈ جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے۔

[۷-] بَابُ شُرْبِ الأَعْلىٰ قَبْلَ الأَسْفَلِ

[۲۳۶۱-] حدثنا عَبْدَانُ، نا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: خَاصَمَ الزُّبَيْرُ رَجُلاً مِنَ الأَنْصَارِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا زُبَيْرُ! اسْقِ ثُمَّ أَرْسِلْ" فَقَالَ الأَنْصَارِيُّ إِنَّهُ ابْنُ عَمَّتِكَ! فَقَالَ: "اسْقِ يَا زُبَيْرُ حَتَّى يَبْلُغَ الْجَدْرَ ثُمَّ أَمْسِكْ" فَقَالَ الزُّبَيْرُ: فَأَحْسِبُ هٰذِهِ الآيَةَ نَزَلَتْ فِي ذٰلِكَ: ﴿فَلاَ وَرَبِّكَ لاَيُؤْمِنُوْنَ حَتَّى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾ [النساء: ٦٥] [راجع: ٢٣٥٩]

بَابُ شُرْبِ الْأَعْلٰى إِلَى الْكَعْبَيْنِ

اوپر والا ٹخنوں تک پانی بھرے

یہ بھی ذیلی باب ہے اور مسئلہ اوپر آ گیا کہ کھیتی کی نوعیت کے اعتبار سے سینچائی مختلف ہوتی ہے، دھان، گنا اور کھجور کے باغات کی سینچائی اسی وقت مفید ہے جب کھیت لبالب بھر جائے۔

[۸-] بَابُ شُرْبِ الْأَعْلٰى إِلَى الْكَعْبَيْنِ

[۲۳۶۲-] حدثنا مُحَمَّدٌ، أَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ الْحَرَّانِيُّ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، ثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ خَاصَمَ الزُّبَيْرَ فِي شِرَاجٍ مِنَ الْحَرَّةِ لِيَسْقِيَ بِهَا النَّخْلَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اسْقِ يَا زُبَيْرُ- فَأَمَرَهُ بِالْمَعْرُوْفِ - ثُمَّ أَرْسِلْهُ إِلَى جَارِكَ" فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: أَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ؟ فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَالَ: " اسْقِ ثُمَّ احْبِسْ حَتَّى يَرْجِعَ الْمَاءُ إِلَى الْجَدْرِ" وَاسْتَوْعَى لَهُ حَقَّهُ، فَقَالَ الزُّبَيْرُ: وَاللّٰهِ إِنَّ هٰذِهِ الْآيَةَ أُنْزِلَتْ فِي ذٰلِكَ: ﴿فَلاَ وَرَبِّكَ لاَ يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾

فَقَالَ لِيْ ابْنُ شِهَابٍ: فَقَدَّرَتِ الْأَنْصَارُ وَالنَّاسُ قَوْلَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " واسْقِ ثُمَّ احْبِسْ حَتّٰى يَرْجِعَ إِلَى الْجَدْرِ" فَكَانَ ذٰلِكَ إِلَى الْكَعْبَيْنِ. [راجع: ۲۳۵۹]

وضاحت: فأمره بالمعروف: جملہ معترضہ ہے یعنی انصاری کی رعایت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھ رکھاؤ والا فیصلہ کیا کہ کھیت میں پانی پھر جائے تو انصاری کے کھیت میں جانے دو تا کہ اس کا بھی کچھ بھلا ہو............ واستوفی له حقه: اب جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا تو اس میں زبیرؓ کا حق پورا دیا، کیونکہ مسئلہ یہی تھا، اور پہلا فیصلہ رعایتی تھا............ فقال لی ابن شهاب: یہ ابن جریج کا قول ہے، امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: انصار نے قول نبوی إلی الجدر کا اندازہ کیا کہ کھیت بھر جانے پر اگر کھیت میں کھڑے ہوں تو پانی ٹخنوں تک پہنچ جائے یہ إلی الجدر ہے، کھیتوں کی مینڈھیں عام طور پر اتنی ہی اونچی ہوتی ہیں۔

بَابُ فَضْلِ سَقْيِ الْمَاءِ

پانی پلانے کی اہمیت

ہر جگہ پانی پلانے میں ثواب ہے، لیکن جہاں پانی کم ہے وہاں اس کا ثواب زیادہ ہے۔ ایک شخص نے پیاسے کتے کو پانی پلایا تھا اس پر اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت فرمادی، اور ایک عورت نے بلی کو باندھ رکھا تھا، کھانا پانی نہیں دیا، اس لئے وہ

مرگئی، پس اللہ نے اس عورت کو دوزخ میں دھکیل دیا۔ پہلی حدیث مثبت پہلو سے باب سے متعلق ہے۔ اور دوسری اور تیسری حدیثیں منفی پہلو سے، پہلی حدیث میں پانی پلانے کا ثواب ہے اور آخری دو حدیثوں میں اس کی ضد کی سزا ہے، اس طرح دونوں حدیثیں باب سے متعلق ہیں۔

[۹-] بَابُ فَضْلِ سَقْيِ الْمَاءِ

[۲۳۶۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِيْ، فَاشْتَدَّ عَلَيْهِ الْعَطَشُ، فَنَزَلَ بِئْرًا فَشَرِبَ مِنْهَا، ثُمَّ خَرَجَ فَإِذَا هُوَ بِالْكَلْبِ يَلْهَثُ، يَأْكُلُ الثَّرَى مِنَ الْعَطَشِ، فَقَالَ: لَقَدْ بَلَغَ هٰذَا مِثْلُ الَّذِيْ بَلَغَ بِيْ، فَمَلَأَ خُفَّهُ، ثُمَّ أَمْسَكَهُ بِفِيْهِ، ثُمَّ رَقِيَ، فَسَقَى الْكَلْبَ، فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ، فَغَفَرَ لَهُ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَإِنَّ لَنَا فِي الْبَهَائِمِ أَجْرًا؟ قَالَ: " فِيْ كُلِّ كَبِدٍ رَطْبَةٍ أَجْرٌ" [راجع: ۱۷۳]

ترجمہ: دریں اثناء کہ ایک آدمی چل رہا تھا پس اس کو سخت پیاس لگی وہ کنویں میں اترا اور اس سے پانی پیا، پھر نکلا تو دیکھا کہ ایک کتا پیاس کی وجہ سے نمناک مٹی چاٹ رہا ہے، پس اس نے سوچا: اس کتے کو بھی اتنی ہی پیاس لگی ہے جتنی مجھے لگی تھی، پس اس نے اپنا موزہ بھرا پھر اس کو اپنے دانتوں سے پکڑا پھر چڑھا اور کتے کو پانی پلایا، پس اللہ تعالیٰ نے تھینک یو کہا یعنی اس کو بخش دیا، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا ہمارے لئے چوپایوں میں بھی ثواب ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "ہرتر کلیجہ میں ثواب ہے" (یہ حدیث کتاب الوضوء باب ۳۳ (حدیث ۱۷۳) میں گذر چکی ہے)

[۲۳۶۴-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى صَلاَ ةَ الْكُسُوْفِ فَقَالَ: " دَنَتْ مِنِّيْ النَّارُ، حَتَّى قُلْتُ: أَيْ رَبِّ وَأَنَا مَعَهُمْ! فَإِذَا امْرَأَةٌ - حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: تَخْدِشُهَا هِرَّةٌ - قَالَ: مَا شَأْنُ هٰذِهِ؟ قَالُوْا: حَبَسَتْهَا حَتَّى مَاتَتْ جُوْعًا" [راجع: ۷۴۵]

[۲۳۶۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " عُذِّبَتِ امْرَأَةٌ فِيْ هِرَّةٍ حَبَسَتْهَا حَتَّى مَاتَتْ جُوْعًا فَدَخَلَتْ فِيْهَا النَّارَ، قَالَ: فَقَالَ- وَاللّٰهُ أَعْلَمُ- لاَ أَنْتِ أَطْعَمْتِيْهَا وَلاَ سَقَيْتِيْهَا حِيْنَ حَبَسْتِيْهَا، وَلاَ أَنْتِ أَرْسَلْتِيْهَا، فَأَكَلَتْ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ" [انظر: ۳۳۱۸، ۳۴۸۲]

ترجمہ: نبی ﷺ نے سورج گہن کی نماز پڑھائی، بعد میں فرمایا: جہنم مجھ سے قریب آئی یہاں تک کہ میں نے کہا: اے

میرے پروردگار! اور میں ان کے ساتھ ہوں! پس اچانک ایک عورت اس کو بلی نوچ رہی ہے، حضور ﷺ نے پوچھا: اس کا کیا معاملہ ہے؟ فرشتوں نے بتایا: اس بڑھیا نے اس کو باندھ دیا تھا، یہاں تک کہ وہ بھوک سے مرگئی (یہ حدیث بھی پہلے کتاب الصلوٰۃ باب ۹۰ میں آچکی ہے)

بَابُ مَنْ رَأَى أَنَّ صَاحِبَ الْحَوْضِ وَالْقِرْبَةِ أَحَقُّ بِمَائِهِ

ایک رائے یہ ہے کہ کھڈے والا اور مشک والا اپنے پانی کا زیادہ حقدار ہے

حوض کے معنی ہیں: کھڈا، گڑھا، جب بارش ہوتی ہے تو پہاڑوں سے پانی اترتا ہے اور گڈھوں میں بھر جاتا ہے، پندرہ بیس دن تک ان میں پانی رہتا ہے پھر سوکھ جاتا ہے۔ اور القِربة کے معنی ہیں: چمڑے کی مشک، اگر کسی کے کھیت میں گڈھے میں پانی بھرا ہے یا چمڑے کی مشک میں پانی ہے تو پہلا حق حوض والے اور مشک والے کا ہے، اس کی ضرورت سے بچ جائے تو پھر دوسروں کا حق ہے۔

مشک کا پانی تو مُحرز ہے اس میں تو کوئی اشکال نہیں، مگر کھیت میں گڈھے میں جو پانی بھرا ہے وہ مملوکہ ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہوسکتا ہے جیسا کہ مملوکہ کنویں کے پانی میں اختلاف ہوا ہے۔ حضرت رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ وہ بھی مشک کے پانی کی طرح ہے، پس حوض والے کا حق پہلا ہے پھر دوسروں کا، اور باب میں چار حدیثیں ہیں ان میں سے پہلی حدیث ابھی گذری ہے، لکڑی کے ایک بڑے پیالہ میں دودھ لایا گیا سب سے پہلے نبی ﷺ نے نوش فرمایا، کیونکہ آپؐ پیالہ والے ہیں، اس لئے آپؐ کا حق پہلا ہے، پھر بچا ہوا دوسروں کو دیا۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن میری امت کے کچھ لوگ میرے حوض کوثر پر پانی پینے کے لئے آئیں گے، میں ضرور ان کو بھگاؤں گا، جس طرح دوسرے کا اونٹ حوض پر پانی پینے کے لئے آتا ہے تو حوض والا بھگاتا ہے کیونکہ حوض والے کا حق پہلا ہے۔

تیسری حدیث: زم زم جس وقت نکلا اس وقت حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا مروہ پر تھیں، انھوں نے کسی کی آواز سنی انھوں نے کہا: اگر آپ میری کوئی مدد کرسکتے ہیں تو کریں، چنانچہ زم زم کی جگہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ظاہر ہوئے اور زمین پر زور سے پَر مارا جس سے زمین کے سوتے ٹوٹ گئے، اور پانی ابلنے لگا، حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا دوڑی آئیں اور انھوں نے مینڈھ بنا کر پانی روک لیا، نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اسماعیل علیہ السلام کی ماں پر رحم فرمائیں! اگر وہ زم زم کو چھوڑ دیتیں یا کہا: اگر وہ پانی میں سے چلو نہ بھرتیں تو زم زم بہنے والا چشمہ ہوتا، پھر اتفاقاً جرہم قبیلہ وہاں پہنچا، انھوں نے وہاں بسنے کی اجازت چاہی، حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا نے اجازت دیدی مگر کہا کہ پانی میں تمہارا کوئی حق نہیں ہوگا، البتہ تم پانی استعمال کرسکتے ہو، انھوں نے کہا: منظور ہے (حضرت ہاجرہؓ صاحب الماء یا صاحب القربہ تھیں اس لئے ان کا حق پہلا تھا)

اورحضور ﷺ کا یہ ارشاد کہ اللہ تعالیٰ اسماعیلؑ کی ماں پر رحم کریں: اس کا مطلب یہ ہے کہ انھوں نے مینڈھ بنا کر پانی کو روک لیا: یہ ٹھیک نہیں کیا، اگر وہ ایسا نہ کرتیں تو زم زم کی نہر چلتی اور جزیرۃ العرب میں معلوم نہیں کہاں تک پہنچتی!

اورآخری حدیث ابھی گذری ہے، اس کے آخر میں ہے کہ تیسرا شخص وہ ہے جس نے اپنا زائد پانی روک لیا پس قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آج میں تجھ سے اپنا فضل روک لیتا ہوں جس طرح تو نے بچا ہوا پانی روک لیا تھا جس کو تیرے دونوں ہاتھوں نے نہیں بنایا تھا، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پہلا حق تو مشک والے کا ہے، لیکن زائد پانی روکنا بہت بُرا ہے، اور آخرت میں اس کی سزا سخت ہے۔

[١٠-] بَابُ مَنْ رَأَى أَنَّ صَاحِبَ الْحَوْضِ وَالْقِرْبَةِ أَحَقُّ بِمَائِهِ

[٢٣٦٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: أُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِقَدَحٍ فَشَرِبَ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ، وَهُوَ أَحْدَثُ الْقَوْمِ، وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ، فَقَالَ: "يَا غُلَامُ! أَتَأْذَنُ لِىْ أَنْ أُعْطِىَ الْأَشْيَاخَ؟" فَقَالَ مَاكُنْتُ لِأُوْثِرَ بِنَصِيْبِى مِنْكَ أَحَدًا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ. [راجع: ٢٣٥١]

[٢٣٦٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ لَأَذُوْدَنَّ رِجَالاً عَنْ حَوْضِىْ كَمَا تُذَادُ الْغَرِيْبَةُ مِنَ الإِبِلِ عَنِ الْحَوْضِ"

تَذُوْدَانِ: تَمْنَعَانِ. [القصص: ٢٣]

[٢٣٦٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، وَكَثِيْرِ بْنِ كَثِيْرٍ- يَزِيْدُ أَحَدُهُمَا عَلَى الآخَرِ- عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "يَرْحَمُ اللّٰهُ أُمَّ إِسْمَاعِيْلَ! لَوْ تَرَكَتْ زَمْزَمَ - أَوْقَالَ: لَوْ لَمْ تَغْرِفْ مِنَ الْمَاءِ- لَكَانَتْ عَيْنًا مَعِيْنًا، وَأَقْبَلَ جُرْهُمُ فَقَالُوْا: أَتَأْذَنِيْنَ أَنْ نَنْزِلَ عِنْدَكِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، وَلاَ حَقَّ لَكُمْ فِى الْمَاءِ، قَالُوْا: نَعَمْ"

[انظر: ٣٣٦٢، ٣٣٦٣، ٣٣٦٤، ٣٣٦٥]

[٢٣٦٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ صَالِحِ السَّمَانِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" ثَلاَ ثَةٌ لاَ يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلاَ يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ: رَجُلٌ حَلَفَ عَلٰى سِلْعَتِهِ: لَقَدْ أُعْطِىَ بِهَا أَكْثَرَ مِمَّا أُعْطِىَ، وَهُوَ كَاذِبٌ، وَرَجُلٌ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ كَاذِبَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ رَجُلٍ مُسْلِمٍ، وَرَجُلٌ مَنَعَ فَضْلَ مَائِهِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: اَلْيَوْمَ أَمْنَعُكَ فَضْلِىْ كَمَا

مَنَعْتَ فَضْلَ مَاءٍ لَمْ تَعْمَلْ يَدَاكَ"

قَالَ عَلِيٌّ: ثَنَا سُفْيَانُ غَيْرَ مَرَّةٍ، عَنْ عَمْرٍو: سَمِعَ أَبَا صَالِحٍ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ٢٣٥٨]

بَابٌ: لَاحِمَى إِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم

ممنوعہ علاقہ اللہ اور رسول ہی کے لئے ہے

الحِمَی: ممنوعہ علاقہ، محفوظ جگہ، وہ چراہ گاہ جس میں دوسرے لوگوں کو جانور چرانے کی اجازت نہ ہو، جو چیزیں مباح الاصل ہیں جو حکومت کی تحویل میں ہیں، ان میں سب لوگوں کا حق ہے، پس جن لوگوں کے پاس زیادہ جانور ہیں وہ سرکاری چراہ گاہ میں اپنے جانوروں کو پانی پلانے کے لئے کنواں تو کھود سکتے ہیں اور وہ اس کنویں کے اور اس کی حریم کے مالک بھی ہو جائیں گے مگر چراہ گاہ میں کوئی علاقہ اپنے لئے مخصوص نہیں کر سکتے، صرف گورنمنٹ ایریا ریزرو کر سکتی ہے، کیونکہ اس کے پاس زکوۃ کے جانور ہوتے ہیں، ان کے چرنے کے لئے جنگل میں مخصوص جگہ ضروری ہے۔

نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: لاحِمَی إِلَّا لِلّٰهِ ولرسوله: امام صاحبؒ نے اسی کو باب بنایا ہے، اور امام زہریؒ کہتے ہیں: ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ نبی ﷺ نے نقیع کو سرکاری جانوروں کے لئے مخصوص کیا تھا۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شرف اور ربذہ کو مخصوص کیا تھا، یہ حدیث حضرت صعب نے اس وقت بیان کی تھی جب ان کی قوم نے جنگل میں کوئی خاص جگہ ریزرو کرنے کا ارادہ کیا تھا، حضرت صعب نے کہا: یہ جائز نہیں، یہ صرف گورنمنٹ کا حق ہے اور گورنمنٹ کسی کو جاگیر دے تو دے سکتی ہے، جیسا کہ آگے آ رہا ہے۔

مساقات سے باب کی مناسبت: باب کی مساقات سے مناسبت اوپر کے بیان سے سمجھ میں آ گئی ہوگی، سرکاری چراگاہ میں کنواں تو کھود سکتے ہیں مگر چراگاہ کا کوئی حصہ مخصوص نہیں کر سکتے، یہ جو کنواں کھود سکتے ہیں یہی شِرب (پانی کا حصہ) ہے اس مناسبت سے یہ باب مساقات میں لائے ہیں۔

[١١-] بَابٌ: لَاحِمَى إِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم

[٢٣٧٠-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ الصَّعْبَ بْنَ جَثَّامَةَ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَاحِمَى إِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ" وَقَالَ: بَلَغَنَا أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حَمَى النَّقِيْعَ، وَأَنَّ عُمَرَ حَمَى الشَّرَفَ وَالرَّبَذَةَ. [انظر: ٣٠١٣]

بَابُ شُرْبِ النَّاسِ وَالدَّوَابِّ مِنَ الْأَنْهَارِ

نہروں سے لوگوں کا اور جانوروں کا پانی پینا

نہروں کا کوئی مالک نہیں، حکومت مالک ہے، اور وہ مباح الاصل پانی ہے لہٰذا اسے ہر کوئی استعمال کرسکتا ہے، بمبوں اور راج بہاؤں کا بھی یہی حکم ہے، البتہ احراز سے آدمی پانی کا مالک ہوجاتا ہے، برتنوں میں مٹکوں میں یا ٹنکیوں میں پانی بھرلے تو اب بیچ بھی سکتا ہے اور روک بھی سکتا ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: گھوڑے تین مقاصد کے لئے پالے جاتے ہیں، ایک گھوڑے کا ہر عمل باعث ثواب ہے، دوسرا گھوڑا پردہ ہے اور تیسرا گھوڑا باعث گناہ ہے، پہلا گھوڑا وہ ہے جو اللہ کے راستہ میں جہاد کرنے کے لئے پالا ہے، اس گھوڑے کا ہر معاملہ اور ہر خدمت باعث اجر ہے، اس گھوڑے کو لے کر اگر کوئی شخص جنگل میں یا کھیت میں جارہا ہو اور راستہ میں نہر آ گئی، پس گھوڑے نے اس میں سے پانی پی لیا جب کہ مالک نے پانی پلانے کا ارادہ نہیں کیا تو بھی وہ باعث اجر ہے۔ یہاں باب ہے کہ نہر سے پانی پینے یا پلانے کے لئے کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں، کیونکہ وہ مباح الاصل پانی ہے۔ دوسرا گھوڑا وہ ہے جو معیشت کے طور پر پالا گیا ہے، وہ آدمی کے لئے غریبی سے پردہ ہے، پس یہ پالنا بھی جائز ہے۔ اور تیسرا گھوڑا وہ ہے جو فخر ومباہات، دکھاوے اور مسلمانوں کی دشمنی کے طور پر پالا گیا ہے: یہ پالنا گناہ ہے۔

دوسری حدیث: پہلے گذری ہے۔ اگر جنگل میں کوئی اونٹ گم ہوگیا، ریوڑ سے پیچھے رہ گیا تو اس کو کوئی شخص پکڑ کر گھر نہ لائے، کیونکہ اونٹ کے پاس مشکیزہ اور جوتا ہے، جب پیٹ میں پانی ختم ہوجائے گا تو وہ پانی پر پہنچے گا اور درختوں کے پتے چرے گا، یہاں تک کہ اس کا مالک ڈھونڈھتا ہوا اس تک پہنچ جائے گا، یہ جو **ترد الماء** ہے یہ باب سے متعلق ہے کہ اونٹ مباح الاصل پانی پی سکتا ہے، کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں۔

[۱۲-] بَابُ شُرْبِ النَّاسِ وَالدَّوَابِّ مِنَ الْأَنْهَارِ

[۲۳۷۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ؛ عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" اَلْخَيْلُ: لِرَجُلٍ أَجْرٌ، وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ، وَعَلٰى رَجُلٍ وِزْرٌ، فَأَمَّا الَّذِیْ لَهُ أَجْرٌ: فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَأَطَالَ لَهَا فِی مَرْجٍ أَوْ: رَوْضَةٍ، فَمَا أَصَابَتْ فِیْ طِيَلِهَا ذٰلِكَ مِنَ الْمَرْجِ أَوِ: الرَّوْضَةِ كَانَتْ لَهُ حَسَنَاتٍ، وَلَوْ أَنَّهُ انْقَطَعَ طِيَلُهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ، كَانَتْ آثَارُهَا وَأَرْوَاثُهَا حَسَنَاتٍ لَهُ، وَلَوْ أَنَّهَا مَرَّتْ بِنَهَرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ وَلَمْ يُرِدْ أَنْ

يَسْقِي، كَانَ ذٰلِكَ حَسَنَاتٍ لَهُ، فَهِيَ لِذٰلِكَ أَجْرٌ. وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَغَنِّيًا وَتَعَفُّفًا ثُمَّ لَمْ يَنْسَ حَقَّ اللّٰهِ فِي رِقَابِهَا وَلَاظُهُوْرِهَا فِهِيَ لِذٰلِكَ سِتْرٌ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا فَخْرًا وَرِيَاءً وَنِوَاءً لِأَهْلِ الإِسْلَامِ، فَهِيَ عَلٰى ذٰلِكَ وِزْرٌ"

وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْحُمُرِ، فَقَالَ: " مَا أُنْزِلَ عَلَيَّ فِيْهَا شَيْئٌ إِلَّا هٰذِهِ الآيَةُ الْجَامِعَةُ الْفَاذَّةُ: ﴿ فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ﴾

[انظر: ۲۸٦۰، ۳٦٤٦، ٤٩٦۲، ٤٩٦۳، ۷۳۵٦]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ایک گھوڑا آدمی کے لئے ثواب ہے اور دوسرا گھوڑا آدمی کے لئے پردہ ہے اور تیسرا گھوڑا آدمی کے لئے گناہ ہے، پس رہا وہ گھوڑا جو آدمی کے لئے ثواب ہے: وہ وہ ہے کہ ایک شخص نے راہِ خدا میں استعمال کے لئے گھوڑا پالا، پس اس کو سبزہ زار میں لمبی رسّی سے باندھ کر چرنے کے لئے چھوڑ دیا، پس وہ جو کچھ چرے گا اپنی اس لمبی رسی میں سبزہ زار سے تو وہ مالک کے لئے نیکیاں ہوگا۔ اور اگر یہ بات ہو کہ اس کی رسّی ٹوٹ جائے اور وہ اچھل کود کرے ایک ٹیلہ یا دو ٹیلے تو اس کے نشاناتِ قدم اور اس کی لید مالک کے لئے نیکیاں ہونگی (گھوڑا جب اچھل کود کرتا ہے تو لید بھی کرتا ہے) اور اگر یہ بات ہو کہ وہ کسی نہر پر سے گذرا پس اس نے نہر سے پانی پیا (یہاں باب ہے) اور مالک نے پلانے کا ارادہ نہیں کیا تو بھی وہ مالک کے لئے نیکیاں ہیں، پس یہ گھوڑا اس نیت کی وجہ سے ثواب ہے، اور دوسرا شخص جس نے گھوڑا پالا مالداری کے طور پر اور سوال سے بچنے کے طور پر پھر وہ گھوڑے کی گردن میں اور اس کی پیٹھ میں جو اللہ کا حق ہے اس کو نہیں بھولا تو وہ گھوڑا اس نیت کی وجہ سے پردہ ہے۔ اور تیسرا شخص وہ ہے جس نے گھوڑا پالا فخر اور ریاء اور مسلمانوں کی دشمنی کے طور پر پس وہ گھوڑا اس نیت کی وجہ سے گناہ ہے۔

اور نبی ﷺ سے گدھوں کے بارے میں پوچھا گیا: پس آپؐ نے فرمایا: مجھ پر گدھوں کے بارے میں کوئی حکم نازل نہیں ہوا، ہاں یہ جامع منفرد آیت ہے کہ جو شخص ذرہ بھر نیک عمل کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا اور جو شخص ذرہ بھر برا عمل کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو گھوڑا استعمال کے لئے ہے اس میں زکوٰۃ نہیں ہے، مگر جس نے معیشت کے طور پر گھوڑیاں پالی ہیں ان کی گردن میں اللہ کا حق ہے، یعنی ان میں زکوٰۃ واجب ہے، اور ان کی پیٹھ میں اللہ کا حق یہ ہے کہ راستہ میں کوئی لفٹ مانگے تو گھوڑے والا اس کو پیچھے بٹھالے، البتہ گدھوں کی زکوٰۃ کے سلسلہ میں کوئی حکم نازل نہیں ہوا، اس لئے چاہے معیشت کے طور پر گدھے پالے ہوں ان میں زکوٰۃ نہیں، البتہ اگر کوئی تطوعاً ان کی زکوٰۃ نکالے تو وہ نیکی قیامت کے دن اس کے سامنے آجائے گی۔

ملحوظہ: گھوڑوں میں زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ کتاب الزکاۃ (تحفۃ القاری ۴: ۱۴۱) میں آگیا ہے۔

لغات: المَرْج (راء ساکن): سبزہ زار، چراگاہ، جمع مُرُوْج .... الروضۃ: شاداب زمین، جمع رَوْض ورِیَاضٌ

............پس مرج اور روضۃ ایک ہیں، اور أو شک راوی کا ہے............اسْتَنَّ: دوڑنا، کودنا، اچھلنا......الطِّیَل: وہ ڈھیلی رسّی جس سے چوپایے کو باندھ کر چرنے کے لئے چھوڑتے ہیں......الشَّرَف: ٹیلہ، بلند جگہ، جہاں سے اطراف کی جگہیں نظر آئیں۔

[۲۳۷۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَأَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ: "اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَ هَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، وَإِلَّا فَشَأْنَكَ بِهَا" قَالَ: فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ قَالَ: "هِىَ لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ" قَالَ: فَضَالَّةُ الإِبِلِ؟ قَالَ: "مَالَكَ وَلَهَا؟" مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا، تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ حَتَّى يَلْقَاهَا رَبُّهَا"[راجع: ۹۱]

حوالہ: یہ حدیث کتاب العلم باب ۲۸ (تحفۃ القاری ۱: ۳۷۸) میں آچکی ہے۔

بَابُ بَيْعِ الْحَطَبِ وَالْكَلَأِ

سوختہ اور گھاس بیچنا

سرکاری جنگل میں سے سوختہ اور گھاس کاٹ کر احراز کرلیا جائے تو مالک ہوجاتا ہے اور اس کا بیچنا جائز ہے، اور احراز سے پہلے بیچنا جائز نہیں، سرکاری پانی کا بھی یہی حکم ہے، دریاؤں میں، نہروں میں، آبشاروں میں اور چشموں میں جو پانی ہوتا ہے اس کو سمیٹ لیا جائے، برتن یا بوتل میں بھر لیا جائے تو اس کا بیچنا جائز ہے۔

سوال: اس باب میں پانی کا ذکر نہیں، پھر کتاب المساقات سے اس کا کیا تعلق ہے؟

جواب: حاشیہ میں لکھا ہے کہ باب میں پانی کا بھی تذکرہ ہونا چاہئے مگر چونکہ باب کی حدیثوں میں اس کا ذکر نہیں، اس لئے باب میں اس کا تذکرہ چھوڑ دیا۔ اور باب میں تین حدیثیں ہیں: پہلی اور دوسری حدیث کا حاصل یہ ہے کہ قوت بازو سے کماؤ اور کھاؤ، لوگوں سے سوال مت کرو، اگر کوئی ذریعہ معاش نہ ہو تو جنگل سے سوختہ کاٹ لاؤ اور اس کو بیچو اور آخری حدیث میں یہ مضمون ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مکہ سے اذخر گھاس لاکر سناروں کو بیچنے کا پلان بنایا تھا، معلوم ہوا کہ سرکاری گھاس کا بھی احراز سے مالک ہوجاتا ہے۔

[۱۳-] بَابُ بَيْعِ الْحَطَبِ وَالْكَلَأِ

[۲۳۷۳-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ أَحْبُلًا، فَيَأْخُذَ حُزْمَةً مِنْ حَطَبٍ، فَيَبِيْعَ، فَيَكُفَّ اللّٰهُ بِهِ

عَنْ وَجْهِهِ: خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ أُعْطِيَ أَمْ مُنِعَ"[راجع: ١٤٧١]

[٢٣٧٤-] حدثنا يَحْيىٰ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدٍ مَوْلىٰ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَأَنْ يَحْتَطِبَ أَحَدُكُمْ حُزْمَةً عَلىٰ ظَهْرِهِ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ أَحَدًا فَيُعْطِيَهُ أَوْ يَمْنَعَهُ"[راجع: ١٤٧٠]

[٢٣٧٥-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، أَخْبَرَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ أَبِيْهِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، أَنَّهُ قَالَ: أَصَبْتُ شَارِفًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَغْنَمٍ يَوْمَ بَدْرٍ، قَالَ: وَأَعْطَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَارِفًا أُخْرَى، فَأَنَخْتُهُمَا يَوْمًا عِنْدَ بَابِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ أَحْمِلَ عَلَيْهِمَا إِذْخِرًا لِأَبِيْعَهُ، وَمَعِيَ صَائِغٌ مِنْ بَنِيْ قَيْنُقَاعَ فَأَسْتَعِيْنَ بِهِ عَلىٰ وَلِيْمَةِ فَاطِمَةَ، وَحَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَشْرَبُ فِي ذٰلِكَ الْبَيْتِ، مَعَهُ قَيْنَةٌ، فَقَالَتْ: أَلَا يَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ! فَثَارَ إِلَيْهِمَا حَمْزَةُ بِالسَّيْفِ فَجَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا، وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا، ثُمَّ أَخَذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا، قُلْتُ لِابْنِ شِهَابٍ: وَمِنَ السَّنَامِ؟ قَالَ: قَدْ جَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا فَذَهَبَ بِهَا، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: قَالَ عَلِيٌّ: فَنَظَرْتُ إِلىٰ مَنْظَرٍ أَفْظَعَنِيْ، فَأَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعِنْدَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ، فَخَرَجَ وَمَعَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةٍ فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، فَدَخَلَ عَلىٰ حَمْزَةَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، فَرَفَعَ حَمْزَةُ بَصَرَهُ وَقَالَ: هَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيْدٌ لِآبَائِيْ! فَرَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُقَهْقِرُ حَتَّى خَرَجَ عَنْهُمْ وَذٰلِكَ قَبْلَ تَحْرِيْمِ الْخَمْرِ.[راجع: ٢٠٨٩]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بدر کے دن غنیمت میں ایک اونٹنی پائی تھی، حضرت علیؓ کہتے ہیں: اور مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایک دوسری اونٹنی دی تھی، پس میں نے ان دونوں کو ایک دن ایک انصاری کے دروازہ پر بٹھایا اور میں چاہتا تھا کہ لادلاؤں میں ان پر اذخر گھاس تاکہ اس کو بیچوں اور میرے ساتھ بنوقینقاع کا ایک سنار تھا، پس مدد حاصل کروں میں اس کے ذریعہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اس گھر میں شراب پی رہے تھے، ان کے ساتھ ایک گانے والی باندی تھی، پس اس نے کہا: ألا یا حمز! للشُّرُفِ النِّواء: سنو حمزہ! موٹی اونٹیوں کی طرف اٹھو، پس اٹھے ان کی طرف حمزہ تلوار لے کر (اور ان کو ذبح کیا) پس ان دونوں کی کوہانیں کاٹیں، اور دونوں کے پیٹ پھاڑے، پھر دونوں کے کلیجہ میں سے لیا۔ ابن جریج کہتے ہیں: میں نے امام زہری رحمہ اللہ سے پوچھا: اور کوہان سے؟ امام زہریؒ نے کہا: ان کی کوہانیں اسی لئے کاٹی تھیں کہ ان کو لے جائیں (کوہان میں چربی ہوتی ہے اس میں کلیجی بھونی جاتی ہے، اس لئے اس کو ضرور لے گئے ہونگے) امام زہری کہتے ہیں: حضرت علیؓ نے فرمایا: پس میں نے ایسا منظر دیکھا جس نے مجھے گھبراہٹ میں ڈال دیا، پس میں نبی ﷺ کے پاس گیا اور آپؐ کے پاس زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ تھے، پس

میں نے ان کو واقعہ بتلایا پس آپؐ چلے اور آپ کے ساتھ زیدؓ تھے، پس میں بھی ان کے ساتھ چلا، پس آپ حضرت حمزہؓ کے پاس پہنچے اور ان پر سخت غصہ ہوئے، حمزہؓ نے اپنی نظر اٹھائی اور کہا: نہیں ہو تم مگر میرے باپ کے غلام! یعنی وہ اونٹنیاں میری تھیں پس حضور ﷺ الٹے پاؤں لوٹے یہاں تک کہ ان کے پاس سے نکل آئے، اور یہ واقعہ شراب حرام ہونے سے پہلے کا ہے۔

تشریح: اس موقعہ پر گانے والی باندی نے برجستہ جو اشعار گائے تھے وہ یہ ہیں:

أَلَا يَاحَمْزُ! لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ ۞ وَهُنَّ مُعَقَّلَاتٌ بِالْفَنَاءِ

ضَعِ السِّكِّيْنَ فِي اللَّبَّاتِ مِنْهَا ۞ وَضَرِّجْهُنَّ حَمْزَةُ بِالدِّمَاءِ

وَعَجِّلْ مَنْ أَطَائِبِهَا لِشَرْبٍ ۞ قَدِيْدًا مِنْ طَبْخٍ أَوْ شِوَاءِ

ترجمہ: سنو حمزہ! (اٹھو) موٹی اونٹنیوں کی طرف ÷ درانحالیکہ وہ بندھی ہوئی ہیں گھر کے آنگن میں ÷ رکھ دو چھری ان کے گلے پر ÷ اور ان کو اے حمزہ خون میں لت پت کر دو ÷ اور ان کا اچھا گوشت شراب پینے والوں کے لئے جلدی لاؤ ÷ بوٹیاں پکائی ہوئیں یا گوشت بھنا ہوا۔

بَابُ الْقَطَائِعِ وَبَابُ كِتَابَةِ الْقَطَائِعِ

جاگیریں اور ان کا پروانہ

قطائع: قطعیة کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: جاگیر۔ قطعتُه أرضا: میں نے اس کو جاگیر میں زمین دی، وہ زمینیں جو غیر آباد ہیں، جو حکومت کی تحویل میں ہیں وہ حکومت بعض لوگوں کو آباد کاری کے لئے دیتی ہے، اسی طرح آباد زمینیں بھی حکومت کچھ لوگوں کو دیتی ہے اور اس کا پروانہ بھی لکھ کر دیتی ہے، تاکہ نسل در نسل ثبوت رہے، اور ان جاگیروں میں اگر کنواں ہے تو وہ بھی جاگیر میں دیا جاتا ہے اس مناسبت سے یہ دو باب کتاب المساقات میں لائے ہیں۔

فائدہ: جاگیر میں جو غریبوں کا یا حکومت کا حق (عشر و خراج) ہے وہ لیا جائے گا یا نہیں؟ علماء نے لکھا ہے کہ اس کو معاف کرنا جائز نہیں، اور جو جاگیر دینے کا حکم ہے وہی ٹھیکہ دینے کا اور ایکسپورٹ امپورٹ کے لائسنس کا ہے، البتہ جو چیزیں کثیر المنفعت قلیل المؤنث ہیں وہ چیزیں جاگیر میں نہیں دینی چاہئیں، جیسے سونے چاندی کی کھانیں، پیٹرول کے کنویں، ایسی چیزیں یا تو مباح الاصل رہیں یا حکومت کے کنٹرول میں رہیں تاکہ اس کی منفعت ملک کے سبھی لوگوں کو پہنچے۔

حدیث: جب بحرین فتح ہوا تو نبی ﷺ نے وہاں کی زمینیں انصار کو دینا چاہا، یہی جاگیر دینا ہے، انصار نے عرض کیا: ہمارے مہاجر بھائیوں کو بھی زمینیں دی جائیں تب ہم لیں گے ورنہ نہیں، حضور ﷺ نے فرمایا: مہاجرین کو میں بنونضیر کے علاقہ سے زمینیں دے چکا ہوں چنانچہ انصار نے وہ زمینیں قبول کیں، مگر انصار کو جاگیر کا پروانہ لکھ کر دیا تھا اس کا کوئی صریح ثبوت نہیں، اور دوسرے باب کی حدیث میں جو فَاكْتُبْ ہے وہ صرف جاگیر دینے کے معنی میں ہے۔

[١٤-] بَابُ الْقَطَائِعِ

[٢٣٧٦-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: أَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُقْطِعَ مِنَ الْبَحْرَيْنِ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: حَتَّى تُقْطِعَ لِإِخْوَانِنَا مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ مِثْلَ الَّذِىْ تُقْطِعُ لَنَا، قَالَ: " سَتَرَوْنَ بَعْدِىْ أَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتَّى تَلْقَوْنِىْ"

[انظر: ٢٣٧٧، ٣١٦٣، ٣٧٩٤]

[١٥-] بَابُ كِتَابَةِ الْقَطَائِعِ

[٢٣٧٧-] وَقَالَ اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْأَنْصَارَ، لِيُقْطِعَ لَهُمْ بِالْبَحْرَيْنِ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنْ فَعَلْتَ فَاكْتُبْ لِإِخْوَانِنَا مِنْ قُرَيْشٍ بِمِثْلِهَا، فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " سَتَرَوْنَ بَعْدِىْ أَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتَّى تَلْقَوْنِىْ"

[راجع: ٢٣٧٦]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے چاہا کہ بحرین میں (انصار کو) جاگیریں دیں تو انصار نے کہا: یہاں تک کہ ہمارے مہاجرین بھائیوں کو (بھی) جاگیریں دی جائیں، جس طرح ہمیں جاگیریں دی جائیں، یعنی انصار نے مہاجرین کو ترجیح دی، ان کے بغیر جاگیریں لینے کے لئے تیار نہیں ہوئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: عنقریب میرے بعد تم ترجیح کو دیکھو گے یعنی میرے بعد ایسے بادشاہ آئیں گے جو مہاجرین (قریش) کو انصار پر عہدوں اور عطایا میں ترجیح دیں گے، پس تم صبر کرنا، یہاں تک کہ تم مجھ سے ملاقات کرو، یعنی حرفِ شکایت زبان پر نہ لانا، یعنی میں نے تو تم کو مہاجرین پر ترجیح نہیں دی، دونوں کو برابر رکھا ہے، میں ان کو زمینیں پہلے دے چکا ہوں اور اب تمہیں دے رہا ہوں۔ مگر آگے ترجیح کا عمل شروع ہوگا اس وقت صبر کرنا۔

فائدہ: پہلی حدیث یحیٰ انصاریؒ سے حماد بن زید کی ہے اور دوسری امام لیث مصریؒ کی، پس دونوں حدیثیں ایک ہی سند سے مروی ہیں، دوسری حدیث منقطع نہیں۔

بَابُ حَلْبِ الإِبِلِ عَلَى الْمَاءِ

پانی پر اونٹوں کو دوہنا

ترمذی میں روایت ہے: آدمی کے مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی اللہ کا حق ہے، مثلاً جب اونٹ پانی پینے کے لئے کنویں پر آئیں اور گاؤں میں سے کوئی شخص دودھ مانگنے کے لئے آئے، اس کے یہاں مہمان آئے ہیں تو اس کو دودھ دینا چاہئے،

چونکہ اس حدیث میں اونٹوں کے پانی پر آنے کا ذکر ہے اس لئے یہ باب مساقات کے بیان میں لائے ہیں۔

[۱۶-] بَابُ حَلْبِ الإِبِلِ عَلَى الْمَاءِ

[۲۳۷۸-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مِنْ حَقِّ الإِبِلِ أَنْ تُحْلَبَ عَلَى الْمَاءِ"[راجع: ۱۴۰۲]

بَابُ الرَّجُلِ يَكُوْنُ لَهُ مَمَرٌّ أَوْ شِرْبٌ فِي حَائِطٍ أَوْ فِي نَخْلٍ

کسی باغ میں یا کھجور کے درختوں میں، کسی کی گذرگاہ یا پانی کا حصہ ہو

ایک شخص کا دوسرے کی زمین میں گذرنے کا حق ہے یا کسی کنویں سے پانی لینے کا حق ہے یا کھیت یا باغ کی سینچائی کرنے کا حق ہے تو اس کا یہ حق برحق ہے، اگرچہ وہ زمین کا مالک نہیں، جیسے بھائیوں میں جب زمین کا بٹوارہ ہوتا ہے تو ایک دوسرے کی زمین میں گذرنے کا حق رہتا ہے، اسی طرح کسی نے اپنے کھجور کے باغ میں سے کسی حبیب، قریب یا غریب کو چند درخت بطور عطیہ دیئے یا اپنے پیاز کے کھیت میں سے یا لہسن کے کھیت میں سے ایک دو کیاریاں کسی کو بخشیں، تو موہوب لہ آئے گا اور دختوں پر چڑھ کر پھل اتارے گا، یہ اس کا حق ہے، باغ والا اور زمین والا اس کو آنے سے روک نہیں سکتا، اسی طرح چند درختوں والا اور چند کیاریوں والا باغ کے کنویں سے سینچائی کرے گا یہ پانی کا حق بھی اس کا برحق ہے۔

اور باب میں کئی حدیثیں ہیں اور سب پہلے گذر چکی ہیں، ان میں سے پہلی حدیث یہ ہے کہ جس نے کوئی کھجور کا باغ بیچا گابھا دینے کے بعد تو اس کا پھل بائع کے لئے ہے، اور بائع کے لئے گذرگاہ اور سینچائی کا حق ہے، یہاں تک کہ پھل اتر جائیں، اور اسی طرح عطیہ والے کا حق ہے۔ باقی تمام حدیثیں تقریباً اسی مضمون کی ہیں، پڑھ لیجئے!

[۱۷-] بَابُ الرَّجُلِ يَكُوْنُ لَهُ مَمَرٌّ أَوْ شِرْبٌ فِي حَائِطٍ أَوْ فِي نَخْلٍ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ بَاعَ نَخْلاً بَعْدَ أَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ، وَلِلْبَائِعِ الْمَمَرُّ وَالسَّقْيُ حَتَّى يَرْفَعَ، وَكَذٰلِكَ رَبُّ الْعَرِيَّةِ"

[۲۳۷۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا اللَّيْثُ، ثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنِ ابْتَاعَ نَخْلاً بَعْدَ أَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا

لِلْبَائِعِ، إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ، وَمَنِ ابْتَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلَّذِىْ بَاعَهُ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ"

[راجع: ۲۲۰۳]

وعَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ فِى الْعَبْدِ.

[۲۳۸۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: رَخَّصَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُبَاعَ الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا تَمْرًا.

[راجع: ۲۱۷۳]

[۲۳۸۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، سِمَعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ: نَهَى النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمُخَابَرَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ، وَعَنِ الْمُزَابَنَةِ، وَعَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلاَحُهُ، وَأَنْ لاَ تُبَاعَ إِلَّا بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ إِلَّا الْعَرَايَا. [راجع: ۱٤۸۷]

[۲۳۸۲-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ أَبِىْ سُفْيَانَ مَوْلَى ابْنِ أَبِىْ أَحْمَدَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: رَخَّصَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم فِى بَيْعِ الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا مِنَ التَّمْرِ فِيْمَادُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ، أَوْ: فى خَمْسَةِ أَوْسُقٍ، شَكَّ دَاوُدُ فِى ذٰلِكَ. [راجع: ۲۱۹]

[۲۳۸۳و۲۳۸٤-] حدثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، أَخْبَرَنِىْ الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَخْبَرَنِىْ بُشَيْرُ ابْنُ يَسَارٍ مَوْلَى بَنِىْ حَارِثَةَ، أَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ، وَسَهْلَ بْنَ أَبِىْ حَثْمَةَ حَدَّثَاهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ: بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ، إِلَّا أَصْحَابَ الْعَرَايَا فَإِنَّهُ أَذِنَ لَهُمْ"

قَالَ: وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: ثَنِىْ بُشَيْرٌ مِثْلَهُ. [راجع: ۲۱۹۱]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الاِسۡتِقۡرَاضِ وأَدَاءِ الدُّیُوۡنِ وَالۡحَجۡرِ وَالتَّفۡلِیۡسِ

قرض لینا، دَین ادا کرنا، روک لگانا اور دیوالیہ قرار دینا

اس کتاب میں تین باتیں ہیں:

(۱) استقراض: قرض مانگنا، دنیا میں بہت کم لوگ ایسے ہیں جن کو قرض لینے کی ضرورت پیش نہیں آتی، بلکہ مالدار تو سب سے زیادہ مقروض ہوتے ہیں۔

(۲) جو چیز ذمہ پر واجب ہے، خواہ قرض ہو یا کچھ اور اس کو ادا کرنا، مثلاً ہزار روپے قرض لئے تو یہ قرض بھی ہے اور دَین بھی، اور کسی کے ایک من گیہوں غصب کئے اور کھا گیا تو اس کا ضمان واجب ہے، یہ دَین ہے، پس دَین اور قرض میں تھوڑا فرق ہے، قرض خاص ہے اور دین عام۔ القرض: ما تُعطیه من المثلیات لِیُرَدَّ ذٰلك مثلُه فی المستقبل، والدَّیْن: ما ثبت من المال فی الذمة بعقد أو استهلاك أو استقراض (معجم لغة الفقهاء)

(۳) کسی سفیہ پر حکومت پابندی لگائے کہ کوئی اس سے معاملہ نہ کرے، یہ حَجر ہے، اسی کا نام دیوالیہ قرار دینا ہے، پس حجر اور تفلیس ایک ہیں۔

اور ان تینوں میں گہرا تعلق ہے، قرض تو ہر کسی کو لینا پڑتا ہے، اور عام طور پر لوگ قرض کی ادائیگی کی فکر بھی کرتے ہیں، مگر کچھ ناہنجار قرض لیتے رہتے ہیں، یہاں تک کہ ان کے مافی الید سے قرض زیادہ ہو جاتا ہے، اس وقت حکومت درمیان میں آتی ہے اور اس کے معاملات پر پابندی لگاتی ہے، اور اس کو دیوالیہ قرار دیتی ہے تاکہ لوگوں کے مال ضائع نہ ہوں، اس مناسبت سے یہ تینوں باتیں ایک کتاب میں جمع کی ہیں۔

بَابُ مَنِ اشۡتَرَی بِالدَّیۡنِ وَلَیۡسَ عِنۡدَهُ ثَمَنُهُ أَوۡ لَیۡسَ بِحَضۡرَتِهِ

کسی نے ادھار خریدا اور اس کے پاس رقم نہیں یا موجود نہیں

ادھار خریدنا جائز ہے، چاہے اس کے پاس ثمن ہو یا نہ ہو، اور نہ ہونے کی دو صورتیں ہیں: سرے سے نہیں ہے، یا پاس نہیں ہے، گھر میں یا بینک میں ہے، بہر حال ادھار خریدنا جائز ہے اور باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث میں حضور ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ادھار اونٹ خریدا تھا، اس وقت آپؐ کے پاس پیسے نہیں تھے، گھر تھے چنانچہ مدینہ

پہنچتے ہی ثمن ادا کیا۔ اور دوسری حدیث میں حضور ﷺ نے ایک یہودی سے ایک مدت کے لئے جو خریدے تھے، اور اس کے پاس زرہ گروی رکھی تھی، اس لئے کہ حضور ﷺ کے پاس اس وقت سرے سے پیسے نہیں تھے، ورنہ گروی کیوں رکھتے۔

٤٣ - كتاب الاستقراض، وأداء الديون، والحجر والتفليس

[١-] بَابُ مَنِ اشْتَرَى بِالدَّيْنِ وَلَيْسَ عِنْدَهُ ثَمَنُهُ أَوْ لَيْسَ بِحَضْرَتِهِ

[٢٣٨٥-] حدثنا مُحَمَّدٌ، أَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " كَيْفَ تَرَى بَعِيْرَكَ؟ أَتَبِيْعُهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَبِعْتُهُ إِيَّاهُ، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ غَدَوْتُ إِلَيْهِ بِالْبَعِيْرِ، فَأَعْطَانِيْ ثَمَنَهُ. [راجع: ٤٤٣]

[٢٣٨٦-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: تَذَاكَرْنَا عِنْدَ إِبْرَاهِيْمَ الرَّهْنَ فِي السَّلَمِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ الأَسْوَدُ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم اشْتَرَى طَعَامًا مِنْ يَهُوْدِيٍّ إِلَى أَجَلٍ، وَرَهَنَهُ دِرْعًا مِنْ حَدِيْدٍ. [راجع: ٢٠٨٦]

بَابُ مَنْ أَخَذَ أَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيْدُ أَدَاءَ هَا أَوْ إِتْلَافَهَا

جس نے لوگوں سے قرض لیا، وہ اس کو ادا کرنا چاہتا ہے یا ہلاک کرنا چاہتا ہے

کسی سے قرض لیا یا ادھار خریدا اور اس کی قیمت ذمہ پر واجب ہے اور اس کا ارادہ قرض ادا کرنے کا ہے یا دل میں کھوٹ ہے اس کا دینے کا ارادہ ہی نہیں، تو پہلے کی اللہ تعالیٰ مدد کرتے ہیں، ایسے اسباب بنادیتے ہیں کہ قرض ادا ہوجاتا ہے۔ اور دوسرے کے لئے اسباب مہیا نہیں ہوتے اس کا قرضہ باقی رہ جاتا ہے، جس کو آخرت میں چکانا پڑتا ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ قرض حسنہ (لوجہ اللہ غیر سودی قرض) دینے والے بہت ہیں، مگر لینے والے دو طرح کے ہیں، کچھ لوگ وعدہ کے مطابق یا وعدہ سے بھی پہلے قرض لوٹا دیتے ہیں، اور اگر مجبوری ہوتی ہے تو مدت بڑھوا لیتے ہیں ان کو ہر وقت قرض مل سکتا ہے، اور کچھ دوسرے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو بڑی منت سے قرضہ حاصل کرتے ہیں اور ان کی نیت میں کھوٹ ہوتا ہے، وہ واپس کرنے کا ارادہ ہی نہیں رکھتے، اور قرض خواہ مطالبہ کرے تو ہنس دیتے ہیں، اور کہتے ہیں: ہم نے 'قرض ہنسنا' لیا ہے، ایسے لوگوں کو کوئی قرض نہیں دیتا، جھوٹ بولتا ہے: میرے پاس پیسے نہیں! باب میں امام صاحبؒ نے دونوں صورتیں جمع کی ہیں۔

[٢-] بَابُ مَنْ أَخَذَ أَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيْدُ أَدَاءَ هَا أَوْ إِتْلَافَهَا

[٢٣٨٧-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الأُوَيْسِيُّ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ

الْغَيْثِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" مَنْ أَخَذَ أَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيْدُ أَدَاءَ هَا أَدَّى اللّٰهُ عَنْهُ، وَمَنْ أَخَذَ يُرِيْدُ إِتْلَافَهَا أَتْلَفَهُ اللّٰهُ "

بَابُ أَدَاءِ الدُّيُوْنِ

ذمہ پرواجب چیز ادا کرنا

کسی کا کوئی حق ذمہ پرواجب ہے تو اس کو ادا کرنا واجب ہے، سورۃ النساء آیت ۵۸ میں ہے: "اللہ تعالیٰ تم کو اس بات کا حکم دیتے ہیں کہ اہل حقوق کو ان کے حقوق پہنچا دیا کرو، اور جب تم لوگوں کے درمیان تصفیہ کیا کرو تو انصاف سے تصفیہ کیا کرو، بیشک اللہ تعالیٰ جس بات کی تم کو نصیحت کرتے ہیں وہ بہت اچھی ہے، بلاشک اللہ تعالیٰ خوب سنتے خوب دیکھتے ہیں"

اور باب کی پہلی حدیث پہلے گذری ہے، تبوک سے واپسی میں آپؐ کو جب احد پہاڑ نظر آیا تو آپؐ نے فرمایا: مجھے یہ بات پسند نہیں کہ احد پہاڑ میرے لئے سونے کا بن جائے اور اس میں سے تین دن سے زیادہ ایک دینار بھی میرے پاس باقی رہے، ہاں وہ ایک دینار جس کو میں محفوظ رکھوں قرض کے لئے یعنی آپؐ کو قرض کی فکر تھی آپؐ اس کے لئے ایک دینار بچا رکھیں گے۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ اگر میرے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہوتا تو مجھے خوشی نہ ہوتی کہ مجھ پر تین دن گذریں اور میرے پاس اس میں سے کچھ بھی ہو، مگر وہ چیز جس کو میں قرضہ کے لئے محفوظ رکھوں۔ یہ حدیث بھی پہلی حدیث کے ہم معنی ہے، بہر حال دوسرے کا جو حق ذمہ پرواجب ہے اس کو پہلی فرصت میں ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

[۳-] بَابُ أَدَاءِ الدُّيُوْنِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى:﴿ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوْا الْأَمَانَاتِ إِلٰى أَهْلِهَا، وَإِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ أَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ، إِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهِ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا﴾[النساء: ۵۸]

[۲۳۸۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا أَبُوْ شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، فَلَمَّا أَبْصَرَ- يَعْنِیْ أُحُدًا - قَالَ:" مَا أُحِبُّ أَنَّهُ يُحَوَّلُ لِیْ ذَهَبًا، يَمْكُثُ عِنْدِیْ مِنْهُ دِيْنَارٌ فَوْقَ ثَلَاثٍ، إِلَّا دِيْنَارًا أُرْصِدُهُ لِدَيْنٍ"

ثُمَّ قَالَ:" إِنَّ الْأَكْثَرِيْنَ هُمُ الْأَقَلُّوْنَ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا" - وَأَشَارَ أَبُوْ شِهَابٍ بَيْنَ يَدَيْهِ وَعَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ - " وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ" وَقَالَ:" مَكَانَكَ" وَتَقَدَّمَ غَيْرَ بَعِيْدٍ، فَسَمِعْتُ صَوْتًا، فَأَرَدْتُ أَنْ آتِيَهُ، ثُمَّ ذَكَرْتُ قَوْلَهُ:" مَكَانَكَ حَتّٰى آتِيَكَ" فَلَمَّا جَاءَ قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! الَّذِیْ سَمِعْتُ؟ -

أَوْقَالَ: الصَّوْتُ الَّذِیْ سَمِعْتُ؟— قَالَ: "وَهَلْ سَمِعْتَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "أَتَانِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ الصَّلاَةُ وَالسَّلَامُ فَقَالَ: مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِكَ لاَ یُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ" قُلْتُ: وَمَنْ فَعَلَ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: "نَعَمْ" [راجع: ۱۲۳۷]

[۲۳۸۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ شَبِیْبِ بْنِ سَعِیْدٍ، ثَنَا أَبِیْ، عَنْ یُوْنُسَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: ثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "لَوْ كَانَ لِیْ مِثْلُ أُحُدٍ ذَهَبًا، مَا یَسُرُّنِیْ أَنْ لاَ یَمُرَّ عَلَیَّ ثَلاَثٌ وَعِنْدِیْ مِنْهُ شَیْئٌ، إِلَّا شَیْئٌ أُرْصِدُهُ لِدَیْنٍ" رَوَاهُ صَالِحٌ وَعُقَیْلٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ. [انظر: ٦٤٤٥، ٧٢٢٨]

لغت: أَرْصَدَ الشیئَ: کوئی چیز تیار کرنا۔

بَابُ اسْتِقْرَاضِ الإِبِلِ

اونٹ قرض لینا

قرض صرف مثلیات کا جائز ہے، مثلی وہ چیز ہے جس کا مانند ہے، اور ذوات القیم قرض نہیں لے سکتے، ذوات القیم وہ چیزیں ہیں جن کے افراد یکساں نہیں، ہر فرد کی قیمت الگ ہوتی ہے، پس حیوانات ذوات القیم ہیں ان کو قرض نہیں لے سکتے، اگر ان کو قرض لیا جائے گا تو ادائیگی کیسے ہوگی؟

اور پہلے یہ مسئلہ گذرا ہے کہ جانور کو جانور کے بدل دست بدست بیچنا خریدنا جائز ہے، تین بکرے دے کر ایک بھینس لیں تو جائز ہے، اور دونوں عوض ادھار ہوں تو وہ بیع کالئ بالکالئ ہے جو جائز نہیں۔ اور اگر ایک عوض ادھار ہو تو حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک بیع درست نہیں، اور شوافع، حنابلہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک درست ہے، پس ان حضرات کے نزدیک جب بیع میں ایک عوض ادھار ہو سکتا ہے تو قرض بھی لے سکتے ہیں، اور باب میں جو حدیث ہے وہ بھی پہلے گذری ہے، ایک شخص نے نبی ﷺ سے قرض کا مطالبہ کیا اور سخت کلامی کی، صحابہ نے اس کو ادب سکھانا چاہا، آپؐ نے منع کیا، پھر فرمایا: اس کے لئے اونٹ خریدو اور اس کا دین ادا کرو۔

یہ جو حضور ﷺ کے ذمہ دین تھا وہ حضور ﷺ نے خریدا تھا یا قرض لیا تھا؟ اس میں رائیں مختلف ہیں: حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک ادھار خریدا تھا، پھر قیمت میں رقم دینے کے بجائے جنس دیدی یعنی اس سے بہتر اونٹ دیدیا، اس زمانہ میں دراہم ودنانیر کم ہوتے تھے، معاملات اجناس کے تبادلہ کے ذریعہ ہوتے تھے، اور شوافع، حنابلہ اور امام بخاریؒ کے نزدیک حضور ﷺ نے یہ اونٹ قرض لیا تھا، یہاں حدیث میں تقاضی ہے اور دوسری حدیث میں استقرض ہے یہ اپنے معنی میں ہیں یا اشتراء کے معنی میں ہیں؟ اس میں اختلاف ہوا ہے۔

[٤-] بَابُ اسْتِقْرَاضِ الإِبِلِ

[٢٣٩٠-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثنا شُعْبَةُ، أَنَا سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بِمِنٰى، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلاً تَقَاضَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَغْلَظَ لَهُ، فَهَمَّ بِهِ أَصْحَابُهُ، فَقَالَ: "دَعُوْهُ فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالاً، وَاشْتَرُوْا لَهُ بَعِيْرًا فَأَعْطُوْهُ إِيَّاهُ" قَالُوْا: لاَنَجِدُ إِلَّا أَفْضَلَ مِنْ سِنِّهِ، قَالَ: "اشْتَرُوْهُ فَأَعْطُوْهُ إِيَّاهُ، فَإِنَّ خَيْرَكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً"[راجع: ٢٣٠٥]

بَابُ حُسْنِ التَّقَاضِىْ

دین کا تقاضہ خوبی سے کرنا

آپ سے کسی نے قرض لیا، اگر آپ اس کا تقاضہ کریں تو بھلے انداز سے کریں، پچھلی امتوں کا واقعہ ہے کہ ایک شخص کا انتقال ہوا، فرشتوں نے اس سے پوچھا: تیرے پاس کیا عمل ہے؟ اس نے کہا: میں لوگوں سے معاملات کرتا تھا، پس مالدار سے درگذر کرتا تھا اور تنگ دست کا قرضہ معاف کرتا تھا، مالدار سے درگذر کرنا یہی بھلے انداز سے قرض مانگنا ہے۔

[٥-] بَابُ حُسْنِ التَّقَاضِىْ

[٢٣٩١-] حدثنا مُسْلِمٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَاتَ رَجُلٌ، فَقِيْلَ لَهُ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ؟ قَالَ: كُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ فَأَتَجَوَّزُ عَنِ الْمُوْسِرِ، وَأُخَفِّفُ عَنِ الْمُعْسِرِ، فَغُفِرَ لَهُ" قَالَ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ: سَمِعْتُهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٢٠٧٧]

قوله:قال أبو مسعود: حضرت ابومسعود عقبہ بن عمرو بدوی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث نبی ﷺ سے اسی طرح سنی ہے، یہ معلق روایت مذکورہ سند ہی سے موصول ہے اور وہ روایت مسلم شریف میں ہے، ربعی بن حراش کہتے ہیں: حضرات حذیفہ اور ابومسعود رضی اللہ عنہما اکٹھا ہوئے، پس حضرت حذیفہؓ نے یہ حدیث بیان کی، تو ابومسعودؓ نے فرمایا: **هكذا سمعتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يقول۔**

بَابٌ: هَلْ يُعْطَى أَكْبَرَ مِنْ سِنِّهِ؟

قرض میں لئے ہوئے اونٹ سے بڑا اونٹ دیا جاسکتا ہے؟

کسی نے چار سالہ اونٹ قرض لیا اگر وہ ادائیگی میں پانچ سالہ اونٹ دے تو سبحان اللہ! زیادہ دینے میں کیا حرج ہے!

اور سود کا شبہ نہ کیا جائے، سود اس وقت ہوتا ہے جب زیادتی معاملہ میں شرط ہو، اگر بغیر شرط کے قرض کی ادائیگی میں زیادہ دے تو یہ حسن قضاء ہے۔ اور أكبر مفعول ثانی ہے۔

[٦-] بَابٌ: هَلْ يُعْطَى أَكْبَرَ مِنْ سِنِّهِ؟

[٢٣٩٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، ثَنِي سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَتَقَاضَاهُ بَعِيْرًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَعْطُوْهُ" فَقَالُوْا مَا نَجِدُ إِلَّا سِنًّا أَفْضَلَ مِنْ سِنِّهِ، قَالَ الرَّجُلُ: أَوْفَيْتَنِيْ أَوْفَاكَ اللّٰهُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَعْطُوْهُ فَإِنَّ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ أَحْسَنَهُمْ قَضَاءً"[راجع: ٢٣٠٥]

بَابُ حُسْنِ الْقَضَاءِ

بہتر طور پر قرض ادا کرنا

جس طرح قرض کے مطالبہ میں عمدگی ہونی چاہئے، قرض کی ادائیگی میں بھی عمدگی ہونی چاہئے، اور یہ باب اوپر والے باب کی مثال ہے، چار سال کا اونٹ قرض لیا اور پانچ سال کا اونٹ دیا تو یہ حسن قضاء ہے، یا جیسے پانچ سال پہلے پچاس ہزار روپے قرض لئے، اب وہ پچپن ہزار ادا کرے تو یہ بہت اچھی بات ہے۔ کیونکہ قرض دینے والے نے پانچ سال کی زکوۃ دی ہے، اور کرنسی ڈاؤن بھی ہوتی رہتی ہے اس لئے اس کی رعایت کر کے قرض ادا کرنا چاہئے۔

[٧-] بَابُ حُسْنِ الْقَضَاءِ

[٢٣٩٣-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ لِرَجُلٍ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم سِنٌّ مِنَ الإِبِلِ، فَجَاءَهُ يَتَقَاضَاهُ فَقَالَ:" أَعْطُوْهُ" فَطَلَبُوْا سِنَّهُ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُ إِلَّا سِنًّا فَوْقَهَا، فَقَالَ:" أَعْطُوْهُ" فَقَالَ: أَوْفَيْتَنِيْ أَوْفَى اللّٰهُ بِكَ! قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ خِيَارَكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً"[راجع: ٢٣٠٥]

[٢٣٩٤-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىَ، ثَنَا مِسْعَرٌ، ثَنَا مُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ - قَالَ مِسْعَرٌ: أُرَاهُ قَالَ: ضُحًى- فَقَالَ:"صَلِّ رَكْعَتَيْنِ" وَكَانَ لِيْ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَقَضَانِيْ وَزَادَنِيْ.[راجع: ٤٤٣]

بَابٌ: إِذَا قَضَى دُوْنَ حَقِّهِ أَوْ حَلَّلَهُ فَهُوَ جَائِزٌ

حق کچھ کم دیا یا معاف کرالیا تو جائز ہے

ہزار روپے قرض لئے یا مبیع کا ثمن ہزار روپے باقی تھا، پھر ساڑھے نو سو دیئے اور کہا: پچاس روپے معاف کردیں، میرے پاس نہیں ہیں، قرض خواہ نے معاف کردیئے یا سارا ہی قرضہ معاف کرالیا تو یہ جائز ہے، اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہما کے ابا جنگ احد میں شہید ہوگئے تھے، اور ان پر قرضہ تھا، پس قرض خواہوں نے اپنے حقوق کا شدت سے مطالبہ کیا، حضرت جابرؓ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضور ﷺ نے قرض خواہوں سے درخواست کی کہ وہ جابر کے باغ کے پھل لے لیں اور باقی قرضہ معاف کردیں، مگر انھوں نے نہیں مانا، حضورؐ نے ان کے باغ کے پھل ان کو نہیں دیئے، اور فرمایا: صبح میں تمہارے باغ میں آؤں گا، آپ تشریف لے گئے اور کھجور کے باغ میں چکر لگایا اور پھلوں میں برکت کی دعا فرمائی، پس حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے پھل توڑے اور ان کا پورا حق ادا کردیا، پھر بھی کچھ پھل بچ گیا، یہ جو حضور ﷺ نے باقی قرضہ چھوڑنے کی درخواست کی ہے یہی باب سے متعلق ہے۔

[۸-] بَابٌ: إِذَا قَضَى دُوْنَ حَقِّهِ أَوْ حَلَّلَهُ فَهُوَ جَائِزٌ

[۲۳۹۵-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ ابْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ جَابِرَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَاهُ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ شَهِيْدًا وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، فَاشْتَدَّ الْغُرَمَاءُ فِيْ حُقُوْقِهِمْ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَهُمْ أَنْ يَقْبَلُوْا ثَمَرَ حَائِطِي وَيُحَلِّلُوْا أَبِيْ، فَأَبَوْا، فَلَمْ يُعْطِهِمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَائِطِيْ، وَقَالَ: " سَنَغْدُوْ عَلَيْكَ" فَغَدَا عَلَيْنَا حِيْنَ أَصْبَحَ، فَطَافَ فِي النَّخْلِ، وَدَعَا فِي ثَمَرِهَا بِالْبَرَكَةِ، فَجَدَدْتُهَا فَقَضَيْتُهُمْ وَبَقِيَ لَنَا مِنْ ثَمَرِهَا. [راجع: ۲۱۲۷]

بَابٌ: إِذَا قَاصَّ أَوْ جَازَفَهُ فِي الدَّيْنِ فَهُوَ جَائِزٌ تَمْرًا بِتَمْرٍ أَوْ غَيْرِهِ

واجب قرضہ دوسرے واجب قرضہ کے بدل برابری کے ساتھ یا اٹکل سے چکانا جائز ہے خواہ ہم جنس کے بدل چکائے یا خلاف جنس کے بدل

قَاصَّه مُقَاصَّةً: کسی کے ذمہ قرض کو اپنے ذمہ واجب قرض کا بدل قرار دے کر حساب چکانا یا اٹکل سے چکانا: دونوں جائز ہیں، مثلاً کھجور کے بدل کھجور لے یا کوئی اور چیز لے دونوں جائز ہیں، پس یہ مستقل باب نہیں، اوپر والے باب ہی کی ایک صورت ہے، اوپر والا باب تھا: دوسرے کا حق کم دیا اور اس نے مان لیا، یا پورا قرض معاف کرالیا تو یہ جائز ہے، اس کی ایک

صورت یہ ہے کہ زید کا بکر کے ذمہ قرض تھا اور بکر کا زید کے ذمہ، پس دونوں نے قرضوں کو ایک دوسرے کا بدل قرار دے کر حساب چکا دیا یا اندازہ سے حساب چکا دیا اور کم وبیش کا کچھ لحاظ نہیں کیا، نہ ہم جنس کا لحاظ کیا تو یہ جائز ہے، مثلاً ایک شخص کے ذمہ ایک من گیہوں قرض تھے، اور مقروض قرض خواہ کے پاس ہزار روپے مانگتا تھا، پس دونوں نے دونوں قرضے باہم چکا دیئے تو یہ جائز ہے، اور یہ نہ مسئلۃ الظفر ہے نہ بیع، بلکہ دو قرضوں کا باہم ادلا بدلا ہے، پس ہم جنس کے ساتھ یا غیر جنس کے ساتھ قرضہ چکایا جائے اور اس میں کمی بیشی ہو تو کوئی حرج نہیں۔

اور باب میں وہی حدیث ہے جو پہلے گذری ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد شہید ہوئے، ان کے ذمہ ایک یہودی کے تیس وسق چھوہارے تھے، ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے، پس حضرت جابرؓ نے یہودی سے مہلت طلب کی اور کہا: میں یہ قرضہ ایک سال میں نہیں چکا سکتا، دو تین سال میں چکاؤں گا، اس نے مہلت دینے سے انکار کیا اور کہا: میں سارا قرضہ اسی سیزن میں لوں گا، حضرت جابرؓ نے حضور ﷺ سے درخواست کی کہ آپؐ ان کے لئے یہودی کے پاس سفارش کریں، آپؐ نے سفارش کی اور اس سے کہا: باغ کے سارے پھل لے لے اور باقی قرضہ چھوڑ دے، مگر یہودی نے نہیں مانا، پس آپؐ باغ میں تشریف لے گئے اور اس میں گھومے پھر حضرت جابرؓ سے کہا: یہودی کے لئے پھل توڑو، اور اس کا جو حق ہے وہ پورا دیدو، پس حضرت جابرؓ نے حضور ﷺ کے لوٹنے کے بعد پھل توڑے، پس اس کو تیس وسق دیدیئے پھر بھی حضرت جابرؓ کے پاس سترہ وسق بچ گئے، حضرت جابرؓ نے اس کی حضور ﷺ کو اطلاع دی، اس وقت آپؐ عصر کی نماز پڑھ رہے تھے، جب آپؐ کو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے قرض نمٹ جانے کی اطلاع دی تو آپؐ نے فرمایا: یہ بات عمر رضی اللہ عنہ کو بھی بتادو، کیونکہ وہ بھی حضرت جابرؓ کے قرض کے بارے میں فکرمند تھے، حضرت جابرؓ نے جب ان کو یہ بتایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں جانتا تھا، جب حضور ﷺ باغ میں گھومے تھے کہ ضرور باغ میں برکت ہوگی۔

اس حدیث میں جو حضور ﷺ نے سفارش کی تھی کہ باغ کے سب پھل اپنے قرض کے بدلے میں لے لو، یہی مقاصّہ ہے اور باغ میں کتنا پھل تھا؟ یہ معلوم نہیں تھا، پس یہ مجازفہ ہے، اور شارحین کرام اس باب میں بہت پریشان ہوئے ہیں، حاشیہ دیکھو، انھوں نے اس باب کو مستقل باب سمجھا ہے، حالانکہ یہ گذشتہ باب ہی کی ایک صورت ہے۔

[۹-] بَابٌ: إِذَا قَاصَّ أَوْ جَازَفَهُ فِي الدَّيْنِ فَهُوَ جَائِزٌ تَمْرًا بِتَمْرٍ أَوْ غَيْرِهِ

[۲۳۹۶-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَنَسٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَاهُ تُوُفِّيَ، وَتَرَكَ عَلَيْهِ ثَلاَثِيْنَ وَسْقًا لِرَجُلٍ مِنَ الْيَهُوْدِ، فَاسْتَنْظَرَهُ جَابِرٌ، فَأَبَى أَنْ يُنْظِرَهُ، فَكَلَّمَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِيَشْفَعَ لَهُ إِلَيْهِ، فَجَاءَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَلَّمَ الْيَهُوْدِيَّ لِيَأْخُذَ ثَمَرَ نَخْلِهِ بِالَّتِيْ لَهُ، فَأَبَى، فَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم النَّخْلَ فَمَشَى فِيْهَا، ثُمَّ قَالَ لِجَابِرٍ: " جُدَّ لَهُ فَأَوْفِ لَهُ الَّذِيْ لَهُ" فَجَدَّهُ بَعْدَ مَا رَجَعَ رَسُوْلُ

اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَوْفَاهُ ثَلاَ ثِیْنَ وَسْقًا، وَفَضَلَتْ لَهُ سَبْعَةَ عَشَرَ وَسْقًا، فَجَاءَ جَابِرٌ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لِیُخْبِرَہُ بِالَّذِیْ کَانَ، فَوَجَدَہُ یُصَلِّی الْعَصْرَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَخْبَرَہُ بِالْفَضْلِ، فَقَالَ: "أَخْبِرْ ذٰلِكَ ابْنَ الْخَطَّابِ" فَذَھَبَ جَابِرٌ إِلٰی عُمَرَ فَأَخْبَرَہُ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: لَقَدْ عَلِمْتُ حِیْنَ مَشَی فِیْھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لَیُبَارَکَنَّ فِیْھَا. [راجع: ۲۱۲۷]

قولہ: أخبرہ بالفضل: اطلاع دی کہ پھل بچ گیا۔

بَابُ مَنِ اسْتَعَاذَ مِنَ الدَّیْنِ

دَین سے پناہ چاہنا

دَین: ہر وہ مطالبہ ہے جو ذمہ پر واجب ہے، پس دَین قرض سے عام ہے، دَین سے ہمیشہ پناہ مانگنی چاہئے، قرض لئے بغیر گاڑی نہیں چل سکتی، مگر قرض ہے بہت خطرناک چیز، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نماز میں یہ دعا مانگا کرتے تھے: اللّٰھُمَّ إنی أعوذ بك من الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں گناہ سے اور بوجھ (قرضہ) سے۔ مأثم اور إثم مترادف ہیں، پس کسی نے آپ سے پوچھا: یارسول اللہ! آپ بہت زیادہ قرضے سے پناہ مانگتے ہیں یعنی اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ نے فرمایا: آدمی جب قرض کے بوجھ میں دب جاتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے اور وعدہ خلافی کرتا ہے۔ اور ترمذی میں حدیث ہے: إِنَّ نَفْسَ الْمُؤْمن مُعَلَّقٌ بدَیْنِه: مرنے کے بعد آدمی کی روح اس کے قرضہ میں پھنسی رہتی ہے، اس لئے ہمیشہ قرض سے پناہ مانگنی چاہئے۔

[۱۰-] بَابُ مَنِ اسْتَعَاذَ مِنَ الدَّیْنِ

[۲۳۹۷-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، أَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِیْلُ، حَدَّثَنِیْ أَخِیْ، عَنْ سُلَیْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِیْ عَتِیْقٍ، عَنِ ابْنِ شِھَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ یَدْعُوفِی الصَّلاَ ۃِ: " اللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ" فَقَالَ لَهُ قَائِلٌ: مَا أَکْثَرَ مَا تَسْتَعِیْذُ مِنَ الْمَغْرَمِ! قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا غَرِمَ حَدَّثَ فَکَذَبَ، وَوَعَدَ فَأَخْلَفَ"[راجع: ۸۴۳]

بَابُ الصَّلاَ ۃِ عَلٰی مَنْ تَرَكَ دَیْنًا

مقروض کی نماز جنازہ پڑھنا

کچھ گناہ ایسے ہیں جن پر روک لگانے کے لئے نبی ﷺ ان گناہ کرنے والوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھاتے تھے، جیسے

خودکشی کرنے والے کا جنازہ نہیں پڑھاتے تھے، تاکہ خودکشی کا سلسلہ رکے، آدمی سوچے کہ اگر میں خودکشی کروں گا تو میرا جنازہ آپ ﷺ نہیں پڑھائیں گے، اس لئے وہ خودکشی پر اقدام نہیں کرے گا۔

اسی طرح اگر کوئی مقروض مرتا، اور بھرپائی کا سامان نہیں چھوڑتا تھا تو بھی آپ ﷺ اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھاتے تھے، تاکہ لوگ قرضوں کی ادائیگی کی فکر کریں، مگر آپ ﷺ کا یہ معمول پہلے تھا بعد میں آپ ﷺ نے اعلان کیا کہ جو مال چھوڑے گا وہ اس کے ورثاء کا ہوگا، اور جو قرضہ چھوڑے گا وہ میرے ذمہ ہوگا، پھر آپ ﷺ نے مقروض کی بھی نماز جنازہ پڑھانی شروع کی، اور مسئلہ یہی ہے کہ مقروض کا جنازہ پڑھنا فرض ہے اگرچہ اس نے قرضہ کی بھرپائی نہ چھوڑی ہو۔

فائدہ: ایسا قرضہ کرنا کہ ترکہ میں بھرپائی ہو یا پسماندگان قابل اعتماد ہوں جو قرضہ ضرور بھریں گے تو ایسا قرضہ کرنا برا نہیں، برا وہ قرضہ ہے جس کے لئے ترکہ میں بھرپائی نہ ہو، اور پسماندگان بھی قابل اعتماد نہ ہوں، ایسا قرضہ بہت خطرناک ہے۔

[۱۱-] بَابُ الصَّلاَ ةِ عَلَى مَنْ تَرَكَ دَيْنًا

[۲۳۹۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِوَرَثَتِهِ، وَمَنْ تَرَكَ كَلًّا فَإِلَيْنَا"[راجع: ۲۲۹۸]

[۲۳۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبُوْ عَامِرٍ، ثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَا مِنْ مُؤْمِنٍ إِلاَّ وَأَنَا أَوْلٰى بِهِ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، اقْرَؤُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿النَّبِيُّ أَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ﴾[الأحزاب:٦] فَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ مَاتَ وَتَرَكَ مَالاً فَلْيَرِثْهُ عَصَبَتُهُ مَنْ كَانُوْا، وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا أَوْ ضَيَاعًا فَلْيَأْتِنِيْ فَأَنَا مَوْلاَهُ"[راجع: ۲۲۹۸]

بَابُ مَطْلِ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ

مالدار کا ٹول مٹول کرنا ظلم ہے

غریب سے درگذر کرنے اور مالدار کو مہلت دینے کی فضیلت آئی ہے، مگر یہ وہ مالدار ہے جو نادہند نہیں ہے، ٹال مٹول کرنے والا نہیں ہے، دوسرا مقروض وہ ہے جو مالدار ہے مگر اس کی نیت قرض دینے کی نہیں، اس لئے ٹال مٹول کرتا ہے، پس اس کے ساتھ نرمی برتنے کی ضرورت نہیں، اس کو قاضی کے پاس لے جاؤ اور مرغا بنواؤ۔

[۱۲-] بَابُ مَطْلِ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ

[۲۴۰۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الأَعْلٰى، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ أَخِيْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ"[راجع: ۲۲۸۷]

بَابٌ: لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالٌ

قرض خواہ کوتیز کلامی کا حق ہے

قرض خواہ کو غصہ ہونے کا اور زور سے بولنے کا اور ڈانٹنے کا حق ہے، اگر یہ باتیں برداشت نہیں تو قرضہ کیوں لیا؟ جب قرضہ لیا ہے تو اس کی تیز کلامی برداشت کرو۔

باب میں ایک معلّق حدیث ہے: لَيُّ الواجدِ يُحِلُّ عِرضَه وعقوبتَه: (قرضہ کے بقدر) مال پانے والے کا ٹال مٹول کرنا اس کی سزا کو اور اس کی آبرو کو حلال کر دیتا ہے۔ حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا: اس کی آبرو کو حلال کرتا ہے یعنی قرض خواہ کہہ سکتا ہے: تم نادہند ہو، ٹال مٹول کرتے ہو، شریف آدمی کے لئے اتنی بات ڈوب مرنے کی ہے، اور عقوبت کے معنی انھوں نے کئے ہیں قید کرنا، یعنی قاضی کے پاس لے جانا اور مرغا بنوانا اور حدیث پہلے آئی ہے۔

[۱۳-] بَابٌ: لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالٌ

وَيُذْكَرُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: " لَيُّ الْوَاجِدِ يُحِلُّ عِرْضَهُ وَعُقُوْبَتَهُ" قَالَ سُفْيَانُ: "عِرْضَهُ" يَقُوْلُ: مَطَلْتَنِيْ، "وَعُقُوْبَتَهُ" الْحَبْسُ.

[۲۴۰۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ يَتَقَاضَاهُ، فَأَغْلَظَ لَهُ، فَهَمَّ بِهِ أَصْحَابُهُ، فَقَالَ: " دَعُوْهُ فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا" [راجع: ۲۳۰۵]

بَابٌ: إِذَا وَجَدَ مَا لَهُ عِنْدَ مُفَلَّسٍ فِي الْبَيْعِ وَالْقَرْضِ وَالْوَدِيْعَةِ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ

کوئی اپنا مال دیوالیہ کے پاس پائے: بیع قرض اور امانت میں تو وہ اس کا زیادہ حق دار ہے

اب تفلیس کا بیان شروع کرتے ہیں، تفلیس کے معنی ہیں: دیوالیہ قرار دینا، یعنی قاضی اعلان کر دے کہ فلاں کو دیوالیہ قرار دیا گیا ہے، قاضی کا یہ عمل تفلیس ہے اور قاضی مفلّس (اسم فاعل) ہے اور دیوالیہ مفلَّس (اسم مفعول) ہے اب کوئی اس کے ساتھ معاملہ نہیں کرے گا، نہ بیچے گا نہ خریدے گا اور جن لوگوں کے قرضے اس کے ذمہ ہیں وہ ابھی نہیں مانگیں گے، جب اس کے پاس مال آئے گا تب وہ ادا کرے گا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ کوئی شخص معاملات میں بیوقوف ہے، بے ڈھنگے تصرفات کرتا ہے، اور اس کی وجہ سے وہ بھاری قرضہ میں دب گیا ہے، قرض خواہ ہر وقت اس کو پریشان کرتے ہیں، اور اس کے پاس ادائیگی کے لئے کچھ نہیں، پھر بھی وہ اوندھے سیدھے دھندھوں سے باز نہیں آتا اور دن بہ دن قرض بڑھتا جاتا ہے، ایسی صورت میں قاضی اس کو دیوالیہ اور اس

کے تصرفات کو غیر نافذ قرار دے گا، اور اس کے پاس جو کچھ ہے اس پر قبضہ کرے گا، رہنے کا گھر، گذارہ کا سامان اور حاجاتِ اصلیہ چھوڑ دے گا، باقی جو کچھ زائد ہے وہ سب قاضی بیچ دے گا، اور تمام قرض خواہوں کے قرضے نوٹ کر لے گا، پھر جس کے حصہ میں جمع شدہ رقم میں سے جتنا آئے گا وہ اس کو دیدے گا، باقی کے لئے قرض خواہوں سے کہہ دے گا: تم ابھی کچھ نہیں مانگ سکتے، جب اس کے پاس کہیں سے مال آئے گا تب وہ تمہارا قرضہ ادا کرے گا۔

اس کے بعد تین مسئلے ہیں، ان میں حجازی اور عراقی فقہاء میں اختلاف ہوا ہے، اور اختلاف نص فہمی کا ہے، باب میں جو **فی البیع والقرض والودیعة** ہے اس میں یہی تین مسئلے ذکر کئے ہیں، اور **فی البیع** جار مجرور وَجَدَ سے متعلق ہیں۔

پہلا مسئلہ: قاضی نے جس کو دیوالیہ قرار دیا اس نے کسی سے بھینس خریدی ہے اور اس کا ثمن باقی ہے اور وہ بھینس دیوالیہ کے پاس بعینہٖ موجود ہے تو یہ بھینس بائع لے جائے گا یا وہ فروخت کی جائے گی، اور بائع قرض خواہوں کی لائن میں کھڑا ہوگا؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک وہ لائن میں کھڑا نہیں ہوگا، وہ اپنی بھینس لے جائے گا، یہ بھینس بائع کا سامان ہے جو دیوالیہ کے پاس بعینہٖ موجود ہے، اور احناف کہتے ہیں: بھینس بائع کی نہیں رہی، تبدل ملک سے تبدل شیٔ ہو جاتی ہے، پس اس بھینس کو قاضی بیچے گا اور بائع قرض خواہوں کی لائن میں کھڑا ہوگا، اس کے حصہ میں جتنی رقم آئے گی لے گا اور باقی باقی۔

دوسرا مسئلہ: کسی نے ایک من گیہوں کھیت میں بونے کے لئے قرض لئے، ابھی بوئے نہیں تھے کہ قاضی نے اس کو دیوالیہ قرار دیدیا۔ گیہوں اس کے پاس بعینہٖ موجود ہیں تو یہ گیہوں قرض دینے والا لے جائے گا یا ان کو بھی فروخت کیا جائے گا؟ احناف کہتے ہیں: یہ گیہوں فروخت ہونگے، کیونکہ یہ اب قرض دینے والے کا مال نہیں رہا، ملکیت بدل گئی پس اس کا مالک دیوالیہ ہے اور ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: یہ گیہوں فروخت نہیں کئے جائیں گے بلکہ قرض دینے والا لے جائے گا۔

تیسرا مسئلہ: کسی نے کسی کے پاس امانت رکھی یا کوئی چیز غصب کی یا عاریت پر لایا اور وہ چیز دیوالیہ کے پاس بعینہٖ موجود ہے تو تمام ائمہ متفق ہیں کہ یہ چیزیں فروخت نہیں کی جائیں گی، مغصوبہ چیز غاصب کو، امانت مودِع کو اور عاریت مُعیر کو دیدی جائے گی، کیونکہ غصب، امانت اور عاریت میں ملکیت نہیں بدلتی، اور اگر اس کو دیوالیہ نے خرد برد کر دیا ہے تو اس کا ضمان اس کے ذمہ واجب ہے، اب ان چیزوں کے مالکان بھی قرض خواہوں کی لائن میں کھڑے ہونگے۔

غرض یہ تین مسئلے ہیں: بیع قرض اور ودیعت، ان میں سے دو میں اختلاف ہے اور ایک متفق علیہ ہے اور یہ اختلاف نص فہمی کا ہے، اس سلسلہ میں ایک تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا فیصلہ ہے اور ایک مرفوع حدیث ہے، دونوں کو حضرت رحمہ اللہ باب میں لائے ہیں، اور ایک اثر (حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا قول) ہے، حضرت حسنؒ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص دیوالیہ ہوگیا اور اس کا دیوالیہ ہونا کھل گیا یعنی قاضی نے اس کے دیوالیہ ہونے کا اعلان کر دیا تو اب وہ نہ کوئی غلام آزاد کر سکتا ہے اور نہ کوئی چیز بیچ سکتا ہے اور نہ خرید سکتا ہے۔ حضرت کی یہ بات مسلّم ہے، دیوالیہ قرار دینے سے اس کے تصرفات پر پابندی لگ جاتی ہے، صرف امام اعظم رحمہ اللہ اس مسئلہ میں اختلاف کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ آزاد عاقل بالغ کے تصرفات پر پابندی

نہیں لگاسکتے، لیکن صاحبین جمہور کے ساتھ ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت حبان بن منقذؓ پر پابندی نہیں لگائی تھی، بلکہ ان کو ایک ترکیب بتائی تھی جس سے ان کا کاروبار ٹھپ پڑ گیا تھا۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا فیصلہ: یہ ہے کہ جس نے اپنے حق میں سے وصول کرلیا دیوالیہ قرار دیئے جانے سے پہلے تو وہ اس کا ہوگیا، یعنی کسی مقروض نے اپنا قرضہ دیوالیہ قرار دیئے جانے سے پہلے کسی طرح وصول کرلیا تو وہ اس کا ہوگیا، اب اس کو واپس نہیں لوٹایا جائے گا۔

اور دوسری بات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے یہ فرمائی کہ جس نے اپنا سامان بعینہٖ پہچانا تو وہ اس کا زیادہ حقدار ہے مگر آئندہ حدیث کے سمجھنے میں جو اختلاف ہوا ہے وہی اختلاف یہاں بھی ہوگا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَن أدرك مالَه بعینه عند رجل أو: إنسان قد أُفلس فهو أحقُّ به من غیره: جس نے اپنا مال بعینہٖ پایا ایسے شخص کے پاس جس کو دیوالیہ قرار دیا گیا ہے پس وہ اس مال کا زیادہ حقدار ہے اس کے علاوہ سے۔

اس حدیث میں ماله (اس کا مال) سے کیا مراد ہے؟ ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ فرماتے ہیں: یہ ارشاد بیع قرض اور ودیعت سب کو شامل ہے، تینوں صورتوں میں بائع، قرض دینے والا اور امانت رکھنے والا اپنا مال لے جائیں گے، اور حنفیہ کہتے ہیں: بیع اور قرض میں وہ اس کا مال نہیں رہا ملکیت بدلنے سے چیز بدل گئی، اگر بیچنے کے بعد بھی وہ چیز بائع کی رہے گی تو بائع اس کی دوسری بیع کرسکتا ہے، حالانکہ ایسا نہیں کرسکتا، اب وہ چیز اس کی نہیں رہی، صرف غصب میں، امانت میں اور عاریت میں وہ اس کا مال ہے، کیونکہ ملکیت نہیں بدلی، اور ائمہ ثلاثہ ماله میں مجازی معنی مراد لیتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ ودیعت اور امانت وغیرہ میں تو آپ حقیقی معنی مراد لیتے ہیں اور بیع اور قرض میں مجازی، جبکہ حقیقت و مجاز کو جمع کرنا جائز نہیں، یا تو حقیقی معنی لیں یا مجازی، دونوں کو ایک ساتھ جمع نہیں کرسکتے۔

[۱۴-] بَابٌ: إِذَا وَجَدَ مَا لَهُ عَنْدَ مُفَلَّسٍ فِی الْبَیْعِ وَالْقَرْضِ وَالْوَدِیْعَةِ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ: إِذَا أَفْلَسَ وَتَبَیَّنَ لَمْ یَجُزْ عِتْقُهُ وَلَا بَیْعُهُ وَلَا شِرَاؤُهُ.

[۲-] وَقَالَ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ: قَضَی عُثْمَانُ: مَنِ اقْتَضَی مِنْ حَقِّهِ قَبْلَ أَنْ یُفَلَّسَ فَهُوَ لَهُ، وَمَنْ عَرَفَ مَتَاعَهُ بِعَیْنِهِ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ.

[۲۴۰۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ، ثَنَا زُهَیْرٌ، ثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ: أَخْبَرَنِی أَبُوْ بَکْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا بَکْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَیْرَةَ، یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم - أَوْ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ- :" مَنْ أَدْرَكَ مَالَهُ بِعَیْنِهِ عِنْدَ رَجُلٍ أَوْ: إِنْسَانٍ قَدْ أُفْلِسَ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ مِنْ غَیْرِهِ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا الإِسْنَادُ كُلُّهُم كَانُوْا عَلَى الْقَضَاءِ: يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، وَأَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَأَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ، كَانُوْا كُلُّهُمْ عَلىٰ الْمَدِيْنَةِ.

سند: اس حدیث کی سند کے پانچ راوی مدینہ منورہ کے قاضی رہے ہیں، حضرت عمرؒ بھی خلیفہ بننے سے پہلے مدینہ کے قاضی تھے۔

بَابٌ: مَنْ أَخَّرَ الْغَرِيْمَ إِلَى الْغَدِ أَوْ نَحْوِهِ وَلَمْ يَرَ ذٰلِكَ مَطْلاً

قرض خواہ سے کل پرسوں کا وعدہ کرنا ٹال مٹول نہیں

قرض خواہ آیا، مقروض نے اس سے کہا: آپ کا قرضہ کل دوں گا یا ہفتہ کے بعد دوں گا تو یہ ٹال مٹول نہیں، کیونکہ ایسی تاخیر ہو ہی جاتی ہے، اور حدیث وہ ہے جو پہلے گذری ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے قرض خواہوں نے سخت مطالبہ کیا، نبی ﷺ نے ان سے کہا: جابرؓ کے باغ کے سارے پھل لے لو اور باقی قرضہ چھوڑ دو، مگر انھوں نے انکار کیا تو آپؐ نے ان کو باغ نہیں دیا اور نہ باغ کے پھل ان کے لئے توڑے، اور فرمایا: میں آئندہ کل صبح آؤں گا، چنانچہ آپ ہمارے پاس صبح تشریف لائے، پس باغ کے پھلوں میں برکت کی دعا کی، پس حضرت جابرؓ نے ان سب کا قرض چکا دیا۔ اس حدیث میں قرض خواہوں سے آپؐ نے یہ کہا تھا کہ تمہارا قرضہ آئندہ کل دیا جائے گا، یہ ٹال مٹول نہیں۔

[۱۵-] بَابٌ: مَنْ أَخَّرَ الْغَرِيْمَ إِلَى الْغَدِ أَوْ نَحْوِهِ وَلَمْ يَرَ ذٰلِكَ مَطْلاً

وَقَالَ جَابِرٌ: اشْتَدَّ الْغُرَمَاءُ فِيْ حُقُوْقِهِمْ فِي دَيْنِ أَبِيْ، فَسَأَلَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَقْبَلُوْا ثَمَرَ حَائِطِيْ، فَأَبَوْا، فَلَمْ يُعْطِهِمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْحَائِطَ، وَلَمْ يَكْسِرْهُ لَهُمْ، وَقَالَ: "سَأَغْدُوْ عَلَيْكَ غَدًا" فَغَدَا عَلَيْنَا حِيْنَ أَصْبَحَ، فَدَعَا فِيْ ثَمَرِهَا بِالْبَرَكَةِ، فَقَضَيْتُهُمْ.

بَابُ مَنْ بَاعَ مَالَ الْمُفَلَّسِ أَوِ الْمُعْدِمِ فَقَسَمَهُ بَيْنَ الْغُرَمَاءِ أَوْ أَعْطَاهُ حَتَّى يُنْفِقَ عَلىٰ نَفْسِهِ

قاضی نے دیوالیہ کا یا نادار کا مال فروخت کیا اور رقم قرض خواہوں میں بانٹ دی، یا اس کو دیدی تا کہ وہ اپنی ضروریات میں خرچ کرے

یہ نیا مسئلہ نہیں، ابھی بتلایا ہے کہ قاضی نے جس کو دیوالیہ قرار دیا ہے اس کی حاجات اصلیہ کو چھوڑ کر باقی سب چیزیں

قاضی بیچ دے گا، اور قرض خواہوں کو رقم حصہ رسد بانٹ دے گا، اور دیوالیہ کے لئے اس کی ضرورت کے بقدر چھوڑ دے گا یا اگر اس پر قرض نہیں ہے مگر وہ نادار ہے تو بھی قاضی اس کا زائد مال فروخت کر کے رقم اسی کو دے گا کہ وہ اپنی ضروریات میں خرچ کرے۔ حضرت حبان بن منقذ رضی اللہ عنہ پر ان کے گھر والوں نے پابندی لگانے کا مطالبہ کیا تھا، مگر حضور نے ان پر پابندی نہیں لگائی تھی، بلکہ ایک ترکیب بتائی تھی کہ گاہک سے کہا کرو: لاخِلابةَ: سودے میں غل وغش نہیں، ولی الخيار ثلاثة أيام (مستدرک حاکم) اور مجھے تین دن تک بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار ہے، اب ایسے بائع سے کون خریدے گا! چنانچہ آہستہ آہستہ ان کا کاروبار ٹھپ پڑ گیا، اور ان کے گھر والوں کا مقصد حاصل ہو گیا۔

اور باب میں حدیث یہ ہے کہ ایک نادار نے اپنا غلام مدبر بنا دیا تھا، اور اس کے پاس کچھ نہیں تھا، قرض خواہوں نے نبی ﷺ سے اس کی شکایت کی تو آپؐ نے یعنی قاضی نے اس غلام کو بیچ دیا اور قرض خواہوں کا قرضہ چکا دیا، وہ معدم (نادار) تھے، اور دیوالیہ کے بارے میں کوئی روایت نہیں، اس لئے باب میں المعدم کا اضافہ کیا۔

[۱۶-] بَابُ مَنْ بَاعَ مَالَ الْمُفَلَّسِ أَوِ الْمُعْدِمِ فَقَسَمَهُ بَيْنَ الْغُرَمَاءِ أَوْ أَعْطَاهُ حَتَّى يُنْفِقَ عَلٰى نَفْسِهِ

[۲۴۰۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، ثَنَا عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَعْتَقَ رَجُلٌ مِنَّا غُلَامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَشْتَرِيْهِ مِنِّيْ؟" فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَأَخَذَ ثَمَنَهُ فَدَفَعَهُ إِلَيْهِ" [راجع: ۲۱۴۱]

بَابٌ: إِذَا أَقْرَضَهُ إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى أَوْ أَجَّلَهُ فِي الْبَيْعِ

مقررہ مدت کے لئے کسی کو قرض دیا یا بیع میں کوئی مدت مقرر کی

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ قرض اور دین میں کچھ فرق ہے یا نہیں؟ کسی کو ہزار روپے ایک مہینہ کے لئے قرض دیئے یا کسی کو کوئی چیز ایک مہینہ کے لئے ادھار بیچی تو اول قرض ہے اور ثانی دین، حنفیہ کے نزدیک قرض اور دین میں فرق ہے، دین میں اگر کوئی مدت مقرر کی ہے تو صاحب دَین مدت پوری ہونے سے پہلے نہیں مانگ سکتا، کیونکہ اجل صلب عقد میں داخل ہو جاتی ہے، اور قرض میں مدت مقرر کرنے کے باوجود کسی بھی وقت مانگ سکتا ہے، کیونکہ یہ اجل صلب عقد میں داخل نہیں ہوتی، اگر چھ مہینہ کے لئے قرض دیا ہے تو اخلاقی بات یہ ہے کہ مقررہ مدت سے پہلے نہ مانگے، لیکن اگر قرض دینے والے کو ایمرجنسی (ناگہانی ضرورت) پیش آجائے تو وہ کسی بھی وقت قرض کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک قرض اور دین میں کوئی فرق نہیں، ـ دونوں میں مقررہ مدت سے پہلے مطالبہ نہیں کر سکتا۔

مسئلہ: اور یہ جورواج ہے کہ دکان سے سامان لے آتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں کہ پیسے بعد میں دیں گے تو یہ ادھار معاملہ نہیں ہے، کیش خریدنا ہے، بائع کسی بھی وقت ثمن کا مطالبہ کرسکتا ہے، اختلاف اس صورت میں ہے جب ثمن کی ادائیگی کا وقت معاملہ میں طے ہوا ہو، تو یہ ادھار بیچنا ہے، اس میں قبل از وقت ثمن نہیں مانگ سکتا۔

اور باب میں حضرت رحمہ اللہ نے ایک حدیث موقوف، ایک اثر اور ایک حدیث مرفوع پیش کی ہے۔

حدیث موقوف: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اگر کسی کو قرض دیا اور واپسی کی کوئی مدت مقرر کی تو اس کی گنجائش ہے (اس میں کوئی اختلاف نہیں)

دوسری بات حضرت ابن عمرؓ نے یہ فرمائی کہ اگر مقروض نے زیادہ یا بہتر چیز واپس کی تو یہ سود نہیں، سود اس وقت ہوتا ہے جب وہ معاملہ میں شرط ہو (اس کا بھی باب سے کچھ تعلق نہیں)

اثر: دو تابعین: حضرت عطاء اور حضرت عمرو بن دینار رحمہما اللہ فرماتے ہیں: قرض میں بھی مقررہ مدت سے پہلے مانگنا جائز نہیں (مگر یہ تابعین کا فتوی ہے اس کا جواب دینے کی ضرورت نہیں)

حدیث: میں بنی اسرائیل کا وہ واقعہ ہے جو پہلے کئی مرتبہ گذر چکا ہے کہ ایک شخص نے دوسرے سے مقررہ مدت کے لئے قرض لیا تھا، مگر اس میں اس کی کوئی دلیل نہیں ہے کہ وہ مقررہ مدت صلب عقد میں داخل ہوگئی تھی۔

[۱۷-] بَابٌ: إِذَا أَقْرَضَهُ إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى أَوْ أَجَّلَهُ فِي الْبَيْعِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ فِي الْقَرْضِ إِلٰى أَجَلٍ: لَا بَأْسَ بِهِ، وَإِنْ أُعْطِيَ أَفْضَلَ مِنْ دَرَاهِمِهِ مَا لَمْ يَشْتَرِطْ.

[۲-] وَقَالَ عَطَاءٌ وَعَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ: هُوَ إِلٰى أَجَلِهِ فِي الْقَرْضِ.

[۲۴۰۴-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ ذَكَرَ رَجُلًا مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ سَأَلَ بَعْضَ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ أَنْ يُسْلِفَهُ، فَدَفَعَهَا إِلَيْهِ إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. [راجع: ۱۴۹۸]

بَابُ الشَّفَاعَةِ فِي وَضْعِ الدَّيْنِ

قرض معاف کرنے کی سفارش کرنا

کوئی مقروض ہے اور کمزور ہے، کسی نے قرض خواہ سے سفارش کی کہ یہ آدمی غریب ہے آپ اس کا قرضہ معاف کردیں یا کم کردیں تو ایسی سفارش کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ بڑا نیکی کا کام ہے۔ اور باب میں وہی حضرت جابر رضی اللہ عنہ والی حدیث ہے کہ انھوں نے اپنے ابا کے قرض خواہوں سے چاہا تھا کہ وہ کچھ قرض معاف کردیں مگر انھوں نے نہیں مانا تھا، پس

حضرت جابرؓ نے حضور ﷺ سے درخواست کی کہ آپؐ سفارش کریں، چنانچہ آپؐ نے سفارش کی مگر یہودی نے نہیں مانی، اور دوسری حدیث میں اونٹنی خریدنے کا اور بیوہ سے شادی کرنے کا واقعہ ہے، وہ بھی پہلے گذر چکا ہے اور یہ پہلی ہی حدیث ہے، حوالہ دینے کے لئے نمبر الگ ڈالا ہے۔

[١٨-] بَابُ الشَّفَاعَةِ فِي وَضْعِ الدَّيْنِ

[٢٤٠٥-] حدثنا مُوْسَى، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أُصِيْبَ عَبْدُ اللّٰهِ وَتَرَكَ عِيَالاً وَدَيْنًا، فَطَلَبْتُ إِلٰى أَصْحَابِ الدَّيْنِ أَنْ يَضَعُوْا بَعْضًا، فَأَبَوْا، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَشْفَعْتُ بِهِ عَلَيْهِمْ، فَأَبَوْا، فَقَالَ: " صَنِّفْ تَمْرَكَ، كُلَّ شَيْئٍ مِنْهُ عَلٰى حِدَةٍ، عِذْقَ ابْنِ زَيْدٍ عَلٰى حِدَةٍ، وَاللِّيْنَ عَلٰى حِدَةٍ، وَالْعَجْوَةَ عَلٰى حِدَةٍ، ثُمَّ أَحْضِرْهُمْ حَتّٰى آتِيَكَ" فَفَعَلْتُ. ثُمَّ جَاءَ فَقَعَدَ عَلَيْهِ، وَكَالَ لِكُلِّ رَجُلٍ، حَتّٰى اسْتَوْفٰى وَبَقِيَ التَّمْرُ كَمَا هُوَ كَأَنَّهُ لَمْ يُمَسَّ. [راجع: ٢١٢٧]

[٢٤٠٦-] وَغَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى نَاضِحٍ لَنَا، فَأَزْحَفَ الْجَمَلُ، فَتَخَلَّفَ عَلَيَّ، فَوَكَزَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ خَلْفِهِ، قَالَ: " بِعْنِيْهِ وَلَكَ ظَهْرُهُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ" فَلَمَّا دَنَوْنَا اسْتَأْذَنْتُ قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ، قَالَ: " فَمَا تَزَوَّجْتَ؟ بِكْراً أَمْ ثَيِّبًا؟" قُلْتُ: ثَيِّبًا، أُصِيْبَ عَبْدُ اللّٰهِ وَتَرَكَ جَوَارِيَ صِغَارًا، فَتَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا تُعَلِّمُهُنَّ وَتُؤَدِّبُهُنَّ، ثُمَّ قَالَ: " ائْتِ أَهْلَكَ" فَقَدِمْتُ فَأَخْبَرْتُ خَالِيْ بِبَيْعِ الْجَمَلِ فَلاَمَنِيْ: فَأَخْبَرْتُهُ بِإِعْيَاءِ الْجَمَلِ، وَبِالَّذِيْ كَانَ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَوَكْزِهِ إِيَّاهُ، فَلَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم غَدَوْتُ إِلَيْهِ بِالْجَمَلِ فَأَعْطَانِيْ ثَمَنَ الْجَمَلِ، وَالْجَمَلَ، وَسَهْمِيْ مَعَ الْقَوْمِ. [راجع: ٤٤٣]

قولہ: صَنِّفْ: اپنی کھجوروں کی قسمیں بناؤ، ان میں سے ہر چیز (نوع) علاحدہ کرو۔

بَابُ مَا يُنْهٰى عَنْ إِضَاعَةِ الْمَالِ، وَالْحَجْرِ فِي ذٰلِكَ، وَمَا يُنْهٰى عَنِ الْخِدَاعِ

مال برباد کرنے کی ممانعت اور اس سلسلہ میں روک لگانا اور دھوکہ دہی کی ممانعت

اس کتاب کے یہ آخری دو باب دقیق ہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کے استنباط کے آئینہ دار ہیں، اس باب میں تین باتیں ہیں:

پہلی بات: مال برباد کرنا حرام ہے اور اس کو متعدد آیات سے ثابت کیا ہے، اور آخری حدیث اس سلسلہ میں صریح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مال ضائع کرنے کو حرام کیا ہے۔

دوسری بات: اگر کوئی ناسمجھ مال برباد کرنے لگے، تو اس پر روک لگا سکتے ہیں، جیسے مالدار شادیوں میں بے حساب خرچ کرتے ہیں اور ان کا یہ عمل غریبوں کے لئے مصیبت بن جاتا ہے، پس اگر حکومت اس سلسلہ میں کوئی قانون بنائے تو ایسا کرسکتی ہے، جیسے الیکشن کے مصارف میں ایسی پابندی حکومت لگاتی ہے۔

تیسری بات: معاملات میں دھوکہ دہی ممنوع ہے، لوگ خفیف العقل کو ٹھگتے ہیں، اس لئے باب میں یہ جزء لائے ہیں۔ حضرت حبان بن منقذ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے: وہ کاروبار کرتے تھے، اور گھاٹا پاتے تھے، سامان کتنے میں خریدا ہے یہ بھول جاتے تھے، اور اپنے خیال میں نفع رکھ کر بیچتے تھے، اس طرح روز گھاٹا پاتے تھے، ان کے گھر والوں نے نبی ﷺ سے درخواست کی کہ ان کو کاروبار سے روک دیا جائے، آپؐ نے ان کو بلا کر سمجھایا مگر انھوں نے عرض کیا: مجھے کاروبار کئے بغیر چین نہیں آتا، آپؐ نے فرمایا: جب کوئی چیز بیچو تو خریدار سے کہو: لا خِلابة: کوئی دھوکہ نہیں! ولی الخیار ثلاثة أیام: مگر مجھے بیع رکھنے نہ رکھنے کا تین دن تک اختیار ہے، شام کو جب سوچیں گے کہ میں پانچ سو روپے لے کر مارکیٹ گیا تھا، ساڑھے چار سو لے کر واپس آیا، مجھے دھوکہ کہاں ہوا؟ تو ان کو یاد آجائے گا کہ میں فلاں چیز اتنے میں خرید کر لایا تھا اور اس سے کم میں بیچ دی، پس وہ اس بیع کو ختم کردیں گے اور نقصان سے بچ جائیں گے۔

اس واقعہ میں جمہور کہتے ہیں: حضرت حبانؓ کی فیملی نے حجر (کاروبار پر پابندی) کا مطالبہ کیا تھا، معلوم ہوا کہ سفیہ کو کاروبار سے روک سکتے ہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آپؐ نے پابندی نہیں لگائی تھی، اگر پابندی لگانا جائز ہوتا تو آپؐ لگا دیتے، بلکہ ایک ایسی تدبیر بتائی کہ نہ سانپ بچا نہ لاٹھی ٹوٹی۔

آیاتِ کریمہ کا حاصل: مال اناپ شناپ مت اڑاؤ، جو ایسا کرتا ہے وہ زمین میں بگاڑ پسند کرتا ہے، اور اللہ تعالیٰ مفسدین کے عمل کو سراہتے نہیں، اور حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم نے کہا تھا کہ مال ہمارا ہے، جس طرح چاہیں خرچ کریں، تم کون ہوتے ہو سمجھانے والے! حالانکہ مال اللہ کا ہے، ان کو ہر حکم دینے کا حق ہے۔ اور ناسمجھ یتیموں کے بارے میں فرمایا: ان کا مال ان کو مت دو، وہ ناسمجھی سے اڑا دیں گے اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر حرام کیا ہے ماؤں کی نافرمانی کرنا، بیٹیوں کو زندہ درگور کرنا، دوسروں کو نہ دینا اور دوسروں سے مانگنا اور ناپسند کیا ہے تمہارے لئے قیل وقال (فضول بکواس) کو اور بہ کثرت سوال کرنے کو اور مال ضائع کرنے کو۔

اور اس مسئلہ میں کہ عاقل بالغ پر حجر (پابندی لگانا) جائز ہے یا نہیں؟ میری ناقص رائے یہ ہے کہ پابندی لگانے کی دو صورتیں ہیں: اخلاقی پابندی لگانا اور قانونی پابندی لگانا۔ اخلاقی پابندی ایک طرح کا مشورہ ہوتا ہے اور قانونی پابندی سے تصرفات کالعدم ہوجاتے ہیں، پس سفیہ پر اخلاقی پابندی تو لگا سکتے ہیں اور دیوالیہ قرار دینے کے بعد بڑے معاملات میں قانونی پابندی بھی قاضی لگا سکتا ہے تاکہ دیوالیہ کاروبار کرکے مزید مقروض نہ ہوجائے، اور لوگوں کے اموال ضائع نہ ہوں، مگر روزمرہ کی چیزوں میں اس پر پابندی نہیں لگائی جاسکتی، اگر وہ ماچس بھی خرید کر نہیں لاسکتا تو وہ کیسے زندگی گذارے گا؟

پس امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کا مصداق روزمرہ کے معاملات ہیں، اور جمہور بشمول صاحبین وامام بخاری رحمہم اللہ کے اقوال کا مصداق بڑے معاملات ہیں۔ واللہ اعلم

[۱۹-] بَابُ مَا يُنْهَى عَنْ إِضَاعَةِ الْمَالِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ﴾ [البقرة: ۲۰۵]

[۲-] وَ﴿لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ﴾ [یونس: ۸۱]

[۳-] وَقَالَ: ﴿أَصَلٰوتُكَ تَأْمُرُكَ أَنْ نَتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَنْ نَفْعَلَ فِي أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ﴾ [هود: ۸۷]

[٤-] وَقَالَ: ﴿وَلَا تُؤْتُوْا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمْ﴾ [النساء: ٥]

وَالْحَجْرِ فِي ذٰلِكَ، وَمَا يُنْهَى عَنِ الْخِدَاعِ

[۲٤۰۷-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ قَالَ، قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنِّيْ أُخْدَعُ فِي الْبُيُوْعِ، فَقَالَ: "إِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ: لَا خِلَابَةَ" فَكَانَ الرَّجُلُ يَقُوْلُهُ. [راجع: ۲۱۱۷]

[۲٤۰۸-] حدثنا عُثْمَانُ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ وَرَّادٍ مَوْلَى الْمُغِيْرَةِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الْأُمَّهَاتِ، وَوَأْدَ الْبَنَاتِ، وَمَنْعًا وَهَاتِ. وَكَرِهَ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةَ الْمَالِ" [راجع: ۸٤٤]

بَابٌ: الْعَبْدُ رَاعٍ فِي مَالِ سَيِّدِهِ، وَلَا يَعْمَلُ إِلَّا بِإِذْنِهِ

غلام آقا کے مال کا نگہبان ہے اور وہ آقا کی اجازت سے تصرف کرے گا

اس باب کا مقصد حجر (پابندی لگانے) کے لئے ذہن سازی کرنا ہے۔ سفیہ پر حجر کیوں نہیں ہوسکتا؟ شریعت نے عبد مجور پر پابندی لگائی ہے، وہ آقا کی اجازت سے تصرف کرسکتا ہے، اور سفیہ بمنزلہ عبد مجور ہے، پس سفیہ پر بھی حجر ہوسکتا ہے۔ اور حدیث وہی پیش کی ہے جو پہلے آئی ہے، مگر حدیث میں صرف عبد مجور پر حجر نہیں ہے، بلکہ امام پر، صاحب خانہ پر، بیوی اور بیٹے پر بھی پابندی ہے کہ وہ عرف کے مطابق عمل کریں، پس کیا یہ سب سفیہ کی نظیریں ہیں؟ ہاں کوئی عورت بے وقوف ہوسکتی ہے، کوئی بچہ سفیہ ہوسکتا ہے مگر ہر عورت، ہر بچہ، ہر امام اور ہر مرد سفیہ نہیں ہوسکتا، مگر سب عرف کے مطابق عمل کرنے کے پابند ہیں۔

واقعہ: ایک مولانا صاحب نے مسجد میں وعظ کہا، انھوں نے اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے کے فضائل بیان کئے ان

کی بیوی بھی وعظ سننے والوں میں تھی، وعظ ختم ہوا تو بیوی گھر پہنچی اور سارا گھر غریبوں میں بانٹ دیا، مولانا صاحب جب چائے ناشتہ سے فارغ ہو کر گھر پہنچے تو دیکھا: گھر میں کچھ نہیں، پوچھا: خوش نصیب! کیا ہوا، ڈاکہ پڑا؟ بیوی نے کہا: نہیں، آپ نے اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے کے فضائل بیان کئے، میں نے اس پر عمل کیا اور سارا سامان غریبوں میں بانٹ دیا، مولانا صاحب سر پکڑ کر رہ گئے، کہنے لگے: ہائے! وہ وعظ ہمارے گھر کے لئے تھوڑے ہی تھا! ایسی کوئی بیوی سفیہ ہوسکتی ہے مگر ہر بیوی ایسی نہیں ہوتی، ایسے ہی ہر غلام ایسا نہیں ہوتا، وہ بڑے معاملات میں مجحور ہوتا ہے، روزہ مرہ کے معاملات کر سکتا ہے۔

[۲۰-] بَابٌ: العَبْدُ رَاعٍ فِي مَالِ سَيِّدِهِ، وَلاَ يَعْمَلُ إِلَّا بِإِذْنِهِ

[۲۴۰۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: كُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالإِمَامُ رَاعٍ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ فِي أَهْلِهِ رَاعٍ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالْمَرْأَةُ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا رَاعِيَةٌ وَهِيَ مَسْؤُوْلَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا، وَالْخَادِمُ فِيْ مالِ سَيِّدِهِ رَاعٍ، وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ" قَالَ: وَسَمِعْتُ هٰؤُلآءِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَحْسِبُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِيْ مَالِ أَبِيْهِ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ" [راجع: ۸۹۳]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فی الْخُصُوْمَاتِ

جھگڑوں کا بیان

خاصَمَہ، مُخَاصَمَۃً، وَخِصَامًا: جھگڑا کرنا، اسم فاعل: مُخَاصِمْ اور خَصِیْم۔ اور فریقین خصمان کہلاتے ہیں، دنیا جھگڑوں کی جگہ ہے، یہ جنت نہیں ہے، یہاں مختلف اسباب سے جھگڑے ہوتے ہیں، اس سلسلہ کی جو ہدایات ہیں وہ اس کتاب میں مذکور ہیں۔

بَابُ مَا یُذْکَرُ فِي الإِشْخَاصِ، وَالْخُصُوْمَةِ بَیْنَ الْمُسْلِمِ وَالْیَهُوْدِيِّ

مجرم کو حاضر کرنا، اور مسلمان اور یہودی میں نزاع

أَشْخَصَ فلاناً: حاضر کرنا، جب جھگڑا ہوتا ہے تو مدعی: مدعی علیہ کو کورٹ میں حاضر کرتا ہے یا قاضی بلواتا ہے، یہ اشخاص ہے، اور باب میں دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ مسلمان اور غیر مسلم کے درمیان بھی جھگڑا ہوسکتا ہے، اور اس کتاب کا تیسرا مسئلہ ملازمت ہے، ملازمت کے معنی ہیں: خصم / مجرم کے ساتھ سایے کی طرح لگا رہنا، تا آنکہ وہ حق دیدے یا قاضی کے پاس لے جائے، یہ مسئلہ اس کتاب کے آخر میں ہے، مگر وہاں بھی حضرت نے بسم اللہ لکھی ہے، جس سے دھوکہ ہوتا ہے کہ یہ مستقل کتاب ہے، ایسا نہیں ہے، وہ اسی کتاب کا حصہ ہے۔

باب کی پہلی حدیث میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایک آدمی کو سنا وہ ایک آیت پڑھ رہا تھا، اس کے برخلاف جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ آیت مجھے پڑھائی تھی، میں اس کو پکڑ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گیا، یہ اشخاص ہے۔

اور دوسری حدیث میں یہ واقعہ ہے کہ بازار میں کسی معاملہ میں ایک یہودی نے قسم کھائی کہ اس ذات کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو تمام جہانوں پر برتری بخشی! وہاں ایک صحابی بھی موجود تھے انھوں نے اس کو تھپڑ مارا اور کہا: کمبخت! حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی؟ اب یہودی جوابی تھپڑ تو مار نہیں سکتا تھا وہ سیدھا فریاد لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا، آپؐ نے ان صحابی کو بلوایا، یہ اشخاص ہے۔

اور تیسری حدیث میں ایک باندی کو جو بکریاں چرا رہی تھی ایک یہودی نے اس کے زیور کے لالچ میں قتل کیا، وہ باندی

مری نہیں تھی، وہ حضور ﷺ کی خدمت میں لائی گئی، اس سے نزعی بیان لیا گیا، اس نے ایک یہودی کا نام لیا، چنانچہ اس یہودی کو پکڑ کر لایا گیا، یہ اشخاص ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٤٤- فی الخصومات

[١-] بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الإِشْخَاصِ، وَالْخُصُوْمَةِ بَيْنَ الْمُسْلِمِ وَالْيَهُوْدِيِّ

[٢٤١٠-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَيْسَرَةَ أَخْبَرَنِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّزَّالَ ابْنَ سَبْرَةَ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَجُلاً قَرَأَ آيَةً سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم خِلافَهَا، فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ، فَأَتَيْتُ بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ: "كِلاَكُمَا مُحْسِنٌ" قَالَ شُعْبَةُ: أَظُنُّهُ قَالَ: "لاَ تَخْتَلِفُوْا فَإِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ اخْتَلَفُوْا فَهَلَكُوْا"[انظر: ٣٤٧٦، ٥٠٦٢]

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایک آدمی کو ایک آیت پڑھتے ہوئے سنا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے خلاف سنا تھا، پس میں نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اس کو میں رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا، (پس آپؐ نے ہم دونوں سے وہ آیت پڑھوائی) اور فرمایا: تم دونوں ہی ٹھیک پڑھتے ہو، شعبہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ آپؐ نے یہ بھی فرمایا: قرآن پڑھنے میں جھگڑا مت کرو، اس لئے کہ جو تم سے پہلے ہوئے ہیں انھوں نے اللہ کی کتاب میں اختلاف کیا پس وہ ہلاک ہوئے۔

تشریح: وہ کون صاحب تھے جو حضرت ابن مسعودؓ کی رائے میں غلط پڑھ رہے تھے؟ معلوم نہیں! اور وہ کونسی آیت تھی؟ یہ بھی معلوم نہیں! اور آپؐ نے جو فرمایا کہ دونوں ٹھیک پڑھ رہے ہو اس کا تعلق أنزل القرآن علی سبعة أحرف سے ہے، جس کی تفصیل اپنی جگہ آئے گی، اور یہ اس وقت کی بات ہے جب متعدد طرق سے قرآن پڑھنے کی اجازت تھی، پس ہر ایک جس طرح پڑھ رہا تھا ٹھیک پڑھ رہا تھا، بعد میں حضرت عثمانؓ نے سبعۃ احرف کو موقوف کر دیا اور امت کو لغت قریش پر جمع کر دیا، اس لئے اب جیسا قرآن میں ہے اسی طرح پڑھنا ضروری ہے، اس کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۷:۹۲-۹۷) میں ہے۔

[٢٤١١-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزْعَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلاَنِ: رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَرَجُلٌ مِنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ الْمُسْلِمُ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُحَمَّدًا عَلَى الْعَالَمِيْنَ! فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ: وَالَّذِيْ اصْطَفٰى مُوْسَى عَلَى الْعَالَمِيْنَ، فَرَفَعَ الْمُسْلِمُ يَدَهُ عِنْدَ ذٰلِكَ فَلَطَمَ وَجْهَ الْيَهُوْدِيِّ، فَذَهَبَ الْيَهُوْدِيُّ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ

عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ بِمَا كَانَ مِنْ أَمْرِهِ وَأَمْرِ الْمُسْلِمِ، فَدَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمُسْلِمَ، فَسَأَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''لَا تُخَيِّرُوْنِيْ عَلٰى مُوْسَى، فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَصْعَقُ مَعَهُمْ، فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يُفِيْقُ، فَإِذَا مُوْسَى بَاطِشٌ جَانِبَ الْعَرْشِ، فَلَا أَدْرِيْ أَكَانَ فِيْمَنْ صَعِقَ فَأَفَاقَ قَبْلِيْ، أَوْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللّٰهُ''

[انظر: ٣٤٠٨، ٣٤١٤، ٤٨١٣، ٦٥١٧، ٦٥١٨، ٧٤٢٨]

[٢٤١٢-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ جَاءَ يَهُوْدِيٌّ فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ! ضَرَبَ وَجْهِيْ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِكَ، فَقَالَ: '' مَنْ؟'' قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: '' ادْعُوْهُ'' فَقَالَ: '' أَضَرَبْتَهُ؟'' قَالَ: سَمِعْتُهُ بِالسُّوْقِ يَحْلِفُ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُوْسَى عَلَى الْبَشَرِ! قُلْتُ: أَيْ خَبِيْثُ! عَلٰى مُحَمَّدٍ؟ فَأَخَذَتْنِيْ غَضْبَةٌ، ضَرَبْتُ وَجْهَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' لَا تُخَيِّرُوْا بَيْنَ الْأَنْبِيَاءِ، فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ، فَإِذَا أَنَا بِمُوْسَى آخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ، فَلَا أَدْرِيْ أَكَانَ فِيْمَنْ صَعِقَ، أَمْ حُوْسِبَ بِصَعْقَتِهِ الْأُوْلٰى'' [انظر: ٣٣٩٨، ٤٦٣٨، ٦٩١٦، ٦٩١٧، ٧٤٢٧]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مسلمان اور ایک یہودی میں تو تو میں میں ہوگئی، پس مسلمان نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے محمد ﷺ کو سارے جہانوں پر برگزیدگی بخشی! پس یہودی نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے موسیٰ علیہ السلام کو سارے جہانوں پر برگزیدگی بخشی! پس اس وقت مسلمان نے اپنا ہاتھ اٹھایا اور یہودی کے چہرے پر تھپڑ مارا، پس یہودی نبی ﷺ کے پاس گیا اور آپؐ کو اطلاع دی اس بات کی جو اس کے اور مسلمان کے درمیان پیش آئی، پس نبی ﷺ نے مسلمان کو بلوایا (یہاں باب ہے) پس ان سے اس بارے میں پوچھا تو انھوں نے سارا واقعہ بتلایا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے موسیٰ علیہ السلام پر ترجیح مت دو، اس لئے کہ لوگ قیامت کے دن بیہوش ہوجائیں گے، میں بھی ان کے ساتھ بیہوش ہوجاؤں گا، پھر میں سب سے پہلے ہوش میں آؤں گا، پس اچانک موسیٰ علیہ السلام عرش کا پایہ پکڑے ہوئے ہونگے، پس میں نہیں جانتا کہ وہ بھی بیہوش ہونے والوں میں سے تھے، پھر مجھ سے پہلے ہوش میں آگئے یا وہ ان لوگوں میں سے تھے جن کا اللہ تعالیٰ نے استثناء فرمایا ہے۔

اور یہی حدیث دوسرے طریق سے اس طرح ہے: دریں اثناء کہ رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے کہ ایک یہودی آیا اور اس نے کہا: اے ابوالقاسم! آپؐ کے صحابہ میں سے ایک نے میرے چہرے پر مارا، آپؐ نے پوچھا: کس نے؟ اس نے کہا: ایک انصاری نے، آپؐ نے فرمایا: اس کو بلاؤ (یہاں باب ہے) پس آپؐ نے پوچھا: کیا تو نے اس کو مارا؟ پس انصاری نے جواب دیا کہ میں نے اس کو بازار میں قسم کھاتے ہوئے سنا: قسم ہے اس ذات کی جس نے موسیٰ علیہ السلام کو تمام انسانوں

پر برتری بخشی! تو میں نے کہا: او اُلو کے پٹھے! محمد ﷺ پر بھی؟ پس مجھے غصہ آگیا اور میں نے اس کے چہرے پر مارا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: نبیوں کے درمیان مجھے ترجیح مت دو، اس لئے کہ لوگ قیامت کے دن بیہوش ہوجائیں گے، پس میں پہلا وہ شخص ہوؤنگا جس سے زمین پھٹے گی، پس اچانک میں موسیٰ علیہ السلام کو دیکھوں گا کہ وہ عرش کے پایوں میں سے ایک پایہ پکڑے ہوئے ہیں، پس میں نہیں جانتا کہ وہ ان لوگوں میں سے تھے جو بیہوش ہوئے یا ان کی پہلی بیہوشی کے ساتھ حساب چکا دیا گیا۔

تشریح: سورۃ الزمر آیت: ۶۸ ہے: ﴿وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلاَّ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ﴾: اور قیامت کے دن صور میں پھونک ماری جائے گی پس تمام آسمان اور زمین والوں کے ہوش اڑ جائیں گے، مگر جس کو خدا چاہے (وہ بیہوش نہیں ہوگا) نبی ﷺ کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے کہ اس وقت موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہونگے یا نہیں؟ یہ مجھے معلوم نہیں! کیونکہ ان کے حق میں سورۃ الاعراف کی آیت: ۱۴۳ میں ہے: ﴿فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا﴾: پس جب ان کے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو اس کے پرخچے اڑ گئے، اور موسیٰ بیہوش ہوکر گر پڑے، چونکہ موسیٰ علیہ السلام حیاتِ دنیوی میں اللہ تعالیٰ کی تجلی دیکھ کر بے ہوش ہوچکے ہیں، اس لئے قیامت کے دن صور پھونکنے سے بیہوش نہیں ہونگے، پہلی بیہوشی پر اکتفا کرلی جائے گی دوسری مرتبہ وہ بیہوش نہیں ہونگے، ایسا بھی ہوسکتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ بھی قیامت کے دن بیہوش ہوں اور مجھ سے پہلے ہوش میں آجائیں، بہر حال یہ موسیٰ علیہ السلام کی ایک جزوی فضیلت ہے اس لئے آپؐ نے فرمایا کہ مجھے ان پر ترجیح مت دو۔

فضیلت کی دو قسمیں:

اور فضیلت کی دو قسمیں ہیں: کلی اور جزوی، کلی یعنی بہمہ وجوہ اور جزوی یعنی بعض وجوہ سے۔ اور جزوی فضیلت میں انبیاء کے درمیان تفاضل (کمی بیشی) ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ، مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجَاتٍ﴾: یہ حضرات مرسلین ایسے ہیں کہ ہم نے ان میں سے بعضوں کو بعضوں پر فوقیت بخشی ہے، مثلاً بعضے ان میں سے وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے ہیں، اور بعضوں کو ان میں سے بہت سے درجات سے سرفراز کیا ہے، پس جزوی فضیلتیں تو ہوتی ہیں، مثلاً نوح علیہ السلام اول الرسل ہیں، ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ ہیں، موسیٰ علیہ السلام کلیم اللہ ہیں اور ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ حبیب اللہ اور خاتم النّبیین ہیں، مگر یہ جزوی فضیلت اس طرح بیان کرنا کہ دوسرے نبی کی تنقیص لازم آئے: درست نہیں، اور فضیلت کلی ہمارے آقا ﷺ کو حاصل ہے، مگر اس کو بھی اس طرح بیان کرنا کہ دوسرے انبیاء کی تنقیص لازم آئے: ممنوع ہے۔

اور واقعہ کی صحیح نوعیت وہ ہے جو دوسری حدیث میں ہے: پہلے یہودی نے قسم کھائی تھی جس سے حضور ﷺ کی توہین لازم آئی تھی، اس لئے وہ چپت کا مستحق تھا، اور اسی لئے آپؐ نے قصاص نہیں دلوایا بلکہ مسلمان کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی

جزوی فضیلت سمجھائی کہ اگر یہودی نے وہ قسم کھائی تھی تو اس میں غصہ ہونے کی کیا بات تھی؟ آخر موسیٰ علیہ السلام کو قیامت کے دن ایک جزوی فضیلت حاصل ہوگی، جیسے ایک طالب علم دورہ میں اول آیا اور دوسرے کے ترمذی میں نمبر زیادہ ہیں، پس اگر کوئی کہے کہ فلاں کے ترمذی میں نمبر زیادہ ہیں تو یہ بات صحیح ہے، اور اس میں اول نمبر آنے والے کی کوئی توہین نہیں۔

لغات: اسْتَبَّا: ایک دوسرے کو برا کہنا......... خَيَّرَ بين الأشياء: دو چیزوں میں سے ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا۔

[٢٤١٣-] حدثنا مُوْسَى، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ يَهُوْدِيًّا رَضَّ رَأْسَ جَارِيَةٍ بَيْنَ حَجَرَيْنِ، قِيْلَ: مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِكِ؟ أَفُلَانٌ؟ أَفُلَانٌ؟ حَتَّى سُمِّيَ الْيَهُوْدِيُّ، فَأَوْمَأَتْ بِرَأْسِهَا، فَأُخِذَ الْيَهُوْدِيُّ فَاعْتَرَفَ فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَرُضَّ رَأْسُهُ بَيْنَ حَجَرَيْنِ.

[انظر: ٢٧٤٦، ٥٢٩٥، ٦٨٧٦، ٦٨٧٧، ٦٨٧٩، ٦٨٨٤، ٦٨٨٥]

وضاحت: ایک یہودی نے دو پتھروں کے درمیان ایک باندی کا سر کچل دیا، وہ بکریاں چرا رہی تھی، اور اس نے چاندی کا زیور پہن رکھا تھا، یہودی نے زیور کے لالچ میں اس کو قتل کر دیا، اور زیور لے کر چل دیا، اس کے خیال میں باندی مرگئی تھی، مگر حقیقت میں مری نہیں تھی، شام کو جب بکریاں گھر نہیں آئیں تو مالک ان کو تلاش کرنے کے لئے جنگل گیا، وہاں دیکھا کہ بکریاں بکھری پڑی ہیں اور باندی بیہوش پڑی ہے، چنانچہ اس کو نبی ﷺ کی خدمت میں لایا گیا اور اس سے شہر کے غنڈوں کے بارے میں نام بہ نام پوچھا گیا: تجھے فلاں نے قتل کیا؟ اس نے نفی میں اشارہ کیا، یہاں تک کہ قاتل یہودی کا نام لیا گیا، تو اس نے اثبات میں اشارہ کیا، چنانچہ وہ یہودی پکڑا گیا، اور اس کو ریمانڈر پر لیا گیا، اس نے اعتراف کیا اور اس نے یہ بھی بتایا کہ زیور فلاں جگہ ہے، چنانچہ اس کو برآمد کیا گیا، پھر باندی مرگئی تو قصاص میں اس یہودی کا سر بھی دو پتھروں کے درمیان کچل دیا گیا۔

مسئلہ: نزعی بیان لے سکتے ہیں، اس حدیث سے اس کا ثبوت ملتا ہے، مگر نزعی بیان پر قاضی فیصلہ نہیں کر سکتا، کیونکہ اس وقت پورا ہوش نہیں ہوتا، مگر نزعی بیان کو تحقیقات کا ذریعہ بنا سکتے ہیں، پھر اس پر سزا دیں گے اور رہا یہ مسئلہ کہ قصاص میں مماثلت ضروری ہے یا تلوار سے سر کاٹا جائے گا؟ یہ اختلافی مسئلہ ہے اور اس کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۴: ۳۲۷) میں ہے۔ اور ابن ماجہ کی حدیث: لاقود إلا بالسيف: کی اسنادی حالت کی تفصیل عمدۃ القاری میں اسی باب میں ہے۔

بَابُ مَنْ رَدَّ أَمْرَ السَّفِيْهِ وَالضَّعِيْفِ الْعَقْلِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ حَجَرَ عَلَيْهِ الإِمَامُ

جس نے کمزور عقل والے کے تصرف کو کالعدم قرار دیا، اگرچہ حکومت نے اس پر پابندی نہیں لگائی

حجر (پابندی لگانے) کے بعد دیوالیہ کے تصرفات معتبر ہیں یا نہیں؟ یہ اختلافی مسئلہ ہے، اور ابھی گذرا ہے۔ اور معتوہ

(خفیف العقل) کے تصرفات معتبر ہیں یا نہیں جبکہ اس پر قاضی نے کوئی پابندی نہ لگائی ہو؟ مالکیہ کی رائے میں سفیہ کے تصرف کو قاضی رد کرسکتا ہے، یعنی اس کو کالعدم قرار دے سکتا ہے، اگرچہ اس پر قاضی نے پہلے سے کوئی پابندی نہ لگائی ہو، اور دلیل حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی وہ روایت ہے جس میں ایک مفلوک الحال نے اپنے غلام کو مدبر بنایا تھا، نبی ﷺ نے اس خیرات کرنے والے کے تصرف کو رد کردیا، اگرچہ پہلے سے کوئی پابندی اس پر نہیں لگائی تھی پھر اس کو روک دیا کہ آئندہ کوئی ایسا تصرف نہ کرے، اس حدیث کا یہ جزء صرف ابوالزبیر حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں اور وہ امام بخاری کی شرط کے مطابق نہیں، اس لئے امام صاحب نے یُذکر (فعل مجہول) استعمال کیا ہے۔ پھر امام مالک رحمہ اللہ کا قول لکھا ہے کہ جب کوئی شخص مقروض ہو اور اس کے پاس صرف غلام ہو اور کوئی دوسرا مال نہ ہو اور وہ اس کو آزاد کردے تو یہ عتق صحیح نہیں، یعنی اس کا یہ تصرف معتبر نہیں، اور دوسرے فقہاء کی رائیں پہلے گذر چکی ہیں، حنفیہ کے نزدیک قاضی تدبیر فسخ کرسکتا ہے پس حضور ﷺ نے آقا کے تصرف کو رد نہیں کیا، بلکہ تدبیر کو فسخ کرکے بیچ دیا تھا۔

[۲-] بَابُ مَنْ رَدَّ أَمْرَ السَّفِيْهِ وَالضَّعِيْفِ الْعَقْلِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ حَجَرَ عَلَيْهِ الإِمَامُ

[۱-] وَيُذْكَرُ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَدَّ عَلَى الْمُتَصَدِّقِ قَبْلَ النَّهْيِ، ثُمَّ نَهَاهُ.

[۲-] وَقَالَ مَالِكٌ: إِذَا كَانَ لِرَجُلٍ عَلَى رَجُلٍ مَالٌ، وَلَهُ عَبْدٌ، لاَ شَيْئَ لَهُ غَيْرُهُ، فَأَعْتَقَهُ، لَمْ يَجُزْ عِتْقُهُ.

وضاحت: مدبر بنانا خیرات کرنا ہے، مدبر کو مستقبل میں آزادی کا استحقاق حاصل ہوجاتا ہے اور آزاد کرنا بڑا ثواب کا کام ہے، پس صدقہ بمعنی ثواب ہے............ اور سفیہ اور ضعیف العقل مترادف ہیں، عطف تفسیری ہے۔

بَابُ مَنْ بَاعَ عَلَى الضَّعِيْفِ وَنَحْوِهِ، وَدَفَعَ ثَمَنَهُ إِلَيْهِ، وَأَمَرَهُ بِالإِصْلاَحِ، وَالْقِيَامِ بِشَأْنِهِ، فَإِنْ أَفْسَدَ بَعْدُ مَنَعَهُ

جس نے خفیف العقل کی اور اس جیسے کی چیز بیچ دی اور قیمت اس کو دیدی اور اس کو اصلاح کا اور اپنے احوال ٹھیک کرنے کا حکم دیا، پس اگر وہ اب بھی مال خراب کرے تو اس پر پابندی لگادے

قاضی لوگوں کی مصلحت کا ذمہ دار ہوتا ہے، پس اگر کوئی ضعیف العقل اور مُسرف (مال اڑانے والا) ہو، اور وہ تہی دست ہوجائے تو قاضی اس کی ضرورت سے زائد چیزیں بیچ دے، اور رقم اس کو دیدے، اور اس کو حکم دے کہ پیسے ٹھیک سے استعمال کرے، اور اپنی ضرورت میں خرچ کرے، پھر اگر وہ نہ سنورے اور اناپ شناپ مال اڑاتا پھرے تو قاضی اس کے تصرفات پر پابندی لگادے اس لئے کہ نبی ﷺ نے مال ضائع کرنے سے منع کیا ہے اور حضرت حبانؓ سے جو بیع میں دھوکہ کھاتے

تھے فرمایا: جب تم کوئی چیز بیچو تو کہا کرو: لا خِلابة: معاملہ میں کوئی دھوکہ نہیں، مگر نبی ﷺ نے ان کا مال قبضہ میں نہیں لیا، معلوم ہوا کہ پہلے مرحلہ میں تصرفات پر پابندی نہ لگائے، ہاں جب بات حد سے گذر جائے تو پابندی لگائے، جیسے وہ صحابی جنھوں نے اپنے غلام کو مدبر بنایا تھا اور وہ مقروض تھے اور ان کے پاس کوئی اور مال نہیں تھا تو نبی ﷺ نے ان کے تصرف کو کالعدم قرار دیا اور اس غلام کو بیچ دیا، جس کو نعیم بن نحام نے خریدا۔

[۳-] بَابُ مَنْ بَاعَ عَلَى الضَّعِيْفِ وَنَحْوِهِ، وَدَفَعَ ثَمَنَهُ إِلَيْهِ، وَأَمَرَهُ بِالإِصْلاَحِ، وَالْقِيَامِ بِشَأْنِهِ، فَإِنْ أَفْسَدَ بَعْدُ مَنَعَهُ

لِأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ إِضَاعَةِ الْمَالِ، وَقَالَ لِلَّذِيْ يُخْدَعُ فِي الْبَيْعِ: "إِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ: لاَ خِلاَبَةَ" وَلَمْ يَأْخُذِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَالَهُ.

[۲٤۱٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ يُخْدَعُ فِي الْبَيْعِ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ: لاَ خِلاَبَةَ" فَكَانَ يَقُوْلُهُ. [راجع: ۲۱۱۷]

[۲٤۱٥-] حدثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رَجُلاً أَعْتَقَ عَبْدًا لَهُ، لَيْسَ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ، فَرَدَّهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَابْتَاعَهُ مِنْهُ نُعَيْمُ بْنُ النَّحَّامِ. [راجع: ۲۱٤۱]

وضاحت: ہمارے نسخہ میں یہاں باب نہیں ہے، اور و من باع إلخ ہے، پس یہ گذشتہ باب میں داخل ہے اور گیلری میں اور مصری نسخوں میں باب ہے، ہم نے اس کو لیا ہے اور واؤ حذف کیا ہے۔

بَابُ كَلاَمِ الْخُصُوْمِ بَعْضِهِمْ فِيْ بَعْضٍ

فریقین میں تیز کلامی

جب کوئی نزاع ہوگا تو فریقین کے درمیان بات چیت ہوگی، اور کبھی تیز کلامی بھی ہوجائے گی، اور یہ تیز کلامی کبھی قاضی کے سامنے بھی ہوتی ہے، اور کبھی اس سے پہلے بھی، پس اس کی گنجائش ہے، مگر حد سے نہیں نکلنا چاہئے، الزام اور بہتان تراشی کی نوبت نہیں آنی چاہئے۔

اور باب میں تین حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: گذر چکی ہے حضرت اشعث رضی اللہ عنہ کا ایک یہودی کے ساتھ زمین کا جھگڑا تھا، وہ اس کو یمن سے

مدینہ لے کر آئے، اس مقدمہ میں آپؐ نے حضرت اشعثؓ سے پوچھا: تمہارے پاس گواہ ہے، انھوں نے کہا: نہیں، پس آپؐ نے یہودی سے کہا: قسم کھا، حضرت اشعثؓ نے کہا: یارسول اللہ! یہ تو قسم کھالے گا (یہ تو رجل فاجر ہے!) اور میرا مال ہڑپ کر جائے گا، یہ تیز کلامی ہے۔

دوسری حدیث: کا واقعہ بھی پہلے گذر چکا ہے، کعب بن مالکؓ نے عبداللہ بن ابی حدردؓ سے مسجد نبوی میں قرض کا مطالبہ کیا اور دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں، جس کو حضور ﷺ نے گھر میں سے سنا، پس آپؐ نے دونوں کے درمیان صلح کرائی۔

تیسری حدیث: حضرت ہشام جو حکیم بن حزام کے صاحبزادے ہیں اور قریشی ہیں وہ نماز پڑھ رہے تھے اور سورۃ الفرقان کی تلاوت کر رہے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سنا کہ وہ کچھ کا کچھ پڑھ رہے ہیں، پس نماز کے بعد ان کو گریبان سے پکڑ کر حضور ﷺ کے پاس لے گئے اور عرض کیا: یہ قرآن غلط پڑھ رہا ہے (یہاں باب ہے) آپؐ نے فرمایا: چھوڑ دو، اور ہشام سے کہا: پڑھو، انھوں نے اسی طرح پڑھا جس طرح نماز میں پڑھ رہے تھے، آپؐ نے فرمایا: هكذا أُنْزِلت: اسی طرح قرآن اتارا گیا ہے، پھر حضرت عمرؓ سے کہا: تم پڑھو، انھوں نے جس طرح سے یاد کیا تھا پڑھا، آپؐ نے فرمایا: هكذا أنزلت: پھر فرمایا: أنزل القرآنُ على سبعة أحرف۔

[٤-] بَابُ كَلَامِ الْخُصُوْمِ بَعْضِهِمْ فِيْ بَعْضٍ

[٢٤١٦و٢٤١٧-] حدثنا مُحَمَّدٌ، أَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ، وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ"

قَالَ: فَقَالَ الْأَشْعَثُ: فِيَّ وَاللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ، كَانَ بَيْنَ رَجُلٍ وَبَيْنِيْ أَرْضٌ فَجَحَدَنِيْ، فَقَدَّمْتُهُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم " أَلَكَ بَيِّنَةٌ؟" قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَقَالَ لِلْيَهُوْدِيِّ: "احْلِفْ" قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِذًا يَحْلِفَ وَيَذْهَبَ بِمَالِيْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا﴾ إِلٰى آخِرِ الْآيَةِ[آلِ عمران:٧٧] [راجع: ٢٣٥٦، ٢٣٥٧]

[٢٤١٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّـهُ تَقَاضَى ابْنَ أَبِيْ حَدْرَدٍ دَيْنًا كَانَ لَهُ عَلَيْهِ فِي الْمَسْجِدِ، فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا، حَتّٰى سَمِعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِيْ بَيْتِهِ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمَا حَتّٰى كَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِهِ، فَنَادَى:" يَا كَعْبُ" قَالَ: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" ضَعْ مِنْ دَيْنِكَ هٰذَا" وَأَوْمَأَ إِلَيْهِ أَيِ الشَّطْرَ، قَالَ: لَقَدْ فَعَلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" قُمْ فَاقْضِهِ"[راجع: ٤٧٥]

[٢٤١٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شَهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ

عَبْدِالرَّحمٰنِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِیِّ أَنَّـهُ قَالَ: سِمِعْتُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى غَيْرِ مَا أَقْرَؤُهَا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَقْرَأَنِيْهَا، وَكِدْتُ أَنْ أَعْجَلَ عَلَيْهِ، ثُمَّ أَمْهَلْتُهُ حَتَّى انْصَرَفَ، ثُمَّ لَبَّبْتُه بِرِدَائِهِ فَجِئْتُ بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: إِنِّيْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَأُ عَلٰى غَيْرِ مَا أَقْرَأْتَنِيْهَا، فَقَالَ لِيْ: "أَرْسِلْهُ" ثُمَّ قَالَ لَهُ: "اقْرَأْ" فَقَرَأَ، فَقَالَ: "هٰكَذَا أُنْزِلَتْ" ثُمَّ قَالَ لِيْ: "اقْرَأْ" فَقَرَأْتُ فَقَالَ: "هٰكَذَا أُنْزِلَتْ" إِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ فَاقْرَؤُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ" [انظر: ٤٩٩٢، ٥٠٤١، ٦٩٣٦، ٧٥٥٠]

بَابُ إِخْرَاجِ أَهْلِ الْمَعَاصِيْ وَالْخُصُوْمِ مِنَ الْبُيُوْتِ بَعْدَ الْمَعْرِفَةِ

حقیقت حال جاننے کے بعد گناہ کرنے والوں کو اور جھگڑا کرنے والوں کو گھر سے نکالنا

بعد المعرفة: اچھی طرح تحقیق کرنے کے بعد، **أهل المعاصی**: فساق وفجار، **أهل الخصوم**: جھگڑا کرنے والوں کو ان کے گھروں سے نکالنا، یہ جھگڑا ختم کرنے کی اور گناہوں سے روکنے کی ایک تدبیر بھی ہے اور سزا بھی، اور باب میں حضرت امام صاحبؒ نے دوروایتیں ذکر کی ہیں:

پہلی روایت: جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو چونکہ حادثہ سخت تھا: عورتیں گھر میں زور سے رونے لگیں، روایات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے رونے کا بھی ذکر آیا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ جو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی حیات میں خلیفہ نامزد کئے جاچکے تھے ان کی ذمہ داری تھی کہ اس صورت حال پر قابو پائیں، چنانچہ آپؓ نے ایک آدمی کو حکم دیا کہ ام فروہؓ کو جو حضرت ابو بکرؓ کی بہن تھیں، گھر سے نکال کر کسی اور جگہ لے جاؤ، چنانچہ ان کو نکالنا تھا کہ رونا دھونا موقوف ہوگیا، پس یہ نوحہ کو روکنے کی ایک تدبیر تھی کوئی سزا نہیں تھی اور رونے والے کو میت کے پاس سے ہٹا دیا جائے تو رونا موقوف ہوجاتا ہے

دوسری روایت: جو پہلے گذری ہے: نبی ﷺ نے ایک مرتبہ ارادہ فرمایا کہ مسجد میں نماز شروع کرادیں، پھر آپؐ خدام کے ساتھ بستی کا دورہ کریں اور جو لوگ نماز میں نہیں آئے ان کو گھروں سے نکال کر گھروں کو پھونک دیں، پس یہ گناہ کی مالی سزا ہے۔

ملحوظہ: مگر اس روایت کا یہ مطلب عام طور پر نہیں سمجھا گیا بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ متخلفین کو گھروں سے نکلنے نہ دیا جائے، گھروں میں ان کو بند کر کے جلا دیا جائے، مگر پھر آپؐ نے اس پر عمل نہیں کیا کیونکہ گھروں میں عورتیں اور بچے بھی ہوتے ہیں اگر ان کو نکلنے کا موقع دیا جائے گا تو گھر والا بھی بیوی کا برقع اوڑھ کر نکل جائے گا اور حدیث کا یہ جملہ فأحرق علیهم دلیل ہے کہ یہی مطلب صحیح ہے۔

[٥-] بَابُ إِخْرَاجِ أَهْلِ الْمَعَاصِيْ وَالْخُصُوْمِ مِنَ الْبُيُوْتِ بَعْدَ الْمَعْرِفَةِ

وَقَدْ أَخْرَجَ عُمَرُ أُخْتَ أَبِيْ بَكْرٍ حِيْنَ نَاحَتْ.

[٢٤٢٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِی عَدِیٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِالصَّلاَةِ فَتُقَامَ، ثُمَّ أُخَالِفَ إِلٰی مَنَازِلِ قَوْمٍ لاَ يَشْهَدُوْنَ الصَّلاَ ةَ، فَأُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ"[راجع: ٦٤٤]

بَابُ دَعْوَی الْوَصِیِّ لِلْمَيِّتِ

میت کی طرف سے وصی کا دعوی کرنا

کوئی شخص مرگیا اس کا کوئی وصی ہے وہ میت کی طرف سے کورٹ میں دعوی کرے تو کرسکتا ہے، فتح مکہ کے موقعہ پر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی کی طرف سے جو کفر کی حالت میں مرگیا تھا اس کی وصیت کے مطابق زمعہ کی باندی کے لڑکے کا دعوی کیا کہ یہ میرا بھتیجا ہے، میرے بھائی کے زنا سے پیدا ہوا ہے، لہٰذا یہ مجھے ملنا چاہئے، دوسری طرف زمعہ کے لڑکے عبد نے اس کے خلاف دعوی کیا کہ یہ میرا بھائی ہے میرے باپ کی باندی سے پیدا ہوا ہے، آپؐ نے فیصلہ کیا: الولد للفراش: مگر حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو حکم دیا کہ وہ اپنے اس بھائی سے پردہ کریں۔

[٦-] بَابُ دَعْوَی الْوَصِیِّ لِلْمَيِّتِ

[٢٤٢١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ وَسَعْدَ بْنَ أَبِی وَقَّاصٍ اخْتَصَمَا إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِی ابْنِ أَمَةِ زَمْعَةَ، فَقَالَ سَعْدٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوْصَانِی أَخِیْ: إِذَا قَدِمْتَ أَنِ انْظُرْ ابْنَ أَمَةِ زَمْعَةَ فَاقْبِضْهُ فَإِنَّهُ ابْنِیْ، وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ: أَخِیْ وَابْنُ أَمَةِ أَبِیْ، وُلِدَ عَلٰی فِرَاشِ أَبِیْ، فَرَأَی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم شَبَهًا بَيِّنًا بِعُتْبَةَ، فَقَالَ:" هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ، الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَاحْتَجِبِیْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ" [راجع: ٢٠٥٣]

قوله: أوصانی: مجھے میرے بھائی نے وصیت کی ہے کہ جب تم مکہ جاؤ تو زمعہ کی باندی کے لڑکے کو دیکھنا یعنی تلاش کرنا، پس اس کو اپنے قبضہ میں لے لینا، کیونکہ وہ میرا بیٹا ہے۔

بَابُ التَّوَثُّقِ مِمَّنْ تُخْشَی مَعَرَّتُهُ

جس کے فساد کا اندیشہ ہو اس کو پابند کرنا

التوثُّق کے معنی ہیں: مضبوط کرنا، پابند کرنا، بیڑ باندھنا۔ اور **مَعَرَّۃ** کے معنی ہیں: فساد، بگاڑ، جس کے بارے میں اندیشہ ہو کہ وہ کوئی گڑبڑ کرے گا تو اس کو پابند کیا جاسکتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ اسلام میں جیل کی سزا نہیں ہے البتہ حوالات کی سزا ہے، کسی مجرم کے بارے میں اندیشہ ہو کہ وہ بھاگ جائے گا تو اس کو پابند کیا جاسکتا ہے، کسی کوٹھڑی میں بند کردیں، پیروں میں بیڑیاں ڈال دیں، مسجد کے ستون سے باندھ دیں، یا اور کسی طریقہ سے پابند کردیں تاکہ بھاگ نہ جائے۔

حضرت عکرمہؒ جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ ہیں اور جو اپنے مولیٰ کی اکثر روایات کے راوی ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے استاذ ہیں: وہ حضرت ابن عباسؓ کی ملکیت میں اس وقت آئے تھے جب ابن عباسؓ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے بصرہ کے گورنر تھے، ابن عباسؓ نے ان کو آزاد کیا اور پڑھنے میں لگایا مگر وہ پڑھنے سے جی چراتے تھے، بھاگ جاتے تھے، حضرت ابن عباسؓ نے ان کے پیروں میں بیڑیاں ڈال دی تھیں اس طرح ان کو زبردستی پڑھایا بعد میں وہ تفسیر وحدیث کے زبردست عالم بنے۔

اور حضرت ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ جب گرفتار کرکے مدینہ لائے گئے جو قبیلہ بنو حنیفہ کے تھے اور یمامہ کے سردار تھے تو ان کو مسجد نبوی کے ایک ستون سے باندھ دیا گیا تھا تاکہ بھاگ نہ جائیں، پھر نبی ﷺ ان کے پاس سے گذرے اور پوچھا: تمہارا کیا خیال ہے: میں تمہارے ساتھ کیا معاملہ کروں گا؟ انھوں نے جواب دیا: میں بہتر معاملہ کی امید رکھتا ہوں، چنانچہ تیسرے دن ان کو آزاد کردیا گیا وہ ایک باغ میں گئے، نہا کر آئے اور مسلمان ہوگئے۔ اس طرح کوئی بھی مجرم جس کے بھاگ جانے کا اندیشہ ہو اسے حوالات میں بند کرسکتے ہیں۔

[۷-] بَابُ التَّوَثُّقِ مِمَّنْ تُخْشَى مَعَرَّتُهُ

وَقَيَّدَ ابْنُ عَبَّاسٍ عِكْرِمَةَ عَلٰى تَعْلِيْمِ الْقُرْآنِ وَالسُّنَنِ وَالْفَرَائِضِ.

[۲۴۲۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَيْلاً قِبَلَ نَجْدٍ، فَجَاءَ تْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِيْ حَنِيْفَةَ يُقَالُ لَهُ: ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ، سَيِّدُ أَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَرَبَطُوْهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِيْ الْمَسْجِدِ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ؟" قَالَ: عِنْدِيْ يَا مُحَمَّدُ خَيْرٌ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ فَقَالَ: "أَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ"

[راجع: ٤٦٢]

بَابُ الرَّبْطِ وَالْحَبْسِ فِي الْحَرَمِ

حرم میں باندھنا اور قید کرنا

حرم جائے امن ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا﴾: جو حرم میں آگیا وہ بے خوف ہوگیا، چنانچہ حضرت طاوس رحمہ اللہ جو بڑے آدمی ہیں اور مکہ کے باشندے ہیں: ان کے نزدیک حرم مکی میں کسی کو باندھنا اور قید کرنا جائز نہیں تھا،

مگر جمہور کے نزدیک مادون النفس جنایات میں بالاتفاق حرم میں سزادی جاسکتی ہے، پس جو شخص کسی جرم میں پکڑا گیا اور ابھی اس کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں ہوا، اسے حرم میں حوالات میں بند کر سکتے ہیں۔

نافع (مکہ مکرمہ کے گورنر) نے مکہ میں حضرت صفوان سے جیل خانہ کے لئے چار سو دینار میں ایک گھر خریدا اوران سے کہا: اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ گھر اس قیمت پر پسند آیا تو سودا ان کے لئے ہے، اور اگر ان کو پسند نہ آیا تو چار سو دینار میں یہ گھر میں لے لوں گا۔ معلوم ہوا کہ مکہ میں بھی جیل بنا سکتے ہیں، اور اسی طرح حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما نے بھی مکہ میں مجرم کو جیل میں بند کیا ہے، مگر یہ جیل حوالات والی جیل ہے، کیونکہ اسلام میں جیل کی کوئی سزا نہیں۔

اور حضرت ثمامہؓ کو مسجد نبوی میں باندھا گیا تھا اور مدینہ کا بھی حرم ہے اور جو حکم اس حرم کا ہے وہی حکم مکی حرم کا ہے۔

[٨-] بَابُ الرَّبْطِ وَالْحَبْسِ فِي الْحَرَمِ

[١-] وَاشْتَرَى نَافِعُ بْنُ عَبْدِ الْحَارِثِ دَارًا لِلسِّجْنِ بِمَكَّةَ مِنْ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ عَلَى إِنْ عُمَرُ رَضِيَ بِالْبَيْعِ فَالْبَيْعُ بَيْعُهُ، وَإِنْ لَمْ يَرْضَ عُمَرُ فَلِصَفْوَانَ أَرْبَعُ مِائَةِ دِيْنَارٍ.

[٢-] وَسَجَنَ ابْنُ الزُّبَيْرِ بِمَكَّةَ.

[٢٤٢٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْلاً قِبَلَ نَجْدٍ فَجَاءَ تْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِيْ حَنِيْفَةَ يُقَالُ لَهُ: ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ، فَرَبَطُوْهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِيْ الْمَسْجِدِ.[راجع: ٤٦٢]

بَابٌ: فِي الْمُلاَزَمَةِ

ساتھ لگے رہنا

ملازمت کے معنی ہیں: سایہ کی طرح ساتھ لگا رہنا، اگر کوئی نادہند مقروض کے ساتھ لگا رہے تو یہ جائز ہے، اور یہ بھی ایک طرح کی سزا ہے، کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کا عبداللہ بن ابی حدردؓ پر قرضہ تھا، مسجد نبوی میں ان سے ملاقات ہوئی، وہ ان کے ساتھ لگ گئے اور کہا: جب تک قرضہ نہیں لوں گا چھوڑوں گا نہیں، دونوں زور زور سے بولنے لگے، نبی ﷺ نے گھر میں سے سنا تو مصالحت کرائی کہ آدھا قرضہ چھوڑ دو اور آدھا فوراً ادا کرو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[٩-] بَابٌ: فِي الْمُلاَزَمَةِ

[٢٤٢٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرٍ، وَقَالَ غَيْرُهُ: ثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ

جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ كَعْبِ ابْنِ مَالِكٍ: أَنَّهُ كَانَ لَهُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ حَدْرَدٍ الْأَسْلَمِيِّ دَيْنٌ، فَلَقِيَهُ فَلَزِمَهُ، فَتَكَلَّمَا حَتّٰى ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا فَمَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " يَا كَعْبُ" وَأَشَارَ بِيَدِهِ كَأَنَّهُ يَقُوْلُ: النِّصْفَ، فَأَخَذَ نِصْفَ مَا عَلَيْهِ وَتَرَكَ نِصْفًا. [راجع: ٤٥٧]

بَابُ التَّقَاضِيْ

قرض کا تقاضہ کرنا

اگر کسی کا کسی پر کوئی حق ہے تو وہ اس کو مانگ سکتا ہے، اس میں کوئی برائی نہیں، حضرت خباب رضی اللہ عنہ اسلام سے پہلے آہنگر تھے اوران کے عاص بن وائل پر چند روپے باقی تھے، فرماتے ہیں: میں اس کے پاس اپنے پیسوں کے تقاضہ کے لئے گیا، اس نے کہا: جب تک تو محمد کا انکار نہیں کرے گا میں تیرا قرضہ نہیں دوں گا، حضرت خبابؓ نے کہا: بخدا! میں محمد ﷺ کا انکار نہیں کرسکتا یہاں تک کہ تو مرے پھر زندہ ہو! اس نے کہا: پس مجھے چھوڑ، یعنی ابھی قرضہ مت مانگ، یہاں تک کہ میں مروں پھر زندہ کیا جاؤں، پس اس وقت بھی میرے پاس مال اور اولاد ہوگی، پھر میں تیرا قرضہ ادا کروں گا، اس پر آیت: ﴿أَفَرَأَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ﴾ نازل ہوئی۔

[١٠-] بَابُ التَّقَاضِيْ

[٢٤٢٥-] حدثنا إِسْحَاقُ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: " كُنْتُ قَيْنًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ لِيْ عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَرَاهِمُ، فَأَتَيْتُهُ أَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ: لَا أَقْضِيْ لَهُ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ! لَا أَكْفُرُ بِمُحَمَّدٍ حَتّٰى يُمِيْتَكَ اللّٰهُ ثُمَّ يَبْعَثَكَ، قَالَ: فَدَعْنِيْ حَتّٰى أَمُوْتَ، ثُمَّ أُبْعَثَ، فَأُوْتٰى مَالًا وَوَلَدًا، ثُمَّ أَقْضِيَكَ. فَنَزَلَتْ: ﴿أَفَرَأَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوْتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا﴾ الآيةَ [مريم: ٧٧] [راجع: ٢٠٩١]

قوله: لا أقضي له: میں اس کا قرضہ نہیں دونگا، اور مصری نسخہ میں لَا أَقْضِيْكَ ہے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب اللُقَطَةِ

گری پڑی چیز پانے کا بیان

عربی میں لام پر پیش اور قاف پر زبر ہے اور عام طور پر لوگ قاف کو ساکن پڑھتے ہیں اور خلیل نحوی نے اسی کو اصح قرار دیا ہے، اور لقطہ کے معنی ہیں: زمین میں پڑی ہوئی اٹھائی جانے والی چیز۔

بَابٌ: إِذَا أَخْبَرَهُ رَبُّ اللُّقَطَةِ بِالْعَلاَمَةِ دَفَعَ إِلَيْهِ

جب لقطہ کا مالک علامت بتادے تو اس کو دیدے

کسی کی کوئی گری پڑی چیز ملی، مالک ڈھونڈھتا ہوا آیا اور اس نے ایسی علامتیں بتائیں کہ یقین یا ظن غالب ہو گیا کہ چیز اسی کی ہے تو وہ چیز اس کے حوالہ کردے، اور اگر یقین یا ظن غالب نہ ہو تو گواہ طلب کرے، اس کے بغیر نہ دے۔

حدیث: سوید بن غفلہ کو راستہ میں ایک کوڑا ملا، وہ مسئلہ پوچھنے کے لئے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، حضرت ابیؓ نے کہا: مجھے ایک تھیلی ملی تھی جس میں سو دینار تھے، پس میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپؐ نے فرمایا: ایک سال تک اس کے مالک کو ڈھونڈھو، میں نے ایک سال تک ڈھونڈھا مگر اس کا پہچاننے والا کوئی نہیں ملا، پھر میں اس کو لے کر خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا تو آپؐ نے فرمایا: ایک سال اور مالک کو ڈھونڈھو، چنانچہ میں نے اس کو ڈھونڈھا مگر کوئی نہیں ملا، پھر میں اس کو تیسری مرتبہ لے کر حاضر ہوا، پس آپؐ نے فرمایا: اس کا برتن، اس کی گنتی اور اس کا منہ باندھنے کا تسمہ محفوظ رکھو، پس اگر اس کا مالک آئے تو فبہا ورنہ تم اس سے فائدہ اٹھالو، پس میں نے وہ استعمال کر لئے۔ شعبہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: پھر بعد میں میری سلمۃ بن کہیل سے مکہ میں ملاقات ہوئی تو انھوں نے کہا: مجھے یاد نہیں کہ تین سال کہا تھا یا ایک سال۔

تشریح: لقطہ کے مالک کو کتنے دن تلاش کرنا چاہئے؟ اس کے لئے کوئی مدت متعین نہیں، لقطہ کی نوعیت کے اعتبار سے مدت مختلف ہوتی ہے، سو دینار بہت بڑی رقم ہے اس لئے حضور ﷺ نے دو سال یا تین سال تعریف کا حکم دیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٤٥- كتاب اللقطة

[١-] بَابٌ إِذَا أَخْبَرَهُ رَبُّ اللُّقَطَةِ بِالْعَلَامَةِ دَفَعَ إِلَيْهِ

[٢٤٢٦-] حدثنا آدمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ: قَالَ: سَمِعْتُ سُوَيْدَ بْنَ غَفَلَةَ، قَالَ: لَقِيْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَقَالَ: أَخَذْتُ صُرَّةً فِيْهَا مِائَةُ دِيْنَارٍ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ:" عَرِّفْهَا حَوْلاً" فَعَرَّفْتُهَا، فَلَمْ أَجِدْ مَنْ يَعْرِفُهَا، ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ:"عَرِّفْهَا حَوْلاً" فَعَرَّفْتُهَا فَلَمْ أَجِدْ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ ثَالِثًا، فَقَالَ:" احْفَظْ وِعَاءَ هَا وَعَدَدَها وَوِكَاءَ هَا: فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، وَإِلَّا فَاسْتَمْتِعْ بِهَا" فَاسْتَمْتَعْتُ، فَلَقِيْتُهُ بَعْدُ بِمَكَّةَ قَالَ: لَا أَدْرِیْ ثَلَاثَةَ أَحْوَالٍ أَوْ حَوْلاً وَاحِدًا.[انظر: ٢٤٣٧]

لغت: وِعَاء: برتن، تھیلی (ما يُجعل فيه الشيئ)............وِكاء: تسمہ(الخيط الذی يُشد به الصرة وغيرها)

............فإن جاء صاحبها کی جزاء محذوف ہے أی فبها ونِعْمَتْ یا فَأَدِّهَا إليه!

بَابُ ضَالَّةِ الإِبِلِ

گم شدہ اونٹ

اونٹوں کا ریوڑ جنگل میں چر رہا تھا ایک اونٹ جنگل میں پیچھے رہ گیا اس کو پکڑ کر گھر لے آنا چاہئے یا نہیں؟ حاشیہ میں لکھا ہے کہ اس میں اختلاف ہے، شافعی اور مالک رحمہما اللہ کے نزدیک اس کو نہیں لانا چاہئے اور کوفی حضرات کہتے ہیں: پکڑ کر گھر لے آئے، اور اس کے مالک کو ڈھونڈھے کیونکہ اگر اس کو نہیں لائے گا تو اونٹ ضائع ہو جائے گا۔

جاننا چاہئے کہ شروع میں تو یہی مسئلہ تھا، جس طرح حدیث میں آیا ہے کہ تمہیں اونٹ سے کیا لینا ہے؟ اس کے ساتھ اس کا مشکیزہ ہے یعنی اس کو کئی دن تک پانی کی ضرورت نہیں پڑتی، اس کے پیٹ میں پانی کا ذخیرہ ہے، اور پیر میں اس نے موزے پہن رکھے ہیں اور جنگل میں پتے بہت ہیں وہ چرتا رہے گا اور کسی درندہ کا خطرہ نہیں، کیونکہ عرب میں بڑے درندے نہیں ہوتے، اس لئے جب شام کو اونٹ گنیں گے اور ایک اونٹ کم پائیں گے تو ڈھونڈھنے کے لئے جنگل میں جائیں گے، اور لے آئیں گے، اور اگر کوئی پکڑ کر گھر لے گیا تو مالک بیچارہ رات بھر جنگل میں پھرتا رہے گا، جیسے درسگاہ میں طالب علم کی کتاب رہ گئی تو اس کو وہیں رہنے دو، کتاب والا خود آ کر لے جائے گا اور اگر کوئی طالب علم اس کو اپنے کمرے میں لے گیا تو کتاب والا پریشان ہوگا۔

یہ مسئلہ تو پہلے تھا، مگر بعد میں احناف نے رائے بدلی، کیونکہ اگر اونٹ کو جنگل میں چھوڑ دیا جائے گا تو اس کو چور یا بدنیت لوگ لے جائیں گے اور کاٹ کر کھا جائیں گے، یا بیچ دیں گے، اس لئے اب مسئلہ یہ ہے کہ اونٹ کو بھی گھر لے آئے، اور مالک کو تلاش کرے۔ غرض حنفیہ کی رائے پہلے وہی تھی جو شوافع اور مالکیہ تھی، بعد میں جب لوگوں کے احوال بگڑے تو حنفیہ نے مسئلہ بدلا۔

حدیث: حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک بدّو نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور اس نے گری پڑی چیز کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: ایک سال تک اس کے مالک کو ڈھونڈھو، پھر برتن کو اور اس کے ڈھکنے کو محفوظ رکھو، پھر اگر کوئی شخص آئے جو آپ کو وہ علامتیں بتلائے تو ٹھیک ہے ورنہ اسے استعمال کرلو، میں نے پوچھا: یارسول اللہ! گم شدہ بکری کا کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: تیرے لئے یا تیرے بھائی کے لئے یا بھیڑیے کے لئے ہے، یعنی اس بکری کو جو جنگل میں ریوڑ سے پیچھے رہ گئی ہے رات میں اس کو بھیڑیا مار ڈالے گا اور اگر تو لے آیا تو مالک کو ڈھونڈھے گا اور وہ مالک تک پہنچ جائے گی، اور اگر مالک نہیں ملا تو تیرے کام آئے گی، اس نے پوچھا: گم شدہ اونٹ کا کیا حکم ہے؟ پس نبی ﷺ کا چہرہ بدل گیا یعنی غصہ آیا اور فرمایا: تجھے اونٹ سے کیا لینا ہے؟ اس کے ساتھ اس کے جوتے اور اس کا مشکیزہ ہے، پانی پر پہنچے گا اور درخت کھائے گا یعنی اس کے ضائع ہونے کا اندیشہ نہیں، پس اس کو پکڑ کر گھر نہیں لانا چاہئے۔

[۲-] بَابُ ضَالَّةِ الإِبِلِ

[۲۴۲۷-] حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ رَبِیْعَةَ، ثَنِی یَزِیْدُ مَوْلَی الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِیِّ، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِیٌّ إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم ، فَسَأَلَهُ عَمَّا یَلْتَقِطُهُ، فَقَالَ: "عَرِّفْهَا سَنَةً، ثُمَّ اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِکَاءَ هَا، فَإِنْ جَاءَ أَحَدٌ یُخْبِرُكَ بِهَا، وَإِلَّا فَاسْتَنْفِقْهَا" قَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ، فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ قَالَ: "لَكَ أَوْ لِأَخِیْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ" فَقَالَ: ضَالَّةُ الإِبِلِ؟ فَتَمَعَّرَ وَجْهُ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: "مَالَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا، تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ" [راجع: ۹۱]

لغت: عِفَاص کے دو معنی ہیں: (۱) برتن (۲) ڈھکنا، سرپوش، پس جہاں عفاص اور وعاء دونوں جمع ہوں تو ڈھکنا مراد ہوگا، اور صرف عفاص ہو تو برتن مراد ہوگا، اور مراد وہ آلات ہیں جو نفقہ کی حفاظت کرتے ہیں (فتح)

قولہ: فإن جاء أحد یخبرك: جواب شرط محذوف ہے أی فأدها إلیه۔

بَابُ ضَالَّةِ الْغَنَمِ

گم شدہ بکری

مسئلہ اور حدیث اوپر والے باب میں آگئے ہیں، مگر چونکہ حضرت کو حدیث تمام سندوں کے ساتھ لانی ہے اس لئے نیا

باب قائم کر کے اسی حدیث کو نئی سند سے لائے ہیں، البتہ اس حدیث میں ایک جزء زائد ہے، یحییٰ انصاری کے استاذ یزید کہتے ہیں: اگر وہ چیز نہ پہچانی جائے تو اس کو پانے والا خرچ کرے، وہ چیز اس کے پاس امانت ہے، یحییٰ کہتے ہیں: یہ آخری جملہ مرفوع ہے یا یزید نے اپنی طرف سے بڑھایا ہے اس کو میں نہیں جانتا۔ دوسرا جملہ یزید نے بکری کے تعلق سے یہ بھی بڑھایا ہے کہ بکری کے مالک کو بھی ڈھونڈھا جائے گا۔

[۳-] بَابُ ضَالَّةِ الْغَنَمِ

[۲۴۲۸-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، أَنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ، يَقُوْلُ: سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ اللُّقَطَةِ، فَزَعَمَ أَنَّهُ قَالَ: "اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَ هَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً" — يَقُوْلُ يَزِيْدُ: إِنْ لَمْ تُعْرَفِ اسْتَنْفَقَ بِهَا صَاحِبُهَا، وَكَانَتْ وَدِيْعَةً عِنْدَهُ، قَالَ: يَحْيىَ: فَهٰذَا الَّذِيْ لاَ أَدْرِيْ أَفِيْ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَمْ شَيْئٌ مِنْ عِنْدِهِ — ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ تَرَى فِي ضَالَّةِ الْغَنَمِ؟ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "خُذْهَا فَإِنَّمَا هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ" — قَالَ يَزِيْدُ: وَهِيَ تُعَرَّفُ أَيْضًا — ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ تَرَى فِي ضَالَّةِ الإِبِلِ؟ قَالَ: فَقَالَ: "دَعْهَا فَإِنَّ مَعَهَا حِذَاءَ هَا وَسِقَاءَ هَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ حَتَّى يَجِدَهَا رَبُّهَا" [راجع: ۹۱]

بَابٌ: إِذَا لَمْ يُوْجَدْ صَاحِبُ اللُّقَطَةِ بَعْدَ سَنَةٍ فَهِيَ لِمَنْ وَجَدَهَا

سال بھر تعریف کے بعد لقطہ کا مالک نہ ملے تو وہ اس کے لئے ہے جس نے اس کو پایا ہے

حاشیہ میں ہے کہ کرابیسی (حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے شاگرد، جن کی کتاب کا امام طحاویؒ نے رد لکھا ہے) اور داؤد ظاہری (جو کرابیسی کے شاگرد ہیں) کہتے ہیں: اگر ایک سال تک مالک نہ ملے تو اٹھانے والا خود بخود لقطہ کا مالک ہو جاتا ہے، اب اگر مالک آئے بھی تو وہ چیز اس کو نہیں دی جائے گی۔ ان حضرات کا استدلال فشأنك بها سے ہے یعنی تو جو چاہے کر تو اس کا مالک ہے۔ اور جمہور کہتے ہیں: اٹھانے والا مالک کیسے ہوگا؟ وہ چیز مالک ہی کی رہے گی، پھر حنفیہ کہتے ہیں: اگر اٹھانے والا غریب ہے تو بہ نیت تصدق اس کو استعمال کر سکتا ہے اور اگر مالدار ہے تو کسی غریب پر صدقہ کرے پھر اگر مالک آئے تو اس کو صورتِ حال بتلا دے اگر وہ صدقہ کو برقرار رکھے تو سبحان اللہ! ورنہ اپنے پاس سے اس چیز کا بدل دے، اور دیگر ائمہ کہتے ہیں: اٹھانے والا مالدار ہو یا غریب وہ چیز استعمال کر سکتا ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے کیا ہے؟ اس باب میں انھوں نے کرابیسی اور داؤد ظاہری کی رائے پیش کی ہے مگر اس کی تردید نہیں کی، اس لئے امام بخاریؒ پر الزام لگا ہے کہ آپ کی بھی یہی رائے ہے، مگر یہ محض الزام ہے، آگے باب ۹ آ رہا ہے

اس میں صراحت ہے کہ وہ چیز اس کے پاس امانت ہے اور حدیث پہلے گذری ہے۔

[٤-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يُوْجَدْ صَاحِبُ اللُّقَطَةِ بَعْدَ سَنَةٍ فَهِيَ لِمَنْ وَجَدَهَا

[٢٤٢٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلٰى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَأَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ: "اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَ هَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، وَإِلَّا فَشَأْنَكَ بِهَا" قَالَ: فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ قَالَ: "هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ" قَالَ: فَضَالَّةُ الإِبِلِ؟ قَالَ: "مَا لَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا، تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ حَتَّى يَلْقَاهَا رَبُّهَا" [راجع: ٩١]

بَابٌ: إِذَا وَجَدَ خَشَبَةً فِي الْبَحْرِ أَوْ سَوْطًا أَوْ نَحْوَهُ

سمندر میں کوئی لکڑی یا کوڑا یا اس کے مانند چیز پائے

سمندر میں کوئی لکڑی بہتی ہوئی آئی یا راستہ میں کوئی کوڑا ملا اور اسے کسی نے اٹھالیا تو کیا حکم ہے؟ حضرت رحمہ اللہ نے کوئی حکم نہیں لگایا، پس اس سلسلہ میں قاعدہ کلیہ سننا چاہئے، اگر کوئی شئ تافہ (معمولی چیز) ملے تو اس کا مالک ڈھونڈھنے کی ضرورت نہیں، اور شئ تافہ وہ ہے جس کے بارے میں گمان ہو کہ اس کا مالک اس کو نہیں ڈھونڈھے گا، اور جس چیز کے بارے میں خیال ہو کہ اس کا مالک اس کو ڈھونڈھے گا وہ قیمتی چیز ہے، اس کی تعریف ضروری ہے، اور چیز کی مالیت کے اعتبار سے تعریف کی مدت کم وبیش ہوتی ہے، اور اس کا مدار اس پر ہے کہ جب تک یہ گمان ہو کہ مالک اپنی چیز ڈھونڈھ رہا ہوگا تو اٹھانے والا بھی ڈھونڈھے، اور جب ظن غالب ہو جائے کہ مالک نے مایوس ہو کر ڈھونڈھنا چھوڑ دیا ہوگا تو اٹھانے والا بھی چھوڑ دے، پھر آگے کے احکام ہیں، غریب ہو تو خود استعمال کرسکتا ہے، مالدار ہو تو صدقہ کرے، اور باب میں وہی حدیث ہے جو پہلے بار بار آئی ہے کہ بنی اسرائیل کے ایک آدمی نے دوسرے سے قرض لیا اور معین مدت پر واپس کرنے کا ارادہ کیا، اس دن قرض خواہ ساحل پر پہنچا کہ شاید مقروض مال لے کر آئے مگر کوئی کشتی نہیں آئی، البتہ ایک لکڑی سمندر میں بہتی ہوئی آرہی تھی، اس نے سوچا: بھاگتے بھوت کی لنگوٹی ہی سہی! وہ سوختہ کے لئے اس لکڑی کو اٹھالایا، پھر جب اس کو چیرا تو اس میں سے مال نکلا اور خط بھی، یہ تو اتفاق کی بات ہے ورنہ اصل تو وہ سوختہ کے طور پر لکڑی لایا تھا، کیونکہ وہ شئ تافہ تھی، اور اس کا اٹھالینا جائز تھا۔

[٥-] بَابٌ: إِذَا وَجَدَ خَشَبَةً فِي الْبَحْرِ أَوْ سَوْطًا أَوْ نَحْوَهُ

[٢٤٣٠-] وَقَالَ اللَّيْثُ، ثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ ذَكَرَ رَجُلاً مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ. وَسَاقَ الْحَدِيْثَ: "فَخَرَجَ يَنْظُرُ

لَعَلَّ مَرْكَبًا قَدْ جاءَ بِمَالِهِ، فَإِذَا هُوَ بِالْخَشَبَةِ، فَأَخَذَهَا لِأَهْلِهِ حَطَبًا، فَلَمَّا نَشَرَهَا وَجَدَ الْمَالَ وَالصَّحِيْفَةَ"

[راجع: ١٤٩٨]

بَابٌ: إِذَا وَجَدَ تَمْرَةً فِي الطَّرِيْقِ

جب راستہ میں کوئی کھجور ملے

یہ شیئ تافہ کی مثال ہے۔ نبی ﷺ راستہ میں پڑی ہوئی ایک کھجور کے پاس سے گذرے، پس فرمایا: اگر یہ احتمال نہ ہوتا کہ یہ کھجور زکوٰۃ کی ہوگی تو میں اس کو اٹھا کر کھالیتا۔

دوسری حدیث میں ہے کہ میں کبھی گھر لوٹتا ہوں اور اپنے بستر پر کھجور پڑی ہوئی پاتا ہوں، پس میں اس کو کھانے کے لئے اٹھاتا ہوں، پھر خیال آتا ہے کہ شاید زکوٰۃ کی ہو، پس میں اس کو ڈال دیتا ہوں، کیونکہ زکوٰۃ کا مال مسجد میں اور حضور ﷺ کے گھر میں رہتا تھا اور اپنی کھجوریں بھی گھر میں ہوتی تھیں، پس یہ کھجور اپنی ہے یا زکوٰۃ کی؟ دونوں احتمال ہیں اس لئے آپؐ اس کو نہیں کھاتے تھے، بلکہ اس کو زکوٰۃ کی کھجوروں میں ڈال دیتے تھے، قاعدہ ہے: دَعْ مَا يريبك إلى مالا يريبك: کھٹک والی بات چھوڑو، اور بے کھٹک بات اختیار کرو۔

[٦-] بَابٌ: إِذَا وَجَدَ تَمْرَةً فِي الطَّرِيْقِ

[٢٤٣١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِتَمْرَةٍ فِي الطَّرِيْقِ، فَقَالَ: " لَوْلَا أَنِّيْ أَخَافُ أَنْ تَكُوْنَ مِنَ الصَّدَقَةِ لَأَكَلْتُهَا" [راجع: ٢٠٥٥]

[٢٤٣٢-] وَقَالَ يَحْيىَ: ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنِيْ مَنْصُوْرٌ، ح: وَقَالَ زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ الْيَامِيِّ، ثَنَا أَنَسٌ.

حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَنَا عَبْدُ اللهِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنِّيْ لَأَنْقَلِبُ إِلَى أَهْلِيْ، فَأَجِدُ التَّمْرَةَ سَاقِطَةً عَلَى فِرَاشِيْ، فَأَرْفَعُهَا لِآكُلَهَا، ثُمَّ أَخْشَى أَنْ تَكُوْنَ صَدَقَةً، فَأُلْقِيْهَا"

بَابٌ: كَيْفَ تُعَرَّفُ لُقَطَةُ أَهْلِ مَكَّةَ؟

مکہ والوں کی گری پڑی چیز کا مالک کیسے تلاش کرے؟

مکہ والوں سے مراد حجاج کرام ہیں اگر حرم شریف میں یا منیٰ یا عرفات میں کسی حاجی کی کوئی گری پڑی چیز ملے تو اس کے

مالک کو کیسے تلاش کیا جائے؟ حضرت رحمہ اللہ نے کوئی جواب نہیں دیا، اور جو روایات پیش کی ہیں ان کا مضمون یہ ہے کہ مالک کو تلاش کرنے کی نیت سے حرم کا لقطہ اٹھا سکتے ہیں مگر حدیث کے معنی میں دو احتمال ہیں:

پہلا احتمال: ہڑپ کرنے کی نیت سے نہ اٹھائے ہاں مالک کو تلاش کرنے کی نیت سے اٹھا سکتا ہے۔

دوسرا احتمال: حرم کا لقطہ اٹھانا ہی نہیں چاہئے کیونکہ اس کے مالک کو تلاش کرنا ممکن نہیں، لاکھوں انسان اکٹھا ہوتے ہیں، پس اس کے مالک کو کیسے تلاش کرے گا؟ پس وہ چیز اسی جگہ پڑی رہنے دے۔

مگر اب حکومت نے انتظام کیا ہے حرم شریف میں آفس کھول دیا ہے، جس کو کوئی گری پڑی چیز ملے وہ اس آفس میں پہنچادے اور جس کی چیز گم ہوئی ہے وہ بھی اس آفس میں تلاش کرے، عام طور پر جب مالک وہاں پہنچتا ہے تو اس کی چیز پہلے سے وہاں آچکی ہوتی ہے، لہٰذا حرم کا لقطہ اس آفس میں پہنچا دیا جائے تو اٹھانے والے کی ذمہ داری پوری ہوجائے گی، اور حدیثیں سب پہلے آچکی ہیں۔

[۷-] بَابٌ: كَيْفَ تُعَرَّفُ لُقَطَةُ أَهْلِ مَكَّةَ؟

[۱-] وَقَالَ طَاوُسٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهَا إِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا"

[۲-] وَقَالَ خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَا يُلْتَقَطُ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمُعَرِّفٍ"

[۲۴۳۳-] وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا رَوْحٌ، ثَنَا زَكَرِيَّا، ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا يُعْضَدُ عِضَاهُهَا، وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا، وَلَا تَحِلُّ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمُنْشِدٍ، وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا" فَقَالَ عَبَّاسٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِلَّا الإِذْخِرَ، فَقَالَ:" إِلَّا الإِذْخِرَ"

[راجع: ۱۳۴۹]

[۲۴۳۴-] حدثنا يَحيىَ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنِى يَحْيىَ بْنُ أَبِى كَثِيْرٍ، ثَنِى أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنِى أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ، قَامَ فِى النَّاسِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَبَسَ عَنْ مَكَّةَ الْفِيْلَ، وَسَلَّطَ عَلَيْهَا رَسُوْلَهُ وَالْمُؤْمِنِيْنَ، فَإِنَّهَا لَاتَحِلُّ لِأَحَدٍ كَانَ قَبْلِيْ، وَإِنَّهَا أُحِلَّتْ لِىْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، وَإِنَّهَا لَنْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِىْ، فَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا يُخْتَلٰى شَوْكُهَا، وَلَا تَحِلُّ سَاقِطَتُهَا إِلَّا لِمُنْشِدٍ، وَمَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيْلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ: إِمَّا أَنْ يُفْدَى، وَإِمَّا أَنْ يُقِيْدَ" فَقَالَ الْعَبَّاسُ: إِلَّا الإِذْخِرَ فَإِنَّا نَجْعَلُهُ لِقُبُوْرِنَا وَبُيُوْتِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِلَّا الإِذْخِرَ" فَقَامَ أَبُوْ شَاهٍ - رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ - فَقَالَ:

اُكْتُبُوْا لِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اُكْتُبُوْا لِأَبِيْ شَاهٍ" قُلْتُ لِلْأَوْزَاعِيِّ: مَا قَوْلُهُ: اُكْتُبُوْا لِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: هٰذِهِ الْخُطْبَةَ الَّتِيْ سَمِعَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ۱۱۲]

بَابٌ: لَا تُحْتَلَبُ مَاشِيَةُ أَحَدٍ بِغَيْرِ إِذْنٍ

کسی کے مویشی مالک کی اجازت کے بغیر نہ دوہے جائیں

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، کسی کی مملوکہ چیز میں ہاتھ اندر ڈال کر کوئی چیز نکال لے تو یہ لقطہ نہیں، بلکہ چوری ہے، مثلاً بکریوں کے تھن میں جو دودھ ہے وہ مالک کا ہے اس نے تھنوں میں امانت رکھا ہے، پس جنگل میں بکریاں چر رہی ہوں اور کوئی ان کا دودھ نکال لے تو یہ لقطہ نہیں بلکہ چوری ہے، ہاں مالک کی اجازت سے نکال سکتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ہرگز نہ دوہے کوئی شخص کسی انسان کی بکریوں کو اس کی اجازت کے بغیر، کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ اس کے کمرے میں آیا جائے، پس اس کی الماری توڑی جائے اور اس کا غلہ منتقل کیا جائے؟ لوگوں کے لئے ان کے چوپایوں کے تھن ہی ان کے کھانے جمع کر کے رکھتے ہیں، پس ہرگز نہ دوہے کوئی کسی کے جانوروں کو مگر اس کی اجازت سے۔

لغات: مشربة: (راء کا پیش اور زیر) گھر اور کمرہ .... خِزانة: وہ جگہ یا برتن جس میں کوئی چیز حفاظت کے لئے رکھی جائے .... أطعمات: أطْعِمَة کی جمع ہے، اور الأطْعِمَة: طعام کی جمع ہے اور مراد دودھ ہے۔

تشریح: نبی ﷺ نے مثال سے سمجھایا ہے کہ کسی کے جانور اس کی اجازت کے بغیر نہ دوہے جائیں، مثال یہ ہے: ایک شخص نے کمرہ میں الماری میں غلہ وغیرہ بند کر کے رکھا ہے پس اگر کوئی اس کے کمرے میں گھس جائے اور الماری توڑ کر کھانا لے جائے تو اس کو کوئی بھی پسند نہیں کرتا۔ اسی طرح جانوروں کے تھنوں میں لوگوں کے کھانے جمع کر کے رکھے گئے ہیں، پس کوئی بے اجازت ان کو دودھ لے تو کیسے جائز ہو سکتا ہے؟ اور اگر وہ اس کو لقطہ کی نظیر سمجھے تو یہ اس کی غلط فہمی ہے یہ تو چوری ہے، اور یہی حکم ہر اس چیز کا ہے جو کسی نے محفوظ جگہ میں رکھی ہے، وہاں سے اس کو لینا بحکم لقطہ نہیں، چوری ہے۔

[۸-] بَابٌ: لَا تُحْتَلَبُ مَاشِيَةُ أَحَدٍ بِغَيْرِ إِذْنٍ

[۲٤۳٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا يَحْلُبَنَّ أَحَدٌ مَاشِيَةَ امْرِئٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِ، أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ تُؤْتَى مَشْرُبَتُهُ، فَتُكْسَرَ خِزَانَتُهُ، فَيُنْتَقَلَ طَعَامُهُ؟ فَإِنَّمَا تَخْزُنُ لَهُمْ ضُرُوْعُ مَوَاشِيْهِمْ أَطْعِمَاتِهِمْ، فَلَا يَحْلُبَنَّ أَحَدٌ مَاشِيَةَ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِهِ"

بَابٌ: إِذَاجَاءَ صَاحِبُ اللُّقَطَةِ بَعْدَ سَنَةٍ رَدَّهَا عَلَيْهِ، لِأَنَّهَا وَدِيْعَةٌ عِنْدَهُ

لقطہ کا مالک سال بھر کے بعد آئے تو وہ چیز اس کو واپس کرے اس لئے کہ وہ چیز اس کے پاس امانت ہے

لقطہ کا مالک سال کے بعد آیا تو وہ چیز اس کو واپس کرے اس لئے کہ وہ چیز اس کے پاس امانت ہے۔ پہلے باب آیا تھا کہ کرابیسی اور داؤد ظاہری کہتے ہیں کہ سال کے بعد اٹھانے والا لقطہ کا مالک ہو جاتا ہے، اب یہ باب اس کے خلاف آیا کہ وہ مالک نہیں ہوتا، اس لئے کہ لقطہ اس کے پاس امانت ہے، معلوم ہوا کہ امام بخاری رحمہ اللہ ان دونوں حضرات کے ساتھ نہیں ہیں، اور حدیث وہی لائے ہیں جو اُس باب میں تھی، مگر وہاں ودیعت کا مضمون تھا، یہاں وہ نہیں ہے مگر ملحوظ ہے۔

[۹-] بَابٌ: إِذَاجَاءَ صَاحِبُ اللُّقَطَةِ بَعْدَ سَنَةٍ رَدَّهَا عَلَيْهِ، لِأَنَّهَا وَدِيْعَةٌ عِنْدَهُ

[۲۴۳٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنُ أَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ، أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ اللُّقَطَةِ، قَالَ:" عَرِّفْهَا سَنَةً ثُمَّ اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَ هَا، ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا، فَإِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَأَدِّهَا إِلَيْهِ" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ فَقَالَ:"خُذْهَا فَإِنَّمَا هِىَ لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَضَالَّةُ الإِبِلِ؟ قَالَ: فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ – أَو: احْمَرَّ وَجْهُهُ– ثُمَّ قَالَ:" مَالَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا حَتَّى يَلْقَاهَا رَبُّهَا"[راجع: ۹۱]

بَابٌ: هَلْ يَأْخُذُ اللُّقْطَةَ وَلاَ يَدَعُهَا تَضِيْعَ حَتَّى لاَ يَأْخُذَهَا مَنْ لاَ يَسْتَحِقُّ؟

کیا گری پڑی چیز اٹھالے، اور اس کو چھوڑے نہ رہے کہ ضائع ہو جائے اور وہ شخص اس کو اٹھالے جو اس کا مستحق نہیں؟

کسی جگہ کوئی چیز پڑی ہے تو اس کو وہیں چھوڑے رہے یا اٹھالے؟ اگر وہ چیز محل ضیاع میں ہے، جہاں چھوڑے رکھنے سے اس کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہے تو اٹھالینا چاہئے، تاکہ وہ ضائع نہ ہو یا کوئی بدنیت نہ اٹھالے، کیونکہ یہ بھی ضائع ہونا ہے، میں ایک مرتبہ بارہ تاریخ کو منیٰ سے مکہ آرہا تھا، بھیڑ بہت تھی، میں نے اپنے سامنے دیکھا کہ ایک کتاب پڑی ہے، میں نے بڑھ کر اٹھالی، میں اس کے مالک کو کہاں ڈھونڈھتا، میں نے وہ کتاب پڑھ لی اور دیوبند میں آکر ایک طالب علم کو دیدی، اس کا نام تھا الاشتراكية فى الإسلام۔ اگر میں اس کو نہ اٹھاتا تو تھوڑی دیر میں پیروں میں کچل جاتی، اور اگر وہ چیز

محل ضیاع میں نہ ہوتو اس کو نہیں اٹھانا چاہئے، مالک دیر سویر وہاں پہنچ جائے گا۔

اور حدیث وہی ہے جو پہلے آئی ہے، البتہ اس کا ابتدائی حصہ پہلے نہیں آیا۔ سوید بن غفلہ اپنے دو ساتھیوں کے ساتھ جہاد میں گئے، سوید نے ایک چمڑے کا کوڑا راستہ میں پڑا پایا تو اٹھالیا، ان کے ساتھیوں نے کہا: پڑا رہنے دے، مالک کو کہاں ڈھونڈھتا پھرے گا! انھوں نے کہا: نہیں، رات میں درندے آکر اس کو کھا جائیں گے اور میں اگر مالک کو پاؤں گا تو اس کو پہنچادوں گا ورنہ میں استعمال کروں گا۔ غزوہ سے لوٹنے کے بعد تینوں حج کے لئے گئے۔ حج سے فارغ ہوکر مدینہ آئے تو وہاں سُوید نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مسئلہ پوچھا تو انھوں نے فرمایا کہ تم نے ٹھیک کیا، میں نے بھی عہدِ نبوی میں ایک تھیلی پائی تھی جس میں سو دینار تھے، پس میں اس کو لے کر حضور ﷺ کے پاس حاضر ہوا (الی آخرہ)

[۱۰-] بَابٌ هَلْ يَأْخُذُ اللُّقْطَةَ وَلَا يَدَعُهَا تَضِيعَ حَتَّى لَا يَأْخُذَهَا مَنْ لَا يَسْتَحِقُّ؟

[۲۴۳۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُوَيْدَ بْنَ غَفَلَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ سَلْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَزَيْدِ بْنِ صُوْحَانَ فِي غَزَاةٍ، فَوَجَدْتُ سَوْطًا، فَقَالَا لِيْ: أَلْقِهِ، قُلْتُ: لَا، وَلَكِنْ إِنْ وَجَدْتُ صَاحِبَهُ، وَإِلَّا اسْتَمْتَعْتُ بِهِ. فَلَمَّا رَجَعْنَا حَجَجْنَا فَمَرَرْتُ بِالْمَدِيْنَةِ فَسَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَقَالَ: وَجَدْتُ صُرَّةً عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْهَا مِائَةُ دِيْنَارٍ، فَأَتَيْتُ بِهَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " عَرِّفْهَا حَوْلًا، فَعَرَّفْتُهَا حَوْلًا" ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ: " عَرِّفْهَا حَوْلًا" فَعَرَّفْتُهَا حَوْلًا ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ: " عَرِّفْهَا حَوْلًا" ثُمَّ أَتَيْتُهُ الرَّابِعَةَ فَقَالَ: " اعْرِفْ عِدَّتَهَا وَوِكَاءَ هَا وَوِعَاءَ هَا، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا اسْتَمْتِعْ بِهَا" [راجع: ۲۴۲۶]

حدثنا عَبْدَانُ، أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بِهٰذَا، قَالَ: فَلَقِيْتُهُ بَعْدُ بِمَكَّةَ، فَقَالَ: لَا أَدْرِيْ ثَلَاثَةَ أَحْوَالٍ أَوْ: حَوْلًا وَاحِدًا.

نوٹ: كنت مع سلمان: ہمارے نسخہ میں مع سليمان ہے، یہ صحیح نہیں، تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے......... قوله: ثم أتيتها الرابعة: خطابیؒ نے أعلام السنن میں لکھا ہے کہ یہ وہم ہے، دیکھتے نہیں کہ راوی کو شک ہے، اور دیگر تمام روایات میں ایک سال کا ذکر ہے، وعليه العمل عند عامة العلماء (۲:۳۸)

بَابٌ: مَنْ عَرَّفَ اللُّقْطَةَ وَلَمْ يَدْفَعْهَا إِلَى السُّلْطَانِ

جس نے لقطہ کے مالک کو خود ڈھونڈھا، اور اس کو حکومت کے حوالے نہیں کیا

شرعاً یہ ضروری نہیں کہ گری پڑی چیز اٹھانے والا وہ چیز حکومت کے حوالے کرے، بلکہ وہ خود مالک کو ڈھونڈھے، اور باب

میں جو حدیث ہے اس میں آپؐ نے بدّو سے فرمایا ہے: عَرِّفْها سنةً: یہ اس کو مسئلہ بتایا ہے اس سے یہ نہیں فرمایا کہ حکومت کے حوالے کرو، ہم اس کا مالک ڈھونڈھیں گے۔

[۱۱-] بَابٌ: مَنْ عَرَّفَ اللُّقَطَةَ وَلَمْ يَدْفَعْهَا إِلَى السُّلْطَانِ

[۲۴۳۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ رَبِيْعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، أَنَّ أَعْرَابِيًّا سَأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ: "عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنْ جَاءَ أَحَدٌ يُخْبِرُكَ بِعِفَاصِهَا وَوِكَائِهَا، وَإِلَّا فَاسْتَنْفِقْ بِهَا" وَسَأَلَهُ عَنْ ضَالَّةِ الإِبِلِ فَتَمَعَّرَ وَجْهُهُ، وَقَالَ: "مَالَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا، تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ، دَعْهَا حَتَّى يَجِدَهَا رَبُّهَا" وَسَأَلَهُ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ فَقَالَ: "هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ"[راجع: ۹۱]

بَابٌ

چرواہے کی اجازت سے بکری دوہنا مالک کی اجازت سے دوہنا ہے

یہ بے سرا باب ہے اور کالفصل من الباب السابق نہیں ہے اس لئے کہ باب کی حدیث کا گذشتہ باب سے کسی طرح جوڑ نہیں بٹھایا جاسکتا، بلکہ یہ باب طلبہ کی تمرین کے لئے ہے کہ لگاؤ اس پر باب، میں نے بطور مثال باب لگایا ہے آپ اس سے بہتر باب لگائیں۔

اور حدیث میں ہجرت کا واقعہ ہے، دوپہر میں ایک جگہ نبی ﷺ نے قیام فرمایا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک بڑی چٹان کے نیچے جگہ ہموار کی اور آپؐ کو سلادیا، پھر حضرت ابوبکرؓ اٹھے اور چاروں طرف گھومے کہ کہیں کوئی دشمن نہ ہو، گھومتے ہوئے ایک جگہ بکریاں چر رہی تھیں، انھوں نے چرواہے سے پوچھا: کس کا ہے؟ اس نے آقا کا نام بتایا، حضرت ابوبکرؓ نے اس کو پہچان لیا، پھر پوچھا: تیرے ریوڑ میں دودھ والی بکری ہے؟ اس نے کہا: ہے، حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا: دوہ کر دے گا؟ اس نے کہا: دوں گا، حضرت ابوبکرؓ ایک برتن لائے جس کے منہ پر کپڑا باندھ رکھا تھا، اور چرواہے سے کہا: پہلے ہاتھ جھاڑ، پھر بکری کا تھن جھاڑ، پھر اس نے برتن میں دودھ دوہا، حضرت ابوبکرؓ نے اس میں ٹھنڈا پانی ملایا اور جب آپؐ بیدار ہوئے تو پیش کیا، آپؐ نے خوب چھک کر پیا، یہ دودھ چرواہے کی اجازت سے دوہا گیا تھا، بلکہ چرواہے نے خود دوہ کر دیا تھا، اور عرف میں چرواہے کو اتنا اختیار رہتا ہے، پس یہ بھی مالک کی اجازت سے دوہنا ہے۔

[۱۲-] بَابٌ

[۲۴۳۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَا النَّضْرُ، أَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ

الْبَرَاءُ، عَنْ أَبِیْ بَکْرٍ، ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثَنَا إِسْرَائِیْلُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، عَنْ أَبِیْ بَکْرٍ، قَالَ:" انْطَلَقْتُ فَإِذَا أَنَا بِرَاعِیْ غَنَمٍ یَسُوْقُ غَنَمَهُ، فَقُلْتُ: مِمَّنْ أَنْتَ؟ قَالَ: لِرَجُلٍ مِنْ قُرَیْشٍ، فَسَمَّاهُ فَعَرَفْتُهُ فَقُلْتُ: هَلْ فِیْ غَنَمِكَ مِنْ لَبَنٍ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَقُلْتُ: هَلْ أَنْتَ حَالِبٌ لِیْ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَمَرْتُهُ، فَاعْتَقَلَ شَاةً مِنْ غَنَمِهِ، ثُمَّ أَمَرْتُهُ أَنْ یَنْفُضَ ضَرْعَها مِنَ الْغُبَارِ، ثُمَّ أَمَرْتُهُ أَنْ یَنْفُضَ کَفَّیْهِ، فَقَالَ هٰکَذَا: ضَرَبَ إِحْدَی کَفَّیْهِ بِالْأُخْرَی، فَحَلَبَ کُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، وَقَدْ جَعَلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم إِدَاوَةً عَلٰی فِیْهَا خِرْقَةٌ، فَصَبَبْتُ عَلَی اللَّبَنِ حَتّٰی بَرَدَ أَسْفَلُهُ، فَانْتَهَیْتُ إِلٰی النَّبِیِّ صلی اللہعلیه وسلم فَقُلْتُ: اشْرَبْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَشَرِبَ حَتّٰی رَضِیْتُ.

[انظر: ۳۶۱۵، ۳۶۵۲، ۳۹۰۸، ۳۹۱۷، ۵۶۰۷]

لغت: الْکُثْبَة: تھوڑی مقدار میں جمع شدہ دودھ، جمع: کُثَبٌ۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ المَظَالِمِ والقِصَاصِ

ظلم اور اس کے بدلہ کا بیان

مظالم: مَظْلَمَة کی جمع ہے، یہ مصدر میمی ہے، ظلم اور مظلمة ایک ہیں۔ اور ظُلْم: اسم ہے جو مصدر کے قائم مقام ہے، اور ظلم کے معنی ہیں: حق تلفی، کسی کا حق مارنا۔ اور ظلم تین طرح کا ہوتا ہے: اول: وہ ظلم جو انسان اللہ کے معاملہ میں کرتا ہے یعنی اللہ کا شریک ٹھہرانا یہ سب سے بڑا ظلم ہے جو نا قابل معافی ہے۔ دوم: وہ ظلم جو انسان دوسرے لوگوں کے ساتھ کرتا ہے۔ سوم: وہ ظلم جو انسان اپنے نفس کے ساتھ کرتا ہے یعنی اپنا نقصان کرتا ہے، کوئی چھوٹا بڑا گناہ کرتا ہے —— یہ تینوں درجہ بدرجہ ظلم ہیں۔ اور قصاص کے معنی ہیں: برابر کا بدلہ، نہ کم نہ زیادہ، اس کتاب میں مظالم کا اور اس کے برابر کے بدلہ کا بیان ہے، جاننا چاہئے کہ بدلہ اگر زیادہ ہوگا تو دوسرا ظلم وجود میں آجائے گا۔

پھر حضرت رحمہ اللہ نے سورۂ ابراہیم کی آیات (۴۲-۴۷) لکھی ہیں: ارشادِ پاک ہے: ''اور جو کچھ یہ ظالم لوگ (کفار) کر رہے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ کو بے خبر مت سمجھو، ان کو صرف اس دن تک مہلت ہے جس میں ان لوگوں کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی، وہ دوڑتے ہونگے، اپنے سر اوپر اٹھائے ہوئے ہونگے اور ان کی نگاہ ان کی طرف پلٹ کر نہیں آئے گی، اور ان کے دل خالی (بدحواس) ہونگے، اور آپ ان لوگوں کو اس دن سے ڈرائیں جس دن ان پر عذاب آپڑے گا، پھر یہ ظالم لوگ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! تھوڑی مدت کے لیے ہمیں ڈھیل دیدیجئے ہم آپ کا سب کہنا مان لیں گے، اور پیغمبروں کا اتباع کریں گے (جواب میں ارشاد ہوگا) کیا تم نے اس سے پہلے قسمیں نہیں کھائی تھیں کہ تم کو (اس دنیا سے) کہیں جانا نہیں؟ (یعنی تم قیامت کے منکر تھے اور اس پر قسمیں کھاتے تھے) حالانکہ تم ان لوگوں کے رہنے کی جگہوں میں رہتے تھے جنھوں نے اپنی ذاتوں کا نقصان کیا تھا اور تم کو یہ بھی معلوم ہو گیا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیسا معاملہ کیا؟ اور ہم نے تم سے مؤثر مضامین بیان کردیئے تھے، اور ان لوگوں نے اپنی والی بہت سی بڑی بڑی تدبیریں کر لی تھیں اور ان کی تدبیریں اللہ کے سامنے تھیں، اور واقعی ان کی تدبیریں ایسی تھیں کہ ان سے پہاڑ بھی ٹل جائیں (مگر سب گاؤخرد ہوگئیں) پس اللہ تعالیٰ کو اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرنے والا نہ سمجھنا، بیشک اللہ تعالیٰ بڑے زبردست اور پورا بدلہ لینے والے ہیں''

ان آیات میں تین لفظ مشکل آئے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے درمیان میں ان کے معانی بیان کئے ہیں:

۱- مهطعین: اسم فاعل جمع مذکر منصوب ہے، مفرد مُهطِع اور مصدر إهطاع (باب افعال) ہے، جس کے معنی ہیں: سر جھکائے ہوئے تیزی سے دوڑنے والے، عاجزی اور ذلت کی وجہ سے نظر نہ اٹھانے والے، مجرد هَطَعَ (ف) هَطْعا و هُطوعًا: ہے، ٹکٹکی باندھنا، کسی چیز کو متوجہ ہو کر دیکھتے رہنا۔

۲- مُقنعی: یہ بھی اسم فاعل جمع مذکر منصوب مضاف ہے، اصل میں مقنعین تھا اضافت کی وجہ سے نون گرا ہے، إقناع (باب افعال) سے ہے، قِنْع مادہ ہے، اس کے معنی ہیں: اٹھانا، اور ایک دوسرا لفظ ہے: مُقمِح یہ دونوں لفظ ہم معنی ہیں۔ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے دونوں کے معنی کئے ہیں: مُدِیمِی النظر: مسلسل دیکھنے والے اور دوسرے حضرات نے اس کا ترجمہ کیا ہے: مُسْرِعِینَ، تیزی سے جانے والے۔

۳- هَوَاء کے معنی ہیں: جُوْفًا: خالی، یعنی حواس باختہ، بے عقل، یعنی ان کے دل حواس باختہ بے عقل ہونگے، ان کی سمجھ میں کچھ نہیں آرہا ہوگا کہ کیا ہو رہا ہے؟ باقی آیت کا ترجمہ اوپر آ گیا۔

آیت کا خلاصہ: ان آیات میں کفار: مؤمنین پر جو ظلم وستم ڈھاتے ہیں اس کے بدلہ کا بیان ہے کہ یہ ظالم لوگ اللہ تعالیٰ کو اپنی حرکتوں سے بے خبر نہ سمجھیں، ان کو دنیا میں اگر بدلہ نہیں مل رہا تو قیامت کا دن آرہا ہے اس دن ان کو پورا پورا بدلہ دیا جائے گا، کس طرح بدلہ دیا جائے گا؟ اور اس وقت ان کفار کا کیا حال ہوگا؟ آگے آیات میں اس کی تفصیل ہے، پس یہ کتاب کے شروع میں جنرل (عام) آیات ہیں، جن میں مظالم اور ان کے بدلے کا بیان ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٤٦- كتابُ المظالم والقصاص

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلاً عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُوْنَ، إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُم لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْأَبْصَارُ، مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُؤُوْسِهِمْ﴾ رَافِعِيْ رُؤُوْسِهِمْ، الْمُقْنِعُ وَالْمُقْمِحُ وَاحِدٌ. قَالَ مُجَاهِدٌ: مُهْطِعِيْنَ: مُدِيْمِي النَّظَرِ. وَقَالَ غَيْرُهُ: مُسْرِعِيْنَ﴿ لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ﴾ يَعْنِيْ جُوْفًا لَاعُقُوْلَ لَهُمْ﴿ وَأَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَأْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَا أَخِّرْنَا إِلٰى أَجَلٍ قَرِيْبٍ نُجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ أَوَ لَمْ تَكُوْنُوْا أَقْسَمْتُمْ مِنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِنْ زَوَالٍ، وَسَكَنْتُمْ فِيْ مَسَاكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ، وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ وَإِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ، فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهِ رُسُلَهُ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُوْ انْتِقَامٍ﴾[ابراهيم: ٤٢-٤٧]

بَابُ قِصَاصِ الْمَظَالِمِ

مظالم کے بدلہ کا بیان

یہ ظلم کی قباحت کے سلسلہ کا پہلا باب ہے، ظالموں کو ان کے ظلم کا بدلہ ضرور دیا جائے گا، اگر اس دنیا میں نہیں دیا گیا تو قیامت کے دن چکایا جائے گا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب (گنہ گار) مؤمنین دوزخ سے چھٹکارا پائیں گے تو سب کو جنت اور جہنم کے درمیان ایک پل پر روکا جائے گا، وہاں مظالم کا حساب چکایا جائے گا، دنیا میں جو ایک دوسرے پر ظلم کئے ہیں ان کا تصفیہ ہوگا، پھر جب وہ صاف ستھرے ہوجائیں گے تو جنت میں داخل کیے جائیں گے —— اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! یقیناً ان میں سے ایک شخص جنت میں اپنے گھر سے زیادہ واقف ہوگا دنیا میں اپنے گھر سے، یعنی جس طرح دنیا میں اپنے گھر پہنچنے کے لیے کسی راہبر کی ضرورت نہیں ہوتی اسی طرح آخرت میں جنت میں سیدھا اپنے گھر پہنچے گا اس کو کسی راہبر کی ضرورت نہیں ہوگی۔

تشریح: آخرت میں دو پل ہیں، ایک میدانِ محشر سے جنت تک، یہ پل جہنم کے اوپر سے گذرتا ہے، اور یہی ''پل صراط'' کہلاتا ہے، دوسرا پل وہ ہے جو جہنم سے جنت تک پہنچتا ہے، پہلے پل سے گذر کر جنتی جنت میں پہنچ جائیں گے، اور جو گناہ گار مؤمنین ہیں ان کو جہنم کے آنکڑے نیچے کھینچ لیں گے، اور وہ جہنم میں پہنچ جائیں گے، پھر جب ان کو وہاں سے نجات ملے گی تو دوسرے پل سے گذر کر جنت میں جائیں گے، اس پل کے درمیان میں ان کو روک لیا جائے گا، اور انھوں نے آپس میں ایک دوسرے پر جو ظلم کئے ہیں اس کا تصفیہ ہوگا، یا تو مظلوم ظالم کو معاف کردے گا یا اللہ تعالیٰ ظالم کو خوش کردیں گے یا ظالم کی نیکیاں مظلوم کو دی جائیں گی، جس سے مظلوم کے درجات جنت میں بلند ہونگے۔ بہرحال کسی نہ کسی طرح تصفیہ ہوجائے گا ان کو واپس سزا بھگتنے کے لیے جہنم میں نہیں جانا پڑے گا۔

لطیفہ: حساب کتاب سے فارغ ہوکر لوگ جنت میں جارہے تھے، ایک قاری صاحب کا حساب ہوگیا وہ سٹک پٹک جنت کی طرف جارہے تھے، انھوں نے دیکھا کہ جنت کے دروازہ پر بہت سے لوگ کھڑے ہیں، انھوں نے سلام کیا اور پوچھا: کیوں کھڑے ہو؟ چلو جنت میں! وہ مدرسوں کے مہتمم تھے، انھوں نے جواب دیا: کیا کریں سب معاملہ نمٹ گیا، مگر اب فرشتے پوچھتے ہیں کہ گوشوارہ میں جو 'متفرقات' میں مصارف لکھے ہیں ان کی تفصیل پیش کرو، اب کہاں سے لائیں تفصیل! لیکن ان کا معاملہ بھی بہرحال نمٹ جائے گا۔

[۱-] بَابُ قِصَاصِ الْمَظَالِمِ

[۲۴۴۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ

النَّاجِیْ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: " إِذَا خَلَصَ الْمُؤْمِنُوْنَ مِنَ النَّارِ، حُبِسُوْا بِقَنْطَرَةٍ بَیْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، فَیَتَقَاصُّوْنَ مَظَالِمَ كَانَتْ بَیْنَهُمْ فِی الدُّنْیَا، حَتّٰی إِذَا نُقُّوْا وَهُذِّبُوْا أُذِنَ لَهُمْ بِدُخُوْلِ الْجَنَّةِ، فَوَ الَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهِ! لَأَحَدُهُمْ بِمَسْكَنِهِ فِی الْجَنَّةِ أَدَلُّ بِمَسْكَنِهِ كَانَ فِی الدُّنْیَا"

وَقَالَ یُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ: ثَنَا شَیْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ: ثَنَا أَبُوْ الْمُتَوَكِّلِ.[انظر: ٦٥٣٥]

لغات: خَلَصَ (ن) خُلُوْصًا من النار: نجات پانا، رہائی پانا.........**تَقَاصَّ القومُ:** ایک دوسرے سے بدلہ لینا۔ آپس میں لین دین کرکے حساب چکانا.........**نُقُّوْا:** تنقیة سے ہے نَقَّاہ: صاف کرنا، آلائشوں سے پاک کرنا......... **هُذِّبُوْا:** تهذیب سے ہے هذَّبَه: منقح کرنا، حشو وزوائد سے پاک کرنا۔

سند: حدیث کے آخر میں دوسری سند اس لئے لائے ہیں کہ اس میں قتادہ رحمہ اللہ کی ابوالمتوکل سے سماع کی صراحت ہے، قتادہ رحمہ اللہ پر تدلیس کا داغ لگا ہوا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَی الظَّالِمِیْنَ﴾

سنو! ظالموں پر اللہ کی پھٹکار ہے!

یہ ظلم کی قباحت کے سلسلہ کا دوسرا باب ہے، ظالموں پر دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اللہ کی پھٹکار ہے۔ لعنت کے معنی ہیں: رحمت سے دور کرنا، جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے دور کردیں ان کا ٹھکانہ کہاں؟ اس سے ظلم کی شناعت آشکارا ہے۔

حدیث: صفوان کہتے ہیں: میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ چل رہا تھا، میں نے ان کا ہاتھ پکڑ رکھا تھا، اچانک ایک آدمی سامنے آیا اس نے پوچھا: آپ نے نجوی (سرگوشی) کے بارے میں نبی ﷺ سے کیا سنا ہے؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: میں نے آپؐ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ (میدانِ محشر میں) ایک مؤمن کو قریب کریں گے پس اس پر اپنا بازو رکھیں گے اور اس کو چھپالیں گے، پھر فرمائیں گے: کیا تو فلاں گناہ جانتا ہے؟ کیا تو فلاں گناہ جانتا ہے؟ وہ کہے گا: ہاں، اے میرے پروردگار! یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ اس سے اس کے گناہوں کا اقرار کرالیں گے اور وہ بندہ دل میں سوچ رہا ہوگا کہ اس کی لٹیا ڈوبی! تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں نے تیرے یہ گناہ دنیا میں چھپائے رکھے تھے، اور آج میں وہ گناہ تیرے لیے بخشتا ہوں، پھر اس کو اس کی نیکیوں کا نامہ اعمال دیا جائے گا، یہ ہے سرگوشی (نجوی) کی حدیث۔ اور رہے کافر اور منافق تو سورہ ہود (آیت:۱۸) میں ہے: "اعمال کے گواہ فرشتے برملا کہیں گے یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے پروردگار پر جھوٹ باندھا، سنو! اللہ کی پھٹکار ہو ظالموں پر" یعنی آخرت میں ظالموں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں ہوگی، اس لئے چھوٹے بڑے ہر ظلم سے بچنا چاہئے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظَّالِمِيْنَ﴾

[۲٤٤۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثنا هَمَّامٌ، ثَنِيْ قَتَادَةُ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ الْمَازِنِيِّ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا أَمْشِيْ مَعَ ابْنِ عُمَرَ، آخِذٌ بِيَدِهِ، إِذْ عَرَضَ رَجُلٌ، فَقَالَ: كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي النَّجْوَى؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ اللّٰهَ يُدْنِي الْمُؤْمِنَ، فَيَضَعُ عَلَيْهِ كَنَفَهُ وَيَسْتُرُهُ، فَيَقُوْلُ: أَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا؟ أَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ أَىْ رَبِّ! حَتَّى قَرَّرَهُ بِذُنُوْبِهِ، وَرَأَى فِي نَفْسِهِ أَنَّهُ هَلَكَ! قَالَ: سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا، وَأَنَا أَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ، فَيُعْطَى كِتَابَ حَسَنَاتِهِ. وَأَمَّا الْكَافِرُوْنَ وَالْمُنَافِقُوْنَ فَيَقُوْلُ الْأَشْهَادُ: ﴿هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ، أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظَّالِمِيْنَ﴾[هود: ۱۸] [انظر: ٤٦٨٥، ٦٠٧٠، ٧٥١٤]

لغت: كَنَف: بازو، جمع أكناف۔

بَابٌ: لَايَظْلِمُ الْمُسْلِمُ الْمُسْلِمَ، وَلَا يُسْلِمُهُ

مسلمان مسلمان پر نہ ظلم کرتا ہے، نہ اس کو دشمن کے ہاتھ میں پھنساتا ہے

اخوت اسلامی کا تقاضہ مثال کے طور پر یہ ہے کہ کوئی مسلمان دوسرے مسلمان پر ظلم نہ کرے، نہ اس کو دشمن کے ہاتھ میں پھنسائے یعنی نہ کسی اور کو اس پر ظلم کرنے دے، ہر مسلمان کی حاجت روائی کرے، وہ کسی بے چینی میں مبتلا ہو تو اس کی بے چینی دور کرے، اور اس کی کوئی کوتاہی سامنے آئے تو پردہ پوشی کرے، یہ سب امور اخوت اسلامی کے تقاضے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ وہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اس کو کسی مصیبت میں پھنساتا ہے، یعنی دوسرے کو بھی اس پر ظلم نہیں کرنے دیتا اور جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی کسی حاجت میں ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت میں ہوتے ہیں یعنی اس کے کام بناتے ہیں۔ اور جو کسی مسلمان کی کوئی بے چینی دور کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی بے چینیوں میں سے بڑی بے چینی کو دور کریں گے، اور جو کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کریں گے۔

[۳-] بَابٌ: لَايَظْلِمُ الْمُسْلِمُ الْمُسْلِمَ، وَلَا يُسْلِمُهُ

[۲٤٤۲-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَالِمًا أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ، لَا يَظْلِمُهُ وَلَا

يُسْلِمُهُ، وَمَنْ كَانَ فِى حَاجَةِ أَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِى حَاجَتِهِ، وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"[انظر: ٦٩٥١]

بَابٌ: أَعِنْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُوْمًا

اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ ظالم ہو یا مظلوم

ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کی ہمیشہ مدد کرنی چاہئے، خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم، صحابہ نے پوچھا: یا رسول اللہ! مظلوم کی مدد کرنا تو ہماری سمجھ میں آیا، مگر ظالم کی مدد کیسے کریں؟ آپؐ نے فرمایا: اس کا ہاتھ پکڑو، اس کو ظلم سے روکو، یہ ظالم کی مدد ہے، اگر اس کا ہاتھ نہیں پکڑو گے تو وہ ظلم کرے گا اور اس کے وبال میں گرفتار ہوگا، پس تم نے اس کو ظلم سے روک کر وبال سے بچالیا۔

[٤-] بَابٌ أَعِنْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُوْمًا

[٢٤٤٣-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِى شَيْبَةَ، ثَنَا هُشَيْمٌ، أَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِى بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، وَحُمَيْدٌ، سَمِعَا أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم:" انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُوْمًا"

[انظر: ٢٤٤٤، ٦٩٥٢]

[٢٤٤٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُوْمًا" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا نَنْصُرُهُ مَظْلُوْمًا، فَكَيْفَ نَنْصُرُهُ ظَالِمًا؟ قَالَ:" تَأْخُذُ فَوْقَ يَدَيْهِ "[راجع: ٢٤٤٣]

بَابُ نَصْرِ الْمَظْلُوْمِ

مظلوم کی مدد کرنا

مظلوم کی مدد کرنا فرض کفایہ ہے اور فرض کفایہ سب لوگوں پر پھیلا ہوا ہوتا ہے، پس ہر شخص پر فرض ہے کہ وہ مظلوم کی مدد کرے، پھر جب کچھ لوگ مدد کے لئے کھڑے ہو جائیں تو فریضہ ان پر سمٹ آتا ہے اور دوسرے لوگ فرض سے سبکدوش ہو جاتے ہیں، اور کبھی مظلوم کی مدد کرنا فرض عین ہو جاتا ہے، جب کہ ایک ہی شخص مدد کرنے پر قادر ہو، اور باب میں حضرتؒ نے دو حدیثیں پیش کی ہیں، ایک پہلے گذری ہے: نبی ﷺ نے سات باتوں کا حکم دیا اور سات باتوں سے منع کیا، بیمار کی بیمار پرسی کرنا، جنازوں کے پیچھے جانا، چھینکنے والے کو دعا دے کر خوش کرنا، سلام کا جواب دینا، مظلوم کی مدد کرنا (یہاں باب ہے) دعوت دینے والے کی دعوت قبول کرنا اور قسم کو نیک بنانا یعنی کوئی قسم دے کر کوئی کام کرنے کے لئے کہے تو وہ کام

کر دینا۔ یہ سات باتیں مامور بہ ہیں اور دوسری سات باتیں جو منہی عنہ ہوں وہ پہلے (حدیث ۱۲۳۹ تحفۃ القاری ۳: ۵۶۰) آچکی ہیں، اور وہ یہ ہیں: چاندی کے برتن، سونے کی انگوٹھی، حریر (ریشم) دیبا (ریشم کی ایک قسم) اور استبرق (ریشم کی ایک قسم) قَسّی کپڑا، میثرہ (سرخ گدی) کا استعمال ممنوع ہے۔

دوسری حدیث: بھی پہلے آچکی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: **المؤمنُ للمؤمن کَالْبُنْیان، یَشُدُّ بعضُه بعضًا**: مؤمن مؤمن کے لیے عمارت کی طرح ہے جس کا بعض بعض کو مضبوط کرتا ہے، پھر نبی ﷺ نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پیوست کیں اور جال بنایا، یعنی جس طرح عمارت کی دیواریں ایک دوسرے کے ساتھ پیوست ہوتی ہیں اور دیوار کی اینٹیں ایک دوسرے کے ساتھ جڑی ہوئی ہوتی ہیں اسی طرح تمام مؤمنین ایک دوسرے کے مددگار ہوتے ہیں، پس کسی پر کوئی ظلم ہو رہا ہو تو ہر مسلمان کا فریضہ ہے کہ وہ اس کی مدد کرے اور اس کو ظلم سے بچائے۔

[۵-] بَابُ نَصْرِ الْمَظْلُوْمِ

[۲۴۴۵-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ سُوَيْدٍ، سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: "أَمَرَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعٍ، وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ: فَذَكَرَ عِيَادَةَ الْمَرِيْضِ، واتِّبَاعَ الْجَنَائِزِ، وَتَشْمِيْتَ الْعَاطِسِ، وَرَدَّ السَّلَامِ، وَنَصْرَ الْمَظْلُوْمِ، وَإِجَابَةَ الدَّاعِيْ، وَإِبْرَارَ الْمُقْسِمِ"[راجع: ۱۲۳۹]

[۲۴۴۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ، يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا" وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ.

[راجع: ۴۸۱]

بَابُ الِانْتِصَارِ مِنَ الظَّالِمِ

ظالم سے بدلہ لینا

ظالم سے ظلم کا بدلہ لینا جائز ہے اور اس سلسلہ میں حضرتؒ نے دو آیتیں لکھی ہیں:

پہلی آیت: سورۃ النساء کی آیت ۱۴۸ ہے: "اللہ تعالیٰ بری بات زبان پر لانے کو پسند نہیں کرتے، بجز مظلوم کے، یعنی مظلوم اگر ظالم کی نسبت حرفِ شکایت زبان پر لائے تو اس میں کوئی حرج نہیں، اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں"، یعنی مظلوم کو واقعی بات ہی کہنی چاہئے خلافِ واقعہ بات کہنا جائز نہیں۔

دوسری آیت: سورۃ الشوریٰ کی آیت ۴۱ ہے: "جو اپنے اوپر ظلم ہو چکنے کے بعد برابر کا بدلہ لے تو ایسے لوگوں پر کوئی

الزام نہیں''

اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اسلاف اپنے آپ کو ذلیل کرنا پسند نہیں کرتے تھے، مگر جب وہ قابو پا لیتے تھے تو معاف کر دیتے تھے، یعنی ظالم کو مت بخشو، اگر تم اس کو نہیں پکڑو گے تو وہ خود کو فرعون سمجھ لے گا۔ اور کہے گا کوئی میرا کیا بگاڑ لیگا؟ ایسوں کو پکڑواؤ اور سزا دلواؤ، پھر جب فیصلہ تمہارے حق میں ہو جائے تو اس کو معاف کر دو، کیونکہ معاف کرنے کا بڑا ثواب ہے۔

اور اس باب میں حضرتؒ نے کوئی حدیث نہیں لکھی، شارحین نے ایک حدیث لکھی ہے، ایک مرتبہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں جا کر ان کو برا بھلا کہنے لگیں، حضور ﷺ نے ان کو جھڑکا مگر وہ نہیں مانیں، آپؐ نے حضرت عائشہؓ سے کہا: جواب دو، انھوں نے ترکی بہ ترکی جواب دیا، ایسا جواب دیا کہ حضرت زینبؓ کے منہ میں تھوک خشک ہو گیا اور نبی ﷺ کا چہرہ کھل گیا، یہ حدیث نسائی اور ابن ماجہ میں سند حسن سے ہے۔

[٦-] بَابُ الإِنْتِصَارِ مِنَ الظَّالِمِ

[١-] لِقَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ لاَيُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْءِ مِنَ الْقَوْلِ إِلاَّ مَنْ ظُلِمَ﴾[السناء: ١٤٨]

[٢-] ﴿وَالَّذِيْنَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ﴾[الشورى: ٣٩]

وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: كَانُوْا يَكْرَهُوْنَ أَنْ يُسْتَذَلُّوْا، فَإِذَا قَدَرُوْا عَفَوْا.

بَابُ عَفْوِ الْمَظْلُوْمِ

مظلوم کو معاف کرنا

گذشتہ باب کے آخر میں حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا قول آیا ہے کہ اسلاف جب ظالم پر قابو پا لیتے تھے تو درگذر کرتے تھے، اب یہ باب ہے کہ اگر مظلوم ظالم کو معاف کر دے تو اس میں کچھ حرج نہیں بلکہ معاف کرنا بڑا نیکی کا کام ہے، اس باب میں بھی حضرتؒ نے دو آیتیں لکھی ہیں:

پہلی آیت: سورۃ النساء کی (آیت ۱۴۹) ہے: ''اگر نیک کام علانیہ کرو یا اس کو خفیہ کرو یا کسی برائی کو معاف کر دو تو اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے پوری قدرت رکھنے والے ہیں'' اور اس سے اوپر کی آیت پچھلے باب میں آ چکی ہے کہ اللہ تعالیٰ بری بات زبان پر لانے کو پسند نہیں کرتے بجز مظلوم کے، اب اس آیت میں فرمایا کہ اگر مظلوم ظالم کو معاف کر دے تو یہ بات اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔

دوسری آیت: سورۃ الشوری آیات ۴۰-۴۴ ہیں: ''اور برائی کا بدلہ ویسی ہی برائی ہے (بشرطیکہ وہ فعل فی نفسہ معصیت نہ ہو) پھر (بعد اجازت انتقام کے) جو شخص معاف کرے اور اصلاح کرے تو اس کا ثواب اللہ کے ذمہ ہے، اللہ تعالیٰ واقعی

ظالم کو پسند نہیں کرتے، اور جو شخص اپنے اوپر ظلم ہو چکنے کے بعد برابر کا بدلہ لے تو ایسے لوگوں پر کوئی الزام نہیں، الزام صرف ان لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں (خواہ ابتداءً یا انتقام کے وقت) اور ناحق دنیا میں سرکشی کرتے ہیں، ایسوں کے لئے دردناک عذاب ہے، اور جو شخص صبر کرے اور معاف کردے تو یہ بات البتہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے (یعنی ایسا کرنا بہتر ہے اور یہ اولوالعزمی کا کام ہے) اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کریں تو اس کے بعد اس شخص کا دنیا میں کوئی چارہ ساز نہیں، اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے جس وقت کہ ان کو عذاب کا معائنہ ہوگا، کہتے ہونگے: کیا دنیا میں واپس جانے کی کوئی صورت ہے؟''

اور اس باب میں بھی حضرت رحمہ اللہ نے کوئی حدیث نہیں لکھی، شارحین نے ابوداؤد اور مسند احمد کی ایک روایت لکھی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مَامِنْ عَبْدٍ ظُلِمَ مَظْلَمَةً فَعَفَا عَنْهَا إِلَّا أَعَزَّ اللّٰهُ بِهَا: نَصرَهُ: جس بندہ پر کوئی ظلم کیا گیا، پس اس نے اس کو معاف کردیا تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کی عزت بڑھائیں گے (اور) اس کی مدد کریں گے (فتح)

[۷-] بَابُ عَفْوِ الْمَظْلُوْمِ

[۱-] لِقَوْلِهِ: ﴿إِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا أَوْ تُخْفُوْهُ أَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْءٍ فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا﴾[النساء: ۱۴۹]

[۲-] ﴿وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا، فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، إِنَّهُ لاَ يُحِبُّ الظَّالِمِيْنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿هَلْ إِلٰى مَرَدٍّ مِنْ سَبِيْلٍ﴾[الشورى: ۴۰-۴۴]

بَابٌ: الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ظلم قیامت کے دن تاریکیاں ہوگا

ظلم کئی گناہوں پر مشتمل ہوتا ہے: ایک: کسی کی حق تلفی کرنا۔ دوم: اللہ کے حکم کی مخالفت کرنا۔ اور یہ گناہ پہلے گناہ سے بھی زیادہ سخت ہے۔ سوم: ظلم دل کی تاریکی سے وجود پذیر ہوتا ہے، جس کا دل روشن ہوتا وہ یہ حرکت نہیں کرتا، دنیا میں یہ سارے گناہ علاحدہ ہیں، یہی سب گناہ قیامت کے دن مل کر گھٹاٹوپ تاریکیاں بنیں گے۔

[۸-] بَابٌ: الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

[۲۴۴۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمَاجِشُوْنِ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

بَابُ الِاتِّقَاءِ وَالْحَذَرِ مِنْ دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ

مظلوم کی بددعا سے بچنا

مظلوم عام طور پر کمزور ہوتا ہے، وہ بدلہ نہیں لے سکتا، پس وہ اللہ کے سامنے ہاتھ اٹھاتا ہے اور ظالم کے لئے بددعا کرتا ہے اور جب مظلوم کی آہ نکلتی ہے تو عرش سے ورے نہیں رکتی، پس ظلم سے بچو۔

اور حدیث پہلے گذری ہے: جب نبی ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجا تو ہدایت دی کہ رعایا پر ظلم مت کرنا، رعایا حکومت کا مقابلہ نہیں کر سکتی، پس وہ بددعا کرے گی اور مظلوم کی بددعا اور اللہ کے درمیان کوئی حجاب نہیں وہ سیدھی عرش تک پہنچتی ہے (الاتقاء اور الحذر (مترادف لفظ ہیں) اور فإنه میں ضمیر شان ہے۔

[٩-] بَابُ الِاتِّقَاءِ وَالْحَذَرِ مِنْ دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ

[٢٤٤٨-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ الْمَكِّيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ أَبِيْ مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ مُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ: "اتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ"[راجع: ١٣٩٥]

بَابٌ: مَنْ كَانَتْ لَهُ مَظْلَمَةٌ عِنْدَ الرَّجُلِ، فَحَلَّلَهَا لَهُ، هَلْ يُبَيِّنُ مَظْلَمَتَهُ؟

جس نے کسی کی حق تلفی کی، پھر صاحب حق نے اس کو معاف کر دیا تو کیا اس حق کی وضاحت ضروری ہے؟

مظلمة مصدر میمی بمعنی ظلم ہے، اور لام پر زبر زیر دونوں صحیح ہیں، بلکہ بعض کے نزدیک تو پیش بھی صحیح ہے۔ ظَلَمَ (ض) ظُلْمًا و مَظْلَمَةً کے معنی ہیں: زیادتی کرنا، حق تلفی کرنا۔ اور حَلَّلَ تَحْلِيْلاً الشيئَ کے معنی ہیں: حلال کرنا، مباح اور جائز قرار دینا، معاف کرنا۔

اس باب میں ابراء مجہول کا مسئلہ ہے، ابراء معلوم بالاتفاق درست ہے، مثلاً کوئی شخص دوسرے کے پاس پانچ سو روپے مانگتا ہے، قرض خواہ نے اس کو معاف کیا تو یہ درست ہے، اور ابراء مجہول میں اختلاف ہے، جو حاشیہ میں مذکور ہے، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے هل استفہامیہ رکھا ہے، کوئی فیصلہ نہیں کیا، مثلاً جب لوگ حج میں جاتے ہیں تو کہتے ہیں: بولا چالا معاف کرنا، یہ ابراء مجہول ہے اور اس مسئلہ میں میری ناقص رائے یہ ہے کہ اگر حق تلفی بالکل ہی مجہول ہو تو ابراء درست نہیں، اور اگر فی الجملہ معلوم ہو تو ابراء درست ہے، تفصیل ضروری نہیں، جیسے دو شخصوں کے درمیان مالی معاملات ہوتے رہتے ہیں دونوں نے باہم حساب کیا پھر کمی بیشی معاف کر دی تو یہ درست ہے، یا کہے کہ میں نے آپ کی غیبت کی ہے، میں نے آپ کو

بےعزت کیا ہے، آپ مجھے معاف کردیں، پس یہ معافی درست ہے، غیبت اور بےعزتی کی تفصیل ضروری نہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے مسلمان بھائی کی کوئی حق تلفی کی خواہ اس کا تعلق آبرو سے ہو یا کسی اور معاملہ سے، پس چاہئے کہ وہ اس سے آج معاف کرالے اس سے پہلے کہ وہ دن آئے جب نہ دینار ہوگا نہ درہم، اگر ظالم کے پاس نیکی ہوگی تو اس سے ظلم کے بقدر لیا جائے گا اور اگر نیکی نہیں ہوگی تو مظلوم کی برائیوں میں سے اس پر لادا جائے گا۔

تشریح: یہ حدیث آیت کریمہ: ﴿وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرٰى﴾ کے معارض نہیں، مظلوم کی یہ برائیاں جو ظالم پر لادی گئی ہیں وہ اس کے ظلم کا بدلہ ہیں۔

فائدہ: امام بخاریؒ نے اپنے استاذ اسماعیلؒ سے نقل کیا ہے کہ سعید مقبریؒ مدینہ منورہ کے قبرستان کے ایک کونہ میں رہتے تھے، اس لئے مقبری کہلاتے تھے، یعنی وہ گورکن نہیں تھے، اور ان کے والد ابوسعید کا نام کیسان ہے وہ بھی روات حدیث میں سے ہیں، ان کو قبیلہ بنولیث کی ایک عورت نے مکاتب بنایا تھا، مگر فتح الباری میں ہے کہ کیسان کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے گورکنی پر مامور کیا تھا، پس ممکن ہے باپ کے پیشہ کے اعتبار سے بیٹا مقبری کہلایا ہو۔

[۱۰-] بَابُ مَنْ كَانَتْ لَهُ مَظْلَمَةٌ عِنْدَ الرَّجُلِ، فَحَلَّلَهَا لَهُ، هَلْ يُبَيِّنُ مَظْلَمَتَهُ؟

[۲۴۴۹-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، ثنا سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ كَانَتْ لَهُ مَظْلَمَةٌ لِأَخِيْهِ، مِنْ عِرْضِهِ أَوْ شَيْءٍ، فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْيَوْمَ، قَبْلَ أَنْ لَا يَكُوْنَ دِيْنَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ، إِنْ كَانَ لَهُ عَمَلٌ صَالِحٌ أُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلَمَتِهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهِ فَحُمِلَ عَلَيْهِ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ: إِنَّمَا سُمِّيَ الْمَقْبُرِيَّ لِأَنَّهُ كَانَ يَنْزِلُ نَاحِيَةَ الْمَقَابِرِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَسَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ هُوَ مَوْلَى لِبَنِيْ لَيْثٍ، وَهُوَ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَاسْمُ أَبِيْ سَعِيْدٍ كَيْسَانُ. [انظر: ۶۵۳۴]

بَابٌ: إِذَا حَلَّلَهُ مِنْ ظُلْمِهِ فَلَا رُجُوْعَ فِيْهِ

حق تلفی معاف کردی تو اب اس کا مطالبہ نہیں ہوسکتا

کسی نے کسی کی حق تلفی کی، مظلوم نے اس کو معاف کردیا، تو اب اس کو حق مانگنے کا حق نہیں، جب معاف کردیا تو بات ختم!

حدیث: سورۃ النساء کی آیت ۱۲۸ ہے: ''اگر کسی عورت کو اپنے شوہر سے غالب احتمال بدد ماغی کا یا لاپرواہی کا ہو تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ باہم صلح کرلیں'' اس آیت کا شان نزول حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہ بیان کیا ہے کہ

ایک شوہر کی بیوی ہے مگر وہ اس سے کچھ زیادہ دلچسپی نہیں رکھتا، وہ اس کو جدا کرنا چاہتا ہے، پس عورت نے کہا: میں اپنا شب باشی کا یا نان ونفقہ کا حق معاف کرتی ہوں آپ مجھے علاحدہ نہ کریں تو ایسا کیا جا سکتا ہے۔ یہ آیت اسی سلسلہ میں نازل ہوئی ہے، اب وہ عورت آئندہ شوہر سے شب باشی کا یا نان ونفقہ کا مطالبہ نہیں کرسکتی۔

[۱۱-] بَابٌ: إِذَا حَلَّلَهُ مِنْ ظُلْمِهِ فَلاَ رُجُوْعَ فِيْهِ

[۲۴۵۰-] حدثنا مُحَمَّدٌ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا﴾ [النساء: ۱۴۸] قَالَتْ: الرَّجُلُ تَكُوْنُ عِنْدَهُ الْمَرْأَةُ، لَيْسَ بِمُسْتَكْثِرٍ مِنْهَا، يُرِيْدُ أَنْ يُفَارِقَهَا، فَتَقُوْلُ: أَجْعَلُكَ مِنْ شَأْنِيْ فِي حِلٍّ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِي ذٰلِكَ.

[انظر: ۲۶۹۴، ۴۶۰۱، ۵۲۰۶]

لغت: استكثر من الشيئ: زیادہ لینا، میں نے اس کا ترجمہ کیا ہے: اس سے کچھ زیادہ دلچسپی نہیں رکھتا۔

بَابٌ: إِذَا أَذِنَ لَهُ، أَوْ حَلَّلَهُ لَهُ، وَلَمْ يُبَيِّنْ كَمْ هُوَ؟

کسی کو اجازت دی یا معاف کیا اور مقدار بیان نہیں کی

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: کسی نے دوسرے کو اجازت دی مگر بیان نہیں کیا کہ کتنا لے سکتے ہیں؟ تو یہ ہبہ مبہم ہے، پہلے ابراء مبہم کا ذکر آیا ہے یہ اس کا بھیّا ہے۔ اور حدیث میں یہ واقعہ ہے کہ نبی ﷺ نے مشروب نوش فرمایا، دائیں طرف ابن عباسؓ تھے اور بائیں طرف بڑے لوگ تھے، آپؐ نے ابن عباسؓ سے اجازت مانگی کہ بچا ہوا میں بڑے لوگوں کو دوں؟ ابن عباسؓ نے عرض کیا: میں آپؐ کا تبرک کسی کو دینے کی اجازت نہیں دیتا، آپؐ نے دودھ ان کو دیدیا، ان کو کتنا دودھ دیا؟ یہ بیان نہیں کیا، کٹورے میں جو بچا ہوا دودھ ہے اس میں سے پہلے وہ پئیں گے، پھر آگے بڑھائیں گے، کتنا پئیں گے اس کا علم نہیں، یہ ہبہ مبہم ہے اور درست ہے۔

دوسری بات: ایک شخص نے دوسرے سے کہا: میں آپ کے پاس جو قرض مانگتا ہوں وہ میں نے معاف کیا، اور یہ نہیں بتایا کہ کتنا قرض مانگتا ہے؟ تو یہ معاف کرنا درست ہے، اور ابراء درحقیقت ہبہ ہوتا ہے، پس یہ ہبہ مبہم ہے، امام صاحبؒ نے اس کا حکم حدیث سے مستنبط کیا ہے۔

[۱۲-] بَابٌ: إِذَا أَذِنَ لَهُ، أَوْ حَلَّلَهُ لَهُ، وَلَمْ يُبَيِّنْ كَمْ هُوَ؟

[۲۴۵۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ حَازِمِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ،

عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أُتِيَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَ مِنْهُ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ غُلَامٌ وَعَنْ يَسَارِهِ الْأَشْيَاخُ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ: "أَتَأْذَنُ لِيْ أَنْ أُعْطِيَ هٰؤُلَاءِ؟" فَقَالَ الْغُلَامُ: لَا، وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَا أُوْثِرُ بِنَصِيْبِيْ مِنْكَ أَحَدًا، قَالَ: فَتَلَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ يَدِهِ. [راجع: ۲۳۵۱]

لغت: تَلَّ (ن) تَلًّا الشيئَ في يده: ہاتھ میں تھما دینا۔

بَابُ إِثْمِ مَنْ ظَلَمَ شَيْئًا مِنَ الْأَرْضِ

ذراسی زمین دبانے کا گناہ

زمین چونکہ جائداد ہے اوراس کی منفعت دیرپا ہے اس لئے اس کو دبانا بہت بڑا ظلم ہے، تھوڑی زمین دبائے تو بھی اس کی سزا سخت ہے۔

حدیث (۱): مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْأَرْضِ شَيْئًا طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِيْنَ: جس نے کچھ بھی زمین دبائی اس کو سات زمینوں کی مالا پہنائی جائے گی۔ یہ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، آپؓ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں، آپؓ کے خلاف ایک عورت نے جس کا نام اَروی (پہاڑی بکری) تھا مدینہ کے حاکم مروان کے یہاں دعوی دائر کیا کہ حضرت سعیدؓ نے میری کچھ زمین دبائی ہے، حضرت سعیدؓ بلائے گئے، آپؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے کیا پھر بھی میں کسی کی زمین دباؤں گا؟ تاہم وہ کہتی ہے تو میں اتنی زمین چھوڑ دیتا ہوں۔

حدیث (۲): ابوسلمہؒ نے جو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے والا تبار صاحبزادے ہیں اور مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی بھانجے اور خاص شاگرد ہیں، ان کا کسی کے ساتھ زمین کا جھگڑا تھا، انھوں نے حضرت عائشہؓ سے اس کا تذکرہ کیا تو صدیقہؓ نے فرمایا: جھگڑے کی زمین سے بچ یعنی اس کو چھوڑ اور پھر مذکورہ حدیث سنائی کہ جو شخص بالشت بھر زمین دبائے گا وہ سات زمینوں کی مالا پہنایا جائے گا۔

حدیث (۳): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: جس نے زمین میں سے کچھ بھی ناحق لیا: اس کو قیامت کے دن سات زمینوں تک دھنسایا جائے گا، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ طوق (مالا) پہنانا ایک تعبیر ہے، جیسے دھنسانا یعنی اس کو نہایت سخت سزا دی جائے گی، پس ان الفاظ میں سات زمینوں کی ہیئت کذائی کی طرف کوئی خاص اشارہ نہیں ہے۔

فائدہ: فربریؒ نے امام بخاریؒ کے وراق ابوجعفر محمد بن ابی حاتم بخاریؒ کی روایت سے امام بخاریؒ کا قول ذکر کیا ہے کہ یہ حدیث ابن المبارکؒ کی کتابوں میں جو خراسان میں لکھی گئی ہیں: نہیں ہے، آپ نے یہ حدیث بصرہ میں بیان کی ہے، مسلم بن ابراہیم: بصری راوی ہیں، لیکن شارحین نے کہا ہے کہ نعیم بن حماد مروزی جنھوں نے ابن المبارکؒ سے خراسان میں پڑھا ہے وہ بھی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، معلوم ہوا کہ ابن المبارکؒ نے یہ حدیث خراسان میں بھی بیان کی ہے، اور ہر

حدیث کا تصنیف میں ہونا ضروری نہیں۔

[۱۳-] بَابُ إِثْمِ مَنْ ظَلَمَ شَيْئًا مِنَ الْأَرْضِ

[۲۴۵۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِىْ طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ عَمْرِو بْنِ سَهْلٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْأَرْضِ شَيْئًا، طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِيْنَ"[انظر: ۳۱۹۸]

[۲۴۵۳-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا حُسَيْنٌ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِىْ كَثِيْرٍ، ثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّـهُ كَانَتْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أُنَاسٍ خُصُوْمَةٌ، فَذَكَرَ لِعَائِشَةَ، فَقَالَتْ لَهُ: يَا أَبَا سَلَمَةَ اجْتَنِبِ الْأَرْضَ، فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قال:" مَنْ ظَلَمَ قِيْدَ شِبْرٍ مِنَ الْأَرْضِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِيْنَ"[انظر: ۳۱۹۵]

[۲۴۵۴-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَخَذَ مِنَ الْأَرْضِ شَيْئًا بِغَيْرِ حَقِّهِ، خُسِفَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلٰى سَبْعِ أَرَضِيْنَ"[انظر: ۳۱۹۶]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا الْحَدِيْثُ لَيْسَ بِخُرَاسَانَ فِى كُتُبِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، أَمْلَى عَلَيْهِمْ بِالْبَصْرَةِ.

لغات: طَوَّقَ الشيئَ وبه: کسی کے لئے کوئی چیز طوق (مالا) بنادینا، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهِ﴾: جن چیزوں میں وہ بخل کرتے ہیں وہ چیزیں ان کے گلوں میں طوق بنادی جائیں گی .... قِيْد: بقدر، قِيْدَ شبرٍ: بالشت بھر۔

بَابٌ: إِذَا أَذِنَ إِنْسَانٌ لِآخَرَ شَيْئًا جَازَ

جب کوئی کسی چیز کی اجازت دے تو جائز ہے

اجازت سے دوسرے کی چیز لینا ظلم نہیں، جبلہ جو تابعی ہیں کہتے ہیں: ہم نے مدینہ میں قیام کیا، اتفاق سے وہ قحط سالی کا زمانہ تھا، حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما ہمارے پاس چھوہارے بھیجتے تھے، ہم سب احباب مل کر کھارہے تھے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما وہاں سے گذرے، فرمایا: ہر شخص ایک ایک دانہ کھائے اگر دو دانے ساتھ کھانے ہوں تو ساتھیوں سے اجازت لے (کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کسی کو جلدی ہوتی ہے پس وہ ساتھیوں سے اجازت لے کر دو دو دانے کھا سکتا ہے)

دوسری حدیث پہلے گذری ہے: ایک انصاری صحابی ابوشعیب رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے چہرہ سے فاقہ محسوس کیا،

وہ اٹھ کر گھر گئے ان کا ایک غلام گوشت فروش تھا، اس سے کہا: پانچ آدمیوں کا کھانا تیار کر، میں نبی ﷺ کو پانچ آدمیوں کے ساتھ بلا کر لاتا ہوں، وہ دعوت دے کر آ گئے، راستہ میں ایک اور صاحب ساتھ ہو لئے جن کو دعوت نہیں دی گئی تھی، جب نبی ﷺ داعی کے گھر پر پہنچے تو ان سے فرمایا: یہ صاحب ہمارے ساتھ آ گئے ہیں، اگر تمہارے یہاں کھانے میں گنجائش ہو تو ان کو بھی اجازت دیدو، انھوں نے کہا: گنجائش ہے، اور ان کو بھی اجازت ہے، اب وہ دعوت کا کھانا کھا سکتے ہیں۔

[١٤-] بَابٌ: إِذَا أَذِنَ إِنْسَانٌ لِآخَرَ شَيْئًا جَازَ

[٢٤٥٥-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ جَبَلَةَ، قَالَ: كُنَّا بِالْمَدِيْنَةِ فِي بَعْضِ أَهْلِ الْعِرَاقِ، فَأَصَابَتْنَا سَنَةٌ، فَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَرْزُقُنَا التَّمْرَ، فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَمُرُّ بِنَا فَيَقُوْلُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الإِقْرَانِ، إِلَّا أَنْ يَسْتَأْذِنَ الرَّجُلُ مِنكُمْ أَخَاهُ.[انظر: ٢٤٨٩، ٢٤٩٠، ٥٤٤٦]

[٢٤٥٦-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ: أَبُوْ شُعَيْبٍ، كَانَ لَهُ غُلَامٌ لَحَّامٌ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ شُعَيْبٍ: اصْنَعْ لِيْ طَعَامَ خَمْسَةٍ، لَعَلِّيْ أَدْعُوَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَامِسَ خَمْسَةٍ، وَأَبْصَرَ فِي وَجْهِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْجُوْعَ، فَدَعَاهُ، فَتَبِعَهُمْ رَجُلٌ لَمْ يُدْعَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ هٰذَا قَدِ اتَّبَعَنَا أَتَأْذَنُ لَهُ؟" قَالَ: نَعَمْ.[راجع: ٢٠٨١]

بَابُ قَوْلِ اللهِ: ﴿وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ﴾

سخت جھگڑالو ظالم ہوتا ہے

أَلدّ اور خِصَام ہم معنی ہیں، أَلَدّ: سخت جھگڑالو، یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے، اور خِصام: اگر باب مفاعلہ کا مصدر ہے تو اس کے معنی ہیں: جھگڑا کرنا اور اسم ہے تو اس کے معنی ہیں: جھگڑا کرنے والے، پس یہ خَصْم کی جمع ہے۔ پھر ایک کی دوسرے کی طرف اضافت کی گئی ہے، اب شراب دو آتشہ ہو گئی، اب معنی ہیں: سخت جھگڑالو، اور عربی میں جس طرح دو ہم معنی لفظوں کو موصوف صفت بناتے ہیں، پس معنی میں مبالغہ ہو جاتا ہے، جیسے: ظلا ظليلا: نہایت گھنا سایہ، اسی طرح دو ہم معنی لفظوں میں اضافت کرتے ہیں تو بھی معنی میں مبالغہ ہوتا ہے، اضافت کے بعد بھی ترکیب توصیفی کے معنی باقی رہتے ہیں۔

اور یہ سورۃ البقرہ آیت ۲۰۴ کا آخری حصہ ہے، پوری آیت یہ ہے: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهِ وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ﴾: اور بعضا آدمی ایسا ہے کہ اس کی گفتگو آپ کو دنیوی معاملات میں مزیدار معلوم ہوتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کو اپنے مافی الضمیر پر حاضر و ناظر بتاتا ہے حالانکہ وہ آپ کی مخالفت میں نہایت سخت ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ أَبْغَضَ الرِّجَالَ إِلٰى اللّٰهِ الأَلَدُّ الْخَصِمُ: اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ ناپسندوہ آدمی ہے جونہایت سخت جھگڑالو ہے، پس جھگڑے میں آپے سے باہر ہوجانا ظلم ہے۔

سوال: یہ باب اس کتاب میں کیوں لائے ہیں؟

جواب: جھگڑے کا جواب ترکی بہ ترکی دینے میں تو کوئی حرج نہیں، یہ ظلم نہیں، لیکن اگر کوئی نہلے پہ دہلا رکھے تو یہ ظلم ہے، کسی نے ایک گالی دی اس نے سو سنادیں یہ ظلم ہے، پس جھگڑا کرنے میں جو الد الخصام ہے وہ ظالم ہوتا ہے، اس مناسبت سے یہ باب اس کتاب میں لائے ہیں۔

[١٥-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ﴾

[٢٤٥٧-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ أَبْغَضَ الرِّجَالِ إِلَى اللّٰهِ الأَلَدُّ الْخَصِمُ"[انظر: ٤٥٢٣، ٧١٨٨]

بَابُ إِثْمِ مَنْ خَاصَمَ فِي بَاطِلٍ وَهُوَ يَعْلَمُهُ

جانتے ہوئے ناحق جھگڑا کرنے کا گناہ

ایک آدمی جانتا ہے کہ گھر یا زمین اس کی نہیں ہے پھر بھی دعوی کرتا ہے اور مقدمہ لڑتا ہے: یہ ظلم ہے اور بڑا گناہ ہے، اگر قاضی اس کے حق میں فیصلہ بھی کردے تو بھی وہ چیز اس کے لیے لینا جائز نہیں۔

حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ نے مسجد میں اپنے کمرہ کے دروازہ پر جھگڑا سنا، آپؐ ان لوگوں کے پاس تشریف لے گئے، اور فریقین میں فیصلہ کیا، پھر فرمایا: میں انسان ہی ہوں یعنی مقدمہ میں کون حق پر ہے اور کون باطل پر: یہ میں نہیں جانتا اور بیشک ایک شخص میرے پاس مقدمہ لے کر آتا ہے، میں فریقین کی باتیں سن کر فیصلہ کرتا ہوں، پس ایسا ہوسکتا ہے کہ ایک دوسرے سے زیادہ چرب زبان ہو، میں اس کی بات سے متأثر ہوکر اس کے حق میں فیصلہ کردوں، اور نفس الامر میں وہ چیز اس کی نہ ہو تو جاننا چاہئے کہ اس کو جہنم کے انگارے ہی کاٹ کردے رہا ہوں، پس اس کا جی چاہے تو لے اور جی چاہے تو نہ لے۔

فائدہ: اس حدیث میں قضاء القاضی بشہادۃ الزور کا مسئلہ زیر بحث آتا ہے، اس پر گفتگو آگے کتاب الاحکام (حدیث ۷۱۸۱ کی شرح) میں آئے گی۔

[١٦-] بَابُ إِثْمِ مَنْ خَاصَمَ فِي بَاطِلٍ وَهُوَ يَعْلَمُهُ

[٢٤٥٨-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنِيْ

عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أُمَّهَا أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهَا، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ سَمِعَ خُصُوْمَةً بِبَابِ حُجْرَتِهِ فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ، فَقَالَ: "إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، وَإِنَّهُ يَأْتِيْنِي الْخَصْمُ، فَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَنْ يَكُوْنَ أَبْلَغَ مِنْ بَعْضٍ، فَأَحْسِبُ أَنَّهُ قَدْ صَدَقَ وَأَقْضِي لَهُ بِذٰلِكَ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحَقِّ مُسْلِمٍ فَإِنَّمَا هِيَ قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ، فَلْيَأْخُذْهَا أَوْ فَلْيَتْرُكْهَا"

[انظر: ۲۶۸۰، ۶۹۶۷، ۷۱۶۹، ۷۱۸۱، ۷۱۸۵]

بَابٌ: إِذَا خَاصَمَ فَجَرَ

جھگڑے میں گالی گلوچ کرنا نفاق کی علامت ہے

جب کسی سے جھگڑا ہو تو حد میں رہنا چاہئے، گالی گلوچ تک بات نہیں پہنچنی چاہئے، گالیاں دینا ایک طرح کا ظلم ہے، وہ نفاق کی علامت ہے، اور حدیث وہی ہے جو پہلے آئی ہے کہ چار باتیں جس شخص میں ہوں وہ پکا منافق ہے اور اگر ان میں سے کچھ باتیں ہوں تو وہ حصہ رسد منافق ہے، جب تک وہ اس کو چھوڑ نہ دے پکا مؤمن نہیں ہوسکتا، ایک: جب بھی بات کرے تو جھوٹ بولے، دوم: جب بھی وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے، سوم: جب بھی کسی سے عہد و پیمان باندھے تو بے وفائی کرے، چہارم: جب بھی کسی سے جھگڑے تو گالی گلوچ کرے۔

[۱۷-] بَابٌ: إِذَا خَاصَمَ فَجَرَ

[۲۴۵۹-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا، أَوْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنْ أَرْبَعٍ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتَّى يَدَعَهَا: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ، وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ"[راجع: ۳۴]

بَابُ قِصَاصِ الْمَظْلُوْمِ إِذَا وَجَدَ مَالَ ظَالِمِهِ

اگر مظلوم کے ہاتھ ظالم کا مال آجائے تو بدلہ لینا

اس باب میں مسئلۃ الظفر ہے، ظفر کے معنی ہیں: کامیاب ہونا، کسی پر کسی کا حق ہے وہ نہیں دیتا، صاحب حق کو ظالم کی کوئی چیز مل گئی تو وہ اس کو اپنے حق میں روک سکتا ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک اگر وہ مال حق کی جنس سے ہے تو روک سکتا ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک سونا چاندی اور کرنسی ایک جنس ہیں، اور دیگر ائمہ کے نزدیک ہر حال میں روک سکتا ہے خواہ حق کی جنس سے ہو یا غیر جنس سے۔ تفصیل تحفۃ الالمعی ۴: ۱۹۰ میں ہے۔

اور باب میں ایک اثر اور دو حدیثیں ہیں:

اثر: ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ظالم کے مال کو بدلہ میں روک سکتا ہے (قاصّہ مُقاصَّةً: کسی کے ذمہ قرض کو اپنے واجب قرض کا بدل قرار دے کر حساب چکانا) اور دلیل سورۃ النحل کی آیت (۱۲۶) ہے: ''اگر بدلہ لینے لگو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنا تمہارے ساتھ برتاؤ کیا گیا ہے''

حدیث (۱): حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ گھر کے خرچ میں تنگی کرتے تھے، ان کی بیوی نے مسئلہ پوچھا کہ میں شوہر کی نظر بچا کر گھر کی ضروریات کے لئے شوہر کے مال میں سے کچھ لے لوں تو لے سکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: معروف طریقہ پر لے سکتی ہو۔

تشریح: شرفاء کے گھروں میں شوہر کے پیسے بیوی کے پاس رہتے ہیں، شوہر نے بیوی سے کہا: خرچ کے لئے ہزار روپے لے لو، مگر ہزار روپے خرچ کے لئے کافی نہیں، بیوی نے سو روپے اور نکال لئے، یہ حق کی جنس سے ہے، نبی ﷺ نے اس کی اجازت دی۔

حدیث (۲): عرب میں عام بات تھی: جو بڑے لشکر چلتے تھے وہ اپنی رسد ساتھ لے کر چلتے تھے، اور چھوٹے سریے اپنی رسد ساتھ لے کر نہیں چل سکتے تھے، اس لئے وہ جس بستی میں ٹھہرتے بستی والے ایک وقت کی دعوت کرتے تھے، مگر دعوت کرنا لازم نہیں تھا، البتہ ایک وقت کی رسد قیمتاً دینا لازم تھا، پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو مذہبی دشمنی میں بعض قبائل نہ دعوت کرتے تھے نہ رسد بیچتے تھے، حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے مسئلہ پوچھا کہ اگر وہ نہ دعوت کریں نہ رسد دیں تو ہم کیا کریں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: زور جبر سے لے لو اور پیسے دیدو، کیونکہ سریہ والے مظلوم ہیں، اور گاؤں والے ظالم ہیں، اور مظلوم اپنا حق ظالم سے وصول کر سکتا ہے۔

[۱۸-] بَابُ قِصَاصِ الْمَظْلُوْمِ إِذَا وَجَدَ مَالَ ظَالِمِهِ

وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: يُقَاصُّهُ، وَقَرَأَ: ﴿ وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهِ﴾ [النحل: ۱۲۶]

[۲۴۶۰-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَاءَ تْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مِسِّيْكٌ، فَهَلْ عَلَيَّ حَرَجٌ أَنْ أُطْعِمَ مِنَ الَّذِيْ لَهُ عِيَالَنَا؟ فَقَالَ: " لاَ حَرَجَ عَلَيْكِ أَنْ تُطْعِمِيْهِمْ بِالْمَعْرُوْفِ" [راجع: ۲۲۱۱]

[۲۴۶۱-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، ثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِيْ الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قُلْنَا لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّكَ تَبْعَثُنَا، فَنَنْزِلُ بِقَوْمٍ لاَ يَقْرُوْنَنَا، فَمَا تَرَى فِيْهِ؟ فَقَالَ لَنَا: " إِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَأُمِرَ لَكُمْ بِمَا يَنْبَغِيْ لِلضَّيْفِ فَاقْبَلُوْا، فَإِنْ لَمْ يَفْعَلُوْا فَخُذُوْا مِنْهُمْ حَقَّ الضَّيْفِ" [انظر: ۶۱۳۷]

بَابُ مَاجَاءَ فِی السَّقَائِفِ

عام جگہوں میں بیٹھنا

سَقَائف: سقیفة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: چھپر، گاؤں میں اور محلوں میں بیٹھک بنالیتے ہیں، اس پر چھپر ڈال دیتے ہیں، گاؤں والے اور محلّہ والے وہاں آکر بیٹھتے ہیں، اور باتیں کرتے ہیں، حاشیہ میں لکھا ہے کہ ایسی جگہیں جہاں کوئی بھی آکر بیٹھ سکتا ہے وہاں بیٹھنا ظلم نہیں، بنوساعدہ انصار کا ایک قبیلہ تھا اس قبیلہ میں ایک چھپر پڑا ہوا تھا، جہاں قبیلہ والے جمع ہوکر باتیں کرتے تھے، نبی ﷺ اور صحابہ بھی وہاں جاکر بیٹھے ہیں (یہ معلق روایت کتاب الاشربہ میں آئے گی) اور وفاتِ نبوی کے بعد انصار اسی سقیفہ میں خلافت کا مسئلہ طے کرنے کے لئے جمع ہوئے تھے، حضرت عمرؓ حضرت ابوبکرؓ کو لے کر وہاں پہنچ گئے، وہیں حضرت ابوبکرؓ کی خلافت طے ہوئی۔ پس یہ بیٹھنا ظلم نہیں، نہ وہاں بیٹھنے کے لئے کسی سے اجازت لینے کی ضرورت ہے۔

[۱۹-] بَابُ مَاجَاءَ فِی السَّقَائِفِ

وَجَلَسَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَصْحَابُهُ فِی سَقِیْفَةِ بَنِیْ سَاعِدَةَ.

[۲۴۶۲-] حدثنا یَحْیَی بْنُ سُلَیْمَانَ، أَخْبَرَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، ثَنِیْ مَالِكٌ، ح: وَأَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ عَنْ عُمَرَ، قَالَ حِیْنَ تَوَفَّی اللّٰهُ نَبِیَّهُ صلی اللہ علیہ وسلم إِنَّ الْأَنْصَارَ اجْتَمَعُوْا فِی سَقِیْفَةِ بَنِیْ سَاعِدَةَ، فَقُلْتُ لِأَبِیْ بَکْرٍ: انْطَلِقْ بِنَا، فَجِئْنَاهُمْ فِیْ سَقِیْفَةِ بَنِیْ سَاعِدَةَ. [انظر: ۳۴۴۵ ۳۹۲۸، ۴۰۲۱، ۶۸۲۹، ۶۸۳۰، ۷۳۲۳]

سند: باب کی حدیث عبداللہ بن وہب مصریؒ دو اساتذہ سے روایت کرتے ہیں، امام مالکؒ سے اور یونس ایلیؒ سے، پھر دونوں ابن شہاب زہریؒ سے روایت کرتے ہیں، مگر امام مالکؒ سے لفظ حدثنی سے روایت کرتے ہیں اور یونس ایلیؒ سے لفظ أخبرنی سے، ابن وہب اس کا بڑا اہتمام کرتے تھے، استاذ نے حدیث پڑھی ہو تو حدثنی کہتے تھے اور طالب علم نے پڑھی ہو تو أخبرنی کہتے تھے، پس تحویل سند کے درمیان میں ہے۔

بَابٌ: لَایَمْنَعُ جَارٌ جَارَهُ أَنْ یَغْرِزَ خُشُبَهُ فِی جِدَارِهِ

اپنی دیوار میں پڑوسی کو کڑیاں گھسانے سے نہ روکے

پڑوسی اپنے گھر میں کمرہ بنانا چاہتا ہے، وہ اپنی کڑیاں ہماری دیوار میں گھسانا چاہتا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اس کو مت

روکو، یہ مسئلہ اخلاقیات کے باب سے ہے، قضاء روکنے کا حق ہے، کیونکہ دیوار میں کڑیوں کا پیوست ہونا آگے چل کر دیوار میں استحقاق کی بنیاد بن سکتا ہے، اس لئے قضاء روکنے کا حق ہے۔ اور امام صاحبؒ نے حدیث ہی اٹھا کر باب میں رکھ دی ہے، اس لئے کچھ پتہ نہیں چلتا کہ روکنا ظلم ہے یا نہیں؟ پس بغیر اجازت کڑیاں گھسانا ظلم ہے، اور اجازت سے جائز ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: کوئی شخص اپنے پڑوسی کو اس سے نہ روکے کہ وہ اپنی کڑیاں گاڑے اس کی دیوار میں، جب حضرت ابو ہریرہؓ نے یہ حدیث بیان کی تو سننے والوں نے سر جھکا لیا، حضرت ابو ہریرہؓ سمجھ گئے کہ لوگوں کو یہ بات پسند نہیں آئی، پس آپؓ نے فرمایا: کیا بات ہے میں تمہیں حدیث سے اعراض کرنے والا دیکھ رہا ہوں؟ بخدا ضرور ماروں گا میں یہ حدیث تمہارے شانوں کے درمیان یعنی میں یہ حدیث تمہیں ضرور سناؤں گا، بات در حقیقت یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے یہ حدیث مسئلہ کے طور پر سنائی تھی، جبکہ مسئلہ یہ نہیں ہے۔ اب حدیث کا معارضہ تو جائز نہیں تھا اس لئے لوگوں نے سر جھکا لیا۔

[۲۰-] بَابٌ: لَايَمْنَعُ جَارٌ جَارَهُ أَنْ يَغْرِزَ خُشُبَهُ فِي جِدَارِهِ

[۲۴۶۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " لَا يَمْنَعُ جَارٌ جَارَهُ أَنْ يَغْرِزَ خُشُبَهُ فِي جِدَارِهِ" ثُمَّ يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: مَالِيْ أَرَاكُمْ عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ؟ وَاللّٰهِ لَأَرْمِيَنَّهَا بِهَا بَيْنَ أَكْتَافِكُمْ.[انظر: ۵۶۲۷، ۵۶۲۸]

بَابُ صَبِّ الْخَمْرِ فِي الطَّرِيْقِ

راستہ میں شراب ریڑھنا

جب شراب حرام ہوئی تو شراب کے مٹکے راستوں میں بہا دیئے گئے، پس یہ ظلم نہیں، کیونکہ دس پندرہ منٹ میں زمین خشک ہو جائے گی، ہاں راستہ میں کوئی تکلیف دہ چیز ڈالنا جیسے شیشہ کا ٹکڑا ڈالا یا کیلے کا چھلکا ڈالا تو یہ ٹھیک نہیں، کیونکہ کسی کا پیر زخمی ہو سکتا ہے یا وہ پھسل کر گر سکتا ہے، اس لئے یہ ایک طرح کا ظلم ہوگا۔

[۲۱-] بَابُ صَبِّ الْخَمْرِ فِي الطَّرِيْقِ

[۲۴۶۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ أَبُوْ يَحْيَى، ثَنَا عَفَّانُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنْتُ سَاقِيَ الْقَوْمِ فِيْ مَنْزِلِ أَبِيْ طَلْحَةَ، وَكَانَ خَمْرُهُمْ يَوْمَئِذٍ الْفَضِيْخَ، فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مُنَادِيًا يُنَادِيْ: أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ! فَقَالَ لِيْ أَبُوْ طَلْحَةَ: اخْرُجْ فَأَهْرِقْهَا، فَخَرَجْتُ فَهَرَقْتُهَا، قَالَ: فَجَرَتْ فِي سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: قَدْ قُتِلَ قَوْمٌ وَهِيَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ،

فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا﴾ الآية[المائدة: ٩٣]
[انظر: ٤٦١٧، ٤٦٢٠، ٥٥٨٠، ٥٥٨٢، ٥٥٨٣، ٥٥٨٤، ٥٦٠٠، ٥٦٢٢، ٧٢٥٣]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اپنے سوتیلے والد حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں اہل محفل کو شراب پلا رہا تھا، اور اس زمانہ میں لوگوں کی شراب فضیخ تھی یعنی انگوری شراب کا رواج نہیں تھا، گدر کھجور کی شراب ہی رائج تھی، پس نبی ﷺ نے ایک پکارنے والے کو حکم دیا اس نے اعلان کیا: سنو! خمر (انگوری شراب مگر حکم سبھی شرابوں کو عام ہے) حرام کردی گئی! پس ابوطلحہؓ نے مجھ سے کہا: باہر جاکر شراب بہادو، چنانچہ میں نکلا اور اس کو بہادیا، پس وہ مدینہ کی گلیوں میں بہہ گئی (یہاں باب ہے) اس وقت یہ مسئلہ پیدا ہوا کہ جو لوگ شراب پی کر شہید ہوئے ان کا کیا ہوگا؟ پس سورۃ المائدہ کی آیت ۹۳ نازل ہوئی کہ ایسے لوگوں پر جو ایمان دار ہوں اور نیک کام کرتے ہوں اس چیز میں کوئی گناہ نہیں جس کو وہ کھاتے پیتے ہوں، یعنی انھوں نے جب شراب پی تھی اس وقت وہ حلال تھی۔ پس اس کا ان کو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا۔

بَابُ أَفْنِيَةِ الدُّوْرِ، وَالْجُلُوْسِ فِيْهَا، وَالْجُلُوْسِ عَلَى الصُّعُدَاتِ

آنگنوں میں اور بڑے راستوں میں بیٹھنا

أفنية: فناء کی جمع ہے، گھر کے سامنے کا کھلا صحن۔ دُور: دار کی جمع ہے، گھر۔ صُعُدَات: صَعِيْدٌ کی جمع ہے، جیسے: طُرُقَات: طريق کی جمع ہے، اور مراد عام راستے ہیں، گھروں کے سامنے جو کھلی جگہ ہوتی ہے وہاں بیٹھنا یا عام راستوں کے کنارہ پر بیٹھنا جائز ہے، یہ ظلم نہیں، نہ وہاں بیٹھنے کے لئے کسی سے اجازت لینے کی ضرورت ہے، البتہ آنگن چھوٹا اور مملوکہ ہو تو پھر اجازت لینی ہوگی۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث پہلے گذر چکی ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر کے صحن میں مسجد بنائی، وہ اس میں نماز پڑھتے تھے اور قرآن پڑھتے تھے پس مشرکین کی عورتیں اور ان کے لڑکے حضرت کے پاس جمع ہوجاتے تھے اور تعجب کرتے تھے۔ یہ عورتوں کا اور لڑکوں کا ٹھٹھ لگانا دلیل ہے کہ گھر کے سامنے کے کھلے صحن میں کوئی بھی آسکتا ہے۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عام راستوں پر بیٹھنے سے بچو، صحابہ نے عرض کیا: ہماری مجبوری ہے، وہی ہمارے بیٹھنے کی جگہیں ہیں، وہاں بیٹھ کر ہم باتیں کرتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: اگر تمہیں بیٹھنا ہی ہے تو راستہ کو اس کا حق دو، صحابہ نے پوچھا: راستہ کا حق کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: (اجنبی عورت سے) نگاہ نیچی رکھنا، تکلیف دہ چیز روکنا یعنی راستہ میں نہ ڈالنا، سلام کا جواب دینا، بھلی بات کا حکم دینا اور بری بات سے روکنا۔ معلوم ہوا کہ عام راستوں پر بیٹھنا جائز ہے۔

[۲۲-] بَابُ أَفْنِيَةِ الدُّوْرِ، وَالْجُلُوْسِ فِيْهَا، وَالْجُلُوْسِ عَلَى الصُّعُدَاتِ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَابْتَنىٰ أَبُوْ بَكْرٍ مَسْجِدًا بِفِنَاءِ دَارِهِ، يُصَلِّيْ فِيْهِ وَيَقْرَأُ الْقُرْآنَ، فَيَتَقَصَّفُ عَلَيْهِ نِسَاءُ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَبْنَاؤُهُمْ، يَعْجَبُوْنَ مِنْهُ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَئِذٍ بِمَكَّةَ.

[۲٤٦٥-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، ثَنَا أَبُوْ عُمَرَ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِيَّاكُمْ وَالْجُلُوْسَ عَلَى الطُّرُقَاتِ" فَقَالُوْا: مَالَنَا بُدٌّ، إِنَّمَا هِيَ مَجَالِسُنَا، نَتَحَدَّثُ فِيْهَا. قَالَ:" فَإِذَا أَبَيْتُمْ إِلَّا الْمَجَالِسَ فَأَعْطُوْا الطَّرِيْقَ حَقَّهَا" قَالُوْا: وَمَا حَقُّ الطَّرِيْقِ؟ قَالَ:" غَضُّ الْبَصَرِ، وَكَفُّ الْأَذىٰ، وَرَدُّ السَّلَامِ، وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ، وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ"[انظر: ٦٢٢٩]

بَابُ الآبَارِ عَلَى الطَّرِيْقِ إِذَا لَمْ يُتَـأَذَّ بِهَا

راستے پر کنویں بنانا جبکہ اس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے

راستہ کے کنارے پر کسی نے کنواں کھودا اور اس سے کسی کو کوئی تکلیف نہیں پہنچتی تو یہ ظلم نہیں، کیونکہ اپنی ملکیت میں ہر شخص کو تصرف کرنے کا حق ہے، بلکہ اس کنویں سے اگر لوگ فائدہ اٹھائیں گے تو ثواب ملے گا۔

خیال رہے کہ یہ کتاب مظالم وقصاص کے بیان میں ہے، امام بخاریؒ نے مثبت ومنفی دونوں پہلوؤں سے مظالم کو بیان کیا ہے، یہ کام ظلم ہے یہ مثبت پہلو ہے اور یہ کام ظلم نہیں یہ منفی پہلو ہے۔ اور باب میں حدیث وہی ہے جو پہلے گذری ہے کہ ایک شخص راستہ پر چل رہا تھا، اس کو سخت پیاس لگی، راستہ سے لگواں کنواں تھا اس میں وہ اترا اور پانی پیا، پھر جب نکلا تو دیکھا کہ ایک کتا پیاس کی وجہ سے نمناک مٹی چاٹ رہا ہے، پس اس نے اپنے موزے میں پانی بھر کر اس کتے کو پلایا پس اللہ تعالیٰ نے اس کا شکریہ ادا کیا یعنی اس کو بخش دیا، صحابہ نے پوچھا: جانوروں کے ساتھ حسن سلوک کرنے میں بھی ثواب ہے؟ آپؐ نے فرمایا: فی کل ذاتِ کَبِدٍ رَطْبَةٍ أجرٌ: ہر تر جگر والے کے ساتھ یعنی زندہ جانور کے ساتھ حسن سلوک کرنے میں ثواب ہے۔

[۲۳-] بَابُ الآبَارِ عَلَى الطَّرِيْقِ إِذَا لَمْ يُتَـأَذَّ بِهَا

[۲٤٦٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلىٰ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" بَيْنَمَا رَجُلٌ بِطَرِيْقٍ فَاشْتَدَّ عَلَيْهِ الْعَطَشُ، فَوَجَدَ بِئْرًا فَنَزَلَ فِيْهَا، فَشَرِبَ ثُمَّ خَرَجَ، فَإِذَا كَلْبٌ يَلْهَثُ يَأْكُلُ الثَّرىٰ مِنَ الْعَطَشِ، فَقَالَ الرَّجُلُ: لَقَدْ بَلَغَ هٰذَا الْكَلْبَ مِنَ الْعَطَشِ مِثْلُ الَّذِيْ كَانَ بَلَغَ مِنِّيْ، فَنَزَلَ الْبِئْرَ فَمَلَأَ خُفَّهُ مَاءً، فَسَقَى

الْكَلْبَ، فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ، فَغَفَرَ لَهُ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، وَإِنَّ لَنَا فِي الْبَهَائِمِ لَأَجْرًا؟ فَقَالَ: "فِيْ كُلِّ ذَاتِ كَبِدٍ رَطْبَةٍ أَجْرٌ" [راجع: ١٧٣]

بَابُ إِمَاطَةِ الأَذَى

تکلیف دہ چیز ہٹانا

راستہ میں کیلے کا چھلکا پڑا ہو، کانچ پڑا ہو، کسی نے اس کو ہٹا دیا تو یہ بڑا ثواب کا کام ہے۔ حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹانا صدقہ ہے، یعنی کارِثواب ہے، یہ منفی پہلو سے ظلم نہ ہونے کا بیان ہے۔

[٢٤-] بَابُ إِمَاطَةِ الأَذَى

وَقَالَ هَمَّامٌ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يُمِيْطُ الأَذَى عَنِ الطَّرِيْقِ صَدَقَةٌ"

بَابُ الْغُرْفَةِ وَالْعِلِّيَّةِ: الْمُشْرِفَةِ وَغَيْرِ الْمُشْرِفَةِ: فِي السُّطُوْحِ وَغَيْرِهَا

کمرہ اور بالا خانہ: جس سے جھانک سکیں یا نہ جھانک سکیں: چھتوں میں یا اس کے علاوہ میں

غُرفة: کمرہ، نیچے کا ہو یا اوپر کا۔ اور العُلِّيَّة: (عین کا زیر اور پیش) اوپر کا کمرہ، بالا خانہ، پھر وہ دو طرح کے ہوتے ہیں، اس میں سے جھانک سکیں یا نہ جھانک سکیں،، کھڑکی ہوگی تو جھانک سکیں گے اور کھڑکی نہیں ہوگی یا قدم آدم دیوار اونچی ہوگی تو اس میں سے نہیں جھانک سکیں گے، اس سے صرف روشنی ہوا آئے گی، اور یہ کمرہ اور بالا خانہ گھر کی چھت پر بنا ہوا ہو یا گھر ہی اونچا ہو۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ گھر ایسا بنانا یا چھت پر بالا خانہ بنانا ظلم ہے یا نہیں؟ حضرتؒ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، اور مسئلہ کا مدار اس پر ہے کہ اگر اس میں کھڑکی ہے اور اس سے پڑوسیوں کے گھروں کی بے پردگی ہوتی ہے تو یہ ظلم ہے، اور اگر یہ بات نہیں ہے تو ظلم نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر پڑوسی کا گھر متصل ہے اور کھڑکی سے جھانکا جاسکتا ہے تو پھر پڑوسی کی طرف کھڑکی رکھنا درست نہیں، اور اگر گھر اتنا اونچا ہے کہ نیچے کی چیز واضح طور پر نظر نہیں آتی جیسے جامع مسجد اور مسجد رشید کے منارے، ان کے اوپر چڑھ کر چاروں طرف دیکھیں تو کوئی چیز واضح طور پر نظر نہیں آئے گی، اسی طرح اگر پڑوسیوں کے گھر فاصلہ پر ہیں تو بھی جھانکا نہیں جاسکتا نہ رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے پس اوپر کمرہ بنانا اور کھڑکی رکھنا درست ہے۔

اور باب میں تین حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: یہ ہے کہ نبی ﷺ ایک مرتبہ مدینہ منورہ کے ایک قلعہ پر چڑھے اور وہاں سے مدینہ پر نظر ڈالی، پھر فرمایا: ''کیا تم دیکھتے ہو وہ چیز جو میں دیکھ رہا ہوں؟ میں فتنوں کے گرنے کو دیکھتا ہوں تمہارے گھروں میں، بارش کے قطروں کے گرنے کی طرح'' یہ قلعہ چونکہ بہت اونچا تھا، وہاں سے نیچے نظر ڈالنے میں کوئی چیز واضح طور پر نظر نہیں آتی تھی، اس لئے ایسا اونچا منارہ یا ٹاور بنانا جائز ہے۔

[۲۵-] بَابُ الْغُرْفَةِ وَالْعِلِّيَّةِ: الْمُشْرِفَةِ وَغَيْرِ الْمُشْرِفَةِ: فِي السُّطُوْحِ وَغَيْرِهَا

[۲٤٦٧-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: أَشْرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى أُطُمٍ مِنْ آطَامِ الْمَدِيْنَةِ، ثُمَّ قَالَ: ''هَلْ تَرَوْنَ مَا أَرَى؟ إِنِّي أَرَى مَوَاقِعَ الْفِتَنِ خِلَالَ بُيُوْتِكُمْ كَمَوَاقِعِ الْقَطْرِ''[راجع: ۱۸۷۸]

دوسری حدیث: لمبی ہے، اس میں یہ مضمون ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرہ پر بالاخانہ بنا ہوا تھا، نبی ﷺ ایلاء والے واقعہ میں ایک مہینہ تک اس میں قیام پذیر رہے ہیں اس بالاخانہ میں کھڑکی تھی یا نہیں؟ حدیث میں اس کی صراحت نہیں، اگر کھڑکی نہیں تھی تب تو کوئی بات نہیں، اور اگر کھڑکی تھی تو چونکہ لوگوں کے مکانات وہاں سے دور تھے اس لئے کچھ حرج نہیں، اور حدیث آسان ہے پھر بھی ترجمہ بعد میں کیا جائے گا۔

جاننا چاہئے کہ بخاری شریف (حدیث ۲۵۸۱) میں ہے کہ ازواجِ مطہرات کی دو جماعتیں تھیں، ایک میں: حضرات عائشہ، حفصہ اور سودہ رضی اللہ عنہن تھیں اور دوسری میں: حضرت ام سلمہ اور دیگر ازواج تھیں (انتہی) اور علم وفضل میں حضرت عائشہؓ کے بعد حضرت ام سلمہؓ کا نمبر تھا، اور حسن وجمال میں حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا، اور نبی ﷺ کا معمول تھا کہ عصر کے بعد کھڑے کھڑے سب بیویوں کے پاس تشریف لے جاتے تھے، اور خیر خیریت معلوم کرتے تھے، اس موقعہ پر ہر بیوی صاحبہ کوشش کرتی تھی کہ آپؐ زیادہ سے زیادہ اس کے یہاں ٹھہریں، چنانچہ حضرت زینبؓ نے شہد منگوا کر رکھ رکھا تھا، نبی ﷺ کو شہد مرغوب تھا، وہ شہد کا شربت بناتیں، پلاتیں اور باتیں کرتیں، اور اس طرح کافی دیر آپؐ کو روک رکھتیں، حضرت عائشہؓ کو یہ بات کھلی اور انھوں نے حضرت حفصہؓ وغیرہ کو اعتماد میں لیا، اور ایک پلان بنایا کہ نبی ﷺ زینبؓ کے پاس سے شربت پی کر جس کے پاس تشریف لائیں وہ کہے یارسول اللہ! آپؐ نے مغافیر کھایا ہے؟ مغافیر جمع ہے مِغْفَار کی، یہ کھانے کا ایک گوند ہے جو عُرفط پودے سے نکلتا ہے، اور اس میں بو ہوتی ہے، جو بعض لوگوں کو ناپسند ہوتی ہے، اور نبی ﷺ کو یہ بات ناپسند تھی کہ ازواج آپؐ کے منہ سے بو محسوس کریں، چنانچہ آپؐ گھر میں تشریف لاتے ہی مسواک فرماتے تھے، پس جب آپؐ سے مذکورہ بات پوچھی جائے گی تو آپؐ جواب دیں گے: نہیں، میں نے مغافیر نہیں کھایا، بلکہ زینبؓ کے یہاں شہد کا شربت پیا ہے تو وہ کہے کہ شہد کی مکھی نے عرفط گھاس سے چارہ لیا ہوگا، جس سے شہد میں

بوآ گئی، پس آپؐ اس شہد سے ہاتھ اٹھالیں گے، اوراس طرح مسئلہ حل ہوجائے گا۔

چنانچہ جب آپؐ شہد نوش فرما کر حضرت سودہؓ کے یہاں تشریف لائے تو انھوں نے پلان کے مطابق وہ بات کہی، آپؐ نے مذکورہ جواب دیا، پھر جب آپؐ حضرت حفصہؓ کے پاس پہنچے تو انھوں نے بھی وہی بات کہی، اور آپؐ نے وہی جواب دیا، نیز یہ بھی فرمایا کہ میں شہد کو اپنے لئے حرام کرتا ہوں، مگر یہ بات کسی کو بتلانا نہیں، تاکہ زینبؓ کی دل شکنی نہ ہو، نہ ازواج کی دوسری جماعت کو جوابی کارروائی کا موقع ملے، مگر حضرت حفصہؓ نے یہ بات حضرت عائشہؓ کو بتلادی کہ پلان کامیاب ہوگیا، اور نبی ﷺ نے مطلق شہد کو اپنے لئے حرام کرلیا ہے۔

پھر جب اگلے دن آپؐ حضرت زینبؓ کے پاس پہنچے اور انھوں نے شربت بنانا چاہا تو آپؐ نے فرمایا: لاحاجة لی فیه: مجھے شہد کا شربت نہیں پینا۔ اس سے ازواج کی دوسری جماعت کا ماتھا ٹھنکا، مگر اس سے پہلے کہ بات آگے بڑھے ہواللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو وحی کے ذریعہ صورت حال سے باخبر کردیا، اور آپؐ نے حضرت حفصہؓ سے صرف اتنا فرمایا کہ تم نے راز فاش کردیا، اس سے زیادہ کچھ نہ کہا، نہ یہ بتلایا کہ آپؐ کو یہ بات کیسے معلوم ہوئی، حفصہؓ کا خیال اس طرف گیا کہ عائشہؓ نے یہ بات بتائی ہوگی، اگر ایسا ہوا ہے تو وہ عائشہؓ کے سر ہوجائیں گی، مگر آپؐ نے جواب دیا کہ مجھے ساری بات اللہ تعالیٰ نے بتائی ہے، اس واقعہ میں سورۃ التحریم کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں: جو یہ ہیں:

''اے نبی! آپؐ کیوں حرام کرتے ہیں اس چیز کو جسے اللہ نے آپؐ کے لئے حلال کیا ہے؟ آپؐ اپنی بیویوں کی خوشنودی چاہتے ہیں! اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے مہربان ہیں! (یہ معاتبہ ہے یعنی بر بنائے تعلق اظہارِ ناراضگی ہے) اللہ تعالیٰ نے آپ لوگوں کے لئے اپنی قسموں کو کھولنے کا طریقہ مقرر کردیا ہے (اور وہ طریقہ یہ ہے کہ قسم توڑ دی جائے اور جس چیز کو حرام کیا ہے اس کو استعمال کیا جائے، پھر کفارہ دیا جائے) اور اللہ تعالیٰ تمہارے کارساز ہیں، اور وہ خوب جاننے والے بڑی حکمت والے ہیں (اور یہ بھی کارسازی میں داخل ہے کہ نامناسب قسم سے نکلنے کی راہ تجویز فرمادی) اور یاد کرو اس وقت کو جب نبی نے اپنی کسی بیوی سے رازدارانہ طور پر ایک بات کہی، پھر جب اس نے وہ بات بتلادی اور اللہ تعالیٰ نے پیغمبر کو اس کی خبر کردی تو نبی نے تھوڑی سی بات بتلائی اور باقی بات ٹال گئے، سو جب پیغمبر نے اس بیوی کو وہ بات بتلائی تو اس نے پوچھا: آپؐ کو کس نے بات بتلائی؟ آپؐ نے فرمایا: بڑے جاننے والے نہایت باخبر نے مجھے یہ بات بتلائی ہے، اگر تم دونوں اللہ کے سامنے توبہ کرو تو تمہارے دل مائل ہو رہے ہیں، یعنی دلوں میں توبہ کرنے کے لئے آمادگی ہے اور اگر تم دونوں نبی کے خلاف کارروائی کروگی تو اللہ نبی کے رفیق ہیں اور جبرئیل اور نیک مسلمان اور فرشتے بھی آپؐ کے مددگار ہیں''

سوال: یہ تو کوئی بڑا معاملہ نہیں تھا، صرف ایک راز فاش کرنے کی بات تھی، پھر قرآن نے اس کو اتنی اہمیت کیوں دی کہ اگر تم دونوں نبی کے خلاف کارروائی کروگی (اور اپنی جماعت کے ساتھ مل کر کروگی) تو اللہ تعالیٰ نبی کے کارساز ہیں اور جبرئیل اور نیک مسلمان پشت پناہ ہیں اور فرشتے بھی مددگار ہیں، اتنے بڑے لاؤ لشکر کی کیا ضرورت ہے؟ یہ تو معمولی مسئلہ ہے۔

جواب: چنگاری ابتداء میں معمولی نظر آتی ہے، مگر جب بھڑکتی ہے تو لاوا پھونک دیتی ہے، گھریلو مسائل کا بھی یہی حال ہے، شروع میں وہ معمولی نظر آتے ہیں، مگر جب بڑھتے ہیں تو نشیمن اجاڑ دیتے ہیں، غور کرو! یہاں مسئلہ صرف دو ازواج کا نہیں تھا بلکہ تمام ازواج کا تھا، پس جب ازواج کے دو گروپ متصادم ہونگے تو نبی ﷺ کے گھر کا کیا حال ہوگا؟ اس کا اندازہ ہر معاشرتی مسائل سے واقف کار بخوبی لگا سکتا ہے، چنانچہ اگلی آیت میں وارننگ دی کہ اگر نبی ﷺ تم سب بیویوں کو طلاق دیدیں تو اللہ تعالیٰ تم سے بہتر ازواج آپؐ کے لئے مہیا فرمادیں گے، یعنی نبی ﷺ کی گاڑی تمہارے بغیر بھی چلے گی، پس تم ہوش میں آجاؤ، اور ان آیات میں سب بیویوں کو نہیں لپیٹا صرف ان دو کو توبہ پر ابھارا ہے جو واقعہ کا اصل کردار تھیں، کیونکہ چنگاری بجھ جائے گی تو خطرہ ٹل جائے گا۔ پھر آگے مسلمانوں کے گھریلو معاملات سنوارنے کا حکم دیا ہے۔

[٢٤٦٨-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ ثَوْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمْ أَزَلْ حَرِيْصًا عَلَى أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَرْأَتَيْنِ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم اللَّتَيْنِ قَالَ اللّٰهُ لَهُمَا: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا﴾ [التحريم: ٤] فَحَجَجْتُ مَعَهُ، فَعَدَلَ وَعَدَلْتُ مَعَهُ بِالإِدَاوَةِ، فَتَبَرَّزَ ثُمَّ جَاءَ فَسَكَبْتُ عَلَى يَدَيْهِ مِنَ الإِدَاوَةِ، فَتَوَضَّأَ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! مَنِ الْمَرْأَتَانِ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم اللَّتَانِ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لَهُمَا: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا؟﴾ فَقَالَ: وَاعَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ! عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ. ثُمَّ اسْتَقْبَلَ عُمَرُ الْحَدِيْثَ يَسُوْقُهُ.

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: عرصہ سے میرے دل میں خواہش تھی کہ میں ان دو عورتوں کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھوں جن کے بارے میں سورۃ التحریم میں فرمایا گیا ہے کہ اگر تم دونوں اللہ کے سامنے توبہ کرو تو تمہارے دل مائل ہورہے ہیں، پھر میں نے حضرت عمرؓ کے ساتھ حج کیا، پس حضرت عمرؓ راستہ سے ہٹے، میں بھی ان کے ساتھ لوٹا لے کر ہٹا، پس آپؓ نے بڑا استنجاء کیا پھر آئے تو میں نے آپؓ کے دونوں ہاتھوں پر لوٹے سے پانی ڈالا، آپؓ نے وضو کیا پس میں نے پوچھا: اے امیر المؤمنین! ازواج مطہرات میں سے وہ دو عورتیں کون ہیں جن کے بارے میں اللہ پاک نے فرمایا ہے: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ﴾؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے تم پر حیرت ہے، اے ابن عباس! وہ دونوں عائشہؓ اور حفصہؓ ہیں، پھر حضرت عمرؓ نے شروع سے بات شروع کی۔

تشریح: اس جملہ کا کیا مطلب ہے کہ ''اے ابن عباس! مجھے تم پر حیرت ہے'' امام زہریؒ نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ابن عباسؓ کی بات پسند نہیں آئی پھر بھی انھوں نے بات چھپائی نہیں، بلکہ بتادی، مگر یہ بات صحیح نہیں۔ بخاری شریف (حدیث ۴۹۱۳) میں عبید بن حُنین کی روایت ہے، ابن عباسؓ نے کہا: میں ایک سال سے یہ بات

آپ ؐ سے دریافت کرنا چاہتا تھا، مگر ہیبت کی وجہ سے دریافت نہ کرسکا، حضرت عمرؓ نے فرمایا: ایسا نہ کرو، جس چیز کے بارے میں تمہارا خیال ہو کہ میں اس کو جانتا ہوں وہ پوچھ لیا کرو، اگر مجھے اس کا علم ہوگا تو بتلا دوں گا۔

حضرت ابن عباسؓ کے سوال کا جواب یہاں پورا ہوگیا کہ وہ عائشہؓ اور حفصہؓ ہیں، اس سے زیادہ تفصیل کی ضرورت نہیں، ابن عباسؓ باقی بات جانتے تھے، آیات میں سب کچھ موجود ہے، صرف دو ازواج کی تعیین نہیں تھی وہ حضرت عمرؓ نے کردی، مگر بات میں سے بات نکلتی ہے، چنانچہ حضرت عمرؓ نے وہ واقعہ بیان کیا جو آیاتِ تخییر سے متعلق ہے۔

فَقَالَ: إِنِّیْ كُنْتُ وَجَارٌ لِیْ مِنَ الْأَنْصَارِ فِیْ بَنِیْ أُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ، وَهِیَ مِنْ عَوَالِی الْمَدِيْنَةِ، وَكُنَّا نَتَنَاوَبُ النُّزُوْلَ عَلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَيَنْزِلُ يَوْمًا وَأَنْزِلُ يَوْمًا، فَإِذَا نَزَلْتُ جِئْتُهُ مِنْ خَبَرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مِنَ الْأَمْرِ وَغَيْرِهِ، وَإِذَا نَزَلَ فَعَلَ مِثْلَهُ.

وَكُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ النِّسَاءَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى الْأَنْصَارِ، إِذْ هُمْ قَوْمٌ تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ، فَطَفِقَ نِسَاؤُنَا يَأْخُذْنَ مِنْ أَدَبِ نِسَاءِ الْأَنْصَارِ، فَصِحْتُ عَلٰى امْرَأَتِیْ فَرَاجَعَتْنِیْ، فَأَنْكَرْتُ أَنْ تُرَاجِعَنِیْ، فَقَالَتْ: وَلِمَ تُنْكِرُ أَنْ أُرَاجِعَكَ؟ فَوَ اللّٰهِ إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم لَيُرَاجِعْنَهُ، وَإِنَّ إِحْدَاهُنَّ لَتَهْجُرُهُ الْيَوْمَ حَتَّى اللَّيْلِ، فَأَفْزَعَنِیْ، فَقُلْتُ: خَابَتْ مَنْ فَعَلَتْ مِنْهُنَّ بِعَظِيْمٍ، ثُمَّ جَمَعْتُ عَلَیَّ ثِيَابِیْ، فَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ، فَقُلْتُ: أَیْ حَفْصَةُ! أَتُغَاضِبُ إِحْدَاكُنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم الْيَوْمَ حَتَّى اللَّيْلِ؟ فَقَالَتْ: نَعَمْ، فَقُلْتُ: خَابَتْ وَخَسِرَتْ، أَفَتَأْمَنُ أَنْ يَغْضَبَ اللّٰهُ لِغَضَبِ رَسُوْلِهِ فَتَهْلِكِيْنَ؟ لَا تَسْتَكْثِرِیْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَلَا تُرَاجِعِيْهِ فِی شَیْءٍ، وَلَا تَهْجُرِيْهِ، وَسَلِيْنِیْ مَا بَدَا لَكِ، وَلَا يَغُرَّنَّكِ أَنْ كَانَتْ جَارَتُكِ هِیَ أَوْضَأَ مِنْكِ وَأَحَبَّ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، يُرِيْدُ عَائِشَةَ.

وَكُنَّا تَحَدَّثْنَا أَنَّ غَسَّانَ تُنْعِلُ النِّعَالَ لِغَزْوِنَا، فَنَزَلَ صَاحِبِیْ يَوْمَ نَوْبَتِهِ فَرَجَعَ عِشَاءً، فَضَرَبَ بَابِیْ ضَرْبًا شَدِيْدًا، وَقَالَ: أَنَائِمٌ هُوَ؟ فَفَزِعْتُ، فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ، وَقَالَ: حَدَثَ أَمْرٌ عَظِيْمٌ! فَقُلْتُ: مَا هُوَ؟ أَجَاءَ تْ غَسَّانُ؟ قَالَ: لَا، بَلْ أَعْظَمُ مِنْهُ وَأَطْوَلُ، طَلَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم نِسَاءَ هُ. قَالَ: قَدْ خَابَتْ حَفْصَةُ وَخَسِرَتْ، كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ هٰذَا يُوْشِكُ أَنْ يَكُوْنَ.

(پھر حضرت عمرؓ نے ایک دوسرا واقعہ بیان کرنا شروع کیا) فرمایا: میں اور میرا ایک انصاری پڑوسی، بنوامیہ بن زید کے محلّہ میں رہا کرتے تھے، اور وہ محلّہ عوالی مدینہ میں تھا، اور ہم نبی ﷺ کی خدمت میں باری باری حاضر ہوتے تھے، وہ ایک دن حاضر رہتا تھا اور میں ایک دن حاضر رہتا تھا، پس جب میں حاضر رہتا تو اس کے پاس اس دن کی وحی وغیرہ کی خبریں پہنچاتا، اور جب وہ حاضر رہتا تو وہ بھی ایسا ہی کرتا، یعنی اس دن کی خبریں مجھ تک پہنچاتا۔

اور ہم جماعت قریش عورتوں پر غالب رہتے تھے، پس جب ہم انصار کے پاس (مدینہ) آئے تو اچانک وہاں ایسے لوگوں کو پایا جن پر ان کی عورتیں غالب تھیں، پس ہماری عورتوں نے بھی انصار کی عورتوں کا طریقہ سیکھنا شروع کیا، چنانچہ میں ایک دن اپنی بیوی پر غصہ ہوا تو اس نے مجھے جواب دیا، میں نے بیوی کے جواب دینے کو اوپرا سمجھا، تو اس نے کہا: آپ جواب دینے کو اوپرا کیوں سمجھتے ہیں؟ پس بخدا! نبی ﷺ کی بیویاں نبی ﷺ کو جواب دیتی ہیں، اور ان میں سے ایک نبی ﷺ کو چھوڑ دیتی ہے یعنی ناراض ہوجاتی ہے صبح سے شام تک، پس میں گھبرا گیا (حضرت عمرؓ کہتے ہیں) پس میں نے دل میں کہا: بڑے گھاٹے میں رہی وہ جس نے ان میں سے ایسا کیا، پھر میں نے اپنے کپڑوں کو جمع کیا یعنی کپڑے پہنے اور حفصہؓ کے پاس گیا، پس میں نے کہا: کیا تم میں ایک رسول اللہ ﷺ سے پورے دن حتی کہ رات تک ناراض رہتی ہے؟ اس نے کہا: ہاں، میں نے کہا: وہ گھاٹے میں رہی اور ٹوٹے میں رہی! کیا تم اس سے مطمئن ہو کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہوجائیں رسول اللہ ﷺ کے ناراض ہونے کی وجہ سے؟ پس تم تباہ ہوجاؤ؟ رسول اللہ ﷺ سے بہت فرمائشیں مت کرو اور نہ کسی بات کا آپؐ کو جواب دو، اور نہ آپؐ سے قطع تعلق کرو، اور تمہیں جس چیز کی ضرورت ہو مجھ سے مانگو، اور ہرگز تمہیں دھوکہ میں نہ ڈالے یہ بات کہ تمہاری پڑوسن تم سے زیادہ خوبصورت ہے اور وہ رسول اللہ ﷺ کی محبوبہ ہے، مراد حضرت عائشہؓ ہیں۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) اور ہم باتیں کیا کرتے تھے کہ ہم پر فوج کشی کرنے کے لئے غسان گھوڑوں کے نعل باندھ رہے ہیں، پس میرا ساتھی اپنی باری کے دن حاضر خدمت ہوا، اور عشاء کے وقت لوٹا، اور زور سے میرا دروازہ کھٹکھٹایا، اور کہا: کیا وہ سویا ہوا ہے؟ پس میں گھبرا گیا، اور باہر نکلا، اس نے کہا: ایک بہت بڑا معاملہ پیش آ گیا ہے، میں نے پوچھا: کیا غسان آ گئے؟ اس نے کہا: نہیں، اس سے بھی بڑا اور لمبا واقعہ! نبی ﷺ نے اپنی سب بیویوں کو طلاق دیدی، حضرت عمرؓ نے کہا: حفصہ یقیناً گھاٹے میں رہی اور ٹوٹے میں رہی، میرا خیال تھا کہ عنقریب ایسا ہوگا۔

فَجَمَعْتُ عَلَيَّ ثِيَابِيْ، فَصَلَّيْتُ صَلاَةَ الْفَجْرِ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَدَخَلَ مَشْرُبَةً لَهُ فَاعْتَزَلَ فِيْهَا، فَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ، فَإِذَا هِيَ تَبْكِيْ، قُلْتُ: مَا يُبْكِيْكِ؟ أَوَ لَمْ أَكُنْ حَذَّرْتُكِ؟ أَطَلَّقَكُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: لاَ أَدْرِيْ، هُوَ ذَا فِي الْمَشْرُبَةِ. فَخَرَجْتُ فَجِئْتُ الْمِنْبَرِ، فَإِذَا حَوْلَهُ رَهْطٌ يَبْكِيْ بَعْضُهُمْ، فَجَلَسْتُ مَعَهُمْ قَلِيْلاً، ثُمَّ غَلَبَنِيْ مَا أَجِدُ، فَجِئْتُ الْمَشْرُبَةَ الَّتِيْ هُوَ فِيْهَا، فَقُلْتُ لِغُلاَمٍ أَسْوَدَ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ. فَدَخَلَ فَكَلَّمَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ خَرَجَ، فَقَالَ: ذَكَرْتُكَ لَهُ فَصَمَتَ، فَانْصَرَفْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ مَعَ الرَّهْطِ الَّذِيْنَ عِنْدَ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ غَلَبَنِيْ مَا أَجِدُ، فَجِئْتُ فَقُلْتُ لِلْغُلاَمِ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ، فَجَلَسْتُ مَعَ الرَّهْطِ الَّذِيْنَ عِنْدَ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ غَلَبَنِيْ مَا أَجِدُ، فَجِئْتُ الْغُلاَمَ فَقُلْتُ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ، فَلَمَّا وَلَّيْتُ مُنْصَرِفًا فَإِذَا الْغُلاَمُ يَدْعُوْنِيْ، قَالَ: أَذِنَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَإِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى رِمَالِ حَصِيْرٍ، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ فِرَاشٌ، قَدْ أَثَّرَ

الرِّمَالُ بِجَنْبِهِ، مُتَّكِئٌ عَلٰى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ، حَشْوُهَا لِيْفٌ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، ثُمَّ قُلْتُ وَأَنَا قَائِمٌ: طَلَّقْتَ نِسَاءَ كَ؟ فَرَفَعَ بَصَرَهُ إِلَيَّ، فَقَالَ: لاَ.

ثُمَّ قُلْتُ وَأَنَا قَائِمٌ أَسْتَأْنِسُ، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ لَوْ رَأَيْتَنِيْ وَكُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ النِّسَاءَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلٰى قَوْمٍ تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ، فَذَكَرَهُ، فَتَبَسَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قُلْتُ: لَوْ رَأَيْتَنِيْ وَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ، فَقُلْتُ: لاَ يَغُرَّنَّكِ أَنْ كَانَتْ جَارَتُكِ هِيَ أَوْضَأَ مِنْكِ، وَأَحَبَّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم - يُرِيْدُ عَائِشَةَ - فَتَبَسَّمَ أُخْرَى، فَجَلَسْتُ حِيْنَ رَأَيْتُهُ تَبَسَّمَ، ثُمَّ رَفَعْتُ بَصَرِيْ فِيْ بَيْتِهِ، فَوَ اللّٰهِ! مَا رَأَيْتُ فِيْهِ شَيْئًا يَرُدُّ الْبَصَرَ غَيْرَ أَهَبَةٍ ثَلاَثٍ، فَقُلْتُ: ادْعُ اللّٰهَ فَلْيُوَسِّعْ عَلٰى أُمَّتِكَ، فَإِنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ وُسِّعَ عَلَيْهِمْ،وَأُعْطُوْا الدُّنْيَا وَهُمْ لاَ يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ، وَكَانَ مُتَّكِئًا، فَقَالَ:"أَوَفِيْ شَكٍّ أَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ؟ أُوْلٰئِكَ قَوْمٌ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اسْتَغْفِرْ لِيْ.

ترجمہ: پس میں نے اپنے کپڑوں کو جمع کیا اور فجر کی نماز نبی ﷺ کے ساتھ پڑھی، پس آپؐ بالاخانہ میں تشریف لے گئے (یہاں باب ہے) اور وہاں تنہا ہوگئے، پس میں حفصہؓ کے پاس گیا، پس اچانک وہ رورہی تھی، میں نے پوچھا: اب کیوں روتی ہو؟ کیا میں نے تمہیں وارننگ نہیں دی تھی؟ کیا تمہیں نبی ﷺ نے طلاق دیدی؟ حفصہؓ نے کہا: مجھے معلوم نہیں! آپؐ بالاخانہ میں ہیں، پس میں نکلا اور منبر کے پاس آیا پس اچانک منبر کے اردگرد کچھ لوگ تھے، ان میں سے بعض رورہے تھے، پس میں ان کے پاس تھوڑی دیر بیٹھا، پھر مجھ پر غالب آئی وہ بات (غم، فکر) جو میں پاتا تھا، پس میں اس بالاخانہ کے پاس آیا جس میں آپؐ تشریف فرماتھے، اور میں نے ایک کالے غلام سے کہا: عمر کے لئے اجازت طلب کر، وہ اندر گیا اور نبی ﷺ سے بات کی، پھر نکلا اور کہا: میں نے آپؐ سے تمہارا تذکرہ کیا مگر آپؐ خاموش رہے، پس میں لوٹ گیا یہاں تک کہ ان لوگوں کے پاس بیٹھا جو منبر کے پاس بیٹھے تھے، پھر مجھ پر غالب آئی وہ بات جو میں پاتا تھا، پس میں آیا اور میں نے غلام سے کہا: پس اس نے وہی بات کہی، پھر میں ان لوگوں کے ساتھ بیٹھا جو منبر کے پاس تھے، پھر مجھ پر غالب آئی وہ بات جو میں پاتا تھا، پس میں غلام کے پاس آیا اور میں نے اس سے کہا: عمر کے لئے اجازت طلب کر، پس اس نے وہی بات کہی، پس جب میں پیٹھ پھیر کر چل دیا تو اچانک غلام مجھے پکار رہا ہے، اس نے کہا: آپ کو رسول اللہ ﷺ نے اجازت دیدی، پس میں اندر گیا پس اچانک آپ برہنہ چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے، آپؐ کے اور چٹائی کے درمیان کوئی بچھونا نہیں تھا، تحقیق بوریے کے نشان آپؐ کے پہلو پر پڑ گئے تھے، ایک چمڑے کے تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے، جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی، میں نے آپؐ کو سلام کیا اور کھڑے کھڑے ہی پوچھا: آپؐ نے اپنی بیویوں کو طلاق دیدی؟ پس آپؐ نے میری طرف نگاہ اٹھائی اور فرمایا: نہیں۔

پھر میں نے کھڑے کھڑے ہی عرض کیا: میں آپؐ سے بے تکلفی کی بات کروں؟ یارسول اللہ! اگر آپؐ ہمیں دیکھتے

درانحالیکہ ہم قریش کی جماعت غالب رہتے تھے عورتوں پر، پس جب ہم ایسے لوگوں میں آئے جن پر ان کی عورتیں غالب تھیں (پس ہماری عورتوں نے ان کی عورتوں سے سیکھنا شروع کیا) پھر سارا واقعہ بیان کیا، پس نبی ﷺ مسکرائے، پھر میں نے عرض کیا: اگر آپؐ مجھے دیکھتے کہ میں حفصہؓ کے پاس گیا اور میں نے کہا: تمہیں دھوکہ میں نہ ڈالے یہ بات کہ تمہاری ساتھ والی تم سے زیادہ خوبصورت ہے اور وہ نبی ﷺ کو زیادہ محبوب ہے — مراد حضرت عائشہؓ ہیں — پس نبی ﷺ دوسری مرتبہ مسکرائے پس میں بیٹھ گیا جب میں نے آپؐ کو مسکراتے ہوئے دیکھا، پھر میں نے اپنی نگاہ حجرہ میں اٹھائی تو بخدا! نہیں دیکھی میں نے گھر میں کوئی اہم چیز سوائے تین کھالوں کے، پس میں نے عرض کیا: اللہ سے دعا فرمائیں کہ وہ آپؐ کی امت پر وسعت فرمائیں، پس بیشک فارس اور روم پر وسعت کی گئی ہے اوران کو دنیا دی ہے حالانکہ وہ اللہ کی عبادت نہیں کرتے، اور آپؐ ٹیک لگائے ہوئے تھے پس (آپؐ سیدھے بیٹھ گئے اور) فرمایا: کیا تم شک میں ہوا ے ابن خطاب! وہ ایسے لوگ ہیں جن کو ان کی ستھری چیزیں دنیوی زندگی میں جلدی کھلا دی گئی ہیں، پس میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے لئے دعاءِ مغفرت فرمائیں۔

فَاعْتَزَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ، حِيْنَ أَفْشَتْهُ حَفْصَةُ إِلٰى عَائِشَةَ، وَكَانَ قَدْ قَالَ:" مَا أَنَا بِدَاخِلٍ عَلَيْهِنَّ شَهْرًا" مِنْ شِدَّةِ مَوْجِدَتِهِ عَلَيْهِنَّ حِيْنَ عَاتَبَهُ اللّٰهُ، فَلَمَّا مَضَتْ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ فَبَدَأَ بِهَا فَقَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ: إِنَّكَ أَقْسَمْتَ أَنْ لَا تَدْخُلَ عَلَيْنَا شَهْرًا وَإِنَّا أَصْبَحْنَا بِتِسْعٍ وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً، أَعُدُّهَا عَدًّا. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ" وَكَانَ ذٰلِكَ الشَّهْرُ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ. قَالَتْ عَائِشَةُ: فَأُنْزِلَتْ آيَةُ التَّخْيِيْرِ فَبَدَأَ بِيْ أَوَّلَ امْرَأَةٍ فَقَالَ:" إِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا وَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَا تَعْجَلِيْ حَتّٰى تَسْتَأْمِرِيْ أَبَوَيْكِ" قَالَتْ: قَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُوْنَا يَأْمُرَانِّيْ بِفِرَاقِكَ. ثُمَّ قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ:﴿ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ عَظِيْمًا﴾ [الاحزاب: ۲۸-۲۹] قُلْتُ: أَفِيْ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ؟ فَإِنِّيْ أُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ، ثُمَّ خَيَّرَ نِسَاءَهُ فَقُلْنَ مِثْلَ مَا قَالَتْ عَائِشَةُ. [راجع: ۸۹]

ترجمہ: پس اس بات کی وجہ سے نبی ﷺ نے علاحدگی اختیار کی جب حفصہؓ نے عائشہؓ سے آپؐ کا راز بیان کردیا (یہ راوی نے دوسرے واقعہ کو پہلے واقعہ سے ملا دیا ہے) آپؐ نے فرمایا: میں ان میں سے کسی کے پاس ایک مہینہ تک نہیں جاؤں گا، ازواج پر سخت غصہ ہونے کی وجہ سے جب اللہ نے آپؐ پر عتاب فرمایا (اس واقعہ میں عتاب نازل نہیں ہوا تھا، عتاب شہد کو حرام کرنے کے واقعہ میں نازل ہوا تھا) پس جب انتیس دن گذر گئے تو نبی ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے اوران سے (اختیار دینے کی) ابتداء فرمائی، پس آپؐ سے حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: آپؐ نے ایک مہینہ

تک ہمارے پاس نہ آنے کی قسم کھائی تھی، اور ابھی انتیس راتیں گذری ہیں، میں ان کو گن رہی ہوں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے اور وہ مہینہ انتیس کا تھا، حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: پس اللہ تعالیٰ نے آیتِ تخییر نازل فرمائی، پس آپؐ نے مجھ سے ابتداء فرمائی، آپؐ نے فرمایا: میں تم سے ایک بات ذکر کرنے والا ہوں اور تم (جواب دینے میں) جلدی نہ کرنا، یہاں تک کہ تم اپنے والدین سے مشورہ کرلو، حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: آپؐ جانتے تھے کہ میرے ماں باپ مجھے حکم نہیں دیں گے آپؐ سے جدا ہونے کا، پھر فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اور آپؐ نے سورۂ احزاب کی آیات ۲۸-۲۹ تلاوت فرمائیں، میں نے عرض کیا: کیا اس معاملہ میں میں اپنے والدین سے مشورہ کروں گی؟ میں تو اللہ کو، اور اس کے رسول کو اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہوں، پھر آپؐ نے اپنی تمام ازواج کو اختیار دیا، تو انھوں نے بھی وہی بات کہی جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہی تھی۔

تشریح: اس آخری مضمون میں راوی نے خلط ملط کردیا ہے، آپؐ نے جو ایک ماہ تک ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی تھی اس سلسلہ میں کوئی اظہار ناراضگی نہیں کیا گیا تھا، بلکہ آپؐ نے وہ مدت پوری فرمائی تھی، اور ختم مدت پر آیات تخییر نازل ہوئیں تھیں، جن کا تذکرہ سورۃ الاحزاب میں ہے اور آئندہ تیسری حدیث میں اس کا ذکر ہے —— اور اظہارِ ناراضگی شہد کو حرام کرنے کے واقعہ میں کیا گیا تھا اور اس کے لئے قسم کا کفارہ تجویز کیا تھا جس کا تذکرہ سورۃ التحریم کے شروع میں ہے (تفصیل تحفۃ الالمعی سورۂ تحریم کی تفسیر میں ہے)

[۲۴۶۹-] حدثنا ابْنُ سَلَامٍ، أَنَا الفَزَارِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: آلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ نِسَائِهِ شَهْرًا، وَكَانَتِ انْفَكَّتْ قَدَمُهُ، فَجَلَسَ فِي عُلِّيَّةٍ لَهُ، فَجَاءَ عُمَرُ، فَقَالَ: أَطَلَّقْتَ نِسَاءَ كَ؟ فَقَالَ: " لَا، وَلٰكِنِّي آلَيْتُ مِنْهُنَّ شَهْرًا" فَمَكَثَ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ، ثُمَّ نَزَلَ فَدَخَلَ عَلٰى نِسَائِهِ.

[راجع: ۳۷۸]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک مہینہ تک ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی، اور آپؐ کے پاؤں میں موچ آگئی تھی، پس آپؐ بالاخانہ میں فروکش ہوگئے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اور عرض کیا: کیا آپؐ نے اپنی بیویوں کو طلاق دیدی؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، لیکن میں نے ان سے ایک ماہ کے لئے ایلاء کیا ہے، پس آپ انتیس دن ٹھہر رہے پھر اترے، اور ازواج کے پاس تشریف لے گئے۔

تشریح: بنو نضیر اور بنو قریظہ کی فتوحات کے بعد جب نبی ﷺ کی آمدنی بڑھ گئی تو ازواج مطہرات نے متفق ہوکر آنحضور ﷺ سے نفقہ میں اضافہ کا مطالبہ کیا، آپؐ کو اس مطالبہ سے رنج ہوا، کیونکہ آمدنی بڑھی تھی تو ساتھ ہی مسلمانوں کی ضروریات بھی بڑھی تھیں، چنانچہ آپؐ نے ناراض ہوکر ایک ماہ تک ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی، یعنی ایلاء لغوی کیا

اور بالا خانہ میں جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ پر تھا قیام فرمایا، انہی دنوں میں آپ گھوڑے پر سوار ہو کر کہیں تشریف لے جا رہے تھے کہ اچانک گھوڑا کسی وجہ سے بدکا اور بھاگا اور کھجور کے ایک درخت کے پاس سے اس طرح گذرا کہ جسم اطہر گھوڑے اور درخت کے بیچ میں آ گیا اور آپؐ کی ایک جانب چھیل گئی، پس بیماری کے دن بھی آپؐ نے بالا خانہ میں گذارے، تفصیل تحفۃ القاری (۱:۲:۱، ۳۷۲؛ ۲:۲۱۳) میں گذر چکی ہے۔

بَابُ مَنْ عَقَلَ بَعِيْرَهُ عَلَى الْبَلَاطِ أَوْ بَابِ الْمَسجِدِ

جس نے اپنا اونٹ پتھر کے فرش پر یا مسجد کے دروازہ پر باندھا

بَلاط (بالفتح) وہ پتھر جو فرش میں لگایا جاتا ہے، آج کل ٹائلس لگائے جاتے ہیں، یہ بھی بلاط ہیں، مسجدِ نبوی کے آگے غیر مسقّف حصہ تھا جو مسجدِ نبوی میں داخل نہیں تھا، وہاں پتھر بچھے ہوئے تھے، یہ بلاط ہے، اگر کوئی شخص اس پر یا مسجد کے دروازے پر اونٹ باندھے یا گاڑی کھڑی کرے تو جائز ہے، ظلم نہیں۔ اور مسئلہ کا مدار اس پر ہے کہ جہاں اونٹ باندھنے سے یا گاڑی کھڑی کرنے سے نمازیوں کو ضرر پہنچے یعنی تنگی ہو تو ظلم ہے ورنہ نہیں، اور حدیث پہلے گذری ہے، ایک سفر میں نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اونٹ خریدا تھا، جب سفر سے لوٹے اور مسجد میں داخل ہوئے تو حضرت جابرؓ اونٹ لے کر آئے اور پتھر کے فرش پر ایک کونہ میں اس کو باندھ دیا، اور عرض کیا: آپ کا اونٹ لایا ہوں، آپؐ نے مسجد سے باہر نکل کر اونٹ کے اردگرد گھومنا شروع کیا اور فرمایا: اونٹ بھی آپ کا اور ثمن بھی، پس ثمن بھی ادا کیا اور اونٹ بھی واپس کیا۔

[۲۶-] بَابُ مَنْ عَقَلَ بَعِيْرَهُ عَلَى الْبَلَاطِ أَوْ بَابِ الْمَسجِدِ

[۲۴۷۰-] حدثنا مُسْلِمٌ، ثَنَا أَبُوْ عَقِيْلٍ، ثَنَا أَبُوْ الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيُّ، قَالَ: أَتَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَسْجِدَ، فَدَخَلْتُ إِلَيْهِ، وَعَقَلْتُ الْجَمَلَ فِي نَاحِيَةِ الْبَلَاطِ، فَقُلْتُ: هٰذَا جَمَلُكَ، فَخَرَجَ فَجَعَلَ يُطِيْفُ بِالْجَمَلِ، فَقَالَ: " الثَّمَنُ وَالْجَمَلُ لَكَ" [راجع: ٤٤٣]

بَابُ الْوُقُوْفِ وَالْبَوْلِ عِنْدَ سُبَاطَةِ قَوْمٍ

کسی قوم کی کوڑی پر ٹھہرنا اور پیشاب کرنا

سُباطة: کوڑی، گوبر وغیرہ ڈالنے کی جگہ، اگر کوئی شخص وہاں پیشاب کرے تو یہ عرف میں ظلم نہیں، کیونکہ کوڑی گندگی ڈالنے کی جگہ ہے، وہاں پیشاب کرنے میں کسی کا کچھ نقصان نہیں، پس کسی کی مملوکہ جگہ میں کوئی ایسا کام کرنا جس سے مالک کا کچھ نقصان نہ ہو: جائز ہے۔ اور حدیث پہلے گذری ہے: نبی ﷺ ایک قوم کی کوڑی پر گئے اور وہاں کھڑے ہو کر پیشاب

کیا جبکہ کوڑی کے مالک سے اجازت نہیں لی تھی، اور یہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا مسئلہ کی وضاحت کے لئے تھا، اگر کوئی گندی جگہ ہواور بیٹھ کر پیشاب کرنے کی کوئی صورت نہ ہوتو کھڑے ہوکر پیشاب کرنا جائز ہے، اسی طرح کوئی اور عذر ہوتو بھی کھڑے ہوکر پیشاب کر سکتے ہیں، اسی لئے آپ ؐ نے برملا یہ عمل کیا، اور کوڑی عذر کی ایک مثال ہے۔

[۲۷-] بَابُ الْوُقُوْفِ وَالْبَوْلِ عِنْدَ سُبَاطَةِ قَوْمٍ

[۲٤۷۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَوْ قَالَ: لَقَدْ أَتَى النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا. [راجع: ۲۲٤]

بَابُ مَنْ أَخَذَ الْغُصْنَ وَمَا يُؤْذِی النَّاسَ فِی الطَّرِيْقِ فَرَمَى بِهِ

راستہ میں کوئی کانٹے دار ٹہنی یا کوئی تکلیف دہ چیز ملی، اس کو وہاں سے ہٹا دیا

راستہ پر کسی کانٹے دار درخت کی ٹہنی جھک آئی، یا کسی نے کاٹ کر ڈال دی یا راستہ میں کیلے کا چھلکا پڑا تھا، یا بلیڈ یا کوئی کانچ کا ٹکڑا پڑا تھا، کسی نے اس کو ہٹا دیا تو یہ ظلم نہیں، بلکہ اس کی ضد نیکی کا کام ہے۔ مسلم شریف میں روایت ہے: حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یارسول اللہ! مجھے کوئی ایسا عمل بتلایئے جس سے میں فائدہ اٹھاؤں، آپ ؐ نے فرمایا: مسلمانوں کے راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹا دو۔

[۲۸-] بَابُ مَنْ أَخَذَ الْغُصْنَ وَمَا يُؤْذِی النَّاسَ فِی الطَّرِيْقِ فَرَمَى بِهِ

[۲٤۷۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَیٍّ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِیْ بِطَرِيْقٍ وَجَدَ غُصْنَ شَوْكٍ عَلَى الطَّرِيْقِ، فَأَخَّرَهُ فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ فَغَفَرَ لَهُ" [راجع: ٦٥۲]

بَابٌ: إِذَا اخْتَلَفُوْا فِی الطَّرِيْقِ الْمِيْتَاءِ: تُرِكَ مِنْهَا لِلطَّرِيْقِ سَبْعَةُ أَذْرُعٍ

آنے جانے کے راستہ میں اختلاف ہوتو سات ہاتھ چوڑا راستہ چھوڑا جائے

المیتاءُ: آنے جانے کا راستہ: أَتٰی سے ہے ورمیم زائد ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے باب کے درمیان میں اس کی تفسیر **الرَّحْبَة** سے کی ہے یعنی گھروں کے درمیان پڑا ہوا میدان، کھلی جگہ، اس جگہ کو کوئی شخص استعمال کرنا چاہتا ہے، اپنے گھر کی تعمیر آگے بڑھانا چاہتا ہے، دوسرے لوگ کہتے ہیں: یہ عام استعمال کی جگہ ہے، پس نبی ﷺ نے فیصلہ کیا کہ سات ہاتھ

چوڑا راستہ چھوڑ کر باقی زمین لوگ اپنے گھروں میں ملا سکتے ہیں، مگر اب لوگوں کو اس کا اختیار نہیں، محلوں میں جو جگہیں پڑی ہیں وہ بلدیہ (میونسپلٹی) کی ہیں، اس میں حکومت کی اجازت کے بغیر کوئی تعمیر نہیں کرسکتا۔

دوسری مثال: بھائیوں میں زمین کا بٹوارہ ہوا، اب سرکاری راستہ تک جانے کے لئے راستہ کاٹنا ہے، اس میں اختلاف ہوا کہ کتنا چوڑا راستہ کاٹا جائے؟ تو یہ بات شرکاء کی باہمی رضامندی پر موقوف ہے اور اگر اختلاف ہو تو سات ہاتھ چوڑا راستہ کاٹا جائے، اس پر دو زاملے (سامان بردار اونٹ) اُورٹیک کرسکتے ہیں اس سے زیادہ چوڑے راستہ کی ضرورت نہیں، البتہ الکوثر الجاری میں ہے کہ اب سواریاں بدل گئی ہیں، لہٰذا موجودہ زمانہ کی سواریوں کے لحاظ سے راستہ کاٹا جائے، اس وقت سب سے بڑی سواری ٹرک ہے پس دو ٹرک اُورٹیک کرسکیں اتنا چوڑا راستہ کاٹنا چاہئے۔

[۲۹-] بَابٌ: إِذَا اخْتَلَفُوْا فِي الطَّرِيْقِ المِيْتَاءِ- وَهِيَ الرَّحْبَةُ تَكُوْنُ بَيْنَ الطَّرِيْقِ- ثُمَّ يُرِيْدُ أَهْلُهَا الْبُنْيَانَ فَتُرِكَ مِنْهَا لِلطَّرِيْقِ سَبْعَةُ أَذْرُعٍ

[۲٤٧٣-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ خِرِّيْتٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَضَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا تَشَاجَرُوْا فِي الطَّرِيْقِ بِسَبْعَةِ أَذْرُعٍ.

وضاحت: باب میں جو المیتاء ہے وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں آیا ہے، اس لئے اس کو بڑھایا ہے۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ لفظ نہیں۔

بَابُ النُّهْبَى بِغَيْرِ إِذْنِ صَاحِبِهِ

مالک کی اجازت کے بغیر لوٹنا

مالک کی اجازت کے بغیر کوئی مال سامان لوٹنا جائز نہیں، یہ ظلم ہے، البتہ اگر مالک کی طرف سے صراحتاً، دلالۃً یا عرفاً اجازت ہو تو پھر لوٹ سکتے ہیں، جیسے: یوروپ اور امریکہ میں جب لوگ گھر کا فرنیچر بدلتے ہیں تو پرانا فرنیچر نکال کر گھر سے باہر رکھ دیتے ہیں، یہ دلالۃ اجازت ہوتی ہے کہ جو چاہے لے جائے۔ اور لوٹنے اور لٹانے میں فرق ہے۔ شادی میں چھوہارے لٹائے جاتے ہیں وہ ظلم نہیں، کیونکہ پھینکنا صراحۃً لوٹنے کی اجازت ہے۔

اور باب میں دو روایتیں ہیں:

پہلی روایت: حضرت عبداللہ بن یزید انصاری جو عدی بن ثابت کے نانا ہیں، کہتے ہیں: نبی ﷺ نے لوٹنے سے اور شکل بگاڑنے سے منع کیا (اور مثلہ عام ہے خواہ زندے کا ہو یا مردے کا)

دوسری روایت: نبی ﷺ نے فرمایا: زنا کرنے والا ایمان کی حالت میں زنا نہیں کرتا، اور کوئی شخص ایمان کی حالت

میں شراب نہیں پیتا۔ اور کوئی شخص ایمان کی حالت میں چوری نہیں کرتا، اور مؤمن ایمان کی حالت میں کوئی لوٹ نہیں مچاتا، جس میں اس کی طرف لوگ نظریں اٹھائیں، یعنی بڑی لوٹ نہیں مچاتا (یہ ابوبکر کی روایت ہے اور سعید اور ابوسلمہ بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کرتے ہیں مگر اس میں آخری مضمون (لوٹ مچانے کا) نہیں ہے۔

پھر آخر میں فربریؒ نے امام بخاریؒ کے وراق ابوجعفرؒ کی کتاب سے ایک اضافہ نقل کیا ہے: امام بخاریؒ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ گناہ کرتے وقت ایمان کا نور اس سے نکال لیا جاتا ہے، یعنی مؤمن کامل ایمان کی حالت میں یہ کام نہیں کرتا، یہ اس لئے بڑھایا ہے کہ گمراہ فرقے (معتزلہ اور خوارج) اس حدیث سے استدلال نہ کریں، ان کا مذہب یہ ہے کہ مرتکب کبیرہ ایمان سے نکل جاتا ہے، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: ایمان نہیں نکلتا، ایمان کا نور نکل جاتا ہے یعنی ایمان تو رہتا ہے مگر وہ ناقص اور بے نور رہتا ہے، اور اس کی دوسری تعبیر یہ ہے کہ جب بندہ گناہ کرتا ہے تو ایمان نکل کر اس پر سائبان کی طرح ہوجاتا ہے، یعنی چلا نہیں جاتا، پھر جب بندہ گناہ سے فارغ ہوتا ہے تو ایمان واپس آجاتا ہے۔

[۳۰-] بَابُ النُّهْبَى بِغَيْرِ إِذْنِ صَاحِبِهِ

وَقَالَ عُبَادَةُ: بَايَعْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَنْ لاَ نَنْتَهِبَ.

[۲۴۷۴-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ الْأَنْصَارِيَّ- وَهُوَ جَدُّهُ أَبُوْ أُمِّهِ - قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ النُّهْبٰى وَالْمُثْلَةِ.

[راجع: ۵۵۱۶]

[۲۴۷۵-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنَا عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَا يَزْنِي الزَّانِي حِيْنَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلاَ يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِيْنَ يَشْرَبُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلاَ يَسْرِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلاَ يَنْتَهِبُ نُهْبَةً يَرْفَعُ النَّاسُ إِلَيْهِ فِيْهَا أَبْصَارَهُمْ حِيْنَ يَنْتَهِبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ"

وَعَنْ سَعِيْدٍ وَأَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ إِلَّا النُّهْبَةَ.

قَالَ الْفِرَبْرِيُّ: وَجَدْتُ بِخَطِّ أَبِي جَعْفَرٍ: قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: تَفْسِيْرُهُ: أَنْ يُنْزَعَ مِنْهُ نُوْرُ الْإِيْمَانِ. [انظر: ۵۵۷۸، ۶۷۷۲، ۶۸۱۰]

بَابُ كَسْرِ الصَّلِيْبِ وَقَتْلِ الْخِنْزِيْرِ

سولی توڑنا اور خنزیر کو مار ڈالنا

عیسائیوں کی صلیبیں توڑنا، ان کے خنزیروں کو مار ڈالنا اور ہندؤں کی مورتیوں کو توڑ دینا جائز نہیں، ظلم ہے، کیونکہ ہمیں حکم

دیا گیا ہے کہ اسلامی حکومت میں جو غیر مسلم ذمی ہیں ان کو ان کے دین کے ساتھ چھوڑ دیں، اور وہ صلیب کو پوجتے ہیں اور خنزیر کو کھاتے ہیں اور یہ چیزیں ان کے یہاں مال ہیں پس ان کو نہیں توڑا جائے گا، اور ان کے خنزیروں کو قتل نہیں کیا جائے گا یہ ظلم ہے۔

اور امام بخاریؒ کی رائے یہ ہے کہ یہ ظلم نہیں، صلیب کو توڑنا اور خنزیر کو مار ڈالنا مأمور بہ ہے جیسا کہ باب کی حدیث میں ہے اور یہ حدیث پہلے گذری ہے، وہاں میں نے بتلایا ہے کہ یہ حکم نزول عیسیٰ کے زمانہ کے ساتھ خاص ہے، عام نہیں۔

[۳۱-] بَابُ كَسْرِ الصَّلِيْبِ وَقَتْلِ الْخِنْزِيْرِ

[۲٤۷٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا سُفْيَانُ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ، أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يَنْزِلَ فِيْكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا مُقْسِطًا، فَيَكْسِرَ الصَّلِيْبَ، وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيْرَ، وَيَضَعَ الْجِزْيَةَ، وَيَفِيْضَ الْمَالُ حَتَّى لَا يَقْبَلَهُ أَحَدٌ"

[راجع: ۲۲۲۲]

بَابٌ: هَلْ تُكْسَرُ الدِّنَانُ الَّتِيْ فِيْهَا الْخَمْرُ، وَتُخَرَّقُ الزِّقَاقُ؟

فَإِنْ كَسَرَ صَنَمًا أَوْ صَلِيْبًا أَوْ طُنْبُوْرًا أَوْ مَالاَ يُنْتَفَعُ: بِخَشَبِهِ؟

کیا شراب کے مٹکے توڑ دیئے جائیں اور مشکیں پھاڑ دی جائیں؟

پس اگر اپنی لکڑی سے مورتی یا صلیب یا ستار یا غیر منتفع بہ چیز توڑ دی؟

اسلامی حکومت میں محکمۂ احتساب (دارو گیر) ہوتا ہے جو منکرات پر نظر رکھتا ہے پس اگر وہ کسی مسلمان کے پاس شراب پائے اور مٹکا توڑ دے یا مشک پھاڑ دے تو یہ ظلم ہے یا نہیں؟ اور اس کا ضمان واجب ہے یا نہیں؟ اسی طرح اگر کوئی شخص مورتی یا صلیب یا ستار یا ایسی چیز کو جس کی کوئی منفعت نہیں: ڈنڈا مار کر توڑ دے تو کیا حکم ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، هل استفہامیہ لائے ہیں اور بخشبہ: كَسَرَ سے متعلق ہے یعنی محتسب نے یا کسی اور شخص نے ڈنڈا مار کر مورتی وغیرہ کو توڑ دیا تو کیا حکم ہے؟

اور مسئلہ کا مدار اس پر ہے کہ شراب وغیرہ کا مالک کون ہے؟ اور وہ اس کے حق میں مالِ متقوم ہے یا نہیں؟ اور توڑنے والا کون ہے: محتسب یا عام آدمی؟ اگر مسلمان اس کا مالک ہے تو اس کے حق میں شراب مال متقوم نہیں، اس لئے اگر محتسب نے ڈنڈا مار کر مٹکا توڑ دیا تو اس کا کوئی ضمان نہیں، کیونکہ یہ محتسب کی ذمہ داری ہے، اسی طرح غیر اللہ کی پوجا کا سامان، اور ملاہی

(گانے بجانے کا سامان) مسلمان کے لئے حرام ہے، پس محتسب کی ذمہ داری ہے کہ اس کو ضائع کرے، اسی طرح اگر غیر محتسب نے یہ حرکت کی اور یہ چیزیں مسلمان کی ہیں تو بھی کوئی ضمان واجب نہیں، اور اگر غیر مسلم کی ہیں اور وہ اس کے نزدیک مال متقوم ہیں تو ضمان واجب ہے، خواہ توڑنے والا مسلمان ہو یا غیر مسلم؟

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں ایک اثر اور تین حدیثیں پیش کی ہیں:

اثر: قاضی شریح جو کوفہ کے قاضی تھے ان کی کورٹ میں ایک مقدمہ آیا، ایک شخص نے دوسرے کی ستار توڑ دی تھی، قاضی صاحب نے اس کا کوئی ضمان نہیں دلوایا (اس فیصلہ کا محمل یہ صورت ہوگی کہ وہ ستار کسی مسلمان کی ہوگی، اور محتسب نے اس کو توڑا ہوگا، اس لئے قاضی صاحب نے کوئی ضمان نہیں دلوایا)

ملحوظہ: وہ مورتی یا صلیب جو غیر مسلموں کے پاس پوجا کے لئے ہے ان کا یہ حکم ہے، لیکن وہ مورتیاں جو چوراہوں پر نصب کی جاتی ہیں ان کو اسلامی حکومت توڑ دے گی، اس لئے کہ یہ پوجا کے لئے نہیں ہیں، بلکہ یہ کفر کا شعار ہیں، ان کو برقرار رکھنے کا ہمیں کوئی حکم نہیں دیا گیا، افغانستان میں ایسا بدّھا کا ایک مجسمہ تھا، طالبان گورنمنٹ نے اس کو توڑ دیا جس پر لوگوں نے بہت واویلا مچایا کہ اسلام نے غیر مسلم کی پرستش کی چیزوں کو نہ چھیڑنے کا حکم دیا ہے، یہ اعتراض صحیح نہیں تھا، کیونکہ وہ مورتی پوجا کے لئے نہیں تھی، تبرک کے لئے تھی، اس کے نیچے سے غلہ کے ٹرک گذرتے تھے پھر وہ کولڈ اسٹوری میں رکھے جاتے تھے۔

حدیث (۱): جنگِ خیبر کے موقع پر نبی ﷺ نے دیکھا کہ چولھے جل رہے ہیں، لوگ کچھ پکا رہے ہیں، آپؐ نے پوچھا: لوگ کیا پکا رہے ہیں؟ بتلایا گیا کہ گدھوں کا گوشت پکا رہے ہیں، آپؐ نے حکم دیا کہ ہانڈیاں توڑ دی جائیں اور گوشت پھینک دیا جائے، لوگوں نے عرض کیا: اگر ہم گوشت پھینک دیں اور ہانڈیاں دھوکر پاک کرلیں؟ آپؐ نے فرمایا: ایسا کرلو۔

تشریح: گدھوں کا گوشت کیوں پھینکوایا تھا؟ دو احتمال ہیں، ایک یہ کہ اس سے پہلے گدھا حلال تھا اب اس کی حرمت نازل ہوئی ہے۔ دوم: یہ کہ وہ مال غنیمت تھا اور تقسیم کے بغیر ذبح کر کے پکانا شروع کر دیا گیا تھا، جبکہ مال غنیمت میں کھانے پینے کی چیزیں جیسے پیاز، اور گھاس وغیرہ اس کا استعمال تقسیم پر موقوف نہیں۔ مگر بکریاں ملیں تو وہ باقاعدہ تقسیم ہونگی، گدھوں کا بھی یہی حکم ہے اس لئے آپؐ نے سزا کے طور پر وہ گوشت ضائع کرادیا۔

فائدہ: الحمر الإِنْسية (الف کا زیر اور نون ساکن) ہے یا الحمر الأَنَسية (الف اور نون کا زبر) ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ اسماعیل بن ابی اویسؒ کہتے ہیں: ہمزہ اور نون کے زبر کے ساتھ ہے اور أَنَس کی طرف نسبت ہے جو وحشت کی ضد ہے لیکن مشہور ہمزہ کا زیر اور نون کا سکون ہے اور إِنْس (بنی آدم) کی طرف منسوب ہے، یعنی وہ گدھے جو انسانوں سے مانوس ہیں، پالتو ہیں۔

حدیث (۲): جب نبی ﷺ فتح مکہ کے موقع پر مکہ پہنچے تو کعبہ کے اردگرد تین سو ساٹھ مورتیاں تھیں، آپؐ چھڑی سے

چوکا دیتے تھے، اور فرماتے تھے:﴿جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ﴾: حق آیا اور باطل مٹا! پس وہ مورتی گر جاتی تھی۔

تشریح: مکہ اب دارالاسلام بن گیا تھا وہاں غیر مسلم نہیں رہے تھے، اور کعبہ شریف اللہ کا گھر تھا، وہاں مورتیوں کی کوئی جگہ نہیں تھی، اس لئے سب مورتیاں توڑ دی گئیں، اسی طرح اگر کوئی بستی مسلمان ہوجائے اور اس بستی میں مندر ہو تو وہ ختم کردیا جائے گا۔

حدیث (۳): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سامان کی الماری پر ایک ایسا پردہ لٹکایا تھا جس میں تصویریں تھیں، نبی ﷺ نے اس کو چاک کردیا، پھر اس کے دو گدے بنالئے گئے جو آپؐ کے گھر میں رہے، جس پر آپؐ جلوہ افروز ہوتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کا باب سے کچھ گہرا تعلق نہیں، یہ تو اپنی ملکیت میں ایک غیر شرعی چیز کو مٹانا ہے، اس میں ضمان کا کیا سوال ہے؟

[۳۲-] بَابٌ: هَلْ تُكْسَرُ الدِّنَانُ الَّتِيْ فِيْهَا الْخَمْرُ، وَتُخَرَّقُ الزِّقَاقُ؟

فَإِنْ كَسَرَ صَنَمًا أَوْ صَلِيْبًا أَوْ طُنْبُوْرًا أَوْ مَالاَ يُنْتَفَعُ: بِخَشَبِهِ؟

وَأُتِيَ شُرَيْحٌ فِي طُنْبُوْرٍ كُسِرَ، فَلَمْ يَقْضِ فِيْهِ بِشَيْئٍ.

[۲۴۷۷-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى نِيْرَانًا تُوْقَدُ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَقَالَ: "عَلٰى مَا تُوْقَدُ هٰذِهِ النِّيْرَانُ؟" قَالُوْا: عَلَى الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ، قَالَ: "اكْسِرُوْهَا وَاهْرِيْقُوْهَا" قَالُوْا: أَلاَ نُهْرِيْقُهَا وَنَغْسِلُهَا؟ قَالَ: "اغْسِلُوْا"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: كَانَ ابْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ يَقُوْلُ: الْحُمُرُ الْأَنَسِيَّةُ: بِنَصْبِ الْأَلِفِ وَالنُّوْنِ.

[انظر: ٤١٩٦، ٥٤٩٧،٦١٤٨، ٦٣٣١، ٦٨٩١]

[۲۴۷۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ وَحَوْلَ الْكَعْبَةِ ثَلاَثُ مِائَةٍ وَسِتُّوْنَ نُصُبًا، فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا بِعُوْدٍ فِي يَدِهِ، وَجَعَلَ يَقُوْلُ:﴿جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ﴾ الآية [الإسراء: ٨١]

[انظر: ٤٢٨٧، ٤٧٢٠]

[۲۴۷۹-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا كَانَتِ اتَّخَذَتْ عَلٰى سَهْوَةٍ لَهَا سِتْرًا فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، فَهَتَكَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاتَّخَذَتْ مِنْهُ نُمْرُقَتَيْنِ، فَكَانَتَا فِي الْبَيْتِ يَجْلِسُ عَلَيْهِمَا.

[انظر: ٥٩٥٤، ٥٩٥٥، ٦١٠٩]

لغات: الطُّنبور: ستار (ایک باجہ)..........السَّهْوَة: سامان کی الماری، مچان، جمع سِهَاءٌ..........هَتَكَ (ض) السِّتْرَ: پردہ چاک کرنا..........النُّمْرُق: چھوٹا تکیہ، جمع نَمَارِق۔

بَابٌ: مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ

جو اپنے مال کی حفاظت میں مارا گیا

کوئی شخص کسی کی جان یا مال لینا چاہتا ہے، پس شریعت کا حکم ہے کہ اس سے لڑو اور اپنی جان اور مال بچاؤ، اگر مارے گئے تو شہید ہوؤ گے، معلوم ہوا کہ یہ اپنے نفس پر ظلم نہیں اور اگر ظالم کو ماردیا تو یہ بھی ظلم نہیں، کیونکہ اپنی مدافعت کا ہر شخص کو حق ہے۔

[۳۳-] بَابٌ: مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ

[۲٤۸۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِي أَيُّوْبَ، ثَنِي أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ"

بَابٌ: إِذَا كَسَرَ قَصْعَةً أَوْ شَيْئًا لِغَيْرِهِ

کسی کا کٹورہ یا کوئی اور چیز توڑ دی

کسی کا پیالہ یا کوئی اور چیز توڑ دی تو یہ ظلم ہے اور ضمان واجب ہے۔ ذوات الامثال میں مثل (مانند) اور ذوات القیم میں قیمت ادا کی جائے گی، اور باب میں یہ روایت ہے کہ ایک دن نبی ﷺ کی باری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں تھی، حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے یہاں کوئی اچھا کھانا پکا، انھوں نے لکڑی کے پیالہ میں کھانا رکھ کر باندی کے ہاتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں بھیجا، حضرت عائشہؓ کو غیرت آئی اور اس انداز سے ہاتھ چلایا کہ پیالہ گر کر ٹوٹ گیا اور کھانا بکھر گیا، نبی ﷺ اٹھے اور کھانا دوسرے برتن میں جمع کر لیا اور فرمایا: "برتن کے بدل برتن اور کھانے کے بدل کھانا" یعنی جو تمہارے یہاں کھانا پکا ہے وہ بھیجو، پھر وہ کٹورہ چاندی کے تار سے جڑوالیا اور وصالِ نبوی کے بعد وہ کٹورہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو عنایت فرمایا۔

سوال: کٹورہ ذوات القیم میں سے ہے، ذوات الامثال میں سے نہیں ہے، پہلے زمانہ میں کٹورے ایک جیسے نہیں بنتے تھے، پھر کٹورے کے بدل کٹورہ کیوں دلوایا؟

جواب: یہ ضمان کا مسئلہ نہیں ہے، دونوں گھر نبی ﷺ کے تھے اور گھر کا سازوسامان بھی آپ کا تھا، پس ایک گھر سے ٹوٹے ہوئے کٹورے کے بدل دوسرے گھر سے کٹورہ بھجوایا اور ٹوٹا ہوا مرمت کر کے رکھ لیا۔

[٣٤-] بَابٌ: إِذَا كَسَرَ قَصْعَةً أَوْ شَيْئًا لِغَيْرِهِ

[٢٤٨١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ عِنْدَ بَعْضِ نِسَائِهِ، فَأَرْسَلَتْ إِحْدَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ مَعَ خَادِمٍ بِقَصْعَةٍ فِيْهَا طَعَامٌ، فَضَرَبَتْ بِيَدِهَا فَكَسَرَتِ الْقَصْعَةَ، فَضَمَّهَا وَجَعَلَ فِيْهَا الطَّعَامَ، وَقَالَ: "كُلُوْا" وَحَبَسَ الرَّسُوْلَ، وَالْقَصْعَةَ حَتَّى فَرَغُوْا، فَدَفَعَ الْقَصْعَةَ الصَّحِيْحَةَ وَحَبَسَ الْمَكْسُوْرَةَ.

وَقَالَ ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ: أَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ: ثَنَا حُمَيْدٌ: ثَنَا أَنَسٌ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ٥٢٢٥]

سند: دوسری سند تحدیث کی صراحت کے لئے لائے ہیں، حُمید طویل نے حضرت انسؓ سے یہ حدیث سنی ہے۔

بَابٌ: إِذَا هَدَمَ حَائِطًا فَلْيَبْنِ مِثْلَهُ

دیوار ڈھادی تو ویسی ہی دیوار بنادے

کسی نے دوسرے کی دیوار ڈھادی تو یہ ظلم ہے اور ضمان واجب ہے، اور دیوار ذات القیم ہے، پس قیمت دے، لیکن اگر ضمان میں ویسی ہی دیوار بنادے اور مالک راضی ہوجائے تو یہ بھی درست ہے اور باب میں وہی حدیث ہے جو پہلے گذری ہے، جریج کو ایک باندی نے زنا کے ساتھ متہم کیا، گاؤں والوں نے دھاوا بول دیا اور ان کا گرجا ڈھادیا، پھر اللہ نے ان کو الزام سے بری کردیا، نومولود بچہ بولا کہ وہ چرواہے کا ہے، پس لوگوں کی عقیدت بڑھ گئی اور انھوں نے کہا: ہم آپ کا گرجا سونے کا بنادیتے ہیں، جریج نے کہا: نہیں، جیسا پہلے تھا ویسا ہی مٹی کا بنادو۔

[٣٥-] بَابٌ: إِذَا هَدَمَ حَائِطًا فَلْيَبْنِ مِثْلَهُ

[٢٤٨٢-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَانَ رَجُلٌ فِي بَنِي إِسْرَائِيْلَ يُقَالُ لَهُ: جُرَيْجٌ، يُصَلِّي فَجَاءَتْهُ أُمُّهُ فَدَعَتْهُ، فَأَبَى أَنْ يُجِيْبَهَا، فَقَالَ: أُجِيْبُهَا أَوْ أُصَلِّيْ؟ ثُمَّ أَتَتْهُ فَقَالَتْ: اللّٰهُمَّ لَا تُمِتْهُ حَتَّى تُرِيَهُ وُجُوْهَ الْمُوْمِسَاتِ، وَكَانَ جُرَيْجٌ فِي صَوْمَعَتِهِ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ: لَأَفْتِنَنَّ جُرَيْجًا، فَتَعَرَّضَتْ لَهُ، فَكَلَّمَتْهُ، فَأَبَى، فَأَتَتْ رَاعِيًا فَأَمْكَنَتْهُ مِنْ نَفْسِهَا، فَوَلَدَتْ غُلَامًا، فَقَالَتْ: هُوَ مِنْ جُرَيْجٍ، فَأَتَوْهُ وَكَسَرُوْا صَوْمَعَتَهُ فَأَنْزَلُوْهُ وَسَبُّوْهُ، فَتَوَضَّأَ وَصَلَّى ثُمَّ أَتَى الْغُلَامَ، فَقَالَ: مَنْ أَبُوْكَ يَا غُلَامُ؟ قَالَ: الرَّاعِيْ، قَالُوْا: نَبْنِيْ صَوْمَعَتَكَ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: لَا، إِلَّا مِنْ طِيْنٍ" [راجع: ١٢٠٦]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كتابُ الشِّرْكَةِ

ساجھاداری کا بیان

الشرکۃ: باب سمع کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: ساجھاداری۔ الاختلاطُ علی الشُّیوع أو علی الْمُجَاورۃ: اصطلاحی معنی بھی تقریباً یہی ہیں، کسی چیز میں دو یا زیادہ شخصوں کا حق ثابت ہونا، ثُبوت الحق لِاثْنَیْنِ فصاعدا فی الشیئ الواحد کیف کان؟ ایک چیز میں دو یا زیادہ شخصوں کا حق ثابت ہونا جیسے بھی ہو؟ یعنی اگرچہ کم وبیش ہو۔

بَابُ الشِّرْكَةِ فِی الطَّعَامِ وَالنَّهْدِ وَالْعُرُوْضِ

کھانے کی چیزوں میں اور مشترک کھانے کی چیزوں میں اور سامان میں بھاگی داری

یہ جنرل باب ہے، اس کے بہت سے اجزاء ہیں جن پر آگے تفصیلی ابواب آئیں گے۔

اب پہلے باب کے اجزاء کو سمجھ لیں:

تین چیزوں کا ذکر کیا ہے، طعام یعنی کھانے کی چیزیں، نِهد (نون کا زبر اور زیر) اجتماعی کھانے کی چیز، تَنَاهَدَ القومُ: برابر برابر نفقہ نکالنا تاکہ اس سے مشترک طور پر غلہ وغیرہ خریدا جائے، پس طعام اور نہد میں عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے، طعام عام ہے اور نہد خاص ہے، اور عروض: عرض کی جمع ہے، یعنی کوئی بھی سامان، پس یہ اور بھی عام ہے۔

ان تینوں چیزوں کے بارے میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر ان کو آپس میں بانٹنا ہو اور وہ مکیلی یا موزونی چیزیں ہوں یعنی ربوی چیزیں ہوں تو ان کو آپس میں کیسے بانٹا جائے؟ (وکیف قسمۃُ ما یُکال ویوزن؟) پیمانہ میں بھر کر یا ترازو سے تول کر بانٹنا ضروری ہے یا اٹکل سے بھی بانٹ سکتے ہیں؟ مٹھی بھر بھر کر دیدیں؟ (مجازفۃً أو قبضۃً قبضۃً) حضرت رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس طرح چاہو بانٹو، کیونکہ یہ چیزیں اگرچہ ربوی ہیں مگر ان کو اٹکل سے بھی بانٹ سکتے ہیں کیونکہ مکیلات اور موزونات میں اگر واقعی تقسیم مقصود ہو تو ربوی چیزیں تول کر یا ناپ کر برابر کرنا ضروری ہے، لیکن اگر یہ مقصود نہ ہو تو اٹکل سے بھی بانٹ سکتے ہیں، ایسی صورت میں مسامحت (چشم پوشی) برتی جاتی ہے، اور اس کی نظیر: مرغی اور بکرے کو تولنا ہے، اگر واقعی تولنا مقصود ہو تو حیوان کی بیع تول کر درست نہیں، اور اگر مقصد تقدیر ثمن (قیمت کا اندازہ لگانا) ہو تو تولنا درست ہے یا جیسے قربانی

کا گوشت شرکاء نے بانٹا، پس اگر واقعی تقسیم مقصود ہو تو تول کر برابری کرنا ضروری ہے، کیونکہ گوشت ربوی چیز ہے، اور اگر شرکاء حسب ضرورت لے جائیں اور باقی غرباء میں بانٹ دیا جائے تو تول کر برابری کرنا ضروری نہیں۔

تین شخص سفر کر رہے ہیں، میرٹھ کا اسٹیشن آیا، سب نے دس دس روپے نکالے اور انگور لائے اور سب نے مل کر کھائے، کس نے کتنے کھائے یہ معلوم نہیں، تو یہ درست ہے، اور دلیل یہ ہے کہ مسلمانوں میں پہلے سے اس کا رواج چلا آرہا ہے، مسلمان اس میں کوئی تنگی محسوس نہیں کرتے کہ ایک آدمی کم کھائے دوسرا زیادہ۔ اسی طرح اگر سونا چاندی بانٹنے ہوں اور واقعی بانٹنا مقصود ہو تو تول کر برابر کرنا ضروری ہے، اور اگر مسامحت کے ساتھ بانٹنا ہو تو اٹکل سے بھی بانٹ سکتے ہیں (وكذلك مجازفة الذهب والفضة) اسی طرح اگر سب مل کر کھجوریں کھا رہے ہوں اور سب ایک ایک دانہ کھا رہے ہوں تو یہ نہیں دیکھا جائے گا کہ کس نے بڑا دانہ اٹھایا اور کس نے چھوٹا؟ ہاں اگر کوئی دو دانے ایک ساتھ کھانا چاہے تو ساتھیوں سے اجازت لینا ضروری ہے۔ (والقِران في التمر) اتنا لمبا باب ہے اور ان اجزاء پر آگے ابواب آرہے ہیں، پس یہ جنرل باب ہے۔

اور باب میں چار حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: ایک سریہ ساحل سمندر کی طرف بھیجا گیا، اس میں تین سو آدمی تھے، امیر حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ تھے، سفر میں جب توشہ ختم ہونے آیا تو امیر صاحب نے حکم دیا کہ جس کے پاس جو توشہ ہے وہ لے آئے، اس سے کھجور کے دو تھیلے بھرے، اب امیر صاحب روزانہ ہر ایک کو ایک ایک کھجور دیتے تھے، طالب علموں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: ایک کھجور سے کیا ہوتا ہوگا؟ حضرت جابرؓ نے کہا: جب ایک کھجور بھی ملنا بند ہوگئی تب ہمیں احساس ہوا کہ ایک کھجور کتنی بڑی نعمت تھی، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے انتظام کیا، سمندر کے کنارے عنبر مچھلی مل گئی، وہ اتنی بڑی تھی کہ تین سو آدمیوں نے اٹھارہ دن تک کھائی، اس واقعہ میں یہ ہے کہ امیر صاحب نے سب کے توشے اکٹھا کر لئے، پھر ہر ایک کو ایک ایک کھجور دیتے تھے، یہ شرکت فی الطعام، نہد اور شرکت فی العروض ہے۔

دوسری حدیث: ایک جہاد میں توشے ختم ہوگئے لوگوں نے نبی ﷺ سے سواری کے اونٹ ذبح کرنے کی اجازت چاہی، آپؐ نے اجازت دیدی، وہ اجازت لے کر واپس آرہے تھے کہ راستہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ مل گئے، انھوں نے کہا: سواری کے اونٹ کاٹ کھاؤ گے تو اونٹوں کے بغیر سفر کیسے کرو گے؟ واپس چلو، اور حضور ﷺ سے عرض کیا: جب لوگوں کے پاس اونٹ نہیں رہیں گے تو لوگ سفر کیسے کریں گے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے، لشکر میں اعلان کرو کہ جس کے پاس جو توشہ ہے لے آئے، ایک چمڑے کے دسترخوان پر وہ سب جمع کیا گیا، یہ نہد ہوا، پھر نبی ﷺ نے اس میں برکت کی دعا فرمائی پھر اعلان کیا کہ اپنے برتن لے آؤ، اور کھانا بھر کر لے جاؤ، چنانچہ لوگ اپنے تھیلے لے کر آئے اور جس کے پاس جو برتن تھا اسے بھر کر لے گیا۔

تیسری حدیث: دس آدمی برابر برابر پیسے نکال کر مشترک طور پر اونٹ خرید کر لاتے تھے اور اسے عصر کے بعد ذبح

کرتے تھے اور مغرب سے پہلے گوشت دس حصوں میں بانٹ لیتے تھے اور پکا کر کھا بھی لیتے تھے، اس حدیث میں تولنے کا ذکر نہیں، پس یہ نہد ہو گیا، اب اس کو شرکاء جس طرح چاہیں بانٹ سکتے ہیں۔

چوتھی حدیث: قبیلہ اشعر یمن سے آکر مدینہ میں آباد ہو گیا تھا، ایک مرتبہ حضور ﷺ نے فرمایا: اشعریوں کا طریقہ مجھے پسند ہے، وہ میرے مزاج کے لوگ ہیں، ان کا طریقہ یہ تھا کہ جب گھروں میں آٹا ختم ہونے آتا تو سارا قبیلہ اپنا کم وبیش آٹا لاکر ایک جگہ جمع کر دیتا، پھر کسی برتن سے برابر برابر تقسیم کر لیتے، یہ جمع شدہ آٹا نہد ہے اور اس کو برتن سے تقسیم کیا ہے، معلوم ہوا کہ اگر حقیقی تقسیم مقصود نہ ہو تو اندازہ سے بھی بانٹ سکتے ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

۴۷- كتابُ الشركة

[۱-] بَابُ الشِّرْكَةِ فِي الطَّعَامِ وَالنَّهْدِ وَالْعُرُوْضِ

وَكَيْفَ قِسْمَةُ مَايُكَالُ وَيُوْزَنُ؟ مُجَازَفَةً أَوْ قَبْضَةً قَبْضَةً؟ لِمَا لَمْ يَرَ الْمُسْلِمُوْنَ فِي النَّهْدِ بَأْسًا: أَنْ يَأْكُلَ هٰذَا بَعْضًا وَهٰذَا بَعْضًا، وَكَذٰلِكَ مُجَازَفَةُ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَالْقِرَانُ فِي التَّمْرِ.

ترجمہ: کھانے کی چیزوں میں اور اجتماعی چیزوں میں اور سامان میں بھاگی داری، اور مکیلات اور موزونات کیسے تقسیم کی جائیں؟ اٹکل سے یا مٹھی بھر بھر کر؟ اس وجہ سے کہ مسلمان اجتماعی کھانے کی چیز میں کوئی تنگی محسوس نہیں کرتے کہ یہ شخص تھوڑا کھائے اور دوسرا شخص زیادہ کھائے (یہ حضرت نے باب کے درمیان جواز کی دلیل پیش کی) اور اسی طرح سونا اور چاندی اٹکل سے تقسیم کرنا اور دو کھجوریں ملا کر کھانا۔

[۲۴۸۳-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، أَنَّهُ قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَعْثًا قِبَلَ السَّاحِلِ، فَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ، وَهُمْ ثَلَاثُ مِائَةٍ، وَأَنَا فِيْهِمْ، فَخَرَجْنَا حَتَّى إِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ فَنِيَ الزَّادُ، فَأَمَرَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بِأَزْوَادِ ذٰلِكَ الْجَيْشِ، فَجُمِعَ ذٰلِكَ كُلُّهُ، فَكَانَ مِزْوَدَىْ تَمْرٍ، وَكَانَ يُقَوِّتُنَا كُلَّ يَوْمٍ قَلِيْلًا قَلِيْلًا حَتَّى فَنِيَ، فَلَمْ تَكُنْ تُصِيْبُنَا إِلَّا تَمْرَةٌ تَمْرَةٌ، فَقُلْتُ: وَمَا تُغْنِيْ تَمْرَةٌ؟ فَقَالَ: لَقَدْ وَجَدْنَا فَقْدَهَا حِيْنَ فَنِيَتْ، قَالَ: ثُمَّ انْتَهَيْنَا إِلَى الْبَحْرِ، فَإِذَا حُوْتٌ مِثْلُ الظَّرْبِ، فَأَكَلَ مِنْهُ ذٰلِكَ الْجَيْشُ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ لَيْلَةً، ثُمَّ أَمَرَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بِضِلْعَيْنِ مِنْ أَضْلَاعِهِ فَنُصِبَا، ثُمَّ أَمَرَ بِرَاحِلَةٍ فَرُحِلَتْ، ثُمَّ مَرَّتْ تَحْتَهُمَا فَلَمْ تُصِبْهُمَا.

[۲۹۸۳، ۴۳۶۰، ۴۳۶۲، ۵۴۹۳، ۵۴۹۴]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ساحل سمندر کی طرف ایک سریہ بھیجا، پس ان کا حضرت ابوعبیدۃ رضی اللہ عنہ کو امیر بنایا، اور وہ تین سو تھے، اور میں بھی ان میں تھا، پس ہم نکلے یہاں تک کہ جب ہم راستہ کے درمیان تھے تو توشہ ختم ہوگیا، پس حضرت ابوعبیدہؓ نے اس لشکر کے توشوں کے بارے میں حکم دیا، پس وہ سارا توشہ جمع کیا گیا، پس وہ چھوہاروں کے دو تھیلے بنے، پس وہ ہمیں کھانے کے لئے دیا کرتے تھے ہر دن تھوڑا تھوڑا، یہاں تک کہ وہ بھی ختم ہونے آیا، پس ہمیں نہیں پہنچتا تھا مگر ایک ایک چھوہارا۔ وہب بن کیسان نے پوچھا: ایک چھوہارے سے کیا کام چلتا ہوگا؟ حضرت جابرؓ نے فرمایا: ہمیں اس کے نہ رہنے کا احساس ہوا جب وہ بھی ختم ہوگیا، حضرت جابرؓ کہتے ہیں: پھر ہم سمندر پر پہنچے، پس اچانک ایک مچھلی ٹیلے جیسی مل گئی، پس اس سے اس لشکر نے اٹھارہ دن کھایا، پھر ابوعبیدہؓ نے حکم دیا اس کی پسلیوں میں سے دو پسلیوں کے بارے میں پس وہ دونوں کھڑی کی گئیں پھر سواری کی ایک اونٹنی کے بارے میں حکم دیا پس اس پر کجاوا کسا گیا، پھر وہ ان دونوں پسلیوں کے نیچے سے گذری، پس کجاوہ پسلیوں سے نہیں لگا۔

[٢٤٨٤-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مَرْحُوْمٍ، ثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَفَّتْ أَزْوَادُ الْقَوْمِ وَأَمْلَقُوْا، فَأَتَوُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي نَحْرِ إِبِلِهِمْ، فَأَذِنَ لَهُمْ، فَلَقِيَهُمْ عُمَرُ فَأَخْبَرُوْهُ، فَقَالَ: مَابَقَاؤُكُمْ بَعْدَ إِبِلِكُمْ؟ فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا بَقَاؤُهُمْ بَعْدَ إِبِلِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "نَادِ فِي النَّاسِ يَأْتُوْنَ بِفَضْلِ أَزْوَادِهِمْ" فَبُسِطَ لِذٰلِكَ نِطَعٌ، وَجَعَلُوْهُ عَلَى النِّطَعِ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَدَعَا وَبَرَّكَ عَلَيْهِ، ثُمَّ دَعَاهُمْ بِأَوْعِيَتِهِمْ، فَاحْتَثَى النَّاسُ حَتَّى فَرَغُوْا، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ"[انظر: ٢٩٨٢]

ترجمہ: حضرت سلمہؓ کہتے ہیں: لوگوں کے توشے ختم ہوگئے اور وہ تنگ دست ہوگئے، پس وہ نبی ﷺ کے پاس آئے اپنے اونٹوں کو ذبح کرنے کی اجازت لینے کے لئے، پس آپؐ نے ان کو اجازت دیدی، پھر ان سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ ملے، تو لوگوں نے ان کو یہ بات بتلائی، پس حضرت عمرؓ نے کہا: تمہارے اونٹوں کے بعد تمہارے بقاء کا کیا سامان ہوگا؟ یعنی بغیر اونٹوں کے سفر کیسے کروگے؟ پس حضرت عمرؓ نبی ﷺ کے پاس گئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! لوگ اپنے اونٹوں کے بغیر کیسے باقی رہیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: لوگوں میں اعلان کرو، پس وہ اپنے بچے ہوئے توشے لائیں، پس اس کے لیے چمڑے کا دسترخوان بچھایا گیا، اور وہ توشے اس پر رکھے گئے، پس نبی ﷺ کھڑے ہوئے اور دعا کی، اور اس پر پھونکا، پھر لوگوں کو ان کے برتنوں کے ساتھ بلایا، پس لوگوں نے چلو بھرے، یہاں تک کہ سب نمٹ گئے، پھر آپؐ نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔

[۲٤۸۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثنا أَبُوْ النَّجَاشِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْعَصْرَ فَنَنْحَرُ جَزُوْرًا، فَتُقْسَمُ عَشْرَ قِسَمٍ، فَنَأْكُلُ لَحْمًا نَضِجًا قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ.

ترجمہ: حضرت رافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ عصر پڑھتے تھے پھر قصائی کا اونٹ ذبح کرتے تھے پھر دس حصوں میں بانٹ دیتے تھے، پھر سورج غروب ہونے سے پہلے پکا ہوا گوشت کھالیتے تھے۔

تشریح: صحابہ جانور ذبح کرنا، صاف کرنا اور پارچے بنانا جانتے تھے، ہمارے یہاں بقرعید میں دو تین قصائی آتے ہیں اور گھنٹے بھر میں بڑا جانور ذبح کر کے کھال اتار کر بوٹیاں بنادیتے ہیں، اور عربوں کے یہاں گوشت کھانے کا طریقہ یہ تھا کہ کسی لکڑی میں بوٹیاں پرو دیتے تھے پھر اس کو آگ دکھاتے تھے، جب بوٹیاں چر چر کرنے لگیں تو کھانا شروع کر دیتے تھے وہ کہتے تھے: اللحم إذا عرق۔ پس حدیث میں جو کچھ آیا ہے اس کے لئے ایک گھنٹہ کافی ہے، ہاں اناڑی اگر جانور ذبح کریں تو گوشت پکنے تک کئی گھنٹے لگ جائیں گے۔

[۲٤۸٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الْأَشْعَرِيِّيْنَ إِذَا أَرْمَلُوْا فِي الْغَزْوِ، أَوْ قَلَّ طَعَامُ عِيَالِهِمْ بِالْمَدِيْنَةِ، جَمَعُوْا مَا كَانَ عِنْدَهُمْ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ اقْتَسَمُوْا بَيْنَهُمْ فِيْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ بِالسَّوِيَّةِ، فَهُمْ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْهُمْ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: قبیلہ اشعر کے لوگ جب کسی جہاد میں تنگ دست ہو جاتے ہیں یا مدینہ میں ان کے بچوں کا کھانا کم ہو جاتا ہے تو وہ ایک کپڑے میں جمع کر لیتے ہیں اس باقی ماندہ کو جو ان کے پاس ہے، پس وہ اس کو آپس میں برابر برابر بانٹ لیتے ہیں ایک برتن سے، پس وہ میرے مزاج کے ہیں اور میں ان کے مزاج کا ہوں!

بَابُ مَا كَانَ مِنْ خَلِيْطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ فِي الصَّدَقَةِ

زکوٰۃ میں جو جانور دو شریکوں سے لیا گیا وہ آپس میں ٹھیک ٹھیک لین دین کرلیں

یہ باب اور حدیث بعینہ کتاب الزکاۃ میں گذر چکے ہیں (تحفۃ القاری ۴: ۲۲۴) خلطۃ الشیوع میں اگر بکریاں انصافاً ہوں تو کچھ لین دین نہیں ہوگا، اور اگر اثلاثاً ہوں مثلاً مرنے والے نے سو بکریاں چھوڑیں، اور وارث ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہیں تو دو ثلث والے پر ایک بکری واجب ہوگی، اور ایک ثلث والے پر کچھ واجب نہیں ہوگا، کیونکہ نصاب مکمل نہیں، پس جو مشترک بکری زکوٰۃ میں لی گئی اس کی قیمت کا تہائی دو ثلث والا ایک ثلث والے کو دے گا اور اگر ایک سو بیس بکریاں اثلاثاً ہوں تو دو بکریاں واجب ہونگی، پس دو ثلث والا ایک ثلث والے سے ایک بکری کا ثلث لے گا، کیونکہ اس کا ایک ثلث زائد گیا ہے۔

استدلال: اس حدیث میں حضور ﷺ نے برابری کرنے کے لئے فرمایا ہے اس میں تولنے ناپنے کی کوئی قید نہیں، پس مجازفۃً یعنی اٹکل سے بھی برابری کرسکتے ہیں۔

[۲-] بَابُ مَاكَانَ مِنْ خَلِيْطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ فِي الصَّدَقَةِ

[۲٤۸۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنَّى، ثَنِيْ أَبِيْ، ثَنِيْ ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ فَرِيْضَةَ الصَّدَقَةِ الَّتِيْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيْطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ"[راجع: ۱٤٤۸]

بَابُ قِسْمَةِ الْغَنَمِ

بکریاں بانٹنا

بکریاں سب برابر نہیں ہوتیں، اور وہ ربوی بھی نہیں، پس اگر ان کو گنتی سے بانٹ دیا جائے تو درست ہے، لوگ اس طرح بانٹتے ہیں۔

حدیث: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ ذوالحلیفہ میں تھے (آگے صفحہ ۳۴۱ پر آئے گا کہ یہ ذوالحلیفہ تہامہ میں ہے، مدینہ کے قریب جو ذوالحلیفہ میقات ہے وہ مراد نہیں) پس لوگوں کو بھوک پہنچی پس انھوں نے غنیمت میں اونٹ اور بکریاں پائیں، حضرت رافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ابھی پیچھے تھے، وہاں نہیں پہنچے تھے، پس لوگوں نے جلدی کی اور جانور ذبح کئے اور ہانڈیاں چڑھادیں، نبی ﷺ نے ہانڈیوں کے بارے میں حکم دیا، وہ الٹ دی گئیں یعنی تمام گوشت ایک جگہ جمع کرلیا گیا، پھر تقسیم کیا، پس دس بکریوں کو ایک اونٹ کے برابر گردانا۔

اس حدیث میں دوسرا واقعہ یہ ہے کہ اونٹوں میں سے ایک اونٹ بدک گیا، پس لوگوں نے اس کا پیچھا کیا، مگر اس نے لوگوں کو تھکادیا، اور لشکر میں گھوڑے تھوڑے تھے، یعنی نہیں تھے پس ان میں سے ایک آدمی نے تیر کے ساتھ قصد کیا یعنی تیر چلایا پس اس کو اللہ نے روک لیا پھر حضور ﷺ نے فرمایا: ان پالتو چوپایوں میں سے بھی بعض بدک جاتے ہیں وحشی جانوروں کی طرح پس ان میں سے جو تم کو ہرادے اس کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کرو۔

تیسرا مضمون: اس حدیث میں یہ ہے: حضرت رافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں آئندہ کل دشمن سے مڈبھیڑ کا ڈر تھا اور ہمارے ساتھ چھریاں نہیں تھیں، پس ہم نے مسئلہ پوچھا کہ کیا بانس کی کھپچی سے ذبح کرسکتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: جو بھی چیز خون بہادے اور اس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو تو اس کو کھاؤ، علاوہ دانت اور ناخن کے اور ابھی میں تم کو اس کی وجہ بتاتا ہوں: دانت تو ہڈی ہے، اور ناخن حبشہ والوں کی چھری ہے۔

تشریح: مالِ غنیمت میں کھانے پینے کی چیزیں ملیں جیسے: پیاز، لہسن اور گھاس وغیرہ تو ان کو تقسیم سے پہلے استعمال

کرسکتے ہیں، مگر اونٹ اور بکریوں کے لئے یہ مسئلہ نہیں، وہ باقاعدہ تقسیم کی جائیں گی، لوگوں نے بغیر تقسیم کئے ذبح کرکے گوشت پکنے کے لئے چڑھادیا، اس لئے آپؐ نے ساری ہانڈیاں الٹوادیں اور گوشت ایک جگہ جمع کرلیا، پھر تقسیم اس طرح عمل میں آئی کہ جتنے افراد کو ایک اونٹ دیا اتنے افراد کو دس بکریاں دیں۔

اور پالتو جانوروں میں ذبح اختیاری ضروری ہے اور جنگلی جانوروں میں سے جو قابو سے باہر ہوں ذبح اضطراری بھی کافی ہے، لیکن اگر کوئی پالتو جانور بدک جائے اور ذبح اختیاری پر قدرت نہ ہو تو اس میں بھی ذبح اضطراری کافی ہے، جیسے کوئی بڑا جانور کنویں میں یا کھائی میں گر گیا اور اتر کر ذبح کرنے کی کوئی صورت نہ ہو تو اوپر سے بسم اللہ اللہ اکبر پڑھ کر کوئی دھار چیز کلہاڑی وغیرہ ماری جائے اور زخمی کردیا جائے، پھر جب خون نکل جائے اور مر جائے تو اتر کر کاٹ کر نکال لیا جائے۔

اور ذبح ہر دھار دار چیز سے ہوسکتا ہے، البتہ منہ میں لگے ہوئے دانت سے اور انگلی میں لگے ہوئے ناخن سے ذبح کرنا درست نہیں، دانت ایک ہڈی ہے اس میں دھار نہیں اور ناخن بھی ہڈی ہے، علاوہ ازیں وہ حبشہ والوں کی چھری ہے پس اس میں غیر قوم کے ساتھ مشابہت بھی ہے اور اگر دانت اور ناخن منفصل ہوں اور ان میں دھار نکال لی ہو تو اس سے ذبح جائز ہے۔ وہ حدیث کا مصداق نہیں۔

[۳-] بَابُ قِسْمَةِ الْغَنَمِ

[۲۴۸۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ الْأَنْصَارِيُّ، أَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِذِي الْحُلَيْفَةِ، فَأَصَابَ النَّاسَ جُوْعٌ، فَأَصَابُوْا إِبِلًا وَغَنَمًا، قَالَ: وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي أُخْرَيَاتِ الْقَوْمِ، فَعَجِلُوْا وَذَبَحُوْا وَنَصَبُوْا الْقُدُوْرَ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْقُدُوْرِ فَأُكْفِئَتْ، ثُمَّ قَسَمَ، فَعَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِبَعِيْرٍ.

فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيْرٌ فَطَلَبُوْا فَأَعْيَاهُمْ، وَكَانَ فِي الْقَوْمِ خَيْلٌ يَسِيْرَةٌ، فَأَهْوَى رَجُلٌ مِنْهُمْ بِسَهْمٍ، فَحَبَسَهُ اللّٰهُ، ثُمَّ قَالَ: "إِنَّ لِهٰذِهِ الْبَهَائِمِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ فَمَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا فَاصْنَعُوْا بِهِ هٰكَذَا"

فَقَالَ جَدِّيْ: إِنَّا نَرْجُوْ- أَوْ: نَخَافُ- الْعَدُوَّ غَدًا، وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى، أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ؟ قَالَ: "مَا أَنْهَرَ الدَّمَ، وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلُوْهُ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ: أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ" [انظر: ۲۵۰۷، ۳۰۷۵، ۵۴۹۸، ۵۵۰۳، ۵۵۰۶، ۵۵۰۹، ۵۵۴۳، ۵۵۴۴]

بَابُ الْقِرَانِ فِي التَّمْرِ بَيْنَ الشُّرَكَاءِ حَتَّى يَسْتَأْذِنَ أَصْحَابَهُ

ساتھیوں سے اجازت لے کر مشترک کھجوروں میں سے دو دو دانے ایک ساتھ کھانا

اس ترجمہ میں تعقید ہے، حتی بے جوڑ ہے۔ حافظ وغیرہ نے فرمایا کہ شاید حین ہوگا جو بگڑ کر حتی ہوگیا اور عینی رحمہ اللہ

نے لمبی چوڑی عبارت محذوف مانی ہے، میں نے حین مان کر ترجمہ کیا ہے۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ مشترک کھانے میں سے ساتھیوں کی اجازت سے اگر کوئی دو دو دانے ایک ساتھ کھائے تو اس کی گنجائش ہے، اور حدیثیں ابھی گذری ہیں۔ جبلہ کہتے ہیں: ہم مدینہ آئے، قحط سالی کا زمانہ تھا، حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ ہمارے کھانے کے لئے چھوہارے بھیجتے تھے، ہم سب مل کر کھاتے تھے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما وہاں سے گزرے تو فرمایا: دو دانے ملا کر نہ کھاؤ، اس لئے کہ نبی ﷺ نے اس سے منع کیا ہے، ہاں اگر کوئی اپنے ساتھی سے اجازت لے لے تو پھر دو دانے ملا کر کھا سکتا ہے۔

[٤-] بَابُ الْقِرَانِ فِي التَّمْرِ بَيْنَ الشُّرَكَاءِ حَتَّى يَسْتَأْذِنَ أَصْحَابَهُ

[٢٤٨٩-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىَ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا جَبَلَةُ بْنُ سُحَيْمٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَقْرِنَ الرَّجُلُ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ جَمِيْعًا حَتَّى يَسْتَأْذِنَ أَصْحَابَهُ"[راجع: ٢٤٥٥]

[٢٤٩٠-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ جَبَلَةَ، قَالَ: كُنَّا بِالْمَدِيْنَةِ، فَأَصَابَتْنَا سَنَةٌ، فَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَرْزُقُنَا التَّمْرَ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَمُرُّ بِنَا، فَيَقُوْلُ: لَا تَقْرِنُوْا، فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الإِقْرَانِ، إِلَّا أَنْ يَسْتَأْذِنَ الرَّجُلُ مِنْكُمْ أَخَاهُ. [راجع: ٢٤٥٥]

بَابُ تَقْوِيْمِ الْأَشْيَاءِ بَيْنَ الشُّرَكَاءِ بِقِيْمَةِ عَدْلٍ

مشترک چیزوں کی قیمت معتبر آدمیوں سے لگوانا

اگر کوئی چیز مشترک ہو اور اس کی قیمت لگوانی ہو تو صحیح قیمت لگوائی جائے، مثلاً میراث میں ایک بھینس ہے اس کی قیمت لگائیں گے تبھی وہ میراث میں تقسیم ہوگی، پس معتبر آدمیوں سے یعنی جو لوگ قیمت کا صحیح اندازہ کر سکتے ہیں ان سے قیمت لگوائی جائے، تاکہ جو بھینس لے اس کا بھی نقصان نہ ہو اور دوسرے ورثاء کا بھی نقصان نہ ہو۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے غلام میں سے اپنے کسی حصہ کو آزاد کیا اور اس کے پاس اتنا مال ہے جو (باقی) غلام کی قیمت کو پہنچتا ہے معتبر لوگوں کے قیمت لگانے سے تو وہ سارا آزاد ہے ورنہ جتنا اس میں سے آزاد ہوا ہے اتنا آزاد ہے۔ ایوب سختیانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: حدیث کا آخری جملہ: عَتَقَ منه ما عَتَقَ: نافعؒ نے بڑھایا ہے یا حدیث میں ہے یہ بات مجھے معلوم نہیں۔

دوسری حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جس نے اپنے غلام کے کسی حصہ کو آزاد کیا پس اس کے ذمہ اس کا چھڑانا ہے اس کے مال سے، پس اگر اس کے لئے مال نہ ہو تو غلام کی قیمت لگوائی جائے، معتبر آدمیوں سے، پھر وہ

غلام کما کر اپنی باقی قیمت ادا کرے، درانحالیکہ اس پر دشواری نہ ڈالی گئی ہو۔

تشریح: دو آدمیوں میں ایک غلام مشترک ہے ایک کا چوتھائی ہے دوسرے کا تین چوتھائی، اب چوتھائی والے نے اپنا حصہ آزاد کر دیا تو آگے کیا ہوگا؟ اس کا بیان کتاب العتق میں آئے گا، اور وہاں یہ دونوں حدیثیں بھی آئیں گی، یہاں بس اتنا جان لینا چاہئے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے چوتھائی حصہ آزاد کیا ہے اگر وہ مالدار ہے تو اس پورے غلام کی معتبر آدمیوں سے قیمت لگوائی جائے، پھر آزاد کرنے والا اپنے ساتھی کے حصہ کا ضمان دے، مثلاً چار ہزار قیمت لگی تو آزاد کرنے والا تین ہزار اپنے ساتھی کو دے، پھر غلام کے تین ربع آزاد کرنے والے کی ملکیت میں منتقل ہو کر اس کی طرف سے آزاد ہو جائیں گے، اور اگر آزاد کرنے والا غریب ہے، ساتھی کے حصہ کی قیمت نہیں دے سکتا تو پھر کیا ہوگا؟ اس کی تفصیل کتاب العتق میں آئے گی۔ یہاں صرف اتنا جاننا کافی ہے کہ غلام کی قیمت معتبر آدمیوں سے لگوائی جائے، ایسے موقع پر ہوتا یہ ہے کہ تین ربع والا اکڑتا ہے، وہ کہتا ہے: تو نے میرا غلام خراب کیا ہے، پس میں تو اپنے حصہ کے بیس ہزار لوں گا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اکڑو مت! معتبر آدمیوں سے قیمت لگواؤ اور اپنے حصہ کے پیسے لے لو، باقی باتیں باقی۔

[۵-] بَابُ تَقْوِيْمِ الْأَشْيَاءِ بَيْنَ الشُّرَكَاءِ بِقِيْمَةِ عَدْلٍ

[۲۴۹۱-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ أَعْتَقَ شِقْصًا لَهُ مِنْ عَبْدٍ- أَوْ: شِرْكًا أَوْ قَالَ: نَصِيْبًا - وَكَانَ لَهُ مَا يَبْلُغُ ثَمَنَهُ بِقِيْمَةِ الْعَدْلِ فَهُوَ عَتِيْقٌ، وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ" قَالَ: لَا أَدْرِیْ قَوْلُهُ:" عَتَقَ مِنْهُ" قَوْلٌ مِنْ نَافِعٍ أَوْ فِی الْحَدِيْثِ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم؟[انظر: ۲۵۰۳، ۲۵۲۱، ۲۵۲۵]

[۲۴۹۲-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ أَعْتَقَ شَقِيْصًا مِنْ مَمْلُوْكِهِ، فَعَلَيْهِ خَلَاصُهُ فِی مَالِهِ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ قُوِّمَ الْمَمْلُوْكُ قِيْمَةَ عَدْلٍ، ثُمَّ اسْتَسْعٰی غَيْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَيْهِ"[انظر: ۲۵۰۴، ۲۵۲۶، ۲۵۲۷]

لغت: شِقْص، شَقِيْص، شِرْك اور نصیب: مترادف الفاظ ہیں، سب کے معنی ہیں: حصہ۔

بَابٌ: هَلْ يُقْرَعُ فِی الْقِسْمَةِ؟ وَالِاسْتِهَامُ فِيْهِ

کیا بٹوارے میں قرعہ اندازی کی جائے؟ اور قرعہ کے ذریعہ حصہ لینا

مشترک زمین بانٹی، مشترک گیہوں کی ڈھیریاں لگائیں، درخت پر سے آم اترے اس کے حصے بنائے، یہ سب اندازہ

سے کیا ہے، اس میں کمی بیشی کا احتمال ہے، اب کونسا حصہ کون لے؟ اس کے لئے قرعہ ڈالا، جس کے نام جو حصہ نکلا وہ حصہ اس نے لیا تو ایسا کرنا جائز ہے (استھام: سھم سے ہے اس کے معنی ہیں: حصہ لینا)

اور اس میں کوئی اختلاف نہیں، بٹوارہ میں قرعہ اندازی کی جاتی ہے، احناف کے یہاں بھی کی جاتی ہے، اختلاف اس میں ہے کہ قرعہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ احناف کے نزدیک وہ صرف تطییب قلوب کے لئے ہے، قرعہ ڈال کر حصے لئے جائیں تو ہر ایک خوش دلی سے حصہ لے گا، قرعہ کی حیثیت ملزِم (لازم کرنے والی) نہیں قرعہ اندازی کے بعد کوئی شریک اس حصہ کو نہ لینا چاہے جو اس کے نام نکلا ہے تو زبردستی اس کو وہ حصہ نہیں دے سکتے، اس سے وجہ پوچھی جائے گی: بھئی! یہ حصہ کیوں نہیں لیتا؟ اگر وہ کہے کہ یہ حصہ کم ہے تو دوبارہ تقسیم کی جائے، اور اگر وہ کوئی اور معقول عذر پیش کرے تو دوبارہ قرعہ اندازی کی جائے، اسی طرح قرعہ سے نسب بھی ثابت نہیں ہوسکتا، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قرعہ ملزِم ہے جس کے نام جو حصہ نکلا وہ لینا ضروری ہے، دلائل ہر ایک کے اپنی جگہ ہیں۔

[٦-] بَابٌ: هَلْ يُقْرَعُ فِي الْقِسْمَةِ؟ وَالإِسْتِهَامُ فِيْهِ

[٢٤٩٣-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا زَكَرِيَّا، قَالَ: سَمِعْتُ عَامِرًا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَثَلُ الْقَائِمِ عَلٰى حُدُوْدِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَالْوَاقِعِ فِيْهَا كَمَثَلِ قَوْمٍ اسْتَهَمُوْا عَلٰى سَفِيْنَةٍ، فَأَصَابَ بَعْضُهُمْ أَعْلَاهَا وَبَعْضُهُمْ أَسْفَلَهَا، فَكَانَ الَّذِىْ فِي أَسْفَلِهَا إِذَا اسْتَقَوْا مِنَ الْمَاءِ مَرُّوْا عَلٰى مَنْ فَوْقَهُمْ، فَقَالُوْا: لَوْ أَنَّا خَرَقْنَا فِي نَصِيْبِنَا خَرْقًا، وَلَمْ نُؤْذِ مَنْ فَوْقَنَا، فَإِنْ يَتْرُكُوْهُمْ وَمَا أَرَادُوْا هَلَكُوْا جَمِيْعًا، وَإِنْ أَخَذُوْا عَلٰى أَيْدِيْهِمْ نَجَوْا وَنَجَوْا جَمِيْعًا" [انظر: ٢٦٨٦]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں پر رکنے والے اور ان حدوں میں داخل ہونے والوں کی حالت اس قوم کی حالت جیسی ہے جنھوں نے کسی کشتی کے بارے میں قرعہ ادازی کی، پس ان کے بعض اوپر کی منزل پر پہنچے اور ان کے بعض نیچے کی منزل کو پہنچے، پس وہ لوگ جو نیچے کی منزل میں تھے جب سمندر سے پانی بھرتے تھے تو وہ ان لوگوں کے پاس سے گذرتے تھے جو اوپر کی منزل میں ہیں (اوپر والے اس سے چڑتے تھے) پس انھوں نے کہا: اگر ہم اپنے حصہ میں کوئی سوراخ کرلیں اور ہمارے اوپر والوں کو نہ ستائیں! پس اگر اوپر والے ان کو اس چیز پر جس کا انھوں نے ارادہ کیا ہے چھوڑ دیں تو سارے ہلاک ہونگے، اور اگر ان کے ہاتھ پکڑلیں تو نجات پائیں گے۔ اوپر والے اور نیچے والے سبھی۔

تشریح: اس حدیث میں نہی عن المنکر کی اہمیت کا بیان ہے، کچھ لوگ اللہ کی حدود پر قائم رہتے ہیں یعنی معصیتوں سے اجتناب کرتے ہیں اور کچھ لوگ اللہ کی حدود میں داخل ہوتے ہیں یعنی معصیتوں میں مبتلا ہوتے ہیں، ان کی مثال ایسی ہے کہ ایک قوم کو کشتی میں بیٹھنا ہے، چنانچہ انھوں نے قرعہ اندازی کی کہ کون کشتی کے اوپر والے حصہ میں بیٹھے اور کون نیچے

والے حصہ میں (یہاں باب ہے) بعض کے نام اوپر والا حصہ نکلا اور بعض کے نام نیچے والا حصہ، نیچے والے پانی لینے کے لئے اوپر جاتے تھے، اور سمندر سے پانی اٹھاتے تھے، اوپر والے چڑتے تھے کہ یہ آتے ہیں، پانی گراتے ہیں، گندگی کرتے ہیں، نیچے والوں نے مشورہ کیا کہ جب ہمارا اوپر جانا اوپر والوں کو پسند نہیں، تو ہم اپنے حصہ میں کیوں نہ سوراخ کرلیں، انھوں نے کلہاڑا لے کر فرش توڑنا شروع کیا، پس اگر اوپر والے ان کو روکیں تو سب نجات پائیں گے، اور نہ روکیں تو سب ہلاک ہونگے۔ معلوم ہوا کہ جو لوگ گناہ کررہے ہیں ان کا ہاتھ وہ لوگ پکڑیں جو گناہ نہیں کررہے، ان کو سمجھائیں، ورنہ ان کے گناہ کی وجہ سے عذاب آئے گا تو سب کو عام ہوجائے گا۔

بَابُ شِرْكَةِ الْيَتِيْمِ وَأَهْلِ الْمِيْرَاثِ

یتیم کی میراث پانے والوں کے ساتھ شرکت

حافظ عسقلانی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ باب میں واؤ بمعنی مع ہے، ایک لڑکی کے والدین کا انتقال ہوگیا، اب نہ اس کا باپ ہے نہ دادا، نہ بھائی اور نہ چچا، البتہ چچازاد بھائی ہے، پس نصف میراث یتیم لڑکی کو ملے گی اور نصف عصبہ ہونے کی وجہ سے میت کے بھتیجے کو، یہ یتیم لڑکی کے ساتھ ورثاء کی میراث میں شرکت ہوئی، اب یہی چچازاد بھائی لڑکی کا ولی ہے، لڑکی کا مال اور نفس اس کے تصرف میں ہے، اور لڑکی کے باپ نے اچھا خاصا مال چھوڑا ہے اور لڑکی خوبصورت بھی ہے، پس چچازاد بھائی لڑکی کے مال اور نفس میں رغبت رکھتا ہے، وہ خود اس سے نکاح کرتا ہے، مگر مہر میں انصاف نہیں کرتا، کم مہر مقرر کرتا ہے، پس قرآنِ کریم نے سورۃ النساء کی آیت ۳ میں اس پر نکیر فرمائی کہ ایسا مت کرو، اگر تمہیں یتیم لڑکیوں کے حق میں اندیشہ ہو کہ ان کے ساتھ انصاف نہیں کروگے یعنی ان کو مناسب مہر نہیں دوگے تو پھر ان سے نکاح مت کرو، دوسری عورتوں سے جو تمہیں پسند ہوں نکاح کرو، دو دو سے، تین تین سے اور چار چار سے، پھر سورۃ النساء کی آیت ۱۲۷ میں اس کا حوالہ دیا ہے اور اس کو مکرر یاد دلایا ہے، تاکہ اس کی اہمیت واضح ہو۔ تفصیل حدیث کے ترجمہ میں آئے گی۔

[۷-] بَابُ شِرْكَةِ الْيَتِيْمِ وَأَهْلِ الْمِيْرَاثِ

[۲۴۹۴-] حدثنا الْأُوَيْسِيُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ. ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لَا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ﴾ [النساء: ۳] قَالَتْ: يَا ابْنَ أُخْتِيْ! هِيَ الْيَتِيْمَةُ، تَكُوْنُ فِيْ حَجْرِ وَلِيِّهَا، تُشَارِكُهُ فِيْ مَالِهِ، فَيُعْجِبُهُ مَالُهَا وَجَمَالُهَا، فَيُرِيْدُ وَلِيُّهَا أَنْ يَتَزَوَّجَهَا بِغَيْرِ أَنْ يُقْسِطَ فِيْ صَدَاقِهَا، فَيُعْطِيَهَا مِثْلَ مَا يُعْطِيْهَا غَيْرُهُ، فَنُهُوْا أَنْ يَنْكِحُوْهُنَّ إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا لَهُنَّ، وَيَبْلُغُوْابِهِنَّ أَعْلٰى سُنَّتِهِنَّ مِنَ

الصَّدَاقِ، وَأُمِرُوْا أَنْ يَنْكِحُوْا مَاطَابَ لَهُمْ مِنَ النِّسَاءِ سِوَاهُنَّ.

قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ اسْتَفْتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ هٰذِهِ الآيَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ:﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ، قُلِ: اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ، وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ فِيْ يَتَامَى النِّسَاءِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ﴾ [النساء:۱۲۷] وَالَّذِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ أَنَّهُ يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ: الآيَةُ الْأُوْلٰى الَّتِيْ قَالَ اللّٰهُ فِيْهَا:﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لَا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ﴾ قَالَتْ عَائِشَةُ: وَقَوْلُ اللّٰهِ فِي الآيَةِ الْأُخْرَى:﴿ وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ﴾ هِيَ رَغْبَةُ أَحَدِكُمْ لِيَتِيْمَتِهِ الَّتِيْ تَكُوْنُ فِيْ حَجْرِهِ، حِيْنَ تَكُوْنُ قَلِيْلَةَ الْمَالِ وَالْجَمَالِ، فَنُهُوْا أَنْ يَنْكِحُوْا مَا رَغِبُوْا فِيْ مَالِهَا وَجَمَالِهَا مِنْ يَتَامَى النِّسَاءِ، إِلَّا بِالْقِسْطِ، مِنْ أَجْلِ رَغْبَتِهِمْ عَنْهُنَّ.

[انظر:۲۷۶۳، ۴۵۷۳،۴۵۷۴،۴۶۰۰، ۵۰۶۴، ۵۰۹۲،۵۰۹۸،۵۱۲۸، ۵۱۳۱، ۵۱۴۰، ۶۹۶۵]

ترجمہ: حضرت عروہ نے اپنی خالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سورۃ النساء کی آیت ۳ کی تفسیر پوچھی، وہ آیت یہ ہے: ''اگر تم کو اس بات کا احتمال ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہیں کرسکو گے تو دوسری عورتوں سے جو تم کو پسند ہوں نکاح کرو، دو دو سے، تین تین سے اور چار چار سے'' صدیقہؓ نے فرمایا: اے میرے بھانجے! وہ یتیم لڑکی ہے، جو اپنے ولی کی پرورش میں ہے، وہ اس کے ساتھ مال میں شریک ہوتی ہے، پس پسند آتا ہے ولی کو اس کا مال اور اس کی خوبصورتی، پس ولی چاہتا ہے کہ اس سے شادی کرے بغیر اس کے کہ اس کے مہر میں انصاف کرے، پس دے وہ اس کو اتنا جتنا اس کو کوئی اور دیتا ہے، پس وہ روکے گئے اس بات سے کہ ان یتیم لڑکیوں سے نکاح کریں مگر یہ کہ انصاف کریں ان کے ساتھ، اور پہنچائیں وہ ان کو ان کے مہر کے اعلیٰ درجہ تک اور حکم دیئے گئے وہ کہ نکاح کریں ان کے علاوہ عورتوں سے جو ان کو پسند ہوں۔

حضرت عروہؒ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: پھر لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کے بعد عورتوں کے مسائل پوچھے، پس سورۃ النساء کی چند آیات نازل ہوئیں، جو یہاں سے شروع ہوتی ہیں:﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ﴾: اور لوگ آپؐ سے عورتوں کے سلسلہ میں دریافت کرتے ہیں، آپؐ فرمادیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں حکم دیتے ہیں (یہ احکام اگلی تین آیتوں میں ہیں) اور وہ آیت بھی (یاد دلائی جاتی ہیں) جو قرآنِ کریم میں تم کو پڑھ کر سنائی جاتی ہے، جو ان یتیم عورتوں کے بارے میں ہے جن کو ان کا مقررہ حق نہیں دیتے ہو، اور ان کے ساتھ نکاح کی رغبت رکھتے ہو، یعنی سورۃ النساء کی آیت ۳ یاد دلائی جاتی ہے، اس دوسری آیت میں ایک جملہ زائد ہے:﴿وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ﴾ اس کا کیا مطلب ہے؟ صدیقہؓ نے فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ ولی اعراض کرتا تھا اس یتیم لڑکی سے جو اس کی پرورش میں ہوتی تھی، جب کہ اس کے پاس مال نہیں ہوتا تھا اور وہ خوبصورت بھی نہیں ہوتی تھی۔ پس لوگ روکے گئے اس سے کہ نکاح کریں وہ ان یتیم لڑکیوں سے جن کے مال میں وہ رغبت رکھتے تھے، مگر (مہر میں) انصاف کرنے کے ساتھ (نکاح کرسکتے ہیں)

ان کی بے رغبتی کی وجہ سے ان لڑکیوں میں یعنی اگر لڑکی کالی کلوٹی ہوتی اور ترکہ کچھ نہ ہوتا تو ولی نکاح سے اعراض کرتا، اور جب لڑکی خوبصورت ہوتی اور وہ مال دار ہوتی تو ولی اس سے مہر میں انصاف کئے بغیر نکاح کرنا چاہتا (یہ کیا بات ہوئی؟ میٹھا ہپ ہپ کڑوا تھوتھو، نادار ناقبول صورت کو تم پسند نہیں کرتے، نکاح دوسری جگہ کرتے ہو، اور مالدار قبول صورت سے مہر میں انصاف کئے بغیر نکاح کرنا چاہتے ہو؟ ہم اس کی اجازت نہیں دیتے، خلاصہ یہ کہ ایک صورت میں تم ان سے نکاح نہیں کرنا چاہتے، پس دوسری صورت میں ہم اجازت نہیں دیتے)

ملحوظہ: رغبة أحدكم ليتيمته: کُشْمِیْهَنِی کے نسخہ میں عن یتیمته ہے، اور شارحین نے لکھا ہے کہ یہی صحیح ہے، کیونکہ جب رغبت کا صلہ عن آتا ہے تو اس کے معنی اعراض کرنے کے ہوتے ہیں، اور جب اس کا صلہ فی آتا ہے تو اس کے معنی رغبت کرنے کے ہوتے ہیں۔

بَابُ الشِّرْكَةِ فِي الْأَرَضِيْنَ وَغَيْرِهَا

زمینوں وغیرہ میں شرکت

أَرَضِين (راء کا زبر) أرض کی جمع سالم ہے، مگر مفرد کا وزن باقی نہیں رہا اس لئے یہ جمع شاذ ہے، پہلے بھی یہ بات بتائی ہے۔ شرکت ہر چیز میں ہوسکتی ہے، خواہ وہ چیز قابل تقسیم ہو یا نہ ہو، پھر جو چیز قابل تقسیم ہے اس کو شرکاء بانٹ لیں گے اور جو چیز قابل تقسیم نہیں ہے جیسے مشترک گھڑی، چٹائی وغیرہ اس کو مشترک استعمال کریں گے، بہر حال بٹوارہ کا مسئلہ اگلے باب میں ہے، یہاں صرف یہ جاننا ہے کہ شرکت ہر چیز میں ہوسکتی ہے۔ اور حدیث شفعہ کی ہے جو پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے ہر اس جائداد میں شفعہ گرادنا جو ابھی بانٹی نہیں گئی، معلوم ہوا کہ جو جائداد نا قابل تقسیم ہے اس میں شرکت کی وجہ سے شفعہ نہیں مگر شرکت اس میں بھی ہوسکتی ہے۔

[٨-] بَابُ الشِّرْكَةِ فِي الْأَرَضِيْنَ وَغَيْرِهَا

[٢٤٩٥-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا هِشَامٌ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: إِنَّمَا جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الشُّفْعَةَ فِي كُلِّ مَالَمْ يُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِّفَتِ الطُّرُقُ فَلاَ شُفْعَةَ. [راجع: ٢٢١٣]

بَابٌ: إِذَا أَقْسَمَ الشُّرَكَاءُ الدُّوْرَ وَغَيْرَهَا فَلَيْسَ لَهُمْ رُجُوْعٌ وَلاَ شُفْعَةَ

جب شرکاء نے گھر وغیرہ بانٹ لیا تو اب رجوع نہیں ہوسکتا اور نہ اب حقِ شفعہ ہے

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: تقسیم لازم ہوتی ہے، چند شرکاء نے مشترک چیز جو قابل تقسیم تھی تقسیم کرلی اور قرعہ اندازی سے حصے متعین کر لئے تو اب تقسیم لازم ہوگئی۔ امام بخاری اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک قرعہ مُلزِم (لازم کرنے والا) ہے پس اب رجوع نہیں ہوسکتا، جس کے نام جو حصہ نکلا ہے وہ اس کو لینا ہی پڑے گا، اور احناف کے نزدیک قرعہ صرف تطییب قلوب کے لئے ہے۔

دوسرا مسئلہ: تقسیم کے بعد محض پڑوسی ہونے کی وجہ سے شفعہ کا حق نہیں، یہ بھی امام بخاری اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کی رائے ہے، اور حنفیہ کے نزدیک شفعہ کا حق تین صورتوں میں ہے، تفصیل گذر چکی ہے۔

اور حدیث وہی شفعہ والی ہے، اس میں ہے کہ جب سرحدیں قائم ہوگئیں اور راستے پھیر دیئے گئے تو شفعہ نہیں، اس سے دونوں باتیں سمجھ میں آگئیں کہ تقسیم لازم ہے اور اب حق شفعہ نہیں رہا۔

[۹-] بَابٌ: إِذَا أَقْسَمَ الشُّرَكَاءُ الدُّوْرَ وَغَيْرَهَا فَلَيْسَ لَهُمْ رُجُوْعٌ وَلَا شُفْعَةَ

[۲۴۹۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَضَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالشُّفْعَةِ فِي كُلِّ مَالَمْ يُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِّفَتِ الطُّرُقُ فَلاَ شُفْعَةَ. [راجع: ۲۲۱۳]

بابُ الِاشْتِرَاكِ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَمَا يَكُوْنُ فِيْهِ الصَّرْفُ

سونے چاندی میں شراکت اور ان چیزوں میں جن کی بیع صرف ہوتی ہے

سونے چاندی میں اور سونے چاندی کے برتن زیور وغیرہ میں شراکت ہوسکتی ہے، یعنی صرافہ کے کاروبار میں ایک سے زیادہ آدمی شریک ہوسکتے ہیں، اور اس کے لئے کوئی شرط نہیں۔ ثوری رحمہ اللہ کی یہی رائے ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی کو اختیار کیا ہے، اور فقہاء کے نزدیک تفصیل ہے جو فقہ کی کتابوں میں مذکور ہے، اور حدیث یہ ہے کہ سلیمان بن ابی مسلم نے ابوالمنہال سے پوچھا کہ سونے چاندی کی بیع دست بدست ہوسکتی ہے یا نہیں؟ انھوں نے کہا: میں نے اور میرے شریک نے ایک چیز دست بدست خریدی اور دوسری ادھار خریدی، پس ہمارے پاس حضرت براء رضی اللہ عنہ آئے، ہم نے ان سے مسئلہ پوچھا، انھوں نے کہا: میں اور میرے شریک زید بن ارقم رضی اللہ عنہ تھے، ہم نے یہی مسئلہ حضور ﷺ سے پوچھا تھا، تو آپؐ نے فرمایا: جو چیز دست بدست ہو اس کو لو یعنی وہ بیع صحیح ہے اور جو ادھار ہو اس کو پھیر دو یعنی وہ بیع فاسد ہے، اس کو ختم کردو، (بیع صرف میں دونوں عوض دست بدست ہونے ضروری ہیں)

[۱۰-] بابُ الِاشْتِرَاكِ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَمَا يَكُوْنُ فِيْهِ الصَّرْفُ

[۲۴۹۷و۲۴۹۸-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ يَعْنِي ابْنَ الْأَسْوَدِ، أَخْبَرَنِيْ

سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِىْ مُسْلِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْمِنْهَالِ عَنِ الصَّرْفِ يَدًا بِيَدٍ؟ فَقَالَ: اشْتَرَيْتُ أَنَا وَشَرِيْكٌ لِىْ شَيْئًا يَدًا بِيَدٍ وَنَسِيْئَةً، فَجَاءَ نَا الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ فَسَأَلْنَاهُ، فَقَالَ: فَعَلْتُ أَنَا وَشَرِيْكِىْ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ، فَسَأَلْنَا النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: " مَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ فَخُذُوْهُ، وَمَا كَانَ نَسِيْئَةً فَرُدُّوْهُ"

[راجع: ۲۰۶۰، ۲۰۶۱]

بَابُ مُشَارَكَةِ الذِّمِّىِّ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِى الْمُزَارَعَةِ

ذمی اور غیر مسلم کی مزارعت میں شرکت

مسلمان اور غیر مسلم میں ہر طرح کی شراکت ہوسکتی ہے، کیونکہ یہودیوں سے نبی ﷺ نے مزارعت کا معاملہ کیا ہے، اور بٹائی بھی ایک طرح کی شراکت ہے، پس ہر کاروبار میں شرکت ہوسکتی ہے۔

[۱۱-] بَابُ مُشَارَكَةِ الذِّمِّىِّ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِى الْمُزَارَعَةِ

[۲۴۹۹-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَعْطَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ الْيَهُوْدَ أَنْ يَعْمَلُوْهَا وَيَزْرَعُوْهَا، وَلَهُمْ شَطْرُ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا.

[راجع: ۲۲۸۵]

بَابُ قِسْمَةِ الْغَنَمِ وَالْعَدْلِ فِيْهَا

بکریاں بانٹنا اور ان میں انصاف کرنا

اگر بکریاں مشترک ہوں اور ان کو شرکاء بانٹنا چاہیں تو انصاف کے ساتھ بانٹیں، کیونکہ بکریوں کے افراد برابر نہیں ہوتے اور باب میں حدیث یہ ہے: نبی ﷺ نے حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کو بکریاں دیں، صحابہ میں بانٹنے کے لئے اور قربانی کرنے کے لئے، انھوں نے بانٹ دیں، ایک عتود (ایک سالہ بکری) باقی رہ گیا، انھوں نے اس کا تذکرہ نبی ﷺ سے کیا، پس آپؐ نے فرمایا: اس کی قربانی تم کردو۔

تشریح: یہ بکریاں مشترک نہیں تھیں، امیر لشکر کی طرف سے تقسیم کی گئی تھیں، مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے اس سے شراکت کی بکریوں کی تقسیم کا مسئلہ اخذ کیا ہے کہ ان کو بھی تقسیم کرسکتے ہیں، مگر اس میں برابری کا خیال رکھنا چاہئے۔

[۱۲-] بَابُ قِسْمَةِ الْغَنَمِ وَالْعَدْلِ فِيْهَا

[۲۵۰۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِىْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِى الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ

عَامِرٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْطَاهُ غَنَمًا، يَقْسِمُهَا عَلٰى صَحَابَتِهِ ضَحَايَا، فَبَقِيَ عَتُوْدٌ، فَذَكَرَهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "ضَحِّ بِهِ أَنْتَ"[راجع: ۲۳۰۰]

بَابُ الشِّرْكَةِ فِي الطَّعَامِ وَغَيْرِهِ

کھانے وغیرہ میں شراکت

کھانے کی چیزوں میں بھی بھاگی داری ہوسکتی ہیں، اوران کے علاوہ ہر چیز میں بھاگی داری ہوسکتی ہے، اور حضرت امامؒ نے باب میں ایک اثر اور دو حدیثیں پیش کی ہیں، اور آخری حدیث سے مسئلہ مستنبط کیا ہے۔

اثر: بازار میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا: ایک شخص کسی چیز کا بھاؤ تاؤ کر رہا ہے، اس کے پاس دوسرا شخص کھڑا ہے، جب گفتگو ایک مرحلہ تک پہنچی تو اس نے کہنی ماری یا ہاتھ دبایا، حضرت عمرؓ سمجھ گئے کہ یہ شریک ہے کیونکہ اس نے اشارہ کیا کہ اب قیمت ٹھیک ہوگئی ہے سودا کرلو۔

حدیث (۱): زہرۃ بن معبد اپنے دادا عبداللہ بن ہشام سے روایت کرتے ہیں، عبداللہ نے نبی ﷺ کا زمانہ پایا ہے، ان کو ان کی والدہ زینبؓ نبی ﷺ کی خدمت میں لے گئی ہیں، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کو بیعت کرلیں، آپؐ نے فرمایا: یہ چھوٹا ہے پھر آپؐ نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اس کے لئے برکت کی دعا کی۔

حدیث (۲): زہرہ کہتے ہیں: مجھے میرے دادا عبداللہؓ بازار لے جایا کرتے تھے، پس وہ کھانے کی چیزیں خریدتے تھے، پس ان سے حضرت ابن عمر اور حضرت ابن الزبیر رضی اللہ عنہما ملاقات کرتے تھے، وہ دونوں ان سے کہتے تھے: ہمیں بھاگی دار بنالو، کیونکہ نبی ﷺ نے تمہارے لئے برکت کی دعا کی ہے، پس وہ ان کو بھاگی دار بنالیتے تھے، پس کبھی پورا اونٹ مع لدے ہوئے سامان کے نفع میں پاتے تھے، پس میرے دادا اس کو ان کے گھر بھیج دیتے تھے۔

مسئلہ: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے سے کہا: مجھے شریک کرلو، وہ خاموش رہا تو وہ آدھے کا شریک ہوگیا، کیونکہ خاموشی دلیل رضا ہے مگر حنفیہ اس سے متفق نہیں۔ حنفیہ کہتے ہیں: لاَ يُنْسَبُ إِلىٰ ساكتٍ قَوْلٌ: خاموش رہنے والے کی طرف کوئی بات منسوب نہیں کی جاسکتی، یعنی سکوت سے قبول متحقق نہیں ہوتا۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اگر یہ مسئلہ باب کی حدیث سے مستنبط کیا ہے تو باب کی حدیث میں تو صراحت ہے: فيشركهم یعنی حضرت عبداللہ ان دونوں کو شریک کرلیتے تھے، محض خاموشی نہیں ہوتی تھی۔

[۱۳-] بَابُ الشِّرْكَةِ فِي الطَّعَامِ وَغَيْرِهِ

وَيُذْكَرُ أَنَّ رَجُلاً سَاوَمَ شَيْئًا، فَغَمَزَهُ آخَرُ، فَرَأَى عُمَرُ أَنَّ لَهُ شِرْكَةً.

[۲۵۰۱و۲۵۰۲-] حدثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدٌ، عَنْ زُهْرَةَ

ابْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِشَامٍ، وَكَانَ قَدْ أَدْرَكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَذَهَبَتْ بِهِ أُمُّهُ زَيْنَبُ بِنْتُ حُمَيْدٍ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بَايِعْهُ، فَقَالَ:" هُوَ صَغِيْرٌ" فَمَسَحَ رَأْسَهُ وَدَعَا لَهُ.

وَعَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ أَنَّـهُ كَانَ يَخْرُجُ بِهِ جَدُّهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ إِلٰى السُّوْقِ، فَيَشْتَرِىْ الطَّعَامَ، فَيَلْقَاهُ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ الزُّبَيْرِ فَيَقُوْلَانِ لَهُ، أَشْرِكْنَا، فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَدْ دَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ فَيُشْرِكُهُمْ، فَرُبَّمَا أَصَابَ الرَّاحِلَةَ كَمَا هِيَ، فَيَبْعَثُ بِهَا إِلٰى الْمَنْزِلِ.

[الحديث: ۲۵۰۱، انظر: ۷۲۱۰] [الديث: ۲۵۰۲، انظر: ۶۳۵۳]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ: أَشْرِكْنِيْ، فَإِذَا سَكَتَ فَيَكُوْنُ شَرِيْكَهُ بِالنِّصْفِ.

بَابُ الشِّرْكَةِ فِى الرَّقِيْقِ

غلاموں میں شرکت

غلام بھی مال ہیں ان میں بھی بھا گی داری ہوسکتی ہے، اور باب میں وہی دونوں حدیثیں ہیں جو ابھی گذری ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی غلام میں اپنے حصہ کو آزاد کردے (الی آخرہ) معلوم ہوا کہ غلام میں شرکت ہوسکتی ہے، حدیث کے باقی مضامین کی تفصیل کتاب العتق میں آئے گی۔

[۱۴-] بَابُ الشِّرْكَةِ فِى الرَّقِيْقِ

[۲۵۰۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي مَمْلُوْكٍ، وَجَبَ عَلَيْهِ أَنْ يُعْتِقَ كُلَّهُ، إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ قَدْرَ ثَمَنِهِ، يُقَامُ قِيْمَةَ عَدْلٍ، وَيُعْطَى شُرَكَاؤُهُ حِصَّتَهُمْ، وَيُخَلَّى سَبِيْلُ الْمُعْتَقِ"[راجع: ۲۴۹۱]

[۲۵۰۴-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ أَعْتَقَ شِقْصًا فِي عَبْدٍ أُعْتِقَ كُلُّهُ، إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ، وَإِلَّا يُسْتَسْعٰى غَيْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَيْهِ"[راجع: ۲۴۹۲]

بَابُ الِاشْتِرَاكِ فِى الْهَدْيِ وَالْبُدْنِ

قربانی کے جانوروں میں شراکت

بقرعید آئی، سات آدمیوں نے مل کر گائے خریدی یا ایک نے خریدی، پھر چھ حصے دار تلاش کئے تو یہ سب قربانی کے جانور

میں شریک ہیں، اور باب میں حدیث یہ ہے کہ حج کے موقع پر نبی ﷺ جو قربانیاں ساتھ لے گئے تھے، ان میں بعد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شریک کرلیا تھا، معلوم ہوا کہ مالدار آدمی جانور میں بعد میں بھی شریک کرسکتا ہے اور حدیث تفصیل کے ساتھ پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۳۴۱) گذر چکی ہے۔

قوله: فقال جابر بِكَفِّهِ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اپنی ہتھیلی سے اشارہ کرکے منی کی تقطیر سمجھائی۔

[۱۵-] بَابُ الِاشْتِرَاكِ فِي الْهَدْيِ وَالْبُدْنِ، وإِذَا أَشْرَكَ الرَّجُلُ رَجُلاً فِي هَدْيِهِ بَعْدَ مَا أَهْدَى

[۲۵۰۵و۲۵۰۶-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَاحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ: أَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، وَعَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالاَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صُبْحَ رَابِعَةٍ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ مُهِلِّيْنَ بِالْحَجِّ، لاَ يَخْلِطُهُمْ شَيْئٌ، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَنَا فَجَعَلْنَاهَا عُمْرَةً وَأَنْ نَحِلَّ إِلَى نِسَائِنَا، فَفَشَتْ فِي ذَلِكَ الْقَالَةُ: قَالَ عَطَاءٌ: فَقَالَ جَابِرٌ: فَيَرُوْحُ أَحَدُنَا إِلَى مِنًى وَذَكَرُهُ يَقْطُرُ مَنِيًّا- فَقَالَ جَابِرٌ بِكَفِّهِ - فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَامَ خَطِيْبًا، فَقَالَ:" بَلَغَنِيْ أَنَّ أَقْوَامًا يَقُوْلُوْنَ كَذَا وَكَذَا، وَاللّٰهِ لَأَنَا أَبَرُّ وَأَتْقَى لِلّٰهِ مِنْهُمْ، وَلَوْ أَنِّيْ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِيْ مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ، وَلَوْلاَ أَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ، فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هِيَ لَنَا أَوْ لِلْأَبَدِ؟ فَقَالَ:" لاَ، بَلْ لِلْأَبَدِ" قَالَ: وَجَاءَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ، فَقَالَ: أَحَدُهُمَا يَقُوْلُ: لَبَّيْكَ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ الآخَرُ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُقِيْمَ عَلَى إِحْرَامِهِ، وَأَشْرَكَهُ فِي الْهَدْيِ. [راجع: ۱۰۸۵، ۱۵۵۷]

فقال أحدهما: عطاء اور طاؤس سے ایک نے کہا............ **ولو أني اسْتَقْبَلْتُ:** نبی ﷺ اور تمام صحابہ ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھ کر گئے تھے، کیونکہ زمانۂ جاہلیت سے یہ تصور چلا آرہا تھا کہ اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا گناہ ہے، پھر مکہ پہنچ کر نبی ﷺ کی رائے ہوئی کہ اس تصور کو باطل کیا جائے، کیونکہ ساری دنیا کے لئے دو مرتبہ سفر کرنا دشوار ہے، چنانچہ آپؐ نے مکہ پہنچ کر حکم دیا کہ جس کے پاس قربانی کا جانور نہیں ہے وہ نیت بدل لے، حج کے بجائے عمرہ کی نیت کرلے اور طواف وسعی کرکے مکمل احرام کھول دے اور حج کے لئے مکہ ہی سے دوسرا احرام باندھے، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا، اور ہمیشہ کے لئے حج کے ساتھ عمرہ کرنے کی گنجائش نکل آئی۔

بَابُ مَنْ عَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِجَزُوْرٍ فِي الْقَسْمِ

جس نے بٹوارہ میں دس بکریوں کو ایک قصائی کے اونٹ کے برابر گردانا

جزور: کاٹنے کا اونٹ، وہ مال برداری کے قابل نہیں ہوتا، اگر جزور اور بکریاں بانٹی جائیں تو ان میں برابری کس طرح

کی جائے؟ ایک رائے یہ ہے کہ دس بکریاں ایک جزور کے برابر ہیں، مگر باب میں جو حدیث ہے وہ اس مسئلہ میں صریح نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے جو دس بکریوں کو ایک جزور کے برابر قرار دیا تھا وہ امیر لشکر کی طرف سے تقسیم عمل میں آئی تھی، پس ہر جگہ اس کی پابندی ضروری نہیں۔ انصاف کے ساتھ تقسیم ہونی چاہئے، اونٹ کس نسل کا ہے؟ کتنی عمر کا ہے؟ اس کے برابر کتنی بکریاں ہونی چاہئیں؟ اس کا فیصلہ سمجھ دار لوگ کریں، اور حدیث ابھی گذری ہے۔

[۱۶-] بَابُ مَنْ عَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِجَزُوْرٍ فِی الْقَسْمِ

[۲۵۰۷-] حدثنا مُحَمَّدٌ، نا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رَفَاعَةَ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِذِى الْحُلَيْفَةِ مِنْ تِهَامَةَ، فَأَصَبْنَا غَنَمًا وَإِبِلاً، فَعَجِلَ الْقَوْمُ فَأَغْلَوْا بِهَا الْقُدُوْرَ، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَمَرَ بِهَا فَأُكْفِئَتْ، ثُمَّ عَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِجَزُوْرٍ، ثُمَّ إِنَّ بَعِيْرًا مِنْهَا نَدَّ وَلَيْسَ فِي الْقَوْمِ إِلَّا خَيْلٌ يَسِيْرَةٌ، فَرَمَاهُ رَجُلٌ فَحَبَسَهُ بِسَهْمٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ لِهٰذِهِ الْبَهَائِمِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا فَاصْنَعُوْا بِهِ هٰكَذَا" قَالَ: قَالَ جَدِّىْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا نَرْجُوْ أَوْ: نَخَافُ أَنْ نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى، أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ؟ قَالَ: "اعْجَلْ أَوْ: أَرِنْ، مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلُوْا، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ. وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ، أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ" [راجع: ۲٤۸۸]

لغت: أَرِنْ (فعل امر) جلدی کرو یا فرمایا: کاٹو، أَرَنَهُ (ن) أَرْنًا: کاٹنا یعنی بانس سے ذبح کرنے کی صورت میں، بانس چونکہ سخت ہوتا ہے اس لئے جلدی کرو، اگر دیر لگاؤ گے تو جانور کو تکلیف ہوگی، اس لئے جلدی سے ذبح کر ڈالو۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كتابُ الرَّهْنِ

گروی رکھنے کا بیان

رَهَنَ فلاناً وعند فلانٍ الشيئَ: کسی کے پاس کوئی چیز گروی رکھنا، یعنی قرض لے کر کوئی قیمتی چیز تا واپسی قرض خواہ کے پاس رکھنا: توثيقُ دينٍ بعينٍ، أى حَبْسُ شيئٍ ماليٍّ ضَمَانًا لِحَقٍّ على الْغَيْرِ: کبھی قرض دینے والا اعتماد کے لئے قرض سے زیادہ قیمت کی کوئی چیز اپنے رکھنا چاہتا ہے تاکہ مقروض بھاگ نہ جائے اور قرضہ ڈوب نہ جائے، پھر جب وہ قرض واپس کرتا ہے تو مرتہن (گروی لینے والا) گروی کی چیز واپس کر دیتا ہے، پس یہ ایک معاشرتی ضرورت ہے اس لئے شریعت نے اس کو مشروع کیا ہے، قرآنِ کریم میں سورۃ البقرہ کی آیت: ۲۸۳ میں اس کا ذکر ہے۔

بَابُ الرَّهْنِ فِي الْحَضَرِ

حضر میں گروی رکھنا

گروی سفر میں بھی رکھ سکتے ہیں اور حضر میں بھی۔ اور قرآنِ کریم میں جو ﴿وَإِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ﴾ ہے: جمہور کے نزدیک یہ قید احترازی نہیں ہے، عام طور پر سفر ہی میں گروی لینے دینے کی ضرورت پیش آتی ہے، اس لئے علی سفر کی قید آئی ہے، ورنہ حضر میں بھی گروی رکھ سکتے ہیں۔ نبی ﷺ نے مدینہ میں جو خریدے تھے اور اپنی زرہ گروی رکھی تھی، البتہ بعض سلف کی رائے یہ ہے کہ گروی صرف سفر میں رکھ سکتے ہیں، جہاں دستاویز لکھنے والا کوئی نہ ہو۔ مگر جمہور ائمہ باب کی حدیث کی وجہ سے حضر میں بھی گروی کے جواز کے قائل ہیں۔

اور حدیث ابھی گذری ہے مگر یہاں روایت مسلم بن ابراہیمؒ کی ہے ان کی روایت کے آخری الفاظ ہیں: ما أَصْبَحَ لِآلِ مُحَمَّدٍ إِلَّا صَاعٌ وَلَا أَمْسَى: آج صبح میرے خاندان کے پاس صرف ایک صاع ہے اور وہی شام میں۔ ہشام دستوائی کے شاگرد مسلم کے یہ الفاظ صحیح نہیں، مسند احمد میں دوسرے شاگرد کے الفاظ ہیں: ما أَمْسَى فى آل محمدٍ صاعٌ مِنْ تَمْرٍ ولَا صَاعٌ مِنْ حَبٍّ: آج شام کو میرے کسی گھر میں نہ چھوہاروں کا ایک صاع ہے نہ غلہ کا، یہی الفاظ صحیح ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۴۸- کتاب الرهن

[۱-] بَابُ الرَّهْنِ فِی الْحَضَرِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿وَإِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهَانٌ مَقْبُوْضَةٌ﴾[البقرة: ۲۸۳]

[۲۵۰۸-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا هِشَامٌ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: وَلَقَدْ رَهَنَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم دِرْعَهُ بِشَعِيْرٍ، وَمَشَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِخُبْزِ شَعِيْرٍ وإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ، وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "مَا أَصْبَحَ لِآلِ مُحَمَّدٍ إِلَّا صَاعٌ وَلَا أَمْسٰى، وَإِنَّهُمْ لَتِسعَةُ أَبْيَاتٍ"[راجع: ۲۰۶۹]

بَابُ مَنْ رَهَنَ دِرْعَهُ

اپنی زرہ گروی رکھنا

زرہ (فولاد کا جالی دار کرتا جو لڑائی میں پہنتے ہیں) گروی رکھنا جائز ہے۔ نبی ﷺ نے یہودی سے جو ادھار خریدے تھے اوراس کے پاس اپنی زرہ گروی رکھی تھی، اورحدیث پہلے گذری ہے، البتہ یہاں حدیث میں ایک جملہ زیادہ ہے: القَبِيْلُ فی السَّلَمِ: قبیل یعنی کفیل: بیعِ سلم میں گروی اور ضامن لے سکتے ہیں یا نہیں؟ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے سبق میں یہ مسئلہ چھڑا، کیونکہ بعض سلف کہتے ہیں: سلم میں گروی رکھنا اور ضامن لینا درست نہیں، یہ دونوں باتیں ثمن کی توثیق کے لئے ہوتی ہیں، مبیع کی توثیق کے لئے نہیں ہوتیں، پس ابراہیم نخعی نے حدیث سنائی کہ نبی ﷺ نے جو خرید کر زرہ گروی رکھی ہے، پس جب ثمن کی توثیق کے لئے گروی رکھ سکتے ہیں تو سلم میں مبیع کی توثیق کے لئے بھی گروی رکھ سکتے ہیں، اور ضامن بھی لے سکتے ہیں۔

[۲-] بَابُ مَنْ رَهَنَ دِرْعَهُ

[۲۵۰۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: تَذَاكَرْنَا عِنْدَ إِبْرَاهِيْمَ الرَّهْنَ وَالْقَبِيْلَ فِي السَّلَمِ فَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: ثَنَا الْأَسْوَدُ عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم اشْتَرٰى مِنْ يَهُوْدِيٍّ طَعَامًا إِلَى أَجَلٍ وَرَهَنَهُ دِرْعَهُ. [راجع: ۲۰۶۸]

بَابُ رَهْنِ السِّلَاحِ

ہتھیار گروی رکھنا

یہ ذیلی باب ہے، زرہ من وجہ ہتھیار ہے، اس لئے یہ عام باب لائے کہ کوئی بھی ہتھیار گروی رکھ سکتے ہیں۔

حدیث: کعب بن اشرف (عرب یہودی) جنگ بدر کے بعد مکہ گیا اور اپنے اشعار کے ذریعہ مکہ والوں میں جوش پیدا کیا کہ بدر کے مقتولین کا بدلہ لو، اور بھی طرح طرح سے وہ حضور ﷺ کو اور مسلمانوں کو ستاتا تھا، پس آپؐ نے فرمایا: کون ہے جو کعب کا قصہ نمٹائے؟ وہ اللہ اور اس کے رسول کو ستاتا ہے، محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اس کو دیکھونگا، چنانچہ وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ اس کے پاس گئے اور کہا: ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں ایک وسق یا دو وسق غلہ ادھار دیں، کعب نے کہا: میرے پاس اپنی عورتیں گروی رکھو، انھوں نے کہا: ہم عورتوں کو کیسے گروی رکھیں جبکہ آپ عربوں میں سب سے زیادہ خوبصورت ہیں؟ یعنی ہمیں اپنی عورتوں کے بارے میں خطرہ ہے، اس نے کہا: پس میرے پاس اپنے بیٹوں کو گروی رکھو، انھوں نے کہا: ہم اپنے بیٹوں کو کیسے گروی رکھیں ان کو طعنہ دیا جائے گا کہ تو ایک وسق یا دو وسق کے بدلہ میں گروی رکھا گیا تھا۔ یہ بات ہمارے لئے ڈوب مرنے کی ہے، البتہ ہم آپ کے پاس ہتھیار گروی رکھیں گے (اللَّأْمَة: کے معنی ہیں: ہتھیار) پس محمد بن مسلمہؓ نے اس سے وعدہ کیا کہ ہم آپ کے پاس (ہتھیار لے کر) آئیں گے پس انھوں نے اس کو قتل کر دیا۔ پھر محمد بن مسلمہؓ نے نبی ﷺ کو اس کی طلاع دی۔

تشریح: اس حدیث سے مطلقاً ہتھیار گروی رکھنے پر استدلال کرنا ذرا مشکل ہے اور محمد بن مسلمہؓ وغیرہ نے جو ہتھیار گروی رکھنے کی بات کہی تھی وہ تو ایک چال تھی، اس لئے جنگ کے زمانہ میں حربی کے پاس ہتھیار گروی رکھنا جائز نہیں، جیسے اس کے ہاتھ ہتھیار فروخت کرنا جائز نہیں، البتہ حالات ٹھیک ہوں تو ہتھیار گروی رکھ سکتے ہیں۔

[۳-] بَابُ رَهْنِ السِّلَاحِ

[۲۵۱۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ؟ فَإِنَّهُ قَدْ آذَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ! فَقَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ مَسْلَمَةَ: أَنَا، فَأَتَاهُ، فَقَالَ: أَرَدْنَا أَنْ تُسْلِفَنَا وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ، قَالَ: ارْهَنُوْنِيْ نِسَاءَ كُمْ، قَالُوْا: كَيْفَ نَرْهَنُكَ نِسَاءَ نَا وَأَنْتَ أَجْمَلُ الْعَرَبِ؟ قَالَ: فَارْهَنُوْنِيْ أَبْنَاءَ كُمْ، قَالُوْا: كَيْفَ نَرْهَنُكَ أَبْنَاءَ نَا فَيُسَبُّ أَحَدُهُمْ فَيُقَالُ: رُهِنَ بِوَسْقٍ أَوْ وَسْقَيْنِ! هٰذَا عَارٌ عَلَيْنَا، وَلٰكِنَّا نَرْهَنُكَ اللَّأْمَةَ – قَالَ سُفْيَانُ يَعْنِيْ السِّلَاحَ – فَوَعَدَهُ أَنْ يَأْتِيَهُ فَقَتَلُوْهُ، ثُمَّ أَتَوُا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرُوْهُ.

[انظر: ۳۰۳۱، ۳۰۳۲، ۴۰۳۷]

بَابٌ: الرَّهْنُ مَرْكُوْبٌ وَمَحْلُوْبٌ

گروی کا جانور سواری کیا ہوا اور دودھ دوہا ہوا ہے

گروی کی چیز سے فائدہ اٹھانا جائز ہے یا نہیں؟ کسی کو قرض دیا، اس نے مکان گروی رکھا تو مرتہن مکان میں رہ سکتا ہے

یا نہیں؟ گھوڑا گروی رکھا تو گھوڑے پر سواری کرسکتا ہے یا نہیں؟ دودھ والا جانور گروی رکھا تو اس کا دودھ استعمال کرسکتا ہے یا نہیں؟ اسی طرح اگر کوئی دودھ والا کھویا ہوا جانور ملا تو اس کے دودھ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں یا نہیں؟

حضرت امام احمد اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اور جانور پر جو مصارف آئیں وہ مرتہن کرے، مثلاً مکان گروی رکھا تو مرتہن اس میں رہ سکتا ہے اور مصارف: ہاؤس ٹیکس، واٹر ٹیکس وغیرہ مرتہن ادا کرے، یا گھوڑا گروی رکھا تو مرتہن اس پر سواری کرسکتا ہے بکری گروی رکھی تو مرتہن اس کا دودھ استعمال کرسکتا ہے، اور ان کا چارہ پانی مرتہن کرے۔

دیگر ائمہ کے نزدیک شیئ مرہون سے انتفاع جائز نہیں، یہ انتفاع سود ہے، حدیث ہے: كلُّ قرْضٍ جرَّ نفْعًا فهو رَبًّا: جس قرض سے فائدہ اٹھایا جائے وہ سود ہے، اور لوگ اسی لئے قرض دیتے ہیں کہ گروی کے مکان اور زمین سے فائدہ اٹھائیں۔ اور حدیث ہے: لَايَغْلَقُ الرهنُ الرَّهْنَ من صاحبِه الذی رَهَنَهُ، له غُنْمُهُ وعليه غُرْمُهُ: مرتہن تالے میں بند نہ کرے گروی کی چیز کو اس کے اس مالک سے جس نے اس کو گروی رکھا ہے، راہن کے لئے اس کا فائدہ ہے اور اسی پر اس کا تاوان ہے (مشکوٰۃ حدیث ۲۸۸۷) یعنی شیئ مرہون کی بقاء کے خرچے راہن کے ذمہ ہوتے ہیں کیونکہ وہی اس کا مالک ہے اور رہن کے زوائد وفوائد کا بھی وہی مالک ہے، مرتہن کو یہ حق نہیں کہ وہ ان زوائد وفوائد کو استعمال کرے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں ایک اثر اور دو حدیثیں پیش کی ہیں:

اثر: حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کوئی گم شدہ جانور ملے تو اس پر سواری کی جائے اس کے چارہ کے بقدر اور دودھ والا جانور ہو تو اس کو دوہا جائے اس کے چارہ کے بقدر، اور گروی کا بھی یہی حکم ہے (اس اثر کی توجیہ وہی ہے جو حدیث کی آرہی ہے)

حدیث (۱): نبی ﷺ فرمایا کرتے تھے: الرهنُ يُرْكَبُ بِنَفَقَتِهِ، ويُشْرَبُ لَبَنُ الدَّرِّ إذَا كان مرهوناً: گروی کا جانور سواری کیا جائے اس کے خرچہ کے بدل اور دودھ والے جانور کا دودھ پیا جائے اس کے خرچہ کے بدل، جبکہ وہ جانور گروی ہو۔

حدیث (۲): بھی یہی ہے، البتہ مفصل ہے۔ الظَّهْرُ يُرْكَبُ بِنفَقَتِهِ، إذا كان مَرْهُوْنًا: پیٹھ یعنی گروی کا جانور سواری کیا جائے اس کے خرچہ کے بدل، جب کہ وہ گروی ہو۔ وَلَبَنُ الدَّرِّ يُشْرَبُ بِنفَقَتِهِ إذَا كَانَ مَرْهُوْنًا: اور دودھ والے جانور کا دودھ پیا جائے اس کے خرچہ کے بدل جب کہ وہ گروی ہو۔ وعلى الذی يَرْكَبُ وَيَشْرَبُ النَّفَقَةُ: اور اس شخص پر جو سواری کرے اور دودھ پیئے اس جانور کا خرچہ ہے۔

تشریح: ان دونوں حدیثوں سے امام بخاری اور امام احمد رحمہما اللہ نے استدلال کیا ہے کہ شیئ مرہون سے انتفاع جائز ہے، دوسرے ائمہ کے نزدیک ان حدیثوں کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ شیئ مرہون کے بقاء کے خرچے راہن کے ذمہ ہوتے ہیں کیونکہ وہی اس کا مالک ہے اور حفاظت مرتہن کے ذمہ ہوتی ہے اور اگر گھوڑا سواری کا ہے تو اس کو کرایہ پر اٹھانا اور مرہون

جانور کا دودھ بیچنا مرتہن کی ذمہ داری ہے اور جو آمدنی ہو وہ رہن میں شامل ہوگی اور صبح وشام جانور کا چارہ مرتہن کے گھر پہنچانا راہن کی ذمہ داری ہے، کیونکہ بقاء کا خرچہ اس کے ذمہ ہے مگر سادہ معاشرہ میں توسع برتا جاتا ہے، پائی پائی کا حساب نہیں کیا جاتا بلکہ دیہات میں تو جانور کو کرایہ پر اٹھانا اور دودھ بیچنا دشوار ہے، اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا: مرتہن ہی جانور کا خرچہ اٹھائے اور بدلہ میں اس پر سواری کرے اور اس کا دودھ پئے، پس یہ گروی سے فائدہ اٹھانا نہیں بلکہ خرچ کرنے کا لم سم بدلہ ہے۔ اور دلیل بنفقته ہے یعنی یہ انتفاع بعوض مصارف ہے، مرہون شئ سے فائدہ اٹھانا نہیں۔

گروی سے فائدہ اٹھانے کی دو صورتیں:

پہلی صورت: اگر راہن شئ مرہون سے انتفاع کی اجازت دے تو مرتہن فائدہ اٹھا سکتا ہے، مگر اس کے لئے شرط یہ ہے کہ شئ مرہون سے فائدہ اٹھانا معروف نہ ہو، کیونکہ معروف مشروط کی طرح ہوتا ہے، پس جس علاقہ میں شئ مرہون سے انتفاع کا رواج ہے، وہاں راہن کی اجازت سے بھی انتفاع جائز نہیں، ہاں اگر شئ مرہون سے انتفاع معروف نہ ہو تو جائز ہے، مثلاً کسی نے گھڑی گروی رکھی، اب مرتہن کو کسی تقریب میں جانا ہے اس نے راہن سے گھڑی پہن کر تقریب میں جانے کی اجازت مانگی، راہن نے اجازت دیدی تو یہ جائز ہے، کیونکہ یہ معروف نہیں، مگر اب اس گھڑی پر رہن کا حکم جاری نہیں ہوگا، بلکہ اب وہ امانت ہوگی، اگر مرتہن کی تعدی کے بغیر گھڑی ضائع ہو جائے تو ضمان واجب نہیں، پھر جب تقریب سے واپس آ کر اس نے گھڑی اتار کر رکھ دی تو دوبارہ رہن کا حکم لوٹ آئے گا۔

دوسری صورت: عقدہ اجارہ کر لیا جائے مثلاً مکان گروی رکھا پس اس کا کچھ کرایہ طے کر لیا جائے تو مرتہن اس میں رہ سکتا ہے مگر اب یہ مکان گروی نہیں رہا، اس پر اجارہ کے احکام جاری ہونگے اور راہن کو ہر وقت مکان خالی کرانے کا حق ہوگا، مرتہن یہ نہیں کہہ سکتا کہ پہلے قرض لوٹاؤ تب مکان خالی کروں گا، کیونکہ اب مکان کا قرض سے کوئی تعلق نہیں رہا، اور گھڑی کی طرح یہاں رہن کا حکم واپس نہیں لوٹے گا۔

[٤-] بَابٌ: الرَّهْنُ مَرْكُوْبٌ وَمَحْلُوْبٌ

وَقَالَ الْمُغِيْرَةُ: عَنْ إِبْرَاهِيْمَ: تُرْكَبُ الضَّالَّةُ بِقَدْرِ عَلَفِهَا، وَتُحْلَبُ بِقَدْرِ عَلَفِهَا، وَالرَّهْنُ مِثْلُهُ.

[٢٥١١-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّـهُ كَانَ يَقُوْلُ: " الرَّهْنُ يُرْكَبُ بِنَفَقَتِهِ، وَيُشْرَبُ لَبَنُ الدَّرِّ إِذَا كَانَ مَرْهُوْنًا"[راجع: ٢٥١٢]

[٢٥١٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللهِ، أَنَا زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " الظَّهْرُ يُرْكَبُ بِنَفَقَتِهِ إِذَا كَانَ مَرْهُوْنًا، وَلَبَنُ الدَّرِّ يُشْرَبُ بِنَفَقَتِهِ إِذَا كَانَ مَرْهُوْنًا. وَعَلَى الَّذِيْ يَرْكَبُ وَيَشْرَبُ النَّفَقَةُ"[راجع: ٢٥١١]

بَابُ الرَّهْنِ عِنْدَ الْيَهُوْدِ وَغَيْرِهِمْ

یہود وغیرہ کے پاس گروی رکھنا

یہود کے پاس گروی رکھ سکتے ہیں۔ نبی ﷺ نے ایک یہودی کے پاس زرہ گروی رکھی تھی، اسی طرح ہر غیر مسلم کے پاس گروی رکھ سکتے ہیں، اور حدیث پہلے گذری ہے۔

[٥-] بَابُ الرَّهْنِ عِنْدَ الْيَهُوْدِ وَغَيْرِهِمْ

[٢٥١٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اشْتَرَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ يَهُوْدِيٍّ طَعَامًا، وَرَهَنَهُ دِرْعَهُ.[راجع: ٢٠٦٨]

بَابٌ: إِذَا خْتَلَفَ الرَّاهِنُ وَالْمُرْتَهِنُ وَنَحْوُهُ، فَالْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعیٰ عَلَيْهِ

معاملات میں راہن ومرتہن اوران کے مانند میں اختلاف ہوجائے تو مدعی گواہ پیش کرے ورنہ مدعی علیہ قسم کھائے

حاشیہ میں مدعی اور مدعی علیہ کی تعریف لکھی ہے، مَن إذا تَرَكَ تُرِكَ: مدعی وہ ہے جو کیس واپس لیلے تو کوئی اس کو نہ روکے والمدعیٰ علیہ بخلافہ: اور مدعی علیہ وہ ہے جو مقدمہ واپس نہ لے سکے، اس کو کورٹ میں حاضر ہونا ہی پڑے گا۔ اگر رہن میں راہن اور مرتہن میں کوئی اختلاف ہوجائے تو کاروائی اسی طرح ہوگی جس طرح دیگر معاملات میں ہوتی ہے، جو مدعی ہے وہ گواہ پیش کرے، اس کے مطابق فیصلہ ہوگا اور اگر وہ گواہ پیش نہ کرسکے تو مدعی علیہ کی قسم پر فیصلہ ہوگا، اور نحوہ میں دیگر تمام معاملات آتے ہیں۔

پہلی حدیث: ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو خط لکھا، انھوں نے مجھے جواب دیا کہ نبی ﷺ نے قسم کا مدعی علیہ پر فیصلہ فرمایا ہے۔

تشریح: ایک رائے یہ ہے کہ اگر مدعی کے پاس ایک گواہ ہو تو دوسرے گواہ کی جگہ وہ قسم کھائے، اور اس پر قاضی فیصلہ کرے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے جواب سے معلوم ہوا کہ یہ رائے صحیح نہیں، نبی ﷺ نے مدعی علیہ پر قسم کا فیصلہ کیا ہے، وہی قسم کھائے گا۔

اور دوسری حدیث پہلے کئی مرتبہ آئی ہے: جو شخص کوئی قسم کھائے جس کے ذریعہ وہ کسی مال کا مستحق بن جائے درانحالیکہ وہ اس میں جھوٹا ہے، یعنی مدعی علیہ قاضی کے سامنے جھوٹی قسم کھا کر اپنے حق میں فیصلہ کرالے تو وہ اللہ سے ملاقات کرے گا درانحالیکہ وہ اس پر غضبناک ہونگے۔ سورہ آلِ عمران کی آیت ۷۷ اس کی تائید میں نازل ہوئی ہے، پھر اشعث بن قیسؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ کا یہ ارشاد ان کے واقعہ میں صادر ہوا تھا، وہ ایک جھگڑا لے کر حضور ﷺ کے پاس گئے تو آپؐ نے فرمایا: شَاهِدَاكَ أَوْ يمينُه: اپنے دو گواہ پیش کرو ورنہ ہم مدعی علیہ کی قسم پر فیصلہ کریں گے، تمام معاملات میں فیصلہ کا یہی طریقہ ہے۔

[٦-] بَابٌ: إِذَا خْتَلَفَ الرَّاهِنُ وَالْمُرْتَهِنُ وَنَحْوُهُ، فَالْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعىٰ عَلَيْهِ

[٢٥١٤-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىَ، ثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: كَتَبْتُ إِلىٰ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَكَتَبَ إِلَيَّ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَضَى أَنَّ الْيَمِيْنَ عَلىٰ الْمُدَّعىٰ عَلَيْهِ. [انظر: ٢٦٦٨، ٤٥٥٢]

[٢٥١٤و٢٥١٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ حَلَفَ عَلىٰ يَمِيْنٍ، يَسْتَحِقُّ بِهَا مَالاً، وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ، ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ فَقَرَأَ إِلىٰ ﴿عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾

ثُمَّ إِنَّ الْأَشْعَثَ بْنَ قَيْسٍ خَرَجَ إِلَيْنَا، فَقَالَ: مَا يُحَدِّثُكُمْ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ قَالَ: فَحَدَّثْنَاهُ، قَالَ: فَقَالَ: صَدَقَ لَفِيَّ أُنْزِلَتْ، كَانَتْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ خُصُوْمَةٌ فِي بِئْرٍ، فَاخْتَصَمْنَا إِلىٰ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" شَاهِدَاكَ أَوْ يَمِيْنُهُ" قُلْتُ: إِذًا يَحْلِفَ وَلَا يُبَالِيْ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ حَلَفَ عَلىٰ يَمِيْنٍ، يَسْتَحِقُّ بِهَا مَالاً، وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" قَالَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ، ثُمَّ اقْتَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ إِلىٰ ﴿وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾[آل عمران:٧٧] [راجع: ٢٣٥٦، ٢٣٥٧]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ العِتْقِ

آزاد کرنے کا بیان

لغت میں عتق کے معنی 'قوت' کے ہیں، عَتَقَ الطائرُ: اس وقت کہتے ہیں جب پرندہ پروں سے اڑنے لگے، اور اصطلاحی معنی ہیں: مملوک میں قوتِ شرعیہ پیدا کرنا، غلامی شرعی ضعف ہے، وہ زائل ہوگا تو غلام میں قوت پیدا ہوگی، غلام میں شرعی ضعف یہ ہے کہ وہ بہت سے تصرفات نہیں کرسکتا، آزادی کے بعد وہ تصرفات کرسکتا ہے، یہی قوتِ شرعیہ ہے۔

غلامی کا مسئلہ:

جنگ کے نتیجہ میں قیدیوں کو غلام بنانے کا مسئلہ اسلام نے شروع نہیں کیا، یہ سلسلہ بہت قدیم زمانہ سے چلا آرہا تھا، اسلام نے کچھ مصلحتوں سے اس کو باقی رکھا ہے، اور اسلام کو اس پر اصرار نہیں، اسلام نے تو غلامی سے نکلنے کی بہت سی راہیں تجویز کی ہیں، کفاروں میں غلام آزاد کرنے کا، اللہ کی نشانیاں ظاہر ہونے پر غلام آزاد کرنے کا، اور حصول جنت کے لئے غلام آزاد کرنے کی ترغیب دی ہے۔

جاننا چاہئے کہ جنگ میں جو قیدی پکڑے جاتے ہیں ان کا مسئلہ چار طرح سے حل کیا جاسکتا ہے:

پہلا طریقہ: جس قیدی کا قتل کرنا قرینِ مصلحت ہو اس کو قتل کردیا جائے، آج بھی دنیا اس بات کو تسلیم کرتی ہے۔

دوسرا طریقہ: جس قیدی کو مفت رہا کرنا قرینِ مصلحت ہو اس کو چھوڑ دیا جائے، اس کو عربی میں مَنّ (بلا معاوضہ چھوڑ دینا) کہتے ہیں، سورۂ محمد آیت ۵ میں اس کا ذکر ہے۔

تیسرا طریقہ: اپنے قیدیوں سے تبادلہ کیا جائے، یا جنگ کا ہرجانہ لے کر چھوڑ دیا جائے، اس کو فداءٌ (معاوضہ لے کر چھوڑنا) کہتے ہیں، سورۂ محمد کی مذکورہ آیت میں اس کا بھی ذکر ہے۔

چوتھا طریقہ: قیدیوں کو غلام باندی بنا کر فوج میں تقسیم کردیا جائے، یہ مسئلہ کا آخری حل ہے، اور یہ حل اسلام نے شروع نہیں کیا بلکہ پہلے سے یہ طریقہ چلا آرہا تھا۔ اسلام نے اس کو باقی رکھا ہے، کیونکہ اس میں بہت سی مصلحتیں ہیں، قید میں رکھنا اور کھلانا پلانا ملک کی تباہی کا باعث ہوسکتا ہے، اور مفت چھوڑ دینا وبال جان بن سکتا ہے، اور بلا وجہ قتل کرنا انسانیت کے خلاف ہے، اس لئے قیدیوں کے مسئلہ کا آخری حل غلامی ہے، دنیا کو اگر یہ حل پسند نہیں تو وہ اس سے بہتر حل پیش کرے۔

اور غلامی کو باقی رکھنے میں مصلحت یہ ہے کہ جب قیدی مسلمانوں کے گھروں میں پہنچیں گے اور اسلامی تہذیب کو قریب سے دیکھیں گے تو ان کی غلط فہمی دور ہوگی اور وہ برضاء ورغبت اسلام قبول کرلیں گے، اسلام کی ابتدائی تاریخ اس کی شاہد عدل ہے۔

بَابٌ: فِي الْعِتْقِ وَفَضْلِهِ

غلام آزاد کرنے کی اہمیت

سورۃ البلد آیات ۱۱-۱۶ میں ہے: پس وہ شخص گھاٹی میں سے ہوکر نہ نکلا، اور آپ کو معلوم ہے کہ گھاٹی کیا ہے؟ کوئی گردن غلامی سے چھڑانا۔ اور فاقہ کے دن میں کھانا کھلانا، کسی رشتہ دار یتیم کو یا کسی خاک نشیں محتاج کو (اس دو کاموں کو گھاٹی اس لئے کہا گیا ہے کہ یہ نفس پر شاق ہیں، اور اجر بقدر مشقت ہوتا ہے، پس آیت سے غلام کو آزاد کرنے کی اہمیت ثابت ہوئی)

حدیث: سعید بن مرجانہ: حضرت علی زین العابدین رحمہ اللہ کے خاص شاگرد ہیں، انھوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث سنی: ''جس نے کسی مسلمان شخص کو آزاد کیا تو اللہ تعالیٰ اس کو نجات بخشیں گے غلام کے ہر عضو کے بدلہ میں آزاد کرنے والے کے ہر عضو کو دوزخ سے'' سعید نے یہ حدیث حضرت علی زین العابدین رحمہ اللہ سے ذکر کی، پس ان کے پاس ایک غلام تھا، عبداللہ بن جعفر نے دس ہزار درہم یا کہا: ایک ہزار دینار کی پیشکش کی تھی، حضرت زین العابدینؒ نے اس کا قصد کیا، اور اس کو لوجہ اللہ آزاد کردیا، اس حدیث سے بھی غلام آزاد کرنے کی اہمیت اور فضیلت نکلتی ہے، اور علماء نے لکھا ہے کہ مرد: غلام کو آزاد کرے اور عورت: باندی کو، تاکہ اعضاء کا مقابلہ ہوجائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٤٩- کتاب العتق

[١-] بَابٌ: فِي الْعِتْقِ وَفَضْلِهِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿فَكُّ رَقَبَةٍ أَوْ إِطْعَامٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ، يَتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ﴾ [البلد: ١٣-١٥]

[٢٥١٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنِيْ وَاقِدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ مَرْجَانَةَ: صَاحِبُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: قَالَ لِيْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَيُّمَا رَجُلٍ أَعْتَقَ امْرَءًا مُسْلِمًا اسْتَنْقَذَ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنَ النَّارِ" قَالَ سُعِيْدُ بْنُ مَرْجَانَةَ: فَانْطَلَقْتُ بِهِ إِلٰى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ فَعَمَدَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ إِلٰى عَبْدٍ لَهُ، قَدْ أَعْطَاهُ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَشَرَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ، أَوْ: أَلْفَ دِيْنَارٍ، فَأَعْتَقَهُ. [انظر: ٦٧١٥]

بَابٌ: أَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ؟

کونسے غلام کو آزاد کرنا بہتر ہے

جس غلام یا باندی کی قیمت زیادہ ہو یا اس سے تعلق خاطر ہو اس کو آزاد کرنے میں ثواب زیادہ ہے۔

حدیث: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے سوال کیا: کونسا عمل افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ پر ایمان لانا، اور اللہ کے راستہ میں جہاد کرنا، انھوں نے پوچھا: کونسا غلام آزاد کرنا افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جس کی قیمت زیادہ ہو اور جس سے مالکان کو تعلق خاطر ہو، حضرت ابوذرؓ نے عرض کیا: اگر میں یہ کام (غلام آزاد کرنے کا کام) نہ کرسکوں؟ آپؐ نے فرمایا: کسی کاریگر کی مدد کریں یا کسی اناڑی (بے ہنر) کا کام کریں (جو آدمی کام جانتا ہے مگر کام مشکل ہے: اس کا ہاتھ بٹاؤ، اور جو اناڑی ہے کام نہیں جانتا اس کا کام کرو، راستہ میں گاڑی خراب ہوگئی، ڈرائیور ماہر ہے اس نے جیک نکال کر ٹائر بدلنا شروع کیا، دوسرا شخص آیا اس نے گاڑی روکی اور اس کی مدد کی، یہ کاریگر کی مدد کرنا ہے، اور ایک ڈرائیور اناڑی ہے، ٹائر میں پنچر ہوگیا، اب وہ مبہوت کھڑا ہے، دوسرا شخص آیا اس نے گاڑی روکی اور اس کا ٹائر بدل دیا، یہ اناڑی کا کام کردینا ہے) حضرت ابوذرؓ نے عرض کیا: پس اگر میں یہ کام نہ کرسکوں؟ آپؐ نے فرمایا: لوگوں کو برائی سے بچاؤ، یعنی کسی کو تکلیف مت پہنچاؤ، اس لئے کہ یہ بھی صدقہ ہے، جس کو آپ اپنے نفس پر کرتے ہیں، یعنی کارِ ثواب ہے۔

[۲-] بَابٌ: أَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ؟

[۲۵۱۸-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ مُرَاوِحٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "إِيْمَانٌ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِيْ سَبِيْلِهِ" قُلْتُ: فَأَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "أَعْلَاهَا ثَمَنًا وَأَنْفَسُهَا عِنْدَ أَهْلِهَا" قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ أَفْعَلْ؟ قَالَ: "تُعِيْنُ صَانِعًا أَوْ تَصْنَعُ لِأَخْرَقَ" قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ أَفْعَلْ؟ قَالَ: "تَدَعُ النَّاسَ مِنَ الشَّرِّ، فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ، تَصَدَّقُ بِهَا عَلٰى نَفْسِكَ"

لغات: أَعْلٰی اور أَغْلٰی دونوں اسم تفضیل ہیں: عمدہ اور زیادہ قیمت کا............ أَنْفَس بھی اسم تفضیل ہے، زیادہ نفیس پسندیدہ، جس سے مالک کو تعلق خاطر ہو۔

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْعَتَاقَةِ فِي الْكُسُوْفِ وَالآيَاتِ

سورج گہن کے وقت اور قدرتی نشانیاں ظاہر ہونے پر غلام آزاد کرنا مستحب ہے

جب سورج گہن ہو تو غلام آزاد کرنے کی ترغیب دی گئی ہے، اور مطلق خیرات کرنے کی بھی ترغیب دی گئی ہے، اور غلام

آزاد کرنا اہم صدقہ ہے اور اللہ تعالیٰ سورج گہن کے علاوہ بہت سی نشانیاں دکھلاتے ہیں، جیسے زلزلے آنے لگیں تو اس وقت بھی صدقہ کرنا چاہئے، اور خاص طور پر غلاموں کو آزاد کرنا چاہئے۔

اور باب کی حدیث ایک لمبی حدیث کا حصہ ہے، اور یہ مفصل پہلے آچکی ہے (حدیث نمبر ۸۶، تحفۃ القاری ۱: ۳۶۸) ایک مرتبہ سورج گہن ہوا تو نبی ﷺ نے نماز پڑھائی، پھر تقریر فرمائی، اس میں سورج گہن کے وقت غلام آزاد کرنے کا حکم دیا، یہاں حدیث کا صرف یہ حصہ ذکر کیا گیا ہے۔

[۳-] بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْعَتَاقَةِ فِي الْكُسُوْفِ وَالآيَاتِ

[۲۵۱۹-] حدثنا مُوْسَى بْنُ مَسْعُوْدٍ، ثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ: أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْعَتَاقَةِ فِي كُسُوْفِ الشَّمْسِ. [راجع: ۸۶]

تَابَعَهُ عَلِيٌّ، عَنِ الدَّرَاوَرْدِيِّ، عَنْ هِشَامٍ.

[۲۵۲۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، ثَنَا عَثَّامٌ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ: كُنَّا نُؤْمَرُ عِنْدَ الْكُسُوْفِ بِالْعَتَاقَةِ. [راجع: ۸۶]

بَابٌ: إِذَا أَعْتَقَ عَبْدًا بَيْنَ اثْنَيْنِ، أَوْ أَمَةً بَيْنَ الشُّرَكَاءِ

مشترک غلام یا باندی کو آزاد کرنا

اثنین کی قید اتفاقی ہے، کسی غلام میں دو سے زیادہ شرکاء ہوں تو بھی یہی حکم ہے، اور باب میں باندی کا ذکر اس لئے کیا ہے کہ کچھ حضرات حکم کو غلام کے ساتھ خاص کرتے ہیں، باندی تک متعدی نہیں کرتے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں باندی کا بھی ذکر کیا کہ دونوں کے لئے حکم ایک ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہ باب اور آئندہ باب ایک ہی مسئلہ سے متعلق ہیں، اور اس کو سمجھنے کے لئے پہلے دو باتیں جاننی ضروری ہیں:

پہلی بات: عتق متجزی ہوتا ہے یا نہیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک عتق ہر حال میں متجزی ہوتا ہے، اور صاحبینؒ کے نزدیک کسی حال میں متجزی نہیں ہوتا، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک کبھی متجزی ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا۔

وضاحت: یہ تعبیر مجازی ہے کہ عتق متجزی ہوتا ہے یا نہیں؟ اور مراد یہ ہے کہ ازالۂ ملک متجزی ہوتا ہے یا نہیں؟ مثلاً ایک غلام میں دو آدمی شریک ہیں، ایک نے اپنا حصہ آزاد کیا تو کیا صرف اسی کے حصے کی ملک زائل ہوئی یا پورے غلام کی

ملک زائل ہوگئی؟ عتق متجزی ہونے نہ ہونے کا یہ مطلب ہے۔ اور ہر حال کا مطلب یہ ہے کہ جس نے اپنا حصہ آزاد کیا ہے، وہ مالدار ہے یا غریب۔

غرض امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک عتق ہر حال میں متجزی ہوتا ہے اور صاحبینؒ کے نزدیک کسی حال میں متجزی نہیں ہوتا، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اگر آزاد کرنے والا مالدار ہے تو عتق متجزی نہیں ہوتا یعنی اس صورت میں سارا غلام آزاد ہوجاتا ہے، اور اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو صرف اسی کا حصہ آزاد ہوتا ہے، اس صورت میں عتق متجزی ہوتا ہے۔

دوسری بات: جن ائمہ کے نزدیک عتق متجزی ہوتا ہے ان میں اختلاف ہے کہ دوسرے شریک کا حصہ غلامی میں برقرار رہے گا یا وہ بھی ثانی حال (بعد) میں آزاد ہوجائے گا، امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اب وہ غلامی میں باقی نہیں رہ سکتا اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دوسرے شریک کا حصہ بدستور غلامی میں باقی رہے گا —— اور یہیں سے اس مسئلہ میں بھی اختلاف ہوا ہے کہ غلام پر سعایہ (کمانا) ہے یا نہیں؟ احناف کے تینوں ائمہ سعایہ کے قائل ہیں اور ائمہ ثلاثہ سعایہ کے قائل نہیں۔

اب سنئے: ایک غلام دو شخصوں کے درمیان مشترک ہے، ایک شریک نے اپنا حصہ آزاد کردیا تو دیکھیں گے: آزاد کرنے والا مالدار ہے یا غریب؟ یعنی وہ اپنے شریک کے حصہ کا ضمان دے سکتا ہے یا نہیں؟ اگر وہ مالدار ہے تو امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اس کے شریک کو تین اختیار ہیں، یا تو وہ بھی اپنا حصہ آزاد کرے (اس صورت میں غلام کی میراث (ولاء) دونوں کو ملے گی، کیونکہ آزاد کرنے والے دو ہیں) یا وہ اپنے ساتھی سے ضمان لے، کیونکہ پہلے آزاد کرنے والے نے اس کا حصہ بگاڑا ہے، اب وہ غلام نہیں رہ سکتا (اور اس صورت میں دوسرے شریک کا حصہ پہلے شریک کی طرف منتقل ہوکر فوراً آزاد ہوجائے گا، پس میراث تنہا اسی کو ملے گی) یا دوسرا شریک غلام سے اپنے حصہ کی قیمت کموائے (جب غلام اس کو اس کے حصہ کی قیمت کما کر دیدے گا تو وہ حصہ بھی آزاد ہوجائے گا اور اس صورت میں میراث دونوں کو ملے گی) اور اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو اس کے ساتھی کو دو اختیار ہیں، یا تو وہ بھی اپنا حصہ آزاد کرے یا قیمت کموائے۔

اور صاحبینؒ کے نزدیک اگر آزاد کرنے والا مالدار ہے تو صرف ضمان لینے کا اختیار ہے، وہ اپنا حصہ آزاد نہیں کرسکتا، اور نہ قیمت کمواسکتا ہے، کیونکہ ان کے نزدیک عتق متجزی نہیں ہوتا، پس ایک شریک کے آزاد کرنے سے پورا غلام آزاد ہوگیا اور اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو دوسرا شریک اپنے حصہ کے بقدر قیمت کموائے، اس صورت میں بھی آزاد نہیں کرسکتا، کیونکہ وہ پورا آزاد ہوچکا ہے۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اگر آزاد کرنے والا مالدار ہے تو اس کا شریک اس سے ضمان لیگا، کیونکہ اس صورت میں عتق متجزی نہیں ہوتا، پس پہلے پر ضمان واجب ہے، کیونکہ اس نے اپنے شریک کا حصہ بگاڑا ہے، اور اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو غلام بدستور غلام رہے گا، کیونکہ وہ حضرات سعایہ (کموانے) کے قائل نہیں اور ساتھی غریب ہے اس لئے ضمان نہیں لے سکتے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاریؒ نے اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث مختلف سندوں سے پیش کی ہے، جن کی تفصیل حدیثوں کے بعد آئے گی۔

[٤-] بَابٌ: إِذَا أَعْتَقَ عَبْدًا بَيْنَ اثْنَيْنِ، أَوْ أَمَةً بَيْنَ الشُّرَكَاءِ

[٢٥٢١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ أَعْتَقَ عَبْدًا بَيْنَ اثْنَيْنِ فَإِنْ كَانَ مُوْسِرًا قُوِّمَ عَلَيْهِ ثُمَّ يُعْتَقُ "[راجع: ٢٤٩١]

[٢٥٢٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: " مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي عَبْدٍ فَكَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ قُوِّمَ الْعَبْدُ عَلَيْهِ قِيْمَةَ عَدْلٍ فَأَعْطَى شُرَكَاءَهُ حِصَصَهُمْ وَعَتَقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ، وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَاعَتَقَ "[راجع: ٢٤٩١]

[٢٥٢٣-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِي أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِيْ مَمْلُوْكٍ فَعَلَيْهِ عِتْقُهُ كُلُّهُ إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَهُ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ يُقَوَّمُ عَلَيْهِ قِيْمَةَ عَدْلٍ عَلَى الْمُعْتِقِ فَأُعْتِقَ مِنْهُ مَا أَعْتَقَ "[راجع: ٢٤٩١]

حدثنا مُسَدَّدٌ: ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اخْتَصَرَهُ.

[٢٥٢٤-] ثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ: ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ أَعْتَقَ نَصِيْبًا لَهُ فِيْ مَمْلُوْكٍ أَوْ: شِرْكًا لَهُ فِي عَبْدٍ فَكَانَ لَهُ مِنَ الْمَالِ مَا يَبْلُغُ قِيْمَتَهُ بِقِيْمَةِ الْعَدْلِ فَهُوَ عَتِيْقٌ " قَالَ نَافِعٌ: وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ. قَالَ أَيُّوْبُ: لَا أَدْرِيْ أَشَيْءٌ قَالَهُ نَافِعٌ، أَوْ شَيْءٌ فِي الْحَدِيْثِ.

[٢٥٢٥-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ: ثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ: ثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ كَانَ يُفْتِيْ فِي الْعَبْدِ أَوِ الْأَمَةِ يَكُوْنُ بَيْنَ الشُّرَكَاءِ فَيُعْتِقُ أَحَدُهُمْ نَصِيْبَهُ مِنْهُ، يَقُوْلُ: قَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ عِتْقُهُ كُلِّهِ إِذَا كَانَ لِلَّذِيْ أَعْتَقَ مِنَ الْمَالِ مَا يَبْلُغُ، يُقَوَّمُ مِنْ مَالِهِ قِيْمَةَ الْعَدْلِ، وَيُدْفَعُ إِلَى الشُّرَكَاءِ أَنْصِبَاؤُهُمْ، وَيُخَلَّى سَبِيْلُ الْمُعْتَقِ، يُخْبِرُ بِذٰلِكَ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَاهُ اللَّيْثُ وَابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ وَابْنُ إِسْحَاقَ وَجُوَيْرِيَةُ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَإِسْمَاعِيْلُ بْنُ أُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مُخْتَصَرًا [راجع: ٢٤٩١]

حدیث (۲۵۲۱) حضرت سالم کی اپنے ابا سے ہے: جس نے دو شخصوں کے درمیان مشترک غلام میں سے اپنے حصہ کو آزاد کیا تو اگر وہ مالدار ہے تو اس پر غلام کی قیمت لگائی جائے (اور وہ ساتھی کے حصہ کا ضمان ادا کرے، اس لئے علیہ آیا

ہے) پھر وہ غلام (پہلے آزاد کرنے والے کی طرف سے) آزاد کیا جائے۔

حدیث (۲۵۲۲) نافع کی ابن عمرؓ سے ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے کسی غلام میں اپنے حصہ کو آزاد کیا اور اس کے پاس اتنا مال ہے جو غلام کی قیمت کو پہنچتا ہے تو غلام کی قیمت لگائی جائے، انصاف کے ساتھ، پھر وہ اپنے شرکاء کو ان کے حصہ کا ضمان دے، اور غلام پہلے آزاد کرنے والے کی طرف سے آزاد ہو جائے، ورنہ یعنی پہلا آزاد کرنے والا مالدار نہ ہو تو غلام میں سے جتنا آزاد کیا ہے اتنا آزاد ہوا (یہ امام مالک رحمہ اللہ کی حضرت نافعؒ سے روایت ہے)

حدیث (۲۵۲۳) ابواسامہ کی عبید اللہ عمری سے روایت ہے: وہ حضرت نافع سے اور وہ حضرت ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ جس نے کسی غلام میں اپنے حصہ کو آزاد کیا تو اس کے ذمہ سارے غلام کو آزاد کرنا ہے، اگر اس کے پاس اتنا مال ہے جو غلام کی قیمت کو پہنچتا ہے، یعنی پہلا آزاد کرنے والا مالدار ہے، اور اگر اس کے پاس مال نہیں ہے یعنی تنگ دست ہے تو غلام کی قیمت لگائی جائے انصاف کے ساتھ آزاد کرنے والے پر، پس اس میں سے آزاد کیا گیا جو آزاد کیا اس نے، یعنی باقی حصہ غلامی میں برقرار رہے گا۔

نوٹ: بشر بن المفضلؒ بھی عبید اللہ عمریؒ سے یہی روایت کرتے ہیں، مگر ان کی روایت مختصر ہے، یعنی اس میں آخری مضمون نہیں ہے کہ اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو کیا ہوگا؟

حدیث (۲۵۲۴) ایوب سختیانی رحمہ اللہ کی نافعؒ سے روایت ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے کسی غلام میں اپنے حصہ کو آزاد کیا (نصیبا اور شِرْکا میں راوی کو شک ہے، مطلب دونوں کا ایک ہے) پس ہو اس آزاد کرنے والے کے پاس اتنا مال جو غلام کی قیمت کو پہنچے معتبر آدمیوں کی قیمت لگانے سے تو وہ پورا آزاد ہے، اور نافعؒ نے فرمایا: ورنہ جتنا اس میں سے آزاد ہوا ہے ہوا ہے۔ ایوب سختیانی کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ یہ بات نافع نے خود کہی ہے یا حدیث میں ہے۔

حدیث (۲۵۲۵) موسیٰ بن عقبہ کی روایت ہے: حضرت نافع سے وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ابن عمرؓ مشترک غلام یا باندی میں فتوی دیا کرتے تھے کہ اگر ان میں سے کوئی ایک اپنا حصہ آزاد کرے تو اس پر سارا غلام آزاد کرنا واجب ہے، جبکہ ہو پہلے آزاد کرنے والے کے پاس اتنا مال جو پہنچے ساتھیوں کے حصہ کی قیمت کو، قیمت لگایا جائے گا وہ غلام پہلے آزاد کرنے والے کے مال سے انصاف کے ساتھ قیمت لگانا اور شرکاء کو دیئے جائیں گے ان کے حصے اور آزاد شدہ غلام کا راستہ چھوڑ دیا جائے گا۔ ابن عمرؓ یہ بات نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں، یعنی پہلے حدیث موقوف بیان کی اور آخر میں اس کو مرفوع کر دیا۔

علاوہ ازیں: امام لیث، ابن ابی ذئب، ابن اسحاق، جویریہ، یحییٰ بن سعید اور اسماعیل بن امیہ رحمہم اللہ بھی نافع رحمہ اللہ سے وہ ابن عمرؓ سے یہ مرفوع حدیث روایت کرتے ہیں مگر ان کی روایتیں مختصر ہیں، یعنی پہلا آزاد کرنے والا اگر غریب ہے تو کیا ہوگا؟ یہ مضمون ان کی روایتوں میں نہیں ہے۔

خلاصہ: یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے تین طرح کی روایتیں ہیں:

۱- پہلا آزاد کرنے والا مالدار ہو تو کیا حکم ہے؟ یہی بات سالم رحمہ اللہ کی روایت میں مذکور ہے کہ وہ اپنے ساتھیوں کے حصہ کا ضمان دے، پھر ان کے حصے پہلے آزاد کرنے والے کی طرف منتقل ہوجائیں اور سارا غلام اس کی طرف سے آزاد ہوجائے۔

۲- امام مالک رحمہ اللہ کی روایت میں یہ مضمون بھی مرفوع ہے کہ اگر پہلا آزاد کرنے والا غریب ہے تو باقی حصہ غلامی میں برقرار رہے گا۔

۳- ایوب سختیانی کی روایت میں شک ہے کہ یہ آخری مضمون مرفوع ہے یا حضرت نافع رحمہ اللہ کا قول ہے، جو حدیث میں مدرج ہے۔

چونکہ امام مالک رحمہ اللہ مضبوط راوی ہیں اس لئے امام شافعی رحمہ اللہ نے اس روایت کو لیا، انھوں نے فرمایا کہ پہلا آزاد کرنے والا اگر غریب ہے تو باقی شرکاء کے حصے غلامی میں برقرار رہیں گے، سعایہ (غلام سے قیمت کموانے) کے آپ قائل نہیں، اور حنفیہ اور امام بخاریؒ اس کے قائل ہیں جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے۔

بَابٌ: إِذَا أَعْتَقَ نَصِيْبًا فِي عَبْدٍ، وَلَيْسَ لَهُ مَالٌ اسْتُسْعِيَ الْعَبْدُ، غَيْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَيْهِ، عَلَى نَحْوِ الْكِتَابَةِ

جب غلام میں سے اپنے حصہ کو آزاد کیا اور اس کے پاس مال نہیں ہے تو کتابت کی طرح غلام پر دشواری ڈالے بغیر شریک کے حصہ کی قیمت کموائی جائے

گذشتہ باب میں بتایا تھا کہ امام شافعی رحمہ اللہ سعایہ کے قائل نہیں، حنفیہ قائل ہیں۔ امام بخاریؒ اس مسئلہ میں حنفیہ کے ساتھ ہیں، اور اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے آزاد کیا کوئی حصہ —— نصیب اور شقیص کے ایک معنی ہیں —— کسی غلام باندی میں سے پس اس کو چھڑانا آزاد کرنے والے کے ذمہ ہے، اس کے مال میں، اگر ہو اس کے لئے مال، یعنی ساتھی کے حصہ کی قیمت کے بقدر اس کے پاس مال ہو تو وہ ساتھی کے حصہ کا ضامن ہوگا، اور ساتھی کا حصہ اس کی طرف منتقل ہوکر آزاد ہوجائے گا، ورنہ مملوک کی قیمت لگائی جائے گی اس ساتھی پر، پس کموایا جائے گا غلام سے درانحالیکہ اس پر مشقت نہ ڈالی گئی ہو''

تشریح: باب میں: علی نحو الکتابۃ ہے، یعنی جس طرح مکاتب تصرف کے اعتبار سے آزاد ہوتا ہے، یہ غلام بھی جس سے قیمت کموائی جارہی ہے تصرف کے اعتبار سے آزاد ہوگا۔

قولہ: **غیر مشقوق علیہ:** غلام پر مشقت ڈالے بغیر، اس جملہ کی معنویت یہ ہے کہ جب پہلا آزاد کرنے والا مالدار ہوتا ہے تو شریک معتِق پر اکڑتا ہے کہ تو نے میرا حصہ خراب کیا ہے، میں تو اپنے حصہ کے بیس ہزار لوں گا، اس لئے گذشتہ باب کی حدیث میں قیمۃ عدل کی قید آئی ہے کہ بابصیرت لوگ جو قیمت لگائیں گے اس کا اعتبار ہوگا، تیرے اکڑنے سے کچھ نہیں ہوگا۔

اور جب پہلا آزاد کرنے والا غریب ہوتا ہے اور غلام سے قیمت کموانے کا نمبر آتا ہے تو وہ شریک غلام پر دباؤ ڈالتا ہے، کہتا ہے: میرے حصہ کی قیمت ایک مہینہ میں لاکر بھردے، ورنہ تیری ایسی تیسی کرڈالونگا! بیچارہ کہاں سے لاکر بھرے گا، اس کے پاس نوٹیں چھاپنے کا کارخانہ تھوڑئے ہے! اس لئے غیر مشقوق علیہ کی قید لگائی کہ غلام پر کوئی دشواری نہیں ڈالی جائے گی، معروف طریقہ پر کما کرلاکر بھرے گا۔

جاننا چاہئے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث میں سعایہ (کموانے) کا ذکر ہے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں اس کا ذکر نہیں، اور پہلے آزاد کرنے والے کے غریب ہونے کی صورت میں امام مالک رحمہ اللہ کی روایت میں ہے کہ جتنا آزاد ہوگیا: ہوگیا، باقی غلام رہے گا، امام شافعی رحمہ اللہ نے اس کو لیا، انھوں نے فرمایا: امام مالکؒ مضبوط راوی ہیں، مگر حضرت ایوب سختیانی رحمہ اللہ بھی معمولی راوی نہیں اور ان کو شک ہے کہ یہ حصہ مرفوع ہے یا مدرج؟ اور ابن عمرؓ کے دوسرے راوی ان کے صاحبزادے سالم کی روایت میں بھی یہ مضمون نہیں، اس لئے شک پختہ ہوگیا۔ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں شک کے بغیر سعایہ کا تذکرہ ہے، اس لئے احناف اور امام بخاری رحمہم اللہ نے پہلے آزاد کرنے والے کے غریب ہونے کی صورت میں سعایہ کو لیا ہے۔

[٥-] بَابٌ: إِذَا أَعْتَقَ نَصِيْبًا فِي عَبْدٍ، وَلَيْسَ لَهُ مَالٌ اسْتُسْعِيَ الْعَبْدُ، غَيْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَيْهِ، عَلَى نَحْوِ الْكِتَابَةِ

[٢٥٢٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي رَجَاءٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، سَمِعْتُ قَتَادَةَ: ثَنِي النَّضْرُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ أَعْتَقَ شَقِيْصًا مِنْ عَبْدٍ"[راجع: ٢٤٩٢]

[٢٥٢٧-] ح: وحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ ابْنِ نَهِيْكٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ أَعْتَقَ نَصِيْبًا أَوْ: شَقِيْصًا فِي مَمْلُوْكٍ، فَخَلاَصُهُ عَلَيْهِ فِي مَالِهِ، إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ، وَإِلاَّ قُوِّمَ عَلَيْهِ فَاسْتُسْعِيَ بِهِ، غَيْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَيْهِ"[راجع: ٢٤٩٢] تَابَعَهُ حَجَّاجُ بْنُ حَجَّاجٍ، وَأَبَانُ، وَمُوْسَى بْنُ خَلَفٍ، عَنْ قَتَادَةَ، اخْتَصَرَهُ شُعْبَةُ.

وضاحت: متابع اس لئے لائے ہیں کہ سعایہ کے ذکر میں قتادہ کے شاگرد جریر بن حازم منفرد نہیں، اور بھی متعدد شاگرد سعایہ کا ذکر کرتے ہیں، البتہ شعبہ رحمہ اللہ کی روایت مختصر ہے، اس میں سعایہ کا ذکر نہیں۔

بَابُ الْخطأ وَالنِّسْيَانِ فِي الْعَتَاقَةِ وَالطَّلَاقِ وَنَحْوِهِ

اعتاق اور طلاق وغیرہ میں بھول چوک

احناف کے نزدیک خاطی (چوکنے والا) ناسی (بھولنے والا) ہازل (ٹھٹھا کرنے والا) لاعب (کھیلنے والا) اور بے قصد بولنے والے کی طلاق پڑ جاتی ہے (عینی) حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک نہیں پڑتی۔

احناف کے یہاں اصول یہ ہے کہ جن چیزوں میں اقالہ ہوسکتا ہے یعنی نکلا ہوا تیر واپس آسکتا ہے وہ 'بیوع' کہلاتی ہیں، جیسے کوئی چیز بیچنا خریدنا یا کرایہ پر دینا وغیرہ، اور ہر وہ عقد جس میں اقالہ نہیں ہوسکتا، وہ واپس نہیں آسکتا، وہ 'ایمان' کہلاتی ہیں، جیسے نکاح کرنا، آزاد کرنا وغیرہ۔ اور دلیل ترمذی کی حدیث ہے کہ تین چیزوں میں سنجیدگی سنجیدگی ہے اور دل لگی سنجیدگی ہے: نکاح، رجعت اور طلاق۔ اس حدیث سے احناف نے یہ قاعدہ بنایا ہے، نکاح طلاق اور رجعت وغیرہ میں جو از قبیل ایمان ہیں بھول چوک اور دل لگی کی گنجائش نہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کی اس مسئلہ میں رائے یہ ہے کہ اگر چوک گیا اور آزادی کا کلمہ زبان سے نکل گیا یا طلاق کا لفظ نکل گیا تو نہ غلام آزاد ہوگا اور نہ عورت پر طلاق پڑے گی، اور نحوہ میں جملہ ایمان کو لیا ہے۔

امام بخاریؒ کی دلیل: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث طبرانی میں ہے: **لا عَتَاقَةَ إلا لِوجه الله تعالیٰ:** اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہی کے لئے آزاد کرنا ہے، اور حدیث میں ہے: **لکل امرئ ما نوی:** ہر انسان کے لئے وہ ہے جس کی اس نے نیت کی ہے، اور بھولنے والے اور چوکنے والے کی نیت نہیں ہوتی، پس ان کا آزاد کرنا اور طلاق دینا کیسے صحیح ہوسکتا ہے؟

جواب: یہ قاعدہ بیوع میں ہے یعنی ان معاملات کے لئے ہے جن میں اقالہ ہوسکتا ہے، اور ایمان کے لئے دوسری حدیث ہے: **ثلاثٌ جِدُّهن جَدٌّ وهَزْلُهُنَّ جِدٌّ۔**

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے درگذر فرمایا میرے فائدہ کے لئے میری امت کی ان باتوں سے جن کے وسوسے آتے ہیں، جب تک وہ ان پر عمل نہ کرے، یا منہ سے ان کا تلفظ نہ کرے۔

تشریح: اس حدیث سے امام صاحب کا استدلال سمجھ میں نہیں آیا، کیونکہ خطا اور نسیان کی صورت میں تکلم پایا جاتا ہے، صرف دل و دماغ میں وسوسے نہیں آتے، بلکہ وہ منہ سے الفاظ بولتا ہے۔ پس اس حدیث سے کیسے استدلال ہوگا؟ ہاں دماغ میں آزاد کرنے کے یا طلاق دینے کے وسوسے آئیں، کھچڑا پکتا رہے، مگر زبان سے کچھ نہیں بولا تو کوئی بات نہیں، مگر جب زبان سے الفاظ بول دیئے، چاہے چوک کر بولے یا بھول کر تو اس کے اثرات تو مرتب ہونگے!

[٦-] بَابُ الْخَطَأِ وَالنِّسْيَانِ فِي الْعَتَاقَةِ وَالطَّلَاقِ وَنَحْوِهِ

وَلاَ عَتَاقَةَ إِلَّا لِوَجْهِ اللّٰهِ، وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى" وَلاَ نِيَّةَ لِلنَّاسِيْ وَالْمُخْطِئِ.

[٢٥٢٨-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِيْ عَنْ أُمَّتِيْ مَا وَسْوَسَتْ بِهِ صُدُوْرُهَا مَالَمْ تَعْمَلْ أَوْ تَكَلَّمْ"[انظر: ٥٢٦٩، ٦٦٦٤]

[٢٥٢٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَلِامْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيْبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ"[راجع: ١]

بَابٌ: إِذَا قَالَ لِعَبْدِهِ: هُوَ لِلّٰهِ وَنَوَى الْعِتْقَ، وَالإِشْهَادُ فِي الْعِتْقِ

اپنے غلام سے کہا: وہ اللہ کے لئے ہے، اور آزاد کرنے کی نیت کی، اور آزادی پر گواہ بنانا

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: اگر کسی نے غلام سے کہا: هو للّٰه، وہ اللہ کے لئے ہے، لفظ حُرٌّ نہیں کہا، مگر آزاد کرنے کی نیت ہے تو غلام آزاد ہوجائے گا، کیونکہ جیسے طلاق میں صریح اور کنائی الفاظ ہوتے ہیں، آزاد کرنے میں بھی دونوں طرح کے الفاظ ہوتے ہیں، صریح میں نیت کی ضرورت نہیں، اور کنائی میں نیت ضروری ہے۔ هو للّٰه: کنائی لفظ ہے، اگر آزاد کرنے کی نیت ہے تو آزاد ہوگا ورنہ نہیں۔

دوسری بات: کوئی غلام کو آزاد کرے اور اس پر گواہ بنائے تو ایسا کرسکتا ہے، اس میں کچھ حرج نہیں، مگر گواہ بنانا ضروری نہیں۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اپنے قبیلہ دَوس سے اپنے غلام کے ساتھ مدینہ کے لئے چلے، دونوں کو مسلمان ہونا تھا، راستہ میں ایک دوسرے سے بچھڑ گئے، حضرت ابو ہریرہؓ نے غلام کو بہت ڈھونڈھا مگر نہیں پایا، وہ مایوس ہوکر اکیلے مدینہ کی طرف چل دیئے، رات کا سفر تھا، وحشت ہو رہی تھی، چنانچہ حضرت ابو ہریرہؓ نے یہ شعر کہا:

يَا لَيْلَةً مِنْ طُوْلِهَا وَعَنَائِهَا ❁ على أَنَّهَا مِنْ دَارَةِ الْكُفْرِ نَجَّتِ

ہائے رات کی درازی اور اس کی مشقت ÷ مگر اس نے مجھے کفر کی سرزمین سے نجات بخشی!

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مدینہ پہنچے، نبی ﷺ کو واقعہ بتلایا کہ میرا غلام کھو گیا ہے، حضرت ابو ہریرہؓ حضور ﷺ کی طرف منہ کر کے بیٹھے تھے، پیچھے سے غلام آیا، حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا غلام آ گیا، انھوں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو واقعی آ گیا تھا، ان کو بہت خوشی ہوئی اور انھوں نے کہا: یا رسول اللہ! ھو للّٰہ، چنانچہ وہ غلام آزاد ہو گیا، پھر وہ مسلمان ہو گیا۔

اور باب میں تین حدیثیں ہیں اور تینوں میں یہی واقعہ ہے، پہلی روایت میں ہے: إِنِّیْ أُشْهِدُكَ أَنَّـهُ حُرٌّ: اس سے استدلال نہیں ہوگا کیونکہ اس میں لفظ حُرّ ہے، دوسری روایت میں بھی ھُو حرٌّ لِوجهِ الله ہے، یہ روایت امام بخاریؒ کے استاذ عبید اللہ کی ہے، جس کو وہ ابو اسامہ سے روایت کرتے ہیں، مگر امام بخاری کے دوسرے استاذ ابو کریب یہی روایت ابو اسامہ سے روایت کرتے ہیں اس میں لفظ حُرّ نہیں ہے، تیسری روایت میں بھی لفظ حُرّ نہیں ہے، اس کے الفاظ ہیں: أما إنی أشهدك أَنَّـهُ لِلّٰهِ: سنیں! میں آپؐ کو گواہ بناتا ہوں کہ وہ غلام اللہ کے لئے ہے۔ اس روایت سے دونوں باتیں ثابت ہوئیں، بغیر لفظ حُرّ کے بھی آزاد ہو سکتا ہے اگر متکلم کی نیت آزاد کرنے کی ہو، اور حضرت ابو ہریرہؓ نے حضور ﷺ کو گواہ بنایا۔ معلوم ہوا کہ اعتاق پر گواہ بنا سکتے ہیں۔

[۷-] بَابٌ: إِذَا قَالَ لِعَبْدِهِ: هُوَ لِلّٰهِ وَنَوَى الْعِتْقَ، وَالإِشْهَادُ فِی الْعِتْقِ

[۲۵۳۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ: أَنَّـهُ لَمَّا أَقْبَلَ يُرِيْدُ الإِسْلَامَ وَمَعَهُ غُلَامُهُ، ضَلَّ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِنْ صَاحِبِهِ، فَأَقْبَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ، وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ جَالِسٌ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! هٰذَا غُلَامُكَ قَدْ أَتَاكَ" فَقَالَ: أَمَا إِنِّیْ أُشْهِدُكَ أَنَّـهُ حُرٌّ، قَالَ فَهُوَ حِيْنَ يَقُوْلُ:

يَا لَيْلَةً مِنْ طُوْلِهَا وَعَنَائِهَا ❁ علی أَنَّهَا مِنْ دَارَةِ الْكُفْرِ نَجَّتِ

[انظر: ۲۵۳۱، ۲۵۳۲، ۴۳۹۳]

[۲۵۳۱-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا قَدِمْتُ عَلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قُلْتُ فِی الطَّرِيْقِ:

يَا لَيْلَةً مِنْ طُوْلِهَا وَعَنَائِهَا ❁ علی أَنَّهَا مِنْ دَارَةِ الْكُفْرِ نَجَّتِ

قَالَ: وَأَبَقَ مِنِّیْ غُلَامٌ لِیْ فِی الطَّرِيْقِ، فَلَمَّا قَدِمْتُ عَلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَبَايَعْتُهُ فَبَيْنَا أَنَا عِنْدَهُ إِذْ طَلَعَ الْغُلَامُ، فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "يَا أَبَا هُرَيْرَةَ هٰذَا غُلَامُكَ" فَقُلْتُ: هُوَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ، فَأَعْتَقَهُ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: لَمْ يَقُلْ أَبُوْ كُرَيْبٍ عَنْ أَبِیْ أُسَامَةَ: حُرٌّ. [راجع: ۲۵۳۰]

[۲۵۳۲-] حدثنا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرُّؤَاسِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: لَمَّا أَقْبَلَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ وَمَعَهُ غُلَامُهُ، وَهُوَ يَطْلُبُ الإِسْلَامَ، فَضَلَّ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ، وَقَالَ: أَمَّا إِنِّي أُشْهِدُكَ أَنَّـهُ لِلّٰهِ. [راجع: ۲۵۳۰]

نوٹ: ضَلَّ: لازم ہے، مگر آخری حدیث کے آخر میں متعدی ہے، پس تاویل کرنی ہوگی، جو حاشیہ میں ہے۔

بَابُ أُمِّ الْوَلَدِ

ام ولد کا بیان

ام ولد: وہ باندی ہے جس نے مولیٰ کا بچہ جنا ہو، اب اسے عتق کا استحقاق حاصل ہوگیا، جب مولیٰ مرے گا وہ آزاد ہوجائے گی، اس مناسبت سے یہ باب کتاب العتق میں لائے ہیں۔ اور باب میں دو حدیثیں ہیں:

معلق حدیث: قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ باندی اپنی مالکہ کو جنے، اس سے معلوم ہوا کہ ام ولد مولیٰ کی حیات تک باندی رہے گی، پس جب ام ولد کی لڑکی بڑی ہوگی تو ماں کے ساتھ سیٹھانی جیسا معاملہ کرے گی، یہ ہے باندی کا اپنے مالکہ کو جننا، یعنی اولاد ناہنجار ہوجائے گی، ماں باپ پر حکم چلانے لگے گی۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ام ولد ابھی آزاد نہیں ہوئی، مولیٰ کے مرنے کے بعد آزاد ہوگی، اور اس کی بیع درست نہیں۔

دوسری حدیث: وہ ہے جو پہلے بار بار آئی ہے۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور عبد بن زمعہؓ کے مقدمہ میں آپؐ نے زمعہ کی باندی کے لڑکے کا فیصلہ عبد کے لئے کیا تھا، اس لئے کہ وہ عبد کے والد کے بستر پر جنا گیا تھا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ام ولد آخر تک زمعہ کی باندی رہی، کیونکہ نبی ﷺ نے اس باندی کو زمعہ کا فراش (بستر) کہا ہے، یعنی بیوی قرار دیا ہے، اور بیوی شوہر کی حیات تک بیوی رہتی ہے۔

ملحوظہ: ام ولد کی بیع جائز ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ شروع میں اختلافی تھا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ وغیرہ جواز کے قائل تھے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اتفاق ہوگیا کہ اس کی بیع درست نہیں، اب چاروں ائمہ اس پر متفق ہیں، صرف داؤد ظاہری اختلاف کرتے ہیں، وہ جواز بیع کے قائل ہیں۔

[۸-] بَابُ أُمِّ الْوَلَدِ

وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ تَلِدَ الأَمَةُ رَبَّتَهَا"

[۲۵۳۳-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، نَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ عُتْبَةُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ عَهِدَ إِلٰى أَخِيهِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ أَنْ يَقْبِضَ إِلَيْهِ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ، قَالَ عُتْبَةُ: إِنَّـهُ

ابْنِيْ، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم زَمَنَ الْفَتْحِ، أَخَذَ سَعْدٌ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ، فَأَقْبَلَ بِهِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَقْبَلَ مَعَهُ بِعَبْدِ بْنِ زَمْعَةَ، فَقَالَ سَعْدٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا ابْنُ أَخِيْ، عَهِدَ إِلَيَّ أَنَّهُ ابْنُهُ، فَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ: هٰذَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَخِيْ، ابْنُ زَمْعَةَ، وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى ابْنِ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ، فَإِذَا هُوَ أَشْبَهُ النَّاسِ بِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ" مِنْ أَجْلِ أَنَّهُ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ أَبِيْهِ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "احْتَجِبِيْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ بِنْتَ زَمْعَةَ" لِمَا رَأَى مِنْ شِبْهِهِ بِعُتْبَةَ، وَكَانَتْ سَوْدَةُ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۰۵۳]

بَابُ بَيْعِ الْمُدَبَّرِ

مدبر کی بیع

مدبر: وہ غلام باندی ہیں جن کو مولیٰ نے کہہ دیا ہو کہ تم میرے مرنے کے بعد آزاد ہو، اس سے بھی عتق کا استحقاق پیدا ہو جاتا ہے، اس لئے یہ باب کتاب العتق میں لائے ہیں، اور یہ باب اور باب کی حدیث پہلے ابواب البیوع میں گذر چکے ہیں، وہاں یہ بھی بتایا ہے کہ مدبر مطلق کی بیع میں اختلاف ہے، امام بخاریؒ کی رائے میں اس کی بیع ہوسکتی ہے، اس لئے باب میں لفظ بیع بڑھایا ہے۔

[۹-] بَابُ بَيْعِ الْمُدَبَّرِ

[۲۵۳٤-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَعْتَقَ رَجُلٌ مِنَّا عَبْدًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ، فَدَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِهِ فَبَاعَهُ، قَالَ جَابِرٌ: مَاتَ الْغُلَامُ عَامَ أَوَّلَ. [راجع: ۲۱٤۱]

بَابُ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَهِبَتِهِ

ولاء بیچنا اور بخشنا

وَلاء: (واؤ کا زبر) وَلِيَ يَلِيْ وَلِيًا سے ہے، جس کے معنی ہیں: قرب، نزدیکی، اور اصطلاحی معنی ہیں: غلام باندی کو آزاد کرنے سے آزاد کرنے والے اور آزاد شدہ کے درمیان جو رشتہ (تعلق) پیدا ہوتا ہے وہ ولاء کہلاتا ہے، ولاء بھی ایک رشتہ ہے نسب کے رشتہ کی طرح، اور جس طرح نسب منتقل نہیں ہوسکتا اسی طرح ولاء بھی منتقل نہیں ہوسکتا، نہ اس کو بیچ سکتے ہیں، نہ

بخش سکتے ہیں، اور آزاد شدہ غلام باندی کے مرنے کے بعد اگر اس کے ذوی الفروض اور عصبہ نسبی نہ ہوں تو یہ آزاد کرنے والا وارث بنتا ہے، اور وہ عصبہ سببی کہلاتا ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے ولاء بیچنے سے اور اس کو ہبہ کرنے سے منع فرمایا۔

دوسری حدیث: پہلے گذری ہے، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو خریدنا چاہا تو ان کے آقا نے اپنے لئے ولاء کی شرط لگائی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ولاء اسی کو ملتا ہے جو آزاد کرتا ہے، دوسرے کے لئے اس کی شرط لگانا درست نہیں۔

[۱۰-] بَابُ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَهِبَتِهِ

[۲۵۳۵-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهِ. [انظر: ٦٧٥٦]

[۲۵۳٦-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِىْ شَيْبَةَ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اشْتَرَيْتُ بَرِيْرَةَ، فَاشْتَرَطَ أَهْلُهَا وَلَاءَ هَا، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " أَعْتِقِيْهَا، فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْطَى الْوَرِقَ" فَأَعْتَقْتُهَا، فَدَعَاهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَخَيَّرَهَا مِنْ زَوْجِهَا، فَقَالَتْ: لَوْ أَعْطَانِىْ كَذَا وَكَذَا مَا ثَبَتُّ عِنْدَهُ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا. [راجع: ٤٥٦]

بَابٌ: إِذَا أُسِرَ أَخُو الرَّجُلِ أَوْ عَمُّهُ: هَلْ يُفَادَى إِذَا كَانَ مُشْرِكًا؟

اگر آدمی کا بھائی یا چچا قید کیا جائے اور وہ غیر مسلم ہو تو اس سے فدیہ لیا جا سکتا ہے؟

جواب: لیا جا سکتا ہے، جنگ بدر میں حضرت عباس اور ان کے بھتیجے حضرت عقیل رضی اللہ عنہما قید ہوئے، ان سے فدیہ لیا گیا، انصار نے عرض بھی کیا کہ عباس ہمارے بھانجے ہیں، ہم ان سے فدیہ نہیں لینا چاہتے، نبی ﷺ نے فرمایا: ایک روپیہ بھی نہیں چھوڑا جائے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک اختلافی مسئلہ کی طرف اشارہ کیا ہے، حنفیہ کی رائے ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے ذی رحم محرم کا مالک ہو تو مالک ہوتے ہی وہ آزاد ہو جائے گا۔ حدیث میں ہے: مَن ملك ذارَحِمٍ مَحْرَمٍ فهو حُرٌّ: (ترمذی حدیث ۱۳۴۸) اور امام شافعی اور امام بخاری رحمہما اللہ کی رائے ہے کہ اگر کوئی ایسے غلام کا مالک ہو جس کے ساتھ ولادت کا رشتہ ہے تو آزاد ہوگا، اور اگر ولادت کا رشتہ نہیں ہے تو آزاد نہیں ہوگا چاہے وہ ذی رحم محرم ہو۔

اور دلیل یہ ہے کہ بدر کے قیدیوں میں حضرت عباسؓ اور حضرت عقیلؓ بھی تھے، پس نبی ﷺ چچا کے مالک ہوئے جو محرم ہیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ چچا اور بھائی دونوں کے مالک ہوئے، جو دونوں محرم ہیں، پھر بھی وہ آزاد نہیں ہوئے، بلکہ ان سے فدیہ لیا گیا، معلوم ہوا کہ ولادت کے رشتہ ہی میں آزادی آتی ہے، دوسرے رشتوں میں اگر چہ وہ محرمیت کا رشتہ ہو، آزادی نہیں آتی۔

حضرت امام بخاریؒ کے اس استدلال کا جواب یہ ہے کہ ان قیدیوں کے استرقاق کا فیصلہ نہیں کیا گیا تھا، نہ ان کو لوگوں میں تقسیم کیا گیا تھا، پس ملکیت نہیں پائی گئی، اور حنفیہ کی دلیل صریح اور صحیح حدیث ہے اگر چہ بعض حضرات نے اس کی تضعیف کی ہے مگر ابن حزم، عبدالحق اور ابن القطان نے اس کی تصحیح کی ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۲۹۱:۴) میں ہے۔

[۱۱-] بَابٌ: إِذَا أُسِرَ أَخُوْ الرَّجُلِ أَوْ عَمُّهُ: هَلْ يُفَادَى إِذَا كَانَ مُشْرِكًا؟

[۱-] وَقَالَ أَنَسٌ: قَالَ الْعَبَّاسُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: فَادَيْتُ نَفْسِيْ وَفَادَيْتُ عَقِيْلاً.

[۲-] وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ لَهُ نَصِيْبٌ فِي تِلْكَ الْغَنِيْمَةِ الَّتِيْ أَصَابَ مِنْ أَخِيْهِ عَقِيْلٍ وَعَمِّهِ عَبَّاسٍ.

[۲۵۳۷-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رِجَالاً مِنَ الْأَنْصَارِ اسْتَأْذَنُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: ائْذَنْ لَنَا فَلْنَتْرُكْ لِابْنِ أُخْتِنَا عَبَّاسٍ فِدَاءَهُ، فَقَالَ: "لاَ تَدَعُوْنَ مِنْهُ دِرْهَمًا" [انظر: ۳۰۴۸، ۴۰۱۸]

وضاحت: (۱) حضرت عباس رضی اللہ عنہ مالدار تھے اور ان کے بھتیجے عقیلؓ غریب تھے، اس لئے نبی ﷺ نے عقیل کا فدیہ بھی حضرت عباسؓ کے سر ڈالا، بعد میں ایک موقع پر مالِ فیٔ تقسیم ہو رہا تھا، حضرت عباسؓ نے نبی ﷺ سے عرض کیا: میں نے ڈبل فدیہ دیا ہے، لہٰذا مجھے مالِ فیٔ میں سے زیادہ ملنا چاہئے۔

(۲) امام بخاری رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ بدر کے مالِ غنیمت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بھی حصہ تھا، پھر بھی عباسؓ اور عقیلؓ آزاد نہیں ہوئے اور جواب گذر چکا کہ بدر کے قیدیوں کے استرقاق کا فیصلہ نہیں ہوا تھا، علاوہ ازیں: فدیہ حکومت کی ملک ہوتا ہے، فوجیوں میں تقسیم نہیں ہوتا۔

بَابُ عِتْقِ الْمُشْرِكِ

غیر مسلم کا آزاد کرنا

باب میں مصدر کی فاعل کی طرف اضافت ہے یعنی غیر مسلم غلام کو آزاد کرے تو درست ہے، اور باب میں وہی روایت ہے جو پہلے گذری ہے، حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے اسلام سے پہلے سو غلام آزاد کئے تھے، اور سو اونٹ غریبوں کو دیئے تھے،

پھر مسلمان ہونے کے بعد سو اونٹ سواری کے لئے دیئے اور سو غلام آزاد کئے، انھوں نے نبی ﷺ سے پوچھا: میں نے اسلام سے پہلے جو نیکی کے کام کئے ہیں اس کا کوئی فائدہ مجھے پہنچے گا؟ آپؐ نے فرمایا: أَسْلَمْتَ علی ما سَلَفَ لَكَ مِنْ خَيْرٍ: تم نے اسلام سے پہلے جو نیکی کے کام کئے ہیں ان کی وجہ سے تمہیں دولت اسلام ملی ہے، یعنی اس کا صلہ تم کو دنیا میں مل گیا، اور ایسا ملا جو آخرت میں بھی کام آئے گا۔

[۱۲-] بَابُ عِتْقِ الْمُشْرِكِ

[۲۵۳۸-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، أَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ أَعْتَقَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ مِائَةَ رَقَبَةٍ، وَحَمَلَ عَلٰى مِائَةِ بَعِيْرٍ، فَلَمَّا أَسْلَمَ حَمَلَ عَلٰى مِائَةِ بَعِيْرٍ، وَاَعْتَقَ مِائَةَ رَقَبَةٍ، قَالَ: فَسَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ أَشْيَاءَ كُنْتُ أَصْنَعُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، كُنْتُ أَتَحَنَّثُ بِهَا، يَعْنِيْ: أَتَبَرَّرُ بِهَا؟ قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَسْلَمْتَ عَنْ مَاسَلَفَ لَكَ مِنْ خَيْرٍ"[راجع: ۱٤۳٦]

بَابُ مَنْ مَلَكَ مِنَ الْعَرَبِ رَقِيْقًا، فَوَهَبَ وَبَاعَ وَجَامَعَ وَفَدٰى، وَسَبْيُ الذُّرِّيَّةِ

جو عربی غلام کا مالک ہوا، پس اس نے بخشا، بیچا، صحبت کی اور فدیہ لیا اور بیوی بچوں کو قید کرنا

اس باب میں دو باتیں ہیں، اور دونوں میں ربط ہے: پہلی بات: عربوں کا استرقاق جائز ہے یا نہیں؟ دوسری بات: جنگ میں عربوں کے بال بچوں کو قید کرنا جائز ہے یا نہیں؟ دونوں باتوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔

پہلی بات: ائمہ: ثوری، اوزاعی اور ابوحنیفہ رحمہم اللہ کا مسلک یہ ہے کہ بالغ عربی مرد کو غلام نہیں بنایا جاسکتا، وہ یا تو اسلام لائے یا لڑے، اور امام شافعی اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک غلام بنایا جاسکتا ہے، اور باب میں حضرت رحمہ اللہ نے چار باتیں بیان کی ہیں، عربی غلام کو ہبہ کرنا، بیچنا، عربی باندی سے صحبت کرنا اور عربی قیدی کو فدیہ لے کر چھوڑ دینا: سب جائز ہیں۔

دوسری بات: عربوں کے بیوی بچوں کو جنگ میں قید کرنا بھی درست ہے۔

اور باب میں ایک آیت اور چار حدیثیں ہیں:

آیت: سورۃ النحل کی آیت ۷۵ ہے: "اللہ تعالیٰ ایک مثال بیان فرماتے ہیں، ایک غلام ہے جو کسی کا مملوک ہے، جو کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتا، اور دوسرا وہ شخص ہے جس کو ہم نے اپنے پاس سے خوب روزی دی ہے، پس وہ اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتا ہے، پس کیا (اللہ پاک اور شرکاء) دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، یعنی وہی معبود ہیں، اس لئے کہ وہی تمام خوبیوں کے مالک ہیں، بلکہ اکثر لوگ جانتے نہیں! یعنی جب مالک مجازی اور مملوک مجازی

برابر نہیں ہوسکتے تو مالک حقیقی اور مملوک حقیقی برابر کیسے ہوسکتے ہیں؟ اور استحقاق عبادت موقوف ہے مساوات پر جو منتفی ہے۔

استدلال: اس آیت سے استدلال یہ ہے کہ ﴿عَبْدًا مَمْلُوْكًا﴾ عام ہے، عربی اور غیر عربی دونوں کو شامل ہے، معلوم ہوا کہ عربی کو بھی غلام بنا سکتے ہیں۔

حدیث: پہلے گذری ہے، ہوازن کا وفد نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، انھوں نے درخواست کی کہ ان کے اموال اور ان کے قیدی ان کو واپس کردیئے جائیں، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عربوں کے بیوی بچوں کو قید کیا جاسکتا ہے، اور ان کو غلام بنا سکتے ہیں، فدیہ لے کر چھوڑ بھی سکتے ہیں، اسی طرح باندی سے صحبت کرنا، بیچنا، بخشنا سب جائز ہے۔

[۱۳-] بَابُ مَنْ مَلَكَ مِنَ الْعَرَبِ رَقِيْقًا، فَوَهَبَ وَبَاعَ وَجَامَعَ وَفَدَى، وَسَبْيُ الذُّرِّيَّةِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً عَبْدًا مَمْلُوْكًا لاَ يَقْدِرُ عَلٰى شَيْئٍ وَمَنْ رَزَقْنَاهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَجَهْرًا، هَلْ يَسْتَوُوْنَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ! بَلْ أَكْثَرُهُمْ لاَ يَعْلَمُوْنَ﴾[النحل: ۷۵]

[۲۵۳۹و۲۵۴۰-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ: ذَكَرَ عُرْوَةُ أَنَّ مَرْوَانَ وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَاهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَامَ حِيْنَ جَاءَ هُ وَفْدُ هَوَازِنَ، فَسَأَلُوْهُ أَنْ يَرُدَّ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ وَسَبْيَهُمْ، فَقَالَ: " إِنَّ مَعِيْ مَنْ تَرَوْنَ، وَأَحَبُّ الْحَدِيْثِ إِلَيَّ أَصْدَقُهُ، فَاخْتَارُوْا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ: إِمَّا الْمَالَ وَإِمَّا السَّبْيَ، وَقَدْ كُنْتُ اسْتَأْنَيْتُ بِهِمْ" وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم انْتَظَرَهُمْ بِضْعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً حِيْنَ قَفَلَ مِنَ الطَّائِفِ، فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم غَيْرُ رَادٍّ إِلَيْهِمْ إِلاَّ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ، قَالُوْا: فَإِنَّا نَخْتَارُ سَبْيَنَا، فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي النَّاسِ، فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ إِخْوَانَكُمْ قَدْ جَاؤُنَا تَائِبِيْنَ، وَإِنِّيْ رَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّ إِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ، فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُطَيِّبَ ذٰلِكَ فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَكُوْنَ عَلٰى حَظِّهِ حَتَّى نُعْطِيَهِ إِيَّاهُ مِنْ أَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ" فَقَالَ النَّاسُ: طَيَّبْنَا لَكَ، قَالَ: " إِنَّا لاَ نَدْرِيْ مَنْ أَذِنَ مِنْكُمْ مِمَّنْ لَمْ يَأْذَنْ، فَارْجِعُوْا حَتَّى يَرْفَعَ إِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ أَمْرَكُمْ" فَرَجَعَ النَّاسُ فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ، ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرُوْهُ أَنَّهُمْ طَيَّبُوْا وَأَذِنُوْا، فَهٰذَا الَّذِيْ بَلَغَنَا عَنْ سَبْيِ هَوَازِنَ. وَقَالَ أَنَسٌ، قَالَ عَبَّاسٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: فَادَيْتُ نَفْسِيْ وَفَادَيْتُ عَقِيْلاً. [راجع: ۲۳۰۷، ۲۳۰۸]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے بنو المصطلق پر حملہ کیا، وہ بے خبر تھے، ان کے چوپائے کنویں پر پانی پی رہے تھے، پس ان کے جنگجوؤں کو قتل کیا اور ان کے بال بچوں کو قید کیا، اُن میں حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں۔ اس حدیث سے بھی باب میں مذکورہ تمام باتیں ثابت ہوئیں۔

حدیث (۲): بھی بنوالمصطلق سے متعلق ہے، ان کے بیوی بچوں کو قید کرنے کے بعد فوج میں تقسیم کردیا، لوگوں نے مسئلہ پوچھا کہ ہم ان سے عزل کرسکتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: عزل کرنے سے کیا فائدہ! جس کو قیامت تک آنا ہے: آنا ہے! اس روایت سے بھی باب میں مذکور سب باتیں ثابت ہوئیں۔

[۲۵۴۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا ابْنُ عَوْنٍ، قَالَ: كَتَبْتُ إِلٰى نَافِعٍ فَكَتَبَ إِلَيَّ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَغَارَ عَلٰى بَنِيْ الْمُصْطَلِقِ وَهُمْ غَارُّوْنَ، وَأَنْعَامُهُمْ تُسْقَى عَلَى الْمَاءِ فَقَتَلَ مُقَاتِلَهُمْ وَسَبٰى ذَرَارِيَّهُمْ، وَأَصَابَ يَوْمَئِذٍ جُوَيْرِيَةَ، ثَنِيْ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَكَانَ فِي ذٰلِكَ الْجَيْشِ.

[۲۵۴۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنِ ابنِ مُحَيْرِيْزٍ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا سَعِيْدٍ فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي غَزْوَةِ بَنِيْ الْمُصْطَلِقِ، فَأَصَبْنَا سَبْيًا مِنْ سَبْيِ الْعَرَبِ، فَاشْتَهَيْنَا النِّسَاءَ، فَاشْتَدَّتْ عَلَيْنَا الْعُزْبَةُ، وَأَحْبَبْنَا الْعَزْلَ فَسَأَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "مَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوْا، مَا مِنْ نَسَمَةٍ كَائِنَةٍ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ إِلَّا وَهِيَ كَائِنَةٌ" [راجع: ۲۲۲۹]

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے قبیلہ دَوس کی قبیلہ تمیم سے زمانۂ جاہلیت سے ناموافقت چلی آرہی تھی، مگر اسلام کے بعد حضرت ابو ہریرہؓ کو بنوتمیم سے تعلق خاطر ہوگیا، تین باتوں کی وجہ سے: ایک: نبی ﷺ نے فرمایا: بنوتمیم دجال کا سخت مقابلہ کریں گے۔ دوسری: بنوتمیم کی زکوتیں آئیں تو نبی ﷺ نے فرمایا: یہ ہماری قوم کی زکوتیں ہیں۔ تیسری: بنوتمیم کی ایک باندی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھی، آپؐ نے ان سے فرمایا: اسے آزاد کردو، اس لئے کہ بنوتمیم اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں۔ ان تین باتوں کی وجہ سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بنوتمیم سے محبت ہوگئی۔

[۲۵۴۳-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَا أَزَالُ أُحِبُّ بَنِيْ تَمِيْمٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ ابْنُ سَلَامٍ، أَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَعَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: مَا زِلْتُ أُحِبُّ بَنِيْ تَمِيْمٍ مُنْذُ ثَلَاثٍ، سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِيْهِمْ، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "هُمْ أَشَدُّ أُمَّتِيْ عَلَى الدَّجَّالِ" قَالَ: وَجَاءَتْ صَدَقَاتُهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هٰذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمِنَا" وَكَانَتْ سَبِيَّةٌ مِنْهُمْ عِنْدَ عَائِشَةَ، فَقَالَ: "أَعْتِقِيْهَا فَإِنَّهَا مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيْلَ" [انظر: ۴۳۶۶]

جواب: ﴿عَبْدًا مَمْلُوْكًا﴾ کے عموم سے استدلال درست نہیں، کیونکہ قضیہ مہملہ کا وجود ایک فرد کے ضمن میں ہوجاتا

ہے، پس جب غیر عربی مملوک آیت کا مصداق بن گیا تو عربی غلام کا مصداق ہونا ضروری نہیں، اور باقی روایتوں میں سے کوئی روایت صریح نہیں کہ بالغ مردوں کو قید کیا گیا، سب روایات میں بیوی بچوں کو قید کرنے کا ذکر ہے، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

اور مانعین کی دلیل سورۂ جمعہ کی ابتدائی آیات ہیں: ﴿هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْأُمِّیِّیْنَ رَسُوْلاً مِنْهُمْ﴾ امی یعنی عرب، یہاں کوئی استثناء نہیں ﴿وَآخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ یعنی وہ عجم جو اب تک عربوں کے ساتھ نہیں ملے مگر آئندہ ملیں گے، یعنی مسلمان ہونگے، یہاں استثناء ہے ﴿ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَاءُ﴾ یعنی اسلام کی دولت سب عجمیوں کو نہیں ملے گی، پس عجمیوں کو تو کفر پر برقرار رکھا جاسکتا ہے۔ عربوں کے لئے اس کی گنجائش نہیں۔ علاوہ ازیں مانعین کے پاس اور بھی دلائل ہیں۔

بَابُ فَضْلِ مَنْ أَدَّبَ جَارِیَتَهُ وَعَلَّمَهَا

باندی کی تربیت اور تعلیم کی اہمیت

کتاب العلم (تحفۃ القاری ۱:۳۸۳) میں یہ باب اور حدیث گذری ہے، اگر کوئی باندی کی اچھی تربیت کرے، اس کو اچھی تعلیم دے، پھر آزاد کر کے اس سے نکاح کرلے تو اس کے لئے دوہرا ثواب ہے، اس میں آزاد کرنے کا ذکر ہے، اس لئے کتاب العتق میں یہ باب اور حدیث لائے ہیں۔

[۱۴-] بَابُ فَضْلِ مَنْ أَدَّبَ جَارِیَتَهُ وَعَلَّمَهَا

[۲۵۴۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ فُضَیْلٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ أَبِی بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " مَنْ كَانَتْ لَهُ جَارِیَةٌ فَعَالَهَا، وَأَحْسَنَ إِلَیْهَا، ثُمَّ أَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا كَانَ لَهُ أَجْرَانِ"[راجع: ۹۷]

قوله: فَعَالَهَا: پس اس پر خرچ کیا، عَالَ الرجلُ عیالَہ: فیملی پر خرچ کرنا، دوسرے نسخہ میں فَعَلَّمَهَا ہے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " الْعَبِیْدُ إِخْوَانُكُمْ فَأَطْعِمُوْهُمْ مِمَّا تَأْكُلُوْنَ"

غلام تمہارے برادر ہیں، پس ان کو کھلاؤ جو تم کھاتے ہو (حدیث)

غلام باندی جب تک ملکیت میں ہیں ان کے ساتھ حسن سلوک کرنا چاہئے، ان کو انسانیت کے رتبہ سے نیچے نہیں گرانا چاہئے، آدمی جو کھائے ان کو کھلائے، جو پہنے ان کو پہنائے، اور یہ حکم استحبابی ہے، اور یہ باب کتاب العتق میں لاکر اشارہ کیا

کہ غلام باندیوں کے ساتھ سب سے بڑا سلوک یہ ہے کہ ان کو آزاد کیا جائے، اور اپنے برابر کے درجہ میں لے آیا جائے، کیونکہ وہ ہمارے بھائی ہیں، اور کوئی شخص یہ پسند نہیں کرتا کہ اس کا بھائی غلامی کی ذلت برداشت کرے، پس ان کے ساتھ اعلی درجہ کا سلوک یہ ہے کہ ان کو آزاد کردے۔ حضرت أبو الْهَيْثَمِ بنُ تَيِّهَان رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے ایک غلام بخشا تھا اور ان کو ہدایت دی تھی کہ اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا، جب انھوں نے گھر جا کر بیوی کو نبی ﷺ کی ہدایت سنائی تو بیوی نے کہا: اس کو غلام رکھنا سب سے بڑی بدسلوکی ہے، چنانچہ حضرت ابوالہیثمؓ نے اس کو آزاد کردیا۔ جب یہ بات نبی ﷺ کے علم میں آئی تو آپؐ نے فرمایا: استر (نیچے لگانے کے کپڑے) دو طرح کے ہوتے ہیں، اچھے اور برے، پس جس شخص کو اچھا استر (بیوی) مل گیا اس کے وارے نیارے یعنی ان کی بیوی نے شوہر کو بہت اچھا مشورہ دیا۔

اور اس باب میں امام بخاریؒ نے ایک آیت اور ایک حدیث لکھی ہے، سورۃ النساء کی آیت ۳۶ ہے: ''اور تم اللہ کی عبادت کرو، اور اس کے ساتھ کسی کو شریک مت کرو، اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو، اور اہلِ قرابت کے ساتھ بھی، اور یتیموں کے ساتھ بھی، اور غریبوں کے ساتھ بھی، اور پاس والے پڑوسی کے ساتھ بھی، اور دور والے پڑوسی کے ساتھ بھی، اور ہم مجلس کے ساتھ بھی، اور راہ گیر کے ساتھ بھی، اور ان کے ساتھ بھی جن پر تمہارا مالکانہ قبضہ ہے، یعنی غلام باندیوں کے ساتھ (یہاں باب ہے) بیشک اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں سے محبت نہیں کرتے جو اپنے کو بڑا سمجھتے ہیں، شیخی بگھارتے ہیں۔

امام بخاریؒ تفسیر کرتے ہیں: الجار ذی القربی: نزدیک کا پڑوسی اور الجار الجنب دور کا پڑوسی، اور الصاحب بالجنب سفر کا ساتھی۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۲۵۰) گذر چکی ہے، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو طعنہ دیا: او کالی کے! حضور ﷺ نے ان کو ڈانٹا اور ہدایت دی کہ تمہارے بھائی تمہارے خدام ہیں، اللہ نے ان کو تمہارے ہاتھوں کے نیچے کیا ہے، پس جس کا بھائی اس کے ہاتھ کے نیچے ہو وہ اس کو کھلائے اس میں سے جو خود کھائے، اور اس کو پہنائے اس میں سے جو خود پہنے، اور وہ اس کو ایسے کام کا مکلّف نہ کرے جو اس کو ہرادے، اور اگر اس کو ایسے کام کا حکم دے تو اس کا ہاتھ بٹائے، چنانچہ معرور نے دیکھا کہ حضرت ابوذرؓ نے اور ان کے غلام نے ایک ہی طرح کا سوٹ پہن رکھا ہے۔

فائدہ: إِنَّ إِخْوَانَكُمْ خَوَلُكُمْ: بیشک تمہارے بھائی تمہارے خدام ہیں، حالانکہ کہنا یہ چاہئے تھا کہ تمہارے خدام تمہارے بھائی ہیں، مگر مزید تاکید کے لئے ان کے بھائی ہونے کو ان کے خادم ہونے پر مقدم کیا۔ اور اشارہ کیا کہ اخوت کا رشتہ خادمیت کے رشتہ سے مقدم ہے۔

[۱۵-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: '' الْعَبِيْدُ إِخْوَانُكُمْ فَأَطْعِمُوْهُمْ مِمَّا تَأْكُلُوْنَ''

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ وَاعْبُدُوْا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا وَبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى

وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْجَارِ ذِى الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ إِنَّ اللّٰهَ لاَ يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالاً فَخُوْرًا﴾[النساء: ٣٦]

﴿ذِى الْقُرْبٰى﴾: الْقَرِيْبُ، وَالْجُنُبُ: الْغَرِيْبُ، الْجَارُ الْجُنُبُ يَعْنِىْ الصَّاحِبَ فِى السَّفَرِ.

[٢٥٤٥-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِىْ إِيَاسٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا وَاصِلٌ الْأَحْدَبُ، سَمِعْتُ الْمَعْرُوْرَ بْنَ سُوَيْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ، وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ وَعَلٰى غُلاَمِهِ حُلَّةٌ، فَسَأَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: إِنِّىْ سَابَبْتُ رَجُلاً،فَشَكَانِىْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:"أَعَيَّرْتَهُ بِأُمِّهِ؟" ثُمَّ قَالَ: " إِنَّ إِخْوَانَكُمْ خَوَلُكُمْ، جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ أَيْدِيْكُمْ، فَمَنْ كَانَ أَخُوْهُ تَحْتَ يَدِهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَأْكُلُ، وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ، وَلاَ تُكَلِّفُوْهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ، فَإِنْ كَلَّفْتُمُوْهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَأَعِيْنُوْهُمْ"[راجع: ٣٠]

بَابُ الْعَبْدِ إِذَا أَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ عَزَّوَجَلَّ، وَنَصَحَ سَيِّدَهُ

غلام جب اپنے رب کی عبادت عمدہ کرے اور اپنے آقا کی خیر خواہی کرے

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، پچھلے باب سے ممکن ہے غلام باندی یہ خیال کریں کہ ہم انسانیت کے رتبہ سے گرے ہوئے ہیں، پس اس باب سے ان کو بتایا کہ ایسا نہیں، تمہارے لئے اللہ تعالیٰ نے دوہرا ثواب رکھا ہے، باب کی چاروں حدیثیں اس پر دلالت کرتی ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: غلام جب اپنے آقا کی خیر خواہی کرے اور اپنے پروردگار کی عمدہ عبادت کرے تو اس کو دوہرا اجر ملے گا۔ آزاد آدمی کو یہ نعمت کہاں حاصل؟ غلام نماز پڑھے گا دوہرا ثواب پائے گا، روزہ رکھے گا دوہرا ثواب پائے گا، وقس علی ہذا، پس غلام کے لئے اس کی حالت بری نہیں، بلکہ ایک اعتبار سے آزاد سے بھی اچھی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جس شخص کے پاس کوئی باندی ہو پس وہ اس کی تربیت کرے، پس اس کی شاندار تربیت کرے اور اس کو آزاد کرے پھر اس سے نکاح کرلے تو اس کے لئے دوہرا اجر ہے۔ اور جونسا غلام اللہ کا بھی حق ادا کرے اور اپنے آقاؤں کا بھی حق ادا کرے تو اس کے لئے بھی دوہرا اجر ہے (یہ آخری مضمون مقصود ہے)

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: نیک مملوک غلام کے لئے دوہرا اجر ہے (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر جہاد فی سبیل اللہ، حج اور میری والدہ کے ساتھ حسن سلوک نہ ہوتا تو میں اس کو پسند کرتا کہ میں مملوک ہونے کی حالت میں مروں، یعنی اگر غلام ہوتا تو یہ تین کام نہ کرسکتا، اس لئے مجھے آزاد ہونا پسند ہے، ورنہ فی نفسہ مجھے غلامی کی حالت پسند ہے، کیونکہ غلام کو ہر عمل پر دوہرا اجر ملتا ہے۔

حدیث (۴): نبی ﷺ نے غلاموں سے فرمایا: نہایت اچھی حالت ہے وہ جو تم میں سے ایک کے لئے ہے، وہ اپنے

رب کی شاندار عبادت کرتا ہے، اور اپنے آقا کی خیر خواہی کرتا ہے (معلوم ہوا کہ غلامی کی حالت بھی ایک اعتبار سے نہایت اچھی حالت ہے، پس غلام باندیوں کو شکستہ خاطر نہیں ہونا چاہئے)

[١٦-] بَابُ الْعَبْدِ إِذَا أَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ عَزَّوَجَلَّ، وَنَصَحَ سَيِّدَهُ

[٢٥٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الْعَبْدُ إِذَا نَصَحَ سَيِّدَهُ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ عَزَّوَجَلَّ، كَانَ لَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ"

[انظر: ٢٥٥٠]

[٢٥٤٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَيُّمَا رَجُلٍ كَانَتْ لَهُ جَارِيَةٌ، أَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِيْمَهَا، وَأَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ، وَأَيُّمَا عَبْدٍ أَدَّى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيْهِ فَلَهُ أَجْرَانِ"[راجع: ٩٧]

[٢٥٤٨-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُوْلُ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لِلْعَبْدِ الْمَمْلُوْكِ الصَّالِحِ أَجْرَانِ" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْلَا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْحَجُّ وَبِرُّ أُمِّيْ لَأَحْبَبْتُ أَنْ أَمُوْتَ وَأَنَا مَمْلُوْكٌ.

[٢٥٤٩-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، ثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " نِعْمَ مَا لِأَحَدِهِمْ: يُحْسِنُ عِبَادَةَ رَبِّهِ وَيَنْصَحُ لِسَيِّدِهِ"

بَابُ كَرَاهِيَةِ التَّطَاوُلِ عَلَى الرَّقِيْقِ، وَقَوْلِهِ: عَبْدِيْ وَأَمَتِيْ

غلام باندیوں سے خود کو لمبا کھینچنے کی اور میرا غلام اور میری باندی کہنے کی کراہیت

تَطَاوُل کے معنی ہیں: دراز ہونا، تفاخر، اپنے کو لمبا کھینچنا۔ اس باب میں وہ سبب بیان کیا ہے جو غلام باندیوں کی دل شکستگی کا باعث بنتا ہے، اور وہ یہ ہے کہ آقا خود کو لمبا کھینچتا ہے، بڑائی جتلاتا ہے، میرا غلام اور میری باندی کہہ کر خطاب کرتا ہے، اس سے غلام باندیوں کے دل ٹوٹتے ہیں، وہ خود کو دوسرے درجہ کا انسان سمجھتے ہیں، اگر آقا یہ نامناسب الفاظ استعمال نہ کرے تو غلام باندی خود کو آقا کی فیملی کا فرد سمجھیں۔

مثال: مشرق وسطی (سعودیہ اور خلیجی ممالک) میں ایشیاء کے جو مسلمان ملازمت کے لئے جاتے ہیں، ان کا بوس ان کو رفیق (بھیّا) کہتا ہے، اور غصہ آئے تو حِمار کہتا ہے اور جو عیسائی وہاں نوکری کرنے جاتے ہیں ان کو صدیق (دوست) کہتا ہے۔ ظاہر ہے اس سے ایشیاء کے مسلمان اپنے دلوں میں سخت تنگی محسوس کرتے ہیں، مگر مجبور ہیں، نوکری کرنی ہے، ورنہ

حقیقت میں عرب ممالک کے زردہ سے اپنے ملک کی سوکھی روٹی بہتر ہے، وہ عزتِ نفس سے ملتی ہے، اور بلادِ عربیہ کی نوکری میں نفس کو ذلیل کرنا پڑتا ہے، پس اگر مشرق وسطی کے آقا اپنے نوکروں کو صدیق یا بھائی کہیں تو صورت حال دوسری ہوگی۔

مجھے ایک واقعہ یاد آیا: جب میں پہلی مرتبہ دبئی گیا تو دہلی ایرپورٹ پر بورڈنگ پاس لینے گیا، تین لائنیں تھیں، سب میں جوان کالی کلوٹی ہندو عورتیں کھڑی تھیں، ہر ایک کے ہاتھ میں ایک تھیلا اور ایک کاغذ تھا، اور کوئی سامان نہیں تھا، اور سب کے چہروں سے اداسی ٹپک رہی تھی، کوئی کسی سے بات نہیں کررہی تھی، حالانکہ دو عورتیں جمع ہوں اور گپ نہ کریں یہ ناممکن ہے۔ میں کھڑا سوچتا رہا کہ یہ صورت حال کیوں ہے؟ بعد میں معلوم ہوا کہ یہ عورتیں خلیجی ممالک میں نوکری کرنے جارہی ہیں وہاں ان کے ساتھ جو برتاؤ ہوگا اور بال بچوں کو چھوڑنے کی وجہ سے ان کی خوشی کافور ہوگئی تھی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ نصوص میں غلام کے لئے 'عبد' اور باندی کے لئے 'أمة' کا استعمال آیا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں ایسی بہت سی نصوص جمع کی ہیں، مگر یہ تھرڈ پرسن (تیسرے آدمی) کا استعمال ہے، پس یہ تطاول نہیں، اور فی نفسہ ان لفظوں کا استعمال جائز ہے، مگر تخاطب (ایک دوسرے کو بلانے) میں ان الفاظ کے استعمال کی ممانعت آئی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص یعنی آقا نہ کہے: أطعِمْ ربك: اپنے پالنہار کو کھلا، وَضِّئْ ربَّك: اپنے پروردگار کو وضو کرا، اسْقِ رَبَّكَ: اپنے پروردگار کو پلا، بلکہ غلام: آقا کے لئے سَیِّد (بڑا) اور مولیٰ (آقا) استعمال کرے، اسی طرح کوئی آقا عبدی اور أَمَتی نہ کہے۔ فَتَایَ، فَتَاتِی (خادم) اور غلامی کہے۔

غلام تو لفظ ربّ استعمال کرنے پر مجبور ہے، کیونکہ اس کا آقا چاہتا ہے کہ اسے اس لفظ سے مخاطب بنایا جائے، پس یہ خود کو لمبا کھینچنا ہے، یہی انداز تخاطب غلام باندیوں کی دل شکستگی کا سبب بنتا ہے۔

[۱۷-] بَابُ كَرَاهِيَةِ التَّطَاوُلِ عَلَى الرَّقِيْقِ، وَقَوْلِهِ: عَبْدِیْ وَأَمَتِیْ

[۱-] وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَالصَّالِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ﴾ [النور: ۳۲]

[۲-] وقَالَ: ﴿عَبْدًا مَمْلُوْكًا﴾ [النحل: ۷۵]

[۳-] ﴿وَأَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَى الْبَابِ﴾ [يوسف: ۲۵]

[٤-] وَقَالَ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مِنْ فَتَيَاتِكُمُ الْمُؤْمِنَاتِ﴾ [النساء: ۲۵]

[۵-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "قُوْمُوْا إِلٰى سَيِّدِكُمْ"

[٦-] وَ﴿اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ﴾ [يوسف: ٤۲]: عِنْدَ سَيِّدِكَ.

[۲۵۵۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثَنِیْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا نَصَحَ الْعَبْدُ سَيِّدَهُ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ كَانَ لَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ" [راجع: ۲۵٤٦]

[۲۵۵۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لِلْمَمْلُوْكِ الَّذِيْ يُحْسِنُ عِبَادَةَ رَبِّهِ، وَيُؤَدِّيْ إِلٰي سَيِّدِهِ الَّذِيْ لَهُ عَلَيْهِ مِنَ الْحَقِّ وَالنَّصِيْحَةِ وَالطَّاعَةِ: أَجْرَانِ"[راجع: ۹۷]

[۲۵۵۲-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّـهُ قَالَ:" لاَ يَقُلْ أَحَدُكُمْ: أَطْعِمْ رَبَّكَ، وَضِّئْ رَبَّكَ، اسْقِ رَبَّكَ، وَلْيَقُلْ: سَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ، وَلاَ يَقُلْ أَحَدُكُمْ: عَبْدِيْ وَأَمَتِيْ وَلْيَقُلْ: فَتَايَ وَفَتَاتِيْ وَغُلَامِيْ.

[۲۵۵۳-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَعْتَقَ نَصِيْبًا لَهُ مِنَ الْعَبْدِ، وَكَانَ لَهُ مِنَ الْمَالِ مَا يَبْلُغُ قِيْمَتَهُ، قُوِّمَ عَلَيْهِ قِيْمَةَ عَدْلٍ، وَأُعْتِقَ مِنْ مَالِهِ، وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ"

[۲۵۵۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" كُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالْأَمِيْرُ الَّذِيْ عَلَى النَّاسِ رَاعٍ عَلَيْهِمْ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُمْ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى أَهْلِ بَيْتِهِ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُمْ، وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ بَعْلِهَا وَوَلَدِهِ وَهِيَ مَسْؤُوْلَةٌ عَنْهُمْ، وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهِ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُ، أَلاَ فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ"[راجع: ۸۹۳]

[۲۵۵۵و۲۵۵۷-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ، سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، وَزَيْدَ بْنَ خَالِدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ فَاجْلِدُوْهَا، ثُمَّ إِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا، ثُمَّ إِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا، فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ: فَبِيْعُوْهَا وَلَوْ بِضَفِيْرٍ"[راجع: ۲۱۵۲، ۲۱۵۴]

۱- تمہارے غلام باندیوں میں سے جو نکاح کے لائق ہوں (ان کا نکاح کردو) یہ اللہ تعالیٰ نے عبد اور امۃ فرمایا ہے، آقا نے یہ الفاظ استعمال نہیں کئے، اس لئے اس میں کچھ حرج نہیں، یہ تطاول نہیں۔

۲- اللہ تعالیٰ نے ایک مملوک غلام کی مثال بیان فرمائی (یہ بھی اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے، آقا نے استعمال نہیں کیا)

۳- اور دونوں نے اس عورت کے شوہر کو دروازہ کے پاس پایا، (اس میں بھی اللہ تعالیٰ نے شوہر کے لئے لفظ سید استعمال کیا ہے، جو بہت مناسب لفظ ہے)

۴- تمہاری مسلمان خادماؤں میں سے (یہ بھی اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے، باندی کے لئے فتاۃ بہترین لفظ ہے)

۵- جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ بنو قریظہ کے واقعہ میں لشکر کے پاس پہنچے تو آپؐ نے ان کے قبیلہ کے لوگوں سے فرمایا: اپنے سردار کی طرف اٹھو (یعنی وہ بیمار ہیں ان کو گدھے سے اتارو، لفظ سید نبی ﷺ نے استعمال فرمایا ہے، اور یہ

بہترین لفظ ہے)

۶- یوسف علیہ السلام نے کہا: تم اپنے آقا کے سامنے میرا تذکرہ کرنا، اس آیت میں رب بمعنی سید (سردار) ہے اور حضرت یوسف علیہ السلام نے لفظ رب اس لئے استعمال کیا ہے کہ اس معاشرہ میں آقا کے لئے یہی لفظ استعمال کیا جاتا تھا، پس اگر یوسف علیہ السلام کوئی اور لفظ استعمال کرتے تو مراد واضح نہ ہوتی)

حدیث (۱) میں نبی ﷺ نے آقا کے لئے سید اور رب کے الفاظ استعمال کئے ہیں، مگر یہ تیسرے فرد کا استعمال ہے)

حدیث (۲) میں بھی آقا کے لئے سید اور رب کے الفاظ استعمال کئے ہیں، اور یہ بھی آپؐ نے استعمال کئے ہیں)

حدیث (۳) میں نبی ﷺ نے آقا کے لئے لفظ رب استعمال کرنے سے منع کیا ہے، یعنی خود آقا اپنے لئے لفظ رب استعمال نہ کرے، اسی طرح عبد بھی استعمال نہ کرے، بلکہ سید اور مولیٰ کہے، اسی طرح باندی کے لئے أمة استعمال نہ کرے، غلام کے لئے فَتیٰ یا غلام اور باندی کے لئے فتاة استعمال کرے۔

حدیث (۴) میں نبی ﷺ نے غلام کے لئے لفظ رب استعمال کیا ہے (مگر آپ تیسرے فرد ہیں)

حدیث (۵) میں نبی ﷺ نے غلام کے لئے لفظ عبد استعمال کیا ہے: العبد راع علی مال سیده (یہ بہترین استعمال ہے، آقا کو سید کہنا چاہئے، رب نہیں کہنا چاہئے)

اور آخری حدیث میں حضور ﷺ نے باندی کے لئے أمة استعمال کیا ہے، مگر یہ بھی ثالث کا استعمال ہے۔

بَابٌ: إِذَا أَتَاهُ خَادِمُهُ بِطَعَامِهِ

جب خادم اس کے پاس اس کا کھانا لائے

اب ذیلی ابواب شروع ہو رہے ہیں، ان ابواب میں یہ بیان ہے کہ آقا کو اپنے ماتحتوں کے ساتھ کیسا معاملہ کرنا چاہئے، اور کیسا معاملہ نہیں کرنا چاہئے، اور غلاموں کو بھی آقا کے ساتھ کیسا معاملہ کرنا چاہئے، اور اس باب میں یہ بیان ہے کہ جب خادم نے کھانا تیار کیا (خادم سے مراد غلام ہے، مگر حضرتؒ نے عبد کے بجائے خادم کہا) اور اس نے دسترخوان بچھا کر کھانا لگایا، تو آقا کو چاہئے کہ سارا کھانا چٹ نہ کر جائے، غلام کے لئے بھی کچھ بچائے، کیونکہ وہی دھویں اور گرمی کا ذمہ دار بنا ہے۔

[۱۸-] بَابٌ: إِذَا أَتَاهُ خَادِمُهُ بِطَعَامِهِ

[۲۵۵۷-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا أَتَى أَحَدَكُمْ خَادِمُهُ بِطَعَامِهِ، فَإِنْ لَمْ يُجْلِسْهُ مَعَهُ فَلْيُنَاوِلْهُ لُقْمَةً أَوْ لُقْمَتَيْنِ، أَوْ: أُكْلَةً أَوْ أُكْلَتَيْنِ، فَإِنَّهُ وَلِيَ عِلَاجَهُ "[انظر: ۵۴۶۰]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے پاس اس کا خادم اس کا کھانا لائے (تو وہ خادم کو کھانے کے لئے ساتھ بٹھالے) پس اگر اس کو اپنے ساتھ نہ بٹھائے تو چاہئے کہ دے اسے ایک دو لقمے (لقمه اور أُكلة کے ایک معنی ہیں، شک راوی ہے) پس بیشک خادم کھانا تیار کرنے کا ذمہ دار بنا ہے (علاج: عَالَجَ يُعَالِجُ مُعَالَجَةً کا مصدر ہے، علاج کرنا یعنی کھانا تیار کرنا)

بَابٌ: اَلْعَبْدُ رَاعٍ فِي مَالِ سَيِّدِهِ، وَنَسَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَالَ إِلَى السَّيِّدِ

غلام اپنے آقا کے مال کا نگران ہے، اور نبی ﷺ نے مال کو آقا کی طرف منسوب کیا

یہ بھی ذیلی باب ہے، اور اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: آقا کا مال غلام کے ہاتھ میں ہوتا ہے، پس غلام کو اس مال میں امانت دار ہونا چاہئے، اس سے آقا کی نظر میں اس کی وقعت بڑھے گی۔

دوسری بات: باب کی حدیث میں نبی ﷺ نے مال کو آقا کی طرف منسوب کیا ہے، سلف میں کچھ حضرات اس بات کے قائل تھے کہ غلام کے پاس مال ہوسکتا ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے ان پر رد کیا ہے، غلام کے پاس مال نہیں ہوسکتا، اس کے پاس جو کچھ ہے وہ اس کے مولیٰ کا ہے۔

پہلے فریق کی دلیل یہ ہے کہ ہجرت کے شروع میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ جو غلام تھے کھجوریں لے کر حاضر ہوئے تھے، آپؐ نے پوچھا: کیسی ہیں؟ انھوں نے کہا: صدقہ ہیں، آپؐ نے ان کو صحابہ کی طرف بڑھا دیا، خود نوش نہیں فرمایا، پھر دوسری مرتبہ وہ محنت کر کے کھجوریں لائے، آپؐ نے پوچھا: کیسی ہیں؟ انھوں نے کہا: ہدیہ ہیں، پس آپؐ نے بھی صحابہ کے ساتھ ان کو تناول فرمایا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ غلام تھے وہ یہ کھجوریں کہاں سے لائے؟ اگر غلام کے پاس مال نہیں ہوسکتا، اس کے پاس جو کچھ ہے وہ اس کے آقا کا ہے تو آپؐ نے ان کا ہدیہ کیسے قبول کیا؟ معلوم ہوا کہ غلام کے پاس مال ہوسکتا ہے۔

مگر حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے جو بات فرمائی ہے وہ بھی باون تولہ پاؤ رتی ہے، نبی ﷺ نے غلام کے قبضہ میں جو مال ہے اس کو آقا کی طرف منسوب کیا ہے، پس وہ اس کا کہاں رہا؟ اور دوسری دلیل یہ ہے کہ قرآنِ کریم میں جگہ جگہ غلام باندیوں کو ﴿مَامَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ سے تعبیر کیا ہے، یعنی تمہارے دائیں ہاتھ جن کے مالک ہیں، پس ان کے پاس جو کچھ ہے وہ سب مولیٰ کا ہے۔

پس فیصلہ کی بات یہ ہے کہ غلام کے پاس حقیقتاً تو کوئی مال نہیں ہوسکتا، اس کے پاس جو کچھ ہے وہ آقا کا ہے، مگر استعمال کی حد تک اس کے پاس مال ہوسکتا ہے، اور اس کی دو صورتیں ہیں:

۱- مولیٰ جیب خرچ کے لئے غلام کو کچھ دے تو وہ بہ ظاہر اس کا ہے، جیسے ہم اپنے بچوں کو جو ہماری کفالت میں ہوتے ہیں جیب خرچ دیتے ہیں، اور اس کا کوئی حساب نہیں لیتے، وہ جہاں چاہیں خرچ کریں، البتہ نظر رکھتے ہیں کہ وہ غلط جگہ خرچ نہ کریں، اسی طرح آقا کو چاہئے کہ غلام باندی کو جیب خرچ دے اور اس کا کوئی حساب نہ لے۔

۲- غلام پر محصول لگایا کہ ہفتہ میں اتنا کما کر لاؤ، اس سے جو زائد کماؤ گے وہ تمہارا ہے، پس یہ زائد بظاہر غلام کا ہے، وہ جس طرح چاہے اس کو خرچ کر سکتا ہے، لیکن جب مرے گا تو اس کے پاس جو کچھ ہے وہ آقا کا ہوگا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کا ایسا ہی معاملہ ہوگا، وہ زائد کمائے ہوئے کو جمع کر کے کھجوریں لائے ہونگے، پس دونوں باتیں صحیح ہیں: غلام کے پاس مال ہو سکتا ہے اور غلام کے پاس جو کچھ بچے گا وہ مولیٰ کا ہے۔

[۱۹-] بَابٌ: اَلْعَبْدُ رَاعٍ فِي مَالِ سَيِّدِهِ، وَنَسَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَالَ إِلَى السَّيِّدِ

[۲۵۵۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، نَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "كُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالإِمَامُ رَاعٍ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ فِي أَهْلِهِ رَاعٍ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالْمَرْأَةُ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا رَاعِيَةٌ وَهِيَ مَسْؤُوْلَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا، وَالْخَادِمُ فِي مَالِ سَيِّدِهِ رَاعٍ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ - قَالَ: فَسَمِعْتُ هٰؤُلَاءِ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَحْسِبُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "وَالرَّجُلُ فِي مَالِ أَبِيْهِ رَاعٍ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ - فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ"

[راجع: ۸۹۳]

بَابٌ: إِذَا ضَرَبَ الْعَبْدَ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ

جب غلام کو مارے تو چہرے پر نہ مارے

نوکروں کو کبھی غلطی پر تنبیہ کرنی پڑتی ہے، جیسے استاذ کو بچوں پر سختی کرنی پڑتی ہے، ایسی صورت میں دو باتوں کا لحاظ رکھنا ضروری ہے، ایک: ضرب مبرح (سخت مار) نہ ہو، جس مار کا جسم پر نشان پڑے وہ سخت مار ہے، دوسری: اعضائے رئیسہ پر نہ مارے، چہرے پر، سر پر، پیشاب کے اعضاء پر اسی طرح دیگر اعضائے رئیسہ پر مارنا جائز نہیں، اسی طرح جانور کو بھی چہرے پر مارنا جائز نہیں، اسی طرح کسی سے لڑائی ہو اور جو تم بیزار ہو تو بھی چہرے پر نہیں مارنا چاہئے، حدیث میں اسی کا ذکر ہے۔ قَاتَلَ کے معنی ہیں: لڑنا، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ لڑائی میں مار ڈالنے کا ارادہ نہیں ہوتا، اور اہم اعضاء پر مارنے سے کبھی آدمی مر جاتا ہے، اس لئے اس سے بچنا چاہئے۔

[۲۰-] بَابٌ: إِذَا ضَرَبَ الْعَبْدَ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ

[۲۵۵۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: ثَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِيْ ابْنُ فُلاَنٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، ح: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "إِذَا قَاتَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ"

قَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ: قَالَ ابْنُ حَرْبٍ: الَّذِيْ قَالَ: ابْنُ فُلاَنٍ، هُوَ قَوْلُ ابْنِ وَهْبٍ، وَهُوَ ابْنُ سَمْعَانَ.

سند کا بیان: امام بخاری رحمہ اللہ نے حدیث دوسندوں سے ذکر کی ہے، پہلی سند: محمد بن عبید اللہ کی ہے، وہ عبداللہ بن وہب سے روایت کرتے ہیں، اور ابن وہب دو اساتذہ سے روایت کرتے ہیں۔ امام مالکؒ سے اور ابن فلاں سے (ابن وہب حدثنی اور أخبرنی کا فرق ظاہر کرنے کا اہتمام کرتے تھے) پھر دونوں سعید مقبری سے (الی آخرہ) اور دوسری سند: عبداللہ بن محمد کی ہے، وہ عبدالرزاق صنعانی سے (الی آخرہ) روایت کرتے ہیں، اور حضرت رحمہ اللہ نے دوسری سند کے الفاظ لکھے ہیں۔ پھر ابو اسحاق ابراہیم بن احمد مُسْتَمْلِیْ کا قول ہے کہ محمد بن حرب خولانی ابرش کہتے ہیں: ابنُ فلان: عبداللہ بن وہب کا قول ہے، اور ابن فلاں سے ابن سمعان مراد ہیں، جن کا پورا نام عبداللہ بن زیاد بن سلیمان بن سمعان المدنی ہے، یہ ضعیف راوی ہے، اس راوی کا بخاری شریف میں اسی جگہ ذکر ہے، کسی اور جگہ اس کی کوئی روایت نہیں لائے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ المکاتَب

مکاتب کا بیان

مکاتَب (تاء پر زبر) اسم مفعول، مکاتِب (تاء پر زیر) اسم فاعل اور الکتابۃ (مصدر) کاتَبَ السیِّدُ العبدَ: آقا کا غلام سے مالی معاہدہ کرنا کہ اتنی رقم لاکر دیدے تو تو آزاد ہے، پھر جب غلام یکمشت یا قسط وار مال کی مقررہ مقدار ادا کردے تو آزاد ہوجائے گا۔

جاننا چاہئے کہ عتق کی دو قسمیں ہیں: مُنَجَّز اور معلَّق، منجز یعنی فوراً آزاد کرنا، کہا: أنت حر: آزاد ہوگیا اور معلق یعنی لٹکی ہوئی آزادی، ابھی آزاد نہیں، آئندہ آزاد ہوگا۔ مکاتب، مدبر اور ام ولد کی آزادی معلق ہوتی ہے، مدبر اور ام ولد کا ذکر کتاب العتق میں آگیا۔ اور مکاتب کے سلسلہ میں تفصیل زیادہ تھی اس لئے اس کے بیان کے لئے مستقل کتاب لائے۔

فائدہ: کتابت اور عتق علی المال کی حقیقت ایک ہے، اگر یہ کہا جائے کہ میں تجھے اتنے مال پر مکاتب بناتا ہوں یا تیرے ساتھ کتابت کا معاملہ کرتا ہوں اور غلام منظور کرلے تو یہ کتابت ہے اور اگر کہا کہ میں اتنے مال پر تجھے آزاد کرتا ہوں اور غلام نے قبول کیا تو یہ عتق علی المال ہے اور غلام ابھی آزاد نہیں ہوا، جب مال ادا کرے گا تب آزاد ہوگا، پس دونوں کا مآل ایک ہے۔

جب آقا کا غلام کے ساتھ اس طرح کا معاملہ ہوجاتا ہے تو غلام تصرف کے اعتبار سے آزاد ہوجاتا ہے، اب وہ جو چاہے کرسکتا ہے۔ اب وہ مولیٰ کا کام نہیں کرے گا، مگر گردن اس کی ابھی تک غلامی میں پھنسی ہوئی ہے، جب بدل کتابت ادا کرے گا تبھی آزاد ہوگا۔

بَابُ الْمُكَاتَبِ وَنُجُوْمِهِ، فِيْ كُلِّ سَنَةٍ نَجْمٌ

مکاتب کی قسطیں، سالانہ ایک قسط

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ سارا بدل کتابت یکبارگی ادا کرنا ضروری نہیں، قسطوں میں ادا کرسکتا ہے، پھر قسط خواہ سالانہ مقرر کرے یا ماہانہ، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

اس کے بعد امام بخاری رحمہ اللہ نے سورۃ النور کی آیت ۳۳ کا ایک حصہ لکھا ہے، ارشاد پاک ہے: ''اور تمہارے مملوکوں میں سے جو مکاتب ہونے کے خواہاں ہوں ان کو مکاتب بنادو، اگر ان میں بہتری جانو، اور ان کو اس مال میں سے دو جو اللہ نے تمہیں دیا ہے''

تفسیر: اس آیت میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: کوئی غلام یا باندی کتابت کا معاملہ کرنا چاہے تو آقا کو چاہئے کہ معاملہ کرلے، اور ﴿إِنْ عَلِمْتُمْ فِيهِمْ خَيْرًا﴾ کا مطلب یہ ہے کہ غلام باندی جنگی قیدی ہوتے ہیں، اور جنگی قیدی مسلمانوں کے معاشرہ میں آکر اکثر مسلمان ہوجاتے ہیں، مگر بعض اپنے مذہب پر قائم رہتے ہیں، اس لئے اگر خیال ہو کہ غیر مسلم غلام مکاتب ہوکر اور آزاد ہوکر اسلام اور مسلمانوں کو نقصان پہنچائے گا تو اس کو مکاتب نہ بنایا جائے، اس کو غلامی میں رکھا جائے، وہ جب تک غلامی میں رہے گا کہیں جا نہیں سکے گا، پس اس کو اسلام اور مسلمانوں کے خلاف کاروائی کرنے کا موقع نہیں ملے گا، اور اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ غلام مسلمان ہوگیا ہے، آزاد ہوکر اسلام اور مسلمانوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا بلکہ دینی کاموں میں لگ جائے گا تو اس کو مکاتب بنادو اور آزاد کردو۔

دوسرا مسئلہ: مکاتب کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے، وہ رقمیں جمع کرکے اپنے بدل کتابت میں بھر کر آزاد ہوجائے گا۔

مکاتب بنانا واجب ہے یا مستحب؟

اس کے بعد امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک مسئلہ ذکر کیا ہے کہ اگر غلام کو مکاتب بنانا مفید ہو تو مکاتب بنانا واجب ہے یا مستحب؟ ایک رائے یہ ہے کہ واجب ہے۔ ابن جریج نے حضرت عطاء بن ابی رباح سے یہ مسئلہ پوچھا، انھوں نے جواب دیا: میرا خیال یہ ہے کہ واجب ہے۔ اور عمرو بن دینار کہتے ہیں: میں نے حضرت عطاءؒ سے پوچھا: آپ یہ بات کسی سے نقل کرتے ہیں یا یہ آپ کی اپنی رائے ہے؟ حضرت عطاء نے فرمایا: نہیں، یہ میری رائے ہے، پھر ان کو ایک روایت یاد آئی: محمد بن سیرین کے والد سیرین حضرت انس رضی اللہ عنہ کے غلام تھے، اور ان کے پاس کافی مال تھا، انھوں نے حضرت انسؓ سے کہا: مجھے مکاتب بنادو، حضرت انسؓ نے انکار کیا، کیونکہ دودھ دیتی گائے تھی، سیرینؒ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس کی شکایت کی، آپؓ نے حضرت انسؓ کو بلایا اور کہا: جب یہ مکاتب بننا چاہتا ہے تو بنادو، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے انکار کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے درہ اٹھایا: بنا ورنہ بجاتا ہوں، چنانچہ حضرت انسؓ نے سیرینؒ کو مکاتب بنادیا، حضرت عطاءؒ نے یہ روایت اپنے قول کی دلیل میں پیش کی کہ مکاتب بنانا واجب ہے، حضرت عمرؓ نے انکار پر درہ اٹھایا ہے، اور سزا غیر واجب پر نہیں دی جاسکتی۔

لیکن دوسری رائے یہ ہے کہ مکاتب بنانا مستحب ہے، یہ جمہور کی اور ائمہ اربعہ کی رائے ہے۔ اور آیتِ کریمہ میں جو

﴿فَكَاتِبُوْهُمْ﴾ ہے وہ امر استحباب کے لئے ہے، اور حضرت انسؓ کا انکار کرنا بھی دلیل ہے کہ مکاتب بنانا واجب نہیں، اور حضرت عمرؓ نے جو حکم دیا ہے وہ ملکی مصلحت سے تھا۔

پھر باب میں حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ ذکر کیا ہے، جو پہلے کئی بار گذر چکا ہے، انھوں نے اپنے آقا سے کتابت کا معاملہ کیا تھا، ان کو پانچ اوقیہ چاندی پانچ سال میں ادا کرنی تھی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا: تو خود کو کتابت سے عاجز کردے اور تمہارا مولیٰ تمہیں پانچ اوقیہ میں بیچ دے، میں خرید کر فوراً آزاد کردوں گی، چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵۰- كتابُ المكاتب

[۱-] بَابُ الْمُكَاتَبِ وَنُجُوْمِهِ، فِيْ كُلِّ سَنَةٍ نَجْمٌ

[۱-] وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا وَآتُوْهُمْ مِنْ مَالِ اللّٰهِ الَّذِیْ آتَاكُمْ﴾ [النور: ۳۲]

[۲-] وَقَالَ رَوْحٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ: قُلْتُ لِعَطَاءٍ: أَوَاجِبٌ عَلَيَّ إِذَا عَلِمْتُ لَهُ مَالاً أَنْ أُكَاتِبَهُ؟ قَالَ: مَا أُرَاهُ إِلَّا وَاجِبًا.

[۳-] وَقَالَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قُلْتُ لِعَطَاءٍ: تَأْثُرُهُ عَنْ أَحَدٍ؟ قَالَ: لَا، ثُمَّ أَخْبَرَنِیْ أَنَّ مُوْسَى بْنَ أَنَسٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ سِيْرِيْنَ سَأَلَ أَنَسًا الْمُكَاتَبَةَ، وَكَانَ كَثِيْرَ الْمَالِ، فَأَبٰى، فَانْطَلَقَ إِلٰى عُمَرَ فَقَالَ: كَاتِبْهُ، فَأَبٰى، فَضَرَبَهُ بِالدِّرَّةِ وَيَتْلُوْ عُمَرُ ﴿فَكَاتِبُوْهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا﴾ فَكَاتَبَهُ.

[۲۵۶۰-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِیْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: إِنَّ بَرِيْرَةَ دَخَلَتْ عَلَيْهَا، تَسْتَعِيْنُهَا فِیْ كِتَابَتِهَا، وَعَلَيْهَا خَمْسُ أَوَاقِیَ، نُجِّمَتْ عَلَيْهَا فِی خَمْسِ سِنِيْنَ، فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ وَنَفِسَتْ فِيْهَا: أَرَأَيْتِ إِنْ عَدَدْتُ لَهُمْ عَدَّةً وَاحِدَةً، أَيَبِيْعُكِ أَهْلُكِ فَأُعْتِقَكِ فَيَكُوْنَ وَلَاؤُكِ لِیْ؟ فَذَهَبَتْ بَرِيْرَةُ إِلٰى أَهْلِهَا، فَعَرَضَتْ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ، فَقَالُوْا: لَا، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ لَنَا الْوَلَاءُ. قَالَتْ عَائِشَةُ: فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اشْتَرِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "مَابَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ مَنِ اشْتَرَاطَ شَرْطًا لَيْسَ فِی كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ، شَرْطُ اللّٰهِ أَحَقُّ وَأَوْثَقُ" [راجع: ۴۵۶]

بَابُ مَایَجُوْزُ مِنْ شُرُوْطِ الْمَکَاتَبِ، وَمَنِ اشْتَرَطَ شَرْطًا لَیْسَ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ

وہ دفعات جو مکاتب کے ساتھ طے کی جاسکتی ہیں، اور جس نے کوئی ناجائز شرط لگائی

کتابت میں آقا جو چاہے شرط لگا سکتا ہے، البتہ کوئی شرط شریعت کے خلاف نہیں ہونی چاہئے، اگر کوئی ایسی شرط لگائی جو اصولِ شرع کے خلاف ہے تو معاملہ فاسد ہوجائے گا، کیونکہ کتابت بیوع میں سے ہے، کتابت کو ختم کیا جاسکتا ہے، اس کا اقالہ ہوسکتا ہے، اس لئے شرط فاسد سے کتابت فاسد ہوجائے گی، البتہ عتق (آزاد کرنا) ایمان سے ہے، اس کا اقالہ نہیں ہوسکتا، اس لئے اس میں اگر کوئی شرط فاسد لگائی جائے تو شرط خود فاسد ہوجائے گی، اور آزاد کرنا درست ہوجائے گا۔ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ میں ان کے آقا نے عتق میں ولاء کی شرط لگوائی تھی، پس بریرہؓ کا آزاد کرنا درست ہوگیا، اور شرط ختم ہوگئی، بیع میں وہ شرط نہیں تھی، بیع کا ثمرہ ولاء نہیں اور بیع کے بعد آزاد کرنا ضروری بھی نہیں، پس حضرت بریرہؓ کے مولیٰ نے آزاد کرنے میں شرط لگائی تھی اس لئے وہ شرط اڑ گئی، یہ خاص بات ہے جس کو یاد رکھنا ضروری ہے۔ روایات اس طرح آئی ہیں جن سے وہم ہوتا ہے کہ یہ شرط بیع میں لگی تھی، یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ بیع میں اگر ایسی شرط لگائی جائے جس میں احد المتعاقدین کا فائدہ ہو تو بیع فاسد ہوجاتی ہے۔ اور باب کے شروع میں جو ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کا حوالہ ہے وہ حدیث باب کے آخر میں ہے، اور اس میں بھی بریرہؓ کا واقعہ ہے۔

[۲-] بَابُ مَایَجُوْزُ مِنْ شُرُوْطِ الْمَکَاتَبِ، وَمَنِ اشْتَرَطَ شَرْطًا لَیْسَ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ

فِیْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

[۲۵۶۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ بَرِیْرَةَ جَاءَ تْ تَسْتَعِیْنُهَا فِیْ کِتَابَتِهَا، وَلَمْ تَکُنْ قَضَتْ مِنْ کِتَابَتِهَا شَیْئًا، قَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ: ارْجِعِیْ إِلٰی أَهْلِكِ فَإِنْ أَحَبُّوْا أَنْ أَقْضِیَ عَنْكِ کِتَابَتَكِ وَیَکُوْنَ وَلَاؤُكِ لِیْ فَعَلْتُ، فَذَکَرَتْ ذٰلِكَ بَرِیْرَةُ لِأَهْلِهَا فَأَبَوْا، قَالُوْا: إِنْ شَاءَ تْ أَنْ تَحْتَسِبَ عَلَیْكِ فَلْتَفْعَلْ، وَیَکُوْنُ وَلَاؤُكِ لَنَا،فَذَکَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم:" ابْتَاعِیْ فَأَعْتِقِیْ فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" قَالَ: ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم فَقَالَ:" مَا بَالُ أُنَاسٍ یَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَیْسَتْ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ؟ مَنِ اشْتَرَطَ شَرْطًا لَیْسَ فِی کِتَابِ اللّٰہِ فَلَیْسَ لَهُ، وَإِنْ شَرَطَ مِائَةَ مَرَّةٍ، شَرْطُ اللّٰہِ أَحَقُّ وَأَوْثَقُ"

[راجع: ۴۵۶]

[۲۵۶۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَرَادَتْ

عَائِشَةُ أُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ أَنْ تَشْتَرِیَ جَارِيَةً لِتُعْتِقَهَا، فَقَالَ أَهْلُهَا: عَلٰى أَنَّ وَلَاءَ هَا لَنَا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَا يَمْنَعُكِ ذٰلِكَ فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ"[راجع: ٢١٥٦]

بَابُ اسْتِعَانَةِ الْمُكَاتَبِ، وَسُؤَالِهِ النَّاسَ

مکاتب کا مدد طلب کرنا اور لوگوں سے مانگنا

استعانة (مصدر) کی اضافت فاعل کی طرف ہے اور مفعول الناس محذوف ہے، باب کا دوسرا جملہ اس کی وضاحت کرتا ہے۔ سوال بہت بری چیز ہے، مگر کچھ لوگ اس سے مستثنیٰ ہیں، وہ لوگوں سے زکوٰۃ کے مال کا سوال کر سکتے ہیں، ان میں مکاتب بھی ہے۔ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے تعاون کی درخواست کی تھی، معلوم ہوا کہ یہ جائز ہے۔

[٣-] بَابُ اسْتِعَانَةِ الْمُكَاتَبِ، وَسُؤَالِهِ النَّاسَ

[٢٥٦٣-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَ تْ بَرِيْرَةُ، فَقَالَتْ: إِنِّیْ كَاتَبْتُ عَلٰى تِسْعِ أَوَاقٍ، فِیْ كُلِّ عَامٍ أُوْقِيَةٌ، فَأَعِيْنِيْنِیْ. فَقَالَتْ عَائِشَةُ: إِنْ أَحَبَّ أَهْلُكِ أَنْ أَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَّةً وَاحِدَةً، وَأُعْتِقَكِ فَعَلْتُ فَيَكُوْنُ وَلَاؤُكِ لِیْ، فَذَهَبَتْ إِلٰى أَهْلِهَا، فَأَبَوْا ذٰلِكَ عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: إِنِّیْ قَدْ عَرَضْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ، فَأَبَوْا إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ، فَسَمِعَ بِذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَنِیْ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: " خُذِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا وَاشْتَرِطِیْ لَهُمُ الْوَلَاءَ، فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ" قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِی النَّاسِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ، فَمَا بَالُ رِجَالٍ مِنْكُمْ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ فَأَيُّمَا شَرْطٍ كَانَ لَيْسَ فِی كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ، وَإِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ، فَقَضَاءُ اللّٰهِ أَحَقُّ! وَشَرْطُ اللّٰهِ أَوْثَقُ! مَابَالُ رِجَالٍ مِنْكُمْ يَقُوْلُ أَحَدُهُمْ: أَعْتِقْ يَا فُلَانُ وَلِیَ الْوَلَاءُ، إِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ"

[راجع: ٤٥٦]

بَابُ بَيْعِ الْمُكَاتَبِ إِذَا رَضِیَ

مکاتب راضی ہو تو اس کو بیچ سکتے ہیں

اگر مکاتب کسی بھی مرحلہ میں خود کو عاجز کر دے، سپر ڈال دے اور کتابت کا معاملہ ختم کر دے تو اس کو بیچنا درست ہے،

خواہ اس نے کچھ رقم بھری ہو یا نہ بھری ہو، کیونکہ بدل کتابت کا ایک روپیہ بھی جب تک باقی رہتا ہے وہ غلام ہوتا ہے، حضرات عائشہ، زید بن ثابت اور ابن عمر رضی اللہ عنہم نے یہ بات فرمائی ہے، جو باب میں مذکور ہے۔

حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا نے بدل کتابت کا کوئی حصہ نہیں بھرا تھا، پھر وہ فروخت ہونے پر راضی ہوگئیں، یعنی کتابت فسخ کردی تو مولیٰ نے ان کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاتھ بیچ دیا۔

نوٹ: اگر مکاتب کتابت کا معاملہ فسخ نہ کرے تو آقا بیچ سکتا ہے یا نہیں؟ یہ اختلافی مسئلہ ہے، احناف کے نزدیک نہیں بیچ سکتا، کیونکہ اس کو عتق کا استحقاق حاصل ہوگیا ہے، پس اس کی مرضی کے بغیر نہیں بیچ سکتا۔

[٤-] بَابُ بَيْعِ الْمُكَاتَبِ إِذَا رَضِىَ

[١-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: هُوَ عَبْدٌ مَا بَقِىَ عَلَيْهِ شَيْئٌ.

[٢-] وَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: مَا بَقِىَ عَلَيْهِ دِرْهَمٌ.

[٣-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: هُوَ عَبْدٌ إِنْ عَاشَ وَإِنْ مَاتَ وَإِنْ جَنَى، مَا بَقِىَ عَلَيْهِ شَيْئٌ.

[٢٥٦٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ بَرِيْرَةَ جَاءَ تْ تَسْتَعِيْنُ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَقَالَتْ لَهَا: إِنْ أَحَبَّ أَهْلُكِ أَنْ أَصُبَّ لَهُمْ ثَمَنَكِ صَبَّةً وَاحِدَةً فَأُعْتِقَكِ فَعَلْتُ، فَذَكَرَتْ بَرِيْرَةُ ذٰلِكَ لِأَهْلِهَا، فَقَالُوْا: لاَ، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ وَلاَءُ كِ لَنَا، قَالَ مَالِكٌ: قَالَ يَحْيىَ: فَزَعَمَتْ عَمْرَةُ أَنَّ عَائِشَةَ ذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " اشْتَرِيْهَا وَأَعْتِقِيْهَا، فَإِنَّمَا الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" [راجع: ٤٥٦]

بَابٌ: إِذَا قَالَ الْمُكَاتَبُ: اشْتَرِنِىْ وَأَعْتِقْنِىْ فَاشْتَرَاهُ لِذٰلِكَ

مکاتب نے کسی سے کہا: مجھے خرید کر آزاد کر، چنانچہ اس نے اس مقصد کے لئے خرید لیا

اگر کوئی مکاتب کسی سے کہے کہ مجھے خرید کر آزاد کر، تو ضروری ہے کہ پہلے وہ خود کو کتابت سے عاجز کرے، غلامیت کی طرف لوٹ جائے، پھر خریدنے والا خرید کر آزاد کرسکتا ہے۔

حدیث: ایمن بن نائل: عتبہ بن ابی لہب کے غلام تھے، وہ مرگیا تو اس کے بیٹے وارث بنے، پھر انھوں نے ایمن کو ابوعمرو کے لڑکے کے ہاتھ اس شرط پر بیچ دیا کہ اگر تم اس غلام کو آزاد کرو تو اس کی ولاء ہمارے لئے ہوگی، پھر ابن ابی عمرو مخزومی نے ایمن کو آزاد کیا تو عتبہ کے لڑکے نے ولاء کا دعوی کیا، ایمن مسئلہ پوچھنے کے لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا قصہ سنایا کہ یہ شرط فضول ہے، ولاء اس کو ملے گی جس

نے آزاد کیا ہے۔

قوله: لاحاجة لي بذلك: روایت کا یہ جملہ یادرکھنے کا ہے، روایات میں آتا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بریرہ رضی اللہ عنہا سے کہا تھا کہ میں تمہیں خرید کر آزاد کروں گی، اور تمہاری ولاء (میراث) مجھے ملے گی، یہ جملہ راویوں کا تصرف ہے، باب کی حدیث کا یہ جملہ صریح ہے کہ حضرت عائشہؓ کو ولاء سے کچھ لینا دینا نہیں تھا۔

[٥-] بَابٌ: إِذَا قَالَ الْمُكَاتَبُ: اشْتَرِنِيْ وَأَعْتِقْنِيْ فَاشْتَرَاهُ لِذٰلِكَ

[٢٥٦٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ، ثَنِيْ أَبِيْ أَيْمَنُ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ، فَقُلْتُ: كُنْتُ غُلَامًا لِعُتْبَةَ بْنِ أَبِيْ لَهَبٍ، وَمَاتَ وَوَرِثَنِيْ بَنُوْهُ، وَإِنَّهُمْ بَاعُوْنِيْ مِنِ ابْنِ أَبِيْ عَمْرٍو الْمَخْزُوْمِيِّ، فَاعْتَقَنِيْ ابْنُ أَبِيْ عَمْرٍو، وَاشْتَرَطَ بَنُو عُتْبَةَ الوَلَاءِ، فَقَالَتْ: دَخَلَتْ بَرِيْرَةُ وِهِيَ مُكَاتَبَةٌ، فَقَالَتْ: اشْتَرِيْنِيْ وَأَعْتِقِيْنِيْ، قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَتْ: لَا يَبِيْعُوْنِّيْ حَتَّى يَشْتَرِطُوْا وَلَائِيْ، فَقَالَتْ: لَاحَاجَةَ لِيْ بِذٰلِكَ، فَسَمِعَ بِذٰلِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَوْ: بَلَغَهُ فَذَكَرَ لِعَائِشَةَ، فَذَكَرَتْ عَائِشَةُ مَا قَالَتْ لَهَا، فَقَالَ: "اشْتَرِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا وَدَعِيْهِمْ يَشْرِطُوْا مَا شَاؤُا" فَاشْتَرَتْهَا عَائِشَةُ فَأَعْتَقَتْهَا، وَاشْتَرَطَ أَهْلُهَا الْوَلَاءَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ وَإِنِ اشْتَرَطُوْا مِائَةَ شَرْطٍ"



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ الهِبَةِ

ہبہ کا بیان

وَفَضْلِهَا وَالتَّحْرِيْضِ عَلَيْهَا

ہبہ کی اہمیت اور اس کی ترغیب

ہبہ کے معنی ہیں: تَمْلِيْكُ المالِ بلا عوضٍ: عوض لئے بغیر کسی کو مال کا مالک بنانا، ہبہ کے ذیل میں صدقہ اور ہدیہ بھی آتے ہیں، ان دونوں میں بھی عوض لئے بغیر مال کا مالک بنایا جاتا ہے۔

پھر باب کا عنوان قائم کئے بغیر ہبہ کی اہمیت اور ترغیب کا بیان ہے، ہدیہ دینا چاہئے اور صدقہ خیرات بھی کرنی چاہئے، صدقہ میں ثواب مطلوب ہوتا ہے، غریب کی خوشنودی مقصود نہیں ہوتی، وہ خوش ہوجائے تو اس کی مرضی۔ اور ہدیہ میں جس کو ہدیہ دیا جاتا ہے اس کی خوشنودی مطلوب ہوتی ہے، مگر ثواب بھی ملتا ہے، یہ جو ثواب ملتا ہے یہی ہدیہ کی فضیلت ہے، اور حدیثوں میں ہدیہ دینے پر لوگوں کو ابھارا گیا ہے۔ نبی ﷺ نے خواتین اسلام سے فرمایا: او مسلمان عورتو! کوئی عورت اپنی پڑوسن کے لئے معمولی نہ سمجھے اگرچہ بکری کا کھر ہو، اگر کھر پکایا ہے تو تھوڑا شوربہ پڑوس میں بھیجے، یا بکری ذبح کی ہے، گوشت تقسیم ہوگیا، مگر کھر باقی ہیں تو وہی پڑوسن کے یہاں ہدیہ بھیجے، جانور کے کھر پکا کر کھائے جاتے ہیں۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایک مرتبہ اپنے بھانجے عروۃ رحمہ اللہ سے کہا: حضور ﷺ کے زمانہ میں ہم تین چاند دیکھ لیتے تھے، یعنی دو مہینے گذر جاتے تھے، اور گھر میں چولھا نہیں جلتا تھا، بھانجے نے پوچھا: خالہ جان! آپ حضرات گذارہ کیسے کرتے تھے؟ صدیقہؓ نے فرمایا: کھجوریں کھالیتے تھے اور پانی پی لیتے تھے، یا پھر انصار جو مدینہ کے اصل باشندے تھے ان کے پاس دودھ والے جانور ہوتے تھے، وہ دودھ کا ہدیہ بھیجتے تھے، نبی ﷺ وہ دودھ ہمیں پلاتے تھے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٥١- كتابُ الهِبَةِ

وفضلها والتحريض عليها

[٢٥٦٦-] حدثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ

النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: ”یَا نِسَاءَ الْمُسْلِمَاتِ! لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا، وَلَوْ فِرْسَنَ شَاةٍ“
[انظر: ٦٠١٧]

[٢٥٦٧-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَوَیْسِیُّ، ثَنِیْ ابْنُ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ رُوْمَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا قَالَتْ لِعُرْوَةَ: ابْنَ أُخْتِیْ! إِنْ كُنَّا لَنَنْظُرُ إِلَى الْهِلاَلِ، ثُمَّ الْهِلاَلِ ثَلاَثَةَ أَهِلَّةٍ فِیْ شَهْرَیْنِ، وَمَا أُوْقِدَتْ فِیْ أَبْیَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم نَارٌ، فَقُلْتُ: یَا خَالَةُ! مَا كَانَ یُعِیْشُكُمْ؟ قَالَتْ: الْأَسْوَدَانِ: التَّمْرُ وَالْمَاءُ، إِلَّا أَنَّهُ قَدْ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم جِیْرَانٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، كَانَتْ لَهُمْ مَنَائِحُ، وَكَانُوْا یَمْنَحُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ أَلْبَانِهِمْ فَیَسْقِیْنَاهُ.[انظر: ٦٤٥٨، ٦٤٥٩]

لغات: حَقَرَ (ض) الشیئَ حَقْرًا وَحَقَارَةً: ذلیل وحقیر سمجھنا یعنی نہ ہدیہ دینے والی اس کو معمولی سمجھے کہ اتنی معمولی چیز کیا دوں؟ نہ لینے والی اس کی بے قدری کرے، بلکہ عزت کے ساتھ قبول کرے.......... الفِرْسَنُ: کھر، پیر، جمع: فَرَاسِنُ ....مَنَائِحُ: مَنِیْحَةٌ کی جمع ہے: دودھ والی اونٹنی جو کسی کو دودھ پینے کے لئے دی جائے، یہاں مراد دودھ والی اونٹنی ہے۔

بَابُ الْقَلِیْلِ مِنَ الْهِبَةِ

تھوڑی بخشش

یہ ذیلی باب ہے، اگر کوئی تھوڑا ہدیہ دے تو اس کو بھی لینا چاہئے، نبی ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی میری بکری کے دست کی یا کھر کی دعوت کرے تو میں اس کو قبول کروں گا، اور اگر کوئی مجھے بکری کا دست یا کھر ہدیہ میں دے تو میں وہ بھی قبول کروں گا، یعنی ہدیہ ہدیہ ہے اس کی قدر کرنی چاہئے، معمولی ہدیہ بھی قبول کرنا چاہئے، یہی سنت ہے۔

[٢-] بَابُ الْقَلِیْلِ مِنَ الْهِبَةِ

[٢٥٦٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَیْمَانَ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: ”لَوْ دُعِیْتُ إِلَى ذِرَاعٍ أَوْ كُرَاعٍ لَأَجَبْتُ، وَلَوْ أُهْدِیَ إِلَیَّ ذِرَاعٌ أَوْ كُرَاعٌ لَقَبِلْتُ“[انظر: ٥١٧٨]

بَابُ مَنِ اسْتَوْهَبَ مِنْ أَصْحَابِهِ شَیْئًا

جس نے اپنے ساتھیوں سے کوئی چیز ہبہ مانگی

اگر ساتھی سے بے تکلفی ہے اور ظن غالب یہ ہے کہ اگر اس سے کوئی چیز مانگی جائے گی تو وہ خوش ہوگا: ایسی صورت میں

ہبہ مانگنا جائز ہے، البتہ تذلیل وتحقیر کا اندیشہ ہو اور خوش دلی کا خیال نہ ہو تو ہبہ نہیں مانگنا چاہئے، وہ سوال کے ذیل میں آتا ہے۔

اور باب میں معلق روایت یہ ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے ایک سانپ ڈسے کو سورۂ فاتحہ سے جھاڑا تھا، اور اجرت میں تیس بکریاں ملی تھیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سریہ والے بکریاں آپس میں تقسیم کرلیں، اور میرا بھی حصہ رکھیں، یہ آپؐ نے ساتھیوں سے ہبہ مانگا، مگر پہلے یہ بات بتائی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بکریوں کو مالِ غنیمت قرار دیا تھا اور مالِ غنیمت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی حصہ ہوتا تھا، پس یہ ہدیہ مانگنا نہیں ہوا۔

دوسری حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انصاری خاتون سے منبر بنوایا، جو بغیر قیمت ادا کئے لیا تھا، یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت سے ہدیہ مانگا، پہلے عورت نے خود کہا تھا کہ میں آپؐ کے لئے منبر بنواتی ہوں، پھر جب دیر ہوئی تو آپؐ نے ان کے پاس پیغام بھیجا کہ اپنے غلام سے منبر بنواؤ، یہ پیغام بھیجنا ہبہ طلب کرنا ہے۔

تیسری حدیث: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے جو حلال تھے، گورخر شکار کیا، ان کے ساتھیوں کو جو احرام میں تھے اس کا گوشت کھانے میں تردد ہوا، چنانچہ آپؐ سے مسئلہ پوچھا، آپؐ نے اجازت دی اور فرمایا: اگر اس کا کچھ گوشت تمہارے پاس باقی ہو تو مجھے بھی دو، حضرت ابوقتادہؓ گورخر کا بازو ساتھ لے گئے تھے، وہ پیش کیا، آپؐ نے اس کو تناول فرمایا، یہ آپؐ کا مانگنا ہدیہ طلب کرنا ہے۔ مگر یہاں یہ احتمال ہے کہ محرموں کا دل خوش کرنے کے لئے آپؐ نے اس کا بقیہ طلب کیا ہو، پس مقصود ہدیہ مانگنا نہیں ہوا۔

[۳-] بَابُ مَنِ اسْتَوْهَبَ مِنْ أَصْحَابِهِ شَيْئًا

وَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اضْرِبُوْا لِيْ مَعَكُمْ سَهْمًا "

[۲۵۶۹-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَرْسَلَ إِلٰى امْرَأَةٍ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَكَانَ لَهَا غُلَامٌ نَجَّارٌ، قَالَ لَهَا: " مُرِيْ عَبْدَكِ فَلْيَعْمَلْ لَنَا أَعْوَادَ الْمِنْبَرِ " فَأَمَرَتْ عَبْدَهَا، فَذَهَبَ فَقَطَعَ مِنَ الطَّرْفَاءِ فَصَنَعَ لَهُ مِنْبَرًا، فَلَمَّا قَضَاهُ أَرْسَلَتْ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَدْ قَضَاهُ، قَالَ: " أَرْسِلِيْ بِهِ إِلَيَّ " فَجَاؤُا بِهِ فَاحْتَمَلَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَوَضَعَهُ حَيْثُ تَرَوْنَ. [راجع: ۳۷۷]

قوله: قَضَاهُ: اس کو نمٹا دیا یعنی تیار کرلیا.......... إلى امرأة من المهاجرين: راوی کا وہم ہے، انصاری خاتون سے منبر بنوایا تھا، یہ بات بین السطور میں لکھی ہے۔

[۲۵۷۰-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ السَّلَمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ يَوْمًا جَالِسًا مَعَ رِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه

وسلم فِیْ مَنْزِلٍ فِیْ طَرِیْقِ مَکَّةَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم نَازِلٌ أَمَامَنَا وَالْقَوْمُ مُحْرِمُوْنَ وَأَنَا غَیْرُ مُحْرِمٍ، فَأَبْصَرُوْا حِمَارًا وَحْشِیًّا، وأَنَا مَشْغُوْلٌ أَخْصِفُ نَعْلِیْ، فَلَمْ یُؤْذِنُوْنِیْ بِهِ، وَأَحَبُّوْا لَوْ أَنِّیْ أَبْصَرْتُهُ، فَالْتَفَتُّ فَأَبْصَرْتُهُ، فَقُمْتُ إِلَی الْفَرَسِ، فَأَسْرَجْتُهُ، ثُمَّ رَکِبْتُ وَنَسِیْتُ السَّوْطَ وَالرُّمْحَ، فَقُلْتُ لَهُمْ: نَاوِلُوْنِیْ السَّوْطَ وَالرُّمْحَ، فَقَالُوْا: لاَ، وَاللّٰهِ لاَ نُعِیْنُكَ عَلَیْهِ بِشَیْئٍ، فَغَضِبْتُ فَنَزَلْتُ فَأَخَذْتُهُمَا، ثُمَّ رَکِبْتُ فَشَدَدْتُ عَلَی الْحِمَارِ، فَعَقَرْتُهُ ثُمَّ جِئْتُ بِهِ وَقَدْ مَاتَ، فَوَقَعُوْا فِیْهِ یَأْکُلُوْنَهُ، ثُمَّ إِنَّهُمْ شَکُّوْا فِیْ أَکْلِهِمْ إِیَّاهُ وَهُمْ حُرُمٌ، فَرُحْنَا وَخَبَأْتُ الْعَضُدَ مَعِیْ، فَأَدْرَکْنا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَسَأَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ: "مَعَکُمْ مِنْهُ شَیْئٌ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَنَاوَلْتُهُ الْعَضُدَ فَأَکَلَهَا حَتّٰی نَفَّدَهَا وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَحَدَّثَنِیْ بِهِ زَیْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ قَتَادَةَ. [راجع: ١٨٢١]

بَابُ مَنِ اسْتَسْقٰی

جس نے پانی مانگا

یہ بھی ذیلی باب ہے، کسی سے پانی مانگنا تھوڑا سا ہدیہ مانگنا ہے، اور اس میں کوئی خاص ذلت بھی نہیں، اس لئے جائز ہے، اور باب میں ایک معلق حدیث ہے: نبی ﷺ نے حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے پانی مانگا ہے، یہ حدیث تفصیل سے آگے کتاب الأشربة (حدیث نمبر ٥٦٣٧) میں آرہی ہے۔

دوسری حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ہمارے اِس گھر میں تشریف لائے، آپؐ نے پانی طلب فرمایا، ہم نے آپؐ کے لئے ایک بکری دوہی، پھر اس میں ہمارے اِس کنویں کا پانی ملایا، اور پیش کیا، بائیں طرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے اور عمر رضی اللہ عنہ سامنے تھے، اور دائیں طرف ایک بدّو تھا، جب آپ مشروب نوش فرما چکے تو حضرت عمرؓ نے عرض کیا: یہ ابوبکرؓ ہیں، یعنی ان کو تبرک عنایت فرمائیں، مگر آپؐ نے بدّو کو دیا اور فرمایا: الْأَیْمَنُوْنَ، الْأَیْمَنُوْنَ أَلاَ فَیَمِّنُوْا: دائیں والوں کو دو پھر اس کے دائیں والوں کو، سنو! دائیں جانب کو ترجیح دو، پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ نے تین بار فرمایا: یہ سنت ہے۔

[٤-] بَابُ مَنِ اسْتَسْقٰی

وَقَالَ سَهْلٌ: قَالَ لِیَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "اسْقِنِیْ"

[٢٥٧١-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ هِلَالٍ، ثَنِیْ أَبُوْ طُوَالَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، یَقُوْلُ: أَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ دَارِنَا هٰذِهِ، فَاسْتَسْقٰی، فَحَلَبْنَا شَاةً لَنَا، ثُمَّ شُبْتُهُ مِنْ

مَاءِ بِئْرِنَا هٰذِهِ فَأَعْطَيْتُهُ، وَأَبُوْ بَكْرٍ عَنْ يَسَارِهِ، وَعُمَرُ تُجَاهَهُ وَأَعْرَابِيٌّ عَنْ يَمِيْنِهِ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ عُمَرُ: هٰذَا أَبُوْ بَكْرٍ! فَأَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ فَضْلَهُ، ثُمَّ قَالَ: "الْأَيْمَنُوْنَ الْأَيْمَنُوْنَ، أَلَا فَيَمِّنُوْا" قَالَ أَنَسٌ: فَهِيَ سُنَّةٌ، فَهِيَ سُنَّةٌ فَهِيَ سُنَّةٌ![راجع: ۲۳۵۲]

قوله:شُبْتُه: شَابَ يَشُوْبُ شَوْبًا: ملانا۔

بَابُ قَبُوْلِ هَدِيَّةِ الصَّيْدِ

شکار کا ہدیہ قبول کرنا

یہ بھی ذیلی باب ہے، کسی نے کوئی شکار کیا اور اس کا کوئی حصہ آپ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ قبول کر سکتے ہیں، اس میں کوئی ذلت نہیں، حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے گورخر کا بازو آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تھا، آپؐ نے قبول فرمایا۔

دوسری حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے مر الظہران میں ایک خرگوش بھگایا، لوگ دوڑے مگر تھک گئے، میں نے اس کو پالیا اور پکڑ لیا، پس میں اس کو اپنے سوتیلے ابا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس لایا، انھوں نے اس کو ذبح کیا، پھر اس کا وَرِكْ (کولھا، ران کا بالائی حصہ) یا فخذ (ران) نبی ﷺ کی خدمت میں بھیجی، آپؐ نے اس کو قبول کیا، پھر قال کا فاعل شعبہ ہیں، وہ کہتے ہیں: ورک میں تو شک ہے کہ بھیجا تھا یا نہیں؟ مگر فخذ میں کوئی شک نہیں، وہ بالیقین بھیجی تھی، پس آپؐ نے اس کو قبول فرمایا، شعبہ کے شاگرد نے پوچھا: اس کو نوش بھی فرمایا؟ شعبہ نے کہا: جی ہاں، نوش فرمایا، پھر بعد میں انھوں نے کہا: قبول فرمایا یعنی میں کھانے کی بات نہیں کہہ سکتا، روایت میں صرف قبول کرنے کا ذکر ہے۔

اور دوسری روایت وہ ہے جو پہلے گذری ہے، مقام ابواء یا ودان میں حضرت صعب بن جثامہؓ نے نبی ﷺ کی خدمت میں زندہ گورخر پیش کیا آپؐ نے قبول نہیں فرمایا، پس جب آپؐ نے ان کے چہرے پر ناگواری محسوس کی تو فرمایا: سنو! بیشک ہم نے نہیں واپس کیا ہدیہ آپ کا مگر اس وجہ سے کہ ہم حالت احرام میں ہیں۔

[۵-] بَابُ قَبُوْلِ هَدِيَّةِ الصَّيْدِ

وَقَبِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَبِيْ قَتَادَةَ عَضُدَ الصَّيْدِ.

[۲۵۷۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَنْفَجْنَا أَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، فَسَعَى الْقَوْمُ فَلَغِبُوْا، فَأَدْرَكْتُهَا، فَأَخَذْتُهَا فَأَتَيْتُ بِهَا أَبَا طَلْحَةَ فَذَبَحَهَا، وَبَعَثَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: بِوَرِكِهَا أَوْ فَخِذَيْهَا - قَالَ: فَخِذَيْهَا لَا شَكَّ فِيْهِ - فَقَبِلَهُ. قُلْتُ: وَأَكَلَ مِنْهُ؟ قَالَ: وَأَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ قَالَ بَعْدُ: قَبِلَهُ.[انظر: ۵۴۸۹، ۵۵۳۵]

[٢٥٧٣-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ: ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ: أَنَّـهُ أَهْدَى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِمَارًا وَحْشِيًّا وَهُوَ بِالْأَبْوَاءِ أَوْ بِوَدَّانِ فَرَدَّ عَلَيْهِ، فَلَمَّا رَأَى مَا فِي وَجْهِهِ، قَالَ: "أَمَا إِنَّا لَمْ نَرُدَّهُ عَلَيْكَ إِلَّا أَنَا حُرُمٌ"[راجع: ١٨٢٥]

لغات: أَنْفَجَ الأَرنب: خرگوش کو پناہ گاہ سے بدکا کر نکالنا.........لَغَب(ن) لَغَبًا: تھک کر چور ہونا۔

بَابُ قَبُوْلِ الْهَدِيَّةِ

ہدیہ قبول کرنا

ہدیہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا اس کو قبول کرنا سنت ہے، جیسا کہ ابھی حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے، اور اس باب میں چھ حدیثیں ہیں، جن کی باب پر دلالت واضح ہے۔

[٦-] بَابُ قَبُوْلِ الْهَدِيَّةِ

[٢٥٧٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا عَبْدَةُ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّاسَ كَانُوْا يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ، يَتَّبِعُوْنَ، أَوْ: يَبْتَغُوْنَ بِذٰلِكَ مَرْضَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ٢٥٨٠، ٢٥٨١، ٣٧٧٥]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: لوگ اپنے ہدایا بھیجنے میں حضرت عائشہؓ کی باری کو سوچا کرتے تھے، چاہتے تھے وہ اس سے رسول اللہ ﷺ کی خوشنودی، یعنی جس دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری ہوتی تھی اس دن صحابہ ہدایا بھیجتے تھے، کیونکہ حضور ﷺ کو حضرت عائشہؓ سے محبت تھی، اس دن ہدیہ آئے گا تو آپؐ کو خوشی ہوگی، دوسری بیویوں کی باری میں ہدیہ آئے گا تو اتنی خوشی نہیں ہوگی۔

[٢٥٧٥-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ إِيَاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَهْدَتْ أُمُّ حُفَيْدٍ خَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَقِطًا وَسَمْنًا وَأَضُبًّا، فَأَكَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْأَقِطِ وَالسَّمْنِ، وَتَرَكَ الْأَضُبَّ تَقَذُّرًا، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَأُكِلَ عَلَى مَائِدَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَوْ كَانَ حَرَامًا مَا أُكِلَ عَلَى مَائِدَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ٥٣٨٩، ٥٤٠٢، ٧٣٥٨]

ترجمہ: نبی ﷺ کی سالی ام حُفید ؓ نے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خالہ ہیں، جو نجد میں رہتی تھیں، نبی ﷺ کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر پنیر، گھی اور گوہ بھیجی، نبی ﷺ نے پنیر اور گھی کھایا اور گوہ کو گھن کرتے ہوئے نہیں کھایا۔ حضرت ابن عباس ؓ نے اس سے استدلال کیا کہ اگر گوہ حرام ہوتی تو آپ ؐ کے دستر خوان پر نہ کھائی جاتی، یعنی تقریر نبوی سے گوہ کی حلت ثابت ہوئی۔

تشریح: گوہ ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک حلال ہے، اور حنفیہ کے نزدیک مکروہ یا حرام ہے، حرام کا قول مفتی بہ ہے، اور حلت پر دلالت کرنے والی مذکورہ روایت متفق علیہ ہے، اس کے علاوہ اور روایات بھی ہیں جو حلت پر دلالت کرتی ہیں، اور ابو داؤد میں بسند حسن روایت ہے کہ نبی ﷺ نے گوہ کا گوشت کھانے سے منع کیا، اور دوسری روایت حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہ کی ہے کہ نبی ﷺ نے گوہ کی ہانڈیاں الٹوادیں۔ احناف نے ان روایات کا اور ذوق نبوی کا اعتبار کرکے گوہ کو حرام قرار دیا ہے، کیونکہ ہر حلال چیز کا کھانا ضروری نہیں، البتہ ہر حرام سے بچنا ضروری ہے۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۳۳:۴) میں ہے۔

اور اختلاف کی بنیاد دو باتیں ہیں:

۱- جب روایات میں اختلاف ہوتا ہے تو ائمہ ثلاثہ اصح مافی الباب کو لیتے ہیں، چنانچہ انھوں نے بخاری شریف کی وہ دو روایتیں لیں جو حلت پر دلالت کرتی ہیں۔ اور حنفیہ کا اصول یہ ہے کہ اگر روایات محرم و مبیح ہوں اور تقدیم و تاخیر کا قرینہ نہ ہو تو احناف محرم روایت کو ترجیح دیتے ہیں، کیونکہ اس میں احتیاط ہے۔

۲- اگر ذوقِ نبوی اور ذوقِ عرب میں اختلاف ہو تو حنفیہ ذوقِ نبوی کو ترجیح دیتے ہیں، اور ائمہ ثلاثہ عرب کے ذوق کا اعتبار کرتے ہیں، مغنی ابن قدامہ میں اس اصول کی صراحت ہے کہ سمندری جانوروں میں سے جن کو عرب خبیث سمجھتے ہیں وہی حرام ہیں، اور گوہ کے مسئلہ میں نبی ﷺ کا ذوق واضح طور پر سامنے آگیا ہے کہ آپ ؐ کو اس سے گھن آئی، اور آپ ؐ نے زندگی بھر اس کو نہیں کھایا، پس اگرچہ عرب اس کو پسند کرتے ہیں مگر حنفیہ اس کا اعتبار نہیں کرتے، اس لئے کہ شریعت صرف عربوں کے لئے نہیں آئی، ساری دنیا کے لئے آئی ہے، پس کسی خاص قوم کے ذوق کا شریعت میں کیسے اعتبار کیا جاسکتا ہے!

[۲۵۷۶-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أُتِيَ بِطَعَامٍ سَأَلَ عَنْهُ: "أَهَدِيَّةٌ أَمْ صَدَقَةٌ؟" فَإِنْ قِيْلَ: صَدَقَةٌ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: "كُلُوْا" وَلَمْ يَأْكُلْ، وَإِنْ قِيْلَ: هَدِيَّةٌ ضَرَبَ بِيَدِهِ فَأَكَلَ مَعَهُمْ.

ترجمہ: نبی ﷺ کی خدمت میں جب کوئی کھانے کی چیز لائی جاتی تو آپ ؐ پوچھتے: ہدیہ ہے یا خیرات؟ اگر کہا جاتا: خیرات ہے تو آپ ؐ صحابہ سے فرماتے: کھاؤ اور خود نوش نہیں فرماتے تھے، اور اگر کہا جاتا کہ ہدیہ ہے تو آپ ؐ اپنا ہاتھ بڑھاتے، پس صحابہ کے ساتھ کھاتے (اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آپ ؐ کی خدمت میں ہدایا پیش کئے جاتے تھے، اور آپ ؐ قبول بھی فرماتے تھے، اور استفادہ بھی فرماتے تھے)

[۲۵۷۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا غُنْدَرٌ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أُتِیَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم بِلَحْمٍ، فَقِیْلَ: تُصَدِّقَ عَلٰی بَرِیْرَةَ، فَقَالَ: " هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِیَّةٌ"[راجع ۱۴۹۵]

[۲۵۷۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: سَمِعْتُهُ مِنْهُ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِیَ بَرِیْرَةَ، وَأَنَّهُمْ اشْتَرَطُوْا وَلَاءَ هَا، فَذُكِرَ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: " اشْتَرِیْهَا فَأَعْتِقِیْهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" وَأُهْدِیَ لَهَا لَحْمٌ، فَقَالَ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: هٰذَا تُصُدِّقَ بِهِ عَلٰی بَرِیْرَةَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: " هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِیَّةٌ" وَخُیِّرَتْ، قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: زَوْجُهَا حُرٌّ أَوْ عَبْدٌ. قَالَ شُعْبَةُ: ثُمَّ سَأَلْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ عَنْ زَوْجِهَا، قَالَ: لَا أَدْرِیْ حَرٌّ أَوْ عَبْدٌ؟[راجع: ۴۵۶]

ترجمہ: نبی ﷺ کی خدمت میں گوشت لایا گیا اور کہا گیا کہ یہ بریرہؓ کو خیرات میں ملا ہے، آپؐ نے فرمایا: وہ بریرہؓ کے لئے خیرات ہے اور ہمارے لئے ہدیہ ہے۔ یعنی حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا آنحضور ﷺ کو پیش کریں گی تو ہدیہ ہو جائے گا، تبدل ملک سے تبدل شیٔ ہو جاتی ہے، پس وہ آپؐ کے لئے حلال ہے۔

اور دوسری حدیث میں بھی یہی مضمون ہے۔ اور دیگر مضامین بھی ہیں جو پہلے گذر چکے ہیں۔

[۲۵۷۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، أَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أُمِّ عَطِیَّةَ، قَالَتْ: دَخَلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم عَلٰی عَائِشَةَ فَقَالَ: "أَعِنْدَكُمْ شَیْئٌ؟" قَالَتْ: لَا، إِلَّا شَیْئٌ بَعَثَتْ بِهِ أُمُّ عَطِیَّةَ، مِنَ الشَّاةِ الَّتِیْ بَعَثْتَ إِلَیْهَا مِنَ الصَّدَقَةِ، قَالَ: " إِنَّهَا قَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا"[راجع: ۱۴۴۶]

ترجمہ: نبی ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور پوچھا: تمہارے پاس کچھ کھانے کے لئے ہے؟ حضرت عائشہؓ نے کہا: نہیں، مگر وہ زکوٰۃ کی بکری جو آپؐ نے ام عطیہ رضی اللہ عنہا کو دی تھی، اس کو ذبح کر کے ام عطیہ نے اس کا گوشت بھیجا ہے، آپؐ نے فرمایا: بیشک وہ بکری اس کے اترنے کی جگہ پہنچ گئی (پھر جب انھوں نے ہمیں ہدیہ دیا تو اب وہ ہمارے لئے زکوٰۃ نہیں رہی)

بَابُ مَنْ أَهْدٰی إِلٰی صَاحِبِهِ، وَتَحَرّٰی بَعْضَ نِسَائِهِ دُوْنَ بَعْضٍ

جس نے اپنے بڑے کو ہدیہ بھیجا اور بعض ازواج کا قصد کیا

صاحب کا لفظ بڑے چھوٹے اور برابر والے سب کے لئے ہے، مگر باب میں نبی پاک ﷺ مراد ہیں، صحابہ حضرت

عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا انتظار کرتے تھے اور اس دن ہدیہ بھیجتے تھے، اور ان کا مقصود حضور ﷺ کی خوشنودی ہوتی تھی، اور باب کی پہلی روایت پہلے آچکی ہے۔ صدیقہؓ فرماتی ہیں: لوگ اپنے ہدایا سے میرے دن کا قصد کرتے تھے، یعنی میری باری کے دن ہدیہ بھیجتے تھے، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ سے عرض کیا: میری سہیلیاں (ازواج مطہرات) اکٹھا ہوئیں، پھر ام سلمہؓ نے آپؐ سے ان کی بات ذکر کی، پس آپؐ نے ان سے روگردانی کی، اس کی تفصیل اگلی حدیث میں ہے جس کا ترجمہ حدیث کے بعد آئے گا۔

[٨-] بَابُ مَنْ أَهْدَى إِلٰى صَاحِبِهِ، وَتَحَرَّى بَعْضَ نِسَائِهِ دُوْنَ بَعْضٍ

[٢٥٨٠-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّاسُ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمِيْ، وَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: إِنَّ صَوَاحِبِي اجْتَمَعْنَ، فَذَكَرَتْ لَهُ فَأَعْرَضَ عَنْهَا. [راجع: ٢٥٧٤]

[٢٥٨١-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ نِسَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كُنَّ حِزْبَيْنِ: فَحِزْبٌ فِيْهِ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ وَصَفِيَّةُ وَسَوْدَةُ، وَالْحِزْبُ الآخَرُ: أُمُّ سَلَمَةَ وَسَائِرُ نِسَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ قَدْ عَلِمُوْا حُبَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَائِشَةَ، فَإِذَا كَانَتْ عِنْدَ أَحَدِهِمْ هَدِيَّةٌ يُرِيْدُ أَنْ يُهْدِيَهَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَخَّرَهَا، حَتَّى إِذَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِ عَائِشَةَ بَعَثَ صَاحِبُ الْهَدِيَّةِ بِهَا إِلٰي رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِ عَائِشَةَ، فَكَلَّمَ حِزْبُ أُمِّ سَلَمَةَ، فَقُلْنَ لَهَا: كَلِّمِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُكَلِّمُ النَّاسَ، فَيَقُوْلُ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يُهْدِيَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هَدِيَّةً فَلْيُهْدِهَا إِلَيْهِ حَيْثُ كَانَ مِنْ نِسَائِهِ، فَكَلَّمَتْهُ أُمُّ سَلَمَةَ بِمَا قُلْنَ فَلَمْ يَقُلْ لَهَا شَيْئًا، فَسَأَلْنَهَا، فَقَالَتْ: مَاقَالَ لِيْ شَيْئًا! فَقُلْنَ لَهَا: كَلِّمِيْهِ، قَالَتْ: فَكَلَّمَتْهُ حِيْنَ دَارَ إِلَيْهَا، فَلَمْ يَقُلْ لَهَا شَيْئًا، فَسَأَلْنَهَا فَقَالَتْ: مَاقَالَ لِيْ شَيْئًا! فَقُلْنَ لَهَا: كَلِّمِيْهِ حَتَّى يُكَلِّمَكِ، فَدَارَ إِلَيْهَا فَكَلَّمَتْهُ فَقَالَ لَهَا: "لَا تُؤْذِيْنِيْ فِي عَائِشَةَ، فَإِنَّ الْوَحْيَ لَمْ يَأْتِنِيْ وَأَنَا فِيْ ثَوْبِ امْرَأَةٍ إِلَّا عَائِشَةَ" قَالَتْ: فَقَالَتْ: أَتُوْبُ إِلٰى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مِنْ أَذَاكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ثُمَّ إِنَّهُنَّ دَعَوْنَ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَرْسَلْنَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَقُوْلُ: إِنَّ نِسَاءَ كَ يُنَاشِدْنَكَ اللّٰهَ الْعَدْلَ فِي بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، فَكَلَّمَتْهُ، فَقَالَ: "يَا بُنَيَّةُ أَلَا تُحِبِّيْنَ مَا أُحِبُّ؟" فَقَالَتْ: بَلٰى! فَرَجَعَتْ إِلَيْهِنَّ فَأَخْبَرَتْهُنَّ، فَقُلْنَ: ارْجِعِيْ إِلَيْهِ فَأَبَتْ أَنْ تَرْجِعَ، فَأَرْسَلْنَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ فَأَتَتْهُ فَأَغْلَظَتْ، وَقَالَتْ: إِنَّ نِسَاءَ كَ يَنْشُدْنَكَ اللّٰهَ الْعَدْلَ فِي بِنْتِ ابْنِ أَبِيْ قُحَافَةَ، فَرَفَعَتْ صَوْتَهَا حَتَّى تَنَاوَلَتْ عَائِشَةَ وَهِيَ قَاعِدَةٌ فَسَبَّتْهَا، حَتَّى إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

عليه وسلم لَيَنْظُرُ إِلٰى عَائِشَةَ: هَلْ تَكَلَّمُ؟ قَالَ: فَتَكَلَّمَتْ عَائِشَةُ تَرُدُّ عَلٰى زَيْنَبَ حَتَّى أَسْكَتَتْهَا، قَالَتْ: فَنَظَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى عَائِشَةَ وَقَالَ: " إِنَّهَا بِنْتُ أَبِيْ بَكْرٍ!"[راجع: ٢٥٧٤]

وَقَالَ أَبُوْ مَرْوَانَ الغَسَّانِيُّ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ: كَانَ النَّاسُ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ، وَعَنْ هِشَامٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَرَجُلٍ مِنَ الْمَوَالِيْ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، قَالَتْ عَائِشَةُ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَأْذَنَتْ فَاطِمَةُ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ کی ازواج کی دو جماعتیں تھیں یعنی دو ذہن تھے، ایک جماعت میں حضرات عائشہ، حفصہ، صفیہ اور سودہ رضی اللہ عنہن تھیں، اور دوسری جماعت ام سلمہ اور دیگر ازواج رضی اللہ عنہن کی تھی، اور مسلمانوں کو یہ بات یقینی طور پر معلوم تھی کہ نبی ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے محبت ہے، پس جب کسی صحابی کے پاس کوئی ہدیہ ہوتا اور وہ نبی ﷺ کی خدمت میں اس کو پیش کرنا چاہتا تو اس کو مؤخر کرتا یہاں تک کہ جب آپؐ حضرت عائشہؓ کے گھر میں ہوتے تو ہدیہ بھیجنے والا نبی ﷺ کے پاس حضرت عائشہؓ کے گھر میں بھیجتا، پس حضرت ام سلمہؓ کی جماعت نے آپس میں مشورہ کیا، پس انھوں نے ام سلمہؓ سے کہا: آپؐ نبی ﷺ سے گفتگو کریں کہ وہ لوگوں سے گفتگو کریں، پس کہیں: جو شخص چاہتا ہے کہ نبی ﷺ کے پاس کوئی ہدیہ بھیجے تو چاہئے کہ وہ ہدیہ آپؐ کے پاس بھیجے جہاں بھی آپؐ ہوں، آپؐ کی ازواج کے گھروں میں سے، پس ام سلمہؓ نے آپؐ سے گفتگو کی وہ جو ازواج نے کہی تھی، پس آپؐ نے ام سلمہؓ سے کچھ نہیں کہا، پس ازواج نے ام سلمہؓ سے پوچھا، انھوں نے کہا: آپؐ نے مجھ سے کچھ نہیں کہا، پس ازواج نے ام سلمہؓ سے کہا: آپ پھر حضور ﷺ سے بات کریں، صدیقہ کہتی ہیں: پس ام سلمہؓ نے آپؐ سے گفتگو کی جب اگلی مرتبہ آپؐ ان کے یہاں پہنچے، پھر بھی نبی ﷺ نے ان سے کچھ نہیں کہا، پھر ازواج نے ام سلمہؓ سے پوچھا: تو انھوں نے کہا: مجھ سے آپؐ نے کچھ نہیں کہا، پس ازواج نے ام سلمہؓ سے کہا: آپ بات کرتی رہیں یہاں تک کہ آپؐ تمہیں کوئی جواب دیں، پس گھومے حضور ﷺ ام سلمہؓ کی طرف، پس انھوں نے آپؐ سے بات کی، پس آپؐ نے ان سے فرمایا: عائشہؓ کے معاملہ میں مجھے مت ستاؤ، اس لئے کہ وحی نہیں آئی میرے پاس درانحالیکہ میں کسی عورت کے کپڑوں میں ہوتا ہوں مگر عائشہؓ (مستثنیٰ ہیں) یعنی ان کے ساتھ لیٹا ہوا ہوتا ہوں تب بھی وحی آتی ہے، یہ ان کے مقبول عند اللہ ہونے کی دلیل ہے، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس ام سلمہؓ نے جواب دیا: میں اللہ کے سامنے توبہ کرتی ہوں آپؐ کو تکلیف پہنچانے سے، اے اللہ کے رسول! پس ازواج مطہرات نے آپؐ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا، اور ان کو آپؐ کے پاس بھیجا کہ وہ کہیں: آپؐ کی بیویاں آپؐ کو اللہ کی قسم دیتی ہیں کہ ابو بکرؓ کی لڑکی کے معاملہ میں آپؐ انصاف کریں، پس حضرت فاطمہؓ نے آپؐ سے گفتگو کی، آپؐ نے فرمایا: بیٹی! کیا تم محبت نہیں کرتیں اس سے جس سے میں محبت کرتا ہوں؟ حضرت فاطمہؓ نے عرض کیا: کیوں نہیں! پس وہ ازواج کی طرف لوٹیں اور ان کو یہ بات تبلائی، پس ازواج نے کہا: آپؐ دوبارہ جائیں، حضرت فاطمہؓ نے

دوبارہ جانے سے انکار کر دیا، پس ازواج نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو بھیجا، وہ آپؐ کے پاس پہنچیں، پس انھوں نے سخت گفتگو کی، اور کہا: آپؐ کی ازواج آپؐ کو اللہ کی قسم دیتی ہیں کہ ابوقحافہ کے لڑکے کی بیٹی کے معاملہ میں آپؐ انصاف کریں، پس ان کی آواز بلند ہوگئی، یہاں تک کہ انھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دھرلیا، اور وہ وہاں بیٹھی ہوئی تھیں، پس انھوں نے حضرت عائشہؓ کو سخت سست کہا، یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ حضرت عائشہؓ کی طرف دیکھنے لگے کہ کیا وہ بولتی ہیں؟ راوی کہتا ہے: پس حضرت عائشہؓ بولیں، حضرت زینبؓ کو جواب دیا، یہاں تک کہ ان کو چپکا کر دیا، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس نبی ﷺ نے حضرت عائشہؓ کی طرف دیکھا اور فرمایا: یہ ابوبکرؓ کی بیٹی ہیں!

سند کا بیان: اس لمبی حدیث کو بعض روات نے تین حدیثیں بنایا ہے:

۱- امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ آخری مضمون یعنی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ ذکر کیا جاتا ہے ہشام بن عروہ سے، وہ ایک مجہول آدمی سے، وہ امام زہریؒ سے اور وہ محمد بن عبدالرحمٰنؒ سے روایت کرتے ہیں یعنی یہ سند مجہول ہے اور یہ بات مصری نسخوں میں ہے: قال البخاریُ: الکلامُ الأخیرُ قصةُ فاطمةَ یُذْکَرُ عن هشام بن عروة، عن رجلٍ، عن الزهری، عن محمد بن عبد الرحمن۔

۲- ابومروان یحیٰ غسّانی ہشام سے اور وہ اپنے ابا عروہ سے روایت کرتے ہیں کہ صحابہ اپنے ہدایا کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا قصد کرتے تھے یعنی یہ مضمون اس سند سے مروی ہے۔

۳- ہشام: ایک قریشی آدمی سے اور ایک آزاد شدہ آدمی سے، وہ دونوں امام زہریؒ سے، وہ محمد بن عبدالرحمٰنؒ سے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ نبی ﷺ کے پاس تھیں پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اجازت طلب کی (یہ سند بھی مجہول ہے)

اور سندوں کی مزید تفصیل مزی رحمہ اللہ نے تحفۃ الاشراف (۱۲: ۲۹۷ حدیث ۱۷۵۹۰) میں کی ہے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ ازواج مطہرات بشر تھیں، بشریت کے تقاضے ان میں موجود تھے، اور عورت کی فطرت میں شوہر کے معاملہ میں غیرت ہوتی ہیں، پس اس حدیث میں جو ازواج مطہرات میں دو ذہن ہونے کا تذکرہ ہے وہ فطری بات ہے، اس بات کی وجہ سے ازواج مطہرات کے بارے میں کسی بدگمانی میں مبتلا نہیں ہونا چاہئے۔

بَابُ مَالاَ یُرَدُّ مِنَ الْهِبَةِ

وہ ہدیہ جو رد نہیں کرنا چاہئے

ترمذی میں روایت ہے: ثلاثٌ لاتُرَدُّ: الوسائِدُ والدُّهْنُ، وَاللَّبَنُ: تین چیزیں رد نہ کی جائیں: بیٹھنے کا گدہ، تیل یعنی عطر اور دودھ۔ اور ابوداؤد اور نسائی میں روایت ہے: مَنْ عُرِضَ علیه طِیْبٌ فلا یَرُدُّهُ، فإنَّهُ خَفِیْفُ الْمَحْمِلِ، طَیِّبُ

الرَّائِحَۃِ: جس کو کوئی خوشبو پیش کی جائے تو وہ اس کو رد نہ کرے، اس لئے کہ وہ ہلکے بوجھ کی عمدہ خوشبو ہے۔

پہلی حدیث میں جن تین چیزوں کا ذکر ہے وہ بطور مثال ہیں، ان میں حصر نہیں، اس لئے کہ ذکر عدد نفی ماعدا کو مستلزم نہیں، اور دوسری حدیث میں تنقیح مناط کی گئی ہے کہ یہ چیزیں خفیف المؤنۃ ہیں، پس اگر آپ کسی کے گھر جائیں، وہ بیٹھنے کے لئے گاؤ تکیہ رکھے، یا چائے پان پیش کرے تو اس کو قبول کرنا چاہئے، کیونکہ یہ چیزیں کم خرچ، دل خوش کن ہیں۔

اور باب میں یہ حدیث ہے کہ عزرۃ: ثمامہ کے یہاں گئے، انھوں نے خوشبو پیش کی، اور کہا: حضرت انس رضی اللہ عنہ خوشبو رد نہیں کرتے تھے، اور حضرت انسؓ یہ بھی کہتے تھے کہ نبی ﷺ خوشبو رد نہیں کرتے تھے۔

ایک واقعہ: ایک غیر مقلد عالم جو حضرت تھانوی رحمہ اللہ سے متعلق تھے، اور جانتے تھے کہ حضرت عام طور پر ہدیہ قبول نہیں کرتے، وہ ایک بڑی شیشی میں قیمتی عطر بھر کر لائے، اور پیش کیا، حضرت نے لینے سے انکار کیا، انھوں نے عرض کیا: نبی ﷺ خوشبو رد نہیں فرماتے تھے، حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے فرمایا: میں اُسی حدیث سے رد کر رہا ہوں، آپؐ نے اس حدیث میں فرمایا ہے کہ خوشبو خفیف المحمل ہے، اس لئے اس کو لے لینا چاہئے، اور آپ جو عطر لائے ہیں وہ بہت قیمتی اور بڑی مقدار میں ہے تو کیا یہ خفیف المؤنہ ہے!

[۹-] بَابُ مَالَا يُرَدُّ مِنَ الْهِبَةِ

[۲۵۸۲-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ، ثَنِيْ ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَيْهِ فَنَاوَلَنِيْ طِيْبًا، قَالَ: كَانَ أَنَسٌ لَا يُرَدُّ الطِّيْبَ، قَالَ: وَزَعَمَ أَنَسٌ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كان لَايُرَدُّ الطِّيْبَ. [انظر: ۵۹۲۹]

بَابُ مَنْ رَأَى الْهِبَةَ الْغَائِبَةَ جَائِزَةً

جس نے غیر موجود کے ہبہ کو جائز قرار دیا

کوئی چیز واہب کے پاس موجود نہیں، کہیں اور ہے: اس کو بھی ہبہ کر سکتے ہیں، مگر ہبہ تام اس وقت ہوگا جب اس پر موہوب لہ کا قبضہ ہو جائے۔ اور باب میں وہی روایت ہے جو پہلے گذری ہے: جب ہوازن کا وفد آیا تو ان کے تمام بال بچے آزاد کر کے ان کو سونپ دیئے گئے، یہ بال بچے نبی ﷺ کے پاس موجود نہیں تھے، صحابہ کے گھروں میں تھے، آپؐ نے وہ وفد کو ہبہ کئے، مگر اس استدلال میں نظر ہے، کیونکہ یہ ہبہ کا معاملہ نہیں تھا، بلکہ غلام باندیوں کو آزاد کر کے لوٹا دیا گیا تھا۔

[۱۰-] بَابُ مَنْ رَأَى الْهِبَةَ الْغَائِبَةَ جَائِزَةً

[۲۵۸۳و۲۵۸۴-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: ذَكَرَ

عُرْوَةُ: أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ أَخْبَرَاهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ جَاءَ هُ وَفْدُ هَوَازِنَ، قَامَ فِي النَّاسِ فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ إِخْوَانَكُمْ جَاؤُنَا تَائِبِيْنَ، وَإِنِّي رَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّ إِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ، فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُطَيِّبَ ذٰلِكَ فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَكُوْنَ عَلٰى حَظِّهِ حَتّٰى نُعْطِيَهُ إِيَّاهُ مِنْ أَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا، فَقَالَ النَّاسُ: طَيَّبْنَا لَكَ.

[راجع: ۲۳۰۷، ۲۳۰۸]

بَابُ الْمُكَافَأَةِ فِي الْهِبَةِ

ہدیہ کا بدلہ دینا

ہدیہ کا بدلہ دینا چاہئے، یہ سنت ہے، ارشاد ہے: تَهَادَوْا تَحَابُّوْا: ایک دوسرے کو ہدیے دولو، آپس میں محبت پیدا ہوگی۔ اور باب میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ ہدیہ قبول فرماتے تھے اور اس کا بدلہ دیتے تھے، اس حدیث کو عیسیٰ بن یونس ہی نے مرفوع متصل کیا ہے، ہشام کے دوسرے شاگرد اس کو مرسل بیان کرتے ہیں۔

ایک واقعہ: حدیث میں یہ واقعہ آیا ہے کہ ایک بدو نے نبی ﷺ کو کوئی ہدیہ دیا، آپؐ نے اس کا عوض دیا، اور پوچھا: آپ خوش ہیں؟ اس نے کہا: نہیں، آپؐ نے اور دیا پھر پوچھا: آپ خوش ہیں؟ اس نے کہا: نہیں، آپؐ نے اور دیا اور پوچھا: آپ خوش ہیں؟ اس نے کہا: ہاں، اس دن نبی ﷺ نے فرمایا: اب میں صرف قریشی، انصاری یا ثقفی کا ہدیہ لوں گا، یعنی کسی اور کا ہدیہ قبول نہیں کروں گا (عینی)

فائدہ: اس مقصد سے کہ مجھے اچھا عوض ملے ہدیہ دینا درست نہیں، سورۃ المدثر میں ہے: ﴿وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ﴾: اور کسی کو اس غرض سے کچھ مت دو کہ دوسرے وقت زیادہ معاوضہ چاہو، پس ہدیہ دینے والے کو چاہئے کہ بے غرض ہدیہ دے، اور موہوب لہ کے لئے سنت یہ ہے کہ وہ اسی وقت یا دوسرے وقت اس کا مناسب بدلہ دے، صرف جزاک اللہ کہہ کر نہ رہ جائے، اور ہبہ بشرط العوض بحکم بیع ہے، یعنی کسی سے کہا: میں آپ کو یہ قلم دیتا ہوں، اس شرط پر کہ آپ مجھے فلاں کتاب دیں تو یہ ہبہ نہیں، بیع ہے، اس پر بیع کے احکام جاری ہونگے۔

[۱۱-] بَابُ الْمُكَافَأَةِ فِي الْهِبَةِ

[۲۵۸۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عِيسٰى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَيُثِيْبُ عَلَيْهَا.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: لَمْ يَذْكُرْ وَكِيْعٌ وَمُحَاضِرٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ.

بَابُ الْهِبَةِ لِلْوَلَدِ، وَإِذَا أَعْطَى بَعْضَ وَلَدِهِ شَيْئًا لَمْ يَجُزْ، وَلاَ يُشْهَدُ عَلَيْهِ، وَهَلْ لِلْوَالِدِ أَنْ يَرْجِعَ فِي عَطِيَّتِهِ؟ وَمَا يَأْكُلُ مِنْ مَالِ وَلَدِهِ بِالْمَعْرُوفِ

(۱)اولاد کو ہبہ کرنا (۲) اگر بعض اولاد کو کچھ دیا تو جائز نہیں (۳) اور اس کی گواہی نہ دی جائے (۴) اور کیا باپ اولاد کو دی ہوئی چیز واپس لے سکتا ہے؟ (۵) اور باپ اولاد کے مال میں سے معروف طریقہ پر کھا سکتا ہے۔

یہ لمبا چوڑا باب ہے، اس کو غور سے پڑھیں، اس باب میں پانچ باتیں بیان کی ہیں:

پہلی بات: باپ اولاد کو ہبہ دے سکتا ہے، جیسے دوسرے لوگوں کو ہدیہ دے سکتے ہیں اولاد کو بھی دے سکتے ہیں، یہ اجماعی مسئلہ ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

دوسری بات: اگر کوئی شخص اپنی بعض اولاد کو کچھ بخشے تو جائز نہیں، یہاں تک کہ ان میں انصاف کرے، اور دوسری اولاد کو بھی اس کے مانند دے، یہ مسئلہ اختلافی ہے، ائمہ: ابوحنیفہ، شافعی اور مالک رحمہم اللہ کے نزدیک بلا وجہ تفاضل مکروہ ہے، مگر حرام نہیں۔ اور امام احمد اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک تفاضل حرام ہے، ہبہ نافذ نہیں ہوگا، پھر ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تفاضل مکروہ اس وقت ہے جب بلا وجہ ہو، اگر کسی خاص سبب سے ہو، مثلاً ایک اولاد زیادہ محتاج ہے، یا زیادہ خدمت گذار ہے، یا دینی کاموں میں مشغول ہے اس لئے اس کو زیادہ دیا تو کوئی کراہت نہیں۔

اور ائمہ ثلاثہ کا استدلال موطا مالک کی روایت سے ہے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اپنے باغ میں سے بیس وسق کھجوریں ہبہ کیں، ابھی حضرت عائشہؓ نے اس پر قبضہ نہیں کیا تھا کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت آ گیا، آپؓ نے بیٹی سے فرمایا: اگر تم نے ان کھجوروں پر قبضہ کر لیا ہوتا تو وہ تمہاری ہو جاتیں، لیکن تم نے ابھی تک ان کو کاٹا نہیں، ان پر قبضہ نہیں کیا، پس وہ ہبہ تام نہیں ہوا، اور اب میری موت کا وقت آ گیا، پس وہ میراث ہے، تنہا تمہاری ملکیت نہیں، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ترجیح دی، اگر یہ اقدام حرام ہوتا تو وہ یہ کام کیسے کرتے؟

اور امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کے واقعہ سے ہے کہ بشیرؓ نے نعمانؓ کو ایک غلام ہبہ کیا تھا، نبی ﷺ نے اس کو درست قرار نہیں دیا۔

تیسری بات: اگر کوئی شخص اولاد میں تفاضل کرے تو جو لوگ اس واقعہ کو جانتے ہیں وہ کورٹ میں گواہی دے سکتے ہیں یا نہیں؟ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اس کی گواہی نہ دی جائے، یہ بات دوسرے مسئلہ میں جو اختلاف ہے اس پر متفرع ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک کراہیت کے ساتھ ہبہ درست ہے، پس گواہی دے سکتے ہیں۔ اور امام احمدؒ اور امام بخاریؒ کے نزدیک یہ ہبہ درست نہیں، پس اس کی گواہی دینا بھی درست نہیں۔

چوتھی بات: والد اولاد کو دی ہوئی چیز واپس لے سکتا ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ بھی اختلافی ہے، احناف کے نزدیک نہیں لے سکتا، واپس لینے کے لئے سات موانع ہیں جو دَمْعٌ خَزَقَه میں جمع ہیں[1]، ان کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۴:۲۲۲) میں ہے۔ اور باپ اور اولاد میں قرابت قریبہ ہے پس واپس نہیں لے سکتا، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک واپس لے سکتا ہے، ان کی دلیل ایک حدیث ہے جو ترمذی (حدیث ۱۲۸۵) میں ہے کوئی شخص ہبہ دے کر واپس نہ لے مگر باپ نے اولاد کو ہبہ دیا ہو تو واپس لے سکتا ہے۔

پانچویں بات: اگر ماں باپ محتاج ہوں، گذارہ کے لئے ان کو خرچہ کی ضرورت ہو تو اولاد کے مال میں سے عرف کے مطابق بے اجازت لے سکتے ہیں، عرف سے زیادہ بے اجازت استعمال کرنا جائز نہیں، جیسے کوئی مدرسہ کا سفیر آیا، باپ نے بیٹے کے مال میں سے پانچ سو روپے کی رسید کٹوائی یہ جائز نہیں۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے تین مسئلوں پر ایک حدیث سے استدلال کیا ہے، یہ حدیث اگلے باب میں آرہی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اعْدِلُوْا بَيْنَ أَوْلَادِكُمْ فِي الْعَطِيَّةِ: اپنی اولاد کے درمیان بخشش میں انصاف کرو، معلوم ہوا کہ اولاد کو ہبہ کرسکتے ہیں، مگر انصاف ضروری ہے، ورنہ ہبہ درست نہیں ہوگا، اور ایسے ہبہ کی گواہی نہ دی جائے، پھر چوتھی اور پانچویں بات بیان کی، پھر اُس حدیث کا ایک ٹکڑا لائے ہیں جو کتاب البیوع میں گذری ہے۔ ایک سفر میں نبی ﷺ اور حضرت عمر اور صاحبزادے ابن عمر رضی اللہ عنہما اپنے اپنے اونٹوں پر چل رہے تھے، ابن عمرؓ کا اونٹ والد کا تھا، اور وہ تیز طرار تھا، حضور ﷺ کے اونٹ سے آگے نکل جاتا تھا، حضرت عمرؓ اس کو مارتے تھے، تاکہ آگے نہ بڑھے، جب نبی ﷺ نے یہ ماجرا دیکھا تو وہ اونٹ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے خرید لیا، پھر آپؐ نے وہ اونٹ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو بخش دیا اور فرمایا: اب تم جو چاہو کرو، اب وہ اونٹ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا نہیں رہا۔

اس واقعہ سے حضرت نے استدلال کیا ہے کہ اگر نبی ﷺ حضرت عمرؓ سے کہتے کہ تم اپنا اونٹ صاحبزادے کو بخش دو تو وہ ضرور بخشتے، مگر اولاد میں تفاضل ہو جاتا، اس لئے آپؐ نے خرید کر بخشا، معلوم ہوا کہ اولاد میں تفاضل جائز نہیں۔

(۱) د: سے مراد زیادت متصلہ ہے، مثلاً کتاب ہبہ کی، موہوب لہ نے اس کی جلد بنالی، تو اب رجوع نہیں ہوسکتا —— اور م: سے مراد موت ہے یعنی اگر موہوب لہ مرجائے تو رجوع نہیں ہوسکتا —— اور ع: سے مراد عوض ہے، یعنی کسی کو کوئی چیز ہبہ کی، موہوب لہ نے اس ہبہ کا عوض دیدیا یعنی اس نے بھی جواباً کوئی چیز ہبہ کردی تو اب رجوع نہیں ہوسکتا —— اور خ: سے مراد خروج ہے یعنی موہوبہ چیز موہوب لہ کی ملک سے نکل گئی تو اب رجوع نہیں ہوسکتا —— اور ز: سے مراد زوجیت ہے، یعنی میاں بیوی ایک دوسرے کو ہبہ کریں تو رجوع نہیں ہوسکتا —— اور ق: سے مراد قرابت محرمہ ہے یعنی اگر واہب اور موہوب لہ میں ایسا رشتہ ہے کہ ان کا باہم نکاح کبھی نہیں ہوسکتا، جیسے بھائی بہن تو بھی رجوع نہیں ہوسکتا —— اور ہ: سے مراد ہلاک ہے یعنی اگر موہوبہ چیز ہلاک ہوجائے تو اب رجوع نہیں ہوسکتا (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی ۴: ۲۲۲ میں ہے)

پھر آخر میں حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کا واقعہ لائے ہیں، ان کے والد نے ان کو ایک غلام بخشا تھا، اس پر گواہ بنانے کے لئے بشیرؓ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپؐ نے پوچھا: کیا تم نے اپنی ساری اولاد کو ایسی بخشش دی ہے، انھوں نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: پس غلام کو واپس لے لو، اس سے حضرت رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ تفاضل حرام ہے۔

اور تیسری اور چوتھی بات کی کوئی دلیل بیان نہیں کی، چوتھی بات تو استفہامی انداز میں لائے ہیں، کوئی فیصلہ نہیں کیا، باپ اپنی اولاد کو دی ہوئی چیز واپس لے سکتا ہے، اس کی کوئی دلیل پیش نہیں کی، اگر دلیل نکالنی ہے تو حضرت نعمانؓ کے واقعہ سے نکل سکتی ہے کہ آپؐ نے حضرت بشیرؓ سے کہا: بخشا ہوا غلام واپس لے لو، معلوم ہوا کہ باپ اولاد کو دی ہوئی چیز واپس لے سکتا ہے، اور یہ استدلال پانچویں بات میں بھی کام آئے گا کہ جب باپ ہبہ واپس لے سکتا ہے تو اولاد کے مال میں سے معروف طریقہ پر خرچ بھی کر سکتا ہے، یہ بھی گویا اولاد کو بخشے ہوئے مال میں سے واپس لینا ہے۔

[۱۲-] بَابُ الْهِبَةِ لِلْوَلَدِ

وَإِذَا أَعْطَى بَعْضَ وَلَدِهِ شَيْئًا لَمْ يَجُزْ، حَتَّى يَعْدِلَ بَيْنَهُمْ، وَيُعْطِيَ الآخَرِيْنَ مِثْلَهُ، وَلاَ يُشْهَدُ عَلَيْهِ، وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليهوسلم: "اعْدِلُوْا بَيْنَ أَوْلاَدِكُمْ فِي الْعَطِيَّةِ" وَهَلْ لِلْوَالِدِ أَنْ يَرْجِعَ فِي عَطِيَّتِهِ؟ وَمَا يَأْكُلُ مِنْ مَالِ وَلَدِهِ بِالْمَعْرُوْفِ وَلاَ يَتَعَدَّى. وَاشْتَرَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ عُمَرَ بَعِيْرًا ثُمَّ أَعْطَاهُ ابْنَ عُمَرَ، وَقَالَ: "اصْنَعْ بِهِ مَا شِئْتَ"

[۲۵۸۶-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَمُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ: أَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ: أَنَّ أَبَاهُ أَتَى بِهِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنِّيْ نَحَلْتُ ابْنِيْ هٰذَا غُلاَمًا، فَقَالَ: "أَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَ مِثْلَهُ؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: "فَارْجِعْهُ" [انظر: ۲۵۸۷، ۲۶۵۰]

بَابُ الإِشْهَادِ فِي الْهِبَةِ

ہبہ میں گواہ بنانا

اگر ہبہ پر گواہ بنا لے تو کچھ حرج نہیں، مگر گواہ بنانا ضروری نہیں، پھر حضرت بشیر رضی اللہ عنہ کا واقعہ لائے ہیں، ان کی اہلیہ حضرت عمرہ بنت رواحہ رضی اللہ عنہا: حضرت عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی بہن تھیں اور بڑے طنطنہ کی خاتون تھیں، زبردست شاعرہ تھیں، ان کا حضرت بشیر بن سعدؓ سے نکاح ہوا، جب پہلا بچہ نعمان پیدا ہوا تو انھوں نے اصرار کیا کہ اس کو

کوئی چیز ہبہ کرو، حضرت بشیرؓ نے ایک باغ ان کے نام کردیا، پھران کو خیال آیا کہ یہ بڑا باغ ہے اور میں چھوٹے بچہ کو دے رہا ہوں، اس لئے انھوں نے وہ باغ واپس لے لیا، عمرہؓ ان کے سر ہوگئیں کہ کیوں واپس لیا؟ انھوں نے باغ کے بجائے ایک غلام دیا، عمرہؓ نے کہا: پہلے آپؓ نے باغ دیا وہ واپس لے لیا، اب غلام دے رہے ہیں، ہوسکتا ہے اس کو بھی واپس لے لیں، اس لئے میں اس ہبہ کو اس وقت مانوں گی جب آپ نبی ﷺ کو اس پر گواہ بنائیں، چنانچہ بشیرؓ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: میں نے اپنی بیوی عمرہ کے اس لڑکے کو بخشش دی ہے اور اس نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپؐ کو اس کا گواہ بناؤں، نبی ﷺ کا ماتھا ٹھنکا، آپؐ نے پوچھا: کیا اور اولاد کو بھی اس طرح دیا ہے؟ انھوں نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: پس اللہ سے ڈرو، اور اپنی اولاد کے درمیان انصاف کرو۔ راوی کہتا ہے: وہ واپس گئے اور اپنا عطیہ واپس لے لیا، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہبہ پر گواہ بنانا جائز ہے۔

[۱۳-] بَابُ الْإِشْهَادِ فِي الْهِبَةِ

[۲۵۸۷-] حدثنا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: أَعْطَانِيْ أَبِيْ عَطِيَّةً، فَقَالَتْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ: لاَ أَرْضَى حَتَّى تُشْهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنِّيْ أَعْطَيْتُ ابْنِيْ مِنْ عَمْرَةَ بِنْتِ رَوَاحَةَ عَطِيَّةً، فَأَمَرَتْنِيْ أَنْ أُشْهِدَكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "أَعْطَيْتَ سَائِرَ وَلَدِكَ مِثْلَ هٰذَا؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: "فَاتَّقُوْا اللّٰهَ وَاعْدِلُوْا بَيْنَ أَوْلاَدِكُمْ" قَالَ: فَرَجَعَ فَرَدَّ عَطِيَّتَهُ. [راجع: ۲۵۸۶]

بَابُ هِبَةِ الرَّجُلِ لِامْرَأَتِهِ، وَالْمَرْأَةِ لِزَوْجِهَا

میاں بیوی کا ایک دوسرے کو ہبہ دینا

شوہر بیوی کو اور بیوی شوہر کو کوئی چیز بخشے تو جائز ہے۔ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے یہی فرمایا ہے، پھر واپس لے سکتے ہیں یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک واپس نہیں لے سکتے، اس لئے کہ دونوں میں زوجیت کا تعلق ہے، حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے یہی بات فرمائی ہے۔

اور جواز کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے مرض وفات میں اپنی ازواج سے اجازت چاہی کہ آپؐ بیماری کے ایام حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں گذاریں، ازواج نے اجازت دیدی، یہ بخشش ہوئی، پھر امام صاحبؒ مشہور حدیث لائے ہیں: **العائدُ فی هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِي قَيْئِهِ**: بخشش دے کر واپس لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو اپنی قئ چاٹ لیتا ہے، اس حدیث سے معلوم نہیں کیا استدلال کرنا ہے، اس سے کراہت تحریمی کے ساتھ رجوع کے جواز پر بھی استدلال ہوسکتا ہے اس

لئے کہ کتا جب بہت کھالیتا ہے تو قیٔ کردیتا ہے، پھر جب بھوکا ہوتا ہے اور اپنی قیٔ پر گذرتا ہے تو اس کو کھا کر اپنا پیٹ بھر لیتا ہے اور رجوع کے عدم جواز پر بھی استدلال ہوسکتا ہے، کیونکہ مؤمن کو اس بری مثال کا مصداق نہیں بننا چاہئے۔

ایک مسئلہ: ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا: اپنا پورا مہر معاف کردے، یا آدھا پونا معاف کردے، بیوی نے شرما شرمی میں معاف کردیا، پھر جلد ہی طلاق کی نوبت آگئی اور بیوی نے مہر کا مطالبہ کیا، امام زہریؒ فرماتے ہیں: اگر شوہر نے دھوکہ سے معاف کرالیا ہے تو وہ معافی درست نہیں، اور اگر بیوی نے خوش دلی سے معاف کیا ہے تو اب رجوع کا حق نہیں، احناف کا بھی تقریباً یہی مسلک ہے (عمدۃ) آیت کریمہ سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ خوش دلی سے مہر معاف کیا ہے تو معافی درست ہے۔

[۱٤-] بَابُ هِبَةِ الرَّجُلِ لِامْرَأَتِهِ، وَالْمَرْأَةِ لِزَوْجِهَا

[۱-] قَالَ إِبْرَاهِيْمُ: جَائِزَةٌ.

[۲-] وَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ: لَا يَرْجِعَانِ.

[۳-] واسْتَأْذَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نِسَاءَ هُ فِي أَنْ يُمَرَّضَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ.

[٤-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِي قَيْئِهِ"

[٥-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ فِيْمَنْ قَالَ لِامْرَأَتِهِ: هَبِي لِي بَعْضَ صَدَاقِكِ أَوْ كُلَّهُ، ثُمَّ لَمْ يَمْكُثْ إِلَّا يَسِيْرًا حَتَّى طَلَّقَهَا فَرَجَعَتْ فِيْهِ، قَالَ: يَرُدُّ إِلَيْهَا إِنْ كَانَ خَلَبَهَا، وَإِنْ كَانَتْ أَعْطَتْهُ عَنْ طِيْبِ نَفْسٍ لَيْسَ فِي شَيْئٍ مِنْ أَمْرِهِ خَدِيْعَةٌ جَازَ.

[٦-] قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿ فَإِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْئٍ مِنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْئًا مَرِيْئًا﴾ [النساء: ٤]

[۲٥۸۸-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: لَمَّا ثَقُلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاشْتَدَّ وَجَعُهُ اسْتَأْذَنَ أَزْوَاجَهُ أَنْ يُمَرَّضَ فِي بَيْتِي فَأَذِنَّ لَهُ، فَخَرَجَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ تَخُطُّ رِجْلَاهُ الْأَرْضَ، وَكَانَ بَيْنَ الْعَبَّاسِ وَبَيْنَ رَجُلٍ آخَرَ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَذَكَرْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا قَالَتْ عَائِشَةُ، فَقَالَ لِي: وَهَلْ تَدْرِي مَنِ الرَّجُلُ الَّذِي لَمْ تُسَمِّ عَائِشَةُ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ. [راجع: ۱۹۸]

[۲٥۸۹-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا ابْنُ طَاؤُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَقِيْءُ، ثُمَّ يَعُوْدُ فِي قَيْئِهِ"

[انظر: ۲٦۲۱، ۲٦۲۲، ٦۹۷٥]

بَابُ هِبَةِ الْمَرْأَةِ لِغَيْرِ زَوْجِهَا وَعِتْقِهَا إِذَا كَانَ لَهَا زَوْجٌ فَهُوَ جَائِزٌ إِذَا لَمْ تَكُنْ سَفِيْهَةً، فَإِذَا كَانَتْ سَفِيْهَةً لَمْ يَجُزْ

عورت کا شوہر کے علاوہ کو ہبہ کرنا، اور غلام آزاد کرنا، جب کہ اس کا شوہر ہو: جائز ہے جب عورت ناسمجھ نہ ہو، اور اگر عورت ناسمجھ ہو تو جائز نہیں

سلف میں ایک رائے یہ تھی کہ عورت اگرچہ اپنے مال کی مالک ہے لیکن اگر وہ کسی کو کچھ ہبہ کرنا چاہے یا غلام باندی کو آزاد کرنا چاہے تو شوہر کی اجازت ضروری ہے، کیونکہ عورت ناقص العقل ہے، اور مرد کو اللہ تعالیٰ نے قوّام (ذمہ دار) بنایا ہے، پس ممکن ہے بیوی مال ضائع کر رہی ہو تو شوہر اس کو روک سکتا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ اس رائے کی تردید کر رہے ہیں، فرماتے ہیں: اگر عورت عاقلہ، بالغہ، رشیدہ (سمجھ دار) ہو اس میں بیوقوفی کی کوئی علامت نہ ہو تو وہ اپنی ملکیت میں تصرف کر سکتی ہے، اگرچہ شادی شدہ ہو، اس کا شوہر موجود ہو، ہاں اگر وہ ناسمجھ ہے تو پھر شوہر کی اجازت ضروری ہے، اور دلیل ارشادِ پاک ہے کہ ''کم عقلوں کو ان کے وہ مال مت دو جن کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے مایۂ زندگی بنایا ہے'' پس اگر عورت کم عقل ہے تو وہ اپنے مال میں تصرف نہیں کر سکتی۔

نظر: مگر یہ آیت یتامی کے بارے میں ہے، بیوی کو ان پر قیاس نہیں کر سکتے، کیونکہ یتامی ولی کی ولایت میں ہوتے ہیں، پس جب تک ان میں رشد کے آثار نمودار نہ ہوں اس وقت تک ولی کو ان کا مال دینے سے منع فرمایا، اور بیوی عاقلہ بالغہ ہے، اور وہ سفیہہ ہے یا نہیں؟ اس کا فیصلہ کون کرے گا؟ ہر شوہر یہی کہے گا کہ میری بیوی بے وقوف ہے، اس لئے میں اجازت نہیں دیتا، اس لئے یہ قیاس درست نہیں۔

پھر امام صاحبؒ نے باب میں تین حدیثیں پیش کی ہیں:

پہلی حدیث: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا کہ میرے پاس اس مال کے علاوہ کچھ نہیں جو میرے شوہر زبیر رضی اللہ عنہ مجھے دیتے ہیں، تو کیا میں اس میں سے خیرات کر سکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: خیرات کرو، اور برتن میں بند کر کے مت رکھو، ورنہ تمہارے اوپر بھی برتن بند کر دیا جائے گا، اس حدیث میں نبی ﷺ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے اجازت لینے کی شرط نہیں لگائی، معلوم ہوا کہ شوہر کی اجازت کے بغیر بھی عورت خیرات کر سکتی ہے (یہ حدیث دو سندوں سے لائے ہیں)

دوسری حدیث: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے ایک باندی کو آزاد کیا، اور نبی ﷺ سے اجازت نہیں لی، نبی ﷺ جب ان کی باری کے دن آئے تو انھوں نے کہا: یا رسول اللہ! آپ کو معلوم ہوا کہ میں نے اپنی باندی کو آزاد کر دیا، آپؐ نے

فرمایا: کیا واقعی آزاد کر دیا؟ انھوں نے کہا: جی ہاں! آپؐ نے فرمایا: اگر تم وہ باندی اپنے ماموؤں کو دیتیں تو زیادہ ثواب ملتا، اس واقعہ میں نبی ﷺ نے اعتراض نہیں کیا کہ میری اجازت کے بغیر کیوں آزاد کیا؟ البتہ یہ مسئلہ بتلایا کہ صلہ رحمی کا ثواب آزاد کرنے سے زیادہ ہے۔

تیسری حدیث: حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے اپنی باری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بخش دی تھی، اور یہ منقول نہیں کہ انھوں نے نبی ﷺ سے اجازت لی تھی، معلوم ہوا کہ شوہر کی اجازت کے بغیر بھی ہبہ کرنا جائز ہے۔

[۱۵-] بَابُ هِبَةِ الْمَرْأَةِ لِغَيْرِ زَوْجِهَا وَعِتْقِهَا، إِذَا كَانَ لَهَا زَوْجٌ فَهُوَ جَائِزٌ إِذَا لَمْ تَكُنْ سَفِيْهَةً، فَإِذَا كَانَتْ سَفِيْهَةً لَمْ يَجُزْ

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَلَا تُؤْتُوْا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمْ﴾ [النساء: ٥]

[٢٥٩٠-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَسْمَاءَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَالِي مَالٌ إِلَّا مَا أَدْخَلَ عَلَيَّ الزُّبَيْرُ، فَأَتَصَدَّقُ؟ قَالَ: " تَصَدَّقِيْ وَلَا تُوْعِيْ فَيُوْعىٰ عَلَيْكِ" [راجع: ١٤٣٤]

[٢٥٩١-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " أَنْفِقِيْ وَلَا تُحْصِيْ فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ، وَلَا تُوْعِيْ فَيُوْعِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ" [راجع: ١٤٣٤]

[٢٥٩٢-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلىٰ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ مَيْمُوْنَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّهَا أَعْتَقَتْ وَلِيْدَةً وَلَمْ تَسْتَأْذِنِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُهَا الَّذِيْ يَدُوْرُ عَلَيْهَا فِيْهِ، قَالَتْ: أَشَعَرْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنِّيْ أَعْتَقْتُ وَلِيْدَتِيْ؟ قَالَ: " أَوَ فَعَلْتِ؟" قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: " أَمَا إِنَّكِ لَوْ أَعْطَيْتِهَا أَخْوَالَكِ، كَانَ أَعْظَمَ لِأَجْرِكِ"

وَقَالَ بَكْرُ بْنُ مُضَرَ: عَنْ عَمْرٍو، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، أَنَّ مَيْمُوْنَةَ أَعْتَقَتْ. [انظر: ٢٥٩٤]

[٢٥٩٣-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهُ، وَكَانَ يَقْسِمُ لِكُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ يَوْمَهَا وَلَيْلَتَهَا، غَيْرَ أَنَّ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ وَهَبَتْ يَوْمَهَا وَلَيْلَتَهَا لِعَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم تَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ رِضَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ٢٦٣٧، ٢٦٦١، ٢٦٨٨، ٢٨٧٩، ٤٠٢٥، ٤١٤١، ٤٦٩٠، ٤٧٤٩، ٤٧٥٠، ٤٧٥٧، ٥٢١٢، ٦٦٦٢، ٦٦٧٩، ٧٣٦٩، ٧٣٧٠، ٧٥٠٠، ٧٥٤٥]

لغت: أَوْعَى الشئَ: محفوظ کرنا، وَعَی یَعِیْ الشییَٔ: برتن میں جمع کرنا۔

بَابٌ: بِمَنْ يُبْدَأُ بِالْهَدِيَّةِ؟

ہدیہ پہلے کس کو دیا جائے؟

یہ مسئلہ منصوص نہیں، اور باب میں جو دو حدیثیں ہیں وہ صریح نہیں۔ اس لئے امام صاحبؒ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، پہلی حدیث وہ ہے جو ابھی گذری کہ نبی ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے جب انھوں نے باندی کو آزاد کیا تو فرمایا: اگر تم یہ باندی اپنے کچھ ماموؤں کو دیتیں تو ثواب زیادہ ملتا، اس میں ہبہ (عتق) اور صلہ رحمی میں ثانی کی ترجیح کا بیان ہے۔ پہلے ہدیہ کس کو دینا چاہئے اس کا بیان نہیں۔

اور دوسری حدیث میں صدیقہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا کہ میرے دو پڑوسی ہیں ان میں سے کس کو ہدیہ دوں، آپؐ نے فرمایا: جس کا دروازہ تم سے قریب ہے۔ یہ حدیث معمولی چیزیں سالن وغیرہ ہدیہ دینے کے بارے میں ہے اور اس میں انسیت کا لحاظ کیا جاتا ہے، قریبی شخص مانوس ہو جائے تو آڑے وقت کام آئے گا، مطلق ہدیہ دینے کے بارے میں یہ حدیث نہیں ہے۔

[١٦-] بَابٌ: بِمَنْ يُبْدَأُ بِالْهَدِيَّةِ؟

[٢٥٩٤-] وَقَالَ بَكْرٌ: عَنْ عَمْرٍو، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ مَيْمُوْنَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَعْتَقَتْ وَلِيْدَةً لَهَا، فَقَالَ لَهَا: "وَلَوْ وَصَلْتِ بَعْضَ أَخْوَالِكِ كَانَ أَعْظَمَ لِأَجْرِكِ"

[راجع: ٢٥٩٢]

[٢٥٩٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ لِيْ جَارَيْنَ فَإِلَى أَيِّهِمَا أُهْدِي؟ قَالَ: "إِلَى أَقْرَبِهِمَا مِنْكِ بَابًا" [راجع: ٢٢٥٩]

بَابُ مَنْ لَمْ يَقْبَلِ الْهَدِيَّةَ لِعِلَّةٍ

کسی وجہ سے ہدیہ قبول نہ کرنا

ہدیہ دینا سنت ہے، اسی طرح ہدیہ قبول کرنا بھی سنت ہے، لیکن اگر ہدیہ قبول کرنے کے لئے کوئی مانع ہو تو انکار بھی کیا جا سکتا ہے، حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کا ارشاد ہے: عہد نبوی میں ہدیہ ہدیہ ہوتا تھا، اور اب وہ رشوت ہے، یعنی امراء کو پہلے جو ہدیے دیئے جاتے تھے اس میں اخلاص ہوتا تھا، امیر کی رضا مطلوب ہوتی تھی اور اب جو لوگ امراء کو ہدیے دیتے ہیں وہ کسی وقت ان سے کام نکالتے ہیں، پس امراء کو ہدایا قبول نہیں کرنے چاہئیں۔

اور باب میں پہلی حدیث حضرت صعب رضی اللہ عنہ کی ہے، جو پہلے گذری ہے، انھوں نے زندہ گورخر نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کیا، آپؐ احرام میں تھے، چنانچہ آپؐ نے اس کو نہیں لیا، حضرت صعبؓ کہتے ہیں: جب آپؐ نے میرے چہرے سے محسوس کیا کہ مجھے ناگواری ہوئی ہے تو آپؐ نے فرمایا: ہدیہ نہ لینے کی اور کوئی وجہ نہیں، صرف اس لئے قبول نہیں کرتا کہ میں احرام میں ہوں، اور محرم زندہ شکار کا ہدیہ قبول کرے گا تو اس کو چھوڑ دینا واجب ہوگا، پس خواہ مخواہ نقصان ہوگا، اس لئے آپؐ نے قبول نہیں فرمایا، تاکہ حضرت صعبؓ اس سے استفادہ کریں، بہر حال اس حدیث میں ہدیہ قبول نہ کرنے کی وجہ احرام میں ہونا ہے، یہ علت (وجہ) کی ایک مثال ہے۔

دوسری حدیث میں ایک واقعہ ہے: قبیلہ ازد کے ایک شخص کو جس کو ابنُ الأُتْبِیَّہ کہا جاتا تھا زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا، جب واپس آیا تو ایک مال آپؐ کو سونپا اور کہا: یہ آپ کا ہے، اور دوسرا مال لے کر گھر جانے لگا اور کہا: یہ مجھے ہدیہ میں ملا ہے، آپؐ نے فرمایا: تم اپنے باپ کے گھر یا فرمایا: اپنی ماں کے گھر بیٹھتے، پھر دیکھتے: تمہیں ہدیہ دیا جاتا ہے یا نہیں؟ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نہیں لے گا کوئی شخص حکومت کے مال میں سے کوئی چیز مگر لائے گا وہ اس کو قیامت کے دن، اٹھائے ہوئے ہوگا وہ اس کو اپنی گردن پر، اگر اونٹ ہوگا تو اس کے لئے بلبلانا ہوگا، گائے ہوگی تو اس کے لئے رینکنا ہوگا، اور بکری ہوگی تو وہ ممیا رہی ہوگی، پھر آپؐ نے اپنے ہاتھ اٹھائے، یہاں تک کہ ہم نے آپؐ کے بغل کا بھورا پن دیکھا، اور فرمایا: اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا! اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا! تین مرتبہ فرمایا۔ اس حدیث میں بھی ایک خاص علت (وجہ) کا بیان ہے جو درج ذیل مثالوں سے سمجھ میں آئے گی:

واقعہ: شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی قدس سرہ (صدر المدرسین وشیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند) سیاست سے تعلق رکھتے تھے، اور اسفار کرتے تھے، ان کو جو ہدایا ملتے تھے ان میں سے جو ان کے متعلقین کا ہدیہ ہوتا تھا اس کو تو آپ رکھ لیتے تھے اور جو اجنبی کا ہدیہ ہوتا تھا اسے دارالعلوم میں داخل کر دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ حسین احمد کو کون جانتا ہے؟ یہ تو دارالعلوم کی نسبت پر ملا ہے، پس وہ میرا حق نہیں (یہ بات میں نے اساتذہ سے سنی ہے)

دوسرا واقعہ: میرا معمول ہے: میں عام طلبہ سے ہدیہ نہیں لیتا: ایک تو اس وجہ سے کہ ہمیں طلباء کا تعاون کرنا چاہئے، ان کا کھانا نہیں چاہئے، دوسری وجہ یہ ہے کہ طالب علم ہدیہ دیتا ہے، پھر امتحان کے موقعہ پر آکر روتا ہے، مجھے پاس کر دو یا مجھے زیادہ نمبر دیدو تاکہ میرا کھانا کھل جائے، جبکہ طالب علم کو رعایتی کامیاب کرنا یا استحقاق سے زیادہ نمبر دینا اس پر ظلم ہے، وہ خوش فہمی میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ پاس تو ہونا ہی ہے، پھر محنت کیوں کریں، روٹی ملے یوں تو کھیتی کریں کیوں!

[۱۷-] بَابُ مَنْ لَمْ يَقْبَلِ الْهَدِيَّةَ لِعِلَّةٍ

وَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، كَانَتِ الْهَدِيَّةُ فِي زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هَدِيَّةً، وَالْيَوْمَ رِشْوَةٌ.

[۲۵۹۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، أَخْبَرَهُ، أَنَّـهُ سَمِعَ الصَّعْبَ بْنَ جَثَّامَةَ اللَّيْثِيَّ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يُخْبِرُ: أَنَّـهُ أَهْدَى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِمَارَ وَحْشٍ، وَهُوَ بِالْأَبْوَاءِ أَوْ بِوَدَّانَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَرَدَّهُ. فَقَالَ صَعْبٌ: فَلَمَّا عَرَفَ فِي وَجْهِي رَدَّهُ هَدِيَّتِيْ. قَالَ:" لَيْسَ بِنَا رَدٌّ عَلَيْكَ وَلٰكِنَّا حُرُمٌ"[راجع: ۱۸۲۵]

[۲۵۹۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: اسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلًا مِنَ الْأَزْدِ، يُقَالُ لَهُ: ابْنُ الْأُتْبِيَّةِ، عَلَى الصَّدَقَةِ، فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ: هٰذَا لَكُمْ وَهٰذَا أُهْدِيَ لِيْ. قَالَ:" فَهَلَّا جَلَسَ فِي بَيْتِ أَبِيْهِ أَوْ: بَيْتِ أُمِّهِ فَيَنْظُرَ أَيُهْدَى لَهُ أَمْ لَا؟ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَا يَأْخُذُ أَحَدٌ مِنْهُ شَيْئًا إِلَّا جَاءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهُ عَلٰى رَقَبَتِهِ، إِنْ كَانَ بَعِيْرًا لَهُ رُغَاءٌ، أَوْ بَقَرَةً لَهَا خُوَارٌ، أَوْ شَاةً تَيْعَرُ" ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ، حَتَّى رَأَيْنَا عُفْرَةَ إِبْطَيْهِ:" اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ! اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ!" ثَلَاثًا.[راجع: ۹۲۵]

بَابٌ: إِذَا وَهَبَ هِبَةً أَوْ وَعَدَ، ثُمَّ مَاتَ قَبْلَ أَنْ تَصِلَ إِلَيْهِ

کوئی چیز بخشی یا وعدہ کیا، پھر چیز اس تک پہنچنے سے پہلے مرگیا

کسی کو کوئی چیز بخشی یا وعدہ کیا اور ابھی موہوبہ چیز پر موہوب لہ کا قبضہ نہیں ہوا یا جس چیز کا وعدہ کیا تھا وہ چیز نہیں دی اور دونوں میں سے کوئی مرگیا تو ہبہ تام نہیں ہوا۔ جمہور کے نزدیک ہبہ قبضہ سے تام ہوتا ہے، امام مالک رحمہ اللہ کا اس میں اختلاف ہے، ان کے نزدیک ہبہ بیع کی طرح ہے، ایجاب وقبول سے تام ہوجاتا ہے، اور کچھ فقہاء کی رائے یہ ہے کہ جب موہوبہ چیز واہب نے اپنی ملکیت سے جدا کردی تو ہبہ تام ہوگیا، خواہ قبضہ ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔

اور باب میں دو اثر اور ایک حدیث ہے:

پہلا اثر: حضرت عبیدۃ سلمانی رحمہ اللہ جو اکابر تابعین میں سے ہیں: فرماتے ہیں: اگر واہب اور موہوب لہ دونوں مرجائیں اور ہدیہ واہب نے اپنی ملکیت سے جدا کردیا ہو درانحالیکہ موہوب لہ زندہ تھا تو ہبہ تام ہوگیا، اب وہ موہوبہ چیز موہوب لہ کے ورثاء کی ہوگی، اور اگر واہب نے ہدیہ اپنی ملکیت سے جدا نہیں کیا تو ہبہ تام نہیں ہوا، اب وہ چیز واہب کے ورثاء کی ہے۔

وضاحت: جدا کرنے سے مراد اگر موہوب لہ یا اس کے وکیل کے قبضہ میں دیدینا ہے تو ٹھیک ہے، ہبہ تام ہوگیا اور اگر افراز ہے یعنی واہب نے وہ چیز اپنی چیزوں سے جدا کردی مگر قبضہ نہیں دیا تو حنفیہ اس فتوی سے متفق نہیں۔

دوسرا اثر: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو بھی پہلے مرجائے تو موہوبہ چیز موہوب لہ کے ورثاء کے لئے ہے، جبکہ اس پر رسول نے قبضہ کرلیا ہو۔

وضاحت: یہاں بھی رسول سے کس کا رسول مراد ہے؟ اگر موہوب لہ کا رسول مراد ہے تو ٹھیک ہے، کیونکہ رسول یا وکیل کا قبضہ اصیل کا قبضہ ہے، اور اگر واہب کا رسول مراد ہے تو حنفیہ اس فتوی سے متفق نہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے وعدہ کیا تھا کہ بحرین کا محصول آئے گا تو میں تمہیں اتنا اتنا تین مرتبہ دوں گا، پھر وفاتِ نبوی تک محصول نہیں آیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں آیا، انھوں نے اعلان کرایا کہ جس سے نبی ﷺ نے کوئی وعدہ کیا ہو یا اس کا نبی ﷺ پر کوئی قرضہ ہو تو وہ ہمارے پاس آئے، حضرت جابرؓ آئے اور کہا: مجھ سے نبی ﷺ نے یہ وعدہ کیا ہے، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو تین لپ بھر کر دراہم دیئے، یہ الكريم إذا وعد وفٰی کے قبیل سے ہے، شرعاً نائب پر یا وارث پر وعدہ پورا کرنا ضروری نہیں۔

[۱۸-] بَابٌ: إِذَا وَهَبَ هِبَةً أَوْ وَعَدَ، ثُمَّ مَاتَ قَبْلَ أَنْ تَصِلَ إِلَيْهِ

[۱-] وَقَالَ عَبِيْدَةُ: إِنْ مَاتَ وَكَانَتْ فُصِلَتِ الْهَدِيَّةُ، وَالْمُهْدَى لَهُ حَيٌّ، فَهِيَ لِوَرَثَتِهِ. وَإِنْ لَمْ تَكُنْ فُصِلَتْ فَهِيَ لِوَرَثَةِ الَّذِيْ أَهْدَى.

[۲-] وَقَالَ الْحَسَنُ: أَيُّهُمَا مَاتَ قَبْلُ فَهِيَ لِوَرَثَةِ الْمُهْدَى لَهُ إِذَا قَبَضَهَا الرَّسُوْلُ.

[۲۵۹۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعْتُ جَابِرًا، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ أَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا" ثَلاَثًا. فَلَمْ يَقْدَمْ حَتّٰى تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَرْسَلَ أَبُوْ بَكْرٍ مُنَادِيًا فَنَادَى: مَنْ كَانَ لَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عِدَةٌ أَوْ دَيْنٌ فَلْيَأْتِنَا، فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَعَدَنِيْ، فَحَثٰى لِيْ ثَلاَثًا. [راجع: ۲۲۹۶]

بَابٌ: كَيْفَ يُقْبَضُ الْعَبْدُ وَالْمَتَاعُ؟

غلام اور سامان پر کیسے قبضہ کیا جائے؟

اس باب میں بیع اور ہبہ میں قبضہ کی کیفیت کا بیان مقصود ہے، بیع صرف میں قبض بالبراجم ضروری ہے، ہر عوض ہاتھ میں لینے سے ہی قبضہ ہوگا، باقی چیزوں میں تخلیہ کافی ہے، یعنی چیز اس طرح سامنے رکھ دی جائے کہ مشتری یا موہوب لہ اس کو لینا چاہے تو لے سکے، پس قبضہ ہوگیا، نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اونٹ خریدا جس پر پہلے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما سوار تھے، پھر آپؐ نے فرمایا: عبداللہ! اب یہ اونٹ تیرا ہے، جو چاہے کر، پس ابن عمرؓ کا قبضہ ہوگیا، قبضہ کی تجدید ضروری نہیں،

اسی طرح عطر کی شیشی کسی کو دی اس نے لگا کر واپس کرنا چاہا، تو مالک نے کہا: رکھ لیں، پس قبضہ ہو گیا۔

حدیث: مخرمہ رضی اللہ عنہ نے جو ایک بوڑھے صحابی تھے، اور کچھ تنگ مزاج تھے، ایک مرتبہ نبی ﷺ کے یہاں تقسیم کے لئے قبائیں آئیں، آپؐ نے وہ تقسیم فرمائیں، مگر مخرمہؓ کو نہیں دی، وہ نہیں آئے تھے، جب حضرت مخرمہؓ کو اس کی اطلاع ہوئی تو وہ اپنے بیٹے مسورؓ کو لے کر نبی ﷺ کے گھر آئے اور بیٹے سے کہا: اندر جا کر حضور ﷺ کو بلالا، حضور سمجھ گئے کہ یہ کیوں آئے ہیں، چنانچہ آپؐ ایک قبا لے کر باہر نکلے اور مخرمہ سے کہا: یہ میں نے آپ کے لئے چھپا رکھی ہے، مخرمہؓ نے کہا: میں راضی ہوں۔

وضاحت: اس کو موہوب لہ کا یا اس کے وکیل کا قبضہ قرار دینا مشکل ہے، یہ تو امیر المؤمنین نے ایک قبا ان کو دینے کے لئے محفوظ کر رکھی ہے، پس صرف اتنے سے قبضہ نہیں ہوگا۔

[۱۹-] بَابٌ: كَيْفَ يُقْبَضُ الْعَبْدُ وَالْمَتَاعُ؟

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: كُنْتُ عَلٰى بَكْرٍ صَعْبٍ، فَاشْتَرَاهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ: "هُوَلَكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ"

[۲۵۹۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، أَنَّهُ قَالَ: قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَقْبِيَةً وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ مِنْهَا شَيْئًا، فَقَالَ مَخْرَمَةُ: يَا بُنَىَّ انْطَلِقْ بِنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، فَقَالَ: ادْخُلْ فَادْعُهُ لِىْ، قَالَ فَدَعَوْتُهُ لَهُ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ مِنْهَا، فَقَالَ: "خَبَأْنَا هٰذَا لَكَ" قَالَ: فَنَظَرَ إِلَيْهِ فَقَالَ: رَضِىَ مَخْرَمَةُ.

بَابٌ: إِذَا وَهَبَ هِبَةً، فَقَبَضَهَا الآخَرُ، وَلَمْ يَقُلْ: قَبِلْتُ

کوئی چیز ہبہ کی، دوسرے نے اس پر قبضہ کر لیا، مگر نہیں کہا کہ میں نے قبول کی

ہبہ میں ایجاب تو ضروری ہے مگر قبول ضروری نہیں، قبضہ کافی ہے، بلکہ ایجاب پر قرینہ دلالت کرتا ہو تو ایجاب بھی ضروری نہیں، صرف لینا دینا کافی ہے۔ جیسے: بیع تعاطی میں حکماً ایجاب وقبول ہوتے ہیں، بیع تعاطی یعنی لینا دینا، اور کچھ نہ بولنا، جیسے کوئی شخص کوئی چیز لئے ہوئے ہے، آپ نے اس سے پوچھا: بیچتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں! پوچھا: کتنے میں؟ اس نے کہا: دس روپے میں، آپ نے کہا: لا اور دس روپے دیدیئے، یہ بیع تعاطی ہے اور صحیح ہے، اسی طرح کوئی شخص لاری میں مال بھر کر بیچ رہا ہے اور چلا رہا ہے: ہر مال دس روپے، ہر مال دس روپے، آپ نے دیکھ کر جو چیز پسند آئی وہ لے لی، اور دس روپے دیدیئے، یہ بیع تعاطی ہے، اسی طرح ہبہ میں بھی ہبہ کرنے والا تو بولے گا یا اس کا عمل ہبہ پر دلالت کرے گا مگر موہوب لہ کے لئے قبضہ کر لینا کافی ہے، میں نے قبول کیا: کہنا ضروری نہیں۔ اور باب میں اس شخص کا واقعہ ہے جس نے

رمضان میں روزہ کی حالت میں بیوی سے صحبت کی تھی، اس کے آخر میں ہے: نبی ﷺ نے اس کو چھوہاروں کا ایک بورا دیا اور فرمایا: إِذْهَبْ فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ: لے جا اور اپنے گھر والوں کو کھلا، پس آپ تو بولے، مگر وہ صحابی نہیں بولے، بورا لے کر چلے گئے، یہی قبول ہے۔

[۲۰-] بَابٌ: إِذَا وَهَبَ هِبَةً، فَقَبَضَهَا الآخَرُ، وَلَمْ يَقُلْ: قَبِلْتُ

[۲۶۰۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلىٰ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: هَلَكْتُ! فَقَالَ: "وَمَا ذَاكَ؟" قَالَ: وَقَعْتُ بِأَهْلِيْ فِي رَمَضَانَ، قَالَ: "تَجِدُ رَقَبَةً؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "فَتَسْتَطِيْعُ أَنْ تُطْعِمَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا؟" قَالَ: لَا، قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصارِ بِعَرَقٍ، وَالْعَرَقُ: الْمِكْتَلُ فِيْهِ تَمْرٌ، فَقَالَ: "اذْهَبْ بِهٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ" قَالَ: عَلٰى أَحْوَجَ مِنَّا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجُ مِنَّا، ثُمَّ قَالَ: "اذْهَبْ فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ"

[راجع: ۱۹۳۶]

بَابٌ: إِذَاوَهَبَ دَيْنًا عَلٰى رَجُلٍ

مقروض کا قرضہ معاف کرنا

مقروض کا قرضہ معاف کرنا 'ابراء' ہے اور ابراء بھی ایک طرح کا ہبہ ہے، پس اگر مدیون کو دین معاف کیا تو درست ہے، اور باب میں جو دلائل ذکر کئے ہیں وہ سب اسی سے متعلق ہیں۔

اور دوسری صورت یہ ہے کہ کسی پر قرضہ تھا وہ کسی دوسرے کو ہبہ کیا، جیسے آپ زید کے پاس ہزار روپے مانگتے تھے، وہ آپ نے بکر کو بخشے تو یہ جائز نہیں، کیونکہ یہاں قبضہ کی کوئی صورت نہیں، ہاں اگر مدیون یعنی زید وہ قرضہ بکر کو دیدے تو اب ہبہ درست ہے۔

اور باب میں پہلا اثر حکم بن عتیبہ کا ہے، انھوں نے فرمایا: مقروض کو قرضہ معاف کرنا درست ہے، اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے ایک مقروض کا قرضہ معاف کیا ہے، اور یہ حدیث گذر چکی ہے کہ جس کے ذمہ کوئی قرضہ ہو تو وہ ادا کردے یا اس سے معاف کرالے، معلوم ہوا کہ ابراء درست ہے۔ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما کے والد پر جو قرضہ تھا اس کی معافی کے لئے حضرت جابرؓ نے نبی ﷺ سے سفارش کرنے کی درخواست کی کہ قرض خواہ باغ کے سارے پھل لیلے اور باقی قرضہ معاف کردے، معلوم ہوا کہ ایسا کرنا درست ہے۔

[۲۱-] بَابٌ: إِذَاوَهَبَ دَيْنًا عَلٰى رَجُلٍ

[۱-] قَالَ شُعْبَةُ: عَنِ الْحَكَمِ: هُوَ جَائِزٌ.

[۲-] وَوَهَبَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ لِرَجُلٍ دَيْنَهُ.

[۳-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ كَانَ عَلَيْهِ حَقٌّ فَلْيُعْطِهِ أَوْ لِيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ.

[٤-] وَقَالَ جَابِرٌ: قُتِلَ أَبِيْ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَسَأَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم غُرَمَاءَهُ أَنْ يَقْبَلُوْا ثَمَرَ حَائِطِي وَيُحَلِّلُوْا أَبِيْ.

[۲٦۰۱-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنِيْ ابْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَاهُ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ شَهِيْدًا، فَاشْتَدَّ الْغُرَمَاءُ فِيْ حُقُوْقِهِمْ، فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَكَلَّمْتُهُ، فَسَأَلَهُمْ أَنْ يَقْبَلُوْا ثَمَرَ حَائِطِيْ وَيُحَلِّلُوْا أَبِيْ فَأَبَوْا، فَلَمْ يُعْطِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَائِطِيْ، وَلَمْ يَكْسِرْهُ لَهُمْ، وَلٰكِنْ قَالَ: "سَأَغْدُوْ عَلَيْكَ" فَغَدَا عَلَيْنَا حِيْنَ أَصْبَحَ، فَطَافَ فِي النَّخْلِ، فَدَعَا فِيْ ثَمَرِهِ بِالْبَرَكَةِ، فَجَدَدْتُهَا فَقَضَيْتُهُمْ حُقُوْقَهُمْ وَبَقِيَ لَنَا مِنْ ثَمَرِهَا بَقِيَّةٌ، ثُمَّ جِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ جَالِسٌ فَأَخْبَرْتُهُ بِذٰلِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِعُمَرَ: " اسْمَعْ - وَهُوَ جَالِسٌ - يَا عُمَرُ" فَقَالَ عُمَرُ: أَلَا نَكُوْنُ قَدْ عَلِمْنَا أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ إِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ![راجع: ۲۱۲۷]

بَابُ هِبَةِ الْوَاحِدِ لِلْجَمَاعَةِ

ایک کا متعدد کو ہبہ کرنا

اس باب میں اوراگلے باب میں یہ مسئلہ ہے کہ مشاع (مشترک) کا ہبہ درست ہے یانہیں؟ حضرت امام بخاری اور حضرت امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک درست ہے، اور حنفیہ کے نزدیک اگر بخشی ہوئی چیز قابل تقسیم ہے تو اسے تقسیم کرکے دینا ضروری ہے، قبضہ اسی صورت میں ممکن ہے، اگر قابل تقسیم چیز دو یا زیادہ کو تقسیم کئے بغیر بخشی اور موہوب لہم نے واہب کے مرنے سے پہلے وہ چیز تقسیم کرلی تو ہبہ درست ہے، اور اگر چیز قابل تقسیم نہ ہوتو مشاع کا ہبہ درست ہے، جیسے دو شخصوں کو ایک گھڑی بخشی: یہ درست ہے۔

اور امام صاحب نے مشاع کے ہبہ کے جواز کی دو دلیلیں پیش کی ہیں:

پہلی دلیل: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا تو ان کی میراث ان کی دو بہنوں: اسماءؓ اور ام کلثوم کو ملی، اور ان کے

بھائی عبد الرحمٰنؓ کی اولاد کو ملی، دوسرے بھائی محمد کی اولاد کو نہیں ملی، کیونکہ وہ حقیقی بھائی نہیں تھے، پس محمد کے لڑکے قاسم محروم رہ گئے، یہ حضرت اسماءؓ کے بھتیجے ہیں، اسی طرح ابوبکر عبداللہ بھی محروم رہ گئے، یہ حضرت اسماءؓ کے بھتیجے کے لڑکے کے لڑکے ہیں، ان کا پورا نسب نامہ یہ ہے: ابوبکر عبداللہ بن ابی عتیق محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر، حضرت عبدالرحمٰنؓ کے لڑکے محمد حیات تھے وہ وارث بنے، اوران کے لڑکے عبداللہ محروم ہوگئے، پس قاسم اور ابن ابی عتیق کی دلجوئی کے لئے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا: مجھے میری بہن کی میراث میں غابہ (مدینہ کے پاس ایک جگہ کا نام) میں ایک جائداد ملی ہے اور وہ بڑی قیمتی ہے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ مجھے اس کے ایک لاکھ درہم دینے کے لئے تیار ہیں، میں وہ جائداد تم دونوں کو دیتی ہوں، یہ مشاع کا ہبہ ہوا۔ امام صاحبؒ نے اس سے ھبۃ المشاع کے جواز پر استدلال کیا ہے، مگر استدلال سے پہلے یہ ثابت کرنا پڑے گا کہ وہ جائداد قابل تقسیم تھی، اگر وہ نا قابل تقسیم تھی تو مشاع کا ہبہ ہمارے نزدیک بھی درست ہے، اور اگر قابل تقسیم تھی اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی وفات سے پہلے دونوں نے جائداد تقسیم کرلی تو بھی ہبہ درست ہے، کیونکہ اب مشاع کا ہبہ نہ رہا۔

دوسری دلیل: ایک مجلس میں نبی ﷺ نے بچا ہوا مشروب دائیں جانب بیٹھے ہوئے لڑکے کو عنایت فرمایا، وہ جب پی کر چھک جائے گا تو اپنی دائیں طرف والے کو دے گا، اس واقعہ میں بھی آپؐ نے مشاع مشروب ہبہ کیا ہے، معلوم ہوا کہ مشاع کا ہبہ جائز ہے، حالانکہ وہ ہبہ نہیں تھا، اباحت تھی، دائیں والا جتنا پینا چاہے گا پیئے گا، پھر آگے بڑھائے گا، پس مشاع کے ہبہ کے جواز کی دونوں دلیلیں ناطق نہیں۔

[۲۲-] بَابُ هِبَةِ الْوَاحِدِ لِلْجَمَاعَةِ

وَقَالَتْ أَسْمَاءُ لِلْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَابْنِ أَبِىْ عَتِيْقٍ: وَرِثْتُ عَنْ أُخْتِىْ عَائِشَةَ بالْغَابَةِ، وَقَدْ أَعْطَانِىْ مُعَاوِيَةُ مِائَةَ أَلْفٍ، فَهُوَ لَكُمَا.

[۲۶۰۲-] حدثنا يَحيىَ بْنُ قَزَعَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم أُتِىَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ غُلَامٌ وَعَنْ يَسَارِهِ الْأَشْيَاخُ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ:" إِنْ أَذِنْتَ لِىْ أَعْطَيْتُ هٰؤُلَاءِ" فَقَالَ: مَا كُنْتُ لِأُوْثِرَ بِنَصِيْبِىْ مِنْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَحَدًا، فَتَلَّهُ فِىْ يَدِهِ. [راجع: ۲۳۵۱]

لغت: تَلَّ (ن) تَلًّا الشيئَ فی یدِ فلان: ہاتھ میں دینا، ناگواری کے ساتھ ہاتھ میں پٹک دینا۔

بَابُ الْهِبَةِ الْمَقْبُوْضَةِ وَغَيْرِ الْمَقْبُوْضَةِ، وَالْمَقْسُوْمَةِ وَغَيْرِ الْمَقْسُوْمَةِ

ہبہ مقبوضہ اور غیر مقبوضہ، مقسومہ اور غیر مقسومہ

چار صورتیں ہیں، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک، چاروں صورتوں میں ہبہ درست ہے: (۱) کوئی چیز ہبہ

کر کے موہوب لہ کو اس پر قبضہ دیدیا، (۲) موہوبہ چیز کو واہب نے اپنی ملکیت سے جدا کر دیا، مگر موہوب لہ کو قبضہ نہیں دیا۔ (۳) موہوبہ چیز قابل قسمت تھی تقسیم کر کے وہ موہوب لہم کو دیدی، (۴) موہوبہ چیز قابل قسمت تھی یا نہیں، تقسیم کئے بغیر ہبہ کردی: یہ چاروں صورتیں حضرت امام کے نزدیک جائز ہیں، اور ہبہ درست ہے۔

اور حنفیہ دو باتوں میں اختلاف کرتے ہیں:

(۱) موہوبہ چیز واہب نے اپنی ملکیت سے جدا کر دی مگر موہوب لہ کو یا اس کے رسول کو یا اس کے وکیل کو قبضہ نہیں دیا تو ہبہ مکمل نہیں ہوا۔

(۲) کوئی چیز مشترک ہبہ کی اور وہ چیز قابل تقسیم تھی، مگر بانٹ کر نہیں دی تو ہبہ درست نہیں ہوا، البتہ اگر واہب کی حیات میں موہوب لہم بانٹ لیں تو ہبہ درست ہے۔

امام صاحبؒ کے دلائل: امام صاحب نے چار دلیلیں پیش کی ہیں:

۱- ہوازن کا واقعہ پیش کیا ہے کہ ان کی عورتیں اور بچے غلام باندی بنا کر بانٹ دیئے گئے تھے، نبی ﷺ نے وہ وفد کو لوٹا دیئے، مگر بانٹ کر نہیں دیئے۔

جواب: یہ دلیل ناطق نہیں ہے، اس لئے کہ ہوازن کا واقعہ ہبہ کا واقعہ نہیں، ان کی عورتیں اور بچے غلام باندی بنالئے گئے تھے، جب ان کو واپس کرنے کی نوبت آئی تو سب مالکان نے ان کو آزاد کر دیا، اور وہ وفد کو لوٹا دیئے گئے، آزاد کرنے کے بعد ہبہ کرنے کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا، ہبہ غلام باندیوں کا کیا جاتا ہے اور وہ اب غلام باندی نہیں رہے تھے۔

۲- حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ نے اونٹ خریدا، اس کا ثمن چکایا اور ایک قیراط زائد دیا، یہ جو زیادہ دیا وہ اصل قیمت کے ساتھ ملا ہوا تھا، پس مشاع کا ہبہ درست ہوا۔

جواب: یہ دلیل بھی ناطق نہیں، اس لئے کہ صورت واقعہ یہ تھی کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ چاندی لائے، اس میں سے ثمن تول کر دیا، حضرت جابرؓ لے کر چلے، آدھی مسجد پہنچے کہ واپس بلائے گئے اور آپؐ نے حضرت بلالؓ سے کہا: یہ بچی ہوئی چاندی بھی اِسے دیدو، پس وہ مفرز (جدا) تھی، ثمن کے ساتھ ملی ہوئی نہیں تھی، چنانچہ وہ قیراط حضرت جابرؓ ہمیشہ ساتھ رکھتے تھے جو واقعہ حراء میں گم ہو گیا۔

۳- ایک مجلس میں آپؐ نے مشروب نوش فرمایا، دائیں طرف ایک لڑکا تھا اور بائیں طرف بڑے لوگ تھے، آپؐ نے لڑکے سے پوچھا: تم اجازت دیتے ہو کہ میں یہ بچا ہوا ان بڑوں کو دوں؟ لڑکے نے کہا: نہیں، میں آپؐ کے تبرک کے ساتھ کسی کو ترجیح نہیں دیتا، پس آپؐ نے وہ پیالہ اس لڑکے کے ہاتھ میں پٹک دیا، اس بچے ہوئے مشروب کو لڑکا پیئے گا، پھر آگے والا، پھر آگے والا، یہ آپؐ نے مشترک چیز ہبہ کی۔

جواب: یہ ہبہ نہیں ہے اباحت ہے، جیسے دسترخوان پر مہمان بیٹھتے ہیں تو اباحت ہوتی ہے کہ جس کو جتنا کھانا ہے

کھائے، پس ہبہ اور اباحت میں فرق کرنا چاہئے۔

۴- نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اونٹ خریدا، جب ثمن ادا کرنے کا وقت آیا تو دراہم دینے کے بجائے دوسرا اونٹ دیا، اور خریدے ہوئے اونٹ سے بہتر اونٹ دیا، یہ جو بہتر دیا وہ ثمن سے جدا نہیں۔ یہ حضرت کا استدلال ہے۔

جواب: یہ بھی مشاع کا ہبہ نہیں، بلکہ حسنِ قضاء ہے، اس کا مشاع کے ہبہ سے کچھ تعلق نہیں۔

[۲۳-] بَابُ الْهِبَةِ الْمَقْبُوْضَةِ وَغَيْرِ الْمَقْبُوْضَةِ، وَالْمَقْسُوْمَةِ وَغَيْرِ الْمَقْسُوْمَةِ

وَقَدْ وَهَبَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم وَأَصْحَابُهُ لِهَوَازِنَ مَا غَنِمُوْا مِنْهُمْ وَهُوَ غَيْرُ مَقْسُوْمٍ.

[۲۶۰۳-] حدثنا ثَابِتٌ، قَالَ ثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم فِی الْمَسْجِدِ فَقَضَانِیْ وَزَادَنِیْ.[راجع: ٤٤٣]

[۲۶۰٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَارِبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بَعِيْرًا فِی سَفَرٍ، فَلَمَّا أَتَيْنَا الْمَدِيْنَةَ، قَالَ:" ائْتِ الْمَسْجِدَ فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ" فَوَزَنَ. قَالَ شُعْبَةُ: أُرَاهُ: فَوَزَنَ لِیْ، قَالَ: فَأَرْجَحَ، فَمَا زَالَ شَيْئٌ حَتّٰی أَصَابَهَا أَهْلُ الشَّامِ يَوْمَ الْحَرَّةِ.[راجع: ٤٤٣]

[۲۶۰۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أُتِیَ بِشَرَابٍ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ غُلَامٌ وَعَنْ يَسَارِهِ أَشْيَاخٌ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ:" أَتَأْذَنُ لِیْ أَنْ أُعْطِیَ هٰؤُلَاءِ؟" فَقَالَ الْغُلَامُ: لَا وَاللّٰهِ! لَا أُوْثِرُ بِنَصِيْبِیْ مِنْكَ أَحَدًا، فَتَلَّهُ فِیْ يَدِهِ.[راجع: ۲۳٥۱]

[۲۶۰٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ جَبَلَةَ، أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ لِرَجُلٍ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم دَيْنٌ، فَهَمَّ بِهِ أَصْحَابُهُ، فَقَالَ:" دَعُوْهُ فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالاً" وَقَالَ:" اشْتَرُوْا لَهُ سِنًّا فَأَعْطُوْهَا إِيَّاهُ" فَقَالُوْا: إِنَّا لَانَجِدُ سِنًّا إِلَّا سِنًّا هِیَ أَفْضَلُ مِنْ سِنِّهِ، قَالَ:" فَاشْتَرُوْهَا فَأَعْطُوْهَا إِيَّاهُ فَإِنَّ مِنْ خَيْرِكُمْ أَحْسَنَكُمْ قَضَاءً"

[راجع: ۲۳۰٥]

بَابٌ: إِذَا وَهَبَ جَمَاعَةٌ لِقَوْمٍ، أَوْ وَهَبَ رَجُلٌ جَمَاعَةً: جَازَ

جماعت نے قوم کو ہبہ کیا، یا ایک شخص نے جماعت کو ہبہ کیا تو جائز ہے

باب میں دو مسئلے ہیں:

۱- واہب بھی چند اور موہوب لہم بھی چند، تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، ہبہ درست ہے۔

۲-واہب ایک اور موہوب لہم چند تو اس سے بھی کوئی فرق نہیں پڑتا، یہ ہبہ بھی درست ہے۔
اور دلیل میں ہوازن کا واقعہ پیش کیا ہے، مگر ہم پہلے بتلا چکے ہیں کہ اس واقعہ کا ہبہ سے کچھ تعلق نہیں، اس واقعہ میں غلام باندیوں کو آزاد کر کے لوٹایا گیا تھا اور آزاد کرنے کے بعد ہبہ کا کوئی سوال نہیں۔

[۲٤-] بَابٌ: إِذَا وَهَبَ جَمَاعَةٌ لِقَوْمٍ، أَوْ وَهَبَ رَجُلٌ جَمَاعَةً: جَازَ

[۲٦۰۷و۲٦۰۸-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، وَالْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، أَخْبَرَاهُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ حِيْنَ جَاءَ هُ وَفْدُ هوَازِنَ مُسْلِمِيْنَ، فَسَأَلُوْهُ أَنْ يَرُدَّ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ وَسَبْيَهُمْ فَقَالَ لَهُمْ: " مَعِيَ مَنْ تَرَوْنَ، وَأَحَبُّ الْحَدِيْثِ إِلَيَّ أَصْدَقُهُ، فَاخْتَارُوْا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ: إِمَّا السَّبْيَ وَإِمَّا المَالَ، وَقَدْ كُنْتُ اسْتَأْنَيْتُ" وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم انْتَظَرَهُمْ بِضْعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً حِيْنَ قَفَلَ مِنَ الطَّائِفِ، فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم غَيْرُ رَادٍّ إِلَيْهِمْ إِلَّا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ، قَالُوْا: فَإِنَّا نَخْتَارُ سَبْيَنَا، فَقَامَ فِي الْمُسْلِمِيْنَ فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّابَعْدُ، فَإِنَّ إِخْوَانَكُمْ هٰؤُلآءِ جَاؤُنَا تَائِبِيْنَ، وَإِنِّيْ رَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّ إِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ: فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُطَيِّبَ ذٰلِكَ فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَكُوْنَ عَلَى حَظِّهِ، حَتَّى نُعْطِيَهُ إِيَّاهُ مِنْ أَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ" فَقَالَ النَّاسُ: طَيَّبْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَهُمْ، فَقَالَ لَهُمْ: " إِنَّا لَا نَدْرِيْ مَنْ أَذِنَ مِنْكُمْ فِيْهِ مِمَّنْ لَمْ يَأْذَنْ، فَارْجِعُوْا حَتَّى يَرْفَعَ إِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ أَمْرَكُمْ" فَرَجَعَ النَّاسُ، فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ، ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرُوْهُ أَنَّهُمْ طَيَّبُوْا وَأَذِنُوْا، فَهٰذَا الَّذِيْ بَلَغَنَا مِنْ سَبْيِ هَوَازِنَ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا الْأَخِيْرُ قَوْلُ الزُّهْرِيِّ، يَعْنِيْ: فَهٰذَا الَّذِيْ بَلَغَنَا.

قال أبو عبد الله: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حدیث کا آخری جملہ: فهذا الذی: امام زہریؒ کا قول ہے، مروان اور مسور کا قول نہیں۔

بَابُ مَنْ أُهْدِيَ لَهُ هَدِيَّةٌ، وَعِنْدَهُ جُلَسَاؤُهُ، فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ

جس کو کوئی ہدیہ دیا گیا اور اس کے پاس ہم نشیں ہیں تو وہ زیادہ حقدار ہے

ایک جملہ لوگوں میں مشہور ہے: الهدايا مشتركة: یعنی کوئی ہدیہ ملے تو اس میں تمام اہل مجلس کا حق ہے، ان لفظوں سے تو روایت نہیں، البتہ جُلَسَاؤُهُ شُرَكَاؤُهُ: کے لفظوں سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً اور موقوفاً حدیث مروی

ہے، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: یہ بات سند کے اعتبار سے صحیح نہیں۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ کسی مجلس میں کسی کو کوئی چیز ہدیہ ملی تو مُہدی لہ کا حق ہے، اہل مجلس کا اس میں کوئی حق نہیں، حاشیہ میں قصہ لکھا ہے: امام ابو یوسف رحمہ اللہ کی مجلس میں بادشاہ کی طرف سے کوئی بڑا ہدیہ آیا، کسی نے کہا: جُلَساؤُہُ شُرَکاؤُہُ: حضرت نے خازن سے کہا: گھر میں لیجا، اور لوگوں سے کہا: اُس روایت کا مصداق یہ مال نہیں، اس کا مصداق کھانے پینے کی چیزیں ہیں، اس میں شرکاء کا حق ہے، اور یہ بڑا مال ہے، اس میں شرکاء کا کوئی حق نہیں، اور معمولی چیزوں میں بھی مروت کا تقاضہ ہے کہ ہم نشینوں کو شریک کیا جائے، واجب نہیں۔

اور باب میں دو روایتیں ہیں، پہلی روایت میں قرض خواہ کو اس کے حق سے زیادہ دیا ہے، یہ زائد ہبہ ہے، اصل ثمن دین تھا اور جو زائد دیا وہ ہبہ ہے، وہ شخص لے کر چلا گیا، مجلس کے شرکاء کو اس میں شریک نہیں کیا، اور دوسری روایت میں نبی ﷺ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو اونٹ ہبہ کیا اور فرمایا: هُوَ لَكَ: وہ تیرا ہے۔ معلوم ہوا کہ ہدیہ موہوب لہ ہی کا حق ہے، ہم نشینوں کا اس میں کوئی شرعی حق نہیں۔

[۲۵-] بَابُ مَنْ أُهْدِيَ لَهُ هَدِيَّةٌ، وَعِنْدَهُ جُلَسَاؤُهُ، فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ

وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ جُلَسَاءَ هُ شُرَكَاؤُهُ، وَلَمْ يَصِحَّ.

[۲۶۰۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللهِ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ أَخَذَ سِنًّا، فَجَاءَ صَاحِبُهُ يَتَقَاضَاهُ، فَقَالُوْا لَهُ، فَقَالَ: "إِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالاً" ثُمَّ قَضَاهُ أَفْضَلَ مِنْ سِنِّهِ، وَقَالَ: "أَفْضَلُكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً" [راجع: ۲۳۰۵]

[۲۶۱۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، وَكَانَ عَلَى بَكْرٍ صَعْبٍ لِعُمَرَ، وَكَانَ يَتَقَدَّمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَيَقُوْلُ أَبُوْهُ: يَا عَبْدَ اللهِ! لَا يَتَقَدَّمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَحَدٌ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بِعْنِيْهِ" فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ لَكَ، فَاشْتَرَاهُ، ثُمَّ قَالَ: "هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ اللهِ! فَاصْنَعْ بِهِ مَا شِئْتَ" [راجع: ۲۱۱۵]

وضاحت: پہلی روایت میں ہے: فقالوا له: پس صحابہ نے قرض خواہ کو سخت سست کہا۔

بَابٌ: إِذَا وَهَبَ بَعِيْرًا لِرَجُلٍ، وَهُوَ رَاكِبٌ فَهُوَ جَائِزٌ

کسی کو اونٹ بخشا اور وہ اس پر سوار ہے تو ہبہ تام ہو گیا

کسی کو ہم نے قلم دیا، وہ لکھ کر واپس کرنے لگا، ہم نے کہا: رکھ لو، آپ کو دیا، تو یہ کہتے ہی ہبہ تام ہو گیا۔ نبی ﷺ نے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو اونٹ بخشا، وہ پہلے سے اس پر سوار تھے، اس لئے قبضہ کی تجدید نہیں کی گئی، پہلا قبضہ ہی کافی سمجھا گیا۔

[٢٦-] بَابٌ: إِذَا وَهَبَ بَعِيْرًا لِرَجُلٍ، وَهُوَ رَاكِبٌ فَهُوَ جَائِزٌ

[٢٦١١-] وَقَالَ لَنَا الْحُمَيْدِيُّ: ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا عَمْرٌو، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، وَكُنْتُ عَلٰى بَكْرٍ صَعْبٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِعُمَرَ: "بِعْنِيْهِ" فَابْتَاعَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ"[راجع: ٢١١٥]

بَابُ هَدِيَّةِ مَا يُكْرَهُ لُبْسُهَا

جس چیز کا پہننا مکروہ ہے وہ ہدیہ دینا

ریشم کا کپڑا مردوں کے لئے حرام ہے، اگر کوئی کسی مرد کو ریشم کا کپڑا ہدیہ دے تو جائز ہے، جو بھی چیز مال ہے اور اس کی بیع درست ہے اس کا ہبہ درست ہے، رہی یہ بات کہ اس کا پہننا مردوں کے لئے حرام ہے یہ الگ بات ہے، نہیں پہنے گا، کسی اور طرح سے فائدہ اٹھائے گا، بیوی کو دے گا، بیچ دے گا، یا کسی غیر مسلم کو ہدیہ دے گا وغیرہ۔

اور باب میں تین روایتیں ہیں:

۱- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسجدِ نبوی کے دروازہ پر ایک ریشمی جوڑا بکتا ہوا دیکھا، انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مشورہ دیا کہ آپؐ یہ جوڑا خرید لیں اور جمعہ کے دن اور وفد سے ملاقات کے وقت اس کو پہنیں، آپؐ نے فرمایا: اس کو وہ شخص پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، پھر دوسرے وقت ریشمی سوٹ آئے تو آپؐ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بھی ایک جوڑا دیا، انھوں نے عرض کیا: آپؐ نے یہ جوڑا مجھے عنایت فرمایا جبکہ آپؐ نے عطارد کے جوڑے کے بارے میں فرمایا تھا وہ جو فرمایا تھا، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے یہ تمہیں پہننے کے لئے نہیں دیا، چنانچہ انھوں نے اپنے ایک مشرک رضاعی بھائی کو جو مکہ میں تھا ہدیہ بھیج دیا۔

۲- ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر گئے اور اندر داخل نہیں ہوئے، جب حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے تو حضرت فاطمہؓ نے یہ بات ان سے ذکر کی، حضرت علیؓ نے یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کی، آپؐ نے فرمایا: میں نے فاطمہؓ کے دروازہ پر منقش پردہ دیکھا، پس میں نے سوچا: مجھے دنیا سے کیا لینا ہے! حضرت علیؓ حضرت فاطمہؓ کے پاس آئے اور ان کو یہ بات بتائی، حضرت فاطمہؓ نے کہا: آپؐ اس پردہ کے بارے میں مجھے جو چاہیں حکم دیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاں فیملی کے پاس اس کو بھیج دو، وہ ایک محتاج فیملی ہے۔

۳- حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھے ایک ریشمی جوڑا بخشا، میں نے اس کو پہنا، پس میں نے آپؐ کے چہرے پر غصہ دیکھا، چنانچہ میں نے اس کو پھاڑ کر اپنے خاندان کی عورتوں میں تقسیم کر دیا۔

[۲۷-] بَابُ هَدِيَّةِ مَا يُكْرَهُ لُبْسُهَا

[۲۶۱۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَى عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ حُلَّةً سِيَرَاءَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوِ اشْتَرَيْتَهَا فَلَبِسْتَهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلِلْوَفْدِ، قَالَ: " إِنَّمَا يَلْبَسُهَا مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ فِي الآخِرَةِ" ثُمَّ جَاءَ تْ حُلَلٌ فَأَعْطَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عُمَرَ مِنْهَا حُلَّةً، فَقَالَ: أَكَسَوْتَنِيْهَا وَقُلْتَ فِيْ حُلَّةِ عُطَارِدٍ مَا قُلْتَ؟ فَقَالَ: " إِنِّيْ لَمْ أَكْسُكَهَا لَتَلْبَسَهَا، فَكَسَاهَا عُمَرُ أَخاً لَهُ بِمَكَّةَ مشْرِكًا" [راجع: ۸۸۶]

[۲۶۱۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَتَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْتَ فَاطِمَةَ فَلَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهَا، وَجَاءَ عَلِيٌّ فَذَكَرَتْ لَهُ ذٰلِكَ، فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " إِنِّيْ رَأَيْتُ عَلٰى بَابِهَا سِتْرًا مَوْشِيًّا" فَقَالَ: " مَالِيْ وَلِلدُّنْيَا" فَأَتَاهُ عَلِيٌّ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهَا فَقَالَتْ: لِيَأْمُرْنِيْ فِيْهِ بِمَا شَاءَ، قَالَ: " تُرْسِلُ بِهِ إِلٰى فُلاَنٍ، أَهْلِ بَيْتٍ بِهِمْ حَاجَةٌ"

[۲۶۱۴-] حدثنا حَجَّاج بْنُ مِنْهَالٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ ابْنَ وَهْبٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَهْدَى إِلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حُلَّةُ سِيَرَاءَ فَلَبِسْتُهَا، فَرَأَيْتُ الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهِ فَشَقَقْتُهَا بَيْنَ نِسَائِيْ. [انظر: ۵۳۶۶، ۵۸۴۰]

بَابُ قَبُوْلِ الْهَدِيَّةِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

غیر مسلم کا ہدیہ قبول کرنا

غیر مسلم کا ہدیہ لے سکتے ہیں، نبی ﷺ نے لیا ہے، ہمارے ملک میں ہندو مسلمان ساتھ ساتھ بازار میں کاروبار کرتے ہیں، عید آتی ہے تو مسلمان غیر مسلم کے پاس مٹھائی بھیجتے ہیں اور دیوالی آتی ہے تو وہ بھیجتے ہیں، یہ لینا دینا درست ہے، البتہ پرشاد (چڑھاوے کی مٹھائی) لینا اور کھانا جائز نہیں۔

اور باب میں پہلی روایت یہ ہے کہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا: حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو ہدیہ میں ملی تھیں، اور کافر نے دی تھی، اس کو حضرت سارہؓ نے قبول کیا۔ دوسری روایت یہ ہے کہ خیبر میں ایک یہودی عورت نے بکری میں زہر ملا کر حضور ﷺ کو ہدیہ میں پیش کی، آپؐ نے قبول فرمائی۔ تیسری روایت یہ ہے کہ ایلہ کے ٹھاکر نے دلدل نامی کھچر ہدیہ میں

پیش کیا، آپؐ نے اس کو قبول فرمایا، اور بدلے میں ایک چادر بھیجی، اور اس کو سمندر کا پٹا لکھ کر بھیجا۔

اور چوتھی روایت یہ ہے کہ نبی ﷺ کی خدمت میں ایک ریشمی جبہ پیش کیا گیا، یہ دُومہ کے ٹھاکر نے ہدیہ بھیجا تھا، آپؐ نے اس کو زیب تن فرمایا، لوگ اس کو دیکھ کر حیران رہ گئے، آپؐ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! جنت میں سعد بن معاذ کے دستی رومال اس سے اچھے ہونگے، اس وقت تک ریشم حرام نہیں ہوا تھا، بعد میں حرام ہوا، پس روایت میں تقدیم وتاخیر ہے، اور بعد والی روایت میں صراحت ہے کہ یہ جبہ دومہ کے ٹھاکر نے بھیجا تھا۔

اس کے بعد والی روایت میں ہے کہ صحابہ نے عرض کیا: اُس یہودی عورت کو قتل کر دیا جائے جس نے زہر ملا کر بکری بھیجی ہے، آپؐ نے فرمایا: نہیں، مگر بعد میں اس کے کھانے سے ایک صحابی کا انتقال ہوا، تو وہ عورت قصاص میں قتل کی گئی، اور نبی ﷺ نے لقمہ تھوک دیا تھا، نگلا نہیں تھا، مگر وہ لقمہ مسوڑوں سے لگا تو ان کو جلا دیا، پھر زندگی بھر اس کا اثر رہا، سحر اور زہر کا اثر بالکلیہ ختم نہیں ہوتا، آپؐ پر سحر بھی کیا گیا تھا اور مرض وفات میں دونوں چیزوں کا اثر ظاہر ہوا تھا۔

اور آخری روایت وہ ہے جو پہلے گذری ہے کہ ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ ایک سو تیس آدمی تھے، کھانا ختم ہو گیا، آپؐ نے پوچھا: کیا تم میں سے کسی کے پاس کھانے کی کوئی چیز ہے؟ ایک شخص کے پاس ایک صاع آٹا تھا، وہ گوندھا گیا، پھر ایک لمبوجی مشرک بکریاں لیکر آیا، آپؐ نے اس سے پوچھا: بیچے گا یا ہدیہ دے گا؟ اس نے کہا: بیچوں گا، معلوم ہوا کہ اگر وہ ہدیہ دیتا تو آپؐ اس کو قبول فرماتے۔

اس حدیث میں یہاں یہ مضمون زائد ہے کہ جب بکری ذبح کی گئی اور کلیجی پکائی گئی تو آپؐ نے ہر ایک کو اس میں سے ایک ٹکڑا دیا، جو موجود تھا اس کو اسی وقت دیا اور جو سوختہ چننے کے لئے یا پانی لینے کے لئے گیا تھا اس کا حصہ محفوظ رکھا۔ پھر دو پیالے کھانا تیار ہوا، سب نے چھک کر کھایا پھر بھی دونوں کٹوروں میں کھانا بچ گیا، جو اونٹ پر لاد کر ساتھ لے لیا گیا۔

فائدہ: ایک روایت میں ہے: نُهِيْتُ عَنْ زُبْدِ الْمُشْرِكِيْنَ: میں مشرکوں کے مکھن سے روکا گیا ہوں، یہ فرما کر آپؐ نے ابیض بن حمالؓ کا ہدیہ نہیں لیا، وہ ہدیہ میں اونٹنی لے کر آئے تھے، اور ابھی ایمان نہیں لائے تھے۔ اس حدیث کا مصداق خاص حالات ہیں، جہاں ہدیہ رد کرنے میں فائدہ کی امید ہو یا ضرر سے بچنا مقصود ہو تو غیر مسلم کا ہدیہ رد کر سکتے ہیں، چنانچہ ہدیہ قبول نہ کرنا حضرت ابیض رضی اللہ عنہ کے ایمان کا سبب بنا۔ جیسے جہاد میں غیر مسلم سے مدد لے سکتے ہیں، مگر بدر کی جنگ میں ایک غیر مسلم شریک ہونا چاہتا تھا، آپؐ نے اس کو اجازت نہیں دی، اور فرمایا: لَنْ نَسْتَعِيْنَ بِمُشْرِكٍ: میں ہرگز کسی مشرک سے مدد نہ لونگا، یہ بات اس جنگ کے ساتھ خاص تھی، وہ اسلام کی پہلی جنگ تھی، اگر اس میں غیر مسلم شریک کیا جاتا تو رہتی دنیا تک غیر مسلم احسان جتاتے کہ اسلام کی پہلی جنگ ہماری مدد سے جیتی گئی ہے، اسلام کا پودا جمانے میں ہمارا بھی حصہ ہے۔

ایک واقعہ: بنگلہ دیش میں ایک نوجوان نے جس کی ڈاڑھی نہیں تھی مجھے پانچ ٹکے ہدیہ میں پیش کئے، میں نے نہیں لئے، میں نے کہا: آپ کی ڈاڑھی نہیں، اس لئے نہیں لیتا۔ ایک سال کے بعد پھر جانا ہوا تو وہ نوجوان ملا اب اس کی شاندار

ڈاڑھی تھی، اور بہت خوبصورت لگ رہا تھا، اس نے کہا: میں وہی ہوں جس کا ہدیہ آپ نے نہیں لیا تھا، میرے دل پر اس کی چوٹ پڑی، اور میں نے اس دن سے ڈاڑھی نہیں منڈائی۔

[۲۸-] بَابُ قَبُوْلِ الْهَدِيَّةِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

[۱-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "هَاجَرَ إِبْرَاهِيْمُ بِسَارَةَ، فَدَخَلَ قَرْيَةً فِيْهَا مَلِكٌ أَوْ: جَبَّارٌ، فَقَالَ: أَعْطُوْهَا آجَرَ"

[۲-] وَأُهْدِيَتْ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم شَاةٌ فِيْهَا سُمٌّ.

[۳-] وَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ: أَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَغْلَةً بَيْضَاءَ، فَكَسَاهُ بُرْدًا وَكَتَبَ لَهُ بَبَحْرِهِمْ.

[۲۶۱۵-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، ثنا أَنَسٌ، قَالَ: أُهْدِيَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم جُبَّةُ سُنْدُسٍ، وَكَانَ يَنْهىٰ عَنِ الْحَرِيْرِ، فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْهَا، فَقَالَ: "وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَمَنَادِيْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِى الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْ هٰذَا"[انظر: ۲۶۱۶، ۳۲۴۸]

[۲۶۱۶-] وَقَالَ سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: إِنَّ أُكَيْدِرَ دُوْمَةَ أَهْدَى إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۶۱۵]

[۲۶۱۷-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ يَهُوْدِيَّةً أَتَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِشَاةٍ مَسْمُوْمَةٍ، فَأَكَلَ مِنْهَا، فَجِيْءَ بِهَا، فَقِيْلَ: أَلَا نَقْتُلُهَا؟ قَالَ: "لَا" قَالَ: فَمَازِلْتُ أَعْرِفُهَا فِى لَهَوَاتِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم.

[۲۶۱۸-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِىْ بَكْرٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثَلَاثِيْنَ وَمِائَةً، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هَلْ مَعَ أَحَدٍ مِنْكُمْ طَعَامٌ؟" فَإِذَا مَعَ رَجلٍ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ أَوْ نَحْوُهُ، فَعُجِنَ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ مُشْرِكٌ مُشْعَانٌّ طَوِيْلٌ بِغَنَمٍ يَسُوْقُهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بَيْعًا أَمْ عَطِيَّةً؟" أَوْ قَالَ: "أَمْ هِبَةً؟" قَالَ: لَا، بَلْ بَيْعٌ، فَاشْتَرَى مِنْهُ شَاةً، فَصُنِعَتْ وَأَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِسَوَادِ الْبَطْنِ أَنْ يُشْوَى، وَأَيْمُ اللهِ! مَا فِى الثَّلَاثِيْنَ وَالْمِائَةِ إِلَّا قَدْ حَزَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لَهُ حَزَّةً مِنْ سَوَادِ بَطْنِهَا، إِنْ كَانَ شَاهِدًا أَعْطَاهَا إِيَّاهُ وَإِنْ كَانَ غَائِبًا خَبأَ لَهُ، فَجَعَلَ مِنْهَا قَصْعَتَيْنِ فَأَكَلُوْا أَجْمَعُوْنَ وَشَبِعْنَا، فَفَضَلَتِ الْقَصْعَتَانِ فَحَمَلْنَاهُ عَلَى الْبَعِيْرِ، أَوْ كَمَا قَالَ. [راجع: ۲۲۱۶]

بَابُ الْهَدِيَّةِ لِلْمُشْرِكِيْنَ

غیر مسلم کو ہدیہ دینا

یہ اوپر والے باب کا برعکس باب ہے، غیر مسلم کو ہدیہ دے سکتے ہیں، اگر وہ فسادی نہ ہو، نہ کسی ضرر کا اندیشہ ہو، اور باب میں امام صاحبؒ نے ایک آیت اور دو حدیثیں لکھی ہیں:

آیت: سورۃ الممتحنہ کی آیت ۸ ہے: ''اللہ تعالیٰ تم کو ان لوگوں کے ساتھ احسان اور انصاف کرنے سے منع نہیں کرتے جو تم سے دین کے بارے میں نہیں لڑتے اور انھوں نے تم کو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا، اللہ تعالیٰ انصاف کا برتاؤ کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں''

تفسیر: اس آیت میں وہ کافر مراد ہیں جو ذمی یا مصالح ہیں، ان کے ساتھ محسنانہ برتاؤ کرنا جائز ہے، اور ہدیہ دینا بھی احسان ہے اور اسی کو منصفانہ برتاؤ فرمایا ہے۔

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ایک ریشمی جبہ عنایت فرمایا، انھوں نے وہ جبہ اپنے رضاعی بھائی کے پاس جو مکہ میں تھا اور ابھی مسلمان نہیں ہوا تھا: اس کی دلجوئی کے لئے ہدیہ بھیج دیا۔

دوسری حدیث: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی والدہ مدینہ آئیں، وہ غیر مسلم تھیں، حضرت اسماءؓ نے نبی ﷺ سے پوچھا کہ میری ماں آئی ہے اور وہ امید لے کر آئی ہے، تو کیا میں اس کے ساتھ صلہ رحمی کروں؟ آپؐ نے فرمایا: اس کے ساتھ صلہ رحمی کرو، یہی غیر مسلم کو ہدیہ دینا ہے۔

[۲۹-] بَابُ الْهَدِيَّةِ لِلْمُشْرِكِيْنَ

وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿لاَ يَنْهَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ أَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ﴾[الممتحنة:۸]

[۲۶۱۹-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَى عُمَرُ حُلَّةً عَلٰى رَجُلٍ تُبَاعُ، فَقَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: ابْتَعْ هٰذِهِ الْحُلَّةَ تَلْبَسْهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَإِذَا جَاءَكَ الْوَفْدُ، فَقَالَ:'' إِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهِ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ فِي الآخِرَةِ'' فَأُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْهَا بِحُلَلٍ، فَأَرْسَلَ إِلٰى عُمَرَ مِنْهَا بِحُلَّةٍ، فَقَالَ عُمَرُ: كَيْفَ أَلْبَسُهَا وَقَدْ قُلْتَ فِيْهَا مَا قُلْتَ؟ فَقَالَ:'' إِنِّيْ لَمْ أَكْسُكَهَا لِتَلْبَسَهَا، تَبِيْعُهَا أَوْ تَكْسُوْهَا'' فَأَرْسَلَ بِهَا عُمَرُ إِلٰى أَخٍ لَهُ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ.[راجع: ۸۸۶]

[۲۶۲۰-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِی بَكْرٍ، قَالَتْ: قَدِمَتْ عَلَیَّ أُمِّیْ وَهِیَ مُشْرِكَةٌ فِی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَاسْتَفْتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قُلْتُ: إِنَّ أُمِّیْ قَدِمَتْ وَهِیَ رَاغِبَةٌ، أَفَأَصِلُ أُمِّیْ؟ قَالَ: "نَعَمْ، صِلِیْ أُمَّكِ"
[انظر: ۳۱۸۳، ۵۹۷۸، ۵۹۷۹]

بَابٌ: لَایَحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَرْجِعَ فِی هِبَتِهِ وَصَدَقَتِهِ

ہبہ اور صدقہ واپس لینا جائز نہیں

جمہور اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک ہبہ اور صدقہ واپس لینا جائز نہیں، دونوں کا حکم ایک ہے۔ اور احناف کے نزدیک صدقہ تو واپس نہیں لے سکتے، کیونکہ اس میں مقصود ثواب ہوتا ہے جو مل گیا، اور ہبہ کا جب عوض مل جائے تو اس کو بھی واپس نہیں لے سکتے، اس کے علاوہ سات موانع ہیں جن کی تفصیل پہلے آئی ہے: اگر ان میں سے کوئی مانع ہو تو ہبہ بھی واپس نہیں لے سکتے۔ اور اگر ان میں سے کوئی مانع نہ ہو تو تراضی طرفین سے یا قضائے قاضی سے ہدیہ واپس لے سکتے ہیں، مگر واپس لینا مکروہ تحریمی ہے۔ اور دلیل ابن ماجہ کی حدیث ہے: الرجلُ أَحَقُّ بهبته مالم يُثَبْ: آدمی بخشی ہوئی چیز کا زیادہ حقدار ہے جب تک وہ اس کا عوض نہ دیا جائے۔

اور باب میں امام صاحبؒ نے دو حدیثیں پیش کی ہیں:

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: العائدُ فی هِبَتِهِ كَالْعَائِدِ فِی قَيْئِهِ: ہدیہ دے کر واپس لینے والا اپنی قے چاٹ لینے والے کی طرح ہے، یہی حدیث ان لفظوں سے بھی ہے: ليس لَنَا مَثَلُ السَّوْءِ: الذی يَعُوْدُ فی هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَرْجِعُ فِیْ قَيْئِهِ: ہمیں بری مثال کا مصداق نہیں بننا چاہئے: جو شخص ہبہ دے کر واپس لیتا ہے وہ اس کتے کی طرح ہے جو اپنی قے چاٹ لیتا ہے۔

ان حدیثوں سے رجوع کا عدم جواز ثابت ہوتا ہے یا کراہت تحریمی کے ساتھ جواز؟ امام بخاریؒ عدم جواز ثابت کر رہے ہیں حالانکہ کتا دوسرے وقت میں اپنی قے چاٹ کر پیٹ بھر لیتا ہے، پس اس حدیث سے کراہت تحریمی کے ساتھ جواز ثابت ہوتا ہے۔

دوسری حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک صحابی کو جہاد میں استعمال کرنے کے لئے گھوڑا دیا، اس نے اس گھوڑے کی اچھی ٹہل نہیں کی، بلکہ اس کو بازار میں بیچنے کے لئے لا کھڑا کیا، حضرت عمرؓ نے اس کو خریدنا چاہا، وہ گھوڑا آپؓ کو بہت پسند تھا، آپؓ نے گمان کیا کہ وہ آپؓ کے ہاتھ سستا بیچے گا، پھر ان کو خیال آیا کہ یہ تو میرا ہی دیا ہوا ہے، میرے لئے اس کو سستا خریدنا جائز بھی ہے یا نہیں؟ چنانچہ انھوں نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا، آپؐ نے فرمایا: تم اس کو مت خریدو، چاہے

وہ تمھیں ایک روپیہ میں دے، اس لئے کہ خیرات کر کے واپس لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو اپنی قَے چاٹ لیتا ہے۔

اس حدیث کا مسئلہ باب سے کوئی تعلق نہیں، یہ حدیث ہدیہ سے متعلق نہیں، صدقہ سے متعلق ہے اور واپس لینے کا بھی مسئلہ نہیں ہے، خریدنے کا مسئلہ ہے، پس باب کی دونوں حدیثیں ہدیہ واپس لینے کے عدم جواز پر دلالت نہیں کرتیں۔ اور اس دوسری حدیث کا آخر فإن العائد: مستقل حدیث ہے، اس کا حدیث جزء نہیں۔

[٣٠-] بَابٌ: لَايَحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَرْجِعَ فِي هِبَتِهِ وَصَدَقَتِهِ

[٢٦٢١-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا هِشَامٌ، وَشُعْبَةُ، قَالَا: ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْعَائِدِ فِي قَيْئِهِ"[راجع: ٢٥٨٩]

[٢٦٢٢-] وحدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السَّوْءِ: الَّذِيْ يَعُوْدُ فِيْ هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَرْجِعُ فِيْ قَيْئِهِ"[راجع: ٢٥٨٩]

[٢٦٢٣-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ لِيْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَأَضَاعَهُ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَهُ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِيَهُ مِنْهُ، وَظَنَنْتُ أَنَّهُ بَائِعُهُ بِرُخْصٍ، فَسَأَلْتُ عَنْ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "لَا تَشْتَرِهِ وَإِنْ أَعْطَاكَهُ بِدِرْهَمٍ وَاحِدٍ، فَإِنَّ الْعَائِدَ فِيْ صَدَقَتِهِ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِي قَيْئِهِ"[راجع: ١٤٩٠]

بَابٌ

گذشتہ باب سے متعلق ایک روایت

پھر امام صاحبؒ نے بلا ترجمہ باب قائم کر کے ایک حدیث پیش کی ہے، اس حدیث سے بھی گذشتہ باب پر استدلال کرنا مقصود ہے، مگر استدلال کا انداز بدلا ہوا ہے۔

حدیث: حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ کی اولاد نے دو کمروں کا اور ایک صحن کا دعوی کیا کہ نبی ﷺ نے یہ حضرت صہیبؓ کو دیئے ہیں، مدینہ کا گورنر مروان تھا، اس نے کہا: تمہارے لئے اس معاملہ کی کون گواہی دے گا؟ انھوں نے کہا: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، مروان نے ان کو بلایا، انھوں نے گواہی دی کہ نبی ﷺ نے حضرت صہیبؓ کو یہ دو کمرے اور صحن دیا ہے۔ پس مروان نے ان کی گواہی کی وجہ سے مدعیوں کے لئے فیصلہ کیا۔

اس حدیث سے استدلال اس طرح کیا ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کو دو کمرے اور صحن دے کر

زندگی بھر واپس نہیں لیا۔ معلوم ہوا کہ ہبہ واپس نہیں لے سکتے ـــــ مگر یہ استدلال عجیب ہے، ہبہ دے کر واپس لینا ضروری نہیں، پس اس واقعہ سے استدلال کیسے درست ہوگا؟

[٣١-] بَابٌ

[٢٦٢٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، أَنَّ بَنِيْ صُهَيْبٍ مَوْلٰى ابْنِ جُدْعَانَ ادَّعَوْا بَيْتَيْنِ وَحُجْرَةً، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْطَى ذٰلِكَ صُهَيْبًا، فَقَالَ مَرْوَانُ: مَنْ يَشْهَدُ لَكُمَا عَلٰى ذٰلِكَ؟ قَالُوْا: ابْنُ عُمَرَ، فَدَعَاهُ فَشَهِدَ: لَأَعْطَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صُهَيْبًا بَيْتَيْنِ وَحُجْرَةً، فَقَضَى مَرْوَانُ بِشَهَادَتِهِ لَهُمْ.

وضاحت: یہاں ایک ٹیڑھا سوال ہے: ایک گواہ کی گواہی پر مروان نے فیصلہ کیسے کیا؟ قاعدے سے دو گواہ ضروری ہیں۔ شارحین نے اس کے مختلف جواب دیئے ہیں، میرے نزدیک جواب یہ ہے کہ یہاں کوئی مدعیٰ علیہ (منکر) نہیں ہوگا، منکر ہوتا تو دو گواہ ضروری تھے، بلکہ یہاں محض استحقاق کا دعوی ہوگا، اس کے لئے دو گواہ ضروری نہیں، ایک گواہ سے بھی ترجیح ثابت ہوسکتی ہے۔

بَابُ مَا قِيْلَ فِي الْعُمْرَى وَالرُّقْبَى

عُمریٰ اور رُقبیٰ کے بارے میں جو کہا گیا

پہلے دو باتیں جان لیں:

۱- اب جو ابواب شروع ہو رہے ہیں: وہ ہمارے لئے نہیں ہیں، یعنی اردو وغیرہ زبانیں بولنے والے معاشرہ کے لئے نہیں ہیں، یہ عربی معاشرہ کے لئے ہیں، کیونکہ مسئلہ کا مدار لفظ عُمریٰ اور رُقبیٰ پر ہے جو عربی الفاظ ہیں۔ جس معاشرہ میں یہ الفاظ مستعمل ہیں وہیں کے لئے یہ ابواب ہیں۔

۲- کبھی الفاظ کے ایک لغوی معنی ہوتے ہیں اور دوسرے عرفی، مسائل میں لغوی معنی کا اعتبار کم ہوتا ہے عرفی معنی پر مدار ہوتا ہے۔ جیسے: دابہ کے لغوی معنی ہیں: زمین پر رینگنے والا جانور، ﴿وَمَا مَنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا﴾ میں یہی معنی مراد ہیں، مگر عرف میں دابہ سواری کے جانور کو کہتے ہیں۔

عُمریٰ کے لغوی معنی ہیں: کوئی جائداد کسی کو زندگی بھر کے لئے دینا، موت کے بعد وہ چیز اصل مالک یا اس کے ورثاء کی طرف لوٹ آئے گی، اس کا فعل ہے: أَعْمَرَ فلاناً داراً: کسی کو عمر بھر کے لئے مکان دینا، عمریٰ: أعمرتك کا مصدر ہے۔

اور رُقبیٰ کے لغوی معنی ہیں: کسی شخص کا دوسرے کو مکان یا زمین اس پر شرط دینا کہ دونوں میں سے جو پہلے مرجائے وہ مکان یا زمین زندہ رہنے والے کی ہوگی، اگر لینے والا پہلے مرگیا تو وہ زمین دینے والے کی ہوجائے گی، اس لئے ایک دوسرے کی موت کا منتظر رہتا ہے، اس کا فعل ہے: أَرْقَبَهُ دَاراً أَوْ أَرْضًا: کسی کو گھر یا زمین بطور رُقبیٰ دینا۔

اور عرف میں یہ دونوں الفاظ ہبہ کے لئے ہیں یا عاریت کے لئے؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک لفظ عُمری سے یا اس کے مشتق سے کوئی جائداد دی جائے تو وہ ہبہ ہے، اور ہمیشہ کے لئے اس کی ہوجاتی ہے جس کو دی ہے، اور لفظ رُقبیٰ سے یا اس کے مشتق سے دی جائے تو وہ عاریت ہے، جس کو دی ہے اس کے مرنے کے بعد جائداد دینے والے کی طرف لوٹ آئے گی۔

اور امام احمد اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک ان دونوں لفظوں سے دی ہوئی جائداد ہبہ ہے، اور ہمیشہ کے لئے اس کی ہوجاتی ہے جس کو دی ہے۔

چونکہ مسئلہ میں اختلاف تھا اس لئے امام صاحبؒ نے باب میں کوئی فیصلہ نہیں کیا، البتہ دلائل ایسے لائے ہیں جس سے دونوں کا ہبہ ہونا ثابت ہوتا ہے، رُقبیٰ کے بارے میں کوئی روایت نہیں لائے، اس کو عُمری پر قیاس کیا ہے۔

سب سے پہلے محاورہ پیش کیا ہے: أَعْمَرْتُهُ الدارَ: کے لغوی معنی ہیں: میں نے وہ گھر اس کے لئے کر دیا، یعنی ہمیشہ کے لئے دیدیا، پس گھر عُمری کہلائے گا۔

پھر سورۂ ہود کی آیت ۶۱ لکھی ہے: ﴿هُوَ أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا﴾: اللہ نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور تم کو اس میں آباد کیا، یعنی جانے والے گئے اور ان کی جگہ ہمیشہ کے لئے زمین تمہیں دیدی، اس میں تم کو بسا دیا۔

پھر حدیث لائے ہیں کہ نبی ﷺ نے لفظ عُمری سے دی ہوئی جائداد کے بارے میں فیصلہ کیا کہ وہ اس شخص کے لئے ہے جس کو وہ ہبہ کی گئی ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ عُمری نافذ ہے یعنی عمری کے لفظ سے جو جائداد دی جائے وہ ہمیشہ کے لئے معمرلہ کی ہوجاتی ہے، دینے والے کی طرف یا اس کے ورثاء کی طرف لوٹ کر نہیں آتی۔

[۳۲-] بَابُ مَا قِيْلَ فِي الْعُمْرَى وَالرُّقْبَى

[۱-] أَعْمَرْتُهُ الدَّارَ فَهِيَ عُمْرَى: جَعَلْتُهَا لَهُ.

[۲-] ﴿اسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا﴾[هود: ۶۱]: جَعَلَكُمْ عُمَّارًا.

[۲۶۲۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَضَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْعُمْرَى: أَنَّهَا لِمَنْ وُهِبَتْ لَهُ.

[۲۶۲۶-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا هَمَّامٌ، ثَنَا قَتَادَةُ، ثَنِيْ النَّضْرُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ،

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " الْعُمْرَی جَائِزَةٌ" وَقَالَ عَطَاءٌ: ثَنِیْ جَابِرٌ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ.

بَابُ مَنِ اسْتَعَارَ مِنَ النَّاسِ الْفَرَسَ وَالدَّابَّةَ وَغَیْرَهَا

جس نے لوگوں سے گھوڑا اور اونٹ وغیرہ مستعار لیا

ہبہ کے معنی ہیں: مفت چیز کا مالک بنانا۔ اور عاریت کے معنی ہیں: مفت منفعت کا مالک بنانا، پس عاریت بھی ہبہ کی ایک نوعیت ہے، اس لئے کتاب الھبة میں یہ باب لائے ہیں۔

حدیث: ایک رات مدینہ کے باہر سے کوئی شور سنائی دیا، نبی ﷺ سب سے پہلے گھر سے نکلے، اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے آنگن میں گھوڑا بندھا ہوا تھا، اس کو کھولا اور ننگی پیٹھ پر سوار ہو کر مدینہ سے باہر تک گئے، جب صحابہ نکلے تو آپؐ واپس آرہے تھے، آپؐ نے فرمایا: کوئی بات نہیں، میں دور تک دیکھ آیا ہوں، اور آپؐ نے گھوڑے کی تعریف میں فرمایا: "یہ تو سمندر ہے!" اُس گھوڑے کا نام 'مندوب' تھا، مندوب کے ایک معنی ہیں: وہ شخص جس کو مرنے کے بعد رویا جائے، وہ گھوڑا ایسا سست رفتار تھا کہ جو اس پر سواری کرتا اس کو رُلاتا تھا، مگر نبی ﷺ کے سواری کرنے کی برکت سے وہ گھوڑا تیز رفتار ہو گیا، اور سمندر کی طرح بہنے لگا، یعنی سوار کو کوئی تکلیف نہیں ہوتی تھی، بہر حال آپؐ نے گھوڑا عاریت پر لیا، اگرچہ صراحتاً نہیں لیا مگر عرفاً اور دلالۃً لیا۔ اس لئے کہ آپؐ کے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایسے تعلقات تھے کہ بے اجازت بھی ان کی چیز استعمال کر سکتے تھے۔

[۳۳-] بَابُ مَنِ اسْتَعَارَ مِنَ النَّاسِ الْفَرَسَ وَالدَّابَّةَ وَغَیْرَهَا

[۲۶۲۷-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، یَقُوْلُ: کَانَ فَزَعٌ بِالْمَدِیْنَةِ، فَاسْتَعَارَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فَرَسًا مِنْ أَبِیْ طَلْحَةَ، یُقَالُ لَهُ: الْمَنْدُوْبُ، فَرَکِبَ، فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ: "مَا رَأَیْنَا مِنْ شَیْءٍ، وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا" [انظر: ۲۸۲۰، ۲۸۵۷، ۲۸۶۲، ۲۸۶۶، ۲۸۶۷، ۲۹۰۸، ۲۹۶۸، ۲۹۶۹، ۳۰۴۰، ۶۰۳۳، ۶۲۱۲]

بَابُ الِاسْتِعَارَةِ لِلْعَرُوْسِ عِنْدَ الْبِنَاءِ

دلہن کے لئے رخصتی کے وقت عاریت لینا

نکاح اور رخصتی ساتھ ہونے ضروری نہیں، جس دن نکاح ہو اس دن دلہن کے لئے شاندار لباس ہونا ضروری نہیں، لیکن

جس دن رخصتی ہو اس دن شاندار کپڑے پہنا کر رخصت کیا جاتا ہے، اگر اچھا جوڑا میسر نہ ہو تو کرایہ پر لیتے ہیں یا کسی سے مستعار لیتے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک کرتا تھا، وہ فرماتی ہیں: انصار میں سے جو بھی لڑکی رخصت ہوتی: اس کو میرا کرتا پہنا کر رخصت کیا جاتا، پھر وہ کرتا مجھے واپس کر دیا جاتا۔ تُقَيَّنَ أَىْ تُزَيَّنُ: مزین کی جاتی۔

[٣٤-] بَابُ الِاسْتِعَارَةِ لِلْعَرُوْسِ عِنْدَ الْبِنَاءِ

[٢٦٢٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ، ثَنِي أَبِيْ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ، وَعَلَيْهَا دِرْعُ قِطْرٍ ثَمَنُ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ، فَقَالَتْ: ارْفَعْ بَصَرَكَ إِلٰى جَارِيَتِيْ، انْظُرْ إِلَيْهَا فَإِنَّهَا تُزْهٰى أَنْ تَلْبَسَهُ فِي الْبَيْتِ، وَقَدْ كَانَ لِيْ مِنْهُنَّ دِرْعٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ تُقَيَّنُ بِالْمَدِيْنَةِ إِلَّا أَرْسَلَتْ إِلَيَّ تَسْتَعِيْرُهُ.

ترجمہ: ایمن کہتے ہیں: میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا، انھوں نے قطری کپڑے کا کرتا پہن رکھا تھا، جس کی قیمت پانچ درہم تھی، پس صدیقہؓ نے کہا: اپنی نظر اٹھا، اور میری اس باندی کو دیکھ، یہ ناک منہ چڑھاتی ہے اس سے کہ پہنے وہ اس کو گھر میں، حالانکہ تھا میرے پاس اس کپڑے کا ایک کرتا عہدِ نبوی میں، پس نہیں مزین کی جاتی تھی مدینہ میں کوئی عورت، مگر وہ میرے پاس آدمی بھیجتی، اور اُس کرتے کو عاریت لیتی۔

بَابُ فَضْلِ الْمَنِيْحَةِ

دودھ والے جانور کو عاریت دینے کی اہمیت

منیحة: عارضی ضرورت اور استفادہ کے لئے اپنے متعلقین کو بشرط واپسی دی جانے والی زمین یا سواری یا کوئی اور چیز، جمع: مِنَحٌ۔ منیحہ میں زوائد وفوائد ہبہ کئے جاتے ہیں، پس اس کا کتاب الھبة سے تعلق ہو گیا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: نِعْمَ الْمَنِيْحَةُ: اللِّقْحَةُ الصَّفِيُّ: مِنْحَةً: بہترین منیحہ: عمدہ دودھ والی اونٹنی ہے: دودھ پینے کے طور۔ والشَّاةُ الصَّفِيُّ: اور عمدہ بکری ہے، تَغْدُوْ بِإِنَاءٍ وَتَرُوْحُ بِإِنَاءٍ: جو صبح برتن بھر کر دودھ دے اور شام برتن بھر کر دودھ دے۔ لفظ منیحہ عام ہے، اور اللِّقْحَة خاص ہے، اس کے معنی ہیں: دودھ والی اونٹی، اور الصَّفِيُّ کے معنی ہیں: عمدہ اور مِنْحَةً تمیز ہے، اور لفظ نِعْمَ میں اہمیت کا بیان ہے۔

یہ امام مالکؒ سے یحییٰ بن بکیرؒ کی روایت ہے، اور عبداللہ بن یوسف اور امام مالکؒ کے بھانجے اسماعیل بن ابی اویس: امام مالکؒ سے روایت کرتے ہیں، اس میں نعم الصدقة ہے پس اہمیت ڈبل ہو گئی، نِعْم سے بھی فضل نکلا اور لفظ صدقہ سے

بھی، اوراس باب میں اس حدیث کے علاوہ پانچ حدیثیں ہیں، اورسب کی دلالت باب پر واضح ہے، سب میں منیحہ کا ذکر ہے، ترجمہ بعد میں ہے۔

[۳۵-] بَابُ فَضْلِ الْمَنِيْحَةِ

[۲۶۲۹-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " نِعْمَ الْمَنِيحَةُ: اللِّقْحَةُ الصَّفِيُّ: مِنْحَةً، وَالشَّاةُ الصَّفِيُّ، تَغْدُوْ بِإِنَاءٍ وَتَرُوْحُ بِإِنَاءٍ"

حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ وَإِسْمَاعِيْلُ، عَنْ مَالِكٍ قَالَ: " نِعْمَ الصَّدَقَةُ"[انظر: ۵۶۰۸]

[۲۶۳۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، ثَنَا يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُوْنَ الْمَدِيْنَةَ مِنْ مَكَّةَ، وَلَيْسَ بِأَيْدِيْهِمْ شَيْئٌ، وَكَانَتِ الأَنْصَارُ أَهْلَ الأَرْضِ وَالْعَقَارِ، فَقَاسَمَهُمُ الأَنْصَارُ عَلٰى أَنْ يُعْطُوْهُمْ ثِمَارَ أَمْوَالِهِمْ كُلَّ عَامٍ، وَيَكْفُوْهُمُ الْعَمَلَ وَالْمُؤْنَةَ.

وَكَانَتْ أُمُّهُ أُمُّ أَنَسٍ أُمُّ سُلَيْمٍ، كَانَتْ أُمَّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، فَكَانَتْ أَعْطَتْ أُمُّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِذَاقًا، فَأَعْطَاهُنَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أُمَّ أَيْمَنَ مَوْلَاتَهُ أُمَّ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ.

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمَّا فَرَغَ مِنْ قَتْلِ أَهْلِ خَيْبَرَ، فَانْصَرَفَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، رَدَّ الْمُهَاجِرُوْنَ إِلَى الأَنْصَارِ مَنَائِحَهُمْ، الَّتِي كَانُوْا مَنَحُوْهُمْ مِنْ ثِمَارِهِمْ، فَرَدَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى أُمِّهِ عِذَاقَهَا، فَأَعْطَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أُمَّ أَيْمَنَ مَكَانَهُنَّ مِنْ حَائِطِهِ.

وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبٍ: أَخْبَرَنَا أَبِي، عَنْ يُوْنُسَ بِهٰذَا، وَقَالَ: مَكَانَهُنَّ مِنْ خَالِصِهِ.

[انظر: ۳۱۲۸، ۴۰۳۰، ۴۱۲۰]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب مہاجرین مکہ سے مدینہ آئے تو ان کے پاس کچھ نہیں تھا، اور انصار زمین جائدادوالے تھے، پس انصار نے ان کے ساتھ بٹوارہ کیا، اس طرح کہ دیں مہاجرین کو انصار جائداد کے پھل ہر سال اورمہاجرین: انصار کی طرف سے کام اور محنت کریں۔

اور حضرت انسؓ کی والدہ ام سلیمؓ نے جو عبداللہ بن ابی طلحہؓ کی ماں ہیں، انھوں نے کھجور کے چند درخت نبی ﷺ کو دیئے تھے، آپؐ نے وہ درخت اپنی کھلائی ام ایمنؓ کو دیدیئے تھے، جو آپؐ کی آزاد کردہ اور حضرت اسامہؓ کی والدہ ہیں۔

امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ جب نبی ﷺ غزوہ خیبر سے فارغ ہوئے اور مدینہ کی طرف لوٹے تو مہاجرین نے انصار کو ان کے وہ عطیات جو انھوں نے مہاجرین کو دیئے تھے اپنے باغات میں سے

واپس کردیئے، پس نبی ﷺ نے حضرت انسؓ کی والدہ کو کھجور کے درخت واپس کردیئے۔اور نبی ﷺ نے ام ایمنؓ کو ان کی جگہ اپنے باغ میں سے درخت دیئے۔دوسری سند سے اس روایت میں ہے کہ ان کی جگہ صفی میں سے دیئے۔العَذْقُ: کھجور کا درخت، جمع عِذاق وَأَعْذُقُ۔

[۲۶۳۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، ثَنِیْ الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ كَبْشَةَ السَّلُوْلِيِّ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " أَرْبَعُوْنَ خَصْلَةً: أَعْلَاهُنَّ مَنِيْحَةُ الْعَنْزِ، مَا مِنْ عَامِلٍ يَعْمَلُ بِخَصْلَةٍ مِنْهَا رَجَاءَ ثَوَابِهَا وَتَصْدِيْقَ مَوْعُوْدِهَا إِلَّا أَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهَا الْجَنَّةَ "

قَالَ حَسَّانُ: فَعَدَدْنَا مَا دُوْنَ مَنِيْحَةِ الْعَنْزِ مِنْ رَدِّ السَّلَامِ، وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ، وَإِمَاطَةِ الْأَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ، وَنَحْوِهِ، فَمَا اسْتَطَعْنَا أَنْ نَبْلُغَ خَمْسَ عَشْرَةَ خَصْلَةً.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: چالیس باتیں: ان میں اعلی بکری کا منیحہ ہے: کوئی عمل کرنے والا عمل نہیں کرتا، ان چالیس میں سے کسی بات پر، اس کے ثواب کی امید سے اور اس پر جس ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے، اس کے یقین سے، مگر اللہ تعالیٰ اس کو اس بات کی وجہ سے جنت میں داخل کریں گے۔

حسان بن عطیہ (راوی) کہتے ہیں: پس ہم نے شمار کیا، بکری کے منیحہ سے نیچے کی باتوں کو جیسے سلام کا جواب دینا، چھینکنے والے کو دعادے کر خوش کرنا اور راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹانا اور اس کے مانند، پس نہیں طاقت رکھی ہم نے کہ پندرہ باتوں کو پہنچیں۔

تشریح: اس موقع پر نبی ﷺ نے چالیس باتیں شمار نہیں کرائی تھیں، وہ باتیں دیگر احادیث میں آئی ہیں، ان پر جو ثواب کا وعدہ ہے اس کی امید سے اس کی تصدیق کرتے ہوئے اگر کوئی شخص کسی ایک بات پر بھی عمل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کریں گے۔راوی کہتا ہے: ہم سوچ کر تھک گئے مگر پندرہ سے آگے نہیں پہنچا سکے، مگر دیگر علماء نے چالیس سے بھی زیادہ باتیں جمع کی ہیں۔علامہ عینی رحمہ اللہ نے ان کو نقل کیا ہے۔

[۲۶۳۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنِیْ عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَتْ لِرِجَالٍ مِنَّا فُضُوْلُ أَرَضِيْنَ، فَقَالُوْا: نُوَاجِرُهَا بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ وَالنِّصْفِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا أَوْ لِيَمْنَحْهَا أَخَاهُ، فَإِنْ أَبٰى فَلْيُمْسِكْ أَرْضَهُ "[انظر: ۲۳۴۰]

[۲۶۳۳-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ: ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ، ثَنِی عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ، ثَنِی أَبُوْ سَعِيْدٍ، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَهُ عَنِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: " وَيْحَكَ إِنَّ الْهِجْرَةَ شَأْنُهَا شَدِيْدٌ، فَهَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ؟ " قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: " فَتُعْطِیْ صَدَقَتَهَا؟ " قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: " فَهَلْ تَمْنَحُ مِنْهَا؟ " قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: " فَتَحْلُبُهَا يَوْمَ وِرْدِهَا؟ " قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: " فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَنْ يَتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا "

ترجمہ: ایک بدّو نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور اس نے ہجرت کے بارے میں پوچھا: یعنی میں ہجرت کرکے مدینہ آنا چاہتا ہوں آپؐ نے فرمایا: باؤلے! ہجرت کا معاملہ بڑا سخت ہے، پس کیا تیرے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا: ان کی زکوۃ دیتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا: کیا ان میں سے کوئی جانور دودھ پینے کے لئے دیتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا: جس دن اونٹ پانی پر آتے ہیں اس دن اگر کوئی دودھ مانگنے آتا ہے تو اس کو دودھ دوہ کر دیتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: پس سمندروں کے پار عمل کر، پس بیشک اللہ تعالیٰ نہیں کتر لیں گے تیرے عمل میں سے کچھ بھی۔

[٢٦٣٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثنا أَيُّوْبُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاوُسٍ، ثَنِيْ أَعْلَمُهُمْ بِذٰلِكَ- يَعْنِيْ ابْنَ عَبَّاسٍ-أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ إِلٰى أَرْضٍ تَهْتَزُّ زَرْعًا، فَقَالَ: "لِمَنْ هٰذِهِ؟" فَقَالُوْا: اكْتَرَاهَا فُلاَنٌ. فَقَالَ: "أَمَا إِنَّهُ لَوْ مَنَحَهَا إِيَّاهُ كَانَ خَيْرًا لَهُ مِنْ أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهَا، أَجْرًا مَعْلُوْمًا"

[راجع: ٢٣٣٠]

بَابٌ: إِذَا قَالَ: أَخْدَمْتُكَ هٰذِهِ الْجَارِيَةَ، عَلٰى مَا يَتَعَارَفُ النَّاسُ فَهُوَ جَائِزٌ

کسی نے کہا: میں یہ باندی آپ کو خدمت کے لئے دیتا ہوں، تو وہ ہدیہ ہے حسبِ عرف

ایک محاورہ ہے: أَخْدَمْتُكَ هذه الجارية: میں یہ باندی آپ کو خدمت کے لئے دیتا ہوں، یہ عاریت ہے یا ہبہ؟ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ ہبہ ہے، لوگوں کا عرف یہی ہے، پھر فرماتے ہیں: حنفیہ اس کو عاریت قرار دیتے ہیں، حالانکہ یہ عرف میں ہدیہ ہے۔

جواب: عرف بدلتا رہتا ہے اور جگہوں کے اعتبار سے عرف مختلف ہوتا ہے، اور امام بخاریؒ امام اعظمؒ کے سو سال بعد آئے ہیں، پس اگر امام اعظمؒ نے اپنے زمانے اور اپنے دیار کے عرف کے مطابق عاریت کہا تو اس میں کیا اعتراض کی بات ہے؟

اعتراض: پھر امام بخاریؒ نے حنفیہ پر اعتراض کیا ہے کہ كَسَوْتُكَ هذا الثوبَ: یہ کپڑا میں نے آپ کو پہننے کے لئے دیا: یہ ہبہ ہے اور حنفیہ بھی اس کو ہبہ کہتے ہیں، پس ان کی دونوں باتوں میں تعارض ہے۔

جواب: اس میں تعارض کی کوئی بات نہیں، امام اعظم رحمہ اللہ کے زمانہ کے عرف میں أَخْدَمْتُكَ عاریت تھا، اور كَسَوْتُكَ ہبہ تھا، پس انھوں نے اپنے عرف پر مدار رکھ کر حکم بیان کیا۔

پھر حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کی حدیث لائے ہیں، اس میں ہے: وَأَخْدَمَ وَلِيْدَةً: جبکہ بادشاہ نے حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کو ہبہ کیا تھا، عاریت پر نہیں دیا تھا، معلوم ہوا کہ أَخْدَم کا محاورہ ہبہ کے لئے ہے۔

جواب: بادشاہ نے اپنے لوگوں سے کہا تھا: أَعْطُوْهَا آجَرَ: سارہ کو ہاجرہ دو، یہ الفاظ ہبہ کے لئے ہیں، اور أخدم: حضرت سارہ کا قول ہے، بادشاہ کا قول نہیں، اور اعتبار دینے والے کے قول کا ہوتا ہے نہ کہ لینے والے کے قول کا۔

[۳۶-] بَابٌ: إِذَا قَالَ: أَخْدَمْتُكَ هٰذِهِ الْجَارِيَةَ، عَلٰى مَا يَتَعَارَفُ النَّاسُ فَهُوَ جَائِزٌ

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: هٰذِهِ عَارِيَةٌ، وَإِنْ قَالَ: كَسَوْتُكَ هٰذَا الثَّوْبَ، فَهٰذِهِ هِبَةٌ.

[۲۶۳۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" هَاجَرَ إِبْرَاهِيْمُ بِسَارَةَ فَأَعْطَوْهَا آجَرَ فَرَجَعَتْ فَقَالَتْ: أَشْعَرْتَ أَنَّ اللّٰهَ كَبَتَ الْكَافِرَ وَأَخْدَمَ وَلِيْدَةً؟"

وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم:" فَأَخْدَمَهَا هَاجَرَ"[راجع: ۲۲۱۷]

بَابٌ: إِذَا حَمَلَ رَجُلاً عَلٰى فَرَسٍ فَهُوَ كَالْعُمْرٰى وَالصَّدَقَةِ

گھوڑے پر سوار کیا تو وہ عُمریٰ اور صدقہ کی طرح ہے

اگر کسی نے حَمَلْتُكَ علی فَرَسٍ کہہ کر گھوڑا دیا تو یہ ہبہ ہے یا عاریت؟ اور ہبہ ہے تو اس کو واپس لے سکتے ہیں نہیں؟
امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ ہبہ ہے، جیسے عُمریٰ اور صدقہ کے لفظ سے دیا جائے تو وہ ہبہ ہوتا ہے اور اس کو واپس نہیں لے سکتے، پھر حنفیہ پر اعتراض کرتے ہیں کہ ان کے نزدیک ہبہ واپس لے سکتے ہیں۔

جواب: اگر سات موانع نہ ہوں تو قضائے قاضی یا فریقین کی رضامندی سے ہبہ واپس لے سکتے ہیں، مگر واپس لینا مکروہ تحریمی ہے، اور امام بخاریؒ فرماتے ہیں: حَمَلْتُكَ صدقہ کی طرح ہے، اور صدقہ واپس نہیں لے سکتے، پھر یہ ہبہ کیسے واپس لے سکتے ہیں، اور جواب پہلے گذرا ہے کہ یہ صدقہ کی طرح نہیں ہے، صدقہ میں ثواب مل گیا اس لئے اس کو واپس نہیں لے سکتے، جیسے ہبہ میں عوض مل جائے تو اس کو بھی واپس نہیں لے سکتے۔

[۳۷-] بَابٌ: إِذَا حَمَلَ رَجُلاً عَلٰى فَرَسٍ فَهُوَ كَالْعُمْرٰى وَالصَّدَقَةِ

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: لَهُ أَنْ يَرْجِعَ فِيْهَا.

[۲۶۳۶-] حدثنا الْحُمَيْدِیُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكًا، يَسْأَلُ زَيْدَ بْنَ أَسْلَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ، يَقُوْلُ: قَالَ عُمَرُ: حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ فَرَأَيْتُهُ يُبَاعُ، فَسَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" لَا تَشْتَرِ وَلَا تَعُدْ فِی صَدَقَتِكَ"[راجع: ۱۴۹۰]

الحمدللہ! تحفۃ القاری کی جلد پنجم تمام ہوئی۔ جلد ششم ان شاء اللہ کتاب الشهادات سے شروع ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ الشَّھَادَاتِ

گواہیوں کا بیان

بَابُ مَاجَاءَ فِی الْبَیِّنَۃِ عَلٰی الْمُدَّعِی

گواہ مدعی کے ذمہ ہیں

عدالت میں مدعی کو گواہ پیش کرنے ہوتے ہیں، صرف دعوی کافی نہیں، اور مدعی علیہ کے ذمہ گواہ نہیں، اس کا انکار کافی ہے، اور دلیل دو آیتیں ہیں:

پہلی آیت: آیت مداینہ ہے، یہ سورۃ البقرہ کی آیت ۲۸۲ ہے، ارشاد پاک ہے: اے ایمان والو! جب تم کوئی ادھار کا معاملہ کرنے لگو ایک معین مدت تک کے لئے تو اس کو لکھ لیا کرو، یعنی دستاویز بنا لو۔ پھر آگے ہے: اور دو شخصوں کو اپنے مردوں میں سے گواہ بنا لو یعنی دستاویز میں یہ گواہیاں بھی ثبت کر لو۔ گواہ اس لئے بنائے جاتے ہیں کہ وقت ضرورت کام آئیں، یہ دستاویز قرض دینے والے کے پاس رہے گی، مقروض اپنے پاس کیوں رکھے گا؟ اور قرض خواہ ہی بوقت دعوی دستاویز اور گواہیاں پیش کرے گا، پس ثابت ہوا کہ مدعی کے ذمہ گواہیاں پیش کرنا ہے۔

دوسری آیت: سورۃ النساء کی آیت ۱۳۵ ہے: ''اے ایمان والو! انصاف پر خوب قائم رہنے والے، اللہ کے لئے گواہی دینے والے بنو، اگرچہ گواہی اپنی ذات کے خلاف ہو، یا والدین اور دوسرے رشتہ داروں کے خلاف ہو، اگر وہ شخص امیر ہو یا غریب تو اللہ تعالیٰ کا دونوں سے زیادہ تعلق ہے، پس تم خواہش نفس کی پیروی مت کرو، کبھی تم حق سے ہٹ جاؤ اور اگر تم کج بیانی کرو گے یا پہلو تہی کرو گے تو یقیناً اللہ تعالیٰ تمہارے سب اعمال کی پوری خبر رکھتے ہیں'' اس آیت میں ﴿شُھَدَاءَ لِلّٰہِ﴾ سے استدلال کیا ہے کہ مدعی کے ذمہ گواہی پیش کرنا ہے اور جن کے خلاف گواہی دی جا رہی ہے ان کے ساتھ تعلقات کا گواہی میں لحاظ نہیں کرنا چاہئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵۲- کتابُ الشَّهَادَاتِ

[۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِی الْبَیِّنَةِ عَلٰی الْمُدَّعِی

[۱-] لِقَوْلِهِ تَعَالٰی: ﴿یا أَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا إِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ إِلٰی أَجَلٍ مُسَمًّی فَاكْتُبُوْهُ﴾ الآیة. [البقرة: ۲۸۲]

[۲-] وَقَوْلِهِ تَعَالٰی: ﴿ یَا أَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا كُوْنُوْا قَوَّامِیْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاءَ لِلّٰهِ، وَلَوْ عَلٰی أَنْفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَیْنِ وَالأَقْرَبِیْنَ﴾ إِلٰی قَوْلِهِ﴿ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا﴾[النساء: ۱۳۵]

بَابٌ: إِذَا عَدَّلَ رَجُلٌ أَحَدًا فَقَالَ: لاَنَعْلَمُ إِلَّا خَیْرًا، أَوْ: مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَیْرًا

کوئی شخص دوسرے کا تزکیہ کرے اور کہے: ہم خیر کے علاوہ نہیں جانتے، یا کہے میں خیر کے علاوہ نہیں جانتا

گواہوں کا تزکیہ ضروری ہے یعنی گواہوں کے بارے میں معلوم کرنا ہوتا ہے کہ وہ کیسے ہیں: معتبر ہیں یا نہیں؟ پس اگر مُزکّی کہے: لاَنَعْلَمُ إِلَّا خَیْرًا یا کہے: مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَیْرًا تو یہ تزکیہ معتبر ہے۔ اور باب میں یہ حدیث ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت والے واقعہ میں نبی ﷺ نے جب وحی آنے میں دیر ہوئی تو حضرت علی اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہما سے مشورہ کیا۔ حضرت اسامہؓ نے کہا: أَهْلُكَ، وَلاَ نَعْلَمُ إِلَّا خَیْرًا: آپؐ اپنی اہلیہ کو رکھے رہیں، ہم ان کے بارے میں خیر کے علاوہ کوئی بات نہیں جانتے۔ یہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کا تزکیہ کیا ہے، اسی طرح یہ جملہ گواہوں کے تزکیہ میں بھی کافی ہے۔

[۲-] بَابٌ: إِذَا عَدَّلَ رَجُلٌ أَحَدًا فَقَالَ: لاَنَعْلَمُ إِلَّا خَیْرًا، أَوْ: مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَیْرًا

[۲۶۳۷-] حدثنا حَجَّاجٌ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَیْرِیُّ، ثَنَا یُوْنُسُ، ح: وَقَالَ اللَّیْثُ: حَدَّثَنِی یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِی عُرْوَةُ، وَابْنُ الْمُسَیَّبِ، وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ، وَعُبَیْدُ اللّٰهِ، عَنْ حَدِیْثِ عَائِشَةَ - وَبَعْضُ حَدِیْثِهِمْ یُصَدِّقُ بَعْضًا- حِیْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَاقَالُوْا، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَلِیًّا وَأُسَامَةَ حِیْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْیُ، یَسْتَأْمِرُهُمَا فِی فِرَاقِ أَهْلِهِ، فَأَمَّا أُسَامَةَ فَقَالَ: أَهْلُكَ وَلاَ نَعْلَمُ إِلَّا خَیْرًا، وَقَالَتْ بَرِیْرَةُ: إِنْ رَأَیْتُ عَلَیْهَا أَمْرًا أَغْمِصُهُ أَكْثَرَ مِنْ أَنَّهَا حَدِیْثَهُ السِّنِّ، تَنَامُ عَنْ

عَجِيْنِ أَهْلِهَا، فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَعْذِرُنِيْ مِنْ رَجُلٍ بَلَغَنِيْ أَذَاهُ فِي أَهْلِ بَيْتِيْ؟ فَوَ اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ مِنْ أَهْلِيْ إِلَّا خَيْرًا، وَلَقَدْ ذَكَرُوْا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا"[راجع: ۲۵۹۳]

ترجمہ: امام زہری رحمہ اللہ چار اساتذہ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ روایت کرتے ہیں —— اور ان میں سے ایک کی حدیث دوسرے کی حدیث کی تصدیق کرتی ہے، یعنی الفاظ اگرچہ الگ الگ ہیں مگر مضمون ایک ہے —— جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں تہمت لگانے والوں نے وہ بات کہی جو کہی تو نبی ﷺ نے حضرت علی اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہما کو بلایا، جب وحی آنے میں تاخیر ہوئی، آپؐ ان دونوں سے مشورہ کر رہے ہیں اپنی بیوی کو جدا کرنے کے بارے میں، پس حضرت اسامہؓ نے کہا: آپؐ اہلیہ کو علاحدہ نہ کریں، ہم خیر کے علاوہ کوئی بات نہیں جانتے! اور بریرہ رضی اللہ عنہا نے کہا: نہیں دیکھتی میں ان میں کوئی ایسی بات جس کو میں حقیر سمجھوں زیادہ اس سے کہ وہ نوعمر ہیں، سو جاتی ہیں گھر والوں کے آٹے سے، پس گھر کی پلی ہوئی بکری آتی ہے اور آٹا کھا جاتی ہے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے (مسجد میں تقریر میں) فرمایا: مجھے اس شخص کے حملوں سے کون بچائے گا جس کی ایذاء رسانی میرے گھر والوں کے بارے میں مجھ تک پہنچی ہے، پس بخدا! میں نہیں جانتا اپنے گھر والوں کے بارے میں اچھی بات کے علاوہ اور تہمت لگانے والے ایک ایسے آدمی کا تذکرہ کرتے ہیں جس کے بارے میں بھی میں خیر کے علاوہ کوئی بات نہیں جانتا۔

وضاحت: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے قول میں أهلُكَ: منصوب اور مرفوع دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ أی: الْزَمْ أَهْلَكَ، أو: هی أهلُكَ أو: أَهْلُكَ غير مطعونٍ عليه.......... غَمَصَهُ (ض) غَمْصًا: حقیر سمجھنا، کوئی حیثیت نہ دینا ....مَن يَعْذُرُنِیْ: أی مَنْ يَنْصُرُنِیْ.......... نبی ﷺ نے فو اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ: مسجد میں تقریر میں فرمایا تھا۔

بَابُ شَهَادَةِ الْمُخْتَبِئِ

چھپے ہوئے کی گواہی

اِخْتِبَاءٌ: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔ خَبَأَهُ خَبْئًا: چھپانا، کسی شخص نے کسی کا اقرار چھپ کر سنا تو کیا وہ گواہی دے سکتا ہے؟ امام بخاری اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک گواہی دے سکتا ہے۔ ان کے نزدیک چھپے ہوئے شخص کی گواہی معتبر ہے، اور حنفیہ کے یہاں تفصیل ہے: اگر آدمی اس طرح چھپا ہوا ہے کہ مشہود علیہ کو دیکھ رہا ہے مگر مشہود علیہ اس کو نہیں دیکھ رہا، پھر اس کی بات سنے تو شہادت جائز ہے، اور اگر دیوار یا پردہ کے پیچھے سے اس کی آواز سن رہا ہے مگر اس کو دیکھ نہیں رہا تو اس کی شہادت معتبر نہیں، کیونکہ وہ صرف آواز کی گواہی ہوگی۔ والصوتُ يُشْبِهُ الصَّوْتَ: آواز آواز کے مشابہ ہوتی ہے، آج کل ٹیلیفون کی گفتگو ٹیپ کر لی جاتی ہے پھر وہ عدالت میں پیش کی جاتی ہے، یہ شہادت معتبر نہیں، کیونکہ آواز آواز کے مشابہ ہے، البتہ ٹیپ

کو قرینہ مؤیّدہ کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے، مگر قاضی اس پر فیصلہ نہیں کرے گا۔

دلائل:

۱-حضرت عمرو بن الحارث رضی اللہ عنہ جو صحابی صغیر ہیں، چھپے ہوئے آدمی کی شہادت کو جائز قرار دیتے ہیں اور فرماتے ہیں: جھوٹے بدکار کے ساتھ ایسا ہی کیا جائے، یعنی دو گواہوں کو چھپا کر بٹھادو، پھر تنہائی میں اس سے بات کرو، وہ اقرار کرے گا، اور چھپے ہوئے آدمی اس کو سن لیں گے، وہ گواہی دیں گے اور حق ثابت ہوجائے گا۔حنفیہ کے نزدیک اس کا مصداق وہ صورت ہے کہ گواہ مشہود علیہ کو دیکھ رہے ہوں اور بات سنیں تو گواہی دے سکتے ہیں۔

۲-امام عامر شعبی، حضرت ابن سیرین، حضرت عطاء بن ابی رباح اور حضرت قتادہ رحمہم اللہ کی رائے بھی یہی ہے کہ صرف سن کر گواہی دینا جائز ہے، البتہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس صورت میں یہ نہ کہے کہ مجھے گواہ بنایا ہے، بلکہ یہ کہے کہ میں نے ایسا سنا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ ابن صیاد کی حقیقت جاننے کے لئے درختوں کی اوٹ میں چھپ کر جارہے تھے، تاکہ اس کی بات سنیں، مگر اس کی ماں نے بتادیا، اس لئے اس نے بولنا بند کردیا، اس حدیث سے استدلال بایں وجہ درست نہیں کہ یہاں شہادت کا کوئی معاملہ نہیں تھا، اپنے طور پر معلومات حاصل کرنا مقصود تھا۔

حدیث (۲): رفاعہ قرظی رضی اللہ عنہ کی بیوی نبی ﷺ کے پاس آئی اور اس نے اپنے نئے شوہر عبدالرحمٰن بن الزبیر کی نامردی کی شکایت کی اور کپڑے کا پھندنا ہلا کر کہا کہ عبدالرحمٰن کے پاس ایسا ہے۔اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ وہاں بیٹھے تھے اور خالد بن سعید بن العاصؓ باہر دروازہ پر اجازت کے منتظر تھے، انھوں نے عورت کی بات سنی اور حضرت ابوبکرؓ سے کہا: یہ عورت نبی ﷺ کے پاس کیا بکواس کرتی ہے؟ اس سے بھی استدلال درست نہیں، یہ عام حالات کی بات ہے، یہاں شہادت کا کوئی معاملہ نہیں، اس لئے یہ دونوں روایتیں حنفیہ کے خلاف نہیں۔

[۳-] بَابُ شَهَادَةِ الْمُخْتَبِئِ

[۱-] وَأَجَازَهُ عَمْرُو بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ: وَكَذٰلِكَ يُفْعَلُ بِالْكَاذِبِ الْفَاجِرِ.

[۲-] وَقَالَ الشَّعْبِيُّ وَابْنُ سِيْرِيْنَ وَعَطَاءٌ وَقَتَادَةُ: السَّمْعُ شَهَادَةٌ، وَكَانَ الْحَسَنُ يَقُوْلُ: لَمْ يُشْهِدُوْنِيْ عَلٰى شَيْئٍ، وَلٰكِنْ سَمِعْتُ كَذَا وَكَذَا.

[۲۶۳۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أنا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: قَالَ سَالِمٌ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ الْأَنْصَارِيُّ يَؤُمَّانِ النَّخْلَ الَّتِيْ فِيْهَا ابْنُ صَيَّادٍ، حَتّٰى إِذَا دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَّقِيْ بِجُذُوْعِ

النَّخْلِ، وَهُوَ يَخْتِلُ أَنْ يَسْمَعَ مِنَ ابْنِ صَيَّادٍ شَيْئًا قَبْلَ أَنْ يَرَاهُ، وَابْنُ صَيَّادٍ مُضْطَجِعٌ عَلٰى فِرَاشِهِ فِيْ قَطِيْفَةٍ لَهُ، فِيْهَا رَمْرَمَةٌ أَوْ: زَمْزَمَةٌ. فَرَأَتْ أُمُّ ابْنِ صَيَّادِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَتَّقِيْ بِجُذُوْعِ النَّخْلِ، فَقَالَتْ لِابْنِ صَيَّادٍ: أَيْ صَافِ! هٰذَا مُحَمَّدٌ! فَتَنَاهَى ابْنُ صَيَّادٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ"[راجع: ١٣٥٥]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ اور حضرت ابی رضی اللہ عنہ چلے، قصد کررہے ہیں وہ اس کھجور کے باغ کا جس میں ابن صیاد لیٹا ہوا تھا، یہاں تک کہ جب نبی ﷺ باغ میں داخل ہوئے تو آپؐ نے کھجوروں کے درختوں کی آڑ لینی شروع کی، آپؐ چاہتے تھے کہ ابن صیاد کی کوئی بات سنیں، اس سے پہلے کہ وہ آپؐ کو دیکھے۔ اور ابن صیاد اپنے بستر پر لیٹا ہوا تھا اپنے ایک کمبل میں، جس میں وہ کچھ گنگنا رہا تھا، پس اس کی ماں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ آپ کھجوروں کی تنوں کی آڑ لے کر آرہے ہیں، پس اس نے ابن صیاد کو پکار کر کہا: اے صاف! یہ محمد ہیں، پس ابن صیاد رک گیا، نبی ﷺ نے فرمایا: اگر وہ اس کو چھوڑ دیتی تو وہ اپنی حقیقت واضح کردیتا (یہ حدیث پہلے گذری ہے)

[٢٦٣٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَتِ امْرَأَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: كُنْتُ عِنْدَ رِفَاعَةَ فَطَلَّقَنِيْ فَأَبَتَّ [طَلَاقِيْ] فَتَزَوَّجْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزَّبِيْرِ، فَإِنَّمَا مَعَهُ مِثْلُ هُدْبَةِ الثَّوْبِ. فَقَالَ: "أَتُرِيْدِيْنَ أَنْ تَرْجِعِيْ إِلٰى رِفَاعَةَ؟ لَا، حَتّٰى تَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ وَيَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ" وَأَبُوْ بَكْرٍ جَالِسٌ عِنْدَهُ وَخَالِدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ بِالْبَابِ يَنْتَظِرُ أَنْ يُؤْذَنَ لَهُ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ! أَلَا تَسْمَعُ إِلٰى هٰذِهِ مَا تَجْهَرُ بِهِ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟

[انظر: ٥٢٦٠، ٥٢٦١، ٥٢٦٥، ٥٣١٧، ٥٧٩٢، ٥٨٢٥، ٦٠٨٤]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رفاعہ قرظیؓ کی بیوی آئی، پس اس نے کہا: میں رفاعہ کے نکاح میں تھی، پس اس نے مجھے طلاق دی، پس میری طلاق قطعی کردی، یعنی مغلظہ طلاق دیدی، پھر میں نے عبدالرحمٰن سے نکاح کیا، اس کے پاس کپڑے کے پھندنے جیسا ہے، پس آپؐ نے پوچھا: کیا تو چاہتی ہے کہ رفاعہ کی طرف لوٹے؟ نہیں، یہاں تک کہ چکھے تو اس کا کچھ شہد اور چکھے وہ تیرا کچھ شہد۔ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپؐ کے پاس بیٹھے تھے اور خالدؓ دروازہ پر انتظار کررہے تھے کہ ان کو اجازت دی جائے، پس انھوں نے کہا: ابوبکرؓ! کیا آپ نہیں سن رہے کہ وہ کیا بکواس کررہی ہے، نبی ﷺ کے پاس؟

نوٹ: عبدالرحمٰن کے والد کا نام زَبیر بروزن کبیر ہے، زُبیر بروزن فضیل نہیں ہے۔

بَابٌ: إِذَا شَهِدَ شَاهِدٌ أَوْ شُهُوْدٌ بِشَيْءٍ، فَقَالَ آخَرُوْنَ:

مَا عَلِمْنَا ذٰلِكَ: يُحْكَمُ بِقَوْلِ مَنْ شَهِدَ

ایک یا چند گواہوں نے کسی بات کی گواہی دی اور دوسروں نے کہا:

ہمارے علم میں یہ بات نہیں تو گواہوں کی بات پر فیصلہ کیا جائے

قاعدہ: اثبات نفی سے اولیٰ ہے، اور مثبت منفی پر مقدم ہے، اگر ایک یا چند گواہ کسی بات کی گواہی دیں اور دوسرے اس کی نفی کریں تو نفی کا اعتبار نہیں ہوگا، گواہوں کی گواہی پر فیصلہ کیا جائے گا، جیسے نبی ﷺ نے کعبہ شریف میں نفلیں پڑھی ہیں یا نہیں؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پڑھی ہیں اور حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نہیں پڑھیں، پس امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ حمیدیؒ نے فرمایا: لوگوں نے حضرت بلالؓ کی گواہی قبول کی، کیونکہ وہ مثبت ہے، اسی طرح دو گواہ گواہی دیں کہ فلاں شخص کے فلاں کے ذمہ ہزار درہم ہیں، اور دوسرے دو گواہ پندرہ سو کی گواہی دیں تو پندرہ سو کا فیصلہ کیا جائے گا، کیونکہ پانچ سو کی زیادتی نصابِ شہادت سے ثابت ہے، اس لئے اس کا فیصلہ کیا جائے گا۔

اور حدیث پہلے گذری ہے: ایک حبشن کہتی تھی کہ اس نے عقبہ رضی اللہ عنہ کو اور ابواہاب کی لڑکی کو دودھ پلایا ہے، پس وہ رضاعی بھائی بہن ہیں، ان کا باہم نکاح نہیں ہوسکتا، عقبہؓ اور لڑکی کے گھر والے کہتے تھے: ہم نہیں جانتے کہ اس نے ہمیں دودھ پلایا ہے، نہ آج سے پہلے کبھی اس نے یہ بات بتلائی، پھر جب نبی ﷺ سے اس بارے میں پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: جب وہ حبشن کہتی ہے تو اس عورت کو نکاح میں کیسے رکھو گے؟ چنانچہ حضرت عقبہؓ نے اس کو جدا کیا، اس کا کسی اور جگہ نکاح ہوا۔

ملحوظہ: جمہور کے نزدیک مفارقت کا حکم ورع اور احتیاط کے طور پر تھا، کیونکہ دودھ پلانے والی نے نبی ﷺ کے سامنے گواہی نہیں دی تھی، نہ ایک مرضعہ کی شہادت کافی ہے، پس کہیں گے کہ امام بخاری رحمہ اللہ یہ استدلال کرنا چاہتے ہیں کہ احتیاطاً ہی صحیح مثبت کو نافع پر مقدم تو رکھا، پس قاعدہ ثابت ہوگیا۔

[٤-] بَابٌ: إِذَا شَهِدَ شَاهِدٌ أَوْ شُهُوْدٌ بِشَيْءٍ، فَقَالَ آخَرُوْنَ: مَا عَلِمْنَا ذٰلِكَ: يُحْكَمُ بِقَوْلِ مَنْ شَهِدَ

[١-] قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: هٰذَا كَمَا أَخْبَرَ بِلَالٌ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلّٰى فِي الْكَعْبَةِ، وَقَالَ الْفَضْلُ: لَمْ يُصَلِّ، فَأَخَذَ النَّاسُ بِشَهَادَةِ بِلَالٍ.

[٢-] كَذٰلِكَ إِنْ شَهِدَ شَاهِدَانِ أَنَّ لِفُلَانٍ عَلٰى فُلَانٍ أَلْفَ دِرْهَمٍ، وَشَهِدَ آخَرَانِ بِأَلْفٍ وَخَمْسِ مِائَةٍ:

يُقْضَى بِالزِّيَادَةِ.

[٢٦٤٠-] حدثنا حِبَّانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا عَمْرُو بْنُ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ: أَنَّـهُ تَزَوَّجَ بِنْتًا لِأَبِيْ إِهَابِ بْنِ عَزِيْزٍ، فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ، فَقَالَتْ: قَدْ أَرْضَعْتُ عُقْبَةَ وَالَّتِيْ تَزَوَّجَ، فَقَالَ لَهَا عُقْبَةُ: مَا أَعْلَمُ أَنَّكِ أَرْضَعْتِنِيْ وَلاَ أَخْبَرْتِنِيْ، فَأَرْسَلَ إِلٰى آلِ إِهَابٍ، فَسَأَلَهُمْ، فَقَالُوْا: مَا عَلِمْنَا أَرْضَعَتْ صَاحِبَتَنَا، فَرَكِبَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِيْنَةِ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَيْفَ وَقَدْ قِيْلَ؟" فَفَارَقَهَا وَنَكَحَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ. [راجع: ٨٨]

بَابُ الشُّهَدَاءِ الْعُدُوْلِ

گواہوں کا معتبر ہونا ضروری ہے

گواہوں کا عادل ہونا ضروری ہے، اگر گواہ غیر عادل ہیں تو ان کی گواہی پر فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔ سورۃ الطلاق کی آیت ۲ میں ہے: ''اور آپس میں دو معتبر شخصوں کو گواہ کرلو'' اور سورۃ البقرہ کی آیت ۲۸۲ میں ہے: ''ایسے گواہوں میں سے جن کو تم پسند کرتے ہو'' ان دونوں آیتوں سے گواہوں کا عادل اور پسندیدہ ہونا ثابت ہوا۔

اور دورِ اول میں لوگوں میں عدالت غالب تھی، اس لئے تزکیہ کی ضرورت نہیں تھی، باب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ لوگ عہدِ نبوی میں وحی کے ذریعہ پکڑے جاتے تھے، یعنی کون گواہ معتبر ہے کون غیر معتبر؟ اس کا علم وحی سے ہوجاتا تھا، اور اب وحی منقطع ہوگئی، اب ہم لوگوں کو ان کے اعمال سے جو ہمارے لئے ظاہر ہوتے ہیں پکڑتے ہیں یعنی ہم ظاہری احوال کے اعتبار سے فیصلہ کرتے ہیں، پس جو ہمارے لئے خیر کو ظاہر کرتا ہے ہم اس پر مطمئن ہوجاتے ہیں اور اس کو ہم نزدیک کرتے ہیں، یعنی جو شخص بہ ظاہر دین دار نظر آتا ہے ہم اس کو دین دار سمجھتے ہیں۔ اور ہم اس کے باطن کے بارے میں کچھ نہیں جانتے، اللہ تعالیٰ اس کے باطن کے بارے میں اس سے دار وگیر کریں گے، اور جو ہمارے لئے کوئی برائی ظاہر کرتا ہے ہم اس پر اطمینان نہیں کرتے، نہ ہم اس کی تصدیق کرتے ہیں، اگرچہ وہ کہے کہ اس کا باطن اچھا ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس قول سے معلوم ہوا کہ خلفاء راشدین کے زمانہ تک گواہوں کا تزکیہ نہیں کیا جاتا تھا، گواہوں کا ظاہر حال دیکھ کر فیصلہ کیا جاتا تھا، پھر جب لوگوں کے احوال بدلے تو تمام ائمہ نے کہا کہ اب گواہوں کا تزکیہ ضروری ہے، گواہ دین دار ثابت ہوں تبھی قاضی ان کی گواہی پر فیصلہ کرے گا، پھر امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے زمانہ تک حالات زیادہ خراب نہیں ہوئے تھے۔ اس لئے انھوں نے کہا: ایک مزکّی کا تزکیہ کافی ہے، پھر جب حالات اور بگڑے تو امام محمد اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ نے کہا کہ کم از کم دو مزکّی ہونے ضروری ہیں۔

اور اب تزکیہ کی صورت یہ ہوگی کہ قاضی گواہوں کے نام اور پتے خفیہ محکمہ کو بھیجے گا اور ان سے رپورٹ طلب کرے گا، وہ

لوگوں سے تحقیق کرکے رپورٹ دیں گے، اگر رپورٹ یہ آئی کہ گواہ معتبر ہیں تو قاضی ان کی گواہی کے مطابق فیصلہ کرے گا، ورنہ مدعی سے کہے گا: دوسرے گواہ لاؤ، وہ نہ لاسکے تو مدعیٰ علیہ کے انکار پر فیصلہ کرے گا۔

[۵-] بَابُ الشُّهَدَاءِ الْعُدُوْلِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَأَشْهِدُوْا ذَوَیْ عَدْلٍ مِنكُمْ﴾[الطلاق: ۲]

[۲-] و ﴿مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ﴾[البقرة: ۲۸۲]

[۲٦٤۱-] حدثنا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِیْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُتْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: إِنَّ أُنَاسًا كَانُوْا يُؤْخَذُوْنَ بِالْوَحْيِ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَإِنَّ الْوَحْيَ قَدِ انْقَطَعَ، وَإِنَّمَا نَأْخُذُكُمُ الآنَ بِما ظَهَرَ لَنَا مِنْ أَعْمَالِكُمْ، فَمَنْ أَظْهَرَ لَنَا خَيْرًا أَمِنَّاهُ وَقَرَّبْنَاهُ، وَلَيْسَ إِلَيْنَا مِنْ سَرِيْرَتِهِ شَيْئٌ، اللّٰهُ يُحَاسِبُهُ فِی سَرِيْرَتِهِ، وَمَنْ أَظْهَرَ لَنَا سُوْءً ا لَمْ نَأْمَنْهُ وَلَمْ نُصَدِّقْهُ، وَإِنْ قَالَ: إِنَّ سَرِيْرَتَهُ حَسَنَةٌ.

بَابُ تَعْدِيْلِ كَمْ يَجُوْزُ؟

کتنے آدمیوں کی تعدیل معتبر ہے؟

امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جرح وتعدیل میں ایک آدمی کا قول معتبر ہے، یہی رائے امام ابو یوسف رحمہ اللہ کی ہے۔ اور امام محمد اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ فرماتے ہیں: کم ازکم دو کی تعدیل ضروری ہے، اور یہ مسئلہ منصوص نہیں، اور حضرت امام نے باب میں جو دو روایتیں پیش کی ہیں وہ غیر باب کی ہیں۔

پہلی روایت: نبی ﷺ کے پاس سے ایک جنازہ گذرا لوگوں نے اس کی تعریف کی تو آپؐ نے فرمایا: واجب ہوگئی، پھر دوسرے وقت دوسرا جنازہ گذرا تو لوگوں نے اس کی برائی کی، تو آپؐ نے فرمایا: واجب ہوگئی، لوگوں نے پوچھا: آپؐ نے پہلے جنازہ کے بارے میں بھی وَجَبَتْ فرمایا اور اس جنازہ کے بارے میں بھی؟ پس نبی ﷺ نے فرمایا: لوگوں کی گواہی مقبول ہے (شهادةُ القوم: مبتداء ہے اور مقبولة: خبر محذوف ہے) مؤمنین زمین میں اللہ کے گواہ ہیں، یعنی سرکاری گواہ ہیں، انھوں نے پہلے جنازہ کے بارے میں خیر کی گواہی دی تو جنت واجب ہوگئی، اور دوسرے جنازہ کے بارے میں دوسری گواہی دی تو جہنم واجب ہوگئی (اس حدیث کا تزکیہ کے مسئلہ سے کچھ تعلق نہیں)

دوسری روایت: ابوالاسود دؤلی کہتے ہیں: میں مدینہ آیا، مدینہ میں بیماری پھیل رہی تھی، اور لوگ تیزی سے مر رہے تھے، میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شاگردی اختیار کی، پس ایک جنازہ گذرا تو اس کی تعریف کی گئی، حضرت عمرؓ نے فرمایا:

وَجبَتْ: پھر دوسرا گذرا، اس کی بھی تعریف کی گئی تو آپؐ نے فرمایا: وَجبَتْ۔ پھر تیسرا گذرا اس کی برائی کی گئی، تو فرمایا: وَجَبَتْ۔ ابوالاسود نے پوچھا: اے امیر المؤمنین! کیا وجبَتْ؟ حضرت عمرؓ نے کہا: میں نے اسی طرح کہا ہے جس طرح نبی ﷺ نے کہا ہے، جس مسلمان کے لئے چار آدمی اچھائی کی گواہی دیں اس کو اللہ تعالیٰ جنت میں داخل کرتے ہیں، ہم نے پوچھا: اور تین؟ آپؐ نے فرمایا: تین بھی، ہم نے پوچھا اور دو؟ آپؐ نے فرمایا: دو بھی، پھر ہم نے آپؐ سے ایک کے بارے میں نہیں پوچھا۔

یہ حدیث بھی غیر باب کی ہے، اگر اس سے جمہور استدلال کریں کہ دو مزکی ہونے ضروری ہیں، تو یہ استدلال صریح نہیں، اور اگر کوئی کہے کہ یہ حدیث امام اعظم رحمہ اللہ کے خلاف ہے تو یہ بھی صحیح نہیں، اس لئے کہ لوگوں نے ایک کے بارے میں پوچھا ہی نہیں، پھر کیسے استدلال کیا جائے گا کہ ایک کا تزکیہ صحیح نہیں، اور ابھی باب ۱۶ آرہا ہے: إِذَا زَكّٰي رَجُلٌ رَجُلاً كَفَاهُ یعنی ایک کا تزکیہ بھی کافی ہے۔

[٦-] بَابُ تَعْدِيْلِ كَمْ يَجُوْزُ؟

[٢٦٤٢-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مُرَّ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِجَنَازَةٍ، فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا، فَقَالَ:" وَجبَتْ" ثُمَّ مُرَّ بِأُخْرَى، فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا شَرًّا، أَوْ قَالَ: غَيْرَ ذٰلِكَ. فَقَالَ:"وَجبَتْ" فَقِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قُلْتَ لِهٰذَا:" وَجبَتْ" وَلِهٰذَا:" وَجبَتْ" قَالَ: "شَهَادَةُ الْقَوْمِ، الْمُؤْمِنُوْنَ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ"[راجع: ١٣٦٧]

[٢٦٤٣-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: أَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ، وَقَدْ وَقَعَ بِهَا مَرَضٌ، وَهُمْ يَمُوْتُوْنَ مَوْتًا ذَرِيْعًا، فَجَلَسْتُ إِلٰى عُمَرَ، فَمَرَّتْ جَنَازَةٌ فَأُثْنِيَ خَيْرًا، فَقَالَ عُمَرُ: وَجبَتْ، ثُمَّ مُرَّ بِأُخْرَى فَأُثْنِيَ خَيْرًا فَقَالَ: وَجبَتْ، ثُمَّ مُرَّ بِالثَّالِثَةِ، فَأُثْنِيَ شَرًّا فَقَالَ: وَجبَتْ، فَقُلْتُ: وَمَا وَجبَتْ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ؟ قَالَ: قُلْتُ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَيُّمَا مُسْلِمٍ شَهِدَ لَهُ أَرْبَعَةٌ بِخَيْرٍ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ" قُلْنَا: وَثَلاَثَةٌ؟ قَالَ: "وَثَلاَثَةٌ" قُلْنَا: وَاثْنَانِ؟ قَالَ:" وَاثْنَانِ" ثُمَّ لَمْ نَسْأَلْهُ عَنِ الْوَاحِدِ.[راجع: ١٣٦٨]

بَابُ الشَّهَادَةِ عَلٰى الْأَنْسَابِ وَالرَّضَاعِ الْمُسْتَفِيْضِ وَالْمَوْتِ الْقَدِيْمِ وَالتَّثَبُّتِ فِيْهِ

شہرت کی بنا پر نسب کی اور شیر خوارگی کی اور بہت پہلے مرنے کی گواہی دینا، اور اس کو مضبوط کر کے قبول کرنا

شہادت کا مدار معائنہ پر ہے، دیکھنے کی چیز دیکھ کر، سننے کی چیز سن کر، چکھنے کی چیز چکھ کر، سونگھنے کی چیز سونگھ کر اور ٹٹولنے کی چیز ٹٹول کر دیکھی ہو تبھی گواہی دے سکتے ہیں۔ مگر تین چیزوں کی گواہی کے لئے مشاہدہ شرط نہیں، شہرت کی بنیاد پر بھی ان کی

گواہی دے سکتے ہیں:

۱-نسب کے بارے میں کہ کون کس کا لڑکا یا باپ ہے، شہرت کی بنیاد پر گواہی دے سکتے ہیں، اس سے نسب ثابت ہوگا اور میراث پائے گا، کیونکہ نسب کے معائنہ کی کوئی صورت نہیں، اس کا مدار 'علوق' پر ہے، اور اس کا مشاہدہ کون کرسکتا ہے؟

۲-شیر خوارگی کے بارے میں شہرت کی بنا پر گواہی دی جاسکتی ہے کہ فلاں نے فلاں کا دودھ پیا ہے، اس کے معائنہ کی بھی کوئی صورت نہیں، اس لئے شہرت کی بنیاد پر گواہی دے سکتے ہیں۔ (المُستفیض: انساب اور رضاع دونوں کے ساتھ لگے گا، یہ وہی لفظ ہے جو تم نے نخبہ میں پڑھا ہے، حدیث مستفیض یعنی حدیث مشہور)

۳-کوئی عرصہ پہلے مرگیا، اس کی بھی شہرت کی بنیاد پر گواہی دے سکتے ہیں، گاؤں میں ایک مکھیا تھے، جن کا پچاس سال پہلے انتقال ہوگیا، اس کے مشاہدہ کی بھی کوئی صورت نہیں (لفظ المستفیض یہاں بھی لگنا چاہئے)

مگر ان تین چیزوں کی گواہی جو شہرت کی بنیاد پر دی جائے اس کو ٹھوک بجا کر لینا چاہئے، بہت سی باتیں غلط بھی مشہور ہوجاتی ہیں، اس لئے تثبُّت (مضبوطی) سے لینا چاہئے (التَّثبُّت کے معنی ہیں: پختہ کرنا، اور یہ باب کا جزء ہے، حضرتؒ نے اس کو بہت دور کردیا ہے)

اور باب میں ایک معلق روایت ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے اور ابوسلمہؓ کو ثویبہ نے دودھ پلایا ہے، آپؐ نے یہ بات شہرت کی بنیاد پر فرمائی ہے، اور چار مسند حدیثیں ہیں: پہلی حدیث افلحؓ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گھر میں آنے کی اجازت چاہی، انھوں نے اجازت نہیں دی، افلحؓ نے کہا: کیا آپ مجھ سے پردہ کرتی ہیں، میں تو آپؓ کا رضاعی چچا ہوں؟ حضرت عائشہؓ نے پوچھا: کیسے؟ افلحؓ نے کہا: آپؓ کو میرے بھائی کی بیوی نے دودھ پلایا ہے جبکہ وہ میرے بھائی کے نکاح میں تھی، حضرت عائشہؓ نے پھر بھی اجازت نہیں دی، اور نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا، آپؐ نے فرمایا: افلحؓ نے صحیح کہا، ان کو اجازت دے سکتی ہو ـــــ افلحؓ نے بھی یہ بات شہرت کی بنیاد پر کہی ہے۔

دوسری حدیث: سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی مدینہ میں پلی بڑھی تھی، جب وہ بڑی ہوئی تو ازواج مطہرات میں یہ بات چلی کہ نبی ﷺ ان سے نکاح کریں گے، آپؐ نے فرمایا: وہ میرے لئے حلال نہیں، دودھ پینے سے وہ رشتے حرام ہوتے ہیں جو نسب سے حرام ہوتے ہیں، وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے، یہ بات بھی آپ نے شہرت کی بنیاد پر فرمائی ہے۔

تیسری حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عَمرہؒ کو بتایا کہ ایک دن نبی ﷺ ان کے پاس تھے اور انھوں نے ایک آدمی کی آواز سنی، جو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں آنے کی اجازت مانگ رہا تھا، حضرت عائشہؓ نے کہا: یہ ایک (اجنبی) آدمی ہے، جو آپؐ کے گھر میں آنے کی اجازت مانگ رہا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: میرے خیال میں وہ فلاں شخص ہے جو حفصہؓ کا رضاعی چچا ہے، حضرت عائشہؓ نے پوچھا: اگر فلاں آدمی زندہ ہوتا جو میرا رضاعی چچا تھا تو وہ میرے گھر میں

آسکتا تھا؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، شیر خوارگی حرام کرتی ہے ان رشتوں کو جو جننے کی وجہ سے حرام ہوتے ہیں۔

چوتھی حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ میرے پاس آئے اور میرے پاس ایک آدمی تھا، آپؐ نے پوچھا: عائشہؓ! یہ کون ہے؟ میں نے کہا: یہ میرا رضاعی بھائی ہے (یہ بات صدیقہؓ نے شہرت کی بناء پر کہی ہے) آپؐ نے فرمایا: اے عائشہؓ! غور کرو، تمہارے بھائی کون ہیں؟ شیر خوارگی بھوک کے زمانہ ہی کی معتبر ہے، یعنی مدت رضاعت میں دودھ پینے ہی سے رضاعت ثابت ہوتی ہے، جس زمانہ میں دودھ بچہ کی بھوک مٹاتا ہے، بعد میں دودھ پینے سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔

اس حدیث سے باب کا آخری جزء والتثبت فيه ثابت کرنا ہے، یعنی محض شہرت پر مدار نہیں رکھنا چاہئے، بات ٹھوک بجا کر قبول کرنی چاہئے۔

[۷-] بَابُ الشَّهَادَةِ عَلَى الْأَنْسَابِ وَالرَّضَاعِ الْمُسْتَفِيْضِ وَالْمَوْتِ الْقَدِيْمِ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَرْضَعَتْنِيْ وَأَبَاسَلَمَةَ ثُوَيْبَةُ" ....وَالتَّثَبُّتِ فِيْهِ.

[۲۶۴۴-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا الْحَكَمُ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ عَلَيَّ أَفْلَحُ فَلَمْ آذَنْ لَهُ، فَقَالَ: أَتَحْتَجِبِيْنَ مِنِّيْ وَأَنَا عَمُّكِ؟ فَقُلْتُ: كَيْفَ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: أَرْضَعَتْكِ امْرَأَةُ أَخِيْ بِلَبَنِ أَخِيْ، فَقَالَتْ: سَأَلْتُ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" صَدَقَ أَفْلَحُ، ائْذَنِيْ لَهُ.[انظر: ۴۷۹۶، ۵۱۰۳، ۵۱۱۱، ۵۲۳۹، ۶۱۵۶]

[۲۶۴۵-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا هَمَّامٌ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ جَابِرِبْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بِنْتِ حَمْزَةَ: " لَاتَحِلُّ لِيْ، يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ، هِيَ بِنْتُ أَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ"[انظر: ۵۱۰۰]

[۲۶۴۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهَا: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ عِنْدَهَا، وَأَنَّهَا سَمِعَتْ صَوْتَ رَجُلٍ يَسْتَأْذِنُ فِيْ بَيْتِ حَفْصَةَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا رَجُلٌ يَسْتَأْذِنُ فِيْ بَيْتِكَ، قَالَتْ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أُرَاهُ فُلَانًا" لِعَمِّ حَفْصَةَ مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: لَوْ كَانَ فُلَانٌ حَيًّا لِعَمِّهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ دَخَلَ عَلَيَّ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" نَعَمْ إِنَّ الرَّضَاعَةَ تُحَرِّمُ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ"[انظر: ۳۱۰۵، ۵۰۹۹]

[۲۶۴۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَعِنْدِيْ رَجُلٌ، فَقَالَ:" يَا عَائِشَةُ، مَنْ هٰذَا؟"

قُلْتُ: أَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ، قَالَ:" يَا عَائِشَةُ انْظُرْنَ مَنْ إِخْوَانُكُنَّ؟ فَإِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ" تَابَعَهُ ابْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ. [۵۱۰۲]

بَابُ شَهَادَةِ الْقَاذِفِ وَالسَّارِقِ وَالزَّانِيْ، وَكَيْفَ تُعْرَفُ تَوْبَتُهُ؟

تہمت لگانے والے، چوری کرنے والے اور زنا کرنے والے کی گواہی اور ان کی توبہ کیسے پہچانی جائے؟

تہمت لگانا، چوری کرنا اور زنا کرنا کبائر ہیں، ان کا مرتکب فاسق ہے اور ان کی گواہی مردود ہے، لیکن یہ لوگ توبہ کرلیں اور ان کی توبہ پر اطمینان ہوجائے تو امام بخاری اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک ان کی شہادت قبول کی جائے گی، احناف کی بھی یہی رائے ہے، مگر قاذف (تہمت لگانے والے) کے بارے میں احناف کا اختلاف ہے، احناف کے نزدیک قاذف کی شہادت قبول نہ کرنا اس کی سزا کا جزء ہے، اس لئے وہ کبھی بھی قبول نہیں کی جائے گی۔

اور اختلاف کی بنیاد سورۃ النور کی آیات ۴و۵ ہیں: ﴿وَلاَ تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا، وَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ، إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا﴾: اور ان کی گواہی کبھی قبول مت کرو، اور وہ لوگ فاسق ہیں یعنی آخرت میں بھی ان کو سزا ہوگی، لیکن جو توبہ کرلیں اور اپنی حالت کی اصلاح کرلیں تو اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہیں۔

تفسیر: حنفیہ کے نزدیک ﴿إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا﴾ کا استثناء ﴿أُوْلٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ﴾ سے ہے، یعنی اگر وہ توبہ کرلیں اور اپنے احوال سنوار لیں تو آخرت میں ان کو سزا نہیں ملے گی۔ رہی دنیا کی سزاء ردشہادت تو وہ ہمیشہ کے لئے باقی رہے گی، حنفیہ کہتے ہیں: جس طرح ضمیر کا مرجع اقرب ہوتا ہے مستثنیٰ منہ بھی اقرب ہوتا ہے، اور ﴿أُوْلٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ﴾ اقرب ہے، یعنی اگر وہ توبہ کرلیں تو فاسق نہیں رہیں گے، رہا ان کی گواہی کا رد کرنا تو وہ ان کی سزا کا جزء ہے، پھر غور کرو، جب أبدا کے کی قید آگئی تو اس سے استثناء کیسے ہوسکتا ہے؟ اور جمہور کے نزدیک یہ استثناء ﴿لاَتَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً﴾ سے ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی اپنے قول کی دلیل میں اس آیت کو پیش کیا ہے۔

دوسری دلیل: حضرت مغیرۃ رضی اللہ عنہ کوفہ کے گورنر تھے، ان کے بارے میں حضرات ابوبکرۃ، شبل بن معبد اور نافع نے زنا کی صریح گواہی دی، مگر چوتھے گواہ زیاد نے کہا: میں نے مغیرہ کو اور فلاں عورت کو ایک لحاف میں دیکھا ہے، اور لحاف ہل رہا تھا، بس اتنی گواہی دی، کالْمِيْلِ فی المکحلة گواہی نہیں دی، پس حضرت عمرؓ نے باقی تین کو حد قذف لگائی [1] پھر

(۱) حضرت مغیرۃ رضی اللہ عنہ کے واقعہ کی اصل حقیقت حضرت علامہ کشمیری قدس سرہ کی تحقیق میں مطابق یہ ہے کہ انھوں نے ایک عورت سے خفیہ نکاح کیا تھا، عام طور پر لوگوں کو اس کی حقیقت کا علم نہیں تھا، اس لئے انھوں نے اس کو زنا سمجھا، اور حضرت مغیرہؓ نے یہ بات اس لئے ظاہر نہیں کی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خفیہ نکاح سے منع کیا تھا، مگر اللہ تعالیٰ نے ان کی لاج رکھ لی اور ایک گواہ پھسل گیا۔ تفصیل فیض الباری ۳/۳۸۶ میں ہے ۱۲

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اگر تم توبہ کرلو یعنی اپنی تکذیب کرو تو میں تمہاری گواہی قبول کروں گا، یہ حضرات محدود درقذف تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر وہ توبہ کرلیں تو ان کی گواہی قبول کی جائے گی۔

جواب: یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے ہے اور جیسے صحابی کی رائے حدیث کی موجودگی میں نہیں لی جاتی، قرآنِ کریم کی موجودگی میں بھی نہیں لی جائے گی۔

تیسری دلیل: عبداللہ بن عتبہ، عمر بن عبدالعزیز، سعید بن جبیر، طاؤس، مجاہد، شعبی، عکرمہ، زہری، محارب بن دثار، شریح اور معاویہ بن قُرہ کی بھی یہی رائے ہے کہ توبہ کے بعد محدود درقذف کی گواہی قبول کی جائے گی۔

جواب: یہ سب تابعینِ کرام ہیں، جب صحابی کی رائے قرآن کی موجودگی میں نہیں لی جاتی تو ان حضرات کی رائے کیسے لی جائے گی؟

چوتھی دلیل: مدینہ کے قاضی ابوالزناد کہتے ہیں: مدینہ میں ہم قضات کے نزدیک مسئلہ یہ ہے کہ جب تہمت لگانے والا اپنی بات سے رجوع کرلے، اور وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے، تو اس کی شہادت قبول کی جائے گی۔

پانچویں دلیل: امام عامر شعبیؒ اور قتادہؒ کی بھی یہی رائے ہے کہ جب تہمت لگانے والا اپنے آپ کو جھٹلا دے اور اس کو تہمت لگانے کی وجہ سے اسّی کوڑے مار دیئے جائیں تو اب اس کی گواہی قبول کی جائے گی۔

چھٹی دلیل: اور سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں: اگر غلام کو کوڑے مارے گئے پھر وہ آزاد کیا گیا تو اس کی گواہی مقبول ہے، اور اگر حد لگایا ہوا شخص قاضی بنایا گیا تو اس کے فیصلے درست ہیں۔

حنفیہ پر ردّ:

اس کے بعد حنفیہ پر رد کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: تہمت لگانے والے کی گواہی کبھی قبول نہیں کی جائے گی، اگرچہ وہ توبہ کرلے۔

پھر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے اقوال میں تین تعارض پیدا کرتے ہیں:

۱- امام ابوحنیفہؒ کہتے ہیں: دو گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوسکتا، لیکن اگر کوئی شخص دو محدود درقذف کی گواہی سے نکاح کرے تو نکاح درست ہے۔

جواب: امام بخاری رحمہ اللہ نے تحمّلِ شہادت اور ادائے شہادت میں فرق نہیں کیا، نکاح کے لئے تحمّلِ شہادت ضروری ہے، ادائے شہادت ضروری نہیں، پس اگر کبھی قاضی کے سامنے گواہی دینے کی ضرورت پیش آئے گی، تو محدود درقذف کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی، مگر ان کی گواہی سے نکاح درست ہوجائے گا۔

۲- اسی طرح امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: دو محدود درقذف کی گواہی سے نکاح ہوجاتا ہے، مگر دو غلاموں کی گواہی سے نکاح نہیں ہوتا۔

جواب: شہادت باب ولایت سے ہے، اور غلام کو اپنے نفس پر ولایت حاصل نہیں، پس دوسرے پر ولایت کیسے حاصل ہوگی؟ اس لئے اس کی گواہی سے نکاح صحیح نہیں ہوتا، اور محدود در قذف کو اپنے نفس پر ولایت حاصل ہے پس دوسرے پر بھی حاصل ہے۔ اس لئے اس کی گواہی سے نکاح ہوجاتا ہے۔

۳- امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ آخر رمضان کے چاند کی رؤیت میں محدود در قذف اور غلام باندی کی گواہی قبول کرتے ہیں، مگر معاملات میں قبول نہیں کرتے۔

جواب: معاملات کی گواہی میں الزام ہوتا ہے اور رمضان کے چاند کی گواہی میں صرف اثبات ہوتا ہے اور شہادت کا لفظ تاکید کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور ﴿وَلاَ تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا﴾ کا مصداق معاملات ہیں، دیانات نہیں، اور دیانات جیسے حدیث روایت کرنا: ان میں غلام باندی کا قول معتبر ہے۔

پھر باب کا دوسرا جزء لائے ہیں کہ مرتکب کبیرہ کی توبہ کیسے پہچانی جائے گی؟ اس سلسلہ میں کوئی ضابطہ نہیں، ظاہر حال پر حکم لگایا جائے گا، اور حضرت رحمہ اللہ نے تین باتیں پیش کی ہیں:

۱- نبی ﷺ نے زانی کو ایک سال کے لئے جلاوطن کیا، معلوم ہوا کہ ایک سال کے بعد حالت سنور جاتی ہے۔

جواب: حد اور توبہ میں تلازم نہیں، اسی طرح ایک سال اور توبہ میں بھی تلازم نہیں، سال بھر کے بعد بھی اس کے احوال درست نہ ہوں ایسا ہوسکتا ہے۔

۲- کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اور ان کے دو ساتھیوں کا پچاس دنوں کے لئے بائکاٹ کیا گیا، پھر ان کی توبہ نازل ہوئی، معلوم ہوا کہ پچاس دنوں میں احوال سنور جاتے ہیں۔

جواب: یہ دلیل بھی ناہض (پیروں پر کھڑی ہونے والی) نہیں، کیونکہ خاص لوگوں کے معاملہ میں پچاس دنوں میں توبہ نازل ہوئی تو ضروری نہیں کہ ہر فاسق پچاس دن میں توبہ کرلے۔

۳- فتح مکہ کے موقع پر ایک قریشی عورت نے چوری کی تھی، نبی ﷺ کے حکم سے اس کا ہاتھ کاٹا گیا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: اس نے سچی توبہ کرلی تھی، اور شادی کرلی تھی، وہ میرے پاس آتی تھی، میں اس کی حاجت نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کرتی تھی۔ اس روایت سے ثابت ہوا کہ توبہ کے لئے کوئی مدت متعین نہیں، البتہ ظاہری احوال سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اس نے توبہ کی یا نہیں؟ پھر باب کے آخر میں زانی کو ایک سال کے لئے جلاوطن کرنے کی روایت لائے ہیں۔

[۸-] بَابُ شَهَادَةِ الْقَاذِفِ وَالسَّارِقِ وَالزَّانِيْ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَلاَ تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا، وَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ، إِلاَّ الَّذِيْنَ تَابُوْا﴾

[۲-] وَجَلَدَ عُمَرُ أَبَا بَكْرَةَ وَشِبْلَ بْنَ مَعْبَدٍ، وَنَافِعًا بِقَذْفِ الْمُغِيْرَةِ، ثُمَّ اسْتَتَابَهُمْ. وَقَالَ: مَنْ تَابَ قَبِلْتُ شَهَادَتَهُ.

[٣-] وَأَجَازَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُتْبَةَ، وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَسَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، وَطَاوُسٌ، وَمُجَاهِدٌ، وَالشَّعْبِيُّ، وَعِكْرِمَةُ وَالزُّهْرِيُّ، وَمُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ، وَشُرَيْحٌ، وَمُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ.

[٤-] وَقَالَ أَبُوْ الزِّنَادِ: الْأَمْرُ عِنْدَنَا بِالْمَدِيْنَةِ إِذَا رَجَعَ الْقَاذِفُ عَنْ قَوْلِهِ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ قُبِلَتْ شَهَادَتُهُ.

[٥-] وَقَالَ الشَّعْبِيُّ وَقَتَادَةُ: إِذَا أَكْذَبَ نَفْسَهُ جُلِدَ، وَقُبِلَتْ شَهَادَتُهُ.

[٦-] وَقَالَ الثَّوْرِيُّ: إِذَا جُلِدَ الْعَبْدُ ثُمَّ أُعْتِقَ جَازَتْ شَهَادَتُهُ، وَإِذَا اسْتُقْضِيَ الْمَحْدُوْدُ فَقَضَايَاهُ جَائِزَةٌ.

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ:

لَاتَجُوْزُ شَهَادَةُ الْقَاذِفِ وَإِنْ تَابَ، ثُمَّ قَالَ: لَايَجُوْزُ نِكَاحٌ بِغَيْرِ شَاهِدَيْنِ، فَإِنْ تَزَوَّجَ بِشَهَادَةِ مَحْدُوْدَيْنِ جَازَ، وَإِنْ تَزَوَّجَ بِشَهَادَةِ عَبْدَيْنِ لَمْ يَجُزْ، وَأَجَازَ شَهَادَةَ الْمَحْدُوْدِ وَالْعَبْدِ وَالْأَمَةِ لِرُؤْيَةِ هِلَالِ رَمَضَانَ.

وَكَيْفَ تُعْرَفُ تَوْبَتُهُ؟

[١-] وَنَفَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الزَّانِيَ سَنَةً.

[٢-] وَنَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ كَلَامِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَصَاحِبَيْهِ حَتَّى مَضَى خَمْسُوْنَ لَيْلَةً.

[٢٦٤٨-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ امْرَأَةً سَرَقَتْ فِيْ غَزْوَةِ الْفَتْحِ، فَأُتِيَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَقُطِعَتْ يَدُهَا، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَحَسُنَتْ تَوْبَتُهَا، وَتَزَوَّجَتْ، وَكَانَتْ تَأْتِيْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَأَرْفَعُ حَاجَتَهَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ٣٤٧٥، ٣٧٣٢، ٣٧٣٣، ٤٣٠٤، ٦٨٨٧، ٦٧٨٨، ٦٨٠٠]

[٢٦٤٩-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنِيْ اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ أَمَرَ فِيْمَنْ زَنَى وَلَمْ يُحْصِنْ بِجَلْدِ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبِ عَامٍ. [راجع: ٢٣١٤]

بَابٌ: لَايَشْهَدُ عَلٰى شَهَادَةِ جَوْرٍ إِذَا أُشْهِدَ

ظلم کے معاملہ میں گواہ بنایا جائے تو گواہی نہ دے

اگر کوئی معاملہ ظلم وزیادتی کا ہو اور اس میں کوئی آپ کو گواہ بنانا چاہے تو آپ گواہ نہ بنیں، جیسے حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کے والد حضرت بشیر رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو گواہ بنانا چاہا تو آپؐ نے انکار کردیا، اور اگر آپ گواہ بن گئے تو کورٹ میں

جا کر گواہی نہ دیں۔

اس باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث میں حضرت نعمانؓ کا واقعہ ہے اور ذرا تفصیل سے ہے، پھر قرونِ ثلاثہ کی فضیلت کی روایت دو صحابہ سے لائے ہیں۔

[۹-] بَابٌ: لَایَشْهَدُ عَلٰی شَهَادَةِ جَوْرٍ إِذَا أُشْهِدَ

[٢٦٥٠-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا أَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: سَأَلَتْ أُمِّيْ أَبِيْ بَعْضَ الْمَوْهِبَةِ لِيْ مِنْ مَالِهِ، ثُمَّ بَدَا لَهُ فَوَهَبَهَا لِيْ، فَقَالَتْ: لاَ أَرْضٰى حَتَّى تُشْهِدَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخَذَ بِيَدِيْ وَأَنَا غُلَامٌ ، فَأَتَى بِيَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: إِنَّ أُمَّهُ بِنْتَ رَوَاحَةَ سَأَلَتْنِيْ بَعْضَ الْمَوْهِبَةِ لِهٰذَا، فَقَالَ:" أَلَكَ وَلَدٌ سِوَاهُ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَأُرَاهُ قَالَ: "لَاتُشْهِدْنِيْ عَلٰى جَوْرٍ" وَقَالَ أَبُوْ حَرِيْزٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ:" لاَ أَشْهَدُ عَلٰى جَوْرٍ"[راجع: ٢٥٨٦]

ترجمہ: حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میری امی نے ابا سے مجھے اپنے مال میں سے کچھ بخشش کرنے کا مطالبہ کیا، پھر ان کی رائے بن گئی تو انھوں نے مجھے بخشش کی، پس میری امی نے کہا: میں اس وقت خوش نہیں ہوؤں گی جب تک آپ نبی ﷺ کو گواہ نہ بنائیں، پس میرے ابا نے میرا ہاتھ پکڑا اور میں اس وقت بچہ تھا، پس مجھے نبی ﷺ کے پاس لے گئے اور کہا: اس کی والدہ نے جو رواحہ کی بیٹی ہے مجھ سے مطالبہ کیا ہے کہ میں کوئی چیز اس لڑکے کو بخشوں، نبی ﷺ نے پوچھا: کیا آپ کی اس کے علاوہ بھی اولاد ہے؟ بشیرؓ نے کہا: ہاں، نعمانؓ کہتے ہیں: میرا خیال یہ ہے کہ آپؐ نے فرمایا: مجھے کسی ظلم کا گواہ مت بناؤ، یہ ابوحیان تیمی کی شعبی سے روایت ہے اور ابوحریز کی روایت میں یہ ہے کہ میں کسی ظلم کا گواہ نہیں بنتا۔

[٢٦٥١-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ جَمْرَةَ، قَالَ سَمِعْتُ زَهْدَمَ بْنَ مُضَرِّبٍ، قَالَ سَمِعْتُ عِمْرَانَ ابْنَ حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" خَيْرُكُمْ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ" قَالَ عِمْرَانُ: لاَ أَدْرِيْ أَذْكَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَعْدُ قَرْنَيْنِ أَوْ ثَلاَ ثَةً. قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ بَعْدَكُمْ قَوْمًا يَخُوْنُوْنَ وَلاَ يُؤْتَمَنُوْنَ، وَيَشْهَدُوْنَ وَلاَ يُسْتَشْهَدُوْنَ، وَيُنْذِرُوْنَ وَلاَ يَفُوْنَ، وَيَظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمَنُ"[انظر: ٣٦٥٠، ٦٤٢٨، ٦٦٩٥]

[٢٦٥٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَجِيْءُ أَقْوَامٌ تَسْبِقُ شَهَادَةُ أَحَدِهِمْ يَمِيْنَهُ وَيَمِيْنُهُ شَهَادَتَهُ" قَالَ إِبْرَاهِيْمُ: وَكَانُوْا يَضْرِبُوْنَنَا عَلٰى الشَّهَادَةِ وَالْعَهْدِ.[انظر: ٣٦٥١، ٦٤٢٩، ٦٦٥٨]

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں بہترین میرا زمانہ ہے، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں۔ حضرت عمرانؓ کہتے ہیں: مجھے یاد نہیں کہ نبی ﷺ نے اپنے قرن کے بعد دو قرن کا تذکرہ کیا یا تین قرنوں کا (حضرت عمرانؓ کو شک ہے مگر دوسرے صحابہ سے بھی یہ روایت مروی ہے، اس میں شک کے بغیر دو قرنوں کا ذکر ہے) نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک تمہارے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو خیانت کریں گے اور امانت داری سے کام نہیں لیں گے، اور گواہی دیں گے اور وہ گواہ نہیں بنائے گئے ہوں گے، اور منتیں مانیں گے اور پوری نہیں کریں گے، اور ان میں موٹاپا ظاہر ہوگا۔

تشریح: حدیث کا مطلب یہ ہے کہ دورِ صحابہ کے بعد تنزل شروع ہوگا اور تنزل قرن بہ قرن بڑھتا جائے گا۔**قولہ:** بعدَکم: صحابہ کے بعد، صحابہ تو دودھ کے دھلے ہوئے ہیں، ان میں کوئی تنزل نہیں آئے گا، ان کے بعد جو دور شروع ہوگا ان میں تنزل آئے گا.......... **قولہ:** یَخُوْنُوْنَ وَلاَ یُؤْتَمَنُوْنَ: خیانت: امانت کے مقابل ہے، لوگوں میں خیانت شروع ہوجائے گی اور امانت اٹھ جائے گی.......... **قولہ:** یَشْهَدُوْنَ وَلاَ یُسْتَشْهَدُوْنَ: یہ بھی مقابل ہیں، کسی نے گواہ بنایا نہیں، مگر دوڑے دوڑے کورٹ میں جارہے ہیں: گواہی دینے!.......... **قولہ:** وینذرون ولایفون: منتیں مانیں گے مگر ان کو پورا نہیں کریں گے.......... **قولہ:** وَيَظْهَر فيهم السِّمَنُ: اور ان میں موٹاپا ظاہر ہوگا، حاشیہ میں لکھا ہے کہ اناپ شناپ کھائیں گے اور موٹے جھوٹے بن جائیں گے، یعنی دنیا میں لگ جائیں گے، خوب کمائیں گے اور کھائیں گے، اور موٹے تازے ہوجائیں گے۔

یہی حدیث حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے، ان کی روایت میں ہے: **قولہ:** ثم يَجيئ أقوامٌ: پھر ایسے لوگ پیدا ہونگے جنمیں سے ایک کی گواہی اس کی قسم سے آگے بڑھے گی اور اس کی قسم اس کی گواہی سے آگے بڑھے گی، یعنی قسمیں بھی جھوٹی کھائیں گے اور گواہیاں بھی جھوٹی دیں گے، نہ ان کو جھوٹی قسم کھانے میں باک ہوگا نہ جھوٹی گواہی دینے میں.......... حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر ہم بچپن میں نَشهد بالله یا نَشهد علی عهد الله کی قسم کھاتے تھے تو ہمارے بڑے ہماری پٹائی کرتے تھے، بچپن میں آدمی جو باتیں بولتا ہے وہ زبان پر چڑھ جاتی ہیں، اس لئے بچوں کو بری باتوں سے بچانا چاہئے۔

بَابُ مَاقِيْلَ فِيْ شَهَادَةِ الزُّوْرِ، وَكِتْمَانِ الشَّهَادَةِ

جھوٹی گواہی دینے اور سچی گواہی چھپانے کے بارے میں آیات واحادیث

۱- سورۃ الفرقان کے آخری رکوع میں اللہ کے خاص بندوں کے اوصاف بیان کئے ہیں، فرمایا: ﴿وَالَّذِيْنَ لاَيَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ﴾: وہ لوگ ملمع کی ہوئی جھوٹی باتوں میں شامل نہیں ہوتے۔ زور کے معنی ہیں: جھوٹی بات کو ملمع کرکے پیش کرنا۔ حاشیہ

میں ہے:تَمْوِیْهُ الباطل بما یُوْهِمُ أَنَّه حَقٌّ: جھوٹ بولا اور ساتھ قسم بھی کھائی، چیز کی قیمت غلط بتائی اور بناوٹی بل بھی دکھایا یہ مزین جھوٹ ہے، اللہ کے خاص بندوں کا یہ شیوہ نہیں، اور اگر ایسی جھوٹی گواہی کورٹ میں دی جائے تو اس کا وبال نہایت خطرناک ہے۔

۲-سورۃ البقرہ آیت ۲۸۳ میں ہے: ﴿وَلَا تَكْتُمُوْا الشَّهَادَةَ﴾ الآیة: اور گواہی مت چھپاؤ، جو شخص گواہی چھپاتا ہے اس کا دل گنہ گار ہو جاتا ہے۔

۳-سورۃ النساء (آیت ۱۳۵) میں ہے: ﴿وَإِنْ تَلْوُوْا﴾: اور اگر تم گواہی میں کج بیانی کرو گے اپنی زبانیں موڑو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے عمل کی پوری خبر رکھتے ہیں۔

پہلی آیت سے ثابت ہوا کہ جھوٹی گواہی دینا اللہ کے نیک بندوں کا کام نہیں، اور دوسری آیت سے ثابت ہوا کہ سچی گواہی چھپانا دل کی خرابی کا باعث ہے۔ اور تیسری آیت سے ثابت ہوا کہ بالکل جھوٹی گواہی نہ دینا، مگر زبان موڑ کر گواہی میں گڑبڑ کرنا بھی ممنوع ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ سے کبائر کے بارے میں پوچھا گیا، آپؐ نے چار گناہ بتائے: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، والدین کی نافرمانی کرنا، کسی کو ناحق قتل کرنا، اور جھوٹی گواہی دینا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے حاضرین سے تین مرتبہ فرمایا: کیا میں تمہیں بڑے گناہوں میں سے بڑے گناہ نہ بتاؤں؟ صحابہ نے عرض کیا: ضرور بتائیں یارسول اللہ! آپؐ نے تین گناہ بتائے: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، والدین کی نافرمانی کرنا، اور آپؐ ٹیک لگائے ہوئے بیٹھے تھے، پس سیدھے بیٹھ گئے اور فرمایا: سنو! اور جھوٹی بات! آپؐ اس جملہ کو بار بار کہتے رہے یہاں تک کہ صحابہ نے دل میں سوچا: کاش آپؐ خاموش ہو جائیں۔

[۱۰-] بَابُ مَاقِيْلَ فِيْ شَهَادَةِ الزُّوْرِ

[۱-] لِقَوْلِهِ تَعَالٰى ﴿وَالَّذِيْنَ لَايَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ﴾ [الفرقان: ۷۲]

وَكِتْمَانِ الشَّهَادَةِ:

[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَلَا تَكْتُمُوْا الشَّهَادَةَ وَمَنْ يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ﴾

[۳-] ﴿تَلْوُوْا﴾ [النساء: ۱۳۵]: أَلْسِنَتَكُمْ بِالشَّهَادَةِ.

[۲۶۵۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ وَهْبَ بْنَ جَرِيْرٍ، وَعَبْدَ الْمَلِكِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَا: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْكَبَائِرِ فَقَالَ: "الإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ"

تَابَعَهُ غُنْدَرٌ، وَأَبُوْ عَامِرٍ، وَبَهْزٌ، وَعَبْدُ الصَّمَدِ، عَنْ شُعْبَةَ.[انظر: ٥٩٧٧، ٦٨٧١]

[٢٦٥٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ؟" - ثلاثًا - قَالُوْا: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "الإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ" وَجَلَسَ وَكَانَ مُتَّكِئًا" أَلَا وَقُوْلُ الزُّوْرِ" قَالَ: فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا حَتَّى قُلْنَا: لَيْتَهُ سَكَتَ.

وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: ثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ.[انظر: ٥٩٧٦، ٦٢٧٣، ٦٢٧٤، ٦٩١٩]

بَابُ شَهَادَةِ الْأَعْمٰى، وَأَمْرِهِ، وَنِكَاحِهِ، وَإِنْكَاحِهِ، وَمُبَايَعَتِهِ، وَقُبُوْلِهِ فِي التَّأْذِيْنِ وَغَيْرِهِ، وَمَا يُعْرَفُ بِالْأَصْوَاتِ

نابینا کی گواہی، اوراس کے معاملات، اوراس کا نکاح کرنا، اوراس کا نکاح کرانا اوراس کا بیع وشراء کرنا، اوراذان وغیرہ میں اوران چیزوں میں جوآواز سے پہچانی جاتی ہیں اس کی بات قبول کرنا

اس باب میں امام صاحبؒ نے اعمی کے تعلق سے بہت سی باتیں جمع کی ہیں، اورسب متفق علیہ ہیں، صرف ایک بات میں اختلاف ہے کہ نابینا کی گواہی معتبر ہے یانہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقاً مقبول ہے اور حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک تحمل شہادت کے وقت بینا تھا اور ادائے شہادت کے وقت نابینا ہوگیا تو اس کی گواہی معتبر ہے، ورنہ نہیں۔ اور یہ مسئلہ منصوص نہیں، اجتہادی ہے اس لئے رائیں مختلف ہیں۔

۱- حضرات قاسم، حسن بصری، ابن سیرین، زہری اورعطاء رحمہم اللہ نے نابینا کی شہادت کو درست قرار دیا ہے۔

۲- امام عامر شعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اگر نابینا عقلمند ہے تو اس کی گواہی مقبول ہے، یعنی وہ ذہین ہوشیار ہے، باریک باتوں کو سمجھ سکتا ہے تو اس کی گواہی مقبول ہے، ورنہ نہیں۔

۳- حکم بن عتیبہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: بعض چیزوں میں نابینا کی گواہی جائز ہے، وہ مطلقاً جواز کے قائل نہیں تھے۔

۴- امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: بتاؤ! کسی معاملہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما گواہی دیں تو کیا آپ اس کو رد کردیں گے؟ (یہ جذباتی قسم کی دلیل ہے، گواہی کے قبول کرنے نہ کرنے میں اصول اور ضابطہ کا اعتبار ہے، شخصیتوں کا اعتبار نہیں، قاضی شریح نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی گواہی باپ کے حق میں قبول نہیں کی تھی، علاوہ ازیں: حضرت ابن عباسؓ پہلے بینا تھے: اس زمانہ کی بات کی نابینا ہونے کے بعد گواہی دیں تو بالاجماع مقبول ہے)

۵- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما آدمی بھیجتے تھے، جب وہ خبر دیتا کہ سورج غروب ہوگیا تو آپؓ روزہ کھولتے تھے، اور

آپؐ صبح صادق کے بارے میں بھی پوچھتے تھے، جب آپ کو بتایا جاتا کہ صبح ہوگئی تو آپؐ فجر کی سنتیں پڑھتے تھے (یہ تو نابینا نے بینا کی بات پر اعتماد کیا، اس میں کیا اختلاف ہے؟)

۶-سلیمان بن یسار رحمہ اللہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے مکاتب تھے، کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جانے کی اجازت مانگی، انھوں نے میری آواز پہچان لی (یہاں باب ہے، نابینا بھی آواز پہچان سکتا ہے) فرمایا: سلیمان! آجا، اس لئے کہ تو غلام ہے، جب تک تیرے ذمہ بدل کتابت میں سے کچھ بھی باقی ہے (حضرت عائشہؓ کا مذہب یہ تھا کہ غلام سے مطلقاً پردہ نہیں، خواہ اپنا غلام ہو یا دوسرے کا)

۷-حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ نے نقاب پوش عورت کی گواہی کی اجازت دی (اگر تحمل شہادت کے وقت عورت نے معاملہ آنکھوں سے دیکھا ہے تو ادائے شہادت کے وقت چہرے پر نقاب ڈال کر گواہی دے سکتی ہے)

حدیث (۱): نبی ﷺ نے مسجد میں ایک آدمی کو قرآن پڑھتے سنا، آپؐ نے فرمایا: اللہ اس پر رحم کرے اس نے مجھے فلاں فلاں آیت یاد دلادی، اس کو میں فلاں فلاں سورت میں سے چھوڑ دیتا تھا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ میرے گھر میں تہجد پڑھ رہے تھے، پس آپؐ نے عباد بن بشر کی آواز سنی، جو مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے، آپؐ نے پوچھا: عائشہؓ! یہ عباد کی آواز ہے؟ میں نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: اے اللہ! عباد پر مہربانی فرما! یعنی ان کا پڑھنا آپؐ کو پسند آیا اس لئے دعا دی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے اعلان کیا کہ آئندہ بلال رضی اللہ عنہ رات میں اذان دیا کریں گے، پس کھاتے پیتے رہو، یہاں تک کہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کی اذان سنو، اور ابن ام مکتومؓ نابینا تھے، اس وقت تک اذان نہیں دیتے تھے جب تک لوگ ان سے نہیں کہتے کہ صبح ہوگئی۔ تینوں حدیثوں میں آواز پہچان کر اس پر عمل کرنے کا مسئلہ ہے۔

حدیث (۳): حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ قبا لینے کے لئے نبی ﷺ کے دروازہ پر پہنچے اور مسورؓ سے کہا: اندر جا کر حضور ﷺ کو بلالا، حضور ﷺ نے ان کی آواز سنی اور پہچان لی، آپؐ قبا لے کر باہر نکلے اور مخرمہؓ کو اس کی خوبیاں دکھانے لگے، اور فرمایا: میں نے تمہارے لئے یہ چھپا رکھی ہے، میں نے تمہارے لئے یہ چھپا رکھی ہے، یہ بھی آواز پہچاننے کا مسئلہ ہے جس میں کوئی اختلاف نہیں۔

[۱۱-] بَابُ شَهَادَةِ الأَعْمٰى، وَأَمْرِهِ، وَنِكَاحِهِ، وَإِنْكَاحِهِ، وَمُبَايَعَتِهِ، وَقُبُوْلِهِ فِي التَّأْذِيْنِ وَغَيْرِهِ، وَمَا يُعْرَفُ بِالأَصْوَاتِ

[۱-] وَأَجَازَ شَهَادَتَهُ الْقَاسِمُ وَالْحَسَنُ وَابْنُ سِيْرِيْنَ وَالزُّهْرِيُّ وَعَطَاءٌ.

[۲-] وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: تَجُوْزُ شَهَادَتُهُ إِذَا كَانَ عَاقِلاً.

[٣-] وَقَالَ الْحَكَمُ: رُبَّ شَيْئٍ تَجُوْزُ فِيْهِ.

[٤-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: أَرَأَيْتَ ابْنَ عَبَّاسٍ لَوْ شَهِدَ عَلٰى شَهَادَةٍ: أَكُنْتَ تَرُدُّهُ؟

[٥-] وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَبْعَثُ رَجُلاً إِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ أَفْطَرَ، وَيَسْأَلُ عَنِ الْفَجْرِ، فَإِذَا قِيْلَ: طَلَعَ، صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ.

[٦-] وَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ: اسْتَأْذَنْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَعَرَفَتْ صَوْتِيْ، قَالَتْ: سُلَيْمَانُ! ادْخُلْ فَإِنَّكَ مَمْلُوْكٌ مَا بَقِيَ عَلَيْكَ شَيْئٌ.

[٧-] وَأَجَازَ سَمُرَةُ بْنُ جُنْدَبٍ شَهَادَةَ امْرَأَةٍ مُنْتَقِبَةٍ.

[٢٦٥٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، ثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً يَقْرَأُ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: "رَحِمَهُ اللّٰهُ، لَقَدْ أَذْكَرَنِيْ كَذَا وَكَذَا آيَةً أَسْقَطْتُهُنَّ مِنْ سُوْرَةِ كَذَا وَكَذَا"

وَزَادَ عَبَّادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ: تَهَجَّدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِيْ فَسَمِعَ صَوْتَ عَبَّادٍ يُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: "يَا عَائِشَةُ! أَصَوْتُ عَبَّادٍ هٰذَا؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ ارْحَمْ عَبَّادًا"

[انظر: ٥٠٣٧، ٥٠٣٨، ٥٠٤٢، ٦٣٣٥]

[٢٦٥٦-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ بِلاَلاً يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يُؤَذِّنَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، أَوْ قَالَ: "حَتّٰى تَسْمَعُوْا أَذَانَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُوْمٍ" وَكَانَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ رَجُلاً أَعْمٰى، لاَ يُؤَذِّنُ حَتّٰى يَقُوْلَ لَهُ النَّاسُ: أَصْبَحْتَ. [راجع: ٦١٧]

[٢٦٥٧-] حدثنا زِيَادُ بْنُ يَحْيٰى، ثَنَا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ: قَدِمَتْ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَقْبِيَةٌ، فَقَالَ لِيْ أَبِيْ مَخْرَمَةُ: انْطَلِقْ بِنَا إِلَيْهِ عَسٰى أَنْ يُعْطِيَنَا مِنْهَا شَيْئًا، فَقَامَ أَبِيْ عَلَى الْبَابِ، فَتَكَلَّمَ فَعَرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَوْتَهُ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَمَعَهُ قَبَاءٌ، وَهُوَ يُرِيْهِ مَحَاسِنَهُ وَهُوَ يَقُوْلُ: "خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ، خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ" [راجع: ٢٥٩٩]

بَابُ شَهَادَةِ النِّسَاءِ

عورتوں کی گواہی

عورتوں کی گواہی بالاجماع معتبر ہے، قرآن وحدیث میں منصوص ہے۔ سورۃ البقرہ کی آیت ۲۸۲ میں ہے: "پھر اگر دو

مرد گواہ میسر نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں گواہ بنالی جائیں'' اور حدیث میں ہے: ایک تقریر میں نبی ﷺ نے عورتوں سے پوچھا: کیا عورت کی گواہی مرد کی گواہی سے آدھی نہیں؟ انھوں نے جواب دیا: کیوں نہیں، آپؐ نے فرمایا: یہ ان کی عقل کی کمی کی دلیل ہے، اس سے بھی معلوم ہوا کہ عورت کی گواہی معتبر ہے، یہ الگ بات ہے کہ عورت کی گواہی مرد کے برابر ہے یا آدھی، اس باب میں بس اتنا ہی ثابت کرنا ہے۔

پھر چار مسائل ہیں:

۱- اکثر علماء کا اس پر اجماع ہے کہ حدود و قصاص میں عورتوں کی گواہی معتبر نہیں۔

۲- پانچ باتوں میں یعنی نکاح، طلاق، عتق، نسب اور ولاء میں امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک عورتوں کی گواہی معتبر نہیں، اور حنفیہ کے نزدیک معتبر ہے۔

۳- حیض، ولادت، بچہ کا رونا یعنی زندہ پیدا ہونا عورتوں کے عیوب اور عورتوں کی وہ باتیں جن سے مرد واقف نہیں ہوسکتے ضرورت کی وجہ سے بالاتفاق صرف عورتوں کی گواہی معتبر ہے۔

۴- رضاعت میں اختلاف ہے: صرف عورتوں کی گواہی معتبر ہے یا نہیں؟ احناف کے نزدیک رضاعت اُس گواہی سے ثابت ہوگی جس سے مال ثابت ہوتا ہے، یعنی دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں ضروری ہیں، صرف عورتوں کی گواہی معتبر نہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک چار عورتوں کی گواہی معتبر ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دو عورتوں کی گواہی بھی معتبر ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ایک کی گواہی بھی معتبر ہے، جبکہ وہ دودھ پلانے والی ہو۔

[۱۲-] بَابُ شَهَادَةِ النِّسَاءِ

وَقَوْلِهِ تَعَالٰی: ﴿فَإِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَأَتَانِ﴾ [البقرة: ۲۸۲]

[۲۶۵۸-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ مَرْيَمَ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِیْ زَيْدٌ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم . " أَلَيْسَ شَهَادَةُ الْمَرْأَةِ مِثْلَ نِصْفِ شَهَادَةِ الرَّجُلِ؟" قُلْنَ: بَلٰی، قَالَ: " فَذٰلِكَ مِنْ نُقْصَانِ عَقْلِهَا" [راجع: ۳۰۴]

بَابُ شَهَادَةِ الإِمَاءِ وَالْعَبِيْدِ

باندیوں اور غلاموں کی گواہی

باندیوں اور غلاموں کی گواہی کے بارے میں حاشیہ میں تین قول لکھے ہیں۔ ایک: مطلقاً ان کی گواہی معتبر ہے، آزاد کی طرح۔ یہ امام احمد اور امام بخاری رحمہما اللہ کی رائے ہے۔ دوم: شئ تافہ (معمولی چیز) میں غلام باندی کی گواہی معتبر ہے۔

سوم: کسی بھی معاملہ میں غلام باندیوں کی گواہی معتبر نہیں، ائمہ: مالک، شافعی اور ابوحنیفہ رحمہم اللہ کی یہی رائے ہے، اس لئے کہ شہادت باب ولایت سے ہے اور غلام باندیوں کو اپنے نفس پر ولایت حاصل نہیں، پس دوسروں پر کیسے ولایت حاصل ہوسکتی ہے؟

اور امام صاحبؒ نے باب میں اپنی رائے ثابت کرنے کے لئے جو دلائل پیش کئے ہیں وہ یہ ہیں:

۱- حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اگر غلام معتبر ہو تو اس کی گواہی جائز ہے۔

۲- قاضی شریح اور زرارۃ بن اوفی کے نزدیک بھی غلاموں کی گواہی جائز ہے۔

۳- ابن سیرین رحمہ اللہ کے نزدیک بھی غلاموں کی گواہی جائز ہے، البتہ غلام کی گواہی اپنے آقا کے حق میں معتبر نہیں۔

۴- حضرت حسن بصری اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہما اللہ معمولی چیز میں غلام کی گواہی کو جائز کہتے ہیں۔

۵- قاضی شریح رحمہ اللہ کہتے ہیں: تم سب اللہ کے بندوں اور بندیوں کی اولاد ہو، یعنی سب انسان برابر ہیں، اس لئے غلام باندیوں کی گواہی معتبر ہے۔

۶- پھر حدیث لائے ہیں جس میں حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے ام یحییٰ سے شادی کی تھی، پھر ایک حبشن نے کہا تھا کہ اس نے دونوں کو دودھ پلایا ہے۔ نبی ﷺ نے اس کی بات کا اعتبار کر کے بیوی کو الگ کرادیا، یہ واقعہ باب شہادت کا نہیں ہے، کیونکہ گواہ قاضی کے سامنے نہیں آیا، اور نبی ﷺ کا بیوی کو علاحدہ کرانا احتیاطاً تھا۔ دَعْ مَا يُرِيبُكَ إلى مالا يُرِيبك کے قبیل سے تھا، پس اس حدیث کا باب سے کچھ تعلق نہیں۔

[۱۳-] بَابُ شَهَادَةِ الإِمَاءِ وَالْعَبِيْدِ

[۱-] وَقَالَ أَنَسٌ: شَهَادَةُ الْعَبْدِ جَائِزَةٌ إِذَا كَانَ عَدْلاً.

[۲-] وَأَجَازَ شُرَيْحٌ وَزُرَارَةُ بْنُ أَوْفٰى.

[۳-] وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: شَهَادَتُهُ جَائِزَةٌ إِلَّا الْعَبْدَ لِسَيِّدِهِ.

[٤-] وَأَجَازَهُ الْحَسَنُ وَإِبْرَاهِيْمُ فِي الشَّيْئِ التَّافِهِ.

[٥-] وَقَالَ شُرَيْحٌ: كُلُّكُمْ بَنُوْ عَبِيْدٍ وَإِمَاءٍ.

[۲۶۵۹-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، ح: وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مَلَيْكَةَ، ثَنِيْ عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ أَوْ: سَمِعْتُهُ مِنْهُ: أَنَّهُ تزوَّجَ أُمَّ يَحْيَى بِنْتَ أَبِيْ إِهَابٍ، قَالَ: فَجَاءَ تْ أَمَةٌ سَوْدَاءُ، فَقَالَتْ: قَدْ أَرْضَعْتُكُمَا، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَعْرَضَ عَنِّي، قَالَ: فَتَنَحَّيْتُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، قَالَ: "وَكَيْفَ وَقَدْ زَعَمَتْ أَنْ قَدْ أَرْضَعَتْكُمَا؟" فَنَهَاهُ عَنْهَا. [راجع: ۸۸]

بَابُ شَهَادَةِ الْمُرْضِعَةِ

دودھ پلانے والی کی گواہی

امام احمد اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک رضاعت میں ایک عورت کی گواہی معتبر ہے، جبکہ وہ دودھ پلانے والی ہو، اور حنفیہ کے نزدیک رضاعت کا معاملہ مالیات کی طرح ہے، یعنی دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں گواہی دیں تب رضاعت ثابت ہوگی، ورع اور احتیاط کی بات الگ ہے، اور حضرت رحمہ اللہ نے باب میں جو حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کی حدیث پیش کی ہے، اس کا رضاعت کی گواہی سے کوئی تعلق نہیں، جیسا کہ بیان کیا گیا۔

[۱۴-] بَابُ شَهَادَةِ الْمُرْضِعَةِ

[۲۶۶۰-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ ابْنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الحَارِثِ، قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً، فَجَاءَ تِ امْرَأَةٌ، فَقَالَتْ إِنِّىْ قَدْ أَرْضَعْتُكُمَا، فَأَتَيْتُ فَذَكَرْتُ لِلنَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "كَيْفَ وَقَدْ قِيْلَ؟ دَعْهَا عَنْكَ" أَوْ: نَحْوَهُ. [راجع: ۸۸]

بَابُ تَعْدِيْلِ النِّسَاءِ بَعْضِهِنَّ بَعْضًا

عورتوں کا عورتوں کی تعدیل کرنا

عورتوں کا تزکیہ معتبر ہے، خاص طور پر جب عورتیں عورتوں کا تزکیہ کریں تو بدرجۂ اولیٰ معتبر ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت والے واقعہ میں حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عائشہؓ کا تزکیہ کیا ہے، اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے بھی ان کا تزکیہ کیا ہے، جبکہ وہی حسن میں مقابلہ کرتی تھیں، تاہم انھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حق میں کلمۂ خیر کہا ہے، پس دو عورتوں نے تزکیہ کیا۔

افک کا واقعہ

غزوۂ خندق کے بعد غزوۂ مُرَیْسِیع یا غزوۂ بنی المصطلق پیش آیا۔ نبی ﷺ کا دستور تھا کہ جب آپؐ سفر میں نکلتے تو ازواج مطہرات میں قرعہ اندازی کرتے، جس کا نام نکلتا اس کو ساتھ لے جاتے۔ اس غزوہ میں حضرت عائشہؓ کا نام نکلا چنانچہ وہ ساتھ گئیں۔ غزوہ سے واپسی میں ایک جگہ لشکر نے پڑاؤ کیا۔ جب روانگی کا اعلان ہوا تو حضرت عائشہؓ قضائے حاجت کے لئے گئیں، اور اپنی بہن کا ہار جسے عاریۃً ساتھ لے گئی تھیں کھو بیٹھیں۔ احساس ہوتے ہی اس جگہ واپس گئیں۔

اسی دوران ہودج اٹھانے والے آئے اور انھوں نے ہودج اونٹ پر باندھ کر اس کو قطار میں روانہ کردیا۔ انھوں نے خیال کیا کہ حضرت عائشہ اندر ہیں۔ وہ ہودج کے ہلکے پن پر اس لئے نہیں چونکے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نو عمر اور ہلکے بدن کی تھیں۔ نیز ہودج کئی آدمی مل کر اٹھاتے تھے اس لئے بھی ہلکے پن کا احساس نہ ہوا ـــــ جب حضرت عائشہؓ ہار ڈھونڈ کر جائے قیام پر پہنچیں تو قافلہ روانہ ہوچکا تھا اور وہاں ہو کا عالم تھا۔ وہ اس خیال سے وہیں رُک گئیں کہ جب لوگ ان کو نہیں پائیں گے تو تلاش کرتے ہوئے یہیں آئیں گے۔ وہاں بیٹھے بیٹھے ان کی آنکھ لگ گئی ـــــ دوسری طرف قدرت نے یہ سامان کیا کہ حضرت صفوان بن معطّل رضی اللہ عنہ قافلہ کے پیچھے رہنے پر مقرر کئے گئے تھے تاکہ گری پڑی چیز اٹھاتے آئیں۔ جب صبح کے وقت اس جگہ پہنچے، ابھی روشنی پوری نہیں ہوئی تھی، انھوں نے دور سے دیکھا کہ کوئی سو رہا ہے۔ قریب پہنچے تو حضرت صدیقہؓ کو دیکھ کر پہچان لیا، کیونکہ انھوں نے پردے کے احکام نازل ہونے سے پہلے ان کو دیکھا تھا۔ انھوں نے زور سے کہا: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ! آواز سن کر حضرت عائشہؓ بیدار ہوگئیں اور خود کو سنبھال لیا اور چہرہ ڈھانپ لیا۔ حضرت صفوانؓ نے اپنا اونٹ قریب لاکر بٹھایا اور اونٹ کے پیر پر پیر رکھ کر کھڑے ہوگئے، حضرت عائشہ اس پر سوار ہوگئیں، حضرت صفوانؓ نے ان سے کچھ نہ پوچھا، چپ چاپ اونٹ کی نکیل پکڑ کر چلتے رہے اور ٹھیک دوپہر کے وقت جبکہ لشکر پڑاؤ ڈال چکا تھا قافلہ سے جاملے۔

اس واقعہ سے رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی کو ایک بات ہاتھ لگ گئی، وہ اس سے پہلے اسی غزوہ میں وہ دو باتیں کہہ چکا تھا جو سورۃ المنافقین (آیات ۷و۸) میں آئی ہیں: ایک یہ کہ مہاجرین کا تعاون بند کردیا جائے۔ دوم: یہ کہ مدینہ سے ذلیل لوگوں کو نکال دیا جائے۔ اس اللہ کے دشمن کو بھڑاس نکالنے کا ایک اور موقع مل گیا اور اس نے واہی تباہی بکنا شروع کیا۔ مدینہ پہنچ کر وہ مجلس جماتا اور یہ موضوع چھیڑ دیتا۔ خود خاموش رہتا اور دوسروں سے تہمت کے خاکے میں رنگ بھرواتا، اور اس کو پھیلاتا بڑھاتا۔ اس کی اس پروپیگنڈہ مہم میں دو مخلص مرد اور ایک مخلص عورت بھی حصہ دار بن گئے: ایک: حضرت حسّان رضی اللہ عنہ جو نبی ﷺ کے شاعر تھے اور ہمیشہ آپؐ کی اور اسلام کی طرف سے مدافعت کرتے تھے۔ دوم: حضرت مِسْطَح رضی اللہ عنہ جو بدری صحابی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خالہ زاد بہن کے لڑکے تھے۔ اور نادار تھے اس لئے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کی کفالت کرتے تھے۔ سوم: حضرت حَمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا جو نبی ﷺ کی سالی، حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی بہن اور حضرت طلحہ بن عبید اللہ کی بیوی تھیں۔ ان لوگوں نے اس تہمت کا جم کر پروپیگنڈہ کیا۔

اُدھر حضرت عائشہؓ کا حال یہ تھا کہ وہ غزوہ سے واپس آتے ہی بیمار پڑ گئیں اور ایک مہینہ تک مسلسل بیمار رہیں۔ انہیں اس تہمت کے بارے میں کچھ معلوم نہ تھا۔ البتہ انہیں یہ بات کھٹکتی تھی کہ بیماری کے زمانہ میں نبی ﷺ کی طرف سے جو ملاطفت وعنایت ہوا کرتی تھی وہ اب نظر نہیں آرہی تھی۔ بیماری سے اٹھنے کے بعد وہ ایک رات مسطحؓ کی ماں کے ساتھ قضائے حاجت کے لئے جنگل کی طرف گئیں۔ اتفاق سے ام مسطح نے اپنی چادر میں الجھ کر ٹھوکر کھائی، اور ان کے منہ سے بے ساختہ

نکلا: ''مسطح تباہ ہو!'' حضرت عائشہؓ نے ان کو ٹوکا کہ آپ ایک بدری صحابی کو کوس رہی ہیں! وہ کہنے لگیں: ''اری ناداں! کیا تو نے اس کی باتیں نہیں سنیں؟'' حضرت عائشہؓ نے پوچھا: ''اس کی باتیں کیا ہیں؟'' مسطح کی ماں نے تہمت کا واقعہ سنایا۔ بس سنتے ہی ان کا مرض بڑھ گیا۔ گھر لوٹ کر انھوں نے خبر کا ٹھیک ٹھیک پتہ لگانے کے لئے رسول اللہ ﷺ سے والدین کے گھر جانے کی اجازت چاہی، آپؐ نے اجازت دیدی۔ میکے جا کر والدہ صاحبہ سے پوچھا: ''امی! لوگ کیا باتیں کرتے ہیں؟'' والدہ نے کہا: ''بیٹی! زیادہ اثر قبول نہ کرو، بخدا! ایسا شاذ و نادر ہی ہوتا ہے کہ کوئی خوبصورت عورت کسی شوہر کی محبوبہ ہو اور اس کی سوکنیں ہوں مگر ایسی باتیں بکثرت پیش آتی ہیں'' جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو صورتِ حال کا یقینی طور پر علم ہو گیا تو وہ بے اختیار رونے لگیں اور پھر دو راتیں اور ایک دن روتے روتے گذار دیں۔ اس درمیان نہ نیند کا سرمہ لگایا نہ آنسوؤں کی جھڑی رکی، ان کے والدین کو اندیشہ لاحق ہو گیا کہ روتے روتے کلیجہ پھٹ جائے گا!

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے میکے جانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے گھر کے لوگوں سے تحقیق شروع کی، سب سے پہلے حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے پوچھا جن کی بہن اس طوفان میں شریک تھیں کہ ''تم عائشہ کے بارے میں کیا جانتی ہو؟'' انھوں نے کہا: ''یارسول اللہ! خدا کی قسم! میں ان کے بارے میں بھلائی کے سوا کچھ نہیں جانتی'' پھر آپؐ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا۔ انھوں نے کہا: ''یارسول اللہ! آپؐ اپنی اہلیہ کو زوجیت میں برقرار رکھیں، ہم خیر کے سوا کوئی بات نہیں جانتے'' پھر آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: انھوں نے کہا: ''یارسول اللہ! اللہ نے آپؐ پر کچھ تنگی نہیں کی، اور عورتیں ان کے علاوہ بہت ہیں، اور آپؐ خادمہ سے دریافت کریں وہ صحیح بات بتادے گی'' آخر میں آپؐ نے خادمہ حضرت بریرۃ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: ''اے بریرۃ! کیا تم نے کوئی شبہ کی بات دیکھی ہے؟'' اس نے کہا: ''اس خدا کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں نے ان میں کوئی ایسی بات نہیں دیکھی جس پر شبہ کیا جائے البتہ یہ بات ہے کہ نوعمر لڑکی ہیں آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آ کر کھا جاتی ہے!''

تحقیق حال سے جب حضرت عائشہؓ کی بے گناہی روز روشن کی طرح واضح ہو گئی تو آپؐ نے تقریر فرمائی۔ ارشاد فرمایا: ''مسلمانو! کون ہے جو مجھے اس شخص کے حملوں سے بچائے جس نے میرے گھر والوں پر تہمت لگا کر مجھے اذیت پہنچائی ہے؟ بخدا! میں نے نہ تو اپنی بیوی میں کوئی برائی دیکھی نہ اس شخص میں جس کے تعلق سے تہمت لگائی گئی ہے، وہ شخص میری غیر موجودگی میں کبھی میرے گھر میں نہیں آیا'' —— اس پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: ''یارسول اللہ! اگر وہ ہمارے قبیلہ کا ہے تو ہم اس کی گردن ماردیں گے، اور اگر ہمارے بھائی خزرجیوں میں سے ہے تو آپؐ ہمیں حکم دیں ہم اس کی تعمیل کریں گے'' —— یہ سن کر رئیسِ خزرج حضرت سعد بن عبادہؓ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: ''بخدا! تم اسے قتل نہیں کر سکتے'' اس پر حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ جو حضرت سعد کے چچازاد بھائی تھے کھڑے ہوئے اور کہا: ''بخدا! تم جھوٹ کہتے ہو، ہم ضرور اس کو قتل کریں گے، اور تم منافق ہو، منافقوں کی حمایت کرتے ہو!'' اس پر مسجد نبوی میں ہنگامہ ہو گیا اور

اوس وخزرج قریب تھے کہ دست وگریباں ہوجائیں۔ نبی ﷺ نے مشکل سے حالات پر قابو پایا اور منبر سے اتر آئے۔

اُدھر حضرت عائشہ کو ان کے والدین تسلی دے رہے تھے۔ اسی حالت میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ کلمۂ شہادت پر مشتمل خطبہ پڑھا اور فرمایا: ''عائشہ! مجھے تمہارے بارے میں ایسی اور ایسی باتیں پہنچی ہیں۔ اگر تم اس سے بری ہو تو اللہ تعالیٰ عنقریب تمہاری براءت ظاہر فرمادیں گے۔ اور اگر خدانخواستہ تم سے کوئی گناہ سرزد ہوگیا ہے تو توبہ کرو اور اللہ سے مغفرت چاہو، کیونکہ بندہ جب اپنے گناہ کا اقرار کرکے اللہ کے حضور توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمالیتے ہیں''

یہ بات سنتے ہی حضرت عائشہؓ کے آنسو تھم گئے، اب انہیں آنسو کا ایک قطرہ بھی محسوس نہیں ہو رہا تھا۔ انھوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: ''ابا! آپ رسول اللہ ﷺ کو جواب دیں'' انھوں نے کہا: ''بیٹی! میری سمجھ میں نہیں آرہا کہ کیا جواب دوں!'' یہی بات انھوں نے اپنی امی ام رومان سے کہی، انھوں نے بھی یہی جواب دیا، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے خود ہی کہا: ''واللہ! میں جانتی ہوں کہ یہ باتیں سنتے سنتے آپ لوگوں کے دلوں میں اچھی طرح بیٹھ گئی ہیں، اور آپ لوگوں نے ان کا یقین کرلیا ہے، اب اگر میں کہوں کہ میں بری ہوں، اور اللہ جانتا ہے کہ میں بری ہوں، تو آپ لوگ میری بات سچ نہ سمجھیں گے۔ اور اگر میں جرم کا اعتراف کرلوں، حالانکہ اللہ خوب جانتے ہیں کہ میں اس سے بری ہوں، تو آپ لوگ صحیح مان لیں گے، ایسی صورت میں میرے لئے اور آپ لوگوں کے لئے وہی مَثَل (مضمون) ہے جو یوسف علیہ السلام کے والد نے کہی ہے: ﴿فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ! وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ﴾ یعنی صبر بہتر ہے! اور اللہ تعالیٰ ہی مدد خواستہ ہیں اس بات پر جو تم بیان کرتے ہو! ——— یہ کہہ کر حضرت عائشہؓ بستر پر جا پڑیں اور منہ دوسری طرف کرلیا۔ اسی وقت رسول اللہ ﷺ پر نزولِ وحی کے آثار شروع ہوئے۔ جب آپؐ پر وحی نازل ہوتی تھی تو ناقابل بیان بوجھ پڑتا تھا اور سخت سردی کے زمانہ میں آپؐ کی پیشانی سے موتیوں کی طرح پسینہ ٹپکنے لگتا تھا۔ جب یہ کیفیت دور ہوئی تو آپؐ مسکرا رہے تھے، اور آپؐ نے پہلی بات یہ فرمائی کہ: ''عائشہ! خوش ہوجاؤ، اللہ نے تمہیں بری کردیا!'' ان کی والدہ نے کہا: ''بیٹی! اٹھو اور رسول اللہ ﷺ کا شکریہ ادا کرو!'' انھوں نے ناز سے کہا: ''میں کسی کا شکریہ ادا نہیں کرتی، میں صرف اپنے اللہ کا احسان مانتی ہوں!''

حَدِيْثُ الإِفْكِ

[١٥-] بَابُ تَعْدِيْلِ النِّسَاءِ بَعْضِهِنَّ بَعْضًا

[٢٦٦١-] حدثنا أَبُوْ الرَّبِيْعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ- وَأَفْهَمَنِىْ بَعْضَهُ أَحْمَدُ - ثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سَلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَا قَالُوْا، فَبَرَّأَهَا اللّٰهُ مِنْهُ.

قَالَ الزُّهْرِیُّ: وَكُلُّهُمْ حَدَّثَنِیْ طَائِفَةً مِنْ حَدِیْثِهَا، وَبَعْضُهُمْ أَوْعَی مِنْ بَعْضٍ، وَأَثْبَتُ لَهُ اقْتِصَاصًا، وَقَدْ وَعَیْتُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمُ الْحَدِیْثَ الَّذِیْ حَدَّثَنِیْ عَنْ عَائِشَةَ، وَبَعْضُ حَدِیْثِهِمْ یُصَدِّقُ بَعْضًا.

زَعَمُوْا أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا أَرَادَ أَنْ یَخْرُجَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَیْنَ أَزْوَاجِهِ، فَأَیَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهُ، فَأَقْرَعَ بَیْنَنَا فِیْ غَزَاةٍ غَزَاهَا فَخَرَجَ سَهْمِیْ، فَخَرَجْتُ مَعَهُ بَعْدَ مَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَأَنَا أُحْمَلُ فِی هَوْدَجٍ وَأُنْزَلُ فِیْهِ، فَسِرْنَا حَتَّی إِذَا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ غَزْوَتِهِ تِلْكَ وَقَفَلَ وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِیْنَةِ، آذَنَ لَیْلَةً بِالرَّحِیْلِ. فَقُمْتُ حِیْنَ آذَنُوْا بِالرَّحِیْلِ فَمَشَیْتُ حَتَّی جَاوَزْتُ الجَیْشَ، فَلَمَّا قَضَیْتُ شَأْنِیْ أَقْبَلْتُ إِلٰی الرَّحْلِ، فَلَمَسْتُ صَدْرِیْ، فَإِذَا عِقْدٌ لِیْ مِنْ جَزْعِ أَظْفَارٍ قَدِ انْقَطَعَ، فَرَجَعْتُ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِیْ فَحَبَسَنِی ابْتِغَاؤُهُ. فَأَقْبَلَ الَّذِیْنَ یَرْحَلُوْنَ لِیْ، فَاحْتَمَلُوْا هَوْدَجِیْ، فَرَحَلُوْهُ عَلٰی بَعِیْرِیْ الَّذِیْ كُنْتُ أَرْكَبُ، وَهُمْ یَحْسِبُوْنَ أَنِّیْ فِیْهِ، وَكَانَ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ یَثْقُلْنَ، وَلَمْ یَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ، وَإِنَّمَا یَأْكُلْنَ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ، فَلَمْ یَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ حِیْنَ رَفَعُوْهُ ثِقْلَ الْهَوْدَجِ فَاحْتَمَلُوْهُ، وَكُنْتُ جَارِیَةً حَدِیْثَةَ السِّنِّ، فَبَعَثُوْا الْجَمَلَ وَسَارُوْا فَوَجَدْتُ عِقْدِیْ بَعْدَمَا اسْتَمَرَّ الْجَیْشُ فَجِئْتُ مَنْزِلَهُمْ وَلَیْسَ فِیْهِ أَحَدٌ، فَأَمَّمْتُ مَنْزِلِیْ الَّذِیْ كُنْتُ فِیْهِ فَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَیَفْقِدُوْنِّیْ فَیَرْجِعُوْنَ إِلَیَّ.

فَبَیْنَا أَنَا جَالِسَةٌ غَلَبَتْنِیْ عَیْنَایَ فَنِمْتُ، وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِیُّ، ثُمَّ الذَّكْوَانِیُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَیْشِ، فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِیْ، فَرَأَی سَوَادَ إِنْسَانٍ نَائِمٍ فَأَتَانِیْ، وَكَانَ یَرَانِیْ قَبْلَ الْحِجَابِ، فَاسْتَیْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِیْنَ أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ فَوَطِئَ یَدَهَا فَرَكِبْتُهَا، فَانْطَلَقَ یَقُوْدُ بِیْ الرَّاحِلَةَ حَتَّی أَتَیْنَا الْجَیْشَ بَعْدَ مَا نَزَلُوْا مُعَرِّسِیْنَ فِی نَحْرِ الظَّهِیْرَةِ.

فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ، وَكَانَ الَّذِیْ تَوَلَّی الإِفْكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَیِّ ابْنُ سَلُوْلٍ، فَقَدِمْنَا الْمَدِیْنَةَ فَاشْتَكَیْتُ بِهَا شَهْرًا، وَالنَّاسُ یُفِیْضُوْنَ مِنْ قَوْلِ أَصْحَابِ الإِفْكِ، وَیَرِیْبُنِیْ فِیْ وَجَعِیْ أَنِّیْ لاَ أَرَی مِنَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم اللُّطْفَ الَّذِیْ كُنْتُ أَرَی مِنْهُ حِیْنَ أَمْرَضُ، إِنَّمَا یَدْخُلُ فَیُسَلِّمُ، ثُمَّ یَقُوْلُ: "كَیْفَ تِیْكُمْ؟" لاَ أَشْعُرُ بِشَیْئٍ مِنْ ذٰلِكَ حَتَّی نَقَهْتُ، فَخَرَجْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ مُتَبَرَّزُنَا، لاَ نَخْرُجُ إِلاَّ لَیْلاً إِلٰی لَیْلٍ، وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ تُتَّخَذَ الْكُنُفَ قَرِیْبًا مِنْ بُیُوْتِنَا، وَأَمْرُنَا أَمْرُ الْعَرَبِ الأُوَلِ فِی الْبَرِّیَّةِ أَوْ: فِی التَّنَزُّهِ، فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ بِنْتُ أَبِیْ رُهْمٍ نَمْشِیْ فَعَثَرَتْ فِیْ مِرْطِهَا فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ أَتَسُبِّیْنَ رَجُلاً شَهِدَ بَدْرًا؟ فَقَالَتْ: یَا هَنْتَاهُ! أَلَمْ تَسْمَعِیْ مَاقَالُوْا؟ فَأَخْبَرَتْنِیْ بِقَوْلِ أَهْلِ الإِفْكِ فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلٰی مَرَضِیْ.

فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلٰى بَيْتِى، دَخَلَ عَلَىَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "كَيْفَ تِيكُمْ؟" فَقُلْتُ: ائْذَنْ لِىْ آتِ أَبَوَىَّ، قَالَتْ: وَأَنَا حِيْنَئِذٍ أُرِيْدُ أَنْ أَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا. فَأَذِنَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَتَيْتُ أَبَوَىَّ، فَقُلْتُ لِأُمِّىْ: مَا يَتَحَدَّثُ بِهِ النَّاسُ؟ فَقَالَتْ: يَا بُنَيَّةُ! هَوِّنِىْ عَلٰى نَفْسِكِ الشَّأْنَ، فَوَ اللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ قَطُّ وَضِيْئَةً عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا وَلَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا أَكْثَرْنَ عَلَيْهَا، فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! وَلَقَدْ تَحَدَّثُ النَّاس بِهٰذَا؟ قَالَتْ: فَبِتُّ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتَّى أَصْبَحْتُ، لَا يَرْقَأُ لِىْ دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ.

ثُمَّ أَصْبَحْتُ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلِيَّ بْنَ أَبِىْ طَالِبٍ وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حِيْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْىُ يَسْتَشِيْرُهُمَا فِى فِرَاقِ أَهْلِهِ، فَأَمَّا أُسَامَةُ فَأَشَارَ عَلَيْهِ بِالَّذِىْ يَعْلَمُ فِىْ نَفْسِهِ مِنَ الْوُدِّ لَهُمْ، قَالَ أُسَامَةُ: أَهْلُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَلَا نَعْلَمُ وَاللّٰهِ إِلَّا خَيْرًا، وَأَمَّا عَلِيُّ بْنُ أَبِىْ طَالِبٍ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيْرٌ، وَسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ. فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَرِيْرَةَ فَقَالَ: "يا بَرِيْرَةُ! هَلْ رَأَيْتِ فِيْهَا شَيْئًا يَرِيْبُكِ؟" فَقَالَتْ بَرِيْرَةُ: لَا، وَالَّذِىْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! إِنْ رَأَيْتُ فِيْهَا أَمْرًا أَغْمِصُهُ عَلَيْهَا أَكْثَرَ مِنْ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنِ الْعَجِيْنِ فَتَأْتِى الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ.

فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ يَوْمِهِ، فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَعْذُرُنِىْ مِنْ رَجُلٍ بَلَغَنِىْ أَذَاهُ فِىْ أَهْلِىْ؟ فَوَ اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلٰى أَهْلِى إِلَّا خَيْرًا، وَقَدْ ذَكَرُوْا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا، وَمَا كَانَ يَدْخُلُ عَلٰى أَهْلِى إِلَّا مَعِىْ"

فَقَامَ سَعْدٌ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ أَعْذُرُكَ مِنْهُ، إِنْ كَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْنَا عُنُقَهُ، وَإِنْ كَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ أَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا فِيْهِ أَمْرَكَ، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ، وَكَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ رَجُلًا صَالِحًا، وَكَانَ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ، فَقَالَ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ لَا تَقْتُلُهُ وَلَا تَقْدِرُ عَلٰى ذٰلِكَ. فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ الْحُضَيْرِ، فَقَالَ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهُ، فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِيْنَ، فَثَارَ الْحَيَّانِ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتَّى هَمُّوْا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمِنْبَرِ، فَنَزَلَ فَخَفَّضَهُمْ حَتَّى سَكَتُوْا وَسَكَتَ.

وَبَكَيْتُ يَوْمِىْ لَا يَرْقَأُ لِىْ دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، فَأَصْبَحَ عِنْدِىْ أَبَوَاىَ وَقَدْ بَكَيْتُ لَيْلَتِى وَيَوْمًا حَتَّى أَظُنُّ أَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِىْ. قَالَتْ: فَبَيْنَاهُمَا جَالِسَانِ عِنْدِىْ وَأَنَا أَبْكِىْ إِذْ اسْتَأْذَنَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَذِنْتُ لَهَا فَجَلَسَتْ تَبْكِىْ مَعِىْ، فَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ إِذْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَجَلَسَ

وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِىْ مِنْ يَوْمِ قِيْلَ لِى مَا قِيْلَ قَبْلَهَا، وَقَدْ مَكَثَ شَهْرًا لاَ يُوْحَى إِلَيْهِ فِى شَأْنِىْ شَيْئٌ. قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ:" يَا عَائِشَةُ! فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِىْ عَنْكِ كَذَا وَكَذَا، فَإِنْ كُنْتِ بَرِيْئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ، وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِىْ اللّٰهَ وَتُوْبِىْ إِلَيْهِ، فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ بِذَنْبِهِ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ"

فَلَمَّا قَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَقَالَتَهُ قَلَصَ دَمْعِىْ حَتَّى مَا أَحِسُّ مِنْهُ قَطْرَةً. وَقُلْتُ لِأَبِىْ: أَجِبْ عَنِّىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِىْ مَا أَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ لِأُمِّىْ: أَجِيْبِى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْمَا قَالَ. قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِىْ مَا أَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: وَأَنَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ، لاَ أَقْرَأُ كَثِيْرًا مِنَ الْقُرْآنِ، فَقُلْتُ: إِنِّىْ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّكُمْ سَمِعْتُمْ مَا يَتَحَدَّثُ بِهِ النَّاسُ، وَوَقَرَ فِىْ أَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهِ، وَلَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّى بَرِيْئَةٌ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّىْ لَبَرِيْئَةٌ، لاَ تُصَدِّقُوْنِّى بِذٰلِكَ، وَلَئِنْ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّى بَرِيْئَةٌ لَتُصَدِّقُنِّى، وَاللّٰهِ مَا أَجِدُ لِىْ وَلَكُمْ مَثَلاً إِلاَّ أَبَا يُوْسُفَ إِذْ قَالَ:﴿ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ﴾[يوسف: ١٨] ثُمَّ تَحَوَّلْتُ عَلٰى فِرَاشِىْ وَأَنَا أَرْجُوْ أَنْ يُبَرِّئَنِى اللّٰهُ، وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ مَا ظَنَنْتُ أَنْ يُنْزِلَ فِى شَأْنِى وَحْىٌ، وَلَأَنَا أَحْقَرُ فِىْ نَفْسِىْ مِنْ أَنْ يُتَكَلَّمَ بِالْقُرْآنِ فِى أَمْرِىْ. ولٰكِنِّى كُنْتُ أَرْجُوْ أَنْ يَرَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِى النَّوْمِ رُؤْيًا تُبْرِءُ نِىْ.

فَوَ اللّٰهِ مَا رَامَ مَجْلِسَهُ وَلاَ خَرَجَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ حَتَّى أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْىُ فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ، حَتَّى إِنَّهُ لَيَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ فِىْ يَوْمٍ شَاتٍ، فَلَمَّا سُرِّىَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَضْحَكُ فَكَانَ أَوَّلَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا أَنْ قَالَ لِىْ:" يَا عَائِشَةُ، احْمَدِىْ اللّٰهَ فَقَدْ بَرَّأَكِ اللّٰهُ" قَالَتْ لِىْ أُمِّىْ: قُوْمِىْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: لاَ وَاللّٰهِ! لاَ أَقُوْمُ إِلَيْهِ وَلاَ أَحْمَدُ إِلاَّ اللّٰهَ.

فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ:﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ جَاؤُوْا بِالإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ﴾ الآيَاتِ، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذَا فِىْ بَرَاءَ تِىْ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ، وَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحِ بْنِ أُثَاثَةَ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ: وَاللّٰهِ لاَ أُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحٍ شَيْئًا أَبَدًا بَعْدَ مَا قَالَ لِعَائِشَةَ. فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿وَلاَ يَأْتَلِ أُوْلُوْا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوْا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: بَلٰى وَاللّٰهِ! إِنِّىْ لَأُحِبُّ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِىْ، فَرَجَعَ إِلٰى مَسْطَحِ الَّذِى كَانَ يُجْرِىْ عَلَيْهِ.

وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِىْ، فَقَالَ:" يَا زَيْنَبُ! مَا عَلِمْتِ؟ مَا رَأَيْتِ؟" فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَحْمِىْ سَمْعِىْ وَبَصَرِىْ، وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا إِلاَّ خَيْرًا.

قَالَتْ: وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي، فَعَصَمَهَا اللهُ بِالْوَرَعِ.

حدثنا أَبُو الرَّبِيْعِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ وَعَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ مِثْلَهُ.

قَالَ: وَحَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ مِثْلَهُ.[راجع: ۲۵۹۳]

بَابٌ: إِذَا زَكَّى رَجُلٌ رَجُلًا كَفَاهُ

ایک آدمی کا تزکیہ کافی ہے

تزکیہ شہادت نہیں، جو دو کا عدد ضروری ہو، تزکیہ خبر ہے اور اخبار میں ایک کی خبر بھی کافی ہے۔

معلق حدیث: ابو جمیلہ ایک تابعی ہیں، وہ کہتے ہیں: مجھے ایک پڑا ہوا بچہ ملا، میں لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، اور بتایا کہ یہ بچہ مجھے فلاں جگہ پڑا ہوا ملا ہے، میں نے اس کو پرورش کرنے کے لئے اٹھایا ہے، پس حکومت سے اس کا وظیفہ مقرر کردیں تاکہ میں اس کی پرورش کرسکوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: عَسَى الْغُوَيْرُ أَبْؤُسًا: ہوسکتا ہے چھوٹی غار مصیبت ہو، الغُوَیْر: الغار کی تصغیر ہے، اور أَبْؤُسًا: بُؤْسًا کی جمع ہے، جس کے معنی شدت اور سختی کے ہیں، اور یہ محاورہ ایسی جگہ استعمال کیا جاتا ہے جس کا ظاہر سلامتی ہو اور اس میں ہلاکت کا اندیشہ ہو، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو متہم گردانا کہ اپنا ہی بچہ لے کر آیا ہے اور اس کو دوسرے کا بتا رہا ہے۔ اس طرح چار سوبیسی کر کے حکومت سے وظیفہ جاری کرانا چاہتا ہے۔ ابو جمیلہ جس قبیلہ کے تھے اس کا ایک چودھری تھا اس نے آکر گواہی دی کہ یہ شخص چار سو بیس نہیں ہے، نیک آدمی ہے، یہ ایک شخص کا تزکیہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو قبول کیا اور فرمایا: ایسا ہے، جاؤ، پرورش کرو اور ہمارے ذمہ اس کا خرچہ ہے۔

حدیث: ایک آدمی نے دوسرے آدمی کی نبی ﷺ کے سامنے تعریف کی، آپؐ نے فرمایا: تیرا ناس ہو! تو نے اپنے بھائی کی گردن ماردی (یہ بات بار بار فرمائی) پھر فرمایا: جسے لامحالہ اپنے بھائی کی تعریف کرنی ہو تو وہ کہے: میں فلاں کو ایسا سمجھتا ہوں، اور اللہ تعالیٰ حقیقت حال بہتر جانتے ہیں، اور میں اللہ کے علم کے سامنے کسی کا تزکیہ نہیں کرتا، میں اس کو ایسا گمان کرتا ہوں۔ اور وہ ایسی بات بھی اس وقت کہے جب وہ اس میں خوبی جانتا ہو (اس حدیث میں تزکیہ کا طریقہ سکھلایا ہے کہ تعریف میں پل نہ باندھے، تعریف کرنے کا انداز وہ ہونا چاہئے جو حدیث میں ہے، کیونکہ منہ پر تعریف کرنا بہت برا اثر چھوڑتا ہے، وہ پھول کر کُپا ہوجاتا ہے، اور اپنے آپ کو معلوم نہیں کیا سمجھنے لگتا ہے، اس لئے تعریف میں غلو نہیں کرنا چاہئے)

[١٦-] بَابٌ: إِذَا زَكَّى رَجُلٌ رَجُلًا كَفَاهُ

وَقَالَ أَبُوْ جَمِيْلَةَ: وَجَدْتُ مَنْبُوْذًا، فَلَمَّا رَآنِيْ عُمَرُ، قَالَ: عَسَى الْغُوَيْرُ أَبْؤُسًا! كَأَنَّهُ يَتَّهِمُنِيْ، قَالَ عَرِيْفِيْ: إِنَّهُ رَجُلٌ صَالِحٌ، قَالَ: كَذَاكَ، اذْهَبْ وَعَلَيْنَا نَفَقَتُهُ.

[٢٦٦٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَثْنٰى رَجُلٌ عَلٰى رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "وَيْلَكَ! قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ! قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ!" مِرَارًا، ثُمَّ قَالَ: "مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَادِحًا أَخَاهُ لَا مَحَالَةَ فَلْيَقُلْ: أَحْسِبُ فُلَانًا، وَاللّٰهُ حَسِيْبُهُ! وَلَا أُزَكِّيْ عَلَى اللّٰهِ أَحَدًا، أَحْسِبُهُ كَذَا وَكَذَا، إِنْ كَانَ يَعْلَمُ ذٰلِكَ مِنْهُ"

[انظر: ٦٠٦١، ٦١٦٢]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الإِطْنَابِ فِي الْمَدْحِ، وَلْيَقُلْ مَا يَعْلَمُ

تعریف میں مبالغہ کرنا مکروہ ہے، اور چاہئے کہ وہ بات کہے جو جانتا ہے

یہ گذشتہ باب کا ردیف باب ہے، تعریف میں آسمان وزمین کے قلابے نہیں ملانے چاہئیں، مبالغہ نہیں کرنا چاہئے، اعتدال سے کام لینا چاہئے، جو حد سے زیادہ تعریف کرتا ہے اس میں جھوٹ ضرور شامل ہوجاتا ہے۔ اور حدیث وہی ہے جو گذشتہ باب میں ہے، اور اطناب کے معنی اطراء اور مبالغہ کرنے کے ہیں۔

[١٧-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الإِطْنَابِ فِي الْمَدْحِ، وَلْيَقُلْ مَا يَعْلَمُ

[٢٦٦٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى: سَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلًا يُثْنِيْ عَلٰى رَجُلٍ، وَيُطْرِيْهِ فِيْ مَدْحِهِ فَقَالَ: "أَهْلَكْتُمْ! أَوْ: قَطَعْتُمْ ظَهْرَ الرَّجُلِ!" [انظر: ٦٠٦٠]

بَابُ بُلُوْغِ الصِّبْيَانِ وَشَهَادَتِهِمْ

بچوں کا بالغ ہونا اور ان کی گواہی

بچوں کی گواہی معتبر نہیں، بچے غیر مکلّف ہیں۔ بالغ ہی کی شہادت معتبر ہے، سورۃ النور آیت ۵۹ میں ہے: "اور جس وقت تمہارے لڑکے حد بلوغ کو پہنچیں تو ان کو بھی اسی طرح اجازت لینی چاہئے جس طرح ان سے اگلے اجازت لیتے ہیں"

اس آیت سے ثابت ہوا کہ بلوغ پر احکام بدل جاتے ہیں، نابالغوں کے لئے تین اوقات کے علاوہ استیذان ضروری نہیں تھا، پھر جب وہ بالغ ہوگئے تو استیذان ضروری ہوا، کیونکہ اب وہ مکلّف ہوگئے، اس لئے اب وہ گواہی بھی دے سکتے ہیں۔

دوسرا مسئلہ اس باب میں یہ ہے کہ بچہ کس عمر میں بالغ ہوتا ہے؟ جاننا چاہئے کہ لڑکی نو سال سے پہلے بالغ نہیں ہوسکتی، اور لڑکا بارہ سال سے پہلے بالغ نہیں ہوسکتا، اس عمر کے بعد جب بھی بلوغ کی علامت پائی جائے وہ بالغ ہوجائیں گے اور کوئی علامت نہ پائی جائے تو قمری حساب سے پندرہ سال مکمل ہونے پر بالغ قرار دیئے جائیں گے۔

لڑکے میں بلوغ کی علامت احتلام ہے، مغیرہ بن مِقسم ضّبی کوفی فقیہ اعمی کہتے ہیں: مجھے بارہ سال میں احتلام ہوا، اور لڑکیوں میں بلوغ کی علامت حیض ہے، سورۃ الطلاق آیت ۴ میں ہے: ''تمہاری مطلقہ بیویوں میں سے جو عورتیں حیض سے مایوس ہوچکی ہیں اگر تم کو ان کی عدت کی تعیین میں شبہ ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے، اور اسی طرح جن عورتوں کو حیض نہیں آیا یعنی نابالغہ ہیں ان کو طلاق ہو تو بھی عدت تین مہینے ہے اور حاملہ عورتوں کی عدت اس کے حمل کا پیدا ہوجانا ہے (خواہ حمل کامل ہو یا ناقص، بشرطیکہ کوئی عضو بن گیا ہو، گو ایک ہی انگلی بنی ہو) اس آیت میں نابالغ لڑکی کے لئے فرمایا کہ جس کو ابھی حیض نہیں آیا، معلوم ہوا کہ لڑکی میں حیض بلوغ کی علامت ہے۔

ایک واقعہ: حسن بن صالح کہتے ہیں: میری ایک پڑوسن تھی جو اکیس سال میں نانی بن گئی، اس طرح کہ نو سال میں بالغ ہوئی، فوراً شادی ہوئی، پھر ایک سال میں لڑکی پیدا ہوئی، وہ بھی نو سال میں بالغ ہوئی اور فوراً شادی ہوئی، اور ایک سال میں اولاد ہوئی، تو اکیس سال کی عمر میں نانی بن گئی۔

بلکہ عقلاً انیس سال میں نانی بن سکتی ہے، نو سال میں بالغ ہوئی، فوراً شادی ہوئی، اقل مدت حمل چھ ماہ میں بچی پیدا ہوئی، وہ بھی نو سال میں بالغ ہوئی اور فوراً شادی ہوئی اور اقل مدت حمل میں اولاد ہوئی، تو انیس سال کی عمر میں نانی بن سکتی ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جنگ احد کے موقع پر نبی ﷺ کے سامنے پیش کئے گئے، اس وقت ان کی عمر چودہ سال تھی، آپؐ نے ان کو فوج میں نہیں لیا، پھر غزوۂ احزاب کے موقع پر پیش کئے گئے اس وقت ان کی عمر پندرہ سال تھی، آپؐ نے ان کو فوج میں لے لیا۔ معلوم ہوا کہ پندرہ سال مدت بلوغ ہے جب کہ اس سے پہلے علامت نہ پائی گئی ہو۔

نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کو یہ حدیث سنائی، جب کہ وہ امیر المؤمنین تھے، انھوں نے فرمایا: یہ نابالغ اور بالغ کے درمیان حد فاصل ہے اور اپنے قلم رو میں لکھ دیا کہ پندرہ سال عمر مکمل ہونے پر فوج میں لیا جائے اور اس کی تنخواہ جاری کردی جائے۔

حدیث (۲): پہلے گذری ہے: جمعہ کے دن غسل واجب ہے ہر بالغ پر۔ اس حدیث میں بالغ کے لئے **مُحتلم** لفظ آیا ہے، معلوم ہوا کہ احتلام لڑکے اور لڑکی میں بلوغ کی علامت ہے۔

[١٨-] بَابُ بُلُوْغِ الصِّبْيَانِ وَشَهَادَتِهِمْ

[١-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَإِذَا بَلَغَ الأَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوْا﴾ الآية:[النور: ٥٩]

[٢-] وَقَالَ الْمُغِيْرَةُ: احْتَلَمْتُ وَأَنَا ابْنُ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً.

[٣-] وَبُلُوْغُ النِّسَاءِ فِي الْحَيْضِ، لِقَوْلِ اللّٰهِ:﴿وَاللَّائِيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِسَائِكُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ﴾[الطلاق: ٤]

[٤-] وَقَالَ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ: أَدْرَكْتُ جَارَةً لَنَا جَدَّةً بِنْتَ إِحْدَى وَعِشْرِيْنَ سَنَةً.

[٢٦٦٤-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: ثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ، ثَنِيْ نَافِعٌ، ثَنِي ابْنُ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَرَضَهُ يَوْمَ أُحُدٍ، وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً، فَلَمْ يُجِزْنِيْ، ثُمَّ عَرَضَنِيْ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ فَأَجَازَنِيْ.

قَالَ نَافِعٌ: فَقَدِمْتُ عَلٰى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَهُوَ خَلِيْفَةٌ، فَحَدَّثْتُهُ هٰذَا الْحَدِيْثَ، فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا لَحَدٌّ بَيْنَ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ، وَكَتَبَ إِلٰى عُمَّالِهِ أَنْ يَفْرِضُوْا لِمَنْ بَلَغَ خَمْسَ عَشْرَةَ.[انظر: ٤٠٩٧]

[٢٦٦٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنِيْ صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُحْتَلِمٍ"[راجع: ٨٥٨]

بَابُ سُؤَالِ الْحَاكِمِ الْمُدَّعِيَ: هَلْ لَكَ بَيِّنَةٌ؟ قَبْلَ الْيَمِيْنِ

فیصلہ کرنے والے کا منکر سے قسم لینے سے پہلے مدعی سے پوچھنا: کیا تیرے پاس گواہ ہیں؟

مقدمہ کی کاروائی اس طرح شروع ہوگی: سب سے پہلے قاضی مدعی کا بیان نوٹ کرے گا، پھر مدعی علیہ کا، پھر قاضی مدعی سے پوچھے گا: آپ کے پاس گواہ ہیں؟ اگر وہ گواہ پیش کرے تو ان پر فیصلہ ہوگا اور اگر وہ گواہ پیش نہ کر سکے تو مدعی علیہ سے قسم لی جائے گی اور اس پر فیصلہ ہوگا۔

اور باب میں وہی حدیث ہے جو بار بار گذری ہے۔ نبی ﷺ نے حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: أَلَكَ بَيِّنَةٌ: کیا آپ کے پاس گواہ ہیں؟ انھوں نے کہا: نہیں، تب آپؐ نے یہودی سے قسم لی۔

[١٩-] بَابُ سُؤَالِ الْحَاكِمِ الْمُدَّعِيَ: هَلْ لَكَ بَيِّنَةٌ؟ قَبْلَ الْيَمِيْنِ

[٢٦٦٦و٢٦٦٧-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " مَنْ حَلَفَ عَلٰی يَمِيْنٍ وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ.

قَالَ: فَقَالَ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ: فِيَّ وَاللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ، بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ أَرْضٌ فَجَحَدَنِيْ، فَقَدَّمْتُهُ إِلٰى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَلَكَ بَيِّنَةٌ؟" قَالَ: قُلْتُ: لَا، قَالَ: " احْلِفْ" قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِذًا يَحْلِفَ وَيَذْهَبَ بِمَالِيْ، قَالَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ إِلٰى آخِرِ الْآيَةِ.[آل عمران: ۷۷] [راجع: ۲۳۵۶، ۲۳۵۷]

بَابُ الْيَمِيْنِ عَلَى الْمُدَّعَى عَلَيْهِ فِي الْأَمْوَالِ وَالْحُدُوْدِ

اموال وحدود میں قسم مدعی علیہ پر ہے

اس باب میں دو مسئلوں میں امام صاحبؒ نے کھچڑا کیا ہے۔

پہلا مسئلہ: قسم مدعی علیہ ہی سے لی جائے گی، مدعی کے ایک گواہ اور اس کی قسم پر فیصلہ نہیں کیا جائے گا، حنفیہ اسی کے قائل ہیں، پس امام صاحبؒ اس مسئلہ میں حنفیہ کے ساتھ ہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر بھی فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔

بہ الفاظِ دیگر: فیصلہ کرنے کی دو صورتیں ہیں یا تین؟ امام بخاریؒ اور حنفیہ کے نزدیک دو صورتیں ہیں: ایک: مدعی گواہ پیش کرے، اگر اس کے گواہ عدد اور عدالت کی شرط پوری کریں تو قاضی اس پر فیصلہ کرے، اور اگر مدعی کے پاس ایک گواہ ہے تو بیکار ہے۔ دوم: قسم صرف مدعی علیہ سے لی جائے، مدعی سے قسم نہیں لی جائے گی۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فیصلہ کی تین صورتیں ہیں: اول: مدعی کے پاس دو گواہ ہوں تو اس پر فیصلہ ہوگا۔ دوم: مدعی کے پاس ایک گواہ ہو تو دوسرے گواہ کی جگہ اس سے قسم لی جائے اور اس کے حق میں فیصلہ کیا جائے۔ سوم: مدعی کے پاس مطلق گواہ نہ ہوں تو مدعی علیہ کی قسم پر فیصلہ کیا جائے۔

دوسرا مسئلہ: حدود میں احناف یمین کے قائل نہیں، حدود میں مدعی کو گواہ پیش کرنے ہونگے، اگر مدعی گواہ پیش نہ کرسکے تو مجرم بری! مدعی علیہ سے قسم نہیں لی جائے گی، اور امام بخاریؒ کے نزدیک حدود میں بھی مدعی علیہ سے قسم لی جائے گی، مثلاً دعوی دائر کیا کہ زید نے چوری کی ہے، پس اگر وہ گواہوں سے ثابت کردے تو ہاتھ کاٹا جائے گا، اور ثابت نہ کرسکے تو معاملہ ختم۔ امام بخاریؒ کے نزدیک اس صورت میں بھی مدعی علیہ سے قسم لی جائے گی، امام شافعی رحمہ اللہ کا بھی یہی مذہب ہے، پس امام بخاریؒ نے اس مسئلہ میں امام شافعیؒ کی موافقت کی ہے۔

اور امام مالک رحمہ اللہ چار چیزوں کا استثناء کرتے ہیں: نکاح، طلاق، عتاق اور فدیہ کا، ان میں مدعی علیہ سے قسم نہیں لی جائے گی، باقی چیزوں میں قسم لے جائے گی۔ جاننا چاہئے کہ یہ مسئلہ اجتہادی ہے، چنانچہ باب میں اس کی کوئی دلیل نہیں لائے

کہ حدود میں مدعی علیہ سے قسم لی جائے گی، صرف اموال میں قسم لینے کے دلائل لائے ہیں، اوراس میں کوئی اختلاف نہیں۔

پہلی دلیل: نبی ﷺ نے حضرت اشعث رضی اللہ عنہ سے فرمایا: شاھداك أو يمينه: تم دو گواہ پیش کرو ورنہ ہم مدعی علیہ سے قسم لیں گے، یہ زمین یا کنویں کا جھگڑا تھا، جس کا تعلق اموال سے ہے۔

ایک واقعہ: کوفہ کے قاضی ابن شبرمہ رحمہ اللہ بڑے آدمی ہیں، مجتہد ہیں، ہدایہ میں ان کے اقوال آئے ہیں، اور ایک دوسرے بڑے آدمی مدینہ کے قاضی ابوالزناد رحمہ اللہ ہیں، اور حجازی فقہاء کے نزدیک فیصلہ کے تین طریقے ہیں اور عراقی فقہاء کے نزدیک دو طریقے ہیں، چنانچہ اس مسئلہ میں دونوں قاضیوں میں گفتگو ہوئی کہ اگر مدعی کے پاس ایک گواہ ہو تو دوسرے گواہ کی جگہ مدعی سے قسم لے کر فیصلہ کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ قاضی ابوالزناد نے کہا: کیا جاسکتا ہے، اور انھوں نے وہ حدیث پیش کی جو ترمذی (حدیث ۱۳۲۶) میں ہے کہ نبی ﷺ نے ایک معاملہ میں ایک گواہ اور مدعی کی قسم سے فیصلہ کیا، پس قاضی ابن شبرمہ نے قرآن سے دلیل پیش کی، قرآن میں ہے: اگر کوئی اہم معاملہ ہو تو مردوں میں سے دو گواہ بنالو، اور اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنالو، قاضی ابن شبرمہ رحمہ اللہ نے کہا: اگر ایک مرد اور مدعی کی قسم سے فیصلہ کیا جاسکتا ہے تو دو عورتوں کو گواہ بنانے کی کیا ضرورت ہے؟ اور دو بھی اس لئے کہ ایک بھولے تو دوسری اس کو یاد دلائے، اس کی سرے سے ضرورت نہیں، ایک مرد گواہ ہے، اور دوسرے کی جگہ مدعی سے قسم لی جائے گی؟ قاضی ابوالزناد اس دلیل کا کوئی جواب نہ دے سکے (۱)

دوسری حدیث: پہلے گذری ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ابن ابی ملیکہ کو خط لکھا کہ نبی ﷺ نے قسم کا فیصلہ مدعی علیہ پر کیا ہے، پس ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ نہیں کیا جاسکتا۔

[۲۰-] بَابُ الْيَمِيْنِ عَلَى الْمُدَّعَى عَلَيْهِ فِي الْأَمْوَالِ وَالْحُدُوْدِ

[۱-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم "شَاهِدَاكَ أَوْ يَمِيْنُهُ"

[۲-] وَقَالَ قُتَيْبَةُ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ: كَلَّمَنِي أَبُوْ الزِّنَادِ فِي شَهَادَةِ الشَّاهِدِ، وَيَمِيْنِ الْمُدَّعِيْ، فَقُلْتُ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِجَالِكُمْ، فَإِنْ لَمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ، أَنْ تَضِلَّ إِحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى﴾ [البقرة: ۲۸۲]

(۱) اور قاضی ابوالزناد رحمہ اللہ نے جو حدیث پیش کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں: قَضَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ: ابوالزناد رحمہ اللہ اور ائمہ ثلاثہ نے اس کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ مدعی کے پاس ایک گواہ تھا، پس حضور پاک ﷺ نے دوسرے گواہ کی جگہ مدعی سے قسم کا فیصلہ کیا، حالانکہ حدیث کا یہ مطلب نہیں، بلکہ مطلب یہ ہے کہ ایک گواہ کے ساتھ یعنی اس کی موجودگی میں نبی ﷺ نے مدعی علیہ پر قسم کا فیصلہ کیا یعنی مدعی کے ایک گواہ کو کالعدم قرار دیا، اس لئے کہ ایک گواہ نصابِ شہادت سے کم ہے (تحفۃ الالمعی ۴: ۲۶۷)

قُلْتُ: إِذَا كَانَ يُكْتَفَى بِشَهَادَةِ شَاهِدٍ وَيَمِيْنِ الْمُدَّعِيْ فَمَا يُحْتَاجُ أَنْ تُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى؟ مَا كَانَ يَصْنَعُ بِذِكْرِ هٰذِهِ الْأُخْرَى؟

[٢٦٦٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ: كَتَبَ ابْنُ عَبَّاسٍ إِلَيَّ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَضٰى بِالْيَمِيْنِ عَلَى الْمُدَّعَى عَلَيْهِ. [راجع: ٢٥١٤]

بَابٌ

گذشتہ باب کے پہلے مسئلہ کی دلیل

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اس باب میں گذشتہ باب کے پہلے مسئلہ کی ایک نئے انداز کی دلیل لائے ہیں۔ حضرت اشعثؓ کے واقعہ میں حضور نے فرمایا: شاهداك أو يمينه: تمہارے دو گواہ یا اس کی قسم، آپؐ نے ایک گواہ کے بارے میں نہیں پوچھا، پس معلوم ہوا کہ مدعی کے ایک گواہ اور اس کی قسم پر فیصلہ نہیں کیا جاسکتا۔

بَابٌ

[٢٦٦٩و٢٦٧٠-] حدثنا عثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ يَسْتَحِقُّ بِهَا مَالاً، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ، ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾

ثُمَّ إِنَّ الْأَشْعَثَ بْنَ قَيْسٍ خَرَجَ إِلَيْنَا، فَقَالَ: مَا يُحَدِّثُكُمْ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ فَحَدَّثْنَاهُ بِمَا قَالَ، فَقَالَ: صَدَقَ، لَفِيَّ نَزَلَتْ: كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ خُصُوْمَةٌ فِيْ شَيْئٍ، فَاخْتَصَمْنَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "شَاهِدَاكَ أَوْ يَمِيْنُهُ" فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّهُ إِذًا يَحْلِفُ وَلَا يُبَالِيْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ يَسْتَحِقُّ بِهَا مَالاً وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ ثُمَّ اقْتَرَأَ هٰذِهِ الْآيَةَ. [آل عمران: ٧٧] [راجع: ٢٣٥٦، ٢٣٥٧]

بَابٌ: إِذَا ادَّعَى أَوْ قَذَفَ فَلَهُ أَنْ يَلْتَمِسَ الْبَيِّنَةَ، وَيَنْطَلِقَ لِطَلَبِ الْبَيِّنَةِ

جو دعوی کرے یا تہمت لگائے وہ گواہ تلاش کرے اور گواہ بنانے کے لئے چلے

جو شخص کورٹ میں دعوی کرنا چاہتا ہے: وہ پہلے گواہوں کا انتظام کرے اور اگر کسی پر زنا کی تہمت لگانا چاہتا ہے تو پہلے پکے چار گواہ تیار کرے، پھر منہ سے زنا کی بات نکالے، کیونکہ جب کسی چیز کا دعوی کرے گا تو سب سے پہلے مدعی کو گواہ پیش

کرنے ہونگے، پس اس کی تیاری پہلے سے کرلے، اور زنا کی بات معمولی بات نہیں، اگر آدمی کسی پر زنا کی تہمت لگانا چاہتا ہے تو اسے چار گواہ ڈھونڈھ کر لانے ہونگے، اور زنا دکھانا ہوگا، تب وہ قاضی کے سامنے زنا کی بات کہہ سکتا ہے۔

قولہ: ینطلق: وہ چلے یعنی کہیں سے آدمی ڈھونڈھ کر لائے اور زنا دکھائے، اگرچہ یہ شوہر کی غیرت کے خلاف ہے، مگر یہ اس کی ذمہ داری ہے۔ حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کو شریک بن سحماء کے ساتھ نبی ﷺ کے سامنے زنا کے ساتھ متہم کیا تو آپؐ نے فرمایا: **البینةُ أو حدٌّ فی ظهرك:** گواہ لاؤ ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد قذف لگے گی، ہلالؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کون شوہر ایسا بے غیرت ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ غیر مرد کو زنا کرتے ہوئے دیکھے اور گواہ ڈھونڈھنے کے لئے نکلے؟ نبی ﷺ پھر بھی یہی فرماتے رہے: **البینةُ وإلا حدٌّ فی ظهرك:** گواہ لاؤ ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد قذف لگے گی۔ معلوم ہوا کہ شوہر کو یہ کرنا پڑے گا، اور ہلالؓ نے جو عذر پیش کیا نبی ﷺ نے اس کو قبول نہیں کیا۔

ترکیب: البینة: مرفوع اور منصوب دونوں طرح ہو سکتا ہے، اگر منصوب پڑھیں تو مفعول ہوگا أی أَحْضِرِ البینةَ، أو أَقِمِ البینةَ۔ اور مرفوع پڑھیں تو خبر ہوگی، أی الواجبة علیك إحضارُ البینة۔ اور حدٌّ فی ظهرك کی تقدیر عبارت ہے: إن لم تُحْضِرِ البینةَ فجزاءُك حدٌّ فی ظهرك۔

[۲۱-] بَابٌ: إِذَا ادَّعَى أَوْ قَذَفَ فَلَهُ أَنْ يَلْتَمِسَ الْبَيِّنَةَ، وَيَنْطَلِقَ لِطَلَبِ الْبَيِّنَةِ

[۲۶۷۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ هِشَامٍ، ثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَأَتَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم: " الْبَيِّنَةُ أَوْ حَدٌّ فِیْ ظَهْرِكَ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِذَا رَأَى أَحَدُنَا عَلٰى امْرَأَتِهِ رَجُلًا يَنْطَلِقُ يَلْتَمِسُ الْبَيِّنَةَ؟ فَجَعَلَ يَقُوْلُ: " الْبَيِّنَةُ وَإِلَّا حَدٌّ فِی ظَهْرِكَ" فَذَكَرَ حَدِيثَ اللِّعَانِ. [انظر: ۴۷۴۷، ۵۳۰۷]

بَابُ الْيَمِيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ

عصر کے بعد قسم لینا

اس باب میں اور اگلے باب میں قسم میں تغلیظ کا بیان ہے، حنفیہ، حنابلہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک تغلیظ یعنی قسم کو بھاری کرنا واجب نہیں، قاضی قسم کو بھاری کرنا چاہے تو کر سکتا ہے، اور مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک تغلیظ واجب ہے۔

پھر تغلیظ کی تین صورتیں ہیں: تغلیظ بالمکان، تغلیظ بالزمان اور تغلیظ بالالفاظ۔ یہ باب تغلیظ بالزمان کے لئے ہے، تغلیظ بالزمان یہ ہے کہ مدعی علیہ سے عصر کی نماز کے بعد مسجد میں قسم لی جائے، اس لئے کہ یہ وقت ملائکہ کے اجتماع کا ہے، پس بابرکت وقت ہے اس وقت میں مدعی علیہ جھوٹی قسم کھانے سے احتراز کرے گا، اور تغلیظ بالمکان کے لئے کوئی باب نہیں

لائے، تغلیظ بالمکان یہ ہے کہ مدینہ منورہ میں مسجدِ نبوی کے منبر پر کھڑا کر کے قسم لی جائے، مکہ مکرمہ میں حجر اسود اور باب کعبہ کے درمیان ملتزم پر کھڑا کر کے قسم لی جائے، اور دیگر شہروں میں جامع مسجد کے منبر پر کھڑا کر کے قسم لی جائے، اور تغلیظ بالالفاظ کے لئے آگے باب آرہا ہے: بابٌ کَیْفَ یُسْتَحْلَفُ؟

اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے: تین شخصوں سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بات چیت نہیں کریں گے، نہ ان کو نظر شفقت سے دیکھیں گے، اور ان کو گناہوں سے پاک بھی نہیں کریں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا: ایک: وہ شخص جس کے پاس راستہ سے لگواں کنویں میں زائد پانی ہے، وہ اس سے مسافر کو روکتا ہے، دوسرا: وہ شخص جو کسی سے بیعت خلافت دنیا کے مفاد کے لئے کرتا ہے، اگر اس کا مقصد پورا ہوا تو بیعت پر برقرار رہا ورنہ باغیوں سے جاملا۔ تیسرا: وہ شخص جس نے کسی آدمی سے عصر کی نماز کے بعد کسی سامان کا بھاؤ تاؤ کیا، پس اس نے اللہ کی قسم کھائی کہ وہ اس کو اتنی اتنی قیمت میں لایا ہے، پس مشتری نے دھوکہ کھایا اور خرید لیا۔

[۲۲-] بَابُ الْیَمِیْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ

[۲۶۷۲-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ، ثَنَا جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "ثَلاَ ثَةٌ لاَ یُکَلِّمُهُمُ اللّٰہُ، وَلاَ یَنْظُرُ إِلَیْهِمْ، وَلاَ یُزَکِّیْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِیْمٌ: رَجُلٌ عَلٰی فَضْلِ مَاءٍ بِطَرِیْقٍ یَمْنَعُ مِنْهُ ابْنَ السَّبِیْلِ، وَرَجُلٌ بَایَعَ رَجُلاً لاَ یُبَایِعُهُ إِلاَّ لِلدُّنْیَا، فَإِنْ أَعْطَاهُ مَا یُرِیْدُ وَفٰی لَهُ، وَإِلاَّ لَمْ یَفِ لَهُ، وَرَجُلٌ سَاوَمَ رَجُلاً بِسِلْعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ فَحَلَفَ بِاللّٰہِ لَقَدْ أَعْطٰی بِهِ کَذَا وَکَذَا، فَأَخَذَهَا" [راجع: ۲۳۵۸]

بَابٌ: یُحَلَّفُ الْمُدَّعَی عَلَیْهِ حَیْثُمَا وَجَبَتْ عَلَیْهِ الْیَمِیْنُ، وَلاَ یُصْرَفُ مِنْ مَوْضِعٍ إِلٰی غَیْرِهِ

مدعیٰ علیہ کو قسم کھلائی جائے جہاں اس پر قسم واجب ہوئی ہے، اور وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ پھیرا نہ جائے

یہ گذشتہ باب کا ردیف باب ہے، تغلیظ بالمکان کی نفی کر رہے ہیں۔ فرماتے ہیں: جہاں مدعیٰ علیہ پر قسم واجب ہوئی ہے اسی جگہ اس کو قسم کھلائی جائے، مسجد میں یا منبر پر نہ لے جایا جائے۔

ایک مقدمہ میں مدینہ کے گورنر مروان نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ پر فیصلہ کیا کہ وہ منبر نبوی پر قسم کھائیں، حضرت زیدؓ نے کہا: میں مدعی کے لئے یہیں قسم کھاتا ہوں، پس حضرت زیدؓ قسم کھانے لگے اور منبر نبوی پر قسم کھانے کے لئے تیار نہ ہوئے، مروان کو حضرت زیدؓ کے اس عمل پر حیرت ہوئی (لیکن ان کے عمل سے مسئلہ واضح ہوگیا)

اور حدیث پہلے گذری ہے، آپؐ نے اشعث رضی اللہ عنہ سے فرمایا: شَاهِدَاكَ أَوْ یَمِیْنُهُ: اپنے دو گواہ پیش کرو ورنہ ہم

مدعی علیہ سے قسم لیں گے۔اس حدیث میں آپ ؐ نے کسی جگہ کی تخصیص نہیں کی، معلوم ہوا کہ تغلیظ بالمکان واجب نہیں۔

پھر باب کے آخر میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث لائے ہیں کہ جو شخص کورٹ میں کوئی قسم کھائے تا کہ اس کے ذریعہ کوئی مال پڑا لے تو وہ اللہ سے ملاقات کرے گا اس حال میں کہ اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہونگے۔

سوال: حدیث کا باب سے کیا تعلق ہے؟ باب یہ ہے کہ تغلیظ بالزمان والمکان واجب نہیں، اور حدیث میں اس کا کوئی ذکر نہیں۔

جواب: یہ حدیث مطلق ہے: مَنْ حَلَفَ علی یمین: خواہ جگہ اور زمانہ کے ساتھ قسم کو بھاری کیا جائے یا نہ کیا جائے، ہر حال میں مدعی علیہ جھوٹی قسم کھائے گا تو وعید کا مستحق ہوگا، پس تغلیظ بالمکان والزمان کا کوئی فائدہ نہیں، اس لئے وہ واجب نہیں، یہی حکم تغلیظ بالالفاظ کا بھی ہے، وہ بھی واجب نہیں۔

[۲۳-] بَابٌ: يُحْلَفُ الْمُدَّعَى عَلَيْهِ حَيْثُمَا وَجَبَتْ عَلَيْهِ الْيَمِيْنُ، وَلاَ يُصْرَفُ مِنْ مَوْضِعٍ إِلٰى غَيْرِهِ

[۱-] قَضَى مَرْوَانُ بِالْيَمِيْنِ عَلٰى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: أَحْلِفُ لَهُ مَكَانِيْ، فَجَعَلَ زَيْدٌ يَحْلِفُ، وَأَبٰى أَنْ يَحْلِفَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَجَعَلَ مَرْوَانُ يَعْجَبُ مِنْهُ.

[۲-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "شَاهِدَاكَ أَوْ يَمِيْنُهُ" وَلَمْ يَخُصَّ مَكَانًا دُوْنَ مَكَانٍ.

[۲۶۷۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالاً لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" [راجع: ۲۳۵۶]

بَابٌ: إِذَا تَسَارَعَ قَوْمٌ فِي الْيَمِيْنِ

جب لوگ قسم کھانے کے لئے لپکیں

ایک شخص نے دعوی کیا کہ زید اور اس کے بھائیوں کے پاس جو زمین ہے وہ میری ہے، وہ دس بھائی ہیں اور منکر ہیں، پس مدعی گواہوں سے ثابت کرے، اگر نہیں کر سکے گا تو مدعی علیہم قسم کھائیں گے، وہ سب قسم کھانے کے لئے تیار ہیں، پس سب سے قسم نہیں لی جائے گی، بلکہ قرعہ ڈالا جائے گا، جس کا نام نکلے وہ قسم کھائے گا۔

حدیث: نبی ﷺ نے ایک قوم کے سامنے قسم پیش کی، یعنی ان سے کہا کہ قسم کھاؤ، پس وہ سب لپکے، تو آپ ؐ نے حکم دیا کہ ان میں قرعہ ڈالا جائے، قسم کھانے کے سلسلہ میں کہ ان میں سے کون قسم کھائے۔

تشریح: یہ حدیث مشکل سمجھی گئی ہے، میں نے اوپر جو اس کی صورت بیان کی ہے وہ حافظ عسقلانی رحمہ اللہ نے درجہ احتمال میں لکھی ہے، فرماتے ہیں: یحتمل أن تکون قصةً أخری، بأن یکون القومُ المذکورون مدعی علیهم بعینٍ فی أیدیهم مثلاً، وَأنکروا، ولابینة للمدعی: علیهم، فتوجهت علیهم الیمین فتسارعوا إلی الحلف: میرے نزدیک حدیث کا مصداق ہونے کے لئے یہ صورت متعین ہے۔

[۲۴-] بَابٌ: إِذَا تَسَارَعَ قَوْمٌ فِی الْیَمِیْنِ

[۲۶۷۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ: ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم عَرَضَ عَلٰی قَوْمٍ الْیَمِیْنَ، فَأَسْرَعُوْا، فَأَمَرَ أَنْ یُسْهَمَ بَیْنَهُمْ فِی الْیَمِیْنِ، أَیُّهُمْ یَحْلِفُ؟

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿إِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلاً﴾

جھوٹی قسم کھانا کتنا بڑا گناہ ہے؟

باب میں سورۂ آل عمران کی آیت ۷۷ لکھی ہے، اس میں یہ بیان ہے کہ جھوٹی قسم کھانا سنگین جرم ہے، اور باب میں جو دو حدیثیں ہیں وہ اس آیت کا شانِ نزول ہیں، اور وہ پہلے آچکی ہیں، البتہ پہلی حدیث کے آخر میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کا قول ہے: النَّاجِشُ آکِلُ رِبًا خَائِن: نجش کرنے والا، سود کھانے والا اور خائن ہے۔ نجش کے معنی ہیں: خریدنا نہیں اور بھاؤ کرنا، تاکہ گاہک دھوکہ میں آکر خرید لے، یہ حرکت بہت بری ہے۔ حضرت عبداللہؓ نے نجش کرنے کو سود خوری اور خیانت کے برابر قرار دیا ہے۔

[۲۵-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿إِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلاً﴾

[۲۶۷۵-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، أَنَا الْعَوَّامُ، ثَنِیْ إِبْرَاهِیْمُ أَبُوْ إِسْمَاعِیْلَ السَّکْسَکِیُّ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِیْ أَوْفٰی، یَقُوْلُ: أَقَامَ رَجُلٌ بِسِلْعَةٍ، فَحَلَفَ بِاللّٰهِ لَقَدْ أَعْطٰی بِهَا مَا لَمْ یُعْطِهَا. فَنَزَلَتْ ﴿إِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلاً﴾

وَقَالَ ابْنُ أَبِیْ أَوْفٰی: النَّاجِشُ آکِلُ رِبًا خَائِنٌ. [راجع: ۲۰۸۸]

[۲۶۷۶و۲۶۷۷-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَیْمَانَ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "مَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ کَاذِبًا لِیَقْتَطِعَ مَالَ رَجُلٍ، أَوْ

قَالَ: أَخِيْهِ، لَقَى اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ فِى الْقُرْآنِ ﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾ الآيَةَ [آل عمران: ٧٧]

فَلَقِيَنِىْ الأَشْعَثُ، فَقَالَ: مَا حَدَّثَكُمْ عَبْدُ اللّٰهِ الْيَوْمَ؟ قُلْتُ: كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فِيَّ نَزَلَتْ.

[راجع:٢٣٥٦، ٢٣٥٧]

بَابٌ: كَيْفَ يُسْتَحْلَفُ؟ وَلاَ يُحْلَفُ بِغَيْرِ اللّٰهِ

قسم کیسے کھلائی جائے؟اور غیراللہ کی قسم نہ کھلائی جائے

قسم اللہ کی اوراللہ کی صفات کی کھلائی جائے،اس کے علاوہ کوئی قسم نہ کھلائی جائے،اورقسم میں الفاظ بڑھا کر بھاری کرنا ضروری نہیں، ہاں جائز ہے،مثلاً یوں قسم کھلائی: باللّٰه الذى لا إلٰه إلا هو: تو یہ جائز ہے،اور باب میں متعدد نصوص ہیں جن میں باللّٰه، تاللّٰه، واللّٰه کی قسمیں ہیں،اور باب کی پہلی حدیث میں بھی حضرت ضمام رضی اللہ عنہ نے واللہ سے قسم کھائی ہے اور دوسری حدیث یہ ہے کہ جسے قسم کھانی ہو وہ اللہ کی قسم کھائے یا خاموش رہے،یعنی باپ کی،اپنے سر کی اور پیر کی قسم نہ کھائے، یہ غیراللہ کی قسم ہے۔

[٢٦-] بَابٌ: كَيْفَ يُسْتَحْلَفُ؟

[١-] وَقَوْلِ اللّٰهِ:﴿ ثُمَّ جَاؤُكَ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ إِنْ أَرَدْنَا إِلَّآ إِحْسَانًا وَتَوْفِيْقًا﴾[النساء: ٦٢]

[٢-] ﴿وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ إِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ﴾[التوبة:٥٦]

[٣-] ﴿يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ﴾[التوبة:٦٢]

[٤-] ﴿ فَيُقْسِمَانِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا﴾[المائدة: ١٠٧]

[٥-] يُقَالَ بِاللّٰهِ، وَتَاللّٰهِ، وَوَاللّٰهِ.

[٦-] وَقَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم:وَرَجُلٌ حَلَفَ بِاللّٰهِ كَاذِبًا بَعْدَ الْعَصْرِ.

وَلاَ يُحْلَفُ بِغَيْرِ اللّٰهِ

[٢٦٧٨-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ عَمِّهِ أَبِىْ سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَمِعَ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا هُوَ يَسْأَلُهُ عَنِ الإِسْلاَمِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِى الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ" فَقَالَ: هَلْ عَلَىَّ غَيْرُهُ؟ قَالَ:" لاَ، إِلَّآ أَنْ تَطَّوَّعَ" فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ" فَقَالَ:

هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: " لَا، إِلَّا أَنْ تَطَّوَّعَ" قَالَ: وَذَكَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم الزَّكَاةَ، قَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: " لَا، إِلَّا أَنْ تَطَّوَّعَ" فَأَدْبَرَ الرَّجُلُ وَهُوَ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَا أَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا وَلَا أَنْقُصُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: أَفْلَحَ إِنْ صَدَقَ"[راجع: ٤٦]

[٢٦٧٩-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ، قَالَ: ذَكَرَ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " مَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ أَوْ لِيَصْمُتْ"[انظر: ٣٨٣٦، ٦١٠٨، ٦٦٤٦، ٦٦٤٨]

بَابُ مَنْ أَقَامَ الْبَيِّنَةَ بَعْدَ الْيَمِيْنِ

جس نے قسم کے بعد گواہ پیش کئے

کسی مقدمہ میں مدعی گواہ پیش نہیں کرسکا، اس لئے مدعی علیہ سے قسم لی گئی، مگر ابھی قاضی نے فیصلہ نہیں کیا تھا کہ مدعی نے کہا: میرے پاس گواہ ہیں، مجھے یاد آئے، پس اب اس کو گواہ پیش کرنے کا موقع دیا جائے گا یا نہیں؟ جواب یہ ہونا چاہئے کہ فیصلہ کرنے سے پہلے مدعی کو گواہ پیش کرنے کا موقع دیا جانا چاہئے، مگر باب میں یہ صورت زیر بحث نہیں۔

تمام شارحین لکھتے ہیں: قسم کے بعد یعنی فیصلہ ہوجانے کے بعد، کیونکہ قسم لینے کے بعد قاضی فوراً فیصلہ کردے گا، پس بعد میں اگر مدعی کہے کہ مجھے گواہ دستیاب ہوگئے ہیں تو مقدمہ کی دوبارہ سماعت کی جائے گی یا نہیں؟ یہ مسئلہ منصوص نہیں، اور حضرتؒ نے باب میں جو روایت پیش کی ہے اس سے استدلال خفی ہے۔ اور فقہائے کرام کی رائیں مختلف ہیں:

۱- جمہور یعنی احناف، شوافع، حنابلہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ مقدمہ کی دوبارہ سماعت ہونی چاہئے، اور گواہ عادل ہوں تو دوسرا فیصلہ کرنا چاہئے۔

۲- اور امام مالک رحمہ اللہ نے مدوّنہ میں تفصیل کی ہے کہ جس وقت مدعی علیہ سے قسم لی گئی اس وقت مدعی کو اپنے گواہ معلوم نہیں تھے، پھر اس کے علم میں آئے تو دوبارہ مقدمہ کی سماعت کی جائے، اور اگر مدعی علیہ سے قسم لی گئی اس وقت اس کو اپنے گواہ معلوم تھے حاضر تھے یا غیر حاضر، مگر اس نے پیش نہیں کئے تو اب دوبارہ مقدمہ کی سماعت نہیں ہوگی۔

۳- مطرّف، ابن الماجشون، اور قاضی ابن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ جب مدعی علیہ سے قسم لے لی گئی اور فیصلہ ہوگیا تو اب دوبارہ مدعی کے بینہ قبول نہیں کئے جائیں گے، یہی اصحابِ ظواہر کی رائے ہے۔

۴- حضرات طاؤس، ابراہیم نخعی اور قاضی شریح رحمہم اللہ فرماتے ہیں: البينة العادلة أحق من اليمين الفاجرة: عادل گواہ جھوٹی قسم سے (اعتبار کے) زیادہ حق دار ہیں، یعنی اب جب مدعی گواہ پیش کرتا ہے اور وہ عادل ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ مدعی علیہ نے جھوٹی قسم کھائی ہے، لہٰذا اب مقدمہ کی دوبارہ سماعت ہونی چاہئے، اور گواہوں کے مطابق فیصلہ ہونا چاہئے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: آپ لوگ میرے پاس مقدمہ لے کر آتے ہو اور ہوسکتا ہے تم میں سے ایک دوسرے سے اپنی دلیل پیش کرنے میں چرب زبان ہو، پس میں جس کے لئے اس کے بھائی کے حق میں سے کسی چیز کا فیصلہ کروں اس کی بات سن کر تو میں اس کو دوزخ میں سے ایک ٹکڑا کاٹ کر دے رہا ہوں، پس وہ اس کو نہ لے۔

تشریح: اس حدیث کا مصداق فریقین کی باتیں سن کر فیصلہ کرنا ہے، حدیث میں بقولہ موجود ہے، گواہوں کی گواہی پر یا مدعیٰ علیہ کی قسم پر فیصلہ سے اس حدیث کا کچھ تعلق نہیں، اس لئے میں نے کہا تھا کہ یہ اجتہادی مسئلہ ہے، منصوص نہیں، مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے حدیث سے استدلال اس طرح کیا ہے کہ جب مدعی گواہ پیش کررہا ہے تو وہ الحن (اپنی دلیل سے واقف) ہے اور نبی ﷺ ایسے فریق کی بات پر فیصلہ فرماتے تھے، پس مدعی کو گواہ پیش کرنے کا موقع دینا چاہئے۔

[۲۷-] بَابُ مَنْ أَقَامَ الْبَيِّنَةَ بَعْدَ الْيَمِيْنِ

[۱-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَلْحَنُ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ"

[۲-] وَقَالَ طَاوُسٌ، وَإِبْرَاهِيْمُ، وَشُرَيْحٌ: الْبَيِّنَةُ الْعَادِلَةُ أَحَقُّ مِنَ الْيَمِيْنِ الْفَاجِرَةِ.

[۲۶۸۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "إِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ إِلَيَّ، وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَلْحَنُ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحَقِّ أَخِيْهِ شَيْئًا بِقَوْلِهِ، فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ، فَلاَ يَأْخُذْهَا"

[راجع: ۲٤٥٨]

لغت: لَحِنَ فلانٌ (س) لَحَنًا: اپنی دلیل کے ہر پہلو سے یا نشیب و فراز سے واقف ہونا، دوسرے معنی ہیں: سمجھ دار ہونا۔ ألحن: اسم تفضیل ہے۔

بَابُ مَنْ أَمَرَ بِإِنْجَازِ الْوَعْدِ

ایک رائے یہ ہے کہ وعدہ پورا کرنا واجب ہے

کسی نے کسی سے کوئی وعدہ کیا: اس کو پورا کرنا واجب ہے یا نہیں؟ اور واجب ہے تو دیانۃً واجب ہے یا قضاءً؟ ائمہ اربعہ کا مسلک یہ بیان کیا جاتا ہے کہ وعدہ پورا کرنا مکارم اخلاق سے ہے، مستحب اور مندوب ہے، مگر نہ دیانۃً (اخلاقاً) واجب ہے نہ قضاءً۔ دوسری رائے یہ ہے کہ وعدہ پورا کرنا دیانۃً واجب ہے، قضاءً واجب نہیں، پس اگر کوئی شخص وعدہ پورا نہ کرے تو گنہ گار ہوگا، مگر قاضی وعدہ کرنے والے کو ایفائے عہد پر مجبور نہیں کرے گا۔

تیسرا مذہب جو امام بخاریؒ نے اختیار کیا ہے وہ یہ ہے کہ وعدہ پورا کرنا دیانۃً بھی واجب ہے اور قضاءً بھی، اور حضرت

نے اپنے قول کے درج ذیل دلائل بیان کئے ہیں:

۱- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے کسی سے کوئی وعدہ کیا تو اس کو پورا کیا اور دلیل میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کا تذکرہ کیا کہ وہ وعدے کے سچے تھے، اور وعدے کا سچا وہی ہوتا ہے جو وجوباً وعدہ پورا کرے۔

۲- کوفہ کے قاضی سعید بن عمرو بن الاشوع رحمہ اللہ نے وجوب کا فیصلہ کیا ہے اور دلیل میں انھوں نے حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت پیش کی ہے۔

۳- مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنے داماد ابو العاص رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا کہ انھوں نے آپؐ سے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو مدینہ بھیجنے کا وعدہ کیا جو انھوں نے پورا کیا۔

۴- حضرت اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ ایفائے عہد کو واجب کہتے تھے، اور ابن الاشوع کے فیصلہ سے استدلال کرتے تھے۔

اس کے بعد حضرت رحمہ اللہ نے چار حدیثیں پیش کی ہیں:

حدیث (۱): ابو سفیان رضی اللہ عنہ نے ہرقل کے سامنے جو اسلامی تعلیمات کا خلاصہ پیش کیا ہے اس میں ایفائے عہد کا بھی ذکر ہے، یعنی عہد و پیمان کا پاس ولحاظ کرنا اسلامی تعلیمات میں شامل ہے، معلوم ہوا کہ ایفائے عہد واجب ہے۔

حدیث (۲): منافق کی تین علامتیں بیان کی گئی ہیں: ان میں سے ایک یہ ہے کہ جب بھی وہ وعدہ کرتا ہے خلاف کرتا ہے، یہ منفی پہلو سے وجوب کی دلیل ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ایک وعدہ کیا تھا جس کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خلیفہ بننے کے بعد پورا کیا، اگر وعدہ پورا کرنا واجب نہ ہوتا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس کو اپنے سر کیوں لیتے؟

حدیث (۴): حیرہ کے ایک یہودی نے سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے پوچھا: موسیٰ علیہ السلام نے دو مدتوں میں سے کونسی مدت پوری کی؟ یعنی آٹھ سال نوکری کی یا دس سال؟ سعید نے کہا: مجھے معلوم نہیں، میں عرب کے سب سے بڑے عالم کے پاس جاؤں گا تو ان سے پوچھوں گا، پھر وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئے اور ان سے پوچھا: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: لمبی مدت پوری کی، یعنی دس سال نوکری کی، اور اس کی وجہ یہ بیان کی کہ اللہ کا رسول جب بھی کوئی بات کہتا ہے تو اس کو کرتا ہے، اس لئے جو زیادہ افضل اور زیادہ عمدہ مدت تھی یعنی دس سال پورے کئے۔

فائدہ: اس مسئلہ میں میری ناقص رائے یہ ہے کہ وعدے دو طرح کے ہوتے ہیں، ایک سادہ وعدہ اور ایک معاوضات میں وعدہ، سادہ وعدے کے بارے میں تو یہ کہنا ٹھیک ہے کہ وہ مکارم اخلاق سے ہے، مستحب اور مندوب ہے، اس کا ایفاء نہ دیانۃً واجب ہے نہ قضاءً، لیکن جو معاوضات میں وعدے ہوتے ہیں ان کا حکم یہ ہے کہ اگر وعدہ کی وجہ سے موعود لہ کسی خاص مسئولیت میں مبتلا ہو گیا ہو تو وعدہ پورا کرنا قضاء واجب ہے، جیسے بڑا آڈر دیا، اور آڈر خرید کا وعدہ ہوتا ہے، ابھی بیع نہیں ہوتی، مگر جب تاجر نے مال فراہم کر لیا تو اب قضاءً اس کا لینا واجب ہے، میں کتابوں کا تاجر ہوں، میرے پاس لاکھ دو لاکھ کا

آڈر آتا ہے، میں وہ کتابیں بازار سے فراہم کر کے بھیجتا ہوں، پس اگر کتابیں فراہم کرنے سے پہلے آڈر دینے والا آڈر کینسل کردے تو کوئی بات نہیں، لیکن جب میں نے کتابیں مہیا کردیں یا روانہ کردیں تو اب آڈر دینے والے کے لئے خریدنا ضروری ہے، ورنہ بڑی تجارتوں میں سخت دشواری پیش آئے گی۔ اسی طرح اگر یہ کہا جائے کہ ہر وعدہ قضاء لازم ہے تو اس میں بھی حرج ہے، مثلاً کسی نے وعدہ کیا کہ میں اپنی بیٹی کا نکاح تمہارے لڑکے سے کروں گا، پھر رائے بدل گئی تو اس وعدہ کا پورا کرنا قضاءً لازم نہیں، لیکن فقہائے احناف نے کہا ہے: المواعیدُ تَلْزَمُ لِحاجة الناس: جہاں لوگوں کی ضرورت ہو وہاں وعدہ کو لازم کیا جائے گا۔(۱)

اور اس تقریر سے یہ بات بھی سمجھ میں آجائے گی کہ اس باب کو کتاب الشهادات میں کیوں لائے ہیں؟ جو وعدے لازم ہیں ان میں موعود لہ قاضی کے سامنے گواہوں سے ثابت کرے گا اور قاضی وعدہ کرنے والے کو وعدہ پورا کرنے پر مجبور کرے گا۔

[۲۸-] بَابُ مَنْ أَمَرَ بِإِنْجَازِ الْوَعْدِ

[۱-] وَفَعَلَهُ الْحَسَنُ، وَذَكَرَ إِسْمَاعِيْلَ: ﴿إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ﴾ [مريم: ٥٤]

[۲-] وَقَضَى ابْنُ أَشْوَعَ بِالْوَعْدِ، وَذَكَرَ ذٰلِكَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ.

[۳-] وَقَالَ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَذَكَرَ صِهْرًا لَهُ، قَالَ: وَعَدَنِيْ فَوَفَانِيْ.

[٤-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَرَأَيْتُ إِسْحَاقَ بْنَ إِبْرَاهِيْمَ يَحْتَجُّ بِحَدِيْثِ ابْنِ أَشْوَعَ.

[۲٦٨١-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سُفْيَانَ أَنَّ هِرْقَلَ قَالَ لَهُ: سَأَلْتُكَ مَاذَا يَأْمُرُكُمْ؟ فَزَعَمْتَ أَ نَّـهُ يَأْمُرُ بِالصَّلَاةِ وَالصِّدْقِ وَالْعَفَافِ وَالْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ وَأَدَاءِ الْأَمَانَةِ، قَالَ: وَهٰذِهِ صَفَةُ نَبِيٍّ. [راجع: ۷]

[۲٦٨٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيْ سُهَيْلٍ نَافِعِ بْنِ مَالِكِ بْنِ أَبِيْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ" [راجع: ۳۳]

[۲٦٨٣-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، ثَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ

(۱) اس مسئلہ کی تفصیل حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ کی بخاری شریف کی تقریر انعام الباری ۷: ۹۴۰ میں بھی ہے ۱۲

ابْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا مَاتَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم، جَاءَ أَبَا بَكْرٍ مَالٌ مِنْ قِبَلِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: مَنْ كَانَ لَهُ عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم دَيْنٌ أَوْ كَانَتْ لَهُ قِبَلَهُ عِدَةٌ فَلْيَأْتِنَا، قَالَ جَابِرٌ: فَقُلْتُ: وَعَدَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ يُعْطِيَنِيْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، فَبَسَطَ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ جَابِرٌ: فَعَدَّ فِيْ يَدَيَّ خَمْسَ مِائَةٍ، ثُمَّ خَمْسَ مِائَةٍ، ثُمَّ خَمْسَ مِائَةٍ. [راجع: ۲۲۹۶]

[۲۶۸۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا مَرْوَانُ بْنُ شُجَاعٍ، عَنْ سَالِمٍ الْأَفْطَسِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَأَلَنِيْ يَهُوْدِيٌّ مِنْ أَهْلِ الْحِيْرَةِ، أَيَّ الْأَجَلَيْنِ قَضَى مُوْسَى؟ قُلْتُ: لَا أَدْرِيْ! حَتَّى أَقْدَمَ عَلٰى حِبْرِ الْعَرَبِ فَأَسْأَلَهُ، فَقَدِمْتُ فَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ: قَضَى أَكْثَرَهُمَا وَأَطْيَبَهُمَا، إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ إِذَا قَالَ فَعَلَ.

بَابٌ: لَا يُسْأَلُ أَهْلُ الشِّرْكِ عَنِ الشَّهَادَةِ وَغَيْرِهَا

غیر مسلموں سے شہادت وغیرہ کے بارے میں نہ پوچھا جائے

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: غیر مسلموں کی گواہیاں معتبر ہیں یا نہیں؟ حاشیہ میں اس سلسلہ میں تین قول لکھے ہیں، ایک قول یہ ہے کہ کافر کی شہادت کسی بھی حالت میں مقبول نہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ کافر کی شہادت کافر کے خلاف معتبر ہے، مسلمان کے خلاف معتبر نہیں، یہی احناف کا مفتی بہ مذہب ہے۔ اور تیسرا قول یہ ہے کہ ہر کافر کی شہادت ہر کافر کے خلاف معتبر نہیں، کیونکہ غیر مسلم مختلف مذاہب کے ماننے والے ہیں، جیسے: ہندو، یہود و نصاری وغیرہ، پس ایک مذہب کے ماننے والوں کی گواہی اس مذہب والوں کے خلاف تو معتبر ہے مگر دوسرے مذہب والے کے خلاف معتبر نہیں، اس لئے اگر یہودی نصرانی کے خلاف گواہی دے تو معتبر نہیں۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے شاید یہی ہے۔

اور دلیل امام عامر شعبی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ جو مختلف مذاہب والے ہیں ان میں سے ایک کی شہادت دوسرے کے خلاف معتبر نہیں، کیونکہ سورۃ المائدہ آیت ۱۴ میں ہے: ”ہم نے ان میں باہم قیامت تک کے لئے بغض وعداوت بھڑکا دی ہے“ اور جب شاہد اور مشہود علیہ میں عداوت ہو تو گواہی قبول نہیں کی جاتی۔

دوسری بات: غیر مسلموں سے اگرچہ وہ یہود و نصاری ہوں کوئی دینی بات نہ پوچھی جائے، نبی ﷺ نے فرمایا ہے: اہل کتاب کی باتوں کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب، اور کہو: ہم ایمان لاتے ہیں اللہ پر اور اس پر جو ہمارے پاس بھیجا گیا ہے“ (سورۃ البقرہ آیت ۱۳۶) یہ بات وغیرہا میں لی ہے۔

تشریح: اس حدیث کا مصداق یہ ہے کہ بنی اسرائیل کے یہاں انبیاء کے جو واقعات وحالات ہیں ان کی نہ تصدیق کی جائے نہ تکذیب، البتہ اگر ان کی کوئی بات صریح قرآن کے خلاف ہو تو اس کی تکذیب کی جائے، اور اگر قرآنِ کریم کے موافق ہو تو اس کی تصدیق کی جائے، اور قرآن وحدیث میں جو بات نہیں ہے ایسی کوئی بات اہل کتاب اپنے انبیاء کے حالات میں ذکر کریں تو اس کی نہ تصدیق کی جائے نہ تکذیب۔

روایت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک قیمتی بات بیان کی ہے، فرمایا: او مسلمانو! تم اہل کتاب سے کیوں پوچھتے ہو؟ درانحالیکہ تمہاری کتاب جو نبی ﷺ پر اتاری گئی ہے وہ سب سے آخری کتاب ہے، تم اس کو پڑھتے ہو، اس میں غلطی کا کوئی شائبہ نہیں، اور اللہ تعالیٰ نے تم سے یہ بھی بیان کر دیا ہے کہ اہل کتاب نے اپنی کتابوں میں تحریف کر دی ہے، اور اپنے ہاتھوں سے اللہ کی کتاب میں تبدیلی کی ہے، اور انھوں نے کہا: یہ (تحریف شدہ) بات اللہ کے یہاں سے آئی ہے، تاکہ اس کے ذریعہ تھوڑی پونجی خریدیں، پس کیا تمہارے پاس جو علم آیا ہے وہ تمہیں نہیں روکتا ان سے پوچھنے سے؟ دوسری بات: اور بخدا! نہیں دیکھا ہم نے ان میں سے کسی کو بھی جو تم سے پوچھتا ہو، ان باتوں کے بارے میں جو تم پر اتاری گئی ہیں (پھر تمہاری غیرت کو کیا ہوا کہ تم ان سے پوچھتے ہو؟)

تشریح: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے پہلی بات یہ فرمائی کہ تمہاری عقلیں کہاں ماری گئیں! تم اہل کتاب سے پوچھتے ہو حالانکہ اللہ نے جو کتاب تمہاری طرف اتاری ہے وہ تر و تازہ اور سب سے آخر میں نازل ہونے والی کتاب ہے، اور حرف بہ حرف محفوظ ہے، اس میں کوئی ہیر پھیر نہیں ہوا۔ اور اہل کتاب نے اپنی کتابوں میں تبدیلی کر دی ہے، پھر تم اہل کتاب سے کیوں پوچھتے ہو؟ جیسے مودودی صاحب نے تفہیم القرآن میں بائبل کی باتیں اس کثرت سے نقل کی ہیں کہ ذہن یہ بن جاتا ہے کہ اہل کتاب کے حوالے ضروری ہیں، اگر ان کی تائید ملے تو بات ٹھیک ہے ورنہ............

اور حضرت ابن عباسؓ نے دوسری بات یہ فرمائی کہ تمہاری غیرت کو کیا ہوا، تورات وانجیل کا کوئی مفسر قرآن وحدیث کا حوالہ نہیں دیتا، پھر تم قرآن کی تفسیر میں ان کی کتابوں سے کیوں نقل کرتے ہو!

[۲۹-] بَابٌ: لَا يُسْأَلُ أَهْلُ الشِّرْكِ عَنِ الشَّهَادَةِ وَغَيْرِهَا

[۱-] وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: لَاتَجُوْزُ شَهَادَةُ أَهْلِ الْمِلَلِ بَعْضِهِمْ عَلٰى بَعْضٍ، لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ﴾ [المائدة: ۱٤]

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لَا تُصَدِّقُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ وَلَا تُكَذِّبُوْهُمْ، وَقُوْلُوْا: ﴿آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ﴾ الآيَةَ. [البقرة: ۱۳٦]

[۲٦۸۵-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

ابْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ! كَيْفَ تَسْأَلُوْنَ أَهْلَ الْكِتَابِ؟ وَكِتَابُكُمُ الَّذِیْ أُنْزِلَ عَلٰى نَبِيِّهِ أَحْدَثُ الْأَخْبَارِ بِاللّٰهِ، تَقْرَؤُنَهُ لَمْ يُشَبْ، وَقَدْ حَدَّثَكُمُ اللّٰهُ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ بَدَّلُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ وَغَيَّرُوْا بِأَيْدِيْهِمُ الْكِتَابَ، فَقَالُوْا:﴿ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهِ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ [البقرة: ٧٩] أَفَلاَ يَنْهَاكُمْ مَا جَاءَ كُمْ مِنَ الْعِلْمِ عَنْ مَسْأَلَتِهِمْ؟ وَلاَ وَاللّٰهِ مَا رَأَيْنَا مِنْهُمْ رَجُلاً قَطُّ يَسْأَلُكُمْ عَنِ الَّذِیْ أُنْزِلَ عَلَيْكُمْ![انظر: ٧٣٦٣، ٧٥٢٢، ٧٥٢٣]

قوله: لم يُشَب: من الشَّوْب: وهو الْخَلْط أى: لم يخلط، ولم يبدل، ولم يغير (عمدہ) شَابَ الشيئَ بِالشيئ: ملانا، الشَّوْبُ: ملاوٹ، وہ چیز جو کسی دوسری چیز میں ملائی جائے، قرآنِ پاک میں ہے:﴿ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ لَشَوْبًا مِنْ حَمِيْمٍ﴾: پھران (جہنمیوں) کوکھولتا ہوا پانی پیپ میں ملا کر دیا جائے گا (الصافات ٦٧)

بَابُ الْقُرْعَةِ فِی الْمُشْكِلاَتِ

الجھے ہوئے معاملات میں قرعہ ڈالنا

بعض مرتبہ الجھے ہوئے معاملات میں قرعہ سے فیصلہ کرنا پڑتا ہے، پس یہ بھی گواہوں کے ذریعہ فیصلہ کرنے کی طرح فیصلہ کی ایک صورت ہے، اس لئے یہ باب کتاب الشہادات میں لائے ہیں۔

جاننا چاہئے کہ قرعہ کے ذریعہ نہ کوئی حق ثابت کیا جاسکتا ہے نہ ثابت حق کو باطل کیا جاسکتا ہے، البتہ جہاں مختلف مستحقین ہوں اور سب کا سبب استحقاق اور درجۂ استحقاق برابر ہو تو تطییبِ قلوب کے لئے قرعہ اندازی کے ذریعہ فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔ حنفیہ کے نزدیک قرعہ کی بس اتنی ہی حیثیت ہے اور دیگر ائمہ قرعہ کو ملزم (لازم کرنے والا) مانتے ہیں۔

اور امام صاحب نے اس باب میں درج ذیل باتیں بیان کی ہیں:

۱- جب حضرت مریم رضی اللہ عنہا کو ان کی والدہ نے منت کے مطابق بیت المقدس کے ذمہ داروں کے حوالہ کیا تو ہر ایک ان کی پرورش کرنا چاہتا تھا، بیت المقدس کے ذمہ داروں میں حضرت مریمؑ کے خالو حضرت زکریا علیہ السلام بھی تھے، وہ بھی پرورش کرنا چاہتے تھے، چنانچہ قرعہ ڈالا گیا، اور کرامتی انداز کا قرعہ ڈالا گیا، سب ذمہ دار اپنے قلم لے کر نہر پر گئے اور طے پایا کہ قلم نہر میں ڈالیں گے، جس کا قلم بہاؤ کے ساتھ بہہ جائے وہ ہارا، اور جس کا قلم چڑھاؤ پر چڑھے وہ کامیاب ہوا، چنانچہ حضرت زکریا علیہ السلام کا قلم چڑھائی پر چڑھا، پس وہ کامیاب ہوئے اور انھوں نے حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی پرورش کی۔

۲- حضرت یونس علیہ السلام قوم کو عذاب کی خبر دے کر وحی کا انتظار کئے بغیر چل دیئے اور ایک کشتی میں سوار ہوئے، دریا میں طغیانی آئی، ان لوگوں کے عقیدہ کے مطابق اگر کشتی میں کوئی بھگوڑا غلام ہوتا تھا تو طوفان آتا تھا، اور کشتی ڈوب جاتی تھی، سب لوگوں سے پوچھا گیا: کوئی بھی بھگوڑا غلام نہیں تھا، لیکن عقیدہ یہی تھا، چنانچہ قرعہ اندازی کی گئی، پس حضرت یونس

علیہ السلام پھسل جانے والوں میں سے ہوئے یعنی وہ ہار گئے، قرعہ میں ان کا نام نکلا کہ وہ بھگوڑے غلام ہیں، چنانچہ ان کو سمندر میں ڈال دیا گیا، اُدھر ایک بڑی مچھلی تیار تھی اس نے فوراً سالم نگل لیا اور کنارہ پر جا کر اگل دیا۔

۳- نبی ﷺ نے ایک قوم کے سامنے قسم پیش کی تو سب قسم کھانے کے لئے لپکے، پس آپؐ نے حکم دیا کہ قرعہ ڈالا جائے، جس کا نام نکلے وہ قسم کھائے۔

۴- ممنوعاتِ شرعیہ میں مداہنت سے کام لینے والوں اور ممنوعاتِ شرعیہ کا ارتکاب کرنے والوں کی نبی ﷺ نے ایک مثال بیان کی کہ ایک کشتی ہے، اس میں مسافر سوار ہونا چاہتے ہیں، اوپر کے طبقے میں کون رہے اور نیچے کے طبقے میں کون؟ یہ چیز قرعہ اندازی سے طے کی گئی۔

۵- جب مہاجرین ہجرت کر کے مدینہ آئے تو کون مہاجر کس انصاری کے یہاں رہے؟ یہ بات قرعہ اندازی سے طے کی گئی، ام العلاء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہمارے حصہ میں حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ آئے۔

۶- نبی ﷺ جب کسی لمبے سفر کے لئے نکلتے تھے تو ازواج مطہرات میں سے کسی ایک کو ساتھ لیتے تھے، اور کس کو ساتھ لینا ہے؟ یہ بات قرعہ اندازی سے طے کی جاتی تھی۔

۷- نبی ﷺ نے فرمایا: اذان دینے کا اور صف اول میں نماز پڑھنے کا کیا ثواب ہے؟ اگر اس کو لوگ جان لیں تو ان دونوں کاموں کے کرنے میں منازعت ہو اور بالآخر قرعہ اندازی سے فیصلہ کرنا پڑے۔

یہ سب روایتیں پہلے آچکی ہیں اور ان سب کا محمل یہ ہے کہ جب استحقاق مساوی ہو تو کسی ایک کو منتخب کرنے کے لئے قرعہ اندازی کی جاسکتی ہے، جیسے چار بھائی ہیں، باپ کی چھوڑی ہوئی زمین مشترک ہے، اب انھوں نے چار مساوی حصے کئے، اب کون شخص کونسا حصہ لے؟ یہ بات قرعہ اندازی سے طے کرنا جائز ہے، رہی یہ بات کہ قرعہ اندازی ملزم ہے یا نہیں؟ اس کی امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں کوئی دلیل ذکر نہیں کی۔

[۳۰-] بَابُ الْقُرْعَةِ فِي الْمُشْكِلَاتِ

[۱-] وَقَوْلِهِ: ﴿ إِذْ يُلْقُوْنَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ﴾ [آل عمران: ٤٤] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اقْتَرَعُوْا، فَجَرَتِ الْأَقْلَامُ مَعَ الْجِرْيَةِ، وَعَالَ قَلَمُ زَكَرِيَّاءَ الْجِرْيَةَ، فَكَفَلَهَا زَكَرِيَّاءُ.

[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿ فَسَاهَمَ﴾: أَقْرَعَ ﴿ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ﴾ [الصافات: ١٤١]: يَعْنِيْ مِنَ الْمَسْهُوْمِيْنَ.

[۳-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: عَرَضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى قَوْمٍ الْيَمِيْنَ فَأَسْرَعُوْا، فَأَمَرَ أَنْ يُسْهَمَ بَيْنَهُمْ: أَيُّهُمْ يَحْلِفُ؟

[۲۶۸۶-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، ثَنِي الشَّعْبِيُّ، أَنَّـهُ سَمِعَ النُّعْمَانَ

ابْنَ بَشِيْرٍ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَثَلُ الْمُدْهِنِ فِيْ حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْوَاقِعِ فِيْهَا، مَثَلُ قَوْمٍ اسْتَهَمُوْا سَفِيْنَةً، فَصَارَ بَعْضُهُمْ فِي أَسْفَلِهَا وَصَارَ بَعْضُهُمْ فِيْ أَعْلَاهَا، فَكَانَ الَّذِيْنَ فِيْ أَسْفَلِهَا يَمُرُّوْنَ بِالْمَاءِ عَلَى الَّذِيْنَ فِي أَعْلَاهَا، فَتَأَذَّوْا بِهِ، فَأَخَذَ فَأْسًا فَجَعَلَ يَنْقُرُ أَسْفَلَ السَّفِيْنَةِ فَأَتَوْهُ، فَقَالُوْا: مَالَكَ؟ قَالَ: تَأَذَّيْتُمْ بِيْ، وَلَا بُدَّ لِيْ مِنَ الْمَاءِ، فَإِنْ أَخَذُوْا عَلَى يَدَيْهِ أَنْجَوْهُ وَنَجَّوْا أَنْفُسَهُمْ، وَإِنْ تَرَكُوْهُ أَهْلَكُوْهُ وَأَهْلَكُوْا أَنْفُسَهُمْ"[راجع: ۲۴۹۳]

[۲۶۸۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِيْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدٍ الْأَنْصَارِيُّ: أَنَّ أُمَّ الْعَلَاءِ- امْرَأَةً مِنْ نِسَائِهِمْ قَدْ بَايَعَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم - أَخْبَرَتْهُ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ طَارَ لَهُ سَهْمُهُ فِي السُّكْنَى، حِيْنَ اقْتَرَعَتِ الْأَنْصَارُ سُكْنَى الْمُهَاجِرِيْنَ، قَالَتْ أُمُّ الْعَلَاءِ: فَسَكَنَ عِنْدَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ، فَاشْتَكَى فَمَرَّضْنَاهُ، حَتَّى إِذَا تُوُفِّيَ وَجَعَلْنَاهُ فِيْ ثِيَابِهِ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ أَبَا السَّائِبِ، فَشَهَادَتِيْ عَلَيْكَ لَقَدْ أَكْرَمَكَ اللّٰهُ! فَقَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَمَا يُدْرِيْكَ أَنَّ اللّٰهَ أَكْرَمَهُ؟" فَقُلْتُ: لَا أَدْرِيْ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَمَّا عُثْمَانُ فَقَدْ جَاءَهُ وَاللّٰهِ الْيَقِيْنُ، وَإِنِّيْ لَأَرْجُوْ لَهُ الْخَيْرَ، وَاللّٰهِ مَا أَدْرِيْ وَأَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِهِ" قَالَتْ: فَوَ اللّٰهِ لَا أُزَكِّيْ أَحَدًا بَعْدَهُ أَبَدًا، فَأَحْزَنَنِيْ ذٰلِكَ، قَالَتْ: فَنِمْتُ فَأُرِيْتُ لِعُثْمَانَ عَيْنًا تَجْرِيْ فَجِئْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: "ذٰلِكَ عَمَلُهُ"[راجع: ۱۲۴۳]

[۲۶۸۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهُ، وَكَانَ يُقْسِمُ لِكُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ يَوْمَهَا وَلَيْلَتَهَا، غَيْرَ أَنَّ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ وَهَبَتْ يَوْمَهَا وَلَيْلَتَهَا لِعَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، تَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ رَضَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۲۵۹۳]

[۲۶۸۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي النِّدَاءِ وَالصَّفِّ الْأَوَّلِ، ثُمَّ لَمْ يَجِدُوْا إِلَّا أَنْ يَسْتَهِمُوْا عَلَيْهِ: لَاسْتَهَمُوْا، وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي التَّهْجِيْرِ لَاسْتَبَقُوْا إِلَيْهِ، وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَأَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا" [راجع: ۶۱۵]

❁ ❁ ❁

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كتابُ الصُّلحِ

صلح کا بیان

پہلے مختصر چار باتیں جان لیں:

۱- جب لوگوں میں جھگڑا ہوتا ہے تو معاملہ کورٹ میں جاتا ہے اور گواہیوں سے یا منکر کی قسم سے فیصلہ ہوتا ہے، مگر اس سے بہتر یہ ہے کہ لوگوں کے درمیان مصالحت کرادی جائے، جھگڑے کورٹ میں نہ لے جائے جائیں، چنانچہ کتاب الشهادات کے بعد کتاب الصلح لائے، تاکہ اس کی اہمیت واضح ہو۔

۲- مصالحت: مخاصمہ کی ضد ہے، جیسے صلاح: فساد کی ضد ہے۔ اور صلح کے اصطلاحی معنی ہیں: وہ معاملہ جو مدعی اور مدعی علیہ کے درمیان جھگڑا نمٹادے۔

۳- مصالحت کی بہت سی صورتیں ہوسکتی ہیں، حاشیہ میں بطور مثال چند لکھی ہیں، پس چھوٹا بڑا کوئی بھی جھگڑا ہو، پہلی کوشش مصالحت کی ہونی چاہئے۔

۴- قاضی کا فیصلہ ایک طرفہ ہوتا ہے، یا تو مدعی کے حق میں ہوتا ہے یا مدعی علیہ کے حق میں، اور مصالحت میں جانبین کی رعایت ہوتی ہے، اس لئے قاضی کے فیصلے سے بہتر مصالحت ہے۔ سورۃ النساء آیت ۱۲۸ میں ہے: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا، وَالصُّلْحُ خَيْرٌ، وَأُحْضِرَتِ الْأَنْفُسُ الشُّحَّ﴾: اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر سے بد دماغی یا لاپرواہی کا ڈر ہو تو دونوں کو اس امر میں کوئی گناہ نہیں کہ دونوں باہم ایک خاص طریقہ پر مصالحت کرلیں، اور یہ صلح بہتر ہے، اور نفوس کا خود غرضی کے ساتھ اقتران ہے، یعنی ہر آدمی کی ایک خواہش اور غرض ہوتی ہے، جب وہ پوری ہوجاتی ہے تو جھگڑا ختم ہوجاتا ہے مثلاً بیوی شوہر کے ساتھ رہنا چاہتی ہے، اور شوہر اس کو گھاس نہیں ڈالتا، پس اگر دونوں مصالحت کرلیں بایں طور کہ عورت شب باشی کے حقوق سے دستبردار ہوجائے اور شوہر اس کو طلاق نہ دے تو ہر ایک کا جزوی طور پر مقصد پورا ہوجاتا ہے، اس لئے صلح کرلینا بہتر ہے، کیونکہ نفوس کا خود غرضی کے ساتھ اقتران ہے، ہر شخص اپنی غرض پیش نظر رکھتا ہے، جیسے مذکورہ صلح میں عورت کی غرض پوری ہوگئی کہ شوہر نے اس کو رکھ لیا، طلاق نہیں دی، اور شوہر کی بھی غرض پوری ہوگئی کہ ساری راتیں اپنی چہیتی کے ساتھ گذارے گا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الإِصْلاَحِ بَيْنَ النَّاسِ، وَخُرُوْجِ الإِمَامِ إِلٰى الْمَوَاضِعِ، لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ: بِأَصْحَابِهِ

لوگوں کے درمیان معاملات سنوارنا، اور امیر المؤمنین کا اپنے ساتھیوں کے ساتھ مختلف جگہ جانا تا کہ لوگوں کے درمیان مصالحت کرائے

سورۃ النساء آیت ۱۱۴ میں ہے: ''عام لوگوں کی اکثر سرگوشیوں میں خیر نہیں، مگر جو لوگ ایسے ہیں کہ خیرات کی یا اور کسی نیک کام کی یا لوگوں میں باہم اصلاح کرنے کی ترغیب دیتے ہیں، جو شخص یہ کام کرے گا اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے تو ہم اس کو عنقریب اجر عظیم عطا فرمائیں گے''

اس آیت کریمہ سے مصالحت کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے، فرمایا: اکثر سرگوشیاں بے فائدہ ہوتی ہیں، مگر تین سرگوشیوں میں فائدہ ہے، ان میں سے ایک اصلاح بین الناس ہے، اگر کوشش اخلاص سے ہوگی تو اجر عظیم کے مستحق ہونگے، اور یہ اتنا اہم کام ہے کہ خود امیر المؤمنین کو اپنے ساتھیوں کے ساتھ جگہ جگہ جانا چاہئے، جہاں سے بھی خبر ملے کہ لوگوں میں کوئی نزاع پیش آیا ہے تو وہاں جا کر ان کے معاملات کو سنوارنا چاہئے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: پہلے گذری ہے، قباء کے باشندے عمرو بن عوف کی اولاد تھے، ان کے درمیان کوئی نزاع پیش آیا، نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ ان کے درمیان مصالحت کے لئے تشریف لے گئے، پھر آگے جو مضمون ہے وہ پہلے (حدیث ۶۸۴ تحفۃ القاری ۲: ۵۴۴) گذر چکا ہے۔

دوسری حدیث: رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے درمیان تو تو میں میں ہوگئی، لوگوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا: اگر آپ عبداللہ کے پاس جائیں اور معاملہ نمٹا دیں تو بہتر ہوگا، چنانچہ آپؐ گدھے پر سوار ہو کر چلے، صحابہ آپؐ کے ساتھ تھے، عبداللہ جہاں مجلس جمائے بیٹھا تھا وہ شور زمین تھی، ایسی زمین میں جب سواری اور لوگ چلتے ہیں تو مٹی اڑتی ہے، جب آپؐ اس کے پاس پہنچے تو اس نے کہا: پرے ہٹ! بخدا! تیرے گدھے کی بدبو مجھے ستا رہی ہے، مجلس میں سے ایک انصاری نے کہا: بخدا! رسول اللہ ﷺ کا گدھا تجھ سے زیادہ خوشبودار ہے، پس عبداللہ کی حمایت میں اس کی قوم کا ایک آدمی بولا اور اس نے پہلے شخص کو گالی دی، پس دونوں میں سے ہر ایک کے لئے اس کے ساتھی غضبناک ہوئے، اور دونوں فریقوں کے درمیان چھڑی، ہاتھوں اور چپلوں کا تبادلہ ہوا، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس واقعہ میں سورۃ الحجرات کی آیت ۹ نازل ہوئی۔

تشریح: یہ واقعہ آیت کا حقیقی شانِ نزول نہیں، احتمالی شانِ نزول ہے، کیونکہ یہاں مؤمنین کی دو جماعتیں نہیں تھیں، ایک مؤمنین کی تھی اور دوسری منافقین کی، مگر منافقین بظاہر مسلمانوں کے روپ میں تھے، اس لئے یہ واقعہ بھی آیت کا شانِ نزول ہوسکتا ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٥٣- كتابُ الصلح

[١-] بَابُ مَاجَاءَ فِي الإِصْلاحِ بَيْنَ النَّاسِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى:﴿ لَاخَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِنْ نَجْوَاهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوْفٍ أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ﴾ الآية [النساء: ١١٤]

وَخُرُوْجِ الإِمَامِ إِلَى الْمَوَاضِعِ لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ بِأَصْحَابِهِ

[٢٦٩٠-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ: ثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ أُنَاسًا مِنْ بَنِيْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ كَانَ بَيْنَهُمْ شَيْئٌ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ وَلَمْ يَأْتِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَذَّنَ بِلَالٌ بِالصَّلَاةِ وَلَمْ يَأْتِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حُبِسَ، وَقَدْ حَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَهَلْ لَكَ أَنْ تَؤُمَّ النَّاسَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ إِنْ شِئْتَ، فَأَقَامَ الصَّلَاةَ فَتَقَدَّمَ أَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ جَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَمْشِيْ فِي الصُّفُوْفِ، حَتَّى قَامَ فِي الصَّفِّ الأَوَّلِ، فَأَخَذَ النَّاسُ فِي التَّصْفِيْحِ حَتَّى أَكْثَرُوْا، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ لَا يَكَادُ يَلْتَفِتُ فِي الصَّلَاةِ، فَالْتَفَتَ فَإِذَا هُوَ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَرَاءَهُ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ بِيَدِهِ، فَأَمَرَهُ أَنْ يُصَلِّيَ كَمَا هُوَ، فَرَفَعَ أَبُوْ بَكْرٍ يَدَيْهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرٰى وَرَاءَهُ حَتَّى دَخَلَ فِي الصَّفِّ، فَتَقَدَّمَ النَّبِيُّ صلى الله على وسلم فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: "يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِذَا نَابَكُمْ شَيْئٌ فِيْ صَلَاتِكُمْ أَخَذْتُمْ بِالتَّصْفِيْحِ؟ إِنَّمَا التَّصْفِيْحُ لِلنِّسَاءِ، مَنْ نَابَهُ شَيْئٌ فِيْ صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَإِنَّهُ لَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ إِلَّا الْتَفَتَ، يَا أَبَا بَكْرٍ! مَا مَنَعَكَ حِيْنَ أَشَرْتُ إِلَيْكَ لَمْ تُصَلِّ؟" فَقَالَ: مَاكَانَ يَنْبَغِيْ لِابْنِ أَبِيْ قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم [راجع: ٦٨٤]

[٢٦٩١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، أَنَّ أَنَسًا قَالَ: قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: لَوْ أَتَيْتَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ، فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَرَكِبَ حِمَارًا، فَانْطَلَقَ الْمُسْلِمُوْنَ يَمْشُوْنَ مَعَهُ، وَهِيَ أَرْضٌ سَبِخَةٌ، فَلَمَّا أَتَاهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: إِلَيْكَ عَنِّيْ،

وَاللّٰهِ! لَقَدْ آذَانِیْ نَتْنُ حِمَارِكَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ مِنْهُمْ: وَاللّٰهِ لَحِمَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أَطْیَبُ رِیْحًا مِنْكَ! فَغَضِبَ لِعَبْدِ اللّٰهِ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ، فَشَتَمَا، فَغَضِبَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا أَصْحَابُهُ، فَكَانَ بَیْنَهُمَا ضَرْبٌ بِالْجَرِیْدِ، وَالنِّعَالِ، وَالْأَیْدِیْ، فَبَلَغَنَا أَنَّهَا نَزَلَتْ﴿ وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَأَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا﴾[الحجرات: ۹]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا مِمَّا انْتَخَبْتُ مِنْ مُسَدَّدٍ قَبْلَ أَنْ یَجْلِسَ وَیُحَدِّثَ.

ترجمہ: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث ان احادیث میں سے ہے جو میں نے منتخب کی ہیں مسدد کی حدیثوں میں سے، ان کے تحدیث کے لئے بیٹھنے سے پہلے یعنی ان کے درس شروع کرنے سے پہلے ان کے مسودات میں سے، میں نے چند احادیث چھانٹی ہیں، ان میں سے یہ حدیث ہے۔

بَابٌ: لَیْسَ الْكَاذِبُ الَّذِیْ یُصْلِحُ بَیْنَ النَّاسِ

جو لوگوں کے درمیان صلح کرائے وہ جھوٹا نہیں

کوئی شخص لوگوں میں مصالحت کرانا چاہتا ہے، پس وہ کوئی غیر واقعی بات کہتا ہے یا منسوب کرتا ہے تو وہ شخص جھوٹا نہیں، مثلاً ایک فریق کے پاس گیا، انھوں نے دوسرے فریق کی برائیاں شروع کردیں اس نے کہا: آپ حضرات برائیاں کررہے ہیں اور وہ تو آپ کے لئے دعا کرتے ہیں، پس وہ ڈھیلے پڑجائیں گے اور مصالحت کا راستہ ہموار ہوجائے گا۔

حدیث: وہ شخص بڑا جھوٹا نہیں جو لوگوں کے درمیان معاملات کو سنوارتا ہے، پس کوئی بھلی بات منسوب کرتا ہے یا کوئی بھلی بات کہتا ہے۔

تشریح: نَمَا الحدیثَ: کسی کی طرف کوئی بات منسوب کرنا، اور ترمذی میں حدیث ہے کہ جھوٹ جائز نہیں مگر تین باتوں میں: آدمی بیوی کو پٹانے کے لئے کوئی جھوٹی بات کہے، اور جنگ کے موقع پر دھوکہ دینے کے لئے کہے، اور لوگوں کے درمیان معاملات سنوارنے کے لئے کوئی ایسی ویسی بات کہے تو جائز ہے۔

کیا صریح جھوٹ جائز ہے؟

اس میں تھوڑا اختلاف ہے کہ مذکورہ مواقع میں اور اصلاح ذات البین کے لئے صریح جھوٹ بول سکتے ہیں یا نہیں؟ حنفیہ کی رائے یہ ہے کہ صریح جھوٹ بولنا کسی حال میں جائز نہیں، جھوٹ بہر حال جھوٹ ہے، البتہ توریہ کرسکتے ہیں۔ وَرَّی تَوْرِیَةً کے معنی ہیں: بات اس طرح کہنا کہ متکلم کا مقصود کچھ ہو اور سامع کچھ سمجھے، جیسے سفرِ ہجرت میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا: یہ تمہارے ساتھ کون ہے؟ حضرت ابوبکرؓ نے کہا: رَجُلٌ یَهْدِیْنِی السَّبِیْلَ: یہ آدمی مجھے راستہ دکھاتا ہے، حضرت کی مراد دین کا راستہ تھا، اور پوچھنے والا سمجھا کہ یہ ابوبکرؓ کے گائڈ ہیں، اور حنفیہ کے نزدیک: یہ حدیث علی سبیل الفرض

ہے، جیسے حدیث لَاشُؤْمَ إِلَّا فِیْ ثَلَاثٍ اور لَاحَسَدَ إِلَّا فِی اثْنَیْنِ علی سبیل الفرض ہیں۔ البتہ توریہ کرنے میں کوئی اشکال نہیں، لیکن اگر کسی جگہ توریہ ممکن نہ ہو تو حضرت امام شافعی اور علامہ عینی رحمہما اللہ وغیرہ کے نزدیک صریح جھوٹ بولنا بھی جائز ہے، یعنی اس کا گناہ نہیں ہوگا، وہ محض کذب ہوگا، بولنے والا کذّاب (مہا جھوٹا) نہیں ہوگا، اور کذب کی کیا حقیقت ہے؟ اور توریہ کی کیا مثالیں ہیں؟ یہ باتیں تفصیل سے تحفۃ الالمعی (۵: ۲۸۰-۲۸۶) میں ہیں۔

[۲-] بَابٌ: لَیْسَ الْکَاذِبُ الَّذِیْ یُصْلِحُ بَیْنَ النَّاسِ

[۲۶۹۲-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ حُمَیْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أُمَّهُ أُمَّ کُلْثُوْمٍ بِنْتَ عُقْبَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: "لَیْسَ الْکَذَّابُ الَّذِیْ یُصْلِحُ بَیْنَ النَّاسِ، فَیَنْمِیْ خَیْرًا أَوْ یَقُوْلُ خَیْرًا"

بَابُ قَوْلِ الإِمَامِ لِأَصْحَابِهِ: اذْهَبُوْابِنَا نُصْلِحْ

امیر المؤمنین کا ساتھیوں سے کہنا: چلو مصالحت کرائیں

لوگوں میں مصالحت کرانا اتنا اہم کام ہے کہ خود امیر المؤمنین کو چل کر جھگڑا نمٹانا چاہئے، قباء والوں میں جھگڑا ہوا، یہاں تک کہ سنگ باری کی نوبت آئی، نبی ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: چلو ان کے درمیان مصالحت کرائیں، چنانچہ آپؐ تشریف لے گئے اور ان میں مصالحت کرادی، اور نصلح: مرفوع اور مجزوم دونوں طرح ہوسکتا ہے۔ مرفوع ہونے کی صورت میں نحن مبتداء پوشیدہ ہوگا، اور مجزوم ہونے کی صورت میں جواب امر ہوگا۔

[۳-] بَابُ قَوْلِ الإِمَامِ لِأَصْحَابِهِ: اذْهَبُوْابِنَا نُصْلِحْ

[۲۶۹۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُ اللّٰهِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأُوَیْسِیُّ، وَإِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِیُّ، قَالَا: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ أَهْلَ قُبَاءٍ اقْتَتَلُوْا حَتّٰی تَرَامَوْا بِالْحِجَارَةِ، فَأُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِذٰلِكَ، فَقَالَ: "اذْهَبُوْا بِنَا نُصْلِحْ بَیْنَهُمْ" [راجع: ۶۸۴]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَنْ یَّصَّالَحَا بَیْنَهُمَا صُلْحًا، وَالصُّلْحُ خَیْرٌ﴾

زوجین آپس میں صلح کرلیں تو بہتر ہے!

یَصَّالَحَا ایک قراءت ہے، اس کی اصل یَتَصَالَحَا ہے، تاء کو صاد سے بدل کر ادغام کیا ہے، ہماری قراءت أَنْ یُصْلِحَا ہے، دونوں کے ایک معنی ہیں: زوجین میں نزاع ہو، بیوی بڑی عمر کی ہوگئی ہو، یا کالی کلوٹی ہو، اس لئے شوہر اس کو ناپسند کرتا

ہے، وہ اس کو چھوڑنا چاہتا ہے، بیوی کہتی ہے: مجھے رکھے رہو میں اپنی باری سے دوسری بیوی کے حق میں دستبردار ہوتی ہوں، اور شوہر اس کی بات مان لے، تو اس طرح صلح جائز ہے، رہی یہ بات کہ اس کا نفقہ شوہر کے ذمہ رہے گا یا نہیں؟ تو یہ چیز بھی باہمی رضامندی پر موقوف ہے، بیوی نفقہ سے بھی دستبردار ہوسکتی ہے۔ پھر اگر بیوی نفقہ سے دستبردار ہوگئی تو بعد میں نفقہ کا مطالبہ کرسکتی ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، میری ناقص رائے یہ ہے کہ نفقہ کا مطالبہ کرسکتی ہے، کیونکہ نفقہ سے دست برداری درست نہیں، بیوی کو پالنا پوسنا شوہر کی ذمہ داری ہے۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا اپنی باری سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حق میں دستبردار ہوگئی تھیں، ان کا نفقہ آخر تک نبی ﷺ دیتے رہے۔ اور حدیث وہی ہے جو پہلے گذری ہے کہ سورۃ النساء کی آیت ۱۲۸ زوجین کی مصالحت کے بارے میں نازل ہوئی ہے، اور اس کی تفسیر ابھی کتاب الصلح کے شروع میں گذرگئی ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَنْ يَّصَّالَحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا، وَالصُّلْحُ خَيْرٌ﴾

[٢٦٩٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا﴾ [النساء: ١٢٨] قَالَتْ: هُوَ الرَّجُلُ يَرَى مِنِ امْرَأَتِهِ مَالاَ يُعْجِبُهُ كِبَرًا أَوْ غَيْرَهُ، فَيُرِيْدُ فِرَاقَهَا، فَتَقُوْلُ: أَمْسِكْنِيْ، وَاقْسِمْ لِيْ مَا شِئْتَ، قَالَتْ: لاَ بَأْسَ إِذَا تَرَاضَيَا. [راجع: ٢٤٥٠]

قوله: اقْسِمْ لِيْ مَا شِئْتَ: تقسیم کریں آپ میرے لئے جو چاہیں یعنی میں شب باشی کے حق سے دستبردار ہوتی ہوں، آپ چاہیں تو میرے یہاں آئیں اور چاہیں تو نہ آئیں، رات گذارنے کے حق سے میں دستبردار ہوتی ہوں۔

بَابٌ: إِذَا اصْطَلَحُوْا عَلٰى صُلْحِ جَوْرٍ فَهُوَ مَرْدُوْدٌ

جو صلح شریعت کے خلاف ہو وہ مردود ہے

ترمذی شریف میں حدیث ہے: الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى شُرُوْطِهِمْ، إِلَّا شَرْطًا أَحَلَّ حَرَامًا أَوْ حَرَّمَ حَلَالًا: مسلمان آپسی معاملات میں جو چاہیں دفعات طے کریں، البتہ کوئی ایسی دفعہ جو حرام کو حلال یا حلال کو حرام کرے: طے کرنا جائز نہیں، پس اگر فریقین میں کوئی ایسی مصالحت ہوئی جو شریعت کے خلاف ہے تو اس کا اعتبار نہیں۔

اور باب کی حدیث میں یہ واقعہ ہے کہ ایک شخص کا جوان لڑکا دوسرے کے یہاں نوکر تھا، نوکر کے مالک کی بیوی سے ناجائز تعلقات ہوگئے، جب زنا پکڑا گیا تو لڑکے کے باپ کو فکر ہوئی کہ اگر مقدمہ حضور ﷺ کی خدمت میں جائے گا تو دونوں سنگسار کردیئے جائیں گے، چنانچہ لڑکے کے باپ نے عورت کے شوہر سے کہا: معاملہ دبادے اور سو بکریاں اور ایک

غلام لے لے، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا، پھر لڑکے کے باپ کو کسی نے مسئلہ بتایا کہ اس کی بیوی سنگسار کی جاتی کیونکہ وہ شادی شدہ ہے، اور تیرا لڑکا کنوارا ہے اس کو سو کوڑے لگتے، اب لڑکے کے باپ نے شوہر سے کہا: میری بکریاں اور غلام واپس لا، اور مقدمہ لے کر حضور ﷺ کے پاس چل، دونوں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، لڑکے کے باپ نے پورا واقعہ تفصیل سے سنایا، آپؐ نے فرمایا: میں تمہارے درمیان قرآن (شریعت) کے مطابق فیصلہ کروں گا، سو بکریاں اور غلام پر جو صلح ہوئی ہے وہ مردود ہے، اور شوہر سے کہا: وہ بکریاں اور غلام واپس کرو، پھر لڑکے کو سو کوڑے مارے اور ایک سال کے لئے جلا وطن کیا، اور حضرت اُنیس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: شوہر کے گاؤں میں جاؤ اور اس کی بیوی سے پوچھو، اگر وہ اقرار کرے تو اسے سنگسار کردو، چنانچہ وہ گئے، اس نے اقرار کیا اور وہ سنگسار کی گئی۔

دوسری حدیث: ایک ضابطہ کلیہ ہے، اور یہ حدیث اسی جگہ آئی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ أَحْدَثَ فِی أَمْرِنَا هٰذَا مَالَیْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ: جو ہمارے اس دین میں کوئی نئی بات نکالے جس کی دین میں کوئی اصل نہ ہو تو وہ بات مردود ہے۔ حدیث میں رَدٌّ (مصدر) اسم مفعول مَرْدُوْدٌ کے معنی میں ہے، جیسے: هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ میں خَلْق (مصدر) مَخْلُوْقٌ کے معنی میں ہے۔

یہ ایک قاعدہ کلیہ ہے، مصالحت بھی اس کے ضمن میں آتی ہے، اگر کوئی بات مصالحت میں خلافِ شرع طے کی گئی تو وہ مردود ہے، اسی طرح ملک کا قانون بنایا گیا یا کسی ادارہ یا انجمن کا دستور بنایا گیا اور اس میں کوئی دفعہ شریعت کے خلاف رکھی گئی تو وہ مردود ہے، دین: صرف وہ باتیں ہیں جو بعینہٖ قرآن وحدیث سے ثابت ہیں، یا ان کی اصل (جڑ) قرآن وحدیث میں موجود ہے، جیسے کعبہ شریف کا حج: بعینہٖ ثابت ہے اور آج کل جو مدارس کا سلسلہ ہے وہ بعینہٖ ثابت نہیں، مگر اس کی اصل صفہ کا مدرسہ ہے، پس زمانہ اور جگہ کے اختلاف سے مدارس کا نقشہ اور نصابِ تعلیم وغیرہ مختلف ہو سکتے ہیں، یہ بے اصل نہیں، جو چیزیں محض بے اصل ہیں جیسے مروجہ میلاد النبی: یہ بدعت ہے کیونکہ نبی ﷺ نے اور صحابہ کرامؓ نے اور سلف نے ولادت نبوی کا جشن نہیں منایا، یہ بات پانچویں صدی میں اربل کے بادشاہ نے شروع کی ہے، پس وہ بے اصل اور بدعت ہے۔

[۵-] بَابٌ: إِذَا اصْطَلَحُوْا عَلٰی صُلْحِ جَوْرٍ فَهُوَ مَرْدُوْدٌ

[۲۶۹۵و۲۶۹۶-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، ثنا الزُّهْرِیُّ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَزَیْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِیِّ، قَالَا: جَاءَ أَعْرَابِیٌّ، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اقْضِ بَیْنَنَا بِکِتَابِ اللّٰهِ، فَقَامَ خَصْمُهُ فَقَالَ: صَدَقَ، فَاقْضِ بَیْنَنَا بِکِتَابِ اللّٰهِ، فَقَالَ الْأَعْرَابِیُّ: إِنَّ ابْنِیْ کَانَ عَسِیْفًا عَلٰی هٰذَا فَزَنٰی بِامْرَأَتِهِ، فَقَالُوْا لِیْ: عَلٰی ابْنِكَ الرَّجْمُ، فَفَدَیْتُ ابْنِیْ مِنْهُ بِمِائَةٍ مِنَ الْغَنَمِ وَوَلِیْدَةٍ، ثُمَّ سَأَلْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ فَقَالُوْا: إِنَّمَا عَلٰی ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِیْبُ عَامٍ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "لَأَقْضِیَنَّ بَیْنَکُمَا

بِكِتَابِ اللّٰهِ، أَمَّا الْوَلِيْدَةُ وَالْغَنَمُ فَرَدٌّ عَلَيْكَ، وَعَلٰى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ. وَأَمَّا أَنْتَ يَا أُنَيْسُ -لِرَجُلٍ- فَاغْدُ عَلٰى امْرَأَةِ هٰذَا فَارْجُمْهَا" فَغَدَا عَلَيْهَا أُنَيْسٌ فَرَجَمَهَا.[راجع: ۲۳۱٤، ۲۳۱٥]

[۲٦۹۷-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ" رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيُّ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَبِيْ عَوْنٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ.

بَابٌ: كَيْفَ يُكْتَبُ: هٰذَا مَا صَالَحَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ وَفُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، وَإِنْ لَمْ يَنْسُبْهُ إِلٰى قَبِيْلَتِهِ أَوْ نَسَبِهِ

اگر صلح نامہ میں فریقین کے نام اور ولدیت لکھ دی جائے تو کافی ہے، نسبت لکھنی ضروری نہیں

صلح نامہ میں فریقین کے نام اس طرح لکھنے چاہئیں کہ پورا تعارف ہو جائے، اسی طرح دستاویزات اور سرکاری کاغذات میں بھی پورے تعارف کے ساتھ نام لکھنے چاہئیں، بعض عرب ملکوں میں مثّلث نام کا قانون ہے یعنی اپنا، باپ کا اور دادا کا نام لکھنا ضروری ہے، لیکن اگر اتنے سے بھی مکمل تعارف نہ ہو تو نسب اور نسبت لکھنا بھی ضروری ہے، اور کوئی عرف ہو تو وہ بھی لکھا جائے۔

اور باب میں حدیبیہ میں جو صلح نامہ لکھا گیا تھا اس کی روایتیں ہیں، اس میں لکھا گیا تھا: هٰذَا مَاقَاضَى مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ: ابھی اتنا ہی لکھنے پائے تھے کہ مشرکین نے اعتراض کر دیا کہ ہم آپ کو رسول نہیں مانتے، اگر ہم آپ کو رسول مانتے تو کعبہ شریف سے نہ روکتے، آپ اپنا اور اپنے والد کا نام لکھیں، نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا جو صلح نامہ لکھ رہے تھے کہ 'رسول اللہ' مٹا دو، حضرت علیؓ نے انکار کیا، پس نبی ﷺ نے خود مٹایا اور اس کی جگہ محمد بن عبداللہ لکھا گیا۔ اس واقعہ میں محمد رسول اللہ بھی تعارف کے لئے کافی تھا اور محمد بن عبداللہ بھی، اس لئے آپؐ نے اپنا نسب اور نسبت نہیں لکھی۔

اور اس صلح میں تین باتیں تھیں:

۱- اس سال مسلمان واپس جائیں، اگلے سال عمرہ کے لئے آئیں اور ہتھیاروں کا مظاہرہ نہ کریں، ہتھیار خُرجی میں ہوں۔

۲- مکہ سے کسی کو ساتھ نہ لے جائیں، اور کوئی مسلمان مکہ میں رہنا چاہے تو اس کو نہ روکیں۔

۳- مکہ سے جو شخص مسلمان ہو کر مدینہ چلا جائے اس کو واپس کیا جائے اور مدینہ سے جو مسلمان مرتد ہو کر مکہ آجائے اس کو واپس نہیں کیا جائے گا۔

علاوہ ازیں باب کی دوسری حدیث میں یہ واقعہ بھی ہے کہ جب اگلے سال مسلمان عمرے کے لئے گئے اور تین دن کے

بعد واپسی ہوئی تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی لڑکی چچا! چچا! کہتی ہوئی نبی ﷺ کے پیچھے چلی (آپؐ اور حضرت حمزہؓ رضاعی بھائی تھے) آپؐ نے اس کو نہیں دیکھا، مگر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو دیکھ لیا اور لے لیا، پھر اس لڑکی کی پرورش کے سلسلہ میں تین دعوے دار کھڑے ہوئے: حضرات علی، زید بن حارثہ اور جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہم، حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے تھے: پرورش کا میرا حق زیادہ ہے، کیونکہ یہ میری چچازاد بہن ہے، حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے کہا: میری بھی چچازاد بہن ہے اور اس کی خالہ میرے نکاح میں ہے اور حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا: میری بھتیجی ہے (نبی ﷺ نے زیدؓ اور حضرت حمزہؓ کے درمیان مواخات کرائی تھی) پس نبی ﷺ نے خالہ کے لئے فیصلہ کیا، اور فرمایا: خالہ ماں سی (ماں جیسی) ہے، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم میرے مزاج کے ہو، اور میں تمہارے مزاج کا ہوں۔ اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہارا حلیہ اور تمہارے اخلاق میرے مشابہ ہیں اور حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم ہمارے بھائی اور ہمارے آزاد کردہ ہو۔

سوال (۱): جب نبی ﷺ نے حکم دیا تھا کہ 'رسول اللہ' مٹادو تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیوں نہیں مٹایا؟ قاعدہ ہے: **الأَمْرُ فَوْقَ الأَدَبِ**: پس ان کو مٹانا چاہئے تھا؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے غلبۂ حال میں انکار کیا تھا، حدیبیہ کا صلح نامہ ایسے ماحول میں لکھا گیا تھا کہ ہر صحابی پریشان تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ تو بے قابو ہو گئے تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو سنبھالا تھا، حضرت علیؓ پر بھی غم کا پہاڑ ٹوٹا ہوا تھا کہ ہم کیسی صلح کر رہے ہیں! مگر مجبور تھے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے عہد کیا تھا کہ مکہ والے جو بھی بات مجھ سے منوانا چاہیں گے، جس میں حرم کا احترام ملحوظ ہوگا تو میں وہ بات مان لوں گا، چاہے میری مونچھ نیچی ہو جائے، اور غلبۂ حال میں جو کام کیا جاتا ہے اس پر احکام مرتب نہیں ہوتے۔ علاوہ ازیں اس انکار سے مشرکین کے سامنے صحابہ کی گرویدگی کا نقشہ آگیا کہ وہ کسی حال میں لفظ رسول اللہ مٹانے کے لئے تیار نہیں، معلوم ہوا کہ آپؐ سچے رسول ہیں۔

سوال (۲): حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے خود محمد بن عبداللہ لکھا، حالانکہ آپؐ امی تھے، پھر کیسے لکھا؟

جواب: لفظ رسول اللہ آپؐ نے مٹایا تھا اور اس کی جگہ 'بن عبداللہ' لکھنے والے نے لکھا تھا، اور اسناد مجازی ہے۔

[٦-] بَابٌ: كَيْفَ يُكْتَبُ: هٰذَا مَا صَالَحَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ وَفُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، وَإِنْ لَمْ يَنْسُبْهُ إِلٰى قَبِيْلَتِهِ أَوْ نَسَبِهِ

[٢٦٩٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: لَمَّا صَالَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَهْلَ الْحُدَيْبِيَةِ، كَتَبَ عَلِيٌّ بَيْنَهُمْ كِتَابًا، فَكَتَبَ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: لَا تَكْتُبْ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، لَوْ كُنْتَ رَسُوْلًا لَمْ

نُقَاتِلْكَ. فَقَالَ لِعَلِيٍّ: " امْحُهُ" قَالَ عَلِيٌّ: مَا أَنَا بِالَّذِیْ أَمْحَاهُ، فَمَحَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بِيَدِهِ، وَصَالَحَهُمْ عَلٰی أَنْ يَدْخُلَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ،وَلاَ يَدْخُلُوْهَا إِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلاَحِ، فَسَأَلُوْهُ: مَا جُلُبَّانُ السِّلاَحِ؟ فَقَالَ: الْقِرَابُ بِمَا فِيْهِ.[راجع: ۱۷۸۱]

[۲۶۹۹-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: اعْتَمَرَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ ذِی الْقَعْدَةِ، فَأَبٰی أَهْلُ مَكَّةَ أَنْ يَدَعُوْهُ يَدْخُلُ مَكَّةَ، حَتّٰی قَاضَاهُمْ عَلٰی أَنْ يُقِيْمَ بِهَا ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ، فَلَمَّا كَتَبُوْا الْكِتَابَ كَتَبُوْا: هٰذَا مَا قَاضٰی عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالُوْا: لَا نُقِرُّ بِهَا، فَلَوْ نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ، لٰكِنْ أَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: " أَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ" ثُمَّ قَالَ لِعَلِيٍّ: " امْحُ: رَسُوْلُ اللّٰهِ' قَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ لاَ أَمْحُوْكَ أَبَدًا. فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم الْكِتَابَ، فَكَتَبَ:" هٰذَا مَاقَاضٰی عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: لاَ يَدْخُلُ مَكَّةَ بِسِلاَحٍ إِلَّا فِی الْقِرَابِ، وَأَنْ لاَ يَخْرُجَ مِنْ أَهْلِهَا بِأَحَدٍ إِنْ أَرَادَ أَنْ يَتَّبِعَهُ، وَأَنْ لاَ يَمْنَعَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِهِ أَرَادَ أَنْ يُقِيْمَ بِهَا، فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْأَجَلُ أَتَوْا عَلِيًّا، فَقَالُوْا: قُلْ لِصَاحِبِكَ: اخْرُجْ عَنَّا فَقَدْ مَضَى الْأَجَلُ، فَخَرَجَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فَتَبِعَهُمُ ابْنَةُ حَمْزَةَ: يَا عَمِّ! يَا عَمِّ! فَتَنَاوَلَهَا عَلِیٌّ، فَأَخَذَ بِيَدِهَا، وَقَالَ لِفَاطِمَةَ: دُوْنَكِ ابْنَةَ عَمِّكِ، حَمَلَتْهَا، فَاخْتَصَمَ فِيْهَا عَلِیٌّ وَزَيْدٌ وَجَعْفَرٌ، فَقَالَ عَلِیٌّ: أَنَا أَحَقُّ بِهَا وَهِیَ بِنْتُ عَمِّیْ. وَقَالَ جَعْفَرٌ: بِنْتُ عَمِّیْ وَخَالَتُهَا تَحْتِیْ، وَقَالَ زَيْدٌ: بِنْتُ أَخِیْ، فَقَضٰی بِهَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم لِخَالَتِهَا، وَقَالَ:" الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ" وَقَالَ لِعَلِيٍّ:" أَنْتَ مِنِّیْ وَأَنَا مِنْكَ" وَقَالَ لِجَعْفَرٍ:" أَشْبَهْتَ خَلْقِیْ وَخُلُقِیْ" وَقَالَ لِزَيْدٍ:" أَنْتَ أَخُوْنَا وَمَوْلاَنَا"[راجع: ۱۷۸۱]

لغت: جُلُبَّان کے معنی ہیں: خرجی، چمڑے کا وہ تھیلہ جس میں مسافر کا سامان رہتا ہے، اور اس کو کجاوے کے ساتھ لٹکا دیتے ہیں، اس کی اصل جُلُبّ ہے، اس میں الف نون زائد تان لگائے تو جُلُبَّان ہوگیا۔ طالب علموں نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے پوچھا: جُلُبَّان کیا ہے؟ حضرت براءؓ نے کہا: توشہ دان مع ان چیزوں کے جو اس میں ہیں۔

بَابُ الصُّلْحِ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ

غیر مسلموں کے ساتھ مصالحت

غیر مسلموں کے ساتھ مصالحت ہوسکتی ہے، نبی ﷺ نے حدیبیہ میں مشرکین مکہ کے ساتھ دس سالہ ناجنگ معاہدہ کیا تھا، اس سے غیر مسلموں کے ساتھ مصالحت کا جواز ثابت ہوتا ہے۔

اور باب میں چند حدیثوں کے حوالے ہیں:

۱-ابوسفیانؓ کی روایت پہلے (حدیث ۷) گذری ہے، اس میں ابوسفیانؓ نے ہرقل سے کہا تھا: وَنَحْنُ مِنْهُ فِیْ مُدَّةٍ: ہماری اور اُن کی آج کل صلح چل رہی ہے۔

۲-حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت آگے (حدیث ۳۱۷۶) آرہی ہے، یہ ملاحم کی روایت کا ایک ٹکڑا ہے، قیامت سے پہلے مسلمانوں اور غیر مسلموں میں بڑی بڑی جنگیں ہونگی، جن میں کشتوں کے پشتے لگ جائیں گے، ان میں سے ایک روایت کا ٹکڑا یہ ہے کہ مسلمان اور رومیوں میں مصالحت ہوگی۔ معلوم ہوا کہ غیر مسلموں کے ساتھ مصالحت جائز ہے۔

۳-حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی روایت آگے (حدیث ۳۱۸۱) آرہی ہے، اس میں صلح حدیبیہ کا ذکر ہے۔

۴-حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کی روایت سے مراد شاید وہ روایت ہے جس میں آیا ہے کہ ان کی والدہ جو مشرک تھیں، اپنی بیٹی کے پاس امید لے کر آئی تھی، یہ صلح حدیبیہ کے بعد کا واقعہ ہے۔

۵-حضرت مسور رضی اللہ عنہ نے صلح حدیبیہ کا لمبا واقعہ روایت کیا ہے جو پہلے آچکا ہے۔

اور باب کی پہلی دو حدیثوں میں صلح حدیبیہ کا واقعہ ہے اور آخری حدیث میں عبداللہ بن سہلؓ کے قتل کا واقعہ ہے جو آگے (حدیث ۳۱۷۳) آرہا ہے، اس میں ہے: وَهُوَ یَوْمَئِذٍ صُلْحٌ: یہ اس زمانہ کا واقعہ ہے جب نبی ﷺ نے یہود کے ساتھ صلح کی تھی، اور یہودیوں کو خیبر کی زمینوں پر مزارع کی حیثیت سے برقرار رکھا تھا۔

[۷-] بَابُ الصُّلْحِ مَعَ الْمُشْرِكِیْنَ

[۱-] فِیْهِ عَنْ أَبِیْ سُفْیَانَ.

[۲-] وَقَالَ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: "ثُمَّ تَكُوْنُ هُدْنَةٌ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَ بَنِی الْأَصْفَرِ"

[۳-] وَفِیْهِ سَهْلُ بْنُ حُنَیْفٍ.

[۴-] وَأَسْمَاءُ.

[۵-] وَالْمِسْوَرُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

[۲۷۰۰-] وَقَالَ مُوْسَی بْنُ مَسْعُوْدٍ، ثَنَا سُفْیَانُ بْنُ سَعِیْدٍ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: صَالَحَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم الْمُشْرِكِیْنَ یَوْمَ الْحُدَیْبِیَةِ عَلٰی ثَلاَثَةِ أَشْیَاءَ: عَلٰی أَنَّ مَنْ أَتَاهُ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ رَدَّهُ إِلَیْهِمْ، وَمَنْ أَتَاهُمْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ لَمْ یَرُدُّوْهُ، وَعَلٰی أَنْ یَدْخُلَهَا مِنْ قَابِلٍ، وَیُقِیْمَ بِهَا ثَلاَثَةَ أَیَّامٍ، وَلاَ یَدْخُلُهَا إِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلاَحِ: السَّیْفِ وَالْقَوْسِ وَنَحْوِهِ، فَجَاءَ أَبُوْ جَنْدَلٍ یَحْجُلُ فِیْ قُیُوْدِهِ فَرَدَّهُ إِلَیْهِمْ. [راجع: ۱۷۸۱]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: لَمْ یَذْكُرْ مُؤَمَّلٌ، عَنْ سُفْیَانَ: أَبَا جَنْدَلٍ، وَقَالَ: إِلَّا بِجُلُبِّ السِّلاَحِ.

[۲۷۰۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، ثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، ثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم خَرَجَ مُعْتَمِرًا، فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ، فَنَحَرَ هَدْيَهُ وَحَلَقَ رَأْسَهُ بِالْحُدَيْبِيَةِ، وَقَاضَاهُمْ عَلٰى أَنْ يَعْتَمِرَ الْعَامَ الْمُقْبِلَ، وَلاَ يَحْمِلَ سِلاَحًا عَلَيْهِمْ إِلَّا سُيُوْفًا، وَلاَ يُقِيْمَ بِهَا إِلَّا مَا أَحَبُّوْا، فَاعْتَمَرَ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ، فَدَخَلَهَا كَمَا كَانَ صَالَحَهُمْ، فَلَمَّا أَقَامَ بِهَا ثَلاَ ثًا أَمَرُوْا أَنْ يَخْرُجَ فَخَرَجَ. [انظر: ۴۲۵۲]

[۲۷۰۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا بِشْرٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِيْ حَثْمَةَ، قَالَ: انْطَلَقَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ، وَمُحَيِّصَةُ بْنُ مَسْعُوْدِ بْنِ زَيْدٍ إِلٰى خَيْبَرَ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ صُلْحٌ.

[انظر: ۳۱۷۳، ۶۱۴۳، ۶۸۹۸، ۷۱۹۲]

بَابُ الصُّلْحِ فِي الدِّيَةِ

دیت پر مصالحت

کوئی کسی کو قتل کرے عمداً یا خطاءً تو خطاء میں تو دیت ہی واجب ہے، اور عمداً قتل کرنے میں قصاص واجب ہے، لیکن اگر قاتل اور مقتول کے ورثاء دیت پر مصالحت کرلیں تو جائز ہے، کیونکہ قصاص: حدود میں سے نہیں ہے، حدود صرف چار ہیں: حدِ زنا، حد سرقہ، حد قذف اور حد شرب، قصاص حدود میں شامل نہیں ہے، اس لئے فریقین راضی ہوجائیں اور قصاص چھوڑ دیں اور دیت قبول کرلیں تو ایسی مصالحت درست ہے۔

حدیث: یہ دسویں ثلاثی حدیث ہے، خادم رسول حضرت انس رضی اللہ عنہ کی پھوپھی رُبَیِّعؓ نے ایک جوان لڑکی کا سامنے کا دانت توڑ دیا، ربیع کے خاندان والوں نے لڑکی کے ورثاء سے کہا: قصاص معاف کردو اور دیت لے لو، انھوں نے انکار کیا، پس فریقین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے، آپؐ نے قصاص کا فیصلہ کیا۔ ربیع کے بھائی حضرت انس بن النضرؓ نے کہا: یارسول اللہ! میری بہن کا دانت توڑا جائے گا؟ ایسا نہیں ہوسکتا؟ قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دینِ حق کے ساتھ بھیجا ہے! ربیعؓ کا دانت ہرگز نہیں توڑا جائے گا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انس! قرآن کا حکم قصاص کا ہے! پھر لڑکی کے ورثاء راضی ہوگئے، قصاص معاف کردیا اور دیت لے لی، اس موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے سامنے اڑ جائیں اور قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو ضرور نیک بنائیں! حمید طویل کے شاگرد معاویہ فزاری کی روایت میں دیت قبول کرنے کا ذکر ہے، محمد انصاری کی روایت میں اس کا ذکر نہیں۔

تشریح: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہوتے ہیں جن کا اللہ کے یہاں خاص مقام ہوتا ہے، اگر وہ اللہ کے سامنے اڑ جائیں اور قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ ان کی لاج رکھ لیتے ہیں۔ علامہ اقبال رحمہ اللہ نے اس مضمون کو اس طرح باندھا ہے، شعر:

خودی کو کر اتنا بلند کہ ہر تقدیر سے پہلے ❁ خدا خود بندے سے پوچھے: بتا تیری رضا کیا ہے

حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ ایسے ہی اللہ کے مقبول بندے تھے، جنگ احد میں اسّی سے زیادہ زخم کھا کر شہید ہوئے، انھوں نے ناز سے کہا: میری بہن کا دانت نہیں ٹوٹے گا! یہ بات سن کر دوسرے فریق کے دل نرم پڑ گئے، انھوں نے قصاص معاف کر دیا اور دیت لینے پر راضی ہو گئے۔

[۸-] بَابُ الصُّلْحِ فِي الدِّيَةِ

[۲۷۰۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثَنِي حُمَيْدٌ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ: أَنَّ الرُّبَيِّعَ وَهِيَ بِنْتُ النَّضْرِ كَسَرَتْ ثَنِيَّةَ جَارِيَةٍ، فَطَلَبُوْا الْأَرْشَ وَطَلَبُوْا الْعَفْوَ فَأَبَوْا، فَأَتَوُا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَهُمْ بِالْقِصَاصِ، فَقَالَ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ: أَتُكْسَرُ ثَنِيَّةُ الرُّبَيِّعِ يَارَسُوْلَ اللهِ؟ لاَ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! لاَ تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا، قَالَ: " يَا أَنَسُ كِتَابُ اللهِ الْقِصَاصُ" فَرَضِيَ الْقَوْمُ وَعَفَوْا فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللهِ مَنْ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ" زَادَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: فَرَضِيَ الْقَوْمُ وَقَبِلُوْا الْأَرْشَ. [انظر: ۲۸۰۶، ۴۴۹۹، ۴۵۰۰، ۴۶۱۱، ۶۸۹۴]

قولہ: فَطَلَبُوْا الْأَرْشَ، وَطَلَبُوْا الْعَفْوَ، فَأَبَوْا: پس ربیع کی قوم نے دیت طلب کی اور قصاص سے معافی چاہی، پس لڑکی کی قوم نے انکار کیا۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ:

"ابْنِيْ هٰذَا سَيِّدٌ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے حق میں فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہے! اور ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں مصالحت کرادیں

مصالحت میں کبھی ایک فریق کو دبنا پڑتا ہے، اگر دونوں فریق اپنے موقف پر اڑے رہیں تو مصالحت مشکل ہو جاتی ہے، جیسے صلح حدیبیہ کے موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کی ہر بات مان لی، لیکن قرآنِ کریم نے اس کو فتح مبین قرار دیا، پس مصالحت میں ایک فریق کو دبنا پڑے تو وہ یہ نہ سمجھے کہ اس کی مونچھ نیچی ہوگئی، وہ ان شاء اللہ کامیاب ہوگا، حدیث ہے: مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ: جو اللہ کے لئے خاکساری اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو سر بلند کرتے ہیں۔

ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو گود میں لے کر منبر پر تشریف لائے اور فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہے! اور ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں کے درمیان معاملات کو سنوار دیں، مگر اس سے حضرت حسنؓ

کا کچھ نقصان نہیں ہوا، وہ اگرچہ خلافت سے دستبردار ہوگئے، مگر وہی سردار رہے، صدر ہر جا کہ نشیند صدر است! آج مسلمانوں کے دلوں میں جو مقام حضرت حسن رضی اللہ عنہ کا ہے وہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا نہیں ہے۔

[۹-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ:

''ابْنِیْ هٰذَا سَيِّدٌ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ''

وَقَوْلُهُ﴿ فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا﴾ [الحجرات: ۹]

[۲۷۰٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ مُوْسٰی، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُوْلُ: اسْتَقْبَلَ – وَاللّٰهِ – الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ مُعَاوِيَةَ بِكَتَائِبَ أَمْثَالَ الْجِبَالِ، فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ: إِنِّیْ لَأَرٰی كَتَائِبَ لَا تُوَلِّیْ حَتّٰی تَقْتُلَ أَقْرَانَهَا، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ– وَكَانَ وَاللّٰهِ خَيْرَ الرَّجُلَيْنِ –: أَیْ عَمْرُو! إِنْ قَتَلَ هٰؤُلَاءِ هٰؤُلَاءِ، وَهٰؤُلَاءِ هٰؤُلَاءِ، مَنْ لِیْ بِأُمُوْرِ النَّاسِ؟ مَنْ لِیْ بِنِسَائِهِمْ؟ مَنْ لِیْ بِضَيْعَتِهِمْ؟ فَبَعَثَ إِلَيْهِ رَجُلَيْنِ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ بَنِیْ عَبْدِ شَمْسٍ: عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرِ بْنِ كُرَيْزٍ، فَقَالَ: اذْهَبَا إِلٰی هٰذَا الرَّجُلِ، فَاعْرِضَا عَلَيْهِ، وَقُوْلَا لَهُ، وَاطْلُبَا إِلَيْهِ، فَأَتَيَاهُ فَدَخَلَا عَلَيْهِ، فَتَكَلَّمَا، وَقَالَا لَهُ، وَطَلَبَا إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُمَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ: إِنَّا بَنُوْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَدْ أَصَبْنَا مِنْ هٰذَا الْمَالِ! وَإِنَّ هٰذِهِ الْأُمَّةَ قَدْ عَاثَتْ فِیْ دِمَائِهَا، قَالَا: فَإِنَّهُ يَعْرِضُ عَلَيْكَ كَذَا وَكَذَا، وَيَطْلُبُ إِلَيْكَ وَيَسْأَلُكَ، قَالَ: فَمَنْ لِیْ بِهٰذَا؟ قَالَا: نَحْنُ لَكَ بِهِ، فَمَا سَأَلَهُمَا شَيْئًا إِلَّا قَالَا: نَحْنُ لَكَ بِهِ، فَصَالَحَهُ.

فَقَالَ الْحَسَنُ: وَلَقَدْ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرَةَ يَقُوْلُ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَی الْمِنْبَرِ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ إِلٰی جَنْبِهِ، وَهُوَ يُقْبِلُ عَلَی النَّاسِ مَرَّةً وَعَلَيْهِ أُخْرٰی، وَيَقُوْلُ: '' إِنَّ ابْنِیْ هٰذَا سَيِّدٌ! وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ''

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ لِیْ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: إِنَّمَا ثَبَتَ لَنَا سَمَاعُ الْحَسَنِ مِنْ أَبِیْ بَكْرَةَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ. [انظر: ۳٦۲۹، ۳۷٤٦، ۷۱۰۹]

ترجمہ مع وضاحت: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت کے بعد حضرت حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ پہلے سے ملک کے ایک حصہ کے فرماں روا تھے، ان کو بیعت پر مجبور کرنے کے لئے حضرت حسنؓ پہاڑوں جیسا لشکر لے کر شام کی طرف چلے، حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہؓ کو صورت حال کی خبر دی اور کہا: میں ایسا لشکر دیکھ رہا ہوں جو پیٹھ نہیں پھیرے گا یہاں تک کہ اپنے ہم عمروں کو قتل کرے گا، پس آپ بھی جوابی کاروائی کے لئے بڑا لشکر تیار کریں، اینٹ کا جواب پتھر سے دیں، حضرت معاویہؓ نے ان سے کہا: —— حضرت حسن بصریؒ کہتے ہیں: بخدا! معاویہؓ

عمروؓ سے بہتر تھے ـــــ اے عمرو! اگر اُنھوں نے اِن کو ماردیا اور اِنھوں نے اُن کو ماردیا تو لوگوں کے معاملات (حکومت کا کام) سنبھالنے کے لئے میرے پاس آدمی کہاں رہیں گے؟ اور میں ان کی بیواؤں کو کیسے سنبھالوں گا؟ اور میں ان کی جائدادوں کا کیسے انتظام کروں گا؟ پس تمہارے مشورے کے مطابق مقابلہ کے لئے میں زبردست لشکر تیار نہیں کروں گا، بلکہ مصالحت کروں گا، چنانچہ حضرت معاویہؓ نے حضرت حسنؓ کے پاس قریش کے قبیلہ بنوعبدشمس کے دو بڑے آدمی عبد الرحمٰن بن سمرہ اور عبداللہ بن عامر کو بھیجا اور دونوں سے کہا: اس شخص کے پاس جاؤ، اور دونوں ان کے سامنے پیش کرو یعنی مصالحت کی گفتگو کرو، اور دونوں ان سے کہو یعنی ان کو سمجھاؤ، اور دونوں ان سے مطالبہ کرو کہ وہ خلافت سے دستبردار ہوجائیں، چنانچہ وہ دونوں ان کے پاس گئے اور ان سے گفتگو کی، اور ان سے باتیں کیں، اور ان سے مطالبہ کیا کہ وہ خلافت سے دستبردار ہوجائیں، حضرت حسنؓ نے ان کو جواب دیا: ہم عبدالمطلب کی اولاد ہیں، ہم مال ودولت کے بھوکے نہیں، ہمارے پاس مال بہت ہے (لہٰذا مال ودولت کا سبز باغ تو مت دکھاؤ) البتہ یہ امت اپنے خون میں لتھڑ چکی ہے، یعنی صفین میں کشتوں کے پشتے لگ چکے ہیں، اب پھر اس کی نوبت آگئی، پس اس نقطۂ نظر سے سوچو، دونوں نے حضرت حسنؓ سے کہا: معاویہؓ آپ کے سامنے یہ اور یہ پیش کش کرتے ہیں اور آپ سے مطالبہ کرتے ہیں اور درخواست کرتے ہیں کہ آپ (ابھی) خلافت سے دستبردار ہوجائیں (اور حضرت معاویہؓ کے بعد خلیفہ بنیں) حضرت حسنؓ نے کہا: وہ جو پیش کش کرتے ہیں اس کی ذمہ داری کون لیتا ہے؟ دونوں نے کہا: ہم ذمہ دار ہیں، پس حضرت حسنؓ نے ان دونوں کے سامنے جو بھی مطالبہ رکھا: ان دونوں نے کہا: ہم اس کے ذمہ دار ہیں، چنانچہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کرلی۔ حضرت حسن بصریؒ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابوبکرہؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر دیکھا درانحالیکہ حضرت حسنؓ آپؐ کے پہلو میں تھے اور آپؐ کبھی لوگوں کی طرف دیکھتے تھے اور کبھی حضرت حسنؓ کی طرف اور فرمایا: ''بیشک میرا یہ بیٹا سردار ہے، اور ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں کے درمیان معاملات کو سنوار دیں'' اور قرآنِ کریم میں سورۃ الحجرات آیت ۹ میں بھی یہی حکم دیا گیا ہے کہ دونوں جماعتوں کے درمیان انصاف کے ساتھ معاملات سنوار دو۔

حدیثی فائدہ: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھ سے علی بن المدینی رحمہ اللہ نے کہا: اس حدیث سے حضرت حسن بصریؒ کا حضرت ابوبکرہؓ سے سماع ثابت ہوا، جب ایک حدیث میں سماع ثابت ہوجاتا ہے تو اس راوی کی تمام حدیثوں کو سماع پر محمول کیا جاتا ہے۔

بَابٌ: هَلْ يُشِيْرُ الإِمَامُ بِالصُّلْحِ؟

کیا امام صلح کا مشورہ دے؟

مالکیہ کہتے ہیں: امام اور قاضی کا کام صلح کا مشورہ دینا نہیں، ان کا کام دوٹوک فیصلہ کرنا ہے، اور جمہور کہتے ہیں: صلح کا

مشورہ دیا جاسکتا ہے، کورٹوں میں بھی بعض مقدمات میں جج فریقین سے کہتا ہے: آپس میں مصالحت کرلو، اگر مصالحت نہیں ہوتی تو پھر جج فیصلہ کرتا ہے، چونکہ مسئلہ میں اختلاف تھا اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے باب میں ھل استفہامیہ رکھا ہے۔ اور باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث نئی ہے اور دوسری حدیث گذر چکی ہے۔

[۱۰-] بَابٌ: هَلْ يُشِيْرُ الإِمَامُ بِالصُّلْحِ؟

[۲۷۰۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِىْ أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِىْ أَخِىْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِى الرِّجَالِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أُمَّهُ عَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ: سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَوْتَ خُصُوْمٍ بِالْبَابِ عَالِيَةً أَصْوَاتُهُمَا، وَإِذَا أَحَدُهُمَا يَسْتَوْضِعُ الآخَرَ، وَيَسْتَرْفِقُهُ فِىْ شَيْئٍ، وَهُوَ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ! لاَ أَفْعَلُ! فَخَرَجَ عَلَيْهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "أَيْنَ الْمُتَأَ لِّى عَلَى اللّٰهِ، لاَيَفْعَلُ الْمَعْرُوْفَ؟" فَقَالَ: أَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَلَهُ أَىُّ ذٰلِكَ أَحَبَّ.

[۲۷۰۶-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ الأَعْرَجِ، ثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّـهُ كَانَ لَهُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ حَدْرَدٍ الأَسْلَمِىِّ مَالٌ، قَالَ: فَلَقِيَهُ فَلَزِمَهُ حَتّٰى ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا، فَمَرَّ بِهِمَا النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَا "كَعْبُ" فَأَشَارَ بِيَدِهِ كَأَنَّهُ يَقُوْلُ: النِّصْفَ، فَأَخَذَ نِصْفَ مَا عَلَيْهِ وَتَرَكَ نِصْفًا. [راجع: ٤٥٧]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ نے دروازہ پر جھگڑنے والوں کی آواز سنی، فریقین زور زور سے بول رہے تھے، اچانک ان میں سے ایک نے دوسرے سے قرضہ کم کرنے کی درخواست کی اور وہ قرض کے معاملہ میں نرمی طلب کررہا تھا، اور دوسرا کہہ رہا تھا: خدا کی قسم! میں ایسا نہیں کروں گا، پس نبی ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا: اللہ کی قسم کھانے والا کہاں ہے جو کہتا ہے کہ وہ نیکی کا کام نہیں کرے گا؟ یعنی قرضہ کم نہیں کرے گا، پس اس نے کہا: میں ہوں یارسول اللہ! اور اس کے لئے اس میں سے وہ ہے جو وہ پسند کرے یعنی میں راضی ہوں، چاہے قرض دیر سے دے، چاہے قرض کم دے، میں دونوں باتوں کے لئے تیار ہوں (یہ نبی ﷺ نے مصالحت کا مشورہ دیا)

اور دوسری حدیث میں کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کا عبداللہ بن ابی حدردؓ پر قرضہ تھا، کعبؓ کی ان سے مسجد نبوی میں ملاقات ہوئی، پس وہ سایہ کی طرح ان کے ساتھ لگ گئے یہاں تک کہ دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں، پس نبی ﷺ ان کے پاس سے گذرے اور فرمایا: اے کعب! اور آپؐ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا، گویا آپؐ فرمارہے ہیں کہ آدھا لیلو، چنانچہ انھوں نے اس قرض کا آدھا لیا جو ان کا عبداللہ پر تھا، اور باقی آدھا چھوڑ دیا، یہ بھی نبی ﷺ نے مصالحت کا مشورہ دیا۔

بَابُ فَضْلِ الإِصْلَاحِ بَيْنَ النَّاسِ، وَالْعَدْلِ بَيْنَهُمْ

لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ مصالحت کرانے کی اہمیت

لوگوں کے درمیان مصالحت کرانا اور انصاف کے ساتھ کرانا بڑا ثواب کا کام ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لوگوں کے ہر جوڑ پر صدقہ واجب ہے، ہر دن جس میں سورج نکلتا ہے (سُلامی: (سین کا پیش) جسم کا جوڑ، جسم میں تین سو ساٹھ جوڑ ہیں پس روزانہ تین سو ساٹھ صدقے واجب ہیں۔ اور صدقہ کے معنی ہیں: نیک کام، اور لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ مصالحت کرانا ایک صدقہ ہے یعنی کارِ ثواب ہے۔

[۱۱-] بَابُ فَضْلِ الإِصْلَاحِ بَيْنَ النَّاسِ، وَالْعَدْلِ بَيْنَهُمْ

[۲۷۰۷-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُّ سُلَامَى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ، كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ فِيْهِ الشَّمْسُ، يَعْدِلُ بَيْنَ النَّاسِ صَدَقَةٌ" [انظر: ۲۸۹۱، ۲۹۸۹]

بَابٌ: إِذَا أَشَارَ الإِمَامُ بِالصُّلْحِ فَأَبَى: حَكَمَ عَلَيْهِ بِالْحُكْمِ الْبَيِّنِ

امام نے صلح کا مشورہ دیا، اس نے نہیں مانا تو دوٹوک فیصلہ کرے

حاکم نے یا قاضی نے فریقین سے مصالحت کے لئے کہا مگر ایک فریق تیار نہیں ہوا، تو حاکم دوٹوک فیصلہ کرے۔

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور ایک انصاری کے درمیان پانی کے سلسلہ میں جھگڑا ہوا، نبی ﷺ نے حضرت زبیرؓ سے فرمایا: جب تمہارے کھیت میں پانی پھر لے تو اپنے پڑوسی کے کھیت میں جانے دو، انصاری نے اس بات کو حضرت زبیرؓ کی طرف داری سمجھا، پس آپؐ نے دوٹوک فیصلہ کیا کہ جب کھیت میں پانی پھر جائے تو روکے رہو، یہاں تک کہ کھیت مینڈھ تک لبالب بھر جائے، یہ دوٹوک فیصلہ ہے اور حدیث بار بار گذری ہے۔

[۱۲-] بَابٌ: إِذَا أَشَارَ الإِمَامُ بِالصُّلْحِ فَأَبَى: حَكَمَ عَلَيْهِ بِالْحُكْمِ الْبَيِّنِ

[۲۷۰۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ الزُّبَيْرَ كَانَ يُحَدِّثُ: أَنَّهُ خَاصَمَ رَجُلًا مِنَ الأَنْصَارِ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِىْ شِرَاجٍ مِنَ الْحَرَّةِ، كَانَا يَسْقِيَانِ بِهِ كِلَاهُمَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِلزُّبَيْرِ: "اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ أَرْسِلْ إِلَى جَارِكَ" فَغَضِبَ الأَنْصَارِيُّ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ؟ فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُوْلِ

اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، ثُمَّ قَالَ:" اسْقِ ثُمَّ احْبِسْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْجَدْرَ" فَاسْتَوْعٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حِيْنَئِذٍ حَقَّهُ لِلزُّبَيْرِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَبْلَ ذٰلِكَ أَشَارَ عَلَى الزُّبَيْرِ بِرَأْيٍ سَعَةٍ لَهُ وَلِلْأَنْصَارِيِّ، فَلَمَّا أَحْفَظَ الْأَنْصَارِيُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اسْتَوْعٰى لِلزُّبَيْرِ حَقَّهُ فِيْ صَرِيْحِ الْحُكْمِ، قَالَ عُرْوَةُ: قَالَ الزُّبَيْرُ: وَاللّٰهِ مَا أَحْسِبُ هٰذِهِ الْآيَةَ نَزَلَتْ إِلَّا فِي ذٰلِكَ: ﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾ الْآيَةَ. [النساء: ٦٥] [راجع: ٢٣٦٠]

قولہ: أَحْفَظَ: ناراض کیا..........شِرَاج: شَرْج کی جمع ہے: اوپر سے بہہ کر آنے والا نالہ۔

بَابُ الصُّلْحِ بَيْنَ الْغُرَمَاءِ وَأَصْحَابِ الْمِيْرَاثِ، وَالْمُجَازَفَةِ فِي ذٰلِكَ

قرض خواہوں اور وارثوں میں اٹکل سے مصالحت کرانا

میت پر قرضہ ہے، ورثاء اس کے ذمہ دار ہیں، اگر کوئی شخص ان میں مصالحت کرائے تو سبحان اللہ! اور ناپ تول کر مصالحت کرانا ضروری نہیں، اٹکل سے بھی مصالحت کرا سکتے ہیں، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد حضرت عبد اللہؓ پر ایک یہودی کا قرضہ تھا، حضرت عبد اللہ جنگ احد میں شہید ہوگئے، پس قرضہ کے ذمہ دار حضرت جابرؓ اور ان کی بہنیں بنیں، نبی ﷺ نے قرض خواہوں سے کہا: جابر کے باغ کی ساری کھجوریں لے لو اور قرضہ ختم کردو، یہودی نے انکار کیا، کیونکہ باغ کی کھجوریں قرضہ سے کم تھیں، اگر وہ باغ کی کھجوریں لے لیتا تو ایسا کرنا درست تھا، یہی اٹکل سے مصالحت کرانا ہے۔ اور باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا جو قول ہے وہ کتاب الحوالہ کے شروع میں گذر چکا ہے: ایک دکان میں دو شریک ہیں، اب شرکت ختم کرنا چاہتے ہیں، پس دکان میں جو سامان ہے وہ ایک لیلے اور دوسرا دکان کا جو قرضہ لوگوں پر ہے وہ لیلے تو ایسا کرنا درست ہے، پھر اگر ایک کا نقصان ہوجائے تو دوسرا اس کا ذمہ دار نہیں، اس جزء میں فقہاء کا اختلاف ہے، جو فقہ کی کتابوں میں مذکور ہے۔

[۱۳-] بَابُ الصُّلْحِ بَيْنَ الْغُرَمَاءِ وَأَصْحَابِ الْمِيْرَاثِ، وَالْمُجَازَفَةِ فِي ذٰلِكَ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَا بَأْسَ أَنْ يَتَخَارَجَ الشَّرِيْكَانِ، فَيَأْخُذَ هٰذَا دَيْنًا وَهٰذَا عَيْنًا، فَإِنْ تَوِيَ لِأَحَدِهِمَا لَمْ يَرْجِعْ عَلٰى صَاحِبِهِ.

[۲۷۰۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: تُوُفِّيَ أَبِيْ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، فَعَرَضْتُ عَلٰى غُرَمَائِهِ أَنْ يَأْخُذُوا التَّمْرَ بِمَا عَلَيْهِ فَأَبَوْا، وَلَمْ يَرَوْا أَنَّ فِيْهِ وَفَاءً، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ:" إِذَا جَدَدْتَهُ فَوَضَعْتَهُ فِي

الْمِرْبَدِ آذَنْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم" فَجَاءَ وَمَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ فَجَلَسَ عَلَيْهِ فَدَعَا بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ:" ادْعُ غُرَمَاءَ كَ فَأَوْفِهِمْ" فَمَا تَرَكْتُ أَحَدًا لَهُ عَلٰى أَبِيْ دَيْنٌ إِلَّا قَضَيْتُهُ، وَفَضَلَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ وَسْقًا، سَبْعَةٌ عَجْوَةٌ وَسِتَّةٌ لَوْنٌ، أَوْ: سِتَّةٌ عَجْوَةٌ وَسَبْعَةٌ لَوْنٌ، فَوَافَيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَغْرِبَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَضَحِكَ، فَقَالَ:" ائْتِ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ فَأَخْبِرْهُمَا" فَقَالَا: لَقَدْ عَلِمْنَا إِذْ صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَا صَنَعَ أَنْ سَيَكُوْنُ ذٰلِكَ.

وَقَالَ هِشَامٌ، عَنْ وَهْبٍ، عَنْ جَابِرٍ: صَلَاةَ الْعَصْرِ وَلَمْ يَذْكُرْ: أَبَا بَكْرٍ، وَلَا ضَحِكَ، وَقَالَ: وَتَرَكَ أَبِيْ عَلَيْهِ ثَلَاثِيْنَ وَسْقًا دَيْنًا. وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ وَهْبٍ، عَنْ جَابِرٍ: صَلَاةَ الظُّهْرِ.[راجع: ۲۱۲۷]

بَابُ الصُّلْحِ بِالدَّيْنِ وَالْعَيْنِ

دَین اور عین کے ساتھ مصالحت

دَین: ذمہ پر واجب کوئی بھی مطالبہ اور عین: کوئی بھی موجود چیز، اور باب کی عبارت غیر واضح ہے، باب میں مسئلہ یہ ہے کہ ذمہ پر واجب کسی بھی مطالبہ کے عوض میں کوئی بھی موجود چیز دیکر مصالحت کی جائے تو جائز ہے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کا ابن ابی حدردؓ کے ذمہ کوئی مطالبہ تھا، نبی ﷺ نے آدھا چھوڑ دینے کے لئے فرمایا، تو حضرت کعبؓ نے چھوڑ دیا، پس آپؐ نے ابن ابی حدردؓ سے کہا: اٹھو اور دَین چکا دو، وہ جو چیز دیں گے وہ عین ہے، اس سے دَین چکا دیں گے۔

[١٤-] بَابُ الصُّلْحِ بِالدَّيْنِ وَالْعَيْنِ

[٢٧١٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عُثْمَانُ، أَنَا يُوْنُسُ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبٍ، أَنَّ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ تَقَاضَى ابْنَ أَبِيْ حَدْرَدٍ دَيْنًا، كَانَ لَهُ عَلَيْهِ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَسْجِدِ، فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا حَتَّى سَمِعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِي بَيْتِهِ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِمَا، حَتَّى كَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِهِ، فَنَادَى كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ، فَقَالَ:" يَا كَعْبُ" فَقَالَ: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: فَأَشَارَ بِيَدِهِ أَنْ ضَعِ الشَّطْرَ، فَقَالَ كَعْبٌ: قَدْ فَعَلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" قُمْ فَاقْضِهِ"[راجع: ٤٥٧]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ الشُّرُوْطِ

دفعات کا بیان

شروط: شرط کی جمع ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: علامت، اور علم نحو میں شرط وہ چیز ہے جو حرفِ شرط کے بعد ذکر کی جائے، جیسے: إِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَهِيَ طَالِقٌ: اور علم فقہ میں شرط وہ چیز ہے جس پر کسی چیز کا وجود وقوف ہو مگر وہ چیز مشروط کی ماہیت میں داخل نہ ہو، جیسے نماز کے لئے وضو شرط ہے اور یہاں شرط کے عام معنی ہیں: معاملات کی دفعات، دستور اساسی میں جو دفعات رکھی جاتی ہیں وہ بھی شروط ہیں۔

بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ الشُّرُوْطِ فِي الإِسْلَامِ وَالأَحْكَامِ وَالْمُبَايَعَةِ

اسلام، احکام اور بیعت میں کیا دفعات جائز ہیں؟

یہ جنرل باب ہے، اور احکام سے مراد احکام شرعیہ ہیں، یعنی عقود وفسوخ اور دیگر معاملات۔ کوئی شخص مسلمان ہوتے وقت بیعتِ اسلام میں کوئی شرط لگائے تو کونسی شرط جائز ہے اور کونسی ناجائز؟ اسی طرح معاملات واحکام میں کیا دفعات طے کی جاسکتی ہیں اور کیا نہیں؟ اسی طرح کوئی شخص بیعت سلوک کرے تو اس سے کن باتوں کا اقرار لیا جائے؟ اس سلسلہ میں ضابطہ کلیہ وہ ہے جو ترمذی کی حدیث میں آیا ہے: اَلْمُسْلِمُوْنَ عَلٰی شُرُوْطِهِمْ: یعنی ہر جائز شرط لگاسکتے ہیں اور ہر جائز بات کا اقرار لے سکتے ہیں، البتہ ناجائز باتوں کی شرط نہیں لگاسکتے، مثلاً کوئی شخص مسلمان ہوتے وقت شرط لگائے کہ وہ نماز نہیں پڑھے گا تو یہ شرط باطل ہے، اسی طرح معاملات میں کوئی ایسی شرط لگانا جس میں احد المتعاقدین کا فائدہ ہو تو معاملہ فاسد ہوجائے گا۔

اور باب کی سب حدیثیں پہلے گذری ہیں، پہلی حدیث میں صلح حدیبیہ کا ذکر ہے، مشرکین نے تین شرطیں لگائی تھیں وہ سب شرطیں مسلمانوں نے مان لی تھیں، پس یہ اشتراط درست ہے، صلح میں ایک شرط یہ تھی کہ جو مرد مسلمان ہوکر مدینہ چلا جائے اس کو واپس کیا جائے گا، پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ عقبہ بن ابی مُعیط کی لڑکی ام کلثوم مسلمان ہوکر مدینہ آگئیں، وہ نوجوان بالکل کم عمر تھیں، ان کے گھر والے ان کو لینے کے لئے آئے تو آیت کریمہ: ﴿إِذَا جَاءَ كُمُ الْمُؤْمِنَاتُ﴾ نازل ہوئی۔ اور ان کو واپس نہیں کیا گیا، ان سے کہا گیا کہ معاہدہ مردوں کے بارے میں تھا عورتوں کو شامل نہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی

ہیں: پھر جو بھی عورت مسلمان ہوکر مدینہ آتی، نبی ﷺ آیت کریمہ ﴿اِذَا جَاءَ کُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ﴾ کے مطابق ان سے اقرار لیتے، جو بھی عورت ان باتوں کا اقرار کرلیتی اس کو نبی ﷺ زبانی بیعت کر لیتے، آپؐ نے بیعت میں کسی عورت کا ہاتھ کبھی نہیں پکڑا، ہرایک سے زبانی بیعت لیتے تھے۔

اور آخری دو حدیثوں میں حضرت جریر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، جب وہ مسلمان ہوئے اور بیعتِ اسلام کی تو ان سے نماز کا اہتمام کرنے کا، زکوٰۃ ادا کرنے کا اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے کا اقرار لیا گیا۔ غرض ان حدیثوں میں اُن شروط کا بیان ہے جو شریعت کے خلاف نہیں، اُن کا اقرار اسلام لاتے وقت، بیعت کرتے وقت اور معاملات کرتے وقت لیا جائے تو لیا جا سکتا ہے۔

بسم الله الرحمن الرحیم

٥٤- كتابُ الشُّرُوْطِ

[١-] بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ الشُّرُوْطِ فِی الإِسْلَامِ وَالْأَحْكَامِ وَالْمُبَايَعَةِ

[٢٧١١و٢٧١٢-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ مَرْوَانَ وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ، يُخْبِرَانِ عَنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: لَمَّا كَاتَبَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو يَوْمَئِذٍ، كَانَ فِيْمَا اشْتَرَطَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو عَلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ لَا يَأْتِيْكَ مِنَّا أَحَدٌ وَإِنْ كَانَ عَلٰى دِيْنِكَ إِلَّا رَدَدْتَهُ إِلَيْنَا، وَخَلَّيْتَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ، فَكَرِهَ الْمُؤْمِنُوْنَ ذٰلِكَ وَامْتَعَضُوْا مِنْهُ، وَأَبٰى سُهَيْلٌ إِلَّا ذٰلِكَ، فَكَاتَبَهُ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى ذٰلِكَ، فَرَدَّ يَوْمَئِذٍ أَبَا جَنْدَلٍ إِلٰى أَبِيْهِ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَلَمْ يَأْتِهِ أَحَدٌ مِنَ الرِّجَالِ إِلَّا رَدَّهُ فِیْ تِلْكَ الْمُدَّةِ، وَإِنْ كَانَ مُسْلِمًا.

وَجَاءَتِ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ، وَكَانَتْ أُمُّ كُلْثُوْمٍ بِنْتُ عُقْبَةَ بْنِ أَبِیْ مُعَيْطٍ مِمَّنْ خَرَجَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَئِذٍ، وَهِیَ عَاتِقٌ، فَجَاءَ أَهْلُهَا يَسْأَلُوْنَ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَرْجِعَهَا إِلَيْهِمْ، فَلَمْ يَرْجِعْهَا إِلَيْهِمْ، لِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِيْهِنَّ ﴿إِذَا جَاءَ كُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ، اللّٰهُ أَعْلَمُ بِإِيْمَانِهِنَّ، فَإِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ﴾ الآيَةَ [الممتحنة: ١٠] [راجع: ١٦٩٤، ١٦٩٥]

[٢٧١٣-] قَالَ عُرْوَةُ: فَأَخْبَرَتْنِیْ عَائِشَةُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَمْتَحِنُهُنَّ بِهٰذِهِ الآيَةِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا جَاءَ كُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ﴾ إِلٰى ﴿غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾ [الممتحنة: ١٠] قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَنْ أَقَرَّ بِهٰذَا الشَّرْطِ مِنْهُنَّ، قَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَدْ

بَايَعْتُكِ'' كَلاَمًا يُكَلِّمُهَا بِهِ، وَاللّٰهِ مَا مَسَّتْ يَدُهُ يَدَ امْرَأَةٍ قَطُّ فِى الْمُبَايَعَةِ، وَمَا بَايَعَهُنَّ إِلاَّ بِقَوْلِهِ.

[انظر: ۲۷۳۳، ٤١٨٢، ٤٨٩١، ٥٢٨٨، ٧٢١٤]

[٢٧١٤-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيْرًا، يَقُوْلُ: بَايَعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَاشْتَرَطَ عَلَيَّ: '' وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ''[راجع: ٥٧]

[٢٧١٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنِىْ قَيْسُ بْنُ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى إِقَامِ الصَّلاَةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ.

[راجع: ٥٧]

لغات: اِمْتَعَضَ مِنَ الْأَمْرِ: کسی بات سے کبیدہ خاطر ہونا، سخت ناگواری ہونا، انتہائی برا لگنا۔ الامتعاض: ناگواری، خفگی، کبیدگی۔

بَابٌ: إِذَا بَاعَ نَخْلاً قَدْ أُبِّرَتْ

جب گابھا دیا ہوا کھجور کا باغ بیچا

یہ باب اور اس کی حدیث کتاب البیوع (باب ۹ حدیث ۲۲۰۴) میں آچکی ہے، کھجوروں کو گابھا دیدیا، پھر باغ بیچ دیا تو درختوں پر جو پھل ہے وہ کس کا؟ سودے میں جو بات طے ہوئی ہو اس کے مطابق عمل کیا جائے گا اور اگر سودے میں کوئی بات طے نہ ہوئی ہو تو پھل بائع کا، یہ جو سودے میں طے پایا یہی شرط ہے، مگر یہ معروف شرط نہیں، شرط سے تو بیع فاسد ہو جاتی ہے، بلکہ یہ بیع کی پوزیشن (حالت) ہے، اس سے بیع فاسد نہیں ہوتی۔

[٢-] بَابٌ: إِذَا بَاعَ نَخْلاً قَدْ أُبِّرَتْ

[٢٧١٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' مَنْ بَاعَ نَخْلاً قَدْ أُبِّرَتْ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ إِلاَّ أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ''

[راجع: ٢٢٠٣]

بَابُ الشُّرُوْطِ فِى الْبَيْعِ

سودے میں شرطیں

جمہور کے نزدیک اگر بیع میں ایسی شرط لگائی جائے جس میں احد المتعاقدین کا فائدہ ہو یا مبیع کا فائدہ ہو، درانحالیکہ مبیع

اہل استحقاق میں سے ہوتو بیع فاسد ہوجاتی ہے۔اور امام احمداورامام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک اگرایسی ایک شرط ہےتو بیع فاسدنہیں ہوتی،دو یازیادہ ہوں تو بیع فاسد ہوتی ہے،اوران کا استدلال حضرت بریرہؓ کے واقعہ سے ہے،اُن کے آقانے بیع میں شرط لگائی تھی کہ اگرحضرت عائشہ رضی اللہ عنہا آزادکریں تو ولاء بریرہؓ کے آقا کو ملے،چونکہ یہ ایک شرط تھی اس لئے بیع درست ہے،لیکن میں نے پہلے بتلایا ہے کہ شرط اعتاق میں تھی،اور عتق ایمان میں سے ہے،اس میں شرط لگانے سے شرط خود فاسد ہوجاتی ہے،مگرروایات اس انداز سے آئی ہیں کہ ولاء کی شرط بیع میں معلوم ہوتی ہے،یہ راویوں کا تصرف ہے،بیع میں تو ولاء ہوتی ہی نہیں،اور بیچنے کے بعدآزادکرنا ضروری نہیں،پھر بیع میں ولاء کی شرط کیسے لگائی جاسکتی ہے؟

[۳-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْبَيْعِ

[۲۷۱۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ بَرِيْرَةَ جَاءَ تْ عَائِشَةَ تَسْتَعِيْنُهَا فِيْ كِتَابَتِهَا، وَلَمْ تَكُنْ قَضَتْ مِنْ كِتَابَتِهَا شَيْئًا، قَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ: ارْجِعِيْ إِلٰى أَهْلِكِ، فَإِنْ أَحَبُّوْا أَنْ أَقْضِيَ عَنْكِ كِتَابَتَكِ وَيَكُوْنَ وَلَاؤُكِ لِيْ فَعَلْتُ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ بَرِيْرَةُ إِلٰى أَهْلِهَا فَأَبَوْا، وَقَالُوْا: إِنْ شَاءَ تْ أَنْ تَحْتَسِبَ عَلَيْكِ فَلْتَفْعَلْ، وَيَكُوْنُ لَنَا وَلَاؤُكِ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ لَهَا: "ابْتَاعِي فَأَعْتِقِيْ، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ، لِمَنْ أَعْتَقَ"[راجع: ٤٥٦]

قوله: أَنْ تَحْتَسِبَ: اگر عائشہ بہ نیتِ ثواب آزادکرنا چاہیں تو کریں، ولاء (میراث) کی امید نہ کریں، تیری ولاء ہمارے لئے ہوگی۔

بَابٌ: إِذَا اشْتَرَطَ الْبَائِعُ ظَهْرَ الدَّابَّةِ إِلٰى مَكَانٍ مُسَمًّى جَازَ

بائع نے متعین جگہ تک جانور پرسواری کرنے کی شرط لگائی تو جائز ہے

کسی شخص نے جانوراس شرط پر بیچا کہ وہ معین جگہ تک اس پر سوار ہوکر جائے گا تو بیع درست ہے،حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اونٹ خریدا، بائع (جابرؓ) نے شرط لگائی کہ وہ اس پر سوار ہوکر مدینہ تک جائیں گے، پھر اونٹ سونپیں گے تو یہ شرط لگانا جائز ہے۔امام احمداورامام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک بیع میں ایک شرط جائز ہے،دو یا زیادہ شرطیں جائز نہیں۔ترمذی میں حدیث (۱۲۱۹) ہے:وَلَا شَرْطَانِ فِيْ بَيْعٍ: بیع میں دوشرطیں لگانے سے حضور ﷺ نے منع کیا،معلوم ہوا کہ ایک شرط جائز ہے،مگر جمہور کہتے ہیں کہ ایک شرط بھی بیع کو فاسد کردیتی ہے، کیونکہ دوسری ضعیف حدیث ہے:نَهَى عَنْ بَيْعٍ وَشَرْطٍ: پس ایک حدیث سے دوشرطوں کا عدم جواز ثابت ہوااوردوسری حدیث سے ایک کا۔

اورحضرت جابر رضی اللہ عنہ والے واقعہ میں جمہور کہتے ہیں کہ شرط صُلبِ عقد میں نہیں تھی، بلکہ وہ ازقبیل مواعید تھی،

صلب عقد میں وہ شرط ہوتی ہے کہ اگر شرط مانی جائے تو سودا ہو ورنہ نہ ہو، اور جو شرط سودا ہونے کے بعد لگائی جائے وہ صلبِ عقد میں داخل نہیں ہوتی، اور معاوضات میں وعدے دیانۃً لازم ہوتے ہیں قضاءً لازم نہیں ہوتے۔ اور جمہور کی دلیل یہ ہے کہ مسند احمد میں روایت ہے: جب سودا ہو گیا تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ اونٹ سے اتر پڑے، نبی ﷺ نے پوچھا: کیوں اترے؟ انھوں نے عرض کیا: اب یہ اونٹ آپؐ کا ہو گیا، آپؐ نے فرمایا: کوئی بات نہیں، اونٹ پر سوار ہو جاؤ، اگر شرط صلبِ عقد میں ہوتی تو اترنے کی کیا ضرورت تھی؟ اور جن روایتوں میں اشْتَرَطَ ظَهْرَه آیا ہے وہ راویوں کا تصرف ہے، انھوں نے وعدہ کو اشتراط سے تعبیر کر دیا ہے، حقیقت میں اشتراط نہیں تھا، اور أَفْقَرَنی کے معنی ہیں: أَعَارَنِیْ: برتنے کے لئے مجھے اونٹ دیا، یہ بھی دلیل ہے کہ اونٹ کی پیٹھ عاریت کے طور پر تھی، بیع میں شرط نہیں تھی۔

اور روایات میں دو باتوں میں اختلاف ہے:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے واقعہ میں دو باتوں میں راویوں میں شدید اختلاف ہے:

ایک: مدینہ تک اونٹ پر سوار ہو کر جانا با قاعدہ بیع میں شرط تھا یا بیع مطلق تھی پھر آپؐ نے ان کو سواری کی اجازت دیدی؟ امام بخاریؒ نے آٹھ روایتیں (باب کی روایت کے ساتھ) جمع کی ہیں اور یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ بات بیع میں شرط تھی، کیونکہ جن روایتوں میں اشتراط کا ذکر آیا ہے وہ زیادہ ہیں، پس امام بخاریؒ کے نزدیک زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ بیع میں با قاعدہ سواری کی شرط تھی۔

دوم: بیع کتنے ثمن پر ہوئی تھی؟ اس میں بھی روایتوں میں اختلاف ہے، امام صاحبؒ نے اس سلسلہ میں آٹھ روایتیں ذکر کی ہیں اور فیصلہ کیا ہے کہ بیع ایک اوقیہ پر ہوئی تھی۔ اور اس زمانہ میں ایک دینار دس درہم میں بدلا جاتا تھا پس جس روایت میں چار دینار آیا ہے اس سے بھی ایک اوقیہ مراد ہے، اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے۔

اور میری ناقص رائے پہلے مسئلہ میں یہ ہے کہ وہ رواۃ کا تصرف ہے، جیسے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ میں رواۃ نے تصرف کیا ہے اور ولاء کی شرط کا بیع میں ہونا بیان کیا ہے اور دوسرا اختلاف میرے نزدیک واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اس کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے، ثمن کچھ بھی ہو، اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟

[٤-] بَابٌ: إِذَا اشْتَرَطَ الْبَائِعُ ظَهْرَ الدَّابَّةِ إِلٰى مَكَانٍ مُسَمًّى جَازَ

[٢٧١٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا زَكَرِيَّا، قَالَ: سَمِعْتُ عَامِرًا، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ جَابِرٌ: أَنَّهُ كَانَ يَسِيْرُ عَلٰى جَمَلٍ لَهُ قَدْ أَعْيَا، فَمَرَّ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَضَرَبَهُ فَدَعَا لَهُ، فَسَارَ بَسَيْرٍ لَيْسَ يَسِيْرُ مِثْلَهُ، ثُمَّ قَالَ: "بِعْنِيْهِ بِوَقِيَّةٍ" قُلْتُ: لاَ، ثُمَّ قَالَ: "بِعْنِيْهِ بِوَقِيَّةٍ" فَبِعْتُهُ فَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلاَنَهُ إِلٰى أَهْلِيْ، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَتَيْتُهُ بِالْجَمَلِ، وَنَقَدَنِيْ ثَمَنَهُ ثُمَّ انْصَرَفْتُ فَأَرْسَلَ عَلٰى أَثَرِيْ ثُمَّ قَالَ: "مَا كُنْتُ لِآخُذَ جَمَلَكَ، فَخُذْ جَمَلَكَ ذٰلِكَ، فَهُوَ مَالُكَ" [راجع: ٤٤٣]

[۱-] وَقَالَ شُعْبَةُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَابِرٍ: أَفْقَرَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ظَهْرَهُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ.

[۲-] وَقَالَ إِسْحَاقُ عَنْ جَرِيْرٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ: فَبِعْتُهُ عَلٰى أَنَّ لِىْ فَقَارَ ظَهْرِهِ حَتَّى أَبْلُغَ الْمَدِيْنَةَ.

[۳-] وَقَالَ عَطَاءٌ وَغَيْرُهُ: "وَلَكَ ظَهْرُهُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ"

[٤-] وَقَالَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ: شَرَطَ ظَهْرَهُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ.

[٥-] وَقَالَ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ جَابِرٍ: "وَلَكَ ظَهْرُهُ حَتَّى تَرْجِعَ"

[٦-] وَقَالَ أَبُوْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: "أَفْقَرْنَاكَ ظَهْرَهُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ"

[۷-] وَقَالَ الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابِرٍ: "تَبَلَّغْ عَلَيْهِ إِلَى أَهْلِكَ"

[۱-] وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ وَابْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ وَهْبٍ، عَنْ جَابِرٍ: اشْتَرَاهُ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم بِأُوْقِيَةٍ.

[۲-] وَتَابَعَهُ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ جَابِرٍ.

[۳-] وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ وَغَيْرِهِ، عَنْ جَابِرٍ، أَخَذْتُهُ بِأَرْبَعَةِ دَنَانِيْرَ، وَهٰذَا يَكُوْنُ أُوْقِيَّةً عَلٰى حِسَابِ الدِّيْنَارِ بِعَشْرَةِ دَرَاهِم.

[٤-] وَلَمْ يُبَيِّنِ الثَّمَنَ مُغِيْرَةُ، عَنِ الشَّعْبِىِّ، عَنْ جَابِرٍ، وَابْنُ الْمُنْكَدِرِ وَأَبُوْ الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ.

[٥-] وَقَالَ الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابِرٍ: أُوْقِيَّةُ ذَهَبٍ.

[٦-] وَقَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابِرٍ: بِمِائَتَىْ دِرْهَمٍ.

[۷-] وَقَالَ دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ جَابِرٍ: اشْتَرَاهُ بِطَرِيْقِ تَبُوْكَ، أَحْسِبُهُ قَالَ: بِأَرْبَعِ أَوَاقٍ.

[۸-] وَقَالَ أَبُوْ نَضْرَةَ: عَنْ جَابِرٍ: اشْتَرَاهُ بِعِشْرِيْنَ دِيْنَارًا.

وَقَوْلُ الشَّعْبِىِّ: بِوُقِيَّةٍ أَكْثَرُ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَالِاشْتِرَاطُ أَكْثَرُ وَأَصَحُّ عِنْدِىْ.

وضاحت: حدیث میں جو آیا ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اونٹ بیچنے سے انکار کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ انھوں نے اونٹ نذر کیا، بیچنے سے انکار کیا، مگر نبی ﷺ نے مفت قبول نہیں کیا، بلکہ بیچنے پر اصرار کیا۔

بَابُ الشُّرُوْطِ فِى الْمُعَامَلَةِ

مساقات میں شرطیں

معاملہ: مساقات کو کہتے ہیں، مساقات: باغوں کو پرداخت پر دینا۔ مہاجرین وانصار نے آپس میں طے کیا تھا کہ باغات

کا کام مہاجرین کریں اور پیداوار آدھی آدھی بانٹ لیں، اس طرح مساقات کا معاملہ کرنا درست ہے، اسی طرح خیبر کے یہودیوں کے ساتھ نبی ﷺ نے نصفا نصفی پر مساقات کی تھی: یہ بھی درست ہے۔

[٥-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْمُعَامَلَةِ

[٢٧١٩-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَتِ الْأَنْصَارُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: اقْسِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ إِخْوَانِنَا النَّخِيْلَ، فَقَالَ:" لاَ" فَقَالُوْا:" تَكْفُوْنَا الْمُؤْنَةَ وَنُشْرِكُكُمْ فِي الثَّمَرَةِ" قَالُوْا: سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا. [راجع: ٢٣٢٥]

[٢٧٢٠-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَعْطى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ الْيَهُوْدَ أَنْ يَعْمَلُوْهَا وَيَزْرَعُوْهَا، وَلَهُمْ شَطْرُ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا. [راجع: ٢٢٨٥]

بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْمَهْرِ عِنْدَ عُقْدَةِ النِّكَاحِ

نکاح کے وقت مہر میں شرطیں

بوقت نکاح مہر طے پایا کہ اتنی رقم دے گا یا گھر دے گا یا زمین جائداد دے گا تو اس کی پابندی ضروری ہے، اگرچہ شوہر کا حق ہے کہ وہ جو مہر دینا چاہے دے، مگر جب بات طے ہوگئی تو اب اس کی پابندی ضروری ہے۔

اثر: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لَهَا شَرْطُهَا: عورت کے لئے اس کی شرط ہے یعنی بوقت نکاح عورت نے جو شرط لگائی اس کو پورا کرنا ضروری ہے، ایک شخص نے کہا: پھر تو عورت ہمیں طلاق بھی دے سکتی ہے! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: إِنَّ مَقَاطِعَ الْحُقُوْقِ عِنْدَ الشُّرُوْطِ، وَلَكَ مَا شَرَطْتَ: شرطوں کے پاس حقوق ختم ہوجاتے ہیں اور تمہارے لئے وہ ہے جس کی تم نے شرط لگائی ہے۔

تشریح: مَقَاطِعُ: مَقْطَعٌ کی جمع ہے: وہ جگہ جہاں کلام ختم ہوجاتا ہے، رک جاتا ہے۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے اس قول سے باب ثابت کیا ہے کہ بوقت نکاح جو مہر طے ہوگیا اس کی پابندی ضروری ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے جو کسی نے کہا تھا کہ پھر تو عورت ہمیں طلاق بھی دے سکتی ہے! اس کا جواب یہ ہے کہ دے سکتی ہے، اسی کا نام تفویض طلاق ہے، اگر بوقت نکاح طلاق کا اختیار بیوی کو دیدیا تو وہ طلاق دے سکتی ہے، اور وَلَكَ مَا شَرَطْتَ کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کوئی شرط منوائیں تو بیوی پر اس کی پابندی لازم ہے، اسی طرح بیوی کی طرف سے جو شرط طے کی جائے اس کی پابندی بھی ضروری ہے۔

حدیث (۱): ایک تقریر میں نبی ﷺ نے اپنے داماد حضرت ابو العاص بن الربیع رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا اور ان کی تعریف کی کہ وہ میرے بہت اچھے داماد تھے، آپ کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا ان کے نکاح میں تھیں، مشرکین نے ان پر بہت دباؤ ڈالا کہ محمد کی لڑکی کو طلاق دیدو، مگر انھوں نے طلاق نہیں دی، پھر وہ جنگِ بدر میں کافروں کے ساتھ آئے اور قید ہوگئے، صحابہ نے ان کو فدیہ کے بغیر چھوڑ دیا، جب وہ مکہ واپس جانے لگے تو نبی ﷺ نے ان سے کہا: تم غیر مسلم ہو، زینبؓ کو مدینہ بھیج دو، انھوں نے وعدہ کیا، اور پورا کیا۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا مدینہ میں آکر چھ سال تک بیٹھی رہیں، پھر فتح مکہ سے پہلے مصالحت کے زمانہ میں ابو العاصؓ مسلمان ہوکر آگئے تو انہی سے حضرت زینبؓ کا دوبارہ نکاح کردیا، اس روایت سے معلوم ہوا کہ شوہر مہر وغیرہ کے سلسلہ میں جو وعدہ کرے اس کو پورا کرنا چاہئے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: أَحَقُّ الشُّرُوْطِ أَنْ تُوْفُوْا بِهِ: مَا اسْتَحْلَلْتُمْ بِهِ الفُرُوْجَ: وفا کی سب سے زیادہ حق دار وہ شرطیں ہیں جن کے ذریعہ تم نے شرم گاہوں کو حلال کیا ہے۔

تشریح: أَحَقُّ الشُّرُوْطِ: مبتداء، أَنْ مصدریہ، تُوْفُوْا بِهِ: بتاویل مصدر یعنی وفا (پورا کرنے) کی زیادہ حق دار شرطیں، مااستحللتم خبر، یعنی جن شرطوں کو قبول کرنے کی وجہ سے نکاح ہوا ہے ان کو ضرور پورا کرنا چاہئے، وہ وفا کی زیادہ حقدار ہیں، اس میں مہر بھی آگیا، جو بات مہر میں طے پائی ہے وہ پوری کرنی چاہئے۔

[٦-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْمَهْرِ عِنْدَ عُقْدَةِ النِّكَاحِ

[١-] وَقَالَ عُمَرُ: إِنَّ مَقَاطِعَ الْحُقُوْقِ عِنْدَ الشُّرُوْطِ، وَلَكَ مَا شَرَطْتَ.

[٢-] وَقَالَ الْمِسْوَرُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، ذَكَرَ صِهْرًا لَهُ، فَأَثْنىٰ عَلَيْهِ فِيْ مُصَاهَرَتِهِ، فَأَحْسَنَ، قَالَ: "حَدَّثَنِيْ فَصَدَقَنِيْ، وَوَعَدَنِيْ فَوَفىٰ لِيْ"

[٢٧٢١-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "أَحَقُّ الشُّرُوْطِ أَنْ تُوْفُوْا بِهِ مَا اسْتَحْلَلْتُمْ بِهِ الفُرُوْجَ" [انظر: ٥١٥١]

بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْمُزَارَعَةِ

مزارعت میں شرطیں

پہلے باب الشُّرُوْطِ فِي الْمُعَامَلَةِ آیا ہے، وہ باب مساقات کے بارے میں تھا، اب یہ باب مزارعت کے بارے میں آیا، زمین بٹائی پر اور کرایہ پر دینا جائز ہے، اور خاص جگہ کی پیداوار پر اور پیداوار کی خاص مقدار پر دینا جائز نہیں، اس میں خطرہ (سٹّہ) ہے، تفصیل پہلے آچکی ہے۔

[٧-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْمُزَارَعَةِ

[٢٧٢٢-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، سَمِعْتُ حَنْظَلَةَ الزُّرَقِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ، يَقُوْلُ: كُنَّا أَكْثَرَ الْأَنْصَارِ حَقْلاً، فَكُنَّا نُكْرِى الْأَرْضَ، فَرُبَّمَا أَخْرَجَتْ هٰذِهِ وَلَمْ تُخْرِجْ ذِهِ، فَنُهِيْنَا عَنْ ذٰلِكَ، وَلَمْ نُنْهَ عَنِ الْوَرِقِ. [راجع: ٢٢٨٦]

بَابُ مَالاَ يَجُوْزُ مِنَ الشُّرُوْطِ فِي النِّكَاحِ

نکاح میں جو شرطیں جائز نہیں

شرطیں تین قسم کی ہیں: ایک: جو عقد کا مقتضی ہیں۔ دوم: جو مقتضائے عقد کے خلاف ہیں۔ سوم: جو نہ عقد کا مقتضی ہیں نہ اس کے خلاف، جو شرطیں عقد کا مقتضی ہیں وہ تو خود بخود ثابت ہوتی ہیں، جیسے بیوی سے استمتاع کا جواز، اور جو شرطیں مقتضائے عقد کے خلاف ہیں وہ باطل ہوجاتی ہیں، جیسے نکاح میں شرط لگانا کہ بیوی صحبت نہیں کرنے دے گی، یہ شرط باطل ہے اور نکاح صحیح ہے، کیونکہ نکاح ایمان میں سے ہے، اور تیسری قسم کی شرط: جیسے گھر داماد بن کر رہنے کی شرط اس کو دیانۃً پورا کرنا واجب ہے، ابھی ایک باب پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول آیا ہے اور حضرت عقبہ کی حدیث آئی ہے ان کا یہی محمل ہے کہ دیانۃً ان شرطوں کو پورا کرنا ضروری ہے، قضاءً ضروری نہیں۔ ترمذی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے: شَرْطُ اللّٰهِ أَحَقُّ: علماء نے اس کو قضاء پر محمول کیا ہے۔

غرض اس باب میں ان شرطوں کا بیان ہے جو مقتضائے عقد کے خلاف ہیں، جیسے عورت نے شرط لگائی کہ شوہر اپنی پہلی بیوی کو طلاق دیدے گا، یہ شرط باطل ہے۔ حدیث میں ہے: لاَتَسْئَلِ الْمَرْأَةُ طَلاَقَ أُخْتِهَا لِتَسْتَكْفِئَ إِنَاءَ هَا: عورت اپنی بہن (سوکن) کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تاکہ اس کے برتن کو (اپنے برتن میں) انڈیل لے، اور باب کی حدیث کا پہلا جملہ: لاَيَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ: شہری دیہاتی کے لئے نہ بیچے، اس کا ایک مطلب یہ ہے کہ شہر میں چیزوں کی تنگی ہے اور کوئی دکاندار شہریوں کو نہیں بیچتا، دیہاتیوں کو بیچتا ہے، دیہاتی بھولے ہوتے ہیں ان کو ٹھگا جاسکتا ہے اور دوسرا مطلب أبواب البیوع میں گذرا ہے۔

[٨-] بَابُ مَالاَ يَجُوْزُ مِنَ الشُّرُوْطِ فِي النِّكَاحِ

[٢٧٢٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لاَ يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَلاَ تَنَاجَشُوْا، وَلاَ يَزِيْدَنَّ عَلٰى بَيْعِ أَخِيْهِ، وَلاَ يَخْطُبَنَّ عَلٰى خِطْبَتِهِ، وَلاَ تَسْأَلِ الْمَرْأَةُ طَلاَقَ أُخْتِهَا لِتَسْتَكْفِئَ إِنَاءَ هَا" [راجع: ٢١٤٠]

بَابُ الشُّرُوطِ الَّتِیْ لَاتَحِلُّ فِی الْحُدُوْدِ

حدود (شرعی سزاؤں) میں جو شرطیں جائز نہیں

حدود: وہ سزائیں جو اللہ کی طرف سے مقرر ہیں، جن میں رعایت کا کسی کو کوئی اختیار نہیں، ایسی سزائیں چار ہیں: حدِ سرقہ، حدِ زنا، حدِ قذف اور حدِ شربِ خمر، ان حدود میں اگر کوئی ایسی شرط لگائی جائے جس سے حد اٹھ جائے تو وہ باطل ہے اور باب میں وہی حدیث ہے جو پہلے گذری ہے کہ ایک لڑکے کے باپ نے سو بکریاں اور ایک باندی دے کر عورت کے شوہر سے صلح کی تھی کہ وہ معاملہ کو دبا دے، پھر جب معاملہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا تو آپؐ نے بکریاں اور باندی واپس کرائی، اور زانی زانیہ کو سزا دی۔

[۹-] بَابُ الشُّرُوطِ الَّتِیْ لَاتَحِلُّ فِی الْحُدُوْدِ

[۲۷۲٤و۲۷۲۵-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَزَیْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِیِّ، أَنَّهُمَا قَالَا: إِنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَعْرَابِ أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنْشُدُكَ اللّٰهَ أَلَّا قَضَیْتَ لِیْ بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَالَ الْخَصْمُ الْآخَرُ، وَهُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ: نَعَمْ، فَاقْضِ بَیْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَائْذَنْ لِیْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "قُلْ" قَالَ: إِنَّ ابْنِیْ كَانَ عَسِیْفًا عَلٰى هٰذَا فَزَنٰی بِامْرَأَتِهِ، وَإِنِّیْ أُخْبِرْتُ أَنَّ عَلٰى ابْنِیْ الرَّجْمَ، فَافْتَدَیْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَوَلِیْدَةٍ، فَسَأَلْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ فَأَخْبَرُوْنِیْ أَنَّمَا عَلٰى ابْنِیْ مِائَةُ جَلْدَةٍ وَتَغْرِیْبُ عَامٍ، وَأَنَّ عَلٰى امْرَأَةِ هٰذَا الرَّجْمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَأَقْضِیَنَّ بَیْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، الْوَلِیْدَةُ وَالْغَنَمُ رَدٌّ عَلَیْكَ، وَعَلٰى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِیْبُ عَامٍ، اغْدُ یَا أُنَیْسُ إِلٰى امْرَأَةِ هٰذَا فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا" قَالَ: فَغَدَا عَلَیْهَا، فَاعْتَرَفَتْ فَأَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَرَجَمَهَا. [راجع: ۲۳۱٤، ۲۳۱۵]

قوله: أَنْشُدُكَ اللّٰهُ إلخ: أی ما أطلبُ منك إلا قضاءَ لك بكتاب الله (عمدہ)............الخصم الآخر: لڑکے کا باپ، اور وہ عورت کے شوہر سے زیادہ سمجھدار تھا۔

بَابُ مَایَجُوْزُ مِنْ شُرُوْطِ الْمُكَاتَبِ إِذَا رَضِیَ بِالْبَیْعِ: عَلٰى أَنْ یُعْتَقَ

جب مکاتب اپنی آزادی کے لئے فروخت ہونے پر راضی ہوجائے تو جائز ہے

کسی مکاتب کو کوئی شخص آزاد کرنے کے لئے خریدنا چاہتا ہے، مگر وہ جب تک مکاتب ہے فروخت نہیں کیا جاسکتا، البتہ

اگر خود کو عاجز کردے، کتابت کا معاملہ ختم کردے اور غلامی کی طرف لوٹ جائے تو اس کو بیچا خریدا جاسکتا ہے، یہی کتابت میں شرط ہے۔ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا مکاتبہ تھیں، انھوں نے خود کو کتابت سے عاجز کردیا اور ان کے مولیٰ نے ان کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاتھ بیچ دیا اور انھوں نے خرید کر آزاد کردیا، ایسا کرنا درست ہے۔ اور باب میں علیٰ تعلیل کے لئے ہے، جیسے ﴿وَلِتُكَبِّرُوْا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدَاكُمْ﴾ أی لِهدایته إیاکم (عمدہ)

[۱۰-] بَابُ مَايَجُوْزُ مِنْ شُرُوْطِ الْمُكَاتَبِ إِذَا رَضِيَ بِالْبَيْعِ: عَلٰى أَنْ يُعْتَقَ

[۲۷۲۶-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىٰ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ الْمَكِّيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلٰى عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَتْ عَلَيَّ بَرِيْرَةُ وَهِيَ مُكَاتَبَةٌ، فَقَالَتْ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! اشْتَرِيْنِيْ فَإِنَّ أَهْلِيْ يَبِيْعُوْنِّيْ فَأَعْتِقِيْنِيْ، قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَتْ: إِنَّ أَهْلِيْ لاَ يَبِيْعُوْنِّيْ حَتَّى يَشْتَرِطُوْا وَلاَئِيْ، قَالَتْ: لاَحَاجَةَ لِيْ فِيْكِ، فَسَمِعَ ذٰلِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَوْ: بَلَغَهُ، فَقَالَ: "مَا شَأْنُ بَرِيْرَةَ؟" فَقَالَ: "اشْتَرِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا، وَلْيَشْتَرِطُوْا مَا شَاؤُوْا" قَالَتْ: فَاشْتَرَيْتُهَا فَأَعْتَقْتُهَا، وَاشْتَرَطَ أَهْلُهَا وَلاَءَ هَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْتَقَ، وَإِنِ اشْتَرَطُوْا مِائَةَ شَرْطٍ" [راجع: ٤٥٦]

بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الطَّلاَقِ

طلاق میں شرطیں

اگر کسی نے بیوی کی طلاق کو حرف شرط کے ساتھ معلق کیا تو خواہ حرف شرط پہلے لائے یا بعد میں: دونوں صورتوں میں تعلیق صحیح ہے، مثلاً کہا: أَنْتِ طَالِقٌ إِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ: یا کہا: إِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَأَنْتِ طَالِقٌ: دونوں صورتوں میں تعلیق صحیح ہے۔ حضرات ابن المسیب، حسن بصری اور عطاء رحمہم اللہ نے یہی بات فرمائی ہے کہ اگر طلاق سے شروع کرے یا طلاق کو مؤخر کرے ہر صورت اس کی شرط کے ساتھ زیادہ حق دار ہے، یعنی دونوں صورتوں میں تعلیق ہوگئی، اور قاضی شریح اور ابراہیم نخعی رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اگر طلاق سے شروع کرے تو تعلیق درست ہے اور طلاق کو مؤخر کرے تو تعلیق درست نہیں (یہ قول کتاب میں نہیں ہے) مگر جمہور کی رائے وہ ہے جو پہلے آئی۔

اور حدیث گذری ہے، اس میں ہے: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَنْ تَشْتَرِطَ الْمَرْأَةُ طلاقَ أُخْتِهَا: رسول اللہ ﷺ نے اس بات سے منع کیا کہ کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کی شرط لگائے، یعنی وہ نکاح کرنا چاہتی ہے مگر شرط لگاتی ہے کہ تم اپنی پہلی بیوی کو طلاق دو تو میں نکاح کروں، پس اگر شوہر کہے: إِنْ تزَوَّجْتُكِ فَفُلاَنَةُ طَالِقٌ: یا کہے: فُلاَنَةُ طَالِقٌ إِنْ تزَوَّجْتُكِ: دونوں صورتوں میں تعلیق درست ہے، پس اگر نکاح کرے گا تو پہلی بیوی کو طلاق پڑ جائے گی۔

[۱۱-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الطَّلاَقِ

وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ، وَالْحَسَنُ، وَعَطَاءٌ: إِنْ بَدَأَ بِالطَّلاَقِ أَوْ أَخَّرَ فَهُوَ أَحَقُّ بِشَرْطِهِ.

[۲۷۲۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ التَّلَقِّيْ، وَأَنْ يَبْتَاعَ الْمُهَاجِرُ لِلْأَعْرَابِيِّ، وَأَنْ تَشْتَرِطَ الْمَرْأَةُ طَلاَقَ أُخْتِهَا، وَأَنْ يَسْتَامَ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ أَخِيْهِ، وَنَهَى عَنِ النَّجْشِ، وَعَنِ التَّصْرِيَةِ"

تَابَعَهُ مُعَاذٌ، وَعَبْدُ الصَّمَدِ، عَنْ شُعْبَةَ، وَقَالَ غُنْدَرٌ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ: نُهِيَ، وَقَالَ آدَمُ: نُهِيْنَا، وَقَالَ النَّضْرُ وَحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ: نَهَى. [راجع: ۲۱۳۰]

سند کا بیان: شعبہ رحمہ اللہ کے شاگرد محمد بن عرعرہ کی روایت میں نَهَى رَسول الله صلى الله عليه وسلم ہے، شعبہ کے دوسرے دو شاگرد معاذ عنبری اور عبدالصمد بھی یہی روایت کرتے ہیں۔ نہی فعل ماضی معروف ہے، اور رسول اللہ اس کا فاعل ہے، اور شعبہ کے دوسرے شاگرد غندر محمد بن جعفر اور عبدالرحمٰن بن مہدی کی روایت میں نُهِيَ (فعل ماضی مجہول مفرد) ہے، اور فاعل مذکور نہیں، اور شعبہ کے شاگرد آدم بن ابی ایاس کی روایت میں نُهِيْنَا (ماضی مجہول جمع متکلم) ہے اور شعبہ کے دوسرے دو شاگرد نضر اور حجاج کی روایتوں میں نَهَى (ماضی مفرد معروف) ہے مگر انھوں نے فاعل کا تذکرہ نہیں کیا۔

بَابُ الشُّرُوْطِ مَعَ النَّاسِ بِالْقَوْلِ

لوگوں کے ساتھ زبانی شرطیں طے کرنا

معاملات میں جو باتیں طے کی جاتی ہیں ان کا لکھنا ضروری نہیں، نہ گواہ بنانا ضروری ہے، زبانی طے کرنا کافی ہے۔ حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ طے کیا تھا کہ آپ چپ شاہ بنے رہیں، میرے کسی عمل کے بارے میں کوئی سوال نہ کریں، یہ بات زبانی طے ہوئی تھی۔

قوله: كَانَتِ الْأُوْلٰى نِسْيَانًا، وَالْوُسْطٰى شَرْطًا، وَالثَّالِثَةُ عَمْدًا: پہلی مرتبہ اعتراض شرط بھول کر کیا تھا، اور دوسری مرتبہ شرط یاد تھی پھر بھی اعتراض کیا، شرطاً: نسیاناً کا مقابل ہے، اور تیسری مرتبہ جدا ہونے کی نیت سے اعتراض کیا، کیونکہ حضرت خضر علیہ السلام نے دوسرے اعتراض پر وارننگ دیدی تھی کہ اگر آئندہ اعتراض کروگے تو چلتا کروں گا، پھر بھی موسیٰ علیہ السلام نے اعتراض کیا، یہ جدا ہونے کا ذہن بنا کر اعتراض کیا تھا، عمداً کا یہ مطلب ہے۔

[۱۲-] بَابُ الشُّرُوْطِ مَعَ النَّاسِ بِالْقَوْلِ

[۲۷۲۸-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يَعْلَى بْنُ مُسْلِمٍ،

وَعَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، يَزِيْدُ أَحَدُهُمَا عَلٰى صَاحِبِهِ، وَغَيْرُهُمَا: قَدْ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ،قَالَ: إِنَّا لَعِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: ثَنِيْ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: قَالَ:" مُوْسَى رَسُوْلُ اللّٰهِ" فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. قَالَ:﴿ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا﴾ [الكهف: ۷۲]كَانَتِ الْأُوْلٰى نِسْيَانًا، وَالْوُسْطٰى شَرْطًا، وَالثَّالِثَةُ عَمْدًا، ﴿قَالَ لاَ تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلاَ تُرْهِقْنِيْ مِنْ أَمْرِيْ عُسْرًا﴾[الكهف: ۷۳] لِقِيَا غُلاَمًا فَقَتَلَهُ فَانْطَلَقَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُرِيْدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ" [الكهف: ۷۷] قَرَأَهَا ابْنُ عَبَّاسٍ (أَمَامَهُمْ مَلِكٌ"[راجع: ۷٤]

وضاحت: ہماری قراءت وراءَ هم ہےاورابن عباسؓ کی قراءت أَمَامَهم ہے،دونوں کے معنی ایک ہیں۔

بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْوَلاَءِ

ولاء میں شرط لگانا

ولاء یعنی آزادشدہ کی میراث آزادکرنے والے کوملتی ہے،اس کی کسی دوسرے کے لئے شرط نہیں لگائی جاسکتی، نہ اس کو بیچا جاسکتا ہے، نہ بخشا جاسکتا ہے،اور باب میں حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ ہےان کا آقا چاہتا تھا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا خرید کرآزادکریں مگرولاء اس کو ملے، نبی ﷺ نے فرمایا:تم اس کے لئے ولاء کی شرط لگالو، ولاء اسی کو ملے گی جوآزاد کرے گا،آزادکرنا ازقبیل ایمان ہےاوراس میں شرط فاسداڑ جاتی ہے۔اورآزادکرنا صحیح ہوجاتا ہے،اور پہلے میں نے بتایا ہے کہ روایات اس طرح آئی ہیں کہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ ولاء کی شرط بیع میں تھی، حالانکہ بیع کا ثمرہ ولاء نہیں،اور نہ خریدنے کے بعدآزادکرنا ضروری ہے،پس واقعہ کی صحیح نوعیت یہ ہے کہ ولاء کی شرط اعتاق میں تھی، بیع میں نہیں تھی۔

[۱۳-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْوَلاَءِ

[۲۷۲۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ جَاءَ تْنِيْ بَرِيْرَةُ، فَقَالَتْ: كَاتَبْتُ أَهْلِيْ عَلٰى تِسْعِ أَوَاقٍ، فِيْ كُلِّ عَامٍ أُوْقِيَّةٌ، فَأَعِيْنِيْنِيْ، فَقَالَتْ: إِنْ أَحَبُّوْا أَنْ أَعُدَّهَا لَهُمْ، وَيَكُوْنُ وَلاَؤُكِ لِيْ فَعَلْتُ، فَذَهَبَتْ بَرِيْرَةُ إِلٰى أَهْلِهَا، فَقَالَتْ لَهُمْ، فَأَبَوْا عَلَيْهَا، فَجَاءَ تْ مِنْ عِنْدِهِمْ وَرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ فَقَالَتْ: إِنِّيْ قَدْ عَرَضْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَأَبَوْا، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ الْوَلاَءُ لَهُمْ، فَسَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَتْ عَائِشَةُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "خُذِيْهَا وَاشْتَرِطِيْ لَهُمُ الْوَلاَءَ، فَإِنَّمَا الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" فَفَعَلَتْ عَائِشَةُ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي النَّاسِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: "مَا بَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا

لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَاكَانَ مِنْ شَرْطٍ لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ، وَإِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ، قَضَاءُ اللّٰهِ أَحَقُّ، وَشَرْطُ اللّٰهِ أَوْثَقُ، وَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ"[راجع: ٤٥٦]

بَابٌ: إِذَا اشْتَرَطَ فِي الْمُزَارَعَةِ: إِذْ شِئْتُ أَخْرَجْتُكَ

مزارعت میں طے پایا کہ جب چاہوں گا معاملہ ختم کردوں گا تو یہ درست ہے

زمین بٹائی پردی اور طے کیا کہ جب چاہوں گا زمین واپس لے لوں گا، اس طرح معاملہ کرنا درست ہے۔ نبی ﷺ نے خیبر کے یہودیوں کو اسی شرط پر زمین دی تھی، چنانچہ حضور ﷺ کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب ابن عمرؓ کے ساتھ حادثہ پیش آیا تو یہود کے ساتھ معاملہ ختم کردیا، اوران کوارجنٹ جلاوطن کردیا، اوران کواریحاء اوراذرعات میں بسایا، جو ملک شام کے باڈر پر ہیں۔

[١٤-] بَابٌ: إِذَا اشْتَرَطَ فِي الْمُزَارَعَةِ: إِذْ شِئْتُ أَخْرَجْتُكَ

[٢٧٣٠-] حدثنا أَبُوْ أَحْمَدَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيىَ أَبُوْ غَسَّانَ الْكِنَانِيُّ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَمَّا فَدَعَ أَهْلُ خَيْبَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَامَ عُمَرُ خَطِيْبًا، فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ عَامَلَ يَهُوْدَ خَيْبَرَ عَلٰى أَمْوَالِهِمْ، وَقَالَ:" نُقِرُّكُمْ مَا أَقَرَّكُمُ اللّٰهُ" وَإِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ خَرَجَ إِلٰى مَالِهِ هُنَاكَ، فَعُدِيَ عَلَيْهِ مِنَ اللَّيْلِ، فَفُدِعَتْ يَدَاهُ وَرِجْلَاهُ، وَلَيْسَ لَنَا هُنَاكَ عَدُوٌّ غَيْرُهُمْ، هُمْ عَدُوُّنَا وَتُهْمَتُنَا، وَقَدْ رَأَيْتُ إِجْلَاءَ هُمْ، فَلَمَّا أَجْمَعَ عُمَرُ عَلٰى ذٰلِكَ أَتَاهُ أَحَدُ بَنِيْ أَبِي الْحُقَيْقِ، فَقَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَتُخْرِجُنَا وَقَدْ أَقَرَّنَا مُحَمَّدٌ، وَعَامَلَنَا عَلَى الْأَمْوَالِ، وَشَرَطَ ذٰلِكَ لَنَا؟ فَقَالَ عُمَرُ: أَظَنَنْتَ أَنِّيْ نَسِيْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ كَيْفَ بِكَ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنْ خَيْبَرَ، تَعْدُوْبِكَ قَلُوْصُكَ لَيْلَةً بَعْدَ لَيْلَةٍ؟ فَقَالَ: كَانَتْ ذٰلِكَ هُزَيْلَةً مِنْ أَبِي الْقَاسِمِ! فَقَالَ: كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ! فَأَجْلَاهُمْ عُمَرُ، وَأَعْطَاهُمْ قِيْمَةَ مَاكَانَ لَهُمْ مِنَ الثَّمَرِ: مَالًا وَإِبِلًا وَعُرُوْضًا: مِنْ أَقْتَابٍ وَحِبَالٍ وَغَيْرِ ذٰلِكَ.

رَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَحْسِبُهُ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم اخْتَصَرَهُ.

ترجمہ: جب خیبر والوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ہاتھوں اور پیروں کے جوڑ ڈھیلے کردیئے (ابن عمرؓ خیبر میں اپنی زمین دیکھنے گئے تھے، وہاں رات میں سوتے وقت اندھیرے میں کچھ لوگوں نے حملہ کیا اور آپؓ کے ہاتھوں اور پیروں کو مروڑا جس سے جوڑ ڈھیلے پڑ گئے) پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تقریر فرمائی کہ نبی ﷺ نے خیبر کے یہودیوں

کے ساتھ معاملہ کیا تھا ان کے اموال پر یعنی مزارعت کا معاملہ کیا تھا، اور فرمایا تھا: ہم تمھیں برقرار رکھیں گے جب تک اللہ تعالیٰ تمھیں برقرار رکھیں گے (یہاں باب ہے) اور ابن عمرؓ وہاں اپنی جائداد کی طرف نکلے، پس رات میں ان پر ظلم کیا گیا، پس ان کے دونوں ہاتھوں اور دونوں پیروں کے جوڑ ڈھیلے کردیئے گئے، اور وہاں ہمارا یہود کے علاوہ کوئی دشمن نہیں، یہود ہمارے دشمن ہیں اور ہماری تہمت کی جگہ ہیں یعنی ہمارا گمان یہی ہے کہ انھوں نے یہ حرکت کی ہے، اور میری رائے ان کو جلاوطن کرنے کی ہے، پس جب حضرت عمرؓ نے اس کا پختہ ارادہ کرلیا تو ابوالحقیق کی اولاد میں سے ایک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا (ابوالحقیق کی اولاد یہودیوں کی سردار تھی) پس اس نے کہا: امیر المؤمنین! کیا آپ ہمیں نکالیں گے حالانکہ ہمیں محمد (ﷺ) نے برقرار رکھا ہے اور ہمارے ساتھ زمین اور باغات کی بٹائی کا معاملہ کیا ہے اور وہ بات ہمارے لئے طے کی ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تو گمان کرتا ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی بات بھول گیا ہوں؟ تیرا کیا حال ہوگا جب تو خیبر سے نکالا جائے گا، تجھے لے کر تیری اونٹنیاں دوڑ رہی ہونگی ایک رات کے بعد دوسری رات، یعنی میں تمھیں خیبر سے بہت دور بھیج دوں گا، پس اس نے کہا: وہ بات ابوالقاسم کی طرف سے ٹھٹھا ہوئی! حضرت عمرؓ نے فرمایا: جھوٹ کہتا ہے اے اللہ کے دشمن! اور ان کو حضرت عمرؓ نے جلاوطن کیا اور ان کو ان پھلوں کی قیمت دی جو ان کے لئے تھے، مال، اونٹ اور سامان کی شکل میں یعنی کجاوے اور رسیاں وغیرہ۔

ترکیب: من الثمر: ما کا بیان ہے اور مالا وإبلا وعروضا: قیمۃَ کی تمیز ہیں، اور من أقتاب وحبال: عروضا کا بیان ہے، اور اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ یہود کو ایسے وقت جلاوطن کیا گیا جب پھل پکے نہیں تھے، پس اس میں جو ان کا آدھا حصہ تھا اس کی قیمت ادا کی گئی، نقد کی شکل میں، اونٹوں کی شکل میں اور دیگر سامان کی شکل میں، یعنی اونٹوں کے کجاوے اور رسیاں وغیرہ دی گئیں۔

بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْجِهَادِ، وَالْمُصَالَحَةِ مَعَ أَهْلِ الْحَرْبِ، وَكِتَابَةِ الشُّرُوْطِ مَعَ النَّاسِ بِالْقَوْلِ

جہاد میں شرطیں، اور حربیوں کے ساتھ مصالحت، اور لوگوں کے ساتھ جو باتیں زبانی طے کی گئی ہیں ان کو لکھ لینا

نبی ﷺ نے مکہ کے قریب حدیبیہ کے میدان میں جنگ کے ماحول میں مکہ والوں کے ساتھ جو کہ حربی تھے: ناجنگ معاہدہ کیا تھا اور اس میں تین چار دفعات طے کی تھیں، جن کو باقاعدہ لکھ لیا گیا تھا مگر صلح کی دفعات لکھنا ضروری نہیں، خیبر والوں کے ساتھ جو معاملہ کیا تھا، وہ لکھا نہیں گیا تھا، اور حدیبیہ کا معاہدہ لکھا گیا تھا، اس لئے لکھ لینا بہتر ہے۔ اور باب میں صلح

حدیبیہ کی مفصل روایت ہے، اتنی مفصل روایت کتاب المغازی میں بھی نہیں ہے، اوراس کے بعض اجزاء پہلے گذر چکے ہیں، بعض نئے ہیں اس لئے اس روایت کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے۔

حدیبیہ کے واقعہ کا پس منظر

جب صحابہ اور نبی ﷺ مکہ چھوڑ کر مدینہ ہجرت کر گئے تو مکہ والوں نے جنگ کی تیاری کی، وہ چڑھ چڑھ کر مدینہ پر حملہ کرتے تھے، سن پانچ ہجری میں احزاب (تمام قبائل) نے مل کر حملہ کیا جو غزوۂ احزاب کہلایا، جب کفار اس غزوہ سے نامراد لوٹے تو نبی ﷺ نے پیشین گوئی فرمائی کہ اب مکہ والے کبھی مدینہ پر ہلّہ نہیں بول سکیں گے، پھر ایسا ہوا کہ نبی ﷺ نے ایک خواب دیکھا: آپؐ صحابہ کے ساتھ عمرہ کے لئے مکہ تشریف لے گئے اور باطمینان عمرہ ادا کیا، اس خواب کا ذکر سورۃ الفتح آیت ۲۷ میں ہے، کعبہ شریف تمام عربوں کی مشترک عبادت گاہ تھی، اس لئے آپؐ نے اور صحابہ نے خیال کیا کہ اگر وہ عمرہ کے لئے جائیں گے تو مکہ والے نہیں روکیں گے، چنانچہ سن ۶ ہجری میں آپؐ پندرہ سو صحابہ کے ساتھ ذوالحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھ کر اور قربانی کے اونٹ ساتھ لے کر مکہ کی طرف چلے، اور خبروں کو چھپانے کا اہتمام نہیں کیا، کیونکہ جنگ مقصود نہیں تھی، عمرہ کرنا مقصود تھا، اس لئے خبر مکہ والوں تک پہنچ گئی کہ مسلمان عمرہ کرنے آرہے ہیں، ان لوگوں نے طے کیا کہ کسی قیمت پر ان کو مکہ نہیں آنے دیا جائے گا، پھر جو واقعات پیش آئے ان کو حدیث میں پڑھیں۔

[۱۵-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِي الْجِهَادِ، وَالْمُصَالَحَةِ مَعَ أَهْلِ الْحَرْبِ، وَكِتَابَةِ الشُّرُوْطِ مَعَ النَّاسِ بِالْقَوْلِ

[۲۷۳۱و۲۷۳۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، أَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ، أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، وَمَرْوَانَ - يُصَدِّقُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا حَدِيْثَ صَاحِبِهِ - قَالاَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ، حَتَّى إِذَا كَانُوْا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ بِالْغَمِيْمِ فِيْ خَيْلٍ لِقُرَيْشٍ، طَلِيْعَةً، فَخُذُوْا ذَاتَ الْيَمِيْنِ" فَوَ اللّٰهِ مَا شَعَرَ بِهِمْ خَالِدٌ حَتَّى إِذَا هُمْ بِقَتَرَةِ الْجَيْشِ، فَانْطَلَقَ يَرْكُضُ نَذِيْرًا لِقُرَيْشٍ.

ترجمہ: حضرت عروہ: مسور بن مخرمہؓ اور مروان بن الحکم سے روایت کرتے ہیں، مسورؓ صحابی صغیر ہیں، اس لئے وہ حدیبیہ میں موجود نہیں تھے اور مروان تابعی ہیں، دونوں نے یہ حدیث اکابر صحابہ سے سن کر روایت کی ہے —— امام زہریؒ کہتے ہیں: دونوں میں سے ہر ایک کی حدیث اپنے ساتھی کی حدیث کی تصدیق کرتی ہے، یعنی الفاظ اگرچہ الگ الگ ہیں مگر مضمون ایک ہے، امام زہریؒ نے دونوں کے الفاظ ملا کر مفصل روایت تیار کی ہے۔

دونوں حضرات کہتے ہیں: حدیبیہ کے سال نبی ﷺ مدینہ سے چلے، یہاں تک کہ جب وہ (مکہ کے قریب) راستہ میں تھے تو نبی ﷺ نے فرمایا: خالد غمیم میں ہے قریش کے گھوڑسواروں کے ساتھ، ہراول دستے کے طور پر، پس آپؐ نے فرمایا (مکہ کے) راستہ سے دائیں طرف چلو یعنی راستہ بدل دو، پس بخدا! صحابہ کے لشکر کا خالد کو احساس نہیں ہوا، یہاں تک کہ اچانک ان لوگوں نے لشکر کا سیاہ غبار دیکھا، یعنی جب لشکر کا غبار اڑا تو خالد کو پتا چلا کہ مدینہ والے راستہ بدل کر آگے نکل گئے، پس وہ گھوڑوں کو ایڑ کرتا ہوا یعنی بھگاتا ہوا قریش کو خبر دینے کے لئے چلا۔

تشریح: جب نبی ﷺ اور صحابہ مکہ سے دو تین مرحلوں پر رہ گئے تو آپؐ کو اطلاع ملی کہ قریش کا ہراول دستہ ذوطوی مقام پر پہنچ گیا ہے، لوگ عام طور پر ذوطوی سے مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے تھے، یہ ہراول دستہ یعنی مقدمۃ الجیش خالد بن الولید کی سرکردگی میں غمیم پر موجود تھا، پس آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ ذوطوی کا راستہ چھوڑ کر دائیں جانب کا راستہ اختیار کرو، تاکہ ہم دوسرے راستہ سے مکہ پہنچ جائیں، چنانچہ ایک راہبر دشوار گذار راستہ سے آپؐ کو لے کر چلا، اس طرح آپؐ حدیبیہ کے مقام پر پہنچ گئے، ورنہ عام طور پر جو لوگ مدینہ سے آتے تھے وہ حدیبیہ سے نہیں گذرتے تھے۔

لغات: **الطَّلِيْعَة:** ہراول دستہ، فوج کے آگے رہنے والی لشکر کی ٹکڑی، مقدمۃ الجیش .... **الْقَتَرَة:** دھویں جیسا غبار، قرآن میں ہے: ﴿تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ﴾: ان کے چہروں پر کدورت چھائی ہوگی .... **رَكَضَ (ن) رَكْضًا:** تیز دوڑانا۔

وَسَارَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى إِذَا كَانَ بِالثَّنِيَّةِ الَّتِي يُهْبَطُ عَلَيْهِمْ مِنْهَا بَرَكَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ، فَقَالَ النَّاسُ: حَلْ حَلْ! فَأَلَحَّتْ، فَقَالُوْا: خَلَأَتِ الْقَصْوَاءُ! خَلَأَتِ الْقَصْوَاءُ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا خَلَأَتِ الْقَصْوَاءُ، وَمَا ذَاكَ لَهَا بِخُلُقٍ، وَلٰكِنْ حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيْلِ" ثُمَّ قَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَا يَسْأَلُوْنِّي خُطَّةً يُعَظِّمُوْنَ فِيْهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ إِلَّا أَعْطَيْتُهُمْ إِيَّاهَا" ثُمَّ زَجَرَهَا فَوَثَبَتْ، قَالَ: فَعَدَلَ عَنْهُمْ حَتَّى نَزَلَ بِأَقْصَى الْحُدَيْبِيَةِ، عَلٰى ثَمَدٍ قَلِيْلِ الْمَاءِ، يَتَبَرَّضُهُ النَّاسُ تَبَرُّضًا، فَلَمْ يُلَبِّثْهُ النَّاسُ حَتَّى نَزَحُوْهُ، وَشُكِيَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْعَطَشُ. فَانْتَزَعَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ ثُمَّ أَمَرَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوْهُ فِيْهِ، فَوَاللّٰهِ مَازَالَ يَجِيْشُ لَهُمْ بِالرِّيِّ، حَتَّى صَدَرُوْا عَنْهُ.

ترجمہ: اور نبی ﷺ چلے یہاں تک کہ جب آپؐ اس نکڑ پر پہنچے جہاں سے مکہ والوں پر اترا جاتا ہے تو آپؐ کو لے کر آپؐ کی اونٹنی بیٹھ گئی، لوگوں نے کہا: اٹھ اٹھ! اس نے اصرار کیا، یعنی نہیں اٹھی! لوگوں نے کہا: قصواء (آپؐ کی اونٹنی کا نام) اڑ گئی! قصواء اڑ گئی! نبی ﷺ نے فرمایا: قصواء اڑی نہیں، اور نہ یہ اس کی عادت ہے، بلکہ اس کو روک لیا ہے ہاتھی کو روکنے والے نے، پھر آپؐ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نہیں مطالبہ کریں گے مکہ والے مجھ سے کسی ایسی بات کا جس میں اللہ کی محترم کی ہوئی جگہ کی تعظیم مقصود ہوگی، مگر میں وہ بات ان کو دونگا یعنی نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ

سے عہد کیا کہ میں مکہ والوں کی ہر وہ بات مان لوں گا جس میں حرم کا احترام ملحوظ ہوگا، اگرچہ میری مونچھ نیچی ہوجائے، پھر آپؐ نے اونٹنی کو جھڑکا، وہ کود کر کھڑی ہوگئی۔ راوی کہتا ہے: پس نبی ﷺ مکہ والوں سے ہٹ گئے یعنی مکہ کا راستہ چھوڑ دیا، یہاں تک کہ حدیبیہ کے میدان کے آخر میں اترے (حدیبیہ کا یہ حصہ حرم سے باہر تھا) تھوڑے پانی والے چشمہ پر، جس میں سے لوگ پانی نچوڑ نچوڑ کر لیا کرتے تھے، پس زیادہ وقت نہیں گذرا کہ لوگوں نے اس کا سارا پانی چوس لیا، اور نبی ﷺ سے پیاس کا شکوہ کیا، آپؐ نے اپنے ترکش سے ایک تیر نکالا، اور ان کو حکم دیا کہ وہ اس تیر کو کنویں میں گاڑ دیں، پس بخدا! برابر وہ چشمہ جوش مارتا رہا لوگوں کے لئے پانی کے ساتھ یہاں تک کہ لوگ اس سے لوٹے۔ یعنی جو بھی اس کنویں پر پانی لینے جاتا وہ بامراد لوٹتا، وہاں سے اس کو پانی مل جاتا۔

لغات: الثنية: پہاڑی راستہ .... حَلْ حَلْ! اونٹ کو اٹھانے کا کلمہ .... خَلَأَتِ الناقة: اونٹنی کا اڑ جانا، اونٹنی کا ہٹ کرنا .... خُطَّة: بات .... الثَّمَد: تھوڑا پانی، وہ جگہ جہاں پانی اکٹھا ہوجائے .... تَبَرَّضَ يَتَبَرَّضُ فلانٌ: تھوڑی چیز پر گذر بسر کرنا .... الرِّيّ: سیرابی .... صَدَرَ عنه: واپس لوٹنا۔

وضاحت: حدیبیہ پہنچ کر نبی ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو مکہ بھیجا تاکہ وہ انہیں بتائیں کہ ہم لڑنے نہیں آئے، عمرہ کرنے آئے ہیں، اور کعبہ شریف پر سب لوگوں کا حق ہے، دشمن بھی مناسک کے لئے آسکتا ہے، لہٰذا ہمیں عمرہ کرنے کا موقع دیا جائے، ہم عمرہ کرکے لوٹ جائیں گے، جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مکہ پہنچے تو ان کو روک لیا گیا اور کہا گیا کہ ہم مشورہ کرکے جواب دیتے ہیں، جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے آنے میں دیر ہوئی، تو افواہ پھیل گئی کہ ان کو قتل کردیا، اب جنگ ناگزیر ہوگئی، چنانچہ آپؐ نے ایک کیکر کے درخت کے نیچے صحابہ سے بیعت لی کہ اگر جنگ کی نوبت آئی تو وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے، جب اس بیعت کی اطلاع مکہ والوں کو پہنچی تو انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جلدی سے بھیج دیا، پھر سفارتوں کا سلسلہ شروع ہوا، یکے بعد دیگرے پانچ نمائندے آئے اور مصالحت ہوگئی۔

فَبَيْنَمَاهُمْ كَذٰلِكَ إِذْ جَاءَ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِيُّ، فِيْ نَفَرٍ مِنْ قَوْمِهِ مِنْ خُزَاعَةَ، وَكَانُوْا عَيْبَةَ نُصْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَهْلِ تِهَامَةَ، فَقَالَ: إِنِّيْ تَرَكْتُ كَعْبَ بْنَ لُؤَيٍّ، وَعَامِرَ بْنَ لُؤَيٍّ نَزَلُوْا أَعْدَادَ مِيَاهِ الْحُدَيْبِيَةِ، وَمَعَهُمُ الْعُوْذُ الْمَطَافِيْلُ، وَهُمْ مُقَاتِلُوْكَ وَصَادُّوْكَ عَنِ الْبَيْتِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّا لَمْ نَجِئْ لِقِتَالِ أَحَدٍ، وَلٰكِنَّا جِئْنَا مُعْتَمِرِيْنَ، وَإِنَّ قُرَيْشًا قَدْ نَهِكَتْهُمُ الْحَرْبُ، وَأَضَرَّتْ بِهِمْ، فَإِنْ شَاؤُا مَادَدْتُهُمْ مُدَّةً، وَيُخَلُّوْا بَيْنِيْ وَبَيْنَ النَّاسِ، فَإِنْ أَظْهَرْ: فَإِنْ شَاؤُا أَنْ يَدْخُلُوْا فِيْمَا دَخَلَ فِيْهِ النَّاسُ فَعَلُوْا، وَإِلَّا فَقَدْ جَمُّوْا، وَإِنْ هُمْ أَبَوْا، فَوَ الَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَأُقَاتِلَنَّهُمْ عَلٰى أَمْرِيْ هٰذَا حَتّٰى تَنْفَرِدَ سَالِفَتِيْ، وَلَيُنْفِذَنَّ اللّٰهُ أَمْرَهُ" فَقَالَ بُدَيْلٌ: سَأُبَلِّغُهُمْ مَا تَقُوْلُ. فَانْطَلَقَ حَتّٰى أَتٰى قُرَيْشًا، قَالَ: إِنَّا قَدْ جِئْنَاكُمْ مِنْ عِنْدِ هٰذَا الرَّجُلِ، وَسَمِعْنَاهُ يَقُوْلُ قَوْلاً، فَإِنْ شِئْتُمْ أَنْ نَعْرِضَهُ عَلَيْكُمْ

فَعَلْنَا، فَقَالَ سُفَهَاؤُهُمْ: لاَ حَاجَةَ لَنَا أَنْ تُخْبِرَنَا عَنْهُ بِشَيْئٍ، وَقَالَ ذُوُوْ الرَّأْيِ مِنْهُمْ: هَاتِ مَا سَمِعْتَهُ يَقُوْلُ: قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا، فَحَدَّثَهُمْ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم.

پہلی سفارت: پس دریں اثناء کہ وہ اسی طرح تھے اچانک بدیل آیا اپنی قوم خزاعہ کے چند آدمیوں کے ساتھ، اور وہ تہامہ والوں میں نبی ﷺ کی خیر خواہی کی پوٹلی تھے، یعنی اس قبیلہ کے ساتھ حضور ﷺ کے تعلقات تھے، وہ قبیلہ حضور ﷺ کا خیر خواہ تھا، اس لئے وہ گفتگو کے لئے آیا، پس اس نے کہا: میں کعب بن لؤی اور عامر بن لؤی (قریش کے دو بڑے قبیلوں) کو چھوڑ آیا ہوں وہ اترے ہیں حدیبیہ کے کثیر پانی والے چشموں پر (أعداد: جن چشموں میں ہمیشہ پانی رہتا ہے، کبھی ختم نہیں ہوتا، وہاں آکر انھوں نے پڑاؤ ڈال دیا ہے) اور ان کے ساتھ دودھ والی اونٹنیاں ہیں، جن کے ساتھ ان کے بچے بھی ہیں، (جو ابھی ابھی بیاہی ہیں، ان کو لے کر وہ لوگ آگئے ہیں، یعنی ان کے پاس کھانے پینے کا سامان موجود ہے) اور وہ آپؐ سے لڑنے والے ہیں، اور آپؐ کو بیت اللہ سے روکنے والے ہیں (یہ اس نے دھمکی آمیز گفتگو کی ہے) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ہم کسی سے لڑنے نہیں آئے، ہم عمرہ کرنے آئے ہیں، اور بیشک قریش کو جنگ نے کمزور کردیا ہے اور جنگوں نے ان کو ضرر پہنچایا ہے، پس اگر وہ چاہیں تو میں ان کے ساتھ ناجنگ معاہدہ کروں، اور وہ مجھے چھوڑ دیں میرے درمیان اور لوگوں کے درمیان یعنی میں عرب کے دوسرے قبیلوں کی طرف متوجہ ہوجاؤں پس اگر میں غالب آگیا، تو اگر وہ چاہیں تو داخل ہوں اس دین میں جس میں لوگ داخل ہوئے ہیں، پس وہ ایسا کرسکتے ہیں، ورنہ یعنی اسلام میں داخل نہ ہوں تو ان کو آرام کا موقع مل جائے گا، اور اگر وہ صلح سے انکار کریں تو قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں ضرور ان سے لڑوں گا اپنے اس معاملہ (دین) پر یہاں تک کہ میری یہ گردن اتر جائے اور اللہ تعالیٰ ضرور اپنے دین کا بول بالا کریں گے۔

پس بدیل نے کہا: میں مکہ والوں کو آپؐ کی یہ بات پہنچاؤں گا وہ چلا یہاں تک کہ قریش کے پاس آیا اور اس نے کہا: ہم آپ لوگوں کے پاس آئے ہیں اس آدمی کے پاس سے اور ہم نے اس کو ایک بات کہتے ہوئے سنا ہے، اگر تم چاہو کہ ہم اس کو تمہارے سامنے پیش کریں تو ہم ایسا کریں۔ پس ان کے بیوقوفوں نے کہا: ہمیں کچھ ضرورت نہیں کہ تم ہمیں اطلاع دو اس کی طرف سے کسی بات کی اور ان کے سمجھداروں نے کہا: لایئے جو بات آپ نے ان کو کہتے ہوئے سنا ہے، بدیل نے کہا: میں نے ان کو یہ اور یہ کہتے ہوئے سنا ہے، پس بدیل نے ان کو وہ بات بتائی جو نبی ﷺ نے فرمائی تھی۔

لغات: اَلْعَيْبَة: چمڑے کا بکس یا تھیلا، مرادی معنی: آدمی کے بھید کی جگہ.........**الأَعْدَاد:** اَلْعِدّ کی جمع: وہ دائمی پانی جس کا سوت خشک نہ ہو، کثیر پانی.........**العُوْذ:** العَائِذ کی جمع: دودھ والی اونٹنی، نئے بچے والی اونٹنی کا دودھ زیادہ ہوتا ہے.........**المَطَافِل:** المُطْفِل کی جمع: بچہ والی (عورت وغیرہ).........**نَهِكَ الأَمْرُ فُلاَنًا:** کام کا کسی کو تھکا دینا، لاغر وکمزور کردینا، کمر توڑ دینا.........**مَادَدْتُ:** صَالَحْتُ، مدةً: ایک عرصہ کے لئے.........**جَمَّ (ن) جَمًّا:** ستالینا، آرام کرلینا.........**السَّالِفَة:** گردن کا وہ حصہ جو کان کی لو سے متصل ہے، مراد گردن۔

فَقَامَ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، فَقَالَ: أَیْ قَوْمِ! أَلَسْتُ بِالْوَالِدِ؟ قَالُوْا: بَلٰی، قَالَ: أَوَلَسْتُمْ بِالْوَلَدِ؟ قَالُوْا: بَلٰی! قَالَ: فَهَلْ تَتَّهِمُوْنِّیْ؟ قَالُوْا: لاَ، قَالَ: أَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَنِّی اسْتَنْفَرْتُ أَهْلَ عُکَاظٍ، فَلَمَّا بَلَّحُوْا عَلَیَّ جِئْتُکُمْ بِأَهْلِیْ وَوَلَدِیْ وَمَنْ أَطَاعَنِیْ؟ قَالُوْا: بَلٰی، قَالَ: فَإِنَّ هٰذَا قَدْ عَرَضَ لَکُمْ خُطَّةَ رُشْدٍ، اقْبَلُوْهَا وَدَعُوْنِیْ آتِهِ، قَالُوْا: ائْتِهِ، فَأَتَاهُ، فَجَعَلَ یُکَلِّمُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوًا مِنْ قَوْلِهِ لِبُدَیْلٍ، فَقَالَ عُرْوَةُ عِنْدَ ذٰلِكَ: أَیْ مُحَمَّدُ! أَرَأَیْتَ إِنِ اسْتَأْصَلْتَ أَمْرَ قَوْمِكَ، هَلْ سَمِعْتَ بِأَحَدٍ مِنَ الْعَرَبِ اجْتَاحَ أَصْلَهُ قَبْلَكَ؟ وَإِنْ تَکُنِ الْأُخْرٰی، فَإِنِّیْ وَاللّٰهِ لَأَرٰی وُجُوْهًا، وَإِنِّیْ لَأَرٰی أَشْوَابًا مِنَ النَّاسِ خَلِیْقًا أَنْ یَفِرُّوْا وَیَدَعُوْكَ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ بَکْرٍ: امْصَصْ بَظْرَ اللَّاتِ! أَنَحْنُ نَفِرُّ عَنْهُ وَنَدَعُهُ؟ فَقَالَ: مَنْ ذَا؟ قَالُوْا: أَبُوْ بَکْرٍ، قَالَ: أَمَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهِ! لَوْلاَ یَدٌ کَانَتْ لَكَ عِنْدِیْ لَمْ أَجْزِكَ بِهَا لَأَجَبْتُكَ.

قَالَ: وَجَعَلَ یُکَلِّمُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَکُلَّمَا کَلَّمَهُ أَخَذَ بِلِحْیَتِهِ، وَالْمُغِیْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ قَائِمٌ عَلٰی رَأْسِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَمَعَهُ السَّیْفُ وَعَلَیْهِ الْمِغْفَرُ، فَکُلَّمَا أَهْوٰی عُرْوَةُ بِیَدِهِ إِلٰی لِحْیَةِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم ضَرَبَ یَدَهُ بِنَعْلِ السَّیْفِ، وَقَالَ لَهُ: أَخِّرْ یَدَكَ عَنْ لِحْیَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَرَفَعَ عُرْوَةُ رَأْسَهُ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: الْمُغِیْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، فَقَالَ: أَیْ غُدَرُ! أَلَسْتُ أَسْعٰی فِیْ غَدْرَتِكَ؟ وَکَانَ الْمُغِیْرَةُ صَحِبَ قَوْمًا فِی الْجَاهِلِیَّةِ فَقَتَلَهُمْ، وَأَخَذَ أَمْوَالَهُمْ، ثُمَّ جَاءَ فَأَسْلَمَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَمَّا الإِسْلاَمُ فَأَقْبَلُ، وَأَمَّا الْمَالُ فَلَسْتُ مِنْهُ فِیْ شَیْءٍ"

ثُمَّ إِنَّ عُرْوَةَ جَعَلَ یَرْمُقُ أَصْحَابَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِعَیْنَیْهِ، قَالَ: فَوَ اللّٰهِ مَا تَنَخَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم نُخَامَةً إِلَّا وَقَعَتْ فِیْ کَفِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ، فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهُ وَجِلْدَهُ، وَإِذَا أَمَرَهُمُ ابْتَدَرُوْا أَمْرَهُ، وَإِذَا تَوَضَّأَ کَادُوْا یَقْتَتِلُوْنَ عَلٰی وَضُوْئِهِ، وَإِذَا تَکَلَّمَ خَفَضُوْا أَصْوَاتَهُمْ عِنْدَهُ، وَمَا یُحِدُّوْنَ إِلَیْهِ النَّظَرَ تَعْظِیْمًا لَهُ.

فَرَجَعَ عُرْوَةُ إِلٰی أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَیْ قَوْمِ! وَاللّٰهِ لَقَدْ وَفَدْتُ عَلٰی الْمُلُوْكِ، وَوَفَدْتُ عَلٰی قَیْصَرَ وَکِسْرٰی وَالنَّجَاشِیِّ، وَاللّٰهِ! إِنْ رَأَیْتُ مَلِکًا قَطُّ یُعَظِّمُهُ أَصْحَابُهُ مَا یُعَظِّمُ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ مُحَمَّدًا، وَاللّٰهِ إِنْ یَتَنَخَّمْ نُخَامَةً إِلَّا وَقَعَتْ فِیْ کَفِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ، فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهُ وَجِلْدَهُ، وَإِذَا أَمَرَهُمُ ابْتَدَرُوْا أَمْرَهُ، وَإِذَا تَوَضَّأَ کَادُوْا یَقْتَتِلُوْنَ عَلٰی وَضُوْئِهِ، وَإِذَا تَکَلَّمَ خَفَضُوْا أَصْوَاتَهُمْ عِنْدَهُ، وَمَا یُحِدُّوْنَ إِلَیْهِ النَّظَرَ تَعْظِیْمًا لَهُ، وَإِنَّهُ قَدْ عَرَضَ عَلَیْکُمْ خُطَّةَ رُشْدٍ فَاقْبَلُوْهَا.

دوسری سفارت: پس عروۃ بن مسعود کھڑا ہوا (وہ طائف کا تھا جو مکہ آ گیا تھا) اور اس نے پوچھا: اے لوگو! کیا میں باپ

نہیں ہوں؟ لوگوں نے جواب دیا: کیوں نہیں! اس نے پوچھا: کیا تم اولاد نہیں ہو، انھوں نے جواب دیا: کیوں نہیں! (یہ بات دوسری روایتوں میں اس کے برعکس آئی ہے) اس نے پوچھا: کیا تم میرے بارے میں کسی بدگمانی میں مبتلا ہو؟ انھوں نے کہا: نہیں، اس نے پوچھا: کیا تم جانتے نہیں کہ میں نے عکاظ والوں کو (تمہاری مدد کے لئے اور مدینہ والوں سے) جنگ کے لئے برانگیختہ کیا، پس جب انھوں نے میری بات نہیں مانی تو میں اپنے گھر والوں کو، اپنی اولاد کو اور ان لوگوں کو جنھوں نے میری بات مانی لے کر تمہارے پاس آ گیا؟ لوگوں نے کہا: کیوں نہیں! بدیل نے کہا: پس بیشک یہ شخص تمہارے سامنے بھلائی کی بات پیش کرتا ہے پس اس کو قبول کرلو، اور مجھے موقع دو کہ میں اس کے پاس جاؤں، مکہ والوں نے کہا: آپ ان کے پاس جائیں، پس وہ حضور ﷺ کے پاس آیا اور اس نے نبی ﷺ سے گفتگو شروع کی، آپؐ نے اس سے بھی وہی بات کہی جو بدیل سے کہی تھی، عروہ نے اس وقت کہا: محمد بتلاؤ اگر آپؐ نے اپنی قوم کا معاملہ جڑ مڑ سے اکھاڑ دیا تو کیا آپؐ نے کسی عرب کو سنا ہے جس نے آپؐ سے پہلے اپنے لوگوں کو تباہ کر دیا ہو؟ اور اگر صورت حال دوسری ہوئی تو بیشک میں بخدا چہروں کو دیکھ رہا ہوں اور بیشک میں البتہ لوگوں کی ایک بھیڑ دیکھ رہا ہوں جو اس کے لائق ہے کہ بھاگ کھڑی ہو اور تمہیں تنہا چھوڑ دے، پس اس سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: لات (دیوی) کا ٹنا چوس! کیا ہم حضور ﷺ کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے، اور حضور ﷺ کو تنہا چھوڑ دیں گے؟ پس عروہ نے پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتلایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں، اس نے کہا: سن! قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر ایک احسان نہ ہوتا جو تیرا مجھ پر ہے جس کا میں نے تجھ کو بدلہ نہیں دیا تو میں تیری گالی کا جواب دیتا (وہ احسان یہ تھا کہ عروہ پر دیت واجب ہوئی تھی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس دیت کی ادائیگی میں اس کی مدد کی تھی) راوی کہتا ہے: اور وہ نبی ﷺ کے ساتھ باتیں کرنے لگا، پس جب بھی وہ کوئی بات کہتا تو حضور ﷺ کی ڈاڑھی پکڑتا، اور حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے سر پر کھڑے تھے، اور ان کے ہاتھ میں تلوار تھی اور انھوں نے لوہے کی ٹوپی پہن رکھی تھی، پس جب بھی عروہ اپنے ہاتھ کے ساتھ قصد کرتا نبی ﷺ کی ڈاڑھی کا تو وہ اس کے ہاتھ پر تلوار کے دستہ سے مارتے تھے، اور اس سے کہتے: اپنا ہاتھ پیچھے ہٹا نبی ﷺ کی ڈاڑھی سے، پس عروہ نے اپنا سر اٹھایا اور پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتایا: مغیرہ بن شعبہ ہیں، پس اس نے کہا: او بے وفا! کیا میں تیری بے وفائی سے نمٹنے کی کوشش نہیں کر رہا؟ اور حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ زمانۂ جاہلیت میں ایک قوم کے ساتھ تھے، پس ان کو قتل کیا اور ان کا مال لے کر مدینہ آ گئے اور مسلمان ہو گئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: رہا اسلام تو میں قبول کرتا ہوں اور رہا مال تو مجھے اس سے کچھ لینا دینا نہیں۔

پھر یہ بات ہوئی کہ عروہ صحابہ کو اپنی دونوں آنکھوں سے بغور دیکھتا رہا، اس نے کہا: بخدا! نہیں رینٹ پھینکتے تھے آپؐ تھوڑا یا زیادہ مگر وہ ان میں سے کسی کی ہتھیلی میں گرتا تھا، اور وہ اس کو اپنے چہرے اور بدن پر مل لیتا تھا، اور جب ان کو حضور ﷺ کوئی حکم دیتے تو وہ اس کی تعمیل کے لئے دوڑتے تھے، اور جب آپؐ وضو کرتے تو وضو کا بچا ہوا پانی حاصل کرنے کے

لئے وہ لڑنے کے قریب ہوجاتے تھے، اور جب آپؐ بات کرتے تو آپؐ کے سامنے ان کی آوازیں پست ہوجاتیں، اور کوئی آپؐ کو گھور کر نہیں دیکھتا تھا، آپؐ کی تعظیم کی وجہ سے، پس عروہ لوٹا اپنے ساتھیوں کی طرف، اور اس نے کہا: اے میری قوم! بخدا! میں بادشاہوں کے پاس نمائندہ بن کر گیا ہوں، میں قیصر، کسری اور نجاشی کے پاس نمائندہ بن کر گیا ہوں، بخدا! نہیں دیکھا میں نے کسی بادشاہ کو کبھی جس کی تعظیم کرتے ہوں اس کے ساتھی جیسی محمد کے ساتھی تعظیم کرتے ہیں محمد کی، بخدا! وہ رینٹ نہیں چھینکتے مگر وہ ان میں سے کسی ایک آدمی کی ہتھیلی میں گرتا ہے پس وہ اس کو اپنے چہرے اور جسم پر مل لیتا ہے، اور جب وہ ان کو کوئی حکم دیتے ہیں تو وہ اس کی تعمیل کے لئے دوڑتے ہیں، اور جب وہ وضو کرتے ہیں تو وضو کے بچے ہوئے پانی کو حاصل کرنے کے لئے لڑنے کے قریب ہوجاتے ہیں، اور جب وہ بات کرتے ہیں تو ان کی آوازیں ان کے سامنے پست ہوجاتی ہیں، اور نہیں گھور کر دیکھتے وہ ان کو ان کی تعظیم کرتے ہوئے، اور بیشک انھوں نے تمہارے سامنے ایک بھلائی کی بات پیش کی ہے، پس اس کو مان لو۔

لغات: بَلَّح: تھک جانا، چکنا چور ہوجانا .... الشَّوْب: مخلوط، رلے ملے، مختلف قبائل کے لوگ، لوگوں کی بھیڑ .... البَظْر: عورت کی اندام نہانی کا ابھار، اردو میں اس کو 'ٹنا' کہتے ہیں، صدیق اکبرؓ سے اس کی بات برداشت نہ ہوسکی، اور شاید آپؓ نے کبھی کسی کو ایسی سڑی ہوئی گالی نہیں دی ہوگی۔ عرب عام طور پر گالی میں ماں کا ذکر کرتے ہیں، کہتے ہیں: اُمْصُصْ بَظْرَ أمك: اپنی ماں کا ٹنا چوس! لیکن صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس کو اور مغلظ بنایا اور ماں کی جگہ ان کی دیوی لات کا ذکر کیا، جس کو وہ اللہ تعالیٰ کی بیٹی کہتے تھے۔

فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ كِنَانَةَ: دَعُوْنِیْ آتِهِ، فَقَالُوْا: ائْتِهِ. فَلَمَّا أَشْرَفَ عَلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابِهِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " هٰذَا فُلَانٌ وَهُوَ مِنْ قَوْمٍ يُعَظِّمُوْنَ الْبُدْنَ فَابْعَثُوْهَا لَهُ، فَبُعِثَتْ لَهُ، وَاسْتَقْبَلَهُ النَّاسُ يُلَبُّوْنَ، فَلَمَّا رَأَىٰ ذٰلِكَ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَا يَنْبَغِیْ لِهٰؤُلَاءِ أَنْ يُصَدُّوْا عَنِ الْبَيْتِ. فَلَمَّا رَجَعَ إِلٰى أَصْحَابِهِ قَالَ: رَأَيْتُ الْبُدْنَ قَدْ قُلِّدَتْ وَأُشْعِرَتْ، فَمَا أَرَى أَنْ يُصَدُّوْا عَنِ الْبَيْتِ.

تیسری سفارت: پس بنو کنانہ کے ایک آدمی نے کہا: مجھے چھوڑو میں ان کے پاس جاؤں، انھوں نے کہا: جائیے، پس جب اس نے نبی ﷺ پر اور آپؐ کے اصحاب پر جھانکا یعنی قریب آیا تو آپؐ نے فرمایا: یہ فلاں شخص ہے اور وہ ایسی قوم کا آدمی ہے جو ہدی کے جانوروں کی تعظیم کرتے ہیں، پس ہدی کے جانوروں کو اس کے لئے کھڑا کرو، چنانچہ وہ اس کے لئے کھڑے کئے گئے اور لوگوں نے اس کا تلبیہ پڑھتے ہوئے استقبال کیا، پس جب اس نے یہ منظر دیکھا تو کہا: سبحان اللہ! مناسب نہیں ان لوگوں کے لئے کہ یہ بیت اللہ سے روکے جائیں۔

پس جب وہ اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹا تو اس نے کہا: میں نے قربانی کے اونٹ دیکھے ان کو ہار پہنایا گیا ہے اور ان کا

اشعار کیا گیا ہے، پس میں مناسب نہیں سمجھتا کہ وہ بیت اللہ سے روکے جائیں۔

فَقَامَ رُجُلٌ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهُ: مِكْرَزُ بْنُ حَفْصٍ، فَقَالَ: دَعُوْنِیْ آتِهِ، فَقَالُوْا: ائْتِهِ، فَلَمَّا أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "هٰذَا مِكْرَزٌ، وَهُوَ رَجُلٌ فَاجِرٌ" فَجَعَلَ يُكَلِّمُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَبَيْنَمَا هُوَ يُكَلِّمُهُ إِذْ جَاءَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو.

قَالَ مَعْمَرٌ: فَأَخْبَرَنِیْ أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ: أَنَّـهُ لَمَّا جَاءَ سُهَيْلٌ، قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "قَدْ سَهُلَ لَكُمْ مِنْ أَمْرِكُمْ"

قَالَ مَعْمَرٌ: قَالَ الزُّهْرِیُّ فِیْ حَدِيْثِهِ: فَجَاءَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو، فَقَالَ: هَاتِ اكْتُبْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابًا، فَدَعَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم الْكَاتِبَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اكْتُبْ: "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ"، فَقَالَ سُهَيْلٌ: أَمَّا الرَّحْمٰنُ فَوَ اللّٰهِ مَا أَدْرِیْ مَاهُوَ؟ وَلٰكِنِ اكْتُبْ: بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ كَمَا كُنْتَ تَكْتُبُ، فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: وَاللّٰهِ لَا نَكْتُبُهَا إِلَّا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "اكْتُبْ بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ"

ثُمَّ قَالَ: "هٰذَا مَاقَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ" فَقَالَ سُهَيْلٌ: وَاللّٰهِ لَوْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَاصَدَدْنَاكَ عَنِ الْبَيْتِ، وَلَا قَاتَلْنَاكَ، وَلٰكِنِ اكْتُبْ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "وَاللّٰهِ إِنِّیْ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ، وَإِنْ كَذَّبْتُمُوْنِیْ، اكْتُبْ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ"

قَالَ الزُّهْرِیُّ: وَذٰلِكَ لِقَوْلِهِ: "لَايَسْأَلُوْنِّی خُطَّةً يُعَظِّمُوْنَ فِيْهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ إِلَّا أَعْطَيْتُهُمْ إِيَّاهَا"

فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "عَلٰى أَنْ تُخَلُّوْا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْبَيْتِ فَنَطُوْفَ بِهِ" فَقَالَ سُهَيْلٌ: وَاللّٰهِ لَا تَتَحَدَّثُ الْعَرَبُ أَنَّا أُخِذْنَا ضُغْطَةً، وَلٰكِنْ ذٰلِكَ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ، فَكَتَبَ.

فَقَالَ سُهَيْلٌ: وَعَلٰى أَنَّـهُ لَا يَأْتِيْكَ مِنَّا رَجُلٌ وَإِنْ كَانَ عَلٰى دِيْنِكَ إِلَّا رَدَدْتَهُ إِلَيْنَا، قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! كَيْفَ يُرَدُّ إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ وَقَدْ جَاءَ مُسْلِمًا؟ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ دَخَلَ أَبُوْ جَنْدَلِ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو يَرْسُفُ فِیْ قُيُوْدِهِ، وَقَدْ خَرَجَ مِنْ أَسْفَلِ مَكَّةَ حَتّٰى رَمٰى بِنَفْسِهِ بَيْنَ أَظْهُرِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَقَالَ سُهَيْلٌ: هٰذَا يَا مُحَمَّدُ أَوَّلُ مَنْ أُقَاضِيْكَ عَلَيْهِ أَنْ تَرُدَّهُ إِلَیَّ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّا لَمْ نَقْضِ الْكِتَابَ بَعْدُ" قَالَ: فَوَ اللّٰهِ إِذًا لَمْ أُصَالِحْكَ عَلٰى شَيْءٍ أَبَدًا، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "فَأَجِزْهُ لِیْ" قَالَ: مَا أَنَا بِمُجِيْزِ ذٰلِكَ، قَالَ: "بَلٰى فَافْعَلْ" قَالَ. مَا أَنَا بِفَاعِلٍ، قَالَ مِكْرَزٌ: بَلْ قَدْ أَجَزْنَاهُ لَكَ. قَالَ أَبُوْ جَنْدَلٍ: أَیْ مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ، أُرَدُّ إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ وَقَدْ جِئْتُ مُسْلِمًا؟ أَلَا تَرَوْنَ مَاقَدْ لَقِيْتُ؟ وَكَانَ قَدْ عُذِّبَ عَذَابًا شَدِيْدًا فِی اللّٰهِ.

چوتھی اور پانچویں سفارت: پس ان میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا جس کو مکرز بن حفص کہا جاتا تھا، پس اس نے کہا: مجھے چھوڑو میں ان کے پاس جاؤں، پس لوگوں نے کہا: آپ ان کے پاس جایئے پس جب وہ صحابہ کے قریب آیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: یہ مکرز ہے اور وہ بدکار آدمی ہے، پس اس نے نبی ﷺ سے گفتگو شروع کی، پس دریں اثنا کہ وہ آپؐ سے گفتگو کر رہا تھا: اچانک سہیل بن عمرو آیا۔ عکرمہ سے مروی ہے کہ جب سہیل آیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: تمہارے لئے تمہارا معاملہ آسان کیا گیا۔

سہیل نے آ کر کہا: لایئے، لکھئے ہمارے درمیان اور اپنے درمیان نوشتہ، پس نبی ﷺ نے کاتب کو بلایا اور اس سے کہا: لکھئے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، سہیل نے کہا: رہا رحمان تو بخدا میں نہیں جانتا کہ وہ کون ہے؟ بلکہ آپ لکھیں: **باسمك اللّٰھُمَّ**، جیسا کہ آپؐ لکھا کرتے تھے، پس مسلمانوں نے کہا: بخدا! ہم نہیں لکھیں گے مگر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، پس نبی ﷺ نے اس کی بات مان لی، اور کہا: لکھئے: **باسمك اللّٰھُم**: پھر آپؐ نے لکھوایا: **ھٰذا ماقاضیٰ علیه محمد رسول الله**: یہ وہ تحریر ہے جس پر اللہ کے رسول محمد ﷺ نے فیصلہ کیا ہے، تو سہیل نے کہا: بخدا! اگر ہم جانتے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو ہم آپ کو بیت اللہ سے نہ روکتے، نہ آپ سے لڑتے، بلکہ آپؐ محمد بن عبداللہ لکھیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: بخدا! میں اللہ کا رسول ہوں اگرچہ تم مجھے جھٹلاتے ہو، اور کاتب سے فرمایا: لکھو محمد بن عبداللہ۔

امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: آپؐ نے ان کی یہ بات اس لئے مان لی کہ آپؐ نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ مکہ والے جو بات بھی مجھ سے منوانا چاہیں گے جس میں اللہ کی محترم جگہوں کی تعظیم ہوگی تو میں اس کو مان لوں گا، چنانچہ آپؐ نے رسول اللہ مٹا کر اس کی جگہ 'بن عبداللہ' لکھوایا۔

پھر نبی ﷺ نے کاتب سے فرمایا: اس شرط پر کہ ہٹ جاؤ تم ہمارے اور بیت اللہ کے درمیان سے، پس ہم بیت اللہ کا طواف کریں، سہیل نے کہا: بخدا! عرب باتیں کریں گے کہ ہم گلا دبا دیئے گئے (یعنی مجبور کر دیئے گئے، مدینہ والے سینہ پر مونگ دل کر عمرہ کر گئے) بلکہ یہ بات اگلے سال ہوگی، یعنی اگلے سال آپ حضرات عمرہ کرنے آئیں، چنانچہ وہ بات لکھ لی گئی، پھر سہیل نے لکھوایا: اس شرط پر کہ نہیں آئے گا آپ کے پاس ہم میں سے کوئی آدمی اگرچہ ہو وہ آپ کے دین پر، مگر آپؐ اس کو ہماری طرف پھیر دیں گے، مسلمانوں نے کہا: سبحان اللہ! وہ کیسے مشرکین کی طرف پھیرا جائے گا درانحالیکہ وہ مسلمان ہو کر آیا ہے؟

پس دریں اثناء کہ وہ یہاں تک پہنچے تھے: اچانک سہیل کے لڑکے ابوجندلؓ آئے، وہ اپنی بیڑیوں میں آہستہ آہستہ چل رہے تھے، اور وہ مکہ کے زیریں حصہ سے نکل بھاگے تھے، یہاں تک کہ انھوں نے اپنے آپ کو مسلمانوں کے سامنے ڈال دیا، پس سہیل نے کہا: اے محمد! یہ پہلا معاملہ ہے جس پر میں آپؐ سے فیصلہ کرتا ہوں، آپ اس کو میری طرف پھیر دیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ہم نے ابھی تحریر مکمل نہیں کی، سہیل نے کہا: پھر بخدا! میں آپؐ سے کبھی بھی کسی بات پر مصالحت نہیں کروں گا، نبی ﷺ نے فرمایا: اپنا لڑکا مجھے بخش دے، سہیل نے کہا: میں نہیں بخشوں گا! حضور ﷺ نے فرمایا: کیوں نہیں!

بخشنا پڑے گا، اس نے کہا: میں نہیں بخشتا، مکرز نے کہا: کیوں نہیں! ہم نے آپ کو بخشا! ابو جندل رضی اللہ عنہ نے کہا: اے مسلمانو! میں مشرکین کی طرف پھیرا جاؤں گا درانحالیکہ میں مسلمان ہو کر آیا ہوں؟ نہیں دیکھتے تم اس چیز کو جس سے میں نے ملاقات کی ہے، اور وہ اللہ کے دین کی وجہ سے سخت سزا دیئے گئے تھے۔

قولہ: رجل فاجر: مکرز بدکار آدمی ہے، سوال: مگر اس نے کام تو اچھا کیا، ابو جندل کو بخش دیا! جواب: یہ اس کی مکاری تھی، وہ بخشنے والا کون ہوتا ہے؟ باپ تو بخش نہیں رہا، اور وہ زبانی جمع خرچ کر رہا ہے!......... **الضَّغْط**: دباؤ، زور زبردستی .... **رَسَفَ** (ن،س) **في القيد رسفاً**: بندھے ہوئے پیروں کے ساتھ آہستہ آہستہ چلنا .... **أجاز فلاناً**: انعام دینا بخشنا۔ حدیث میں ہے: أَجِيْزُوْا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيْزُهُمْ: وفد کو انعام دو/ بخشو جس طرح میں ان کو انعام دیا کرتا ہوں۔

قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: فَأَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: أَلَسْتَ نَبِيَّ اللّٰهِ حَقًّا؟ قَالَ: "بَلٰى" قُلْتُ: أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ؟ قَالَ:" بَلٰى" قُلْتُ: فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا إِذَنْ؟ قَالَ:" إِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَلَسْتُ أَعْصِيْهِ، وَهُوَ نَاصِرِيْ" قُلْتُ: أَوَ لَيْسَ كُنْتَ تُحَدِّثُنَا أَنَّا سَنَأْتِي الْبَيْتَ فَنَطُوْفُ بِهِ؟ قَالَ:" بَلٰى، فَأَخْبَرْتُكَ أَنَّا نَأْتِيْهِ الْعَامَ؟" قَالَ: قُلْتُ: لَا، قَالَ:" فَإِنَّكَ آتِيْهِ وَمُطَوِّفٌ بِهِ" قَالَ: فَأَتَيْتُ أَبَا بَكْرٍ، فَقُلْتُ: يَا أَبَابَكْرٍ، أَلَيْسَ هٰذَا نَبِيَّ اللّٰهِ حَقًّا، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ؟ قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا إِذَنْ؟ قَالَ: أَيُّهَا الرَّجُلُ، إِنَّهُ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَلَيْسَ يَعْصِيْ رَبَّهُ وَهُوَ نَاصِرُهُ، فَاسْتَمْسِكْ بِغَرْزِهِ فَوَ اللّٰهِ إِنَّهُ عَلَى الْحَقِّ، قُلْتُ: أَلَيْسَ كَانَ يُحَدِّثُنَا أَنَّا سَنَأْتِي الْبَيْتَ وَنَطُوْفُ بِهِ؟ قَالَ: بَلٰى، أَفَأَخْبَرَكَ أَنَّكَ تَأْتِيْهِ الْعَامَ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَإِنَّكَ آتِيْهِ وَمُطَوِّفٌ بِهِ. قَالَ الزُّهْرِيُّ: قَالَ عُمَرُ: فَعَمِلْتُ لِذٰلِكَ أَعْمَالاً.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بے تابی

وضاحت: صلح مکمل ہوگئی، کاغذات کا تبادلہ ہوگیا، سہیل اپنے بیٹے ابو جندلؓ کو لے کر چل دیا، صحابہ اس کو رخصت کرنے کے لئے ساتھ چلے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ ابو جندلؓ کے ساتھ ساتھ چل رہے تھے اور اس کو سمجھا رہے تھے کہ صبر کرو اور ثواب کی امید رکھو، اور جان لو کہ وہ مشرک ہیں اور ان میں سے ایک کا خون کتے کے خون کے برابر ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے تلوار کا دستہ ابو جندل سے قریب کیا اس امید پر کہ وہ میری تلوار لے کر اپنے ابا کو نمٹا دے مگر اس نے ہمت نہ کی، اس سے حضرت عمرؓ کی پریشانی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے پھر صلح کے بعد انھوں نے نبی ﷺ سے اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سے جو گفتگو کی ہے وہ بھی ان کی انتہائی بیکلی کی دلیل ہے۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور پوچھا: کیا آپؐ اللہ کے برحق

نبی نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کیوں نہیں! میں نے پوچھا: کیا ہم حق پر اور ہمارے دشمن باطل پر نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کیوں نہیں، میں نے کہا: پھر ہم اپنے دین کے معاملہ میں مونچھ نیچی کیوں کرلیں؟ آپؐ نے فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں اور اس کی نافرمانی نہیں کرسکتا، اور وہ میرے مددگار ہیں، میں نے پوچھا: کیا آپؐ نے ہم سے نہیں کہا تھا کہ ہم عنقریب بیت اللہ پہنچیں گے اور اس کا طواف کریں گے؟ آپؐ نے فرمایا: کیوں نہیں! مگر کیا میں نے یہ بھی کہا تھا کہ ہم اسی سال بیت اللہ پہنچیں گے؟ حضرت عمرؓ نے کہا: نہیں، پس آپؐ نے فرمایا: تم بیت اللہ پہنچوگے اور اس کا طواف کروگے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پھر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور پوچھا: اے ابوبکر! کیا یہ اللہ کے برحق نبی نہیں ہیں؟ حضرت ابوبکرؓ نے کہا: کیوں نہیں! میں نے کہا: کیا ہم حق پر اور ہمارے دشمن باطل پر نہیں ہیں؟ انھوں نے کہا: کیوں نہیں، میں نے کہا: پھر ہم اپنے دین کے معاملہ میں اپنی مونچھ نیچی کیوں کرلیں؟ حضرت ابوبکرؓ نے کہا: او آدمی! بیشک وہ اللہ کے رسول ہیں اور وہ اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کریں گے، اور اللہ ان کی مدد کریں گے، پس ان کی رکاب تھامے رہ، پس بخدا! وہ حق پر ہیں، میں نے کہا: کیا وہ ہم سے بیان نہیں کیا کرتے تھے کہ ہم عنقریب بیت اللہ پہنچیں گے اور اس کا طواف کریں گے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: کیوں نہیں! مگر کیا انھوں نے یہ بھی کہا تھا کہ تم اسی سال بیت اللہ پہنچوگے؟ میں نے کہا نہیں، حضرت ابوبکرؓ نے کہا: پس تم بیت اللہ پہنچوگے اور اس کا طواف کروگے —— امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: پس میں نے اس کے لئے بہت سے اعمال کئے۔

وضاحتیں:

۱- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے جو گفتگو کی ہے اور انھوں نے جو جوابات دیئے ہیں ان سے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا مقام و مرتبہ واضح ہوتا ہے، جو بات زبانِ رسالت سے نکلی ہے وہی بات انھوں نے بھی کہی ہے، حالانکہ ان کو علم نہیں تھا کہ نبی ﷺ نے یہ جوابات دیئے ہیں۔

۲- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے جو گفتگو کی تھی وہ غلبۂ حال میں کی تھی، اس پر کوئی مؤاخذہ نہیں ہوتا مگر بہ ظاہر چونکہ وہ نامناسب گفتگو تھی، اس لئے حضرت عمرؓ کہتے ہیں: میں نے اس کے لئے کئی اعمال کئے، صدقہ کیا، نفلیں پڑھیں غلام آزاد کئے تاکہ میری گستاخی اللہ کے یہاں معاف ہوجائے، نیکیاں برائیوں کو مٹادیتی ہیں۔

۳- الدَّنِیَّۃ کے حاشیہ میں تین معنی لکھے ہیں: النقیصۃ: کمی، الحالۃ الناقصۃ: ناقص حالت، اور الخصلۃ الخسیسۃ: نکمی بات، میں نے اس کا ترجمہ کیا ہے: ''ہم اپنی مونچھ نیچی کیوں کرلیں؟'' یعنی ہم نے جو صلح کی ہے وہ دب کر کی ہے، ہم ایسا کیوں کریں؟

۴- غَرْز کے معنی میں نے 'رکاب' کئے ہیں، یہ صحیح معنی نہیں، مگر اردو میں اس کے لئے کوئی لفظ نہیں، گھوڑے پر جب بیٹھتے ہیں تو دونوں پیر گھسانے کے لئے ایک کڑا رسّی سے باندھ کر لٹکادیتے ہیں، سوار اس میں پیر ڈال کر بیٹھتا ہے، اس کو

عربی میں رکاب کہتے ہیں، اور اونٹ پر جب بیٹھتے ہیں تو وہاں بھی رسّی سے باندھ کر لکڑی کا حلقہ لٹکا دیتے ہیں، اور اس میں پیر ڈال کر بیٹھتے ہیں، اس کو عربی میں غَرْز کہتے ہیں، اردو میں اس کے لئے بھی لفظ 'رکاب' مستعمل ہے۔ نبی ﷺ اونٹ پر سوار ہو کر سفر کر رہے تھے، اس لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لفظ غرز استعمال کیا ہے۔

قَالَ: فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قَضِيَّةِ الْكِتَابِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَصْحَابِهِ: "قُوْمُوْا فَانْحَرُوْا ثُمَّ احْلِقُوْا" قَالَ: فَوَ اللّٰهِ مَا قَامَ مِنْهُمْ رَجُلٌ حَتَّى قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَلَمَّا لَمْ يَقُمْ مِنْهُمْ أَحَدٌ دَخَلَ عَلٰى أُمِّ سَلَمَةَ فَذَكَرَ لَهَا مَا لَقِيَ مِنَ النَّاسِ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! أَتُحِبُّ ذٰلِكَ؟ اخْرُجْ ثُمَّ لَا تُكَلِّمْ أَحَدًا مِنْهُمْ كَلِمَةً، حَتَّى تَنْحَرَ بُدْنَكَ، وَتَدْعُوَ حَالِقَكَ فَيَحْلِقَكَ. فَخَرَجَ فَلَمْ يُكَلِّمْ أَحَدًا مِنْهُمْ حَتَّى فَعَلَ ذٰلِكَ، نَحَرَ بُدْنَهُ، وَدَعَا حَالِقَهُ فَحَلَقَهُ. فَلَمَّا رَأَوْا ذٰلِكَ قَامُوْا فَنَحَرُوْا، وَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَحْلِقُ بَعْضًا، حَتَّى كَادَ بَعْضُهُمْ يَقْتُلُ بَعْضًا غَمًّا.

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے امت کو سنبھال لیا

ترجمہ: راوی کہتا ہے: پس جب صلح نامہ لکھ کر فارغ ہو گئے تو نبی ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: اٹھو اور قربانی کرو، پھر سر منڈا دو، یعنی احرام کھول دو، راوی کہتا ہے: پس بخدا! ان میں سے ایک بھی کھڑا نہیں ہوا، یہاں تک کہ آپؐ نے یہ بات تین مرتبہ فرمائی، پس جب ان میں سے کوئی کھڑا نہ ہوا تو آپؐ خیمہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے، اور ان سے ذکر کی وہ بات جو لوگوں سے ملاقات کی، حضرت ام سلمہؓ نے کہا: اے اللہ کے نبی! کیا آپؐ اس بات کو پسند کرتے ہیں (کہ لوگ احرام کھول دیں، پس) آپ باہر جائیں، پھر ان میں سے کسی سے کچھ نہ کہیں یہاں تک کہ آپؐ اپنا اونٹ ذبح کریں، اور سر مونڈنے والے کو بلائیں اور سر منڈوا دیں، پس آپؐ باہر نکلے اور ان میں سے کسی سے کچھ نہ کہا، یہاں تک کہ آپؐ نے وہ کام کیا، اپنا اونٹ ذبح کیا، اپنے باربر کو بلایا، اس نے آپؐ کا سر مونڈا، پس جب صحابہ نے یہ بات دیکھی تو وہ اٹھے اور انھوں نے قربانیاں کیں اور ایک دوسرے کا سر مونڈنے لگے، یہاں تک کہ ان کے بعض قریب تھے کہ بعض کو قتل کر دیں غم کی وجہ سے۔

وضاحت: صلح سے صرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہی پریشان نہیں تھے، ہر ایک اپنی جگہ غم گین تھا، اور اسی غلبۂ حال میں لوگوں نے تعمیل ارشاد نہیں کی، ان کو امید تھی کہ اب بھی مکہ پہنچنے کی کوئی راہ نکلے گی، مگر جب آپؐ نے احرام کھول دیا تو امید پر پانی پھر گیا، اور سب نے فوراً ہی احرام کھول دیا، اس موقعہ پر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیں: انھوں نے پوری امت کو سنبھال لیا، نبی ﷺ ناراض ہو کر خیمہ میں تشریف لے گئے تھے، اور ام سلمہؓ سے غصہ میں فرمایا تھا: "تیرے باپ کی قوم میری بات نہیں مانتی!" ام سلمہؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ایسا نہیں ہے، لوگ غم میں ڈوبے ہوئے ہیں، آپؐ باہر تشریف لے جا کر احرام کھول دیں اور کسی سے کچھ نہ کہیں (پھر دیکھیں کیا ہوتا ہے؟)

ثُمَّ جَاءَ هُ نِسْوَةٌ مُؤْمِنَاتٌ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ﴿ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا جَاءَ كُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ﴾ حَتَّى بَلَغَ:﴿ بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ﴾ فَطَلَّقَ عُمَرُ يَوْمَئِذٍ امْرَأَتَيْنِ كَانَتَا لَهُ فِي الشِّرْكِ. فَتَزَوَّجَ إِحْدَاهُمَا مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ، وَالْأُخْرَى صَفْوَانُ بْنُ أُمَيَّةَ.

صلح حدیبیہ کا اطلاق عورتوں پر نہیں ہوا

ترجمہ: پھر چند مؤمن عورتیں نبی ﷺ کے پاس آئیں (ان کو لینے کے لئے ان کے ورثاء آئے) تو سورۃ الممتحنہ کی آیت ۱۰ نازل ہوئی: ''اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مسلمان عورتیں (دارالحرب سے) ہجرت کرکے آئیں تو تم ان کا امتحان کیا کرو، ان کے ایمان کو اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں (یعنی امتحان سرسری کرو، کیونکہ حقیقی ایمان اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتے ہیں، تم نہیں جان سکتے) پس اگر ان کو مسلمان سمجھو تو ان کو کفار کی طرف واپس مت کرو، نہ وہ عورتیں ان کافروں کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ کافران عورتوں کے لئے حلال ہیں، اور ان کافروں نے جو کچھ خرچ کیا ہے وہ ان کو ادا کردو، اور تم پر ان عورتوں سے نکاح کر لینے میں کچھ گناہ ہیں، جب کہ تم ان کے مہران کو دیدو، اور تم کافر عورتوں سے تعلقات کو باقی مت رکھو (آیت پوری ہوئی) چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس دن دو عورتوں کو طلاق دی جو زمانہ شرک میں ان کے نکاح میں تھیں (ان میں سے ایک حضرت ابن عمرؓ کی ماں تھی) پس ان میں سے ایک سے معاویہ نے نکاح کیا اور دوسری سے صفوان بن امیہ نے۔

وضاحت: ابھی نبی ﷺ حدیبیہ ہی میں تھے کہ سب سے پہلے ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی مُعیط جو کنواری سیانی لڑکی تھی، ہجرت کرکے آئی، ان کو لینے کے لئے ان کے گھر والے آئے، صحابہ پریشان ہوئے، ابو جندل رضی اللہ عنہ کو تو واپس کردیا تھا کیونکہ وہ مرد تھے، عورت کو کیسے واپس کریں؟ وہ تکلیفیں برداشت نہیں کرسکتی، چنانچہ مذکورہ آیت نازل ہوئی اور یہ بات واضح کردی گئی کہ صلح کا اطلاق عورتوں پر نہیں ہے، اور اسی دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی دو بیویوں کو طلاق دی اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ بات صحیح نہیں ہے، عورتیں ہجرت کرکے مدینہ آئی تھیں، مگر کتاب الشروط کے شروع میں جو حدیث گذری ہے اس میں یومئذ ہے یعنی صلح حدیبیہ کے دن عورتیں ہجرت کرکے آئی تھیں، اور یہی صحیح معلوم ہوتا ہے۔ واللہ اعلم

ثُمَّ رَجَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَجَاءَ هُ أَبُوْ بَصِيْرٍ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ، وَهُوَ مُسْلِمٌ، فَأَرْسَلُوْا فِيْ طَلَبِهِ رَجُلَيْنِ، فَقَالُوْا: الْعَهْدَ الَّذِيْ جَعَلْتَ لَنَا. فَدَفَعَهُ إِلَى الرَّجُلَيْنِ، فَخَرَجَابِهِ حَتَّى بَلَغَا ذَاالْحُلَيْفَةِ، فَنَزَلُوْا يَأْكُلُوْنَ مِنْ تَمْرٍ لَهُمْ، فَقَالَ أَبُوْ بَصِيْرٍ لِأَحَدِ الرَّجُلَيْنِ: وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَرَى سَيْفَكَ هٰذَا يَا فُلَانُ جَيِّدًا، فَاسْتَلَّهُ الْآخَرُ فَقَالَ: أَجَلْ وَاللّٰهِ، إِنَّهُ لَجَيِّدٌ، لَقَدْ جَرَّبْتُ بِهِ ثُمَّ جَرَّبْتُ. فَقَالَ أَبُوْ بَصِيْرٍ: أَرِنِيْ أَنْظُرْ إِلَيْهِ، فَأَمْكَنَهُ مِنْهُ، فَضَرَبَهُ حَتَّى بَرَدَ، وَفَرَّ الْآخَرُ حَتَّى أَتَى الْمَدِيْنَةَ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ يَعْدُوْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ رَآهُ:'' لَقَدْ رَأَى هٰذَا ذُعْرًا'' فَلَمَّا انْتَهَى إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه

وسلم قَالَ: قُتِلَ وَاللّٰهِ صَاحِبِیْ وَإِنِّیْ لَمَقْتُوْلٌ، فَجَاءَ أَبُوْ بَصِیرٍ فَقَالَ: یَا نَبِیَّ اللّٰهِ! قَدْ وَاللّٰهِ أَوْفَى اللّٰهُ ذِمَّتَكَ، قَدْ رَدَدْتَنِیْ إِلَیْهِمْ ثُمَّ أَنْجَانِیَ اللّٰهُ مِنْهُمْ. قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "وَیْلُ أُمِّهِ! مِسْعَرُ حَرْبٍ، لَوْ كَانَ لَهُ أَحَدٌ" فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ عَرَفَ أَنَّهُ سَیَرُدُّهُ إِلَیْهِمْ، فَخَرَجَ حَتَّى أَتَى سِیْفَ الْبَحْرِ، قَالَ: وَیَنْفَلِتُ مِنْهُمْ أَبُوْ جَنْدَلِ بْنُ سُهَیْلٍ فَلَحِقَ بِأَبِیْ بَصِیْرٍ، فَجَعَلَ لَا یَخْرُجُ مِنْ قُرَیْشٍ رَجُلٌ قَدْ أَسْلَمَ إِلَّا لَحِقَ بِأَبِیْ بَصِیْرٍ حَتَّى اجْتَمَعَتْ مِنْهُمْ عِصَابَةٌ، فَوَ اللّٰهِ مَا یَسْمَعُوْنَ بِعِیْرٍ خَرَجَتْ لِقُرَیْشٍ إِلَى الشَّامِ إِلَّا اعْتَرَضُوْا لَهَا فَقَتَلُوْهُمْ وَأَخَذُوْا أَمْوَالَهُمْ. فَأَرْسَلَتْ قُرَیْشٌ إِلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم تُنَاشِدُهُ اللّٰهَ وَالرَّحِمَ لَمَّا أَرْسَلَ: فَمَنْ أَتَاهُ فَهُوَ آمِنٌ، فَأَرْسَلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم إِلَیْهِمْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿وَهُوَ الَّذِیْ كَفَّ أَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ وَأَیْدِیَكُمْ عَنْهُمْ﴾ حَتَّى بَلَغَ ﴿حَمِیَّةَ الْجَاهِلِیَّةِ﴾ [الفتح: ٢٤-٢٦] وَكَانَتْ حَمِیَّتُهُمْ أَنَّهُمْ لَمْ یُقِرُّوْا أَنَّهُ نَبِیُّ اللّٰهِ، وَلَمْ یُقِرُّوْا بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، وَحَالُوْا بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ الْبَیْتِ. [راجع: ١٦٩٤، ١٦٩٥]

قصہ ابوبصیر رضی اللہ عنہ کا

ترجمہ: پھر نبی ﷺ مدینہ کی طرف لوٹے پس آپؐ کے پاس قریش کا ایک آدمی ابوبصیرؓ نامی آیا، اور وہ مسلمان تھا، پس مکہ والوں نے ان کو لینے کے لئے دو آدمی بھیجے، پس انہوں نے کہا ہم آپؐ کو وہ پیمان یاد دلاتے ہیں جو آپؐ نے ہمارے ساتھ کیا ہے، یعنی اس کی رو سے ابوبصیرؓ کو واپس کردیں، پس نبی ﷺ نے ان دو آدمیوں کو ابوبصیرؓ کو دیدیا۔ وہ دونوں ان کو لے کر چلے، جب ذوالحلیفہ میں پہنچے تو اترے اور اپنے چھوہاروں میں سے کھانے لگے، ابوبصیرؓ نے دو آدمیوں میں سے ایک سے کہا: بخدا! میں آپ کی اس تلوار کو اے فلاں بہت عمدہ دیکھ رہا ہوں، پس اس کو دوسرے نے سونتا اور کہا: ہاں بخدا! یہ بہت عمدہ تلوار ہے میں نے اس کا تجربہ کیا ہے، پھر تجربہ کیا ہے، ابوبصیرؓ نے کہا: مجھے دکھانا، میں اس کو دیکھوں، اس نے وہ تلوار ان کو دیدی، ابوبصیرؓ نے اس پر چلادی، یہاں تک کہ وہ ٹھنڈا ہوگیا، اور دوسرا بھاگ کھڑا ہوا، یہاں تک کہ مدینہ پہنچا، پس دوڑتا ہوا مسجد نبوی میں داخل ہوا، جب اس کو نبی ﷺ نے دیکھا تو فرمایا: یقیناً اس نے کوئی گھبرانے والی بات دیکھی ہے، پس جب وہ نبی ﷺ کے پاس پہنچا تو اس نے کہا: مارا گیا بخدا میرا ساتھی اور میں بھی مارا جانے والا ہوں، پس ابوبصیرؓ آئے اور کہا: اے اللہ کے نبی! بخدا! تحقیق اللہ نے آپؐ کی ذمہ داری پوری کردی، آپؐ نے مجھے ان کی طرف لوٹا دیا، پھر اللہ نے مجھے ان سے بچالیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: اس کی ماں کا برا ہو! جنگ بھڑکانے والا ہے، کاش ہوتا اس کے لئے کوئی آدمی! پس جب ابوبصیرؓ نے یہ بات سنی تو سمجھ گئے کہ آپؐ ان کو مکہ والوں کی طرف واپس کردیں گے، پس وہ چل دیئے یہاں تک کہ سمندر کے کنارے پہنچے۔ راوی کہتا ہے: اور مکہ والوں میں سے چھوٹ نکلے ابوجندلؓ، اور وہ ابوبصیر کے ساتھ مل گئے پھر قریش کا کوئی آدمی جو مسلمان ہوگیا ہو نہیں نکلتا تھا مگر ابوبصیرؓ کے ساتھ مل جاتا تھا، یہاں تک کہ ان کی ایک جماعت اکٹھا ہوگئی، پس بخدا! نہیں سنتے

تھے وہ کسی تجارتی قافلہ کے بارے میں جو نکلا ہو قریش کا شام کی طرف مگر وہ اس سے تعرض کرتے تھے، وہ ان کو مار ڈالتے تھے، اور ان کے اموال لے لیتے تھے، پس قریش نے نبی ﷺ کے پاس آدمی بھیجا: قسم دے رہے ہیں وہ آپؐ کو اللہ کی اور رشتہ داری کی کہ ضرور آپؐ بھیجیں یعنی آدمی بھیج کر ابو بصیرؓ اور ان کی جماعت کو بلالیں، اور جو شخص حضور ﷺ کے پاس آئے گا وہ امن میں ہوگا، یعنی ہم اس کو واپس طلب نہیں کریں گے، چنانچہ نبی ﷺ نے ان کے پاس آدمی بھیجا (اور ان کو بلالیا) پس اللہ تعالیٰ نے سورۃ الفتح کی آیت ۲۴ نازل فرمائی: ''اور اللہ ایسے ہیں کہ انھوں نے ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے عین مکہ میں روک دیئے اس کے بعد کہ تم کو ان پر قابو دیدیا تھا، اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو دیکھ رہے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد حرام سے روکا اور قربانی کے جانور رکے رہ گئے اس سے کہ وہ اپنی ذبح کی جگہ پہنچیں اور اگر بہت سے مسلمان مرد اور بہت سی مسلمان عورتیں نہ ہوتیں جن کی تم کو خبر نہیں اور ان کے پس جانے کا اندیشہ نہ ہوتا جس کی وجہ سے تم کو بھی بے خبری میں ضرر پہنچتا تو سب قصہ طے کر دیا جاتا، لیکن ایسا اس لئے نہیں کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں جس کو چاہیں داخل کریں، اگر ٹل گئے ہوتے وہ لوگ تو ان میں سے جو کافر تھے ہم ان کو دردناک سزا دیتے، جب کہ ان کافروں نے اپنے دلوں میں عار کو جگہ دی اور عار بھی جاہلیت والی!'' (آیت کا ترجمہ پورا ہوا) اور ان کی جاہلانہ عار یہ تھی کہ انھوں نے اقرار نہیں کیا کہ آپؐ اللہ کے نبی ہیں، اور انھوں نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنے نہیں دیا، اور نہ آپؐ کو بیت اللہ شریف تک پہنچنے دیا۔

وضاحت: حاشیہ میں لکھا ہے کہ آیت کا شانِ نزول حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ کا واقعہ نہیں ہے، بلکہ یہ آیت ایک اور واقعہ میں نازل ہوئی ہے۔ جب حدیبیہ میں صلح کی بات چل رہی تھی تو کافروں کے نوجوان اس سے متفق نہیں تھے، انھوں نے سوچا کہ آگ لگائیں تا کہ صلح ختم ہوجائے، چنانچہ کچھ نوجوان رات میں صحابہ کے لشکر کے پاس پہنچے تا کہ بے خبری میں حملہ کر دیں، نبی ﷺ نے چاروں طرف پہرے دار مقرر کر رکھے تھے، انھوں نے ان کو پکڑ لیا اور صبح آپؐ کے سامنے پیش کیا، آپؐ نے ان کو معاف کر دیا، یہ ہے ان کے ہاتھوں کو مسلمانوں سے روک دینا، یعنی رات میں ان کو حملہ کرنے کا موقع نہیں دیا اور حضور ﷺ کا ان کو معاف کرنا تمہارے ہاتھوں کو ان سے روک دینا ہے، آیت کا صحیح شانِ نزول یہ ہے۔ البتہ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّة کی جو تفسیر کی ہے وہ صحیح ہے۔

قولہ: ويلُ أمه! اس کی ماں کا برا ہو! یہ جملہ بے تکلفی میں بولا جاتا ہے، بددعا مراد نہیں ہوتی، اور مِسْعَرٌ: اسم آلہ ہے اور اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ ابو بصیر کی اس حرکت سے جنگ بھڑک سکتی ہے، اور صلح پامال ہوسکتی ہے، پس کاش کوئی ہوتا جو اس کو مکہ پہنچاتا تا کہ جنگ نہ بھڑکے، ابو بصیر سمجھ گئے کہ آپؐ مجھے مدینہ میں نہیں رہنے دیں گے ضرور کسی ذریعہ سے مجھے مکہ واپس کر دیں گے، اس لئے وہ مدینہ سے چل دیئے۔

[۲۷۳۳-] وَقَالَ عُقَيْلٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ عُرْوَةُ: فَأَخْبَرَتْنِيْ عَائِشَةُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَمْتَحِنُهُنَّ، وَبَلَغَنَا أَنَّـهُ لَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ أَنْ يَرُدُّوْا إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا أَنْفَقُوْا عَلٰى مَنْ هَاجَرَ مِنْ

أَزْوَاجِهِمْ، وَحَكَمَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ أَنْ لاَ يُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ: أَنَّ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَيْنِ قَرِيْبَةَ بِنْتَ أَبِيْ أُمَيَّةَ، وَابْنَةَ جَرْوَلِ الْخُزَاعِيِّ، فَتَزَوَّجَ قَرِيْبَةَ مُعَاوِيَةُ، وَتَزَوَّجَ الْأُخْرَى أَبُوْ جَهْمٍ.

فَلَمَّا أَبَى الْكُفَّارُ أَنْ يُقِرُّوْا بِأَدَاءِ مَا أَنْفَقَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى أَزْوَاجِهِمْ، أَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَإِنْ فَاتَكُمْ شَيْئٌ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ﴾[الممتحنة: ۱۱] وَالْعَقْبُ: مَا يُؤَدِّى الْمُسْلِمُوْنَ إِلٰى مَنْ هَاجَرَتِ امْرَأَتُهُ مِنَ الْكُفَّارِ، فَأَمَرَ أَنْ يُعْطَى مَنْ ذَهَبَ لَهُ زَوْجٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، مَا أَنْفَقَ مِنْ صَدَاقِ نِسَاءِ الْكُفَّارِ اللاَّتِيْ هَاجَرْنَ، وَمَا نَعْلَمُ أَنَّ أَحَدًا مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ ارْتَدَّتْ بَعْدَ إِيْمَانِهَا، وَبَلَغَنَا أَنَّ أَبَا بَصِيْرِ بْنَ أَسِيْدٍ الثَّقَفِيَّ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُؤْمِنًا مُهَاجِرًا فِي الْمُدَّةِ، فَكَتَبَ الْأَخْنَسُ بْنُ شَرِيْقٍ إِلٰى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم يَسْأَلُهُ أَبَا بَصِيْرٍ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ.[راجع: ۲۷۱۳]

وضاحت: اب تک جو روایت آپ نے پڑھی ہے وہ امام زہری رحمہ اللہ سے معمر بن راشد کی تھی، اب یہ روایت ان کے دوسرے شاگرد عقیل کی ہے اور مرسل ہے۔

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ ہجرت کر کے آنے والی عورتوں کا امتحان کیا کرتے تھے، اور امام زہریؒ کہتے ہیں: ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ جب اللہ کا یہ حکم نازل ہوا کہ مشرکین کو واپس کرو وہ جو انھوں نے خرچ کیا ہے ہجرت کرنے والی بیویوں پر، اور مسلمانوں کو حکم دیا کہ وہ کافر عورتوں سے تعلقات باقی نہ رکھیں، یعنی ان کو طلاق دیدیں، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قریبہ کو اور جَرول کی بیٹی کو طلاق دیدی، پس قریبہ سے معاویہ نے نکاح کیا اور دوسرے سے ابوجہم نے، پس جب کفار نے انکار کیا کہ وہ اقرار کریں اس چیز کے ادا کرنے کا جو مسلمانوں نے اپنی بیویوں پر خرچ کی ہے تو آیت کریمہ نازل ہوئی: ﴿وَإِنْ فَاتَكُمْ شَيْئٌ﴾ الآية: ''اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی بیوی کافروں میں رہ جانے کی وجہ سے تمہارے ہاتھ نہ آئے، پھر تمہاری باری آئے تو جن کی بیویاں ہاتھ سے نکل گئی ہیں ان کو جو انھوں نے خرچ (مہر) کیا ہے اس کے برابر تم ان کو دیدو'' عَقب (باری) کے معنی ہیں: وہ رقم جو مسلمان ادا کریں اس کافر کو جس کی بیوی نے ہجرت کی ہے، پس حکم دیا کہ دیا جائے وہ شخص جس کی مسلمان بیوی چلی گئی ہے کفار کی عورتوں کے مہر میں سے، جو اس نے خرچ کیا ہے، ہجرت کرنے والی بیوی پر، یعنی ایک مسلمان عورت مکہ چلی گئی، کافروں نے اس کا مہر نہیں دیا، پس جب کسی کافر کی بیوی مسلمان ہو کر مدینہ آئے تو اس کا مہر کافر کو دینے کے بجائے اس مسلمان کو دو جس کی بیوی کا مہر اسے نہیں ملا۔ اور امام زہریؒ کہتے ہیں: ہمارے علم میں نہیں کہ کوئی ہجرت کرنے والی عورت ایمان لانے کے بعد مرتد ہو گئی ہو، اور امام زہریؒ یہ بھی کہتے ہیں کہ ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ ابوبصیر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس آ گئے ایمان لا کر ہجرت کر کے مدت صلح میں، پس اخنس بن شریق نے نبی ﷺ کو خط لکھا وہ ابوبصیرؓ کا مطالبہ کرتا تھا، وہی خط لے کر دو آدمی مدینہ آئے تھے (آخر حدیث تک)

وضاحت: عقیل کی اس روایت میں اور معمر کی گذری ہوئی روایت میں دو فرق ہیں:

۱- یہ روایت کان یَمْتحنهن تک ہی موصول ہے باقی روایت امام زہری کی مرسل ہے، اور معمر نے سند مسور بن مخرمہ تک پہنچائی ہے، اس لئے وہ موصول ہے۔

۲- معمر کی روایت میں تھا کہ دوسری عورت سے صفوان بن امیہ نے نکاح کیا اور عقیل کی روایت میں ہے کہ ابوجہم نے نکاح کیا۔ اس اختلاف میں مسند روایت مقدم ہوگی۔

فائدہ: جرول کی بیٹی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی ماں ہے، اس کا نام کلثوم تھا۔

بَابُ الشُّرُوْطِ فِی الْقَرْضِ

قرض میں شرطیں

یہ باب اور باب کی حدیث اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اثر اور مسئلہ کی تفصیل پہلے کتاب الاستقراض (باب ۱۷، حدیث ۲۴۰۴) میں آچکی ہے۔ وہاں دیکھ لی جائے۔

[۱۶-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِی الْقَرْضِ

[۲۷۳٤-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِی جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنَّـهُ ذَكَرَ رَجُلاً سَأَلَ بَعْضَ بَنِی إِسْرَائِيْلَ أَنْ يُسْلِفَهُ أَلْفَ دِيْنَارٍ، فَدَفَعَهَا إِلَيْهِ إِلٰی أَجَلٍ مُسَمًّی. [راجع: ١٤٩٨]

وَقَالَ ابْنُ عُمَرُ وَعَطَاءٌ: إِذَا أَجَّلَهُ فِی الْقَرْضِ جَازَ.

بَابُ الْمُكَاتَبِ، وَمَالاَ يَحِلُّ مِنَ الشُّرُوْطِ الَّتِیْ تُخَالِفُ كِتَابَ اللّٰهِ

کتابت میں شریعت کے خلاف کوئی دفعہ معتبر نہیں

غلام باندی کو مکاتب بنایا اور شریعت کے خلاف کوئی شرط لگائی تو وہ بیکار ہے، اور باب میں دو اثر ہیں:

۱- حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے مکاتب کے سلسلہ میں فرمایا: آقا اور مکاتب نے آپس میں جو دفعات طے کی ہیں وہ معتبر ہیں (جبکہ وہ جائز دفعات ہوں)

۲- اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما یا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو بھی شرط کتاب اللہ کے خلاف ہے وہ باطل ہے، چاہے سو شرطیں ہوں۔

پھر حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ ذکر کیا ہے، اس میں نبی ﷺ کی یہ تقریر ہے: کیا بات ہے کچھ لوگ ایسی شرطیں لگاتے ہیں جو کتاب اللہ میں نہیں ہیں؟ ایسی ہر شرط باطل ہے، چاہے وہ سو شرطیں ہوں۔

[۱۷-] بَابُ الْمُكَاتَبِ، وَمَالَا يَحِلُّ مِنَ الشُّرُوْطِ الَّتِيْ تُخَالِفُ كِتَابَ اللّٰهِ

[۱-] وَقَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فِي الْمُكَاتَبِ: شُرُوْطُهُمْ بَيْنَهُمْ.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ أَوْ عُمَرُ: كُلُّ شَرْطٍ خَالَفَ كِتَابَ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ، وَإِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ شَرْطٍ.

[۲۷۳۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيىٰ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَتَتْهَا بَرِيْرَةُ تَسْأَلُهَا فِيْ كِتَابَتِهَا، فَقَالَتْ: إِنْ شِئْتِ أَعْطَيْتُ أَهْلَكِ، وَيَكُوْنُ الْوَلاَءُ لِيْ، فَلَمَّا جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَكَّرْتُهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " ابْتَاعِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا، فَإِنَّمَا الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: مَابَالُ أَقْوَامٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ مَنِ اشْتَرَطَ شَرْطًا لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَيْسَ لَهُ، وَإِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ شَرْطٍ"[راجع: ٤٥٦]

بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ الِاشْتِرَاطِ وَالثُّنْيَا فِي الْإِقْرَارِ، وَالشُّرُوْطُ الَّتِيْ يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ بَيْنَهُمْ، وَإِذَا قَالَ: مِأَةٌ إِلَّا وَاحِدَةً أَوْ ثِنْتَيْنِ

(۱) اقرار میں استثناء درست ہے (۲) اور معروف شرطیں معتبر ہیں (۳) اور سو میں سے ایک یا دو کا استثناء کرنا

اس باب میں تین مسائل جمع کیے ہیں:

۱- کوئی شخص اقرار کرے اور اس میں استثناء کرے تو یہ استثناء درست ہے، کیونکہ استثناء بھی ایک اقرار ہے، اور ثُنْیا بروزن دُنیا استثناء کا مترادف ہے، پس استثناء ہی اشتراط ہے۔

۲- جو شرطیں لوگوں میں معروف ہیں وہ معتبر ہیں، اور جو غیر معروف ہیں وہ معتبر نہیں، جیسے کوئی مشین اس شرط پر خریدی کہ بائع آ کر اس کو فٹ کرے گا تو یہ شرط معروف ہے۔ اور اگر کپڑا خریدا اور شرط کی کہ بائع کرتا سی کر دے گا تو یہ شرط معروف نہیں۔

۳- کثیر سے قلیل کا استثناء بالاتفاق جائز ہے، سو میں سے ایک یا دو کا استثناء درست ہے، اور اگر قلیل سے کثیر کا استثناء کرے تو اس میں اختلاف ہے، جمہور اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک درست نہیں۔

اور باب میں دو اثر اور ایک حدیث ہے:

پہلا اثر: کسی نے کار کرایہ پر لی کہ مجھے پرسوں دہلی جانا ہے اور کرایہ دو ہزار روپے طے کیا اور یہ بھی کہا کہ اگر میں پرسوں نہ جاؤں تو ہرجانہ کے تین سو روپے دوں گا، پھر پرسوں نہیں گیا تو ابن سیرین رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ قاضی شریح رحمہ اللہ نے فرمایا: تین سو روپے دینے پڑیں گے، کیونکہ اس نے خود اپنے ذمہ لئے ہیں۔

تنبیہ: یہ عربون (بیعانہ) کا مسئلہ نہیں ہے، بیعانہ کی رقم رکھ لینا جائز نہیں۔

دوسرا اثر: کسی نے غلہ بیچا، مشتری نے کہا: میں بدھ کے دن آکر ثمن ادا کرکے مبیع لے جاؤں گا، اگر نہ آؤں تو سودا ختم، پھر وہ نہیں آیا تو قاضی شریح نے فیصلہ کیا کہ سودا ختم ہوگیا، کیونکہ مشتری نے خود وعدہ خلافی کی ہے۔

وضاحت: یہ خیار النقد ہے جو حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک درست ہے، اور مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک صحیح نہیں، ان کے نزدیک بیع لازم ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، سوگر ایک کم، جو ان کا احاطہ کرلے وہ جنت میں جائے گا۔

تشریح: حدیث سے باب کی تینوں باتیں ثابت ہوتی ہیں: اقرار میں استثناء درست ہے، اللہ کے خاص نام ننانوے ہیں، سو نہیں ہیں، اور کثیر سے قلیل کا استثناء معروف ہے، پس وہ درست ہے۔

[۱۸-] بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ الِاشْتِرَاطِ وَالثُّنْيَا فِي الإِقْرَارِ، وَالشُّرُوْطُ الَّتِيْ يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ بَيْنَهُمْ، وَإِذَا قَالَ: مِأَةٌ إِلَّا وَاحِدَةً أَوْ ثِنْتَيْنِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ: قَالَ رَجُلٌ لِكَرِيِّهِ: ارْحَلْ رِكَابَكَ، فَإِنْ لَمْ أَرْحَلْ مَعَكَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا فَلَكَ مِائَةُ دِرْهَمٍ، فَلَمْ يَخْرُجْ، فَقَالَ شُرَيْحٌ: مَنْ شَرَطَ عَلَى نَفْسِهِ طَائِعًا غَيْرَ مُكْرَهٍ فَهُوَ عَلَيْهِ.

[۲-] وَقَالَ أَيُّوْبُ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ: إِنَّ رَجُلًا بَاعَ طَعَامًا، وَقَالَ: إِنْ لَمْ آتِكَ الأَرْبِعَاءَ فَلَيْسَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بَيْعٌ، فَلَمْ يَجِئْ، فَقَالَ شُرَيْحٌ لِلْمُشْتَرِيْ: أَنْتَ أَخْلَفْتَ، فَقَضَى عَلَيْهِ.

[۲۷۳۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اسْمًا، مِائَةً إِلَّا وَاحِدًا، مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ"

[انظر: ٦٤١٠، ٧٣٩٢]

ترجمہ: (پہلا اثر:) ابن سیرین رحمہ اللہ کہتے ہیں: کسی آدمی نے کرایہ پر سواری دینے والے سے کہا: (الْکَرِیّ کے معنی ہیں: المکاری، کرایہ پر سواری کا جانور دینے والا) اپنی سواری تیار کر، پس اگر نہ سفر کروں میں تیرے ساتھ فلاں فلاں دن تو تیرے لئے (ہرجانہ کے) سو درہم ہیں، پس اس نے سفر نہیں کیا تو قاضی شریح رحمہ اللہ نے فرمایا: جو اپنی ذات پر بہ رضاء ورغبت مجبور کئے بغیر کوئی شرط لگائے تو وہ اس کے ذمہ لازم ہے۔

(دوسرا اثر) ابن سیرینؒ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے غلہ بیچا اور (مشتری نے) کہا: اگر میں آپ کے پاس بدھ کو نہ آؤں تو میرے اور آپ کے درمیان سودا نہیں، پھر وہ نہیں آیا تو قاضی شریح نے مشتری سے کہا: تو نے وعدہ خلافی کی ہے، پس اس کے خلاف فیصلہ کیا یعنی سودا ختم کردیا۔

بَابُ الشُّرُوْطِ فِی الْوَقْفِ

وقف میں شرطیں

گھر یا زمین وقف کی تو وقف نامہ میں جو دفعات لکھی ہیں وہ ناطق ہیں، فقہ میں ہے: شرطُ الواقف کنص الشارع: واقف کی لکھی ہوئی دفعات گویا منزل من السماء ہیں، یعنی لازم ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خیبر میں جو زمین وقف کی تھی، تو وقف نامہ میں کچھ دفعات لکھی تھیں وہ لازم تھیں۔

[۱۹-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِی الْوَقْفِ

[۲۷۳۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، أَنْبَأَنِیْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَصَابَ أَرْضًا بِخَيْبَرَ، فَأَتَى النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَسْتَأْمِرُهُ فِيْهَا، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّیْ أَصَبْتُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ لَمْ أُصِبْ مَالاً قَطُّ أَنْفَسَ عِنْدِیْ مِنْهُ، فَمَا تَأْمُرُبِهِ؟ قَالَ: "إِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ أَصْلَهَا، وَتَصَدَّقْتَ بِهَا" قَالَ: فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ أَنَّهُ لاَ تُبَاعُ وَلاَ تُوْهَبُ وَلاَ تُوْرَثُ، وَتَصَدَّقَ بِهَا فِی الْفُقَرَاءِ، وَفِی الْقُرْبٰى، وَفِی الرِّقَابِ، وَفِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَابْنِ السَّبِيْلِ، وَالضَّيْفِ، لاَجُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ، وَيُطْعِمَ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ. قَالَ: فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ سِيْرِيْنَ. فَقَالَ: غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالاً. [راجع: ۲۳۱۳]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خیبر میں ایک زمین ہاتھ آئی (یہ زمین حضرت عمرؓ نے خریدی تھی، جب آیت کریمہ ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ﴾ نازل ہوئی تو مختلف صحابہ نے اپنی قیمتی چیزیں پیش کیں) پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی خدمت میں آئے اور آپؐ سے اس زمین کے بارے میں مشورہ کیا اور عرض کیا: یارسول اللہ! خیبر میں ایک زمین میرے ہاتھ آئی ہے، مجھے کوئی جائداد ایسی عمدہ کبھی نہیں ملی، پس آپؐ اس کے بارے میں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: "اگر آپ چاہیں تو اصل زمین روک لیں اور اس کے منافع خیرات کریں" راوی کہتا ہے: پس حضرت عمرؓ نے اس زمین کے منافع خیرات کئے (اور وقف نامہ میں لکھا) کہ وہ زمین بیچی نہ جائے، بخشی نہ جائے، میراث میں بانٹی نہ جائے اور اس کے منافع خرچ کئے جائیں فقراء پر، رشتہ داروں پر، گردنوں میں، راہِ خدا میں، مسافر پر اور مہمانوں پر، کچھ گناہ نہیں اس شخص پر جو اس کا متولی بنے کہ اس میں سے عرف کے مطابق کھائے اور کھلائے، درانحالیکہ وہ مالدار بننے والا نہ ہو، یعنی ضرورت سے زیادہ تنخواہ نہ لے۔

عبداللہ بن عون رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ کو سنائی تو انھوں نے فرمایا: وقف نامہ میں غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ کے بجائے غیر متأثِّل مالا تھا أی غیر جامع مالا (دونوں لفظوں کا مطلب ایک ہے)

لغت: تَمَوَّلَ مالاً: مال اکٹھا کرنا......... تَأَثَّلَ مالاً: سرمایہ کاری کی غرض سے مال جمع کرنا، بیلنس بنانا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ الوَصَایَا

وصیتوں کا بیان

وصیت کے لغوی معنی ہیں: جڑنا، ملنا، پاس پاس ہونا، کہتے ہیں: وَصَی یَصِیْ وَصْیًا: ملا ہوا ہونا۔ اور نصوص میں وصیت تین معنی میں مستعمل ہے:

۱- کسی کو اپنا جانشیں بنانا جو اس کے مرنے کے بعد مال وجائداد اور اہل وعیال کے معاملات کا بااختیار منتظم ہو، یہی معنی معروف ہیں۔

۲- کسی کو مرنے کے بعد کوئی چیز بخشنا۔ تَمْلِيْكٌ مَضَافٌ إِلٰى مَا بَعْدَ الْمَوْتِ (عمدہ) یہ معنی بھی معروف ہیں۔

۳- ممنوعات سے جھڑکنا اور مامورات پر ابھارنا۔ وَيُطْلَقُ شَرْعًا أَيْضًا عَلٰى مَا يَقَعُ بِهِ الزَّجْرُ عَنِ الْمَنْهِيَّاتِ وَالْحَثُّ عَلَى الْمَأْمُوْرَاتِ (عمدہ) حدیثوں میں اس معنی میں بھی لفظ وصیت آیا ہے۔

آیتِ کریمہ: پھر حضرت رحمہ اللہ نے سورۃ البقرہ کی تین آیتیں (۱۸۰-۱۸۲) لکھی ہیں: ''تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب کسی کو موت قریب معلوم ہو اور کچھ مال ترکہ میں چھوڑا ہو تو والدین اور اقارب کے لئے معروف طریقہ پر وصیت کرے، یہ بات جن کو خدا کا خوف ہے ان کے ذمہ ضروری ہے، پھر جو شخص وصیت سننے کے بعد اس کو تبدیل کرے تو اس کا گناہ انہی لوگوں کو ہے جو اس کو تبدیل کریں۔ اللہ تعالیٰ یقیناً سنتے جانتے ہیں، ہاں جس شخص کو وصیت کرنے والے کی طرف سے کسی بے عنوانی یا کسی جرم کے ارتکاب کا اندیشہ ہو، پھر وہ شخص ان میں باہم مصالحت کرادے تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بیشک اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والے، مہربانی فرمانے والے ہیں''

تفسیر: ان آیات میں تین باتیں ہیں:

۱- اولاد کے علاوہ دوسرے ورثاء کے حصے میراث میں متعین نہیں تھے، ان کے لئے مرنے والا وصیت کرے گا تب ان کو میراث ملے گی۔

۲- اولاد کے علاوہ والدین اور دیگر رشتہ داروں کے لئے وصیت کرنا واجب تھا۔

۳- وصیت تہائی مال سے زیادہ کی نہ ہو، معقول طریقہ پر وصیت کرنے کا یہی مطلب ہے۔

پھر پہلی بات آیتِ میراث سے منسوخ ہوگئی، اولاد کے علاوہ دیگر رشتہ داروں کے بھی حصے متعین کردیئے، اور دوسری بات حدیث لَاوَصِیَّةَ لِوَارِثٍ سے منسوخ ہوگئی، اور اس پر اجماع ہے اور وجوب کے ساتھ جواز بھی منسوخ ہوگیا۔ پس شرعی وارث کے لئے وصیت باطل ہے، اور تیسری بات اب بھی باقی ہے، تہائی سے زیادہ کی وصیت عاقل بالغ ورثاء کی اجازت کے بغیر نافذ نہیں۔

لغت: جَنَفًا کے معنی ہیں: مائل ہونا، یعنی کوئی ماں یا باپ کو ان کی حیثیت سے زیادہ دینے لگے تو وصیت سننے والوں کو بیچ میں دخل دے کر صحیح مشورہ دینا چاہئے۔ اور سورۃ المائدہ (آیت ۳) میں مُتَجَانِف آیا ہے اس کے معنی بھی ہیں: مائل ہونا، جھکنا۔ اور آیت کریمہ کے بعد چار حدیثیں ذکر کی ہیں، ان کا ترجمہ اور تشریح بعد میں آئے گی۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٥٥- كتابُ الْوَصَايَا

وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ﴾ إِلٰى ﴿جَنَفًا﴾ [البقرة: ١٨٠-١٨٢] ﴿جَنَفًا﴾: مَيْلاً، ﴿مُتَجَانِفٌ﴾ مَائِلٌ.

[٢٧٣٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، لَهُ شَيْئٌ يُوْصِى فِيْهِ، يَبِيْتُ لَيْلَتَيْنِ، إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَهُ" تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: کسی مسلمان کے لئے لائق نہیں جس کے پاس کوئی ایسی چیز ہو جس میں وصیت کرنی چاہئے کہ گذارے وہ دو راتیں مگر اس کی وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی ہونی چاہئے۔

تشریح: زندگی ایک بلبلہ ہے، کب ٹوٹ جائے معلوم نہیں، اس لئے آدمی کو ہمیشہ یادداشت لکھ کر رکھنی چاہئے، یا ضروری باتیں دوسرے کو بتادینی چاہئیں، تاکہ اچانک موت آجائے تو متعلقین معاملات سلجھا سکیں، اور داؤد ظاہری وغیرہ کے نزدیک وصیت کرنا واجب ہے، مگر دیگر فقہاء فرماتے ہیں اگر ذمہ پر کوئی واجب ہے مثلاً کسی سے قرض لیا ہے یا نماز روزے باقی ہیں تو وصیت واجب ہے اور اگر کوئی واجب حق نہیں ہے تو وصیت کرنا مستحب ہے (اور حدیث کی ترکیب تحفۃ الالمعی (۳:۴۷۷) میں ہے)

[٢٧٣٩-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَارِثِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُعْفِيِّ، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ: خَتَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَخِي جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ،

قَالَ: مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ مَوْتِهِ دِرْهَمًا وَلاَ دِيْنَارًا، وَلاَ عَبْدًا وَلاَ أَمَةً وَلاَ شَيْئًا إِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَسِلاَحَهُ وَأَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً. [انظر: ۲۸۷۳، ۲۹۱۲، ۳۰۹۸، ٤٤٦١]

ترجمہ: نبی ﷺ کے سالے ام المؤمنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے بھائی عمرو بن الحارثؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے وفات کے وقت نہ کوئی درہم چھوڑا نہ دینار، نہ غلام نہ باندی اور نہ کوئی اور چیز، علاوہ اپنے سفید خچر کے اور اپنے ہتھیاروں کے اور ایسی زمین کے جس کو آپؐ نے صدقہ کردیا تھا۔

تشریح: جب نبی ﷺ کے پاس کوئی مال نہیں تھا تو وصیت کس چیز کی کرتے؟ اور جو متفرقات تھے وہ تبرکات میں تقسیم کردیئے گئے تھے، اس لئے کہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ انبیاء کا ترکہ تقسیم نہیں ہوتا وہ جو کچھ چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

[۲۷٤۰-] حدثنا خَلاَّدُ بْنُ يَحْيىٰ، ثَنَا مَالِكٌ: هُوَ ابْنُ مِغْوَلٍ، ثَنَا طَلْحَةُ بْنُ مُصَرِّفٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِيْ أَوْفىٰ: هَلْ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَوْصىٰ؟ فَقَالَ: لاَ، فَقُلْتُ: كَيْفَ كُتِبَ عَلَى النَّاسِ الْوَصِيَّةُ أَوْ: أُمِرُوْا بِالْوَصِيَّةِ؟ قَالَ: أَوْصىٰ بِكِتَابِ اللّٰهِ. [انظر: ٤٤٦٠، ٥٠٢٢]

[۲۷٤۱-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: ذَكَرُوْا عِنْدَ عَائِشَةَ أَنَّ عَلِيًّا كَانَ وَصِيًّا، فَقَالَتْ: مَتىٰ أَوْصىٰ إِلَيْهِ وَقَدْ كُنْتُ مُسْنِدَتَهُ إِلىٰ صَدْرِيْ؟ أَوْ قَالَتْ: حَجْرِيْ، فَدَعَا بِالطَّسْتِ، فَلَقَدِ انْخَنَثَ فِيْ حَجْرِيْ، فَمَا شَعَرْتُ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ، فَمَتىٰ أَوْصىٰ إِلَيْهِ؟ [انظر: ٤٤٥٩]

حدیث (۱): طلحہ بن مصرف نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے کوئی وصیت کی؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا: نہیں، طلحہ نے پوچھا: پھر لوگوں پر وصیت کیسے فرض کی گئی؟ یا کہا: لوگوں کو وصیت کا حکم کیسے دیا گیا؟ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: آپؐ نے کتاب اللہ کی وصیت کی ہے۔

حدیث (۲): اسود کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے لوگوں نے ذکر کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے وصی ہیں، حضرت عائشہؓ نے فرمایا: کب ان کو وصیت کی اور میں تو آپؐ کو اپنے سینہ سے لگائے ہوئے تھی؟ یا کہا: اپنی گود میں لئے ہوئے تھی؟ آپؐ نے پیشاب کے لئے سلفچی منگوائی، پھر آپؐ میری گود میں تھے کہ گردن ترچھی ہوگئی، اور مجھے پتا ہی نہیں چلا کہ آپؐ کی وفات ہوگئی، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کب وصیت کی؟

لغت: اِنْخَنَسَ الْعُنُقَ: گردن ترچھی ہوجانا، مادہ خَنَسَ۔

تشریح: ان دونوں حدیثوں کو سمجھنے کے لئے دو باتیں ذہن میں رکھیں، داؤد ظاہری کی طرح طلحہ بن مصرف اور شیعہ

وصیت کو واجب کہتے ہیں، پھر شیعہ یہ بھی کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے بعد متصل خلیفہ ہونے کی وصیت کی تھی، شیعوں نے اس کا زور سے پروپیگنڈہ کیا تھا، طلحہ اس سے متأثر ہوئے، انھوں نے حضرت عبداللہؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے وصیت کی تھی؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا: نہیں، طلحہ نے کہا: وصیت تو لوگوں پر فرض ہے، پھر آپؐ نے وصیت کیوں نہیں کی؟ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: وصیت تو کی ہے، قرآن کریم کو مضبوط تھامنے کی تاکید کی ہے، فرمایا ہے: میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جاتا ہوں جب تک تم ان کو مضبوط پکڑے رہوگے، گمراہ نہیں ہوؤگے، ایک: اللہ کی کتاب اور دوسری: میری سنت، پس قرآنِ کریم کے حکم پر عمل ہوگیا، یہی بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے ذکر کی گئی تو انھوں نے پُر زور تردید کی کہ حضور ﷺ نے بیماری کے دن میرے گھر میں گذارے ہیں میں ہر وقت ساتھ رہتی تھی، اور وفات بھی میری گود میں ہوئی ہے، حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کوئی وصیت نہیں کی، شیعوں کا پروپیگنڈہ غلط ہے۔

بَابٌ: أَنْ يَتْرُكَ وَرَثَتَهُ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَتَكَفَّفُوا النَّاسَ

ورثاء کو مالدار چھوڑنا اس سے بہتر ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلائیں

عام طور پر لوگ دور کی جگہوں میں خرچ کرنے کو ثواب کا کام سمجھتے ہیں، اس لئے قریب کی جگہوں میں خرچ نہیں کرتے، اسی طرح لوگ خیرات کرنے کو ثواب سمجھتے ہیں اور ورثاء کے لئے مال چھوڑنے کو ثواب کا کام نہیں سمجھتے، حالانکہ اس میں زیادہ ثواب ہے۔

اور حدیث پہلے گذری ہے (حدیث ۱۲۹۵) فتح مکہ کے موقع پر یا حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سخت بیمار پڑے، نبی ﷺ ان کی عیادت کے لئے گئے، انھوں نے مسئلہ پوچھا کہ میں اپنے سارے مال کی وصیت کرسکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، انھوں نے پوچھا: آدھے مال کی؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، انھوں نے پوچھا: تہائی کی؟ آپؐ نے فرمایا: تہائی کی کرسکتے ہو، اور یہ بھی بہت ہے، تم اپنے ورثاء کو مالدار چھوڑو یہ اس سے بہتر ہے کہ تم ان کو کنگلا چھوڑو، وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلائیں۔ اور اس حدیث میں یہ جملہ بھی ہے: یرحم اللہ ابنَ عفراء: اس سے مراد حضرت سعد بن خولہؓ ہیں، کہتے ہیں: خولہ باپ کا نام تھا اور عفراء ماں کا، آپؐ نے ان کے لئے دعاء رحمت کی، کیونکہ ان کا انتقال مکہ میں ہوا تھا۔

[۲-] بَابٌ: أَنْ يَتْرُكَ وَرَثَتَهُ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَتَكَفَّفُوا النَّاسَ

[۲۷۴۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ: جَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ وَأَنَا بِمَكَّةَ، وَهُوَ يَكْرَهُ أَنْ يَمُوْتَ بِالْأَرْضِ الَّتِيْ

هَاجَرَ مِنْهَا، فَقَالَ: "يَرْحَمُ اللّٰهُ ابْنَ عَفْرَاءَ!" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أُوْصِىْ بِمَالِىْ كُلِّهِ؟ قَالَ: "لَا" قُلْتُ: فَالشَّطْرُ؟ قَالَ: "لَا" قُلْتُ: الثُّلُثَ؟ قَالَ: "الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ! إِنَّكَ أَنْ تَدَعَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ فِىْ أَيْدِيْهِمْ، وَإِنَّكَ مَهْمَا أَنْفَقْتَ مِنْ نَفَقَةٍ فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ حَتَّى اللُّقْمَةُ تَرْفَعُهَا إِلَى فِىْ امْرَأَتِكَ، وَعَسَى اللّٰهُ أَنْ يَرْفَعَكَ فَيَنْتَفِعَ بِكَ نَاسٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُوْنَ" وَلَمْ يَكُنْ لَهُ يَوْمَئِذٍ إِلَّا ابْنَةٌ.[ر:٥٦]

بَابُ الْوَصِيَّةِ بِالثُّلُثِ

تہائی کی وصیت

مرض موت میں ترکہ سے ورثاء کا حق متعلق ہوجاتا ہے، اس لئے مریض ترکہ میں کوئی تبرع والا تصرف نہیں کرسکتا، مگر اس کی دینی مصلحت سے تہائی ترکہ میں تصرف کا اختیار دیا گیا ہے، تاکہ وہ خیر خیرات کرسکے، اور وصیت کے ذریعہ کوتاہیوں کی تلافی کرسکے۔

نبی ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا: تم تہائی کی وصیت کرسکتے ہو، اور وہ بھی بہت ہے، چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر لوگ تہائی سے کم چوتھائی کی وصیت کریں تو یہ ان کے لئے بہتر ہے۔ اس لئے کہ نبی ﷺ نے تہائی کو بہت زیادہ قرار دیا ہے۔

غیر مسلم کا حکم:

غیر مسلم یعنی ذمی تہائی سے زیادہ کی وصیت کرسکتا ہے یا نہیں؟ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: زیادہ کی وصیت نہیں کرسکتا، یعنی جو حکم مسلمانوں کا ہے وہی حکم غیر مسلموں کا ہے۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ حضرت حسن بصریؒ کے قول کے بعد حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول لائے ہیں، پھر سورۃ المائدہ کی آیت ۴۹ لائے ہیں، اور اشارہ کیا ہے کہ یہ بات اس وقت ہے جب غیر مسلم ہماری کورٹ میں مقدمہ لائیں پس ہم اپنی شریعت کے مطابق فیصلہ کریں گے۔ قرآنِ کریم نے نبی ﷺ کو یہی حکم دیا ہے اور اگر وہ اپنا مقدمہ اپنی کورٹ میں لے جائیں تو ان کے پرسنل لاء کے مطابق فیصلہ ہوگا۔

[۳-] بَابُ الْوَصِيَّةِ بِالثُّلُثِ

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ: لَايَجُوْزُ لِلذِّمِّيِّ وَصِيَّةٌ إِلَّا الثُّلُثَ.

[۲-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أُمِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَحْكُمَ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ.

[۳-] وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالَى: ﴿وَأَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ﴾[المائدة: ٤٩]

[۲۷۴۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: "لَوْ غَضَّ النَّاسُ إِلَى الرُّبْعِ، لِأَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:"الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَبِيْرٌ أَوْ: كَثِيْرٌ"

[۲۷۴۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، ثنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنَا مَرْوَانُ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ:" مَرِضْتُ فَعَادَنِى النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ لاَ يَرُدَّنِىْ عَلٰى عَقِبَىَّ، قَالَ: لَعَلَّ اللّٰهَ يَرْفَعُكَ، وَيَنْفَعُ بِكَ نَاسًا؟ قُلْتُ: أُرِيْدُ أَنْ أُوْصِىَ، وَإِنَّمَا لِىْ ابْنَةٌ، فَقُلْتُ: أُوْصِىْ بِالنِّصْفِ؟ قَالَ: النِّصْفُ كَثِيْرٌ، قُلْتُ: فَالثُّلُثُ؟ قَالَ: الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ أَوْ: كَبِيْرٌ، قَالَ: فَأَوْصَى النَّاسُ بِالثُّلُثِ، فَجَازَ ذٰلِكَ لَهُمْ"

بَابُ قَوْلِ الْمُوْصِى لِوَصِيِّه: تَعَاهَدْ وَلَدِىْ، وَمَا يَجُوْزُ لِلْوَصِىِّ مِنَ الدَّعْوَى

موصی نے وصی سے کہا: میرے بچوں کی دیکھ بھال کرنا، اور وہ دعوی جووصی کرسکتا ہے

کسی نے مرتے وقت کسی سے کہا: میرے بچوں کی دیکھ بھال کرنا تو یہ درست ہے، پھر وصی مرنے والے کی جائداد وغیرہ کے سلسلہ میں کورٹ میں کوئی بھی دعوی کرسکتا ہے، کیونکہ وہ مرنے والے کا جانشیں ہے، مرنے والا زندہ ہوتا تو وہ دعوی کرتا، پس وصی بھی کرسکتا ہے۔

اور روایت وہی ہے جو گذری ہے، عتبہ نے اپنے بھائی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو وصیت کی تھی کہ زمعہ کی باندی کا لڑکا میرا ہے، پس تمھیں جب بھی موقع ملے اپنے خاندان میں ملالینا، فتح مکہ کے موقع پر وہ لڑکا ان کو مل گیا، انھوں نے اس کو پکڑ لیا، زمعہ کا لڑکا عبد دعوے دار نکلا اور مقدمہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا، آپؐ نے عبد کے لئے فیصلہ کیا، اس روایت سے باب کے دونوں جزء ثابت ہوتے ہیں۔

[٤-] بَابُ قَوْلِ الْمُوْصِى لِوَصِيِّه: تَعَاهَدْ وَلَدِىْ، وَمَا يَجُوْزُ لِلْوَصِىِّ مِنَ الدَّعْوَى

[۲۷۴۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهَا قَالَتْ: "كَانَ عُتْبَةُ بْنُ أَبِىْ وَقَّاصٍ عَهِدَ إِلٰى أَخِيْهِ سَعْدِ بْنِ أَبِىْ وَقَّاصٍ: أَنَّ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ مِنِّىْ فَاقْبِضْهُ إِلَيْكَ، فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ أَخَذَهُ سَعْدٌ، فَقَالَ: ابْنُ أَخِىْ، قَدْ كَانَ عَهِدَ إِلَىَّ فِيْهِ، فَقَامَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ: أَخِىْ وَابْنُ أَمَةِ أَبِىْ، وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَتَسَاوَقَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ سَعْدٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ابْنُ أَخِىْ كَانَ عَهِدَ إِلَىَّ فِيْهِ، فَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ: هُوَ أَخِىْ وَابْنُ وَلِيْدَةِ أَبِىْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ، الْوَلَدُ

لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ" ثُمَّ قَالَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ: احْتَجِبِيْ مِنْهُ لِمَا رَأَى مِنْ شَبَهِهِ بِعُتْبَةَ، فَمَا رَآهَا حَتَّى لَقِيَ اللّٰهَ"[راجع: ۲۰۵۳]

وضاحت: تساوقا: دونوں ساتھ ساتھ چلے.........فما رآها: پس زمعہ کی باندی کے لڑکے نے جس کا نام عبدالرحمٰن تھا حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو تاحیات نہیں دیکھا۔

بَابٌ: إِذَا أَوْمَأَ الْمَرِيْضُ بِرَأْسِهِ إِشَارَةً بَيِّنَةً جَازَتْ

مریض نے سر سے کوئی واضح اشارہ کیا تو درست ہے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ وصیت جس طرح لفظوں سے ہوتی ہے، اشارہ سے بھی ہوسکتی ہے۔ مرض موت میں کبھی آدمی بولنے پر قادر نہیں ہوتا، ایسی حالت میں اگر وہ اشارہ سے وصیت کرے اور اشارہ سمجھ میں آجائے تو امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وصیت جائز ہے۔

اور حنفیہ کے نزدیک یہ وصیت جائز نہیں، وصیت یا تو لفظوں میں ہو یا لکھ کر کرے، ہاں آدمی گونگا ہو، ساری زندگی اشاروں میں گذری ہو تو وہ اشاروں سے وصیت کرسکتا ہے، کیونکہ گونگے کے اشارے متعین ہوتے ہیں، اس کے اشارے اس کی مستقل زبان ہوتے ہیں، اس کو لوگ سمجھتے ہیں، لیکن جو گونگا نہیں ہے اس کے اشاروں میں ابہام ہوتا ہے، اس لئے اس کی وصیت معتبر نہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے جواز پر اس لڑکی کے واقعہ سے استدلال کیا ہے جس کا سر ایک یہودی نے دو پتھروں کے درمیان کچل دیا تھا، اور اس کے زیور لے کر بھاگ گیا تھا، جب اس سے نزعی بیان لیا گیا اور اس یہودی کا نام آیا جس نے قتل کیا تھا تو اس نے اشارہ سے بتایا کہ وہ قاتل ہے، چنانچہ اس کو پکڑا گیا اور اس سے قصاص لیا گیا، پس جب اشارے کی بنیاد پر قصاص لیا جاسکتا ہے تو وصیت بدرجہ اولیٰ معتبر ہے۔

جواب: قصاص صرف نزعی بیان پر نہیں لیا گیا تھا، بلکہ اس کو پکڑا گیا تھا، اس نے اقرار کیا تھا، اور زیور بھی برآمد ہوگیا تھا، اس پر اس کو قصاصاً قتل کیا گیا تھا، پس نزعی بیان کے اشارہ کو تحقیق کا ذریعہ تو بناسکتے ہیں مگر اس پر کوئی حکم مرتب نہیں کرسکتے، اس لئے اس سے وصیت کے جواز پر استدلال درست نہیں۔

[۵-] بَابٌ: إِذَا أَوْمَأَ الْمَرِيْضُ بِرَأْسِهِ إِشَارَةً بَيِّنَةً جَازَتْ

[۲۷۴۶-] حدثنا حَسَّانُ بْنُ أَبِيْ عَبَّادٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ يَهُوْدِيًّا رَضَّ رَأْسَ جَارِيَةٍ بَيْنَ حَجَرَيْنِ، فَقِيْلَ لَهَا: مَنْ فَعَلَ بِكِ؟ أَفُلَانٌ أَوْ فُلَانٌ؟ حَتَّى سُمِّيَ الْيَهُوْدِيُّ، فَأَوْمَأَتْ بِرَأْسِهَا، فَجِيْءَ

بِهِ، فَلَمْ يَزَلْ حَتَّى اعْتَرَفَ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَرُضَّ رَأْسُهُ بِالْحِجَارَةِ.[راجع: ٢٤١٣]

نوٹ: مصری نسخہ میں باب کے آخر میں تُعْرَف ہے، یہ صحیح نہیں، تُعرف اور بینة ہم معنی ہیں، ہمارے نسخہ میں جازت ہے، یہی صحیح ہے۔

بَابٌ: لَاوَصِيَّةَ لِوَارِثٍ

وارث کے لئے وصیت نہیں

لَاوَصِيَّةَ لِوَارِثٍ: ترمذی شریف کی حدیث ہے (حدیث ۲۱۲۰) حضرت رحمہ اللہ نے اس حدیث کو باب میں رکھ دیا ہے۔ زمانۂ جاہلیت میں میراث کا کوئی قاعدہ نہیں تھا، میت کی وصیت کے مطابق عمل کیا جاتا تھا، اور لوگ وصیت میں ایک دوسرے کو نقصان پہنچاتے تھے، وہ اس میں حکمت کے تقاضوں کا پورا لحاظ نہیں رکھتے تھے، کبھی زیادہ حق دار کو چھوڑ دیتے تھے حالانکہ اس کی ہمدردی زیادہ ضروری تھی، اور اپنی کج فہمی سے دور کے رشتہ داروں کو ترجیح دیتے تھے، اس لئے ضروری ہوا کہ میراث کے احکام نازل کر کے فساد کا یہ دروازہ بند کر دیا جائے، اور توریث کے سلسلہ میں رشتہ داری کی کلی احتمالی جگہوں کا اعتبار کیا جائے، اشخاص کے لحاظ سے عارضی خصوصیات کا لحاظ نہ کیا جائے، یعنی صرف رشتہ داری کو میراث کی بنیاد بنایا جائے، کس وارث کا میت سے کتنا تعلق ہے: یہ بات نہ دیکھی جائے، کیونکہ انسان پورے طور پر نہیں جان سکتا کہ اصول وفروع میں سے زیادہ نفع پہنچانے والا کون ہے؟ (سورۃ النساء آیت ۱۱)

غرض جب اس بنیاد پر میراث کا معاملہ طے کر دیا گیا تا کہ لوگوں کے نزاعات ختم ہوں اور ان کے باہمی کینوں کا سلسلہ رک جائے تو اس کا تقاضہ ہوا کہ کسی وارث کے لئے وصیت جائز نہ ہو، ورنہ توریث کا سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا۔

(رحمۃ اللہ الواسعہ ۴: ۶۱۶)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس حدیث میں جو نفی ہے اس کا کیا مطلب ہے؟ وارث کے لئے وصیت کالعدم ہے یہ مطلب ہے، یا یہ مطلب ہے کہ وارث کے لئے کی ہوئی وصیت لازم نہیں، حنفیہ کے نزدیک حدیث کا دوسرا مطلب ہے، پس اگر کوئی وارث کے لئے وصیت کرتا ہے اور دوسرے ورثاء عاقل بالغ ہیں اور وہ اس وصیت کو نافذ کرتے ہیں تو وصیت صحیح ہے، اور اگر ورثاء نافذ نہ کریں تو وصیت لازم نہیں، یعنی اس کا پورا کرنا ضروری نہیں۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں سارا ترکہ اولاد لیتی تھی، ماں باپ اور دوسرے ورثاء کا کوئی حق نہیں تھا، پھر اسلام کا زمانہ آیا تو یہ حکم نازل ہوا: ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِنْ تَرَكَ خَيْرَنِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِيْنَ﴾ (سورۃ البقرہ آیت ۱۸۰) یعنی میت نے جو ترکہ چھوڑا ہے وہ اولاد کا ہے اور ماں باپ اور دوسرے رشتہ داروں

کے لئے اگر میت نے وصیت کی ہے تو حسب وصیت ملے گا، پھر آخری حکم نازل ہوا: ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ أَوْلَادِكُمْ﴾ ان آیات میں تمام ورثاء کے حصے مقرر کردیئے، اب کسی کا کوئی اختیار نہیں رہا، پس ایک زمانہ تک والدین اور اقرباء کے لئے وصیت کا جو حکم تھا وہ منسوخ ہوگیا، اب کسی بھی وارث کے لئے وصیت نہیں۔

[٦-] بَابٌ: لَاوَصِيَّةَ لِوَارِثٍ

[٢٧٤٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ وَرْقَاءَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ الْمَالُ لِلْوَلَدِ، وَكَانَتِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ، فَنَسَخَ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ مَا أَحَبَّ، فَجَعَلَ لِلذَّكَرِ مِثْلَ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ، وَجَعَلَ لِلْأَبَوَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسَ، وَجَعَلَ لِلْمَرْأَةِ الثُّمُنَ وَالرُّبُعَ، وَلِلزَّوْجِ الشَّطْرَ وَالرُّبُعَ. [انظر: ٤٥٧٨، ٦٧٣٩]

بَابُ الصَّدَقَةِ عِنْدَ الْمَوْتِ

موت کے وقت خیرات کرنا

مرض موت میں خیرات کرنا درست ہے، مگر وہ تبرع بحکم وصیت ہے، پس وہ تہائی ترکہ تک خیرات کرسکتا ہے اس سے زیادہ خیرات نہیں کرسکتا۔

اور حدیث کتاب الزکاۃ میں گذر چکی ہے (حدیث ۱۴۱۹) ایک شخص نے نبی ﷺ سے پوچھا: کونسی خیرات افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: خیرات کر، درانحالیکہ تو تندرست مال کا حریص ہو، مالداری کا امیدوار ہو اور محتاجگی سے ڈرتا ہو، یعنی زندگی اور تندرستی کی حالت میں خیرات کرنا افضل ہے اور نہ ڈھیل کر یہاں تک کہ جب روح گلے میں پہنچ گئی یعنی پیر قبر میں لٹکا لئے، تو کہتا ہے: فلاں کے لئے اتنا، فلاں کے لئے اتنا، حالانکہ وہ فلاں کے لئے ہو چکا۔

اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوئیں: ایک یہ کہ مرض موت میں خیرات کرنا درست ہے، اور ایک تہائی تک درست ہے، باقی دو تہائی جو ورثاء کے ہو چکے ہیں، ان میں درست نہیں۔

[٧-] بَابُ الصَّدَقَةِ عِنْدَ الْمَوْتِ

[٢٧٤٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "أَنْ تَصَدَّقَ وَأَنْتَ صَحِيْحٌ حَرِيْصٌ، تَأْمُلُ الْغِنَى، وَتَخْشَى الْفَقْرَ، وَلَا تُهْمِلْ حَتَّى إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ، قُلْتَ: لِفُلَانٍ كَذَا، وَلِفُلَانٍ كَذَا، وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ" [راجع: ١٤١٩]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوْصىٰ بِهَا[1] أَوْ دَيْنٍ﴾

(ورثاء کو میراث ملے گی) وصیت نکالنے کے بعد جو کی گئی ہے اور دین ادا کرنے کے بعد

(وارث کے لئے دین کا اقرار درست ہے)

اس باب میں امام صاحب رحمہ اللہ نے ایک چھوٹا سا مسئلہ چھپا کر بیان کیا ہے اور زیب داستان کے لئے (حنفیہ پر رد کرنے کے لئے) لمبا کیا ہے، آیت کی تفسیر مقصود نہیں، تفسیر اگلے باب میں آرہی ہے۔

مسئلہ یہ ہے کہ وارث کے لئے دین کا اقرار مطلقاً درست ہے یا بعض صورتوں میں درست ہے؟ کوئی شخص مرض موت میں کسی وارث کے لئے قرضہ کا اقرار کرے تو حضرت امام صاحبؒ کی رائے یہ ہے کہ وہ اقرار مطلقاً معتبر ہے، چاہے وارث کے لئے اقرار کرے یا غیر وارث کے لئے اور حنفیہ کے نزدیک جس طرح وارث کے لئے وصیت جائز نہیں قرضہ کا اقرار بھی جائز نہیں، البتہ اگر ورثاء اقرار مان لیں تو درست ہے، جیسے وارث کے لئے ورثاء وصیت نافذ کریں تو درست ہے۔

جیسے ایک شخص نے مرض موت میں بیوی کے لئے اقرار کیا کہ اس کا مجھ پر اتنا قرضہ ہے یا ایک بیٹے کے لئے اقرار کیا کہ اس کا مجھ پر اتنا قرضہ ہے تو یہ اقرار معتبر نہیں، کیونکہ تہمت کی جگہ ہے، ممکن ہے بیوی کو فائدہ پہنچانے کے لئے یا لڑکے کو فائدہ پہنچانے کے لئے جھوٹا اقرار کیا ہو، لیکن اگر ورثاء تسلیم کریں کہ واقعی قرضہ ہے یا قرضہ کا ثبوت ہے جیسے ایک دکان سے باپ کی دوائیں آتی رہی ہیں اور اس کے بل بڑا لڑکا ادا کرتا رہا ہے، سب ورثاء اس کو جانتے ہیں، تو حنفیہ کے نزدیک باپ کا اقرار درست ہے، البتہ جہاں احتمال ہو کہ کسی وارث کو فائدہ پہنچانے کے لئے میت نے اقرار کیا ہے تو حنفیہ اس اقرار کو نہیں مانتے۔ اور امام بخاریؒ آنکھ بند کر کے ہر اقرار کو مان لیتے ہیں، بس اتنا سا مسئلہ ہے جس کو امام صاحبؒ نے لمبا کر دیا ہے۔

امام صاحبؒ کے دلائل مع جوابات:

۱- امام صاحبؒ کی سب سے پہلی دلیل وہ آیت کریمہ ہے جو باب میں لکھی ہے، اس کا حاصل یہ ہے کہ مریض کی وصیت اور قرضہ کا شریعت نے اعتبار کیا ہے، پھر گذشتہ باب کی حدیث سے وارث کے لئے وصیت باطل قرار پائی اور دَین کے بارے میں کوئی نص نہیں، اس لئے میت کا اقرار درست ہے خواہ وارث کے لئے ہو یا غیر وارث کے لئے (یہ دلیل چونکہ باب میں ذکر کی ہے اس لئے آگے عبارت میں اس پر نمبر نہیں لگایا)

جواب: حنفیہ مطلقاً وارث کے لئے دَین کے اقرار کو غیر معتبر قرار نہیں دیتے، جہاں مظنۂ تہمت ہوتا ہے وہاں غیر معتبر

---

(۱) سورۃ النساء کے دوسرے رکوع میں یوصی دو جگہ آیا ہے۔ پہلی جگہ یُوصِی (معروف) ہے اور دوسری جگہ یُوْصیٰ (مجہول) ہے باب میں دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

کہتے ہیں، پس آیت جب اپنے بعض مواد میں حنفیہ کے نزدیک بھی معمول بہ ہے تو وہ حنفیہ کے خلاف نہیں ہوئی۔

۲- قاضی شریح، حضرت عمر بن عبدالعزیز اور حضرات طاؤس، عطاء بن ابی رباح اور بصرہ کے قاضی عبدالرحمٰن بن اُذَینہ رحمہم اللہ نے مریض کے دَین کے اقرار کو درست قرار دیا ہے (اس عبارت پر ۲- لگایا ہے)

جواب: اولاً امام صاحبؒ نے یہ آثار یُذکر (فعل مجہول) کے ذریعہ ذکر کئے ہیں، یعنی یہ روایات ضعیف ہیں، ثانیاً ان میں اس کی وضاحت نہیں کہ ان حضرات نے کس اقرار کو معتبر قرار دیا ہے، وارث کے لئے یا غیر وارث کے لئے؟ حنفیہ بھی غیر وارث کے لئے اقرار کو جائز کہتے ہیں، پس یہ آثار حنفیہ کے خلاف نہیں۔

۳- حسن بصری اور محمد بن سیرین رحمہما اللہ ایک ہی شہر کے اور ایک ہی زمانہ کے ہیں، دونوں کے شاگرد بھی مشترک ہیں، اور دونوں بڑے آدمی ہیں، حضرت ابن سیرینؒ نے سبق میں یہ مسئلہ بیان کیا کہ وارث کے حق میں مورث کا اقرار معتبر نہیں، جب یہ بات حضرت حسن بصریؒ کو پہنچی تو انھوں نے فرمایا: مریض مرتے وقت بھی جھوٹ بولے گا؟! یہ تو ایسا وقت ہے کہ آدمی سچ ہی بولتا ہے، پھر وارث کے لئے اقرار کیوں معتبر نہیں؟

جواب: امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت حسن رحمہ اللہ کی رائے لی ہے اور حنفیہ نے محمد بن سیرین رحمہ اللہ کی، اس سے زیادہ جواب کی ضرورت نہیں۔ اور اگر جواب سننا ہے تو سنیں: لوگوں کے احوال مختلف ہوتے ہیں، مرتے وقت بھی آدمی جھوٹ بولتا ہے، اور مرض موت پانچ منٹ کا نہیں ہوتا، بعض لوگ سال بھر بیمار رہتے ہیں، اس لئے اتنے لمبے عرصہ میں آدمی جھوٹ بول سکتا ہے، کیونکہ اسے یقین نہیں ہوتا کہ وہ اس بیماری میں مرجائے گا، البتہ احتمال ہوتا ہے اس لئے کسی وارث کو فائدہ پہنچانے کے لئے جھوٹ بول سکتا ہے۔

۴- ابراہیم نخعی اور حکم بن عتیبہ رحمہما اللہ فرماتے ہیں: مریض وارث کا قرضہ معاف کرسکتا ہے، پس اس کے لئے دَین کا اقرار بھی کرسکتا ہے، قرضہ معاف کرنا اور قرضہ کا اقرار کرنا یکساں ہے۔

جواب: ابراء یعنی قرضہ معاف کرنا بحکم وصیت ہے، تہائی ترکہ سے قرضہ معاف ہوگا زیادہ معاف نہیں ہوگا، اور یہ بھی ورثاء کے تسلیم کرنے پر موقوف ہے، اگر ورثاء تسلیم نہ کریں تو قرضہ معاف نہیں ہوگا، کیونکہ ابراء بحکم وصیت ہے پس حضرت ابراہیم اور حضرت حکم کے قول کا مصداق وہ صورت ہے جب ورثاء ابراء کو منظور کریں۔

۵- حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کا جب انتقال ہونے لگا تو انھوں نے کہا: میری فزاری بیوی کے گھر میں جو کچھ ہے وہ اسی کا ہے، اس میں میرا کچھ نہیں، أُغْلِقَ علیه بابُها: دروازہ کے اندر جو بھی مال سامان ہے وہ سب اس کا ہے، یہ حضرت نے وارث کے لئے اقرار کیا۔

جواب: یہ اقرار نہیں ہے خبر ہے، بیوی کے گھر کا مال عام طور پر شوہر کا سمجھا جاتا ہے پس کہیں لوگ اس کو ترکہ نہ سمجھ لیں، اس لئے حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ اس کے گھر میں جو کچھ ہے وہ اس کا ہے میرا نہیں۔

۶-حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے ایک مسئلہ بیان کیا کہ اگر کوئی شخص مرض موت میں اپنے غلام سے کہے: میں تجھے زمانۂ گذشتہ میں آزاد کرچکا ہوں تو یہ اقرار معتبر ہے، پس اسی طرح دَین کا اقرار بھی مطلقاً معتبر ہے۔

جواب: یہ بھی خبر ہے، اقرار نہیں، پھر یہ خبر بھی غیر وارث کے حق میں ہے، وارث کے لئے اقرار کے مسئلہ سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔

۷-بیوی کا انتقال ہورہا ہے اس نے مرض موت میں کہا: میرے شوہر نے مجھے مہر دیدیا ہے اور میں نے اس پر قبضہ کرلیا ہے تو امام عامر شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کی بات مان لی جائے گی، حالانکہ یہاں بھی احتمال ہے کہ شوہر کو فائدہ پہنچانے کے لئے اقرار کیا ہو، مگر شعبی رحمہ اللہ کے نزدیک یہ اقرار معتبر ہے، معلوم ہوا کہ وارث کے لئے دَین کا اقرار درست ہے۔

جواب: حنفیہ کے نزدیک اس اقرار کو تسلیم کرنے کے لئے بھی عورت کے ورثاء کا تسلیم کرنا ضروری ہے، اگر عورت کے ورثاء یہ اقرار نہ مانیں تو شوہر کو دوبارہ مہر ادا کرنا ہوگا، پس یہ اثر حنفیہ کے خلاف نہیں۔

حنفیہ پر تین اعتراض:

پہلا اعتراض: پھر حنفیہ پر اعتراض کرتے ہیں کہ حنفیہ کہتے ہیں: وارث کے لئے اقرار درست نہیں، کیونکہ مظنۂ تہمت ہے، ہوسکتا ہے مریض نے وارث کو فائدہ پہنچانے کے لئے جھوٹا اقرار کیا ہو، پھر حنفیہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اگر مریض کسی کے لئے امانت، بضاعت اور مضاربت (۱) کے مال کا اقرار کرے تو درست ہے، خواہ وارث کے لئے کرے یا غیر وارث کے لئے، جبکہ اس کے معتبر ہونے کی کوئی دلیل نہیں۔ حنفیہ نے اس کو صرف استحساناً درست کہا ہے، یعنی ان کو اچھا لگا، اس لئے ان تین چیزوں کے اقرار کو درست کہا، اور وارث کے حق میں اقرار کو مظنۂ تہمت قرار دیا، حالانکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ بدگمانی مت کرو، اس لئے کہ گمان سب سے بڑا جھوٹ ہے۔

دوسرا اعتراض: مان لو کہ واقعی وارث کا مرنے والے پر قرضہ ہے تو شرعاً مورث پر لازم ہے کہ وہ اس کا اقرار کرے ورنہ وہ دوسرے کا مال کھانے والا ہوگا، اور حدیث میں ہے کہ منافق کے پاس جب کوئی امانت رکھتا ہے تو وہ خیانت کرتا ہے، پس یہ مرنے والا خائن قرار پائے گا، اس لئے وارث کے لئے اس کے دَین کے اقرار کو درست قرار دینا چاہئے۔

تیسرا اعتراض: اللہ پاک کا ارشاد ہے: امانتیں ان کے مالکان کو پہنچادو، پس اگر میت پر وارث کا یا غیر وارث کا قرضہ ہے تو وہ اس کے پاس امانت ہے، اس لئے آیت کریمہ کی رو سے اس کو واپس کرنا ضروری ہے، اس لئے وہ دَین کا اقرار کررہا ہے اور آیت کریمہ میں وارث اور غیر وارث کی تخصیص نہیں، پس دونوں کے لئے اقرار درست ہے۔

---

(۱) وَدیعۃ: امانت رکھی ہوئی چیز، جمع وَدائعُ .... بِضَاعۃ: سامان تجارت، کسی کو کوئی سامان دیا کہ اس کو بیچ کر سارے پیسے مجھے دیدو.......... مضاربۃ: تجارت کے لئے دیا ہوا مال جس میں ایک شخص کا مال اور دوسرے کا عمل ہوتا ہے، اور نفع میں شرکت ہوتی ہے۔

پہلے اعتراض کا جواب: حضرت رحمہ اللہ نے حنفیہ کی اصطلاحِ استحسان کو نہیں سمجھا، انھوں نے اس کو لغوی معنی میں لیا ہے کہ حنفیہ نے اس کو اچھا سمجھا، حالانکہ حنفیہ کے نزدیک استحسان قیاس کی ایک صورت ہے، قیاس: قیاس ظاہری ہوتا ہے اور استحسان قیاس خفی، یعنی دقیق قیاس ہوتا ہے،(۱) حنفیہ کہتے ہیں: جہاں مظنۂ تہمت ہو وہاں اقرار درست نہیں، اور ودیعت، بضاعت اور مضاربت کا اقرار وارث کے لئے تھوڑے ئے کر رہا ہے، غیر وارث کے لئے کر رہا ہے، پس وہاں کوئی مظنۂ تہمت نہیں، اس لئے یہ اقرار درست ہے۔

دوسرے اعتراض کا جواب: نبی ﷺ نے بے شک فرمایا ہے کہ خواہ مخواہ بدگمانی مت کرو، مگر نبی ﷺ نے یہ بھی تو فرمایا ہے: إِنَّ مِن الْحَزْمِ سُوْءُ الظَّنِّ: احتیاط کی بات یہ ہے کہ بدگمان رہا جائے، یعنی بدگمانی کا موقع ہو وہاں بدگمانی کی جائے اور وارث کے حق میں بدگمانی کا احتمال ہے اس لئے حنفیہ اقرار کو غیر معتبر قرار دیتے ہیں، اور جہاں ورثاء اقرار کو مان لیں تو حنفیہ اس کو معتبر قرار دیتے ہیں۔

تیسرے اعتراض کا جواب: وارث کے حق میں قرضہ کا اقرار مطلقاً غیر معتبر نہیں ہے پس آیت کریمہ میں جو حکم ہے کہ امانتیں ان کے حق داروں کو پہنچاؤ: یہ ارشاد حنفیہ کے خلاف نہیں، کیونکہ حنفیہ صرف اس صورت میں اقرار کو غیر معتبر کہتے ہیں جب ورثاء اس اقرار کو نہ مانیں، اور مرض موت کا اقرار چونکہ بحکم وصیت ہوتا ہے اس لئے وارث کے لئے وصیت باطل ہے۔

پھر امام صاحبؒ نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث کا حوالہ دیا ہے جو کتاب الإیمان، باب علامة المنافق میں گذر چکی ہے، پھر اسی حدیث کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے روایت کیا ہے۔

[۸-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوْصىٰ بِهَا أَوْ دَيْنٍ﴾

[۲-] وَيُذْكَرُ أَنَّ شُرَيْحًا، وَعُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَطَاوُسًا، وَعَطَاءً، وَابْنَ أُذَيْنَةَ أَجَازُوْا إِقْرَارَ الْمَرِيْضِ بِدَيْنٍ.

[۳-] وَقَالَ الْحَسَنُ: أَحَقُّ مَا تَصَدَّقَ بِهِ الرَّجُلُ آخِرَ يَوْمٍ مِنَ الدُّنْيَا وَأَوَّلَ يَوْمٍ مِنَ الآخِرَةِ.

[٤-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ وَالْحَكَمُ: إِذَا أَبْرَأَ الْوَارِثَ مِنَ الدَّيْنِ بَرِئَ.

[٥-] وَأَوْصَى رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ أَنْ لاَ تُكْشَفَ امْرَأَتُهُ الْفَزَارِيَّةُ عَمَّا أُغْلِقَ عَلَيْهِ بَابُهَا.

[٦-] وَقَالَ الْحَسَنُ: إِذَا قَالَ لِمَمْلُوْكِهِ عِنْدَ الْمَوْتِ: كُنْتُ أَعْتَقْتُكَ: جَازَ.

(۱) استحسان کے لغوی معنی ہیں: کسی چیز کو اچھا سمجھنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: کسی مسئلہ کے دو پہلوؤں میں سے ایک کو کسی معقول دلیل کی بنیاد پر ترجیح دینا، اس کی مزید تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۲:۳۷۹) کے حاشیہ میں ہے، وہاں قیاس خفی اور قیاس جلی کی بھی تفصیل ہے۔

[۷-] وقَالَ الشَّعْبِیُّ: إِذَا قَالَتِ الْمَرْأَةُ عِنْدَ مَوْتِهَا: إِنَّ زَوْجِیْ قَضَانِیْ وَقَبَضْتُ مِنْهُ جَازَ.

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ:

[۱-] لَایَجُوْزُ إِقْرَارُهُ لِسُوْءِ الظَّنِّ بِهِ لِلْوَرَثَةِ، ثُمَّ اسْتَحْسَنَ، فَقَالَ: یَجُوْزُ إِقْرَارُہُ بِالْوَدِیْعَةِ وَالْبِضَاعَةِ وَالْمُضَارَبَةِ.وَقَدْ قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" إِیَّاکُمْ وَالظَّنَّ، فَإِنَّ الظَّنَّ أَکْذَبُ الْحَدِیْثِ"

[۲-] وَلَایَحِلُّ مَالُ الْمُسْلِمِیْنَ لِقَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:" آیَةُ الْمُنَافِقِ إِذَا ائْتُمِنَ خَانَ"

[۳-] وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ:﴿ إِنَّ اللّٰهَ یَأْمُرُکُمْ أَنْ تُؤَدُّوْا الْأَمَانَاتِ إِلٰی أَهْلِهَا﴾[النساء: ۵۸] فَلَمْ یَخُصَّ وَارِثًا وَلَا غَیْرَهُ.

فِیْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۲۷۴۹-] حدثنا سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَبُوْ الرَّبِیْعِ، ثَنَا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا نَافِعُ بْنُ مَالِكِ بْنِ أَبِیْ عَامِرٍ أَبُوْ سُهَیْلٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" آیَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ: إِذَا حَدَّثَ کَذَبَ، وَإِذَا ائْتُمِنَ خَانَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ"[راجع: ۳۳]

بَابُ تَأْوِیْلِ قَوْلِهِ:﴿ مِنْ بَعْدِ وَصِیَّةٍ یُوْصَی بِهَا أَوْ دَیْنٍ﴾

آیت کریمہ:﴿مِنْ بَعْدِ وَصِیَّةٍ یُوْصٰی بِهَا أَوْ دَیْنٍ﴾کی تفسیر

(دَین وصیت سے مقدم ہے)

عربی میں تفسیر اورتاویل میں فرق ہے، قطعی مراد بیان کرنے کا نام تفسیر ہےاوردرجہ احتمال میں مراد بیان کرنے کا نام تاویل ہے،مگراردو میں یہ فرق نہیں، دونوں کے لئے لفظ تفسیر استعمال کرتے ہیں،اورآیت کریمہ میں وصیت کا ذکر پہلے ہے اورقرضہ کا بعد میں، جبکہ مسئلہ یہ ہے کہ پہلے تمام مال سے تجہیز وتکفین کی جائے گی، پھر جو بچے گا اس سے قرضہ ادا کیا جائے گا پھر جو بچے گا اس کی تہائی سے وصیت نافذ کی جائے گی، پھر باقی ترکہ ورثاء میں تقسیم کیا جائے گا،پس قرضہ کا نمبر دوسرا ہےاور وصیت کا تیسرا،مگرسورۃ النساء کے دوسرے رکوع میں تین جگہ وصیت کا ذکر پہلے آیا ہےاورقرضہ کا بعد میں:اس کی وجہ کیا ہے؟ اورقرض کی تقدیم کی دلیل کیا ہے؟

پہلی دلیل: جاننا چاہئے کہ یہ مسئلہ اجماعی ہے کہ دَین وصیت سے مقدم ہے،ترمذی شریف میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے قرضہ کا فیصلہ وصیت سے پہلے کیا،یعنی پہلے قرضہ ادا کیا جائے پھر وصیت نافذ کی جائے، یہ حدیث حارث اعور کی وجہ سے ضعیف ہے،لیکن اس حدیث پر امت کا اجماع ہے،اس لئے حدیث کے ضعف سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا۔

دوسری دلیل: سورۃ النساء میں حکم دیا گیا ہے کہ امانتیں ان کے مالکان کو پہنچاؤ، اور قرضہ بھی امانت ہے اور وصیت بھی، پس ان میں جو اہم ہے اس کو مقدم کیا جائے گا، اور سب جانتے ہیں کہ قرض ادا کرنا ضروری ہے اور وصیت ایک نفلی عمل ہے، اس لئے پہلے قرضہ واپس کیا جائے گا پھر وصیت نافذ کی جائے گی۔

تیسری دلیل: مشہور حدیث ہے کہ بہترین صدقہ وہ ہے جو مالداری کی پیٹھ سے ہو اور وصیت ایک صدقہ ہے، اب فرض کیجئے: ایک آدمی پر ایک لاکھ روپے قرض ہے، اس نے کسی مسجد یا مدرسہ کے لئے دو لاکھ کی وصیت کردی اور اس کا ترکہ کل سوا لاکھ ہے اب اگر پہلے وصیت نافذ کریں گے تو قرضہ کے لئے کچھ نہیں بچے گا، اور حدیث کہتی ہے کہ بہترین صدقہ وہ ہے جو مالداری کی پیٹھ سے ہو، پس وصیت کو مقدم کرنا اس حدیث کے خلاف ہوا، کیونکہ مفروضہ صورت میں سارا ترکہ وصیت میں چلا گیا، پس یہ صدقہ مالداری کی پیٹھ سے کہاں ہوا؟

چوتھی دلیل: ایک غلام مأذون فی التجارہ ہے وہ کسی کے لئے وصیت کرنا چاہتا ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مولیٰ کی اجازت ضروری ہے، یہ مسئلہ بالکل صحیح ہے، مگر اس کا باب کے مسئلہ سے کوئی خاص تعلق نہیں، ہاں زبردستی تعلق پیدا کیا جاسکتا ہے کہ غلام کے پاس جو کچھ ہے سب مولیٰ کا ہے، پس گویا وہ مولیٰ کا دَین ہے اور جب اس کے ذمہ دَین ہے تو وصیت نہیں کرسکتا، مولیٰ کی اجازت ضروری ہے، معلوم ہوا کہ دَین وصیت سے مقدم ہے۔

پانچویں دلیل: حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو پہلے گذری ہے اس میں ہے کہ اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے، اور قرض خواہ کا ہاتھ اوپر کا ہاتھ ہے اور موصی لہ کا ہاتھ نیچے کا ہاتھ ہے، پس قرض وصیت سے مقدم ہے۔

پھر آخر میں وہی حدیث سند کے ساتھ ذکر کی ہے جو دلیل نمبر پانچ میں ذکر کی ہے۔

وصیت کو دَین سے مقدم کرنے کی وجہ:

کبھی کسی چیز کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے نفس الامر میں جو چیز مؤخر ہوتی ہے اس کو مقدم ذکر کرتے ہیں، جیسے سورۂ آل عمران کی آیت ۵۵ ہے: ﴿إِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰى إِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ﴾: یاد کرو جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے عیسیٰ! بیشک میں تم کو وفات دینے والا ہوں، اور (فی الحال) میں تم کو اپنی طرف اٹھائے لیتا ہوں (ترجمہ تھانوی رحمہ اللہ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات نزول کے بعد ہوگی اور آسمان کی طرف اٹھایا جانا مقدم ہے، مگر آیت میں وفات کا تذکرہ پہلے ہے، اس کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے تاکہ کسی کو ان کے رفع سماوی سے دھوکا نہ ہو کہ وہ کوئی مافوق البشریت ہستی ہیں، نہیں وہ بھی بشر ہیں ان کو بھی اپنے وقت پر موت آنی ہے، پھر رفع سماوی کا ذکر کیا تاکہ عیسائیوں کی طرح کسی کو غلط فہمی نہ ہو۔

اب یہ مسئلہ سمجھنا چاہئے کہ جب کسی پر قرض ہوتا ہے تو مرنے کے بعد قرض خواہ تین دن انتظار نہیں کرتے، فوراً آجاتے ہیں کہ ہمارا قرضہ لاؤ، پس دَین کا مطالبہ کرنے والے بندے موجود ہیں اس کو تو جھک مار کر دینا ہوگا، اور وصیت وجوہ خیر میں ہوتی ہے، بندوں کی طرف سے اس کا مطالبہ کرنے والا کوئی نہیں ہوتا۔ غریبوں کے لئے وصیت کی تو وہ کیا مطالبہ کریں

گے؟ مدرسہ یا مسجد کے لئے وصیت کی تو مہتمم اور متولی آ کر کیا مطالبہ کریں گے؟ ورثاء وصیت نافذ کریں تو وہ ممنون ہونگے، اس لئے وصیت کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے اس کو مقدم کیا کہ اس کو معمولی چیز مت سمجھو، وہ اللہ کے نزدیک دَین سے بھی مقدم ہے۔

[۹-] بَابُ تَأْوِيْلِ قَوْلِهِ: ﴿ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوْصَى بِهَا أَوْ دَيْنٍ ﴾

[۱-] وَيُذْكَرُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَضَى بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ.

[۲-] وَقَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوْا الأَمَانَاتِ إِلٰى أَهْلِهَا ﴾ [النساء: ۵۸] فَأَدَاءُ الأَمَانَةِ أَحَقُّ مِنْ تَطَوُّعِ الْوَصِيَّةِ.

[۳-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَاصَدَقَةَ إِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى"

[٤-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَا يُوْصِيْ الْعَبْدُ إِلَّا بِإِذْنِ أَهْلِهِ.

[۵-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْعَبْدُ رَاعٍ فِيْ مَالِ سَيِّدِهِ"

[۲۷۵۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا الأَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَعُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ قَالَ لِيْ: "يَا حَكِيْمُ! إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ، وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى" قَالَ حَكِيْمٌ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَرْزَأُ أَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتَّى أُفَارِقَ الدُّنْيَا، فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ يَدْعُوْ حَكِيْمًا لِيُعْطِيَهُ الْعَطَاءَ، فَيَأْبٰى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا، ثُمَّ إِنَّ عُمَرَ دَعَاهُ لِيُعْطِيَهُ، فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَهُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ! إِنِّيْ أَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ الَّذِيْ قَسَمَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ، فَأَبَى أَنْ يَأْخُذَهُ، فَلَمْ يَرْزَأْ حَكِيْمٌ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى تُوُفِّيَ.

[راجع: ۱٤۷۲]

[۲۷۵۱-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "كُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالإِمَامُ رَاعٍ وَمَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي أَهْلِهِ وَمَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالْمَرْأَةُ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا رَاعِيَةٌ وَمَسْؤُلَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا، وَالْخَادِمُ فِيْ مَالِ سَيِّدِهِ رَاعٍ وَمَسْؤُلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ" قَالَ: حَسِبْتُ أَنْ قَدْ قَالَ: "وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي مَالِ أَبِيْهِ" [راجع: ۸۹۳]

بَابٌ: إِذَا وَقَفَ أَوْ أَوْصٰى لِأَقَارِبِهِ، وَمَنِ الْأَقَارِبُ؟

اقارب پر جائداد وقف کی یا ان کے لئے وصیت کی تو جائز ہے، اور اقارب کون ہیں؟

اگر کسی نے کوئی چیز وقف کی اور وقف نامہ میں لکھا کہ یہ مکان یا زمین اپنے اقارب کے لئے وقف کرتا ہوں یا وصیت کرتا ہوں تو یہ وقف اور وصیت درست ہے، اب رہی یہ بات کہ اقارب کا مصداق کون ہیں؟ حضرت رحمہ اللہ نے اس کا کوئی فیصلہ نہیں کیا، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ہر وہ رشتہ دار اس کا مصداق ہے، جس سے نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہے، خواہ وہ ددھیالی رشتہ سے ہو یا ننھیالی رشتہ سے، پھر ددھیالی رشتہ دار مقدم ہے، مزید تفصیلات کتب فقہ میں ہیں، اور صاحبین کے نزدیک پہلے ہجرت کرنے والے دادا تک جو بھی ددھیالی یا ننھیالی رشتہ میں شریک ہیں وہ اقارب ہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے صاحبین کی یہ رائے ذکر کی ہے، بلکہ آگے جو مسائل آرہے ہیں ان میں امام صاحبؒ نے صاحبین کی موافقت کی ہے، یہ بات حضرت شیخ مولانا زکریا صاحب قدس سرہ نے الأبواب والتراجم میں بیان کی ہے، اور دیگر فقہاء کی رائیں حاشیہ میں ہیں، میں سب کو بیان کروں گا تو دماغ میں کھچڑا ہو جائے گا، اس لئے اتنی بات کافی ہے۔

چکی کا پاٹ: اور میری ناقص رائے یہ ہے کہ یہ عربی لفظ الأقارب کی بحث ہے، اردو میں لفظ رشتہ دار سے کیا مراد ہے؟ یہ مفتیانِ کرام طے کریں گے، کیونکہ ضروری نہیں کہ عربی لفظ اقارب کا عربی معاشرہ میں جو مصداق ہو وہی لفظ رشتہ دار کا اردو معاشرہ میں مصداق ہو، اس لئے اگر کوئی رشتہ داروں کے لئے وصیت کرتا ہے یا وقف کرتا ہے تو اس کا مصداق مفتیوں سے پوچھنا چاہئے۔

ایک آواز: حضرت! آپ بھی تو مفتی ہیں، آپ بتلائیں کہ اردو معاشرہ میں رشتہ دار کا مصداق کون ہے؟

جواب: میں مفت سے مفتی ہوں، میں تو مدرس ہوں، تاہم میرے نزدیک اس کا مصداق ذوی الارحام ہیں، بھائی کو کوئی رشتہ دار نہیں کہتا، اس سے دور کے رشتہ دار مراد ہوتے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب

بیرحا کا واقعہ:

جب آیتِ کریمہ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ﴾: نازل ہوئی تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اللہ تعالیٰ ہم سے ہمارا بہترین مال مانگتے ہیں اور میرا بہترین مال بیرحا نامی باغ ہے، میں وہ اللہ کے راستہ میں دیتا ہوں، حضور ﷺ نے فرمایا: واہ واہ! یہ تو بڑا قیمتی مال ہے، پھر فرمایا: میرا مشورہ یہ ہے کہ آپؓ یہ باغ اپنے خاندان کے غریبوں میں تقسیم کردیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت ابوطلحہؓ نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ (رسول اللہ ﷺ کے شاعر) اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو وہ باغ دیا اور مجھے نہیں دیا، کیونکہ میں دور کا رشتہ دار تھا، حضرت حسانؓ: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تیسرے دادا میں شریک ہیں، اور حضرت ابیؓ چھٹے دادا میں، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ اور اوپر جا کر ملتے

ہیں، اس لئے وہ دونوں حضرت ابوطلحہؓ سے حضرت انسؓ کی بہ نسبت نزدیک تھے، اس لئے ان کو دیا (حدیث پوری ہوئی)

پھر امام بخاریؒ نے حضرت حسان اور حضرت ابی رضی اللہ عنہما کی حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے رشتہ داری بیان کی ہے۔

۱- حضرت ابوطلحہؓ کا نام زید ہے، اور ان کا نسب نامہ یہ ہے: زید بن سہل بن الاسود بن حرام بن عمرو بن زید منات بن عدی بن عمرو بن مالک بن النجار۔

۲- اور حضرت حسانؓ کا نسب نامہ یہ ہے: حسان بن ثابت بن المنذر بن حرام: حرام تیسرے دادا ہیں جس میں حضرت ابوطلحہ اور حضرت حسان رضی اللہ عنہما اکٹھا ہو جاتے ہیں۔

۳- حضرت ابیؓ کا نسب نامہ یہ ہے: ابی بن کعب بن قیس بن عبید بن زید بن معاویہ بن عمرو بن مالک بن النجار: عمرو بن مالک چھٹے دادا ہیں، ان میں حضرات حسان، ابوطلحہ اور ابی رضی اللہ عنہم مل جاتے ہیں۔

اور بیچ میں تیسرے دادا حرام کا جونسب نامہ بیان کیا ہے وہ بے معنی تکرار ہے، جس پر نمبر ۳ لگایا ہے۔

دوسری حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب آیت ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے پکارا: اے فہر کی اولاد! اے عدی کی اولاد! (یہ قریش کے بطون ہیں) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے پکارا: اے قریش کی جماعت!

ان روایات سے کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ اقارب کون ہیں؟ پس یہ مسئلہ اجتہادی ہے اور ہر مجتہد کی اپنی رائے ہے۔

[۱۰-] بَابٌ: إِذَا وَقَفَ أَوْ أَوْصٰى لِأَقَارِبِهِ، وَمَنِ الْأَقَارِبُ؟

[۱-] وَقَالَ ثَابِتٌ: عَنْ أَنَسٍ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَبِيْ طَلْحَةَ: "اجْعَلْهُ لِفُقَرَاءِ أَقَارِبِكَ" فَجَعَلَهَا لِحَسَّانٍ وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ.

[۲-] وَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ بِمِثْلِ حَدِيْثِ ثَابِتٍ. قَالَ: "اجْعَلْهَا لِفُقَرَاءِ قَرَابَتِكَ"

[۳-] قَالَ أَنَسٌ: فَجَعَلَهَا لِحَسَّانٍ وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَكَانَا أَقْرَبَ إِلَيْهِ مِنِّيْ.

وَكَانَ قَرَابَةُ حَسَّانٍ وَأُبَيٍّ مِنْ أَبِيْ طَلْحَةَ:

[۱-] وَاسْمُهُ زَيْدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْأَسْوَدِ بْنِ حَرَامِ بْنِ عَمْرِو بْنِ زَيْدِ مَنَاةَ بْنِ عَدِيِّ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ ابْنِ النَّجَّارِ.

[۲-] وَحَسَّانُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ حَرَامٍ، فَيَجْتَمِعَانِ إِلٰى حَرَامٍ وَهُوَ الْأَبُ الثَّالِثُ.

[۳-] وَحَرَامُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زَيْدِ مَنَاةَ بْنِ عَدِيِّ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ، فَهُوَ يُجَامِعُ حَسَّانَ وَأَبَا طَلْحَةَ وَأُبَيًّا إِلٰى سِتَّةِ آبَاءٍ إِلٰى عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ.

[۴-] وَهُوَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبِ بْنِ قَيْسِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ. فَعَمْرُو

ابْنُ مَالِكٍ يَجْمَعُ حَسَّانَ وَأَبَا طَلْحَةَ وَأُبَيًّا.

وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا أَوْصَى لِقَرَابَتِهِ فَهُوَ إِلٰى آبَائِهِ فِي الإِسْلَامِ.

[۲۷۵۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّـهُ سَمِعَ أَنَسًا، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَبِيْ طَلْحَةَ:" أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ" فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: أَفْعَلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَسَمَهَا أَبُوْ طَلْحَةَ فِي أَقَارِبِهِ وَبَنِيْ عَمِّهِ.

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَمَّا نَزَلَتْ﴿ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾[الشعراء: ۲۱۴] جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُنَادِيْ:" يَا بَنِيْ فِهْرٍ، يَا بَنِيْ عَدِيٍّ" لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ.

وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: لَمَّا نَزَلَتْ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ"[راجع: ۱۴۶۱]

وضاحتیں:

۱-ثابت اورانصاری (نمبرا و۲) کی روایتوں میں فرق صرف أقاربك اور قرابتك کا ہے۔

۲-انساب میں نمبر۳ یعنی حرام کا نسب نامہ بے ضرورت ذکر کیا ہے، اور اس کے بعد فهو يجامع بھی بے ضرورت ہے، کیونکہ یہ بات نمبر۴ کے آخر میں آرہی ہے، پس ممکن ہے یہ کاتبوں کی مہربانی ہو۔

۳-وقال بعضهم: سے صاحبین (امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ) مراد ہیں، اور ان کو بعض الناس اس لئے نہیں کہا کہ ان سے کوئی دوری نہیں، دوری امام اعظم سے ہے۔

فائدہ: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ عہد نبوی میں فقیر تھے، وہ مالدار دور صحابہ میں بنے ہیں، انھوں نے عہد نبوی میں سو دینار کی تھیلی پائی تھی، جب مالک تلاش کرنے کے بعد نہ ملا تو آپؐ نے ان کو استعمال کرنے کی اجازت دی۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے ترمذی کتاب اللقطہ میں اس سے استدلال کیا ہے کہ پڑی ہوئی چیز پانے والا اگرچہ مالدار ہو استعمال کرسکتا ہے، کیونکہ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا شمار مالدار صحابہ میں تھا اور ان کو نبی ﷺ نے لقطہ استعمال کرنے کی اجازت دی، یہ استدلال محل نظر ہے کیونکہ جس وقت اجازت دی تھی وہ غریب تھے، یہ حدیث اس کی دلیل ہے۔

بَابٌ: هَلْ يَدْخُلُ النِّسَاءُ وَالْوَلَدُ فِي الْأَقَارِبِ؟

کیا عورتیں اور بچے اقارب میں داخل ہیں؟

اگر کسی نے 'اقارب' کے لئے وصیت کی تو اس میں عورتیں اور بچے داخل ہونگے یا نہیں؟ حضرتؒ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، اور باب میں جو روایت لائے ہیں اس کے اشارہ سے معلوم ہوتا ہے کہ داخل ہیں، کیونکہ جب آیت کریمہ:﴿وَأَنْذِرْ

عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾: نازل ہوئی تو آپؐ نے جن کو پکارا ان میں اپنی پھوپھی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو بھی پکارا، اور اپنی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بھی پکارا۔

[۱۱-] بَابٌ: هَلْ يَدْخُلُ النِّسَاءُ وَالْوَلَدُ فِي الْأَقَارِبِ؟

[۲۷۵۳-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ أَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾[الشعراء: ۲۱۴] قَالَ: "يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ - أَوْ: كَلِمَةً نَحْوَهَا - اشْتَرُوْا أَنْفُسَكُمْ، لَا أُغْنِيَ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ! لَا أُغْنِيَ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا عَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ! لَا أُغْنِيْ عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَيَا صَفِيَّةُ عَمَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ! لَا أُغْنِيْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَيَا فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ! سَلِيْنِيْ مَا شِئْتِ مِنْ مَالِيْ، لَا أُغْنِيْ عِنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا"

تَابَعَهُ أَصْبَغُ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ. [انظر: ۳۵۲۷، ۴۷۷۱]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب آیتِ کریمہ ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ نازل ہوئی تو حضور ﷺ کھڑے ہوئے اور پکارا: يَا مَعْشَرَ قُرَيشٍ: اے قریش کی جماعت —— یا اس کے مانند کوئی کلمہ فرمایا —— خریدو تم اپنی ذاتوں کو یعنی جہنم سے رستگاری کا سامان کرو، میں تمہارے لئے اللہ کے یہاں کچھ کام نہیں آؤں گا، اے عبد مناف کی اولاد! میں تمہارے لئے اللہ کے یہاں کچھ کام نہیں آؤں گا، اے عبد المطلب کے لڑکے عباس! میں تمہارے لئے اللہ کے یہاں کچھ کام نہیں آؤں گا، اے رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی صفیہ! میں آپ کے لئے اللہ کے یہاں کچھ کام نہیں آؤں گا، اور اے محمد کی بیٹی فاطمہؓ مانگ لو مجھ سے جو چاہو میرے مال میں سے، اللہ کے یہاں میں تمہارے کچھ کام نہیں آؤں گا۔

بَابٌ: هَلْ يَنْتَفِعُ الْوَاقِفُ بِوَقْفِهِ؟

کیا واقف اپنے وقف سے فائدہ اٹھا سکتا ہے؟

سوال: کسی نے مکان یا زمین وقف کی، پس کیا خود واقف اس وقف سے فائدہ اٹھا سکتا ہے؟

جواب: اگر واقف خود متولی ہے تو متولی ہونے کی حیثیت سے وقف سے تنخواہ لے سکتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے وقف نامہ میں لکھا تھا: جو متولی ہوگا وہ تنخواہ لے سکے گا، پھر حضرت خود متولی بنے، آپؓ نے اس سے تنخواہ لی یا نہیں؟ یہ معلوم نہیں، مگر لینا چاہتے تو لے سکتے تھے۔

دوسرا مسئلہ: ضروری نہیں کہ واقف ہی متولی رہے، غیر واقف بھی متولی ہوسکتا ہے، یہ باب کا دوسرا جزء ہے۔

اس کے بعد حضرت رحمہ اللہ نے ایک مسئلہ بیان کیا ہے جو پہلے گذر چکا ہے کہ حاجی ہدی کے جانور کے دودھ اور پیٹھ سے فائدہ اٹھاسکتا ہے یا نہیں؟ امام بخاریؒ کی رائے یہ ہے کہ اٹھاسکتا ہے، اوراس کے لئے حدیث پیش کی ہے، حنفیہ وغیرہ اس سے متفق نہیں، یہ مسئلہ تفصیل سے پہلے گذر چکا ہے۔

[۱۲-] بَابٌ: هَلْ يَنْتَفِعُ الْوَاقِفُ بِوَقْفِهِ؟

[۱-] وَقَدِ اشْتَرَطَ عُمَرُ: لاَ جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهُ أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا.

[۲-] وَقَدْ يَلِيْ الْوَاقِفُ وَغَيْرُهُ.

[۳-] وَكَذٰلِكَ كُلُّ مَنْ جَعَلَ بَدَنَةً أَوْ شَيْئًا لِلّٰهِ، فَلَهُ أَنْ يَنْتَفِعَ بِهَا كَمَا يَنْتَفِعُ بِهِ غَيْرُهُ، وَإِنْ لَمْ يَشْتَرِطْ.

[۲۷۵٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلاً يَسُوْقُ بَدَنَةً، فَقَالَ لَهُ:" ارْكَبْهَا" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهَا بَدَنَةٌ، فَقَالَ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ: "ارْكَبْهَا وَيْلَكَ أَوْ: وَيْحَكَ"[راجع: ۱٦۹۰]

[۲۷۵۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلاً يَسُوْقُ بَدَنَةً، فَقَالَ:" ارْكَبْهَا" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: "ارْكَبْهَا وَيْلَكَ" فِي الثَّانِيَةِ أَوْ فِي الثَّالِثَةِ.[راجع: ۱٦۸۹]

بَابٌ: إِذَا وَقَفَ شَيْئًا فَلَمْ يَدْفَعْهُ إِلٰى غَيْرِهِ فَهُوَ جَائِزٌ

کوئی چیز وقف کی اوراپنے علاوہ کو متولی نہ بنایا تو جائز ہے

وقف کا متولی واقف بھی ہوسکتا ہے، اور غیر واقف بھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے وقف میں لکھا تھا: لاَجُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَه أَنْ يَأْكُلَ: جو بھی متولی بنے وہ تنخواہ لے سکتا ہے، حضرت عمرؓ نے کوئی تخصیص نہیں کی کہ کون متولی بنے؟ پس خواہ حضرت عمرؓ بنیں یا کوئی اور وہ تنخواہ لے سکتا ہے۔

اسی طرح حضور ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو جب انھوں نے بیر حا باغ صدقہ کیا تو مشورہ دیا تھا کہ وہ اس باغ کو رشتہ داروں میں تقسیم کریں، حضرت ابوطلحہؓ نے کہا: میں ایسا کرونگا، چنانچہ انھوں نے اس باغ کو اپنے رشتہ داروں میں یعنی چچازاد بھائیوں میں بانٹ دیا۔

[۱۳-] بَابٌ: إِذَا وَقَفَ شَيْئًا فَلَمْ يَدْفَعْهُ إِلٰى غَيْرِهِ فَهُوَ جَائِزٌ

[۱-] لِأَنَّ عُمَرَ وَقَفَ، وَقَالَ: لاَ جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهُ أَنْ يَأْكُلَ، وَلَمْ يَخُصَّ أَنْ وَلِيَهُ عُمَرُ أَوْ غَيْرُهُ.

[۲-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَبِيْ طَلْحَةَ: ''أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ، فَقَالَ: أَفْعَلُ، فَقَسَمَهَا فِي أَقَارِبِهِ وَبَنِيْ عَمِّهِ''

بَابٌ: إِذَاقَالَ دَارِيْ صَدَقَةٌ لِلّٰهِ، وَلَمْ يُبَيِّنْ لِلْفُقَرَاءِ أَوْ غَيْرِهِمْ فَهُوَ جَائِزٌ، وَيَضَعُهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ أَوْ حَيْثُ أَرَادَ

جس نے کہا: میرا گھر اللہ کے لئے خیرات ہے اور نہیں بیان کیا کہ وہ فقراء کے لئے ہے یا ان کے علاوہ کے لئے ہے تو یہ جائز ہے، اور خرچ کرے وہ گھر کو رشتہ داروں میں یا جہاں چاہے

۱-وقف کے معنی ہیں: حَبْسُ الْعَيْنِ عَلٰى مِلْكِ اللّٰهِ تعالى: کوئی موجود چیز اللہ تعالیٰ کی ملک پر روک لینا (اور اس کے منافع کو خیرات کرنا)

۲-صدقہ کے معنی ہیں: العَطِيَّةُ الَّتِيْ يُبْتَغى بِهِ الثَّوَابُ عِنْدَ اللّٰهِ تعالى: وہ بخشش جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے ثواب چاہا گیا ہو۔

۳-انفاق کے معنی ہیں: خرچ کرنا، خواہ کسی پر خرچ کرے۔

پس وقف خاص ہے اور صدقہ اس سے عام ہے، اور انفاق دونوں سے عام ہے، جب آیتِ کریمہ ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾: نازل ہوئی تو حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے گھوڑا پیش کیا، جو ان کے صاحبزادے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو دیدیا گیا، اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بیرحا باغ پیش کیا، ان کو مشورہ دیا گیا کہ اپنے خاندان کے غریبوں میں بانٹ دیں، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خیبر کی زمین پیش کی تو ان کو مشورہ دیا گیا کہ اصل زمین روک لیں اور اس کے منافع کو خیرات کردیں، یہ تیسری صورت وقف کی ہے، اور پہلی دو صورتیں صدقہ کی ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اگر کسی نے کہا: دَارِيْ صَدَقَةٌ لِلّٰهِ: میرا گھر اللہ کے لئے خیرات ہے، مگر کس پر خیرات ہے؟ اس کی وضاحت نہیں کی تو حضرت امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ جائز ہے، مگر حضرت رحمہ اللہ نے اس کی وضاحت نہیں کی کہ یہ وقف ہوا یا صدقہ؟ پھر فرمایا: گھر کو جہاں چاہے خرچ کرے، رشتہ داروں میں اور ان کے علاوہ میں، اس سے معلوم ہوا کہ یہ صدقہ ہوا وقف نہیں ہوا۔

پھر دلیل میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ پیش کیا، انھوں نے بیرحاء باغ پیش کرتے وقت کہا تھا: هی صدقة للّٰه: نبی ﷺ نے اس کو منظور کیا اور خاندان کے غریبوں میں بانٹنے کا حکم دیا، اس سے بھی معلوم ہوا کہ وہ صدقہ قرار دیا گیا، وقف قرار نہیں دیا گیا، اگر وقف قرار دیا جاتا تو اس کی عین کو روکنا ضروری تھا۔

پھر حضرتؒ فرماتے ہیں: بعض حضرات کہتے ہیں کہ وقف اس وقت تک صحیح نہیں جب تک اس کا مصرف متعین نہ کیا جائے، کہتے ہیں: یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے اور یہی امام اعظم رحمہ اللہ کا قول بھی ہونا چاہئے، کیونکہ لفظ صَدَقَةٌ لِلّٰهِ سے وقف ہونے کی دو صورتیں ہیں: ایک: جب وقف کی نیت کرے۔ دوم: جب اس کا مصرف فقراء کو متعین کرے، اگر یہ دونوں باتیں نہ ہوں تو وہ صدقہ ہے وقف نہیں، پھر حضرتؒ نے فرمایا: وَالْأَوَّلُ أَصَحُّ: اور پہلی بات زیادہ صحیح ہے، معلوم نہیں حضرت کی کیا مراد ہے؟ شارحین کہتے ہیں: مقصدِ باب یہ ہے کہ صدقۃ للہ سے وقف ہوجاتا ہے، اور یہی صاحبینؒ کی رائے ہے، نیت ضروری نہیں، نہ مصرف کی تعیین ضروری ہے، مگر سوال یہ ہے کہ جب وقف ہوگیا تو عین کا حبس ضروری ہے، اس کو جہاں چاہے کیسے خرچ کرسکتا ہے؟ ہاں اگر یہ کہا جائے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک وقف میں بھی عین کا حبس ضروری نہیں، تو پھر یہ عجیب بات ہوگی۔

[١٤-] بَابٌ: إِذَا قَالَ دَارِیْ صَدَقَةٌ لِلّٰهِ، وَلَمْ يُبَيِّنْ لِلْفُقَرَاءِ أَوْ غَيْرِهِمْ فَهُوَ جَائِزٌ، وَيَضَعُهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ أَوْ حَيْثُ أَرَادَ

[١-] قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَبِيْ طَلْحَةَ حِيْنَ قَالَ: أَحَبُّ أَمْوَالِيْ إِلَيَّ بِيْرُحٰى وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ، فَأَجَازَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.

[٢-] وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَا يَجُوْزُ حَتَّى يُبَيِّنَ لِمَنْ؟ وَالْأَوَّلُ أَصَحُّ.

بَابٌ: إِذَا قَالَ: أَرْضِيْ أَوْ بُسْتَانِيْ صَدَقَةٌ لِلّٰهِ عَنْ أُمِّيْ فَهُوَ جَائِزٌ، وَإِنْ لَمْ يُبَيِّنْ لِمَنْ ذٰلِكَ؟

اگر کوئی کہے کہ میری زمین یا میرا باغ میری ماں کی طرف سے صدقہ ہے تو یہ جائز ہے، اگرچہ اس کا مصرف بیان نہ کرے

اگر کوئی شخص میت کی طرف سے صدقہ کرے یا وقف کرے تو اس کا ثواب میت کو پہنچتا ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں، عبادات بدنیہ میں تو اختلاف ہے، عبادات مالیہ میں کوئی اختلاف نہیں، اور صدقہ کا مصرف متعین ہے، ہر صدقہ غرباء پر خرچ کیا جاتا ہے، اس لئے اس کا بیان کرنا ضروری نہیں۔

اور باب میں حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، وہ تبوک کے سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پیچھے ان کی والدہ اچانک انتقال کرگئیں، وہ موجود نہیں تھے، جب واپس آئے تو ان کو والدہ کی وفات کا بڑا صدمہ ہوا، چنانچہ نبی ﷺ نے ان کی قبر پر جاکر نمازِ جنازہ پڑھی، حضرت سعدؓ نے عرض کیا: اگر میں اپنی والدہ کی طرف سے کوئی چیز خیرات کروں تو ان کو نفع

پہنچے گا؟ آپؐ نے فرمایا: پہنچے گا، حضرت سعدؓ نے کہا: میں آپؐ کو گواہ بناتا ہوں کہ میرا مخراف نامی باغ ان پر خیرات ہے۔
حدیث کی باب پر دلالت واضح ہے، حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے باغ کا مصرف بیان نہیں کیا، کیونکہ صدقہ کا مصرف متعین ہے۔

[١٥-] بَابٌ: إِذَا قَالَ: أَرْضِىْ أَوْ بُسْتَانِىْ صَدَقَةٌ لِلّٰهِ عَنْ أُمِّىْ فَهُوَ جَائِزٌ، وَإِنْ لَمْ يُبَيِّنْ لِمَنْ ذٰلِكَ؟

[٢٧٥٦-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ، أَخْبَرَنِىْ ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِىْ يَعْلٰى، أَنَّـهُ سَمِعَ عِكْرَمَةَ يَقُوْلُ: أَنْبَـأَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ تُوُفِّيَتْ أُمُّهُ وَهُوَ غَائِبٌ عَنْهَا، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أُمِّىْ تُوُفِّيَتْ وَأَنَا غَائِبٌ عَنْهَا، أَيَنْفَعُهَا شَيْئٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا؟ قَالَ: "نَعَمْ" قَالَ: فَإِنِّىْ أُشْهِدُكَ أَنَّ حَائِطِىْ الْمِخْرَافَ صَدَقَةٌ عَلَيْهَا. [انظر: ٢٧٦٢، ٢٧٧٠]

قولہ: المِخْرَافَ: منصوب ہے، یہ حائط کا عطف بیان ہے۔

بَابٌ: إِذَا تَصَدَّقَ أَوْ أَوْقَفَ بَعْضَ مَالِهِ أَوْ بَعْضَ رَقِيْقِهِ أَوْ دَوَابِّهِ فَهُوَ جَائِزٌ

کسی نے اپنا کچھ مال یا کچھ غلام یا کچھ چوپائے خیرات کئے یا وقف کئے تو یہ جائز ہے

وَقَفَ اور أَوْقَفَ کے ایک معنی ہیں: روکنا، وقف کرنا۔ اگر کوئی شخص اپنے مال کا بعض حصہ، یا اپنے غلاموں میں سے بعض غلام یا اپنے چوپایوں میں سے بعض چوپائے صدقہ کرے یا وقف کرے تو درست ہے، پھر بعض کی تعیین بیان تفسیر سے ہوگی، یعنی اس سے کہا جائے گا کہ بعض مال کو متعین کرو، حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی جب توبہ قبول ہوئی تو انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اپنے اوپر لازم کیا ہے کہ میں اپنے سب مال سے نکل جاؤں، تاکہ آئندہ جہاد کے لئے نکلنے میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا کچھ مال اللہ کے راستہ میں دو، اور کچھ مال روک لو (یہاں باب ہے) انھوں نے عرض کیا: خیبر میں میری جو زمین ہے وہ میں روک لیتا ہوں، باقی مال راہِ خدا میں دیتا ہوں، یہ اجمال کی تفسیر ہوئی۔

اور یہاں دو مسئلے زیر بحث آتے ہیں:

پہلا مسئلہ: سب مال خیرات کر دینا یا وقف کر دینا درست ہے یا نہیں؟ اکثر علماء کی رائے ہے کہ درست ہے، مگر مستحب یہ ہے کہ اتنا باقی رکھے جس سے گذارہ ہو سکے۔

دوسرا مسئلہ: منقول کا وقف جائز ہے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک جائز ہے، اور صاحبینؒ کے نزدیک جس منقول کے وقف کا عرف ہو اس کا وقف جائز ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے صاحبینؒ کی موافقت کی ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک منقول کا وقف کسی شخص حقیقی یا حکمی کے تابع ہو کر ہو سکتا ہے، مستقلاً نہیں ہو سکتا۔

[۱٦-] بَابٌ: إِذَا تَصَدَّقَ أَوْ أَوْقَفَ بَعْضَ مَالِهِ أَوْ بَعْضَ رَقِيْقِهِ أَوْ دَوَابِّهِ فَهُوَ جَائِزٌ

[۲۷۵۷-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ مِنْ تَوْبَتِیْ أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِیْ صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَإِلٰى رَسُوْلِهِ، قَالَ: "أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالَكَ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ" قُلْتُ: فَإِنِّیْ أُمْسِكُ سَهْمِیَ الَّذِیْ بِخَيْبَرَ. [انظر: ۲۹٤۷، ۲۹۵۰، ۳۰۸۸، ۳۵۵٦، ۳۸۸۹، ۳۹۵۱، ٤٤۱۸، ٤٦۷۳، ٤٦۷٦، ٤٦۷۷، ٤٦۷۸، ٦۲۵۵، ٦٦۹۰، ۷۲۲۵]

بَابٌ: مَنْ تَصَدَّقَ إِلٰى وَكِيْلِهِ، ثُمَّ رَدَّ الْوَكِيْلُ إِلَيْهِ

جس نے اپنا صدقہ وکیل کوسونپا، پھر وکیل نے وہ صدقہ اس کوواپس کردیا

ایک شخص نے کوئی چیز صدقہ کی اور وہ خرچ کرنے کے لئے وکیل کوسونپی، پھر وکیل نے وہ چیز اسی کولوٹادی اور کہا کہ اس کوفلاں فلاں جگہ خرچ کروتو یہ درست ہے، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بیرحا باغ صدقہ کیا اور نبی ﷺ کووکیل بنایا، پھر آپؐ نے وہ باغ انہی کولوٹادیا اور فرمایا کہ اپنے خاندان کے غریبوں میں تقسیم کردو۔

قوله: حَيْثُ أَرَاكَ اللّٰهُ: یہ وکیل کوسونپنا ہے۔ قوله: وَرَدَدْنَاهُ: یہ وکیل نے صدقہ کرنے والے کولوٹادیا، اور حدیث پہلے گذری ہے۔

[۱۷-] بَابٌ: مَنْ تَصَدَّقَ إِلٰى وَكِيْلِهِ، ثُمَّ رَدَّ الْوَكِيْلُ إِلَيْهِ

[۲۷۵۸-] وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ: أَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، لاَ أَعْلَمُهُ إِلاَّ عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ [آل عمران: ۹۲] جَاءَ أَبُوْ طَلْحَةَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: أَیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! يَقُوْلُ اللّٰهُ فِیْ كِتَابِهِ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ وَإِنَّ أَحَبَّ أَمْوَالِیْ إِلَیَّ بَيْرُحٰى، قَالَ: وَكَانَتْ حَدِيْقَةً، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْخُلُهَا وَيَسْتَظِلُّ فِيْهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، قَالَ: فَهِیَ إِلَى اللّٰهِ وَإِلٰى رَسُوْلِهِ، أَرْجُوْ بِرَّهُ وَذُخْرَهُ، فَضَعْهَا أَیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! حَيْثُ أَرَاكَ اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بَخْ يَا أَبَا طَلْحَةَ، ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ قَبِلْنَاهُ مِنْكَ، وَرَدَدْنَاهُ عَلَيْكَ فَاجْعَلْهُ فِی الْأَقْرَبِيْنَ" فَتَصَدَّقَ بِهِ أَبُوْ طَلْحَةَ عَلٰى ذَوِیْ رَحِمِهِ، قَالَ: وَكَانَ مِنْهُمْ أُبَیٌّ وَحَسَّانُ، قَالَ: فَبَاعَ حَسَّانُ حِصَّتَهُ مِنْهُ

مَنْ مُعَاوِيَةَ، فَقِيْلَ لَهُ: تَبِيْعُ صَدَقَةَ أَبِيْ طَلْحَةَ؟ فَقَالَ: أَلاَ أَبِيْعُ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ بِصَاعٍ مِنْ دَرَاهِمَ؟ قَالَ: وَكَانَتْ تِلْكَ الْحَدِيْقَةُ فِيْ مَوْضِعِ قَصْرِ بَنِيْ حُدَيْلَةَ الَّذِيْ بَنَاهُ مُعَاوِيَةُ. [راجع: ۱٤٦۱]

قال: وكان منهم أبي وحسان: اس سے معلوم ہوا کہ حضرت ابوطلحہؓ نے وہ باغ صرف حسان اور اُبی رضی اللہ عنہما کو نہیں دیا تھا، بلکہ اور بھی ذوی الارحام کو دیا تھا، ان میں حضرات حسان واُبی بھی تھے۔

قوله: باع حسان: حضرت حسانؓ کو اس باغ میں سے جو حصہ ملا تھا وہ انھوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ ایک لاکھ درہم میں بیچ دیا، وہاں حضرت معاویہؓ نے محل بنایا جس کا نام قصر بنی حدیلہ تھا۔ جب حضرت حسانؓ نے اپنا حصہ بیچا تو لوگوں نے اعتراض کیا: آپ ابوطلحہؓ کا صدقہ بیچتے ہیں؟ حضرت حسانؓ نے جواب دیا: میں اس باغ کی کھجوریں دراہم کے بدل بیچتا ہوں یعنی جب میں اس باغ کی کھجوریں بیچ سکتا ہوں تو باغ کیوں نہیں بیچ سکتا؟ یہاں سے معلوم ہوا کہ وہ باغ وقف نہیں تھا، صدقہ تھا، اور صدقہ غریب کی ملک ہوتا ہے، وہ اس کو بیچ سکتا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِنْهُ﴾

اگر میراث کی تقسیم کے وقت غیر وارث رشتہ دار وغیرہ آئیں تو ان کو بھی کچھ دیا جائے

کسی کی میراث تقسیم ہورہی ہے، اس وقت ایسے رشتہ دار آئے جو وارث نہیں، یا یتیم بچے اور مسکین غریب آئے تو میراث میں سے ان کو بھی کچھ دینا چاہئے، جب ورثاء عاقل بالغ ہوں، پس باہمی رضامندی سے ان کو بھی کچھ دینا چاہئے، البتہ نابالغ کے حصہ میں سے نہیں دے سکتے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: کچھ لوگ کہتے ہیں کہ باب کی آیت منسوخ ہے، حالانکہ وہ منسوخ نہیں، بلکہ تین آیتوں پر عمل کرنے میں لوگ سستی کرتے ہیں، ایک تقسیم میراث کی یہ آیت، دوسری استیذان کی آیت، لوگ بغیر اجازت گھر میں گھس آتے ہیں، تیسری: ﴿وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَقَبَائِلَ﴾ یعنی انسانوں کی خاندانوں میں تقسیم محض تعارف کے لئے ہے، مگر لوگوں نے اس کو عزت وذلت کا مسئلہ بنالیا ہے۔

اور تقسیم میراث کے وقت آنے والوں کو کچھ دینا مستحب ہے، واجب نہیں، اس لئے لوگ عمل کرنے میں سستی کرتے ہیں، اور ﴿فَارْزُقُوْهُمْ مِنْهُ﴾ کا مطلب یہ ہے کہ ترکہ میں سے ان آنے والوں کو بھی کچھ دو، اور ﴿وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلاً مَعْرُوْفًا﴾ کا مطلب یہ ہے کہ نہ دینا ہو تو ان کے ساتھ خوبی سے بات کرو، یعنی ان کا دل مت توڑو، ان سے کہو کہ معاف کرو، ورثاء کچھ دینے پر راضی نہیں، اس لئے ہم مجبور ہیں۔

اس کی نظیر سورۃ الانعام کی آیت ۱۴۱ ہے، فرمایا:﴿ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوْا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ ﴾: کھاؤ تم اس کی پیداوار سے جب وہ نکل آوے یعنی پک جائے، اور تم اللہ کا حق دو اس کھیتی کے کاٹنے کے وقت یعنی جب کھیت کٹ رہا ہو اور مساکین آئیں تو ان کو بھی کچھ دو، یہ دینا بھی مستحب ہے۔

دو واقعے:

۱- میری والدہ رحمہا اللہ کی میراث تقسیم ہو رہی تھی، میرے ایک اخیافی بھائی احمد نامی تھے، وہ وارث نہیں تھے، ورثاء ہم حقیقی بھائی بہن اور والد صاحب رحمہ اللہ تھے، میں نے اپنا حصہ اپنے اخیافی بھائی کو دیدیا، ان سے میری والدہ کو محبت تھی۔

۲- میری اہلیہ رحمۃ اللہ علیہا کی میراث تقسیم ہو رہی تھی، ورثاء ان کی کثیر اولاد اور میں شوہر تھے، میں ان کی اولاد کے حق میں اپنے چوتھائی حصہ سے دست بردار ہو گیا، اور گھر میں کئی بہوئیں اور دو پوتے تھے جن کے والد کا انتقال ہو گیا تھا، اور ان کی دادی نے ان کو پالا پوسا تھا، وہ وارث نہیں تھے، چنانچہ میں نے سب بہوؤں کو اور پوتوں کو اپنے پاس سے ایک ایک ہزار روپے دیئے، تاکہ ان کے دل خوش ہو جائیں۔

باب کی کتاب سے مناسبت: یہ باب کتاب الوصایا میں اس لئے لائے ہیں کہ رشتہ داروں اور غریبوں کو دینا بھی گویا ایک طرح کی وصیت ہے، میت زندہ ہوتی تو وہ یا تو دیتی یا کہتی: معاف کرو، پس تم بھی دو یا کہو: معاف کرو، چنانچہ اگلا باب لائے ہیں کہ کسی کا اچانک انتقال ہو جائے تو ورثاء کو میت کی طرف سے خیرات کرنی چاہئے۔

[۱۸-] بَابُ قَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ:﴿ وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِنْهُ ﴾

[۲۷۵۹-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: إِنَّ نَاسًا يَزْعُمُوْنَ أَنَّ هٰذِهِ الآيَةَ نُسِخَتْ، وَلاَ وَاللهِ مَا نُسِخَتْ، وَلٰكِنَّهَا مِمَّا تَهَاوَنَ النَّاسُ، هُمَا وَالِيَانِ: وَالٍ يَرِثُ وَذَاكَ الَّذِيْ يَرْزُقُ، وَوَالٍ لاَ يَرِثُ، وَقَالَ: فَذَاكَ الَّذِيْ يَقُوْلُ بِالْمَعْرُوْفِ، يَقُوْلُ: لاَ أَمْلِكُ لَكَ أَنْ أُعْطِيَكَ. [انظر: ٤٥٧٦]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کچھ لوگ گمان کرتے ہیں کہ یہ آیت منسوخ ہے، نہیں! بخدا! منسوخ نہیں، بلکہ یہ آیت ان آیتوں میں سے ہے جن پر عمل کرنے میں لوگ سستی کرتے ہیں۔ رشتہ دار دو ہیں: ایک رشتہ دار وارث ہے، یہی وہ ہے جو (اپنے حصہ میں سے) کچھ دے گا، اور دوسرا رشتہ دار وارث نہیں، پس وہ بھلی بات کہے گا، کہے گا: مجھے آپ کو دینے کا اختیار نہیں۔

تشریح: میت کی بیوی بچے اور بھائی چچا ہیں، اول وارث ہیں، دوم وارث نہیں، پس اول اپنے حصہ میں سے دیں گے اور بھائی چچا کہیں گے معاف کرو، ہمیں دینے کا اختیار نہیں۔ یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ﴿فَارْزُقُوْهُمْ﴾ اور ﴿قُوْلُوْا لَهُمْ﴾ کے مصداق بیان کئے ہیں، اور میں نے دونوں کا مصداق ورثاء کو قرار دیا ہے، وہ یا تو دیں یا معذرت کریں، کیونکہ دینے کا حکم استحبابی ہے، پس نہ دینا چاہیں تو بھی ان کا دل نہ توڑیں، خوش اسلوبی سے معذرت کردیں۔

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ لِمَنْ تُوَفِّىَ فَجاءَ ةً أَنْ يَتَصَدَّقُوْا عَنْهُ، وَقَضَاءِ النُّذُوْرِ عَنِ الْمَيِّتِ

(۱) کسی کا اچانک انتقال ہوجائے تو اس کی طرف سے مستحب ہے کہ ورثاء خیرات کریں (۲) اور میت کی منتوں کو پورا کرنا

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: کوئی شخص اچانک مرجائے تو اس کی طرف سے پسماندگان کو خیرات کرنی چاہئے، کیونکہ اگر میت کو موت کا احساس ہوجاتا تو وہ ضرور خیرات کرتا، یا وصیت کرتا، مگر وہ اچانک چلا گیا، پس ورثاء کو چاہئے کہ اس کی طرف سے صدقہ کریں۔ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کا اچانک انتقال ہوگیا تو حضرت سعدؓ نے ان کی طرف سے خیراتیں کیں۔

دوسرا مسئلہ: میت نے کوئی نذر مانی، اور کام ہوگیا، اور نذر واجب ہوگئی، مگر وہ نذر پوری کرنے نہیں پایا تھا کہ انتقال ہوگیا، پس ورثاء کو چاہئے کہ میت کی طرف سے منت پوری کریں، کیونکہ مرنے والا زندہ ہوتا تو وہ اپنی منت پوری کرتا یا وصیت کرتا، پس ورثاء کو وصیت سمجھ کر منت پوری کرنی چاہئے، باب کی دوسری حدیث میں ہے: حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی والدہ کی کوئی منت رہ گئی تھی حضرت سعدؓ نے اس کو پورا کیا، مگر یہ دونوں حکم استحبابی ہیں۔

مسئلہ: اگر میت نے وصیت نہ کی ہو تو ورثہ کے ذمہ واجب نہیں کہ وہ اس کو پورا کریں، اور وصیت کی ہو تو تہائی ترکہ سے پورا کرنا واجب ہے۔

[۱۹-] بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ لِمَنْ تُوُفِّىَ فَجاءَ ةً أَنْ يَتَصَدَّقُوْا عَنْهُ، وَقَضَاءِ النُّذُوْرِ عَنِ الْمَيِّتِ

[۲۷۶۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ أُمِّى افْتُلِتَتْ نَفْسَهَا، وَأُرَاهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ، أَفَأَتَصَدَّقُ عَنْهَا؟ قَالَ: "نَعَمْ، تَصَدَّقْ عَنْهَا"[راجع: ۱۳۸۸]

[۲۷۶۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ

ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنَّ أُمِّيْ مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ؟ فَقَالَ:" اقْضِهِ عَنْهَا"[انظر: ٦٦٩٨، ٦٩٥٩]

قوله: افتلتت: بلفظ المجهول، من الافتلات: أى ماتت بغتة .... **قوله**: نفسها: بالنصب على أنه مفعول ثان، وبالرفع على أنه مفعول أقيم مقام الفاعل (عمدہ)

بَابُ الإِشْهَادِ فِي الْوَقْفِ وَالصَّدَقَةِ وَالْوَصِيَّةِ

وقف، صدقہ اور وصیت میں گواہ بنانا

وقف، صدقہ اور وصیت میں گواہ بنانا ضروری نہیں، لیکن اگر بنالے تو سبحان اللہ! حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے جب باغ صدقہ کیا تو نبی ﷺ کو گواہ بنایا تھا، معلوم ہوا کہ یہ جائز ہے۔

[٢٠-] بَابُ الإِشْهَادِ فِي الْوَقْفِ وَالصَّدَقَةِ وَالْوَصِيَّةِ

[٢٧٦٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يَعْلَى، أَنَّهُ سَمِعَ عِكْرِمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: أَنْبَأَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ أَخَا بَنِيْ سَاعِدَةَ، تُوُفِّيَتْ أُمُّهُ وَهُوَ غَائِبٌ عَنْهَا، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أُمِّيْ تُوُفِّيَتْ وَأَنَا غَائِبٌ عَنْهَا، فَهَلْ يَنْفَعُهَا شَيْئٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا؟ قَالَ:" نَعَمْ" قَالَ: فَإِنِّيْ أُشْهِدُكَ أَنَّ حَائِطِيَ الْمِخْرَافَ صَدَقَةٌ عَلَيْهَا. [راجع: ٢٧٥٦]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَآتُوْا الْيَتَامٰى أَمْوَالَهُمْ﴾ الآيَتَيْنِ

یتیموں کی چار باتوں کی ذمہ داری ولی (سرپرست) پر ہے

سورۃ النساء آیات ۲و۳ ہیں: "(۱) اور جن بچوں کا باپ مرجائے ان کے مال انہی کو پہنچاتے رہو۔ (۲) اور تم اچھی چیز سے بری چیز مت بدلو۔ (۳) اور ان کے مال اپنے مالوں کے ساتھ ملا کر مت کھاؤ، بیشک یہ بات بڑا گناہ ہے۔ (۴) اور اگر تم کو اندیشہ ہو کہ یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہیں کرسکو گے تو اور عورتوں سے جو تم کو پسند ہوں نکاح کرلو"

ان آیتوں میں یتیموں کے سلسلہ میں چار احکام ہیں:

۱- یتیموں کے جو مال تمہارے قبضہ میں ہیں وہ ان کو دیتے رہو، یعنی ان پر معروف طریقہ پر خرچ کرتے رہو۔

۲- اور اپنا نکما مال ان کے اچھے مال سے مت بدلو، ان کے گیہوں اچھے تھے وہ خود لے لئے اور اپنے نکمے گیہوں ان کے

حصہ میں لگادیئے، ایسا مت کرو۔

۳- ان کے اموال اپنے اموال کے ساتھ ملا کر مت کھاؤ، ان کا کھانا اپنے کھانے کے ساتھ پکایا اور ان کا آٹا ان کی ضرورت سے زیادہ لے لیا اور خود کھالیا ایسا مت کرو، یہ بہت بڑا گناہ ہے۔

۴- اور اگر تمہیں اپنے زیر تربیت یتیم بچیوں سے نکاح کرنے میں اندیشہ ہو کہ ان کے ساتھ مہر میں انصاف نہیں کروگے تو ان سے نکاح مت کرو، دوسری عورتوں سے نکاح کرو، جو تمہیں پسند ہوں۔ باب کی حدیث میں اس چوتھی بات کی تفصیل ہے، اور یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۴۹۴) گذری ہے، وہاں تفصیل ہے کہ یتیم بچی اگر مالدار اور خوبصورت ہوتی تھی تو اس کا سرپرست اس سے نکاح کرتا تھا اور ڈھنگ سے مہر نہیں دیتا تھا کیونکہ نکاح سے مقصد جائداد پر قبضہ کرنا ہوتا تھا، اور اگر یتیم بچی نادار اور کالی کلوٹی ہوتی تھی تو دوسری جگہ نکاح کرتا تھا، اس لئے سرپرست کو منع کیا کہ ایک صورت میں تم نکاح نہیں کرتے دوسری جگہ نکاح کرتے ہو، پس دوسری صورت میں ہم نکاح کی اجازت نہیں دیتے۔

سوال: اس باب کا اور آئندہ چند ابواب کا جو یتامی کے اولیاء سے متعلق ہیں: کتاب الوصایا سے کیا تعلق ہے؟

جواب: یتیموں کا سرپرست مرنے والے کی وصیت سے بنتا ہے، اس لئے یہ ابواب کتاب الوصایا میں لائے ہیں۔

[۲۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَآتُوْا الْيَتَامٰى أَمْوَالَهُمْ، وَلاَ تَتَبَدَّلُوْا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ، وَلاَ تَأْكُلُوْا أَمْوَالَهُمْ إِلٰى أَمْوَالِكُمْ، إِنَّهُ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا، وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ﴾

[۲۷۶۳-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: كَانَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لاَ تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ﴾ قَالَتْ عَائِشَةُ: هِيَ الْيَتِيْمَةُ فِي حَجْرِ وَلِيِّهَا، فَيَرْغَبُ فِيْ جَمَالِهَا وَمَالِهَا، وَيُرِيْدُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا بِأَدْنَى مِنْ سُنَّةِ نِسَائِهَا، فَنُهُوْا عَنْ نِكَاحِهِنَّ إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا لَهُنَّ فِيْ إِكْمَالِ الصَّدَاقِ، وَأُمِرُوْا بِنِكَاحِ مَنْ سِوَاهُنَّ مِنَ النَّسَاءِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: ثُمَّ اسْتَفْتَى النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ﴾[النساء: ۱۲۷] قَالَتْ: فَبَيَّنَ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ أَنَّ الْيَتِيْمَةَ إِذَا كَانَتْ ذَاتَ جَمَالٍ وَمَالٍ رَغِبُوْا فِي نِكَاحِهَا، وَلَمْ يُلْحِقُوْهَا بِسُنَّتِهَا بِإِكْمَالِ الصَّدَاقِ، فَإِذَا كَانَتْ مَرْغُوْبًا عَنْهَا فِي قِلَّةِ الْمَالِ وَالْجَمَالِ تَرَكُوْهَا، وَالْتَمَسُوْا غَيْرَهَا مِنَ النِّسَاءِ، قَالَتْ: فَكَمَا يَتْرُكُوْنَهَا حِيْنَ يَرْغَبُوْنَ عَنْهَا، فَلَيْسَ لَهُمْ أَنْ يَنْكِحُوْهَا إِذَا رَغِبُوْا فِيْهَا، إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا لَهَا الأَوْفٰى مِنَ الصَّدَاقِ، وَيُعْطُوْهَا حَقَّهَا.[راجع: ۲٤۹٤]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَ: ﴿وَابْتَلُوْا الْيَتَامٰى حَتَّى إِذَا بَلَغُوْ النِّكَاحَ﴾ الآيَتَيْنِ، وَمَا لِلْوَصِيِّ أَنْ يَعْمَلَ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ، وَمَا يَأْكُلُ مِنْهُ بِقَدْرِ عُمَالَتِهِ

(۱) یتامی کے سلسلہ میں چار احکام (۲) میراث میں عورتوں اور بچوں کا بھی حصہ ہے (۳) وہ کام جو وصی یتیم کے مال میں کرسکتا ہے (۴) وصی یتیم کے مال میں سے محنت کے بقدر کھا سکتا ہے

اس باب میں چار باتیں ہیں: پہلی آیت میں یتامی کے سلسلہ میں اولیاء کو چار احکام دیئے ہیں اور دوسری آیت میں یہ بیان ہے کہ میراث میں عورتوں اور بچوں کا بھی حصہ ہے، پھر باب کا تیسرا جزء ہے کہ یتیم کے مال میں وصی کیا تصرفات کرسکتا ہے؟ اور چوتھی بات یہ ہے کہ وصی یتیم کے مال میں سے اپنی خدمت کے بقدر کھا سکتا ہے۔

پہلی بات: سورۃ النساء کی آیت ۶ ہے: (۱) اور تم یتیموں کو آزمایا کرو یہاں تک کہ جب وہ نکاح کو پہنچ جائیں یعنی بالغ ہوجائیں تو اگر ان میں کچھ تمیز دیکھو تو ان کے اموال ان کے حوالہ کردو (۲) اور ان کے اموال کو ضرورت سے زائد اٹھا کر اور اس خیال سے کہ وہ بالغ ہوجائیں گے: جلدی جلدی مت کھا جاؤ۔ (۳) اور جو شخص مستغنی ہو وہ اپنے کو بالکل بچائے رکھے، اور جو شخص حاجت مند ہو وہ مناسب مقدار سے کھائے (۴) پھر جب ان کے اموال ان کے حوالہ کرنے لگو تو اس پر گواہ بنالیا کرو، اور اللہ تعالیٰ حساب لینے کے لئے کافی ہیں۔

اس آیت میں یتامی کے اولیاء کو درج ذیل چار احکام دیئے ہیں:

۱- جب یتامی بالغ ہوجائیں اور ان میں سمجھ داری پیدا ہوجائے تو ان کے اموال ان کے حوالہ کردو، لیت ولعل مت کرو۔

۲- اور اس اندیشہ سے کہ جب یتامی بڑے ہوجائیں گے اور ان کے اموال ان کو سونپنے پڑیں گے: جلدی جلدی ان کے اموال کھا مت ڈالو۔

۳- یتیم کا سرپرست اگر مالدار ہے تو وہ اپنی خدمت کا معاوضہ یتیم کے مال میں سے نہ لے، ہاں اگر حاجت مند ہے تو عرف کے مطابق تنخواہ لے سکتا ہے۔

۴- بالغ اور سمجھ دار ہونے کے بعد جب یتامی کے مال ان کو سپرد کئے جائیں تو اس پر گواہ بنالئے جائیں، حَسِيْبًا کے معنی ہیں: کافیا، یعنی اللہ تعالیٰ حساب لینے کے لئے کافی ہیں۔

دوسری بات: پھر دوسری آیت میں یہ بیان ہے کہ زمانۂ جاہلیت کا جو دستور تھا کہ میراث کے حقدار وہ مرد ہوتے تھے، جو جنگوں میں لڑتے تھے، عورتوں اور بچوں کا میراث میں کوئی حصہ نہیں ہوتا تھا، یہ صحیح نہیں، فرمایا: مردوں کے لئے بھی اور عورتوں کے لئے بھی میراث میں حصہ ہے، ان کے والدین کے چھوڑے ہوئے ترکہ میں سے اور دیگر قریبی رشتہ داروں کے

چھوڑے ہوئے ترکہ میں سے، خواہ ترکہ تھوڑا ہو یا زیادہ، اور یہ قطعی فیصلہ ہے، پس اس کی خلاف ورزی ہرگز نہیں ہونی چاہئے۔

تیسری بات: وصی یتیم کے مال میں کیا تصرف کرسکتا ہے؟ جاننا چاہئے کہ غبن فاحش کے ساتھ یتیم کی کوئی چیز نہ بیچ سکتا ہے نہ اس کے لئے خرید سکتا ہے، کیونکہ وصی کی ولایت مبنی بر شفقت ہے، اور غبن فاحش میں کوئی شفقت نہیں، اسی طرح یتیم کے مال کو تجارت میں نہیں لگا سکتا، اس لئے کہ اس کے ذمہ یتیم کے مال کی حفاظت ہے، تجارت میں لگانا اس کی ذمہ داری نہیں یہ دونوں باتیں علامہ عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری میں لکھی ہے، اور حضرت امام بخاریؒ نے اس سلسلہ میں کچھ نہیں فرمایا۔

چوتھی بات: وہی ہے جو پہلی آیت میں آئی ہے کہ اگر یتیم کا سرپرست مالدار ہے تو اس کو اپنی خدمات کا معاوضہ نہیں لینا چاہئے، اور غریب ہے تو عرف کے مطابق معاوضہ لے سکتا ہے، اور اس سلسلہ میں دو حدیثیں پیش کی ہیں:

پہلی حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ہے، انھوں نے ثمغ نامی کھجوروں کا باغ صدقہ کیا تھا، نبی ﷺ نے ان کو مشورہ دیا کہ اس کو وقف کرو، چنانچہ حضرت عمرؓ نے وقف نامہ میں لکھا کہ جو بھی اس کا متولی بنے وہ عرف کے مطابق تنخواہ لے سکتا ہے، خواہ وہ مالدار ہو یا غریب۔

اور دوسری روایت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے، اس میں صراحت ہے کہ یتیم کا سرپرست اگر غریب ہے تو وہ اپنی خدمت کے بقدر تنخواہ لے سکتا ہے، معلوم ہوا کہ اگر مستغنی ہے تو اس کے لئے تنخواہ لینا جائز نہیں۔

فائدہ: وقف کے متولی اور یتیم کے ولی میں بنیادی فرق یہ ہے کہ یتیم کا ولی یتیم کے مال سے اس وقت تنخواہ لے سکتا ہے جب وہ محتاج ہو، اور اگر غنی ہے تو اس کے لئے یتیم کا مال کھانا جائز نہیں، اور وقف کا متولی ہر حال میں اپنی خدمات کے معاوضہ کے طور پر وقف سے تنخواہ لے سکتا ہے، اگرچہ وہ مالدار ہو۔

[۲۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَ: ﴿وَابْتَلُوْا الْيَتَامٰى حَتَّى إِذَا بَلَغُوْا النِّكَاحَ، فَإِنْ آنَسْتُمْ مِنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْا إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ، وَلاَ تَأْكُلُوْهَا إِسْرَافًا وَبِدَارًا أَنْ يَكْبَرُوْا، وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ، وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿نَصِيْبًا مَفْرُوْضًا﴾ حَسِيْبًا كَافِيًا

وَمَا لِلْوَصِيِّ أَنْ يَعْمَلَ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ، وَمَا يَأْكُلُ مِنْهُ بِقَدْرِ عُمَالَتِهِ

[۲۷۶۴-] حدثنا هَارُوْنُ، ثَنَا أَبُوْ سَعِيْدٍ مَوْلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ، ثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ عُمَرَ تَصَدَّقَ بِمَالٍ لَهُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ يُقَالُ لَهُ: ثَمْغٌ، وَكَانَ نَخْلاً، فَقَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّي اسْتَفَدْتُ مَالاً وَهُوَ عِنْدِيْ نَفِيْسٌ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَتَصَدَّقَ بِهِ، فَقَالَ

النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " تَصَدَّقْ بِأَصْلِهِ، لَا يُبَاعُ، وَلَا يُوْهَبُ، وَلَا يُوْرَثُ، وَلٰكِنْ يُنْفَقُ ثَمَرُهُ" فَتَصَدَّقَ بِهِ عُمَرُ، فَصَدَقَتُهُ ذٰلِكَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَفِي الرِّقَابِ، وَالْمَسَاكِيْنِ، وَالضَّيْفِ، وَابْنِ السَّبِيْلِ، وَلِذِي الْقُرْبٰى، وَلَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهُ أَنْ يَأْكُلَ مِنْهُ بِالْمَعْرُوْفِ، أَوْ يُوْكِلَ صَدِيْقَهُ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ بِهِ.

[راجع:۲۳۱۳]

[۲۷۶۵-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ ﴿وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ، وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ﴾ قَالَتْ: أُنْزِلَتْ فِي وَالِي الْيَتِيْمِ، أَنْ يُصِيْبَ مِنْ مَالِهِ إِذَا كَانَ مُحْتَاجًا بِقَدْرِ مَالِهِ بِالْمَعْرُوْفِ.[راجع: ۲۲۱۲]

ملحوظہ: وما للوصی پرمصری نسخہ میں باب ہے، ہمارے نسخہ میں نہیں ہے، اس لئے باب اوراس کا نمبر حذف کیا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَأْكُلُوْنَ أَمْوَالَ الْيَتَامٰى﴾ الآيَةَ

یتیم کا مال کھانے والے اولیاء کے لئے شدید وعید

سورۃ النساء کی آیت ۱۰ ہے: ''بلاشبہ جولوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے برتتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں (جہنم کی) آگ ہی بھر رہے ہیں، اور عنقریب وہ دہکتی آگ میں داخل ہونگے''

اور حضرت تھانوی قدس سرہ نے لکھا ہے: جس طرح یتیم کا مال خود کھانا حرام ہے اسی طرح کسی کو کھلانا یا دینا بطور خیرات ہی کے کیوں نہ ہو نیز حرام ہے، اور ہر نابالغ کا حکم یہی ہے گو یتیم نہ ہو (انتہی) پس ''جولوگ یتیم کا مال ناحق کھاتے ہیں'' اس سے مراد اولیاء ہیں، کیونکہ وہی یتیم کے مال میں گڑ بڑ کرتے ہیں ۔۔ اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے: صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ نے معراج کی رات میں کیا دیکھا؟ آپؐ نے فرمایا: مجھے فرشتے اللہ کی ایک بہت بڑی مخلوق کے پاس لے گئے جو سب مرد تھے اور ہر ایک کے اونٹ کی طرح دو ہونٹ تھے، اور ان پر دوسرے آدمی مسلط تھے، ان میں سے ایک اس کا جبڑا اپھارٹا تھا اور دوسرا آگ کی چٹان لاتا تھا اور اس کو اس کے منہ میں ڈالتا ہے، یہاں تک کہ وہ اس کے نیچے سے نکل جاتی تھی، اور وہ رینکتا چلاتا تھا، میں نے پوچھا: اے جبرئیل! یہ کون لوگ ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ وہ لوگ ہیں جو ناحق یتیموں کا مال کھاتے ہیں (العیاذ باللہ)

حدیث: نئی ہے اور پہلی مرتبہ آئی ہے ۔ نبی ﷺ نے فرمایا: سات ہلاک کرنے والے گناہوں سے بچو، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: (۱) اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا (۲) اور جادو (کرنا یا کرانا) (۳) اور ایسے نفس کو قتل کرنا جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق اسلام کی وجہ سے (۴) اور سود کھانا (۵) اور یتیم کا مال کھانا (یہاں باب ہے)

(۶) اور مڈبھیڑ کے دن پیٹھ پھیرنا (۷) اور ایمان دار بے خبر پاک دامن عورتوں پر تہمت لگانا (المُوْبِقَات: مُوْبِقَة کی جمع ہے، أَوْبَقَ کے معنی ہیں: تباہ کرنا، ہلاک کرنا) اور حدیث یاد کرلو، اس کی تشریح آپ حضرات خود کر سکتے ہیں، اب اس کا وقت نہیں رہا۔

[۲۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَأْكُلُوْنَ أَمْوَالَ الْيَتَامٰى ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا﴾

[۲۷۶۶-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: ثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "اجْتَنِبُوْا السَّبْعَ الْمُوْبِقَاتِ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَمَا هُنَّ؟ قَالَ: "الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَالسِّحْرُ، وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَأَكْلُ الرِّبَا، وَأَكْلُ مَالِ الْيَتِيْمِ، وَالتَّوَلِّيْ يَوْمَ الزَّحْفِ، وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ الْغَافِلَاتِ. [انظر: ۵۷۶۴، ۶۸۵۸]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتَامٰى﴾ الآية

یتامی کی پرورش میں کوئی تنگی نہیں

اب دو باب دفع دخل مقدر کے طور پر لا رہے ہیں، یتامی کے سلسلہ میں جو گذشتہ ابواب آئے ہیں ان سے یہ ذہن بن سکتا ہے کہ یتیموں کی پرورش بڑا خطرناک کام ہے، صحابہ بھی سہم گئے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب گذشتہ آیات نازل ہوئیں تو جن کی پرورش میں یتامی تھے انھوں نے ان کا کھانا پینا اپنے کھانے پینے سے الگ کردیا، اس کا نقصان یہ ہوتا تھا کہ یتیم کا کھانا بچ جاتا تھا اور سڑ جاتا تھا، یا کم پڑ جاتا تھا اور وہ بھوکا رہ جاتا تھا، چنانچہ صحابہ نے یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کی، پس آیت ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتَامٰى﴾ نازل ہوئی، پس صحابہ نے یتیموں کا کھانا پینا اپنے ساتھ کرلیا۔ غرض امام بخاری رحمہ اللہ آخر میں یہ دو باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں کہ یتامی کی پرورش میں کوئی تنگی نہیں، اللہ تعالیٰ نے بہت گنجائش رکھی ہے۔

سورۃ البقرہ کی آیت ۲۲۰ ہے: "اور لوگ آپؐ سے یتیم بچوں کا حکم پوچھتے ہیں، آپؐ فرمادیجئے کہ ان کی مصلحت کی رعایت کرنا زیادہ بہتر ہے، اور اگر تم ان کے ساتھ اپنا خرچ شامل کرلو تو وہ تمہارے (دینی) بھائی ہیں اور مصلحت کے ضائع کرنے والے کو اور مصلحت کی رعایت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں، اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تمہیں مشقت میں ڈالتے، بیشک اللہ تعالیٰ زبردست، حکمت والے ہیں"

تفسیر: اس آیت سے معلوم ہوا کہ یتیموں کا کھانا پینا علاحدہ رکھنا ضروری نہیں، اپنے کھانے پینے کے ساتھ ان کا کھانا پینا ملا سکتے ہیں، ان کے حصہ کے بقدر ان کے مال میں سے لیا جائے اور ساتھ پکایا جائے، جیسے سفر میں ساتھی برابر برابر رقم نکال کر کھانا پکاتے ہیں، پھر سب مل کر کھاتے ہیں، کون کم کھاتا ہے کون زیادہ، اس کا لحاظ نہیں کیا جاتا، ایسا ہی یتامی کے ساتھ بھی معاملہ کیا جا سکتا ہے۔

لغت: آیتِ کریمہ میں ﴿لَأَعْنَتَكُمْ﴾ آیا ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی تفسیر کی ہے: لَأَحْرَجَكُمْ وَضَيَّقَ عليكم ولكنَّه وَسَّعَ وَيَسَّرَ: اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تمہیں تنگی میں ڈالتے اور تم پر دشواری کرتے، مگر اللہ تعالیٰ نے وسعت رکھی ہے اور آسانی پیدا کی ہے۔ أَعْنَتَ: إعنات (افعال) سے ہے اور اس کا مجرد عَنَتَ ہے اور باب افعال کا ہمزہ تعدیہ کے لئے ہے، أَى لَأَوْقَعَكُمْ فِى الْعَنَتِ۔

اور قرآنِ کریم میں ایک جگہ: ﴿عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ﴾ آیا ہے: (اور قیامت کے دن) تمام چہرے حی وقیوم کے سامنے جھکے ہوئے ہونگے (طٰہٰ آیت ۱۱۱) یعنی سب متکبرین وجاحدین کا تکبر وجحود ختم ہوجائے گا۔ امام بخاریؒ نے اس کے بھی معنی بیان کئے ہیں، اگرچہ عَنَتْ میں تاء تانیث ہے اور اس کا فعل عَنَا يَعْنُوْ ہے۔ مگر امام بخاریؒ اشتقاقِ اکبر میں شریک لفظ کے معنی بھی بیان کرتے ہیں (۱)

اس کے بعد امام بخاری رحمہ اللہ نے چار آثار ذکر کئے ہیں:

۱- حضرت نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: کوئی بھی مرتا اور چھوٹے بچے چھوڑتا اور وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو وصی بناتا تو آپؓ فوراً وصی بن جاتے، کیونکہ یتیموں کی پرورش کرنا بڑا ثواب کا کام ہے۔ حدیث میں ہے: أَنَا و كافل اليتيم كهاتين: اور حضور ﷺ نے سبابہ اور وسطی کو ملایا یعنی میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا اس طرح ایک دوسرے سے نزدیک ہیں، معلوم ہوا کہ یتامی کی پرورش سے ڈرنا نہیں چاہئے، وہ تو بڑا ثواب کا کام ہے۔

۲- حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ نے مشورہ دیا ہے کہ اگر یتیم کے اموال میں کوئی تصرف کرنا ہو تو موصی اکیلا نہ کرے، بلکہ

(۱) اشتقاق: ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ سے لینا، جن کے معنی میں مناسبت ہو، مگر لفظ بدل جائیں، پھر اس کی تین قسمیں ہیں: صغیر، کبیر اور اکبر۔

اشتقاقِ صغیر: دو کلمے حروف اور ترتیب میں متحد ہوں، جیسے: عَلِمَ: عِلْم سے اور فَهِمَ: فَهْم سے لیا گیا ہے۔

اشتقاقِ کبیر: دو کلمے حروف میں متحد ہوں، مگر ترتیب میں اتحاد نہ ہو، جیسے: جَبَذَ اور جَذَبَ میں اشتقاقِ کبیر ہے۔

اشتقاقِ اکبر: دو کلمے اکثر حروف میں متحد ہوں، اور باقی حروف میں مناسبت ہو، جیسے: نَعِقَ اور نَهِقَ میں اشتقاقِ اکبر ہے، ن، ق میں اتحاد ہے اور ع ھ کا مخرج متحد ہے۔

اسی طرح عَنَتَ اور عَنَوَ میں اشتقاقِ اکبر ہے، اس لئے امام بخاریؒ نے عنت کے معنی بھی بیان کئے ہیں۔

یتیم کے دوسرے خیر خواہوں اور رشتہ داروں کو بلاکر مشورہ کرے، پھر تصرف کرے، اس ارشاد سے اولیاء کے لئے ایک راستہ نکل آیا، ولی ساری ذمہ داری اپنے سر کیوں لے؟ دوسرے خیر خواہوں سے اور رشتہ داروں سے مشورہ کرے تو ان شاء اللہ یتامی کے معاملہ میں کوئی کوتاہی نہیں ہوگی۔

۳- حضرت طاؤس رحمہ اللہ سے جب یتامی کے بارے میں پوچھا جاتا تو وہ پڑھتے تھے: ﴿وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ﴾: اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ کس کا مقصد یتیم کی اصلاح ہے اور کس کا مقصد یتیم کا مال بگاڑنا ہے، یہ ایک بنیادی نکتہ ہے، جس کو اولیاء پیش نظر رکھیں تو سارا مسئلہ حل ہو جائے۔

۴- یتیم بچے چھوٹے بھی ہوتے ہیں بڑے بھی، ظاہر ہے بڑا زیادہ کھائے گا چھوٹا کم، حضرت عطاء رحمہ اللہ نے فرمایا: بڑے کے حصہ کے بقدر اس کے مال میں سے لو، اور چھوٹے کے حصہ کے بقدر اس کے مال میں سے لو، اور ملا کر یتامی کا کھانا پکاؤ، اس میں کوئی حرج نہیں۔

ان آثار کا خلاصہ یہ ہے کہ یتامی کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے تنگی نہیں رکھی، پس یتامی کی پرورش سے گھبرانا نہیں چاہئے۔

[٢٤-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَ: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتَامٰى قُلْ إِصْلَاحٌ لَهُمْ خَيْرٌ وَإِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَأَعْنَتَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ﴾

﴿لَأَعْنَتَكُمْ﴾: لَأَحْرَجَكُمْ وَضَيَّقَ، و﴿عَنَتْ﴾: خَضَعَتْ.

[-٢٧٦٧]

[١-] وَقَالَ لَنَا سُلَيْمَانُ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: مَا رَدَّ ابْنُ عُمَرَ عَلٰى أَحَدٍ وَصِيَّةً.

[٢-] وَكَانَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: أَحَبُّ الْأَشْيَاءِ إِلَيْهِ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ أَنْ يَجْتَمِعَ إِلَيْهِ نُصَحَاؤُهُ وَأَوْلِيَاؤُهُ فَيَنْظُرُوْا الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ لَهُ.

[٣-] وَكَانَ طَاوُسٌ إِذَا سُئِلَ عَنْ شَيْئٍ مِنْ أَمْرِ الْيَتَامٰى قَرَأَ: ﴿وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ﴾

[٤-] وَقَالَ عَطَاءٌ فِيْ يَتَامٰى: الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ: يُنْفِقُ الْوَلِيُّ عَلٰى كُلِّ إِنْسَانٍ بِقَدْرِهِ مِنْ حِصَّتِهِ.

وضاحت: کان ابن سیرین: میں کان بمعنی وَجَدَ ہے، ابن سیرینؒ نے پایا یعنی ان کی یہ رائے ہے.......... وقال عطاء في يتامى: ایک نسخہ میں فی الیتامی (معرفہ) ہے، یہ زیادہ واضح ہے، اس صورت میں الصغیر والکبیر: الیتامی کی صفتیں ہو جائیں گے۔

بَابُ اسْتِخْدَامِ الْيَتِيْمِ فِي السَّفَرِ وَالْحَضَرِ إِذَا كَانَ لَهُ صَلاَحًا، وَنَظَرِ الْأُمِّ وَزَوْجِهَا لِلْيَتِيْمِ

(۱) سفر وحضر میں سرپرست یتیم سے خدمت لے سکتا ہے، جبکہ خدمت لینا اس کے حق میں مفید ہو (۲) اور ماں اور سوتیلا باپ یتیم کو بنظر شفقت دیکھیں

یہ دوسرا ذیلی باب ہے جو دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، یتیم کا سرپرست حضر وسفر میں یتیم سے خدمت لے سکتا ہے، جبکہ یتیم کا اس میں فائدہ ہو، وہ خدمت کرے گا جبھی زندگی کا سلیقہ سیکھے گا، اور دوسری بات باب میں یہ ہے کہ ماں اگرچہ یتیم بچوں کی ولی نہیں، اس نے دوسرا نکاح کرلیا ہے اور اس کا شوہر بھی ولی نہیں، مگر ماں اور سوتیلے باپ کو یتیم پر شفقت کی نظر رکھنی چاہئے (نَظَر یعنی شفقت)

حدیث: جب نبی ﷺ ہجرت فرماکر مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپؐ کا کوئی خادم نہیں تھا، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کے سوتیلے باپ تھے ان کا ہاتھ پکڑا اور ان کو نبی ﷺ کے پاس لے گئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! انسؓ سمجھ دار لڑکا ہے یہ آپؐ کی خدمت کرے گا، حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں نے سفر وحضر میں آپؐ کی خدمت کی، آپؐ نے کبھی کسی کام کے بارے میں جو میں نے کیا: یہ نہیں فرمایا کہ تو نے یہ کام اس طرح کیوں کیا؟ اور نہ کبھی ایسے کام کے بارے میں جو میں نے نہیں کیا: یہ نہیں فرمایا کہ تو نے یہ کام اس طرح کیوں نہیں کیا؟

اس روایت سے معلوم ہوا کہ سفر وحضر میں ولی بھی یتیم سے خدمت لے سکتا ہے، جبکہ اس میں بہتری ہو، اسی طرح کسی دوسرے کی خدمت میں بھی لگا سکتا ہے جیسے یتیم کسی بزرگ کے پاس رہے، اس کی خدمت کرے، اس کے اخلاق سیکھے، اور اس سے تربیت حاصل کرے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں، اور ماں کو اور سوتیلے باپ کو شفقت کی نگاہ سے یتیم کو دیکھنا چاہئے، چنانچہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا اور ان کے شوہر حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ کی خدمت میں لگا دیا، کیونکہ یہ بات حضرت انسؓ کے لئے مبنی بر شفقت تھی، اس میں ان کا فائدہ ہی فائدہ تھا۔

[۲۵-] بَابُ اسْتِخْدَامِ الْيَتِيْمِ فِي السَّفَرِ وَالْحَضَرِ إِذَا كَانَ لَهُ صَلاَحًا، وَنَظَرِ الْأُمِّ وَزَوْجِهَا لِلْيَتِيْمِ

[۲۷۶۸-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ، ثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، لَيْسَ لَهُ خَادِمٌ، فَأَخَذَ أَبُوْ طَلْحَةَ بِيَدِيْ، فَانْطَلَقَ بِيْ إِلٰى

رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَنَسًا غُلَامٌ كَيِّسٌ فَلْيَخْدُمْكَ، فَخَدَمْتُهُ فِي السَّفَرِ وَالْحَضَرِ، مَا قَالَ لِيْ لِشَيْئٍ صَنَعْتُهُ: لِمَ صَنَعْتَ هٰكَذَا؟ وَلَا لِشَيْئٍ لَمْ أَصْنَعْهُ: لِمَ لَمْ تَصْنَعْ هٰكَذَا؟"[انظر: ۶۰۳۸، ۶۹۱۱]

بَابٌ: إِذَاوَقَفَ أَرْضًا وَلَمْ يُبَيِّنِ الْحُدُوْدَ فَهُوَ جَائِزٌ، وَكَذٰلِكَ الصَّدَقَةُ

کوئی زمین وقف کی یا صدقہ کی اور اس کی حدود اربعہ بیان نہیں کیں تو وقف اور صدقہ جائز ہیں

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بیر حاء نامی باغ اور حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ نے مخراف نامی باغ صدقہ کیا تھا اوران کی حدود اربعہ بیان نہیں کی تھیں، اور وہ صدقہ کرنا درست ہوا تھا، پس وقف کا بھی یہی حکم ہے، مگر یہ بات اس وقت ہے جب وقف کی ہوئی یا خیرات کی ہوئی جائداد مشخص (متعین) ہو اور لوگ اس کو جانتے ہوں، اور اگر جائداد معروف و مشخص نہ ہوتو پھر حدود اربعہ بیان کرنا اور جائداد کو مشخص کرنا ضروری ہے، کیونکہ اس کے بغیر قبضہ کی کوئی صورت نہیں۔

[۲۶-] بَابٌ: إِذَاوَقَفَ أَرْضًا وَلَمْ يُبَيِّنِ الْحُدُوْدَ فَهُوَ جَائِزٌ، وَكَذٰلِكَ الصَّدَقَةُ

[۲۷۶۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَكْثَرَ أَنْصَارِيٍّ بِالْمَدِيْنَةِ مَالًا مِنْ نَخْلٍ، وَكَانَ أَحَبَّ مَالِهِ إِلَيْهِ بَيْرُحَاءُ، مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ، قَالَ أَنَسٌ: فَلَمَّا نَزَلَتْ:﴿ لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ قَامَ أَبُوْ طَلْحَةَ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ:﴿ لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ وَإِنَّ أَحَبَّ أَمْوَالِيْ إِلَيَّ بَيْرُحٰى، وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ، أَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ، فَضَعْهَا حَيْثُ أَرَاكَ اللّٰهُ، فَقَالَ:" بَخْ، ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ أَوْ: رَايِحٌ – شَكَّ ابْنُ مَسْلَمَةَ – وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ، وَإِنِّيْ أَرٰى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ" قَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: أَفْعَلُ ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَسَمَهَا أَبُوْ طَلْحَةَ فِيْ أَقَارِبِهِ وَفِيْ بَنِيْ عَمِّهِ.

وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، وَيَحْيَى بْنُ يَحْيَى، عَنْ مَالِكٍ:" رَايِحٌ"[راجع: ۱۴۶۱]

[۲۷۷۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، أَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: إِنَّ أُمَّهُ تُوُفِّيَتْ، أَيَنْفَعُهَا إِنْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا؟ قَالَ:" نَعَمْ" قَالَ: فَإِنَّ لِيْ مِخْرَافًا فَأَنَا أُشْهِدُكَ أَنِّيْ قَدْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا.

[راجع: ۲۷۵۶]

بَابٌ: إِذَا وَقَفَ جَمَاعَةٌ أَرْضًا مُشَاعًا فَهُوَ جَائِزٌ

کسی جماعت نے مشترک زمین وقف کی تو جائز ہے

اب اوقاف کے مسائل شروع ہورہے ہیں، یہاں پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ وقف کا وصیت سے کیا تعلق ہے جو یہ ابواب کتاب الوصایا میں لائے ہیں؟

جواب: لوگ عام طور پر مرتے وقت وقف کرتے ہیں یا وصیت کرتے ہیں کہ میری جائداد میرے مرنے کے بعد فلاں مدرسہ یا فلاں مسجد کو دی جائے، اس لئے یہ ابواب کتاب الوصایا میں لائے ہیں۔

اور امام بخاریؒ کے نزدیک مشاع (مشترک) کا وقف مطلقاً درست ہے، پہلے باب آیا ہے: إِذَا تَصَدَّقَ أَوْ وَقَفَ بَعْضَ مَالِهِ فَهُوَ جَائِزٌ: خیرات کرنے والا یا وقف کرنے والا اپنے مال کا بعض حصہ خیرات کرے یا وقف کرے تو جائز ہے۔ اب یہ باب آیا کہ زمین جائداد چند لوگوں میں مشترک ہے وہ سب وقف کردیں یا صدقہ کردیں تو جائز ہے، اور یہ صورت بالاجماع جائز ہے، جیسے ایک گھڑی تین آدمیوں کی مشترک ہے، تینوں نے مل کر کسی غریب کو دیدی تو یہ بالاجماع جائز ہے، البتہ خیرات کرنے والوں اور وقف کرنے والوں کی طرف اشتراک ہوتو اس کے جواز میں اختلاف ہے، جو پہلے گذر چکا ہے۔

حدیث: جہاں اس وقت مسجدِ نبوی بنی ہوئی ہے وہ چند یتیموں کا اجڑا ہوا باغ تھا، ہجرت کے بعد نبی ﷺ کی اونٹنی اس جگہ بیٹھی تھی، اس لئے اس جگہ مسجد بنانا طے پایا، چنانچہ آپؐ نے بنوالنجار سے فرمایا: مجھے آپ لوگ اپنا یہ باغ قیمتاً دیدو، انھوں نے کہا: نہیں، بخدا! ہمیں اس کی قیمت نہیں چاہئے، ہم اللہ سے اس کا ثواب لیں گے، مگر پھر بھی وہ جائداد دس دینار میں خریدی گئی، البتہ بنوالنجار نے جو پیش کش کی تھی اس پر حضور ﷺ نے نکیر نہیں فرمائی، معلوم ہوا کہ مشترک جائداد کے مالکان وقف کریں تو جائز ہے۔

[۲۷-] بَابٌ: إِذَا وَقَفَ جَمَاعَةٌ أَرْضًا مُشَاعًا فَهُوَ جَائِزٌ

[۲۷۷۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: "يَابَنِيْ النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِيْ بِحَائِطِكُمْ هٰذَا" قَالُوْا: لاَ، وَاللّٰهِ! لاَنَطْلُبُ ثَمَنَهُ إِلاَّ إِلَى اللّٰهِ. [راجع: ۲۳٤]

بَابُ الْوَقْفِ، وَكَيْفَ يُكْتَبُ؟

وقف نامہ کیسے لکھا جائے؟

فتاوی عالمگیری میں کتاب الشروط ہے وہاں وقف ناموں کے بہت سے نمونے ہیں ان کو دیکھ کر وقف نامہ لکھا

جائے، اور باب کی حدیث میں وہ وقف نامہ ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لکھا تھا، یہ وقف نامہ وقف کے فوراً بعد نہیں لکھا گیا تھا، بلکہ حضرت عمرؓ کی خلافت کے زمانہ میں ان کے سکریٹری حضرت مُعیقیب رضی اللہ عنہ نے لکھا تھا، معلوم ہوا کہ وقف نامہ لکھنا ضروری نہیں، اور فوراً لکھنا بھی ضروری نہیں۔

[۲۸-] بَابُ الْوَقْفِ، وَكَيْفَ يُكْتَبُ؟

[۲۷۷۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَصَابَ عُمَرُ بِخَيْبَرَ أَرْضًا، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: أَصَبْتُ أَرْضًا لَمْ أُصِبْ مَالاً قَطُّ أَنْفَسَ مِنْهُ، فَكَيْفَ تَأْمُرُنِيْ بِهِ؟ قَالَ: " إِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ أَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا" فَتَصَدَّقَ عُمَرُ أَنَّهُ لاَ يُبَاعُ أَصْلُهَا وَلاَ يُوْهَبُ وَلاَ يُوْرَثُ، فِي الْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبٰى وَالرِّقَابِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالضَّيْفِ وَابْنِ السَّبِيْلِ، لاَجُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ، أَوْ يُطْعِمَ صَدِيْقًا، غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيْهِ. [راجع: ۲۳۱۳]

بَابُ الْوَقْفِ لِلْفَقِيْرِ وَالْغَنِيِّ وَالضَّيْفِ

فقیر، مالدار اور مہمان پر وقف کرنا

اگر کوئی شخص وقف کرے اور مصارف میں لکھے کہ اس کی آمدنی غریبوں پر، مالداروں پر اور مہمانوں پر خرچ کی جائے تو ایسا کرنا درست ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو وقف نامہ لکھوایا تھا اس میں ذوی القربیٰ کا حصہ بھی رکھا تھا، اور رشتہ دار مالدار بھی ہوتے ہیں اور غریب بھی، پس باب میں جو غنی کا تذکرہ کیا ہے وہ اس لفظ میں آ گیا۔

[۲۹-] بَابُ الْوَقْفِ لِلْفَقِيْرِ وَالْغَنِيِّ وَالضَّيْفِ

[۲۷۷۳-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ عُمَرَ وَجَدَ مَالاً بِخَيْبَرَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ: " إِنْ شِئْتَ تَصَدَّقْتَ بِهَا" فَتَصَدَّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ وَذِيْ الْقُرْبٰى وَالضَّيْفِ. [راجع: ۲۳۱۳]

بَابُ وَقْفِ الْأَرْضِ لِلْمَسْجِدِ

مسجد کے لئے زمین وقف کرنا

مسجد بنانے کے لئے زمین وقف کر سکتے ہیں، بنو النجار نے مسجد نبوی بنانے کے لئے زمین وقف کرنا چاہا تھا اور اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی نکیر نہیں فرمائی تھی، معلوم ہوا کہ یہ جائز ہے۔

[۳۰-] بَابُ وَقْفِ الْأَرْضِ لِلْمَسْجِدِ

[۲۷۷٤-] حدثنا إِسْحَاقُ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ التَّيَّاحِ، ثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم الْمَدِيْنَةَ أَمَرَ بِالْمَسْجِدِ، فَقَالَ:" يَا بَنِيْ النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِيْ حَائِطَكُمْ هٰذَا" فَقَالُوْا: لاَ، وَاللّٰهِ! لاَ نَطْلُبُ ثَمَنَهُ إِلاَّ إِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ. [راجع: ۲۳٤]

بَابُ وَقْفِ الدَّوَابِّ وَالْكُرَاعِ وَالْعُرُوْضِ وَالصَّامِتِ

چوپائے، گھوڑے، سامان اور نقد رقم وقف کرنا

جائداد (زمین یا گھر) کا وقف تو بالاجماع جائز ہے اور منقولات کے وقف میں اختلاف ہے، امام بخاری اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک جائز ہے اور احناف کے نزدیک جائز نہیں، البتہ جس منقول کے وقف کا رواج ہو جائے اس کا وقف جائز ہے، جیسے میت کی چارپائی وقف کرنے کا رواج ہے اسے مسجد میں یا کسی جگہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو سب لوگ استعمال کرتے ہیں۔ اسی طرح کسی شخص حقیقی یا شخص حکمی کے تابع کر کے منقولات وقف کی جاسکتی ہیں، جیسے مسجد میں قرآن شریف اور مدرسہ میں کتابیں وقف کرتے ہیں۔

اور باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک اثر اور ایک حدیث ذکر کی ہے۔

اثر: کسی نے ہزار دینار فی سبیل اللہ نکالے یعنی وقف کئے اور اپنے عبد مأذون فی التجارۃ کو دیئے کہ وہ اس سے تجارت کرے اور اس کا نفع غریبوں میں اور واقف کے رشتہ داروں پر خرچ کرے، پس کیا وہ شخص خود نفع میں سے لے سکتا ہے؟ اگرچہ اس نے مصارف میں مساکین کا ذکر نہ کیا ہو، یعنی صرف ذوی القربی کا ذکر کیا ہو؟ امام زہری رحمہ اللہ نے فرمایا: وہ خود اس میں سے نہیں لے سکتا، اس اثر سے معلوم ہوا کہ ہزار دینار کا یعنی منقولات کا وقف درست ہے۔

اور مالکیہ کہتے ہیں کہ اگر وہ مالدار ہے تو ہزار روپے کے نفع میں سے نہیں لے سکتا، اور اگر محتاج ہو گیا ہے تو اس میں سے بقدر ضرورت لے سکتا ہے، اور وہ ذوی القربی کے غریبوں میں سے ایک غریب شمار ہوگا، اور حنفیہ کے نزدیک یہ وقف ہی صحیح نہیں۔

ایک واقعہ: میرے والد قدس سرہ نے اپنی حیات میں اپنے پانچ لڑکوں کو ساری زمین تقسیم کر کے دیدی تھی، اور چار بہنوں کے حصہ میں رقم لگادی تھی جو ہم بھائیوں نے ادا کردی، پھر تین بھائیوں نے تو اپنی زمین اپنے قبضہ میں لے لی، اور میری اور سب سے چھوٹے بھائی جناب مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کی زمین والد ماجد کے تصرف میں رہی، ہم نے ان کو اجازت دیدی تھی کہ آمدنی جس طرح چاہیں خرچ کریں، والد ماجد رحمہ اللہ نے وفات سے ایک سال پہلے ایک لاکھ روپے چھوٹے بھائی کو دیئے اور کہا کہ اس کی تجارت کرنا اور نفع میں سے والد، والدہ اور دادا دادی کی ہر سال قربانی کرنا۔

پھر جب والد صاحب کا انتقال ہوا تو سب ورثاء جمع ہوئے اور یہ مسئلہ زیر بحث آیا کہ والد صاحب نے جو ایک لاکھ روپے چھوٹے بھائی کو تجارت کے لئے دیئے ہیں وہ وقف درست ہے یا نہیں؟ میں نے کہا: وہ وقف درست نہیں، پھر یہ مسئلہ زیر بحث آیا کہ یہ رقم کس کی ہے، والد صاحب کی یا جن دو بھائیوں کی زمین والد صاحب کی نگرانی میں تھی ان کی؟ سب ورثاء نے جن میں جناب مولانا مفتی محمد امین صاحب بھی تھے: فیصلہ کیا کہ جب والد صاحب نے لڑکوں کو زمین سونپی تھی اس وقت والد صاحب کے پاس کوئی رقم نہیں تھی، یہ رقم دو بھائیوں کی زمین کی آمدنی سے جمع ہوئی ہے، اس لئے یہ میراث نہیں ہے، یہ رقم دو بھائیوں کی ہے۔

مولانا حبیب الرحمٰن صاحب زید مجدہ آدھی رقم لے کر میرے پاس آئے، میں نے کہا: جب والد صاحب نے مجھے نہیں دی تو اب مجھے نہیں لینی، آپ رکھ لیں، انھوں نے کہا: مجھے بھی نہیں لینی، اب میں یہ رقم کیا کروں؟ میں نے ان سے کہا: آپ میری بات مانیں گے؟ انھوں نے کہا: مانوں گا، میں نے کہا: ورثاء کو تقسیم کرو، انھوں نے فوراً وہ رقم ورثاء کو حصہ رسد پہنچادی اور میرے حصہ کی رقم لے کر میرے پاس آئے، میں نے کہا: جب میں نے آدھی رقم نہیں لی تو اب یہ تھوڑی رقم کیا لوں گا! میں نے یہ رقم آپ کو دی۔ اس واقعہ سے یہ سمجھانا مقصود ہے کہ حنفیہ کے نزدیک رقم کا وقف درست نہیں۔

سوال: مدارس میں جو رقمیں آتی ہیں وہ وقف ہیں یا نہیں؟

جواب: مدارس میں دو قسم کی رقمیں آتی ہیں، زکوٰۃ اور صدقات واجبہ کی، وہ تو غرباء پر خرچ کرنے ہی کے لئے آتی ہیں، پس ان کے وقف ہونے کا تو سوال ہی نہیں، اور امداد کی جو رقمیں آتی ہیں وہ بھی ادارہ کی ضروریات میں خرچ کرنے کے لئے آتی ہیں، اس لئے وہ بھی وقف نہیں، کیونکہ وقف کے معنی ہیں: حَبْسُ الْعَيْنِ عَلىٰ مِلْكِ اللهِ تَعَالىٰ: یعنی موقوفہ چیز کو باقی رکھ کر اس کی منفعت موقوف علیہم پر خرچ کرنا، پس اگر چندہ کی رقم کسی نفع بخش کام میں لگادی جائے اور اس کا نفع آتا رہے اور موقوف علیہم پر خرچ ہوتا رہے تو وقف کی صحت اور عدم صحت کا سوال پیدا ہوتا ہے، مگر مدارس میں جو امداد کی رقمیں آتی ہیں وہ باقی نہیں رکھی جاتیں، مدارس کی ضروریات میں خرچ کی جاتی ہیں، پس ان کو مجازاً وقف کہہ سکتے ہیں، حقیقتاً وہ وقف نہیں۔

جاننا چاہئے کہ مسجد اور مدرسہ میں جو چیزیں آتی ہیں یا چندہ سے خریدی جاتی ہیں یا کوئی شخص دے جاتا ہے لوگ ان کو مطلقاً وقف سمجھ لیتے ہیں، یہ درست نہیں، وہ چیزیں وقف اس وقت ہونگی جب چندہ دینے والا کہے کہ یہ وقف ہے، پس اس کو باقی رکھ کر اس کی منفعت سے فائدہ اٹھانا ہوگا۔ دار العلوم دیوبند کے بھی اوقاف ہیں، لوگوں نے اپنے گھر اور زمینیں دار العلوم پر وقف کی ہیں، اور وہ بعینہ باقی ہیں اور ان کی آمدنی دار العلوم پر خرچ ہوتی ہے اور اس کے لئے شعبۂ اوقاف ہے جو ان اوقاف کی دیکھ بھال کرتا ہے، باقی دار العلوم کی عمارتیں وغیرہ جو چندہ سے بنائی گئی ہیں یا خریدی گئی ہیں وہ اصطلاحی وقف نہیں ہیں، ان کو بوقت ضرورت بیچ سکتے ہیں، یہ سوسائٹی یعنی قوم کی ملک ہیں، کوئی خاص شخص ان کا مالک نہیں۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک صحابی کو ایک گھوڑا دیا تا کہ وہ اس کو جہاد میں استعمال کریں، ان صحابی کو

ضرورت پیش آئی اور انھوں نے گھوڑا بازار میں بیچنے کے لئے کھڑا کیا، حضرت عمرؓ نے حضور ﷺ سے مسئلہ پوچھا کہ میں اس گھوڑے کو خرید سکتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: تم اس گھوڑے کو مت خریدو، اور اپنا صدقہ واپس مت لو۔

جواب: یہ گھوڑا صدقہ کیا تھا، وقف نہیں کیا تھا، اور صدقہ موہوب لہ کی ملک ہوتا ہے، اس لئے ان صحابی نے وہ گھوڑا بیچنے کے لئے بازار میں کھڑا کیا، اور وقف کو بیچ نہیں سکتے، پس اس حدیث کا منقولات کے وقف سے کچھ تعلق نہیں۔

[۳۱-] بَابُ وَقْفِ الدَّوَابِّ وَالْكُرَاعِ وَالْعُرُوْضِ وَالصَّامِتِ

وَقَالَ الزُّهْرِيُّ فِيْمَنْ جَعَلَ أَلْفَ دِيْنَارٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَدَفَعَهَا إِلٰى غُلَامٍ لَهُ تَاجِرٍ، يَتَّجِرُ بِهَا، وَجَعَلَ رِبْحَهُ صَدَقَةً لِلْمَسَاكِيْنِ وَالْأَقْرَبِيْنَ: هَلْ لِلرَّجُلِ أَنْ يَأْكُلَ مِنْ رِبْحِ تِلْكَ الْأَلْفِ شَيْئًا وَإِنْ لَمْ يَكُنْ جَعَلَ رِبْحَهَا صَدَقَةً لِلْمَسَاكِيْنِ؟ قَالَ: لَيْسَ لَهُ أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا.

[۲۷۷۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيٰى، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، ثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ عُمَرَ حَمَلَ عَلٰى فَرَسٍ لَهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَعْطَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِيَحْمِلَ عَلَيْهَا فَحَمَلَ عَلَيْهَا رَجُلاً، فَأُخْبِرَ عُمَرُ أَنَّهُ قَدْ وَقَفَهَا يَبِيْعُهَا، فَسَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَبْتَاعَهَا، فَقَالَ: "لَاتَبْتَعْهَا وَلَا تَرْجِعَنَّ فِيْ صَدَقَتِكَ" [راجع: ۱٤۸۹]

بَابُ نَفَقَةِ الْقَيِّمِ لِلْوَقْفِ

وقف میں کام کرنے والوں کی تنخواہیں

قَیِّم میں ناظر، اجیر اور وکیل سب آجاتے ہیں، وقف کے کارندوں کو وقف میں سے تنخواہ دی جاسکتی ہے، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: میرے ورثا کوئی دینار تقسیم نہ کریں، میں نے جو کچھ چھوڑا ہے اپنی بیویوں کے خرچہ کے بعد اور اپنے کارندوں کی تنخواہوں کے بعد وہ صدقہ ہے، یعنی نبی ﷺ کی جائداد میں جو لوگ کام کریں گے ان کی تنخواہیں اسی میں سے دی جائیں گی، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے وقف میں ایک دفعہ یہ بھی رکھی تھی کہ اس وقف سے متولی کھائے گا، اور اپنے دوست کو کھلائے گا۔

فائدہ: تنخواہ: دو لفظ ہیں، تن کے معنی ہیں: جسم، بدن، اور خواہ کے معنی ہیں: مطالبہ، اور جسم میں بیوی بچے اور مہمان بھی آتے ہیں، کیونکہ یہ بھی آدمی کی اپنی ضروریات ہیں، پس سب کی ضرورت کے بقدر جو کچھ لیا جائے اس کا نام تنخواہ ہے۔ عربی میں اس کو 'رزق' کہتے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وقف نامہ میں لکھا تھا کہ متولی اپنی ضرورت کے بقدر اور اپنے دوست (مہمان) کی ضرورت کے بقدر تنخواہ لے سکتا ہے۔

[۳۲-] بَابُ نَفَقَةِ الْقَيِّمِ لِلْوَقْفِ

[۲۷۷۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَا تَقْتَسِمُ وَرَثَتِي دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا، مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِي وَمُؤْنَةِ عَامِلِي فَهُوَ صَدَقَةٌ"[انظر: ۳۰۹۶، ۶۷۲۹]

[۲۷۷۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ عُمَرَ اشْتَرَطَ فِيْ وَقْفِهِ أَنْ يَأْكُلَ مَنْ وَلِيَهُ، وَيُوْكِلَ صَدِيْقَهُ، غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ مَالًا.[راجع: ۲۳۱۳]

بَابٌ: إِذَا وَقَفَ أَرْضًا أَوْ بِئْرًا، أَوِ اشْتَرَطَ لِنَفْسِهِ مِثْلَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ

زمین یا کنواں وقف کیا یا اپنے لئے دوسرے مسلمانوں کے بقدر حق رکھا

اس باب میں پانچ آثار ہیں، پہلے ان کو سن لیں:

پہلا اثر: جب حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ چلے گئے تو آپ کا جو گھر مدینہ میں تھا اس کو وقف کر دیا، پھر جب آپؓ مدینہ آتے تو اس گھر میں اترتے، چند دن رہتے پھر چلے جاتے۔

دوسرا اثر: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے مکانات وقف کئے اور فرمایا: اگر میری لڑکیوں میں سے کسی لڑکی کو طلاق ہوجائے تو وہ آکر اس گھر میں رہ سکتی ہے، نہ وہ گھر کو نقصان پہنچائے نہ گھر والے اس کو نقصان پہنچائیں، پھر جب اس کی شادی ہوجائے تو وہ رخصت ہوجائے، اب اس کا گھر پر کوئی حق نہیں۔

تیسرا اثر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گھر میں سے جو حصہ ملا تھا اس کو آپؓ نے وقف کر دیا تھا، اور کہا کہ میری اولاد میں سے جو بھی غریب ہے وہ اس گھر میں رہ سکتا ہے۔

چوتھا اثر: مدینہ میں ایک کنواں تھا جس کا نام بیر رومہ تھا، ایک یہودی اس کا مالک تھا وہ مسلمانوں کو پانی بھرنے نہیں دیتا تھا، ایک مشک پانی کے بدل کھجور کا ایک صاع لیتا تھا، نبی ﷺ نے صحابہ کو ترغیب دی کہ کوئی ہے جو اس کنویں کو خرید کر وقف کردے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ترکیب سے وہ کنواں خرید کر وقف کر دیا، جیسا کہ پہلے گذرا ہے، اور اپنا کوئی اختصاص باقی نہیں رکھا، جیسا اور مسلمانوں کو اس سے پانی بھرنے کا حق تھا اتنا ہی حق اپنے لئے بھی رکھا۔

پانچواں اثر: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے وقف نامہ میں لکھا تھا: لاجناح علی مَن وَلِیَه أن یأکل: متولی وقف میں سے تنخواہ لے سکتا ہے، پھر متولی کبھی واقف ہوتا ہے، کبھی غیر واقف، پس دونوں تنخواہ لے سکتے ہیں۔

ان آثار سے معلوم ہوا کہ کوئی آدمی کوئی چیز وقف کرے اور اپنے لئے شرط لگائے کہ میں بھی عام لوگوں کی طرح فائدہ

اٹھاؤں گا تو یہ جائز ہے، اس لئے کہ شرط الواقف کنص الشارع: واقف کی شرط گویا منزل من السماء ہے یعنی شرعاً وہ شرط معتبر ہے۔

[۳۳-] بَابٌ: إِذَا وَقَفَ أَرْضًا أَوْ بِئْرًا، أَوِ اشْتَرَطَ لِنَفْسِهِ مِثْلَ دِلاَءِ الْمُسْلِمِيْنَ

[۱-] وَأَوْقَفَ أَنَسٌ دَارًا، فَكَانَ إِذَا قَدِمَ نَزَلَهَا.

[۲-] وَتَصَدَّقَ الزُّبَيْرُ بِدُوْرِهِ، وَقَالَ لِلْمَرْدُوْدَةِ مِنْ بَنَاتِهِ أَنْ تَسْكُنَ غَيْرَ مُضِرَّةٍ وَلاَ مُضَرٍّ بِهَا، فَإِنِ اسْتَغْنَتْ بِزَوْجٍ فَلَيْسَ لَهَا حَقٌّ.

[۳-] وَجَعَلَ ابْنُ عُمَرَ نَصِيْبَهُ مِنْ دَارِ عُمَرَ سُكْنَى لِذَوِى الْحَاجَةِ مِنْ آلِ عَبْدِ اللّٰهِ.

[۲۷۷۸-] [٤-] وَقَالَ عَبْدَانُ: أَخْبَرَنِى أَبِى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: أَنَّ عُثْمَانَ حَيْثُ حُوْصِرَ أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ وَلاَ أَنْشُدُ إِلاَّ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ حَفَرَ بِئْرَ رُوْمَةَ فَلَهُ الْجَنَّةُ؟" فَحَفَرْتُهَا، أَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ قَالَ: "مَنْ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَلَهُ الْجَنَّةُ؟" فَجَهَّزْتُهُمْ، قَالَ: فَصَدَّقُوْهُ بِمَا قَالَ.

[۵-] وَقَالَ عُمَرُ فِىْ وَقْفِهِ: لاَجُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهُ أَنْ يَأْكُلَ، وَقَدْ يَلِيْهِ الْوَاقِفُ وَغَيْرُهُ، فَهُوَ وَاسِعٌ لِكُلٍّ.

ترجمہ: (اثر نمبر۴: جس پر حدیث کا نمبر ۲۷۷۸ ڈالا ہے اس کا ترجمہ) ابوعبدالرحمٰن کہتے ہیں: جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ گھیر لئے گئے یعنی بلوائیوں نے ان کا ان کے گھر میں محاصرہ کرلیا تو انھوں نے مکان کے اوپر سے جھانکا، اور کہا: میں آپ لوگوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں، اور میں قسم نہیں دیتا مگر صحابہ کو:

(۱) کیا آپ حضرات نہیں جانتے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے بیر رومہ کھودا (یہ راوی کی تعبیر ہے، کھودا نہیں تھا، خریدا تھا، پس حفر بمعنی اشتری ہے) تو اس کے لئے جنت ہے، پس میں نے اس کو کھودا۔

(۲) کیا آپ حضرات نہیں جانتے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو غزوۂ تبوک کے لشکر کا سامان فراہم کرے، اس کے لئے جنت ہے، پس میں نے ان کے لئے سامان فراہم کیا۔ راوی کہتا ہے: پس (مجمع میں جو صحابہ تھے) انھوں نے ان باتوں کی تصدیق کی جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہیں۔

بَابٌ: إِذَا قَالَ الْوَاقِفُ: لاَ نَطْلُبُ ثَمَنَهُ إِلاَّ إِلَى اللّٰهِ فَهُوَ جَائِزٌ

اگر واقف کہے: ہم اس کی قیمت اللہ سے لیں گے تو یہ جائز ہے

جب کوئی شخص مکان یا زمین وقف کرتا ہے تو کسی سے قیمت لینے کا کوئی سوال ہی نہیں ہوتا، وہ اللہ سے ثواب لینے کی

امید پر وقف کرتا ہے، مگر حضرت رحمہ اللہ ایک واقعہ پیش نظر رکھ کر باب قائم رہے ہیں: نبی ﷺ نے بنوالنجار سے مسجد نبوی بنانے کے لئے قیمتاً زمین مانگی تو انھوں نے کہا: ہم مفت دے رہے ہیں، آپؐ نے اس کو منظور نہیں کیا، مگر معلوم ہوگیا کہ اگر وہ مفت دیتے تو وقف درست ہوتا۔

[۳٤-] بَابٌ: إِذَا قَالَ الْوَاقِفُ: لَا نَطْلُبُ ثَمَنَهُ إِلَّا إِلَى اللّٰهِ فَهُوَ جَائِزٌ

[۲۷۷۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَبِي الْتَيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا بَنِي النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِي بِحَائِطِكُمْ" قَالُوْا: لَا نَطْلُبُ ثَمَنَهُ إِلَّا إِلَى اللّٰهِ.

[راجع: ۲۳٤]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ﴾

وصیت پر گواہ بنانا

حضرت رحمہ اللہ نے باب میں تین آیتیں لکھی ہیں، یہ آیتیں شانِ نزول کے اعتبار سے، ترکیب کے اعتبار سے اور اپنے مضمرات کے اعتبار سے تفصیل طلب ہیں، مگر اب موقع نہیں، اور کتاب التفسیر میں بھی ان آیات کی تفسیر نہیں کی، اس کی پوری تفصیل تحفۃ الالمعی (۷: ۲۲۶-۲۳۱) میں ہے، یہاں تو آیتوں کا خلاصہ اور شانِ نزول کی ایک روایت جو امام بخاری رحمہ اللہ نے پیش کی ہے اس کو پڑھ لیں۔

آیات کا خلاصہ: یہ ہے کہ وصیت پر گواہ بنانے چاہئیں، اور غیر مسلم وصی کی قسم پر کیا ہوا فیصلہ خیانت ظاہر ہونے پر ورثاء کی قسموں سے بدل جائے گا۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: قبیلہ بنوسہم کا ایک آدمی: تمیم داری اور عدی بن بداء کے ساتھ نکلا، پس سہمی کا (جو مسلمان تھا) ایک ایسی سرزمین میں انتقال ہوگیا، جہاں کوئی مسلمان نہیں تھا، پس جب وہ دونوں (جو عیسائی تھے) اس کا ترکہ لے کر آئے تو ورثاء نے چاندی کا ایک پیالہ کم پایا جو کھجور کے پتوں جیسے سونے کے پتروں سے آراستہ کیا ہوا تھا (مُخَوَّص: اسم مفعول ہے، خَوَّصَ التاجَ: کھجور کے پتوں جیسے سونے کے پتروں سے تاج کو آراستہ کرنا) پس نبی ﷺ نے ان دونوں کو حلف دلوایا، پھر ورثاء نے جام مکہ میں پایا، پس کہا گیا: ہم نے اس کو تمیم داری اور عدی سے خریدا ہے، پس سہمی کے ورثاء میں سے دو شخص کھڑے ہوئے اور انھوں نے قسم کھائی کہ ہماری گواہی یقیناً ان لوگوں کی گواہی سے قبولیت کی زیادہ حقدار ہے، اور یہ کہ یہ جام ان کے آدمی کا ہے، ابن عباسؓ کہتے ہیں: اس سلسلہ میں یہ آیات نازل ہوئیں۔

اب دو اہم باتیں یاد رکھیں:

۱- کبھی وصی اور گواہ ایک ہوتے ہیں، شانِ نزول کے واقعہ میں جو وصی تھے وہی گواہ تھے۔

۲- شہادت کے مفہوم میں قسم کا مفہوم شامل ہے، پس آیتوں میں جو شہادت کا لفظ ہے، اس سے حلفی بیان مراد ہے۔

[۳۵-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالیٰ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدُكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنَانِ ذَوَا عَدْلٍ مِنْكُمْ أَوْ آخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَاللّٰهُ لاَ يَهْدِى الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ﴾

[۲۷۸۰-] وَقَالَ لِيْ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ سَهْمٍ مَعَ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ وَعَدِيِّ بْنِ بَدَّاءٍ، فَمَاتَ السَّهْمِيُّ بِأَرْضٍ لَيْسَ بِهَا مُسْلِمٌ، فَلَمَّا قَدِمَا بِتَرِكَتِهِ فَقَدُوْا جَامًا مِنْ فِضَّةٍ مُخَوَّصًا مِنْ ذَهَبٍ، فَأَحْلَفَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ وُجِدَ الْجَامُ بِمَكَّةَ، فَقَالُوْا: ابْتَعْنَاهُ مِنْ تَمِيْمٍ وَعَدِيٍّ، فَقَامَ رَجُلاَنِ مِنْ أَوْلِيَائِهِ، فَحَلَفَا لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا، وَأَنَّ الْجَامَ لِصَاحِبِهِمْ، قَالَ: وَفِيْهِمْ نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدُكُمُ الْمَوْتُ﴾ [المائدہ: ۱۰۶]

بَابُ قَضَاءِ الْوَصِيِّ دُيُوْنَ الْمَيِّتِ بِغَيْرِ مَحْضَرٍ مِنَ الْوَرَثَةِ

ورثاء کی عدم موجودگی میں وصی نے میت کا قرض ادا کیا

ایک شخص کا انتقال ہوا، اس پر قرضہ تھا، وصی نے یا وارثوں میں سے ایک نے دوسرے ورثاء کی عدم موجودگی میں قرضہ ادا کر دیا تو یہ درست ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد پر قرضہ تھا، ورثاء میں ایک بیٹا تھا، وہی وصی تھا اور چھ بیٹیاں تھیں، حضرت جابرؓ نے قرضہ باغ کی کھجوروں سے ادا کیا، اس وقت بہنیں موجود نہیں تھیں۔ معلوم ہوا کہ ایسا کرنا درست ہے مگر اس میں دیگر ورثاء کی صراحۃً، دلالۃً یا عرفاً اجازت ضروری ہوگی۔

[۳۶-] بَابُ قَضَاءِ الْوَصِيِّ دُيُوْنَ الْمَيِّتِ بِغَيْرِ مَحْضَرٍ مِنَ الْوَرَثَةِ

[۲۷۸۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، أَوِ الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ عَنْهُ، ثَنَا شَيْبَانُ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، قَالَ: قَالَ الشَّعْبِيُّ: ثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِيُّ: أَنَّ أَبَاهُ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ سِتَّ بَنَاتٍ، وَتَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا، فَلَمَّا حَضَرَ جِدَادُ النَّخْلِ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ

اللّٰهِ! قَدْ عَلِمْتَ أَنَّ وَالِدِیْ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا كَثِيْرًا، وَإِنِّیْ أُحِبُّ أَنْ يَرَاكَ الْغُرَمَاءُ، قَالَ: "اذْهَبْ فَبَيْدِرْ كُلَّ تَمْرٍ عَلٰى نَاحِيَةٍ" فَفَعَلْتُ، ثُمَّ دَعَوْتُهُ، فَلَمَّا نَظَرُوْا إِلَيْهِ أُغْرُوْا بِیْ تِلْكَ السَّاعَةِ، فَلَمَّا رَأَى مَا يَصْنَعُوْنَ، طَافَ حَوْلَ أَعْظَمِهَا بَيْدَرًا، ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" ادْعُ أَصْحَابَكَ" فَمَا زَالَ يَكِيْلُ لَهُمْ حَتَّى أَدَّى اللّٰهُ أَمَانَةَ وَالِدِیْ، وَأَنَا وَاللّٰهِ رَاضٍ أَنْ يُؤَدِّیَ اللّٰهُ أَمَانَةَ وَالِدِیْ، وَلاَ أَرْجِعَ إِلٰى أَخَوَاتِیْ بِتَمْرَةٍ، فَسَلِمَ وَاللّٰهِ الْبَيَادِرُ كُلُّهَا، حَتَّى أَنِّیْ أَنْظُرُ إِلَى الْبَيْدَرِ الَّذِیْ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، كَأَنَّهُ لَمْ يَنْقُصْ تَمْرَةً وَاحِدَةً.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: أُغْرُوْا بِیْ: هَيَّجُوْا بِیْ، ﴿فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ﴾ [راجع: ۲۱۲۷]

وضاحتیں:

۱- یہ حدیث امام بخاری رحمہ اللہ نے محمد بن سابق ابوجعفر تمیمی بغدادی سے براہ راست روایت کی ہے یا ان کے شاگرد فضل بن یعقوب بغدادی کے واسطہ سے؟ اس میں تردد ہے، بخاری شریف میں اور جگہ واسطہ سے روایت کی ہے۔

۲- بَيْدِرْ: (فعل امر) بَيْدَرَ التَّمْرَ: کھلیان میں کھجور کا ڈھیر لگانا۔

قولہ: فلما نظروا إلیه أُغْرُوْا بی تلك الساعة: جب قرض خواہوں نے نبی ﷺ کو دیکھا تو اس وقت وہ مجھ پر بھڑک پڑے۔ سورۃ المائدہ آیت ۱۴ میں ہے: پس ہم نے عیسائیوں کے درمیان قیامت تک کے لئے بغض وعداوت بھڑکا دی، چنانچہ وہ ایک دوسرے پر ظلم وستم ڈھاتے ہیں۔ أَغْرَى العداوةَ بينهم: دشمنی پیدا کرنا، لڑائی کی آگ بھڑکانا، مجرد غَرِیَ (س) بِهِ غَرًّا: کسی چیز پر لٹو ہو جانا، دل آ جانا۔

وضاحت: اس میں روایتیں مختلف ہیں کہ کتنی برکت ہوئی تھی؟ اور آپؐ نے خود تول کر قرضہ چکایا تھا یا حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے تول کر دیا تھا: یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اس کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كتابُ الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ

اسلام کا حربی نظام

جہاد کے لغوی معنی ہیں: کسی کام میں اپنی پوری طاقت خرچ کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: اللہ کے دین کا بول بالا کرنے کے لئے کفار سے لوہا لینا، اپنے خون کا آخری قطرہ بہانا۔ بَذْلُ الْجُهْدِ فِيْ قِتَالِ الْكُفَّارِ لِإِعْلَاءِ كَلِمَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى (عمدہ)

اور سِيَر: سیرة کی جمع ہے اس کے لغوی معنی ہیں: سوانح، وہ احوال جو زندگی میں پیش آتے ہیں۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: اسلام کا حربی نظام، جہاد کے بھی اصطلاحی معنی یہی ہیں، امام بخاریؒ نے یہ لفظ جہاد کے ہم معنی استعمال کیا ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے صرف أبواب السیر کہا ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں کو جمع کیا ہے۔

ابواب کا باہمی ربط:

امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ایمان وعلم سے شروع کی ہے، پھر عبادات کا ذکر کیا ہے اس کے بعد معاملات لائے ہیں، اب أبواب الجهاد شروع کر رہے ہیں، اور یہ سلسلہ کتاب المغازی کے آخر تک چلے گا، مغازی کے معنی ہیں: نبی ﷺ کی لڑی ہوئی جنگیں، اور جہاد کا بیان معاملات کے ابواب کے بعد اس لئے لائے ہیں کہ معاملات پر کماحقہ عمل اسلامی حکومت کے زیر سایہ ہی ہوسکتا ہے، غیر اسلامی حکومت میں اسلامی احکام پر عمل کرنے میں قدم قدم پر دشواریاں پیش آتی ہیں، غیر اسلامی حکومت جو چاہتی ہے معاملات رائج کرتی ہے، اور غیر مسلم بھی جو چاہتے ہیں معاملات چلا دیتے ہیں، ایسی صورت میں مسلمانوں کو اسلامی احکام پر عمل کرنے میں سخت دشواری پیش آتی ہے، اس لئے یہ ابواب لا کر اشارہ کیا کہ دین اسلام اور حکومت اسلامی میں چولی دامن کا ساتھ ہے، جب بھی اور جہاں بھی موقع ملے جہاد کیا جائے اور اسلامی حکومت قائم کی جائے تا کہ مسلمان دین پر خاص طور پر معاملات کے احکام پر عمل پیرا ہوسکیں۔

اور کتاب الجهاد کے ضمن میں کتاب الخمس پھر کتاب الجزیة والموادعة لائیں گے، یہ کتاب الجهاد کی ذیلی کتابیں ہیں، پھر کتاب بدء الخلق (کائنات کی تاریخ) ہے، کائنات کا آغاز کیسے ہوا؟ یہ تمہیدی کتاب ہے اور اصل مقصود کتاب أحادیث الأنبیاء ہے، نبوت کا سلسلہ انسانوں کے ساتھ ہی شروع ہوا ہے، پہلا انسان پہلا نبی ہے، اور تمام

انبیاء کی شریعتوں میں جہاد کا حکم رہا ہے، نبی آخر الزماں ﷺ کی اس سلسلہ میں کوئی تخصیص نہیں، پھر کتاب المناقب ہے، امت میں اہم مقام ان لوگوں کو حاصل ہوا ہے جنھوں نے اسلام کو پروان چڑھانے میں اور اسلامی حکومت قائم کرنے کے لئے اپنی جان کی بازی لگائی ہے، پھر مناقب المهاجرين اور مناقب الأنصار ذیلی ابواب ہیں، پھر کتاب المغازی ہے، یعنی اسلام کی ابتدا میں نبی ﷺ نے اور حضرات صحابہ نے کونسی جنگیں لڑی ہیں؟

قرآن میں لفظ جہاد کا استعمال:

جہاد کے لغوی معنی: جِد وجُہد اور مشقت اٹھانے کے ہیں، اور قرآنِ کریم میں یہ لفظ کہیں لغوی معنی میں استعمال ہوا ہے اور کہیں اصلاحی معنی میں، جہاں صرف لفظ جہاد ہے یا اس کے بعد فی ہے اور اس کے بعد کلمہ اللہ یا اللہ کی طرف لوٹنے والی ضمیر ہے تو وہاں لغوی معنی مراد ہیں، جیسے: ﴿جَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ﴾: اللہ کے دین کے لئے تن توڑ محنت کرو جیسا اس کے لئے محنت کرنے کا حق ہے۔ یہاں عام معنی مراد ہیں، اور ﴿وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا﴾ جو لوگ ہمارے دین کے لئے تن توڑ محنت کرتے ہیں، ان جگہوں میں مفسرین کرام لفظ دین محذوف مانتے ہیں، أَيْ جَاهِدُوْا فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اور جَاهِدُوْا فِيْ دِيْنِنَا۔

اور جہاں جہاد کے بعد فی سبیل اللہ آیا ہے وہاں اصطلاحی معنی مراد ہیں، سورۂ توبہ میں جہاں بھی یہ لفظ آیا ہے قرآنِ کریم کے پہلے مترجم حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ نے اور ان کی اتباع میں حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے 'لڑنا' ترجمہ کیا ہے، مگر تبلیغی جماعت والے ان آیات کو بھی عام کرتے ہیں، بلکہ اپنے ہی کام کو اس کا مصداق بتاتے ہیں، یہ کسی طرح درست نہیں، اگر اس طرح ہر جگہ لفظوں کے لغوی معنی لئے جائیں گے تو نماز، زکوٰۃ، روزے اور حج بھی ختم ہو جائیں گے، صلوٰۃ کے لغوی معنی ہیں: دعا، زکوٰۃ کے لغوی معنی ہیں: صفائی، صوم کے معنی ہیں: رکنا اور حج کے معنی ہیں: قصد کرنا، پس ارکانِ اربعہ ختم، حالانکہ یہ الفاظ لغوی معنی میں بھی استعمال ہوتے ہیں، مگر جہاں اصطلاحی معنی ہیں وہاں اصطلاحی معنی ہی مراد لینے ہونگے، اسی طرح جہاد ایک اسلامی اصطلاح ہے، حدیث کی کتابوں میں أبواب الجهاد آتے ہیں، وہاں یہی اصطلاحی معنی مراد ہوتے ہیں۔ اور فقہ میں کتاب السير آتی ہے وہاں بھی یہی معنی مراد ہوتے ہیں، پس قرآن وحدیث میں ہر جگہ عام معنی مراد لینا اور دین کے لئے کسی بھی محنت کو جہاد کہنا بلکہ اپنے ہی کام کو جہاد کہنا یہ نصوص میں تحریف ہے، لوگوں کو اس سے بچنا چاہئے۔

جہاد کا مقصد:

اسلام میں جہاد کے دو مقصد ہیں: اول: کفر کی شوکت توڑنا اور فتنہ فرو کرنا۔ دوم: اللہ کی زمین پر اللہ کا قانون نافذ کرنا، دین پھیلانا جہاد کا مقصد نہیں، پس جو پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے یہ قطعاً غلط ہے، اللہ کا ارشاد

ہے: ﴿لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ﴾: دین کے معاملہ میں زور جبر نہیں، کوئی شخص اپنے مذہب پر قائم رہنا چاہے تو اس کے لئے پوری آزادی ہے، مگر اللہ کی زمین پر اللہ ہی کا قانون چلنا چاہئے، یہ جہاد کا بنیادی مقصد ہے، اور پروپیگنڈہ کا جواب یہ ہے کہ اگر جہاد کا یہ مقصد ہوتا کہ لوگوں کو زبردستی مسلمان بنایا جائے تو جزیہ کا حکم نہ ہوتا، جنگ کے وقت کافروں کے سامنے تین باتیں پیش کی جاتی ہیں: اسلام لے آؤ، ورنہ جزیہ ادا کرو، ورنہ لڑو، اگر جہاد کا مقصد بزورِ شمشیر مسلمان بنانا ہوتا تو جزیہ کا حکم نہ ہوتا۔

احکام جہاد کے مراحل:

مکی دور میں صبر کا حکم تھا، سورۃ الاعراف آیت ۱۹۹ ہے: ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ﴾: درگذر کی عادت ڈالو، اور نیک کام کا حکم دو، اور جاہلوں سے کنارہ کشی اختیار کرو۔ اور یہ ممانعت اس وجہ سے تھی کہ ابھی مسلمان کمزور تھے، اور ان کی کوئی مرکزیت بھی نہیں تھی، اس لئے ہجرت سے پہلے صبر کی تعلیم دی گئی۔

پھر ہجرت کے بعد بدر کے موقعہ پر جہاد کی اجازت دی گئی کہ اگر تم پر کوئی ظلم کرتا ہے تو اس سے بدلہ لو، سورۃ الحج کی آیت ۳۹ ہے: ﴿أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوْا﴾: اجازت دی گئی ان لوگوں کو جن سے کافر لڑتے ہیں اس وجہ سے کہ ان پر ظلم کیا گیا ہے۔

پھر تیسرے مرحلہ میں جہاد فرض کیا گیا، مگر اس وقت جبکہ دشمن حملہ آور ہو، سورۃ البقرہ آیت ۱۹۰ ہے: ﴿وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا، إِنَّ اللّٰهَ لَايُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ﴾: اور اللہ کے راستہ میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں اور کسی پر زیادتی مت کرو، بیشک اللہ تعالیٰ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔

پھر آخری مرحلہ میں اقدامی جہاد کا حکم آیا۔ سورۃ التوبہ آیت ۲۹ ہے: ﴿قَاتِلُوْا الَّذِيْنَ لَايُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ﴾ الآية: ان لوگوں سے لڑو جو اللہ پر ایمان نہیں رکھتے اور نہ آخرت کے دن پر، اور نہ حرام سمجھتے ہیں اس کو جس کو اللہ نے اور اس کے رسول نے حرام کیا ہے، اور وہ اللہ کا سچا دین بھی قبول نہیں کرتے، ان لوگوں میں سے جو اہل کتاب ہیں، یہاں تک کہ وہ جزیہ دیں اپنے ہاتھ سے ذلیل ہوکر، اور سورۃ التوبہ کی آیت ۵ ہے: ﴿فَإِذَا انْسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوْا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوْهُمْ﴾: جب محترم مہینے گذر جائیں تو مشرکین کو مارو جہاں بھی پاؤ، اور پکڑو اور گھیرو، اور ان کی تاک میں ہر جگہ بیٹھو، پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں تو ان کا راستہ چھوڑ دو، بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والے مہربان ہیں۔ اور سنہ ۹ ہجری میں حج کے موقعہ پر اعلان کیا گیا کہ میعادی معاہدے اپنی میعاد تک باقی رہیں گے، اس کے بعد تجدید نہیں ہوگی، اور جن کے ساتھ معاہدہ نہیں ہے ان کو چار ماہ کی مہلت دی جاتی ہے، پھر کسی بھی وقت ان پر حملہ ہوسکتا ہے۔

مگر کچھ متجددین اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کے لئے اس بات پر مصر ہیں کہ اسلام میں اقدامی جہاد نہیں ہے، جہاد صرف دفاع کے لئے ہے، جب کوئی مسلمانوں پر حملہ آور ہو تو اسلام نے مسلمانوں کو دفاع کی اجازت دی ہے، اقدامی جہاد کی اسلام میں اجازت نہیں، مگر ان کا یہ خیال قطعاً غلط ہے، البتہ جہاد کے مراحل ہیں، کسی جگہ مسلمان ناتواں ہوں تو صبر کریں، اور اگر

مقابلہ کی نوبت آجائے تو مقابلہ کریں، اور دشمن چڑھ کر آئے تو دفاع کریں، اور اگر اللہ کی زمین میں کفار دندناتے پھریں تو ان کی شوکت توڑنے کے لئے اور ان کا فتنہ فرو کرنے کے لئے اقدامی جہاد کریں۔

موجودہ دور کا جہاد:

اور اس زمانہ میں جو مختلف ملکوں میں جہاد چل رہا ہے وہ بے قاعدہ جہاد ہے۔ مگر ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ جہاد بعثتِ نبوی سے ظہور دجال تک برابر چلتا رہے گا، خواہ باقاعدہ چلے یا بے قاعدہ، اور اس کو ایک مثال سے سمجھیں: ایک پائپ لائن ہے جس سے پانی آرہا ہے، اگر پانی کو آنے دیا جائے گا تو پیچھے پانی نہیں پھوٹے گا، لیکن اگر پائپ کا منہ بند کر دیا جائے تو پیچھے پائپ سے پانی پھوٹے گا، اور اس کی ذمہ داری اس شخص پر ہوگی جس نے پائپ کا منہ بند کر رکھا ہے، آج مخالفین اسلام نے زور پکڑ لیا ہے، اور مسلمانوں کی حکومتوں کو پارہ پارہ کر دیا ہے، کوئی ان سے آنکھ ملانے کی پوزیشن میں نہیں ہے، پس ایسی صورت میں اگر بے قاعدہ جہاد چل رہا ہے تو اس کی ذمہ داری اعدائے اسلام پر ہے، وہ پائپ سے ہاتھ ہٹا لیں، باقاعدہ جہاد ہونے دیں تو یہ بے قاعدہ جہاد رک جائے گا۔

اور اس بے قاعدہ جہاد کے لئے ابوبصیر رضی اللہ عنہ کے واقعہ سے تمسک کیا جاسکتا ہے، جب مکہ والوں نے صلح حدیبیہ کی رو سے مکہ کے مظلوم مسلمانوں کو مدینہ آنے سے روک دیا، تو مرتا کیا نہ کرتا! وہ سمندر کے کنارے جا کر بیٹھ گئے اور تجارتی قافلوں کا ناک میں دم کر دیا، اس کی ذمہ داری مکہ والوں پر تھی، مدینہ والوں پر نہیں تھی۔

بَابُ فَضْلِ الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ

جہاد کی اہمیت

جہاد کی اہمیت بیان کرنے کے لئے حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے سورۃ التوبہ کی دو آیتیں لکھی ہیں، یہ نہایت اہم آیتیں ہیں، ارشاد پاک ہے: ''بلا شبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانیں اور ان کے اموال خرید لئے ہیں، اس بات کے عوض کہ ان کو جنت ملے گی، وہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں، جس میں قتل کرتے ہیں اور قتل کئے جاتے ہیں، اللہ کا یہ سچا وعدہ ہے جو تورات، انجیل اور قرآن میں ہے، اور اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو پورا کرنے والا کون ہے؟ پس تم لوگ اپنے اس سودے پر جو تم نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہے خوشی مناؤ، اور یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور یہ جہاد کرنے والے وہ لوگ ہیں جو توبہ کرنے والے، اللہ کی عبادت کرنے والے، اللہ کی تعریف کرنے والے، بکثرت روزے رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیک باتوں کی تعلیم دینے والے، بری باتوں سے روکنے والے، اور اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں کا خیال رکھنے والے ہیں اور آپؐ ان مؤمنین کو خوشخبری سنا دیں۔

تفسیر: اللہ تعالیٰ نے مؤمنین سے ان کی جانیں اور ان کے اموال خرید لئے ہیں، خریدار اللہ تعالیٰ ہیں، بیچنے والے

مؤمنین ہیں، مبیع مؤمنین کی جانیں اوران کے اموال ہیں اور قیمت جنت ہے، مؤمنین نے دو چیزیں بیچی ہیں: جانیں اور اموال۔ پس اب ہماری جانیں ہماری نہیں رہیں، نہ ہمارا مال ہمارا رہا، دونوں چیزیں اللہ تعالیٰ کی ہوگئیں، مگر ہیں وہ ہمارے قبضہ میں، پس جان کہاں خرچ کرنی ہے اور مال کہاں خرچ کرنا ہے؟ جواب: جہاں اللہ تعالیٰ حکم دیں گے وہاں خرچ کریں گے۔

مال خرچ کرنے کی بہت جگہیں ہیں: قرآنِ کریم اور احادیث میں وہ جگہیں بیان کی گئی ہیں کہ مؤمنین کو اپنے اموال یہاں یہاں خرچ کرنے چاہئیں، البتہ جان کا صرف ایک مصرف ہے: ﴿یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ﴾: وہ اللہ کے راستہ میں جہاد کے لئے نکلتے ہیں ﴿فَیَقْتُلُوْنَ﴾ مارنے کی نیت سے نکلو، کافروں کا بھرتا بناؤ، اور اگر مرجانا پڑے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں ﴿وَیُقْتَلُوْنَ﴾ معروف پہلے آیا ہے اور مجہول بعد میں، یہ جان کا مصرف بیان کیا، یہی جہاد کی فضیلت ہے، یہی جزء باب سے متعلق ہے، اور ثمن اگرچہ فی الحال نہیں ملتا مگر اس کا وعدہ ہے اور اللہ کا وعدہ ضرور پورا ہوگا، اور یہ وعدہ صرف قرآن میں نہیں ہے، گذشتہ کتابوں میں یعنی تورات وانجیل میں بھی ہے، اس سے معلوم ہوا کہ حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے زمانہ میں بھی جہاد تھا، پس جو شخص اللہ سے کئے ہوئے وعدے کو پورا کرتا ہے اس کے وارے نیارے! وہ خوشخبری سن لے کہ اس کا سودا کامیاب رہا، کیونکہ جنت کا حصول ہی سب سے بڑی کامیابی ہے۔

پھر اگلی آیت میں یہ مضمون ہے کہ جن مؤمنین نے اللہ سے سودا کیا ہے ان میں آٹھ صفات ہونی چاہئیں: (۱) وہ گناہوں سے توبہ کرنے والے ہوں (۲) اللہ کی بندگی کرنے والے ہوں (۳) اللہ کی تعریف میں رطب اللسان ہوں (۴) بکثرت نفلی روزے رکھنے والے ہوں (۵) رکوع سجدہ کرنے والے ہوں یعنی نفلیں پڑھنے والے ہوں (۶) نیکی کا حکم کرنے والے ہوں (۷) برائیوں سے روکنے والے ہوں (۸) اور اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں کی نگہبانی کرنے والے ہوں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حدود کی تفسیر طاعات (فرمانبرداری) سے کی ہے اور میں نے پہلے سمجھایا ہے کہ ایک چھوٹا دائرہ ہے جو دین داری کا دائرہ ہے، جو اس کے اندر ہے وہ دین دار ہے، اور جو اس سے نکل گیا وہ فاسق ہے اور بڑا دائرہ دین کا ہے جو اس کے اندر ہے وہ مسلمان ہے اور جو اس سے نکل گیا وہ اسلام سے خارج ہوگیا۔

دین دار آدمی جس میں مذکورہ آٹھ صفات ہوں، اگر میدان میں جم کر لڑے اور شہید ہو تو وہ اول نمبر کا شہید ہے، قیامت کے دن جنتی اس کے درجات کی طرف اپنی نگاہیں اس طرح اٹھائیں گے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ نے سر اٹھایا تو ٹوپی گر گئی۔

اور باب میں چار حدیثیں ہیں، ان میں سے تین پہلے آچکی ہیں:

پہلی حدیث: سب سے افضل عمل بروقت نماز پڑھنا ہے، پھر والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا ہے اور تیسرے نمبر پر جہاد فی سبیل اللہ ہے یہی جہاد کی اہمیت ہے۔

اور دوسری حدیث: میں ہے کہ فتح مکہ کے بعد مکہ سے ہجرت کا حکم ختم ہوگیا، مگر جہاد کے لئے نکلنا اور جب جہاد نہ ہو تو جہاد کی نیت رکھنا ضروری ہے، یہی جہاد کی فضیلت ہے۔

اور تیسری حدیث: میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا ہے: یارسول اللہ! قرآن وحدیث میں جہاد کے بہت فضائل آئے ہیں، اس کو سب سے افضل عمل قرار دیا گیا ہے، پس کیا ہم عورتیں جہاد نہ کریں؟ آپؐ نے فرمایا: ''تمہارا بہترین جہاد حج مقبول ہے'' اس حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جو بات کہی ہے کہ قرآن وحدیث پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اعمال میں افضل جہاد ہے، یہی بات باب سے متعلق ہے۔

اور آخری حدیث میں ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کیا: مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے جو جہاد کے برابر ہو، آپؐ نے فرمایا: ایسا کوئی عمل نہیں! یہی جہاد کی اہمیت ہے، پھر نبی ﷺ نے پوچھا: کیا کوئی شخص اس بات کی طاقت رکھتا ہے کہ جب مجاہد جہاد کے لئے نکلے تو وہ اپنی مسجد میں پہنچ جائے اور برابر نماز پڑھتا رہے ایک لمحہ کے لئے بھی سست نہ پڑے اور روزے رکھتا رہے، کسی دن افطار نہ کرے؟ اس شخص نے کہا: اس کی طاقت کون رکھتا ہے؟ چنانچہ حضور ﷺ نے فرمایا: جہاد کے برابر کوئی عمل نہیں! پھر حدیث کے راوی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجاہد کا گھوڑا چرنے کی رسّی میں اچھل کود کرتا ہے تو بھی مجاہد کے لئے نیکیاں لکھی جاتی ہیں، یہ بھی جہاد کی فضیلت ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٥٦- كِتَابُ الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ

[١-] بَابُ فَضْلِ الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى:﴿ إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرَى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ، يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ، وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالإِنْجِيْلِ وَالْقُرْآنِ، وَمَنْ أَوْفٰى بِعَهْدِهِ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهِ، وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الْحُدُودُ: الطَّاعَةُ.

[٢٧٨٢-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ صَبَّاحٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، ثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْوَلِيْدَ ابْنَ الْعَيْزَارِ، ذَكَرَ عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ:"الصَّلَاةُ عَلٰى مِيْقَاتِهَا" قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: "ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ" قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ:" الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" فَسَكَتُّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِيْ. [راجع: ٥٢٧]

[٢٧٨٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنِيْ مَنْصُوْرٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَاهِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ

وَنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا"[راجع: ۱۳٤۹]

[۲۷۸٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثنا خَالِدٌ، ثَنَا حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! نَرَى الْجِهَادَ أَفْضَلَ الْعَمَلِ، أَفَلاَ نُجَاهِدُ؟ قَالَ:" لٰكِنَّ أَفْضَلُ الْجِهَادِ حَجٌّ مَبْرُوْرٌ"[راجع: ۱۵۲۰]

[۲۷۸۵-] حدثنا إِسْحَاقُ، نَا عَفَّانُ، ثَنَا هَمَّامٌ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ حَصِيْنٍ، أَنَّ ذَكْوَانَ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: دُلَّنِیْ عَلٰى عَمَلٍ يَعْدِلُ الْجِهَادَ، قَالَ:" لاَ أَجِدُهُ" قَالَ:" هَلْ تَسْتَطِيْعُ إِذَا خَرَجَ الْمُجَاهِدُ أَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَكَ فَتَقُوْمَ وَلاَ تَفْتُرَ، وَتَصُوْمَ وَلاَ تُفْطِرَ؟" قَالَ: وَمَنْ يَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ؟

قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: إِنَّ فَرَسَ الْمُجَاهِدِ لَيَسْتَنُّ فِیْ طِوَلِهِ فَيُكْتَبُ لَهُ حَسَنَاتٍ.[راجع: ۱۵۲۰]

بَابٌ: أَفْضَلُ النَّاسِ مُؤْمِنٌ مُجَاهِدٌ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

بہترین آدمی اپنی جان اور مال سے راہِ خدا میں جہاد کرنے والا ہے

باب کے شروع میں امام بخاری رحمہ اللہ نے سورۃ الصّف کی تین آیتیں لکھی ہیں، سورۃ الصّف کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب عمل جہاد فی سبیل اللہ ہے۔ اور سورۃ الصّف کا شانِ نزول یہ ہے کہ صحابہ کی ایک جماعت نے آپس میں مذاکرہ کیا کہ اگر ہمیں معلوم ہوجائے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب عمل کونسا ہے؟ تو ہم اس پر عمل کریں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اگر ہمیں معلوم ہوجائے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب عمل کونسا ہے تو ہم جان ومال کی بازی لگادیں، اور مسند احمد میں ہے کہ ان حضرات نے چاہا کہ کوئی صاحب جاکر نبی ﷺ سے یہ بات دریافت کریں، مگر کسی کی ہمت نہ ہوئی، پس اللہ تعالیٰ نے سورۃ الصّف نازل فرمائی اور نبی ﷺ نے سب کو نام بہ نام بلایا، اور یہ سورت پڑھ کر سنائی، جو اسی وقت نازل ہوئی تھی۔ ارشاد پاک ہے: "اے ایمان والو! کیا میں تم کو ایسی سوداگری بتلاؤں جو تم کو دردناک عذاب سے بچالے؟ تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ، اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کرو، یہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو (جب تم ایسا کروگے تو) اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کردیں گے، اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، اور عمدہ مکانوں میں داخل کریں گے جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں ہونگے، یہ بڑی کامیابی ہے۔

پھر باب میں دوحدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: نبی ﷺ سے پوچھا گیا: کونسا آدمی سب سے افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ مؤمن جو اللہ کی راہ میں

اپنی جان اور اپنے مال سے جہاد کرتا ہے، صحابہ نے پوچھا: پھر کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ مؤمن ہے جو پہاڑوں کی گھاٹیوں میں سے کسی گھاٹی میں رہتا ہے، اللہ سے ڈرتا ہے اور لوگوں کو اپنی ایذاء سے بچاتا ہے۔

دوسری حدیث: پہلے گذری ہے، اس میں نبی ﷺ نے راہِ خدا میں جہاد کرنے والے کی ایک مثال بیان فرمائی ہے کہ وہ صائم وقائم کی طرح ہے یعنی جو بندہ گھر پر رہ کر ہمیشہ روزے رکھے اور ہر وقت نماز میں کھڑا رہے، مجاہد اس بندہ کی طرح ہے، پھر نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے راستہ میں جہاد کرنے والے کو گارنٹی دی ہے کہ اگر وہ شہید ہوجائے گا تو اس کو جنت میں داخل کریں گے، اور اگر وہ صحیح سلامت گھر واپس لوٹے گا تو ثواب یا غنیمت لے کر لوٹے گا (أو: مانعۃ الخلو کا ہے، یعنی دونوں چیزوں سے خالی نہیں آئے گا، ایک چیز تو ضرور لائے گا، اور دونوں لے کر آئے یہ بھی ممکن ہے)

تشریح: نبی ﷺ کے زمانہ میں کوئی باقاعدہ فوج نہیں تھی، نہ حکومت کے پاس فنڈ تھا، ہر شخص لڑنا جانتا تھا، اور لڑائی کے لئے ضروری اسباب ہتھیار وغیرہ بھی خود مہیا کرتا تھا، یا کوئی دوسرا شخص مہیا کرتا تھا۔ اس لئے فرمایا: جو اپنی جان اور مال کے ساتھ جہاد کرے۔ اب حکومتوں کے پاس فنڈ ہیں وہ فوجیوں کے لئے سامان جنگ مہیا کرتے ہیں، پس حکومت کے ہتھیاروں سے جہاد کرنے والا بھی اس حدیث کا مصداق ہے۔

[۲-] بَابٌ: أَفْضَلُ النَّاسِ مُؤْمِنٌ مُجَاهِدٌ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

وَقَوْلِهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيْمٍ؟ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ﴾[الصف: ۱۰-۱۲]

[۲۷۸۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، ثَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ حَدَّثَهُ، قَالَ: قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مُؤْمِنٌ يُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ" قَالُوْا: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: "مُؤْمِنٌ فِيْ شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ يَتَّقِيْ اللّٰهَ، وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ"[انظر: ۶۴۹۴]

[۲۷۸۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ- وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِهِ - كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ، وَتَوَكَّلَ اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِهِ بِأَنْ يَتَوَفَّاهُ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، أَوْ يَرْجِعَه سَالِمًا مَعَ أَجْرٍ أَوْ غَنِيْمَةٍ"[راجع: ۳۶]

وضاحت: واللہ أعلم: جملہ معترضہ ہے، راہِ خدا میں جہاد کرنے والا کون ہے؟ اس کو اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں، کیونکہ جنگ میں شریک ہونے والے مختلف نیتوں سے شریک ہوتے ہیں، پس حدیث میں مذکور فضیلت ہر لڑنے والے

کے لئے نہیں ہے، بلکہ جو اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے اور اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے لڑتا ہے: اسی کے لئے یہ فضیلت ہے۔

بَابُ الدُّعَاءِ بِالْجِهَادِ وَالشَّهَادَةِ لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

مردوں اور عورتوں کو جہاد اور راہِ خدا میں شہید ہونے کی دعا کرنی چاہئے

جہاد اور اس کے نتیجہ میں شہادت اتنی بڑی نعمتیں ہیں کہ ہر کسی کو اس کی دعا کرنی چاہئے، مرد بھی دعا کریں اور عورتیں بھی، عورتوں پر اگرچہ جہاد فرض نہیں، مگر شہادت ان کے حصہ میں بھی آسکتی ہے، کیونکہ شہادت کی دو قسمیں ہیں: حقیقی شہادت: جو راہِ خدا میں مارے جانے والے کے لئے ہے، اور حکمی شہادت: بہت سے بندوں کو اللہ تعالیٰ شہیدوں کا درجہ عطا فرماتے ہیں (اوجز المسالک میں حضرت شیخ قدس سرہ نے ان کو جمع کیا ہے، اور اس موضوع پر اردو میں بھی ایک رسالہ ہے) پس عورتوں کو بھی شہادت کی دعا کرنی چاہئے۔

اثر: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ دعا کیا کرتے تھے: اے اللہ! مجھے اپنے رسول کے شہر میں موت دے، اور شہادت کا مرتبہ عطا فرما! یہ عجیب دعا تھی، ان کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: ابا یہ دو باتیں کیسے جمع ہونگی؟ آپؓ نے فرمایا: اللہ کی قدرت میں سب کچھ ہے، وہ دونوں کو جمع کر سکتے ہیں، چنانچہ مدینہ میں آپؓ کو شہید کیا گیا (یہ اثر کتاب الحج کے آخر میں (حدیث ۱۸۹۰) گذر چکا ہے)

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ حضرت ام حرام بنت ملحان (یہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کی بہن اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی خالہ ہیں) کے گھر تشریف لے جایا کرتے تھے، وہ آپؐ کو کھانا کھلاتی تھیں، یہ خاتون حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں، ایک دن نبی ﷺ ان کے گھر تشریف لے گئے، انھوں نے آپؐ کو کھانا کھلایا اور آپؐ کو روک لیا (آپؐ قیلولہ کے لئے لیٹ گئے) اور وہ آپؐ کے سر میں جوئیں تلاش کرنے لگیں (جوئیں تلاش کرنا نیند لانے کے لئے ہوتا ہے، اس سے آرام ملتا ہے اور نیند آجاتی ہے، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپؐ کے سر میں جوئیں تھیں، اور یہ نزول حجاب سے پہلے کا واقعہ ہوگا) چنانچہ آپؐ سو گئے، پھر آپؐ بیدار ہوئے، آپ مسکرا رہے تھے، ام حرام کہتی ہیں: میں نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ کیوں ہنسے؟ آپؐ نے فرمایا: میری امت کے کچھ لوگ میرے سامنے پیش کئے گئے، درانحالیکہ وہ راہِ خدا میں جہاد کر رہے ہیں، وہ اس سمندر کے بیچ میں سوار ہونگے (اس زمانہ میں سمندر کا سفر کنارے کنارے کیا جاتا تھا، اور کسی دور ملک کا سفر کرنا ہوتو کشتی سمندر کے بیچ میں ڈالی جاتی تھی، پس اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ کسی دور ملک میں جہاد کے لئے جائیں گے) وہ تختوں پر بادشاہ ہیں یا فرمایا: تختوں پر بادشاہوں کی طرح ہیں۔ ام حرامؓ نے عرض کیا: آپ میرے لئے اللہ سے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان میں شامل فرمائے، آپؐ نے ان کے لئے دعا کی، پھر سر مبارک رکھا اور دوبارہ سو گئے، پھر ہنستے ہوئے بیدار ہوئے، ام حرامؓ نے پھر پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ کیوں

ہنسے؟ آپؐ نے فرمایا: میری امت کے کچھ لوگ میرے سامنے پیش کئے گئے درانحالیکہ وہ راہِ خدا میں جہاد کر رہے ہیں۔اسی طرح جس طرح پہلے فرمایا تھا، ام حرامؓ کہتی ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ اللہ سے دعا فرمائیں کہ اللہ مجھے ان میں شامل فرمائے، آپؐ نے فرمایا: تم پہلوں میں ہو، پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ام حرامؓ نے سمندر کا سفر کیا وہ اپنی سواری پر سے نیچے ڈال دی گئیں جب وہ سمندر سے نکلیں، پس وہ وفات پا گئیں۔

تشریح: نبی ﷺ کے زمانہ میں سمندر کا سفر کر کے جہاد کرنے کا سلسلہ نہیں تھا۔اس زمانہ میں سمندر کا سفر خطرناک سمجھا جاتا تھا، بغیر انجن کی بوٹیں تھیں جو ہوا کے رحم وکرم پر چلتی تھیں، کبھی ڈوب بھی جاتی تھیں، اور کبھی کہیں سے کہیں نکل جاتی تھیں، اس لئے حدیثوں میں سمندر کے راستہ سے سفر کر کے جہاد کرنے کے خاص فضائل آئے ہیں، کیونکہ اجر وثواب بقدر مشقت ہوتا ہے، اور سمندر کے جہاد میں مشقت کا زیادہ ہونا ظاہر ہے، آج بھی نیوی (بحری فوج) کی تنخواہیں بری فوج کی تنخواہوں سے زیادہ ہوتی ہیں، اور فضائی فوج کا مقام تو اور بھی بلند ہے، کیونکہ اس میں خطرہ زیادہ ہے۔

سمندر کے سفر سے پہلا غزوہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہوا، حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ان کی خلافت کے آخری ایام میں جزیرۂ قبرص پر حملہ کرنے کی اجازت چاہی تھی، اس وقت امیر معاویہؓ شام کے گورنر تھے، فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو بحری جہاد کی اجازت دینے میں تأمل تھا، ابھی اجازت نہیں ملی تھی کہ فاروق اعظمؓ شہید کر دیئے گئے، پھر امیر معاویہؓ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بحری حملہ کی اجازت چاہی تو آپؓ نے چند شرائط کے ساتھ اجازت دیدی، چنانچہ امیر معاویہؓ کی تحریک سے ایک جماعت قبرص پر حملہ کرنے کے لئے تیار ہوگئی، جس میں حضرت ابو ذر غفاری، حضرت ابو الدرداء، حضرت شداد بن اوس اور حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہم وغیرہ تھے، حضرت عبادہؓ کی اہلیہ حضرت ام حرامؓ بھی ساتھ گئیں، جب فوج ساحل پر اتری اور خشکی کا سفر شروع ہوا تو ام حرامؓ کی سواری بدکی، وہ نیچے گریں اور شہید ہوگئیں۔یہ واقعہ سنہ ۲۸ ہجری کا ہے، اور سمندر کا دوسرا غزوہ امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں سنہ ۴۵ ہجری میں یزید کی سربراہی میں ہوا۔اس وقت استنبول پر حملہ کیا گیا تھا، اور اس میں حضرات حسنین رضی اللہ عنہما بھی شریک تھے۔اسی غزوہ میں حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے محاصرہ کے دوران استنبول کے باہر انتقال فرمایا اور وہیں مدفون ہوئے (فتح الباری ۱۱: ۵۷ کتاب الاستیئذان باب: من زار قوما فقال عندهم)

سوال: حضرت ام حرامؓ جہاد کے لئے نہیں گئی تھیں، نیز عورتوں پر جہاد فرض بھی نہیں، پھر ان کو مجاہدین والی فضیلت کیسے حاصل ہوئی؟

جواب: نبی ﷺ کی دعا کی برکت سے یہ مقام ومرتبہ ان کو حاصل ہوا۔علاوہ ازیں: مجاہدین کی جماعت وہ جماعت ہے جس میں برائے نام شرکت کرنے والے بھی محروم نہیں رہتے۔هُمْ قَوْمٌ لاَ يَشْقَى جَلِيْسُهُمْ: مئی خانے کا محروم بھی محروم نہیں!

ملحوظہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اثر باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے، انھوں نے شہادت کی دعا کی تھی اور ام حرامؓ کا واقعہ پہلے جزء سے متعلق ہے، انھوں نے مجاہدین میں شمولیت کی دعا کرائی تھی۔

[۳-] بَابُ الدُّعَاءِ بِالْجِهَادِ وَالشَّهَادَةِ لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

وَقَالَ عُمَرُ: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ شَهَادَةً فِيْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ.

[۲۷۸۸و۲۷۸۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّـهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْخُلُ عَلٰى أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ، فَتُطْعِمُهُ، وَكَانَتْ أُمُّ حَرَامٍ تَحْتَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَطْعَمَتْهُ، وَجَعَلَتْ تَفْلِيْ رَأْسَهُ، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: مَا يُضْحِكُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "نَاسٌ مِنْ أُمَّتِيْ عُرِضُوْا عَلَيَّ غُزَاةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، يَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ، مُلُوْكًا عَلَى الْأَسِرَّةِ، أَوْ: مِثْلَ الْمُلُوْكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ" - شَكَّ إِسْحَاقُ- قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَدَعَا لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، فَقُلْتُ: وَمَا يُضْحِكُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "نَاسٌ مِنْ أُمَّتِيْ عُرِضُوْا عَلَيَّ غُزَاةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" كَمَا قَالَ فِي الْأُوْلٰى قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ: "أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ" فَرَكِبَتِ الْبَحْرَ فِيْ زَمَنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِيْ سُفْيَانَ، فَصُرِعَتْ عَنْ دَابَّتِهَا حِيْنَ خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ، فَهَلَكَتْ. [الحديث: ۲۷۸۸، انظر: ۲۷۹۹، ۲۸۷۷، ۲۸۹٤، ٦۲۸۲، ۷۰۰۱]؛ [الحديث: ۲۷۸۹، انظر: ۲۸۰۰، ۲۸۷۸، ۲۸۹٥، ٦۲۸۳، ۷۰۰۲]

وضاحت: یہ حدیث دوسندوں سے مروی ہے: (۱) عن أنس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کا نمبر ۲۷۸۸ ہے (۲) عن أنس بن مالك، عن خالته أم حرام بنت ملحان، قالت: نام النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا نمبر ۲۷۸۹ ہے، یہ سند یہاں مذکور نہیں، آگے حدیث نمبر ۲۸۰۰ پر آرہی ہے۔

بَابُ دَرَجَاتِ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

راہِ خدا میں جہاد کرنے والوں کے درجات

اللہ کے یہاں شہداء کے مراتب متفاوت ہیں، کیونکہ شہداء میں شہادت کے علاوہ دو چیزیں اور بھی ہوتی ہیں: ایمان اور وصفِ شجاعت، ان کی وجہ سے شہداء کے درجات متفاوت ہونگے، ترمذی شریف میں حدیث (نمبر ۱٦۳٦) ہے کہ شہداء چار

ہیں یعنی ان کے چار مختلف درجات ہیں: پہلا درجہ: مؤمن عمدہ ایمان والا (متقی پارسا) دشمن سے اس کا مقابلہ ہوا، پس اس نے اللہ (سے کئے ہوئے وعدہ) کو سچ کر دکھایا، یعنی بہادری سے لڑنے کا وعدہ پورا کیا، یہاں تک کہ وہ مارا گیا، پس یہ وہ شہید ہے جس کی طرف لوگ قیامت کے دن اپنی نگاہیں اس طرح اٹھائیں گے، اور انھوں نے اپنا سر اٹھایا یہاں تک کہ ان کی ٹوپی گر گئی (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ٹوپی گری یا آنحضور ﷺ کی؟ حدیث کے راوی ابویزید خولانی کہتے ہیں: یہ بات میں نے حضرت فضالہ سے نہیں پوچھی) دوسرا درجہ: مؤمن عمدہ ایمان والے کا ہے، اس کا دشمن سے مقابلہ ہوا یعنی میدانِ جہاد میں اترا، پس بزدلی کی وجہ سے گویا اس کی کھال میں کیکر کے کانٹے چبھودیئے گئے، اس کو انجانا تیر لگا جس سے وہ شہید ہوگیا، پس وہ دوسرے درجہ میں ہوگا (اس شہید میں وقفِ شجاعت کی کمی تھی مگر صلاح وتقوی کا جوہر موجود تھا، اور اس کی اہمیت بہادری سے زیادہ ہے، اس لئے اس کو دوسرا درجہ ملا) تیسرا درجہ: وہ مؤمن جس نے نیک عمل کو ملایا (برائی کے ساتھ) اور دوسرے عمل (کو ملایا توبہ کے ساتھ) یعنی اس سے کوئی گناہ سرزد ہوگیا، جس کی اس نے توبہ کرلی، اس کا دشمن سے مقابلہ ہوا، پس اس نے اللہ سے کیا ہوا وعدہ سچا کر دکھایا یعنی بہادری سے لڑا، یہاں تک کہ مارا گیا، پس یہ تیسرے درجہ میں ہے۔ چوتھا درجہ: وہ مؤمن ہے جس نے اپنے پیروں پر کلہاڑی ماری ہے یعنی وہ گنہ گار ہے اور اس نے توبہ بھی نہیں کی، اس کا دشمن سے مقابلہ ہوا، پس اس نے اللہ سے کیا ہوا وعدہ سچا کر دکھایا، یہاں تک کہ وہ مارا گیا تو وہ چوتھے درجہ میں ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے شروع میں چند الفاظ کے معنی بیان کئے ہیں:

۱- باب میں لفظ سبیل آیا ہے، یہ لفظ مذکر ومؤنث دونوں طرح مستعمل ہے، **هذه سبيلي** اور **هذا سبيلي** دونوں طرح درست ہے۔

۲- سورۂ آل عمران آیت ۱۵۶ میں ﴿أَوْ كَانُوْا غُزًّا﴾ آیا ہے، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اس کا مفرد غازٍ ہے۔

۳- سورۂ آل عمران آیت ۱۶۳ میں ﴿هُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ اللّٰهِ﴾ آیا ہے، اس میں لام جارہ پوشیدہ ہے، **أی لهم درجات**، اور ذَوُوْا بھی مقدر مان سکتے ہیں **أی ذووا درجات**۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لایا اور نماز کا اہتمام کیا، اور رمضان کے روزے رکھے تو اللہ تعالیٰ پر لازم ہے کہ اس کو جنت میں داخل کریں، خواہ اس نے راہِ خدا میں جہاد کیا ہو یا اپنی اس سرزمین میں بیٹھا رہا ہو جس میں وہ جنا گیا ہے، یعنی دخولِ جنت جہاد پر موقوف نہیں، مثبت پہلو سے ارکان اربعہ پر پابندی سے عمل کیا ہو اور منفی پہلو سے سات ہلاک کرنے والے کبیرہ گناہوں سے بچا رہا ہو تو ضرور جنت میں جائے گا، چاہے اس نے جہاد کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم یہ خوشخبری لوگوں کو نہ سنادیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: (اس کے ساتھ یہ بھی بتاؤ کہ) جنت میں سو درجے ہیں، جو اللہ تعالیٰ نے راہِ خدا میں جہاد کرنے والوں کے لئے تیار کئے ہیں، دو درجوں کے درمیان اتنا تفاوت ہے جتنا آسمان وزمین کے درمیان ہے، پس جب تم اللہ سے مانگو تو فردوس (بہشت بریں) مانگو، اس

لئے کہ فردوس جنت کا بہترین اور اعلی درجہ ہے، حدیث کے راوی یحیٰ کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ آگے ہے: اور فردوس پر اللہ تعالیٰ کا عرش ہے، اور فردوس سے جنت کی چاروں نہریں نکلتی ہیں، اور فلیح کے دوسرے شاگردان کے لڑکے محمد بھی یہ حدیث اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں، اس میں شک نہیں، جزم کے ساتھ ہے کہ فردوس پر اللہ کا تخت ہے۔

تشریح: حدیث کا حاصل یہ ہے کہ صرف جنت میں جانا ہی مطلوب نہیں، بلکہ جنت میں جو بلند درجات ہیں ان کو حاصل کرنا بھی مقصود ہے، اور وہ درجات جہاد فی سبیل اللہ کے ذریعہ حاصل ہوتے ہیں، پس خوشخبری سناؤ تو ساتھ میں یہ بات بھی بتاؤ۔ اور أعلی اور أوسط مترادف الفاظ ہیں، أوسط کے ایک معنی 'درمیان' ہیں، اور دوسرے معنی ہیں: افضل، حدیث میں أوسط بمعنی افضل ہے، اس لئے عطف تفسیری لائے ہیں، اور جنت کی چار نہروں کا ذکر سورۂ محمد (آیت ۱۵) میں ہے۔

حدیث (۲): پہلے گذر چکی ہے۔ نبی ﷺ نے ایک منامی معراج میں دیکھا کہ دو آدمی آپؐ کے پاس آئے، وہ دونوں آپؐ کو ایک درخت پر لے کر چڑھے، اور وہ دونوں آپؐ کو ایک ایسے گھر میں لے گئے جو نہایت شاندار تھا، آپؐ نے فرمایا: میں نے ایسا گھر کبھی نہیں دیکھا، پھر ان دونوں فرشتوں نے بتلایا کہ یہ شہداء کا مقام ہے۔

[٤-] بَابُ دَرَجَاتِ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ

[١-] يُقَالُ: هٰذِهِ سَبِيْلِيْ، وَهٰذَا سَبِيْلِيْ.

[٢-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: ﴿غُزًّا﴾ [آل عمران: ١٥٦] وَاحِدُهَا غَازٍ.

[٣-] ﴿هُمْ دَرَجَاتٌ﴾ [آل عمران: ١٦٣] لَهُمْ دَرَجَاتٌ.

[٢٧٩٠-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ آمَنَ بِاللهِ وَبِرَسُوْلِهِ، وَأَقَامَ الصَّلاَ ةَ، وَصَامَ رَمَضَانَ، كَانَ حَقًّا عَلَى اللهِ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ أَوْ جَلَسَ فِيْ أَرْضِهِ الَّتِيْ وُلِدَ فِيْهَا" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَفَلاَ نُبَشِّرُ النَّاسَ؟ قَالَ: "إِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ، أَعَدَّهَا اللهُ لِلْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ، مَا بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَإِذَا سَأَلْتُمُ اللهَ فَاسْأَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ، فَإِنَّهُ أَوْسَطُ الْجَنَّةِ، وَأَعْلَى الْجَنَّةِ" أُرَاهُ قَالَ: "وَفَوْقَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ، وَمِنْهُ تَفَجَّرُ أَنْهَارُ الْجَنَّةِ" وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ أَبِيْهِ: "وَفَوْقَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ" [انظر: ٧٤٢٣]

[٢٧٩١-] حدثنا مُوْسَى، ثَنَا جَرِيْرٌ، ثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِيْ، فَصَعِدَا بِي الشَّجَرَةَ، فَأَدْخَلاَنِيْ دَارًا هِيَ أَحْسَنُ وَأَفْضَلُ، لَمْ أَرَ قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهَا، قَالاَ: "أَمَّا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ" [راجع: ٨٤٥]

بَابٌ: الْغَدْوَةُ وَالرَّوْحَةُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ فِي الْجَنَّةِ

راہِ خدا میں صبح اور شام کی شفٹ لڑنا، اور جنت میں کمان کے بقدر جگہ پانا

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: راہِ خدا میں صبح یا شام کی شفٹ میں لڑنا: دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

تشریح: نبی ﷺ کے زمانہ میں بلکہ آج بھی جنگ میں فوجیوں کی ڈیوٹیاں لگتی ہیں، جو فوجی صبح کی شفٹ میں لڑتے ہیں وہ شام کو آرام کرتے ہیں، اور جو شام کی شفٹ میں کھڑے ہوتے ہیں وہ صبح میں آرام کر لیتے ہیں، فوجیوں کے لئے دن بھر لڑنا مشکل ہے، آدمی تھک جاتا ہے، حدیث میں ایک شفٹ لڑنے کا ثواب بیان کیا گیا ہے۔

دوسری بات: جنت میں کمان کے بقدر جگہ پانا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

تشریح: جب فوج کسی جگہ پڑاؤ ڈالتی ہے تو فوجی اپنے لئے جگہ ریزرو کرتے ہیں اور علامت کے طور پر کوڑا یا کمان رکھ دیتے ہیں، جس سے ایک آدمی کے قیام کے بقدر جگہ ریزرو ہو جاتی ہے، جیسے بعض لوگ مسجد میں رومال وغیرہ رکھ دیتے ہیں، جس سے ایک آدمی کے بقدر جگہ خاص ہو جاتی ہے، وہاں کوئی نہیں بیٹھتا۔

اور دنیا و مافیہا سے بہتر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ دنیا کی ہر نعمت ختم ہونے والی ہے، باقی رہنے والی نعمتیں آخرت کی ہیں، اور باقی رہنے والی چیز اگرچہ تھوڑی ہو، فنا ہونے والی چیز سے بہتر ہوتی ہے۔ اور قاب اسم کے معنی میں ہے: بقدر۔ اور مِمَّا تَطْلُعُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَتَغْرُبُ: محاورہ ہے، مراد اس سے دنیا ہے، اور یہ محاورہ اس جگہ استعمال کیا جاتا ہے جہاں مقابلہ میں دنیا کے کام ہوں، جیسے کچھ لوگ دنیا کے نفع کے لئے فجر کی سنتیں چھوڑ کر صرف فرض پڑھ کر کام میں لگ جاتے ہیں، چنانچہ فرمایا: یہ سنتیں دنیا و مافیہا سے بہتر ہیں۔ اسی طرح جہاد کے لئے بیوی بچوں، کاروبار اور آرام و آسائش کو چھوڑنا پڑتا ہے اور جان کا خطرہ بھی لگا رہتا ہے اس لئے فرمایا کہ ان چیزوں کا کچھ غم نہ کرو، راہِ خدا میں ایک صبح یا ایک شام لڑنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ اس کے صلہ میں جو جنت ملے گی وہ اگر ایک آدمی کے قیام کے بقدر بھی مل جائے تو زہے نصیب!

[۵-] بَابٌ: الْغَدْوَةُ وَالرَّوْحَةُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ فِي الْجَنَّةِ

[۲۷۹۲-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثنا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَغَدْوَةٌ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا"[انظر: ۲۷۹۶، ۶۵۶۸]

[۲۷۹۳-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَقَابُ قَوْسٍ فِي الْجَنَّةِ

خَيْرٌ مِمَّا تَطْلُعُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَتَغْرُبُ" وَقَالَ:" الْغَدْوَةُ وَالرَّوْحَةُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِمَّا تَطْلُعُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَتَغْرُبُ"[انظر: ۳۲۵۳]

[۲۷۹٤-] حدثنا قَبِيْصَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الرَّوْحَةُ وَالْغَدْوَةُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَفْضَلُ مِنَ الدُّنْيَا وَمَافِيْهَا"[انظر: ۲۸۹۲، ۳۲۵۰، ٦٤١٥]

بَابُ الْحُوْرِ الْعِيْنِ وَصِفَتِهِنَّ

بڑی آنکھوں والی گوری عورتوں کے احوال

جنت میں جنتیوں کو حوریں ملیں گی۔ حُوْر: حَوْرَاءُ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: گوری عورت۔ حضرتؒ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: یَحَار فیها الطرفُ: جس کو دیکھ کر آنکھیں دنگ رہ جائیں، اور عِیْنٌ: عَیْنَاءُ کی جمع ہے، مفسرین اس کا ترجمہ کرتے ہیں: بڑی آنکھوں والی، حضرتؒ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: آنکھ کی سیاہی نہایت سیاہ اور سفیدی نہایت سفید، اور سورۃ الدخان آیت ۵۴ میں ہے: ﴿وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ﴾: اور ہم ان کا گوری، بڑی آنکھوں والیوں سے نکاح کریں گے حضرتؒ نے زَوَّجْنَا کا ترجمہ أنکحنا کیا ہے، یعنی آخرت میں جنتیوں کا حوروں سے باقاعدہ نکاح ہوگا۔

[٦-] بَابُ الْحُوْرِ الْعِيْنِ وَصِفَتِهِنَّ

يَحَارُ فِيْهَا الطَّرْفُ، شَدِيْدَةُ سَوَادِ الْعَيْنِ، شَدِيْدَةُ بَيَاضِ الْعَيْنِ﴿وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ﴾ أَنْكَحْنَاهُمْ.

[۲۷۹۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:"مَا مِنْ عَبْدٍ يَمُوْتُ، لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ، يُسُرُّهُ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا، وَأَنَّ لَهُ الدُّنْيَا وَمَافِيْهَا، إِلَّا الشَّهِيْدَ، لِمَا يَرَى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ، فَإِنَّهُ يَسُرُّهُ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا، فَيُقْتَلَ مَرَّةً أُخْرَى"[انظر: ۲۸۱۷]

[۲۷۹٦-] قَالَ: وَسَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" لَرَوْحَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ غَدْوَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَافِيْهَا، وَلَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ أَوْ مَوْضِعُ قِيْدٍ- يَعْنِي سَوْطَهُ - خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَافِيْهَا، وَلَوْ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَتْ إِلَى أَهْلِ الْأَرْضِ لَأَضَاءَ تْ مَا بَيْنَهُمَا، وَلَمَلَأَتْهُ رِيْحًا، وَلَنَصِيْفُهَا عَلَى رَأْسِهَا خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَافِيْهَا"[راجع: ۲۷۹۲]

حدیث (۱): کوئی بندہ ایسا نہیں جو مرے، اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے پاس بھلائی ہو، اور وہ دنیا کی طرف واپس لوٹنا پسند کرے، اگرچہ اس کو دنیا و مافیہا مل جائے، سوائے شہید کے (وہ دوبارہ دنیا میں آنا چاہتا ہے) شہادت کی اس فضیلت کی

وجہ سے جس کو وہ دیکھتا ہے، پس بیشک وہ پسند کرتا ہے کہ دنیا کی طرف لوٹے، پس وہ دوسری مرتبہ مارا جائے، یعنی شہید کا آخرت میں جو اعزاز و کرام ہوتا ہے اس کی وجہ سے وہ چاہتا ہے کہ بار بار دنیا کی طرف لوٹے اور راہِ خدا میں قتل کیا جائے، تاکہ اس کا مقام و مرتبہ اور بھی بلند ہو۔

ترکیب: مَا نافیہ، مِنْ زائدہ، یموت: عبد کی پہلی صفت، له عند الله خیر: دوسری صفت، خیر کے معنی ثواب کے ہیں، اور جملہ یَسُرُّهُ: خیر کی صفت، أن یرجع: أن مصدریہ اور یَرجع لازم ہے، وأن له الدنیا کا عطف أن یرجعَ پر ہے، اور جملہ حالیہ بنائیں تو إن بھی پڑھ سکتے ہیں، إلا الشهیدَ: نفی کے مقابل اثبات ہے، لِمَا یَرَی: میں لام تعلیلیہ ہے، اور فَیُقْتَلَ: أن یَرجع پر معطوف ہے۔

حدیث (۲): (پہلا مضمون) اور راہِ خدا میں شام کی شفٹ لڑنا یا صبح کی شفٹ لڑنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے (دوسرا مضمون) اور تم میں سے ایک کی کمان کے بقدر جگہ جنت میں یا اس کے کوڑے کے بقدر جگہ بہتر ہے دنیا و مافیہا سے (تیسرا مضمون) اور جنت کی عورتیں (حوریں) اتنی خوبصورت اور خوشبودار ہیں کہ اگر جنت کی عورتوں میں سے کوئی زمین کی طرف جھانک لے تو زمین و آسمان کے درمیان کی تمام چیزیں روشن ہو جائیں، اور پوری فضا خوشبو سے بھر جائے (چوتھا مضمون) اور جنت کی عورتوں کی سر کی اوڑھنی دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ نصیف: اس کپڑے کو کہتے ہیں جس کو عورت اپنے سر پر باندھتی ہے تاکہ تیل سے اوڑھنی خراب نہ ہو، جنت کا وہ کپڑا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

بَابُ تَمَنِّی الشَّهَادَةِ

شہادت کی آرزو کرنا

جہاد میں شہادت کی آرزو کرنے کی اہمیت اس وجہ سے ہے کہ جو شخص شہادت کی آرزو لے کر میدان میں اترتا ہے وہ جم کر لڑتا ہے، کبھی پیٹھ نہیں پھیرتا، اور جو جینا چاہتا ہے وہ نازک وقت میں جان بچانے کے لئے میدان سے بھاگ کھڑا ہوتا ہے، اور باب کی دونوں حدیثیں پہلے آچکی ہیں۔

پہلی حدیث میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: میرا جی چاہتا ہے کہ ہر چھوٹے بڑے لشکر میں نکلوں، مگر ہر مسلمان میرے ساتھ آنا چاہے گا، کوئی گھر رہنا پسند نہیں کرے گا، پس میں سب کے لئے سواریاں کہاں سے مہیا کروں گا، اور سب کو صبح و شام کہاں سے کھلاؤں گا، پھر بے ضرورت آدمیوں کو لے کر جانے کا کوئی مطلب نہیں، ورنہ میرا جی چاہتا ہے کہ بار بار اللہ کے راستہ میں شہید ہوؤں، یہی شہادت کی تمنا ہے۔

اور دوسری حدیث میں غزوۂ موتہ کے شہیدوں کا تذکرہ ہے، نبی ﷺ نے منبر سے ان کی شہادت کے احوال سنائے، پھر فرمایا: مَا یَسُرُّنَا أَنَّهُمْ عندنا: ہمیں اس کی خوشی نہیں کہ وہ ہمارے پاس ہوتے بلکہ ان کو شہادت نصیب ہوئی اس کی ہمیں

زیادہ خوشی ہے، یا فرمایا: مَا یَسُرُّهُمْ أَنَّهُمْ عندنا: ان شہداء کو اس بات کی خوشی نہیں کہ وہ ہمارے پاس ہوتے، بلکہ وہ شہادت پر خوش ہیں (حدیث کے راوی ایوب سختیانی رحمہ اللہ کا شک ہے)

[۷-] بَابُ تَمَنِّی الشَّهَادَةِ

[۲۷۹۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، نَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:"وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْلاَ أَنَّ رِجَالاً مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لاَ تَطِيْبُ أَنْفُسُهُمْ أَنْ يَتَخَلَّفُوْا عَنِّيْ، وَلاَ أَجِدُ مَا أَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ، مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوَدِدْتُ أَنِّيْ أُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ أُحْيَا، ثُمَّ أُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيَا، ثُمَّ أُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيَا، ثُمَّ أُقْتَلُ"[راجع: ٣٦]

[۲۷۹۸-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الصَّفَّارُ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلاَلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَطَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" أَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا جَعْفَرٌ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ غَيْرِ إِمْرَةٍ فَفُتِحَ لَهُ"وَقَالَ:"مَا يَسُرُّنَا أَنَّهُمْ عِنْدَنَا" قَالَ أَيُّوْبُ: أَوْ قَالَ:" مَا يَسُرُّهُمْ أَنَّهُمْ عِنْدَنَا" وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ. [راجع: ١٤٤٦]

قوله: من غير إِمْرَةٍ: یعنی کسی نے امیر نہیں بنایا، خود ہی جھنڈا لے لیا، اور فوج کو لڑانا شروع کر دیا، ایمرجنسی میں ایسا کرنا جائز ہے۔

بَابُ فَضْلِ مَنْ يُصْرَعُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمَاتَ فَهُوَ مِنْهُمْ

اس شخص کی فضیلت جو راہِ خدا میں جانور سے گر گیا اور مر گیا، پس وہ انہی میں سے ہے

مَن موصولہ متضمن معنی شرط ہے، اس لئے جزاء میں فا آئی ہے۔ سورۃ النساء کی آیت ۱۰۰ ہے: ''جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کرے گا اس کو روئے زمین میں جانے کی بہت جگہ اور بہت گنجائش ملے گی، اور جو شخص اپنے گھر سے اس نیت سے نکل کھڑا ہوا کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کر رہا ہے، پھر اس کو موت آجائے تو اس کا ثواب ثابت ہو گیا (وَقَعَ بمعنی وَجَبَ ہے یعنی ثابت ہو گیا)

اس آیت سے یہ قاعدہ بنا ہے کہ کوئی بھی عبادت شروع کر کے انتقال ہو جائے تو اس عبادت کا ثواب نامۂ اعمال میں لکھ دیا جاتا ہے، جیسے کوئی نماز میں مر گیا، روزہ کی حالت میں مر گیا، حج کا احرام باندھ کر مر گیا، جہاد کے لئے مجاہدین کے ساتھ نکلا اور مر گیا، مثلاً سواری سے گرا اور مر گیا تو بھی مجاہدین میں شمار ہوگا۔ حضرت ام حرام رضی اللہ عنہا مجاہدین کے ساتھ نکلی

تھیں، قبرص پہنچیں، مجاہدین کشتیوں سے اتر کر روانہ ہوئے ابھی جنگ کی نوبت نہیں آئی تھی کہ وہ سواری سے گر گئیں، اور ان کی وفات ہوگئی، پس نبی ﷺ کی دعا پوری ہوگئی کہ وہ پہلے سمندری جہاد کرنے والوں میں سے ہیں، اور حدیث وہی ہے جو ابھی گذری ہے، مگر روایت کے آخر میں راوی کا وہم ہے کہ جب وہ جہاد سے واپس آئیں اور ملک شام میں اتریں تو ان کا جانور بدک گیا، اور وہ گر کر مر گئیں، یہ واقعہ حضرت ام حرامؓ کا نہیں ہے، ان کا حادثہ تو قبرص میں پیش آیا تھا، وہیں ان کی قبر ہے، یہ کسی اور خاتون کا واقعہ ہے۔ راوی سے وہم ہو گیا ہے۔

[۸-] بَابُ فَضْلِ مَنْ يُصْرَعُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمَاتَ فَهُوَ مِنْهُمْ

وَقَوْلِ اللّٰهِ:﴿وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ﴾[النساء: ۱۰۰] وَقَعَ: وَجَبَ.

[۲۷۹۹و۲۸۰۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنِيْ اللَّيْثُ، ثَنِيْ يَحْيَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ خَالَتِهِ أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ قَالَتْ: نَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا قَرِيْبًا مِنِّيْ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ يَتَبَسَّمُ، فَقُلْتُ: مَا أَضْحَكَكَ؟ قَالَ: " أُنَاسٌ مِنْ أُمَّتِيْ عُرِضُوْا عَلَيَّ، يَرْكَبُوْنَ هٰذَا الْبَحْرَ الْأَخْضَرَ، كَالْمُلُوْكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ" قَالَتْ: فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَدَعَا لَهَا، ثُمَّ نَامَ الثَّانِيَةَ فَفَعَلَ مِثْلَهَا، فَقَالَتْ مِثْلَ قَوْلِهَا، فَأَجَابَهَا مِثْلَهَا، فَقَالَتْ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَقَالَ: " أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ" فَخَرَجَتْ مَعَ زَوْجِهَا عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ غَازِيًا، أَوَّلَ مَا رَكِبَ الْمُسْلِمُوْنَ الْبَحْرَ مَعَ مُعَاوِيَةَ، فَلَمَّا انْصَرَفُوْا مِنْ غَزْوَتِهِمْ قَافِلِيْنَ فَنَزَلُوْا الشَّأْمَ، فَقُرِّبَتْ إِلَيْهَا دَابَّةٌ لِتَرْكَبَهَا، فَصَرَعَتْهَا فَمَاتَتْ"

[راجع: ۲۷۸۸، ۲۷۸۹]

وضاحت: یہ حدیث کی دوسری سند آئی، عن أنس عن أم حرام اور پہلے عن أنس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم تھا، پس یہ دو حدیثیں ہوگئیں، اس لئے دو نمبر لگائے ہیں .... پہلے اس حدیث میں لفظ ثَبَج آیا ہے، اس کے معنی ہیں: بڑا حصہ، درمیانی حصہ .... **هذا البحر الأخضر:** مدینہ کے پاس جو سمندر واقع ہے وہ بحر احمر کا حصہ ہے، خواب اسی سمندر کے بارے میں دیکھا تھا، مگر مجاہدین کا پہلا سمندری سفر بحر ابیض متوسط میں ہوا تھا اور خواب کسی بھی سمندر کے بارے میں دیکھا جا سکتا ہے۔

بَابُ مَنْ يُنْكَبُ أَوْ يُطْعَنُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جو اللہ کے راستہ میں کسی حادثہ کا شکار ہوا یا نیزہ مارا گیا

نکبۃ کے معنی ہیں: حادثہ، کسی عضو کو کوئی چیز لگے، تیر لگے، پتھر لگے، اور عضو خون آلود ہو جائے تو وہ نکبۃ ہے اور طَعَنَ

یَطْعَنُ کے معنی ہیں: بھالا مارنا، نیزہ مارنا، اگر اللہ کے راستہ میں کسی مجاہد کو دشمن نے نیزہ مارا یا پتھر مارا اور اس سے منہ وغیرہ زخمی ہو جائے تو اس کا ثواب۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث میں بیر معونہ کا واقعہ ہے، یہ واقعہ تفصیل سے کتاب المغازی میں آئے گا، حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ماموں کو جب وہ قبیلہ والوں سے بات چیت کر رہے تھے دشمنوں نے نیزہ مارا اور اس کو آر پار کر دیا، انھوں نے کہا: فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ: کعبہ کے پروردگار کی قسم! میں کامیاب ہو گیا، یہ جزء یَطْعَنُ سے متعلق ہے، اور دوسری حدیث میں ہے کہ کسی جنگ میں نبی ﷺ کی انگلی زخمی ہو گئی، پس آپؐ نے فرمایا:

هل أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيْتِ ۞ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ

یہ جزء نکبة سے متعلق ہے۔

[۹-] بَابُ مَنْ يُنْكَبُ أَوْ يُطْعَنُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

[۲۸۰۱-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:" بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَقْوَامًا مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ إِلٰى بَنِيْ عَامِرٍ فِيْ سَبْعِيْنَ، فَلَمَّا قَدِمُوْا قَالَ لَهُمْ خَالِيْ: أَتَقَدَّمُكُمْ فَإِنْ أَمَّنُوْنِيْ حَتَّى أُبَلِّغَهُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَإِلَّا كُنْتُمْ مِنِّيْ قَرِيْبًا. فَتَقَدَّمَ فَأَمَّنُوْهُ فَبَيْنَمَا يُحَدِّثُهُمْ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ أَوْمَؤُا إِلٰى رَجُلٍ مِنْهُمْ فَطَعَنَهُ فَأَنْفَذَهُ فَقَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ. ثُمَّ مَالُوْا عَلٰى بَقِيَّةِ أَصْحَابِهِ فَقَتَلُوْهُمْ إِلَّا رَجُلٌ أَعْرَجُ صَعِدَ الْجَبَلَ. قَالَ هَمَّامٌ: وَأُرَاهُ آخَرَ مَعَهُ، فَأَخْبَرَ جِبْرِيْلُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُمْ قَدْ لَقُوْا رَبَّهُمْ فَرَضِيَ عَنْهُمْ وَأَرْضَاهُمْ. فَكُنَّا نَقْرَأُ: أَنْ بَلِّغُوْا قَوْمَنَا أَنْ قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَأَرْضَانَا، ثُمَّ نُسِخَ بَعْدُ فَدَعَا عَلَيْهِمْ أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا عَلٰى رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَبَنِيْ لِحْيَانَ وَبَنِيْ عُصَيَّةَ الَّذِيْنَ عَصَوُا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ۱۰۰۱]

[۲۸۰۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، هُوَ ابْنُ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ فِيْ بَعْضِ الْمَشَاهِدِ وَقَدْ دَمِيَتْ إِصْبَعُهُ فَقَالَ: "هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيْتِ، وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ؟"[انظر: ۶۱۴۶]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے بنو سُلیم کے کچھ لوگوں کو بنو عامر کی طرف بھیجا، اور وہ ستر آدمی تھے (یہ راوی کا وہم ہے، یہ لوگ قبیلہ بنو سُلیم کے نہیں تھے بلکہ انصار تھے اور قراء کہلاتے تھے، اور بنو سلیم اور بنو عامر دونوں مرسل الیہم تھے) پس جب وہ قبیلہ بنو عامر میں پہنچے تو میرے ماموں (حرام بن ملحان) نے اپنے ساتھیوں سے کہا:

میں آپ لوگوں سے آگے جاتا ہوں، پس اگر وہ مجھے امن دیدیں، یہاں تک کہ میں انہیں رسول اللہ ﷺ کا پیغام پہنچاؤں (تو ٹھیک ہے) ورنہ آپ حضرات مجھ سے قریب ہونگے (یعنی آپ حضرات میری مدد کرسکیں گے) پس وہ آگے بڑھے، ان لوگوں نے ان کو امن دیدیا، پس دریں اثناء کہ وہ ان سے بات چیت کررہے تھے نبی ﷺ کے بارے میں اچانک انھوں نے اپنے ایک آدمی کو اشارہ کیا، اس نے ان کو نیزہ مارا، اور اس کو آرپار کردیا، پس انھوں نے کہا: اَللّٰہُ أَکْبَر، فُزْتُ وَرَبِّ الْکَعْبَۃِ: پھر قبیلہ والے ان کے باقی ساتھیوں کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سب کو قتل کردیا، مگر ایک لنگڑے صحابی، وہ پہاڑ پر چڑھ گئے۔ حدیث کے راوی ہمام کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ ایک اور آدمی بھی ان کے ساتھ چڑھا تھا، پس حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کو اطلاع دی کہ انھوں نے اپنے پروردگار سے ملاقات کی، اور وہ ان سے خوش ہوئے اور ان کو خوش کیا، پس ہم پڑھا کرتے تھے: أَنْ بَلِّغُوْا قَوْمَنَا أَنْ قَدْ لَقِیْنَا رَبَّنَا فَرَضِیَ عَنَّا وَأَرْضَانَا: ہماری قوم کو خبر پہنچاؤ کہ ہماری ہمارے پروردگار سے ملاقات ہوئی، پس وہ ہم سے خوش ہوئے اور ہمیں خوش کردیا (یہ پہلے قرآن کی آیت تھی) پھر بعد میں منسوخ کردی گئی، پس نبی ﷺ نے ان کے لئے چالیس دن بددعا کی، رِعل، ذکوان، بنولحیان اور بنوعصیہ کے لئے جنھوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ کسی جنگ میں تھے اور آپؐ کی انگلی خون آلود ہوگئی پس آپؐ نے فرمایا: نہیں ہے تو مگر ایک انگلی جو خون آلود ہوگئی ہے÷ اور اللہ کے راستہ میں تو نے اُس سے ملاقات کی ہے۔

بَابٌ: مَنْ يُجْرَحَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

جو اللہ کے راستہ میں زخمی کیا گیا

گذشتہ باب خاص تھا وہ حادثہ اور نیزہ مارنے کے بارے میں تھا، یہ باب عام ہے، اللہ کے راستہ میں کوئی بھی زخم لگے تو اس کا ثواب کیا ہے؟ اور حدیث پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نہیں زخمی کیا جاتا کوئی راہِ خدا میں اور اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں اس شخص کو جو اللہ کے راستہ میں زخمی کیا جاتا ہے مگر آئے گا وہ قیامت کے دن درانحالیکہ رنگ خون جیسا ہوگا، اور مہک مشک کی خوشبو جیسی ہوگی۔

[۱۰-] بَابٌ: مَنْ يُجْرَحَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

[۲۸۰۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَا يُكْلَمُ أَحَدٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ - وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِيْ سَبِيْلِهِ - إِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ، وَالرِّيْحُ رِيْحُ الْمِسْكِ"[راجع: ۲۳۷]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَا إِلَّآ إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ﴾ وَالْحَرْبُ سِجَالٌ

چت بھی ہماری پٹ بھی ہماری! جنگ تو کنویں کا ڈول ہے!

سورۃ التوبہ (آیت ۵۲) میں ہے: ''کفار مسلمانوں کے حق میں دو بہتریوں میں سے ایک بہتری کے منتظر ہیں'' یعنی جنگ میں مسلمان جیتیں گے یا ہاریں گے، مگر دونوں صورتوں میں وہی کامیاب رہیں گے، اگر جیتیں گے تو ثواب یا غنیمت پائیں گے اور ہاریں گے تو مرتبۂ شہادت پر فائز ہونگے، پس چت بھی ان کی اور پٹ بھی ان کی! اور جنگ میں تو یہ ہوتا ہی ہے، ہر جنگ میں مسلمانوں کا کامیاب ہونا ضروری نہیں، دنیا دارالامتحان ہے، یہاں پردہ پڑا ہوا ہے، اگر پردہ اٹھ جائے تو امتحان ختم ہوجائے، اگر ہر جنگ میں مسلمان ہی کامیاب ہوں تو امتحان کیا رہا؟ بات واضح ہوگئی کہ اسلام برحق مذہب ہے، حالانکہ دنیا میں ایمان بالغیب ضروری ہے، چنانچہ ابوسفیانؓ کی حدیث میں ہے کہ جنگ کنویں کا ڈول ہے، کبھی کفار پانی بھر لیتے ہیں کبھی مسلمان، یعنی کبھی وہ جیت جاتے ہیں اور کبھی مسلمان، اس لئے مسلمانوں کو میدانِ جہاد میں ہمیشہ کامیابی کی آرزو لے کر نہیں اترنا چاہئے، ان کو ناکامی سے بھی دوچار ہونا پڑسکتا ہے، مگر مجاہدین کو دوخوبیوں میں سے ایک خوبی ضرور حاصل ہوگی، یا تو شہادت ملے گی یا فیروزمندی، اور یہ دونوں ہی باتیں مجاہدین کے لئے بہتر ہیں۔

[۱۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَا إِلَّآ إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ﴾ وَالْحَرْبُ سِجَالٌ

[۲۸۰۴-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ هِرَقْلَ قَالَ لَهُ: سَأَلْتُكَ كَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ فَزَعَمْتَ: أَنَّ الْحَرْبَ سِجَالٌ وَدُوَلٌ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى، ثُمَّ تَكُوْنُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ.

وضاحت: یہ حدیث تفصیل سے کتاب کے شروع میں گذری ہے۔ وہ شعیب کی روایت تھی، اس میں ہرقل کا سوال مذکور تھا کہ تمہاری ان سے جنگ ہوئی ہے؟ ابوسفیانؓ نے کہا: ہوئی ہے، ہرقل نے پوچھا: جنگ کیسی رہی؟ یعنی کون ہارا کون جیتا؟ ابوسفیانؓ نے کہا: جنگ ہمارے اور ان کے درمیان کنویں کا ڈول رہی، حاصل کرتے تھے وہ ہم سے اور حاصل کرتے تھے ہم ان سے، یعنی کامیابی کبھی ان کے قدم چومتی تھی اور کبھی ہمارے، مگر اس جواب پر ہرقل نے جو تبصرہ کیا تھا وہ وہاں نہیں تھا، وہ اس روایت میں ہے، یہ روایت یونس اَیلی کی ہے۔ ہرقل نے تبصرہ کیا ہے کہ انبیاء کے ساتھ ابتداء میں اللہ کا ایسا ہی معاملہ ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ ان کا بھی امتحان کرتے ہیں، مگر اچھا انجام انہی کے لئے ہوتا ہے۔ اس تبصرہ کا یہ جملہ: **كذلك الرسلُ تُبْتَلَى:** باب سے متعلق ہے کہ ہر جنگ میں مسلمانوں کا کامیاب ہونا ضروری نہیں، ان کا بھی امتحان ہوتا ہے، مگر آخر میں بالادستی انہی کے لئے ہوتی ہے، پس مجاہدین مایوس نہ ہوں۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾

جہاد میں مجاہدین اللہ سے کئے ہوئے وعدے کو سچا کر دکھائیں

پہلے آیت آئی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مؤمنین سے ان کی جانیں خرید لی ہیں، پس مجاہدین کی جانیں ان کی اپنی نہیں رہیں، لہٰذا جہاد میں مجاہدین کے پیشِ نظر یہ ہونا چاہئے کہ وہ اللہ سے کئے ہوئے عہد کو سچا کر دکھائیں، اور آیت کریمہ میں آگے ہے: ''پھر کچھ تو ان میں سے وہ ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے، اور کچھ ان میں مشتاق ہیں، اور انھوں نے (اپنے عہد میں) ذرا تبدیلی نہیں کی''، یعنی انھوں نے اللہ سے جو وعدہ کیا تھا کہ ہم راہِ خدا میں خون کا آخری قطرہ بھی بہادیں گے وہ عہد و پیمان انھوں نے پورا کیا، اور وہ شہید ہوگئے، اور کچھ حضرات ابھی باقی ہیں وہ انتظار میں ہیں کہ اگلا موقع آئے تو ہم بھی جامِ شہادت نوش کریں، پس انھوں نے اللہ سے کئے ہوئے عہد و پیمان میں کوئی تبدیلی نہیں کی، جو شہید ہوگئے ہوگئے اور جو بچ گئے وہ شہادت کے انتظار میں ہیں۔

اور باب میں تین حدیثیں ہیں: پہلی حدیث میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے چچا حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ کا کارنامہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ جنگ احد میں کس طرح شہید ہوئے، پھر دوسری روایت میں ان کی فضیلت ہے، اور تیسری روایت میں آیت سے متعلق ایک واقعہ ہے۔

[۱۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلاً﴾

[۲۸۰۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْخُزَاعِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الأَعْلٰى، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا، ح: وَحَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، ثَنَا زِيَادٌ، حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: غَابَ عَمِّيْ أَنَسُ ابْنُ النَّضْرِ عَنْ قِتَالِ بَدْرٍ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! غِبْتُ عَنْ أَوَّلِ قِتَالٍ قَاتَلْتَ الْمُشْرِكِيْنَ، لَئِنِ اللّٰهُ أَشْهَدَنِيْ قِتَالَ الْمُشْرِكِيْنَ لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ مَا أَصْنَعُ.

فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ، وَانْكَشَفَ الْمُسْلِمُوْنَ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعْتَذِرُ إِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ هٰؤُلَآءِ- يَعْنِيْ أَصْحَابَهُ - وَأَبْرَأُ إِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ هٰؤُلَآءِ- يَعْنِيْ الْمُشْرِكِيْنَ - ثُمَّ تَقَدَّمَ فَاسْتَقْبَلَهُ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَقَالَ: يَا سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ! الْجَنَّةَ وَرَبِّ النَّضْرِ! إِنِّيْ أَجِدُ رِيْحَهَا مِنْ دُوْنِ أُحُدٍ، فَقَالَ سَعْدٌ: فَمَا اسْتَطَعْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا صَنَعَ.

قَالَ أَنَسٌ: فَوَجَدْنَا بِهِ بِضْعًا وَثَمَانِيْنَ ضَرْبَةً بِالسَّيْفِ أَوْ طَعْنَةً بِالرُّمْحِ، أَوْ رَمْيَةً بِسَهْمٍ، وَوَجَدْنَاهُ

وَقَدْ قُتِلَ وَقَدْ مَثَّلَ بِهِ الْمُشْرِكُوْنَ فَمَا عَرَفَهُ أَحَدٌ إِلَّا أُخْتُهُ بِبَنَانِهِ، قَالَ أَنَسٌ: كُنَّا نُرَى أَوْ: نَظُنُّ أَنَّ هٰذِهِ الآيَةَ نَزَلَتْ فِيْهِ وَفِيْ أَشْبَاهِهِ:﴿ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ.

[الاحزاب: ۲۳] [انظر: ٤٠٤٨، ٤٧٨٣]

[٢٨٠٦-] وَقَالَ: إِنَّ أُخْتَهُ – وَهِيَ تُسَمَّى: الرُّبَيِّعَ – كَسَرَتْ ثَنِيَّةَ امْرَأَةٍ فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْقِصَاصِ، فَقَالَ أَنَسٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا! فَرَضُوْا بِالْأَرْشِ وَتَرَكُوْا الْقِصَاصِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ"[راجع: ۲۷۰۳]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے چچا انس بن النضر رضی اللہ عنہ جنگ بدر میں غیر حاضر تھے، پس انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں اس پہلی جنگ سے غیر حاضر رہا، جس میں آپؐ نے مشرکین سے قتال کیا، بخدا! اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے مشرکین سے لڑنے کا موقع دیا تو ضرور اللہ تعالیٰ دیکھیں گے وہ کارنامہ جو میں انجام دوں گا۔

پھر جب جنگِ احد کا موقع آیا اور مسلمان میدان سے ہٹ گئے تو حضرت انسؓ نے کہا: اے اللہ! میں معذرت خواہ ہوں اس چیز سے جس کو ان لوگوں نے کیا — وہ اپنے ساتھیوں کو مراد لے رہے تھے — اور میں بیزار ہوں اس چیز سے جس کو ان لوگوں نے کیا — مراد لے رہے تھے وہ مشرکین کو — پھر وہ آگے بڑھے، پس ان کا سامنا سعد بن معاذؓ سے ہوا، پس انھوں نے کہا: اے سعد! میں جنت چاہتا ہوں، قسم ہے میرے ابا کے پروردگار کی! بیشک میں جنت کی خوشبو پاتا ہوں، احد پہاڑ کے ورے (جنگ کے بعد) حضرت سعدؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! جو کارنامہ انھوں نے انجام دیا وہ میں انجام نہیں دے سکا۔

راوی حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس پائی ہم نے ان کے جسم میں اسّی سے زیادہ چوٹیں تلوار کی یا بھالا مارنے کی یا تیر لگنے کی، اور پایا ہم نے ان کو اس حال میں کہ وہ شہید کئے گئے اور مشرکین نے ان کی لاش بگاڑ دی، پس ان کو ان کی بہن کے علاوہ کسی نے نہیں پہچانا، اور انھوں نے بھی ان کے پوروں سے پہچانا۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں: ہمارا خیال ہے کہ یہ آیت ان کے اور ان جیسے مؤمنین کے حق میں نازل ہوئی:﴿رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾ آخر تک۔

حدیث (۲): اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ان کی بہن نے جن کا نام ربیع تھا، ایک عورت کا دانت توڑ دیا تھا، پس نبی ﷺ نے قصاص کا فیصلہ کیا، حضرت انس بن النضرؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے! ربیعؓ کا دانت نہیں توڑا جائے گا! پس دوسرا فریق دیت لینے پر راضی ہو گیا اور انھوں نے قصاص کا مطالبہ چھوڑ دیا، نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ مِن عباد الله مَنْ لَوْ أَقْسَمَ على اللهِ لَأَبَرَّهُ: اللہ کے بعض بندے ایسے ہوتے ہیں کہ اگر وہ اللہ پر قسم کھالیں تو اللہ ان کی قسم کو نیک بنائیں (یہ حدیث پہلے گذری ہے)

[۲۸۰۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، أُرَاهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ: أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ: نَسَخْتُ الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ، فَفَقَدْتُ آيَةً مِنَ الأَحْزَابِ كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ بِهَا، فَلَمْ أَجِدْهَا إِلَّا مَعَ خُزَيْمَةَ الأَنْصَارِيِّ، الَّذِيْ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَهَادَتَهُ شَهَادَةَ رَجُلَيْنِ، وَهُوَ قَوْلُهُ: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾

[انظر: ٤٠٤٩، ٤٦٧٩، ٤٧٨٤، ٤٩٨٦، ٤٩٨٨، ٤٩٨٩، ٧١٩١، ٧٤٢٥]

ترجمہ: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے قرآن تیار کئے تو سورۂ احزاب کی ایک آیت نہیں پائی، جس کو نبی ﷺ پڑھا کرتے تھے، اور میں اس کو سنا کرتا تھا، پس میں نے اس کو نہیں پایا مگر حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جن کی گواہی کو نبی ﷺ نے دو آدمیوں کی گواہی کے برابر قرار دیا ہے، اور وہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾ (اس کی تفصیل تحفۃ القاری کے مقدمہ میں جمع قرآن کی بحث میں ہے)

بَابٌ: عَمَلٌ صَالِحٌ قَبْلَ الْقِتَالِ

جہاد سے پہلے نیک عمل

پہلے ترمذی شریف کی روایت کے حوالہ سے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ شہداء کے مراتب میں تفاوت: شہادت کے علاوہ دو اور چیزوں سے بھی ہوتا ہے ایک وصف شجاعت سے، دوسرے عمل صالح سے۔ گذشتہ باب میں وصفِ شجاعت کا ذکر آیا ہے کہ جو بندے اللہ سے کیا ہوا عہد سچا کر دکھاتے ہیں وہی بہادر مجاہدین ہیں اب اس باب میں عمل صالح کا ذکر ہے، اگر شہید اللہ کا نیک بندہ ہے تو اس کا مقام دوسرے شہداء سے بلند ہے۔

اثر: حکیم الامت حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اپنے اعمال کے ساتھ لڑتے ہو، بِأَعْمَالِكُمْ: مُتَلَبِّسِيْنَ سے متعلق ہے، یعنی مجاہد پہلے سے جو عمل کرتا رہا ہے اس کا اس کے جہاد میں اثر آتا ہے۔

عجیب بات: امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت ابوالدردا رضی اللہ عنہ کے قول کو دو حصوں میں بانٹا ہے، ایک کو باب بنایا ہے اور دوسرے کو ان کے نام سے ذکر کیا ہے، ان کا پورا قول یہ ہے: أَيُّهَا النَّاسُ! عَمَلٌ صَالِحٌ قَبْلَ الْغَزْوِ، فَإِنَّمَا تُقَاتِلُوْنَ بِأَعْمَالِكُمْ: لوگو! جہاد میں نکلنے سے پہلے نیک عمل کرو، کیونکہ تم اپنے اعمال کے ساتھ ہی لڑتے ہو، پس تمہارے نیک اعمال کا اثر تمہارے جہاد میں آئے گا۔

پھر سورۃ الصّف کی تین آیتیں لکھی ہیں: "اے ایمان والو! ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں! اللہ کے نزدیک یہ

بات بہت ناراضگی کی ہے کہ تم ایسی بات کہو جو کرو نہیں! بیشک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو پسند کرتے ہیں جو ان کے راستہ میں اس طرح مل کر لڑتے ہیں جیسے وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہیں''

تفسیر: پہلے بیان کیا ہے کہ چند صحابہ مسجد نبوی میں باتیں کررہے تھے کہ اگر ہمیں معلوم ہو جائے کہ اللہ کو کونسا عمل پسند ہے تو ہم جان کی بازی لگا دیں، اس پر سورۃ الصّف نازل ہوئی اور ان سے کہا گیا کہ اللہ کو سب سے زیادہ پسند عمل جہاد ہے، لیکن گفتار کے غازی بننے سے کام نہیں چلے گا، کردار چاہئے، اور کردار میں بہادری کے علاوہ اعمال صالحہ بھی ہیں۔

حدیث: جنگِ بدر کے موقع پر ایک شخص ہتھیاروں سے لیس آیا، اور اس نے کہا: میں پہلے لڑوں پھر مسلمان ہوؤں یا پہلے اسلام قبول کروں پھر لڑوں؟ آپؐ نے فرمایا: پہلے ایمان لاؤ، چنانچہ وہ ایمان لایا، اور میدان میں اترا، اور بہادری سے لڑا، اور شہید ہو گیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''عمل تھوڑا کیا اور مرتبہ بڑا پایا'' یہ جو قتال سے پہلے ایمان لایا ہے وہی عمل صالح ہے۔

[۱۳-] بَابٌ: عَمَلٌ صَالِحٌ قَبْلَ الْقِتَالِ

[۱-] وَقَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ: إِنَّمَا تُقَاتِلُوْنَ بِأَعْمَالِكُمْ.

[۲-] وَقَوْلُهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالاَ تَفْعَلُوْنَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿بُنْيَانٌ مَرْصُوْصٌ﴾[الصف: ۲-۴]

[۲۸۰۸-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، ثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ الْفَزَارِيُّ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ: أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ مُقَنَّعٌ بِالْحَدِيْدِ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أُقَاتِلُ أَوْ أُسْلِمُ؟ قَالَ:'' أَسْلِمْ ثُمَّ قَاتِلْ'' فَأَسْلَمَ ثُمَّ قَاتَلَ فَقُتِلَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' عَمِلَ قَلِيْلاً وَأُجِرَ كَثِيْرًا''

قوله: مُقَنَّعٌ بِالْحَدِيْدِ: لوہے میں غرق تھا یعنی لوہے کا خود وغیرہ پہنے ہوئے تھا۔

بَابُ مَنْ أَتَاهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَقَتَلَهُ

جس کو انجانا تیر لگا اور شہید ہو گیا

شہادت کے لئے ضروری نہیں کہ قتل کرنے والا دشمن معلوم ہو، اگر کسی کو انجانی گولی لگی، معلوم نہیں کہاں سے آئی تو بھی شہید ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی پھوپھی ربیع بنت النضرؓ جو حارثہ بن سراقہؓ کی ماں ہیں: بدر کی جنگ کے بعد نبی ﷺ کی خدمت میں آئیں اور پوچھا: اے اللہ کے نبی! مجھے حارثہ کا حال بتایئے، حارثہؓ بدر کی جنگ میں چشمہ پر پانی بھر رہے تھے کہ تیر آیا اور ان کے گلے میں لگا، جس سے وہ شہید ہو گئے، ان کی ماں نے کہا: اگر وہ جنت میں ہے تو میں صبر

کروں گی، ورنہ میں رو رو کر خود کو ہلکان کرلوں گی۔ نبی ﷺ نے فرمایا: حارثہ کی ماں! جنت کوئی ایک باغ تھوڑے ہے، جنت تو بہت سے باغات کا مجموعہ ہے، اور تیرا لڑکا فردوس اعلی (بہشت بریں) میں ہے۔

[١٤-] بَابُ مَنْ أَتَاهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَقَتَلَهُ

[٢٨٠٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُوْ أَحْمَدَ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ أُمَّ الرُّبَيِّعِ بِنْتَ الْبَرَاءِ: وَهِيَ أُمُّ حَارِثَةَ بْنِ سُرَاقَةَ أَتَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! أَلَا تُحَدِّثُنِيْ عَنْ حَارِثَةَ؟ وَكَانَ قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ، أَصَابَهُ سَهْمٌ غَرْبٌ، فَإِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ صَبَرْتُ، وَإِنْ كَانَ غَيْرَ ذٰلِكَ اجْتَهَدْتُ عَلَيْهِ فِي الْبُكَاءِ. قَالَ:" يَا أُمَّ حَارِثَةَ! إِنَّهَا جِنَانٌ فِي الْجَنَّةِ، وَإِنَّ ابْنَكِ أَصَابَ الْفِرْدَوْسَ الْأَعْلٰى"[انظر: ٣٩٨٢، ٦٥٥٠، ٦٥٦٧]

قوله: أن أمّ الربيّع بنت البراء: تمام شارحین متفق ہیں کہ یہ راوی کا وہم ہے، حارثہ کی ماں ربیع بنت النضر تھیں، اور یہ حدیث آگے تین جگہ آئی ہے مگر وہاں یہ جملہ نہیں ہے۔

بَابُ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا

جو شخص اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے لڑا

آدمی مختلف مقاصد سے لڑتا ہے، مگر جہاد کے فضائل سب کے لئے نہیں، صرف اس مجاہد کے لئے ہیں جو دین کی سربلندی کے لئے لڑتا ہے۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۴۲۸ حدیث ۱۲۳) آچکی ہے۔

[١٥-] بَابُ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا

[٢٨١٠-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ، وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلذِّكْرِ، وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُرَى مَكَانُهُ: فَمَنْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ؟ قَالَ:" مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"[راجع: ١٢٣]

بَابُ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

جس کے قدم راہِ خدا میں گرد آلود ہوئے

نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگ عام طور پر جوتے چپلوں کے بغیر ننگے پاؤں چلتے تھے، اس لئے پیر غبار آلود ہوتے تھے،

راہِ خدا میں اگر کوئی چار قدم بھی چلا اور اس کے پیر گرد آلود ہوئے تو اس کے قدموں کو جہنم نہیں چھوئے گی۔ اور حدیث پہلے (تحفہ ۳: ۲۲۷ حدیث ۹۰۷) آچکی ہے۔

پھر حضرت رحمہ اللہ نے سورۃ التوبہ کی آیت ۱۲۰ لکھی ہے، اس میں مدینہ اور قرب وجوار کے ان منافقین سے خطاب ہے جو غزوۂ تبوک میں پیچھے رہے تھے، ارشادِ پاک ہے: ''مدینہ کے رہنے والوں کے لئے اور جو دیہاتی ان کے ارد گرد رہتے ہیں ان کے لئے زیبا نہیں تھا کہ وہ اللہ کے رسول کا ساتھ نہ دیں، اور وہ اپنی جان کو ان کی جان سے زیادہ عزیز رکھیں، یہ نامناسب ہونا بایں وجہ ہے کہ ان (مجاہدین) کو اللہ کی راہ میں جو پیاس لگتی ہے اور جو ماندگی پہنچتی ہے اور جو بھوک لگتی ہے اور وہ جو کوئی ایسا چلنا چلتے ہیں جو کفار کے لئے موجب غیظ ہوتا ہے اور وہ دشمنوں کی جو کچھ خبر لیتے ہیں ان سب پر ان کے نام ایک ایک نیک کام لکھا جاتا ہے، اللہ تعالیٰ یقیناً مخلصین کا اجر ضائع نہیں کرتے''

اس آیت میں ہے: ﴿وَلَا يَطَؤُنَ مَوْطِئًا يَغِيظُ الْكُفَّارَ﴾: وہ جو کوئی ایسا چلنا چلتے ہیں جو کفار کے لئے موجب غیظ ہوتا ہے، یہ ٹکڑا باب سے متعلق ہے، کیونکہ اس زمانہ کے اعتبار سے جب ننگے پیر چلیں گے تو یقیناً پیر غبار آلود ہونگے، اور اس کے بدلے ان کے لئے نیک عمل لکھا جائے گا، اور نیک عمل کرنے والا جہنم میں نہیں جائے گا۔

[۱۶-] بَابُ مَنْ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿مَاكَانَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَتَخَلَّفُوْا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾[التوبة: ١٢٠]

[٢٨١١-] حدثنا إِسْحَاقُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، أَخْبَرَنِيْ عَبَايَةُ بْنُ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ عَبْسٍ - اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جَبْرٍ - أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَا اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ"[راجع: ٩٠٧]

بَابُ مَسْحِ الْغُبَارِ عَنِ الرَّأْسِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

راہِ خدا میں سر پر لگے ہوئے غبار کو پونچھنا

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، گذشتہ باب سے معلوم ہوا کہ راہِ خدا میں جو غبار پہنچے اس کو پونچھنا نہیں چاہئے، وہ برکت والی دھول ہے، اس باب سے بتلایا کہ پونچھ سکتے ہیں، جب دھول بدن پر لگ گئی تو فضیلت حاصل ہوگئی، اب اگر اس کو جھاڑ دیا جائے تو فضیلت ختم نہیں ہوگی، جیسے وضو کا پانی تولا جائے گا، چاہے تولیہ سے پونچھ لیا جائے یا نالی میں بہہ جائے، بہر حال تولا جائے گا۔ اور حدیث پہلے (تحفہ ۲: ۲۲۳ حدیث ۴۴۷) گذر چکی ہے، نبی ﷺ نے حضرت عمار

رضی اللہ عنہ کے سر سے غبار پونچھا ہے، پس خود بھی پونچھ سکتے ہیں۔

[۱۷-] بَابُ مَسْحِ الْغُبَارِ عَنِ الرَّأْسِ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ

[۲۸۱۲-] حدثنا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسَی، نا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ لَهُ وَلِعَلِیِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: ائْتِیَا أَبَا سَعِیْدٍ فَاسْمَعَا مِنْ حَدِیْثِهِ، فَأَتَیْنَاهُ وَهُوَ وَأَخُوْهُ فِیْ حَائِطٍ لَهُمَا یَسْقِیَانِهِ، فَلَمَّا رَآنَا جَاءَ فَاحْتَبَی وَجَلَسَ، فَقَالَ: كُنَّا نَنْقُلُ لَبِنَ الْمَسْجِدِ لَبِنَةً لَبِنَةً، وَكَانَ عَمَّارٌ یَنْقُلُ لَبِنَتَیْنِ لَبِنَتَیْنِ، فَمَرَّ بِهِ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم وَمَسَحَ عَنْ رَأْسِهِ الْغُبَارَ، فَقَالَ: "وَیْحَ عَمَّارٍ! تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِیَةُ! یَدْعُوْهُمْ إِلَی اللّٰهِ، وَیَدْعُوْنَهُ إِلَی النَّارِ"[راجع: ٤٤٧]

بَابُ الْغُسْلِ بَعْدَ الْحَرْبِ وَالْغُبَارِ

جنگ اور غبار کے بعد نہانا

یہ ذیلی باب ہے، غبار صرف جھاڑ ہی نہیں سکتے دھو بھی سکتے ہیں، جنگ ختم ہوجانے کے بعد نہا کر بدن صاف کر سکتے ہیں، اور جسم سے غبار دھو سکتے ہیں، جب نبی ﷺ غزوۂ احزاب سے گھر لوٹے اور ہتھیار اتار دیئے اور نہا لئے تو آپؐ کے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے، غبار نے ان کے سر پر پٹی باندھ رکھی تھی، یعنی جو بال ٹوپی یا عمامہ سے باہر تھے وہ سب گرد آلود ہورہے تھے، ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے غبار کی پٹی باندھ رکھی ہے، اور انھوں نے کہا: آپؐ نے ہتھیار اتار دیئے، پس بخدا! میں نے ہتھیار نہیں اتارے، نبی ﷺ نے پوچھا: أَیْنَ؟ کہاں کا حکم ہے؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا: هٰهُنَا، یہاں کا اور انھوں نے بنو قریظہ کی طرف اشارہ کیا، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پس نبی ﷺ ان کی طرف نکلے یعنی فوج کشی کی، یہ حدیث پہلے گذری ہے، مگر یہ مضمون وہاں نہیں آیا آگے آئے گا۔

[۱۸-] بَابُ الْغُسْلِ بَعْدَ الْحَرْبِ وَالْغُبَارِ

[۲۸۱۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم لَمَّا رَجَعَ یَوْمَ الْخَنْدَقِ، وَوَضَعَ السِّلَاحَ وَاغْتَسَلَ، فَأَتَاهُ جِبْرِیْلُ وَقَدْ عَصَبَ رَأْسَهُ الْغُبَارُ، فَقَالَ: وَضَعْتَ السِّلَاحَ فَوَ اللّٰهِ مَا وَضَعْتُهُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "فَأَیْنَ؟" قَالَ: هَاهُنَا، وَأَوْمَأَ إِلَی بَنِیْ قُرَیْظَةَ. قَالَتْ: فَخَرَجَ إِلَیْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم.

[راجع: ٤٦٣]

بَابُ فَضْلِ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا﴾ الآيات

راہِ خدا میں مارے جانے والے شہدا کے حالات کی اہمیت

باب میں لفظ فضل ہے اس پر شارحین کو حیرت ہے: اللہ کے قول کی فضیلت: کیا مطلب؟ اسماعیلی نے تو لفظ فضل حذف کردیا ہے، مگران حضرات کے ذہن میں فضل کے معنی فضیلت اور ثواب کے ہیں، اس لئے ان کو حیرت ہوئی، اگر فضل کے معنی اہمیت کے لئے جائیں تو کچھ اشکال باقی نہیں رہتا، آیت میں جو مضامین ہیں ان کی اہمیت ظاہر کرنی مقصود ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے سورۂ آل عمران کی تین آیتیں لکھیں ہیں: ''اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے گئے ان کو مردہ خیال مت کرو، وہ لوگ زندہ ہیں، اپنے پروردگار کے پاس روزی دیئے جاتے ہیں، وہ خوش ہیں اس چیز سے جو ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے عطا فرمائی ہے، اور وہ خوش ہوتے ہیں ان لوگوں پر جو ابھی ان کے پاس نہیں پہنچے، ان کے پیچھے ہیں کہ ان کو بھی کوئی خوف نہیں ہوگا، نہ وہ مغموم ہونگے، وہ خوش ہوتے ہیں اللہ کی نعمت اور اللہ کے فضل پر اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کا اجر ضائع نہیں فرماتے''

تفسیر: ان آیات میں شہداء کے تعلق سے تین باتیں بیان کی گئی ہیں:

پہلی بات: شہداء مرے نہیں، ان کو مردہ مت گمان کرو، سورۃ البقرۃ آیت ۱۵۴ میں ہے کہ ان کو مردہ مت کہو ﴿وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا، بَلْ أَحْيَاءٌ وَلٰكِنْ لَا تَشْعُرُوْنَ﴾: اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے گئے ان کے بارے میں یہ مت کہو کہ وہ مردے ہیں بلکہ وہ زندہ ہیں مگر تم اس کا ادراک نہیں کرسکتے، شہداء کی یہ زندگی دنیوی نہیں ہے برزخی ہے، ﴿عِنْدَ رَبِّهِمْ﴾ معانقہ کے طور پر آیا ہے ﴿أَحْيَاءٌ﴾ سے بھی اس کا تعلق ہوسکتا ہے اور ﴿يُرْزَقُوْنَ﴾ سے بھی، پس ان کو جو روزی دی جاتی ہے وہ بھی برزخی ہے۔

دوسری بات: شہداء اللہ کے اس فضل پر خوش ہیں جو اللہ نے ان کو عطا فرمایا ہے یعنی آخرت میں ان کا جو اعزاز واکرام ہوا ہے اس پر وہ شاداں فرحاں ہیں۔

تیسری بات: جو لوگ ابھی پیچھے ہیں، آئندہ شہید ہونگے اس کا شہداء کو ادراک ہوجاتا ہے اور وہ آئندہ شہید ہونے والے اپنے بھائیوں کے بارے میں بھی شاداں وفرحاں ہیں کہ انہیں بھی وہ مقام ملے گا کہ نہ ان کو کوئی خوف ہوگا نہ وہ غمگین ہونگے۔

پھر تیسری آیت میں دو آیتوں کا خلاصہ ہے کہ شہداء نعمتِ خداوندی اور فضلِ الٰہی پر خوشیاں مناتے ہیں۔ پھر اللہ پاک کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کا اجر ضائع نہیں کرتے، یہ شہداء کا حوصلہ بڑھایا ہے کہ وہ جس نعمت اور فضل خداوندی سے خوش ہورہے ہیں وہ ان کو ان کے عمل کے صلہ میں ملا ہے، جیسے جنت جسے بھی ملے گی اللہ کے فضل سے ملے گی مگر جنتیوں سے کہا جائے گا: ﴿تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ أُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾ (الزخرف آیت ۷۲) اور جنتیوں سے کہا جائے گا کہ

یہ وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ہو اپنے نیک اعمال کے عوض میں۔

شانِ نزول: مذکورہ آیات کس واقعہ میں نازل ہوئی ہیں؟ یعنی کن شہداء کے حق میں نازل ہوئی ہیں؟ مقاتل رحمہ اللہ کا قول ہے کہ بدر کے چودہ شہداء کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، مگر اس قول کی کوئی دلیل نہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ بیر معونہ کے ستر شہداء کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، امام بخاریؒ باب میں جو پہلی روایت لائے ہیں اس میں اس کا ذکر ہے، اور تیسرا قول ہے کہ احد کے ستر شہداء کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، امام بخاریؒ باب میں دوسری روایت اس سلسلہ میں لائے ہیں، شہدائے احد کے سلسلہ میں پہلے قرآن میں یہ آیت نازل ہوئی تھی: بَلِّغُوْا قومَنا أن قد لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِى عَنَّا وَأَرْضَانَا: پھر اس کو منسوخ کر کے مذکورہ تین آیات اس کی جگہ نازل کی گئیں، پس صحیح یہ ہے کہ شانِ نزول یہ دو واقعے ہیں، احد کے ستر شہداء اور بیر معونہ کے ستر شہداء اور بیر معونہ کا واقعہ احد کے بعد فوراً ہی پیش آیا ہے، اور احد کے شہداء دشمن سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے تھے اور بیر معونہ کے شہداء کو غداری سے قتل کیا گیا تھا، پس ان کا معاملہ بھی نہایت اہم ہے، نبی ﷺ نے ایک مہینہ تک ان قبائل کے لئے بددعا کی تھی جنھوں نے ان قراء کو شہید کیا تھا۔

[۱۹-] بَابُ فَضْلِ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ. فَرِحِيْنَ مَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَأَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾

[۲۸۱٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الَّذِيْنَ قَتَلُوْا أَصْحَابَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ ثَلَاثِيْنَ غَدَاةً، عَلٰى رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ. قَالَ أَنَسٌ: أُنْزِلَ فِي الَّذِيْنَ قُتِلُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ قُرْآنٌ قَرَأْنَاهُ ثُمَّ نُسِخَ بَعْدُ: "بَلِّغُوْا قَوْمَنَا أَنْ قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَرَضِيْنَا عَنْهُ" [راجع: ۱۰۰۱]

[۲۸۱۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: اصْطَبَحَ نَاسٌ الْخَمْرَ يَوْمَ أُحُدٍ: ثُمَّ قُتِلُوْا شُهَدَاءَ، فَقِيْلَ لِسُفْيَانَ: مِنْ آخِرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ؟ قَالَ: لَيْسَ هٰذَا فِيْهِ.

[انظر: ٤٠٤٤، ٤٦١٨]

وضاحت: اصطبح: صبح میں شراب پی .... سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ سے پوچھا گیا: اس حدیث میں من آخر ذلك اليوم ہے؟ یعنی جس صبح کو شراب پی تھی، اسی دن شام کو وہ شہید کئے گئے: یہ جملہ ہے؟ سفیان نے کہا: اس حدیث میں یہ جملہ نہیں ہے۔

بَابُ ظِلِّ الْمَلاَئِكَةِ عَلَى الشَّهِيْدِ

شہید پر فرشتوں کا سایہ

یہ ذیلی باب ہے، شہداء کا اکرام صرف آخرت میں نہیں کیا جاتا، دنیا میں بھی فرشتے ان کے ساتھ اکرام کا معاملہ کرتے ہیں، سایہ کرنے سے مقصود دھوپ سے بچانا ہی نہیں ہوتا، اعزاز بھی مقصود ہوتا ہے، اور باب میں جو روایت ہے وہ پہلے گذری ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ احد میں شہید کئے گئے تھے اور ان کی لاش بگاڑ دی گئی تھی، ان پر فرشتے برابر سایہ کئے رہے یہاں تک کہ ان کی لاش دفن کے لئے اٹھائی گئی۔

[۲۰-] بَابُ ظِلِّ الْمَلاَئِكَةِ عَلَى الشَّهِيْدِ

[۲۸۱٦-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، أَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ ابْنَ عَبْدَ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: جِيْءَ بِأَبِيْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ مُثِّلَ بِهِ، وَوُضِعَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَذَهَبْتُ أَكْشِفُ عَنْ وَجْهِهِ، فَنَهَانِيْ قَوْمِيْ، فَسَمِعَ صَوْتَ صَائِحَةٍ فَقِيْلَ: ابْنَةُ عَمْرٍو، أَوْ: أُخْتُ عَمْرٍو، فَقَالَ: فَلِمَ تَبْكِيْ؟ أَوْ: لاَ تَبْكِيْ، مَا زَالَتِ الْمَلاَئِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا" قُلْتُ لِصَدَقَةَ: أَفِيْهِ: حَتَّى رُفِعَ؟ قَالَ: رُبَّمَا قَالَهُ. [راجع: ١٢٤٤]

بَابُ تَمَنِّى الْمُجَاهِدِ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا

مجاہد کا دنیا میں واپس آنے کی تمنا کرنا

یہ بھی ذیلی باب ہے، آخرت میں شہید کا کتنا اعزاز کیا جاتا ہے؟ اس کا اندازہ اس سے لگائیں کہ شہید تمنا کرتا ہے کہ بار بار دنیا میں لوٹے، اور دس مرتبہ قتل کیا جائے تا کہ اس کے اعزاز میں اضافہ ہو، اور حدیث ابھی گذری ہے، وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حُمید طویل کی روایت تھی (حدیث ۲۷۹۵) اور یہ قتادہ کی روایت ہے۔

[۲۱-] بَابُ تَمَنِّى الْمُجَاهِدِ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا

[۲۸۱۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثنا شُعْبَةُ، سَمِعْتُ قَتَادَةَ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَا أَحَدٌ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا، وَلَهُ مَا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ، إِلاَّ الشَّهِيْدُ، يَتَمَنَّى أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا، فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ، لِمَا يَرَى مِنَ الْكَرَامَةِ"

[راجع: ٢٧٩٥]

بَابٌ: الْجَنَّةُ تَحْتَ بَارِقَةِ السُّيُوْفِ

جنت تلواروں کی چمک کے نیچے ہے

اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں، حصول جنت کی بہت سی راہیں ہیں، لیکن ایک مختصر راستہ جہاد کرنا ہے، جب گھمسان کا رن پڑے تو بھاگے نہیں، جم کر لڑے، تلواروں کے سایے میں جنت ہے۔

اور باب میں دو اثر اور ایک حدیث ہے:

پہلا اثر: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے بتلایا کہ جو ہم میں سے مارا گیا وہ جنت میں پہنچ گیا زمین پر خون کا پہلا قطرہ گرتے ہی شہید کے تمام گناہ ــــ حقوق العباد کے علاوہ ــــ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

دوسرا اثر: صلح حدیبیہ کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے پوچھا: کیا ہمارے مقتولین جنت میں اور ان کے مقتولین دوزخ میں نہیں ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: کیوں نہیں، اور قتل وہ کیا جاتا ہے جو تلواروں کے سایہ میں لڑتا ہے۔

حدیث: سالم ابوالنضر: عمر بن عبید اللہ کے سکریٹری تھے، وہ کہتے ہیں: حضرت عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ نے عمر بن عبید اللہ کو خط لکھا کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: اور جان لو کہ جنت تلواروں کے سایے میں ہے۔

[۲۲-] بَابٌ: الْجَنَّةُ تَحْتَ بَارِقَةِ السُّيُوْفِ

[۱-] وَقَالَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ: أَخْبَرَنَا نَبِيُّنَا صلى الله عليه وسلم: "مَنْ قُتِلَ مِنَّا صَارَ إِلَى الْجَنَّةِ"

[۲-] وَقَالَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَلَيْسَ قَتْلاَنَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلاَهُمْ فِي النَّارِ؟ قَالَ: "بَلٰى"

[۲۸۱۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَكَانَ كَاتِبَهُ، قَالَ: كَتَبَ إِلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي أَوْفَى: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "وَاعْلَمُوْا أَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلاَلِ السُّيُوْفِ"

تَابَعَهُ الْأُوَيْسِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ. [انظر: ۲۸۳۳، ۲۹۶۶، ۳۰۲۴، ۷۲۳۷]

بَابُ مَنْ طَلَبَ الْوَلَدَ لِلْجِهَادِ

جس نے جہاد کے لئے اولاد طلب کی

ایک شخص اس نیت سے شادی کرتا ہے یا بیوی سے ہمکنار ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ایسے لڑکے عنایت فرمائیں جو جہاد کریں، ایسی تمنا کرنا جائز ہے، اور اس نیت پر بھی اجر وثواب ملے گا، حضرت سلیمان علیہ السلام نے ایسی تمنا کی ہے۔

حدیث: حضرت سلیمان علیہ السلام کوکوئی معرکہ پیش آیا، انھوں نے درباریوں سے جہاد کرنے کے لئے کہا، مگران کی طرف سے سرد مہری دیکھی پس حضرت کا دل ٹوٹ گیا، جیسے حدیبیہ میں نبی ﷺ نے صحابہ کواحرام کھولنے کا حکم دیا، لوگوں نے فوراً تعمیل نہ کی تو آپ کو ناراضگی ہوئی، پس سلیمان علیہ السلام نے درباریوں سے کہا: آج رات میں اپنی سب بیویوں کے پاس جاؤں گا، حضرت کی سو یا ننانوے بیویاں تھی، اور آگے ایک روایت میں ساٹھ آیا ہے، وہ سب لڑکے جنیں گی جو بڑے ہو کر شہسوار بنیں گے، اور اللہ کے راستہ میں جہاد کریں گے، تمہاری کچھ ضرورت نہیں، ان کے ساتھی نے یاد دلایا: ان شاءاللہ کہہ لیں، مگر آپ ناراضگی کی وجہ سے ان شاءاللہ نہیں کہہ سکے، پھر آپ حسبِ وعدہ سب بیویوں کے پاس گئے، مگر کسی کے حمل نہیں ٹھہرا، ایک کے ٹھہرا، مگر ناتمام بچہ پیدا ہوا، دائی نے لاکر سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں تختِ شاہی پر پیش کیا، سورہ ص میں اسی کا ذکر ہے: ﴿وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ﴾: واقعہ یہ ہے کہ ہم نے سلیمان کو امتحان میں ڈالا، اور ہم نے ان کے تخت پر ایک ادھورا بچہ ڈالا، پس انھوں نے اللہ کی طرف رجوع کیا۔ اس آیت میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

یہ واقعہ بیان کر کے نبی ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! اگر سلیمان علیہ السلام ان شاءاللہ کہہ لیتے تو اللہ تعالیٰ ہر بیوی سے لڑکا عنایت فرماتے، اور وہ سب راہِ خدا میں جہاد کرتے۔

تشریح: جاننا چاہئے کہ ضروری نہیں کہ ان شاءاللہ کہنے سے ہر مقصد پورا ہو جائے، یہ بات اللہ کی مشیت پر موقوف ہے اور اس کا علم نہیں ہوسکتا، اور نبی ﷺ نے جو فرمایا کہ ان کی ہر بیوی لڑکا جنتی یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی خصوصیت ہے، جیسے یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں ایک تسبیح پڑھی تو ان کو نجات ملی، یہ بھی آپ کے ساتھ خاص ہے، مگر جس طرح آیت کریمہ کا ورد تکمیل مقاصد میں مفید ہے اسی طرح ان شاءاللہ کہہ لینا بھی مقصد کی برآری میں معین ہے۔

سوال: ایک رات میں سو یا ننانوے یا ساٹھ بیویوں سے کیسے ہم کنار ہونگے؟ یہ بات انسان کی استطاعت سے باہر ہے!

جواب: یہ خرق عادت (معجزہ) ہے، علاوہ ازیں قوتیں دن بدن گھٹ رہی ہیں، پہلے زمانہ میں لوگوں میں اور خاص طور پر انبیاء میں اتنی قوت ہوتی تھی کہ متعدد عورتوں سے ایک رات میں ہم کنار ہوسکیں، جیسے نبی ﷺ ایک رات میں نو بیویوں کے پاس تشریف لے گئے ہیں، اور غیر معمولی طاقت کا ہونا حضور ﷺ کے ساتھ خاص نہیں تھا، سبھی انبیاء کو یہ بات حاصل تھی۔ عمدۃ القاری میں ہے: سَمِعْتُ بَعْضَ الْمَشَايِخِ الْكِبَارِ الثِّقَاتِ أن كل نبيٍّ من الأنبياء عليهم السلام أُعْطِيَ قُوَّةَ أَرْبَعِينَ (عمدہ: ۱۴:۱۱۶)

[۲۳-] بَابُ مَنْ طَلَبَ الْوَلَدَ لِلْجِهَادِ

[۲۸۱۹-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ: لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى مِائَةِ امْرَأَةٍ أَوْ:

تِسْعٍ وَتِسْعِيْنَ، كُلُّهُنَّ يَأْتِيْ بِفَارِسٍ يُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ: قُلْ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَلَمْ يَقُلْ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَلَمْ تَحْمِلْ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ، جَاءَ تْ بِشِقِّ رَجُلٍ، وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَوْ قَالَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، لَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُرْسَانًا أَجْمَعُوْنَ"[انظر: ٣٤٢٤، ٥٢٤٢، ٦٦٣٩، ٦٧٢٠، ٧٤٦٩]

بَابُ الشُّجَاعَةِ فِي الْحَرْبِ وَالْجُبْنِ

جنگ میں بہادری اور بزدلی

جنگ میں کامیابی اور ناکامی کا مدار بہادری اور بزدلی پر ہے اور بہادری اور بزدلی ایک دوسرے کی ضد ہیں، پس جب ایک کی فضیلت ثابت ہوگی تو دوسرے کی قباحت خود بخود نکل آئے گی۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ سب سے زیادہ خوبصورت، سب سے زیادہ بہادر اور سب سے زیادہ سخی تھے (اور انبیاء میں صفات محمودہ ہی ہوتی ہیں، پس بہادری کا صفت محمودہ ہونا، اور اس کی ضد بزدلی کا صفت مذمومہ ہونا ثابت ہوا، پھر حضرت انسؓ نے آپؐ کی بہادری کی ایک مثال دی) ایک مرتبہ مدینہ والے گھبراہٹ میں مبتلا ہوگئے، پس نبی ﷺ گھوڑے پر بیٹھ کر سب سے پہلے خطرہ کی جگہ پہنچے، اور آپؐ نے گھوڑے کی تعریف میں فرمایا: ''ہم نے اس کو سمندر پایا!'' (یہ حدیث پہلے گذری ہے)

حدیث (۲): حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا، اور لوگ بھی ساتھ تھے اور یہ واقعہ حنین سے واپسی کا ہے، بدؤں نے آپؐ کو گھیر لیا، وہ آپؐ سے مال مانگ رہے تھے، یہاں تک کہ انھوں نے آپؐ کو ایک درخت کی پناہ لینے پر مجبور کر دیا، اور انھوں نے آپؐ کی چادر جھپٹ لی، پس نبی ﷺ رکے اور فرمایا: میری چادر مجھے دو، اگر میرے پاس ان جھاڑیوں کے بقدر چوپائے ہوتے تو میں ضرور ان کو تمہارے درمیان بانٹ دیتا، پھر تم مجھے نہ بخیل پاتے، نہ جھوٹا نہ بزدل (اس حدیث سے بھی بزدلی کی برائی نکلی، کیونکہ انبیاء میں صفاتِ مذمومہ نہیں ہوتیں، پس اس کی ضد بہادری کی تعریف نکل آئی)

تشریح: کبھی اسم مبالغہ سے مطلق شئ کی نفی کی جاتی ہے، جیسے: ﴿وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيْدِ﴾: آپ کے پروردگار بندوں پر مطلق ظلم کرنے والے نہیں، پس حدیث میں کذوب کی نفی سے مطلق کذب کی نفی کی ہے، یا یہ کہا جائے کہ ایسی جگہ مبالغہ نفی کی جانب میں ہوتا ہے، یعنی اللہ ذرا ظلم کرنے والے نہیں، اور نبی ﷺ ذرا جھوٹ نہیں بولتے تھے۔

[٢٤-] بَابُ الشُّجَاعَةِ فِي الْحَرْبِ وَالْجُبْنِ

[٢٨٢٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَحْسَنَ النَّاسِ وَأَشْجَعَ النَّاسِ وَأَجْوَدَ النَّاسِ، وَلَقَدْ فَزِعَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ

النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَبَقَهُمْ عَلٰى فَرَسٍ، وَقَالَ: "وَجَدْنَاهُ بَحْرًا"[راجع: ٢٦٢٧]

[٢٨٢١-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ: أَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ يَسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَهُ النَّاسُ، مَقْفَلَهُ مِنْ حُنَيْنٍ، فَعَلِقَتِ الْأَعْرَابُ يَسْأَلُوْنَهُ، حَتَّى اضْطَرُّوْهُ إِلٰى شَجَرَةٍ، فَخَطِفَتْ رِدَاءَهُ، فَوَقَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "أَعْطُوْنِيْ رِدَائِيْ، لَوْ كَانَ لِيْ عَدَدُ هٰذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمٌ لَقَسَمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَاتَجِدُوْنِيْ بَخِيْلاً وَلَا كَذُوْبًا وَلَا جَبَانًا"[انظر: ٣١٤٨]

وضاحت: دوسری حدیث حضرت جبیر رضی اللہ عنہ سے ان کے لڑکے محمد، پھر ان کے لڑکے عمر، پھر ان سے امام زہری رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں، امام زہریؒ کا محمد سے لقاء وسماع ہے، مگر یہ روایت انھوں نے عمر کے واسطہ سے سنی ہے، اور شارحین کہتے ہیں کہ یہ جو کہا جاتا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ اپنی صحیح میں حدیث عزیز ہی روایت کرتے ہیں یعنی اس حدیث کو ہی روایت کرتے ہیں جس کے راوی کم از کم دو ہوں یہ بات صحیح نہیں، اس حدیث سے اس کی تردید ہوتی ہے کیونکہ محمد سے عمر ہی روایت کرتے ہیں اور عمر سے زہری ہی روایت کرتے ہیں۔

بَابُ مَا يُتَعَوَّذُ مِنَ الْجُبْنِ

بزدلی سے پناہ مانگنا

باب میں ما مصدریہ ہے، جب یہ ثابت ہوگیا کہ بزدلی بری صفت ہے تو اس سے پناہ مانگنی چاہئے، باب کی دونوں حدیثوں میں بزدلی سے پناہ مانگی گئی ہے ان کو یاد کریں، اور ہمیشہ بزدلی سے پناہ مانگیں، بزدل آدمی صرف مڈبھیڑ کے وقت بھاگتا ہی نہیں دوسروں کو بھی بھگاتا ہے، اور بزدل آدمی کبھی اپنی جان مال اور دین کو برباد کردیتا ہے، وہ ڈر کے مارے مرتد بھی ہوسکتا ہے، اس لئے بزدلی سے ہمیشہ پناہ مانگنی چاہئے۔

حدیث (۱): حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنی اولاد کو یہ دعا بڑے اہتمام سے سکھاتے تھے، جیسے مکتب میں معلّم بچوں کو لکھنا سکھاتا ہے (اور طبقات ابن سعد میں ہے کہ حضرت سعدؓ کے چودہ لڑکے اور سترہ لڑکیاں تھیں) اور حضرت سعدؓ یہ بھی فرماتے تھے کہ نبی ﷺ یہ دعا ہر نماز کے بعد مانگا کرتے تھے: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ أُرَدَّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں بزدلی سے اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں کہ نکمی عمر کی طرف پھیرا جاؤں، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں دنیا کی آزمائش سے اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں قبر کے عذاب سے۔ راوی عبدالملک کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے مصعب کو سنائی تو انھوں نے اس کی تصدیق کی کہ ابا ہمیں یہ دعا سکھلایا کرتے تھے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ دعا فرمایا کرتے تھے: اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں بے بسی سے اور سستی سے اور بزدلی سے اور سٹھیا جانے سے اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں زندگی اور موت کی آزمائش سے اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں قبر کے عذاب سے۔

تشریح: عَجْز: بے بسی، عدم قدرت، کوئی کام بس میں نہ ہونا۔ کَسَل: سستی، یعنی کام بس میں ہے مگر تن آسانی کی وجہ سے نہیں کرتا۔ اور ھَرَم: شباب کی ضد ہے، ایسی نکمی عمر کو پہنچ جانا کہ زندگی کے تمام کاموں میں دوسرے کا محتاج ہو جائے، اور محیا اور ممات: مصدر میمی یا ظرف ہیں، اور حیات اور موت کے معنی میں ہیں۔

[۲۵-] بَابُ مَا يُتَعَوَّذُ مِنَ الْجُبْنِ

[۲۸۲۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، ثَنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ الْأَوْدِيَّ، قَالَ: كَانَ سَعْدٌ يُعَلِّمُ بَنِيْهِ هٰؤُلَآءِ الْكَلِمَاتِ كَمَا يُعَلِّمُ الْمُعَلِّمُ الْغِلْمَانَ الْكِتَابَةَ، وَيَقُوْلُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنْهُنَّ دُبُرَ الصَّلاَةِ: " اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ أُرَدَّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ" فَحَدَّثْتُ بِهِ مُصْعَبًا فَصَدَّقَهُ. [انظر: ۶۳۶۵، ۶۳۷۰، ۶۳۷۴، ۶۳۹۰]

[۲۸۲۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، سَمِعْتُ أَبِيْ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ" [انظر: ۴۷۰۷، ۶۳۶۷، ۶۳۷۱]

بَابُ مَنْ حَدَّثَ بِمَشَاهِدِهِ فِي الْحَرْبِ

جنگ کے پیش آمدہ واقعات سنانا

جنگ کے پیش آمدہ واقعات اپنے یا دوسروں کے سنانا جائز ہے، کیونکہ بہادری کے واقعات سنانے سے سننے والوں میں بہادری کا جوہر پیدا ہوتا ہے، اور جنگ کا طریقہ بھی لوگوں کی سمجھ میں آتا ہے، مگر شرط یہ ہے کہ سنانے کا مقصد ریا نہ ہو۔

اور باب میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی روایت کا حوالہ ہے، یہ روایت کتاب المغازی میں آئے گی، حضرت سعدؓ نے ایک مرتبہ فرمایا: میں پہلا وہ شخص ہوں جس نے اسلام میں تیر چلایا ہے، پھر سائب بن یزیدؓ (صحابی صغیر) کی حدیث ہے کہ میں حضرات طلحہ، سعد، مقداد اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم کی صحبت میں بیٹھا ہوں۔ ان میں سے کوئی حدیث مرفوع

بیان نہیں کرتا تھا، البتہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ جنگ احد کے واقعات سناتے تھے (یہ حضرات مرفوع احادیث بیان کرنے میں احتیاط برتتے تھے کہ کہیں کمی زیادتی نہ ہوجائے)

[٢٦-] بَابُ مَنْ حَدَّثَ بِمَشَاهِدِهِ فِي الْحَرْبِ

قَالَهُ أَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ سَعْدٍ.

[٢٨٢٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: صَحِبْتُ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَسَعْدًا، وَالْمِقْدَادَ بْنَ الْأَسْوَدِ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ فَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِلَّا أَنِّيْ سَمِعْتُ طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ يَوْمِ أُحُدٍ.

[انظر: ٤٠٦٢]

بَابُ وُجُوْبِ النَّفِيْرِ، وَمَا يَجِبُ مِنَ الْجِهَادِ وَالنِّيَّةِ

اعلان عام ہوجائے تو جہاد کے لئے نکلنا فرض عین ہے

اور عام حالات میں جہاد کے لئے نکلنا فرض کفایہ ہے

باب میں غایت درجہ ایجاز کی وجہ سے تعقید پیدا ہوگئی ہے، تین مسائل جمع کئے ہیں، نفیر کے معنی ہیں: بلاوا، اعلان عام، لفظی معنی ہیں: کسی وجہ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا، اور اصطلاحی معنی ہیں: سب لوگوں کا جہاد کے لئے نکلنا، جب حکومت کی طرف سے اعلان ہوجائے کہ ہر ایک جہاد کے لئے نکلے تو یہ نفیر عام ہے، اور اس وقت ہر اس شخص پر جہاد کے لئے نکلنا فرض ہوجاتا ہے جو جہاد کی استطاعت رکھتا ہے۔

اور اگر یہ اعلان ہو کہ فلاں جگہ جہاد کے لئے جانا ہے، لوگ نام لکھوائیں تو یہ صرف نفیر ہے، نفیر کے معنی ہیں: جہاد کی دعوت، پس جب محض نفیر ہو تو جہاد کے لئے نکلنا فرض کفایہ ہے، جتنے لوگوں کی ضرورت ہے جب اتنے نام آجائیں تو باقی لوگوں پر نام لکھوانا ضروری نہیں، اور جس زمانہ میں جہاد نہ ہو رہا ہو یا جس ملک میں جہاد کے لئے حالات سازگار نہ ہوں تو وہاں جہاد کی نیت رکھنا ضروری ہے، اور باب میں امام صاحب رحمہ اللہ نے دو آیتیں اور ایک حدیث لکھی ہے، جو بالترتیب تینوں باتوں کی دلیل ہیں۔

پہلی آیات: سورۃ التوبہ کی آیت ۴۱ و۴۲ ہیں: نکل پڑو تھوڑے سامان کے ساتھ اور زیادہ سامان کے ساتھ، اور راہِ خدا میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کرو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے، اگر تم یقین رکھتے ہو، اگر کچھ لگے ہاتھ ملنے والا سامان ہوتا یا سفر معمولی ہوتا تو یہ (منافق) ضرور آپ کے ساتھ ہولیتے، لیکن ان کو تو مسافت ہی دور دراز معلوم ہونے لگی! اور ابھی خدا کی

قسم کھائیں گے کہ اگر ہمارے بس میں ہوتا تو ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے، یہ لوگ (جھوٹ بول کر) اپنے آپ کو ہلاک کررہے ہیں اوراللہ تعالیٰ جانتے ہیں یہ لوگ یقیناً جھوٹے ہیں۔

تفسیر: ان آیتوں میں غزوۂ تبوک کے سفر کا ذکر ہے، رومن سپر پاور سے مقابلہ تھا، اس لئے اعلان عام کیا گیا تا کہ ہر ذی استطاعت جہاد کے لئے نکلے، مگر منافقین پیچھے رہ گئے، اور بعد میں انھوں نے بہانے بنائے تو ان کے بارے میں یہ آیتیں نازل ہوئیں۔ معلوم ہوا کہ جب اعلان عام ہوجائے تو ہر شخص پر جہاد کے لئے نکلنا فرض ہوجاتا ہے۔

دوسری آیتیں: سورۃ التوبہ کی آیات ۳۸و۳۹ ہیں: ''اے ایمان والو! تم لوگوں کو کیا ہوا کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں (جہاد کے لئے) نکلو تو تم زمین سے لگے جاتے ہو، کیا تم نے آخرت کے عوض دنیاوی زندگی پر قناعت کرلی ہے؟ سو دنیاوی زندگی کا برتنے کا سامان آخرت کے مقابلہ میں بس تھوڑا سا ہی ہے، اگر تم نہیں نکلو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو سخت سزا دیں گے، اور تمہارے بدل دوسری قوم پیدا کردیں گے (اور ان سے کام لیں گے) اور تم اللہ (کے دین) کو کچھ ضرر نہیں پہنچا سکو گے، اور اللہ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے''

تفسیر: یہ آیات عام حالات کے لئے ہیں، جب ایمرجنسی نہ ہو اور اعلان کیا جائے کہ جہاد کے لئے نام لکھواؤ تو ہر ایک کو بڑھ کر نام لکھوانا چاہئے۔

پھر سورۂ نساء آیت اے میں لفظ ثُبات آیا ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کے معنی بیان کئے ہیں، آیت یہ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ أَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا﴾: اے ایمان والو! اپنی والی احتیاط رکھو، پھر متفرق طور پر یا مجتمع طور پر جہاد کے لئے نکلو۔ حضرت ابن عباسؓ نے معنی بیان کئے ہیں کہ چھوٹے چھوٹے سریوں میں نکلو، ثُبات: ثُبَة کی جمع ہے۔

حدیث: فتح مکہ کے موقع پر اعلان کیا گیا کہ اب مکہ سے ہجرت کی ضرورت نہیں، کیونکہ مکہ دارالاسلام بن گیا ہے، البتہ جہاد کے لئے مدینہ آؤ، اور جب جہاد نہ ہورہا ہو تو جہاد کی نیت رکھو، پھر جب تمہیں کھڑا کیا جائے تو اٹھ کھڑے ہوؤ۔ یہ حدیث تیسری بات کی دلیل ہے کہ جب جہاد نہ ہورہا ہو یا جہاں جہاد کے حالات نہ ہوں وہاں بھی جہاد کی نیت رکھنا ضروری ہے۔

[۲۷-] بَابُ وُجُوْبِ النَّفِيْرِ، وَمَا يَجِبُ مِنَ الْجِهَادِ وَالنِّيَّةِ

[۱-] وَقَوْلِهِ: ﴿انْفِرُوْا خِفَافًا وَثِقَالاً وَجَاهِدُوْا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ، لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَسَفَرًا قَاصِدًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُوْنَ﴾

[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا مَالَكُمْ إِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الْأَرْضِ أَرَضِيْتُمْ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الآخِرَةِ، فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا إِلَّا قَلِيْلٌ﴾ [التوبة:۳۸]

وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ﴾[النساء: ۷۱]: سَرَايَا مُتَفَرِّقِيْنَ، وَيُقَالُ: وَاحِدُ الثُّبَاتِ، ثُبَةٌ.

[۲۸۲۵-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا يَحْيىٰ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ:" لَا هِجرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا"[راجع: ۱۳۴۹]

بَابٌ: الْكَافِرُ يَقْتُلُ الْمُسْلِمَ، ثُمَّ يُسْلِمُ، فَيُسَدَّدُ بَعْدُ، وَيُقْتَل

کافر نے مسلمان کو قتل کیا، پھر وہ مسلمان ہوگیا اور اس کے بعد دین پر استوار رہا اور شہید کیا گیا

ایک کافر نے مسلمان کو قتل کیا، پھر وہ کافر مسلمان ہوگیا، پھر اس نے اچھی زندگی گذاری، پھر وہ بھی شہید کیا گیا تو دونوں جنت میں جائیں گے، پہلا اس لئے کہ اس کو کافر نے قتل کیا ہے اور دوسرا اس لئے کہ وہ بھی مسلمان ہوکر شہید ہوا ہے، اور باب میں دو نئی حدیثیں ہیں، اور دونوں کی باب پر دلالت واضح ہے۔

[۲۸-] بَابٌ: الْكَافِرُ يَقْتُلُ الْمُسْلِمَ، ثُمَّ يُسْلِمُ، فَيُسَدَّدُ بَعْدُ، وَيُقْتَل

[۲۸۲۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" يَضْحَكُ اللّٰهُ إِلٰى رَجُلَيْنِ: يَقْتُلُ أَحَدُهُمَا الآخَرَ، يَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ، يُقَاتِلُ هٰذَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلُ، ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى الْقَاتِلِ فَيُسْتَشْهَدُ"

[۲۸۲۷-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ، أَخْبَرَنِيْ عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ بِخَيْبَرَ بَعْدَمَا افْتَتَحُوْهَا، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَسْهِمْ لِيْ، فَقَالَ بَعْضُ بَنِيْ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ: لَا تُسْهِمْ لَهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: هٰذَا قَاتِلُ ابْنِ قَوْقَلٍ، فَقَالَ ابْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ: وَاعَجَبًا لِوَبْرٍ تَدَلَّى عَلَيْنَا مِنْ قَدُوْمِ ضَأْنٍ، يَنْعَى عَلَيَّ قَتْلَ رَجُلٍ مُسْلِمٍ، أَكْرَمَهُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيَّ وَلَمْ يُهِنِّيْ عَلٰى يَدَيْهِ، قَالَ: فَلَا أَدْرِيْ أَسْهَمَ لَهُ أَوْ لَمْ يُسْهِمْ.

قَالَ سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنِيْهِ السَّعِيْدِيُّ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: السَّعِيْدِيُّ: هُوَ عَمْرُو ابْنُ يَحْيىٰ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ.[انظر: ۴۲۳۷، ۴۲۳۸، ۴۲۳۹]

حدیث (۱): اللہ تعالیٰ دوشخصوں کو دیکھ کر ہنستے ہیں یعنی خوش ہوتے ہیں، وہ دونوں بندے اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہیں، ان میں سے ایک دوسرے کو قتل کرتا ہے، پھر دونوں جنت میں پہنچ جاتے ہیں۔ یہ پہلا لڑتا ہے راہِ خدا میں، پس شہید کیا جاتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ نظر کرم فرماتے ہیں قاتل پر (چنانچہ وہ مسلمان ہوکر اچھی زندگی گذارتا ہے) پھر وہ شہید کیا جاتا ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچا درانحالیکہ آپؐ خیبر میں تھے، اس کو فتح کرنے کے بعد، پس میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے بھی مال غنیمت میں سے حصہ دیجئے، پس سعید بن العاص کے ایک بیٹے نے (جس کا نام ابان تھا) کہا: اس کو حصہ نہ دیں اے اللہ کے رسول! (کیونکہ یہ جنگ ختم ہونے کے بعد آئے ہیں) اس پر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ ابن قوقلؓ کا قاتل ہے! پس سعید کے لڑکے نے کہا: ہائے تعجب! اس وَبْر پر جو اتر آیا ہے، ہم پر قُدُوْمِ ضأْن سے! طعنہ دے رہا ہے وہ مجھے ایک ایسے مسلمان کو قتل کرنے کا جس کو اللہ نے عزت بخشی میرے ہاتھوں سے اور مجھے رسوا نہیں کیا اس کے ہاتھوں سے۔ راوی کہتا ہے: مجھے معلوم نہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو مالِ غنیمت میں سے حصہ دیا یا نہیں۔

تشریح: ابن قوقل رضی اللہ عنہ کا نام نعمان بن مالک ہے، یہ انصاری صحابی ہیں، جنگ احد میں ان کو ابان بن سعیدؓ نے قتل کیا تھا، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس کا طعنہ دیا ہے کہ یہ ابن قوقلؓ کا قاتل ہے، اس کو بولنے کا کیا حق ہے؟ ابانؓ نے جواب دیا کہ ابو ہریرہؓ وبر ہے، یہ بلی جیسا جانور ہے جو قدوم ضأن سے ہم پر اتر آیا ہے۔ قدوم ضان حضرت ابو ہریرہؓ کے دیار کا پہاڑ ہے، یعنی یہ چار پیسے کا آدمی ہے اور مجھے طعنہ دے رہا ہے کہ میں نے ایک مسلمان کو قتل کیا ہے، حالانکہ اس کو اللہ نے میرے ہاتھ سے عزت بخشی اور مجھے ابن قوقل کے ہاتھ سے اللہ نے رسوا نہیں کیا یعنی میں قتل نہیں ہوا، ورنہ جہنم میں جاتا، بلکہ زندہ رہا، مسلمان ہوا، اور راہِ خدا میں لڑ رہا ہوں، پھر مجھے یہ طعنہ کیوں دیا جا رہا ہے!

بَابُ مَنِ اخْتَارَ الْغَزْوَ عَلَى الصَّوْمِ

جس نے جہاد کو نفل روزوں پر ترجیح دی

مسلسل نفل روزے رکھنے سے کمزوری آتی ہے، پس اگر کوئی شخص جہاد میں قوت حاصل کرنے کی غرض سے نفل روزے نہ رکھے تو بہتر ہے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی زندگی میں نفل روزے نہیں رکھتے تھے، کیونکہ جہاد میں شریک ہوتے تھے، پھر حضور ﷺ کے بعد جب بوڑھے ہوگئے اور جہاد میں جانے کے قابل نہ رہے تو پورے سال روزے رکھتے تھے، صرف ایام منہیہ کے روزے نہیں رکھتے تھے، پس حضور ﷺ کی زندگی میں انھوں نے جہاد کو روزوں پر ترجیح دی، یہی باب ہے۔

[۲۹-] بَابُ مَنِ اخْتَارَ الْغَزْوَ عَلَى الصَّوْمِ

[۲۸۲۸-] حدثنا آدمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ لَايَصُوْمُ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَجْلِ الْغَزْوِ، فَلَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، لَمْ أَرَهُ مُفْطِرًا إِلَّا يَوْمَ فِطْرٍ أَوْ أَضْحَى.

بَابٌ: الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ

شہید حقیقی کے علاوہ سات حکمی شہداء

موطا مالک میں روایت ہے: شہداء کی سات قسمیں ہیں: راہِ خدا میں مارے جانے والے کے علاوہ: (۱) طاعون سے مرا ہوا شہید ہے (۲) پانی میں ڈوبا ہوا شہید ہے (۳) ذات الجنب (نمونیا) میں مرا ہوا شہید ہے (۴) پیٹ کی بیماری میں مرا ہوا شہید ہے (۵) جل کر مرا ہوا شہید ہے (۶) اور جو شخص کسی چیز کے نیچے دب کر مر جائے وہ شہید ہے (۷) اور جو عورت حمل کی وجہ سے مر جائے وہ شہید ہے۔ اور حضرتؒ باب میں الشهداء خمسٌ والی روایت لائے ہیں، یہ روایت پہلے گذری ہے۔ اور دوسری روایت نئی ہے کہ طاعون ہر مسلمان کے لئے شہادت ہے۔

حکمی شہدا محدود نہیں، ذکر عدد نفی ماعدا کو مستلزم نہیں، علامہ عینی رحمہ اللہ نے روایتیں جمع کی ہیں اور ان کا عدد چالیس تک پہنچایا ہے۔ مگر جاننا چاہئے کہ یہ الحاق ہے، یعنی حکمی شہداء کو حقیقی شہید کے ساتھ ملایا ہے اور یہی ان کی فضیلت ہے، حقیقی شہید کے تمام فضائل واحکام ان کے لئے نہیں ہیں، چنانچہ ان کو عام اموات کی طرح غسل وکفن دیا جائے گا۔

[۳۰-] بَابٌ: الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ

[۲۸۲۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الشُّهَدَاءُ خَمْسَةٌ: الْمَطْعُوْنُ، وَالْمَبْطُوْنُ، وَالْغَرِقُ، وَصَاحِبُ الْهَدْمِ، وَالشَّهِيْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"[راجع: ٦٥٣]

[۲۸۳۰-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا عَاصِمٌ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِكُلِّ مُسْلِمٍ"[انظر: ٥٧٣٢]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ﴾

غیر معذور جہاد نہ کرنے والے مؤمنین اور اپنی جان ومال سے راہِ خدا میں جہاد کرنے والے مؤمنین برابر نہیں

سورۃ النساء آیت ۹۵و۹۶ ہے: "برابر نہیں وہ مسلمان جو کسی عذر کے بغیر گھر میں بیٹھے رہیں اور وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کریں، اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا درجہ بہت بلند کیا ہے جو اپنے مالوں اور جانوں

سے جہاد کرتے ہیں، گھر میں بیٹھنے والوں کی بہ نسبت، اور اللہ تعالیٰ نے سب سے اچھے انجام کا وعدہ کر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کو بمقابلہ گھر میں بیٹھنے والوں کے بڑا اجر عطا فرمایا ہے، یعنی بہت سے درجے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملیں گے اور مغفرت ورحمت اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں''

ان آیات کا مدعیٰ واضح ہے، جہاد کرنے والے اور گھر میں بیٹھ کر انڈے دینے والے یکساں نہیں ہوسکتے، البتہ معذورین اس سے مستثنیٰ ہیں، اور باب کی دونوں روایتوں میں ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ کا شانِ نزول بیان کیا گیا ہے، جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی تو ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ کو روک لیا گیا، پھر جب حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ نے اپنا عذر پیش کیا کہ یارسول اللہ! میں نابینا ہوں، میں جہاد کیسے کروں؟ تو دوبارہ وحی آئی اور بیچ کا ٹکڑا ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ نازل ہوا۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ پہلی وحی کَتِف پر لکھ رہے تھے، کتف اونٹ کے آگے کے پیروں کے بالائی حصہ میں سے ایک بڑی ہڈی نکلتی ہے جو دورِ اول میں لکھنے کے کام آتی تھی، حضرت زیدؓ حضور ﷺ کے قریب بیٹھے تھے، جب وحی کے آثار شروع ہوئے تو آپؐ کا پیر حضرت زیدؓ کے پیر پر گر گیا، حضرت زیدؓ کہتے ہیں: مجھ پر اتنا بوجھ پڑا کہ میری ران پھٹنے کو ہوگئی۔

سوال: ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ کو کیوں روک لیا گیا تھا؟

جواب: تشریع (قانون سازی) کے مقصد سے روکا گیا تھا، اگر پہلے ہی یہ ٹکڑا نازل کر دیا جاتا تو ضَرَر (عذر) کو سمجھنا مشکل ہوتا، اور جب حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ نے سوال کیا اور اس پر یہ ٹکڑا نازل ہوا تو اب ضرر کا مصداق متعین ہوگیا، سب کی سمجھ میں آگیا کہ ایسا عذر جس سے آدمی لڑ نہ سکے جیسے نابینا ہونا، اپاہج ہونا، بہت زیادہ بوڑھا ہونا وغیرہ وہ اعذار ہیں جن کو مستثنیٰ کیا گیا ہے۔

اور اس کی نظیر تیمّم کی آیت ہے وہ بھی پہلے ﴿فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا﴾ تک نازل ہوئی تھی، پھر جب لوگوں نے مختلف تیمّم کئے تو ﴿فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَأَيْدِيْكُمْ مِنْهُ﴾ نازل کیا گیا، اور لوگوں نے تیمّم کا طریقہ سیکھ لیا۔

[۳۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿غَفُوْرًا رَحِيْمًا﴾

[۲۸۳۱-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم زَيْدًا، فَجَاءَ بِكَتِفٍ فَكَتَبَهَا، وَشَكَا ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ ضَرَارَتَهُ، فَنَزَلَتْ ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ [انظر: ٤٥٩٣، ٤٥٩٤، ٤٩٩٠]

[۲۸۳۲-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ، ثَنِيْ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ،

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ أَنَّـهُ قَالَ: رَأَيْتُ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ، فَأَقْبَلْتُ حَتَّى جَلَسْتُ إِلَى جَنْبِهِ، فَأَخْبَرَنَا أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَمْلٰى عَلَيْهِ﴿لاَيَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ فَجَاءَ هُ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ وَهُوَ يُمِلُّهَا عَلَيَّ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ أَسْتَطِيْعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُ، وَكَانَ رَجُلاً أَعْمَى، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ وَفَخِذُهُ عَلٰى فَخِذِيْ، فَثَقُلَتْ عَلَيَّ حَتَّى خِفْتُ أَنَّ تُرَضَّ فَخِذِيْ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾[انظر: ٤٥٩٢]

بَابُ الصَّبْرِ عِنْدَ الْقِتَالِ

جنگ کے وقت ڈٹ جانا

صبر کے لغوی معنی ہیں: روکنا اور اصطلاحی معنی ہیں: نفس کو اس کی خواہش سے روکنا، نفس عبادت نہیں کرنا چاہتا پس اس کو عبادت کرنے پر مجبور کرنا صبر ہے، اور نفس برائیاں کرنا چاہتا ہے پس اس کو برائی سے روکنا صبر ہے، اسی طرح نفس میدان سے بھگاتا ہے پس اس کو میدان میں روکنا صبر ہے، دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا کامیابی کی کلید ہے۔ سورۃ الانفال کی آیت ۴۵ ہے: ﴿إِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا﴾: جب تمہارا (دشمن کی) کسی جماعت سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو۔ اور حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کی تحریر سالم ابوالنضر نے پڑھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: إِذَا لَقِيْتُمْ فَاصْبِرُوْا: یہ ارشاد آیتِ کریمہ کے ہم معنی ہے۔

[۳۲-] بَابُ الصَّبْرِ عِنْدَ الْقِتَالِ

[۲۸۳۳-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِيْ أَوْفَى كَتَبَ فَقَرَأْتُهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا"[راجع: ٢٨١٨]

بَابُ التَّحْرِيْضِ عَلَى الْقِتَالِ

جہاد کی ترغیب دینا

انبیاءِ کرام علیہم السلام امتوں کو ترغیب وترہیب کے ذریعہ اعمال پر ڈالتے ہیں، کرنے کے کاموں کی ترغیب دیتے ہیں، ان کے فضائل بیان کرتے ہیں اور نہ کرنے کے کاموں سے ڈراتے ہیں، ان پر وعیدیں سناتے ہیں، اور جہاد مأمور بہ ہے پس ضروری ہے کہ اس کی ترغیب دی جائے۔ سورۃ الانفال کی آیت ۶۵ ہے: "اے پیغمبر! آپؐ مؤمنین کو جہاد کی ترغیب

دیں'' اور باب میں یہ حدیث ہے کہ جب خندق کھودی جارہی تھی تو نبی ﷺ موقعہ پر پہنچے، دیکھا کہ مہاجرین وانصار ایک ٹھنڈی صبح میں کھدائی کا کام کررہے ہیں، ان کے پاس غلام نہیں تھے، جو ان کا یہ کام کرتے، پس جب نبی ﷺ نے دیکھا کہ وہ تھکے ہوئے اور فاقہ مست ہیں تو آپؐ نے رجز پڑھا:

اللّٰهُمَّ إِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الآخِرَةْ ۞ فَاغْفِرْ لِلأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةْ

اے اللہ! بیشک زندگی تو آخرت کی زندگی ہے÷ پس آپ انصار اور مہاجرین کی بخشش فرمائیں۔

اور صحابہ نے یہ جوابی رجز پڑھا:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ۞ عَلٰى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

ہم وہ لوگ ہیں جنھوں نے محمد ﷺ سے بیعت کی ہے÷ جہاد پر جب تک ہم زندہ رہیں ہمیشہ کے لئے۔

یہ حدیث باب سے کس طرح منطبق ہے؟ حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ کا بذات خود خندق کھودنے میں شریک ہونا ترغیب ہے کہ صحابہ آپؐ کی پیروی کریں، اور جہادی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اور علامہ عینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ آپؐ نے جو رجز پڑھا ہے: اللّٰهُمَّ إِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الآخِرَةِ: یہ صحابہ کو جہاد کی ترغیب ہے۔

[۳۳-] بَابُ التَّحْرِيْضِ عَلَى الْقِتَالِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ﴾ [الأنفال: ٦٥]

[٢٨٣٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى الْخَنْدَقِ، فَإِذَا الْمُهَاجِرُوْنَ وَالأَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ فِي غَدَاةٍ بَارِدَةٍ، فَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ عَبِيْدٌ يَعْمَلُوْنَ ذٰلِكَ لَهُمْ، فَلَمَّا رَأَى مَا بِهِمْ مِنَ النَّصَبِ وَالْجُوْعِ قَالَ:

اللّٰهُمَّ إِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الآخِرَةْ ۞ فَاغْفِرْ لِلأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةْ

فَقَالُوْا مُجِيْبِيْنَ لَهُ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ۞ عَلٰى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

[انظر: ٢٨٣٥، ٢٩٦١، ٣٧٩٥، ٣٧٩٦، ٤٠٩٩، ٤١٠٠، ٦٤١٣، ٧٢٠١]

بَابُ حَفْرِ الْخَنْدَقِ

خندق کھودنا

یہ ردیف باب ہے، حضرت امام رحمہ اللہ ایسا کرتے ہیں، کسی باب کے آخر میں جو مضمون آتا ہے اس پر اگلا باب قائم کرتے ہیں، ایسے ابواب کا اس کتاب سے جو چل رہی ہے گہری مناسبت ضروری نہیں، ادنی ملابست (معمولی تعلق) بھی

کافی ہوتا ہے۔ اور خندق کے معنی ہیں: جنگ میں فوج کی دشمن کے حملہ سے حفاظت کے لئے کھودا ہوا گہرا اور لمبا گھڑا، حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مہاجرین وانصار نے مدینہ کے گرد خندق کھودنی شروع کی، وہ اپنی پیٹھوں پر مٹی ڈھوتے تھے، اور یہ رجز پڑھتے تھے:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ۞ عَلَى الإِسْلَامِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

اور نبی ﷺ یہ جوابی رجز پڑھتے تھے:

اللّٰهُمَّ إِنَّهُ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الآخِرَةِ ۞ فَبَارِكْ فِى الأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ

اور دوسری حدیث حضرت براء رضی اللہ عنہ کی ہے، وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ بذاتِ خود مٹی اٹھاتے تھے اور یہ رجز پڑھتے تھے: لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا۔

اور تیسری روایت بھی حضرت براء رضی اللہ عنہ کی ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے غزوۂ احزاب کے موقع پر نبی ﷺ کو مٹی اٹھاتے دیکھا ہے، مٹی نے آپؐ کے پیٹ کی سفیدی کو چھپا دیا تھا، اور آپ یہ رجز پڑھتے تھے:

لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ۞ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

اے اللہ! آپ کی توفیق نہ ہوتی تو ہم ہدایت نہ پاتے ÷ اور ہم نہ خیرات کرتے اور نہ نماز پڑھتے

فَأَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ۞ وَثَبِّتِ الأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا

پس ضرور اتاریں آپ سکون ہم پر ÷ اور ہمارے پیروں کو جمائیں اگر ہماری مڈبھیڑ ہو۔

إِنَّ الأُوْلٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا ۞ إِذَا أَرَادُوْا فِتْنَةً أَبَيْنَا

بیشک اُن لوگوں (مشرکوں) نے ہم پر زیادتی کی ہے ÷ جب وہ فتنہ (شرک) چاہیں تو ہم انکار کرتے ہیں۔

[۳٤-] بَابُ حَفْرِ الْخَنْدَقِ

[۲۸۳۵-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: جَعَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالأَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ حَوْلَ الْمَدِيْنَةِ، وَيَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ عَلٰى مُتُوْنِهِمْ، وَيَقُوْلُوْنَ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ۞ عَلَى الإِسْلَامِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُجِيْبُهُمْ:

اللّٰهُمَّ إِنَّهُ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الآخِرَةِ ۞ فَبَارِكْ فِى الأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ

[راجع: ۲۸۳٤]

[۲۸۳٦-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ

صلى الله عليه وسلم يَنْقُلُ وَهُوَ يَقُوْلُ: "لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا"

[انظر: ٢٨٣٧، ٣٠٣٤، ٤١٠٤، ٤١٠٦، ٦٦٢٠، ٧٢٣٦]

[٢٨٣٧-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الأَحْزَابِ يَنْقُلُ التُّرَابَ، وَقَدْ وَارَى التُّرَابُ بَيَاضَ بَطْنِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ:

لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ۞ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَأَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْهَا ۞ وَثَبِّتِ الأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا
إِنَّ الأُوْلٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا ۞ إِذَا أَرَادُوْا فِتْنَةً أَبَيْنَا

[راجع: ٢٨٣٦]

لغات: متون: متن کی جمع ہے اس کے معنی ہیں پیٹھ............ الأُوْلٰى: اسم موصول جمع مذکر ہے، اسم شارہ نہیں۔

بَابُ مَنْ حَبَسَهُ الْعُذْرُ عَنِ الْغَزْوِ

جس کو عذر نے جہاد سے روک دیا

معذروں کے لئے شریعت نے ہر باب میں سہولتیں رکھی ہیں، مثلاً جو شخص تہجد کا پابند ہے اور بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے معمول پورا نہ کر سکے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دیتے ہیں کہ اس کے نامہ اعمال میں وہ ثواب لکھتے رہو جو وہ تندرستی اور جوانی کے زمانہ میں کرتا تھا، اسی طرح جو لوگ معذور ہیں اور جہاد میں شرکت نہیں کر سکتے ان کے لئے بھی شریعت نے سہولت رکھی ہے، ان کو جہاد میں شرکت کے بغیر جہاد کا ثواب ملتا ہے۔ نبی ﷺ نے تبوک سے واپسی میں فرمایا: مدینہ میں کچھ لوگ ہیں جو ہمارے ساتھ نہیں ہیں، پیچھے ہیں، ہم اس سفر میں جس گھاٹی اور جس میدان میں چلے ہیں وہ ہمارے ساتھ تھے ان کو مجاہدین کا ثواب ملا ہے۔

مگر یہاں اصلی اور فضلی کا قاعدہ جاری ہوگا، مجاہدین کا اصلی ثواب اور معذورین کا ثواب برابر ہے اور مجاہدین کو جہاد کرنے کی وجہ سے جو فضلی (انعامی) ثواب ملتا ہے وہ کہیں زیادہ ہے اس میں معذور مجاہدین کے برابر نہیں ہوتے۔

[٣٥-] بَابُ مَنْ حَبَسَهُ الْعُذْرُ عَنِ الْغَزْوِ

[٢٨٣٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا حُمَيْدٌ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ قَالَ: رَجَعْنَا عَنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٢٨٣٩، ٤٤٢٣]

[٢٨٣٩-] ح: وَثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادٌ: هُوَ ابْنُ زَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى

الله عليه وسلم كَانَ فِي غَزَاةٍ، فَقَالَ:" إِنَّ أَقْوَامًا بِالْمَدِيْنَةِ خَلْفَنَا، مَا سَلَكْنَا شِعْبًا وَلاَ وَادِيًا إِلَّا وَهُمْ مَعَنَا فِيْهِ، حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ"[راجع: ٢٨٣٨]

وَقَالَ مُوْسَى: ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْأَوَّلُ عِنْدِیْ أَصَحُّ.

سند کی وضاحت: حدیث کی پہلی سند حُميد عن أنس ہے، اور دوسری سند حُميد عن موسىٰ عن أبيه ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میرے نزدیک پہلی سند (بغیر واسطہ والی) زیادہ صحیح ہے، مگر حافظ صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ایسا کیوں نہیں ہوسکتا کہ پہلے حمید نے موسیٰ کے واسطہ سے حدیث سنی ہو پھر بلا واسطہ سنی ہو، پس دونوں سندیں صحیح ہونگی، اور واسطہ والی سند مزید فی متصل الاسناد ہوگی (یہ بات حاشیہ میں ہے)

بَابُ فَضْلِ الصَّوْمِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جہاد میں روزہ رکھنے کی اہمیت

اگر متعدد عبادتیں جمع کرنا ممکن ہو تو ان کو جمع کرنا چاہیے، مثلاً سفر جہاد میں تہجد پڑھنا، اللہ کا ذکر کرنا اور روزہ رکھنا ممکن ہے، پس روزہ رکھنا چاہیے، مگر جب جنگ سر پر آجائے تو روزہ نہ رکھنا اولیٰ ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بَعَّدَ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا: جس نے راہِ خدا میں ایک دن روزہ رکھا: اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو دوزخ سے ستر سال کی مسافت تک دور کردیں گے (یہ حدیث اسی جگہ ہے)

تشریح: سال کے لئے ہم اردو میں 'بہار' استعمال کرتے ہیں، پانچ بہاریں، دس بہاریں یعنی اتنے سال، اور عربی میں خریف استعمال کرتے ہیں، چونکہ پت جھڑ کا موسم بھی سال میں ایک مرتبہ آتا ہے اس لئے خریف سے سال مراد لیتے ہیں۔

[٣٦-] بَابُ فَضْلِ الصَّوْمِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

[٢٨٤٠-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، وَسُهَيْلُ ابْنُ أَبِيْ صَالِحٍ، أَنَّهُمَا سَمِعَا النُّعْمَانَ بْنَ أَبِيْ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:" مَنْ صَامَ يَوْمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بَعَّدَ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا"

بَابُ فَضْلِ النَّفَقَةِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

جہاد میں خرچ کرنے کی اہمیت

نبی ﷺ کے زمانہ میں حکومت کے پاس کوئی فنڈ نہیں تھا، صحابہ خود ہی فوج تھے اور خود ہی چندہ دیتے تھے، اپنی ذات پر

اور دوسروں پر خرچ کرتے تھے، اس لئے اس باب میں راہِ خدا میں خرچ کرنے کی اہمیت بیان کی ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں اور دونوں پہلے گذری ہیں، پہلی حدیث میں ہے کہ جو شخص راہِ خدا میں کسی بھی چیز کا جوڑا خرچ کرے تو اس کو جنت کے محافظ فرشتے ہر دروازے سے پکاریں گے کہ اے فلاں! اس دروازہ سے آجا (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ القاری ۴:۳: ۵۷۳)

اور دوسری حدیث میں ہے کہ بہترین مسلمان وہ ہے جو مال جائز طریقہ سے کمائے اور اس کو راہِ خدا میں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں پر خرچ کرے، شرح کے لئے دیکھیں (تحفۃ القاری ۴:۳: ۲۴۳)

[۳۷-] بَابُ فَضْلِ النَّفَقَةِ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ

[۲۸٤۱-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: " مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ دَعَاهُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ، كُلُّ خَزَنَةِ بَابٍ: أَیْ فُلُ هَلُمَّ" قَالَ: أَبُوْ بَكْرٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ذَاكَ الَّذِیْ لاَ تَوَى عَلَيْهِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "إِنِّیْ لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ" [راجع: ۱۸۹۷]

[۲۸٤۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا فُلَيْحٌ، ثنا هِلاَلٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: " إِنَّمَا أَخْشَى عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِیْ مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَرَكَاتِ الْأَرْضِ" ثُمَّ ذَكَرَ زَهْرَةَ الدُّنْيَا، فَبَدَأَ بِإِحْدَاهُمَا وَثَنَّى بِالْأُخْرَى، فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوَ يَأْتِی الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَسَكَتَ عَنْهُ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم، قُلْنَا: يُوْحَى إِلَيْهِ، وَسَكَتَ النَّاسُ كَأَنَّ عَلَى رُؤُوْسِهِمُ الطَّيْرَ، ثُمَّ إِنَّـهُ مَسَحَ عَنْ وَجْهِهِ الرُّحَضَاءَ، فَقَالَ: " أَيْنَ السَّائِلُ آنِفًا؟ أَوَخَيْرٌ هُوَ؟" ثَلاَثًا، "إِنَّ الْخَيْرَ لاَ يَأْتِیْ إِلاَّ بِالْخَيْرِ، وَإِنَّـهُ كُلُّ مَا يُنْبِتُ الرَّبِيْعُ يَقْتُلُ أَوْ يُلِمُّ، إِلاَّ آكِلَةَ الْخَضِرِ، حَتَّى إِذَا امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا، اسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ ثُمَّ رَتَعَتْ، وَإِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَنِعْمَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ لِمَنْ أَخَذَهُ بِحَقِّهِ فَجَعَلَهُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ، وَمَنْ لَمْ يَأْخُذْهَا بِحَقِّهِ فَهُوَ كَالْآكِلِ لاَ يَشْبَعُ، وَيَكُوْنُ عَلَيْهِ شَهِيْدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ" [راجع: ۹۲۱]

حدیث (۱): جو شخص خدا کی راہ میں بار بار خرچ کرتا ہے کسی بھی چیز کا جوڑا خرچ کرتا ہے تو اس کو جنت کے دربان ہر دروازے سے پکاریں گے: اے فُل! اس دروازہ سے آجا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ وہ شخص ہے جس پر ہلاکت نہیں یعنی کسی بھی دروازہ سے پکارا جائے تو کافی ہے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے امید ہے کہ تم ان میں سے ہو۔

تشریح: یہ حدیث یہاں بہت مختصر ہے، پہلے جہاں یہ حدیث آئی ہے وہاں تفصیل ہے، اور کل خزنة باب: مقلوب ہے، اصل خزنۃُ کلِّ باب ہے، اور فُل اصل میں فلان ہے، الف نون حذف کئے گئے ہیں ترخیم نہیں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: مجھے اپنے بعد تم پر جس چیز کا ڈر ہے وہ زمین کی برکتیں ہیں جو تم پر کھولی جائیں گی، پھر آپؐ نے زمین کی زیب و زینت کا ذکر کیا، پس آپؐ نے برکات اور زُہرۃ میں سے ایک سے شروع کیا پھر دوسرے کا تذکرہ کیا، پس ایک آدمی نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا خیر شر کو لائے گی؟ یعنی جو جنگیں ہونگی اور فتوحات ہونگی وہ تو اچھی چیزیں ہونگی، اور آپؐ ان کے بارے میں اندیشہ ظاہر فرمارہے ہیں، پس کیا اچھی چیز بری چیز کا ذریعہ بن سکتی ہے؟ آپؐ خاموش رہے، صحابہ دل میں سوچنے لگے: حضور ﷺ کی طرف وحی کی جارہی ہے، اور لوگ خاموش ہوگئے گویا ان کے سروں پر پرندے ہیں، پھر آپؐ نے اپنے چہرے سے پسینہ پونچھا، اور فرمایا: ابھی سوال کرنے والا کہاں ہے؟ کیا اور وہ (دنیا) خیر ہے؟ تین مرتبہ فرمایا: بیشک خیر شر کو نہیں لاتی، (مگر خیر کا بیجا استعمال برے نتائج پیدا کرتا ہے، پھر آپؐ نے یہ بات ایک مثال سے سمجھائی:) موسم بہار جو بھی گھاس اگاتا ہے وہ جانور کو ماردیتی ہے یا ادھ مرا کردیتی ہے، مگر ہری گھاس چرنے والا جانور جب چرتا ہے اور اتنا چرتا ہے کہ اس کی دونوں کوکھیں خوب تن جاتی ہیں تو وہ سورج کی طرف منہ کرکے پڑجاتا ہے، پس پتلا گوبر کرتا ہے، اور پیشاب کرتا ہے پس ٹھیک ہوجاتا ہے، پھر چرنے لگتا ہے اور بیشک یہ مال سرسبز وشریں ہے، پس بہترین شخص وہ مسلمان ہے جو مال کو صحیح جگہ سے حاصل کرے اور اس کو راہِ خدا میں یتیموں پر مسکینوں پر اور مسافروں پر خرچ کرے، اور جو شخص اس کو صحیح جگہ سے حاصل نہیں کرتا وہ اس کھانے والے کی طرح ہے جس کا پیٹ نہیں بھرتا، اور ہوگا وہ مال اس کے خلاف قیامت کے دن گواہ! (تشریح محوّلہ جگہ میں دیکھیں)

بَابُ فَضْلِ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا أَوْ خَلَفَهُ بِخَيْرٍ

مجاہد کے لئے سامان تیار کرنے کی اور اس کے بعد اس کے کام سنبھالنے کی اہمیت

کوئی جہاد میں نکلنا چاہتا ہے مگر اس کے پاس اسباب نہیں ہیں، دوسرا شخص اس کے لئے تیر، تلوار اور گھوڑا وغیرہ اسباب مہیا کرتا ہے تو جیسا جہاد کرنے والے کو ثواب ملے گا، اسباب مہیا کرنے والے کو بھی ملے گا۔

اسی طرح کوئی شخص جہاد میں نکلا، اس کا کام کاج بیوی بچے کھیت باغ وغیرہ دوسرے آدمی نے سنبھالے تو جب تک مجاہد واپس لوٹے گا اس کے کاموں کی خبر گیری کرنے والے کو بھی جہاد کرنے والے کی طرح ثواب ملے گا۔

اور 'خیر' کی قید اس لئے لگائی کہ بعض مرتبہ مجاہد کے گھر کی خبر گیری کرنے والا خیانت کرتا ہے، گھر والوں میں، یا کاروبار میں، اس لئے بِخَيْرٍ کی قید لگائی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ مدینہ کے کسی گھر میں گھر والے کی عدم موجودگی میں داخل نہیں ہوتے تھے، مگر حضرت ام سُلیم

رضی اللہ عنہا کا خاندان مستثنیٰ تھا، ان کے گھر میں مرد نہ ہوتا تب بھی آپؐ تشریف لے جاتے، کسی نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ کسی گھر میں صاحب خانہ کی عدم موجودگی میں داخل نہیں ہوتے، مگر اس گھر میں داخل ہوتے ہیں، اس کی کیا وجہ ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُم سُلیمؓ کے بھائی (حرام بن ملحانؓ) میرے ساتھ یعنی میرے بھیجے ہوئے لشکر میں شہید ہوئے ہیں (وہ بیر معونہ کے واقعہ میں شہید ہوئے تھے) اس لئے میں ان پر مہربانی کرتا ہوں۔

سوال: حدیث کا باب سے کیا تعلق ہے؟

جواب: خبر گیری کرنا عام ہے، مجاہد کی زندگی میں خبر گیری کرے یا اس کی موت کے بعد، یا پھر یہ کہیں کہ مجاہد کا اکرام ضروری ہے، زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے جانا ان کے شہید ہونے والے بھائی کا اکرام تھا۔

[٣٨-] بَابُ فَضْلِ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا أَوْ خَلَفَهُ بِخَيْرٍ

[٢٨٤٣-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا الْحُسَيْنُ، ثَنَا يَحْيَى، قَالَ: ثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَ: ثَنِيْ بُسْرُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنِيْ زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا"

[٢٨٤٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ بَيْتًا بِالْمَدِيْنَةِ غَيْرَ بَيْتِ أُمِّ سُلَيْمٍ إِلَّا عَلٰى أَزْوَاجِهِ، فَقِيْلَ لَهُ، فَقَالَ: "إِنِّيْ أَرْحَمُهَا، قُتِلَ أَخُوْهَا مَعِيْ"

بَابُ التَّحَنُّطِ عِنْدَ الْقِتَالِ

موت کی تیاری کر کے میدان میں اترنا

حُنُوْط: وہ خوشبوئیں جو مردہ کے کفن اور خاص طور پر مردہ کے جسم پر لگائی جاتی ہیں، جیسے مشک عنبر، صندل اور کافور وغیرہ، اور تَحَنُّط کے معنی ہیں: بدن پر مردہ والی خوشبو لگانا اور مراد ہے میدانِ جہاد میں اترنے سے پہلے حنوط لگانا یعنی موت کی تیاری کر کے اور یہ طے کر کے کہ اب واپس نہیں آنا شہید ہو جانا ہے: ایسا کرنا جائز ہے۔

حدیث: عبداللہ بن عونؒ کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے موسیٰ نے جنگ یمامہ کا ذکر چھیڑا، انھوں نے کہا: میرے ابا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے، انھوں نے اپنی دونوں رانیں کھول رکھی تھیں اور وہ ان پر مردہ والی خوشبو مل رہے تھے، پس حضرت انسؓ نے کہا: چچا! کیا چیز آپ کو روکتی

ہے کہ آپ لڑنے کے لئے آئیں؟ انھوں نے جواب دیا: بھتیجے! ابھی آیا (عمروں کے تفاوت کی وجہ سے بھتیجا کہا ہے) اور وہ مردہ والی خوشبو ملتے رہے (یہاں تک موسیٰ نے بات کی) پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ آ گئے، وہ مجلس میں بیٹھ گئے، اور انھوں نے جنگ یمامہ میں لوگوں کے کھل جانے کا ذکر کیا یعنی مسلمان میدان سے ہٹ گئے، پس حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ (آئے اور انھوں) نے لوگوں سے کہا: اور ہاتھ سے اشارہ کیا کہ میرے سامنے سے ہٹ جاؤ، اب ہم دشمن سے دو دو ہاتھ کریں گے، ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس طرح نہیں لڑتے تھے (یعنی تم بزدل ہو، پیچھے ہٹ جاؤ میں تمہیں بتاؤں گا کہ لڑا کیسے جاتا ہے) بہت بری ہے وہ بات جس کا تم نے اپنے دشمنوں کو عادی بنا دیا ہے، یعنی پیچھے ہٹنا مجاہدین کی شان نہیں، اس سے دشمن کو حوصلہ ملتا ہے، مجاہدین کا کام آگے بڑھنا ہے، پھر وہ تلوار لے کر آگے بڑھے اور شہید ہو گئے۔

تشریح: یہ جنگ یمامہ کا واقعہ ہے، جو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں لڑی گئی ہے، لشکر کے امیر حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ تھے، مسلمانوں کی فوج دس ہزار تھی اور مسیلمہ کذاب کی فوج چالیس ہزار تھی، اس لئے جنگ کے آغاز میں مسلمان پسپا ہوئے، پھر حضرت ثابت رضی اللہ عنہ جیسے بہادر حضرات جم کر لڑے اور وحشی رضی اللہ عنہ نے مسیلمہ کذاب پر حربہ پھینکا، جو آر پار ہو گیا اور حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ نے بڑھ کر تلوار سے اس کا کام تمام کر دیا۔

[۳۹-] بَابُ التَّحَنُّطِ عِنْدَ الْقِتَالِ

[۲۸۴۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَنَسٍ، قَالَ: وَذَكَرَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ، قَالَ: أَتَى أَنَسٌ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ، وَقَدْ حَسَرَ عَنْ فَخِذَيْهِ وَهُوَ يَتَحَنَّطُ، فَقَالَ: يَاعَمِّ! مَا يَحْبِسُكَ أَلَّا تَجِيْءَ؟ قَالَ: الْآنَ يَا ابْنَ أَخِيْ! وَجَعَلَ يَتَحَنَّطُ - يَعْنِيْ مِنَ الْحَنُوْطِ - ثُمَّ جَاءَ فَجَلَسَ، فَذَكَرَ فِي الْحَدِيْثِ انْكِشَافًا مِنَ النَّاسِ، فَقَالَ: هٰكَذَا عَنْ وُجُوْهِنَا حَتَّى نُضَارِبَ الْقَوْمَ، مَا هٰكَذَا كُنَّا نَفْعَلُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، بِئْسَ مَا عَوَّدْتُمْ أَقْرَانَكُمْ، رَوَاهُ حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ.

یعنی من الحنوط: يَتَحَنَّطُ: حُنوط سے ہے، حِنْطَة سے نہیں ہے، یہ غلط فہمی دور کی ہے۔

بَابُ فَضْلِ الطَّلِيْعَةِ

ہراول دستہ کی اہمیت

طلیعۃ کے معنی ہیں: ہراول دستہ، فوج کے آگے چلنے والی ٹکڑی، دشمن کی سپاہ کا اندازہ لگانے اور معلومات حاصل کرنے کے لئے بھیجی جانے والی فوج کی ٹکڑی، یہ کام بڑا خطرناک ہے، دشمن میں گھس کر حالات کا اندازہ لگانا ہوتا ہے، اس لئے اگر دشمن کو بھنک پڑ گئی تو گرفتار کر کے قتل کر دیں گے، اس لئے یہ خطرناک کام ہے، اس لئے اس کا ثواب بھی زیادہ ہے۔

حدیث: غزوہ خندق جاڑے کے موسم میں ہوا ہے، پھر ایک رات اللہ تعالیٰ نے ٹھنڈی ہوا چلائی جس میں شمشیر کی سی تیزی تھی، نبی ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: کوئی ہے جو جا کر دشمن کی خبر لائے؟ سب ٹھٹھرے ہوئے تھے، کسی نے ہمت نہیں کی، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں جاتا ہوں۔ نبی ﷺ نے دوسری مرتبہ اور تیسری مرتبہ یہی بات فرمائی، مگر کسی نے ہمت نہ کی، ہر مرتبہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ ہی لبیک کہتے رہے، چنانچہ وہ گئے اور احوال معلوم کر کے آئے، پس دربارِ نبوی سے ان کو 'حواری' کا سرٹیفکیٹ ملا۔ حواری کے معنی ہیں: خاص مددگار، ناصر۔

تشریح: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کس کی خبر لینے گئے تھے؟ دو احتمال ہیں: (۱) احزاب کے حالات معلوم کرنے گئے تھے (۲) بنوقریظہ کے احوال معلوم کرنے گئے تھے۔ غزوۂ احزاب کے موقعہ پر بنوقریظہ نے نقضِ عہد کیا تھا۔

سوال: جب حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے لبیک کہا تو آپؐ نے دوسری اور تیسری مرتبہ کیوں صدا دی؟

جواب: نبی ﷺ ایک سے زیادہ آدمی بھیجنا چاہتے تھے مگر جب کوئی تیار نہ ہوا تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو تنہا بھیجا۔

[۴۰-] بَابُ فَضْلِ الطَّلِيْعَةِ

[۲۸۴۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ يَأْتِيْنِيْ بِخَبَرِ الْقَوْمِ؟" يَوْمَ الأَحْزَابِ، فَقَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا، ثُمَّ قَالَ: " مَنْ يَأْتِيْنِيْ بِخَبَرِ الْقَوْمِ؟" فَقَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ"

[انظر: ۲۸۴۷، ۲۹۹۷، ۳۷۱۹، ۴۱۱۳، ۷۲۶۱]

بَابٌ: هَلْ يُبْعَثُ الطَّلِيْعَةُ وَحْدَهُ؟

ایک شخص کو دشمن کے احوال معلوم کرنے کے لئے بھیج سکتے ہیں؟

جواب: بھیج سکتے ہیں۔ غزوۂ احزاب میں نبی ﷺ نے صرف حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بھیجا تھا۔ اور اِنْتَدَبَ لِلأَمْرِ کے معنی ہیں: کسی کام کے لئے آمادہ ہونا، تیار ہونا، لبیک کہنا۔

[۴۱-] بَابٌ: هَلْ يُبْعَثُ الطَّلِيْعَةُ وَحْدَهُ؟

[۲۸۴۷-] حدثنا صَدَقَةُ، أَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: نَدَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم النَّاسَ - قَالَ صَدَقَةُ: أَظُنُّهُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ- فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، ثُمَّ نَدَبَ النَّاسَ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، ثُمَّ نَدَبَ النَّاسَ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، فَقَالَ: " إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَإِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ ابْنُ الْعَوَّامِ" [راجع: ۲۸۴۶]

بَابُ سَفَرِ الاِثْنَيْنِ

دوآدمیوں کا سفر کرنا

یہ باب تنبیہ کے طور پر لائے ہیں کہ ایک آدمی کو احوال معلوم کرنے کے لئے بھیجنا مجبوری کی بات تھی ورنہ کم از کم دو آدمیوں کو مل کر سفر کرنا چاہئے۔حضرت مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ جب وطن لوٹے ہیں تو وہ اوران کے چچازاد بھائی مل کر سفر کررہے تھے، چنانچہ آپؐ نے فرمایا: دونوں میں سے کوئی بھی اذان دے اور کوئی بھی تکبیر کہے اور دونوں میں سے جو بڑا ہے وہ نماز پڑھائے۔اور شارحین کہتے ہیں کہ سنن اربعہ میں بسند حسن جو روایت ہے:الرَّاكِبُ شَيْطَانٌ، وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ وَالثَّلاَثَةُ رَكْبٌ: اکیلے سفر کرنا بہت برا ہے، اور دو کے سفر کی بھی ممانعت ہے البتہ تین قافلہ ہیں، وہ مل کر سفر کرسکتے ہیں۔شارحین کہتے ہیں کہ امام بخاری رحمہ اللہ اس باب سے سنن کی اس روایت کے ضعف کی طرف اشارہ کررہے ہیں،مگر میرے خیال میں باب کا یہ مقصد نہیں، سنن کی روایت ایمرجنسی حالات کے لئے ہے اور منسوخ نہیں ہے، آج بھی معمول بہ ہے، البتہ جب حالات سازگار ہوں تو دو بھی سفر کرسکتے ہیں، فرمایا:اثنان وما فوقهما جماعة: بلکہ ایک شخص، بلکہ ایک عورت بھی تنہا سفر کرسکتی ہے۔حدیث میں ہے: صنعاء یمن سے ہودج میں بیٹھ کر ایک عورت مکہ کا سفر کرے گی، جس کو راستہ میں کوئی خطرہ نہیں ہوگا، سوائے بکریوں پر بھیڑیے کے۔اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حالات ٹھیک ہوں تو ایک مرد بلکہ ایک عورت بھی سفر کرسکتی ہے۔

[٤٢-] بَابُ سَفَرِ الاِثْنَيْنِ

[٢٨٤٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثَنَا أَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، قَالَ: انْصَرَفْتُ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَنَا أَنَا وَصَاحِبٌ لِيْ: "أَذِّنَا وَأَقِيْمَا وَلْيَؤُمَّكُمَا أَكْبَرُكُمَا" [راجع: ٦٢٨]

بَابٌ: الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِي نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت تک خیر بندھی ہوئی ہے

فضائل جہاد کے بعد اب اسباب جہاد کا بیان شروع کرتے ہیں، قدیم زمانہ میں جنگ میں شہسواری اور تیز اندازی کی بڑی اہمیت تھی، ان کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے نبی ﷺ نے فرمایا: "گھوڑوں کی پیشانی کے بالوں میں قیامت تک کے لئے خیر بندھی ہوئی ہے" نَاصِيَةٌ: پیشانی کے وہ بال جو گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان آگے کی طرف لٹکے ہوئے

ہوتے ہیں، اور خیر سے مراد ثواب اور غنیمت ہیں۔

آج کے تیر گھوڑے: قدیم زمانہ میں شہسواری اور تیر اندازی کارگر ہتھیار تھے، مگر اب بندوق، توپ، میزائل اور فائٹر کا زمانہ ہے، ان کا مقابلہ گھوڑے اور تیر نہیں کرسکتے، پس لڑاکا جہاز جو بمباری کرتے ہیں آج کے گھوڑے ہیں اور رائفل، ٹینک اور میزائل آج کے تیر ہیں، اب گھوڑوں اور تیروں کا جنگ میں کوئی کردار نہیں رہا، مگر عجیب بات ہے کہ فوج میں گھوڑوں کی اہمیت آج بھی برقرار ہے، فوج کے گھوڑے لاکھوں میں بکتے ہیں۔

[٤٣-] بَابٌ: اَلْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِي نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

[٢٨٤٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اَلْخَيْلُ فِي نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"[انظر: ٣٦٤٤]

[٢٨٥٠-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، وَابْنِ أَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ الْجَعْدِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "اَلْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِي نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"

قَالَ سُلَيْمَانُ: عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، وَتَابَعَهُ مُسَدَّدٌ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ.[انظر: ٢٨٥٢، ٣١١٩، ٣٦٤٣]

[٢٨٥١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اَلْبَرَكَةُ فِي نَوَاصِي الْخَيْلِ"[انظر: ٣٦٤٥]

قوله: فی نواصیها: أی معقود فی نواصیها .... البركة والخير بمعنیً۔

بَابٌ: اَلْجِهَادُ مَاضٍ مَعَ الْبَرِّ وَالْفَاجِرِ

جہاد نیک و بد امیر کے ساتھ چلتا رہے گا

گذشتہ باب میں جو حدیث آئی ہے کہ گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت تک کے لئے خیر بندھی ہوئی ہے اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جہاد قیامت تک جاری رہے گا، کیونکہ گھوڑوں کی پیشانی میں جو خیر ہے اس سے مراد غنیمت یا ثواب ہے، پس جہاد ہوگا تو ہی اجر و غنیمت حاصل ہوگی، اور یہ ضروری نہیں کہ ہر زمانہ میں نیک امیر ہو، نا ہنجار امراء بھی ہونگے، ان کے جھنڈے تلے بھی جہاد جاری رہے گا۔ اور اگر کوئی ایسا زمانہ آجائے کہ اعدائے اسلام امرائے بد کو خرید لیں تو بھی جہاد جاری رہے گا، اگر چہ وہ بے قاعدہ ہوگا، مگر اس میں قصور باقاعدہ جہاد بند کرنے والوں کا ہوگا، کیونکہ پائپ کا منہ جب بند کردیا جائے تو اِدھر اُدھر پانی پھوٹتا ہے، پس آج دنیا میں جو بے قاعدہ جہاد چل رہا ہے اس کی ذمہ داری اعدائے اسلام اور نا ہنجار امراء پر ہے۔

[٤٤-] بَابٌ: اَلْجِهَادُ مَاضٍ مَعَ الْبِرِّ وَالْفَاجِرِ

لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم: "اَلْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"

[٢٨٥٢-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا زَكَرِيَّاءُ، عَنْ عَامِرٍ، ثَنِيْ عُرْوَةُ الْبَارِقِيُّ، أَنَّ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "اَلْخَيْلُ مَقْعُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ: الْأَجْرُ وَالْمَغْنَمُ"[راجع: ٢٨٥٠]

بَابُ مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

جس نے جہاد کے لئے گھوڑا پالا

سورۃ الانفال آیت ۶۰ میں ہے:﴿وَأَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهِ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ﴾:اور تیار کرو کافروں کے لئے جتنا تم سے ہوسکے: ہتھیار اور پلے ہوئے گھوڑے، جس کے ذریعہ تم اپنا رعب جمائے رکھو ان پر جو اللہ کے دشمن ہیں اور تمہارے دشمن ہیں'' اس آیتِ کریمہ میں گھوڑے پالنے کا حکم ہے اس لئے اس میں بہت بڑا ثواب ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے راہِ خدا میں استعمال کرنے کے لئے کوئی گھوڑا پالا اللہ پر ایمان رکھتے ہوئے اور اللہ کے وعدوں کی تصدیق کرتے ہوئے تو اس کی سیری، اس کی سیرابی، اس کی لید اور اس کا پیشاب پالنے والے کی ترازو میں ہوگا قیامت کے دن یعنی ان فضلات کا بھی ثواب ملے گا، اس لئے کہ پالنے والے نے اس کے گھاس چارہ اور پانی پلانے کا انتظام کیا ہے اور اس کے نتیجہ میں لید، پیشاب آیا ہے، پس وہ بھی میزانِ عمل میں تولا جائے گا۔

[٤٥-] بَابُ مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

لِقَوْلِهِ﴿وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ﴾[الأنفال: ٦٠]

[٢٨٥٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا طَلْحَةُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدًا الْمَقْبُرِيَّ، يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم: "مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ إِيْمَانًا بِاللّٰهِ وَتَصْدِيْقًا بِوَعْدِهِ، فَإِنَّ شِبَعَهُ وَرِيَّهُ وَرَوْثَهُ وَبَوْلَهُ فِيْ مِيْزَانِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

بَابُ اسْمِ الْفَرَسِ وَالْحِمَارِ

گھوڑے اور گدھے کا نام

جانوروں کے نام رکھنا جائز ہے، گھوڑے اور گدھے کا بھی نام رکھ سکتے ہیں، حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے جس

گھوڑے پر بیٹھ کر گورخر شکار کیا تھا اس کا نام جَرَادَة تھا۔ اور نبی ﷺ کا ایک گھوڑا جو حضرت سہل رضی اللہ عنہ کے باغ میں بندھا رہتا تھا اس کا نام لُحَیف یا لُخَیف تھا، اور ایک مرتبہ نبی ﷺ گدھے پر سوار ہو کر تشریف لے جا رہے تھے، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ پیچھے بیٹھے تھے اس گدھے کا نام عُفَیْر تھا۔ اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا وہ گھوڑا جس پر بیٹھ کر نبی ﷺ مدینہ سے باہر تک گئے ہیں اس کا نام مندوب تھا، پس سبھی جانوروں کے نام رکھے جا سکتے ہیں، نام پہچان کے لئے ہوتے ہیں اگر کئی بھینسیں ہوں اور ان کے نام رکھے جائیں تو ہی پہچان ہوگی۔

[٤٦-] بَابُ اسْمِ الْفَرَسِ وَالْحِمَارِ

[٢٨٥٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِیْ بَكْرٍ، ثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَتَخَلَّفَ أَبُوْ قَتَادَةَ مَعَ بَعْضِ أَصْحَابِهِ، وَهُمْ مُحْرِمُوْنَ وَهُوَ غَيْرُ مُحْرِمٍ، فَرَأَوْا حِمَارًا وَحْشِيًّا قَبْلَ أَنْ يَرَاهُ، فَلَمَّا رَأَوْهُ تَرَكُوْهُ حَتّٰى رَآهُ أَبُوْ قَتَادَةَ، فَرَكِبَ فَرَسًا لَهُ، يُقَالُ لَهَا: الْجَرَادَةُ، فَسَأَلَهُمْ أَنْ يُنَاوِلُوْهُ سَوْطَهُ فَأَبَوْا، فَتَنَاوَلَهُ فَحَمَلَ فَعَقَرَهُ ثُمَّ أَكَلَ فَأَكَلُوْا فَنَدِمُوْا فَلَمَّا أَدْرَكُوْهُ قَالَ: "هَلْ مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ؟" قَالَ: مَعَنَا رِجْلُهُ فَأَخَذَهَا النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم فَأَكَلَهَا. [راجع: ١٨٢١]

[٢٨٥٥-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، ثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى، ثَنَا أُبَیُّ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كَانَ لِلنَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم فِی حَائِطِنَا فَرَسٌ يُقَالُ لَهُ: اللُّحَيْفُ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ بَعْضُهُمْ: اللُّخَيْفُ: بِالْخَاءِ.

[٢٨٥٦-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، سَمِعَ يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ مُعَاذٍ، قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى حِمَارٍ يُقَالُ لَهُ: عُفَيْرٌ، فَقَالَ: "يَا مُعَاذُ! وَهَلْ تَدْرِیْ مَا حَقَّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ؟ وَمَاحَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ؟" قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: "فَإِنَّ حَقَّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ أَنْ يَعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا، وَحَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ أَنْ لَا يُعَذِّبَ مَنْ لَا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَلَا أُبَشِّرُ بِهِ النَّاسَ؟ قَالَ: "لَا تُبَشِّرْهُمْ فَيَتَّكِلُوْا"

[انظر: ٥٩٦٧، ٦٢٦٧، ٦٥٠٠، ٧٣٧٣]

[٢٨٥٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ فَزَعٌ بِالْمَدِيْنَةِ، فَاسْتَعَارَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم فَرَسًا لَنَا يُقَالُ لَهُ: مَنْدُوْبٌ، فَقَالَ: "مَا رَأَيْنَا مِنْ فَزَعٍ، وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا" [راجع: ٢٦٢٧]

بَابُ مَا يُذْكَرُ مِنْ شُؤْمِ الْفَرَسِ

گھوڑے میں نحوست کی بات

حضرت رحمہ اللہ نے یُذْکَرُ: فعل مجہول استعمال کیا ہے اور اشارہ کیا ہے کہ گھوڑے میں نحوست کی بات تضعیف ہے۔ اور باب میں دو حدیثیں ذکر کی ہیں:

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''نحوست تین ہی چیزوں میں ہے: گھوڑے میں، عورت میں اور گھر میں''

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر کسی چیز میں نحوست ہوتی تو عورت، گھوڑے اور گھر میں ہوتی''

دوسری حدیث لا کر پہلی حدیث کی شرح کی ہے کہ اس میں کلام علی سبیل الفرض ہے، اگر نحوست ہوتی تو ان تین چیزوں میں ہوتی، مگر اسلام میں نحوست کا عقیدہ باطل ہے۔ حدیث میں ہے: لَاطِيَرَةَ: بدشگونی کوئی چیز نہیں، اس لئے پہلی حدیث کی تاویل ضروری ہے۔

یہ تو باب کی اور باب کی حدیثوں کی شرح ہوئی، اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسلم شریف میں روایت ہے: لَاعَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ وَإِنَّمَا الشُّؤْمُ فِيْ ثَلاَ ثَةٍ: الْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ وَالدَّارِ: ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی، اور بدشگونی کوئی چیز نہیں، اور نحوست تین ہی چیزوں میں ہے: عورت، گھوڑے اور گھر میں۔ اس حدیث میں ایک ہی سیاق میں طِيَرَة کی نفی بھی کی ہے، اور تین چیزوں میں شؤم کو ثابت بھی کیا ہے، پس دونوں میں فرق کرنا ضروری ہے۔

طِيَرَة: نحوست یہ ہے کہ کسی چیز کی ذات ایسی ہو کہ اس سے کام خراب ہو جائے، جیسے: الّو گھر پر بیٹھ جائے تو گھر برباد ہو جاتا ہے، پرندہ بائیں طرف اڑ جائے تو کام خراب ہو جاتا ہے، یہ طِيَرَة ہے، اسلام میں یہ عقیدہ باطل ہے، البتہ شؤم: ممکن ہے، جن چیزوں کے ساتھ طویل مزاولت ہوتی ہے ان میں موافقت اور ناموافقت کا خیال رکھنا چاہئے، ان میں سے کوئی چیز ناموافق ہوگئی تو عمر بھر مصیبت بن جائے گی، گھوڑا غلط مل گیا تو آدمی جلدی جلدی تو اس کو بدل نہیں سکتا، ساری عمر اس کو بھگتنا پڑے گا۔ بیوی ناموافق مل گئی تو ساری عمر کے لئے مصیبت بن جائے گی، گھر خراب مل گیا، پڑوسی برے ہیں یا ہوا کا گذر نہیں تو وہ گھر بیماری اور مصیبت کا گھر بن جائے گا۔ روایت میں ہے کہ کچھ لوگوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا: ہم ایک گھر میں رہتے تھے، وہاں خوش حالی تھی، گھر کے افراد بھی زیادہ تھے، پھر ہم نے گھر بدلا تو تنگ حالی سے دوچار ہو گئے، اور گھر کے افراد بھی کم ہو گئے، آپؐ نے فرمایا: ذَرُوْهَا ذَمِيْمَةً: وہ گھر برا ہے اس کو چھوڑ دو۔

بہ الفاظِ دیگر: لفظ کے ایک حقیقی معنی ہوتے ہیں، دوسرے مجازی، جیسے: حسد کے دو معنی ہیں: ایک: کسی کی نعمت پر جلنا، اس کا کوئی جواز نہیں، دوسرے: رشک کرنا، کسی کی نعمت کی خواہش کرنا اس کے بغیر کہ اس سے زائل ہو۔ اِس کی اہم چیزوں میں اجازت ہے۔ فرمایا: لَاحَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَيْنِ: یہاں حسد بمعنی رشک ہے، اسی طرح نحوست کے بھی دو معنی ہیں: ایک: کسی

چیز کی ذات منحوس ہو، جیسے: الّو، دوسرے: کسی چیز کا نامبارک ہونا، ناموافق ہونا، پہلے معنی کے اعتبار سے **لاَطِيَرَة** ہے اور دوسرے معنی کے اعتبار سے ان چیزوں میں جن کے ساتھ طویل رفاقت ہوتی ہے تسلیم کیا گیا ہے کہ بعض چیزیں ناموافق ہوتی ہیں، ان کو چھوڑ دینا چاہئے۔

اس کی نظیر: حدیث **لاَعَدْوَى** ہے یعنی ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی۔ اور دوسری حدیث میں ہے: **فِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ فِرَارَكَ مِنَ الأَسَدِ**: کوڑھی کے پاس سے ایسے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو۔ یہاں بھی تطبیق یہی ہے کہ کوئی بیماری اپنی ذات سے دوسرے کو نہیں لگتی، اللہ کا فیصلہ ہوگا تو لگے گی، البتہ بعض بیماریاں ایسی ہیں جن میں مریض کے ساتھ اختلاط من جملہ اسباب مرض ہے، جذام بھی ایسی ہی ایک بیماری ہے، اس لئے نبی ﷺ نے جذامی سے دور رہنے کی تاکید کی۔

[٤٧-] بَابُ مَا يُذْكَرُ مِنْ شُؤْمِ الْفَرَسِ

[٢٨٥٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، نا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنَّمَا الشُّؤْمُ فِي ثَلاَثَةٍ: فِي الْفَرَسِ وَالْمَرْأَةِ وَالدَّارِ"
[راجع: ٢٠٩٩]

[٢٨٥٩-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنْ كَانَ فِيْ شَيْئٍ فَفِيْ الْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ وَالْمَسْكَنِ"
[انظر: ٥٠٩٥]

قوله: إنما الشؤم: یہ حصر ادّعائی ہے، تین کی اہمیت کے پیش نظر حصر کیا ہے، کیونکہ ایک حدیث میں تلوار کا بھی ذکر ہے، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے 'زبان' کو بھی ان کے ساتھ لاحق کیا ہے، وہ بھی ایسی بات بک دیتی ہے کہ مصیبت بن جاتی ہے۔

بَابٌ: الْخَيْلُ لِثَلاَثَةٍ

گھوڑے تین مقاصد سے پالے جاتے ہیں

گھوڑا اللہ کی بڑی نعمت ہے، سورۃ النحل میں ہے: "اور گھوڑے اور خچر اور گدھے بھی پیدا کئے تا کہ تم ان پر سواری کرو، اور وہ زینت بھی بنیں" یہ ارشاد پاک موضع امتنان میں ہے، چنانچہ امام اعظم رحمہ اللہ نے اس سے استدلال کیا ہے کہ گھوڑا حلال نہیں، کیونکہ 'غذا' اعظم مقاصد میں سے ہے، اگر گھوڑا حلال ہوتا تو اس کا سب سے پہلے ذکر کیا جاتا۔ اور جو لوگ گھوڑے پالتے ہیں ان کے مختلف مقاصد ہوتے ہیں، البتہ بنیادی مقاصد تین ہیں: جن کا حدیث میں ذکر ہے۔

[٤٨-] بَابٌ: الْخَيْلُ لِثَلاَ ثَةٍ

وَقَوْلِ اللّٰهِ:﴿ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً﴾[النحل: ٨]

[٢٨٦٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِىْ صَالِحِ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:"الْخَيْلُ لِثَلاَ ثَةٍ: لِرَجُلٍ أَجْرٌ، وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ، وَعَلٰى رَجُلٍ وِزْرٌ، فَأَمَّا الَّذِىْ لَهُ أَجْرٌ: فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِى سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَأَطَالَ لَهَا فِى مَرْجٍ أَوْ: رَوْضَةٍ، فَمَا أَصَابَتْ فِىْ طِيَلِهَا ذٰلِكَ مِنَ الْمَرْجِ أَوِ: الرَّوْضَةِ كَانَتْ لَهُ حَسَنَاتٍ، وَلَوْ أَنَّهَا قَطَعَتْ طِيَلَهَا، فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ، كَانَتْ أَرْوَاثُهَا وَآثَارُهَا حَسَنَاتٍ لَهُ، وَلَوْ أَنَّهَا مَرَّتْ بِنَهْرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ، وَلَمْ يُرِدْ أَنْ يَسْقِيَهَا، كَانَ ذٰلِكَ لَهُ حَسَنَاتٍ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا فَخْرًا وَرِيَاءً وَنِوَاءً لِأَهْلِ الإِسْلاَمِ، فَهِىَ رِزْرٌ عَلٰى ذٰلِكَ" وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْحُمُرِ؟ فَقَالَ:" مَا أُنْزِلَ عَلَىَّ فِيْهَا إِلَّا هٰذِهِ الآيَةُ الْجَامِعَةُ الْفَاذَّةُ: ﴿فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ﴾[الزلزلة:٧و٨]" [راجع: ٢٣٧١]

وضاحت: حدیث میں دوسری قسم کا ذکر نہیں، اور وہ یہ ہے: وَهو رجل يربطها تغنيا وتعففا، ثم لم يَنْسَ حق الله فى رقابها ولا فى ظهورها، فهى لذلك سِتر۔

بَابُ مَنْ ضَرَبَ دَابَّةَ غَيْرِهِ فِى الْغَزْوِ

جہاد میں دوسرے کی سواری کو مارنا

مارنے میں کوئی مصلحت ہو تو مار سکتے ہیں، خواہ مخواہ مارنا ظلم ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا اونٹ تھک کر کھڑا ہو گیا تھا، نبی ﷺ نے اس کو کوڑا یا چھڑی ماری تو وہ برق رفتار ہو گیا، یہ مارنے کی ایک مصلحت تھی۔

[٤٩-] بَابُ مَنْ ضَرَبَ دَابَّةَ غَيْرِهِ فِى الْغَزْوِ

[٢٨٦١-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَبُوْ عَقِيْلٍ، ثنا أَبُوْ الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِىُّ، قَالَ: أَتَيْتُ جَابِرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِىَّ، فَقُلْتُ لَهُ: حَدِّثْنِىْ مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: سَافَرْتُ مَعَهُ فِى بَعْضِ أَسْفَارِهِ - قَالَ أَبُوْ عَقِيْلٍ: لاَ أَدْرِىْ غَزْوَةً أَمْ عُمْرَةً - فَلَمَّا أَنْ أَقْبَلْنَا، قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَتَعَجَّلَ إِلٰى أَهْلِهِ فَلْيَتَعَجَّلْ" قَالَ: جَابِرٌ: فَأَقْبَلْنَا وَأَنَا عَلٰى جَمَلٍ لِىْ أَرْمَكَ، لَيْسَ فِيْهَا شِيَةٌ، وَالنَّاسُ خَلْفِىْ، فَبَيْنَا أَنَا كَذٰلِكَ إِذْ قَامَ عَلَىَّ، فَقَالَ لِىْ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا جَابِرُ اسْتَمْسِكْ" فَضَرَبَهُ بِسَوْطِهِ ضَرْبَةً، فَوَثَبَ الْبَعِيْرُ مَكَانَهُ، فَقَالَ:" أَتَبِيْعُ الْجَمَلَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، فَلَمَّا

قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ، وَدَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَسْجِدَ فِيْ طَوَائِفِ أَصْحَابِهِ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَعَقَلْتُ الْجَمَلَ فِيْ نَاحِيَةِ الْبَلَاطِ، فَقُلْتُ لَهُ: هٰذَا جَمَلُكَ، فَخَرَجَ فَجَعَلَ يُطِيْفُ بِالْجَمَلِ، وَيَقُوْلُ لِيْ: "الْجَمَلُ جَمَلُنَا" فَبَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَوَاقِيَ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ: "أَعْطُوْهَا جَابِرًا" ثُمَّ قَالَ: "اسْتَوْفَيْتَ الثَّمَنَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "الثَّمَنُ وَالْجَمَلُ لَكَ"[راجع: ٤٤٣]

لغات: أَرْمَكُ: خاکستری، مٹیالا .... شِيَةٌ: دھبہ، یعنی اس میں اور کوئی رنگ نہیں تھا .... إِذْ قَامَ عَلَيَّ: اچانک رک گیا، قَامَ عَلَيَّ: بين أنا كذلك کا جواب ہے اور قَامَتِ الدَّابَّةُ کے معنی ہیں: تھکن کی وجہ سے رک جانا .... اسْتَمْسِكْ: تھام، یعنی مضبوط بیٹھ .... فَوَثَبَ الْبَعِيْرُ مَكَانَهُ: وہ ایک دم کودا۔

بَابُ الرُّكُوْبِ عَلٰى دَابَّةٍ صَعْبَةٍ، وَالْفُحُوْلَةِ مِنَ الْخَيْلِ

سخت چوپائے پر سواری کرنا، اور مذکر گھوڑے

باب کے دونوں اجزاء میں چولی دامن کا ساتھ ہے، صَعْبَةٌ کے معنی ہیں: سخت۔ اور فُحُوْلة: فَحْلٌ کی جمع ہے: گھوڑا، گھوڑا عام طور پر گھوڑی سے تیز ہوتا ہے، راشد بن سعد (تابعی) کہتے ہیں: صحابہ گھوڑے کو (بہ نسبت گھوڑی کے) پسند کرتے تھے، اس لئے کہ وہ زیادہ دوڑتا ہے، اور زیادہ بہادر ہوتا ہے، پس جہاد میں گھوڑے کا استعمال بہتر ہے۔ اور حدیث پہلے گذری ہے، ایک مرتبہ مدینہ میں کوئی گھبراہٹ کی بات پیش آئی تو نبی ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا گھوڑا اعاریت پر لیا، یہ گھوڑا تھا گھوڑی نہیں تھی، اس لئے اس کے لئے مذکر ضمیر استعمال کی ہے۔

[٥٠-] بَابُ الرُّكُوْبِ عَلٰى دَابَّةٍ صَعْبَةٍ، وَالْفُحُوْلَةِ مِنَ الْخَيْلِ

وَقَالَ رَاشِدُ بْنُ سَعْدٍ: كَانَ السَّلَفُ يَسْتَحِبُّوْنَ الْفُحُوْلَةَ، لِأَنَّهَا أَجْرَأُ وَأَجْسَرُ.

[٢٨٦٢-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا عَبْدُ اللهِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ فَزَعٌ، فَاسْتَعَارَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَرَسًا لِأَبِيْ طَلْحَةَ، يُقَالُ لَهُ: مَنْدُوْبٌ، فَرَكِبَهُ، وَقَالَ: "مَا رَأَيْنَا مِنْ فَزَعٍ، وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا" [ر: ٢٦٢٧]

بَابُ سِهَامِ الْفَرَسِ

گھوڑے کے حصے

مالِ غنیمت میں گھوڑسوار کے کتنے حصے ہیں؟ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین رحمہم اللہ کہتے ہیں: تین حصے ہیں: دو گھوڑے کے اور

ایک سوار کا، کیونکہ گھوڑا زیادہ کھاتا ہے، اس لئے اس کا حصہ دوگنا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دو حصے ہیں: ایک گھوڑے کا اور ایک سوار کا، جمہور کی دلیل باب کی حدیث ہے، جو اصح مافی الباب ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کی تین دلیلیں ہیں: (۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت جو حاشیہ میں ہے (۲) اور حضرت مجمع بن جاریہ کی روایت جو ابوداؤد میں ہے (۳) اور حضرت منذر بن ابی حُمیصہؓ کی تقسیم جس کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے برقرار رکھا تھا۔ یہ روایت امام ابو یوسفؒ کی کتاب الخراج میں ہے، اور تفصیل تحفۃ الالمعی (۴۹۲:۴) میں ہے۔ اور حدیث باب کا جواب یہ ہے کہ اس میں تیسرا حصہ انعامی تھا، جیسے ایک غزوہ میں حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کو پیادہ ہونے کے باوجود دوہرا حصہ دیا تھا، یہ زائد حصہ انعامی تھا، استحقاقی نہیں تھا، اور جمہور اصح مافی الباب کو لیتے ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اگر روایات قابل استناد ہوں تو جمع کیا جاتا ہے۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے امام مالک رحمہ اللہ کے حوالہ سے دو مسئلے بیان کئے ہیں:

پہلا مسئلہ: گھوڑا خواہ عربی ہو یا ترکی (عربی گھوڑے کو تازی اور ترکی گھوڑے کو بِرْذَوْن کہتے ہیں جس کی جمع براذین ہے) دونوں کو حصہ دیا جائے گا، اس لئے کہ ﴿وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ﴾ میں خیل مطلق ہے، اس لئے سب گھوڑوں کے احکام ایک ہیں۔

دوسرا مسئلہ: اگر کوئی مجاہد دو گھوڑے لے کر جہاد میں شریک ہو یا تین گھوڑے لے کر تو تمام ائمہ متفق ہیں کہ تیسرے گھوڑے کا حصہ نہیں دیا جائے گا، اور دوسرے کا دیا جائے گا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے: جمہور کہتے ہیں: نہیں دیا جائے گا، اس لئے کہ آدمی ایک وقت میں ایک ہی گھوڑے پر لڑتا ہے، اور امام ابو یوسف اور امام احمد رحمہما اللہ کہتے ہیں: دوسرے گھوڑے کا بھی حصہ دیا جائے گا، اس لئے کہ کبھی ایک گھوڑا تھک جاتا ہے اس لئے دوسرا استعمال کرنا پڑتا ہے۔

[۵۱-] بَابُ سِهَامِ الْفَرَسِ

وَقَالَ مَالِكٌ:

[۱-] يُسْهَمُ لِلْخَيْلِ وَالْبَرَاذِيْنِ مِنْهَا، لِقَوْلِهِ: ﴿وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا﴾ [النحل: ۸]

[۲-] وَلاَ يُسْهَمُ لِأَكْثَرَ مِنْ فَرَسٍ.

[۲۸۶۳-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَعَلَ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ، وَلِصَاحِبِهِ سَهْمًا.

بَابُ مَنْ قَادَ دَابَّةَ غَيْرِهِ فِي الْحَرْبِ

جس نے جنگ میں دوسرے کی سواری کو آگے سے پکڑ کر چلایا

قَادَ يَقُوْدُ قَوْدًا فَهُوَ قَائِدٌ کے معنی ہیں: جانور کو آگے سے پکڑ کر لے چلنا، اسی سے قوم کے سردار کو قائد کہتے ہیں اور سَاقَ

يَسُوْقُ سَوْقًا فَهُوَ سَائِقٌ کے معنی ہیں: پیچھے سے ہانکنا، اسی سے ڈرائیور کو 'سائق' کہتے ہیں، اگر جہاد میں کوئی فوجی چوپائے پر بیٹھا ہو اور دوسرا اس کی نکیل پکڑ کر چلے تو اس میں کچھ حرج نہیں۔ غزوۂ حنین میں نبی ﷺ خچر پر سوار تھے، اور آپؐ کے چچازاد بھائی ابوسفیان بن الحارث بن عبدالمطلب خچر کی لگام پکڑ کر چل رہے تھے، جب میدان سے مسلمان ہٹ گئے تو انھوں نے لگام روکی مگر نبی ﷺ آگے بڑھنے کی کوشش کرتے رہے اور رجز پڑھتے رہے۔

[٥٢-] بَابُ مَنْ قَادَ دَابَّةَ غَيْرِهِ فِي الْحَرْبِ

[٢٨٦٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلْبَرَاءِ ابْنِ عَازِبٍ، أَفَرَرْتُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ حُنَيْنٍ؟ قَالَ: لٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَفِرَّ، إِنَّ هَوَازِنَ كَانُوْا قَوْمًا رُمَاةً، وَإِنَّا لَمَّا لَقِيْنَاهُمْ حَمَلْنَا عَلَيْهِمْ فَانْهَزَمُوْا، فَأَقْبَلَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَى الْغَنَائِمِ، وَاسْتَقْبَلُوْنَا بِالسِّهَامِ، فَأَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يَفِرَّ، فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ وَإِنَّهُ لَعَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ، وَإِنَّ أَبَا سُفْيَانَ آخِذٌ بِلِجَامِهَا، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "أَنَا النَّبِيُّ لَاكَذِبْ، أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ" [انظر: ٢٨٧٤، ٢٩٣٠، ٣٠٤٢، ٤٣١٥، ٤٣١٦، ٤٣١٧]

ترجمہ: کسی شخص نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے (اعتراض کے طور پر) کہا: آپ لوگ جنگِ حنین میں نبی ﷺ کو میدان میں چھوڑ کر بھاگ گئے تھے؟ حضرت براءؓ نے کہا: مگر نبی ﷺ نہیں بھاگے تھے، جب امیر ڈٹا ہوا ہو تو فوج کے بھاگنے کو بھاگنا نہیں کہتے، پھر فوج کے بھاگنے کی وجہ بیان کی کہ ہوازن قبیلہ تیر اندازی میں ماہر تھا، جب ہماری ان سے مڈبھیڑ ہوئی تو ہم نے ان پر حملہ کیا، انھوں نے شکست کھائی، پس مسلمان غنیمتوں کی طرف متوجہ ہو گئے، اور انھوں نے تیروں سے ہمارا سامنا کیا (یہ تیر انداز دائیں بائیں پہاڑوں میں چھپے ہوئے تھے، انھوں نے تیروں کی بارش کر دی) پس رہے رسول اللہ ﷺ تو وہ نہیں بھاگے، اور بخدا! میں نے آپؐ کو دیکھا درانحالیکہ آپؐ اپنے سفید خچر پر سوار تھے، اور ابوسفیانؓ اس کی لگام پکڑے ہوئے تھے اور نبی ﷺ کہہ رہے تھے:

أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ ❁ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

میں نبی ہوں اس میں کچھ جھوٹ نہیں ❁ میں عبد المطلب کا لڑکا ہوں

تشریح: جنگ میں نسب پر فخر کرنا جائز ہے، علاوہ ازیں عبدالمطلب نے ایک خواب دیکھا تھا کہ ان کا ایک لڑکا لوگوں کی سرداری کرے گا، اور اس کے دشمن اس کے ہاتھ سے ہلاک ہونگے، اور یہ بات لوگوں میں مشہور تھی، نبی ﷺ نے لوگوں کو یہ بات یاد دلائی تا کہ جو لوگ بھاگے ہیں وہ لوٹ آئیں، اس بات پر بھروسہ کرتے ہوئے کہ فتح مندی بالآخر نبی ﷺ کے لئے ہوگی۔

بَابُ الرِّكَابِ وَالْغَرْزِ لِلدَّابَّةِ

سواری کے لئے رکاب

اردو میں گھوڑے کی رکاب اور اونٹ کی رکاب کے لئے ایک ہی لفظ ہے، اور عربی میں گھوڑے کی رکاب کے لئے جو لوہے یا لکڑی کی ہوتی تھی لفظ رکاب ہے۔ اور اونٹ کی رکاب کے لئے جو چمڑے کی ہوتی تھی لفظ غَرْز ہے۔ اور حکم دونوں کا ایک ہے، اونٹ گھوڑے پر جب سواری کرتے ہیں تو پیر پھنسانے کے لئے لوہے، لکڑی یا چمڑے کا حلقہ لٹکا لیتے ہیں اور اس میں پیر پھنسا کر بیٹھتے ہیں، یہ ایک طرح کی راحت ہے، جو جہاد کے منافی نہیں، جہاد کی سواری میں بھی رکاب رکھ سکتے ہیں، اور حدیث وہی ہے جو پہلے گذری ہے کہ نبی ﷺ ذوالحلیفہ میں جب اونٹ پر سوار ہوئے اور اپنا پیر رکاب میں ڈالا اور اونٹنی آپؐ کو لے کر کھڑی ہوئی تو آپؐ نے تلبیہ پڑھا، پیر رکاب میں اونٹنی کے کھڑے ہونے کے بعد ڈالتے ہیں۔

[٥٣-] بَابُ الرِّكَابِ وَالْغَرْزِ لِلدَّابَّةِ

[٢٨٦٥-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أَبِي أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ إِذَا أَدْخَلَ رِجْلَهُ فِي الْغَرْزِ، وَاسْتَوَتْ بِهِ نَاقَتُهُ قَائِمَةً، أَهَلَّ مِنْ عِنْدِ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ.[راجع: ١٦٦]

بَابُ رُكُوْبِ الْفَرَسِ الْعُرْيِ

ننگی پیٹھ والے گھوڑے پر سواری کرنا

گھوڑے پر عام طور پر زین باندھ کر بیٹھتے ہیں، لیکن اگر کسی وجہ سے ننگی پیٹھ پر سواری کرے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں، مدینہ میں جب گھبراہٹ کی بات پیش آئی تھی تو نبی ﷺ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا گھوڑا کھول کر ننگی پیٹھ پر بیٹھ کر مدینہ سے باہر تشریف لے گئے تھے، اس پر زین کسی ہوئی نہیں تھی، اور آپؐ نے اپنی گردن میں تلوار لٹکا رکھی تھی۔

[٥٤-] بَابُ رُكُوْبِ الْفَرَسِ الْعُرْيِ

[٢٨٦٦-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: اسْتَقْبَلَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى فَرَسٍ عُرْيٍ، مَا عَلَيْهِ سَرْجٌ، فِي عُنُقِهِ سَيْفٌ.[راجع: ٢٦٢٧]

بَابُ الْفَرَسِ الْقَطُوْفِ

سست رفتار گھوڑا

قَطُوْف کے معنی ہیں: سست، بے ڈھنگی چال چلنے والا چوپایہ۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا گھوڑا بہت سست رفتار تھا، مندوب کہلاتا تھا، یعنی جواس پر سواری کرتا تھا اس کو رلاتا تھا، مگر نبی ﷺ کی سواری کی برکت سے وہ تیز رفتار ہوگیا، اور اس کی چال کا بے ڈھنگا پن بھی ختم ہوگیا، وہ سمندر کی طرح بہنے لگا، پھر آئندہ کوئی گھوڑا اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا تھا۔

[۵۵-] بَابُ الْفَرَسِ الْقَطُوْفِ

[۲۸۶۷-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ فَزِعُوْا مَرَّةً، فَرَكِبَ النَّبِيُّ صل الله عليه وسلم فَرَسًا لِأَبِيْ طَلْحَةَ، كَانَ يَقْطِفُ أَوْ: كَانَ فِيْهِ قِطَافٌ، فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ: "وَجَدْنَا فَرَسَكُمْ هٰذَا بَحْرًا" فَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ لاَ يُجَارَى. [راجع: ۲٦۲۷]

بَابُ السَّبْقِ بَيْنَ الْخَيْلِ

گھوڑوں کی دوڑ کرانا

گھوڑوں کی، اونٹوں کی، تیراندازی کی اور دیگر آلات جنگ کی ریس کرانا جائز ہے، اور اس پر حکومت انعام بھی رکھ سکتی ہے۔ سَبَق: (باء کا زبر) دوڑ میں بدی ہوئی شرط، بازی، اور سَبْق (باء ساکن مصدر) کے معنی ہیں: آگے بڑھنا۔

اور تضمیر کے لغوی معنی ہیں: دبلا کرنا، اور تضمیر کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے گھوڑے کو خوب کھلاتے پلاتے ہیں پھر جب وہ موٹا تازہ ہوجاتا ہے تو اس کو اندھیرے اور گرم کمرے میں رکھتے ہیں اور اس کی خوراک کم کرتے ہیں، یہاں تک کہ معمولی خوراک پر لے آتے ہیں، جس سے اس کا بدن چھریرا ہوجاتا ہے، اور خوب طاقت آجاتی ہے، اس لئے نبی ﷺ نے ان کو حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک دوڑایا، ان کے درمیان چھ میل (تقریباً دس کلومیٹر) کا فاصلہ ہے اور غیر تضمیر شدہ گھوڑوں کو ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زریق تک دوڑایا، ان کے درمیان ایک میل کا فاصلہ ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی اپنا گھوڑا دوڑایا تھا اور ان کا گھوڑا غیر تضمیر شدہ تھا اور اس دوڑ میں حضرت ابن عمرؓ اول آئے تھے، ان کا گھوڑا ان کو لے کر مسجد کی دیوار پھاند گیا تھا۔

[۵٦-] بَابُ السَّبْقِ بَيْنَ الْخَيْلِ

[۲۸٦۸-] حدثنا قَبِيْصَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَجْرَى النَّبِيُّ

صلی اللہ علیه وسلم مَا ضُمِّرَ مِنَ الْخَيْلِ مِنَ الْحَفْيَاءِ إِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ، وَأَجْرَى مَالَمْ يُضَمَّرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلٰى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَكُنْتُ فِيمَنْ أَجْرَى، وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: ثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ، قَالَ سُفْيَانُ: بَيْنَ الْحَفْيَاءِ إِلَى الثَّنِيَّةِ خَمْسَةُ أَمْيَالٍ أَوْ سِتَّةٌ، وَبَيْنَ الثَّنِيَّةِ إِلٰى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ مِيْلٌ.

[راجع: ٤٢٠]

بَابُ إِضْمَارِ الْخَيْلِ لِلسَّبْقِ

ریس کے لئے گھوڑوں کی تضمیر کرنا

تضمیر سے گھوڑے طاقت ور ہوجاتے ہیں، اس لئے ریس کے لئے گھوڑوں کی تضمیر کرنا درست ہے۔ اور لفظ أَمَد کے معنی ہیں: غایت، مدت، آخری حد، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ﴾ ان پر مدت دراز ہوگئی۔

[٥٧-] بَابُ إِضْمَارِ الْخَيْلِ لِلسَّبْقِ

[٢٨٦٩-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضَمَّرْ، وَكَانَ أَمَدُهَا مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلٰى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ، وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ فِيمَنْ سَابَقَ بِهَا. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَمَدًا: غَايَةً ﴿فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ﴾ [الحديد: ١٦]

بَابُ غَايَةِ السَّبْقِ لِلْخَيْلِ الْمُضَمَّرَةِ

تضمیر شدہ گھوڑوں کی دوڑ کی مسافت

تضمیر شدہ گھوڑے چونکہ قوی ہوتے ہیں اس لئے ان کی ریس میں فاصلہ زیادہ رکھا جاتا ہے، اور وہ گھوڑے جن کی تضمیر نہیں کی گئی، ان میں فاصلہ کم رکھا جاتا ہے۔

[٥٨-] بَابُ غَايَةِ السَّبْقِ لِلْخَيْلِ الْمُضَمَّرَةِ

[٢٨٧٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَابَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي قَدْ أُضْمِرَتْ، فَأَرْسَلَهَا مِنَ الْحَفْيَاءِ، وَكَانَ أَمَدُهَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ، فَقُلْتُ لِمُوْسَى: وَكَمْ بَيْنَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: سِتَّةُ أَمْيَالٍ أَوْ سَبْعَةٌ، وَسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضَمَّرْ، فَأَرْسَلَهَا مِنْ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ، وَكَانَ أَمَدُهَا مَسْجِدَ بَنِي زُرَيْقٍ، قُلْتُ: فَكَمْ بَيْنَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مِيْلٌ أَوْ نَحْوُهُ. وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ مِمَّنْ سَابَقَ فِيْهَا. [راجع: ٤٢٠]

بَابُ نَاقَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَبَابُ بَغْلَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْبَيْضَاءَ

نبی ﷺ کی اونٹنی اور سفید خچر

یہ دو باب ہیں، اور مصری نسخہ میں درمیان میں باب الغزو علی الحمیر بھی ہے، یعنی گدھے پر جہاد کرنا، مگر اس میں کوئی حدیث نہیں، اور یہ باب ہمارے نسخہ میں نہیں ہے، اس لئے اس کا نمبر حذف کیا ہے۔

نبی ﷺ کے زمانہ میں سواری کے لئے اونٹ، اونٹنی، گھوڑے، گھوڑی، گدھے اور خچر استعمال ہوتے تھے، پس سائیکل سے ہوائی جہاز تک ہر سواری استعمال کر سکتے ہیں، اور جنگ میں جو موزون ہو اس کو استعمال کیا جائے۔

نبی ﷺ حج میں جب عرفہ سے مزدلفہ لوٹے تھے تو قصواء نامی اونٹنی پر سوار تھے، اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ ردیف تھے، اور حدیبیہ کا سفر بھی آپؐ نے اسی اونٹنی پر کیا ہے، اور آپؐ کی ایک اونٹنی کا نام عضباء تھا، ریس میں کوئی اونٹنی اس سے آگے نہیں نکل سکتی تھی، ایک مرتبہ ایک بدّو ریس میں شریک ہوا، وہ جوان اونٹنی پر سوار تھا، اس کی اونٹنی عضباء سے آگے نکل گئی، صحابہ کو یہ بات ناگوار ہوئی، نبی ﷺ نے صحابہ کی حالت پہچان لی اور فرمایا: حَقٌّ على الله أن لا يرتفع شيئٌ من الدنيا إلا وَضَعَهُ: اللہ تعالیٰ پر لازم ہے کہ جب دنیا کی کوئی چیز سر ابھارے تو اللہ تعالیٰ کسی وقت اس کو نیچا دکھائیں، تاکہ وہ غرور میں مبتلا نہ ہو۔ اور گدھے پر آپؐ نے سواری تو کی ہے مگر اس پر جہاد نہیں کیا۔ اور آپؐ کے پاس دلدل نامی ایک سفید خچر تھا، جو ایلہ کے ٹھاکر نے ہدیہ دیا تھا، وہ آپؐ کے پاس آخر تک رہا، ترکہ میں بھی تھا، غزوۂ حنین میں آپؐ اسی پر سوار تھے۔

[۵۹-] بَابُ نَاقَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: أَرْدَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أُسَامَةَ عَلَى الْقَصْوَاءِ.

[۲-] وَقَالَ الْمِسْوَرُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا خَلَأَتِ الْقَصْوَاءُ"

[۲۸۷۱-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ، ثَنَا أَبُوْ إِسحَاقَ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا: كَانَتْ نَاقَةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يُقَالُ لَهَا: الْعَضْبَاءُ، مِنْ هٰهُنَا طَوَّلَهُ مُوْسَى، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ. [انظر: ۲۸۷۲]

[۲۸۷۲-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَاقَةٌ تُسَمَّى الْعَضْبَاءَ لَا تُسْبَقُ - قَالَ حُمَيْدٌ: أَوْ: لَا تَكَادُ تُسْبَقُ - فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ عَلٰى قَعُوْدٍ فَسَبَقَهَا، فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ حَتَّى عَرَفَهُ، فَقَالَ: "حَقٌّ عَلَى اللهِ أَنْ لَا يَرْتَفِعَ شَيْئٌ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا وَضَعَهُ"

[٦١-] بَابُ بَغْلَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْبَيْضَاءَ

[١-] قَالَهُ أَنَسٌ.

[٢-] وَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ: أَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَغْلَةً بَيْضَاءَ.

[٢٨٧٣-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا يَحْيَى، ثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِيْ أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو ابْنَ الْحَارِثِ، قَالَ: مَا تَرَكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلاَّ بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ، وَسِلاَحَهُ، وَأَرْضًا تَرَكَهَا صَدَقَةً. [راجع: ٢٧٣٩]

[٢٨٧٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، ثَنِيْ أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: قَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عُمَارَةَ! وَلَّيْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ، قَالَ: لاَ وَاللهِ مَا وَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَلكِنْ وَلَّى سَرَعَانُ النَّاسِ، فَلَقِيَهُمْ هَوَازِنُ بِالنَّبْلِ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى بَغْلَةٍ بَيْضَاءَ، وَأَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ آخِذٌ بِلِجَامِهَا، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "أَنَا النَّبِيُّ لاَ كَذِبْ، أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ. [راجع: ٢٨٦٤]

بَابُ جِهَادِ النِّسَاءِ

عورتوں کا جہاد

یہ جنرل باب ہے، آگے کئی ذیلی ابواب آئیں گے، عورتوں پر جہاد فرض نہیں، عورتوں کا دل گردہ ایسا نہیں کہ وہ جہاد کرسکیں، اور نہ ہر عورت کو اس کا شوہر فوجی ٹریننگ دے سکتا ہے، اور ٹریننگ کے بغیر عورتیں جہاد کیسے کریں گی؟ اور پہلے حدیث آئی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جہاد کرنے کی اجازت چاہی تو آپؐ نے اجازت نہیں دی اور فرمایا: "تمہارے لئے بہترین جہاد حج ہے"

البتہ نبی ﷺ کے زمانہ میں عورتوں کو فوجی خدمات کے لئے جہاد میں لے جایا جاتا تھا، عورتیں خود نہیں جاتی تھیں، جو بھی عورت چاہے شوہر کے ساتھ نہیں نکل سکتی تھی، پہلے اجازت لینی پڑتی تھی، جو عورتیں مریضوں کی مرہم پٹی کرنا اور دیگر فوجی خدمات انجام دینا جانتی تھیں ان کو اجازت ملتی تھی، اور وہ اپنے شوہر کے ساتھ یا محرم کے ساتھ نکلتی تھیں، جیسے: حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا خود مرہم بناتی تھیں، وہ آدھی ڈاکٹر تھیں، زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی تھیں، اس لئے ان کو خاص طور پر جہاد میں لے جایا جاتا تھا۔

البتہ نبی ﷺ ایک اہلیہ کو ساتھ لے جاتے تھے، اس کی حکمت و مصلحت یہ تھی کہ امیر پر کوئی الزام نہ آئے، رہے دوسرے

فوجی تو وہ کمانڈر کی نگرانی میں ہوتے ہیں، اس لئے ان پر الزام آنے کا کوئی سوال نہیں۔

اور میرے علم میں اس کی کوئی دلیل نہیں کہ جو عورت چاہتی شوہر کے ساتھ یا محرم کے ساتھ جہاد میں نکلتی تھی یا نکل سکتی تھی، صرف مخصوص خواتین ہی کو اجازت ملتی تھی، اور وہ نکلتی تھیں، جیسے: دورِ نبوی میں عورتیں مسجدِ نبوی میں نماز کے لئے آتی تھیں، مگر میرے علم میں ایسی کوئی روایت نہیں کہ مدینہ کی دوسری مسجدوں میں بھی عورتیں نماز کے لئے جاتی تھیں، پس مسجدِ نبوی میں عورتوں کا آنا دین سیکھنے کے لئے تھا، نماز مقصود نہیں ہوتی تھی۔

[٦٢-] بَابُ جِهَادِ النِّسَاءِ

[٢٨٧٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي الْجِهَادِ، فَقَالَ: "جِهَادُكُنَّ الْحَجُّ"[راجع: ١٥٢٠]وَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْوَلِيْدِ: ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بِهٰذَا.

[٢٨٧٦-] حدثنا قَبِيْصَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بِهٰذَا، وَعَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: سَأَلَهُ نِسَاؤُهُ عَنِ الْجِهَادِ؟ فَقَالَ: "نِعْمَ الْجِهَادُ الْحَجُّ"[راجع: ١٥٢٠]

بَابُ غَزْوِ الْمَرْأَةِ فِي الْبَحْرِ

عورت کا سمندر کے راستے سے جہاد کرنا

یہ ذیلی باب ہے، سمندر کے راستہ سے مجاہدین جہاد کے لئے نکلیں تو جن عورتوں کو ساتھ لے جانا مصلحت ہو لے جاسکتے ہیں۔ اور حدیث پہلے گذری ہے: حضرت ام حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا جو حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں، اور جنھوں نے نبی ﷺ سے دعا کروائی تھی کہ سمندر کے راستہ سے پہلا جہاد کرنے والوں میں اللہ تعالیٰ ان کو شامل کریں، جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں قبرص پر چڑھائی کی تو اس لشکر میں حضرت معاویہؓ کی اہلیہ بنت قرظہ کے ساتھ حضرت ام حرامؓ بھی تھیں، یہ حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا کی بہن ہیں، انھوں نے بہن سے علاج معالجہ سیکھا تھا اس لئے ان کو بھی حضرت معاویہؓ جہاد میں لے گئے، وہ قبرص پہنچ کر اونٹ سے گر گئیں، اونٹ نے ان کی گردن توڑ دی اور وفات پا گئیں، قبرص میں ان کی قبر ہے۔

اور یہاں جو حدیث میں ہے کہ یہ حادثہ واپسی میں پیش آیا، یہ راوی کا وہم ہے جیسا کہ پہلے تنبیہ کی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رَكِبَتِ الْبَحْرَ مَعَ بِنْتِ قَرَظَةَ: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ بنت قرظہ کے

ساتھ وہ کشتی میں سوار ہوئیں، معلوم ہوا کہ اس لشکر میں دو ہی عورتیں تھیں، ایک امیر صاحب کی بیوی اور ایک حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی بیوی ام حرام، دوسری عورتیں نہیں تھیں۔

اور پہلے آیا ہے کہ نبی ﷺ ان کے پاس حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ سے نکاح کے بعد گئے تھے، اور یہاں ہے کہ ان کا نکاح حضرت عبادہؓ سے بعد میں ہوا، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اس کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے۔

[٦٣-] بَابُ غَزْوِ الْمَرْأَةِ فِی الْبَحْرِ

[٢٨٧٧و٢٨٧٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی بِنْتِ مِلْحَانَ، فَاتَّكَأَ عِنْدَهَا، ثُمَّ ضَحِكَ، فَقَالَتْ: لِمَ تَضْحَكُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ:" نَاسٌ مِنْ أُمَّتِی يَرْكَبُوْنَ الْبَحْرَ الْأَخْضَرَ فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ، مَثَلُهُمْ مَثَلُ الْمُلُوْكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ" فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ، قَالَ:" اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا مِنْهُمْ" ثُمَّ عَادَ فَضَحِكَ فَقَالَتْ لَهُ: مِثْلَ أَوْ مِمَّ ذٰلِكَ، فَقَالَ لَهَا مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ، فَقَالَ:" أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ وَلَسْتِ مِنَ الآخِرِيْنَ" قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: فَتَزَوَّجَتْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، فَرَكِبَتِ الْبَحْرَ مَعَ بِنْتِ قَرَظَةَ، فَلَمَّا قَفَلَتْ رَكِبَتْ دَابَّتَها فَوَقَصَتْ بِهَا، فَسَقَطَتْ عَنْهَا فَمَاتَتْ. [راجع: ٢٧٨٨، ٢٧٨٩]

وضاحت: حدیث پر دو نمبر ڈالنے کی وجہ پہلے (حدیث ٢٧٩٩ و ٢٨٠٠ کی شرح میں) بیان کی ہے۔

بَابُ حَمْلِ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ فِی الْغَزْوِ دُوْنَ بَعْضِ نِسَائِهِ

جہاد میں دوسری بیوی کو چھوڑ کر ایک بیوی کو ساتھ لے جانا

اگر امیر کی دو یا زیادہ بیویاں ہوں تو سب کو جہاد میں ساتھ لے جانا ضروری نہیں، بدگمانی سے بچنے کے لئے ایک کو ساتھ لے جانا کافی ہے۔ نبی ﷺ قرعہ ڈالتے تھے، جس بیوی صاحبہ کا نام نکلتا اس کو ساتھ لے جاتے تھے، اور حدیثِ باب حدیثِ افک کا حصہ ہے، جو پہلے گذر چکی ہے۔

[٦٤-] بَابُ حَمْلِ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ فِی الْغَزْوِ دُوْنَ بَعْضِ نِسَائِهِ

[٢٨٧٩-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَيْرِیُّ، ثَنَا يُوْنُسُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِیَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، وَعَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ، كُلٌّ حَدَّثَنِیْ طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيْثِ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا أَرَادَ أَنْ

يَخْرُجَ أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ يَخْرُجُ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا، فَخَرَجَ فِيْهَا سَهْمِيْ، فَخَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَمَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ.

[راجع: ۲۵۹۳]

بَابُ غَزْوِ النِّسَاءِ، وَقِتَالِهِنَّ مَعَ الرِّجَالِ

جہاد میں عورتوں کا مردوں کے ساتھ لڑنا

باب کا پہلا جزء مقصود نہیں، کیونکہ پہلے باب جهاد النساء آ گیا ہے، صرف لفظوں کا فرق ہے، بلکہ مقصود دوسرا جزء ہے یعنی عورتیں مردوں کے ساتھ لڑسکتی ہیں، مگر جواز کی کوئی دلیل نہیں تھی، اس لئے پہلا جزء لفظ بدل کر لائے اور اس کو ثابت کیا، پس دوسرا جزء قیاس سے ثابت ہو جائے گا کہ جب عورتیں جہاد میں جاسکتی ہیں تو لڑ بھی سکتی ہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ عام طور پر باب قائم کرتے ہیں، مگر اس کی دلیل نہیں ہوتی تو باب میں اضافہ کرتے ہیں، پھر اضافہ دلیل سے ثابت کرتے ہیں، اور وہی حکم پہلے جزء میں لے جاتے ہیں، مگر یہاں اس کے برعکس کیا ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جنگِ احد میں لوگ نبی ﷺ کو میدانِ میں چھوڑ کر ہٹ گئے، اس وقت میں نے حضرت عائشہ اور اپنی والدہ حضرت امّ سُلیم رضی اللہ عنہما کو دیکھا: وہ دونوں پائینچے چڑھائے ہوئے تھیں، میں نے ان کی پنڈلیوں میں خلخال پہننے کی جگہ دیکھی، دونوں اپنی پیٹھوں پر مشکیں اٹھا کر پھرتی سے چل رہی تھیں، اور وہ اس کو ریڑھتی تھیں زخمیوں کے مونھوں میں، پھر وہ دونوں واپس جاتیں اور مشکیں بھر کر لاتیں، پھر آتیں اور زخمیوں کے مونھوں میں ریڑھتیں۔

تشریح: اس حدیث سے عورتوں کا جہاد میں شریک ہونا ثابت ہوا، مگر مردوں کے ساتھ لڑنا ثابت نہیں ہوا، اس لئے باب کا دوسرا جزء قیاس سے ثابت کریں گے کہ جب عورتیں جہاد میں جاسکتی ہیں تو مردوں کے ساتھ لڑ بھی سکتی ہیں، اور یہ بات صحیح ہے اگر لڑنے کا موقع آئے تو عورتیں لڑیں، اس میں کچھ حرج نہیں۔ غزوۂ حنین میں حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا خنجر لئے ہوئے تھیں، نبی ﷺ نے پوچھا: خنجر کیوں لے رکھا ہے؟ انھوں نے کہا: اگر کوئی کافر میرے قریب آیا تو اس کا پیٹ پھاڑ دوں گی (عمدہ) معلوم ہوا کہ اگر کوئی بہادر عورت ہو اور وہ ناگہانی صورت میں دشمن سے لڑے تو شرعاً اس میں کچھ حرج نہیں۔

[۶۵-] بَابُ غَزْوِ النِّسَاءِ، وَقِتَالِهِنَّ مَعَ الرِّجَالِ

[۲۸۸۰-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ انْهَزَمَ النَّاسُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَقَدْ رَأَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ أَبِيْ بَكْرٍ وَأُمَّ سُلَيْمٍ وَإِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ، أَرَى خَدَمَ سُوْقِهِمَا، تَنْقُزَانِ الْقِرَبَ- وَقَالَ غَيْرُهُ: تَنْقُلَانِ الْقِرَبَ- عَلَى مُتُوْنِهِمَا، ثُمَّ تُفْرِغَانِهِ فِيْ أَفْوَاهِ الْقَوْمِ، ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَآنِهَا، ثُمَّ تَجِيْئَانِ فَتُفْرِغَانِهِ فِيْ أَفْوَاهِ الْقَوْمِ. [انظر: ۲۹۰۲، ۳۸۱۱، ۴۰۶۴]

قولہ: غیرُہ: کا مرجع امام بخاری کے استاذ ابو معمر ہیں، یعنی دیگر اساتذہ تَنْقُزَانِ کی جگہ تَنْقُلَانِ کہتے ہیں۔ نَقَزَ (ن وض) الظَّبْیُ کے معنی ہیں: ہرن کا اچھل کر چھلانگ لگانا، میں نے اس کا ترجمہ: پھرتی سے چلنا کیا ہے۔

بَابُ حَمْلِ النِّسَاءِ الْقِرَبَ إِلَى النَّاسِ فِي الْغَزْوِ

جہاد میں عورتوں کا مشک اٹھا کر لوگوں کو پانی پلانا

یہ ردیف باب ہے، گذشتہ باب کی حدیث کے آخر میں یہ مضمون آیا ہے، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے یہ باب قائم کردیا، اور حضرتؒ ایسا کرتے ہیں، البتہ اس کے لئے ضروری ہے کہ جو کتاب چل رہی ہے، اس سے مضمون کا کچھ تعلق ہو۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ زنانی چادریں آئیں، جن کو آپؓ نے مدینہ کی عورتوں میں تقسیم کیا، ان میں سے ایک عمدہ چادر بچ گئی، حاضرین میں سے کسی نے کہا: امیر المؤمنین! یہ چادر آپ نبی ﷺ کی صاحبزادی کو دیجئے جو آپؓ کے نکاح میں ہیں، مراد لے رہے ہیں وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی ام کلثوم کو (جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں) حضرت عمرؓ نے فرمایا: ام سلیط رضی اللہ عنہا اس کی زیادہ حق دار ہیں، اور ام سلیطؓ انصاری خاتون تھیں، انھوں نے نبی ﷺ سے بیعت کی تھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ جنگ احد میں ہمارے لئے مشکیں اٹھاتی تھیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے تَزْفِرُ کا ترجمہ تخیط کیا ہے، یعنی پرانی مشکیں جو پھٹ جاتی تھیں ان کو سی کر ٹھیک کرتی تھیں، مگر شارحین نے اس پر اعتراض کیا ہے، جیسا کہ حاشیہ میں ہے۔

[٦٦-] بَابُ حَمْلِ النِّسَاءِ الْقِرَبَ إِلَى النَّاسِ فِي الْغَزْوِ

[٢٨٨١-] حدثنا عبْدَانُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ ثَعْلَبَةُ بْنُ أَبِيْ مَالِكٍ: أَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ قَسَمَ مُرُوْطًا بَيْنَ نِسَاءٍ مِنْ نِسَاءِ الْمَدِيْنَةِ، فَبَقِيَ مِرْطٌ جَيِّدٌ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ مَنْ عِنْدَهُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَعْطِ هٰذَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ الَّتِيْ عِنْدَكَ، يُرِيْدُوْنَ أُمَّ كُلْثُوْمٍ بِنْتَ عَلِيٍّ، فَقَالَ عُمَرُ: أُمُّ سَلِيْطٍ أَحَقُّ، وَأُمُّ سَلِيْطٍ مِنْ نِسَاءِ الْأَنْصَارِ مِمَّنْ بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ عُمَرُ: فَإِنَّهَا كَانَتْ تَزْفِرُ لَنَا الْقِرَبَ يَوْمَ أُحُدٍ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: تَزْفِرُ: تَخِيْطُ. [انظر: ٤٠٧١]

بَابُ مُدَاوَةِ النِّسَاءِ الْجَرْحٰى فِي الْغَزْوِ

جہاد میں عورتوں کا زخمیوں کا علاج کرنا

یہ ذیلی باب ہے، جہاد میں عورتیں زخمیوں کا علاج کریں تو جائز ہے، اور یہ جواز ضرورت کی وجہ سے ہے۔ حضرت ربیع

رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ ہوتی تھیں، زخمیوں کو پانی پلاتی تھیں اور علاج کرتی تھیں، اور لاشوں کو مدینہ پہنچاتی تھیں، یہ غزوۂ احد کا واقعہ ہے، لاشوں کو مدینہ پہنچانا اس کا قرینہ ہے، اس وقت تک حجاب کا حکم نازل نہیں ہوا تھا، اور جو لاشیں مدینہ منتقل کی گئی تھیں ان کو احد کے میدان میں واپس منگوالیا گیا تھا، اور سب شہداء کو احد میں دفن کیا گیا تھا۔

[٦٧-] بَابُ مُدَاوَةِ النِّسَاءِ الْجَرْحٰى فِي الْغَزْوِ

[٢٨٨٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، قَالَتْ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَسْقِي الْمَاءَ وَنُدَاوِي الْجَرْحٰى وَنَرُدُّ الْقَتْلٰى.

[انظر: ۲۸۸۳، ۵٦۷۹]

بَابُ رَدِّ النِّسَاءِ الْجَرْحىٰ وَالْقَتْلٰى

عورتوں کا زخمیوں کو اور لاشوں کو منتقل کرنا

یہ ردیف باب ہے، زخمیوں کو اور لاشوں کو اٹھا کر کیمپ میں لے جانے کی خدمت اگر مجبوری ہو تو عورتوں سے لی جاسکتی ہے، اور اس باب میں بھی حضرت ربیع رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے۔

[٦٨-] بَابُ رَدِّ النِّسَاءِ الْجَرْحىٰ وَالْقَتْلٰى

[٢٨٨٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، قَالَتْ: كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَنَسْقِيْ الْقَوْمَ وَنَخْدُمُهُمْ وَنَرُدُّ الْجَرْحىٰ وَالْقَتْلٰى إِلَى الْمَدِيْنَةِ. [راجع: ۲۸۸۲]

بَابُ نَزْعِ السَّهْمِ مِنَ الْبَدَنِ

بدن سے تیر نکالنا

جہاد النساء کے ذیلی ابواب پورے ہوئے، اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں، کسی کو جہاد میں گولی لگی یا تیر لگا تو آپریشن کرکے گولی نکالنا یا تیر نکالنا جائز ہے، کیونکہ یہ بھی ایک علاج ہے۔

حدیث: حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے چچا ابو عامر رضی اللہ عنہ کو جنگِ اوطاس میں گھٹنے میں تیر لگا، میں ان کے پاس پہنچا تو انھوں نے کہا: یہ تیر نکال دو، میں نے اس کو نکالا تو زخم سے پانی آنے لگا، میں نے جاکر نبی ﷺ کو اس کی اطلاع دی تو آپؐ نے فرمایا: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ أَبِيْ عَامِرٍ: اے اللہ! ابو عامر عبید کی بخشش فرما۔

تشریح: زخم سے پانی نکلنا اس بات کی علامت ہے کہ خون پانی بن رہا ہے، اس لئے اب زندہ رہنے کی امید نہیں، اس لئے آپؐ نے ان کے لئے دعائے مغفرت فرمائی۔

[٦٩-] بَابُ نَزْعِ السَّهْمِ مِنَ الْبَدَنِ

[٢٨٨٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: رُمِيَ أَبُوْ عَامِرٍ فِيْ رُكْبَتِهِ، فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: انْزِعْ هٰذَا السَّهْمَ، فَنَزَعْتُهُ، فَنَزَا مِنْهُ الْمَاءُ، فَدَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ أَبِيْ عَامِرٍ"

[انظر: ٤٣٢٣، ٦٣٨٣]

بَابُ الْحِرَاسَةِ فِي الْغَزْوِ [وَ] فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

جہاد میں (اور) اللہ تعالیٰ کے راستہ میں چوکیداری کرنا

باب میں دوفی ہیں اور دونوں کے درمیان واو نہیں ہے، جبکہ دونوں کا مصداق تقریباً ایک ہے۔ علامہ عینی رحمہ اللہ نے شرح میں فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ کو نہیں لیا، صرف بابُ الْحِرَاسَةِ فِي الْغَزْوِ لیا ہے، ان کے نسخہ میں یہ اضافہ نہیں ہوگا، لیکن اس صورت میں پہلی حدیث کی باب سے تطبیق مشکل ہوجائے گی، اس لئے میں نے واو بڑھایا ہے۔ اب پہلی حدیث جس میں ایک رات نبی ﷺ کا پہرہ دیا گیا تھا: باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہوگی، اور دوسری حدیث جس میں فوج کی چوکیداری کرنے والے کے لئے خوش حالی کی دعا ہے: پہلے جزء سے متعلق ہوگی۔

جہاد میں رات میں فوج کی چوکیداری کرنی پڑتی ہے اور امیر کی بھی حفاظت کرنی پڑتی ہے، یہ دونوں باتیں ضروری ہیں، اور چوکیداری کا کام ایک اعتبار سے بے خطر ہے اور ایک اعتبار سے پُرخطر، چونکہ اس میں لڑنا نہیں پڑتا، اس اعتبار سے آسان کام ہے اور چونکہ چوکیداری کے لئے چند آدمی ہی مقرر ہوتے ہیں اس لئے اگر دشمن رات میں حملہ کرے گا تو وہی لقمہ بنیں گے، پھر رات بھر جاگنا بھی مشکل ہوتا ہے، اس اعتبار سے یہ بھاری کام ہے، چنانچہ ابن ماجہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: حَرْسُ لَيْلَةٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ لَيْلَةٍ، يُقَامُ لَيْلُهَا وَيُصَامُ نَهَارُهَا: راہِ خدا میں ایک رات کی چوکیداری ایسی ہزار راتوں سے بہتر ہے جن میں نفلیں پڑھی جائیں، اور دن میں روزے رکھے جائیں۔ اور مسند احمد میں حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: مَنْ حَرَسَ وَرَاءَ الْمُسْلِمِيْنَ مُتَطَوِّعًا لَمْ يَرَ النَّارَ بِعَيْنِهِ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ: جس نے رضا کارانہ مسلمانوں کی پیچھے سے چوکیداری کی تو وہ اپنی آنکھ سے دوزخ کی آگ نہیں دیکھے گا، مگر قسم کھولنے کے طور پر۔ اور نسائی میں ابوریحانہ کی حدیث ہے: حُرِّمَتِ النَّارُ عَلَى عَيْنٍ سَهِرَتْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ: میں نے دوزخ کو حرام کیا اس آنکھ

پر جو راہِ خدا میں بیدار رہی ہے، ان کے علاوہ چوکیداری کی فضیلت میں دیگر احادیث بھی ہیں (فتح)

اور باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث میں ایک رات حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کا پہرہ دیا ہے اور دوسری حدیث میں ایک شخص کے لئے بددعا ہے اور دوسرے شخص کے لئے دعا ہے۔ دنیا کے بچاری کے لئے تباہی اور بربادی کی بددعا ہے اور راہِ خدا میں چوکیداری کرنے والے کے لئے خوش حالی کی دعا ہے، پس پہلی حدیث باب کے دوسرے جزء سے اور دوسری حدیث پہلے جزء سے متعلق ہے۔

[۷۰-] بَابُ الْحِرَاسَةِ فِي الْغَزْوِ [وَ] فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

[۲۸۸۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرِ ابْنِ رَبِيْعَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَهِرَ، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ، قَالَ: "لَيْتَ رَجُلاً صَالِحًا مِنْ أَصْحَابِيْ يَحْرُسُنِيْ اللَّيْلَةَ" إِذْ سَمِعْنَا صَوْتَ سِلَاحٍ، فَقَالَ: "مَنْ هٰذَا؟" فَقَالَ: أَنَا سَعْدُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ، جِئْتُ لِأَحْرُسَكَ، فَنَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ۷۲۳۱]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک رات نبی ﷺ کو نیند نہیں آئی، پس جب آپؐ مدینہ آئے (یہ تقدیم وتاخیر ہے، فَلَمَّا قَدِمَ: مقدم ہے اور سَهِرَ: مؤخر۔ مسلم شریف میں حدیث صحیح ترتیب سے ہے) پس نبی ﷺ نے فرمایا: کاش میرے صحابہ میں سے کوئی نیک آدمی آتا جو آج کی رات میرا پہرہ دیتا، صدیقہؓ فرماتی ہیں: اچانک ہم نے ہتھیار کی آواز سنی، آپؐ نے پوچھا: کون؟ جواب ملا: میں سعد بن ابی وقاصؓ ہوں، آپؐ کا پہرہ دینے کے لئے آیا ہوں، چنانچہ آپؐ اطمینان سے سو گئے۔

تشریح: فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ کا کیا مطلب ہے؟ کسی سفر سے واپسی ہوئی یا یہ واقعہ ہجرت کی ابتداء کا ہے؟ میرا رجحان ہے کہ یہ ہجرت کی ابتداء کا واقعہ ہے، اس وقت یہود کا بڑا خطرہ تھا، اس زمانہ میں آپؐ رات میں پیشاب کے لئے بھی گھر سے نہیں نکلتے تھے، لکڑی کا ایک کٹورہ رکھا رہتا تھا، اس میں پیشاب کرتے تھے، صبح اس کو پھینک دیا جاتا تھا، اور ابھی آیتِ کریمہ ﴿وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ﴾ نازل نہیں ہوئی تھی، چنانچہ ایک رات انجانے خطرہ سے نبی ﷺ کی نیند اڑ گئی، آپؐ نے خواہش ظاہر کی کہ کاش کوئی پہرہ دیتا تو آپؐ اطمینان سے سو جاتے، چنانچہ اللہ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو بھیج دیا، یہ آپؐ کے لئے پہرہ دینا حراسة فی سبيل الله ہے۔ اس لئے کہ فی سبيل الله: غَزْوٌ سے عام ہے۔

[۲۸۸۶-] حدثنا يَحْيَى بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ وَالْقَطِيْفَةِ وَالْخَمِيْصَةِ، إِنْ أُعْطِيَ

رَضِيَ، وَإِنْ لَمْ يُعْطَ لَمْ يَرْضَ"

لَمْ يَرْفَعْهُ إِسْرَائِيْلُ وَمُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ. [انظر: ۲۸۸۷، ٦٤٣٥]

[۲۸۸۷-] وَزَادَ لَنَا عَمْرٌو، قَالَ: أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَعَبْدُ الدِّرْهَمِ وَعَبْدُ الْخَمِيْصَةِ، إِنْ أُعْطِيَ رَضِيَ وَإِنْ لَمْ يُعْطَ سَخِطَ، تَعِسَ وَانْتَكَسَ! وَإِذَا شِيْكَ فَلاَ انْتُقِشَ! طُوْبٰى لِعَبْدٍ آخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَشْعَثُ رَأْسُهُ، مُغْبَرَّةٌ قَدَمَاهُ، إِنْ كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ، وَإِنْ كَانَ فِي السَّاقَةِ كَانَ فِي السَّاقَةِ. وَإِنِ اسْتَأْذَنَ لَمْ يُؤْذَنْ لَهُ، وَإِنْ شَفَعَ لَمْ يُشَفَّعْ"

[راجع: ۲۸۸٦]

[١-] ﴿فَتَعْسًا﴾: كَأَنَّهُ يَقُوْلُ: فَأَتْعَسَهُمُ اللّٰهُ: خَيَّبَهُمُ اللّٰهُ.

[٢-] طُوْبٰى: فُعْلٰى مِنْ كُلِّ شَيْءٍ طَيِّبٍ، وَهِيَ يَاءٌ حُوِّلَتْ إِلَى الْوَاوِ، وَهُوَ مِنْ يَطِيْبُ.

وضاحت: اس حدیث کو تقسیم کرکے اس پر دو نمبر ڈالے ہیں، یہ ٹھیک نہیں کیا، یہ ایک ہی حدیث ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ یحییٰ بن یوسف کی سند سے یہ حدیث مرفوع اور مختصر ہے، اور یہ ابوبکر بن عیاش کی حدیث ہے، جس کو وہ ابوحصین سے روایت کرتے ہیں، ابوبکر کے دوسرے دو شاگرد اسرائیل اور محمد بن جُحادہ اس کو مرفوع نہیں کرتے اور امام بخاریؒ کے دوسرے استاذ عمرو بن مرزوق کی سند سے یہ حدیث مرفوع اور مفصل ہے۔

ترجمہ: ہلاک ہو (ناس ہو!) دینار، درہم، قطیفہ (مخملی چادر) اور خمیصہ (پھول بوٹے والی کالی کملی) کے پرستار کا، اگر وہ (دنیا) دیا گیا تو خوش ہوا اور اگر نہیں دیا تو خوش نہیں ہوا۔

تشریح: تَعِس: فعل ماضی بمعنی امر ہے، یہ بد دعا ہے، اس کے معنی ہیں: ہلاک ہوا، چہرہ کے بل گرا یعنی ناس ہوا!

اور عمرو بن مرزوق کی سند سے یہ اضافہ ہے: تَعِسَ وَانْتَكَسَ إلخ: ہلاک ہو اور اوندھے منہ گرے اور جب کانٹا چبھے تو کوئی نکالنے والا نہ ہو، یعنی کوئی ہمدردی کرنے والا نہ ہو (اتنا مضمون پہلی حدیث کے ساتھ جڑے گا) (اور دوسرے شخص کے لئے خوش حالی کی دعا:) خوش حالی ہے اس بندہ کے لئے جو راہِ خدا میں اپنے گھوڑے کی لگام پکڑے ہوئے ہے، پراگندہ سر ہے، غبار آلود پیر ہیں، اگر چوکیداری میں رکھ دیا جاتا ہے تو وہیں رہتا ہے اور اگر لشکر کے پچھلے حصہ میں رکھ دیا جاتا ہے تو وہیں رہتا ہے اور اگر (کسی کے گھر میں جانے کی) اجازت طلب کرتا ہے تو اس کو اجازت نہیں دی جاتی، اور اگر (کسی کے لئے) سفارش کرتا ہے تو اس کی سفارش قبول نہیں کی جاتی۔

تشریح: یہ دوسرا شخص بہ ظاہر بے حیثیت ہے لیکن اللہ کے یہاں اس کا بڑا مقام ہے، نبی ﷺ نے اس کے لئے خوش حالی کی دعا کی ہے۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے دولفظوں کے معنی بیان کئے ہیں:

ا-تَعِسَ کی مناسبت سے سورۂ محمد میں ﴿فَتَعْسًا﴾ آیا ہے اس کے معنی بیان کئے ہیں: أَتْعَسَهُمُ اللّٰهُ: اللہ ان کونامراد کرے۔

۲-حدیث میں طُوْبیٰ آیا ہے یہ بروزن فُعْلیٰ ہے، ہر عمدہ چیز کوطوبیٰ کہتے ہیں، اس کی اصل طَیْب ہے۔ طَابَ يَطِيْبُ طَيِّبًا: کے معنی ہیں: عمدہ ہونا، یا کوواؤ سے بدلا، پھر واؤ کے ماقبل کوضمہ دیا طُوْبیٰ ہوا۔

بَابُ فَضْلِ الْخِدْمَةِ فِي الْغَزْوِ

جہاد میں خدمت کی اہمیت

جہاد میں مجاہد اگر دوسروں کی خدمت کرے تو اس کی بڑی اہمیت ہے اور وہ ہم خُرما ہم ثواب ہے۔ اور یہ متعدد عبادتوں کو جمع کرنا ہے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جہاد میں میرا اور حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کا ساتھ ہوا، وہ میری خدمت کرتے تھے، حالانکہ وہ حضرت انسؓ سے عمر میں بڑے تھے، حضرت جریرؓ کہتے ہیں: میں نے انصار کو ایک کام کرتے دیکھا ہے، یعنی انصار نبی ﷺ کی اور مہاجرین کی خدمت کرتے تھے، اس لئے میں نہیں پاتا ان میں سے کسی کو مگر میں اس کا اکرام کرتا ہوں۔

تشریح: حضرت انس رضی اللہ عنہ کو حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے خدمت لینے میں تکلف ہوتا تھا، اس لئے حضرت جریرؓ نے فرمایا: میں ہر انصاری کا احترام کرتا ہوں اور احترام میں خدمت کرنا بھی ہے، حضرت انسؓ خادم رسول تھے، اس لئے حضرت جریرؓ ان کی خدمت کرتے تھے۔

حدیث (۲): غزوۂ خیبر میں حضرت انس رضی اللہ عنہ خادم کی حیثیت سے نبی ﷺ کے ساتھ تھے، یہی جہاد میں خدمت کرنا ہے۔

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے اور ہم میں سب سے زیادہ سایہ اس شخص کو حاصل تھا جو اپنے کمبل سے سایہ لے رہا تھا، یعنی لشکر ایسی جگہ تھا جہاں کوئی درخت نہیں تھا، گرمی اور دھوپ سخت تھی، پس جس کے پاس کمبل یا چادر تھی وہ اس سے سایہ لے رہا تھا اور وہی سب سے زیادہ سایہ حاصل کرنے والا تھا، رہے وہ لوگ جنھوں نے روزے رکھے تھے، انھوں نے کوئی کام نہیں کیا یعنی منزل پر پہنچ کر پڑ گئے، اور رہے وہ لوگ جنھوں نے روزہ نہیں رکھا تھا انھوں نے سواریاں اٹھائیں اور معمولی خدمت کی (جیسے سواری کو گھاس ڈالنا وغیرہ) اور دوسرے معمولی کام انجام دیئے (جیسے برتن دھونا، کھانا پکانا وغیرہ) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''آج روزہ نہ رکھنے والے ثواب لے گئے'' کیونکہ انھوں نے جہاد کے ساتھ خدمت بھی کی اس لئے انھوں نے ڈبل ثواب پایا۔

[۷۱-] بَابُ فَضْلِ الْخِدْمَةِ فِى الْغَزْوِ

[۲۸۸۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَحِبْتُ جَرِيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَكَانَ يَخْدُمُنِىْ، وَهُوَ أَكْبَرُ مِنْ أَنَسٍ، قَالَ جَرِيْرٌ: إِنِّىْ رَأَيْتُ الْأَنْصَارَ يَصْنَعُوْنَ شَيْئًا، لاَ أَجِدُ أَحَدًا مِنْهُمْ إِلَّا أَكْرَمْتُهُ.

[۲۸۸۹-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِىْ عَمْرٍو مَوْلٰى الْمُطَّلِبِ بْنِ حَنْطَبٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى خَيْبَرَ أَخْدُمُهُ، فَلَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَاجِعًا وَبَدَا لَهُ أُحُدٌ قَالَ:" هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ"، ثُمَّ أَشَارَ بِيَدِهِ إِلٰى الْمَدِيْنَةِ، قَالَ:" اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا كَتَحْرِيْمِ إِبْرَاهِيْمَ مَكَّةَ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِىْ صَاعِنَا وَمُدِّنَا"[راجع: ۳۷۱]

[۲۸۹۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَبُوْ الرَّبِيْعِ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ زَكَرِيَّا، ثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَكْثَرُنَا ظِلًّا الَّذِيْ يَسْتَظِلُّ بِكِسَائِهِ، وَأَمَّا الَّذِيْنَ صَامُوْا فَلَمْ يَعْمَلُوْا شَيْئًا، وَأَمَّا الَّذِيْنَ أَفْطَرُوْا فَبَعَثُوْا الرِّكَابَ، وَامْتَهَنُوْا، وَعَالَجُوْا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" ذَهَبَ الْمُفْطِرُوْنَ الْيَوْمَ بِالْأَجْرِ"

بَابُ فَضْلِ مَنْ حَمَلَ مَتَاعَ صَاحِبِهِ فِى السَّفَرِ

سفر میں ساتھی کا سامان اٹھانے کی اہمیت

اب تین ذیلی باب ہیں، جو جہاد میں خدمت سے متعلق ہیں، جہاد کے سفر میں کسی ساتھی کا سامان اٹھانا بڑی خدمت ہے، اور حدیث گذر چکی ہے کہ کوئی شخص اپنی سواری پر دوسرے کی مدد کرتا ہے: اس پر اس کو بٹھالیتا ہے یا سواری پر اس کا سامان رکھ لیتا ہے تو یہ کارِ ثواب ہے۔

[۷۲-] بَابُ فَضْلِ مَنْ حَمَلَ مَتَاعَ صَاحِبِهِ فِى السَّفَرِ

[۲۸۹۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" كُلُّ سُلاَمٰى عَلَيْهِ صَدَقَةٌ كُلَّ يَوْمٍ، يُعِيْنُ الرَّجُلَ فِىْ دَابَّتِهِ: يُحَامِلُهُ عَلَيْهَا أَوْ يَرْفَعُ عَلَيْهَا مَتَاعَهُ صَدَقَةٌ، وَالْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ، وَكُلُّ خَطْوَةٍ يَمْشِيْهَا إِلٰى الصَّلاَةِ صَدَقَةٌ، وَدَلُّ الطَّرِيْقِ صَدَقَةٌ"[راجع: ۲۷۰۷]

لغات: سُلَامی: انگلیوں کے جوڑ، مراد بدن کے جوڑ............ دَلَّ: مصدر بمعنی **دلالة**: راہ نمائی۔

بَابُ فَضْلِ رِبَاطِ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

راہِ خدا میں ایک دن پہرہ دینے کی اہمیت

رِبَاط: کے معنی ہیں: پہرہ دینا، خواہ ملک کی سرحد کا پہرہ دے یا فوج کا پہرہ دے، پس یہ بھی فوج کی خدمت ہے۔ اور حضرت رحمہ اللہ نے سورۂ آل عمران کی آخری آیت لکھی ہے، ارشاد پاک ہے: ''اے ایمان والو! صبر کرو، اور مقابلہ میں صبر کرو، اور مقابلہ میں پہرہ دو، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، تاکہ تم کامیاب ہوؤ!''

تفسیر: اصبروا: صبر کرو، یعنی ہمت سے کام لو، جہاد میں جم کر لڑو، وَصَابِرُوْا (باب مفاعلہ) اور مقابلہ میں صبر کرو، جس طرح دشمن ڈٹ کر لڑ رہا ہے تم بھی ڈٹ کر لڑو۔ رَابِطُوْا: (باب مفاعلہ) اور مقابلہ میں پہرہ دو، جس طرح دشمن اپنے لشکر کا پہرہ دے رہا ہے، تم بھی اپنے لشکر کا پہرہ دو، اور جس طرح دشمن اپنی سرحد کی حفاظت کر رہا ہے تم بھی اپنے ملک کی سرحد کی حفاظت کرو۔

نبی ﷺ کے زمانہ میں اسلامی مملکت کی سرحدیں قائم نہیں ہوئی تھیں، جیسے آج ہر ملک کی سرحد ہے اور دونوں طرف فوجیں سرحد کی حفاظت کرتی ہیں، ایسی سرحد قائم نہیں ہوئی تھی، اس لئے رَابطوا کو پہرہ دینے کے معنی میں لیا ہے، خواہ سرحد کا پہرہ دے یا فوج کا اور حدیث پہلے گذری ہے کہ ایک دن راہِ خدا میں پہرہ دینا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

[۷۳-] بَابُ فَضْلِ رِبَاطِ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا﴾ الآيَةَ [آل عمران: ۲۰۰]

[۲۸۹۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ أَبَا النَّضْرِ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا، وَمَوْضِعُ سَوْطِ أَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا، وَالرَّوْحَةُ يَرُوْحُهَا الْعَبْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوِ الْغَدْوَةُ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا''[راجع: ۲۷۹۴]

بَابُ مَنْ غَزَا بِصَبِيٍّ لِلْخِدْمَةِ

جو جہاد میں کسی بچہ کو خدمت کے لئے لے گیا

یہ بھی ذیلی باب ہے، اگر کوئی مجاہد کسی بچہ کو یا بڑے کو خدمت کے لئے ساتھ لے جائے تو اس کی گنجائش ہے، اور اس

خادم کو بھی کچھ نہ کچھ ثواب ملے گا۔ اور حدیث پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اپنے لڑکوں میں سے کوئی لڑکا ڈھونڈھو جو میری خدمت کرے، جب میں خیبر کی طرف نکلوں، چنانچہ حضرت ابوطلحہؓ حضرت انس رضی اللہ عنہ کو اپنی سواری پر پیچھے بٹھا کر لے گئے اور انھوں نے سفر میں نبی ﷺ کی خدمت کی۔

[۷۴-] بَابُ مَنْ غَزَا بِصَبِيٍّ لِلْخِدْمَةِ

[۲۸۹۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا يَعْقُوْبُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِأَبِيْ طَلْحَةَ:" اِلْتَمِسْ غُلاَمًا مِنْ غِلْمَانِكُمْ يَخْدُمُنِيْ حَتَّى أَخْرُجَ إِلٰى خَيْبَرَ، فَخَرَجَ بِيْ أَبُوْ طَلْحَةَ مُرْدِفِيَّ، وَأَنَا غُلاَمٌ رَاهَقْتُ الْحُلُمَ، فَكُنْتُ أَخْدُمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا نَزَلَ، فَكُنْتُ أَسْمَعُهُ كَثِيْرًا يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ"

ثُمَّ قَدِمْنَا خَيْبَرَ، فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْحِصْنَ ذُكِرَ لَهُ جَمَالُ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ بْنِ أَخْطَبَ، وَقَدْ قُتِلَ زَوْجُهَا وَكَانَتْ عَرُوْسًا، فَاصْطَفَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِنَفْسِهِ، فَخَرَجَ بِهَا حَتَّى إِذَا بَلَغْنَا سَدَّ الصَّهْبَاءِ حَلَّتْ، فَبَنىٰ بِهَا، ثُمَّ صَنَعَ حَيْسًا فِيْ نِطَعٍ صَغِيْرٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "آذِنْ مَنْ حَوْلَكَ" فَكَانَتْ تِلْكَ وَلِيْمَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى صَفِيَّةَ. ثُمَّ خَرَجْنَا إِلٰى الْمَدِيْنَةِ، قَالَ: فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحَوِّيْ لَهَا وَرَاءَهُ بِعَبَاءَةٍ ثُمَّ يَجْلِسُ عِنْدَ بَعِيْرِهِ فَيَضَعُ رُكْبَتَهُ فَتَضَعُ صَفِيَّةُ رِجْلَهَا عَلٰى رُكْبَتِهِ حَتَّى تَرْكَبَ.

فَسِرْنَا حَتَّى إِذَا أَشْرَفْنَا عَلٰى الْمَدِيْنَةِ، نَظَرَ إِلٰى أُحُدٍ فَقَالَ:" هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ" ثُمَّ نَظَرَ إِلٰى الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا بِمِثْلِ مَا حَرَّمَ إِبْرَاهِيْمُ مَكَّةَ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْ مُدِّهِمْ وَصَاعِهِمْ"[راجع: ۳۷۱]

بَابُ رُكُوْبِ الْبَحْرِ

سمندر کا سفر

باب میں جہاد کی قید نہیں، کیونکہ سمندر کا سفر مطلقاً خطرناک ہے، مگر کتاب الجہاد میں یہ باب لاکر اشارہ کیا کہ جہاد کے لئے سمندر کا سفر کر سکتے ہیں، اگرچہ یہ خطرناک سفر ہے اور ہوائی جہاز کا سفر اس سے بھی زیادہ خطرناک ہے، بلکہ اب تو خشکی میں بھی بس اور کار کا سفر خطرناک ہے، سب سواریاں موت کے گھوڑے ہیں، چنانچہ محتاط لوگ (بزدل) ریل کا سفر

کرتے ہیں۔

نبی ﷺ کے زمانہ میں سمندر کا سفر آج سے زیادہ خطرناک تھا، اس لئے صرف حاجی یا غازی کو اس کی اجازت تھی، شام کے گورنر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سمندر کا سفر کرکے جہاد کرنے کی اجازت چاہی تو آپؓ نے اجازت نہیں دی، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اجازت چاہی، انھوں نے اس شرط کے ساتھ اجازت دی کہ کسی کو مجبور نہ کیا جائے۔ اور حدیث پہلے گذری ہے، اس کو حضرت انس رضی اللہ عنہ اپنی خالہ سے روایت کرتے ہیں، پس حدیث کے دو نمبروں میں سے ایک نمبر اس سند کا ہے۔

[۷۵-] بَابُ رُكُوْبِ الْبَحْرِ

[۲۸۹۴و۲۸۹۵-] حدثنا أَبُوْ النُّعمَانِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيىَ بْنِ حَبَّانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ أُمُّ حَرَامٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ يَوْمًا فِيْ بَيْتِهَا، فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَيَضْحَكُ، قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا يُضْحِكُكَ؟ قَالَ:" عَجِبْتُ مِنْ قَوْمٍ مِنْ أُمَّتِيْ يَرْكَبُوْنَ الْبَحْرَ، كَالْمُلُوْكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ:" أَنْتِ مِنْهُمْ" ثُمَّ نَامَ فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَيَقُوْلُ:" أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ" فَتَزَوَّجَ بِهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَخَرَجَ بِهَا إِلَى الْغَزْوِ، فَلَمَّا رَجَعَتْ قُرِّبَتْ دَابَّةٌ لِتَرْكَبَهَا، فَوَقَعَتْ فَانْدَقَّتْ عُنُقُهَا. [راجع: ۲۷۸۸، ۲۷۸۹]

قوله: قَالَ يَوْمًا: ایک دن قیلولہ کیا..........عجبتُ: پسند آئے مجھے..........اندقّت: ٹوٹ گئی۔

بَابُ مَنِ اسْتَعَانَ بِالضُّعَفَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ فِي الْحَرْبِ

جنگ میں کمزوروں اور نیک لوگوں سے مدد طلب کرنا

امیر المؤمنین جب لشکر لے کر دشمن کے مقابلہ کے لئے نکلے تو فوج اور ساز وسامان پر زیادہ تکیہ نہ کرے، بلکہ ضعفاء اور صالحین کے توسل (برکت) سے دعا کرے، یا ان سے دعا کرائے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کمزوروں کا اور نیک بندوں کا لحاظ کرتے ہیں، چنانچہ بارش نہ ہورہی ہو اور بارش طلبی کی نماز پڑھنی ہو تو لکھا ہے کہ جانوروں کو بھی ساتھ لے جاؤ، جب جانوروں کی وجہ سے بارش ہوتی ہے تو انسانوں میں جو کمزور یا نیک ہیں ان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ظفر مند کیوں نہ فرمائیں گے!

اور باب میں ایک معلق اور دو مسند حدیثیں ہیں:

معلّق حدیث: ہرقل نے ابوسفیانؓ سے پوچھا تھا کہ اشراف (اونچی ناک والے) اس نبی کی پیروی کرتے ہیں یا

کمزورلوگ؟ ابوسفیانؓ نے جواب دیا: کمزورلوگ ان کی پیروی کرتے ہیں، پس ہرقل نے کہا: رسولوں کے پہلے متبعین کمزور لوگ ہی ہوتے ہیں، ہرقل کا یہ تبصرہ کمزوروں کی اہمیت پر دلالت کرتا ہے یہی کمزورلوگ اعلی درجہ کے صالحین ہوتے ہیں۔

حدیث (۱): حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو ایک خیال آیا انھوں نے خود کو دوسروں سے بہتر سمجھا (مصنف عبدالرزاق میں اس کی تفصیل ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ایک آدمی قوم کی حمایت میں اپنے ساتھیوں کی طرف سے لڑتا ہے، پس کیا اس کا حصہ ثواب اور غنیمت میں اس کے علاوہ کے مانند ہوگا؟ یعنی اس کو غنیمت اور ثواب میں برتری حاصل ہونی چاہئے کیونکہ اس کے بہادرانہ کارنامہ کی وجہ سے فتح نصیب ہوئی ہے) نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں مدد کئے جاتے تم اور نہیں روزی دیئے جاتے تم مگر تمہارے کمزوروں کی وجہ سے (یعنی ٹھیک ہے بہادروں کے کارناموں سے فتح ہوتی ہے مگر اس سے زیادہ دخل فتح اور رزق میں کمزوروں کا ہے، لہٰذا جنگ سے پہلے ان سے دعا کروانی چاہئے، یا ان کے توسل سے دعا کرنی چاہئے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ایک زمانہ آئے گا کہ لوگوں کی ایک جماعت جہاد کرے گی، پس پوچھا جائے گا: لشکر میں کوئی صحابی ہیں؟ پس کہا جائے گا: ہیں، چنانچہ ان کی برکت سے فتح نصیب ہوگی، پھر ایک زمانہ آئے گا کہ پوچھا جائے گا: کیا لشکر میں کوئی تابعی ہیں؟ پس کہا جائے گا: ہیں، چنانچہ فتح ملے گی، پھر ایک زمانہ آئے گا، پس پوچھا جائے گا: تم میں کوئی تبع تابعی ہیں؟ پس کہا جائے گا: ہیں، پس فتح نصیب ہوگی (یہ حدیث باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے، قرونِ ثلاثہ کے لوگ صالحین تھے، ان کی برکت سے فتح ملتی تھی)

[٧٦-] بَابُ مَنِ اسْتَعَانَ بِالضُّعَفَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ فِي الْحَرْبِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سُفْيَانَ، قَالَ: قَالَ لِيْ قَيْصَرُ: سَأَلْتُكَ: أَشْرَافُ النَّاسِ اتَّبَعُوْهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَزَعَمْتَ: ضُعَفَاءُهُمْ، وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ.

[٢٨٩٦-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ طَلْحَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: رَأَى سَعْدٌ أَنَّ لَهُ فَضْلاً عَلَى مَنْ دُوْنَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ إِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ؟"

[٢٨٩٧-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ جَابِرًا، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " يَأْتِيْ زَمَانٌ يَغْزُوْ فِيْهِ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ، فَيُقَالُ: فِيْكُمْ مَنْ صَحِبَ النَّبِيَّ؟ فَيُقَالُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ عَلَيْهِ، ثُمَّ يَأْتِيْ زَمَانٌ، فَيُقَالُ: فِيْكُمْ مَنْ صَحِبَ أَصْحَابَ النَّبِيِّ؟ فَيُقَالُ: نَعَمْ: فَيُفْتَحُ، ثُمَّ يَأْتِيْ زَمَانٌ فَيُقَالُ: فِيْكُمْ مَنْ صَحِبَ صَاحِبَ أَصْحَابِ النَّبِيِّ؟ فَيُقَالُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ"

[انظر: ٣٥٩٤، ٣٦٤٩]

بَابٌ: لَايَقُوْلُ: فُلَانٌ شَهِيْدٌ

نہ کہے کہ فلاں شہید ہے

حاشیہ میں لکھا ہے کہ قطعیت کے ساتھ کسی کے بارے میں نہیں کہنا چاہئے کہ فلاں شہید ہے، اس لئے کہ شہید وہ ہے جو اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے لڑتا ہوا مارا گیا ہو، اور کون کس مقصد سے لڑتا ہے: اس کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں، پس کسی کے بارے میں قطعیت سے نہیں کہنا چاہئے کہ وہ شہید ہے۔ اور باب میں ایک معلّق روایت ہے جو پہلے (حدیث ۲۷۷۸) گذر چکی ہے، اور دوسری روایت میں ایک واقعہ ہے اس کا ترجمہ عبارت کے بعد ہے۔

[۷۷-] بَابٌ: لَايَقُوْلُ: فُلَانٌ شَهِيْدٌ

قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِهِ، اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِيْ سَبِيْلِهِ"

[۲۸۹۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْتَقَى هُوَ وَالْمُشْرِكُوْنَ فَاقْتَتَلُوْا، فَلَمَّا مَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى عَسْكَرِهِ، وَمَالَ الآخَرُوْنَ إِلٰى عَسْكَرِهِمْ، وَفِيْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ لَا يَدَعُ لَهُمْ شَاذَّةً وَلَا فَاذَّةً إِلَّا اتَّبَعَهَا، يَضْرِبُهَا بِسَيْفِهِ، فَقَالَ: مَا أَجْزَأَ مِنَّا الْيَوْمَ أَحَدٌ كَمَا أَجْزَأَ فُلَانٌ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَمَا إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَنَا صَاحِبُهُ، فَخَرَجَ مَعَهُ، كُلَّمَا وَقَفَ وَقَفَ مَعَهُ، وَإِذَا أَسْرَعَ أَسْرَعَ مَعَهُ، قَالَ: فَجُرِحَ الرَّجُلُ جُرْحًا شَدِيْدًا، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَوَضَعَ نَصْلَ سَيْفِهِ بِالْأَرْضِ، وَذُبَابَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ تَحَامَلَ عَلٰى سَيْفِهِ، فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَخَرَجَ الرَّجُلُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ! قَالَ:"وَمَا ذَاكَ؟" قَالَ: الرَّجُلُ الَّذِيْ ذَكَرْتَ آنِفًا أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَأَعْظَمَ النَّاسُ ذٰلِكَ، فَقُلْتُ: أَنَا لَكُمْ بِهِ، فَخَرَجْتُ فِيْ طَلَبِهِ، ثُمَّ جُرِحَ جُرْحًا شَدِيْدًا، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَوَضَعَ نَصْلَ سَيْفِهِ فِي الْأَرْضِ، وَذُبَابَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ تَحَامَلَ عَلَيْهِ فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ:" إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ"[انظر: ٤٢٠٣، ٤٢٠٧، ٦٤٩٣، ٦٦٠٧]

ترجمہ: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کا اور مشرکین کا مقابلہ ہوا پس دونوں آپس میں لڑے، پھر شام کو

نبی ﷺ اپنے کیمپ کی طرف اور دوسرے لوگ اپنے کیمپ کی طرف لوٹ گئے، اور صحابہ میں (قزمان نامی) ایک شخص تھا (اس شخص کا شمار منافقین میں تھا، احد کی جنگ میں وہ شریک نہیں ہوا تھا، پس عورتوں نے اس کو طعنہ دیا، اس لئے وہ اگلی جنگ میں نکلا اور جم کر لڑا تاکہ داغ دھل جائے) وہ نہیں چھوڑتا تھا مشرکین میں سے کسی اکادکا کو (شَاذَّة اور فَاذَّة کے ایک معنی ہیں: اکادکا) مگر اس کے پیچھے لگجاتا تھا، اور اس کو تہ تیغ کر دیتا تھا، پس کہنے والے نے کہا: نہیں شاندار کارنامہ انجام دیا ہماری طرف سے آج کسی نے جیسا فلاں نے شاندار کارنامہ انجام دیا! پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''سنو! بیشک وہ دوزخ والوں میں سے ہے''، پس قوم میں سے ایک شخص نے کہا: (ان کا نام اکثم بن ابی الجون تھا) میں اس کے ساتھ لگوں گا (اور دیکھوں گا کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ پیش آتا ہے) پس وہ اس کے ساتھ نکلا، جہاں وہ ٹھہرتا یہ بھی ٹھہرتا اور جہاں وہ تیز چلتا یہ بھی تیز چلتا، اس نے کہا: وہ آدمی سخت زخمی ہو گیا اور اس نے جلدی مرنا چاہا، پس اس نے اپنی تلوار کی انّی زمین پر رکھی اور اس کی کنّی (وہ حصہ جس سے مارا جاتا ہے) اپنی دونوں چھاتیوں کے درمیان رکھی، پس وہ اپنی تلوار پر جھک گیا اور اپنے آپ کو مار ڈالا، پس وہ آدمی یعنی اکثمؓ نبی ﷺ کے پاس آئے اور کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں، آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ انھوں نے کہا: وہ آدمی جس کا آپؐ نے ابھی تذکرہ کیا تھا کہ وہ دوزخ والوں میں سے ہے: لوگوں نے اس بات کو بھاری سمجھا تھا، پس میں نے کہا: میں تمہارے لئے اس کے ساتھ لگتا ہوں پس میں اس کی طلب میں نکلا پس وہ سخت زخمی ہو گیا اور اس نے جلدی مرنا چاہا تو اس نے اپنی تلوار کی انّی زمین پر رکھی اور اس کی کنّی اپنی دونوں چھاتیوں کے درمیان رکھی، پھر اس پر جھک گیا اور اپنے آپ کو مار ڈالا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک ایک آدمی البتہ کرتا ہے جنت والوں کے کام اس چیز میں جو ظاہر ہوتی ہے لوگوں کے لئے یعنی بہ ظاہر جنتیوں والا عمل کرتا ہے درانحالیکہ وہ دوزخ والوں میں سے ہوتا ہے، اور بیشک ایک آدمی بہ ظاہر دوزخ والوں کا کام کرتا ہے حالانکہ وہ جنت والوں میں سے ہوتا ہے۔

تشریح: یہ تو نبی ﷺ نے پیشین گوئی فرمادی کہ وہ دوزخ والوں میں سے ہے ورنہ تو لوگ اس کو قطعی شہید کہتے، اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اعتبار آخری حالت کا ہے ایمان و عمل صالح پر زندگی ختم ہو تو جنتی ہے، چاہے زندگی بھر کچھ بھی کرتا رہا ہو، اور جس کی زندگی اس کے برعکس ختم ہو، وہ دوزخ والا ہے چاہے زندگی بھر نیکیاں کرتا رہا ہو۔ فإن العبرةَ بالخواتیم: اور وہ شخص جہنمی اپنے نفاق کی وجہ سے تھا، وہ مؤمن ہی نہیں تھا۔

بَابُ التَّحْرِيْضِ عَلَى الرَّمْيِ

تیراندازی کی ترغیب

نبی ﷺ کے زمانہ میں سب سے کارگر ہتھیار تیر تھا، اس لئے کہ وہ دور سے چلایا جاتا ہے، خود محفوظ رہ کر دوسرے پر وار کیا جاتا ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَأَعِدُّوْا لَهُمْ مَااسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ﴾: اور تیار کرو دشمنوں کے لئے جو بھی طاقت تم تیار کر سکو

اور نبی ﷺ نے اپنے زمانہ کے اعتبار سے قوت کی تفسیر تیر اندازی سے کی ہے، فرمایا: أَلاَ إِنَّ الْقُوَّةَ هِيَ الرَّمْيُ: سنو! قوت سے تیر اندازی مراد ہے (مسلم حدیث ۱۹۱۷) مگر اب 'قوت' کا مصداق بدل گیا ہے، کیونکہ ہتھیاروں کی نوعیت بدل گئی ہے، اب میزائل اور راکٹ 'قوت' کا مصداق ہیں، اور باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث میں تیر اندازی کے مقابلہ کا ذکر ہے اور دوسری حدیث میں تیر کب چلانا چاہئے اس کے بارے میں ہدایت ہے۔

[۷۸-] بَابُ التَّحْرِيْضِ عَلَى الرَّمْيِ

وَقَوْلِ اللهِ: ﴿وَأَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهِ عَدُوَّ اللهِ وَعَدُوَّكُمْ﴾

[۲۸۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ الأَكْوَعِ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى نَفَرٍ مِنْ أَسْلَمَ يَنْتَضِلُوْنَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " ارْمُوْا بَنِي إِسْمَاعِيْلَ فَإِنَّ أَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا، وَأَنَا مَعَ بَنِي فُلاَنٍ" قَالَ: فَأَمْسَكَ أَحَدُ الْفَرِيْقَيْنِ بِأَيْدِيْهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا لَكُمْ لاَ تَرْمُوْنَ؟" قَالُوْا: كَيْفَ نَرْمِي وَأَنْتَ مَعَهُمْ؟ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " ارْمُوْا وَأَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ"[انظر: ۳۳۷۳، ۳۵۰۷]

[۲۹۰۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْغَسِيْلِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ بَدْرٍ حِيْنَ صَفَفْنَا لِقُرَيْشٍ وَصَفُّوْا لَنَا: "إِذَا أَكْثَبُوْكُمْ فَعَلَيْكُمْ بِالنَّبْلِ" قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: أَكْثَبُوْكُمْ يَعْنِي أَكْثَرُوْكُمْ.

حدیث (۱): حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ قبیلہ اسلم کی ایک جماعت کے پاس سے گذرے جو تیر اندازی میں مقابلہ کررہے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: تیر اندازی کرو اے اسماعیل علیہ السلام کی اولاد! اس لئے کہ تمہارے ابا تیر انداز تھے اور میں فلاں خاندان کے ساتھ ہوں۔ راوی کہتے ہیں: پس دو فریقوں میں سے ایک نے اپنے ہاتھ روک لئے، نبی ﷺ نے فرمایا: کیا بات ہے تیر کیوں نہیں چلاتے؟ انھوں نے جواب دیا: ہم کیسے تیر چلائیں آپؐ ان کے ساتھ ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: تیر چلاؤ اور میں تم سبھی کے ساتھ ہوں۔

تشریح: تَنَاضُلْ کے معنی ہیں: التَّرَامِي لِلسَّبْقِ: تیر اندازی کا مقابلہ کرنا، اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آباء کی خوبیاں ابناء کو ضرور اپنانی چاہئیں، اور جب مقابلہ ہوتا ہے تو دو جماعتیں بنتی ہیں، نبی ﷺ ایک جماعت میں شامل ہوگئے تو دوسری جماعت نے ہاتھ روک لئے، آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے، ہاتھ کیوں روک لئے؟ انھوں نے کہا: آپؐ جب دوسری جماعت کے ساتھ ہوگئے تو اب ہم تیر کیسے چلائیں؟ اس لئے کہ آپؐ جس جماعت کے ساتھ ہیں اگر وہ جماعت جیتی تو آپؐ کی برکت ہوگی، اس پارٹی کا کوئی کمال نہیں ہوگا اور خدانخواستہ وہ ہاری تو اس میں آپؐ کی موہوم توہین ہے کہ حضور کی

پارٹی ہاری! چنانچہ آپؐ اس پالے سے نکل آئے اور غیر جانبدار بن گئے اور فرمایا: مقابلہ کرو میں تم سبھی کے ساتھ ہوں۔

حدیث (۲): جنگ بدر کے موقع پر جب مسلمانوں کی اور قریش کی صفیں تیار ہوگئیں تو آپؐ نے ہدایت دی کہ جب دشمن قریب آجائے تو تیر چلانا شروع کرو۔

تشریح: دشمن اگر بہت فاصلہ پر ہو تو تیر خطا کرتا ہے، اس لئے جب دشمن تیروں کی زد پر آجائے تب تیر چلانا چاہئے، تاکہ کوئی تیر ضائع نہ ہو۔

لغت: أَكْثَبُوْكُمْ: (باب افعال) جب وہ تم سے قریب آجائیں، كَثَبَ الشيئُ: قریب ہونا، الْكَثَبُ: قریب، نزدیک، رَمَاهُ مِنْ كَثَبٍ وَعَنْ كَثَبٍ: قریب سے اس کو نشانہ بنایا۔ امام بخاریؒ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: أَكْثَرُوْكُمْ۔ حاشیہ میں اس پر اعتراض ہے کہ یہ معنی صحیح نہیں، أَكْثَرَ الشيئَ کے معنی ہیں: تعداد بڑھانا، حدیث میں یہ معنی نہیں ہوسکتے۔

بَابُ اللَّهْوِ بِالْحِرَابِ وَنَحْوِهَا

چھوٹے نیزوں اور اس کے مانند ہتھیاروں سے کھیلنا

حِرَاب: حَرْبَة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: چھوٹا نیزہ، ہتھیاروں کا کھیل جنگی مشق ہوتی ہے، حبشہ والے چھوٹے نیزہ کے کھیل کے ماہر تھے، عید کے دن مسجد نبوی کے صحن میں وہ لوگ یہ کھیل کھیل رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اور کنکریوں کی مٹھی بھر کر ان کی طرف پھینکی اور کہا: بھاگو! کیا شیطان کا چرخہ لگا رکھا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: کھیلنے دو، یہ شیطان کا چرخہ نہیں ہے، فوجی مشق ہے۔

[۷۹-] بَابُ اللَّهْوِ بِالْحِرَابِ وَنَحْوِهَا

[۲۹۰۱-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَا الْحَبَشَةُ يَلْعَبُوْنَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِحِرَابِهِمْ، دَخَلَ عُمَرُ فَأَهْوَى إِلَى الْحَصْبَاءِ فَحَصَبَهُمْ بِهَا، فَقَالَ: " دَعْهُمْ يَا عُمَرُ" وَزَادَ عَلِيٌّ: ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ: فِي الْمَسْجِدِ.

بَابُ الْمِجَنِّ، وَمَنْ تَتَرَّسَ بِتُرْسِ صَاحِبِهِ

ڈھال اور دوسرے کی ڈھال سے بچاؤ کرنا

مِجَنّ کے معنی ہیں: ڈھال۔ اس کے لئے دوسرا لفظ تُرْس ہے، اس سے فعل تَتَرَّس بنا ہے: ڈھال سے بچاؤ کرنا، ڈھال سے تیر اور تلوار کا وار روکا جاتا ہے، اگر کسی کے پاس ڈھال نہ ہو تو دوسرے کی ڈھال سے بچاؤ کرے۔ حضرت ابوطلحہ

رضی اللہ عنہ ماہر تیر انداز تھے، میدان احد میں ایک ڈھال کے پیچھے نبی ﷺ اور حضرت ابوطلحہؓ چھپے ہوئے تھے، حضرت ابو طلحہؓ سر نکال کر تیر چلاتے تھے، نبی ﷺ دوسری طرف سے سر نکال کر دیکھتے تھے کہ تیر لگا یا نہیں، حضرت ابوطلحہؓ عرض کرتے: یا رسول اللہ! آپؐ سر نہ نکالیں کہیں کوئی تیر آپؐ کو لگ نہ جائے!

اور دوسری حدیث میں ہے کہ میدانِ احد میں جب آپؐ زخمی ہوئے اور خود کا ٹکڑا سر میں گڑ گیا اور جب اس کو نکالا گیا تو خون بہنے لگا، پس حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال میں پانی لاتے تھے، یہاں باب ہے اور حدیث پہلے گذری ہے۔

اور تیسری حدیث میں ہے کہ بنونضیر کا علاقہ اس مال میں سے تھا جو اللہ نے اپنے رسول پر لوٹایا تھا، اس پر مسلمانوں نے گھوڑے دوڑائے تھے نہ اونٹ، یعنی مال فئے تھا اس لئے وہ خاص نبی ﷺ کے اختیار میں تھا، آپؐ نے اس میں سے ایک حصہ اپنے لئے روک لیا تھا اور ایک حصہ مہاجرین میں تقسیم کر دیا تھا، آپؐ اپنی جائداد میں سے اپنی فیملی کا خرچہ نکالتے تھے، پھر جو بچ جاتا تھا اس سے جہاد کی تیاری کے لئے ہتھیار اور گھوڑے خریدتے (ہتھیار میں ڈھال بھی آتی ہے، یہ حدیث کی باب سے مناسبت ہے)

[۸۰-] بَابُ الْمِجَنِّ، وَمَنْ تَتَرَّسَ بِتُرْسِ صَاحِبِهِ

[۲۹۰۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ يَتَتَرَّسُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِتُرْسٍ وَاحِدٍ، وَكَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ حَسَنَ الرَّمْيِ، فَكَانَ إِذَا رَمَى تَشَرَّفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَيَنْظُرُ إِلٰى مَوْقِعِ نَبْلِهِ.

[راجع: ۲۸۸۰]

[۲۹۰۳-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: لَمَّا كُسِرَتْ بَيْضَةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى رَأْسِهِ، وَأُدْمِيَ وَجْهُهُ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَكَانَ عَلِيٌّ يَخْتَلِفُ بِالْمَاءِ فِي الْمِجَنِّ، وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَغْسِلُهُ، فَلَمَّا رَأَتِ الدَّمَ يَزِيْدُ عَلَى الْمَاءِ كَثْرَةً، عَمَدَتْ إِلٰى حَصِيْرٍ فَأَحْرَقَتْهَا وَأَلْصَقَتْهَا عَلٰى جُرْحِهِ، فَرَقَأَ الدَّمُ. [راجع: ۲۴۳]

[۲۹۰۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: كَانَتْ أَمْوَالُ بَنِي النَّضِيْرِ مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مِمَّا لَمْ يُوْجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ، فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَاصَّةً، وَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰى أَهْلِهِ نَفَقَةَ سَنَتِهِ. ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ فِي السِّلَاحِ وَالْكُرَاعِ عُدَّةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.

[انظر: ۳۰۹۴، ۴۰۳۳، ۴۸۸۵، ۵۳۵۷، ۵۳۵۸، ۶۷۲۸، ۷۳۰۵]

بَابٌ

تیر چلانے والا ڈھال کے پیچھے سے تیر چلاتا ہے

یہ باب بلاترجمہ ہے، اس باب میں جوروایت ہے اس سے گذشتہ باب پر استدلال کرنا ہے، مگر استدلال کا نہج بدلا ہوا ہے، پس یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو کسی آدمی پر ماں باپ قربان کرتے ہوئے نہیں دیکھا حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے بعد، میدانِ احد میں جب وہ تیر چلاتے تو آپؐ فرماتے: اِرْمِ فِدَاكَ أَبِیْ وَأُمِّیْ! تیر چلاؤ آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں! اس سے استدلال اس طرح ہے کہ تیر چلانے والا ڈھال کے پیچھے ہوتا ہے کیونکہ دشمن کی طرف سے بھی تیر آسکتا ہے، پس بچاؤ ضروری ہے، اس طرح ڈھال کا ذکر آگیا۔ یہ اس حدیث کی گذشتہ باب سے مناسبت ہے۔

بَابٌ

[۲۹۰۵-] حدثنا قَبِيْصَةُ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ: مَا رَأَيْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم يُفَدِّیْ رَجُلاً بَعْدَ سَعْدٍ، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "ارْمِ فِدَاكَ أَبِیْ وَأُمِّیْ" [انظر: ۴۰۵۸، ۴۰۵۹، ۶۱۸۴]

بَابُ الدَّرَقِ

چمڑے کی چھوٹی ڈھال

الدَّرَق: الدَّرَقَة کی جمع ہے، چمڑے کی چھوٹی ڈھال جس میں نہ لکڑی ہو نہ پشتہ، چھوٹے نیزہ سے بچاؤ کے لئے یہ ڈھال استعمال کرتے ہیں، اور باب میں ایک حدیث ہے، مگر حوالہ دینے کے لئے ترقیم کرنے والے نے دو حدیثیں بنادی ہیں، پس یہ سوال ذہن میں پیدا نہ ہو کہ پہلی حدیث کا باب سے کیا تعلق ہے؟ ہمارے نسخہ میں ایک ہی حدیث ہیں، اور پہلے گذری ہے، عید کے دن حبشہ والے چھوٹے نیزے اور چھوٹی ڈھال سے کھیل رہے تھے، باب ثابت ہوگیا۔

ملحوظہ: پہلی حدیث میں فَلَمَّا عَمِلَ ہے یہ صحیح نہیں، دوسری حدیث میں فَلَمَّا غَفَلَ ہے، یہی صحیح ہے، اور اس کا مطلب یہ ہے کہ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی توجہ گانے والیوں کی طرف سے ہٹی تو عائشہؓ نے اشارہ کردیا پس دونوں چلی گئیں۔

[۸۱-] بَابُ الدَّرَقِ

[۲۹۰۶-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ عَمْرٌو، حَدَّثَنِیْ أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ

عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَعِنْدِيْ جَارِيَتَانِ تُغَنِّيَانِ بِغِنَاءِ بُعَاثَ، فَاضْطَجَعَ عَلَى الْفِرَاشِ وَحَوَّلَ وَجْهَهُ، فَدَخَلَ أَبُوْ بَكْرٍ فَانْتَهَرَنِيْ، وَقَالَ: مِزْمَارَةُ الشَّيْطَانِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم! فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "دَعْهُمَا" فَلَمَّا غَفَلَ غَمَزْتُهُمَا فَخَرَجَتَا. [راجع: ٤٥٤]

[٢٩٠٧-] وَكَانَ يَوْمَ عِيْدٍ يَلْعَبُ السُّوْدَانُ بِالدَّرَقِ وَالْحِرَابِ، فَإِمَّا سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَإِمَّا قَالَ: "تَشْتَهِيْنَ أَنْ تَنْظُرِيْ؟" فَقَالَتْ: نَعَمْ، فَأَقَامَنِيْ وَرَاءَهُ، خَدِّيْ عَلٰى خَدِّهِ، وَيَقُوْلُ: "دُوْنَكُمْ بَنِيْ أَرْفِدَةَ" حَتَّى إِذَا مَلِلْتُ، قَالَ: "حَسْبُكِ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "فَاذْهَبِيْ" قَالَ أَحْمَدُ عَنْ ابْنِ وَهْبٍ فَلَمَّا غَفَلَ. [راجع: ٩٤٩]

بَابُ الْحَمَائِلِ، وَتَعْلِيْقِ السَّيْفِ بِالْعُنُقِ

پرتلے اور گردن میں تلوار لٹکانا

الْحَمَائِل: الْحِمَالَة کی جمع ہے: پرتلہ، تلوار وغیرہ کا پٹہ یا پیٹی جس میں تلوار وغیرہ لٹکاتے ہیں، آج کل فوجی چمڑے کی پیٹی میں دائیں بائیں ریوالور لٹکاتے ہیں، یہی حمالہ ہے، تلوار بھی ایسے ہی پرتلے میں لٹکائی جاتی تھی، اور سامنے لٹکائی جاتی تھی۔ نبی ﷺ کی اور شیخین رضی اللہ عنہما کی تلواریں ٹوپ کاپی (ترکیہ) میں موجود ہیں وہ سیدھی ہیں، وہ سینہ پر پرتلے میں گھسا کر لٹکائی جاتی تھیں، اور حدیث پہلے گذری ہے، اس میں ایک جملہ نیا ہے: وقد اسْتَبْرَأَ الْخَبَرَ: اور نبی ﷺ نے خبر کی تحقیق کر لی یعنی شور کی کچھ حقیقت ہے یا نہیں؟ اس کی تحقیق کر کے آپؐ واپس تشریف لا رہے تھے۔

[٨٢-] بَابُ الْحَمَائِلِ، وَتَعْلِيْقِ السَّيْفِ بِالْعُنُقِ

[٢٩٠٨-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَحْسَنَ النَّاسِ، وَأَشْجَعَ النَّاسِ، وَلَقَدْ فَزِعَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ لَيْلَةً، فَخَرَجُوْا نَحْوَ الصَّوْتِ، فَاسْتَقْبَلَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَقَدِ اسْتَبْرَأَ الْخَبَرَ، وَهُوَ عَلٰى فَرَسٍ لِأَبِيْ طَلْحَةَ عُرْيٍ، وَفِيْ عُنُقِهِ السَّيْفُ، وَهُوَ يَقُوْلُ: "لَمْ تُرَاعُوْا" ثُمَّ قَالَ: "وَجَدْنَاهُ بَحْرًا" أَوْ قَالَ: "إِنَّهُ لَبَحْرٌ" [راجع: ٢٦٢٧]

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ حِلْيَةِ السُّيُوْفِ

تلواروں کے زیور کا بیان

تلوار کو زیور پہنانے کا رواج عام تھا، حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: صحابہ نے بہت سی جنگیں لڑیں اور فتوحات

حاصل کیں، مگر ان کی تلواروں پر سونے چاندی کا زیور نہیں ہوتا تھا، ان کی تلواروں کا زیور پٹھے، سیسہ اور لوہا ہوتا تھا، یعنی معمولی چیزوں کا زیور ہوتا تھا، اور اب سونے چاندی کا زیور چڑھانے کا رواج چل پڑا ہے، یہ ٹھاٹھ دورِ صحابہ میں نہیں تھا۔

[٨٣-] بَابُ مَاجَاءَ فِیْ حِلْیَةِ السُّیُوْفِ

[٢٩٠٩-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، ثَنَا الْأَوْزَاعِیُّ، سَمِعْتُ سُلَیْمَانَ بْنَ حَبِیْبٍ، سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ، یَقُوْلُ: لَقَدْ فَتَحَ الْفُتُوحَ قَوْمٌ، مَا كَانَتْ حِلْیَةُ سُیُوْفِهِمُ الذَّهَبَ وَلاَ الْفِضَّةَ، إِنَّمَا كَانَتْ حِلْیَتُهُمُ الْعَلاَبِیَّ وَالآنُكَ وَالْحَدِیْدَ.

لغت: العَلاَبِیّ: عُلْبَاء کی جمع ہے، اونٹ کی گردن میں سے ایک پٹھا نکلتا تھا، اس کو تلوار کے میان پر باندھتے تھے۔

بَابُ مَنْ عَلَّقَ سَیْفَهُ بِالشَّجَرِ فِی السَّفَرِ عِنْدَ الْقَائِلَةِ

دوپہر میں قیلولہ کے وقت تلوار درخت سے لٹکانا

گھر میں تلوار کھونٹی سے لٹکائی جاتی ہے، سفر میں کسی درخت سے باندھی جاتی ہے۔ اور باب میں مشہور واقعہ ہے کہ ایک دوپہر میں نبی ﷺ اپنی تلوار درخت سے لٹکا کر قیلولہ فرما رہے تھے، ایک بدّو وہاں پہنچا، وہ تلوار اتار کر اور اس کو سونت کر نبی ﷺ کی طرف بڑھا، آپؐ کی آنکھ کھل گئی، اس نے پوچھا: محمد! بتا تجھے کون بچائے گا؟ آپؐ نے تین بار فرمایا: اللہ! تلوار اس کے ہاتھ سے گر گئی، آپؐ نے بڑھ کر اٹھالی اور اس سے پوچھا: بتا تجھے کون بچائے گا؟ اس نے کہا: لاَأَحد: کوئی بھی نہیں! نبی ﷺ نے اس کو بٹھالیا اور چاروں طرف صحابہ پھیلے ہوئے تھے ان کو بلا کر قصہ سنایا، حاشیہ میں لکھا ہے کہ وہ بدّو مسلمان ہو گیا، اور اس نے جا کر اپنی قوم کو اسلام کی دعوت دی۔ اس روایت میں یہ ہے کہ یہ واقعہ نجد کی طرف پیش آیا، دوسری روایتوں میں خیبر کا ذکر ہے، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے۔

[٨٤-] بَابُ مَنْ عَلَّقَ سَیْفَهُ بِالشَّجَرِ فِی السَّفَرِ عِنْدَ الْقَائِلَةِ

[٢٩١٠-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، أَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، ثَنِیْ سِنَانُ بْنُ أَبِیْ سِنَانٍ الدُّؤَلِیُّ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُمَا أَنَّهُ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قِبَلَ نَجْدٍ، فَلَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَفَلَ مَعَهُ، فَأَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ فِیْ وَادٍ كَثِیْرِ الْعِضَاهِ، فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَتَفَرَّقَ النَّاسُ یَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ، فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم تَحْتَ سَمُرَةٍ، فَعَلَّقَ بِهَا سَیْفَهُ، وَنِمْنَا نَوْمَةً، فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَدْعُوْنَا وَإِذَا

عِنْدَهُ أَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: " إِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ عَلَيَّ سَيْفِيْ، وَأَنَا نَائِمٌ، فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ فِيْ يَدِهِ صَلْتًا، فَقَالَ: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ اللّٰهُ" ثَلاَثًا، وَلَمْ يُعَاقِبْهُ وَجَلَسَ. [انظر: ۲۹۱۳، ٤۱۳٤، ٤۱۳٥، ٤۱۳٦]

وَرَوَى مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: فَشَامَ السَّيْفَ فَهَاهُوَذَا جَالِسٌ ثُمَّ لَمْ يُعَاقِبْهُ.

وضاحتیں: قفل معه: وہ بدّو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پیچھے آیا .... العِضاه: کانٹے دار جھاڑیاں .... شعیب کی روایت میں اخترط ہے اور زہری کے دوسرے دو شاگردوں کی روایت میں شَامَ ہے، اس کے معنی بھی تلوار سونتنے کے ہیں .... صَلْتا: سونتی ہوئی۔

بَابُ لُبْسِ الْبَيْضَةِ

خود پہننا

بَیضَة: خود: لوہے کی ٹوپی جو لڑائی میں پہنتے ہیں، جیسے آج کل اسکوٹر چلانے والے ہیلمٹ پہنتے ہیں، یہ بھی جنگی ہتھیار ہے اس لئے اس کا ذکر کیا۔ اور حدیث وہی ہے جو گذر چکی ہے، جنگِ احد میں ملعون عتبہ بن ابی وقاص نے پتھر مارا جو آپؐ کے خود میں لگا، اس کا ایک حصہ ٹوٹ کر ماتھے میں گڑ گیا، جب اس کو نکالا گیا تو خون جاری ہوگیا، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے چٹائی جلا کر اس کی راکھ زخم میں بھری تو خون بند ہوا۔

[۸٥-] بَابُ لُبْسِ الْبَيْضَةِ

[۲۹۱۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ جُرْحِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم يَوْمَ أُحُدٍ، فَقَالَ: جُرِحَ وَجْهُ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلٰى رَأْسِهِ، فَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَغْسِلُ الدَّمَ، وَعَلِيٌّ يُمْسِكُ، فَلَمَّا رَأَتْ أَنَّ الدَّمَ لاَ يَزِيْدُ إِلاَّ كَثْرَةً، أَخَذَتْ حَصِيْرًا فَأَحْرَقَتْهُ، حَتّٰى صَارَ رَمَادًا، ثُمَّ أَلْزَقَتْهُ فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ. [راجع: ۲٤۳]

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ كَسْرَ السِّلاَحِ عِنْدَ الْمَوْتِ

مرتے وقت ہتھیار توڑ دینا درست نہیں

جاہلیت کا طریقہ تھا کہ جب کوئی بڑا آدمی مرتا تو وہ خود اپنے ہتھیار توڑ دیتا یا اس کے بعد اس کے ورثاء توڑ دیتے، تا کہ کوئی دوسرا استعمال نہ کرے، یہ غلط طریقہ تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہتھیار چھوڑے تھے توڑے نہیں تھے۔

[۸۶-] بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ كَسْرَ السِّلَاحِ عِنْدَ الْمَوْتِ

[۲۹۱۲-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: مَاتَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا سِلَاحَهُ وَبَغْلَةً بَيْضَاءَ وَأَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً.

[راجع: ۲۷۳۹]

بَابُ تَفَرُّقِ النَّاسِ عَنِ الإِمَامِ عِنْدَ الْقَائِلَةِ، وَالِاسْتِظْلَالِ بِالشَّجَرِ

قیلولہ کے وقت لوگوں کا امیر سے جدا ہونا، اور درخت کا سایہ حاصل کرنا

کمانڈر الگ کسی درخت کے نیچے سوئے اور فوجی ادھر اُدھر ہوجائیں اور کوئی خطرہ نہ ہوتو ایسا کرنا درست ہے۔

[۸۷-] بَابُ تَفَرُّقِ النَّاسِ عَنِ الإِمَامِ عِنْدَ الْقَائِلَةِ، وَالِاسْتِظْلَالِ بِالشَّجَرِ

[۲۹۱۳-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ سِنَانُ بْنُ أَبِيْ سِنَانٍ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ جَابِرًا أَخْبَرَهُمَا ح: وَحَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ أَبِيْ سِنَانٍ الدُّؤَلِيِّ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ، فَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الْعِضَاهِ، يَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ، فَنَزَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَعَلَّقَ بِهَا سَيْفَهُ ثُمَّ نَامَ، فَاسْتَيْقَظَ ورَجُلٌ عِنْدَهُ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ بِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ سَيْفِيْ، فَقَالَ: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ! فَشَامَ السَّيْفَ وَمَا هُوَ ذَا جَالِسٌ" ثُمَّ لَمْ يُعَاقِبْهُ. [راجع: ۲۹۱۰]

بَابُ مَاقِيْلَ فِي الرِّمَاحِ

نیزوں کی روایت

نیزے، بھالے اور بلّم بھی جنگی ہتھیار ہیں، اس لئے ان کا ذکر کررہے ہیں۔ امام صاحبؒ نے اس کے بارے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ایک معلّق روایت ذکر کی ہے: جُعِلَ رِزْقِي تَحْتَ ظِلِّ رُمْحِيْ: میرا رزق میرے نیزے کے سایہ کے نیچے گردانا گیا ہے، وَجُعِلَ الذِلَّةُ والصَّغَارُ عَلٰى مَنْ خَالَفَ أَمْرِيْ: اور رسوائی اور ذلت اس شخص پر گردانی ہے جو میرے دین کی مخالفت کرے، اور حاشیہ میں مسند احمد کے حوالہ سے یہ روایت مفصل ہے، فرمایا: بُعِثْتُ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَعَ السَّيْفِ: میں قیامت سے پہلے تلوار کے ساتھ مبعوث کیا گیا ہوں، یعنی میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور میری امت میں جہاد

قیامت تک جاری رہے گا، وَجُعِلَ رِزْقِی تَحْتَ ظِلِّ رُمْحِیْ: اور میری روزی میرے نیزہ کے سایہ تلے رکھی گئی ہے یعنی میری امت کے لئے غنیمت حلال کی گئی ہے اور پہلے بیان کیا ہے کہ دوسرے انبیاء کا جہاد محدود قوم کے ساتھ اور وقتی تھا، اس لئے ان مجاہدین کے پاس کمانے کھانے کا وقت تھا اور نبی ﷺ کی بعثت عالمگیر اور قیامت تک ہے، اس لئے جہاد ہمیشہ جاری رہے گا۔ اور مجاہدین کے پاس کمانے کا وقت نہیں ہوگا، اس لئے آپؐ کی امت کے مجاہدین کے لئے غنیمت حلال کی گئی، وَجُعِلَ الذِّلَّةُ وَالصَّغَارَ علی مَنْ خَالَفَ أَمْرِیْ: اور ذلت اور رسوائی ان لوگوں پر گردانی گئی جو میرے دین کی مخالفت کریں، یعنی اگر مسلمان جہاد کرتے رہے تو مخالفین اسلام کا ہاتھ کبھی اونچا نہیں ہوگا، رسوائی ان کا مقدر بن گئی ہے، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿هُوَ الَّذِیْ أَرْسَلَ رَسُوْلَهُ بِالْهُدَی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهُ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ﴾: اللہ تعالیٰ وہ ہیں جنھوں نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا تا کہ وہ اس دین کو تمام ادیان کی کمر پر سوار کر دیں (غالب کر دیں) اگرچہ مشرکین کیسے ہی ناخوش ہوں، جیسے اکھاڑے میں پہلوان مقابل کو چت کر کے اس کی کمر پر بیٹھ جاتا ہے اسی طرح ادیانِ باطلہ ختم تو نہیں ہونگے مگر وہ دب کر رہ جائیں گے، ان کے نصیب میں ذلت اور رسوائی ہے۔ فَمَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ: پس جو کسی قوم کی مشابہت اختیار کرتا ہے وہ انہی میں سے ہوتا ہے، یعنی دیگر ادیان میں جہاد نہیں ہے اگر آپؐ کی امت بھی جہاد چھوڑ دے گی تو وہ غیروں کے مشابہ ہو جائے گی۔

اور باب کی دوسری حدیث میں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے گورخر شکار کرنے کا واقعہ ہے، اس میں ہے کہ انھوں نے ساتھیوں سے نیزہ مانگا، انھوں نے نہیں دیا، حدیث کا یہی جزء باب سے متعلق ہے۔

[۸۸-] بَابُ مَاقِیْلَ فِی الرِّمَاحِ

وَیُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم: " جُعِلَ رِزْقِیْ تَحْتَ ظِلِّ رُمْحِیْ، وَجُعِلَ الذِّلَّةُ وَالصَّغَارُ عَلٰی مَنْ خَالَفَ أَمْرِیْ"

[۲۹۱٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِی النَّضْرِ مَوْلٰی عُمَرَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰی أَبِیْ قَتَادَةَ الْأَنْصَارِیِّ، عَنْ أَبِیْ قَتَادَةَ، أَنَّـهُ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، حَتّٰی إِذَا كَانَ بِبَعْضِ طَرِیْقِ مَكَّةَ تَخَلَّفَ مَعَ أَصْحَابٍ لَهُ مُحْرِمِیْنَ، وَهُوَ غَیْرُ مُحْرِمٍ، فَرَأٰی حِمَارًا وَحْشِیًّا، فَاسْتَوٰی عَلٰی فَرَسِهِ، فَسَأَلَ أَصْحَابَهُ أَنْ یُنَاوِلُوْهُ سَوْطَهُ فَأَبَوْا، فَسَأَلَهُمْ رُمْحَهُ فَأَبَوْا، فَأَخَذَهُ ثُمَّ شَدَّ عَلٰی الْحِمَارِ، فَقَتَلَهُ فَأَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ أَصْحَابِهِ وَأَبٰی بَعْضٌ، فَلَمَّا أَدْرَكُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم سَأَلُوْهُ عَنْ ذٰلِكَ، قَالَ: " إِنَّمَا هِیَ طُعْمَةٌ أَطْعَمَكُمُوْهَا اللّٰهُ"

وَعَنْ زَیْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ قَتَادَةَ: فِی الْحِمَارِ الْوَحْشِیِّ مِثْلُ حَدِیْثِ أَبِی النَّضْرِ، وَقَالَ: " هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهِ شَیْئٌ؟"[راجع: ۱۸۲۱]

بَابُ مَاقِيْلَ فِي دِرْعِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْقَمِيْصِ فِي الْحَرْبِ

جنگ میں نبی ﷺ کی زرہ اور کرتے کا ذکر

دِرْع: زرہ: فولاد کا جالی دار کرتا جو جنگ میں پہنتے ہیں، اور قمیص عام ہے، زرہ قمیص پر پہنی جاتی ہے، اور باب میں چار روایتیں ہیں:

پہلی حدیث معلق ہے اور وہ پہلے گذری ہے: حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے جہاد میں استعمال کرنے کے لئے اپنی زکات کی رقم سے زرہیں خرید کر رکھ رکھی تھیں، جو وہ مستحقین کو دیتے تھے۔

اور دوسری حدیث نئی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: جبکہ آپؐ میدانِ بدر میں ایک قبہ (عریش: جھوپڑی) میں تھے: ''اے اللہ! میں آپ کو آپ کے عہد و پیمان اور وعدہ کی قسم دیتا ہوں، اے اللہ! اگر آپ چاہیں تو آج کے بعد آپ کی عبادت نہ کی جائے'' پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپؐ کا ہاتھ پکڑا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! بس کافی ہوگیا، آپؐ نے اپنے پروردگار کے سامنے خوب آہ وزاری کرلی، اُس وقت آپؐ زرہ پہنے ہوئے تھے (یہاں باب ہے) پس آپؐ یہ کہتے ہوئے جھونپڑی سے نکلے: ''عنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی، اور پیٹھ پھیر کر بھاگے گی، بلکہ قیامت ان کے وعدہ کا وقت ہے اور قیامت بڑی سخت اور ناگوار چیز ہے!''

تشریح: جنگِ بدر میں جب صفیں آمنے سامنے تیار ہوگئیں تو نبی ﷺ نے دیکھا کہ مشرکین ایک ہزار ہیں اور مسلح ہیں اور مسلمان تین سو ہیں اور نہتے ہیں، پس آپؐ جھونپڑی میں تشریف لے گئے اور مناجات شروع کی: ''اے اللہ! آپ نے مجھ سے جو وعدہ کیا ہے اسے پورا فرمائیں، اے اللہ! اگر آپ نے اس جماعت کو ہلاک کردیا تو زمین میں آپ کی عبادت نہیں کی جائے گی!'' یہ بات آپؐ بار بار کہہ رہے تھے، یہاں تک کہ آپؐ کی چادر گرگئی، اُدھر کفار جنگ شروع کرنے کے لئے بار بار نقارہ بجارہے تھے، جب مسلمانوں کی طرف سے اس کا جواب دیا جائے گا تب جنگ شروع ہوگی، مگر نبی ﷺ موجود نہیں، اس لئے جوابی نقارہ کیسے بجایا جائے؟ چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جھونپڑی میں گئے اور آپؐ کو مناجات میں مشغول پایا، انھوں نے چادر مبارک آپؐ کے کندھے پر ڈالی اور آپؐ کو باہوں میں اٹھالیا، اور عرض کیا: اے اللہ کے نبی! کافی ہوگیا جو آپؐ نے اپنے پروردگار کو قسم دی ہے، اللہ تعالیٰ آپؐ کے ساتھ کیا ہوا وعدہ عنقریب پورا کریں گے، چنانچہ آپؐ بوجھل زرہ میں پھرتی سے سورۃ القمر کی مذکورہ آیات پڑھتے ہوئے جھونپڑی سے باہر تشریف لائے اور جوابی نقارہ بجایا گیا، جنگ شروع ہوئی، اور شام ہونے سے پہلے مسلمانوں نے میدان جیت لیا، اور کافروں نے منہ کی کھائی، اس طرح اللہ کا وعدہ پورا ہوا۔

سوال: اس حدیث پر حاشیہ میں ایک اشکال ہے کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو اللہ کے وعدوں پر پورا بھروسہ تھا، پس ان کا توکل: نبی کے توکل سے بڑھا ہوا تھا، یہ کیسے ممکن ہے؟

جواب: اس کا ایک جواب حاشیہ میں ہے اسے دیکھ لیں، میرے نزدیک اشکال کی وجہ توکل صدیقؓ اور توکلِ نبویؐ میں موازنہ کرنا ہے، حالانکہ یہاں دو مقام ہیں: ایک مقام توکل ہے اور دوسرا مقام ابتہال، یعنی اللہ کے سامنے گڑگڑانا، آہ وزاری کرنا۔ اور یہ دونوں حال الگ الگ ہیں، مؤمن کو اللہ کے وعدوں پر پورا یقین ہوتا ہے مگر جب وہ ہاتھ اٹھاتا ہے اور اللہ کے سامنے گڑگڑاتا ہے تو اس کا عجیب حال ہوتا ہے یا ہونا چاہئے، پس جب آپ توکل اور ابتہال میں موازنہ کریں گے تو اشکال حل ہوجائے گا، ابتہال کا مقام توکل کے مقام سے بہت بلند ہے۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ مقام توکل میں تھے اور نبی ﷺ مقام ابتہال میں، رہا نبی ﷺ کا توکل (اللہ کے وعدے پر بھروسہ) تو وہ ان آیات سے عیاں ہے جو آپؐ نے جھونپڑی سے نکلتے وقت پڑھی ہیں۔

اور تیسری حدیث بھی گذری ہے۔ نبی ﷺ نے ایک یہودی سے تیس صاع جو ادھار خریدے تھے اور اپنی زرہ اس کے پاس گروی رکھی تھی۔

اور چوتھی حدیث میں نبی ﷺ نے سخی اور کنجوس کا فرق ایک مثال سے سمجھایا ہے کہ بخیل اور خیرات کرنے والے کا حال ان دو شخصوں کے مانند ہے جنھوں نے لوہے کی کُرتیاں پہن رکھی ہوں (یہاں باب ہے) ترجمہ اور شرح پہلے (تحفۃ القاری ۴:۲۱۲) آچکی ہے۔

[۸۹-] بَابُ مَاقِيْلَ فِي دِرْعِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْقَمِيْصِ فِي الْحَرْبِ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَمَّا خَالِدٌ فَقَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"

[۲۹۱۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ يَوْمَ بَدْرٍ: " اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ، اللّٰهُمَّ إِنْ شِئْتَ لَمْ تُعْبَدْ بَعْدَ الْيَوْمِ" فَأَخَذَ أَبُوْ بَكْرٍ بِيَدِهِ، فَقَالَ: حَسْبُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَدْ أَلْحَحْتَ عَلٰى رَبِّكَ، وَهُوَ فِي الدِّرْعِ، فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُوْلُ: ﴿ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ، بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ﴾ [القمر: ۴۵-۴۶] وَقَالَ وُهَيْبٌ: ثَنَا خَالِدٌ: يَوْمَ بَدْرٍ. [انظر: ۳۹۵۳، ۴۸۷۵، ۴۸۷۷]

[۲۹۱۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَدِرْعُهُ مَرْهُوْنَةٌ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ بِثَلَاثِيْنَ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ.

وَحَدَّثَنَا مُعَلَّى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، وَقَالَ: رَهَنَهُ دِرْعًا مِنْ حَدِيْدٍ وَقَالَ يَعْلَى: ثَنَا الْأَعْمَشُ: دِرْعٌ مِنْ حَدِيْدٍ. [راجع: ۲۰۶۸]

[۲۹۱۷-] حدثنا مُوْسٰى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ

صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ مَثَلُ رَجُلَيْنِ، عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ، قَدِ اضْطَرَّتْ أَيْدِيَهُمَا إِلٰى تَرَاقِيْهِمَا، فَكُلَّمَا هَمَّ الْمُتَصَدِّقُ بِصَدَقَتِهِ اتَّسَعَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى تُعَفِّيَ أَثْرَهُ، وَكُلَّمَا هَمَّ الْبَخِيْلُ بِالصَّدَقَةِ انْقَبَضَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ إِلٰى صَاحِبَتِهَا، وَتَقَلَّصَتْ عَلَيْهِ وَانْضَمَّتْ يَدَاهُ إِلٰى تَرَاقِيْهِ، فَسَمِعَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ:" فَيَجْتَهِدُ أَنْ يُوَسِّعَهَا فَلاَ تَتَّسِعُ"[راجع: ۱٤٤۳]

بَابُ الْجُبَّةِ فِي السَّفَرِ وَالْحَرْبِ

سفراور جنگ میں چوغہ پہننا

غزوۂ تبوک کے سفر میں نبی ﷺ نے شامی جبہ پہن رکھا تھا، پس باب کے دونوں جزء ثابت ہوئے کہ سفر میں بھی اور جنگ میں بھی جبہ پہن سکتے ہیں۔

[۹۰-] بَابُ الْجُبَّةِ فِي السَّفَرِ وَالْحَرْبِ

[۲۹۱۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي الضُّحَى مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، حَدَّثَنِي الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، قَالَ: انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم لِحَاجَتِهِ ثُمَّ أَقْبَلَ فَتَلَقَّيْتُهُ بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَّةٌ فَتَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَغَسَلَ وَجْهَهُ فَذَهَبَ يُخْرِجُ يَدَيْهِ مِنْ كُمَّيْهِ، فَكَانَا ضَيِّقَيْنِ فَأَخْرَجَهُمَا مِنْ تَحْتُ، فَغَسَلَهُمَا، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ وَعَلٰى خُفَّيْهِ.[راجع: ۱۸۲]

بَابُ الْحَرِيْرِ فِي الْحَرْبِ

جنگ میں ریشم پہننا

ریشم مردوں کے لئے حرام ہے، مگر اعذار کا کیا حکم ہے؟ نبی ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہما کو ریشم کا کرتا پہننے کی اجازت دی تھی، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث امام صاحبؒ نے پانچ سندوں سے روایت کی ہے، پھر کسی حدیث میں ہے کہ خارش کی وجہ سے اجازت دی تھی، خارش میں سوتی کپڑا برداشت نہیں ہوتا، اور کسی روایت میں ہے کہ جوؤں کی وجہ سے اجازت دی تھی، اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت انسؓ نے دیکھا کہ دونوں نے ایک جنگ میں ریشم کا کرتا پہن رکھا ہے۔

اب یہ بحث کھڑی ہوئی کہ اجازت کی وجہ کیا تھی؟ خارش، جوئیں یا جنگ؟ میرا خیال ہے کہ تینوں وجوہ جمع تھیں، خارش کی وجہ سے جوئیں پڑ گئی تھیں یا جوؤں کی وجہ سے خارش ہوگئی تھی، اب گھر میں تو ننگے رہ سکتے ہیں مگر جنگ درپیش تھی اس لئے

ان کو جنگ میں ریشم کا کرتا پہننے کی اجازت دی، رہی یہ بات کہ اعذار میں ریشم پہننے کی کہاں تک اجازت ہے؟ اور کیسا ریشم پہن سکتے ہیں؟ اس پر گفتگو کتاب اللباس میں آئے گی۔

[۹۱-] بَابُ الْحَرِيْرِ فِي الْحَرْبِ

[۲۹۱۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، وَالزُّبَيْرِ فِي قَمِيْصٍ مِنْ حَرِيْرٍ. مِنْ حِكَّةٍ كَانَتْ بِهِمَا. [انظر: ۲۹۲۰، ۲۹۲۱، ۲۹۲۲، ۵۸۳۹]

[۲۹۲۰-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، ح: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ وَالزُّبَيْرَ شَكَوَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم - يَعْنِي الْقَمْلَ - فَأَرْخَصَ لَهُمَا فِي الْحَرِيْرِ، فَرَأَيْتُهُ عَلَيْهِمَا فِي غَزَاةٍ. [راجع: ۲۹۱۹]

[۲۹۲۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ: أَخْبَرَنِي قَتَادَةُ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ: رَخَّصَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فِي حَرِيْرٍ. [راجع: ۲۹۱۹]

[۲۹۲۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، رَخَّصَ أَوْ: رُخِّصَ لَهُمَا لِحِكَّةٍ كَانَتْ بِهِمَا. [راجع: ۲۹۱۹]

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي السِّكِّيْنِ

چھری کی روایت

جنگ میں چھری چاقو کی بھی ضرورت پڑتی ہے، جانور ذبح کرنے کے لئے اور دوسری ضروریات کے لئے چھری چاقو بھی سفر میں ساتھ رکھنے چاہئیں، اور باب کی حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ چھری سے گوشت کاٹ کر تناول فرما رہے تھے کہ نماز کے لئے بلایا گیا، پس آپؐ نے چھری رکھ دی اور نماز کے لئے تشریف لے گئے۔

[۹۲-] بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي السِّكِّيْنِ

[۲۹۲۳-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِي إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ مِنْ كَتِفٍ يَحْتَزُّ مِنْهَا، ثُمَّ دُعِيَ إِلَى الصَّلاَةِ فَصَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، ثَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَزَادَ: فَأَلْقَى السِّكِّيْنَ. [راجع: ۲۰۸]

بَابُ مَاقِيْلَ فِى قِتَالِ الرُّوْمِ

رومیوں سے لڑنے کا بیان

جزیرۃ العرب سے رومیوں کی حکومت لگی ہوئی تھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ان کے ساتھ جنگ شروع ہوئی، عُمیر عَنَسی (تابعی) کہتے ہیں: میں حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس گیا وہ حمص کے ساحل پر اترے ہوئے تھے، اور وہ اپنے خیمہ میں تھے، اور ان کے ساتھ ان کی اہلیہ ام حرام رضی اللہ عنہا تھیں، انھوں نے ہم سے یہ حدیث بیان کی کہ نبی ﷺ نے فرمایا: میری امت کا پہلا لشکر جو سمندر کے راستہ سے جہاد کرے گا انھوں نے اپنے لئے جنت واجب کر لی، ام حرامؓ نے پوچھا: یارسول اللہ! میں ان میں شامل ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: تم ان میں شامل ہو، پھر نبی ﷺ نے فرمایا: میری امت کا پہلا لشکر جو قیصر کے شہر پر حملہ کرے گا وہ بخشے بخشائے ہیں، ام حرامؓ نے پوچھا: میں ان میں شامل ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں۔

تشریح: یہ حدیث پہلے گذری ہے سمندر کے راستہ سے جہاد کرنے والا پہلا لشکر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہا کی سرکردگی میں قبرص پر حملہ آور ہوا تھا، اور قیصر کا شہر یعنی قسطنطنیہ (اب اس کا نام استنبول ہے) اس پر سب سے پہلا حملہ یزید کی سرکردگی میں کیا گیا، اس لشکر میں حضرات ابن عمر، ابن عباس، ابن زبیر اور ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہم وغیرہ تھے۔ ان کے بارے میں حضور ﷺ نے فرمایا: وہ سب بخشے بخشائے ہیں، اب یزید کے بارے میں مسئلہ کھڑا ہوا کہ اس کی بخشش ہوگی یا نہیں؟ ایک طرف اس کے حق میں یہ بشارت ہے دوسری طرف اس کا ناگفتہ بہ کردار ہے، اس لئے اپنے اکابر کی رائے یہ ہے کہ اس کے بارے میں سکوت اولیٰ ہے ﴿تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَاكَسَبَتْ وَلَكُمْ مَاكَسَبْتُمْ وَلاَ تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾

[۹۳-] بَابُ مَاقِيْلَ فِى قِتَالِ الرُّوْمِ

[۲۹۲٤-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا يَحْيىَ بْنُ حَمْزَةَ، ثَنِيْ ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، أَنَّ عُمَيْرَ بْنَ الْأَسْوَدِ الْعَنسِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ أَتىَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ، وَهُوَ نَازِلٌ فِيْ سَاحِلِ حِمْصَ، وَهُوَ فِيْ بِنَاءٍ لَهُ، وَمَعَهُ أُمُّ حَرَامٍ، قَالَ عُمَيْرٌ: فَحَدَّثَتْنَا أُمُّ حَرَامٍ أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" أَوَّلُ جَيْشٍ مِنْ أُمَّتِيْ يَغْزُوْنَ الْبَحْرَ قَدْ أَوْجَبُوْا" قَالَتْ أُمُّ حَرَامٍ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَنَا فِيْهِمْ؟ قَالَ:" أَنْتِ فِيْهِمْ" قَالَتْ: ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَوَّلُ جَيْشٍ مِنْ أُمَّتِيْ يَغْزُوْنَ مَدِيْنَةَ قَيْصَرَ مَغْفُوْرٌ لَهُمْ" فَقُلْتُ: أَنَا فِيْهِمْ يَارَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ:" لاَ"[راجع: ۲۷۸۹]

بَابُ قِتَالِ الْيَهُوْدِ

یہود کے ساتھ جنگ

قیامت سے پہلے دجال کے زمانہ میں یہود کے ساتھ ایک زبردست جنگ ہوگی، دجال کے ساتھ جو فوج ہوگی وہ یہودیوں کی ہوگی، یہودیوں کے خیال میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام خاکم بدہن! کانے دجال تھے اس لئے انھوں نے ان کو سولی پر چڑھانے کی کوشش کی، اور وہ مسیح ہدایت کے انتظار میں ہیں، جب کانا دجال نکلے گا تو وہ اسے مسیح ہدایت سمجھ کر اس کی پیروی کریں گے۔ اس وقت مسیح ہدایت حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اتریں گے اور مسیح ضلالت کو قتل کریں گے، اس کے بعد دجال کی فوج ادھر اُدھر منتشر ہو جائے گی، اور درختوں اور پتھروں کے پیچھے چھپے گی، پس درخت اور پتھر نشاندہی کریں گے اور بتائیں گے: او اللہ کے بندے! میرے پیچھے یہودی چھپا ہے اس کو قتل کر، یعنی نباتات اور جمادات بھی ان کو پناہ نہیں دیں گے۔

[٩٤-] بَابُ قِتَالِ الْيَهُوْدِ

[٢٩٢٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " تُقَاتِلُوْنَ الْيَهُوْدَ حَتَّى يَخْتَبِئَ أَحَدُهُمْ وَرَاءَ الْحَجَرِ، فَيَقُوْلُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! هٰذَا يَهُوْدِيٌّ وَرَائِي فَاقْتُلْهُ" [انظر: ٣٥٩٣]

[٢٩٢٦-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوْا الْيَهُوْدَ، حَتَّى يَقُوْلَ الْحَجْرُ وَرَاءَهُ الْيَهُوْدِيُّ: يَا مُسْلِمُ! هٰذَا يَهُوْدِيٌّ وَرَائِيْ فَاقْتُلْهُ"

بَابُ قِتَالِ التُّرْكِ

ترکوں کے ساتھ جنگ

عرب: حضرت نوح علیہ السلام کے صاحبزادے سام کی اولاد ہیں، اور ترک و روم دوسرے صاحبزادے یافث کی اولاد ہیں، اور انہی میں یاجوج و ماجوج بھی ہیں۔ عربوں کے ان کے ساتھ بڑے معرکے پیش آنے والے ہیں، اس سلسلہ کی دو حدیثیں امام بخاری رحمہ اللہ نے پیش کی ہیں۔

[٩٥-] بَابُ قِتَالِ التُّرْكِ

[٢٩٢٧-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُوْلُ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ تُقَاتِلُوْا قَوْمًا يَنْتَعِلُوْنَ نِعَالَ الشَّعْرِ، وَإِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ تُقَاتِلُوْا قَوْمًا عِرَاضَ الْوُجُوْهِ، كَأَنَّ وَجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطَرَّقَةُ"

[انظر: ۳۵۹۲]

ترجمہ: بیشک قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ جنگ کروگے تم ایسے لوگوں سے جو بال کے چپل پہنتے ہونگے، اور بیشک قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ تم جنگ کروگے ایسے لوگوں سے جن کے چہرے چوڑے ہونگے، گویا ان کے چہرے کوٹی ہوئی ڈھالیں ہیں۔

تشریح: بال کے جوتے پہننے کے دو مطلب ہیں: ایک: وہ ایسے چپل پہنتے ہونگے جو بالوں سے بنے ہوئے ہونگے۔ دوم: ان کے چپلوں کے چمڑے پر بال ہونگے............ المَجَانُّ: مِجَن کی جمع ہے: ڈھال............ المُطَرَّقَةُ: خوب کوٹی ہوئی، پٹی ہوئی، چمڑے کو دوہرا چوہرا کر کے کوٹ کر ایک جان کر دیا گیا ہو۔

اس حدیث میں دو الگ الگ قوموں کے ساتھ جنگ کا ذکر ہے، اور دونوں قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سے ہیں (قیامت کی بڑی نشانیاں آیات کہلاتی ہیں) پہلی قوم جو بالوں کے چپل پہنتی ہوگی: وہ معلوم نہیں کونسی قوم ہے، ان کے لئے اگلا باب آرہا ہے، اور دوسری قوم ترک ہیں، ان کے لئے یہ باب ہے۔

[۲۹۲۸-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا يَعْقُوْبُ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ الْأَعْرَجِ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوْا التُّرْكَ، صِغَارَ الْأَعْيُنِ، حُمْرَ الْوُجُوْهِ، ذُلْفَ الْأُنُوْفِ، كَأَنَّ وَجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطَرَّقَةُ، وَلَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ"

[انظر: ۲۹۲۹، ۳۵۸۷، ۳۵۹۰، ۳۵۹۱]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ تم جنگ کرو ترکوں سے جن کی آنکھیں چھوٹی، چہرے سرخ اور ناک چپٹی ہوگی، گویا ان کے چہرے کوٹی ہوئی ڈھالیں ہیں، اور قیامت نہیں قائم ہوگی یہاں تک کہ تم جنگ کرو ایسے لوگوں سے جن کے چپل بال کے ہونگے۔

تشریح: اس حدیث میں بھی اُنہی دو قوموں سے جنگ کا ذکر ہے، جن کا تذکرہ پہلی حدیث میں آیا ہے، البتہ ترتیب برعکس ہے، یہ ملاحم کی روایتیں ہیں، قیامت سے پہلے مسلمانوں میں اور غیر مسلموں میں جو سخت معرکے پیش آنے والے ہیں جن میں کشتوں کے پشتے لگ جائیں گے، ان میں ان دونوں قوموں سے بھی جنگ ہوگی۔ اور حُمْر الوجوہ کے معنی ہیں: سرخ چہرے والے اور ذُلْف الأنُوف کے معنی ہیں: چپٹی ناک والے یعنی ان کی ناک چھوٹی اور دبی ہوئی ہوگی۔

بَابُ قِتَالِ الَّذِيْنَ يَنْتَعِلُوْنَ الشَّعْرَ

بالوں کے چپل پہننے والوں کے ساتھ جنگ

اوپر باب کی حدیث میں دو قوموں کے ساتھ جنگ کا تذکرہ آیا ہے، ان میں سے ایک تو ترک ہیں اور دوسری قوم جو بال کے چپل پہنتی ہوگی وہ ترک ہونگے یا کوئی اور قوم؟ حاشیہ میں لکھا ہے کہ وہ بھی ترک ہونگے، اس لئے یہ باب دوسری قوم کے لئے لائے ہیں، اور حدیث وہی ہے، سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ یہ حدیث امام زہریؒ سے بھی روایت کرتے ہیں اور ابوالزناد سے بھی، اس دوسری روایت میں دو لفظ زیادہ ہیں: صِغَارُ الأَعْيُنِ: چھوٹی آنکھوں والے۔ ذلف الأنوف: چپٹی ناک والے۔

[۹۶-] بَابُ قِتَالِ الَّذِيْنَ يَنْتَعِلُوْنَ الشَّعْرَ

[۲۹۲۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا كَأَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطَرَّقَةُ"

قَالَ سُفْيَانُ: وَزَادَ فِيْهِ أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رِوَايَةً: "صِغَارَ الأَعْيُنِ، ذُلْفَ الأُنُوْفِ، كَأَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطَرَّقَةُ"[راجع: ۲۹۲۸]

بَابُ مَنْ صَفَّ أَصْحَابَهُ عِنْدَ الْهَزِيْمَةِ، وَنَزَلَ عَنْ دَابَّتِهِ، وَاسْتَنْصَرَ

جس نے شکست کے وقت اپنی فوج کی صفیں درست کیں، اور اپنی سواری سے اترا اور اللہ سے مدد مانگی

باب میں تین باتیں ہیں، مگر تینوں ایک ہیں، جب جنگ ہوتی ہے تو صفیں بنائی جاتی ہیں، پہلی صف میں مضبوط فوجی رکھے جاتے ہیں، ثُم وثم۔ پس اگر جنگ کے دوران شکست ہوجائے اور لشکر تتر بتر ہوجائے اور صفیں ٹوٹ جائیں تو از سر نو صف بندی کرنی چاہئے۔ جنگِ حنین میں ہزیمت کا سامان ہوا، چند ہی حضرات آپؐ کے پاس رہ گئے، پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے بلند آواز سے پکارا تو صحابہ دوڑ کر آپؐ کے گرد جمع ہوگئے، جب معتد بہ حضرات آگئے تو آپؐ اپنے خچر سے اترے اور صف بندی کی، پھر مٹھی بھر کر شَاهَتِ الْوُجُوْه کہہ کر مٹی دشمن پر پھینکی، یہ اللہ سے مدد طلب کی۔ اور حدیث پہلے گذر چکی ہے، البتہ چند جملے زائد ہیں جن کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[۹۷-] بَابُ مَنْ صَفَّ أَصْحَابَهُ عِنْدَ الْهَزِيْمَةِ، وَنَزَلَ عَنْ دَابَّتِهِ، وَاسْتَنْصَرَ

[۲۹۳۰-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، وَسَأَلَهُ رَجُلٌ:

أَكُنْتُمْ فَرَرْتُمْ يَا أَبَا عُمَارَةَ يَوْمَ حُنَيْنٍ؟ قَالَ: لاَ وَاللّٰهِ! مَا وَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلٰكِنَّهُ خَرَجَ شُبَّانُ أَصْحَابِهِ وَأَخِفَافُهُمْ، حُسَّرًا لَيْسَ بِسِلاَحٍ، فَأَتَوْا قَوْمًا رُمَاةً: جَمْعَ هَوَازِنَ وَبَنِىْ نَصْرٍ، مَا يَكَادُ يَسْقُطُ لَهُمْ سَهْمٌ، فَرَشَقُوْهُمْ رَشْقًا، مَا يَكَادُوْنَ يُخْطِئُوْنَ، فَأَقْبَلُوْا هُنَالِكَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ عَلٰى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ، وَابْنُ عَمِّهِ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَقُوْدُ بِهِ، فَنَزَلَ وَاسْتَنْصَرَ، ثُمَّ قَالَ: "أَنَا النَّبِيُّ لاَ كَذِبْ، أَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ" ثُمَّ صَفَّ أَصْحَابَهُ. [راجع: ۲۸٦٤]

قوله: ولكنه خرج شبان: مگر نکلے آپؐ کے جوان ساتھی یعنی نوجوان جوش میں صفیں توڑ کر آگے بڑھ گئے، اور ان کے ہلکے، ننگے سر، ان کے پاس ہتھیار نہیں تھے، پس ان کا تیر اندازوں سے سامنا ہوا: ہوازن اور بنونصر کے لوگوں سے، نہیں قریب تھے کہ ان کا کوئی تیر گرے یعنی رائگاں جائے، پس یکبارگی تیر برسا دیئے انھوں نے، نہیں قریب تھے وہ کہ چوکیں۔

لغات: شُبَّان: شابٌّ کی جمع ہے: نوجوان .... أَخْفَاف: خَفِيْفٌ کی جمع ہے: ہلکے یعنی ان کے پاس زیادہ ہتھیار نہیں تھے .... حُسَّرًا: حَاسِر کی جمع ہے: اس کا بھی یہی مطلب ہے کہ ان کے پاس ہتھیار نہیں تھے یا یہ مطلب ہے کہ انھوں نے زرہ اور خود نہیں پہن رکھے تھے .... لَيْسَ بِسِلاَحٍ: کی خبر محذوف ہے أى لهم۔

بَابُ الدُّعَاءِ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ بِالْهَزِيْمَةِ وَالزَّلْزَلَةِ

مشرکین کے لئے شکست اور پیرا کھڑ جانے کی دعا کرنا

اگر جنگ کی صورت حال خراب ہوجائے یا مشرکین کی ایذاء رسانی نا قابل برداشت ہوجائے تو مشرکین کے لئے بددعا کرسکتے ہیں، اور باب میں پانچ حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: غزوۂ احزاب میں جب آپؐ کی عصر کی نماز قضا ہوئی تو آپؐ نے مشرکین کے لئے بددعا کی: اے اللہ ان کے گھروں کو اور ان کی قبروں کو آگ سے بھر دے، انھوں نے ہمیں عصر کی نماز نہیں پڑھنے دی، یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا۔ **دوسری حدیث:** آپؐ نے مکہ کے ضعفائے مسلمین کے لئے قنوتِ نازلہ پڑھا، اس کے آخر میں قبیلہ مضر کے لئے بددعا ہے۔ **تیسری حدیث:** غزوۂ احزاب کے موقع پر مشرکین کے لئے آپؐ نے بددعا کی ہے۔ **چوتھی حدیث:** جب کفار نے اونٹنی کا میل لا کر نماز پڑھتے ہوئے آپؐ کی پیٹھ پر رکھا اس وقت آپؐ نے قریش کے سات آدمیوں کے لئے بددعا کی۔ اور **پانچویں حدیث:** یہود نے سلام کرتے وقت شرارت کی، انھوں نے السام علیکم کہا، آپؐ نے جواب میں علیکم کہا یعنی تم مرو، یہ یہود کے لئے بددعا ہے۔

[٩٨-] بَابُ الدُّعَاءِ عَلٰى الْمُشْرِكِيْنَ بِالْهَزِيْمَةِ وَالزَّلْزَلَةِ

[٢٩٣١-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا عِيْسٰى، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْأَحْزَابِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَلَأَ اللّٰهُ بُيُوْتَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَارًا، شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلَاةِ الْوُسْطٰى حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ"[انظر: ٤١١١، ٤٥٣٣، ٦٣٩٦]

[٢٩٣٢-] حدثنا قَبِيْصَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ ذَكْوَانَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْ فِي الْقُنُوْتِ:" اللّٰهُمَّ أَنْجِ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ أَبِيْ رَبِيْعَةَ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنِ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ، اللّٰهُمَّ سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ"[راجع: ٧٩٧]

[٢٩٣٣-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفَى، يَقُوْلُ: دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْأَحْزَابِ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، سَرِيْعَ الْحِسَابِ، اللّٰهُمَّ اهْزِمِ الْأَحْزَابِ، اللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ"

[انظر: ٢٩٦٥، ٣٠٢٥، ٤١١٥، ٦٣٩٢، ٧٤٨٩]

[٢٩٣٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ أَبُوْ جَهْلٍ وَنَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ، وَنُحِرَتْ جَزُوْرٌ بِنَاحِيَةِ مَكَّةَ، فَأَرْسَلُوْا فَجَاءَ وْا مِنْ سِلَاهَا وَطَرَحُوْهُ عَلَيْهِ، فَجَاءَ تْ فَاطِمَةُ فَأَلْقَتْهُ عَنْهُ، وَقَالَ:" اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ! اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ! اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ" لِأَبِيْ جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، وَعُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَشَيْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَالْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَأُبَيِّ بْنِ خَلَفٍ وَعُقْبَةَ بْنِ أَبِيْ مُعَيْطٍ. قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُمْ فِيْ قَلِيْبِ بَدْرٍ قَتْلٰى، قَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ: وَنَسِيْتُ السَّابِعَ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَقَالَ يوْسُفُ بْنُ أَبِيْ إِسحَاقَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ: أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ، وَقَالَ شُعْبَةُ: أُمَيَّةٌ أَوْ أُبَيٌّ، وَالصَّحِيْحُ أُمَيَّةُ.[راجع: ٢٤٠]

[٢٩٣٥-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ الْيَهُوْدَ دَخَلُوْا عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: السَّامُ عَلَيْكَ، فَلَعَنْتُهُمْ فَقَالَ:" مَالَكِ؟" قَالَتْ: أَوَ لَمْ تَسْمَعْ مَاقَالُوْا؟ فَقَالَ:" فَلَمْ تَسْمَعِيْ مَا قُلْتُ: عَلَيْكُمْ؟"

[انظر: ٦٠٢٤، ٦٠٣٠، ٦٢٥٦، ٦٣٩٥، ٦٤٠١، ٦٩٢٧]

بَابٌ: هَلْ يُرْشِدُ الْمُسْلِمُ أَهْلَ الْكِتَابِ أَوْ يَعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ؟

کیا مسلمان اہلِ کتاب کی راہنمائی کرے یا ان کو قرآن سکھائے؟

ہر غیر مسلم کو خواہ یہودی ہو، نصرانی ہو یا ہندو ہو، راہِ راست (دینِ اسلام کا راستہ) دکھانی چاہئے۔ نبی ﷺ نے قیصر کو جو خط لکھا تھا اس کا آخری جملہ تھا: فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيْسِيِّيْنَ: اگر آپ نے روگردانی کی تو آپ پر ساری رعایا کا گناہ ہوگا، یہ راہِ راست دکھانا ہے۔ اور آپؐ نے خط میں جو سورۂ آل عمران کی آیت لکھی تھی وہ بھی راہِ راست دکھانا ہے، قرآن سکھلانا نہیں ہے، غرض تبلیغ کے مقصد سے دین کی بات بتانا جب کہ وہ بھی اصلاح کی نیت سے سن رہا ہو ضروری ہے۔

اور قرآن پڑھانا جبکہ تبلیغ کی نیت سے ہو اور سیکھنے والا بھی دین سمجھنے کی نیت سے پڑھ رہا ہو تو ضرور پڑھائیں، لیکن اگر پڑھنے والے کی یہ نیت نہ ہو بلکہ یہ خیال ہو کہ وہ پڑھ کر قرآنِ کریم پر اعتراضات کرے گا یا لوگوں کو غلط مطلب بتا کر گمراہ کرے گا تو اس کو ہرگز قرآن نہ پڑھائیں۔

ایک واقعہ: کتابوں میں ایک واقعہ لکھا ہے: ایک یہودی امام مازنی (نحوی) سے کتاب سیبویہ پڑھنا چاہتا تھا، اور سو دینار اجرت دینا چاہتا تھا، مازنی غریب تھے، مگر انھوں نے انکار کر دیا، طالب علموں نے کہا: آپ کو ضرورت ہے اور کتاب سیبویہ پڑھانا آپ کے لئے کچھ مشکل نہیں، اور وہ اتنی بڑی رقم دے رہا ہے آپ نے انکار کیوں کیا؟ انھوں نے جواب دیا: کتاب سیبویہ میں قرآنِ کریم کی تین سو آیتیں ہیں، میری غیرت گوارہ نہیں کرتی کہ میں ایک غیر مسلم کو وہ پڑھاؤں!

پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ بادشاہ کی مجلس میں ایک باندی نے ایک شعر گایا، اس میں ایک لفظ پر خاص اعراب پڑھا، مجلس میں ایک نحوی موجود تھے انھوں نے اعتراض کیا کہ اس لفظ کا یہ اعراب نہیں، باندی نے کہا: مجھے مازنی نے یہ اعراب پڑھایا ہے، چنانچہ مازنی بلائے گئے اور بادشاہ کے سامنے گفتگو ہوئی، مازنی جیت گئے، بادشاہ نے ان کو تین سو دینار انعام دیا، انھوں نے طالب علموں سے کہا: دیکھو اللہ نے ہر آیت کے بدلے میں ایک دینار عنایت فرمایا۔

دوسرا واقعہ: میں راندیر میں دار العلوم اشرفیہ میں مدرس تھا۔ سورت کا ایک داؤدی شیعہ دو لڑکوں کو لے کر مہتمم صاحب کے پاس آیا وہ دونوں لڑکے بڑودہ کالج میں پڑھتے تھے، چھٹیوں میں گھر آئے ہوئے تھے، ان کے باپ نے مہتمم صاحب سے کہا: ان دو لڑکوں کو عربی پڑھانی ہے، آپ کسی استاذ سے پڑھوادیں، میں ان کو تنخواہ دوں گا، مہتمم صاحب نے ان کو میرے پاس بھیج دیا، میں نے ان سے کہا: اگر کوئی دینی کتاب پڑھنا چاہتے ہیں تو میں کچھ نہیں لوں گا، اور اگر عربی زبان پڑھنا چاہتے ہیں تو ایک لڑکے کے پانچ سو روپے لوں گا (یہ اس زمانہ کا واقعہ ہے جب میری تنخواہ ایک سو چھتر روپے تھی) وہ لوگ میری بات سن کر گئے، آج تک واپس نہیں آئے!

[۹۹-] بَابٌ: هَلْ يُرْشِدُ الْمُسْلِمُ أَهْلَ الْكِتَابِ أَوْ يَعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ؟

[۲۹۳٦-] حدثنا إِسْحَاقُ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا ابْنُ أَخِيْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم كَتَبَ إِلٰى قَيْصَرَ، وَقَالَ: "فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيْسِيِّيْنَ"[انظر: ۲۹٤۰]

بَابُ الدُّعَاءِ لِلْمُشْرِكِيْنَ بِالْهُدَى لِيَتَأَلَّفَهُمْ

مشرکین کے لئے ہدایت کی دعا کرنا تاکہ ان کو قریب لائے

ابھی مشرکین کے لئے بددعا کا باب آیا تھا، اب دفع دخل مقدر کے طور پر دوسرا باب لائے کہ ہمیشہ مشرکین کے لئے بددعا ہی نہیں کی جائے گی، دعائے خیر بھی کرسکتے ہیں۔ اور یہ بات حالات کے تابع ہے، اگر مشرکین برسرِ پیکار ہوں یا ان کی ایذاء رسانی حد سے بڑھ گئی ہو تو بددعا کریں، اور اگر یہ بات نہ ہو اور مشرکین کو قریب لانا مقصود ہو تو دعائے خیر کریں۔

حدیث: حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ ہجرت سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں، پھر وہ اپنی قوم کی طرف لوٹ گئے اور دعوت کا کام شروع کیا، مگر قوم مسلمان نہیں ہوئی، چنانچہ وہ ہجرت کے بعد حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! دوس مان کر نہیں دے رہے، پس آپ ان کے لئے بددعا فرمائیں! حاضرین نے کہا: اب دوس تباہ ہوئے! مگر نبی ﷺ نے ہاتھ اٹھائے اور دعا کی: اَللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَائْتِ بِهِمْ: اے اللہ! دوس کو ہدایت عطا فرما اور ان کو میرے پاس لے آ، چنانچہ وہ قبیلہ مسلمان ہوگیا (یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا قبیلہ ہے)

مسئلہ: کافر کے لئے مغفرت کی دعا کرنا جائز نہیں، کافر کی مغفرت نہیں ہوگی، البتہ جب تک وہ زندہ ہے اس کے لئے دعائے ہدایت کرسکتے ہیں اور دعائے مغفرت بھی کرسکتے ہیں، کیونکہ اس صورت میں دعائے مغفرت کا مطلب ہے: اللہ تعالیٰ اس کو ایمان کی توفیق دیں تاکہ آخرت میں اس کی مغفرت ہو۔

[۱۰۰-] بَابُ الدُّعَاءِ لِلْمُشْرِكِيْنَ بِالْهُدَى لِيَتَأَلَّفَهُمْ

[۲۹۳۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، نَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَدِمَ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو الدَّوْسِيُّ وَأَصْحَابُهُ عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ دَوْسًا عَصَتْ وَأَبَتْ فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهَا، فَقِيْلَ: هَلَكَتْ دَوْسٌ، فَقَالَ: "اَللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَائْتِ بِهِمْ"

[انظر: ٤۳۹۲، ٦۳۹۷]

بَابُ دَعْوَةِ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى، وَعَلَى مَا يُقَاتَلُوْنَ عَلَيْهِ إلخ

یہود ونصاریٰ کودین کی دعوت دینا، تاکہ ان کو معلوم ہوجائے کہ جنگ کس بنیاد پرلڑی جارہی ہے

جہاد کا مقصد ملک گیری یا دل کی بھڑاس نکالنا نہیں ہے، بلکہ لوگوں کو دین اسلام سے آشنا کرنا ہے، پس دشمن اگر دین اسلام سے ناآشنا ہے، اجمالاً بھی اسلام کے بارے میں کچھ نہیں جانتا تو جنگ سے پہلے اسلام کی دعوت دینا فرض ہے، اور اگر وہ جانتے ہیں کہ اسلام ایک دین ہے، جس کی بنیادی تعلیم توحید ہے تو اب جنگ سے پہلے دعوت دینا مستحب ہے، دعوت دیئے بغیر بھی جنگ شروع کرسکتے ہیں۔

اور باب میں یہ حدیث ہے کہ جزیرۃ العرب سے لگواں دو سپر پاور تھے: روم وایران، ان کے ساتھ آئندہ جنگیں شروع ہونے والی تھیں، اس لئے آپ ﷺ نے ان کو پہلے سے دعوتی خطوط لکھے تاکہ حجت تام ہوجائے اور اس مسئلہ میں کہ جنگ سے پہلے دعوت دینا ضروری ہے یا نہیں؟ فقہائے کرام کی رائیں حاشیہ میں ہیں۔

[۱۰۱-] بَابُ دَعْوَةِ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى، وَعَلَى مَا يُقَاتَلُوْنَ عَلَيْهِ، وَمَا كَتَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى كِسْرَى وَقَيْصَرَ، وَالدَّعْوَةِ قَبْلَ الْقِتَالِ

[۲۹۳۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنِ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: لَمَّا أَرَادَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَكْتُبَ إِلَى الرُّوْمِ، قِيْلَ لَهُ: إِنَّهُمْ لاَ يَقْرَؤُوْنَ كِتَابًا إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ مَخْتُوْمًا، فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِهِ فِيْ يَدِهِ، وَنَقَشَ فِيْهِ، مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ.[راجع: ٦٥]

[۲۹۳۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ،أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ،أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ بِكِتَابِهِ إِلَى كِسْرَى، فَأَمَرَهُ أَنْ يَدْفَعَهُ إِلَى عَظِيْمِ الْبَحْرَيْنِ، فَدَفَعَهُ عَظِيْمُ الْبَحْرَيْنِ إِلَى كِسْرَى، فَلَمَّا قَرَأَهُ كِسْرَى خَرَّقَهُ، فَحَسِبْتُ أَنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ: فَدَعَا عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُمَزَّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ.[راجع: ٦٤]

بَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الإِسْلاَمِ وَالنُّبُوَّةِ إلخ

نبی ﷺ نے اہلِ کتاب کو تین باتوں کی دعوت دی: توحید کی، رسالت محمد کی اور اس بات کی کہ کسی کے لئے تشریع کا حق تسلیم نہ کیا جائے

نبی ﷺ نے قیصر وکسریٰ کو جو خطوط لکھے ہیں ان میں تین باتوں کی دعوت ہے: (۱) اسلام قبول کرو، اللہ کی وحدانیت کا

اقرار کرو، سلامت رہو گے (۲) نبی ﷺ کو رسول تسلیم کرو (۳) اور اللہ کے علاوہ کسی کو رب مت بناؤ، یعنی اس کے لئے قانون سازی کا حق تسلیم مت کرو۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں آل عمران کی ایک آیت کی طرف اشارہ کیا ہے، اور آلِ عمران ہی کی ایک دوسری آیت لکھی ہے، آپؐ نے قیصر کو خط میں سورۂ آل عمران کی آیت ۶۴ لکھی تھی: ''اے اہل کتاب! ایک ایسی بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان مسلّم ہے، یعنی ہم اللہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کریں، نہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی کسی دوسرے کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ رب نہ بنائے، یعنی اس کے لئے تشریع کا حق تسلیم نہ کرے، اس لئے کہ قانون سازی معبود ہی کا حق ہے اور اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، کیونکہ آلِ عمران کی آیت ۷۹ میں ہے: ''کسی انسان سے یہ بات ممکن نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو کتاب، فہم اور نبوت عطا فرمائیں، پھر وہ لوگوں سے کہے: اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ، بلکہ وہ کہے گا: ''تم لوگ اللہ والے بن جاؤ''

اس آیت سے معلوم ہوا کہ شارع اللہ کے علاوہ کوئی نہیں، اور بعض لوگ جو نبی ﷺ کو ''شارع علیہ السلام'' کہتے یا لکھتے ہیں: وہ مجازی تعبیر ہے۔ عربی میں یہ تعبیر استعمال نہیں کی جاتی، اسی طرح مجتہدین کرام بھی شارع نہیں، وہ اللہ کے دین کے ترجمان ہیں۔ اور ﴿مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ کی قید سے اس سے احتراز ہے، یعنی کسی کے لئے مستقل قانون سازی کا اختیار تسلیم نہ کیا جائے۔ پھر حضرت امام رحمہ اللہ نے باب میں متعدد حدیثیں لکھی ہیں جن کا بیان حدیثوں کے بعد آئے گا۔

[۱۰۲-] بَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الإِسْلَامِ وَالنُّبُوَّةِ، وَأَنْ لَا يَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

وَقَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ الآيَة [آلِ عمران: ۷۹]

[۲۹۴۰-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَتَبَ إِلَى قَيْصَرَ يَدْعُوْهُ إِلَى الإِسْلَامِ، وَبَعَثَ بِكِتَابِهِ إِلَيْهِ مَعَ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ، وَأَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَدْفَعَهُ إِلَى عَظِيْمِ بُصْرَى، لِيَدْفَعَهُ إِلَى قَيْصَرَ، وَكَانَ قَيْصَرُ لَمَّا كَشَفَ اللّٰهُ عَنْهُ جُنُوْدَ فَارِسَ مَشَى مِنْ حِمْصَ إِلَى إِيْلِيَاءَ، شُكْرًا لَمَا أَبْلَاهُ اللّٰهُ! فَلَمَّا جَاءَ قَيْصَرَ كِتَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ حِيْنَ قَرَأَهُ: الْتَمِسُوْا لِيْ هَاهُنَا أَحَدًا مِنْ قَوْمِهِ لِأَسْأَلَهُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۹۳۶]

قوله: وكان قيصر: جب ایران کے مقابلہ میں قیصر فتح یاب ہوا اور اللہ نے ایران کے لشکروں کو پسپا کیا تو قیصر حمص سے ایلیاء تک پیدل چلا (کیونکہ اس نے منت مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ فتح نصیب فرمائیں گے تو وہ بیت المقدس تک پیدل جائے گا) اس بات کے شکر کے طور پر جس کے ساتھ اللہ نے اس کو آزمایا، یعنی پہلے شکست ہوئی پھر فتح ملی اس کے شکریہ میں بیت المقدس پیدل جائے گا۔ اس کے بعد یہی روایت تفصیل سے ہے جو کتاب کے شروع میں گذر چکی ہے۔

[۲۹٤۱-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَأَخْبَرَنِىْ أَبُوْ سُفْيَانَ! أَنَّـهُ كَانَ بِالشَّامِ فِىْ رِجَالٍ مِنْ قُرَيْشٍ، قَدِمُوْا تُجَّارًا فِى الْمُدَّةِ الَّتِىْ كَانَتْ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبَيْنَ كُفَّارِ قُرَيْشٍ، قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: فَوَجَدَنَا رَسُوْلُ قَيْصَرَ بِبَعْضِ الشَّامِ، فَانْطَلَقَ بِىْ وَبِأَصْحَابِىْ حَتَّى قَدِمْنَا إِيْلِيَاءَ، فَأُدْخِلْنَا عَلَيْهِ، فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ فِىْ مَجْلِسِ مُلْكِهِ وَعَلَيْهِ التَّاجُ، وَإِذَا حَوْلَهُ عُظَمَاءُ الرُّوْمِ، فَقَالَ لِتُرْجُمَانِهِ: سَلْهُمْ: أَيُّهُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا إِلَى هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِىْ يَزْعُمُ أَنَّـهُ نَبِىٌّ؟ قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: فَقُلْتُ: أَنَا أَقْرَبُهُمْ إِلَيْهِ نَسَبًا، قَالَ: مَا قَرَابَةُ مَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ؟ فَقُلْتُ: هُوَ ابْنُ عَمِّىْ وَلَيْسَ فِى الرَّكْبِ يَوْمَئِذٍ أَحَدٌ مِنْ بَنِىْ عَبْدِ مَنَافٍ غَيْرِىْ.

فَقَالَ قَيْصَرُ: أَدْنُوْهُ، وَأَمَرَ بِأَصْحَابِىْ فَجُعِلُوْا خَلْفَ ظَهْرِىْ عِنْدَ كَتِفِىْ، ثُمَّ قَالَ لِتُرْجُمَانِهِ: قُلْ لِأَصْحَابِهِ إِنِّىْ سَائِلٌ هٰذَا الرَّجُلَ عَنِ الَّذِىْ يَزْعَمُ أَنَّـهُ نَبِىٌّ فَإِنْ كَذَبَ فَكَذِّبُوْهُ. قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: وَاللّٰهِ لَوْلاَ الْحَيَاءُ يَوْمَئِذٍ مِنْ أَنْ يَأْثُرَ أَصْحَابِىْ عَنِّى الْكَذِبَ لَكَذَبْتُهُ حِيْنَ سَأَلَنِىْ عَنْهُ، وَلٰكِنِّىْ اسْتَحْيَيْتُ أَنْ يَأْثُرُوْا الْكَذِبَ عَنِّىْ فَصَدَقْتُ.

ثُمَّ قَالَ لِتُرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُ: كَيْفَ نَسَبُ هٰذَا الرَّجُلِ فِيْكُمْ؟ قُلْتُ: هُوَ فِيْنَا ذُوْ نَسَبٍ، قَالَ: فَهَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ مِنْكُمْ قَبْلَهُ؟ قُلْتُ: لاَ، فَقَالَ: كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ عَلَى الْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ مَاقَالَ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مِنْ مَلِكٍ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَأَشْرَافُ النَّاسِ يَتَّبِعُوْنَهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ! قَالَ: فَيَزِيْدُوْنَ أَوْ يَنْقُصُوْنَ؟ قُلْتُ: بَلْ يَزِيْدُوْنَ. قَالَ: فَهَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ سَخْطَةً لِدِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيْهِ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: لاَ، وَنَحْنُ الآنَ مِنْهُ فِىْ مُدَّةٍ، نَحْنُ نَخَافُ أَنْ يَغْدِرَ، قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: وَلَمْ تُمْكِنِّىْ كَلِمَةٌ أُدْخِلُ فِيْهَا شَيْئًا أَنْتَقِصُهُ بِهِ لاَ أَخَافُ أَنْ يُؤْثَرَ عَنِّىْ غَيْرُهَا، قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ وَقَاتَلَكُمْ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ حَرْبُهُ وَحَرْبُكُمْ؟ قُلْتُ: كَانَتْ دُوَلاً وَسِجَالاً، يُدَالُ عَلَيْنَا الْمَرَّةَ، وَنُدَالُ عَلَيْهِ الْأُخْرَى. قَالَ: فَمَاذَا يَأْمُرُكُمْ بِهِ؟ قَالَ: يَأْمُرُنَا أَنْ نَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهُ لاَ نُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَيَنْهَانَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا، وَيَأْمُرُنَا بِالصَّلاَةِ وَالصَّدَقَةِ وَالْعَفَافِ، وَالْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ وَأَدَاءِ الْأَمَانَةِ.

فَقَالَ لِتُرْجُمَانِهِ حِيْنَ قُلْتُ ذٰلِكَ لَهُ: قُلْ لَهُ: إِنِّىْ سَأَلْتُكَ عَنْ نَسَبِهِ فِيْكُمْ فَزَعَمْتَ أَنَّـهُ ذُوْ نَسَبٍ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِىْ نَسَبِ قَوْمِهَا. وَسَأَلْتُكَ: هَلْ قَالَ أَحَدٌ مِنْكُمْ هٰذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ،

فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ أَحَدٌ مِنْكُمْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ، قُلْتُ رَجُلٌ يَأْتَمُّ بِقَوْلٍ قَدْ قِيلَ قَبْلَهُ. وَسَأَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ مَا قَالَ: فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ، وَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مِنْ مَلِكٍ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَأَلْتُكَ: أَشْرَافُ النَّاسِ يَتَّبِعُوْنَهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّ ضُعَفَاءَ هُمُ اتَّبَعُوْهُ، وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيْدُوْنَ أَوْ يَنْقُصُوْنَ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيْدُوْنَ، وَكَذٰلِكَ الإِيْمَانُ حَتَّى يَتِمَّ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ سَخْطَةً لِدِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيْهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ، وَكَذٰلِكَ الإِيْمَانُ حِيْنَ تُخَالِطُ بَشَاشَتُهُ الْقُلُوْبَ، لاَ يَسْخُطُهُ أَحَدٌ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ لاَ يَغْدِرُوْنَ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ وَقَاتَلَكُمْ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ قَدْ فَعَلَ، وَأَنَّ حَرْبَكُمْ وَحَرْبَهُ يَكُوْنُ دُوَلاً، يُدَالُ عَلَيْكُمُ الْمَرَّةَ، وَتُدَالُوْنَ عَلَيْهِ الأُخْرَى، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى، وَتَكُوْنُ لَهُ الْعَاقِبَةُ، وَسَأَلْتُكَ بِمَاذَا يَأْمُرُكُمْ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوْا اللّٰهَ وَلاَ تُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا، وَيَنْهَاكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُكُمْ، وَيَأْمُرُكُمْ بِالصَّلاَةِ وَالصَّدَقَةِ وَالْعَفَافِ، وَالْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ، وَأَدَاءِ الأَمَانَةِ. قَالَ: وَهٰذِهِ صِفَةُ نَبِيٍّ، قَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، وَلٰكِنْ لَمْ أَظُنَّ أَنَّهُ مِنْكُمْ. وَإِنْ يَكُ مَا قُلْتَ حَقًّا، فَيُوْشِكُ أَنْ يَمْلِكَ مَوْضِعَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ، وَلَوْ أَرْجُوْ أَنْ أَخْلُصَ إِلَيْهِ لَتَجَشَّمْتُ لُقِيَّهُ. وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ قَدَمَيْهِ.

قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُرِئَ فَإِذَا فِيْهِ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، إِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ. سَلاَمٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّابَعْدُ فَإِنِّيْ أَدْعُوْكَ بِدَاعِيَةِ الإِسْلاَمِ، أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، وَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَعَلَيْكَ إِثْمُ الأَرِيْسِيِّيْنَ، وَ:﴿يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ، أَنْ لاَ نَعْبُدَ إِلاَّ اللّٰهَ، وَلاَ نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَلاَ يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوْا اشْهَدُوْا بِأَنَّا مُسْلِمُوْنَ﴾[آل عمران: ٦٤]

قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: فَلَمَّا أَنْ قَضَى مَقَالَتَهُ عَلَتْ أَصْوَاتُ الَّذِيْنَ حَوْلَهُ مِنْ عُظَمَاءِ الرُّوْمِ، وَكَثُرَ لَغَطُهُمْ فَلاَ أَدْرِيْ مَاذَا قَالُوْا، وَأُمِرَ بِنَا فَأُخْرِجْنَا، فَلَمَّا أَنْ خَرَجْتُ مَعَ أَصْحَابِيْ وَخَلَوْتُ بِهِمْ، قُلْتُ لَهُمْ: لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِيْ كَبْشَةَ، هٰذَا مَلِكُ بَنِيْ الأَصْفَرِ يَخَافُهُ، قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: وَاللّٰهِ مَا زِلْتُ ذَلِيْلاً مُسْتَيْقِنًا بِأَنَّ أَمْرَهُ سَيَظْهَرُ، حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ قَلْبِي الإِسْلاَمَ وَأَنَا كَارِهٌ.[راجع: ٧]

[٢٩٤٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ يَوْمَ خَيْبَرَ: "لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلاً يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ" فَقَامُوْا

يَرْجُوْنَ لِذٰلِكَ أَيُّهُمْ يُعْطَى، فَغَدَوْا وَكُلُّهُمْ يَرْجُوْ أَنْ يُعْطَى. فَقَالَ:" أَيْنَ عَلِيٌّ؟" فَقِيْلَ: يَشْتَكِيْ عَيْنَيْهِ. فَأَمَرَ فَدُعِيَ لَهُ فَبَصَقَ فِي عَيْنَيْهِ، فَبَرَأَ مَكَانَهُ حَتَّى كَأَنَّـهُ لَمْ يَكُنْ بِهِ شَيْئٌ، فَقَالَ: نُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا؟ فَقَالَ:" عَلٰى رِسْلِكَ حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الإِسْلاَمِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ. فَوَ اللّٰهِ لَأَنْ يُهْدَى بِكَ رَجُلٌ وَاحِدٌ خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ"[انظر: ۳۰۰۹، ۳۷۰۱، ۴۲۱۰]

دوسری حدیث کا وضاحتی ترجمہ: خیبر میں ایک مضبوط قلعہ تھا جو فتح نہیں ہو رہا تھا، جب جنگ ہوتے ہوئے کئی دن گذر گئے اور قلعہ فتح نہیں ہوا اور ایک شام فوج قلعہ فتح کئے بغیر واپس لوٹی تو نبی ﷺ نے فرمایا: کل میں ایسے شخص کو جھنڈا دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ اس خاص قلعہ کو کھول دیں گے، چنانچہ رات بھر طالع آزما سوچتے رہے کہ کل کس کو جھنڈا ملتا ہے، ہر ایک کی خواہش تھی کہ اسے جھنڈا ملے، دوسرے دن جب فوج تیار ہوئی تو ہر ایک اونچا ہو کر دیکھتا تھا کہ نبی ﷺ کی نظر اس پر پڑے۔ آپؐ نے سب کو دیکھا اور پوچھا: علیؓ کہاں ہیں؟ لوگوں نے بتایا: وہ آشوبِ چشم میں مبتلا ہیں، خیمہ میں ہیں، آپؐ نے ان کو بلوایا اور ان کی آنکھوں میں لعاب لگایا، آنکھیں اسی وقت ٹھنڈی ہوگئیں، اور ان کو جھنڈا دیا، انھوں نے چلتے وقت پوچھا: یا رسول اللہ! جب تک وہ ہمارے جیسے نہ ہو جائیں لڑتا رہوں؟ آپؐ نے فرمایا: پہلے ان کو اسلام کی دعوت دو، اگر اللہ تعالیٰ تمہارے ذریعہ ایک شخص کو بھی ہدایت دیں تو وہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے، چنانچہ وہ گئے، دعوت دی، مگر یہود بے بہود نے نہیں مانی پس جنگ شروع کی اور شام تک قلعہ فتح کرلیا۔

[۲۹۴۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ حُمَيْدٍ، سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا غَزَا قَوْمًا لَمْ يُغِرْ حَتَّى يُصْبِحَ، فَإِنْ سَمِعَ أَذَانًا أَمْسَكَ، وَإِنْ لَمْ يَسْمَعْ أَذَانًا أَغَارَ بَعْدَ مَا يُصْبِحُ، فَنَزَلْنَا خَيْبَرَ لَيْلاً.[راجع: ۳۷۱]

[۲۹۴۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا غَزَا بِنَا.[راجع: ۳۷۱]

[۲۹۴۵-] ح: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ إِلٰى خَيْبَرَ، فَجَاءَ هَا لَيْلاً، وَكَانَ إِذَا جَاءَ قَوْمًا بِلَيْلٍ لاَ يُغِيْرُ عَلَيْهِمْ حَتَّى يُصْبِحَ، فَلَمَّا أَصْبَحَ خَرَجَتْ يَهُوْدُ بِمَسَاحِيْهِمْ وَمَكَاتِلِهِمْ، فَلَمَّا رَأَوْهُ قَالُوْا: مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُ أَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ"[راجع: ۳۷۱]

وضاحت: جب نبی ﷺ کسی قوم پر فوج کشتی کرتے تھے تو حملہ نہیں کرتے تھے جب تک صبح نہ ہو جائے پھر اگر اذان کی آواز سنتے تو حملہ سے رک جاتے اور اگر اذان کی آواز نہ سنتے تو صبح کے بعد حملہ کرتے (اس معمول کے مطابق) نبی

ﷺ خیبر پر رات میں پہنچے، جب صبح قلعوں کے دروازے کھلے اور لوگ پھاوڑے کدال اور تھیلے لے کر نکلے تو لشکر دیکھ کر دنگ رہ گئے، خیبر والوں کو جنگ سے پہلے دعوت نہیں دی گئی تھی، کیونکہ وہ اسلام کے بارے میں سب کچھ جانتے تھے، خیبر کے یہودی مدینہ سے جلاوطن کئے گئے تھے، اس لئے اسلام سے آشنا تھے۔

[۲۹۴۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَمَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَقَدْ عَصَمَ مِنِّيْ نَفْسَهُ وَمَالَهُ، إِلَّا بِحَقِّهِ، وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ" رَوَاهُ عُمَرُ وَابْنُ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، وہاں بتایا ہے کہ حدیث کا مقصود لوگوں کو مار کر مسلمان بنانا نہیں ہے، بلکہ حدیث میں جنگ بندی کا بیان ہے، پس پہلے اسلام کی دعوت دی جائے اگر دشمن دعوت قبول کرلیں تو جنگ کی ضرورت نہیں۔

بَابُ مَنْ أَرَادَ غَزْوَةً فَوَرَّى بِغَيْرِهَا، وَمَنْ أَحَبَّ الْخُرُوْجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ

جس قوم پر حملہ کرنا ہو اس کو اخفاء میں رکھنا اور جمعرات کے دن سفر کرنا

وَرَّى تَوْرِيَةً کے معنی ہیں: حقیقت چھپا کر دوسری بات ظاہر کرنا، نبی ﷺ کسی خاص غزوہ کا ارادہ فرماتے تو دوسرے سفر سے توریہ کرتے، یعنی غیر مقصود سفر کا اظہار کر کے اصل سفر کو اخفا میں رکھتے تھے، یہ ایک جنگی گُر تھا، تاکہ دشمن کو حملہ کی بھنک نہ پڑے وہ بے خبر ہو اور اس کے سر پر پہنچ لیا جائے۔

اور باب میں دوسری بات یہ ہے کہ جمعرات کو سفر کرنا پسندیدہ ہے، مگر اس کی کوئی دلیل نہیں ہے، آپؐ نے اور دنوں میں بھی سفر کئے ہیں، ہاں جمعہ کو آپؐ سفر نہیں کرتے تھے کیونکہ تمام مسجدوں کے نمازی مسجدِ نبوی میں جمع ہوتے تھے اور دیہات کے مسلمان بھی جمعہ پڑھنے کے لئے اور ملاقات کے لئے آتے تھے، اس لئے آپؐ جمعہ کو سفر نہیں کرتے تھے، سنیچر کو آپؐ نے سفر کیا ہے، اور غزوۂ تبوک کے سفر میں آپؐ جمعرات کے دن نکلے ہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ایک رائے یہ ہے کہ جمعرات کو سفر کرنا پسندیدہ ہے۔

اور باب میں مختلف طرق سے ایک ہی حدیث لائے ہیں، حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپؐ جب جہاد کے لئے نکلتے تھے تو توریہ کرتے تھے، مگر تبوک کے سفر میں آپؐ نے توریہ نہیں کیا، اس لئے کہ موسم سخت گرم تھا، سفر دور دراز کا تھا، جنگلات سے گذرنا تھا، سپر پاور سے ٹکر تھی، اس لئے آپؐ نے پہلے سے مسلمانوں کو بتا دیا تاکہ دشمن کے اعتبار سے پوری تیاری کر کے چلیں۔

[۱۰۳-] بَابُ مَنْ أَرَادَ غَزْوَةً فَوَرَّى بِغَيْرِهَا، وَمَنْ أَحَبَّ الْخُرُوْجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ

[۲۹٤۷-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنِى اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَلَمْ يَكُنْ يُرِيْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غَزْوَةً إِلَّا وَرَّى بِغَيْرِهَا. [راجع: ۲۷۵۷]

[۲۹٤۸-] ح: وَحَدَّثَنِى أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، أَخْبَرَنِى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَلَّمَا يُرِيْدُ غَزْوَةً يَغْزُوْهَا إِلَّا وَرَّى بِغَيْرِهَا، حَتَّى كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوْكَ فَغَزَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِى حَرٍّ شَدِيْدٍ، وَاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِيْدًا وَمَفَازًا، وَاسْتَقْبَلَ غَزْوَ عَدُوٍّ كَثِيْرٍ، فَجَلَّى لِلْمُسْلِمِيْنَ أَمْرَهُمْ لِيَتَأَهَّبُوْا أُهْبَةَ عَدُوِّهِمْ، وَأَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِ الَّذِىْ يُرِيْدُ. [راجع: ۲۷۵۷]

[۲۹٤۹-] وَعَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، أَخْبَرَنِى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ يَقُوْلُ: لَقَلَّمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَخْرُجُ إِذَا خَرَجَ فِىْ سَفَرٍ إِلَّا يَوْمَ الْخَمِيْسِ. [راجع: ۲۷۵۷]

[۲۹۵۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا هِشَامٌ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ فِى غَزْوَةِ تَبُوْكَ، وَكَانَ يُحِبُّ أَنْ يَخْرُجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ. [راجع: ۲۷۵۷]

بَابُ الْخُرُوْجِ بَعْدَ الظُّهْرِ

ظہر کے بعد سفر کرنا

سفر عام طور پر فجر کے بعد شروع کیا جاتا تھا، تاکہ دھوپ چڑھنے تک کافی راستہ طے ہوجائے، اور حدیث میں دعا بھی ہے کہ امت جو کام سویرے کرے اس میں اللہ برکت فرمائیں، اور چھوٹے لشکر عام طور پر فجر کے بعد الوداعی مصافحہ کر کے رخصت ہوتے تھے، مگر حج کے سفر کے لئے آپؐ ظہر کے بعد مدینہ سے نکلے ہیں، کیونکہ چھ میل پر ذوالحلیفہ میں رک جانا تھا۔

[۱۰٤-] بَابُ الْخُرُوْجِ بَعْدَ الظُّهْرِ

[۲۹۵۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِىَّ

صلى الله عليه وسلم صَلّٰى بِالْمَدِيْنَةِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا، وَالْعَصْرَ بِذِىْ الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ، وَسَمِعْتُهُمْ يَصْرُخُوْنَ بِهِمَا جَمِيْعًا. [راجع: ۱۰۸۹]

قوله: بهما: یعنی حج اور عمرہ دونوں کا تلبیہ پڑھتے تھے، تفصیل کتاب الحج میں گذری ہے۔

بَابُ الْخُرُوْجِ آخِرَ الشَّهْرِ

مہینہ کے آخر میں سفر کرنا

حاشیہ میں لکھا ہے کہ کچھ لوگ مہینہ کے آخر میں سفر کو منحوس خیال کرتے ہیں، ان پر رد کیا ہے کہ مہینہ کے آخر میں بھی سفر کیا جاسکتا ہے، آپؐ نے حج کا سفر ذی قعدہ کے آخر میں شروع کیا ہے، پچیس ذی قعدہ کو آپؐ مدینہ سے نکلے ہیں۔ اور حدیثیں دونوں گذری ہیں، ان میں یہی مضمون ہے۔

[۱۰۵-] بَابُ الْخُرُوْجِ آخِرَ الشَّهْرِ

وَقَالَ كُرَيْبٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: انْطَلَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْمَدِيْنَةِ لِخَمْسٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِىْ الْقَعْدَةِ، وَقَدِمَ مَكَّةَ لِأَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِىْ الْحِجَّةِ.

[۲۹۵۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِخَمْسِ لَيَالٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِىْ الْقَعْدَةِ، وَلاَ نَرَى إِلَّا الْحَجَّ، فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنْ مَكَّةَ أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْىٌ، إِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ، وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ: أَنْ يَحِلَّ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَدُخِلَ عَلَيْنَا يَوْمَ النَّحْرِ بِلَحْمِ بَقَرٍ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ فَقَالَ: نَحَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَزْوَاجِهِ. قَالَ يَحْيَى: فَذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ لِلْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، فَقَالَ: أَتَتْكَ وَاللّٰهِ بِالْحَدِيْثِ عَلٰى وَجْهِهِ.

[راجع: ۲۹۴]

بَابُ الْخُرُوْجِ فِى رَمَضَانَ

رمضان میں سفر کرنا

سفر کے تعلق سے سب مہینے برابر ہیں، حتی کہ رمضان شریف جو روزوں کا مہینہ ہے اس میں بھی سفر کر سکتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فتح مکہ کا سفر رمضان میں کیا ہے۔

[۱۰۶-] بَابُ الْخُرُوْجِ فِی رَمَضَانَ

[۲۹۵۳-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْیَانُ، حَدَّثَنِی الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فِی رَمَضَانَ، فَصَامَ حَتّٰی بَلَغَ الْکَدِیْدَ أَفْطَرَ، قَالَ سُفْیَانُ: قَالَ الزُّهْرِیُّ: أَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَسَاقَ الْحَدِیْثَ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا قَوْلُ الزُّهْرِیِّ: وَإِنَّمَا یُؤْخَذُ بِالآخِرِ مِنْ فِعْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم.

[راجع: ۱۹۴۴]

وضاحت: حدیث کے آخر میں امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: إنما یؤخذ بالآخر: امام زہری رحمہ اللہ کا قول ہے حالانکہ یہ قول یہاں نہیں ہے، اوراس میں ایک مسئلہ کی طرف اشارہ ہے: کچھ لوگ کہتے ہیں: اگر رمضان میں کوئی روزے رکھتے ہوئے سفر شروع کرے تو اب روزے بند نہیں کرسکتا، پورے سفر میں روزے رکھنے ضروری ہیں۔ امام زہریؒ نے فرمایا: یہ بات صحیح نہیں، نبی ﷺ فوج کے ساتھ مدینہ سے رمضان کے روزے رکھتے ہوئے چلے تھے اور جب کدید مقام پر پہنچے تو سب نے روزے بند کردیئے، یہ حضور ﷺ کا آخری عمل ہے اس کو لیا جائے گا، پس جو شخص سفر میں شروع ہی سے روزے نہ رکھے یا درمیان میں روزے بند کردے تو دونوں باتیں درست ہیں۔

بَابُ التَّوْدِیْعِ عِنْدَ السَّفَرِ

سفر کے وقت الوداعی ملاقات کرنا

جب کوئی سفر کے لئے نکلے تو لوگوں سے آخری ملاقات کرے، یا مقامی لوگ مسافر سے آخری ملاقات کریں: دونوں باتیں درست ہیں، اور حدیث میں سفر میں نکلنے والوں نے نبی ﷺ سے آخری ملاقات کی ہے، پس دوسری صورت کو قیاس کریں گے۔

[۱۰۷-] بَابُ التَّوْدِیْعِ عِنْدَ السَّفَرِ

[۲۹۵۴-] وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ: أَخْبَرَنِیْ عَمْرٌو، عَنْ بُکَیْرٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ بَعْثٍ. وَقَالَ لَنَا: " إِنْ لَقِیْتُمْ فُلاَنًا وَفُلاَنًا — لِرَجُلَیْنِ مِنْ قُرَیْشٍ سَمَّاهُمَا— فَحَرِّقُوْهُمَا بِالنَّارِ" قَالَ: ثُمَّ أَتَیْنَاهُ نُوَدِّعُهُ حِیْنَ أَرَدْنَا الْخُرُوْجَ، فَقَالَ: " إِنِّیْ کُنْتُ أَمَرْتُکُمْ أَنْ تُحَرِّقُوْا فُلاَنًا وَفُلاَنًا بِالنَّارِ، وَإِنَّ النَّارَ لاَ یُعَذِّبُ بِهَا إِلاَّ اللّٰهُ، فَإِنْ أَخَذْتُمُوْهُمَا فَاقْتُلُوْهُمَا" [انظر: ۳۰۱۶]

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے ایک لشکر میں بھیجا، اور ہم سے فرمایا: اگر تمہیں فلاں

اورفلاں ملیں ـــــ قریش کے دوآدمی جن کو نبی ﷺ نے نامزد کیا ـــــ توان دونوں کوآگ میں جلا دینا۔ابوہریرہؓ کہتے ہیں: پھر ہم نبی ﷺ سے الوداعی ملاقات کے لئے آئے، جب ہم نے سفر میں نکلنے کا ارادہ کیا، پس آپؐ نے فرمایا: میں نے تمہیں حکم دیا تھا کہ فلاں اور فلاں کوآگ میں جلا دینا، مگرآگ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ ہی سزا دیتے ہیں اس لئے اگر وہ تمہاری گرفت میں آئیں توان کوقتل کردینا۔

بَابُ السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ لِلإِمَامِ مَالَمْ يَأْمُرْ بِمَعْصِيَةٍ

امیر کی بات سننااوراس پرعمل کرناجب تک وہ کسی گناہ کاحکم نہ دے

جہاد میں سب سے زیادہ اہمیت سمع وطاعت کی ہے، کمانڈر جوحکم دے اسے سنا جائے اوراس کی تعمیل کی جائے، اگرفوج کمانڈر کاحکم نہ سنے یاسن کردوسرے کان سے نکال دے تووہ فوج کبھی کامیاب نہیں ہوسکتی۔

[۱۰۸-] بَابُ السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ لِلْإِمَامِ مَالَمْ يَأْمُرْ بِمَعْصِيَةٍ

[۲۹۵۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِىْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ زَكَرِيَّا، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ حَقٌّ مَالَمْ يُؤْمَرْ بِمَعْصِيَةٍ، فَإِذَا أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلاَ سَمْعَ وَلاَطَاعَةَ"[انظر: ۷۱۴۴]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: امیر کی بات سننااورفرمانبرداری کرناضروری ہے، جب تک وہ کسی گناہ کاحکم نہ دیا جائے، پس جب وہ کسی گناہ کاحکم دیا جائے تونہ سننا ہے نہ ماننا۔

بَابٌ: يُقَاتَلُ مِنْ وَرَاءِ الإِمَامِ، وَيُتَّقَى بِهِ

امام کے زیرسایہ جنگ لڑی جائے اوراس کوپُشتہ بنایا جائے

باب میں حدیث ہی کے الفاظ ہیں اور یہ استعارہ ہے، امام کوڈھال کے ساتھ تشبیہ دی ہے، جس طرح لڑنے والا ڈھال سامنے رکھتا ہے اوراس کے پیچھے سے تیر چلاتا ہے اورڈھال کوپشتہ بناتا ہے، اسی طرح جہاد کے لئے امام کا ہونا ضروری ہے، نظام امارت کے بغیر جو جہاد ہوتا ہے وہ بے قاعدہ ہے۔

[۱۰۹-] بَابٌ: يُقَاتَلُ مِنْ وَرَاءِ الإِمَامِ، وَيُتَّقَى بِهِ

[۲۹۵۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، أَنَّ الْأَعْرَجَ حَدَّثَهُ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّـهُ

سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، يَقُوْلُ:" نَحْنُ الآخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ"[راجع: ۲۳۸]
[۲۹۵۷-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ:" مَنْ أَطَاعَنِيْ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ، وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ، وَمَنْ يُطِعِ الْأَمِيْرَ فَقَدْ أَطَاعَنِيْ، وَمَنْ يَعْصِ الْأَمِيْرَ فَقَدْ عَصَانِيْ، وَإِنَّمَا الإِمَامُ جُنَّةٌ، يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ، وَيُتَّقى بِهِ، فَإِنْ أَمَرَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَعَدَلَ، فَإِنَّ لَهُ بِذٰلِكَ أَجْرًا، وَإِنْ قَالَ بِغَيْرِهِ فَإِنَّ عَلَيْهِ مِنْهُ"[انظر: ۷۱۳۷]

وضاحت: یہ ایک ہی حدیث ہے اور پہلی حدیث دوسری حدیث کا سرنامہ ہے، ترقیم کرنے والے نے خواہ مخواہ ان کو دوحدیثیں بنادیا ہے۔

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جو میری اطاعت کرتا ہے وہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے اور جو میری نافرمانی کرتا ہے وہ اللہ کی نافرمانی کرتا ہے، اور جو امیر کی اطاعت کرتا ہے وہ میری اطاعت کرتا ہے اور جو امیر کی نافرمانی کرتا ہے وہ میری نافرمانی کرتا ہے۔

تشریح: امیر کی اطاعت اس لئے ضروری ہے کہ وہ نبی ﷺ کا خلیفہ ہے، اور نبی ﷺ کی اطاعت اس لئے ضروری ہے کہ آپؐ اللہ تعالیٰ کے نمائندے ہیں، اور اللہ کی اطاعت اس لئے ضروری ہے کہ وہ معبود ہیں، ان کا ہر حکم ماننا ضروری ہے۔

باقی حدیث: اور امام ڈھال ہے اس کے پیچھے سے لڑا جاتا ہے اور اس کے ذریعہ بچاؤ کیا جاتا ہے۔

تشریح: یہ استعارہ ہے، فوجی ڈھال سامنے رکھ کر اس کے پیچھے سے لڑتا ہے اور ڈھال سے بچاؤ کرتا ہے، یہی پوزیشن امام کی ہے اور یہیں سے یہ مسئلہ اخذ کیا گیا ہے کہ با قاعدہ جہاد کے لئے مرکزی امارت ضروری ہے، اس کی ہدایت کے ماتحت جو جہاد ہوگا وہی باقاعدہ جہاد ہوگا۔

باقی حدیث: پس اگر امام اللہ سے ڈرنے کا حکم دے اور انصاف کرے تو اس کو اس کے بدلے میں ثواب ملے گا، اور اگر وہ اس کے علاوہ بات کہے یعنی گناہ کا حکم دے تو یقیناً اس پر اس کا گناہ ہوگا۔

تشریح: فوجی کو اُس حکم کی تعمیل کرنی چاہئے یا نہیں جو گناہ کا کام ہے؟ جواب دوسری حدیث میں ہے: لَاطَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِيْ مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ: پس عزیمت یہ ہے کہ اس کے حکم کی تعمیل نہ کرے اور اگر جان کا خطرہ ہو تو تعمیل کرے، اس کا وبال امیر کے سر ہوگا۔

بَابُ الْبَيْعَةِ فِي الْحَرْبِ عَلٰى أَنْ لَّا يَفِرُّوْا، وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَلَى الْمَوْتِ

جنگ میں بیعت لینا کہ بھاگے گا نہیں اور بعض نے کہا: موت پر بیعت لینا

کبھی فوج تھوڑی ہوتی ہے، دشمن کی سپاہ زیادہ ہوتی ہے، ایسے وقت فوج سے بیعت لینی پڑتی ہے کہ جنگ ہو تو فوجی میدان میں ڈٹے رہیں گے بھاگیں گے نہیں۔ حدیبیہ کے میدان میں جب مشہور ہوا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید

کر دیا گیا تو آپؐ نے ایک کیکر کے درخت کے نیچے بیٹھ کر سب صحابہ سے بیعت لی کہ اگر جنگ ہوئی تو وہ میدان میں ڈٹے رہیں گے، بھاگیں گے نہیں، سورۃ الفتح آیت ۱۸ میں اس کا ذکر ہے۔ پھر پہلی حدیث میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب ہم اگلے سال عمرہ قضا کرنے گئے تو ہم میں سے کوئی دو آدمی متفق نہیں ہوئے اس درخت پر جس کے نیچے ہم نے بیعت کی تھی، یعنی کوئی اس درخت کو پہچان نہ سکا، اور وہ اللہ کی طرف سے مہربانی تھی، اگر وہ درخت معلوم ہوتا تو آج وہاں معلوم نہیں کیا کیا خرافات ہوتیں، اس لئے اس کا مخفی ہوجانا اللہ کی بڑی رحمت ہوئی۔ جویریہ کہتے ہیں: میں نے حضرت نافع رحمہ اللہ سے پوچھا: نبی ﷺ نے کس بات پر صحابہ سے بیعت لی تھی، موت پر؟ نافع نے کہا: نہیں بلکہ صبر کرنے پر یعنی میدان میں ڈٹے رہنے پر بیعت لی تھی۔

پھر دوسری حدیث ہے، عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب حرّہ کا زمانہ آیا تو ان کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے کہا: ابن الحنظلہ لوگوں سے موت پر بیعت لے رہے ہیں، حضرت عبداللہ بن زیدؓ نے کہا: میں موت پر بیعت نہیں کرتا کسی سے رسول اللہ ﷺ کے بعد (اس سے معلوم ہوا کہ حدیبیہ میں موت پر بیعت لی گئی تھی)

تشریح: اَلْحَرَّۃ: کالے پتھروں والی زمین، جو جلی ہوئی دکھائی دے۔ وَقْعَۃُ الْحَرَّۃ: حرّہ کا واقعہ: مدینہ منورہ کے باہر کالے پتھروں والی زمین میں یزید بن معاویہ کے زمانہ میں لڑائی ہوئی ہے، مدینہ والوں نے پہلے یزید سے بیعت کی تھی پھر وہ بیعت فسخ کردی، اور اس سے جنگ کی تیاری کی، عبداللہ بن حنظلہ (ابن غسیل الملائکہ) چندلوگوں کے ساتھ یزید کے پاس گئے، انھوں نے یزید کی نامناسب حرکتیں دیکھیں تو واپس آکر اس کی بیعت توڑ دی، اور عبداللہ بن الزبیرؓ سے بیعت کرلی، یزید نے مسلم بن عقبہ کی سرکردگی میں لشکر بھیجا اور حرہ میں سخت جنگ ہوئی، جس میں سترہ سو بڑے آدمی شہید ہوئے اور عام آدمی دس ہزار شہید ہوئے، عورتیں اور بچے ان کے علاوہ ہیں۔

اس کے بعد کی حدیث میں حضرت سلمہؓ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے بیعت کی، پھر میں ایک درخت کے سایہ کی طرف مائل ہوا! پھر جب لوگوں کی بھیڑ کم ہوئی تو نبی ﷺ نے فرمایا: ابن الاکوع! بیعت نہیں کرتے؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں بیعت کر چکا، آپؐ نے فرمایا: ''اور بھی'' پس میں نے آپؐ سے دوسری مرتبہ بیعت کی (حضرت سلمہؓ بڑے بہادر تھے اس لئے تاکید کے لئے دوبارہ بیعت لی) یزید کہتے ہیں: پس میں نے حضرت سلمہؓ سے پوچھا: اے ابو مسلم! اس دن کس چیز پر آپ حضرات بیعت کررہے تھے؟ انھوں نے کہا: موت پر!

تشریح: یہ تعبیر کا فرق ہے، حسن تعبیر یہ ہے کہ ڈٹے رہنے پر بیعت کی تھی، اور یہ بھی ایک تعبیر ہے کہ موت پر بیعت کی تھی، جیسے ماموں کو ماموں کہنا اور باپ کا سالا کہنا، ایک ہی بات ہے، مگر تعبیر کا فرق ہے۔

پھر غزوۂ خندق کی حدیث ہے جس میں انصار کا رجز تھا: ہم نے نبی ﷺ سے جہاد پر بیعت کی ہے۔

اور آخری حدیث میں ہے کہ مُجاشع رضی اللہ عنہ اپنے بھتیجے (یا بھائی) کو لے کر خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض

کیا: ہجرت پر ہمیں بیعت کر لیجئے (یعنی ہم وطن چھوڑ کر مدینہ آنا چاہتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ہجرت گذر گئی، مہاجرین کے لئے یعنی اب فتح مکہ کے بعد ہجرت کا حکم نہیں رہا، انھوں نے عرض کیا: پھر آپؐ ہمیں کس بات پر بیعت کریں گے؟ آپؐ نے فرمایا: اسلام اور جہاد پر، یعنی مسلمان ہو جاؤ اور جہاد کے لئے تیار رہو۔

تشریح: یہاں ہمارے نسخہ میں بابن أخی (بھتیجے کے ساتھ) ہے اور عمدہ کے نسخہ میں أنا و أخی ہے: میں اور میرا بھائی، ان کے بھائی کا نام مجالد بن مسعود تھا، جیسا کہ حدیث (۳۰۷۹) میں آرہا ہے، اور یہی صحیح ہے، اور دونوں بھائی صحابی ہیں، اس لئے حدیث پر دو نمبر لگائے ہیں۔

[١١٠-] بَابُ الْبَيْعَةِ فِي الْحَرْبِ عَلٰى أَنْ لَّا يَفِرُّوْا، وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَلَى الْمَوْتِ

لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ﴾ [الفتح:١٨]

[٢٩٥٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَاجُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: رَجَعْنَا مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ، فَمَا اجْتَمَعَ مِنَّا اثْنَانِ عَلَى الشَّجَرَةِ الَّتِيْ بَايَعْنَا تَحْتَهَا، كَانَتْ رَحْمَةً مِنَ اللّٰهِ. فَسَأَلْتُ نَافِعًا: عَلٰى أَيِّ شَيْئٍ بَايَعَهُمْ، عَلَى الْمَوْتِ؟ قَالَ: لاَ، بَلْ بَايَعَهُمْ عَلَى الصَّبْرِ.

[٢٩٥٩-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيٰى، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ زَمَنُ الْحَرَّةِ أَتَاهُ آتٍ، فَقَالَ لَهُ: إِنَّ ابْنَ حَنْظَلَةَ يُبَايِعُ النَّاسَ عَلَى الْمَوْتِ، فَقَالَ: لاَ أُبَايِعُ عَلٰى هٰذَا أَحَدًا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٤١٦٧]

[٢٩٦٠-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: بَايَعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ عَدَلْتُ إِلٰى ظِلِّ شَجَرَةٍ، فَلَمَّا خَفَّ النَّاسُ، قَالَ: "يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ أَلاَ تُبَايِعُ؟" قَالَ: قُلْتُ: قَدْ بَايَعْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "وَأَيْضًا" فَبَايَعْتُهُ الثَّانِيَةَ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا مُسْلِمٍ! عَلٰى أَيِّ شَيْئٍ كُنْتُمْ تُبَايِعُوْنَ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: عَلَى الْمَوْتِ. [انظر: ٤١٦٩، ٧٢٠٦، ٧٢٠٨]

[٢٩٦١-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كَانَتِ الْأَنْصَارُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ تَقُوْلُ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ۞ عَلَى الْجِهَادِ مَا حَيِيْنَا أَبَدَا

فَأَجَابَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:

"اللّٰهُمَّ لاَ عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الآخِرَهْ ۞ فَأَكْرِمِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَهْ"

[راجع: ٢٨٣٤]

[٢٩٦٢و٢٩٦٣-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ فُضَيْلٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ

عُثْمَانَ، عَنْ مُجَاشِعٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِابْنِ أَخِيْ فَقُلْتُ: بَايِعْنَا عَلَى الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: ''مَضَتِ الْهِجْرَةُ لِأَهْلِهَا'' قُلْتُ: عَلَى مَا تُبَايِعُنَا؟ قَالَ: ''عَلَى الْإِسْلاَمِ وَالْجِهَادِ''
[الحديث: ۲۹۶۲، انظر: ۳۰۷۸، ۴۳۰۵، ۴۳۰۷]؛[الحديث: ۲۹۶۳، انظر: ۳۰۷۹، ۴۳۰۶، ۴۳۰۸]

بَابُ عَزْمِ الإِمَامِ عَلَى النَّاسِ فِيْمَا يُطِيْقُوْنَ

امام لوگوں کو پختہ حکم ایسے کاموں کا دے جوان کے بس میں ہوں

امام فوج کو لازمی حکم دے کہ یہ کام کرنا ہی ہے تو امام ایسا حکم دے سکتا ہے، جب وہ کام فوجیوں کے بس میں ہو؟ عَزَمَ يَعْزِمُ عَزْمًا کے معنی ہیں: پختہ حکم دینا، عَزَمَ عَلَيْهِ: لازمی حکم دینا۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آج میرے پاس ایک آدمی آیا، اس نے مجھ سے ایک سوال کیا، میری سمجھ میں نہیں آیا کہ میں کیا جواب دوں؟ اس نے پوچھا: ایک آدمی مضبوط (ہتھیار سے لیس) نشیط (پھرتیلا) ہے جو ہمارے امیروں میں سے کسی امیر کے ساتھ جہاد کے لئے نکلا ہے، امیر اس کو ایسی بات کا لازمی حکم دیتا ہے جو اس کی طاقت سے باہر ہے (تو کیا اس کی تعمیل ضروری ہے؟)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: بخدا! میں نہیں جانتا وہ بات جو تجھ سے کہوں یعنی آپؓ نے اس کے سوال کا سیدھا جواب نہیں دیا بلکہ اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ بتلایا: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (جہاد کرتے) تھے، پس شاید آپؐ ہمیں لازمی حکم نہیں دیتے تھے، کسی بھی معاملہ میں، مگر ایک آدھ مرتبہ، یہاں تک کہ ہم اس کو کرتے تھے، یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ایسے کاموں کا حکم دینے کا نہیں تھا جو فوجی کے بس میں نہ ہوں۔ آپؐ ایسا ہی حکم دیتے تھے جو فوجی بجالا سکے، ہاں ایک آدھ مرتبہ ایسا ہوسکتا ہے کہ آپؐ نے کوئی ایسا حکم دیا ہو جو فوجی کے بس میں نہ ہو، مگر عام طور پر آپؐ ایسا حکم نہیں دیتے تھے۔

(پھر فرمایا کہ اب زمانہ بدل گیا ہے، امراء ایسے احکام دینے لگے ہیں جو فوجی کے بس میں نہیں ہوتے، اس لئے حضرت نے ہدایت دی:) اور بیشک تم میں سے ایک برابر خیر میں رہے گا جب تک اللہ سے ڈرتا رہے گا، اور جب اس کے دل میں کوئی بات کھٹکے تو ایسے شخص سے پوچھے جو اس کو شفا بخش جواب دے (یہ آپؓ نے امراء کو ہدایت دی کہ امراء کو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا چاہئے اور کسی معاملہ میں شک ہو تو اہل علم سے اس کا حکم دریافت کرنا چاہئے)

(پھر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے علمی زوال کی طرف اشارہ کیا:) اور قریب ہے وہ زمانہ کہ نہ پاؤ تم اس کو یعنی ایسے عالم کو جو تسلی بخش جواب دے، اور قسم ہے اس ذات کی جس کے سواء کوئی معبود نہیں! نہیں یاد کرتا ہوں میں گذری ہوئی دنیا کو مگر اس تالاب کی طرح جس کا صاف پانی پی لیا گیا ہو، اور گدلا پانی باقی رہ گیا ہو (یہ تشبیہ ہے ایک کھڈا ہے جس پر لوگ پہنچے اور صاف پانی پی گئے، اب دوسرے لوگ پہنچے، کھڈے میں ذرا سا پانی رہ گیا ہے، ہاتھ سے یا برتن سے لیں گے تو پانی گدلا

ہوجائے گا، اس لئے وہ بکری بن کر پیتے ہیں، اسی طرح اچھی دنیا گذر گئی، اب نکمے لوگ رہ گئے ہیں)

سوال: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا انتقال تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہوا ہے، ابھی فتنوں کا دور شروع نہیں ہوا تھا، پھر اس قدر زوال کیسے آ گیا؟

جواب: زوال تو دن بہ دن آتا ہی رہتا ہے، اور جب زوال کا کمال کے ساتھ موازنہ کیا جائے تو وہ بہت محسوس ہوتا ہے، اور جس زمانہ میں حضرت یہ بات فرمارہے ہیں صحابہ کی تعداد گھٹ رہی تھی، اور تابعین کی تعداد بڑھ رہی تھی، اور تابعین میں وہ بات نہیں تھی جو صحابہ میں تھی۔ علاوہ ازیں: ارسطو کہتا ہے: جو بڑے لوگ زمانہ کی برائی کرتے ہیں وہ حقیقت میں ان کی بڑائی کی دلیل ہوتی ہے، لمبے کو دنیا بونی (چھوٹے قد کی) نظر آتی ہے، ورنہ زمانہ ایک حال پر چلتا رہتا ہے، اچھے برے ہر طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔ اور لوگوں نے کہا ہے: كَمْ تَرَكَ الْأَوَّلُ لِلْآخِرِ: اگلوں نے پچھلوں کے لئے بہت کچھ چھوڑا ہے!

[۱۱۱-] بَابُ عَزْمِ الإِمَامِ عَلَى النَّاسِ فِيْمَا يُطِيْقُوْنَ

[۲۹٦٤-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ أَتَانِيْ الْيَوْمَ رَجُلٌ، فَسَأَلَنِيْ عَنْ أَمْرٍ مَا دَرَيْتُ مَا أَرُدُّ عَلَيْهِ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلاً مُؤْدِيًا نَشِيْطًا يَخْرُجُ مَعَ أُمَرَائِنَا فِيْ الْمَغَازِيْ، فَيَعْزِمُ عَلَيْنَا فِيْ أَشْيَاءَ لاَ يُحْصِيْهَا؟ فَقُلْتُ لَهُ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِيْ مَا أَقُوْلُ لَكَ! إِلَّا أَنَّا كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَعَسَى أَنْ لاَ يَعْزِمَ عَلَيْنَا فِي أَمْرٍ إِلَّا مَرَّةً حَتَّى نَفْعَلَهُ، وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَنْ يَزَالَ بِخَيْرٍ مَا اتَّقَى اللّٰهَ، وَإِذَا شَكَّ فِيْ نَفْسِهِ شَيْئٌ سَأَلَ رَجُلاً فَشَفَاهُ مِنْهُ، وَأَوْشَكَ أَنْ لاَ تَجِدُوْهُ، وَالَّذِيْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ! مَا أَذْكُرُ مَاغَبَرَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا كَالثَّغَبِ شُرِبَ صَفْوُهُ وَبَقِيَ كَدَرُهُ.

لغات: مُؤْدِيًا: أي كاملَ الأداة يعني أداةَ الحرب: مسلح، ہتھیاروں سے لیس .... لاَيُحْصِيْهَا: أي لاَيُطِيْقُهَا قرآن میں ہے: ﴿عَلِمَ أَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ﴾: اللہ جانتے ہیں کہ یہ بات تمہارے بس میں نہیں .... شكَّ في نفسه شيئٌ: اصل میں شكَّ شيئٌ فینفسه ہے .... غَبَرَ: أي مَضَى، جو وقت بیت گیا .... ثَغَب: کھڈا، گھڑا، تالاب۔

بَابٌ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ أَوَّلَ النَّهَارِ أَخَّرَ الْقِتَالَ حَتَّى تَزُوْلَ الشَّمْسُ

شروع دن میں جنگ شروع نہ ہو سکے تو زوال کے بعد جنگ شروع کی جائے

جنگ شروع کرنے کے لئے فوجیوں میں نشاط ضروری ہے، شروع دن میں نشاط ہوتا ہے، پھر ایک وقت کے بعد قوت عمل مضمحل ہو جاتی ہے، پھر جب دوپہر میں قیلولہ کر کے اٹھتے ہیں، نماز پڑھتے ہیں، ٹھنڈی ہوائیں چلتی ہیں تو نشاط لوٹ آتا

ہے۔ چنانچہ نبی ﷺ کا طریقہ تھا کہ اگر شروع دن میں جنگ شروع نہیں کرتے تھے تو نو دس بجے جنگ شروع نہیں کرتے تھے بلکہ زوال کے بعد شروع کرتے تھے۔

فائدہ: آج کل پوری دنیا غیروں کے مارکیٹ ٹائم میں زندگی گذار رہی ہے، نو بجے اٹھتے ہیں، دس بجے کام شروع کرتے ہیں، مگر اللہ کے نیک بندے جو فجر سے پہلے اٹھ جاتے ہیں اور فجر کے بعد سوتے نہیں، کیونکہ صبح کا سونا رزق کو روک دیتا ہے: وہ فجر کے بعد بیکار تو رہیں گے نہیں کچھ نہ کچھ کریں گے، اس لئے دس بجے تک قوت عمل مضمحل ہو جاتی ہے، اب وہ دکان کھولتے ہیں یا آفس جاتے ہیں اور سست ہوتے ہیں۔

دوسری بات یہ جاننی چاہئے کہ جنگ باقاعدہ لڑی جاتی ہے، شروع کرنے اور بند کرنے کے قاعدے ہیں، سائرن بجایا جاتا ہے، دوسرا فریق اس کا جواب دیتا ہے، تب جنگ شروع ہوتی ہے، یا بند ہوتی ہے۔

حدیث: سالم ابو النضر: عمر بن عبید اللہ کے سکریٹری تھے، ان کے پاس عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کا خط آیا، جس کو سالم نے پڑھا کہ نبی ﷺ نے بعض ان جنگوں میں جن میں کفار سے مقابلہ ہوا: انتظار کیا، یہاں تک کہ سورج ڈھل گیا، آگے (حدیث ۳۱۶۰ میں) ہے: كَانَ إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ أَوَّلَ النَّهَارِ انْتَظَرَ حَتَّى تَهُبَّ الْأَرْوَاحُ وَتَحْضُرَ الصلواتُ: جب آپؐ شروع دن میں جنگ شروع نہیں کرتے تھے تو انتظار کرتے تھے، یہاں تک کہ ہوائیں چلتیں اور نمازوں کا وقت آجاتا۔

(پھر حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ نے لکھا) زوال کے بعد نبی ﷺ نے تقریر فرمائی، ارشاد فرمایا: لوگو! دشمن سے ملاقات کی تمنا مت کرو، اللہ سے عافیت طلب کرو، یعنی بلاء کی آرزو کبھی نہیں کرنی چاہئے، ہمیشہ عافیت طلب کرنی چاہئے، پھر جب تمہاری ان سے ملاقات ہو تو صبر کرو یعنی جب بلاء سر پر آپڑے تو ہمت سے اس کا مقابلہ کرو، اور جان لو کہ جنت تلواروں کے سایہ تلے ہے، پھر نبی ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ! قرآن کے نازل کرنے والے! بادلوں کو چلانے والے! جتھوں کو شکست دینے والے! دشمن کو شکست دیجئے! اور ہماری ان کے خلاف مدد فرمائیے!

نوٹ: یہ دونوں حدیثیں ایک ہی حدیث ہیں، ترقیم کرنے والے نے خواہ مخواہ دو نمبر ڈال دیئے ہیں۔

[۱۱۲-] بَابٌ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ أَوَّلَ النَّهَارِ أَخَّرَ الْقِتَالَ حَتَّى تَزُوْلَ الشَّمْسُ

[۲۹۶۵-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، وَكَانَ كَاتِبًا لَهُ، قَالَ: كَتَبَ إِلَيْهِ عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي أَوْفَى فَقَرَأْتُهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِي بَعْضِ أَيَّامِهِ الَّتِي لَقِيَ فِيْهَا انْتَظَرَ حَتَّى مَالَتِ الشَّمْسُ.

[راجع: ۲۹۳۳]

[۲۹۶۶-] ثُمَّ قَامَ فِي النَّاسِ فَقَالَ:" أَيُّهَا النَّاسُ! لاَ تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ، وَسَلُوْا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ، فَإِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا، وَاعْلَمُوْا أَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ" ثُمَّ قَالَ:" اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، وَمُجْرِيَ السَّحَابِ، وَهَازِمَ الْأَحْزَابِ، اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ"[راجع: ۲۸۱۸]

بَابُ اسْتِئْذَانِ الرَّجُلِ الإِمَامَ

امیر سے اجازت لے کر جانا

اگر فوجی کسی کام سے جانا چاہے تو کمانڈر سے اجازت لے کر جائے، ممکن ہے اس کی ضرورت پیش آئے اور وہ غیر حاضر ہو، سورۃ النور آیت ۶۲ میں ہے: ''مسلمان تو وہی ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں اور جب وہ رسول کے پاس کسی ایسے کام پر ہوتے ہیں جس کے لئے مجمع کیا گیا ہے (اور اتفاقاً وہاں سے جانے کی ضرورت پڑتی ہے) تو جب تک وہ آپؐ سے اجازت نہیں لیتے نہیں جاتے'' ﴿أَمْرٍ جَامِعٍ﴾ سے مراد اجتماعی کام ہے، اور جب امیر فوج لے کر لڑنے کے لئے نکلا تو یہ اجتماعی کام ہے۔ پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے انھوں نے رات سے پہلے گھر پہنچنے کے لئے نبی ﷺ سے اجازت لی ہے، یہ حدیث سے استدلال ہے۔

[۱۱۳-] بَابُ اسْتِئْذَانِ الرَّجُلِ الإِمَامَ

وَقَوْلِهِ:﴿ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَإِذَا كَانُوْا مَعَهُ عَلٰى أَمْرٍ جَامِعٍ لَمْ يَذْهَبُوْا حَتَّى يَسْتَأْذِنُوْهُ﴾[النور: ۶۲]

[۲۹۶۷-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، نَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَتَلَاحَقَ بِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا عَلٰى نَاضِحٍ لَنَا قَدْ أَعْيَا، فَلاَ يَكَادُ يَسِيْرُ، فَقَالَ لِيْ:" مَا لِبَعِيْرِكَ؟" قَالَ: قُلْتُ: أَعْيٰ، قَالَ: فَتَخَلَّفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَزَجَرَهُ وَدَعَا لَهُ، فَمَا زَالَ بَيْنَ يَدَيِ الإِبِلِ قُدَّامَهَا يَسِيْرُ، فَقَالَ لِيْ: "كَيْفَ تَرَى بَعِيْرَكَ؟" قَالَ: قُلْتُ: بِخَيْرٍ، قَدْ أَصَابَتْهُ بَرَكَتُكَ، قَالَ:" أَفَتَبِيْعُنِيْهِ؟" قَالَ: فَاسْتَحْيَيْتُ، وَلَمْ يَكُنْ لَنَا نَاضِحٌ غَيْرُهُ، قَالَ: فَقُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَبِعْنِيْ قَالَ: فَبِعْتُهُ إِيَّاهُ عَلٰى أَنَّ لِيْ فَقَارَ ظَهْرِهِ حَتَّى أَبْلُغَ الْمَدِيْنَةَ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ عَرُوْسٌ، فَاسْتَأْذَنْتُهُ فَأَذِنَ لِيْ، فَتَقَدَّمْتُ النَّاسَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، حَتَّى أَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَلَقِيَنِيْ خَالِيْ فَسَأَلَنِيْ عَنِ الْبَعِيْرِ، فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا صَنَعْتُ فِيْهِ فَلاَمَنِيْ، قَالَ: وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِيْ حِيْنَ اسْتَأْذَنْتُهُ:" هَلْ تَزَوَّجْتَ بِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا؟" فَقُلْتُ: تَزَوَّجْتُ

ثَيِّبًا، فَقَالَ: " هَلَّا تَزَوَّجْتَ بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تُوُفِّيَ وَالِدِيْ أَوْ: اسْتُشْهِدَ، وَلِيْ أَخَوَاتٌ صِغَارٌ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَتَزَوَّجَ مِثْلَهُنَّ، فَلَا تُؤَدِّبُهُنَّ وَلَا تَقُوْمَ عَلَيْهِنَّ، فَتَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا لِتَقُوْمَ عَلَيْهِنَّ وَتُؤَدِّبَهُنَّ، قَالَ: فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ غَدَوْتُ عَلَيْهِ بِالْبَعِيْرِ، فَأَعْطَانِيْ ثَمَنَهُ وَرَدَّهُ عَلَيَّ، قَالَ الْمُغِيْرَةُ: هٰذَا فِيْ قَضَائِنَا حَسَنٌ لَا نَرَى بِهِ بَأْسًا.[راجع: ٤٤٣]

وضاحت: حدیث کے راوی مغیرہ بن مقسم ضبّی کہتے ہیں: ایسی شرط (مدینہ تک سوار ہوکر جانے کی شرط) ہمارے فیصلہ میں اچھی ہے یعنی جائز ہے، ہم اس میں کچھ حرج نہیں دیکھتے (یہ مسئلہ کتاب الشروط میں گذرا ہے)

بَابُ مَنْ غَزَا وَهُوَ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسِهِ

نئی شادی ہوئی اور جہاد میں نکلا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی نئی شادی ہوئی تھی، اور وہ جہاد میں نکلے تھے، معلوم ہوا کہ یہ جائز ہے، اور باب میں انہی کی حدیث کا حوالہ ہے، اس کی نئی سند نہیں ہوگی اس لئے نہیں لکھی۔

[١١٤-] بَابُ مَنْ غَزَا وَهُوَ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسِهِ

فِيْهِ جَابِرٌ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ مَنِ اخْتَارَ الْغَزْوَ بَعْدَ الْبِنَاءِ

جس نے رخصتی کے بعد جہاد میں نکلنے کو پسند کیا

حاشیہ میں کسی نبی کا قصہ لکھا ہے: وہ ایک جہاد کے لئے فوج تیار کر رہے تھے، انھوں نے اعلان کیا کہ جس کی شادی ہوئی ہے اور بیوی کو رخصت کر کے نہیں لایا وہ فوج میں شامل نہ ہو، جس نے مکان کی دیواریں اٹھادی ہیں اور ابھی چھت نہیں ڈالی وہ بھی شامل نہ ہو، پس ایک رائے یہ ہے کہ ایسے لوگ پہلے بیوی کو رخصت کر کے لائیں، اور مکان کی تعمیر مکمل کریں، پھر فارغ البال ہوکر جہاد میں نکلیں۔ اور دوسری رائے یہ ہے کہ ایسا کرنا ضروری نہیں، جہاد کے لئے نکل سکتے ہیں۔ اور باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کا حوالہ ہے، اس میں وہی نبی کا واقعہ ہے، اس کی نئی سند نہیں ہوگی، اس لئے نہیں لکھی، یہ حدیث آگے (حدیث ۳۱۲۴) آرہی ہے۔

[١١٥-] بَابُ مَنِ اخْتَارَ الْغَزْوَ بَعْدَ الْبِنَاءِ

فِيْهِ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ مُبَادَرَةِ الإِمَامِ عِنْدَ الْفَزَعِ

خطرہ کے وقت امام کا سبقت کرنا

ایک مرتبہ مدینہ منورہ میں گھبراہٹ کی کوئی بات پیش آئی، نبی ﷺ سب سے پہلے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے پر سوار ہوکر اس جگہ پہنچے، پس امیر کو اس سنت کی پیروی کرنی چاہئے۔

[۱۱۶-] بَابُ مُبَادَرَةِ الإِمَامِ عِنْدَ الْفَزَعِ

[۲۹۶۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، ثَنِى قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ فَزَعٌ، فَرَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرَسًا لِأَبِىْ طَلْحَةَ فَقَالَ: "مَا رَأَيْنَا مِنْ شَيْئٍ، وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا"[راجع: ۲٦۲۷]

بَابُ السُّرْعَةِ وَالرَّكْضِ فِى الْفَزَعِ

خطرہ کے وقت تیز چلنا اور گھوڑے کو ایڑ کرنا

یہ ذیلی باب ہے، جب کوئی خطرہ کی بات پیش آئے تو تیزی سے گھوڑے کو ایڑ کرتا ہوا چلے۔ اس باب میں امام کی تخصیص نہیں، اس لئے نیا باب ہوگیا۔

[۱۱۷-] بَابُ السُّرْعَةِ وَالرَّكْضِ فِى الْفَزَعِ

[۲۹۶۹-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ، ثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: فَزِعَ النَّاسُ فَرَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرَسًا لِأَبِىْ طَلْحَةَ بَطِيْئًا، ثُمَّ خَرَجَ يَرْكُضُ وَحْدَهُ، فَرَكِبَ النَّاسُ يَرْكُضُوْنَ خَلْفَهُ، فَقَالَ: "لَمْ تُرَاعُوْا، إِنَّهُ لَبَحْرٌ" فَمَا سُبِقَ بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ.[راجع: ۲٦۲۷]

بَابُ الْخُرُوْجِ فِى الْفَزَعِ وَحْدَهُ

خطرہ کے وقت تنہا نکلنا

باب میں وحدہ بڑھا دیا تو نیا باب ہوگیا، اور اس باب میں امام صاحبؒ نہ کوئی حدیث لائے ہیں نہ کسی حدیث کا حوالہ دیا ہے، کیونکہ نبی ﷺ کے تنہا نکلنے کا جو واقعہ اوپر آیا ہے وہی اس باب کی بھی دلیل ہے۔

[۱۱۸-] بَابُ الْخُرُوْجِ فِي الْفَزَعِ وَحْدَهُ

بَابُ الْجَعَائِلِ وَالْحُمْلاَنِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

جہاد کے لئے اجرت اور سواری دینا

الجعائل: الجَعيلة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: اجرت، مزدوری، اس کے لئے دوسرا لفظ: الجُعْل ہے اور الحُمْلان: مصدر ہے حَمَلَ (ض) حَمْلاً وُحُمْلاَنًا کے معنی ہیں: لادنا، بوجھ لادنا، اگر کوئی شخص کسی کو جہاد کے لئے اجرت دے تو وہ اس کا مالک ہوجائے گا یا بشرط جہاد مالک ہوگا؟ اسی طرح کوئی کسی کو جہاد میں استعمال کرنے کے لئے اونٹ، گھوڑا دے تو وہ مالک ہوجائے گا یا عاریت ہوگی؟

جواب: اس کا مدار عرف پر ہے، جیسے رمضان میں آخری عشرہ میں کوئی اعتکاف کرنے والا نہیں تھا، پس متولی یا کسی نمازی نے کسی مزدور سے کہا: آپ اعتکاف کریں، آپ کی دہاڑی میں دوں گا، یعنی روزانہ آپ جتنا کماتے ہیں اتنا میں دیدوں گا، پس وہ بشرط اعتکاف اجرت کا مستحق ہوگا۔ یا ایک غریب آدمی ہے، دہاڑی پر گذارہ کرتا ہے، وہ اعتکاف میں بیٹھا یا ایک شخص جماعت میں نکلنا چاہتا ہے، کسی نے اس کا تعاون کیا تو وہ رقم کا مالک ہوجائے گا، چاہے اعتکاف میں نہ بیٹھے، اسی طرح سواری دی اور کہا کہ یہ سواری میں آپ کو جہاد میں استعمال کرنے کے لئے دے رہا ہوں، پس عرف کا اعتبار ہوگا۔ اور اگر حکومت نے فوجی کو سواری دی تو بھی عرف کا اعتبار ہوگا۔

اور باب میں حضرت رحمہ اللہ نے تین آثار اور تین حدیثیں پیش کی ہیں:

پہلا اثر: مجاہد رحمہ اللہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: میرا جہاد میں جانے کا ارادہ ہے (الغزوَ أی أُرِيْدُ الْغَزْوَ) ابن عمرؓ نے فرمایا: میں اپنے کچھ مال کے ذریعہ تمہاری مدد کرنا چاہتا ہوں، مجاہدؒ نے کہا: میرے لئے اللہ نے گنجائش کی ہے، یعنی مجھے تعاون کی ضرورت نہیں، ابن عمرؓ نے فرمایا: تیری مالداری تیرے لئے ہے اور میں چاہتا ہوں کہ میرے مال میں سے بھی کچھ جہاد میں لگ جائے (پس مجاہد مالک ہوجائے گا، خواہ جہاد کرے یا نہ کرے)

دوسرا اثر: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کچھ لوگ حکومت سے مال لیتے ہیں تاکہ وہ جہاد کریں، پھر وہ جہاد میں نہیں نکلتے، پس اگر کوئی ایسا کرے گا تو ہم اس کے مال کے زیادہ حقدار ہیں، یہاں تک کہ ہم اس سے لے لیں وہ جو اس نے لیا ہے (یہ حکومت نے جہاد کے لئے ہتھیار سواری وغیرہ دی ہے پس اگر وہ جہاد میں نہیں نکلے گا تو حکومت کو واپس کرنا ہوگا)

تیسرا اثر: طاؤس اور مجاہد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جب تجھے کوئی چیز دی گئی تاکہ تو اس کے ذریعہ راہِ خدا میں جہاد کرے تو تو اس کا مالک ہوگیا، پس کر تو اس کو جو چاہے اور رکھ تو اس کو اپنے گھر میں (یہ تعاون ہے پس وہ دیتے ہی مالک ہوجائے گا)

اور پہلی اور دوسری حدیث میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، انھوں نے راہِ خدا میں ایک صحابی کو گھوڑا دیا تھا، پھر ان

کوضرورت پیش آئی اوروہ بیچنے کے لئے نکلے،معلوم ہوا کہ وہ گھوڑے کے مالک ہوگئے تھے،پس وہ جو چاہیں کریں۔

اورتیسری حدیث وہ ہے جو پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اگر میری امت پر دشواری کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں کسی بھی چھوٹے لشکر سے پیچھے نہ رہتا۔مگر میں سواریاں نہیں پاتا،پھر جولوگ میرے ساتھ نکلیں گے ان کوسواریاں کہاں سے دوں گا؟اوراگر میں ان کو پیچھے چھوڑ دوں تو یہ بھی میرے لئے شاق ہے۔

یہ جو نبی ﷺ سواریاں عنایت فرمائیں گے: وہ مالک بنائیں گے یا استعمال کے لئے دیں گے؟ حدیث میں اس کی کوئی وضاحت نہیں،لہٰذا قرائن سے فیصلہ کیا جائے گا کہ حکومت نے جوسواریاں یا ہتھیار دیئے ہیں ان کا مالک بنایا ہے یا ان کو جہاد میں استعمال کے لئے دیا ہے۔

[۱۱۹-] بَابُ الْجَعَائِلِ وَالْحُمْلاَنِ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: الغَزْوَ، قَالَ: إِنِّیْ أُحِبُّ أَنْ أُعِیْنَكَ بِطَائِفَةٍ مِنْ مَالِیْ، قُلْتُ: أَوْسَعَ اللّٰهُ عَلَیَّ، قَالَ: إِنَّ غِنَاكَ لَكَ، وَإِنِّیْ أُحِبُّ أَنْ یَكُوْنَ مِنْ مَالِیْ فِی هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲-] وقَالَ عُمَرُ: إِنَّ نَاسًا یَأْخُذُوْنَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ لِیُجَاهِدُوْا ثُمَّ لاَ یُجَاهِدُوْنَ، فَمَنْ فَعَلَهُ فَنَحْنُ أَحَقُّ بِمَالِهِ حَتّٰی نَأْخُذَ مِنْهُ مَا أَخَذَ.

[۳-] وَقَالَ طَاوُسٌ وَمُجَاهِدٌ: إِذَا دُفِعَ إِلَیْكَ شَیْئٌ تَخْرُجُ بِهِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، فَاصْنَعْ بِهِ مَاشِئْتَ، وَضَعْهُ عِنْدَ أَهْلِكَ.

[۲۹۷۰-] حدثنا الْحُمَیْدِیُّ، ثَنَا سُفْیَانُ، سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ أَنَسٍ، سَأَلَ زَیْدَ بْنَ أَسْلَمَ، فَقَالَ زَیْدٌ، سَمِعْتُ أَبِیْ یَقُوْلُ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: حَمَلْتُ عَلٰی فَرَسٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، فَرَأَیْتُهُ یُبَاعُ، فَسَأَلْتُ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم آشْتَرِیْهِ؟ فَقَالَ:" لاَتَشْتَرِهِ وَلاَ تَعُدْ فِیْ صَدَقَتِكَ"[راجع: ۱۴۹۰]

[۲۹۷۱-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ، ثَنِی مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حَمَلَ عَلٰی فَرَسٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَوَجَدَهُ یُبَاعُ، فَأَرَادَ أَنْ یَبْتَاعَهُ، فَسَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَقَالَ:" لاَ تَبْتَعْهُ وَلاَ تَعُدْ فِیْ صَدَقَتِكَ"[راجع: ۱۴۸۹]

[۲۹۷۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ الأَنْصَارِیِّ، ثَنِیْ أَبُوْ صَالِحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰی أُمَّتِیْ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِیَّةٍ، وَلٰكِنْ لاَ أَجِدُ حُمُوْلَةً، وَلاَ أَجِدُ مَا أَحْمِلُهُمْ عَلَیْهِ، وَیَشُقُّ عَلَیَّ أَنْ یَتَخَلَّفُوْا عَنِّیْ، وَ لَوَدِدْتُ أَنِّیْ قَاتَلْتُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، فَقُتِلْتُ، ثُمَّ أُحْیِیْتُ، ثُمَّ قُتِلْتُ، ثُمَّ أُحْیِیْتُ" [راجع: ۳۶]

بَابُ الْأَجِيْرِ

مزدور کا بیان

اگر کوئی مجاہد اپنی خدمت کے لئے کوئی مزدور ساتھ لے جائے تو اس میں کچھ حرج نہیں، اس سے جہاد کے ثواب میں کچھ کمی نہیں آتی۔ پھر تین مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: اجیر کو مال غنیمت میں سے حصہ ملے گا یا نہیں؟ حضرات حسن بصری اور محمد بن سیرین رحمہما اللہ فرماتے ہیں مالِ غنیمت میں سے اس کو حصہ دیا جائے گا۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نہیں دیا جائے گا، سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر وہ جنگ میں حصہ لے تو غنیمت میں سے حصہ دیا جائے گا، ورنہ نہیں، یہی رائے حنفیہ کی ہے۔

دوسرا مسئلہ: اگر جنگ لڑنے کے لئے اجیر رکھا تو مالکیہ اور حنفیہ کہتے ہیں: اس کے لئے مالِ غنیمت میں کوئی حصہ نہیں، اس کو اجرت ہی ملے گی، اور اکثر فقہاء کہتے ہیں: اس کو حصہ دیا جائے گا (یہ مسئلہ حاشیہ میں ہے)

تیسرا مسئلہ: اجیر کی اجرت واضح طور پر طے ہونی ضروری ہے یا بالاجمال بھی طے کی جاسکتی ہے؟ حنفیہ، شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک واضح طور پر طے ہونی ضروری ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اجمالاً طے ہونا بھی کافی ہے۔ عطیہ بن قیس نے ایک گھوڑا آدھے پر لیا یعنی جو غنیمت ملے گی اس کا آدھا گھوڑے کے مالک کا اور آدھا عطیہ کا، پس گھوڑے کا حصہ چار سو دینار ہوا تو عطیہ نے دوسو لئے اور گھوڑے کے مالک کو دوسو دیئے، امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک یہ درست ہے، دیگر فقہاء کے نزدیک اجرت مجہول ہے اس لئے درست نہیں۔

اور حدیث وہی ہے جو پہلے گذری ہے۔ حضرت یعلی رضی اللہ عنہ بڑی عمر کے تھے، غزوۂ تبوک میں نکلے تو اپنے ساتھ ایک خادم لے گئے، اور تین دینار اس کی اجرت طے کی، اس اجیر نے کسی سے جھگڑا کیا اور ایک نے دوسرے کا ہاتھ کاٹا، دوسرے نے اپنا ہاتھ چھڑایا تو اس کا دانت گر گیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو رائگاں کیا، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جہاد میں نوکر لے جاسکتے ہیں، اس سے ثواب میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔

[۱۲۰-] بَابُ الْأَجِيْرِ

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ وَابْنُ سِيْرِيْنَ: يُقْسَمُ لِلْأَجِيْرِ مِنَ الْمَغْنَمِ.

[۲-] وَأَخَذَ عَطِيَّةُ بْنُ قَيْسٍ فَرَسًا عَلَى النِّصْفِ، فَبَلَغَ سَهْمُ الْفَرَسِ أَرْبَعَ مِائَةِ دِيْنَارٍ، فَأَخَذَ مِائَتَيْنِ وَأَعْطَى صَاحِبَهُ مِائَتَيْنِ.

[۲۹۷۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غَزْوَةَ تَبُوْكَ، فَحُمِلْتُ عَلَى بَكْرٍ، فَهُوَ أَوْثَقُ

أَعْمَالِيْ فِيْ نَفْسِيْ، فَاسْتَأْجَرْتُ أَجِيْرًا، فَقَاتَلَ رَجُلاً فَعَضَّ أَحَدُهُمَا الآخَرَ، فَانْتَزَعَ يَدَهُ مِنْ فِيْهِ، وَنَزَعَ ثَنِيَّتَهُ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَهْدَرَهَا، وَقَالَ: "أَيَدْفَعُ يَدَهُ إِلَيْكَ فَتَقْضَمُهَا كَمَايَقْضَمُ الْفَحْلُ؟" [راجع: ۱۸٤۸]

قولہ: فَحُمِلْتُ عَلٰی بَکْرٍ: پس میں جوان اونٹ پرسوار کیا گیا، یعنی نبی ﷺ نے ان کوسواری کے لئے جوان اونٹ دیا، یہ حدیث بخاری میں پانچ جگہ آئی ہے، مگر یہ جملہ صرف اسی جگہ ہے، اوراس پر معروف کا اعراب لگایا ہے، یعنی حَمَلْتُ علی بکر: مگراس کا کچھ مطلب نہیں بنتا، اس لئے میں نے مجہول کا اعراب لگایا ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي لِوَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کا پرچم

اللِّوَاء: پرچم، جھنڈی، جمع أَلْوِية اور أَلْوِيَات۔ پرچم راية (جھنڈے) سے چھوٹا ہوتا ہے، بڑی فوج میں کمانڈر قلب (بیچ) میں رہتا ہے اس کے ساتھ بڑا جھنڈا ہوتا ہے جو راية کہلاتا ہے، اور لشکر کے باقی حصوں کے لئے چھوٹی جھنڈیاں ہوتی ہیں، جن سے ان کو پہچانا جاتا ہے۔

اور باب میں پہلی روایت یہ ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت قیس رضی اللہ عنہ کے پاس فتح مکہ کے دن نبی ﷺ کا پرچم تھا، انھوں نے ایک مرتبہ حج کا ارادہ کیا تو احرام باندھنے سے پہلے غسل کیا اور بالوں میں کنگھی کی۔

دوسری حدیث یہ ہے کہ جنگ خیبر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے پیچھے تھے، کیونکہ انھیں آشوب چشم تھا، پھر انھوں نے سوچا: میں رسول اللہ ﷺ سے پیچھے کیوں رہوں؟ چنانچہ وہ چل دیئے، پس نبی ﷺ سے آملے، پھر جب اس رات کی شام ہوئی جس کی صبح میں خیبر فتح ہوا تو نبی ﷺ نے فرمایا: میں ضرور دوں گا پرچم یا فرمایا: ضرور لے گا پرچم آئندہ کل وہ شخص جس سے اللہ اور اس کے رسول محبت کرتے ہیں یا فرمایا: جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے، جس کے ہاتھ سے فتح ہوگی، پس اچانک ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، یعنی وہ آگئے اور ہمیں ان کی امید نہیں تھی، لوگوں نے کہا: یہ علیؓ ہیں، رسول اللہ ﷺ نے ان کو پرچم دیا، اللہ نے ان کے ہاتھ سے فتح نصیب فرمائی (یہ حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے اور آگے دوجگہ آئے گی)

اور آخری حدیث فتح مکہ کی ہے، جب نبی ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے پرچم ایک جگہ گاڑا، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: یہاں پرچم گاڑنے کا حکم آپ کو نبی ﷺ نے دیا ہے؟ معلوم ہوا کہ فتح مکہ کے دن پرچم حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔

[۱۲۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِی لِوَاءِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

[۲۹۷٤-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ أَبِیْ مَرْیَمَ، ثَنَا اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ، أَخْبَرَنِیْ عُقَیْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِیْ ثَعْلَبَةُ بْنُ أَبِیْ مَالِكٍ الْقُرَظِیُّ، أَنَّ قَیْسَ بْنَ سَعْدٍ الْأَنْصَارِیَّ- وَكَانَ صَاحِبَ لِوَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم- أَرَادَ الْحَجَّ فَرَجَّلَ.

[۲۹۷۵-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، ثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ عُبَیْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: كَانَ عَلِیٌّ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ خَیْبَرَ، وَكَانَ بِهِ رَمَدٌ، فَقَالَ: أَنَا أَتَخَلَّفُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم! فَخَرَجَ عَلِیٌّ، فَلَحِقَ بِالنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ اللَّیْلَةِ الَّتِیْ فَتَحَهَا فِیْ صَبَاحِهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی ا للہ علیہ وسلم: "لَأُعْطِیَنَّ الرَّایَةَ، أَوْ: لَیَأْخُذَنَّ غَدًا رَجُلٌ یُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ، أَوْ قَالَ: یُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، یَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَیْهِ" فَإِذَا نَحْنُ بِعَلِیٍّ وَمَا نَرْجُوْهُ، فَقَالُوْا: هٰذَا عَلِیٌّ، فَأَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَیْهِ.[انظر: ۳۷۰۲، ٤۲۰۹]

[۲۹۷٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَیْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ یَقُوْلُ لِلزُّبَیْرِ: هَاهُنَا أَمَرَكَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ تَرْكُزَ الرَّایَةَ؟

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِیْرَةَ شَهْرٍ

میں ایک مہینہ کی مسافت تک دھاک کے ذریعہ مدد کیا گیا ہوں (حدیث)

سورہ آل عمران آیت ۱۵۱ میں ہے: "ہم ابھی ہول ڈالے دیتے ہیں کافروں کے دلوں میں اس سبب سے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرایا" اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث پہلے (حدیث ۳۳۵) گذری ہے کہ میں دھاک کے ساتھ مدد کیا گیا ہوں ایک مہینہ کی مسافت تک، یعنی ایک مہینہ کی مسافت تک دشمن آپؐ سے ڈرتا تھا، اور اس کی وجہ سے آپؐ کو فتح نصیب ہوتی تھی۔

پھر باب کی پہلی حدیث میں اس ارشاد کے علاوہ نبی ﷺ کا ایک خواب بھی ہے، اس میں ساری زمین کے خزانوں کی چابیاں آپؐ کی خدمت میں پیش کی گئی ہیں، اور آپؐ کے دستِ مبارک میں رکھ دی گئیں ہیں، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ تو دنیا سے تشریف لے گئے اب تم ان خزانوں کو کھود کھود کر نکال رہے ہو۔ نَثَلْتُ البئرَ: کنویں کی مٹی نکالنا۔

اور آخری حدیث ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی ہے انھوں نے ہرقل کے دربار سے نکل کر اپنے ساتھیوں سے کہا: ابو کبشہ کے لڑکے کا معاملہ سنگین ہوگیا ہے! بنوالاصفر کا بادشاہ ان سے ڈرتا ہے! یعنی روم کا بادشاہ، روم مدینہ سے ایک مہینہ کی مسافت پر تھا۔

[۱۲۲-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِیْرَةَ شَهْرٍ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَزَّ: ﴿سَنُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا الرُّعْبَ بِمَا أَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ﴾

[۲-] قَالَهُ جَابِرٌ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

[۲۹۷۷-] حدثنا یَحْیَی بْنُ بُكَیْرٍ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، فَبَیْنَا أَنَا نَائِمٌ أُوْتِیْتُ بِمَفَاتِیْحِ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، فَوُضِعَتْ فِیْ یَدِیْ" قَالَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: وَقَدْ ذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَأَنْتُمْ تَنْتَثِلُوْنَهَا. [انظر: ۶۹۹۸، ۷۰۱۳، ۷۲۷۳]

[۲۹۷۸-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، أَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، أَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْیَانَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَیْهِ وَهُوَ بِإِیْلِیَاءَ، ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَ ةِ الْكِتَابِ كَثُرَ عِنْدَهُ الصَّخَبُ، وَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ وَأُخْرِجْنَا، فَقُلْتُ لِأَصْحَابِیْ حِیْنَ أُخْرِجْنَا: لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِیْ كَبْشَةَ، إِنَّهُ یُخَافُهُ مَلِكُ بَنِی الْأَصْفَرِ. [راجع: ۷]

بَابُ حَمْلِ الزَّادِ فِی الْغَزْوِ

جہاد میں توشہ ساتھ لینا

صحابہ رضی اللہ عنہم جان و مال سے جہاد کرتے تھے، مال میں سواری اور ہتھیار کے علاوہ توشہ بھی آتا ہے، اس وقت ہر مجاہد توشہ ساتھ لے کر چلتا تھا، حکومت کی طرف سے کوئی انتظام نہیں تھا، اور یہ بات سفر جہاد کے ساتھ خاص نہیں، ہر سفر میں توشہ لے کر چلنا چاہئے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَتَزَوَّدُوْا فَإِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی﴾: اور (جب حج کو جانے لگو تو) خرچ ساتھ لیا کرو، کیونکہ خرچ لینے کا بڑا فائدہ (گداگری سے) بچا رہنا ہے، یعنی توشہ ساتھ ہے تو کسی سے مانگنا نہیں پڑے گا۔

اور باب میں چار حدیثیں ہیں:

۱- جب نبی ﷺ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سفر ہجرت کے لئے روانہ ہوئے تو حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے سفر کا توشہ تیار کیا، ایک تھیلے میں کھانا، دوسرے میں پینا تھا، اور باندھنے کے لئے کوئی چیز نہیں تھی، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنی پیٹی پھاڑ لو، ایک سے کھانا باندھو، دوسرے سے پینا۔ نطاق: وہ پٹکا یا پیٹی ہے جسے کام کرنے والی عورت چستی کے لئے یا پردہ کے لئے کمر پر باندھ لیتی ہے، اس کو چوڑائی میں چیر کر دو حصے کرلو، ایک سے کھانے کا تھیلا اور دوسرے سے پینے کا سامان باندھو، اس لئے وہ ذات النطاقین کہلائیں۔

تشریح: نالائق حجاج بن یوسف نے جب حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما پر فوج کشی کی تو اس نے حضرت عبداللہؓ کو گالی دی اور ابنُ ذاتِ النطاقین: دو پٹکوں والی کا لڑکا کہا، اس وقت حضرت اسماء رضی اللہ عنہا حیات تھیں، انھوں نے کہا یہ میری فضیلت ہے، میں نے اپنا پٹکا چیر کر سامان ہجرت باندھا تھا۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ حج کے سال صحابہ قربانیوں کا گوشت واپسی میں مدینہ تک ساتھ لائے تھے، یہی سفر کا توشہ ہے۔ اور تیسری حدیث میں ہے کہ غزوۂ خیبر میں جب لشکر صہباء مقام پر پہنچا تو عصر کی نماز کے بعد نبی ﷺ نے کھانا منگوایا، پس صرف ستو لایا گیا، معلوم ہوا کہ صحابہ کے ساتھ کھانے کا سامان تھا۔

اور چوتھی حدیث میں وہ واقعہ ہے جو پہلے گذر چکا ہے کہ ایک سفر میں کھانے کی کوئی چیز نہیں تھی، پس سواری کے اونٹ ذبح کرنے کی اجازت مانگی گئی جو مل گئی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: لوگ اونٹوں کے بغیر سفر کیسے کریں گے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں اعلان کرو کہ جس کے پاس جو توشہ ہے وہ لے آئے، معلوم ہوا کہ لوگوں کے پاس توشہ تھا۔

[۱۲۳-] بَابُ حَمْلِ الزَّادِ فِی الْغَزْوِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَتَزَوَّدُوْا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى﴾ [البقرہ: ۱۹۷]

[۲۹۷۹-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، قَالَ هِشَامٌ: وَحَدَّثَتْنِیْ أَيْضًا فَاطِمَةُ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: صَنَعْتُ سُفْرَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ بَيْتِ أَبِیْ بَكْرٍ، حِيْنَ أَرَادَ أَنْ يُهَاجِرَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، قَالَتْ: فَلَمْ نَجِدْ لِسُفْرَتِهِ وَلَا لِسِقَائِهِ مَا نَرْبُطُهُمَا بِهِ، فَقُلْتُ لِأَبِیْ بَكْرٍ: وَاللّٰهِ مَا أَجِدُ شَيْئًا أَرْبِطُ بِهِ إِلَّا نِطَاقِیْ، قَالَ: فَشُقِّيْهِ بِاثْنَيْنِ فَارْبِطِیْ بِوَاحِدٍ السِّقَاءَ، وَبِالْآخَرِ السُّفْرَةَ، فَفَعَلْتُ، فَلِذٰلِكَ سُمِّيْتُ ذَاتَ النِّطَاقَيْنِ. [انظر: ۳۹۰۷، ۵۳۸۸]

[۲۹۸۰-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو: أَخْبَرَنِیْ عَطَاءٌ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا نَتَزَوَّدُ لُحُوْمَ الْأَضَاحِیْ عَلٰى عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَى الْمَدِيْنَةِ. [راجع: ۱۷۱۹]

[۲۹۸۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيٰى، أَخْبَرَنِیْ بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ، أَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم عَامَ خَيْبَرَ، حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِالصَّهْبَاءِ، وَهِیَ مِنْ خَيْبَرَ، وَهِیَ أَدْنٰى خَيْبَرَ، فَصَلَّوُا الْعَصْرَ، فَدَعَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالْأَطْعِمَةِ، فَلَمْ يُؤْتَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَّا بِسَوِيْقٍ، فَلُكْنَا فَأَكَلْنَا وَشَرِبْنَا، ثُمَّ قَامَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا وَصَلَّيْنَا. [راجع: ۲۰۹]

[٢٩٨٢-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مَرْحُوْمٍ، ثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: خَفَّتْ أَزْوَادُ النَّاسِ وَأَمْلَقُوْا، فَأَتَوُا النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فِی نَحْرِ إِبِلِهِمْ، فَأَذِنَ لَهُمْ، فَلَقِيَهُمْ عُمَرُ فَأَخْبَرُوْهُ، فَقَالَ: مَا بَقَاؤُكُمْ بَعْدَ إِبِلِكُمْ؟ فَدَخَلَ عُمَرُ عَلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا بَقَاؤُهُمْ بَعْدَ إِبِلِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " نَادِ فِی النَّاسِ يَأْتُوْنَ بِفَضْلِ أَزْوَادِهِمْ" فَدَعَا وَبَرَّكَ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ دَعَاهُمْ بِأَوْعِيَتِهِمْ فَاحْتَثَى النَّاسُ حَتَّى فَرَغُوْا، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ "[راجع: ٢٤٨٤]

قوله: فلُكْنَا: لَاكَهُ (ن) لَوْكًا: منہ میں پھرانا، ہلکے ہلکے چبانا۔

بَابُ حَمْلِ الزَّادِ عَلَى الرِّقَابِ

توشہ گردنوں پر اٹھانا

جب فوج پیدل چل رہی ہوتو اپنا توشہ خود ہی اٹھائے گی، حکومت کی طرف سے سامان ڈھونے کا کوئی انتظام نہیں تھا، اور کیسے اٹھائے گی؟ اس میں قوموں کی ریت مختلف ہے۔ کوئی گردن پر اٹھاتا ہے، کوئی کندھے پر، کوئی پیٹھ پر، کوئی کسی اور طرح سے۔ اور باب میں وہی حدیث ہے جس میں صحابہ کو عنبر مچھلی ملی تھی اس سفر میں صحابہ اپنا توشہ اپنی گردنوں پر اٹھا کر چل رہے تھے۔

[١٢٤-] بَابُ حَمْلِ الزَّادِ عَلَى الرِّقَابِ

[٢٩٨٣-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، أَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجْنَا وَنَحْنُ ثَلَاثُ مِائَةٍ، نَحْمِلُ زَادَنَا عَلٰى رِقَابِنَا، فَفَنِیَ زَادُنَا، حَتَّى كَانَ الرَّجُلُ مِنَّا يَأْكُلُ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ تَمْرَةً، قَالَ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ! وَأَيْنَ كَانَتِ التَّمْرَةُ تَقَعُ مِنَ الرَّجُلِ؟ قَالَ: لَقَدْ وَجَدْنَا فَقْدَهَا حِيْنَ فَقَدْنَاهَا، حَتَّى أَتَيْنَا الْبَحْرَ، فَإِذَا حُوْتٌ قَذَفَهُ الْبَحْرُ، فَأَكَلْنَا مِنْهَا ثَمَانِيَةَ عَشَرَ يَوْمًا مَا أَحْبَبْنَا. [راجع: ٢٤٨٣]

بَابُ إِرْدَافِ الْمَرْأَةِ خَلْفَ أَخِيْهَا

عورت کو اس کے بھائی کے پیچھے سوار کرنا

بھائی محرم ہے اگر عورت اونٹ پر اس کے پیچھے بیٹھے تو کچھ حرج نہیں، حج کے بعد حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے اپنی

بہن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اپنے اونٹ پر پیچھے بٹھا کر تنعیم سے عمرہ کرایا تھا۔

[۱۲۵-] بَابُ إِرْدَافِ الْمَرْأَةِ خَلْفَ أَخِيْهَا

[۲۹۸٤-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْأَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! يَرْجِعُ أَصْحَابُكَ بِأَجْرِ حَجٍّ وَعُمْرَةٍ، وَلَمْ أَزِدْ عَلَى الْحَجِّ، فَقَالَ لَهَا: "اذْهَبِيْ وَلْيُرْدِفْكِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ" فَأَمَرَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ أَنْ يُعْمِرَهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ، فَانْتَظَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِأَعْلٰى مَكَّةَ حَتّٰى جَاءَ تْ.[راجع: ۲۹٤]

[۲۹۸٥-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو: هُوَ ابْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، قَالَ: أَمَرَنِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ أُرْدِفَ عَائِشَةَ فَأُعْمِرَهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ.[راجع: ۱۷۸٤]

بَابُ الْاِرْتِدَافِ فِي الْغَزْوِ وَالْحَجِّ

جہاد اور حج میں کسی کو پیچھے بٹھانا

حج میں یا جہاد میں سواری پر دوسرے آدمی کو پیچھے بٹھانا اگر سواری دو کا تحمل کر سکے تو جائز ہے، سفر حج میں حضرت انس رضی اللہ عنہ اپنے سوتیلے ابا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہا کے اونٹ پر پیچھے بیٹھے تھے۔

[۱۲٦-] بَابُ الْاِرْتِدَافِ فِي الْغَزْوِ وَالْحَجِّ

[۲۹۸٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنْتُ رَدِيْفَ أَبِيْ طَلْحَةَ، وَإِنَّهُمْ لَيَصْرُخُوْنَ بِهِمَا جَمِيْعًا: الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ.[راجع: ۱۰۸۹]

بَابُ الرِّدْفِ عَلَى الْحِمَارِ

گدھے پر پیچھے بٹھانا

جزیرۃ العرب کے 'حمار' پر دو بڑے آدمی بیٹھ سکتے ہیں، وہ خچر جتنا بڑا ہوتا ہے، وہاں 'گدھے' نہیں ہوتے، 'حمار' ہوتے ہیں گدھے، ہمارے یہاں ہوتے ہیں۔ اور باب کی دونوں روایتوں میں فتح مکہ کا واقعہ ہے، نبی ﷺ اپنے پڑاؤ کی جگہ سے گدھے پر سوار ہوئے، اس پر پالان تھا اور اس پر کمبل پڑا ہوا تھا، اور پیچھے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو بٹھایا، دوسرے حضرات ساتھ چل رہے تھے، نبی ﷺ نے کعبہ پر پہنچ کر چابی منگوائی اور کھول کر کعبہ کو غسل دیا۔

[۱۲۷-] بَابُ الرِّدْفِ عَلٰى الْحِمَارِ

[۲۹۸۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ صَفْوَانَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ: أَنَّ رَسُوْلَ الله صلى الله عليه وسلم رَكِبَ عَلٰى حِمَارٍ، عَلٰى إِكَافٍ عَلَيْهِ قَطِيْفَةٌ، وَأَرْدَفَ أُسَامَةَ وَرَاءَهُ"[انظر: ٤٥٦٦، ٥٦٦٣، ٥٩٦٤، ٦٢٠٧]

[۲۹۸۸-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ ثَنَا يُوْنُسُ، أَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَقْبَلَ يَوْمَ الْفَتْحِ مِنْ أَعْلٰى مَكَّةَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ، مُرْدِفًا أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، وَمَعَهُ بِلاَلٌ وَمَعَهُ عُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ مِنَ الْحَجَبَةِ حَتَّى أَنَاخَ فِي الْمَسْجِدِ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَأْتِيَ بِمِفْتَاحِ الْبَيْتِ، فَفَتَحَ وَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَعَهُ أُسَامَةُ وَبِلاَلٌ وَعُثْمَانُ، فَمَكَثَ فِيْهَا نَهَارًا طَوِيْلاً، ثُمَّ خَرَجَ فَاسْتَبَقَ النَّاسُ. فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ أَوَّلَ مَنْ دَخَلَ، فَوَجَدَ بِلاَلاً وَرَاءَ الْبَابِ قَائِمًا، فَسَأَلَهُ: أَيْنَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَأَشَارَ لَهُ إِلَى الْمَكَانِ الَّذِىْ صَلّٰى فِيْهِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَنَسِيْتُ أَنْ أَسْأَلَهُ: كَمْ صَلّٰى مِنْ سَجْدَةٍ؟ [راجع: ٣٩٧]

بَابُ مَنْ أَخَذَ بِالرِّكَابِ وَنَحْوِهِ

رکاب وغیرہ تھامنا

جب کوئی شخص گھوڑے پر سوار ہوتا ہے تو اس کی رکاب کو پکڑ رکھتے ہیں، یہ ایک طرح کا تعاون ہے، اور باب کی حدیث گذری ہوئی ہے کہ جسم کے ہر جوڑ پر روزانہ صدقہ واجب ہے، اور کسی کی سوار ہونے میں مدد کرنا بھی ثواب کا کام ہے۔

[۱۲۸-] بَابُ مَنْ أَخَذَ بِالرِّكَابِ وَنَحْوِهِ

[۲۹۸۹-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُّ سُلاَمَى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ فِيْهِ الشَّمْسُ: يَعْدِلُ بَيْنَ الاِثْنَيْنِ صَدَقَةٌ، وَيُعِيْنُ الرَّجُلَ عَلٰى دَابَّتِهِ فَيَحْمِلُ عَلَيْهَا أَوْ يَرْفَعُ عَلَيْهَا مَتَاعَهُ صَدَقَةٌ، وَالْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ خَطْوَةٍ يَخْطُوْهَا إِلَى الصَّلاَةِ صَدَقَةٌ، وَيُمِيْطُ الأَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ صَدَقَةٌ"[راجع: ٢٧٠٧]

بَابُ كَرَاهِيَةِ السَّفَرِ بِالْمَصَاحِفِ إِلٰى أَرْضِ الْعَدُوِّ

دشمن کے علاقہ میں قرآن لے کر سفر کرنا مکروہ ہے

فوج کو دارالحرب میں قرآن شریف لے کر نہیں جانا چاہئے، کیوں؟ اس لئے کہ کامیابی یقینی نہیں، فوج اگر میدان سے

ہٹ گئی تو قرآن کفار کے ہاتھ پڑے گا، وہ اس کی بے حرمتی کریں گے۔

اور باب میں دو روایتیں ہیں:

پہلی روایت: یہ ہے کہ نبی ﷺ اور صحابہ دشمن کے علاقہ میں سفر کرتے تھے درانحالیکہ وہ قرآن جانتے تھے یا قرآن (زبانی) سکھلاتے تھے۔ یَعْلَمُوْنَ اور یُعَلِّمُوْنَ دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، یعنی ان کے سینوں میں قرآن محفوظ تھا، یہاں تک تو کوئی بات نہیں، کفار کے ہاتھ کیا پڑے گا؟

دوسری حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے دشمن کے علاقہ میں قرآنِ کریم کے ساتھ سفر کرنے سے منع کیا۔ ابن ماجہ میں اس حدیث میں اضافہ ہے: مَخَافَةَ أَنْ يَنَالَهُ الْعَدُوُّ: اس اندیشہ سے کہ قرآن دشمن کے ہاتھ پڑ جائے، پس اگر لشکر بڑا ہے اور ظن غالب کامیابی کا ہے تو قرآن ساتھ لے جاسکتے ہیں، ترمذی میں روایت ہے: ایک فوجی نے مالِ غنیمت میں خیانت کی، حضرت سالم رحمہ اللہ نے فتوی دیا کہ اس کا سامان جلا دیا جائے، جب جلانے لگے تو سامان میں قرآن تھا، حضرت سالمؒ سے پوچھا گیا: اس کا کیا کریں؟ انھوں نے فرمایا: اس کو بیچ کر رقم خیرات کردو (حدیث ۱۴۴۶ تحفۃ الالمعی ۴: ۳۹۷) اور اگر ففٹی ففٹی کا چانس ہو تو پھر قرآن ساتھ نہیں لے جانا چاہئے۔

[۱۲۹-] بَابُ كَرَاهِيَةِ السَّفَرِ بِالْمَصَاحِفِ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ

[۱-] وَكَذٰلِكَ يُرْوَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲-] وَتَابَعَهُ ابْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳-] وَقَدْ سَافَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ فِيْ أَرْضِ الْعَدُوِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ الْقُرْآنَ.

[۲۹۹۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى أَنْ يُسَافَرَ بِالْقُرْآنِ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ.

قوله: وكذلك يُروى: یعنی باب میں جو مضمون ہے وہ اس سند سے مروی ہے، مسند اسحاق بن راہویہ میں یہ حدیث ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں: كَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُسَافَرَ بِالْقُرْآنِ إِلَى الْعَدُوِّ، مَخَافَةَ أَنْ يَنَالَهُ الْعَدُوُّ:......... **قوله: وَتَابَعَهُ ابْنُ إِسْحَاقَ:** ابن اسحاق کی روایت مسند احمد میں ہے اور متابعت بالمعنی ہے، روایت کے الفاظ یہ ہیں: نَهَى أَنْ يُسَافِرَ بِالْمُصْحَفِ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ:......... **قوله: وَقَدْ سَافَرَ:** یہ امام بخاری رحمہ اللہ کا قول ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ مصحف کے ساتھ سفر مکروہ ہے مگر حافظِ قرآن دشمن کے علاقہ میں سفر کرسکتا ہے۔

بَابُ التَّكْبِيْرِ عِنْدَ الْحَرْبِ

جنگ کے وقت (بلند آواز سے) تکبیر کہنا

جنگ کے موقعہ پر بلند آواز سے تکبیر کہہ سکتے ہیں، اور جن روایات میں بلند آواز سے ذکر کی ممانعت آئی ہے اس کے لئے اگلا باب ہے، جب لشکر خیبر میں پہنچا تو فجر کی نماز کے بعد گھوڑوں کی ریہل سل شروع کی گئی، جب قلعوں کے دروازے کھلے اور لوگوں نے گھوڑوں کو بھاگتے ہوئے دیکھا تو سب دم بخود رہ گئے، اس وقت حضور ﷺ نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہا، اس سے لوگوں نے نعرۂ تکبیر چلایا ہے، حالانکہ نبی ﷺ کے ساتھ صحابہ کا زور سے تکبیر کہنا مروی نہیں۔

[۱۳۰-] بَابُ التَّكْبِيْرِ عِنْدَ الْحَرْبِ

[۲۹۹۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: صَبَّحَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ، وَقَدْ خَرَجُوْا بِالْمَسَاحِيْ عَلٰى أَعْنَاقِهِمْ، فَلَمَّا رَأَوْهُ قَالُوْا: هٰذَا مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ! مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ! فَلَجَؤُا إِلَى الْحِصْنِ، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ، وَقَالَ: "اللّٰهُ أَكْبَرُ! خَرِبَتْ خَيْبَرُ! إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ" وَأَصَبْنَا حُمُرًا فَطَبَخْنَاهَا، فَنَادَى مُنَادِى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ، فَأُكْفِئَتِ الْقُدُوْرُ بِمَا فِيْهَا. تَابَعَهُ عَلِيٌّ، عَنْ سُفْيَانَ: رَفَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ. [راجع: ۳۷۱]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالتَّكْبِيْرِ

ذکر میں جو آواز بلند کرنا مکروہ ہے

ذکر میں بے ضرورت آواز بہت بلند کرنا مکروہ ہے، ایک سفر میں صحابہ حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے، اور زور زور سے ذکر کر رہے تھے، حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے، ہدایت دی کہ صحابہ زور سے ذکر نہ کریں، وہ بہرے کو نہیں پکار رہے، پس ذکر میں جہر تو جائز ہے مگر نشاط کی حد تک، چلا کر ذکر کرنے سے آدمی تھک جاتا ہے۔

[۱۳۱-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالتَّكْبِيْرِ

[۲۹۹۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَكُنَّا إِذَا أَشْرَفْنَا عَلٰى وَادٍ هَلَّلْنَا وَكَبَّرْنَا ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَيُّهَا النَّاسُ ارْبَعُوْا عَلٰى أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّكُمْ لَاتَدْعُوْنَ أَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، إِنَّهُ مَعَكُمْ، إِنَّهُ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ. [انظر: ۴۲۰۲، ۶۳۸۴، ۶۴۰۹، ۶۶۱۰، ۷۳۸۶]

بَابُ التَّسْبِيحِ إِذَا هَبَطَ وَادِيًا، وَبَابُ التَّكْبِيْرِ إِذَا عَلَا شَرَفًا

پستی میں اترے تو تسبیح اور بلندی پر چڑھے تو تکبیر کہے

یہ دو باب ہیں، مجاہدین اللہ کا ذکر کرتے ہوئے چلتے ہیں، مگر ذکر موقع کی مناسبت سے کرنا چاہئے، بلندی پر چڑھیں تو اللہ کی بڑائی بیان کریں، اور نشیب میں اتریں تو اللہ کی پاکی بیان کریں، اللہ پستی سے پاک ہیں۔

اور دونوں بابوں میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ صحابہ جب بلندی پر چڑھتے تھے تو اللہ کی بڑائی بیان کرتے تھے، اور جب نشیب میں اترتے تھے تو اللہ کی پاکی بیان کرتے تھے۔

پھر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے: نبی ﷺ سفر میں جب کسی گھاٹی یا ٹیلہ پر چڑھتے تو تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے۔ اور وہ ذکر کرتے جو حدیث میں ہے، حدیث کے راوی صالح نے حضرت سالم سے پوچھا: آئِبُوْنَ تائِبُوْنَ کے بعد إِنْ شَاءَ اللّٰهَ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں نہیں ہے؟ حضرت سالمؒ نے کہا: نہیں ہے، دوسری روایات میں إِنْ شَاءَ اللّٰه ہے۔

[۱۳۲-] بَابُ التَّسْبِيحِ إِذَا هَبَطَ وَادِيًا

[۲۹۹۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِى الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا إِذَا صَعِدْنَا كَبَّرْنَا، وَإِذَا نَزَلْنَا سَبَّحْنَا. [راجع: ۲۹۹٤]

[۱۳۳-] بَابُ التَّكْبِيْرِ إِذَا عَلَا شَرَفًا

[۲۹۹٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِى عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا إِذَا صَعِدْنَا كَبَّرْنَا، وَإِذَا تَصَوَّبْنَا سَبَّحْنَا. [راجع: ۲۹۹۳]

[۲۹۹۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ يُوْسُفَ، ثَنِى عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِى سَلَمَةَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ سَالِمِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا قَفَلَ مِنَ الْحَجِّ أَوِ الْعُمْرَةِ - وَلَا أَعْلَمُهُ إِلَّا قَالَ: الْغَزْوِ - يَقُوْلُ: كُلَّمَا أَوْفٰى عَلٰى ثَنِيَّةٍ أَوْ فَدْفَدٍ كَبَّرَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ" قَالَ صَالِحٌ: فَقُلْتُ لَهُ: أَلَمْ يَقُلْ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ؟ قَالَ: لَا. [راجع: ۱۷۹۷]

لغت: تَصَوَّبْنَا: جب ہم نیچے اترتے تھے۔

بَابٌ: يُكْتَبُ لِلْمُسَافِرِ مِثْلُ مَا كَانَ يَعْمَلُ فِي الإِقَامَةِ

مسافر کے لئے وہ عبادت لکھی جاتی ہے جو وہ حضر میں کرتا تھا

مسافر اور مریض کے لئے وہ عبادت لکھی جاتی ہے جو وہ حضر اور تندرستی میں کرتا تھا، البتہ اصلی اور فضلی کا فرق رہے گا، یعنی حضر اور تندرستی میں عبادت کا جو اصلی ثواب ملتا تھا وہ سفر اور بیماری میں لکھا جاتا ہے۔

اور حدیث اسی جگہ ہے، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عامر ابو بردہ اور سندھ کے گورنر یزید بن ابی کبشہ ایک سفر میں ساتھ تھے، یزید صائم الدہر تھے، وہ سفر میں بھی روزہ رکھتے تھے، ان کو حضرت ابو بردہ نے اپنے ابا سے روایت کرتے ہوئے حدیث سنائی کہ جب بندہ بیمار پڑتا ہے یا سفر کرتا ہے تو اس کے لئے اس جیسا عمل لکھا جاتا ہے جو وہ تندرستی اور حضر میں کرتا تھا (مُقِيْمًا صَحِيْحًا میں لف ونشر مشوّش ہے)

[۱۳٤-] بَابٌ: يُكْتَبُ لِلْمُسَافِرِ مِثْلُ مَا كَانَ يَعْمَلُ فِي الإِقَامَةِ

[۲۹۹٦-] حدثنا مَطَرُ بْنُ الْفَضْلِ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا الْعَوَّامُ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ أَبُوْ إِسْمَاعِيْلَ السَّكْسَكِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بُرْدَةَ، وَاصْطَحَبَا هُوَ وَيَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ كَبْشَةَ فِيْ سَفَرٍ، فَكَانَ يَزِيْدُ يَصُوْمُ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ بُرْدَةَ: سَمِعْتُ أَبَا مُوْسَى مِرَارًا يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ أَوْ سَافَرَ كُتِبَ لَهُ مِثْلُ مَا كَانَ يَعْمَلُ مُقِيْمًا صَحِيْحًا"

ملحوظہ: حدیث کے راوی ابراہیم ان دونوں کے ساتھ تھے یا نہیں؟ اس سے روایت خاموش ہے۔

بَابُ السَّيْرِ وَحْدَهُ

تنہا سفر کرنا

پہلے کتاب الجہاد (باب ۴۲) میں دو کے سفر کا جواز بیان کیا ہے، اب ایک کے سفر کا باب لائے ہیں اور کوئی فیصلہ نہیں کیا اور روایتیں متعارض ذکر کی ہیں، ایک: غزوۂ خندق کی روایت ہے کہ دشمن کے احوال معلوم کرنے کے لئے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو تنہا بھیجا، معلوم ہوا کہ رات میں بھی ایک آدمی تنہا سفر کر سکتا ہے، اور دوسری حدیث ہے: ''اگر لوگ جان لیں وہ خطرہ جو تنہا سفر کرنے میں میں جانتا ہوں تو کوئی اونٹ سوار رات میں تنہا سفر نہ کرے'' اس سے معلوم ہوا کہ تنہا سفر جائز نہیں۔

اور علماء نے اس تعارض کو تین طرح سے حل کیا ہے:

۱- ضرورت کے وقت ایک آدمی سفر کر سکتا ہے، بے ضرورت جائز نہیں، جیسے جاسوس تنہا سفر کرے گا۔

۲-نازک حالات میں تنہا سفر کرنا جائز نہیں، سازگار حالات میں تنہا سفر کر سکتے ہیں۔
۳-روایتیں ناسخ منسوخ ہیں، پہلے جزیرۃ العرب کے احوال مسلمانوں کے حق میں خطرناک تھے، اس وقت ایک دو کے سفر کی ممانعت تھی، پھر حالات ٹھیک ہوگئے تو ایک کے سفر کی اجازت دیدی۔

[۱۳۵-] بَابُ السَّيْرِ وَحْدَهُ

[۲۹۹۷-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: نَدَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم النَّاسَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، ثُمَّ نَدَبَهُمْ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، ثُمَّ نَدَبَهُمْ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، ثَلاَثًا، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ" قَالَ سُفْيَانُ: الْحَوَارِيُّ: النَّاصِرُ. [راجع: ۲۸٤٦]

[۲۹۹۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: ثَنِيْ أَبِيْ: مُحَمَّدٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي الْوَحْدَةِ مَا أَعْلَمُ مَا سَارَ رَاكِبٌ بِلَيْلٍ وَحْدَهُ"

بَابُ السُّرْعَةِ فِي السَّيْرِ

سفر جلدی کرنا

سفر کوئی کھیل نہیں، ایک ضرورت ہے، پس ٹہلتے ٹہلتے سفر نہیں کرنا چاہئے، جلدی چلنا چاہئے، تاکہ جلد مقصد تک پہنچ جائے اور کام نمٹا کر لوٹ آئے، اور واپسی میں بھی جلدی چلے تاکہ جلد گھر پہنچ جائے۔
اور حضرت ابو حمید کی حدیث پہلے (حدیث ۱۴۸۱) گذری ہے، وہ غزوۂ تبوک کا واقعہ ہے، واپسی میں نبی ﷺ نے فرمایا: "میں جلدی مدینہ کی طرف چل رہا ہوں پس جو میرے ساتھ جلدی چلنا چاہے چلے" اور دوسری حدیث حجۃ الوداع کی ہے، جب آپؐ عرفہ سے لوٹے تو اونٹنی کو عَنَق چال چلا رہے تھے اور جہاں چھیڑ ہوتی تو نَص چال چلاتے۔ نَص: عَنَق سے تیز چال ہے (یہ حدیث بھی گذری ہے)
اور تیسری حدیث میں ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو اطلاع ملی کہ ان کی اہلیہ صفیہ سخت علیل ہیں، پس آپ نے تیزی کے ساتھ سفر کیا اور مغرب وعشاء میں جمع صوری کیا، یہ جاتے ہوئے سفر میں تیز چلنا ہے۔
اور آخری حدیث بھی پہلے گذری ہے کہ سفر ایک طرح کا عذاب ہے نہ آدمی سونے کا رہتا ہے نہ کھانے کا نہ پینے کا، پس

جب حاجت پوری ہوجائے تو جلدی گھر لوٹ آئے۔

[۱۳٦-] بَابُ السُّرْعَةِ فِی السَّيْرِ

وَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنِّیْ مُتَعَجِّلٌ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَمَنْ أَرَادَ أَنْ يَتَعَجَّلَ مَعِیْ فَلْيَتَعَجَّلْ" فَلَمَّا أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ الْحَدِيْثَ.

[۲۹۹۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: سُئِلَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ - كَانَ يَحْيَى يَقُوْلُ: وَأَنَا أَسْمَعُ، فَسَقَطَ عَنِّیْ - عَنْ مَسِيْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَقَالَ: فَكَانَ يَسِيْرُ الْعَنَقَ، فَإِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ، وَالنَّصُّ: فَوْقَ الْعَنَقِ.[راجع: ١٦٦٦]

[۳۰۰۰-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِیْ مَرْيَمَ، أَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِیْ زَيْدٌ: هُوَ ابْنُ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِطَرِيْقِ مَكَّةَ، فَبَلَغَهُ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِیْ عُبَيْدٍ شِدَّةُ وَجَعٍ، فَأَسْرَعَ السَّيْرَ حَتَّى إِذَا كَانَ بَعْدَ غُرُوْبِ الشَّفَقِ، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعَتَمَةَ جَمَعَ بَيْنَهُمَا، وَقَالَ: إِنِّیْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم إِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ أَخَّرَ الْمَغْرِبَ وَجَمَعَ بَيْنَهُمَا.[راجع: ١٠٩١]

[۳۰۰۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى أَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ، يَمْنَعُ أَحَدَكُمْ نَوْمَهُ وَطَعَامَهُ وَشَرَابَهُ، فَإِذَا قَضَى أَحَدُكُمْ نَهْمَتَهُ فَلْيُعَجِّلْ إِلَى أَهْلِهِ"[راجع: ١٨٠٤]

قوله: كان يحيىٰ: امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ محمد بن المثنیٰؒ کہتے ہیں: میرے استاذ یحییٰ قطانؒ کہا کرتے تھے کہ حضرت عروہ سُئِلَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ کے بعد وَأَنَا أَسْمَعُ بھی کہا کرتے تھے، مگر میری (یحییٰ کی) کتاب میں یہ جملہ رہ گیا ہے۔

بَابٌ: إِذَا حَمَلَ عَلَى فَرَسٍ فَرَآهَا تُبَاعُ

کسی کو گھوڑا دیا پھر دیکھا کہ وہ بک رہا ہے

اللہ کے لئے گھوڑا تلوار وغیرہ دیدی پھر موہوب لہ کو ضرورت پیش آئی، وہ اس کو بیچ رہا ہے، یا کسی کو کوئی چیز بخش دی یا ہدیہ دیا پھر موہوب لہ اس کو بیچ رہا ہے تو مسئلہ یہ ہے کہ اس کو خرید سکتے ہیں، اس لئے کہ ملکیت بدلنے سے چیز بدل جاتی ہے، لیکن حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بخشا ہوا گھوڑا خریدنے سے منع کیا، اور اس کی وجہ حضرت اقدس شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں یہ بیان کی ہے کہ جب آدمی کوئی چیز خیرات کردے تو اس سے دل کو جھاڑ لینا چاہئے، اب اس چیز کی محبت دل میں باقی نہیں رہنی چاہئے، حضرت عمرؓ کے دل میں گھوڑے کی محبت باقی تھی اس

لئے آپؐ نے ان کو خریدنے سے منع کیا۔

[۱۳۷-] بَابٌ: إِذَا حَمَلَ عَلٰى فَرَسٍ فَرَآهَا تُبَاعُ

[۳۰۰۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حَمَلَ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَوَجَدَهُ يُبَاعُ، فَأَرَادَ أَنْ يَبْتَاعَهُ، فَسَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " لاَ تَبْتَعْهُ وَلاَ تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ"[راجع: ۱٤۸۹]

[۳۰۰۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَابْتَاعَهُ أَوْ: فَأَضَاعَهُ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَهُ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِيَهُ، وَظَنَنْتُ أَنَّهُ بَائِعُهُ بِرُخْصٍ، فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " لاَ تَشْتَرِهِ وَإِنْ بِدِرْهَمٍ، فَإِنَّ الْعَائِدَ فِيْ هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهِ"[راجع: ۱٤۹۰]

بَابُ الْجِهَادِ بِإِذْنِ الْأَبَوَيْنِ

والدین کی اجازت سے جہاد کرنا

اگر والدین خدمت کے محتاج ہیں، اور جہاد فرض کفایہ ہے تو والدین کی اجازت سے جہاد میں نکلے، اور اگر نفیر عام ہونے کی وجہ سے جہاد فرض عین ہو گیا ہے یا والدین خود کفیل ہیں، خدمت کے محتاج نہیں تو جہاد میں نکلنے کے لئے والدین کی اجازت ضروری نہیں۔

اور باب کی حدیث بہت مختصر ہے اور اس کا پس منظر معلوم نہیں، اس لئے حدیث فہمی میں دشواری پیش آئی ہے، ایک جہاد کی تیاری ہو رہی ہے، لوگ نام لکھوا رہے ہیں اور مطلوبہ تعداد پوری ہو گئی ہے، اب دیہات سے ایک صاحب شوق اور جذبہ کے ساتھ آتے ہیں اور نام لکھوانا چاہتے ہیں، جبکہ ضرورت نہیں رہی، یا کوئی صاحب جہاد کے جذبہ سے آتے ہیں اور فی الحال لشکر بھیجنے کا کوئی پروگرام نہیں ہے، تو آنے والے صاحب کو کیا جواب دیا جائے؟ ایسا جواب دینا چاہئے کہ دل نہ ٹوٹے، نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: آپ کے والدین زندہ ہیں؟ انھوں نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: جاؤ، ان کی خدمت کرو، یہی تمہارا جہاد ہے، اس طرح آپؐ نے ان کو واپس کر دیا۔ والدین کی خدمت واقعی بڑا مجاہدہ ہے، آپ لوگوں کو دیکھیں کتنی اولاد ہے جو والدین کی خدمت کرتی ہے؟ پس آپ نے جو والدین کی خدمت کو جہاد فرمایا ہے وہ بات بھی باون تولہ پاؤ رتی ہے۔

[۱۳۸-] بَابُ الْجِهَادِ بِإِذْنِ الْأَبَوَيْنِ

[۳۰۰٤-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْعَبَّاسِ الشَّاعِرَ-

وَكَانَ لاَ يُتَّهَمُ فِيْ حَدِيْثِهِ – قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَأْذَنَهُ فِيْ الْجِهَادِ، فَقَالَ: "أَحَيٌّ وَالِدَاكَ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَفِيْهِمَا فَجَاهِدْ"

[انظر: ۵۹۷۲]

بَابُ مَاقِيْلَ فِي الْجَرَسِ وَنَحْوِهِ فِي أَعْنَاقِ الإِبِلِ

گھنٹی اوراس جیسی چیز اونٹوں کی گردنوں میں باندھنا

پہلے حدیث پڑھیں: ابوبشیر انصاری رضی اللہ عنہ کسی سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے —— عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ عبّاد نے وَالنَّاسُ فِيْ مَبِيْتِهِمْ بھی کہا تھا، یعنی لوگ اپنی رات گذارنے کی جگہ میں تھے، یعنی لشکر نے کسی جگہ پڑاؤ کر رکھا تھا —— پس نبی ﷺ نے ایک نمائندہ بھیجا (اس نے اعلان کیا:) ہرگز باقی نہ رکھا جائے کسی اونٹ کی گردن میں تانت کا کوئی ہار یا دوسری قسم کا کوئی ہار مگر وہ کاٹ دیا جائے۔

تشریح: مسلم شریف (حدیث ۲۱۱۵) میں حدیث کے راوی امام مالک رحمہ اللہ کا قول ہے: أُرَى ذٰلِكَ مِنَ الْعَيْنِ: میرا گمان ہے کہ وہ نظر لگنے کی وجہ سے تھا، یعنی عرب اونٹ کے گلے میں تانت کا ہار ڈالتے تھے تاکہ اونٹ کو نظر نہ لگے، یہ ایک ٹوٹکا تھا، نبی ﷺ نے اس کو نکلوادیا۔

سوال: حدیث کا باب سے کیا تعلق ہے؟

جواب: خطابی رحمہ اللہ نقل کرتے ہیں کہ گھنٹی ہار میں باندھی جاتی تھی، نبی ﷺ نے تانت کا ہار بھی کٹوادیا اور دوسری طرح کا ہار بھی کٹوادیا، اسی دوسری طرح کے ہار میں گھنٹی باندھی جاتی تھی۔

مسئلہ: فوج کے ساتھ کتا نہیں ہونا چاہئے اور اونٹ گھوڑوں کی گردنوں میں گھنٹی بھی نہیں ہونی چاہئے، کیونکہ کتا بے وقت بھونکے گا اور گھنٹی بجے گی تو دشمن کو نقل وحرکت کا پتہ چل جائے گا، پس یہ حدیث مجاہدین کے ساتھ خاص ہے، مدرسہ میں گھنٹا بجانا یا جانوروں کے گلوں میں گھنٹی باندھنا جائز ہے، وہ اس حدیث میں شامل نہیں۔

[۱۳۹-] بَابُ مَاقِيْلَ فِي الْجَرَسِ وَنَحْوِهِ فِي أَعْنَاقِ الإِبِلِ

[۳۰۰۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، أَنَّ أَبَا بَشِيْرٍ الأَنْصَارِيَّ أَخْبَرَهُ: أَنَّـهُ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ – قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: حَسِبْتُ أَنَّـهُ قَالَ: وَالنَّاسُ فِيْ مَبِيْتِهِمْ – فَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَسُوْلاً: "أَنْ لاَ تَبْقَيَنَّ فِيْ رَقَبَةِ بَعِيْرٍ قِلاَدَةٌ مِنْ وَتَرٍ، أَوْ: قِلاَدَةٌ، إِلاَّ قُطِعَتْ"

بَابٌ: مَنِ اكْتُتِبَ فِي جَيْشٍ، فَخَرَجَتِ امْرَأَتُهُ حَاجَّةً، أَوْ كَانَ لَهُ عُذْرٌ: هَلْ يُؤْذَنُ لَهُ؟

کسی لشکر میں نام لکھا گیا، اور اس کی بیوی حج کے لئے جارہی ہے، یا کوئی اور عذر ہے تو اس کو چھٹی دی جاسکتی ہے؟

جواب: اگر نفیر عام ہونے کی وجہ سے جہاد فرض عین ہوگیا ہے تو چھٹی نہیں دی جاسکتی، اور فرض کفایہ ہے اور کوئی عذر پیش آجائے تو چھٹی دی جاسکتی ہے، کیونکہ اس صورت میں جہاد فرض کفایہ ہے، دوسرا بھی اس کو بجالاسکتا ہے، اور فوجی کا عذر لازمی ہے، اس کی بیوی حج کے لئے جارہی ہے، پس شوہر کے لئے ضروری ہے کہ اس کے ساتھ جائے، اس لئے چھٹی دی جاسکتی ہے اور حدیث گذرچکی ہے۔

[۱٤۰-] بَابٌ: مَنِ اكْتُتِبَ فِي جَيْشٍ، فَخَرَجَتِ امْرَأَتُهُ حَاجَّةً، أَوْ كَانَ لَهُ عُذْرٌ: هَلْ يُؤْذَنُ لَهُ؟

[۳۰۰٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ، وَلَا تُسَافِرَنَّ امْرَأَةٌ إِلَّا وَمَعَهَا مَحْرَمٌ" فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اكْتُتِبْتُ فِي غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا، وَخَرَجَتِ امْرَأَتِيْ حَاجَّةً، قَالَ: "اذْهَبْ فَاحْجُجْ مَعَ امْرَأَتِكَ" [راجع: ۱۸٦۲]

بَابُ الْجَاسُوْسِ

خفیہ محکمہ کا آدمی

جَسَّ الْخَبَرَ (ن) جَسًّا: تحقیق کرنا، پتا لگانا، ٹوہ لگانا، سراغ لگانا۔ تَجَسَّسَ الْخَبَرَ کے بھی یہی معنی ہیں، عربی میں اس کا ترجمہ ہے: تبحُّث۔ بَحَثَ (ف) الْأَرْضَ کے معنی ہیں: کھودنا، کھود کر کوئی چیز تلاش کرنا، تَبَحَّثَ کے بھی یہی معنی ہیں، تلاش کرنا، جستجو کرنا، آج کل بھی 'جاسوس' ہی استعمال ہوتا ہے یعنی خفیہ محکمہ کا آدمی۔

اور باب میں ایک حدیث ہے جس میں حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ کا خط لے کر ایک مشرک عورت مکہ جارہی تھی، وہ جاسوس تھی۔ حدیث کا باب سے اتنا ہی تعلق ہے، اسی واقعہ میں سورۃ ممتحنہ کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئی ہیں، ارشاد پاک ہے: اے ایمان والو! تم میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ، یعنی تم نے مکہ والوں کو جو خط بھیجا

ہے وہ اللہ کے اور مسلمانوں کے دشمنوں کو دوست بنانا ہے۔

شانِ نزول کا واقعہ: صلح حدیبیہ کے بعد جب مکہ والوں نے نبی ﷺ کے حلفاء کے خلاف اپنے حلفاء کی درپردہ مدد کی تو حدیبیہ میں جو ناجنگ معاہدہ ہوا تھا وہ ختم ہو گیا، کیونکہ اس میں ایک دفعہ یہ بھی تھی کہ مکہ والے اور مدینہ والے اپنے اپنے حلفاء کی مدد نہیں کریں گے، جب مکہ والوں کی طرف سے نقص عہد ہو گیا تو نبی ﷺ نے مکہ پر چڑھائی کا ارادہ کیا، مگر مکہ کو فتح کرنا آسان نہیں تھا، مشرکین کسی قیمت پر مکہ پر قبضہ نہیں ہونے دیں گے، اس لئے سخت جنگ ہوگی۔ چنانچہ نبی ﷺ دس ہزار کا لشکر لے کر مکہ کی طرف بڑھے، اور چلنے سے پہلے یہ انتظام کیا کہ خبروں کو اندھا کر دیا جائے، کوئی خبر مکہ نہ پہنچے، مکہ والے بے خبر ہوں اور ان کے سر پر پہنچ جایا جائے، تا کہ حرم شریف میں خون ریزی کم سے کم ہو، چنانچہ خاص لوگوں کو ہی بتایا گیا تھا کہ جنگ کی جو تیاری ہو رہی ہے تو کہاں کا ارادہ ہے؟ عام لوگوں کو بے خبر رکھا گیا تھا، اور خاص لوگوں میں حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، وہ بدری صحابی تھے، انھوں نے مکہ والوں کو ایک خط لکھا اور ایک جاسوس عورت کو دیا وہ لے کر روانہ ہو گئی، نبی ﷺ کو وحی سے اس کی اطلاع ملی چنانچہ آپؐ نے حضرات علی، زبیر اور مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہم کو گھوڑوں پر روانہ کیا کہ روضہ خاخ میں پہنچو، وہاں ایک ہودج نشیں عورت ہے اس کے پاس ایک خط ہے اسے لے آؤ، یہ حضرات وہاں پہنچے، پہلے تو اس عورت نے انکار کیا کہ میرے پاس کوئی خط نہیں، مگر جب ان حضرات نے جامہ تلاشی کی دھمکی دی تو اس نے بالوں کی چوٹی میں سے خط نکالا، جب یہ خط نبی ﷺ کے پاس لایا گیا تو آپؐ نے حضرت حاطبؓ سے پوچھا: ماھذا؟ یہ کیا حرکت ہے؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے بارے میں فیصلہ کرنے میں جلدی نہ کریں، میرا واقعہ یہ ہے کہ میں مکہ کا نہیں ہوں، قریش میں پناہ گزیں ہوں، اور میں نے سوچا کہ سخت جنگ ہوگی، لاشوں کے انبار لگ جائیں گے اور مہاجرین کی مکہ میں رشتہ داریاں ہیں وہ ان کے گھر والوں کی اور ان کے مالوں کی حفاظت کریں گے، اور میرا وہاں کوئی نہیں، اس لئے میں نے سوچا کہ میں مکہ والوں پر ایک احسان کروں جس کی وجہ سے وہ میرے رشتہ داروں کی حفاظت کریں، میں نے یہ حرکت کفر کی وجہ سے، اسلام سے پھرنے کی وجہ سے اور کفر پر راضی ہونے کی وجہ سے نہیں کی، حضور ﷺ نے ان کی بات تسلیم کرلی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیں میں اس منافق کی گردن اڑا دوں، آپؐ نے فرمایا: یہ بدر میں شریک ہوئے ہیں اور تمہیں کیا معلوم: شاید اللہ تعالیٰ نے بدریوں کے دلوں کا حال جان لیا، پس فرمایا: اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ: جو چاہو کرو میں نے تمہیں بخش دیا۔

[۱۴۱-] بَابُ الْجَاسُوْسِ

[۱-] وَالتَّجَسُّسُ: التَّبَحُّثُ.

[۲-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ﴾ الآيَةَ [الممتحنة: ۱]

[۳۰۰۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ- سَمِعْتُهُ مِنْهُ مَرَّتَيْنِ-: أَخْبَرَنِيْ حَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ رَافِعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ: بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أَنَا وَالزُّبَيْرَ وَالْمِقْدَادَ بْنَ الْأَسْوَدِ وَقَالَ:" انْطَلِقُوْا حَتّٰى تَأْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ، فَإِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً وَمَعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوْهُ مِنْهَا" فَانْطَلَقْنَا تَعَادٰى بِنَا خَيْلُنَا، حَتّٰى انْتَهَيْنَا إِلَى الرَّوْضَةِ، فَإِذَا نَحْنُ بِالظَّعِيْنَةِ، فَقُلْنَا: أَخْرِجِي الْكِتَابَ، فَقَالَتْ: مَا مَعِيْ مِنْ كِتَابٍ، فَقُلْنَا: لَتُخْرِجَنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَتُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ، فَأَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا، فَأَتَيْنَا بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَإِذَا فِيْهِ: مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِيْ بَلْتَعَةَ إِلٰى أُنَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ أَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " يَاحَاطِبُ، مَا هٰذَا؟" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ، إِنِّيْ كُنْتُ امْرَأً مُلْصَقًا فِيْ قُرَيْشٍ، وَلَمْ أَكُنْ مِنْ أَنْفُسِهَا، وَكَانَ مَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ لَهُمْ قَرَابَاتٌ بِمَكَّةَ، يَحْمُوْنَ بِهَا أَهْلِيْهِمْ وَأَمْوَالَهُمْ، فَأَحْبَبْتُ إِذْ فَاتَنِيْ ذٰلِكَ مِنَ النَّسَبِ فِيْهِمْ: أَنْ أَتَّخِذَ عِنْدَهُمْ يَدًا يَحْمُوْنَ بِهَا قَرَابَتِيْ، وَمَا فَعَلْتُ كُفْرًا وَلَا ارْتِدَادًا وَلَا رِضًا بِالْكُفْرِ بَعْدَ الْإِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" قَدْ صَدَقَكُمْ" قَالَ عُمَرُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! دَعْنِيْ أَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، قَالَ: إِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يَكُوْنَ قَدِ اطَّلَعَ عَلٰى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ" قَالَ سُفْيَانُ: وَأَيُّ إِسْنَادٍ هٰذَا![انظر: ۳۰۸۱، ۳۹۸۳، ٤۲۷٤، ٤۸۹۰، ٦۲۵۹، ٦۹۳۹]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھے، زبیر اور مقداد کو بھیجا اور فرمایا: چلو یہاں تک کہ روضہ خاخ میں پہنچو، وہاں ایک ہودج نشیں عورت ہے اور اس کے ساتھ ایک خط ہے، پس اس کو اس سے لے لو، پس ہم چلے دوڑ رہے تھے ہمارے ساتھ ہمارے گھوڑے یہاں تک کہ ہم روضہ پر پہنچے، پس اچانک ہمیں وہاں ایک ہودج نشیں عورت ملی، ہم نے کہا: خط نکال، اس نے کہا: میرے پاس کوئی خط نہیں، ہم نے کہا: ضرور خط نکال یا کپڑے اتار، پس اس نے اپنی چوٹی میں سے خط نکالا، پس ہم اس کو نبی ﷺ کے پاس لائے، پس اچانک وہ حاطب بن ابی بلتعہؓ کی طرف سے کچھ مشرکین کے نام تھا، وہ ان کو اطلاع دے رہے تھے نبی ﷺ کے بعض کام کی یعنی آپؐ کا ارادہ مکہ پر حملہ کرنے کا ہے اور تم ان کا مقابلہ نہیں کرسکو گے، پس آپؐ نے پوچھا: حاطب! یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! میرے بارے میں جلدی نہ کریں، بیشک میں قریش میں پناہ لیا ہوا ایک شخص ہوں، اور میں قریش میں سے نہیں ہوں اور مہاجرین میں سے آپؐ کے ساتھ جو ہیں ان کی مکہ میں رشتہ داریاں ہیں، حفاظت کریں گے وہ اس کی وجہ سے ان کے گھر والوں کی اور ان کے مالوں کی، پس میں نے چاہا کہ جب میرے ہاتھ سے نکل گئی یہ چیز نسب میں سے ان میں یعنی قریش کے ساتھ میرا خاندانی تعلق نہیں ہے تو بناؤں میں ان کے پاس احسان، حفاظت کریں وہ اس کی وجہ سے میرے رشتہ داروں کی، اور نہیں کیا میں نے یہ کام کفر کے طور پر اور نہ ارتداد کے طور پر

اور نہ مسلمان ہونے کے بعد کفر پر راضی ہونے کے طور پر، پس نبی ﷺ نے فرمایا: حاطبؓ نے تم سے سچ کہا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! چھوڑئے مجھے میں اس منافق کی گردن ماردوں، آپؐ نے فرمایا: بیشک وہ جنگِ بدر میں شریک رہے ہیں اور تم کیا جانو! اللہ تعالیٰ بدریوں کے احوال سے واقف ہوگئے، پس فرمایا: کرو جو چاہو، میں نے تمہیں بخش دیا۔ سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے کہا: واہ! یہ کیسی سند ہے! (اس کے سارے رجال اعلی، اکابر، معتبر، قابل اعتماد، اور حفاظ ہیں)

بَابُ الْكِسْوَةِ لِلْأُسَارَى

قیدیوں کے لئے لباس

قیدی خواہ جنگی ہوں یا مجرم، جن کو جیل کی سزا دی گئی ہو ان کی روزی روٹی اور کپڑا حکومت کے ذمہ ہے، اس لئے کہ جب کوئی کسی کے حق میں محبوس ہوتا ہے تو اس کا نفقہ اس پر واجب ہوتا ہے۔ جیسے: بیوی شوہر کے حق میں محبوس ہوتی ہے تو اس کا نان ونفقہ شوہر پر واجب ہے، بدر کے قیدی جب مدینہ لائے گئے تو ان کو کھانا پینا تو دیا ہی جاتا تھا، ہفتہ میں ایک بار بدلنے کے لئے کپڑے دینے ہونگے، چنانچہ صحابہ نے اپنے کپڑے ان کو دیئے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ لمبے قد کے تھے، کسی کا کرتا ان پر فٹ نہیں آتا تھا، رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی بھی لمبے قد کا تھا، اس کا کرتا حضرت عباسؓ پر فٹ آیا تو نبی ﷺ نے اس سے کرتا لے کر حضرت عباسؓ کو دیا، اس احسان کی مکافات نبی ﷺ نے اس طرح کی کہ جب اس کا انتقال ہوا تو اس کے کفن میں شامل کرنے کے لئے آپؐ نے اپنا کرتا عنایت فرمایا۔

[۱۴۲-] بَابُ الْكِسْوَةِ لِلْأُسَارَى

[۳۰۰۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ أُتِيَ بِأُسَارَى، وَأُتِيَ بِالْعَبَّاسِ، وَلَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ ثَوْبٌ، فَنَظَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لَهُ قَمِيصًا، فَوَجَدُوْا قَمِيصَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ يُقْدَرُ عَلَيْهِ، فَكَسَاهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِيَّاهُ، فَلِذٰلِكَ نَزَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَمِيْصَهُ الَّذِيْ أَلْبَسَهُ، قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: كَانَتْ لَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَدٌ فَأَحَبَّ أَنْ يُكَافِئَهُ.

بَابُ فَضْلِ مَنْ أَسْلَمَ عَلٰى يَدَيْهِ رَجُلٌ

جس کے ہاتھ پر کوئی مسلمان ہوا اس کی فضیلت

جہاد کا مقصد ملک گیری نہیں بلکہ دعوتِ اسلام ہے، پس جہاد میں اس مقصد کو پیش نظر رکھنا چاہئے، اگر مجاہد کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کسی کو اسلام کی توفیق دیں تو وہ مجاہد کے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔ اور روایت پہلے گذری ہے، خیبر میں جب

حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جھنڈا دیا تو انھوں نے پوچھا: أُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا: ان سے لڑتا رہوں یہاں تک کہ وہ ہمارے جیسے ہوجائیں، آپؐ نے فرمایا: اطمینان سے جاؤ، یہاں تک کہ ان کے میدان میں اترو، پھر ان کو اسلام کی دعوت دو، اوران کو وہ باتیں بتاؤ جو مسلمان ہونے کے بعد ان پر لازم ہونگی، پس بخدا! آپ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کسی کو ہدایت دیں تو وہ آپؐ کے لئے بہتر ہوگا، اس سے کہ آپ کے لئے سرخ اونٹ ہوں (سرخ اونٹ بہت قیمتی مال ہے)

[۱۴۳-] بَابُ فَضْلِ مَنْ أَسْلَمَ عَلٰى يَدَيْهِ رَجُلٌ

[۳۰۰۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِيُّ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، أَخْبَرَنِيْ سَهْلٌ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ خَيْبَرَ: "لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلاً يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ، يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ" فَبَاتَ النَّاسُ لَيْلَتَهُمْ أَيُّهُمْ يُعْطٰى؟ فَغَدَوْا كُلُّهُمْ يَرْجُوْهُ، فَقَالَ: "أَيْنَ عَلِيٌّ؟" فَقِيْلَ: يَشْتَكِيْ عَيْنَيْهِ، فَبَصَقَ فِيْ عَيْنَيْهِ وَدَعَا لَهُ، فَبَرَأَ كَأَنْ لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ، فَأَعْطَاهُ فَقَالَ: أُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا؟ فَقَالَ: "انْفُذْ عَلٰى رِسْلِكَ، حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ، فَوَ اللّٰهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلاً خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تَكُوْنَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ" [راجع: ۲۹۴۲]

بَابُ الْأُسَارٰى فِي السَّلَاسِلِ

قیدی زنجیروں میں

قیدیوں کو زنجیروں میں باندھنا ایک ضرورت ہے، مگر باندھنے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ ہل بھی نہ سکیں، بلکہ اس طرح باندھا جائے کہ وہ بھاگ نہ سکیں، باقی اطمینان سے اٹھیں، بیٹھیں اور سوئیں، اور وقت پر ان کو کھانا دیا جائے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عَجِبَ اللّٰهَ من قَوْمٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ فِي السَّلَاسِلِ: اللہ کو وہ لوگ بہت پسند ہیں جو زنجیروں میں جنت میں جاتے ہیں۔

تشریح: اس کے مصداق دو شخص ہیں: ایک: وہ قیدی جو مسلمانوں کے ہاتھ آیا اور مسلمان ہوگیا۔ دوسرا: وہ مسلمان قیدی جو کافروں کے ہاتھ پڑا اور مرگیا یا شہید کیا گیا، یہ دونوں زنجیروں میں جنت میں جاتے ہیں، یہ دونوں اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہیں۔

[۱۴۴-] بَابُ الْأُسَارٰى فِي السَّلَاسِلِ

[۳۰۱۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "عَجِبَ اللّٰهُ مِنْ قَوْمٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ فِي السَّلَاسِلِ" [انظر: ۴۵۵۷]

بَابُ فَضْلِ مَنْ أَسْلَمَ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابَيْنِ

جو یہودی اور عیسائی اسلام قبول کرے: اس کی فضیلت

اگر یہودیوں یا عیسائیوں سے جنگ ہو اور وہ جنگ سے پہلے اسلام قبول کرلیں یا قید میں آنے کے بعد اسلام قبول کرلیں تو ان کے لئے دوہرا ثواب ہے، کیونکہ ان کے لئے مشرکوں کی بہ نسبت نبی ﷺ پر ایمان لانا بھاری ہے، اس لئے دوہرا ثواب ہے۔ تفصیل تحفۃ القاری (۱:۳۸۳) میں ہے۔

[۱۴۵-] بَابُ فَضْلِ مَنْ أَسْلَمَ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابَيْنِ

[۳۰۱۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، ثَنَا صَالِحُ بْنُ حَيٍّ أَبُوْ حَسَنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، يَقُوْلُ: ثَنِي أَبُوْ بُرْدَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" ثَلاَ ثَةٌ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ: الرَّجُلُ تَكُوْنُ لَهُ الْأَمَةُ فَيُعَلِّمُهَا فَيُحْسِنُ تَعْلِيْمَهَا، وَيُؤَدِّبُهَا فَيُحْسِنُ أَدَبَهَا، ثُمَّ يُعْتِقُهَا فَيَتَزَوَّجُهَا فَلَهُ أَجْرَانِ، وَمُؤْمِنُ أَهْلِ الْكِتَابِ الَّذِىْ كَانَ مُؤْمِنًا، ثُمَّ آمَنَ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَلَهُ أَجْرَانِ، وَالْعَبْدُ الَّذِىْ يُؤَدِّىْ حَقَّ اللّٰهِ وَيَنْصَحُ لِسَيِّدِهِ لَهُ أَجْرَانِ" ثُمَّ قَالَ الشَّعْبِيُّ: وَأَعْطَيْتُكَهَا بِغَيْرِ شَيْئٍ، وَقَدْ كَانَ الرَّجُلُ يَرْحَلُ فِيْ أَهْوَنَ مِنْهَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ. [راجع: ۹۷]

بَابُ أَهْلِ الدَّارِ يُبَيَّتُوْنَ فَيُصَابُ الْوِلْدَانُ وَالذَّرَارِيُّ

شب خون مارا پس بال بچے زد میں آ گئے

نبی ﷺ کی سیرت میں شب خون مارنا نہیں تھا کیونکہ اس میں بے گناہ عورتیں اور بچے زد میں آجاتے ہیں، لیکن دشمن شب خون مارے تو جواب دینا پڑتا ہے یا جنگی مصلحت سے مسلمان شب خون ماریں تو جائز ہے، اور جو عورتیں اور بچے مارے جائیں گے اس کا کچھ گناہ نہیں، هُمْ مِنْهُمْ: ان کا شمار ان کے بڑوں کے ساتھ ہے۔

اور بَیَّتَ کے معنی ہیں: شب خون مارنا، یہ لفظ سورہ یونس آیت ۵۰ میں آیا ہے: ﴿قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا﴾: آپ کہیں: بتاؤ! اگر تم پر خدا کا عذاب رات میں یا دن میں آپڑے، بَیَاتًا کے معنی ہیں: رات میں اور سورۃ النمل آیت ۴۹ میں ہے: ﴿قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ﴾: ان لوگوں نے آپس میں کہا: اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم رات کے وقت صالح کو اور ان کے متعلقین کو مار ڈالیں۔ اور سورۂ نساء آیت ۸۱ میں ہے: ﴿فَإِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ﴾: پھر جب وہ آپ کے پاس سے نکلتے ہیں تو رات کے وقت مشورہ کرتی ہے ان کی ایک جماعت اس کے

خلاف جو وہ زبان سے کہہ چکے ہیں۔

حدیث: حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب نبی ﷺ حجۃ الوداع میں ابواء سے یا وَدّان سے گذرے تو کسی نے مسئلہ پوچھا مشرکین کے ایک قبیلہ کے بارے میں جن پر شب خون مارا گیا پس ان کی عورتیں اور بچے زد میں آگئے؟ آپؐ نے فرمایا: هُمْ مِنْهُمْ: یعنی ان کے قتل کا کوئی گناہ نہیں، اور اس حدیث میں دوسرا مضمون یہ ہے کہ چراگاہ ریزرو کرنے کا حق صرف حکومت کا ہے۔

[١٤٦-] بَابُ أَهْلِ الدَّارِ يُبَيَّتُوْنَ فَيُصَابُ الْوِلْدَانُ وَالذَّرَارِيُّ

﴿بَيَاتًا﴾ لَيْلاً، ﴿لَنُبَيِّتَنَّهُ﴾ لَيْلاً ﴿بَيَّتَ﴾ لَيْلاً.

[٣٠١٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ، قَالَ: مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْأَبْوَاءِ أَوْ بِوَدَّانِ، وَسُئِلَ عَنْ أَهْلِ الدَّارِ يُبَيَّتُوْنَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، فَيُصَابُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ؟ قَالَ:" هُمْ مِنْهُمْ" وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "لَا حِمَى إِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ"

[٣٠١٣-] وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ثَنَا الصَّعْبُ فِي الذَّرَارِيِّ، كَانَ عَمْرٌو يُحَدِّثُنَا عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَسَمِعْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ قَالَ:" هُمْ مِنْهُمْ" وَلَمْ يَقُلْ كَمَا قَالَ عَمْرٌو، وَهُمْ مِنْ آبَائِهِمْ.

[راجع: ٢٣٧٠]

قولہ: كَانَ عمرو: ابن عیینہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم نے پہلے یہ حدیث عمرو بن دینار سے سنی تھی، وہ امام زہریؒ سے مرسل روایت کرتے تھے اور حدیث کے آخر میں هُمْ مِنْ آبَائِهِمْ کہتے تھے، پھر ہم نے یہ حدیث امام زہریؒ سے براہِ راست سنی، اس کے آخر میں هُمْ مِنْهُمْ ہے۔

بَابُ قَتْلِ الصِّبْيَانِ فِي الْحَرْبِ وَبَابُ قَتْلِ النِّسَاءِ فِي الْحَرْبِ

جنگ میں بچوں اور عورتوں کو قتل کرنا

یہ دو باب ہیں، دونوں میں ایک ہی حدیث ہے، جنگ میں بچوں اور عورتوں کو قتل کرنا ممنوع ہے، بلکہ مذہبی لوگوں کو بھی جو جنگ میں کوئی رائے نہ دیتے ہوں اور بوڑھے لوگوں کو بھی جو جنگ میں کوئی حصہ نہ لیتے ہوں، اور دکان لے کر جو لوگ آئے ہیں ان کو بھی قتل نہیں کیا جاتا، نیز میدانِ جنگ سے باہر جو شہری ہیں ان کو بھی قتل نہیں کیا جاتا، صرف میدان میں لڑنے

والوں کو مارا جاتا ہے، پٹیالہ کے قاضی سلیمان منصور پوری نے رحمۃ للعالمین جلد دوم میں نبی ﷺ کے زمانہ کی چھوٹی بڑی بیاسی جنگوں کا ایک چارٹ بنایا ہے جس میں دونوں طرف کا نقصان سات آٹھ ہزار سے زیادہ نہیں، آج کی طرح جنگ نہیں لڑی جاتی تھی کہ شہروں پر بم ڈال دیا، راکٹ پھینک دیا، میزائل داغ دیا اور ہزاروں آدمی بیک وقت مر گئے، اس طرح اندھا دھند جنگ نہیں ہوتی تھی، اور دونوں بابوں میں ایک ہی حدیث ہے کسی جنگ میں نبی ﷺ نے دیکھا کہ ایک عورت قتل کی گئی ہے تو آپؐ نے بچوں اور عورتوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔

[۱۴۷-] بَابُ قَتْلِ الصِّبْيَانِ فِي الْحَرْبِ

[۳۰۱۴-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ امْرَأَةً وُجِدَتْ فِيْ بَعْضِ مَغَازِي النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَقْتُوْلَةً، فَأَنْكَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَتْلَ الصِّبْيَانِ وَالنِّسَاءِ.

[انظر: ۳۰۱۵]

[۱۴۸-] بَابُ قَتْلِ النِّسَاءِ فِي الْحَرْبِ

[۳۰۱۵-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِيْ أُسَامَةَ: حَدَّثَكُمْ عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: وُجِدَتِ امْرَأَةٌ مَقْتُوْلَةٌ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَنَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ. [راجع: ۳۰۱۴]

بَابٌ: لَايُعَذَّبُ بِعَذَابِ اللّٰهِ

آگ کی سزا کسی کو نہ دی جائے

دشمن کو آگ میں جلانا مکروہ (خلافِ اولی) ہے، اسی طرح کسی حیوان کو بے ضرورت آگ میں جلانا مکروہ ہے، اور ضرورت ہو تو جیسے کھٹمل اور جوؤں کو گرم پانی میں جلانا جائز ہے۔

اور باب میں دو روایتیں ہیں: پہلی روایت پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے ایک سریہ کو حکم دیا تھا کہ فلاں فلاں ملیں تو ان کو آگ میں جلا دینا، پھر جب سریہ روانہ ہونے لگا تو آپؐ نے فرمایا: ان کو قتل کر دینا، آگ میں نہ جلانا۔

اور دوسری حدیث میں ایک واقعہ ہے: کچھ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ان کی الوہیت کے قائل تھے، وہ گرفتار کر کے حضرت علیؓ کے پاس لائے گئے، حضرت علیؓ نے ان کو سمجھایا کہ میں خدا نہیں ہوں، خدا کا بندہ ہوں، مگر وہ نہیں مانے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کو زندہ آگ میں جلا دیا، یہ واقعہ کوفہ میں پیش آیا، بصرہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت علیؓ کی طرف سے گورنر تھے جب ان کو اس واقعہ کا علم ہوا تو انھوں نے فرمایا: آگ کی سزا کسی کو نہیں دینی

چاہئے، اگر میرے پاس یہ مقدمہ آتا تو میں ان کو ارتداد کی وجہ سے قتل کرتا، جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ تبصرہ پہنچا تو فرمایا: صَدَقَ ابْنُ عَباس: ابن عباسؓ نے صحیح کہا!

سوال: پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کو کیوں جلایا؟

جواب: ان کے خدا نے ان کو جلایا، خدا تو آگ کی سزا دے سکتا ہے؟ دوسرا جواب یہ ہے کہ آگ میں جلانا مکروہ تنزیہی ہے، حرام نہیں، کیونکہ قاعدہ ہے دو حدیثوں میں تعارض ہوجائے تو حکم ہلکا پڑ جاتا ہے، جیسے ماکول اللحم جانوروں کے فضلات میں روایات متعارض ہیں، اس لئے نجاست خفیفہ ہے، اسی طرح حدیث اور فعل صحابی میں تعارض ہوجائے تو بھی حکم ہلکا پڑ جاتا ہے، چنانچہ آگ میں جلانا مکروہ تنزیہی ہے۔

[۱۴۹-] بَابٌ: لاَيُعَذَّبُ بِعَذَابِ اللّٰهِ

[۳۰۱۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْثٍ، فَقَالَ:" إِنْ وَجَدْتُمْ فُلاَنًا وَفُلاَنًا فَأَحْرِقُوْهُمَا بِالنَّارِ" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ أَرَدْنَا الْخُرُوْجَ:" إِنِّيْ أَمَرْتُكُمْ أَنْ تُحْرِقُوْا فُلاَنًا وَفُلاَنًا، وَإِنَّ النَّارَ لاَ يُعَذِّبُ بِهَا إِلاَّ اللّٰهُ، فَإِنْ وَجَدْتُمُوْهُمَا فَاقْتُلُوْهُمَا"[راجع: ۲۹۵۴]

[۳۰۱۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ: أَنَّ عَلِيًّا حَرَّقَ قَوْمًا، فَبَلَغَ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: لَوْ كُنْتُ أَنَا لَمْ أُحَرِّقْهُمْ، لِأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَ تُعَذِّبُوْا بِعَذَابِ اللّٰهِ" وَلَقَتَلْتُهُمْ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوْهُ"[انظر: ۶۹۲۲]

بَابُ قَوْلِه: ﴿فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا﴾

جنگی قیدیوں کو بلا معاوضہ یا معاوضہ لے کر چھوڑ دینا

جنگی قیدیوں کا مسئلہ چار طرح حل کیا جاسکتا ہے، اگر کوئی قیدی بہت ہی خطرناک ہو تو امیر اسے تہ تیغ کرسکتا ہے، اور جس قیدی کو بلا معاوضہ چھوڑ دینا مصلحت ہو اس پر احسان کیا جاسکتا ہے، حضرت ثمامہ رضی اللہ عنہ کو مفت چھوڑ دیا گیا تھا، پھر قیدیوں کا باہم تبادلہ کیا جائے یا جنگ کا ہرجانہ لے کر چھوڑ دیا جائے اور یہ تینوں صورتیں ممکن نہ ہوں تو ان کو غلام باندی بنا کر فوج میں تقسیم کردیا جائے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں سورۂ محمد کی آیت ۴ لکھی ہے، جو یہاں سے شروع ہوتی ہے: ﴿فَإِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ الآية: جب تمہارا کفار سے مقابلہ ہو تو ان کی گردنیں مارو، یعنی قتل کرو، یہاں تک کہ جب تم ان کی خوب خون ریزی کرلو تو خوب مضبوط باندھ لو، پھر اس کے بعد یا تو بلا معاوضہ چھوڑ دینا ہے یا معاوضہ لے کر چھوڑ دینا

ہے جب تک کہ لڑنے والے اپنے ہتھیار نہ رکھ دیں، یعنی اگر دشمن اسلام قبول کرلے یا استسلام (تابع داری) قبول کرلے تو اب نہ قتل کرنا جائز ہے نہ قید کرنا جائز کرنا۔

اور دوسری آیت سورۃ الانفال کی آیت ۶۷ ہے: ''نبی کی شان کے لائق نہیں کہ ان کے قیدی باقی رہیں (بلکہ قتل کردیئے جائیں) جب تک کہ وہ زمین میں اچھی طرح خون ریزی نہ کرلے تم دنیا کا مال واسباب چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ آخرت کی مصلحت چاہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست بڑی حکمت والے ہیں''

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ پہلی آیت معمول بہا ہے یا منسوخ؟ کیونکہ دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ بلا معاوضہ چھوڑ دینا یا معاوضہ لے کر چھوڑ دینا جائز نہیں۔ قیدیوں کو قتل کرنا ضروری ہے، لیکن اگر سورۂ انفال کی آیت کو ابتدائی حالت کے ساتھ خاص کیا جائے اور سورۂ محمد کی آیت کو بعد کے احوال کے کے لئے مانا جائے تو پھر کوئی تعارض باقی نہیں رہتا، پس قیدیوں کو مفت چھوڑنا یا جنگ کا ہرجانہ لے کر چھوڑنا جائز ہوگا۔

[۱۵۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا﴾

[۱-] فِيْهِ حَدِيْثُ ثُمَامَةَ.

[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُوْنَ لَهُ أَسْرَى حَتَّى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ﴾ [الأنفال: ٦٧] يَعْنِي يَغْلِبَ فِي الْأَرْضِ ﴿تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا﴾ الآيَةَ.

قولہ: یعنی: یہ يُثْخِنَ کی مراد بیان کی ہے کہ ابتدائی حالات میں نرمی مناسب نہیں، جب مسلمانوں کو بالادستی حاصل ہوجائے تب سورہ محمد کی آیت پر عمل کیا جائے۔

بَابٌ: هَلْ لِلْأَسِيرِ أَنْ يَقْتُلَ أَوْ يَخْدَعَ الَّذِيْنَ أَسَرُوْهُ حَتَّى يَنْجُوَ مِنَ الْكَفَرَةِ؟

کیا قیدی قید کرنے والوں کو قتل کرسکتا ہے یا دھوکہ دے سکتا ہے تاکہ کافروں سے نجات پائے؟

باب میں حضرت ابوبصیر رضی اللہ عنہ کے واقعہ کا حوالہ ہے، مکہ سے دو آدمی ان کو لینے آئے تھے، نبی ﷺ نے ان کو دیدیا، حضرت ابوبصیرؓ نے ذوالحلیفہ پہنچ کر ایک کو موت کی گھاٹ اتار دیا اور دوسرا بھاگ کھڑا ہوا، نبی ﷺ نے ابوبصیرؓ کے عمل پر کوئی اعتراض نہیں کیا، معلوم ہوا کہ قیدی ایسا کرسکتا ہے، حاشیہ میں امام اعظم رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے لکھی ہے۔

[۱۵۱-] بَابٌ: هَلْ لِلْأَسِيرِ أَنْ يَقْتُلَ أَوْ يَخْدَعَ الَّذِيْنَ أَسَرُوْهُ حَتَّى يَنْجُوَ مِنَ الْكَفَرَةِ؟

فِيْهِ الْمِسْوَرُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابٌ: إِذَا حَرَّقَ الْمُشْرِكُ الْمُسْلِمَ هَلْ يُحَرَّقُ؟

مشرک نے مسلمان کو جلادیا تو کیا اس کو جلاسکتے ہیں؟

کافر نے ہمارے ایک مجاہد کو جلادیا پھر وہ کافر پکڑا گیا تو کیا قصاص میں اس کو جلاسکتے ہیں؟ عرنیین والا واقعہ لائے ہیں، انھوں نے چرواہوں کے ساتھ جو حرکت کی تھی وہی سزا ان کو دی گئی، معلوم ہوا کہ ایسا کرسکتے ہیں۔

[۱۵۲-] بَابٌ: إِذَا حَرَّقَ الْمُشْرِكُ الْمُسْلِمَ هَلْ يُحَرَّقُ؟

[۳۰۱۸-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَهْطًا مِنْ عُكْلٍ ثَمَانِيَةً قَدِمُوْا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَاجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ابْغِنَا رِسْلاً، فَقَالَ: "مَا أَجِدُ لَكُمْ إِلَّا أَنْ تَلْحَقُوْا بِالذَّوْدِ" فَانْطَلَقُوْا فَشَرِبُوْا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا حَتَّى صَحُّوْا وَسَمِنُوْا، وَقَتَلُوْا الرَّاعِيَ وَاسْتَاقُوْا الذَّوْدَ، وَكَفَرُوْا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ، فَأَتَى الصَّرِيْخُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَبَعَثَ الطَّلَبَ فَمَا تَرَجَّلَ النَّهَارُ حَتَّى أُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَّعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، ثُمَّ أَمَرَ بِمَسَامِيْرَ فَأُحْمِيَتْ فَكَحَلَهُمْ بِهَا وَطَرَحَهُمْ بِالْحَرَّةِ، يَسْتَسْقُوْنَ فَمَا يُسْقَوْنَ حَتَّى مَاتُوْا، قَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ: قَتَلُوْا وَسَرَقُوْا وَحَارَبُوْا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَسَعَوْا فِي الْأَرْضِ فَسَادًا. [راجع: ۲۳۳]

ترجمہ: قبیلہ عکل کے آٹھ آدمی مدینہ آئے، پس انہیں مدینہ میں جوئی بیماری ہوگئی، انھوں نے کہا: یارسول اللہ! ہمارے لئے دودھ والا جانور تلاش کیجئے (ابْغِ: تلاش کیجئے، رِسْلاً: دودھ والا جانور) پس نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں پاتا میں تمہارے لئے مگر یہ کہ جاؤتم اونٹوں کے ریوڑ کی طرف، پس چلے وہ، پس پیا انھوں نے ان کا پیشاب اور ان کا دودھ (انھوں نے پیشاب خود پیا تھا، نبی ﷺ نے اس کے پینے کا حکم نہیں دیا تھا) یہاں تک کہ تندرست ہوگئے اور موٹے تازے ہوگئے، اور چرواہے کو قتل کردیا اور اونٹوں کا ریوڑ ہانک لے چلے، اور مسلمان ہونے کے بعد مرتد ہوگئے، پس خبر دینے والا نبی ﷺ کے پاس آیا (الصَّریخ: المُخبر، الْمُستغیث) پس نبی ﷺ نے طلب گاروں کو بھیجا (طَلَب: طالب کی جمع ہے) پس دن نہیں پیدل ہوا، یعنی نہیں بلند ہوا یہاں تک کہ ان کو لایا گیا، پس ان کے ہاتھ اور پیر (مخالف جانب سے) کاٹے گئے پھر آپؐ نے حکم دیا سلائیوں کے بارے میں پس وہ گرم کی گئیں اور ان کے ذریعہ سے ان کو سرمہ لگایا گیا، اور ان کو حرّہ (سیاہ پتھروں والی زمین) میں ڈال دیا گیا، پانی مانگتے تھے وہ پس پانی نہیں پلائے گئے یہاں تک کہ مرگئے۔

بَابٌ

اسی کو جلایا جائے جس نے جلایا ہے

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اور حدیث میں ایک نبی کا واقعہ ہے، ان کو ایک چیونٹی نے کاٹا تھا، انھوں نے حکم دیا پس چیونٹیوں کی ساری بستی جلادی گئی، وحی آئی کہ آپ کو ایک چیونٹی نے کاٹا تھا اس کو سزا دیتے، ساری بستی کو کیوں جلایا؟ وہ ایک امت تھی جو اللہ کی تسبیح پڑھتی تھی! اس واقعہ سے یہ ثابت کیا ہے کہ جس کافر نے ہمارے آدمی کو جلایا ہے اسی کو جلا سکتے ہیں۔

[١٥٣-] بَابٌ

[٣٠١٩-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" قَرَصَتْ نَمْلَةٌ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ، فَأَمَرَ بِقَرْيَةِ النَّمْلِ فَأُحْرِقَتْ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ، أَنْ قَرَصَتْكَ نَمْلَةٌ أَحْرَقْتَ أُمَّةً مِنَ الْأُمَمِ تُسَبِّحُ اللّٰهَ؟[انظر: ٣٣١٩]

بَابُ حَرْقِ الدُّوْرِ وَالنَّخِيْلِ

گھروں اور کھجور کے درختوں کو جلانا

دشمن کے علاقہ کو اجاڑنا، پل توڑنا، ریل کی لائنیں اکھاڑنا، باغات کاٹ دینا، کھیتوں میں آگ لگا دینا: اگر جنگی مصلحت ہو تو ایسا کرنا جائز ہے، اور باب کی پہلی حدیث میں ذوالخلصہ مندر میں آگ لگانے کا ذکر ہے، یہ گھروں کو جلانے کی مثال ہے، اور دوسری حدیث میں بنونضیر کے باغات میں آگ لگانے کا ذکر ہے، یہ نخیل کو جلانے کی مثال ہے۔

[١٥٤-] بَابُ حَرْقِ الدُّوْرِ وَالنَّخِيْلِ

[٣٠٢٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنِيْ قَيْسُ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: قَالَ جَرِيْرٌ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَلَا تُرِيْحُنِيْ مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ؟" وَكَانَ بَيْتًا فِيْ خَثْعَمَ يُسَمَّى كَعْبَةَ الْيَمَانِيَةِ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ فِيْ خَمْسِيْنَ وَمِائَةِ فَارِسٍ مِنْ أَحْمَسَ، وَكَانُوْا أَصْحَابَ خَيْلٍ، قَالَ: وَكُنْتُ لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، فَضَرَبَ فِيْ صَدْرِيْ حَتَّى رَأَيْتُ أَثَرَ أَصَابِعِهِ فِيْ صَدْرِيْ وَقَالَ:" اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا" فَانْطَلَقَ إِلَيْهَا فَكَسَرَهَا وَحَرَّقَهَا، ثُمَّ بَعَثَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِخَبَرِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ جَرِيْرٍ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا جِئْتُكَ حَتَّى تَرَكْتُهَا كَأَنَّهُ جَمَلٌ أَجْوَفُ أَوْ:

أَجْرَبُ. قَالَ: فَبَارَكَ فِي خَيْلِ أَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ.

[انظر: ٣٠٣٦، ٣٠٧٦، ٣٨٢٣، ٤٣٥٥، ٤٣٥٦، ٤٣٥٧، ٦٠٨٩، ٦٣٣٣]

[٣٠٢١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَرَّقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ. [راجع: ٢٣٢٦]

حدیث(۱): حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: کیا آپ مجھے آرام نہیں پہنچاتے ذوالخلصہ مندر سے؟ اور وہ قبیلہ خثعم کا مندر تھا، جو یمنی کعبہ کہلاتا تھا، یعنی مکہ کے کعبہ کے مقابل بنایا گیا تھا، حضرت جریرؓ کہتے ہیں: میں قبیلہ احمس کے ڈیڑھ سو شہسواروں کے ساتھ چلا، اور وہ سب شہسواری کے ماہر تھے، حضرت جریرؓ کہتے ہیں: اور میں گھوڑے پر جم کر بیٹھ نہیں سکتا تھا، پس نبی ﷺ نے میرے سینہ پر ہاتھ مارا، یہاں تک کہ میں نے آپؐ کی انگلیوں کے نشان اپنے سینہ پر دیکھے، اور آپؐ نے فرمایا: **اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ**: اے اللہ اس کو جمادے، **وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا**: اور اس کو راہ نما اور راہ یاب بنا، پس میں اس مندر کی طرف چلا، پس اس کو توڑ دیا اور اس کو جلا دیا، پھر حضرت جریرؓ نے اس کی خبر نبی ﷺ کے پاس بھیجی، حضرت جریرؓ کے پیغامبر نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! نہیں آیا ہوں میں آپؐ کے پاس یہاں تک کہ چھوڑ دیا ہے میں نے اس کو گویا وہ کھوکھلا اونٹ ہے یا خارشتی اونٹ ہے (جس پر تارکول پھیر دیا گیا ہو، جس سے اونٹ کالا ہو جاتا ہے) حضرت جریرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے احمس کے گھوڑ سواروں کے لئے اور پیدل فوج کے لئے پانچ مرتبہ برکت کی دعا فرمائی!

بَابُ قَتْلِ الْمُشْرِكِ النَّائِمِ

سوتے ہوئے مشرک کو قتل کرنا

مشرک سویا ہوا ہو اور اسی حالت میں اس کو قتل کر دیا جائے تو جائز ہے، ابورافع عبداللہ (سلام) بن ابی الحُقیق حجاز کا بڑا یہودی تاجر تھا اور مسلمانوں کے خلاف مکہ والوں کی مدد کرتا تھا۔ نبی ﷺ نے اس کو قتل کرنے کے لئے پانچ آدمی بھیجے، انھوں نے سوتے ہوئے اس کو قتل کیا، اس سریہ کے امیر حضرت عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ تھے جو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

[١٥٥-] بَابُ قَتْلِ الْمُشْرِكِ النَّائِمِ

[٣٠٢٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّاءَ بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَهْطًا مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَى أَبِيْ رَافِعٍ لِيَقْتُلُوْهُ، فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَدَخَلَ حِصْنَهُمْ، قَالَ: فَدَخَلْتُ فِيْ مَرْبَطِ دَوَابَّ لَهُمْ، قَالَ: وَأَغْلَقُوْا بَابَ

الْحِصْنِ، ثُمَّ إِنَّهُمْ فَقَدُوْا حِمَارًا لَّهُمْ، فَخَرَجُوْا يَطْلُبُوْنَهُ، فَخَرَجْتُ فِيْمَنْ خَرَجَ، أُرِيْهِمْ أَنَّنِيْ أَطْلُبُهُ مَعَهُمْ، فَوَجَدُوْا الْحِمَارَ فَدَخَلُوْا وَدَخَلْتُ، وَأَغْلَقُوْا بَابَ الْحِصْنِ لَيْلاً، فَوَضَعُوْا الْمَفَاتِيْحَ فِيْ كُوَّةٍ حَيْثُ أَرَاهَا، فَلَمَّا نَامُوْا أَخَذْتُ الْمَفَاتِيْحَ فَفَتَحْتُ بَابَ الْحِصْنِ، ثُمَّ دَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا رَافِعٍ! فَأَجَابَنِيْ، فَتَعَمَّدْتُ الصَّوْتَ فَضَرَبْتُهُ فَصَاحَ، فَخَرَجْتُ ثُمَّ رَجَعْتُ كَأَنِّيْ مُغِيْثٌ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا رَافِعٍ! وَغَيَّرْتُ صَوْتِيْ، فَقَالَ: مَالَكَ لِأُمِّكَ الْوَيْلُ، قُلْتُ: مَا شَأْنُكَ؟ قَالَ: لَا أَدْرِيْ مَنْ دَخَلَ عَلَيَّ فَضَرَبَنِيْ، قَالَ: فَوَضَعْتُ سَيْفِيْ فِيْ بَطْنِهِ، ثُمَّ تَحَامَلْتُ عَلَيْهِ حَتَّى قَرَعَ الْعَظْمَ، ثُمَّ خَرَجْتُ وَأَنَا دَهِشٌ، فَأَتَيْتُ سُلَّمًا لَهُمْ لِأَنْزِلَ مِنْهُ فَوَقَعْتُ، فَوُثِئَتْ رِجْلِيْ، فَخَرَجْتُ إِلٰى أَصْحَابِيْ، فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِبَارِحٍ حَتَّى أَسْمَعَ الْوَاعِيَةَ، فَمَا بَرِحْتُ حَتَّى سَمِعْتُ نَعَايَا أَبِيْ رَافِعٍ تَاجِرِ أَهْلِ الْحِجَازِ، قَالَ: فَقُمْتُ وَمَا بِيْ قَلَبَةٌ حَتَّى أَتَيْنَا النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَخْبَرْنَاهُ.[انظر: ۳۰۲۳، ۴۰۳۸، ۴۰۳۹، ۴۰۴۰]

[۳۰۲۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم رَهْطًا مِنَ الْأَنْصَارِ إِلٰى أَبِيْ رَافِعٍ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَتِيْكٍ بَيْتَهُ لَيْلاً، فَقَتَلَهُ وَهُوَ نَائِمٌ.[راجع: ۳۰۲۲]

ترجمہ: نبی ﷺ نے انصار کی ایک جماعت کو ابورافع کی طرف بھیجا تا کہ وہ اس کو قتل کریں، پس ان میں سے ایک آدمی چلا اور وہ ان کے قلعہ میں داخل ہوا، وہ کہتے ہیں: پس میں ان کے جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں داخل ہوا، یعنی وہاں جا کر چھپ گیا، وہ کہتے ہیں: اور انھوں نے قلعہ کا دروازہ بند کر دیا پھر انھوں نے اپنا ایک گدھا گم پایا، پس اس کو ڈھونڈھنے کے لئے نکلے، پس میں بھی ان کے ساتھ نکلا، میں ان کو دکھلا رہا تھا کہ میں بھی ان کے ساتھ گدھے کو ڈھونڈ رہا ہوں، پس انھوں نے گدھا پایا اور قلعہ میں داخل ہوئے، میں بھی داخل ہوا، اور رات میں انھوں نے قلعہ کا دروازہ بند کر دیا، اور چابیاں روشن دان میں رکھیں، جس کو میں دیکھ رہا تھا، پس جب وہ سو گئے تو میں نے چابیاں لیں اور قلعہ کا دوازہ کھول دیا، پھر میں ابورافع پر داخل ہوا اور میں نے پکارا: او ابورافع! اس نے مجھے جواب دیا، پس میں نے آواز کا قصد کیا اور اس کو تلوار ماری، وہ چلایا پس میں نکل گیا، پھر میں لوٹا گویا میں فریادرس ہوں، پس میں نے کہا: اے ابورافع! اور میں نے اپنی آواز بدل لی، اس نے کہا: کیا بات ہے تیری ماں برباد ہو (یہ محاورہ ہے، بے تکلفی کے موقع پر بولا جاتا ہے، بددعا مقصود نہیں ہوتی) میں نے کہا: تیرا کیا حال ہے؟ اس نے کہا: معلوم نہیں کون میرے کمرے میں گھسا اور اس نے مجھے تلوار ماری، راوی کہتے ہیں: پس میں نے اپنی تلوار اس کے پیٹ میں رکھی، پھر میں اس پر جھک گیا، یہاں تک کہ ہڈی چرچرائی، پس میں نکلا درانحالیکہ میں گھبرایا ہوا تھا، میں ان کی سیڑھی پر آیا تا کہ اس سے اتروں، پس میں گر پڑا، میرے پیر میں موچ آ گئی، پس میں اپنے ساتھیوں کی طرف نکلا، اور میں نے کہا: میں یہاں سے ہٹنے والا نہیں جب تک موت کا اعلان نہ سنوں، پس میں برابر رہا

یہاں تک کہ میں نے سنے حجاز کے تاجر ابورافع کی موت کے اعلانات، راوی کہتے ہیں: پس میں کھڑا ہوا درانحالیکہ مجھے کوئی بیماری نہیں تھی، یہاں تک کہ ہم نبی ﷺ کے پاس پہنچے۔

تشریح: روایت کے آخر میں تقدیم وتاخیر ہے، حضرت عبداللہؓ کے پیر میں چوٹ آئی تھی، انھوں نے عمامہ سے پنڈلی باندھ لی، پھر اسی حالت میں نبی ﷺ کے پاس پہنچے اور ابورافع کے قتل کی خبر دی اور ان کے ساتھ جو حادثہ پیش آیا تھا وہ بھی بتایا، آپؐ نے فرمایا: پیر لمبا کرو، آپؐ نے پنڈلی پر ہاتھ پھیرا اور دم کیا پس وہ اٹھے گویا انہیں کوئی تکلیف نہیں۔ اور ابورافع خیبر میں رہتا تھا، وہاں جا کر اس سریہ نے اس کو قتل کیا تھا۔

لغات: مَرْبَط: اصطبل، گھوڑے اور چوپایوں کو باندھنے کی جگہ، جمع مَرَابِطْ.......... الكُوَّة: دیوار میں روشن دان .... قَرَعَ الْبَابَ: دروازہ کھٹکھٹایا، قَرَعَ الْعظمَ: ہڈی کو توڑا..........وُثِئَ الرجلُ: پیر میں موچ آ گئی .... الوَاعية: مردہ پر رونا پیٹنا..........النَّعْيّ: جس کی موت کی اطلاع دی جائے، جمع نَعَايَا..........قَلَبَة: کوئی بھی بیماری، خاص طور پر دل کی بیماری۔

بَابٌ: لَاتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ

دشمن سے مڈبھیڑ کی تمنا مت کرو

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لَأَنْ أُعَافٰى فَأَشْكُرَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُبْتَلٰى فَأَصْبِرَ: میں عافیت میں رہوں اور شکر بجالاؤں یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ مصیبت میں مبتلا کیا جاؤں اور صبر کروں، اور دشمن سے مقابلہ کا انجام کیا ہوگا؟ یہ کسی کو معلوم نہیں! اور خود اعتمادی اور طاقت پر بھروسہ اور دشمن کو کچھ نہ سمجھنا احتیاط اور چوکنا پن کے خلاف ہے، اس لئے جنگ کی آرزو نہیں کرنی چاہئے، لیکن جب جنگ سر پے آ پڑے تو ہمت مرداں مددِ خدا! اور حدیثیں دونوں وہی ہیں جو پہلے گذری ہیں، جن کو خواہ مخواہ دو حدیثیں بنایا ہے، دوسری حدیث کے آخر میں ہے: لَاتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ: اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی یہی مضمون ہے۔

[۱۵٦-] بَابٌ: لَاتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ

[۳۰۲٤-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوْسُفَ الْيَرْبُوْعِيُّ، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِيْ سَالِمٌ أَبُوْ النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، كُنْتُ كَاتِبًا لَهُ، قَالَ: كَتَبَ إِلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ أَوْفٰى حِيْنَ خَرَجَ إِلَى الْحَرُوْرِيَّةِ فَقَرَأْتُهُ، فَإِذَا فِيْهِ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ أَيَّامِهِ الَّتِيْ لَقِيَ فِيْهَا الْعَدُوَّ انْتَظَرَ حَتّٰى مَالَتِ الشَّمْسُ. [راجع: ۲۸۱۸]

[۳۰۲۵-] ثُمَّ قَامَ فِي النَّاسِ، فَقَالَ:" يَا أَيُّهَا النَّاسُ! لَاتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ، وَسَلُوْا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ، فَإِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا، وَاعْلَمُوْا أَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ" ثُمَّ قَالَ:" اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، وَمُجْرِيَ السَّحَابِ، وَهَازِمَ الْأَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ"

وَقَالَ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ: ثَنِيْ سَالِمٌ أَبُوْ النَّضْرِ: كُنْتُ كَاتِبًا لِعُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، فَأَتَاهُ كِتَابُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفٰى، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَاتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ"[راجع: ۲۹۳۳]

[۳۰۲۶-] وَقَالَ أَبُوْ عَامِرٍ، ثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَا تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَإِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا"

بَابٌ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ

جنگ ایک چال ہے

خُدْعَةٌ: (خا پر پیش اور دال ساکن) اور خَدَعة: (بفتحتین) دونوں درست ہیں، جیسے مناظرہ ایک چال ہے، جو مناظر چال چل جائے اور مقابل کو دھوکہ دیدے وہی کامیاب ہوتا ہے، اسی طرح جنگ بھی ایک چال ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: جب کسریٰ کی حکومت ختم ہوگی تو پھر اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا، یعنی جب ایران کی حکومت ختم ہوجائے گی تو قیامت تک کے لئے ختم ہوجائے گی، اور قیصر (روم کا بادشاہ) ضرور ہلاک ہوگا، پھر اس کے بعد (اس شان کا) کوئی قیصر نہیں آئے گا، اور تم ضرور ان دونوں کے خزانے راہِ خدا میں بانٹو گے۔ اور نبی ﷺ نے جنگ کو ایک چال قرار دیا، اور دوسری حدیث میں امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ ابوبکر ہیں ان کا نام بُور ہے۔

[۱۵۷-] بَابٌ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ

[۳۰۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" هَلَكَ كِسْرَى، ثُمَّ لَايَكُوْنُ كِسْرَى بَعْدَهُ، وَقَيْصَرُ لَيَهْلِكَنَّ، ثُمَّ لَايَكُوْنُ قَيْصَرُ بَعْدَهُ، وَلَتُقْسَمَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"[انظر: ۳۱۲۰، ۳۶۱۸، ۶۶۳۰]

[۳۰۲۸-] وَسَمَّى الْحَرْبَ الْخُدْعَةَ.[انظر: ۳۰۲۹]

[۳۰۲۹-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَصْرَمَ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْحَرْبَ خُدْعَةً.[راجع: ۳۰۲۸] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَبُوْ بَكْرٍ هُوَ بُوْرُ بْنُ أَصْرَم.

[۳۰۳۰-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، أَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو: سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم: "الْحَرْبُ خَدَعَةٌ"

بَابُ الْكَذِبِ فِي الْحَرْبِ

جنگ میں جھوٹ بولنا

یہ ذیلی باب ہے، جنگ میں دھوکہ دینے کے لئے صریح جھوٹ بول سکتے ہیں یا نہیں؟ اور باب میں حدیث لائے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: کوئی ہے جو کعب بن اشرف کو نمٹادے وہ اللہ اور رسول کو تکلیف پہنچاتا ہے؟ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپؐ اس کو پسند کرتے ہیں اے اللہ کے رسول کہ میں اسے قتل کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، چنانچہ وہ اس کے پاس گئے اور اس سے کہا: ان صاحب (نبی ﷺ) نے ہمیں پریشان کردیا (عَنَّانَا: أَتْعَبَنَا) روز روز چندہ مانگتے ہیں، کعب نے کہا: اور بھی بخدا! تم ضرور رنجیدہ ہوؤ گے، یعنی ابھی ابتدائے عشق ہے گھبراتا ہے کیا، آگے آگے دیکھ ہوتا ہے کیا؟ محمد بن مسلمہؓ نے کہا: اب جبکہ ہم نے ان کی پیروی کرلی تو جلدی سے ان کو چھوڑنا نہیں چاہتے، دیکھنا ہے کہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے؟ اس طرح وہ اس سے بات کرتے رہے یہاں تک کہ اس پر قابو پالیا اور اس کو قتل کردیا، یہ حدیث پہلے بھی آئی ہے اس میں غور کرو: یہ صریح جھوٹ ہے یا توریہ؟ میرا خیال ہے کہ یہ صاف خلاف واقعہ بات کہی ہے، پس جنگ میں ایسی باتیں کہی جاسکتی ہیں۔

[۱۵۸-] بَابُ الْكَذِبِ فِي الْحَرْبِ

[۳۰۳۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ فَإِنَّهُ قَدْ آذَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ؟" قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ: أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "نَعَمْ" قَالَ: فَأَتَاهُ، فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا - يَعْنِي النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم - قَدْ عَنَّانَا، وَسَأَلَنَا الصَّدَقَةَ، قَالَ: فَقَالَ: وَأَيْضًا وَاللّٰهِ لَتَمَلُّنَّهُ، قَالَ: فَإِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاهُ فَنَكْرَهُ أَنْ نَدَعَهُ حَتَّى نَنْظُرَ إِلٰى مَا يَصِيْرُ أَمْرُهُ، قَالَ: فَلَمْ يَزَلْ يُكَلِّمُهُ حَتَّى اسْتَمْكَنَ مِنْهُ فَقَتَلَهُ. [راجع: ۲۵۱۰]

بَابُ الْفَتْكِ بِأَهْلِ الْحَرْبِ

دشمن کو غافل رکھ کر قتل کرنا

یہ بھی ذیلی باب ہے اور وہی کعب بن اشرف کا واقعہ لائے ہیں، محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس کے ساتھ ایسی باتیں

کیں کہ وہ رنجھ گیا، پس اس کا کام تمام کردیا، جنگ میں ایسا کرنا جائز ہے۔

[۱۵۹-] بَابُ الْفَتْكِ بِأَهْلِ الْحَرْبِ

[۳۰۳۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ؟'' فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ: أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ؟ قَالَ:'' نَعَمْ'' قَالَ: فَأْذَنْ لِيْ فَأَقُوْلَ، قَالَ:'' قَدْ فَعَلْتُ''[راجع: ۲۵۱۰]

بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ الإِحْتِيَالِ وَالْحَذَرِ مَعَ مَنْ تُخْشَى مَعَرَّتُهُ

حیلہ کرنا اور چوکنا رہنا اس شخص سے جس کے شر کا اندیشہ ہے

یہ بھی ذیلی باب ہے۔ احتیال: حیلہ کرنا، تدبیر کرنا، الحَذَر: چوکنا رہنا، مَعَرَّۃ: شر وفساد، جس شخص کی شرارت اور شر وفساد کا اندیشہ ہو اس سے ہوشیار رہنا اور کسی تدبیر سے اس کو نمٹا دینا جائز ہے۔ اور باب میں ابن صیاد کا واقعہ ہے، نبی ﷺ درختوں کی اوٹ میں جارہے تھے: یہ احتیال ہے، اور چپکے سے اس کی بات سننا چاہتے تھے: یہ چوکنا پن ہے، آپؐ ایسا اس لئے کررہے تھے کہ اس کے شر وفساد کا اندیشہ تھا: بڑا ہوکر معلوم نہیں کیا اودھم مچائے گا۔

[۱۶۰-] بَابُ مَايَجُوْزُ مِنَ الإِحْتِيَالِ وَالْحَذَرِ مَعَ مَنْ تُخْشَى مَعَرَّتُهُ

[۳۰۳۳-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَعَهُ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ، فَحُدِّثَ بِهِ فِي نَخْلٍ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم النَّخْلَ طَفِقَ يَتَّقِيْ بِجُذُوْعِ النَّخْلِ، وَابْنُ صَيَّادٍ فِيْ قَطِيْفَةٍ لَهُ، فِيْهَا رَمْرَمَةٌ، فَرَأَتْ أُمُّ ابْنِ صَيَّادٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: يَاصَافُ! هٰذَا مُحَمَّدٌ، فَوَثَبَ ابْنُ صَيَّادٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ''[راجع: ۱۳۵۵]

قولہ: فَحُدِّثَ بِهِ فِيْ نَخْلٍ: آپؐ کو بتایا گیا کہ وہ کھجور کے باغ میں ہے۔

بَابُ الرَّجْزِ فِي الْحَرْبِ وَرَفْعِ الصَّوْتِ فِيْ حَفْرِ الْخَنْدَقِ

جنگ میں رجز اور خندق کی کھدائی میں زور سے رجز پڑھنا

رجز شعر ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، لیکن اتنی بات طے ہے کہ رجز اشعار کی ایک بحر ہے، اس کا اصل وزن چھ

دفعہ مُسْتَفْعِلُن ہے، جنگ میں رجز پڑھ سکتے ہیں، اس سے جوش پیدا ہوتا ہے، جب خندق کھودی جارہی تھی تو زور سے رجز پڑھا جارہا تھا، تقسیم ہند کے زمانہ میں پاکستان کے حامی یہ رجز پڑھتے تھے: ہندو ہندو شور مچا کر، اپنے بھائی پے رعب جما کر، لے کہ رہیں گے پاکستان (پاکستان کھینچ کر بولتے تھے)

اور حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی حدیث غزوۂ خندق (حدیث ۴۰۹۸) میں آئے گی، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث پہلے (۲۸۳۵) گذری ہے۔ اور خندق کھودنے کے باب میں بھی کتاب المغازی میں آئے گی، اور حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث آگے (حدیث ۴۱۹۶) آئے گی۔ اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے۔

[١٦١-] بَابُ الرَّجْزِ فِي الْحَرْبِ، وَرَفْعِ الصَّوْتِ فِيْ حَفْرِ الْخَنْدَقِ

فِيْهِ سَهْلٌ، وَأَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَفِيْهِ يَزِيْدُ، عَنْ سَلَمَةَ.

[٣٠٣٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْخَنْدَقِ، وَهُوَ يَنْقُلُ التُّرَابَ حَتَّى وَارَى التُّرَابُ شَعْرَ صَدْرِهِ، وَكَانَ رَجُلاً كَثِيْرَ الشَّعْرِ، وَهُوَ يَرْتَجِزُ بِرَجْزِ عَبْدِ اللّٰهِ:

اللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ❁ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَأَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ❁ وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا
إِنَّ الْأَعْدَاءَ قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا ❁ إِذَا أَرَادُوْا فِتْنَةً أَبَيْنَا

يَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ. [راجع: ٢٨٣٦]

بَابٌ: مَنْ لَا يَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ

جو گھوڑے پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا

وہ کسی بزرگ سے دعا کرائے، حضرت جریر رضی اللہ عنہ گھوڑے پر جم کر نہیں بیٹھ سکتے تھے، ان کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْه: اے اللہ اس کو گھوڑے پر جمادے، چنانچہ وہ اس دعا کے بعد شہسوار بن گئے۔

[١٦٢-] بَابٌ: مَنْ لَا يَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ

[٣٠٣٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثَنَا ابْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ: مَا حَجَبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنْذُ أَسْلَمْتُ، وَلَا رَآنِيْ إِلَّا تَبَسَّمَ فِيْ وَجْهِيْ.

[انظر: ٣٨٢٢، ٦٠٩٠]

[٣٠٣٦-] وَلَقَدْ شَكَوْتُ إِلَيْهِ أَنِّيْ لاَ أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، فَضَرَبَ بِيَدِهِ فِيْ صَدْرِيْ، وَقَالَ: "اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا"[راجع: ٣٠٢٠]

بَابُ دَوَاءِ الْجُرْحِ بِإِحْرَاقِ الْحَصِيْرِ إلخ

(۱) چٹائی کی راکھ زخم میں بھرنا (۲) عورت کا اپنے باپ کے چہرے کو دھونا (۳) ڈھال میں پانی لانا

باب میں تین باتیں ہیں، اور تینوں واضح ہیں، جنگ احد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال میں پانی لا رہے تھے، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا چہرۂ مبارک دھو رہی تھیں، جب خون نہ رکا تو چٹائی جلا کر اس کی راکھ زخم میں بھری گئی، اور باب کا مقصد یہ ہے کہ جہاد میں زخمیوں کا علاج کرنا چاہئے، اور یہ خیال صحیح نہیں کہ زخمی کو مرنے دو تاکہ شہادت سے سرفراز ہو۔

[١٦٣-] بَابُ دَوَاءِ الْجُرْحِ بِإِحْرَاقِ الْحَصِيْرِ ، وَغَسْلِ الْمَرْأَةِ عَنْ أَبِيْهَا الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَحَمْلِ الْمَاءِ فِي التُّرْسِ

[٣٠٣٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ، قَالَ: سَأَلُوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ: بِأَيِّ شَيْءٍ دُوْوِيَ جُرْحُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: مَا بَقِيَ مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ، كَانَ عَلِيٌّ يَجِيْءُ بِالْمَاءِ فِيْ تُرْسِهِ، وَكَانَتْ- يَعْنِيْ فَاطِمَةَ- تَغْسِلُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَأُخِذَ حَصِيْرٌ فَأُحْرِقَ، ثُمَّ حُشِيَ بِهِ جُرْحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٢٤٣]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّنَازُعِ وَالِاخْتِلَافِ فِي الْحَرْبِ، وَعُقُوْبَةِ مَنْ عَصَى إِمَامَهُ

جنگ میں جھگڑنا اور امیر کی بات نہ ماننا مکروہ ہے، اور جو امیر کی نافرمانی کرے اس کی سزا

جنگ میں سب سے زیادہ اہمیت ڈسپلن (نظم وضبط) کی ہے، فوج ایک بات پر متفق ہو اور امیر کے حکم کی اطاعت کرے تو کامیابی کی امید کی جاسکتی ہے، اور اگر فوجیوں میں اختلاف ہو یا کمانڈر کی بات نہ مانی جائے تو کامیابی مشکل ہے۔ سورۃ الانفال آیت ۴۶ میں ہے: "نزاع مت کرو ورنہ کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی" ریحؔ سے مراد جنگ ہے، یعنی ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔

حدیث (۱): جب یمن اسلامی حکومت میں آ گیا تو اس کے دو پرگنے بنائے گئے، اور حضرت معاذ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما کو گورنر بنا کر بھیجا، اور دونوں کو ہدایت دی کہ آسانی کرنا، دشواری نہ کرنا، خوشخبری سنانا، بدکانا نہیں، اور

دونوں متفق رہنا، آپس میں جھگڑنا نہیں (یہ حدیث پہلے گذری ہے)

حدیث (۲): جنگ احد میں حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو پچاس تیر اندازوں کے ساتھ ایک پہاڑی پر مقرر کیا تھا، اور ہدایت دی تھی کہ ہم جیتیں یا ہاریں تمہیں وہاں سے نہیں ہٹنا، پھر جب جنگ میں کامیابی ہوئی تو بعض نے حکم عدولی کی، پس جنگ کا پانسہ پلٹ گیا اور شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔

[١٦٤-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّنَازُعِ وَالِاخْتِلَافِ فِي الْحَرْبِ، وَعُقُوْبَةِ مَنْ عَصَى إِمَامَهُ

وَقَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالىٰ: ﴿وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ﴾[الأنفال: ٤٦] يَعْنِي الْحَرْبَ.

[٣٠٣٨-] حدثنا يَحْيىَ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ مُعَاذًا وَأَبَا مُوْسَى إِلىٰ الْيَمَنِ، فَقَالَ:" يَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا، وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا، وَتَطَاوَعَا وَلَا تَخْتَلِفَا"[راجع: ٢٢٦١]

[٣٠٣٩-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يُحَدِّثُ قَالَ: جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلىٰ الرَّجَّالَةِ يَوْمَ أُحُدٍ، وَكَانُوْا خَمْسِيْنَ رَجُلًا، عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جُبَيْرٍ، فَقَالَ:" إِنْ رَأَيْتُمُوْنَا تَخْطَفُنَا الطَّيْرُ فَلَا تَبْرَحُوْا مَكَانَكُمْ هٰذَا حَتَّى أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ، وَإِنْ رَأَيْتُمُوْنَا هَزَمْنَا الْقَوْمَ وَأَوْطَأْنَاهُمْ فَلَا تَبْرَحُوْا حَتَّى أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ" فَهَزَمُوْهُمْ، قَالَ: فَأَنَا وَاللّٰهِ رَأَيْتُ النِّسَاءَ يَشْدُدْنَ، قَدْ بَدَتْ خَلَاخِيْلُهُنَّ وَسُوْقُهُنَّ رَافِعَاتٍ ثِيَابَهُنَّ، فَقَالَ أَصْحَابُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُبَيْرٍ: الْغَنِيْمَةَ أَيْ قَوْمِ الْغَنِيْمَةَ، ظَهَرَ أَصْحَابُكُمْ فَمَا تَنْتَظِرُوْنَ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جُبَيْرٍ: أَنَسِيْتُمْ مَا قَالَ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالُوْا: وَاللّٰهِ لَنَأْتِيَنَّ النَّاسَ فَلَنُصِيْبَنَّ مِنَ الْغَنِيْمَةِ، فَلَمَّا أَتَوْهُمْ صُرِفَتْ وُجُوْهُهُمْ فَأَقْبَلُوْا مُنْهَزِمِيْنَ، فَذَاكَ إِذْ يَدْعُوْهُمُ الرَّسُوْلُ فِيْ أُخْرَاهُمْ، فَلَمْ يَبْقَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرُ اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا، فَأَصَابُوْا مِنَّا سَبْعِيْنَ. وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ أَصَابُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَ بَدْرٍ أَرْبَعِيْنَ وَمِائَةً: سَبْعِيْنَ أَسِيْرًا وَسَبْعِيْنَ قَتِيْلًا. فَقَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: أَفِي الْقَوْمِ مُحَمَّدٌ؟ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُجِيْبُوْهُ، ثُمَّ قَالَ: أَفِي الْقَوْمِ ابْنُ أَبِيْ قُحَافَةَ؟ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ: أَفِي الْقَوْمِ ابْنُ الْخَطَّابِ؟ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ رَجَعَ إِلىٰ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَمَّا هٰؤُلَاءِ فَقَدْ قُتِلُوْا، فَمَا مَلَكَ عُمَرُ نَفْسَهُ، فَقَالَ: كَذَبْتَ وَاللّٰهِ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ! إِنَّ الَّذِيْنَ عَدَدْتَ لَأَحْيَاءٌ كُلُّهُمْ، وَقَدْ بَقِيَ لَكَ مَا يَسُوْءُكَ. قَالَ: يَوْمٌ بِيَوْمِ بَدْرٍ، وَالْحَرْبُ سِجَالٌ، إِنَّكُمْ سَتَجِدُوْنَ فِي الْقَوْمِ مُثْلَةً لَمْ آمُرْ بِهَا وَلَمْ تَسُؤْنِيْ، ثُمَّ أَخَذَ يَرْتَجِزُ: أُعْلُ هُبَلْ! أُعْلُ هُبَلْ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَلَا تُجِيْبُوْهُ لَهُ؟" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا نَقُوْلُ؟ قَالَ:" قُوْلُوْا: اللّٰهُ أَعْلىٰ وَأَجَلُّ" قَالَ: إِنَّ لَنَا الْعُزَّى وَلَا عُزَّى لَكُمْ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله

عليه وسلم: "أَلاَ تُجِيْبُوْهُ لَهُ؟" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا نَقُوْلُ: قَالَ: "قُوْلُوْا: اللّٰهُ مَوْلاَنَا وَلاَ مَوْلٰى لَكُمْ"

[انظر: ٣٩٨٦، ٤٠٤٣، ٤٠٦٧، ٤٥٦١]

ترجمہ: دوسری حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے، حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو جنگِ احد کے موقع پر پیادوں پر امیر مقرر کیا اور وہ پچاس آدمی تھے، اور فرمایا: اگر دیکھو تم ہمیں کہ پرندے ہمیں نوچ رہے ہیں تو بھی تم اپنی اس جگہ سے مت ہٹنا، یہاں تک کہ میں آدمی بھیج کر بلاؤں، اور اگر تم ہمیں دیکھو کہ ہم نے دشمن کو شکست دیدی ہے اور ان کو روند ڈالا ہے تو بھی تم مت ہٹنا، یہاں تک کہ میں آدمی بھیج کر بلاؤں، پس نبی ﷺ نے دشمن کو شکست دی، حضرت براءؓ کہتے ہیں: پس میں بخدا! کفار کی عورتوں کو دیکھ رہا تھا کہ وہ بھاگی جارہی ہیں ان کے پازیب اور ان کی پنڈلیاں کھلی ہیں وہ اپنے کپڑے اٹھائے ہوئے ہیں، حضرت عبداللہ بن جبیرؓ کے ساتھیوں نے کہا: لوگو! غنیمت کے لئے چلو، تمہارے ساتھی جیت گئے، پھر تم کیا دیکھ رہے ہو؟ عبداللہ بن جبیرؓ نے کہا: کیا تم بھول گئے وہ بات جو تم سے رسول اللہ ﷺ نے کہی ہے؟ انھوں نے کہا: بخدا! ضرور ہم لوگوں کے پاس جائیں گے، اور ہم ضرور مالِ غنیمت سے حاصل کریں گے، پس جب وہ لوگ آگئے تو ان کے چہرے پھیر دیئے گئے، پس وہ شکست سے دوچار ہو کر رہ گئے، یہی وہ موقع ہے جب ان کو اللہ کے رسول پیچھے سے پکار رہے تھے (یہ سورۂ آل عمران کی آیت ۱۵۳ کی طرف اشارہ ہے ﴿وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْ أُخْرَاكُمْ﴾: اور رسول تمہیں پیچھے سے پکار رہے ہیں) پس نبی ﷺ کے ساتھ بارہ آدمیوں کے علاوہ کوئی نہ رہا، اور ہم میں سے ستر آدمی شہید ہوئے اور نبی ﷺ اور صحابہ نے جنگِ بدر میں مشرکین کے ایک سو چالیس آدمیوں کو حاصل کیا تھا، ستر کو قید کیا تھا اور ستر کو قتل کیا تھا۔

جنگ ختم ہونے کے بعد ابوسفیانؓ نے تین بار پوچھا: کیا قوم میں محمد (ﷺ) ہیں؟ نبی ﷺ نے ان کو جواب دینے سے منع کیا، پھر اس نے تین بار پوچھا: کیا لوگوں میں ابوبکرؓ ہیں؟ پھر اس نے تین بار پوچھا: کیا لوگوں میں عمرؓ ہیں (جب کوئی جواب نہ ملا تو) وہ اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹا اور کہا: رہے یہ لوگ تو وہ بالیقین مارے گئے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے اوپر قابو نہ رکھ سکے، اور فرمایا: اے اللہ کے دشمن! بخدا! تو جھوٹ کہتا ہے، بیشک وہ لوگ جن کو تو نے شمار کیا ہے وہ سب زندہ ہیں اور باقی ہے تیرے لئے وہ بات جو تجھے ناگوار ہو، یعنی آئندہ جنگوں میں تجھے مزہ چکھائیں گے، ابوسفیان نے کہا: آج کا دن بدر کے دن کا بدلہ ہے اور جنگ کنویں کا ڈول ہے اور آپ لوگ لاشوں کو بگاڑا ہوا پاؤ گے، میں نے اس کا حکم نہیں دیا اور نہ یہ بات مجھے بری لگی! پھر اس نے نعرہ لگایا: أُعْلُ هُبَلْ! أُعْلُ هُبَلْ: ہبل بلند ہو! ہبل بلند ہو! یعنی ہبل کی جی! (ہبل مشرکین کا بڑا بت تھا، جو کعبہ میں تھا) پس نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس کو جواب نہیں دیتے؟ لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا: کہو: اَللّٰهُ أَعْلٰى وَأَجَلُّ: اللہ بلند اور بزرگ ہیں! ابوسفیان نے دوسرا نعرہ لگایا: إِنَّ لَنَا الْعُزّٰى وَلاَ عُزّٰى لَكُمْ: ہمارے لئے عزّیٰ ہے اور تمہارے لئے کوئی عزت نہیں (یہ بھی قریش کا بت تھا) پس نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم

اس کو جواب نہیں دیتے؟ لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا: کہو: اَللّٰہُ مَوْلاَنَا وَلاَ مَوْلٰی لَکُمْ: اللہ ہمارا کارساز ہے اور تمہارا کوئی کارساز نہیں!

بَابٌ: إِذَا فَزِعُوْا بِاللَّيْلِ

جب رات میں لوگ گھبرائیں

اگر رات میں کوئی گھبراہت کی بات پیش آئے تو امیر کو اور لوگوں کو فوراً گھر سے نکلنا چاہئے، چارپائی کے نیچے گھس کر نعرۂ تکبیر بلند کرنا کوئی بہادری نہیں، ایک رات مدینہ کے باہر سے کوئی شور سنائی دیا، جیسے دشمن نے حملہ بول دیا ہو، پس آپؐ اور صحابہ فوراً گھروں سے نکلے اور جدھر سے آواز آئی تھی ادھر دوڑ پڑے، آپ سبقت لے گئے، معاملہ کی تحقیق کر کے واپس آرہے تھے کہ صحابہ سے ملاقات ہوئی، آپؐ نے فرمایا: ''گھبراہٹ کی کوئی بات نہیں! میں دور تک دیکھ آیا ہوں''

سوال: وہ کیا شور تھا جو ہر گھر میں پہنچ گیا تھا اور ہر شخص بیدار ہو گیا تھا؟

جواب: وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایمرجنسی سائرن بجایا گیا تھا تاکہ مجاہدین اور شہری چوکنا سوئیں، آج بھی جنگ کے زمانہ میں ایسا سائرن بجایا جاتا ہے تاکہ لوگ چوکنا رہیں۔

[۱۶۵-] بَابٌ: إِذَا فَزِعُوْا بِاللَّيْلِ

[۳۰۴۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَحْسَنَ النَّاسِ، وَأَجْوَدَ النَّاسِ، وَأَشْجَعَ النَّاسِ، قَالَ: وَقَدْ فَزِعَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ لَيْلاً، سَمِعُوْا صَوْتًا، قَالَ: فَتَلَقَّاهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى فَرَسٍ لِأَبِيْ طَلْحَةَ عُرْيٍ، وَهُوَ مُتَقَلِّدٌ سَيْفَهُ، فَقَالَ: "لَمْ تُرَاعُوْا، لَمْ تُرَاعُوْا" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَجَدْتُهُ بَحْرًا" يَعْنِيْ الْفَرَسَ. [راجع: ۲۶۲۷]

بَابُ مَنْ رَأَى الْعَدُوَّ فَنَادَى بِأَعْلٰى صَوْتِهِ: يَا صَبَاحَاهْ! حَتَّى يُسْمِعَ النَّاسَ

جس نے دشمن کو دیکھا اور بہت بلند آواز سے پکارا: ہائے صبح کے وقت آنے والی مصیبت! تاکہ لوگ سن لیں

یہ ذیلی باب ہے، اگر کوئی خطرہ کی بات پیش آئے اور کوئی شخص اس کو دیکھے تو وہ بہت بلند آواز سے پکار کر لوگوں کو اس کی اطلاع دے۔ اور حدیث میں غزوۂ ذی قرد (بفتحتین) کا واقعہ ہے، ذی قرد ایک چشمہ کا نام ہے، جو قبیلہ غطفان کے علاقہ

میں تھا، وہ رسول اللہ ﷺ کی اونٹنیوں کی چراگاہ تھی، غطفان اور فزارہ کے چالیس سواروں نے اس چراگاہ پر چھاپہ مارا اور اونٹنیاں لے کر چل دیئے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا لڑکا گھبرایا ہوا مدینہ کی طرف آرہا تھا، حضرت سلمہؓ اپنے کھیت میں جارہے تھے، مدینہ سے باہر اس سے ملاقات ہوئی اور صورت حال معلوم ہوئی تو انھوں نے ایک ٹیلہ پر چڑھ کر یَاصَبَاحَاہ! کے تین نعرے لگائے، یہ آواز مدینہ کے ہر گھر میں پہنچ گئی، پھر حضرت سلمہؓ نے اکیلے ان کا پیچھا کیا، اور پانی کے ایک چشمہ پر ان کو جا پکڑا، وہ ان پر تیر برساتے تھے اور یہ رجز پڑھتے تھے: أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعْ ÷ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعْ: میں اکوع کا بیٹا ہوں، اور آج کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے، انھوں نے تمام اونٹنیاں ان سے چھڑا لیں، اور تیس یمنی چادریں بھی ان سے چھین لیں، پیچھے سے پانچ سو یا سات سو آدمیوں کے ساتھ نبی ﷺ پہنچے، مشرکین کے دو آدمی مارے گئے اور ایک مسلمان شہید ہوئے، حضرت سلمہؓ نے عرض کیا: میں ان کو فلاں جگہ پیاسا چھوڑ آیا ہوں، اگر مجھے سو آدمی مل جائیں تو میں سب کو گرفتار کرلاؤں، آپؐ نے فرمایا: يا ابْنَ الْأَكْوَعِ! مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ: اے ابن اکوع! جب تم نے قابو پالیا تو نرمی کرو، اسی جنگ میں نبی ﷺ نے حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کو دوہرا حصہ دیا ہے۔

[۱۶۶-] بَابُ مَنْ رَأَى الْعَدُوَّ فَنَادَى بِأَعْلَى صَوْتِهِ: يَا صَبَاحَاهْ! حَتَّى يُسْمِعَ النَّاسَ

[۳۰۴۱-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ، قَالَ: خَرَجْتُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ ذَاهِبًا نَحْوَ الْغَابَةِ، حَتَّى إِذَا كُنْتُ بِثَنِيَّةِ الْغَابَةِ لَقِيَنِي غُلَامٌ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قُلْتُ: وَيْحَكَ مَابِكَ؟ قَالَ: أُخِذَ لِقَاحُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قُلْتُ: مَنْ أَخَذَهَا؟ قَالَ: غَطَفَانُ وَفَزَارَةُ، فَصَرَخْتُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ أَسْمَعْتُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا: يَا صَبَاحَاهْ! يَاصَبَاحَاهْ! ثُمَّ انْدَفَعْتُ حَتَّى أَلْقَاهُمْ، وَقَدْ أَخَذُوْهَا، فَجَعَلْتُ أَرْمِيْهِمْ وَأَقُوْلُ: أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ، وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ، فَاسْتَنْقَذْتُهَا مِنْهُمْ قَبْلَ أَنْ يَشْرَبُوْا، فَأَقْبَلْتُ بِهَا أَسُوْقُهَا. فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الْقَوْمَ عِطَاشٌ، وَإِنِّي أَعْجَلْتُهُمْ أَنْ يَشْرَبُوْا سِقْيَهُمْ، فَابْعَثْ فِي إِثْرِهِمْ، فَقَالَ: "يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ! مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ، إِنَّ الْقَوْمَ يُقْرَوْنَ مِنْ قَوْمِهِمْ"[انظر: ۴۱۹۴]

وضاحت: إِنِّي أَعْجَلْتُهُمْ أَنْ يَشْرَبُوْا سِقْيَهُمْ: أَنْ يَشْرَبُوْا: مفعولِ ثانی یا مفعول لہ ہے، میں نے ان کو جلدی کرائی اس سے کہ وہ اپنا پانی پئیں، یعنی میں نے ان کو پانی پینے کا موقع نہیں دیا......... مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ: محاورہ ہے أَسْجَحَ کے معنی ہیں: نرم کرنا، اور محاورہ کے معنی ہیں: جب اللہ نے تمہیں قابو دیدیا یعنی ساری اونٹنیاں تم نے چھڑا لیں تو اب درگذر کرو .... قَرَى الضَّيْفَ قِرًى: مہمان کی ضیافت و تکریم کرنا، یعنی وہ اپنی قوم میں پہنچ چکے ہیں، اور وہاں ان کی آؤ بھگت ہو رہی ہے، پس اب ان کے پیچھے لوگوں کو بھیجنا مناسب نہیں۔

بَابُ مَنْ قَالَ: خُذْهَا! وَأَنَا ابْنُ فُلَانٍ

جس نے کہا: لے! اور میں فلاں کا بیٹا ہوں

بڑا بول اللہ کو پسند نہیں، مگر جنگ میں پسند ہے، جنگ میں اکڑ کر چلنا اور اپنی بڑائی بیان کرنا جائز ہے، اور یہ بھی ذیلی باب ہے، باب میں ایک تو حضرت سلمہ رضی اللہ عنہا کا رجز ہے دوسرا غزوۂ حنین میں نبی ﷺ کا ارشاد ہے: أَنَا النَّبِيُّ لاَكَذِبْ÷ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمَطَّلِبْ: اور حدیث کے راوی حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس نہیں دیکھا گیا لوگوں میں کوئی اس دن، یعنی جنگ حنین کے دن نبی ﷺ سے زیادہ بہادر۔

[١٦٧-] بَابُ مَنْ قَالَ: خُذْهَا! وَأَنَا ابْنُ فُلَانٍ

وَقَالَ سَلَمَةُ: خُذْهَا! وَأَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ!

[٣٠٤٢-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ الْبَرَاءَ، فَقَالَ: يَا أَبَا عُمَارَةَ! أَوَلَّيْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ؟ قَالَ الْبَرَاءُ- وَأَنَا أَسْمَعُ:- أَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يُوَلِّ يَوْمَئِذٍ، كَانَ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ آخِذًا بِعِنَانِ بَغْلَتِهِ، فَلَمَّا غَشِيَهُ الْمُشْرِكُوْنَ نَزَلَ، فَجَعَلَ يَقُوْلُ: "أَنَا النَّبِيُّ لاَكَذِبْ÷ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ" قَالَ: فَمَا رُؤِيَ مِنَ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ أَشَدُّ مِنْهُ. [راجع: ٢٨٦٤]

بَابٌ: إِذَا نَزَلَ الْعَدُوُّ عَلٰى حُكْمِ رَجُلٍ

جب دشمن کسی کو حَکَم تسلیم کرلے

اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں: دشمن کہے کہ ہمارے بارے میں فلاں شخص جو فیصلہ کرے وہ ہمیں منظور ہے تو ایسا کیا جاسکتا ہے۔ بنوقریظہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو اپنا فیصلہ سونپا تھا، نبی ﷺ نے اس کو منظور کیا۔

[١٦٨-] بَابٌ: إِذَا نَزَلَ الْعَدُوُّ عَلٰى حُكْمِ رَجُلٍ

[٣٠٤٣-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ: هُوَ ابْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْ قُرَيْظَةَ عَلٰى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ قَرِيْبًا مِنْهُ، فَجَاءَ عَلٰى حِمَارٍ، فَلَمَّا دَنَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قُوْمُوْا إِلٰى سَيِّدِكُمْ" فَجَاءَ فَجَلَسَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ: "إِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوْا

عَلٰى حُكْمِكَ" قَالَ: فَإِنِّيْ أَحْكَمُ أَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ، وَأَنْ تُسْبَى الذُّرِّيَّةُ، قَالَ: " لَقَدْ حَكَمْتَ فِيْهِمْ بِحُكْمِ الْمَلِكِ"[انظر: ۳۸۰٤، ۴۱۲۱، ۶۲۶۲]

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب بنوقریظہ اترے یعنی نکلے (وہ قلعہ میں تھے) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے فیصلہ پر تو نبی ﷺ نے آدمی بھیجا اور حضرت سعدؓ آپ کے قریب تھے یعنی مسجدِ نبوی میں ان کے لئے خیمہ کھڑا کیا گیا تھا، پس وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے، جب وہ قریب آئے تو نبی ﷺ نے فرمایا: قُوْمُوْا إِلٰى سَيِّدِكُمْ: اپنے سردار کی طرف اٹھو، یعنی وہ بیمار ہیں ان کی گدھے سے اترنے میں مدد کرو، پس حضرت سعدؓ آئے اور نبی ﷺ کے پاس بیٹھے، آپؐ نے ان سے فرمایا: یہ لوگ آپؓ کے فیصلہ پر قلعہ سے اترے ہیں، حضرت سعدؓ نے کہا: میں فیصلہ کرتا ہوں کہ ان کے لڑنے والوں کو قتل کیا جائے اور ان کی بیوی بچوں کو قید کیا جائے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ تم نے ان کے بارے میں فیصلہ کیا بادشاہ (اللہ تعالیٰ) کے فیصلہ کے مطابق۔

بَابُ قَتْلِ الْأَسِيْرِ، وَقَتْلِ الصَّبْرِ

قیدی کو قتل کرنا اور روک کر قتل کرنا

دشمن کا کوئی آدمی ہاتھ آئے اور اس کو قتل کرنا چاہیں تو قتل کر سکتے ہیں، اور قتلُ الصبر کی باب میں کوئی خاص ضرورت نہیں تھی، قتل الصبر کے معنی ہیں: ہاتھ پاؤں باندھ کر قتل کرنا، اور حدیث پہلے گذری ہے، فتح مکہ کے موقع پر عبداللہ بن خطل قتل کیا گیا درانحالیکہ وہ کعبہ کا پردہ پکڑے ہوئے تھا، یہ شخص پہلے مسلمان ہوا تھا، پھر مرتد ہوا پھر اس نے اپنے ایک مسلمان خادم کو قتل کیا، اور وہ شاعر تھا، حضور ﷺ کی مذمت میں اشعار کہتا تھا، اور اس نے دو باندیاں رکھ رکھی تھیں وہ اس کے اشعار گاتی پھرتی تھیں۔

[۱۶۹-] بَابُ قَتْلِ الْأَسِيْرِ، وَقَتْلِ الصَّبْرِ

[۳۰٤٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ، وَعَلٰى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ، فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنَّ ابْنَ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: " اقْتُلُوْهُ"[راجع: ۱۸٤۶]

بَابٌ: هَلْ يَسْتَأْسِرُ الرَّجُلُ؟ وَمَنْ لَمْ يَسْتَأْسِرْ، وَمَنْ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ عِنْدَ الْقَتْلِ

کیا آدمی قیدی بنے؟ اور جو شخص قیدی نہیں بنا، اور جس نے قتل کے وقت دو رکعتیں پڑھیں

کیا مسلمان قیدی بن سکتا ہے؟ یعنی دشمن کے ہاتھ میں خود کو سپرد کر سکتا ہے؟ یا خود کو قیدی نہ بنائے، لڑے اور شہید

ہو جائے؟ یہ دو پہلو ہیں اور دونوں کی گنجائش ہے، اور جب دشمن کسی مسلمان قیدی کو قتل کریں تو دو نفلیں پڑھنی چاہئیں، یہ سنت ہے۔ اور باب میں غزوۂ رجیع کا واقعہ ہے، قبیلہ عضل اور قارہ کے کچھ لوگ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ہمارے قبیلہ نے اسلام قبول کرلیا ہے، لہٰذا چند لوگ ہمارے ساتھ بھیجئے جو ہمیں قرآن پڑھائیں، اور احکام اسلام سکھلائیں، آپؐ نے دس آدمی ان کے ہمراہ کردیئے اور ان کا امیر عاصم بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کو بنایا، جب یہ لوگ مقام رجیع پر پہنچے، جو مکہ اور عسفان کے درمیان ہے تو ان غداروں نے بنولحیان کو اشارہ کیا، ان کے دو سو آدمی آئے جن میں سے سو آدمی تیر انداز تھے، حضرت عاصمؓ اپنے رفقاء کے ساتھ ایک ٹیلہ پر چڑھ گئے، بنولحیان نے ان سے کہا: نیچے اتر آؤ، ہم تم کو پناہ دیتے ہیں، حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے کہا: میں کبھی بھی کسی کافر کی پناہ میں نہیں اتروں گا، پھر جنگ ہوئی، سات ساتھیوں کو کافروں نے شہید کردیا، تین ٹیلے سے نیچے اترے اور قیدی بن گئے، ان لوگوں نے ان کی مشکیں (دونوں بازوں دونوں شانے) باندھنے شروع کئے، ان میں سے ایک نے کہا: یہ پہلی بے وفائی ہے اور ساتھ چلنے سے انکار کردیا، مشرکین نے ان کو شہید کردیا، اور حضرت خُبیب اور زید بن دَثِنہ رضی اللہ عنہما کو لے کر مکہ پہنچے اور دونوں کو فروخت کردیا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے امیہ بن خلف کو بدر میں قتل کیا تھا اس کے لڑکے صفوان نے ان کو خرید کر اپنے باپ کے قصاص میں فوراً قتل کردیا اور حضرت خبیب رضی اللہ عنہ نے جنگ بدر میں حارث بن عامر کو قتل کیا تھا اس کے لڑکوں نے حضرت خبیبؓ کو خریدا اور اشہر حرم گذرنے کے بعد تنعیم میں لے جا کر ان کو سولی دی، اس وقت انھوں نے دو نفلیں پڑھیں اور کافروں کو دو شعر سنائے، پھر وہ شہید ہو گئے، اس واقعہ میں سات آٹھ آدمی قیدی نہیں بنے وہ لڑ کر شہید ہوئے اور دو آدمی قیدی بنے، معلوم ہوا کہ دونوں باتوں کی گنجائش ہے۔

[۱۷۰-] بَابٌ: هَلْ يَسْتَأْسِرُ الرَّجُلُ؟ وَمَنْ لَمْ يَسْتَأْسِرْ، وَمَنْ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ عِنْدَ الْقَتْلِ

[۳۰۴۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ بْنِ أَسِيْدِ بْنِ جَارِيَةَ الثَّقَفِيُّ، وَهُوَ حَلِيْفٌ لِبَنِيْ زُهْرَةَ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَشَرَةَ رَهْطٍ سَرِيَّةً عَيْنًا، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَاصِمَ بْنَ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيَّ- جَدَّ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ- فَانْطَلَقُوْا حَتَّى إِذَا كَانُوْا بِالْهَدَأَةِ- وَهُوَ بَيْنَ عُسْفَانَ وَمَكَّةَ - ذُكِرُوْا لِحَيٍّ مِنْ هُذَيْلٍ يُقَالُ لَهُمْ: بَنُوْ لِحْيَانَ، فَنَفَرُوْا لَهُمْ قَرِيْبًا مِنْ مِائَتَيْ رَجُلٍ كُلُّهُمْ رَامٍ، فَاقْتَصُّوْا آثَارَهُمْ حَتَّى وَجَدُوْا مَأْكَلَهُمْ تَمْرًا، تَزَوَّدُوْهُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالُوْا: هٰذَا تَمْرُ يَثْرِبَ، فَاقْتَصُّوْا آثَارَهُمْ.

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دس آدمی سریہ اور جاسوسی کے طور پر بھیجے اور ان پر عاصم بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کو جو عاصم بن عمر بن الخطاب کے نانا ہیں: امیر مقرر کیا، پس وہ لوگ چلے، جب وہ ہدأۃ میں پہنچے اور وہ عسفان اور مکہ کے درمیان ہے تو وہ ذکر کئے گئے ہذیل کے ایک قبیلہ کے لئے جن کو بنولحیان کہا جاتا تھا، پس وہ ان کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے جو تقریباً دو سو آدمی

تھے، اور سب تیر انداز تھے، انھوں نے ان کے نشانات قدم کی پیروی کی، پس انھوں نے ان کے کھانے کو کھجوریں پایا جس کو وہ توشہ لائے تھے مدینہ سے، پس انھوں نے کہا: یہ یثرب کی کھجوریں ہیں، وہ ان کے نشانِ قدم کا پیچھا کرتے رہے۔

لغات: اسْتَأْسَرَهُ: قیدی بنانا، اسْتَأْسَرَ لَهُ: قیدی بن جانا .... عَيْنًا: جاسوسی کے طور پر یعنی قبیلہ کی تعلیم کے علاوہ مکہ والوں پر نظر رکھنا بھی ان کی ذمہ داری تھی .... اقْتَصَّ فلانا: کسی کا پیچھا کرنا .... المَأْكَل: کھائی جانے والی چیز، جمع: مَآكِلُ۔

فَلَمَّا رَآهُمْ عَاصِمٌ وَأَصْحَابُهُ لَجَؤُا إِلٰى فَدْفَدٍ، وَأَحَاطَ بِهِمُ الْقَوْمُ، فَقَالُوْا لَهُمْ: انْزِلُوْا فَأَعْطُوْنَا بِأَيْدِيْكُمْ، وَلَكُمُ العَهْدُ وَالْمِيْثَاقُ، وَلاَ نَقْتُلُ مِنكُمْ أَحَدًا، فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ أَمِيْرُ السَّرِيَّةِ: أَمَّا أَنَا فَوَاللّٰهِ لاَ أَنْزِلُ الْيَوْمَ فِي ذِمَّةِ كَافِرٍ، اللّٰهُمَّ أَخْبِرْ عَنَّا نَبِيَّكَ. فَرَمَوْهُمْ بِالنَّبْلِ، فَقَتَلُوْا عَاصِمًا فِيْ سَبْعَةٍ، فَنَزَلَ إِلَيْهِمْ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ بِالْعَهْدِ وَالْمِيْثَاقِ، مِنْهُمْ خُبَيْبٌ الْأَنْصَارِيُّ وَابْنُ الدَّثِنَةِ وَرَجُلٌ آخَرُ، فَلَمَّا اسْتَمْكَنُوْا مِنْهُمْ أَطْلَقُوْا أَوْتَارَ قِسِيِّهِمْ فَأَوْثَقُوْهُمْ، فَقَالَ الرَّجُلُ الثَّالِثُ: هٰذَا أَوَّلُ الْغَدْرِ، وَاللّٰهِ لاَ أَصْحَبُكُمْ، إِنَّ لِيْ فِيْ هٰؤُلاَءِ لَأُسْوَةً - يُرِيْدُ الْقَتْلٰى - فَجَرَّرُوْهُ وَعَالَجُوْهُ عَلٰى أَنْ يَصْحَبَهُمْ فَأَبٰى فَقَتَلُوْهُ، فَانْطَلَقُوْا بِخُبَيْبٍ وَابْنِ الدَّثِنَةِ حَتّٰى بَاعُوْهُمَا بِمَكَّةَ بَعْدَ وَقِيْعَةِ بَدْرٍ، فَابْتَاعَ خُبَيْبًا بَنُو الْحَارِثِ بْنِ عَامِرِ بْنِ نَوْفَلِ ابْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ قَتَلَ الْحَارِثَ بْنَ عَامِرٍ، يَوْمَ بَدْرٍ، فَلَبِثَ خُبَيْبٌ عِنْدَهُمْ أَسِيْرًا.

ترجمہ: پس جب ان کو عاصمؓ اور ان کے ساتھیوں نے دیکھا تو انھوں نے ایک ٹیلہ پر پناہ لی اور ان کو لوگوں نے گھیر لیا، اور ان سے کہا: نیچے اترو، پس اپنے ہاتھ ہمیں دیدو، تمہارے لئے عہد و پیمان ہے ہم تم میں سے کسی کو قتل نہیں کریں گے، پس سریہ کے امیر عاصم رضی اللہ عنہ نے کہا: رہا میں تو بخدا! نہیں اتروں گا آج کسی کافر کی پناہ میں، اے اللہ خبر کردیں ہماری اپنے نبی کو، پھر انھوں نے ان کو تیر مارے اور عاصمؓ کو سات آدمیوں میں شہید کردیا۔ اور ان کی طرف تین آدمی اترے عہد و پیمان کے ساتھ، ان میں سے حضرت خبیب انصاری اور ابن الدثنہ اور ایک اور آدمی تھے، پس جب قابو پالیا انھوں نے تو کھولیں انھوں نے اپنی کمانوں کی تانتیں اور ان کو باندھا، پس تیسرے آدمی نے کہا: یہ پہلی بے وفائی ہے، بخدا! میں تمہارے ساتھ نہیں چلوں گا، میرے لئے ان لوگوں میں یقیناً اچھا نمونہ ہے، مراد لے رہے ہیں وہ شہداء کو، پس ان لوگوں نے ان کو گھسیٹا اور انھوں نے تدبیر کی اس بات کی کہ وہ ان کے ساتھ چلیں، مگر انھوں نے انکار کیا تو ان کو قتل کردیا اور خبیب اور ابن الدثنہ رضی اللہ عنہما کو لے کر چلے، یہاں تک کہ دونوں کو مکہ میں بیچ دیا، بدر کے واقعہ کے بعد، پس خبیب کو حارث بن عامر کے لڑکوں نے خریدا، خبیبؓ نے جنگ بدر میں حارث کو قتل کیا تھا، پس خبیبؓ ان کے پاس قیدی رہے۔

لغات: فَدْفَدْ: ریت کا ٹیلہ .... عَالَجَ: تدبیر کرنا۔

فَأَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيَاضٍ: أَنَّ بِنْتَ الْحَارِثِ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهُمْ حِيْنَ اجْتَمَعُوْا، اسْتَعَارَ مِنْهَا مُوْسَى يَسْتَحِدُّ بِهَا، فَأَعَارَتْهُ، فَأَخَذَ ابْنًا لِیْ وَأَنَا غَافِلَةٌ حَتَّى أَتَاهُ، قَالَتْ: فَوَجَدْتُهُ مُجْلِسَهُ عَلٰى فَخِذِهِ، وَالْمُوْسَى بِيَدِهِ، فَفَزِعْتُ فَزْعَةً عَرَفَهَا خُبَيْبٌ فِیْ وَجْهِیْ، فَقَالَ: تَخْشَيْنَ أَنْ أَقْتُلَهُ؟ مَا كُنْتُ لِأَفْعَلَ ذٰلِكَ! وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ أَسِيْرًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ خُبَيْبٍ، فَوَ اللّٰهِ لَقَدْ وَجَدْتُهُ يَوْمًا يَأْكُلُ مِنْ قِطْفِ عِنَبٍ فِیْ يَدِهِ، وَإِنَّـهُ لَمُوْثَقٌ فِی الْحَدِيْدِ، وَمَا بِمَكَّةَ مِنْ ثَمَرٍ، وَكَانَتْ تَقُوْلُ: إِنَّـهُ لَرِزْقٌ مِنَ اللّٰهِ رَزَقَهُ خُبَيْبًا.

فَلَمَّا خَرَجُوْا مِنَ الْحَرَمِ لِيَقْتُلُوْهُ فِی الْحِلِّ، قَالَ لَهُمْ خُبَيْبٌ: ذَرُوْنِی ارْكَعْ رَكْعَتَيْنِ، فَتَرَكُوْهُ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: لَوْلَا أَنْ تَظُنُّوْا أَنَّ مَا بِیْ جَزَعٌ لَطَوَّلْتُهَا، اللّٰهُمَّ أَحْصِهِمْ عَدَدًا، وَقَالَ:

وَلَسْتُ أُبَالِیْ حِيْنَ أُقْتَلُ مُسْلِمًا ۞ عَلٰى أَیِّ شِقٍّ كَانَ لِلّٰهِ مَصْرَعِیْ

وَذٰلِكَ فِیْ ذَاتِ الْإِلٰـهِ، وَإِنْ يَشَأْ ۞ يُبَارِكْ عَلٰى أَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعِ

فَقَتَلَهُ ابْنُ الْحَارِثِ، فَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ سَنَّ الرَّكْعَتَيْنِ لِكُلِّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ قُتِلَ صَبْرًا.

فَاسْتَجَابَ اللّٰهُ لِعَاصِمِ بْنِ ثَابِتٍ يَوْمَ أُصِيْبَ. فَأَخْبَرَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم أَصْحَابَهُ خَبَرَهُمْ وَمَا أُصِيْبُوْا، وَبَعَثَ نَاسٌ مِنْ كُفَّارِ قُرَيْشٍ إِلٰى عَاصِمٍ حِيْنَ حُدِّثُوْا أَنَّـهُ قُتِلَ لِيُؤْتَوْا بِشَيْءٍ مِنْهُ يُعْرَفُ، وَكَانَ قَدْ قَتَلَ رَجُلًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ، فَبُعِثَ عَلٰى عَاصِمٍ مِثْلُ الظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ، فَحَمَتْهُ مِنْ رُسُوْلِهِمْ، فَلَمْ يَقْدِرُوْا عَلٰى أَنْ يَقْطَعُوْا مِنْ لَحْمِهِ شَيْئًا. [انظر: ۳۹۸۹، ٤٠٨٦، ٧٤٠٢]

ترجمہ: (امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں) مجھے عبداللہ بن عیاض نے بتلایا کہ حارث کی بیٹی نے ان کو بتلایا کہ جب ان لوگوں نے قتل کا پختہ ارادہ کرلیا تو حضرت خبیبؓ نے حارث کی بیٹی سے استرہ مانگا، تاکہ اس سے زیرناف لیں، اس نے ان کو استرہ عاریت پر دیدیا، پس حضرت خبیبؓ نے میرے بیٹے کو لیا اور میں بے خبر تھی، یہاں تک کہ وہ بیٹا ان کے پاس پہنچا، حارث کی بیٹی کہتی ہے: میں نے خبیبؓ کو پایا وہ اس کو اپنی ران پر بٹھائے ہوئے ہیں، اور استرہ ان کے ہاتھ میں ہے، میں گھبرا گئی، خبیبؓ نے اس گھبراہٹ کو میرے چہرے سے پہچان لیا اور کہا: کیا تو ڈرتی ہے کہ میں اس کو قتل کروں گا؟ میں یہ کام نہیں کرسکتا! حارث کی بیٹی کہتی ہے: بخدا! نہیں دیکھا میں نے کسی قیدی کو کبھی خبیبؓ سے بہتر۔ پس بخدا! میں نے ان کو ایک دن پایا کہ وہ انگور کا خوشہ کھارہے ہیں اپنے ہاتھ میں اور بیشک وہ البتہ بندھے ہوئے ہیں لوہے میں اور مکہ میں کوئی پھل نہیں تھا، اور حارث کی بیٹی کہا کرتی تھی کہ وہ اللہ کی طرف سے رزق تھا جو اللہ نے خبیبؓ کو عطا فرمایا تھا (حارث کی یہ بیٹی بعد میں مسلمان ہوگئی تھی)

پس جب وہ نکلے حرم سے تاکہ خبیبؓ کو قتل کریں حل میں تو ان سے خبیبؓ نے کہا: مجھے موقع دو میں دو رکعتیں پڑھوں،

انھوں نے ان کو چھوڑ دیا، انھوں نے دو رکعتیں پڑھیں، پھر کہا: اگر نہ ہوتی یہ بات کہ تم گمان کرو گے کہ میں گھبرایا ہوا ہوں تو میں نماز لمبی کرتا، اے اللہ! ان کا گن کر احاطہ کر لے، یعنی سب کو سزا دے۔ اور کہا:

اور مجھے پرواہ نہیں جب کہ میں مسلمان شہید کیا جا رہا ہوں ÷ کہ کونسی کروٹ پر ہے اللہ کے لئے میرا پچھڑنا

اور وہ شہید ہونا اللہ کے لئے ہے، اور اگر وہ چاہیں ÷ تو برکت فرمائیں جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کئے ہوئے اعضاء میں

پس ان کو حارث کے لڑکے نے قتل کیا، اور خبیبؓ ہی نے دو نفلیں مسنون کیں ہر اس مسلمان کے لئے جو روک کر قتل کیا جائے۔ پس اللہ نے عاصم رضی اللہ عنہ کی دعا قبول کی جس دن ان پر حادثہ پڑا، اور نبی ﷺ نے اپنے صحابہ کو ان کی اور اس حادثہ کی اطلاع دی جو وہ پہنچائے گئے۔

اور قریش کے کفار نے کچھ لوگوں کو بھیجا عاصم (کی لاش) کی طرف جب وہ بیان کئے گئے کہ وہ مارے گئے، تاکہ لائیں وہ ان کے جسم کا کوئی ایسا حصہ جو پہچانا جائے (سر لینے آئے تھے) اور عاصمؓ نے جنگ بدر میں ان کے بڑوں میں سے ایک کو قتل کیا تھا، پس عاصمؓ پر بھیجی گئیں سائبان کی طرح بھڑیں، بھڑوں نے ان کی حفاظت کی، قریش کے قاصدوں سے، اور نہیں قادر ہوئے وہ اس پر کہ کاٹیں ان کے گوشت سے کچھ۔

اشعار کا مطلب: سنو! جب میں ایمان کے ساتھ شہید کیا جا رہا ہوں تو مجھے کچھ پرواہ نہیں کہ میں کس طرح مارا جا رہا ہوں، کیونکہ میرا یہ شہید کیا جانا اللہ کے لئے ہے، مگر او کافرو! سن لو! خونِ شہید رنگ لائے گا، اللہ تعالیٰ چاہیں گے تو جسم کے ٹکڑوں میں برکت فرمائیں گے (آخری مصرعہ کا یہ مطلب ہے)

لغات: اَلْوَصْل: ہڈیوں کا جوڑ جمع أَوْصَال .... الشِّلْو: جوڑ، جمع أَشْلاء، دونوں کے ایک معنی ہیں، ضرورت شعری کی وجہ سے دو لفظ لائے ہیں .... مُمَزَّع (اسم مفعول) مَزَّعَ الشيئَ: بکھیرنا، پھیلانا .... الدَّبْر: بھڑوں یا شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔

بَابُ فِكَاكِ الأَسِيْرِ

قیدی کو چھڑانا

اگر کوئی مسلمان کفار کی قید میں پھنس جائے تو سب مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ اس کو چھڑائیں، اور یہ فرض کفایہ ہے، اور پہلی حدیث ہے: فُكُّوْا الْعَانِيَ: قیدی کو چھڑاؤ، وَأَطْعِمُوْا الْجَائِعَ: اور بھوکے کو کھلاؤ، وَعُوْدُوْا الْمَرِيْضَ: اور بیمار کی بیمار پرسی کرو۔ اور دوسری حدیث پہلے آئی ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس جو نوشتہ تھا اس میں قیدی کو چھڑانے کا بھی حکم تھا۔

[۱۷۱-] بَابُ فِكَاكِ الأَسِيْرِ

[۳۰۴٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ:

رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم :" فُكُّوْا الْعَانِیَ یَعْنِیْ الأَسِیْرَ، وَأَطْعِمُوْا الجَائِعَ، وَعُوْدُوْا الْمَرِیْضَ"
[انظر: ۵۱۷۴، ۵۳۷۳، ۵۶۴۹، ۷۱۷۳]

[۳۰۴۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ، ثَنَا زُهَیْرٌ، ثَنَا مُطَرِّفٌ، أَنَّ عَامِرًا حَدَّثَهُمْ، عَنْ أَبِیْ جُحَیْفَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَلِیٍّ: هَلْ عِنْدَكُمْ شَیْئٌ مِنَ الْوَحْیِ إِلَّا مَا فِی كِتَابِ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ! مَا أَعْلَمُهُ إِلَّا فَهْمًا یُعْطِیْهِ اللّٰهُ رَجُلًا فِی الْقُرْآنِ، وَمَا فِی هٰذِهِ الصَّحِیْفَةِ، قُلْتُ: وَمَا فِی الصَّحِیْفَةِ؟ قَالَ: الْعَقْلُ، وَفِكَاكُ الأَسِیْرِ، وَأَنْ لَا یُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ.[راجع: ۱۱۱]

بَابُ فِدَاءِ الْمُشْرِكِیْنَ

غیر مسلموں سے فدیہ لینا

فدیہ کے معنی ہیں: جنگ کا ہرجانہ، اگر کوئی کافر مسلمان کی قید میں آجائے تو اسے مفت بھی چھوڑ سکتے ہیں اور فدیہ لے کر بھی، حضرت عباس رضی اللہ عنہ بدر کے قیدیوں میں تھے، انصار نے کہا: ہم اپنے بھانجے سے فدیہ نہیں لینا چاہتے، مفت چھوڑ دینا چاہتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ''نہ چھوڑو تم اس (فدیہ) میں سے ایک روپیہ'' چنانچہ ان سے ڈبل فدیہ لیا گیا، ایک ان کا اور دوسرا ان کے بھتیجے عقیلؓ کا، وہ غریب تھے، مسلمان ہونے کے بعد ایک مرتبہ جب بحرین کا مال تقسیم ہو رہا تھا تو حضرت عباسؓ نے یہ بات ذکر کی تھی، اور آخری حدیث میں ہے کہ جبیر بن معطم رضی اللہ عنہ بدر کے قیدیوں کے سلسلہ میں گفتگو کرنے مدینہ آئے، اس وقت آپؐ مغرب کی نماز پڑھا رہے تھے اور سورۂ طور پڑھ رہے تھے، اور آواز مسجد سے باہر تک آرہی تھی، جب آپؐ نے پڑھا: ﴿إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ، مَالَهُ مِنْ دَافِعٍ﴾: تو جبیرؓ کہتے ہیں: میرا دل ہل گیا، نماز کے بعد انھوں نے نبی ﷺ سے قیدیوں کے بارے میں گفتگو کی، نبی ﷺ نے ان کی سفارش قبول نہیں کی، اور فرمایا: معطم بن عدی زندہ ہوتا اور وہ آکر ان گندوں کے بارے میں سفارش کرتا تو میں قبول کر لیتا، مطعم کا نبی ﷺ پر احسان تھا، اس سے معلوم ہوا کہ قیدیوں کو مفت بھی چھوڑ سکتے ہیں اور فدیہ لے کر بھی۔

[۱۷۲-] بَابُ فِدَاءِ الْمُشْرِكِیْنَ

[۳۰۴۸-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ أَبِیْ أُوَیْسٍ، ثَنَا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِیْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ:" أَنَّ رِجَالًا مِنَ الأَنْصَارِ اسْتَأْذَنُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ائْذَنْ فَلْنَتْرُكْ لِابْنِ أُخْتِنَا عَبَّاسٍ فِدَاءَهُ؟ فَقَالَ:" لَاتَدَعُوْنَ مِنْهُ دِرْهَمًا"[راجع: ۲۵۳۷]

[۳۰۴۹-] وَقَالَ إِبْرَاهِیْمُ: ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ صُهَیْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، أُتِیَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم

بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرِيْنِ، فَجَاءَ هُ الْعَبَّاسُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَعْطِنِىْ فَإِنِّىْ فَادَيْتُ نَفْسِىْ وَفَادَيْتُ عَقِيْلاً. فَقَالَ: "خُذْ" فَأَعْطَاهُ فِىْ ثَوْبِهِ. [راجع: ٤٢١]

[٣٠٥٠-] حدثنا مُحْمُوْدٌ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، وَكَانَ جَاءَ فِىْ أُسَارَى بَدْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِى الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ. [راجع: ٧٦٥]

بَابُ الْحَرْبِىِّ إِذَا دَخَلَ دَارَ الإِسْلاَمِ بِغَيْرِ أَمَانٍ

حربی ویزے کے بغیر دارالاسلام میں آئے

اگر کوئی حربی (دارالحرب کا باشندہ) ویزے کے بغیر دارالاسلام میں داخل ہواور پکڑا جائے تو اس کو کیا سزا دینی چاہئے؟

جواب: تحقیق کی جائے، اگر جاسوس ہے تو حکومت اس کو قتل کرسکتی ہے اور اگر عام آدمی ہے تو کوئی چھوٹی موٹی سزا دے کر چھوڑ دیا جائے۔

حدیث: نبی ﷺ ایک سفر میں تھے، مشرکوں کا ایک جاسوس آیا، اور صحابہ کے پاس بیٹھ کر باتیں کرنے لگا، پھر تیزی سے اٹھ کر چل دیا، اس لئے شک ہوا، پس نبی ﷺ نے حکم دیا کہ اس کو ڈھونڈھو اور قتل کرو، حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ نے اس کو قتل کیا، اس لئے اس کا سازوسامان حضرت سلمہؓ کو انعام میں ملا۔

[١٧٣-] بَابُ الْحَرْبِىِّ إِذَا دَخَلَ دَارَ الإِسْلاَمِ بِغَيْرِ أَمَانٍ

[٣٠٥١-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا أَبُوْ الْعُمَيْسِ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَتَى النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم عَيْنٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَهُوَ فِىْ سَفَرٍ، فَجَلَسَ عِنْدَ أَصْحَابِهِ يَتَحَدَّثُ، ثُمَّ انْفَتَلَ، فَقَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "اطْلُبُوْهُ وَاقْتُلُوْهُ" فَقَتَلْتُهُ. فَنَفَّلَهُ سَلَبَهُ يَعْنِىْ أَعْطَاهُ.

بَابٌ: يُقَاتَلُ عَنْ أَهْلِ الذِّمَّةِ وَلاَ يُسْتَرَقُّوْنَ

ذمیوں کی طرف سے لڑا جائے اور ان کو غلام نہ بنایا جائے

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: اسلامی حکومت کے غیر مسلم شہریوں کی حفاظت مسلمانوں کی ذمہ داری ہے، ان سے جزیہ لیا جاتا ہے۔ جزیہ کے معنی ہیں: بدلہ، یہ ان کی جان، مال اور آبرو کی حفاظت کا بدلہ ہے، پس داخلی حفاظت کے لئے پولیس رکھنی پڑے گی

اور خارجی حفاظت کے لئے فوج، اور ان پر جو خرچ آئے گا اس میں غیر مسلموں کو بھی حصہ دار بننا پڑے گا۔ یہی جزیہ کی حقیقت ہے، پس اگر اسلامی حکومت کے غیر مسلموں کے علاقہ پر باہر سے کوئی حملہ آور ہو تو اس سے نمٹنا اسلامی حکومت کی ذمہ داری ہے۔

دوسری بات: اسلامی حکومت کے غیر مسلم شہریوں کو غلام باندی بنانا جائز نہیں، غلام باندی قیدیوں کو بنایا جاتا ہے اور وہ قیدی نہیں ہیں۔

اور باب کی حدیث ایک لمبی حدیث کا آخری حصہ ہے جو پہلے گذری ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو وصیت کی تھی کہ ذمیوں کی اللہ نے اور اس کے رسول نے جو ذمہ داری لی ہے وہ پوری کی جائے، یعنی ان کے ساتھ جو عہد و پیمان ہوا ہے اس کا لحاظ کیا جائے، اور ان کی طرف سے لڑا جائے، یعنی ان کی حفاظت کے لئے حکومت دشمنوں سے لڑے، اسلامی تاریخ کا مشہور واقعہ ہے کہ شام کے ایک علاقہ سے مسلمان فوج کو پیچھے ہٹنا پڑا، پس کمانڈر نے ذمیوں سے لیا ہوا جزیہ واپس کر دیا اور کہا: ابھی ہم تمہاری حفاظت نہیں کر سکتے، ہم پیچھے ہٹ رہے ہیں، اس لئے لیا ہوا جزیہ واپس کیا جارہا ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ذمیوں کو ان کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہ دی جائے یعنی اتنا ہی جزیہ لیا جائے جس کو وہ برداشت کر سکیں۔

[۱۷۴-] بَابٌ: يُقَاتَلُ عَنْ أَهْلِ الذِّمَّةِ وَلاَ يُسْتَرَقُّوْنَ

[۳۰۵۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: وَأُوْصِيْهِ بِذِمَّةِ اللّٰهِ وَذِمَّةِ رَسُوْلِهِ: أَنْ يُوَفَّى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ، وَأَنْ يُقَاتَلَ مِنْ وَرَائِهِمْ، وَلاَ يُكَلَّفُوْا إِلَّا طَاقَتَهُمْ. [راجع: ۱۳۹۲]

بَابٌ: هَلْ يُسْتَشْفَعُ إِلٰى أَهْلِ الذِّمَّةِ، وَمُعَامَلَتُهُمْ؟

ذمیوں سے سفارش کرانا، اور ان کے ساتھ معاملہ کرنا

اِسْتَشْفَعَ بِهِ إِلٰى فلان بالأَمْرِ: کسی سے کسی معاملہ میں کسی کے پاس کوئی سفارش کرانا۔ اور باب میں ایک بات ہے دو باتیں نہیں ہیں، ذمیوں کے علاقہ میں کوئی مسئلہ پیدا ہوا، یا دار الحرب کے لوگوں کے ساتھ کوئی معاملہ پیش آیا تو چونکہ ذمیوں کے ان کے ساتھ تعلقات ہیں اس لئے ان سے سفارش کرا سکتے ہیں اور ذمیوں کے ساتھ معاملہ اس طرح کرنا چاہئے کہ اگر ہمارا کوئی کام ان سے نکل سکتا ہو تو ان سے نکلوا لیا جائے اور اگر ان کا کوئی کام ہم سے نکل سکتا ہو تو وہ ہم سے نکلوا لیں، اور حضرت رحمہ اللہ باب میں کوئی حدیث نہیں لائے، کہاں سے لاتے؟ جب کوئی حدیث نہیں ہے! یہ مسئلہ اجتہادی ہے۔

[۱۷۵-] بَابٌ: هَلْ يُسْتَشْفَعُ إِلٰى أَهْلِ الذِّمَّةِ، وَمُعَامَلَتُهُمْ؟

بَابُ جَوَائِزِ الْوَفْدِ

وفد کوانعام دینا

امیر المؤمنین کے پاس مختلف وفود آتے ہیں، مسلمانوں کے بھی اور غیر مسلموں کے بھی، ان کو ہدایا دینے چاہئیں، نبی ﷺ کا معمول تھا۔ اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے، اس میں نبی ﷺ کی وصیت ہے: أَجِيْزُوْا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيْزُهُمْ: وفود کو اس طرح انعام دو جس طرح میں ان کو دیا کرتا تھا، پھر حدیث کے آخر میں یہ مضمون ہے کہ جزیرۃ العرب کی حدود اربعہ کیا ہیں؟ مکہ، مدینہ، یمامہ اور یمن جزیرۃ العرب میں داخل ہیں، اور عرج جو تہامہ کا ابتدائی حصہ ہے وہ بھی جزیرۃ العرب میں شامل ہے، اور اس مسئلہ کی تحقیق یہ ہے کہ جزیرۃ العرب کے ساتھ تین طرف سے سمندر ملا ہوا ہے اور عراق اور شام کی طرف خشکی ہے، اُن ملکوں کی حدود سے جزیرۃ العرب ملا ہوا ہے، اس لئے علماء میں اختلاف ہوا ہے کہ جزیرۃ العرب کی آخری حدود کیا ہیں؟

فائدہ: باب کی حدیث میں ایک جملہ ہے جو پہلے نہیں آیا، نبی ﷺ نے فرمایا: دَعُوْنِی فَالَّذِیْ أَنَا فِيْهِ خَيْرٌ مِمَّا تَدْعُوْنَنِیْ إِلَيْهِ: مجھے رہنے دو، اس لئے کہ میں جس حال میں ہوں وہ اس سے بہتر ہے جس کی طرف تم مجھے بلا رہے ہو۔ یعنی تحریر لکھوائی جائے یا نہ لکھوائی جائے؟ اس میں اختلاف ہوا، پس آپؐ نے فرمایا: میں جس حال میں ہوں مراد توجہ الی اللہ ہے، وہ میرے لئے بہتر ہے اس حال سے جس کی طرف تم مجھے بلا رہے ہو، یعنی لکھنے کی طرف۔ اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ نے خود لکھنے کا ارادہ ملتوی فرما دیا تھا، پس یہ کہنا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے روک دیا: درست نہیں، کیونکہ اس واقعہ کے بعد آپؐ چار دن بقید حیات رہے ہیں، اگر لکھوانے کا ارادہ ہوتا تو اس عرصہ میں کاغذ منگوا کر لکھوا سکتے تھے یا زبانی ارشاد فرما سکتے تھے، مگر ایسا کچھ نہیں ہوا، معلوم ہوا کہ آپؐ نے لکھوانے کا ارادہ ملتوی فرما دیا تھا۔

[۱۷۶-] بَابُ جَوَائِزِ الْوَفْدِ

[۳۰۵۳-] حدثنا قَبِيْصَةُ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّـهُ قَالَ: يَوْمُ الْخَمِيْسِ! وَمَا يَوْمُ الْخَمِيْسِ؟ ثُمَّ بَكَى حَتَّى خَضَبَ دَمْعُهُ الْحَصْبَاءَ، فَقَالَ: اشْتَدَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَجَعُهُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ، فَقَالَ: " ائْتُوْنِیْ بِكِتَابٍ أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ أَبَدًا" فَتَنَازَعُوْا وَلَا يَنْبَغِیْ عِنْدَ نَبِیٍّ تَنَازُعٌ، فَقَالُوْا: أَهَجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: "دَعُوْنِیْ فَالَّذِیْ أَنَا فِيْهِ خَيْرٌ مِمَّا تَدْعُوْنَنِیْ إِلَيْهِ" وَأَوْصَى عِنْدَ مَوْتِهِ بِثَلَاثٍ: " أَخْرِجُوْا الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ

جَزِيْرَةِ الْعَرِبِ، وَأَجِيْزُوْا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيْزُهُمْ" وَنَسِيْتُ الثَّالِثَةَ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ يَعْقُوْبُ ابْنُ مُحَمَّدٍ: سَأَلْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ؟ فَقَالَ: مَكَّةُ وَالْمَدِيْنَةُ وَالْيَمَامَةُ وَالْيَمَنُ، قَالَ يَعْقُوْبُ: وَالْعَرْجُ: أَوَّلُ تِهَامَةَ.[راجع: ۱۱٤]

بَابُ التَّجَمُّلِ لِلْوَفْدِ

وفد سے ملنے کے لئے اچھا لباس پہننا

جب کوئی وفد آئے، اور امیر المؤمنین سے ملاقات کرے تو امیر المؤمنین اچھا لباس پہن کر ان سے ملے، یہ ریاء (دکھلاوا) نہیں ہے، نہ اسراف ہے، اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے۔ حضرت عمرؓ نے ایک اچھا جوڑا بکتا ہوا دیکھا، انھوں نے نبی ﷺ کو مشورہ دیا کہ آپؐ یہ جوڑا خرید لیں اور عید کے دن اور وفود سے ملتے وقت زیب تن فرمائیں، معلوم ہوا کہ یہ جائز ہے۔

[۱۷۷-] بَابُ التَّجَمُّلِ لِلْوَفْدِ

[۳۰۵٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: وَجَدَ عُمَرُ حُلَّةَ إِسْتَبْرَقٍ تُبَاعُ فِي السُّوْقِ، فَأَتَى بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ابْتَعْ هٰذِهِ الْحُلَّةَ فَتَجَمَّلْ بِهَا لِلْعِيْدِ وَالْوَفْدِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّمَا هٰذِهِ لِبَاسُ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ" أَوْ:" إِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهِ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ" فَلَبِثَ مَاشَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِجُبَّةِ دِيْبَاجٍ، فَأَقْبَلَ بِهَا عُمَرُ حَتَّى أَتَى بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قُلْتَ:" إِنَّمَا هٰذِهِ لِبَاسُ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ أَوْ: إِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهِ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ" ثُمَّ أَرْسَلْتَ إِلَيَّ بِهٰذِهِ. فَقَالَ:" تَبِيْعُهَا أَوْ: تُصِيْبُ بِهَا بَعْضَ حَاجَتِكَ"[راجع۸۸٦]

بَابٌ: كَيْفَ يُعْرَضُ الإِسْلاَمُ عَلَى الصَّبِيِّ؟

بچہ پر اسلام کیسے پیش کیا جائے؟

اگر بچہ سمجھدار ہو تو اسلام کی دعوت دی جاسکتی ہے اور دعوت کا طریقہ داعی جانتا ہے، اور اگلے ذیلی باب میں اس سلسلہ میں راہ نمائی ہے۔ اور سمجھدار بچہ کا اسلام معتبر ہے، نبی ﷺ نے ابن صیاد کو اسلام کی دعوت دی تھی، اور حدیث گذر چکی ہے۔

[۱۷۸-] بَابٌ: كَيْفَ يُعْرَضُ الإِسْلاَمُ عَلَى الصَّبِيِّ؟

[۳۰۵۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا هِشَامٌ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ،

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّـهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُمَرَ انْطَلَقَ فِيْ رَهْطٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قِبَلَ ابْنِ الصَّيَّادِ، حَتَّى وَجَدَهُ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ عِنْدَ أُطُمِ بَنِيْ مَغَالَةَ، وَقَدْ قَارَبَ يَوْمَئِذٍ ابْنُ صَيَّادٍ يَحْتَلِمُ، فَلَمْ يَشْعُرْ بِشَيْئٍ حَتَّى ضَرَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ظَهْرَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟" فَنَظَرَ إِلَيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ الْأُمِيِّيْنَ. قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ" قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَاذَا تَرَى؟" قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: يَأْتِيْنِيْ صَادِقٌ وَكَاذِبٌ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" خُلِّطَ عَلَيْكَ الْأَمْرُ" قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنِّيْ قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبأً" قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: هُوَ الدُّخُّ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" اخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ" قَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ائْذَنْ لِيْ فِيْهِ أَضْرِبْ عُنُقَهُ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنْ يَكُنْ هُوَ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ هُوَ فَلاَ خَيْرَ لَكَ فِيْ قَتْلِهِ"[راجع: ١٣٥٤]

[٣٠٥٦-] قَالَ ابْنُ عُمَرَ: انْطَلَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يَأْتِيَانِ النَّخْلَ الَّذِيْ فِيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ، حَتَّى إِذَادَخَلَ النَّخْلَ طَفِقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَّقِيْ بِجُذُوْعِ النَّخْلِ، وَهُوَ يَخْتِلُ أَنْ يَسْمَعَ مِنِ ابْنِ صَيَّادٍ شَيْئًا قَبْلَ أَنْ يَرَاهُ، وَابْنُ صَيَّادٍ مُضْطَجِعٌ عَلٰى فِرَاشِهِ فِيْ قَطِيْفَةٍ لَهُ فِيْهَا رَمْزَةٌ، فَرَأَتْ أُمُّ ابْنِ صَيَّادٍ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَتَّقِيْ بِجُذُوْعِ النَّخْلِ، فَقَالَتْ لِابْنِ صَيَّادٍ: أَيْ صَافِ - وَهُوَ اسْمُهُ - فَثَارَ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ النَّبِيُّ: صلى الله عليه وسلم:" لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ"[راجع: ١٣٥٥]

[٣٠٥٧-] وَقَالَ سَالِمٌ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي النَّاسِ، فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ:" إِنِّيْ أُنْذِرُكُمُوْهُ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا قَدْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ، لَقَدْ أَنْذَرَهُ نُوْحٌ قَوْمَهُ، وَلٰكِنْ سَأَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلاً لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ: تَعْلَمُوْنَ أَنَّـهُ أَعْوَرُ، وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ"

[انظر: ٣٣٣٧، ٣٤٣٩، ٤٤٠٢، ٦١٧٥، ٧١٢٣، ٧١٢٧، ٧٤٠٧]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِلْيَهُوْدِ:" أَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا"

نبی ﷺ نے یہود سے فرمایا: ''مسلمان ہوجاؤ محفوظ رہوگے''

یہ ذیلی باب ہے، گذشتہ باب میں آیا ہے کہ بچہ کو اسلام کی دعوت کیسے دی جائے؟ اس سلسلہ میں کوئی حدیث نہیں تھی، اس لئے یہ راہنما باب لائے کہ نبی ﷺ نے جب یہود کو اسلام کی دعوت دی تو ترغیب کے ساتھ دی کہ اسلام قبول کرلو دنیا وآخرت میں محفوظ رہوگے، لہٰذا بچہ کے سامنے بھی کوئی ایسی ترغیبی بات کہی جائے جو اس کے ذہن کو اپیل کرے اور باب میں

جس حدیث کا حوالہ ہے وہ آگے (حدیث ۳۱۶۷) آرہی ہے۔

[۱۷۹-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِلْيَهُوْدِ: "أَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا" قَالَهُ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

بَابٌ: إِذَا أَسْلَمَ قَوْمٌ فِي دَارِ الْحَرْبِ، وَلَهُمْ مَالٌ وَأَرَضُوْنَ فَهِيَ لَهُمْ

دارالحرب میں کوئی قوم مسلمان ہوجائے اوران کے پاس مال اورزمینیں ہوں تو وہ ان کی ہیں

دارالحرب میں کوئی مسلمان ہوا، وہاں اس کا گھر زمین جائدادا ور کاوبار ہے، پھر فوج نے دارالحرب پر چڑھائی کی اوراس کو فتح کرلیا تو جو مسلمان پہلے سے وہاں ہیں، ان کی زمین اور گھر ان کی ملکیت ہونگے یا غنیمت ہونگے؟ یہ اختلافی مسئلہ ہے، حاشیہ میں حنفیہ کی رائے یہ لکھی ہے کہ سب مال ان کا ہوگا، مگر زمین جائداد غنیمت ہوگی، اور امام ابو یوسف اور امام بخاری رحمہما اللہ کی رائے یہ ہے کہ گھر اور زمینیں بھی انہی کی ہونگی، اور امام صاحبؒ نے باب میں جن دو حدیثوں سے استدلال کیا ہے وہ استدلال خفی ہے، مگر حاشیہ میں مسند احمد کے حوالہ سے صریح حدیث لکھی ہے: إِذَا أَسْلَمَ الرَّجُلُ فَهُوَ أَحَقُّ بِأَرْضِهِ وَمَالِهِ: جب کوئی شخص مسلمان ہوجائے تو وہ اپنی زمین اور اپنے مال کا زیادہ حق دار ہے۔

پہلی روایت: حجۃ الوداع میں نبی ﷺ سے پوچھا گیا: کل آپؐ مکہ میں کہاں ٹھہریں گے؟ آپؐ نے فرمایا: مکہ میں ہمارا کوئی گھر نہیں، سب گھر عقیلؓ نے بیچ دیئے ہیں، معلوم ہوا کہ اگر گھر ہوتا تو وہ آپؐ کا ہوتا، اور آپؐ وہاں قیام فرماتے، مگر یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے جو حجت نہیں۔

دوسری حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سرکاری جانوروں کے لئے ایک چراگاہ ریزور کی تھی، پس چہ میگوئیاں ہوئیں، حضرتؓ نے فرمایا: وہ علاقہ لوگوں کا ہے، زمانۂ جاہلیت میں بھی وہ اس کے لئے لڑتے رہے ہیں، اور مسلمان ہوئے تو بھی وہ انہی کے قبضہ میں تھا، اس لئے مجھے ریزور کرنے کا کوئی حق نہیں، مگر مجبوری ہے، حکومت کے پاس جہاد کے لئے چالیس ہزار گھوڑے ہیں، میں ان کو کہاں چراؤں گا؟ اس لئے میں نے وہ علاقہ ریزور کیا ہے، اس روایت میں حضرت عمرؓ کا یہ جملہ کہ جب وہ مسلمان ہوئے تو وہ علاقہ ان کے پاس تھا، اس لئے وہ انہی کا ہے، اس سے استدلال کیا ہے، مگر وہ علاقہ شخصی ملکیت نہیں تھا، بلکہ عوامی استعمال کے لئے تھا، اس لئے یہ استدلال بھی خفی ہے۔

[۱۸۰-] بَابٌ: إِذَا أَسْلَمَ قَوْمٌ فِي دَارِ الْحَرْبِ، وَلَهُمْ مَالٌ وَأَرَضُوْنَ فَهِيَ لَهُمْ

[۳۰۵۸-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو ابْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَيْنَ تَنْزِلُ غَدًا؟ فِيْ حَجَّتِهِ، قَالَ:

"وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيْلٌ مَنْزِلًا؟" ثُمَّ قَالَ: "نَحْنُ نَازِلُوْنَ غَدًا بِخَيْفِ بَنِىْ كِنَانَةَ الْمُحَصَّبِ، حَيْثُ قَاسَمَتْ قُرَيْشٌ عَلَى الْكُفْرِ" وَذٰلِكَ أَنَّ بَنِىْ كِنَانَةَ حَالَفَتْ قُرَيْشًا عَلٰى بَنِىْ هَاشِمٍ: أَنْ لَا يُبَايِعُوْهُمْ وَلَا يُؤْوُوهُمْ، قَالَ الزُّهْرِىُّ: وَالْخَيْفُ: الْوَادِىْ. [راجع: ۱۵۸۸]

ترجمہ: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ آئندہ کل کہاں اتریں گے؟ یہ واقعہ حجۃ الوداع کا ہے، آپؐ نے فرمایا: کیا ہمارے لئے عقیلؓ نے کوئی گھر چھوڑا ہے؟ پھر فرمایا: ہم آئندہ کل بنوکنانہ کے محصّب نامی میدان میں اتریں گے جہاں قریش نے کفر پر باہم قسمیں کھائی تھیں اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ بنوکنانہ نے قریش کے ساتھ بنوہاشم کے بائیکاٹ پر قسمیں کھائی تھیں کہ ان کے ساتھ کوئی لین دین نہ کیا جائے اور نہ ان کو ٹھکانہ دیا جائے۔

تشریح: جب نبی ﷺ ہجرت کرکے مدینہ آئے تو آپؐ کے گھر پر خاندان کے لوگوں نے قبضہ کرلیا، خاندان میں بڑے عقیل تھے وہ اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے، انھوں نے آپؐ کے گھر کو بیچ دیا تھا۔

[۳۰۵۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، اسْتَعْمَلَ مَوْلًى لَهُ يُدْعَى هُنَيًّا عَلَى الْحِمَى، فَقَالَ: يَا هُنَيُّ! اضْمُمْ جَنَاحَكَ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ، وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَإِنَّ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ مُسْتَجَابَةٌ، وَأَدْخِلْ رَبَّ الصُّرَيْمَةِ وَرَبَّ الْغُنَيْمَةِ، وَإِيَّاىَ وَنَعَمَ ابْنِ عَوْفٍ وَنَعَمَ ابْنِ عَفَّانَ، فَإِنَّهُمَا إِنْ تَهْلِكْ مَا شِيَتُهُمَا يَرْجِعَانِ إِلٰى نَخْلٍ وَزَرْعٍ، وَإِنَّ رَبَّ الصُّرَيْمَةِ وَرَبَّ الْغُنَيْمَةِ إِنْ تَهْلِكْ مَا شِيَتُهُمَا يَأْتِيْنِىْ بِبَيْتِهِ، فَيَقُوْلُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَفَتَارِكُهُمْ أَنَا؟ لَا أَبَالَكَ! فَالْمَاءُ وَالْكَلَأُ أَيْسَرُ عَلَىَّ مِنَ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ، وَأَيْمُ اللّٰهِ! إِنَّهُمْ لَيَرَوْنَ أَنْ قَدْ ظَلَمْتُهُمْ، إِنَّهَا لَبِلَادُهُمْ، قَاتَلُوْا عَلَيْهَا فِى الْجَاهِلِيَّةِ، وَأَسْلَمُوْا عَلَيْهَا فِى الإِسْلَامِ، وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ! لَوْلَا الْمَالُ الَّذِىْ أَحْمِلُ عَلَيْهِ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا حَمَيْتُ عَلَيْهِمْ مِنْ بِلَادِهِمْ شِبْرًا.

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ اسلم بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمرؓ نے اپنے ایک آزاد کردہ کو جو ہُنَیّ کہلاتا تھا سرکاری چراگاہ کا ذمہ دار بنایا تو فرمایا: اے ہُنَیّ! مسلمانوں کے ساتھ مہربانی کا برتاؤ کرنا، اور مظلوم کی بددعا سے بچنا، اس لئے کہ مظلوم کی بددعا قبول کی ہوئی ہے، چند اونٹوں والے کو اور چند بکریوں والے کو چراہ گاہ میں آنے دینا، اور عبدالرحمٰن بن عوف اور عثمان بن عفان رضی اللہ عنہما کے جانوروں کو نہ آنے دینا، اس لئے کہ وہ دونوں اگر ان کے جانور ہلاک ہوئے تو وہ کھیتی اور کھجور کے باغ کی طرف لوٹیں گے، اور چند اونٹوں والا اور چند بکریوں والا اگر ان کے جانور ہلاک ہوئے تو وہ اپنا گھر لے کر میرے پاس آئیں گے اور کہیں گے: حضرت! حضرت! پس باؤلے کیا میں ان کو چھوڑ دوں گا؟ یعنی ان کی کفالت نہیں کروں گا؟ پس پانی اور گھاس میرے نزدیک زیادہ آسان ہیں سونے اور چاندی سے۔

تشریح: جن لوگوں کے پاس چند اونٹ اور چند بکریاں ہیں اگر وہ گھاس چارہ نہ ملنے کی وجہ سے ہلاک ہوگئے تو بیت المال سے ان کا وظیفہ جاری کرنا پڑے گا، اور ابن عوفؓ اور ابن عفانؓ کے جانور اگر ہلاک ہوگئے تو ان کے پاس گذارہ کے لئے بہت کچھ ہے، کھیت ہیں باغات ہیں، اس لئے اگر چند جانوروں والا ریزروایریے میں جانور چرانے آئے تو اسے آنے دینا، بڑے ریوڑ والوں کو نہ آنے دینا، ورنہ چراگاہ ریزور کرنے کا فائدہ ختم ہوجائے گا، ساری گھاس اور پتے ان کے جانور چرجائیں گے۔

باقی ترجمہ: اور اللہ کی قسم! بیشک وہ دیکھتے ہیں کہ میں نے ان پر ظلم کیا ہے، کیونکہ وہ ان کا علاقہ ہے، جاہلیت میں وہ اس پر لڑے ہیں اور اسلام میں وہ اس پر مسلمان ہوئے ہیں، یعنی جو علاقہ میں نے ریزرو کیا ہے وہاں کے لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ یہ ہماری زمینیں ہیں، ہمارے جانوروں کے چرنے کے لئے ہیں، عمرؓ نے یہ علاقہ ریزرو کرلیا، اب ہمارے جانور کہاں چریں؟ یہ ہم پر ظلم کیا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر سرکاری جانور نہ ہوتے جو راہِ خدا میں مجاہدین کو سواری کے لئے دیتا ہوں تو میں ان کے علاقہ میں سے بالشت بھر ریزرو نہ کرتا۔

تشریح: وہ علاقہ جو حمی بنایا گیا تھا شخصی ملک نہیں تھا، وہ حکومت کی ملک تھا، اور عوامی استعمال کے لئے تھا، پس اس سے ذاتی املاک ایکوائر کرنے پر استدلال نہیں کیا جاسکتا۔

بَابُ كِتَابَةِ الإِمَامِ النَّاسَ

امام کا لوگوں کی لسٹ بنوانا

جہاد کی ضرورت سے یا کسی اور مصلحت سے لوگوں کی لسٹ بنوانا جائز ہے، ملک کی مردم شماری بھی اسی ذیل میں آتی ہے، جنگ احد کے وقت یا خندق کی کھدائی کے وقت نبی ﷺ نے فرمایا: میرے لئے ہر کلمہ گو کا نام لکھو، پس ہم نے آپؐ کے لئے پندرہ سو آدمی لکھے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے سوچا اب ڈرنے کی کوئی بات نہیں، ہم پندرہ سو ہیں! اور (اب) واقعہ یہ ہے کہ آزمائش میں ڈالے گئے ہم، یہاں تک کہ ایک آدمی تنہا نماز پڑھتا ہے درانحالیکہ وہ ڈرتا ہے۔

تشریح: یہ حدیث اعمش رحمہ اللہ کی ہے، ان کے تین شاگردوں میں اختلاف ہے، سفیان ثوری رحمہ اللہ کی روایت میں پندرہ سو کا عدد ہے اور ابوحمزہ کی روایت میں پانچ سو کا اور ابومعاویہ کی روایت میں چھ سو اور سات کے درمیان کا، اس اختلاف کو حاشیہ میں حل کیا ہے دیکھ لیں۔

اور روایت کے آخری جملہ کا مطلب یہ ہے کہ ایک وقت وہ تھا جب ہم پندرہ سو تھے اور مطمئن تھے کہ اب ڈرنے کی کیا بات ہے؟ پھر مسلمانوں میں خانہ جنگی شروع ہوئی اب یہ حال ہوگیا ہے کہ چھپ کر تنہا نماز پڑھنے سے بھی آدمی ڈرتا ہے کہ

امیر کو خبر ہو جائے گی تو گردن نپے گی، اور امیر خود ناوقت نماز پڑھاتا ہے۔

اور دوسری حدیث پہلے آئی ہے، ایک صحابی کا نام ایک غزوہ میں لکھا گیا (یہاں باب ہے) اور ان کی بیوی حج کو جارہی تھی، آپؐ نے ان سے فرمایا: واپس جاؤ اور اپنی بیوی کے ساتھ حج کرو۔

[۱۸۱-] بَابُ كِتَابَةِ الإِمَامِ النَّاسَ

[۳۰۶۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اكْتُبُوْا لِيْ مَنْ تَلَفَّظَ بِالإِسْلَامِ مِنَ النَّاسِ" فَكَتَبْنَا لَهُ أَلْفًا وَخَمْسَ مِائَةِ رَجُلٍ، فَقُلْنَا: نَخَافُ وَنَحْنُ أَلْفٌ وَخَمْسُ مِائَةٍ؟ فَلَقَدْ رَأَيْتُنَا ابْتُلِيْنَا، حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ لَيُصَلِّي وَحْدَهُ وَهُوَ خَائِفٌ.

حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ: فَوَجَدْنَاهُمْ خَمْسَ مِائَةٍ، قَالَ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ: مَابَيْنَ سِتِّ مِائَةٍ إِلَى سَبْعِ مِائَةٍ.

[۳۰۶۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ كُتِبْتُ فِيْ غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا، وَامْرَأَتِيْ حَاجَّةٌ، قَالَ: " ارْجِعْ فَحُجَّ مَعَ امْرَأَتِكَ"[راجع: ۱۸۶۲]

بَابٌ: إِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ

اللہ تعالیٰ بدکار آدمی کے ذریعہ دین کو تقویت پہنچاتے ہیں

باب میں حدیث کے الفاظ ہیں، کبھی اللہ تعالیٰ بدکار آدمی کے ذریعہ مسلمانوں کا کام کرادیتے ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ (ایک جہاد میں) تھے، پس آپؐ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں جو مسلمان ہونے کا دعوے دار تھا، فرمایا: "یہ دوزخی ہے!" پھر جب جنگ شروع ہوئی تو وہ شخص بڑی بہادری سے لڑا، اور زخمی ہوگیا، لوگوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! جس کے بارے میں آپؐ نے فرمایا تھا کہ وہ دوزخی ہے آج وہ بڑی بہادری سے لڑا اور شہید ہوگیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "دوزخ میں گیا!" راوی کہتا ہے: پس قریب تھے بعض لوگ کہ شک میں مبتلا ہوجائیں پس دریں اثناء کہ وہ اس حال میں تھے: اچانک کہا گیا کہ وہ مرا نہیں، البتہ بہت زخمی ہوگیا ہے، بس جب رات آئی تو وہ زخموں کی تاب نہ لاسکا اور اس نے خودکشی کرلی، پس نبی ﷺ کو اس کی اطلاع دی گئی، آپؐ نے فرمایا: "اللہ اکبر! میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں!" پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا، انھوں نے لوگوں میں پکارا: جنت میں مسلمان شخص ہی جائے گا، اور اللہ تعالیٰ اس دین کو بدکار آدمی کے ذریعہ تقویت پہنچاتے ہیں۔ (غالبًا یہ وہی واقعہ ہے جو پہلے (حدیث ۲۸۹۸ میں) گذرا ہے)

[١٨٢-] بَابٌ: إِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ

[٣٠٦٢-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: شَهِدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لِرَجُلٍ مِمَّنْ يَدَّعِيَ الإِسْلَامَ:" هٰذَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ" فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالُ قَاتَلَ الرَّجُلُ قِتَالاً شَدِيْدًا، فَأَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ، فَقِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! الَّذِيْ قُلْتَ إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَإِنَّهُ قَدْ قَاتَلَ الْيَوْمَ قِتَالاً شَدِيْدًا وَقَدْ مَاتَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِلَى النَّارِ" قَالَ: فَكَادَ بَعْضُ النَّاسِ أَنْ يَرْتَابَ، فَبَيْنَمَاهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ إِذْ قِيْلَ: إِنَّهُ لَمْ يَمُتْ، وَلٰكِنَّ بِهِ جِرَاحًا شَدِيْدًا. فَلَمَّا كَانَ مِنَ اللَّيْلِ لَمْ يَصْبِرْ عَلٰى الْجِرَاحِ فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِذٰلِكَ فَقَالَ:" اللّٰهُ أَكْبَرُ! أَشْهَدُ أَنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ" ثُمَّ أَمَرَ بِلَالاً فَنَادَى فِي النَّاسِ:" إِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ"[انظر: ٤٢٠٤، ٦٦٠٦]

بَابُ مَنْ تَأَمَّرَ فِي الْحَرْبِ مِنْ غَيْرِ إِمْرَةٍ إِذَا خَافَ الْعَدُوَّ

جنگ میں امیر نہ رہے اور خطرہ ہو تو خود امیر بننا

حکومت کی طرف سے فوج کا کمانڈر مقرر ہوتا ہے، لیکن اگر کوئی ایسا نازک وقت آجائے کہ کوئی امیر نہ رہے اور کوئی بڑھ کر فوج کی کمان سنبھال لے تو ایسا کرنا جائز ہے۔ غزوۂ موتہ میں نبی ﷺ نے بالترتیب تین امیر نامزد کئے تھے، وہ تینوں شہید ہوگئے تو حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ نے بڑھ کر جھنڈا سنبھال لیا اور ترکیب سے فوج کو نرغے سے نکال لائے۔

[١٨٣-] بَابُ مَنْ تَأَمَّرَ فِي الْحَرْبِ مِنْ غَيْرِ إِمْرَةٍ إِذَا خَافَ الْعَدُوَّ

[٣٠٦٣-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" أَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا جَعْفَرٌ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ غَيْرِ إِمْرَةٍ، فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَمَا يَسُرُّنِيْ – أَوْ قَالَ: مَا يَسُرُّهُمْ – أَنَّهُمْ عِنْدَنَا" قَالَ: وَإِنَّ عَيْنَيْهِ لَتَذْرِفَانِ.[راجع: ١٢٤٦]

بَابُ الْعَوْنِ بِالْمَدَدِ

کمک کے ذریعہ مدد کرنا

فوج محاذ پر گئی ہوئی ہے، دشمن کی تعداد بہت زیادہ ہے، کمانڈر نے مرکز سے کمک مانگی، حکومت نے دوسرے فوجی روانہ

کئے، یہ کمک کے ذریعہ مدد کرنا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جزیرۃ العرب سے فوج اکٹھا کر کے محاذ پر کمک بھیجتے تھے، کیونکہ بیک وقت دو سپر پاوروں سے جنگ چل رہی تھی۔

اور باب کی حدیث سے استدلال واضح نہیں، اور اس میں راوی کا وہم بھی ہے، حدیث میں بیر معونہ کا واقعہ ہے۔ ستر قراء کو تعلیم و تبلیغ کے لئے بھیجا گیا تھا، پس یہ کمک کے ذریعہ مدد کرنا نہیں، اور حدیث کا جملہ: اسْتَمَدُّوْهُ علىٰ قَوْمِهِمْ: اور مدد مانگی انھوں نے حضور ﷺ سے اپنی قوم کے خلاف۔ یہ راوی کی تعبیر ہے، حقیقت میں یہ حضرات لڑنے نہیں گئے تھے اور حدیث میں بنولحیان کا تذکرہ بھی وہم ہے، بنولحیان کا تعلق بیر معونہ سے نہیں، غزوۂ رجیع سے ہے۔

[١٨٤-] بَابُ الْعَوْنِ بِالْمَدَدِ

[٣٠٦٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، وَسَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَتَاهُ رِعْلٌ وَذَكْوَانُ وَعُصَيَّةُ وَبَنُوْ لِحْيَانَ، فَزَعَمُوْا أَنَّهُمْ قَدْ أَسْلَمُوْا، وَاسْتَمَدُّوْهُ عَلىٰ قَوْمِهِمْ، فَأَمَدَّهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعِيْنَ مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ أَنَسٌ: كُنَّا نُسَمِّيْهِمُ الْقُرَّاءَ، يَحْطِبُوْنَ بِالنَّهَارِ، وَيُصَلُّوْنَ بِاللَّيْلِ، فَانْطَلَقُوْا بِهِمْ حَتَّى بَلَغُوْا بِئْرَ مَعُوْنَةَ غَدَرُوْا بِهِمْ، وَقَتَلُوْهُمْ، فَقَنَتَ شَهْرًا يَدْعُوْ عَلىٰ رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَبَنِيْ لِحْيَانَ، قَالَ قَتَادَةُ: وَحَدَّثَنَا أَنَسٌ أَنَّهُمْ قَرَؤُا بِهِمْ قُرْآنًا: أَلَا بَلِّغُوْا قَوْمَنَا بِأَنَّا قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا، فَرَضِيَ عَنَّا وَأَرْضَانَا. ثُمَّ رُفِعَ ذٰلِكَ بَعْدُ. [راجع: ١٠٠١]

بَابُ مَنْ غَلَبَ الْعَدُوَّ، فَأَقَامَ عَلىٰ عَرْصَتِهِمْ ثَلَاثًا

جو دشمن پر فتح یاب ہوا پس ان کے علاقہ میں تین دن ٹھہرا

نبی ﷺ کا معمول تھا: جب کسی جنگ میں آپؐ کو کامیابی ملتی تو آپؐ فوراً واپس نہیں لوٹ جاتے تھے، تین دن وہاں رکتے تھے، اس میں حکمتیں تھیں، شہیدوں کو دفن کرتے، کافروں کی لاشوں کو ٹھکانے لگاتے، زخمیوں کی مرہم پٹی کرتے، اور پورے علاقہ کا نظم و انتظام کرتے، اور اہم فائدہ یہ تھا کہ دشمن کو چیلنج تھا کہ حوصلہ ہو تو آؤ اور لڑو، ہم جا نہیں رہے۔

[١٨٥-] بَابُ مَنْ غَلَبَ الْعَدُوَّ، فَأَقَامَ عَلىٰ عَرْصَتِهِمْ ثَلَاثًا

[٣٠٦٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: ذَكَرَ لَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ كَانَ إِذَا ظَهَرَ عَلىٰ قَوْمٍ أَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلَاثَ لَيَالٍ.

تَابَعَهُ مُعَاذٌ، وَعَبْدُ الْأَعْلىٰ، قَالَا: ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٣٩٧٦]

بَابُ مَنْ قَسَمَ الْغَنِيْمَةَ فِيْ غَزْوِهِ وَسَفَرِهِ

جس نے جہاد میں اور سفر میں غنیمت تقسیم کی

جہاد میں فتح نصیب ہوئی، مالِ غنیمت ہاتھ آیا، اس کو دارالحرب میں تقسیم کرنا جائز ہے یا نہیں؟ حنفیہ کہتے ہیں: ابھی غنیمت تقسیم نہیں کریں گے، جب مالِ غنیمت لے کر دارالاسلام کی حدود میں آجائیں گے تب تقسیم کریں گے۔ دیگر ائمہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک دارالحرب میں بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔ فِيْ غَزْوِهِ وَسَفَرِهِ کا یہی مطلب ہے کہ جہاں غنیمت ملی ہے وہاں تقسیم کر سکتے ہیں۔

جاننا چاہئے کہ دارالحرب میں غنیمت تقسیم کرنے کی کوئی صریح روایت نہیں ہے، باب میں جو معلّق روایت ہے وہ پہلے (حدیث ۲۵۰۷) گذری ہے، اور ذوالحلیفہ: تہامہ والا ذوالحلیفہ ہے، وہاں جو اونٹ بکریاں ذبح کر کے تقسیم کی گئی تھیں وہ کھانے کے لئے تقسیم کی گئی تھیں، کمانڈر کی طرف سے جانور ذبح ہوتے ہیں اور کھانے پینے کی چیزیں فوج میں تقسیم ہوتی ہیں، پس یہ غنیمت تقسیم کرنا نہیں ہے۔

اور حنفیہ کی دلیل یہ ہے کہ حنین میں ہزاروں بکریاں اور اونٹ ہاتھ آئے تھے مگر وہ تقسیم نہیں کئے گئے تھے، پھر ایک ماہ طائف کا محاصرہ رہا، وہاں بھی تقسیم نہیں کئے گئے، پھر جب محاصرہ اٹھا کر جعرانہ آئے یعنی مکہ کی حدود میں آئے تو مالِ غنیمت تقسیم کیا، معلوم ہوا کہ دارالحرب میں تقسیم نہیں کیا جائے گا، پس باب کی روایت امام بخاری رحمہ اللہ کی دلیل نہیں، حنفیہ کی دلیل ہے۔

[۱۸۶-] بَابُ مَنْ قَسَمَ الْغَنِيْمَةَ فِيْ غَزْوِهِ وَسَفَرِهِ

وَقَالَ رَافِعٌ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِذِى الْحُلَيْفَةِ، فَأَصَبْنَا غَنَمًا وَإِبِلًا، فَعَدَلَ عَشْرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِبَعِيْرٍ.

[۳۰٦٦-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسًا أَخْبَرَهُ، قَالَ: اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْجِعْرَانَةِ حَيْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ حُنَيْنٍ. [راجع: ۱۷۷۸]

بَابٌ: إِذَا غَنِمَ الْمُشْرِكُوْنَ مَالَ الْمُسْلِمِ ثُمَّ وَجَدَهُ الْمُسْلِمُ

مشرکوں نے مسلمان کا مال غنیمت میں لیا پھر اس کو مسلمان نے پایا

مسلمانوں کا اونٹ، گھوڑا، تلوار وغیرہ سامان مشرکوں کے ہاتھ پڑ گیا اور انھوں نے اس پر قبضہ کر لیا، پھر مسلمانوں نے

جنگ جیت لی اور مسلمان کا وہ مال بعینہٖ مل گیا تو وہ غنیمت میں شامل ہوگا یا مالک کو لوٹایا جائے گا؟ یہ اختلافی مسئلہ ہے، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حربی غلبہ سے مسلمان کے کسی مال کے مالک نہیں ہوتے، پس اس کا مالک تقسیم سے پہلے بھی اس کو لے سکتا ہے اور تقسیم کے بعد بھی، اور ائمہ: مالک، احمد اور ابوحنیفہ رحمہم اللہ فرماتے ہیں: غنیمت تقسیم ہونے سے پہلے اگر مالک اس کا مطالبہ کرے تو وہ چیز اس کو لوٹادی جائے گی اور اگر مالک نے کوئی مطالبہ نہیں کیا اور مالِ غنیمت تقسیم ہوگیا اور اب وہ مطالبہ کرتا ہے تو اس کو نہیں لوٹائیں گے۔

اور باب کی روایتوں میں حضرت ابن عمرؓ کے دو واقعے ہیں: ایک واقعہ میں آپؓ کا غلام بھاگ کر دشمنوں کی طرف چلا گیا تھا، اور دوسرے واقعہ میں گھوڑا بھاگ کر چلا گیا تھا، ایک کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس کیا اور دوسرے کو حضرت خالدؓ نے، اور کونسا واقعہ کب پیش آیا؟ اس میں راویوں میں اختلاف ہے اور راجح یہ ہے کہ دونوں واقعے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دورِ صحابہ میں پیش آئے ہیں۔

[۱۸۷-] بَابٌ: إِذَا غَنِمَ الْمُشْرِكُوْنَ مَالَ الْمُسْلِمِ ثُمَّ وَجَدَهُ الْمُسْلِمُ

[۳۰۶۷-] وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ: ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: ذَهَبَ فَرَسٌ لَهُ فَأَخَذَهُ الْعُدُوُّ، فَظَهَرَ الْمُسْلِمُوْنَ، فَرُدَّ عَلَيْهِ فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَأَبَقَ عَبْدٌ لَهُ فَلَحِقَ بِالرُّوْمِ فَظَهَرَ عَلَيْهِمُ الْمُسْلِمُوْنَ، فَرَدَّهُ عَلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بَعْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم. [انظر: ۳۰۶۸، ۳۰۶۹]

[۳۰۶۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىٰ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثَنِيْ نَافِعٌ: أَنَّ عَبْدًا لِابْنِ عُمَرَ أَبَقَ فَلَحِقَ بَالرُّوْمِ، فَظَهَرَ عَلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ فَرَدَّهُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ. وَأَنَّ فَرَسًا لِابْنِ عُمَرَ عَارَ فَلَحِقَ بِالرُّوْمِ، فَظَهَرَ عَلَيْهِ فَرَدُّوْهُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: عَارَ: اشْتُقَّ مِنَ الْعَيْرِ، وَهُوَ حِمَارُ الْوَحْشِ، أَيْ هَرَبَ. [راجع: ۳۰۶۷]

[۳۰۶۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ عَلٰى فَرَسٍ يَوْمَ لَقِيَ الْمُسْلِمُوْنَ، وَأَمِيْرُ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، بَعَثَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، فَأَخَذَهُ الْعَدُوُّ، فَلَمَّا هُزِمَ الْعَدُوُّ رَدَّ خَالِدٌ فَرَسَهُ. [راجع: ۳۰۶۷]

لغت: دوسری حدیث میں عَارَ آیا ہے، عَارَ الشیئَ کے معنی ہیں: ضائع کرنا، تلف کرنا، اور حدیث میں بھاگنا مراد ہے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کا مشتق منہ عَیر ہے، جس کے معنی ہیں: گورخر (جنگلی گدھا)

بَابُ مَنْ تَكَلَّمَ بِالْفَارِسِيَّةِ وَالرَّطَانَةِ

جس نے فارسی یا کسی اور زبان میں بات کی

جہاد غیروں کے ساتھ ہوتا ہے، ان کی زبان الگ ہوتی ہے، پس ترجمان کے واسطہ سے یا بلاواسطہ ان کی زبان میں

بات کی جائے تو جائز ہے، کیونکہ زبانیں سب اللہ کی پیدا کی ہوئی ہیں، سورۃ الروم آیت ۲۲ میں ہے: یہ اللہ کی قدرت کی ایک نشانی ہے کہ اس نے مختلف زبانیں اور مختلف رنگ پیدا کئے۔ اور سورہ ابراہیم آیت ۴ میں ہے: ہر نبی اس کی قوم کی زبان میں بھیجا جاتا ہے، پس جب سب زبانیں اللہ کی پیدا کی ہوئی ہیں اور ہر زبان میں انبیاء مبعوث ہوئے ہیں تو ہر زبان بول سکتے ہیں، اور رَطَن کے معنی ہیں: بک بک کرنا، پس یہ یا تو عطفِ تفسیری ہے یا دوسری زبانیں مراد ہیں، ہر زبان نہ جاننے والے کو بک بک معلوم ہوتی ہے، اور عرب: عربی کے علاوہ ہر زبان کو بکواس ہی کہتے تھے۔

اور باب میں تین حدیثیں ہیں: پہلی حدیث میں نبی ﷺ نے لفظ سُوْر استعمال کیا ہے، فرمایا: جابرؓ نے تھوڑا کھانا تیار کیا ہے، یہ فارسی لفظ ہے، اور دوسری حدیث میں خالد بن سعید رضی اللہ عنہ کی لڑکی ام خالدؓ نبی ﷺ کے پاس آئیں، انھوں نے پیلا کرتا پہن رکھا تھا، آپؐ نے فرمایا: سَنَہْ سَنَہْ! گڈ گڈ! یہ حبشی زبان کا لفظ ہے، پھر آپؐ نے ان کو تین بار دعا دی: پرانا کرو اور پرانا کرو، یعنی یہ کرتا بہت دنوں تک چلے، چنانچہ انھوں نے لمبی عمر پائی اور ان کی درازی عمر کا لوگوں میں چرچا ہوا۔

اور تیسری حدیث میں ہے کہ جب حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے زکوٰۃ کی کھجور منہ میں رکھ لی تو آپؐ نے فرمایا: کَخْ کَخْ! تھوتھو! یہ غیر عربی کا لفظ نہیں ہے، عربی کا اسم صوت ہے۔

[۱۸۸-] بَابُ مَنْ تَكَلَّمَ بِالْفَارِسِيَّةِ وَالرَّطَانَةِ

[۱-] وَقَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ﴾ [الروم: ۲۲]

[۲-] وَقَالَ: ﴿وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُوْلٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِ﴾ [إبراهيم: ٤]

[۳۰۷۰-] حدثنا عَمْرُوبْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، ثَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ، أَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ذَبَحْنَا بُهَيْمَةً لَنَا، وَطَحَنْتُ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ، فَتَعَالَ أَنْتَ وَنَفَرٌ، فَصَاحَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "يَا أَهْلَ الْخَنْدَقِ! إِنَّ جَابِرًا قَدْ صَنَعَ سُوْرًا، فَحَيَّ هَلًا بِكُمْ" [انظر: ٤١٠١، ٤١٠٢]

[۳۰۷۱-] حدثنا حَيَّانُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدِ ابْنِ سَعِيْدٍ، قَالَتْ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَعَ أَبِيْ، وَعَلَيَّ قَمِيْصٌ أَصْفَرُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سَنَهْ سَنَهْ" قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَهِيَ بِالْحَبَشِيَّةِ: حَسَنَةٌ، قَالَتْ: فَذَهَبْتُ أَلْعَبُ بِخَاتَمِ النُّبُوَّةِ فَزَبَرَنِيْ أَبِيْ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "دَعْهَا" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَبْلِيْ وَأَخْلِقِيْ، ثُمَّ أَبْلِيْ وَأَخْلِقِيْ، ثُمَّ أَبْلِيْ وَأَخْلِقِيْ" قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَبَقِيَتْ حَتَّى ذُكِرَتْ.

[انظر: ۳۸۷٤، ۵۸۲۳، ۵۸٤۵، ۵۹۹۳]

[۳۰۷۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخَذَ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِي فِيْهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "كَخْ كَخْ، أَمَا تَعْرِفُ أَنَّا لاَ نَأْكُلُ الصَّدَقَةَ؟"[راجع: ۱٤۸٥]

قَالَ عِكْرِمَةُ: الْحَسَنَةُ بِالْحَبَشِيَّةِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: لَمْ تَعِشْ إِمْرَأَةٌ مِثْلَ مَاعَاشَتْ هٰذِهِ يَعْنِي أَمَّ خَالِدٍ.

وضاحتیں: بُهَيْمَة: بکری کا بچہ......... أبلي اور أخلقي: مترادف ہیں.........عکرمہ نے کہا: سَنَہْ کے معنی حبشی زبان میں عمدہ کے ہیں.........امام بخاریؒ فرماتے ہیں: ام خالد بہت دونوں تک زندہ رہیں۔

بَابُ الْغُلُوْلِ

مالِ غنیمت میں خیانت کرنا

مالِ غنیمت میں خیانت کرنا بہت بڑا گناہ ہے، آلِ عمران آیت ۱۶۱ میں ہے: "جو شخص مالِ غنیمت میں خیانت کرے گا وہ قیامت کے دن حاضر کرے گا اس چیز کو جو اس نے خیانت کی ہے" اور اس کی تفسیر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ارشاد فرمایا ہے وہ پہلے گذرا ہے۔ چند مشکل لفظوں کے معانی جان لیں، پھر حدیث پڑھ لیں۔ عَظَّمَهُ، وَعَظَّمَ أَمْرَہ: کے ایک معنی ہیں: پس بڑا کیا اس کو اور اس کے معاملہ کو سنگین کیا.........ثُغَاءٌ: بکری کا ممیانا.........حَمْحَمَةٌ: گھوڑے کا ہنہنانا.........لاَ أَمْلِكُ لَكَ شَيئًا: میں تجھے بخشوا نہیں سکتا، کیونکہ سفارش کے لئے اللہ کی اجازت ضروری ہے.........رُغَاءٌ: بلبلانا.........صَامِتٌ: سونا چاندی یا ہر بے جان مال.........رِقَاعٌ: چیتھڑے.........تَخْفِقُ: لہرا رہے ہونگے، اور یحییٰ قطان کی روایت میں لفظ فرس نہیں تھا، (مگر ہمارے نسخہ میں ہے) اور ایوب سختیانی رحمہ اللہ کی روایت میں ہے، اتنا فرق ظاہر کرنے کے لئے ایوب سختیانی کی روایت لائے ہیں۔

[۱۸۹-] بَابُ الْغُلُوْلِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾ [آلِ عمران: ۱٦۱]

[۳۰۷۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ، ثَنِي أَبُوْ زُرْعَةَ، ثَنِي أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَامَ فِيْنَا النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَذَكَرَ الْغُلُوْلَ فَعَظَّمَهُ وَعَظَّمَ أَمْرَهُ، قَالَ: "لاَ أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهِ شَاةٌ لَهَا ثُغَاءٌ، عَلٰى رَقَبَتِهِ فَرَسٌ لَهُ حَمْحَمَةٌ، يَقُوْلُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَغِثْنِيْ! فَأَقُوْلُ: لاَ أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ أَبْلَغْتُكَ، وَعَلٰى رَقَبَتِهِ بَعِيرٌ لَهُ رُغَاءٌ يَقُوْلُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَغِثْنِيْ، فَأَقُوْلُ: لاَ أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ

أَبْلَغْتُكَ، وَعَلٰى رَقَبَتِهِ صَامِتٌ فَيَقُوْلُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَغِثْنِىْ، فَأَقُوْلُ: لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ، وَعَلٰى رَقَبَتِهِ رِقَاعٌ تَخْفِقُ فَيَقُوْلُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَغِثْنِىْ، فَأَقُوْلُ: لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ" وَقَالَ أَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِىُّ، عَنْ أَبِىْ حَيَّانَ: " فَرَسٌ لَهُ حَمْحَمَةٌ"[راجع: ۱۴۰۲]

بَابُ الْقَلِيْلِ مِنَ الْغُلُوْلِ

غنیمت میں تھوڑی خیانت کرنا

مالِ غنیمت میں خیانت تھوڑی ہو یا زیادہ کبیرہ گناہ ہے، پاخانہ ایک چمچہ کھائے یا ایک کلو برابر ہے، پھر باب میں حضرت امام صاحبؒ نے ایک مسئلہ چھیڑا ہے کہ غنیمت میں خیانت کرنے والے کا سامان جلایا جائے یا نہ جلایا جائے؟ روایات مختلف ہیں: ایک روایت ہے کہ نبی ﷺ نے خیانت کرنے والے کے سامان کو جلانے کا حکم دیا اور ابوداؤد میں روایت ہے: إِذَا وَجَدْتُمُ الرَّجُلَ قَدْ غَلَّ فَأَحْرِقُوْا مَتَاعَهُ: جب تم کسی کو پاؤ کہ اس نے مالِ غنیمت میں خیانت کی ہے تو اس کا سامان جلا دو، پہلی روایت ضعیف ہے اور دوسری روایت صحیح یہ ہے کہ موقوف ہے، امام بخاریؒ نے التاریخ الکبیر میں فرمایا: ان احادیث سے بعض لوگ استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ خیانت کرنے والے کا سامان جلا دیا جائے، مگر یہ بات غلط ہے، اس کی کوئی دلیل نہیں اور یہاں فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمرو کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے کرکرۃ کا سامان نہیں جلایا۔

اور باب میں یہ روایت ہے کہ کرکرۃ نامی شخص جو نبی ﷺ کے سامان کا ذمہ دار تھا: جہاد میں مارا گیا، آپؐ نے فرمایا: وہ دوزخ میں گیا، پس صحابہ گئے اور اس کا سامان چیک کیا، اس میں ایک چادر تھی جو اس نے غنیمت میں سے چرائی تھی، محض اتنی خیانت کی وجہ سے وہ جہنم میں گیا، اور علی مدینی کی روایت میں ان صاحب کا نام کِرْکِرَۃ (دونوں کاف مکسور) ہے اور امام بخاریؒ کے دوسرے استاذ محمد بن سلامؒ کی روایت میں کَرْکَرۃ (دونوں کاف مفتوح) ہے، امام صاحبؒ نے اس تلفظ کو ترجیح دی ہے۔

[۱۹۰-] بَابُ الْقَلِيْلِ مِنَ الْغُلُوْلِ

وَلَمْ يَذْكُرْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ حَرَّقَ مَتَاعَهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ.

[۳۰۷۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِى الْجَعْدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: كَانَ عَلَى ثَقَلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: كِرْكِرَةُ، فَمَاتَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " هُوَ فِى النَّارِ" فَذَهَبُوْا يَنْظُرُوْنَ إِلَيْهِ فَوَجَدُوْا عَبَاءَةً قَدْ غَلَّهَا. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ ابْنُ سَلَامٍ: كَرْكَرَةُ.

بَابُ مَايُكْرَهُ مِنْ ذَبْحِ الإِبِلِ وَالْغَنَمِ فِي الْمَغَانِمِ

غنیمت کے اونٹ اور بکریوں کو ذبح کرنا مکروہ ہے

اس کو ذیلی باب سمجھنا چاہئے، غنیمت میں جو اونٹ بکریاں ملیں ان کو کھانے کے لئے امیر کی جانب سے ذبح کیا جاتا ہے، لیکن لوٹ مچانا، جس کے ہاتھ جو جانور آ گیا اس کو ذبح کر کے کھانا شروع کر دینا جائز نہیں، یہ بھی ایک طرح سے مالِ غنیمت میں خیانت ہے، اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے، تہامہ والے ذوالحلیفہ میں لوگوں کو غنیمت میں اونٹ اور بکریاں ملیں، لوگ فاقہ سے تھے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پیچھے تھے، اس لئے لوگوں نے بے اجازت جانور ذبح کر کے ہانڈیاں چڑھا دیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو الٹوا دیا، اور باقاعدہ تقسیم کیا، اور دس بکریاں ایک اونٹ کے برابر گردانی گئیں۔

[۱۹۱-] بَابُ مَايُكْرَهُ مِنْ ذَبْحِ الإِبِلِ وَالْغَنَمِ فِي الْمَغَانِمِ

[۳۰۷۵-] حدثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِذِي الْحُلَيْفَةِ، فَأَصَابَ النَّاسَ جُوْعٌ، وَأَصَبْنَا إِبِلاً وَغَنَمًا، فَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ أُخْرَيَاتِ النَّاسِ، فَعَجِلُوْا فَنَصَبُوْا الْقُدُوْرَ فَأَمَرَ بِالْقُدُوْرِ، فَأُكْفِئَتْ، ثُمَّ قَسَمَ، فَعَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِبَعِيْرٍ.

فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيْرٌ، وَفِي الْقَوْمِ خَيْلٌ يَسِيْرَةٌ، فَطَلَبُوْهُ فَأَعْيَاهُمْ، فَأَهْوَى إِلَيْهِ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ اللّٰهُ، فَقَالَ: "هٰذِهِ الْبَهَائِمُ لَهَا أَوَابِدُ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا نَدَّ عَلَيْكُمْ فَاصْنَعُوْا بِهِ هٰكَذَا"

فَقَالَ جَدِّي: إِنَّا نَرْجُوْ أَوْ: نَخَافُ أَنْ نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا، وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى، أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ؟ فَقَالَ: "مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلْ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ، أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ" [راجع: ۲۴۸۸]

بَابُ الْبَشَارَةِ فِي الْفُتُوْحِ

فتوحات کی خوشخبری دینا

جب کسی جنگ میں فتح حاصل ہو تو مرکز کو اس کی اطلاع کرنی چاہئے، مرکز کو اس کا انتظار رہتا ہے، جب ایران اور روم کے ساتھ جنگیں چل رہی تھیں تو فاروق اعظم رضی اللہ عنہ روزانہ صبح نکلتے تھے کہ شاید کوئی خبر لے کر آ رہا ہو، پھر جب دھوپ تیز ہو جاتی تو واپس لوٹ آتے، اور حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالخلصہ مندر توڑنے کے لئے بھیجا، انھوں نے کاروائی مکمل کرتے ہی ایک آدمی کو روانہ کیا، جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع دی۔

[۱۹۲-] بَابُ الْبَشَارَةِ فِی الْفُتُوْحِ

[۳۰۷٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّی، ثَنَا یَحْیَی، ثَنَا إِسْمَاعِیْلُ، ثَنَا قَیْسٌ، قَالَ: قَالَ لِیْ جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "أَلَا تُرِیْحُنِیْ مِنْ ذِی الْخَلَصَةِ؟" وَكَانَ بَیْتًا فِیْهِ خَثْعَمُ یُسَمَّی الْكَعْبَةَ الْیَمَانِیَةِ، فَانْطَلَقْتُ فِی خَمْسِیْنَ وَمِائَةٍ مِنْ أَحْمَسَ، وَكَانُوْا أَصْحَابَ خَیْلٍ، فَأَخْبَرْتُ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم أَنِّیْ لَا أَثْبُتُ عَلَی الْخَیْلِ، فَضَرَبَ فِیْ صَدْرِیْ حَتَّی رَأَیْتُ أَثَرَ أَصَابِعِهِ فِیْ صَدْرِیْ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِیًا مَهْدِیًّا" فَانْطَلَقَ إِلَیْهَا فَكَسَرَهَا وَحَرَّقَهَا، فَأَرْسَلَ إِلَی النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم یُبَشِّرُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ جَرِیْرٍ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَاجِئْتُكَ حَتَّی تَرَكْتُهَا كَأَنَّهَا جَمَلٌ أَجْرَبُ، فَبَارَكَ عَلٰی خَیْلِ أَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ. وَقَالَ مُسَدَّدٌ: بَیْتٌ فِیْ خَثْعَمَ. [راجع: ۳۰۲۰]

بَابُ مَا یُعْطَی الْبَشِیْرُ

خوشخبری دینے والے کو انعام دینا

یہ ذیلی باب ہے، جب کوئی شخص کوئی اہم خوش خبری سنائے تو اس کو انعام دینا چاہئے، مگر یہ شخصی خوش خبری کا حکم ہے، حکومت کے پاس جو خوش خبری لے کر آتا ہے وہ فوج کا آدمی ہوتا ہے، اس کو انعام دینے کا سوال نہیں۔ جب کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی توبہ قبول ہوئی تو جس نے ان کو خوش خبری سنائی اس کو ایک جوڑا کپڑا دیا۔

[۱۹۳-] بَابُ مَا یُعْطَی الْبَشِیْرُ

وَأَعْطَی كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ ثَوْبَیْنِ حِیْنَ بُشِّرَ بِالتَّوْبَةِ.

بَابٌ: لَاهِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ

فتح کے بعد ہجرت نہیں

یہ ذیلی باب ہے، جب دارالحرب فتح ہوگیا تو اب وہاں سے ہجرت کا حکم ختم ہوگیا، مکہ مکرمہ جب فتح ہوا تھا تو نبی ﷺ نے اعلان کیا تھا کہ اب مکہ سے ہجرت کا حکم ختم ہوگیا، ہاں جہاد کے لئے مدینہ آسکتے ہیں، اور جس زمانہ میں جہاد نہ ہو رہا ہو جہاد کی نیت رکھیں اور جب جہاد کے لئے پکارا جائے تو اٹھ کھڑے ہوں۔

مسئلہ: جس دارالحرب میں دین پر عمل کرنا ممکن نہ ہو وہاں سے ہجرت واجب ہے، بشرطیکہ ہجرت پر قدرت ہو، اور اگر دارالحرب میں دین پر عمل کر سکتے ہیں تو ہجرت مستحب ہے، اور اگر ہجرت پر قدرت نہیں ہے تو دارالحرب میں قیام جائز ہے۔

[-۱۹۴] بَابٌ: لَاهِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ

[-۳۰۷۷] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِىْ إِيَاسٍ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ:" لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا"[راجع: ۱۳۴۹]

[-۳۰۷۸و۳۰۷۹] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنْبَأَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ مُجَاشِعِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: جَاءَ مُجَاشِعٌ بِأَخِيْهِ مُجَالِدِ بْنِ مَسْعُوْدٍ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: هٰذَا مُجَالِدٌ يُبَايِعُكَ عَلَى الْهِجْرَةِ، فَقَالَ:" لَا هِجْرَةَ بَعْدَ فَتْحِ مَكَّةَ، وَلٰكِنْ أُبَايِعُهُ عَلَى الْإِسْلَامِ"
[راجع: ۲۹۶۲، ۲۹۶۳]

[-۳۰۸۰] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو وَ ابْنُ جُرَيْجٍ: سَمِعْتُ عَطَاءً، يَقُوْلُ: ذَهَبْتُ مَعَ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ إِلَى عَائِشَةَ، وَهِىَ مُجَاوِرَةٌ بِثَبِيْرٍ، فَقَالَتْ لَنَا: انْقَطَعَتِ الْهِجْرَةُ مُنْذُ فَتَحَ اللهُ عَلَى نَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ.[انظر: ۳۹۰۰، ۴۳۱۲]

بَابٌ: إِذَا اضْطُرَّ الرَّجُلُ إِلَى النَّظَرِ فِىْ شُعُوْرِ أَهْلِ الذِّمَّةِ وَالْمُؤْمِنَاتِ إِذَا عَصَيْنَ اللهَ وَتَجْرِيْدِهِنَّ

سخت مجبوری میں غیر مسلم اور بے دین مسلمان عورتوں کے بال دیکھنا اور ان کے کپڑے اتروانا

یہ بھی ذیلی باب ہے اور دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، دارالحرب فتح ہوگیا، وہ اسلامی حکومت کے ماتحت آ گیا اور وہاں جو غیر مسلم ہیں وہ ذمی بن گئے، اب وہاں مسلمان بھی بسیں گے، پس غیر مسلموں پر تو اسلامی قانون نافذ نہیں ہوسکتا اور مسلمانوں پر اسلامی معاشرہ کا رنگ چڑھتے چڑھتے چڑھے گا، پس غیر مسلم عورتیں کھلے سر پھریں گی، بے دین مسلمان عورتیں بھی کھلے بال پھریں گی، اس لئے جو مسلمان وہاں سے ہجرت نہیں کریں گے وہ سخت پریشانی میں مبتلا ہونگے، وہاں نیم برہنہ عورتوں کو کیسے دیکھیں گے؟ اس باب میں اس کا جواب ہے کہ: الضَّرُوْرَاتُ تُبِيْحُ الْمَحْظُوْرَاتِ: مجبوری ممنوعات کو جائز کرتی ہے، جیسے ہم اس ملک میں رہتے ہیں، ہر طرف ہندو عورتیں کھلے سر پھرتی ہیں، بلکہ بعض کی تو پنڈلیاں بھی کھلی ہوتی ہیں، ان پر نظر پڑے گی! پھر کیا کریں؟ بلکہ بہت سی مسلمان عورتیں بھی بے پردہ گھومتی ہیں ان پر بھی نظر پڑتی ہے، اس مشکل کا حل اس باب میں پیش کیا ہے۔

اور باب میں حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، انھوں نے ایک خط ایک عورت کے ساتھ مکہ والوں کے نام روانہ

کیا، اس خط کو پکڑنے کے لئے تین صحابہ بھیجے گئے، انھوں نے اس عورت سے کہا: خط لا، اس نے کہا: میرے پاس کوئی خط نہیں، صحابہ نے کہا: خط نکال ورنہ ہم تجھے ننگا کریں گے، چنانچہ اس نے بال کھول کر چوٹی سے وہ خط نکالا، پس صحابہ نے اس کے بال دیکھے اور کپڑے اتروانے کی دھمکی بھی دی، اگر وہ خط نہ دیتی تو اس سے کپڑے اتروائے جاتے، یہ سخت مجبوری کے احکام ہیں۔

واقعہ: دارالعلوم دیوبند کے ایک بڑے بزرگ بڑے میاں صاحب حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب دیوبندی قدس سرہ گجرات جاتے تھے، راندیر والوں سے ان کے تعلقات تھے اور وہاں سے بمبئی بھی جاتے تھے، ایک مرتبہ سفر سے لوٹے تو طلبہ نے پوچھا: حضرت! آپ بمبئی میں راستہ میں کیسے چلتے تھے، وہاں تو عورتیں ہوتی ہیں؟ حضرت نے فرمایا: ہم نے وہاں کوئی عورت نہیں دیکھی، پھر فرمایا: ہاں کچھ دگڑے (ہجڑے نہ مرد نہ عورت) تھے ہم ان کے کندھے سے کندھا ملا کر چلتے تھے، یعنی ہم ان کو عورتیں نہیں سمجھتے تھے، بس یہی ایک راستہ ہے اُس ملک میں زندگی گذارنے کا جہاں اسلامی نظام پوری طرح رائج نہیں، یا وہ غیر اسلامی ملک ہے، اس لئے وہاں اسلامی نظام رائج نہیں کر سکتے، وہاں رہنا ہے تو نظر بچانا ہے، ہاں جو مسلمان عورتیں بے دین ہیں ان کو دین پر لانے کی محنت ضروری ہے، ان کو مصلے پر کھڑا کر دو، نمازی بنا دو، دین خود بخود دان میں آجائے گا، اور یہ کام دعوت وتبلیغ اور تعلیم وتذکیر کی محنت سے ہوسکتا ہے، خود بخود نہیں ہو جائے گا۔

[١٩٥-] بَابٌ: إِذَا اضْطُرَّ الرَّجُلُ إِلَى النَّظَرِ فِيْ شُعُوْرِ أَهْلِ الذِّمَّةِ وَالْمُؤْمِنَاتِ إِذَا عَصَيْنَ اللّٰهَ وَتَجْرِيْدِهِنَّ

[٣٠٨١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ الطَّائِفِيُّ، ثَنَا هُشَيْمٌ، أَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَكَانَ عُثْمَانِيًّا، فَقَالَ لِابْنِ عَطِيَّةَ، وَكَانَ عَلَوِيًّا: إِنِّيْ لَأَعْلَمُ مَا الَّذِيْ جَرَّأَ صَاحِبَكَ عَلَى الدِّمَاءِ، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: بَعَثَنِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَالزُّبَيْرَ فَقَالَ: " ائْتُوْا رَوْضَةَ كَذَا وَكَذَا، وَتَجِدُوْنَ بِهَا امْرَأَةً أَعْطَاهَا حَاطِبٌ كِتَابًا" فَأَتَيْنَا الرَّوْضَةَ، فَقُلْنَا: الْكِتَابَ، قَالَتْ: لَمْ يُعْطِنِيْ، فَقُلْنَا: لَتُخْرِجَنَّ أَوْ لَأُجَرِّدَنَّكِ. فَأَخْرَجَتْ مِنْ حُجْزَتِهَا، فَأَرْسَلَ إِلَى حَاطِبٍ، فَقَالَ: لَاتَعْجَلْ، وَاللّٰهِ مَا كَفَرْتُ وَلَا ازْدَدْتُ لِلإِسْلَامِ إِلَّا حُبًّا، وَلَمْ يَكُنْ أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِكَ إِلَّا وَلَهُ بِمَكَّةَ مَنْ يَدْفَعُ اللّٰهُ بِهِ عَنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ، وَلَمْ يَكُنْ لِيْ أَحَدٌ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَتَّخِذَ عِنْدَهُمْ يَدًا، فَصَدَّقَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنِيْ أَضْرِبْ عُنُقَهُ فَإِنَّهُ قَدْ نَافَقَ، فَقَالَ: " وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلَى أَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ؟" فَهٰذَا الَّذِيْ جَرَّأَهُ. [راجع: ٣٠٠٧]

باب کا ترجمہ: جب مجبور کیا جائے کوئی آدمی ذمیوں کے بالوں کو دیکھنے کی طرف اور مسلمان عورتوں کے بالوں کی

طرف جبکہ وہ اللہ کی نافرمانی کریں یعنی وہ عورتیں بے دین ہوں اس لئے کھلے سر پھرتی ہوں، اور ان کے کپڑے اتروانا (یہ بات حدیث کے پیش نظر بڑھائی ہے)

حدیث کا ابتدائی حصہ: ابوعبدالرحمٰن سُلمی سے مروی ہے اور وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی پارٹی کے تھے، انھوں نے حبان بن عطیہ سے کہا: اور وہ حضرت علیؓ کے گروپ کے تھے، میں یقیناً جانتا ہوں وہ بات جس نے تمہارے حضرت کو خون ریزی پر بے باک کردیا ہے، پھر انھوں نے حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کا واقعہ ذکر کیا، اس کے آخر میں ہے: نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''تم کیا جانو، اللہ تعالیٰ بدریوں کے احوال سے واقف ہیں، اس لئے فرمایا: ''تم جو چاہو کرو، میں نے تمہیں بخش دیا'' یہی وہ بات ہے جس نے تمہارے حضرت کو خون ریزی پر دلیر کردیا ہے (یہ بات پارٹی بیز پر کہی ہے)

تشریح: یہاں سمجھنے کی بات یہ ہے کہ یہ گروپ دو بڑوں نے نہیں بنائے تھے، بلکہ خود بخود بن گئے تھے، جیسے تقسیم ہند کے زمانہ میں حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی رائے مسلم لیگ کے ساتھ تھی کہ ملک تقسیم ہونا چاہئے اور حضرت مدنی رحمہ اللہ کانگریس میں تھے، ان کی رائے تھی کہ ملک تقسیم نہیں ہونا چاہئے، دونوں بزرگوں میں غایت درجہ اخلاص تھا، اور دونوں ایک دوسرے کے بڑے قدرداں تھے، مگر دونوں کے متعلقین دو گروپ میں تقسیم ہوگئے، ایک تھانوی گروپ تھا، دوسرا مدنی، جو آج تک چل رہے ہیں، یہ گروپ ان دو بڑوں نے نہیں بنائے تھے، اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما میں تو غایت درجہ اخلاص تھا، دونوں ایک دوسرے کے معاون و مددگار اور قدردان تھے، مگر ان کے متعلقین میں دو ذہن بن گئے تھے۔

بَابُ اسْتِقْبَالِ الْغُزَاةِ

مجاہدین کا استقبال کرنا

اب بات آگے بڑھاتے ہیں، جب فوجی جہاد سے واپس آئیں تو سادگی کے ساتھ خاندان کے چھوٹے بڑے استقبال کرسکتے ہیں، یہ خوشی کا موقع ہے، اور ایسے موقع پر بڑوں سے زیادہ خوشی بچوں کو ہوتی ہے، عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ کو یاد ہے جب ہم نبی ﷺ کے استقبال کے لئے نکلے تھے، میں آپ اور ابن عباسؓ؟ عبداللہ بن جعفرؓ نے کہا: یاد ہے (اور یہ بھی یاد ہے کہ) ہم دونوں کو نبی ﷺ نے اونٹ پر آگے پیچھے بٹھالیا تھا اور تمہیں چھوڑ دیا تھا (کیونکہ تیسرے کو بٹھانے کی جگہ نہیں تھی) اور اسی طرح کی بات سائب بن یزید کہتے ہیں کہ ہم مہمانوں کو رخصت کرنے کے نکڑ تک بچوں کے ساتھ نبی ﷺ کے استقبال کے لئے نکلے۔

[۱۹۶-] بَابُ اسْتِقْبَالِ الْغُزَاةِ

[۳۰۸۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَحُمَيْدُ بْنُ الْأَسْوَدِ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ

الشَّهِيْدِ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ لِابْنِ جَعْفَرٍ: أَتَذْكُرُ إِذْ تَلَقَّيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَا وَأَنْتَ وَابْنُ عَبَّاسٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَحَمَلَنَا وَتَرَكَكَ.

[۳۰۸۳-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ: ذَهَبْنَا نَتَلَقَّى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَعَ الصِّبْيَانِ إِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ.[انظر: ٤٤٢٦، ٤٤٢٧]

بَابُ مَايُقُوْلُ إِذَا رَجَعَ مِنَ الْغَزْوِ؟

جب جہاد سے لوٹے تو کیا ذکر کرے؟

پہلی حدیث گذری ہے، جب نبی ﷺ کسی سفر سے لوٹتے تھے اور بلندی پر چڑھتے تھے تو تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے تھے، پھر آئبون إن شاء الله والا ذکر کرتے تھے۔ اور دوسری حدیث بھی پہلے گذری ہے، خیبر سے واپسی میں نبی ﷺ کے اونٹ کا پیر پھسلا، آپؐ اور حضرت صفیہؓ دونوں گر پڑے، اس حدیث کے آخر میں ہے: پھر صحابہ حضور ﷺ کے دائیں بائیں چلنے لگے تاکہ آئندہ کوئی حادثہ پیش نہ آئے، پھر جب نبی ﷺ مدینہ کے قریب پہنچے تو آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ والا ذکر برابر کرتے رہے، یہاں تک کہ مدینہ میں داخل ہوئے۔ اور تیسری حدیث میں بھی یہی مضمون ہے، ان روایات سے معلوم ہوا کہ مجاہدین کو واپسی میں بھی اللہ کا ذکر کرنا چاہئے۔

[۱۹۷-] بَابُ مَايُقُوْلُ إِذَا رَجَعَ مِنَ الْغَزْوِ؟

[۳۰۸٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَفَلَ كَبَّرَ ثَلَاثًا، قَالَ: " آئِبُوْنَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ حَامِدُوْنَ لِرَبِّنَا سَاجِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ"[راجع: ۱۷۹۷]

[۳۰۸۵-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَقْفَلَهُ مِنْ عُسْفَانَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه سلم عَلٰى رَاحِلَتِهِ، وَقَدْ أَرْدَفَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ، فَعَثَرَتْ نَاقَتُهُ فَصُرِعَا جَمِيْعًا، فَاقْتَحَمَ أَبُوْ طَلْحَةَ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! جَعَلَنِى اللّٰهُ فِدَاءَ كَ، قَالَ: " عَلَيْكَ الْمَرْأَةَ" فَقَلَبَ ثَوْبًا عَلٰى وَجْهِهِ وَأَتَاهَا فَأَلْقَاهُ عَلَيْهَا، أَصْلَحَ لَهُمَا مَرْكَبَهُمَا، فَرَكِبَا، وَاكْتَنَفْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَلَمَّا أَشْرَفْنَا عَلَى الْمَدِيْنَةِ، قَالَ: " آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ" فَلَمْ يَزَلْ يَقُوْلُ ذٰلِكَ حَتّٰى دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ.[راجع: ۳۷۱]

[۳۰۸٦-] حدثنا عَلِيٌّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّـهُ أَقْبَلَ هُوَ وَأَبُوْ طَلْحَةَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم صَفِيَّةُ يُرْدِفُهَا

عَلٰى رَاحِلَتِهِ، فَلَمَّا كَانَ بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ عَثَرَتِ الدَّابَّةُ فَصُرِعَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم وَالْمَرْأَةُ، وَإِنَّ أَبَا طَلْحَةَ قَالَ:- أَحْسِبُ قَالَ:- اقْتَحَمَ عَنْ بَعِيْرِهِ فَأَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: يَانَبِيَّ اللّٰهِ! جَعَلَنِي اللّٰهُ فِدَاءَ كَ! هَلْ أَصَابَكَ مِنْ شَيْءٍ؟ قَالَ: " لَا، وَلٰكِنْ عَلَيْكَ بِالْمَرْأَةِ" فَأَلْقَى أَبُوْ طَلْحَةَ ثَوْبَهُ عَلٰى وَجْهِهِ فَقَصَدَ قَصْدَهَا، فَأَلْقَى ثَوْبَهُ عَلَيْهَا، فَقَامَتِ الْمَرْأَةُ، فَشَدَّ لَهُمَا عَلٰى رَاحِلَتِهِمَا فَرَكِبَا، فَسَارُوْا، حَتَّى إِذَا كَانُوْا بِظَهْرِ الْمَدِيْنَةِ، أَوْ قَالَ: أَشْرَفُوْا عَلَى الْمَدِيْنَةِ، قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ" فَلَمْ يَزَلْ يَقُوْلُهَا حَتَّى دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ.[راجع: ۳۷۱]

وضاحت: دوسری حدیث میں مَقْفَلَهُ مِنْ عُسْفَان: راوی کا وہم ہے، یہ واقعہ عسفان سے واپسی کا نہیں، بلکہ خیبر سے واپسی کا ہے.........اور تیسری حدیث میں أَحْسِبُ قَالَ: یحییٰ کا قول ہے، وہ کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے آئندہ جملہ بھی کہا تھا۔

بَابُ الصَّلَاةِ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ

جب سفر سے لوٹے تو نماز پڑھے

نبی ﷺ کا معمول تھا جب آپؐ لمبے سفر سے لوٹتے تھے تو گھر میں داخل ہونے سے پہلے مسجد میں دو نفلیں پڑھتے تھے، اُتنی دیر میں ملنے والے جمع ہوجاتے تھے، نماز کے بعد لوگوں سے مل کر آپؐ گھر میں تشریف لے جاتے تھے، اور پہلے میں نے بتایا ہے کہ یہ ملنے کے لئے آنے والوں کی مصلحت سے آپؐ دوگانہ پڑھتے تھے، سفر سے لوٹنے کی یہ سنت نہیں۔

علاوہ ازیں: نبی ﷺ کا گھروں میں جانے کا راستہ بھی مسجد میں تھا، اور مسجد میں خواہ کسی مقصد سے داخل ہو تحیۃ المسجد پڑھنی چاہئے، پس یہ تحیۃ المسجد کا دوگانہ تھا، سفر کی سنت نہیں تھی۔ چنانچہ صحابہ کا اس پر عمل نہیں تھا، اور مسلمانوں کا بھی اس پر عمل نہیں ہے۔

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو جب وہ اونٹ لے کر آئے تو آپؐ نے حکم دیا کہ مسجد میں جا کر دو رکعتیں پڑھو، یہ تحیۃ المسجد تھی، سفر کی نماز نہیں تھی، حضرت جابرؓ بھی سفر سے نہیں آئے تھے، اور تحیۃ المسجد بھی اس لئے پڑھوائی تھی کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا تھا کہ ان کے اونٹ کے پیسے لاؤ، پس جتنی دیر میں پیسے آئیں گے وہ نماز میں مشغول رہیں گے۔

[۱۹۸-] بَابُ الصَّلَاةِ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ

[۳۰۸۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ سَفَرٍ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ قَالَ لِيْ: " اُدْخُلِ الْمَسْجِدَ

فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ"[راجع: ٤٤٣]

[٣٠٨٨-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، وَعَمِّهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ كَعْبٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ ضُحًى دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَجْلِسَ. [راجع: ٢٧٥٧]

بَابُ الطَّعَامِ عِنْدَ الْقُدُوْمِ

سفر سے واپسی پر دعوت کرنا

عربوں کے یہاں ولیمہ کی طرح نقیعہ کا بھی رواج تھا، مسافر جب لمبے سفر سے لوٹتا تھا تو اقرباء اور دوست احباب کی دعوت کرتا تھا، کیونکہ لوگ ملنے کے لئے آئیں گے، پس تقریب بہر ملاقات ہونی چاہئے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا معمول تھا کہ سفر میں روزہ نہیں رکھتے تھے نہ فرض نہ نفل، اور حضر میں ہمیشہ نفل روزے رکھتے تھے، مگر جب کسی لمبے سفر سے آتے تو ایک دو دن روزے نہیں رکھتے تھے، کیونکہ جو لوگ ملنے آئیں گے ان کی تواضع ضروری ہوگی، اور اس میں میزبان کو بھی شریک ہونا پڑے گا، اس لئے روزہ نہیں رکھتے تھے۔

اور دوسری روایت پہلے گذری ہے، ایک سفر سے نبی ﷺ لوٹے، مدینہ کے قریب صِرار مقام میں جہاں رات گذاری وہاں اونٹ یا گائے ذبح کی، اور لوگوں کی دعوت کی۔

[١٩٩-] بَابُ الطَّعَامِ عِنْدَ الْقُدُوْمِ

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُفْطِرُ لِمَنْ يَغْشَاهُ.

[٣٠٨٩-] حدثنا مُحَمَّدٌ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ نَحَرَ جَزُوْرًا أَوْ بَقَرَةً.

وَزَادَ مُعَاذٌ عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَارِبٍ: سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ: اشْتَرَى مِنِّيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَعِيْرًا بِوَقِيَّتَيْنِ وَدِرْهَمٍ أَوْ دِرْهَمَيْنِ، فَلَمَّا قَدِمَ صِرَارًا أَمَرَ بِبَقَرَةٍ فَذُبِحَتْ فَأَكَلُوْا مِنْهَا، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ أَمَرَنِيْ آنْ آتِيَ الْمَسْجِدَ فَأُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ، وَوَزَنَ لِيْ ثَمَنَ الْبَعِيْرِ. [راجع: ٤٤٣]

[٣٠٩٠-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَدِمْتُ مِنْ سَفَرٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "صَلِّ رَكْعَتَيْنِ"

صِرَارٌ: مَوْضِعٌ نَاحِيَةَ الْمَدِيْنَةِ. [راجع: ٤٤٣]

بَابُ فَرْضِ الْخُمُسِ

غنیمت کا پانچواں حصہ نکالنا ضروری ہے

سب سے پہلے یہ جاننا چاہئے کہ ابھی کتاب الجہاد چل رہی ہے، کتاب بَدْءِ الخلق تک کتاب الجہاد چلے گی، درمیان میں جو کتابُ فرضِ الْخُمُسِ اور کتابُ الجزیة و الموادعة کے عنوانات آئے ہیں وہ ٹھیک نہیں، ان سے کتاب فہمی میں دشواری پیش آتی ہے، اور ابواب کے نمبر بھی مسلسل ہونے چاہئیں، یہاں سے جو ابواب کے نمبر بدلے ہیں پھر کتاب الجزیة سے جو نمبر بدلے ہیں یہ ٹھیک نہیں، مگر ہم نے حوالہ کی سہولت کے لئے ان کو باقی رکھا ہے اور مصری نسخہ میں جو کتابُ فرضِ الخمس اور کتاب الجزیة کے عنوانات ہیں، ان کو حذف کیا ہے، یہ عنوان ہمارے نسخہ میں نہیں ہیں۔

۱- ابواب میں ربط:

مجاہدین گھر پہنچ گئے اور مالِ غنیمت بانٹ لیا، خواہ سفر میں بانٹا یا وطن میں، امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک دونوں صورتیں درست ہیں، اور اس کے لئے پہلے باب آچکا ہے، اور غنیمت میں سے پانچواں حصہ علاحدہ کرلیا۔ خُمْس (میم کے پیش اور جزم کے ساتھ) کے معنی ہیں: پانچواں حصہ ($\frac{1}{5}$) اس کی جمع اخماس ہے، غنیمت میں سے پانچواں حصہ نکالنا فرض (کمپلسری) ہے، اس باب میں اسی کا بیان ہے۔

۲- خمس کی فرضیت:

خمس کی فرضیت جنگِ بدر کے موقع پر نازل ہوئی ہے، اسلام میں بدر کی غنیمت سب سے پہلی غنیمت تھی، اس وقت سورۃ الانفال کی آیت ۴۱ نازل ہوئی: ﴿وَاعْلَمُوْا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ﴾: اور یہ بات جان لو کہ جو کچھ غنیمت کے طور پر تم کو (کفار سے) حاصل ہوا ہے، اس کا حکم یہ ہے کہ کل کا پانچواں حصہ اللہ کا، اس کے رسول کا، اس کے رشتہ داروں کا، یتیموں کا، غریبوں کا اور مسافروں کا ہے۔

اور غنیمت کے علاوہ ایک دوسرا مال: مالِ فئے ہے، اس کے مصارف بھی وہی ہیں جو خمس کے ہیں، سورۃ الحشر آیت ۷ ہے: ﴿مَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ﴾: جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو بستیوں والوں سے دلوایا: وہ اللہ کے لئے، رسول کے لئے، آپ کے رشتہ داروں کے لئے، یتیموں کے لئے، غریبوں کے لئے اور مسافروں کے لئے ہے، چونکہ ان دونوں اموال کے مصارف ایک ہیں، اس لئے امام بخاریؒ اس باب میں خمس اور مالِ فئے کی تفصیلات ایک ساتھ ذکر کریں گے۔

۳-خمس اور مالِ فئے کے مصارف:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ دونوں آیتوں میں چھ مصارف کا ذکر ہے اور امت متفق ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر دیگر مصارف کی دلداری کے لئے ہے، اللہ تعالیٰ تو کائنات کے مالک ہیں، مصارف میں ان کا ذکر اس لئے کیا گیا ہے کہ دوسرے مصارف اس کو بھیک کا لقمہ نہ سمجھیں۔

پھر آگے چار مصارف ہیں یا پانچ؟ عام طور پر یہ بات سمجھی گئی کہ پانچ مصارف ہیں، مگر حقیقت میں چار مصارف ہیں، رسول اللہ ﷺ کا ذکر قاسم (تقسیم کرنے والا) ہونے کی وجہ سے ہے، خمس اور فئے کو بانٹنے کی ذمہ داری نبی ﷺ پر تھی، آپؐ خود اس کا مصرف نہیں تھے، آگے باب آرہا ہے، اس میں إِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ کی حدیث لا رہے ہیں، اور ایسی کوئی روایت نہیں ہے جس سے معلوم ہو کہ ان اموال میں نبی ﷺ کا مالکانہ اختیار تھا، پس اب مصارف چار رہ گئے: آپؐ کے رشتہ دار، یتامی، مساکین اور مسافر۔

پھر یہ اختلاف ہوا کہ آپؐ کے رشتہ دار جو مصرف ہیں وہ رشتہ دار ہونے کی وجہ سے ہیں یا نصرت کی وجہ سے؟ یعنی آپؐ کی حیات میں آپؐ کے یہ رشتہ دار آپؐ کے مددگار تھے، اس لئے ان اموال میں سے ان کو دیا جاتا تھا، پس اب جبکہ آپؐ دنیا میں نہ رہے تو یہ مصرف ختم ہو گیا، اب ان اموال کے تین ہی مصارف ہیں: یتامی، غرباء اور مسافر، یہی حنفیہ کی رائے ہے اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے اس مسئلہ میں حنفیہ کی موافقت کی ہے۔

۴-کیا خمس اور فئے کے مصارف تین میں منحصر ہیں؟

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ خمس اور فئے کے جو تین مصارف باقی رہے ان میں انحصار نہیں ہے، یہ اموال ان تین مصارف کے علاوہ جگہوں میں بھی خرچ کئے جاسکتے ہیں، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک تین مصارف کا ذکر بطور مثال ہے، آگے روایتیں لائیں گے کہ نبی ﷺ نے غنیمت کا پانچواں حصہ ان مصارف کے علاوہ میں بھی خرچ کیا ہے، حنین کی غنیمت کے خمس سے مؤلفۃ القلوب کو بھی دیا ہے، اور بنو نضیر کی جائداد میں سے (جو مالِ فئے تھا) مہاجرین کو بھی دیا ہے، پس مصارف تین میں منحصر نہیں رہے۔

۵-خمس اور فئے حکومت چلانے کے لئے نہیں ہیں:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مالِ غنیمت میں سے جو خمس نکالا جاتا ہے اور فئے کے طور پر جو اموال حاصل ہوتے ہیں وہ حکومت چلانے کے لئے نہیں ہیں، قرآنِ کریم نے ان کے مصارف متعین کر دیئے ہیں، انہی مصارف میں ان کو خرچ کرنا ضروری ہے، حکومت صرف قاسم (بانٹنے والی) ہے پس جیسے نبی ﷺ ان اموال کے مالک نہیں تھے، امیر المؤمنین بھی مالک نہیں۔

پھر باب میں پہلی حدیث لائے ہیں جو پہلے گذری ہے: نبی ﷺ نے بدر کی غنیمت کے خمس میں سے حضرت علی

رضی اللہ عنہ کو ایک جوان اونٹنی دی تھی، ذوی القربیٰ میں ہونے کی وجہ سے، جس کو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے ذبح کر دیا تھا، حدیث سے بس اتنا ہی استدلال کرنا ہے۔

[۱-] بَابُ فَرْضِ الْخُمُسِ

[۳۰۹۱-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَلِيًّا قَالَ: كَانَتْ لِيْ شَارِفٌ مِنْ نَصِيْبِيْ مِنَ الْمَغْنَمِ يَوْمَ بَدْرٍ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَعْطَانِيْ شَارِفًا مِنَ الْخُمُسِ، فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَبْتَنِيَ بِفَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَاعَدْتُ رَجُلًا صَوَّاغًا مِنْ بَنِيْ قَيْنُقَاعَ، أَنْ يَرْتَحِلَ مَعِيْ، فَنَأْتِيَ بِإِذْخِرٍ، أَرَدْتُ أَنْ أَبِيْعَهُ الصَّوَّاغِيْنَ، وأَسْتَعِيْنَ بِهِ فِي وَلِيْمَةِ عُرْسِيْ.

فَبَيْنَا أَنَا أَجْمَعُ لِشَارِفَيَّ مَتَاعًا مِنَ الْأَقْتَابِ وَالْغَرَائِرِ وَالْحِبَالِ، وَشَارِفَايَ مُنَاخَتَانِ إِلٰى جَنْبِ حُجْرَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَرَجَعْتُ حِيْنَ جَمَعْتُ مَا جَمَعْتُ، فَإِذَا شَارِفَايَ قَدْ أُجِبَّتْ أَسْنِمَتُهُمَا، وَبُقِرَتْ خَوَاصِرُهُمَا، وَأُخِذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا، وَلَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ حِيْنَ رَأَيْتُ ذٰلِكَ الْمَنْظَرَ مِنْهُمَا، فَقُلْتُ: مَنْ فَعَلَ هٰذَا؟ فَقَالُوْا: فَعَلَ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَهُوَ فِي هٰذَا الْبَيْتِ فِيْ شَرْبٍ مِنَ الْأَنْصَارِ.

فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى أَدْخُلَ عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَعِنْدَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَعَرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ وَجْهِيْ الَّذِيْ لَقِيْتُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَالَكَ؟" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ! عَدَا حَمْزَةُ عَلٰى نَاقَتَيَّ، فَجَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا، وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا، وَهَا هُوَ ذَا فِي بَيْتٍ مَعَهُ شَرْبٌ. فَدَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِرِدَائِهِ، فَارْتَدَى، ثُمَّ انْطَلَقَ يَمْشِيْ، وَاتَّبَعْتُهُ أَنَا وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، حَتّٰى جَاءَ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ حَمْزَةُ، فَاسْتَأْذَنَ، فَأَذِنُوْا لَهُمْ، فَإِذَا هُمْ شَرْبٌ! فَطَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَلُوْمُ حَمْزَةَ فِيْمَا فَعَلَ، فَإِذَا حَمْزَةُ قَدْ ثَمِلَ، مُحْمَرَّةً عَيْنَاهُ، فَنَظَرَ حَمْزَةُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلٰى رُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلٰى سُرَّتِهِ، ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلٰى وَجْهِهِ، ثُمَّ قَالَ حَمْزَةُ: هَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيْدٌ لِأَبِيْ؟ فَعَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَدْ ثَمِلَ، فَنَكَصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى عَقِبَيْهِ الْقَهْقَرٰى، وَخَرَجْنَا مَعَهُ. [راجع: ۲۰۸۹]

وضاحت: یہ حدیث پہلے دو جگہ آئی ہے مگر اتنی تفصیل سے نہیں آئی، اس لئے ترجمہ کرتا ہوں۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے جنگِ بدر میں غنیمت میں سے میرے حصہ کی ایک جوان اونٹنی ملی تھی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خمس میں سے ایک جوان اونٹنی عنایت فرمائی تھی، پس جب میں نے ارادہ کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو رخصت کرکے لاؤں تو میں نے بنوقینقاع کے ایک سنار سے معاملہ کیا وہ میرے ساتھ سفر کرے، پس ہم اذخر گھاس لائیں، چاہا میں نے کہ اس کو سناروں کے ہاتھ بیچوں اور اس کے ذریعہ سے اپنی دلہن کے ولیمہ میں مدد حاصل کروں، پس دریں اثناء کہ میں ان دونوں اونٹنیوں کا سامان جمع کر رہا تھا یعنی کجاوے، بورے اور رسیاں اور میری اونٹنیاں ایک انصاری کے کمرے کے پہلو میں بٹھائی ہوئی تھیں، پس میں لوٹا جب میں نے جمع کرلیا جو جمع کرلیا، پس اچانک میری دونوں اونٹنیاں ان کی کوہانیں کاٹ دی گئی ہیں اور ان کے پیٹ پھاڑ دیئے گئے ہیں اور ان کے جگر لے لئے گئے ہیں، پس میں اپنی دونوں آنکھوں پر قابو نہیں رکھ سکا، جب میں نے دونوں اونٹنیوں کا یہ حال دیکھا، میں نے پوچھا: یہ کس نے کیا؟ لوگوں نے بتایا: حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے کیا، اور وہ اس گھر میں انصار کی شراب کی پارٹی میں ہیں۔

پس میں چلا یہاں تک کہ نبی ﷺ کے پاس پہنچا اور آپؐ کے پاس زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ تھے، پس نبی ﷺ سمجھ گئے میرے چہرے سے اس بات کو جس سے میں نے ملاقات کی، پس آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آج جیسا دن تو میں نے کبھی نہیں دیکھا، حمزہؓ نے میری دونوں اونٹنیوں پر زیادتی کی، پس ان کی کوہانیں کاٹ دیں اور ان کے پیٹ پھاڑ دیئے، اور یہ رہے وہ ایک گھر میں ان کے ساتھ شراب کی پارٹی ہے۔

پس نبی ﷺ نے اپنی چادر منگوائی اور اوڑھی، پھر آپ چلے اور میں اور زید بن حارثہؓ آپؐ کے پیچھے چلے، یہاں تک کہ آپؐ اس گھر پر پہنچے، جس میں حضرت حمزہؓ تھے، پس آپؐ نے اجازت طلب کی، لوگوں نے آپؐ کو اجازت دی، پس اچانک وہ شراب پیئے ہوئے تھے، نبی ﷺ نے حضرت حمزہؓ کو ملامت شروع کی، اس بات پر جو انھوں نے کی، حضرت حمزہؓ نشہ میں چور تھے، ان کی دونوں آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں، انھوں نے نبی ﷺ کی طرف دیکھا، پھر انھوں نے نظر اٹھائی اور آپؐ کے دونوں گھٹنوں کو دیکھا، پھر انھوں نے نظر اٹھائی اور آپؐ کی ناف کو دیکھا، پھر انھوں نے نظر اٹھائی اور آپؐ کے چہرے کو دیکھا، پھر انھوں نے کہا: نہیں ہو تم مگر میرے باپ کے غلام یعنی تمہاری اونٹنیاں میرے باپ کی ہیں، اس لئے وہ میری ہیں، اور میں نے جو چاہا کیا۔ پس نبی ﷺ سمجھ گئے کہ وہ نشہ میں چور ہیں، پس آپؐ اپنی دونوں ایڑیوں پر واپس لوٹے اور ہم بھی آپؐ کے ساتھ نکلے۔

بنونضیر اور فدک کی جائدادیں

جہاد میں غنیمت میں سے جو خمس نکلتا ہے وہ عام طور پر منقولات ہوتا ہے، اور اپنے مصارف میں خرچ ہوجاتا ہے، مگر بنونضیر کے علاقہ میں جو جائدادیں ہاتھ آئی تھیں وہ مالِ فیئے تھیں، اس میں سے کچھ حصہ نبی ﷺ نے مہاجرین کو دیا تھا، باقی اپنے پاس رکھا تھا، بنونضیر کا علاقہ مدینہ کے قریب تھا، ان کے ساتھ مصالحت ہوئی تھی، وہ جلاوطن ہونے کے لئے تیار ہوگئے تھے، اس لئے ان کا پورا علاقہ مال فیئے تھا، اور خیبر میں فدک نامی گاؤں یا قلعہ مصالحت کے طور پر حاصل ہوا تھا اس لئے وہ بھی مالِ

فئے تھا، اور خیبر میں غنیمت میں سے جو خمس نکلا تھا اس میں بھی جائداد آئی تھی یہ دونوں زمینیں نبی ﷺ کے پاس تھیں، آپؐ ان کی آمدنی سے گھر کی ضروریات پوری کرتے تھے، رشتہ داروں کو دیتے تھے اور باقی مصارفِ فئے میں خرچ کرتے تھے، پھر جو کچھ بچتا وہ جہاد کے سامان کی خریداری میں خرچ ہوتا تھا۔

پھر جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی تو یہ جائدادیں نبی ﷺ کی ملک تصور کی گئیں اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا (بیٹی) اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ (چچا، عصبہ) نے میراث کا مطالبہ کیا، مگر خلیفۂ وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو سمجھایا کہ یہ جائدادیں حضور ﷺ کی ملک نہیں تھیں، اور بتایا کہ ان کی آمدنی سے جس طرح نبی ﷺ خرچ کرتے تھے، میں بھی خرچ کروں گا، مگر جائدادیں حکومت کے کنٹرول میں رہیں گی، میراث میں تقسیم نہیں ہونگی، بلکہ حضرت ابوبکرؓ نے حدیث سنائی کہ انبیاء کی املاک میں میراث نہیں چلتی، وہ امت کے لئے خیرات ہوتی ہیں، اس لئے آپؐ کے دیگر متروکات بھی میراث کے طور پر نہیں تقسیم کئے گئے، بلکہ تبرک کے طور پر تقسیم کئے گئے۔

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ اس سلسلہ میں دو حدیثیں لائے ہیں، پہلی حدیث کو ترقیم کرنے والے نے خواہ مخواہ دو حدیثیں بنادیا ہے، اس لئے دونوں حدیثیں پڑھیں اور ان کو سمجھیں۔

[۳۰۹۲-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم سَأَلَتْ أَبَابَكْرٍ الصِّدِّيْقَ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَقْسِمَ لَهَا مِيْرَاثَهَا: مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم مِمَّا أَفَاءَ اللهُ عَلَيْهِ. [انظر: ۳۷۱۱، ۴۰۳۵، ۴۲۴۰، ۶۷۲۵]

[۳۰۹۳-] فَقَالَ لَهَا أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَ نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" فَغَضِبَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَهَجَرَتْ أَبَا بَكْرٍ، فَلَمْ تَزَلْ مُهَاجِرَتَهُ حَتَّى تُوُفِّيَتْ، وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم سِتَّةَ أَشْهُرٍ، قَالَتْ: وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَسْأَلُ أَبَا بَكْرٍ نَصِيْبَهَا مِمَّا تَرَكَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ خَيْبَرَ وَفَدَكٍ وَصَدَقَتِهِ بِالْمَدِيْنَةِ، فَأَبَى أَبُوْ بُكْرٍ عَلَيْهَا ذٰلِكَ، وَقَالَ: لَسْتُ تَارِكًا شَيْئًا كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَعْمَلُ بِهِ إِلاَّ أَنِّيْ عَمِلْتُ بِهِ، فَإِنِّيْ أَخْشَى إِنْ تَرَكْتُ شَيْئًا مِنْ أَمْرِهِ أَنْ أَزِيْغَ، فَأَمَّا صَدَقَتُهُ بِالْمَدِيْنَةِ فَدَفَعَهَا عُمَرُ إِلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ، وَأَمَّا خَيْبَرُ وَفَدَكُ فَأَمْسَكَهَا عُمَرُ، وَقَالَ: هُمَا صَدَقَةُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، كَانَتَا لِحُقُوْقِهِ الَّتِيْ تَعْرُوْهُ وَنَوَائِبِهِ، وَأَمْرُهُمَا إِلٰى مَنْ وَلِيَ الأَمْرَ، قَالَ: فَهُمَا عَلٰى ذٰلِكَ إِلَى الْيَوْمِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: اعْتَرَاكَ: افْتَعَلْتَ، مِنْ عَرَوْتُهُ: أَصَبْتُهُ، وَمِنْهُ يَعْرُوْهُ، وَاعْتَرَانِي.

[انظر: ۳۷۱۲، ۴۰۳۶، ۴۲۴۱، ۶۷۲۶]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مطالبہ کیا کہ بانٹیں وہ ان کے لئے ان کی میراث اس جائداد میں سے جو چھوڑی ہے رسول اللہ ﷺ نے، جو اللہ نے آپ پر لوٹائی ہے یعنی بنونضیر اور فدک کی جائدادیں جو نبی ﷺ کو مالِ فئے میں ملی تھیں، ان میں سے آدھا حصہ ان کو دیں، پس ان سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے: لَانُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ[1]: ہم مورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے یعنی ہم انبیاء کی جماعت وارث تو بنتے ہیں نبی ﷺ کو اپنے والد حضرت عبداللہ کی میراث ملی تھی، مگر ہم مورث نہیں بنائے جاتے یعنی ہمارے ورثاء ہمارا ترکہ تقسیم نہیں کرتے، ہم جو کچھ چھوڑ جاتے ہیں وہ امت کے لئے صدقہ ہوتا ہے (امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں) پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ناراض ہوگئیں اور انھوں نے حضرت ابوبکرؓ سے بولنا چھوڑ دیا، پس برابر وہ ان سے ناراض رہیں یہاں تک کہ ان کا انتقال ہوگیا۔ اور وہ نبی ﷺ کے بعد چھ ماہ حیات رہیں (امام زہری کی بات پوری ہوئی) صدیقہؓ فرماتی ہیں: اور حضرت فاطمہؓ حضرت ابوبکرؓ سے مانگتی تھیں اپنا حصہ اس جائداد میں سے جو رسول اللہ ﷺ نے چھوڑا تھا، خیبر اور فدک میں سے، اور مدینہ میں آپ کے صدقہ میں سے یعنی بنونضیر کے مال میں سے، پس حضرت ابوبکرؓ نے ان کی اس بات کا انکار کیا اور جواب دیا: نہیں ہوں میں چھوڑنے والا کسی بھی چیز کو جس کو نبی ﷺ کیا کرتے تھے مگر یہ کہ میں اس کے مطابق کروں گا، اور بیشک میں ڈرتا ہوں اگر چھوڑ دوں میں کوئی چیز نبی ﷺ کے عمل میں سے کہ کج ہو جاؤں میں۔ پس رہا حضور ﷺ کا صدقہ مدینہ میں یعنی بنونضیر کا علاقہ تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیدیا حضرات علی وعباس رضی اللہ عنہما کو اور رہا خیبر اور فدک تو دونوں کو حضرت عمرؓ نے اپنے پاس رکھا اور فرمایا: یہ دونوں نبی ﷺ کا صدقہ ہیں، یہ دونوں نبی ﷺ کے ان حقوق کے لئے تھے جو آپ کو پیش آتے تھے اور آپ کے دیگر حوادث کے لئے تھے اور ان دونوں کا انتظام اس شخص کے ذمہ ہے جو حکومت کا ذمہ دار ہے۔ امام زہریؒ کہتے ہیں: پس وہ دونوں جائدادیں اسی طرح آج تک حکومت کے کنٹرول میں ہیں۔

لغت: اس حدیث میں تَعْرُوْہ آیا ہے، اس مناسبت سے سورۂ ہود آیت ۵۴ میں جو ﴿اعْتَرَاكَ﴾ آیا ہے اس کے معنی بیان کرتے ہیں، یہ باب افتعال سے ہے، اعتراہ الشیئُ کے معنی ہیں: پیش آنا، اس کا مجرد عَرَی یَعْرُوْ عَرْوًا ہے جس کے معنی ہیں: پہنچنا، عَرَوْتُه أی أَصَبْتُهُ: میں اس کو پہنچا، اسی سے یَعْرُوْہ اور اعترانی ہیں یعنی اس کو پہنچا، اور اعتراك کا وزن افتعلت نہیں ہے، بلکہ افتعلك ہے (یہ بات حاشیہ میں ہے)

(۱) لَانُوْرَثُ کو باب افعال سے معروف اور مجہول دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، اور دونوں صورتوں میں مطلب ایک ہے، أَوْرَثَ فلانًا: وارث بنانا، لانورِثُ (معروف) ہم وارث نہیں بناتے اور لانورَثُ (مجہول) ہم وارث نہیں بنائے جاتے، یعنی ہمارا ترکہ ورثاء میں تقسیم نہیں ہوتا۔ محدثین عام طور پر مجہول پڑھتے ہیں۔

تشریحات:

۱- پہلی حدیث میں مَاتَرَکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے مِنْ پوشیدہ ہے أی مِمَّا تَرَکَ۔

۲- فَغَضِبَتْ فَاطِمَۃُ (إلیٰ قَوْلِہٖ) سِتَّۃَ أَشْھُرٍ: یہ امام زہری رحمہ اللہ کا قول ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول نہیں ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ اسی حدیث میں سنن بیہقی (۶: ۳۰۰) میں قال ہے، اور دوسری دلیل یہ ہے کہ اس عبارت کے بعد قالت ہے، اگر یہ بات حضرت عائشہؓ کی ہوتی تو قالت کی ضرورت نہیں تھی۔ اور امام زہریؒ کے مراسیل شِبْہٌ لاشیئٌ ہوتے ہیں، یعنی پرچھائیں ہوتے ہیں ان کی حقیقت کچھ نہیں ہوتی، جنگل میں دور ایک گھوڑا نظر آیا، وہاں پہنچے تو جھاڑی تھی، یہ گھوڑے کی پرچھائیں ہے، اسی طرح امام زہریؒ کے مراسیل انتہائی ضعیف ہوتے ہیں، پہلے بھی ایک جگہ بیان کیا ہے کہ کتاب التعبیر (حدیث ۶۹۸۲) میں امام زہری نے حدیث میں ایک بات اپنی طرف سے بلغنی کہہ کر بڑھادی ہے کہ نبی ﷺ نے شروع میں جب وحی آنی بند ہوئی تو خودکُشی کا ارادہ کیا، کئی مرتبہ پہاڑ پر چڑھ کر خود کو نیچے گرانے کا ارادہ کیا، مگر ہر مرتبہ جبرئیل علیہ السلام نے آکر روکا، یہ بھی امام زہریؒ کی مرسل اور مدرج بات ہے، یہی حال اس حدیث کا ہے[1] پس اس پر شیعوں نے جو پل باندھا ہے وہ قابل مسمار ہے۔

سوال: قَالَ کس نے اڑایا ہے؟

جواب: شیعوں نے، جیسے مصری نسخہ میں فاطمہ کے ساتھ علیہا السلام بڑھایا ہے، اہل السنہ کے نزدیک صلوٰۃ وسلام انبیاء کے ساتھ خاص ہیں، اور نبی ﷺ کے بعد ہر طرح کی نبوت ختم ہوگئی، اور خواتین تو کبھی بھی نبی نہیں بنیں، پھر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نام نامی کے ساتھ علیہا السلام کا کوئی تک نہیں، جیسے یہ تصرف شیعوں نے کیا ہے اسی طرح قال بھی انھوں نے اڑایا ہے، تاکہ اس کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی بات باور کرا کر اس پر اپنا محل تعمیر کرسکیں۔

---

(۱) امام زہری رحمہ اللہ کے بارے میں النُّکت علی ابن الصلاح (نوع ۲۰، ص: ۸۲۹) میں ہے کہ وہ حدیثوں کے درمیان شرح بھی کرتے تھے، اور حرف تفسیر حذف کردیتے تھے، چنانچہ ان کے بعض معاصرین ان سے کہا کرتے تھے: آپ اپنے کلام کو نبی ﷺ کے کلام سے جدا کریں۔ خطیب بغدادی نے الفقیہ والمتفقّہ (۲: ۱۴۸) میں امام مالک کے استاذ ربیعۃ الرائے کا قول نقل کیا ہے کہ وہ امام زہریؒ سے کہا کرتے تھے: یَا أبا بکرٍ! إذَا حَدَّثْتَ النَّاسَ بِرأْیِكَ فَأَخْبِرْھُمْ أَنَّہُ رَأْیُك، وإذا حَدَّثْتَ النَّاسَ بشیئٍ مِنَ السنۃِ فَأَخْبِرْھُمْ أَنَّہُ سنۃٌ، فلا یَظُنُّوْنَ أَنَّہُ رَأْیُكَ: اے ابوبکر! (امام زہری کی کنیت) جب آپ لوگوں کے سامنے اپنی رائے بیان کریں تو انہیں بتلادیں کہ وہ آپ کی رائے ہے، اور جب آپ لوگوں کے سامنے حدیث بیان کریں تو انہیں بتلادیں کہ یہ حدیث ہے تاکہ لوگ اس کو آپ کی رائے نہ سمجھیں، اس لئے امام زہری رحمہ اللہ کی روایتیں علی وجہ البصیرت پڑھنی چاہئیں ۱۲ حسین احمد عفا اللہ عنہ

اگلی حدیث کا پس منظر:

نبی ﷺ کے پاس تین جائدادیں تھیں: بنونضیر کا علاقہ، خیبر میں فدک گاؤں کی زمین اور خیبر کے مالِ غنیمت کے خمس میں نکلی ہوئی جائداد، اور جس طرح حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے یہ سمجھ کر کہ یہ حضور ﷺ کی ملکیت ہے میراث کا مطالبہ کیا تھا، اسی طرح حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما نے بھی اسی غلط فہمی کی بنیاد پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے میراث کا مطالبہ کیا تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو سمجھایا کہ یہ جائدادیں حضور ﷺ کے تصرف میں تھیں، ملک نہیں تھیں، پس آپؐ کے بعد یہ جائدادیں امیر المؤمنین کے تصرف میں رہیں گی، اور ان کی آمدنی انہیں مصارف میں خرچ ہوگی جن میں حضور ﷺ خرچ کیا کرتے تھے، نیز ان کو یہ حدیث بھی سنائی کہ انبیاء کے جملہ متروکات صدقہ ہوتے ہیں، ان میں میراث نہیں چلتی، پس حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما نے متفق ہوکر کہا کہ بنونضیر کی جائدا کا متول ہمیں بنادیں ہم اس کی آمدنی ذوی القربی (رسول اللہ ﷺ کے رشتہ داروں) پر خرچ کریں گے، حضرت عمرؓ نے کہا: ٹھیک ہے! اس طرح اس جائداد کے متولی یہ دونوں حضرات بن گئے، پھر رشتہ داروں پر آمدنی خرچ کرنے میں دونوں میں اختلاف ہوا تو دونوں نے چاہا کہ جائداد تقسیم کرکے الگ الگ متولی بن جائیں، مگر یہ بات حضرت عمرؓ سے منوانا مشکل تھا اس لئے چار سفارشی تیار کئے کہ جب وہ حضرت عمرؓ کے پاس مطالبہ لے کر جائیں تو وہ سفارش کریں۔

حدیث کا خلاصہ:

مالک بن اوس کہتے ہیں: دن چڑھے میرے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا آدمی آیا اور اس نے کہا: آپ کو حضرت عمرؓ یاد کرتے ہیں، میں گیا، حضرت عمرؓ نے کہا: تمہارے قبیلہ کے کچھ لوگ آئے ہیں، میں نے ان کے لئے ایک مال الگ کیا ہے، تم بیت المال سے اس کو وصول کرکے اور اپنی قوم میں تقسیم کردو، مالک نے کہا: حضرت! یہ کام آپ کسی اور سے لیں، حضرت عمرؓ نے فرمایا: او مانس! یہ کام خود کر۔

سوال: مالک نے عذر کیوں کیا؟

جواب: اپنے قبیلہ میں مال تقسیم کرنا مشکل ہوتا ہے، اجنبیوں میں تقسیم کرنا آسان ہے، قبیلہ کے لوگ پیچھے پڑ جائیں گے، قریبی رشتہ دار اور زیادہ اصرار کریں گے اس لئے اپنے لوگوں میں مال تقسیم کرنا مشکل ہے۔

سوال: پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اصرار کیوں کیا؟

جواب: اس لئے کہ قبیلہ کا آدمی حاجتوں کو جانتا ہے، کون کتنا حاجت مند ہے، یہ بات قبیلہ کا آدمی ہی جان سکتا ہے۔

ابھی یہاں تک بات پہنچی تھی کہ چار بڑے حضرات اجازت لے کر آگئے، تھوڑی دیر کے بعد حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما بھی اجازت لے کر آئے اور انھوں نے مطالبہ کیا کہ بنونضیر کی جائداد کی تولیت تقسیم فرمادیں، چاروں نے سفارش

کی کہ ایسا کر دیجئے، تاکہ جھگڑا نمٹے، حضرت عمرؓ نے فرمایا: رکو، پہلے میری بات سنو، حضرت عمرؓ نے پہلے سب سے اعتراف کرایا کہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: لانورث ماترکنا صدقة: پھر حضرت عمرؓ نے فرمایا: تم دونوں نے متفق ہوکر بنونضیر کی جائداد کی تولیت مانگی تھی جو میں نے تمہیں دی، اب تم آئے ہو کہ میں وہ جائداد بانٹ کردوں، میں ایسا ہرگز نہیں کروں گا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس جائداد پر تقسیم کا نام نہیں آنے دینا چاہتے تھے تاکہ آئندہ تملیک کی صورت پیدا نہ ہو، یہ حدیث کا خلاصہ ہے، اور حدیث اگرچہ دومرتبہ پہلے آچکی ہے مگر اتنی تفصیل سے نہیں آئی اس لئے ترجمہ بعد میں ہے۔

[۳۰۹۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ، قَالَ: ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ – وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرٍ ذَكَرَ لِي ذِكْرًا مِنْ حَدِيْثِهِ ذٰلِكَ، فَانْطَلَقْتُ حَتَّى أَدْخُلَ عَلٰى مَالِكِ بْنِ أَوْسٍ فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ فَقَالَ مَالِكٌ:- بَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ فِي أَهْلِي حِيْنَ مَتَعَ النَّهَارُ، إِذَا رَسُوْلُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ يَأْتِيْنِي، فَقَالَ: أَجِبْ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ حَتَّى أَدْخُلَ عَلٰى عُمَرَ، فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ عَلٰى رِمَالِ سَرِيْرٍ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ فِرَاشٌ، مُتَّكِئٌ عَلٰى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ جَلَسْتُ، فَقَالَ: يَا مَالِ! إِنَّهُ قَدِمَ عَلَيْنَا مِنْ قَوْمِكَ أَهْلُ أَبْيَاتٍ، وَقَدْ أَمَرْتُ فِيْهِمْ بِرَضْخٍ فَاقْبِضْهُ فَاقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ، فَقُلْتُ: يَاأَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! لَوْ أَمَرْتَ بِهِ غَيْرِي! قَالَ: فَاقْبِضْهُ أَيُّهَا الْمَرْءُ!

قوله: وكان محمد بن جبير: امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: محمد بن جبیر نے مجھ سے اس حدیث کا تھوڑا سا حصہ بیان کیا تھا، پس میں مالک بن اوس کے پاس پہنچا اور میں نے ان سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا: انھوں نے کہا: اس درمیان کہ میں دن چڑھے اپنے گھر میں بیٹھا ہوا تھا، اچانک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا آدمی میرے پاس آیا، اس نے کہا: آپ کو امیر المؤمنین بلاتے ہیں، پس میں اس کے ساتھ ہو گیا، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا، وہ چارپائی کے بان پر بیٹھے تھے، ان کے اور بان کے درمیان بستر نہیں تھا، چمڑے کے ایک تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے، میں نے سلام کیا اور بیٹھ گیا، آپؓ نے فرمایا: او مالک! ہمارے پاس تمہاری قوم کی کچھ فیملیاں آئی ہیں اور میں نے ان کے لئے تھوڑے مال کا حکم دیا ہے، پس اس کو لے، اور ان کے درمیان تقسیم کر، میں نے کہا: اے امیر المؤمنین! کاش آپ اس کا میرے علاوہ کو حکم دیتے! آپؓ نے فرمایا: او آدمی! اس کو لے (اور بانٹ)

فَبَيْنَمَا أَنَاجَالِسٌ عِنْدَهُ أَتَاهُ حَاجِبُهُ يَرْفَأُ، فَقَالَ: هَلْ لَكَ فِيْ عُثْمَانَ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، وَالزُّبَيْرِ، وَسَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ: يَسْتَأْذِنُوْنَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوْا فَسَلَّمُوْا وَجَلَسُوْا، ثُمَّ جَلَسَ يَرْفَأُ يَسِيْرًا، ثُمَّ قَالَ: هَلْ لَكَ فِيْ عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَذِنَ لَهُمَا، فَدَخَلَا فَسَلَّمَا فَجَلَسَا، فَقَالَ عَبَّاسٌ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! اقْضِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ هٰذَا، وَهُمَا يَخْتَصِمَانِ فِيْمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم

مِنْ مَالِ بَنِیْ النَّضِیْرِ، فَقَالَ الرَّهْطُ: عُثْمَانُ وَأَصْحَابُهُ: یَا أَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ! اقْضِ بَیْنَهُمَا، وَأَرِحْ أَحَدَهُمَا مِنَ الآخَرِ، فَقَالَ عُمَرُ: تَیْدَكُمْ! أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِیْ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالأَرْضُ! هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" لاَ نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" یُرِیْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم نَفْسَهُ؟ قَالَ الرَّهْطُ: قَدْ قَالَ ذٰلِكَ، فَأَقْبَلَ عُمَرُ عَلٰی عَلِیٍّ وَعَبَّاسٍ، فَقَالَ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ! هَلْ تَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَدْ قَالَ ذٰلِكَ؟قَالاَ: قَدْ قَالَ ذٰلِكَ.

ترجمہ: پس دریں اثنا کہ میں آپؓ کے پاس بیٹھا ہوا تھا آپؓ کا غلام یرفأ آیا اور اس نے کہا: آپ عثمان، عبدالرحمٰن بن عوف، زبیر اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کو آنے کی اجازت دینا چاہتے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں، پس آپؓ نے ان کو اجازت دی، وہ آئے، سلام کیا اور بیٹھ گئے، پھر یرفأ تھوڑی دیر بیٹھا، پھر اس نے کہا: علی اور عباس رضی اللہ عنہما کو آپ اجازت دینا چاہتے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں، پس آپؓ نے دونوں کو اجازت دی، اور وہ آئے اور سلام کر کے بیٹھ گئے، پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المؤمنین! میرے اور اس کے درمیان فیصلہ کیجئے، اور وہ دونوں مقدمہ لے کر آئے تھے اس جائداد کے بارے میں جو اللہ نے اپنے رسول پر لوٹائی تھی بنونضیر کے اموال میں سے، پس جماعت یعنی عثمانؓ اور ان کے ساتھیوں نے کہا: اے امیر المؤمنین! ان کے درمیان فیصلہ کیجئے اور ایک کو دوسرے سے آرام پہنچایئے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: ٹھہرو، میں تمہیں اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان وزمین برقرار ہیں! کیا تم جانتے ہو کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "ہم مورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں خیرات ہوتی ہے" نبی ﷺ اپنی ذات کو مراد لے رہے ہیں، یعنی نبی ﷺ نے یہ بات اپنے تعلق سے فرمائی تھی کہ میرا کوئی وارث نہیں ہوگا، جماعت نے کہا: یقیناً آپؐ نے یہ بات فرمائی ہے، پھر حضرت عمرؓ متوجہ ہوئے علیؓ اور عباسؓ کی طرف اور فرمایا: میں تم دونوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں، کیا تم دونوں جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ بات فرمائی ہے؟ دونوں نے جواب دیا: یقیناً آپؐ نے یہ بات فرمائی ہے۔

قَالَ عُمَرُ: فَإِنِّیْ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ هٰذَا الأَمْرِ، إِنَّ اللّٰهَ قَدْ خَصَّ رَسُوْلَهُ صلی الله علیه وسلم فِیْ هٰذَا الْفَیْءِ بِشَیْءٍ لَمْ یُعْطِهِ أَحَدًا غَیْرَهُ، ثُمَّ قَرَأَ ﴿وَمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَیْهِ مِنْ خَیْلٍ وَلاَ رِكَابٍ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلٰی مَنْ یَّشَاءُ، وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾ فَكَانَتْ هٰذِهِ خَالِصَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَوَاللّٰهِ! مَا احْتَازَهَا دُوْنَكُمْ، وَلاَ اسْتَأْثَرَ بِهَا عَلَیْكُمْ، قَدْ أَعْطَاكُمُوْهُ وَبَثَّهَا فِیْكُمْ، حَتّٰی بَقِیَ مِنْهَا هٰذَا الْمَالُ، فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یُنْفِقُ عَلٰی أَهْلِهِ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ، ثُمَّ یَأْخُذُ مَا بَقِیَ، فَیَجْعَلُهُ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ، فَعَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِذٰلِكَ حَیَاتَهُ، أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ! هَلْ تَعْلَمُوْنَ ذٰلِكَ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، ثُمَّ قَالَ لِعَلِیٍّ وَعَبَّاسٍ: أَنْشُدُكُمَا

بِاللّٰهِ! هَلْ تَعْلَمَانِ ذٰلِكَ [قَالَا: نَعَمْ] قَالَ عُمَرُ: ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ نَبِيَّهُ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَنَا وَلِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَبَضَهَا أَبُوْ بَكْرٍ، فَعَمِلَ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنَّهُ فِيْهَا لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ، فَكُنْتُ أَنَا وَلِيُّ أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَبَضْتُهَا سَنَتَيْنِ مِنْ إِمَارَتِيْ، أَعْمَلُ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَا عَمِلَ فِيْهَا أَبُوْ بَكْرٍ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنِّيْ فِيْهَا لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، ثُمَّ جِئْتُمَانِيْ تُكَلِّمَانِيْ، وَكَلِمَتُكُمَا وَاحِدَةٌ، وَأَمْرُكُمَا وَاحِدٌ، جِئْتَنِيْ يَا عَبَّاسُ! تَسْأَلُنِيْ نَصِيْبَكَ مِنِ ابْنِ أَخِيْكَ، وَجَاءَ نِيْ هٰذَا – يُرِيْدُ عَلِيًّا– يُرِيْدُ نَصِيْبَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيْهَا، فَقُلْتُ لَكُمَا: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" فَلَمَّا بَدَا لِيْ أَنْ أَدْفَعَهُ إِلَيْكُمَا، قُلْتُ: إِنْ شِئْتُمَا دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا، عَلٰى أَنَّ عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيْثَاقَهُ لَتَعْمَلَانِ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَبِمَا عَمِلَ فِيْهَا أَبُوْ بَكْرٍ، وَبِمَا عَمِلْتُ فِيْهَا مُنْذُ وَلِيْتُهَا، فَقُلْتُمَا: ادْفَعْهَا إِلَيْنَا، فَبِذٰلِكَ دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا، فَأَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ! هَلْ دَفَعْتُهَا إِلَيْهِمَا بِذٰلِكَ؟ قَالَ الرَّهْطُ: نَعَمْ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ، فَقَالَ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ! هَلْ دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا بِذٰلِكَ؟ قَالَا: نَعَمْ، قَالَ: فَتَلْتَمِسَانِ مِنِّيْ قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ؟ فَوَ اللّٰهِ الَّذِيْ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ! لَا أَقْضِيْ فِيْهَا قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ، فَإِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهَا فَادْفَعَاهَا إِلَيَّ، فَإِنِّيْ أَكْفِيْكُمَاهَا. [راجع: ۲۹۰۴]

ترجمہ: پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تم سے اس معاملہ (جائداد) کی تفصیل بیان کرتا ہوں: بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو خاص کیا، اس مالِ فئے میں ایسے اختیار کے ساتھ جو نہیں دیا کسی کو آپؐ کے علاوہ، پھر آپؐ نے آیت پڑھی: ''اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو ان سے دلوایا، سو تم نے اس پر نہ گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ، لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتے ہیں مسلط کر دیتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں'' پس تھی وہ جائداد مخصوص رسول اللہ ﷺ کے لئے، اور بخدا! نہیں سمیٹا آپؐ نے اس جائداد کو تمہارے ورے، اور نہیں ترجیح دی آپؐ نے اس جائداد کے ساتھ (کسی کو) تم پر، دی حضور ﷺ نے وہ جائداد تم کو اور پھیلایا اس کو تمہارے اندر (ان سب جملوں کا ایک مطلب ہے کہ اس جائداد کی آمدنی تم ہی پر خرچ کی) یہاں تک کہ باقی رہ گیا اس میں سے یہ مال، پس نبی ﷺ خرچ کرتے تھے اپنے گھر والوں پر ان کے سال کا خرچہ اس مال میں سے، پھر باقی کو لیتے تھے اور اس کو اللہ کے مال کی جگہ میں گردانتے تھے، یعنی اس سے آلات جہاد خریدتے تھے، پس نبی ﷺ نے زندگی بھر یہ کیا، قسم دیتا ہوں میں آپ لوگوں کو اللہ کی! کیا آپ لوگ اس بات کو جانتے ہو؟ انھوں نے کہا: ہاں، پھر آپ نے حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا: میں تم دونوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا تم دونوں اس بات کو جانتے ہو؟ (دونوں نے کہا: ہاں) حضرت عمرؓ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو وصول کر لیا، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کا کارساز ہوں، پس اس جائداد پر ابوبکرؓ نے قبضہ کیا

اورانھوں نے کیاوہ کام جورسول اللہ ﷺ نے کیا،اوراللہ تعالیٰ جانتے ہیں: وہ اس معاملہ میں سچے، نیک، راہ یاب، حق کے تابع تھے، پھراللہ تعالیٰ نے ابوبکرؓ کووصول کیا، پس میں ابوبکرؓ کا کارساز بنا، پس وہ جائداد میں نے اپنی خلافت کے دوسال قبضے میں رکھی، میں اس میں وہ عمل کرتا تھا جورسول اللہ ﷺ کرتے تھے، اور جواس میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کرتے تھے، اور اللہ جانتے ہیں کہ میں اس معاملہ میں سچا، نیک، راہ یاب، حق کے تابع تھا، پھرتم دونوں آئے اور مجھ سے گفتگو کی، اورتم دونوں کی بات ایک تھی اورتم دونوں متحد تھے، آئے آپ میرے پاس اے عباسؓ! مانگتے تھے آپ مجھ سے اپنا حصہ اپنے بھتیجہ کی میراث سے اورآئے میرے پاس یہ —— مرادلے رہے ہیں وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو —— چاہ رہے تھے یہ اپنی بیوی کا حصہ ان کے والد کے مال سے، پس میں نے تم دونوں سے کہا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''ہم مورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ خیرات ہوتی ہے'' پھر جب میرے لئے ظاہر ہوا کہ میں تم دونوں کو وہ جائداد دوں تو میں نے کہا: اگرتم دونوں اس جائداد میں وہ کام کرو جورسول اللہ ﷺ کرتے تھے اور جواس میں ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کیا اور جو اس میں میں کرتا رہا، جب سے میں اس کا ذمہ دار بنا، پس تم دونوں نے کہا: دیجئے وہ جائداد ہمیں، پس اس شرط پر میں نے وہ جائداد تم دونوں کودی، میں آپ لوگوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا دی ہے میں نے وہ جائداد ان دونوں کو اس شرط پر؟ جماعت نے کہا: ہاں، پھر حضرت عمرؓ متوجہ ہوئے علیؓ اور عباسؓ کی طرف، پس پوچھا: میں تم دونوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا دی ہے میں نے وہ جائداد تم دونوں کو (اس شرط پر؟) انھوں نے کہا: ہاں، حضرت عمرؓ نے فرمایا: پس تم دونوں مجھ سے چاہتے ہو اس کے علاوہ فیصلہ، پس قسم ہے اس ذات کی جس کے حکم سے آسمان وزمین برقرار ہیں! نہیں فیصلہ کروں گا میں اس جائداد کے بارے میں کوئی بھی دوسرا فیصلہ اس کے علاوہ، پس اگر تم دونوں عاجز ہوگئے ہو اس جائداد سے تو دیدو مجھے، میں تم دونوں کی طرف سے اس کا کام کرلوں گا۔

ملحوظہ: عبارت میں ایک جگہ [قَالَا: نَعَمْ] بڑھایا ہے، یہ امام مالک رحمہ اللہ کی روایت میں نہیں ہے (یہ روایت زہری رحمہ اللہ سے امام مالک رحمہ اللہ کی ہے) یہ الفاظ امام زہری کے دوسرے شاگرد عقیل کی روایت میں ہیں (یہ روایت آگے (حدیث ۵۳۵۸) آرہی ہے) وہاں سے میں نے مضمون کی تکمیل کے لئے یہاں یہ الفاظ بڑھائے ہیں، اوراس پر حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں تنبیہ کی ہے۔

بَابُ أَدَاءِ الْخُمُسِ مِنَ الدِّيْنِ

خمس کی ادائیگی دین کا جزء ہے

یہ تکمیلی باب ہے، گذشتہ باب میں خمس کی فرضیت کا بیان تھا، اور مالِ فیئے کی روایات ضمناً آئی تھیں، کیونکہ دونوں کے مصارف اوراحکام ایک ہیں، اب اس باب سے خمس کی مزید اہمیت واضح کرتے ہیں، فرماتے ہیں: خمس کی ادائیگی دین کے

اہم اعمال میں سے ہے، وہ ایمان کا جزء ہے، ایمان، اسلام اور دین امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک مترادف ہیں، پس خمس کی ادائیگی ایمان کا جزء ہوئی اور اعمال کی اہمیت آشکارہ ہوئی۔ اور یہ باب مع حدیث کتاب الایمان (باب ۴۰، تحفۃ القاری ۱:۲۹۷) میں گذر چکا ہے۔

[۲-] بَابُ أَدَاءِ الْخُمُسِ مِنَ الدِّيْنِ

[۳۰۹۵-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ الضُّبَعِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا هٰذَا الْحَيَّ مِنْ رَبِيْعَةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ، فَلَسْنَا نَصِلُ إِلَيْكَ إِلاَّ فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ، فَمُرْنَا بِأَمْرٍ نَأْخُذُ بِهِ، وَنَدْعُوْ إِلَيْهِ مَنْ وَرَاءَ نَا، قَالَ: " آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: الإِيْمَانِ بِاللّٰهِ: شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ - وَعَقَدَ بِيَدِهِ - وَإِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَصِيَامِ رَمَضَانَ، وَأَنْ تُؤَدُّوْا لِلّٰهِ خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ، وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالنَّقِيْرِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالْمُزَفَّتِ"[راجع: ۵۳]

بَابُ نَفَقَةِ نِسَاءِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم بَعْدَ وَفَاتِهِ

نبی ﷺ کی وفات کے بعد آپؐ کی ازواج کا خرچہ

اس میں اختلاف ہے کہ نبی ﷺ کی وفات کے بعد ذوی القربیٰ کا حصہ باقی ہے یا نہیں؟ کیونکہ وہ قربت کی وجہ سے تھا یا نصرت کی وجہ سے؟ اگر قربت کی وجہ سے تھا تو باقی ہے اور نصرت کی وجہ سے تھا تو ختم ہوگیا۔ (۱)

مگر ازواج مطہرات کا نفقہ بالاجماع باقی ہے، کیونکہ وفاتِ نبوی کے بعد بھی ازواج مطہرات کا نکاح باقی تھا، اسی لئے

(۱) اس مسئلہ میں حضرت والد ماجد مدظلہ کی رائے یہ ہے کہ ذوی القربیٰ کے حصہ میں نصرت اور قربت دونوں کا دخل تھا، نصرت کا دخل ابتداء میں تھا، چنانچہ عبد مناف کے چار خاندانوں میں سے دو خاندانوں کو خمس میں سے دیا گیا، بنو ہاشم اور بنو مطلب کو، دوسرے دو خاندانوں نے عرض کیا: ہمارا رشتہ بھی یہی ہے، آپؐ نے فرمایا: بنو ہاشم اور بنو مطلب جاہلیت میں بھی اور اسلام میں بھی ایک دوسرے کے مددگار رہے ہیں، اور ذوی القربیٰ کا حصہ قرآنِ کریم میں اسی لفظ سے مذکور ہے، اور وصف عنوانی کا حکم میں دخل ہوتا ہے، پس قربت کا بھی اس میں دخل ہے، چنانچہ فقہاء لکھتے ہیں: آلِ رسول پر زکوٰۃ حرام کی گئی تو اس کا متبادل خمس تجویز کیا گیا، اور یہ بات قیامت تک کے لئے ہے، پس ذوی القربیٰ کا حصہ آج بھی باقی ہے، البتہ صرف قربت کا لحاظ ہوگا یا غربت کا بھی؟ حضرت والد ماجد دامت برکاتہم کی رائے یہ ہے کہ غربت کا بھی لحاظ کیا جائے گا، ذوی القربیٰ میں سے جو غریب ہیں انہی کو خمس میں سے دیا جائے گا، کیونکہ یہ ان کے لئے صدقات واجبہ کا قائم مقام ہے ۱۲ حسین احمد عفا اللہ عنہ

ازواج مطہرات کا نکاح ثانی جائز نہیں تھا، قرآنِ کریم میں اس کی صراحت ہے، پس جب وہ آپ کی ازواج ہیں تو ان کا نفقہ آپ کے ذمہ ہے، چنانچہ وہ اس جائداد سے دیا جاتا رہا جو آپ کے تصرف میں تھی۔

اور باب میں تین حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: میرے ورثاء دینار تقسیم نہ کریں (لاتقْسِمْ: فعل نہی ہے) میں نے جو کچھ چھوڑا ہے میری بیویوں کے خرچہ کے بعد اور میری جائداد میں کام کرنے والوں کی تنخواہ کے بعد وہ خیرات ہے (اس حدیث میں صراحت ہے کہ ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کا خرچہ اسی جائداد میں سے نکلتا رہے گا)

دوسری حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی تو میرے گھر میں کوئی ایسی چیز نہیں تھی جسے کوئی جگروالا یعنی جاندار کھائے، صرف آدھا صاع جَو میرے گھر میں تھے، جو ایک باریک کپڑے میں باندھ کر چھجلی میں رکھے ہوئے تھے، میں اس سے کھاتی رہی، جب بہت دن گذر گئے تو میں نے ان کو ناپا، پس برکت ختم ہوگئی، (یہ جَو نبی ﷺ کی ملک تھے، اسی کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کھاتی رہیں، معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کی املاک وفات کے بعد بھی بیویوں پر خرچ ہونگی)

تیسری روایت: نبی ﷺ کے سالے حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے بھائی عمرو بن الحارثؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے صرف اپنے ہتھیار اور اپنا سفید خچر چھوڑا تھا (یہ دونوں آپ کی ملک تھے) اور ایک جائداد چھوڑی تھی (جو آپ کی ملک میں نہیں تھی صرف تصرف میں تھی) وہ امت کے لئے خیرات تھی (اسی سے ازواج مطہرات کا خرچہ نکالا جاتا تھا)

[۳-] بَابُ نَفَقَةِ نِسَاءِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بَعْدَ وَفَاتِهِ

[۳۰۹۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " لَا تَقْتَسِمْ وَرَثَتِی دِیْنَارًا، مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفْقَةِ نِسَائِی وَمُؤْنَةِ عَامِلِی فَهُوَ صَدَقَةٌ" [راجع: ۲۷۷٦]

[۳۰۹۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِی شَیْبَةَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَمَا فِی بَیْتِیْ مِنْ شَیْئٍ یَأْكُلُهُ ذُو كَبِدٍ، إِلَّا شَطْرَ شَعِیْرٍ فِی رَفٍّ لِیْ، فَأَكَلْتُ مِنْهُ حَتّٰی طَالَ عَلَیَّ، فَكِلْتُهُ فَفَنِیَ. [انظر: ٦٤٥١]

[۳۰۹۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا یَحْیٰی، عَنْ سُفْیَانَ، حَدَّثَنِیْ أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ، قَالَ: مَا تَرَكَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَّا سِلَاحَهُ وَبَغْلَتَهُ الْبَیْضَاءَ، وَأَرْضًا تَرَكَهَا صَدَقَةً.

[راجع: ۲۷۳۹]

بَابُ مَاجَاءَ فِي بُيُوْتِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمَا نُسِبَ مِنَ الْبُيُوْتِ إِلَيْهِنَّ

امہات المؤمنین کے گھروں کے بارے میں روایات، اوروہ گھر جوان کی طرف منسوب کئے گئے

ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن جن گھروں میں رہتی تھیں وہ گھر کس کی ملک تھے، ازواج کی یا آپؐ کی؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس سلسلہ میں کوئی فیصلہ نہیں کیا، دو آیتیں لکھی ہیں، پہلی آیت سورۃ الاحزاب کی (آیت ۳۳) ہے اس میں گھروں کی نسبت ازواج مطہرات کی طرف ہے۔ اور دوسری آیت سورۃ الاحزاب کی (آیت ۵۳) ہے اس میں ان کے گھروں کو بیوت النبی کہا گیا ہے، پھر باب میں سات حدیثیں ہیں، ان میں گھروں کی نسبت ازواج کی طرف ہے، البتہ آخری حدیث میں: حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر کو فی بَیْتِكَ کہا ہے اور یہ سب حدیثیں —— ایک حدیث کے علاوہ —— پہلے گذر چکی ہیں، مگر نسبت دو طرح کی ہوتی ہے: نسبت سکنی اور نسبت ملک، جیسے دارالعلوم میں آپ حضرات رہتے ہیں اور کمروں کی نسبت طالب علموں کی طرف کی جاتی ہے، کہا جاتا ہے: فلاں طالب علم کا کمرہ، حالانکہ وہ اس کا مالک نہیں، پس فیصلہ کن بات یہ ہے کہ وہ گھر نبی ﷺ کی ملکیت تھے، چنانچہ ازواج کے انتقال کے بعد وہ گھر میراث میں تقسیم نہیں ہوئے، بلکہ مسجد نبوی میں شامل کئے گئے۔

[٤-] بَابُ مَاجَاءَ فِي بُيُوْتِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمَا نُسِبَ مِنَ الْبُيُوْتِ إِلَيْهِنَّ

[١-] وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ﴾ [الأحزاب: ٣٣]

[٢-] وَ﴿لَاتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ﴾[الأحزاب: ٥٣]

[٣٠٩٩-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، وَمُحَمَّدٌ، قَالَا: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا مَعْمَرٌ، وَيُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اسْتَأْذَنَ أَزْوَاجَهُ أَنْ يُمَرَّضَ فِيْ بَيْتِيْ فَأَذِنَّ لَهُ.

[راجع: ١٩٨]

[٣١٠٠-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا نَافِعٌ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِيْ، وَفِيْ نَوْبَتِيْ، وَبَيْنَ سَحْرِيْ وَنَحْرِيْ، وَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَ رِيْقِيْ وَرِيْقِهِ، قَالَتْ: دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بِسِوَاكٍ، فَضَعُفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْهُ، فَأَخَذْتُهُ فَمَضَغْتُهُ، ثُمَّ سَنَنْتُهُ بِهِ. [راجع: ٨٩٠]

[٣١٠١-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثَنِيْ اللَّيْثُ، ثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ

ابْنِ حُسَيْنٍ، أَنَّ صَفِيَّةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا جَاءَ تْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَزُوْرُهُ، وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فِي الْمَسْجِدِ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، ثُمَّ قَامَتْ تَنْقَلِبُ، فَقَامَ مَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى إِذَا بَلَغَ قَرِيْبًا مِن بَابِ الْمَسْجِدِ عِنْدَ بَابِ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، مَرَّ بِهِمَا رَجُلَانِ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَسَلَّمَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ نَفَذَا، فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" عَلٰى رِسْلِكُمَا" قَالَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَكَبُرَ عَلَيْهِمَا ذٰلِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ الشَّيْطَانَ يَبْلُغُ مِنَ الإِنْسَانِ مَبْلَغَ الدَّمِ، وَإِنِّيْ خَشِيْتُ أَنْ يَقْذِفَ فِي قُلُوْبِكُمَا شَيْئًا"[راجع: ۲۰۳۵]

[۳۱۰۲-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: ارْتَقَيْتُ فَوْقَ بَيْتِ حَفْصَةَ، فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْضِيْ حَاجَتَه، مُسْتَدْبِرَ الْقِبْلَةِ مُسْتَقْبِلَ الشَّامِ.[راجع: ۱۴۵]

[۳۱۰۳-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ الْعَصْرَ، وَالشَّمْسُ لَمْ تَخْرُجْ مِنْ حُجْرَتِهَا.[راجع: ۵۲۲]

[۳۱۰۴-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثنا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَطِيْبًا فَأَشَارَ نَحْوَ مَسْكَنِ عَائِشَةَ، فَقَالَ: هُنَا الْفِتْنَةُ – ثَلَاثًا – مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ"

[انظر: ۳۲۷۹، ۳۵۱۱، ۵۲۹۶، ۷۰۹۲، ۷۰۹۳]

[۳۱۰۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهَا: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ عِنْدَهَا، وَأَنَّهَا سَمِعَتْ صَوْتَ إِنسانٍ يَسْتَأْذِنُ فِيْ بَيْتِ حَفْصَةَ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا رَجُلٌ يَسْتَأْذِنُ فِيْ بَيْتِكِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أُرَاهُ فُلَانًا – لِعَمِّ حَفْصَةَ مِنَ الرَّضَاعَةِ – إِنَّ الرَّضَاعَةَ تُحَرِّمُ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ"[راجع: ۲۶۴۴]

حدیث (۳۱۰۴) کی وضاحت: مسجدِ نبوی میں جب منبر پر تقریر کے لئے کھڑے ہونگے تو منہ شمال کی طرف ہوگا اور پیٹھ جنوب کی طرف، اور جب دائیں ہاتھ سے دائیں طرف اشارہ کریں گے تو مشرق کی طرف اشارہ ہوگا، اور ادھر ہی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا گھر تھا، مگر حقیقت میں اشارہ یمامہ کی طرف تھا، جہاں سے مسیلمہ کذاب کا خروج ہوا، پس حدیث اگرچہ عام ہے مگر حقیقت میں خاص ہے، اس میں مسیلمہ کذاب کے فتنہ کی طرف اشارہ ہے۔

بَابُ مَاذُكِرَ مِنْ دِرْعِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَعَصَاهُ، وَسَيْفِهِ إِلٰى آخِرِهِ

متروکاتِ نبوی میں جو منقولات تھے وہ تبرکات میں تقسیم کئے گئے

یہ بات تو اوپر آ گئی کہ خمس اور مالِ فئے میں جو جائدادیں آئی تھیں وہ نبی ﷺ کی ملک نہیں تھیں، صرف آپؐ کے تصرف میں تھیں، اس لئے ان میں توریث کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا، البتہ دیگر چیزیں جو آپؐ کی ملک تھیں، ان میں بھی توریث جاری نہیں ہوسکتی تھیں، کیونکہ حدیث عام تھی، آپؐ کی مملوکہ چیزوں کو بھی شامل تھی، چنانچہ نبی ﷺ کی وفات کے بعد جو منقولات آپؐ کی ملکیت میں تھے، جیسے: زرہ، عصا، تلوار، لکڑی کا پیالہ، انگوٹھی، موئے مبارک، چپل اور آپؐ کے برتن وغیرہ وہ تبرک کے طور پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ازواج، خدام اور صحابہ میں تقسیم کئے اور بعض چیزیں اپنے پاس رکھیں، جیسے آپؐ کی انگوٹھی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس تھی، کیونکہ منقولات دیر تک باقی نہیں رہ سکتے، اس لئے ان کو صدقہ قرار دینے کی کوئی صورت نہیں تھی، چنانچہ ان کو بہ طور تبرکات تقسیم کیا گیا۔

[٥-] بَابُ مَاذُكِرَ مِنْ دِرْعِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَعَصَاهُ، وَسَيْفِهِ، وَقَدَحِهِ، وَخَاتَمِهِ، وَمَا اسْتَعْمَلَ الْخُلَفَاءُ بَعْدَهُ مِنْ ذٰلِكَ، مِمَّا لَمْ تُذْكَرْ قِسْمَتُهُ، وَمِنْ شَعْرِهِ، وَنَعْلِهِ، وَآنِيَتِهِ مِمَّا شُرِكَ فِيْهِ أَصْحَابُهُ وَغَيْرُهُمْ بَعْدَ وَفَاتِهِ صلى الله عليه وسلم

[٣١٠٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، لَمَّا اسْتُخْلِفَ بَعَثَهُ إِلَى الْبَحْرَيْنِ، وَكَتَبَ لَهُ هٰذَا الْكِتَابَ، وَخَتَمَهُ بِخَاتَمِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلاَثَةَ أَسْطُرٍ: مُحَمَّدٌ سَطْرٌ، وَرَسُوْلُ سَطْرٌ، وَاللهُ سَطْرٌ.[راجع: ١٤٤٨]

باب کا ترجمہ: ان چیزوں کا بیان جو ذکر کی گئیں نبی ﷺ کی زرہ سے اور آپؐ کی لاٹھی سے اور آپؐ کی تلوار سے اور آپؐ کے لکڑی کے پیالہ سے اور آپؐ کی آنگوٹھی سے اور ان چیزوں کا بیان جو ان میں سے آپؐ کے بعد خلفاء نے استعمال کیں، ان چیزوں میں سے جن کے بانٹنے کا تذکرہ نہیں کیا گیا (بلکہ خلفاء نے وہ چیزیں اپنے پاس رکھ لیں) اور آپؐ کے موئے مبارک میں سے اور چپل میں سے اور برتنوں میں سے ان میں سے جن میں آپؐ کے صحابہ وغیرہ آپ کی وفات کے بعد شریک کئے گئے، یعنی تبرک کے طور پر وہ چیزیں ان میں تقسیم کی گئیں۔

اور پہلی حدیث میں نبی ﷺ کی انگوٹھی کا ذکر ہے، جب حضرت انس رضی اللہ عنہ کو بحرین کی زکوتیں وصول کرنے کے لئے بھیجا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو زکوۃ نامہ لکھ کر دیا اور اس پر نبی ﷺ کی انگوٹھی سے مہر لگائی۔

[۳۱۰۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِیُّ، ثَنَا عِیْسَی بْنُ طَهْمَانَ، قَالَ: أَخْرَجَ إِلَیْنَا أَنَسٌ نَعْلَیْنِ جَرْدَاوَیْنِ، لَهُمَا قِبَالاَنِ، فَحَدَّثَنِیْ ثَابِتُ الْبُنَانِیُّ بَعْدُ عَنْ أَنَسٍ: أَنَّهُمَا نَعْلاَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم. [انظر: ۵۸۵۷، ۵۸۵۸]

[۳۱۰۸-] حدثنا مُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ، ثنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا أَیُّوْبُ، عَنْ حُمَیْدِ بْنِ هَلاَلٍ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، قَالَ: أَخْرَجَتْ إِلَیْنَا عَائِشَةُ کِسَاءً مُلَبَّدًا، وَقَالَتْ: فِیْ هٰذَا نُزِعَ رُوْحُ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، وَزَادَ سُلَیْمَانُ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ: أَخْرَجَتْ إِلَیْنَا عَائِشَةُ إِزَارًا غَلِیْظًا مِمَّا یُصْنَعُ بالیَمَنِ، وَکسَاءً مِنْ هٰذِهِ الَّتِیْ تَدْعُوْنَهَا الْمُلَبَّدَةَ. [انظر: ۵۸۱۸]

[۳۱۰۹-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ قَدَحَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم انْکَسَرَ فَاتَّخَذَ مَکَانَ الشَّعْبِ سِلْسَلَةً مِنْ فِضَّةٍ. قَالَ عَاصِمٌ: رَأَیْتُ الْقَدَحَ، وَشَرِبْتُ فِیْهِ. [انظر: ۵۶۳۸]

وضاحت: پہلی حدیث میں نبی ﷺ کے چپلوں کا ذکر ہے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کو تبرک میں ملے تھے، حضرت انسؓ کبھی وہ چپل طلبہ کو دکھاتے تھے اور بتاتے تھے کہ یہ نبی ﷺ کے چپل ہیں اور جَرْدَاوَیْن کے معنی ہیں: بالوں سے خالی، یعنی عمدہ چمڑے کے چپل، اور ان میں دو تسمے تھے۔

اور دوسری حدیث میں صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایک موٹی چادر نکال کر طلبہ کو دکھائی اور بتایا کہ اس کو پہنے ہوئے نبی ﷺ کی روح قبض ہوئی ہے، یہ جوڑا جس میں آپؐ کی وفات ہوئی تھی صدیقہ کو تبرک میں ملا تھا۔

اور تیسری حدیث میں لکڑی کے اس پیالہ کا ذکر ہے جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاتھ چلانے سے گر کر ٹوٹ گیا تھا اور اس کو چاندی کے تار سے جڑوالیا تھا، وہ پیالہ بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ کو تبرک میں ملا تھا۔

[۳۱۱۰-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِیُّ، ثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، حَدَّثَنَا أَبِیْ، أَنَّ الْوَلِیْدَ بْنَ کَثِیْرٍ حَدَّثَهُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ الدُّؤَلِیِّ، حَدَّثَهُ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ عَلِیَّ بْنَ حُسَیْنٍ حَدَّثَهُ، أَنَّهُمْ حِیْنَ قَدِمُوْا الْمَدِیْنَةَ مِنْ عِنْدِ یَزِیْدَ بْنِ مُعَاوِیَةَ مَقْتَلَ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ، لَقِیَهُ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ لَكَ إِلَیَّ مِنْ حَاجَةٍ تَأْمُرُنِیْ بِهَا؟ فَقُلْتُ لَهُ: لاَ، فَقَالَ لَهُ: فَهَلْ أَنْتَ مُعْطِیَّ سَیْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَإِنِّیْ أَخَافُ أَنْ یَغْلِبَكَ الْقَوْمُ عَلَیْهِ؟ وَأَیْمُ اللّٰهِ! لَئِنْ أَعْطَیْتَنِیْهِ لاَ یُخْلَصُ إِلَیْهِ أَبَدًا حَتّٰی تُبْلَغَ نَفْسِیْ.

إِنَّ عَلِیَّ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ خَطَبَ بِنْتَ أَبِیْ جَهْلٍ عَلٰی فَاطِمَةَ، فَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

يَخْطُبُ النَّاسَ فِيْ ذٰلِكَ عَلٰى مِنْبَرِهِ هٰذَا، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ لَمُحْتَلِمٌ، فَقَالَ: ''إِنَّ فَاطِمَةَ مِنِّيْ! وَأَنَا أَتَخَوَّفُ أَنْ تُفْتَنَ فِيْ دِيْنِهَا'' ثُمَّ ذَكَرَ صِهْرًا لَهُ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ، فَأَثْنَى عَلَيْهِ فِيْ مُصَاهَرَتِهِ إِيَّاهُ، قَالَ: ''حَدَّثَنِيْ فَصَدَقَنِيْ، وَوَعَدَنِيْ فَوَفّٰى لِيْ، وَإِنِّيْ لَسْتُ أُحَرِّمُ حَلاَلاً، وَلاَ أُحِلُّ حَرَامًا، وَلٰكِنْ وَاللهِ لاَ تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَبِنْتُ عَدُوِّ اللهِ أَبَدًا''

ترجمہ: شہادتِ حسینؓ کے بعد جب حضرت علی زین العابدینؒ یزید کے پاس سے لوٹ کر مدینہ آئے تو ان سے مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ ملے اوران سے کہا: آپ کو مجھ سے کوئی حاجت ہے، جس کی تکمیل کا آپ مجھے حکم دیں؟ زین العابدین نے کہا: نہیں، مسورؓ نے ان سے کہا: آپ نبی ﷺ کی تلوار مجھے دے سکتے ہیں، کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ بنوامیہ وہ تلوار آپ سے زبردستی لے لیں؟ اور قسم خدا کی! اگر آپ نے وہ تلوار مجھے دیدی تو اس تلوار تک کبھی بھی کوئی نہیں پہنچ سکتا، یہاں تک کہ میری روح نکل جائے (اس سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کی ذوالفقار نامی تلوار حضرت علی رضی اللہ عنہ کو تبرک میں ملی تھی، جو ان کے خاندان میں تھی)

(پھر مسور رضی اللہ عنہ نے ایک واقعہ ذکر کیا جس سے مقصود نبی ﷺ کا اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے تعلق کا اظہار ہے اور مسورؓ کا مقصود حضرت فاطمہؓ کی اولاد کے ساتھ تعلق کا اظہار ہے، فرمایا:) حضرت علیؓ نے ابوجہل کی لڑکی کی منگنی بھیجی، اس وقت حضرت فاطمہؓ حیات تھیں، پس نبی ﷺ نے اسی منبر پر تقریر فرمائی جو میں نے سنی اور میں اس وقت بالغ ہو چکا تھا، آپؐ نے فرمایا: فاطمہ! میرا جزء ہے اور مجھے اندیشہ ہے کہ (اس نکاح سے) فاطمہؓ کا دین خراب ہو جائے گا (اس لئے اس نکاح کی اجازت نہیں) پھر آپؐ نے بنوعبد شمس کے اپنے داماد ابوالعاص رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا، پس ان کی تعریف کی کہ انھوں نے داماد ہونے کے ناتے میرے ساتھ اچھا معاملہ کیا، فرمایا: اس نے مجھ سے ایک بات کہی، اور سچی کہی اوراس نے مجھ سے ایک وعدہ کیا، اوراس کو پورا کیا، اور میں کسی حلال کو حرام نہیں کرتا اور نہ حرام کو حلال کرتا ہوں، مگر بخدا! اللہ کے رسول کی بیٹی اوراللہ کے دشمن کی بیٹی کبھی بھی اکٹھا نہیں ہونگی۔

[۳۱۱۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ، عَنْ مُنْذِرٍ، عَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ، قَالَ: لَوْ كَانَ عَلِيٌّ ذَاكِرًا عُثْمَانَ ذَكَرَهُ يَوْمَ جَاءَهُ نَاسٌ، فَشَكَوْا سُعَاةَ عُثْمَانَ، فَقَالَ لِيْ عَلِيٌّ: اذْهَبْ إِلٰى عُثْمَانَ فَأَخْبِرْهُ أَنَّهَا صَدَقَةُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَمُرْ سُعَاتَكَ يَعْمَلُوْا بِهَا، فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ: أَغْنِهَا عَنَّا، فَأَتَيْتُ بِهَا عَلِيًّا فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: ضَعْهَا حَيْثُ أَخَذْتَهَا. [انظر: ۳۱۱۲]

[۳۱۱۲-] وَقَالَ الْحُمَيْدِيُّ: ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوْقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُنْذِرًا الثَّوْرِيَّ، عَنِ ابْنِ الْحَنِيْفَةِ، قَالَ: أَرْسَلَنِيْ أَبِيْ: خُذْ هٰذَا الْكِتَابَ، فَاذْهَبْ بِهِ إِلٰى عُثْمَانَ، فَإِنَّ فِيْهِ أَمْرَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الصَّدَقَةِ. [راجع: ۳۱۱۱]

وضاحت: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کے بعد دو ذہن بن گئے تھے، ایک حضرت عثمانؓ کی پارٹی تھی، دوسری حضرت علیؓ کی، حضرت عثمانؓ کی پارٹی کے لوگ پروپیگنڈہ کرتے تھے کہ حضرت علیؓ حضرت عثمانؓ کے خلاف تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے محمد بن الحنفیہ نے اس کی تردید کی اور فرمایا: اگر حضرت علیؓ برائی کے ساتھ حضرت عثمانؓ کا ذکر کرتے تو اس دن کرتے جس دن حضرت علیؓ کے پاس کچھ لوگ آئے اور انھوں نے حضرت عثمانؓ کے عاملین زکوٰۃ کی شکایت کی تو حضرت علیؓ نے مجھ سے کہا: عثمانؓ کے پاس جا اور ان کو بتلا کہ یہ رسول اللہ ﷺ کا زکوٰۃ نامہ ہے، پس آپ اپنے عاملین کو حکم دیں کہ وہ اس کے مطابق عمل کریں، محمدؒ کہتے ہیں: میں اس کو لے کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، انھوں نے فرمایا: بے نیاز کر اس کو ہم سے، یعنی زکوٰۃ نامہ لے جا مجھے ضرورت نہیں، میرے پاس زکوٰۃ نامہ ہے، پس میں اس کو لے کر حضرت علیؓ کے پاس آیا اور ان کو بات بتلائی تو آپؓ نے فرمایا: اسی جگہ رکھ دے جہاں سے لیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ زکوٰۃ نامہ تبرک میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ملا تھا۔

بَابُ الدَّلِيْلِ عَلٰى أَنَّ الْخُمُسَ لِنَوَائِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إلخ

اس بات کی دلیل کہ خمس نبی ﷺ کی پیش آمدہ حاجات کے لئے تھا

اور آپؐ نے اس میں اصحابِ صفہ اور بیواؤں کو رشتہ داروں پر ترجیح دی

اس باب میں اور آئندہ باب میں ایک اہم مسئلہ ہے، اور آئندہ باب اس باب کا تکملہ ہے، پہلے یہ بات بیان کی جاچکی ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک خمس اور فیئ کے مصارف چار میں منحصر نہیں، اب اس باب میں فرماتے ہیں کہ خمس اور فیئ کی جائدادیں نبی ﷺ کی ملکیت نہیں تھیں، صرف آپؐ کے تصرف میں تھیں، آپؐ ان کو ان کے مصارف میں خرچ کرتے تھے، بلکہ اپنے رشتہ داروں پر: صفہ کے غریب طالب علموں کو اور شہداء کی بیواؤں کو ترجیح دیتے تھے۔

اور پہلے باب میں یہ حدیث ہے: نبی ﷺ کے پاس دو غلام آئے (یہ غلام خمس میں آئے تھے) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو مشورہ دیا کہ ابا سے ایک غلام مانگ لاؤ، دیکھو گھر کے سب کام تمہیں کرنے پڑتے ہیں، چکی تم پیستی ہو، پانی کی مشک تم ڈھوتی ہو، گھوڑے کی خدمت تم کرتی ہو، پس اگر ایک غلام مل جائے گا تو تمہارا کام ہلکا ہوجائے گا، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا گئیں، نبی ﷺ کے پاس کچھ آدمی بیٹھے تھے، وہ کچھ کہے بغیر واپس آگئیں، نبی ﷺ نے ان کو دیکھ لیا تھا، چنانچہ عشاء کے بعد آپؐ ان کے گھر گئے اور پوچھا: کیوں آئی تھیں؟ وہ شرما گئیں، حضرت علیؓ نے ساری بات بتائی، آپؐ نے فرمایا: وہ غلام تمہارے لئے نہیں ہیں، بدر میں جو صحابہ شہید ہوئے ہیں ان کے یتیم بچوں کو دوں گا، پھر آپؐ نے ان کو تسبیحات فاطمہ بتائیں کہ دونوں میاں بیوی یہ تسبیح پڑھ کر سویا کرو، گھر کے کام سے تھکوگی نہیں۔ یہ روایت

باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے، یعنی خمس میں بیواؤں اور یتیموں کو اپنی بیٹی پر ترجیح دی، اور بیٹی کو تسبیحات بتا کر اللہ کے حوالے کیا۔ اور باب کے پہلے جزء کی دلیل اگلے باب میں آرہی ہے۔

[٦-] بَابُ الدَّلِيْلِ عَلٰى أَنَّ الْخُمُسَ لِنَوَائِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالْمَسَاكِيْنِ، وإِيْثَارِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَهْلَ الصُّفَّةِ وَالْأَرَامِلَ حِيْنَ سَأَلَتْهُ فَاطِمَةُ، وَشَكَتْ إِلَيْهِ الطَّحْنَ وَالرَّحٰى، أَنْ يُخْدِمَهَا مِنَ السَّبْيِ، فَوَكَلَهَا إِلَى اللّٰهِ

[٣١١٣-] حدثنا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، أَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي الْحَكَمُ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِيْ لَيْلٰى، ثَنَا عَلِيٌّ: أَنَّ فَاطِمَةَ اشْتَكَتْ مَا تَلَقّٰى مِنَ الرَّحٰى مِمَّا تَطْحَنُ، فَبَلَغَهَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أُتِيَ بِسَبْيٍ، فَأَتَتْهُ تَسْأَلُهُ خَادِمًا، فَلَمْ تُوَافِقْهُ، فَذَكَرَتْ لِعَائِشَةَ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ عَائِشَةُ لَهُ، فَأَتَانَا وَقَدْ دَخَلْنَا مَضَاجِعَنَا، فَذَهَبْنَا لِنَقُوْمَ فَقَالَ: "عَلٰى مَكَانِكُمَا" حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمَيْهِ عَلٰى صَدْرِيْ، فَقَالَ: "أَلاَ أَدُلُّكُمَا عَلٰى خَيْرٍ مِمَّا سَأَلْتُمَاهُ؟ إِذَا أَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا فَكَبِّرَا اللّٰهَ أَرْبَعًا وَثَلاَثِيْنَ، وَاحْمَدَا ثَلاَثًا وَثَلاَثِيْنَ، وَسَبِّحَا ثَلاَثًا وَثَلاَثِيْنَ، فَإِنَّ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَكُمَا مِمَّا سَأَلْتُمَاهُ.

[انظر: ٣٧٠٥، ٥٣٦١، ٦٣١٨]

باب کا ترجمہ: اس بات کی دلیل کہ غنیمت کا پانچواں حصہ نبی ﷺ کے سامنے پیش آنے والی ضرورتوں کے لئے اور غریبوں کے لئے تھا (اور اس بات کی دلیل کہ) نبی ﷺ نے صفہ والوں کو اور بیواؤں کو ترجیح دی، جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ سے سوال کیا، اور آپؐ سے چکی پیسنے کی شکایت کی کہ آپ ان کو قیدیوں میں سے خادم عنایت فرمائیں، تو آپؐ نے ان کو اللہ کے حوالہ کیا۔

حدیث کا ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے شکایت کی اس چیز کی جس سے وہ چکی سے ملاقات کرتی تھیں پیسنے کی وجہ سے، یعنی چکی پیسنے کی وجہ سے ہاتھ میں نشان پڑ گئے تھے اس کی شکایت کی، ان کو خبر پہنچی کہ نبی ﷺ کے پاس قیدی لائے گئے ہیں، وہ آپؐ کے پاس ایک خادم مانگنے کے لئے آئیں، پس ان کو موقع نہیں ملا، انھوں نے حضرت عائشہؓ سے ذکر کیا، جب نبی ﷺ آئے تو ان سے حضرت عائشہؓ نے یہ بات ذکر کی (حضرت علیؓ کہتے ہیں) آپؐ ہمارے پاس آئے، جبکہ ہم اپنی خوابگاہوں میں داخل ہو چکے تھے، ہم نے اٹھنے کا ارادہ کیا، آپؐ نے فرمایا: دونوں اپنی جگہ رہو (اور آپؐ دونوں بستروں کے درمیان خالی جگہ میں بیٹھ گئے) یہاں تک کہ میں نے آپؐ کے قدموں کی ٹھنڈک پائی میرے سینہ پر، یعنی قدم مبارک حضرت علیؓ کے سینہ سے لگے اور انھوں نے اقدام عالیہ کی ٹھنڈک

پائی، پھر آپؐ نے فرمایا: کیا نہ بتلاؤں میں تم دونوں کو اس سے بہتر بات جس کی تم دونوں نے درخواست کی ہے، جب تم دونوں اپنی خواب گاہوں کو پکڑو تو ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ کہو، پس یہ ذکر تمہارے لئے بہتر ہے اس خادم سے جس کو تم دونوں نے مانگا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُوْلِ ﴾

خمس اور فیئ کی آیتوں میں اللہ کا ذکر تبرکاً ہے، اور نبی ﷺ کا ذکر قاسم ہونے کی وجہ سے ہے

گذشتہ باب کا جو پہلا جزء ہے اس کی دلیل اب لائے ہیں کہ مالِ غنیمت کے خمس کی آیت میں اور مالِ فیئ کی آیت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر تو تبرکاً ہے جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا، تاکہ ان اموال کے جو مصارف ہیں وہ اس کو بھیک کا لقمہ نہ سمجھیں اور نبی ﷺ کا ذکر مصرف، یا مستحق یا مالک ہونے کے اعتبار سے نہیں ہے، بلکہ قاسم (بانٹنے والا) ہونے کے اعتبار سے ہے، یہ جائدادیں آپؐ کے تصرف میں تھیں، آپؐ ان کے مالک نہیں تھے۔ باب میں حدیث ہے: إِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَخَازِنٌ وَاللّٰهُ يُعْطِيْ: میں بانٹنے والا اور حفاظت کرنے والا ہی ہوں اور دینے والے اللہ تعالیٰ ہیں، اس روایت سے ثابت ہوا کہ بنونضیر، فدک اور خیبر کے خمس کی جائدادیں نبی ﷺ کی ملک نہیں تھیں، پس ان میں توریث کا کیا سوال؟ اور باب کے آخر میں حدیث لائے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ رِجَالاً يَتَخَوَّضُوْنَ فِيْ مَالِ اللّٰهِ بِغَيْرِ حَقٍّ فَلَهُمُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: کچھ لوگ ناحق اللہ کے مال میں زبردستی گھستے ہیں پس ان کے لئے قیامت کے دن دوزخ ہے، یہ حدیث شیعوں کو سنائی ہے، یہ حدیث لاکر اشارہ کیا ہے کہ خمس اور فیئ کی جائدادوں میں میراث کے دعوی دار اس حدیث کو پیش نظر رکھیں، وفاتِ نبوی کے بعد صاحبزادی نے، حضرت علیؓ اور حضرت عباسؓ نے جو میراث مانگی تھی وہ غلط فہمی کی بنیاد پر مانگی تھی، پھر جب شیخین نے ان کو سمجھایا تو وہ مطمئن ہوگئے، دلیل یہ ہے کہ بنونضیر کی جائداد کی تولیت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھی، وہ کئی نسلوں تک ان کی اولاد میں رہی اور سب نے اس جائداد کو اس کے مصارف میں خرچ کیا، اپنی جائداد نہیں سمجھا، مگر ان کے نام نہاد نام لیوا (شیعہ) آج بھی دعوے دار ہیں کہ وہ جائدادیں نبی ﷺ کی ملک تھیں، وہ آپؐ کے ورثاء کو ملنی چاہئے تھیں، شیخین رضی اللہ عنہما نے ان پر ظلم کیا اور ان کا حق مارا، وہ لوگ باب کی آخری حدیث پر دھیان دیں!

[۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُوْلِ ﴾ يَعْنِيْ لِلرَّسُوْلِ قَسْمُ ذٰلِكَ،

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَخَازِنٌ وَاللّٰهُ يُعْطِيْ"

[۳۱۱٤-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، وَمَنْصُوْرٍ، وَقَتَادَةَ، سَمِعُوْا سَالِمَ بْنَ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا مِنَ الْأَنْصَارِ غُلَامٌ، فَأَرَادَ أَنْ يُسَمِّيَهُ مُحَمَّدًا، قَالَ شُعْبَةُ فِيْ

حَدِيْثِ مَنْصُوْرٍ، إِنَّ الْأَنْصَارِيَّ قَالَ: حَمَلْتُهُ عَلٰى عُنُقِيْ فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَفِي حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ: وُلِدَ لَهُ غُلَامٌ، فَأَرَادَ أَنْ يُسَمِّيَهُ مُحَمَّدًا، قَالَ: "سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلَا تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِيْ، فَإِنِّيْ إِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ" وَقَالَ حُصَيْنٌ: "بُعِثْتُ قَاسِمًا أُقْسِمُ بَيْنَكُمْ" وَقَالَ عَمْرٌو: أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ: قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا، عَنْ جَابِرٍ: أَرَادَ أَنْ يُسَمِّيَهُ الْقَاسِمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تَسَمُّوْا بِاسْمِيْ، وَلَا تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِيْ"[انظر: ۳۱۱۵، ۳۵۳۸، ۶۱۸۶، ۶۱۸۷، ۶۱۸۹، ۶۱۹۶]

[۳۱۱۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلَامٌ فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: لَا نَكْنِيْكَ أَبَا الْقَاسِمِ، وَلَا نُنْعِمُكَ عَيْنًا، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وُلِدَ لِيْ غُلَامٌ فَسَمَّيْتُهُ قَاسِمًا فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: لَا نَكْنِيْكَ أَبَا الْقَاسِمِ، وَلَا نُنْعِمُكَ عَيْنًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَحْسَنَتِ الْأَنْصَارُ، تَسَمُّوْا بِاسْمِيْ، وَلَا تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِيْ، فَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ"[راجع: ۳۱۱۵]

باب کا ترجمہ: مالِ غنیمت کے خُمس کی آیت میں ارشاد پاک ہے: "اللہ کے لئے اس کا پانچواں حصہ ہے اور رسول کے لئے" یعنی رسول کے لئے اس پانچویں حصہ کو بانٹنا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "میں بانٹنے والا اور حفاظت کرنے والا ہی ہوں اور دینے والے اللہ تعالیٰ ہیں"

حدیث کا ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک انصاری کے یہاں لڑکا پیدا ہوا، اس نے اس کا نام محمد رکھنا چاہا۔ اور شعبہ کی منصور سے روایت میں ہے کہ انصاری اس بچہ کو گردن پر اٹھا کر نبی ﷺ کے پاس لایا اور شعبہ کی سلیمان سے روایت میں ہے کہ اس کا لڑکا پیدا ہوا، اس نے اس کا نام محمد رکھنا چاہا (یہ سب روایتیں صحیح نہیں) آپؐ نے فرمایا: میرا نام رکھو اور میری کنیت مت رکھو، اس لئے کہ میں بانٹنے والا ہی بنایا گیا ہوں، تمہارے درمیان بانٹتا ہوں، اور حصین بن عبدالرحمٰن کوفی کی روایت ہے کہ میں بانٹنے والا بنا کر بھیجا گیا ہوں، تمہارے درمیان مال بانٹتا ہوں، اور عمرو بن مرزوق (استاذ امام بخاریؒ) کی سند سے روایت اس طرح ہے: اس انصاری نے بیٹے کا نام قاسم رکھنا چاہا، تاکہ اس کی کنیت ابوالقاسم ہو، پس نبی ﷺ نے فرمایا: میرا نام رکھو اور میری کنیت مت رکھو (یہی صحیح روایت ہے)

دوسری روایت: ایک آدمی کے لڑکا پیدا ہوا اس نے اس کا نام قاسم رکھا، پس انصار نے کہا: ہم تیری ابوالقاسم کنیت نہیں رکھیں گے اور اس کنیت سے ہم تیری آنکھ ٹھنڈی نہیں کریں گے، چنانچہ وہ نبی ﷺ کے پاس پہنچا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرا ایک لڑکا ہوا ہے، میں نے اس کا نام قاسم رکھا ہے، انصار کہتے ہیں: ہم تجھے ابوالقاسم کی کنیت سے نہیں پکاریں گے اور تیری آنکھ اس کنیت سے ٹھنڈی نہیں کریں گے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: انصار نے ٹھیک کہا، میرا نام رکھو، میری کنیت مت رکھو، اس لئے کہ میں بانٹنے والا ہی ہوں، یعنی آپؐ کی کنیت ابوالقاسم صرف اس وجہ سے نہیں کہ آپؐ کے بڑے

صاحبزادے کا نام قاسم تھا، بلکہ آپؐ نے اس کی دوسری وجہ بیان فرمائی کہ میرے پاس اللہ کا جو مال ہے اس کے بانٹنے کی ذمہ داری مجھ پر ہے، اس لئے میں ابوالقاسم ہوں۔ أَبُوْ کے معنی ہیں: والا، أبو القاسم: بانٹنے والا۔

[۳۱۱۶-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّـهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ، وَاللّٰهُ الْمُعْطِيْ وَأَنَا الْقَاسِمُ، وَلاَ تَزَالُ هٰذِهِ الْأُمَّةُ ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰى يَأْتِيَ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ. [راجع: ۷۱]

[۳۱۱۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا فُلَيْحٌ، ثَنَا هِلَالٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَا أُعْطِيْكُمْ وَلَا أَمْنَعُكُمْ، إِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ، أَضَعُ حَيْثُ أُمِرْتُ"

[۳۱۱۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، ثَنِيْ أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ عَيَّاشٍ وَاسْمُهُ النُّعْمَانُ، عَنْ خَوْلَةَ الْأَنْصَارِيَّةِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ رِجَالاً يَتَخَوَّضُوْنَ فِيْ مَالِ اللّٰهِ بِغَيْرِ حَقٍّ، فَلَهُمُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

وضاحت: پہلی حدیث پہلے گذری ہے، اس میں جو أنا القاسم ہے اس سے استدلال کیا ہے، اور دوسری حدیث میں یہ مضمون ہے کہ میں نہ تم کو دیتا ہوں نہ روکتا ہوں، میں بانٹنے والا ہی ہوں، رکھتا ہوں جہاں میں حکم دیا گیا ہوں، اور آخری حدیث باب میں لانے کی وجہ شروع باب میں آچکی ہے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أُحِلَّتْ لَكُمُ الْغَنَائِمُ

غنیمتیں امت کے لئے حلال کی گئی ہیں

یہ باب دفعِ دخلِ مقدر کے طور پر لائے ہیں، پچھلے ابواب سے یہ خیال ہوسکتا ہے کہ جب خمس نبی ﷺ کی ملکیت نہیں تو باقی چار اخماس بھی مجاہدین کی ملک نہیں، اس لئے یہ باب لائے کہ غنیمت بشمول خمس امت کے لئے حلال کی گئی ہے، سورۃ الفتح آیت ۲۰ میں ہے: "اللہ تعالیٰ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ کیا ہے جو تم لوگے، پس سردست تم کو یہ دیدی" یعنی غنیمت تمام مسلمانوں کے لئے اللہ نے حلال کی ہے، رہی یہ بات کہ غنیمت کس کو ملے گی؟ یہ بات نبی ﷺ بیان کریں گے۔

جاننا چاہئے کہ غنیمت کے سلسلہ میں سب سے پہلی آیت سورۃ الانفال کی پہلی آیت نازل ہوئی ہے: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ؟ قُلِ الْأَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ، فَاتَّقُوْا اللّٰهَ وَأَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَأَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ﴾:

''لوگ آپؐ سے غنیمتوں کا حکم پوچھتے ہیں، آپؐ فرمادیں: غنیمتیں اللہ کی اور اس کے رسول کی ہیں، پس تم اللہ سے ڈرو اور اپنے باہمی تعلقات کو سنوارو، اور اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرو، اگر تم ایمان والے ہو''

تفسیر: غزوۂ بدر میں جب فتح ہوئی اور غنیمت ہاتھ آئی تو اختلاف ہوا، جوانوں نے کہا: یہ ہمارا حق ہے، ہم لڑے ہیں، بوڑھوں نے کہا: ہم تمہاری پشت پر تھے، پس ہمارا بھی حق ہے، چنانچہ یہ بات نبی ﷺ سے پوچھی گئی کہ غنیمت کس کے لئے ہے؟ پس آیت نازل ہوئی، اور کہہ دیا کہ غنیمت اللہ اور اس کے رسول کی ہے وہ جس کو چاہیں گے دیں گے، چنانچہ اللہ کے حکم سے نبی ﷺ نے وہ غنیمت اس طرح تقسیم کی کہ خمس علاحدہ کرلیا، اور باقی چار اخماس مجاہدین میں تقسیم کئے۔

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ یہی فرمارہے ہیں کہ بلاتفریق ساری امت کے لئے غنیمت حلال کی گئی ہے پھر اللہ کے رسول اس کی تفصیل بیان کریں گے، پھر باب میں چھ حدیثیں لائے ہیں، پہلی حدیث میں ہے کہ گھوڑوں کی پیشانی میں خیر بندھی ہوئی ہے یعنی ثواب اور غنیمت، پس گھوڑے کا جو مالک ہے وہی غنیمت کا مالک ہوگا۔

اور دوسری اور تیسری حدیث میں ہے کہ تم قیصر وکسری کے خزانے راہِ خدا میں خرچ کروگے، یہی خزانے غنیمت ہیں جو امت کے لئے حلال کی گئی ہے۔

اور چوتھی حدیث میں ہے: أُحِلَّتْ لِیَ الغَنَائِمِ: میرے لئے یعنی میری امت کے لئے غنیمت حلال کی گئی ہے۔

اور پانچویں حدیث پہلے گذری ہے، اس میں ہے کہ مجاہد اگر شہید ہوتا ہے تو جنت پاتا ہے اور واپس آتا ہے تو ثواب یا غنیمت لاتا ہے، ان روایات سے ثابت ہوا کہ غنیمت امت کے لئے حلال ہے اور چار اخماس کے مجاہدین مالک ہونگے۔

[۸-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أُحِلَّتْ لَكُمُ الْغَنَائِمُ

وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَأْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهِ﴾ الآيَةَ، فَهِيَ لِلْعَامَّةِ حَتَّى يُبَيِّنَهُ الرَّسُوْلُ صلى الله عليه وسلم.

[۳۱۱۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا خَالِدٌ، ثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ: الأَجْرُ وَالْمَغْنَمُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"[راجع: ۲۸۵۰]

[۳۱۲۰-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلاَ كِسْرَى بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَتُنْفِقُنَّ كُنُوْزَهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.[راجع: ۳۰۲۷]

[۳۱۲۱-] حدثنا إِسْحَاقُ، سَمِعَ جَرِيْرًا، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلاَ كِسْرَى بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَالَّذِيْ

نَفْسِیْ بِیَدِهِ! لَتُنْفِقُنَّ كُنُوْزَهُمَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ"[انظر: ٣٦١٩، ٦٦٢٩]

[٣١٢٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، أَنَا سَيَّارٌ، ثَنَا يَزِيْدُ الْفَقِيْرُ، ثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ"[راجع: ٣٣٥]

[٣١٢٣-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِمَنْ جَاهَدَ فِیْ سَبِيْلِهِ، لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا الْجِهَادُ فِیْ سَبِيْلِهِ وَتَصْدِيْقُ كَلِمَاتِهِ، بِأَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، أَوْ يَرْجِعَهُ إِلٰی مَسْكَنِهِ الَّذِیْ خَرَجَ مِنْهُ، مَعَ مَانَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيْمَةٍ"

[راجع: ٣٦]

[٣١٢٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم:" غَزَا نَبِیٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ، فَقَالَ لِقَوْمِهِ: لَا يَتْبَعْنِیْ رَجُلٌ مَلَكَ بُضْعَ امْرَأَةٍ، وَهُوَ يُرِيْدُ أَنْ يَبْنِیْ بِهَا وَلَمَّا يَبْنِ بِهَا، وَلَا أَحَدٌ بَنَی بُيُوْتًا وَلَمْ يَرْفَعْ سُقُوْفَهَا، وَلَا أَحَدٌ اشْتَرٰی غَنَمًا أَوْ خَلِفَاتٍ وَهُوَ يَنْتَظِرُ وِلَادَهَا، فَغَزَا فَدَنَا مِنَ الْقَرْيَةِ صَلَاةَ الْعَصْرِ أَوْ قَرِيْبًا مِنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ لِلشَّمْسِ: إِنَّكِ مَأْمُوْرَةٌ وَأَنَا مَأْمُوْرٌ، اللّٰهُمَّ احْبِسْهَا عَلَيْنَا، فَحُبِسَتْ حَتّٰی فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَجَمَعَ الْغَنَائِمَ، فَجَاءَ تْ - يَعْنِی النَّارَ - لِتَأْكُلَهَا فَلَمْ تَطْعَمْهَا، فَقَالَ: إِنَّ فِيْكُمْ غُلُوْلًا، فَلْيُبَايِعْنِیْ مِنْ كُلِّ قَبِيْلَةٍ رَجُلٌ، فَلَزِقَتْ يَدُ رَجُلٍ بِيَدِهِ، فَقَالَ: فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ، فَلْتُبَايِعْنِیْ قَبِيْلَتُكَ، فَلَزِقَتْ يَدُ رَجُلَيْنِ أَوْثَلَاثَةٍ بِيَدِهِ فَقَالَ: فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ، فَجَاؤُا بِرَأْسٍ مِثْلِ رَأْسِ بَقَرَةٍ مِنَ الذَّهَبِ، فَوَضَعُوْهَا فَجَاءَ تِ النَّارُ فَأَكَلَتْهَا، ثُمَّ أَحَلَّ اللّٰهُ لَنَا الْغَنَائِمَ، رَأٰی ضَعْفَنَا وَعَجْزَنَا فَأَحَلَّهَا لَنَا"[انظر: ٥١٥٧]

ترجمہ: نبی ﷺ نے بیان کیا: نبیوں میں سے ایک نبی نے جہاد کا ارادہ کیا، انھوں نے اپنی قوم سے کہا: میرے ساتھ نہ آئے وہ شخص جو کسی عورت کا مالک ہوا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ اس کو رخصت کر کے لائے، اور اب تک اس کو رخصت کر کے نہیں لایا، اور میرے ساتھ نہ آئے وہ شخص جس نے کوئی گھر بنایا ہے اور اس کی چھتیں نہیں ڈالیں اور نہ ایسا شخص جس نے بکریاں یا گابھن اونٹنیاں خریدی ہیں، اور وہ ان کے بچہ جننے کا انتظار کر رہا ہے، پھر وہ نبی جہاد کے لئے نکلے پس وہ عصر کی نماز کے وقت یا اس کے قریب بستی کے قریب پہنچے، پس انھوں نے سورج سے کہا: بیشک تو حکم دیا ہوا ہے یعنی غروب ہونے کا اور میں حکم دیا ہوا ہوں یعنی غروب سے پہلے جہاد نمٹانے کا، اے اللہ! روک دے سورج کو ہمارے لئے، چنانچہ وہ روک دیا گیا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو فتح نصیب فرمائی، پس انھوں نے غنیمت جمع کی، پس آگ اس کو کھانے کے لئے آئی مگر اس نے اس کو نہیں کھایا، نبی نے کہا: بیشک تم میں مالِ غنیمت میں خیانت ہے، پس چاہئے کہ مجھ سے بیعت کرے ہر قبیلہ میں سے ایک آدمی، پس ایک آدمی کا ہاتھ ان کے ہاتھ سے چپک گیا تو انھوں نے کہا: تمہارے (قبیلہ کے) اندر خیانت ہے،

پس چاہئے کہ مجھ سے بیعت کرے تمہارا قبیلہ، پس دو یا تین آدمیوں کے ہاتھ ان کے ہاتھ کے ساتھ چپک گئے انھوں نے کہا: تمہارے اندر خیانت ہے، پس لائے وہ گائے کے سر کے مانند سونے کا سر، پس رکھا انھوں نے اس کو، پس آگ آئی اور اس نے غنیمت کو جلا دیا، پھر اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے غنیمتیں حلال کیں، دیکھی اللہ نے ہماری کمزوری اور ہماری عاجزی، پس اللہ نے غنیمت کو ہمارے لئے حلال کیا (یہ آخری جزء مقصود ہے، گذشتہ امتوں کے لئے غنیمت حلال نہیں تھی، ہماری امت کے لئے اللہ نے اس کو حلال کیا ہے)

فائدہ: اس حدیث میں جو سورج کے رکنے کا ذکر ہے: وہ حضرت یوشع علیہ السلام کا واقعہ ہے اور اکثر علماء نے اس کو حقیقت پر محمول کیا ہے کیونکہ یہ معجزہ ہے، اور معجزہ خرق عادق کا نام ہے، مگر کچھ لوگ کہتے ہیں: سورج کے رکنے سے نظام کائنات رک جائے گا اور یہ کیسے ممکن ہے؟! اس لئے وہ اس کی توجیہ کرتے ہیں کہ سورج رک جانے کا مطلب وقت میں برکت ہونا ہے، تھوڑے وقت میں زیادہ کام ہونا ہے، مگر عام طور پر علماء اس کو حقیقت پر محمول کرتے ہیں۔

بَابُ الْغَنِيْمَةِ لِمَنْ شَهِدَ الْوَقْعَةَ

غنیمت اس کے لئے ہے جس نے دشمن سے مقابلہ کیا ہے

الْوَقْعَةُ کے معنی کرمانی کے حوالہ سے بین السطور میں صَدْمَةُ الْعَدُوّ لکھے ہیں، یعنی غنیمت ان لوگوں کا حق ہے جنھوں نے دشمن کا صدمہ سہا ہے یعنی ان سے ٹکر لی ہے، ان سے مقابلہ کیا ہے اور یہ باب بھی دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، پچھلے باب میں یہ بات آئی ہے کہ غنیمت تمام امت کے لئے حلال کی گئی ہے، پس سوال پیدا ہوگا کہ چار اخماس صرف مجاہدین کو کیوں ملتے ہیں؟ اس باب میں اس کا جواب ہے کہ مجاہدین نے دشمن سے ٹکر لی ہے، یہ ان میں سرخاب کا پَر لگا ہوا ہے، اس لئے غنیمت کے چار اخماس ان کے لئے خاص کئے گئے ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ دشمن سے حاصل ہونے والے اموال کی دو قسمیں ہیں: غنیمت اور فیئ، فیئ تو پوری امت کے لئے ہے کیونکہ اس کے حاصل ہونے میں مجاہدین کا کوئی دخل نہیں، اور مالِ فیئ کے مصارف منحصر بھی نہیں، وہ نوائب المسلمین (مسلمانوں کی پیش آمدہ حاجات) کے لئے ہے اور مالِ غنیمت لڑ کر حاصل کیا گیا ہے، اس کا پانچواں حصہ مالِ فیئ کی جگہ گردانا گیا ہے، اس کی منفعت بھی پوری امت کو پہنچتی ہے، البتہ جو غنیمت میدانِ کارزار میں ہاتھ آئی ہے اس کے چار اخماس مجاہدین کے لئے خاص کئے گئے ہیں، یہ ان کے عمل کا صلہ ہے، اور میدان کارزار سے ہٹ کر جو زمینیں وغیرہ ہاتھ آتی ہیں ان کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مالِ فیئ کے مانند قرار دیا ہے، اور باب کا جملہ: الغنيمةُ لِمَنْ شَهِدَ الوقعة: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے، انھوں نے یہ بات حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو خط میں لکھی تھی، اور اس کا پس منظر یہ ہے کہ جب عراق فتح ہوا تو میدانِ جنگ میں جو غنیمت ملی وہ تو مجاہدین میں تقسیم کر دی گئی، مگر مجاہدین نے مطالبہ کیا کہ زمینیں بھی ہمیں بانٹ کر دیدی جائیں، یہ ملک ہم

نے لڑکر فتح کیا ہے، جیسے نبی ﷺ نے خیبر لڑکر فتح کیا تھا تو وہاں کی ساری زمینیں مجاہدین کو بانٹ دی تھیں، اس مطالبہ کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مشورہ کیا، اور استخارہ بھی کیا، استخارہ کے بعد ان کو شرح صدر ہوا کہ زمینیں مالِ غنیمت نہیں، مالِ فئے ہیں، آپؓ کو سورۂ حشر کی مالِ فئے کی آیتیں یاد آئیں، چنانچہ آپؓ نے آدمی بھیجے، زمینوں کی پیمائش کرائی، اور ان کی نوعیت متعین کرائی اور ان پر بیگھ لگایا تاکہ اس کا نفع تمام مسلمانوں کو پہنچے اور نہ صرف موجودین کو بلکہ آنے والی نسلوں کو بھی پہنچے۔

[۹-] بَابُ الْغَنِيْمَةِ لِمَنْ شَهِدَ الْوَقْعَةَ

[۳۱۲۵-] حدثنا صَدَقَةُ، أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: لَوْلاَ آخِرُ الْمُسْلِمِيْنَ مَا فَتَحْتُ قَرْيَةً إِلَّا قَسَمْتُهَا بَيْنَ أَهْلِهَا كَمَا قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ.

[راجع: ٢٣٣٤]

ترجمہ: اگر بعد میں آنے والے مسلمان نہ ہوتے تو میں جو بھی بستی فتح کرتا اس کو مجاہدین میں بانٹ دیتا، جیسا نبی ﷺ نے خیبر کو بانٹا تھا (حدیث پہلے گذری ہے)

بَابٌ: مَنْ قَاتَلَ لِلْمَغْنَمِ: هَلْ يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِهِ؟

جس نے غنیمت کے لئے جنگ لڑی: اس کا ثواب گھٹے گا؟

جواب: گھٹے گا، بلکہ کچھ بھی ثواب نہیں ملے گا، اور یہ باب بھی گذشتہ باب سے پیدا ہونے والے سوال کا جواب ہے، جب غنیمت کے چار اخماس مجاہدین کے عمل کا صلہ ہیں تو اگر کوئی غنیمت کی نیت سے جنگ لڑے تو اس کو غنیمت ملے گی، مگر ثواب پورا ملے گا یا نہیں؟ ثواب سرے سے نہیں ملے گا، ایک بدو نے پوچھا تھا: ایک شخص غنیمت کی نیت سے لڑتا ہے، دوسرا اس لئے لڑتا ہے کہ اس کی بہادری کا چرچا باقی رہے (یہ سُمعہ: سنانا ہے) اور تیسرا اپنی بہادری کا جوہر دکھانے کے لئے لڑتا ہے (یہ ریاء: دکھانا ہے) ان میں سے راہِ خدا میں لڑنے والا کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: کوئی نہیں، راہِ خدا میں لڑنے والا وہ ہے جو اس نیت سے لڑتا ہے کہ اللہ کے دین کا بول بالا ہو، وہی مجاہد فی سبیل اللہ ہے اور اسی کے لئے جہاد کا ثواب ہے۔

[۱۰-] بَابٌ: مَنْ قَاتَلَ لِلْمَغْنَمِ: هَلْ يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِهِ؟

[۳۱۲٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، قَالَ: ثنا أَبُوْ مُوْسَى الأَشْعَرِيُّ، قَالَ: قَالَ أَعْرَابِيٌّ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ، وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُذْكَرَ، وَيُقَاتِلُ لِيُرَى مَكَانُهُ، مَنْ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: "مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"[راجع: ١٢٣]

بَابُ قِسْمَةِ الإِمَامِ مَا يَقْدَمُ عَلَيْهِ، وَيَخْبَأُ لِمَنْ لَمْ يَحْضُرْهُ أَوْ غَابَ عَنْهُ

جو چیزیں امام کے پاس آئیں ان کو بانٹ دے، اور غیر حاضر اور غیر موجود کا حصہ محفوظ رکھے

اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں: حکومت کے پاس غیر مسلموں کی طرف سے جو اموال آتے ہیں ابن بطال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہ مالِ فئے کے حکم میں ہیں، وہ صرف امیر کے لئے نہیں ہیں، اس کے پاس سربراہ ہونے کی حیثیت سے آئے ہیں، پس وہ ان اموال کو مسلمانوں میں تقسیم کرے اور جو غیر حاضر ہے، لینے نہیں آیا یا غیر موجود ہے، سفر میں ہے تو اس کا حصہ محفوظ رکھے۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ کی خدمت میں ریشمی قبائیں آئیں جن میں سونے کی گھنڈیاں لگی ہوئی تھیں، آپؐ نے وہ لوگوں میں تقسیم کیں اور ایک حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کے لئے محفوظ رکھی، جب وہ اپنے صاحبزادے مسورؓ کے ساتھ آئے تو آپؐ گھر میں سے وہ قباء لے کر نکلے اور ان کو گھنڈیاں دکھائیں اور فرمایا: اے مسور کے ابا! یہ میں نے آپ کے لئے محفوظ رکھی ہے، حضرت مخرمہؓ ذرا سخت اخلاق کے تھے، اس لئے آپؐ نے دو مرتبہ یہ جملہ کہا یعنی میں آپ کو بھولا نہیں، میں نے آپ کے لئے یہ محفوظ رکھی ہے۔

[۱۱-] بَابُ قِسْمَةِ الإِمَامِ مَا يَقْدَمُ عَلَيْهِ، وَيَخْبَأُ لِمَنْ لَمْ يَحْضُرْهُ أَوْ غَابَ عَنْهُ

[۳۱۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أُهْدِيَتْ لَهُ أَقْبِيَةٌ مِنْ دِيْبَاجٍ، مُزَرَّرَةٌ بِالذَّهَبِ، فَقَسَمَهَا فِيْ أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، وَعَزَلَ مِنْهَا وَاحِدًا لِمَخْرَمَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، فَجَاءَ وَمَعَهُ ابْنُهُ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ، فَقَامَ عَلَى الْبَابِ، فَقَالَ: ادْعُهُ لِيْ، فَسَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَوْتَهُ، فَأَخَذَ قَبَاءً فَتَلَقَّاهُ بِهِ، وَاسْتَقْبَلَهُ بِأَزْرَارِهِ، فَقَالَ: " يَا أَبَا الْمِسْوَرِ! خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ، يَا أَبَا الْمِسْوَرِ! خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ" وَكَانَ فِيْ خُلُقِهِ شِدَّةٌ.

رَوَاهُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوْبَ، وَقَالَ حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ: ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ: قَالَ: قَدِمَتْ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَقْبِيَةٌ، تَابَعَهُ اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ.

[راجع: ۲۵۹۹]

سند کا بیان: یہ حدیث ایوب سختیانی رحمہ اللہ سے حماد بن زیدؒ اور اسماعیل بن علیہؒ مرسل روایت کرتے ہیں، اور حاتم بن وردان اور امام لیث مصری متصل کرتے ہیں، یعنی ابن ابی ملیکہ کے بعد مسور بن مخرمہؓ کا ذکر کرتے ہیں، اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، پھر وہ دو حضرات ہیں، اس لئے حدیث صحیح ہے۔

بَابٌ: كَيْفَ قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيْرَ؟ وَمَا أَعْطَى مِنْ ذٰلِكَ فِيْ نَوَائِبِهِ

نبی ﷺ نے بنوقریظہ اور بنونضیر کے اموال کس طرح تقسیم کئے؟ اوران میں سے جواپنی حاجات میں خرچ کیا

اس باب میں بہ ظاہر دو باتیں ہیں، مگر حقیقت میں ایک ہی بات ہے، بنوقریظہ اور بنونضیر یہود کے دو قبیلے تھے، جو جلاوطن کئے گئے تھے، ان کے کھیت اور باغات مالِ فئے تھے، نبی ﷺ نے ان میں سے کچھ حصہ مہاجرین کو عنایت فرمایا اور باقی جائداد محفوظ رکھی، اس کی آمدنی سے نبی ﷺ اپنی ضروریات پوری کرتے تھے، اور جو باقی بچتا وہ مسلمانوں کی ضروریات میں خرچ ہوتا۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بنوقریظہ اور بنونضیر کے علاقے فتح ہوئے اس سے پہلے انصار اپنے باغات میں سے کھجور کے کچھ درخت متعین کرکے نبی ﷺ کو دیتے تھے، جو منیحہ کہلاتے تھے، پھر جب یہ علاقے فتح ہوئے اور آپؐ کی آمدنی شروع ہوئی تو انصار جو درخت دیتے تھے وہ آپؐ نہیں لیتے تھے۔ یَرُدُّ علیهم کا یہ مطلب ہے۔

[۱۲-] بَابٌ: كَيْفَ قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيْرَ؟ وَمَا أَعْطَى مِنْ ذٰلِكَ فِيْ نَوَائِبِهِ

[۳۱۲۸-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: كَانَ الرَّجُلُ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم النَّخَلَاتِ، حَتَّى افْتَتَحَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيْرَ، وَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ. [راجع: ۲۶۳۰]

بَابُ بَرَكَةِ الْغَازِيْ فِي مَالِهِ حَيًّا وَمَيِّتًا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَوُلَاةِ الْأَمْرِ

نبی ﷺ اور حکومت کے ذمہ داروں کے ساتھ جہاد کرنے والے کے مال میں برکت زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی

مجاہد اللہ کے راستہ میں جو جہاد کرتا ہے اور غنیمت پاتا ہے: اس کے مال میں برکت ہوتی ہے، اس کی حیات میں بھی اور اس کے مرنے کے بعد بھی۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے ساتھ اور خلفائے ثلاثہ کے ساتھ جہاد کیا، اوران کو جو مالِ غنیمت ملا، اس میں ان کی حیات میں برکت ہوئی، وفات کے وقت ان کے پاس پانچ جائدادیں تھیں: غابہ کی زمین، مدینہ کے گیارہ مکانات، بصرہ کے دو مکان، کوفہ کا ایک مکان اور مصر کا ایک مکان۔ یہ سب مالِ غنیمت میں برکت سے حاصل ہوا، اوران کی وفات کے بعد ان کے ترکہ میں جو برکت ہوئی اس کا تذکرہ حدیث کے آخر میں ہے۔

وضاحت: باب کی روایت شاگرد نے استاذ کے سامنے پڑھی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ اسحاق بن راہویہؒ

کے پاس یہ روایت پہلے سے ابواسامہؒ کے طریق سے لکھی ہوئی موجود تھی، چنانچہ انھوں نے ابواسامہؒ سے پوچھا: آپ سے یہ حدیث ہشام نے اپنی سند سے بیان کی ہے؟ (اس صورت میں حدیث کے آخر میں نعم ہونا چاہئے، مگر بخاری میں نہیں ہے، اسحاق بن راہویہ کی مسند میں ہے)

[۱۳-] بَابُ بَرَكَةِ الْغَازِیْ فِی مَالِهِ حَيًّا وَمَيِّتًا مَعَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم وَوُلَاةِ الْأَمْرِ

[۳۱۲۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِیْ أُسَامَةَ، أَحَدَّثَكُمْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: لَمَّا وَقَفَ الزُّبَيْرُ يَوْمَ الْجَمَلِ دَعَانِیْ فَقُمْتُ إِلٰی جَنْبِهِ، فَقَالَ: يَا بُنَیَّ! إِنَّهُ لَا يُقْتَلُ الْيَوْمَ إِلَّا ظَالِمٌ أَوْ مَظْلُوْمٌ، وَإِنِّیْ لَا أُرَانِیْ إِلَّا سَأُقْتَلُ الْيَوْمَ مَظْلُوْمًا.

وَإِنَّ مِنْ أَكْبَرِ هَمِّیْ لَدَيْنِیْ، أَفْتَرٰی دَيْنُنَا يُبْقِی مِنْ مَالِنَا شَيْئًا؟ فَقَالَ: يَا بُنَیَّ! بِعْ مَالَنَا، وَاقْضِ دَيْنِیْ، وَأَوْصٰی بِالثُّلُثِ، وَثُلُثِه لِبَنِيْهِ، يَعْنِیْ لِبَنِیْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، يَقُوْلُ: ثَلِّثِ الثُّلُثَ أَثْلَاثًا، فَإِنْ فَضَلَ مِنْ مَالِنَا فَضْلٌ بَعْدَ قَضَاءِ الدَّيْنِ فَثُلُثُهُ لِوَلَدِكَ.

قَالَ هِشَامٌ: وَكَانَ بَعْضُ وُلْدِ عَبْدِ اللّٰهِ قَدْ وَازَی بَعْضَ بَنِی الزُّبَيْرِ: خُبَيْبٌ وَعَبَّادٌ، وَلَهُ يَوْمَئِذٍ تِسْعَةُ بَنِيْنَ وَتِسْعُ بَنَاتٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَجَعَلَ يُوْصِيْنِیْ بِدَيْنِهِ وَيَقُوْلُ: يَا بُنَیَّ! إِنْ عَجَزْتَ عَنْ شَیْءٍ مِنْهُ فَاسْتَعِنْ عَلَيْهِ مَوْلَایَ، قَالَ: فَوَ اللّٰهِ مَا دَرَيْتُ مَا أَرَادَ؟ حَتّٰی قُلْتُ: يَا أَبَهْ! مَنْ مَوْلَاكَ؟ قَالَ: اَللّٰهُ! قَالَ: فَوَ اللّٰهِ مَا وَقَعْتُ فِیْ كُرْبَةٍ مِنْ دَيْنِهِ إِلَّا قُلْتُ: يَا مَوْلَی الزُّبَيْرِ اقْضِ عَنْهُ دَيْنَهُ، فَيَقْضِيْهِ.

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جنگ جمل کے موقع پر جب حضرت زبیر رضی اللہ عنہ (میدانِ قتال میں صف میں) کھڑے ہوگئے تو مجھے بلایا، میں ان کے پہلو میں جا کر کھڑا ہوا، پس فرمایا: اے میرے پیارے بیٹے! آج نہیں مارا جائے گا مگر ظالم یا مظلوم، اور نہیں ہے میرا گمان مگر یہ کہ میں آج مظلوم مارا جاؤں گا۔

تشریح: یہ جنگِ جمل کا موقع ہے، حق پر کون ہے، حضرت علیؓ یا حضرت عائشہؓ؟ یہ بات ابھی واضح نہیں، کیونکہ مسئلہ اجتہادی ہے، حق دونوں طرف ہوسکتا ہے، پس ہر طرف ظالم بھی ہوسکتا ہے اور مظلوم بھی، اور اجتہادی مسائل میں ہر فریق خود کو حق پر سمجھتا ہے، اس لئے حضرت زبیرؓ نے فرمایا: میں آج مارا گیا تو مظلوم مارا جاؤں گا، یعنی ہماری جماعت حق پر ہے۔

باقی ترجمہ: اور مجھے سب سے زیادہ فکر میرے قرضہ کی ہے، تمہارا کیا خیال ہے ہمارا قرضہ ہماری جائداد میں سے کچھ بھی چھوڑے گا؟ یعنی ساری جائداد دے کر بھی قرضہ ادا ہونا مشکل ہے، پھر فرمایا: اے میرے پیارے بیٹے! ہماری جائداد بیچ دینا اور میرا قرضہ ادا کرنا، اور انھوں نے تہائی ترکہ کی وصیت کی، اور تہائی کے تہائی کی عبداللہؓ کے بیٹیوں کے لئے وصیت کی، یعنی تہائی کے تین حصے کرنا، ایک حصہ تمہارے لڑکوں کو دینا، وہ حضرتؓ کے پوتے تھے، اور وارث نہیں تھے، پھر اگر ہمارے

مال میں سے قرضہ ادا کرنے کے بعد کچھ بچ جائے تو تہائی ترکہ کا تہائی تیری اولاد کے لئے ہے (یہ تکرار ہے) ہشام کہتے ہیں: حضرت عبداللہ کی بعض اولاد حضرت زبیرؓ کے بعض بیٹوں کے برابر تھی، یعنی خُبیب اور عباد (یہ دونوں عمر میں حضرت زبیرؓ کے بیٹوں کے برابر تھے) اور حضرت زبیرؓ کے اس دن نو بیٹے اور نو بیٹیاں تھیں، حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں: پس ابا مجھے اپنے قرضہ کے بارے میں وصیت کرنے لگے اور کہنے لگے: اے میرے پیارے بچے! اگر تم عاجز ہو جاؤ، قرضہ میں سے کسی چیز سے تو اس کے بارے میں میرے مولیٰ (کارساز) سے مدد طلب کرنا، عبداللہؓ کہتے ہیں: پس بخدا! میں نہیں سمجھا کہ انھوں نے مولیٰ سے کس کو مراد لیا؟ چنانچہ میں نے ان سے پوچھا: آپ کا کارساز کون ہے؟ فرمایا: اللہ! عبداللہؓ کہتے ہیں: پس بخدا! نہیں واقع ہوا میں ان کے قرضہ کے سلسلہ میں کسی بے چینی میں، مگر میں نے کہا: اے زبیرؓ کے مولیٰ! ادا کر دیجئے زبیرؓ کی طرف سے ان کا قرضہ، پس وہ مولیٰ اس قرض کو ادا کر دیتے تھے۔

فَقُتِلَ الزُّبَيْرُ، وَلَمْ يَدَعْ دِيْنَارًا وَلاَ دِرْهَمًا، إِلَّا أَرَضِيْنَ: مِنْهَا الْغَابَةُ، وَإِحْدَى عَشَرَةَ دَارًا بِالْمَدِيْنَةِ، وَدَارَيْنِ بِالْبَصْرَةِ، وَدَارًا بِالْكُوْفَةِ، وَدَارًا بِمِصْرَ، قَالَ: وَإِنَّمَا كَانَ دَيْنُهُ الَّذِيْ عَلَيْهِ أَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَأْتِيْهِ بِالْمَالِ فَيَسْتَوْدِعُهُ إِيَّاهُ، فَيَقُوْلُ الزُّبَيْرُ: لاَ، وَلٰكِنَّهُ سَلَفٌ، فَإِنِّيْ أَخْشَى عَلَيْهِ الضَّيْعَةَ، وَمَا وَلِيَ إِمَارَةً قَطُّ وَلاَ جِبَايَةَ خَرَاجٍ وَلاَ شَيْئًا، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ فِيْ غَزْوَةٍ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَوْ مَعَ أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ، قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ الزُّبَيْرِ: فَحَسِبْتُ مَاعَلَيْهِ مِنَ الدَّيْنِ فَوَجَدْتُهُ أَلْفَيْ أَلْفٍ وَمِائَتَيْ أَلْفٍ، قَالَ: فَلَقِيَ حَكِيْمُ بْنُ حِزَامٍ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ: يَا ابْنَ أَخِيْ! كَمْ عَلَى أَخِيْ مِنَ الدَّيْنِ؟ فَكَتَمَهُ وَقَالَ: مِائَةُ أَلْفٍ، فَقَالَ حَكِيْمٌ: وَاللهِ مَا أُرَى أَمْوَالَكُمْ تَسَعُ لِهٰذِهِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللهِ: أَفَرَأَيْتَكَ إِنْ كَانَتْ أَلْفَيْ أَلْفٍ وَمِائَتَيْ أَلْفٍ؟ قَالَ: مَا أُرَاكُمْ تُطِيْقُوْنَ هٰذَا، فَإِنْ عَجَزْتُمْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ فَاسْتَعِيْنُوْا بِيْ.

ترجمہ: پس حضرت زبیر رضی اللہ عنہ شہید کئے گئے، اور انھوں نے نہ کوئی دینار چھوڑا نہ درہم، مگر چند جائدادیں: ان میں غابہ، اور مدینہ کے گیارہ گھر، اور بصرہ کے دو گھر، اور کوفہ کا ایک گھر اور مصر کا ایک گھر ہے۔ عبداللہؓ کہتے ہیں: اور تھا ان کا قرضہ جو ان کے ذمہ تھا اس طرح کہ ایک آدمی ان کے پاس مال لے کر آتا، وہ اس مال کو ان کے پاس امانت رکھنا چاہتا، وہ کہتے: امانت نہیں بلکہ قرضہ، اس لئے کہ میں ڈرتا ہوں کہ تیرا مال ضائع ہو جائے (امانت اگر بغیر تعدی کے ضائع ہو جائے تو ضمان نہیں آتا، اور قرضہ ہر حال میں لوٹانا پڑتا ہے) اور حضرت زبیرؓ کبھی کسی جگہ کے امیر نہیں رہے، اور نہ محصول وصول کرنے پر مقرر ہوئے، اور نہ کوئی اور کام کیا، مگر وہ نبی ﷺ کے ساتھ یا خلفاء ثلاثہ کے ساتھ جہاد کرتے تھے، اور جو مالِ غنیمت ملتا اس میں برکت ہوتی، اس طرح اتنی جائداد ان کے پاس جمع ہو گئی۔

عبداللہؓ کہتے ہیں: پس میں نے وہ قرضہ گنا جو ان پر تھا، پس میں نے اس کو بائیس لاکھ پایا، راوی کہتا ہے: پس حضرت

حکیم بن حرام رضی اللہ عنہ: عبداللہ بن الزبیرؓ سے ملے اور کہا: بھتیجے! میرے بھائی پر کتنا قرضہ ہے؟ پس عبداللہ نے اس کو چھپایا اور کہا: ایک لاکھ ہے (کم بتانا جھوٹ نہیں) حکیمؓ نے کہا: بخدا! نہیں دیکھتا میں تمہاری جائداد کو کہ گنجائش ہو اس میں اتنے قرضہ کی، پس ان سے عبداللہؓ نے کہا: بتائیں! اگر قرضہ بائیس لاکھ ہو تو؟ حضرت حکیمؓ نے کہا: نہیں دیکھتا میں تمہارے اندر اس کے بھرنے کی طاقت، پس اگر تم عاجز ہو جاؤ اس میں سے کسی چیز سے تو مجھ سے مدد طلب کرنا۔

قَالَ: وَكَانَ الزُّبَيْرُ اشْتَرَى الْغَابَةَ بِسَبْعِيْنَ وِمِائَةِ أَلْفٍ، فَبَاعَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بِأَلْفِ أَلْفٍ وَسِتِّمِائَةِ أَلْفٍ، ثُمَّ قَامَ، فَقَالَ: مَنْ كَانَ لَهُ عَلَى الزُّبَيْرِ حَقٌّ فَلْيُوَافِنَا بِالْغَابَةِ، فَأَتَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، وَكَانَ لَهُ عَلَى الزُّبَيْرِ أَرْبَعُ مِائَةِ أَلْفٍ، فَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ: إِنْ شِئْتُمْ تَرَكْتُهَا لَكُمْ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا، قَالَ: فَإِنْ شِئْتُمْ جَعَلْتُمُوْهَا فِيْمَا تُؤَخِّرُوْنَ إِنْ أَخَّرْتُمْ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ، لَا، قَالَ: فَاقْطَعُوْا لِيْ قِطْعَةً، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَكَ مِنْ هَاهُنَا إِلٰى هَاهُنَا، قَالَ: فَبَاعَ مِنْهَا فَقَضَى دَيْنَهُ فَأَوْفَاهُ، وَبَقِيَ مِنْهَا أَرْبَعَةُ أَسْهُمٍ وَنِصْفٌ، فَقَدِمَ عَلٰى مُعَاوِيَةَ، وَعِنْدَهُ عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، وَالْمُنْذِرُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَابْنُ زَمْعَةَ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: كَمْ قُوِّمَتِ الْغَابَةُ؟ قَالَ: كُلُّ سَهْمٍ بِمِائَةِ أَلْفٍ، قَالَ: كَمْ بَقِيَ؟ قَالَ: أَرْبَعَةُ أَسْهُمٍ وَنِصْفٌ، فَقَالَ الْمُنْذِرُ بْنُ الزُّبَيْرِ: قَدْ أَخَذْتُ سَهْمًا بِمِائَةِ أَلْفٍ، وَقَالَ عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ: قَدْ أَخَذْتُ سَهْمًا بِمِائَةِ أَلْفٍ، وَقَالَ ابْنُ زَمْعَةَ: قَدْ أَخَذْتُ سَهْمًا بِمِائَةِ أَلْفٍ. فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: كَمْ بَقِيَ؟ قَالَ: سَهْمٌ وَنِصْفٌ، قَالَ: قَدْ أَخَذْتُهُ بِخَمْسِيْنَ وَمِائَةِ أَلْفٍ، قَالَ: فَبَاعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ نَصِيْبَهُ مِنْ مُعَاوِيَةَ بِسِتِّ مِائَةِ أَلْفٍ.

ترجمہ: راوی کہتا ہے: حضرت زبیرؓ نے غابہ کی زمین ایک لاکھ ستر ہزار میں خریدی تھی، پس اس کو عبداللہؓ نے سولہ لاکھ میں بیچا، پھر وہ کھڑے ہوئے، اور کہا: جس کا زبیرؓ پر کوئی حق ہے وہ ہمارے پاس غابہ میں آئے، پس ان کے پاس عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما آئے، اور ان کا حضرت زبیرؓ پر چار لاکھ قرضہ تھا، پس انھوں نے حضرت عبداللہؓ سے کہا: اگر تم چاہو تو میں اس کو تمہارے لئے چھوڑ دوں، یعنی معاف کردوں، عبداللہؓ نے کہا: نہیں، پس انھوں نے کہا: اگر تم چاہو تو اس کو گردانو اس قرضہ میں جس کو تم مؤخر کرو یعنی میرا قرض بعد میں دینا، عبداللہؓ نے کہا: نہیں، پس عبداللہ بن جعفرؓ نے کہا: مجھے (غابہ کی) زمین کا ایک حصہ قرضہ کے بدل دیدو، عبداللہؓ نے کہا: آپ کے لئے یہاں سے یہاں تک ہے۔ راوی کہتا ہے: پس حضرت عبداللہؓ نے غابہ کی زمین بیچ دی اور حضرت زبیرؓ کا قرضہ ادا کردیا، اور پورا ادا کردیا اور باقی رہے غابہ کی زمین میں سے ساڑھے چار حصے، پس عبداللہؓ حضرت معاویہؓ کے پاس گئے، اور ان کے پاس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لڑکے عمرو، اور حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ کے بھائی منذر، اور ام المؤمنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے بھائی عبد بن زمعہؓ بیٹھے تھے، پس عبداللہؓ سے حضرت معاویہؓ نے پوچھا: غابہ کی کتنی قیمت ٹھہری؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا: ایک حصہ کے ایک لاکھ، حضرت معاویہؓ نے پوچھا: کتنے

حصے باقی رہے؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا: ساڑھے چار حصے، پس منذر نے کہا: میں نے ایک حصہ ایک لاکھ میں لیا، اور عمرو بن عثمان نے کہا: میں نے ایک حصہ ایک لاکھ میں لیا، اور عبد بن زمعہؓ نے کہا: میں نے ایک حصہ ایک لاکھ میں لیا، حضرت معاویہؓ نے کہا: اب کتنے رہے؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا: ڈیڑھ، حضرت معاویہؓ نے کہا: میں نے وہ ڈیڑھ لاکھ میں لیا، راوی کہتے ہیں: عبداللہ بن جعفرؓ نے اپنا حصہ (جو چار لاکھ قرضہ کے عوض میں لیا تھا) حضرت معاویہؓ کے ہاتھ چھ لاکھ میں بیچا۔

فَلَمَّا فَرَغَ ابْنُ الزُّبَيْرِ مِنْ قَضَاءِ دَيْنِهِ، قَالَ بَنُو الزُّبَيْرِ: اقْسِمْ بَيْنَنَا مِيرَاثَنَا، قَالَ لَهُمْ: وَاللّٰهِ! لاَ أُقْسِمُ بَيْنَكُمْ حَتَّى أُنَادِيَ بِالْمَوْسِمِ أَرْبَعَ سِنِيْنَ: أَلَا مَنْ كَانَ لَهُ عَلَى الزُّبَيْرِ دَيْنٌ فَلْيَأْتِنَا فَلْنَقْضِهِ، قَالَ: فَجَعَلَ كُلَّ سَنَةٍ يُنَادِيْ بِالْمَوْسِمِ، فَلَمَّا مَضَى أَرْبَعُ سِنِيْنَ قَسَمَ بَيْنَهُمْ، قَالَ: وَكَانَ لِلزُّبَيْرِ أَرْبَعُ نِسْوَةٍ، وَرَفَعَ الثُّلُثَ فَأَصَابَ كُلَّ امْرَأَةٍ أَلْفُ أَلْفٍ وَمِائَتَا أَلْفٍ، فَجَمِيْعُ مَالِهِ خَمْسُوْنَ أَلْفَ أَلْفٍ وَمِائَتَا أَلْفٍ.

ترجمہ: راوی کہتا ہے: پھر جب عبداللہ بن الزبیرؓ حضرت زبیرؓ کے قرضہ سے فارغ ہوگئے تو حضرت زبیرؓ کے لڑکوں نے کہا: ہمارے درمیان ہماری میراث بانٹیے، حضرت عبداللہؓ نے ان سے کہا: بخدا! میں نہیں بانٹوں گا تمہارے درمیان یہاں تک کہ پکاروں میں حج کے سیزن میں چار سال کہ سنو! جس کا زبیرؓ پر کوئی قرضہ ہے وہ ہمارے پاس آئے ہم اس کو ادا کریں گے، راوی کہتا ہے: پس ہر سال حج کے سیزن میں حضرت عبداللہؓ نے اعلان کرنا شروع کیا، پس جب چار سال گذر گئے تو ترکہ بیٹوں کے درمیان بانٹا، راوی کہتا ہے: حضرت زبیرؓ کی چار بیویاں تھیں، اور تہائی ترکہ الگ کرلیا، پس ہر بیوی کو بارہ لاکھ ملے، اور ان کا کل ترکہ پانچ کروڑ دو لاکھ تھا۔

اشکال وجواب:

حدیث کے آخری مضمون پر اشکال ہے، حساب صحیح نہیں بیٹھتا، اوپر سے نیچے اتریں تو بھی حساب صحیح نہیں بیٹھتا اور نیچے سے اوپر چڑھیں تو بھی حساب صحیح نہیں بیٹھتا۔

اوپر سے نیچے: کل ترکہ پانچ کروڑ دو لاکھ تھا، اس میں سے بائیس لاکھ قرضہ نکالا، تو چار کروڑ اسّی لاکھ بچا، پھر اس کا تہائی ایک کروڑ چوالیس لاکھ وصیت میں نکالا، تو تین کروڑ چھتیس لاکھ بچا، پھر اس کا ثمن (عورتوں کا حصہ) بیالیس لاکھ نکالا اور چار پر تقسیم کیا تو ہر بیوی کو دس لاکھ پچاس ہزار ملے، جبکہ حدیث میں صراحت ہے کہ ہر بیوی کو بارہ لاکھ ملے، اس لئے حساب نہیں بیٹھتا۔

نیچے سے اوپر: ہر بیوی کو بارہ لاکھ ملے تو چار کو اڑتالیس لاکھ ملے، اس کو آٹھ سے ضرب دیا تو تین کروڑ چوراسی لاکھ ہوا، یہ ترکہ کا دو تہائی ہے پھر اس میں ایک تہائی ایک کروڑ بانوے لاکھ ملایا تو پانچ کروڑ چھہتر لاکھ ہوا، پھر بائیس لاکھ قرضہ شامل کیا تو پانچ کروڑ اٹھانوے لاکھ ہوا، جبکہ حدیث میں صراحت ہے کہ کل ترکہ پانچ کروڑ دو لاکھ تھا، پس اس طرح بھی

حساب نہیں بیٹھتا۔

اب بخاری کے شراح پریشان ہیں: حساب کس طرح بٹھائیں، حاشیہ میں کرمانی اور خیر جاری کے حوالہ سے ایک توجیہ ہے جس کو حافظ ابن حجرؒ نے بہترین توجیہ قرار دیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ اصل ترکہ پانچ کروڑ دو لاکھ تھا، مگر چار سال میں آمدنی ہوئی اور ترکہ بڑھ کر پانچ کروڑ اٹھانوے لاکھ ہوگیا، چنانچہ ہر بیوی کو بارہ لاکھ ملے، یہ مجاہد کی وفات کے بعد مال میں برکت ہوئی۔

بَابٌ: إِذَا بَعَثَ الإِمَامُ رَسُوْلاً فِي حَاجَةٍ أَوْ أَمَرَهُ بِالْمُقَامِ: هَلْ يُسْهَمُ لَهُ؟

امام نے قاصد کو کسی کام کے لئے بھیجا یا اس کو گھر رہنے کا حکم دیا تو اس کو حصہ دیا جائے گا؟

امیر نے کسی آدمی کو کسی ضرورت سے بھیجا، یا اس کو گھر چھوڑا جیسے نبی ﷺ جب بدر کے لئے نکلے تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گھر چھوڑا تھا، کیونکہ آپؐ کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا سخت علیل تھیں، ان کی تیمارداری کے لئے حضرت عثمانؓ کا گھر رہنا ضروری تھا، مگر ان پر بوجھ پڑا تو نبی ﷺ نے فرمایا: جو بدر میں شریک ہونگے ان کا ثواب بھی تمہیں ملے گا اور مالِ غنیمت میں سے حصہ بھی ملے گا۔

[۱۴-] بَابٌ: إِذَا بَعَثَ الإِمَامُ رَسُوْلاً فِي حَاجَةٍ أَوْ أَمَرَهُ بِالْمُقَامِ: هَلْ يُسْهَمُ لَهُ؟

[۳۱۳۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَوْهَبٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: إِنَّمَا تَغَيَّبَ عُثْمَانُ عَنْ بَدْرٍ، فَإِنَّهُ كَانَتْ تَحْتَهُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَتْ مَرِيْضَةً، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ لَكَ أَجْرَ رَجُلٍ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَهُ"

[انظر: ۳۶۹۸، ۳۷۰۴، ۴۰۶۶، ۴۵۱۳، ۴۵۱۴، ۴۶۵۰، ۴۶۵۱، ۷۰۹۵]

بَابُ مَنْ قَالَ: وَمِنَ الدَّلِيْلِ عَلَى أَنَّ الْخُمُسَ لِنَوَائِبِ الْمُسْلِمِيْنَ

اس بات کی دلیل کہ خمس مسلمانوں کی پیش آمدہ حاجات کے لئے ہے

یہاں سے پانچ ابواب تک ایک ہی مسئلہ ہے، اور وہ مسئلہ آٹھ ابواب پہلے آچکا ہے، پہلے باب آیا تھا: الدَّلِيْلُ عَلَى أَنَّ الْخُمُسَ لِنَوَائِبِ رسول الله صلى الله عليه وسلم: اب لِنَوَائِبِ الْمُسْلِمِيْن کردیا تو نیا باب ہوگیا، اور آگے باب لائیں گے: مِنَ الدَّلِيْلِ عَلَى أَنَّ الْخُمُسَ لِلإِمَامِ: اس طرح ابواب میں تنوع کردیا، مگر بات ایک ہی ہے، اور مسئلہ یہ ہے کہ غنیمت کے پانچویں حصہ کے اور اموالِ فئے کے مصارف چار یا تین میں منحصر نہیں، وہ اموال مسلمانوں کی پیش آمدہ حاجات کے لئے ہیں اور قرآنِ کریم میں مصارف کا بیان بطورِ مثال ہے، اور امیر کو اختیار ہے جہاں مناسب سمجھے خرچ کرے۔

اور حضرت رحمہ اللہ نے اپنی بات کی چار دلیلیں پیش کی ہیں:

پہلی دلیل: نبی ﷺ نے ہوازن میں دودھ پیا تھا، آپؐ کی رضاعی والدہ حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا اسی قبیلہ کی تھیں، اس لئے جب ہوازن کا وفد آیا تو ان کی عورتیں اور بچے جو غلام باندی بنا لئے گئے تھے واپس کر دیئے گئے، اور آپؐ نے مسلمانوں سے کہا: ملکیت سے دستبردار ہو جاؤ، بلکہ حنین کی غنیمت کے خمس میں جو غلام باندی نکلے تھے وہ بھی واپس کر دیئے، حالانکہ قبیلہ ہوازن خمس اور فئے کے مصارف میں سے نہیں تھا، معلوم ہوا کہ یہ اموال دیگر مصارف میں بھی خرچ کئے جا سکتے ہیں۔

دوسری دلیل: نبی ﷺ لوگوں سے وعدہ کیا کرتے تھے کہ جب مالِ فئے یا غنیمت کا خمس آئے گا تو میں انعام دونگا، حالانکہ یہ لوگ بھی مصارف میں سے نہیں تھے۔

تیسری دلیل: بنو نضیر کی جائداد جو مالِ فئے تھی اس میں سے آپؐ نے انصار کو دیا، حالانکہ وہ مصرف نہیں تھے (معلوم نہیں یہ کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟ آپؐ نے بنو نضیر کی جائداد میں سے مہاجرین کو دیا تھا)

چوتھی دلیل: نبی ﷺ نے خیبر کے خمس کی کھجوروں میں سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو دیا، حالانکہ وہ مصرف نہیں تھے (یہ بھی معلوم نہیں کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے، آپؐ نے بحرین کے محصول میں سے ان کو دینے کا وعدہ کیا تھا، جس کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پورا کیا)

[۱۵-] بَابُ مَنْ قَالَ: وَمِنَ الدَّلِيْلِ عَلٰى أَنَّ الْخُمُسَ لِنَوَائِبِ الْمُسْلِمِيْنَ

[۱-] مَا سَأَلَ هَوَازِنُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِرَضَاعِهِ فِيْهِمْ، فَتَحَلَّلَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ.

[۲-] وَمَا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعِدُ النَّاسَ أَنْ يُعْطِيَهُمْ مِنَ الْفَيْءِ وَالْأَنْفَالِ مِنَ الْخُمُسِ.

[۳-] وَمَا أَعْطَى الْأَنْصَارَ.

[۴-] وَمَا أَعْطَى جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ مِنْ تَمْرِ خَيْبَرَ.

وضاحت: من قال: جس نے کہا، یہ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کی اپنی رائے ہے، مگر دوسرے کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلا رہے ہیں .... اور من الدلیل خبر مقدم ہے اور بعد میں جو چار نمبر آ رہے ہیں وہ مبتداء مؤخر ہیں، یعنی ان چار دلیلوں سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ غنیمت کا خمس مسلمانوں کی پیش آمدہ حاجات کے لئے ہے، مصارف اربعہ میں منحصر نہیں .... پھر آگے باب میں انہی چار دلائل کی تخریج ہے۔

[۳۱۳۱ و ۳۱۳۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثَنِيْ اللَّيْثُ، ثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: وَزَعَمَ عُرْوَةُ: أَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ، وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَاهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ حِيْنَ جَاءَهُ وَفْدُ هُوَازِنَ مُسْلِمِيْنَ، فَسَأَلُوْهُ أَنْ يَرُدَّ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ وَسَبْيَهُمْ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَحَبُّ الْحَدِيْثِ إِلَيَّ أَصْدَقُهُ، فَاخْتَارُوْا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ: إِمَّا السَّبْيَ وَإِمَّا الْمَالَ، وَقَدْ

كُنْتُ اسْتَأْنَيْتُ بِهِمْ" وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم انْتَظَرَهُمْ بِضْعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً حِيْنَ قَفَلَ مِنَ الطَّائِفِ، فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غَيْرُ رَادٍّ إِلَيْهِمْ إِلَّا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ، قَالُوْا: فَإِنَّا نَخْتَارُ سَبْيَنَا، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْمُسْلِمِيْنَ، فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ إِخْوَانَكُمْ هٰؤُلَآءِ قَدْ جَاؤُنَا تَائِبِيْنَ، وَإِنِّيْ قَدْ رَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّ إِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ، مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُطَيِّبَ فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يَكُوْنَ عَلَى حَظِّهِ حَتَّى نُعْطِيَهُ إِيَّاهُ مِنْ أَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ" فَقَالَ النَّاسُ: قَدْ طَيَّبْنَا ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَهُمْ. فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّا لَا نَدْرِيْ مَنْ أَذِنَ مِنْكُمْ فِيْ ذٰلِكَ مِمَّنْ لَمْ يَأْذَنْ، فَارْجِعُوْا حَتَّى يَرْفَعَ إِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ أَمْرَكُمْ" فَرَجَعَ النَّاسُ فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ، ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرُوْهُ أَنَّهُمْ قَدْ طَيَّبُوْا وَأَذِنُوْا، فَهٰذَا الَّذِيْ بَلَغَنَا عَنْ سَبْيِ هَوَازِنَ. [راجع: ۲۳۰۷، ۲۳۰۸]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، اور باب میں جو پہلی دلیل بیان کی ہے وہ یہی ہے، مگر اس واقعہ سے استدلال محل نظر ہے، کیونکہ جب ان غلام باندیوں کو واپس کرنے کا فیصلہ ہوا تو وہ قُبیل الاسترقاق فیصلہ ہوگا یعنی گویا ان پر غلامی طاری ہی نہیں ہوئی، اس لئے یہ کہنا کہ مالِ غنیمت کا خمس ہوازن کو دیا: شاید صحیح نہ ہو............اور حدیث کا آخری جملہ: فهذا الذی بلغنا: امام زہریؒ کا قول ہے، یہ بات امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے ایک جگہ بیان کی ہے۔

[۳۱۳۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثَنَا حَمَّادٌ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، ح: قَالَ أَيُّوْبُ: وَحَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ عَاصِمٍ الْكُلَيْبِيُّ - وَأَنَا لِحَدِيْثِ الْقَاسِمِ بْنِ عَاصِمٍ أَحْفَظُ - عَنْ زَهْدَمٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِيْ مُوْسَى، فَأُتِيَ - ذَكَرَ دَجَاجَةً - وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ تَيْمِ اللّٰهِ، أَحْمَرُ كَأَنَّهُ مِنَ الْمَوَالِيْ، فَدَعَاهُ لِلطَّعَامِ، فَقَالَ: إِنِّيْ رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ شَيْئًا فَقَذِرْتُهُ فَحَلَفْتُ أَنْ لَا آكُلَ، فَقَالَ: هَلُمَّ، فَلَأُحَدِّثْكُمْ عَنْ ذٰلِكَ، إِنِّيْ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ نَفَرٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ نَسْتَحْمِلُهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا أَحْمِلُكُمْ وَمَا عِنْدِيْ مَا أَحْمِلُكُمْ، فَأُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِنَهْبِ إِبِلٍ فَسَأَلَ عَنَّا، فَقَالَ: " أَيْنَ النَّفَرُ الْأَشْعَرِيُّوْنَ؟" فَأَمَرَ لَنَا بِخَمْسِ ذَوْدٍ غُرِّ الذُّرَى، فَلَمَّا انْطَلَقْنَا قُلْنَا: مَا صَنَعْنَا؟ لَا يُبَارَكُ لَنَا، فَرَجَعْنَا إِلَيْهِ فَقُلْنَا: إِنَّا سَأَلْنَاكَ أَنْ تَحْمِلَنَا فَحَلَفْتَ أَنْ لَا تَحْمِلَنَا، أَفَنَسِيْتَ؟ قَالَ: " لَسْتُ أَنَا حَمَلْتُكُمْ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَمَلَكُمْ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا أَحْلِفُ عَلَى يَمِيْنٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا أَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ، وَتَحَلَّلْتُهَا" [انظر: ۴۳۸۵، ۴۴۱۵، ۵۵۱۷، ۵۵۱۸، ۶۶۲۳، ۶۶۴۹، ۶۶۷۸، ۶۶۸۰، ۶۷۱۸، ۶۷۱۹، ۶۷۲۱، ۷۵۵۵]

وضاحت: یہ حدیث ایوب سختیانی رحمہ اللہ: ابوقلابہ سے روایت کرتے ہیں، اور قاسم سے بھی، اور فرماتے ہیں کہ مجھے قاسم کی حدیث زیادہ محفوظ ہے۔

ترجمہ: زہدم کہتے ہیں: ہم حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، پس وہ لائے گئے یعنی دسترخان بچھا اور اس پر کھانا چنا گیا، اور راوی نے مرغی کا تذکرہ کیا یعنی کھانے میں مرغی تھی اور آپ کے پاس بنوتیم اللہ کا ایک آدمی تھا جو سرخ تھا گویا وہ آزاد کردہ ہے، پس حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے اس کو کھانے پر بلایا، پس اس نے کہا: میں نے اس کو کوئی چیز کھاتے دیکھا ہے یعنی نجاست کھاتے ہوئے دیکھا ہے، پس مجھے اس سے گھن آئی اور میں نے قسم کھائی کہ میں مرغی نہیں کھاؤں گا، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا: آ (اور کھا) میں اس سلسلہ میں تجھے حدیث سناتا ہوں، میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، قبیلہ اشعر کے چند لوگوں کے ساتھ، ہم آپؐ سے سواری کے اونٹ طلب کررہے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: بخدا! میں تمہیں سواری کے اونٹ نہیں دوں گا، اور میرے پاس اونٹ ہیں بھی نہیں، جو میں تمہیں دوں، پھر نبی ﷺ کے پاس غنیمت کے اونٹ آئے تو آپؐ نے ہمارے بارے میں پوچھا کہ قبیلہ اشعر کے لوگ کہاں ہیں؟ پس آپؐ نے ہمارے لئے پانچ اونٹوں کا حکم دیا، جن کی کوہانیں سفید تھیں، ہم لے کر چلے، پھر ہم نے کہا: ہم نے کیا کیا؟ ہمارے لئے برکت نہیں ہوگی، پس ہم آپؐ کی طرف واپس لوٹے، اور عرض کیا: ہم نے آپؐ سے سواریاں مانگی تھیں، آپؐ نے قسم کھائی تھی کہ آپؐ ہمیں سواریاں نہیں دیں گے، تو کیا آپؐ اپنی قسم بھول گئے؟ آپؐ نے فرمایا: میں نے تمہیں سواریاں نہیں دیں، بلکہ اللہ تعالیٰ نے دی ہیں، اور میں بخدا! اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو کوئی قسم نہیں کھاؤنگا، پھر دیکھوں گا کہ اس کے علاوہ میں خیر ہے تو میں وہ کام کرونگا جو بہتر ہے، اور میں اپنی قسم کو کھول لونگا۔

استدلال: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی مالِ خمس کے مصرف نہیں تھے، اور نبی ﷺ نے ان کو اونٹ عنایت فرمائے، معلوم ہوا کہ خمس کے مصارف متعین نہیں، مگر یہ استدلال بھی محل نظر ہے، وہ حضرات مساکین تھے اور مساکین خمس کا مصرف ہیں۔

اور تَحَلُّل کے معنی ہیں: ایسی قسم کھانا جس کے خلاف کرنے سے کفارہ واجب نہ ہو، آپؐ نے جو قسم کھائی تھی وہ ایسی ہی قسم تھی، پھر آپؐ نے مسئلہ بتایا کہ کوئی شخص قسم کھائے جیسے ماں باپ سے نہ بولنے کی قسم کھائی، پھر اس کو قسم کے خلاف میں خیر نظر آئے یعنی ماں باپ سے بولنا سودمند نظر آئے تو اسے قسم توڑ کر کفارہ دینا چاہئے۔

[۳۱۳٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، نَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ سَرِيَّةً، فِيْهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قِبَلَ نَجْدٍ فَغَنِمُوْا إِبِلًا كَثِيْرًا فَكَانَتْ سِهَامُهُمْ اثْنَىْ عَشَرَ بَعِيْرًا أَوْ أَحَدَ عَشَرَ بَعِيْرًا، وَنُفِّلُوْا بَعِيْرًا بَعِيْرًا" [انظر: ٤٣٣٨]

ترجمہ: نبی ﷺ نے ایک چھوٹا لشکر نجد کی طرف بھیجا، اس میں عبداللہ بن عمرؓ تھے، پس انھوں نے غنیمت میں بہت

اونٹ پائے، پس ہر ایک کا حصہ بارہ یا گیارہ اونٹ تھے، اور وہ ایک ایک اونٹ انعام میں دیئے گئے۔

استدلال: یہ انعام آپؐ نے خمس میں سے دیا تھا، نبی ﷺ کو مصلحت کے مطابق خمس خرچ کرنے کا حق تھا۔

[۳۱۳۵-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُنَفِّلُ بَعْضَ مَنْ يَبْعَثُ مِنَ السَّرَايَا لِأَنْفُسِهِمْ خَاصَّةً، سِوَى قَسْمِ عَامَّةِ الْجَيْشِ.

ترجمہ: نبی ﷺ انعام دیا کرتے تھے بعض ان چھوٹے لشکروں کو جن کو بھیجتے تھے خاص طور پر ان کو، عام لشکر کی تقسیم کے علاوہ۔

تشریح: جب بڑا لشکر چلتا تھا تو اس میں سے چھوٹے لشکر دائیں بائیں روانہ کئے جاتے تھے وہ جو غنیمت لاتے تھے وہ سارے لشکر پر تقسیم ہوتی تھی، چھوٹے لشکر کو بھی اس میں سے حصہ ملتا تھا اور نبی ﷺ ان کو انعام کے طور پر بھی کچھ دیا کرتے تھے، وہ خمس میں سے دیتے تھے یا ساری غنیمت میں سے؟ اس میں اختلاف ہے۔

[۳۱۳۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، ثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: بَلَغَنَا مَخْرَجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ بِالْيَمَنِ، فَخَرَجْنَا مُهَاجِرِيْنَ إِلَيْهِ - أَنَا وَأَخَوَانِ لِيْ أَنَا أَصْغَرُهُمْ: أَحَدُهُمَا أَبُوْ بُرْدَةَ، وَالآخَرُ أَبُوْ رُهْمٍ - إِمَّا قَالَ: فِيْ بِضْعٍ، وَإِمَّا قَالَ: فِيْ ثَلَاثَةٍ وَخَمْسِيْنَ أَوِ اثْنَيْنِ وَخَمْسِيْنَ رَجُلاً مِنْ قَوْمِيْ، فَرَكِبْنَا سَفِيْنَةً، فَأَلْقَتْنَا سَفِيْنَتُنَا إِلَى النَّجَاشِيِّ بِالْحَبَشَةِ، وَوَافَقْنَا جَعْفَرَ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ وَأَصْحَابَهُ عِنْدَهُ فَقَالَ جَعْفَرٌ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَنَا هَاهُنَا، وَأَمَرَنَا بِالإِقَامَةِ، فَأَقِيْمُوْا مَعَنَا، فَأَقَمْنَا مَعَهُ حَتَّى قَدِمْنَا جَمِيْعًا، فَوَافَقْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ، فَأَسْهَمَ لَنَا - أَوْ قَالَ: فَأَعْطَانَا - مِنْهَا وَمَا قَسَمَ لِأَحَدٍ غَابَ عَنْ فَتْحِ خَيْبَرَ مِنْهَا شَيْئًا إِلَّا لِمَنْ شَهِدَ مَعَهُ، إِلَّا أَصْحَابَ سَفِيْنَتِنَا مَعَ جَعْفَرٍ وَأَصْحَابِهِ، قَسَمَ لَهُمْ مَعَهُمْ. [انظر: ۳۸۷۶، ۴۲۳۰، ۴۲۳۳]

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں یمن میں اطلاع ملی کہ نبی ﷺ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لے گئے، پس ہم آپؐ کی طرف ہجرت کے ارادہ سے نکلے، میں اور میرے دو بھائی، میں ان میں سب سے چھوٹا تھا، ایک کا نام ابو بردہؓ اور دوسرے کا نام ابورُہم تھا (پھر) یا تو ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا: بِضْع (چند) یا کہا ترپن یا کہا: باون ساتھیوں کے ساتھ میری قوم کے یعنی قافلہ باون یا ترپن کا تھا، ابوموسیٰ اشعریؓ کہتے ہیں: پس ہم کشتی میں سوار ہوئے، ہماری کشتی نے ہم کو حبشہ میں نجاشیؒ کی طرف ڈال دیا، اتفاقاً ہماری ملاقات حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں سے ہوئی، جو نجاشیؒ

کے پاس تھے، پس حضرت جعفرؓ نے کہا: نبی ﷺ نے ہمیں یہاں بھیجا ہے اور ہمیں ٹھہرنے کا حکم دیا ہے، تم بھی ہمارے ساتھ ٹھہرو، پس ہم ان کے ساتھ ٹھہر گئے، یہاں تک کہ ہم سب ایک ساتھ آئے، پس موافقت کی ہم نے نبی ﷺ سے جب آپؐ نے خیبر فتح کیا، یعنی اتفاقاً ہماری آمد فتح خیبر کے موقعہ پر ہوئی، پس نبی ﷺ نے ہمیں حصہ دیا، یا کہا: ہمیں دیا خیبر کی غنیمت میں سے، اور نہیں حصہ دیا کسی کو کچھ بھی جو فتح خیبر سے غیر حاضر رہا، صرف ان لوگوں کو حصہ دیا جو فتح خیبر میں موجود تھے، مگر ہماری کشتی والے حضرت جعفرؓ اور ان کے ساتھی مستثنیٰ ہیں، ان کو مجاہدین کے ساتھ حصہ دیا۔

استدلال: یہ حضرات بھی خمس کا مصرف نہیں تھے، مگر ان کو حصہ دیا، یہ استدلال بھی محل نظر ہے، یہ سب حضرات مساکین تھے اور وہ خمس کا مصرف تھے۔

[۳۱۳۷-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْیَانُ، ثَنَا ابْنُ الْمُنْکَدِرِ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَوْ قَدْ جَاءَ نَا مَالُ الْبَحْرَیْنِ قَدْ أَعْطَیْتُكَ هٰکَذَا وَهٰکَذَا وَهٰکَذَا" فَلَمْ یَجِیْءْ حَتّٰی قُبِضَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ سلم فَلَمَّا جَاءَ مَالُ الْبَحْرَیْنِ أَمَرَ أَبُوْ بَکْرٍ مُنَادِیًا، فَنَادٰی: مَنْ کَانَ لَهُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم دَیْنٌ أَوْ عِدَةٌ فَلْیَأْتِنَا، فَأَتَیْتُهُ فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لِیْ کَذَا وَکَذَا، فَحَثَا لِیْ ثَلَاثًا، وَجَعَلَ سُفْیَانُ یَحْثُوْ بِکَفَّیْهِ جَمِیْعًا. ثُمَّ قَالَ لَنَا: هٰکَذَا قَالَ لَنَا ابْنُ الْمُنْکَدِرِ، وَقَالَ مَرَّةً: فَأَتَیْتُ أَبَا بَکْرٍ، فَسَأَلْتُهُ فَلَمْ یُعْطِنِیْ، ثُمَّ أَتَیْتُه فَلَمْ یُعْطِنِی، ثُمَّ أَتَیْتُهُ الثَّالِثَةَ فَقُلْتُ: سَأَلْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِیْ، ثُمَّ سَأَلْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِیْ، ثُمَّ سَأَلْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِیْ، فَإِمَّا أَنْ تُعْطِیَنِیْ، وَإِمَّا أَنْ تَبْخَلَ عَنِّیْ، قَالَ: قُلْتَ: تَبْخَلَ عَنِّیْ؟ مَا مَنَعْتُكَ مِنْ مَرَّةٍ إِلَّا وَأَنَا أُرِیْدُ أَنْ أُعْطِیَكَ.

قَالَ سُفْیَانُ: وَحَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ جَابِرٍ: فَحَثٰی لِیْ حَثْیَةً وَقَالَ: عُدَّهَا، فَوَجَدْتُهَا خَمْسَ مِائَةٍ. قَالَ: فَخُذْ مِثْلَهَا مَرَّتَیْنِ، وَقَالَ: یَعْنِی ابْنَ الْمُنْکَدِرِ: وَأَیُّ دَاءٍ أَدْوَأُ مِنَ الْبُخْلِ.

[راجع: ۲۲۹۶]

وضاحت: یہ حدیث پہلے آئی ہے، نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے وعدہ کیا تھا کہ بحرین کا محصول آئے گا تو میں تمہیں اتنا دوں گا، اس وعدہ کو وفاتِ نبوی کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پورا کیا، اس سے استدلال کیا ہے کہ حضرت جابرؓ اس مال کا مصرف نہیں تھے، حالانکہ یہ مالِ جزیہ اور محصول کا تھا، خمس یا فئے کا نہیں تھا۔

[۳۱۳۸-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، ثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقْسِمُ غَنِیْمَةً بِالْجِعْرَانَةِ إِذْ قَالَ لَهُ رَجُلٌ: اعْدِلْ، قَالَ: "لَقَدْ شَقِیْتُ إِنْ لَمْ أَعْدِلْ"

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جعرانہ میں حنین کی غنیمت تقسیم کررہے تھے، اچانک ذوالخُویصرہ نے کہا: انصاف کیجئے، یعنی مجھے دیجئے! نبی ﷺ نے فرمایا: میں بدبخت ٹھہروں گا اگر انصاف نہ کروں۔ اس سے استدلال کیا ہے کہ ذوالخویصرہ خمس میں سے مانگ رہا تھا، آپؐ نے اس کو نہیں دیا، پس اس نے انصاف کرنے کی بات کہی، معلوم ہوا کہ خمس کے مصارف متعین نہیں۔

بَابُ مَامَنَّ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی الْأُسَارَی مِنْ غَیْرِ أَنْ یُخَمِّسَ

نبی ﷺ نے قیدیوں پر خمس نکالے بغیر احسان کیا

حدیث: بدر کے قیدیوں کے بارے میں جبیر بن مطعم نے گفتگو کی کہ ان کو فدیہ لئے بغیر چھوڑ دیا جائے، پس آپؐ نے فرمایا: اگر تمہارا باپ زندہ ہوتا اور وہ ان گندوں کے بارے میں گفتگو کرتا تو میں ان کو اس کی خاطر چھوڑ دیتا (قیدیوں کو گندہ کہا: ان کے کفر وشرک کی وجہ سے)

تشریح: مطعم بن عدی کے نبی ﷺ پر دو احسان تھے، **ایک:** قریش نے جو آپ کا بائیکاٹ کیا تھا اس کے ختم کرنے میں مطعم کا بڑا ہاتھ تھا۔ **دوم:** ابوطالب اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے بعد جب آپؐ مکہ والوں سے تنگ آکر طائف تشریف لے گئے تو وہ بری طرح پیش آئے اور آپؐ کو شہر بدر کردیا، اس وقت آپؐ مطعم کی پناہ میں مکہ واپس آئے تھے، اس لئے آپؐ نے فرمایا: اگر وہ زندہ ہوتا اور ان قیدیوں کے بارے میں گفتگو کرتا تو میں ان کو مفت چھوڑ دیتا، اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ آپؐ خمس نکالے بغیر چھوڑ دیتے، معلوم ہوا کہ خمس کے مصارف متعین نہیں۔

فائدہ: غنیمت مجاہدین کی ملک کب ہوتی ہے؟ مالکیہ اور حنفیہ کے نزدیک تقسیم کے بعد بنتی ہے اور شوافع کے نزدیک ہاتھ آتے ہیں ملک بن جاتی ہے، پس امام بخاریؒ کا استدلال شوافع کے مسلک پر تو صحیح ہے مگر حنفیہ اور مالکیہ کے مسلک پر صحیح نہیں۔

[۱۶-] بَابُ مَامَنَّ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی الْأُسَارَی مِنْ غَیْرِ أَنْ یُخَمِّسَ

[۳۱۳۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَیْرِ ابْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ فِیْ أُسَارَی بَدْرٍ: لَوْ کَانَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِیٍّ حَیًّا، ثُمَّ کَلَّمَنِیْ فِیْ هٰؤُلَآءِ النَّتْنَی، لَتَرَکْتُهُمْ لَهُ. [انظر: ۴۰۲۴]

بَابٌ: وَمِنَ الدَّلِیْلِ عَلٰی أَنَّ الْخُمُسَ لِلإِمَامِ، وَأَنَّهُ یُعْطِی بَعْضَ قَرَابَتِهِ

اس کی دلیل کہ خمس میں امیر کو اختیار ہے، بعض رشتہ داروں کو دے اور بعض کو نہ دے: ایسا کرسکتا ہے

پہلے (باب ۶ میں) لنوائب رسول اللہ آیا تھا۔ پھر (باب ۱۵ میں) لنوائب المسلمین آیا، پس نیا باب ہوگیا، اب

للإمام آیا تو تیسرا باب بن گیا، یہ سب تفنن ہے، اور مسئلہ ایک ہی چل رہا ہے، اور امام سے مراد امیر المؤمنین ہے، خمس میں جو ذوی القربیٰ کا حق ہے اگر امام بعض کو دے اور بعض کو نہ دے تو ایسا کرسکتا ہے، اور اس کی دو دلیلیں ہیں:

پہلی دلیل: خیبر کے خمس میں سے نبی ﷺ نے بنو مطلب اور بنو ہاشم کو دیا اور بنو عبد شمس اور بنو نوفل کو نہیں دیا، حالانکہ عبد مناف کے چار لڑکے تھے، ہاشم، مطلب، عبد شمس اور نوفل، پس چاروں برابر کے رشتہ دار تھے، مگر دو کو دیا اور دو کو نہیں دیا۔ معلوم ہوا کہ امیر کو اختیار ہے جس کو چاہے دے جس کو چاہے نہ دے، کیونکہ ذوی القربیٰ مصرف ہیں مستحق نہیں۔

دوسری دلیل: حضرت عمر بن عبد العزیزؒ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے خیبر کے خمس میں سے تمام قریشیوں کو نہیں دیا، صرف بنو ہاشم اور بنو مطلب کو دیا، اور جن بطون کو دیا ان کو بھی سب کو نہیں دیا، رشتہ میں حضور ﷺ سے قریب کون ہے اور دور کون ہے؟ اس کا لحاظ نہیں کیا، بلکہ حاجت مند کون ہے؟ اس کو دیکھا، جو حاجت مند تھا اس کو دیا اور قریب والے کو چھوڑ دیا۔

حضرت عمر رحمہ اللہ کے قول کا لفظی ترجمہ: فرمایا: خیبر کے خمس میں سے نبی ﷺ نے سب قریشیوں کو نہیں دیا، نہ قریب کو خاص کیا، اس کو چھوڑ کر جو مال کا زیادہ محتاج تھا اگرچہ وہ شخص جس کو دیا وہ دور کا رشتہ دار تھا، کیونکہ وہ حاجت کی شکایت کرتا تھا اور نہ بایں وجہ (روکا) کہ اس کی جانب سے اذیت پہنچی تھی۔

حدیث: حضرات جبیر اور عثمان رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: آپؐ نے مطلب کی اولاد کو دیا اور ہمیں چھوڑ دیا، حالانکہ ہم اور وہ ایک درجہ کے رشتہ دار ہیں، آپؐ نے فرمایا: بنو مطلب اور بنو ہاشم ایک چیز ہیں یعنی جاہلیت اور اسلام میں متحد رہے ہیں، بنو ہاشم کا جو بائیکاٹ کیا گیا تھا اس میں بنو مطلب کو بھی لیا گیا تھا، بنو نوفل اور بنو عبد شمس کو نہیں لیا گیا تھا۔

فائدہ: عبد شمس، ہاشم اور مطلب حقیقی بھائی ہیں ان کی ماں عاتکہ ہے، اور نوفل کی ماں واقدہ ہے، پس وہ صرف باپ شریک ہے، مگر نسب میں باپ کا اعتبار ہوتا ہے۔

[۱۷-] بَابٌ: وَمِنَ الدَّلِيْلِ عَلٰى أَنَّ الْخُمُسَ لِلإِمَامِ، وَأَنَّهُ يُعْطِىْ بَعْضَ قَرَابَتِهِ دُوْنَ بَعْضٍ

[۱-] مَاقَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِبَنِي الْمُطَّلِبِ وَبَنِىْ هَاشِمٍ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ.

[۲-] وَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ: لَمْ يَعُمَّهُمْ بِذٰلِكَ، وَلَمْ يُخُصَّ قَرِيْبًا، دُوْنَ مَنْ هُوَ أَحْوَجُ إِلَيْهِ، وَإِنْ كَانَ الَّذِىْ أَعْطَى، لِمَا يَشْكُوْ إِلَيْهِ مِنَ الْحَاجَةِ، وَلِمَا مَسَّهُمْ فِىْ جَنْبِهِ مِنْ قَوْمِهِمْ وَحُلَفَائِهِمْ.

[۳۱۴۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: مَشَيْتُ أَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ إِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَعْطَيْتَ بَنِى الْمُطَّلِبِ وَتَرَكْتَنَا، وَنَحْنُ وَهُمْ مِنْكَ بِمَنْزِلَةٍ وَاحِدَةٍ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّمَا بَنُوْ الْمُطَّلِبِ وَبَنُوْ هَاشِمٍ شَيْئٌ وَاحِدٌ"

وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِيْ يُوْنُسُ، وَزَادَ: قَالَ جُبَيْرٌ: وَلَمْ يَقْسِمِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِبَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ وَلَا لِبَنِيْ نَوْفَلٍ، وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: وَعَبْدُ شَمْسٍ وَهَاشِمٌ وَالْمُطَّلِبُ إِخْوَةٌ لِأُمٍّ، وَأُمُّهُمْ عَاتِكَةُ بِنْتُ مُرَّةَ، وَكَانَ نَوْفَلٌ أَخَاهُمْ لِأَبِيْهِمْ.[انظر: ۳۵۰۲، ۴۳۲۹]

وضاحت: قوله: ومن الدليل: واوَ: استفتاح کا ہے، کلام کے شروع میں آتا ہے، عاطفہ نہیں (عمدہ)............اور من الدليل: خبر مقدم ہے، اور بعد کے دونمبر مبتدا مؤخر ہیں۔

بَابُ مَنْ لَمْ يُخَمِّسِ الْأَسْلَابَ، وَمَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ سَلَبُهُ مِنْ غَيْرِ الْخُمْسِ، وَحُكْمِ الإِمَامِ فِيْهِ

امام نے مقتول کے سازوسامان میں سے خمس نہیں نکالا

جنگ میں اگر مسلمان کافر کو قتل کرے تو مقتول کے پاس جو سامان ہے وہ قاتل کو ملتا ہے، رہی یہ بات کہ وہ اس کا حق ہے یا انعام؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک انعام ہے حق نہیں، امیر دینا چاہے تو دے نہ دینا چاہے تو نہ دے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بشمول صاحبین یہ اس کا حق ہے، امیر روک نہیں سکتا، اور اس سلسلہ میں جو روایت ہے: مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ سَلَبُهُ: جو کسی کو مارے اس کا سازوسامان قاتل کے لئے ہے، یہ ارشاد جنگوں میں اعلان تھا یا مسئلہ؟ امام اعظم رحمہ اللہ کہتے ہیں: بعض جنگوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اعلان کیا تھا، مسئلہ نہیں تھا، دوسرے حضرات کہتے ہیں: یہ مسئلہ تھا، پس جب امیر مقتول کا سازوسامان قاتل کو دے گا تو اس میں سے خمس نہیں نکالے گا۔ معلوم ہوا کہ خمس کے مصارف متعین نہیں قاتل کو بھی خمس دے سکتے ہیں، **قوله**: مِنْ غَيْرِ الْخُمُس: خمس نکالے بغیر۔

[۱۸-] بَابُ مَنْ لَمْ يُخَمِّسِ الْأَسْلَابَ وَمَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ سَلَبُهُ مِنْ غَيْرِ الْخُمُسِ، وَحُكْمِ الإِمَامِ فِيْهِ.

[۳۱۴۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: بَيْنَا أَنَا وَاقِفٌ فِي الصَّفِّ يَوْمَ بَدْرٍ، نَظَرْتُ عَنْ يَمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ، فَإِذَا أَنَا بِغُلَامَيْنِ مِنَ الْأَنْصَارِ، حَدِيْثَةٍ أَسْنَانُهُمَا، تَمَنَّيْتُ أَنْ أَكُوْنَ بَيْنَ أَضْلَعَ مِنْهُمَا، فَغَمَزَنِيْ أَحَدُهُمَا، فَقَالَ: يَا عَمِّ! هَلْ تَعْرِفُ أَبَا جَهْلٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، مَا حَاجَتُكَ إِلَيْهِ يَا ابْنَ أَخِيْ؟ قَالَ: أُخْبِرْتُ أَنَّهُ يَسُبُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَئِنْ رَأَيْتُهُ لَا يُفَارِقُ سَوَادِيْ سَوَادَهُ حَتَّى يَمُوْتَ الْأَعْجَلُ مِنَّا، فَتَعَجَّبْتُ لِذٰلِكَ، فَغَمَزَنِي الْآخَرُ، فَقَالَ لِيْ مِثْلَهَا، فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ نَظَرْتُ إِلٰى أَبِيْ جَهْلٍ يَجُوْلُ فِي النَّاسِ، فَقُلْتُ: أَلَا! إِنَّ هٰذَا صَاحِبُكُمَا الَّذِيْ سَأَلْتُمَانِيْ، فَابْتَدَرَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا، فَضَرَبَاهُ حَتَّى قَتَلَاهُ.

ثُمَّ انْصَرَفَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَاهُ، فَقَالَ: " أَيُّكُمَا قَتَلَهُ؟" قَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا: أَنَا قَتَلْتُهُ، فَقَالَ: " هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا؟" قَالَا: لَا، فَنَظَرَ فِي السَّيْفَيْنِ فَقَالَ: " كِلَاكُمَا قَتَلَهُ، سَلَبُهُ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ" وَكَانَا مُعَاذَ بْنَ عَفْرَاءَ، وَمُعَاذَ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ.

قَالَ مُحَمَّدٌ: سَمِعَ يُوْسُفُ صَالِحًا، وَإِبْرَاهِيْمُ أَبَاهُ. [انظر: ۳۹۶۴، ۳۹۸۸]

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں جنگِ بدر میں صف میں کھڑا تھا، میں نے دائیں بائیں دیکھا، اچانک میں دو انصاری لڑکوں کے درمیان تھا جو دونوں نوعمر تھے، پس میں نے تمنا کی کہ کاش ہوتا میں ان دونوں سے زیادہ قوی کے درمیان، پس ان میں سے ایک نے میرا بازو دبایا، اور کہا: چچا! آپ ابوجہل کو جانتے ہیں؟ میں نے کہا: ہاں، تجھے اس سے کیا لینا ہے اے بھتیجے؟! اس نے کہا: میں بتلایا گیا ہوں کہ وہ نبی ﷺ کو گالیاں دیتا ہے، اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! بخدا! اگر میں نے اس کو دیکھ لیا تو نہیں جدا ہوگی میری ذات اس کی ذات سے یہاں تک کہ مارا جائے ہم میں سے وہ جس کی موت جلدی آنی ہے، پس مجھے اس کی بات پر بڑی حیرت ہوئی، پھر دوسرے نے میرا بازو دبایا اور اس نے بھی مجھ سے ایسی ہی بات کہی، پھر زیادہ دیر نہیں گذری کہ میں نے ابوجہل کو دیکھا، وہ لوگوں میں گھوم رہا تھا، پس میں نے کہا: سنو! یہ ہے تمہارا ساتھی، جس کے بارے میں تم دونوں نے مجھ سے پوچھا تھا، پس دونوں اس پر جھپٹے اپنی تلواروں کے ساتھ، پس دونوں نے اس کو مارا یہاں تک کہ اس کو قتل کر دیا، پھر دونوں لوٹ کر آئے نبی ﷺ کے پاس، اور آپؐ کو یہ بات بتلائی، آپؐ نے پوچھا: تم دونوں میں سے کس نے اس کو قتل کیا؟ دونوں میں سے ہر ایک نے کہا: میں نے اس کو قتل کیا، آپؐ نے پوچھا: تم دونوں نے اپنی تلواریں پونچھ ڈالی ہیں؟ دونوں نے کہا: نہیں، پس آپؐ نے دونوں کی تلواریں دیکھیں اور فرمایا: تم دونوں ہی نے اس کو قتل کیا ہے، اس کا ساز وسامان معاذ بن عمرو بن الجموح کے لئے ہے اور وہ دونوں عفراء کا بیٹا معاذ اور عمرو بن جموح کا بیٹا معاذؓ تھے۔

[۳۱۴۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ أَفْلَحَ، عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰى أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ حُنَيْنٍ، فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ، فَرَأَيْتُ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ عَلَا رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَاسْتَدَرْتُ حَتّٰى أَتَيْتُهُ مِنْ وَرَائِهِ، حَتّٰى ضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهِ، فَأَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَجَدْتُ مِنْهَا رِيْحَ الْمَوْتِ، ثُمَّ أَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَأَرْسَلَنِيْ، فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ لَهُ: مَا بَالُ النَّاسِ؟ قَالَ: أَمْرُ اللّٰهِ! ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ رَجَعُوْا، وَجَلَسَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهُ سَلَبُهُ" فَقُمْتُ فَقُلْتُ: مَنْ يَشْهَدُ لِيْ؟ ثُمَّ جَلَسْتُ، ثُمَّ قَالَ: " مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهُ سَلَبُهُ" فَقُمْتُ، فَقُلْتُ: مَنْ يَشْهَدُ لِيْ؟ ثُمَّ جَلَسْتُ، ثُمَّ قَالَ الثَّالِثَةَ مِثْلَهُ، فَقُمْتُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله

عليه وسلم:'' مَالَكَ يَا أَبَا قَتَادَةَ؟'' فَاقْتَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! صَدَقَ، وَسَلَبُهُ عِنْدِيْ، فَأَرْضِهِ عَنِّيْ، فَقَالَ أَبُوْبَكْرِ الصِّدِّيْقُ: لَاهَا اللّٰهِ! إِذًا لَايَعْمِدُ إِلٰى أَسَدٍ مِنْ أُسْدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ يُعْطِيْكَ سَلَبَهُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' صَدَقَ'' فَأَعْطَاهُ، فَبِعْتُ الدِّرْعَ، فَابْتَعْتُ بِهِ مَخْرَفًا فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ فَإِنَّهُ لَأَوَّلُ مَالٍ تَأَثَّلْتُهُ فِي الإِسْلَامِ. [راجع: ۲۱۰۰]

ترجمہ: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حنین والے سال ہم نبی ﷺ کے ساتھ نکلے، پس جب ہم باہم ملے تو مسلمانوں کے لئے بھاگنا تھا، پس میں نے ایک مشرک کو دیکھا: وہ ایک مسلمان پر چڑھا جارہا، پس میں گھوما یہاں تک کہ میں اس کے پیچھے سے آیا اور میں نے اس کو اس کے شانہ کی رگ پر تلوار ماری وہ میری طرف متوجہ ہوا اور مجھے ایسا بھینچا کہ مجھے اس سے موت کی بو آنے لگی، پھر اس کو موت نے پکڑلیا، اور اس نے مجھے چھوڑ دیا، پھر میری حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، میں نے ان سے پوچھا: لوگوں کا کیا حال ہوا؟ انھوں نے فرمایا: اللہ کا فیصلہ! پھر لوگ لوٹے اور نبی ﷺ تشریف فرما ہوئے اور فرمایا: جس نے کسی کو مارا ہے اور اس کے پاس اس کے گواہ ہیں تو اس کے لئے اس کا سازوسامان ہے، میں کھڑا ہوا اور میں نے کہا: میرے لئے کون گواہی دیتا ہے؟ پھر میں بیٹھ گیا، پھر آپؐ نے فرمایا: جس نے کسی کو مارا ہے اور اس کے پاس اس کے گواہ ہیں تو اس کے لئے اس کا سازوسامان ہے؟ میں کھڑا ہوا اور میں نے کہا: کون میرے لئے گواہی دیتا ہے؟ پھر میں بیٹھ گیا، پھر آپؐ نے تیسری مرتبہ یہی بات فرمائی پھر میں کھڑا ہوا، آپؐ نے پوچھا: ابوقتادہ! کیا بات ہے؟ میں نے آپؐ کے سامنے سارا قصہ بیان کیا، پس ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! انھوں نے سچ کہا، اور اس کا سامان میرے پاس ہے، پس آپؐ ان کو میری طرف سے راضی کردیں یعنی سامان میں سے کچھ دے کر خوش کردیں۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں، قسم خدا کی! تب نہیں قصد کریں گے نبی ﷺ اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر کا جو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لڑتا ہے، پس دیدیں وہ تجھے اس کا سامان! نبی ﷺ نے فرمایا: ابوبکرؓ نے صحیح کہا، پس آپؐ نے وہ سامان ابوقتادہؓ کو دیا، ابو قتادہؓ کہتے ہیں: میں نے زرہ بیچ دی اور اس سے بنوسلمہ کے علاقہ میں ایک باغ خریدا، پس بیشک وہ البتہ میرا پہلا مال تھا جو سرمایہ بنا، مسلمان ہونے کے بعد، یعنی اس سے پہلے کماتا تھا اور کھاتا تھا، جمع کچھ نہیں ہوتا تھا، اب یہ باغ میرا سرمایہ بنا۔

لغت: ھا: برائے تنبیہ ہے، قسم میں لفظ اللہ پر داخل ہوتا ہے، جبکہ حرف قسم حذف کردیا جائے۔

بَابُ مَا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُعْطِي الْمُؤَلَّفَةَ قُلُوْبُهُمْ وَغَيْرَهُمْ مِنَ الْخُمُسِ وَنَحْوِهِ

نبی ﷺ خمس اور اس کے مانند سے جو مؤلفۃ القلوب وغیرہ کو دیا کرتے تھے

المؤلَّفة: اسم مفعول، اور قلوبهم اس کا نائب فاعل ہے: وہ لوگ جن کے دلوں کو جوڑا گیا۔ اور اس باب میں دو تعمیم ہیں،

ایک غیرھم، دوسری نحوہ۔ نبی ﷺ خمس میں سے تالیف قلب کے لئے دیتے تھے، اوران کے علاوہ لوگوں کو بھی دیتے تھے، اورخمس میں سے دیتے تھے اوراس کے مانند اموال میں سے بھی دیتے تھے، یہ دو تعمیم یادرکھنی چاہئیں۔ آخری حدیث کی باب سے تطبیق میں اس کی ضرورت پڑے گی۔

مؤلفۃ القلوب کا ذکر زکوۃ کے مصارف میں آیا ہے، جب ان کو زکوۃ دے سکتے ہیں تو خمس بدرجہ اولیٰ دے سکتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا یہی دعوی ہے کہ خمس چار مصارف میں منحصر نہیں، مؤلفۃ القلوب وغیرہ کو بھی دے سکتے ہیں، اورخمس کے علاوہ دیگر اموال میں سے بھی دے سکتے ہیں۔

اور باب کے شروع میں عبداللہ بن زید کی جس حدیث کا حوالہ ہے وہ آگے (حدیث ۴۳۳۰) آرہی ہے، اس میں یہ جملہ ہے: لَمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَسَمَ فِي النَّاسِ فِي الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ: غزوۂ حنین میں جب نبی ﷺ کو غنیمت ملی تو آپؐ نے اس کو لوگوں میں بانٹا، اورمؤلفۃ القلوب کو بھی دیا۔

پھر باب کی پہلی حدیث ہے جو پہلے گذری ہے، حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے حنین کی غنیمت میں سے سوال کیا، آپؐ نے ان کو دومرتبہ سو سو اونٹ دیئے، پھر ان کو نصیحت کی کہ جو مال اشراف نفس سے ملتا ہے اس میں برکت نہیں ہوتی، اس حدیث سے یہ استدلال کرنا ہے کہ نبی ﷺ نے خمس میں سے حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کو دیا۔

اس کے بعد کی حدیث میں یہ مضمون ہے کہ نبی ﷺ نے حنین کی غنیمت میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دو باندیاں دی تھیں، جب ہوازن کو ان کے قیدی واپس کئے گئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان دو باندیوں کو آزاد کردیا، یہ دونوں باندیاں مکہ کے کسی گھر میں تھیں۔ اور یہ حدیث اس باب میں اس لئے لائے ہیں کہ اس کے بعض طرق میں ہے کہ یہ باندیاں حنین کے خمس میں سے دی تھیں، اورحضرت عمرؓ باب میں جو غیرھم آیا ہے: اس کا مصداق ہیں۔

[۱۹-] بَابُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُعْطِي الْمُؤَلَّفَةَ قُلُوْبُهُمْ وَغَيْرَهُمْ مِنَ الْخُمُسِ وَنَحْوِهِ

رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۱۴۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَعُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ قَالَ لِيْ: "يَا حَكِيْمُ! إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ، وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى" قَالَ حَكِيْمٌ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَرْزَأُ أَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى أُفَارِقَ الدُّنْيَا، فَكَانَ

أَبُوْ بُكْرٍ يَدْعُو حَكِيْمًا لِيُعْطِيَهُ الْعَطَاءَ فَيَأْبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا، ثُمَّ إِنَّ عُمَرَ دَعَاهُ لِيُعْطِيَهُ فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ! إِنِّيْ أُعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ الَّذِيْ قَسَمَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لَهُ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ فَيَأْبَى أَنْ يَأْخُذَهُ، فَلَمْ يَرْزَأْ حَكِيْمٌ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ شَيْئًا بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى تُوُفِّيَ. [راجع: ۱٤۷۲]

[۳۱٤٤-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهُ كَانَ عَلَيَّ اعْتِكَافُ يَوْمٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَفِيَ بِهِ، قَالَ: وَأَصَابَ عُمَرُ جَارِيَتَيْنِ مِنْ سَبْيِ حُنَيْنٍ فَوَضَعَهُمَا فِي بَعْضِ بُيُوْتِ مَكَّةَ، قَالَ: فَمَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى سَبْيِ حُنَيْنٍ فَجَعَلُوْا يَسْعَوْنَ فِي السِّكَكِ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! انْظُرْ مَا هٰذَا؟ قَالَ: مَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى السَّبْيِ، قَالَ: اذْهَبْ فَأَرْسِلِ الْجَارِيَتَيْنِ، قَالَ نَافِعٌ: وَلَمْ يَعْتَمِرْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْجِعْرَانَةِ، وَلَوِ اعْتَمَرَ لَمْ يَخْفَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ، وَزَادَ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَقَالَ: مِنَ الْخُمُسِ، قَالَ وَرَوَاهُ مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ فِي النَّذْرِ وَلَمْ يَقُلْ: يَوْمٍ. [راجع: ۲۰۳۲]

وضاحت: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ مختلف طرح سے مروی ہے، ہوازن کا قبیلہ مدینہ میں آیا تھا یا جعرانہ میں؟ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جعرانہ میں آیا تھا، مگر عام روایات میں ہے کہ وہ لوگ مدینہ میں آئے تھے، واللہ اعلم

آئندہ حدیث بھی پہلے آئی ہے، نبی ﷺ نے حنین کی غنیمت کے خمس میں سے کچھ لوگوں کو دیا اور کچھ کو نہیں دیا، جن کو نہیں دیا وہ ناراض ہوئے، پس آپؐ نے فرمایا: میں بعض کو دیتا ہوں اور بعض کو نہیں دیتا، میرے پیش نظر ان کی ایمانی حالت ہوتی ہے، جن کی ایمانی حالت کمزور دیکھتا ہوں ان کو دیتا ہوں اور جن کی ایمانی حالت مضبوط دیکھتا ہوں ان کو نہیں دیتا، جیسے عمرو بن تغلبؓ کی ایمانی حالت قوی ہے اس لئے میں نے ان کو نہیں دیا، عمرو بن تغلبؓ کہتے ہیں: آپؐ کا یہ ارشاد میرے لئے سرخ اونٹوں سے زیادہ قیمتی ہے، اگر آپؐ مجھے دیتے تو اتنی خوشی نہ ہوتی جتنی اس ارشاد سے ہوئی۔

اس کے بعد کی روایت میں بھی یہی مضمون ہے، آپؐ نے فرمایا: میں قریش کو دیتا ہوں تا کہ ان کے دل اسلام سے جڑیں، اس لئے کہ وہ ابھی جاہلیت سے نکل کر آئے ہیں۔

[۳۱٤٥-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، ثَنَا الْحَسَنُ، ثَنِيْ عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ، قَالَ: أَعْطَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَوْمًا وَمَنَعَ آخَرِيْنَ، فَكَأَنَّهُمْ عَتَبُوْا عَلَيْهِ، فَقَالَ: إِنِّيْ أُعْطِي قَوْمًا أَخَافُ ظَلَعَهُمْ وَجَزَعَهُمْ، وَأَكِلُ قَوْمًا إِلٰى مَاجَعَلَ اللّٰهُ فِي قُلُوْبِهِمْ مِنَ الْخَيْرِ وَالْغِنٰى! مِنْهُمْ عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ، فَقَالَ عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ: مَا أُحِبُّ أَنَّ لِيْ بِكَلِمَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حُمْرَ النَّعَمِ.

زَادَ أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أُتِيَ بِمَالٍ أَوْ: بِسَبْيٍ فَقَسَمَهُ، بِهٰذَا. [راجع: ۹۲۳]

[٣١٤٦-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنِّيْ أُعْطِي قُرَيْشًا أَتَأَلَّفُهُمْ، لِأَنَّهُمْ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ"[انظر: ٣١٤٧، ٣٥٢٨، ٣٧٧٨، ٣٧٩٣، ٤٣٣١، ٤٣٣٢، ٤٣٣٣، ٤٣٣٤، ٤٣٣٧، ٥٨٦٠، ٦٧٦٢، ٧٤٤١]

لغت: ظَلَع: پیروں کا نقص، مراد عیب، کمزوری............جزَع: گھبراہٹ، بے چینی۔

آئندہ حدیث: میں ہے کہ نبی ﷺ نے حنین کی غنیمت کے خمس میں سے قریش کو سوسو اونٹ دیئے اور انصار کو کچھ نہیں دیا، کچھ نوجوانوں نے شکوہ کیا، نبی ﷺ نے ان کو مطمئن کیا۔ حدیث کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[٣١٤٧-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ، أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ نَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ قَالُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حِيْنَ أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَمْوَالِ هَوَازِنَ مَا أَفَاءَ اللّٰهُ، فَطَفِقَ يُعْطِيْ رِجَالاً مِنْ قُرَيْشٍ الْمِائَةَ مِنَ الإِبِلِ، فَقَالُوْا: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ! يُعْطِيْ قُرَيْشًا وَيَدَعُنَا وَسُيُوْفُنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَائِهِمْ، قَالَ أَنَسٌ: فَحُدِّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه سلم بِمَقَالَتِهِمْ، فَأَرْسَلَ إِلَى الْأَنْصَارِ، فَجَمَعَهُمْ فِيْ قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ، وَلَمْ يَدْعُ مَعَهُمْ أَحَدًا غَيْرَهُمْ، فَلَمَّا اجْتَمَعُوْا جَاءَ هُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَا كَانَ حَدِيْثٌ بَلَغَنِيْ عَنْكُمْ؟" قَالَ لَهُ فُقَهَاؤُهُمْ: أَمَّا ذَوُوْرَأْيِنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَلَمْ يَقُوْلُوْا شَيْئًا، وَأَمَّا أُنَاسٌ مِنَّا حَدِيْثَةٌ أَسْنَانُهُمْ، فَقَالُوْا: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ! يُعْطِيْ قُرَيْشًا وَيَتْرُكُ الْأَنْصَارَ، وَسُيُوْفُنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَائِهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنِّيْ أُعْطِيَ رِجَالاً حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِكُفْرٍ، أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالْأَمْوَالِ وَتَرْجِعُوْا إِلٰى رِحَالِكُمْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ؟ فَوَاللّٰهِ مَا تَنْقَلِبُوْنَ بِهِ خَيْرٌ مِمَّا يَنْقَلِبُوْنَ بِهِ" قَالُوْا: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ رَضِيْنَا، فَقَالَ لَهُمْ: "إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ أَثْرَةً شَدِيْدَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوُا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ عَلَى الْحَوْضِ" قَالَ أَنَسٌ: فَلَمْ نَصْبِرْ. [راجع: ٣١٤٦]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: انصار کے کچھ لوگوں نے نبی ﷺ کے بارے میں کہا جب لوٹایا اللہ نے اپنے رسول پر ہوازن کے اموال میں سے جو لوٹایا، پس آپ قریش کے آدمیوں کو سوسو اونٹ دینے لگے، انصار نے کہا: اللہ تعالیٰ رسول اللہ کو معاف فرمائیں، قریش کو دے رہے ہیں اور ہمیں چھوڑ رہے ہیں، حالانکہ ہماری تلواریں ان کے خون سے ٹپک رہی ہیں، یعنی ہم نے مکہ لڑکر فتح کیا ہے، حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ کو ان کی یہ بات پہنچائی گئی، آپؐ نے انصار کے پاس آدمی بھیجا، پس ان کو ایک چمڑے کے خیمہ میں جمع کیا، اور ان کے ساتھ ان کے علاوہ کسی کو نہیں بلایا، جب وہ جمع ہوگئے تو نبی ﷺ ان کے پاس پہنچے اور پوچھا: وہ کیا بات ہے جو مجھے تمہاری طرف سے پہنچی ہے؟ پس انصار کے سمجھداروں نے آپؐ سے کہا: رہے ہمارے ذی رائے اے اللہ کے رسول! تو انھوں نے کوئی بات نہیں کہی اور رہے ہم میں

سے کچھ لوگ جو نوجوان ہیں انھوں نے کہا: اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کو معاف کریں! قریش کو دیتے ہیں اور انصار کو چھوڑتے ہیں، حالانکہ ہماری تلواریں ان کے خون سے ٹپک رہی ہیں، پس آپؐ نے فرمایا: میں دیتا ہوں ایسے لوگوں کو جن کا زمانہ کفر سے قریب ہے، یعنی وہ ابھی مسلمان ہوئے ہیں، کیا تم راضی نہیں ہو کہ لوگ اموال کے ساتھ لوٹیں اور تم اپنے گھروں کی طرف اللہ کے رسول کے ساتھ لوٹو، پس بخدا! وہ چیز جس کے ساتھ تم لوٹو گے بہتر ہے اس چیز سے جس کے ساتھ وہ لوٹیں گے۔ انصار نے جواب دیا: کیوں نہیں اے اللہ کے رسول! ہم راضی ہیں، پس ان سے نبی ﷺ نے فرمایا: عنقریب دیکھو گے تم میرے بعد سخت ترجیح، پس صبر کرنا یہاں تک کہ تم اللہ سے اور حوض کوثر پر اس کے رسول سے ملاقات کرو، یعنی یہ قریش جن کو آج دیا جارہا ہے کل حکومت کے مالک ہوں گے اور انصار کو نظر انداز کریں گے، اس وقت صبر کرنا، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس ہم صبر نہیں کر سکے!

اس کے بعد کی حدیث پہلے گذری ہے، نبی ﷺ لوگوں کے ساتھ حنین سے واپس آرہے تھے، بدّو آپؐ کے ساتھ الجھ گئے، وہ آپؐ سے مال مانگ رہے تھے، یہاں تک کہ انھوں نے آپؐ کو ایک کیکر کے درخت کی طرف پناہ لینے پر مجبور کر دیا اور آپؐ کی چادر چھین لی، آپؐ نے فرمایا: میری چادر مجھے دو، اگر ان جھاڑیوں کے بقدر جانور ہوتے تو میں ان کو تمہارے درمیان تقسیم کر دیتا، پھر تم مجھے نہ بخیل پاتے نہ جھوٹا نہ بزدل!

اس کے بعد کی حدیث میں بھی تقریباً یہی مضمون ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا اور آپؐ نے نجرانی چادر اوڑھ رکھی تھی، اس کے کنارے موٹے تھے، پس آپؐ سے ایک بدّو ملا، اس نے چادر سخت کھینچی، یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ نبی ﷺ کا کندھا چادر کے کنارے سے متاثر ہو گیا، اس کے سخت کھینچنے کی وجہ سے، پھر بدّو نے کہا: میرے لئے حکم دیجئے اللہ کے مال میں سے جو آپؐ کے پاس ہے، پس آپؐ اس کی طرف متوجہ ہوئے اور ہنسے، پھر اس کے لئے عطیہ کا حکم دیا (یہ عطیہ خمس میں سے دیا تھا)

[۳۱۴۸-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأُوْيْسِيُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ: أَنَّهُ بَيْنَا هُوَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَعَهُ النَّاسُ مُقْبِلاً مِنْ حُنَيْنٍ، عَلِقَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْأَعْرَابُ، يَسْأَلُوْنَهُ حَتَّى اضْطَرُّوْهُ إِلٰى سَمُرَةٍ، فَخَطِفَتْ رِدَاءَ هُ، فَوَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَالَ: "أَعْطُوْنِيْ رِدَائِيْ، فَلَوْ كَانَ عَدَدُ هٰذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا لَقَسَمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَاتَجِدُوْنِيْ بَخِيْلاً وَلاَ كَذُوْبًا وَلاَ جَبَانًا" [راجع: ۲۸۲۱]

[۳۱۴۹-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَعَلَيْهِ بُرْدٌ نَجْرَانِيٌّ غَلِيْظُ الْحَاشِيَةِ، فَأَدْرَكَهُ أَعْرَابِيٌّ فَجَذَبَهُ جَذْبَةً شَدِيْدَةً، حَتَّى نَظَرْتُ إِلٰى صَفْحَةِ عَاتِقِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَدْ أَثَّرَتْ بِهِ حَاشِيَةُ الرِّدَاءِ

مِنْ شِدَّةِ جَذْبَتِهِ، ثُمَّ قَالَ: مُرْلِیْ مِنْ مَالِ اللّٰهِ الَّذِیْ عِنْدَكَ، فَالْتَفَتَ إِلَیْهِ فَضَحِكَ، ثُمَّ أَمَرَ لَهُ بِعَطَاءٍ.
[انظر: ۵۸۰۹، ۶۰۸۸]

اورآئندہ حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے غزوۂ حنین کے موقع پرخمس کی تقسیم میں کچھ لوگوں کوترجیح دی، اقرع بن حابسؓ کوسواونٹ دیئے، عیینہ بن حصنؓ کوبھی اتنے ہی اونٹ دیئے اورعرب کے معززین میں سے کچھ لوگوں کودیئے اوران کواس دن تقسیم میں ترجیح دی، پس ایک شخص نے کہا: بخدا! یہ ایسی تقسیم ہے جس میں انصاف سے کام نہیں لیا گیا، یا کہا: جس میں اللہ کی خوشنودی پیش نظر رکھی گئی۔ حدیث کے راوی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: بخدا! میں ضروراطلاع دوں گا اس کی نبی ﷺ کو، پس میں آپؐ کے پاس پہنچا اورآپؐ کوخبردی، آپؐ نے فرمایا: کون انصاف کرے گا جب اللہ اوراس کے رسول انصاف نہیں کریں گے؟ اللہ تعالیٰ موسیٰ علیہ السلام پرمہربانی فرمائیں وہ اس سے زیادہ ستائے گئے پس انھوں نے صبرکیا۔

[۳۱۵۰-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، ثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ یَوْمُ حُنَیْنٍ آثَرَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم أُنَاسًا فِی الْقِسْمَةِ، أَعْطَی الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ مِائَةً مِنَ الإِبِلِ، وَأَعْطَی عُیَیْنَةَ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَأَعْطَی أُنَاسًا مِنْ أَشْرَافِ الْعَرَبِ، وَآثَرَهُمْ یَوْمَئِذٍ فِی الْقِسْمَةِ، قَالَ رَجُلٌ: وَاللّٰهِ إِنَّ هٰذِهِ لَقِسْمَةٌ مَا عُدِلَ فِیْهَا أَوْ: مَا أُرِیْدَ فِیْهَا وَجْهُ اللّٰهِ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَأُخْبِرَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم فَأَتَیْتُهُ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: " فَمَنْ یَعْدِلُ إِذَا لَمْ یَعْدِلِ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ؟ رَحِمَ اللّٰهُ مُوْسَی قَدْ أُوْذِیَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ" [انظر: ۳۴۰۵، ۴۳۳۵، ۴۳۳۶، ۶۰۵۹، ۶۱۰۰، ۶۲۹۱، ۶۳۳۶]

اس کے بعد والی حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے بنونضیر کی جائداد میں سے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کودیا، ان کی اہلیہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں زبیرؓ کی زمین میں سے اپنے سرپرگٹھلیاں اٹھاکرلایا کرتی تھی، وہ زمین جوان کو رسول اللہ ﷺ نے جاگیر میں دی تھی: وہ جاگیر مدینہ سے دوتہائی فرسخ پرتھی۔

[۳۱۵۱-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، ثَنَا هِشَامٌ، أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِیْ بَكْرٍ، قَالَتْ: كُنْتُ أَنْقُلُ النَّوَی مِنْ أَرْضِ الزُّبَیْرِ الَّتِیْ أَقْطَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَلٰی رَأْسِیْ، وَهِیَ مِنِّیْ عَلٰی ثُلُثَیْ فَرْسَخٍ.
وَقَالَ أَبُوْ ضَمْرَةَ: عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَقْطَعَ الزُّبَیْرَ أَرْضًا مِنْ أَمْوَالِ بَنِی النَّضِیْرِ. [انظر: ۵۲۲۴]

اس کے بعد کی حدیث میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہود ونصاریٰ کوحجاز کی سرزمین سے جلاوطن کیا، اورنبی ﷺ

جب خیبر والوں پر فتح یاب ہوئے تھے تو چاہا تھا کہ یہود کو وہاں سے نکال دیں، کیونکہ زمین جب فتح ہوئی تو وہ اللہ کی، اللہ کے رسول کی اور مسلمانوں کی تھی، پس یہود نے رسول اللہ ﷺ سے درخواست کی کہ آپؐ ان کو رہنے دیں تاکہ وہ کھیتوں اور باغوں میں کام کریں اور ان کو آدھی پیداوار ملے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ہم تمہیں برقرار رکھتے ہیں جب تک ہم چاہیں گے، پس وہ برقرار رکھے گئے یہاں تک کہ ان کو حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت میں جلاوطن کیا: تیماء اور اریحاء کی طرف۔

سوال: حدیث کا باب سے کیا تعلق ہے، حدیث میں نہ مؤلفۃ القلوب کا ذکر ہے نہ خمس کا؟

جواب: امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں پہلی تعمیم مؤلفۃ القلوب وغیرہ کی کی تھی، پس وغیرہ سے مراد یہی یہود ہیں، اور دوسری تعمیم خمس اور اس کے مانند کی کی تھی، پس مانند سے مراد خیبر کے خمس کی زمینیں ہیں، جو یہود کو بٹائی پر دی گئی تھیں، اس میں سے آدھی پیداوار ان کو دی جاتی تھی خمس کی زمینوں کی یہ پیداوار خمس کے مانند اموال ہیں، جو یہود کو دیئے گئے۔

[۳۱۵۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَام، ثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنِیْ مُوْسَی بْنُ عُقْبَةَ، أَخْبَرَنِیْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَجْلَی الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارَی مِنْ أَرْضِ الْحِجَازِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم لَمَّا ظَهَرَ عَلٰی أَهْلِ خَيْبَرَ، أَرَادَ أَنْ يُخْرِجَ الْيَهُوْدَ مِنْهَا، وَكَانَتِ الْأَرْضُ - لَمَّا ظَهَرَ عَلَيْهَا - لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ، فَسَأَلَ الْيَهُوْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَنْ يَتْرُكَهُمْ عَلٰی أَنْ يَكْفُوْا الْعَمَلَ وَلَهُمْ نِصْفُ الثَّمَرِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "نُقِرُّكُمْ عَلٰی ذٰلِكَ مَا شِئْنَا" فَأُقِرُّوْا حَتّٰی أَجْلَاهُمْ عُمَرُ فِیْ إِمَارَتِهِ إِلٰی تَيْمَاءَ وَأَرِيْحَاءَ. [راجع: ۲۲۸۵]

بَابُ مَايُصِيْبُ مِنَ الطَّعَامِ فِیْ أَرْضِ الْحَرْبِ

دارالحرب میں جو کھانے کی چیزیں ملیں

یہ باب نیا مسئلہ بھی ہوسکتا ہے، اور پچھلے ابواب کا تتمہ بھی۔ دارالحرب میں انسان کے کھانے کی چیزیں یا گھاس چارہ ملے تو اس کو باقاعدہ تقسیم کرنا اور خمس نکالنا ضروری نہیں، جس فوجی کو جو چیز ملے وہ کھاسکتا ہے، یہ تو مسئلہ ہوا اور چونکہ ملی ہوئی چیز غنیمت ہے اور غنیمت میں سے پانچواں حصہ نکالنا ضروری ہے جو نہیں نکالا گیا تو گویا خمس فوجی کو دیا، معلوم ہوا کہ خمس کے مصارف متعین نہیں، امیر کے اختیار میں ہے جس کو چاہے دے۔

اور باب میں تین حدیثیں ہیں:

حدیث (۱): خیبر کے ایک قلعہ کا محاصرہ تھا، اوپر سے کسی نے بورا پھینکا، اس میں چربی تھی، حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ وہاں کھڑے تھے، انھوں نے کود کر اس بورے کو دبوچ لیا، پھر مڑے تو نبی ﷺ کھڑے تھے، وہ شرما گئے،

کیونکہ ان کا یہ فعل حرص پر دلالت کرتا تھا، اور مسلم شریف کی روایت میں ہے کہ آپؐ مسکرائے۔ اور ابوداؤد طیالسی کی روایت میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا: هو لك: وہ تمہارا ہے، یعنی اس کو باقاعدہ جمع کروا کر تقسیم نہیں کیا، معلوم ہوا کہ کھانے پینے کی چیزیں بغیر تقسیم کے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہمیں غزوات میں شہد اور انگور ملتے تھے ہم اس کو کھاتے تھے اس کو جمع نہیں کرتے تھے۔

حدیث (۳): خیبر کے دنوں میں سے ایک دن لوگ فاقہ سے دوچار ہوئے، انھوں نے گدھے ذبح کر کے پکنے کے لئے چڑھا دیئے، جب ہانڈیاں کھدکھدانے لگیں تو اعلان کیا گیا: سب گوشت مٹی میں پھینک دیا جائے، کوئی ایک بوٹی بھی نہ کھائے، اس اعلان کی وجہ کیا تھی؟ صحابہ میں اختلاف ہے، ایک رائے یہ ہے کہ گدھے مالِ غنیمت تھے ان کو جمع کر کے باقاعدہ تقسیم کرنا چاہئے تھا، اور خمس نکالنا چاہئے تھا، مگر ایسا نہیں کیا گیا، اس لئے پھینکوا دیا۔

اور دوسری رائے یہ ہے کہ گدھوں کی حرمت خیبر میں نازل ہوئی ہے اس لئے وہ گوشت ضائع کروا دیا، ورنہ جیسے ذوالحلیفہ میں گوشت چمڑے کے دسترخوان پر الٹوا دیا تھا پھر باقاعدہ تقسیم عمل میں آئی تھی، یہاں بھی ایسا کیا جاتا، مگر ایسا نہیں کیا گیا، کیونکہ اب گدھے حرام ہو گئے ہیں۔ حدیث کے راوی سلیمان شیبانی نے سعید بن جبیر سے اس کی وجہ پوچھی تو انھوں نے یہی وجہ بتلائی، پس یہی وجہ صحیح ہے۔

[۲۰-] بَابُ مَايُصِيْبُ مِنَ الطَّعَامِ فِيْ أَرْضِ الْحَرْبِ

[۳۱۵۳-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ: كُنَّا مُحَاصِرِيْنَ قَصْرَ خَيْبَرَ، فَرَمَى إِنْسَانٌ بِجِرَابٍ فِيْهِ شَحْمٌ، فَنَزَوْتُ لِأَٰخُذِهِ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَاسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ.[انظر: ۴۲۲۴، ۵۵۰۸]

[۳۱۵۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نُصِيْبُ فِيْ مَغَازِيْنَا الْعَسَلَ وَالْعِنَبَ فَنَأْكُلُهُ وَلَا نَرْفَعُهُ.

[۳۱۵۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِيْ أَوْفٰى، يَقُوْلُ: أَصَابَتْنَا مَجَاعَةٌ لَيَالِيَ خَيْبَرَ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ وَقَعْنَا فِي الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ فَانْتَحَرْنَاهَا، فَلَمَّا غَلَتِ الْقُدُوْرُ نَادَى مُنَادِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَكْفِئُوْا الْقُدُوْرَ، فَلَا تَطْعَمُوْا مِنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ شَيْئًا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ.فَقُلْنَا:إِنَّمَا نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَنَّهَا لَمْ تُخَمَّسْ، قَالَ: وَقَالَ آخَرُوْنَ: حَرَّمَهَا الْبَتَّةَ. وَسَأَلْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، فَقَالَ: حَرَّمَهَا الْبَتَّةَ[انظر: ۴۲۲۰، ۴۲۲۲، ۴۲۲۴، ۵۵۲۶]

بَابُ الْجِزْيَةِ وَالْمُوَادَعَةِ مَعَ أَهْلِ الذِّمَّةِ وَالْحَرْبِ

وَمَاجَاءَ فِي أَخْذِ الْجِزْيَةِ مِنَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى وَالْمُجُوْسِ وَالْعَجَمِ

ذمیوں سے جزیہ لینا اور حربیوں سے مصالحت کرنا

اور یہود ونصاری اور مجوس وعجم سے جزیہ لینا جائز ہے

جزیہ اوراس کی حقیقت:

جزیة: وہ ٹیکس ہے جو اسلامی حکومت غیر مسلموں پر لگاتی ہے، اسلامی حکومت میں دو فنڈ ہوتے ہیں: ایک: ویلفیر فنڈ، دوسرا: محاصل کا فنڈ، ویلفیر فنڈ میں زکوۃ، صدقۃ الفطر اور عشر اکٹھا ہوتا ہے اور وہ صرف مسلمان غرباء پر خرچ ہوتا ہے، سلطنت کی ضروریات میں اس سے خرچ نہیں کیا جاتا۔

یہاں یہ مسئلہ جان لینا چاہئے کہ غیر مسلم کو خواہ ذمی ہو یا حربی، زکوۃ اور عشر دینا جائز نہیں، البتہ ذمی کو یعنی دارالاسلام میں آباد غیر مسلم کو صدقۃ الفطر دینا جائز ہے اور حربی غیر مسلم کو صدقۃ الفطر بھی نہیں دے سکتے۔

اور محاصل کے فنڈ میں زمین کا بیگھہ (خراج) اور دیگر آمدنیاں جمع ہوتی ہیں، اسی فنڈ کو بیت المال کہتے ہیں، اور بیت المال کے دو مصرف ہیں: ایک: حکومت کی ضروریات یعنی فوجیوں کو اور حکومت کے دیگر ملازمین کو اس فنڈ سے تنخواہ دی جاتی ہے، دوسرا: ملک کی ترقی کے کام، مثلاً سڑک بنانا، پل تعمیر کرنا، بجلی بنانا، کارخانے قائم کرنا وغیرہ ان امور میں اسی فنڈ سے خرچ کیا جاتا ہے۔

اور جو غیر مسلم دارالاسلام میں آباد ہیں ان کو بھی ملک کی ضروریات میں اور ملک کی ترقی میں حصہ لینا ہوگا، کیونکہ ملک کی حفاظت کے لئے فوجیوں کی اور ملک چلانے کے لئے ملازمین کی جس طرح مسلمانوں کو ضرورت ہے غیر مسلموں کو بھی ضرورت ہے، اور جب ملک ترقی کرے گا تو اس کا فائدہ ہر شہری کو پہنچے گا، مسلمان کو بھی اور غیر مسلم کو بھی۔

علاوہ ازیں جو غیر مسلم غریب محتاج ہیں ان کی دستگیری حکومت کی ذمہ داری ہے، اور ویلفیر فنڈ میں سے ان پر خرچ نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ زکوۃ اور عشر کی رقوم غیر مسلموں پر خرچ نہیں کی جاسکتیں اور صدقۃ الفطر سے اگر چہ مدد کی جاسکتی ہے مگر وہ رقم تھوڑی ہوتی ہے، اس لئے فنڈنگ میں غیر مسلموں کی شرکت کی صورت یہ تجویز کی گئی کہ زکوۃ کے بالمقابل ان کے تاجروں سے عشور: چنگی لی جائے، اور صدقۃ الفطر کے بالمقابل ان کے ہر فرد سے سالانہ جزیہ لیا جائے، اور ان دونوں رقموں سے جو فنڈ اکٹھا ہو وہ تین حصوں میں تقسیم کیا جائے ایک حصہ: ملک چلانے میں، دوسرا: ملک کی ترقی میں اور تیسرا: ان کے غرباء اور محتاجوں کی مدد میں استعمال کیا جائے۔

فائدہ: جزیہ شاندار لفظ ہے، اس کے معنی ہیں: بدلہ، یعنی اسلامی حکومت نے شہریوں کی حفاظت کی جو ذمہ داری لی ہے اور فوج اور پولیس کے ذریعہ ان کی حفاظت کرتی ہے اس کا بدلہ، مگر یہ لفظ استعمال ہوتے ہوتے خراب ہوگیا ہے، اب غیر مسلم اس کو گالی سمجھتے ہیں، جیسے پاخانہ اور پیشاب کنائی الفاظ ہیں اور شاندار ہیں، مگر کثرت استعمال سے خراب ہوگئے ہیں، اب کسی مہذب مجلس میں ان کو بولتے ہوئے بھی تکلف ہوتا ہے، یہی حال لفظ جزیہ کا ہوکر رہگیا ہے، پس اگر غیر مسلم اس لفظ کو پسند نہ کریں اور وہ کسی اور نام سے جزیہ دیں تو اس لفظ کے استعمال پر اصرار نہیں ہونا چاہئے، وہ جو نام پسند کریں اسی نام سے جزیہ لیا جائے، مقصود فنڈ نگ ہے لفظ نہیں۔ بنو تغلب نے لفظ جزیہ کو ناپسند کیا تھا، انھوں نے جزیہ دینے سے انکار کیا، مگر زکوۃ کے نام پر وہ دوگنا دینے کے لئے تیار تھے، چنانچہ گورنر نے امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے استصواب کیا، آپ نے فرمایا: هذه جزيَةٌ سَمُّوْهَا مَاشِئْتُمْ (فتح القدیر ۵: ۳۰۵): یہ جزیہ ہے تم اس کا جو چاہو نام رکھو، معلوم ہوا کہ لفظ مقصود نہیں کام مقصود ہے۔

اور وَادَعَ فلاناً مُوَادعَةً کے معنی ہیں: کسی سے مستقل یا عارضی صلح کرنا۔ اسلامی حکومت کبھی حربیوں سے ناجنگ معاہدہ کرتی ہے اس کی تفصیل اگلے ابواب میں آئے گی، اس باب میں صرف جزیہ کا بیان ہے۔

جزیہ کا ذکر:

سورۃ التوبہ آیت ۲۹ میں ہے: ''اہلِ کتاب جو نہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں نہ قیامت کے دن پر، نہ ان چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول نے حرام کیا ہے اور نہ دین حق کو قبول کرتے ہیں ان سے لڑو یہاں تک کہ وہ ماتحت ہوکر اور رعیت بن کر جزیہ دینا منظور کرلیں''

تفسیر: اس آیت میں صَاغِرُوْن آیا ہے اس کا ترجمہ: أَذِلَّاء کیا ہے، یہ ذلیل کی جمع ہے، حضرت تھانوی قدس سرہ نے اس کا ترجمہ ''ماتحت ہوکر اور رعیت بن کر'' کیا ہے، یہ بہت خوبصورت ترجمہ ہے: ''ذلیل ہوکر'' اچھا ترجمہ نہیں۔ ترمذی أبواب السِّیَر میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے بھی اس کا ترجمہ غیرُ محمودین کیا ہے۔

پھر چونکہ صَاغرون کا ترجمہ أَذِلَّاء کیا ہے، جو ذلت سے ہے اور سورۂ بقرہ کی آیت ۶۱ میں اس کے ساتھ المسكنة بھی آیا ہے، فرمایا: ﴿وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ﴾: اور جم گئی ان پر ذلت اور پستی، المسكنة: مسکین کا مصدر ہے، أَسْكَنُ من فلان کے معنی ہیں: فلاں سے زیادہ محتاج، مَسكنة: سکون سے نہیں ہے، یہ بات امام بخاریؒ ابوعبیدہ کی کتاب المجاز سے نقل کررہے ہیں کہ ابوعبیدہ نے مسكنة کو مسكين کا مصدر مانا ہے، سکون سے ماخوذ نہیں مانا۔

باب میں دوسرا مسئلہ:

ہر غیر مسلم سے جزیہ لیا جاسکتا ہے، یہود و نصاری کی کوئی تخصیص نہیں، پس سورۃ التوبہ میں جو یہود و نصاری کی تخصیص

ہے وہ تخصیص ذکری ہے، ان کے علاوہ غیر مسلموں کو بھی ان کے مذہب پر برقرار رکھ کر اپنے ملک کا شہری بنا کر جزیہ لیا جا سکتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو پہلے مجوس سے جزیہ لینے میں شرح صدر نہیں تھا، پھر جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ لیا ہے تو حضرت عمرؓ کو شرح صدر ہو گیا، اور مسئلہ طے ہو گیا کہ ہر غیر مسلم سے جزیہ لیا جا سکتا ہے۔

جزیہ کی مقدار: حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے پوچھا گیا: شام والوں سے چار دینار اور یمن والوں سے ایک دینار لیا جاتا ہے، اس کی وجہ کیا ہے؟ حضرت نے فرمایا: شام کے لوگ مالدار ہیں، اور یمن کے لوگ غریب، اس لئے جزیہ متفاوت ہے۔

یہ حضرت مجاہد رحمہ اللہ کی رائے ہے اور حنفیہ کا اصول یہ ہے کہ اگر جزیہ کی مقدار صلح سے طے ہو جائے تو جو مقدار طے ہو جائے وہی ٹھیک ہے، اور اگر اسلامی حکومت کی طرف سے یک طرفہ جزیہ مقرر کیا جائے تو حکومت کی صوابدید پر موقوف ہے، اور اس میں غریب اور مالدار کا لحاظ کیا جائے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کا مدار غریبوں پر بارہ درہم، متوسط لوگوں پر چوبیس درہم اور مالداروں پر اڑتالیس درہم مقرر کئے تھے (ازالۃ الخفا ۲:۶۹ بحوالہ امام ابو یوسف) اور عورتیں، بچے، محتاج، بوڑھے، مذہبی لوگ اور جن کے پاس کام نہیں وہ جزیہ سے مستثنیٰ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] بَابُ الْجِزْيَةِ وَالْمُوَادَعَةِ مَعَ أَهْلِ الذِّمَّةِ وَالْحَرْبِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿قَاتِلُوْا الَّذِيْنَ لَايُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الآخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَاحَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَهُمْ صَاغِرُوْنَ﴾ [التوبة: ۲۹] يَعْنِىْ أَذِلَّاءَ.

[۲-] وَالْمَسْكَنَةُ مَصْدَرُ الْمِسْكِيْنِ، أَسْكَنُ مِنْ فُلَانٍ: أَحْوَجُ مِنْهُ، وَلَمْ يَذْهَبْ إِلَى السُّكُوْنِ.

وَمَاجَاءَ فِى أَخْذِ الْجِزْيَةِ مِنَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَالْمُجُوْسِ وَالْعَجَمِ

وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ نَجِيْحٍ: قُلْتُ لِمُجَاهِدٍ: مَا شَأْنُ أَهْلِ الشَّامِ عَلَيْهِمْ أَرْبَعَةُ دَنَانِيْرَ، وَأَهْلِ الْيَمَنِ عَلَيْهِمْ دِيْنَارٌ؟ قَالَ: جُعِلَ ذٰلِكَ مِنْ قِبَلِ الْيَسَارِ.

[۳۱۵۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرًا قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، وَعَمْرِو بْنِ أَوْسٍ، فَحَدَّثَهُمَا بَجَالَةُ سَنَةَ سَبْعِيْنَ - عَامَ حَجَّ مُصْعَبُ بْنُ الزُّبَيْرِ بِأَهْلِ الْبَصْرَةِ - عِنْدَ دَرَجِ زَمْزَمَ، قَالَ: كُنْتُ كَاتِبًا لِجَزْءِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَمِّ الأَحْنَفِ، فَأَتَانَا كِتَابُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَبْلَ مَوْتِهِ بِسَنَةٍ: فَرِّقُوْا بَيْنَ كُلِّ ذِىْ مَحْرَمٍ مِنَ الْمَجُوْسِ، وَلَمْ يَكُنْ عُمَرُ أَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنَ الْمَجُوْسِ.

[۳۱۵۷-] حَتَّى شَهِدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَخَذَهَا مِنْ مَجُوْسٍ هَجَرَ.

ترجمہ: عمرو بن دینار کہتے ہیں: میں ابوالشعثاء جابر بن زید اور عمرو بن اوس ثقفی کے پاس بیٹھا ہوا تھا پس ان دونوں سے بجالہ بن عبدۃ نے بیان کیا، سنہ ۷۰ ہجری میں، جس سال مصعب بن زبیر نے بصرہ والوں کے ساتھ حج کیا، زمزم کی سیڑھیوں کے پاس، بجالہ نے کہا: میں احنف بن قیس کے چچا جزء بن معاویہ کا سکریٹری تھا، پس ہمارے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خط آیا، ان کی وفات سے ایک سال پہلے کہ تفریق کردو مجوسیوں میں سے ہر محرم کے درمیان (مجوس کے یہاں محارم سے نکاح جائز ہے، پس حضرت عمرؓ نے لکھا کہ جس مجوسی کے گھر میں محرم عورت ہو اس کو شوہر سے جدا کردو) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجوس سے جزیہ نہیں لیتے تھے، یہاں تک کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے گواہی دی کہ نبی ﷺ نے ہجر مقام کے مجوسیوں سے جزیہ لیا ہے (پس طے ہوگیا کہ ہر غیر مسلم سے جزیہ لیا جاسکتا ہے، خواہ اس کا کوئی مذہب ہو، اور اس کو اس کے مذہب پر برقرار رکھتے ہوئے ملک کا شہری بنایا جاسکتا ہے)

[۳۱۵۸-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، أَنَّـهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَمْرَو بْنَ عَوْفٍ الْأَنْصَارِيَّ، وَهُوَ حَلِيْفٌ لِبَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا، أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ إِلَى الْبَحْرَيْنِ يَأْتِي بِجِزْيَتِهَا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هُوَ صَالَحَ أَهْلَ الْبَحْرَيْنِ، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمُ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ، فَقَدِمَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ، فَسَمِعَتِ الْأَنْصَارُ بِقُدُوْمِ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، فَوَافَتْ صَلاَةَ الصُّبْحِ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا صَلَّى بِهِمُ الْفَجْرَ انْصَرَفَ، فَتَعَرَّضُوْا لَهُ، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ رَآهُمْ، وَقَالَ: "أَظُنُّكُمْ قَدْ سَمِعْتُمْ أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ قَدْ جَاءَ بِشَيْءٍ؟" قَالُوْا: أَجَلْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَأَبْشِرُوْا، وَأَمِّلُوْا مَا يَسُرُّكُمْ، فَوَاللّٰهِ لاَ الْفَقْرَ أَخْشَى عَلَيْكُمْ، وَلٰكِنْ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا، وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا أَهْلَكَتْهُمْ"

ترجمہ: عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ جو بنو عامر کے حلیف تھے اور بدری صحابی ہیں، کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو بحرین بھیجا تاکہ وہ اس کا جزیہ لائیں (یہاں باب ہے) اور نبی ﷺ نے بحرین والوں سے مصالحت کی تھی اور ان پر علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا تھا، پس ابوعبیدہؓ بحرین سے مال لے کر آئے، انصار نے ابوعبیدہؓ کے آنے کے بارے میں سنا، پس انھوں نے اچانک صبح کی نماز نبی ﷺ کے ساتھ پڑھی، جب آپؐ فجر کی نماز کے بعد لوٹے تو وہ آپؐ کے سامنے آئے، نبی ﷺ نے جب ان کو دیکھا تو مسکرائے اور فرمایا: میں سمجھتا ہوں: تم نے سنا ہے کہ

ابوعبیدہؓ کچھ لے کر آئے ہیں؟ انصار نے کہا: ہاں یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: پس خوش خبری سن لو، یعنی وہ لائے ہیں اور امید باندھو اس کی جو تم کو خوش کرے، یعنی وہ مال میں تم کو دوں گا، پس بخدا! میں تم پر محتاجگی سے نہیں ڈرتا بلکہ میں تم پر اس بات سے ڈرتا ہوں کہ پھیلائی جائے تم پر دنیا جس طرح پھیلائی گئی ان لوگوں پر جو تم سے پہلے ہوئے ہیں، پس اس میں منافست (ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش) کرنے لگو جیسا پہلوں نے منافست کی، اور وہ تم کو تباہ کردے جیسا پہلوں کو تباہ کردیا۔

لغت: وَافَتْ: اچانک آئے۔ وَافَى فلانًا: اچانک کسی کے پاس آنا، انصار اپنی مسجدوں میں نماز پڑھتے تھے، ہر دن مسجد نبوی میں نہیں آتے تھے۔

[۳۱۵۹-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، وَزِيَادُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، قَالَ: بَعَثَ عُمَرُ النَّاسَ فِي أَفْنَاءِ الْأَمْصَارِ يُقَاتِلُوْنَ الْمُشْرِكِيْنَ، فَأَسْلَمَ الْهُرْمُزَانُ، فَقَالَ: إِنِّيْ مُسْتَشِيْرُكَ فِي مَغَازِيَّ هٰذِهِ، قَالَ: نَعَمْ، مَثَلُهَا وَمَثَلُ مَنْ فِيْهَا مِنَ النَّاسِ مِنْ عَدُوِّ الْمُسْلِمِيْنَ مَثَلُ طَائِرٍ لَهُ رَأْسٌ وَلَهُ جَنَاحَانِ وَلَهُ رِجْلَانِ، فَإِنْ كُسِرَ أَحَدُ الْجَنَاحَيْنِ نَهَضَتِ الرِّجْلَانِ بِجَنَاحٍ وَالرَّأْسُ، وَإِنْ كُسِرَ الْجَنَاحُ الْآخَرُ نَهَضَتِ الرِّجْلَانِ وَالرَّأْسُ، وَإِنْ شُدِخَ الرَّأْسُ ذَهَبَتِ الرِّجْلَانِ وَالْجَنَاحَانِ وَالرَّأْسُ، فَالرَّأْسُ كِسْرَى، وَالْجَنَاحُ قَيْصَرُ، وَالْجَنَاحُ الْآخَرُ فَارِسُ، فَمُرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَلْيَنْفِرُوْا إِلٰى كِسْرَى.

وَقَالَ بَكْرٌ، وَزِيَادٌ جَمِيْعًا: عَنْ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ: فَنَدَبَنَا عُمَرُ، وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْنَا النُّعْمَانَ بْنَ مُقَرِّنٍ، حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِأَرْضِ الْعَدُوِّ، خَرَجَ عَلَيْنَا عَامِلُ كِسْرَى فِي أَرْبَعِيْنَ أَلْفًا، فَقَامَ تُرْجُمَانٌ لَهُ فَقَالَ: لِيُكَلِّمْنِيْ رَجُلٌ مِنْكُمْ، فَقَالَ الْمُغِيْرَةُ: سَلْ عَمَّا شِئْتَ؟ قَالَ: مَا أَنْتُمْ؟ قَالَ: نَحْنُ نَاسٌ مِنَ الْعَرَبِ، كُنَّا فِيْ شَقَاءٍ شَدِيْدٍ وَبَلَاءٍ شَدِيْدٍ، نَمَصُّ الْجِلْدَ وَالنَّوٰى مِنَ الْجُوْعِ، وَنَلْبَسُ الْوَبَرَ وَالشَّعْرَ، وَنَعْبُدُ الشَّجَرَ وَالْحَجَرَ، فَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْأَرَضِيْنَ إِلَيْنَا نَبِيًّا مِنْ أَنْفُسِنَا، نَعْرِفُ أَبَاهُ وَأُمَّهُ، فَأَمَرَنَا نَبِيُّنَا رَسُوْلُ رَبِّنَا أَنْ نُقَاتِلَكُمْ حَتّٰى تَعْبُدُوْا اللّٰهَ وَحْدَهُ، أَوْ تُؤَدُّوْا الْجِزْيَةَ، وَأَخْبَرَنَا نَبِيُّنَا صلى الله عليه وسلم عَنْ رِسَالَةِ رَبِّنَا أَنَّهُ مَنْ قُتِلَ مِنَّا صَارَ إِلَى الْجَنَّةِ، فِيْ نَعِيْمٍ لَمْ يُرَ مِثْلُهَا قَطُّ، وَمَنْ بَقِيَ مِنَّا مَلَكَ رِقَابَكُمْ.

[انظر: ۷۵۳۰]

[۳۱۶۰-] فَقَالَ النُّعْمَانُ: رُبَّمَا أَشْهَدَكَ اللّٰهُ مِثْلَهَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يُنْدِمْكَ وَلَمْ يُخْزِكَ، وَلٰكِنِّيْ شَهِدْتُ الْقِتَالَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَثِيْرًا، كَانَ إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ فِي أَوَّلِ النَّهَارِ انْتَظَرَ حَتّٰى تَهُبَّ الْأَرْوَاحُ وَتَحْضُرَ الصَّلَوَاتُ.

ترجمہ: جبیر بن حیہ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو شہروں کے کناروں میں بھیجا (روم اور ایران دو سپر

پا ور تھے، دونوں سے ایک ساتھ جنگ شروع ہوئی تھی، حضرت عمرؓ نے لشکروں کو ہر طرف بھیج دیا اور دونوں طاقتوں سے ایک ساتھ جنگ شروع ہوگئی) لڑتے تھے وہ مشرکین سے پس ہرمزان مسلمان ہوا (بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ حقیقت میں مسلمان نہیں ہوا تھا اور حضرت عمرؓ کی شہادت کی سازش میں وہ بھی شریک تھا) حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں آپ سے مشورہ لینے والا ہوں میری ان جنگوں میں، یعنی جنگ میں مجھے زیادہ دباؤ کدھر ڈالنا چاہئے؟ اس نے کہا: ہاں، میں مشورہ دیتا ہوں، ان ممالک کا حال اور ان لوگوں کا حال جو ان ممالک میں ہیں، مسلمانوں کے دشمنوں میں سے، اس پرندہ کے حال جیسا ہے جس کا سر، دو پر اور دو پیر ہوں، پس اگر دو پروں میں سے ایک پر توڑ دیا جائے تو وہ دو پیروں، ایک پر اور سر سے کھڑا ہوگا اور اگر دوسرا پَر توڑ دیا جائے تو دو پیروں اور سر سے کھڑا ہوگا، اور اگر سر کچل دیا جائے تو دو پیر دو پَر اور سر ختم ہو جائیں گے، پس سر کسری ہے اور ایک پَر قیصر ہے اور دوسرا پَر فارس ہے (اس زمانہ میں ایران اور فارس الگ الگ تھے، اور فارس پر ایران ہی کی طرف سے گورنر مقرر تھا) پس آپ حکم دیں مسلمانوں کو کہ اٹھ کھڑے ہوں کسری کی طرف یعنی سر کچل دیں۔

جبیر بن حیہ کہتے ہیں: پس پکارا ہمیں عمرؓ نے اور امیر بنایا ہم پر نعمان بن مقرّنؓ کو، یہاں تک کہ جب ہم دشمن کی زمین میں پہنچے اور ہمارے مقابلہ کے لئے کسری کا عامل چالیس ہزار کا لشکر لے کر نکلا تو کسری کا ترجمان کھڑا ہوا اور اس نے کہا: چاہئے کہ گفتگو کرے مجھ سے اُن میں سے کوئی آدمی، پس حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: پوچھئے جو پوچھنا ہے؟ اس نے کہا: تم کون ہو؟ حضرت مغیرہؓ نے کہا: ہم عرب کے کچھ لوگ ہیں، ہم سخت تنگی میں اور سخت مصیبت میں تھے، بھوک کی وجہ سے چمڑا اور کھجور کی گٹھلی چوستے تھے، اور جانوروں کی کھال اور بال پہنتے تھے اور درخت اور پتھر کو پوجتے تھے، پس دریں اثناء کہ ہم اس حال میں تھے: اچانک آسمان اور زمین کے پروردگار نے ہماری طرف ہمارے اندر ہی سے ایک نبی کو مبعوث فرمایا، جس کے باپ اور ماں کو ہم جانتے تھے، پس ہمارے پروردگار کے رسول ہمارے نبی نے ہمیں حکم دیا کہ ہم تم سے لڑیں، یہاں تک کہ تم ایک اللہ کی عبادت کرو، یا جزیہ دو (یہاں باب ہے) اور ہمارے نبی نے ہمارے پروردگار کی طرف سے آنے والے پیغام سے ہمیں بتلایا کہ ہم میں سے جو مارا جائے گا وہ جنت میں جائے گا، ایسی نعمتوں میں جس کے مانند کبھی کوئی نعمت نہیں دیکھی گئی، اور جو ہم میں سے باقی رہے گا وہ تمہاری گردنوں کا مالک ہوگا۔

(یہ گفتگو کر کے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ واپس آئے، وہ نہ مسلمان ہوئے نہ جزیہ دینے کے لئے تیار ہوئے، پس جنگ ناگزیر ہوگئی، اور وقت کافی گذر گیا تھا۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے واپس آکر حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ سے کہا: اب جنگ شروع کی جائے، حضرت نعمانؓ ابھی جنگ شروع نہیں کرنا چاہتے تھے، زوال کے بعد ظہر پڑھ کر جنگ شروع کرنا چاہتے تھے، چنانچہ آپؓ نے اپنی بات حضرت مغیرہؓ سے بہت عمدہ پیرایہ میں منوائی) حضرت نعمانؓ نے فرمایا: کبھی اللہ نے آپ کو موقع دیا ہے ایسی جنگوں کا نبی ﷺ کے ساتھ، پس اللہ نے آپ کو شرمندہ نہیں کیا اور نہ آپ کو رسوا کیا (یہ حضرت مغیرہؓ کے کارناموں کی تعریف کی، پھر فرمایا:) مگر میں بھی نبی ﷺ کے ساتھ بہت سی جنگوں میں حاضر رہا ہوں آپ ﷺ جب

دن کے شروع میں جنگ نہیں کرتے تھے تو انتظار کرتے تھے یہاں تک کہ ہوائیں چلتیں، اور نمازوں کا وقت آجاتا۔

بَابٌ: إِذَا وَادَعَ الإِمَامُ مَلِكَ الْقَرْيَةِ: هَلْ يَكُوْنُ ذٰلِكَ لِبَقِيَّتِهِمْ؟

جب امام گاؤں کے حاکم سے مصالحت کرے تو کیا وہ باقی لوگوں کے لئے بھی ہوگی؟

جواب: وہ مصالحت سب کے ساتھ سمجھی جائے گی، کیونکہ حاکم نے حاکم ہونے کی حیثیت سے مصالحت کی ہے۔

حدیث: حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ تبوک کی جنگ لڑی، اور ایلہ کے حاکم نے نبی ﷺ کی خدمت میں سفید خچر پیش کیا اور نبی ﷺ نے اس کو چادر پہنائی، یعنی ہدیہ میں دی، اور ان کے لئے ان کے سمندر کا پٹہ لکھا۔

تشریح: سیرت ابن اسحاق میں ہے کہ ایلہ کا حاکم خود حاضر ہوا، آپؐ کے ساتھ مصالحت کی، اور جزیہ دینا منظور کیا، اور آپؐ نے اس کو ایک تحریر لکھ کر دی۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کے پیش نظر یہ روایت ہے مگر چونکہ وہ ان کی شرط کے مطابق نہیں، اس لئے اس کو نہیں لائے، یہ روایت حاشیہ میں ہے۔

[٢-] بَابٌ: إِذَا وَادَعَ الإِمَامُ مَلِكَ الْقَرْيَةِ: هَلْ يَكُوْنُ ذٰلِكَ لِبَقِيَّتِهِمْ؟

[٣١٦١-] حدثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيىَ، عَنْ عَبَّاسٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَبُوْكَ، وَأَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَغْلَةً بَيْضَاءَ، وَكَسَاهُ بُرْدًا، وَكَتَبَ لَهُمْ بِبَحْرِهِمْ. [راجع: ١٤٨١]

بَابُ الْوَصَاةِ بِأَهْلِ ذِمَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

رسول اللہ ﷺ نے جن لوگوں کی ذمہ داری لی ہے ان کے بارے میں تاکید

الوَصَاة: اسم بمعنی الوصیة۔ اور ذمة کے معنی ہیں: عہد و پیمان۔ سورۃ التوبہ آیت ۱۰ میں ہے: ﴿لاَ يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ إِلًّا وَلاَ ذِمَّةً﴾: وہ لوگ کسی مسلمان کے بارے میں نہ قرابت کا پاس کرتے ہیں اور نہ قول و قرار کا۔ الإِلُّ: قرابت، رشتہ داری، الذمة: العهد: قول و قرار۔ پہلے بتایا ہے کہ حکومت نے جن غیر مسلموں کے ساتھ عہد و پیمان کیا ہے اور ان کو اپنے ملک کی شہریت دی ہے وہ ذمی کہلاتے ہیں، ذمی کے معنی ہیں: جن کی جان، مال اور آبرو کی اللہ اور اس کے رسول نے ذمہ داری لی ہے، نبی ﷺ نے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بوقت وفات تاکید کی ہے کہ ان کے ساتھ جو عہد و پیمان کیا گیا ہے اس کا پورا پورا لحاظ رکھا جائے۔

حدیث: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خنجر مارا گیا تو لوگوں نے کہا: اے امیر المؤمنین! ہمیں وصیت کیجئے، آپؓ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی ذمہ داری پوری کرنے کی تاکید کرتا ہوں، یعنی غیر مسلم شہریوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا، اس لئے کہ وہ تمہارے نبی کی ذمہ داری ہے اور تمہارے بال بچوں کی روزی ہے۔

تشریح: ذمیوں سے جو جزیہ حاصل ہوتا ہے وہ بیت المال کی آمدنی ہے جو مسلمانوں پر تقسیم ہوتی ہے اور مسلمانوں کے بال بچوں کو روزی روٹی ملتی ہے، اگر ان کے ساتھ اچھا برتاؤ نہیں کیا جائے گا تو دو نقصان ہونگے، اول: اللہ کی اور اللہ کے نبی کی ذمہ داری میں خلل پڑے گا۔ دوم: اس زمانہ میں ملکوں کی سرحدیں اور پابندیاں نہیں تھیں، اس لئے غیر مسلم شہری دوسرے ملکوں میں چلے جائیں گے اور بیت المال کی آمدنی بند ہوجائے گی، تمہارے بچوں کی روزی کا یہ مطلب ہے۔

[۳-] بَابُ الْوَصَاةِ بِأَهْلِ ذِمَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

وَالذِّمَّةُ: الْعَهْدُ، وَالإِلُّ: الْقَرَابَةُ.

[۳۱۶۲-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِیْ إِيَاسٍ، ثنا شُعْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ جَمْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جُوَيْرِيَةَ بْنَ قُدَامَةَ التَّمِيْمِیَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قُلْنَا: أَوْصِنَا يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! قَالَ: أُوْصِيْكُمْ بِذِمَّةِ اللّٰهِ، فَإِنَّـهُ ذِمَّةُ نَبِيِّكُمْ، وَرِزْقُ عِيَالِكُمْ. [راجع: ۱۳۹۲]

بَابُ مَا أَقْطَعَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْبَحْرَيْنِ، وَمَا وَعَدَ مِنْ مَالِ الْبَحْرَيْنِ وَالْجِزْيَةِ، وَلِمَنْ يُقْسَمُ الْفَیْءُ وَالْجِزْيَةُ؟

(۱) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین میں جو جاگیریں دیں (۲) اور بحرین کے مال سے اور جزیہ سے جو دینے کا وعدہ کیا (۳) اور فئے اور جزیہ کس کو دیا جائے؟

باب میں تین احکام ہیں اور تین حدیثیں ہیں، جو بالترتیب دلیلیں ہیں، اور تینوں حدیثیں گذر چکی ہیں۔

پہلی حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کو بلایا تا کہ انہیں بحرین میں جاگیر دیں، انصار نے عرض کیا: نہیں، بخدا! یہاں تک کہ آپؐ ہمارے قریشی بھائیوں کو بھی ایسی ہی جاگیر دیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **ذٰلِكَ لَهُمْ مَاشَاءَ اللّٰهُ**: مہاجرین کو وہ جاگیر دی جاچکی ہے جو اللہ نے چاہی، یعنی میں ان کو بنونضیر کے علاقہ میں سے زمین دے چکا ہوں، جتنی ان کے نصیب میں تھی، اس لئے میں ان کو بحرین میں سے نہیں دینا چاہتا، اس کے بعد ہے: **علی ذلك یقولون له**: بین السطور میں لکھا ہے کہ **علی ذلك**: **یقولون** سے متعلق ہے، یعنی انصار اب بھی یہی بات کہتے رہے کہ آپ مہاجرین کو دیں تو ہم لیں۔

تشریح: شارحین لکھتے ہیں: مہاجرین کو چھوڑ کر انصار جاگیر لینے کے لئے تیار نہیں ہوئے، مگر چونکہ آپ نے ارادہ کیا تھا اس لئے بالقوۃ کو بالفعل کی جگہ اتارتے ہوئے امام بخاری رحمہ اللہ نے باب کے پہلے جزء پر استدلال کیا ہے۔

اور دوسری حدیث میں ہے: نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے وعدہ کیا تھا کہ بحرین کا جزیہ آئے گا تو میں تم کو اتنا اتنا دوں گا، یہ باب کے دوسرے جزء کی دلیل ہے۔

اور تیسری حدیث میں ہے کہ جب بحرین کا مال آیا تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! مجھے دیجئے، میں نے دوفدیے دیئے ہیں، آپ نے فرمایا: لے لو، انھوں نے بہ مشکل اٹھاسکیں اتنا لیا۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ مالِ فئے اور جزیہ کی رقم امیر کی صوابدید پر ہے، وہ جس کو چاہے دے سکتا ہے۔ یہ حدیث باب کے تیسرے جزء کی دلیل ہے۔

[٤-] بَابُ مَا أَقْطَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْبَحْرَيْنِ، وَمَا وَعَدَ مِنْ مَالِ الْبَحْرَيْنِ وَالْجِزْيَةِ، وَلِمَنْ يُقْسَمُ الْفَيْءُ وَالْجِزْيَةُ؟

[٣١٦٣-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْأَنْصَارَ لِيَكْتُبَ لَهُمْ بِالْبَحْرَيْنِ، فَقَالُوْا: لَا، وَاللّٰهِ! حَتَّى تَكْتُبَ لِإِخْوَانِنَا مِنْ قُرَيْشٍ بِمِثْلِهَا، فَقَالَ:" ذَاكَ لَهُمْ مَاشَاءَ اللّٰهُ" عَلٰى ذٰلِكَ يَقُوْلُوْنَ لَهُ، قَالَ:" فَإِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِىْ أَثْرَةً فَاصْبِرُوْا حَتَّى تَلْقَوْنِىْ عَلَى الْحَوْضِ"[راجع: ٢٣٧٦]

[٣١٦٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَخْبَرَنِىْ رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِيْ:" لَوْ قَدْ جَاءَ نَا مَالُ الْبَحْرَيْنِ قَدْ أَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا" فَلَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَجَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: مَنْ كَانَتْ لَهُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِدَةٌ فَلْيَأْتِنِىْ، فَأَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ كَانَ قَالَ لِيْ:" لَوْ قَدْ جَاءَ نَا مَالُ الْبَحْرَيْنِ لَأَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا" فَقَالَ لِيْ: احْثُهْ، فَحَثَوْتُ حَثْوَةً فَقَالَ لِيْ: عُدَّهَا، فَعَدَدْتُهَا فَإِذَا هِىَ خَمْسُ مِائَةٍ فَأَعْطَانِىْ أَلْفًا وَخَمْسَ مِائَةٍ.[راجع: ٢٢٩٦]

[٣١٦٥-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ: عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، أُتِىَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ فَقَالَ:" انْثُرُوْهُ فِىْ الْمَسْجِدِ" وَكَانَ أَكْثَرَ مَالٍ أُتِىَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِذْ جَاءَ هُ الْعَبَّاسُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَعْطِنِىْ إِنِّىْ فَادَيْتُ نَفْسِىْ وَفَادَيْتُ عَقِيْلاً، فَقَالَ:" خُذْ" فَحَثَا فِى ثَوْبِهِ، ثُمَّ ذَهَبَ يُقِلُّهُ فَلَمْ يَسْتَطِعْ، فَقَالَ: أُمُرْ بَعْضَهُمْ يَرْفَعْهُ إِلَيَّ، قَالَ:" لَا" قَالَ: فَارْفَعْهُ أَنْتَ

عَلَيَّ، قَالَ: "لَا" فَنَثَرَ مِنْهُ ثُمَّ ذَهَبَ يُقِلُّهُ فَلَمْ يَسْتَطِعْ فَقَالَ: اُؤْمُرْ بَعْضَهُمْ يَرْفَعْهُ عَلَيَّ، قَالَ: "لَا" قَالَ: فَارْفَعْهُ أَنْتَ عَلَيَّ، قَالَ: "لَا" فَنَثَرَ مِنْهُ ثُمَّ احْتَمَلَهُ عَلٰى كَاهِلِهِ، ثُمَّ انْطَلَقَ فَمَا زَالَ يُتْبِعُهُ بَصَرَهُ حَتَّى خَفِيَ عَلَيْنَا، عَجَبًا مِنْ حِرْصِهِ، فَمَا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَثَمَّ مِنْهَا دِرْهَمٌ. [راجع: ٤٢١]

بَابُ إِثْمِ مَنْ قَتَلَ مُعَاهِدًا بِغَيْرِ جُرْمٍ

بے گناہ ذمی کو قتل کرنے کا گناہ

معاہد سے ذمی مراد ہے۔ اور جرم کے بغیر یعنی کسی ایسے گناہ کے بغیر جس کی وجہ سے قتل کرنا جائز ہو، ذمی کو بلا وجہ قتل کرنا کبیرہ گناہ ہے اور قصاص واجب ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی عہد و پیمان باندھنے والے کو قتل کیا تو وہ جنت کی خوشبو نہیں سونگھے گا، اور جنت کی خوشبو چالیس سال کی مسافت سے محسوس کی جاتی ہے (اور ایک روایت میں ستر سال ہے اور دوسری روایت میں پانچ سو سال ہے، یہ اختلاف قتل کی نوعیت کے اختلاف سے ہے)

[٥-] بَابُ إِثْمِ مَنْ قَتَلَ مُعَاهِدًا بِغَيْرِ جُرْمٍ

[٣١٦٦-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا مُجَاهِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ قَتَلَ مُعَاهِدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ رِيْحَهَا يُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ أَرْبَعِيْنَ عَامًا" [انظر: ٦٩١٤]

بَابُ إِخْرَاجِ الْيَهُوْدِ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ

یہود کو جزیرۃ العرب سے نکالنا

جزیرۃ العرب میں یہود و نصاریٰ اور مشرکین و مجوس وغیرہ کو نہیں رکھا جائے گا، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں: غیر مسلموں سے جزیرۃ العرب کا تخلیہ تین وجوہ سے ضروری ہے:

پہلی وجہ: آنحضرت ﷺ یہ بات جانتے تھے کہ زمانہ ہمیشہ ایک حالت پر نہیں رہتا، کبھی اسلام کمزور بھی پڑ سکتا ہے اور اس کی جمعیت پراگندہ بھی ہوسکتی ہے، ایسے وقت میں اگر اسلام کے مرکز اور جڑ میں غیر مسلم ہونگے تو حرمات دین کی پردہ دری ہوگی، اور اس کی سخت بے حرمتی ہوگی، اس لئے آپؐ نے دار العلم (مدینہ منورہ) کے ارد گرد سے اور بیت اللہ کے مقام (مکہ مکرمہ) سے غیر مسلموں کو نکال باہر کرنے کا حکم دیا۔

دوسری وجہ: غیر مسلموں کے ساتھ اختلاط لوگوں کے دین کے فساد کا سبب ہے، اور وہ لوگوں کے مزاجوں میں تبدیلی کر دیتا ہے، پس اگر مسلمانوں کے لئے دیگر ممالک میں اختلاط ناگزیر ہے تو کم از کم حرمین شریفین کو ان سے پاک رکھنا ضروری ہے۔

تیسری وجہ: نبی ﷺ پر وہ بات منکشف ہوئی جو آخر زمانہ میں پیش آنے والی ہے، چنانچہ آپؐ نے ارشاد فرمایا: بیشک ایمان مدینہ کی طرف سکڑ جائے گا جس طرح سانپ اپنے بل کی طرف سکڑ جاتا ہے (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۱۶۰ باب الاعتصام) یعنی خالص دین مدینہ منورہ ہی میں باقی رہے گا، اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے جب وہاں دیگر مذاہب کا کوئی شخص موجود نہ ہو (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۴۲۸)

فائدہ (۱): آنحضور ﷺ نے اپنی حیات طیبہ میں غیر مسلموں کو جزیرۃ العرب سے باہر نہیں نکالا تھا، اس لئے کہ اس وقت تک اسلامی حکومت جزیرۃ العرب سے باہر قائم نہیں ہوئی تھی، اور حکومت کسی ملکی یا مذہبی مصلحت سے غیر مسلموں کو ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ میں منتقل کر سکتی ہے، مگر مملکت سے باہر نہیں نکال سکتی، یہ ظلم ہے۔ اس لئے آپؐ نے غیر مسلموں کو حدود مملکت سے باہر نہیں نکالا، ان کو وقتی طور پر جزیرۃ العرب میں باقی رکھا، مگر آخر حیات میں فرمایا: اگر میں زندہ رہا تو ان شاء اللہ یہود و نصاریٰ کو جزیرۃ العرب سے باہر کر دوں گا (ابوداؤد ۲: ۴۲۹ کتاب الخراج) اور آپؐ نے اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو وصیت کی کہ مشرکین کو جزیرۃ العرب سے باہر کیا جائے (ابوداؤد ۲: ۴۲۹) پھر جب دورِ فاروقی میں اسلامی حکومت پھیل گئی، روم و ایران اور عراق و مصر اور شام اس کے زیر نگیں آئے تو آپؓ نے اس وصیت پر عمل کیا اور تمام غیر مسلموں کو جزیرۃ العرب سے باہر کیا۔

نوٹ: اس مسئلہ کی مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۲: ۵۴۴) میں ہے اور باب میں جو معلق روایت ہے وہ پہلے (حدیث ۲۳۳۸) گذری ہے، یہود کو خیبر میں برقرار رکھا تو ان سے کہا تھا: جب تک اللہ تعالیٰ چاہیں گے ہم تم کو یہاں برقرار رکھیں گے۔

حدیث (۱): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم مسجدِ نبوی میں تھے کہ آپؐ گھر سے باہر نکلے، اور فرمایا: یہود کے پاس چلو، ہم چلے، یہاں تک کہ ہم ان کے بیت المدراس میں پہنچے، پس آپؐ نے فرمایا: مسلمان ہو جاؤ محفوظ رہو گے، اور جان لو کہ زمین اللہ کی اور اللہ کے رسول کی ہے اور میں تمہیں اس سرزمین سے جلاوطن کرنے کا ارادہ کرتا ہوں، پس جو شخص اپنے مال کے عوض کوئی چیز پائے وہ اس کو بیچ دے ورنہ جان لو کہ زمین اللہ کی اور اللہ کے رسول کی ہے (یہود پہلی مرتبہ مدینہ سے خیبر کی طرف جلاوطن کئے گئے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جزیرۃ العرب سے باہر نکالے گئے)

حدیث (۲): پہلے گذری ہے۔ مرض وفات میں نبی ﷺ جو تحریر لکھوانا چاہتے تھے اس کا تو موقع نہیں ملا، مگر آپؐ نے زبانی تین باتیں فرمائیں: أخرجوا المشركين من جزيرة العرب: غیر مسلموں کو جزیرۃ العرب سے باہر کرنا اور وفد کو اس طرح انعام دینا جس طرح میں ان کو انعام دیا کرتا تھا، اور تیسری بات یا تو آپؐ نے فرمائی نہیں، یا سلیمان احول بھول گئے۔

[٦-] بَابُ إِخْرَاجِ الْيَهُوْدِ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ

وَقَالَ عُمَرُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " أُقِرُّكُمْ مَا أَقَرَّكُمُ اللّٰهُ بِهِ"

[٣١٦٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثنا سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ، خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "انْطَلِقُوْا إِلٰى يَهُوْدَ" فَخَرَجْنَا حَتّٰى إِذَا جِئْنَا بَيْتَ الْمِدْرَاسِ، فَقَالَ: " أَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا، وَاعْلَمُوْا أَنَّ الْأَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَإِنِّي أُرِيْدُ أَنْ أُجْلِيَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْأَرْضِ، فَمَنْ يَجِدْ مِنْكُمْ بِمَالِهِ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ، وَإِلَّا فَاعْلَمُوْا أَنَّ الْأَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ"

[انظر: ٦٩٤٤، ٧٣٤٨]

[٣١٦٨-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي مُسْلِمٍ الْأَحْوَلِ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: يَوْمُ الْخَمِيْسِ! وَمَا يَوْمُ الْخَمِيْسِ؟ ثُمَّ بَكٰى حَتّٰى بَلَّ دَمْعُهُ الْحَصٰى، قُلْتُ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ! وَمَا يَوْمُ الْخَمِيْسِ؟ قَالَ اشْتَدَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَجَعُهُ، فَقَالَ: "ائْتُوْنِي بِكَتِفٍ أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوْا بَعْدَهُ أَبَدًا، فَتَنَازَعُوْا وَلَا يَنْبَغِي عِنْدَ نَبِيٍّ تَنَازُعٌ، فَقَالُوْا: مَالَهُ أَهَجَرَ؟ اسْتَفْهِمُوْهُ، فَقَالَ:" ذَرُوْنِي، الَّذِي أَنَا فِيْهِ خَيْرٌ مِمَّا تَدْعُوْنِّي إِلَيْهِ" فَأَمَرَهُمْ بِثَلَاثٍ، فَقَالَ:" أَخْرِجُوْا الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَأَجِيْزُوْا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيْزُهُمْ" وَالثَّالِثَةُ إِمَّا أَنْ سَكَتَ عَنْهَا، وَإِمَّا أَنْ قَالَهَا فَنَسِيْتُهَا، قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا مِنْ قَوْلِ سُلَيْمَانَ. [راجع: ١١٤]

بَابٌ: إِذَا غَدَرَ الْمُشْرِكُوْنَ بِالْمُسْلِمِيْنَ: هَلْ يُعْفٰى عَنْهُمْ؟

مشرکین مسلمانوں سے عہد شکنی کریں تو ان کو معاف کیا جاسکتا ہے؟

اگر ذمی معاہدہ کی خلاف ورزی کریں تو ان کو سزا دینی ضروری ہے یا معاف بھی کیا جاسکتا ہے؟ یہ مسئلہ منصوص نہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے ہل چلایا ہے، خیبر میں ایک یہودی عورت نے نبی ﷺ کی دعوت کی تھی، اور بکری میں زہر ملا کر پیش کی تھی، نبی ﷺ نے اس کو معاف کردیا، مگر کہتے ہیں کہ بعد میں جب اس کی وجہ سے ایک صحابی کا انتقال ہوا تو قصاص میں اس عورت کو قتل کیا گیا۔

[٧-] بَابٌ: إِذَا غَدَرَ الْمُشْرِكُوْنَ بِالْمُسْلِمِيْنَ: هَلْ يُعْفٰى عَنْهُمْ؟

[٣١٦٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنِي سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا فُتِحَتْ خَيْبَرُ أُهْدِيَتْ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم شَاةٌ فِيْهَا سُمٌّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَجْمِعُوْا

لِیْ مَنْ کَانَ هَاهُنَا مِنْ یَهُوْدَ" فَجُمِعُوْا لَهُ، فَقَالَ:" إِنِّیْ سَائِلُکُمْ عَنْ شَیْءٍ، فَهَلْ أَنْتُمْ صَادِقِیَّ عَنْهُ؟" فَقَالُوْا:نَعَمْ، فَقَالَ لَهُمُ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم:" مَنْ أَبُوْکُمْ؟" قَالُوْا: فُلاَنٌ، فَقَالَ:"کَذَبْتُمْ، بَلْ أَبُوْکُمْ فُلاَنٌ" قَالُوْا: صَدَقْتَ، قَالَ:" فَهَلْ أَنْتُمْ صَادِقِیَّ عَنْ شَیْءٍ إِنْ سَأَلْتُ عَنْهُ؟" فَقَالُوْا: نَعَمْ یَا أَبَا الْقَاسِمِ، وَإِنْ کَذَبْنَا عَرَفْتَ کَذِبَنَا کَمَا عَرَفْتَهُ فِی أَبِیْنَا، فَقَالَ لَهُمْ:" مَنْ أَهْلُ النَّارِ؟" قَالُوْا: نَکُوْنُ فِیْهَا یَسِیْرًا، ثُمَّ تَخْلُفُوْنَا فِیْهَا، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم:" اخْسَئُوْا فِیْهَا، وَاللهِ لاَ نَخْلُفُکُمْ فِیْهَا أَبَدًا" ثُمَّ قَالَ:" فَهَلْ أَنْتُمْ صَادِقِیَّ عَنْ شَیْءٍ إِنْ سَأَلْتُکُمْ عَنْهُ؟" فَقَالُوْا: نَعَمْ یَا أَبَا الْقَاسِمِ، قَالَ:" هَلْ جَعَلْتُمْ فِیْ هٰذِهِ الشَّاةِ سُمًّا؟" فَقَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ:" مَا حَمَلَکُمْ عَلٰی ذٰلِکَ؟" قَالُوْا: أَرَدْنَا إِنْ کُنْتَ کَاذِبًا نَسْتَرِیْحُ مِنْکَ، وَإِنْ کُنْتَ نَبِیًّا لَمْ یَضُرَّکَ.[انظر: ۴۲۴۹، ۵۷۷۷]

ترجمہ: جب خیبر فتح کیا گیا تو نبی ﷺ کی خدمت میں ایک بکری بطور ہدیہ پیش کی گئی، جس میں زہر ملایا تھا، پس نبی ﷺ نے حکم دیا کہ جمع کرو میرے لئے اُن یہودیوں کو جو یہاں ہیں، چنانچہ وہ جمع کئے گئے پس آپؐ نے پوچھا: میں تم سے ایک بات پوچھتا ہوں کیا تم مجھے اس کے بارے میں سچ بتاؤ گے؟ انھوں نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا: تمہارا باپ کون ہے؟ انھوں نے کہا: فلاں، آپؐ نے فرمایا: جھوٹ! تمہارا باپ فلاں ہے، انھوں نے کہا: آپؐ نے صحیح فرمایا، پھر آپؐ نے پوچھا: کیا تم مجھے اس چیز کے بارے میں سچ بتاؤ گے جس کے بارے میں میں تم سے پوچھوں؟ انھوں نے کہا: ہاں اے ابو القاسم! اور اگر ہم جھوٹ بولیں گے تو آپؐ ہمارا جھوٹ پہچان لیں گے، جیسا کہ آپؐ نے اس کو پہچان لیا ہمارے باپ کے بارے میں، آپؐ نے ان سے پوچھا: دوزخ میں کون رہے گا؟ انھوں نے کہا: تھوڑی مدت دوزخ میں ہم رہیں گے، پھر دوزخ میں آپ لوگ ہمارے قائم مقام بن جائیں گے، آپؐ نے فرمایا: دھتکارے پڑے رہو تم دوزخ میں، بخدا! کبھی بھی دوزخ میں ہم تمہارے قائم مقام نہیں بنیں گے، پھر آپؐ نے پوچھا: کیا تم مجھے سچ بتاؤ گے جس چیز کے بارے میں میں تم سے پوچھوں؟ انھوں نے کہا: ہاں اے ابوالقاسم! آپؐ نے پوچھا: کیا تم نے اس بکری میں زہر ملایا ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں، آپ نے پوچھا: کس چیز نے ابھارا تم کو ایسا کرنے پر؟ انھوں نے جواب دیا: ہم نے چاہا کہ اگر آپ جھوٹے ہیں تو ہم آپؐ سے آرام پالیں گے اور اگر آپؐ نبی ہیں تو وہ آپؐ کو کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا۔

بَابُ دُعَاءِ الإِمَامِ عَلٰی مَنْ نَکَثَ عَهْدًا

عہد شکنی کرنے والوں کے لئے امام کا بددعا کرنا

یہ ذیلی باب ہے، اگر کسی وجہ سے عہد شکنی کرنے والوں کو سزا نہ دی جاسکے تو امام ان کے لئے بددعا کرسکتا ہے۔ بیر معونہ کے واقعہ میں جن لوگوں نے ستر قراء کو شہید کیا تھا: ایک مہینہ تک نبی ﷺ نے فجر کی نماز میں ان کے لئے بددعا کی تھی، اور

رکوع کے بعد قنوت نازلہ پڑھا تھا۔

[۸-] بَابُ دُعَاءِ الإِمَامِ عَلٰی مَنْ نَكَثَ عَهْدًا

[۳۱۷۰-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ، ثَنَا عَاصِمٌ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا عَنِ الْقُنُوْتِ، قَالَ: قَبْلَ الرُّكُوْعِ، فَقُلْتُ: إِنَّ فُلاَنًا يَزْعُمُ أَنَّكَ قُلْتَ: بَعْدَ الرُّكُوْعِ، فَقَالَ: كَذَبَ! ثُمَّ حَدَّثَ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّـهُ قَنَتَ شَهْرًا بَعْدَ الرُّكُوْعِ يَدْعُوْ عَلٰی أَحْيَاءٍ مِنْ بَنِیْ سُلَيْمٍ، قَالَ: بَعَثَ أَرْبَعِيْنَ أَوْ سَبْعِيْنَ – يَشُكُّ فِيْهِ – مِنَ الْقُرَّاءِ إِلٰی أُنَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، فَعَرَضَ لَهُمْ هٰؤُلآءِ، فَقَتَلُوْهُمْ، وَكَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم عَهْدٌ، فَمَا رَأَيْتُهُ وَجَدَ عَلٰی أَحَدٍ مَا وَجَدَ عَلَيْهِمْ. [راجع: ۱۰۰۱]

بَابُ أَمَانِ النِّسَاءِ وَجُوَارِهِنَّ

عورتوں کا پناہ دینا

اگر کوئی مسلمان عورت کسی کافر کو پناہ دے تو اس کا پناہ دینا معتبر ہے، اب اس کافر کو قتل کرنا جائز نہیں۔ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا نے فتح مکہ کے موقع پر اپنی سسرال کے دو آدمیوں کو پناہ دی تھی، نبی ﷺ نے اس کو معتبر قرار دیا اور فرمایا: ”جن کو تم نے پناہ دی ہم نے ان کو پناہ دی“

تشریح: فتح مکہ کے موقع پر نبی ﷺ نے تمام مکہ والوں کو پناہ دیدی تھی، مگر بارہ آدمیوں کو مستثنیٰ کیا تھا، ان میں سے دو کو حضرت ام ہانی نے پناہ دی تھی، وہ ان کے سسرالی تھے، اتفاق سے حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کے گھر پہنچ گئے، وہ دونوں وہاں چھپے ہوئے تھے، حضرت علیؓ نے ان کو قتل کرنا چاہا، ام ہانیؓ نے کہا: میں نے ان کو پناہ دی ہے، حضرت علیؓ نے کہا: عورت کو پناہ دینے کا کیا حق ہے؟ وہ جھٹ سے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں اور سارا واقعہ عرض کیا، آپؐ نے ان کے پناہ دینے کو معتبر قرار دیا، چنانچہ وہ قتل نہیں کئے گئے۔

[۹-] بَابُ أَمَانِ النِّسَاءِ وَجُوَارِهِنَّ

[۳۱۷۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِیْ النَّضْرِ مَوْلٰی عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أَبَا مُرَّةَ مَوْلٰی أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِیْ طَالِبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّـهُ سَمِعَ أُمَّ هَانِئٍ بِنْتَ أَبِیْ طَالِبٍ تَقُوْلُ: ذَهَبْتُ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَامَ الْفَتْحِ، فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ، وَفَاطِمَةُ ابْنَتُهُ تَسْتُرُهُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: ”مَنْ هٰذِهِ؟“ فَقُلْتُ: أَنَا أُمُّ هَانِئٍ بِنْتُ أَبِیْ طَالِبٍ، فَقَالَ: ”مَرْحَبًا بِأُمِّ هَانِیءٍ“ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهِ قَامَ فَصَلّٰی ثَمَانَ رَكْعَاتٍ مُلْتَحِفًا فِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! زَعَمَ ابْنُ أُمِّیْ عَلِیٌّ أَنَّـهُ قَاتِلٌ رَجُلاً قَدْ

أَجَرْتُهُ فُلَانُ بْنُ هُبَيْرَةَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَدْ أَجَرْنَا مَنْ أَجَرْتِ يَا أُمَّ هَانِئٍ" قَالَتْ أُمُّ هَانِئٍ: وَذٰلِكَ ضُحًى. [راجع: ۲۸۰]

بَابٌ: ذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَجِوَارُهُمْ وَاحِدَةٌ، يَسْعَى بِهَا أَدْنَاهُمْ

ایک مسلمان کا پناہ دینا سب کا پناہ دینا ہے، معمولی مسلمان بھی اس کو نباہنے کی کوشش کرے

یہ ذیلی باب ہے اور باب کے الفاظ حدیث کے الفاظ ہیں، جو مسند احمد میں مروی ہیں، اور ذِمَّة اور جُوَار مترادف ہیں، اور عطف تفسیری ہے، ایک مسلمان کا پناہ دینا گویا سب مسلمانوں کا پناہ دینا ہے، اب ہر فوجی کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس کو نباہنے کی کوشش کرے، اب اس کو قتل کرنا جائز نہیں، اور حدیث میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صحیفہ کا ذکر ہے اس کے آخر میں یہ مضمون ہے: فعليه مثلُ ذلك: اس پر اس کے مانند ہے یعنی اللہ کی، فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔

[۱۰-] بَابٌ: ذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَجِوَارُهُمْ وَاحِدَةٌ، يَسْعَى بِهَا أَدْنَاهُمْ

[۳۱۷۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: خَطَبَنَا عَلِيٌّ، فَقَالَ: مَا عِنْدَنَا كِتَابٌ نَقْرَؤُهُ إِلَّا كِتَابَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَا فِيْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ، فَقَالَ: فِيْهَا الْجِرَاحَاتُ، وَأَسْنَانُ الإِبِلِ، وَالْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ مَابَيْنَ عَيْرٍ إِلٰى كَذَا، فَمَنْ أَحْدَثَ فِيْهَا حَدَثًا أَوْ آوَى فِيْهَا مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا. وَمَنْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ مِثْلُ ذٰلِكَ، وَذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدَةٌ فَمَنْ أَخْفَرَ مُسْلِمًا فَعَلَيْهِ مِثْلُ ذٰلِكَ" [راجع: ۱۱۱]

وضاحت: الجراحات: زخموں میں قصاص کے احکام .... أسنان الإبل: اونٹوں کی عمریں یعنی دیت مغلظہ اور مخففہ کے اونٹوں کی عمریں یا زکات کے اونٹوں کی عمریں .... عَيْر: مدینہ میں ایک پہاڑ .... حَدَث: نئی بات یعنی قولی یا فعلی گمراہی۔

بَابٌ: إِذَا قَالُوْا: صَبَأْنَا، وَلَمْ يُحْسِنُوْا: أَسْلَمْنَا

کہا: ہم نے دین بدل لیا، اور وہ اچھی طرح نہ کہہ سکے کہ ہم نے اسلام قبول کیا

ایک جنگ میں ایسا ہوا کہ دشمن کی طرف جو لوگ تھے انھوں نے اپنا مسلمان ہونا ظاہر کرنے کے لئے صَبَأْنَا کہا، یعنی ہم نے اپنا دین بدل لیا، یعنی اب ہم مشرک نہیں ہیں، اور انھوں نے أسلمنا نہیں کہا، حضرت خالد رضی اللہ عنہ ان کی بات نہ سمجھ سکے، اور ان کے قتل کا حکم دیدیا، جب سریہ واپس آیا اور نبی ﷺ سے یہ بات ذکر کی گئی تو آپؐ نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے

اور کہا: ''اے اللہ! خالدؓ نے جو کچھ کیا اس سے میرا کوئی تعلق نہیں، میں اس سے راضی نہیں''

پھر آخر میں دو مسئلے ذکر کئے ہیں:

پہلا مسئلہ: اگر دشمن سے فارسی میں کہا: مترس: مت ڈر، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ امان ہو گیا، اب اس کو قتل کرنا جائز نہیں، اللہ تعالیٰ سبھی زبانوں کو جانتے ہیں پس کسی بھی زبان میں پناہ دی جا سکتی ہے۔

دوسرا مسئلہ: جب ہُرمزان حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا تو وہ خوف سے لرز رہا تھا، حضرت عمرؓ نے فرمایا: تَكَلَّمْ لاَبَأْسَ: بات کر، گھبرا نہیں، بات کرنے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کے اسلام سے مطمئن نہیں ہوئے تو اس کو قتل کرنا چاہا، اس نے کہا: اب آپ مجھے قتل نہیں کر سکتے، آپ مجھے پناہ دے چکے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی یہ بات مان لی اور اس کو قتل نہیں کیا۔ معلوم ہوا کہ تَكَلَّمْ لاَبَأْسَ کہنے سے پناہ ہو جاتی ہے۔

[۱۱-] بَابٌ: إِذَا قَالُوْا: صَبَأْنَا، وَلَمْ يُحْسِنُوْا: أَسْلَمْنَا

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَجَعَلَ خَالِدٌ يَقْتُلُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَبْرَأُ إِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ''

[۲-] وَقَالَ عُمَرُ: إِذَا قَالَ: مَتَرْسْ، فَقَدْ آمَنَهُ، إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ الْأَلْسِنَةَ كُلَّهَا.

[۳-] وَقَالَ: تَكَلَّمْ لاَ بَأْسَ.

بَابُ الْمُوَادَعَةِ وَالْمُصَالَحَةِ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ بِالْمَالِ وَغَيْرِهِ، وَإِثْمِ مَنْ لَمْ يَفِ بِالْعَهْدِ

(۱) مشرکین سے مال کے عوض یا بغیر مال کے مصالحت کرنا (۲) اور عہد و پیمان پورا نہ کرنے کا گناہ

جزیہ کے ابواب پورے ہوئے، اب مصالحت کے ابواب شروع ہو رہے ہیں، اور یہ جنرل باب ہے، اس میں صرف مصالحت کا ذکر ہے، اور عہد شکنی کے گناہ کا ذکر اگلے ابواب میں آئے گا۔ اور الموادعة اور المصالحة ہم معنی ہیں، عطف تفسیری ہے، اور مصالحة کے معنی ہیں: عارضی یا مستقل ناجنگ معاہدہ کرنا، یہ معاہدہ مال لے کر بھی ہو سکتا ہے اور بغیر مال کے بھی۔ سورۃ الانفال آیت: ۶۱ میں ہے: ''اور اگر وہ (کفار) صلح کی طرف جھکیں تو آپ بھی اس طرف جھک جائیں، اور اللہ پر بھروسہ رکھیں، بلاشبہ وہ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں، یعنی کفار مصالحت کے لئے آمادہ ہوں تو آپؐ ان کے ساتھ مصالحت کر سکتے ہیں۔

اور باب کی حدیث میں عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ کے قتل کا واقعہ ہے، یہ اس زمانہ کا واقعہ ہے جب مسلمانوں کی خیبر والوں کے ساتھ مصالحت چل رہی تھی، یہی باب ہے۔

[۱۲-] بَابُ الْمُوَادَعَةِ وَالْمُصَالَحَةِ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ بِالْمَالِ وَغَيْرِهِ، وَإِثْمِ مَنْ لَمْ يَفِ بِالْعَهْدِ

﴿وَإِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ جَنَحُوْا: طَلَبُوْا السَّلَمَ. ﴿فَاجْنَحْ لَهَا﴾

[۳۱۷۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا بِشْرٌ: هُوَ ابْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا يَحْيَى، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِيْ حَثْمَةَ، قَالَ: انْطَلَقَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ، وَمُحَيِّصَةُ بْنُ مَسْعُوْدِ بْنِ زَيْدٍ إِلَى خَيْبَرَ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ صُلْحٌ، فَتَفَرَّقَا، فَأَتَى مُحَيِّصَةُ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ وَهُوَ يَتَشَحَّطُ فِيْ دَمِهِ قَتِيْلاً فَدَفَنَهُ، ثُمَّ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَانْطَلَقَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةُ وَحُوَيِّصَةُ ابْنَا مَسْعُوْدٍ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَذَهَبَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يَتَكَلَّمُ، فَقَالَ: "كَبِّرْ كَبِّرْ!" وَهُوَ أَحْدَثُ الْقَوْمِ، فَسَكَتَ فَتَكَلَّمَا فَقَالَ: "أَتَحْلِفُوْنَ وَتَسْتَحِقُّوْنَ قَاتِلَكُمْ أَوْ: صَاحِبَكُمْ؟" قَالُوْا: وَكَيْفَ نَحْلِفُ وَلَمْ نَشْهَدْ وَلَمْ نَرَ، قَالَ: "فَتُبْرِئُكُمْ يَهُوْدُ بِخَمْسِيْنَ يَمِيْنًا" فَقَالُوْا: كَيْفَ نَأْخُذُ أَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ؟ فَعَقَلَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ عِنْدِهِ. [راجع: ۲۷۰۲]

ترجمہ: حضرت سہل بن ابی حثمہ کہتے ہیں: عبداللہ بن سہلؓ اور محیّصہ بن مسعودؓ خیبر گئے، اور یہ اس زمانہ کا واقعہ ہے جب خیبر والوں کے ساتھ صلح تھی، پس وہ دونوں جدا ہوئے یعنی ہر ایک اپنا کھیت دیکھنے گیا، پس محیصہ: عبداللہؓ کے پاس آئے، یعنی جب دیر ہوگئی اور عبداللہؓ نہیں لوٹے تو محیصہ ان کو ڈھونڈھنے کے لئے ان کے کھیت میں گئے، وہ مرے ہوئے اپنے خون میں لت پت تھے، محیصہؓ نے ان کو دفن کیا، پھر وہ مدینہ آئے پس مقتول کے بھائی عبدالرحمٰن اور دو چچازاد بھائی مُحَیِّصہ اور حُوَیِّصہ نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، عبدالرحمٰن نے بات شروع کی، آپؐ نے فرمایا: بڑے کو بولنے کا موقع دو ــــ عبدالرحمٰن تینوں میں کم عمر تھے ــــ وہ خاموش ہوگئے اور دو چچازاد بھائیوں نے بات کی، آپؐ نے فرمایا: کیا تم قسم کھاؤ گے اور اپنے قاتل کے یا فرمایا: ساتھی کے خون کے حقدار بنو گے؟ انھوں نے کہا: ہم کیسے قسم کھائیں، ہم موجود نہیں تھے، اور ہم نے دیکھا نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: پس یہود پچاس قسمیں کھا کر تمہارے سامنے اپنے آپ کو بے گناہ ٹھہرائیں گے، ان لوگوں نے عرض کیا: کافروں کی قسموں کا ہم کیسے اعتبار کریں؟ چنانچہ نبی ﷺ نے عبداللہ کی دیت اپنے پاس سے ادا کی۔

(اس حدیث کا تعلق قسامہ سے ہے اس کی تفصیل کتاب الدیات، باب القسامة (حدیث ۶۸۹۸) میں آئے گی)

بَابُ فَضْلِ الْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ

عہد و پیمان پورا کرنے کی اہمیت

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں ہرقل کی حدیث لکھی ہے، مگر پوری نہیں لکھی، اس حدیث کے آخر میں تعلیماتِ اسلام میں عہد و پیمان پورا کرنے کا ذکر ہے، وہ جزء ذکر کرتے تو حدیث کی باب سے مناسبت واضح ہوجاتی، مگر وہ جزء نہیں لائے،

اور جتنی حدیث لائے ہیں اس سے عہد و پیمان پورا کرنے کی اہمیت کیسے نکلتی ہے؟ ابن بطال رحمہ اللہ کہتے ہیں: فی المدة التی مادَّ فیها رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم أبا سفیان فی کفار قریش: سے اہمیت نکلتی ہے، اس طرح کہ عہد شکنی ہر امت کے نزدیک بری بات ہے اور وہ رسولوں کی صفات میں سے نہیں ہے، یہ بات ہرقل جانتا تھا، چنانچہ جب ہرقل نے ابوسفیانؓ کی بات پر تبصرہ کیا تو ابوسفیان نے جو گڑبڑ کی تھی اس کو نظر انداز کر دیا اور کہا: جب کوئی بھی رسول عہد شکنی نہیں کرتا تو یہ رسول عہد شکنی کیسے کریں گے؟ پس ثابت ہوا کہ وفائے عہد تمام رسول کا طریقہ ہے، یہی وفاء عہد کی اہمیت ہے۔

[١٣-] بَابُ فَضْلِ الْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ

[٣١٧٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبِ بْنِ أُمَيَّةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ فِيْ رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ كَانُوْا تُجَّارًا بِالشَّامِ فِي الْمُدَّةِ الَّتِيْ مَادَّ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَا سُفْيَانَ فِيْ كُفَّارِ قُرَيْشٍ. [راجع: ٧]

بَابٌ: هَلْ يُعْفَى عَنِ الذِّمِّيِّ إِذَا سَحَرَ؟

ذمی جادو کرے تو اس کو معاف کیا جا سکتا ہے؟

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے، اوپر وفائے عہد کی اہمیت کا بیان تھا، اب بے وفائی کی قباحت بیان کرتے ہیں، اگر کوئی ذمی جس کا اسلامی حکومت سے عہد و پیمان ہے، کسی مسلمان پر جادو کرے تو اس کو معاف کیا جا سکتا ہے؟

جواب: اگر کوئی مصلحت ہو تو معاف کیا جا سکتا ہے اور قطعی ثبوت ہو تو سزا بھی دی جا سکتی ہے، یہود نے نبی ﷺ پر جادو کیا تھا۔ امام زہری رحمہ اللہ سے مسئلہ پوچھا گیا کہ اگر کوئی ذمی جادو کرے تو اس کو قتل کرنا ضروری ہے؟ امام زہریؒ نے فرمایا: قتل کرنا ضروری نہیں، نبی ﷺ پر یہود نے جادو کیا تو آپؐ نے اس کو قتل نہیں کیا۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس جادو کا آپؐ پر اتنا اثر ہوا تھا کہ آپؐ نے ایک کام نہیں کیا اور خیال ہوتا کہ کر لیا ہے، اس سے زیادہ اثر نہیں ہوا۔

[١٤-] بَابٌ: هَلْ يُعْفَى عَنِ الذِّمِّيِّ إِذَا سَحَرَ؟

وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سُئِلَ: أَعَلَى مَنْ سَحَرَ مِنْ أَهْلِ الْعَهْدِ قَتْلٌ؟ قَالَ: بَلَغَنَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ صُنِعَ لَهُ ذٰلِكَ، فَلَمْ يَقْتُلْ مَنْ صَنَعَهُ، وَكَانَ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ.

[٣١٧٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيَى، ثَنَا هِشَامٌ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه

وسلم سُحِرَ حَتّٰی کَانَ یُخَیَّلُ إِلَیْهِ أَنَّهُ صَنَعَ شَیْئًا وَلَمْ یَصْنَعْهُ.
[انظر: ٣٢٦٨، ٥٧٦٣، ٥٧٦٥، ٥٧٦٦، ٦٠٦٣، ٦٣٩١]

بَابُ مَا یُحَذَّرُ مِنَ الْغَدْرِ

بے وفائی سے ڈرانا

ما: موصولہ اور من الغدر: اس کا بیان ہے۔سورۃ الانفال آیات ۶۲و۶۳ میں ہے: ''اور اگر وہ لوگ آپ کو دھوکا دینا چاہیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے لئے کافی ہیں اور اللہ وہی ہیں جنھوں نے آپ کو اپنی امداد سے اور مؤمنین سے قوت دی، اور ان کے قلوب میں اتفاق پیدا کردیا'' اس آیت میں تحذیر ہے کہ مسلمان اپنے دشمنوں سے چوکنا رہیں، وہ عہد و پیمان کر کے دھوکا دے سکتے ہیں، مگر مسلمانوں کا کچھ نہیں بگڑے گا اللہ ان کی مدد کے لئے کافی ہیں۔

حدیث: عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: تبوک کے سفر میں میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ چمڑے کے خیمہ میں تھے، آپ نے فرمایا: قیامت سے پہلے چھ علامتیں گن لو: (۱) میری وفات (۲) پھر بیت المقدس کی فتح (۳) پھر مری، پکڑے گی وہ تمہیں بکریوں کے سینہ کی بیماری کے پکڑنے کی طرح (۴) پھر مال کا بہنا یہاں تک کہ آدمی سو دینار دیا جائے گا، پس وہ ناراض ہوگا (۵) پھر ایک بڑا فتنہ، عرب کا کوئی گھر باقی نہیں رہے گا مگر وہ اس میں گھس جائے گا (۶) پھر تمہارے اور رومیوں کے درمیان مصالحت ہوگی، اور وہ بے وفائی کریں گے اور اسّی جھنڈوں تلے تم پر چڑھائی کریں گے، ہر جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار فوج ہوگی۔

تشریح: تیسری علامت طاعون عمواس میں پوری ہوئی، چوتھی بھی پوری ہوگئی، مسلمانوں کے دور عروج میں دولت کی ریل پیل ہوگئی تھی، اور پانچویں علامت وہ خانہ جنگی ہے جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد شروع ہوئی، اور آخری علامت ابھی نہیں پائی گئی، وہی باب سے متعلق ہے۔حضور ﷺ نے پہلے سے امت کو چوکنا کیا ہے کہ رومی تمہارے ساتھ بے وفائی کریں گے ان سے چوکنا رہنا۔

[١٥-] بَابُ مَا یُحَذَّرُ مِنَ الْغَدْرِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿وَإِنْ یُرِیْدُوْا أَنْ یَخْدَعُوْكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ، هُوَ الَّذِیْ أَیَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ، وَأَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ﴾ الآیَةَ [الأنفال: ٦٢]

[٣١٧٦-] حدثنا الْحُمَیْدِیُّ، ثنا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلاَءِ بْنِ زَبْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ بُسْرَ بْنَ عُبَیْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا إِدْرِیْسَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: أَتَیْتُ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم فِیْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، وَهُوَ فِیْ قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ، فَقَالَ:" اعْدُدْ سِتًّا بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَةِ: مَوْتِیْ، ثُمَّ فَتْحُ

بَيْتِ الْمَقْدِسِ، ثُمَّ مُوْتَانٌ، يَأْخُذُ فِيكُمْ كَقُعَاصِ الْغَنَمِ، ثُمَّ اسْتِفَاضَةُ الْمَالِ، حَتَّى يُعْطَى الرَّجُلُ مِائَةَ دِيْنَارٍ فَيَظَلُّ سَاخِطًا، ثُمَّ فِتْنَةٌ، لاَ يَبْقَى بَيْتٌ مِنَ الْعَرَبِ إِلاَّ دَخَلَتْهُ، ثُمَّ هُدْنَةٌ، تَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ بَنِي الْأَصْفَرِ فَيَغْدِرُوْنَ، فَيَأْتُوْنَكُمْ تَحْتَ ثَمَانِيْنَ غَايَةً، تَحْتَ كُلِّ غَايَةٍ اثْنَا عَشَرَ أَلْفًا"

بَابٌ: كَيْفَ يُنْبَذُ إِلٰى أَهْلِ الْعَهْدِ؟

عہد و پیمان ختم کرنے کی اطلاع کیسے کی جائے؟

اگر مسلمان کسی قوم سے کیے ہوئے عہد و پیمان کو ختم کرنا چاہیں اور عہد شکنی سے بچنا چاہیں تو اس کا کیا طریقہ ہے؟ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ان کو مطلع کردیا جائے کہ ہمارا تمہارا معاہدہ ختم! اور مطلع بھی اس طرح کیا جائے کہ وہ کسی دھوکہ میں نہ رہیں۔ علی سواء کا یہی مطلب ہے کہ جس طرح ہم جانتے ہیں کہ معاہدہ ختم ہوگیا، اسی طرح وہ بھی جان لیں کہ معاہدہ ختم ہوگیا۔

سورۃ الانفال آیت ۵۸ میں ہے: ''اور اگر آپ کو کسی قوم سے خیانت یعنی عہد شکنی کا اندیشہ ہو تو آپ وہ عہد ان کو اس طرح واپس کردیں کہ آپ اور وہ اس اطلاع میں برابر ہوں، ایسی اطلاع کیے بغیر لڑنا خیانت ہے جو مسلمانوں کے شایانِ شان نہیں۔ اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے، سنہ ۹ ہجری میں جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حج کیا تو تمام قبائل کو معاہدے ختم ہونے کی اطلاع کردی تھی اور یہ بھی اعلان کردیا تھا کہ آئندہ کوئی غیر مسلم حج کو نہیں آئے گا۔

[۱۶-] بَابٌ: كَيْفَ يُنْبَذُ إِلٰى أَهْلِ الْعَهْدِ؟

وَقَوْلِهِ: ﴿وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ إِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَاءٍ﴾ الآيَة [الأنفال: ۵۸]

[۳۱۷۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَعَثَنِي أَبُوْ بَكْرٍ فِيْمَنْ يُؤَذِّنُ يَوْمَ النَّحْرِ بِمِنًى: لاَ يَحُجُّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلاَ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ، وَيَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ: يَوْمُ النَّحْرِ، وَإِنَّمَا قِيْلَ: الْأَكْبَرُ، مِنْ أَجْلِ قَوْلِ النَّاسِ: الْحَجُّ الْأَصْغَرُ، فَنَبَذَ أَبُوْ بَكْرٍ إِلٰى النَّاسِ فِيْ ذٰلِكَ الْعَامِ، فَلَمْ يَحُجَّ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ الَّذِيْ حَجَّ فِيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُشْرِكٌ. [راجع: ۳۶۹]

وضاحت: سورہ براءت میں ﴿يَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ﴾ آیا ہے یعنی بڑے حج کے دن براءت کا اعلان کیا جائے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس سے مراد دس ذی الحجہ ہے، اور اس کو حج اکبر اس لئے کہا ہے کہ لوگ عمرہ کو حج اصغر کہتے ہی۔

بَابُ إِثْمِ مَنْ عَاهَدَ ثُمَّ غَدَرَ

عہد و پیمان کرکے بے وفائی کا گناہ

کسی سے عہد و پیمان کرکے بے وفائی کرنا حرام ہے، مسلمان کے ساتھ بھی اور غیر مسلم کے ساتھ بھی۔ سورۃ الانفال

آیت ۵۶ میں ہے: ''بدترین جانور وہ کافر ہیں کہ آپؐ ان سے عہد لے چکے ہیں پھر وہ ہر بار اپنا عہد توڑ ڈالتے ہیں اور وہ عہد شکنی سے ڈرتے نہیں''

تفسیر: اس آیت کا سبب نزول بنوقریظہ کی عہد شکنی ہے وہ بار بار نبی ﷺ سے عہد کرتے تھے، پھر خلاف ورزی کرتے تھے، اور کہتے تھے کہ ہم بھول گئے، آخری مرتبہ انھوں نے غزوۂ احزاب کے موقع پر عہد شکنی کی تو ان سے قتال کا حکم آیا، اور مسلمان عہد کر کے خلاف ورزی کرے تو یہ بھی حرام ہے، یہی وہ گناہ ہے جس کا باب میں ذکر ہے۔

اور پہلی حدیث میں علامات نفاق میں إِذَا عَاهَدَ غَدَرَ کو لیا ہے کہ جب بھی منافق عہد و پیمان کرتا ہے تو عہد شکنی کرتا ہے، اسی گناہ نے اس کو منافق بنا دیا۔ اور دوسری حدیث میں ہے: مَنْ أَخْفَرَ مُسْلِمًا: جو کسی مسلمان کے ساتھ کئے ہوئے عہد و پیمان کو توڑ دے تو وہ ملعون ہے، یہی عہد توڑنے کا گناہ ہے۔

اور آخری روایت ہے: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارا کیا حال ہوگا جب تم کو ایک دینار اور ایک درہم وصول نہ ہوگا، یعنی تمہاری آمدنی بند ہو جائے گی، لوگوں نے پوچھا: اے ابو ہریرہ! ایسا کیسے ہوگا؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: ضرور ہوگا، قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں ابو ہریرہؓ کی جان ہے! سچے اور سچ بتلائے ہوئے پیغمبر کے ارشاد کی بنا پر یہ بات کہہ رہا ہوں، لوگوں نے پوچھا: آخر اس کا سبب کیا ہوگا؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا: اللہ اور اللہ کے رسول کی ذمہ داری کی بے حرمتی کی جائے گی (یہاں باب ہے) پس اللہ تعالیٰ ذمیوں کے دل سخت کر دیں گے، وہ روک لیں گے وہ مال جو ان کے ہاتھوں میں ہے، یعنی جزیہ اور بیگھہ دینا بند کر دیں گے، اس طرح تمہاری آمدنی بند ہو جائے گی۔

[۱۷-] بَابُ إِثْمِ مَنْ عَاهَدَ ثُمَّ غَدَرَ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿الَّذِيْنَ عَاهَدتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ﴾ الآيَةَ [الانفال: ۵۶]

[۳۱۷۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَرْبَعُ خِلَالٍ مَنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا: مَنْ إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ، وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ، وَمَنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتَّى يَدَعَهَا"[راجع: ۳۴]

[۳۱۷۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: مَا كَتَبْنَا عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا الْقُرْآنَ، وَمَا فِيْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الْمَدِيْنَةُ حَرَامٌ مَا بَيْنَ عَائِرٍ إِلٰى كَذَا، فَمَنْ أَحْدَثَ حَدَثًا أَوْ آوَى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ عَدْلٌ وَلَا صَرْفٌ، وَذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدَةٌ يَسْعٰى بِهَا أَدْنَاهُمْ، فَمَنْ أَخْفَرَ مُسْلِمًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ، وَمَنْ وَالٰى قَوْمًا بِغَيْرِ

إِذْنِ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَاعَدْلٌ"[راجع: ۱۱۱]

[۳۱۸۰-] قَالَ وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: ثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا لَمْ تَجْتَبِئُوْا دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا؟ فَقِيْلَ لَهُ: وَكَيْفَ تَرَى ذٰلِكَ كَائِنًا يَا أَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: إِیْ وَالَّذِیْ نَفْسُ أَبِیْ هُرَيْرَةَ بِيَدِهِ! عَنْ قَوْلِ الصَّادِقِ الْمَصْدُوْقِ، قَالُوْا: عَمَّ ذٰلِكَ؟ قَالَ: تُنْتَهَكُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهِ، فَيَشُدُّ اللّٰهُ قُلُوْبَ أَهْلِ الذِّمَّةِ، فَيَمْنَعُوْنَ مَا فِی أَيْدِيْهِمْ.

بَابٌ

مسلمانوں نے نہ چاہتے ہوئے بھی عہد و پیمان کی پاسداری کی ہے

شارحین کرام نے اس باب کو کالفصل من الباب السابق قرار دیا ہے، مگر باب سابق ہے: "عہد و پیمان کر کے بے وفائی کرنے کا گناہ" اور اس باب کی حدیثوں میں گناہ کا تذکرہ نہیں، اس لئے میرے نزدیک بہتر یہاں نیا باب لگانا ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی ہے، اس کی دو طریق سے تخریج کی ہے، اور دوسری حدیث حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کی ہے، حضرت سہلؓ کی روایت میں یہ مضمون ہے کہ جب حدیبیہ میں صلح ہوگئی، اور صلح کی رو سے ابو جندل رضی اللہ عنہ کو واپس کرنا پڑا تو ہر صحابی خون کا گھونٹ پی کر رہ گیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ تو تلوار حمائل کر کے ان کے ساتھ چل رہے تھے اور تلوار کا دستہ ان سے قریب کر رہے تھے کہ وہ تلوار سے باپ کو نمٹا دیں، مگر انھوں نے ہمت نہ کی، اور حضرت سہلؓ کہتے ہیں: میرے بس میں ہوتا تو میں صلح کے علی الرغم ابو جندلؓ کو کسی قیمت پر جانے نہ دیتا، مگر چونکہ صلح ہوگئی تھی اس لئے بادل ناخواستہ ہم نے ان کو جانے دیا۔

اور دوسری حدیث یہ ہے کہ حضرت اسماءؓ کی ماں اپنے باپ کے ساتھ مدینہ منورہ اپنی بیٹی کے پاس آئی اور امید لے کر آئی، اور عہد کے ایک معنی تعلق کے بھی ہیں، ماں چونکہ اسلام نہیں لائی تھی اس لئے اس کے ساتھ حسن سلوک کرنے کو جی نہیں چاہتا تھا مگر حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے اس سلسلہ میں نبی ﷺ سے استصواب کیا، آپؐ نے فرمایا: اپنی ماں کے ساتھ صلہ رحمی کرو، چنانچہ دل نہ چاہنے کے باوجود حضرت اسماءؓ نے اپنی ماں کو ہدایا سے نوازا۔

[۱۸-] بَابٌ

[۳۱۸۱-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا أَبُوْ حَمْزَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْأَعْمَشَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا وَائِلٍ: شَهِدْتَ صِفِّيْنَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَسَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَقُوْلُ: اتَّهِمُوْا رَأْيَكُمْ، رَأَيْتُنِیْ يَوْمَ أَبِیْ جَنْدَلٍ، وَلَوْ اسْتَطِيْعُ أَنْ أَرُدَّ أَمْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَرَدَدْتُهُ، وَمَا وَضَعْنَا أَسْيَافَنَا عَلٰى عَوَاتِقِنَا لِأَمْرٍ يُفْظِعُنَا إِلَّا أَسْهَلْنَ بِنَا إِلٰى أَمْرٍ نَعْرِفُهُ، غَيْرَ أَمْرِنَا هٰذَا. [انظر: ۳۱۸۲، ۴۱۸۹، ۴۸۴۴، ۷۳۰۸]

[۳۱۸۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ آدم، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْهِ، ثَنَا حَبِيْبُ ابْنُ أَبِيْ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِيْ أَبُوْ وَائِلٍ، قَالَ: كُنَّا بِصِفِّيْنَ فَقَامَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ! اتَّهِمُوْا أَنْفُسَكُمْ، فَإِنَّا كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ، وَلَوْ نَرَى قِتَالاً لَقَاتَلْنَا فَجَاءَ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَسْنَا عَلٰى الْحَقِّ وَهُمْ عَلٰى بَاطِلٍ؟ فَقَالَ: "بَلٰى" فَقَالَ: أَلَيْس قَتْلاَنَا فِيْ الْجَنَّةِ وَقَتْلاَهُمْ فِي النَّارِ؟ قَالَ: "بَلٰى" قَالَ: فَعَلَامَ نُعْطِيْ الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا؟ أَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمِ اللّٰهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ؟ قَالَ: "يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! إِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَلَنْ يُضَيِّعَنِى اللّٰهُ أَبَدًا" فَانْطَلَقَ عُمَرُ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ لِلنَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: إِنَّـهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَلَنْ يُضَيِّعَهُ اللّٰهُ أَبَدًا، فَنَزَلَتْ سُوْرَةُ الْفَتْحِ فَقَرَأَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَلٰى عُمَرَ إِلٰى آخِرِهَا، فَقَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوَ فَتْحٌ هُوَ؟ قَالَ: "نَعَمْ" [راجع: ۳۱۸۱]

وضاحت: حضرت سہل بن حنیفؓ جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے، مگر پر جوش نہیں تھے، لوگ ان سے کہتے تھے: آپ بہادری کا مظاہرہ کیوں نہیں کرتے؟ انھوں نے جواب دیا: یہ اجتہادی مسئلہ ہے، حق کس جانب ہے: حضرت علیؓ کی جانب یا حضرت معاویہؓ کی جانب؟ یہ معلوم نہیں، اجتہادی مسائل میں اپنی رائے کے علاوہ دوسری رائے کی بھی گنجائش ہوتی ہے، اس لئے طبیعت میں جوش اور ولولہ نہیں۔

اور جہاں ایک پہلو قطعی ہوتا ہے جیسے حدیبیہ میں مسلمان حق پر تھے اور کفار باطل پر، اس لئے اس دن ہمارے جوش کا حال کچھ اور ہی تھا، جب ابوجندلؓ کو لے کر ان کا باپ چلا تو اگر میرے بس میں ہوتا تو میں حضور ﷺ کے فیصلہ کے خلاف اقدام کرتا، اسی طرح اور جنگوں میں جب ہم نے تلوار اٹھائی تو فیصلہ کر کے رکھی، مگر اس جنگ کا معاملہ ہماری سمجھ سے باہر ہے، تم یہ سمجھتے ہو کہ تم ہی حق پر ہو، تمہیں اپنی رایوں کو متہم گردانناچاہئے، کیونکہ یہ اجتہادی مسئلہ ہے، دوسری طرف بھی حق کی گنجائش ہے، اس لئے جیسا جوش اور ولولہ ہونا چاہئے میرے اندر تم نہیں پاتے۔

ترجمہ: سلیمان اعمش نے ابووائل شقیق بن سلمہ سے پوچھا: کیا آپ جنگ صفین میں شریک ہوئے ہیں؟ انھوں نے کہا: ہاں، میں نے حضرت سہل بن حنیفؓ کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ متہم گردانو تم اپنی رائے کو یعنی تم نے جو دوٹوک فیصلہ کر لیا ہے کہ تم ہی حق پر ہو، فریق ثانی باطل پر ہے اپنی اس رائے کے بارے میں بدگمانی کرو، دیکھا میں نے مجھ کو ابوجندلؓ کے دن یعنی صلح حدیبیہ کے بعد جب ان کا باپ ان کو لے کر چلا اس دن میرا حال یہ تھا کہ اگر طاقت رکھتا میں کہ رسول اللہ ﷺ کے امر کو رد کر دوں تو اسے رد کر دیتا (مگر اس کو رد کرنا ممکن نہیں تھا، کیونکہ صلح ہو چکی تھی پس عہد و پیمان کی پاسداری ضروری تھی) اور نہیں رکھی ہم نے ہماری تلواریں ہمارے کندھوں پر کسی ایسے معاملہ میں جس نے ہمیں گھبراہٹ میں مبتلا کر دیا تھا، مگر تلواروں نے ہمارا معاملہ آسان کر دیا، ایسے امر کی طرف جس کو ہم پہچانتے تھے یعنی جب بھی حق و باطل کا معرکہ پیش آیا تو ہم نے

تلواروں کے ذریعہ اس کو حل کرلیا سوائے ہمارے اس معاملہ کے۔

حدیث (۲): ابووائلؒ کہتے ہیں: ہم صفین میں تھے، پس حضرت سہلؓ کھڑے ہوئے یعنی تقریر کی، پس انھوں نے کہا: اے لوگو! اپنی ذاتوں کے بارے میں بدگمانی کرو، پس بیشک ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے، حدیبیہ کے دن، اور اگر دیکھتے ہم جنگ کو تو ضرور ہم جنگ لڑتے، یعنی حدیبیہ میں صلح کو پس انداز کر کے مکہ والوں سے لڑنا ہمارے لئے ممکن ہوتا تو ہم ضرور لڑتے، مگر یہ بات ممکن نہیں تھی، کیونکہ صلح ہوچکی تھی، اس کی پاسداری ضروری تھی، اور میرے علاوہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حال یہ تھا کہ وہ آئے، انھوں نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا ہم برحق پر نہیں ہیں، اور وہ باطل پر نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کیوں نہیں، انھوں نے پوچھا: کیا ہمارے مقتول جنت میں اور ان کے مقتول دوزخ میں نہیں ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: کیوں نہیں، حضرت عمرؓ نے کہا: پھر ہم اپنے دین کے معاملہ میں اپنی مونچھ نیچی کیوں کرلیں؟ ہم لوٹیں اس حال میں کہ اللہ نے ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ نہ کیا ہو! آپؐ نے فرمایا: اے خطاب کے لڑکے! میں اللہ کا رسول ہوں اور اللہ تعالیٰ مجھے کبھی ضائع نہیں کریں گے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، اور انھوں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ویسی ہی بات کی جیسی نبی ﷺ سے کی تھی، پس حضرت ابوبکرؓ نے جواب دیا: بیشک وہ اللہ کے رسول ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو کبھی ضائع نہیں کریں گے، پھر سورۃ الفتح نازل ہوئی وہ پوری سورت حضور ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو پڑھ کر سنائی حضرت عمرؓ نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا اور وہ فتح ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔

[۳۱۸۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَتْ: قَدِمَتْ عَلَيَّ أُمِّيْ، وَهِيَ مُشْرِكَةٌ فِيْ عَهْدِ قُرَيْشٍ، إِذْ عَاهَدُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمُدَّتِهِمْ، مَعَ أَبِيْهَا، فَاسْتَفْتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أُمِّيْ قَدِمَتْ عَلَيَّ وَهِيَ رَاغِبَةٌ أَفَأَصِلُهَا؟ قَالَ: "نَعَمْ، صِلِيْهَا"[راجع: ۲۶۲۰]

ترجمہ: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میرے پاس میری ماں آئی درانحالیکہ وہ غیر مسلم تھی، قریش کے زمانہ میں جب قریش نے معاہدہ کیا نبی ﷺ کے ساتھ اور قریش کی مصالحت کے زمانہ میں، اپنے ابا (حضرت اسماءؓ کے نانا) کے ساتھ پس انھوں نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا: یارسول اللہ! بیشک میری ماں میرے پاس آئی ہے، اور وہ امید لے کر آئی ہے، تو کیا میں اس کے ساتھ صلہ رحمی کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، اس کے ساتھ صلہ رحمی کرو۔

بَابُ الْمُصَالَحَةِ عَلٰى ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ أَوْ وَقْتٍ مَعْلُوْمٍ

تین دن یا معین مدت کے لئے مصالحت کرنا

مقررہ مدت کے لئے معاہدہ کرنا جائز ہے، حدیبیہ میں طے پایا تھا کہ مسلمان اگلے سال عمرہ کے لئے آئیں، اور تین

دن مکہ میں ٹھہریں، اور حدیث پہلے گذر چکی ہے۔

[۱۹-] بَابُ الْمُصَالَحَةِ عَلٰی ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ أَوْ وَقْتٍ مَعْلُوْمٍ

[۳۱۸۴-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيْمٍ، ثَنِیْ شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ أَبِیْ إِسْحَاقَ، ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، ثَنِیْ الْبَرَاءُ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم لَمَّا أَرَادَ أَنْ يَعْتَمِرَ أَرْسَلَ إِلٰی أَهْلِ مَكَّةَ يَسْتَأْذِنُهُمْ لِيَدْخُلَ مَكَّةَ، فَاشْتَرَطُوْا عَلَيْهِ أَنْ لاَ يُقِيْمَ بِهَا إِلَّا ثَلاَ ثَ لَيَالٍ، وَلاَ يَدْخُلَهَا إِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلاَحِ، وَلاَ يَدْعُوَ مِنْهُمْ أَحَدًا، قَالَ: فَأَخَذَ يَكْتُبُ الشَّرْطَ بَيْنَهُمْ عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ، فَكَتَبَ: هٰذَا مَا قَاضٰی عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالُوْا: لَوْ عَلِمْنَا أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَمْ نَمْنَعْكَ وَلَبَايَعْنَاكَ، وَلٰكِنِ اكْتُبْ: هٰذَا مَاقَاضٰی عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: "أَنَا وَاللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَأَنَا وَاللّٰهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ" قَالَ: وَكَانَ لاَ يَكْتُبُ، قَالَ: فَقَالَ: لِعَلِیٍّ امْحُ: رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالَ عَلِیٌّ: وَاللّٰهِ لاَ أَمْحُوْهُ أَبَدًا، قَالَ: "فَأَرِنِيْهِ" فَأَرَاهُ إِيَّاهُ، فَمَحَاهُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِيَدِهِ، فَلَمَّا دَخَلَ وَمَضٰی الْأَيَّامُ أَتَوْا عَلِيًّا، فَقَالُوْا: مُرْ صَاحِبَكَ فَلْيَرْتَحِلْ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ عَلِیٌّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: "نَعَمْ" فَارْتَحَلَ. [راجع: ۱۷۸۱]

بَابُ الْمُوَادَعَةِ مِنْ غَيْرِ وَقْتٍ

غیر معین وقت کے لئے مصالحت کرنا

اگر کوئی مصالحت کی جائے اور کوئی مدت مقرر نہ کی جائے تو یہ بھی درست ہے، ایسی صورت میں جب مصالحت ختم کرنی ہوگی پہلے اطلاع کرنی ہوگی کہ فلاں وقت ہماری اور تمہاری مصالحت ختم ہو جائے گی، خیبر کے یہودیوں کے ساتھ نبی ﷺ نے ایسی ہی مصالحت کی تھی، فرمایا: ہم تمہیں یہاں رہنے دیں گے جب تک اللہ تعالیٰ تمہیں یہاں رہنے دیں گے، پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو جلا وطن کرنا چاہا تو ان کو اطلاع دیدی۔

[۲۰-] بَابُ الْمُوَادَعَةِ مِنْ غَيْرِ وَقْتٍ

وَقَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "أُقِرُّكُمْ عَلٰی مَا أَقَرَّكُمُ اللّٰهُ"

بَابُ طَرْحِ جِيَفِ الْمُشْرِكِيْنَ فِی الْبِئْرِ، وَلاَ يُؤْخَذُ لَهُمْ ثَمَنٌ

مشرکین کی لاشیں کنویں میں ڈالنا اور ان کی قیمت نہ لینا

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، جزیہ کا بیان چل رہا ہے، جزیہ اس رقم کا نام ہے جو زندہ کافروں سے لی

جاتی ہے، مشرکین کی لاشوں کا عوض نہیں لیا جائے گا، اگر مشرکین اپنی لاشیں خریدنا چاہیں تو ان کو بیچنا جائز نہیں، ان کی لاشوں کو دفن کر دیا جائے گا، جیسے بدر میں مشرکین کی لاشیں ایک کنویں میں ڈالی گئیں پھر کنویں کو پاٹ دیا۔ رہی یہ بات کہ کوئی لاش مفت دے سکتے ہیں یا نہیں؟ یہ مسئلہ منصوص نہیں، اگر امیر مصلحت سمجھے تو دے سکتا ہے، البتہ قیمت لینا جائز نہیں، کیونکہ مردار کا بیچنا حرام ہے۔

[۲۱-] بَابُ طَرْحِ جِيَفِ الْمُشْرِكِيْنَ فِي الْبِئْرِ، وَلاَ يُؤْخَذُ لَهُمْ ثَمَنٌ

[۳۱۸۵-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُثْمَانَ، أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: بَيْنَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم سَاجِدٌ، وَحَوْلَهُ نَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، إِذْ جَاءَ هُ عُقْبَةُ بْنُ أَبِيْ مُعَيْطٍ بِسَلاَ جَزُوْرٍ، فَقَذَفَهُ عَلٰى ظَهْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يَرْفَعْ رَأْسَهُ حَتَّى جَاءَ تْ فَاطِمَةُ، فَأَخَذَتْ مِنْ ظَهْرِهِ، وَدَعَتْ عَلٰى مَنْ صَنَعَ ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَ عَلَيْكَ الْمَلأَ مِنْ قُرَيْشٍ! اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ أَبَا جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، وَعُتْبَةَ بْنَ رَبِيْعَةَ، وَشَيْبَةَ بْنَ رَبِيْعَةَ، وَعُقْبَةَ ابْنَ أَبِيْ مُعَيْطٍ، وَأُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ، أَوْ: أُبَيَّ بْنَ خَلَفٍ، فَلَقَدْ رَأَيْتُهُمْ قُتِلُوْا يَوْمَ بَدْرٍ، فَأُلْقُوْا فِيْ بِئْرٍ، غَيْرَ أُمَيَّةَ أَوْ: أُبَيٍّ فَإِنَّهُ كَانَ رَجُلاً ضَخْمًا فَلَمَّا جَرُّوْهُ تَقَطَّعَتْ أَوْصَالُهُ، قَبْلَ أَنْ يُلْقَى فِي الْبِئْرِ"[راجع: ۲۴۰]

بَابُ إِثْمِ الْغَادِرِ لِلْبَرِّ وَالْفَاجِرِ

نیک وبد کے ساتھ عہد شکنی کا گناہ

چار صورتیں ہیں: نیک آدمی نے نیک آدمی کے ساتھ معاہدہ کیا یا بد کے ساتھ کیا اور اس کا برعکس، چاروں صورتوں میں عہد و پیمان کی خلاف ورزی بڑا گناہ ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ہر عہد شکنی کرنے والے کے لئے قیامت کے دن ایک جھنڈا ہوگا جو کھڑا کیا جائے گا (یا فرمایا: وہ دیکھا جائے گا قیامت کے دن) وہ شخص اس جھنڈے کے ذریعہ پہچانا جائے گا۔ اور دوسری حدیث میں ہے کہ ہر عہد شکنی کرنے والے کے لئے ایک جھنڈا ہوگا، جو کھڑا کیا جائے گا، اس کی بے وفائی کے سبب یا اس کی بے وفائی کے بقدر۔ ان دونوں حدیثوں میں لکل غادر ہے اس کے عموم سے باب کی چاروں صورتیں داخل ہیں۔

[۲۲-] بَابُ إِثْمِ الْغَادِرِ لِلْبَرِّ وَالْفَاجِرِ

[۳۱۸۶و۳۱۸۷-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ – قَالَ أَحَدُهُمَا: يُنْصَبُ، وَقَالَ الآخَرُ: يُرَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ– يُعْرَفُ بِهِ"

[٣١٨٨-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: "لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يُنْصَبُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِغَدْرَتِهِ"

[انظر: ٦١٧٧، ٦١٧٨، ٦٩٦٦، ٧١١١]

وضاحت: قال أحدهما: حضرات ابن مسعود اور انس رضی اللہ عنہما میں سے ایک نے کہا، دونوں حدیثیں ساتھ ہیں۔

آخری حدیث: پھر آخر میں فتح مکہ والی حدیث لائے ہیں، اس میں ہے: لاهجرة: مکہ فتح ہونے کے بعد اب مکہ سے ہجرت نہیں، اس میں براعتِ اختتام ہے، یہ کتاب الجہاد کا آخری باب ہے اور آخری حدیث ہے، آگے اس کتاب کا نہ کوئی باب ہے نہ حدیث، امام بخاری رحمہ اللہ ہر کتاب کے آخر میں براعتِ اختتام کا اہتمام کرتے ہیں، حضرت شیخ الحدیث سیدی وسندی مولانا زکریا صاحب قدس سرہ نے یہ بات بیان کی ہے، اور انھوں نے ہر کتاب کے آخر میں براعتِ اختتام سمجھائی ہے، میں اس کو بیان کرنے کا اہتمام نہیں کرتا۔

اور حدیث کی باب سے تطبیق ذرا دقیق ہے، حاشیہ میں فتح الباری کے حوالہ سے تین توجیہیں نقل کی ہیں، مجھے ابن بطال رحمہ اللہ کی توجیہ پسند ہے، وہ فرماتے ہیں: وجهُه: أن محارمَ اللّٰهِ حدودُه إلى عباده، فمن انتهك منها شيئًا كان غادرًا: تمام وہ چیزیں جو اللہ تعالیٰ نے بندوں پر حرام کی ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندوں کے ساتھ عہد و پیمان ہے، جو شخص ان میں سے کسی چیز کی پامالی کرے گا وہ عہد شکنی کرنے والا ہوگا، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے حرم شریف کو محترم قرار دیا ہے اور وہ اللہ (نیک) کی طرف سے بندوں (نیک وبد) کے ساتھ ایک پیمان ہے، پس جو شخص اس کی خلاف ورزی کرے گا وہ عہد شکنی کرے گا، اور وہ بڑا گناہ ہے، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[٣١٨٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: "لَا هِجْرَةَ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا" وَقَالَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: "إِنَّ هٰذَا الْبَلَدَ حَرَّمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ، فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللّٰهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَإِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ الْقِتَالُ فِيْهِ لِأَحَدٍ قَبْلِيْ، وَلَمْ يَحِلَّ لِيْ إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللّٰهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا يُعْضَدُ شَوْكُهُ، وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهُ، وَلَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهُ إِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا، وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهُ" فَقَالَ الْعَبَّاسُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِلَّا الإِذْخِرَ، فَإِنَّهُ لِقَيْنِهِمْ وَلِبُيُوْتِهِمْ، قَالَ: "إِلَّا الإِذْخِرَ"[راجع: ١٣٤٩]

(الحمد للہ! کتاب الجہاد کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ بَدْءِ الْخَلْقِ

کائنات کی تاریخ

کتابوں میں ارتباط: اللہ کی کائنات کا 'دلہا' انسان ہے، اس لئے پہلے ساری کائنات پیدا کی، پھر انسان کو وجود بخشا، اور انسانوں میں اشرف انبیاء ہیں، پھر اصفیاء (برگزیدہ) ہیں، اور ان کو فضیلت اللہ کے دین کے لئے جدوجہد کرنے کی وجہ سے اور مخالفین سے لوہا لینے کی وجہ سے حاصل ہوئی ہے، اس لئے کتاب الجہاد کے بعد تین کتابیں لائے ہیں: کتاب بَدْءِ الخلق، کتاب الأنبياء اور کتاب المناقب مع مناقب المهاجرين والأنصار۔ کتاب بدء الخلق میں کائنات کی تاریخ ہے: انسان کو وجود بخشنے سے پہلے کیا کیا چیزیں پیدا کیں؟ اس کتاب میں انسان کا تذکرہ نہیں، ان کے تذکرہ کے لئے کتاب الأنبياء لائے ہیں، اور اس کے آخر میں گذشتہ امتوں کے اصفیاء کا تذکرہ کیا ہے، اور اس کتاب میں سید المرسلین ﷺ کا تذکرہ نہیں کیا، اس کے لئے مستقل کتاب المناقب لائے ہیں، اور اس کے آخر میں اس امت کے اصفیاء (مہاجرین وانصار) کا تذکرہ کیا ہے۔

یہاں ایک خاص نکتہ سمجھ لینا چاہئے: قرآنِ کریم تاریخ کی کتاب نہیں ہے، وہ کتاب ہدایت ہے، مگر جب وہ ہدایت کی باتیں کرتا ہے تو کہیں اس کی باتیں کائنات کو چھو کرتی ہیں، یعنی کائناتی چیزوں کا کچھ ذکر آجاتا ہے، اور جو بات ضمناً آتی ہے اس کی پوری تفصیل ذکر نہیں کی جاسکتی، اس لئے تخلیق کائنات کے سلسلہ میں قرآنِ کریم میں جو باتیں ہیں ان کو اشاروں ہی کی حد تک سمجھا جاسکتا ہے، پوری تفصیل نہیں سمجھی جاسکتی۔

اور قرآنِ کریم کے اجمال کی تفسیر اگرچہ حدیثوں میں ہے، مگر تفسیری روایات کی تنقیح نہیں ہوئی، رطب ویابس جمع ہیں، محدثین میں تو جِهَابِذَہ[1] پیدا ہوئے ہیں، انھوں نے احکام کی حدیثوں کو چھان پھٹک کر صحیح اور غیر صحیح کو الگ کردیا ہے، اور قدیم مفسرین میں بعض کمزور استعداد والے اور غیر معتبر لوگ ہیں، تابعین میں جو مشہور مفسر ہیں ان میں سے بعض ضعیف ہیں، اور صحابہ میں جو مفسر ہیں جیسے حضرت ابن عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما: ان کے علوم کو ان کے شاگردوں نے خراب کردیا ہے، اس لئے ان مفسرین کی بات پر زیادہ اعتماد نہیں کیا جاسکتا، چنانچہ میں نے قرآنِ کریم میں جو اشارے آئے ہیں وہی سمجھائے ہیں، تفسیری روایات کو ذکر نہیں کیا۔

(۱) جِهَابِذة: الجِهْبَذ اور الجِهْبَاذ کی جمع ہے: ماہر نقاد، کھرے کھوٹے کو پرکھنے والا ۱۲

بَابُ مَاجَاءَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ﴾

ابتدائے آفرینش کا بیان

امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک آیت عنوان میں لکھی ہے اور پانچ آیتوں کی طرف مفردات لاکر اشارہ کیا ہے، ان آیات میں ابتدائے آفرینش کا بیان ہے۔

پہلی آیت: سورۃ الروم کی آیت ۲۷ ہے: ''اللہ وہی ہے جو اول بار پیدا کرتا ہے، پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا، اور وہ (دوبارہ پیدا کرنا) اس کے لئے زیادہ آسان ہے''

تفسیر: اس آیت میں ابتدائے آفرینش کا بیان ہے، پوری کائنات اللہ ہی نے پیدا کی ہے، پھر دوسرا مضمون ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کائنات کو ختم کر کے دوبارہ پیدا کریں گے، اور یہ دوبارہ پیدا کرنا ان کے لئے کچھ بھی مشکل نہیں، کیونکہ کسی چیز کو پہلی مرتبہ وجود میں لانا تو مشکل ہوسکتا ہے مگر دوسری مرتبہ اس کی کاپی کرنا کیا مشکل ہے؟

لغت: ربیع بن خثیمؒ (تابعی) اور حسن بصریؒ (تابعی) فرماتے ہیں: آیتِ کریمہ میں أَهْوَن (اسم تفضیل) تفضیلی معنی میں نہیں ہے بلکہ هَيِّنْ کے معنی میں ہے، اور یہ لفظ دو طرح ہے: هَيِّنْ اور هَيْن جیسے لَيِّنْ اور لَيْن (نرم) اور مَيِّتْ اور مَيْت (مردہ) اور ضَيِّقْ اور ضَيْق (تنگ) مگر حضرت تھانوی قدس سرہ نے 'زیادہ آسان' ترجمہ کیا ہے یعنی اسم تفضیل کے معنی میں لیا ہے۔

دوسری آیت: سورۂ ق کی آیت ۱۵ ہے: ﴿أَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ، بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ﴾: کیا ہم پہلی مرتبہ پیدا کر کے تھک گئے؟ بلکہ یہ لوگ از سرنو پیدا کرنے کے بارے میں شک میں ہیں۔ عَيِيَ (س) عَيًّا وَعِيًّا: حد سے زیادہ تھکنا، تھک کر چور ہو جانا۔ عربی میں ترجمہ کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ مجرد کا مزید سے اور مزید کا مجرد سے ترجمہ کرتے ہیں۔

تیسری آیت: سورۃ النجم کی آیت ۳۲ ہے: ﴿هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنْتُمْ أَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ أُمَّهَاتِكُمْ﴾: وہ تم کو خوب جانتے تھے جب تم کو زمین سے پیدا کیا، اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹوں میں بچے تھے، اس آیت میں أَنْشَأَ: خَلَقَ کے معنی میں ہے اور اس آیت میں ابتدائے آفرینش کا بیان ہے کہ اللہ نے انسان کو زمین سے پیدا کیا ہے (حِيْن: إذ کا ترجمہ ہے)

چوتھی آیت: سورہ ق کی آیت ۳۸ ہے: ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ وَمَا مَسَّنَا مِنْ لُغُوْبٍ﴾: اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کو چھ دن میں پیدا کیا اور ہم کو تکان نے چھوا تک نہیں۔ لُغُوْب: کے معنی ہیں: تھکن، اس آیت میں بھی ابتدائے آفرینش کا بیان ہے اور آخر آیت میں یہود پر رد ہے، ان کا خیال ہے کہ تخلیق کائنات جمعہ کے دن پوری ہوئی، اور بار کے دن اللہ تعالیٰ بے بار رہے، کوئی کام نہیں کیا، آرام کیا، ان پر رد ہے کہ آرام وہ کرتا ہے جو تھک جائے اور اللہ کو تھکن نے چھوا تک نہیں، پھر آرام کی کیا ضرورت ہے؟

پانچویں آیت: سورہ نوح کی آیت ۱۴ ہے: ﴿وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا﴾: اللہ نے تم کو طرح طرح سے پیدا کیا۔ أطوار: طَور کی جمع ہے، طرح طرح سے یعنی مختلف مراحل میں گذار کر، عَدَا طَوْرَہ: کے معنی ہیں: وہ اپنی حیثیت سے بڑھ گیا، عام آدمی تھا، جبہ قبہ پہن کر شیخ الحدیث بن گیا، غور کرو، دونوں حیثیتوں میں کتنا تفاوت ہے؟ طور کے یہی معنی ہیں۔

تفسیر: اللہ تعالیٰ نے انسان کو طرح طرح سے پیدا کیا ہے اس کی تفصیل سورۃ المؤمنین کے شروع میں ہے: ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا الإِنْسَانَ مِنْ سُلاَ لَةٍ مِنْ طِيْنٍ﴾: اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے بنایا۔ اس آیت میں دو مرحلوں کا ذکر ہے، انسان مٹی سے بنا ہے اس طرح کہ مٹی نے غذا کی شکل اختیار کی، اس کو انسان نے کھایا اس سے بدن میں خون بنا، یہ مٹی کا خلاصہ ہے، دیکھو: دونوں مرحلوں میں کتنا تفاوت ہے؟ کہاں مٹی اور کہاں خون! ﴿ثُمَّ جَعَلْنَاهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَكِيْنٍ﴾: پھر ہم نے اس (خلاصہ) کو نطفہ بنایا اور اس کو محفوظ مقام (بچہ دانی) میں پہنچایا، خون اور نطفہ میں کیا جوڑ ہے؟ یہ دوسرا طور ہے ﴿ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً﴾: پھر ہم نے نطفہ کو خونِ بستہ بنایا، کلیجی اور تلی کی طرح بنادیا، کبھی کسی نے دیکھا ہے: نطفہ جو سفید اور سیال ہوتا ہے کلیجی کی شکل اختیار کرلے؟ اللہ کی قدرت نے ایسا کردیا۔ ﴿فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً﴾: پھر ہم نے خونِ بستہ کو گوشت کی بوٹی بنادیا، اللہ اکبر! کبھی کلیجی: گوشت بنتی دیکھی ہے؟ اللہ تعالیٰ نے چالیس دن میں اس کو گوشت کی بوٹی بنادیا، ﴿فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا﴾: پھر ہم نے گوشت کی بوٹی کو ہڈیاں بنادیا، العظمة لله! گوشت کی بوٹی میں سفید دھاگے پیدا ہوئے اور وہ بڑھ کر ہڈیاں بن گئے، اور ایک ہڈی نہیں جسم کی تین سو ساٹھ ہڈیاں بن گئیں۔ ﴿فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا﴾: پھر ہم نے ان ہڈیوں کو گوشت پہنایا، یعنی جو گوشت باقی بچا تھا وہ ہڈیوں پر خاص تناسب سے چڑھادیا، کسی جگہ کم کسی جگہ زیادہ، انگلیوں پر کم، بازو پر زیادہ، پنڈلی پر کم، ران پر زیادہ، اور تشریف (سرین) تو بہت بڑی بنادی، تاکہ جہاں چاہیں بے تکلف رکھ سکیں، یہ وہ سات اطوار ہیں۔ ﴿ثُمَّ أَنْشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ﴾: پھر ہم نے اس کو ایک اور طرح کی مخلوق بنادیا، یعنی اشرف المخلوقات انسان بنادیا۔ ﴿فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ﴾: سو کیسی بڑی شان ہے اس اللہ کی جو تمام بنانے والوں سے بڑھ کر بنانے والے ہیں ﴿ثُمَّ إِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ﴾: پھر تم اس کے بعد ضرور مرنے والے ہو۔ ﴿ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُبْعَثُوْنَ﴾: پھر تم قیامت کے دن دوبارہ زندہ کئے جاؤگے۔

حدیث: آیات کے بعد حدیث ہے، ایک سفر میں بنوتمیم کا وفد حاضر ہوا، وہ مال کی امید لے کر آیا تھا، نبی ﷺ کے پاس دینے کے لئے کچھ نہیں تھا، آپؐ نے فرمایا: أَبْشِرُوْا: خوش خبری سن لو، یعنی مادی نعمت نہیں ہے، روحانی نعمت قبول کرو، جو علوم ومعارف بیان کروں اسے سنو، انھوں نے جواب دیا: خوش خبری تو آپؐ نے سنائی کچھ دیجئے بھی! آپؐ کو ناراضگی ہوئی، چہرہ مبارک کا رنگ بدل گیا، فوراً ہی یمن کے لوگ آئے، آپؐ نے ان سے فرمایا: یمن والو! خوش خبری قبول کرو، بنوتمیم تو اسے قبول نہیں کرتے، انھوں نے عرض کیا: ہم قبول کرتے ہیں ہم مال کے لئے نہیں آئے، علوم ومعارف حاصل کرنے کے لئے آئے ہیں، ہم ابتدائے آفرینش کے بارے میں پوچھنے آئے ہیں، چنانچہ نبی ﷺ نے بیان شروع کیا کہ کائنات کی ابتداء

کیسے ہوئی؟ اور عرش کیسے بنا؟ یہاں تک بات پہنچی تھی کہ ایک آدمی نے آ کر حدیث کے راوی حضرت عمران رضی اللہ عنہ سے کہا: تمہارا اونٹ کھل گیا ہے، چنانچہ حضرت عمرانؓ اس کو پکڑنے کے لئے چل دیئے اور آگے کا مضمون وہ نہ سن سکے، بعد میں افسوس کرتے تھے کہ کاش میں نہ اٹھتا اور اونٹ کو جانے دیتا۔

اور دوسری حدیث میں جتنا مضمون انھوں نے سنا تھا وہ بیان کیا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تھے اور ان کے علاوہ کوئی چیز نہیں تھی، نہ پانی نہ عرش، اور نہ کوئی اور چیز، اور اللہ کا عرش پانی پر تھا، یعنی ابتداء میں پانی اور عرش پیدا کئے گئے، اور اللہ کی سلطنت پانی پر تھی، اور اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ میں ہر چیز لکھ دی، پھر اللہ نے آسمان وزمین کو پیدا کیا اور اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ اونٹ کھل کر اتنا دور چلا گیا تھا کہ اس کے ورے چمکتی ریت حائل ہوگئی تھی۔

بسم الله الرحمن الرحيم

۵۹- كِتَابُ بَدْءِ الْخَلْقِ

[۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ﴾

[۱-] وَقَالَ الرَّبِيْعُ بْنُ خُثَيْمٍ، وَالْحَسَنُ: كُلٌّ عَلَيْهِ هَيِّنٌ، وَهَيِّنٌ وَهَيْنٌ مِثْلُ لَيِّنٍ وَلَيْنٍ وَمَيِّتٍ وَمَيْتٍ. وَضَيِّقٍ وَضَيْقٍ. [۲-] ﴿أَفَعَيِيْنَا﴾: أَفَأَعْيَا عَلَيْنَا. [۳-] حِيْنَ أَنْشَأَكُمْ، وَأَنْشَأَ: خَلَقَكُمْ.

[٤-] ﴿لُغُوْبُ﴾ اللُّغُوْب: النَّصَبُ. [٥-] ﴿أَطْوَارًا﴾ طورًا كذا وطورًا كذا، عَدَا طَوْرَهُ: أَيْ قَدْرَهُ.

[۳۱۹۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ، عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: جَاءَ نَفَرٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "يَا بَنِيْ تَمِيْمٍ! أَبْشِرُوْا" فَقَالُوْا: بَشَّرْتَنَا فَأَعْطِنَا، فَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ، فَجَاءَهُ أَهْلُ الْيَمَنِ، فَقَالَ: "يَا أَهْلَ الْيَمَنِ! اقْبَلُوْا الْبُشْرَى، إِذْ لَمْ يَقْبَلْهَا بَنُوْ تَمِيْمٍ" قَالُوْا: قَبِلْنَا، فَأَخَذَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُحَدِّثُ بَدْءَ الْخَلْقِ وَالْعَرْشِ، فَجَاءَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا عِمْرَانُ رَاحِلَتُكَ تَفَلَّتَتْ، لَيْتَنِيْ لَمْ أَقُمْ! [انظر: ۳۱۹۱، ۴۳۶۵، ۴۳۸۶، ۷۴۱۸]

[۳۱۹۱-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، ثَنَا جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ صَفْوَانَ ابْنِ مُحْرِزٍ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَعَقَلْتُ نَاقَتِيْ بِالْبَابِ، فَأَتَاهُ نَاسٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ فَقَالَ: "اقْبَلُوْا الْبُشْرَى يَا بَنِيْ تَمِيْمٍ" قَالُوْا: قَدْ بَشَّرْتَنَا فَأَعْطِنَا - مَرَّتَيْنِ- ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ نَاسٌ مِنَ الْيَمَنِ، فَقَالَ: "اقْبَلُوْا الْبُشْرَى يَا أَهْلَ الْيَمَنِ أَنْ لَمْ يَقْبَلْهَا بَنُو تَمِيْمٍ" قَالُوْا: قَدْ قَبِلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالُوْا: جِئْنَاكَ نَسْأَلُكَ عَنْ هٰذَا الْأَمْرِ، قَالَ: "كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ شَيْئٌ غَيْرُهُ، وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ، وَكَتَبَ فِي الذِّكْرِ كُلَّ شَيْئٍ، وَخَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ" فَنَادَى مُنَادٍ:

ذَهَبَتْ نَاقَتُكَ يَا ابْنَ الْحُصَيْنِ، فَانْطَلَقْتُ فَإِذَا هِيَ تَقَطَّعُ دُوْنَهَا السَّرَابُ، فَوَ اللّٰهِ لَوَدِدْتُ أَنِّيْ كُنْتُ تَرَكْتُهَا![راجع: ۳۱۹۰]

اس کے بعد تین حدیثیں ہیں، پہلی حدیث مختصر ہے اور دو اہم ہیں۔

حدیث (۱): عیسیٰ بن موسیٰ غنجار بخاری: ابوحمزہ سے اور وہ رقبۃ بن مصقلہ سے روایت کرتے ہیں، بیچ میں ایک راوی چھوٹ گیا ہے، حاشیہ میں اس پر تنبیہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ہمارے سامنے ایک تقریر فرمائی، پس ہمیں اطلاع دی ابتدائے آفرینش کے بارے میں، یہاں تک کہ جنتی اپنے گھروں میں پہنچ گئے اور جہنمی اپنے ٹھکانوں میں گھس گئے، یعنی مبدأ سے معاد تک تمام اہم واقعات بیان فرمائے (یہاں باب ہے) یاد رکھا اس کو جس نے یاد رکھا، اور بھول گیا اس کو جو بھول گیا۔

حدیث (۲): حدیث قدسی ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: مجھے انسان گالی دیتا ہے اور اس کو زیبا نہیں کہ مجھے گالی دے، اور وہ مجھے جھٹلاتا ہے اور اس کے لئے یہ بات بھی زیبا نہیں، رہا اس کا مجھے گالی دینا تو اس کا یہ کہنا ہے کہ میری اولاد ہے، اور رہا اس کا جھٹلانا تو اس کا یہ کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہرگز مجھ کو دوبارہ پیدا نہیں کریں گے، جس طرح انھوں نے مجھے پہلی مرتبہ پیدا کیا ہے۔

تشریح: مشرکین اللہ کے لئے بیٹے بیٹیاں مانتے ہیں، جبکہ یہ بات اللہ کے شایانِ شان نہیں، کیونکہ اگر ان کی اولاد ہوگی تو دو حال سے خالی نہیں ہوگی، معبود ہوگی یا نہیں؟ اگر معبود ہے تو خدا ایک کہاں رہا، اور اگر معبود نہیں ہے تو اولاد ناجنس ہوئی، جیسے انسان کے گھر میں کتا پیدا ہو جائے تو یہ بات اس کے لئے ڈوب مرنے کی ہے، پس اس سے بڑی گالی کیا ہو سکتی ہے؟ اور ابتدائے آفرینش کے تمام کفار قائل ہیں، سب مانتے ہیں کہ اللہ نے ان کو پیدا کیا ہے، مگر وہ مرنے کے بعد دوبارہ پیدا ہونے کو نہیں مانتے، یہ اللہ کی قدرت کا انکار ہے، جس قادر مطلق نے پہلی مرتبہ پیدا کیا ہے وہ دوسری مرتبہ کیوں پیدا نہیں کر سکتا؟

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کو پیدا کرنے کا فیصلہ کیا تو ایک نوشتہ میں لکھا، اور وہ نوشتہ عرش پر اللہ کے پاس ہے کہ میری مہربانی میری ناراضگی پر چھائی رہے گی۔

تشریح: یہ فیصلہ اللہ تعالیٰ نے ابتدائے آفرینش میں کیا ہے، اللہ کی رحمت کا ہر شخص مستحق ہے۔ اور ناراضگی کا وہی مستحق ہے جو گناہ کرتا ہے پس رحمت غضب پر غالب ہے، حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ گنہ گاروں کو سزا نہیں دیں گے، اگر ایسا ہوتا تو اللہ تعالیٰ میں صفت غضب کیوں ہوتی۔

[۳۱۹۲-] وَرَوَى عِيْسَى، عَنْ رَقَبَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَامَ فِيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَقَامًا، فَأَخْبَرَنَا عَنْ بَدْءِ الْخَلْقِ حَتَّى دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ مَنَازِلَهُمْ، وَأَهْلُ النَّارِ مَنَازِلَهُمْ، حَفِظَ ذٰلِكَ مَنْ حَفِظَهُ، وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ.

[۳۱۹۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، عَنْ أَبِیْ أَحْمَدَ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللّٰہعلیه وسلم:" قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: شَتَمَنِیْ ابْنُ آدَمَ، وَمَا یَنْبَغِیْ لَهُ أَنْ یَشْتِمَنِیْ، وَیُكَذِّبُنِیْ وَمَا یَنْبَغِیْ لَهُ، أَمَّا شَتْمُهُ إِیَّایَ فَقَوْلُهُ: إِنَّ لِیْ وَلَدًا، وَأَمَّا تَكْذِیْبُهُ فَقَوْلُهُ: لَیْسَ یُعِیْدُنِیْ كَمَا بَدَأَنِیْ"[انظر: ٤٩٧٤، ٤٩٧٥]

[۳۱۹٤-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا مُغِیْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِیُّ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" لَمَّا قَضَى اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ فِیْ كِتَابِهِ، فَهُوَ عِنْدَهُ فَوْقَ الْعَرْشِ: إِنَّ رَحْمَتِیْ غَلَبَتْ غَضَبِیْ"[انظر: ٧٤٠٤، ٧٤١٢، ٧٤٥٣، ٧٥٥٣، ٧٥٥٤]

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ سَبْعِ أَرَضِیْنَ

سات زمینوں کا ذکر

پہلے دو باتیں سمجھ لیں:

پہلی بات: قرآنِ کریم کی متعدد آیتوں میں اور بے شمار حدیثوں میں سات آسمانوں کا ذکر ہے اور قرآنِ کریم کی ایک آیت (سورۃ الطلاق آیت ۱۲) میں اور چند حدیثوں میں سات زمینوں کا بھی ذکر ہے، اب یہ گفتگو ہوئی کہ سات سے عدد مراد ہے یا تکثیر؟ ایک رائے یہ ہے کہ تکثیر مراد ہے، یعنی آسمان بھی بہت ہیں اور زمینیں بھی، لیکن جمہور کی رائے یہ ہے کہ عدد مراد ہے، پس آسمان بھی سات ہیں اور زمینیں بھی سات، پھر یہ مسئلہ زیر بحث آیا کہ سات زمینیں کہاں ہیں؟ ایک رائے یہ ہے کہ سیارے زمینیں ہیں، سیارے اب تک چودہ دریافت ہو چکے ہیں۔ دوسری رائے یہ ہے کہ ہماری زمین کے سات اقالیم مراد ہیں، اور تیسری رائے یہ ہے کہ پیاز کے چھلکوں کی طرح سات زمینیں اوپر تلے ہیں اور باب کی روایات میں جو سات زمینوں کو کاٹنے کا ذکر ہے، اس سے استدلال کیا ہے۔

دوسری بات: ہماری زمین اکیلی نہیں ہے، اس کا جوڑا ہے، اس کے بالمقابل آسمان ہے، آسمان اس زمین کی چھت ہے، اور کوئی گھر چھت کے بغیر نہیں ہوتا، اس لئے حضرت امام بخاریؒ ایسے مفردات جمع کر رہے ہیں جن میں آسمان کا ذکر ہے۔

۱- سورۃ الطلاق آیت ۱۲ ہے: "اللہ ایسا ہے جس نے سات آسمان پیدا کئے اور انہی کی طرح زمیں بھی"، یعنی زمینیں بھی آسمانوں کی طرح سات ہیں۔

۲- سورۃ الطّور آیت ۵ ہے: اونچی چھت کی قسم! مراد آسمان ہے وہ زمین کی چھت ہے۔

۳- سورۃ النازعات آیت ۲۸ ہے: ﴿رَفَعَ سَمْكَهَا﴾: اللہ تعالیٰ نے زمین کی چھت بلند کی یعنی بلند آسمان بنایا۔

۴- سورۃ الذاریات آیت ۷ ہے: ﴿وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُكِ﴾: درست اور خوبصورت آسمان کی قسم! الحُبُك:

الحَبِیْکَة کی جمع ہے،اس کے چند معنی ہیں:(۱)مضبوط کی ہوئی چیز (۲) پانی یا ریت میں پیدا ہونے والی لہر (۳) ستاروں کے درمیان کا راستہ،حضرتؒ نے اس کا ترجمہ کیا ہے:استواء ھا وحسنھا:یعنی اللہ نے آسمان کو درست اور شاندار بنایا۔

۵-سورۃ الانشقاق آیت ۲ میں زمین کے بارے میں ہے:﴿وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ﴾:اور وہ اپنے رب کا حکم سن لے گی اور وہ اسی کے لائق ہے۔

۶- اور اس کے بعد ہے:﴿وَأَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ﴾:اور زمین اپنے اندر کی چیزوں کو باہر اگل دے گی اور خالی ہوجائے گی،یعنی مردوں کو باہر نکال دے گی اور مردوں سے خالی ہوجائے گی۔

۷-سورۃ الشمّس آیت ۶ میں زمین کے بارے میں ہے:﴿وَالْأَرْضِ وَمَا طَحَاهَا﴾:اور زمین کی قسم! اور اس کو پھیلانے کی قسم!دَحَاهَا: اس کو پھیلایا۔

۸-سورۃ النازعات آیت ۱۴ ہے:﴿فَإِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ﴾:پس اچانک سب لوگ میدان میں ہونگے،ساھرۃ سے مراد زمین کی اوپری سطح ہے،اسی میں تمام حیوان رہتے ہیں ان کا سونا اور ان کا جاگنا اسی میں ہے،پس حال (جاگنے) کے لئے جو لفظ تھا وہ محل (زمین) کے لئے استعمال کیا گیا۔

[۲-] بَابُ مَاجَاءَ فِي سَبْعِ أَرَضِيْنَ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ:﴿ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ﴾ الآيَةَ[الطلاق: ۱۲]

[۲-] ﴿وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ﴾: السَّمَاءِ.[۳-] ﴿سَمْكَهَا﴾: بِنَاءَ هَا.[٤-] و﴿الْحُبُكِ﴾:اسْتِوَاؤُهَا، وَحُسْنُهَا. [٥-] ﴿أَذِنَتْ﴾: سَمِعَتْ وَأَطَاعَتْ. [٦-] ﴿وَأَلْقَتْ﴾: أَخْرَجَتْ مَا فِيْهَا مِنَ الْمَوْتَى. ﴿وَتَخَلَّتْ﴾:عَنْهُمْ. [٧-]﴿طَحَاهَا﴾: دَحَاهَا.[٨-] ﴿بِالسَّاهِرَةِ﴾:وَجْهُ الْأَرْضِ، كَانَ فِيْهَا الْحَيَوَانُ: نَوْمُهُمْ وَسَهَرُهُمْ.

اور باب میں چار حدیثیں ہیں اور چاروں پہلے گذری ہیں،اور ان کی شرح بھی گذر چکی ہے۔پہلی دو اور چوتھی حدیث میں ایک مضمون ہے:جو زمین میں سے بالشت بھر ہتھیائے گا اس کو سات زمینوں کی مالا پہنائی جائے گی،اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ اس کو سات زمینوں تک دھنسایا جائے گا۔

اور تیسری حدیث میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین پیدا کئے تو سال کے بارہ مہینے مقرر کئے۔اور آخری حدیث میں حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے،اروی نے ان کے خلاف دعوی دائر کیا کہ حضرت سعیدؓ نے میری کچھ زمین دبالی ہے،مروان نے ان کو بلایا،انھوں نے حدیث سنائی اور کہا:یہ حدیث میں نے نبی ﷺ نے سنی ہے،پھر بھی میں اس عورت کی زمین دباؤں گا؟

[٣١٩٥-] حدثنا عَلِيٌّ، نَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ، ثَنَا يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَكَانَتْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أُنَاسٍ خُصُوْمَةٌ فِي أَرْضٍ، فَدَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ فَذَكَرَ لَهَا ذٰلِكَ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا سَلَمَةَ! اجْتَنِبِ الْأَرْضَ، فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ ظَلَمَ قِيْدَ شِبْرٍ مِنَ الْأَرْضِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِيْنَ"[راجع: ٢٤٥٣]

[٣١٩٦-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَخَذَ شَيْئًا مِنَ الْأَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ خُسِفَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلٰى سَبْعِ أَرَضِيْنَ"
[راجع: ٢٤٥٤]

[٣١٩٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَةِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ، السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ، ثَلاَثٌ مُتَوَالِيَاتٌ: ذُوالْقَعْدَةِ، وذُوْ الْحِجَّةِ، وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ، الَّذِيْ بَيْنَ جُمَادَى وَشَعْبَانَ"[راجع: ٦٧]

[٣١٩٨-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ: أَنَّـهُ خَاصَمَتْهُ أَرْوَى فِيْ حَقٍّ زَعَمَتْ أَنَّـهُ انْتَقَصَهُ لَهَا: إِلٰى مَرْوَانَ، فَقَالَ سَعِيْد: أَنَا أَنْتَقِصُ مِنْ حَقِّهَا شَيْئًا؟ أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ أَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ ظُلْمًا فَإِنَّـهُ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ أَرَضِيْنَ"

قَالَ ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ هِشَامٍ: عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ لِيْ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٢٤٥٢]

بَابٌ: فِي النُّجُوْمِ

ستاروں کا بیان

ستارہ: وہ روشن کُرہ ہے جورات میں آسمان پر چمکتا ہوا دکھائی دیتا ہے، ستارے بھی کائنات کا حصہ ہیں، اورانسان کی تخلیق سے پہلے وجود میں آئے ہیں، ان کے سلسلہ میں کوئی حدیث امام بخاری رحمہ اللہ کی شرط کے مطابق نہیں تھی، اس لئے مفردات بیان کرکے آیات کی طرف اشارہ کیا ہے۔

۱- سورۃ الملک آیت ۵ ہے: ﴿وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُوْمًا لِلشَّيَاطِيْنِ﴾: اورہم نے قریبی آسمان کو چراغوں (ستاروں) سے آراستہ کیا، اورہم نے ان کو شیاطین کو مارنے کا ذریعہ بنایا۔

تفسیر: حضرت قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے ستارے تین مقاصد سے بنائے ہیں: (۱) ان کو آسمان کی زینت بنایا ہے (۲) ان کو شیاطین کے لئے میزائل بنایا ہے (۳) ان کو ایسی علامتیں بنایا ہے جن کے ذریعہ راہ پائی جاتی ہے، پس جو ان کے علاوہ ستاروں کا کوئی مقصد قرار دیتا ہے وہ غلطی کرتا ہے، وہ اپنا حصہ ضائع کرتا ہے اور وہ بہ تکلف وہ بات اختیار کرتا ہے جس کے بارے میں اسے کوئی علم نہیں، یعنی کاہنوں نے جو علویات کو سفلیات پر اثر انداز مانا ہے وہ مہمل بات ہے۔

فائدہ: کواکب کی شکلیں (عقرب، جدی، دلو وغیرہ) سفلیات پر اثر انداز ہیں یا نہیں؟ اس سلسلہ میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں اچھی بحث کی ہے، دیکھیں: رحمۃ اللہ الواسعہ (۱:۲۲۹)

۲- سورۂ کہف آیت ۴۵ ہے: ﴿فَأَصْبَحَ هَشِيمًا تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ﴾: اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی برساتے ہیں تو اس کے ذریعہ زمین کی نباتات خوب گنجان پیدا ہوتی ہیں، پھر وہ ریزہ ریزہ ہوجاتی ہیں اس کو ہوا اڑائے پھرتی ہے۔ هَشَمَ الشيئَ کے معنی ہیں: خشک چیز کو توڑنا۔ حضرت رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: مُتَغَيِّرًا: اس کی حالت بدل جاتی ہے۔

سوال: اس آیت کا ستاروں سے کچھ تعلق نہیں؟ جواب: امام بخاری رحمہ اللہ ادنی مناسبت سے بھی مفردات ذکر کرتے ہیں۔

۳- سورۂ عبس آیت ۳۱ ہے: ﴿وَفَاكِهَةً وَأَبًّا﴾: اور میوے اور چارہ پیدا کیا، جس کو پالتو چوپائے کھاتے ہیں اور مجمع بحار الانوار میں ہے: انسان کے لئے میوہ کا جو مقام ہے جانوروں کے لئے جو گھاس اس درجہ کی ہے وہ أَبٌّ ہے۔

۴- سورۃ الرحمٰن آیت ۱۰ ہے: ﴿وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ﴾: اور اللہ نے زمین کو خلقت کے لئے رکھ دیا، انعام کے معنی ہیں: تمام مخلوقات۔

۵- سورۃ الرحمٰن آیت ۲۰ ہے: ﴿بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَا يَبْغِيَانِ﴾: دونوں دریاؤں کے بیچ میں ایک آڑ ہے، برزخ کے معنی ہیں: آڑ۔

۶- سورۃ النبا آیت ۱۶ ہے: ﴿وَجَنَّاتٍ أَلْفَافًا﴾: اور گنجان باغ پیدا کئے، مُلْتَفَّة: گنجان، درختوں کی شاخیں ایک دوسرے میں گھسی ہوئی ہوں۔

۷- سورۂ عبس آیت ۳۰ ہے: ﴿وَحَدَائِقَ غُلْبًا﴾: اور گنجان باغ۔ غُلب اور ألفافًا کے ایک معنی ہیں۔

۸- سورۃ البقرہ آیت ۲۲ ہے: ﴿الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا﴾: وہ ذات ایسی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا، یعنی ٹھہرنے کی جگہ بنائی۔ سورۃ البقرہ کی آیت ۳۶ ہے: ﴿وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ﴾: اور تمہیں زمین میں ٹھہرنا ہے، یعنی زمین ٹھہرنے کے قابل بنائی۔

۹- سورۃ الاعراف آیت ۵۸ ہے: ﴿وَالَّذِیْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ إِلَّا نَكِدًا﴾: اور جو خراب زمین ہے اس کی پیداوار بہت کم نکلتی ہے۔ نَكِدًا کے معنی ہیں: بہت کم۔

[۳-] بَابٌ: فِی النُّجُوْمِ

[۱-] وَقَالَ قَتَادَةُ﴿ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ﴾: خَلَقَ هٰذِهِ النُّجُوْمَ لِثَلاَثٍ: جَعَلَهَا زِيْنَةً لِلسَّمَاءِ، وَرُجُوْمًا لِلشَّيَاطِيْنِ، وَعَلاَمَاتٍ يُهْتَدَى بِهَا، فَمَنْ تَأَوَّلَ فِيْهَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ أَخْطَأَ، وَأَضَاعَ نَصِيْبَهُ، وَتَكَلَّفَ مَا لاَ عِلْمَ لَهُ بِهِ.

[۲-]وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿هَشِيْمًا﴾ مُتَغَيِّرًا[۳-] وَالأَبُّ: مَا تَأْكُلُ الأَنْعَامُ.[٤-] و﴿الأَنَامُ﴾ الْخَلْقُ [٥-] ﴿بَرْزَخٌ﴾: حَاجِزٌ. [٦-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ:﴿ أَلْفَافًا﴾ مُلْتَفَّةً.[٧-] وَالغُلْبُ: الْمُلْتَفَّةُ.[٨-] ﴿فِرَاشًا﴾: مِهَادًا، كَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَلَكُمْ فِي الأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ﴾ [٩-] ﴿نَكِدًا﴾ قَلِيْلاً.

بَابُ صِفَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ

سورج اور چاند کے حالات

۱-سورۃ الرحمٰن آیت ۵ ہے: ﴿الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ﴾: سورج اور چاند حساب سے چل رہے ہیں، حُسبان: مصدر ہے یا حساب کی جمع ہے، جیسے: شُهْبان: شهاب (شعلہ) کی جمع ہے۔ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے آیت کی تفسیر کی ہے: سورج اور چاند چکی کی طرح چل رہے ہیں، اور دوسرے حضرات نے اس کے معنی بیان کئے ہیں، دونوں حساب سے چل رہے ہیں، یعنی دونوں کی منزلیں طے شدہ ہیں ان سے آگے نہیں بڑھتے۔

۲-سورۃ الشمس آیت ا ہے: ﴿وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا﴾: ضمیر کا مرجع سورج ہے، قسم ہے سورج کی اور اس کی روشنی کی۔ ضُحیٰ کے اصل معنی ہیں: چاشت، اس وقت سورج خوب روشن ہوجاتا ہے۔

۳-سورۂ یٰس آیت ۴۰ ہے: ﴿لاَ الشَّمْسُ يَنْبَغِيْ لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ﴾: آفتاب کے شایانِ شان نہیں کہ وہ چاند کو پکڑ لے، یعنی ایک کی روشنی دوسرے کی روشنی کو چھپاتی نہیں، اور نہ یہ بات دونوں کے لئے مناسب ہے۔

۴اور اسی آیت میں ہے: ﴿وَلاَ اللَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ﴾: اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے، اس کا ترجمہ کیا ہے: دونوں ایک دوسرے کے پیچھے لپک رہے ہیں، مگر ایک دوسرے کو پکڑ نہیں سکتا۔ الحَثِيث: تیز رفتار۔

۵-سورۂ یٰس آیت ۳۷ ہے: ﴿نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ﴾: ہم اس (رات) پر سے دن کو اتار لیتے ہیں یعنی دن میں سے رات اور رات میں سے دن نکالتے ہیں، ڈھائی تین گھنٹے دن میں سے نکال کر رات میں شامل کردیتے ہیں تو رات بڑی ہوجاتی ہے، اسی طرح ڈھائی تین گھنٹے رات میں سے نکال کر دن میں شامل کردیتے ہیں تو دن بڑا ہوجاتا ہے، اور دونوں میں سے ہر ایک اپنے دائرے میں چلتا رہتا ہے، یعنی رات دن چھوٹے بڑے ہوجاتے ہیں مگر ان کی چال میں فرق نہیں آتا۔

۶-سورۃ الحاقہ آیت ۱۶ ہے: ﴿وَانْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ﴾: اور آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اس دن بودا ہوگا، آسمان کا بودا ہونا اس کا پھٹ جانا ہے۔

۷-سورۃ الحاقہ آیت ۱۷ ہے: ﴿وَالْمَلَكُ عَلٰى أَرْجَائِهَا﴾: اور فرشتے آسمان کے کناروں پر ہونگے، جب تک آسمان پھٹے گا نہیں، اور پھٹنے کے بعد زمین پر اتر آئیں گے۔ علی أرجاء البئر کے معنی ہیں: کنویں کی مینڈ پر یعنی ایک جانب۔

۸-سورۃ النازعات آیت ۲۹ ہے: ﴿وَأَغْطَشَ لَيْلَهَا﴾: اور اس کی رات کو تاریک بنایا۔ اور سورۃ الانعام آیت ۷۶ ہے: ﴿فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ﴾: پھر جب رات کی تاریکی اس پر چھا گئی۔ أَغْطَشَ اور جَنَّ کے معنی ہیں: أَظْلَمَ: تاریک کیا۔

۹-سورۃ التکویر آیت ۱ ہے: ﴿إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ﴾: جب آفتاب بے نور ہو جائے گا۔ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے كُوِّرَتْ کے معنی کئے ہیں: لپیٹ دیا جائے گا، یہاں تک کہ اس کی روشنی ختم ہو جائے گی۔

۱۰-سورۃ الانشقاق آیت ۱۷ ہے: ﴿وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ﴾: اور قسم ہے رات کی اور ان چیزوں کی جن کو رات سمیٹ کر جمع کر لیتی ہے، مراد وہ سب جاندار ہیں جو رات کو آرام کرنے کے لئے اپنے ٹھکانوں پر آجاتے ہیں۔

۱۱-سورۃ الانشقاق آیت ۱۸ ہے: ﴿وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ﴾: اور قسم ہے چاند کی جب وہ پورا ہو جائے، اسْتَوَى: درست ہوا۔

۱۲-سورۃ الفرقان آیت ۶۱ ہے: ﴿تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوْجًا﴾: وہ ذات بڑی عالی شان ہے جس نے آسمان میں (سورج اور چاند کی) منزلیں بنائیں، یعنی روزانہ ان کے چلنے کی مسافت طے کی (اور بروج کے دوسرے معنی بڑے ستارے بھی کئے گئے ہیں)

۱۳-سورۂ فاطر آیت ۲۱ ہے: ﴿وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ﴾: اور برابر نہیں چھاؤں اور دھوپ۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور رؤبۃ بن العجاج (امام لغت) کہتے ہیں: رات میں جو گرم ہوا چلتی ہے وہ حَرُوْر ہے اور دن میں جو گرم ہوا چلتی ہے وہ سَموم (لو) ہے۔

۱۴-سورۃ الحج آیت ۶۱ ہے: ﴿يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ﴾: اور اللہ تعالیٰ دن کو رات میں داخل کرتے ہیں، یعنی دن کو لپیٹتے ہیں، چھوٹا کر دیتے ہیں اور اس کا کچھ حصہ رات میں داخل کر دیتے ہیں۔

۱۵-سورۃ التوبہ آیت ۱۶ ہے: ﴿وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً﴾: اور انھوں نے اللہ اور رسول اور مؤمنین کے سوا کسی کو خاص دوست نہیں بنایا۔ وَلَجَ يَلِجُ کے معنی ہیں: داخل ہونا، ولیجة: وہ دوستی جو دل میں داخل ہو جائے۔

[٤-] بَابُ صِفَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ

[١-] ﴿بِحُسْبَانٍ﴾: قَالَ مُجَاهِدٌ: كَحُسْبَانِ الرَّحَى، وَقَالَ غَيْرُهُ، بِحِسَابٍ وَمَنَازِلَ، لَا يَعْدُوَانِهَا، حُسْبَانٌ: جَمَاعَةُ حِسَابٍ، مِثْلُ شِهَابٍ وَشُهْبَانٍ. [٢-] ﴿ضُحَاهَا﴾: ضَوْؤُهَا. [٣-] ﴿أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ﴾:

لَا يَسْتُرُ ضَوْءُ أَحَدِهِمَا ضَوْءَ الآخَرِ، وَلَا يَنْبَغِيْ لَهُمَا ذٰلِكَ. [٤-] ﴿سَابِقُ النَّهَارِ﴾: يَتَطَالَبَانِ حَثِيْثَيْنِ. [٥-] ﴿نَسْلُخُ﴾: نُخْرِجُ أَحَدَهُمَا مِنَ الآخَرِ، وَيَجْرِي كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا [٦-] ﴿وَاهِيَةٌ﴾ وَهْيُهَا: تَشَقُّقُهَا. [٧-] ﴿أَرْجَائِهَا﴾: مَالَمْ يَنْشَقَّ مِنْهَا فَهُوَ عَلٰى حَافَتَيْهِ، كَقَوْلِكَ: عَلٰى أَرْجَاءِ الْبِئْرِ. [٨-] ﴿أَغْطَشَ﴾ و ﴿جَنَّ﴾: أَظْلَمَ. [٩-] وَقَالَ الْحَسَنُ ﴿كُوِّرَتْ﴾: تُكَوَّرُ حَتَّى يَذْهَبَ ضَوْؤُهَا. [١٠-] وَيُقَالُ ﴿وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ﴾ جَمَعَ مِنْ دَابَّةٍ. [١١-] ﴿اتَّسَقَ﴾: اسْتَوٰى. [١٢-] ﴿بُرُوْجًا﴾: مَنَازِلَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ. [١٣-] ﴿الْحَرُوْرُ﴾ بِالنَّهَارِ مَعَ الشَّمْسِ. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَرُؤْبَةُ: الْحَرُوْرُ بِاللَّيْلِ، وَالسَّمُوْمُ بِالنَّهَارِ. [١٤-] وَيُقَالُ ﴿يُوْلِجُ﴾: يُكَوِّرُ. [١٥-] ﴿وَلِيْجَةً﴾: كُلُّ شَيْئٍ أَدْخَلْتَهُ فِيْ شَيْئٍ.

پھر باب میں چھ حدیثیں ہیں، ان میں سے دونئی ہیں، اور باقی چار پہلے گذری ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے ایک دن جب سورج غروب ہورہا تھا حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: جانتے ہو سورج کہاں جاتا ہے؟ انھوں نے کہا: اللہ ورسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: سورج غروب ہونے کے بعد جاتا ہے یہاں تک کہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے، اور اجازت مانگتا ہے، اس کو اجازت دیدی جاتی ہے اور قریب ہے وہ زمانہ کہ سجدہ کرے گا وہ پس اس کا سجدہ قبول نہیں کیا جائے گا، اور اجازت طلب کرے گا وہ پس اس کو اجازت نہیں دی جائے گی، اس سے کہا جائے گا: واپس جا، جہاں سے آیا ہے، چنانچہ وہ اپنے غروب ہونے کی جگہ سے طلوع کرے گا۔ سورۂ یٰس آیت ۳۸ میں ہے: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا، ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ﴾: اور (بعث بعد الموت کی ایک دلیل) آفتاب ہے: وہ اپنے ٹھکانہ کی طرف چلتا رہتا ہے، یہ اندازہ ٹھہرایا ہوا ہے زبردست علم والے کا، یعنی سورج جو مشرق سے مغرب کی طرف چلتا ہے اس کے لئے اللہ نے ایک مدت ٹھہرائی ہے، اس مقررہ وقت تک وہ اسی طرح چلتا رہے گا، پھر وہ الٹا چلنے لگے گا۔ اسی طرح دنیا اپنی رفتار پر چل رہی ہے، مگر اس کے لئے بھی ایک وقت مقرر ہے، اس کے بعد یہ دنیا واپس لوٹے گی، ختم ہوکر از سرِ نو چلے گی۔

اور عرش کے نیچے سجدہ کرنے کا مطلب تابعداری ہے، جیسے حضرت آدم علیہ السلام کو زمینی کائنات سے سجدہ کرایا گیا، وہ سجدہ بھی اطاعت قبول کرنے کے معنی میں تھا، حضرت آدم علیہ السلام کو خلافت ارضی سونپی گئی تھی، اس لئے جب تک زمینی مخلوقات ان کی ماتحتی قبول نہ کریں وہ نیابت کی ذمہ داری سے عہدہ برآ نہیں ہوسکتے۔ اسی طرح سورج ہر وقت اللہ کے حکم کے ماتحت چل رہا ہے جب تک اسے آگے بڑھنے کی اجازت ہے بڑھتا رہے گا، اور جب اس کو واپس لوٹنے کا حکم ہوگا تو مغرب سے طلوع ہوگا۔

سوال: سورج کی حرکت دوری ہے وہ غروب نہیں ہوتا، پھر غروب کے بعد عرش کے نیچے سجدہ کرنے کا کیا مطلب؟

جواب: سورج ہر وقت طلوع اور غروب ہوتا ہے اور وہ اللہ کے حکم کے ماتحت ایسا کرتا ہے، یہی ماتحت رہنا اس کا سجدہ

کرنا ہے، حسّی سجدہ کرنا مرادنہیں، بلکہ معنوی اطاعت مراد ہے، جو ہر آن اس کو حاصل ہے، لوگ حسّی سجدہ مراد لیتے ہیں، پھر اشکال کرتے ہیں، اس لئے اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک معنوی حالت کو حسّی مثال سے سمجھایا ہے۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورج اور چاند قیامت کے دن لپیٹے ہوئے ہونگے، یعنی دونوں کی روشنی ختم ہوجائے گی۔ اور باقی چار حدیثیں نماز کسوف کی ہیں، ان میں ہے کہ سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں، وہ کسی کے مرنے پر یا کسی کے پیدا ہونے پر نہیں گہناتے۔ پس جب سورج اور چاند کو گہن لگے تو اللہ کا ذکر کرو، اور بہترین ذکر نمازِ کسوف ہے۔

[۳۱۹۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَبِيْ ذَرٍّ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ: " أَتَدْرِيْ أَيْنَ تَذْهَبُ؟" قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: " فَإِنَّهَا تَذْهَبُ حَتَّى تَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ، فَتَسْتَأْذِنَ فَيُؤْذَنَ لَهَا، وَيُوْشِكُ أَنْ تَسْجُدَ فَلاَ يُقْبَلَ مِنْهَا، وَتَسْتَأْذِنَ فَلاَ يُؤْذَنَ لَهَا، فَيَقَالُ لَهَا: ارْجِعِيْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ، فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا" فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ﴾[یٰس: ۳۸]

[انظر: ۴۸۰۲، ۴۸۰۳، ۷۴۲۴، ۷۴۳۳]

[۳۲۰۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ الدَّانَاجُ، ثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ مُكَوَّرَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

[۳۲۰۱-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يُخْبِرُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لاَ يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، وَلٰكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهَا فَصَلُّوْا"

[راجع: ۱۰۴۲]

[۳۲۰۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، لاَ يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْكُرُوْا اللّٰهَ"

[۳۲۰۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ قَامَ فَكَبَّرَ، وَقَرَأَ قِرَاءَةً طَوِيْلَةً، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ: " سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" وَقَامَ كَمَا هُوَ، فَقَرَأَ قِرَاءَةً طَوِيْلَةً، وَهِيَ أَدْنَى مِنَ الْقِرَاءَةِ الْأُوْلٰى، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً، وَهِيَ أَدْنَى مِنَ الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى، ثُمَّ سَجَدَ

سُجُوْدًا طَوِيْلاً، ثُمَّ فَعَلَ فِي الرَّكْعَةِ الآخِرَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ سَلَّمَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، فَخَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ فِي كُسُوْفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ: " إِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لاَ يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُمَا فَافْزَعُوْا إِلَى الصَّلاَةِ"[راجع: ١٠٤٤]

[٣٢٠٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنِيْ قَيْسٌ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ لاَ يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ، وَلٰكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهَا فَصَلُّوْا"[راجع: ١٠٤١]

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالىٰ: ﴿وَهُوَ الَّذِيْ أَرْسَلَ الرِّيَاحَ نُشُرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ﴾

ہوا کا ذکر

ہوا بھی کائنات کا جزء ہے اور انسان سے پہلے پیدا کی گئی ہے، قرآنِ کریم کی مختلف آیات میں ہوا کا ذکر آیا ہے۔

۱-سورۃ الفرقان آیت ۴۸ ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِيْ أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ﴾: اور اللہ ایسا ہے جو بارانِ رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے جو بارش کی خوش خبری دیتی ہیں۔

تفسیر: ہماری قراءت میں بُشْرًا ہے، جس کے معنی ہیں: خوش خبری دینے والی، یہ بشیر کی جمع ہے، اور مراد مانسونی ہوائیں ہیں، جو بارش سے پہلے چلتی ہیں، اور لوگوں کو بارش کی امید دلاتی ہے۔ اور دوسری قراءت نُشُرًا ہے، جیسے رسول کی جمع رُسُلٌ ہے، اس کے معنی ہیں: پھیلانے والی، یعنی ہوائیں بادلوں کو ہر چہار جانب پھیلا دیتی ہیں۔

۲-سورۃ الاسراء آیت ۶۹ میں ہوا کی صفت قَاصِفًا آئی ہے: ﴿فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِنَ الرِّيْحِ﴾: پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے جو ہر چیز کو توڑ پھوڑ دے۔

۳-سورۃ الحجر آیت ۲۲ میں ہوا کی صفت لواقح آئی ہے: ﴿وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ﴾: اور ہم ہواؤں کو بھیجتے ہیں جو بادلوں کو پانی سے بھر دیتی ہیں۔ لَقِحَ (س) لَقْحًا کے معنی ہیں: گابھن ہونا۔ فهي لاقِحٌ والجمع لواقح، دوسرا لفظ اس کے لئے مَلاَ قِيْح ہے، حمل والیاں، مفرد: مَلْقُوْحَة ہے۔ اور حضرت رحمہ اللہ نے بغیر یاء کے ملاقح لکھا ہے اور اس کو مُلْقِحَة کی جمع بتایا ہے، حاشیہ میں اس کو نادر کہا ہے۔

۴-سورۃ البقرہ آیت ۲۶۶ میں ہوا کو إعصار سے تعبیر کیا ہے: ﴿فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ﴾: پھر اس باغ کو ایک بگولا پہنچا، جس میں آگ تھی، سو وہ باغ جل گیا، بگولا اور ببولا: وہ ہوا جو چکر کھا کر بلند ہوتی ہے، عاصف کے معنی ہیں: سخت ہوا، بگولے میں کبھی آگ بھی ہوتی ہے۔

۵-سورۂ آل عمران آیت ۱۱۷ میں ہوا کے تعلق سے صِرٌّ آیا ہے: ﴿كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ﴾: ایسی ہوا جس میں

تیز سردی ہو۔

۶-نُشُرًا کے معنی پہلے آ گئے: پھیلانے والی، یعنی ہوا بادلوں کو ہر چہار طرف پھیلا دیتی ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: میں مشرقی ہوا کے ذریعہ مدد کیا گیا، یعنی غزوۂ احزاب میں ایک رات جو ٹھنڈی ہوا چلی تھی وہ مشرق کی جانب سے چلی تھی، وَأُهْلكت عاد بالدَّبُوْر: اور قوم عاد پچھوا ہوا کے ذریعہ ہلاک کی گئی۔ یعنی قوم عاد پر جو مسلسل آٹھ دن ہوا چلی تھی جس سے وہ ہلاک ہو گئے وہ مغرب کی جانب سے چلی تھی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ جب آسمان میں کوئی بادل دیکھتے جس سے بارش کی امید ہوتی تو آپ آتے جاتے اور گھر میں آتے اور باہر نکلتے اور چہرہ مبارک بدل جاتا، پھر جب بارش شروع ہو جاتی تو یہ کیفیت ختم ہو جاتی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کو محسوس کیا اور وجہ پوچھی، آپ نے فرمایا: کیا پتہ شاید وہ ویسی ہوا ہو جیسی عاد پر چلی تھی، سورۃ الاحقاف آیت ۲۴ میں ہے: ''پس جب ان لوگوں نے اس بادل کو اپنی وادیوں کی طرف آتا دیکھا تو کہنے لگے: یہ بادل ہے جو ہم پر برسے گا، نہیں، یہ وہی (عذاب) ہے جس کو تم جلدی طلب کرتے تھے، اس میں ایک آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے'' یعنی پتا نہیں بادل میں سے کیا برسے گا، اس لئے عذاب کے خوف سے نبی ﷺ کا چہرہ بدل جاتا تھا، پھر جب پانی برسنے لگتا تو اطمینان ہو جاتا کہ بادل میں عذاب نہیں ہے۔

[٥-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَهُوَ الَّذِىْ أَرْسَلَ الرِّيَاحَ نُشُرًا بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهِ﴾

[٢-] ﴿قَاصِفًا﴾: تَقْصِفُ كُلَّ شَيْئٍ. [٣-] ﴿لَوَاقِحَ﴾: مَلَاقِحَ: مُلْقِحَةٌ. [٤-] ﴿إِعْصَارٌ﴾: رِيْحٌ عَاصِفٌ تَهُبُّ مِنَ الْأَرْضِ إِلَى السَّمَاءِ كَعَمُوْدٍ فِيْهِ نَارٌ. [٥-] ﴿صِرٌّ﴾: بُرْدٌ. [٦-] ﴿نُشُرًا﴾: مُتَفَرِّقَةً.

[٣٢٠٥-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " نُصِرْتُ بِالصَّبَا، وَأُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ"[راجع: ١٠٣٥]

[٣٢٠٦-] حدثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَأَى مَخِيْلَةً فِي السَّمَاءِ أَقْبَلَ وَأَدْبَرَ، وَدَخَلَ وَخَرَجَ، وَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ، فَإِذَا أَمْطَرَتِ السَّمَاءُ سُرِّيَ عَنْهُ، فَعَرَفَتْهُ عَائِشَةُ ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَمَا أَدْرِيْ لَعَلَّهُ كَمَا قَالَ قَوْمٌ: ﴿فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ﴾ الآيَةَ [الأحقاف: ٢٤] [انظر: ٤٨٢٩]

بَابُ ذِكْرِ الْمَلَائِكَةِ

فرشتوں کا ذکر

فرشتے اللہ کی ایک نورانی مخلوق ہیں، مختلف شکلیں اختیار کر سکتے ہیں، اور فرشتے انسان کی مصلحت کے لئے پیدا کئے گئے

ہیں، اور انسان سے بہت پہلے پیدا کئے گئے ہیں، پھر فرشتوں کی دو قسمیں ہیں: ملاء اعلی: عالم بالا کے فرشتے، اور ملاء سافل: زمینی فرشتے۔ اور جس طرح آسمانی فرشتے زمین پر اترتے ہیں، زمینی فرشتے آسمان پر جاتے ہیں، مگر مستقر دونوں کا علاحدہ ہے، اور فرشتوں کو ماننا بنیادی عقائد میں سے ہے، حدیث جبرئیل میں اور قرآنِ کریم کی بہت سی آیتوں میں ان پر ایمان لانے کا ذکر ہے، کیونکہ فرشتے اللہ اور انبیاء کے درمیان سفارت کا فریضہ انجام دیتے ہیں، پس اگر کوئی فرشتوں کو نہیں مانتا تو سوال پیدا ہوگا کہ اللہ کا پیغام نبیوں تک کیسے پہنچا؟ اس لئے فرشتوں پر ایمان لانا ضروری ہے۔

اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب بہت لمبا لکھا ہے اور اس کے بعد ایک ردیف باب بھی ہے، مگر قرآنِ کریم میں جہاں فرشتوں کا ذکر آیا ہے ان کا حوالہ نہیں دیا کیونکہ وہ کافی آیتیں ہیں جن میں فرشتوں کا ذکر ہے۔

۱- آگے (حدیث ۳۹۳۸) آرہا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے یہ بات ابھی حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بتائی، اس پر عبداللہ بن سلامؓ نے کہا: حضرت جبرئیل علیہ السلام یہود کے دشمن ہیں، وہ عذاب لے کر آتے ہیں، سورۃ البقرہ آیت ۹۸ میں اس کا ذکر ہے: ﴿مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِلّٰهِ وَمَلَا ئِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَجِبْرِيْلَ وِمِيكَالَ فَإِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِلْكَافِرِيْنَ﴾: جو شخص اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے، اور فرشتوں کا اور پیغمبروں کا اور جبرئیل کا اور میکائیل کا تو اللہ تعالیٰ ایسے کافروں کے دشمن ہیں۔

۲- اور سورۃ الصافات آیت ۱۶۵ میں ہے: ﴿وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُّوْنَ﴾: اور بیشک ہم صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ فرشتوں کا قول ہے، عبادت کے لئے یا احکام سننے کے لئے وہ صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں۔

اب احادیث پڑھیں، ہر روایت میں آپ کو یہی دیکھنا ہے کہ فرشتوں کا ذکر آیا، اور حدیثیں زیادہ تر پہلے گذری ہیں۔

[٦-] بَابُ ذِكْرِ الْمَلَا ئِكَةِ

[١-] وَقَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ جِبْرِيْلَ عَدُوُّ الْيَهُوْدِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ. [٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَنَحْنُ الصَّافُّوْنَ﴾: الْمَلَائِكَة.

[٣٢٠٧-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، ح: وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ، وَهِشَامٌ، قَالَا: ثَنَا قَتَادَةُ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " بَيْنَا أَنَا عِنْدَ الْبَيْتِ بَيْنَ النَّائِمِ وَالْيَقْظَانِ، فَذَكَرَ رَجُلًا بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ، فَأُتِيْتُ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ، مَلَآنَ حِكْمَةً وَإِيْمَانًا، فَشُقَّ مِنَ النَّحْرِ إِلٰى مَرَاقِ الْبَطْنِ، ثُمَّ غُسِلَ الْبَطْنُ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ مُلِئَ حِكْمَةً وَإِيْمَانًا، وَأُتِيْتُ بِدَابَّةٍ أَبْيَضَ دُوْنَ الْبَغْلِ وَفَوْقَ الْحِمَارِ: الْبُرَاقُ، فَانْطَلَقْتُ مَعَ جِبْرِيْلَ، حَتّٰى أَتَيْنَا السَّمَاءَ الدُّنْيَا، قِيْلَ مَنْ هٰذَا؟ قِيْلَ: جِبْرِيْلُ، قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قِيْلَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهِ، وَلَنِعْمَ الْمَجِيْئُ جَاءَ، فَأَتَيْتُ عَلٰى آدَمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِكَ مِنِ ابْنٍ وَنَبِيٍّ. فَأَتَيْنَا

السَّمَاءَ الثَّانِيَةَ، قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ، قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهِ، وَلَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ، فَأَتَيْتُ عَلٰى عِيْسَى وَيَحْيٰى فَقَالاَ: مَرْحَبًا بِكَ مِنْ أَخٍ وَنَبِيٍّ، فَأَتَيْنَا السَّمَاءَ الثَّالِثَةَ، قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قِيْلَ: جِبْرِيْلُ، قِيْلَ: مَنْ مَعَكَ؟ قِيْلَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهِ وَلَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ، فَأَتَيْتُ عَلٰى يُوْسُفَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِكَ مِنْ أَخٍ وَنَبِيٍّ، فَأَتَيْنَا السَّمَاءَ الرَّابِعَةَ، قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ، قِيْلَ: مَنْ مَعَكَ؟ قِيْلَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟قِيْلَ: نَعَمْ، قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهِ، وَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ. فَأَتَيْتُ عَلٰى إِدْرِيْسَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِكَ مِنْ أَخٍ وَنَبِيٍّ، فَأَتَيْنَا السَّمَاءَ الْخَامِسَةَ، قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قِيْلَ: جِبْرِيْلُ، قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قِيْلَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قِيْلَ: نَعَمْ، قَالَ: مَرْحَبًا بِهِ، وَلَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ، فَأَتَيْنَا عَلٰى هَارُوْنَ فَسَلَّمْتُ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِكَ مِنْ أَخٍ وَنَبِيٍّ، فَأَتَيْنَا عَلٰى السَّمَاءِ السَّادِسَةِ، قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قِيْلَ: جِبْرِيْلُ، قِيْلَ: مَنْ مَعَكَ؟ قِيْلَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟[قِيْلَ: نَعَمْ، قَالَ:] مَرْحَبًا بِهِ، وَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ. فَأَتَيْتُ عَلٰى مُوْسَى، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِكَ مِنْ أَخٍ وَنَبِيٍّ، فَلَمَّا جَاوَزْتُ بَكٰى، فَقِيْلَ: مَا أَبْكَاكَ؟ قَالَ: يَارَبِّ! هٰذَا الْغُلاَمُ الَّذِىْ بُعِثَ بَعْدِىْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِهِ أَفْضَلُ مِمَّا يَدْخُلُ مِنْ أُمَّتِىْ، فَأَتَيْنَا السَّمَاءَ السَّابِعَةَ، قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قِيْلَ: جِبْرِيْلُ، قِيْلَ: مَنْ مَعَكَ؟ قِيْلَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟[قِيْلَ: نَعَمْ، قَالَ:] مَرْحَبًا بِهِ وَلَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ. فَأَتَيْتُ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ: مَرْحَبًا بِكَ مِنْ ابْنٍ وَنَبِيٍّ، فَرُفِعَ لِى الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ، فَسَأَلْتُ جِبْرِيْلَ فَقَالَ: هٰذَا الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ يُصَلِّىْ فِيْهِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ، إِذَا خَرَجُوْا لَمْ يَعُوْدُوْا آخِرَ مَا عَلَيْهِمْ، وَرُفِعَتْ لِىْ سِدْرَةُ الْمُنْتَهَى فَإِذَا نَبِقُهَا كَأَنَّهُ قِلاَلُ هَجَرَ، وَوَرَقُهَا كَأَنَّهُ آذَانُ الْفُيُوْلِ، فِى أَصْلِهَا أَرْبَعَةُ أَنْهَارٍ: نَهْرَانِ بَاطِنَانِ، وَنَهْرَانِ ظَاهِرَانِ، فَسَأَلْتُ جِبْرِيْلَ، فَقَالَ: أَمَّا الْبَاطِنَانِ فَفِىْ الْجَنَّةِ، وَأَمَّا الظَّاهِرَانِ: فَالْفُرَاتُ وَالنِّيْلُ، ثُمَّ فُرِضَتْ عَلَىَّ خَمْسُوْنَ صَلاَةً، فَأَقْبَلْتُ حَتّٰى جِئْتُ مُوْسٰى، فَقَالَ: مَا صَنَعْتَ؟ قُلْتُ: فُرِضَتْ عَلَىَّ خَمْسُوْنَ صَلاَةً، قَالَ: أَنَا أَعْلَمُ بِالنَّاسِ مِنْكَ، عَالَجْتُ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ أَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ، وَإِنَّ أُمَّتَكَ لاَتُطِيْقُ، فَارْجِعْ إِلٰى رَبِّكَ فَسَلْهُ، فَرَجَعْتُ فَسَأَلْتُهُ فَجَعَلَهَا أَرْبَعِيْنَ، ثُمَّ مِثْلَهُ، ثُمَّ ثَلاَ ثِيْنَ، ثُمَّ مِثْلَهُ، فَجَعَلَ عِشْرِيْنَ، ثُمَّ مِثْلَهُ، فَجَعَلَ عَشْرًا، فَأَتَيْتُ مُوْسَى فَقَالَ مِثْلَهُ، فَجَعَلَهَا خَمْسًا. فَأَتَيْتُ مُوْسَى، فَقَالَ: مَا صَنَعْتَ؟ قُلْتُ: جَعَلَهَا خَمْسًا، فَقَالَ مِثْلَهُ، قُلْتُ: فَسَلَّمْتُ، فَنُوْدِىَ إِنِّىْ قَدْ أَمْضَيْتُ فَرِيْضَتِىْ وَخَفَّفْتُ عَنْ عِبَادِىْ، وَأَجْزِى الْحَسَنَةَ عَشْرًا"

وَقَالَ هَمَّامٌ: عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه و سلم:" فِى الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ"[انظر: ٣٣٩٣، ٣٤٣٠، ٣٨٨٧]

قوله: بين النائم واليقظان: سونے والے اور بیدار کے درمیان، اس سے کچھ حضرات نے سمجھا ہے کہ معراج خواب میں ہوئی ہے، مگر جمہور کی رائے یہ ہے کہ بڑی معراج بیداری میں ہوئی ہے، مسند احمد میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: إنه كان في اليَقَظَةِ، رآه بعينه: اور کتاب التوحید میں (حدیث ۷۵۱۷) جو شریک نخعی کی روایت ہے: أنه كان نائما: یعنی خواب میں معراج ہوئی، یہ روایت صحیح نہیں، شریک کثیر الخطاء ہیں، اور سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اگر یہ خواب ہوتا تو قریش نے اس کا انکار کیوں کیا؟ خواب تو اس سے بھی عجیب دیکھا جاسکتا ہے۔

قوله: فذكر رجلاً بين رجلين: نبی ﷺ نے دو آدمیوں کے درمیان ایک آدمی کا ذکر کیا، یعنی تین فرشتے انسانی شکل میں آئے .... **فشُق من النحر إلى مراق البطن:** پس سینہ مبارک چاک کیا، گلے سے پیٹ کی پتلی کھال تک .... **البراق:** مستقل جملہ ہے أی هی البراق .... **وقد أرسل إليه:** اس میں ہمزہ استفہام محذوف ہے: کیا ان کی طرف آدمی بھیجا گیا ہے یعنی ان کو بلایا گیا ہے؟ .... **وَلَنِعْمَ المجیءُ جاءَ:** اس میں تقدیم تاخیر ہے جاء مقدم ہے اور مخصوص بالمدح محذوف ہے، آئے وہ اور آنے والا کتنا شاندار ہے .... **رفع لی البیت المعمور:** أی کُشِفَ لی بیت معمور میرے لئے منکشف کیا گیا، یہی معنی رفعت لی سدرة المنتهى کے ہیں .... **فإذا نَبِقُها كأنه قلال هجر:** پس اچانک اس کے بیر ہجر مقام کے مٹکوں جیسے تھے .... دو باطنی نہریں سلسبیل اور کوثر ہیں جو سدرۃ المنتہیٰ کی جڑ سے نکل کر جنت کی طرف جارہی ہیں، اور دو ظاہری نہریں عراق کا دریائے فرات اور مصر کا دریائے نیل ہیں .... **عن الحسن عن أبي هريرة:** معراج کی یہ حدیث حضرت حسن بصری رحمہ اللہ بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، مگر حضرت حسنؒ کا حضرت ابو ہریرہؓ سے سماع نہیں۔

[۳۲۰۸-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ، ثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ، قَالَ:" إِنَّ أَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِيْ بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا نُطْفَةً، ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ مَلَكًا، وَيُؤْمَرُ بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ، وَيُقَالُ لَهُ: اكْتُبْ عَمَلَهُ، وَرِزْقَهُ، وَأَجَلَهُ، وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيْدٌ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ، فَإِنَّ الرَّجُلَ مِنْكُمْ لَيَعْمَلُ حَتَّى ما يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ إِلَّا ذِرَاعٌ، فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ كِتَابُهُ، فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، وَيَعْمَلُ حَتَّى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ إِلَّا ذِرَاعٌ، فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ"[انظر: ٣٣٣٢، ٦٥٩٤، ٧٤٥٤]

ترجمہ: الصادق: سچے، المصدوق: سچ بتائے ہوئے یعنی اللہ کی طرف سے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے توسط سے جو کچھ آپؐ کو بتایا جاتا ہے وہ سراسر سچ ہوتا ہے، آپؐ نے فرمایا: بیشک تم میں سے ایک کی بناوٹ اکٹھا کی جاتی ہے اس کی ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک نطفہ کی شکل میں یعنی استقرار حمل کے بعد چالیس دن تک نطفہ میں کوئی خاص تغیر نہیں آتا، پھر

وہ خون بستہ ہوجاتا ہے اتنی ہی مدت میں، پھر وہ گوشت کی بوٹی بن جاتا ہے اتنی ہی مدت میں، پھر اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجتے ہیں (یہاں باب ہے) اور وہ چار باتوں کا حکم دیا جاتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے: لکھ اس کا عمل، اور اس کی روزی، اور اس کی موت کا وقت، اور یہ کہ وہ بدبخت ہوگا یا نیک بخت، پھر اس میں روح پھونکی جاتی ہے، پس بیشک ایک آدمی عمل کرتا ہے یہاں تک کہ نہیں رہتا اس کے اور جنت کے درمیان مگر ایک ہاتھ، پس غالب آجاتا ہے اس پر اس کا نوشتہ، چنانچہ وہ دوزخیوں کا کام کرنے لگتا ہے۔ اور ایک آدمی عمل کرتا ہے یہاں تک کہ نہیں رہتا اس کے اور دوزخ کے درمیان مگر ایک ہاتھ، پس غالب آجاتا ہے اس پر نوشتہ، پس وہ جنت والوں کے کام کرنے لگتا ہے۔

[٣٢٠٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، ثَنَا مَخْلَدٌ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَتَابَعَهُ أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ الْعَبْدَ نَادَى جِبْرِيْلَ: إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحْبِبْهُ، فَيُحِبُّهُ جِبْرِيْلُ. فَيُنَادِيْ جِبْرِيْلُ فِيْ أَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فَلَانًا فَأُحِبُّوْهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِي الْأَرْضِ "[انظر: ٦٠٤٠، ٧٤٨٥]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتے ہیں تو جبرئیل علیہ السلام کو پکارتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں سے محبت کرتے ہیں، پس تم بھی اس سے محبت کرو، چنانچہ اس سے جبرئیل علیہ السلام محبت کرنے لگتے ہیں، پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام آسمان والوں میں پکارتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت کرتے ہیں، پس تم بھی اس سے محبت کرو، پس اس سے محبت کرتے ہیں آسمان والے، پھر اتاری جاتی ہے اس کے لئے مقبولیت زمین میں (پس زمین والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں)

[٣٢١٠-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثنا ابْنُ أَبِيْ جعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَنْزِلُ فِي الْعَنَانِ- وَهُوَ السَّحَابُ - فَتَذْكُرُ الْأَمْرَ قُضِيَ فِي السَّمَاءِ، فَتَسْتَرِقُ الشَّاطِيْنُ السَّمْعَ، فَتَسْمَعُهُ، فَتُوْحِيْهِ إِلٰى الْكُهَّانِ. فَيَكْذِبُوْنَ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ"

[انظر: ٣٢٨٨، ٥٧٦٢، ٦٢١٣، ٧٥٦١]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: فرشتے بادلوں میں اترتے ہیں پس اس بات کا تذکرہ کرتے ہیں جو آسمان میں طے ہوئی ہے اور شیاطین بات کو چراتے ہیں، وہ اس کو سنتے ہیں، پھر وہ اس کو پہنچاتے ہیں کاہنوں تک، پس وہ اس کے ساتھ اپنی طرف سے سو جھوٹ ملاتے ہیں۔

[۳۲۱۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَالْأَغَرِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ كَانَ عَلٰى كُلِّ بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْمَسْجِدِ مَلَائِكَةٌ يَكْتُبُوْنَ الْأَوَّلَ فَالْأَوَّلَ، فَإِذَا جَلَسَ الإِمَامُ طَوَوُا الصُّحُفَ، وَجَاؤُا يَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ"[راجع: ۹۲۹]

[۳۲۱۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: مَرَّ عُمَرُ فِي الْمَسْجِدِ، وَحَسَّانُ يُنْشِدُ، فَقَالَ: كُنْتُ أُنْشِدُ فِيْهِ، وَفِيْهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ، ثُمَّ الْتَفَتَ إِلٰى أَبِيْ هُرَيْرَةَ، فَقَالَ: أُنْشُدُكَ بِاللّٰهِ! أَسَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "أَجِبْ عَنِّيْ، اللّٰهُمَّ أَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ؟" قَالَ: نَعَمْ.[راجع: ۴۵۳]

[۳۲۱۳-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِحَسَّانَ: "اهْجُهُمْ، أو: هَاجِهِمْ، وَجِبْرِيْلُ مَعَكَ"[انظر: ۴۱۲۳، ۴۱۲۴، ۶۱۵۳]

وضاحت: دوسری حدیث میں نبی ﷺ نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو دعا دی ہے: اللّٰهم أيده بروح القدس: اے اللہ! حسانؓ کو قوی فرما جبرئیلؑ کے ذریعہ، اور تیسری حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت حسانؓ سے فرمایا: مشرکین کی برائی کرو، اور جبرئیل علیہ السلام تمہارے ساتھ ہیں۔

[۳۲۱۴-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى غُبَارٍ سَاطِعٍ فِيْ سِكَّةِ بَنِيْ غَنْمٍ، زَادَ مُوْسَى: مَوْكِبَ جِبْرِيْلَ عليه السلام.

[۳۲۱۵-] حدثنا فَرْوَةُ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ الْحَارِثَ ابْنَ هِشَامٍ سَأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: كَيْفَ يَأْتِيْكَ الْوَحْيُ؟ قَالَ: "كُلُّ ذٰلِكَ، يَأْتِيْ الْمَلَكُ أَحْيَانًا فِيْ مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ، فَيَفْصِمُ عَنِّيْ وَقَدْ وَعَيْتُ مَا قَالَ، وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ، وَيَتَمَثَّلُ لِيْ الْمَلَكُ أَحْيَانًا رَجُلًا فَيُكَلِّمُنِيْ فَأَعِي مَا يَقُوْلُ"[راجع: ۲]

[۳۲۱۶-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شَيْبَانُ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ دَعَتْهُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ: أَيْ فُلُ هَلُمَّ" فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: ذَاكَ الَّذِيْ لَا تَوَى عَلَيْهِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَرْجُو أَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ"[راجع: ۱۸۹۷]

وضاحت: پہلی حدیث میں بنوغنم کی گلی میں جو غبار نظر آیا تھا وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا جلوس تھا، اور دوسری حدیث میں ہے کہ کبھی فرشتہ میرے سامنے انسان کا پیکر اختیار کرتا ہے اور تیسری حدیث میں ہے کہ جو راہِ خدا میں جوڑا خرچ

کرتا ہے اس کو جنت کے دربان بلاتے ہیں، وہ فرشتے ہیں، یہاں باب ہے۔

[٣٢١٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا هِشَامٌ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهَا: "يَا عَائِشَةُ! هٰذَا جِبْرِيْلُ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلَامَ" فَقَالَتْ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، تَرَى مَالَا أَرَى، تُرِيْدُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ٣٧٦٨، ٦٢٠١، ٦٢٤٩، ٦٢٥٣]

[٣٢١٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ، ح: وَحَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِيْ ابْنَ جَعْفَرٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ عُمَرَ ابْنِ ذَرٍّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِجِبْرِيْلَ: "أَلَا تَزُوْرُنَا أَكْثَرَ مِمَّا تَزُوْرُنَا؟" قَالَ: فَنَزَلَتْ ﴿وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا﴾ الآيَةَ[مريم: ٦٤] [انظر: ٤٧٣١، ٧٤٥٥]

[٣٢١٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَقْرَأَنِيْ جِبْرِيْلُ عَلٰى حَرْفٍ، فَلَمْ أَزَلْ أَسْتَزِيْدُهُ حَتَّى انْتَهَى إِلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ"[انظر: ٤٩٩١]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: یہ جبرئیل علیہ السلام ہیں جو تمہیں سلام کہتے ہیں، حضرت عائشہؓ نے جواب دیا اور کہا: آپؐ دیکھتے ہیں وہ جو میں نہیں دیکھتی، یعنی مجھے حضرت جبرئیل علیہ السلام نظر نہیں آرہے۔

حدیث (۲): سورۂ مریم کی آیت ۶۴ ہے: ''اور ہم آپؐ کے رب کے حکم کے بغیر نہیں اترتے، اس کی ملک ہیں ہمارے آگے کی چیزیں اور ہمارے پیچھے کی چیزیں اور وہ چیزیں جو ان دونوں کے درمیان ہیں'' اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے فرمایا: آپ جتنا ہماری زیارت کے لئے آتے ہیں اس سے زیادہ ہماری زیارت کے لئے کیوں نہیں آتے؟ یعنی ہمارا جی چاہتا ہے کہ آپ بار بار آئیں، اس پر حضرت جبرئیل علیہ السلام آئندہ یہ آیت لے کر آئے کہ ہمارا آنا جانا ہمارے اختیار میں نہیں۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: جبرئیل علیہ السلام نے مجھے ایک حرف پر قرآن پڑھایا، یعنی وہ لغت قریش پر قرآن لائے، پس برابر میں ان سے اضافہ طلب کرتا رہا، یہاں تک کہ وہ سات حرفوں تک پہنچے، یعنی سات طرح سے قرآن پڑھنے کی انھوں نے مجھے اجازت دی۔

[٣٢٢٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَجْوَدَ النَّاسِ، وَكَانَ أَجْوَدُ مَا يَكُوْنُ فِيْ

رَمَضَانَ حِيْنَ يَلْقَاهُ جِبْرِيْلُ، وَكَانَ جِبْرِيْلُ يَلْقَاهُ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ فَيُدَارِسُهُ الْقُرانَ، فَلَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حِيْنَ يَلْقَاهُ جِبْرِيْلُ أَجْوَدُ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ.

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَا مَعْمَرٌ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَرَوَى أَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَفَاطِمَةُ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّ جِبْرِيْلَ كَانَ يُعَارِضُهُ الْقُرْآنَ. [راجع: ٦]

[٣٢٢١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ أَخَّرَ الْعَصْرَ شَيْئًا، فَقَالَ لَهُ عُرْوَةُ: أَمَا إِنَّ جِبْرِئِيْلَ قَدْ نَزَلَ فَصَلّٰى أَمَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ عُمَرُ: اعْلَمْ مَا تَقُوْلُ يَا عُرْوَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ بَشِيْرَ بْنَ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: "نَزَلَ جِبْرِئِيْلُ فَأَمَّنِيْ فَصَلَّيْتُ مَعَهُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهُ، يَحْسُبُ بِأَصَابِعِهِ خَمْسَ صَلَوَاتٍ" [راجع: ٥٢١]

[٣٢٢٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "قَالَ لِيْ جِبْرَئِيْلُ: مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِكَ لاَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، أَوْ: لَمْ يَدْخُلِ النَّارَ" قَالَ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: "وَإِنْ" [راجع: ١٢٣٧]

[٣٢٢٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "الْمَلاَئِكَةُ يَتَعَاقَبُوْنَ: مَلاَئِكَةٌ بِاللَّيْلِ، وَمَلاَئِكَةٌ بِالنَّهَارِ، وَيَجْتَمِعُوْنَ فِيْ صَلاَةِ الْفَجْرِ وَالْعَصْرِ، ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ الَّذِيْنَ بَاتُوْا فِيْكُمْ، فَيَسْأَلُهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ، فَيَقُوْلُ كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِيْ؟ فَقَالُوْا: تَرَكْنَاهُمْ يُصَلُّوْنَ وَأَتَيْنَاهُمْ يُصَلُّوْنَ" [راجع: ٥٥٥]

وضاحت: یہ سب حدیثیں پہلے گذری ہیں اور شروع کی تین حدیثوں میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کا تذکرہ ہے، یہی حدیثوں کی باب سے مناسبت ہے اور آخری حدیث میں ہے کہ جو فرشتے رات کی ڈیوٹی پر اور دن کی ڈیوٹی پر مقرر ہیں، وہ فجر میں اور عصر میں اکٹھا ہوتے ہیں۔

بَابٌ: إِذَاقَالَ أَحَدُكُمْ: آمِيْنَ، وَالْمَلاَئِكَةُ فِي السَّمَاءِ: آمِيْنَ، فَوَافَقَتْ إِحْدَاهُمَا الأُخْرٰى غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

نمازی اور فرشتوں کا آمین کہنا ہم آہنگ ہوجائے تو اس کی سابقہ کوتاہیاں معاف کردی جاتی ہیں

ابھی نیا باب شروع نہیں ہوا، باب ذکر الملائکۃ کی حدیثیں دور تک چلیں گی، اور یہ درمیان میں اسی باب کی ایک

حدیث آئی ہے جو باب بن گئی ہے، اور فتح الباری میں ہے: اسماعیلی نے (اپنے مستخرج میں) حدیث یتعاقبون کے بعد کہا ہے: وبهذا الإسناد: إذا قال أحدكم إلى آخره: یعنی یہ حدیث اوپر والی سند ہی سے مروی ہے، پس یہ باب نہیں ہے، باب کی حدیث ہے، اور اس میں جو فی السماء ہے وہ بھی عام طور پر احادیث میں نہیں ہے، کیونکہ مراد وہ فرشتے ہیں جو جماعت میں شامل ہوتے ہیں، آسمان کے فرشتے مراد نہیں۔

[٧-] بَابٌ: إِذَا قَالَ أَحَدُكُمْ: آمِيْنَ، وَالْمَلاَئِكَةُ فِي السَّمَاءِ: آمِيْنَ، فَوَافَقَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

[٣٢٢٤-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا مَخْلَدٌ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّ نَافِعًا حَدَّثَهُ، أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَدَّثَهُ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: حَشَوْتُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وِسَادَةً فِيْهَا تَمَاثِيْلُ، كَأَنَّهَا نُمْرُقَةٌ، فَجَاءَ فَقَامَ بَيْنَ الْبَابَيْنِ: وَجَعَلَ يَتَغَيَّرُ وَجْهُهُ، فَقُلْتُ: مَا لَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" مَابَالُ هٰذِهِ الوِسَادَةِ؟" قُلْتُ: وِسَادَةٌ جَعَلْتُهَا لَكَ لِتَضْطَجِعَ عَلَيْهَا، قَالَ:" أَمَّا عَلِمْتِ أَنَّ الْمَلاَئِكَةَ لاَ تَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ، وَأَنَّ مَنْ صَنَعَ الصُّوَرَ يُعَذَّبُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ: أَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ"[راجع: ٢١٠٥]

[٣٢٢٥-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا طَلْحَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لاَ تَدْخُلُ الْمَلاَئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلاَ صُوْرَةُ تَمَاثِيْلَ"[انظر: ٣٢٢٦، ٣٣٢٢، ٤٠٠٢، ٥٩٤٩، ٥٩٥٨]

[٣٢٢٦-] حدثنا أَحْمَدُ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَنَا عَمْرٌو، أَنَّ بُكَيْرَ بْنَ الْأَشَجِّ حَدَّثَهُ، أَنَّ بُسْرَ بْنَ سَعِيْدٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ حَدَّثَهُ، وَمَعَ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ: عُبَيْدُ اللّٰهِ الْخَوْلاَنِيُّ الَّذِيْ كَانَ فِي حَجْرِ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، حَدَّثَهُمَا زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ: أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ حَدَّثَهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَ تَدْخُلُ الْمَلاَئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ" قَالَ بُسْرٌ: فَمَرِضَ زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ فَعُدْنَاهُ فَإِذَا نَحْنُ فِيْ بَيْتِهِ بِسِتْرٍ فِيْهِ تَصَاوِيْرُ، فَقُلْتُ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ الْخَوْلاَنِيِّ: أَلَمْ يُحَدِّثْنَا فِي التَّصَاوِيْرِ؟ فَقَالَ: إِنَّهُ قَالَ: "إِلَّا رَقْمٌ فِيْ ثَوْبٍ" أَلاَ سَمِعْتَهُ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: بَلٰى قَدْ ذَكَرَهُ.[راجع: ٣٢٢٥]

[٣٢٢٧-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، ثَنِيْ عَمْرٌو، عن سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: وَعَدَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ:" إِنَّا لاَنَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ وَلاَ كَلْبٌ"[انظر: ٥٩٦٠]

وضاحت: ان چاروں حدیثوں میں مضمون یہ ہے کہ جس گھر میں تصویر یا کتا ہوتا ہے اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔

پہلی حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کے لئے ایک تکیہ بھرا، جس میں تصویریں تھیں، گویا

وہ بیٹھنے کا گدا ہے، پس آپؐ تشریف لائے اور دو کواڑوں کے درمیان کھڑے ہوگئے اور آپؐ کے چہرے کا رنگ بدلنے لگا، صدیقہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھ سے کیا غلطی ہوئی؟ آپؐ نے فرمایا: یہ بیٹھنے کا گدا کیسا ہے؟ صدیقہؓ نے عرض کیا: یہ گدا میں نے آپؐ کے لئے بنایا ہے تاکہ آپؐ اس پر لیٹیں۔ آپؐ نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر ہوتی ہے اور کیا تمہیں یہ معلوم نہیں کہ جو تصویر بناتا ہے اس کو قیامت کے دن سزا دی جائے گی، کہا جائے گا: زندہ کر اس تصویر کو جو تو نے بنائی ہے۔

اور دوسری حدیث میں تصویر کے ساتھ کتے کا بھی ذکر ہے اور تیسری حدیث میں ہے کہ زید بن خالد جہنیؓ نے بُسر بن سعید اور عبید اللہ خولانی سے جو حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے پروردہ تھے، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے حدیث بیان کی کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: لاتدخلُ الملائکةُ بیتا فیه صورةٌ: بُسر کہتے ہیں: پھر حضرت زیدؓ بیمار ہوئے، ہم ان کی بیمار پرسی کے لئے گئے، ان کے گھر میں ایک ایسا پردہ تھا جس میں تصویریں تھیں، پس بُسر نے عبید اللہ سے کہا: کیا حضرت زیدؓ نے تصویروں کے بارے میں ہم سے حدیث بیان نہیں کی تھی؟ عبید اللہ نے کہا: انھوں نے حدیث میں إلا رَقْمٌ فی ثوب بھی کہا تھا، یعنی کپڑے میں کوئی تصویر ہو تو وہ مستثنیٰ ہے، کیا آپ نے یہ بات ان سے نہیں سنی؟ بُسر نے کہا: نہیں، عبید اللہ نے کہا: کیوں نہیں، انھوں نے یہ استثناء کیا تھا۔

اور آخری حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ سے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آنے کا وعدہ کیا تھا، پھر وہ حسب وعدہ نہیں آئے، دوسرے وقت آئے تو نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: آپ وعدہ کے مطابق نہیں آئے؟ انھوں نے کہا: آپؐ کی چارپائی کے نیچے کتے کا پلّہ تھا اور ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر یا کتا ہو۔

[۳۲۲۸-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: ” إِذَا قَالَ الإِمَامُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَقُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، فَإِنَّهُ مَنْ وَافَقَ قَوْلُهُ قَوْلَ الْمَلاَئِكَةِ، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ“[راجع: ۷۹۶]

[۳۲۲۹-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: إِنَّ أَحَدَكُمْ فِيْ صَلاَةٍ مَا دَامَتِ الصَّلاَةُ تَحْبِسُهُ، وَالْمَلاَئِكَةُ تَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ، مَالَمْ يَقُمْ مِنْ صَلاَتِهِ أَوْ يُحْدِثْ“[راجع ۱۷۶]

[۳۲۳۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقْرَأُ عَلَى الْمِنْبَرِ: ﴿وَنَادَوْا يَا مَالِكُ﴾ قَالَ سُفْيَانُ: فِيْ قِرَاءَةِ عَبْدِ اللّٰهِ:” وَنَادَوْا يَامَالِ“[انظر: ۳۲۶۶، ۴۸۱۹]

وضاحت: پہلی اور دوسری حدیثیں واضح ہیں۔ اور تیسری حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے خطبہ میں سورۂ زخرف کی آیت ۷۷ پڑھی: ﴿وَنَادُوْا يَا مَالِكُ﴾: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قراءت میں ترخیم کے ساتھ مَالِ ہے، مالک جہنم کے ذمہ دار فرشتہ کا نام ہے پس باب ثابت ہوگیا۔

[۳۲۳۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَدَّثَتْهُ: أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: هَلْ أَتَى عَلَيْكَ يَوْمٌ كَانَ أَشَدَّ عَلَيْكَ مِنْ يَوْمِ أُحُدٍ؟ قَالَ: " لَقَدْ لَقِيْتُ مِنْ قَوْمِكِ مَا لَقِيْتُ، وَكَانَ أَشَدُّ مَا لَقِيْتُ مِنْهُمْ يَوْمَ الْعَقَبَةِ، إِذْ عَرَضْتُ نَفْسِيْ عَلَى ابْنِ عَبْدِيَالِيْلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ، فَلَمْ يُجِبْنِيْ إِلَى مَا أَرَدْتُ، فَانْطَلَقْتُ وَأَنَا مَهْمُوْمٌ عَلَى وَجْهِيْ، فَلَمْ أَسْتَفِقْ إِلَّا وَأَنَا بِقَرْنِ الثَّعَالِبِ، فَرَفَعْتُ رَأْسِيْ، فَإِذَا أَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ أَظَلَّتْنِيْ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا فِيْهَا جِبْرِيْلُ، فَنَادَانِيْ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ، وَمَا رَدُّوْا عَلَيْكَ، وَقَدْ بَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْكَ مَلَكَ الْجِبَالِ، لِتَأْمُرَهُ بِمَا شِئْتَ فِيْهِمْ، فَنَادَانِيْ مَلَكُ الْجِبَالِ فَسَلَّمَ عَلَيَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ: ذٰلِكَ، فَمَا شِئْتَ؟ إِنْ شِئْتَ أَنْ أُطْبِقَ عَلَيْهِمُ الْأَخْشَبَيْنِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " بَلْ أَرْجُوْ أَنْ يُخْرِجَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ أَصْلَابِهِمْ مَنْ يَعْبُدُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ وَحْدَهُ لَا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا" [انظر: ۷۳۸۹]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے پوچھا: کیا آیا ہے آپؐ پر کوئی ایسا دن جو زیادہ سخت تھا آپؐ پر اُحد کے دن سے؟ آپؐ نے فرمایا: (ہاں) بخدا واقعہ یہ ہے کہ سہی میں نے تمہاری قوم کی طرف سے وہ تکلیفیں جو سہی! اور تھی زیادہ سخت وہ بات جو میں نے ان سے سہی، گھاٹی والے دن، جب پیش کیا میں نے اپنی ذات کو ابن عبد یالیل پر، پس اس نے جواب نہیں دیا مجھے جو میں چاہتا تھا، پس چلا میں منہ اٹھا کر درانحالیکہ میں مغموم تھا، پس نہیں ہوش آیا مجھے مگر درانحالیکہ میں قرن الثعالب میں تھا، پس میں نے اپنا سر اٹھایا، اچانک ایک بادل مجھ پر سایہ فگن تھا، میں نے دیکھا اچانک اس میں جبرئیل علیہ السلام تھے، انھوں نے مجھے پکارا اور کہا: اللہ تعالیٰ نے بالیقین آپؐ کی قوم کی بات جو انھوں نے آپؐ سے کہی سن لی اور سن لیا وہ جواب جو انھوں نے آپؐ کو دیا اور اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی طرف پہاڑوں کے ذمہ دار فرشتہ کو بھیجا ہے تا کہ آپؐ اس کو حکم دیں ان لوگوں کے بارے میں جو چاہیں، پس مجھے پہاڑوں کے ذمہ دار فرشتہ نے پکارا اور مجھے سلام کیا، پھر اس نے کہا: اے محمد! اور اس نے کہا: میں وہی فرشتہ ہوں، پس آپؐ کیا چاہتے ہیں؟ اگر آپ چاہیں تو ملا دوں میں ان پر اخشبین کو، نبی ﷺ نے جواب دیا: میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نکالیں گے ان کی پیٹھوں سے وہ اولاد جو صرف اللہ کی بندگی کرے گی، اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرے گی۔

تشریح: اس روایت میں وہم ہے، عقبہ (گھاٹی) منی میں ہے، وہاں آپؐ نے خود کو نہیں پیش کیا تھا، اور ابن عبد یالیل

طائف کا سردار تھا، آپؐ نے اس سے ملاقات کی تھی جب آپؐ مکہ والوں سے تنگ آکر طائف تشریف لے گئے تھے، آپؐ نے چاہا تھا کہ وہ آپؐ کو ٹھکانہ دے اور مدد کرے، طائف کے لوگوں نے اس کو قبول نہیں کیا، اور سنگ باری کی جس سے آپؐ کے پیر لہولہان ہوگئے۔ اور قرن الثعالب مکہ کے قریب ایک جگہ ہے، آپؐ طائف سے مغموم مکہ کی طرف لوٹے، جب قرن الثعالب میں پہنچے تو یہ واقعہ پیش آیا ہے۔

[۳۲۳۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: سَأَلْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ: عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى، فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى﴾[النجم: ۹و۱۰] قَالَ: ثَنَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ: أَنَّـهُ رَأَى جِبْرَئِيْلَ لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ.[انظر: ٤٨٥٦، ٤٨٥٧]

[۳۲۳۳-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى﴾ قَالَ: رَأَى رَفْرَفًا أَخْضَرَ، سَدَّ أُفُقَ السَّمَاءِ.[انظر: ٤٨٥٨]

[۳۲۳٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، عَنِ ابْنِ عُوْنٍ، أَنْبَأَنَا الْقَاسِمُ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَنْ زَعَمَ أَنَّ مُحَمَّدًا رَأَى رَبَّهُ فَقَدْ أَعْظَمَ، وَلٰكِنْ قَدْ رَأَى جِبْرَئِيْلَ فِيْ صُوْرَتِهِ وَخَلْقِهِ، سَادًّا مَابَيْنَ الْأُفُقِ.[انظر: ٣٢٢٥، ٤٦١٢، ٤٨٥٥، ٧٣٨٠، ٧٥٣١]

[۳۲۳۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، ثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنِ ابْنِ الْأَشْوَعِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: فَأَيْنَ قَوْلُهُ: ﴿ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى﴾ قَالَتْ: ذٰلِكَ جِبْرَئِيْلُ، كَانَ يَأْتِيْهِ فِي صُوْرَةِ الرَّجُلِ، وَإِنَّمَا أَتَى هٰذِهِ الْمَرَّةَ فِيْ صُوْرَتِهِ الَّتِيْ هِيَ صُوْرَتُهُ، فَسَدَّ الْأُفُقَ.[راجع: ٣٢٣٤]

وضاحت: کچھ لوگوں نے سورۃ النجم کی آیت (۸-۱۰) سے رویت باری پر استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ نے معراج میں اللہ کا جلوہ دیکھا ہے، وہ آیات یہ ہیں: ﴿ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى﴾: پھر نبی ﷺ قریب ہوئے پس لٹکے یعنی اور قریب ہوئے ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى﴾: پس وہ دوکمانوں کے فاصلہ پر رہ گئے، یا اس سے بھی کم، ﴿فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى﴾: پس اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے پر وحی نازل فرمائی جو نازل فرمائی۔ حضرت عائشہ اور حضرت مسعود رضی اللہ عنہما نے اس کی تردید کی کہ دنا کی ضمیر کا مرجع نبی ﷺ نہیں ہیں، بلکہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں، نبی ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو دو مرتبہ ان کی اصلی شکل میں دیکھا ہے۔

حدیث (۱): ابواسحاق سلیمان شیبانی رحمہ اللہ نے زر بن حُبیشؒ سے ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى﴾ کی تفسیر پوچھی، انھوں نے کہا: ہم سے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے حضرت

جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا، ان کے چھ سو پَر تھے، یعنی دنا کا مرجع حضور ﷺ ہیں اللہ تعالیٰ نہیں۔

حدیث (۲): علقمہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ﴿لَقَدْ رَأَی مِنْ آیَاتِ رَبِّهِ الْکُبْرَی﴾ کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ایک ہری پالکی دیکھی جس نے آسمان کے کنارے کو بھر رکھا تھا، یہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا وجود تھا، وہ ہری پالکی میں بیٹھے ہوئے تھے اور ان کے جسم سے آسمان کا کنارہ بھرا ہوا تھا،

حدیث (۳): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ جو گمان کرتا ہے کہ محمد ﷺ نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے اس نے بڑی بھاری بات کہی، نبی ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی صورت میں اور ان کی بناوٹ میں دیکھا ہے جو آسمان کے کناروں کو بھرے ہوئے تھے۔

حدیث (۴): مسروق کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: آپ معراج میں رویت باری کا انکار کرتی ہیں، جبکہ یہ بات قرآن میں ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی، فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ أَوْ أَدْنٰی﴾: صدیقہؓ نے فرمایا: وہ جبرئیل علیہ السلام تھے، یعنی دنا کی ضمیر کا مرجع حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں وہ نبی ﷺ کے پاس آیا کرتے تھے انسانی صورت میں اور بیشک وہ آئے آپؐ کے پاس اس مرتبہ اس صورت میں جو کہ وہ ان کی صورت ہے پس بھر دیا اس نے آسمان کے کنارے کو۔

فائدہ: یہ مسئلہ صحابہ کے زمانہ سے مختلف ہے کہ نبی ﷺ نے معراج میں اپنے پروردگار کو دیکھا یا نہیں؟ حضرات عائشہ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما انکار کرتے تھے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما وغیرہ اثبات کرتے تھے، لیکن سورۂ نجم کی مذکورہ آیات میں جو قریب ہونا اور لٹک آنا اور دو کمانوں کے بقدر ہ جانا ہے، اس کا تعلق حضرت جبرئیل علیہ السلام سے ہے، نبی ﷺ کا اللہ تعالیٰ سے اتنا قریب ہونا مراد نہیں۔

[۳۲۳۶-] حدثنا مُوْسَی، ثَنَا جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ، ثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: " رَأَیْتُ اللَّیْلَةَ رَجُلَیْنِ أَتَیَانِیْ، فَقَالَا: الَّذِیْ یُوْقِدُ النَّارَ مَالِكٌ خَازِنُ النَّارِ، وَأَنَا جِبْرَئِیْلُ، وَهٰذَا مِیْکَائِیْلُ"[راجع: ۸۴۵]

[۳۲۳۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" إِذَا دَعَا الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ إِلَی فِرَاشِهِ فَأَبَتْ، فَبَاتَ غَضْبَانَ لَعَنَتْهَا الْمَلَائِکَةُ حَتَّی تُصْبِحَ"

تَابَعَهُ شُعْبَةُ، وَأَبُوْ حَمْزَةَ، وَابْنُ دَاوُدَ، وَأَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ.[انظر: ۵۱۹۳، ۵۱۹۴]

[۳۲۳۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، ثَنَا اللَّیْثُ، ثَنِیْ عُقَیْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ، أَخْبَرَنِیْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم، یَقُوْلُ:" ثُمَّ فَتَرَ الْوَحْیُ عَنِّیْ فَتْرَةً،

فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِيْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ، فَرَفَعْتُ بَصَرِىْ قِبَلَ السَّمَاءِ، فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِيْ جَاءَ نِيْ بِحِرَاءٍ، قَاعِدٌ عَلٰى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَجُئِثْتُ مِنْهُ حَتَّى هَوَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ، فَجِئْتُ أَهْلِيْ، فَقُلْتُ: زَمِّلُوْنِيْ زَمِّلُوْنِيْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ يٰأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ﴾" قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: وَالرُّجْزُ: الْأَوْثَانُ. [راجع: ٤]

حدیث (۱): ایک منامی معراج میں دوشخص آئے اور آپؐ کو لے گئے پھر آخر میں انھوں نے بتایا کہ جو شخص آگ جلا رہا تھا وہ جہنم کا ذمہ دار فرشتہ مالک تھا اور میں جبرئیل اور یہ میکائیل ہیں، پس تین فرشتوں کا ذکر آ گیا۔

حدیث (۲): جب آدمی اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلائے اور وہ نہ آئے اور شوہر رات بھر ناراض رہے تو اس عورت پر صبح تک فرشتے لعنت بھیجتے ہیں۔

حدیث (۳): پہلی وحی کے بعد تھوڑا فترت کا زمانہ ہے، پھر جب دوسری وحی آئی تو نبی ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں دیکھا اور اس موقع پر سورۃ المدثر کی ابتدائی پانچ آیتیں نازل ہوئیں (جُئِثْتُ: میں ان کو دیکھ کر گھبرا گیا، یہاں تک کہ زمین پر گرنے کو ہو گیا، الجأْثُ: گھبرانا)

[٣٢٣٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، ح: وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، ثنا ابْنُ عَمِّ نَبِيِّكُمْ صلى الله عليه وسلم- يَعْنِيْ ابْنَ عَبَّاسٍ - عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " رَأَيْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ مُوْسَى رَجُلاً آدَمَ طُوَالاً جَعْدًا، كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْئَةَ، وَرَأَيْتُ عِيْسَى رَجُلاً مَرْبُوْعًا، مَرْبُوْعَ الْخَلْقِ، إِلَى الْحُمْرَةِ وَالْبَيَاضِ، سَبِطَ الرَّأْسِ، وَرَأَيْتُ مَالِكًا خَازِنَ النَّارِ، وَالدَّجَّالَ: فِيْ آيَاتٍ أَرَاهُنَّ اللّٰهُ إِيَّاهُ: ﴿ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِنْ لِقَائِهِ﴾
قَالَ أَنَسٌ، وَأَبُوْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "تَحْرُسُ الْمَلَائِكَةُ الْمَدِيْنَةَ مِنَ الدَّجَّالِ"
[انظر: ٣٣٩٦]

ترجمہ: ابوالعالیہؒ کہتے ہیں: ہم سے حدیث بیان کی تمہارے نبی کے چچازاد بھائی نے —— مراد لے رہے ہیں وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کو —— نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے کہ آپؐ نے فرمایا: دیکھا میں نے جس رات مجھے لے جایا گیا (فرشتے آپ کو لے گئے، پس یہاں باب ہے) موسیٰ علیہ السلام کو گندمی رنگ کے آدمی، نکلتے قد کے، گھنگھریالے بال والے، گویا آپ قحطان کے قبیلہ شنوءۃ کے آدمی ہیں۔ اور دیکھا میں نے عیسیٰ علیہ السلام کو میانہ قد کے آدمی، میانہ جسم والے، سرخی اور سفیدی کی طرف مائل، سر کے بال سیدھے تھے، اور دیکھا میں نے جہنم کے ذمہ دار فرشتے مالک کو اور دجال کو (یہ چاروں باتیں) ان نشانیوں میں سے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو دکھلائیں (یہ سورۃ الاسراء کی پہلی آیت کی طرف

اشارہ ہے، ارشاد ہے: ﴿لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا﴾: تا کہ ہم ان کو اپنے کچھ عجائباتِ قدرت دکھائیں، یعنی معراج کا مقصد عجائباتِ قدرت دکھانا تھا اور یہ چاروں باتیں عجائباتِ قدرت میں سے ہیں) حاشیہ میں ہے کہ اس جگہ کسی راوی نے سورۃ السجدہ کی آیت ۲۲ پڑھی: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوْسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِنْ لِقَائِهِ﴾: اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی، سو آپؐ اس کے ملنے میں کچھ شک نہ کیجئے، یعنی آپؐ بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرح صاحب کتاب ہیں، اور لقائہ کی ضمیر جو عام طور پر موسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹائی جاتی ہے صحیح نہیں۔

اس کے بعد مستقل حدیث ہے: جب دجال نکلے گا تو فرشتے مدینہ کی حفاظت کریں گے (فرشتوں کا ذکر آ گیا)

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صِفَةِ الْجَنَّةِ، وَأَنَّهَا مَخْلُوْقَةٌ

جنت کے حالات اور یہ بات کہ جنت پیدا شدہ ہے

اللہ کی کائنات کا ایک حصہ جنت اور اس کی نعمتیں بھی ہیں، اور جنت انسان سے بہت پہلے پیدا کی جاچکی ہے، قدیم دانشور (معتزلہ) کہتے ہیں کہ ابھی جنت وجہنم پیدا نہیں ہوئیں، قیامت کے دن پیدا کی جائیں گی، کیونکہ بے ضرورت پیدا کرنا بے معنی ہے۔ مگر قرآن وحدیث کی بے شمار نصوص اس پر دلالت کرتی ہیں کہ جنت وجہنم پیدا شدہ ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے انہی لوگوں پر رد کرنے کے لئے باب میں وَأَنَّهَا مَخْلُوْقَةٌ بڑھایا ہے۔

ابوداؤد اور مسند احمد میں روایت ہے: جب اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام کو بھیجا کہ جنت کو دیکھ آؤ، اگر جنت وجہنم ابھی پیدا نہیں کی گئیں تھیں تو کس چیز کو دیکھنے بھیجا تھا؟

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے مفردات جمع کر کے ان آیات کی طرف اشارہ کیا ہے جن میں جنت کے احوال مذکور ہیں۔

۱-سورۃ البقرہ آیت ۲۵ میں ہے: ﴿وَلَهُمْ فِيْهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ﴾: اور جنتیوں کے لئے جنت میں پاک صاف بیویاں ہونگی۔ ابوالعالیہ رفیع ریاحی بصری نے فرمایا: وہ حیض، پیشاب (پاخانہ) اور تھوک (پسینہ وغیرہ) سے پاک ہونگی۔

۲-سورۃ البقرہ آیت ۲۵ ہے: ﴿كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَأُتُوْا بِهِ مُتَشَابِهًا﴾: جب بھی جنتی جنت میں کوئی پھل غذا کے طور پر دیئے جائیں گے تو ہر بار یہی کہیں گے کہ یہ تو وہی ہے جو ہم کو اس سے پہلے ملا تھا، اور دیئے جائیں گے وہ پھل ملتا جلتا، یعنی دونوں مرتبہ کے پھلوں کی صورت ایک ہوگی، مگر مزہ دوسرا ہوگا اور اس میں بھی لطف ہوگا کہ سمجھے کیا تھے اور نکلا کیا، مٹھائی مانگی، گلاب جامن آیا، پھر دوسرے وقت مٹھائی مانگی، پھر گلاب جامن آیا، جنتیوں نے کہا: یہ تو ہم کھا چکے، فرشتے کہیں گے: آپ کھائیں، یہ دوسری مٹھائی ہے، کھائی تو رس گلّے تھے، بس مزہ آ گیا!

۳-سورۃ الحاقہ آیت ۲۳ ہے: ﴿قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ﴾: اس کے میوے جھکے ہوئے ہونگے کھڑے بیٹھے لیٹے، جس حالت میں چاہیں گے توڑ لیں گے۔

۴-سورۃ المطففین آیت ۲۵ ہے: ﴿عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُوْنَ﴾: مسہریوں پر بیٹھے ہوئے کفار کا حال دیکھ رہے ہونگے۔ أرائك: أريكة کی جمع ہے، چھپر کھٹ، ایک قسم کا پردہ دار پلنگ جو مکھیوں مچھروں سے محفوظ ہو کر سونے کے لئے بنایا جاتا ہے۔

۵-سورۃ الدہر آیت ۱۱ ہے: ﴿وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُوْرًا﴾: اور ان کو تازگی اور خوشی عطا فرمائیں گے۔ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے کہا: جو خوشی چہرے پر ظاہر ہو وہ نَضْرَة ہے اور جو خوشی دل میں محسوس ہو وہ سُرُوْرٌ ہے۔

۶-سورۃ الدہر آیت ۱۸ ہے: ﴿عَيْنًا فِيْهَا تُسَمَّى سَلْسَبِيْلًا﴾: جنت میں ایک چشمہ ہے جو سلسبیل کہلاتا ہے، مجاہد رحمہ اللہ نے کہا: سلسبیل کے معنی ہی: تیز بہنے والا چشمہ۔

۷-سورۃ الصافات آیت ۴۷ ہے: ﴿لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَلَاهُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ﴾: جنت کی شراب سے پیٹ میں درد نہیں ہوگا اور نہ اس سے عقل میں فتور آئے گا۔

۸-سورۃ النبأ آیات ۳۳ و ۳۴ ہیں: ﴿وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا، وَكَأْسًا دِهَاقًا﴾: اور نوخاستہ ہم عمر عورتیں اور لبالب بھرے ہوئے جام، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے دهاقا کے معنی: لبالب بھرے ہوئے کئے ہیں اور کواعب کے معنی کئے ہیں: نواهد جو ناهدة کی جمع ہے: وہ عورت جس کے پستان ابھر آئے ہوں۔

۹-سورۃ المطففین آیت ۲۶ ہے: ﴿يُسْقَوْنَ مِنْ رَحِيْقٍ مَخْتُوْمٍ، خِتَامُهُ مِسْكٌ﴾: اور ان کو پینے کے لئے شراب خالص سربمہر دی جائے گی، اس پر مشک کی مہر لگی ہوئی ہوگی، رحیق کے معنی ہیں: شراب اور کسی چیز پر مہر لگانے کا طریقہ یہ ہے کہ لاکھ گرم کر کے اس پر مہر لگاتے ہیں، جنت کی شراب کی بوتلوں پر لاکھ کے بجائے مشک رکھ کر مہر لگائی گئی ہوگی، اور آیت ۲۷ میں ہے: ﴿وَمِزَاجُهُ مِنْ تَسْنِيْمٍ﴾: اور اس شراب کی آمیزش تسنیم کے پانی سے ہوگی، جیسے دودھ میں عرق گلاب ملاتے ہیں، جنت کی شراب میں نہر تسنیم میں سے ملونی کی جائے گی۔

۱۰-سورۃ الرحمٰن آیت ۶۶ ہے: ﴿فِيْهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ﴾: ان دو باغوں میں جوش مارتے ہوئے چشمے ہونگے۔

۱۱-سورۃ الواقعہ آیت ۱۵ ہے: ﴿عَلٰى سُرُرٍ مَوْضُوْنَةٍ﴾: اور وہ لوگ سونے کے تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے آمنے سامنے بیٹھے ہونگے۔ موضونة کے معنی ہیں: بُنے ہوئے، اونٹ کے پیٹ کے نیچے ایک کپڑا ہوتا ہے اس کو وضين الناقة کہتے ہیں، وضين: موضون سے بنا ہے۔

۱۲-سورۃ الواقعہ آیت ۱۷ و ۱۸ ہیں: ﴿يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُخَلَّدُوْنَ، بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيْقَ وَكَأْسٍ مِنْ مَعِيْنٍ﴾: ان کے پاس ایسے لڑکے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے، آمد و رفت کریں گے، آبخورے اور آفتابے اور ایسے جام شراب لے کر جو بہتی ہوئی شراب سے بھرے ہوئے ہونگے۔ أکواب: کوب کی جمع ہے، وہ پیالہ جس میں پکڑنے کا کنڈا نہ ہو، أذن اور عُروة کے ایک معنی ہیں۔ اور أباريق: إبريق کی جمع ہے: جس میں پکڑنے کا کنڈا ہو، آذان اور عُرى کے ایک معنی ہیں۔

۱۳-سورۃ الواقعہ آیات ۳۵-۳۷ ہیں: ﴿إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً: فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا، عُرُبًا أَتْرَابًا﴾: ہم نے جنتی

عورتوں کو خاص طور پر بنایا ہے، پس ہم نے ان کو کنواریاں، محبوبائیں، ہم عمر بنایا ہے۔ عُرُبًا (راء کے ضمہ کے ساتھ) جمع ہے عَروب کی جیسے صَبُوْر کی جمع صُبُر ہے، اوراس کے معنی ہیں: محبوبہ، مکہ والے اس کو عَرِبَة کہتے ہیں، مدینہ والے غَنِجَة اور عراق والے شَکِلَة کہتے ہیں (مثقلة کے معنی ہیں: مضمومة الراء)

۱۴- سورۃ الواقعہ آیت ۸۹ ہے: ﴿فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّةُ نَعِيْمٍ﴾: ان کے لئے راحت غذائیں اور آرام کے باغات ہیں، مجاہدؒ نے رَوح کا ترجمہ باغ اور خوش حالی کیا ہے۔ اور رَیحان کا ترجمہ رزق کیا ہے، سورۃ الرحمٰن آیت ۱۲ میں بھی الریحان ہے وہاں بھی ترجمہ غذا ہے۔

۱۵- سورۃ الواقعہ آیات ۲۸-۳۴ ہیں: ﴿فِیْ سِدْرٍ مَخْضُوْدٍ، وَطَلْحٍ مَنْضُوْدٍ، وَظِلٍّ مَمْدُوْدٍ، وَمَاءٍ مَسْكُوْبٍ، وَفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ، لَامَقْطُوْعَةٍ وَلاَ مَمْنُوْعَةٍ، وَفُرُشٍ مَرْفُوْعَةٍ﴾: جنتی ایسے باغوں میں ہونگے، جہاں بے خار بیریاں اور تہہ بہ تہہ کیلے اور لمبا سایہ اور چلتا ہوا پانی، اور کثرت سے میوے ہونگے، جو نہ ختم ہونگے نہ ان کی روک ٹوک ہوگی، اور اونچے فرش ہونگے۔ حضرت رحمہ اللہ نے فرمایا: منضود کے معنی ہیں: کیلا، حالانکہ یہ طلح کے معنی ہیں۔ اور منضود کے معنی ہیں: تہہ بہ تہہ۔ اور مخضود کے دو معنی کئے ہیں: (۱) پھلوں سے لدے ہوئے (۲) بے خار (پھر درمیان میں عُرُب کے معنی بیان کئے ہیں: محبوبائیں، شوہروں کی پسندیدہ مگر یہ تکرار ہے) اور مسکوب کے معنی ہیں: بہتا ہوا، اور اونچے بستر سے مراد ہے: ایک میٹرس پر دوسرا اور دوسرے پر تیسرا، اس طرح بلند کئے ہوئے۔

۱۶- سورۃ الواقعہ آیت ۲۵ ہے: ﴿لَايَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَلاَ تَأْثِيْمًا﴾: اور نہیں سنیں گے وہ جنت میں بک بک اور نہ کوئی بیہودہ بات۔

۱۷- سورۃ الرحمٰن آیت ۴۸ ہے: ﴿ذَوَاتَا أَفْنَانٍ﴾: دونوں باغ کثیر شاخوں والے ہونگے۔

۱۸- سورۃ الرحمٰن آیت ۵۴ ہے: ﴿وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ﴾: اور دونوں باغوں کے پھل بہت نزدیک ہونگے۔ جَنَی وہ پھل جو پک گیا ہو، اور دَانٍ کے معنی ہیں: قریب۔

۱۹- سورۃ الرحمٰن آیت ۶۴ ہے: ﴿مُدْهَامَّتَانِ﴾: وہ دونوں باغ گہرے سبز ہونگے، ایسے ہرے بھرے ہونگے کہ وہ کالے نظر آئیں گے۔

[۸-] بَابُ مَاجَاءَ فِیْ صِفَةِ الْجَنَّةِ، وَأَنَّهَا مَخْلُوْقَةٌ

[۱-] قَالَ أَبُو الْعَالِيَةِ: تَكُوْنُ مُطَهَّرَةً مِنَ الْحَيْضِ، وَالْبَوْلِ، وَالْبُزَاقِ. [۲-] ﴿كُلَّمَا رُزِقُوْا﴾: أُتُوْا بِشَيْئٍ ثُمَّ أُتُوْا بِآخَرَ﴿ قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ﴾ أُوْتِيْنَا مِنْ قَبْلُ ﴿وَأُتُوْا بِهِ مُتَشَابِهًا﴾: يُشْبِهُ بَعْضُهُ بَعْضًا، وَيَخْتَلِفُ فِی الطَّعْمِ. [۳-] ﴿قُطُوْفُهَا﴾: يَقْطِفُوْنَ كَيْفَ شَاؤُا ﴿دَانِيَةٌ﴾ قَرِيْبَةٌ. [٤-] ﴿الْأَرَائِكِ﴾

السُّرُرُ. [-٥] وَقَالَ الْحَسَنُ: النَّضْرَةُ فِي الْوَجْهِ، وَالسُّرُوْرُ فِي الْقَلْبِ. [-٦] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿سَلْسَبِيلًا﴾: حَدِيْدَةُ الْجِرْيَةِ.[-٧] ﴿غَوْلٌ﴾: وَجَعُ بَطْنٍ. ﴿يُنْزَفُوْنَ﴾: لاَ تَذْهَبُ عُقُوْلُهُمْ.[-٨] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿دِهَاقًا﴾: مُمْتَلِئًا: ﴿كَوَاعِبَ﴾: نَوَاهِدَ.[-٩] ﴿الرَّحِيْقُ﴾: الْخَمْرُ ﴿التَّسْنِيْمُ﴾: يَعْلُوْ شَرَابَ أَهْلِ الْجَنَّةِ. ﴿خِتَامُهُ﴾ : طِيْنُهُ مِسْكٌ.[-١٠] ﴿نَضَّاخَتَانِ﴾: فَيَّاضَتَانِ. [-١١] يُقَالُ ﴿مَوْضُوْنَةٌ﴾: مَنْسُوْجَةٌ، مِنْهُ وَضِيْنُ النَّاقَةِ.[-١٢] والْكُوْبُ: مَالاَ أُذُنَ لَهُ وَلاَ عُرْوَةَ، وَالْأَبَارِيْقُ: ذَوَاتُ الآذَانِ وَالْعُرَى.[-١٣] ﴿عُرُبًا﴾: مُثَقَّلَةً، وَاحِدَتُهَا عَرُوْبٌ، مِثْلُ صَبُوْرٍ وصُبُرٍ، يُسَمِّيْهَا أَهْلُ مَكَّةَ الْعَرِبَةَ، وَأَهْلُ الْمَدِيْنَةِ الغَنِجَةَ، وَأَهْلُ الْعِرَاقِ الشَّكِلَةَ.[-١٤] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿رَوْحٌ﴾: جَنَّةٌ وَرَخَاءٌ. ﴿وَالرَّيْحَانُ﴾: الرِّزْقُ.[-١٥] ﴿وَالْمَنْضُوْدُ﴾: الْمَوْزُ. و﴿الْمَخْضُوْدُ﴾ هُوَ الْمُوْقَرُ حَمْلاً. وَيُقَالُ أَيْضًا: لاَ شَوْكَ لَهُ. ﴿وَالعُرُبُ﴾: الْمَحَبَّبَاتُ إِلَى أَزْوَاجِهِنَّ. يُقَالُ: ﴿مَسْكُوْبٌ﴾: جَارٍ. وَ﴿فُرُشٍ مَرْفُوْعَةٍ﴾: بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ. [-١٦] ﴿لَغْوًا﴾: بَاطِلاً. ﴿تَأْثِيْمًا﴾: كَذِبًا. [-١٧] ﴿أَفْنَانٌ﴾: أَغْصَانٌ. [-١٨] ﴿وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ﴾: مَا يُجْتَنَى قَرِيْبٌ.[-١٩] ﴿مُدْهَامَّتَانِ﴾: سَوْدَاوَانِ مِنَ الرِّيِّ.

وہ حدیثیں جو جنت کے مخلوق اور موجود ہونے پر دلالت کرتی ہیں

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مرتا ہے تو اس پر صبح وشام اس کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے۔ اگر وہ جنتی ہوتا ہے تو جنت کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے اور اگر وہ جہنمی ہوتا ہے تو جہنم کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے۔

حدیث (۲): جب میں نے جنت کو دیکھا تو اس میں زیادہ تعداد غریبوں کی پائی اور جہنم کو دیکھا تو اس میں زیادہ تعداد عورتوں کی پائی۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا، میں نے خود کو جنت میں دیکھا، اچانک ایک عورت ایک محل کی ایک جانب میں وضو کر رہی تھی، میں نے پوچھا: یہ کس کا محل ہے؟ لوگوں نے بتایا عمر بن الخطابؓ کا، مجھے ان کی غیرت یاد آئی، میں پیٹھ پھیر کر چل دیا، اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور عرض کیا: کیا آپؐ کی وجہ سے مجھے غیرت آئے گی اے اللہ کے رسول!

تشریح: غیرت: بیوی وغیرہ محارم میں کوئی نامناسب بات دیکھ کر غصہ آنا، اور حاشیہ میں ہے کہ اس جملہ میں قلب ہے، اصل ہے أَعليها أغار منك؟ کیا بیوی پر مجھے غصہ آئے گا، آپؐ کے گھر میں آنے کی وجہ سے؟ یہ تینوں حدیثیں اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ جنت فی الحال موجود ہے۔

[-٣٢٤٠] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا مَاتَ أَحَدُكُمْ، فَإِنَّهُ يُعْرَضُ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ، فَإِنْ

كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَمِنْ أَهْلِ النَّارِ"[راجع: ۱۳۷۹]

[۳۲۴۱-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا سَلْمُ بْنُ زَرِيْرٍ، ثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" اطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ، فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ، فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ"[انظر: ۵۱۹۸، ۶۴۴۹، ۶۵۴۶]

[۳۲۴۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثَنِي اللَّيْثُ، ثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ قَالَ:" بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي فِي الْجَنَّةِ، فَإِذَا امْرَأَةٌ تَتَوَضَّأُ إِلَى جَانِبِ قَصْرٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِعُمَرَ، فَذَكَرْتُ غَيْرَتَهُ. فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا" فَبَكَى عُمَرُ وَقَالَ: أَعَلَيْكَ أَغَارُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟[انظر: ۳۶۸۰، ۵۲۲۷، ۷۰۲۳، ۷۰۲۵]

جنت کے احوال

حدیث (۱): جنت میں کھوکھلے موتی کا ایک خیمہ ہے، یعنی ون پیس خیمہ ہے، اس کی اونچائی تیس میل ہے (چوڑائی اللہ ہی بہتر جانتے ہیں) اس کے ہر کونے میں مؤمن کی فیملی ہوگی، وہ ایک دوسرے کو نہیں دیکھیں گے، ابوعمران کے دوسرے دو شاگردوں کی روایت میں ساٹھ میل ہے۔

تشریح: ترمذی (حدیث ۲۵۲۴) میں عَرْضُهَا ہے یعنی اس کی چوڑائی ساٹھ میل ہوگی، اور آگے (حدیث ۴۸۷۹ میں) إن فی الجنة خیمة لُؤلؤةٍ مجوَّفة ہے، اور اس میں یہ بھی ہے کہ جنتی اپنی ہر فیملی کے پاس آتا جاتا رہے گا۔

حدیث قدسی: اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے وہ نعمتیں تیار کی ہیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی ہیں نہ کسی کان نے سنی ہیں، اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا خیال آیا ہے، اور تم چاہو تو سورۃ السجدہ کی آیت ۱۷ پڑھو: "کسی شخص کو خبر نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان نیک لوگوں کے لئے خزانۂ غیب میں موجود ہے" یعنی قرآن میں تعبیر قرةُ أعین (آنکھوں کی ٹھنڈک) ہے اور حدیث قدسی میں دوسری تعبیر ہے، اور واقرؤا نبی ﷺ کا ارشاد ہے۔

[۳۲۴۳-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عِمْرَانَ الْجَوْنِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ الْأَشْعَرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الْخَيْمَةُ دُرَّةٌ مَجَوَّفَةٌ، طُوْلُهَا فِي السَّمَاءِ ثَلاَثُوْنَ مِيْلاً، فِي كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا لِلْمُؤْمِنِ مِنْ أَهْلٍ، لاَ يَرَاهُمُ الآخَرُوْنَ"

وَقَالَ أَبُوْ عَبْدِ الصَّمَدِ، وَالْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ:" سِتُّوْنَ مِيْلاً"[انظر: ۴۸۷۹]

[۳۲۴۴-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَالاَ عَيْنٌ

رَأَتْ، وَلاَ أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلاَ خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ، وَاقْرَؤُا إِنْ شِئْتُمْ:﴿ فلاَ تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ﴾[انظر: ٤٧٧٩، ٤٧٨٠، ٧٤٩٨]

جنتیوں کے احوال

آگے احادیث میں جنتیوں کے احوال ہیں، ان کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[٣٢٤٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَلِجُ الْجَنَّةَ صُوْرَتُهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، لاَيَبْصُقُوْنَ فِيْهَا، وَلاَ يَمْتَخِطُوْنَ، وَلاَ يَتَغَوَّطُوْنَ، آنِيَتُهُمْ فِيْهَا الذَّهَبُ، أَمْشَاطُهُمْ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَمَجَامِرُهُمُ الأُلُوَّةُ، وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ، لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ، يُرٰى مُخُّ سُوْقِهِمَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ مِنَ الْحُسْنِ، لاَ اخْتِلاَفَ بَيْنَهُمْ، وَلاَ تَبَاغُضَ، قُلُوْبُهُمْ قَلْبٌ وَاحِدٌ، يُسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ بُكْرَةً وَعَشِيًّا"

[انظر: ٣٢٤٦، ٣٢٥٤، ٣٣٢٧]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جو پہلی جماعت جنت میں داخل ہوگی: ان کی صورتیں چودھویں کے چاند کے مانند ہونگی، وہ جنت میں نہ تھوکیں گے، نہ ان کی ناک بہے گی، نہ وہ پاخانہ کریں گے، جنت میں ان کے برتن سونے کے ہونگے۔ اوران کی کنگھیاں سونے چاندی کی ہونگی، اوران کی دھونی کی انگیٹھیاں اگر کی ہونگی، اوران کا پسینہ مشک کی طرح خوشبودار ہوگا، اور ان میں سے ہرایک کی دو بیویاں ہونگی، جن کی پنڈلیوں کا گودا خوبصورتی کی وجہ سے گوشت کے ورے سے نظر آئے گا، اور جنتیوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہوگا، نہ کوئی دوسرے سے شدید بغض رکھے گا، ان کے دل ایک آدمی کے دل ہونگے وہ صبح وشام اللہ کی پاکی بیان کریں گے۔

تشریح: جنت کی غذا لطیف ہوگی، بدن میں اس کا فضلہ تیار نہیں ہوگا، ایک خوشگوار ڈکار آئے گی اور معدہ ہلکا ہوجائے گا، اور کچھ پسینہ کے راستہ سے نکل جائے گا، مگر پسینہ بھی مشک جیسا خوشبودار ہوگا۔

لغات: بَصَقَ (ن) بَصْقًا: تھوکنا .... تَمَخَّطَ فلان: ناک صاف کرنا، ناک سے رینٹ نکالنا .... تَغَوَّطَ: پاخانہ کرنا .... أمشاط: مُشط کی جمع: کنگھی .... مَجَامِر: مِجْمَرْ کی جمع: دھونی کی انگیٹھی، جس میں آگ جلا کر اس پر خوشبو ڈال کر دھونی لیتے ہیں .... الأُلُوَّة: العود: اگر کی لکڑی .... من الحُسْن: میں مِن اجلیہ ہے یعنی خوبصورتی کی وجہ سے ان کی پنڈلیوں کا گودا نظر آئے گا .... جنتیوں میں اختلاف اور بغض ونفرت اس لئے نہیں ہوگی کہ ان کے دلوں میں دنیا میں جو کینہ تھا وہ سب اللہ تعالیٰ دور کردیں گے (سورۃ الحجر آیت ۴۷) .... ان کے دل ایک آدمی کا دل ہونگے، یعنی اتفاق ومحبت میں جنتیوں کے دل ایک دل کی طرح ہونگے .... وہ صبح وشام اللہ کی پاکی بیان کریں

گے، یعنی جس طرح دنیا میں سانس کی آمدورفت رہتی ہے جنت میں اللہ کا ذکر جاری رہے گا.......... ہر جنتی کے لئے انتہائی صورت دو بیویاں ہونگی، یا مراد تکثیر ہے، تثنیہ تکرار کے لئے بھی آتا ہے، جیسے: ﴿فَارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ﴾: بار بار دیکھ۔

یہ روایت جو آپ نے پڑھی وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہمام بن منبہ کی ہے اور اعرج عبدالرحمٰن بن ہرمز کی روایت میں (جو ابھی آرہی ہے) کچھ اضافہ ہے: (۱) اور جو لوگ دوسرے نمبر پر جنت میں داخل ہونگے وہ آسمان میں سب سے زیادہ چمکنے والے تارے کی طرح ہونگے۔ (۲) لَايَسْقَمُوْنَ: جنتی بیمار نہیں ہونگے۔ (۳) ووقود مجامرهم الأُلُوَّةُ: ان کی انگیٹھیوں کا ایندھن اگر کی لکڑی ہوگی، یعنی انگیٹھیاں اگر کی نہیں ہونگی بلکہ ان میں جو برادہ ڈالا جائے گا وہ اگر کا ہوگا۔ (۴) اور حدیث میں جو ہے کہ جنتی صبح وشام تسبیح پڑھیں گے تو مجاہد رحمہ اللہ نے إبکار کے معنی کئے ہیں: صبح صادق سے طلوع شمس تک کا وقت اور عَشِیّ کے کے معنی کئے ہیں: زوال سے غروب تک کا وقت۔

[۳۲۴٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالَّذِيْنَ عَلٰى إِثْرِهِمْ كَأَشَدِّ كَوْكَبٍ إِضَاءَةً، قُلُوْبُهُمْ عَلٰى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ، لَا اخْتِلَافَ بَيْنَهُمْ، وَلَا تَبَاغُضَ، لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ، كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا يُرَى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ لَحْمِهَا مِنَ الْحُسْنِ، يُسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ بُكْرَةً وَعَشِيًّا، لَا يَسْقَمُوْنَ وَلَا يَمْتَخِطُوْنَ، وَلَا يَبْصُقُوْنَ، آنِيَتُهُمُ الذَّهَبُ وَالْفِضَّةُ، وَأَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ، وَوَقُوْدُ مَجَامِرِهِمُ الْأُلُوَّةُ - قَالَ أَبُوْ الْيَمَانِ: يَعْنِى الْعُوْدَ - وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ" وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الإِبْكَارُ: أَوَّلُ الْفَجْرِ، وَالْعَشِيُّ: مَيْلُ الشَّمْسِ إِلٰى أَنْ - أُرَاهُ - تَغْرُبَ. [راجع: ۳۲۴۵]

اگلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ضرور داخل ہونگے جنت میں میری امت میں سے ستر ہزار یا کہا: سات لاکھ (ابو حازم کا شک ہے) نہیں داخل ہونگے ان کے اگلے یہاں تک کہ داخل ہونگے ان کے پچھلے، ان کے چہرے چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہے ہونگے۔

تشریح: اسی حدیث میں آگے (حدیث ۶۵۴۳) یہ اضافہ ہے: مُتَمَاسِكِيْنَ آخِذٌ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ: یعنی سب ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے ہوئے ہونگے یعنی ایک صف ہو کر داخل ہونگے۔

[۳۲۴۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِيْ سَبْعُوْنَ أَلْفًا أَوْ: سَبْعُ مِائَةِ أَلْفٍ، لَا يَدْخُلُ أَوَّلُهُمْ حَتّٰى يَدْخُلَ آخِرُهُمْ، وُجُوْهُهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ" [انظر: ۶۵۴۳، ۶۵۵۴]

اس کے بعد کی دو حدیثیں پہلے گذری ہیں، نبی ﷺ کی خدمت میں ایک ریشمی جبہ ہدیۃً پیش کیا گیا، آپؐ نے اس کو

زیب تن فرمایا، لوگ اس کی خوبصورتی اور نرمی سے تعجب کرنے لگے، آپؐ نے فرمایا: سعد بن معاذؓ کے جنت میں دستی رومال اس سے اچھے ہونگے (اور حدیث میں تقدیم وتاخیر ہے، ریشم بعد میں حرام ہوا ہے) اور یہ روایت بھی پہلے گذری ہے کہ جنت میں اگر کسی کو کوڑے کے بقدر جگہ مل جائے تو وہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

[۳۲۴۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: أُهْدِىَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم جُبَّةُ سُنْدُسٍ، وَكَانَ يَنْهَى عَنِ الْحَرِيْرِ، فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْهَا، فَقَالَ: " وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَمَنَادِيْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِى الْجَنَّةِ، أَحْسَنُ مِنْ هٰذَا" [راجع: ۲۶۱۵]

[۳۲۴۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، ثَنِىْ أَبُوْ إِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: أُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِثَوْبٍ مِنْ حَرِيْرٍ، فَجَعَلُوْا يَعْجَبُوْنَ مِنْ حُسْنِهِ وَلِيْنِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَمَنَادِيْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِى الْجَنَّةِ أَفْضَلُ مِنْ هٰذَا"

[انظر: ۳۸۰۲، ۵۸۳۶، ۶۶۴۰]

[۳۲۵۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَوْضِعُ سَوْطٍ فِى الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا"[راجع: ۲۷۹۴]

اس کے بعد کی دو حدیثوں میں یہ مضمون ہے کہ جنت میں ایک درخت ہے جس کے سایہ میں اونٹ سوار سو سال چلے تو بھی اس کو طے نہیں کرسکتا، اور پڑھو اگر چاہو سورۂ واقعہ کی آیت ۳۰: ﴿وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ﴾: لمبا سایہ، اور اسی حدیث میں یہ بھی ہے کہ جنت میں ایک کمان کے بقدر جگہ مل جائے تو ساری دنیا سے بہتر ہے، پھر اس کے بعد کی جو حدیث ہے وہ ابھی گذری ہے۔

[۳۲۵۱-] حدثنا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ فِىْ الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً، يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِىْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لاَ يَقْطَعُهَا"

[۳۲۵۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا هِلاَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِىْ عَمْرَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ فِى الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِىْ ظِلِّهَا مِائَةَ سَنَةٍ، وَاقْرَؤُا إِنْ شِئْتُمْ ﴿وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ﴾ [انظر: ۴۸۸۱]

[۳۲۵۳-] " وَلَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ فِى الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ أَوْ تَغْرُبُ"

[راجع: ۲۷۹۳]

[۳۲۵۴-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، ثَنَا أَبِىْ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِىْ عَمْرَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ

عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالَّذِيْنَ عَلٰى آثَارِهِمْ كَأَحْسَنِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ إِضَاءَةً، قُلُوْبُهُمْ عَلٰى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ، لاَ تَبَاغُضَ بَيْنَهُمْ وَلاَ تَحَاسُدَ، وَلِكُلِّ امْرِئٍ زَوْجَتَانِ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ، يُرَى مُخُّ سُوْقِهِنَّ مِنْ وَرَاءِ الْعَظْمِ وَاللَّحْمِ"

پھر حدیث ہے جو پہلے گذری ہے کہ صاحبزادے حضرت ابراہیمؓ کے لئے جنت میں ایک دودھ پلانے والی ہے، یہ بچہ اٹھارہ ماہ کی عمر میں فوت ہوا تھا۔ پھر آخری حدیث ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک جنت والے البتہ دیکھنے کی کوشش کریں گے اپنے سے اوپر والوں کو، یعنی جو جنتی اوپر کے درجات میں ہیں ان کو دیکھنے کی کوشش کریں گے، جس طرح تم اس چمکدار ستارے کو دیکھنے کی کوشش کرتے ہو جو مشرق میں یا مغرب میں جاچکا ہے، یعنی طلوع ہو رہا ہے یا غروب ہو رہا ہے، اس کو جس طرح آنکھیں لمبی کر کے دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں اسی طرح جنت میں نیچے والے اوپر والوں کی منازل کو دیکھیں گے، اُس تفاضل (کمی بیشی) کی وجہ سے جو ان کے درمیان ہوگی، یعنی تمام جنتیوں کے درجات برابر نہیں ہونگے، ان میں تفاوت ہوگا، صحابہ نے پوچھا: کیا وہ نبیوں کے مقامات ہونگے جن تک ان کے علاوہ کوئی نہیں پہنچے گا، آپؐ نے فرمایا: کیوں نہیں یعنی دوسرے بھی ان مقامات تک پہنچیں گے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! کچھ لوگ ہیں جو اللہ پر ایمان لائے اور انھوں نے رسولوں کی تصدیق کی (وہ متابعت اور محبت کی وجہ سے ان کے درجوں تک پہنچیں گے، کیونکہ حدیث میں ہے: المرأ مع مَنْ أَحَبَّ: آدمی ان کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے)

[٣٢٥٥-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ أَخْبَرَنِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: لَمَّا مَاتَ إِبْرَاهِيْمُ قَالَ: " إِنَّ لَهُ مُرْضِعًا فِي الْجَنَّةِ"[راجع: ١٣٨٢]

[٣٢٥٦-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَ وْنَ أَهْلَ الْغُرَفِ مِنْ فَوْقِهِمْ، كَمَا تَتَرَاءَ وْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ الْغَابِرَ فِي الْأُفُقِ مِنَ الْمَشْرِقِ أَوِ الْمَغْرِبِ، لِتَفَاضُلِ مَا بَيْنَهُمْ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تِلْكَ مَنَازِلُ الْأَنْبِيَاءِ، لاَ يَبْلُغُهَا غَيْرُهُمْ؟ قَالَ: " بَلٰى، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! رِجَالٌ آمَنُوْا بِاللّٰهِ وَصَدَّقُوْا الْمُرْسَلِيْنَ"[انظر: ٦٥٥٦]

بَابُ صِفَةِ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ

جنت کے دروازوں کا حال

یہ ذیلی باب ہے اس میں ایک معلّق حدیث ہے کہ جو مال کا جوڑا یا بار بار مال خرچ کرتا ہے وہ جنت کے ہر دوازے سے

بلایا جائے گا۔ اور حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کا حوالہ ہے جو آگے (حدیث ۳۴۳۵) آرہی ہے کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں، پھر باب میں حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، اس میں بھی جنت کے آٹھ دروازوں کا ذکر ہے، ان میں سے ایک دروازہ ریان ہے، جس سے روزہ دار ہی داخل ہونگے، اور سورۃ الحجر میں صراحت ہے کہ جہنم کے سات دروازے ہیں۔

سوال: ان میں سے کسی روایت میں جنت کے دروازوں کی حالت کا ذکر نہیں؟

جواب: جنت کے آٹھ دروازے ہیں، یہی حالت بیان کرنا مقصود ہے۔

[۹-] بَابُ صِفَةِ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ

[۱-] وقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ أَنفَقَ زَوْجَيْنِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجَنَّةِ''

[۲-] فِيْهِ عُبَادَةُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۲۵۷-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، ثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''فِي الْجَنَّةِ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ، فِيْهَا بَابٌ يُسَمَّى الرَّيَّانَ، لَايَدْخُلُهُ إِلَّا الصَّائِمُوْنَ'' [راجع: ۱۸۹۶]

بَابُ صِفَةِ النَّارِ، وَأَنَّهَا مَخْلُوْقَةٌ

جہنم کے احوال اور یہ کہ وہ پیدا شدہ ہے

جہنم بھی جنت کی طرح پیدا شدہ ہے، معتزلہ پر رد کرنے کے لئے أَنَّهَا مخلوقة بڑھایا ہے، پھر جن آیات میں جہنم کے احوال مذکور ہیں، ان کے مفردات لاکر ان آیات کی طرف اشارہ کیا ہے:

۱- سورۃ النبا آیات ۲۴-۲۶ ہیں: ﴿لَايَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا إِلَّا حَمِيْمًا وَغَسَّاقًا، جَزَاءً وِّفَاقًا﴾: جہنمی جہنم میں نہ کوئی ٹھنڈک چکھیں گے نہ کوئی پینے کی چیز، علاوہ کھولتے پانی اور پیپ کے، پورے پورے بدلے کے طور پر۔ غسّاق کے معنی ہیں: ٹھنڈا بدبودار پانی۔ غَسَقَتْ (ض،س) عَيْنُه غُسُوْقًا وَغَسَقَانًا: آنکھ سے پانی بہنا، آنکھ کا تاریک ہونا، اور يَغْسِقُ الْجَرْحُ غَسَقَانًا: زخم سے پیلا پانی بہنا، غَسَاق بروزن سَحَاب اور غَسَّاق بروزن شَدَّاد: ٹھنڈا اور بدبودار پانی۔ جاننا چاہئے کہ ماضی کے ساتھ عینُه لائے ہیں اور مضارع کے ساتھ الجرحُ: اس طرح دو محاورے سمجھائے ہیں، رہی یہ بات کہ غسّاق کا مفرد کیا ہے، غَسِيْق یا غَسَق؟ فرماتے ہیں: یہ دونوں الگ الگ اسم ہیں اور یہی مفرد بھی ہیں اور جمع بھی۔ عربی میں ایسا ہوتا ہے: ایک ہی لفظ مفرد بھی ہوتا ہے اور جمع بھی۔

۲- سورۃ الحاقہ آیت ۳۵ و ۳۶ ہیں: ﴿فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ، وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ﴾: پس نہیں ہے جہنمی

کے لئے آج کوئی دلی دوست، اور نہ اس کو کوئی کھانے کی چیز ملے گی، علاوہ زخمیوں کے دھوون کے، جب جہنمیوں کے زخم دھوئے جائیں گے تو ان کا پانی جمع ہوگا وہ پینے کے لئے دیا جائے گا۔ غِسْلِین: فِعْلِین کا وزن ہے، غَسْل سے ماخوذ ہے، خواہ عام زخم دھویا جائے یا اونٹ کی پیٹھ کا زخم دھویا جائے۔ دَبَر: دَبَرَۃ کی جمع ہے: جانور کا زخم۔

۳- سورۃ الانبیاء آیت ۹۸ ہے: ﴿إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ أَنْتُمْ لَهَا وَارِدُوْنَ﴾: بیشک تم اور جن کو تم خدا کے علاوہ پوجتے ہو سب جہنم کا ایندھن بنوگے، تم سب اس میں داخل ہونے والے ہو، حَصَب: حبشی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی ہیں: ایندھن، چولھا جلانے کی چیزیں، اور یہ بات حضرت عکرمہ رحمہ اللہ نے فرمائی ہے۔

اور سورۂ بنی اسرائیل آیت ۶۸ ہے: ﴿أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا﴾: یا تم پر بھیج دے کنکر پتھر برسانے والی ہوا، عکرمہؒ کے علاوہ دوسرے حضرات نے کہا: حاصِب کے معنی ہیں: تیز وتند ہوا، وہ آندھی جس میں سنگریزے اڑکر آئیں اور چہرے پر لگیں، حَصَبُ جهنم کا محاورہ اسی سے لیا گیا ہے (معلوم ہوا کہ حبشی زبان کا لفظ نہیں ہے) حَصَبُ جهنم کے معنی ہیں: مَا يُرْمَى به فِي جهنم: وہ سنگریزے جن سے دوزخ میں مارا جائے گا، اور ایک محاورہ ہے: هم حَصَبُهَا: وہ جہنم کا ایندھن ہونگے، اور حَصَب في الأرض کے ایک معنی ہیں: ذَهَبَ: گیا، اور حَصَب: حَصْبَاء سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں: سنگریزے، پتھر۔

۴- سورۂ ابراہیم آیت ۱۶ میں ہے: ﴿وَيُسْقَى مِنْ مَاءٍ صَدِيْدٍ﴾: اور جہنم میں ایسا پانی پینے کو دیا جائے گا جو پیپ لہو ہوگا، یعنی گرم پانی میں پیپ لہو کی ملونی ہوگی۔

۵- سورۃ الاسراء آیت ۹۷ میں ہے: ﴿كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنَاهُمْ سَعِيْرًا﴾: جب بھی جہنم کی آگ ذرا دھیمی پڑے گی ہم اس کو بھڑکا دیں گے، خَبَتْ کے معنی ہیں: طَفِئَتْ: بجھنے لگے گی۔

۶- سورۃ الواقعہ آیت ۷۱ ہے: ﴿أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ﴾: اچھا بتلاؤ جس آگ کو تم سلگاتے ہو، أَوْرَيْتُ کے معنی ہیں: أو قدتُ، سلگانا، تَسْتَخْرِجون: چقماق سے نکالتے ہو۔

۷- سورۃ الواقعہ آیت ۷۳ میں ہے: ﴿نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَمَتَاعًا لِلْمُقْوِيْنَ﴾: ہم نے آگ کو یاددہانی کی چیز اور مسافروں کے فائدہ کی چیز بنایا ہے، القِيُّ کے معنی ہیں: القفر: چٹیل جنگل، اس سے مُقوِین بنایا ہے، اس کے معنی ہیں: مسافر۔

۸- سورۃ الصافات آیت ۲۳ میں ہے: ﴿فَاهْدُوْهُمْ إِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ﴾: پھر ان سب کو دوزخ کا راستہ دکھاؤ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ راستہ دکھاؤ جو سیدھا جہنم تک پہنچتا ہے۔

۹- سورۃ الصافات آیت ۶۷ ہے: ﴿ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِنْ حَمِيْمٍ﴾: پھر ان کو کھولتا پانی (پیپ میں) ملا کر دیا جائے گا، جیسے جنتیوں کے مشروب میں تسنیم کی ملونی ہوگی، جہنمیوں کے مشروب میں پیپ کی ملونی ہوگی۔ يُخْلَط اور يُسَاط کے ایک معنی ہیں: ملانا۔

۱۰- سورۂ ہود آیت ۱۰۶ ہے: ﴿فَأَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ، لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَشَهِيْقٌ﴾: رہے وہ لوگ جو بدبخت

ہوئے تو وہ دوزخ میں ہونگے، ان کے لئے دوزخ میں چیخ وپکار ہوگی، گدھا جب رینکتا ہے تو شروع میں آواز تیز ہوتی ہے، وہ زفیر ہے، پھر آخر میں آواز ہلکی پڑ جاتی ہے وہ شہیق ہے۔ زفیر کے معنی ہیں: صوت شدید۔ اور شہیق کے معنی ہیں: صوت ضعیف۔

۱۱- سورۂ مریم آیت ۸۶ ہے: ﴿وَنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ إِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا﴾: اور ہم مجرموں کو دوزخ کی طرف پیاسہ ہانکیں گے۔ وِردا کے معنی ہیں: پیاسہ۔

۱۲- سورۂ مریم آیت ۵۹ میں ہے: ﴿فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا﴾: سو وہ لوگ عنقریب گھاٹے سے ملاقات کریں گے۔

۱۳- سورۃ المؤمن آیت ۷۲ میں ہے: ﴿ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ﴾: پھر وہ لوگ آگ میں جھونکے جائیں گے، حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے فرمایا: وہ آگ کا ایندھن بنیں گے، یعنی ان کے ذریعہ جہنم بھڑکائی جائے گی۔

۱۴- سورۃ الرحمٰن آیت ۳۵ ہے: ﴿يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِنْ نَارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ﴾: جن وانس پر آگ کا شعلہ اور تانبا چھوڑا جائے گا، پھر تم اس کو ہٹا نہ سکو گے۔ نُحاس کے معنی ہیں: تانبا، جو پگھلا کر جہنمیوں کے سروں پر ریڑھا جائے گا۔

۱۵- سورۃ الحج آیت ۲۲ میں ہے: ﴿وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ﴾: اور جلنے کا عذاب چکھو، یہ معنوی چکھنا ہے یعنی اختیار کرو، تجربہ کرو، منہ سے چکھنا مراد نہیں۔

۱۶- سورۃ الرحمٰن آیت ۱۵ ہے: ﴿وَخَلَقَ الْجَانَّ مِنْ مَارِجٍ مِنْ نَارٍ﴾: اور جنات کو خالص آگ سے پیدا کیا، مارج: ایسی آگ جس میں دھواں نہ ہو، مَرَجَ الأميرُ رعيته: کے معنی ہیں: امیر نے اپنی رعایا کو چھوڑ دیا کہ جو چاہیں کریں، بعض بعض پر کودیں۔ اور سورۂ ق آیت ۵ میں ہے: ﴿فَهُمْ فِيْ أَمْرٍ مَرِيْجٍ﴾: وہ لوگ مشتبہ حالت میں ہیں، مَرِجَ أَمْرُ النَّاسِ: لوگوں کے احوال گڈمڈ ہوگئے، اور سورۂ رحمٰن آیت ۱۹ ہے: ﴿مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ﴾: اللہ نے دو دریاؤں کو ملایا وہ باہم ملے ہوئے چلتے ہیں، پس مَرَجَ کے معنی اختلط کے ہیں، اور مَرَجْتُ دابَّتَها کے معنی ہیں: اس نے اپنے جانور کو چھوڑ دیا، پس مَرَج کا مادہ مختلف معانی کے لئے آتا ہے۔

[۱۰-] بَابُ صِفَةِ النَّارِ، وَأَنَّهَا مَخْلُوْقَةٌ

[۱-] ﴿غَسَّاقًا﴾: يُقَالُ: غَسَقَتْ عَيْنُهُ، وَيَغْسِقُ الْجُرْحُ، كَأَنَّ الْغَسَّاقَ وَالْغَسِيْقَ وَاحِدٌ.

[۲-] ﴿غِسْلِيْنٍ﴾: كُلُّ شَيْءٍ غَسَلْتَهُ فَخَرَجَ مِنْهُ شَيْءٌ، فَهُوَ غِسْلِيْنٌ، فِعْلِيْنٌ مِنَ الْغَسْلِ مِنَ الْجُرْحِ وَالدَّبَرِ.

[۳-] وَقَالَ عِكْرِمَةُ: ﴿حَصَبُ جَهَنَّمَ﴾: حَطَبٌ بِالْحَبَشِيَّةِ، وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿حَاصِبًا﴾: الرِّيْحُ الْعَاصِفُ، وَالْحَاصِبُ: مَا تَرْمِيْ بِهِ الرِّيْحُ، وَمِنْهُ حَصَبُ جَهَنَّمَ: مَا يُرْمَى بِهِ فِيْ جَهَنَّمَ، هُمْ حَصَبُهَا، وَيُقَالُ: حَصَبَ

فِي الأَرْضِ: ذَهَبَ،وَالْحَصَبُ مُشْتَقٌّ مِنْ حَصْبَاءَ: الْحِجَارَة.[٤-] ﴿صَدِيْدٌ﴾: قَيْحٌ وَدَمٌ.[٥-] ﴿خَبَتْ﴾: طَفِئَتْ.[٦-] ﴿تُوْرُوْنَ﴾: تَسْتَخْرِجُوْنَ، أَوَرَيْتُ: أَوْقَدْتُ. [٧-] ﴿لِلْمُقْوِيْنَ﴾: لِلْمُسَافِرِيْنَ. وَالْقِيُّ: الْقَفْرُ.[٨-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ:﴿صِرَاطِ الْجَحِيْمِ﴾: سواءِ الْجَحِيْمِ وَوَسَطِ الْجَحِيْمِ.[٩-] ﴿لَشَوْبًا﴾: يُخْلَطُ طَعَامُهُمْ وَيُسَاطُ بِالْحَمِيْمِ.[١٠-] ﴿زَفِيْرٌ وَشَهِيْقٌ﴾: صَوْتٌ شَدِيْدٌ وَصَوْتٌ ضَعِيْفٌ.[١١-] ﴿وِرْدًا﴾: عِطَاشًا.[١٢-]﴿غَيًّا﴾خُسْرَانًا.[١٣-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿يُسْجَرُوْنَ﴾: تُوْقَدُ بِهِمُ النَّارُ.[١٤-] ﴿وَنُحَاسٌ﴾: الصُّفْرُ يُصَبُّ عَلٰى رُؤُسِهِمْ.[١٥-] يُقَالُ﴿ذُوْقُوْا﴾:بَاشِرُوْا وَجَرِّبُوْا، وَلَيْسَ هٰذَا مِنْ ذَوْقِ الْفَمِ. [١٦-] ﴿مَارِجٌ﴾: خَالِصٌ مِنَ النَّارِ، مَرِجَ الأَمِيْرُ رَعِيَّتَهُ: إِذَا خَلَّاهُمْ يَعْدُوْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ. ﴿مَرِيْجٍ﴾: مُلْتَبِسٍ، مَرَجَ أَمْرُ النَّاسِ: اخْتَلَطَ،﴿مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ﴾ مَرَجتَ دَابَّتَكَ: إِذَا تَرَكْتَهَا.

اس کے بعد تین حدیثیں ہیں اور تینوں پہلے گذری ہیں، ان میں ہے کہ سخت گرمی جہنم کے اثرات پھیلنے سے ہوتی ہے، جہنم کا ذکر آ گیا، یہی حدیثوں کی باب سے مناسبت ہے۔

[٣٢٥٨-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُهَاجِرٍ أَبِيْ الْحَسَنِ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنِ وَهْبٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ، يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، فَقَالَ:" أَبْرِدْ" ثُمَّ قَالَ: "أَبْرِدْ" حَتَّى فَاءَ الْفَيْءُ يَعْنِي لِلتُّلُوْلِ، ثُمَّ قَالَ:" أَبْرِدُوْا بِالصَّلاَ ةِ فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ"[راجع: ٥٣٥]

[٣٢٥٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَبْرِدُوْا بِالصَّلاَ ةِ فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ"[راجع: ٥٣٨]

[٣٢٦٠-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اشْتَكَتِ النَّارُ إِلٰى رَبِّهَا، فَقَالَتْ: رَبِّ! أَكَلَ بَعْضِيْ بَعْضًا، فَأَذِنَ لَهَا بِنَفَسَيْنِ: نَفَسٍ فِي الشِّتَاءِ وَنَفَسٍ فِي الصَّيْفِ، فَأَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الزَّمْهَرِيْرِ"

[راجع: ٥٣٨]

قولہ: حتى فَاءَ الفيءُ: یہاں تک کہ سایہ جھکا، یعنی ٹیلوں کا سایہ نمودار ہوا............**قولہ:** اشتكت النار: یہ حقیقت ہے مجاز نہیں..........فأشد ماتجدون من الزمهرير: مبتداء ہے، اور خبر من ذلك النَّفَس محذوف ہے، یعنی کڑاکے کی سردی بھی، جہنم کے اثرات کے پھیلنے کی وجہ سے ہے، اور مصری نسخہ میں ہے:فَأَشَدُّ ما تجدون من الْحَرِّ، وَأَشَدُّ ما تجدون من الزمهرير: اس میں بھی خبر محذوف ہے۔

پھر چار حدیثوں میں بخار کا تذکرہ ہے، بخار بھی جہنم کے اثرات سے ہے پس اس کو عام پانی سے یا زمزم کے پانی سے

بجھانا چاہئے، یعنی نہانا چاہئے۔

[۳۲۶۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبُوْ عَامِرٍ، هُوَ الْعَقَدِيُّ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ أَبِیْ جَمْرَةَ الضُّبَعِيِّ، قَالَ: كُنْتُ أُجَالِسُ ابْنَ عَبَّاسٍ بِمَكَّةَ، فَأَخَذَتْنِی الْحُمَّى، فَقَالَ: أَبْرِدْهَا عَنْكَ بِمَاءِ زَمْزَمَ، فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " هِیَ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَأَبْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ" أَوْ قَالَ: " بِمَاءِ زَمْزَمَ" شَكَّ هَمَّامٌ"

[۳۲۶۲-] حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، أَخْبَرَنِیْ رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " الْحُمَّى مِنْ فَوْرِ جَهَنَّمَ، فَأَبْرِدُوْهَا عَنْكُمْ بِالْمَاءِ"[انظر: ۵۷۲۶]

[۳۲۶۳-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَأَبْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ"[انظر: ۵۷۲۵]

[۳۲۶۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثَنِیْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَأَبْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ"[انظر: ۵۷۲۳]

قوله:شك همام: ہمام بن یحییٰ بصری کو شک ہے کہ **أبردوها بالماء** فرمایا یا **بماء زمزم** فرمایا ....**من فور جهنم:** جہنم کے جوش مارنے سے، جہنم کی شدت سے،فیح: وسعت، پھیلاؤ، غرفة فَيْحَاءُ: وسیع کمرہ۔فور: شدت، جوش، اردو میں 'فورا' بھی اسی معنی میں ہے۔

پھر ایک حدیث ہے جس میں دنیا کی آگ اور جہنم کی آگ میں موازنہ کیا گیا ہے، فرمایا: تمہاری دنیا کی آگ جہنم کی آگ سے ستر واں حصہ (۱/۷۰) ہے، صحابہ نے عرض کیا: دنیا کی آگ ہی سزا دینے کے لئے کافی تھی! آپؐ نے فرمایا: جہنم کی آگ کو دنیا کی آگ پر اُنہتر (۶۹) اجزاء برتری دی گئی ہے، یعنی دنیا کی آگ سے جہنم کی آگ انہتر گنا بڑھی ہوئی ہے، وہ سب دنیا کی آگ کے مانند ہیں 'گنا' کا یہی مطلب ہوتا ہے۔

[۳۲۶۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " نَارُكُمْ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِيْنَ جُزْءً ا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ" قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنْ كَانَتْ لَكَافِيَةً! قَالَ: فُضِّلَتْ عَلَيْهِنَّ بِتِسْعَةٍ وَسِتِّيْنَ جُزْءً ا، كُلُّهُنَّ مِثْلُ حَرِّهَا"

پھر یہ حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے سورۃ الزخرف کی آیت ۷۷ پڑھی، جہنمی مالک (فرشتہ) کو پکاریں گے، مالک جہنم کے ذمہ دار فرشتے ہیں، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۳۲۶۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ عَطَاءً، يُخْبِرُ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّـهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ عَلَى الْمِنبَرِ: ﴿وَنَادَوْا يَا مَالِكُ﴾ [راجع: ۳۲۳۰]

پھر باب کی آخری حدیث ہے جو اہم ہے اس کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[۳۲۶۷-] حدثنا عَلِيٌّ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قِيْلَ لِأُسَامَةَ: لَوْ أَتَيْتَ فُلَانًا فَكَلَّمْتَهُ، قَالَ: إِنَّكُمْ لَتَرَوْنَ أَنِّيْ لَا أُكَلِّمُهُ إِلَّا أُسْمِعُكُمْ، إِنِّيْ أُكَلِّمُهُ فِي السِّرِّ، دُوْنَ أَنْ أَفْتَحَ بَابًا، لَا أَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ فَتَحَهُ، وَلَا أَقُوْلُ لِرَجُلٍ - أَنْ كَانَ عَلَيَّ أَمِيْرًا - إِنَّـهُ خَيْرُ النَّاسِ، بَعْدَ شَيْئٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالُوْا: وَمَا سَمِعْتَهُ يَقُوْلُ؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "يُجَاءُ بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُلْقَى فِي النَّارِ فَتَنْدَلِقُ أَقْتَابُهُ فِي النَّارِ، فَيَدُوْرُ كَمَا يَدُوْرُ الْحِمَارُ بِرَحَاهُ، فَيَجْتَمِعُ أَهْلُ النَّارِ عَلَيْهِ، فَيَقُوْلُوْنَ: أَيْ فُلَانُ مَا شَأْنُكَ؟ أَلَيْسَ كُنْتَ تَأْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَانَا عَنِ الْمُنْكَرِ؟ قَالَ: كُنْتُ آمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا آتِيْهِ، وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَآتِيْهِ" وَرَوَاهُ غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ. [انظر: ۷۰۹۸]

ترجمہ: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے کہا گیا: کاش آپ فلاں کے پاس جاتے اور ان سے گفتگو کرتے (ولید بن عقبہ نے شراب پی تھی، اس کا معاملہ زیر تحقیق تھا، لوگوں میں چہ میگوئیاں شروع ہوئیں کہ وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا رشتہ دار ہے، اس لئے وہ سزا دینے میں دیر کر رہے ہیں، اس لئے لوگوں نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ جا کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو سمجھائیں تا کہ چہ میگوئیاں ختم ہوں) حضرت اسامہؓ نے کہا: بیشک تم یہ سمجھتے ہو کہ میں ان سے بات نہیں کرتا مگر یہ کہ میں تمہیں سناؤں، یعنی تمہاری موجودگی میں بات کروں تبھی بات کرنا ہے کیا تم ایسا خیال کرتے ہو؟ میں نے ان سے تنہائی میں بات کی ہے، اس کے بغیر کہ میں (فتنہ کا) کوئی دروازہ کھولوں، میں پہلا وہ شخص نہیں بننا چاہتا جو فتنہ کا دروازہ کھولے اور میں نہیں کہتا کسی آدمی کے بارے میں اس وجہ کہ وہ میرا امیر ہے کہ وہ لوگوں میں سب سے بہتر ہے، ایک حدیث کے بعد جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے، یعنی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ میرے امیر ضرور ہیں، مگر میں ان کو لوگوں میں سب سے بہتر خیال کر کے گفتگو سے نہیں رکتا، کیونکہ میں نے ایک حدیث سنی ہے، لوگوں نے پوچھا: آپؓ نے کیا حدیث سنی ہے؟ حضرت اسامہؓ نے کہا: میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن ایک آدمی لایا جائے گا، پس وہ دوزخ میں ڈالا جائے گا، اس کی آنتیں اس کے پچھلے راستہ سے نکل کر ڈھیر ہو جائیں گے، اور وہ چکی کے گدھے کی طرح اپنی آنتوں کے اردگرد گھومے گا، جہنمی اس سے پوچھیں گے: او فلاں! تیرا یہ حال کیوں ہے؟ کیا تو ہمیں بھلی باتوں کا حکم نہیں دیتا تھا اور بری باتوں سے نہیں روکتا تھا؟ وہ کہے گا: میں تمہیں بھلی باتوں کا حکم دیتا تھا مگر خود اس پر عمل نہیں کرتا تھا اور

بری باتوں سے روکتا تھا اور خود ان کا ارتکاب کرتا تھا، یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ضروری ہیں، اور ہر مسلمان اس کا ذمہ دار ہے، پس اس پر اس کا عمل بھی ہونا چاہئے، اس لئے میں نے اس پر عمل کیا ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو سمجھایا ہے کہ اس کو جلد سزا دی جائے۔

لغات: اِنْدَلَق الشئُ: زور سے نکلنا.......... أَقْتَاب: قَتَب کی جمع: آنت۔

بَابُ صِفَةِ إِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهِ

ابلیس اور اس کے چیلوں کا حال

عالَم خیر وشر کا مجموعہ ہے، جنت بھی اللہ نے پیدا کی ہے اور جہنم بھی، ایمان بھی پیدا کیا ہے اور کفر بھی، نیک بندے بھی پیدا کئے ہیں اور بد بھی، ملائکہ بھی پیدا کئے ہیں اور شیاطین بھی، دونوں انسان کی مصلحت کے لئے پیدا کئے گئے ہیں، فرشتے خیر کی صلاحیت کو مہمیز کرتے ہیں اور شیاطین شر کی صلاحیت کو، یہ دنیا امتحان گاہ ہے، اگر صرف ملائکہ ہوتے یا صرف شیاطین ہوتے تو امتحان صحیح نہ ہوتا۔ سورۃ البلد میں ہے: ﴿وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ﴾: اور ہم نے انسان کو (خیر وشر کے) دونوں راستے بتلا دیئے، اس لئے ملائکہ کے تذکرہ کے بعد اپوزیشن پارٹی کا تذکرہ ضروری ہے، یہ بھی کائنات کا ایک حصہ ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ابلیس جس کا نام عزازیل ہے اور اس کے چیلے چانٹے مستقل مخلوق ہیں یا جنات میں سے ہیں؟ اس سلسلہ میں تین رائیں ہیں: ایک رائے یہ ہے کہ یہ ملائکہ کا حصہ تھے، جب انھوں نے آدم علیہ السلام کو سجدہ نہیں کیا اور وہ راندۂ درگاہ ہوئے تو وہ مستقل مخلوق بن گئے۔ دوسری رائے یہ ہے کہ ملائکہ اور جنات کی طرح یہ بھی ایک مستقل مخلوق ہیں۔

اور تیسری رائے یہ ہے کہ ابلیس جنات کا ایک فرد ہے اور اس کے چیلے چانٹے جنات میں سے بھی ہیں اور انسانوں میں سے بھی، سورۃ الانعام آیت ۱۱۲ میں ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيَاطِيْنَ الإِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا﴾: اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے دشمن بہت سے شیاطین پیدا کئے، کچھ آدمی اور کچھ جن، جو ایک دوسرے کو چکنی چپڑی باتوں کا وسوسہ ڈالتے رہتے ہیں، تاکہ ان کو دھوکہ میں ڈالیں، یہ تیسری رائے صحیح ہے، اس لئے کہ سورۃ الکہف آیت ۵۰ میں ہے: ﴿كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ أَمْرِ رَبِّهِ﴾: ابلیس جنات میں سے تھا، پس اس نے اپنے رب کے حکم کی خلاف ورزی کی۔

مگر حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے ابلیس اور جنات کا تذکرہ الگ الگ کیا ہے، یا تو اس لئے کہ دونوں کے احوال مختلف ہیں، یا اس لئے کہ امام صاحب کے نزدیک شیاطین مستقل مخلوق ہیں، پھر حضرت رحمہ اللہ نے مفردات ذکر کئے ہیں اور ان آیات کی طرف اشارہ کیا ہے جن میں شیطانِ اکبر اور چھوٹے شیاطین کا ذکر ہے۔

۱- سورۂ صافات آیت ۸ و ۹ ہیں: ﴿وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ، دُحُوْرًا وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ﴾: اور مارے جاتے

ہیں وہ ہر چہار جانب سے، دھکے دے کر، اوران کے لئے دائمی عذاب ہے۔ یُقذفون کا ترجمہ مجاہد رحمہ اللہ نے :یُرْمَوْن کیا ہے، یعنی مارے جاتے ہیں، دحورًا کے معنی ہیں :مطرودین: دھکے دیئے ہوئے ،اورواصب کے معنی ہیں: دائم۔

۲-سورۃ الاعراف آیت ۱۸ میں ہے: ﴿قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَدْحُوْرًا﴾: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہاں سے ذلیل وخوار ہوکر نکل جا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مدحورا کا ترجمہ: مطرودًا کیا ہے یعنی دھتکارا ہوا۔

۳-سورۃ النساء آیت ۱۱۷ میں ہے: ﴿إِنْ يَدْعُوْنَ إِلَّا شَيْطَانًا مَرِيْدًا﴾: نہیں عبادت کرتے وہ مگر حکم سے باہر ہونے والے شیطان کی، مرید کے معنی ہیں: متمرّد یعنی سرکشی کرنے والا۔

۴-سورۃ النساء آیت ۱۱۹ میں ہے: ﴿وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ﴾: اورضرور میں ان کوحکم دوں گا پس وہ چوپایوں کے کان تراشیں گے، بَتَّكَهُ تَبْتِيكًا: کاٹنا، مجرد: بَتَكَه (ض) بَتْكًا: کاٹنا۔

۵-سورۃ الاسراء آیت ۶۴ میں ہے: ﴿وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ﴾: اوران میں سے جس پر تیرا بس چلے اپنی چیخ وپکار سے اس کے قدم اکھاڑ دے اوران پر اپنے سوار اور پیادے چڑھالا، یعنی سب مل کر گمراہ کرنے میں خوب زور لگاؤ۔ استفزز کے معنی حضرتؒ نے کئے ہیں: استَخِفَّ: جس کے معنی ہیں: بھڑکانا، گھبرادینا، استَخَفَّهُ: اس کو مشتعل کیا، بھڑکایا، خیل: گھوڑسوار۔ اصل میں یہ لفظ گھوڑے کے لئے ہے، مجازاً سواروں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے، اور جمہور کی قراءت میں رَجْل (جیم کے سکون کے ساتھ) ہے یہ راجل کی جمع ہے، جیسے صاحب کی جمع صَحْب اور تاجِر کی جمع تَجْر ہے، اور حفص کی قراءت میں رَجِل (میم کے زیر کے ساتھ) ہے، یہ فَعِل بمعنی فاعل ہے اوراس کے معنی بھی پیادہ کے ہیں۔

۶-سورۃ الاسراء آیت ۶۲ میں ہے: ﴿لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهُ إِلَّا قَلِيْلًا﴾: میں قدرے قلیل لوگوں کے علاوہ اس کی تمام اولاد کو جڑ سے اکھاڑ دونگا، إحتناك کے معنی ہیں: قابو میں کرنا، لگام دینا، استأصل الشیئَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھاڑنا، بیخ کنی کرنا۔

۷-سورۃ الزخرف آیت ۳۶ ہے: ﴿فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ﴾: پس تو برا ساتھی ہے، ساتھی سے مراد شیطان ہے۔

[۱۱-] بَابُ صِفَةِ إِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهِ

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿يُقْذَفُوْنَ﴾: يُرْمَوْنَ. ﴿دُحُوْرًا﴾: مَطْرُوْدِيْنَ ﴿وَاصِبٌ﴾: دَائِمٌ.[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿مَدْحُوْرًا﴾: مَطْرُوْدًا.[۳-] وَيُقَالُ: ﴿مَرِيْدًا﴾: مُتَمَرِّدًا.[٤-] بَتَّكَهُ: قَطَّعَهُ.[٥-] ﴿وَاسْتَفْزِزْ﴾: اسْتَخِفَّ ﴿بِخَيْلِكَ﴾: الْفُرْسَانُ، وَالرَّجْلُ: الرَّجَّالَةُ، وَاحِدُهَا رَاجِلٌ مِثْلُ صَاحِبٍ وَصَحْبٍ وَتَاجِرٍ وَتَجْرٍ. [٦-] ﴿لَأَحْتَنِكَنَّ﴾: لَأَسْتَأْصِلَنَّ. [٧-] ﴿قَرِيْنٌ﴾: شَيْطَانٌ.

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں اٹھائیس حدیثیں ہیں، ان میں سے دس نئی ہیں اور اٹھارہ پہلے آچکی ہیں، اور جو

پہلے آچکی ہیں ان میں سے بعض پہلے مختصر آئی ہیں، یہاں مفصل ہیں، اور سب حدیثوں میں آپ کو یہی دیکھنا ہے کہ شیطان آیا، اب حدیثیں پڑھیے، کتاب ختم بھی تو کرنی ہے، جو نئی حدیث آئے گی وہ سمجھاؤں گا یا کوئی نئی بات آئے گی تو بتاؤں گا۔

[۳۲۶۸-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا عِيْسَى، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُحِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: وَقَالَ اللَّيْثُ: كَتَبَ إِلَيَّ هِشَامٌ أَنَّـهُ سَمِعَهُ وَوَعَاهُ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُحِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى كَانَ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّـهُ يَفْعَلُ الشَّيْئَ وَمَا يَفْعَلُهُ، حَتَّى كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ دَعَا وَدَعَا ثُمَّ قَالَ: " أَشْعَرْتِ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَفْتَانِيْ فِيْمَا فِيْهِ شِفَائِيْ؟ أَتَانِيْ رَجُلَانِ فَقَعَدَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِيْ وَالآخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِلآخَرِ: مَا وَجَعُ الرَّجُلِ؟ قَالَ: مَطْبُوْبٌ، قَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيْدُ بْنُ الأَعْصَمِ. قَالَ: فِيْمَاذَا؟ قَالَ: فِيْ مُشْطٍ وَمُشَاقَةٍ وَجُفِّ طَلْعَةٍ ذَكَرٍ، قَالَ: فَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِيْ بِئْرِ ذَرْوَانَ" فَخَرَجَ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ لِعَائِشَةَ حِيْنَ رَجَعَ: " نَخْلُهَا كَأَنَّـهُ رُؤُوْسُ الشَّيَاطِيْنِ" فَقُلْتُ: اسْتَخْرَجْتَهُ؟ فَقَالَ: " لاَ، أَمَّا أَنَا فَقَدْ شَفَانِى اللّٰهُ، وَخَشِيْتُ أَنْ يُثِيْرَ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ شَرًّا" ثُمَّ دُفِنَتِ الْبِئْرُ. [راجع: ۳۱۷۵]

ترجمہ: یہ حدیث پہلے مختصر آئی ہے، امام لیثؒ کہتے ہیں: مجھے ہشام بن عروہؒ نے لکھا کہ انھوں نے یہ حدیث اپنے ابا حضرت عروہؒ سے سنی ہے، اور اس کو محفوظ کیا ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ پر جادو کیا گیا یہاں تک کہ آپؐ کے خیال میں یہ آتا تھا کہ آپؐ نے ایک کام کیا ہے، حالانکہ وہ کام آپؐ نے نہیں کیا، یہاں تک کہ ایک دن آیا، پس آپؐ نے دعا کی اور دعا کی، یعنی عشاء کے بعد آپؐ نے نفل پڑھے پھر دعا میں لگ گئے، حضرت عائشہؓ سو گئیں، اور آپؐ بھی سو گئے، جب بیدار ہوئے تو صدیقہؓ سے فرمایا: کیا تم نے جانا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے فتوی دیا ہے یعنی بتلائی ہے وہ بات جس میں میری شفا ہے: دو آدمی (خواب میں) میرے پاس آئے، ایک میرے سر کے پاس بیٹھا اور دوسرا میرے پیروں کے پاس، پس ایک نے دوسرے سے پوچھا: ان صاحب کو کیا تکلیف ہے؟ دوسرے نے کہا: ان پر جادو کیا گیا ہے، پہلے نے پوچھا: ان پر کس نے جادو کیا ہے؟ دوسرے نے کہا: لبید بن الاعصم یہودی نے، پہلے نے پوچھا: کس چیز میں کیا ہے؟ دوسرے نے کہا: کنگھی میں اور کنگھی کرنے سے جھڑے ہوئے بالوں میں، اور نر کھجور کے پھول کے ٹکڑے میں جس کو کھجور کے خوشہ کے غلاف میں رکھا گیا ہے، پہلے نے پوچھا: وہ کہاں ہے؟ دوسرے نے کہا: بیر ذروان میں ہے، پس نبی ﷺ اس کنویں پر تشریف لے گئے، پھر لوٹ آئے، جب لوٹ کر آئے تو حضرت عائشہؓ سے فرمایا: اس کے کھجور کے درخت گویا شیاطین (سانپ) کے سر ہیں (یہاں باب ہے) حضرت عائشہؓ نے پوچھا: کیا آپؐ نے اس کو نکالا؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، مجھے اللہ نے شفا عطا فرمائی اور مجھے اندیشہ ہوا کہ وہ نکالنا لوگوں پر شر ابھارے گا، پھر وہ کنواں پاٹ دیا گیا۔

لغات: مُشْط: کنگھی .... مُشَاقَة: کنگھی یا برش پھیرتے وقت گرنے والے بال، یا کتان (سوتی کپڑے) کے رویں، اور ایک روایت میں مُشَاطة ہے، اس کے معنی ہیں: کنگھی کرنے سے گرے ہوئے بال .... الجُف: کھجور کے خوشوں کی تھیلی .... طَلعة: کھجور کے شگوفہ کا ٹکڑا .... ذکر: نر۔

تشریح: نر کھجور کا پھول لے کر اس کے ٹکڑے مادہ کے پھول میں داخل کرتے ہیں، جادوگر نے نر کے پھول کا ٹکڑا لیا اور کنگھی اور گرے ہوئے بال کھجور کے خوشہ کی تھیلی میں رکھے اور اس پر جادو کیا، اور اسے کسی برتن میں رکھ کر بیر زروان میں جو بیکار کنواں تھا جس میں گندہ پانی تھا اس کے بیچ میں رکھا، اور اس پر بڑا پتھر رکھ دیا۔ نبی ﷺ چند صحابہ کے ساتھ وہاں تشریف لے گئے آپؐ نے دیکھا کہ اس کے پانی کا رنگ مہندی کے پانی جیسا ہے اور اس کنویں پر ایک کھجور کا درخت تھا اس کی شاخیں سانپ کے سر جیسی خطرناک تھیں، سانپ کا سر اس کے جسم سے پتلا ہوتا ہے اور خوفناک ہوتا ہے، پس یہ بدشکل اور بدنما ہونے میں تشبیہ ہے اور یہ جادو کا اثر تھا جو پانی میں اور کھجور کے درخت میں ظاہر ہوا۔

سوال: جب آپؐ نے اس جادو کو نکالا نہیں تو آپؐ صحابہ کے ساتھ وہاں تشریف کیوں لے گئے؟

جواب: ممکن ہے وہیں حضرت جبرئیل علیہ السلام معوذتین لائے ہوں، معوذتین میں گیارہ آیتیں ہیں، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے وہ پڑھ کر پھونکیں تو گیارہ گرہیں کھلتی چلی گئیں، یہ عمل قریب سے کیا گیا۔

اور یہ زمانہ جب آپؐ پر جادو کیا گیا ہجرت کی ابتداء کا زمانہ تھا، اس وقت یہود کا بڑا غلبہ تھا اور بیر ذروان یا بیر ذی اروان بنوزُریق کے باغ میں تھا، اور لبید ساحر اسی قبیلہ کا تھا اس لئے فتنہ کا اندیشہ تھا۔ اور آگے اسی حدیث میں آرہا ہے کہ جادو کا اثر گھریلو معاملات پر پڑا تھا، کسی دینی معاملہ میں کوئی اثر ظاہر نہیں ہوا تھا۔

اس کے بعد سات حدیثیں گذری ہوئی ہیں، پہلی حدیث میں ہے کہ جب آدمی سوتا ہے تو شیطان اس کی گدی پر تین گرہیں لگاتا ہے، اور ہر گرہ پر منتر پڑھتا ہے، اور دوسری حدیث میں ہے کہ ایک شخص صبح تک سوتا رہا، نبی ﷺ نے فرمایا: شیطان اس کے کان میں موت گیا! اور تیسری حدیث میں بیوی سے ملنے کی دعا ہے اس میں شیطان کے شر سے پناہ چاہی گئی ہے، اس کے بعد کی دو حدیثیں ایک ہیں، سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے، اس کے بعد کی حدیث میں ہے کہ نمازی کے سامنے سے کوئی گذرے تو اس کو روکے، نہ مانے تو اس سے الجھے، وہ شیطان ہے، پھر ساتویں حدیث میں ہے کہ شیطان صدقۃ الفطر کا غلہ چرانے آیا تھا، اس آخری روایت کے علاوہ باقی روایات کو حقیقت پر بھی محمول کر سکتے ہیں اور مناسب تاویل بھی کر سکتے ہیں، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے ایک تاویل یہ کی ہے کہ شریعت ہر برے کام کو شیطان کی طرف منسوب کرتی ہے۔

[۳۲۶۹-] حدثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلٰى

قَافِيَةِ رَأْسِ أَحَدِكُمْ، إِذَا هُوَ نَامَ، ثَلاثَ عُقَدٍ، يَضْرِبُ عَلٰى كُلِّ عُقْدَةٍ مَكَانَهَا: عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ فَارْقُدْ، فَإِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللّٰهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَإِنْ تَوَضَّأَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَإِنْ صَلّٰى انْحَلَّتْ عُقَدُهُ كُلُّهَا، فَأَصْبَحَ نَشِيْطًا طَيِّبَ النَّفْسِ، وَإِلَّا أَصْبَحَ خَبِيْثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ"[راجع: ١١٤٢]

[٣٢٧٠-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ نَامَ لَيْلَةً حَتّٰى أَصْبَحَ، قَالَ:" ذَاكَ رَجُلٌ بَالَ الشَّيْطَانُ فِيْ أُذُنَيْهِ! أَوْ قَالَ:"فِيْ أُذُنِهِ"[راجع: ١١٤٤]

[٣٢٧١-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" أَمَا إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ، وَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ اللَّهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، فَرُزِقَا وَلَدًا، لَمْ يَضُرَّهُ الشَّيْطَانُ"[راجع: ١٤١]

[٣٢٧٢-] حدثنا مُحَمَّدٌ، أَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَدَعُوْا الصَّلَاةَ حَتّٰى تَبْرُزَ، وَإِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَدَعُوْا الصَّلَاةَ حَتّٰى تَغِيْبَ"

[٣٢٧٣-] "وَلَا تَحَيَّنُوْا بِصَلَاتِكُمْ طُلُوْعَ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوْبَهَا، فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، أَوْ: الشَّيْطَانِ" لَا أَدْرِيْ أَيَّ ذٰلِكَ قَالَ هِشَامٌ.

[٣٢٧٤-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا يُوْنُسُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا مَرَّ بَيْنَ يَدَيْ أَحَدِكُمْ شَيْئٌ، وَهُوَ يُصَلِّيْ فَلْيَمْنَعْهُ، فَإِنْ أَبٰى فَلْيَمْنَعْهُ، فَإِنْ أَبٰى فَلْيُقَاتِلْهُ، فَإِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ"[راجع: ٥٠٩]

[٣٢٧٥-] وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، ثَنَا عَوْفٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: وَكَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِحِفْظِ زَكَاةِ رَمَضَانَ، فَأَتَانِيْ آتٍ فَجَعَلَ يَحْثُوْ مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ فَقُلْتُ: لَأَرْفَعَنَّكَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ فَقَالَ: إِذَا أَوَيْتَ إِلٰى فِرَاشِكَ فَاقْرَأْ آيَةَ الْكُرْسِيِّ، لَنْ يَزَالَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ وَلَا يَقْرَبُكَ شَيْطَانٌ حَتّٰى تُصْبِحَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوْبٌ، ذَاكَ شَيْطَانٌ"[راجع: ٢٣١١]

قوله:مکانها: أی فی مکانها یعنی گرہوں کی جگہ میں گرہیں لگاتا ہے، گرہوں کی جگہ گدی ہے............ دوسری حدیث میں أذن: تثنیہ ہے یا مفرد: اس میں راوی کو شک ہے............ **قوله: لَا تَحَيَّنُوْا:** ارادہ مت کرو یعنی ان دو وقتوں میں نماز پڑھنے کا ارادہ مت کرو............ **الحدیث: أی اقرأ الحدیث بتمامه:** یہ لمبی حدیث ہے اور پہلے گذری ہے۔

اس کے بعد کی حدیث نئی ہے اور اسی جگہ ہے شیطان آ کر وسوسہ ڈالتا ہے: مثلاً آسمان کس نے پیدا کیا؟ زمین کس نے پیدا کی؟ اس طرح ذہن میں سوالات ابھارتا ہے، یہاں تک کہ یہ سوال پیدا کرتا ہے کہ تیرے پروردگار کو کس نے پیدا کیا؟ جب کسی کا وسوسہ اس درجہ تک پہنچ جائے تو اللہ کی پناہ طلب کرے، لاحول پڑھے یا أعوذ باللہ پڑھے، اور سوچنا چھوڑ دے، شیطان دفع ہو جائے گا، اور مرقات شرح مشکات میں ہے کہ وسوسہ دفع نہ ہو تو اپنی حالت بدل دے، بیٹھا ہو تو کھڑا ہو جائے، کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور کسی دوسرے کام میں مشغول ہو جائے۔

[۳۲۷۶-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ ابْنُ الزُّبَيْرِ، قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَأْتِىْ الشَّيْطَانُ أَحَدَكُمْ، فَيَقُوْلُ: مَنْ خَلَقَ كَذَا؟ مَنْ خَلَقَ كَذَا؟ حَتَّى يَقُوْلَ: مَنْ خَلَقَ رَبَّكَ؟ فَإِذَا بَلَغَهُ فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ وَلْيَنْتَهِ"

وضاحت: جاننا چاہئے کہ شیطان ایک نہیں ہے، بے شمار ہیں، اور جنات میں سے بھی ہیں اور انسانوں میں سے بھی، کبھی برے ساتھی بھی اس طرح کی گفتگو کرتے ہیں، ایسے ساتھیوں سے کنارہ کشی اختیار کرنی چاہئے۔

اس کے بعد تین حدیثیں گذری ہوئی ہیں، پہلی حدیث میں ہے کہ جب رمضان شروع ہوتا ہے تو شیاطین بیڑیوں میں جکڑ دیئے جاتے ہیں، اور دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا خادم جب مچھلی بھول گیا تو اس نے کہا: "مجھے شیطان نے بھلا دیا" اور تیسری حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے منبر پر کھڑے ہو کر دائیں ہاتھ سے دائیں جانب اشارہ کیا اور فرمایا: فتنہ یہاں ہے، جہاں سے شیطان کا سینگ یعنی سورج طلوع ہوتا ہے، یہ مسیلمہ کذاب کے فتنہ کی طرف اشارہ ہے۔ اور سب روایات میں یہی دیکھنا ہے کہ شیطان کا ذکر آیا، اس سے کیا مراد ہے؟ یہ نہیں دیکھنا۔

[۳۲۷۷-] حدثنا يَحيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنِىْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنِىْ ابْنُ أَبِىْ أَنَسٍ مَوْلَى التَّيْمِيِّيْنَ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ، وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ، وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِيْنُ"[راجع: ۱۸۹۸]

[۳۲۷۸-] حدثنا الْحُمَيْدِىُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا عَمْرٌو، أَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ثَنَا أُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ مُوْسَى قَالَ لِفَتَاهُ: آتِنَا غَدَاءَ نَا، قَالَ: أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ، وَمَا أَنْسَانِيْهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ، وَلَمْ يَجِدْ مُوْسَى النَّصَبَ حَتَّى جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِىْ أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ"[راجع: ۷۴]

[۳۲۷۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُشِيْرُ إِلَى الْمَشْرِقِ، فَقَالَ:"هَا إِنَّ الْفِتْنَةَ هَاهُنَا، هَا إِنَّ الْفِتْنَةَ هَاهُنَا، مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ"[راجع: ۳۱۰۴]

وضاحت: پہلی حدیث میں أبواب الجنة ہمارے نسخہ میں أبواب السماء ہے، مگر گیلری میں أبواب الجنة ہے، ہم نے اسی کو لیا ہے............ دوسری حدیث میں سعید بن جبیر کا نوف بِکالی سے اختلاف ہوا تھا کہ حضرت خضر سے ملنے حضرت موسیٰ علیہ السلام گئے تھے یا موسیٰ بن میشان؟ نوف کہتا تھا: حضرت موسیٰ علیہ السلام نہیں گئے تھے، دوسرے موسیٰ گئے تھے، حضرت سعید نے یہ بات ابن عباسؓ سے دریافت کی تو حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: ہم سے حضرت ابیؓ نے حدیث بیان کی کہ یہ واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہے............ اور آخری حدیث میں هَا حرف تنبیہ ہے یعنی سنو!

پھر حدیث نئی ہے اس میں چند معاشرتی احکام ہیں، ترجمہ بعد میں ہے۔

[۳۲۸۰-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِى عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا اسْتَجْنَحَ اللَّيْلُ أَوْ قَالَ: كَانَ جُنْحُ اللَّيْلِ، فَكُفُّوْا صِبْيَانَكُمْ، فَإِنَّ الشَّيَاطِيْنَ تَنْتَشِرُ حِيْنَئِذٍ، فَإِذَا ذَهَبَ سَاعَةٌ مِنَ الْعِشَاءِ فَخَلُّوْهُمْ، وَأَغْلِقْ بَابَكَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ، وَأَطْفِئْ مِصْبَاحَكَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ، وَأَوْكِ سِقَاءَكَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ، وَخَمِّرْ إِنَاءَكَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ، وَلَوْ تَعْرُضُ عَلَيْهِ شَيْئًا"[انظر: ۳۳۰٤، ۳۳۱٦، ۵٦۲۳، ۵٦۲٤، ٦۲۹۵، ٦۲۹٦]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: (۱) جب رات آجائے تو اپنے بچوں کو روک لو، اس لئے کہ شیطان اس وقت پھیلتے ہیں، پھر جب غروب کے بعد کچھ وقت گذر جائے تو بچوں کو جانے دو۔ (۲) اور (رات میں) اپنا دروازہ بند کرلو، اور اللہ کا نام لو۔ (۳) اور اپنا چراغ بجھا دو اور اللہ کا نام لو۔ (۴) اور مشکیزہ کا منہ باندھ لو اور اللہ کا نام لو۔ (۵) اور اپنا برتن ڈھانک دو اور اللہ کا نام لو، اگرچہ اس پر تم کوئی چیز آڑی رکھ دو۔

تشریح: اس حدیث میں پانچ معاشرتی احکام ہیں: اسْتَجْنَحَ الليلُ کے معنی ہیں: رات کا آنا اور جُنْحُ اللّيل کے معنی ہیں: رات کا ایک حصہ، مغرب کے وقت شیاطین الانس والجن پھیلتے ہیں، بچے عام طور پر اسی وقت گم ہوتے ہیں، اس لئے مغرب کے وقت ناسمجھ بچوں کو سمیٹ لینا چاہئے، پھر کچھ وقت کے بعد باہر نکلیں تو نکلنے دیں۔

لطیفہ: میں نے اپنی بہو کو ہدایت دی کہ جب مغرب کی اذان ہو تو بچوں پر نظر رکھو، اور ان کو گھر میں سمیٹ لو، اس وقت شیطان بچوں کو اچک لیتے ہیں، پھر جب میں مغرب کے بعد پڑھانے جانے لگا تو بچہ نے اپنی ماں سے کہا: دادا ابا کو شیطان اچک نہیں لیں گے؟

اور آخری حکم یہ ہے کہ رات میں برتن کو ڈھانک دینا چاہئے، اور ڈھانکنے کے لئے کوئی چیز نہ ہو تو بسم اللہ پڑھ کر کوئی لکڑی وغیرہ برتن پر آڑی رکھ دی جائے، اب شیطان اس میں اثر نہیں ڈال سکے گا۔

اس کے بعد کی حدیث پہلے آئی ہے، اس میں ہے: إِنَّ الشيطان يَجْرِى من الإِنْسان مَجْرَى الدم: شیطان انسان

میں چلتا ہے خون کی نالیوں میں، یہ یا تو حقیقت ہے یا تمثیل، جو انجکشن رگ میں دیا جاتا ہے اس کا فوراً اثر ظاہر ہوتا ہے، اسی طرح شیطان چٹکی بجا کر انسان کو گمراہ کر دیتا ہے، پس یہ سرعتِ تاثیر کی تعبیر ہے۔ واللہ اعلم

[۳۲۸۱-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُعْتَكِفًا، فَأَتَيْتُهُ أَزُوْرُهُ لَيْلًا، فَحَدَّثْتُهُ ثُمَّ قُمْتُ فَانْقَلَبْتُ، فَقَامَ مَعِيْ لِيَقْلِبَنِيْ، وَكَانَ مَسْكَنُهَا فِيْ دَارِ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، فَمَرَّ رَجُلَانِ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَلَمَّا رَأَيَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَسْرَعَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" عَلٰى رِسْلِكُمَا، إِنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ" فَقَالَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ:" إِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنَ الإِنْسَانِ مَجْرَى الدَّمِ، وَإِنِّيْ خَشِيْتُ أَنْ يَقْذِفَ فِيْ قُلُوْبِكُمَا سُوْءً أَوْ قَالَ: شَيْئًا"[راجع: ۲۰۳۵]

اس کے بعد نئی حدیث ہے، ترجمہ بعد میں ہے۔

[۳۲۸۲-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَجُلَانِ يَسْتَبَّانِ، فَأَحَدُهُمَا احْمَرَّ وَجْهُهُ، وَانْتَفَخَتْ أَوْدَاجُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنِّيْ لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ، لَوْ قَالَ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ ذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ" فَقَالُوْا لَهُ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: تَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَقَالَ: وَهَلْ بِيْ جُنُوْنٌ؟[انظر: ۶۰۴۸، ۶۱۱۵]

ترجمہ: حضرت سلیمان بن صُرَد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اور دو شخص گالی گلوچ کر رہے تھے، ان میں سے ایک کا چہرہ سرخ ہو گیا اور اس کی گردن کی رگیں پھول گئیں یعنی اس کا غصہ حد سے بڑھ گیا، نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک میں جانتا ہوں ایک بات اگر وہ اس کو کہہ لے تو اس سے وہ غصہ ختم ہو جائے جو وہ پاتا ہے، اگر وہ کہہ لے: أعوذ باللّٰہ من الشیطان: تو اس سے وہ غصہ ختم ہو جائے گا جو اسے آرہا ہے، پس لوگوں نے اس سے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے: شیطان سے اللہ کی پناہ مانگ، اس نے جواب دیا: کیا میں پاگل ہو گیا ہوں؟ (پاگل تو ہو ہی گیا تھا جبھی تو ایسی نامناسب بات کہی ہے، اور الجنون فنون: پاگل پن ایک طرح کا نہیں ہوتا، اس کی بہت سی شکلیں ہوتی ہیں اور یہ بھی ایک شکل ہے کہ آدمی فائدہ کی بات نہ سنے)

اس کے بعد کی تین حدیثیں پہلے گذری ہیں، پہلی حدیث میں صحبت کی دعا ہے، دوسری حدیث میں ایک واقعہ ہے: شیطان بلّی بن کر تہجد کے وقت آیا تھا اور اس نے نبی ﷺ کی نماز خراب کرنی چاہی تھی، اور تیسری حدیث میں ہے کہ اذان

واقامت کے وقت شیطان دم دبا کر بھاگتا ہے۔

[٣٢٨٣-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ جَنِّبْنِي الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنِي، فَإِنْ كَانَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ لَمْ يَضُرَّهُ الشَّيْطَانُ وَلَمْ يُسَلَّطْ عَلَيْهِ" قَالَ: وَثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ. [راجع: ١٤١]

[٣٢٨٤-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، ثَنَا شَبَابَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ صَلَّى صَلاَةً، فَقَالَ: "إِنَّ الشَّيْطَانَ عَرَضَ لِي، فَشَدَّ عَلَيَّ يَقْطَعُ الصَّلاَةَ عَلَيَّ، فَأَمْكَنَنِي اللّٰهُ مِنْهُ" فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. [راجع: ٤٦١]

[٣٢٨٥-] حدثنا مَحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا نُوْدِيَ بِالصَّلاَةِ أَدْبَرَ الشَّيْطَانُ وَلَهُ ضُرَاطٌ، فَإِذَا قُضِيَ أَقْبَلَ، فَإِذَا ثُوِّبَ بِهَا أَدْبَرَ، فَإِذَا قُضِيَ أَقْبَلَ حَتَّى يَخْطُرَ بَيْنَ الإِنْسَانِ وَقَلْبِهِ، فَيَقُوْلُ: اذْكُرْ كَذَا وَكَذَا، حَتَّى لاَ يَدْرِيْ أَثَلاَثًا صَلَّى أَمْ أَرْبَعًا، فَإِذَا لَمْ يَدْرِ أَثَلاَثًا صَلَّى أَمْ أَرْبَعًا، سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ" [راجع: ٦٠٨]

اس کے بعد دو حدیثیں نئی ہیں:

پہلی حدیث: انسان کا ہر بچہ جب جنا جاتا ہے تو شیطان اس کے پہلو میں انگلی مارتا ہے، مگر عیسیٰ علیہ السلام مستثنیٰ ہیں، وہ انگلی مارنے گیا مگر اس نے پردے میں انگلی ماری (پردے سے مراد یا تو وہ جھلّی ہے جس میں بچہ ہوتا ہے یا وہ کپڑا ہے جس میں بچہ لپیٹا جاتا ہے)

دوسری حدیث: علقمہؒ کہتے ہیں: میں پڑھنے کے لئے ملک شام گیا، لوگوں نے کہا: یہاں بڑے عالم حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ ہیں، میں ان کے پاس گیا، انھوں نے پوچھا: کہاں سے آئے ہو؟ میں نے کہا: کوفہ سے، انھوں نے کہا: تمہارے یہاں ابن مسعود اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما ہیں، حضرت ابن مسعودؓ نبی ﷺ کے خادم خاص تھے، لوٹا، مسواک، چپل اور بیٹھنے کے گدے کے ذمہ دار تھے اور حضرت عمارؓ وہ ہیں جن کو اللہ نے شیطان سے محفوظ رکھا ہے، اس کی خبر نبی ﷺ نے دی ہے، ان کو چھوڑ کر یہاں کیوں آئے ہو؟ (یہ حدیث دونوں طریق سے یہاں مختصر ہے، مفصل مناقب (حدیث ۳۷۴۳) میں آئے گی)

[٣٢٨٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "كُلُّ بَنِي آدَمَ يَطْعَنُ الشَّيْطَانُ فِي جَنْبِهِ بِإِصْبَعَيْهِ حِيْنَ يُوْلَدُ، غَيْرَ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، ذَهَبَ يَطْعُنُ، فَطَعَنَ فِي الْحِجَابِ" [انظر: ٣٤٣١، ٤٥٤٨]

[۳۲۸۷-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَدِمْتُ الشَّامَ، قَالُوْا: أَبُوْ الدَّرْدَاءِ! قَالَ: أَفِيكُمُ الَّذِىْ أَجَارَهُ اللّٰهُ مِنَ الشَّيْطَانِ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم؟ حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَاشُعْبَةُ، عَنْ مُغِيْرَةَ، وَقَالَ: الَّذِىْ أَجَارَهُ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِ، يَعْنِىْ عَمَّارًا. [انظر: ۳۷۴۲، ۳۷۴۳، ۳۷۶۱، ۴۹۴۳، ۴۹۴۴، ۶۲۷۸]

اس کے بعد کی حدیث گذری ہے: فرشتے بادلوں میں اُس بات کا تذکرہ کرتے ہیں جوزمین میں ہونی ہے، شیاطین ان میں سے ایک آدھ بات سن لیتے ہیں، اوروہ کاہنوں کے کانوں میں اس طرح ڈالتے ہیں جس طرح بھری ہوئی بوتل الٹی جائے تو مسلسل یکساں ایک آواز نکلتی ہے، کاہن اس میں سو جھوٹ ملا کر بات پوری کرتے ہیں اور مستقبل کی پیشین گوئی کرتے ہیں۔

[۳۲۸۸-] قَالَ: وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِىْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِىْ هِلَالٍ، أَنَّ أَبَا الْأَسْوَدِ أَخْبَرَهُ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الْمَلَائِكَةُ تُحَدِّثُ فِى الْعَنَانِ - وَالْعَنَانُ: الْغَمَامُ- بِالْأَمْرِ يَكُوْنُ فِى الْأَرْضِ، فَتَسْمَعُ الشَّيَاطِيْنُ الْكَلِمَةَ، فَتُقِرُّهَا فِى آذَانِ الْكُهَّانِ كَمَا تُقَرُّ الْقَارُوْرَةُ، فَيَزِيْدُوْنَ مَعَهَا مِائَةَ كِذْبَةٍ" [راجع: ۳۲۱۰]

لغت: قَرَّ (ن،س) قَرِيْرًا: مسلسل یکساں آواز نکالنا۔

پھر دو حدیثیں نئی ہیں:

پہلی حدیث: جماہی لینا شیطان کی وجہ سے ہے، پس جب تم میں سے کسی کو جماہی آئے تو اسے روکے، جہاں تک اس کے بس میں ہو، اس لئے کہ جب کوئی کہتا ہے: ہا، تو شیطان ہنستا ہے (لہٰذا اس کو ہنسنے کا موقع نہیں دینا چاہئے، منہ پر ہاتھ رکھ کر اس کو دبا دینا چاہئے)

دوسری حدیث: جنگ احد میں مشرکین نے شکست کھائی، ابلیس نے آواز لگائی: او اللہ کے بندو! اپنے پیچھے دیکھو، پس اگلے پچھلوں پر ٹوٹ پڑے، دونوں ایک دوسرے کو مارنے لگے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا: کوئی ان کے باپ کو مارنا چاہتا ہے، انھوں نے پکار کر کہا: او اللہ کے بندے! میرے ابا ہیں، میرے ابا ہیں، مگر وہ نہیں رکے، یہاں تک کہ ان کو قتل کر دیا، حضرت حذیفہؓ نے کہا: اللہ تمہارا گناہ معاف کرے! حدیث کے راوی عروہ کہتے ہیں: اس واقعہ سے حذیفہؓ میں زندگی بھر خیر رہی، یعنی وہ قاتل کے لئے دعائے خیر کرتے رہے، یہاں تک کہ وہ اللہ کے ساتھ مل گئے، یعنی ان کی وفات ہوگئی۔
اس حدیث میں ہے کہ ابلیس چلایا، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۳۲۸۹-] حدثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِىٍّ، ثَنَا ابْنُ أَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " التَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا تَثَاءَ بَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ،

فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَالَ: هَا، ضَحِكَ الشَّيْطَانُ"[انظر: ٦٢٢٣، ٦٢٢٦]

[٣٢٩٠-] حدثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: هِشَامٌ أَخْبَرَنَا، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ هُزِمَ الْمُشْرِكُوْنَ، فَصَاحَ إِبْلِيْسُ: أَيْ عِبَادَ اللّٰهِ! أُخْرَاكُمْ، فَرَجَعَتْ أُوْلَاهُمْ فَاجْتَلَدَتْ هِيَ وَأُخْرَاهُمْ، فَنَظَرَ حُذَيْفَةُ فَإِذَا هُوَ بِأَبِيْهِ الْيَمَانِ، فَقَالَ: أَيْ عِبَادَ اللّٰهِ! أَبِيْ! أَبِيْ! فَوَ اللّٰهِ مَا احْتَجَزُوْا حَتَّى قَتَلُوْهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ، قَالَ عُرْوَةُ: فَمَا زَالَتْ فِيْ حُذَيْفَةَ مِنْهُ بِقِيَّةُ خَيْرٍ حَتَّى لَحِقَ بِاللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ. [انظر: ٣٨٢٤، ٧٠٦٥، ٦٦٦٨، ٦٨٨٣، ٦٨٩٠]

اس کے بعد کی حدیث گذری ہے کہ نماز میں ادھر اُدھر جھانکنا ربودگی ہے۔شیطان نماز میں سے جھپٹ لیتا ہے۔اور اس کے بعد کی روایت نئی ہے: اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے اور (پراگندہ) خواب شیطان کی طرف سے، پس جب تم میں سے کوئی پراگندہ خواب دیکھے اور اسے ڈر لگے تو بائیں طرف تھتکار دے، اور خواب کی برائی سے اللہ کی پناہ چاہے، وہ خواب اس کو ضرر نہیں پہنچائے گا۔

[٣٢٩١-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ، ثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْتِفَاتِ الرَّجُلِ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ:" هُوَ اخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلَاةِ أَحَدِكُمْ"[راجع: ٧٥١]

[٣٢٩٢-] حدثنا أَبُوْ الْمُغِيْرَةِ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنِيْ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا الْوَلِيْدُ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنِيْ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ، وَالْحُلُمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا حَلَمَ أَحَدُكُمْ حُلُمًا يَخَافُهُ فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ وَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا، فَإِنَّهَا لَا تَضُرُّهُ"[انظر: ٥٧٤٧، ٦٩٨٤، ٦٩٩٥، ٦٩٩٦، ٧٠٠٥، ٧٠٤٤]

اور آئندہ حدیث میں ہے کہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ الی آخرہ اگر کوئی روزانہ سو مرتبہ پڑھے تو وہ اس کے لئے دس غلام آزاد کرنے کے برابر ہوگا، اور اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جائیں گی، اور اس کی سو برائیاں مٹائی جائیں گی، اور وہ ذکر اس کے لئے اس کے اس دن میں شیطان سے حفاظت بن جائے گا، یہاں تک کہ وہ شام کرے، اور نہیں لائے گا کوئی بہتر اس سے جس کو وہ لایا ہے، مگر وہ شخص جو اسی ذکر کو اس سے زیادہ کرے۔

[٣٢٩٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ

وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ: مِائَةَ مَرَّةٍ، كَانَ لَهُ عَدْلَ عَشْرِ رِقَابٍ، وَكُتِبَتْ لَهُ مِائَةُ حَسَنَةٍ، وَمُحِيَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَيِّئَةٍ، وَكَانَتْ لَهُ حِرْزًا مِنَ الشَّيْطَانِ يَوْمَهُ ذٰلِكَ حَتّٰى يُمْسِيَ، وَلَمْ يَأْتِ أَحَدٌ بِأَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهِ إِلَّا أَحَدٌ عَمِلَ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ"[انظر:٦٤٠٣]

اس کے بعد کی روایت نئی ہے، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے پاس آنے کی اجازت چاہی، آپؐ کے پاس قریش کی عورتیں تھیں، یعنی آپؐ کے خاندان کی بیویاں تھیں، وہ آپؐ سے کسی معاملہ میں بات کر رہی تھیں، اور آپؐ سے کسی چیز کی زیادتی کا مطالبہ کر رہی تھیں، ان کی آوازیں بلند ہو رہی تھیں، پس جب حضرت عمرؓ نے اجازت مانگی تو وہ سب اٹھ کر پردے میں چلی گئیں۔ نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اجازت دی، وہ آئے تو آپؐ ہنس رہے تھے، حضرت عمرؓ نے کہا: اللہ تعالیٰ آپؐ کے دانتوں کو ہنسائیں یعنی خوش رکھیں اے اللہ کے رسول! آپ کیوں ہنسے؟ آپؐ نے فرمایا: مجھے حیرت ہوئی ان عورتوں پر جو میرے پاس تھیں جب انھوں نے آپ کی آواز سنی تو وہ ایک دم پردے میں چلی گئیں، حضرت عمرؓ نے کہا: آپؐ اے اللہ کے رسول! زیادہ حق دار تھے کہ وہ آپؐ سے ڈرتیں، پھر حضرت عمرؓ نے کہا: اے اپنی ذاتوں کی دشمنو! کیا تم مجھ سے ڈرتی ہو اور رسول اللہ ﷺ سے نہیں ڈرتیں! انھوں نے جواب دیا: تم بد اخلاق اور سخت مزاج ہو، نبی ﷺ ایسے نہیں ہیں (ازواج نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سخت جواب دیا ہے، نبی ﷺ کو اندیشہ ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو برا نہ لگے، پس آپؐ نے ایک ایسی بات فرمائی جس سے حضرت عمرؓ کا دل ڈھل گیا) آپؐ نے فرمایا: "قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نہیں ملاقات کرتا آپؓ سے شیطان کبھی کسی کشادہ گلی میں مگر چلتا ہے وہ اس گلی کے علاوہ گلی میں"، یعنی تم جس گلی سے گذرتے ہو شیطان وہاں سے دم دبا کر بھاگ جاتا ہے (شیان کا ذکر آ گیا)

اور آخری حدیث پہلے گذری ہے کہ جب آدمی سوتا ہے تو شیطان اس کی ناک کے بانسہ پر رات گذارتا ہے۔

[٣٢٩٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَاهُ سَعْدَ بْنَ أَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ: اسْتَأْذَنَ عُمَرُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صل الله عليه وسلم، وَعِنْدَهُ نِسَاءٌ مِنْ قُرَيْشٍ، يُكَلِّمْنَهُ وَيَسْتَكْثِرْنَهُ، عَالِيَةً أَصْوَاتُهُنَّ، فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ عُمَرُ قُمْنَ يَبْتَدِرْنَ الْحِجَابَ، فَأَذِنَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَضْحَكُ، فَقَالَ عُمَرُ: أَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" عَجِبْتُ مِنْ هٰؤُلَاءِ اللَّاتِيْ كُنَّ عِنْدِيْ، فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ" قَالَ عُمَرُ: فَأَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كُنْتَ أَحَقَّ أَنْ يَهَبْنَ، ثُمَّ قَالَ: أَيْ عَدُوَّاتِ أَنْفُسِهِنَّ! أَتَهَبْنَنِيْ وَلَا تَهَبْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى

الله عليه وسلم؟ قُلْنَ: نَعَم أَنْتَ أَفَظُّ وَأَغْلَظُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ قَطُّ سَالِكًا فَجًّا إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ"[انظر: ۳۶۸۳، ۶۰۸۵]

[۳۲۹۵-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، ثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ فَتَوَضَّأَ فَلْيَسْتَنْثِرْ ثَلاَثًا، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَبِيْتُ عَلٰى خَيْشُوْمِهِ"

بَابُ ذِكْرِ الْجِنِّ وَثَوَابِهِمْ وَعِقَابِهِمْ

جنات اوران کی جزاءوسزا کا بیان

زمین پر پہلے زمینی فرشتے پیدا کئے گئے، وہ عناصر اربعہ کی بھاپ سے پیدا کئے گئے، کسی عنصر کا اس میں غلبہ نہیں تھا، اس لئے ان میں کمالِ اعتدال رہا، وہ اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بندے بنے، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کرتے۔﴿لاَيَسْبِقُوْنَهُ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِأَمْرِهِ يَعْمَلُوْنَ﴾: وہ اللہ سے آگے بڑھ کر بات نہیں کرتے اور وہ ان کے حکم کے موافق کام کرتے ہیں۔ (سورۃ الانبیاء آیت ۲۷)

پھر ایک مدت کے بعد اللہ تعالیٰ نے جنات کے جدامجد جانّ کو پیدا کیا، وہ بھی عناصر اربعہ سے پیدا کئے گئے، مگر ان کے آمیزہ میں آگ کا غلبہ تھا، اس لئے وہ ناری مخلوق کہلائے، جنات میں خیر وشر کی صلاحتیں ہیں، اور جس طرح فرشتے اللہ کی بندگی کے لئے پیدا کئے گئے ہیں، جنات بھی اللہ کی بندگی کے لئے پیدا کئے گئے ہیں، سورۃ الذاریات آیت ۵۶ ہے:﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ﴾: اور میں نے جنات اور انسانوں کو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ وہ میری بندگی کریں۔

پھر ملائکہ کے لئے تو رسالت کی ضرورت نہیں تھی وہ تو اپنی فطرت سے اللہ کی عبادت کرتے تھے، مگر جنات میں خیر وشر کی صلاحیتیں جمع تھیں اور نتیجہ ارذل کے تابع ہوتا ہے اس لئے شر غالب آجاتا تھا، چنانچہ ان میں رسالت کا سلسلہ جاری ہوا، اور اللہ کی ہدایت کے مطابق مؤمنین اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے لگے، اور ناہنجار دنگا فساد کرنے لگے۔

پھر ایک لمبے عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے جدامجد حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا، ان کو بھی عناصر اربعہ سے پیدا کیا، مگر ان کے آمیزہ میں مٹی کا غلبہ تھا اس لئے وہ خاکی مخلوق کہلائے، انسانوں میں بھی خیر وشر کی دونوں صلاحیتیں رکھی گئیں اور انسانوں کو بھی اللہ تعالیٰ نے اپنی بندگی کے لئے پیدا کیا، جیسا کہ سورۃ الذاریات کی آیت میں گذرا۔

پس جب جنات اور انسان اللہ کے نازل کردہ احکام کی اطاعت کریں گے اور اللہ کی بندگی کریں گے تو دونوں جنت کی نعمتوں سے سرفراز ہونگے، اور جو روگردانی کریں گے وہ جہنم کے عذاب سے دوچار ہونگے، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے

سورۃ الانعام کی آیت ۱۳۰ سے یہ مسئلہ ثابت کیا ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالإِنْسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِنكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي وَيُنْذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا﴾: اے جن وانس! کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آئے، جو تمہارے سامنے میرے احکام بیان کرتے تھے، اور تم کو آج کے اس دن (قیامت) کی خبر دیا کرتے تھے؟ وہ سب عرض کریں گے: ہم اپنی ذاتوں کے خلاف (جرم کا) اقرار کرتے ہیں، اس آیت کریمہ سے دو باتیں معلوم ہوئیں: ایک: رسول جنات میں بھی آئے ہیں، رہی یہ بات کہ انسانوں کے وجود کے بعد رسالت کا سلسلہ جنات میں باقی رہا یا ان کو انسانوں کے تابع کر دیا گیا؟ جمہور کی رائے یہ ہے کہ اب وہ انسانوں کے تابع ہیں، اب ان میں رسالت کا سلسلہ نہیں رہا، لیکن پہلے ان میں رسالت کا سلسلہ ماننا پڑے گا، کیونکہ جب وہ مکلّف مخلوق ہیں اور ان میں خیر وشر کے دونوں جذبات ہیں تو ضروری ہے کہ اللہ کی طرف سے ان کی راہنمائی کی جائے۔

اور حاشیہ میں امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کا ایک مناظرہ لکھا ہے: اللہ جانے وہ صحیح ہے یا نہیں؟ اس مناظرہ میں امام اعظم رحمہ اللہ کا قول لکھا ہے کہ جنات کی جزاء عذاب سے بچ جانا ہے، وہ جنت میں نہیں جائیں گے اور امام مالک رحمہ اللہ کہتے ہیں: جن وانس کے احکام ایک ہیں، جنات بھی جنت وجہنم میں جائیں گے، یہ مناظرہ صحیح نہیں معلوم ہوتا، کیونکہ نیک بندوں کی جزاء اگر عذاب سے بچ جانا ہے تو سرکش جنات کی سزا کیا ہوگی؟

ایک واقعہ: کسی عالم سے پوچھا گیا: جنات آگ سے پیدا کئے گئے ہیں، پھر جہنم کی سزا ان کے لئے کیا معنی رکھتی ہے؟ آگ آگ میں ڈالی جائے تو آگ کو کیا تکلیف ہوگی؟ عالم صاحب نے ایک ڈھیلا اٹھا کر مارا، وہ چلانے لگا، عالم صاحب نے کہا: جب آپ خاکی مخلوق ہیں تو ڈھیلے سے آپ کو تکلیف کیوں ہوئی؟ یہ بہت اچھا جواب ہے۔

اور اصل بات یہ ہے کہ جنات میں جو آگ کا عنصر ہے وہ دنیا کی آگ ہے۔ اور دوزخ کی آگ دنیا کی آگ سے ستر گنا تیز ہے، اور ضعیف آگ کو قوی آگ سے تکلیف پہنچتی ہے، پہلے یہ روایت آئی ہے کہ جہنم نے شکایت کی: **أكل بعضي بعضا**: میرا بعض بعض کو کھا گیا! معلوم ہوا کہ آگ کو بھی آگ سے تکلیف پہنچتی ہے۔

فائدہ: اس زمین پر بے شمار مخلوقات ایک ساتھ بسی ہوئی ہیں، ان میں زمینی فرشتے، جنات اور انسان بھی ہیں، ان میں اللہ تعالیٰ نے آڑ رکھی ہے، اور یہ آڑ لطافت وکثافت کی ہے، لطیف مخلوق کو کثیف مخلوق نظر آتی ہے اور کثیف کو لطیف نظر نہیں آتی، جیسے کمرے میں ہوا بھری ہوئی ہے مگر وہ ہمیں نظر نہیں آتی، کیونکہ وہ لطیف ہے، پس انسانوں کو جو سب سے کثیف ہیں عام طور پر جنات اور فرشتے نظر نہیں آتے اور جنات کو انسان نظر آتے ہیں، فرشتے نظر نہیں آتے، اور فرشتوں کو انسان اور جنات دونوں نظر آتے ہیں، اور یہ مضمون سورۃ الرحمٰن کے اشاروں سے سمجھ میں آتا ہے: اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایسی مٹی سے جو ٹھیکرے کی طرح بجتی تھی پیدا کیا، اور جنات کو خالص آگ سے پیدا کیا، دونوں کے پروردگار اللہ تعالیٰ ہیں، کیونکہ وہ مشرق اور مغرب کے مالک ہیں، مشرق اور مغرب میں تضاد ہے، اسی طرح مٹی اور آگ میں تضاد ہے، پس جیسے اللہ تعالیٰ مشرق

ومغرب کے مالک ہیں، انسانوں اور جنات کے بھی مالک ہیں، پھر فرمایا: اس نے دو دریاؤں کو ملایا، اس طرح کہ باہم ملے ہوئے چل رہے ہیں، اور ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے جس کی وجہ سے ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرتا، میٹھے اور کڑوے پانی میں بھی لطافت وکثافت کا فرق ہے، اس لئے وہ دونوں ایک دوسرے سے نہیں ملتے، جیسے پانی میں گھی یا تیل ڈالا جائے تو نہیں ملے گا، یہاں بھی ہلکے بھاری ہونے کا فرق ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے انسان اور جنات کے درمیان آڑ رکھی ہے، اور وہ عام طور پر ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرتے، پھر فرمایا: دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں، اسی طرح انسان اور جنات کو ایک ساتھ بسانے میں بھی فوائد ہیں، جو اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں۔

پھر حضرت رحمہ اللہ نے مفردات جمع کر کے ان آیات کی طرف اشارہ کیا ہے جن میں جنات کا تذکرہ آیا ہے:

۱-سورۃ الجن آیت ۱۳ ہے: ﴿فَمَنْ يُّؤْمِنْ بِرَبِّهِ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا﴾: جو شخص اپنے رب پر ایمان لائے گا اس کو نہ کسی کمی کا اندیشہ ہوگا اور نہ زیادتی کا۔ بَخْسًا کے معنی ہیں: کمی۔

۲-سورۃ الصافات آیت ۱۵۸ ہے: ﴿وَجَعَلُوْا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا﴾: کفار نے اللہ اور جنات میں رشتہ قائم کیا۔ مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کفار قریش فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں اور جنات کے سرداروں کی لڑکیوں کو ان کی مائیں کہتے تھے، پس جنات اللہ تعالیٰ کے سسرالی ہوئے، اس کا جواب اگلی آیت میں ہے: ﴿وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ﴾: اور جنات بالیقین جانتے ہیں کہ وہ قیامت کے دن عذاب میں گرفتار ہونگے، جبکہ کوئی سسرالیوں کو سزا نہیں دیتا، اگر جنات اللہ کے سسرالی ہیں تو وہ عذاب میں گرفتار کیوں ہونگے؟

پھر باب میں ایک حدیث ہے جو پہلے آئی ہے، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے کہا: میں دیکھ رہا ہوں کہ تجھے بکریوں سے اور جنگل سے محبت ہے پس جب تو اپنی بکریوں میں اور جنگل میں ہو اور نماز کا وقت آئے تو اذان دے اور بہت بلند آواز سے اذان دے، اس لئے کہ مؤذن کی آواز جو بھی جنات یا انسان یا کوئی دوسری چیز سنتی ہے تو وہ اس کے لئے قیامت کے دن گواہی دے گی (جنات کا ذکر آ گیا)

[۱۲-] بَابُ ذِكْرِ الْجِنِّ وَثَوَابِهِمْ وَعِقَابِهِمْ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالإِنْسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رَسُلٌ مِنكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ آيَاتِيْ﴾ الآيَةَ.

[۱-] بَخْسًا: نَقْصًا. [۲-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وَجَعَلُوْا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا﴾ قَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ: الْمَلاَئِكَةُ بَنَاتُ اللّٰهِ، وَأُمَّهَاتُهُمْ بَنَاتُ سَرَوَاتِ الْجِنِّ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ﴾ عِنْدَ الْحِسَابِ.

[۳۲۹۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ

الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ، قَالَ لَهُ: إِنِّيْ أَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَالْبَادِيَةَ، فَإِذَا كُنْتَ فِيْ غَنَمِكَ وَبَادِيَتِكَ، فَأَذَّنْتَ بِالصَّلاَةِ فَارْفَعْ صَوْتَكَ بِالنِّدَاءِ، فَإِنَّهُ لاَ يَسْمَعُ مَدَى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَلاَ إِنْسٌ وَلاَ شَيْئٌ إِلَّا شَهِدَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۶۰۹]

بَابُ قَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِنَ الْجِنِّ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿فِيْ ضَلاَلٍ مُبِيْنٍ﴾

جنات کا نبی ﷺ پر ایمان لانا اور اپنی قوم کو ایمان کی دعوت دینا

یہ تکمیلی باب ہے، گذشتہ باب میں یہ مضمون تھا کہ جنات مکلّف مخلوق ہیں، اب اسی مضمون کو سورۃ الاحقاف کی آیات ۲۹-۳۲ سے ثابت کرتے ہیں، ارشاد پاک ہے: ﴿وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِنَ الْجِنِ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْآنَ، فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْا أَنْصِتُوْا، فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلٰى قَوْمِهِمْ مُنْذِرِيْنَ. قَالُوْا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَاباً أُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِمَابَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْ إِلَى الْحَقِّ وَإِلٰى طَرِيْقٍ مُسْتَقِيْمٍ، يَاقَوْمَنَا أَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَآمِنُوْا بِهِ يَغْفِرْلَكُمْ مِنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيْمٍ، وَمَنْ لاَ يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِنْ دُوْنِهِ أَوْلِيَاءَ، أُوْلٰئِكَ فِيْ ضَلاَلٍ مُبِيْنٍ﴾:

ترجمہ: اور یاد کرو جب ہم نے جنات کی ایک جماعت کو آپؐ کی طرف پھیرا، وہ قرآن سننے لگے، پھر جب وہ آپؐ کے پاس آپہنچے تو کہنے لگے: خاموش رہو (اور قرآن سنو) پھر جب قرآن پڑھا جاچکا تو وہ اپنی قوم کی طرف ڈرانے والے بن کر واپس لوٹے، کہنے لگے: بھائیو! ہم ایک کتاب سن کر آئے ہیں جو موسیٰ کے بعد نازل کی گئی ہے جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور حق اور راہِ راست کی طرف راہنمائی کرتی ہے، بھائیو! اللہ کی طرف بلانے والے کا کہنا مانو، اور ان پر ایمان لاؤ، اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کریں گے، اور تم کو دردناک عذاب سے بچائیں گے، اور جو شخص اللہ کی طرف بلانے والے کا کہنا نہیں مانے گا وہ زمین میں ہرا نہیں سکتا اور اللہ کے علاوہ کوئی اس کا حامی بھی نہ ہوگا، ایسے لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔

شانِ نزول: بعثتِ نبوی کے وقت جنات کو آسمانی خبریں سننے سے شعلوں کے ذریعہ روک دیا گیا، جنات میں مشورہ ہوا کہ تحقیق کرنی چاہئے کہ کیا واقعہ دنیا میں رونما ہوا ہے، جس کے سبب ہم پر پابندی لگی ہے، چنانچہ زمین کے مختلف حصوں میں تحقیق کے لئے جنات روانہ کئے گئے، ایک وفد تہامہ کی طرف بھیجا گیا، ایک دن نبی ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ بطن نخلہ میں قیام پذیر تھے آپؐ کا ارادہ سوق عکاظ جانے کا تھا، وہاں آپؐ صبح کی نماز پڑھا رہے تھے، جنات کا وفد اتفاقاً وہاں پہنچا اور قرآن سن کر کہنے لگا: یہی وہ نیا کلام ہے جو ہمارے اور آسمانی خبروں کے درمیان حائل ہوا ہے، وہ قرآنِ کریم سن کر ایمان لاکر اپنی قوم کے پاس واپس گئے اور ان کو خبر سنا کر ایمان کی ترغیب دی، آپؐ کو اس وقت ان کے آنے کی خبر نہیں ہوئی، جب سورۂ

جن نازل ہوئی تو آپ کو اطلاع ہوئی۔

لغت: پہلی آیت میں صرفنا آیا ہے، اس کے معنی ہیں: وَجَّھْنَا: پھیرا، اور اسی مادہ سے سورۂ کہف آیت ۵۳ میں مَصْرِفًا آیا ہے، اس کے معنی ہیں: بچنے کی جگہ، مَعْدِلاً: پناہ گاہ۔

[۱۳-] بَابُ قَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِنَ الْجِنِّ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿فِيْ ضَلَالٍ مُبِيْنٍ﴾ ﴿مَصْرِفًا﴾: مَعْدِلاً، ﴿صَرَفْنَا﴾: وَجَّهْنَا.

بَابُ قَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ﴾

اللہ تعالیٰ نے زمین میں ہر قسم کے حیوانات پھیلا دیئے

اس باب میں ملائکہ اور جنات کے علاوہ دیگر مخلوقات کا تذکرہ ہے، جو زمین میں پائی جاتی ہیں، اور آگے جو تین باب آرہے ہیں وہ خواہ مخواہ کے ابواب ہیں، بعض نسخوں میں وہ ابواب نہیں ہیں، اس کتاب کے ختم تک یہی باب چلنا چاہئے، کیونکہ ساری حدیثیں اسی سے متعلق ہیں۔

اور امام بخاریؒ چونکہ روایات کے پابند ہیں اور روایات میں بھی اعلی درجہ کی صحیح حدیثوں کا خود کو پابند بنایا ہے، اس لئے اس باب میں صرف سولہ حیوانات کا تذکرہ کیا ہے، سانپ بچھو، اونٹ بکریاں، گھوڑے گدھے، کتا بلّی، مکھی چیونٹی، چیل کوّے، چوہے مرغے، چھپکلی اور زمین کے کیڑے۔ اور باب میں اٹھائیس حدیثیں ہیں جن میں سے بارہ نئی ہیں باقی پہلے آچکی ہیں۔

اور باب میں جو آیت لکھی ہے وہ سورۃ البقرہ کی آیت ۱۶۴ ہے، اس کے بعد حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول لائے ہیں، سورۃ الاعراف آیت ۱۰۷ میں ثُعْبان ہے، حضرت ابن عباسؓ نے اس کا ترجمہ 'مذکر سانپ' کیا ہے اور دوسرے حضرات کہتے ہیں: سانپ کی بہت اقسام ہیں، ایک: جانّ: سفید سانپ، دوسرا: أفعی: ناگن، تیسرا: أسود: ناگ ہے۔

اور سورۂ ہود آیت ۵۶ میں ہے: ﴿مَامِنْ دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا﴾: روئے زمین پر جتنے چلنے والے جانور ہیں، سب کی چوٹی اللہ نے پکڑ رکھی ہے، یعنی سب اس کے قبضہ میں ہیں، اس کے حکم کے بغیر کوئی کان نہیں ہلا سکتا۔

اور سورۃ الملک آیت ۱۹ میں ہے: ﴿أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ﴾: کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر پرندوں کی طرف نظر نہیں کی، جو پَر پھیلائے ہوئے اور پَر سمیٹے ہوئے ہیں۔ صافات کے معنی: پَر پھیلائے ہوئے اور یقبضن کے معنی ہیں: پَر سکیڑے ہوئے، پرندہ جب اڑتا ہے تو پَر پھیلاتا ہے اور اڑان کے دوران سمیٹتا بھی ہے، پس اگر کوئی خیال کرے کہ پرندہ فضاء میں پروں کے سہارے رکا ہوا ہے تو بتایا جائے کہ جب وہ پر سکیڑتا ہے تو اس کو کون روکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ ہی روکتے ہیں!

[١٤-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ﴾

[١-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الثُّعْبَانُ: الْحَيَّةُ الذَّكَرُ مِنْهَا. [٢-] يُقَالُ: الْحَيَّاتُ أَجْنَاسٌ: الْجَانُّ، وَالْأَفَاعِيْ، وَالْأَسَاوِدُ. [٣-] ﴿آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا﴾ فِيْ مُلْكِهِ وَسُلْطَانِهِ. [٤-] يُقَالُ ﴿صَافَّاتٍ﴾ بُسُطٌ أَجْنِحَتُهُنَّ. ﴿يَقْبِضْنَ﴾: يَضْرِبْنَ بِأَجْنِحَتِهِنَّ.

اس کے بعد شروع کی تین روایتوں میں سانپوں کا ذکر ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی ﷺ سے تقریر میں سنا، آپؐ نے فرمایا: سانپوں کو مار ڈالو، اور (خاص طور پر) دودھاری اور دم بریدہ سانپوں کو مار ڈالو، اس لئے کہ وہ دونوں نگاہ کو مٹاتے ہیں اور حمل کو گراتے ہیں (دودھاری سانپ وہ ہے جس کی پیٹھ پر دو لکیریں ہوتی ہیں، اور دم بریدہ سانپ وہ ہے جو دیکھنے میں دم کٹا نظر آتا ہے، یہ دونوں سانپ جب انسان کی نگاہ سے نگاہ ملاتے ہیں تو آدمی اندھا ہو جاتا ہے اور حاملہ عورت کی نظر سے نظر ملاتے ہیں تو اس کا حمل گر پڑتا ہے، یعنی یہ دونوں سانپ کاٹے بغیر بھی ضرر پہنچاتے ہیں، ان کے پاس ریموٹ کنٹرول ہے، اس لئے ان دو سانپوں کو مت چھوڑو)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس درمیان کہ میں ایک سانپ کو دھتکار رہا تھا تاکہ اس کو مار ڈالوں، پس مجھ سے حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے پکار کر کہا: اس کو مت مارو، میں نے کہا: نبی ﷺ نے سانپوں کو مار ڈالنے کا حکم دیا ہے، حضرت ابولبابہؓ نے کہا: نبی ﷺ نے اس کے بعد گھروں کے سانپوں کو مارنے سے منع کیا ہے، جن کو عوامر کہتے ہیں، یعنی گھروں کو بسانے والے (یہ سانپ مدینہ کے گھروں میں ہوتے تھے مگر اب نہیں ہوتے۔ ابن المبارک رحمہ اللہ نے فرمایا: وہ چاندی کے تار کی طرح سفید ہوتے ہیں، اور سیدھے چلتے ہیں، لہراتے ہوئے نہیں چلتے)

[٣٢٩٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّـهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: "اقْتُلُوْا الْحَيَّاتِ، اقْتُلُوْا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْأَبْتَرَ، فَإِنَّهُمَا يَطْمِسَانِ الْبَصَرَ، وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ" [انظر: ٣٣١٠، ٣٣١٢، ٤٠١٦]

[٣٢٩٨-] قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَبَيْنَا أَنَا أُطَارِدُ حَيَّةً لِأَقْتُلَهَا، فَنَادَانِيْ أَبُوْ لُبَابَةَ: لَا تَقْتُلْهَا. فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ أَمَرَ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ، فَقَالَ: إِنَّـهُ نَهَى بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ، وَهِيَ الْعَوَامِرُ. [انظر: ٣٣١١، ٣٣١٣]

[٣٢٩٩-] وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، فَرَآنِيْ أَبُوْ لُبَابَةَ أَوْ زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَتَابَعَهُ يُوْنُسُ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ، وَإِسْحَاقُ الْكَلْبِيُّ، وَالزُّبَيْدِيُّ، وَقَالَ صَالِحٌ، وَابْنُ أَبِيْ حَفْصَةَ، وَابْنُ مُجَمِّعٍ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: فَرَآنِي أَبُوْ لُبَابَةَ وَزَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ.

سند کی بحث: یہ حدیث سب سے پہلے معمر بن راشد کے شاگرد ہشام بن یوسف صنعانی کی سند سے لائے ہیں اس میں شک نہیں ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ بات حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے کہی ہے، اور معمر کے دوسرے شاگرد عبدالرزاق صنعانی کی روایت میں شک ہے، أو شک راوی کے لئے ہے، اور چار راوی عبدالرزاق کے متابع ہیں، ان کی روایتوں میں بھی شک ہے اور معمرؒ یہ روایت زہریؒ سے کرتے ہیں اور زہریؒ کے دوسرے شاگرد ابولبابہ اور زید بن الخطاب کو جمع کرتے ہیں، ان کی روایت میں أو نہیں ہے، واؤ ہے، یعنی ابولبابہؓ اور زیدؓ دونوں نے ابن عمرؓ کو دیکھا، اور صحیح یہ ہے کہ حضرت ابولبابہؓ نے دیکھا تھا، حضرت زیدؓ کا تذکرہ وہم ہے۔ اگلے باب کے آخر میں یہ حدیث دوسری سند سے آرہی ہے اس میں شک نہیں ہے۔

بَابٌ: خَيْرُ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ

مسلمان کا بہترین مال وہ بکریاں ہیں جن کو لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹیوں پر چلا جائے

حاشیہ میں ہے کہ بخاری شریف کے اکثر نسخوں میں یہاں باب ہے، مگر نسفی کے نسخہ میں نہیں ہے، اور اسماعیلی نے بھی مستخرج میں یہ باب ذکر نہیں کیا، اور یہی مناسب ہے، اس لئے کہ باب کی حدیثوں میں سے صرف ایک حدیث کا باب سے تعلق ہے باقی حدیثوں کا تعلق گذشتہ باب سے ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ زمانہ قریب ہے کہ ہوگا مسلمان کا بہترین مال وہ بکریاں جن کو لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور بارش برسنے کی جگہوں میں چلا جائے گا، وہ اپنے دین کے ساتھ فتنوں سے بھاگے گا'' (یہ اس خانہ جنگی کی طرف اشارہ ہے جو امت میں ایک وقت کے بعد شروع ہوئی اور اس حدیث میں مشورہ ہے کہ اس وقت الگ تھلگ رہا جائے، آبادی میں رہ کر الگ تھلگ نہ رہ سکے تو جنگل میں اور پہاڑوں میں چلا جائے)

[۱۵-] بَابٌ: خَيْرُ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ

[۳۳۰۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِى مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِى صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' يُوْشِكُ أَنْ يَكُوْنَ خَيْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِيْنِهِ مِنَ الْفِتَنِ'' [راجع: ۱۹]

اس کے بعد کی دو حدیثوں میں اونٹوں، گھوڑوں اور بکریوں کا ذکر ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: کفر کا سر مشرق کی جانب ہے (حاشیہ میں ہے کہ یہ ایران کی طرف اشارہ ہے جو کٹر کافر تھے، انھوں نے نامۂ مبارک پھاڑ دیا تھا، مگر میرا خیال ہے کہ یہ مسیلمہ کذاب کے فتنہ کی طرف اشارہ ہے) اور

فخر وغرور گھوڑوں اور اونٹ والوں میں ہے (الفخر اور الخیلاء کے ایک معنی ہیں یعنی گھمنڈ اور تکبر، یہ ان جانوروں کے اثرات ہیں، جن جانوروں کا ساتھ ہوتا ہے ان کا اثر پڑتا ہے) اور وبر والے چلانے والوں میں ہے (وَبَر کے معنی ہیں: اونٹ کے بال اور فدادین کے معنی ہیں: چلانے والے، جو گھوڑے پالتے ہیں ان میں ایک برائی ہوتی ہے: فخر وغرور، اور جو اونٹ پالتے ہیں ان میں دو برائیاں ہوتی ہیں، ایک: فخر وغرور، دوسری: چلانا، کیونکہ اونٹ پالنے والے اونٹوں کی دموں کے ساتھ چلتے ہیں، اور سارے ریوڑ پر چلا کر کنٹرول کرتے ہیں، اس لئے ان میں چلانے کی عادت پڑ جاتی ہے) اور سکون وطمانینت بکریاں پالنے والوں میں ہے (یہ اچھی صفت ہے، بکری مسکین جانور ہے ان کے پالنے والوں میں سکینت پیدا ہوتی ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے اپنے ہاتھ سے یمن کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: ایمان یہاں یمن والوں کا ہے (یعنی ان کے ایمان میں اخلاص ہے) سنو! بیشک قساوت اور سخت دلی اونٹوں کی دموں کی جڑوں کے پاس چلانے والوں میں ہے (قسوۃ اور غلظ القلوب کے ایک معنی ہیں) جہاں سے شیطان کے دو سینگ نکلتے ہیں (یعنی سورج طلوع ہوتا ہے یعنی مدینہ سے مشرق کی جانب) قبائل ربیعہ اور مضر میں (یہ دونوں قبیلے مدینہ سے مشرق کی جانب رہتے تھے ان میں سخت دلی تھی، کیونکہ وہ اونٹ پالتے تھے، اور ان کی دموں کے ساتھ چلتے تھے اور چلا کر پورے ریوڑ پر کنٹرول کرتے تھے)

[۳۳۰۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" رَأْسُ الْكُفْرِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ، وَالْفَخْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِي أَهْلِ الْخَيْلِ وَالإِبِلِ، والْفَدَّادِيْنَ أَهْلِ الْوَبَرِ، وَالسَّكِيْنَةُ فِي أَهْلِ الْغَنَمِ"[انظر: ۳۴۹۹، ۴۳۸۸، ۴۳۸۹، ۴۳۹۰]

[۳۳۰۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنِي قَيْسٌ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو أَبِي مَسْعُوْدٍ، قَالَ: أَشَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ نَحْوَ الْيَمَنِ، فَقَالَ:" الإِيْمَانُ يَمَانٍ هَاهُنَا، أَلَا إِنَّ الْقَسْوَةَ وَغِلَظَ الْقُلُوْبِ فِي الْفَدَّادِيْنَ عِنْدَ أُصُوْلِ أَذْنَابِ الإِبِلِ، حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنَا الشَّيْطَانِ، فِي رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ"
[انظر: ۳۴۹۸، ۴۳۸۷، ۵۳۰۳]

اس کے بعد کی حدیث میں مرغوں اور گدھوں کا ذکر ہے، فرمایا: جب تم مرغوں کا بانگ دینا سنو تو اللہ تعالیٰ سے ان کا فضل مانگو، کیونکہ مرغوں نے کسی فرشتہ کو دیکھا ہے، اور جب تم گدھے کا رینکنا سنو تو شیطان سے اللہ کی پناہ چاہو کیونکہ اس نے کسی شیطان کو دیکھا ہے۔

تشریح: الدِّيَكَة: دِيْك کی جمع ہے، پس دن میں جو اکا دکا مرغ بانگ دیتا ہے وہ مراد نہیں، بلکہ سحری کے وقت یا صبح صادق کے وقت مرغ جو بانگ دیتے ہیں وہ مراد ہے، وہ دعا کی قبولیت کا وقت ہے۔

[٣٣٠٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا سَمِعْتُمْ صِيَاحَ الدِّيَكَةِ فَسَلُوْا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ، فَإِنَّهَا رَأَتْ مَلَكًا، وَإِذَا سَمِعْتُمْ نَهِيْقَ الْحِمَارِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِنَّهَا رَأَتْ شَيْطَانًا"

اور اگلی حدیث پہلے گذری ہے: جب رات کا ایک حصہ آجائے یا فرمایا: جب شام کرو تو بچوں کو روک لو، اس وقت شیاطین پھیلتے ہیں، پھر جب رات کی ایک گھڑی گذر جائے تو بچوں کو چھوڑ دو، اور رات میں گھروں کے دروازے بسم اللہ پڑھ کر بند کرو، اس لئے کہ شیطان کسی بند دروازے کو نہیں کھولتا، یہ روایت ابن جریج نے عطاء بن رباحؒ سے کی ہے، اور وہ یہ روایت عمرو بن دینار سے بھی کرتے ہیں، اس میں واذکروا اسم اللہ نہیں ہے، یعنی دروازہ بسم اللہ پڑھ کر بند کرو، یہ بات نہیں ہے، مگر ثقہ کی زیادتی معتبر ہے۔

سوال: زمینی جانوروں کا باب ہے اور اس حدیث میں کسی جانور کا ذکر نہیں، پھر حدیث کی باب سے کیا مناسبت ہے؟

جواب: شیاطین سے عام مراد ہے، شریر جنات اور شریر انسانوں کے ساتھ ڈنگی جانور بھی مراد ہیں، شام کے وقت جانور گھر لوٹتے ہیں، اور بعض جانور شریر ہوتے ہیں، بچوں کو نقصان پہنچاتے ہیں اس لئے اس وقت بچوں کو روک لینا چاہئے۔

[٣٣٠٤-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا رَوْحٌ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا كَانَ جُنْحُ اللَّيْلِ أَوْ: أَمْسَيْتُمْ فَكُفُّوْا صِبْيَانَكُمْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ تَنْتَشِرُ حِيْنَئِذٍ، فَإِذَا ذَهَبَتْ سَاعَةٌ مِنَ اللَّيْلِ فَخَلُّوْهُمْ، وَأَغْلِقُوْا الأَبْوَابَ، وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَايَفْتَحُ بَابًا مُغْلَقًا" قَالَ: وَأَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ: أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ نَحْوَ مَا أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ وَلَمْ يَذْكُرْ: اذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ" [راجع: ٣٢٨٠]

اگلی حدیث میں چوہوں کا ذکر ہے، اور یہ حدیث اسی جگہ آئی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل کی ایک امت گم ہوگئی، پتا نہیں چلا کہ ان کا کیا ہوا، اور میرا گمان یہ ہے کہ ان کو چوہوں کی شکل میں مسخ کیا گیا (اور آج کے چوہے ان کی نسل ہیں) اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جب چوہے کے سامنے اونٹ کا دودھ رکھا جاتا ہے تو نہیں پیتا (کیونکہ بنی اسرائیل پر اونٹ کا دودھ حرام تھا) اور جب اس کے سامنے بکری کا دودھ رکھا جاتا ہے تو پیتا ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث کعب احبارؒ سے بیان کی تو انھوں نے بار بار پوچھا: کیا آپؓ نے یہ حدیث نبی ﷺ سے سنی ہے؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: ہاں، پھر کہا: میں تورات (اہل کتاب کی کتابیں) تھوڑے پڑھتا ہوں (جو اسرائیلی روایات بیان کروں؟)

تشریح: حاشیہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث لکھی ہے: نبی ﷺ کے سامنے بندروں اور خنزیروں

کا تذکرہ آیا، آپؐ نے فرمایا: مسخ شدہ امت کی نسل نہیں چلتی، اور بندر اور خنزیر تو پہلے بھی تھے، یعنی جو بنی اسرائیل بندر اور خنزیر بنائے گئے تھے وہ سب مر گئے، آج جو بندر اور خنزیر ہیں وہ ان کی نسل نہیں ہیں، کیونکہ مسخ شدہ لوگوں کی نسل نہیں چلتی، علاوہ ازیں: بندر اور خنزیر پہلے بھی تو تھے، پس نبی ﷺ کا ارشاد: وإني لا أراها إلا الفأر: ایک خیال ہے، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث سے معلوم ہوا کہ آج جو چوہے ہیں وہ ان مسخ شدہ بنی اسرائیل کی نسل نہیں ہیں۔

[۳۳۰۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "فُقِدَتْ أُمَّةٌ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، لاَ يُدْرَى مَا فَعَلَتْ، وَإِنِّيْ لاَ أُرَاهَا إِلَّا الْفَأْرَ، إِذَا وُضِعَ لَهَا أَلْبَانُ الإِبِلِ لَمْ تَشْرَبْ، وَإِذَا وُضِعَ لَهَا أَلْبَانُ الشَّاءِ شَرِبَتْ" فَحَدَّثْتُ كَعْبًا فَقَالَ: أَأَنْتَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ فَقَالَ لِيْ مِرَارًا، فَقُلْتُ: أَفَأَقْرَأُ التَّوْرَاةَ؟

اس کے بعد کی حدیث میں گرگٹ چھپکلی کا ذکر ہے، اور حدیث پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے وزغ کو چھوٹا شرارتی کہا ہے (الْفُوَيْسِق: الفاسق کی تصغیر ہے، اس کے معنی ہیں: چھوٹا شرارتی، اور وَزَغ: جمع ہے وَزَغة کی، سام ابرص (چھپکلی) اور حَرباء (گرگٹ) کو کہتے ہیں، دونوں کو مار دینا چاہئے۔ اور صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: چھپکلی کو مارنے کی بات میں نے حضور ﷺ سے نہیں سنی، مگر حضرت سعد بن ابی وقاص اور ام شریک رضی اللہ عنہما نے یہ بات روایت کی ہے، پس چھپکلی گرگٹ کو مارنے کا حکم ہے۔

[۳۳۰۶-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، ثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِلْوَزَغِ: "الْفُوَيْسِقُ" وَلَمْ أَسْمَعْهُ أَمَرَ بِقَتْلِهِ. [راجع: ۱۸۳۱]

وَزَعَمَ سَعْدُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِقَتْلِهِ.

[۳۳۰۷-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا ابْنُ عُيَيْنَةَ، ثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ: أَنَّ أُمَّ شَرِيْكٍ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَهَا بِقَتْلِ الْأَوْزَاغِ. [انظر: ۳۳۵۹]

اس کے بعد کی حدیثوں میں سانپوں کو مارنے کا ذکر ہے، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جو فرمایا ہے کہ نبی ﷺ نے سانپوں کو مارنے کا حکم دیا ہے، اس کا شان ورود یہ ہے کہ نبی ﷺ کے گھر میں ایک دیوار ڈھائی گئی، اس میں سانپ کی اتری ہوئی کھال ملی، آپؐ نے فرمایا: دیکھو سانپ کہاں ہے؟ دیکھا تو مل گیا، آپؐ نے فرمایا: اس کو مار ڈالو، اس ارشاد کی وجہ سے پہلے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہر سانپ کو مار ڈالا کرتے تھے، پھر حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے ان کو بتایا کہ گھروں میں جو سانپ ہوتے ہیں ان کو مارنے سے نبی ﷺ نے منع کیا ہے، چنانچہ ابن عمرؓ ان کو مارنے سے رک گئے۔

[۳۳۰۸-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اقْتُلُوْا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ، فَإِنَّـهُ يَطْمِسُ الْبَصَرَ، وَيُصِيْبُ الْحَبَلَ" تابَعَ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَبَا أُسَامَةَ. [انظر: ۳۳۰۹]

[۳۳۰۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ هِشَامٍ، ثَنِى أَبِىْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ أَمَرَ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم بِقَتْلِ الْأَبْتَرِ، وَقَالَ: "إِنَّـهُ يُصِيْبُ الْبَصَرَ وَيُذْهِبُ الحَبَلَ"[راجع: ۳۳۰۸]

[۳۳۱۰-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا ابْنُ أَبِىْ عَدِيٍّ، عَنْ أَبِىْ يُوْنُسَ الْقُشَيْرِيِّ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقْتُلُ الْحَيَّاتِ، ثُمَّ نَهَى، قَالَ: إِنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم هَدَمَ حَائِطًا لَهُ فَوَجَدَ فِيْهِ سِلْخَ حَيَّةٍ، فَقَالَ: "انْظُرُوْا أَيْنَ هُوَ؟" فَنَظَرُوْا، فَقَالَ: "اقْتُلُوْهُ" فَكُنْتُ أَقْتُلُهَا لِذٰلِكَ.[راجع: ۳۲۹۷]

[۳۳۱۱-] فَلَقِيْتُ أَبَا لُبَابَةَ فَأَخْبَرَنِىْ أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لاَ تَقْتُلُوْا الْجِنَّانَ إِلَّا كُلَّ أَبْتَرَ ذِى طُفْيَتَيْنِ، فَإِنَّـهُ يُسْقِطُ الْوَلَدَ وَيُذْهِبُ الْبَصَرَ، فَاقْتُلُوْهُ"[راجع: ۳۲۹۸]

[۳۳۱۲-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّـهُ كَانَ يَقْتُلُ الْحَيَّاتِ.[راجع: ۳۲۹۷]

[۳۳۱۳-] فَحَدَّثَهُ أَبُوْ لُبَابَةَ: أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ قَتْلِ جِنَّانِ الْبُيُوْتِ، فَأَمْسَكَ عَنْهَا.[راجع: ۳۲۹۸]

بَابٌ: خُمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ فَوَاسِقُ يُقْتَلْنَ فِى الْحَرَمِ

پانچ جانور شرارتی ہیں ان کو حرم میں قتل کیا جائے

یہ بھی خواہ مخواہ کا باب ہے، ایک دو ہی حدیثوں کا اس سے تعلق ہے، باقی حدیثیں گذشتہ سے پیوستہ باب سے جڑی ہوئی ہیں، اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: پانچ جانور شرارتی ہیں، حرم میں (بھی اور احرام میں بھی) قتل کئے جائیں: چوہا، بچھو، چیل، کوّا اور کاٹنے والا کتّا۔

[۱۶-] بَابٌ: خُمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ فَوَاسِقُ يُقْتَلْنَ فِى الْحَرَمِ

[۳۳۱۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "خَمْسٌ فَوَاسِقُ، يُقْتَلْنَ فِى الْحَرَمِ: الْفَارَةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْحُدَيَّا، وَالْغُرَابُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ"[راجع: ۱۸۲۹]

[۳۳۱۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ مَنْ قَتَلَهُنَّ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ: الْعَقْرَبُ، وَالْفَارَةُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ، وَالْغُرَابُ، وَالْحِدَأَةُ"[راجع: ۱۸۲۶]

اس کے بعد والی حدیث بھی پہلے گذری ہے، مگر الفاظ نئے ہیں اور مضمون مفصل ہے اس لئے بعد میں ترجمہ ہے۔

[۳۳۱۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثَنَا كَثِيْرٌ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، رَفَعَهُ، قَالَ: "خَمِّرُوْا الآنِيَةَ، وَأَوْكُوْا الأَسْقِيَةَ، وَأَجِيْفُوْا الأَبْوَابَ، وَاكْفِتُوْا صِبْيَانَكُمْ عِنْدَ الْمَسَاءِ، فَإِنَّ لِلْجِنِّ انْتِشَارًا وَخَطْفَةً، وَأَطْفِئُوْا الْمَصَابِيْحَ عِنْدَ الرُّقَادِ، فَإِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ رُبَّمَا اجْتَرَّتِ الْفَتِيْلَةَ فَأَحْرَقَتْ أَهْلَ الْبَيْتِ" قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَحَبِيْبٌ عَنْ عَطَاءٍ: "فَإِنَّ لِلشَّيَاطِيْنِ"[راجع: ۳۲۸۰]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا (رات میں) برتنوں کو ڈھانک دو، اور مشکیزہ کا منہ باندھ دو، اور دروازے بھیڑ دو، اور شام کے وقت اپنے بچوں کو روک لو، اس لئے کہ جنات پھیلتے ہیں اور اچک لیتے ہیں اور سوتے وقت چراغ بجھا دو، اس لئے کہ شرارتی (چوہا) کبھی بتی گھسیٹتا ہے اور گھر والوں کو جلا دیتا ہے" یہ کثیر کی روایت ہے اور ابن جریج اور حبیب کی روایت میں جنات کی جگہ شیطان ہے۔

لغات: خَمِّرُوْا تَخْمِيْرًا: ڈھانکنا............أوكوا إيكاءً ا: باندھنا (مشکیزہ کے منہ کو)............أَجيفوا إجافةً: دروازہ بند کرنا............خَطْفَة: جھپٹ لینا۔

اس کے بعد کی حدیث بھی پہلے گذری ہے، نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ ایک غار میں تھے سورۃ المرسلات نازل ہوئی، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم اس سورت کو نبی ﷺ کے منہ سے لے رہے تھے، یعنی آپ پڑھ رہے تھے اور ہم پڑھ رہے تھے، اچانک ایک سانپ اس کے سوراخ سے نکلا، پس ہم اس کی طرف لپکے، تاکہ اس کو مار ڈالیں، وہ ہمارے ہاتھ سے نکل گیا، اور اپنے بل میں گھس گیا، آپؐ نے فرمایا: وہ تمہارے شر سے بچایا گیا، جیسا کہ تم اس کے شر سے بچائے گئے، یعنی وہ نہ تمہیں کاٹنے پایا نہ تم اس کو مار سکے۔

[۳۳۱۷-] حدثناعَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَارٍ، فَنَزَلَتْ: ﴿وَالْمُرْسَلَاتُ عُرْفًا﴾ فَإِنَّا لَنَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيْهِ، إِذْ خَرَجَتْ حَيَّةٌ مِنْ جُحْرِهَا، فَابْتَدَرْنَاهَا لِنَقْتُلَهَا، فَسَبَقَتْنَا فَدَخَلَتْ جُحْرَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيْتُمْ شَرَّهَا"

وَعَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهُ قَالَ: وَإِنَّا لَنَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيْهِ

رَطْبَةً. وَتَابَعَهُ أَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ.
وَقَالَ حَفْصٌ، وَأَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهُ. [راجع: ۱۸۳۰]

سند کا بیان: یہ حدیث اسرائیل سے یحیٰ بن آدم کی ہے، اس میں رطبة (تازہ) نہیں ہے، اور اسرائیل نے یہی حدیث سلیمان اعمش سے بھی روایت کی ہے، اس میں یہ لفظ ہے، ابوعوانہ کی مغیرہ سے روایت میں بھی یہ لفظ ہے، اور اعمش کے دوسرے تین شاگرد سند میں ابراہیم کے بعد علقمہ کا ذکر نہیں کرتے، بلکہ اسود بن یزید کا ذکر کرتے ہیں، اور 'تازہ' کا مطلب ہے: نازل ہوتے ہی یہ سورت ہم نبی ﷺ سے سن کر یاد کر رہے تھے۔

اس کے بعد کی دو حدیثیں بھی پہلے گذری ہیں، ایک عورت نے بلّی کو باندھ دیا، اور وہ بھوکی پیاسی مرگئی، اس کی وجہ سے وہ عورت جہنم میں گئی۔ اور دوسری حدیث میں ایک نبی کا واقعہ ہے، جن کو ایک چیونٹی نے کاٹا تھا، پس انھوں نے اس کا سارا چھتہ جلا دیا، اور اس کا سارا گھر پھونک دیا، پس وحی آئی کہ آپ نے ایک ہی چیونٹی کو سزا کیوں نہ دی!

[۳۳۱۸-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "دَخَلَتِ امْرَأَةٌ النَّارَ فِي هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا، فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَدَعْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ" [راجع: ۳۲۶۵]
قَالَ: ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

[۳۳۱۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "نَزَلَ نَبِيٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَلَدَغَتْهُ نَمْلَةٌ، فَأَمَرَ بِجَهَازِهِ فَأُخْرِجَ مِنْ تَحْتِهَا، ثُمَّ أَمَرَ بِبَيْتِهَا فَأُحْرِقَ بِالنَّارِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ: فَهَلَّا نَمْلَةً وَاحِدَةً؟ [راجع: ۳۰۱۹]

بَابٌ: إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي شَرَابِ أَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ، فَإِنَّ فِي إِحْدَى جَنَاحَيْهِ دَاءً وَفِي الْأُخْرَى شِفَاءً

مشروب میں مکھی گر جائے تو اسے ڈبائے تاکہ اس کے ضرر سے بچ جائے

یہ بھی خواہ مخواہ کا باب ہے، ایک ہی حدیث کا اس سے تعلق ہے باقی حدیثیں سابق باب سے متعلق ہیں۔
حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے مشروب میں مکھی گر جائے تو چاہئے کہ وہ اس کو ڈبائے، پھر

چاہئے کہ وہ اس کو نکالے، کیونکہ اس کے دو پَروں میں سے ایک میں بیماری ہے اور دوسرے میں شفاء ہے۔

تشریح: لوگ غلط فہمی سے سمجھتے ہیں کہ یہ عمل کر کے اس مشروب کو پینا ضروری ہے، پھر کہتے ہیں: چھیں چھیں چھیں! حالانکہ شریعت نے ایسا کوئی حکم نہیں دیا، اگر آدمی کا جی نہ چاہے تو پھینک دے، لیکن اگر مجبوری ہو یا طبیعت نفیس نہ ہو، اور وہ اس مشروب کو استعمال کرنا چاہے تو یہ عمل کر کے استعمال کرے، اگر ایسا نہیں کرے گا تو ضرر پہنچے گا، مکھی کے ایک پَر میں زہر ہوتا ہے، اور دوسرے میں اس کا توڑ ہوتا ہے، جیسے سانپ کے منہ میں زہر اور اس کے سر میں مہرہ ہوتا ہے جو زہر کا توڑ ہے (شفاء کا یہی مطلب ہے) اور ہر حیوان اپنی اچھی چیز کی حفاظت کرتا ہے، مکھی کو جب احساس ہوتا ہے کہ وہ گرنے والی ہے تو وہ اس پَر کو ڈالتی ہے جس میں زہر ہے اور شفاء والے پَر کو بچا رکھتی ہے، اس لئے حکم دیا کہ ڈوبا کر نکالو تا کہ اس کے زہر کا توڑ ہو جائے۔

مسئلہ: اگر کوئی ایسی چیز ہے جس میں مکھی اپنے اوپر قابو نہیں رکھ سکتی جیسے گرم چائے تو ڈوبانے کی ضرورت نہیں۔

[۱۷-] بَابٌ: إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي شَرَابِ أَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ، فَإِنَّ فِي إِحْدَى جَنَاحَيْهِ دَاءً وَفِي الْأُخْرَى شِفَاءً

[۳۳۲۰-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، ثَنِي عُتْبَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ بْنُ حُنَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي شَرَابِ أَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ ثُمَّ لِيَنْزِعْهُ، فَإِنَّ فِي إِحْدَى جَنَاحَيْهِ دَاءً وَفِي الْأُخْرَى شِفَاءً"[انظر: ۵۷۸۲]

اس کے بعد کی تمام حدیثوں میں کتّے کا ذکر ہے، پہلی حدیث یہ ہے کہ ایک رنڈی کی بخشش کی گئی، وہ ایک کتّے کے پاس سے گذری جو کچے کنویں کے کنارہ پر نمناک مٹی چاٹ رہا تھا، اور قریب تھا کہ پیاس سے مر جائے، پس اس عورت نے اپنا موزہ نکالا، اور اس کو اپنی اوڑھنی سے باندھا، اور کنویں سے پانی نکال کر پلایا، چنانچہ اس عمل کی وجہ سے اس کی بخشش کی گئی۔

اور دوسری حدیث ہے کہ جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے، اور تیسری حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے کتوں کو مار ڈالنے کا حکم دیا (یہ وقتی حکم تھا، بعد میں یہ حکم اٹھالیا گیا تھا) اور چوتھی حدیث ہے کہ جس نے کوئی کتا پالا تو روزانہ اس کے عمل سے ایک قیراط ثواب گھٹ جائے گا، مگر کھیتی اور جانور کا کتا مستثنیٰ ہے۔

اور آخری حدیث ہے کہ جس نے کوئی کتا پالا جو نہ کھیتی کے کام کا ہے نہ تھن (بکریوں) کے کام کا، تو روزانہ اس کے عمل سے ایک قیراط ثواب گھٹ جائے گا۔ سائبؒ نے حضرت سفیان رضی اللہ عنہ سے پوچھا: یہ حدیث آپؐ نے خود حضور ﷺ سے سنی ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں، اس قبلہ کے رب کی قسم (معلوم ہوا کہ حضرت سفیانؓ نے یہ حدیث مکہ میں اور حرم شریف میں بیان کی ہے)

[۳۳۲۱-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ صَبَّاحٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، ثَنَا عَوْفٌ، عَنِ الْحَسَنِ، وَابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" غُفِرَ لِامْرَأَةٍ مُوْمِسَةٍ، مَرَّتْ بِكَلْبٍ عَلٰى رَأْسِ رَكِيٍّ يَلْهَثُ، قَالَ: كَادَ يَقْتُلُهُ الْعَطَشُ، فَنَزَعَتْ خُفَّهَا، فَأَوْثَقَتْهُ بِخِمَارِهَا، فَنَزَعَتْ لَهُ مِنَ الْمَاءِ، فَغُفِرَ لَهَا بِذٰلِكَ"[انظر: ۳٤٦٧]

[۳۳۲۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْتُهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ كَمَا أَنَّكَ هَاهُنَا،أَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِیْ طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" لَاتَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةٌ"[راجع: ۳۲۲۵]

[۳۳۲۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ.

[۳۳۲٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ يَحْيَى، ثَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، حَدَّثَهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" مَنْ أَمْسَكَ كَلْبًا يَنْقُصُ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ، إِلَّا كَلْبَ حَرْثٍ أَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ"[راجع: ۲۳۲۲]

[۳۳۲۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا سُلَيْمَانُ، أَخْبَرَنِیْ يَزِيْدُ بْنُ خُصَيْفَةَ: أَخْبَرَنِیْ السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ، أَنَّهُ سَمِعَ سُفْيَانَ بْنَ أَبِیْ زُهَيْرٍ الشَّنَوِيَّ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ:" مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا، لَا يُغْنِیْ عَنْهُ زَرْعًا وَلَا ضَرْعًا، نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ" فَقَالَ السَّائِبُ: أَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: إِیْ وَرَبِّ هٰذِهِ الْقِبْلَةِ.[راجع: ۲۳۲۳]

ابھی کتاب بدءالخلق (کائنات کی تاریخ) پوری نہیں ہوئی

کائنات کا دلہا انسان ہے اوراس کا ذکرابھی نہیں آیااور انسانیت کے چاند تارے انبیاء کرام علیہم السلام ہیں اورآفتاب نبوت سرکارِ مدینہ ﷺ ہیں ان کے بعد اصفیاء (برگزیدہ شخصیات) کا نمبر ہے، اور یہ شخصیات انبیاء کے صحابہ ہیں، اور گذشتہ انبیاء کے صحابہ کا روایات میں مفصل تذکرہ نہیں ہے، مگرسید المرسلین ﷺ کے صحابہ کے احوال محفوظ ہیں، اس لئے آگے کتاب الانبیاء ہے پھراس کے بعد کتاب المناقب ہے جس میں پہلے نبی ﷺ کے احوال مذکور ہیں، پھرمہاجرین کے مناقب ہیں اس کے بعد انصار کے، وہاں پہنچ کر کتاب بدءالخلق ختم ہوگی اوراسی پر بخاری شریف کی جلداول ختم ہوگی۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ الأنبیاء

انبیاء کرام علیہم السلام کا ذکر

ابھی کتاب بدءالخلق (کائنات کی تاریخ) چل رہی ہے، خلقت پیدا کرنے سے مقصود انسان ہے، انسان کا ابھی تذکرہ نہیں آیا، انسان کے جدامجد حضرت آدم علیہ السلام ہیں، ان کے تذکرہ سے کتاب شروع کررہے ہیں، پھر دیگر انبیاء کا ذکر کریں گے، ان کے بعد ان کے اصفیاء کا، پھر خاتم النّبیین سید المرسلین ﷺ کا ذکر کتاب المناقب کے شروع میں کریں گے، اس کے بعد اصفیاء (صحابہ) کا تذکرہ ہے، اس پر یہ جلد ختم ہوگی۔

نبی کے معنی:

أَنْبِيَاء: نَبِیْءٌ کی جمع ہے، تسہیل کے لئے ہمزہ حذف کرکے نَبِیٌّ کہتے ہیں، جو نَبَأٌ سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں: خبر دینا، اور نَبِیْء: فعیل کا وزن بمعنی فاعل ہے یعنی خبر دینے والا۔ نبی وہ شخصیت ہے جو اللہ کی طرف سے انسانوں کو احکام الٰہی کی خبر دیتی ہے یعنی نبی اللہ اور بندوں کے درمیان واسطہ ہوتا ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ نبی کے آخر میں ہمزہ نہیں ہے اور نَبْوَۃ سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں: بلندی، چونکہ انبیاء کا مقام بلند ہے اس لئے ان کو نبی کہا جاتا ہے، لیکن صحیح بات پہلی ہے۔

نبوت وہبی ہے کسبی نہیں:

نعمتِ نبوت اللہ تعالیٰ جسے چاہتے ہیں عنایت فرماتے تھے، کوئی شخص محنت سے یہ مقام حاصل نہیں کرسکتا تھا، اگرچہ مقام نبوت کے لئے کچھ مخصوص صلاحتیں درکار ہیں، مگر جس میں صلاحتیں جمع ہوں وہ نبی بن جائے یہ ضروری نہیں، اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے تھے مرتبۂ نبوت سے سرفراز فرماتے تھے، اور اب نبوت ختم ہوگئی، مگر کمالاتِ نبوت باقی ہیں۔ حدیث میں ہے: اچھے خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں یعنی وہ کمالاتِ نبوت میں سے ہیں، مگر ان کمالات کے اجتماع پر بھی نبوت کسی کو نہیں مل سکتی، کیونکہ خاتم النّبیین ﷺ تشریف لاچکے، اس لئے اب ہر طرح کی نبوت ختم ہے۔

اور حاشیہ میں صحیح ابن حبان کے حوالہ سے حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کی حدیث لکھی ہے کہ انبیاء ایک لاکھ چوبیس ہزار

ہوئے ہیں، ان میں سے تین سو تیرہ رسول ہیں، رسول کے معنی ہیں: قاصد، پیغامبر، بھیجا ہوا یعنی جس شخصیت کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی طرف مبعوث فرمایا تاکہ وہ اللہ کے بندوں کو اللہ کے احکام پہنچائیں، پس لفظ نبی عام ہے اور رسول خاص، نبیوں میں جو بڑے درجہ کی شخصیات ہیں وہ رسول کہلاتی ہیں۔

نبی اور رسول میں فرق:

اگر صرف انسانوں کے تعلق سے دیکھا جائے تو نبی عام ہے اور رسول خاص، صاحب شریعت اور صاحب کتاب رسول کہلاتے ہیں، جن کی تعداد تین سو تیرہ ہے، اور جن حضرات کو رسولوں کی لائی ہوئی شریعت اور کتاب کی تبلیغ کا حکم ہے وہ نبی کہلاتے ہیں، ان کے پاس بھی وحی آتی ہے، مگر نئی کتاب اور نئی شریعت ان پر نازل نہیں ہوتی، پس اس صورت میں دونوں میں خام خاص مطلق کی نسبت ہوگی۔

اور اگر فرشتوں کو بھی شامل کیا جائے تو پھر عام خاص من وجہٍ کی نسبت ہوگی، سورۃ الحج کے آخر میں ہے: ﴿اللّٰهُ يَصْطَفِىْ مِنَ الْمَلَآ ئِكَةِ رُسُلاً وَمِنَ النَّاسِ﴾: اللہ تعالیٰ فرشتوں میں سے اور انسانوں میں سے رسول منتخب فرماتے ہیں، پس بڑے درجہ کے انبیاء نبی بھی ہیں اور رسول بھی اور فرشتے صرف رسول ہیں، نبی نہیں، کیونکہ وہ عام لوگوں کو احکام الٰہی نہیں پہنچاتے، وہ انبیاء ہی کو پیغام الٰہی پہنچاتے ہیں، اور بنی اسرائیل کے انبیاء صرف نبی ہیں رسول نہیں۔

بَابُ خَلْقِ آدَمَ وَذُرِّيَّتِهِ

آدم علیہ السلام اور ان کی ذریت کی تخلیق

آدم میں نسبت کی ی لگاتے ہیں تو آدمی بنتا ہے، یعنی انسان، مرد بھی آدمی ہیں اور عورتیں بھی، بلکہ حضرت آدم علیہ السلام بھی آدمی ہیں، جب آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا اسی وقت ان کی ساری ذریت کو بھی پیدا کر دیا، جیسا کہ آگے آرہا ہے۔ پھر فرشتوں کے بعد جنات کو پیدا کیا، پھر ایک وقت کے بعد انسان کو وجود بخشا، انسان کا پہلا فرد حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔

۱- اور سورۃ البقرہ آیت ۳۰ میں تخلیقِ انسان کا مقصد بیان کیا ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَآ ئِكَةِ إِنِّىْ جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةً﴾: اور وہ وقت یاد کرو جب آپ کے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا: میں زمین میں اپنا ایک نائب بنانے والا ہوں، فرشتوں نے ناہنجار انسانوں کا تذکرہ کیا کہ وہ لوگ آپ کی کیا نیابت کریں گے، وہ زمین میں فساد مچائیں گے اور خون ریزی کریں گے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں جس مصلحت کو جانتا ہوں اس کو تم نہیں جانتے، اور وہ مصلحت یہ ہے کہ انسانوں میں جہاں انتہائی درجہ کے بُرے لوگ ہونگے، انتہائی درجہ کے اعلیٰ صلاحیتوں والے بھی ہونگے، کروبیاں

جن کا دامن دھوکر پیئیں گے اور وہی مقصود خلقت ہیں۔

خلافت کے معنی:

خلافت کے معنی ہیں: نیابت، اور خلیفہ کے معنی ہیں: نائب، کوئی شخص کارخانہ قائم کرے، پھر اس کا منیجر متعین کرے، اور کارخانہ کے لئے قانون بنائے تاکہ منیجر اس کو اپنی ذات پر بھی نافذ کرے اور کارخانہ کے تمام ملازمین پر بھی، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو بشمول ان کی اولاد کے اپنا خلیفہ بنایا ہے، اور ان کو دستورِ اساسی دیا ہے اور مکلّف بنایا ہے کہ وہ اس کو اپنی ذات پر بھی نافذ کریں، اور دوسروں پر بھی، خلافت اور نیابت کا بس اتنا ہی مطلب ہے۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے آدم علیہ السلام کا اور ان کی اولاد کا تذکرہ جن آیات میں آیا ہے ان کے مفردات جمع کر کے ان آیات کی طرف اشارہ کیا ہے۔

۲- سورۃ الحجر آیت ۲۶ ہے: ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا الإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَأٍ مَسْنُوْنٍ﴾: اور ہم نے انسان (نوع انسانی کی اصل اول آدم علیہ السلام) کو بجتی ہوئی مٹی سے جو سڑے ہوئے گارے سے تیار کی گئی تھی پیدا کیا۔ امام بخاریؒ نے صلصال کے دو معنی بیان کئے ہیں:

(۱) وہ مٹی جس میں ریت ملی ہوئی ہو، اور سوکھ کر اس طرح بجنے لگے جس طرح ٹھیکری بجتی ہے، اس صورت میں صلصال اسم ہوگا۔

(۲) بدبودار سڑا ہوا گارا، اس صورت میں صلصال: صَلَّ اللحمُ سے ماخوذ ہوگا، جس کے معنی ہیں: گوشت کا سڑ جانا، فاکلمہ کو مضاعف (ڈبل) کر کے رباعی مجرد صَلْصَلَ بنایا، جیسے صَرَّ البابُ (دروازہ بجا) صاد کو مضاعف کر کے صَرْصَرَ الباب بنایا، دروازہ بند کرتے وقت جو سُر سُر ہوتا ہے اس کے لئے صرصر البابُ استعمال کرتے ہیں، اور کَبَّہ: اس کو اوندھا کیا کو مضاعف کر کے کَبْکَبْتُہ بنایا، جس کے معنی ہیں: میں نے اس کو اوندھا کیا، اسی طرح صَلَّ اللحمُ سے صَلْصَلَ بنایا، مگر یہ معنی صحیح نہیں، یہ مسنون کے معنی ہیں۔

فائدہ: حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے تعلق سے قرآنِ کریم میں مختلف تعبیریں آئی ہیں، کہیں ہے: ﴿مِنْ تُرَابٍ﴾: مٹی سے، کہیں ہے: ﴿مِنْ طِيْنٍ لاَزِبٍ﴾: چپکتے ہوئے گارے سے، کہیں ہے: ﴿مِنْ حَمَأٍ مَسْنُوْنٍ﴾: سڑے ہوئے بدبودار گارے سے، اور کہیں ہے: ﴿مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ﴾: ٹھیکری کی طرح کھنکھناتی مٹی سے، ان مختلف تعبیرات کا حاصل ایک ہے، حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے مٹی سے پیدا کیا، اس طرح کہ مٹی میں پانی ملایا تو وہ لازب بنی، اس میں چپک پیدا ہوئی، پھر وہ سیاہ ہوگئی، اور سڑ گئی تو حمأ مسنون بن گئی، پھر خشک ہو کر ٹھیکری کی طرح کھن کھن بجنے لگی، تو صلصال کالفخار ہوگئی، چونکہ آدم علیہ السلام کا مادہ مختلف مراحل سے گذرا ہے اس لئے مختلف تعبیرات آئی ہیں۔

۳- سورۃ الاعراف آیت ۱۸۹ ہے: ﴿هُوَ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا،

فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلاً خَفِيفًا فَمَرَّتْ بِهِ، فَلَمَّا أَثْقَلَتْ دَعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَيْتَنَا صَالِحًا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ. فَلَمَّا آتَاهُمَا صَالِحًا جَعَلاَ لَهُ شُرَكَاءَ فِيْمَا آتَاهُمَا، فَتَعَالَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ﴾: اللہ تعالیٰ وہ ہستی ہیں جنھوں نے تم کو ایک نفس (نفس انسانی) سے پیدا کیا اور اس سے اس کا جوڑا بنایا، یعنی اس کا جوڑا بھی انسان ہی بنایا تا کہ وہ اپنے جوڑے سے انسیت حاصل کرے، پھر جب میاں نے بیوی سے قربت کی تو اس کو ہلکا سا حمل ٹھہر گیا، وہ اس کو لئے ہوئے چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ بوجھل ہوگئی تو دونوں نے اپنے پروردگار کو پکارا: اگر آپ نے ہمیں صحیح سالم اولاد دی تو ہم خوب شکر گذار ہونگے، پھر جب اللہ تعالیٰ نے دونوں کو صحیح سالم اولاد دی تو دونوں نے اللہ کی دی ہوئی اولاد میں اللہ کے شریک گردانے، سو اللہ تعالیٰ پاک ہیں ان کے شرک سے۔

تفسیر: اس آیت میں آدم وحواء علیہما السلام کا ذکر ہے یا عام انسان کا؟ قدیم زمانہ سے ایک خیال یہ چلا آرہا ہے کہ نفسِ واحدۃ سے آدم علیہ السلام مراد ہیں اور ان کا جوڑا حضرت حواء رضی اللہ عنہا ہیں، پھر ایک لغو قصہ تفسیروں میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ دادی حواء رضی اللہ عنہا کی اولاد زندہ نہیں رہتی تھی، شیطان نے پٹی پڑھائی کہ عبدالحارث نام رکھو تو لڑکا زندہ رہے گا، حارث شیطان کا نام ہے یعنی شیطان کا بندہ، یہ لغو قصہ ہے جو تفسیروں میں در آیا ہے، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی خیال کے مطابق آدم علیہ السلام کے تذکرہ میں اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے، جبکہ نفس واحدہ سے آدمؑ مراد نہیں ہیں، انسان کا نفس ناطقہ مراد ہے۔ اور اسی کا ایک حصہ اس کا جوڑا ہے۔ دونوں ہم نوع ہیں، اور اس میں مصلحت یہ ہے کہ جنس کو جنس کے ساتھ انسیت ہو، پس آیت میں عام انسان کا تذکرہ ہے کہ پیدا تو کیا اللہ نے اور اس کے سکون کا سامان بھی اسی نے کیا، پھر جب دونوں میں قربت ہوئی اور امید قائم ہوئی تو شروع میں شکر کے جذبات ابھرے پھر جب اللہ تعالیٰ نے ان کو صحیح سالم بیٹا دیا تو نبی بخش نام رکھ دیا اور اِس آستانہ پر اور اُس آستانہ پر نذر ونیاز چڑھانے لگے، اور تعویذ گنڈوں سے لاد دیا، اس طرح سارا اعتماد اللہ سے ہٹ کر دوسروں پر ہوگیا، انسان کی اسی کمزوری کا آیت میں ذکر ہے، آدم وحواء علیہما السلام سے آیت کا کچھ تعلق نہیں۔

فائدہ: قرآنِ کریم میں جہاں بھی نفس واحدۃ آیا ہے اس سے انسان کا نفس ناطقہ مراد ہے، انسان کی طرح سبھی انواع ایک ہی نفس سے پیدا کی گئی ہیں اور مذکر ومؤنث اس کی دو صنفیں (حصے) ہیں اور ہر نوع کا پہلا جوڑا براہِ راست مٹی سے پیدا کیا ہے، پھر سلسلہ توالد وتناسل قائم کیا ہے اور ﴿خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا﴾ کی جو تفسیر کی جاتی ہے کہ حواء رضی اللہ عنہا کو حضرت آدم علیہ السلام کی پسلی سے پیدا کیا، یہ تفسیر اسرائیلی روایات کی روشنی میں کی جاتی ہے، بائبل میں آج بھی یہ مضمون ہے، البتہ صحیح روایت ایک ہے جو ابھی آرہی ہے، مگر اس میں عورت کی تخلیق کا بیان نہیں ہے بلکہ نسوانی فطرت میں جو کجی ہے اس کی تمثیل (پیرایۂ بیان) ہے۔

اور روح المعانی میں سورۃ النساء کی پہلی آیت کی تفسیر میں حاشیہ میں ایک بڑے تابعی کا قول ذکر کیا ہے: خُلِقَتْ حَوَّاءُ مِنْ بَقِيَّةِ طِيْنَةِ آدَمَ: یعنی آدم علیہ السلام کے لئے جو مٹی تیار کی گئی تھی اس کے باقی ماندہ سے حواء کو پیدا کیا، بلکہ سبھی انواع کی

تخلیق اسی طرح ہوئی ہے، نوع کے پہلے دو فرد مٹی سے بنائے گئے ہیں، پھر ان میں توالد و تناسل کا سلسلہ قائم کیا ہے۔

۴- سورۃ الاعراف آیت ۱۲ ہے: ﴿قَالَ مَامَنَعَكَ أَنْ لاَتَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ﴾: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کس چیز نے تجھ کو روکا اس سے کہ تو سجدہ کرے جب میں نے تجھے حکم دیا؟ اس آیت میں لا زائدہ ہے، جیسا سورۂ ص آیت ۷۵ میں ہے: ﴿قَالَ يَا إِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ﴾: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے ابلیس! کس چیز نے تجھ کو روکا کہ تو سجدہ کرے اس مخلوق کو جس کو میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے پیدا کیا ہے؟

۵- پھر اس کے بعد ہمارے نسخہ میں وہی آیت ہے جو باب کے شروع میں ہے یہ تکرار ہے، صحیح جگہ اس کی باب کے شروع میں ہے۔

۶- سورۃ الطارق آیت ۴ ہے: ﴿إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ﴾: نہیں ہے کوئی نفس مگر اس پر یاد رکھنے والا فرشتہ مقرر ہے، اعمال پر محاسبہ ہونے والا ہے، اس لئے بندوں کے اعمال محفوظ کئے جارہے ہیں، اس آیت میں إن نافیہ ہے اور لَمَّا بمعنی إلا ہے اور نفی اثبات سے حصر پیدا ہوا ہے۔

۷- سورۃ البلد آیت ۴ ہے: ﴿لَقَدْ خَلَقْنَا الإِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ﴾: ہم نے انسان کو بڑی مشقت میں پیدا کیا ہے، کسی کو سکون نہیں، نہ باپ کو نہ اولاد کو، ہر شخص مشقت بھرے احوال سے دوچار ہے، کبد کے معنی ہیں: شدة خلق: سخت حالات۔

۸- سورۃ الاعراف آیت ۲۶ ہے: ﴿يا بَنِيْ آدَمَ قَدْ أَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُوَارِيْ سَوْآتِكُمْ وَرِيْشًا، وَلِبَاسُ التَّقْوىٰ ذٰلِكَ خَيْرٌ﴾: اے آدم کی اولاد! ہم نے تمہارے لئے ایسا لباس پیدا کیا ہے جو تمہارے ننگاپے کو چھپاتا ہے اور زینت کے طور پر، اور تقوی کا لباس اس سے بہتر ہے۔ ریشا کے دو معنی ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کے معنی مال کئے ہیں، اور دوسرے حضرات نے کہا کہ ریاش اور ریش کے ایک معنی ہیں: یعنی وہ لباس جو سب سے اوپر پہنا جاتا ہے، جیسے شیروانی۔

تفسیر: ریش کے اصل معنی ہیں: پرندے کے پر، اور آیت کریمہ میں لباس کے دو درجے بیان کئے گئے ہیں، ایک وہ لباس جو ستر کو چھپاتا ہے جو فرض عین ہے، دوسرا درجہ زینت کا ہے، جیسے پرندہ کے لئے پَر زینت ہیں، انسان اگر سر سے پیر تک لباس میں چھپا ہوا ہو تو بڑا بھلا معلوم ہوتا ہے، اسی لباس کو سورۃ الاعراف آیت ۳۱ میں زینت کہا ہے: ﴿يا بَنِيْ آدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ﴾: اے آدم کی اولاد! تم مسجد کی ہر حاضری کے وقت اپنا پورا لباس پہن لیا کرو، پھر یہ سر سے پیر تک کا لباس دنیا میں مختلف ہے، لوگوں میں طرح طرح کے پہناوے رائج ہیں، ایک پہناوا نیک بندوں کا ہے وہ سب سے بہتر ہے، اگر یہ لباس اختیار کیا جائے تو دل میں تقوی پیدا ہوگا، اور ہم خرما ہم ثواب ہوگا، یہ میں نے ریش کے تیسرے معنی بیان کئے، دوسرے معنی تھے: وہ لباس جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے، جیسے شیروانی، اور یہ تیسرے معنی ہیں: ستر کے علاوہ باقی بدن کو چھپانے والا لباس جیسے پرندے کے پَر۔

۹-سورۃ الواقعہ آیت ۵۸ ہے:﴿أَفَرَأَيْتُم مَا تُمْنُوْن﴾: بتلاؤ جو نطفہ تم عورتوں کی بچہ دانی میں ڈالتے ہو، تمنون: مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ہے، إمناء کے معنی ہیں: منی ٹپکانا، منی ڈالنا۔

۱۰-سورۃ الطارق آیت ۸ ہے:﴿إِنَّهُ عَلٰى رَجْعِهِ لَقَادِرٌ﴾: بیشک اللہ تعالیٰ انسان کو دوبارہ پیدا کرنے پر قادر ہیں، حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے رجعہ کی ضمیر ماء کی طرف لوٹائی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ نطفہ کو احلیل (ذکر کے سوراخ) میں لوٹانے پر قادر ہیں، یہ بات صحیح ہے، مگر ذکر انسان کی تخلیق کا چل رہا ہے، اس لئے ضمیر انسان کی طرف لوٹانی چاہئے۔

۱۱-قرآنِ کریم میں کئی جگہ قانون ازدواج (جوڑا بنانے) کا ذکر آیا ہے، یٰس شریف میں ہے:﴿سُبْحَانَ الَّذِیْ خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ أَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لاَ يَعْلَمُوْنَ﴾: وہ ذات (جوڑا ہونے سے) پاک ہے جس نے تمام ہی جوڑے بنائے، ان چیزوں میں سے جن کو زمین اگاتی ہے اور انسانوں کی ذاتوں سے اور ان چیزوں سے جن کو لوگ نہیں جانتے۔ اور سورۃ الذاریات آیت ۴۹ ہے:﴿وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ﴾: اور ہم نے ہر چیز کا جوڑا بنایا، تاکہ تم کو یاد آئے، اور جوڑے کا مطلب نر مادہ ہی نہیں بلکہ ایسی دو چیزیں مراد ہیں جو مل کر ایک مقصد کی تکمیل کریں، جیسے دو چپل جوڑا ہیں سوار ہو کر چلنے کی غرض دونوں چپلوں سے پوری ہوتی ہے، کرتا پائجامہ جوڑا ہیں، زنیت کا مقصد دونوں سے حاصل ہوتا ہے، نر مادہ جوڑا ہیں نسل دونوں سے آگے چلتی ہے اور آسمان وزمین جوڑا ہیں آسمان برستا ہے اور زمین اگاتی ہے، اس طرح اللہ تعالیٰ نے حیوانات کی معیشت کا انتظام کیا ہے۔ حضرت رحمہ اللہ نے بھی یہی بات بیان کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو بھی چیز پیدا کی ہے وہ جوڑا ہے، آسمان کا مقابل زمین ہے، یگانہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، ان کا کوئی جوڑا نہیں، نہ کوئی مقابل ہے، اور قرآنِ کریم نے قانون ازدواج سے آخرت کو ثابت کیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا جوڑا بنایا ہے تو دنیا کا بھی جوڑا ہونا چاہئے، صرف دنیا سے تکلیف شرعی کا مقصد پورا نہیں ہوتا، اس کے ساتھ آخرت ہے، یہاں جو اچھا برا عمل کرے گا اس کی جزاء وسزا آخرت میں پائے گا، اور دنیا اور آخرت مل کر تکلیف کے مقصد کو پورا کرتے ہیں، سورۃ الذاریات میں ﴿لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ﴾ کا یہی مطلب ہے کہ شاید تمہیں یاد آئے یعنی اس قانون سے تم آخرت کو سمجھ سکو، اور یہ مضمون آدم علیہ السلام کے تذکرہ میں اس لئے لائے ہیں کہ آدم وحواء علیہما السلام جوڑا ہیں۔

۱۲-سورۃ التین آیت ۴ ہے:﴿لَقَدْ خَلَقْنَا الإِنْسَانَ فِیْ أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ﴾: ہم نے انسان کو بہترین سانچے میں ڈھالا یعنی حالتِ اعتدال میں پیدا کیا، پھر انسان کو اختیار دیا کہ چاہے تو خود کو اس لیول سے اونچا اٹھائے اور چاہے تو نیچے گرائے۔

۱۳-سورۃ التین آیت ۵ ہے:﴿ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِيْنَ﴾: پھر ہم انسان کو پست سے پست حالت میں پہنچا دیتے ہیں، یہ ان کافروں کا ذکر ہے جو خود کو پستی میں گراتے ہیں، یہ تمام انسانوں کا حال نہیں ہے، بعد کی آیت میں استثناء ہے: ﴿إِلاَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ﴾: لیکن جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کے لئے کبھی ختم نہ ہونے والا بدلہ ہے، یہ وہ مؤمنین ہیں جنھوں نے خود کو اونچا اٹھایا ہے، جس لیول پر ان کو پیدا کیا تھا، انھوں نے

ایمان وعمل صالح کے ذریعہ خود کو بلند کیا، اس لئے وہ ابدی نعمتوں سے سرفراز کئے گئے۔

۱۴-سورۃ العصر میں ہے:﴿إِنَّ الإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ﴾: انسان یقیناً بڑے خسارہ میں ہیں یعنی گمراہی میں ہیں، یہاں بھی استثناء ہے:﴿إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ﴾: مگر جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے اچھے کام کئے اور ایک دوسرے کو حق پر قائم رہنے کی فہمائش کرتے رہے اور ایک دوسرے کو دین کی وجہ سے پہنچنے والی مصیبتوں میں ہمت سے کام لینے کی فہمائش کرتے رہے، وہ بندے خسارے میں نہیں ہیں، بلکہ وہی کامیاب ہیں۔

۱۵-سورۃ الصافات آیت ۱۱ ہے:﴿إِنَّا خَلَقْنَاهُمْ مِنْ طِيْنٍ لَازِبٍ﴾: ہم نے انسان کو چپکتی مٹی سے پیدا کیا، جب مٹی اور پانی ملتا ہے تو مٹی چکنی ہوجاتی ہے، لازب کے یہی معنی ہیں۔

۱۶-سورۃ الواقعہ آیت ۶۰ و۶۱ ہیں:﴿نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ، عَلٰى أَنْ نُبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَالَا تَعْلَمُوْنَ﴾: ہم نے تمہارے درمیان موت کا وقت ٹھہرایا ہے اور ہم اس سے عاجز نہیں کہ تمہاری جگہ تم جیسی اور مخلوق پیدا کردیں، اور تم کو ایسی صورت میں کردیں جس کو تم نہیں جانتے، مثلاً آدمی سے جانور کی صورت میں مسخ کردیں جس کا گمان بھی نہ ہو، ننشأ: مضارع جمع متکلم ہے، إنشاء: (باب افعال) کے معنی ہیں: پیدا کرنا۔

۱۷-سورۃ البقرہ آیت ۳۰ میں ہے:﴿وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ﴾: فرشتوں نے کہا: ہم برابر آپ کی پاکی بیان کرتے ہیں آپ کی خوبیوں کے ساتھ ملاکر، تسبیح کے معنی ہیں: تعظیم کرنا، کسی کی پاکی بیان کرنا تعظیم کو مستلزم ہے۔

۱۸-سورۃ البقرہ آیت ۳۷ ہے:﴿فَتَلَقّٰى آدَمُ مِنْ رَبِّهِ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ﴾: پس آدمؑ نے حاصل کئے اپنے رب سے چند الفاظ، پس اللہ تعالیٰ نے ان پر مہربانی سے توجہ کی، ابو العالیہؒ فرماتے ہیں: وہ چند الفاظ سورۃ الاعراف آیت ۲۳ میں ہیں:﴿قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ﴾: دونوں کہنے لگے: اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنا بڑا نقصان کیا اور اگر آپ ہماری مغفرت نہیں فرمائیں گے اور ہم پر رحم نہیں فرمائیں گے تو واقعی ہمارا بڑا نقصان ہوجائے گا، یہ کلمات اللہ نے القا کئے اور دادا دادی نے ان لفظوں سے توبہ کی، تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف مہربانی سے توجہ فرمائی۔

۱۹-سورۃ البقرہ آیت ۳۶ میں ہے:﴿فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا﴾: پس پھسلا دیا دونوں کو شیطان نے اس درخت سے، أَزَلَّ: إِزْلَال سے ہے، جس کے معنی: ڈگمگا دینے، پھسلا دینے، اور لغزش میں ڈالنے کے ہیں، استزلال کے بھی یہی معنی ہیں، باب افعال کا ترجمہ باب استفعال سے کیا ہے۔

۲۰-سورۂ بقرہ آیت ۲۵۹ میں ہے:﴿أُنْظُرْ إِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ﴾: تم اپنے کھانے اور پینے کی چیزوں کو دیکھو وہ گلی سڑی نہیں، یتسنّہ: باب تفاعل سے مضارع واحد مذکر غائب ہے، تَسَنَّ: تَغَيَّرَ، اسی مادہ سے سورہ محمد آیت ۱۵ میں لفظ آسن آیا ہے:﴿وَأَنْهَارٌ مِنْ مَاءٍ غَيْرِ آسِنٍ﴾: جنت میں کچھ نہریں ایسی ہیں جن کے پانی میں ذرا تغیر نہیں آیا۔ اور سورۃ

الحجر آیت ۲۶ میں اسی مادہ سے لفظ مسنون ہے: ﴿مِنْ حَمَأٍ مَسْنُوْنٍ﴾: سڑے ہوئے گارے سے، مسنون کے معنی ہیں: جس کی حالت بدل گئی، اور حمأ: حمؤۃ کی جمع ہے: بدلی ہوئی مٹی (مسنون کی مناسبت سے یتسنه اور آسن کے معنی بیان کئے ہیں)

۲۱-سورۃ الاعراف آیت ۲۲ میں ہے: ﴿وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ﴾: اور دونوں اپنے اوپر جنت کے پتے جوڑ جوڑ کر رکھنے لگے، خِصَاف: خَصْفَة کی جمع ہے، چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جاتا ہے، یہاں مراد جنت کے درختوں کے پتے ہیں، آدم وحواء علیہما السلام نے جنت کے پتے لئے اور بعض کو بعض سے جوڑ کر اپنے ننگاپے کو چھپایا۔

۲۲-سورۃ الاعراف آیت ۲۷ میں ہے: ﴿لِيُرِيَهُمَا سَوْآتِهِمَا﴾: تاکہ شیطان دونوں کو ان کے پردہ کا بدن دکھلائے، سوءۃ کے معنی ہیں: جسم کا وہ حصہ جس کا دیکھنا عام حالات میں آدمی کو برا لگتا ہے اور دوسروں کو بھی برا لگتا ہے، مراد شرم گاہ ہے۔

۲۳-سورۃ الاعراف آیت ۲۴ ہے: ﴿وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلٰى حِيْنٍ﴾: اور تمہارے لئے زمین میں رہنے کی جگہ ہے اور نفع حاصل کرنا ہے ایک مدت تک، یعنی جس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا اس وقت سے قیامت کے دن تک، لفظ حین عربی میں زمانہ حال سے غیر محدود زمانہ تک بولا جاتا ہے۔

۲۴-سورۃ الاعراف آیت ۲۷ میں ہے: ﴿إِنَّهُ يَرَاكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهُ مِنْ حَيْثُ لَاتَرَوْنَهُمْ﴾: شیطان اور اس کی پارٹی تم کو ایسے طور پر دیکھتی ہے کہ تم ان کو نہیں دیکھتے، قبیل بمعنی جیل ہے اور جیل کے معنی ہیں: قوم اور جماعت، مراد وہ پارٹی ہے جس کا ایک فرد ابلیس ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٦٠- كتابُ الأنبياء

[١-] بَابُ خَلْقِ آدَمَ وَذُرِّيَّتِهِ

[١-] وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةً﴾ [٢-] ﴿صَلْصَالٌ﴾: طِيْنٌ خُلِطَ بِرَمْلٍ فَصَلْصَلَ كَمَا يُصَلْصِلُ الْفَخَّارُ، وَيُقَالُ: مُنْتِنٌ، يُرِيْدُوْنَ بِهِ صَلَّ، كَمَا يُقَالُ: صَرَّ الْبَابُ وَصَرْصَرَ عِنْدَ الإِغْلَاقِ، مِثْلُ كَبْكَبْتُهُ يَعْنِي كَبَبْتُهُ. [٣-] ﴿فَمَرَّتْ بِهِ﴾: اسْتَمَرَّ بِهَا الْحَمْلُ فَأَتَمَّتْهُ. [٤-] ﴿أَنْ لَا تَسْجُدَ﴾: أَنْ تَسْجُدَ. [٥-] وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةً﴾ [٦-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ﴾: إِلَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ. [٧-] ﴿فِيْ كَبَدٍ﴾: فِيْ شِدَّةِ خَلْقٍ. [٨-] ﴿وَرِيْشًا﴾: الْمَالُ، وَقَالَ غَيْرُهُ: الرِّيَاشُ وَالرِّيْشُ وَاحِدٌ، وَهُوَ مَا ظَهَرَ مِنَ اللِّبَاسِ. [٩-] ﴿مَا تُمْنُوْنَ﴾: النُّطْفَةَ فِي أَرْحَامِ النِّسَاءِ. [١٠-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿إِنَّهُ عَلٰى رَجْعِهِ لَقَادِرٌ﴾: النُّطْفَةُ فِي الإِحْلِيْلِ.

[۱۱-] كُلُّ شَيْءٍ خَلقَهُ فَهُوَ شَفْعٌ، السَّمَاءُ شَفْعٌ، وَالْوَتْرُ: اللّٰهُ .[۱۲-] ﴿فِي أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ﴾: فِي أَحْسَنِ خَلْقٍ.[۱۳-] ﴿أَسْفَلَ سَافِلِيْنَ﴾: إِلَّا مَنْ آمَنَ.[۱٤-] ﴿خُسْرٍ﴾: ضَلَالٍ، ثُمَّ اسْتَثْنَى فَقَالَ إِلَّا مَنْ آمَنَ.[۱٥-] ﴿لَازِبٍ﴾: لَازِمٌ.[۱٦-] ﴿نُنْشِئَكُمْ﴾: فِي أَيِّ خَلْقٍ نَشَاءُ.[۱۷-] ﴿نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ﴾: نُعَظِّمُكَ.[۱۸-] وَقَالَ أَبُوْ الْعَالِيَةِ:﴿ فَتَلَقَّى آدَمُ﴾ هُوَ قَوْلُهُ:﴿ رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا﴾[۱۹-] وَقَالَ: ﴿فَأَزَلَّهُمَا﴾: اسْتَزَلَّهُمَا.[۲۰-]﴿يَتَسَنَّهْ﴾: يَتَغَيَّرُ. ﴿آسِنٌ﴾: مُتَغَيِّرٌ.﴿ الْمَسْنُوْنُ﴾: الْمُتَغَيِّرُ. ﴿حَمأٌ﴾ جَمْعُ حَمْأَةٍ: وَهُوَ الطِّيْنُ الْمُتَغَيِّرُ.[۲۱-] ﴿يَخْصِفَانِ﴾: أَخْذُ الْخِصَافِ ﴿مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ﴾: يُؤَلِّفَانِ الْوَرَقَ يَخْصِفَانِ بَعْضَهُ إِلٰى بَعْضٍ.[۲۲-] ﴿سَوْآتِهِمَا﴾: كِنَايَةٌ عَنْ فَرْجَيْهِمَا.[۲۳-] ﴿وَمَتَاعٌ إِلٰى حِيْنٍ﴾: هٰهُنَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَالْحِيْنُ عِنْدَ الْعَرَبِ مِنْ سَاعَةٍ إِلٰى مَالَا يُحْصَى عَدَدُهُ. [۲٤-] ﴿قَبِيْلُهُ﴾: جِيْلُهُ الَّذِيْ هُوَ مِنْهُمْ.

پھراس باب میں اوراس کے تکمیلی باب میں گیارہ حدیثیں ہیں ان میں سے دوتین گذری ہوئی ہیں، باقی نئی ہیں۔

[۳۳۲٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَاعَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ وَطُوْلُهُ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰى أُوْلٰئِكَ النَّفَرِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فَاسْتَمِعْ مَا يُحَيُّوْنَكَ بِهِ، فَإِنَّهُ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالُوْا: السَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، فَزَادُوْهُ: وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، فَكُلُّ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ آدَمَ، فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ حَتَّى الْآنَ"[راجع: ٦٢٢٧]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا درانحالیکہ ان کا قد ساٹھ ہاتھ تھا یعنی نبی ﷺ کے زمانہ کے لوگوں کے ہاتھ سے حضرت آدم علیہ السلام کا قد ساٹھ ہاتھ کا تھا، پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جایئے اور سلام کیجئے فرشتوں کی اُس جماعت کو پس غور سے سنئے وہ جو آپ کو جواب دیں، وہی آپ کا اور آپ کی اولاد کا سلام ہوگا، آدم علیہ السلام نے جا کر کہا: السلام علیکم: انھوں نے جواب دیا: السلام علیك ورحمة الله: انھوں نے جواب میں ورحمة الله بڑھایا (اس لئے سلام کا جواب سلام سے بہتر دینا چاہئے) پس ہر وہ شخص جو جنت میں جائے گا آدم علیہ السلام کی صورت پر ہوگا، یعنی ان کی اولاد میں جو مختلف رنگ پیدا ہوئے ہیں وہ سب ختم ہوجائیں گے، سب انسان حضرت آدم علیہ السلام کی صورت پر ہوجائیں گے، پھر برابر مخلوق گھٹتی رہی اس وقت تک (اس پر حاشیہ میں اعتراض ہے کہ ثمود کی بستیاں آج بھی موجود ہیں ان کے دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے قد غیر معمولی لمبے نہیں تھے، حالانکہ وہ بہت قدیم قوم ہے، اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے سپر ڈال دی ہے اس اشکال کا کوئی جواب نہیں دیا، اور حضرت شیخ مولانا زکریا صاحب قدس سرہ نے الابواب

والتراجم (۴: ۵۸) میں جواب دیا ہے کہ جس طرح بچپن سے جوانی تک قد تیزی کے ساتھ بڑھتا ہے اسی طرح حضرت آدم علیہ لسلام سے حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ تک قد تیزی سے گھٹا، اور آج لوگوں کا جو قد ہے اس پر آ کر ٹھہر گیا)

[۳۳۲۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِىْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ أَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ عَلٰى أَشَدِّ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِى السَّمَاءِ إِضَاءَةً، لَا يَبُوْلُوْنَ، وَلَا يَتَغَوَّطُوْنَ، وَلَا يَتْفِلُوْنَ، وَلَا يَمْتَخِطُوْنَ، أَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ، وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ، وَمَجَامِرُهُمُ الْأُلُوَّةُ – الْأَلَنْجُوْجُ: عُوْدُ الطِّيْبِ – وَأَزْوَاجُهُمُ الْحُوْرُ الْعِيْنُ، عَلٰى خَلْقِ رَجُلٍ وَاحِدٍ، عَلٰى صُوْرَةِ أَبِيْهِمْ آدَمَ، سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فِى السَّمَاءِ" [راجع: ۳۲۴۵]

وضاحت: حدیث پہلے گذری ہے، الألوّة کے لئے دوسرا لفظ الْأَلَنْجُوْج ہے یعنی اگر کی لکڑی، جس کی دھونی لی جاتی ہے ....على خلق رجل واحد: سب جنتیوں کی ایک طرح کی بناوٹ ہوگی، على صورة أبيهم آدم: تمام جنتیوں کی صورت آدم علیہ السلام کی صورت جیسی ہوگی، یعنی رنگوں کا تفاوت ختم ہوجائے گا، ستون ذراعا فى السماء: تمام جنتیوں کا قد ساٹھ ہاتھ لمبا ہوگا، فى السماء کے معنی ہیں: لمبا۔

[۳۳۲۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِىْ مِنَ الْحَقِّ! فَهَلْ عَلٰى الْمَرْأَةِ الْغُسْلُ إِذَا احْتَمَلَتْ؟ قَالَ: " نَعَمْ، إِذَا رَأَتِ الْمَاءَ" فَضَحِكَتْ أُمُّ سَلَمَةَ، فَقَالَتْ: تَحْتَلِمُ الْمَرْأَةُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " فَبِمَ يُشْبِهُ الْوَلَدُ؟" [راجع: ۱۳۰]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، اس کے آخر میں یہ مضمون ہے کہ عورت کا بھی پانی ہے، جس کا تخلیق میں دخل ہے، چنانچہ بچہ کبھی ننھیال کے مشابہ ہوتا ہے، یہ حدیث اس باب میں اسی لئے لائے ہیں کہ نسل میں مرد کے ساتھ عورت کا بھی دخل ہے۔

[۳۳۲۹-] حدثنا ابْنُ سَلَامٍ، ثَنَا الْفَزَارِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: بَلَغَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ مَقْدَمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، فَأَتَاهُ، فَقَالَ: إِنِّىْ سَائِلُكَ عَنْ ثَلَاثٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا نَبِىٌّ، قَالَ: مَا أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ؟ وَمَا أَوَّلُ طَعَامٍ يَأْكُلُهُ أَهْلُ الْجَنَّةِ؟ وَمِنْ أَىِّ شَيْئٍ يَنْزِعُ الْوَلَدُ إِلٰى أَبِيْهِ، وَمِنْ أَىِّ شَيْئٍ يَنْزِعُ إِلٰى أَخْوَالِهِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " خَبَّرَنِىْ بِهِنَّ آنِفًا جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ

السَّلَامِ، قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ذَاكَ عَدُوُّ الْيَهُوْدِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَمَّا أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ الْمَشْرِقِ إِلَى الْمَغْرِبِ، وَأَمَّا أَوَّلُ طَعَامٍ يَأْكُلُهُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ حُوْتٍ، وَأَمَّا الشَّبَهُ فِي الْوَلَدِ فَإِنَّ الرَّجُلَ إِذَا غَشِيَ الْمَرْأَةَ فَسَبَقَهَا مَاؤُهُ كَانَ الشَّبَهُ لَهُ، وَإِذَا سَبَقَتْ مَاؤُهَا كَانَ الشَّبَهُ لَهَا" قَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الْيَهُوْدَ قَوْمٌ بُهُتٌ، إِنْ عَلِمُوْا بِإِسْلَامِيْ قَبْلَ أَنْ تَسْأَلَهُمْ بَهَتُوْنِيْ عِنْدَكَ، فَجَاءَتِ الْيَهُوْدُ وَدَخَلَ عَبْدُ اللّٰهِ الْبَيْتَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَيُّ رَجُلٍ فِيْكُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ؟" قَالُوْا: أَعْلَمُنَا وَابْنُ أَعْلَمِنَا، وَأَخْيَرُنَا وَابْنُ أَخْيَرِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَفَرَأَيْتُمْ إِنْ أَسْلَمَ عَبْدُ اللّٰهِ؟" قَالُوْا: أَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ، فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ إِلَيْهِمْ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالُوْا: شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا، وَوَقَعُوْا فِيْهِ.[انظر: ۳۹۱۱، ۳۹۳۸، ٤٤٨٠]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ نبی ﷺ مدینہ تشریف لے آئے ہیں، وہ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور کہا: میں آپؐ سے تین باتیں پوچھتا ہوں ان کو نبی کے علاوہ کوئی نہیں جانتا: (۱) قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سے پہلی نشانی کیا ہے؟ (۲) جنتیوں کو جنت میں سب سے پہلے کیا کھانا دیا جائے گا؟ (۳) بچہ کبھی باپ کے مشابہ ہوتا ہے، کبھی ننھیال کے، اس کی وجہ کیا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: یہ باتیں مجھے ابھی جبرئیل علیہ السلام نے بتائیں، عبداللہ بن سلامؓ نے کہا: جبرئیل فرشتوں میں سے یہود کے دشمن ہیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سے پہلی نشانی وہ آگ ہے جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی طرف جمع کرے گی، اور جنتیوں کا سب سے پہلا کھانا مچھلی کے جگر کا بڑھا ہوا حصہ ہے (علامہ عینی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ جگر کا بڑھا ہوا حصہ وہ ٹکڑا ہے جو جگر سے الگ ہوتا ہے اور جگر سے جڑا ہوا ہوتا ہے، اور وہ مزے دار انتہائی لذیذ ہوتا ہے) اور رہی بچہ کی مشابہت تو جب آدمی عورت سے قربت کرتا ہے اور مرد کا پانی عورت سے آگے بڑھتا ہے یعنی اس کی تاثیر قوی ہوتی ہے تو مشابہت ددھیال کی طرف جاتی ہے اور جب عورت کا پانی آگے بڑھتا ہے یعنی وہ قوی ہوتا ہے تو مشابہت ننھیال کی طرف جاتی ہے، عبداللہ بن سلامؓ نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں، پھر انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہود جھوٹا الزام لگانے والی قوم ہے اگر انہیں میرے اسلام کا پتہ چل گیا اس سے پہلے کہ آپؐ ان سے پوچھیں تو وہ مجھ پر آپؐ کے سامنے جھوٹا الزام لگائیں گے، پس ان کو میرے اسلام کا پتہ چلے اس سے پہلے آپ میرے بارے میں ان سے پوچھ لیں، پس یہود آئے اور حضرت عبداللہؓ گھر میں چلے گئے، نبی ﷺ نے پوچھا: تمہارے اندر عبداللہ بن سلامؓ کیسے آدمی ہیں؟ انھوں نے کہا: ہم میں سب سے بڑے عالم ہیں اور ہمارے سب سے بڑے عالم کے بیٹے ہیں اور ہم میں سب سے بہتر ہیں، اور سب سے بہتر کے بیٹے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: بتلاؤ اگر عبداللہؓ مسلمان ہو جائیں؟ انھوں نے کہا: اللہ ان کو اس سے بچائیں، پھر ان کے سامنے عبداللہؓ نکلے اور انھوں نے کہا: میں گواہی

دیتا ہوں کہ اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، پس یہود نے کہا: ہم میں سب سے برا ہے اور ہم میں سب سے برے کا بیٹا ہے، اور انھوں نے ابن سلام میں عیب نکالے۔

[۳۳۳۰-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ، یَعْنِیْ: "لَوْلَا بَنُوْ إِسْرَائِیْلَ لَمْ یَخْنَزِ اللَّحْمُ، وَلَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ أُنْثَی زَوْجَهَا"
[انظر: ۵۱۸۴، ۵۱۸۶]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: لَوْلَا بَنُوْ إِسْرَائِیْلَ لَمْ یَخْنَزِ اللَّحْمُ: اگر بنی اسرائیل نہ ہوتے تو گوشت نہ سڑتا (کہتے ہیں: سَلْوٰی: بٹیریں بنی اسرائیل کو کھانے کے لئے ملتی تھیں ان کو حسب ضرورت پکڑنے کی اجازت تھی، مگر بنی اسرائیل نے ان کا ذخیرہ کیا تو گوشت سڑنے لگا) وَلَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ أُنْثَی زَوْجَهَا: اور اگر دادی حواء نہ ہوتیں تو کوئی عورت اپنے شوہر کے ساتھ خیانت نہ کرتی (خیانت یعنی مشورہ میں غیر مخلص ہونا، کہتے ہیں: شیطان کی فریب دہی سے دادی متأثر ہوئیں اور انھوں نے دادا کو مشورہ دیا کہ وہ شجرۂ ممنوعہ کھائیں، تاکہ ہمیشہ جنت میں رہنے کا موقع مل جائے، یہ غیر مخلصانہ مشورہ تھا)

تشریح: پہلے ایک حدیث گذری ہے کہ حیض بنی اسرائیل کی عورتوں پر مسلط کیا گیا، وہاں یہ توجیہ کی ہے کہ حیض کی کثرت بنی اسرائیل کی عورتوں سے شروع ہوئی، یا حیض کے احکام مثلاً مسجد میں نہ جانے کا حکم سب سے پہلے بنی اسرائیل پر نازل ہوا، اسی طرح یہاں بھی پہلے جملہ کی تاویل کی جائے گی کہ گوشت پہلے بھی سڑتا تھا، مگر دیر سے، مگر جب بنی اسرائیل نے بٹیریں بےضرورت پکڑیں تو گوشت جلدی سے سڑنا شروع ہوا۔

اور حدیث کے دوسرے جزء کا مطلب یہ ہے کہ ماں باپ کے اثرات اولاد پر پڑتے ہیں، جیسے نَسِیَ آدَمُ فَنَسِیَ ذُرِّیَّتُہٗ: آدم علیہ السلام بھولے تو ان کی اولاد بھی بھولی، اسی طرح نصیحت میں غیر مخلص ہونا دادی سے وارثت میں ان کی بیٹیوں کو ملا ہے، اس لئے ہر شخص کو بیوی کے مشورہ پر آنکھ بند کر کے عمل نہیں کرنا چاہئے۔

ملحوظہ: اس حدیث میں ایک الجھن ہے، امام صاحب نے اپنے استاذ بشر مروزی سے یہ حدیث نقل کی ہے، انھوں نے عبداللہ بن المبارک سے اور آخر میں نحوہ ہے، نحوہ اور مثلہ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ حدیث پہلے دوسری سند سے گذر چکی ہے، اب دوسری سند سے بھی حدیث اسی طرح آئی ہے جبکہ یہ حدیث پہلے نہیں گذری، نہ قریب نہ بعید، البتہ مسلم شریف میں معمر بن راشد کے شاگرد عبدالرزاق صنعانی کی سند سے امام مسلم کے استاذ محمد بن رافع نے روایت کی ہے، اس کے الفاظ ذرا بدلے ہوئے ہیں: لولا بنو إسرائیل لم یَخْبُث الطعامُ ولم یخنَزِ اللحمُ ولولا حواء لم تَخُنْ أنثی زوجَها الدهر (مسلم شریف باب: لولا حواء لم تخن أنثی زوجها الدهر، کتاب الرضاع، حدیث ۱۴۷۰) اگر امام بخاری رحمہ اللہ بھی پہلے یہ حدیث لکھتے تو نحوہ درست تھا، مگر بخاری میں یہ حدیث اس سند سے نہیں آئی، پھر دوسرا سوال یہ ہے کہ نحوہ کے

بعد یعنی کیوں بڑھایا؟ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ بشر کے الفاظ امام مسلمؒ کے استاذ کے الفاظ سے ذرا مختلف ہیں اس لئے یعنی بڑھا کر بشر کے الفاظ لکھے ہیں۔

[۳۳۳۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَمُوْسَى بْنُ حِزَامٍ، [قَالاَ:] ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ مَيْسَرَةَ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ، فَإِنَّ الْمَرْأَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ، وَإِنَّ أَعْوَجَ شَيْئٍ فِي الضِّلَعِ أَعْلَاهُ، فَإِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهُ كَسَرْتَهُ، وَإِنْ تَرَكْتَهُ لَمْ يَزَلْ أَعْوَجَ، فَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ"[انظر: ۵۱۸۴، ۵۱۸۶]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی میری وصیت قبول کرو، اس لئے کہ عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے، اور پسلیوں میں سب سے ٹیڑھی اوپر کی پسلی ہے، پس اگر آپ پسلی کو سیدھا کرنا چاہیں گے تو اس کو توڑ بیٹھیں گے اور اگر اس کو ٹیڑھا رہنے دیں گے تو وہ برابر ٹیڑھی رہے گی، پس عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی میری وصیت قبول کرو۔

تشریح: اس حدیث میں نسوانی فطرت میں جو کجی ہے اس کی تمثیل ہے، پسلی کی مثال سے اس کو سمجھایا ہے، پسلی میں کجی فطری ہوتی ہے وہ کسی طرح ختم نہیں ہو سکتی، کوئی اس کو سیدھا کرنا چاہے تو ٹوٹ جائے گی، یہی حال صنف نساء کا ہے، اس کی فطرت میں کجی ہے، جو کبھی نکل نہیں سکتی، اس لئے اس بات کو پیش نظر رکھ کر بیوی سے معاملہ کرنا چاہئے، یعنی حسن سلوک کرنا چاہئے، بیوی کی کوتاہیوں سے درگذر کرنا چاہئے اس کی نامناسب باتوں کو نظر انداز کرنا چاہئے، جبھی نباہ ہوگا، اور اگر کوئی چاہے گا کہ بیوی کو سیدھا کر دے تو یہ ناممکن ہے، اس کو سیدھا نہیں کر سکے گا، بلکہ اس کو توڑ بیٹھے گا، اور بیوی کو توڑنا یہ ہے کہ طلاق کی نوبت آ جائے گی، پس اس سے بہتر نرمی کا معاملہ کرنا ہے۔

فائدہ: اس حدیث کو دادی حواء رضی اللہ عنہا کے ساتھ جوڑا گیا ہے کہ وہ حضرت آدم علیہ السلام کی پسلیوں میں سے کسی پسلی سے پیدا کی گئی ہیں، مگر حاشیہ میں اس قول کو قیل سے ذکر کیا ہے، یعنی یہ ضعیف قول ہے، صحیح بات وہ ہے جو اوپر بیان کی، اور حاشیہ میں قاضی بیضاوی رحمہ اللہ کے حوالہ سے لکھا ہے: إِنَّهُنَّ خُلِقْنَ خَلْقًا فِيْهِنَّ إِعْوِجَاجٌ: فَكَأَنَّهُنَّ خُلِقْنَ مِنْ أَصْلٍ مُعَوَّجٍ، كَالضِّلَعِ مَثَلاً، فَلاَ يَتَهَيَّأُ انْتِفَاعٌ بِهِنَّ إِلَّا بِالصَّبْرِ عَلٰى إِعْوِجَاجِهِن: عورتوں کی بناوٹ ایسی ہے کہ ان میں کجی ہے پس گویا عورتیں ٹیڑھی اصل سے پیدا کی گئی ہیں، مثلاً پسلی سے، پس ان سے فائدہ اٹھانا ممکن نہیں، مگر ان کی کجی پر صبر کرنے کے ذریعہ، حدیث کا صحیح مطلب یہی ہے اور جو عام بات چلی ہوئی ہے وہ ضعیف ہے، اسرائیلیات سے وہ بات در آئی ہے۔

[۳۳۳۲-] حدثنا عَمْرُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا أَبِيْ، ثنَا الْأَعْمَشُ، ثَنَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ، ثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ:" إِنَّ أَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِيْ بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، ثُمَّ يُكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ. ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ إِلَيْهِ مَلَكًا بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ،

فَيُكْتَبُ عَمَلَهُ، وَأَجَلَهُ، وَرِزْقَهُ، وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيْدٌ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ، فَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ حَتَّى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ، فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ حَتَّى مَايَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُ النَّارَ"[راجع: ۳۲۰۸]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، اس میں تخلیق انسانی کے مختلف مراحل کا بیان ہے: جب مادہ رحم میں پہنچتا ہے تو چالیس دن تک اس میں کوئی غیر معمولی تغیر نہیں آتا، پھر اگلے چلہ میں وہ خون بستہ بن جاتا ہے، پھر اس کے بعد کے چلہ میں وہ گوشت کی بوٹی بن جاتا ہے، پھر جب تخلیق مکمل ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو بھیجتے ہیں جو چار باتیں لکھتا ہے، پھر اس باڈی میں روح پھونکی جاتی ہے، تخلیق انسانی کے انہی مراحل کا اس باب میں بیان مقصود ہے۔

[۳۳۳۳-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ وَكَّلَ فِي الرَّحِمِ مَلَكًا، فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ نُطْفَةٌ؟ يَا رَبِّ عَلَقَةٌ؟ يَا رَبِّ مُضْغَةٌ؟ فَإِذَا أَرَادَا أَنْ يَخْلُقَهَا قَالَ: يَا رَبِّ أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى؟ يَارَبِّ شَقِيٌّ أَوْ سَعِيْدٌ؟ فَمَا الرِّزْقُ؟ فَمَا الْأَجَلُ؟ فَيُكْتَبُ كَذٰلِكَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ"[راجع: ۳۱۸]

وضاحت: یہ حدیث گذشتہ حدیث کے ہم معنی ہے اس میں یہ مضمون ہے کہ شروع ہی سے بچہ دانی پر ایک فرشتہ مقرر ہوجاتا ہے جو حکم الٰہی کے مطابق مادہ کو مختلف مراحل سے گذارتا ہے۔

[۳۳۳۴-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أَنَسٍ يَرْفَعُهُ:" أَنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَقُوْلُ لِأَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا: لَوْ أَنَّ لَكَ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَيْئٍ أَكُنْتَ تَفْتَدِيْ بِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَقَدْ سَأَلْتُكَ مَا هُوَ أَهْوَنُ مِنْ هٰذَا وَأَنْتَ فِيْ صُلْبِ آدَمَ: أَنْ لَا تُشْرِكَ بِيْ فَأَبَيْتَ إِلَّا الشِّرْكَ"[انظر: ۶۵۳۸، ۶۵۵۷]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ دوزخیوں میں جو عذاب کے اعتبار سے سب سے ہلکا ہوگا اس سے پوچھیں گے: بتا اگر ہوتیں تیرے لئے تمام وہ چیزیں جو زمین میں ہیں، کیا تو عذاب سے بچنے کے لئے ان کو فدیہ میں دیتا؟ وہ کہے گا: ہاں، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں نے تجھ سے مطالبہ کیا تھا اُس بات کا جو اس سے زیادہ آسان تھی، درانحالیکہ تو آدم علیہ السلام کی پیٹھ میں تھا کہ تو میرے ساتھ کسی کو شریک مت کر، مگر تو نے شرک کے علاوہ کا انکار کیا یعنی تو شرک میں مبتلا رہا، اس حدیث میں وأنت فی صُلب آدم: ہے یعنی ساری ذریت پہلے آدم علیہ السلام کی پیٹھ میں تھی، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے، تفصیل تکمیلی باب میں ہے۔

[٣٣٣٥-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثنا أَبِیْ، ثَنَا الأَعْمَشُ، ثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَ تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا إِلاَّ عَلٰى ابْنِ آدَمَ الأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا، لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ"[انظر: ٦٨٦٧، ٧٣٢١]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں قتل کیا جاتا کوئی شخص ناحق مگر ہوتا ہے آدم علیہ السلام کے پہلے بیٹے پر اس کے خون میں سے ایک حصہ، اس لئے کہ پہلے بیٹے نے سب سے پہلے (ظالمانہ) قتل کا سلسلہ شروع کیا ہے (پہلے بیٹے کا نام قابیل تھا، وہ بڑا ہی ناقابل تھا اس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا یہ قاتل آدم علیہ السلام کا بیٹا تھا، پس وہ ذریت میں شامل ہے یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے)

سوال: اگر کوئی کہے کہ قرآنی ضابطہ ہے: ﴿وَلاَتزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرٰى﴾: کسی کے گناہ کی گٹھری کوئی نہیں ڈھوتا، پھر آدم علیہ السلام کے پہلے بیٹے کو ہر ناحق قتل میں سے ایک حصہ کیوں پہنچتا ہے؟

جواب: یہ بری راہ ڈالنے کی سزا ہے، اور وہ اسی کا عمل ہے، جیسے اچھا راستہ ڈالنے والے کو نیک عمل کرنے والے کے حصہ میں سے پہنچتا ہے، اسی طرح یہ معاملہ ہے۔

بَابٌ: الأَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ

روحیں اکٹھا کیا ہوا لشکر ہیں

یہ تکمیلی باب ہے، اور جَنَّد الجُنْدَ کے معنی ہیں: لشکر جمع کرنا، مُجَنَّدَةٌ: اسم مفعول ہے، اس باب میں یہ بیان ہے کہ ذریت آدم عالم ارواح میں پیدا کی جا چکی ہے، تخلیق آدم کے بعد ان کی ذریت چھوٹی چھوٹی چیونٹیوں کی شکل میں وجود پذیر کی گئی، سورۃ الاعراف آیت ۱۷۲ میں اور اس کی تفسیر میں جو حدیثیں آئی ہیں ان میں روحوں کے پیدا ہونے کے واقعہ کا ذکر ہے۔ روحوں کو وجود میں لانے کے بعد ان کو درس معرفت دیا گیا، پھر امتحان لیا گیا: ﴿أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟﴾: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ ﴿قَالُوْا: بَلٰى﴾ سب نے کہا: کیوں نہیں! آپ ہی ہمارے رب ہیں، پھر ان روحوں کو پیٹھوں میں واپس نہیں کیا گیا بلکہ ایک خاص ترتیب سے ان کو عالم ارواح میں رکھا گیا، باب کی حدیث میں اسی کا ذکر ہے۔

حدیث: روحیں اکٹھا کیا ہوا لشکر ہیں (جس طرح فوج کی پلٹنیں ہوتی ہیں، اسی طرح روحوں کے گروپ بنا کر عالم ارواح میں رکھی گئی ہیں) پس جن میں وہاں تعارف ہوتا ہے ان میں یہاں اتفاق ہوتا ہے اور جن میں وہاں انجانا پن رہتا ہے ان میں یہاں اختلاف ہوتا ہے یعنی عالم ارواح کے اثرات اس دنیا میں پڑتے ہیں۔

تشریح: انسان اس دنیا میں نیا پیدا نہیں ہوتا، پیدا: فارسی لفظ ہے اور اس کے معنی ہیں: ظاہر ہونا، پردہ کے پیچھے کوئی چیز

ہواور پردہ ہٹایا جائے تو اس کو ظاہر ہونا کہتے ہیں، عدم سے وجود میں آنا پیدا ہونے کے معنی نہیں ہیں، جب بھی کوئی بچہ دنیا میں آتا ہے تو ہم کہتے ہیں: بچہ پیدا ہوا، اور ہم مراد لیتے ہیں کہ بچہ عدم سے وجود میں آیا، حالانکہ وہ عدم سے وجود میں آج نہیں آیا وہ تو چار مہینے پہلے ماں کے پیٹ میں وجود میں آچکا ہے، اور آج وہ جو دنیا میں آیا ہے وہ عدم سے وجود میں آنا نہیں ہے بلکہ ظاہر ہونا ہے، اور ماں کے پیٹ میں بھی انسان عدم سے وجود میں نہیں آتا، انسان اس سے بہت پہلے عالم ارواح میں عدم سے وجود میں آچکا ہے۔ حدیث اور قرآن دونوں میں یہ مضمون ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کی دائیں پیٹھ پر ہاتھ پھیرا تو ان کی قیامت تک کی تمام نیک اولاد نکل آئی، پھر بائیں پیٹھ پر ہاتھ پھیرا تو ان کی قیامت تک کی بری اولاد نکل آئی۔

اور اس کی صورت یہ ہوئی کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کا ہاتھ پھیرا تو حضرت آدم علیہ السلام کی جو صلبی اولاد تھی وہ ان کی پیٹھ سے نکل آئی پھر اولاد کی پیٹھ سے ان کی صلبی اولاد نکلی، پھر ان کی پیٹھ سے ان کی اولاد نکلی، جس طرح دنیا میں انسان پیدا ہو چکے ہیں، پیدا ہو رہے ہیں اور پیدا ہونگے، اسی ترتیب سے ساری روحیں وجود میں آگئیں، حدیث میں ہے کہ اس وقت انسان کأمثال الذُّر: بھوری چیونٹیوں کی طرح تھے، جو زور سے کاٹتی ہے، علماء نے لکھا ہے کہ یہ انسانوں کی روحیں تھیں اور چیونٹی جیسی شکل ان کا مثالی بدن تھا، پھر اللہ تعالیٰ نے ان روحوں کو عالم ارواح میں گروپ بنا کر رکھ دیا، پھر وہاں جن روحوں میں تعارف ہو گیا، جان پہچان ہوگئی ان میں اس دنیا میں آنے کے بعد ائتلاف (اتفاق) ہوتا ہے، اور اگر عالم ارواح میں اوپرا پن رہا تو اس دنیا میں آنے کے بعد ان کے درمیان اختلاف ہوتا ہے، چنانچہ آپ دیکھتے ہیں کہ ایک ماں کے دو بیٹے ایک دوسرے کا گلا کاٹتے ہیں، اور ایک ایران کا دوسرا توران کا: سر راہ ملتے ہیں اور دو تن ایک روح ہو جاتے ہیں، یہ عالم ارواح کے ائتلاف اور تناکر کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں (مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: علمی خطبات ۱:۲۴۲) اور اس باب کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی ساری ذریت حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ وجود میں آچکی ہے، کوئی امر منتظر نہیں۔

[۲-] بَابٌ: الْأَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ

[۳۳۳۶-] وَقَالَ اللَّيْثُ: عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " الْأَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ، فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ، وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ" وَقَالَ يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ: ثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ بِهٰذَا.

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوْحًا إِلٰى قَوْمِهِ﴾

حضرت نوح علیہ السلام کا تذکرہ

طوفان نوح کے بعد انسانوں کی نسل حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹوں سے چلی ہے، پس تمام انسان حضرت نوح

علیہ السلام کی اولاد ہیں، نوح علیہ السلام آدم ثانی اور ابوالبشر ثانی ہیں، سورۃ الصافات آیت ۷۷ ہے: ﴿وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِيْنَ﴾: اور ہم نے انہی کی اولاد کو باقی رہنے والا بنایا، یعنی کشتی میں جو مسلمان تھے ان میں سے کسی کی نسل نہیں چلی، دیر سویر ان کی نسل منقطع ہوگئی، اور حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹوں کی نسل پھیلتی گئی۔

اور آدم ونوح علیہما السلام کے درمیان کتنا زمانہ ہے؟ اس کی تعیین مشکل ہے، اسی طرح آدم ونوح علیہما السلام کے درمیان کوئی نبی ہوئے ہیں یا نہیں؟ یہ بات بھی قطعیت سے نہں بتائی جاسکتی، حضرت آدم علیہ السلام کے صاحبزادے حضرت شیث علیہ السلام کو نبی مانا جاتا ہے اور حضرت ادریس علیہ السلام کو بھی حضرت نوح علیہ السلام سے پہلے مانا جاتا ہے، مگر ان باتوں کا ثبوت کچھ نہیں۔ اس کے بعد امام بخاری رحمہ اللہ چند مفردات ذکر کرکے ان آیات کی طرف اشارہ کرتے ہیں جن میں نوح علیہ السلام کا ذکر ہے۔

۱- سورہ ہود آیت ۲۷ میں ہے: ﴿بَادِيَ الرَّأْيِ﴾: جس کے معنی ہیں: سرسری سوچ والے، یہ کفار نے حضرت نوح علیہ السلام کی پیروی کرنے والے مؤمنین پر پھبتی کسی ہے، انھوں نے کہا: تمہاری پیروی کرنے والے بالکل ذلیل، سرسری سوچ والے لوگ ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ترجمہ کیا ہے: مَاظهر لنا: جو بات ہماری سمجھ میں آجاتی ہے۔

۲- سورہ ہود آیت ۴۴ میں لفظ: ﴿أَقْلِعِيْ﴾: آیا ہے، اللہ تعالیٰ نے آسمان کو حکم دیا کہ تھم جا، برسنے سے رک جا۔

۳- سورہ ہود آیت ۴۴ میں ہے: ﴿وَفَارَ التَّنُّوْرُ﴾: تنور کے دو معنی کئے ہیں: (۱) پانی یعنی پانی ابلنے لگا (۲) حضرت عکرمہ رحمہ اللہ نے تنور کے معنی کئے ہیں: سطح زمین یعنی پانی زمین سے ابلنے لگا۔

۴- سورہ ہود آیت ۴۴ میں لفظ جودی آیا ہے، مجاہد رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ جزیرۃ ابن عمر میں ایک پہاڑ ہے اس پر کشتی ٹھہری تھی، جزیرہ ابن عمر دجلہ اور فرات کے درمیان ہے، اور وہ جزیرہ نہیں ہے، نہروں کی کثرت کی وجہ سے اس کو جزیرہ کہا جاتا ہے اور ابن عمر: حجاج بن یوسف کا چچازاد بھائی ہے اس کا نام یوسف تھا۔

۵- سورۃ المؤمن آیت ۳۱ میں ہے: ﴿مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوْحٍ﴾: دأب کے معنی ہیں: حالت۔

۶- پھر حضرت رحمہ اللہ نے پوری سورۂ نوح کا حوالہ دیا ہے، اس سورت میں تفصیل سے حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت کا ذکر آیا ہے، مگر پوری سورت بیان کرنا مشکل ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوْحًا إِلٰى قَوْمِهِ﴾

[۱-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿بَادِيَ الرَّأْيِ﴾: مَاظَهَرَ لَنَا. [۲-] ﴿أَقْلِعِيْ﴾: أَمْسِكِيْ. [۳-] ﴿وَفَارَ التَّنُّوْرُ﴾: نَبعَ الْمَاءُ، وَقَالَ عِكْرِمَةُ: وَجْهُ الْأَرْضِ. [٤-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿الْجُوْدِيِّ﴾: جَبَلٌ بِالْجَزِيْرَةِ. [٥-] ﴿دَأْبِ﴾: حَالِ. [٦-] ﴿إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوْحًا إِلٰى قَوْمِهِ﴾: إِلٰى آخِرِ السُّوْرَةِ.

اس کے بعد دو حدیثیں ایک ہی مضمون کی ہیں جو پہلے گذر چکی ہیں، دونوں حدیثوں میں ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا، دجال ایک بڑا فتنہ ہے، ہر نبی نے اس فتنہ سے اپنی امت کو ڈرایا ہے، اور دوسری حدیث میں یہ بات بھی ہے کہ دجال کے ساتھ جنت اور دوزخ کی صورت ہوگی، جس کو وہ جنت کہے گا حقیقت میں وہ دوزخ ہوگی، اور جس کو وہ دوزخ کہے گا حقیقت میں وہ جنت ہوگی، پس لوگوں کو اس کی دوزخ سے نہیں ڈرنا چاہئے، اور اس کی جنت کی آرزو نہیں کرنی چاہئے۔

[۳۳۳۷-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ سَالِمٌ: وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي النَّاسِ فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: "إِنِّيْ لَأُنْذِرُكُمُوْهُ، وَمَا مَنْ نَبِيٍّ إِلَّا أَنْذَرَهُ قَوْمَهُ، وَلَقَدْ أَنْذَرَهُ نُوْحٌ قَوْمَهُ، وَلٰكِنِّيْ أَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلاً لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ، تَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ أَعْوَرُ، وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ"[راجع: ۳۰۵۷]

[۳۳۳۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَلَا أُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا عَنِ الدَّجَّالِ مَا حَدَّثَ بِهِ نَبِيٌّ قَوْمَهُ؟ إِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّهُ يَجِيْءُ مَعَهُ بِتِمْثَالِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، فَالَّتِيْ يَقُوْلُ: إِنَّهَا الْجَنَّةُ هِيَ النَّارُ، وَإِنِّيْ أُنْذِرُكُمْ بِهِ كَمَا أَنْذَرَ بِهِ نُوْحٌ قَوْمَهُ" [راجع: ۳۰۵۷]

اس کے بعد تین حدیثیں نئی ہیں ان کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[۳۳۳۹-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَجِيْءُ نُوْحٌ وَأُمَّتُهُ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: هَلْ بَلَّغْتَ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ أَيْ رَبِّ! فَيَقُوْلُ لِأُمَّتِهِ: هَلْ بَلَّغَكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَا، مَاجَاءَ نَا مِنْ نَبِيٍّ، فَيَقُوْلُ لِنُوْحٍ: مَنْ يَشْهَدُ لَكَ؟ فَيَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ، فَنَشْهَدُ أَنَّهُ قَدْ بَلَّغَ، وَهُوَ قَوْلُهُ:﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ﴾ وَالْوَسَطُ: الْعَدْلُ.[انظر: ۴۴۸۷، ۷۳۴۹]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: نوح علیہ السلام اور ان کی امت آئے گی یعنی دونوں اللہ کی کورٹ میں حاضر ہونگے، اللہ تعالیٰ نوحؑ سے پوچھیں گے: کیا آپ نے میرا پیغام پہنچایا؟ نوح علیہ السلام کہیں گے: ہاں، اے میرے پروردگار! پس اللہ تعالیٰ ان کی امت سے پوچھیں گے: کیا نوح نے تم کو میرا پیغام پہنچایا؟ وہ کہیں گے: نہیں، ہمارے پاس کوئی نبی نہیں آیا (نوح علیہ السلام مدعی ہیں اور ان کی قوم منکر اس لئے حضرت نوح علیہ السلام سے گواہ طلب کئے جائیں گے) پس اللہ تعالیٰ نوح

علیہ السلام سے فرمائیں گے: آپ کے لئے کون گواہی دے گا؟ حضرت نوح علیہ السلام کہیں گے: حضرت محمد ﷺ اوران کی امت گواہی دے گی، نبی ﷺ نے فرمایا: پس ہم گواہی دیں گے کہ نوح علیہ السلام نے دین پہنچایا۔ یہ مضمون سورۃ البقرہ آیت ۱۴۳ میں ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا﴾: اوراس طرح ہم نے تم کو معتدل امت بنایا تاکہ تم لوگوں کے مقابلہ میں گواہ بنو، اورتمہارے لئے رسول گواہ بنیں۔ وَسَط کے معنی ہیں: معتدل، گواہ، ایسا ہی ہونا چاہئے، انتہائی درجہ محبت ہو یا بغض ونفرت ہوتو گواہی قبول نہیں کی جاتی۔

[۳۳۴۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثَنَا أَبُوْ حَيَّانَ، عَنْ أَبِىْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِىْ دَعْوَةٍ فَرُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ، وَكَانَتْ تُعْجِبُهُ، فَنَهَسَ مِنْهَا نَهْسَةً، وَقَالَ:" أَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، هَلْ تَدْرُوْنَ بِمَ؟ يَجْمَعُ اللّٰهُ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ فِىْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ، فَيُبْصِرُهُمُ النَّاظِرُ، وَيُسْمِعُهُمُ الدَّاعِىْ، وَتَدْنُوْ مِنْهُمُ الشَّمْسُ، فَيَقُوْلُ بَعْضُ النَّاسِ: أَلَا تَرَوْنَ إِلٰى مَا أَنْتُمْ فِيْهِ؟ إِلٰى مَا بَلَغَكُمْ؟ أَلَا تَنْظُرُوْنَ إِلٰى مَنْ يَشْفَعُ لَكُمْ إِلٰى رَبِّكُمْ؟ فَيَقُوْلُ بَعْضُ النَّاسِ: أَبُوْكُمْ آدَمُ، فَيَأْتُوْنَهُ فَيَقُوْلُوْنَ: يَا آدَمُ! أَنْتَ أَبُو الْبَشَرِ، خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُوْحِهِ، وَأَمَرَ الْمَلاَئِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ، وَأَسْكَنَكَ الْجَنَّةَ، أَلَا تَشْفَعُ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ؟ أَلَا تَرَى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ وَمَا بَلَغَنَا؟ فَيَقُوْلُ: رَبِّىْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلاَ يَغْضَبُ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَنَهَانِىْ عَنِ الشَّجَرَةِ فَعَصَيْتُ، نَفْسِىْ نَفْسِىْ! اذْهَبُوْا إِلٰى غَيْرِىْ، اذْهَبُوْا إِلٰى نُوْحٍ.

فَيَأْتُوْنَ نُوْحًا، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا نُوْحُ! أَنْتَ أَوَّلُ الرُّسُلِ إِلٰى أَهْلِ الْأَرْضِ، وَسَمَّاكَ اللّٰهُ عَبْدًا شَكُوْرًا، أَلَا تَرَى إِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ أَلَا تَرَى إِلٰى مَا بَلَغَنَا؟ أَلَا تَشْفَعُ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ؟ فَيَقُوْلُ: رَبِّىْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلاَ يَغْضَبُ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، نَفْسِىْ نَفْسِىْ! ائْتُوا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَيَأْتُوْنِىْ فَأَسْجُدُ تَحْتَ الْعَرْشِ، فَيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ" قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ: لاَ أَحْفَظُ سَائِرَهُ. [انظر: ۳۳۶۱، ۴۷۱۲]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم کسی ضیافت میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس آپؐ کے سامنے بکری کا دست پیش کیا گیا، اور آپؐ کو دست کا گوشت پسند تھا، آپؐ نے اس میں سے دانتوں سے نوچ کر کچھ کھایا، اور فرمایا: میں قیامت کے دن تمام لوگوں کا سردار ہوں گا، کیا جانتے ہو یہ بات کیوں ہوگی؟ اللہ تعالیٰ تمام اگلوں پچھلوں کو ایک زمین میں اکٹھا کریں گے پس دیکھے گا ان کو دیکھنے والا، یعنی دیکھنے والا ان کو آخر تک دیکھ سکے گا، اور سنائے گا ان کو پکارنے والا یعنی سب لوگ ایک جگہ اس طرح اکٹھا ہونگے کہ اگر کوئی پکارنے والا پکارے تو سب اس کی آواز سن لیں، اور سورج لوگوں

سے قریب آجائے گا، پس بعض لوگ کہیں گے: کیا تم دیکھتے نہیں وہ پریشانی جس میں تم ہو؟ اور تمہاری وہ پریشانی کہاں تک پہنچی ہے؟ کیا تم ڈھونڈھتے نہیں اس ہستی کو جو تمہارے لئے سفارش کرے، تمہارے پروردگار کی بارگاہ میں؟ پس کچھ لوگ کہیں گے: تمہارے ابا آدم ہیں، پس وہ ان کے پاس پہنچیں گے اور کہیں گے: اے آدم! آپ تمام انسانوں کے باپ ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا، اور آپ میں اپنی روح پھونکی، اور فرشتوں کو حکم دیا پس انھوں نے آپ کو سجدہ کیا اور آپ کو جنت میں بسایا، پس کیا آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں سفارش نہیں کرتے؟ کیا نہیں دیکھتے آپ اس حالت کو جس میں ہم ہیں؟ اور اس پریشانی کو جو ہمیں پہنچی ہے؟ پس آدم علیہ السلام کہیں گے: میرے پروردگار آج ناراض ہیں ایسے ناراض کہ اس سے پہلے کبھی ایسے ناراض نہیں ہوئے، اور نہ آج کے بعد کبھی ایسے ناراض ہونگے، اور اللہ تعالیٰ نے مجھے درخت کھانے سے منع کیا تھا پس میں نے ان کی نافرمانی کی، اس لئے مجھے تو اپنی ہی فکر ہے، میرے علاوہ کسی کے پاس جاؤ، نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ (یہاں باب ہے) پس وہ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے، اور کہیں گے: اے نوحؑ! آپ زمین والوں کی طرف سب سے پہلے رسول ہیں، اور اللہ نے آپ کا نام عبد شکور رکھا ہے (سورہ بنی اسرائیل آیت ۳) کیا نہیں دیکھتے آپ اس حالت کو جس میں ہم ہیں؟ کیا نہیں دیکھتے آپ اس پریشانی کو جو ہمیں پہنچی ہے؟ کیا نہیں سفارش کرتے آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار کے پاس؟ پس وہ کہیں گے: میرے پروردگار آج ناراض ہیں ایسے ناراض کہ اس سے پہلے کبھی ایسے ناراض نہیں ہوئے، اور نہ آج کے بعد کبھی ایسے ناراض ہونگے، مجھے تو اپنی ہی فکر لاحق ہے، جاؤ تم نبی ﷺ کے پاس، پس وہ میرے پاس آئیں گے، پس میں عرش کے نیچے سجدہ کروں گا، پس کہا جائے گا: اے محمد! سر اٹھایئے اور سفارش کیجئے، آپؐ کی سفارش قبول کی جائے گی، اور مانگئے آپؐ دیئے جائیں گے، حدیث کے راوی محمد بن عبید احدب کوفی کہتے ہیں: مجھے باقی حدیث یاد نہیں، یہ حدیث تفصیل سے ترمذی شریف (حدیث ۲۷۲۸، تحفۃ الالمعی ۶:۲۱۰) میں ہے۔

[۳۳۴۱-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ ﴿فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ مِثْلَ قِرَاءَ ةِ الْعَامَّةِ.

[انظر: ۳۳۴۵، ۳۳۷۶، ۴۸۶۹، ۴۸۷۰، ۴۸۷۱، ۴۸۷۲، ۴۸۷۳، ۴۸۷۴]

وضاحت: سورۃ القمر میں ﴿فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾: بار بار آیا ہے، یعنی کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ مدّکر کی اصل مذتکر ہے پہلے تاء کو دال (مہملہ) سے بدلا، پھر ذال (معجمہ) کو دال (مہملہ) سے بدلا، پھر دونوں میں ادغام کیا، یہی عام قراءت ہے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ﴿فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾: پڑھا جیسا کہ عام قراءت ہے، یہ آیت حضرت نوح علیہ السلام کے تذکرہ کے بعد بھی آئی ہے یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

بَابٌ: ﴿وَإِنَّ إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ﴾

حضرت الیاس علیہ السلام کا تذکرہ

حاشیہ میں ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک راجح بات یہ ہے کہ ادریس علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام کے اجداد میں سے نہیں ہیں، اس لئے حضرت الیاس علیہ السلام کا تذکرہ حضرت نوح علیہ السلام کے بعد لائے ہیں۔

۱و۲- سورۃ الصافات آیات ۱۲۳-۱۳۲ میں ہے: ''اور الیاس بھی (بنی اسرائیل کے) پیغمبروں میں سے تھے، جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم اللہ سے ڈرتے نہیں؟ کیا تم بَعل کو پوجتے ہو؟ اور اس کو چھوڑ بیٹھے ہو جو سب سے بڑھ کر بنانے والا ہے؟ یعنی اللہ تعالیٰ جو تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا بھی رب ہے، ان لوگوں نے ان کو جھٹلایا، پس بیشک وہ البتہ پکڑے جائیں گے، مگر جو اللہ کے خاص بندے ہیں، اور ہم نے الیاس کے لئے پیچھے آنے والوں میں یہ بات رہنے دی کہ الیاسین پر سلام ہو، ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں، بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں سے تھے'' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: پچھلوں میں ان کا ذکر خیر باقی رہا۔

فائدہ: إلیاسین میں دو قراءتیں ہیں، اکثر قاری إلیاس کے آخر میں ی، ن زیادہ کرکے إلیاسین پڑھتے ہیں اور مدینہ کے قراء آل کو الگ کرکے آل یاسین پڑھتے ہیں، اس صورت میں یاسین حضرت الیاس علیہ السلام کے باپ کا نام ہوگا۔

۳- حضرات ابن مسعود اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ضعیف روایت مروی ہے کہ الیاس اور ادریس ایک شخصیت ہیں۔

[٤-] بَابٌ: ﴿وَإِنَّ إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ﴾

[١-] ﴿إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَلَا تَتَّقُوْنَ﴾ إِلٰى ﴿وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الآخِرِيْنَ﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يُذْكَرُ بِخَيْرٍ.

[٢-] ﴿سَلَامٌ عَلٰى آلِ يَاسِيْنَ إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِيْ الْمُحْسِنِيْنَ، إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ﴾

[٣-] وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ إِلْيَاسَ هُوَ إِدْرِيْسُ.

بَابُ ذِكْرِ إِدْرِيْسَ

حضرت ادریس علیہ السلام کا تذکرہ

ایک جماعت کہتی ہے: حضرت ادریس علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام کے اجداد میں ہیں، مگر یہ رائے بے دلیل ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کا تذکرہ حضرت نوح علیہ السلام کے بعد کیا ہے، پھر حضرت ادریس علیہ السلام کا زمانہ کونسا ہے؟ اس کی تعیین بھی مشکل ہے، نبی ﷺ نے حضرت ادریس علیہ السلام سے چوتھے آسمان پر ملاقات کی ہے،

جیسا باب کی حدیث میں ہے، اور سورہ مریم آیت ۵۷ میں آپ کے تذکرہ میں ہے: ﴿وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا﴾: اور ہم نے ان کو (کمالات میں) بلند رتبہ تک پہنچایا، اس آیت کی تفسیر میں اسرائیلی روایات ہیں کہ حضرت ادریس علیہ السلام کی ایک فرشتہ سے دوستی تھی، وہ ان کو اپنے پَر میں چھپا کر جنت میں لے گیا، پھر حضرت ادریس علیہ السلام نے واپس آنے سے انکار کر دیا، ابن کثیرؒ فرماتے ہیں: یہ سب اسرائیلی خرافات ہیں، اور ان میں روایتی اعتبار سے نکارت ہے، یعنی یہ نا قابل اعتبار روایتیں ہیں، پس صحیح تفسیر یہ ہے کہ ﴿مَكَانًا عَلِيًّا﴾ سے مراد کمالات ہیں، اور باب میں معراج کی روایت ہے جو پہلے گذری ہے۔

[٥-] بَابُ ذِكْرِ إِدْرِيْسَ

وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا﴾ [مريم: ٥٧]

[٣٣٤٢-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، ثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا عَنْبَسَةُ، ثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: كَانَ أَبُوْ ذَرٍّ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " فُرِجَ سَقْفُ بَيْتِيْ وَأَنَا بِمَكَّةَ، فَنَزَلَ جِبْرِيْلُ فَفَرَجَ صَدْرِيْ، ثُمَّ غَسَلَهُ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ جَاءَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مُمْتَلِيءٍ حِكْمَةً وَإِيْمَانًا، فَأَفْرَغَهَا فِيْ صَدْرِيْ ثُمَّ أَطْبَقَهُ، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِيْ فَعَرَجَ بِيْ إِلَى السَّمَاءِ، فَلَمَّا جَاءَ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، قَالَ جِبْرَئِيْلُ لِخَازِنِ السَّمَاءِ: افْتَحْ، قَالَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا جِبْرَئِيْلُ، قَالَ: مَعَكَ أَحَدٌ؟ قَالَ: مَعِيَ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَفَتَحَ، فَلَمَّا عَلَوْنَا السَّمَاءَ إِذَا رَجُلٌ عَنْ يَمِيْنِهِ أَسْوِدَةٌ وَعَنْ يَسَارِهِ أَسْوِدَةٌ، فَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ يَمِيْنِهِ ضَحِكَ، وَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ شِمَالِهِ بَكَى، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالِابْنِ الصَّالِحِ، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا يَا جِبْرِيْلُ؟ قَالَ: هٰذَا آدَمُ، وَهٰذِهِ الْأَسْوِدَةُ عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ نَسَمُ بَنِيْهِ، فَأَهْلُ الْيَمِيْنِ مِنْهُمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ، وَالْأَسْوِدَةُ الَّتِيْ عَنْ شِمَالِهِ أَهْلُ النَّارِ، فَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ يَمِيْنِهِ ضَحِكَ، وَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ شِمَالِهِ بَكَى، ثُمَّ عَرَجَ بِيْ جِبْرَئِيْلُ حَتَّى أَتَى السَّمَاءَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ لِخَازِنِهَا: افْتَحْ، فَقَالَ لَهُ خَازِنُهَا مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُ، فَفَتَحَ، قَالَ أَنَسٌ: فَذَكَرَ أَنَّهُ وَجَدَ فِي السَّمَاوَاتِ إِدْرِيْسَ وَمُوْسَى وَعِيْسٰى وَإِبْرَاهِيْمَ، لَمْ يُثْبِتْ لِيْ كَيْفَ مَنَازِلَهُمْ، غَيْرَ أَنَّهُ وَجَدَ آدَمَ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا وَإِبْرَاهِيْمَ فِي السَّادِسَةِ، وَقَالَ أَنَسٌ: " فَلَمَّا مَرَّ جِبْرَئِيْلُ بِإِدْرِيْسَ، قَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْأَخِ الصَّالِحِ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا إِدْرِيْسُ، ثُمَّ مَرَرْتُ بِمُوْسَى، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْأَخِ الصَّالِحِ، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا مُوْسَى، ثُمَّ مَرَرْتُ بِعِيْسَى. فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْأَخِ الصَّالِحِ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: [هٰذَا] عِيْسَى، ثُمَّ مَرَرْتُ بِإِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالِابْنِ الصَّالِحِ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا إِبْرَاهِيْمُ" قَالَ ابْنُ شِهَابٍ، وَأَخْبَرَنِيْ

ابْنُ حَزْمٍ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَأَبَا حَيَّةَ الْأَنْصَارِيَّ، كَانَا يَقُوْلَانِ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" ثُمَّ عَرَجَ بِيْ جَبْرَئِيْلُ حَتَّى ظَهَرْتُ لِمُسْتَوًى أَسْمَعُ صَرِيْفَ الْأَقْلَامِ" قَالَ ابْنُ حَزْمٍ وَأَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" فَفَرَضَ اللّٰهُ عَلَيَّ خَمْسِيْنَ صَلاَ ةً، فَرَجَعْتُ بِذٰلِكَ حَتَّى أَمُرَّ بِمُوْسَى، فَقَالَ مُوْسَى: مَا الَّذِيْ فَرَضَ رَبُّكَ عَلٰى أُمَّتِكَ؟ قُلْتُ: فُرِضَ عَلَيْهِمْ خَمْسِيْنَ صَلاَ ةً، قَالَ: فَرَاجِعْ رَبَّكَ، فَإِنَّ أُمَّتَكَ لاَ تُطِيْقُ ذٰلِكَ، فَرَجَعْتُ فَرَاجَعْتُ رَبِّيْ فَوَضَعَ شَطْرَهَا، فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسَى، فَقَالَ: رَاجِعْ رَبَّكَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ. فَوَضَعَ شَطْرَهَا، فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسَى، فَقَالَ ذٰلِكَ فَفَعَلْتُ فَوَضَعَ شَطْرَهَا فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسَى، فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: رَاجِعْ رَبَّكَ فَإِنَّ أُمَّتَكَ لاَتُطِيْقُ ذٰلِكَ فَرَجَعْتُ فَرَاجَعْتُ رَبِّيْ فَقَالَ: هِيَ خَمْسٌ وَهِيَ خَمْسُوْنَ، لاَ يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ، فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسَى فَقَالَ: رَاجِعْ رَبَّكَ، فَقُلْتُ: قَدِ اسْتَحْيَيْتُ مِنْ رَبِّيْ، ثُمَّ انْطَلَقَ حَتَّى أَتَى بِي السِّدْرَةَ الْمُنْتَهَى، فَغَشِيَهَا أَلْوَانٌ لاَ أَدْرِيْ مَاهِيَ، ثُمَّ أُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا فِيْهَا جَنَابِذُ اللُّؤْلُؤِ، وَإِذَا تُرَابُهَا الْمِسْكُ.[راجع: ۳۴۹]

قوله: أسودة: یہ سَواد کی جمع ہے جیسے أزمنة: زَمان کی، اور سَواد سے شخص مراد ہے، حضرت آدم علیہ السلام کی دائیں جانب مؤمنین کی روحیں تھیں، اور بائیں جانب کفار کی............ مُسْتَوی: لیول، چڑھائی کا آخری مرتبہ........... صریف الأقلام: قلموں کی آواز یہ فرشتے لکھ رہے تھے............ شطر: ایک حصہ، اس کے معنی آدھے کے نہیں........ جنابذ: جَنْبذ کی جمع اور حنبذ: گنبد کی عربی ہے، جنت میں موتی کے گنبد ہیں۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِلٰى عَادٍ أَخَاهُمْ هُوْدًا﴾

حضرت ہود علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت ہود علیہ السلام قوم عاد کے پیغمبر ہیں، اور باب کی آیت سورۂ ہود کی آیت ۵۰ ہے، عاد کا مسکن احقاف تھا، یہ جزیرۂ عرب میں حضر موت کے شمال میں واقع ہے، عاد بت پرست قوم تھی، حضرت ہود علیہ السلام نے ان کو توحید کی دعوت دی مگر انھوں نے قبول نہ کی تو وہ عذاب الٰہی سے ہلاک کئے گئے، عذاب پہلے خشک سالی کی شکل میں نمودار ہوا پھر آٹھ دن اور سات راتیں مسلسل طوفانی ہوا چلی، جس نے ان کی آبادی کو تہ وبالا کر دیا، اور وہ قوی ہیکل انسان اس طرح بے حس وحرکت پڑے رہ گئے، جیسے تناور درخت جڑ سے اکھڑ کر گر جاتا ہے، سورۃ الاحقاف آیات ۲۱-۲۵ میں ان کا تذکرہ ہے، أحقاف: حِقْف کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: خم دار اور لمبا ریت کے ٹیلوں کا سلسلہ، اور حضرت عطاء بن ابی رباح کی جو روایت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے وہ پہلے (حدیث ۳۲۰۶) کتاب بدء الخلق میں آئی ہے: جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم بادل دیکھتے تھے تو پریشان ہو جاتے تھے جب آپؐ سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو آپؐ نے فرمایا: وہ بادل قوم عاد کے بادل جیسا بھی تو ہوسکتا

ہے، اور سلیمان بن یسار کی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کتاب التفسیر میں (حدیث ۴۸۲۹) آئے گی، اس میں بھی یہی مضمون ہے کہ لوگ بادل دیکھ کر خوش ہوتے ہیں، مگر نبی ﷺ پریشان ہوتے تھے، وجہ پوچھی گئی تو فرمایا: بادل میں عذاب بھی تو ہوسکتا ہے، جیسے قوم عاد ہوا کے ذریعہ ہلاک کی گئی۔

اور سورۃ الحاقہ آیت ۶-۸ میں ہے: ﴿وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ، سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمٰنِيَةَ أَيَّامٍ حُسُوْمًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى، كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ، فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِنْ بَاقِيَةٍ﴾: اور رہے عاد تو وہ ایک تیز وتند ہوا کے ذریعہ ہلاک کئے گئے (صرصر کے معنی ہیں: تیز وتند، ابن عیینہؒ نے فرمایا: ہوا پر مقرر کئے ہوئے فرشتوں کے ہاتھ سے بے قابو) جس کو اللہ تعالیٰ نے ان پر سات راتیں اور آٹھ دن مسلسل مسلط کیا (حُسُوْمًا کے معنی ہیں: پے بہ پے، مسلسل) پس دیکھ رہا تو اس قوم کو اس طرح گرا ہوا جیسے وہ گرے ہوئے کھجوروں کے تنے ہوں (أعجاز کے معنی ہیں: اصول: تنے) پس کیا تجھ کو ان سے میں کوئی بچا ہوا نظر آتا ہے؟ (باقية کے معنی ہیں: بقية)

[٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِلٰى عَادٍ أَخَاهُمْ هُوْدًا﴾

[١-] وَقَوْلِهِ: ﴿إِذْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿كَذٰلِكَ نَجْزِيْ الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ﴾ [٢-] فِيْهِ عَطَاءٌ وَسُلَيْمَانُ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [٣-] وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ﴾ شَدِيْدَةٍ ﴿عَاتِيَةٍ﴾ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: عَتَتْ عَلَى الْخُزَّانِ. ﴿سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُوْمًا﴾: مُتَتَابِعَةً. ﴿فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ﴾: أُصُوْلُهَا. ﴿فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِنْ بَاقِيَةٍ﴾: بَقِيَّةٍ.

پھر وہ حدیث ہے جو پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں پروا ہوا کے ذریعہ مدد کیا گیا اور عاد پچھوا ہوا کے ذریعہ ہلاک کئے گئے، اس کے بعد نئی حدیث ہے اس کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[٣٣٤٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " نُصِرْتُ بِالصَّبَا، وَأُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ" [راجع: ١٠٣٥]

[٣٣٤٤-] وَقَالَ ابْنُ كَثِيْرٍ: عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نُعْمٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: بَعَثَ عَلِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِذُهَيْبَةٍ، فَقَسَمَهَا بَيْنَ أَرْبَعَةٍ: الْأَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ الْحَنْظَلِيِّ ثُمَّ الْمُجَاشِعِيِّ، وَعُيَيْنَةَ ابْنِ بَدْرٍ الْفَزَارِيِّ، وَزَيْدٍ الطَّائِيِّ، ثُمَّ أَحَدِ بَنِيْ نَبْهَانَ، وَعَلْقَمَةَ بْنِ عُلَاثَةَ الْعَامِرِيِّ ثُمَّ أَحَدِ بَنِيْ كِلَابٍ، فَغَضِبَتْ قُرَيْشٌ وَالْأَنْصَارُ، قَالُوْا: يُعْطِيْ صَنَادِيْدَ أَهْلِ نَجْدٍ وَيَدَعُنَا؟ قَالَ: " إِنَّمَا أَتَأَلَّفُهُمْ" فَأَقْبَلَ رَجُلٌ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ، مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ، نَاتِئُ الْجَبِيْنِ، كَثُّ اللِّحْيَةِ، مَحْلُوْقٌ، فَقَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ: " مَنْ

يُطِيْعُ اللّٰهَ إِذَا عَصَيْتُ؟ أَيَأْمَنُنِيْ اللّٰهُ عَلٰى أَهْلِ الْأَرْضِ وَلَا تَأْمَنُوْنِيْ؟" فَسَأَلَهُ رَجُلٌ قَتْلَهُ، أَحْسِبُهُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ فَمَنَعَهُ فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ:" إِنَّ مِنْ ضِئْضِئِ هٰذَا - أَوْ: فِيْ عَقِبِ هٰذَا - قَوْمًا يَقْرَؤُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يَقْتُلُوْنَ أَهْلَ الْإِسْلَامِ وَيَدَعُوْنَ أَهْلَ الْأَوْثَانِ، لَئِنْ أَنَا أَدْرَكْتُهُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ"[انظر: ۳۶۱۰، ۴۳۵۱، ۴۶۶۷، ۵۰۵۸، ۶۱۶۳، ۶۹۳۱، ۶۹۳۴، ۷۴۳۲]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یمن سے نبی ﷺ کے پاس تھوڑا سا سونا بھیجا، آپؐ نے اس کو چار آدمیوں میں بانٹا، اقرع، عیینہ، زید طائی اور علقمہ کے درمیان، پس قریش اور انصار ناراض ہوئے، انھوں نے کہا: نجد کے رؤسا کو دیتے ہیں اور ہمیں چھوڑتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: میں ان کو اسلام کے ساتھ جوڑتا ہوں، پس ایک شخص آیا جس کی دونوں آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں، دونوں رخسار ابھرے ہوئے تھے، ماتھا ابھرا ہوا تھا، ڈاڑھی گھنی تھی، سر منڈا ہوا تھا، اس نے کہا: اے محمد! اللہ سے ڈرو، پس آپؐ نے فرمایا: کون اللہ کی اطاعت کرے گا جب میں نافرمانی کروں گا؟ کیا اللہ تعالیٰ زمین والوں کے معاملہ میں مجھ پر اعتماد کریں اور تم مجھ پر اعتماد نہ کرو! پس ایک شخص نے غالباً حضرت خالد بن الولیدؓ نے اس کو قتل کرنے کی اجازت چاہی، آپؐ نے ان کو منع کیا، جب وہ شخص پیٹھ پھیر کر گیا تو آپؐ نے فرمایا: اس کی جڑ سے یا فرمایا: اس کی نسل سے، ایسے لوگ پیدا ہونگے جو قرآنِ کریم پڑھیں گے، وہ ان کے گلوں سے آگے نہیں بڑھے گا، وہ دین سے نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، وہ مسلمانوں سے لڑیں گے اور مشرکوں کو چھوڑیں گے، بخدا! اگر میں نے ان کو پایا تو ضرور میں ان کو قتل کروں گا عاد کے قتل کرنے کی طرح (یہاں باب ہے) یعنی جس طرح قوم عاد جڑ مڑ سے اکھاڑ دی گئی میں بھی ان کا صفایا کردوں گا۔

پھر آخر میں مدّکر والی روایت ہے، سورۂ قمر میں حضرت ہود علیہ السلام کے تذکرہ کے بعد بھی یہ آیت آئی ہے۔

[۳۳۴۵-] حدثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ ﴿فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ﴾[راجع: ۳۳۴۱]

بَابُ قِصَّةِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، وَبَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ﴾

یاجوج وماجوج کا قصہ اور ذوالقرنین کا تذکرہ

یہ دو باب ہیں، ذیلی باب پہلے ہے اور اصل باب بعد میں ہے، پہلا باب بطور مقدمہ ہے اور دوسرا باب مقصود ہے، اور یاجوج وماجوج کا تذکرہ کتاب الانبیاء میں اس لئے لائے ہیں کہ حضرت ذوالقرنین رحمہ اللہ کے ساتھ ان کے قصہ کا گہرا تعلق ہے، اور حضرت ذوالقرنین کا تذکرہ کتاب الانبیاء میں اس لئے لائے ہیں کہ ایک قول ان کے نبی ہونے کا بھی ہے، شاید یہ قول امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک راجح ہو، مگر عام علماء کے نزدیک راجح یہ ہے کہ ذوالقرنین ایک نیک نہاد بادشاہ

تھے، نبی یا رسول نہیں تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: لَمْ یَکُنْ نَبِیًّا وَلاَ مَلَکًا: ذوالقرنین نہ نبی تھے نہ فرشتے۔ حافظ رحمہ اللہ نے اس روایت کی توثیق کی ہے اور لکھا ہے کہ یہی اکثر علماء کی رائے ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی بات مروی ہے کہ ذوالقرنین نیک اور صالح بادشاہ تھے، اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال کو پسند فرمایا اور قرآن میں ان کی تعریف کی، وہ فاتح اور کامیاب بادشاہ تھے (البدایہ والنہایہ ۲:۱۰۲)

اور یاجوج وماجوج کے بارے میں تمام صحیح روایات، محدثین، مفسرین اور مؤرخین متفق ہیں کہ وہ حضرت نوح علیہ السلام کے صاحبزادے یافث کی اولاد ہیں، وہ کوئی عجیب الخلقت مخلوق نہیں ہیں، بلکہ دنیائے انسانی کی عام آبادی کی طرح وہ بھی انسان ہیں، وہ سد سکندری کی دوسری جانب آباد تھے اور ان کی بہت بڑی تعداد تھی، وہ کبھی کبھی موقع پاکر یلغار کرتے ہوئے مجاور قوموں میں گھس آتے تھے، اور لوٹ مار کرکے لوٹ جاتے تھے، ارشاد پاک ہے: ''لوگوں نے عرض کیا: اے ذوالقرنین! یاجوج وماجوج اس سرزمین میں آکر فساد مچاتے ہیں، یعنی ہمارے علاقہ میں گھس کر ہمیں پریشان کرتے ہیں''

ذوالقرنین رحمہ اللہ نے تین اسفار کئے ہیں، تیسرے سفر میں سد سکندری بنائی ہے، ارشاد پاک ہے: ـــــ انھوں نے سفر کا سروسامان کیا ـــــ سَبَبَ کا ترجمہ سامان بھی ہوسکتا ہے اور راہ بھی، سَبَب: اصل میں اس رسّی کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ درخت پر چڑھا جائے یا کنویں میں پانی تک پہنچا جائے، پھر ہر اس چیز کا نام سبب پڑ گیا جو کسی دوسری شئ تک پہنچنے کا ذریعہ ہو ـــــ ذوالقرنینؒ نے جواب دیا: جس چیز میں میرے پروردگار نے مجھے قدرت دی ہے وہ بہتر ہے ـــــ یعنی مال اور خزانہ میرے پاس اللہ کا دیا ہوا بہت ہے، مجھے کسی مالی مدد کی ضرورت نہیں، ہاں جسمانی محنت کی ضرورت ہے ـــــ تم مجھے لوہے کے بڑے بڑے ٹکڑے دو ـــــ زُبَر: زُبْرۃ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: ٹکڑا ـــــ یہاں تک کہ جب اس نے دونوں پھانکوں کے بیچ میں دیوار چن کر برابر کردی ـــــ صَدَف، سَدّ، اور جَبَل کے ایک معنی ہیں ـــــ تو حکم دیا کہ دھکاؤ یہاں تک کہ جب ذوالقرنین نے اس کو لال انگارا کردیا تو حکم دیا کہ مجھے لاکر دو میں اس پر پگھلا ہوا تانبا ڈال دوں ـــــ تاکہ وہ لوہے کی درزوں میں پیوست ہوکر نا قابل تسخیر دیوار بن جائے، قطر کے چار معنی کئے گئے ہیں: (۱) سیسہ (۲) لوہا (۳) پیتل (۴) تانبا ـــــ پس یاجوج وماجوج نہ تو اس دیوار پر چڑھ سکے نہ اس میں سوراخ کرسکے ـــــ ظَهَرَ یَظْهَرُ ظَهْرًا کے معنی ہیں: چڑھنا، اور استطاع: باب استفعال سے ہے، مجرد طاع یطوع طَوْعًا ہے اور اسطاع اصل میں استطاع تھا، ت اور ط قریب المخرج تھے اس لئے ت کو حذف کیا اسطاع ہوا ـــــ ذوالقرنینؒ نے کہا: یہ میرے پروردگار کی مہربانی ہے، پھر جب میرے پروردگار کے وعدہ کا وقت آئے گا تو وہ اس دیوار کو پیوند خاک کردیں گے ـــــ دکّاء کے معنی ہیں: زمین کے ساتھ اس کو چپکا دیں گے، ناقۃٌ دَکَّاءُ: وہ اونٹنی جس کی کوہان کی چربی ختم ہوگئی ہو اور کوہان دب کر رہ گئی ہو، اسی معنی میں الدَّکْدَاك ہے، جوہریؒ کہتے ہیں: دکداک وہ ہموار زمین ہے جو سخت ہوگئی ہو ـــــ اور میرے پروردگار کا وعدہ برحق ہے ـــــ یعنی جب اس دیوار کی مدت عمر پوری ہوجائے گی اور اس کے ٹوٹنے کا وقت آئے گا تو یہ مضبوط آہنی دیوار زمین بوس

ہوجائے گی، جس طرح دنیا کی ہر چیز فانی ہے یہ دیوار بھی اپنے وقت پر ٹوٹ جائے گی — اور ہم نے اس دن ان کے بعض کو بعض میں ٹھاٹھیں مارتا ہوا چھوڑ دیا — راستہ بند ہوجانے کے بعد وہ قومیں آپس ہی میں جنگ و پیکار میں مشغول ہوگئیں، اور وہ قومیں اتنی کثیر تعداد میں تھیں کہ جب ان کی باہم جنگ ہوتی تو ایسا محسوس ہوتا جیسے سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔

اور سورۃ الانبیاء آیت ۹۶ میں ہے — جب یاجوج وماجوج کھول دیئے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے پھسلتے آئیں گے — یہ قیامت کی ایک نشانی ہے، نفخ صور سے پہلے یاجوج وماجوج کے تمام قبیلے ایک ساتھ امنڈ پڑیں گے، اور دنیا میں غارت گری مچائیں گے اور اپنی مقامی بلندیوں سے یا فضائے آسمانی سے تیزی کے ساتھ اترتے ہوئے زمین میں پھیل جائیں گے، قتادہ رحمہ اللہ نے حَدَب کے معنی ٹیلہ کے کئے ہیں۔

پھر حضرت امام رحمہ اللہ نے ایک ضعیف روایت لکھی ہے، قتادہؒ کہتے ہیں: مدینہ کے ایک شخص نے نبی ﷺ کو بتلایا کہ اس نے یاجوج وماجوج کی دیوار دیکھی ہے، آپؐ نے پوچھا: وہ کیسی تھی؟ اس نے کہا: یمنی چادر جیسی تھی (جس کی زمین سفید ہوتی ہے اور اس میں لال دھاریاں ہوتی ہیں) نبی ﷺ نے فرمایا: قَدْ رَأَیْتَهُ: تم نے واقعی وہ دیوار دیکھی ہے، یہ روایت دو تین کتابوں میں مروی ہے، مگر وہ کتابیں طبقۂ خامسہ کی ہیں، جن کی روایتیں عام طور پر ضعیف ہوتی ہیں، علاوہ ازیں اس کی سند میں مجہول واسطہ بھی ہے، اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ وہ دیوار اب موجود نہیں، امام العصر علامہ محمد انور شاہ صاحب کشمیری قدس سرہ سابق شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند نے عقیدۃ الاسلام (ص:۲۰۱) میں لکھا ہے کہ سورۃ الانبیاء کی آیت میں دیوار کا قطعاً کوئی ذکر نہیں، اور فتح سے عروج وخروج مراد ہے، دیوار کا ٹوٹنا اور یاجوج وماجوج کا نکلنا مراد نہیں، کیونکہ اس آیت میں دیوار کا ذکر نہیں۔

ملحوظہ: وہ کونسے پہاڑ تھے جن کے درمیان ذوالقرنین نے دیوار بنائی تھی؟ اور وہ کونسی قوم تھی جن کی حفاظت کے لئے یہ سامان کیا تھا؟ اور دیوار اب بھی باقی ہے یا ٹوٹ پھوٹ چکی ہے؟ اور یاجوج وماجوج کون ہیں؟ اور ان کے بارے میں بے سروپا روایتیں کیوں مشہور ہوئیں؟ ان باتوں کی تفصیل ہدایت القرآن (۵:۲۳۱) میں ہے اور ترمذی شریف میں جو روایت ہے کہ یاجوج وماجوج روزانہ دیوار کھودتے ہیں یا چاٹتے ہیں اس کی تفصیل بھی ہدایت القرآن میں ہے۔

[۷-] بَابُ قِصَّةِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، وَقَوْلِ اللّٰهِ تبَارَكَ وَتَعَالٰى:

﴿إِنَّ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْأَرْضِ﴾

بَابٌ: وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَيَسْأَلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿سَبَبًا﴾

سَبَبًا: طَرِيْقًا. إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿آتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ﴾ وَاحِدُهَا زُبْرَةٌ، وَهِيَ الْقِطَعُ ﴿حَتَّى إِذَا سَاوَى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ﴾ يُقَالُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: الْجَبَلَيْنِ، وَالسَّدَّيْنِ: الْجَبَلَيْنِ. ﴿خَرْجًا﴾: أَجْرًا، قَالَ: ﴿انْفُخُوْا حَتَّى

إِذَا جَعَلَهُ نَارًا قَالَ آتُوْنِیْ أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا﴾ أَصُبُّ عَلَيْهِ قِطْرًا: رَصَاصًا وَيُقَالُ: الْحَدِيْدُ، وَيُقَالُ الصُّفْرُ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: النُّحَاسُ ﴿فَمَا اسْطَاعُوْا أَنْ يَظْهَرُوْهُ﴾ يَعْلُوْهُ، اسْطَاعَ: اسْتَفْعَلَ مِنْ طُعْتُ لَهُ، فَلِذٰلِكَ فُتِحَ أَسْطَاعَ يَسْطِيْعُ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: اسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ﴿ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهُ نَقْبًا، قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِنْ رَبِّیْ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّیْ جَعَلَهُ دَكَّاءَ﴾: أَلْزَقَهُ بِالْأَرْضِ، وَنَاقَةٌ دَكَّاءُ: لَاسَنَامَ لَهَا، وَالدَّكْدَاكُ مِنَ الْأَرْضِ مِثْلُهُ، حَتَّى صَلُبَ مِنَ الْأَرْضِ وَتَلَبَّدَ﴿وَكَانَ وَعْدُ رَبِّیْ حَقًّا وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوْجُ فِی بَعْضٍ﴾ [الکهف:۸۳-۹۹]﴿ حَتَّى إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوْجُ وَمَأْجُوْجُ وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُوْنَ﴾ [الانبیاء: ۹۶] قَالَ قَتَادَةُ: حَدَبٌ: أَكَمَةٌ.وَقَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: رَأَيْتُ السَّدَّ مِثْلَ الْبُرْدِ الْمُحَبَّرِ، قَالَ: رَأَيْتَهُ؟

اس کے بعد تین حدیثیں ہیں اور تینوں نئی ہیں، اور تینوں حدیثوں میں یاجوج وماجوج کا ذکر ہے، بس یہی حدیثوں کی باب سے مناسبت ہے۔

[۳۳۴۶-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِی سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ، عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ بِنْتِ أَبِی سُفْيَانَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا فَزِعًا، يَقُوْلُ:" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهِ" وَحَلَّقَ بِإِصْبَعِهِ الإِبْهَامِ وَالَّتِی تَلِيْهَا، فَقَالَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ؟ قَالَ:" نَعَمْ، إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ"

[انظر: ۳۵۹۸، ۷۰۵۹، ۷۱۳۵]

[۳۳۴۷-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" فَتَحَ اللّٰهُ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلَ هٰذَا" وَعَقَدَ بِيَدِهِ تِسْعِيْنَ.

[انظر: ۷۱۳۶]

ترجمہ: حضرت زینب رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ ان کے پاس گھبرائے ہوئے آئے اور فرمایا: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، عربوں کے لئے خرابی ہے اس شر سے جو قریب آچکا ہے، آج سد یاجوج وماجوج اتنی کھول دی گئی اور آپؐ نے نوے کا حلقہ بنایا یعنی انگشت شہادت کو انگوٹھے کی جڑ میں رکھا، یہ نوے کا حلقہ ہے، حضرت زینبؓ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا ہم ہلاک ہونگے درانحالیکہ ہم میں نیک لوگ ہونگے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ہاں، جب بدکاریاں بڑھ جائیں گی۔

تشریح: اس حدیث میں مذکور خواب کا واقعہ ہے، یہ منظر آنحضرت ﷺ نے خواب میں دیکھا ہے اور خواب اکثر تمثیلی رنگ میں ہوتا ہے، اور اس کی تعبیر ہوتی ہے، چنانچہ آپؐ نے اس کی تعبیر بیان فرمائی کہ عربوں کے لئے شرور وفتن کا دور شروع ہونے والا ہے، اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ واقعۃً اس دیوار میں اس دن اتنا سوراخ ہو گیا تھا، جیسے نبی ﷺ نے ذوالفقار تلوار کے بارے میں جنگِ احد کے موقع پر خواب دیکھا تھا کہ آپؐ نے اس کو ہلایا تو اس کی دھار جڑھ گئی، اور یہ بات خواب میں آپؐ کو ناگوار گذری، بیدار ہونے کے بعد آپؐ نے اس کی تعبیر بیان فرمائی کہ جنگِ احد میں شکست کا سامنا ہوگا۔ ذوالفقار کی دھار حقیقت میں جھڑی نہیں تھی، اور دوسری حدیث میں بھی یہی مضمون ہے کہ یاجوج وماجوج کی دیوار اللہ نے اتنی کھول دی اور آپ نے اپنے ہاتھ سے نوے کا حلقہ بنایا۔

[٣٣٤٨-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، ثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" یَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی: یَا آدَمُ، فَیَقُوْلُ: لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ فِیْ یَدَیْكَ، فَیَقُوْلُ: أَخْرِجْ بَعْثَ النَّارِ، قَالَ: وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعُ مِائَةٍ وَتِسْعَةٌ وَتِسْعِیْنَ، فَعِنْدَهُ یَشِیْبُ الصَّغِیْرُ ﴿وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا، وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰی وَمَاهُمْ بِسُكَارٰی، وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِیْدٌ﴾ قَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَأَیُّنَا ذَاكَ الْوَاحِدُ؟ قَالَ:"أَبْشِرُوْا فَإِنَّ مِنْكُمْ رَجُلًا وَمِنْ یَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ أَلْفًا" ثُمَّ قَالَ:" وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهِ! إِنِّیْ أَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ" فَكَبَّرْنَا، فَقَالَ:" أَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ" فَكَبَّرْنَا، فَقَالَ:" أَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا نِصْفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ" فَكَبَّرْنَا قَالَ:"مَا أَنْتُمْ فِی النَّاسِ إِلَّا كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِیْ جِلْدِ ثَوْرٍ أَبْیَضَ، أَوْ كَشَعْرَةٍ بَیْضَاءَ فِیْ جِلْدِ ثَوْرٍ أَسْوَدَ"[انظر: ٤٧٤١، ٦٥٣٠، ٧٤٨٣]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ (قیامت کے دن) فرمائیں گے: اے آدم! آدم علیہ السلام جواب دیں گے: حاضر ہوں اور حاضری میری سعادت ہے اور خیر آپ کے قبضہ میں ہے، پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آپ اپنی ذریت میں سے جہنم کی کھیپ نکالیں، آدم علیہ السلام تناسب دریافت کریں گے، ارشاد ہوگا: ہزار میں سے نوسو ننانوے جہنم کے لئے علاحدہ کریں، اور ایک جنت کے لئے، پس اس وقت بچہ بوڑھا ہو جائے گا، اور حاملہ عورت اپنا حمل جن دے گی، اور تو دیکھے گا لوگوں کو مدہوش، حالانکہ وہ پیئے ہوئے نہیں ہونگے، لیکن اللہ کا عذاب سخت ہوگا، اس کی ہولنا کی وجہ سے لوگوں کا یہ حال ہو جائے گا، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! جب ایک جنتی ہوگا تو کس کا نمبر آئے گا؟ آپؐ نے فرمایا: خوش خبری سن لو، تم میں سے ایک ہوگا اور یاجوج وماجوج میں سے ہزار ہونگے (یہاں باب ہے) پھر آپؐ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں امید کرتا ہوں کہ تمہاری تعداد جنتیوں کی چوتھائی ہوگی، پس صحابہ نے خوشی سے تکبیر کہی، پھر

آپؐ نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ تم جنتیوں میں تہائی ہوؤ گے، صحابہ نے پھر تکبیر کہی، پھر آپؐ نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ تم جنتیوں میں آدھے ہوؤ گے، صحابہ نے پھر تکبیر کہی، پھر آپؐ نے فرمایا: نہیں ہو تم لوگوں میں مگر سفید بیل کی کھال میں سیاہ بال کی طرح یا سیاہ بیل کی کھال میں سفید بال کی طرح۔

تشریح: اس حدیث سے ایک بات تو یہ معلوم ہوئی کہ یاجوج وماجوج کی تعداد بہت ہے، یہی بات حدیث کے آخر میں ہے کہ مؤمنین کا تناسب باقی لوگوں سے ایسا ہے جیسے کوئی بیل سفید ہو اور اس کی کھال میں ایک کالا بال ہو یا کوئی کالا بیل ہو اور اس کی کھال میں ایک سفید بال ہو۔ اور اس امت کو جو آپؐ نے تدریجاً بشارت سنائی ہے کہ یہ امت جنت میں چوتھائی، اور تہائی اور آدھی ہوگی اس کی دو وجہ ہوسکتی ہیں: آپؐ کو وحی سے اسی طرح تدریجاً معلوم ہوا، یا تدریج اس لئے اختیار فرمائی کہ صحابہ کی خوشی دوبالا ہوجائے۔ واللہ اعلم

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلاً﴾

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تذکرہ

سورۃ النساء آیت ۱۲۵ میں ہے: ''اور اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خالص دوست بنایا'' یعنی ان کو اعلیٰ درجہ کا تقرب اور مقبولیت حاصل تھی، خلیل بروزن فعیل بمعنی فاعل ہے: جگری دوست، جس کی محبت دل کی گہرائیوں میں جاگزیں ہوگئی ہو، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیوست تھی اور اللہ تعالیٰ کے لئے اس لفظ کا استعمال مشاکلۃً ہے اور بعض کا قول ہے کہ خُلّت کے اصل معنی استصفاء: برگزیدگی کے ہیں۔

۱-سورۃ النحل آیت ۱۲۰ میں ہے: ﴿إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِلّٰهِ حَنِيْفًا﴾: بیشک ابراہیمؑ اپنی ذات میں انجمن تھے، اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار تھے بالکل ایک طرف کے ہورہے تھے، اس آیت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو امت قرار دیا ہے یعنی وہ ایک امت کے کمالات وفضائل کے جامع تھے:

وَلَيْسَ عَلَى اللّٰهِ بِمُسْتَنْكَرٍ ❁ أَنْ يَجْمَعَ الْعَالَمَ فِيْ وَاحِدٍ

۲-سورۃ التوبہ آیت ۱۱۴ میں ہے: ﴿إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيْمٌ﴾: بیشک ابراہیمؑ بڑے رحیم وحلیم تھے۔ ابومیسرہ عمرو بن شرحبیل ہمدانی کوفی نے فرمایا: أَوَّاه: حبشی زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی ہیں: مہربان، اوّاہ کے اور بھی معنی کئے گئے ہیں، سب سے بہتر معنی: بہت زیادہ دعا کرنے والا ہیں۔

[۸-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلاً﴾

[۱-] وَقَوْلِهِ: ﴿إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِلّٰهِ﴾ [النحل: ۱۲۰]

[٢-] وَقَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ﴾ وَقَالَ أَبُوْ مَيْسَرَةَ: الرَّحِيْمُ بِلِسَانِ الْحَبَشَةِ.

[٣٣٤٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ النُّعْمَانِ، ثَنِى سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، أُرَاهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّكُمْ تُحْشَرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا" ثُمَّ قَرَأَ ﴿كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ﴾ [الأنبياء: ١٠٤] "وَأَوَّلُ مَنْ يُكْسَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِبْرَاهِيْمُ، وَإِنَّ أُنَاسًا مِنْ أَصْحَابِىْ يُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ، فَأَقُوْلُ: أُصَيْحَابِىْ أُصَيْحَابِىْ! فَيَقُوْلُ: إِنَّهُمْ لَنْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلٰى أَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ، فَأَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ: ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَا دُمْتُ فِيْهِمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾ [المائدة: ١١٧-١١٨]

[انظر: ٣٤٤٧، ٤٦٢٥، ٤٦٢٦، ٤٧٤٠، ٦٥٢٤، ٦٥٢٦]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک تم جمع کئے جاؤ گے برہنہ پا، ننگے بدن، غیر مختون، پھر نبی ﷺ نے سورۃ الانبیاء کی آیت ۱۰۴ پڑھی: ''اور ہم نے جس طرح ہر چیز پہلی مرتبہ پیدا کی ہے اسی طرح اس کو دوبارہ پیدا کریں گے اور یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے اور ہم ضرور اس کو پورا کریں گے'' (بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو ننگے پاؤں، ننگے بدن اور غیر مختون ہوتا ہے، اسی طرح تمام انسان قیامت کے دن پیدا کئے جائیں گے) اور فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام قیامت کے دن سب سے پہلے لباس پہنائے جائیں گے (اور یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جزوی فضیلت ہے جو کلی فضیلت کے معارض نہیں ہوتی، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو سب سے پہلے کپڑے کیوں پہنائے جائیں گے اس کی حاشیہ میں چند وجوہ لکھی ہیں) اور فرمایا: بیشک میرے ساتھیوں میں سے کچھ لوگ بائیں طرف ہٹائے جائیں گے (کوثر پر پانی پینے کے لئے یہ لوگ لائن میں کھڑے ہونگے، فرشتے ان کو بائیں طرف ہٹادیں گے) پس میں کہوں گا: یہ میرے ساتھی ہیں، یہ میرے ساتھی ہیں (أُصَيْحَاب: أصحاب کی تصغیر ہے، اس میں اشارہ ہے کہ وہ چند ہی لوگ ہونگے) پس ہٹانے والا فرشتہ کہے گا: یہ لوگ برابر اپنی ایڑیوں پر پلٹے رہے جب سے آپؐ ان سے جدا ہوئے (یعنی آپؐ کی وفات کے بعد یہ لوگ صراط مستقیم سے ہٹ گئے تھے) پس میں کہوں گا وہ بات جو نیک بندے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) نے کہی ہے: ''اور میں ان کے احوال سے واقف تھا جب تک میں ان میں تھا، پھر جب آپ نے مجھ کو اٹھالیا تو آپ ان کے احوال سے واقف رہے یعنی مجھے بعد کے احوال کی خبر نہیں اور آپ ہر چیز کی پوری خبر رکھتے ہیں، اگر آپ ان کو سزا دیں تو یہ آپ کے بندے ہیں اور اگر آپ ان کو معاف فرمادیں تو آپ زبردست حکمت والے ہیں''

[٣٣٥٠-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، حَدَّثَنِىْ أَخِىْ عَبْدُ الْحَمِيْدِ، عَنْ ابْنِ أَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " يَلْقَى إِبْرَاهِيْمُ أَبَاهُ آزَرَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ،

وَعَلٰى وَجْهِ آزَرَ قَتَرَةٌ وَغَبَرَةٌ، فَيَقُوْلُ لَهُ إِبْرَاهِيْمُ: أَلَمْ أَقُلْ لَكَ: لَاتَعْصِنِىْ؟ فَيَقُوْلُ أَبُوْهُ: فَالْيَوْمَ لَا أَعْصِيْكَ، فَيَقُوْلُ إِبْرَاهِيْمُ: يَارَبِّ إِنَّكَ وَعَدْتَنِىْ أَنْ لَا تُخْزِيَنِىْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ، فَأَىُّ خِزْىٍ أَخْزَى مِنْ أَبِى الْأَبْعَدِ؟ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: إِنِّىْ حَرَّمْتُ الْجَنَّةَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ، ثُمَّ يُقَالُ: يَا إِبْرَاهِيْمُ مَا تَحْتَ رِجْلَيْكَ؟ فَيَنْظُرُ فَإِذَا هُوَ بِذِيْخٍ مُتَلَطِّخٍ فَيُؤْخَذُ بِقَوَائِمِهِ فَيُلْقَى فِى النَّارِ"[انظر: ۴۷۶۸، ۴۷۶۹]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ابراہیم علیہ السلام اپنے باپ آزر سے قیامت کے دن ملاقات کریں گے (آزر لقب ہے اور تارخ نام ہے) درانحالیکہ آزر کے چہرے پر دھویں کی سیاہی اور غبار کا اثر ہوگا، اس سے حضرت ابراہیمؑ کہیں گے: کیا میں نے تجھ سے کہا نہیں تھا کہ میری نافرمانی مت کر؟ ان کا باپ کہے گا: آج میں آپ کی نافرمانی نہیں کروں گا، پس ابراہیم علیہ السلام دعا کریں گے! اے میرے پروردگار! بیشک آپ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ آپ مجھے رسوا نہیں کریں گے جس دن لوگ دوبارہ زندہ کئے جائیں گے، پس کونسی رسوائی میرے لئے زیادہ ہوسکتی ہے آپ کی رحمت سے محروم میرے باپ سے؟ یعنی میرا باپ جہنم میں جائے، یہ میرے لئے سب سے بڑی رسوائی ہے، پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں نے جنت کافروں پر حرام کی ہے، پھر کہا جائے گا: اے ابراہیم! دیکھو! تمہارے دونوں پیروں کے نیچے کیا ہے؟ پس وہ دیکھیں گے، اچانک ان کا باپ مذکر بجو کی شکل میں گندگی میں لت پت ہوگا، پس اس کی ٹانگیں پکڑی جائیں گی اور اس کو دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔

لغات: قَتَرَة: دھویں کی سیاہی .... غَبَرَة: غبار، سورۂ عبس میں یہ الفاظ آئے ہیں یعنی اس کے چہرے پر بولیٹ برس رہی ہوگی، ہوائیاں اڑ رہی ہونگی .... الأبعد: آپ کی رحمت سے نہایت دور، محروم .... ذِیخ: بہت بالوں والا مذکر بجّو، یعنی آزر کی صورت مسخ کردی جائے گی اور اس کو ایسے حال میں کردیا جائے گا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس کو دیکھ کر نفرت کرنے لگیں۔

[۳۳۵۱-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنِىْ ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِىْ عَمْرٌو، أَنَّ بُكَيْرًا حَدَّثَهُ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم الْبَيْتَ، فَوَجَدَ فِيْهِ صُوْرَةَ إِبْرَاهِيْمَ وَصُوْرَةَ مَرْيَمَ، فَقَالَ: أَمَّاهُمْ فَقَدْ سَمِعُوْا أَنَّ الْمَلَائِكَةَ لَاتَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ، هٰذَا إِبْرَاهِيْمُ مُصَوَّرٌ، فَمَا لَهُ يَسْتَقْسِمُ؟"[راجع: ۱۶۰۱]

[۳۳۵۲-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم لَمَّا رَأَى الصُّوَرَ فِى الْبَيْتِ لَمْ يَدْخُلْ حَتَّى أَمَرَ بِهَا فَمُحِيَتْ، وَرَأَى إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِيْلَ بِأَيْدِيْهِمَا الْأَزْلَامُ، فَقَالَ:" قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ! وَاللّٰهِ إِنِ اسْتَقْسَمَا بِالْأَزْلَامِ قَطُّ" [راجع: ۱۶۰۱]

ترجمہ: فتح مکہ کے موقع پر جب نبی ﷺ کعبہ شریف میں تشریف لے گئے تو اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور

حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی تصویریں پائیں، آپؐ نے فرمایا: رہے قریش تو انھوں نے یقیناً سنا ہے کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کوئی تصویر ہوتی ہے، یہ ابراہیم علیہ السلام کی تصویر بنا رکھی ہے پس کیا بات ہے کہ وہ فال کے تیروں سے حصہ نکال رہے ہیں؟ اور اس کے بعد کی حدیث میں ہے کہ جب نبی ﷺ نے کعبہ شریف میں تصویریں دیکھیں تو آپؐ اندر نہیں گئے، آپؐ نے حکم دیا اور وہ تصویریں مٹادی گئیں، اور آپؐ نے ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کو دیکھا کہ ان کے ہاتھوں میں فال کے تیر ہیں، پس آپؐ نے فرمایا: اللہ قریش کا ناس کرے، بخدا: تیروں سے نہیں فال نکالا ان دونوں نے کبھی بھی۔

تشریح: پہلی حدیث میں حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا ذکر ہے اللہ جانے حضرت مریمؑ کی تصویر ان لوگوں نے کیوں بنائی تھی، دوسری حدیث میں حضرت مریمؑ کی جگہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کا ذکر ہے، یہی صحیح معلوم ہوتا ہے اور یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے۔

[۳۳۵۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، ثَنِي سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ أَكْرَمُ النَّاسِ؟ قَالَ: "أَتْقَاهُمْ" فَقَالُوْا: لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ، قَالَ: " فَيُوْسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ [ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ] ابْنُ خَلِيْلِ اللّٰهِ" قَالُوْا: لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ، قَالَ "فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُوْنَ؟ خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الإِسْلَامِ إِذَا فَقُهُوْا" قَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ، وَمُعْتَمِرٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ۳۳۷٤، ۳۳۸۳، ۳٤۹۰، ٤٦۸۹]

[۳۳۵٤-] حدثنا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنَا عَوْفٌ، ثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، ثَنَا سَمُرَةُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَتَانِي اللَّيْلَةَ آتِيَانِ، فَأَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ طَوِيْلٍ لَا أَكَادُ أَرَى رَأْسَهُ طُوْلاً، وَإِنَّهُ إِبْرَاهِيْمُ عليه السلام. [راجع: ۸٤۵]

ترجمہ: نبی ﷺ سے پوچھا گیا: یارسول اللہ! لوگوں میں سب سے زیادہ معزز کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جوان میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہے (سورۃ الحجرات میں ہے: ﴿إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقَاكُمْ﴾: اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے) ان لوگوں نے کہا: اس بارے میں ہم آپ سے نہیں پوچھ رہے، یعنی اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز کون ہے؟ یہ بات ہم نہیں پوچھ رہے بلکہ دنیا میں کون معزز ہے یہ پوچھنا مقصود ہے، آپؐ نے فرمایا: دنیا میں یوسف علیہ السلام سب سے زیادہ معزز ہیں وہ اللہ کے نبی ہیں اور اللہ کے نبی یعقوب علیہ السلام کے بیٹے ہیں، اور وہ اللہ کے نبی اسحاق علیہ السلام کے بیٹے ہیں، اور وہ اللہ کے دوست ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے ہیں (یہ آپؐ نے خاندان کے اعتبار سے برتری بیان فرمائی) لوگوں نے عرض کیا: یہ بھی ہم نہیں پوچھ رہے، آپؐ نے فرمایا: پھر عرب کی

کھانوں کے بارے میں پوچھ رہے ہو؟ یعنی قبائل عرب کے بارے میں معلوم کرنا چاہتے ہو کہ کون ان میں معزز ہے؟ سنو! جوان میں زمانۂ جاہلیت میں بہتر تھا وہ اسلام میں بھی بہتر ہے، جبکہ وہ دین کی سمجھ حاصل کرے (اس حدیث میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر آیا، اس لئے یہ حدیث لائے ہیں)

اس کے بعد کی حدیث میں ایک منامی معراج کا ذکر ہے، آپؐ نے فرمایا: آج رات میرے پاس دو شخص آئے، وہ مجھے لے چلے، ہم ایک لمبے آدمی کے پاس پہنچے، قریب نہیں تھا کہ میں لمبا ہونے کی وجہ سے ان کا سر دیکھ سکوں، اور بیشک وہ ابراہیم علیہ السلام تھے (یہ منامی معراج تفصیل سے پہلے (حدیث ۱۳۸۶ میں) آچکی ہے)

[۳۳۵۵-] حدثنا بَيَانُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا النَّضْرُ، أَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، وَذَكَرُوْا لَهُ الدَّجَّالَ: بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوْبٌ كَافِرٌ أَوْ ك،ف،ر، قَالَ: لَمْ أَسْمَعْهُ، وَلٰكِنَّهُ قَالَ:" أَمَّا إِبْرَاهِيْمُ فَانْظُرُوْا إِلٰى صَاحِبِكُمْ. وَأَمَّا مُوْسَى فَجَعْدٌ آدَمُ عَلٰى جَمَلٍ أَحْمَرَ مَخْطُوْمٍ بِخُلْبَةٍ، كَأَنِّىْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ انْحَدَرَ فِي الْوَادِىْ، يُكَبِّرُ"[راجع: ۱۵۵۵]

[۳۳۵٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اخْتَتَنَ إِبْرَاهِيْمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِيْنَ سَنَةً بِالْقَدُّوْمِ"[انظر: ٦٢٩٨]

تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، وَتَابَعَهُ عَجْلَانُ عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَرَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ. حدثنا أَبُو الْيَمَانِ: ثَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، وَقَالَ:" بِالْقَدُوْمِ" مُخَفَّفَةٌ.

حدیث (۱): مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے سامنے طلبہ نے دجال کا تذکرہ کیا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر یاك، ف، ر، لکھا ہوا ہوگا، یعنی طلبہ نے اس حدیث کی ابن عباسؓ سے توثیق چاہی، ابن عباسؓ نے فرمایا: میں نے یہ حدیث نہیں سنی، مگر آپؐ نے فرمایا ہے: رہے ابراہیم علیہ السلام پس دیکھو تم تمہارے ساتھی کی طرف (آپؐ اپنی ذات کو مراد لے رہے ہیں) اور رہے موسیٰ علیہ السلام تو وہ گھونگریالے بال والے، گندمی رنگ والے، سرخ اونٹ پر سوار ہیں، جس کی نکیل کھجور کی چھلّی کی تھی، گویا میں ان کو دیکھ رہا ہوں وہ میدان میں اتر رہے ہیں، تکبیر کہتے ہوئے۔

تشریح: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ حدیث نہیں سنی ہے کہ دجال کی پیشانی پر کافر لکھا ہوا ہوگا، مگر دوسری روایات سے یہ بات ثابت ہے، پھر حضرت ابن عباسؓ نے جو حدیث بیان کی ہے وہ ایک خواب ہے، نبی ﷺ نے خواب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا وہ بالکل نبی ﷺ کے ہم شکل تھے، یا کہیں کہ آپؐ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بالکل ہم شکل تھے، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ حج کے لئے مکہ آرہے ہیں، جب ان کی سواری نشیب میں اتری تو

وہ تکبیر کہہ رہے تھے، اور جَعْدٌ کے حاشیہ میں دو معنی لکھے ہیں: (۱) گھونگریالے بال والے (۲) اور گٹھے بدن والے، یہ دوسرے معنی اصح ہیں، کیونکہ بعض روایات میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بال سیدھے تھے، اور خُلْبَة کے معنی ہیں: لِیْفَة، کھجور کے پتوں کی جڑ میں سے جو جھلی گرتی ہے اس کو لمبی کاٹ کر رسّی بُن لیتے ہیں، لگام اسی رسّی کی تھی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نبی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ختنہ کی درانحالیکہ وہ اسّی سال کے تھے، قدوم سے یا قدوم میں، قدوم کے ایک معنی ہیں: بسولا، اس صورت میں دال مخفف ہوگی، اور قدُّوْم (دال کی تشدید اور تخفیف کے ساتھ) ملک شام میں ایک بستی ہے۔

تشریح: اسّی سال کی عمر میں ختنہ اس لئے کی تھی کہ اسی وقت حکم نازل ہوا تھا، پہلے ختنہ کا حکم نہیں تھا، ابراہیم علیہ السلام کی شریعت میں سب سے پہلے ختنہ کا حکم آیا ہے، اور آپ نے خود بڑی عمر میں اس پر عمل کیا ہے، لہٰذا جو شخص بڑی عمر میں مسلمان ہو اس کو بھی ختنہ کرنی چاہئے۔

[۳۳۵۷-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ تَلِیْدٍ الرُّعَیْنِیُّ، أَخْبَرَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِیْ جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "لَمْ یَکْذِبْ إِبْرَاهِیْمُ إِلَّا ثَلَاثًا"

[۳۳۵۸-] ح: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: "لَمْ یَکْذِبْ إِبْرَاهِیْمُ إِلَّا ثَلَاثَ کَذَبَاتٍ: ثِنْتَیْنِ مِنْهُنَّ فِیْ ذَاتِ اللّٰهِ: قَوْلُهُ: ﴿إِنِّیْ سَقِیْمٌ﴾ وَقَوْلُهُ: ﴿بَلْ فَعَلَهُ کَبِیْرُهُمْ هٰذَا﴾ وَقَالَ: بَیْنَا هُوَ ذَاتَ یَوْمٍ وَسَارَةُ، إِذْ أَتَی عَلٰی جَبَّارٍ مِنَ الْجَبَابِرَةِ، فَقِیْلَ لَهُ: إِنَّ هٰذَا رَجُلٌ مَعَهُ امْرَأَةٌ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ، فَأَرْسَلَ إِلَیْهِ، فَسَأَلَهُ عَنْهَا، فَقَالَ: مَنْ هٰذِهِ؟ قَالَ: أُخْتِیْ، فَأَتَی سَارَةَ فَقَالَ: یَا سَارَةُ! لَیْسَ عَلٰی وَجْهِ الْأَرْضِ مُؤْمِنٌ غَیْرِیْ وَغَیْرُكِ، وَإِنَّ هٰذَا سَأَلَنِیْ فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّكِ أُخْتِیْ فَلَا تُکَذِّبِیْنِیْ، فَأَرْسَلَ إِلَیْهَا، فَلَمَّا دَخَلَتْ عَلَیْهِ ذَهَبَ یَتَنَاوَلُهَا بِیَدِهِ فَأُخِذَ، فَقَالَ: ادْعِیْ اللّٰهَ لِیْ وَلَا أَضُرُّكِ، فَدَعَتِ اللّٰهَ فَأُطْلِقَ، ثُمَّ تَنَاوَلَهَا ثَانِیَةً فَأُخِذَ مِثْلَهَا أَوْ أَشَدَّ، فَقَالَ: ادْعِیْ اللّٰهَ لِیْ وَلَا أَضُرُّكِ، فَدَعَتْ فَأُطْلِقَ، فَدَعَا بَعْضَ حَجَبَتِهِ فَقَالَ: إِنَّكَ لَمْ تَأْتِنِیْ بِإِنْسَانٍ، إِنَّمَا أَتَیْتَنِیْ بِشَیْطَانٍ، فَأَخْدَمَهَا هَاجَرَ، فَأَتَتْهُ وَهُوَ قَائِمٌ یُصَلِّیْ فَأَوْمَأَ بِیَدِهِ: مَهْیَا؟ قَالَتْ: رَدَّ اللّٰهُ کَیْدَ الْکَافِرِ، أَوْ: الْفَاجِرِ فِیْ نَحْرِهِ، وَأَخْدَمَ هَاجَرَ" قَالَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: فَتِلْكَ أُمُّکُمْ یَا بَنِیْ مَاءِ السَّمَاءِ. [راجع: ۲۲۱۷]

وضاحت: حدیث کے شروع میں نیا مضمون ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پوری زندگی میں صرف تین موقعوں پر اینچ پینچ والی بات کہی ہے ان میں سے دو کا تعلق خالص دین سے ہے اور ایک میں کچھ ذاتی نفع بھی ہے۔

۱- سورۃ الصافات آیت ۸۸و۸۹ ہیں: ﴿فَنَظَرَ نَظْرَةً فِی النُّجُوْمِ فَقَالَ إِنِّیْ سَقِیْمٌ﴾: پس ابراہیمؑ نے ستاروں کو ایک

نظر دیکھا اور کہا: بیشک میری طبیعت ناساز ہے، ستاروں کو دیکھنا بطور ایہام تھا، قوم چونکہ نجوم کی معتقد تھی اس لئے انھوں نے ساتھ چلنے پر اصرار نہیں کیا، انھوں نے سمجھا کہ ابراہیمؑ بیمار پڑنے والے ہیں، اس لئے ساتھ چلنے کے لئے تیار نہیں، اور حضرت کی مراد سقیم سے طبیعت کا ناساز ہونا تھی، ناساز ہونا جسمانی بھی ہوتا ہے اور روحانی بھی، قوم نے جسمانی ناساز ہونا سمجھا اور حضرت کی مراد روحانی ناساز ہونا تھی، یہی اینچ پینچ (توریہ) ہے۔

۲- سورۃ الانبیاء آیت ۶۳ میں ہے: ﴿بَلْ فَعَلَهُ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَاسْئَلُوْهُمْ إِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ﴾: بلکہ کیا ہے اس کو (کرنے والے نے) ان کا بڑا یہ ہے پس پوچھو تم ان (زخمیوں) سے اگر وہ بولتے ہوں، قوم نے فعلہ کا فاعل کبیرھم ھذا کو سمجھا جبکہ حضرت نے فاعل کو حذف کر دیا تھا أی فَعَلَهُ فاعلٌ اور کبیرھم ھذا مستقل جملہ ہے، یہی اینچ پینچ والی بات ہے۔

۳- حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو بہن کہنا بایں وجہ تھا کہ وہ مؤمنہ تھیں اور چچازاد بہن بھی تھیں، یہی اینچ پینچ والی بات ہے، پوچھنے والے نے حقیقی بہن سمجھا اور یہ مضمون پہلے حدیث ۲۲۱۷ میں آچکا ہے۔

فائدہ: کذب کا ترجمہ اردو میں 'جھوٹ' کیا جاتا ہے، طالب علموں کے ذہنوں میں یہی معنی بیٹھ گئے ہیں، حالانکہ کذب کے بہت سے معانی ہیں، سورۃ النجم میں ہے: ﴿مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأٰى﴾: دل نے دیکھی ہوئی چیز کو سمجھنے میں غلطی نہیں کی، اور كَذَبَ الظَّنُّ کے معنی ہیں: گمان کا غلط ہونا، اور كَذَبتِ العينُ کے معنی ہیں: مشاہدہ میں غلطی ہوجانا، اور كَذَبَ الرَّأْيُ کے معنی ہیں: رائے غلط ہوجانا، پس بات اس طرح کہنا کہ مخاطب سمجھنے میں غلطی کرے کذب ہے، ثلاثُ کذبات میں یہی معنی مراد ہیں۔

[۳۳۵۹-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى أَوِ ابْنُ سَلَامٍ عَنْهُ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أُمِّ شَرِيْكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ، وَقَالَ: "كَانَ يَنْفُخُ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ" [۳۳۰۷]

[۳۳۶۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثَنَا أَبِيْ، أَنَا الْأَعْمَشُ، ثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ ﴿الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّنَا لَا يَظْلِمُ نَفْسَهُ؟ قَالَ: "لَيْسَ كَمَا تَقُوْلُوْنَ، ﴿لَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ بِشِرْكٍ، أَوَ لَمْ تَسْمَعُوْا إِلٰى قَوْلِ لُقْمَانَ لِابْنِهِ: ﴿يَابُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾ [لقمان: ۱۳] [راجع: ۳۲]

وضاحت: یہ حدیثیں پہلے آچکی ہیں، نبی ﷺ نے وزغ (چھپکلی، گرگٹ) کو مارنے کا حکم دیا اور فرمایا: وہ ابراہیم علیہ السلام کی آگ میں پھونک مار رہی تھی (اس سے اس کی انسان دشمنی کا اندازہ ہوا، چھپکلی کی پھونک سے کیا ہوتا ہے مگر اس نے موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیا، پس چھپکلی گرگٹ کو مارنے کا حکم اس وجہ سے ہے کہ دونوں کی فطرت میں انسان کو ستانا

ہے، اور مسئلہ ہے: اقتلوا المؤذی قبل الإیذاء: ستانے والے جانور کو ستانے کا موقع مت دو، پہلے ہی اس کو نمٹا دو)

اور دوسری حدیث ہے کہ جب سورۃ الانعام کی آیت ۸۲ نازل ہوئی: ﴿الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْا إِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾: جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے اپنے ایمان کو ظلم کے ساتھ نہیں رلایا، ایسوں ہی کے لئے امن ہے اور وہی راہ یاب ہیں، پس صحابہ نے عرض کیا: ہم میں کون ہے جس نے اپنی ذات کا کچھ نہ کچھ نقصان نہیں کیا؟ پس قیامت کے دن امن وچین کس کو نصیب ہوگا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: یہاں ظلم سے شرک مراد ہے، ظلم اس معنی میں آتا ہے، سورہ لقمان آیت ۱۳ میں ہے: ﴿إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ﴾: بیشک شرک بہت بڑا ظلم ہے، یہی ظلم مراد ہے حق تلفیاں مراد نہیں۔

سوال: اس حدیث کا حضرت ابرہیم علیہ السلام کے واقعہ سے کیا تعلق ہے؟

جواب: ﴿الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْا إِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قول ہے یا ان کے اقوال کے بعد آیا ہے، یہ حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

بَابٌ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سلسلہ کا دوسرا باب

سورۃ الصافات آیت ۹۴ میں ہے: ﴿فَأَقْبَلُوْا إِلَیْهِ یَزِفُّوْنَ﴾: سو وہ لوگ ابراہیم علیہ السلام کے پاس دوڑتے ہوئے آئے، زَفٌّ زَفِیْفٌ زُفُوْفٌ باب ضرب کے مصادر ہیں، جن کے معنی ہیں: دوڑنا، تیزی سے گذر جانا، حضرت رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: النَّسَلان فی المَشْی: نَسَلان باب فتح کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: جلدی سے سرک جانا، پس النسلان فی المشی کے معنی ہیں: الإسراع: تیز چلنا۔

اور باب کی پہلی حدیث شفاعت کبری کی روایت ہے جو پہلے گذری ہے اس میں ہے کہ لوگ (ہر امت کے صالحین) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس پہنچیں گے اور عرض کریں گے: آپ اللہ کے نبی ہیں، اور زمین والوں میں سے اللہ کے جگری دوست ہیں، پس ہمارے لئے اپنے پروردگار کے پاس سفارش کیجئے، ابراہیم علیہ السلام جواب دیں گے اور وہ اپنی اینچ پینچ والی تین باتیں یاد کریں گے اور کہیں گے: مجھے تو اپنی ہی فکر لاحق ہے تم موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔

اور دوسری روایت میں ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ اسماعیل علیہ السلام کی ماں پر رحم فرمائیں! وہ جلدی نہ کرتیں تو زم زم بہنے والا چشمہ ہوتا، حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ کے شوہر ہیں اس اعتبار سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں، اور یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے۔

اس کے بعد کی حدیث مختصر ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ ایک مجلس میں سعید بن جبیر نے کہا: مجھ سے جو پوچھنا ہو پوچھو، لوگوں نے خوب پوچھا، یہاں تک کہ ایک آدمی نے پوچھا: مقام ابراہیم (وہ پتھر جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام

نے کعبہ شریف چنا ہے) کے بارے میں جو بات ہم نے سنی ہے کیا وہ بات صحیح ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام جب شام سے چلے تو اپنی بیوی حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کے سامنے قسم کھا کر چلے تھے کہ وہ مکہ سے لوٹنے تک اتریں گے نہیں، پھر جب وہ مکہ پہنچے تو حضرت ہاجرہؓ نے مقام ابراہیم (پتھر) نزدیک کیا، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس پر پیر رکھا تاکہ نیچے اترنا نہ پایا جائے، حضرت سعید بن جبیرؒ نے کہا: اس طرح مجھ سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان نہیں کی بلکہ یہ بیان کیا ہے کہ حضرت ابراہیمؑ: اسماعیلؑ اور ان کی ماں کو لے کر مکہ آئے، درانحالیکہ وہ بچہ کو دودھ پلا رہی تھیں، یعنی بچہ ابھی شیر خوار تھا، اور ان کے ساتھ چھوٹی سی پرانی مشک تھی، اور سعید نے یہ حدیث مرفوع نہیں کی بلکہ ابن عباسؓ کے قول کے طور پر بیان کی، اس کی تفصیل اگلی دو حدیثوں میں ہے۔

[۹-] بَابٌ

﴿يَزِفُّوْنَ﴾: النَّسَلَانُ فِي الْمَشْيِ.

[۳۳۶۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ نَصْرٍ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا بِلَحْمٍ، فَقَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ يَجْمَعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ فِيْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ، فَيُسْمِعُهُمُ الدَّاعِيْ، وَيُنْفِذُهُمُ الْبَصَرُ، وَتَدْنُوْ الشَّمْسُ مِنْهُمْ، فَذَكَرَ حَدِيْثَ الشَّفَاعَةِ، فَيَأْتُوْنَ إِبْرَاهِيْمَ فَيَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ نَبِيُّ اللّٰهِ وَخَلِيْلُهُ مِنَ الْأَرْضِ، اشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ، فَيَقُوْلُ- وَذَكَرَ كَذَبَاتِهِ -: نَفْسِيْ نَفْسِيْ! اذْهَبُوْا إِلٰى مُوْسٰى" تَابَعَهُ أَنَسٌ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۳۴۰]

[۳۳۶۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" يَرْحَمُ اللّٰهُ أُمَّ إِسْمَاعِيْلَ لَوْلَا أَنَّهَا عَجِلَتْ لَكَانَ زَمْزَمُ عَيْنًا مَعِيْنًا" [راجع: ۲۳۶۸]

[۳۳۶۳-] وَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَمَّا كَثِيْرُ بْنُ كَثِيْرٍ فَحَدَّثَنِيْ، قَالَ: إِنِّيْ وَعُثْمَانَ بْنَ أَبِيْ سُلَيْمَانَ جُلُوْسٌ مَعَ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، فَقَالَ: مَا هٰكَذَا حَدَّثَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَلٰكِنَّهُ قَالَ: أَقْبَلَ إِبْرَاهِيْمُ بِإِسْمَاعِيْلَ وَأُمِّهِ، وَهِيَ تُرْضِعُهُ، مَعَهَا شَنَّةٌ، لَمْ يَرْفَعْهُ. [راجع: ۲۳۶۸]

اس کے بعد دو حدیثیں ہیں جن میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کو مکہ میں بسانے کی تفصیل ہے اور یہ بھی سعید بن جبیرؒ کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایتیں ہیں جو روایت ابھی مختصر آئی ہے اس کی تفصیل ان روایتوں میں ہے۔

[۳۳۶۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، وَكَثِيْرِ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِيْ وَدَاعَةَ - يَزِيْدُ أَحَدُهُمَا عَلَى الآخَرِ - عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ:

أَوَّلُ مَا اتَّخَذَ النِّسَاءُ الْمِنْطَقَ مِنْ قِبَلِ أُمِّ إِسْمَاعِيْلَ، اتَّخَذَتْ مِنْطَقًا لِتُعَفِّيَ أَثَرَهَا عَلٰى سَارَةَ، ثُمَّ جَاءَ بِهَا إِبْرَاهِيْمُ وَبِابْنِهَا إِسْمَاعِيْلَ وَهِيَ تُرْضِعُهُ حَتَّى وَضَعَهُمَا عِنْدَ الْبَيْتِ عِنْدَ دَوْحَةٍ فَوْقَ زَمْزَمٍ فِيْ أَعْلٰى الْمَسْجِدِ وَلَيْسَ بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ أَحَدٌ، وَلَيْسَ بِهَا مَاءٌ، فَوَضَعَهُمَا هُنَالِكَ، وَوَضَعَ عِنْدَهُمَا جِرَابًا فِيْهِ تَمْرٌ وَسِقَاءً فِيْهِ مَاءٌ، ثُمَّ قَفَّى إِبْرَاهِيْمُ مُنْطَلِقًا، فَتَبِعَتْهُ أُمُّ إِسْمَاعِيْلَ، فَقَالَتْ: يَا إِبْرَاهِيْمُ! أَيْنَ تَذْهَبُ وَتَتْرُكُنَا فِيْ هٰذَا الْوَادِيْ الَّذِيْ لَيْسَ فِيْهِ أَنِيْسٌ وَلاَ شَيْئٌ؟ فَقَالَتْ لَهُ ذٰلِكَ مِرَارًا. وَجَعَلَ لاَ يَلْتَفِتُ إِلَيْهَا، فَقَالَتْ لَهُ: آللّٰهُ أَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَتْ: إِذَنْ لاَ يُضَيِّعُنَا، ثُمَّ رَجَعَتْ. فَانْطَلَقَ إِبْرَاهِيْمُ حَتَّى إِذَا كَانَ عِنْدَ الثَّنِيَّةِ حَيْثُ لاَ يَرَوْنَهُ اسْتَقْبَلَ بِوَجْهِهِ الْبَيْتَ ثُمَّ دَعَا بِهٰؤُلاَءِ الدَّعْوَاتِ وَرَفَعَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: رَبِّ ﴿إِنِّيْ أَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ﴾ حَتَّى بَلَغَ ﴿يَشْكُرُوْنَ﴾

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: عورتوں نے کمر میں پٹکا باندھنا اسماعیل علیہ السلام کی ماں کی جانب سے لیا ہے یعنی یہ سلسلہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا سے شروع ہوا ہے، حضرت ہاجرہؓ نے پٹکا باندھا تا کہ وہ اپنا نشان مٹائیں، حضرت سارہ رضی اللہ عنہا سے (حاشیہ میں فتح الباری کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جب حضرت ہاجرہؓ کا لڑکا پیدا ہوا تو حضرت سارہؓ نے غیرت میں قسم کھالی کہ وہ ان کے تین اعضاء ضرور کاٹیں گی، چنانچہ حضرت ہاجرہؓ نے کمر میں پٹکا باندھا اور اس کو اتنا لمبا رکھا کہ وہ زمین پر گھسٹے، اور وہ بھاگ کھڑی ہوئیں، اور ان کے پیروں کے نشان پٹکے نے مٹا دیئے، جب صورت حال ایسی سنگین ہوگئی تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ماں بیٹے کو مکہ میں لے جا کر بسایا) پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام اسماعیل علیہ السلام کی ماں کو اور ان کے بیٹے کو لائے درانحالیکہ وہ ان کو دودھ پلا رہی تھیں، یعنی بچہ ابھی شیر خوار تھا، یہاں تک کہ ان دونوں کو بیت اللہ شریف کے پاس رکھا ایک بڑے درخت کے پاس زم زم سے اوپر مسجد حرام کے بالائی حصہ میں درانحالیکہ مکہ میں اس وقت کوئی نہیں تھا، اور نہ وہاں کوئی پانی تھا، پس دونوں کو وہاں رکھا اور دونوں کے پاس ایک تھیلا رکھا جس میں چھوہارے تھے، اور چھوٹا مشکیزہ رکھا جس میں پانی تھا، پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام پیٹھ پھیر کر چل دیئے تو اسماعیل علیہ السلام کی ماں ان کے پیچھے چلیں، اور کہا: ابراہیم! آپ کہاں جا رہے ہیں اور ہمیں چھوڑ رہے ہیں اس میدان میں جس میں کوئی انسیت بخشنے والا نہیں ہے اور نہ کوئی اور چیز ہے؟ حضرت ہاجرہؓ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے یہ بات بار بار کہی، مگر وہ ان کی طرف التفات نہیں کرتے تھے، پس حضرت ہاجرہؓ نے ان سے پوچھا: کیا اللہ نے آپ کو اس کا حکم دیا ہے؟ ابراہیم علیہ السلام نے کہا: ہاں، حضرت ہاجرہؓ نے کہا: تب تو وہ ہمیں ضائع نہیں کریں گے، پھر وہ لوٹ گئیں، اور ابراہیم علیہ السلام چلتے رہے یہاں تک کہ جب وہ نکڑ پر پہنچے جہاں سے وہ اسماعیل علیہ السلام کو نہیں دیکھ رہے تھے تو انھوں نے اپنا منہ بیت اللہ شریف کی طرف کیا اور یہ دعائیں مانگیں اور اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے، پس انھوں نے کہا: اے میرے رب! بیشک میں نے بسایا ہے میری کچھ اولاد کو ایسے میدان میں جو زراعت کے قابل نہیں آپ کے معظم گھر کے پاس، اے ہمارے پروردگار! تا کہ وہ لوگ نماز

کا اہتمام کریں، پس آپ کچھ لوگوں کے دل ان کی طرف مائل کردیں (تاکہ یہاں آبادی ہوجائے) اوران کو پھلوں میں سے کھانے کو دیں، تاکہ وہ لوگ ان نعمتوں کا شکر بجالائیں (سورۂ ابراہیم آیت ۳۷)

وَجَعَلَتْ أُمُّ إِسْمَاعِيْلَ تُرْضِعُ إِسْمَاعِيْلَ وَتَشْرَبُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَاءِ، حَتّٰى إِذَا نَفِدَ مَا فِي السِّقَاءِ عَطِشَتْ وَعَطِشَ ابْنُهَا وَجَعَلَتْ تَنْظُرُ إِلَيْهِ يَتَلَوّٰى - أَوْ قَالَ: يَتَلَبَّطُ - فَانْطَلَقَتْ كَرَاهِيَةَ أَنْ تَنْظُرَ إِلَيْهِ، فَوَجَدَتِ الصَّفَا أَقْرَبَ جَبَلٍ فِي الْأَرْضِ يَلِيْهَا، فَقَامَتْ عَلَيْهِ، ثُمَّ اسْتَقْبَلَتِ الْوَادِيَ تَنْظُرُ هَلْ تَرَى أَحَدًا فَلَمْ تَرَ أَحَدًا، فَهَبَطَتْ مِنَ الصَّفَا حَتّٰى إِذَا بَلَغَتِ الْوَادِيَ رَفَعَتْ طَرَفَ دِرْعِهَا ثُمَّ سَعَتْ سَعْيَ الْإِنْسَانِ الْمَجْهُوْدِ حَتّٰى جَاوَزَتِ الْوَادِيَ، ثُمَّ أَتَتِ الْمَرْوَةَ فَقَامَتْ عَلَيْهَا فَنَظَرَتْ هَلْ تَرَى أَحَدًا فَلَمْ تَرَ أَحَدًا، فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ سَبْعَ مَرَّاتٍ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَلِذٰلِكَ سَعَى النَّاسُ بَيْنَهُمَا"

ترجمہ: اوراسماعیل علیہ السلام کی ماں اسماعیلؑ کو دودھ پلاتی رہیں اوراس پانی سے پیتی رہیں، یہاں تک کہ جب مشکیزہ کا پانی ختم ہوگیا تو وہ پیاسی ہوئیں، اوران کا بیٹا بھی پیاسا ہوا (اور دودھ اترنا بند ہوگیا) اوروہ بچہ کی طرف دیکھتی تھیں، وہ لوٹ پوٹ ہورہا تھا یا کہا: تڑپ رہا تھا، پس وہ چلیں اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کہ وہ بچہ کو دیکھیں، پس پائی انھوں نے صفا پہاڑی قریب ترین پہاڑی مکہ کی سرزمین میں جو پہاڑ ان سے ملے ہوئے تھے، پس وہ اس پر کھڑی ہوئیں، پھرانھوں نے میدان کی طرف دیکھا، دیکھ رہی ہیں وہ کہ کیا کوئی شخص نظر آتا ہے، پس انھوں نے کسی کو نہیں دیکھا، پس وہ صفا سے اتریں یہاں تک کہ جب وہ میدان میں پہنچیں تو اپنے کرتے کا کنارہ اٹھایا، پھروہ دوڑیں تھکے ہوئے انسان کے دوڑنے کی طرح یہاں تک کہ وہ میدان سے بڑھ گئیں، پھروہ مروہ پر آئیں اوراس پر کھڑی ہوئیں پھرانھوں نے دیکھا کہ کیاان کو کوئی شخص نظر آتا ہے، پس نہیں دیکھا انھوں نے کسی کو، انھوں نے یہ کام سات مرتبہ کیا، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: پس اسی وجہ سے لوگ صفا مروہ کے درمیان سعی کرتے ہیں یعنی حج میں سعی کی بنیاد حضرت ہاجرہؓ کا یہ عمل ہے۔

فَلَمَّا أَشْرَفَتْ عَلَى الْمَرْوَةِ سَمِعَتْ صَوْتًا، فَقَالَتْ: صَهٍ، تُرِيْدُ نَفْسَهَا، ثُمَّ تَسَمَّعَتْ، فَسَمِعَتْ أَيْضًا، فَقَالَتْ: قَدْ أَسْمَعْتَ إِنْ كَانَ عِنْدَكَ غُوَاثٌ! فَإِذَا هِيَ بِالْمَلَكِ عِنْدَ مَوْضِعِ زَمْزَمَ فَبَحَثَ بِعَقِبِهِ - أَوْ قَالَ: بِجَنَاحِهِ - حَتّٰى ظَهَرَ الْمَاءُ فَجَعَلَتْ تُحَوِّضُهُ وَتَقُوْلُ بِيَدِهَا هٰكَذَا، وَجَعَلَتْ تَغْرِفُ مِنَ الْمَاءِ فِي سِقَائِهَا وَهُوَ يَفُوْرُ بَعْدَ مَا تَغْرِفُ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَرْحَمُ اللّٰهُ أُمَّ إِسْمَاعِيْلَ لَوْ تَرَكَتْ زَمْزَمَ - أَوْ قَالَ: لَوْ لَمْ تَغْرِفْ مِنَ الْمَاءِ - لَكَانَتْ زَمْزَمُ عَيْنًا مَعِيْنًا"

ترجمہ: پس جب وہ مروہ پر چڑھیں تو انھوں نے ایک آواز سنی، انھوں نے کہا: چپ! وہ خود کو کہہ رہی تھیں، پھرانھوں

نے کان لگا کر سنا اورانھوں نے سنا تو انھوں نے ایک آواز سنی، انھوں نے کہا: آپ نے سنا دیا، اگر آپ کے پاس کوئی امداد ہے (تو میری مدد کریں) پس اچانک انھوں نے ایک فرشتہ کو دیکھا زم زم کی جگہ کے پاس، اس فرشتہ نے اپنی ایڑی سے یا فرمایا: اپنے پر سے کریدا، یہاں تک کہ پانی ظاہر ہوا، پس حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا اس کا حوض بنانے لگیں اور وہ اپنے ہاتھ سے اس طرح کرنے لگیں یعنی چاروں طرف سے مٹی جمع کر کے مینڈ بنانے لگیں اور اس میں پانی کو روک لیا، اور وہ پانی میں سے چلو بھر بھر کر اپنے مشکیزہ میں ڈالنے لگیں اور پانی پھوٹ رہا تھا ان کے چلو بھرنے کے بعد، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ اسماعیل علیہ السلام کی ماں پر مہربانی فرمائیں اگر وہ زم زم کو چھوڑ دیتیں یا فرمایا: اگر وہ پانی میں سے چلو نہ بھرتیں تو زم زم بہنے والا چشمہ ہوتا۔

قَالَ: فَشَرِبَتْ وَأَرْضَعَتْ وَلَدَهَا، فَقَالَ لَهَا الْمَلَكُ: لَا تَخَافِي الضَّيْعَةَ، فَإِنَّ هٰهُنَا بَيْتَ اللّٰهِ يَبْنِي هٰذَا الْغُلَامُ وَأَبُوْهُ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ أَهْلَهُ، وَكَانَ الْبَيْتُ مُرْتَفِعًا مِنَ الْأَرْضِ كَالرَّابِيَةِ، تَأْتِيْهِ السُّيُوْلُ فَتَأْخُذُ عَنْ يَمِيْنِهِ وَشِمَالِهِ، فَكَانَتْ كَذٰلِكَ حَتّٰى مَرَّتْ بِهِمْ رُفْقَةٌ مِنْ جُرْهُمَ أَوْ: أَهْلُ بَيْتٍ مِنْ جُرْهُمَ، مُقْبِلِيْنَ مِنْ طَرِيْقِ كَدَاءٍ فَنَزَلُوْا فِيْ أَسْفَلِ مَكَّةَ، فَرَأَوْا طَائِرًا عَائِفًا، فَقَالُوْا: إِنَّ هٰذَا الطَّائِرَ لَيَدُوْرُ عَلٰى مَاءٍ، لَعَهْدُنَا بِهٰذَا الْوَادِيْ وَمَا فِيْهِ مَاءٌ، فَأَرْسَلُوْا جَرِيًّا أَوْ جَرِيَّيْنِ فَإِذَا هُمْ بِالْمَاءِ، فَرَجَعُوْا فَأَخْبَرُوْهُمْ بِالْمَاءِ فَأَقْبَلُوْا، قَالَ: وَأُمُّ إِسْمَاعِيْلَ عِنْدَ الْمَاءِ. فَقَالُوْا: أَتَأْذَنِيْنَ لَنَا أَنْ نَنْزِلَ عِنْدَكِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، وَلٰكِنْ لَاحَقَّ لَكُمْ فِي الْمَاءِ، قَالُوْا: نَعَمْ.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: پس حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا نے پانی پیا اور اپنے بچہ کو دودھ پلایا اور ان سے فرشتہ نے کہا: ضائع ہونے کا اندیشہ مت کر اس لئے کہ یہاں اللہ کا گھر ہے، یہ لڑکا اور اس کے ابا اس کو بنائیں گے، اور بیشک اللہ تعالیٰ اپنے لوگوں کو ضائع نہیں کرتے۔ اور بیت اللہ کی جگہ ٹیلہ کی طرح زمین سے اونچی تھی، نالہ وہاں سے گذرتا، تو وہ اس کے دائیں بائیں ہو لیتا، پس ہاجرہؓ اسی طرح سے وقت گذارتی رہیں، یہاں تک کہ ان کے پاس قبیلہ جرہم کی ایک جماعت گذری، یا فرمایا: قبیلہ جرہم کی ایک فیملی گذری، آرہے تھے وہ کداء کے راستہ سے، یعنی مکہ کی بالائی جانب سے، پس اترے وہ مکہ کے زیریں حصہ میں اور دیکھا انھوں نے پانی پر منڈلانے والے پرندے کو، کہا انھوں نے: بیشک یہ پرندہ پانی پر گھومتا ہے اور ہم اس میدان سے بارہا گذرے ہیں، درانحالیکہ اس میدان میں کوئی پانی نہیں ہے، پس انھوں نے ایک یا دو قاصدوں کو بھیجا، پس اچانک انھوں نے پانی پایا تو وہ لوٹے اور ان کو پانی کی خبر دی، پس وہ متوجہ ہوئے، ابن عباسؓ کہتے ہیں: اور اسماعیلؑ کی ماں پانی کے پاس تھیں، پس ان لوگوں نے کہا: کیا آپ ہمیں اجازت دیتی ہیں کہ ہم آپ کے پاس بسیں؟ حضرت ہاجرہؓ نے کہا: ہاں، مگر پانی میں تمہارا کوئی حق نہیں ہوگا، ان لوگوں نے کہا: ہاں یعنی ہم پانی میں دعوے دار نہیں ہونگے۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" فَأَلْفَى ذٰلِكَ أُمَّ إِسْمَاعِيْلَ وَهِيَ تُحِبُّ الْأُنْسَ" فَنَزَلُوْا وَأَرْسَلُوْا إِلَى أَهْلِيْهِمْ فَنَزَلُوْا مَعَهُمْ، حَتَّى إِذَا كَانَ بِهَا أَهْلُ أَبْيَاتٍ مِنْهُمْ، وَشَبَّ الْغُلَامُ وَتَعَلَّمَ الْعَرَبِيَّةَ مِنْهُمْ، وَأَنْفَسَهُمْ وَأَعْجَبَهُمْ حِيْنَ شَبَّ، فَلَمَّا أَدْرَكَ زَوَّجُوْهُ امْرَأَةً مِنْهُمْ، وَمَاتَتْ أُمُّ إِسْمَاعِيْلَ فَجَاءَ إِبْرَاهِيْمُ بَعْدَ مَا تَزَوَّجَ إِسْمَاعِيْلُ، يُطَالِعُ تَرِكَتَهُ فَلَمْ يَجِدْ إِسْمَاعِيْلَ، فَسَأَلَ امْرَأَتَهُ عَنْهُ فَقَالَتْ: خَرَجَ يَبْتَغِيْ لَنَا، ثُمَّ سَأَلَهَا عَنْ عَيْشِهِمْ وَهَيْئَتِهِمْ، فَقَالَتْ: نَحْنُ بِشَرٍّ، نَحْنُ فِيْ ضِيْقٍ وَشِدَّةٍ، فَشَكَتْ إِلَيْهِ، قَالَ: فَإِذَا جَاءَ زَوْجُكِ اقْرَئِيْ عَلَيْهِ السَّلَامَ، وَقُوْلِيْ لَهُ يُغَيِّرُ عَتَبَةَ بَابِهِ، فَلَمَّا جَاءَ إِسْمَاعِيْلُ كَأَنَّهُ آنَسَ شَيْئًا فَقَالَ: هَلْ جَاءَكُمْ مِنْ أَحَدٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، جَاءَنَا شَيْخٌ كَذَا وَكَذَا، فَسَأَلَنَا عَنْكَ فَأَخْبَرْتُهُ، وَسَأَلَنِيْ كَيْفَ عَيْشُنَا، فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّا فِيْ جَهْدٍ وَشِدَّةٍ، قَالَ: فَهَلْ أَوْصَاكِ بِشَيْءٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، أَمَرَنِيْ أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ: غَيِّرْ عَتَبَةَ بَابِكَ، قَالَ: ذَاكَ أَبِيْ، وَقَدْ أَمَرَنِيْ أَنْ أُفَارِقَكِ، الْحَقِيْ بِأَهْلِكِ، فَطَلَّقَهَا.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: پس پایا اس نے یعنی جرہم کے بسنے نے اسماعیل علیہ السلام کی ماں کو درانحالیکہ وہ انسیت کو پسند کررہی تھیں، پس وہ لوگ اترے اور اپنے قبیلوں کی طرف آدمی بھیجے پس وہ بھی ان کے ساتھ اترے، یہاں تک کہ جب مکہ میں جرہم قبیلہ کی چند فیملیاں بس گئیں اور لڑکا جوان ہوگیا وراس نے ان سے عربی سیکھ لی اور تھا وہ ان میں سب سے زیادہ نفیس اور سب سے زیادہ پسندیدہ جب وہ جوان ہوا تو انھوں نے اس کا نکاح کردیا اپنے میں سے ایک عورت سے اور اسماعیل علیہ السلام کی والدہ کی وفات ہوگئی، پس ابراہیم علیہ السلام آئے اسماعیل علیہ السلام کے نکاح کرنے کے بعد، خیر خبر معلوم کررہے ہیں وہ اپنی چھوڑی ہوئی اولاد کی، تو انھوں نے اسماعیل علیہ السلام کو نہیں پایا، ان کی بیوی سے ان کے بارے میں پوچھا اس نے کہا: ہمارے لئے روزی تلاش کرنے گئے ہیں، پھر انھوں نے پوچھا ان کے گذران اور ان کے احوال کے بارے میں تو اس نے کہا: ہم برے حال میں ہیں، ہم تنگی اور سختی میں ہیں، پس اس نے ابراہیم علیہ السلام سے شکوہ کیا، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: جب تمہارا شوہر آئے تو ان سے میرا سلام کہنا، اور اس سے کہنا کہ وہ اپنے دروازے کی چوکھٹ بدل دے، پس جب اسماعیل علیہ السلام آئے تو گویا انھوں نے کوئی نئی چیز محسوس کی، پس پوچھا: کیا تمہارے پاس کوئی آیا تھا؟ بیوی نے کہا: ہاں، ہمارے پاس ایک ایسے اور ایسے حضرت آئے تھے، پس انھوں نے ہم سے آپ کے بارے میں پوچھا تو میں نے ان کو بتلایا، انھوں نے مجھ سے پوچھا: ہمارا گذران کیسا ہے؟ تو میں نے ان کو بتلایا کہ ہم مشقت میں اور سختی میں ہیں، اسماعیل علیہ السلام نے پوچھا: پس کیا انھوں نے تجھے کسی چیز کی وصیت (تاکید) کی ہے؟ اس نے کہا: ہاں، انھوں نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپ کو سلام کہوں اور انھوں نے کہا ہے کہ آپ اپنے گھر کی چوکھٹ بدل دیں، اسماعیل علیہ السلام نے کہا: وہ میرے ابا تھے، اور انھوں نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تجھ سے جدا

ہوجاؤں، تو اپنے میکے چلی جا اور آپ نے اس کو طلاق دیدی۔

وَتَزَوَّجَ مِنْهُمُ امْرَأَةً أُخْرَى، فَلَبِثَ عَنْهُمْ إِبْرَاهِيْمُ مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ أَتَاهُمْ بَعْدُ، فَلَمْ يَجِدْهُ، فَدَخَلَ عَلٰى امْرَأَتِهِ فَسَأَلَهَا عَنْهُ، فَقَالَتْ: خَرَجَ يَبْتَغِيْ لَنَا، قَالَ: كَيْفَ أَنْتُمْ؟ وَسَأَلَهَا عَنْ عَيْشِهِمْ وَهَيْئَتِهِمْ، فَقَالَتْ: نَحْنُ بِخَيْرٍ وَسَعَةٍ، وَأَثْنَتْ عَلَى اللّٰهِ، فَقَالَ: مَا طَعَامُكُمْ؟ قَالَتْ: اللَّحْمُ، قَالَ: فَمَا شَرَابُكُمْ؟ قَالَتْ: الْمَاءُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِي اللَّحْمِ وَالْمَاءِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ يَوْمَئِذٍ حَبٌّ، وَلَوْكَانَ لَهُمْ دَعَا لَهُمْ فِيْهِ" قَالَ: فَهُمَا لاَ يَخْلُوْ عَلَيْهِمَا أَحَدٌ بِغَيْرِ مَكَّةَ إِلَّا لَمْ يُوَافِقَاهُ، قَالَ: فَإِذَا جَاءَ زَوْجُكِ فَاقْرَئِيْ عَلَيْهِ السَّلاَمَ، وَمُرِيْهِ يُثْبِتُ عَتَبَةَ بَابِهِ، فَلَمَّا جَاءَ إِسْمَاعِيْلُ قَالَ: هَلْ أَتَاكُمْ مِنْ أَحَدٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، أَتَانَا شَيْخٌ حَسَنُ الْهَيْئَةِ وَأَثْنَتْ عَلَيْهِ، فَسَأَلَنِيْ عَنْكَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَسَأَلَنِي كَيْفَ عَيْشُنَا؟ فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّا بِخَيْرٍ، قَالَ: فَأَوْصَاكِ بِشَيْئٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، هُوَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلاَمَ وَيَأْمُرُكَ أَنْ تُثْبِتَ عَتَبَةَ بَابِكَ، قَالَ: ذَاكَ أَبِيْ وَأَنْتِ الْعَتَبَةُ، أَمَرَنِيْ أَنْ أُمْسِكَكِ.

ترجمہ: اور اسماعیل علیہ السلام نے ان لوگوں میں سے ایک دوسری عورت سے نکاح کیا، پس ابراہیم علیہ السلام ان لوگوں سے ٹھہرے رہے جتنا اللہ نے چاہا، پھر وہ ان کے پاس آئے اس کے بعد، پس اسماعیل علیہ السلام کو انھوں نے نہیں پایا، اور وہ ان کی بیوی کے پاس پہنچے اور اس سے اسماعیل علیہ السلام کے بارے میں پوچھا تو اس نے کہا: ہمارے لئے روزی تلاش کرنے گئے ہیں، ابراہیم علیہ السلام نے پوچھا: تمہارا کیا حال ہے؟ اور اس سے ان کے گذران اور احوال کے بارے میں پوچھا، اس نے کہا: ہم خیریت سے اچھے حال میں ہیں اور اس نے اللہ کی تعریف کی، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پوچھا: تمہارا کھانا کیا ہے؟ اس نے کہا: گوشت، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پوچھا: اور پیتے کیا ہو؟ اس نے کہا: پانی، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی: اے اللہ! ان کے لئے گوشت اور پانی میں برکت فرما، نبی ﷺ نے فرمایا: اور نہیں تھا ان کے لئے اس وقت غلّہ اور اگر ہوتا ان کے لئے غلّہ تو آپ ان کے لئے غلہ میں بھی دعا فرماتے، ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: پس وہ دونوں چیزیں (گوشت اور پانی) نہیں اکتفا کرتا ان دونوں پر کوئی مکہ کے علاوہ میں مگر وہ دونوں چیزیں اس کے موافق نہیں آتیں، ابراہیم علیہ السلام نے کہا: جب تمہارے شوہر آئیں تو ان سے میرا سلام کہنا اور ان کو حکم دینا کہ وہ اپنے گھر کی چوکھٹ برقرار رکھیں، پس جب اسماعیل علیہ السلام آئے تو پوچھا: کیا تمہارے پاس کوئی آیا تھا؟ بیوی نے کہا: ہاں، ہمارے پاس ایک حضرت آئے تھے جو بہت اچھی حالت میں تھے اور اس نے ابراہیم علیہ السلام کی تعریف کی، انھوں نے مجھ سے آپ کے بارے میں پوچھا، میں نے ان کو بتلایا پھر انھوں نے مجھ سے پوچھا: تمہارا گذران کیسا ہے؟ میں نے ان کو بتلایا کہ ہم اچھے حال میں ہیں، اسماعیل علیہ السلام نے پوچھا: پس کیا انھوں نے آپ کو کسی بات کی وصیت کی ہے؟ بیوی نے

کہا: ہاں، انھوں نے آپ کو سلام کہا ہے اور آپ کو حکم دیا ہے کہ آپ اپنے دروازہ کی چوکھٹ برقرار رکھیں، اسماعیل علیہ السلام نے کہا: وہ میرے ابا تھے اور آپ چوکھٹ ہیں انھوں نے مجھے حکم دیا کہ میں آپ کو روکے رکھوں۔

ثُمَّ لَبِثَ عَنْهُمْ مَاشَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ جَاءَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَإِسْمَاعِيْلُ يَبْرِىْ نَبْلاً لَهُ تَحْتَ دَوْحَةٍ قَرِيْبًا مِنْ زَمْزَمَ، فَلَمَّا رَآهُ قَامَ إِلَيْهِ فَصَنَعَا كَمَا يَصْنَعُ الْوَالِدُ بِالْوَلَدِ وَالْوَلَدُ بِالْوَالِدِ، ثُمَّ قَالَ: يَا إِسْمَاعِيْلُ! إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِىْ بِأَمْرٍ، قَالَ: فَاصْنَعْ مَا أَمَرَكَ رَبُّكَ، قَالَ: وَتُعِيْنُنِىْ؟ قَالَ: وَأُعِيْنُكَ، قَالَ: فَإِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِىْ أَنْ أَبْنِىَ هٰهُنَا بَيْتًا، وَأَشَارَ إِلٰى أَكَمَةٍ مُرْتَفِعَةٍ عَلٰى مَاحَوْلَهَا، قَالَ: فَعِنْدَ ذٰلِكَ رَفَعَا الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ، فَجَعَلَ إِسْمَاعِيْلُ يَأْتِىْ بِالْحِجَارَةِ وَإِبْرَاهِيْمُ يَبْنِىْ، حَتّٰى إِذَا ارْتَفَعَ الْبِنَاءُ جَاءَ بِهٰذَا الْحَجَرِ فَوَضَعَهُ لَهُ فَقَامَ عَلَيْهِ وَهُوَ يَبْنِىْ، وَإِسْمَاعِيْلُ يُنَاوِلُهُ الْحِجَارَةَ، وَهُمَا يَقُوْلَانِ:﴿ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ قَالَ: فَجَعَلَا يَبْنِيَانِ حَتّٰى يَدُوْرَا حَوْلَ الْبَيْتِ وَهُمَا يَقُوْلَانِ:﴿ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ [البقرة: ۱۲۷] [راجع: ۲۳۶۸]

ترجمہ: پھر ابراہیم علیہ السلام ان لوگوں سے ٹھہرے رہے جتنا اللہ نے چاہا، پھر اس کے بعد وہ آئے اور اسماعیل علیہ السلام اپنی تیر کی لکڑیاں چھیل رہے تھے، بڑے درخت کے نیچے زم زم کے پاس، پس جب اسماعیل علیہ السلام نے ان کو دیکھا تو ان کی طرف کھڑے ہوئے پس دونوں نے کیا جیسا باپ بیٹے کے ساتھ اور بیٹا باپ کے ساتھ کرتا ہے، پھر ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: اے اسماعیل! بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک حکم دیا ہے، اسماعیل علیہ السلام نے کہا: تعمیل کریں آپ اس حکم کی جو آپ کو آپ کے پروردگار نے دیا ہے، ابراہیم علیہ السلام نے کہا: کیا آپ میری مدد کریں گے؟ اسماعیل علیہ السلام نے کہا: میں آپ کی مدد کروں گا، ابراہیم علیہ السلام نے کہا: اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں یہاں ایک گھر بناؤں اور ابھرے ہوئے ٹیلے کی طرف اور اس کے اردگرد کی طرف اشارہ کیا، ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس اس وقت دونوں نے بیت اللہ کی بنیادیں اٹھائیں، پس اسماعیل علیہ السلام پتھر لاتے تھے اور ابراہیم علیہ السلام چنتے تھے، یہاں تک کہ جب دیوار اونچی ہوئی تو وہ یہ پتھر لائے، پس انھوں نے اس پتھر کو ان کے لئے رکھا، وہ اس پر کھڑے ہو کر دیوار چننے لگے، اور اسماعیل علیہ السلام ان کو پتھر دیتے رہے اور دونوں دعا کرتے تھے:﴿رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾: اے ہمارے پروردگار! ہماری یہ خدمت قبول فرما، بلاشبہ آپ خوب سننے والے جاننے والے ہیں (سورۃ البقرہ آیت ۱۲۷) ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس دونوں تعمیر کرتے رہے یہاں تک کہ دونوں گھومے بیت اللہ کے اردگرد، یعنی چاروں طرف کی تعمیر مکمل کی اور وہ دونوں یہ دعا کرتے رہے۔

پھر یہی حدیث دوسری سند سے لائے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ یہ حدیث چار سندوں سے لائے ہیں، پہلی دو سندوں سے حدیثیں مختصر ہیں، اور دوسری دو سندوں سے حدیثیں مفصل ہیں، اور یہ سب روایتیں سعید بن جبیرؒ کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہیں۔

[٣٣٦٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ بَيْنَ إِبْرَاهِيْمَ وَبَيْنَ أَهْلِهِ مَا كَانَ، خَرَجَ بِإِسْمَاعِيْلَ وَأُمِّ إِسْمَاعِيْلَ، وَمَعَهُمْ شَنَّةٌ فِيْهَا مَاءٌ، فَجَعَلَتْ أُمُّ إِسْمَاعِيْلَ تَشْرَبُ مِنَ الشَّنَّةِ، فَيَدِرُّ لَبَنُهَا عَلٰى صَبِيِّهَا، حَتّٰى قَدِمَ مَكَّةَ فَوَضَعَهَا تَحْتَ دَوْحَةٍ، ثُمَّ رَجَعَ إِبْرَاهِيْمُ إِلٰى أَهْلِهِ، فَاتَّبَعَتْهُ أُمُّ إِسْمَاعِيْلَ حَتّٰى لَمَّا بَلَغُوْا كَدَاءَ نَادَتْهُ مِنْ وَرَائِهِ: يَا إِبْرَاهِيْمُ! إِلٰى مَنْ تَتْرُكُنَا؟ قَالَ: إِلٰى اللّٰهِ! قَالَتْ: رَضِيْتُ بِاللّٰهِ! قَالَ: فَرَجَعَتْ فَجَعَلَتْ تَشْرَبُ مِنَ الشَّنَّةِ وَيَدِرُّ لَبَنُهَا عَلٰى صَبِيِّهَا، حَتّٰى لَمَّا فَنِيَ الْمَاءُ، قَالَتْ: لَوْ ذَهَبْتُ فَنَظَرْتُ لَعَلِّيْ أُحِسُّ أَحَدًا، قَالَ: فَذَهَبْتْ فَصَعِدَتِ الصَّفَا فَنَظَرَتْ، وَنَظَرَتْ هَلْ تُحِسُّ أَحَدًا، فَلَمْ تُحِسَّ أَحَدًا، فَلَمَّا بَلَغَتِ الْوَادِيَ سَعَتْ، أَتَتِ الْمَرْوَةَ، وَفَعَلَتْ ذٰلِكَ أَشْوَاطًا، ثُمَّ قَالَتْ: لَوْ ذَهَبْتُ فَنَظَرْتُ مَا فَعَلَ، تَعْنِي الصَّبِيَّ، فَذَهَبَتْ فَنَظَرَتْ فَإِذَا هُوَ عَلٰى حَالِهِ، كَأَنَّهُ يَنْشَغُ لِلْمَوْتِ، فَلَمْ تُقِرَّهَا نَفْسُهَا، فَقَالَتْ: لَوْ ذَهَبْتُ فَنَظَرْتُ لَعَلِّي أُحِسُّ أَحَدًا، فَذَهَبَتْ فَصَعِدَتِ الصَّفَا، فَنَظَرَتْ وَنَظَرَتْ فَلَمْ تُحِسَّ أَحَدًا، حَتّٰى أَتَمَّتْ سَبْعًا، ثُمَّ قَالَتْ: لَوْ ذَهَبْتُ فَنَظَرْتُ مَا فَعَلَ فَإِذَا هِيَ بِصَوْتٍ، فَقَالَتْ: أَغِثْ إِنْ كَانَ عِنْدَكَ خَيْرٌ، فَإِذَا جِبْرِيْلُ، قَالَ: فَقَالَ بِعَقِبِهِ هٰكَذَا وَغَمَزَ عَقِبَهُ عَلٰى الْأَرْضِ، قَالَ: فَانْبَثَقَ الْمَاءُ فَدَهِشَتْ أُمُّ إِسْمَاعِيْلَ فَجَعَلَتْ تَحْفِرُ، قَالَ: فَقَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ تَرَكَتْهُ كَانَ الْمَاءُ ظَاهِرًا" قَالَ: جَعَلَتْ تَشْرَبُ مِنَ الْمَاءِ وَيَدِرُّ لَبَنُهَا عَلٰى صَبِيِّهَا، قَالَ: فَمَرَّ نَاسٌ مِنْ جُرْهُمَ بِبَطْنِ الْوَادِيْ، فَإِذَا هُمْ بِطَيْرٍ كَأَنَّهُمْ أَنْكَرُوْا ذَاكَ، وَقَالُوْا: مَا يَكُوْنُ الطَّيْرُ إِلَّا عَلٰى مَاءٍ، فَبَعَثُوْا رَسُوْلَهُمْ، فَنَظَرُوْا فَإِذَا هُوَ بِالْمَاءِ، فَأَتَاهُمْ فَأَخْبَرَهُمْ فَأَتَوْا إِلَيْهَا فَقَالُوْا: يَا أُمَّ إِسْمَاعِيْلَ، أَتَأْذَنِيْنَ لَنَا أَنْ نَكُوْنَ مَعَكِ أَوْ نَسْكُنَ مَعَكِ؟ فَبَلَغَ ابْنُهَا فَنَكَحَ فِيْهِمُ امْرَأَةً! قَالَ: ثُمَّ إِنَّهُ بَدَا لِإِبْرَاهِيْمَ، فَقَالَ لِأَهْلِهِ: إِنِّيْ مُطَّلِعٌ تَرِكَتِيْ، قَالَ: فَجَاءَ فَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَيْنَ إِسْمَاعِيْلُ؟ فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ: ذَهَبَ يَصِيْدُ، قَالَ: قُوْلِيْ لَهُ إِذَا جَاءَ: غَيِّرْ عَتَبَةَ بَيْتِكَ، فَلَمَّا جَاءَ أَخْبَرَتْهُ فَقَالَ: أَنْتِ ذَاكِ فَاذْهَبِيْ إِلٰى أَهْلِكِ.

قَالَ: ثُمَّ إِنَّهُ بَدَا لِإِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ لِأَهْلِهِ: إِنِّيْ مُطَّلِعٌ تَرِكَتِيْ، فَجَاءَ فَقَالَ: أَيْنَ إِسْمَاعِيْلُ؟ فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ: ذَهَبَ يَصِيْدُ، فَقَالَتْ: أَلَا تَنْزِلُ فَتَطْعَمَ وَتَشْرَبَ؟ فَقَالَ: وَمَا طَعَامُكُمْ وَمَا شَرَابُكُمْ؟ قَالَتْ: طَعَامُنَا اللَّحْمُ وَشَرَابُنَا الْمَاءُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْ طَعَامِهِمْ وَشَرَابِهِمْ، قَالَ: فَقَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم: "بَرَكَةٌ بِدَعْوَةِ إِبْرَاهِيْمَ"

قَالَ: ثُمَّ إِنَّهُ بَدَا لِإِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ لِأَهْلِهِ: إِنِّيْ مُطَّلِعٌ تَرِكَتِيْ، فَجَاءَ فَوَافَقَ إِسْمَاعِيْلَ مِنْ وَرَاءِ زَمْزَمَ يُصْلِحُ نَبْلًا لَهُ، فَقَالَ: يَا إِسْمَاعِيْلُ: إِنَّ رَبَّكَ أَمَرَنِيْ أَنْ أَبْنِيَ لَهُ بَيْتًا، قَالَ: أَطِعْ رَبَّكَ، قَالَ: إِنَّهُ قَدْ أَمَرَنِيْ أَنْ

تُعِيْنِنِي عَلَيْهِ، قَالَ: إِذَنْ أَفْعَلَ، أَوْ كَمَا قَالَ، قَالَ: فَقَامَا فَجَعَلَ إِبْرَاهِيْمُ يَبْنِي، وَإِسْمَاعِيْلُ يُنَاوِلُهُ الْحِجَارَةَ، وَيَقُوْلاَنِ: ﴿رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ قَالَ: حَتّٰى ارْتَفَعَ الْبِنَاءُ وَضَعُفَ الشَّيْخُ عَنْ نَقْلِ الْحِجَارَةِ فَقَامَ عَلٰى حَجَرِ الْمَقَامِ فَجَعَلَ يُنَاوِلُهُ الْحِجَارَةَ وَيَقُوْلاَنِ: ﴿رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾[البقرة: ۱۲۷] [راجع: ۲۳۶۸]

قوله: لما كان بين إبراهيم: جب تھا ابراہیم علیہ السلام اوران کی اہلیہ کے درمیان جو تھا، یعنی حضرت سارہ رضی اللہ عنہا اس کی روادار نہیں ہوئیں کہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ رہیں .... **دَرَّ الدَّرُّ** (ن،ض) **دَرًّا**: دودھ کا کثرت سے جاری ہونا.......... **نَشَغَ نَشْغًا**: سسکیاں بھرنا، بیہوش ہونے کے قریب ہوجانا..........

فلم تُقِرَّهَا: **قَرَارْ** سے ہے یعنی ان کے دل کو چین نہیں آیا، جاننا چاہئے کہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا نے صفامروہ کے درمیان سات چکر مسلسل نہیں لگائے، صفا سے مروہ تک جاتیں پھر بچہ کے پاس آجاتیں پھر جب بچہ کی بے تابی دیکھتیں تو صفا پر چڑھتیں اوراتر کر مروہ پر جاتیں، ساتویں مرتبہ جب وہ مروہ پر پہنچیں تو انھوں نے فرشتہ کی آواز سنی، مروہ زمزم سے دور ہے .... **فقال بعقبه هكذا**: زمزم حضرت جبرئیل علیہ السلام کی ایڑ مارنے سے یا پَر مارنے سے ظاہر ہوا ہے، اورلوگوں میں جو مشہور ہے کہ زمزم حضرت اسماعیل علیہ السلام کے پیر رگڑنے سے ظاہر ہوا ہے: وہ بے اصل ہے۔

[۳۳۶۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثنا الْأَعْمَشُ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ مَسْجِدٍ وُضِعَ فِي الْأَرْضِ أَوَّلُ؟ قَالَ:" الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ" قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ:" الْمَسْجِدُ الْأَقْصَى" قُلْتُ: كَمْ كَانَ بَيْنَهُمَا؟ قَالَ:" أَرْبَعُوْنَ سَنَةً، ثُمَّ أَيْنَمَا أَدْرَكَتْكَ الصَّلاَةُ بَعْدُ فَصَلِّهْ، فَإِنَّ الْفَضْلَ فِيْهِ"[انظر: ۳۴۲۵]

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یارسول اللہ! کونسی مسجد زمین میں سب سے پہلے رکھی گئی؟ آپؐ نے فرمایا: مسجدِ حرام، انھوں نے پوچھا: پھر کونسی؟ آپؐ نے فرمایا: مسجد اقصیٰ، انھوں نے پوچھا: دونوں کے درمیان کتنی مدت تھی؟ آپؐ نے فرمایا: چالیس سال، پھر (فرمایا) جہاں بھی اب آپ کو نماز پائے تو نماز پڑھیں، بیشک فضیلت اسی میں ہے۔

تشریح: **أَوَّلُ**: لام کے ضمہ کے ساتھ مبنی ہے اورمضاف الیہ منوی ہے أي أَوَّلُ كلِّ مَسْجِدٍ ....اور **صَلِّهْ**: ہائے سکتہ کے ساتھ ہے اصل فعل امر صَلِّ ہے.......... فضیلت اسی میں ہے یعنی وقت ہوتے ہی نماز پڑھ لینے میں فضیلت ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ اس حدیث کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تذکرہ میں لائے ہیں اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ دونوں مسجدیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بنائی ہیں اور دونوں کے درمیان چالیس سال کا فصل ہے، اورحاشیہ میں جو اشکال ہے اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے بیت المقدس کو شاندار بنایا تھا، مگر

اس کی بنیاد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے رکھی تھی، اور اس کو اسحاق علیہ السلام اور ان کی اولاد کا قبلہ بنایا تھا۔

ملحوظہ: اس حدیث سے پہلے مصری نسخہ میں باب بلاترجمہ ہے، ہمارے نسخہ میں بھی گیلری میں ہے، مگر کتاب میں نہیں ہے اس لئے ہم نے باب اور اس کا نمبر حذف کیا ہے۔

[۳۳۶۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِیْ عَمْرٍو مَوْلٰی الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَلَعَ لَهُ أُحُدٌ، فَقَالَ:" هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَإِنِّیْ أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا" وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ۳۷۱]

[۳۳۶۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ أَبِیْ بَكْرٍ أَخْبَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" أَلَمْ تَرَیْ أَنَّ قَوْمَكِ لَمَّا بَنَوُا الْكَعْبَةَ اقْتَصَرُوْا عَنْ قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيْمَ؟" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا تَرُدُّهَا عَلٰی قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيْمَ؟ قَالَ:" لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ" فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: لَئِنْ كَانَتْ عَائِشَةُ سَمِعَتْ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَا أُرَی أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَرَكَ اسْتِلَامَ الرُّكْنَيْنِ اللَّذَيْنِ يَلِيَانِ الْحِجْرَ إِلَّا أَنَّ الْبَيْتَ لَمْ يُتَمَّمْ عَلٰی قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيْمَ. وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ بَكْرٍ. [راجع: ۱۲۶]

وضاحت: یہ دونوں حدیثیں پہلے گذری ہیں، پہلی حدیث میں ہے: إن إبراهيم حرم مكة: یہی جملہ باب سے متعلق ہے، اور دوسری حدیث میں ہے کہ قریش نے جب کعبہ بنایا تو ابراہیم علیہ السلام کی بنیاد سے چھوٹا بنایا، یہی جزء باب سے متعلق ہے۔

[۳۳۶۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِیِّ، أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِیُّ، أَنَّهُمْ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ نُصَلِّیْ عَلَيْكَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی آلِ إِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ" [انظر: ۶۳۶۰]

[۳۳۷۰-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، وَمُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَا: ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا أَبُوْ فَرْوَةَ مُسْلِمُ بْنُ سَالِمٍ الْهَمْدَانِیُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيْسَى، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ لَيْلٰی، قَالَ: لَقِيَنِیْ

كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ، فَقَالَ: أَلاَ أُهْدِی لَكَ هَدِیَّةً سَمِعْتُهَا مِنَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم؟ فَقُلْتُ: بَلٰی، فَأَهْدِهَا لِیْ، فَقَالَ: سَأَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَقُلْنَا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَیْفَ الصَّلاَةُ عَلَیْكُمْ أَهْلَ الْبَیْتِ؟ فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ عَلَّمَنَا كَیْفَ نُسَلِّمُ عَلَیْكَ قَالَ:" قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی إِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی آلِ إِبْرَاهِیْمَ إِنَّكَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ. اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی إِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی آلِ إِبْرَاهِیْمَ إِنَّكَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ"[انظر: ٤٧٩٧، ٦٣٥٧]

وضاحت: ان دونوں حدیثوں میں درود شریف ہیں، پہلی حدیث ابوحمید ساعدی کی ہے، اور دوسری کعب بن عجرہؓ کی دونوں میں كما صليت على إبراهيم وعلى آل إبراهيم ہے، یہی حدیثوں کی باب سے مناسبت ہے۔

[٣٣٧١-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، ثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم یُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ، وَیَقُوْلُ:" إِنَّ أَبَاكُمَا كَانَ یُعَوِّذُ بِهَا إِسْمَاعِیْلَ وَإِسْحَاقَ: أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ، مِنْ كُلِّ شَیْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَیْنٍ لاَمَّةٍ"

ترجمہ: ابن عباس کہتے ہیں: نبی ﷺ حسنین رضی اللہ عنہما کو جھاڑ اکرتے تھے اور فرماتے تھے: تمہارے ابا ابراہیم علیہ السلام بھی اس جھاڑ کے ذریعہ اسماعیل واسحاق علیہما السلام کو جھاڑا کرتے تھے (یہاں باب ہے) یہ جھاڑ بہت اچھی ہے طلبہ یاد کرلیں۔

بَابٌ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سلسلہ کا تیسرا باب

۱- سورۃ الحجر آیت ۵۱ اور اس کے بعد کی آیات میں ہے:" اور آپ لوگوں کو ابراہیم علیہ السلام کے مہمانوں کے احوال بتلا دیجئے جب وہ ان کے پاس پہنچے تو انھوں نے سلام کیا، ابراہیم علیہ السلام نے کہا: ہم تم سے خائف ہیں (حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان کو مہمان سمجھ کر کھانا تیار تھا، مگر انھوں نے نہیں کھایا کیونکہ وہ فرشتے تھے، اس لئے ابراہیم علیہ السلام دل میں ڈرے کہ یہ لوگ کھانا کیوں نہیں کھاتے؟ کہیں دشمن تو نہیں) انھوں نے کہا: آپ خائف نہ ہوں، ہم آپ کو ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جو بڑا عالم ہوگا" اس لڑکے سے مراد حضرت اسحاق علیہ السلام ہیں۔

۲- سورۃ البقرہ آیت ۲۶۰ میں ہے: یاد کرو اس وقت کو جب ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! مجھ کو دکھلایئے کہ آپ مُردوں کو کیسے زندہ کریں گے" اس کی تفصیل باب کی حدیث میں ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: (۱) ہم شک کے زیادہ حق دار ہیں ابراہیم علیہ السلام سے، جب انھوں نے کہا: اے میرے پروردگار! مجھے دکھلایئے کہ آپ مُردوں کو کیسے زندہ کریں گے؟ اللہ تعالیٰ نے پوچھا: کیا اور تم ایمان نہیں رکھتے؟

ابراہیم علیہ السلام نے جواب دیا: کیوں نہیں، مگر اس لئے درخواست کررہا ہوں کہ میرا دل مطمئن ہوجائے (۲) اور اللہ تعالیٰ لوط علیہ السلام پر رحم فرمائیں، واقعہ یہ ہے کہ وہ مضبوط جتھے کی پناہ لئے ہوئے تھے (۳) اور اگر ٹھہرتا میں قید خانہ میں جتنی مدت یوسف علیہ السلام ٹھہرے تو میں بلانے والے کے ساتھ ہولیتا۔

تشریح: نبی ﷺ نے ایسی تین باتوں کی حقیقت کھولی ہے جو انبیاء کے شایانِ شان نہیں:

پہلی بات: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پروردگار سے درخواست کی کہ آپ قیامت کے دن مُردوں کو کس طرح زندہ کریں گے؟ مجھے اس کا مشاہدہ کرادیں، یہاں کوئی خیال کرسکتا تھا کہ ابراہیم علیہ السلام کو اللہ کی اس صفت میں شک ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ایسا شک تو ہم بدرجہ اولیٰ کرسکتے ہیں، کیونکہ علم کے دو درجے ہیں: علم الیقین اور عین الیقین (اسی کا نام حق الیقین ہے)[1] کسی بات کو قطعی طور پر جان لینا علم الیقین ہے، پھر اس کا آنکھ سے مشاہدہ کرنا عین الیقین اور حق الیقین ہے، پس اگر کوئی علم الیقین کو ترقی دینے کے لئے مشاہدہ کی درخواست کرے تو اس میں کچھ حرج نہیں۔ چنانچہ جب اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام سے پوچھا: ﴿أَوَلَمْ تُؤْمِنْ﴾: تو انھوں نے قوت سے جواب دیا: بَلٰی! کیوں نہیں! معلوم ہوا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو احیائے موتی کی صفت میں شک نہیں تھا، مگر وہ اس کو ترقی دے کر حق الیقین بنانا چاہتے تھے، پس یہ شک نہیں، ایسی خواہش تو ہر مؤمن کی ہوتی ہے۔

دوسری بات: جب فرشتے حضرت لوط علیہ السلام کے گھر نوجوان لڑکوں کی شکل میں پہنچے تو گاؤں کے اوباش دوڑے آئے، حضرت لوط علیہ السلام نے دروازہ بند کردیا، لوگ دروازہ توڑنے لگے، اس وقت حضرت لوط علیہ السلام اتنے پریشان ہوئے کہ انھوں نے لوگوں سے کہا: کاش میرے پاس بَل ہوتا یا کاش میرا مضبوط جتھا ہوتا تو میں تمہیں مزہ چکھاتا، فرشتوں نے لوط علیہ السلام سے کہا! آپ پریشان نہ ہوں، ہم انسان نہیں ہیں: فرشتے ہیں، یہاں کوئی خیال کرسکتا تھا کہ اللہ کا نبی اللہ پر اعتماد کرنے کے بجائے اپنے بَل پر اور اپنے جتھے پر اعتماد کیسے کررہا ہے؟ یہ بات تو نبی کی شان کے خلاف ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: حضرت لوط علیہ السلام مضبوط جتھے کی پناہ میں تھے اور وہ مضبوط جتھا اللہ کی پناہ تھی، لیکن وہ اس وقت اتنے پریشان ہوگئے تھے کہ اُدھر ذہن نہیں گیا اور ظاہری اسباب کی طرف نظر گئی، یہ حضرت لوط علیہ السلام کی انتہائی درجہ کی پریشانی کی دلیل ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے فرمایا: اس واقعہ کے بعد اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو جتھے کے بغیر مبعوث نہیں فرمایا۔

تیسری بات: حضرت یوسف علیہ السلام کو جیل سے بلانے کے لئے بادشاہ کا قاصد آیا، وہ نہیں گئے اور کہا: اپنے آقا سے کہو: مجھے جس الزام میں جیل میں ڈالا گیا ہے وہ مقدمہ پہلے فائنل کیا جائے اور واضح کیا جائے کہ میں مجرم ہوں یا نہیں؟

---

(۱) علماء عام طور پر علم کے تین درجے کرتے ہیں: علم الیقین، عین الیقین اور حق الیقین، مگر سورۃ التکاثر میں علم الیقین اور عین الیقین ہی کا تذکرہ ہے، اور علماء نے جو عین الیقین اور حق الیقین میں فرق کیا ہے: وہ پُر تکلف ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں: قصص القرآن ۱:۳۵۳ کا حاشیہ) اس لئے میں علم کے دو ہی درجے کرتا ہوں، عین الیقین حق الیقین ہی ہے دونوں میں کوئی خاص فرق نہیں۔ واللہ اعلم

چنانچہ بادشاہ نے وہ مقدمہ کورٹ سے اپنے پاس منگوالیا اور عزیز مصر کی بیوی کو اور امراء کی بیویوں کو بلایا، اور خود مقدمہ چلایا، سب عورتوں نے اعتراف کیا کہ یوسف علیہ السلام بے گناہ ہیں، تب حضرت تشریف لائے۔ یہاں کوئی خیال کرسکتا تھا کہ یہ اکڑفوں کیوں ہے؟ مقدمہ تو بعد میں بھی فائنل ہوسکتا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: یہ اکڑفوں نہیں ہے بلکہ پامردی ہے، اور ایسی پامردی ہے کہ شاید ہم اس کا مظاہرہ نہ کرسکیں۔

[۱۱-] بَابٌ

[۱-] قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ إِبْرَاهِيْمَ، إِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ﴾ الآيَة [الحجر: ۵۱] لَاتَوْجَلْ: لَاتَخَفْ. [۲-] ﴿وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ رَبِّ أَرِنِىْ كَيْفَ تُحْيِى الْمَوْتَى﴾ الآية. [البقرة: ۲۶۰]

[۳۳۷۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِىْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "نَحْنُ أَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ إِبْرَاهِيْمَ، إِذْ قَالَ: ﴿رَبِّ أَرِنِىْ كَيْفَ تُحْيِى الْمَوْتَى. قَالَ: أَوَ لَمْ تُؤْمِنْ. قَالَ: بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِىْ﴾ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ لُوْطًا! لَقَدْ كَانَ يَأْوِىْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ، وَلَوْ لَبِثْتُ فِى السِّجْنِ طُوْلَ مَا لَبِثَ يُوْسُفُ لَأَجَبْتُ الدَّاعِىَ" [انظر: ۳۳۷۵، ۳۳۸۷، ۴۵۳۷، ۴۶۹۴، ۶۹۹۲]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَاذْكُرْ فِى الْكِتَابِ إِسْمَاعِيْلَ إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ﴾

حضرت اسماعیل علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بڑے صاحبزادے ہیں، سورہ مریم آیت ۵۴و۵۵ میں آپ کا تذکرہ آیا ہے، ارشاد ہے: "قرآنِ کریم میں اسماعیلؑ کا ذکر کیجئے بلاشبہ وہ وعدہ کے سچے تھے اور وہ رسول بھی تھے، اور نبی بھی (رسول وہ ہے جو لوگوں کو شریعت جدیدہ پہنچائے اور نبی عام ہے، ہر صاحب وحی نبی ہوتا ہے، خواہ شریعت جدیدہ کی تبلیغ کرے یا شریعت قدیمہ کی) اور وہ اپنے متعلقین کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا کرتے تھے، اور وہ اپنے پروردگار کے نزدیک پسندیدہ تھے"

حدیث: پہلے گذری ہے، نبی ﷺ قبیلہ اسلم کے کچھ لوگوں کے پاس سے گذرے، وہ تیراندازی کررہے تھے، آپؐ نے فرمایا: اے اسماعیل کی اولاد! تیراندازی کرو اس لئے کہ تمہارے ابا تیرانداز تھے (اس حدیث میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کا تذکرہ آیا، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے)

[۱۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَاذْكُرْ فِى الْكِتَابِ إِسْمَاعِيْلَ إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ﴾

[۳۳۷۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِىْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: مَرَّ

النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى نَفَرٍ مِنْ أَسْلَمَ يَنْتَضِلُوْنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اِرْمُوْا بَنِيْ إِسْمَاعِيْلَ! فَإِنَّ أَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا، وَأَنَا مَعَ بَنِيْ فُلَانٍ" قَالَ: فَأَمْسَكَ أَحَدُ الْفَرِيْقَيْنِ بِأَيْدِيْهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَالَكُمْ لَاتَرْمُوْنَ؟" فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ نَرْمِيْ وَأَنْتَ مَعَهُمْ؟ فَقَالَ: "اِرْمُوْا وَأَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ" [راجع: ۲۸۹۹]

بَابُ قِصَّةِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

حضرت اسحاق علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت اسحاق علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دوسرے صاحبزادے ہیں، جو حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے، پھر ان کے صاحبزادے حضرت یعقوب علیہ السلام ہیں اور ان کی اولاد بنی اسرائیل کہلاتی ہے۔

فائدہ: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے آٹھ صاحبزادے تھے، حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے اور حضرت اسحاق علیہ السلام حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے اور آپ کی ایک تیسری بیوی قطورہ تھی ان کے بطن سے چھ بیٹے پیدا ہوئے تھے (قصص القرآن ۱:۲۵۵)

اور باب میں حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے دو حدیثوں کا حوالہ دیا ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت آگے (حدیث ۳۳۸۲و۳۳۹۰) آرہی ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث اگلے باب میں ہے، دونوں میں ایک ہی مضمون ہے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ معزز یوسف علیہ السلام ہیں جو اللہ کے نبی ہیں اور وہ یعقوب علیہ السلام کے صاحبزادے ہیں وہ بھی اللہ کے نبی ہیں، اور وہ اسحاق علیہ السلام کے صاحبزادے ہیں وہ بھی اللہ کے نبی ہیں اور وہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے صاحبزادے ہیں، ان حدیثوں میں حضرت اسحاق علیہ السلام کا ذکر آیا، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۱۳-] بَابُ قِصَّةِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

فِيْهِ ابْنُ عُمَرَ، وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ﴾

حضرت یعقوب علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت اسحاق علیہ السلام کے والا تبار صاحبزادے ہیں پھر آپ کے بارہ صاحبزادے تھے، سورۃ البقرہ آیت ۱۳۳ میں ہے: "کیا تم (یہود) خود موجود تھے جس وقت یعقوبؑ کا آخری وقت آیا جس وقت انھوں نے

اپنے بیٹوں سے پوچھا: تم میرے بعد کس کی عبادت کروگے؟ انھوں نے جواب دیا: ہم اس کی عبادت کریں گے جس کی آپ اورآپ کے بزرگ ابراہیم واسماعیل واسحاق عبادت کرتے رہے ہیں اور ہم اسی کی اطاعت پر قائم رہیں گے'' اور باب میں وہی حدیث ہے کہ یوسف علیہ السلام جو اللہ کے نبی ہیں وہ یعقوب علیہ السلام کے صاحبزادے ہیں اور وہ بھی اللہ کے نبی ہیں۔

[۱۴-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ إِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ﴾ الآيَة

[۳۳۷۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، سَمِعَ الْمُعْتَمِرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: مَنْ أَكْرَمُ النَّاسِ؟ قَالَ: "أَكْرَمُهُمْ أَتْقَاهُمْ" قَالُوْا: يَانَبِيَّ اللّٰهِ! لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ، قَالَ: "فَأَكْرَمُ النَّاسِ يُوْسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِيْلِ اللّٰهِ" قَالُوْا: لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ، قَالَ: "أَفَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُوْنِيْ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: "فَخِيَارُكُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُكُمْ فِي الإِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوْا" [راجع: ۳۳۵۳]

بَابٌ: ﴿وَلُوْطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ﴾

حضرت لوط علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت لوط علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے ہیں، ان کا بچپن حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زیرسایہ گذرا ہے، اوران کی نشوونما حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آغوشِ تربیت میں ہوئی ہے، حضرت لوط علیہ السلام کی بعثت شرق اردن کے علاقہ سدّوم اور عامورہ کی طرف ہوئی تھی، جہاں اب بحر میت یا بحر لوط واقع ہے، سدوم کے باشندے فواحش اور معصیتوں میں مبتلا تھے، دنیا کی کوئی برائی ایسی نہیں تھی جو ان میں نہ پائی جاتی ہو، اور کوئی خوبی ایسی نہیں تھی جو ان میں پائی جاتی ہو، اور ایک خاص برائی ان میں یہ تھی کہ وہ اپنی نفسانی خواہشات کو پورا کرنے کے لئے عورتوں کے بجائے امرد لڑکوں سے اختلاط رکھتے تھے، سورۃ النمل آیت ۵۴ تا ۵۸ میں ہے: ''اور ہم نے لوط علیہ السلام کو بھیجا جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم بے حیائی کے کام کرتے ہو حالانکہ تم سمجھ دار ہو؟ کیا تم مردوں کے ساتھ شہوت رانی کرتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر؟ بلکہ تم جہالت کا کام کرتے ہو، پس نہیں تھا ان کی قوم کا جواب اس کے علاوہ کہ وہ آپس میں کہنے لگے: تم لوط کے لوگوں کو اپنی بستی سے نکال دو، کیونکہ وہ بڑے پاک صاف بنتے ہیں، پس ہم نے لوطؑ کو اور ان کے متعلقین کو بچالیا، علاوہ ان کی بیوی کے، ہم نے اس کو انہی لوگوں میں تجویز کر رکھا تھا جو عذاب میں پھنس گئے، اور ہم نے ان پر ایک خاص قسم کی بارش برسائی سوان لوگوں کی جو ڈرائے گئے تھے کیسی بری بارش رہی!''

اور حدیث وہی ہے جو ابھی آئی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ لوط علیہ السلام کو بخشیں، بیشک وہ مضبوط جتھے کی پناہ

پکڑے ہوئے تھے، مگر شدت پریشانی میں اس کی طرف ان کا ذہن نہیں گیا، یہ ان سے ذراسی کوتاہی ہوئی، اس لئے آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان کو بخشیں۔

[۱۵-] بَابٌ: ﴿وَلُوْطًا إِذْقَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ﴾ إلٰی ﴿فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ﴾

[۳۳۷۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، ثَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "يَغْفِرُ اللّٰهُ لِلُوْطٍ إِنْ كَانَ لَيَأْوِىْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ" [راجع: ۳۳۷۲]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَلَمَّا جَاءَ آلَ لُوْطِنِ الْمُرْسَلُوْنَ، قَالَ: إِنَّكُمْ قَوْمٌ مُنْكَرُوْنَ﴾

لوط علیہ السلام کے سلسلہ کا دوسرا باب

باب کی آیت: سورۃ الحجر آیت ۶۱ و ۶۲ میں ہے: "پھر جب فرشتے خاندان لوطؑ کے پاس آئے تو لوط علیہ السلام نے کہا: آپ لوگ اجنبی معلوم ہوتے ہیں" مُنْكَر: ناآشنا، شناخت میں نہ آیا ہوا، إنکار سے اسم مفعول، نَكِرَ (س) أَنْكَرَ اور اسْتَنْكَرَ کے ایک معنی ہیں: اوپرا سمجھنا۔

۱- سورہ ہود آیت ۷۸ میں ہے: ﴿وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُوْنَ إِلَيْهِ﴾: اور ان کی قوم ان کے پاس دوڑتی ہوئی آئی، أَهْرَعَ الرجلُ: تیز دوڑنا۔

۲- سورۃ الحجر آیت ۶۶ میں ہے: ﴿وَقَضَيْنَا إِلَيْهِ ذٰلِكَ الْأَمْرَ أَنَّ دَابِرَ هٰؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُصْبِحِيْنَ﴾: اور ہم نے لوط علیہ السلام کے پاس حکم بھیجا کہ صبح ہوتے ہی ان کی جڑ کٹ جائے گی یعنی بالکل ہلاک کر دیئے جائیں گے۔ دابر: جڑ، بنیاد، دبور سے اسم فاعل، ہر چیز کا آخر اور تابع۔

۳- سورۃ القمر آیت ۳۱ میں: ﴿صَيْحَةً وَاحِدَةً﴾: آیا ہے، ایک نعرہ، چنگھاڑ، زور کی آواز، یہ لفظ لوط علیہ السلام کے واقعہ میں نہیں آیا، بلکہ ثمود کے واقعہ میں آیا ہے۔

۴- سورۃ الحجر آیت ۷۵ میں ہے: ﴿إِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾: قوم لوط کی ہلاکت کے واقعہ میں اہل بصیرت کے لئے کئی نشانیاں ہیں، للناظرین: غور و فکر کرنے والوں کے لئے۔

۵- پھر آیت ۷۶ میں ہے: ﴿وَإِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُقِيْمٍ﴾: اور قوم لوط کی بستیاں ایک آباد سڑک پر ہیں، یعنی عرب سے شام جاتے ہوئے ان کے آثار ملتے ہیں، سبیل کے معنی ہیں: طریق۔

۶- سورۃ الذاریات آیت ۳۹ میں ہے: ﴿فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهِ وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُوْنٌ﴾: پس فرعون نے ارکان سلطنت کے ساتھ سرتابی کی اور کہنے لگا: موسیٰ جادوگر ہے یا پاگل ہے۔ رکن کے معنی ہیں: آسرا، زور، قوت، کسی چیز کی وہ جانب جس کا

آسرا لیا جائے، یہاں مراد رکن سے ارکان دولت ہیں وہی فرعون کی قوت تھی، یہ کلمہ بھی لوط علیہ السلام کے واقعہ میں نہیں آیا بلکہ موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ میں آیا ہے، اور سورہ ہود آیت ۱۱۳ میں ہے: ﴿وَلَا تَرْكَنُوْا إِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ﴾: اور ظالموں کی طرف مت جھکو، کبھی تم کو بھی دوزخ کی آگ چھولے، یہ رکن کی مناسبت ہے ترکنوا کے معنی بیان کئے۔

حدیث: سورۃ القمر میں حضرت لوط علیہ السلام کے واقعہ کے بعد بھی ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾: آیا ہے اس لئے اس کی جو معروف قراءت ہے وہ ذکر کی ہے۔

[۱۶-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَلَمَّا جَاءَ آلَ لُوْطِنِ الْمُرْسَلُوْنَ، قَالَ: إِنَّكُمْ قَوْمٌ مُنْكَرُوْنَ﴾

أَنْكَرَهُمْ وَنَكِرَهُمْ وَاسْتَنْكَرَهُمْ وَاحِدٌ.

[۱-] ﴿يُهْرَعُوْنَ﴾ يُسْرِعُوْنَ. [۲-] ﴿دَابِرَ﴾: آخِرَ. [۳-] ﴿صَيْحَةً﴾: هَلَكَةٌ، [٤-] ﴿لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾ لِلنَّاظِرِيْنَ. [۵-] ﴿لَبِسَبِيْلٍ﴾ لَبِطَرِيْقٍ. [۶-] ﴿بِرُكْنِهِ﴾: بِمَنْ مَعَهُ، لِأَنَّهُمْ قُوَّتُهُ، ﴿تَرْكَنُوْا﴾ تَمِيْلُوْا

[۳۳۷۶-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَرَأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ﴿فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ﴾ [راجع: ۳۳٤۱]

بَابُ قَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِلَى ثَمُوْدَ أَخَاهُمْ صَالِحًا﴾

صالح علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت صالح علیہ السلام ثمود کی طرف مبعوث کئے گئے تھے، ثمود کی آبادیاں حجر میں تھیں، حجاز اور شام کے درمیان وادئ قری تک جو میدان ہے وہ سب ان کا مقام سکونت تھا، ثمود کی بستیوں کے کھنڈرات اور آثار آج بھی موجود ہیں، انھوں نے جو پتھر تراش کر حویلیاں بنائی تھیں اس کے باقیات موجود ہیں۔

۱- سورۃ الحجر آیت ۸۰ ہے: ﴿وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَابُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ﴾: اور حجر والوں نے پیغمبروں کو جھٹلایا (صالح علیہ السلام کو جھٹلایا تو گویا سب پیغمبروں کو جھٹلایا، کیونکہ سب کا دین ایک ہے) پھر حجر کے آٹھ معانی بیان کئے ہیں: (۱) حجر ثمود کے علاقہ کا نام ہے (۲) اور سورۃ الانعام آیت ۱۳۸ میں جو ﴿حَرْثٌ حِجْرٌ﴾: آیا ہے وہاں حِجْر کے معنی حرام کے ہیں (۳) اور ہر ممنوع چیز کو حِجْر کہتے ہیں، سورۃ الفرقان آیت ۲۲ میں ہے: ﴿وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَحْجُوْرًا﴾: اور کفار کہیں گے: پناہ پناہ! یہ حِجْر: بمعنی ممنوع ہے (۴) اور حجر اس عمارت کو بھی کہتے ہیں جس کو آپ تعمیر کریں، (۵) اسی طرح جو زمین پتھروں کی دیوار سے گھیری گئی ہو اس کو بھی حجر کہتے ہیں (۶) بیت اللہ کے پاس جو جگہ بیت اللہ سے خارج کردی گئی ہے وہ بھی حِجر اور حطیم کہلاتی ہے، حطیم بمعنی محطوم ہے یعنی چھوڑی ہوئی، جیسے قتیل بمعنی مقتول ہے (۷) گھوڑی کو حجر کہتے ہیں (۷) اور عقل کو بھی حجر اور حِجی کہتے ہیں (۸) اور حَجْرُ الیمامہ: ایک جگہ کا نام ہے۔

حدیث: عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے سنا، اور آپؐ نے اس آدمی کا تذکرہ کیا جس نے صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں، پس آپؐ نے فرمایا: اونٹنی کے قتل کے لئے ایک آدمی تیار ہوا جو اپنی قوم میں باعزت اور با اقتدار تھا، جیسے ابوزمعہ، (ابوزمعہ کا نام اسود بن المطلب تھا، وہ اپنی قوم میں باعزت اور با اقتدار تھا، بدر میں کافر ہونے کی حالت میں مارا گیا، اسی طرح صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو قتل کرنے والا قیدار بن سالف بھی ایک باعزت اور با اقتدار آدمی تھا)

پھر باب میں چار حدیثیں ہیں، جن میں ایک ہی مضمون ہے، نبی ﷺ تبوک جاتے ہوئے حجر مقام سے گذرے ہیں، آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ ان کے کنویں سے پانی نہ پئیں، اور نہ اس کنویں سے پانی بھریں، لوگوں نے عرض کیا: ہم نے اس سے آٹا گوندھ لیا ہے اور پانی بھر لیا ہے، نبی ﷺ نے حکم دیا کہ آٹا پھینک دو اور پانی بہادو اور دوسری روایت میں ہے کہ آٹا اونٹوں کو کھلا دو، اور ان کو حکم دیا کہ وہ پانی بھریں اس کنویں سے جس پر صالح علیہ السلام کی اونٹنی پانی پینے کے لئے آتی تھی، اور تیسری روایت میں ہے کہ جب آپؐ دیارِ ثمود سے گذرے تو فرمایا: نہ داخل ہوؤ ان لوگوں کے علاقہ میں جنھوں نے اپنی ذاتوں پر ظلم کیا ہے، مگر یہ کہ ہوؤ تم رونے والے، کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہیں بھی ویسا ہی عذاب پہنچے جو ان کو پہنچا تھا، پھر آپؐ نے اپنے سر پر چادر ڈالی، درانحالیکہ آپؐ اونٹنی پر تھے، اور تیزی سے اس علاقہ سے گذر گئے۔

[۱۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِلٰى ثَمُوْدَ أَخَاهُمْ صَالِحًا﴾

[۱-] وَقَوْلُهِ: ﴿كَذَّبَ أَصْحَابُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ﴾: الحِجْرُ مَوْضِعُ ثَمُوْدَ، وَأَمَّا ﴿حَرْثٌ حِجْرٌ﴾: حَرَامٌ، وَكُلُّ مَمْنُوْعٍ فَهُوَ حِجْرٌ، وَمِنْهُ ﴿حِجْرًا مَحْجُوْرًا﴾ وَالْحِجْرُ: كُلُّ بِنَاءٍ تَبْنِيْهِ، وَمَا حَجَرْتَ عَلَيْهِ مِنَ الْأَرْضِ فَهُوَ حِجْرٌ، وَمِنْهُ سُمِّيَ حَطِيْمُ الْبَيْتِ حِجْرًا، كَأَنَّهُ مُشْتَقٌّ مِنْ مَحْطُوْمٍ، مِثْلُ قَتِيْلٍ مِنْ مَقْتُوْلٍ، وَيُقَالُ لِلْأُنْثَى مِنَ الْخَيْلِ: حِجْرٌ، وَيُقَالُ لِلْعَقْلِ: حِجْرٌ وَحِجًى، وَأَمَّا حَجْرُ الْيَمَامَةِ فَهُوَ الْمَنْزِلُ.

[۳۳۷۷-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَذَكَرَ الَّذِيْ عَقَرَ النَّاقَةَ، فَقَالَ: " انْتَدَبَ لَهَا رَجُلٌ ذُوْ عِزٍّ وَمَنَعَةٍ فِيْ قَوْمِهِ كَأَبِيْ زَمْعَةَ" [انظر: ۴۹۴۲، ۵۲۰۴، ۶۰۴۲]

[۳۳۷۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِيْنٍ أَبُو الْحَسَنِ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ بْنِ حَيَّانَ أَبُوْ زَكَرِيَّا، ثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا نَزَلَ الْحِجْرَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، أَمَرَهُمْ أَنْ لَا يَشْرَبُوْا مِنْ بِئْرِهَا، وَلَا يَسْتَقُوْا مِنْهَا، فَقَالُوْا: قَدْ عَجَنَّا مِنْهَا وَاسْتَقَيْنَا، فَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَطْرَحُوْا ذٰلِكَ الْعَجِيْنَ، وَيُهْرِيْقُوْا ذٰلِكَ الْمَاءَ.

وَيُرْوَى عَنْ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، وَأَبِي الشُّمُوْسِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِإِلْقَاءِ الطَّعَامِ، وَقَالَ أَبُوْ ذَرٍّ: عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " مَنِ اعْتَجَنَ بِمَائِهِ" [انظر: ۳۳۷۹]

[۳۳۷۹-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ النَّاسَ نَزَلُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَرْضَ ثَمُوْدَ الْحِجْرَ، وَاسْتَقَوْا مِنْ بِيَارِهَا، وَاعْتَجَنُوْا بِهِ، فَأَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُهْرِيْقُوْا مَا اسْتَقَوْا مِنْ بِيَارِهَا، وَأَنْ يَعْلِفُوْا الإِبِلَ الْعَجِيْنَ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَسْتَقُوْا مِنَ الْبِئْرِ الَّتِي كَانَ تَرِدُهَا النَّاقَةُ، تابعهُ أُسَامَةُ، عَنْ نَافِعٍ. [راجع:۳۳۷۸]

[۳۳۸۰-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمَّا مَرَّ بِالْحِجْرِ، قَالَ:" لَا تَدْخُلُوْا مَسَاكِيْنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ إِلَّا أَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ، أَنْ يُصِيْبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَهُمْ" ثُمَّ تَقَنَّعَ بِرِدَائِهِ وَهُوَ عَلَى الرَّحْلِ. [راجع: ۴۳۳]

[۳۳۸۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا وَهْبٌ، ثَنَا أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَاتَدْخُلُوْا مَسَاكِنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ إِلَّا أَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ، أَنْ يُصِيْبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَهُمْ"[راجع: ۴۳۳]

بَابٌ: قَوْلِهِ: ﴿أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ﴾ الآية

یعقوب علیہ السلام نے موت کے وقت اپنے بیٹوں کو توحید عبادت کی تاکید کی

یہ تمہیدی باب ہے، آگے یوسف علیہ السلام کا تذکرہ آرہا ہے، یوسف علیہ السلام حضرت یعقوب علیہ السلام کے صاحبزادے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ کے بڑے صاحبزادے یہودا بھی نبی تھے، باقی دس صاحبزادے نبی نہیں تھے، حضرت یعقوب علیہ السلام نے بوقت مرگ سب بیٹوں کو جمع کیا اور توحید عبادت کی تاکید کی، سورۃ البقرہ آیت ۱۳۳ ہے:"کیا تم خود (اے یہود) موجود تھے جب یعقوب علیہ السلام کا آخری وقت آیا، اور جب انھوں نے اپنے بیٹوں سے کہا: تم میرے مرنے کے بعد کس کی عبادت کروگے؟ بیٹوں نے جواب دیا: ہم اللہ کی عبادت کریں گے جس کی آپ اور آپ کے بزرگ ابراہیم واسماعیل واسحاق علیہم السلام عبادت کرتے رہے ہیں اور ہم اس کی اطاعت پر برقرار رہیں گے"

تفسیر: ہر شخص فہمائش کا محتاج ہے، حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے سب بیٹوں کو جن میں ایک بالیقین نبی تھے اور دوسرے کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ بھی نبی تھے: توحید عبادت کی فہمائش کی ہمیشہ بندگی اللہ وحدہ لاشریک لہ کی کرنا اور بندگی میں احکام کی اطاعت بھی داخل ہے، بیٹوں نے کہا: ﴿وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُوْنَ﴾: اور ہم اللہ کے احکام کی فرمانبرداری کریں گے اور اولاد میں یوسف علیہ السلام بھی تھے، پس یہ آئندہ باب کا تمہیدی باب ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ جس طرح ذیلی، ردیف اور تکمیلی باب لاتے ہیں، تمہیدی باب بھی لاتے ہیں، اور حدیث وہی ہے جو پہلے گذری ہے اس میں یوسف اور یعقوب علیہما السلام کا ذکر ہے۔

ملحوظہ: حاشیہ میں فتح الباری کے حوالہ سے لکھا ہے کہ یہ باب مکرر ہے، اور اس باب کی حدیث اگلے باب سے تعلق رکھتی ہے حالانکہ اگلے باب میں یہی حدیث آرہی ہے، پس یہ تکرار نہیں بلکہ اگلے باب کی تمہید ہے۔

[۱۸-] بَابٌ: قَوْلِهِ: ﴿أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ﴾ الآية

[۳۳۸۲-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: " الْكَرِيْمُ ابْنُ الْكَرِيْمِ ابْنُ الْكَرِيْمِ ابْنُ الْكَرِيْمِ: يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ. [انظر: ۳۳۹۰، ۴۶۸۸]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِلسَّائِلِيْنَ﴾

یوسف علیہ السلام کا تذکرہ

یوسف علیہ السلام حضرت یعقوب علیہ السلام کے والا تبار صاحبزادے ہیں، قرآنِ کریم میں ایک سورت آپ کے نام سے موسوم ہے، جس میں آپ کا واقعہ بہترین انداز میں بیان کیا گیا ہے، اس کی آیت ے میں ہے کہ یوسف علیہ السلام میں اور ان کے بھائیوں میں پوچھنے والوں کے لئے (قدرت خداوندی کے) دلائل موجود ہیں، پھر باب میں پہلی حدیث وہی ہے جو بار بار آتی ہے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ معزز یوسف علیہ السلام ہیں، اور دوسری حدیث بھی پہلے گذری ہے، مرض وفات میں نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: ابوبکرؓ سے کہو لوگوں کو نماز پڑھائیں، اس حدیث میں یہ جملہ ہے: إِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوسف: تم یوسفؑ والی عورتیں ہو، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے اور اس کے بعد والی حدیث بھی گذری ہے، اس میں قنوتِ نازلہ ہے، اس میں یہ جملہ ہے: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ: اے اللہ! اپنی گرفت کو قحط سالیاں بنا، یوسفؑ کی قحط سالیوں کی طرح۔ اور اس کے بعد والی حدیث ابھی گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اگر میں جیل خانہ میں ٹھہرتا جتنا لمبا عرصہ یوسف علیہ السلام ٹھہرے ہیں، پھر میرے پاس بلانے والا آتا تو میں اس کے ساتھ ہو لیتا، اور اس کے بعد والی روایت حدیثِ افک کا حصہ ہے اس میں یہ جملہ ہے: مَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ يَعْقُوْبَ وَبَنِيْهِ: میرا اور آپ لوگوں کا معاملہ یعقوب علیہ السلام اور ان کے صاحبزادے جیسا ہے، صاحبزادے سے مراد یوسف علیہ السلام ہیں، اس کے بعد اہم حدیث ہے جس کا ترجمہ وتشریح بعد میں آئے گی۔

[۱۹-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِلسَّائِلِيْنَ﴾

[۳۳۸۳-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَنْ أَكْرَمُ النَّاسِ؟ قَالَ: " أَتْقَاهُمْ لِلّٰهِ" قَالُوْا:

لَیسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ، قَالَ:" فَأَكْرَمُ النَّاسِ يُوْسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنُ خَلِيْلِ اللّٰهِ" قَالُوْا: لَیسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ، قَالَ:" فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُوْنِّى؟ النَّاسُ مَعَادِنُ: خِيَارُهُمْ فِى الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِى الإِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوْا"

حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، أَخْبَرَنِىْ عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا. [راجع: ۳۳۵۳]

[۳۳۸۴-] حدثنا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهَا:"مُرِىْ أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّىْ بِالنَّاسِ" قَالَتْ: إِنَّهُ رَجُلٌ أَسِيْفٌ، مَتَى يَقُوْمُ مَقَامَكَ رَقَّ، فَعَادَ فَعَادَتْ، قَالَ شُعْبَةُ: فَقَالَ فِى الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ:" إِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ، مُرِىْ أَبَا بَكْرٍ"[راجع: ۱۹۸]

لغات: أَسِيْف: نرم دل، جلد یا بہت رونے والا............رَقَّه (ن) رَقًّا: پتلا کرنا، باریک کرنا یعنی وہ رو پڑیں گے۔

[۳۳۸۵-] حدثنا رَبِيْعُ بْنُ يَحْيىٰ، ثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ بْنِ أَبِىْ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: مَرِضَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:"مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ" فَقَالَتْ عَائِشَةُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ كَذَا، فَقَالَ مِثْلَهُ، فَقَالَتْ مِثْلَهُ، فَقَالَ:"مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَإِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ" فَأَمَّ أَبُوْبَكْرٍ فِىْ حَيَاةِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ حُسَيْنٌ عَنْ زَائِدَةَ: رَجُلٌ رَقِيْقٌ. [راجع: ٦٧٨]

وضاحت: زائدہ کے شاگرد ربیع کی روایت میں رجل کذا ہے اور حسین کی روایت میں رجل رقیق ہے۔

[۳۳۸٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُمَّ أَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ أَبِىْ رَبِيْعَةَ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ. اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِىْ يُوْسُفَ"

[۳۳۸۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، هُوَ ابْنُ أَخِى جُوَيْرِيَةَ، ثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، أَنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، وَأَبَا عُبَيْدٍ أَخْبَرَاهُ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَرْحَمُ اللّٰهُ لُوْطًا، لَقَدْ كَانَ يَأْوِىْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ، وَلَوْ لَبِثْتُ فِى السِّجْنِ مَا لَبِثَ يُوْسُفُ ثُمَّ أَتَانِىْ الدَّاعِىْ لَأَجَبْتُهُ"[راجع: ۳۳۷۲]

[٣٣٨٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، أَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، ثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أُمَّ رَوْمَانَ، وَهِيَ أُمُّ عَائِشَةَ، عَمَّا قِيْلَ فِيْهَا مَا قِيْلَ، قَالَتْ: بَيْنَمَا أَنَا مَعَ عَائِشَةَ جَالِسَتَانِ، إِذْ وَلَجَتْ عَلَيْنَا امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَهِيَ تَقُوْلُ: فَعَلَ اللّٰهُ بِفُلَانٍ وَفَعَلَ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: لِمَ؟ قَالَتْ: إِنَّهُ نَمَّى ذِكْرَ الْحَدِيْثِ. فَقَالَتْ عَائِشَةُ: أَيُّ حَدِيْثٍ؟ فَأَخْبَرَتْهَا، قَالَتْ: فَسَمِعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَخَرَّتْ مَغْشِيًّا عَلَيْهَا، فَمَا أَفَاقَتْ إِلَّا وَعَلَيْهَا حُمَّى بِنَافِضٍ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" مَا لِهٰذِهِ؟" قُلْتُ: حُمَّى أَخَذَتْهَا مِنْ أَجَلِ حَدِيْثٍ تُحُدِّثَ بِهِ، فَقَعَدَتْ فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَئِنْ حَلَفْتُ لَا تُصَدِّقُوْنِّيْ وَلَئِنْ اعْتَذَرْتُ لَا تَعْذِرُوْنِّيْ. فَمَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ يَعْقُوْبَ وَبَنِيْهِ﴿وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ﴾ فَانْصَرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَنْزَلَ اللّٰهُ مَا أَنْزَلَ فَأَخْبَرَهَا، فَقَالَتْ: بِحَمْدِ اللّٰهِ لَا بِحَمْدِ أَحَدٍ.[انظر: ٤١٤٣، ٤٦٩١، ٤٧٥١]

[٣٣٨٩-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَرَأَيْتِ قَوْلَهُ ﴿حَتَّى إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا﴾ أَوْ: كُذِّبُوْا؟ قَالَتْ: بَلْ كَذَّبَهُمْ قَوْمُهُمْ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَقَدِ اسْتَيْقَنُوْا أَنَّ قَوْمَهُمْ كَذَّبُوْهُمْ وَمَا هُوَ بِالظَّنِّ. فَقَالَتْ: يَا عُرَيَّةُ، لَقَدِ اسْتَيْقَنُوْا بِذٰلِكَ. قُلْتُ: فَلَعَلَّهَا أَوْ كُذِبُوْا، قَالَتْ: مَعَاذَ اللّٰهِ! لَمْ تَكُنِ الرُّسُلُ تَظُنُّ ذٰلِكَ بِرَبِّهَا. وَأَمَّا هٰذِهِ الْآيَةُ قَالَتْ: هُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَصَدَّقُوْهُمْ وَطَالَ عَلَيْهِمُ الْبَلَاءُ وَاسْتَأْخَرَ عَنْهُمُ النَّصْرُ حَتَّى إِذَا اسْتَيْأَسَتْ مِمَّنْ كَذَّبَهُمْ مِنْ قَوْمِهِمْ، وَظَنُّوْا أَنَّ أَتْبَاعَهُمْ كَذَّبُوْهُمْ جَاءَهُمْ نَصْرُ اللّٰهِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: اسْتَيْأَسُوْا: اسْتَفْعَلُوْا مَنْ يَئِسْتُ، مِنْهُ: أَيْ مِنْ يُوْسُفَ﴿لَاتَيْأَسُوْا مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ﴾: مَعْنَاهُ مِنَ الرَّجَاءِ.[انظر: ٤٥٢٥، ٤٦٩٥، ٤٦٩٦]

[٣٣٩٠-] حدثنا عَبْدَةُ: ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الْكَرِيْمُ ابْنُ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ: يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ"[راجع: ٣٣٨٢]

ترجمہ: حدیث (۳۳۸۸) مسروق رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ام رومان رضی اللہ عنہا سے اس تہمت کے بارے میں دریافت کیا جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر لگائی گئی تھی، ام رومانؓ نے کہا: میں اور عائشہؓ بیٹھی ہوئی تھیں، اچانک ہمارے پاس ایک انصاری عورت آئی، وہ کہہ رہی تھی: اللہ فلاں کے ساتھ کریں اور کریں، یعنی اس کا ناس کریں (اس نے حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کو کوسا تھا) حضرت عائشہؓ نے پوچھا: کیوں کوستی ہو؟ اس نے کہا: اس نے بہ نیت

فساد بات پھیلائی ہے (نَمَّی الحدیثَ تَنْمِیَۃً: کسی بات کو بہ نیت فساد پھیلانا) حضرت عائشہؓ نے پوچھا: کونسی بات پھیلائی ہے؟ اس نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو وہ تہمت بتلائی، حضرت عائشہؓ نے پوچھا: کیا یہ بات حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اور رسول اللہ ﷺ نے سنی ہے؟ اس عورت نے کہا: ہاں، پس حضرت عائشہؓ بیہوش ہوکر گر پڑیں، اور انہیں ہوش نہیں آیا، مگر انہیں لرزہ والا بخار چڑھ چکا تھا، پس نبی ﷺ آئے اور پوچھا: اس کو کیا ہوا؟ ام رومانؓ نے کہا: اس کو بخار چڑھ گیا ہے اس بات کی وجہ سے جو بیان کی جاتی ہے، پس حضرت عائشہؓ بیٹھ گئیں اور کہا: بخدا! اگر میں قسم کھاؤں تو آپ لوگ میری بات نہیں مانو گے، اور اگر معذرت چاہوں تو آپ لوگ میری معذرت قبول نہیں کروگے، پس میرا حال اور آپ لوگوں کا حال یعقوب علیہ السلام اور ان کے بیٹے کے حال جیسا ہے ﴿وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْنَ﴾: اور جو باتیں تم بناتے ہو ان میں اللہ ہی مدد خواستہ ہیں، پس نبی ﷺ لوٹے، اور اللہ نے اتاری وہ وحی جو اتاری، پس آپؐ نے عائشہؓ کو بتلائی، انھوں نے کہا: میں اللہ کی تعریف کرتی ہوں، کسی دوسرے کی تعریف نہیں کرتی (بحمد اللّٰہِ: أَشْتَغِلُ سے متعلق ہے)

حدیث (۳۳۸۹) سورۂ یوسف کی آیت ۱۱۰ ہے: (رسولوں کو مدد پہنچنے میں دیر ہوئی) یہاں تک کہ جب رسول ناامید ہوگئے اور انہیں خیال ہونے لگا کہ واقعی وہ سچے نہ نکلے تو ان کو ہماری مدد پہنچی، پھر جن کو ہم نے چاہا بچالیا، اور مجرم لوگوں سے ہمارا عذاب پھیرا نہیں جاتا، حضرت عروہ رحمہ اللہ نے اپنی خالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: اس آیت میں کُذِّبُوْا ہے یا کُذِبُوْا؟ کُذِّبُوْا کے معنی ہیں: جھٹلائے گئے، یعنی قوموں نے رسولوں کی تکذیب کی اور کُذِبُوْا کے معنی ہیں: جھوٹ کہے گئے یعنی اللہ کی طرف سے عذاب آنے کی جو بات انھوں نے قوموں سے کہی تھی وہ سچی نہ نکلی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کُذِّبُوْا ہے یعنی قوموں نے نبیوں کو جھٹلایا، حضرت عروہؒ نے کہا: پھر ظَنُّوْا: (گمان کیا انھوں نے) کیوں ہے؟ نبیوں کو تو یقین تھا کہ ان کی قوم نے ان کو جھٹلایا۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: پیارے عروہ! (عُرَیَّۃ: عُروۃ کی تصغیر ہے) تیری بات ٹھیک ہے، انبیاء کو یقین تھا کہ ان کی قوموں نے ان کو جھٹلایا، عروہ نے کہا: پس شاید وہ کُذِبُوْا ہو، یعنی جھوٹ کہے گئے وہ، حضرت عائشہؓ نے کہا: توبہ توبہ! پیغامبر اپنے پروردگار کے بارے میں ایسا گمان نہیں کرسکتے کہ اللہ نے ان سے جھوٹا وعدہ کیا، اور رہی یہ آیت تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: وہ رسولوں کی پیروی کرنے والے ہیں جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے اور انھوں نے انبیاء کی تصدیق کی اور ان کی آزمائش لمبی ہوگئی، اور ان سے مددِ خداوندی پیچھے رہ گئی، یہاں تک کہ جب وہ مایوس ہوگئے ان لوگوں سے جنھوں نے ان کی قوم میں سے نبیوں کو جھٹلایا اور گمان کیا انھوں نے کہ ان کی پیروی کرنے والوں نے ان کو جھٹلایا تو اللہ کی مدد پہنچی۔

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پہلے آیت کی تفسیر کُذِّبُوْا کی تقدیر پر کی ہے، پھر حضرت عروہ رحمہ اللہ نے ان کو گھیرا تو دوسری تفسیر کُذِبُوْا کی تقدیر پر کی، مگر ظَنُّوْا کی ضمیر کا مرجع مؤمنین کو بنایا یعنی نبیوں پر ایمان لانے والوں کو ایسا خیال ہونے لگا کہ نبیوں سے اللہ نے جو وعدے کئے تھے وہ پورے نہیں ہوئے، مگر مؤمنین کو ظَنُّوْا کا فاعل بنانے کا کوئی

قرینہ نہیں، اور انتشار ضمائر کی خرابی بھی لازم آئے گی، ظنوا کا مرجع مؤمنین اور إنھم اور کُذِبُوْا کا مرجع رُسُل: یہ انتشار ضمائر ہے جو فصاحت کے خلاف ہے، اس لئے صحیح تفسیر وہ ہے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کی ہے، انھوں نے کُذِبُوْا کے معنی أُخْلِفُوْا کئے ہیں یعنی انبیاء کو خیال ہونے لگا کہ وہ وعدہ خلافی کئے گئے، اللہ پاک نے ان سے جو نصرت کا وعدہ کیا تھا وہ سچا ثابت نہ ہوا، حضرت ابن عباسؓ کی تفسیر کی تائید سورۂ بقرہ کی آیت ۲۱۴ سے ہوتی ہے، ارشادِ پاک ہے: ’’تم سے پہلے جو مؤمنین گذرے ہیں ان پر ایسی تنگیاں اور سختیاں آئیں، اور ان کو آزمائشوں سے یہاں تک جنبش دی گئی کہ پیغمبر اور ان کے ہمراہی بول اٹھے: اللہ پاک کی مدد کب آئے گی؟ یاد رکھو اللہ کی مدد آیا ہی چاہتی ہے یعنی بہ مقتضائے بشریت پریشانی کی حالت میں مایوسی کے کلمات نکل گئے، جب تشویش یہاں تک پہنچی تو رحمت الٰہی متوجہ ہوئی۔

لغت: سورۂ یوسف آیت ۸۰ میں ہے: ﴿فَلَمَّا اسْتَيْئَسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا﴾: پھر جب بھائی یوسف علیہ السلام سے مایوس ہوگئے تو تنہا ہوکر سرگوشی کرنے لگے، استیئس باب استفعال سے ہے اس کے معنی ہیں: مایوس ہونا، مجرد يَئِسَ يَيْئَس ہے اور منه کی ضمیر کا مرجع یوسف علیہ السلام ہیں.......... اور سورۂ یوسف آیت ۸۷ میں ہے: ﴿وَلَا تَيْئَسُوْا مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ﴾: یعقوب علیہ السلام نے بیٹوں سے کہا: اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہوؤ، رَوح کے معنی ہیں: امید، مراد رحمت ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَأَيُّوْبَ، إِذْ نَادَى رَبَّهُ﴾ الآيَة

ایوب علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت ایوب علیہ السلام کا زمانہ کونسا ہے؟ اس میں مؤرخین میں اور قصص القرآن کے موضوع پر لکھنے والوں میں خاصا اختلاف ہے، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ ان کا تذکرہ یوسف اور موسیٰ علیہما السلام کے درمیان میں کر رہے ہیں، اس میں ان کے زمانہ کی طرف اشارہ ہے، یوسف اور موسیٰ علیہما السلام کے درمیان چار سو سال کا فصل ہے، یہی حضرت ایوب علیہ السلام کا زمانہ ہے۔

حضرت ایوب علیہ السلام دولت وثروت اور کثرت اہل وعیال کے لحاظ سے بہت ہوش بخت اور فیروز مند تھے، مگر یکا یک امتحان وآزمائش میں مبتلا ہوگئے اور مال ومتاع، اور اہل وعیال اور جسم وجان سب مصیبت میں گرفتار ہوگئے، مال ومتاع برباد ہوا، اہل وعیال ہلاک ہوئے اور جسم وجان کو سخت روگ لگ گیا، تب بھی آپ نے شکوہ نہیں کیا بلکہ صبر وشکر کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کی، سورۂ ص آیت ۴۱ میں ہے: ﴿وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوْبَ، إِذْ نَادَى رَبَّهُ أَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ﴾: اور ہمارے بندے ایوبؑ کا تذکرہ کیجئے، جب انھوں نے اپنے رب کو پکارا کہ شیطان نے مجھ کو رنج اور آزار پہنچایا ہے، اور سورۃ الانبیاء آیت ۸۳ میں ہے: ﴿وَأَيُّوْبَ إِذْ نَادٰى رَبَّهُ أَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ﴾: اور آپؐ ایوبؑ کا تذکرہ کیجئے جب انھوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ مجھ کو تکلیف نے چھولیا ہے اور آپ سب

مہربانوں سے زیادہ مہربان ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول کی، جو مال ومتاع برباد ہوا تھا اور جو اہل وعیال ہلاک ہوئے تھے اس سے زیادہ ان کو بخش دیئے، اور صحت وتندرستی کے لئے ایک چشمہ جاری کردیا جس میں غسل کرکے آپ چنگے ہوگئے۔

سورہ ص آیت ۴۲ میں ہے: ﴿أُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ﴾: اپنا پاؤں ماریئے یہ نہانے کا ٹھنڈا پانی ہے اور پینے کا بھی، چنانچہ آپ نہائے اور پانی پیا تو بالکل اچھے ہوگئے، ارکض: (فعل امر) رَكَضَ (ن) رَكْضًا: ٹھوکر مارنا، پیر کو زمین پر مارنا، سورۃ الانبیاء آیت ۱۲ ہے: ﴿فَلَمَّا أَحَسُّوْا بَأْسَنَا إِذَاهُمْ مِنْهَا يَرْكُضُوْنَ﴾: جب ظالموں نے ہمارا عذاب دیکھا تو انھوں نے اس بستی سے بھاگنا شروع کیا، یَعْدُوْن: وہ دوڑ رہے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: دریں اثناء کہ ایوب علیہ السلام برہنہ نہا رہے تھے (اچانک) گرنے لگا ان پر سونے کا ٹڈی دَل، یعنی سونے کی ٹڈیاں کثیر مقدار میں بارش کے ساتھ گرنے لگیں، پس ایوب علیہ السلام لب بھر بھر کر اپنے کپڑے میں ڈالنے لگے، پس ان کو ان کے پروردگار نے پکارا، ایوبؑ! کیا میں نے آپ کو بے نیاز نہیں کیا، اِن سونے کی ٹڈیوں سے جو آپ دیکھ رہے ہیں؟ ایوب علیہ السلام نے جواب دیا: کیوں نہیں! اے میرے پروردگار! مگر میں بے نیاز نہیں رہ سکتا آپ کی برکت سے (یہ حدیث پہلے آچکی ہے)

[۲۰-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَأَيُّوْبَ، إِذْ نَادٰى رَبَّهُ﴾ الآيَة

﴿ارْكُضْ﴾: اضْرِبْ، ﴿يَرْكُضُوْنَ﴾: يَعْدُوْنَ.

[۳۳۹۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " بَيْنَمَا أَيُّوْبُ يَغْتَسِلُ عُرْيَانًا، خَرَّ عَلَيْهِ رِجْلُ جَرَادٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَجَعَلَ يَحْثِيْ فِيْ ثَوْبِهِ، فَنَادَاهُ رَبُّهُ: يَا أَيُّوْبُ! أَلَمْ أَكُنْ أَغْنَيْتُكَ عَمَّا تَرٰى؟ قَالَ: بَلٰى يَا رَبِّ! وَلٰكِنْ لَاغِنَى بِيْ عَنْ بَرَكَتِكَ"[راجع: ۲۷۹]

بَابٌ: ﴿وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مُوْسٰى إِنَّهُ كَانَ مُخْلَصًا﴾

موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام جلیل القدر پیغمبر ہیں، سورۂ مریم آیت ۵۱ و ۵۲ ہے: ﴿وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مُوْسٰى، إِنَّهُ كَانَ مُخْلَصًا وَكَانَ رَسُوْلاً نَبِيًّا، وَنَادَيْنَاهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْأَيْمَنِ وَقَرَّبْنَاهُ نَجِيًّا﴾: اور قرآن میں موسیٰ کا تذکرہ کیجئے یعنی لوگوں کو سنایئے، تذکرہ کرنے والے حقیقت میں اللہ تعالیٰ ہیں بلاشبہ وہ چنیدہ (خاص کئے ہوئے) بندے، رسول اور نبی ہیں، اور ہم نے ان کو کوہِ طور کی داہنی جانب سے پکارا اور ہم نے ان کو راز کی باتیں کرنے کے لئے (نبوت سے سرفراز کرنے

کے لئے) نزدیک کیا، نَجِیٌّ: مفرد، تثنیہ اور جمع سب کے لئے ہے، سورہ یوسف (آیت ۸۰) میں ہے: ﴿خَلَصُوْا نَجِیًّا﴾: تنہا ہوئے وہ سرگوشی کرتے ہوئے یعنی اعْتَزَلُوْا نجیا: ایک طرف ہوئے وہ سرگوشی کرتے ہوئے، نجیا: خلصوا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، اور حال ذوالحال مطابق ہوتے ہیں، معلوم ہوا کہ جمع کے لئے بھی نجیا ہی استعمال ہوتا ہے، البتہ اس کی جمع أَنْجِیَة آتی ہے، کہیں گے: أَنْجِیَةٌ یَتَنَاجَوْنَ: سرگوشی کرنے والے سرگوشی کررہے ہیں، اس میں جمع کی ضمیر لوٹائی ہے، معلوم ہوا کہ أَنْجِیَة: نَجِیٌّ کی جمع ہے، اور سورۃ الاعراف آیت ۱۱۷ میں ہے: ﴿فَإِذَا هِیَ تَلْقَفُ مَا یَأْفِکُوْنَ﴾: پس اچانک موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی نے ان کے بنائے ہوئے سانگ (کھیل) کو نگلنا شروع کردیا، تَلْقَف میں ایک ت محذوف ہے اور تَلَقَّمَ الشَّیئَ کے معنی ہیں: ہڑپ کرلینا، جلدی سے کھالینا۔

اور حدیث وہی ہے جو کتاب کے شروع میں گذری ہے، ورقہ نے کہا تھا: هذا الناموس الذی أنزلَ الله عزوجل علی موسیٰ: یہ وہی رازدار فرشتہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا تھا، موسیٰ علیہ السلام کا ذکر آگیا، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۲۱-] بَابٌ: ﴿وَاذْکُرْ فِی الْکِتَابِ مُوْسٰی إِنَّهُ کَانَ مُخْلَصًا﴾ إِلٰی قَوْلِهِ: ﴿نَجِیًّا﴾

یُقَالُ لِلْوَاحِدِ وَالإِثْنَیْنِ وَالْجَمِیْعِ: نَجِیٌّ. وَیُقَالُ: ﴿خَلَصُوْا نَجِیًّا﴾: اعْتَزَلُوْا نَجِیًّا، الْجَمِیْعُ أَنْجِیَةٌ یَتَنَاجَوْنَ ﴿تَلْقَفُ﴾: تَلَقَّمُ.

[۳۳۹۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ یُوْسُفَ، ثَنَا اللَّیْثُ، ثَنِیْ عُقَیْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: فَرَجَعَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم إِلٰی خَدِیْجَةَ یَرْجُفُ فُؤَادُهُ، فَانْطَلَقَتْ بِهِ إِلٰی وَرَقَةَ بْنِ نُوْفَلٍ، وَکَانَ رَجُلاً تَنَصَّرَ یَقْرَأُ الإِنْجِیْلَ بِالْعَرَبِیَّةِ، فَقَالَ وَرَقَةُ: مَاذَا تَرٰی؟ فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ وَرَقَةُ: هٰذَا النَّامُوْسُ الَّذِیْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلٰی مُوْسَی، وَإِنْ أَدْرَکَنِیْ یَوْمُكَ أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا، النَّامُوْسُ: صَاحِبُ السِّرِّ الَّذِیْ یُطْلِعُهُ بِمَا یَسْتُرُهُ عَنْ غَیْرِهِ. [راجع: ۳]

ترجمہ: ناموس: وہ رازدار ہے جس کو آدمی بتلاتا ہے وہ باتیں جن کو وہ دوسروں سے چھپاتا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَهَلْ أَتَاكَ حَدِیْثُ مُوْسٰی﴾

موسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ کا دوسرا باب

۱- سورۂ طٰہٰ آیات ۹-۱۲ ہیں: ﴿وَهَلْ أَتَاكَ حَدِیْثُ مُوْسٰی﴾: اور کیا آپ کو موسیٰ کا قصہ پہنچا ہے؟ ﴿إِذْ رَأٰی نَارًا فَقَالَ لِأَهْلِهِ امْکُثُوْا إِنِّیْ آنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْ آتِیْکُمْ مِنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلٰی النَّارِ هُدًی﴾: جب انھوں نے ایک آگ دیکھی تو

اپنے گھروالوں سے کہا: ٹھہرو میں نے آگ دیکھی ہے، شاید میں اس میں سے تمہارے لئے کوئی شعلہ لاؤں یا آگ کے پاس راستہ کا پتہ مجھ کو مل جائے۔ ﴿فَلَمَّا أَتَاهَا نُوْدِیَ یَامُوْسَی﴾: سو جب وہ اس آگ کے پاس پہنچے تو ان کو آواز دی گئی: اے موسیٰ! ﴿إِنِّیْ أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْكَ، إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی﴾: میں تمہارا رب ہوں، پس تم اپنی جوتیاں اتار دو، بیشک تم ایک پاک میدان طوی میں ہو۔

لغات: آنَسَ الشَّیئَ: محسوس کرنا، دیکھنا......... **المقدس** کے معنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مبارک کئے ہیں اور طُوی میدان کا نام ہے۔

۲- سورہ طٰہٰ آیت ۲۱ ہے: ﴿قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِیْدُهَا سِیْرَتَهَا الْأُوْلٰی﴾: ارشاد فرمایا: سانپ کو پکڑ لو اور ڈرو مت، ہم ابھی اس کو پہلی حالت پر کر دیں گے، یعنی وہ پھر عصا بن جائے گا، اور تم کو کوئی گزند نہیں پہنچائے گا۔ سیرۃ کے معنی ہیں: حالت۔

۳- سورۂ طٰہٰ آیت ۵۴ میں ہے: ﴿إِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَآیَاتٍ لِّأُوْلِی النُّهٰی﴾: بیشک ان سب چیزوں میں اہل فہم کے لئے نشانیاں ہیں، النُّھٰی کے معنی حضرت رحمہ اللہ نے التُّقٰی کئے ہیں، یہ التُّقَاۃُ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: پرہیزگاری، خوفِ خدا، یعنی ایسے لوگوں کے لئے جن کو عقل باطل کی پیروی سے اور برائیوں کے ارتکاب سے روکتی ہے، اس کا مفرد نُھْیَة ہے۔

۴- سورہ طٰہٰ آیت ۸۷ ہے: ﴿قَالُوْا مَا أَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا﴾: لوگ کہنے لگے: ہم نے جو آپ سے وعدہ کیا تھا اس کے خلاف ہم نے اپنے اختیار سے نہیں کیا، حضرت رحمہ اللہ نے مَلْك کا ترجمہ أَمر کیا ہے، یعنی جس رائے کو ہم نے پہلے اختیار کیا تھا سامری کا فعل ہمارے لئے وجہ اشتباہ بن گیا، اس لئے ہماری رائے بدل گئی۔

۵- سورہ طٰہٰ آیت ۸۱ میں ہے: ﴿وَمَنْ یَّحْلِلْ عَلَیْهِ غَضَبِیْ فَقَدْ هَوٰی﴾: اور جس پر میرا غصہ واقع ہوا وہ بالکل گیا گذرا ہو گیا، یعنی وہ بدبخت ہو جاتا ہے۔

۶- سورۃ القصص آیت ۱۰ میں ہے: ﴿وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوْسٰی فَارِغًا﴾: اور موسیٰ علیہ السلام کی ماں کا دل فارغ ہو گیا، صرف موسیٰ علیہ السلام کی یاد دل میں باقی رہی۔

۷- سورۃ القصص آیت ۳۴ میں ہے: ﴿وَأَخِیْ هَارُوْنُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا فَأَرْسِلْهُ مَعِیَ رِدْءًا یُصَدِّقُنِیْ﴾: اور میرے بھائی ہارونؑ کی زبان مجھ سے زیادہ رواں ہے، پس ان کو میرا مددگار بنا کر رسالت سے سرفراز کیجئے، تاکہ وہ میری بات کی تصدیق کریں، اور کچھ حضرات نے رِدْءٌ کے معنی مُغِیث: فریاد رس اور مُعِین: مددگار کئے ہیں۔

۸- سورۃ القصص آیت ۱۹ میں ہے: ﴿فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ یَّبْطِشَ بِالَّذِیْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا﴾: پس جب موسیٰ نے چاہا کہ پکڑیں اس کو جو دونوں کا دشمن ہے، مشہور قراءت باب ضرب سے یَبْطِشُ ہے اور باب نصر سے یَبْطُشُ بھی پڑھا گیا ہے۔

۹- سورۃ القصص آیت ۲۰ ہے: ﴿وَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَقْصَی الْمَدِیْنَةِ یَسْعٰی، قَالَ: یَا مُوْسٰی! إِنَّ الْمَلَأَ یَأْتَمِرُوْنَ بِكَ

لِیَقْتُلُوْكَ﴾: اور ایک شخص شہر کے کنارے سے دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا: اے موسیٰ! دربار کے لوگ آپ کے متعلق مشورہ کررہے ہیں کہ آپ کو قتل کریں، یأتمرون کے معنی ہیں: مشورہ کرنا۔

۱۰-اور رِدْءٌ کے معنی مددگار بھی کئے گئے ہیں، کہا جاتا ہے: قَدْ أَرْدَأْتُهُ علی صَنْعَتِهِ: میں نے اس کی کاری گری میں اس کی مدد کی۔

۱۱-سورۃ القصص آیت ۲۹ میں ہے: ﴿لَعَلِّیْ آتِیْکُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِنَ النَّارِ لَعَلَّکُمْ تَصْطَلُوْنَ﴾: شاید میں تمہارے پاس وہاں سے راستہ کی کچھ خبر لاؤں یا آگ کا کوئی دہکتا ہوا انگارہ لاؤں، تاکہ تم تاپو (سینکو) حضرت رحمہ اللہ نے جذوۃ کے معنی کئے ہیں: لکڑی کا بڑا ٹکڑا جس میں لپٹ نہ ہو، یعنی وہ جل نہ رہا ہو، بلکہ انگارہ بن گیا ہو۔

۱۲-سورۃ القصص آیت ۳۵ میں ہے: ﴿قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِیْكَ﴾: ارشاد فرمایا: ہم ابھی تمہارے بھائی کو قوتِ بازو بنائے دیتے ہیں، حضرت رحمہ اللہ ترجمہ کرتے ہیں: عنقریب مدد کریں گے ہم تمہاری، پھر فرماتے ہیں: جب بھی آپ کسی کی مدد کریں تو آپ نے اس کے لئے بازو بنادیا۔

۱۳-سورہ طٰہٰ آیت ۲۷ ہے: ﴿وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِیْ﴾: اور میری زبان سے بستگی دور کردیجئے، حضرت سعید بن جبیرؒ نے عقدۃ کے معنی کئے ہیں: عُجْمَةٌ بِجَمْرَةِ نَارٍ: آگ کی چنگاری کی وجہ سے جو گنگ لک پن (صاف روانی سے نہ بول سکنا) پیدا ہوگیا ہے اس کو دور فرمادیجئے، اور ابوعبیدہؒ نے عقدۃ کے معنی کئے ہیں: وہ شخص جو کوئی خاص حرف نہ بول سکے، تاء نہ بول سکے، یا فاء نہ بول سکے۔

ملحوظہ: بخاری شریف میں سعید بن جبیرؒ کا قول نہیں ہے، ان کا قول الدر المنثور میں ہے، بخاری شریف میں شاید سقط ہے یعنی عبارت چھوٹ گئی ہے۔

۱۴-سورہ طٰہٰ آیت ۳۱ ہے: ﴿اشْدُدْ بِهِ أَزْرِیْ﴾: ہارونؑ کے ذریعہ میری پیٹھ مضبوط کیجئے، أزر کے معنی ہیں: پیٹھ۔

۱۵-سورہ طٰہٰ آیت ۶۱ میں ہے: ﴿قَالَ لَهُمْ مُوْسٰی وَیْلَکُمْ لاَ تَفْتَرُوْا عَلَی اللّٰهِ کَذِبًا فَیُسْحِتَکُمْ بِعَذَابٍ﴾: جادوگروں سے موسیٰ علیہ السلام نے کہا: کمبختی مارو! اللہ تعالیٰ پر جھوٹ مت باندھو، پس اللہ تعالیٰ تم کو کسی عذاب سے ہلاک کردیں۔

۱۶-سورہ طٰہٰ آیت ۶۳ میں ہے: ﴿وَیَذْهَبَا بِطَرِیْقَتِکُمُ الْمُثْلٰی﴾: اور لے جائیں دونوں تمہارا بہترین مذہبی طریقہ، مُثلی: أمثل کا مؤنث ہے، کہا جاتا ہے: خُذِ الْمُثْلٰی اور خُذِ الأَمْثَلَ یعنی افضل کو اختیار کرو، اور عمدہ طریقہ سے جادوگروں نے مذہبی طریقہ مراد لیا ہے۔

۱۷-سورہ طٰہٰ آیت ۶۴ میں ہے: ﴿فَأَجْمِعُوْا کَیْدَکُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا﴾: پس اب تم مل کر اپنی تدبیر اکٹھا کرلو، اور صف بستہ ہوکر مقابلہ میں آجاؤ، پوچھتے ہیں: هل أَتَیْتَ الصَّفَّ الْیَوْمَ؟ آج آپ صف میں گئے یعنی مسجد میں جہاں نماز پڑھی جاتی ہے۔

۱۸-سورہ طٰہٰ آیت ۶۷ میں ہے: ﴿فَأَوْجَسَ فِیْ نَفْسِهِ خِیْفَةً مُوْسٰی﴾: پس موسیٰ کے دل میں تھوڑا سا خوف پیدا ہوا،

خِیْفَة کی اصل خِوْفَة ہے، واؤ کا ماقبل مکسور تھا، اس لئے اس کو یا سے بدل دیا خِیْفَة ہوگیا۔

۱۹-سورہ طٰہٰ آیت ۷۱ میں ہے: ﴿وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ﴾: اور میں تم کو کھجوروں کے درختوں پر ٹنگواتا ہوں، اس میں فی بمعنی علی ہے۔

۲۰-سورہ طٰہٰ آیت ۹۵ ہے: ﴿قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَاسَامِرِيُّ﴾: کہا: اے سامری! تیسرا کیا معاملہ ہے؟ یعنی تو نے یہ حرکت کیوں کی؟ حضرتؒ نے اس کا ترجمہ بال یعنی حال کیا ہے۔

۲۱-سورہ طٰہٰ آیت ۹۷ میں ہے: ﴿قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَنْ تَقُوْلَ لاَمِسَاسَ﴾: موسیٰ نے کہا: جا، تیرے لئے دنیا میں یہ سزا ہے کہ تو کہتا پھرے گا: مجھ کو کوئی ہاتھ نہ لگانا، مِسَاس: مَاسَّه کا مصدر ہے۔

۲۲-سورہ طٰہٰ آیت ۹۷ میں ہے: ﴿لَنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ نَسَفًا﴾: ہم اس کو ضرور جلادیں گے، پھر اس کی راکھ دریا میں بکھیر کر بہادیں گے، تاکہ اس کا کوئی نام ونشان باقی نہ رہے، حضرت رحمہ اللہ نے ترجمہ کیا ہے لَنُذْرِيَنَّه: ہم اس کی راکھ ضرور ہوا میں اڑادیں گے۔

۲۳-سورہ طٰہٰ آیت ۵۹ ہے: ﴿قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَأَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى﴾: موسیٰ علیہ السلام نے کہا: تمہارا وعدہ کا وقت تمہارے میلہ کا دن ہے، اور یہ بات ہے کہ دن چڑھے لوگ جمع ہوں، الضُّحی کے معنی حضرتؒ نے الحَرُّ کئے ہیں: جب دن چڑھتا ہے تو گرمی شروع ہوجاتی ہے۔

۲۴-سورۃ القصص آیت ۱۱ ہے: ﴿وَقَالَتْ لِأُخْتِهِ قُصِّيْهِ فَبَصُرَتْ بِهِ عَنْ جُنُبٍ وَهُمْ لاَ يَشْعُرُوْنَ﴾: اور موسیٰ کی ماں نے موسیٰ کی بہن سے کہا: موسیٰ کے تابوت کے پیچھے جا، پس اس نے موسیٰ کو دور سے دیکھا اور ان لوگوں کو خبر نہیں تھی کہ وہ ان کی بہن ہے، قَصَّ الشَّيْئَ کے معنی ہیں: کسی چیز کے نشانات پر چلنا، پیروی کرنا، پیچھے چلنا، سورہ یوسف آیت ۳ میں ہے: ﴿نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ﴾: ہم آپ کے سامنے ایک بڑا عمدہ قصہ بیان کرتے ہیں یعنی اس قصہ کے پیچھے جاتے ہیں، جیسا واقعہ پیش آیا ہے اسی طرح بیان کرتے ہیں، اور عن جُنُب کے معنی ہیں: دور سے، عن جنابة اور عن اجتناب کے بھی یہی معنی ہیں۔

۲۵-سورہ طٰہٰ آیت ۴۰ میں ہے: ﴿ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يَا مُوْسٰى﴾: پھر تم ایک خاص وقت پر اے موسیٰ آئے، حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے قدر کا ترجمہ کیا: مَوْعِد: یعنی خاص وقت۔

۲۶-سورہ طٰہٰ آیت ۴۲ میں ہے: ﴿وَلاَ تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ﴾: اور دونوں میری یاد میں سستی نہ کرنا، لاتَضْعُفا: دونوں کمزور مت پڑنا۔

۲۷-سورہ طٰہٰ آیت ۵۸ میں ہے: ﴿فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لاَنُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلاَ أَنْتَ مَكَانًا سُوًى﴾: پس آپ ہمارے اور اپنے درمیان ایک خاص جگہ مقرر کریں، جس سے نہ ہم پیچھے رہیں اور نہ آپ، اور وہ ہموار میدان ہو، حضرت رحمہ

اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: وہ جگہ دونوں فریقوں کے درمیان ہو، تاکہ فریقین کو وہاں پہنچنے میں سہولت ہو۔

۲۸-سورہ طٰہٰ آیت ۷۷ میں ہے: ﴿وَلَقَدْ أَوْحَيْنَا إِلٰى مُوْسٰى، أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِىْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا﴾: اور ہم نے موسیٰ کے پاس وحی بھیجی کہ آپ میرے بندوں کو رات میں لے چلیں، پھر ان کے لئے دریا میں خشک راستہ بنادیں، یَبَسًا کے معنی ہیں: خشک۔

۲۹-سورہ طٰہٰ آیت ۸۷ میں ہے: ﴿وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَا أَوْزَارًا مِنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنَاهَا﴾: مگر ہم پر قوم (قبطیوں) کے زیور کا بوجھ لدرہا تھا، سو ہم نے اس کو (سامری کے کہنے سے آگ میں) ڈال دیا، زینة سے مراد وہ زیور ہیں جو بنی اسرائیل فرعونیوں سے مانگ کر لائے تھے، اور قذف کے معنی ہیں: ڈالنا۔

۳۰-سورہ طٰہٰ آیت ۸۷ میں ہے: ﴿فَكَذٰلِكَ أَلْقَى السَّامِرِيُّ﴾: پس اسی طرح سامری نے بھی ڈال دیا، حضرتؒ نے أَلقَى کے معنی صَنَعَ کئے ہیں، یعنی جو بنی اسرائیل نے کیا وہی سامری نے کیا۔

۳۱-سورہ طٰہٰ آیت ۸۸ میں ہے: ﴿فَقَالُوْا هٰذَا إِلٰهُكُمْ وَإِلٰهُ مُوْسَى فَنَسِيَ﴾: پس وہ لوگ آپس میں کہنے لگے: یہ بچھڑا تمہارا اور موسیٰ کا معبود ہے، موسیٰ تو بھول گئے وہ اپنے پروردگار سے ملنے کے لئے طور پر چلے گئے، حالانکہ خدا یہاں ہے۔

۳۲-سورہ طٰہٰ آیت ۸۹ میں ہے: ﴿أَفَلَا يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعَ إِلَيْهِمْ قَوْلًا﴾: کیا وہ لوگ نہیں دیکھتے کہ وہ بچھڑا ان کی کسی بات کا جواب نہیں دے سکتا، یہ آیت بچھڑے کے بارے میں ہے کہ اس میں جواب دینے کی طاقت نہیں۔

[۲۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى إِذْ رَأٰى نَارًا﴾

[۱-] إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى﴾ ﴿آنَسْتُ﴾: أَبْصَرْتُ ﴿نَارًا لَعَلِّىْ آتِيْكُمْ مِنْهَا بِقَبَسٍ﴾ الآيَةَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الْمُقَدَّسُ﴾: الْمُبَارَكُ ﴿طُوًى﴾: اسْمُ الْوَادِىْ. [۲-] ﴿سِيْرَتَهَا﴾: حَالَتَهَا. [۳-] و ﴿النُّهٰى﴾: التُّقٰى [٤-] ﴿بِمَلْكِنَا﴾: بِأَمْرِنَا. [٥-] ﴿هَوٰى﴾: شَقِىَ. [٦-] ﴿فَارِغًا﴾ إِلَّا مِنْ ذِكْرِ مُوْسَى. [٧-] ﴿رِدْءًا﴾: كَىْ يُصَدِّقَنِىْ، وَيُقَالُ: مُغِيْثًا أَوْ مُعِيْنًا. [٨-] ﴿يَبْطِشُ﴾: وَيَبْطُشُ. [٩-] ﴿يَأْتَمِرُوْنَ﴾: يَتَشَاوَرُوْنَ. [١٠-] رِدْأً عَوْنًا يُقَالُ قَدْ أَرْدَأْتُهُ عَلٰى صَنْعَتِهِ أَىْ أَعَنْتُهُ عَلَيْهَا. [١١-] وَالْجِذْوَةُ: قِطْعَةٌ غَلِيْظَةٌ مِنَ الْخَشَبِ لَيْسَ فِيْهَا لَهَبٌ. [١٢-] ﴿سَنَشُدُّ﴾: سَنُعِيْنُكَ. كُلَّمَا عَزَّزْتَ شَيْئًا فَقَدْ جَعَلْتَ لَهُ عَضُدًا. [١٣-] وَقَالَ غَيْرُهُ: كُلَّمَا لَمْ يَنْطِقْ بِحَرْفٍ أَوْ فِيْهِ تَمْتَمَةٌ أَوْ فَأْفَأَةٌ فَهِىَ عُقْدَةٌ. [١٤-] ﴿أَزْرِىْ﴾: ظَهْرِىْ. [١٥-] ﴿فَيُسْحِتَكُمْ﴾: فَيُهْلِكَكُمْ. [١٦-] ﴿الْمُثْلٰى﴾ تَأْنِيْثُ الأَمْثَلِ. يَقُوْلُ: بِدِيْنِكُمْ، يُقَالُ: خُذِ الْمُثْلٰى، خُذِ الأَمْثَلَ. [١٧-] ﴿ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا﴾ يُقَالُ: هَلْ أَتَيْتَ الصَّفَّ الْيَوْمَ؟ يَعْنِى الْمُصَلَّى الَّذِىْ يُصَلَّى فِيْهِ. [١٨-] ﴿فَأَوْجَسَ﴾: أَضْمَرَ خَوْفًا، فَذَهَبَتِ الْوَاوُ مِنْ ﴿خِيْفَةً﴾ لِكَسْرَةِ الْخَاءِ. [١٩-] ﴿فِىْ جُذُوْعِ النَّخْلِ﴾: عَلٰى جُذُوْعٍ.

[-٢٠] ﴿خَطْبُكَ﴾: بَالُكَ. [-٢١] ﴿مِسَاسَ﴾: مَصْدَرُ مَاسَّهُ مِسَاسًا. [-٢٢] ﴿لَنَنْسِفَنَّهُ﴾: لَنُذْرِيَنَّهُ. [-٢٣] ﴿الضُّحٰى﴾: الْحَرُّ. [-٢٤] ﴿قُصِّيْهِ﴾: اتَّبِعِيْ أَثَرَهُ، وَقَدْ يَكُوْنُ أَنْ يَقُصَّ الْكَلَامَ ﴿نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ﴾ ﴿عَنْ جُنُبٍ﴾: عَنْ بُعْدٍ، وَعَنْ جَنَابَةٍ وَعَنِ اجْتِنَابٍ وَاحِدٌ. [-٢٥] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿عَلٰى قَدَرٍ﴾: مُوْعِدٌ[-٢٦] ﴿لَاتَنِيَا﴾: لَا تَضْعُفَا.[-٢٧]﴿ مَكَانًا سُوًى﴾: مُنْصَفٌ بَيْنَهُمْ. [-٢٨] ﴿يَبَسًا﴾: يَابِسًا [-٢٩] ﴿ مِنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ﴾ الْحُلِيِّ الَّذِيْ اسْتَعَارُوْا مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ ﴿فَقَذَفْتُهَا﴾: أَلْقَيْتُهَا. [-٣٠] ﴿أَلْقَى﴾: صَنَعَ. [-٣١] ﴿فَنَسِيَ﴾ مُوْسَى، هُمْ يَقُوْلُوْنَهُ: أَخْطَأَ الرَّبَّ. [-٣٢] ﴿ أَنْ لَا يَرْجِعَ إِلَيْهِمْ قَوْلًا﴾ فِي الْعِجْلِ.

اس کے بعد معراج کی حدیث ہے جو پہلے گذری ہے اس حدیث میں اگر چہ یہاں موسیٰ علیہ السلام کا ذکر نہیں، مگر جہاں یہ حدیث مفصل آئی ہے وہاں موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ ہے، یا یہ کہیں کہ اس حدیث میں ہارون علیہ السلام کا تذکرہ ہے اوران کے بھائی موسیٰ علیہ السلام تھے، اس طرح موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ آگیا۔

[-٣٣٩٣] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدَّثَهُمْ عَنْ لَيْلَةِ أُسْرِيَ بِهِ حَتّٰى أَتَى السَّمَاءَ الْخَامِسَةَ، فَإِذَا هَارُوْنُ قَالَ: " هٰذَا هَارُوْنُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ، ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ"

تَابَعَهُ ثَابِتٌ، وَعَبَّادُ بْنُ أَبِيْ عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٣٢٠٧]

بَابٌ

موسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ کا تیسرا باب

سورۃ المؤمن (سورۃ الغافر) کی آیت ۲۸ ہے: ﴿وَقَالَ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيْمَانَهُ أَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا أَنْ يَقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَاءَ كُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ، وَإِنْ يَكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهُ، وَإِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ، إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ﴾: اور (مجلس مشورہ میں) ایک مؤمن شخص نے جو فرعون کے خاندان کا تھا اوراپنا ایمان چھپائے ہوئے تھا کہا: کیا تم ایک ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے: میرا پروردگار اللہ ہے اور وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے دلیلیں لایا ہے، یعنی معجزات دکھلاتا ہے جو دلیلِ صداقت ہیں، اور اگر (بالفرض) وہ جھوٹا ہے تو اس کا جھوٹ اسی پر پڑے گا اور اگر وہ سچا ہے تو وہ جو پیشین گوئی کرتا ہے اس میں سے کچھ تمہیں ضرور پہنچے گا، بیشک اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو مقصود تک نہیں پہنچاتے جو حد سے گذرنے والا اور جھوٹ بولنے والا ہے۔

تشریح: اس شخص کا مشورہ نہیں مانا گیا، ارکانِ دولت نے موسیٰ علیہ السلام کے قتل کا فیصلہ کر دیا، پس یہی شخص جلدی سے

موسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچا اور ان کو اطلاع دی، اور مشورہ دیا کہ آپ فرعون کے ملک سے نکل جائیں ﴿وَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ يَسْعَى﴾: (سورۃ القصص آیت ۲۰) میں اسی کا ذکر ہے، سرکاری عمارتیں عام طور پر شہر سے باہر ہوتی ہیں، اور فاصلہ سے ہوتی ہیں، وہاں سے وہ آدمی دوڑتا ہوا موسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچا۔

[۲۳-] بَابٌ

﴿وَقَالَ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُ﴾ إِلَى ﴿مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ﴾

بَابٌ

موسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ کا چوتھا باب

۱- سورہ طٰہٰ آیت ۹ ہے: ﴿وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَى؟﴾: اور کیا آپ کو موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ پہنچا ہے؟ سورہ طٰہٰ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے، جو لوگ مفصل واقعہ پڑھنا چاہیں وہ سورہ طٰہٰ پڑھیں۔

۲- سورۃ النساء آیت ۱۶۴ میں ہے: ﴿وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوسَى تَكْلِيمًا﴾: اور موسیٰ علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر کلام فرمایا، یہ موسیٰ علیہ السلام کی جزوی فضیلت ہے، اللہ تعالیٰ نے زمین پر موسیٰ علیہ السلام ہی سے روبرو بلا واسطہ کلام فرمایا ہے، مگر بیچ میں نور کا پردہ تھا، موسیٰ علیہ السلام نے اللہ کا دیدار نہیں کیا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس رات مجھے معراج میں لے جایا گیا، میں نے موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا، وہ چھریرے بدن کے سیدھے بال والے تھے، گویا وہ یمن کے قبیلہ شنوءۃ کے آدمی ہیں، اور میں نے عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا، وہ سیدھے بال والے میانہ قد والے سرخ رنگ کے تھے، گویا وہ غسل خانہ سے نکلے ہیں، اور میں ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں ان سے سب سے زیادہ مشابہ ہوں، پھر میرے پاس دو برتن لائے گئے ایک میں دودھ تھا اور دوسرے میں شراب (معراج مکہ میں ہوئی ہے، اس وقت شراب حلال تھی) فرشتہ نے کہا: دونوں میں سے جونسا چاہیں نوش فرمائیں، میں نے دودھ لیا اور اس کو پی لیا، پس کہا گیا: آپؐ نے فطرت (اسلام اور استقامت) کو لے لیا، سنیں! بیشک آپ اگر شراب کو لیتے تو آپؐ کی امت گمراہ ہو جاتی (معراج کا واقعہ من وجہٍ خواب ہے اور خواب کی تعبیر ہوتی ہے، اس واقعہ کی یہی تعبیر تھی، جو فرشتے نے بتائی یا یہ کہیں کہ واقعات خارجیہ کی بھی تعبیر ہوتی ہے)

اس کے بعد کی حدیث میں نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: کسی بندہ کے لئے مناسب نہیں کہ وہ کہے کہ میں متّی کے لڑکے یونس علیہ السلام سے بہتر ہوں، اور آپؐ نے حضرت یونس علیہ السلام کو باپ کی طرف منسوب کیا، یہ ارشاد اُس واقعہ سے تعلق رکھتا ہے جس میں ایک یہودی نے قسم کھائی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو سارے جہانوں پر برگزیدگی بخشی! پس ایک

صحابی نے اس کوتھپڑ مارا اور وہ مقدمہ آپؐ کی خدمت میں آیا، مگر اس باب میں حدیث کا یہ جزء مقصود نہیں، بلکہ اگلا جزء مقصود ہے۔ ترقیم کرنے والے نے اس کا نمبر الگ کر دیا ہے، اور وہ اگلا جزء یہ ہے: نبی ﷺ نے اس رات کا تذکرہ کیا، جس میں آپؐ کو معراج میں لے جایا گیا، آپؐ نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام گندمی رنگ کے دراز قد تھے، گویا وہ قبیلہ شنوءۃ کے آدمی ہیں، اور فرمایا: عیسیٰ علیہ السلام میانہ قد کے تھے، اور آپؐ نے جہنم کے داروغہ مالک کا تذکرہ کیا اور دجال کا بھی تذکرہ کیا۔

اور باب کی آخری حدیث پہلے گذری ہے، جب نبی ﷺ مدینہ میں تشریف فرما ہوئے تو آپؐ نے یہودیوں کو عاشوراء کا روزہ رکھتے دیکھا، آپؐ نے اس کی وجہ پوچھی، انھوں نے کہا: یہ اہم دن ہے، یہ وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو نجات بخشی ہے، اور فرعونیوں کو غرقاب کیا ہے، اس لئے موسیٰ علیہ السلام نے روزہ رکھا، اللہ کی نعمت کا شکر بجالانے کے لئے، آپؐ نے فرمایا: میں یہودیوں سے موسیٰ علیہ السلام سے زیادہ قریب ہوں، چنانچہ آپؐ نے اس دن کا روزہ رکھا اور اپنی امت کو اس دن کے روزہ کا حکم دیا۔

[٢٤-] بَابٌ

[١-] قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى﴾[طه:٩]

[٢-] ﴿وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسَى تَكْلِيْمًا﴾ [النساء:١٦٤]

[٣٣٩٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم "لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ رَأَيْتُ مُوْسَى وَإِذَا هُوَ رَجُلٌ ضَرْبٌ، رَجِلٌ، كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ، وَرَأَيْتُ عِيْسَى فَإِذَا هُوَ رَجُلٌ رَبْعَةٌ، أَحْمَرُ، كَأَنَّمَا خَرَجَ مِنْ دِيْمَاسٍ، وَأَنَا أَشْبَهُ وُلْدِ إِبْرَاهِيْمَ صلى الله عليه وسلم بِهِ، ثُمَّ أُتِيْتُ بِإِنَاءَيْنِ فِي أَحَدِهِمَا لَبَنٌ وَفِي الآخَرِ خَمْرٌ، فَقَالَ: اشْرَبْ أَيَّهُمَا شِئْتَ، فَأَخَذْتُ اللَّبَنَ فَشَرِبْتُهُ، فَقِيْلَ: أَخَذْتَ الْفِطْرَةَ، أَمَا إِنَّكَ لَوْ أَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ أُمَّتُكَ"[انظر: ٣٤٣٧، ٤٧٠٩، ٥٥٧٦، ٥٦٠٣]

[٣٣٩٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْعَالِيَةِ، ثَنَا ابْنُ عَمِّ نَبِيِّكُمْ يَعْنِيْ ابْنَ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَا يَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ أَنْ يَقُوْلَ: أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى" وَنَسَبَهُ إِلَى أَبِيْهِ. [انظر: ٣٤١٣، ٤٦٣٠، ٧٥٣٩]

[٣٣٩٦-] وَذَكَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ، فَقَالَ:" مُوْسَى آدَمُ طُوَالٌ كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ، وَقَالَ: عِيْسَى جَعْدٌ مَرْبُوْعٌ" وَذَكَرَ مَالِكًا خَازِنَ النَّارِ، وَذَكَرَ الدَّجَّالَ. [راجع: ٣٢٣٩]

[٣٣٩٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا أَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنِ ابْنِ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ

أَبِیْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم لَمَّا قَدِمَ الْمَدِیْنَةَ وَجَدَهُمْ یَصُوْمُوْنَ یَوْمًا یَعْنِیْ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، فَقَالُوْا: هٰذَا یَوْمٌ عَظِیْمٌ، وَهُوَ یَوْمٌ نَجَّی اللّٰهُ فِیْهِ مُوْسٰی، وَأَغْرَقَ آلَ فِرْعَوْنَ، فَصَامَ مُوْسٰی شُکْرًا لِلّٰهِ، فَقَالَ: ''أَنَا أَوْلٰی بِمُوْسٰی مِنْهُمْ'' فَصَامَهُ، وَأَمَرَ بِصِیَامِهِ. [راجع: ۲۰۰٤]

بَابٌ

موسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ کا پانچواں باب

۱- سورۃ الاعراف آیات ۱۴۲ و ۱۴۳ ہیں: ﴿وَوٰعَدْنَا مُوْسٰی ثَلاَثِیْنَ لَیْلَةً وَّأَتْمَمْنَاهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِیْقَاتُ رَبِّهِ أَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً، وَقَالَ مُوْسٰی لِأَخِیْهِ هَارُوْنَ اخْلُفْنِیْ فِیْ قَوْمِیْ وَأَصْلِحْ وَلاَ تَتَّبِعْ سَبِیْلَ الْمُفْسِدِیْنَ. وَلَمَّا جَاءَ مُوْسٰی لِمِیْقَاتِنَا وَکَلَّمَهُ رَبُّهُ، قَالَ رَبِّ أَرِنِیْ أَنْظُرْ إِلَیْكَ، قَالَ لَنْ تَرَانِیْ وَلٰکِنِ انْظُرْ إِلَی الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَکَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِیْ، فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَکًّا وَخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا، فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَیْكَ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِیْنَ﴾: اور ہم نے موسیٰ سے تیس راتوں کا وعدہ کیا اور دس راتوں کو ان کا تتمہ بنایا، پس ان کے پروردگار کا مقرر کیا ہوا وقت چالیس راتیں ہوگیا، اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا: میرے بعد ان لوگوں کا انتظام رکھنا اور اصلاح کرتے رہنا اور مفسدین کی راہ پر نہ چلنا، اور جب موسیٰ ہمارے مقررہ وقت پر آئے اور ان کے رب نے ان سے ہم کلامی کی تو انھوں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! مجھے اپنا جلوہ دکھایئے تاکہ میں آپ کا دیدار کروں، ارشاد ہوا: تم مجھ کو ہرگز نہیں دیکھ سکتے، البتہ تم اس پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو اگر وہ اپنی جگہ برقرار رہا تو تم مجھے دیکھ لوگے، پھر جب ان کے پروردگار نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو تجلی نے پہاڑ کے پرخچے اڑا دیئے اور موسیٰ بیہوش ہوکر گر پڑے، پھر جب ان کو ہوش آیا تو عرض کیا: آپ کی ذات پاک ہے، میں آپ کے سامنے معذرت خواہ ہوں اور میں سب سے پہلے اس پر یقین کرتا ہوں (کہ دنیا میں آپ کا دیدار نہیں ہوسکتا) اس آیت میں ﴿دَکًّا﴾ آیا ہے، پس اس کے معنی بیان کرتے ہیں اور سورۃ الحاقہ آیت ۱۴ ہے: ﴿وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُکَّتَا دَکَّةً وَاحِدَةً﴾: اور (جب صور پھونکا جائے گا تو) زمین اور پہاڑ (اپنی جگہ سے) اٹھالئے جائیں گے، پھر دونوں یکبارگی ہلا دیئے جائیں گے۔ دَکَّه (ن) دَکًّا: کوٹنا، منہدم کرنا، ویران کرنا، دَكَّ الْأَرْضَ: زمین کے نشیب وفراز کو دور کرکے ہموار کردینا، زمین اور پہاڑوں میں سے ہر ایک کو ہلا دیا جائے گا۔ اور دُکَّتَا: (تثنیہ) بمعنی دُکِکْنَ (جمع) ہے، الأرض مفرد ہے اور جبال جمع ہے مگر اس کو بھی مفرد فرض کیا ہے، اس لئے تثنیہ لائے ہیں، جیسے سورۃ الانبیاء آیت ۳۰ میں ہے: ﴿أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا﴾: کہ آسمان وزمین بند تھے (نہ آسمان سے بارش ہوتی تھی نہ زمین سے کچھ پیداوار) پھر ہم نے دونوں کو کھول دیا (آسمان سے بارش ہونے لگی اور زمین سے نباتات اگنے لگیں) یہاں بھی کانتا (تثنیہ) ہے، کُنَّ (جمع) نہیں، کیونکہ سماوات جمع کو مفرد فرض کیا گیا ہے، اور رَتْقًا کے معنی مفسرین نے 'منہ بند' کئے ہیں،

اورحضرت رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: مُلْتَصِقَتَین: آسمان وزمین ملے ہوئے تھے، یعنی ایک مادہ کے دو حصے کرکے آسمان وزمین بنائے۔

۲-سورۃ البقرہ آیت ۹۳ میں ہے: ﴿وَأُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ﴾: اوران کے دلوں میں بچھڑا پلادیا گیا، ان کے (سابق) کفر کی وجہ سے، ثَوْبٌ مُشْرَبٌ کے معنی ہیں: رنگا ہوا کپڑا یعنی ان کا دل بچھڑے کی محبت سے رنگین ہوگیا۔

۳-سورۃ الاعراف آیت ۱۶۰ میں ہے: ﴿فَانْبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا﴾: (موسیٰ علیہ السلام کے لاٹھی مارنے سے) پتھر سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے، انْبَجَسَ الْمَاءُ: پانی کا جاری ہونا، یہی معنی بَجَسَ الْمَاءُ (ن) بُجُوْسًا کے ہیں۔

۴-سورۃ الاعراف آیت ۱۷۱ میں ہے: ﴿وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ﴾: اور جب ہم نے پہاڑ کو اٹھا کر چھت کی طرح ان پر معلق کردیا، نَتَقَ الشیئَ (ن،ض) نَتْقًا: کسی چیز کو پھینکنے کے لئے اٹھانا، جیسے نَتَقَ الْحَجَرَ: پتھر کو مارنے کے لئے اٹھایا۔

اور باب کی دونوں حدیثیں پہلے گذری ہیں، پہلی حدیث میں ہے کہ لوگ قیامت کے دن بیہوش ہوجائیں گے، مجھے سب سے پہلے ہوش آئے گا، پس اچانک میں موسیٰ علیہ السلام کو دیکھوں گا: وہ عرش کے پایوں میں سے ایک پایہ پکڑے ہوئے ہونگے، پس میں نہیں جانتا کہ ان کو مجھ سے پہلے ہوش آگیا یا طور کی بیہوشی کا بدلہ ہوگیا، یعنی طور پر وہ بیہوش ہوئے تھے اس لئے آج بیہوش نہیں ہوئے، اور دوسری حدیث میں ہے کہ بنی اسرائیل بیٹروں کا ذخیرہ نہ کرتے تو گوشت نہ سڑتا۔

[۲۵-] بَابٌ

[۱-] قَوْلُ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَوَاعَدْنَا مُوْسَى ثَلاَ ثِيْنَ لَيْلَةً﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ يُقَالُ: دَكَّهُ: زَلْزَلَهُ ﴿فَدُكَّتَا﴾: فَدُكِكْنَ، جَعَلَ الْجِبَالَ كَالْوَاحِدَةِ، كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا﴾ وَلَمْ يَقُلْ: كُنَّ. ﴿رَتْقًا﴾: مُلْتَصِقَتَيْنِ. [۲-] ﴿أُشْرِبُوْا﴾: ثُوْبٌ مُشَرَّبٌ: مَصْبُوْغٌ. [۳-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿انْبَجَسَتْ﴾: انْفَجَرَتْ. [٤-] ﴿وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ﴾: رَفَعْنَا.

[۳۳۹۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "النَّاسُ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يُفِيْقُ، فَإِذَا أَنَا بِمُوْسَى آخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ، فَلاَ أَدْرِيْ أَفَاقَ قَبْلِيْ أَمْ جُوْزِيَ بِصَعْقَةِ الطُّوْرِ؟" [راجع: ۲٤۱۲]

[۳۳۹۹-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْلاَ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ لَمْ يَخْنَزِ اللَّحْمُ، وَلَوْلاَ حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ أُنْثَى زَوْجَهَا الدَّهْرَ" [ر: ۳۳۳۰]

بَابٌ

موسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ کا چھٹا باب

۱- سورۃ الاعراف کی آیت ۱۳۳ ہے: ﴿فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ مُفَصَّلَاتٍ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُجْرِمِيْنَ﴾: پھر ہم نے ان پر پانی کا سیلاب بھیجا اور ٹڈیاں اور جوئیں (یا گھن کا کیڑا) اور مینڈک اور خون، یہ سب کھلے کھلے معجزات تھے (یہ پانچ معجزات ہیں اور دو کا ذکر اوپر آیت ۱۳۰ میں آیا ہے، یعنی قحط سالی اور پھلوں کی کمی، یہ سات معجزات عصا اور ید بیضاء کے ساتھ آیات تسعہ کہلاتے ہیں)

امام بخاری رحمہ اللہ نے طوفان کے دو معنی کئے ہیں: ایک: پانی کا سیلاب، دوسرے: مَری، یعنی بہت لوگ ایک ساتھ مرنے لگیں، اس کو بھی طوفان کہتے ہیں۔

۲- اور قُمَّلَ کے بھی دو معنی ہیں: ایک: جوئیں، جو چیچڑی کی جنس سے ہیں، مگر اس سے بہت چھوٹی ہوتی ہیں، چیچڑی کو عربی میں حَمْنَان کہتے ہیں، اور چھوٹی چیچڑی کو حَلَم، فرماتے ہیں: قُمَّل سے مراد چیچڑی ہے جوں چھوٹی چیچڑی کے مشابہ ہوتی ہے، اور دوسرا ترجمہ سُرسُری (گھن کا کیڑا) کیا گیا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ معنی نہیں بیان کئے۔

۳- سورۃ الاعراف کی آیت ۱۰۵ ہے: ﴿حَقِيْقٌ عَلٰى أَنْ لَا أَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ إِلَّا الْحَقَّ﴾: میرے لئے مناسب یہی بات ہے کہ میں سچ کے علاوہ اللہ کی طرف کوئی بات منسوب نہ کروں، اس آیت میں حقیقٌ کے معنی ہیں: حَقٌّ: برحق بات۔

۴- سورۃ الاعراف آیت ۱۴۹ میں ہے: ﴿وَلَمَّا سُقِطَ فِيْ أَيْدِيْهِمْ﴾: اور جب وہ نادم ہوئے، ہر نادم کے لئے سُقِطَ فِي يَدِهِ کا محاورہ استعمال کرتے ہیں۔

[-٢٦] بَابٌ

[-١] طُوْفَانٌ مِنَ السَّيْلِ، وَيُقَالُ لِلْمَوْتِ الْكَثِيْرِ: الطُّوْفَانُ. [-٢] ﴿الْقُمَّلُ﴾: الْحَمْنَانُ، يُشْبِهُ صِغَارَ الْحَلَمِ. [-٣] ﴿حَقِيْقٌ﴾: حَقٌّ. [-٤] ﴿سُقِطَ﴾: كُلُّ مَنْ نَدِمَ فَقَدْ سُقِطَ فِيْ يَدِهِ.

بَابٌ

موسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ کا ساتواں باب

حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہما السلام کا واقعہ تفصیل سے پہلے آچکا ہے، پہلی روایت میں ہے کہ ابن عباس اور حربن قیس رضی اللہ عنہما کے درمیان اختلاف ہوا، ابن عباسؓ کہتے تھے: موسیٰ خضرؑ سے ملنے گئے تھے، حرؓ کچھ اور کہتے تھے، اتفاق سے

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ وہاں سے گذرے، ابن عباسؓ نے ان سے پوچھا: آپ نے اس سلسلہ میں نبی ﷺ سے کچھ سنا ہے؟ حضرت ابیؓ نے حدیث سنائی، اس میں وضاحت ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت خضر علیہ السلام سے ملنے گئے تھے۔ اور دوسری حدیث میں ہے کہ سعید بن جبیرؒ اور نوف بکالی میں اختلاف ہوا، سعید بن جبیرؒ کہتے تھے: حضرت موسیٰ علیہ السلام ملنے گئے تھے اور نوف کہتا تھا: موسیٰ بن میشاء گیا تھا، چنانچہ سعید نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا، انھوں نے حضرت ابی بن کعبؓ کی حدیث سنائی، پھر آخری حدیث نئی ہے اور وہ اسی جگہ ہے اس کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[٢٧-] بَابٌ

حَدِيْثُ الْخَضِرِ مَعَ مُوْسَى عَلَيْهِمَا السَّلاَمِ

[٣٤٠٠-] حدثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَبِىْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّـهُ تَمَارَى هُوَ وَالْحُرُّ بْنُ قَيْسٍ الْفَزَارِيُّ فِىْ صَاحِبِ مُوْسَى، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هُوَ خَضِرٌ، فَمَرَّ بِهِمَا أُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ، فَدَعَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: إِنِّىْ تَمَارَيْتُ أَنَا وَصَاحِبِىْ هٰذَا فِى صَاحِبِ مُوْسَى الَّذِىْ سَأَلَ السَّبِيْلَ إِلٰى لُقِيِّهِ، هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ شَأْنَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " بَيْنَمَا مُوْسَى فِىْ مَلَأٍ مِنْ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ جَاءَ هُ رَجُلٌ، فَقَالَ: هَلْ تَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْكَ؟ قَالَ: لاَ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلٰى مُوْسَى: بَلٰى، عَبْدُنَا خَضِرٌ. فَسَأَلَ مُوْسَى السَّبِيْلَ إِلَيْهِ، فَجُعِلَ لَهُ الْحُوْتُ آيَةً، وَقِيْلَ لَهُ: إِذَا فَقَدْتَ الْحُوْتَ فَارْجِعْ فَإِنَّكَ سَتَلْقَاهُ، فَكَانَ يَتْبَعُ أَثَرَ الْحُوْتِ فِى الْبَحْرِ، فَقَالَ لِمُوْسَى فَتَاهُ: ﴿أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَا أَنْسَانِيْهُ إِلاَّ الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ﴾ قَالَ مُوْسٰى عليه السلام: ﴿ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا قَصَصًا، فَوَجَدَا﴾ خَضِرًا فَكَانَ مِنْ شَأْنِهِمَا الَّذِىْ قَصَّ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِىْ كِتَابِهِ"

[راجع: ٧٤]

[٣٤٠١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، أَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِيَّ يَزْعُمُ أَنَّ مُوْسَى صَاحِبَ الْخَضِرِ لَيْسَ هُوَ مُوْسَى بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ، إِنَّمَا هُوَ مُوْسَى آخَرُ، فَقَالَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا أُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّ مُوْسَى قَامَ خَطِيْبًا فِىْ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ فَسُئِلَ: أَىُّ النَّاسِ أَعْلَمُ؟ فَقَالَ: أَنَا، فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ، قَالَ لَهُ: بَلْ لِىْ عَبْدٌ بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ، قَالَ: أَىْ رَبِّ! وَمَنْ لِىْ بِهِ؟- وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: أَىْ رَبِّ، فَكَيْفَ لِىْ بِهِ؟- قَالَ: تَأْخُذُ حُوْتًا، فَتَجْعَلُهُ فِىْ مِكْتَلٍ، حَيْثُمَا فَقَدْتَ الْحُوْتَ فَهُوَ ثُمَّ

– وَرُبَّمَا قَالَ: فَهُوَ ثَمَّهْ– فَأَخَذَ حُوْتًا فَجعَلَهُ فِی مِكْتَلٍ، ثُمَّ انْطَلَقَ هُوَ وَفَتَاهُ يُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ حَتَّى إِذَا أَتَيَا الصَّخْرَةَ وَضَعَا رُؤُوْسَهُمَا، فَرقَدَ مُوْسَى، وَاضْطَرَبَ الْحُوْتُ فَخَرَجَ فَسَقَطَ فِی الْبَحْرِ،﴿ فَاتَّخذَ سَبِيْلَهُ فِی الْبَحْرِ سَرَبًا﴾ فَأَمْسَكَ اللّٰهُ عَنِ الْحُوْتِ جِرْيَةَ الْمَاءِ، فَصَارَ فِی مِثْلِ الطَّاقِ، فَقَالَ هٰكَذَا مِثْلُ الطَّاقِ، فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ بَقِيَّةَ لَيْلِهِمَا وَيَوْمِهِمَا حَتَّى إِذَا كَانَ مِنَ الْغدِ قَالَ لِفَتَاهُ:﴿ آتِنَا غَدَاءَ نَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفرِنَا هٰذَا نَصَبًا﴾ وَلَمْ يَجِدْ مُوْسَى النَّصَبَ حَتَّى جَاوَزَ حَيْثُ أَمَرَهُ اللّٰهُ، قَالَ لَهُ فَتَاهُ:﴿ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلٰى الصَّخْرَةِ فَإِنِّیْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَا أَنْسَانِيْهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ، فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهُ فِی الْبَحْرِ عَجَبًا﴾ فَكَانَ لِلْحُوْتِ سَرَبًا وَلَهُمَا عَجبًا، قَالَ لَهُ مُوْسَى:﴿ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا قَصَصًا﴾ رَجعَا يَقُصَّانِ آثَارَهُمَا حَتَّى انْتَهَيَا إِلٰى الصَّخْرَةِ، فَإِذَا رَجُلٌ مُسَجًّى بِثَوْبٍ فَسَلَّمَ مُوْسَى فَرَدَّ عَلَيْهِ، فَقَالَ: وَأَنّٰى بِأَرْضِكَ السَّلَامُ، قَالَ: أَنَا مُوْسَى، قَالَ مُوْسَى بَنِیْ إِسْرَائِيْلَ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَتَيْتُكَ لِتُعَلِّمَنِیْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا. قَالَ: يَا مُوْسَى! إِنِّیْ عَلٰى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِيْهِ اللّٰهُ لَا تَعْلَمُهُ، وَأَنْتَ عَلٰى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَكَهُ اللّٰهُ لَا أَعْلَمُهُ، قَالَ:﴿هَلْ أَتَّبِعُكَ؟﴾ قَالَ:﴿ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِیَ صَبْرًا وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْرًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ أَمْرًا﴾ فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ عَلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ، فَمَرَّتْ بِهِمَا سَفِيْنَةٌ كَلَّمُوْهُمْ أَنْ يَحْمِلُوْهُمْ، فَعَرَفُوْا الْخَضِرَ فَحَمَلُوْهُ بِغَيْرِ نَوْلٍ، فَلَمَّا رَكِبَا فِی السَّفِيْنَةِ جَاءَ عُصْفُوْرٌ فَوَقَعَ عَلٰى حَرْفِ السَّفِيْنَةِ فَنَقَرَ فِی الْبَحْرِ نَقْرَةً أَوْ نَقْرَتَيْنِ، قَالَ لَهُ الْخَضِرُ: يَا مُوْسَى! مَا نَقَصَ عِلْمِیْ وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ إِلَّا مِثْلَ مَا نَقَصَ هٰذَا الْعُصْفُوْرُ بِمِنْقَارِهِ مِنَ الْبَحْرِ، إِذْ أَخَذَ الْفَأْسَ فَنَزَعَ لَوْحًا فَلَمْ يَفْجَأْ مُوْسَى إِلَّا وَقَدْ قَلَعَ لَوْحًا بِالْقَدُّوْمِ، فَقَالَ لَهُ مُوْسَى: مَا صَنَعْتَ؟ قَوْمٌ حَمَلُوْنَا بِغَيْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَ إِلٰى سَفِيْنَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا ﴿لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا، قَالَ: أَلَمْ أَقُلْ: إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِیَ صَبْرًا، قَالَ: لَاتُؤَاخِذْنِیْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِیْ مِنْ أَمْرِیْ عُسْرًا﴾ فَكَانَتِ الْأُوْلٰى مِنْ مُوْسَى نِسْيَانًا. فَلَمَّا خَرَجَا مِنَ الْبَحْرِ مَرُّوْا بِغُلَامٍ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ فَأَخَذَ الْخَضِرُ بِرَأْسِهِ فَقَلَعَهُ بِيَدِهِ هٰكَذَا – وَأَوْمَأَ سُفْيَانُ بِأَطْرَافِ أَصَابِعِهِ كَأَنَّهُ يَقْطِفُ شَيْئًا– فَقَالَ لَهُ مُوْسَى:﴿ أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا؟ قَالَ: أَلَمْ أَقُلْ لَكَ: إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِیَ صَبْرًا، قَالَ: إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْئٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِیْ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّیْ عُذْرًا، فَانْطَلَقَا حَتَّى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُرِيْدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ﴾ مَائِلًا أَوْمٰى بِيَدِهِ هٰكَذَا، وَأَشَارَ سُفْيَانُ كَأَنَّهُ يَمْسَحُ شَيْئًا إِلٰى فَوْقُ، فَلَمْ أَسْمَعْ سُفْيَانَ يَذْكُرُ مَائِلًا إِلَّا مَرَّةً – قَالَ: قَوْمٌ أَتَيْنَاهُمْ فَلَمْ يُطْعِمُوْنَا وَلَمْ يُضَيِّفُوْنَا عَمَدْتَ إِلٰى حَائِطِهِمْ،﴿ لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا؟ قَالَ: هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِی وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيْلِ مَالَمْ تَسْتَطِعْ عَلِيْهِ صَبْرًا﴾ قَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه

وسلم:" وَدِدْنَا أَنَّ مُوْسَى كَانَ صَبَرَ لَقُصَّ عَلَيْنَا مِنْ خَبَرِهِمَا" قَالَ سُفْيَانُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسَى لَوْ كَانَ صَبَرَ لَقُصَّ عَلَيْنَا مِنْ أَمْرِهِمَا" قَالَ: وَقَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ:(وَكَانَ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا) وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا وَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ، ثُمَّ قَالَ لِيْ سُفْيَانُ: سَمِعْتُهُ مِنْهُ مَرَّتَيْنِ وَحَفِظْتُهُ مِنْهُ، قِيْلَ لِسُفْيَانَ: حَفِظْتَهُ قَبْلَ أَنْ تَسْمَعَهُ مِنْ عَمْرٍو أَوْ تَحَفَّظْتَهُ مِنْ إِنْسَانٍ؟ فَقَالَ: مِمَّنْ أَتَحَفَّظُهُ وَرَوَاهُ أَحَدٌ عَنْ عَمْرٍو غَيْرِيْ؟ سَمِعْتُهُ مِنْهُ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا وَحَفِظْتُهُ مِنْهُ.[راجع: ٧٤]

حدثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ.

[٣٤٠٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّمَا سُمِّيَ الْخَضِرُ لِأَنَّهُ جَلَسَ عَلٰى فَرْوَةٍ بَيْضَاءَ، فَإِذَا هِيَ تَهْتَزُّ مِنْ خَلْفِهِ خَضْرَاءَ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: خضر (سبزہ زار) کوخضر اس لئے کہتے ہیں کہ وہ ایک مرتبہ خشک زمین پر بیٹھے، پس اچانک وہ ان کے پیچھے (ان کے اٹھنے کے بعد) سبزہ سے لہرانے لگی (یہ مرفوع حدیث ہے، پس یہی وجہ تسمیہ متعین ہے)

بَابٌ

موسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ کا آٹھواں باب

سورۃ البقرہ آیت ۵۸ میں ہے: ﴿وادْخُلُوْا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ﴾: اور دروازہ میں عاجزی سے داخل ہوؤ اور کہو: توبہ توبہ! نبی ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل نے اس حکم کی خلاف ورزی کی، وہ سرینوں کے بل گھسٹتے ہوئے داخل ہوئے اور انھوں نے کہا: حَبَّة فِي شَعْرَة: یہ مہمل کلام ہے، وہ کہنا یہ چاہتے تھے کہ گون بھر کر غلہ دے!

اور دوسری حدیث پہلے آئی ہے، بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں بدگمانی کی کہ ان کو کوئی بیماری ہے، جس کی وجہ سے وہ تنہا نہاتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو اس الزام سے بری کیا۔ اور آخری حدیث بھی پہلے گذری ہے، نبی ﷺ مال تقسیم کررہے تھے، ایک منافق نے کہا: اس تقسیم میں اللہ کی خوشنودی ملحوظ نہیں رکھی گئی، آپ کو غصہ آیا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ موسیٰ علیہ السلام پر مہربانی فرمائیں وہ اس سے زیادہ ستائے گئے، پس انھوں نے صبر کیا، پس میں بھی صبر کرتا ہوں۔

[٢٨-] بَابٌ

[٣٤٠٣-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" قِيْلَ لِبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ: ﴿ ادْخُلُوْا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُوْلُوْا

حِطَّةٌ﴾ فَبَدَّلُوْا، فَدَخَلُوْا يَزْحَفُوْنَ عَلٰى أَسْتَاهِهِمْ، وَقَالُوْا: حَبَّةٌ فِيْ شَعْرَةٍ"[انظر: ٤٤٧٩، ٤٦٤١]

[٣٤٠٤-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنِ الْحَسَنِ، وَمُحَمَّدٍ، وَخِلَاسٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ مُوْسَى كَانَ رَجُلاً حَيِيًّا سِتِّيْرًا، لاَ يُرَى مِنْ جِلْدِهِ شَيْئٌ اسْتَحْيَى مِنْهُ، فَآذَاهُ مِنْ آذَاهُ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، فَقَالَ: مَايَسْتَتِرُ هٰذَا التَّسَتُّرَ إِلَّا مِنْ عَيْبٍ بِجِلْدِهِ، إِمَّا بَرَصٌ وَإِمَّا أُدْرَةٌ، وَإِمَّا آفَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ أَرَادَ أَنْ يُبَرِّئَهُ مِمَّا قَالُوْا بِمُوْسَى، فَخَلاَ يَوْمًا وَحْدَهُ فَوَضَعَ ثِيَابَهُ عَلَى الْحَجَرِ، ثُمَّ اغْتَسَلَ، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ إِلٰى ثِيَابِهِ لِيَأْخُذَهَا، وَإِنَّ الْحَجَرَ عَدَا بِثَوْبِهِ، فَأَخَذَ مُوْسَى عَصَاهُ وَطَلَبَ الْحَجَرَ، فَجَعَلَ يَقُوْلُ: ثَوْبِي حَجَرُ، ثَوْبِي حَجَرُ، حَتَّى انْتَهَى إِلٰى مَلَإٍ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيلَ فَرَأَوْهُ عُرْيَانًا أَحْسَنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ وَأَبْرَأَهُ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ، وَقَامَ حَجَرٌ فَأَخَذَ ثَوْبَهُ فَلَبِسَهُ، وَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا بِعَصَاهُ، فَوَ اللّٰهِ إِنَّ بِالْحَجَرِ لَنَدَبًا مِنْ أَثَرِ ضَرْبِهِ ثَلاَ ثًا أَوْ أَرْبَعًا أَوْ خَمْسًا، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ:﴿ يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ آذَوْا مُوْسَى فَبَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا﴾[راجع:٢٧٨]

[٣٤٠٥-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَعْمَشِ، سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ: قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَسْمًا، فَقَالَ رَجُلٌ: إِنَّ هٰذِهِ لَقِسْمَةٌ مَا أُرِيْدُ بِهَا وَجْهُ اللّٰهِ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ، فَغَضِبَ حَتَّى رَأَيْتُ الْغَضَبَ فِي وَجْهِهِ، ثُمَّ قَالَ:" يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسَى قَدْ أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ"[راجع: ٣١٥٠]

بَابٌ

موسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ کا نواں باب

سورۃ الاعراف آیت ۱۳۸و۱۳۹ ہیں:﴿وَجَاوَزْنَا بِبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْبَحْرَ فَأَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَعْكُفُوْنَ عَلٰى أَصْنَامٍ لَهُمْ، قَالُوْا يَا مُوْسَى اجْعَلْ لَنَا إِلٰهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ، قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ، إِنَّ هٰؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَاهُمْ فِيْهِ وَبَاطِلٌ مَاكَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾:اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے پار اتار دیا، پس ان کا ایک قوم پر گذر ہوا جو اپنی مورتیوں سے لگے بیٹھے تھے، انھوں نے کہا: اے موسیٰ! ہمارے لئے بھی ایک ایسا ہی معبود مقرر کر دیجئے جیسے ان کے معبود ہیں، موسیٰ علیہ السلام نے کہا: تم واقعی بڑی جہالت میں ہو، یہ لوگ جس کام میں لگے ہوئے ہیں وہ اس میں تباہ ہونے والے ہیں، اور ان کا یہ کام محض بے بنیاد ہے ــــ مُتَبَّر: اسم مفعول ہے تتبیر: (تفعیل) تباہ و برباد ہونا، حضرتؒ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: خُسران: گھاٹا، اسی سے سورۃ الاسراء آیت ۷ میں ہے:﴿وَلِيُتَبِّرُوْا مَاعَلَوْا تَتْبِيْرًا﴾: اور جس جس چیز پر ان کا زور چلے گا سب کو برباد کر ڈالیں

گے۔عَلَوْا کا ترجمہ کیا ہے:غَلَبُوْا:جس چیز پر ان کا زور چلے گا،اور یتبّروا کے معنی کئے ہیں:یُدَمِّرُوْا:ہلاک کریں گے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے،ہم پیلو کا پھل چن کر کھا رہے تھے،آپؐ نے فرمایا: کالے دانے لازم پکڑو،وہ عمدہ ہوتے ہیں،لوگوں نے کہا:(یہ بات تو بکریاں چرانے والے جانتے ہیں پس کیا) آپؐ نے بکریاں چرائی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا:ہر نبی نے بکریاں چرائی ہیں۔اس ارشاد کے عموم میں موسیٰ علیہ السلام بھی آجاتے ہیں،یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[٢٩-] بَابٌ

قَوْلُهُ:﴿يَعْكُفُوْنَ عَلٰى أَصْنَامٍ لَهُمْ﴾ ﴿مُتَبَّرٌ﴾: خُسْرَانٌ﴿ وَلِيُتَبِّرُوْا﴾: لِيُدَمِّرُوْا، ﴿مَا عَلَوْا﴾: غَلَبُوْا.

[٣٤٠٦-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، أَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَجْنِى الْكَبَاثَ، وَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ مِنْهُ، فَإِنَّهُ أَطْيَبُهُ" قَالُوْا: أَكُنْتَ تَرْعَى الْغَنَمَ؟ قَالَ:"وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ رَعَاهَا؟"[انظر: ٥٤٥٣]

بَابٌ

موسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ کا دسواں باب

سورۃ البقرہ آیات ٦٧-٧٣ میں ایک واقعہ ہے،بنی اسرائیل میں ایک خون ہوگیا تھا،کسی طرح قاتل کا پتہ نہیں لگ رہا تھا،بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا:ہم چاہتے ہیں کہ قاتل کا پتہ لگے،آپ نے بحکم الٰہی ایک بیل ذبح کرنے کا حکم دیا،انھوں نے اپنی جبلت کے مطابق حجتیں نکالنی شروع کیں،مگر جب لاچار ہوگئے تو بیل ذبح کیا،ان آیات میں چند الفاظ آئے ہیں،امام بخاری رحمہ اللہ ان کے معانی بیان کرتے ہیں،ایک لفظ ہے﴿عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ﴾:دونوں عمروں کے درمیان،یعنی بیل نہ بالکل بوڑھا ہو نہ بچھڑا،درمیانی عمر کا ہو،اور ایک لفظ آیا ہے﴿فَاقِعٌ لَوْنُهَا﴾:جس کا رنگ صاف ہو،اور ایک لفظ آیا ہے:﴿لَاذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْأَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ﴾:وہ بیل نہ تو ہل میں چلا ہو جس سے زمین جوتی جاتی ہے اور نہ اس سے آب پاشی کا کام لیا گیا ہو۔ذلول کے معنی ہیں:کام نے اس کو ذلیل نہ کیا ہو،اور تثیر الأرض کے معنی ہیں: زمین جوتنے کی وجہ سے ذلیل نہ کیا گیا ہو،کھیتی میں استعمال نہ کیا گیا ہو،پھر ہے﴿مُسَلَّمَةٌ لَاشِيَةَ فِيْهَا﴾:عیوب سے سالم ہو،اس میں کوئی داغ نہ ہو،یعنی سفیدی نہ ہو،انہی آیات میں ہے:﴿بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ﴾:صفراء کے دو معنی کئے ہیں:وہ بیل کالا ہو اس میں کوئی دھبہ نہ ہو،دوسرا قول ہے:وہ بیل زرد ہو،پہلے معنی اصح ہیں سورۃ المرسلات میں ہے:﴿كَأَنَّهُ جِمٰلَتٌ

صُفْرٌ﴾: گویا وہ کالے کالے اونٹ ہیں، اس سے پہلے معنی کی تائید ہوتی ہے، اور آخری آیت میں ہے:﴿وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّا رَأْتُمْ فِيْهَا﴾: اور جب تم نے ایک آدمی کا خون کر دیا پھر ایک دوسرے پر اس کو ڈالنے لگے، ادّارأتم کے معنی ہیں: اختلفتم دَرْءٌ سے ہے جس کے معنی ہیں: ہٹانا۔

[۳۰-] بَابٌ

﴿وَإِذْ قَالَ مُوْسَى لِقَوْمِهِ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً﴾ الآيَةَ، قَالَ أَبُوْ الْعَالِيَةِ:﴿ عَوَانٌ﴾: النَّصَفُ بَيْنَ الْبِكْرِ وَالْهَرِمَةِ، ﴿فَاقِعٌ﴾: صَافٍ، ﴿لاَ ذَلُوْلٌ﴾: لَمْ يُذِلَّهَا الْعَمَلُ. ﴿تُثِيْرُ الأَرْضَ﴾: لَيْسَتْ بِذَلُوْلٍ تُثِيْرُ الأَرْضَ، وَلاَ تَعْمَلُ فِي الْحَرْثِ. ﴿مُسَلَّمَةٌ﴾ مِنَ الْعُيُوْبِ، ﴿لَاشِيَةَ﴾: بَيَاضَ ﴿صَفْرَاءُ﴾: إِنْ شِئْتَ سَوْدَاءُ، وَيُقَالُ: صَفْرَاءُ، كَقَوْلِهِ:﴿جِمَالاَتٌ صُفْرٌ﴾، ﴿فَادَّارَأْتُمْ﴾: اختَلَفْتُمْ

قوله: إن شئت سوداء: اگر آپ چاہیں تو کالا ترجمہ کریں.......... **كقوله:** پہلے معنی کے ساتھ جڑے گا۔

بَابُ وَفَاةِ مُوْسَى صلى الله عله وسلم وَذِكْرِهِ بَعْدُ

موسیٰ علیہ السلام کا وفات کے بعد تذکرہ

اس باب میں چار حدیثیں ہیں، پہلی دو حدیثیں پہلے آچکی ہیں، اور بعد کی دو حدیثیں نئی ہیں۔

پہلی حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ملک الموت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے، موسیٰ علیہ السلام نے ان کو تھپڑ مارا (الی آخرہ) دوسری حدیث: ایک صحابی نے قسم کھائی: **والذی اصطفی محمداً علی العالمین:** اس کے جواب میں یہودی نے قسم کھائی: **والذی اصطفی موسیٰ علی العالمین:** اُن صحابی نے اس کو تھپڑ مارا، یہ وفات موسوی کے بعد ان کا تذکرہ ہوا، پھر اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے موسیٰ علیہ السلام پر برتری مت دو، اس لئے کہ لوگ قیامت کے دن بیہوش ہونگے پھر مجھے سب سے پہلے ہوش آئے گا پس میں دیکھونگا کہ موسیٰ علیہ السلام عرش کا سایہ پکڑے ہوئے ہیں، یہ بھی نبی ﷺ نے موسیٰ علیہ السلام کا ان کی وفات کے بعد تذکرہ کیا۔

[۳۱-] بَابُ وَفَاةِ مُوْسَى صلى الله عله وسلم وَذِكْرِهِ بَعْدُ

[۳۴۰۷-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: أُرْسِلَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلَى مُوْسَى، فَلَمَّاجَاءَ هُ صَكَّهُ، فَرَجَعَ إِلَى رَبِّهِ، فَقَالَ: أَرْسَلْتَنِيْ إِلَى عَبْدٍ لاَ يُرِيْدُ الْمَوْتَ، قَالَ: ارْجِعْ إِلَيْهِ فَقُلْ لَهُ يَضَعُ يَدَهُ عَلَى مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَهُ بِمَا غَطَّى يَدُهُ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةٌ،

قَالَ: أَیْ رَبِّ! ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ الْمَوْتُ، قَالَ: فَالْآنَ، قَالَ: فَسَأَلَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ أَنْ يُدْنِيَهُ مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ.

قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" فَلَوْ كُنْتُ ثَمَّ لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ إِلٰی جَانِبِ الطَّرِيْقِ، تَحْتَ الكَثِيْبِ الْأَحْمَرِ" قَالَ وَأَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، ثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ.

[٣٤٠٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَسَعِيْدُ ابْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ: قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَرَجُلٌ مِنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ الْمُسْلِمُ: وَالَّذِیْ اصْطَفَی مُحَمَّدًا عَلَی الْعَالِمِيْنَ! فِیْ قَسَمٍ يُقْسِمُ بِهِ، فَقَالَ الْيَهُوْدِیُّ: وَالَّذِیْ اصْطَفَی مُوْسَی عَلَی الْعَالَمِيْنَ، فَرَفَعَ الْمُسْلِمُ يَدَهُ عِنْدَ ذٰلِكَ فَلَطَمَ الْيَهُوْدِیَّ، فَذَهَبَ الْيَهُوْدِیُّ إِلٰی النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِیْ كَانَ مِنْ أَمْرِهِ وَأَمْرِ الْمُسْلِمِ، فَقَالَ:" لَاتُخَيِّرُوْنِیْ عَلٰی مُوْسَی، فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ، فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يُفِيْقُ، فَإِذَا مُوْسَی بَاطِشٌ بِجَانِبِ الْعَرْشِ، فَلَا أَدْرِیْ أَكَانَ مِمَّنْ صَعِقَ فَأَفَاقَ قَبْلِیْ، أَوْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَی اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ؟[راجع: ٢٤١١]

[٣٤٠٩-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" احْتَجَّ آدَمُ وَمُوْسَی فَقَالَ لَهُ مُوْسَی: أَنْتَ آدَمُ الَّذِیْ أَخْرَجَتْكَ خَطِيْئَتُكَ مِنَ الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ لَهُ آدَمُ: أَنْتَ مُوْسَی الَّذِیْ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِرِسَالَاتِهِ وَبِكَلَامِهِ، ثُمَّ تَلُوْمُنِیْ عَلٰی أَمْرٍ قُدِّرَ عَلَیَّ قَبْلَ أَنْ أُخْلَقَ؟" فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" فَحَجَّ آدَمُ مُوْسَی" مَرَّتَيْنِ.[انظر: ٤٧٣٦، ٤٧٣٨، ٦٦١٤، ٧٥١٥]

[٣٤١٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم يَوْمًا فَقَالَ:" عُرِضَتْ عَلَیَّ الْأُمَمُ، وَرَأَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْأُفُقَ، فَقِيْلَ: هٰذَا مُوْسَی فِی قَوْمِهِ"[انظر: ٥٧٠٥، ٥٧٥٢، ٦٤٧٢، ٦٥٤١]

حدیث (۳۴۰۹) کا وضاحتی ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: عالم ارواح میں موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد حضرت موسیٰ اور حضرت آدم علیہما السلام میں مناظرہ ہوا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: آپ وہی آدمؑ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کرکے فرشتوں سے سجدہ کرایا، آپ نے شجر ممنوعہ کیوں کھایا؟ آپ نے ہم سب کو مشقت میں ڈالا، اگر آپ شجر ممنوعہ نہ کھاتے تو آپ کی ساری اولاد جنت میں رہتی اور مزے اڑاتی، حضرت آدم علیہ السلام نے جواب دیا: آپ وہی موسیٰ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے برگزیدہ کیا، اپنی رسالت اور اپنے کلام سے، یعنی آپ کو رسول بنایا اور آپ کو ہم کلامی کا شرف بخشا، آپ

بتائیں: تورات جو آپ پر نازل ہوئی ہے میری پیدائش سے کئی سال پہلے لکھی گئی ہے؟ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: چالیس سال پہلے، آدم علیہ السلام نے کہا: کیا اس میں نہیں ہے کہ آدمؑ نے نافرمانی کی اور شجر ممنوعہ کھایا، موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ہاں اس میں یہ بات ہے، آدم علیہ السلام نے کہا: پس جو بات میری پیدائش سے چالیس سال پہلے اللہ نے تورات میں لکھ دی ہے اگر وہ بات پیش آئی تو آپ مجھے ملامت کیوں کرتے ہیں! پس موسیٰ علیہ السلام خاموش ہوگئے، وہ کچھ جواب نہ دے سکے۔ نبی ﷺ نے دومرتبہ فرمایا: حَجَّ آدَمُ مُوسی: آدم علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام سے مناظرہ میں جیت گئے!

تشریح: یہاں سمجھنے کی بات یہ ہے کہ تقدیر سے یعنی ازل سے اللہ نے جو بات طے کی ہے اس سے تمسک معاملہ پائے جانے سے پہلے درست نہیں، جیسے ہر شخص کی قسمت میں روزی لکھ دی گئی ہے، مگر حدیث میں ہے: **کَسْبُ الحلال فریضةٌ بعد الفریضةِ**: حلال روزی کمانا دوسرے درجہ کا فرض ہے، پس اگر کوئی تقدیر سے تمسُّک کرے اور کہے: میں کام نہیں کروں گا روزی جو مقدر ہے مل کر رہے گی تو یہ اس کی بیوقوفی ہے، حکم یہ ہے کہ کام کرو، پھر کسی نے دکان کھولی مگر گھاٹا پایا تو اب وہ کہہ سکتا ہے کہ میری قسمت میں روزی نہیں تھی، اب تقدیر سے تمسک درست ہے۔

اور واقعہ رونما ہونے سے پہلے تقدیر سے تمسک اس لئے درست نہیں کہ وہ بے عملی پیدا کرتا ہے، اور واقعہ رونما ہونے کے بعد تمسک بندے کو تقدیر الٰہی پر راضی کرتا ہے، یہ ایک بنیادی نقطہ ہے جس کو یاد رکھا جائے تو کوئی اشکال پیدا نہیں ہوگا۔

حدیث (۳۴۱۰): ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ایک دن نبی ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور ایک خواب سنایا، فرمایا: مجھ پر امتیں پیش کی گئیں، میں نے ایک بہت بڑا مجمع دیکھا جس نے آسمان کے کنارے بھر رکھے تھے، پس مجھے بتایا گیا کہ یہ موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کے ساتھ ہیں (نبی ﷺ کی امت کے بعد سب سے بڑی امت موسیٰ علیہ السلام کی ہے، اور یہ حدیث تفصیل سے کتاب الرقاق میں آئے گی)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِيْنَ﴾

حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا باکمال عورت ہوئی ہیں

ابھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ چل رہا ہے، موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کی بہترین خاتون فرعون کی بیوی حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا تھیں، سورۃ التحریم آیت ۱۱ میں ہے: ”اور اللہ تعالیٰ مؤمنین کے لئے فرعون کی بیوی کا حال بیان کرتے ہیں جب اس بی بی نے دعا کی: اے میرے پروردگار! میرے لئے جنت میں اپنے پاس مکان بنایئے، اور مجھ کو فرعون سے اور اس کے عمل سے بچایئے، اور مجھ کو تمام ظالم لوگوں سے بھی بچائے رکھئے“

اور نبی ﷺ نے فرمایا: ”مرد بہت باکمال ہوئے ہیں، اور عورتوں میں سے چند ہی باکمال ہوئی ہیں، جیسے فرعون کی بیوی آسیہؓ اور عمران کی لڑکی مریمؑ اور عائشہؓ کی فضیلت دوسری عورتوں پر ایسی ہے جیسے ثرید کی فضیلت دوسرے کھانوں پر“

تشریح: ثرید عربوں کے نزدیک بہترین کھانا ہے، روٹی کے ساتھ گوشت ملا کر پکایا جاتا ہے، اس میں غذائیت زیادہ ہوتی ہے اور وہ آسانی سے کھایا جاتا ہے، چبانے کی زحمت نہیں اٹھانی پڑتی، اسی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا میں بہت خوبیاں تھیں، وہ بلند اخلاق، شیریں کلام، فصیح گفتگو اور سنجیدہ رائے والی تھیں، اس لئے ان کا مقام حضرت آسیہ و مریم رضی اللہ عنہما سے بلند ہے۔

[٣٢-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِيْنَ﴾

[٣٤١١-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيْرٌ، وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا آسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ، وَمَرْيَمُ ابْنَةُ عِمْرَانَ، وَإِنَّ فَضْلَ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ"[انظر: ٣٤٣٣، ٣٧٦٩، ٥٤١٨]

بَابٌ: قَوْلُهُ: ﴿إِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسَى﴾

نا ہنجار قارون کا تذکرہ

یہ باب بھی موسیٰ علیہ السلام کے تذکرہ کا جزء ہے، سورۃ القصص آیات ۷۶-۸۲ میں قارون کا ذکر آیا ہے، یہ موسیٰ علیہ السلام کی برادری کا آدمی تھا، مگر نا ہنجار تھا، لوگوں کے مقابلہ میں تکبر کرنے لگا، اللہ تعالیٰ نے اس کو اتنے خزانے دیئے تھے کہ کئی زور آور آدمیوں کو ان کی کنجیاں گراں بار کر دیتی تھیں، یعنی ان سے بہ تکلف اٹھتی تھیں، اور جب کنجیاں اتنی تھیں تو خزانے کتنے ہونگے اس کا اندازہ کون کر سکتا ہے، اس کے تذکرہ میں چند الفاظ آئے ہیں، ان کے معانی حضرت امام بخاری رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں:

۱- ﴿لَتَنُوْءُ بِالْعُصْبَةِ أُوْلِي الْقُوَّةِ﴾: نَاءَ (ن) نَوْءً ا بحمله: اپنے بوجھ سامان کو مشکل سے لے کر اٹھنا، اور أولی القوۃ کے معنی ہیں: زور آور، طاقت ور، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مردوں کی ایک جماعت مشکل سے اس کے خزانوں کی چابیاں لے کر کھڑی ہوتی تھی۔

۲- قارون کی قوم نے اس کو سمجھایا: ﴿لَاتَفْرَحْ إِنَّ اللّٰهَ لَايُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ﴾: اپنے خزانوں پر مت اترا، اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتے، اللہ کی نعمت پر خوش ہونا جائز ہے مگر اترانا جائز نہیں، پس فرحین کے معنی ہیں: مَرِحین: گھمنڈ کرنے والا، اپنی بڑائی جتانے والا۔

۳- پھر جب قارون اس کی دولت کے ساتھ زمین میں دھنسایا گیا تو جن مؤمنین نے اس کی دولت پر رال ٹپکائی تھی

انھوں نے کہا: ﴿وَیْکَأَنَّ اللّٰہَ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَیَقْدِرُ﴾: بس جی یوں معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں زیادہ روزی دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں کم روزی دیتے ہیں، اس آیت کے معنی یہ ہیں کہ رزق کی کشادگی اور تنگی کے لئے کوئی ضابطہ نہیں، یہ اللہ کی مشیت پر موقوف ہے جس کو چاہیں وسیع رزق عطا فرمائیں اور جس کو چاہیں کم رزق دیں۔ سورۃ الرعد آیت ۲۶ میں ہے: ﴿اللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَشَاءُ وَیَقْدِرُ﴾: اللہ جس کے لئے چاہتے ہیں روزی میں وسعت کرتے ہیں اور جس کے لئے چاہتے ہیں روزی میں تنگی کرتے ہیں، قرآن وحدیث میں بس اتنی ہی بات آئی ہے، کشادگی اور تنگی کا کوئی ضابطہ بیان نہیں کیا، اور علماء نے لکھا ہے کہ رزق میں وسعت اور تنگی سے مقصود امتحان ہے، کسی کا امتحان اللہ تعالیٰ رزق میں کشادگی کر کے لیتے ہیں اور کسی کا رزق میں تنگی کر کے، پس جو جس حال میں ہے اس میں سنبھل کر چلے، تا کہ امتحان میں کامیاب ہو۔

فائدہ: وَیْ کلمۂ تعجب ہے یا کلمۂ زجر وتوبیخ، اور اس میں لام بڑھا کر وَیْلُ (ہلاکت) بھی کہتے ہیں اور کبھی اس کے بعد کاف خطاب لگا کر ویك بھی بولتے ہیں، اور کبھی لام اور کاف کو جمع کر کے ویلك بھی بولتے ہیں، یعنی تیرا برا ہو، تیرا ناس ہو، یہ تو نے کیا کیا، غرض وَیْ تعجب یا معمولی زجر کے لئے ہے، اور کأن حرف مشبہ بالفعل ہے۔

[۳۳-] بَابُ: قَوْلُهُ: ﴿إِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسَى﴾ الآيَة

[۱-] ﴿لَتَنُوْءُ﴾: لَتُثْقِلُ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿أُوْلِي الْقُوَّةِ﴾: لاَيَرْفَعُهَا الْعُصْبَةُ مِنَ الرِّجَالِ. [۲-] يُقَالُ: ﴿الْفَرِحِيْنَ﴾: الْمَرِحِيْنَ. [۳-] ﴿وَيْكَأَنَّ اللّٰهَ﴾ مِثْلُ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ ﴿يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ﴾: يُوَسِّعُ عَلَيْهِ وَيُضَيِّقُ.

الحمد للہ! تحفۃ القاری کی چھٹی جلد پوری ہوئی، ساتویں جلد ان شاء اللہ کتاب الأنبیاء [۳٤] باب قولِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا﴾ سے شروع ہوگی۔



(باقی کتاب الانبیاء)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا﴾

حضرت شعیب علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت شعیب علیہ السلام کا زمانہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد ہے، سورۃ الاعراف اور سورہ ہود میں آپ کا مفصل تذکرہ ہے، آپ کی بعثت مدین کی طرف ہوئی تھی، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام مدین تھا، جو قطورا بیوی سے پیدا ہوا تھا، ان کی نسل آگے چل کر ایک بڑا قبیلہ بن گئی، شعیب علیہ السلام اس قبیلہ کے ایک فرد تھے، اس قبیلہ کے شہر کا نام بھی مدین یا مدیان تھا۔

مدین کا قبیلہ بحر قلزم کے مشرقی کنارے اور عرب کے مغرب شمال میں ایسی جگہ آباد تھا جو شام کے متصل حجاز کا آخری حصہ کہا جاسکتا ہے، اور حجاز والوں کو شام، فلسطین بلکہ مصر تک جانے میں اس کے کھنڈر راہ میں پڑتے تھے، اور جو تبوک کے بالمقابل واقع تھا (قصص القرآن ۱:۳۴۴، بحوالہ معجم البلدان ۵:۴۱۸)

حضرت شعیب علیہ السلام کی بعثت ایکہ کی طرف بھی ہوئی تھی، ایکہ کے لفظی معنی ہیں: سرسبز وشاداب، جھاڑی اور بَن، بعض حضرات کی رائے ہے کہ مدین شہری اور متمدن لوگ تھے اور ایکہ والے دیہاتی اور بدوی تھے، جو جنگل اور بَن میں رہتے تھے، جیسے دیوبند کی اصل دیوی بَن ہے، یہاں کالی دیوی کا مندر بہت قدیم زمانہ سے ہے، یہاں کوئی آبادی نہیں تھی، بَن اور جنگل تھا اس لئے دیوی بن (کالی دیوی کا جنگل) کہلاتا تھا، پھر دیوی کی یا حذف ہوگئی اور آخر میں اس کے عوض دال لگ گئی: 'دیوبند' ہوگیا۔ اور دوسری رائے یہ ہے کہ یہ دونوں نام ایک ہی قبیلہ کے ہیں، شہر اور آبائی نسبت سے مدین کہا جاتا ہے اور محل وقوع سرسبز وشاداب تھا اس لئے اصحاب ایکہ کہلاتے ہیں۔

۱- سورۃ الاعراف آیت ۸۵، سورہ ہود آیت ۸۴ اور سورہ عنکبوت آیت ۳۶ میں ہے: ﴿وَإِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا﴾: اور ہم نے مدین کی طرف ان کے برادر شعیبؑ کو بھیجا، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس میں مجاز بالحذف ہے، لفظ أهل پوشیدہ ہے، أي إلى أهل مدين۔ یہ اس تقدیر پر ہے کہ مدین شہر کا نام ہے، جیسے سورہ یوسف آیت ۸۲ میں ہے: ﴿وَسْئَلِ الْقَرْيَةَ﴾: یہاں بھی أهل پوشیدہ ہے، اور اسی آیت میں ﴿وَالْعِيْرَ﴾ ہے، یہاں بھی أهل پوشیدہ ہے یعنی گاؤں

والوں سے پوچھیں، قافلہ کے لوگوں سے پوچھیں، لیکن اگر مدین قبیلہ کا نام ہے تو کچھ پوشیدہ نہیں۔

۲-سورہ ہود آیت ۹۲ میں ہے: ﴿وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاءَ كُمْ ظِهْرِيًّا﴾: اور بنایا تم نے اللہ کو اپنی پیٹھ کے پیچھے ڈالا ہوا، ظِهْرِيٌّ: ظَهْر کی طرف منسوب ہے، اور ظا کا کسرہ نسبت کے تغیرات میں سے ہے (زمخشری) جیسے أمس کی طرف نسبت کرتے ہیں تو اِمِسِيٌّ کہتے ہیں، جو چیز پیٹھ پیچھے ڈال کر بھلادی جائے وہ ظِهْری کہلاتی ہے، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اللہ کو ظهری بنانے کا مطلب یہ ہے کہ تم اللہ کی طرف التفات نہیں کرتے، اسی طرح اگر کسی کی ضرورت نظر انداز کردی جائے تو حاجت مند کہتا ہے: ظَهَرْتَ حَاجَتِیْ: آپ نے میری حاجت پیٹھ پیچھے ڈال دی، اور جَعَلْتَنِیْ ظِهْرِيًّا: آپ نے مجھے پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا کردیا۔ اور ظهری کے دوسرے ضعیف معنی ہیں: کسی چیز سے مدد مانگنا، مثلاً آپ اپنے ساتھ کوئی چوپایہ لے چلیں یا کوئی برتن لے چلیں اور اس سے مدد لیں تو اس چوپایہ اور برتن کو بھی ظِهری کہیں گے، آیت کریمہ میں یہ معنی نہیں، اور اسْتَظْهَرَ به کے معنی ہیں: مدد مانگنا۔

۳-سورہ ہود آیت ۹۳ میں ہے: ﴿وَيَا قَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ إِنِّیْ عَامِلٌ﴾: اے میری قوم! تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو، میں بھی عمل کررہا ہوں، مکانة اور مکان کے ایک معنی ہیں: اپنی جگہ، اپنی حالت۔

۴-سورۃ الاعراف آیت ۹۲ میں ہے: ﴿الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَأَنْ لَمْ يَغْنَوْا فِيْهَا﴾: جن لوگوں نے شعیبؑ کی تکذیب کی وہ گویا اپنے گھروں میں بسے ہی نہیں۔

۵-سورۃ المائدہ آیت ۲۶ میں ہے: ﴿فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ﴾: پس آپ اس بے حکم قوم کا کچھ غم نہ کیجئے، أَسِیَ (س) علیه وله: أَسًا: رنجیدہ ہونا، غم کرنا، اور سورۃ الاعراف آیت ۹۳ میں ہے: ﴿فَكَيْفَ آسٰى عَلٰى قَوْمٍ كَافِرِيْنَ﴾: پس میں ان کافروں کا غم کیوں کروں؟

۶-سورہ ہود آیت ۸۷ میں ہے: ﴿إِنَّكَ لَأَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ﴾: واقعی آپ بڑے عقلمند دین پر چلنے والے ہیں، الحلیم الرشید تمسخر کے طور پر کہا ہے، بددین دین داروں کو اسی طرح مخاطب کرتے ہیں۔

۷-سورۃ الشعراء آیت ۱۷۶ ہے: ﴿كَذَّبَ أَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ﴾: اصحاب الأیکہ نے پیغمبروں کو جھٹلایا، بعض قراء نے اس کو لَيْكَة بروزن لَيْلَة پڑھا ہے، مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دونوں ایک ہیں۔

۸-سورۃ الشعراء آیت ۱۸۹ میں ہے: ﴿فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ﴾: پھر ان کو سائبان کے دن کے عذاب نے پکڑا، ظلة کے معنی ہیں: سائبان، حاشیہ میں لکھا ہے کہ سخت گرمی پڑی، پھر بادل چھایا، لوگ بادل کے نیچے جمع ہوئے تو بادل میں سے آگ برسی، یہی عذاب کا ان پر سایہ فگن ہونا ہے۔

نوٹ: حضرت شعیب علیہ السلام کے سلسلہ میں کوئی صحیح حدیث نہیں ہے، اس لئے صرف مفردات جمع کرکے آیات کی طرف اشارہ کیا ہے۔

[۳۴-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا﴾

[۱-] إِلٰى أَهْلِ مَدْيَنَ، لِأَنَّ مَدْيَنَ بَلَدٌ، وَمِثْلُهُ ﴿وَاسْأَلِ الْقَرْيَةَ﴾ وَاسْأَلِ ﴿الْعِيرَ﴾ يَعْنِيْ أَهْلَ الْقَرْيَةِ وَأَهْلَ الْعِيْرِ. [۲-] ﴿وَرَاءَ كُمْ ظِهْرِيًّا﴾: لَمْ يَلْتَفِتُوْا إِلَيْهِ، وَيُقَالُ إِذَا لَمْ تَقْضِ حَاجَتَهُ: ظَهَرْتَ حَاجَتِيْ، وَجَعَلْتَنِيْ ظِهْرِيًّا، وَالظِّهْرِيُّ: أَنْ تَأْخُذَ مَعَكَ دَابَّةً أَوْ وِعَاءً تَسْتَظْهِرُ بِهِ. [۳-] مَكَانَتُكُمْ وَمَكَانُهُمْ وَاحِدٌ. [۴-] ﴿يَغْنَوْا﴾: يَعِيْشُوْا. [۵-] ﴿تَأْسَ﴾: تَحْزَنُ، ﴿آسٰى﴾ أَحْزَنُ. [۶-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿إِنَّكَ لَأَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ﴾ يَسْتَهْزِئُوْنَ بِهِ. [۷-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: لَيْكَةُ: الْأَيْكَةُ. [۸-] ﴿يَوْمِ الظُّلَّةِ﴾: إِظْلَالُ الْعَذَابِ عَلَيْهِمْ.

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ﴾

حضرت یونس علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت یونس علیہ السلام کا لقب ذوالنون اور صاحب الحوت (مچھلی والا) ہے، آپ کے والد کا نام متّٰی ہے اور یہ خیال غلط ہے کہ یہ آپ کی والدہ کا نام ہے، باب کی روایت میں صراحت ہے: نَسَبَهُ إِلٰى أَبِيْهِ یعنی متّٰی والد کا نام ہے، اور یونسؑ کے زمانہ کی تعیین مشکل ہے، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کا تذکرہ شعیب اور داؤد علیہما السلام کے درمیان میں کیا ہے۔

آپ عراق کے مشہور مقام نینوی کے باشندوں کی ہدایت کے لئے مبعوث کئے گئے تھے، نینوی عاشوری حکومت کا پایۂ تخت اور موصل کے علاقہ کا مشہور شہر تھا، قرآنِ کریم میں اس شہر کی مردم شماری ایک لاکھ سے زائد بتائی گئی ہے۔

۱- سورۃ الصافات آیات ۱۳۹-۱۴۸ میں ہے: ﴿وَإِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ○ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ○ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ○ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ○ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهِ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ○ فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ○ وَأَنْبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِنْ يَّقْطِيْنٍ ○ وَأَرْسَلْنَاهُ إِلٰى مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيْدُوْنَ ○ فَآمَنُوْا فَمَتَّعْنَاهُمْ إِلٰى حِيْنٍ﴾: اور بیشک یونسؑ پیغمبروں میں سے تھے، جب وہ بھاگ کر بھری ہوئی کشتی کے پاس پہنچے، پھر وہ قرعہ اندازی میں شریک ہوئے، پس وہی ملزم ٹھہرے، پھر ان کو مچھلی نے نگل لیا، اور وہ خود کو ملامت کر رہے تھے، پس اگر وہ تسبیح پڑھنے والوں میں سے نہ ہوتے تو قیامت تک اس کے پیٹ میں رہتے، یعنی پیٹ سے نکلنا نصیب نہ ہوتا، سو ہم نے ان کو ایک میدان میں ڈال دیا اور وہ اس وقت بیمار تھے، اور ہم نے ان پر ایک بیل دار درخت اگا دیا، اور ہم نے ان کو ایک لاکھ یا اس سے زیادہ لوگوں کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا، پھر وہ لوگ ایمان لے آئے، پس ہم نے ان کو ایک زمانہ تک پنپنے کا موقع دیا۔

مُلِيْم: اسم فاعل واحد مذکر، اللہ کا گناہ کرنے والا، اللہ کی اجازت سے پہلے اپنی قوم میں سے ہجرت کر کے چل دیئے، یہ اللہ کا گناہ ہے، إِلَامَة: مصدر: ایسا کام کرنے والا جس پر ملامت کی جائے، مستحقِ ملامت......... المشحون: اسم مفعول

واحد مذکر، شَحْن: مصدر، بھرنا، الموقّر: بوجھل، وَقَّرَ أُذنُه: کان کا بوجھل ہونا............عَرَاءٌ: چٹیل میدان جس میں گھاس نہ ہو، وہ وسیع میدان جہاں اوٹ نہ ہو، وہ کھلی جگہ جس میں درخت وغیرہ نہ ہوں، خالی جگہ............يَقْطِين: بغیر تنے کی ہر بیل جیسے کدو وغیرہ کی بیل۔

تفسیر: حضرت یونس علیہ السلام ایک عرصہ تک نینوی والوں کو توحید کی دعوت دیتے رہے، مگر انھوں نے آپ کی بات پر کان نہ دھرا، اور سرکشی کے ساتھ کفر وشرک پر اصرار کرتے رہے، پس آپ نے ان کو عذابِ الٰہی کی خبر دی، اور آپ قوم سے غضب ناک ہو کر وحی کا انتظار کئے بغیر چل دیئے، فرات کے کنارے پہنچے تو ایک کشتی مسافروں سے بھری کھڑی تھی، آپ اس میں سوار ہوگئے، کشتی نے لنگر اٹھایا، راہ میں طوفانی ہواؤں نے کشتی کو آ گھیرا، جب کشتی ڈگمگانے لگی اور کشتی والوں کو ڈوبنے کا یقین ہوگیا تو وہ اپنے عقیدہ کے مطابق کہنے لگے: ''ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کشتی میں کوئی غلام اپنے آقا سے بھاگا ہوا ہے، جب تک اس کو کشتی سے جدا نہیں کیا جائے گا نجات مشکل ہے'' یونس علیہ السلام کو تنبہ ہوا کہ میں وحی کا انتظار کئے بغیر نینوی سے چلا آیا ہوں، یہ اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں آیا، انھوں نے کشتی والوں سے کہا: وہ غلام میں ہوں جو اپنے آقا سے بھاگا ہے، مجھے دریا میں پھینک دو، کشتی والے ان کی پاک بازی جانتے تھے، انھوں نے ایسا کرنے سے انکار کردیا، اور آپس میں طے کیا کہ قرعہ اندازی کی جائے، چنانچہ تین مرتبہ قرعہ ڈالا گیا، ہر بار یونس علیہ السلام کا نام نکلا، تب مجبور ہوکر انھوں نے یونس علیہ السلام کو دریا میں ڈال دیا، پانی میں ایک بڑی مچھلی تیار تھی، اس نے آپ کو سالم نگل لیا، جب آپ مچھلی کے پیٹ میں محبوس ہوگئے تو دعا کی: ﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ﴾: آپ کے سواء کوئی معبود نہیں، آپ کی ذات پاک ہے، بیشک میں اپنے نفس پر ظلم کرنے والا ہوں، مچھلی کو حکم ہوا اس نے ساحل پر آپ کو اگل دیا، مچھلی کے پیٹ کی گرمی سے آپ کا جسم ایسا ہوگیا تھا جیسا کسی پرندہ کے پیدا شدہ بچہ کا ہوتا ہے، جس کا جسم بے حد نرم ہوتا ہے، جسم پر بال تک نہیں ہوتے، پھر اللہ تعالیٰ نے ایک بیل اگا دی، جو تیزی سے ان کے جسم پر چھا گئی، مگر جسم سے لگی نہیں، تا کہ جسم مکھیوں سے محفوظ رہے، اس طرح آہستہ آہستہ آپ کے جسم میں طاقت آ گئی، پھر آپ کو حکم دیا گیا کہ نینوی واپس جائیں، ادھر نینوی والے جب یونس علیہ السلام بستی سے چلے گئے اور بددعا کے کچھ آثار ظاہر ہوئے تو انہیں یقین ہوگیا کہ یونس علیہ السلام نے صحیح خبر دی تھی، اور اسی لئے وہ بستی سے جدا ہوگئے ہیں، چنانچہ بادشاہ سے لے کر رعایا تک سب ایک میدان میں جمع ہوئے اور بارگاہِ الٰہی میں گریہ وزاری کی اور اقرار کیا کہ آپ کے پیغمبر یونسؑ جو دعوت لے کر ہمارے پاس آئے تھے ہم اس کی تصدیق کرتے ہیں اور اس پر ایمان لاتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول کی اور ان کو عذاب سے محفوظ کردیا، پھر جب یونس علیہ السلام بحکم الٰہی نینوی واپس آئے تو قوم نے بے حد خوشی کا اظہار کیا اور ان کی راہنمائی میں دین ودنیا کی کامرانی حاصل کی۔

(ماخوذ از قصص القرآن)

۲- سورۃ القلم آیت ۴۸ میں ہے: ﴿فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ، إِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ﴾:

پس آپؐ اپنے پروردگار کے حکم کا انتظار کیجئے یعنی ابھی مکہ میں رہئے، ہجرت نہ کیجئے، اور مچھلی والے پیغمبر کی طرح نہ ہوجئے، جب انھوں نے دعا کی درانحالیکہ وہ غم سے گھٹ رہے تھے، **مکظوم**: اسم مفعول، واحد مذکر، **کظم**: مصدر باب ضرب: غم آنکیں، غم کی وجہ سے دم گھٹا ہوا، **کظیم**: بروزن فعیل بمعنی مفعول۔

[۳۵-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ﴾

[۱-] إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَهُوَ مُلِيْمٌ﴾ قَالَ مُجَاهِدٌ: مُذْنِبٌ. ﴿الْمَشْحُوْنِ﴾: الْمُوْقَرُ، ﴿فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ﴾ الآيَةَ. ﴿فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ﴾ بِوَجْهِ الْأَرْضِ ﴿وَهُوَ سَقِيْمٌ وَأَنْبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِنْ يَقْطِيْنٍ﴾ مِنْ غَيْرِ ذَاتِ أَصْلٍ: الدُّبَّاءُ وَنَحْوُهُ ﴿وَأَرْسَلْنَاهُ إِلٰى مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيْدُوْنَ. فَآمَنُوْا فَمَتَّعْنَاهُمْ إِلٰى حِيْنٍ﴾

[۲-] ﴿وَلَاتَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ، إِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ﴾: كَظِيْمٌ وَهُوَ مَغْمُوْمٌ.

اور باب کی سب حدیثیں پہلے آچکی ہیں، اور سب ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں، (تیسری حدیث) بازار میں ایک یہودی سامان بیچ رہا تھا، مشتری اس کو جو قیمت دینا چاہتا ہے وہ اس کو پسند نہیں تھی، اس نے کہا: **لا، والذی اصطفی موسیٰ علی البشر**: نہیں، اس ذات کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو تمام انسانوں پر برگزیدگی بخشی! ایک انصاری نے اس کی قسم سنی وہ اٹھے اور اس کے منہ پر تھپڑ مارا، اور کہا: تو یہ بات کہتا ہے: اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو تمام انسانوں پر برگزیدگی بخشی، حالانکہ نبی ﷺ ہمارے درمیان موجود ہیں، یہودی خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا اور اس نے کہا: اے ابوالقاسم! میں ذمی ہوں، اسلامی حکومت کا شہری ہوں، پھر فلاں نے میرے منہ پر تھپڑ کیوں مارا؟ نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: تم نے اس کے منہ پر تھپڑ کیوں مارا؟ انھوں نے واقعہ بیان کیا، نبی ﷺ کو غصہ آیا، یہاں تک کہ رخِ انور سے وہ محسوس ہونے لگا اور آپؐ نے فرمایا: اللہ کے نبیوں کے درمیان اونچ نیچ مت کرو، اس لئے کہ قیامت کے دن صور پھونکا جائے گا، تمام مخلوقات بیہوش ہوجائیں گی، مگر جسے اللہ چاہیں، پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا، تو مجھے سب سے پہلے ہوش آئے گا، میں دیکھوں گا کہ موسیٰ علیہ السلام عرش پکڑے ہوئے ہیں، پس میں نہیں جانتا کہ طور کی بیہوشی کے ساتھ ادلا بدلا ہوگیا یا وہ مجھ سے پہلے ہوش میں آگئے، اسی واقعہ میں آپؐ نے فرمایا ہے: ''ہرگز نہ کہے تم میں سے کوئی کہ میں یعنی نبی ﷺ یونس علیہ السلام سے بہتر ہیں'' اور دوسری حدیث میں آپؐ نے یونس علیہ السلام کے باپ متّی کا بھی ذکر کیا ہے، اور تیسری حدیث میں ہے: ''میں نہیں کہتا کہ کوئی (نبی) یونس علیہ السلام سے افضل ہے''

تشریح: اس موقع پر نبی ﷺ نے حضرت یونس علیہ السلام کا تذکرہ اس لئے کیا کہ ان سے ہجرت کے معاملہ میں ذرا کوتاہی ہوگئی تھی، اور نبی ﷺ مکہ مکرمہ میں جمے رہے تھے، یہاں تک کہ دشمنوں نے قتل کرنے کے لئے مکان گھیر لیا، تب اجازت ملی اور آپؐ نے ہجرت فرمائی، پس ہجرت کے معاملہ میں حضرت یونس علیہ السلام سے ذرا کوتاہی ہوگئی، اس لئے آپؐ نے موازنہ نہ کیا کہ میں خود کو یونس علیہ السلام سے بہتر نہیں کہتا، کیونکہ وہ ان کی اجتہادی غلطی تھی، اور اجتہادی غلطی پر

مؤاخذہ نہیں ہوتا، اور قرآنِ کریم میں جوان کو ملیمٌ (گنہ گار) کہا گیا ہے، وہ 'میاں' کا بندے کے ساتھ معاملہ ہے، جیسے سورۂ طٰہٰ آیت ۱۲۱ میں آدم علیہ السلام کے حق میں فرمایا ہے: ﴿وَعَصٰی آدَمُ رَبَّهُ فَغَوىٰ﴾: اور آدمؑ نے اپنے رب کا قصور کیا، پس وہ غلطی میں پڑ گئے، حالانکہ آدم علیہ السلام سے بھی اجتہادی غلطی ہوئی تھی۔

[۳۴۱۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، ثَنِيْ الْأَعْمَشُ، ح: وَثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لاَ يَقُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ: إِنِّيْ خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ" زَادَ مُسَدَّدٌ: "يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى"[انظر: ۴۶۰۳، ۴۸۰۴]

[۳۴۱۳-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَا يَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ أَنْ يَقُوْلَ: إِنِّيْ خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى" وَنَسَبَهُ إِلٰى أَبِيْهِ.

[راجع: ۳۳۹۵]

[۳۴۱۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:" بَيْنَمَا يَهُوْدِيٌّ يَعْرِضُ سِلْعَتَهُ، أُعْطِيَ بِهَا شَيْئًا كَرِهَهُ، فَقَالَ: لاَ، وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُوْسَى عَلَى الْبَشَرِ! فَسَمِعَهُ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَامَ فَلَطَمَ وَجْهَهُ، وَقَالَ: تَقُوْلُ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُوْسَى عَلَى الْبَشَرِ! وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَظْهُرِنَا؟ فَذَهَبَ إِلَيْهِ فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ! إِنَّ لِيْ ذِمَّةً وَعَهْدًا، فَمَا بَالُ فُلاَنٍ لَطَمَ وَجْهِيْ؟ فَقَالَ:" لِمَ لَطَمْتَ وَجْهَهُ؟" فَذَكَرَهُ، فَغَضِبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى رُئِيَ فِيْ وَجْهِهِ، ثُمَّ قَالَ:" لاَ تُفَضِّلُوْا بَيْنَ أَنْبِيَاءِ اللّٰهِ، فَإِنَّهُ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَيَصْعَقُ مَنْ فِي السَّمٰوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ أُخْرَى، فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ بُعِثَ فَإِذَا مُوْسَى آخِذٌ بِالْعَرْشِ، فَلاَ أَدْرِيْ أَحُوْسِبَ بِصَعْقَتِهِ يَوْمَ الطُّوْرِ، أَمْ بُعِثَ قَبْلِيْ؟"[راجع: ۲۴۱۱]

[۳۴۱۵-] "وَلاَ أَقُوْلُ: إِنَّ أَحَدًا أَفْضَلُ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى"[انظر: ۳۴۱۶، ۴۶۰۴، ۴۶۳۱، ۴۸۰۵]

[۳۴۱۶-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لاَيَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ أَنْ يَقُوْلَ: أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى"[راجع: ۳۴۱۵]

بَابٌ: قَوْلُهُ: ﴿وَاسْأَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ، إِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ﴾

مچھلیوں کو الہام ہوا

یہ باب سوال مقدر کا جواب دینے کے لئے لائے ہیں، حضرت یونس علیہ السلام کے واقعہ میں ہے کہ ایک بڑی مچھلی تیار

کھڑی تھی، اس نے آپ کو سالم نگل لیا، اور کنارہ پر جا کر اگل دیا، یہاں سوال پیدا ہوگا کہ مچھلی نے یہ کام کیوں کیا؟ لقمہ کیوں نہیں بنایا؟ جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مچھلی کو یہ الہام کیا تھا، اور الہام مچھلیوں کو بھی ہوتا ہے، سورۃ الاعراف آیات ۱۶۳-۱۶۶ میں ایک واقعہ ہے: اللہ تعالیٰ نے یہود پر ہفتہ کے دن شکار کرنا حرام کیا، ایک بستی جو ساحل سمندر پر تھی اس کے باشندوں کی عادت نافرمانی کی تھی، اللہ کی طرف سے ان کی آزمائش اس طرح ہوئی کہ ہفتہ کے دن دریا میں مچھلیوں کی بے حد کثرت ہوتی تھی، جو سطح سمندر پر تیرتی تھیں، اور باقی دنوں میں غائب رہتی تھیں، اس بستی کے ماہی گیروں سے صبر نہ ہوسکا، حکم الٰہی کے خلاف حیلہ کرنے لگے، دریا کا پانی کاٹ لاتے، جب ہفتہ کے دن مچھلیاں ان کے حوض میں آجاتیں تو واپسی کا راستہ بند کردیتے، اور اگلے دن اتوار کو جا کر پکڑ لیتے، تاکہ ہفتہ کے دن شکار کرنا لازم نہ آئے، کچھ لوگوں نے ان کو اس حرکت سے روکا، اور کچھ لوگ خاموش رہے، پھر جب اللہ کا عذاب آیا تو حیلہ باز مسخ کر کے ذلیل بندر بنادیئے گئے، اور جن لوگوں نے ان کو فہمائش کی تھی وہ بچ گئے، اور جو لوگ خاموش رہے تھے ان کا تذکرہ قرآنِ کریم نے نہیں کیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ بھی عذاب سے بچ گئے۔ اس واقعہ سے یہ بتلانا مقصود ہے کہ بار کے دن مچھلیاں جو پانی پر تیرتی تھیں اور دوسرے دنوں میں غائب رہتی تھیں، وہ اللہ کے الہام سے ایسا کرتی تھیں۔

ان آیات میں یَعْدُوْنَ آیا ہے اس کے معنی ہیں: یَتَعَدَّوْنَ یعنی یَتَجَاوَزُوْنَ: حد سے آگے بڑھتے تھے، دوسرا لفظ شُرَّعًا آیا ہے، یہ شارِعٌ کی جمع ہے، پانی کے اوپر ظاہر ہونے والی، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ شوارع کیا ہے، یہ بھی شارع کی جمع ہے، اور تیسرا لفظ بئیس ہے، اس کے معنی ہیں: شدید، سخت۔

[۳۶-] بَابُ: قَوْلُهُ: ﴿وَاسْأَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ﴾

﴿إِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ﴾ يَتَعَدَّوْنَ: يَتَجَاوَزُوْنَ ﴿إِذْ تَأْتِيهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا﴾ شَوَارِعَ، ﴿وَيَوْمَ لَايَسْبِتُوْنَ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿خَاسِئِيْنَ﴾ ﴿بَئِيْسٌ﴾ شَدِيْدٌ.

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَآتَيْنَا دَاوُدَ زَبُوْرًا﴾

حضرت داؤد علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت داؤد علیہ السلام بنی اسرائیل کے جلیل القدر پیغمبر ہیں، قتل جالوت میں انھوں نے بے نظیر شجاعت کا مظاہرہ کیا تھا، چنانچہ طالوت کے بعد آپ ان کے قائم مقام اور بادشاہ بنے۔

۱- سورۃ النساء آیت ۱۶۳ میں ہے: ﴿وَآتَيْنَا دَاوُدَ زَبُوْرًا﴾: اور ہم نے داؤد کو زبور دی، زَبَرَ الكتابَ کے معنی ہیں: لکھنا، فالكتاب مزبورٌ وزَبُوْرٌ، زبور کی جمع زُبُر (بضمتين) ہے۔

۲-سورہ سبا آیت ۱۰و۱۱ ہیں: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلاً، يَا جِبَالُ أَوِّبِیْ مَعَهُ وَالطَّيْرُ، وَأَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ، أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا، إِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ﴾: اور ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے بڑی فضیلت دی، اے پہاڑو! داؤدؑ کے ساتھ تسبیح کرو، اور یہی حکم پرندوں کو بھی دیا اور ہم نے ان کے لئے لوہے کو نرم کر دیا (اور حکم دیا) آپ پوری زرہیں بنائیں، اور کڑیاں جوڑنے میں اندازہ رکھیں، اور سب لوگ نیک کام کریں، میں تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہوں، أَوِّبِیْ: امر کا صیغہ واحد مؤنث حاضر، تَأْوِيْب، مصدر، اس کے معنی ہیں: رجوع ہونا، آیت میں تسبیح کرنا مراد ہے، سورہ ص میں ہے: ﴿إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهُ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالإِشْرَاقِ﴾: ہم نے پہاڑوں کو داؤد کے تابع کر دیا، وہ ان کے ساتھ صبح وشام پاکی بیان کرتے تھے، یہ حضرت داؤد علیہ السلام کا معجزہ تھا، فضل سے یہی مراد ہے، آپ جب تسبیح میں مشغول ہوتے تھے تو پہاڑ اور پرند سب آپ کے ساتھ تسبیح کرتے تھے، اور سابغات کے معنی ہیں: وسیع، لمبے کرتے .... اور سرد کے معنی ہیں: میخیں اور کڑیاں .... اور قَدِّرْ کے معنی ہیں: زرہیں بناتے ہوئے کیلیں اندازہ سے لگائیں، کیلیں بہت باریک نہ ہوں، ورنہ مسلسل ہو جائیں گی اور بڑی بھی نہ ہوں، ورنہ ابھری رہیں گی اور ٹوٹ جائیں گی۔

۳-سورۃ البقرہ آیت ۲۵۰ میں ہے: ﴿قَالُوْ رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا﴾: ان لوگوں نے کہا: اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر ریڑھ یعنی اتار، نازل فرما۔

۴-سورۃ البقرہ آیت ۲۴۰ میں ہے: ﴿وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ﴾: اور اللہ نے طالوت کو علم اور جسامت میں زیادتی اور برتری بخشی، یعنی جسمانی اور روحانی نعمتوں سے سرفراز فرمایا (پچھلے دونوں لفظ داؤدؑ سے متعلق واقعات میں ہیں)

[۳۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَآتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا﴾

[۱-] الزُّبُرُ: الْكُتُبُ وَاحِدُهَا زَبُوْرٌ، وَزَبَرْتَ: كَتَبْتَ. [۲-] ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلاً يَاجِبَالُ أَوِّبِیْ مَعَهُ﴾ قَالَ مُجَاهِدٌ: سَبِّحِیْ مَعَهُ ﴿وَالطَّيْرَ وَأَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ، أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ﴾ الدُّرُوْعَ ﴿وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ﴾ الْمَسَامِيْرِ وَالْحَلَقِ، لاَتُدِقُّ الْمِسْمَارَ فَيَتَسَلْسَلُ وَلاَ تُعَظِّمْ فَيَفْصِمُ.[۳-] ﴿أَفْرِغْ﴾: أَنْزِلْ.[٤-] ﴿بَسْطَةً﴾: زِيَادَةً وَفَضْلاً.

[۳٤۱۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم: "خُفِّفَ عَلٰى دَاوٗدَ الْقُرْآنُ، فَكَانَ يَأْمُرُ بِدَوَابِّهِ فَتُسْرَجُ، فَيَقْرَأُ الْقُرْآنَ قَبْلَ أَنْ تُسْرَجَ دَوَابُّهُ، وَلاَ يَأْكُلُ إِلاَّ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ" رَوَاهُ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ صَفْوَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۲۰۷۳]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: داؤد علیہ السلام کے لئے اللہ کی کتاب پڑھنا آسان کر دیا گیا تھا، وہ اپنے چوپایوں کے

بارے میں حکم دیتے، ان پر زین کسی جاتی، پس آپ اللہ کی کتاب پڑھ لیتے، اس سے پہلے کہ ان پر زین کسی جائے، اور آپ نہیں کھاتے تھے مگر اپنے ہاتھوں کی کمائی سے۔

تشریح: اس حدیث میں داؤد علیہ السلام کے بارے میں دو باتیں بیان کی گئی ہیں:

پہلی بات: حضرت داؤد علیہ السلام کو جب لشکر کے ساتھ کہیں جانا ہوتا تو وہ حکم دیتے کہ سواریاں تیار کی جائیں، ان پر زینیں کسی جائیں، پھر آپ زبور کی تلاوت شروع کرتے، ابھی سواریاں تیار نہیں ہوتی تھیں کہ آپ پوری زبور پڑھ لیتے تھے، زبور اللہ کی دوسری کتابوں کی بہ نسبت چھوٹی کتاب ہے، وہ تورات کا ضمیمہ ہے، اور اس میں زیادہ تر حمد وثنا ہے، اور جس طرح زمین میں قبض وبسط ہوتا ہے، روحانی احوال اور زمانہ میں بھی قبض وبسط ہوتا ہے، حدیث میں اس بندہ کا قصہ آیا ہے جس نے سو قتل کئے تھے، پھر توبہ کر کے ارض مقدسہ کی طرف چلا تھا، راستہ میں موت کا وقت آگیا، پس رحمت کے فرشتے اور عذاب کے فرشتے روح قبض کرنے کے لئے آئے، دونوں روح قبض کرنا چاہتے تھے، رحمت کے فرشتوں کی دلیل یہ تھی کہ وہ ہجرت کر کے پاک سرزمین کی طرف جا رہا ہے، اور عذاب کے فرشتوں کی دلیل یہ تھی کہ وہ ابھی پاک زمین تک نہیں پہنچا، پھر اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ بھیجا جو انسانی شکل میں آیا، دونوں جماعتوں نے اس کے سامنے مسئلہ رکھا، اس نے فیصلہ کیا کہ زمین کی پیمائش کی جائے، جدھر زمین کم ہو وہ فرشتے اس کی روح قبض کریں، پیمائش شروع ہوئی، اللہ نے ارض مقدسہ کی جانب کی زمین کو حکم دیا کہ وہ سکڑ جائے، اور ناپاک زمین کی جانب کو حکم دیا کہ وہ پھیل جائے، اور خود اس بندہ نے بھی ارض مقدسہ کی طرف گھسٹنا شروع کیا، پیمائش کی تو وہ ایک بالشت ارض مقدسہ سے نزدیک پایا گیا، چنانچہ رحمت کے فرشتوں نے اس کی روح قبض کی، یہ زمین کا قبض وبسط ہے، اور سالکین کے احوال میں جو قبض وبسط آتا ہے وہ روحانی قبض وبسط ہوتا ہے، اسی طرح زمانہ میں بھی قبض وبسط ہوتا ہے، تھوڑے وقت میں بہت کام ہو جائے تو یہ بسط ہے اور کافی وقت میں کچھ بھی کام نہ ہو یہ قبض ہے۔ حدیث میں ہے کہ قیامت کے قریب زمانہ سکیڑ دیا جائے گا (یتقارب الزمان) یہ چیز اگر نبی کے ہاتھ سے ظاہر ہو تو معجزہ ہے اور ولی کے ہاتھ سے ظاہر ہو تو کرامت ہے، داؤد علیہ السلام پیغمبر تھے، ان کے لئے زمانہ میں بسط کر دیا جاتا تھا، وہ تھوڑی دیر میں زبور پڑھ لیتے تھے۔

ملحوظہ: اس حدیث میں دَوَابّ: جمع ہے، مراد آپ کی اور آپ کے ساتھیوں کی سواریاں ہیں، صرف آپ کی سواری مراد نہیں، اور موسیٰ بن عقبہؒ کی روایت میں دابة مفرد ہے، اس کو جمع کی طرف لوٹائیں گے، عام طور پر یہ حدیث مفرد لفظ سے بیان کی جاتی ہے یعنی آپ اپنی سواری پر زین باندھنے کا حکم دیتے تھے، یہ صحیح نہیں۔

دوسری بات: داؤد علیہ السلام بادشاہ تھے، مگر حکومت سے تنخواہ نہیں لیتے تھے، اپنا گذارہ اپنی کاری گری کی آمدنی سے کرتے تھے، حضرت لوہے کے کرتے بناتے تھے، جو جنگ میں استعمال کئے جاتے تھے، ان کو فروخت کر کے ان کی آمدنی سے گذارہ کرتے تھے، جیسے عالمگیر رحمہ اللہ حکومت سے تنخواہ نہیں لیتے تھے، قرآنِ کریم لکھتے تھے اور اس کے ہدیہ سے گذارہ

کرتے تھے، یہ عمل قابل تقلید ہے، مگر ہر بوالہوس کے لئے دار ورسن کہاں!

اس کے بعد کی دو حدیثیں پہلے آچکی ہیں، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما ہمیشہ نفل روزے رکھتے تھے، اور رات بھر نفلیں پڑھتے تھے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سمجھا کر ان کا وظیفہ کم کیا، اور فرمایا: ایک دن روزہ رکھو اور ایک دن روزہ مت رکھو، داؤد علیہ السلام اس طرح نفل روزے رکھتے تھے، اور نفل روزے رکھنے کا یہ بہترین طریقہ ہے، حضرت عبداللہؓ نے عرض کیا: میں اس سے افضل (بہتر) روزے رکھ سکتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: اس سے بہتر کوئی روزہ نہیں۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ داؤد علیہ السلام کی جب دشمن سے مڈبھیڑ ہوتی تھی تو وہ بھاگتے نہیں تھے، اس میں اشارہ ہے کہ صوم داؤدی سے کمزوری نہیں آتی، اور مسلسل روزے رکھنے سے آدمی کمزور ہوجاتا ہے۔ هَجَمَتِ الْعَيْنُ: آنکھیں دھنس جانا یا نگاہ کا کمزور ہوجانا.......... نَفِهَتِ النَّفْسُ: نفس کا کمزور ہوجانا، تھک جانا اور سست پڑ جانا۔

[۳٤۱۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، أَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ أَخْبَرَهُ وَأَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: أُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنِّىْ أَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَأَصُوْمَنَّ النَّهَارَ وَلَأَقُوْمَنَّ اللَّيْلَ مَا عِشْتُ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنْتَ الَّذِىْ تَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَأَصُوْمَنَّ النَّهَارَ وَلَأَقُوْمَنَّ اللَّيْلَ مَا عِشْتُ؟" قُلْتُ: قَدْ قُلْتُهُ، قَالَ: "إِنَّكَ لَاتَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ، فَصُمْ وَأَفْطِرْ، وَقُمْ وَنَمْ، وَصُمْ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَإِنَّ الْحَسَنَةَ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، وَذٰلِكَ مِثْلُ صِيَامِ الدَّهْرِ" فَقُلْتُ: إِنِّىْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَصُمْ يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمَيْنِ" فَقُلْتُ: إِنِّىْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَصُمْ يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمًا، وَذٰلِكَ صِيَامُ دَاوُدَ، وَهُوَ أَعْدَلُ الصِّيَامِ" فَقُلْتُ: إِنِّىْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "لَا أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ"[راجع: ۱۱۳۱]

[۳٤۱۹-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا مِسْعَرٌ، ثَنَا حَبِيْبُ بْنُ أَبِىْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِى الْعَبَّاسِ الشَّاعِرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ لِىَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "أَلَمْ أُنَبَّأْ أَنَّكَ تَقُوْمُ اللَّيْلَ وَتَصُوْمُ النَّهَارَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "فَإِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ هَجَمَتِ الْعَيْنُ وَنَفِهَتِ النَّفْسُ، صُمْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَذٰلِكَ صَوْمُ الدَّهْرِ أَوْ: كَصَوْمِ الدَّهْرِ" قُلْتُ: إِنِّىْ أَجِدُبِىْ- قَالَ مِسْعَرٌ: يَعْنِىْ قُوَّةً - قَالَ: "فَصُمْ صَوْمَ دَاوُدَ، وَكَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا، وَلَا يَفِرُّ إِذَا لَاقَىْ"[راجع: ۱۱۳۱]

بَابٌ

داؤد علیہ السلام کے سلسلہ کا دوسرا باب

اس باب میں داؤد علیہ السلام کے نفل روزوں کا اور رات میں نفلیں پڑھنے کا معمول بیان کیا ہے، اور یہ باب مستملّی

اور کُشْمیھنی کے نسخوں میں ہے، دوسرے نسخوں میں نہیں ہے، اور باب کی حدیث گذشتہ باب میں شامل ہے، اور یہی نسخہ صحیح ہیں، اور باب کی عبارت کے آخر میں ہے: قال عليٌّ: وهو قول عائشة: اس کا مطلب یہ ہے: علی بن المدینیؒ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک دوسری روایت میں جو آیا ہے: ما ألفاه السَّحَرُ عندی إلا نائما: نہیں پایا نبی ﷺ کو رات کے آخری حصہ نے میرے پاس مگر سویا ہوا، اس کا مطلب یہ ہے کہ جب نبی ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر ہوتے تو ہمیشہ سحری کے وقت سوتے تھے، کیونکہ داؤد علیہ السلام کا یہی معمول تھا، نبی ﷺ ان کی پیروی کرتے تھے۔

[۳۸-] بَابٌ

أَحَبُّ الصَّلاَةِ إِلَى اللّٰهِ صَلاَةُ دَاوُدَ، وَأَحَبُّ الصِّيَامِ إِلَى اللّٰهِ صِيَامُ دَاوُدَ، وَكَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ، وَيَقُوْمُ ثُلُثَهُ، وَيَنَامُ سُدُسَهُ، وَيَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا، قَالَ عَلِيٌّ، وَهُوَ قَوْلُ عَائِشَةَ: مَا أَلْفَاهُ السَّحَرُ عِنْدِىْ إِلَّا نَائِمًا.

[۳۴۲۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَحَبُّ الصِّيَامِ إِلَى اللّٰهِ صِيَامُ دَاوُدَ، وَكَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا، وَأَحَبُّ الصَّلاَةِ إِلَى اللّٰهِ صَلاَةُ دَاوُدَ، وَكَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ، وَيَقُوْمُ ثُلُثَهُ وَيَنَامُ سُدُسَهُ"[راجع: ۱۱۳۱]

بَابٌ

داؤد علیہ السلام کے سلسلہ کا تیسرا باب

۱- سورہ ص آیات ۱۷-۲۰ ہیں: ﴿وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُدَ ذَا الْأَيْدِ، إِنَّهُ أَوَّابٌ ○ إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهُ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ ○ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً، كُلٌّ لَّهُ أَوَّابٌ ○ وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ﴾:
ترجمہ: اور ہمارے بندے داؤد کو یاد کیجئے جو بڑی قوت (ہمت) والے (خدا کی طرف) رجوع ہونے والے تھے۔ (أَيْد: يَدٌ کی جمع: ہاتھ، اصل میں أَيْدِىْ تھا، تنوین کے باعث یا گرگئی، اور ہاتھ سے مراد ہمت ہے، یعنی ظاہری قوت مراد نہیں، باطنی قوت مراد ہے، اللہ کی طرف بہت رجوع ہونے والا باہمت ہی ہوتا ہے، أَوَّاب: مبالغہ کا صیغہ ہے أَوْب سے، جس کے معنی رجوع ہونے کے ہیں، تمام اقوال وافعال، حرکات وسکنات میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہونا اور اس کا مطیع وفرمانبردار ہونا مراد ہے) بیشک ہم نے پہاڑوں کو ان کے ساتھ مسخر کیا، تاکہ صبح وشام ان کے ساتھ تسبیح کریں، اور اسی طرح پرندوں کو بھی، جو تسبیح کے وقت ان کے پاس جمع ہوجاتے تھے، سب داؤد کی تسبیح کی وجہ سے مشغول ذکر رہتے تھے، اور ہم نے ان کی سلطنت

کو بڑی قوت دی، اور ہم نے ان کو حکمت اور فیصلہ کرنے والی تقریر عطا کی (حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے فصل الخطاب کا ترجمہ: 'فیصلہ کرنے کی سمجھ بوجھ' کیا ہے، مگر حضرت تھانوی قدس سرہ نے ''فیصلہ کرنے والی تقریر'' کیا ہے، فصل الخطاب (مرکب اضافی) درحقیقت مرکب توصیفی ہے، خطابٌ فصلٌ: ایسی واضح تقریر جو معاملہ کا دوٹوک فیصلہ کردے)

۲-سورہ ص آیات ۲۱-۲۳ ہیں: ﴿وَهَلْ أَتَاكَ نَبَؤُ الْخَصْمِ، إِذْ تَسَوَّرُ الْمِحْرَابَ ۝ إِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوُدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَاتَخَفْ، خَصْمَانِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَا إِلٰى سَوَاءِ الصِّرَاطِ ۝ إِنَّ هٰذَا أَخِيْ، لَهُ تِسْعٌ وَتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ، فَقَالَ أَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ﴾: ترجمہ: اور کیا آپ کو مقدمہ والوں کی خبر پہنچی ہے؟ جب وہ لوگ عبادت خانہ میں دیوار پھاند کر پہنچے، جب وہ داؤدؑ کے پاس آئے تو وہ ان کی وجہ سے گھبرا گئے، وہ لوگ کہنے لگے: آپ ڈریں نہیں، ہم اہل معاملہ ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے، پس آپ ہمارے درمیان انصاف سے فیصلہ کریں، اور بے انصافی نہ کریں، (تُشْطِطْ: مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، لاتُشْطِط: فعل نہی، إِشْطَاط: ظلم کرنا، حد سے بڑھنا، حضرت رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ لَاتُسْرِفْ: کیا ہے یعنی حد سے نہ بڑھیں، اور حاشیہ میں فراء کا قول لکھا ہے: ظلم نہ کریں، ناانصافی نہ کریں) اور ہم کو سیدھی راہ دکھائیں، بیشک یہ میرا بھائی ہے اس کے پاس ننانوے دُنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک دُنبی ہے (دُنبی یعنی مؤنث بھیڑ اور عورت کو بھی دنبی کہتے ہیں اور عورت کو شاۃٌ: بکری بھی کہتے ہیں) پس وہ کہتا ہے کہ وہ بھی مجھے دیدے اور بات چیت میں مجھ کو دباتا ہے (أَكْفِلْنِيْهَا: امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ن وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم، اور ھا ضمیر واحد مؤنث غائب، إِكْفَال: کفیل بنانا، ذمہ دار بنانا، مجرد كَفَلَ (ن) كَفْلاً الصَّغِيْرَ: بچہ کی پرورش کرنا، اور اس کے اخراجات کا ذمہ دار بننا، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: ملانا، یعنی اپنی ایک بکری کو میری بکریوں کے ساتھ ملادے، سورہ آل عمران آیت ۳۷ میں ہے: ﴿وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا﴾: اور زکریا علیہ السلام کو ان کا سرپرست بنایا یعنی مریم رضی اللہ عنہا کو حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنی پرورش میں لے لیا، اور اپنے ساتھ ملالیا، عَزَّنِيْ: اس نے مجھ پر دباؤ ڈالا، ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب، ن وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم، عِزٌّ سے جس کے معنی ہیں: زبردستی کرنا، دباؤ ڈالنا، حضرت رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: وہ جھگڑے میں مجھ سے زیادہ باعزت بن بیٹھا، أَعْزَزْتُه کے معنی ہیں: میں نے اس کو عزیز بنایا، اور خطاب کے معنی ہیں: بات چیت، محاورہ کے معنی ہیں: بات چیت) داؤدؑ نے کہا: یہ جو تیری دُنبی اپنی دُنبیوں کے ساتھ ملانے کی بات کہتا ہے تو وہ واقعی تجھ پر ظلم کرتا ہے اور اکثر شرکاء کی عادت ہے کہ وہ ایک دوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں (خُلَطَاءُ: خَلِيْطٌ کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: شریک) مگر ہاں جو لوگ ایمان دار ہیں، اور نیک کام کرتے ہیں (وہ مستثنیٰ ہیں) اور ایسے لوگ بہت تھوڑے ہیں، اور داؤد کو خیال آیا کہ ہم نے ان کا امتحان لیا (فتنّاہ کے معنی ہیں: اختبرناہُ: ہم نے ان کا امتحان کیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قراءت میں فَتَّنَّاه: تا کی تشدید کے ساتھ ہے، اس کے بھی یہی معنی ہیں) پس انھوں نے اپنے رب کے سامنے توبہ کی اور سجدہ میں گر پڑے اور رجوع ہوئے۔

تفسیر: ان آیات کی تفسیر میں مفسرین نے بہت لمبے چوڑے قصے بیان کئے ہیں، وہ سب اسرائیلی واقعات ہیں، ابن حزم نے الفِصَل میں ان قصوں کی تردید کی ہے، ان آیات کی صحیح تفسیر وہ ہے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ داؤد علیہ السلام کو یہ ابتلاء ایک طرح کے اعجاب کی بنا پر پیش آیا، صورت یہ ہوئی تھی کہ داؤد علیہ السلام نے اپنے احباب میں ذکر کیا کہ رات اور دن میں کوئی ساعت ایسی نہیں ہوتی جس میں داؤدؑ کے گھر کا کوئی نہ کوئی فرد اللہ کی عبادت میں مشغول نہیں ہوتا، انھوں نے شب وروز کے چوبیس گھنٹے اپنے گھر والوں پر تقسیم کررکھے تھے، ان کا عبادت خانہ کسی وقت عبادت سے خالی نہیں رہتا تھا، اللہ تعالیٰ کو داؤد علیہ السلام کا یہ بڑا بول پسند نہیں آیا، وحی آئی کہ یہ سب کچھ ہماری توفیق سے ہے، اگر ہماری مدد ہٹ جائے تو تم یہ نظام برقرار نہیں رکھ سکتے، داؤد علیہ السلام نے عرض کیا: اے پروردگار! مجھے اس دن کی خبر کردیں حضرت کے ذہن میں ہوگا کہ جو اپنی باری میں گڑبڑ کرے گا اس کے کان کھینچوں گا، اسی دن یہ واقعہ پیش آیا، آپ کی باری تھی، دوسرے لوگ سوئے ہوئے تھے، اچانک عبادت خانہ میں دیوار پھاند کر دو شخص آپہنچے، اور داؤد علیہ السلام کو اپنے مقدمہ میں مشغول کردیا، جب وہ لوگ چلے گئے تو آپ کو تنبہ ہوا کہ میں ہی نظام برقرار نہیں رکھ سکا (یہ روایت مستدرک حاکم میں ہے اور اس کی سند صحیح ہے)

[۳۹-] بَابٌ

[۱-] ﴿وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُدَ ذَا الْأَيْدِ إِنَّهُ أَوَّابٌ﴾ إِلَى: ﴿وَفَصْلَ الْخِطَابِ﴾: قَالَ مُجَاهِدٌ: الْفَهْمُ فِي الْقَضَاءِ. [۲-] ﴿وَلَا تُشْطِطْ﴾: وَلَا تُسْرِفْ ﴿وَاهْدِنَا إِلَى سَوَاءِ الصِّرَاطِ إِنَّ هٰذَا أَخِيْ لَهُ تِسْعٌ وَتِسْعُوْنَ نَعْجَةً﴾ يُقَالُ لِلْمَرْأَةِ: نَعْجَةٌ، وَيُقَالُ لَهَا أَيْضًا: شَاةٌ، ﴿وَلِيَ نَعْجَةٌ وَاحِدَةٌ فَقَالَ أَكْفِلْنِيْهَا﴾ مِثْلُ: ﴿وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا﴾ ضَمَّهَا ﴿وَعَزَّنِيْ﴾: غَلَبَنِيْ، صَارَ أَعَزَّ مِنِّيْ، أَعْزَزْتُهُ جَعَلْتُهُ عَزِيْزًا ﴿فِي الْخِطَابِ﴾ يُقَالُ: الْمُحَاوَرَةُ، ﴿لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَى نِعَاجِهِ وَإِنَّ كَثِيْرًا مِنَ الْخُلَطَاءِ﴾ الشُّرَكَاءِ ﴿فَتَنَّاهُ﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اخْتَبَرْنَاهُ. وَقَرَأَ عُمَرُ ﴿فَتَّنَّاهُ﴾ بِتَشْدِيْدِ التَّاءِ ﴿فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَخَرَّ رَاكِعًا وَأَنَابَ﴾

اس کے بعد دو حدیثیں ہیں، پہلی نئی ہے اور دوسری پہلے آچکی ہے۔

پہلی حدیث: مجاہد رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا: کیا ہم سورہ ص میں سجدہ کریں؟ حضرت ابن عباسؓ نے سورۃ الانعام کی آیات ۸۴-۹۰ پڑھیں، ان میں متعدد انبیائے کرام کا تذکرہ کرکے فرمایا ہے: ﴿أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾: یہ وہ حضرات ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت سے نوازا، پس آپ ان کی پیروی کریں، ابن عباسؓ نے فرمایا: نبی ﷺ کو حکم دیا گیا کہ ان انبیاء کی پیروی کریں، اور داؤد علیہ السلام نے سجدہ کیا ہے پس نبی ﷺ نے بھی یہاں سجدہ کیا اور آپؐ کی پیروی میں آپؐ کی امت کو بھی یہاں سجدہ کرنا چاہئے۔

تشریح: حاشیہ میں ایک اعتراض ہے کہ گذشتہ انبیاء کی پیروی دین کی بنیادی باتوں میں کی جاتی ہے، فروعی مسائل میں نہیں کی جاتی، کیونکہ شریعتیں مختلف ہیں، پھر دَفْعُھَا سے جواب دیا ہے کہ گذشتہ انبیاء کی شریعتیں بھی جن کا قرآن وحدیث میں تذکرہ ہے اگر کوئی مانع نہ ہوتو وہ بھی حجت ہیں۔

دوسری حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی رائے یہ ہے کہ سورہ ص کا سجدہ پختہ سجدوں میں سے نہیں ہے، یعنی واجب سجدہ نہیں ہے، اور ابن عباسؓ نے نبی ﷺ کو سورہ ص میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے (اس کی تفصیل باب ماجاء فی سجود القرآن میں گذر چکی ہے)

[۳۴۲۱-] حدثنا مُحَمَّدٌ، ثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعَوَّامَ بْنَ حَوْشَبٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَسْجُدُ فِيْ صٓ؟ فَقَرَأَ ﴿وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِ دَاوُدَ وَسُلَيْمَانَ﴾ حَتَّى أَتَى ﴿فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نَبِيُّكُمْ صلى الله عليه وسلم مِمَّنْ أُمِرَ أَنْ يَقْتَدِىَ بِهِمْ.[انظر: ۴۶۳۲، ۴۸۰۶، ۴۸۰۷]

[۳۴۲۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَيْسَ صٓ مِنْ عَزَائِمِ السُّجُوْدِ، وَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَسْجُدُ فِيْهَا.[راجع: ۱۰۶۹]

بَابُ قَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمَانَ، نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ﴾

حضرت سلیمان علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت سلیمان علیہ السلام: حضرت داؤد علیہ السلام کے والا تبار صاحبزادے ہیں، جب حضرت داؤد علیہ السلام کا انتقال ہوا تو اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام کو نبوت اور حکومت میں ان کا جانشیں بنایا، اس طرح فیضانِ نبوت کے ساتھ اسرائیلی حکومت بھی آپ کے قبضہ میں آئی۔

۱- سورہ ص آیت ۳۰ میں ہے: ﴿وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمَانَ، نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ﴾: اور ہم نے داؤدؑ کو سلیمانؑ عطا کیا، وہ بہت اچھے بندے تھے، بیشک وہ اللہ کی طرف بہت رجوع ہونے والے تھے۔

لغت: أَوَّاب: أَوْب سے مبالغہ کا صیغہ ہے، اس کے معنی ہیں: الراجع: اللہ کی طرف لوٹنے والا، المُنیب: اللہ کی طرف متوجہ ہونے والا۔

۲- سورہ ص آیت ۳۵ میں ہے: ﴿قَالَ رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَا يَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِيْ﴾: انھوں نے دعا کی: اے میرے رب! میری بخشش فرما، اور مجھے ایسی حکومت عطا فرما جو میرے بعد کسی کو بھی میسر نہ ہو، یہ دعا آپ نے ایک واقعہ کے بعد مانگی تھی، وہ واقعہ اس سے پہلی والی آیت میں مذکور ہے: ﴿وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَى كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ

أَنَابَ﴾: اور ہم نے سلیمان کا امتحان کیا اور ہم نے ان کے تخت پر ایک دھڑ ڈالا، پھر انھوں نے اللہ کی طرف رجوع کیا، اور تفسیر باب کی حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ سلیمان علیہ السلام لشکر پر ان کی کسی جہادی کوتاہی کی وجہ سے خفا ہوئے اور فرمایا: میں آج رات اپنی سب بیویوں سے قربت کروں گا، اور ان سے مجاہد پیدا ہونگے، میں ان کے ساتھ جہاد کرونگا، ان کے ساتھی نے کہا: ان شاء اللہ کہہ لیں، مگر آپ غصہ کی وجہ سے ان شاء اللہ نہیں کہہ سکے، چنانچہ صرف ایک عورت حاملہ ہوئی اور اس سے بھی ایک ناقص بچہ پیدا ہوا، جس کا آدھا دھڑ نہیں تھا، جب دائی نے وہ بچہ تختِ شاہی پر پیش کیا تو حضرت سلیمان علیہ السلام اللہ کی طرف متوجہ ہوئے، اور دعا کی کہ بغیر جہاد کے اپنی بخشش سے مجھے ایسا ملک عطا فرما جو کسی کو میسر نہ ہو۔

۳-سورۃ البقرہ آیت ۱۰۲ میں ہے: ﴿وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوْا الشَّيَاطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمَانَ، وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلٰكِنَّ الشَّيَاطِيْنَ كَفَرُوْا﴾: اور یہود نے ایسی چیز کا اتباع کیا جس کا شیاطین چرچا کیا کرتے تھے، سلیمانؑ کی سلطنت میں، اور سلیمان نے کفر نہیں کیا بلکہ شیاطین نے کفر کیا، یعنی یہود جو حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف سحر کی نسبت کرتے ہیں وہ غلط ہے، یہود میں جادو کا علم شیاطین نے پھیلایا ہے، سلیمان علیہ السلام کے عہدِ حکومت میں جب جنات کا انسانوں کے ساتھ اختلاط ہوا تو شیاطین نے یہ علم انسانوں کو سکھلایا۔

۴-سورہ سبا آیت ۱۲ و ۱۳ ہیں: ﴿وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ، وَأَسَلْنَا لَهُ عَيْنَ الْقِطْرِ، وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِإِذْنِ رَبِّهِ، وَمَنْ يَزِغْ مِنْهُمْ عَنْ أَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ○ يَعْمَلُوْنَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيَاتٍ، اِعْمَلُوْا آلَ دَاوٗدَ شُكْرًا، وَقَلِيْلٌ مِنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ﴾: ترجمہ: اور سلیمانؑ کے لئے ہوا کو مسخر کیا اس کی صبح کی منزل ایک مہینہ کی مسافت تھی، اور اس کی شام کی منزل ایک مہینہ کی تھی، یعنی اونٹ سوار ایک مہینہ میں جتنا سفر کرسکتا ہے ہوا آدھے دن میں وہاں تک لے جاتی تھی، اور ہم نے ان کے لئے تانبے/لوہے کا چشمہ بہادیا (إِسَالة: پگھال کر بہانا، کہتے ہیں: یمن میں تانبے کا سیال مادہ تھا، اس سے سلیمان علیہ السلام کو واقف کیا، انھوں نے کھود کر اس کا چشمہ نکالا۔ اور قِطر کے معنی لوہا اور تانبا دونوں کئے گئے ہیں) اور جنات میں سے بعض وہ تھے جو ان کے آگے کام کرتے تھے، ان کے رب کے حکم سے، اور جو ان میں سے ہمارے حکم سے سرتابی کرے گا، ہم اس کو دوزخ کا عذاب چکھائیں گے، یعنی جنات بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع کردیئے گئے، وہ جنات ان کے لئے بناتے تھے جو کچھ وہ چاہتے تھے، عمارتیں، مورتیاں اور حوض جیسے لگن، اور ایسی بڑی ڈیگیں جو ایک ہی جگہ جمی رہتی تھیں (محاریب: محراب کی جمع ہے، حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ: بُنیان کیا ہے، یعنی بڑے محل سے چھوٹی عمارتیں۔ اور جَواب: جابیة کی جمع ہے: بڑا حوض، جو اونٹوں کو پلانے کے لئے ہوتا ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کا ترجمہ کھڈا کیا ہے) اے داؤدؑ کے خاندان والو! تم نیک عمل کیا کرو، اللہ کی نعمتوں کے شکریہ کے طور پر، اور میرے بندوں میں شکر گذار کم ہی لوگ ہوتے ہیں۔

۵-سورہ سبا کی آیت ۱۴ ہے: ﴿فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَادَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهِ إِلَّا دَابَّةُ الْأَرْضِ تَأْكُلُ مِنْسَأَتَهُ، فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ أَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَالَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ﴾: ترجمہ: پھر جب ہم نے ان پر موت کا حکم جاری کیا تو کسی چیز نے ان کے مرنے کا پتہ نہیں بتلایا، مگر دیمک کے کیڑے نے جو ان کے عصا کو کھاتا تھا، پس جب وہ گر پڑے تو جنات کو حقیقت معلوم ہوگئی کہ اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو وہ اس ذلت کے عذاب میں مبتلا نہ رہتے (دابَّة الأرض: دیمک کا کیڑا، مِنْسأة: لاٹھی، حضرت سلیمان علیہ السلام موت کے قریب لاٹھی کو دونوں ہاتھ سے پکڑ کر اور ٹھوڑی کے نیچے دبا کر تخت شاہی پر بیٹھ گئے، اور اسی حالت میں روح قبض ہوگئی، کہتے ہیں اس طرح سال بھر بیٹھے رہے، اور جنات آپ کو بیٹھا ہوا دیکھ کر زندہ سمجھتے رہے، اور بدستور کام میں لگے رہے)

۶-سورہ ص آیات ۳۱-۴۰ ہیں: ﴿إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ ۝ فَقَالَ إِنِّيْ أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ، حَتَّى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۝ رُدُّوْهَا عَلَيَّ، فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْأَعْنَاقِ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ ۝ قَالَ رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِيْ، إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ ۝ وَالشَّيَاطِيْنَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَّغَوَّاصٍ ۝ وَّآخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْأَصْفَادِ ۝ هٰذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ أَوْأَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ وَإِنَّ لَهُ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَآبٍ﴾: ترجمہ: یاد کیجئے جب شام کے وقت سلیمانؑ کے روبرو اصیل اور عمدہ گھوڑے پیش کئے گئے تو انھوں نے کہا: بیشک میں مال (گھوڑوں) سے محبت کرتا ہوں میرے پروردگار کی یاد کی وجہ سے، یہاں تک کہ گھوڑے اوٹ میں (اصطبل میں) چلے گئے (حکم دیا) گھوڑوں کو میرے سامنے واپس لاؤ، پس انھوں نے ان کی یال اور پنڈلیوں پر ہاتھ پھیرنا شروع کیا اور البتہ واقعہ یہ ہے کہ ہم نے سلیمانؑ کو آزمایا، اور ہم نے ان کے تخت پر ایک دھڑ ڈالا، پھر وہ اللہ کی طرف رجوع ہوئے، اور دعا کی: اے میرے پروردگار! میرا قصور معاف کیجئے اور مجھے ایسی سلطنت عنایت فرمائیے جو کسی کو میسر نہ ہو، بیشک آپ بہت بڑے دینے والے ہیں، سو ہم نے ہوا کو ان کے تابع کر دیا، جو ان کے حکم سے نرمی سے چلتی تھی، جہاں وہ جانا چاہتے تھے، اور جنات کو بھی ان کے تابع کر دیا، ہر عمارت چننے والے کو اور ہر غوطہ خور کو اور دوسرے جنات کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے، یہ ہمارا عطیہ ہے، پس خواہ کسی کو دیں یا نہ دیں، تم سے کچھ دارو گیر نہیں ہوگی، اور ان کے لئے ہمارے یہاں خاص قرب اور نیک انجامی ہے۔

تفسیر: عن ذکر ربی میں عن بمعنی من ہے، اور من اجلیہ ہے.........طَفِقَ مَسْحًا کے معنی ہیں: گھوڑوں کی یال اور ان کی پنڈلیوں پر ہاتھ پھیرنا شروع کیا.........اور أصفاد کے معنی ہیں: بیڑیاں.........وثاق: وثیقة کی جمع ہے: بندھن ....اور صافنات کے معنی ہیں: اصیل، اعلی قسم کے گھوڑے، صَفَن الفرسُ: گھوڑے نے اپنا ایک ہاتھ اٹھایا اور صرف کُھر زمین پر رکھا، اصیل گھوڑے اسی طرح کھڑے ہوتے ہیں.........اور تورات کی ضمیر کا مرجع الصافنات ہے......... اور الجیاد کے معنی ہیں: تیز رفتار، السِّراع: تیز رفتار.........جَسَدًا: دھڑ سے مراد شیطان ہے، اس کی تفصیل بعد میں ہے

.........رُخاء کے معنی ہیں: نرمی سے چلنے والی، عمدہ ہوا.........حیث أصاب: جہاں سلیمان علیہ السلام جانا چاہتے ....اُمْنُنْ: احسان کریں آپ، دیں آپ.........بغیر حساب: آپ پر کچھ داروگیر نہیں ہوگی۔

فائدہ: قدیم زمانہ سے جسد کی ایک تفسیر چلی آرہی ہے حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے، اور وہ تفسیر یہ ہے کہ کچھ عرصہ کے لئے ایک شیطان نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی حکومت پر قبضہ کرلیا تھا، اور اس سلسلہ میں کتب تفاسیر میں اسرائیلیات سے ماخوذ لغو روایات مروی ہیں، ہم نے اوپر باب کی روایت کی روشنی میں جسد کا مصداق ناتمام بچہ کو قرار دیا ہے، یہی صحیح ہے۔

[٤٠-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمَانَ، نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ﴾

[١-] الرَّاجِعُ: الْمُنِيْبُ. [٢-] وَقَوْلُهُ: ﴿وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَايَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِيْ﴾ [٣-] وَقَوْلُهُ: ﴿وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوْا الشَّيَاطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمَانَ﴾[البقرة:١٠٢] [٤-] وَقَوْلُهُ: ﴿وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ، وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ، وَأَسَلْنَا لَهُ﴾: أَذَبْنَا لَهُ ﴿عَيْنَ الْقِطْرِ﴾ الْحَدِيْدِ ﴿وَمِنَ الْجِنَّ مَنْ يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِإِذْنِ رَبِّهِ وَمَنْ يَزِغْ مِنْهُمْ عَنْ أَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ، يَعْمَلُوْنَ لَهُ مَايَشَاءُ مِنْ مَحَارِيْبَ﴾ قَالَ مُجَاهِدٌ: بُنْيَانٌ مَا دُوْنَ الْقُصُوْرِ ﴿وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ﴾ كَحِيَاضِ الإِبِلِ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَالْجَوْبَةِ مِنَ الْأَرْضِ ﴿وَقُدُوْرٍ رَاسِيَاتٍ اعْمَلُوْا آلَ دَاوُدَ شُكْرًا وَقَلِيْلٌ مِنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرَ﴾[٥-] ﴿إِلَّا دَابَّةُ الْأَرْضِ﴾: الْأَرَضَةُ، ﴿تَأْكُلُ مِنْسَأَتَهُ﴾: عَصَاهُ ﴿فَلَمَّا خَرَّ﴾ إِلٰى ﴿فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ﴾ [٦-] ﴿حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ فَطَفِقَ مَسْحًا﴾ يَمْسَحُ أَعْرَافَ الْخَيْلِ وَعَرَاقِيْبَهَا. ﴿الْأَصْفَادِ﴾: الْوَثَاقُ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿الصَّافِنَاتُ﴾: صَفَنَ الْفَرَسُ: رَفَعَ إِحْدَى رِجْلَيْهِ حَتَّى تَكُوْنَ عَلٰى طَرَفِ الْحَافِرِ. ﴿الْجِيَادُ﴾: السِّرَاعُ. ﴿جَسَدًا﴾: شَيْطَانًا. ﴿رُخَاءً﴾: طَيِّبَةً. ﴿حَيْثُ أَصَابَ﴾: حَيْثُ شَاءَ. ﴿فَامْنُنْ﴾: أَعْطِ. ﴿بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾: بِغَيْرِ حَرَجٍ.

[٣٤٢٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ عِفْرِيْتًا مِنَ الْجِنَّ تَفَلَّتَ الْبَارِحَةَ لِيَقْطَعَ عَلَيَّ صَلَاتِيْ فَأَمْكَنَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُ فَأَخَذْتُهُ فَأَرَدْتُ أَنْ أَرْبُطَهُ عَلٰى سَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ حَتَّى تَنْظُرُوْا إِلَيْهِ كُلُّكُمْ، فَذَكَرْتُ دَعْوَةَ أَخِيْ سُلَيْمَانَ﴿ رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَايَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِيْ﴾ فَرَدَدْتُهُ خَاسِئًا"

[راجع: ٤٦١]

عِفْرِيْتٌ: مُتَمَرِّدٌ مِنْ إِنْسٍ أَوْ جَانٍّ، مِثْلُ زِبْنِيَةٍ جَمَاعَتُهُ زَبَانِيَةٌ.

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے: ایک رات تہجد کے وقت ایک دیوہیکل جنّ (بھوت) نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کرنا چاہا، تا کہ وہ آپؐ کی نماز خراب کرے، اللہ نے آپؐ کو اس پر قدرت دیدی، آپؐ نے اس کو پکڑ لیا، اور فرمایا: میں نے چاہا کہ اس کو مسجد کے کسی ستون سے باندھ دوں تا کہ تم سب اس کو دیکھو، پھر مجھے اپنے بھائی سلیمان علیہ السلام کی دعا یاد آئی: اے اللہ! مجھے ایسی حکومت عطا فرما جو میرے بعد کسی کو میسر نہ آئے (پس اگر آپؐ اس کو باندھ دیتے تو گویا آپؐ کی بھی جنات پر حکومت ہوگئی) اس لئے میں نے اس کو دھتکار دیا (یہ بھوت بلّی کی شکل میں آیا تھا)

فائدہ: اس حدیث میں لفظ عفریت ہے اور حاشیہ میں قسطلانی کے حوالے سے ہے کہ ایک روایت میں عِفْرِيَة (بھوتنی) ہے، جیسے زِبْنِيَة کی جمع زَبَانِيَة ہے، یہ لفظ سورہ علق کے آخر میں آیا ہے، جس سے مراد جہنم کی پولیس ہے، اور عِفْرِيَة کی جمع عَفَارِيَة آئے گی، ہر سرکش کو عفریت کہتے ہیں، خواہ وہ انسان ہو یا جنّ۔

[٣٤٢٤-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ: لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى سَبْعِيْنَ امْرَأَةً، تَحْمِلُ كُلُّ امْرَأَةٍ فَارِسًا، يُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ! فَلَمْ يَقُلْ، فَلَمْ تَحْمِلْ شَيْئًا إِلَّا وَاحِدًا سَاقِطًا أَحَدَ شِقَّيْهِ" فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَوْقَالَهَا لَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" قَالَ شُعَيْبٌ وَابْنُ أَبِي الزِّنَادِ:" تِسْعِيْنَ" وَهُوَ أَصَحُّ.

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے، اور اسی کی روشنی میں آیت کریمہ میں جو جَسَدًا: دھڑ آیا ہے اس کی تفسیر کی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے جو اس کی تفسیر شیطان سے کی ہے وہ ٹھیک نہیں، وہ اسرائیلی روایات پر مبنی ہے، اور اس روایت میں سلیمان علیہ السلام کی ستر بیویوں کا ذکر ہے، دوسری روایت میں نوے کا ذکر ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو اصح کہا ہے، اور نسائی کی روایت میں سو کا عدد ہے، اور ایک روایت میں ساٹھ ہے اور ایک روایت میں سو یا ننانوے میں شک ہے، یہ سب روایات بخاری میں ہیں، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اس کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے۔

[٣٤٢٥-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، أَنَا أَبِيْ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، أَنَا إِبْرَاهِيْمُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ مَسْجِدٍ وُضِعَ أَوَّلًا؟ قَالَ:" الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ" قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: "ثُمَّ الْمَسْجِدُ الْأَقْصٰى" قُلْتُ: كَمْ كَانَ بَيْنَهُمَا؟ قَالَ:" أَرْبَعُوْنَ" ثُمَّ حَيْثُمَا أَدْرَكَتْكَ الصَّلَاةُ فَصَلِّ، وَالْأَرْضُ لَكَ مَسْجِدٌ"[راجع:٣٣٦٦]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مسجدِ حرام اور مسجدِ اقصیٰ کی بنیاد رکھی ہے، درمیانی

مدت چالیس سال ہے، پھر اس کی تعمیر حضرت داؤد علیہ السلام نے شروع کی، اور تکمیل سلیمان علیہ السلام نے کی، اس مناسبت سے یہ حدیث لائے ہیں۔

[٣٤٢٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، أَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:" مَثَلِيْ وَمَثَلُ النَّاسِ كَمَثَلِ رَجُلٍ يَسْتَوْقِدُ نَارًا، فَجَعَلَ الْفَرَاشُ وَهٰذِهِ الدَّوَّابُ تَقَعُ فِي النَّارِ"

[٣٤٢٧-] قَالَ: وَكَانَتِ امْرَأَتَانِ مَعَهُمَا ابْنَاهُمَا، جَاءَ الذِّئْبُ فَذَهَبَ بِابْنِ إِحْدَاهُمَا، فَقَالَتْ صَاحِبَتُهَا: إِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ، وَقَالَتِ الْأُخْرَى: إِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ، فَتَحَاكَمَتَا إِلٰى دَاوُدَ، فَقَضَى بِهِ لِلْكُبْرَى، فَخَرَجَتَا عَلٰى سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ فَأَخْبَرَتَاهُ، فَقَالَ: ائْتُوْنِيْ بِالسِّكِّيْنِ أَشُقُّهُ بَيْنَهُمَا، فَقَالَتِ الصُّغْرَى: لَا تَفْعَلْ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ! هُوَ ابْنُهَا، فَقَضَى بِهِ لِلصُّغْرَى" قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَاللّٰهِ إِنْ سَمِعْتُ بِالسِّكِّيْنِ إِلَّا يَوْمَئِذٍ وَمَا كُنَّا نَقُوْلُ إِلَّا: الْمُدْيَةُ. [انظر: ٦٧٦٩]

وضاحت: یہ دونوں حدیثیں ایک ہیں، ترقیم کے لئے دو بنائی گئی ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: میرا اور لوگوں کا حال اس شخص جیسا ہے جس نے کوئی آگ جلائی، پس پتنگے اور یہ جانور آگ میں گرنے لگے (حدیث کا یہ جزء اس باب میں مقصود نہیں) پھر نبی ﷺ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے بچپن کا ایک واقعہ ذکر کیا کہ دو عورتیں جا رہی تھیں، ان کے ساتھ ان کے بیٹے تھے، راستہ میں بھیڑیا آیا اور ایک کا بیٹا اچک لے گیا، پھر دونوں عورتوں میں جھگڑا ہوا ہر ایک کہتی تھی کہ تیرا بیٹا لے گیا، یہ جھگڑا داؤد علیہ السلام کی کورٹ میں آیا، انھوں نے مقدمہ کی کاروائی کے بعد بڑی کے لئے فیصلہ کیا، جب وہ دونوں کورٹ سے نکلیں تو راستہ میں سلیمان علیہ السلام سے ملاقات ہوئی، دونوں نے ان کو واقعہ بتلایا، سلیمان علیہ السلام نے کہا: اگر تم دونوں راضی ہو تو میں اس سے بہتر فیصلہ کروں، وہ دونوں راضی ہوگئیں، آپ نے فرمایا: چھری لاؤ، میں لڑکے کو کاٹ کر آدھا آدھا دونوں کو دیتا ہوں، چھوٹی یہ سن کر گھبرا گئی، اس نے کہا: آپ ایسا نہ کریں، اللہ آپ پر مہربانی فرمائیں! یہ لڑکا بڑی کا ہے، پس سلیمان علیہ السلام نے اس لڑکے کا چھوٹی کے لئے فیصلہ کیا، سورۃ الانبیاء آیت ۸۹ میں ہے: ﴿فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمَانَ﴾: پس ہم نے اس فیصلہ کی سمجھ سلیمانؑ کو دی، اس آیت میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

فائدہ: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: چھری کے لئے سکین لفظ آج ہی ہم نے سنا، پہلے ہم چھری کو مُدْيَة کہتے تھے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَظِيْمٌ﴾

حضرت لقمان رحمہ اللہ کا تذکرہ

حاشیہ میں فتح الباری کے حوالہ سے ایک ضعیف قول یہ لکھا ہے کہ حضرت لقمان نبی تھے، اور تفسیر بیضاوی کے حوالہ سے

لکھا ہے کہ جمہور کے نزدیک وہ دانشمند تھے، نبی نہیں تھے، چونکہ ایک قول ان کے نبی ہونے کا تھا، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے کتاب الأنبیاء میں ان کا تذکرہ کیا۔

قرآنِ کریم میں ایک سورت ان کے نام سے موسوم ہے، اور ملک چین میں ان کی پیروی کرنے والی ایک امت موجود ہے، اور عمدۃ القاری میں ہے: اتَّفَقَ الْعُلَمَاءُ: أَنَّهُ كَانَ حَكِيْمًا وَلَمْ يَكُنْ نَبِيًّا، إِلَّا عِكْرِمَةَ، فَإِنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ أَنَّهُ كَانَ نَبِيًّا: صرف عکرمہ رحمہ اللہ ان کو نبی مانتے ہیں، باقی علماء کا اتفاق ہے کہ وہ دانشمند تھے نبی نہیں تھے۔

حضرت لقمان رحمہ اللہ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا زمانہ پایا ہے اور ان سے علم بھی حاصل کیا ہے۔

۱- سورہ لقمان آیت ۱۲ و ۱۳ ہیں: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ، وَمَنْ يَّشْكُرْ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ، وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ○ وَإِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَابُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ، إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾: ترجمہ: اور ہم نے لقمانؒ کو دانشمندی عطا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ کا شکر بجالایا کرو، اور جو شخص شکر کرتا ہے وہ اپنے ذاتی نفع کے لئے شکر کرتا ہے، یعنی شکر سے نعمت میں ترقی ہوتی ہے، اور آخرت میں ثواب ملتا ہے، اور جو ناشکری کرے گا تو اللہ تعالیٰ بے نیاز خوبیوں والے ہیں، ان کا کچھ نقصان نہ ہوگا، اور یاد کرو جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا: بیٹا! اللہ کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہرانا، بیشک شرک بڑا بھاری گناہ ہے (ظلم کی حقیقت ہے: کوئی چیز غیر محل میں رکھنا، اور شرک غیر معبود کی عبادت کا نام ہے، جبکہ عبادت معبود ہی کا حق ہے، پس وہ بہت بڑا گناہ ہے)

تفسیر: یہ جو فرمایا: ہم نے لقمان کو دانشمندی عطا فرمائی: اس میں اشارہ ہے کہ حضرت لقمان نبی نہیں تھے، اس لئے کہ نبوت کا مقام حکمت سے بلند ہے، پس اشرف نعمت کا تذکرہ چھوڑ دینا اور کمتر نعمت کا تذکرہ کرنا قرینِ عقل نہیں، اور یہ استدلال ایسا ہے جیسا امام اعظم رحمہ اللہ نے سورۃ النحل کی آیت ۸ سے کیا ہے: ﴿وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً﴾: اور گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا کئے تاکہ تم ان پر سواری کرو، اور وہ زینت ہیں، امام اعظم رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر گھوڑا حلال ہوتا تو اس کا ذکر سب سے پہلے کیا جاتا۔

۲- سورہ لقمان آیات ۱۶-۱۸ ہیں: ﴿يَابُنَيَّ إِنَّهَا إِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْفِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللّٰهُ، إِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ○ يَابُنَيَّ أَقِمِ الصَّلٰوةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا أَصَابَكَ، إِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ ○ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا، إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ﴾: ترجمہ: بیٹا! اگر کوئی عمل رائی کے دانہ کے برابر ہو، پھر وہ کسی پتھر کے اندر ہو یا وہ آسمانوں کے اندر ہو یا وہ زمین کے اندر ہو تو بھی اس کو اللہ تعالیٰ حاضر کریں گے، بیشک اللہ تعالیٰ بڑے باریک بیں بڑے باخبر ہیں۔ بیٹا! نماز پڑھا کرو اور اچھے کاموں کی نصیحت کیا کرو، اور برے کاموں سے منع کیا کرو، اور تم پر جو مصیبت آئے اس پر صبر کیا کرو، یہ ہمت کے کاموں میں سے ہیں، اور لوگوں سے اپنا رخ مت پھیر اور زمین پر اترا کر مت چل، بیشک اللہ تعالیٰ

کسی تکبر کرنے والے، فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتے۔

لغت: تُصَعِّرْ: مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، لَاتُصَعِّرْ: فعل نہی، تصعیر: مصدر، صَعَّرَ خَدَّہ: غرور وتکبر سے رخسار کو ٹیڑھا کرنا، رخ پھیرنا۔

پھر باب میں دو حدیثیں ہیں جو پہلے گذر چکی ہیں، جب سورۃ الانعام کی آیت ۸۲ نازل ہوئی: ﴿الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْا إِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُوْلٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُوْنَ﴾: جو لوگ ایمان لائے، اور اپنے ایمان کو ظلم (شرک) کے ساتھ مخلوط نہیں کیا، انہی کے لئے چین ہے، اور وہی راہ یاب ہیں، پس صحابہ نے پوچھا: ہر شخص کچھ نہ کچھ حق تلفی کرتا ہے، پھر چین اور ہدایت کس کو نصیب ہوگی؟ نبی ﷺ نے فرمایا: اس آیت میں ظلم اس معنی میں نہیں ہے بلکہ شرک مراد ہے اور آپؐ نے حوالہ میں حضرت لقمانؒ کا قول پیش کیا، انھوں نے اپنے بیٹے سے نصیحت کرتے ہوئے کہا تھا: بیٹے! اللہ کے ساتھ شریک مت کر، بیشک شرک بہت بڑا ظلم (گناہ) ہے۔

[۴۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَلَقَدْ آتَیْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَظِیْمٌ﴾

﴿یَابُنَیَّ إِنَّهَا إِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ﴾ إِلٰى ﴿فَخُوْرٍ﴾ ﴿تُصَعِّرْ﴾ الإِعْرَاضُ بِالْوَجْهِ.

[۳۴۲۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِیْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ ﴿الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْا إِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ قَالَ أَصْحَابُ النَّبِیِّ صلى الله علیه وسلم: أَیُّنَا لَمْ یَلْبِسْ إِیْمَانَهُ بِظُلْمٍ؟ فَنَزَلَتْ ﴿لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ﴾ [راجع: ۳۲]

[۳۴۲۹-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا عِیْسَى بْنُ یُوْنُسَ، ثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ ﴿الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْا إِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ شَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِیْنَ، فَقَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَأَیُّنَا لَا یَظْلِمُ نَفْسَهُ؟ فَقَالَ: "لَیْسَ ذٰلِكَ إِنَّمَا هُوَ الشِّرْكُ، أَلَمْ تَسْمَعُوْا مَا قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ یَعِظُهُ ﴿یَابُنَیَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ﴾ [راجع: ۳۲]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْیَةِ إِذْ جَاءَ هَا الْمُرْسَلُوْنَ﴾

تین بے نام رسولوں کا تذکرہ

یٰسٓ شریف میں ایک بستی کا ذکر ہے، جن کی طرف پہلے دو رسول بھیجے گئے، پھر تیسرے رسول کے ذریعہ ان کو تقویت پہنچائی گئی، ارشاد پاک ہے: ﴿وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْیَةِ، إِذْ جَاءَ هَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَیْهِمُ اثْنَیْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْا إِنَّا إِلَیْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ﴾: اور آپؐ لوگوں کے سامنے ایک بستی والوں کا قصہ بطور مثال بیان

کریں، جب اس بستی میں رسول آئے، جب ہم نے ان کے پاس دو کو بھیجا، لوگوں نے دونوں کو جھٹلایا، پھر تیسرے رسول سے ہم نے تقویت پہنچائی، پس ان تینوں نے کہا: ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ ان آیات میں کس بستی کا ذکر ہے؟ اور اس کی طرف کون رسول بھیجے گئے تھے؟ یہ بات معلوم نہیں، تفسیروں میں لکھا ہے کہ وہ شہر انطاکیہ تھا، اور وہاں عیسیٰ علیہ السلام کے صحابہ پہنچے تھے۔ واللہ اعلم۔ مجاہد رحمہ اللہ نے عَزَّزْنَا کے معنی شَدَّدْنا کئے ہیں، یعنی مضبوط کیا ہم نے، قوی کیا ہم نے، پھر آیت ۱۹ میں لفظ طائر آیا ہے، جس کے معنی ہیں: نحوست اور مصیبت، گاؤں والوں نے رسولوں سے کہا: ہم تم کو منحوس سمجھتے ہیں، رسولوں نے کہا: تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے، یعنی تم پر جو مصیبتیں آئی ہیں وہ تمہارے اعمال کا نتیجہ ہے، وہ ہماری وجہ سے نہیں آئیں۔

[۴۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلاً أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ إِذْ جَاءَ هَا الْمُرْسَلُوْنَ﴾
قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿فَعَزَّزْنَا﴾: شَدَّدْنَا، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿طَائِرُكُمْ﴾: مَصَائِبُكُمْ.

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا﴾

حضرت زکریا علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت زکریا علیہ السلام: حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کی ذریت سے ہیں، آپ جلیل القدر پیغمبر ہیں، حضرت یحییٰ علیہ السلام کے والد ہیں، سورۂ مریم میں آپ کا ذکر تفصیل سے آیا ہے۔

۱- سورہ مریم آیات ۲-۷ ہیں: ﴿ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا ۝ إِذْ نَادٰى رَبَّهُ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّىْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّىْ وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا وَّلَمْ أَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَإِنِّىْ خِفْتُ الْمَوَالِىَ مِنْ وَّرَآءِ ىْ وَكَانَتِ امْرَأَتِىْ عَاقِرًا فَهَبْ لِىْ مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوْبَ، وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝ يَازَكَرِيَّا إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيٰى، لَمْ نَجْعَلْ لَهُ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا﴾: ترجمہ: یہ تذکرہ ہے آپ کے پروردگار کے مہربانی فرمانے کا، اپنے بندے زکریا پر، جب انھوں نے اپنے پروردگار کو پوشیدہ طور پر پکارا، عرض کیا: اے میرے پروردگار! میری ہڈیاں بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہوگئی ہیں اور سر میں بالوں کی سفیدی پھیل گئی ہے، اور آج سے پہلے کبھی میں آپ سے مانگ کرنا کام نہیں رہا، اور مجھے اپنے بعد اپنے رشتہ داروں کا اندیشہ ہے، اور میری بیوی بانجھ ہے، پس آپ مجھ کو خاص اپنے پاس سے ایک ایسا وارث بخشیں جو میرا وارث بنے، اور میرے دادا یعقوبؑ کے خاندان کا وارث بنے، اور اے میرے پروردگار! آپ اس کو پسندیدہ بنائیں، اے زکریا! ہم تمہیں ایک لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہے، قبل ازیں ہم نے کسی کو اس کا ہم صفت نہیں بنایا۔

لغات: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سَمِیًّا کا ترجمہ مِثْلاً کیا ہے، یعنی ان کا مماثل (ہم صفت) نہیں بنایا ....اور رَضِیٌّ: فَعِیل کے وزن پر مَرْضِیٌّ (پسندیدہ) کے معنی میں ہے۔

۲- پھر آیات ۸-۱۰ ہیں: ﴿قَالَ رَبِّ أَنّٰی یَکُوْنُ لِیْ غُلَامٌ، وَکَانَتِ امْرَأَتِیْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْکِبَرِ عِتِیًّا ○ قَالَ کَذٰلِکَ، قَالَ رَبُّکَ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ، وَقَدْ خَلَقْتُکَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَکُ شَیْئًا ○ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّیْ آیَةً، قَالَ آیَتُکَ أَلَّا تُکَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَیَالٍ سَوِیًّا﴾: ترجمہ: زکریا نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! میرے اولاد کس طرح ہوگی، جبکہ میری بیوی بانجھ ہے اور میں بڑھاپے کے انتہاء کو پہنچ چکا ہوں؟ ارشاد ہوا: یونہی ہوگی، آپ کے رب نے فرمایا ہے کہ یہ بات میرے لئے آسان ہے، اور میں نے آپ کو پیدا کیا جبکہ آپ کچھ بھی نہیں تھے، زکریا علیہ السلام نے عرض کیا: اے میرے رب! میرے لئے کوئی علامت مقرر فرمادیجئے، ارشاد ہوا: تمہاری علامت یہ ہے کہ تم تین رات دن لوگوں سے بات نہ کرسکو درانحالیکہ تم تندرست ہوؤ۔

لغات: عِتِیٌّ: عَتَی یَعْتُوْ کا مصدر ہے، راغب نے اس کے معنی لکھے ہیں: پیری کی اس حالت تک پہنچ جانا کہ اصلاح کی کوئی سبیل نہ رہے............اور سَوِیٌّ کے معنی صَحِیْحٌ (تندرست) ہیں............اور عَاقِر: مذکر ومؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

۳- پھر آیات ۱۱-۱۵ ہیں: ﴿فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَأَوْحٰی إِلَیْهِمْ أَنْ سَبِّحُوْا بُکْرَةً وَّعَشِیًّا ○ یٰیَحْیٰی خُذِ الْکِتَابَ بِقُوَّةٍ، وَآتَیْنَاهُ الْحُکْمَ صَبِیًّا ○ وَحَنَانًا مِنْ لَدُنَّا وَزَکٰوةً، وَکَانَ تَقِیًّا ○ وَبَرًّام بِوَالِدَیْهِ وَلَمْ یَکُنْ جَبَّارًا عَصِیًّا ○ وَسَلَامٌ عَلَیْهِ یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ یَمُوْتُ وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا﴾: ترجمہ: پھر زکریا علیہ السلام اپنی قوم کے پاس محراب سے نکلے اور ان کو اشارہ سے کہا: تم اللہ کی صبح وشام تسبیح کرو، اے یحیٰ! اللہ کی کتاب کو مضبوط پکڑو، اور ہم نے ان کو بچپن ہی سے سمجھ بوجھ عطا فرمائی تھی، اور خاص اپنے پاس سے رقت قلب اور پاکیزگی عطا فرمائی تھی، اور وہ بڑے پرہیزگار اور اپنے والدین کے خدمت گذار تھے، اور وہ سرکشی کرنے والے، نافرمانی کرنے والے نہیں تھے، اور ان کو سلام پہنچے جس دن وہ پیدا ہوئے اور جس دن وہ انتقال کریں اور جس دن وہ دوبارہ زندہ کرکے اٹھائے جائیں۔

لغت: أَوْحٰی کے معنی اشارہ کرنے کے ہیں............سورہ مریم آیت ۴۷ میں ابراہیم علیہ السلام کے قصہ میں حَفِیًّا آیا ہے: ﴿إِنَّهٗ کَانَ بِیْ حَفِیًّا﴾: بیشک اللہ تعالیٰ مجھ پر بہت مہربان ہیں، **حفی: لطیف: مہربان۔**

پھر باب میں معراج کی حدیث ہے، نبی ﷺ کی دوسرے آسمان پر حضرت یحیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام سے ملاقات ہوئی، حضرت یحیٰ علیہ السلام کے والد حضرت زکریا علیہ السلام ہیں، اس اعتبار سے یہ حدیث حضرت زکریا علیہ السلام کے حالات میں لائے ہیں۔

فائدہ: حضرت یحیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کو خالہ زاد بھائی کہا ہے، حالانکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ حضرت

مریم رضی اللہ عنہا اور حضرت یحییٰ علیہ السلام خالہ زاد بھائی بہن ہیں، اور عجمی معاشرہ میں ایسے رشتہ میں ماموں بھانجے کہتے ہیں، مگر وہ صحیح نہیں، ماں کا جو خالہ زاد بھائی ہے وہ بیٹے کا بھی خالہ زاد بھائی ہے، یہ اسلامی طریقہ ہے۔

[۴۳-] بَابُ قَوْلِهِ:﴿ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿لَمْ نَجْعَلْ لَهُ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا﴾

[۱-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مِثْلاً، يُقَالُ ﴿رَضِيًّا﴾: مَرْضِيًّا، ﴿عِتِيًّا﴾: عِصِيًّا، عَتَا يَعْتُوْ. [۲-] ﴿قَالَ رَبِّ أَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلَامٌ وَكَانَتِ امْرَأَتِيْ عَاقِرًا وَقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ ثَلاَثَ لَيَالٍ سَوِيًّا﴾ يُقَالُ: صَحِيْحًا. [۳-] ﴿فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهِ مِنَ الْمِحْرَابِ فَأَوْحٰى إِلَيْهِمْ أَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَعَشِيًّا﴾ فَأَوْحٰى: فَأَشَارَ ﴿يَا يَحْيٰى خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ﴾ إِلٰى:﴿ يَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا﴾ ﴿حَفِيًّا﴾: لَطِيْفًا ﴿عَاقِرًا﴾: الذَّكَرُ وَالْأُنْثٰى سَوَاءٌ.

[۳۴۳۰-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدَّثَهُمْ عَنْ لَيْلَةٍ أُسْرِيَ بِهِ "ثُمَّ صَعِدَ حَتّٰى أَتَى السَّمَاءَ الثَّانِيَةَ فَاسْتَفْتَحَ، قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ، قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا خَلَصْتُ فَإِذَا يَحْيٰى وَعِيْسٰى وَهُمَا ابْنَا خَالَةٍ، قَالَ: هٰذَا يَحْيٰى وَعِيْسٰى فَسَلِّمْ عَلَيْهِمَا، فَسَلَّمْتُ فَرَدَّا، ثُمَّ قَالاَ: مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ"[راجع: ۳۲۰۷]

بَابٌ: قَوْلُهُ: ﴿وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ، إِذَا انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا﴾

حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا تذکرہ

حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے تعلق سے چار باب قائم کئے ہیں، اور چاروں تمہیدی ابواب ہیں، اصل تذکرہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مقصود ہے، مگر حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے احوال سے گہرا تعلق ہے، اس لئے یہ تمہیدی ابواب لائے ہیں۔

۱-سورہ مریم آیت ۱۶ میں ہے:﴿وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ﴾: اور آپ قرآنِ کریم میں مریم کا ذکر کیجئے (باقی آیت چوتھے باب میں آرہی ہے)

۲-سورہ آل عمران آیت ۴۵ میں ہے:﴿وَإِذْ قَالَتِ الْمَلاَئِكَةُ يَامَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ﴾ الآية: اور یاد کرو اس وقت کو جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! بیشک اللہ تعالیٰ تم کو بشارت دیتے ہیں ایک کلمہ (بول) کی جو من جانب اللہ ہوگا، اس کا نام مسیح عیسیٰ بن مریم ہوگا، وہ دنیا اور آخرت میں باآبرو، اور من جملہ مقربین ہوگا، اور گہوارہ میں لوگوں سے کلام کرے گا اور بڑی

عمر میں بھی، اور شائستہ لوگوں میں سے ہوگا۔

۳- سورہ آل عمران آیات ۳۳-۳۷ ہیں: ﴿إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى آدَمَ وَنُوْحًا وَآلَ إِبْرَاهِيْمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِيْنَ﴾: بیشک اللہ تعالیٰ نے منتخب فرمایا آدمؑ کو، نوحؑ کو، ابراہیمؑ کی اولاد کو اور عمران کی اولاد کو تمام جہانوں پر، ان میں سے بعض بعض کی اولاد ہیں، اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں، یاد کرو جب عمران کی بیوی نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! میں نے آپ کے لئے منت مانی ہے اس بچہ کی جو میرے پیٹ میں ہے کہ وہ آزاد رکھا جائے، پس آپ میری طرف سے قبول فرمائیں، بیشک آپ خوب سننے والے، خوب جاننے والے ہیں، پھر جب لڑکی جنی تو کہنے لگی: اے میرے پروردگار! میں نے تو حمل کو لڑکی جنا، اور اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں اس کو جو اس نے جنا، اور لڑکا اس لڑکی کے برابر نہیں، اور میں نے اس لڑکی کا نام مریم رکھا۔ اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے آپ کی پناہ میں دیتی ہوں، پس اس کو ان کے رب نے بہترین طریقہ پر قبول فرمایا، اور عمدہ طریقہ پر ان کی نشو ونما فرمائی، اور زکریا علیہ السلام ان کے سرپرست بنے، جب بھی وہ ان کے پاس عبادت خانہ میں جاتے تو ان کے پاس کچھ کھانے پینے کی چیزیں پاتے، انھوں نے پوچھا: اے مریم! یہ چیزیں تیرے لئے کہاں سے آئیں؟ وہ کہتیں: اللہ کے پاس سے، بیشک اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بے حساب روزی عنایت فرماتے ہیں۔

تفسیر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: آلِ عمران، آلِ ابراہیم، آلِ یاسین اور آلِ محمد سے مؤمنین مراد ہیں، سورہ آل عمران آیت ۶۸ میں ہے: ﴿إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾: بیشک سب لوگوں میں ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ زیادہ خصوصیت رکھنے والے وہ لوگ ہیں، جنھوں نے ان کا اتباع کیا، اور یہ نبی ہیں، اور ان پر ایمان لانے والے ہیں، اس میں صراحت ہے کہ مؤمنین ہی انبیاء کی آل ہوتے ہیں، اور آل کی اصل أھل ہے، کیونکہ جب آل کی تصغیر بناتے ہیں تو أُھَیل کہتے ہیں، اور تصغیر میں اصل حرف لوٹ آتا ہے۔

اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے: جب بھی کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے تو شیطان اس کو ٹچ کرتا ہے، جب وہ جنا جاتا ہے، پس وہ شیطان کے چھونے سے چلاتا ہے، مگر حضرت مریم رضی اللہ عنہا اور عیسیٰ علیہ السلام مستثنیٰ ہیں، ان کو شیطان نہیں چھوسکا، کیونکہ حضرت مریمؑ کی والدہ نے ان کو اور ان کی اولاد کو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ میں دیا تھا، اور ان کی یہ دعا قبول ہوگئی تھی، اور حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی ذریت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

[٤٤-] بَابُ: قَوْلُهُ: ﴿وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ، إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا﴾

[٢-] ﴿وَإِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ﴾ [٣-] وَقَوْلُهُ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى آدَمَ وَنُوْحًا وَآلَ إِبْرَاهِيْمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِيْنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿وَآلُ

عِمْرَانَ﴾: الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ آلِ إِبْرَاهِیْمَ وَآلِ یَاسِیْنَ وَآلِ مُحَمَّدٍ، یَقُوْلُ: ﴿إِنَّ أَوْلَی النَّاسِ بِإِبْرَاهِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ﴾: وَهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ، وَیُقَالُ: آلُ یَعْقُوْبَ: أَهْلُ یَعْقُوْبَ، فَإِذَا صَغَّرُوْا آلَ رَدُّوْهُ إِلَی الْأَصْلِ قَالُوْا: أُهَیْلٌ.

[۳۴۳۱-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، أَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ: ثَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: "مَامِنْ بَنِیْ آدَمَ مَوْلُوْدٍ إِلَّا یَمَسُّهُ الشَّیْطَانُ حِیْنَ یُوْلَدُ، فَیَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ مَسِّ الشَّیْطَانِ، غَیْرَ مَرْیَمَ وَابْنِهَا" ثُمَّ یَقُوْلُ أَبُوْ هُرَیْرَةَ ﴿وَإِنِّیْ أُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ﴾[راجع: ۳۲۸۶]

بَابٌ

حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے سلسلہ کا دوسرا باب

سورہ آلِ عمران آیات ۴۲-۴۴ ہیں: "اور یاد کرو جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے تم کو منتخب فرمایا ہے اور پاک کیا ہے اور جہاں بھر کی عورتوں پر تم کو فضیلت دی ہے، اے مریم! اپنے پروردگار کی اطاعت کرتی رہو، اور سجدہ کرتی رہو، اور رکوع کرتی رہو، رکوع کرنے والوں کے ساتھ، یعنی جماعت سے نماز پڑھتی رہو، یہ باتیں غیب کی خبروں سے ہیں، جو ہم آپ کی طرف وحی کرر رہے ہیں، اور آپؐ ان لوگوں کے پاس نہیں تھے جب وہ اپنے قلموں کو پانی میں ڈال رہے تھے کہ ان میں سے کون مریمؑ کی پرورش کرے، اور آپؐ ان کے پاس نہیں تھے جب وہ باہم اختلاف کرر ہے تھے"

تفسیر: فرشتوں نے مریم رضی اللہ عنہا سے کہا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں پہلے دن سے چھانٹ لیا ہے، ستھرے اخلاق، پاک طبیعت اور ظاہری وباطنی نظافت عطا فرمائی ہے، اور دنیا جہاں کی عورتوں پر تم کو فضیلت بخشی ہے، پس چاہئے کہ تم ہمیشہ اخلاص وتذلل سے اپنے پروردگار کے آگے جھکی رہو، اور وظائف عبودیت انجام دینے میں زیادہ سے زیادہ سرگرمی دکھلاؤ، اور جماعت کے ساتھ نماز ادا کرو، بنی اسرائیل میں خاص خاص عورتیں جماعت میں شریک ہوتی تھیں، اور حضرت مریم رضی اللہ عنہا تو مسجد ہی میں رہتی تھیں، اس لئے ان کو باجماعت نماز ادا کرنے کا حکم دیا، پھر جب فتنہ کا زمانہ آیا تو ان کو جماعت کی شرکت سے روک دیا۔ اسلام کے ابتدائی دور میں بھی خاص خاص عورتیں دین سیکھنے کے لئے مسجدِ نبوی میں نماز پڑھنے کے لئے آتی تھیں، پھر جب فیشن کا دور شروع ہوا تو حضرت عمر، حضرت ابن مسعود اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم نے عورتوں کو گھروں میں نماز پڑھنے کی تاکید کی۔

پھر جب حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی ولادت ہوئی اور وہ بیت المقدس کے مجاورین کے حوالہ کی گئیں تو اختلاف ہوا کہ ان کی پرورش کون کرے؟ آخر قرعہ اندازی کی نوبت آئی، سب نے اپنے قلم چلتے پانی میں چھوڑے اور طے پایا کہ جس کا قلم بہاؤ پر بہہ جائے وہ ہارا اور جس کا قلم چڑھاؤ پر چڑھے وہ جیتا، حضرت زکریا علیہ السلام کا قلم پانی کے چڑھاؤ پر چڑھا، اس

لئے وہ کامیاب ہوئے اور پرورش کے حق دار بنے۔

لغت: اس آیت میں یَکْفُلُ ہے اس کے لغوی معنی ہیں: ملانا، یہ لفظ مخفف (تشدید کے بغیر) ہے کَفَلَ یَکْفُلُ: باب نصر سے، اس کے معنی ملانے کے ہیں، یہی جمہور کی قراءت ہے اور کوفی قراء کَفَّلَها (تشدید کے ساتھ) پڑھتے ہیں، اس کے بھی یہی معنی ہیں، اور کفیل بننے کے معنی پرورش میں لینا ہیں، قرضہ وغیرہ کا ذمہ دار بننا مراد نہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عمران کی بیٹی مریمؑ اپنے زمانہ کی عورتوں میں سب سے افضل تھیں، اور خدیجہ رضی اللہ عنہا اپنے زمانہ کی عورتوں میں سب سے افضل ہیں۔

فائدہ: قرآن وحدیث میں جہاں عَلَی الْعَالَمِیْنَ آیا ہے وہاں مراد یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں سب سے افضل ہیں، سورۃ البقرہ آیت ۴۷ میں بنی اسرائیل کے تعلق سے ہے: ﴿أَنِّیْ فَضَّلْتُکُمْ عَلَی الْعَالَمِیْنَ﴾: اور یہ کہ میں نے تم کو سارے جہانوں پر فضیلت دی، یعنی جس وقت سے بنی اسرائیل کا وجود ہوا اس وقت سے آیت کے نزول تک تمام فرقوں سے وہ افضل رہے، کوئی ان کا ہم پلہ نہیں تھا، پھر جب اس امت کا دور آیا تو اس کو ﴿کُنْتُمْ خَیْرَ أُمَّةٍ﴾: کا تمغہ ملا، پس اس امت کی فضیلت کلی ہے اور بنی اسرائیل کی فضیلت جزئی، اور وہ بھی اس وقت ختم ہوگئی جب وہ نبی آخر الزماں پر ایمان نہیں لائے، اور ﴿مَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ﴾ ٹھہرے، پس باب کی حدیث میں جو نسائها ہے اس کی شرح مطالب عالیہ کی حدیث میں ہے، فرمایا: مَرْیَمُ خَیْرُ نِسَاءِ عَالَمِهَا: مریمؑ اپنے زمانہ کی عورتوں میں سب سے افضل تھیں (یہ حدیث حاشیہ میں ہے)

[۴۵-] بَابٌ

﴿وَإِذْ قَالَتِ الْمَلاَئِکَةُ یَا مَرْیَمُ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَاكِ﴾ إِلٰی قَوْلِهِ: ﴿أَیُّهُمْ یَکْفُلُ مَرْیَمَ﴾ یُقَالُ: یَکْفُلُ: یَضُمُّ، کَفَلَهَا: ضَمَّهَا، مُخَفَّفَةً، لَیْسَ مِنْ کَفَالَةِ الدُّیُوْنِ وَشِبْهِهَا.

[۳۴۳۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِیْ رَجَاءٍ، ثَنَا النَّضْرُ، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ جَعْفَرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِیًّا، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: "خَیْرُ نِسَائِهَا مَرْیَمُ ابْنَةُ عِمْرَانَ، وَخَیْرُ نِسَائِهَا خَدِیْجَةُ" [انظر: ۳۸۱۵]

بَابٌ

حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے سلسلہ کا تیسرا باب

سورہ آلِ عمران آیات ۴۵-۴۷ ہیں:

﴿إِذْ قَالَتِ الْمَلاَئِکَةُ یَا مَرْیَمُ إِنَّ اللّٰهَ یُبَشِّرُكِ بِکَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِیْحُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ وَجِیْهًا فِی

الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلاً وَّمِنَ الصَّالِحِيْنَ ۝ قَالَتْ رَبِّ أَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ، قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ، إِذَا قَضٰى أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُوْلُ لَهُ كُنْ فَيَكُوْنُ﴾

ترجمہ: یاد کرو جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! بیشک اللہ تعالیٰ تم کو بشارت دیتے ہیں ایک کلمہ (بول، حکم) کی جو من جانب اللہ ہوگا، اس کا نام مسیح عیسیٰ بن مریم ہوگا، دنیا اور آخرت میں باآبرو ہوگا، اور مقربین میں سے ہوگا، اور لوگوں سے بات کرے گا گہوارہ میں اور بڑی عمر میں، اور نیک لوگوں میں سے ہوگا، مریمؑ نے کہا: اے میرے پروردگار! میرے بچہ کس طرح ہوگا، جبکہ کسی بشر نے مجھے ہاتھ نہیں لگایا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اسی طرح ہوگا، اللہ جو چاہیں پیدا کر سکتے ہیں، جب وہ کسی چیز کا فیصلہ کرتے ہیں تو وہ بس کہتے ہیں: ہوجا، تو وہ چیز ہوجاتی ہے، یعنی کسی چیز کے پیدا کرنے کے لئے صرف ان کا چاہنا کافی ہے، کسی واسطہ اور سبب خاص کی ان کو حاجت نہیں۔

لغات: یَبْشُر (مجرد باب نصر) اور یُبَشِّر (باب تفعیل) کے ایک معنی ہیں .... وَجِیْھًا: شریف، باآبرو .... مسیح: کے معنی حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے صدِّیق (بہت تصدیق کرنے والا) کئے ہیں، یعنی ایمان میں پکا، دوسرے حضرات نے فعیل کو فاعل کے معنی میں لیا ہے، مَسَحَ کے معنی ہیں: ہاتھ پھیرنا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ پھیرنے سے بیمار چنگے ہوجاتے تھے، اس لئے آپ کا یہ لقب ہوا .... الکھل کے معنی مجاہدؒ نے بردبار کئے ہیں، مگر یہ قول شاذ ہے، اس کے صحیح معنی ادھیڑ عمر کے ہیں .... پھر آگے آیت ۴۹ میں الأکمہ آیا ہے، مجاہدؒ نے اس کے معنی کئے ہیں: جسے دن میں نظر آئے اور رات میں نظر نہ آئے، اور دوسرے حضرات نے اس کے معنی کئے ہیں: پیدائشی نابینا۔

پھر باب میں دو حدیثیں لائے ہیں، پہلی حدیث پہلے گذری ہے کہ مرد بہت باکمال ہوئے ہیں اور عورتیں کم باکمال ہوئی ہیں، حضرت مریم اور حضرت آسیہ رضی اللہ عنہما باکمال عورتیں تھیں۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: قریش کی عورتیں عرب کی عورتوں میں سب سے اچھی ہیں، بچہ پر بہت مہربان ہوتی ہیں، اور شوہر کے مال کی پوری حفاظت کرتی ہیں۔

تشریح: خیر: مضاف، نساء مضاف الیہ، رکبن الإبلَ: نساء کی صفت اور مراد عرب کی عورتیں ہیں، کیونکہ وہی اونٹ پر سواری کرتی ہیں، حدیث میں قریشی عورتوں کی عرب عورتوں پر برتری بیان کی گئی ہے، اور ان کی دو خاص صفتیں ذکر کی گئی ہیں .... أَحْنیٰ: اسم تفضیل، اس کے معنی ہیں: زیادہ مہربان، زیادہ شفیق، الْحَانِیَة: وہ عورت جو بچوں کے یتیم ہونے کے بعد نکاح نہ کرے .... فی ذات یده أی فی ماله۔

اور حدیث بیان کرکے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت مریمؑ نے کبھی اونٹ پر سواری نہیں کی، پس حدیث میں صرف عرب خواتین پر قریش کی خواتین کی برتری کا بیان ہے، اور اسی قولِ ابی ہریرہ کی وجہ سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

[٤٦-] بَابٌ

قَوْلُهُ: جَلَّ جَلاَلُهُ: ﴿إِذْ قَالَتِ الْمَلاَ ئِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿كُنْ فَيَكُوْنُ﴾ يَبْشُرُكِ وَيُبَشِّرُكِ وَاحِدٌ، ﴿وَجِيْهًا﴾: شَرِيْفًا، وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: الْمَسِيْحُ: الصِّدِّيْقُ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْكَهْلُ: الْحَلِيْمُ. و﴿الْأَكْمَهُ﴾: مَنْ يُبْصِرُ بِالنَّهَارِ وَلاَ يُبْصِرُ بِاللَّيْلِ. وَقَالَ غَيْرُهُ: مَنْ يُوْلَدُ أَعْمٰى.

[٣٤٣٣-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ، كَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيْرٌ وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ إِلاَّ مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ"[راجع: ٣٤١١]

[٣٤٣٤-] وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" نِسَاءُ قُرَيْشٍ خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الإِبِلَ، أَحْنَاهُ عَلٰى طِفْلٍ، وَأَرْعَاهُ عَلٰى زَوْجٍ فِيْ ذَاتِ يَدِهِ" يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَلٰى إِثْرِ ذٰلِكَ: وَلَمْ تَرْكَبْ مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ بَعِيْرًا قَطُّ، تَابَعَهُ ابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ وَإِسْحَاقُ الْكَلْبِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ.[انظر: ٥٠٨٢، ٥٣٦٥]

بَابٌ

حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے سلسلہ کا چوتھا باب

(عیسائیو! دین میں غلومت کرو، تین خدامت مانو)

سورۃ النساء آیت ۱۷۱ ہے:

﴿يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لاَ تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلاَ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ إِلاَّ الْحَقَّ، إِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهُ، أَلْقَاهَا إِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِنْهُ، فَآمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ، وَلاَ تَقُوْلُوْا ثَلاَثَةٌ، اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ، إِنَّمَا اللّٰهُ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ، سُبْحَانَهُ أَنْ يَّكُوْنَ لَهُ وَلَدٌ، لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ، وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلاً﴾

ترجمہ: اے اہل کتاب! (انجیل والو) تم اپنے دین میں غلومت کرو، یعنی حد سے مت نکلو، اور اللہ تعالیٰ کی شان میں برحق بات ہی کہو (غلط بات مت کہو) مریم کے بیٹے عیسیٰ مسیح بس اللہ کے رسول ہیں اور ان کا بول ہیں، جو اللہ نے مریم کو پہنچایا، اور وہ پیاری (بابرکت) جان ہیں، پس تم اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ، اور نہ کہو کہ خدا تین ہیں، باز آجاؤ تو

تمہارے لئے بہتر ہوگا، معبود صرف ایک ہی معبود ہے، اس کی ذات صاحب اولاد ہونے سے پاک ہے، جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ سب اس کی ملک ہے اور اللہ تعالیٰ کارسازی کے لئے کافی ہیں۔

لغت: ابوعبید قاسم بن سلام کہتے ہیں: کلمة سے مراد کن ہے یعنی جب اللہ تعالیٰ کوئی کام کرنا چاہتے ہیں تو فرماتے ہیں: 'ہوجا' تو وہ ہوجاتا ہے، اور محققین کہتے ہیں: 'ہوجا' بھی نہیں کہنا پڑتا، اللہ کا ارادہ ہی اس چیز کو وجود میں لانے کے لئے کافی ہے، اور ابوعبیدۃ نے کہا: روح منه کا مطلب ہے: اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ کیا، پس اس کو جان بنایا، یعنی عیسیٰ علیہ السلام کی جان مخلوق ہے، ان کی روح اللہ کا جزء نہیں، پس مت کہو کہ اللہ تین ہیں، عیسائی تثلیث کے قائل ہیں، تین ہستیوں کے مجموعہ کو خدا مانتے ہیں، ایک: اللہ (باپ) دوسرے: عیسیٰ (بیٹا) اور تیسرے: حضرت مریم یا حضرت جبرئیل، یہ ان کا دین میں غلو ہے، معبود صرف اللہ تعالیٰ ہیں، اور ان کی کوئی اولاد نہیں، نہ کوئی خدائی میں شریک ہے، ساری کائنات ان کی ملک ہے اور کائنات کی کارسازی کے لئے وہ تنہا کافی ہیں، ان کو کسی مددگار کی ضرورت نہیں۔

فائدہ: کلمة: یعنی بول اور حکم، یہاں کلمته میں بلا واسطہ اضافت ہے اور سورہ آل عمران آیت ۴۵ میں ﴿بِكَلِمَةٍ مِنْهُ﴾ میں بواسطہ من اضافت ہے، اسی طرح ﴿رُوْحٌ مِنْهُ﴾ میں بھی اضافت بواسطہ من ہے اور سورۃ الحجر آیت ۲۹ میں آدم علیہ السلام کے حق میں ہے: ﴿وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُوْحِيْ﴾: اور میں ان میں اپنی روح ڈالوں، یہاں بھی اضافت بلا واسطہ ہے اور یہ سب اضافتیں تشریف کے لئے ہیں، یعنی اللہ کا خاص حکم، اور اللہ کی پیاری روح، جیسے بیت اللہ میں اضافت تشریف کے لئے ہے، پس یہ سمجھنا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی روح اللہ کی روح کا جزء ہے، صحیح نہیں، جیسے آدم علیہ السلام کی روح کو اللہ تعالیٰ کی روح کا جزء کوئی نہیں مانتا، اسی طرح کائنات میں ہر کام اللہ کے حکم سے ہوتا ہے اور عیسیٰ علیہ السلام کا وجود خاص الخاص حکم سے ہوا ہے، کلمته کا بس اتنا ہی مطلب ہے، اس سے زیادہ کچھ سمجھنا گمراہی ہے۔

ملحوظہ: یہ باب ذو جہتین ہے، حضرت مریم رضی اللہ عنہا سے بھی اس کا تعلق ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بھی۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، اور محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں اور عیسیٰ علیہ السلام اس کے بندے اور رسول ہیں اور ان کا فرمان ہیں، جس کو اللہ نے مریم کی طرف ڈالا، یعنی پہنچایا یعنی مرد کے توسط کے بغیر حکم دیا کہ مریمؑ کے پیٹ میں بچہ پیدا ہوجا، چنانچہ ہوگیا، اور جو اللہ کی طرف سے روح ہیں، یعنی پاکیزہ اور بابرکت روح ہیں، اور جنت برحق ہے اور دوزخ برحق ہے، اس کو اللہ تعالیٰ جنت میں داخل کریں گے، جو بھی اس نے (اچھا یا برا) عمل کیا ہو اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے: جنت کے آٹھ دروازوں میں سے جس دروازہ سے بھی وہ چاہے گا جنت میں جائے گا۔

[٤٧-] بَابٌ

قَوْلُهُ: ﴿يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَاتَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ﴾ إِلَى ﴿وَكِيْلًا﴾ قَالَ أَبُوْ عُبَيْدٍ: كَلِمَتُهُ: كُنْ فَكَانَ، وَقَالَ

غَيْرُهُ: ﴿وَرُوْحٌ مِنْهُ﴾ أَحْيَاهُ فَجَعَلَهُ رُوْحًا، ﴿وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلَاثَةٌ﴾

[۳٤۳۵-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، أَنَا الْوَلِيْدُ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، ثَنِيْ عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ، ثَنِيْ جُنَادَةُ بْنُ أَبِيْ أُمَيَّةَ، عَنْ عُبَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، وَأَنَّ عِيْسَى عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ، وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلٰى مَرْيَمَ، وَرُوْحٌ مِنْهُ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ عَلٰى مَاكَانَ مِنَ الْعَمَلِ"

قَالَ الْوَلِيْدُ: فَحَدَّثَنِيْ ابْنُ جَابِرٍ، عَنْ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنَادَةَ، وَزَادَ: "مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ أَيِّهَا شَاءَ"

بَابٌ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ

حاشیہ میں ہے: هٰذَا الْبَابُ مَعْقُوْدٌ لِأَخْبَارِ عِيْسٰى عَلَيْهِ السلام، وَالْأَبْوَابُ الَّتِيْ قَبْلَهُ لِأَخْبَارِ أُمِّهِ مَرْيَمَ: گذشتہ چار باب حضرت مریم رضی اللہ عنہا سے متعلق تھے اور وہ تمہیدی ابواب تھے، اور یہ باب حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق ہے۔

سورہ مریم کے دوسرے رکوع میں عیسیٰ علیہ السلام کی تخلیق کا مفصل بیان ہے، جب حضرت مریم رضی اللہ عنہا بالغ ہوئیں اور پہلی بار ماہواری آئی اور وہ اس سے پاک ہوئیں تو نہانے کے لئے مکان کے یا بیت المقدس کے مشرقی حصہ میں گئیں، روح المعانی میں ہے کہ یہ محض اتفاقی بات تھی، وہاں انھوں نے گھر والوں سے آڑ کرنے کے لئے پردہ ڈال لیا، پھر جب نہا کر فارغ ہوئیں اور کپڑے پہن لئے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام ان کے سامنے ایک تندرست آدمی کی شکل میں نمودار ہوئے، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے انسانی صورت اس لئے اختیار کی کہ اس کے بغیر غیر نبی فرشتہ کو نہیں دیکھ سکتا، اور تندرست کامل انسان کی صورت اس لئے اختیار کی کہ فرشتے عموماً خوش منظر صورتوں میں متمثل ہوتے ہیں، اور مرد کی شکل میں اس لئے سامنے آئے کہ مرد عورت سے کامل ہے۔

جب درون پردہ ایک شخص سامنے آکر کھڑا ہوگیا تو حضرت مریم رضی اللہ عنہا گھبرا گئیں، انھوں نے کہا: میں تجھ سے مہربان اللہ کی پناہ چاہتی ہوں، اگر تو پرہیزگار ہے، یعنی اللہ کا واسطہ دیتی ہوں کہ مجھ سے کچھ تعرض نہ کر، اس نے کہا: میں تیرے رب کا بھیجا ہوا فرشتہ ہوں، پس خوف نہ کر، اور میں اس لئے بھیجا گیا ہوں کہ تجھے پاکیزہ لڑکا بخشوں، پھر اس نے حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے چاک گریبان میں پھونک ماری جس سے حمل ٹھہر گیا، یہی وہ اللہ کا 'بول' ہے، جو حضرت مریمؑ کی طرف ڈالا گیا، حضرت مریمؑ نے کہا: میرے لڑکا کیسے ہوگا مجھے تو کسی انسان نے ہاتھ نہیں لگایا، یعنی میرا نکاح نہیں ہوا، اور نہ میں بدکار عورت ہوں؟ فرشتے نے کہا: اسی طرح ہوگا، یعنی اسباب ظاہری کے توسط کے بغیر ہوگا، تیرے پروردگار نے فرمایا ہے: یہ کام میرے لئے آسان ہے، اور ہم اس طور پر لڑکا اس لئے پیدا کریں گے کہ ہم اس کو لوگوں کے لئے نشان اور اپنی

مہربانی بنائیں، اور وہ ایک طے شدہ امر ہے!

پھر جب وضع حمل کے آثار ظاہر ہوئے تو وہ دور جگہ علاحدہ چلی گئیں (شاید یہ جگہ بیت اللحم ہو جو بیت المقدس سے آٹھ میل کے فاصلہ پر ہے) وہاں پہنچ کر درد بڑھا، وہ ایک کھجور کے تنے کے سہارے بیٹھ گئیں، اور کہا: کاش میں اس سے پہلے ہی مرگئی ہوتی، اور بھولی بسری ہوگئی ہوتی! حضرت مریمؓ جس درخت کے نیچے بیٹھی تھیں وہ جگہ کچھ بلند تھی، پس فرشتہ نے اس کے پائیں سے پکارا کہ کچھ غم نہ کر، تیرے پروردگار نے تیرے پائیں میں چھوٹی نہر رواں کی ہے اور تو اپنی طرف کھجور کے تنے کو ہلا وہ تجھ پر پکی ہوئی کھجوریں گرائے گا، پس کھجوریں کھا، پانی پی، اور لڑکے سے آنکھ ٹھنڈی کر۔

رہا رسوائی کا خوف تو اگر تو انسان کو اعتراض کرتا ہوا دیکھے تو کہہ دینا: میں نے مہربان اللہ کے لئے خاموش رہنے کے روزہ کی منت مانی ہے، ایسا روزہ گذشتہ امتوں میں جائز تھا، پس میں آج کسی سے بات نہیں کرسکتی (اور یہ سب کچھ اشارہ سے کہنا، زبان سے نہ بولنا، چنانچہ انھوں نے اسی وقت روزہ کی منت مان لی اور روزہ شروع کردیا)

پھر جب لڑکے کو گود میں لئے ہوئے اپنی قوم کے پاس آئیں تو لوگ کنواری کے پاس بچہ دیکھ کر حیرت میں پڑ گئے، انھوں نے کہا: اری مریم! بخدا! تو نے غضب ڈھایا! اے ہارون کی بہن! تیرا باپ کوئی برا آدمی نہیں تھا اور نہ تیری ماں کوئی آوارہ عورت تھی، پھر تو یہ کیا کر بیٹھی؟ مریمؓ نے لڑکے کی طرف اشارہ کیا، لوگوں نے کہا: ہم اس سے کیسے بات کریں یہ تو ابھی پالنے میں ہے؟ لڑکا بولا! میں اللہ کا بندہ ہوں، اللہ نے مجھے کتاب دی ہے، مجھے نبی بنایا ہے، اور مجھے بابرکت بنایا ہے، جہاں بھی رہوں اور مجھے جب تک زندہ رہوں نماز اور زکوۃ کا تاکیدی حکم دیا ہے، اور مجھے اپنی والدہ کے ساتھ حسن سلوک کرنے والا بنایا ہے، اور مجھے سرکش، بدبخت نہیں بنایا، اور مجھ پر سلامتی ہو، جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن میری وفات ہوگی، اور جس دن میں دوبارہ زندہ کرکے اٹھایا جاؤں گا، یہ مریم کے بیٹے عیسیٰ ہیں، بالکل برحق بات جس میں لوگ شک کرتے ہیں، اللہ کے شایانِ شان نہیں کہ وہ کوئی اولاد بنائیں، ان کی ذات اس عیب سے پاک ہے، جب وہ کوئی بات طے کرتے ہیں تو اس سے کہتے ہیں: ہو جا، تو وہ ہو جاتی ہے۔

ان آیات میں چند مشکل الفاظ آئے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ ان کے معانی بیان کرتے ہیں:

۱- قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا﴾: جب وہ اپنے گھر والوں سے علاحدہ ہوئیں، اِنْتَبَذَ عن القوم: اپنے آدمیوں سے الگ ہونا، اِعْتَزَلَتْ: تَنَحَّتْ کنارہ میں ہوگئیں، مجرد: نَبَذَ (ض) نَبْذًا الشيئَ: ڈالنا، پھینکنا۔ سورۃ الصافات آیت ۱۴۵ ہے: ﴿فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ﴾: پھر ہم نے یونس علیہ السلام کو ایک میدان میں ڈال دیا، درانحالیکہ وہ بیمار (مضمحل) تھے۔

۲- قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿مَكَانًا شَرْقِيًّا﴾: مشرق کی جانب، مِمَّا يَلِى الشَّرْقَ: اس جانب جو مشرق سے ملی ہوئی ہے۔

۳- قوله تعالیٰ: ﴿فَأَجَاءَ هَا الْمَخَاضُ﴾: پس لے آیا ان کو دردزہ، أَجَاءَ: باب افعال، مجرد: جِئْتُ: آیا میں، اور

دوسرے معنی کئے ہیں: مجبور کیا ان کو، اضطرَّھا: مریم کو مجبور کیا، مگر یہ معنی ضعیف ہیں۔

۴-قولہ تعالیٰ: ﴿تُسَاقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا﴾: تُسَاقِطْ: باب مفاعلہ، مُساقطة سے، جس کے معنی گرانے کے ہیں، باب افعال أَسْقَطَ يُسْقِطُ کے بھی یہی معنی ہیں۔

۵-قولہ تعالیٰ: ﴿ مَكَانًا قَصِيًّا﴾: کسی دور جگہ میں، قَصِيٌّ: صفت مشبہ کا صیغہ ہے بمعنی قَاصِيًا: دور جگہ، المسجد الأقصی اسی سے ہے۔

۶-قولہ تعالیٰ: ﴿لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا﴾: بخدا واقعہ یہ ہے کہ تو نے بڑے غضب کا کام کیا، الفَرِيُّ: عجیب بات، حیرت انگیز بات، گھڑی ہوئی بات۔

۷-قولہ تعالیٰ: ﴿وَكُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا﴾: اور ہوتی میں بھولی بسری، نسیا: (اسم) ایسی متروک چیز جسے یاد نہ کیا جائے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کے معنی کئے ہیں: لَمْ أَكُنْ شَيْئًا: میں کچھ نہ ہوتی، یعنی میرا وجود ہی نہ ہوتا، اور سُدّی نے اس کے معنی کئے ہیں: حقیر، بے حیثیت، مجھے کوئی جانتا ہی نہ ہوتا۔ اور منسیا: (اسم مفعول) فراموش کردہ، بسری، ذہن سے اتری ہوئی۔

۸-قولہ تعالیٰ: ﴿ إِنْ كُنْتَ تَقِيًّا﴾: اگر تو خدا ترس ہے، حضرت ابو وائل کہتے ہیں: مریمؑ جانتی تھیں کہ خدا ترس آدمی سمجھدار ہوتا ہے، برا کام نہیں کرسکتا، اس لئے انھوں نے کہا: إن كنت تقيا: اگر تو خدا ترس ہے۔

۹-قولہ تعالیٰ: ﴿ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا﴾: تیرے رب نے تیرے پائین میں ایک چھوٹی نہر پیدا کردی ہے، حضرت براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سَرِيٌّ: کے معنی ہیں: چھوٹی نہر، اور یہ سریانی زبان کا لفظ ہے، اور حاشیہ میں ہے کہ عربی میں بھی یہی معنی ہیں۔

[٤٨-] بَابٌ

[١-] قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا﴾ اعْتَزَلَتْ، ﴿نَبَذْنَاهُ﴾: أَلْقَيْنَا. [٢-] ﴿ شَرْقِيًّا﴾ مِمَّا يَلِي الشَّرْقَ. [٣-] ﴿ فَأَجَاءَ هَا﴾: أَفْعَلُ مِنْ جِئْتُ، وَيُقَالُ: أَلْجَأَهَا: اضْطَرَّهَا. [٤-] ﴿ تَسَّاقَطْ﴾: تُسْقِطْ. [٥-] ﴿ قَصِيًّا﴾: قَاصِيًا. [٦-] ﴿ فَرِيًّا﴾: عَظِيْمًا. [٧-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿نَسِيًّا﴾: لَمْ أَكُنْ شَيْئًا. وَقَالَ غَيْرُهُ: النَّسِيُّ: الْحَقِيْرُ. [٨-] وَقَالَ أَبُوْ وَائِلٍ: عَلِمَتْ مَرْيَمُ أَنَّ التَّقِيَّ ذُوْ نُهْيَةٍ، حِيْنَ قَالَتْ: ﴿إِنْ كُنْتَ تَقِيًّا﴾ [٩-] وَقَالَ وَكِيْعٌ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ: ﴿سَرِيًّا﴾: نَهْرٌ صَغِيْرٌ بِالسُّرْيَانِيَّةِ.

پھر احادیث ہیں، پہلی حدیث کا ایک جزء پہلے گذر چکا ہے، باقی کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[۳۴۳۶-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِیمَ، ثَنَا جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: "لَمْ یَتَکَلَّمْ فِی الْمَهْدِ إِلَّا ثَلَاثَةٌ: عِیْسٰی، وَ: کَانَ فِی بَنِیْ إِسْرَائِیْلَ رَجُلٌ یُقَالُ لُهُ: جُرَیْجٌ، یُصَلِّیْ، جَاءَ تْهُ أُمُّهُ فَدَعَتْهُ، فَقَالَ: أُجِیْبُهَا أَوْ أُصَلِّیْ، فَقَالَتْ: اللّٰهُمَّ لَا تُمِتْهُ حَتّٰی تُرِیَهُ وُجُوْهَ الْمُوْمِسَاتِ، وَکَانَ جُرَیْجٌ فِیْ صَوْمَعَتِهِ، فَتعَرَّضَتْ لَهُ امْرَأَةٌ فَکَلَّمَتْهُ فَأَبٰی، فَأَتَتْ رَاعِیًا فَأَمْکَنَتْهُ مِنْ نَفْسِهَا فَوَلَدَتْ غُلَامًا فَقِیْلَ لَهَا: مِمَّنْ؟ فَقَالَتْ: مِنْ جُرَیْجٍ، فَأَتَوْهُ فَکَسَرُوْا صَوْمَعَتَهُ وَأَنْزَلُوْهُ وَسَبُّوْهُ، فَتوَضَّأَ وَصَلّٰی، ثُمَّ أَتَی الْغُلَامَ فَقَالَ: مَنْ أَبُوْكَ یَا غُلَامُ؟ فَقَالَ: الرَّاعِیْ، قَالُوْا: نَبْنِیْ صَوْمَعَتَكَ مِنْ ذَهَبٍ. قَالَ: لَا، إِلَّا مِنْ طِیْنٍ"

"وَکَانَتِ امْرَأَةٌ تُرْضِعُ ابْنًا لَهَا مِنْ بَنِیْ إِسْرَائِیْلَ فَمَرَّ بِهَا رَجُلٌ رَاکِبٌ ذُوْ شَارَةٍ، فَقَالَتْ: اللّٰهُمَّ اجْعَلِ ابْنِیْ مِثْلَهُ، فَترَكَ ثَدْیَهَا فَأَقْبَلَ عَلَی الرَّاکِبِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِیْ مِثْلَهُ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلٰی ثَدْیِهَا یَمَصُّهُ" قَالَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: کَأَنِّیْ أَنْظُرُ إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم یَمَصُّ إِصْبَعَهُ، "ثُمَّ مُرَّ بِأَمَةٍ فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ لَاتَجْعَلِ ابْنِیْ مِثْلَ هٰذِهِ، فَترَكَ ثَدْیَهَا فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِثْلَهَا، فَقَالَتْ: لِمَ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: الرَّاکِبُ جَبَّارٌ مِنَ الْجَبَابِرَةِ، وَهٰذِهِ الْأَمَةُ یَقُوْلُوْنَ: سَرَقْتِ، زَنَیْتِ، وَلَمْ تَفْعَلْ" [راجع: ۱۲۰۶]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: گہوارے میں بات نہیں کی، مگر تین شخصوں نے (یہ حصر نہیں، حاشیہ میں دس بچوں کا ذکر ہے، جنھوں نے پالنے میں بات کی ہے) (۱) عیسیٰ علیہ السلام نے (یہاں باب ہے) (۲) اور جریج پر الزام کے قصہ میں نومولود بچہ بولا تھا (یہ واقعہ پہلے دوجگہ گذر چکا ہے) (۳) اور بنی اسرائیل کی ایک عورت اپنے بچہ کو دودھ پلا رہی تھی، وہاں سے خوبصورت پوشاک پہنا ہوا ایک سوار گذرا، عورت نے دعا کی: اے اللہ! میرے بیٹے کو اس جیسا بنا! پس بچہ نے ماں کی پستان چھوڑ دی اور سوار کی طرف متوجہ ہوا، اور کہا: اے اللہ! مجھے اس جیسا نہ بنا! پھر وہ پستان کی طرف متوجہ ہوکر اس کو چوسنے لگا —— حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: گویا میں نبی ﷺ کو دیکھ رہا ہوں، آپ اپنی انگلی چوس رہے ہیں —— پھر ایک باندی گذاری گئی، عورت نے کہا: اے اللہ! میرے بیٹے کو اس جیسا نہ بنا! بچہ نے ماں کی پستان چھوڑ دی اور اس نے کہا: اے اللہ! مجھے اس جیسا بنا! ماں نے پوچھا: کیوں؟ بچہ نے کہا: سوار متکبروں میں سے تھا، اور اس باندی پر لوگ الزام لگاتے ہیں کہ تو نے چوری کی، تو نے زنا کیا، حالانکہ اس نے یہ کام نہیں کیا۔

اس کے بعد کی حدیث پہلے گذری ہے، پڑھو! کوئی اہم بات ہوگی تو بیان کروں گا۔

[۳۴۳۷-] حدثنا إِبْرَاهِیمُ بْنُ مُوْسَی، أَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، ح: وَحَدَّثَنِیْ مَحْمُوْدٌ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، أَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم:

"لَيْلَةَ أُسْرِىَ بِىْ لَقِيْتُ مُوْسَى - قَالَ: فَنعَتَهُ - فَإِذَا رَجُلٌ - حَسِبْتُهُ قَالَ: - مُضْطَرِبٌ، رَجِلُ الرَّأْسِ، كَأَنَّـهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَ ةَ، قَالَ: وَلَقِيْتُ عِيسَى- فَنَعَتَهُ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ-: رَبْعَةٌ أَحْمَرُ كَأَنَّمَا خَرَجَ مِنْ دِيْمَاسٍ - يَعْنِى الْحَمَّامَ - وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيْمَ وَأَنَا أَشْبَهُ وَلَدِهِ بِهِ، قَالَ: وَأُتِيْتُ بِإِنَاءَ يْنِ، أَحَدَهُمَا لَبَنٌ وَالآخَرُ فِيْهِ خَمْرٌ، فَقِيْلَ لِیْ: خُذْ أَيَّهُمَا شِئْتَ، فَأَخَذْتُ اللَّبَنَ فَشَرِبْتُهُ، فَقِيْلَ لِیْ: هُدِيْتَ الْفِطْرَةَ أَوْ: أَصَبْتَ الْفِطْرَةَ، أَمَا إِنَّكَ لَوْ أَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ أُمَّتُكَ"[راجع: ۳۳۹۴]

قوله: فَنَعَتَهُ: پس نبی ﷺ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا حلیہ بیان کیا............مُضْطَرِب: نکلتا ہوا قد، اور ایک ترجمہ ہلکے بدن والا بھی کیا گیا ہے اور پہلے ایک روایت میں ضَرْبٌ آیا ہے اس کے معنی 'چھریرے بدن' کے ہیں............ رَجِلُ الرأس: سیدھے بال والا............رَبْعة: میانہ قد۔

[۳۴۳۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، أَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم:" رَأَيْتُ عِيْسَى وَمُوْسَى وَإِبْرَاهِيْمَ، فَأَمَّا عِيْسَى فَأَحْمَرُ جَعْدٌ عَرِيْضُ الصَّدْرِ، وَأَمَّا مُوْسَى فَآدَمُ جَسِيْمٌ سَبْطٌ كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ الزُّطِّ"

ترجمہ: مجاہد بن جبر رحمہ اللہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے (خواب میں یا معراج میں) حضرات عیسیٰ و موسیٰ و ابراہیم علیہم السلام کو دیکھا: عیسیٰ علیہ السلام سرخ رنگ کے گٹھے ہوئے بدن کے چوڑے سینہ والے تھے، اور موسیٰ علیہ السلام گندمی رنگ کے موٹے بدن والے سیدھے بال والے تھے، گویا وہ زُطّ قبیلہ کے آدمی ہیں۔

تشریح: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بدن چھریرا تھا، موٹا نہیں تھا، موٹے بدن کا دجال ہے، جیسا کہ آگے ایک روایت میں آرہا ہے............اور جَعد کے معنی یہاں گٹھے ہوئے بدن کے ہیں، سر کے بالوں کا گھونگریالا ہونا مراد نہیں............اور سَبِط کے معنی: سیدھے بال والا، گھونگریالے بالوں کی ضد .... اور الزُّطّ سے مراد یا تو سوڈان کا کوئی قبیلہ ہے یا ہندوستان کے جاٹ مراد ہیں، ان کا بدن لمبا اور نحیف ہوتا ہے۔

تنبیہ: بخاری شریف میں یہ حدیث مجاہد رحمہ اللہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، مگر تمام شارحین متفق ہیں کہ یہ غلط ہے، امام بخاریؒ سے غلطی ہوئی ہے یا فربری سے، صحیح بات یہ ہے کہ مجاہدؒ یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، اس روایت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے أحمر (سرخ) آیا ہے، آگے حضرت ابن عمرؓ اس کی تردید کریں گے، معلوم ہوا کہ یہ ابن عمرؓ کی روایت نہیں ہے، حاشیہ میں اس کی تفصیل ہے۔

اس کے بعد کی دو حدیثیں ایک ہیں، دوسری حدیث میں عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے۔

[۳۴۳۹-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، أَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، ثَنَا مُوْسَى، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ذَكَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا بَيْنَ ظَهْرَانَيِ النَّاسِ الْمَسِيْحَ الدَّجَالَ، فَقَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، أَلَا إِنَّ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُمْنَى، كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ" [راجع: ۳۰۵۷]

[۳۴۴۰-] "وَأَرَانِيْ اللَّيْلَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ فِي الْمَنَامِ، فَإِذَا رَجُلٌ آدَمُ كَأَحْسَنِ مَا تُرَى مِنْ أُدْمِ الرِّجَالِ، تَضْرِبُ لِمَّتُهُ بَيْنَ مَنْكِبَيْهِ، رَجِلُ الشَّعْرِ، يَقْطُرُ رَأْسُهُ مَاءً، وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلٰى مَنْكِبَيْ رَجُلَيْنِ، وَهُوَ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالُوْا: هٰذَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ، ثُمَّ رَأَيْتُ رَجُلًا وَرَاءَهُ جَعْدًا قَطِطًا، أَعْوَرَ عَيْنِ الْيُمْنٰى، كَأَشْبَهِ مَنْ رَأَيْتُ بِابْنِ قَطَنٍ، وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلٰى مَنْكِبَيْ رَجُلٍ، يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا: فَقَالُوْا: هٰذَا الْمَسْحُ الدَّجَّالُ" تَابَعَهُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ.

[انظر: ۳۴۴۱، ۵۹۰۲، ۶۹۹۹، ۷۰۲۶، ۷۱۲۸]

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک دن لوگوں کے سامنے مسیح دجال کا تذکرہ کیا، فرمایا: اللہ تعالیٰ یقیناً کانے نہیں، سنو! مسیح دجال کی دائیں آنکھ کانی ہوگی، گویا اس کی آنکھ باہر نکلا ہوا انگور کا دانہ ہے، (یا اس کی روشنی ختم ہوگئی ہے اور طافئة (ہمزہ کے ساتھ اور یا کے ساتھ) کے دو معنی ہیں: ذاهبٌ ضوءُ ها: اس کی روشنی ختم ہوگی، اور ناتیةٌ بارزةٌ: ابھری ہوئی، ظاہر ہونے والی، انگور کے خوشہ میں کوئی دانہ بڑا ہوتا ہے، وہ ذرا باہر نکل آتا ہے، وہ انگور کا ابھرا ہوا دانہ ہے، دجال کی دائیں آنکھ ذرا باہر نکلی ہوئی ہوگی، اور مسلم شریف کی روایت میں أَعْوَرُ عَيْنِ الْيُسْرى ہے یعنی بائیں آنکھ کانی ہوگی، اور دونوں روایتوں میں جمع اس طرح کیا گیا ہے کہ دجال کی دونوں آنکھیں عیب دار ہونگی، ایک کی روشنی ختم ہوگی اور دوسری عیب دار ہوگی)

حدیث (۲): اور (نبی ﷺ نے فرمایا) دکھلایا (اللہ) نے مجھے آج رات کعبہ کے پاس خواب میں، پس اچانک ایک آدمی گندمی رنگ کا، گندمی رنگ کے لوگوں میں جو آپ دیکھتے ہیں، ان میں سب سے اچھا، پہنچی ہوئی ہیں اس کی زلفیں اس کے دونوں شانوں کے درمیان، سیدھے بال والا، اس کا سر پانی ٹپکا رہا ہے، وہ اپنے دونوں ہاتھ دو آدمیوں کے مونڈھوں پر رکھے ہوئے ہے اور وہ بیت اللہ شریف کا طواف کر رہا ہے، میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ مسیح ابن مریم ہیں۔

پھر میں نے ان کے پیچھے ایک اور شخص کو دیکھا جس کے بال انتہائی گھونگھریالے ہیں، دائیں آنکھ کا کانا ہے، میرے دیکھے ہوئے لوگوں میں وہ سب سے زیادہ مشابہ عبدالعزی بن قطن کے ساتھ ہے، وہ اپنے دونوں ہاتھ رکھے ہوئے ہے، ایک آدمی کے دونوں مونڈھوں پر، بیت اللہ کا طواف کر رہا ہے، پس میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ مسیح

دجال ہے۔

لغت: وَفرة: وہ زلفیں جو کانوں تک پہنچیں، لِمَّة: وہ زلفیں جو کانوں سے آگے بڑھ گئی ہوں، اور جُمَّة: وہ زلفیں جو مونڈھوں پر پڑ گئی ہوں .... قَطِط: (پہلے طاء کا زبر اور زیر) جَعْدًا میں مبالغہ کرنے کے لئے ہے یعنی دجال کے بال انتہائی درجہ گھونگریالے ہونگے۔

سوال: دجال مکہ کیسے پہنچا، اور بیت اللہ کا طواف کیسے کر رہا ہے؟

جواب: یہ خواب ہے اور خواب میں ہر طرح کی بات دیکھی جاسکتی ہے، یہاں سمجھنے کی بات یہ ہے کہ نبی ﷺ نے دجال کو عیسیٰ علیہ السلام کے بعد دیکھا ہے، اس میں زمانہ کی طرف اشارہ ہے، وہ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد نکلے گا اور یہودیوں کا یہ خیال غلط ہے کہ مسیح دجال آچکا ہے اور مسیح ہدایت آنے والے ہیں، چنانچہ جب دجال ظاہر ہوگا تو اس کو مسیح ہدایت سمجھ کر اس کی پیروی کریں گے۔

تنبیہ: حدیث ثانی کے آخر میں تابعه عبید الله: ہمارے نسخہ میں تابعه عبد الله ہے، یہ صحیح نہیں، مصری نسخہ میں اور فتح اور عینی میں عبید الله ہے اور وہی صحیح ہے، عبید اللہ کی روایت مسلم شریف (باب ذکر الدجال، کتاب الفتن) میں ہے۔

[۳۴۴۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ بْنَ سَعْدٍ، ثَنِيْ الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لاَ، وَاللهِ! مَاقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِعِيْسَى: أَحْمَرُ، وَلٰكِنْ قَالَ: " بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ أَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ، فَإِذَا رَجُلٌ آدَمُ، سَبْطُ الشَّعْرِ، يُهَادَى بَيْنَ رَجُلَيْنِ، يَنْطِفُ رَأْسُهُ مَاءً، أَوْ: يُهْرَاقُ رَأْسُهُ مَاءً، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: ابْنُ مَرْيَمَ، فَذَهَبْتُ أَلْتَفِتُ، فَإِذَا رَجُلٌ أَحْمَرُ، جَسِيْمٌ، جَعْدُ الرَّأْسِ، أَعْوَرُ عَيْنِهِ الْيُمْنٰى، كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: هٰذَا الدَّجَّالُ، وَأَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا ابْنُ قَطَنٍ" قَالَ الزُّهْرِيُّ: رَجُلٌ مِنْ خُزَاعَةَ هَلَكَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ. [راجع: ۳۴۴۰]

ترجمہ: سالم اپنے والد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، انھوں نے فرمایا: نہیں، بخدا! نبی ﷺ نے عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں أحمر (سرخ) نہیں فرمایا (لعیسیٰ میں لام بمعنی عن ہے) بلکہ فرمایا: دریں اثناء کہ میں خواب میں بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا، اچانک ایک گندمی رنگ کے آدمی، سیدھے بال والے، دو آدمیوں کے درمیان لڑکھڑا کر چلائے جا رہے ہیں، ان کا سر پانی ٹپکا رہا ہے، یا فرمایا ان کا سر پانی ریڑھ رہا ہے، پس میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا: ابن مریم ہیں، پھر میں نے جھانکا، پس اچانک ایک سرخ بھاری بدن کا آدمی گھونگریالے بال والا دائیں آنکھ کا کانا، گویا اس کی آنکھ ابھرا ہوا انگور کا دانہ ہے، پس میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ دجال ہے، اور لوگوں میں اس کے ساتھ مشابہت کے اعتبار سے قریب ترین ابن قطن ہے۔ امام زہریؒ کہتے ہیں: یہ قبیلۂ خزاعہ کا ایک آدمی تھا جو زمانہ

جاہلیت میں مرگیا۔

[۳۴۴۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِابْنِ مَرْيَمَ، وَالْأَنْبِيَاءُ أَوْلَادُ عَلَّاتٍ، لَيْسَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ"[انظر: ۳۴۴۳]

[۳۴۴۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا هِلَالُ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:"أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، الأَنْبِيَاءُ إِخْوَةٌ لِعَلَّاتٍ، أُمَّهَاتُهُمْ شَتَّى وَدِيْنُهُمْ وَاحِدٌ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: میں لوگوں میں سب سے زیادہ عیسیٰ علیہ السلام سے قریب ہوں، میرے اور ان کے درمیان کوئی نبی نہیں (دونوں جملوں کا ایک مطلب ہے) اور انبیاء علاتی بھائی ہیں، اور دوسری حدیث میں فی الدنیا والآخرۃ کا اضافہ ہے، یعنی دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی میں عیسیٰ علیہ السلام سے زیادہ قریب ہوں، اور دوسری حدیث میں علاتی بھائی ہونے کی تفصیل ہے کہ ان کی مائیں (شریعتیں) مختلف ہیں، اور ان کا دین ایک ہے۔

تشریح: علاتی: باپ شریک اولاد، جن کی مائیں الگ ہوں، تمام انبیاء کا دین ایک ہے ﴿إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الإِسْلَامِ﴾: اور ان کی شریعتیں مختلف ہیں ﴿لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَا جًا﴾: پس تمام انبیاء گویا ایک باپ کی اولاد ہیں، مگر زمانہ کے اعتبار سے نبی ﷺ سے اقرب عیسیٰ علیہ السلام ہیں، دونوں کے درمیان کسی پیغمبر کا فصل نہیں، علاوہ ازیں: عیسیٰ علیہ السلام زمانہ کے اعتبار سے مقدم ہیں، اس اعتبار سے متبوع ہیں اور آخر زمانہ میں اتریں گے، اور شریعت محمدی کی پیروی کریں گے، اس اعتبار سے تابعی ہیں، اور یہ بات کسی اور نبی کو حاصل نہیں، بایں اعتبار عیسیٰ علیہ السلام کا نبی ﷺ سے خاص تعلق ہے، اس لئے أولی (اقرب) فرمایا۔

[۳۴۴۴-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" رَأَى عِيْسَى رَجُلًا يَسْرِقُ، فَقَالَ لَهُ: أَسَرَقْتَ؟ قَالَ: كَلَّا! وَالَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوْ! فَقَالَ عِيْسَى: آمَنْتُ بِاللّٰهِ، وَكَذَّبْتُ عَيْنِيْ"

ترجمہ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ایک شخص کو چوری کرتے دیکھا، آپ نے اس سے پوچھا: تو نے چوری کی؟ اس

نے کہا: ہرگز نہیں، قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں! پس عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: میں اللہ پر ایمان لایا اور اپنی آنکھوں کو جھٹلایا!

تشریح: وہ شخص کوئی چیز محفوظ جگہ سے لے رہا ہوگا، وہ اس کی ہوگی یا اس میں اس کا حق ہوگا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس کو چوری سمجھا، مگر اس نے قسم کھا کر انکار کیا تو عیسیٰ علیہ السلام نے اس کی مات مان لی اور اپنے دیکھنے کا اعتبار نہیں کیا، اور آمَنْتُ بِاللّٰهِ کا مطلب ہے: صَدَّقْتُ مَنْ حَلَفَ بِاللّٰهِ: جس نے اللہ کی قسم کھائی اس کو میں سچا سمجھتا ہوں۔

تنبیہ: اس حدیث کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے عطاء بن یسار اور ہمام دونوں روایت کرتے ہیں، اور دونوں سندیں ساتھ ذکر کی ہیں، بیچ میں تحویل ہے، پہلی سند معلق ہے اس کو امام نسائی رحمہ اللہ نے موصول کیا ہے: قَالَ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، قَالَ حَدَّثَنِی إِبْرَاهِیْمُ بْنُ الطَّهْمَانِ إلخ: (نسائی کتاب آداب القُضاة، بابٌ کیف یَستحلف الحاکمُ) مصری نسخہ میں ابراہیم بن طہمان والی سند گذشتہ حدیث کے ساتھ ملائی ہے اور شارحین بھی لکھتے ہیں کہ یہ گذشتہ حدیث کی دوسری معلق سند ہے، مگر یہ بات صحیح نہیں، ہمارا نسخہ جس میں دونوں سندوں کے درمیان تحویل ہے: صحیح ہے اس لئے ہم نے حدیث کا نمبر وَقَالَ إِبْرَاهِیْمُ سے پہلے لگایا ہے۔

[٣٤٤٥-] حدثنا الْحُمِیْدِیُّ، ثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِیَّ، یَقُوْلُ: أَخْبَرَنِیْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، سَمِعَ عُمَرَ، یَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلى الله علیه وسلم یَقُوْلُ: "لَا تُطْرُوْنِیْ کَمَا أَطْرَتِ النَّصَارَى عِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ، فَإِنَّمَا أَنَا عَبْدُهُ، وَلٰکِنْ قُوْلُوْا: عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ"

[راجع: ٢٤٦٢]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے حد سے مت بڑھاؤ، جیسا عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حد سے بڑھایا (انھوں نے کہا: عیسیٰ بھی معبود ہیں، وہ تثلیث کا جزء ہیں، اور وہ اللہ کے بیٹے ہیں، میری شان میں ایسی کوئی بات مت کہو) میں اللہ کا بندہ ہوں، پس کہو: عبد الله ورسوله: اللہ کے بندے اور اس کے رسول۔

لغت: إِطْرَاء: (باب افعال) مبالغہ آمیز تعریف کرنا، تعریف میں آسمان وزمین کے قلابے ملانا، حد سے بڑھانا۔

[٣٤٤٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا صَالِحُ بْنُ حَیٍّ، أَنَّ رُجُلًا مِنْ أَهْلِ خُرَاسَانَ قَالَ لِلشَّعْبِیِّ، فَقَالَ الشَّعْبِیُّ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى الْأَشْعَرِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم: " إِذَا أَدَّبَ الرَّجُلُ أَمَتَهُ فَأَحْسَنَ تَأْدِیْبَهَا، وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِیْمَهَا، ثُمَّ أَعْتَقَهَا فَتَزَوَّجَهَا، کَانَ لَهُ أَجْرَانِ، وَإِذَا آمَنَ بِعِیْسَى، ثُمَّ آمَنَ بِیْ فَلَهُ أَجْرَانِ، وَالْعَبْدُ إِذَا اتَّقَى رَبَّهُ وَأَطَاعَ مَوَالِیَهُ فَلَهُ أَجْرَانِ"

[راجع: ٩٧]

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، اس میں ہے: إِذَا آمَنَ بِعِيْسَى: اس مناسبت سے حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

[٣٤٤٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " تُحْشَرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلاً، ثُمَّ قَرَأَ ﴿ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ﴾ فَأَوَّلُ مَنْ يُكْسَى إِبْرَاهِيْمُ، ثُمَّ يُؤْخَذُ بِرِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِيْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ، فَأَقُوْلُ: أَصْحَابِيْ، فَيُقَالُ: إِنَّهُمْ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلٰى أَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ، فَأَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ: ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَا دُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ شَهِيْدٌ، إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾ [راجع: ٣٣٤٩]

[قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفِرَبْرِيُّ:] ذُكِرَ عَنْ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ قَبِيْصَةَ، قَالَ: هُمُ الْمُرْتَدُّوْنَ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰى عَهْدِ أَبِيْ بَكْرٍ فَقَاتَلَهُمْ أَبُوْ بَكْرٍ.

وضاحت: یہ حدیث پہلے گذری ہے، حُفَاة: حَافٍ کی جمع ہے، ننگے پاؤں .... عراةٌ: عارٍ کی جمع ہے: ننگے بدن .... غُرْلاً: أَغْرَل کی جمع ہے، اقلف، غیر مختون .... ثُمَّ يُؤْخَذُ بِرِجَالٍ: فرشتے میرے صحابہ میں سے کچھ کو دائیں یعنی جنت میں، اور کچھ کو بائیں یعنی جہنم میں لے جائیں گے .... إِنَّهُمْ لَمْ يَزَالُوْا: یہ لوگ برابر اپنی ایڑیوں پر پلٹتے رہے، جب سے آپؐ ان سے جدا ہوئے، یعنی آپؐ کی وفات کے بعد یہ لوگ مرتد ہو گئے تھے، جن کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوہا لیا .... فَأَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ آیا اس لئے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں .... قوله: ذُكِرَ عَنْ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ: فربریؒ کا اضافہ ہے، اور انھوں نے براہِ راست امام بخاری رحمہ اللہ سے یہ بات نہیں سنی، کسی دوسرے شاگرد کے واسطہ سے سنی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ اپنے استاذ قبیصہ بن عتبہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ یہ وہ لوگ ہیں جو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں مرتد ہو گئے، اور جن سے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جنگ لڑی، اور وہ ارتداد کی حالت میں مارے گئے۔

بَابُ نُزُوْلِ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے اترنا

اسلامی عقیدہ یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جسد عنصری کے ساتھ زندہ آسمان پر اٹھائے گئے ہیں، پھر قیامت سے

پہلے جب دجال کا ظہور ہوگا، آپ آسمان سے اتریں گے اور دجال کو قتل کریں گے، پھر جب مہدی کی وفات ہوگی تو آپ زمام حکومت سنبھالیں گے اور شریعت محمدی کے مطابق حکومت کریں گے، پھر ان کی وفات ہوگی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ رفع کا ذکر قرآنِ کریم میں ہے، سورۃ النساء آیات ١٥٧و١٥٨ ہیں:

﴿وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ، وَإِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِنْهُ، مَالَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ، وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۝ بَلْ رَفَعَهُ اللّٰهُ إِلَيْهِ، وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا﴾:

ترجمہ: اور یہود کے اس کہنے کی وجہ سے (ان کے قلوب پر بند لگا دیا کہ) ہم نے مسیح عیسیٰ بن مریم کو جو اللہ کے رسول ہیں قتل کر دیا (عیسیٰ علیہ السلام کے نام کے بعد جو'رسول اللہ' آیا ہے وہ یہود کا قول نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ نے بڑھایا ہے کہ دیکھو ایسے کی نسبت ایسا کہتے ہیں) حالانکہ نہ انھوں نے ان کو قتل کیا نہ ان کو سولی پر چڑھایا، بلکہ ان کو اشتباہ ہوگیا اور جو لوگ ان کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں وہ غلط خیال میں ہیں، ان کے پاس اس کی کوئی دلیل نہیں، علاوہ ظنی باتوں پر عمل کرنے کے، اور یقینی بات یہ ہے کہ انھوں نے ان کو قتل نہیں کیا بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی طرف اٹھا لیا، اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست حکمت والے ہیں۔

اس آیت میں رفع کی صراحت ہے، اس لئے یہ مضمون حدیثوں میں نہیں آیا، حدیثوں میں نزول کا تذکرہ ہے اور نزول رفع کے بعد ہوگا، پس آدھا مضمون قرآنِ کریم میں ہے اور آدھا احادیث میں۔

سوال (١): قیامت سے پہلے جب عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے تو اپنی نبوت پر برقرار رہوں گے یا ان کی نبوت ختم ہو جائیگی؟

جواب: وہ اپنی نبوت پر برقرار رہوں گے، مگر وہ اپنی شریعت پر عمل نہیں کریں گے، جیسے کسی ملک کا سربراہ دوسرے ملک میں جائے تو اپنے عہدہ پر برقرار رہتا ہے، مگر وہ دوسرے ملک میں اپنے احکام نافذ نہیں کر سکتا، بلکہ جس ملک میں گیا ہے وہاں کے احکام کی پیروی کرتا ہے۔

سوال (٢): جب عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے تو چار فقہی مذاہب میں سے کس کی پیروی کریں گے؟

جواب: عیسیٰ علیہ السلام اس امت کے مجتہد ہونگے، اور مجتہدین قرآن وسنت سے احکام مستنبط کرتے ہیں، آپ بھی مصادر اصلیہ سے احکام مستنبط کریں گے۔ قرآنِ کریم میں دو جگہ صراحت ہے کہ اللہ تعالیٰ براہِ راست عیسیٰ علیہ السلام کو قرآن وسنت کا علم عطا فرمائیں گے، سورہ آل عمران آیت ٤٨ میں ہے: ﴿وَيُعَلِّمُهُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾: اور اللہ تعالیٰ آپ کو قرآن اور سنت کی تعلیم دیں گے، حکمت سے مراد سنت ہے، اور سورۃ المائدہ آیت ١١٠ میں ہے: ﴿وَإِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾: اور یاد کرو جب میں نے تم کو قرآن اور سنت کی باتیں سکھلائیں، اور قرآنِ کریم میں تین جگہ حکمت سے سنت مراد لی گئی ہے، سورۃ البقرہ آیت ١٢٩ میں ہے: ﴿وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾: اور سورہ آل عمران آیت ١٦٤

میں ہے: ﴿وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾: اور سورۃ البقرہ آیت ۱۵۱ میں ہے: ﴿وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾: ان تینوں آیتوں میں حکمت سے مراد سنت نبوی ہے، پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی قرآن وسنت سے براہِ راست اجتہاد کریں گے۔

سوال (۳): عیسیٰ علیہ السلام کی ذات میں سلسلہ توالد وتناسل ایک فرد میں سمیٹ دیا گیا، اس میں کیا حکمت ہے؟

جواب: عیسیٰ علیہ السلام خاتم انبیائے بنی اسرائیل ہیں، اسی طرح دیگر اقوام میں بھی خاتم ہوئے ہیں، اب تمام سلسلوں کو خاتم النّبیین ﷺ میں سمیٹ دینا ہے، اس لئے نبی ﷺ سے پہلے جو متصل نبی تھے ان میں توالد وتناسل کو ایک فرد میں سمیٹ لیا اور اس کو نظیر بنایا کہ جس طرح مادی سلسلے ایک فرد میں سمیٹے جاسکتے ہیں روحانی سلسلے بھی ایک ہستی میں سمیٹے جاسکتے ہیں۔

سوال (۴): آسمان پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی کو کیوں اٹھایا گیا، کسی اور پیغمبر کو کیوں نہیں اٹھایا گیا؟

جواب: رفع عیسیٰ علیہ السلام واقعۂ معراج کی تمہید بھی تھا، نبی ﷺ کو معراج میں لے جانا تھا، جمہور کے قول کے مطابق معراج جسد عنصری کے ساتھ بیداری میں ہوئی ہے، یہ چیز لوگوں کے لئے وجہ حیرت بن سکتی تھی، اس لئے نبی ﷺ سے متصل جو نبی تھے ان کو زندہ آسمان پر اٹھایا گیا، تاکہ وہ نظیر بنے اور معراج کا واقعہ سمجھنے میں آسانی ہو۔

اور اس سے یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ کامل خاتم النّبیین نبی ﷺ ہیں، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام خاتم انبیاء بنی اسرائیل ہیں، کامل خاتم نہیں، اگر وہ کامل خاتم ہوتے تو دوسرے کی پیروی نہ کرتے۔ پھر باب میں دو حدیثیں ہیں۔

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! وہ زمانہ قریب ہے، جب تم میں ابن مریمؑ انصاف پرور حاکم بن کر اتریں گے، پس وہ سولی کو توڑیں گے اور خنزیر کو مار ڈالیں گے، یعنی عیسائیت کو باطل کردیں گے اور اس کے آثار مٹا دیں گے، اور جنگ موقوف کردیں گے، اور کُشْمِیھنی کی روایت میں ہے کہ جزیہ موقوف کردیں گے اور مال بہے گا، یہاں تک کہ اس کو لینے والا کوئی نہیں ہوگا، یہاں تک کہ ایک سجدہ دنیا ومافیہا سے بہتر ہوگا، یعنی لوگ عبادت بدنی کے ذریعہ اللہ کا قرب حاصل کریں گے، عبادت مالی کے ذریعہ تقرب حاصل نہیں کریں گے، کیونکہ مال لینے والا کوئی نہیں ہوگا۔

پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو سورۃ النساء کی آیت ۱۵۹ پڑھو: ﴿وَإِنْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا﴾: اور اہل کتاب میں سے کوئی نہیں رہتا، مگر وہ عیسیٰؑ کی اپنے مرنے سے پہلے تصدیق کرتا ہے اور قیامت کے دن وہ ان پر گواہ ہونگے، یعنی جب عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے تو تمام یہود ونصاری جان لیں گے اور مان لیں گے کہ یہود نے ان کو قتل نہیں کیا، اور وہ اللہ کے بیٹے نہیں ہیں، کیونکہ اب ان کو بھی موت آئے گی، اور قیامت کے دن جس طرح ہر پیغمبر اپنی امتِ دعوت کے خلاف گواہی دے گا عیسیٰ علیہ السلام بھی عیسائیوں کے خلاف

گواہی دیں گے۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: تمہارا کیا حال ہوگا جب تم میں ابن مریم اتریں گے، درانحالیکہ تمہارے امام تم میں سے ہونگے۔

تشریح: اس حدیث کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں، ایک یہ کہ مہدی امام ہونگے اور جب تک وہ زندہ رہیں گے وہی امام ہونگے، ان کی وفات کے بعد عیسیٰ علیہ السلام امامت کریں گے، دوسرا مطلب یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام جب امام بنیں گے تو وہ شریعت محمدی کی پیروی کریں گے، إِمَامُكُمْ مِنْكُمْ کا یہ مطلب ہے۔

[٤٩-] بَابُ نُزُوْلِ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

[٣٤٤٨-] حدثنا إِسْحَاقُ، أَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَبِىْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَعِيْدَ ابْنَ الْمُسَيَّبِ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ! لَيُوْشِكَنَّ أَنْ يَنْزِلَ فِيْكُمْ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلاً، فَيَكْسِرَ الصَّلِيْبَ، وَيَقْتُلَ الْخَنْزِيْرَ، وَيَضَعَ الْجِزْيَةَ، وَيَفِيْضَ الْمَالُ حَتَّى لاَ يَقْبَلَهُ أَحَدٌ، حَتَّى تَكُوْنَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا" ثُمَّ يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَاقْرَؤُا إِنْ شِئْتُمْ ﴿وَإِنْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ، وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا﴾ [راجع: ٢٢٢٢]

[٣٤٤٩-] حدثنا ابْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى أَبِىْ قَتَادَةَ الْأَنْصَارِىِّ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيْكُمْ، وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ؟" تَابَعَهُ عُقَيْلٌ وَالْأَوْزَاعِىُّ. [راجع: ٢٢٢٢]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَابُ مَا ذُكِرَ عَنْ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ

بنی اسرائیل کے واقعات

انبیاءکرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا تذکرہ پورا ہوا، خاتم النّبیین سید المرسلین ﷺ کا تذکرہ باقی ہے، وہ کتاب المناقب میں آئے گا، آپؐ کے حالات کے لئے مستقل کتاب رکھی ہے۔ اب کتاب الانبیاء کے آخر میں گذشتہ امتوں کے احوال بیان کرتے ہیں، ان میں اصفیاء (برگزیدہ لوگ) بھی ہیں، اور ناہنجار (بداطوار) بھی، کیونکہ **تُعْرَفُ الأَشْيَاءُ بِأَضْدَادِهَا**: مسلمہ قاعدہ ہے، پس بروں کے تذکرہ میں بھی فائدہ ہے، اور یہ سلسلہ کتاب المناقب تک چلے گا، درمیان میں کچھ ابواب آئیں گے مگر اصل واقعات بنی اسرائیل ہی کے چلیں گے۔

[۱-] نیک دل تاجر اور اللہ سے ڈرنے والا بندہ

حضرت عقبۃ بن عمرو بدری رضی اللہ عنہ نے حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ ہمیں وہ حدیثیں نہیں سناتے جو آپ نے نبی ﷺ سے سنی ہیں؟ حضرت حذیفہؓ نے کہا: میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے:

۱- دجال کے ساتھ جب وہ نکلے گا پانی اور آگ ہوگی، رہی وہ چیز جس کو لوگ آگ دیکھیں گے وہ ٹھنڈا پانی ہوگا، اور رہی وہ چیز جس کو لوگ ٹھنڈا پانی دیکھیں گے وہ جلانے والی آگ ہوگی، پس جو شخص تم میں سے یہ زمانہ پائے وہ چاہئے کہ اس چیز میں گرے جس کو وہ آگ دیکھتا ہے، اس لئے کہ وہ میٹھا ٹھنڈا پانی ہوگا، یعنی اس کی جنت کی لالچ نہ کرے، (یہی بندے جو دجال کی آگ میں گریں گے اللہ کے اچھے بندے ہونگے)

۲- پچھلی امتوں میں ایک شخص تھا، اس کے پاس موت کا فرشتہ آیا تا کہ اس کی روح قبض کرے، اس نے پوچھا: کیا تو نے کوئی نیک کام کیا ہے؟ (مراد ایسا نیک کام ہے جو لوگوں کو فائدہ پہنچائے) اس نے کہا: میں ایسا کوئی کام نہیں جانتا، اس سے کہا گیا: سوچ لے، اس نے کہا: میں کوئی کام نہیں جانتا اس کے علاوہ کہ میں دنیا میں لوگوں کے ساتھ خرید وفروخت کرتا تھا اور میں ان سے حق کا مطالبہ کرتا تھا، پس میں مال دار کو ڈھیل دیتا تھا اور تنگ دست سے درگذر کرتا تھا، یعنی اس کا قرضہ معاف کر دیتا تھا، پس اللہ تعالیٰ نے اس کو (اس عمل کی وجہ سے) جنت میں داخل کیا (یہ اللہ کا نیک بندہ ہے)

٣-ایک شخص کی موت کا وقت آ گیا، جب وہ زندگی سے مایوس ہوگیا تو اس نے گھر والوں کو وصیت کی: جب میں مرجاؤں تو میرے لئے ڈھیر سارا سوختہ جمع کرنا، اور اس میں آگ لگانا، یہاں تک کہ جب آگ میرا گوشت کھاجائے اور میری ہڈیوں تک پہنچ جائے اور میں پوری طرح جل جاؤں تو اس کو لینا اور پیس دینا، پھر ایسے دن کا انتظار کرنا جس میں سخت ہوا چل رہی ہو، پس اس راکھ کو سمندر میں اڑا دینا، چنانچہ اس کے گھر والوں نے ایسا کیا، پس اللہ تعالیٰ نے اس کو جمع کیا اور اس سے پوچھا: تو نے یہ حرکت کیوں کی؟ اس نے جواب دیا: آپ کے ڈر سے! اللہ تعالیٰ نے اس کی بخشش فرمادی، اور وہ شخص کفن چور تھا۔

تشریح: یہ شخص گنہ گار تھا اور آخری درجہ کا جاہل تھا، اس نے یہ خیال کیا کہ جب میری راکھ دریا میں بہہ جائے گی تو میں اللہ کے ہاتھ کیسے آؤں گا؟ یہ خیال فرزانوں کے لئے تو کفر ہے، مگر جاہلوں کے لئے قابل درگذر ہے، قصوں میں ہے کہ ایک چرواہا دعا کررہا تھا: خدایا تو کہاں ہے؟ اگر تو مجھے مل جائے تو میں تجھے اپنی بکریوں کا دودھ پلاؤں، تیرے سر میں سے جوئیں نکالوں اور تیرے گریبان میں کانٹے کا بٹن لگاؤں، حضرت موسیٰ علیہ السلام وہاں سے گذرے، اس کو ڈانٹا: کیا بک رہا ہے! کہتے ہیں: جب موسیٰ علیہ السلام طور پر پہنچے تو وحی آئی: میرا ایک بندہ مجھ سے راز و نیاز کی باتیں کررہا تھا، آپ نے اس کو کیوں روک دیا؟ غرض ہر شخص سے اس کی استعداد کے مطابق مطالبہ کیا جاتا ہے، اس جاہل بندہ سے جب پوچھا گیا کہ تو نے یہ حرکت کیوں کی؟ تو اس نے کہا: مِنْ خَشْيَتِكَ: آپ کے ڈر سے! اس کا یہ جذبہ قابل پذیرائی تھا، چنانچہ اس کی بخشش کردی گئی۔

بسم الله الرحمن الرحيم

[٥٠-] بَابُ مَاذُكِرَ عَنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ

[٣٤٥٠-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، قَالَ: قَالَ عُقْبَةُ بْنُ عَمْرٍو لِحُذَيْفَةَ: أَلَا تُحَدِّثُنَا مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: إِنِّيْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "إِنَّ مَعَ الدَّجَّالِ إِذَا خَرَجَ مَاءً وَنَارًا، فَأَمَّا الَّذِيْ يَرَى النَّاسُ أَنَّهَا النَّارُ فَمَاءٌ بَارِدٌ، وَأَمَّا الَّذِيْ يَرَى النَّاسُ أَنَّهُ مَاءٌ بَارِدٌ فَنَارٌ تُحْرِقُ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَلْيَقَعْ فِي الَّذِيْ يَرَى أَنَّهَا نَارٌ فَإِنَّهُ عَذْبٌ بَارِدٌ" [انظر: ٧١٣٠]

[٣٤٥١-] قَالَ حُذَيْفَةُ: وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "إِنَّ رَجُلًا كَانَ فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، أَتَاهُ الْمَلَكُ لِيَقْبِضَ رُوْحَهُ، فَقِيْلَ لَهُ: هَلْ عَمِلْتَ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُ! قِيْلَ لَهُ: انْظُرْ، قَالَ: مَا أَعْلَمُ شَيْئًا غَيْرَ أَنِّيْ كُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا وَأُجَازِيْهِمْ، فَأُنْظِرُ الْمُوْسِرَ وَأَتَجَاوَزُ عَنِ الْمُعْسِرِ، فَأَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ" [راجع: ٢٠٧٧]

[٣٤٥٢-] قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "إِنَّ رَجُلًا حَضَرَهُ الْمَوْتُ، فَلَمَّا يَئِسَ مِنَ الْحَيَاةِ أَوْصَى أَهْلَهُ، إِذَا

أَنَا مُتُّ فَاجْمَعُوْا لِیْ حَطَبًا كَثِيْرًا، وَأَوْقِدُوْا فِيْهِ نَارًا، حَتّٰى إِذَا أَكَلَتْ لَحْمِیْ، وَخَلَصَتْ إِلٰى عَظْمِیْ، فَأمْتُحِشْتُ، فَخُذُوْهَا فَاطْحَنُوْهَا، ثُمَّ انْظُرُوْا يَوْمًا رَاحًا فَاذْرُوْهُ فِی الْيَمِّ، فَفَعَلُوْا فَجَمَعَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقَالَ لَهُ: لِمَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مِنْ خَشْيَتِكَ، فَغَفَرَ اللّٰهُ لَهُ" قَالَ عُقْبَةُ بْنُ عَمْرٍو: وَأَنَا سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ ذَاكَ: وَكَانَ نَبَّاشًا. [انظر: ٣٤٧٩، ٦٤٨٠]

لغات: قوله: يُرِیٰ: معروف اور مجہول دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، مجہول پڑھیں گے تو الناس نائب فاعل ہوگا اور معروف پڑھیں گے تو مفعول ہوگا .... **أُجَازِيْهِمْ: اتقاضاهم الحق**، میں ان سے اپنا حق مانگتا تھا، **المُجازی: المُتقاضی، تَجَازَيْتُ دَيْنِیْ**: میں نے اپنا قرضہ مانگا .... **خَلَصَ إليه**: پہنچنا .... **امتحشت**: معروف اور مجہول دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، معروف کے معنی ہیں: **احترقتُ**: جل جاؤں میں، اور مجہول کے معنی ہیں: جلا دیا جاؤں میں، اس کا مادہ **مَحَشَ** ہے، جس کے معنی ہیں: کھال جل جانا، اور ہڈیاں نظر آنا .... **يومٌ راحٌ**: جس دن آندھی چل رہی ہو۔

[٢-] نبیوں کی قبروں پر مسجدیں بنانے والے یہود ونصاریٰ پر لعنت

حدیث: حضرت ابن عباس اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، اس لئے دو نمبر لگائے ہیں، مرضِ وفات میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم لیٹے ہوئے تھے، چہرے پر موٹی چادر ڈال رکھی تھی، جب دم گھٹتا تو چہرہ کھول دیتے، ازواج مطہرات جمع تھیں، حضرت ام سلمہ اور حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہما حبشہ کے ایک گرجے کا تذکرہ کر رہی تھیں، اور اس کی خوبصورتی کی تعریف کر رہی تھیں، آپؐ نے رخ انور سے چادر ہٹائی اور فرمایا: ''یہود ونصاریٰ پر اللہ کی لعنت! انھوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو مسجدیں بنالیا'' یعنی یہ گرجا جس کی تم تعریف کر رہی ہو کسی نبی کی قبر پر بنایا گیا ہے، **يُحَذِّرُ مَا صَنَعُوْا: أَیْ مِمَّا صَنَعُوْا** آپؐ ڈرا رہے تھے اُس سے جو انھوں نے کیا، یعنی آپؐ کی قبر کو سجدہ گاہ نہ بنایا جائے۔ (حدیث پہلے گذری ہے)

[٣٤٥٣و٣٤٥٤-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ مَعْمَرٌ، وَيُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ قَالَا: لَمَّا نَزَلَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَفِقَ يَطْرَحُ خَمِيْصَةً لَهُ عَلٰى وَجْهِهِ، فَإِذَا اغْتَمَّ كَشَفَهَا عَنْ وَجْهِهِ، فَقَالَ - وَهُوَ كَذٰلِكَ-: " لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ" يُحَذِّرُ مَا صَنَعُوْا.

[راجع: ٤٣٥، ٤٣٦]

قوله: لما نزل: يعنی الموت .... **خميصة**: دھاری دار سرخ یا سیاہ کپڑا .... **اغْتَمَّ**: دم گھٹنا .... **وهو كذلك**: اسی حال میں۔

۳-بنی اسرائیل کی سیاسی راہنمائی انبیاء کرتے تھے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل کی سیاسی راہنمائی انبیاء کرتے تھے، (وہ لوگوں کے معاملات سنبھالتے تھے) جب بھی کسی نبی کا انتقال ہوتا تو دوسرے نبی اس کے جانشیں بن جاتے (کیونکہ نبوت کا سلسلہ جاری تھا) اور بیشک شان یہ ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور عنقریب ہونگے میرے جانشیں، اور بہت ہونگے (وہ میری امت کی سیاسی راہنمائی کریں گے) لوگوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: پہلے کی بیعت کا حق ادا کرنا، پھر دوسرے کی (فُوْا: وَفَاءٌ سے امر ہے، یعنی جس سے پہلے بیعت کی ہے وہ صحیح ہے، دوسرے کی بیعت باطل ہے، لہٰذا پہلے کے ساتھ وفاداری کی جائے) تم ان کو ان کا حق دو، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ضرور ان سے باز پرس کرنے والے ہیں، اس کی جس کی ان سے نگرانی اور دیکھ بھال کرائی ہے، یعنی لوگوں کی ذمہ داری سمع وطاعت ہے اور خلیفہ غلط روش اختیار کرے گا تو اس کی داوگیر ہوگی (یہ حدیث اسی جگہ ہے)

[۳۴۵۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ فُرَاتِ الْقَزَّازِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ، قَالَ: قَاعَدْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ خَمْسَ سِنِيْنَ، فَسَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" كَانَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ تَسُوْسُهُمُ الأَنْبِيَاءُ، كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهُ نَبِيٌّ، وَإِنَّهُ لَانَبِيَّ بَعْدِيْ، وَسَيَكُوْنُ خُلُفَاءُ فَيَكْثُرُوْنَ، قَالُوْا: فَمَا تَأْمُرُنَا يَارَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: فُوْا بِبَيْعَةِ الأَوَّلِ فَالأَوَّلِ، أَعْطُوْهُمْ حَقَّهُمْ، فَإِنَّ اللهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ"

قوله: قَاعَدْتُ: ہم نشیں رہنا، شاگردی اختیار کرنا۔

۴-یہ امت برائیوں میں یہود ونصاری کی ہو بہو پیروی کرے گی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ضرور پیروی کروگے تم اپنے سے پہلوں کی روش کی، جیسے بالشت بالشت کے برابر ہوتی ہے اور ہاتھ ہاتھ کے برابر ہوتا ہے، یعنی ہو بہو، یہاں تک کہ اگر وہ گوہ کے سوراخ میں گھسے ہیں تو تم ضرور اس میں گھسوگے، صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! پہلوں سے مراد یہود ونصاری ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: اور کون ہے؟ یعنی وہی مراد ہیں۔

تشریح: سَنَن: (بفتحتین) سُنَّة کی جمع ہے: روش، راہ، خواہ اچھی ہو یا بری، لیکن اس حدیث میں گمراہ فرقوں کی اور بدعتیوں کی روش مراد ہے......... اور گوہ کا سوراخ نہایت تنگ اور خطرناک ہوتا ہے، یہ امت یہود ونصاری کے نہایت برے طریقوں کو بھی اپنائے گی، انھوں نے نبیوں کو قتل کیا، آسمانی کتابوں میں تحریف کی یہ امت: علماء امت کو قتل کرے گی، اور قرآنِ کریم میں معنوی تحریف کرے گی، تمام گمراہ فرقے یہی کرتے ہیں۔

[٣٤٥٦-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِیْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ، حَتّٰی لَوْ سَلَكُوْا جُحْرَ ضَبٍّ لَسَلَكْتُمُوْهُ" قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی؟ قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "فَمَنْ؟" [انظر: ٧٣٢٠]

قوله: شِبْرًا بِشِبْرٍ: منصوب بنزع خافض ہے، أی اتباعاً بشبرٍ مُلْتَبِسٍ بشبر .... اليهودُ (مرفوع) أی هم اليهود؟ اليهودَ (منصوب) أی تريد اليهود؟

٥- یہود ونصاریٰ نماز کے لئے آگ جلاتے اور نقارہ بجاتے ہیں

حدیث کتاب الاذان میں گذر چکی ہے، تفصیلات وہاں ہیں۔

[٣٤٥٧-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: ذَكَرُوْا النَّارَ وَالنَّاقُوْسَ، فَذَكَرُوْا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی، فَأُمِرَ بِلَالٌ أَنْ يَشْفَعَ الْأَذَانَ وَأَنْ يُوْتِرَ الإِقَامَةَ. [راجع: ٦٠٣]

٦- یہود کوکھوں پر ہاتھ رکھ کر نماز میں کھڑے ہوتے ہیں

الخاصرة: پہلو، سرین کی جڑ سے پسلیوں سے نیچے تک کا درمیانی حصہ، کوکھ، جمع خواصر۔ اور روایت اسی جگہ ہے، حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا اس بات کو ناپسند کرتی تھیں کہ نماز میں حالت قیام میں کوکھوں پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہوا جائے اور فرماتی تھیں: یہود اس طرح کھڑے ہوتے ہیں، قیام میں مسنون طریقہ ناف کے نیچے یا اوپر ہاتھ باندھنا ہے۔

[٣٤٥٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِی الضُّحٰی، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ: كَانَتْ تَكْرَهُ أَنْ يَجْعَلَ يَدَهُ فِی خَاصِرَتِهِ، وَتَقُوْلُ: إِنَّ الْيَهُوْدَ تَفْعَلُهُ، تَابَعَهُ شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ.

٧- یہود ونصاریٰ نے کام زیادہ کیا اور اجرت کم پائی

حدیث کئی مرتبہ گذر چکی ہے، نبی ﷺ نے تین امتوں کا حال ایک مثال سے سمجھایا ہے۔

[٣٤٥٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "إِنَّمَا أَجَلُكُمْ فِی أَجَلِ مَنْ خَلَا مِنَ الْأُمَمِ، مَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلٰی مَغْرِبِ

الشَّمْسِ، وَإِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى كَرُجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالاً، فَقَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ إِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ؟ فَعَمِلَتِ الْيَهُوْدُ إِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ إِلٰى صَلاَةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ؟ فَعَمِلَتِ النَّصَارَى مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ إِلٰى صَلاَةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ مِنْ صَلاَةِ الْعَصْرِ إِلٰى مَغْرِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ؟ قَالَ: أَلاَ فَأَنْتُمُ الَّذِيْنَ تَعْمَلُوْنَ مِنْ صَلاَةِ الْعَصْرِ إِلٰى مَغْرِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ، أَلاَ لَكُمُ الْأَجْرُ مَرَّتَيْنِ! فَغَضِبَ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارَى، فَقَالُوْا: نَحْنُ أَكْثَرُ عَمَلاً وَأَقَلُّ عَطَاءً، قَالَ اللّٰهُ: وَهَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا؟ قَالُوْا: لاَ، قَالَ: فَإِنَّهُ فَضْلِيْ أُعْطِيْهِ مَنْ شِئْتُ"[راجع: ۵۵۷]

۸- حیلہ بازی یہود کا طریقہ ہے

حدیث پہلے گذری ہے، مگر اس کا ابتدائی حصہ پہلے نہیں آیا، حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ نے اہل کتاب سے جزیہ میں شراب وصول کی، اور اس کو بیچ کر پیسے بنالئے، ان کے خیال میں ایسا کرنا جائز ہوگا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع ہوئی، تو آپؓ نے سخت نکیر کی، فرمایا: قَاتَلَ اللّٰهُ فُلاَنًا: (اس جملہ کا مقصد نکیر ہے بددعا نہیں) کیا وہ نہیں جانتے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: یہود پر اللہ کی پھٹکار! ان پر مذبوحہ جانور کی چربی حرام کی گئی، تو انھوں نے اس کو پگھلایا اور اس کو بیچا (یہ حرام سے انتفاع کا حیلہ کیا)

[۳۴۶۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَاتَلَ اللّٰهُ فُلاَنًا! أَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا" تَابَعَهُ جَابِرٌ وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ۲۲۲۳]

قوله: تابعه: یعنی یہ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما کے علاوہ حضرات جابر وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے، تابعه کا مرجع ابن عباسؓ ہیں۔

۹- بنی اسرائیل سے نقل کرنا

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- **بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً:** میری طرف سے پہنچاؤ اگرچہ ایک آیت ہو، آیت سے مراد قرآنِ کریم کی آیت ہے، یعنی جو نیا قرآن نازل ہوا ہے اس کو دوسرے مسلمانوں تک پہنچاؤ، اور جس کو نیا نازل شدہ قرآن سارا یاد نہ ہو، بلکہ ایک آیت ہی یاد ہو تو وہ اسی کو دوسروں تک پہنچائے۔

۲-وَحَدِّثُوْا عَنْ بَنِیْ إِسْرَائِيْلَ وَلاَ حَرَجَ: اور بنی اسرائیل (یہود ونصاری) سے نقل کرو، اس میں کچھ حرج نہیں (اس سے مراد واقعات انبیاء ہیں، دین وشریعت نقل کرنے کی نہ ضرورت ہے نہ اجازت)

۳-وَمَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ: اور جو شخص مجھ پر بالقصد جھوٹ باندھے وہ اپنے بیٹھنے کی جگہ جہنم میں بنالے، یعنی دوزخ میں اپنی سیٹ ریزرو کرالے! یعنی بنی اسرائیل کی باتیں انہی کی طرف منسوب کرکے بیان کرو، میری طرف اس کی نسبت مت کرو، جو ایسا کرے گا وہ جہنم میں جائے گا۔

تشریح: سب نبیوں کا دین ایک ہے اور قرآنِ کریم نے اعلان کیا ہے: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِیْ، وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلاَمَ دِيْنًا﴾: آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کردیا، اور میں نے تم پر اپنی نعمت تام کردی، اور میں نے اسلام کو تمہارے دین بننے کے لئے پسند کرلیا، یعنی اب قیامت تک تمہارا یہی دین رہے گا، اس کو منسوخ کرکے دوسرا دین تجویز نہیں کیا جائے گا (المائدہ آیت ۳) اس لئے یہود ونصاری سے دین کی کوئی بات روایت کرنے کا تو سوال ہی نہیں، اور شریعتیں مختلف رہی ہیں، بنی اسرائیل کی شریعت اور تھی، اور نبی ﷺ کی شریعت اور ہے، اس لئے جو باتیں گذشتہ شریعتوں کی قرآن وحدیث میں لی گئی ہیں وہ تو حجت ہیں، باقی باتیں یہود ونصاری کے ساتھ خاص ہیں، اس لئے ان کو نقل کرنے کا بھی سوال نہیں، البتہ انبیاء بنی اسرائیل کے واقعات احادیث میں بہت کم آئے ہیں، اس لئے ان کی تفصیلات اگر اصول اسلام کے خلاف نہ ہوں تو بنی اسرائیل سے روایت کی جاسکتی ہیں، مگر مفسرین کرام جو لمبے چوڑے قصے آیات کے ذیل میں نقل کرتے ہیں وہ اکثر بے سروپا ہوتے ہیں، اس قسم کے واقعات اگر نص قرآنی کے خلاف نہ ہوں تو ان کی نہ تصدیق کرنی چاہئے نہ تکذیب، اور نہ ان کو تفسیروں اور تقریروں میں بیان کرنا چاہئے، بخاری شریف میں روایت ہے کہ اہل کتاب (یہود) عبرانی میں تورات پڑھتے تھے اور عربی میں مسلمانوں کے لئے اس کی تفسیر کرتے تھے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: لاَتُصَدِّقُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ وَلاَ تُكَذِّبُوْهُمْ وَقُوْلُوْا: آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ: اہل کتاب (یہود ونصاری) کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب کرو، بلکہ کہو: ہم اللہ پر اور اس نے جو کچھ (ہم پر) نازل کیا ہے اس پر ایمان لاتے ہیں، یعنی ہمیں تمہاری باتوں کی ضرورت نہیں (بخاری، کتاب التفسیر ص ۶۴۴ و ۱۰۹۳)

[۳٤٦١-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِیُّ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ كَبْشَةَ السَّلُوْلِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آيَةً، وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِیْ إِسْرَائِيْلَ وَلاَ حَرَجَ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"

۱۰- یہود خضاب نہیں کرتے تم خضاب کرو

یہود سر اور ڈاڑھی میں خضاب نہیں کرتے، نبی ﷺ نے اپنی امت کو حکم دیا کہ وہ خضاب کیا کرے۔ اور جس حدیث

میں سفید بالوں کو دور کرنے کی ممانعت ہے اس سے بال اکھاڑنا مراد ہے، خضاب کرنے کی ممانعت نہیں، البتہ مسلم شریف میں حدیث (نمبر ۲۱۰۲) ہے: غَيِّرُوْا هٰذَا بِشَيْءٍ، وَاجْتَنِبُوْا السَّوَادَ: بالوں میں خضاب کرو، اور سیاہ خضاب سے بچو، کیونکہ خضاب کا مقصد زینت ہے، دھوکہ دینا نہیں، اور زینت ہر رنگ سے حاصل ہوتی ہے، پھر سیاہ خضاب کی کیا ضرورت ہے؟

[۳٤٦٢-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارَى لاَ يَصْبُغُوْنَ فَخَالِفُوْهُمْ"[انظر: ٥٨٩٩]

۱۱-خودکشی کی سزا

مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ: کا مصداق امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک بنی اسرائیل ہیں، ایک شخص زخمی ہوا، زخموں کی تاب نہ لا سکا، چھری لی اور اپنا ہاتھ کاٹ لیا، پس خون نہ تھما اور وہ مرگیا، اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: "مجھ سے میرے بندے نے اپنی جان لینے میں جلدی کی، پس میں نے اس پر جنت حرام کی"

[۳٤٦٣-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُنْدَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فِي هٰذَا الْمَسْجِدِ، وَمَا نَسِيْنَا مُنْذُ حَدَّثَنَا وَمَا نَخْشَى أَنْ يَكُوْنَ جُنْدَبٌ كَذَبَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَانَ فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ بِهِ جُرْحٌ، فَجَزِعَ، فَأَخَذَ سِكِّيْنًا، فَحَزَّ بِهَا يَدَهُ، فَمَا رَقَأَ الدَّمُ حَتَّى مَاتَ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: بَادَرَنِيْ عَبْدِيْ بِنَفْسِهِ فَحَرَّمْتُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ"[راجع: ١٣٦٤]

۱۲-سفید داغ والے، گنجے اور اندھے کا واقعہ

بنی اسرائیل میں تین شخص تھے: سفید داغ والا، گنجا اور اندھا، اللہ تعالیٰ نے ان کا امتحان کیا، ان کے پاس ایک فرشتہ بھیجا، وہ سفید داغ والے کے پاس آیا، اور پوچھا: تجھے سب سے زیادہ پسند کیا چیز ہے؟ اس نے کہا: اچھا رنگ اور اچھی کھال، لوگ مجھ سے گھن کرتے ہیں، فرشتہ نے اس کے بدن پر ہاتھ پھیرا تو برص کی بیماری ختم ہوگئی، اور وہ اچھا رنگ اور اچھی کھال دیا گیا، پھر فرشتہ نے پوچھا: تجھے سب سے زیادہ پسند کونسا مال ہے؟ اس نے کہا: اونٹ —— یا کہا: گائیں، اسحاق بن عبداللہ کو شک ہے، ابرص اور اقرع میں سے ایک نے اونٹ مانگے اور دوسرے نے گائیں —— پس وہ دس مہینہ کی گابھن اونٹنی دیا گیا، اور فرشتہ نے کہا: تیرے لئے اس میں برکت فرمائی جائے!

پھر وہ گنجے کے پاس آیا اور پوچھا: تجھے سب سے زیادہ پسند کیا چیز ہے؟ اس نے کہا: خوبصورت بال، اور میرا یہ گنجا پن ختم

ہو جائے، لوگ مجھ سے گھن کرتے ہیں، فرشتہ نے اس پر ہاتھ پھیرا تو گنجاپن ختم ہو گیا، اور وہ خوبصورت بال دیا گیا، فرشتہ نے پوچھا: کونسا مال تجھے زیادہ پسند ہے؟ اس نے کہا: گائیں، فرشتہ نے اس کو ایک گابھن گائے دی، اور دعا دی: تیرے لئے اس میں برکت فرمائی جائے!

پھر اندھے کے پاس آیا، اور پوچھا: تجھے سب سے زیادہ پسند کیا چیز ہے؟ اس نے کہا: میری آنکھیں اچھی کر دیں، تاکہ میں اس سے لوگوں کو دیکھوں، نبی ﷺ نے فرمایا: پس فرشتہ نے اس کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرا، اللہ نے اس کی طرف اس کی نگاہ پھیر دی، فرشتہ نے پوچھا: تجھے کونسا مال سب سے زیادہ پسند ہے؟ اس نے کہا: بکریاں، فرشتہ نے اس کو ایک قریب الولادت بکری دی، پس بچے دیئے گئے یہ دونوں اور نسل بڑھائی اس نے، اور ہو گیا اس کے لئے اونٹوں کا ایک میدان اور اس کے لئے گایوں کا ایک میدان، اور اس کے لئے بکریوں کا ایک میدان، پھر وہ فرشتہ سفید داغ والے کے پاس آیا، اپنی پہلی صورت اور ہیئت میں، اور اس نے کہا: میں ایک غریب آدمی ہوں، میری رسیاں میرے سفر میں کٹ گئی ہیں، یعنی اسباب سفر نہیں رہے، پس آج میرا کام نہیں بن سکتا مگر اللہ کے ذریعہ، پھر تیرے ذریعہ، میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں اس اللہ کے واسطہ سے جس نے تجھ کو اچھا رنگ، اچھی کھال اور مال دیا، ایک اونٹ کی جس پر میں (گھر تک) پہنچوں میرے سفر میں، اس نے جواب دیا: حقوق بہت ہیں (میں کہاں تک دوں) فرشتے نے اس سے کہا: گویا میں تجھے پہچانتا ہوں، کیا تو ابرص نہیں تھا؟ تجھ سے لوگ گھن نہیں کرتے تھے؟ فقیر نہیں تھا؟ پس تجھے اللہ نے مال دیا؟ اس نے جواب دیا: میں تو اس مال کا آباؤ واجداد سے وارث ہوا ہوں، فرشتہ نے کہا: اگر تو جھوٹا ہے تو اللہ تجھے ویسا ہی کر دے جیسا تو تھا، پھر وہ گنجے کے پاس آیا، اپنی اسی صورت و ہیئت میں اور اس سے بھی ویسی ہی بات کہی جیسی اس نے پہلے سے کہی تھی، اور اس نے ویسا ہی جواب دیا جیسا پہلے نے دیا تھا، فرشتہ نے کہا: اگر تو جھوٹا ہے تو تجھے اللہ ویسا ہی کر دے، جیسا تو تھا، پھر اندھے کے پاس آیا، اپنی صورت میں اور کہا: میں غریب آدمیوں ہوں، مسافر ہوں، میرے سفر میں میری رسیاں ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی ہیں، پس میں آج گھر نہیں پہنچ سکتا، مگر اللہ کی مدد سے، پھر تیری مدد سے، میں تجھ سے ایک بکری کا سوال کرتا ہوں، اس اللہ کے واسطہ سے جس نے تیری نگاہ پھیر دی، تاکہ میں اس کے ذریعہ اپنے سفر میں مراد تک پہنچوں، اس نے کہا: واقعی میں اندھا تھا، اللہ نے میری بینائی پھیر دی، اور فقیر تھا اللہ نے مجھے مال دیا، پس لیلے تو جو چاہے، بخدا! میں نہیں تعریف کروں گا تیری آج کسی ایسی چیز کی وجہ سے جس کو تو نے اللہ کے لئے لیا ہے، فرشتہ نے کہا: اپنا مال رکھے رہ، تم تینوں آزمائے گئے، اللہ تعالیٰ تجھ سے خوش ہوئے اور تیرے دونوں ساتھیوں سے ناراض ہوئے۔

[٥١-] حَدِيْثُ أَبْرَصَ وَأَقْرَعَ وَأَعْمَى

[٣٤٦٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا

إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِیْ عَمْرَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، ح: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هَمَّامٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِیْ عَمْرَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ:" إِنَّ ثَلاَ ثَةً فِیْ بَنِیْ إِسْرَائِیْلَ: أَبْرَصَ وَأَقْرَعَ وَأَعْمَی، بَدَأَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ أَنْ یَبْتَلِیَهُمْ، فَبَعَثَ إِلَیْهِمْ مَلَکًا، فَأَتَی الْأَبْرَصَ، فَقَالَ: أَیُّ شَیْءٍ أَحَبُّ إِلَیْكَ؟ قَالَ: لَوْنٌ حَسَنٌ وَجِلْدٌ حَسَنٌ، قَدْ قَذِرَنِیْ النَّاسُ، قَالَ: فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ، فَأُعْطِیَ لَوْنًا حَسَنًا، فَقَالَ: وَأَیُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَیْكَ؟ فَقَالَ: الإِبِلُ – أَوْ قَالَ: الْبَقَرُ، هُوَ شَكَّ فِی ذٰلِكَ: أَنَّ الْأَبْرَصَ وَالْأَقْرَعَ قَالَ أَحَدُهُمَا: الإِبِلُ، وَقَالَ الآخَرُ: الْبَقَرُ – فَأُعْطِیَ نَاقَةً عُشَرَاءَ، فَقَالَ: یُبَارَكُ لَكَ فِیْهَا.

قَالَ وَأَتَی الْأَقْرَعَ فَقَالَ: أَیُّ شَیْءٍ أَحَبُّ إِلَیْكَ؟ قَالَ: شَعْرٌ حَسَنٌ، وَیَذْهَبُ هٰذَا عَنِّیْ، قَدْ قَذِرَنِیْ النَّاسُ. قَالَ: فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ، وَأُعْطِیَ شَعْرًا حَسَنًا، قَالَ: فَأَیُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَیْكَ؟ قَالَ: الْبَقَرُ. فَأَعْطَاهُ بَقَرَةً حَامِلاً، وَقَالَ: یُبَارَكُ لَكَ فِیْهَا.

وَأَتَی الْأَعْمَی فَقَالَ: أَیُّ شَیْءٍ أَحَبُّ إِلَیْكَ؟ قَالَ: یَرُدُّ اللّٰهُ إِلَیَّ بَصَرِیْ، فَأُبْصِرُ بِهِ النَّاسَ، قَالَ: فَمَسَحَهُ فَرَدَّ اللّٰهُ إِلَیْهِ بَصَرَهُ. قَالَ: فَأَیُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَیْكَ؟ قَالَ: الْغَنَمُ، فَأَعْطَاهُ شَاةً وَالِدًا.

فَأُنْتِجَ هَذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا، فَکَانَ لِهٰذَا وَادٍ مِنَ الإِبِلِ، وَلِهٰذَا وَادٍ مِنْ بَقَرٍ، وَلِهٰذَا وَادٍ مِنْ غَنَمٍ، ثُمَّ إِنَّهُ أَتَی الْأَبْرَصَ فِیْ صُوْرَتِهِ وَهَیْئَتِهِ، فَقَالَ: رَجُلٌ مِسْکِیْنٌ، تَقَطَّعَتْ بِهِ الْحِبَالُ فِیْ سَفَرِیْ، فَلاَ بَلاَغَ الْیَوْمَ إِلاَّ بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ، أَسْأَلُكَ بِالَّذِیْ أَعْطَاكَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِیْرًا أَتَبَلَّغُ عَلَیْهِ فِیْ سَفَرِیْ، فَقَالَ لَهُ: إِنَّ الْحُقُوْقَ کَثِیْرَةٌ. فَقَالَ لَهُ: کَأَنِّیْ أَعْرِفُكَ، أَلَمْ تَکُنْ أَبْرَصَ یَقْذِرُكَ النَّاسُ؟ فَقِیْرًا فَأَعْطَاكَ اللّٰهُ؟ فَقَالَ: لَقَدْ وَرِثْتُ کَابِرًا عَنْ کَابِرٍ، فَقَالَ: إِنْ کُنْتَ کَاذِبًا فَصَیَّرَكَ اللّٰهُ إِلٰی مَا کُنْتَ.

وَأَتَی الْأَقْرَعَ فِیْ صُوْرَتِهِ وَهَیْئَتِهِ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ لِهٰذَا، وَرَدَّ عَلَیْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ عَلَیْهِ هٰذَا، فَقَالَ: إِنْ کُنْتَ کَاذِبًا فَصَیَّرَكَ اللّٰهُ إِلٰی مَا کُنْتَ.

وَأَتَی الْأَعْمَی فِیْ صُوْرَتِهِ فَقَالَ: رَجُلٌ مِسْکِیْنٌ وَابْنُ السَّبِیْلِ، وَتَقَطَّعَتْ بِیَ الْحِبَالُ فِیْ سَفَرِیْ، فَلاَ بَلاَغَ الْیَوْمَ إِلاَّ بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ، أَسْأَلُكَ بِالَّذِیْ رَدَّ عَلَیْكَ بَصَرَكَ شَاةً أَتَبَلَّغُ بِهَا فِیْ سَفَرِیْ، وَقَالَ: قَدْ کُنْتُ أَعْمَی فَرَدَّ اللّٰهُ بَصَرِیْ، وَفَقِیْرًا فَأَغْنَانِی اللّٰهُ فَخُذْ مَا شِئْتَ فَوَ اللّٰهِ لاَ أَحْمَدُكَ الْیَوْمَ لِشَیْءٍ أَخَذْتَهُ لِلّٰهِ. فَقَالَ: أَمْسِكْ مَالَكَ، فَإِنَّمَا ابْتُلِیْتُمْ فَقَدْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْكَ وَسَخِطَ عَلٰی صَاحِبَیْكَ"[انظر: ٦٦٥٣]

قولہ: بَدَأَ اللّٰهُ: اللہ نے شروع کیا یعنی اللہ نے ارادہ کیا، مسلم شریف میں أَرَادَ اللّٰهُ ہے..........قولہ: لا أَحْمَدُكَ

الیومَ لشیئ أَخَذْتَه لِلّٰہِ: نہیں تعریف کروں گا میں تیری آج کسی ایسی چیز کی وجہ سے جس کو تو نے لیا، اللہ کے لئے، یہ جملہ بخاری شریف میں اسی طرح ہے، مگر أَخذتہ کے بجائے تَرَکْتَہ ہونا چاہئے، مسلم شریف میں لاَ أَجْھَدُكَ ہے یعنی نہیں دشواری ڈالوں گا میں تجھ پر، کسی ایسے مطالبہ کو رد کر کے جو تو نے کیا ہے، پس اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ جتنی چاہے بکریاں لیلے، اگر کچھ بکریاں چھوڑے گا تو اس سے مجھے خوشی نہیں ہوگی، بلکہ تیرے لے جانے سے خوشی ہوگی۔

۱۳-اصحابِ کہف کا واقعہ

الکھف: کھوہ، غار، غار اور کہف میں فرق یہ ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع، اور اردو میں چھوٹا غار اور بڑا غار کہہ کر فرق کرتے ہیں، بنی اسرائیل کے سات نوجوان اپنے پروردگار پر ایمان لائے تھے، وہ کسی ظالم بادشاہ کے عہد میں تھے، بادشاہ غالی بت پرست تھا اور جبر و اکراہ سے بت پرستی کی اشاعت کرتا تھا، یہ نوجوان شاہی دربار میں دین کی دعوت لے کر پہنچے، اور بادشاہ کے سامنے ایسی ایمانی جرءت اور استقلال کا مظاہرہ کیا کہ دیکھنے والے دنگ رہ گئے، مگر درباریوں نے بات قبول نہ کی، وہ قتل کے خوف سے کسی پہاڑ کی کھوہ میں جا بیٹھے، اور وہاں پہنچتے ہی تھکے ماندے سو گئے، پھر ایک طویل مدت کے بعد حیرت انگیز طور پر اٹھائے گئے، ان کو بھوک لگ رہی تھی، اپنے میں سے ایک کو ضروری خرچ دے کر شہر بھیجا کہ تحقیق کرے کہ کونسا کھانا حلال ہے؟ اس کو خرید کر لائے تاکہ پیٹ بھرا جائے، جب وہ شخص بازار پہنچا تو راز کھل گیا، کیونکہ وہ تین سو سال پرانا سکہ لے کر گیا تھا، اور بادشاہ تک خبر پہنچ گئی، اب بادشاہ مسلمان تھا، لوگ بھی سب اسلام قبول کر چکے تھے، یہ پورا واقعہ سورۃ الکہف آیات ۹-۲۵ میں ہے، حدیث میں اس کا ذکر نہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ مفردات بیان کر کے آیات کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔

۱-آیت ۹ ہے: ﴿أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ آيَاتِنَا عَجَبًا﴾: کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ غار والے اور نوشتہ ناموں والے ہماری نشانیوں میں سے کچھ عجیب چیز تھے؟ اصحاب الکہف کے بعد اصحاب الرقیم اس لئے بڑھایا ہے کہ اصحاب الکہف متعدد ہیں، قرآنِ کریم نے ان اصحابِ کہف کا واقعہ بیان کیا ہے جن کے نام اور حالات ایک تختی پر لکھ کر شاہی خزانے میں محفوظ کئے گئے تھے۔ رقیم: فعیل کا وزن بمعنی مرقوم ہے، پس الرقیم کے معنی ہیں: الکتاب۔ اور مَرْقُوْمٌ کے معنی ہیں: مَكْتُوْبٌ۔ رقم سے جس کے معنی ہیں لکھنا۔

۲-آیت ۱۴ میں ہے: ﴿وَرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ﴾: اور ہم نے ان کے دل مضبوط کئے، یعنی ان کے دلوں میں صبر و ہمت پیدا کی، یہ محاورہ سورۃ القصص آیت ۱۰ میں بھی آیا ہے: ﴿لَوْلاَ أَنْ رَبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا﴾: اگر ہم موسیٰ علیہ السلام کی ماں کے دل کو مضبوط نہ کرتے، یعنی ان کے دل میں فراق برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا نہ کرتے۔

۳-آیت ۱۴ میں ہے: ﴿لَنْ نَدْعُوَا مِنْ دُوْنِهِ إِلٰهًا لَقَدْ قُلْنَا إِذًا شَطَطًا﴾: ہم اللہ کو چھوڑ کر کسی معبود کی ہرگز عبادت نہ کریں گے (اگر ہم ایسا کریں) تو اس صورت میں ہم یقیناً بہت بیجا بات کہیں گے۔ شَطَطَ: نصر اور ضرب کا مصدر ہے، اس

کے اصلی معنی ہیں: حق سے دور ہونا، اور وہ بات جو حق سے بہت دور ہو، اس کو بھی شَطَطَ کہتے ہیں، حضرت رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے افراط: حد سے بڑھنا۔

۴- آیت ۱۸ میں ہے: ﴿وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ﴾: اور ان کا کتا غار کے دہانے پر ہاتھ پھیلائے ہوئے بیٹھا ہے، وَصِیْد کے معنی ہیں: آنگن، جس کی جمع وَصَائِد اور وُصُد آتی ہے، اور ایک معنی وَصید کے دروازہ کے بھی ہیں، اصل معنی ہیں: بھیڑنا، سورۃ البلد اور سورۃ الہمزہ میں مؤصدۃ ہے، بند کی ہوئی آگ، المطبقة: ڈھکنا، ڈھکی ہوئی چیز، آصَدَ اور أَوْصَدَ: دونوں مستعمل ہے، آصَدَ الْبَابَ: دروازہ بھیڑنا۔

۵- آیت ۱۹ میں ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ بَعَثْنَاهُمْ﴾: اور اسی طرح ہم نے ان کو جگایا، حضرت رحمہ اللہ نے ترجمہ کیا ہے: ہم نے ان کو زندہ کیا۔

۶- پھر اسی آیت میں ہے: ﴿فَلْيَنْظُرْ أَيُّهَا أَزْكٰى طَعَامًا﴾: وہ تحقیق کرے کہ کونسا کھانا سب سے زیادہ ستھرا ہے، حضرتؒ نے أزکی کا ترجمہ کیا ہے أکثر رَیْعا: الرَّیْع: ہر چیز کا بہترین حصہ۔

۷- آیت ۱۱ میں ہے: ﴿فَضَرَبْنَا عَلٰى آذَانِهِمْ﴾: ہم نے ان کے کانوں کو تھپک دیا، پس وہ سو گئے۔

۸- آیت ۲۲ میں ہے: ﴿رَجْمًا بِالْغَيْبِ﴾: یہ اٹکل پچو تیر چلانا ہے، یعنی جنھوں نے کہا کہ وہ تین ہیں اور چوتھا ان کا کتا ہے اور جنھوں نے کہا کہ وہ پانچ ہیں اور چھٹا ان کا کتا ہے، یہ دونوں قول ایسے ہیں جیسے کوئی نشانہ دیکھے بغیر تیر چلائے، لم یَسْتَبِنْ: کوئی واضح بات نہیں کہی۔

۹- آیت ۱۷ میں ہے: ﴿تَقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ﴾: وہ ان سے بائیں جانب کترا جاتا ہے، یعنی جب سورج ڈوبتا ہے تو بھی دھوپ ان پر نہیں پڑتی۔

[۵۲-] بَابُ قَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ:

[۱-] ﴿أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ﴾: الْكِتَابِ، ﴿الْمَرْقُوْمُ﴾: مَكْتُوْبٌ، مِنَ الرَّقْمِ. [۲-] ﴿رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ﴾: أَلْهَمْنَاهُمْ صَبْرًا، ﴿لَوْلَا أَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا﴾ [۳-] ﴿شَطَطًا﴾: إِفْرَاطًا. [۴-] ﴿الْوَصِيْدُ﴾: الْفِنَاءُ، وَجَمْعُهُ وَصَائِدُ وَوُصُدٌ، وَيُقَالُ: الْوَصِيْدُ: الْبَابُ، ﴿الْمُؤْصَدَةُ﴾: الْمُطْبَقَةُ، آصَدَ الْبَابَ وَأَوْصَدَ. [۵-] ﴿بَعَثْنَاهُمْ﴾: أَحْيَيْنَاهُمْ. [۶-] ﴿أَزْكٰى﴾: أَكْثَرُ رَيْعًا. [۷-] ﴿فَضَرَبْنَا عَلٰى آذَانِهِمْ﴾: فَنَامُوْا. [۸-] ﴿رَجْمًا بِالْغَيْبِ﴾: لَمْ يَسْتَبِنْ. [۹-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿تَقْرِضُهُمْ﴾: تَتْرُكُهُمْ.

۱۴- غار میں پھنسے ہوئے تین شخصوں نے اعمالِ صالحہ کے توسل سے دعا کی اور قبول ہوئی

بنی اسرائیل کے تین شخص جنگل میں چل رہے تھے، بارش شروع ہوگئی، وہ بارش سے بچنے کے لئے ایک غار میں داخل

ہوئے، ایک چٹان اوپر سے لڑھک آئی اور غار کے دہانے پر سیٹ ہوگئی، اب نہ روشنی آرہی تھی، نہ ہوا، تینوں نے کہا: اب مرے! اب دعا کے علاوہ کوئی چارہ نہیں، پس تینوں نے اپنے اعمالِ صالحہ کے توسل سے دعا کی اور اللہ تعالیٰ نے ان کو نجات بخشی (یہ حدیث پہلے تین جگہ آچکی ہے)

[٥٣-] بَابٌ: حَدِيْثُ الْغَارِ

[٣٤٦٥-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "بَيْنَمَا ثَلاَ ثَةُ نَفَرٍ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ يَمْشُوْنَ، إِذْ أَصَابَهُمْ مَطَرٌ، فَأَوَوْا إِلٰى غَارٍ، فَانْطَبَقَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: إِنَّهُ وَاللّٰهِ يَا هٰؤُلآءِ لاَ يُنْجِيْكُمْ إِلاَّ الصِّدْقُ، فَلْيَدْعُ كُلُّ رَجُلٍ مِنْكُمْ بِمَا يَعْلَمُ أَنَّـهُ قَدْ صَدَقَ فِيْهِ.

فَقَالَ وَاحِدٌ مِنْهُمْ: اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّـهُ كَانَ لِيْ أَجِيْرٌ، عَمِلَ لِيْ عَلٰى فَرَقٍ مِنْ أَرُزٍّ، فَذَهَبَ وَتَرَكَهُ، وَإِنِّيْ كُنْتُ عَمَدْتُ إِلٰى ذٰلِكَ الْفَرَقِ فَزَرَعْتُهُ، فَصَارَ مِنْ أَمْرِهِ أَنِّيْ اشْتَرَيْتُ مِنْهُ بَقَرًا، وَأَنَّـهُ أَتَانِيْ يَطْلُبُ أَجْرَهُ، فَقُلْتُ لَهُ: اعْمِدْ إِلٰى تِلْكَ الْبَقَرِ فَسُقْهَا، فَقَالَ لِيْ: إِنَّمَا لِيْ عِنْدَكَ فَرَقٌ مِنْ أَرُزٍّ، فَقُلْتُ لَهُ: اعْمِدْ إِلٰى تِلْكَ الْبَقَرِ فَإِنَّهَا مِنْ ذٰلِكَ الْفَرَقِ، فَسَاقَهَا، فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ مِنْ خَشْيَتِكَ فَفَرِّجْ عَنَّا، فَانْسَاخَتْ عَنْهُمُ الصَّخْرَةُ.

فَقَالَ الآخَرُ: اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّـهُ كَانَ لِيْ أَبَوَانِ شَيْخَانِ كَبِيْرَانِ وَكُنْتُ آتِيْهِمَا كُلَّ لَيْلَةٍ بِلَبَنِ غَنَمٍ لِيْ، فَأَبْطَأْتُ عَنْهُمَا لَيْلَةً، فَجِئْتُ وَقَدْ رَقَدَا، وَأَهْلِيْ وَعِيَالِيْ يَتَضَاغَوْنَ مِنَ الْجُوْعِ، وَكُنْتُ لاَ أَسْقِيْهِمْ حَتّٰى يَشْرَبَ أَبَوَاىَ، فَكَرِهْتُ أَنْ أُوْقِظَهُمَا وَكَرِهْتُ أَنْ أَدَعَهُمَا فَيَسْتَكِنَّا لِشَرْبَتِهِمَا، فَلَمْ أَزَلْ أَنْتَظِرُ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ. فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ مِنْ خَشْيَتِكَ فَفَرِّجْ عَنَّا، فَانْسَاخَتْ عَنْهُمُ الصَّخْرَةُ حَتّٰى نَظَرُوْا إِلٰى السَّمَاءِ.

فَقَالَ الآخَرُ: اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّـهُ كَانَ لِيْ بِنْتُ عَمٍّ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ، وَأَنِّيْ رَاوَدْتُهَا عَنْ نَفْسِهَا فَأَبَتْ إِلاَّ أَنْ آتِيَهَا بِمِائَةِ دِيْنَارٍ، فَطَلَبْتُهَا حَتّٰى قَدَرْتُ فَأَتَيْتُهَا بِهَا فَدَفَعْتُهَا إِلَيْهَا فَأَمْكَنَتْنِيْ مِنْ نَفْسِهَا، فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا، قَالَتِ: اتَّقِ اللّٰهَ وَلاَ تَفُضَّ الْخَاتَمَ إِلاَّ بِحَقِّهِ، فَقُمْتُ وَتَرَكْتُ الْمِائَةَ دِيْنَارٍ. فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ مِنْ خَشْيَتِكَ فَفَرِّجْ عَنَّا، فَفَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَخَرَجُوْا" [راجع: ٢٢١٥]

قوله: ممن كان قبلكم: طبرانی کی روایت میں ہے إن ثلاثةَ نفرٍ من بني إسرائيل: یہ تین شخص بنی اسرائیل میں سے تھے ....إلا الصِّدق: موسیٰ بن عقبہ کی روایت میں ہے: أُنْظُرُوْا أَعْمَالاً عَمِلْتُمُوْهَا صَالِحَةً لِلّٰهِ: اور کُشمیهنی کی

روایت میں ہے: خَالِصَةً : پس صدق سے مراد نیک عمل ہے............انساخت: چٹان کھل گئی، اصل حاء مہملہ کے ساتھ ہے إنساح الثوبُ: کپڑے کا پھٹنا..........یَتَضَاغَوْنَ: بھوک سے بلبلارہے تھے، تَضَاغَی من الجوع: بھوک سے چلانا، بلبلانا، ضَغَا الْقِطُّ: بلی کا چیخنا، شور مچانا..........فَیَسْتَکِنَّ: پس ضعیف ہوجائیں وہ، اسْتَکَنَّ: بے بس اور کم ہمت ہونا ....لِشَرْبَتِهِمَا: أَیْ لِعَدَمِ شَرْبَتِهِمَا: دودھ نہ پینے کی وجہ سے..........قوله: رَاوَدْتُهَا: میں نے اس پر ڈورے ڈالے، رَادَ یَرُوْدُ: کسی کے پاس کوئی چیز مانگنے کے لئے آنا جانا..........لاتفُضَّ: مت توڑ، فَضَّ عُذْرَةَ الْمَرْأَةِ: بکارت زائل کرنا، خاتم (انگوٹھی) کنایہ ہے بکارت سے۔

۱۵- بنی اسرائیل کا شیرخوار بچہ بولا

یہ حدیث ابھی گذری ہے، ایک عورت اپنے بیٹے کو دودھ پلارہی تھی، وہاں سے ایک گھوڑسوار گذرا، ماں نے کہا: اے اللہ! میرے بیٹے کو ایسا بنا، بچہ نے پستان چھوڑ دی، اور کہا: مجھے ایسا نہ بنا، پھر وہ دودھ پینے لگا، پھر ایک عورت کو لوگ وہاں سے گھسیٹتے ہوئے لے کر گذرے، وہ اس کے ساتھ کھلواڑ کررہے تھے، ماں نے کہا: اے اللہ! میرے بیٹے کو ایسا نہ بنا، بچہ نے پستان چھوڑ دی اور کہا: اے اللہ! مجھے ایسا بنا، ماں نے پوچھا: کیوں؟ بچہ نے کہا: وہ سوار کافر تھا، اور اس عورت پر زنا اور چوری کا الزام ہے، اور وہ کہہ رہی ہے: حَسْبِیَ اللّٰهُ: اللہ میرے لئے کافی ہے!

[٥٤-] بَابٌ

[٣٤٦٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "بَيْنَا امْرَأَةٌ تُرْضِعُ ابْنَهَا، إِذْ مَرَّ بِهَا رَاكِبٌ وَهِيَ تُرْضِعُهُ، فَقَالَتْ: اللّٰهُمَّ لَا تُمِتِ ابْنِيْ حَتَّى يَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ مِثْلَهُ، ثُمَّ رَجَعَ فِيْ الثَّدْيِ، وَمُرَّ بِامْرَأَةٍ تُجَرَّرُ وَيُلْعَبُ بِهَا فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ لَاتَجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَهَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِثْلَهَا. فَقَالَ: أَمَّا الرَّاكِبُ فَإِنَّهُ كَافِرٌ، وَأَمَّا الْمَرْأَةُ فَإِنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ لَهَا: تَزْنِيْ، وَتَقُوْلُ: حَسْبِيَ اللّٰهُ، وَيَقُوْلُوْنَ: تَسْرِقُ، وَتَقُوْلُ: حَسْبِيَ اللّٰهُ"[راجع: ٣٤٣٦]

۱۶- بنی اسرائیل کی ایک بدکار عورت نے کتے کو پانی پلایا تو اس کی مغفرت ہوگئی

حدیث گذری ہے، طَافَ اور أَطَافَ کے معنی ہیں: اردگرد گھومنا، چاروں طرف چکر لگانا..........رَکِیَّة: کنواں، خواہ مینڈ ہو یا نہ ہو..........مُوْق: موزہ۔

[٣٤٦٧-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ تَلِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ أَيُّوْبَ،

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بَيْنَمَا كَلْبٌ يُطِيْفُ بِرَكِيَّةٍ، كَادَ يَقْتُلُهُ الْعَطَشُ، إِذْ رَأَتْهُ بَغِيٌّ مِنْ بَغَايَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، فَنَزَعَتْ مُوْقَهَا، فَسَقَتْهُ فَغُفِرَ لَهَا بِهِ"[راجع: ۳۳۲۱]

۱۷- بنی اسرائیل کی تباہی عورتوں کے فیشن سے شروع ہوئی

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اپنی خلافت کے آخری سال میں حج کر کے مدینہ آئے، حضرت نے مدینہ میں ایک امر منکر دیکھا، آپؓ نے تقریر فرمائی اور علماء کو اس کی طرف متوجہ کیا، ایک چوکیدار کے ہاتھ میں بالوں کا گچھا تھا (اس سے پہلے سے کہہ رکھا ہوگا وہ لے کر آیا ہے) حضرت نے اس سے وہ گچھا لیا اور خطاب فرمایا، اس شہر کے علماء کہاں ہیں؟ اس شہر میں یہ منکر شروع ہو رہا ہے اور کوئی نکیر کرنے والا نہیں، بنی اسرائیل اس وقت ہلاک ہوئے جب ان میں یہ منکر شروع ہوا............

قُصَّة: بالوں کا گچھا، اس کے لئے دوسرا لفظ کُبّة ہے.......... حَرَسِیّ: چوکیدار، پولیس کے لئے لفظ شُرْطِی ہے، دیگر احادیث میں وَاصِلَة اور مُسْتَوْصِلَة پر لعنت آئی ہے۔

[۳۴۶۸-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِيْ سُفْيَانَ عَامَ حَجَّ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَتَنَاوَلَ قُصَّةً مِنْ شَعْرٍ، وَكَانَتْ فِيْ يَدِ حَرَسِيٍّ، فَقَالَ: يَا أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ! أَيْنَ عُلَمَاؤُكُمْ؟ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَنْهَى عَنْ مِثْلِ هٰذِهِ، وَيَقُوْلُ: "إِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ حِيْنَ اتَّخَذَ هٰذِهِ نِسَاؤُهُمْ"[انظر: ۳۴۸۸، ۵۹۳۲، ۵۹۳۸]

۱۸- بنی اسرائیل میں مُلہم ہوتے تھے، اس امت میں مُلہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں

مُحَدَّث: اسم مفعول، باتیں کیا ہوا، یعنی مُلہم، جس کے دل میں اللہ کی طرف سے کوئی بات ڈالی جائے یا فرشتہ آ کر خواب میں یا خواب اور بیداری کے درمیان میں یا بالکل بیداری میں کوئی بات بتا جائے، آگے حدیث (۳۶۸۹) میں بنی اسرائیل کی صراحت ہے۔

جاننا چاہئے کہ سب سے اونچا مقام نبی کا ہے، پھر صدیق کا پھر مُلہم کا، مُلہم کے لئے دوسرا لفظ مُحَدَّث ہے، بنی اسرائیل میں انبیاء، صدیقین اور محدَّثین ہوتے تھے، نبی ﷺ کی امت میں نبوت تو باقی نہیں رہی، البتہ صدیقین اور ملہمین ہوتے رہیں گے، پہلے صدیق حضرت ابوبکر اور پہلے مُلہم حضرت عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔

[۳۴۶۹-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّهُ قَدْ كَانَ فِيْمَا مَضَى قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ مُحَدَّثُوْنَ، وَإِنَّهُ إِنْ كَانَ فِيْ أُمَّتِيْ هٰذِهِ مِنْهُمْ فَإِنَّهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ"[انظر: ۳۶۸۹]

۱۹-ایک اسرائیلی نے سوقتل کئے پھرتوبہ کی اور اس کی توبہ قبول ہوئی

یہ حدیث اسی جگہ ہے، اور بہت مختصر ہے، مسلم شریف (حدیث ۲۷۶۶) میں مفصل ہے، ایک اسرائیلی نے ننانوے قتل کئے، پھر اس کے دل میں توبہ کا داعیہ پیدا ہوا، اس نے لوگوں سے پوچھا: سب سے بڑا عالم کون ہے؟ لوگوں نے ایک راہب کی طرف راہنمائی کی (راہب: عیسائیوں کا بزرگ) وہ شخص اس کے پاس گیا اور پوچھا: اگر میں توبہ کروں تو میری توبہ قبول ہوگی؟ اس نے کہا: نہیں، پس اس نے اس کو بھی قتل کردیا اور سو کی تعداد پوری کردی، پھر اس کے دل میں توبہ کا داعیہ پیدا ہوا، اور اس نے کسی بڑے عالم کے بارے میں پوچھا: وہ ایک عالم کی طرف راہنمائی کیا گیا، اس نے اس سے پوچھا کہ اس نے سو قتل کئے ہیں، اب توبہ کرنا چاہتا ہے، کیا اس کی توبہ قبول ہوگی؟ عالم نے کہا: ہوگی، بندے کے درمیان اور توبہ کے درمیان کون حائل ہوسکتا ہے؟ تو فلاں سرزمین میں چلا جا، وہاں لوگ اللہ کی عبادت کرتے ہیں تو بھی ان کے ساتھ عبادت کر، اور اپنے وطن کی طرف واپس مت جا، وہ بری سرزمین ہے، چنانچہ وہ چل دیا، جب وہ آدھے راستہ پر پہنچا تو موت کا وقت آ گیا، رحمت اور عذاب کے فرشتوں میں جھگڑا ہوا، رحمت کے فرشتے کہتے تھے: اس نے سچی توبہ کی ہے، عذاب کے فرشتے کہتے تھے: اس نے کوئی نیک کام نہیں کیا، وہاں ایک فرشتہ انسانی شکل میں آیا، دونوں فریقوں نے اس کو حَکَم بنایا، اس نے فیصلہ کیا، دونوں طرف کی زمین ناپو، جس جانب نزدیک ہو اس کا اعتبار کرو، چنانچہ زمین ناپی گئی، وہ اس زمین سے نزدیک پایا گیا جہاں جارہا تھا، چنانچہ رحمت کے فرشتوں نے اس کی روح قبض کی، اور روایت میں ہے کہ جب زمین کی نپائی ہورہی تھی تو وہ بندہ اپنے سینہ کے بل نیک سرزمین کی طرف گھسٹ رہا تھا، اور روایت میں یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک زمین کو سکڑنے کا اور دوسری زمین کو پھیلنے کا حکم دیا، اس کے وطن کی طرف کی زمین پھیلی، اور نیک لوگوں کے طرف کی زمین سکڑی، چنانچہ وہ ایک بالشت اقرب پایا گیا.........نَأَیٰ اور نـآءَ: مائل ہوا یعنی چلا۔

[۳۴۷۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِیْ الصِّدِّیْقِ النَّاجِیْ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" كَانَ فِیْ بَنِیْ إِسْرَائِیْلَ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِیْنَ إِنْسَانًا، ثُمَّ خَرَجَ یَسْأَلُ، فَأَتٰی رَاهِبًا فَسَأَلَهُ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ تَوْبَةٌ؟ قَالَ: لاَ، فَقَتَلَهُ، فَجَعَلَ یَسْأَلُ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: ائْتِ قَرْیَةَ كَذَا وَكَذَا، فَأَدْرَكَهُ الْمَوْتُ، فَنَاءَ بِصَدْرِهِ نَحْوَهَا، فَاخْتَصَمَتْ فِیْهِ مَلاَئِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلاَئِكَةُ الْعَذَابِ، فَأَوْحَی اللّٰهُ إِلٰی هٰذِهِ أَنْ تَقَرَّبِیْ، وَأَوْحَی إِلٰی هٰذِهِ أَنْ تَبَاعَدِیْ، وَقَالَ: قِیْسُوْا مَا بَیْنَهُما، فَوُجِدَ إِلٰی هٰذِهِ أَقْرَبَ بِشِبْرٍ فَغُفِرَ لَهُ"

۲۰-بیل اور بھیڑیا بولے

بنی اسرائیل میں (دو مختلف زمانوں میں) دو واقعے پیش آئے، ایک میں بیل بولا کہ میں سواری کے لئے نہیں پیدا کیا

گیا، کھیتی کے لئے پیدا کیا گیا ہوں، دوسرے میں بھیڑیا بولا کہ اِس چرواہے نے بکری مجھ سے چھڑالی، مگر بکری کے لئے کون ہوگا درندوں کے دن جس دن بکریوں کا میرے علاوہ کوئی چرواہا نہیں ہوگا؟ لوگوں کو حیرت ہوئی کہ بیل اور بھیڑیا بولا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: جی ہاں، میں اس کو مانتا ہوں، اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی، جبکہ وہ دونوں اس مجلس میں موجود نہیں تھے، یہ حدیث پہلے گذری ہے۔

[۳۴۷۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلاَةَ الصُّبْحِ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوْقُ بَقَرَةً إِذْ رَكِبَهَا فَضَرَبَهَا، فَقَالَتْ: إِنَّا لَمْ نُخْلَقْ لِهٰذَا، إِنَّمَا خُلِقْنَا لِلْحَرْثِ فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! بَقَرَةٌ تَكَلَّمُ! فَقَالَ: "فَإِنِّيْ أُوْمِنُ بِهٰذَا أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ" وَمَا هُمَا ثَمَّ: وَبَيْنَمَا رَجُلٌ فِيْ غَنَمِهِ إِذْ عَدَا الذِّئْبُ فَذَهَبَ مِنْهَا بِشَاةٍ، فَطَلَبَ حَتَّى كَأَنَّهُ اسْتَنْقَذَهَا مِنْهُ، فَقَالَ لَهُ الذِّئْبُ: هٰذَا اسْتَنْقَذْتَهَا مِنِّيْ، فَمَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ؟ يَوْمَ لاَ رَاعِيَ لَهَا غَيْرِيْ! فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! ذِئْبٌ يَتَكَلَّمُ! قَالَ: "فَإِنِّيْ أُوْمِنُ بِهٰذَا أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ" وَمَا هُمَا ثَمَّ. [راجع: ۲۳۲۴]

حَدَّثَنَا عَلِيٌّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

۲۱- بنی اسرائیل کا ایک واقعہ اور حَکَم کا فیصلہ

ایک آدمی نے دوسرے سے کوئی جائداد خریدی، مشتری نے جائداد میں ایک (دفن کیا ہوا) گھڑا پایا، جس میں سونا تھا، اس نے بائع سے کہا: اپنا سونا مجھ سے لے لیں، میں نے آپ سے جائداد خریدی ہے، سونا نہیں خریدا، بائع نے کہا: میں نے آپ کو جائداد مع مشمولات بیچی ہے، پس وہ سونا آپ کا ہے، پھر دونوں ایک آدمی کے پاس فیصلہ کرانے گئے، حاشیہ میں لکھا ہے کہ وہ داؤد علیہ السلام کے پاس گئے انھوں نے پوچھا: تم دونوں کی اولاد ہے؟ ایک نے کہا: میرا لڑکا ہے، دوسرے نے کہا: میری لڑکی ہے، فیصلہ کرنے والے نے کہا: دونوں کا نکاح کردو، اور ان پر اس سونے میں سے خرچ کرو اور جو باقی رہے وہ خیرات کردو۔

[۳۴۷۲-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اشْتَرَى رَجُلٌ مِنْ رَجُلٍ عَقَارًا لَهُ، فَوَجَدَ الرَّجُلُ الَّذِيْ اشْتَرَى الْعَقَارَ فِيْ عَقَارِهِ جَرَّةً فِيْهَا ذَهَبٌ، فَقَالَ لَهُ الَّذِيْ اشْتَرَى الْعَقَارَ: خُذْ ذَهَبَكَ مِنِّيْ، إِنَّمَا اشْتَرَيْتُ مِنْكَ الْأَرْضَ، وَلَمْ أَبْتَعِ الذَّهَبَ. وَقَالَ الَّذِيْ لَهُ الْأَرْضُ: إِنَّمَا بِعْتُكَ الْأَرْضَ وَمَا فِيْهَا، فَتَحَاكَمَا

إلٰی رَجُلٍ، فَقَالَ الَّذِیْ تحاکَمَا إلَیْهِ: أَلَکُمَا وَلَدٌ؟ قَالَ أَحَدُهُمَا: لِیْ غُلَامٌ، وَقَالَ الآخَرُ: لِیْ جَارِیَةٌ، قَالَ: أَنْکِحُوْا الْغُلَامَ الْجَارِیَةَ، وَأَنْفِقُوْا عَلٰی أَنْفُسِهِمَا مِنْهُ، وَتَصَدَّقَا"[راجع: ۲۳٦۵]

۲۲- طاعون ایک عذاب ہے جوسب سے پہلے بنی اسرائیل کی ایک جماعت پر بھیجا گیا

طاعون ایک خاص قسم کی بیماری ہے جو پھنسیوں اور زخموں کی شکل میں نمودار ہوتی ہے، خاص طور پر بغل میں، انگلیوں کے بیچ میں اور جوڑوں میں پھنسیاں پیدا ہوتی ہیں، اوران کا اردگرد کالا پڑ جاتا ہے۔

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے حضرت اسامۃ بن زید رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ نے نبی ﷺ سے طاعون کے بارے میں کیا سنا ہے؟ حضرت اسامہؓ نے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا: طاعون ایک عذاب ہے (رجسٌ کے اصل معنی گندگی کے ہیں، مگر یہ بمعنی عذاب آتا ہے، عذاب بھی ایک گندگی ہے، اور دوسری روایتوں میں رجز آیا ہے، اس کے معنی عذاب کے ہیں) جو بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر بھیجا گیا یا فرمایا: ان لوگوں پر بھیجا گیا جوتم سے پہلے ہوئے ہیں، پس جب تم سنو طاعون کے بارے میں کہ وہ کسی علاقہ میں پھیلا ہوا ہے تو وہاں مت جاؤ، اور جب طاعون کسی علاقہ میں واقع ہو اور تم وہاں ہوؤ تو وہاں سے بھاگنے کے طور پر مت نکلو، یہ محمد بن المنکدر کے الفاظ ہیں، اور ابوالنضر کے الفاظ ہیں: لَا یُخْرِجُکُمْ إِلَّا فِرَارًا مِنْهُ: اور ایک روایت میں إِلَّا فِرَارٌ مِنْهُ (رفع کے ساتھ) ہے، اور دونوں الفاظ قابل اشکال ہیں، حاشیہ میں اس پر لمبی بحث ہے، صحیح لفظ ابن المنکدر کے ہیں، اوراس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ طاعون کے علاقہ سے بھاگنا ممنوع ہے، مگر کسی ضرورت سے وہاں سے نکلنا جائز ہے۔ جاننا چاہئے کہ طاعون عذاب کفار وفسّاق کے لئے ہے، سچے مؤمنین کے لئے رحمت ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے طاعون کے بارے میں پوچھا، آپؐ نے فرمایا: وہ ایک عذاب ہے جسے اللہ تعالیٰ بھیجتے ہیں جس پر چاہتے ہیں، اپنے بندوں میں سے، اور اللہ تعالیٰ نے اس کو مؤمنین کے لئے رحمت بنایا ہے، نہیں ہے کوئی —— جب طاعون پھیلے اور وہ اپنے شہر میں ہمت کرکے اور ثواب کی امید باندھ کر ٹھہرا رہے، اس یقین کے ساتھ کہ نہیں پہنچے گی اس کو مگر وہ بات جو اللہ نے اس کے لئے مقدر کی ہے —— مگر ہوگا وہ طاعون اس کے لئے شہید کے ثواب کے مانند۔

تشریح: پہلی حدیث میں نبی ﷺ نے طاعون کی تاریخ بیان کی ہے کہ یہ وبا سب سے پہلے بنی اسرائیل پر آئی تھی، جب بنی اسرائیل شہر میں داخل ہونے لگے تو ان سے کہا گیا کہ عاجزی کے ساتھ اور گناہوں کی معافی مانگتے ہوئے شہر میں داخل ہوں، مگر وہ اکڑتے ہوئے اور سرینوں کے بل گھسٹتے ہوئے اور حِطَّة کے بجائے حِنْطَة کہتے ہوئے شہر میں داخل ہوئے، تو یہ عذاب ان پر مسلط کیا گیا، طاعون اسی عذاب کا باقی ماندہ ہے، جو کبھی کبھی نمودار ہوتا ہے، اور دوسری حدیث سے معلوم ہوا کہ طاعون کفار وفساق کے لئے عذاب ہے، سچے مؤمنین کے لئے رحمت ہے، اگر وہ طاعون میں وفات پائے تو

شہید کا ثواب ملے گا۔

مسئلہ: طاعون زدہ علاقہ سے بھاگنا نہیں چاہئے، اور وہاں جانا بھی نہیں چاہئے، کیونکہ اسباب مرض سے بچنا شریعت کی تعلیم ہے۔

اور طاعون زدہ علاقہ سے بھاگنے کی ممانعت تین وجوہ سے ہے:

پہلی وجہ: اسلام کی بنیادی تعلیم یہ ہے کہ کوئی بیماری بالذات دوسرے کو نہیں لگتی، اللہ چاہیں گے تو لگے گی ورنہ نہیں، پس طاعون زدہ علاقہ سے بھاگنا اس عقیدہ کے منافی ہے۔

دوسری وجہ: یہ تقدیر پر یقین نہ ہونے کی علامت ہے، جبکہ تقدیر پر راضی رہنا ایمان کا جزء ہے، بھاگنے والے کا گمان یہ ہوتا ہے کہ یہاں مرجائے گا، اور یہاں سے نکل جائے گا تو بچ جائے گا، حالانکہ تقدیر میں موت لکھی ہے تو ہر جگہ آئے گی، اور نہیں لکھی ہے تو کہیں بھی نہیں آئے گی۔

تیسری وجہ: اگر سب تندرست بھاگ کھڑے ہونگے تو بیماروں کا کیا ہوگا؟ اور بیمار بھی بھاگ نکلیں گے تو سارا ملک وبا کی زد میں آجائے گا، علاوہ ازیں جو خود کو تندرست سمجھ رہا ہے: کیا ضروری ہے کہ وہ تندرست ہو، ممکن ہے وہ بھی طاعون سے متاثر ہو چکا ہو، پس جب ان جراثیم کے ساتھ دوسری جگہ جائے گا تو وہاں بھی طاعون شروع ہو جائے گا، اس لئے وباء کا ایک جگہ رہنا ہی مناسب ہے، البتہ طاعون کے علاقہ سے کسی ضرورت سے نکلنا جائز ہے۔

[۳۴۷۳-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، وَعَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّـهُ سَمِعَهُ يَسْأَلُ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ: مَاذَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الطَّاعُوْنِ؟ فَقَالَ أُسَامَةُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الطَّاعُوْنُ رِجْسٌ أُرْسِلَ عَلٰى طَائِفَةٍ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، أَوْ: عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَإِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلاَ تَقْدَمُوْا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ فِيْهَا فَلاَ تَخْرُجُوْا فِرَارًا مِنْهُ" قَالَ أَبُو النَّضْرِ: "لاَ يُخْرِجُكُمْ إِلاَّ فِرَارًا مِنْهُ"[انظر: ۵۷۲۸، ۶۹۷۴]

[۳۴۷۴-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الطَّاعُوْنِ، فَأَخْبَرَنِيْ أَنَّـهُ عَذَابٌ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ، وَأَنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ جَعَلَهُ رَحْمَةً لِلْمُؤْمِنِيْنَ، لَيْسَ مِنْ أَحَدٍ - يَقَعُ الطَّاعُوْنُ فَيَمْكُثُ فِيْ بَلَدِهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا يَعْلَمُ أَنَّـهُ لاَ يُصِيْبُهُ إِلاَّ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ - إِلاَّ كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ شَهِيْدٍ"[انظر: ۵۷۳۴، ۶۶۱۹]

۲۳-بنی اسرائیل اس وجہ سے تباہ ہوئے کہ وہ چوری کی سزا کمزور کو دیتے تھے اور شریف کو چھوڑ دیتے تھے

حدیث پہلے گذری ہے، أَهَمَّهُمْ: فکرمند کیا ان کو.......... من یَجْتَرِئُ علیه: کون دلیری کرے گا اس پر یعنی سفارش کی ہمت نہیں کرے گا (استفہام انکاری)........ حِبّ: محبوب.......... اخْتَطَبَ: خَطَبَ: تقریر کی۔

[۳۴۷۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّهُمْ شَأْنُ الْمَرْأَةِ الْمَخْزُوْمِيَةِ الَّتِيْ سَرَقَتْ، فَقَالُوْا: مَنْ يُكَلِّمُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالُوْا: وَمَنْ يَجْتَرِئُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم! فَكَلَّمَهُ أُسَامَةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "أَتَشْفَعُ فِيْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللهِ؟" ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ، ثُمَّ قَالَ: "إِنَّمَا أَهْلَكَ الَّذِيْنَ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ، وَإِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ أَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحِدَّ، وَأَيْمُ اللهِ! لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا"[راجع: ۲۶۴۸]

۲۴-اگلوں نے اللہ کی کتاب میں اختلاف کیا تو ہلاک ہوئے

حدیث گذری ہے، جب قرآنِ کریم کو مختلف طرح سے پڑھنے کی اجازت تھی (أُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ) تو ایک شخص کوئی آیت الفاظ بدل کر پڑھ رہا تھا، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے قریش کی لغت پر جو الفاظ نازل ہوئے تھے وہ یاد کئے تھے، چنانچہ وہ اس کو نبی ﷺ کے پاس لے گئے، اور شکایت کی، آپؐ کو شکایت ناگوار ہوئی اور فرمایا: دونوں ٹھیک پڑھتے ہو، قرآن پڑھنے میں جھگڑا مت کرو، جو لوگ تم سے پہلے گذرے ہیں انھوں نے اللہ کی کتاب پڑھنے میں اختلاف کیا تو وہ ہلاک ہوئے یعنی ان کا دین ضائع ہوگیا۔

ملحوظہ: مختلف طرح سے قرآنِ کریم پڑھنے کی اجازت شروع میں تھی، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے امت کو لغتِ قریش پر جمع کردیا، اب الفاظ بدل کر پڑھنے کی گنجائش نہیں، البتہ لفظ بدل جائے اور معنی نہ بدلیں تو نماز ہوجائے گی، تفصیل تحفۃ الالمعی (۷:۹۲-۹۷) میں ہے۔

[۳۴۷۶-] حدثنا آدَمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّزَّالَ بْنَ سَبْرَةَ الْهِلَالِيَّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا قَرَأَ آيَةً، وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ خِلَافَهَا، فَجِئْتُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ، فَعَرَفْتُ فِيْ وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ، وَقَالَ: "كِلَاكُمَا مُحْسِنٌ، وَلَا تَخْتَلِفُوْا فَإِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ اخْتَلَفُوْا فَهَلَكُوْا"[راجع: ۲۴۱۰]

۲۵- نبی ﷺ کو قوم نے زخمی کیا تو آپؐ نے دعا دی

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: گویا میں نبی ﷺ کو دیکھ رہا ہوں (یہ حالِ ماضیہ کا استحضار ہے) آپؐ نبیوں میں سے ایک نبی کا تذکرہ کررہے ہیں، جس کو ان کی قوم نے مارا اور ان کو خون آلود کردیا، وہ اپنے چہرے سے خون پونچھ رہے تھے اور کہہ رہے تھے: اے اللہ! میری قوم کو معاف فرما، وہ مجھے جانتی نہیں!

یہ نبی ﷺ نے اپنا واقعہ بیان کیا ہے، اس کو اس باب میں نہیں لانا چاہئے تھا، مگر امام بخاری رحمہ اللہ سمجھ رہے ہیں کہ یہ گذشتہ کسی نبی کا واقعہ ہے، اس لئے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

[۳۴۷۷-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ شَقِیْقٌ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: کَأَنِّیْ أَنْظُرُ إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، یَحْکِیْ نَبِیًّا مِنَ الْأَنْبِیَاءِ، ضَرَبَهُ قَوْمُهُ فَأَدْمَوْهُ، وَهُوَ یَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَیَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِیْ فَإِنَّهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ" [انظر: ۶۹۲۹]

۲۶- ایک اسرائیلی جو اللہ کے شؤون سے ناواقف تھا

حدیث ابھی گذری ہے، پہلی حدیث عقبۃ بن عبد الغافر کی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہے .... رَغَسَهُ اللّٰهُ مَالاً: اللہ نے اس کے مال میں برکت فرمائی، رَغَسَ اللّٰهُ الْمَالَ وَأَرْغَسَهُ: مال وغیرہ میں بہ کثرت برکت فرمانا رَجُلٌ مَرْغُوْسٌ: إِذَا کَانَ فِیْ مَالِهِ نُمَاءٌ وَبَرَکَةٌ .... حُضِرَ (مجہول) أی حَضَرَهُ الْمَوْتُ .... أَیَّ أَبٍ کُنْتُ لَکُمْ؟ میں تمہارا کیسا باپ تھا؟ لڑکوں نے کہا: بہت اچھے باپ تھے .... اسْحَقُوْنِیْ: سَحَقَهُ (ف) پیس ڈالنا .... ذَرُوْنِیْ: مجھے چھوڑ دو، اور کُشمیھنی کی روایت میں أَذْرُوْنِیْ ہے: مجھے اڑا دو .... فتَلَقَّاهُ رحمة: پس اللہ نے اس کا مہربانی کے ساتھ استقبال کیا۔

دوسری حدیث: حضرت عقبۃ بن عمرو ابومسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ ہم سے وہ حدیث بیان کریں جو آپ نے نبی ﷺ سے سنی ہے .... أَوْرُوْا نَارًا: آگ جلاؤ، آگ روشن کرو .... ذَرُّوْنِیْ فِی الْیَمِّ: مجھے سمندر میں بکھیر دو .... قَالَ عُقْبَةُ: جب حضرت حذیفہؓ نے یہ حدیث بیان کی تو حضرت عقبہؓ نے کہا: میں نے بھی یہ حدیث نبی ﷺ سے سنی ہے۔

[۳۴۷۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِیْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَنَّ رَجُلاً کَانَ قَبْلَکُمْ رَغَسَهُ اللّٰهُ مَالاً، فَقَالَ لِبَنِیْهِ لَمَّا حُضِرَ: أَیَّ أَبٍ کُنْتُ لَکُمْ؟ قَالُوْا: خَیْرَ أَبٍ! قَالَ: فَإِنِّیْ لَمْ أَعْمَلْ خَیْرًا قَطُّ، فَإِذَا مِتُّ فَأَحْرِقُوْنِیْ، ثُمَّ اسْحَقُوْنِیْ ثُمَّ ذَرُّوْنِیْ فِیْ یَوْمٍ عَاصِفٍ، فَفَعَلُوْا. فَجَمَعَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ؟ قَالَ: مَخَافَتُكَ، فَتَلَقَّاهُ

رَحْمَةً. وَقَالَ مُعَاذٌ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَبْدِ الْغَافِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدرِيَّ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ. [انظر: ٦٤٨١، ٧٥٠٨]

[٣٤٧٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، قَالَ: قَالَ عُقْبَةُ لِحُذَيْفَةَ: أَلَا تُحَدِّثُنَا مَا سَمِعْتَ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "إِنَّ رَجُلاً حَضَرَهُ الْمَوْتَ، لَمَّا أَيِسَ مِنَ الْحَيَاةِ أَوْصَى أَهْلَهُ: إِذَا مُتُّ فَاجْمَعُوْا لِيْ حَطَبًا كَثِيْرًا، ثُمَّ أَوْرُوْا نَارًا، حَتَّى إِذَا أَكَلَتْ لَحْمِيْ، وَخَلَصَتْ إِلَى عَظْمِيْ، فَخُذُوْهَا فَاطْحَنُوْهَا، فَذَرُّوْنِيْ فِي الْيَمِّ فِيْ يَوْمٍ حَارٍّ أَوْ: رَاحٍ. فَجَمَعَهُ اللّٰهُ فَقَالَ: لِمَ فَعَلْتَ؟ قَالَ: مِنْ خَشْيَتِكَ، فَغَفَرَ لَهُ" قَالَ عُقْبَةُ: وَأَنَا سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ. [راجع: ٣٤٥٢]

حَدَّثَنَا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمُلْكِ، وَقَالَ: "يَوْمٍ رَاحٍ"

سند: ابوعوانہ کے شاگرد مسدّد کی روایت میں شک ہے: فِيْ يَوْمٍ حَارٍّ أَوْ: رَاحٍ، اور موسیٰ تبوذکی کی روایت میں بغیر شک کے: فِي يَوْمٍ رَاحٍ ہے، موسیٰ کی روایت (۳۴۵۲پر) گذری ہے۔

۲۷- ایک اسرائیلی کی بخشش ہوئی جوغریب کا قرضہ معاف کیا کرتا تھا

حدیث آچکی ہے، دَايَنَ مُدَايَنَةً: کسی سے قرض کا معاملہ کرنا، لین دین کرنا .... فَتَى: جوان، خادم، منیجر .... أَتَيْتَ مُعْسِرًا: آئے تو کسی غریب کے پاس یعنی مقروض غریب ہو۔

[٣٤٨٠-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "كَانَ رَجُلٌ يُدَايِنُ النَّاسَ، فَكَانَ يَقُوْلُ لِفَتَاهُ: إِذَا أَتَيْتَ مُعْسِرًا تَجَاوَزْ عَنْهُ لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يَتَجَاوَزَ عَنَّا، قَالَ: فَلَقِيَ اللّٰهَ فَتَجَاوَزَ عَنْهُ" [راجع: ٢٠٧٨]

۲۸- نادان اسرائیلی جس نے اللہ کے ڈر سے وصیت کی کہ اسے جلا دیا جائے

حدیث بار بار آئی ہے، يُسْرِفُ عَلَى نَفْسِهِ: زیادتی کی اس نے اپنی ذات پر، یعنی وہ بڑا گنہ گار تھا .... ذَرُّوْنِيْ فِي الرِّيْحِ: مجھے ہوا میں اڑا دینا .... لَئِنْ قَدَرَ اللّٰهُ عَلَيَّ: بخدا! اگر اللہ مجھ پر قادر ہوگئے یعنی میں ان کے قبضہ میں آگیا، یہی اللہ کی قدرت کے سلسلہ میں جہالت ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے بادشاہ کے تعلق سے ایک بات لکھی ہے: لَا يَنْبَغِيْ لِلْمَلِكِ أَنْ يَرْجُوَ مِنْ أَحَدٍ أَكْثَرَ مِمَّا عِنْدَهُ: (حجۃ اللہ: مبحث سوم، باب ۸): بادشاہ کے لئے مناسب نہیں کہ وہ کسی سے اس چیز سے زائد کی امید رکھے جو اس کے پاس ہے، یعنی جو ملازم تعلق میں غیر مخلص ہے، اس کی بھی دلداری کرے، کیونکہ بادشاہ کو اس سے زائد از فطرت بات کی خواہش نہیں کرنی چاہئے، اور اللہ تعالیٰ شہنشاہ ہیں وہ بھی بندوں کی استعداد کے مطابق

معاملہ کرتے ہیں، چنانچہ اس جاہل کو اللہ تعالیٰ نے بخش دیا۔

[۳۴۸۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" كَانَ رَجُلٌ يُسْرِفُ عَلٰى نَفْسِهِ، فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ قَالَ لِبَنِيْهِ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَأَحْرِقُوْنِيْ، ثُمَّ اطْحَنُوْنِيْ ثُمَّ ذَرُّوْنِيْ فِي الرِّيْحِ، فَوَ اللّٰهِ لَئِنْ قَدَرَ اللّٰهُ عَلَيَّ لَيُعَذِّبَنِّيْ عَذَابًا مَا عَذَّبَهُ أَحَدًا، فَلَمَّا مَاتَ فُعِلَ بِهِ ذٰلِكَ، فَأَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى الْأَرْضَ، فَقَالَ: اجْمَعِيْ مَا فِيْكِ مِنْهُ، فَفَعَلَتْ، فَإِذَا هُوَ قَائِمٌ، قَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: مَخَافَتُكَ يَارَبِّ! فَغَفَرَ لَهُ" وَقَالَ غَيْرُهُ:" خَشْيَتُكَ"[انظر: ۷۵۰۶]

۲۹-ایک اسرائیلی عورت جہنم میں گئی جس نے بلی کو باندھ کر بھوکا پیاسا مار دیا تھا

حدیث پہلے گذری ہے، ایک عورت مسلمان تھی، اس نے بڑا بھاری گناہ کیا تھا، وہ اپنے گناہ کی سزا بھگتنے کے لئے جہنم میں گئی، کافر ہوتی تو کفر کی وجہ سے ہمیشہ کے لئے جاتی .... خشاش: (خاء پر تینوں حرکتیں) زمین کے کیڑے مکوڑے .... دَخَلَتْ فِيْهَا: أَيْ لِأَجْلِهَا۔

[۳۴۸۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" عُذِّبَتِ امْرَأَةٌ فِيْ هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا حَتّٰى مَاتَتْ، فَدَخَلَتْ فِيْهَا النَّارَ، لَاهِيَ أَطْعَمَتْهَا وَلَا سَقَتْهَا إِذْ حَبَسَتْهَا، وَلَاهِيَ تَرَكَتْهَا تَأْكُلُ مِنْ خُشَاشِ الْأَرْضِ"

۳۰-گذشتہ کسی نبی کی قیمتی بات

نبی ﷺ نے فرمایا: نبوت کی باتوں میں سے جو لوگوں نے پائی ہیں، یہ ہے کہ جب تیرے اندر شرم نہ رہے تو جو چاہے کر (شرم لحاظ وہ جوہر ہے جو گناہوں سے اور بری باتوں سے بچاتا ہے، کسی میں یہ وصف نہ رہے تو وہ کچھ بھی کر سکتا ہے)

[۳۴۸۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ مَسْعُوْدٍ عُقْبَةُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" إِنَّ مِمَّا أَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ: إِذَا لَمْ تَسْتَحِيْ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ"[انظر: ۳۴۸۴، ۶۱۲۰]

[۳۴۸۴-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم:"إِنَّ مِمَّا أَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْأُوْلٰى: إِذَا لَمْ تَسْتَحِيْ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ"[راجع: ۳۴۸۳]

۳۱-ایک متکبر جو زمین میں دھنستا جارہا ہے

حدیث: ایک شخص تکبر سے اپنی لنگی گھسیٹتا ہوا جارہا تھا، اس کو زمین میں دھنسایا گیا، پس وہ قیامت کے دن تک زمین میں اترتا چلا جارہا ہے۔ تَجَلْجَلَ الشَّيئُ فِي الْأَرْضِ: زمین میں دھنسنا۔

[۳٤۸٥-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَيْنَمَا رَجُلٌ يَجُرُّ إِزَارَهُ مِنَ الْخُيَلاَءِ، خُسِفَ بِهِ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْأَرْضِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ" تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ.
[انظر: ۷٥۹۰]

۳۲-یہود ونصاری کو اللہ کی کتابیں ہم سے پہلے دی گئیں

حدیث پہلے گذری ہے اور بید: غیر کے معنی میں ہے، اور اس سے کسی جزئی فضیلت کا استثناء کیا جاتا ہے۔

[۳٤۸٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" نَحْنُ الآخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، بَيْدَ كُلُّ أُمَّةٍ أُوْتُوْا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا، وَأُوْتِيْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ، فَهٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ، فَغَدٌ لِلْيَهُوْدِ وَبَعْدَ غَدٍ لِلنَّصَارَى"[راجع: ۲۳۸]

[۳٤۸۷-] "عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فِيْ كُلِّ سَبْعَةِ أَيَّامٍ يَوْمٌ يَغْسِلُ رَأْسَهُ وَجَسَدَهُ"[راجع: ۸۹۷]

۳۳-یہودی عورتیں بالوں میں بال ملاتی ہیں

حدیث ابھی گذری ہے، نبی ﷺ نے بالوں میں بال ملانے کو زور (مزین جھوٹ) قرار دیا ہے، اور اب تو شادی شدہ یہودی عورتیں سر کے بال منڈواتی ہیں اور مصنوعی بال پہنتی ہیں، نبی ﷺ نے اس سے منع کیا ہے۔

[۳٤۸۸-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: قَدِمَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ الْمَدِيْنَةَ آخِرَ قَدْمَةٍ قَدِمَهَا، فَخَطَبَنَا فَأَخْرَجَ كُبَّةً مِنْ شَعْرٍ، فَقَالَ: مَا كُنْتُ أُرَى أَنَّ أَحَدًا يَفْعَلُ هٰذَا غَيْرَ الْيَهُوْدِ؟ وَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم سَمَّاهُ الزُّوْرَ، يَعْنِيْ الْوِصَالَ فِي الشَّعْرِ، تَابَعَهُ غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ.[راجع: ۳٤٦۸]

ملحوظہ: ابھی کتاب الانبیاء پوری نہیں ہوئی، خاتم النّبیین ﷺ کا تذکرہ باقی ہے جو کتاب المناقب میں آئے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابُ المناقب

وما یُنْهیٰ مِنْ دَعْوَی الْجَاهِلِیَّةِ

اوصاف وکمالات کا بیان، اور جاہلیت والی دوہائی دینا جائز نہیں

ہمارے نسخہ میں باب المناقب ہے اور گیلری میں کتاب المناقب ہے، فتح الباری میں ہے کہ باب المناقب بہتر ہے، ابھی نئی کتاب شروع نہیں ہوئی، یہ باب کتاب احادیث الانبیاء کا جزء ہے، مگر میرے ناقص خیال میں کتاب کا عنوان بہتر ہے، مصری نسخوں میں بھی یہی عنوان ہے۔ حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے خاتم النّبیین سید المرسلین ﷺ کا تذکرہ مستقل کتاب میں کیا ہے اور اسی میں امت کے اصفیاء (برگزیدہ لوگوں) کا یعنی صحابہ کرام کا، مہاجرین وانصار کا تذکرہ کیا ہے، پھر نبی ﷺ کی مکی زندگی کے احوال بیان کئے ہیں، اب یہ کتاب جلد اول کے آخر تک چلے گی، اس کے بعد کتاب المغازی (مہماتِ نبوی کا بیان) ہے، جو مدنی زندگی کے احوال ہیں، اس لئے کتاب المغازی بھی کتاب المناقب کا تتمہ ہے۔ اور کتاب المناقب میں معجزاتِ نبوی کا طویل باب آئے گا، مگر نبی ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ قرآنِ کریم ہے، اس کا تذکرہ چھوڑ دیا ہے، اس کے لئے کتاب المغازی کے بعد کتاب التفسیر لائیں گے، اس طرح نبی ﷺ کا تذکرہ کتاب التفسیر کے ختم تک چلے گا۔

مَناقب: مَنْقَبَة کی جمع ہے: خاندانی خوبیاں، عمدہ اخلاق واوصاف، مجرد نَقُبَ (ک) علی القوم نَقَابَةً: قوم کی نگرانی کرنا، ان کا محافظ ہونا، قوم کا لیڈر وہی ہوتا ہے جو خوبیوں کا اور مکارم اخلاق کا مالک ہوتا ہے، حاشیہ میں وجہ تسمیہ یہ لکھی ہے کہ بڑا آدمی اپنی عظمت سے چٹان میں سوراخ کردیتا ہے اور جلنے والوں کے دلوں کو چھلنی کردیتا ہے، اس لئے منقبت بمعنی فضائل استعمال کیا جاتا ہے، پس مجرد نَقَبَ: باب نصر یا سمع سے ہوگا، جس کے معنی ہیں: سوراخ کرنا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے سولہ باب تمہید کے طور پر لکھے ہیں، پھر سترھویں باب سے نبی ﷺ کا تذکرہ شروع ہوگا، اور اس پہلے باب میں حضرت رحمہ اللہ نے دو آیتیں لکھی ہیں:

پہلی آیت: سورۃ الحجرات کی آیت ۱۳ ہے، ارشاد پاک ہے:﴿يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَّأُنْثٰى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا، إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللهِ أَتْقَاكُمْ، إِنَّ اللهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ﴾: اے لوگو! ہم نے تم کو ایک مرداور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور تم کو مختلف قومیں اور مختلف خاندان بنایا ہے، تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو، بیشک اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے، بیشک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے پورے باخبر ہیں۔

تفسیر: ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا، یعنی آدم وحواء علیہما السلام سے پیدا کیا، تمام انسان ایک ماں باپ کی اولاد ہیں، پھر آگے چل کر مختلف قومیں اور مختلف خاندان بنے، تا کہ باہم پہچان ہو، یہ قومیں اور خاندان فضیلت کی بنیاد نہیں، شرافت کا مدار پرہیزگاری پر ہے، اور کون کتنا پرہیزگار ہے اس کو اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ شُعوب: شَعب کی جمع ہے: لوگوں کا بڑا گروہ، جو ایک باپ کی طرف منسوب ہو، یہ قبیلہ سے زیادہ وسیع ہے، اور قبائل: قبیلة کی جمع ہے: ایک باپ یا ایک دادا کی اولاد، خاندان، کنبہ۔ حضرت امام بخاریؒ نے الشعوب کے معنی کئے ہیں: النسب البعید: دور کی رشتہ داری، اور قبائل کے معنی کئے ہیں: دُوْنَ ذٰلِكَ: ورے کی رشتہ داری، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ شعوب بڑے قبائل ہیں، اور قبیلہ نیچے کے بطون ہیں۔

جاننا چاہئے کہ جس طرح اجناس کی ترتیب نیچے سے اوپر کی طرف ہوتی ہے یعنی خصوص سے عموم کی طرف اور انواع کی ترتیب اوپر سے نیچے کی طرف ہوتی ہے یعنی عموم سے خصوص کی طرف، کیونکہ نوع اور جنس میں عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہے، نوع خاص ہے، اور جنس عام ہے، پس اعلیٰ درجہ کی نوع وہ ہے جو اخص ترین ہو اور اعلیٰ درجہ کی جنس وہ ہے جو اعم ترین ہو، سب سے ادنیٰ نوع کو نوع الانواع کہتے ہیں۔ اور سب سے اعلیٰ جنس کو جنس الاجناس کہتے ہیں، مثلاً سب سے نیچے کی جنس حیوان ہے، اس کے اوپر جسم نامی، اس کے اوپر جسم مطلق، اس کے اوپر جوہر، یہ جنس الاجناس ہے، اور انواع میں سب سے نیچے انسان ہے اور اس کے اوپر حیوان ہے اور آخری اضافی نوع جوہر ہے، پس انسان نوع الانواع ہے اور نوع الانواع اور جنس الاجناس کے درمیان جو انواع واجناس ہیں ان کو متوسطات یعنی بین بین کہتے ہیں، وہ من وجہ جنس ہیں اور من وجہ نوع ہیں۔ ٹھیک اسی طرح شعوب وقبائل ہیں، فتح الباری میں خاندانوں کے لئے سولہ الفاظ لکھے ہیں، یہ سب متوسطات ہیں، آخری رشتہ شَعْب ہے، حضرت آدم علیہ السلام سے نوح علیہ السلام تک انسان قوموں میں تقسیم نہیں ہوئے تھے، پھر نوح علیہ السلام کے بعد ان کے تین صاحبزادوں کی اولاد چلی: سام، حام اور یافث کی، سب سے بڑے صاحبزادے سام تھے، ان تین صاحبزادوں کی اولاد قوموں میں تقسیم ہوئی: سامی، حامی اقوام اور یافث کی اولاد، عرب سب سے بڑے صاحبزادے سام کی اولاد ہیں، پس نبی ﷺ سامی ہیں۔

اور قبائل کو فخر کی بنیاد بنانا اور ان کی دوہائی دینا جیسے زمانۂ جاہلیت کا طریقہ تھا درست نہیں، باب کا یہ جزء آگے مستقل

باب کی صورت میں آرہا ہے۔

غرض: خاندانوں میں تقسیم محض تعارف کے لئے ہے، شرف وفضیلت کی بنیاد تقوی اور طہارت پر ہے، اور کوئی کس پایہ کا نیک آدمی ہے اس کو انسان نہیں جان سکتا، اللہ تعالیٰ ہی اس کو بہتر جانتے ہیں۔

اور باب کی دوسری حدیث میں ہے کہ جب سوال کیا گیا: مَنْ أَكْرمُ الناس ؟ تو آپؐ نے جواب دیا: أَتْقَاهُمْ، لوگوں نے کہا: ہم اس بارے میں نہیں پوچھتے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: چار پشتوں تک اگر کوئی فضیلت باقی رہے تو وہ اکرم الناس ہے، جیسے یوسف علیہ السلام چوتھی پشت میں بھی نبی ہوئے ہیں۔

فائدہ: فضیلت دوسری پشت میں بہت کم منتقل ہوتی ہے، باپ کی ساری خوبیاں بیٹوں میں نہیں پائی جاتیں، اور اگر اللہ کے فضل سے دوسری نسل میں وہ فضیلتیں پائی جائیں تو تیسری نسل میں تو ان فضائل کا پایا جانا بہت ہی نادر ہے، ہزاروں میں ایک مثال ملے گی کہ تیسری نسل میں بھی وہ فضائل پائے جاتے ہیں، اور چوتھی نسل تک فضائل کا چلنا تو کبریت احمر ہے، انبیاء کرام میں اس کی مثال صرف یوسف علیہ السلام ہیں اور عام لوگوں میں بھی ڈھونڈھے سے کوئی مثال مل سکتی ہے، مگر ہے بہت نادر بات!

دوسری آیت: سورۃ النساء کی پہلی آیت ہے: ﴿يٰأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالاً كَثِيْرًا وَنِسَاءً، وَاتَّقُوْا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَاءَ لُوْنَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا﴾: اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو، جس نے تم کو ایک نفس (نفس انسانی) سے پیدا کیا، اور اسی سے اس کا جوڑ ابنایا، اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں، اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس کے نام سے ایک دوسرے سے سوال کیا کرتے ہو، اور قرابت سے بھی ڈرو، بالیقین اللہ تعالیٰ تم سب کی اطلاع رکھتے ہیں۔

تفسیر: الأرحام کا عطف اللہ پر ہے، أی واتقوا الأرحام: اور قرابت سے ڈرو، یعنی قطع رحمی مت کرو، صلہ رحمی کرو، ارحام قبائل سے نیچے کا خاندان ہے، جو آخری درجہ ہے، وہ بمنزلہ نوع الانواع ہے، نبی ﷺ خانوادۂ ہاشمی سے ہیں، بنو ہاشم آپؐ کے ارحام (قرابت دار) ہیں، پھر اس سے اوپر آپ عبد مناف کی اولاد ہیں، اور اس سے اوپر آپؐ خاندانِ قریش سے ہیں، اور اس سے اوپر آپ مضر قبائل سے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٦١- كتابُ المناقب

[١-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالىٰ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثىٰ وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَقَبَائِلَ﴾ الآيَةَ.

[٢-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَاتَّقُوْا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَاءَ لُوْنَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا﴾

وَمَا يُنْهَى مِنْ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ

الشُّعُوْبُ: النَّسَبُ الْبَعِيْدُ، وَالْقَبَائِلُ: دُوْنَ ذٰلِكَ.

[۳٤۸۹-] حدثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ الْكَاهِلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا﴾ قَالَ: الشُّعُوْبُ: الْقَبَائِلُ الْعِظَامُ، وَالْقَبَائِلُ: الْبُطُوْنُ.

[۳٤۹۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ ابْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ أَكْرَمُ النَّاسِ؟ قَالَ:" أَتْقَاهُمْ" قَالُوْا: لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ، قَالَ:" فَيُوْسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ"[راجع: ۳۳٤۹]

[۳٤۹۱-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا كُلَيْبُ بْنُ وَائِلٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ رَبِيْبَةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم زَيْنَبُ بِنْتُ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: قُلْتُ لَهَا: أَرَأَيْتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَكَانَ مِنْ مُضَرَ؟ قَالَتْ: فَمِمَّنْ كَانَ؟ إِلَّا مِنْ مُضَرَ، مِنْ بَنِيْ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ.[انظر: ۳٤۹۲]

ترجمہ: کلیب نے نبی ﷺ کی پروردہ زینب بنت ابی سلمہؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ خاندانِ مضر سے تھے؟ انھوں نے کہا: پھر کس خاندان سے تھے؟ نہیں تھے، آپ مگر مضر خاندان سے (إلا سے پہلے ما کان محذوف ہے) آپ نضر بن کنانہ کی اولاد تھے۔

تشریح: نبی ﷺ کے والد کا نام عبداللہ، دادا کا نام عبدالمطلب (شیبہ) پردادا کا نام ہاشم (عمرو) ابن عبدمناف (مغیرہ) ابن قُصی (زید) تھا۔ آگے نسب نامہ یہ ہے: قُصَيُّ بْنُ كِلَابِ بْن مُرَّة بن كعبِ بن لُؤَيِّ بن غالب بن فَهْر (ان کا لقب قریش تھا، اوران کی اولاد قریش کہلاتی ہے) آگے نسب نامہ مَعَدّ بن عدنان تک پہنچتا ہے، اور وہ یہ ہے: فَهْر بن مالك بن نَضْر بن كِنَانة (ان کی اولاد بنو کنانہ کہلاتی ہے) ابن خُزَيْمة بن مُدْرِكَةَ بن إلياسَ بن مُضَرَ (ان کی اولاد مضر کہلاتی ہے) ابن نِزَار بن مَعَدِّ بن عدنان (یہاں تک نسب نامہ پر ماہرین انساب کا اتفاق ہے اور عدنان سے اوپر حضرت اسماعیل علیہ السلام تک مؤرخین میں وسائط میں اختلاف ہے۔

[۳٤۹۲-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا كُلَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ رَبِيْبَةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَظُنُّهَا زَيْنَبَ، قَالَتْ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُقَيَّرِ وَالْمُزَفَّتِ، وَقُلْتُ لَهَا: أَخْبِرِيْنِيْ: النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِمَّنْ كَانَ؟ مِنْ مُضَرَ كَانَ؟ قَالَتْ: فَمِمَّنْ كَانَ؟ إِلَّا مِنْ مُضَرَ! كَانَ مِنْ وَلَدِ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ.[راجع: ۳٤۹۱]

[٣٤٩٣-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "تَجِدُوْنَ النَّاسَ مَعَادِنَ، خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الإِسْلَامِ إِذَا فَقُهُوْا، وَتَجِدُوْنَ خَيْرَ النَّاسِ فِي هٰذَا الشَّأْنِ أَشَدَّهُمْ لَهُ كَرَاهِيَةً.

[انظر: ٣٤٩٦، ٣٥٨٨]

[٣٤٩٤-] "وَتَجِدُوْنَ شَرَّ النَّاسِ ذَا الْوَجْهَيْنِ: الَّذِيْ يَأْتِيْ هٰؤُلَآءِ بِوَجْهٍ وَيَأْتِيْ هٰؤُلَآءِ بِوَجْهٍ"

[انظر: ٦٠٥٨، ٧١٧٩]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: پاؤگےتم لوگوں کو کھانیں (جس طرح سونے چاندی کی کھانیں متفاوت ہوتی ہیں، کسی میں سے اچھی دھات نکلتی ہے، کسی میں سے معمولی، یہی حال خاندانوں کا ہے، کسی خاندان میں فضائل زیادہ ہوتے ہیں، کسی میں کم) ان میں سے جو خاندان زمانۂ جاہلیت میں صاحبِ فضیلت تھے وہ خاندان اسلام کے بعد بھی صاحب فضیلت ہیں، جبکہ وہ دین کا علم حاصل کریں (یعنی مسلمان ہونے کے بعد شرافت کا مدار دین کی سمجھ حاصل کرنے پر ہے) اور پاؤگےتم لوگوں میں سب سے بہتر اس معاملہ (حکومت) میں اس کو جو ان میں سب سے زیادہ اس کو ناپسند کرتا ہے، اور پاؤگےتم لوگوں میں سب سے بدتر دومونہہ والے کو جو اِن کے پاس آتا ہے ایک منہ سے اور اُن کے پاس آتا ہے دوسرے منہ سے۔

تشریح: اس حدیث میں تین باتیں ہیں:

پہلی بات: خاندانی خوبیاں زمانۂ جاہلیت میں بھی تھیں، اسلام نے ان خوبیوں کو برقرار رکھا ہے، مگر اس شرط کے ساتھ کہ وہ لوگ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کریں، جب ان کے ساتھ دینی خوبی ملے گی تبھی وہ فضیلت شمار ہوگی۔

دوسری بات: بڑے عہدے کی ذمہ داری اس شخص کو دینی چاہئے جو اس کو نہایت ناپسند کرتا ہے، کیونکہ جو عہدہ کا خواہش مند ہوتا ہے اس کو اگر عہدہ دیا جائے گا تو اس کی خواہش پوری ہوگی، اب وہ خدمتِ خلق نہیں کرے گا، اور جو عہدہ کو ناپسند کرتا ہے اس کو زبردستی عہدہ سونپا جائے گا تو اس کو کوئی خوشی نہیں ہوگی، بلکہ اب وہ اس عہدہ کے حقوق ادا کرنے میں جت جائے گا، تاکہ آخرت میں ثواب کا حق دار بنے۔

تیسری بات: کچھ لوگ بظاہر عہدہ ناپسند کرتے ہیں مگر دل میں اس کی شدید خواہش رکھتے ہیں، یہ دومنہ والے ہیں، بعض لوگوں کے سامنے اپنی خواہش ظاہر کریں گے اور ان کو تیار کریں گے کہ وہ الیکشن میں ان کے نام کا فارم بھریں، اور دوسرے لوگوں کے سامنے کہیں گے: میں ممبر نہیں بننا چاہتا، لوگ زبردستی کرتے ہیں، زبردستی میرے نام کا فارم بھر دیا ہے، یہ دورُخے انسانوں کی ایک مثال ہے۔

[٣٤٩٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِيْرَةُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ،

أَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِی هٰذَا الشَّأْنِ، مُسْلِمُهُمْ تَبَعٌ لِمُسْلِمِهِمْ، وَكَافِرُهُمْ تَبَعٌ لِكَافِرِهِمْ"

[۳۴۹۶-] "وَالنَّاسُ مَعَادِنُ: خِيَارُهُمْ فِی الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِی الإِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوْا. تَجِدُوْنَ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ أَشَدَّ النَّاسِ كَرَاهِيَةً لِهٰذَا الشَّأْنِ حَتَّی يَقَعَ فِيْهِ"[راجع: ۳۴۹۳]

ترجمہ: لوگ قریش کے تابع ہیں اس معاملہ (حکومت) میں، ان کے مسلمان ان کے مسلمانوں کے تابع ہیں، اور ان کے کافران کے کافروں کے تابع ہیں، یعنی زمانۂ جاہلیت میں قریش کو دوسرے عربوں پر حکومت کے معاملہ میں فوقیت حاصل تھی، اور اب بھی مسلمان ہونے کے بعد بھی انہی کو فوقیت حاصل ہے، یہ حدیث خبر ہے اور دوسری روایت میں امر ہے: قَدِّمُوْا قُرَيْشًا وَلَا تَقَدَّمُوْهَا: قریش کو آگے بڑھاؤ، اور خود ان سے آگے مت بڑھو، اور مشہور حدیث ہے: الأئمة من قريش: خلفاء قریش میں سے ہونگے، یہ حدیثیں عام ہیں یا وفاتِ نبوی کے بعد جو نزاع پیش آئے گا اس کے ساتھ خاص ہیں؟ دونوں رائیں ہیں، عام طور پر ان کو عام سمجھا جاتا ہے اور محققین ان کو پیشین گوئی قرار دیتے ہیں۔

اور حدیث کے آخر میں ہے: حَتّٰی يَقَعَ فِيْهِ: یہاں تک کہ وہ اس میں واقع ہو، یعنی عہدہ کی کراہیت عہدہ سنبھالنے تک رہنی چاہئے، پھر جب عہدہ سر پے آپڑے تو پوری دلچسپی سے عہدہ کی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں۔

بَابٌ

قریش کے ہر بطن میں نبی ﷺ کی رشتہ داری تھی اور قبائل کے امتیازات

یہاں عینی، قسطلانی اور ہندی نسخوں میں باب ہے، اور فتح الباری کے نسخہ میں نہیں ہے، اور پہلی حدیث میں سورۃ الشوری کی آیت ۲۳ کی تفسیر ہے: ﴿قُلْ لَّآ أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی﴾: آپؐ ان سے کہیں: میں تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ اجرت نہیں مانگتا، بجز رشتہ داری کی محبت کے، یعنی بس اتنا چاہتا ہوں کہ میرے اور تمہارے درمیان جو رشتہ داری ہے، اس کے حقوق کا خیال رکھو، حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے یہی تفسیر کی ہے کہ المودة فی القربی سے نبی ﷺ کی رشتہ داری مراد ہے، حضرت سعیدؒ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ قریش کے ہر بطن میں نبی ﷺ کی رشتہ داری تھی، اسی کے پاس ولحاظ کا آیت میں ذکر ہے۔

اس کے بعد کی دونوں حدیثیں پہلے گذری ہیں، نبی ﷺ نے مشرق کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: یہاں سے فتنے آئیں گے، اور جفا اور سخت دلی قبائل ربیعہ ومضر میں اونٹوں اور گایوں کی دموں کی جڑوں کے پاس چلانے والوں میں ہے، جو اون کے خیموں میں رہتے ہیں۔ اور دوسری حدیث میں ہے: فخر وغرور چلانے والے لوگوں میں ہے جو بالوں کے خیموں میں رہتے

ہیں، یعنی بدّو ہیں، اور سکینت بکریاں پالنے والوں میں ہے اور ایمان یمن والوں کا ہے، اور حکمت بھی انہی کی ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یمن کو یمن اس لئے کہتے ہیں کہ وہ کعبہ کی دائیں جانب ہے، اور شام کو شام اس لئے کہتے ہیں کہ وہ کعبہ کی بائیں جانب ہے، اور الْمَشْأَمة: جو سورۃ البلد میں ہے وہ بمعنی المیسرۃ ہے، یعنی بایاں، اور بائیں ہاتھ کو الشؤمیٔ کہتے ہیں، اور بائیں جانب کو الأشأم کہتے ہیں۔

[٢-] بَابٌ

[٣٤٩٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی﴾ قَالَ: فَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ: قُرْبٰی مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنَّ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ بَطْنٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَّا وَلَهُ فِيْهِ قَرَابَةٌ، فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ، إِلَّا أَنْ تَصِلُوْا قَرَابَةً بَيْنِیْ وَبَيْنَكُمْ. [انظر: ٤٨١٨]

[٣٤٩٨-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ أَبِیْ مَسْعُوْدٍ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مِنْ هٰهُنَا جَاءَ تِ الْفِتَنُ نَحْوَ الْمَشْرِقِ، وَالْجَفَاءُ وَغِلَظُ الْقُلُوْبِ فِی الْفَدَّادِيْنَ أَهْلِ الْوَبَرِ، عِنْدَ أُصُوْلِ أَذْنَابِ الإِبِلِ وَالْبَقَرِ فِیْ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ" [راجع: ٣٣٠٢]

[٣٤٩٩-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "الْفَخْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِی الْفَدَّادِيْنَ أَهْلِ الْوَبَرِ، وَالسَّكِيْنَةُ فِیْ أَهْلِ الْغَنَمِ، وَالإِيْمَانُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: سُمِّيَتِ الْيَمَنَ لِأَنَّهَا عَنْ يَمِيْنِ الْكَعْبَةِ، وَالشَّامَ لِأَنَّهَا عَنْ يَسَارِ الْكَعْبَةِ، وَالْمَشْأَمَةُ: الْمَيْسَرَةُ: وَالْيَدُ الْيُسْرَى: الشُّؤْمٰی، وَالْجَانِبُ الأَيْسَرُ: الأَشْأَمُ. [راجع: ٣٣٠١]

بَابُ مَنَاقِبِ قُرَيْشٍ

قریش کے فضائل

حاشیہ میں دو قول ہیں: (١) نضر بن کنانہ کی اولاد کو قریش کہتے ہیں، اور یہی صحیح قول ہے (٢) نضر کے پوتے فہر بن مالک بن النضر کی اولاد کو قریش کہتے ہیں، اور یہ اکثر کا قول ہے۔

حدیث: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی، درانحالیکہ محمد بن جبیر بن مطعم حضرت معاویہؓ کے پاس تھے، وہ قریش کے ایک وفد کے ساتھ ان کے پاس گئے تھے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ بیان کرتے ہیں کہ عنقریب ہوگا قحطان

میں سے ایک بادشاہ (اس کا نام جہجاہ ہوگا، اور غفار قبیلہ کا ہوگا، اور قحطان ابوالیمن ہے) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو غصہ آیا اور وہ تقریر کے لئے کھڑے ہوئے، انھوں نے اللہ کے شایانِ شان اللہ کی تعریف کی، پھر فرمایا: حمد کے بعد! مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ تم میں سے کچھ لوگ ایسی باتیں کرتے ہیں جو کتاب اللہ میں نہیں ہیں، اور نہ وہ نبی ﷺ سے مروی ہیں، یہ تم میں نادان لوگ ہیں، پس تم ایسی آرزوئیں باندھنے سے بچو، آرزوئیں: آرزو باندھنے والوں کو گمراہ کردیتی ہیں۔ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ خلافت قریش میں رہے گی، ان کی جو بھی مخالفت کرے گا اس کو اللہ تعالیٰ منہ کے بل پچھاڑ دیں گے، جب تک قریش دین کو برپا رکھیں گے۔

تشریح: فتح الباری میں ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا اعتراض محلِ نظر ہے، کیونکہ جو حدیث انھوں نے بیان کی ہے وہ دین قائم رکھنے کے ساتھ مقید ہے، پس جب قریش دین قائم نہیں رکھیں گے تو قحطانی غلبہ پاکر بادشاہ بن جائیں گے، اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اعتراض بایں وجہ کیا ہے کہ قحطانی قریب زمانہ میں بادشاہ بنے گا حالانکہ آگے آرہا ہے کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد بادشاہ بنے گا، دوسری وجہ اعتراض کی یہ تھی کہ حضرت عبداللہؓ اہل کتاب سے نقل کرتے تھے، حضرت معاویہؓ نے سمجھا کہ یہ اسرائیلی بات ہے، نبی ﷺ سے مروی نہیں، اگر وہ حدیث مرفوع بیان کرتے تو حضرت معاویہؓ اعتراض نہ کرتے، بہرحال خلافت کا قریش میں مسلسل رہنا یہ قریش کی فضیلت ہے۔

[۳-] بَابُ مَنَاقِبِ قُرَيْشٍ

[۳۵۰۰-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ يُحَدِّثُ أَنَّهُ بَلَغَ مُعَاوِيَةَ وَهُوَ عِنْدَهُ فِيْ وَفْدٍ مِنْ قُرَيْشٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يُحَدِّثُ: أَنَّهُ سَيَكُوْنُ مَلِكٌ مِنْ قَحْطَانَ، فَغَضِبَ مُعَاوِيَةُ، فَقَامَ فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّهُ بَلَغَنِيْ أَنَّ رِجَالاً مِنْكُمْ يَتَحَدَّثُوْنَ أَحَادِيْثَ لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، وَلاَ تُؤْثَرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأُوْلٰئِكَ جُهَّالُكُمْ فَإِيَّاكُمْ وَالْأَمَانِيَّ الَّتِيْ تُضِلُّ أَهْلَهَا، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ فِيْ قُرَيْشٍ، لاَ يُعَادِيْهِمْ أَحَدٌ إِلَّا كَبَّهُ اللّٰهُ عَلٰى وَجْهِهِ مَا أَقَامُوْا الدِّيْنَ" [انظر: ۷۱۳۹]

[۳۵۰۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدٍ، ح: قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هُرْمُزَ الْأَعْرَجُ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " قُرَيْشٌ وَالْأَنْصَارُ وَجُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَأَسْلَمُ وَأَشْجَعُ وَغِفَارُ مَوَالِيَّ، لَيْسَ لَهُمْ مَوْلًى دُوْنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ" [انظر: ۳۵۱۲]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: قریش، انصار، جہینہ، مُزینہ، اسلم، اشجع اور غفار میرے مددگار ہیں، اللہ اور اس کے رسول کے سواء ان کا کوئی کارساز نہیں (اس حدیث میں قریش کا بھی ذکر ہے، یہی قریش کی فضیلت ہے)

[۳۵۰۲-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَايَزَالُ هٰذَا الْأَمْرُ فِيْ قُرَيْشٍ مَا بَقِيَ مِنْهُمُ اثْنَانِ"[انظر: ۷۱٤۰]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: یہ معاملہ (خلافت) برابر قریش میں رہے گا جب تک ان میں دو شخص باقی رہیں گے۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ خلافت قریش کے ساتھ خاص ہے، غیر قریشی کو خلیفہ بنانا جائز نہیں، لیکن حاشیہ میں مرقات کے حوالہ سے لکھا ہے کہ یہ حدیث خبر بمعنی امر ہے یعنی مسلمانوں کو چاہئے کہ قریش کو خلیفہ بنائیں، ان سے بغاوت نہ کریں، مگر ایسا ضروری نہیں، کیونکہ خلافت قریش سے نکل چکی ہے، آج دنیا میں کہیں کوئی قریشی خلیفہ نہیں ہے اس لئے میں نے کہا تھا کہ یہ حدیث ایک پیشین گوئی ہے، اس نزاع کے سلسلہ میں جو آپؐ کے بعد امارت کے مسئلہ میں پیش آئے گا، انصار کہیں گے: مِنَّا أَمِيْرٌ وَمِنْكُمْ أَمِيْرٌ: پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حدیث سنائی: الأَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ: چنانچہ نزاع ختم ہوگیا، پس یہ ایک پیشین گوئی ہے، شرعی حکم نہیں۔

[۳۵۰۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: مَشَيْتُ أَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَعْطَيْتَ بَنِيْ الْمُطَّلِبِ وَتَرَكْتَنَا، وَإِنَّمَا نَحْنُ وَهُمْ مِنْكَ بِمَنْزِلَةٍ وَاحِدَةٍ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّمَا بَنُوْ هَاشِمٍ وَبَنُوْ الْمُطَّلِبِ شَيْئٌ وَاحِدٌ"[راجع: ۳۱٤۰]

وضاحت: ایک غنیمت کے خمس میں سے نبی ﷺ نے بنو ہاشم کے ساتھ بنو مطلب کو بھی دیا، جبیر بن مطعمؓ جو بنو نوفل سے تھے، اور حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ جو عبد شمس سے تھے، نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور عرض کیا: آپؐ نے بنوالمطلب کو دیا، اور ہمیں نہیں دیا، حالانکہ ہمارا اور ان کا رشتہ آپؐ سے ایک درجہ کا ہے (عبد مناف کے چار لڑکے تھے: ہاشم، مطلب، عبد شمس اور نوفل) نبی ﷺ نے جواب دیا: بنو ہاشم اور بنو مطلب اسلام سے پہلے بھی اور اسلام کے بعد بھی متحد رہے ہیں، اور عبد شمس اور نوفل کی اولاد مخالف رہی ہے، یہ چاروں خاندان قریش کے ہیں۔

[۳۵۰٤-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ الْأَسْوَدِ مُحَمَّدٌ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: ذَهَبَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ مَعَ أُنَاسٍ مِنْ بَنِيْ زُهْرَةَ إِلَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، وَكَانَتْ أَرَقَّ شَيْئٍ لِقَرَابَتِهِمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

صلى الله عليه وسلم. [انظر: ۳۵۰۵، ۶۰۷۳]

[۳۵۰۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِى أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ أَحَبَّ الْبَشَرِ إِلٰى عَائِشَةَ بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَبِىْ بَكْرٍ، وَكَانَ أَبَرَّ النَّاسِ بِهَا، وَكَانَتْ لَا تُمْسِكُ شَيْئًا مِمَّا جَاءَ هَا مِنْ رِزْقِ اللّٰهِ إِلَّا تَصَدَّقَتْ، فَقَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ: يَنْبَغِىْ أَنْ يُؤْخَذَ عَلٰى يَدَيْهَا، فَقَالَتْ: أَيُؤْخَذُ عَلٰى يَدَىَّ؟ عَلَىَّ نَذْرٌ إِنْ كَلَّمْتُهُ، فَاسْتَشْفَعَ إِلَيْهَا بِرِجَالٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَبِأَخْوَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَاصَّةً، فَامْتَنَعَتْ، فَقَالَ لَهُ الزُّهْرِيُّوْنَ أَخْوَالُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوْثَ، وَالْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ: إِذَا اسْتَأْذَنَّا فَاقْتَحِمِ الْحِجَابَ فَفَعَلَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا بِعَشْرِ رِقَابٍ فَأَعْتَقَتْهُمْ ثُمَّ لَمْ تَزَلْ تُعْتِقُهُمْ حَتَّى بَلَغَتْ أَرْبَعِيْنَ، وَقَالَتْ: وَدِدْتُ أَنِّى جَعَلْتُ حِيْنَ حَلَفْتُ عَمَلًا أَعْمَلُهُ فَأَفْرُغَ مِنْهُ.

[راجع: ۳۵۰۳]

وضاحت: حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا زہریوں کی بڑی رعایت کرتی تھیں، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ زہری تھے، امام زہری رحمہ اللہ بھی اسی خاندان کے ہیں، یہ قریش کا ایک بطن ہے، آپؐ کی والدہ ماجدہ اسی بطن سے تھیں، اس لئے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا زہریوں کی بہت رعایت کرتی تھیں۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو جتنا پیار عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ سے تھا اتنا کسی اور سے نہیں تھا، اور حضرت عبداللہؓ خالہ کے ساتھ بہت حسن سلوک کرتے تھے، ہدیے ہدایا بھیجتے تھے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جتنی سخی تھیں، حضرت عبد اللہؓ اتنے بخیل تھے، ایک مرتبہ ابن الزبیرؓ نے کہا: خالہ جان کے ہاتھ پکڑنے چاہئیں، جو کچھ مال ان کے پاس آتا ہے خرچ کرڈالتی ہیں، یعنی ان کے خرچ کرنے پر حکومت کی طرف سے بین (پابندی) لگانی چاہئے، یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو پہنچی، وہ سخت ناراض ہوئیں اور فرمایا: کیا میرے ہاتھ پکڑے جائیں گے؟ مجھ پر پابندی لگائی جائے گی؟ میرے ذمہ منت ہے اگر میں عبداللہؓ سے بولوں، اب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بہت پریشان ہوئے، انھوں نے زہریوں سے جو حضور ﷺ کے ننھیالی تھے سفارش کروائی، مگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بولنے کے لئے تیار نہیں ہوئیں، پھر چند زہریوں نے ایک تدبیر کی، انھوں نے کہا: جب ہم حضرت عائشہؓ کے کمرہ میں داخل ہونے کی اجازت لیں اور وہ ہمیں اجازت دے دیں، تو تم بھی کمرے میں داخل ہوجانا اور پردہ کے اندر گھس جانا، کیونکہ تم محرم ہو، چنانچہ وہ خالہ سے لپٹ کر اتنا روئے اتنا روئے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا دل پسیج گیا اور انھوں نے ان کو معاف کردیا، اور جو قسم ٹوٹی تھی اس کے کفارہ میں چالیس غلام آزاد کئے اور فرمایا: کاش میں قسم کھاتے وقت کوئی چیز متعین کرلیتی تو وہ کر کے نمٹ جاتی (انھوں نے عَلَىَّ نَذْرٌ: مبہم کہا تھا، اس لئے چالیس غلام آزاد کئے، تفصیل حاشیہ میں ہے)

بَابٌ: نَزَلَ الْقُرْآنُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ

قرآنِ کریم قریش کی لغت میں اترا ہے

یہ فضائلِ قریش کا دوسرا باب ہے، ابتداء میں ضرورت کی وجہ سے مختلف طرح سے قرآنِ کریم پڑھنے کی اجازت دی گئی تھی، پھر جب ضرورت باقی نہ رہی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے امت کو لغتِ قریش پر جمع کر دیا، آج جو ہمارے پاس قرآنِ کریم ہے وہ قریش کی لغت میں لکھا ہوا ہے، اور قرآن نازل بھی قریش ہی کی لغت میں ہوا ہے، یہی قریش کی فضیلت ہے۔

[٤-] بَابٌ: نَزَلَ الْقُرْآنُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ

[٣٥٠٦-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ عُثْمَانَ دَعَا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْحَارِثِ ابْنِ هِشَامٍ، فَنَسَخُوْهَا فِي الْمَصَاحِفِ، وَقَالَ عُثْمَانُ لِلرَّهْطِ الْقُرَشِيِّيْنَ الثَّلاَثَةِ: إِذَا اخْتَلَفْتُمْ أَنْتُمْ وَزَيْدُ ابْنُ ثَابِتٍ فِيْ شَيْئٍ مِنَ الْقُرْآنِ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ، فَإِنَّمَا نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ، فَفَعَلُوْا ذٰلِكَ.

[انظر: ٤٩٨٤، ٤٩٨٧]

وضاحت: حضرت انسؓ کہتے ہیں: حضرت عثمانؓ نے چار آدمیوں کو بلایا، ان میں سے حضرت زید انصاریؓ تھے، باقی تین قریشی تھے، اور ان کو مصاحف تیار کرنے کا حکم دیا، چنانچہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس جو قرآن محفوظ تھا اس کو منگوا کر اس کی نقلیں تیار کیں، اس وقت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے تین قریشی حضرات سے فرمایا: اگر تمہارے درمیان اور زید کے درمیان قرآن کے کسی لفظ میں اختلاف ہو جائے تو قریش کی لغت کے مطابق لکھنا، اس لئے کہ قرآن انہی کی لغت میں نازل ہوا ہے، جیسے سورۃ البقرہ کی آیت ۲۴۸ میں التابوت ہے، اس کو التابوت لکھا جائے یا التابوہ، انصار التابوہ بولتے تھے، اور قریش کی لغت میں التابوت آخر میں لمبی تا کے ساتھ لکھا جاتا تھا، چنانچہ قریش کی لغت کے مطابق التابوت لکھا گیا اور یہ حدیث آگے فضائل القرآن میں دو جگہ آرہی ہے، حدیث ۴۹۸۴ میں ہے: فِي عَرَبِيَّةٍ مِنْ عَرَبِيَّةِ الْقُرْآنِ فَاكْتُبُوْهَا بِلِسَانِ قُرَيْشٍ: عربیت یعنی رسم الخط میں اختلاف ہو جائے تو اس کو قریش کے رسم الخط کے مطابق لکھا جائے۔

بَابُ نِسْبَةِ الْيَمَنِ إِلٰى إِسْمَاعِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامِ

یمن والوں کی اسماعیل علیہ السلام کی طرف نسبت

یمن سے حجاز میں وارد ہونے والے قبائل میں قبیلہ اسلم بن أَفْصٰی ہے، یہ قبیلہ خزاعہ کا ایک بطن ہے، اور قبیلہ خزاعہ

قحطانی قبیلہ ہے، قبیلہ اسلم وبرہ میں آباد تھا، جو مدینہ کے قریب ایک سرسبز وشاداب بستی تھی۔ اور حدیث پہلے گذری ہے، قبیلہ اسلم کے لوگ بازار میں تیراندازی کررہے تھے، نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: اے اسماعیل کی اولاد! تیراندازی کرو، تمہارے ابا تیرانداز تھے، اور میں فلاں جماعت کے ساتھ ہوں، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبیلہ اسلم حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہے، اور وہ قبیلہ خزاعہ کی شاخ ہے اور وہ قحطانی قبیلہ ہے، پس معلوم ہوا کہ یمن کے باشندے بھی عدنانیوں کی طرح اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں۔

[٤-م] بَابُ نِسْبَةِ الْيَمَنِ إِلٰى إِسْمَاعِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَام

مِنْهُمْ أَسْلَمُ بْنُ أَفْصَى بْنِ حَارِثَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ: مِنْ خُزَاعَةَ.

[٣٥٠٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ، قَالَ: ''خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى قَوْمٍ مِنْ أَسْلَمَ يَتَنَاضَلُوْنَ بِالسُّوْقِ، فَقَالَ: '' ارْمُوْا بَنِيْ إِسْمَاعِيْلَ فَإِنَّ أَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا، وَأَنَا مَعَ بَنِيْ فُلَانٍ، لِأَحَدِ الْفَرِيْقَيْنِ'' فَأَمْسَكُوْا بِأَيْدِيْهِمْ. قَالَ: فَقَالَ: ''مَالَهُمْ؟'' قَالُوْا: وَكَيْفَ نَرْمِيْ وَأَنْتَ مَعَ بَنِيْ فُلَانٍ؟ قَالَ: '' ارْمُوْا وَأَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ''[راجع: ٢٨٩٩]

بَابٌ

ثبوت کے بغیر نسبی نسبت جائز نہیں

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنی نسبت اپنے باپ کے علاوہ کی طرف کرتا ہے درانحالیکہ وہ جانتا ہے (کہ وہ غلط نسبت کررہا ہے) تو اس نے اللہ کی نعمت کی ناشکری کی (حقیقی باپ کو چھوڑ کر غیر باپ کی طرف نسبت کرنا اللہ کی نعمت کا انکار ہے) اور جو شخص کسی قبیلہ میں شمولیت کا دعوی کرتا ہے درانحالیکہ اس قبیلہ کے ساتھ اس کا نسبی تعلق نہیں، تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: سب سے بڑا جھوٹ (بہتان) یہ ہے کہ آدمی اپنی نسبی نسبت اپنے باپ کے علاوہ کی طرف کرے یا اپنی آنکھ کو دکھلائے وہ جو اس نے نہیں دیکھا یعنی جھوٹا خواب بیان کرے، یا نبی ﷺ کی طرف وہ بات منسوب کرے جو آپؐ نے نہیں فرمائی۔

یہ دونوں حدیثیں مثبت پہلو سے ہیں کہ جان بوجھ کر غلط نسبت کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔

تیسری حدیث: عبدالقیس کے نمائندوں نے خود کو قبیلہ ربیعہ کا فرد بتایا تھا، کیونکہ وہ بالیقین اس کو جانتے تھے، چنانچہ نبی ﷺ نے ان پر کوئی نکیر نہیں فرمائی۔

چوتھی حدیث: نبی ﷺ نے مشرق کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: شیطان کا سینگ یہاں سے نکلے گا، یعنی مسیلمہ

کذاب کا فتنہ یہاں سے ابھرے گا، مدینہ سے مشرق میں مضر اور ربیعہ دونوں قبیلے رہتے تھے، اس لئے آپؐ نے کسی قبیلہ کا نام نہیں لیا، پس اگر کسی علاقہ میں مختلف قبائل آباد ہوں اور تعیین مشکل ہو تو علاقہ کا نام لیا جائے، کسی خاص قبیلہ کی طرف نسبت نہ کی جائے۔

[٥-] بَابٌ

[٣٥٠٨-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ يَحْيىَ بْنُ يَعْمُرَ، أَنَّ أَبَا الْأَسْوَدِ الدُّؤَلِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِىْ ذَرٍّ: أَنَّـهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: " لَيْسَ مِنْ رَجُلٍ ادَّعَى لِغَيْرِ أَبِيْهِ وَهُوَ يَعْلَمُهُ إِلَّا كَفَرَ بِاللّٰهِ، وَمَنِ ادَّعَى قَوْمًا لَيْسَ لَهُ فِيْهِمْ نَسَبٌ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"[انظر: ٦٠٤٥]

[٣٥٠٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّصْرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْأَسْقَعِ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ مِنْ أَعْظَمِ الْفِرَاءِ أَنْ يَدَّعِىَ الرَّجُلُ إِلٰى غَيْرِ أَبِيْهِ، أَوْ يُرِىَ عَيْنَهُ مَالَمْ تَرَ، أَوْ يَقُوْلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَالَمْ يَقُلْ"

[٣٥١٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِىْ جَمْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا هٰذَا الْحَيَّ مِنْ رَبِيْعَةَ، قَدْ حَالَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ، فَلَسْنَا نَخْلُصُ إِلَيْكَ إِلَّا فِىْ كُلِّ شَهْرٍ حَرَامٍ، فَلَوْ أَمَرْتَنَا بِأَمْرٍ نَأْخُذُهُ عَنْكَ وَنُبَلِّغُهُ مَنْ وَرَاءَ نَا، قَالَ: " آمُرُكُمْ بِأَرْبَعَةٍ وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعَةٍ: الْإِيْمَانُ بِاللّٰهِ وَشَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَإِقَامُ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءُ الزَّكَاةِ، وَأَنْ تُؤَدُّوْا إِلَى اللّٰهِ خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ، وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيْرِ، وَالْمُزَفَّتِ"[راجع: ٥٣]

[٣٥١١-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: "أَلَا إِنَّ الْفِتْنَةَ هَاهُنَا" يُشِيْرُ إِلَى الْمَشْرِقِ- "مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ" [راجع: ٣١٠٤]

بَابُ ذِكْرِ أَسْلَمَ وَغِفَارَ وَمُزَيْنَةَ وَجُهَيْنَةَ وَأَشْجَعَ

پانچ مضری قبائل کا تذکرہ

اسلم بن اَفصی، غفار بن مُلیل، مزینہ، جہینہ اور اشجع: پانچوں مضری قبائل ہیں اور مضر: عدنان کی شاخ ہے، اور پہلی

حدیث ابھی گذری ہے کہ قریش وغیرہ قبائل نبی ﷺ کے مددگار ہیں، اور اللہ اور اس کے رسول کے علاوہ ان کا کوئی ناصر ومددگار نہیں۔ اور دوسری حدیث میں نبی ﷺ نے قبیلۂ غفار کے لئے دعا کی ہے کہ اللہ اس کی بخشش فرمائیں، یہ قبیلہ زمانۂ جاہلیت میں حاجیوں کا سامان چرایا کرتا تھا، اس لئے آپؐ نے ان کو یہ دعا دی، اور اسلم قبیلہ کو دعا دی: سَالَمَهَا اللّٰهُ: اللہ اس کی حفاظت فرمائیں! اور عُصَیّہ قبیلہ جس نے بیر معونہ میں ستر قراء کو شہید کیا تھا ان کے بارے میں فرمایا: اس نے اللہ کی اور اللہ کے رسول کی نافرمانی کی، اور تیسری حدیث میں بھی اسلم اور غفار کے لئے دعا ہے۔

پھر بعد کی تین حدیثوں میں ایک واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو تفصیل سے مسلم شریف میں ہے (حدیث ۲۵۲۲ کتاب فضائل الصحابة حدیث ۱۹۳) حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اقرع بن حابس تمیمیؓ نبی ﷺ کی خدمت میں آئے اور انھوں نے کہا: آپؐ سے حاجیوں کا سامان چرانے والے قبائل: اسلم، غفار، مزینہ اور جہینہ نے بیعت کی (اقرعؓ نے ان قبائل پر نقد کیا) پس آپؐ نے فرمایا: بتلاؤ! اگر اسلم، غفار، مزینہ اور جہینہ بہتر ہوں بنوتمیم، بنوعامر، اسد اور غطفان سے تو یہ قبائل گھاٹے میں رہیں گے یا نہیں؟ اقرعؓ نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! بیشک وہ قبائل اِن سے بہت بہتر ہیں۔

[٦-] بَابُ ذِكْرِ أَسْلَمَ وَغِفَارَ وَمُزَيْنَةَ وَجُهَيْنَةَ وَأَشْجَعَ

[٣٥١٢-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " قُرَيْشٌ وَالْأَنْصَارُ وَجُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَأَسْلَمُ وَغِفَارُ وَأَشْجَعُ مَوَالِيَّ، لَيْسَ لَهُمْ مَوْلًى دُوْنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ" [راجع: ٣٥٠٤]

[٣٥١٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ غُرَيْرٍ الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ عَلَى الْمِنْبَرِ: "غِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا! وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ! وَعُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ"

[٣٥١٤-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " أَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَغِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا"

[٣٥١٥-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، ح: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَرَأَيْتُمْ إِنْ كَانَ جُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَأَسْلَمُ وَغِفَارُ خَيْرًا مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ وَبَنِيْ أَسَدٍ وَمِنْ بَنِيْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَطَفَانَ، وَمِنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ؟ فَقَالَ رَجُلٌ: خَابُوْا وَخَسِرُوْا! فَقَالَ:" هُمْ خَيْرٌ مِنْ بَنِيْ

تَمِيْمٍ، وَمِنْ بَنِى أَسَدٍ، وَمِنْ بَنِى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَطَفَانَ، وَمِنْ بَنِى عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ"[انظر: ٣٥١٦، ٦٦٣٥]

[٣٥١٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِى يَعْقُوْبَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِى بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّمَا بَايَعَكَ سُرَّاقُ الْحَجِيْجِ مِنْ أَسْلَمَ وَغِفَارَ وَمُزَيْنَةَ - وَأَحْسِبُهُ: وَجُهَيْنَةَ، ابْنُ أَبِى يَعْقُوْبَ شَكَّ - قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَسْلَمُ وَغِفَارُ وَمُزَيْنَةُ - وَأَحْسِبُهُ، وَجُهَيْنَةُ- خَيْرًا مِنْ بَنِى تَمِيْمٍ وَبَنِى عَامِرٍ وَأَسَدٍ وَغَطْفَانَ، خَابُوْا وَخَسِرُوْا!" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ:" وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ! إِنَّهُمْ لَأَخْيَرُ مِنْهُمْ"[راجع: ٣٥١٥]

[٣٥١٦م-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ:" أَسْلَمُ وَغِفَارُ وَشَيْئٌ مِنْ مُزَيْنَةَ وَجُهَيْنَةَ - أَوْ قَالَ:- شَيْئٌ مِنْ جُهَيْنَةَ أَوْ مُزَيْنَةَ خَيْرٌ عِنْدَ اللّٰهِ - أَوْ قَالَ: يَوْمَ الْقِيَامَةِ، مِنْ أَسَدٍ وَتَمِيْمٍ وَهَوَازِنَ وَغَطْفَانَ"

بَابُ ذِكْرِ قَحْطَانَ

قحطان کا تذکرہ

قحطان یمن والوں کے جدامجد ہیں اور وہ اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔اور حدیث ابھی گذری ہے کہ قیامت سے پہلے قبیلہ قحطان کا ایک آدمی ابھرے گا اور لوگوں کو اپنی لاٹھی سے ہانکے گا، یہی تغلّب ہے، یعنی زبردستی بادشاہ بن جائے گا، آج کل ووٹ کی کثرت سے جو حکومت بنتی ہے وہ بھی تغلّب کی ایک صورت ہے، اور ایسا تغلّب اگر کوئی عورت حاصل کرلے تو وہ بھی سربراہِ اعظم بن جائے گی، اس کے احکام نافذ ہونگے اور اس کی اطاعت ضروری ہوگی۔

[٧-] بَابُ ذِكْرِ قَحْطَانَ

[٣٥١٧-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِى سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِى الْغَيْثِ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ رَجُلٌ مِنْ قَحْطَانَ يَسُوْقُ النَّاسَ بِعَصَاهُ"[انظر: ٧١١٧]

بَابُ مَا يُنْهَى عَنْهُ مِنْ دَعْوَةِ الْجَاهِلِيَّةِ

جاہلی نعرے ممنوع ہیں

کتاب المناقب کے پہلے باب کا دوسرا جزء تھا: وَمَا يُنْهَى مِنْ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ: اس کا تذکرہ اب شروع کرتے ہیں،

فرماتے ہیں: عصبیت والے نعروں کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں، انسانوں کی قوموں اور قبائل میں تقسیم جان پہچان کے لئے ہے اور بس، اور باب میں دو حدیثیں ہیں۔

[٨-] بَابُ مَا يُنْهَى عَنْهُ مِنْ دَعْوَةِ الْجَاهِلِيَّةِ

[٣٥١٨-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ جَابِرًا، يَقُوْلُ: غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ ثَابَ مَعَهُ نَاسٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ حَتَّى كَثُرُوْا، وَكَانَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلٌ لَعَّابٌ، فَكَسَعَ أَنْصَارِيًّا، فَغَضِبَ الأَنْصَارِيُّ غَضَبًا شَدِيْدًا حَتَّى تَدَاعَوْا، وَقَالَ الأَنْصَارِيُّ: يَا لَلأَنْصَارِ! وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لَلْمُهَاجِرِيْنَ! فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" مَابَالُ دَعْوَى أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ؟" ثُمَّ قَالَ:" مَا شَأْنُهُمْ؟" فَأُخْبِرَ بِكَسْعَةِ الْمُهَاجِرِيِّ الأَنْصَارِيَّ، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" دَعُوْهَا فَإِنَّهَا خَبِيْثَةٌ" وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيِّ ابْنُ سَلُوْلَ: أَقَدْ تَدَاعَوْا عَلَيْنَا، لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الأَعَزُّ مِنْهَا الأَذَلَّ، فَقَالَ عُمَرُ: أَلاَ نَقْتُلُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ هٰذَا الْخَبِيْثَ؟ يَعْنِىْ عَبْدَ اللّٰهِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لاَ يَتَحَدَّثُ النَّاسُ أَنَّـهُ كَانَ يَقْتُلُ أَصْحَابَهُ"[انظر: ٤٩٠٥، ٤٩٠٧]

[٣٥١٩-] حدثنا ثَابِتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَعَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُيُوْبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ"[راجع: ١٢٩٤]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک غزوہ (غزوۂ مریسیع) میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے اور لوٹے آپؐ کے ساتھ بہت سے مہاجرین یعنی لشکر میں مہاجرین کی تعداد زیادہ تھی، اور مہاجرین میں ایک تفریح باز آدمی تھا، اس نے ایک انصاری کی سرین پر ہاتھ یا لات ماری، پس انصاری بہت زیادہ غصہ ہوا، یہاں تک کہ اس نے (اپنے قبیلہ کو) مدد کے لئے پکارا: او انصار! مدد کو دوڑو! اور مہاجری نے پکارا! او مہاجرو! مدد کو دوڑو! پس نبی ﷺ (خیمہ سے) باہر نکلے اور پوچھا: یہ جاہلیت کا نعرہ کیسا ہے؟ پھر پوچھا: کیا قصہ ہے؟ پس آپؐ کو مہاجری کے انصار کی سرین پر ہاتھ یا لات مارنے کی بات بتائی گئی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اس نعرہ کو چھوڑو، یہ گندہ نعرہ ہے، اور عبداللہ بن ابی ابن سلول نے کہا: کیا انھوں نے ہمارے مقابلہ پر مدد کے لئے پکارا؟ اگر ہم مدینہ لوٹے تو نہایت عزت والا ضرور نہایت ذلیل کو مدینہ سے نکال دے گا، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: کیا ہم اس خبیث کو یعنی عبداللہ کو قتل نہ کردیں اے اللہ کے نبی! آپؐ نے فرمایا: نہیں، لوگ باتیں

کریں گے کہ محمدؐ اپنے ساتھیوں کو قتل کرتے ہیں یعنی رہتی دنیا تک لوگ پروپیگنڈہ کریں گے کہ محمدؐ نے تو اپنے ساتھیوں کو بھی نہیں چھوڑا، ان کو بھی قتل کیا، پس ایسے غلط پروپیگنڈہ کا موقع لوگوں کو نہیں دینا چاہئے۔

اور دوسری حدیث کتاب الجنائز (باب ۳۵) میں گذر چکی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ہم میں سے نہیں جو رخسار پیٹے (عربوں کا طریقہ رخسار پیٹنے کا تھا، ہمارے یہاں سینہ کوبی کرتے ہیں) اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت والی پکاریں پکارے (یہ جزء باب سے متعلق ہے)

بَابُ قِصَّةِ خُزَاعَةَ

قبیلہ خزاعہ کا واقعہ

پہلی حدیث میں ہے کہ قبیلہ خزاعہ کا جد امجد عمرو بن لحی ہے، یہ قبیلہ قحطانی ہے اور ایک رائے یہ ہے کہ عدنانی ہے، یہ قبیلہ مکہ اور مدینہ کے درمیان آباد تھا، تین سو سال تک یہ قبیلہ بیت اللہ پر قابض رہا ہے، اور سورۃ المائدہ آیت ۱۰۳ میں ہے: ﴿مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَلاَ سَائِبَةٍ وَلاَ وَصِيْلَةٍ وَلاَ حَامٍ﴾: اللہ تعالیٰ نے نہ بحیرہ کو مشروع کیا نہ سائبہ کو، نہ وصیلہ کو اور نہ حامی کو۔

بحیرہ: وہ جانور ہے جس کا دودھ بتوں کے نام پر روک لیتے تھے، اس کو کوئی نہیں دوہتا تھا۔ اور سائبہ: وہ جانور ہے جس کو بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے اس سے کوئی کام نہیں لیتے تھے، جیسے ہمارے ملک میں بعض لوگ سانڈ چھوڑ دیتے ہیں۔ اور وصیلہ: وہ اونٹنی ہے جو پہلی بار مادہ بچہ جنے، پھر دوسری بار بھی مادہ بچہ جنے، درمیان میں نر بچہ نہ جنے، اس کو بھی بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے۔ اور حامی: وہ نر اونٹ ہے جو خاص شمار سے جفتی کر چکا ہو، اس کو بھی بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے۔ بحیرہ اور سائبہ کی یہ تفسیر حضرت سعید بن المسیبؒ نے کی ہے، اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: عمرو بن عامر خزاعی وہ پہلا شخص ہے جس نے سائبہ جانور چھوڑنے کا رواج ڈالا اور اسی نے عرب میں بت پرستی کا رواج ڈالا، نبی ﷺ نے اس کو جہنم میں دیکھا، اس کی آنتیں پیچھے سے نکل کر ڈھیر ہوئی ہوئی تھیں، اور وہ تیلی کے بیل کی طرح آنتوں کے گرد گھوم رہا تھا۔

ملحوظہ: یہاں حدیث میں عمرو بن عامر خزاعی ہے اور پہلے (حدیث ۱۲۱۲ میں) عمرو بن لحی ہے، حاشیہ میں تطبیق یہ دی ہے کہ دونوں ایک ہیں، عامر اس کے باپ کا نام ہے اور لحی اوپر کے کسی دادا کا، اور قُصْب کے معنی ہیں: آنت، جمع أقصاب۔

[۹-] بَابُ قِصَّةِ خُزَاعَةَ

[۳۵۲۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِىْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "عَمْرُو بْنُ لُحَىِّ بْنِ

قَمَعَةَ بْنِ خِنْدِفَ: أَبُوْ خُزَاعَةَ"

[٣٥٢١-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: الْبَحِيْرَةُ: الَّتِيْ يُمْنَعُ دَرُّهَا لِلطَّوَاغِيْتِ، وَلاَ يَحْلِبُهَا أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ، وَالسَّائِبَةُ: الَّتِيْ كَانُوْا يُسَيِّبُوْنَهَا لِآلِهَتِهِمْ، فَلاَ يُحْمَلُ عَلَيْهَا شَيْئٌ قَالَ: وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "رَأَيْتُ عَمْرَو ابْنَ عَامِرِ الْخُزَاعِيَّ يَجُرُّ قُصْبَهُ فِي النَّارِ، وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ"[انظر: ٤٦٢٣]

بَابُ قِصَّةِ زَمْزَمَ وَفِيْهِ إِسْلَامُ أَبِيْ ذَرٍّ

زم زم اور حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے اسلام کا واقعہ

یہاں بخاری کے نسخے بہت مختلف ہیں، اور باب کی حدیث میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے اسلام کا واقعہ ہے اوران کے زم زم کے پانی پر اکتفا کرنے کا ذکر ہے، حضرت ابوذرؓ کنانۃ بن خزیمہ کی شاخ غفار سے تعلق رکھتے تھے، یمن کے رہنے والے تھے، بہت قدیم الاسلام ہیں، پانچویں مسلمان ہیں، وفات رَبذہ میں ۳۴ ہجری میں ہوئی۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ابو جمرہ رحمہ اللہ کو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے مسلمان ہونے کا واقعہ سنایا، ابوذرؓ کہتے ہیں: میرا تعلق قبیلہ غفار سے تھا، مجھے اطلاع ملی کہ مکہ میں ایک صاحب پیدا ہوئے ہیں جو نبوت کا دعوی کرتے ہیں، میں نے اپنے بھائی اُنیس سے کہا: ان کے پاس جاؤ اوران سے باتیں کرو، اور میرے پاس ان کے حالات کی خبر لاؤ، چنانچہ وہ گئے، ان سے ملاقات کی اور واپس آئے، میں نے پوچھا: کیا خبر لائے؟ انھوں نے کہا: میں نے ایک آدمی کو دیکھا جو بھلائی کا حکم دیتا ہے اور برائی سے روکتا ہے، میں نے اس سے کہا: آپ میرے پاس تشفی بخش خبر نہیں لائے، پس میں نے توشہ دان لیا اور لاٹھی اٹھائی، اور میں مکہ پہنچا، میں نبی ﷺ کو نہیں پہچانتا تھا، اور آپؐ کے بارے میں کسی سے پوچھنا بھی نہیں چاہتا تھا، میں زم زم کا پانی پیتا تھا اور مسجدِ حرام میں رہتا تھا، ابوذرؓ کہتے ہیں: پس میرے پاس سے حضرت علی رضی اللہ عنہ گذرے، انھوں نے کہا: گویا آپ مسافر ہیں، میں نے کہا: ہاں، انھوں نے کہا: گھر چلئے، میں ان کے ساتھ چلا، انھوں نے مجھ سے کچھ نہیں پوچھا اور میں نے بھی ان کو کچھ نہیں بتایا، جب صبح ہوئی تو میں مسجد میں آ گیا، تاکہ میں نبی ﷺ کے بارے میں پوچھوں اور مجھے کوئی ان کے بارے میں کچھ نہیں بتلاتا تھا، ابوذرؓ کہتے ہیں: پس میرے پاس سے علی رضی اللہ عنہ گذرے، اور انھوں نے کہا: آدمی کے لئے وقت نہیں آیا کہ وہ اپنا ٹھکانہ پہچانے؟ میں نے کہا: نہیں، انھوں نے کہا: میرے ساتھ چلئے، پھر انھوں نے مجھ سے پوچھا: آپ کا کیا معاملہ ہے؟ اور آپ کو کیا بات اس شہر میں لائی ہے؟ میں نے ان سے کہا: اگر آپ میری بات راز میں رکھیں تو میں آپ کو بتلاؤں، انھوں نے کہا: میں راز میں رکھوں گا، میں نے ان سے کہا: ہمیں خبر ملی ہے کہ یہاں ایک صاحب پیدا ہوئے ہیں جو نبوت کا دعوی کرتے ہیں، میں نے اپنے بھائی کو بھیجا تاکہ وہ ان سے

بات کرے، وہ واپس آیا اور میرے لئے کوئی تشفی بخش خبر نہیں لایا، پس میں نے چاہا کہ میں خود ان سے ملاقات کروں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: سنو! بیشک آپ راہِ راست دکھائے گئے، یہ میرا ان کی طرف چہرہ ہے یعنی میں ان کے پاس جارہا ہوں پس آپ میری پیروی کریں اور جہاں میں جاؤں وہاں آپ بھی جائیں، اگر میں کسی کو دیکھوں گا جس کا آپ پر خطرہ محسوس کروں گا تو میں دیوار کی طرف کھڑا ہوجاؤں گا، گویا میں اپنا چپل ٹھیک کررہا ہوں، اور آپ چلتے رہیں، پس علیؓ چلے اور میں بھی ان کے ساتھ چلا، یہاں تک کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے اور میں بھی ان کے پاس پہنچا، میں نے آپؐ سے عرض کیا: میرے سامنے اسلام پیش کیجئے، یعنی مجھے اسلام سمجھائیے، آپؐ نے اس کو پیش کیا، میں اسی وقت مسلمان ہوگیا، آپؐ نے مجھ سے فرمایا: ابوذر! اس معاملہ کو راز میں رکھو، اور اپنے وطن لوٹ جاؤ، اور جب تمہیں ہمارے غلبہ کی خبر ملے تو آجانا، میں نے عرض کیا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے ضرور یہ بات چلا کر کہوں گا لوگوں کے سامنے، پس وہ مسجد میں آئے، مسجد میں قریش تھے، انھوں نے کہا: اے قریشیو! میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، پس لوگوں نے کہا: اس بددین کی پٹائی کرو، پس وہ اٹھے، اور میں مارا گیا تاکہ میں مرجاؤں، یعنی ان لوگوں نے مجھے ادھ مرا کردیا، پس مجھے عباسؓ نے بچایا، وہ مجھ پر جھک گئے، وہ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا: تمہارا ناس ہو! قبیلہ غفار کے آدمی کو مار ڈالوگے، اور تمہاری تجارت کی راہ اور تمہارا گذرنا غفار قبیلہ پر ہے، پس وہ مجھ سے رک گئے، پھر ایسا ہوا کہ میں اگلی صبح کو لوٹا اور ویسی ہی بات کہی جیسی گذشتہ کل کہی تھی، ان لوگوں نے کہا: اس بددین کو مارو، چنانچہ میرے ساتھ ویسا ہی کیا گیا جیسا گذشتہ کل کیا گیا تھا، پھر مجھے عباس رضی اللہ عنہ نے پایا اور وہ مجھ پر جھک گئے اور انھوں نے ویسی ہی بات کہی جیسی گذشتہ کل کہی تھی، ابن عباسؓ نے فرمایا: یہ ابوذر رضی اللہ عنہ کے اسلام کا ابتدائی واقعہ ہے۔

ملحوظہ: آگے مناقب الانصار میں (باب ۳۳) باب إسلام أبي ذر آرہا ہے، اور وہاں بھی یہی حدیث آرہی ہے، پس یہ باب یہاں بے موقع ہے، رہا زمزم کا قصہ تو وہ اس باب میں مذکور نہیں، اس باب میں صرف اتنی بات ہے کہ حضرت ابوذرؓ نے کئی دن زمزم پر گذارہ کیا۔

[۱۰و۱۱-] بَابُ قِصَّةِ إِسْلَامِ أَبِیْ ذَرٍّ، وَبَابُ قِصَّةِ زَمْزَمَ

[۳۵۲۲-] حدثنا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ: قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ، سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُثَنَّى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَصِيْرُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ جَمْرَةَ، قَالَ: قَالَ لَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِإِسْلَامِ أَبِیْ ذَرٍّ؟ قَالَ: قُلْنَا، بَلٰى، قَالَ: قَالَ أَبُوْ ذَرٍّ: كُنْتُ رَجُلًا مِنْ غِفَارٍ، فَبَلَغَنَا أَنَّ رَجُلًا قَدْ خَرَجَ بِمَكَّةَ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِیٌّ، فَقُلْتُ لِأَخِیْ: انْطَلِقْ إِلٰى هٰذَا الرَّجُلِ وَكَلِّمْهُ وَائْتِنِیْ بِخَبَرِهِ، فَانْطَلَقَ فَلَقِيَهُ ثُمَّ رَجَعَ فَقُلْتُ: مَا عِنْدَكَ؟ فَقَالَ:

وَاللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْتُ رَجُلًا يَأْمُرُ بِالْخَيْرِ، وَيَنْهٰى عَنِ الشَّرِّ، فَقُلْتُ لَهُ: لَمْ تَشْفِنِيْ مِنَ الْخَبَرِ، فَأَخَذْتُ جِرَابًا وَعَصًا، ثُمَّ أَقْبَلْتُ إِلٰى مَكَّةَ، فَجَعَلْتُ لاَ أَعْرِفُهُ وَأَكْرَهُ أَنْ أَسْأَلَ عَنْهُ، وَأَشْرَبُ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ، وَأَكُوْنُ فِي الْمَسْجِدِ، قَالَ: فَمَرَّ بِيْ عَلِيٌّ فَقَالَ: كَأَنَّ الرَّجُلَ غَرِيْبٌ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، فقَالَ: فَانْطَلِقْ إِلَى الْمَنْزِلِ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ لاَ يَسْأَلُنِيْ عَنْ شَيْئٍ وَلاَ أُخْبِرُهُ. فَلَمَّا أَصْبَحْتُ غَدَوْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ لِأَسْأَلَ عَنْهُ، وَلَيْسَ أَحَدٌ يُخْبِرُنِيْ عَنْهُ بِشَيْئٍ. قَالَ: فَمَرَّ بِيْ عَلِيٌّ فَقَالَ: أَمَا نَالَ لِلرَّجُلِ يَعْرِفُ مَنْزِلَهُ بَعْدُ؟ قَالَ: قُلْتُ لاَ، قَالَ: فَانْطَلِقْ مَعِيْ، قَالَ: فَقَالَ: مَا أَمْرُكَ؟ وَمَا أَقْدَمَكَ هٰذِهِ الْبَلْدَةَ؟ قَالَ: قُلْتُ لَهُ، إِنْ كَتَمْتَ عَلَيَّ أَخْبَرْتُكَ، قَالَ: فَإِنِّيْ أَفْعَلُ، قَالَ: قُلْتُ لَهُ: بَلَغَنَا أَنَّهُ قَدْ خَرَجَ هَاهُنَا رَجُلٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَأَرْسَلْتُ أَخِيْ لِيُكَلِّمَهُ فَرَجَعَ وَلَمْ يَشْفِنِيْ مِنَ الْخَبَرِ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَلْقَاهُ، فَقَالَ لَهُ: أَمَا إِنَّكَ قَدْ رُشِدْتَ، هٰذَا وَجْهِيْ إِلَيْهِ فَاتَّبِعْنِيْ، ادْخُلْ حَيْثُ أَدْخُلُ، فَإِنِّيْ إِنْ رَأَيْتُ أَحَدًا أَخَافُهُ عَلَيْكَ قُمْتُ إِلَى الْحَائِطِ كَأَنِّيْ أُصْلِحُ نَعْلِيْ وَامْضِ أَنْتَ، فَمَضَى وَمَضَيْتُ مَعَهُ حَتَّى دَخَلَ وَدَخَلْتُ مَعَهُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ لَهُ: اعْرِضْ عَلَيَّ الإِسْلاَمَ فَعَرَضَهُ، فَأَسْلَمْتُ مَكَانِيْ، فَقَالَ لِيْ: ”يَا أَبَا ذَرٍّ! اكْتُمْ هٰذَا الْأَمْرَ، وَارْجِعْ إِلٰى بَلَدِكَ، فَإِذَا بَلَغَكَ ظُهُوْرُنَا فَأَقْبِلْ“ فَقُلْتُ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَأَصْرُخَنَّ بِهَا بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ، فَجَاءَ إِلَى الْمَسْجِدِ وَقُرَيْشٌ فِيْهِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، إِنِّيْ أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَقَالُوْا: قُوْمُوْا إِلٰى هٰذَا الصَّابِئِ، فَقَامُوْا فَضُرِبْتُ لِأَمُوْتَ، فَأَدْرَكَنِي الْعَبَّاسُ فَأَكَبَّ عَلَيَّ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: وَيْلَكُمْ! تَقْتُلُوْنَ رَجُلًا مِنْ غِفَارٍ وَمَتْجَرُكُمْ وَمَمَرُّكُمْ عَلٰى غِفَارٍ؟ فَأَقْلَعُوْا عَنِّيْ، فَلَمَّا أَنْ أَصْبَحْتُ الْغَدَ رَجَعْتُ فَقُلْتُ مِثْلَ مَا قُلْتُ بِالْأَمْسِ، فَقَالُوْا: قُوْمُوْا إِلٰى هٰذَا الصَّابِئِ، فَصُنِعَ مِثْلُ مَا صُنِعَ بِالْأَمْسِ، فَأَدْرَكَنِي الْعَبَّاسُ فَأَكَبَّ عَلَيَّ، وَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهِ بِالْأَمْسِ، قَالَ: فَكَانَ هٰذَا أَوَّلَ إِسْلاَمِ أَبِيْ ذَرٍّ. [انظر: ۳۸۶۱]

بَابُ جَهْلِ الْعَرَبِ

عربوں کی جہالت

یہ باب ایک سوال مقدر کے جواب میں لائے ہیں، پہلے دو باتیں جان لیں:

۱- نبی ﷺ کی بعثت اصالۃً عربوں کی طرف ہوئی ہے، دنیا کے باقی انسان عربوں کے تابع ہیں، اور یہ مضمون سورۃ الجمعہ میں ہے:

﴿هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّيْنَ رَسُوْلاً مِنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ،

وَإِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلَالٍ مُبِيْنٍ. وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ، وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ، ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ﴾

ترجمہ: اللہ تعالیٰ وہی ہیں جنھوں نے عرب کے ناخواندہ لوگوں میں انہی کی قوم میں سے یعنی عربوں ہی میں سے ایک عظیم الشان رسول بھیجے، جو ان کو اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں، اور ان کو (عقائد باطلہ اور اخلاق ذمیمہ سے) پاک کرتے ہیں اور ان کو اللہ کی کتاب اور دانشمندی کی باتیں (احادیث شریفہ) سکھلاتے ہیں، درانحالیکہ وہ لوگ آپؐ (کی بعثت) سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے، اور انسانوں میں سے دوسرے لوگوں میں (بھی) بھیجا جو اب تک ان میں شامل نہیں ہوئے (آگے شامل ہوں گے) اور اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والے ہیں (ان کے لئے عرب وعجم کو ایک کردینا کچھ مشکل نہیں) یہ (دین) اللہ کا فضل ہے جس کو وہ چاہتے ہیں دیتے ہیں اور اللہ بڑے فضل والے ہیں۔

تفسیر: ان آیتوں میں نبی ﷺ کی امت کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، ایک: عرب کے ناخواندہ لوگ، دوسرے: دنیا کے طول وعرض میں پھیلے ہوئے عجمی لوگ، ان کو منھم انسانیت کے ناتے کہا گیا ہے، کیونکہ سب انسان ایک ماں باپ کی اولاد ہیں اور اُمیین پر آخرین کا واؤ کے ذریعہ عطف کیا گیا ہے، جس میں من وجہٍ اتحاد اور من وجہٍ مغایرت ہوتی ہے، یہی اصالت اور تبعیت کا فرق ہے، اور امیوں میں کام کرنے کی ذمہ داری براہِ راست نبی ﷺ پر ڈالی گئی، چنانچہ جب مکہ فتح ہوگیا اور عربوں میں اسلام تیزی سے پھیلنا شروع ہوا تو سورۃ النصر نازل ہوئی اور آپؐ کو اطلاع دی گئی کہ آپؐ کی حیات دنیوی اختتام پذیر ہونے والی ہے، اب آپؐ اللہ سے ملنے کی تیاری کریں، اور آخرین (عجمیوں) میں کام کرنے کی ذمہ داری صحابہ پر ڈالی گئی تھی، صحابہ بھی من وجہٍ رسول (مبعوث) ہیں، متعدد احادیث میں اس کی صراحت ہے، اور تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ قسم اول مبحث خامس باب ۲ میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی بعثت دوہری ہے، یعنی آپؐ امیوں کی طرف مبعوث ہیں پھر امی عجمیوں کی طرف مبعوث ہیں، اس لئے آپؐ کی بعثت میں آپؐ کی پہلی امت کے احوال کی رعایت رکھی گئی ہے۔

۲- ایک لاکھ سے زیادہ انبیاء ورُسل پہلے بھیجے گئے اور اس سلسلہ کی آخری کڑی نبی ﷺ کو بنایا گیا، ایسا کیوں کیا گیا؟ یہ سوال ہے اس کا جواب اس باب میں دیا ہے، اور وہ جواب یہ ہے کہ پہلے دنیا میں گمراہی اور تاریکی اتنی گھٹاٹوپ نہیں تھی کہ سب سے بڑے پیغمبر کو مبعوث کیا جاتا، ابھی تاریکی ہلکی تھی، چاند تاروں سے چھٹ سکتی تھی، اس لئے دوسرے رسول اور نبی مبعوث کئے گئے، پھر جب دنیا میں تاریکی گھٹاٹوپ ہوگئی اور کوئی امید نہ رہی کہ چاند تاروں سے روشنی پھیلے گی تو آفتاب نبوت طلوع ہوا، اور اس نے سارے جہاں کو جگمگادیا، اب اس کی روشنی قیامت تک باقی رہے گی، اب چراغ جلانے کی ضرورت نہیں رہی، یہی خاتم النّبیین ﷺ کا دور ہے۔

اور بعثت نبوی کے وقت دنیا کی صورتِ حال کیا تھی؟ اس کا ذکر سورۃ البینہ میں ہے:

﴿لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتَّى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ رَسُوْلٌ مِنَ اللّٰهِ

يَتْلُوْا صُحُفًا مُطَهَّرَةً ۝ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ﴾

ترجمہ: اہل کتاب میں سے اور مشرکین میں سے جنھوں نے نبی ﷺ کی نبوت کا انکار کیا وہ اپنے کفر سے باز آنے والے نہیں تھے جب تک کہ ان کے پاس واضح دلیل نہ آجائے، یعنی اللہ کا عظیم الشان رسول جو پاک صحیفے پڑھ کر سنائے، جن میں قیمتی مضامین ہوں، یعنی کفار کا کفر ایسا شدید تھا اور وہ ایسے جہل میں مبتلا تھے کہ بغیر رسولِ عظیم کی بعثت کے ان کے راہ پر آنے کی کوئی صورت نہیں رہی تھی، اس لئے اللہ تعالیٰ نے حجت تام کرنے کے لئے خاتم النّبیین ﷺ کو قرآن دے کر مبعوث فرمایا۔

اور اہل کتاب کا حال یہ تھا:

﴿ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَ تْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ وَمَا أُمِرُوْا إِلَّا لِيَعْبُدُوْا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۝ حُنَفَاءَ وَيُقِيْمُوْا الصَّلاَ ةَ وَيُؤْتُوْا الزَّكَاةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ﴾

ترجمہ: اور جو لوگ اہل کتاب تھے وہ واضح دلیل کے آنے کے بعد مختلف ہوگئے، یعنی انھوں نے خاتم النّبیین ﷺ کو نبی ماننے سے انکار کردیا، حالانکہ ان لوگوں (ان کی کتابوں میں) یہی حکم دیا گیا تھا کہ وہ اللہ کی اس طرح عبادت کریں کہ عبادت اسی کے لئے خاص ہو، اور وہ تمام ادیان باطلہ سے یکسو ہوجائیں، اور نماز کی پابندی کریں اور زکوٰۃ دیا کریں، یہی سیدھا دین ہے۔

غرض اہلِ کتاب ضد پر اتر آئے، وہ اپنے باطل دین سے کسی طرح ہٹنے والے نہیں تھے، یہ لوگوں کے عقائد کی خرابی تھی اور عملی صورت حال وہ تھی جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کی ہے کہ اگر تم عربوں کی جہالت کا نقشہ دیکھنا چاہو تو سورۃ الانعام کی آیت ۱۴۰ پڑھو:

﴿قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوْا مَارَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَاءً عَلَى اللّٰهِ، قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ﴾

ترجمہ: بالیقین خرابی میں پڑ گئے وہ لوگ جنھوں نے اپنی اولاد کو حماقت سے کسی علم کے بغیر قتل کرڈالا، اور جو حلال چیزیں ان کو اللہ تعالیٰ نے کھانے پینے کے لئے دی تھیں ان کو حرام کرلیا، اللہ تعالیٰ پر بہتان باندھتے ہوئے، بالیقین وہ لوگ گمراہی میں پڑ گئے، اور وہ راہ پر چلنے والے نہیں تھے۔

تفسیر: غربت اور شرم کے ڈر سے اولاد کا قتل ایک ایسی جہالت ہے جس سے بڑی کوئی جہالت نہیں ہوسکتی، انسان یہ حماقت اسی وقت کرسکتا ہے جب خود کو رازق سمجھے، اور دوسری جہالت ان کی یہ تھی کہ وہ کہتے تھے کہ یہ کھیت اور یہ مویشی حرام ہیں، حالانکہ غلہ اور جانور حرام نہیں تھے، انھوں نے خود پر ان کو حرام کرلیا تھا۔

غرض عربوں کی جہالت آخری درجہ تک پہنچی ہوئی تھی، ان کی اصلاح کی کوئی امید اس کے سوا باقی نہیں رہی تھی کہ ان

میں اللہ کے سب سے بڑے رسول بھیجے جائیں جو خود ہدایت کی کھلی دلیل ہوں، پھر وہ خالی نہ آئیں بلکہ اللہ کی سب سے بڑی کتاب ساتھ لے کر آئیں، جس میں قیمتیں مضامین ہوں، تبھی اصلاح کی امید کی جاسکتی تھی، چنانچہ:

اتر کر حراء سے سوئے قوم آیا ❁ اور ایک نسخہ کیمیا ساتھ لایا

[۱۲-] بَابُ جَهْلِ الْعَرَبِ

[۳۵۲۴-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: إِذَا سَرَّكَ أَنْ تَعْلَمَ جَهْلَ الْعَرَبِ فَاقْرَأْ مَا فَوْقَ الثَّلاَثِيْنَ وَمِائَةٍ فِيْ سُوْرَةِ الْأَنْعَامِ﴿ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْا أَوْلاَدَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ﴾

ترجمہ: ابن عباسؓ نے فرمایا: اگر تجھے خوشی ہو کہ تو عربوں کی جہالت کو جانے تو پڑھ وہ آیتیں جو سورۃ الانعام میں آیت ۱۳۰ کے اوپر ہیں (جن میں سے آخری آیت) ﴿قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْا﴾ ہے، یہ پورا رکوع پڑھو گے تو عربوں کی جہالت کا نقشہ سامنے آجائے گا، اور اس کا خلاصہ اس آخری آیت میں ہے اور وہ دو باتیں ہیں: ایک: جہالت وحماقت سے اولاد کو قتل کرنا، دوسری: جس رزق کو اللہ نے حلال کیا ہے اس کو حرام ٹھہرانا۔

بَابُ مَنِ انْتَسَبَ إِلٰى آبَائِهِ فِي الإِسْلاَمِ وَالْجَاهِلِيَّةِ

مسلم اور غیر مسلم آباء کی طرف نسبت کرنا

انتساب: (باب افتعال) نسبت کرنا، مسلمان آباء کی طرف نسبت کرنا تو جائز ہے، غیر مسلم آباء کی طرف نسبت کرنا بھی جائز ہے، نبی ﷺ نے جد امجد عبد المطلب کی طرف اپنی نسبت کی ہے اور جب سورۃ الشوری کی آیت ۲۱۴ نازل ہوئی: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾: اور آپؐ اپنے نزدیک کے کنبہ کو ڈرایئے، تو آپؐ نے قریش کے خاندانوں کو پکار کر جمع کیا، اور شرک پر عذابِ الٰہی سے ڈرایا، آپؐ نے جو قبائل کو پکارا تھا تو ان کے جاہلی آباء کی طرف نسبت کی تھی، اور حدیثیں سب پہلے گذر چکی ہیں، اور جن لوگوں نے جاہلی آباء کی طرف نسبت کو ناپسند کیا ہے اس کا مصداق بڑائی جتانے کے لئے نسبت کرنا ہے، مثلاً کوئی کہے کہ میں راج پوت ہوں یعنی راجہ کا لڑکا ہوں، شاہ زادہ ہوں تو یہ نسبت مکروہ ہے، لیکن اگر محض تعارف مقصود ہو تو جائز ہے۔

[۱۳-] بَابُ مَنِ انْتَسَبَ إِلٰى آبَائِهِ فِي الإِسْلاَمِ وَالْجَاهِلِيَّةِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ، وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الْكَرِيْمَ بْنَ الْكَرِيْمِ بْنِ الْكَرِيْمِ

ابْنِ الْكَرِيْمِ: يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ"

[٢-] وَقَالَ الْبَرَاءُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ"

[٣٥٢٥-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: ثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: ثَنِيْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُنَادِيْ:" يَا بَنِيْ فِهْرٍ، يَا بَنِيْ عَدِيٍّ" بِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ.[راجع: ١٣٩٤]

[٣٥٢٦-] وَقَالَ لَنَا قَبِيْصَةُ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْهُمْ قَبَائِلَ قَبَائِلَ.[راجع: ١٣٩٤]

[٣٥٢٧-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ اشْتَرُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللّٰهِ، يَا بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اشْتَرُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللّٰهِ، يَا أُمَّ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ عَمَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ اشْتَرِيَا أَنْفُسَكُمَا مِنَ اللّٰهِ، لَا أَمْلِكُ لَكُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا. سَلَانِيْ مِنْ مَالِيْ مَا شِئْتُمَا"[راجع: ٢٧٥٣]

قوله: ببطون قريش: کُشمیهنی کے نسخہ میں لِبُطُوْنِ قریش ہے، پس باء بمعنی لام ہے۔

بَابٌ: ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ وَمَوْلَى الْقَوْمِ مِنْهُمْ

بھانجا اور مولیٰ (آزاد کردہ) قوم کا فرد ہیں

ضروری نہیں کہ بہن خاندان میں بیاہی ہو، غیر خاندان میں بھی نکاح ہوسکتا ہے، مگر اس کا لڑکا یعنی بھانجا قوم میں شمار ہوتا ہے، اسی طرح جو غلام آزاد کیا جاتا ہے وہ بھی مولیٰ کی قوم میں شمار ہوتا ہے، مگر یہ شمولیت حقیقی نہیں ادّعائی ہے، یعنی واقعی بات نہیں ہے۔

اور باب میں یہ حدیث ہے کہ حنین کی غنیمت کی تقسیم کے وقت انصار کے جوانوں کو شکایت ہوئی، نبی ﷺ نے حکم دیا: انصار کو ایک خیمہ میں جمع کیا جائے، آپؐ تشریف لائے اور پوچھا: یہاں کوئی اور تو نہیں ہے؟ انصار نے کہا: نہیں، ہاں ہمارا ایک بھانجا نعمان بن مقرنؓ ہے جو انصار کے خاندان کا نہیں، آپؐ نے فرمایا: قوم کا بھانجا قوم میں شمار ہوتا ہے، چنانچہ حضرت نعمانؓ بیٹھے رہے، پھر آپؐ نے انصار کو خطاب فرمایا۔ اور مولیٰ کے بارے میں روایت آگے (حدیث ۶۷۶۱) آئے گی کہ مولی القوم من أنفسهم: آزاد کردہ کا شمار آزاد کرنے والے کے خاندان میں ہوتا ہے، یہ بھی ادّعائی شمولیت ہے اور اس باب کا مقصد قوم کا دائرہ وسیع کرنا ہے، جیسے ہمارے عرف میں داماد کو قوم میں شمار کرتے ہیں، یہ شمولیت بھی ادّعائی ہے، اور

اسی بنیاد پر کہا گیا ہے کہ عرب کے ہر خاندان میں نبی ﷺ کی رشتہ داری تھی۔

[١٤-] بَابٌ: ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ وَمَوْلَى الْقَوْمِ مِنْهُمْ

[٣٥٢٨-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْأَنْصَارَ خَاصَّةً فَقَالَ: "هَلْ فِيْكُمْ أَحَدٌ مِنْ غَيْرِكُمْ؟" قَالُوْا: لاَ، إِلَّا ابْنُ أُخْتٍ لَنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ"[راجع: ٣١٤٦]

بَابُ قِصَّةِ الْحَبَشِ وَقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يَابَنِي أَرْفِدَةَ!"

آزاد کردہ غلام باندی کی اولاد بھی قوم میں شامل ہے

جس طرح آزاد کردہ غلام باندی ادعاءً قوم میں شمار کئے جاتے ہیں ان کی اولاد بھی قوم میں شمار کی جاتی ہے اور صرف آزاد کردہ غلام کی اولاد نہیں، آزاد کردہ باندی کی اولاد بھی قوم میں شمار کی جاتی ہے، اور روایتیں پہلے کتاب الجمعة والعيدين میں گذر چکی ہیں، ایک عید کے موقع پر حبشہ والے چھوٹے نیزے اور چھوٹی ڈھال کا کھیل کھیل رہے تھے، نبی ﷺ نے ان کو ارفدہ (باندیوں) کی اولاد فرمایا، حبشہ والے حَبَش بن كَوش بن حام بن نوح کی اولاد تھے، اور ارفدة کے معنی باندی کے ہیں، فتح الباری میں یہ قول بھی ہے: عید کے دن جو حبشہ والے جنگی مشق کر رہے تھے وہ حبشہ والوں کی آزاد کردہ کسی باندی کی اولاد تھے، نبی ﷺ نے ان کو حبشہ والوں میں شمار کیا، اور حضرت ابن عمرؓ کے آزاد کردہ حضرت نافع رحمہ اللہ کی اولاد کو ابن عمرؓ اپنے گھر کا فرد سمجھتے تھے، ان کا صدقۃ الفطر بھی ادا کرتے تھے، پس اس باب کا مقصد بھی قوم کا دائرہ وسیع کرنا ہے۔

[١٥-] بَابُ قِصَّةِ الْحَبَشِ وَقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يَابَنِي أَرْفِدَةَ!"

[٣٥٢٩-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَيْهَا، وَعِنْدَهَا جَارِيَتَانِ فِي أَيَّامِ مِنًى تُغَنِّيَانِ وَتُدَفِّفَانِ وَتَضْرِبَانِ وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُتَغَشٍّ بِثَوْبِهِ، فَانْتَهَرَهُمَا أَبُوْ بَكْرٍ فَكَشَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ وَجْهِهِ، فَقَالَ: "دَعْهُمَا يَا أَبَا بَكْرٍ فَإِنَّهَا أَيَّامُ عِيْدٍ" وَتِلْكَ الْأَيَّامُ أَيَّامُ مِنًى.[راجع: ٤٥٤]

[٣٥٣٠-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَسْتُرُنِيْ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَى الْحَبَشَةِ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ فَزَجَرَهُمْ عُمَرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "دَعْهُمْ، أَمْنًا! بَنِي أَرْفِدَةَ" يَعْنِيْ مِنَ الْأَمْنِ.[راجع: ٩٤٩]

قولهم: دعهم: رہنے دو، (کھیلنے دو) بے خوف ہو کر کھیلو، اے (حبشہ والوں کی) باندی کی اولاد، **أمنًا**: أمن سے ہے۔

بَابُ مَنْ أَحَبَّ أَنْ لاَ يُسَبَّ نَسَبُهُ

جو چاہتا ہے کہ اس کے آباء کو برا نہ کہا جائے

ہر ایک کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کے آباؤ اجداد کو برا نہ کہا جائے، اگرچہ وہ غیر مسلم ہوں، کیونکہ آباء کی برائی ابناء پر اثر انداز ہوتی ہے۔

حدیث: مشرکین نبی ﷺ کی برائی کیا کرتے تھے، حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے جواب دینے کی اجازت مانگی، آپؐ نے فرمایا: میرا کیا کروگے؟ یعنی میں بھی تو قریش کا ایک فرد ہوں، پس ان کی برائی کا اثر مجھ تک پہنچے گا، حضرت حسانؓ نے عرض کیا: میں آپؐ کو ان میں سے نکال لوں گا، جیسے گوندھے ہوئے آٹے میں سے بال نکال لیا جاتا ہے۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ عروہؒ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو برا کہنا شروع کیا، حضرت حسانؓ حضرت عائشہؓ پر تہمت لگانے والوں میں سے تھے، حضرت عائشہؓ نے فرمایا: ان کو برامت کہو، وہ نبی ﷺ کی مدافعت کیا کرتے تھے، یعنی قریش کی ہجو کا جواب دیا کرتے تھے۔

لغت: نَفَحَت الدَّابةُ: چوپایہ کا لات مارنا، اور نَفَحَه بالسیف: دور سے کسی کو تلوار دینا، پس کان یُنَافِحُ کے معنی ہیں: مدینہ سے حضرت حسانؓ قریش پر جوابی حملہ کرتے تھے۔

[١٦-] بَابُ مَنْ أَحَبَّ أَنْ لاَ يُسَبَّ نَسَبُهُ

[٣٥٣١-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ حَسَّانُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي هِجَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ، قَالَ: "كَيْفَ بِنَسَبِيْ؟" فَقَالَ حَسَّانُ: لَأَسُلَّنَّكَ مِنْهُمْ كَمَا تُسَلُّ الشَّعْرَةُ مِنَ الْعَجِيْنِ.

وَعَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: ذَهَبْتُ أَسُبُّ حَسَّانَ عِنْدَ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: لاَ تَسُبَّهُ فَإِنَّـهُ كَانَ يُنَافِحُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ٤١٤٥، ٦١٥٠]

قَالَ أَبُوْ الْهَيْثَمِ: نَفَحَتِ الدَّابَّةُ: إِذَا رَمَتْ بِحَوَافِرِهَا، وَنَفَحَهُ بِالسَّيْفِ: إِذَا تَنَاوَلَهُ مِنْ بَعِيْدٍ.

بَابُ مَاجَاءَ فِي أَسْمَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے پانچ نام

نام دو طرح کے ہوتے ہیں: ذاتی اور وصفی، ذاتی یعنی اسم علم، جو شخصیت کی تعیین کے لئے ہوتا ہے۔ اور وصفی: جو خوبیوں کے اظہار کے لئے ہوتا ہے، اسم علم ایک ہوتا ہے اور اسم وصف متعدد ہوسکتے ہیں، کیونکہ کبھی کسی ذات میں اتنی خوبیاں جمع

ہوتی ہیں کہ ایک لفظ ان کی ترجمانی کے لئے کافی نہیں ہوتا، اس لئے متعدد نام استعمال کئے جاتے ہیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے پانچ (خاص) نام ہیں: میں محمد (ستودہ) ہوں، میں احمد (بے حد اللہ کی تعریف کرنے والا) ہوں، میں ماحی (مٹانے والا) ہوں، اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو مٹائیں گے، میں حاشر (جمع کرنے والا) ہوں اللہ تعالیٰ میرے دونوں قدموں پر لوگوں کو (میدانِ حشر میں) جمع کریں گے، اور میں عاقب (پیچھے آنے والا) ہوں (یعنی میرے بعد کوئی نبی نہیں)

تشریح: اس حدیث میں نبی ﷺ کے پانچ خاص ناموں کا بیان ہے:

پہلا نام: محمد (ﷺ) یہ حَمَّدَهُ (باب تفعیل: بار بار تعریف کرنا) سے اسم مفعول ہے، جس کے معنی ہیں: ستودہ، تعریف کیا ہوا، یہ خاندانی نام ہے، یہ مبارک نام قرآنِ کریم میں دو جگہ آیا ہے، اور اس میں معنی کا لحاظ بھی ہے، یعنی وہ شخصیت جس کی ہر کسی نے تعریف کی ہے، اللہ تعالیٰ نے بھی تعریف کی ہے، نبیوں نے بھی تعریف کی ہے، اپنوں نے بھی تعریف کی ہے، اور پرایوں نے بھی تعریف کی ہے، ابھی ماضی قریب میں ایک عیسائی نے ''سو بڑے آدمی'' نامی کتاب لکھی ہے اس میں اول نمبر نبی ﷺ کو دیا ہے اور ہندوؤں کی مذہبی کتابوں میں آپؐ کی پیش خبری دو ناموں سے دی گئی ہے: ایک: نراشش، دوسرا: کلکی اوتار، سنسکرت کا لفظ نراشش: محمد کے ہم معنی ہے، یعنی وہ شخصیت جو تعریف کی ہوئی ہے، اور دوسرا لفظ خاتم النّبیین کا ہم معنی ہے۔

دوسرا نام: أحمد (ﷺ) یہ اسم تفضیل بروزن أکبر ہے، سب سے زیادہ تعریف کرنے والا، یعنی اللہ کی، کائنات میں ایسا کوئی نہیں جس نے اللہ کی اتنی تعریف کی ہو، جتنی آپؐ نے کی ہے، انبیاء بنی اسرائیل کی کتابوں میں آپؐ کی پیش خبری اسی نام سے ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بھی اسی نام سے بشارت دی ہے، جس کا تذکرہ سورۃ الصّف (آیت ۶) میں ہے اور انجیل میں یونانی لفظ پیراکلیٹس (Peroclitus) استعمال ہوا تھا، جس کا معرب ''فارقلیط'' ہے، یہ لفظ احمد کے ہم معنی ہے، یعنی اللہ کی سب سے زیادہ تعریف کرنے والا۔

تیسرا نام: ماحی (مٹانے والا) مَحَا الشيءَ (ن) مَحْوًا: مٹانا، اثر زائل کرنا، یعنی دنیا سے کفر کا خاتمہ کرنے والا، اس نام کی وجہ تسمیہ اسی حدیث میں ہے: الَّذِیْ یَمْحُوْ اللّٰهُ بِیَ الْکُفْرَ: یعنی میرا نام ماحی اس لئے ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو مٹائیں گے، اور مٹانے کا مطلب وہ ہے جو سورۃ الصّف (آیت ۶) میں ہے: ﴿هُوَ الَّذِیْ أَرْسَلَ رَسُوْلَهُ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهُ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهِ وَلَوْ کَرِهَ الْمُشْرِکُوْنَ﴾: وہ اللہ ایسا ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا تا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب کر دے، گو مشرکین کیسے ہی ناخوش ہوں، یعنی مٹانے سے غلبہ مراد ہے۔

چوتھا نام: حاشر: (جمع کرنے والا) حَشَرَهُمْ (ن،ض) حَشْرًا: جمع کرنا، اور لے چلنا، اس نام کی وجہ تسمیہ بھی اسی

حدیث میں ہے: الذی یحشر الناس علی قَدَمَیَّ: میرا نام حاشر اس لئے ہے کہ لوگ میرے دونوں قدموں پر جمع کئے جائیں گے، یعنی آپ ﷺ آخری نبی ہیں، آپؐ کے زمانہ میں قیامت قائم ہوگی، اور لوگ میدانِ حشر میں جمع کئے جائیں گے، آپؐ کے بعد کوئی نیا نبی نہیں، جس کے قدموں پر لوگوں کو میدانِ حشر میں جمع کیا جائے، پس اس لفظ میں ختم نبوت کا مفہوم ہے۔

پانچواں نام: عاقب (پیچھے آنے والا) عَقَبَہ کے معنی ہیں: پیچھے آنا، اور اس نام کی وجہ تسمیہ اسی حدیث میں مسلم شریف (حدیث ۲۳۵۴) میں آئی ہے: اَلَّذِیْ لَیْسَ بَعْدَهُ نَبِیٌّ: میرا نام عاقب اس لئے ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں، یعنی آپؐ خاتم النّبیین ہیں، تمام انبیاء کے بعد آنے والے ہیں، آپ کے بعد کوئی نیا نبی آنے والا نہیں، اس لئے آپؐ عاقب ہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں تعجب نہیں ہوتا کہ کس طرح اللہ تعالیٰ قریش کی گالیوں کو اور ان کی لعنت کو مجھ سے پھیر دیتے ہیں، وہ مُذَمَّمْ کو گالیاں دیتے ہیں اور اس پر لعنت بھیجتے ہیں حالانکہ میں محمد ہوں، پس ان کی گالیوں کا اور لعنت کا مجھ پر کیا اثر پڑ سکتا ہے؟

واقعہ: میرا اصلی نام 'احمد' تھا، والدین نے یہی نام رکھا تھا، شرح جامی تک میں نے پالن پور میں پڑھا، وہاں میرے کچھ ساتھی تھے، میرے والد رحمہ اللہ نے مجھے وہاں سے اٹھا کر سہارن پور میں مدرسہ مظاہر علوم میں داخل کیا، اس وقت میں نے اپنا نام 'سعید احمد' رکھا، میرے ساتھی جو پالن پور میں پڑھتے تھے، ہر ہفتہ خط لکھتے تھے، جس میں دنیا بھر کی گالیاں لکھتے تھے، اور پتہ میں 'شقی احمد پالن پوری' لکھتے تھے، ڈاکیہ نام پکارتا، میں نہیں لیتا تھا، کیونکہ میں 'سعید احمد' تھا، شقی احمد نہیں تھا۔

[۱۷-] بَابُ مَاجَاءَ فِي أَسْمَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿مَاكَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ﴾ الآيَةَ [الأحزاب: ٤٠]

[۲-] وَقَوْلُهُ: ﴿مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ﴾ [الفتح: ٢٩]

[۳-] وَقَوْلِهِ: ﴿مِنْ بَعْدِى اسْمُهُ أَحْمَدُ﴾ [الصف: ٦]

[۳۵۳۲-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنِيْ مَعْنٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ ابْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لِيْ خَمْسَةُ أَسْمَاءٍ: أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَحْمَدُ، وَأَنَا الْمَاحِيْ الَّذِيْ يَمْحُوْ اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ، وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِيْ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى قَدَمَيَّ، وَأَنَا الْعَاقِبُ"

[انظر: ٤٨٩٦]

[۳۵۳۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا تَعْجَبُوْنَ كَيْفَ يَصْرِفُ اللّٰهُ عَنِّيْ شَتْمَ قُرَيْشٍ وَلَعْنَهُمْ؟ يَشْتِمُوْنَ مُذَمَّمًا وَيَلْعَنُوْنَ مُذَمَّمًا وَأَنَا مُحَمَّدٌ"

بَابُ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

خاتم النّبیین ﷺ

گذشتہ باب کی حدیث میں آپ ﷺ کے دو وصفی نام آئے ہیں: الحاشر اور العاقب۔ دونوں ناموں میں ختم نبوت کا مفہوم ہے، اس لئے اب ایک اور وصفی نام ذکر کرتے ہیں، اور وہ ہے: خاتم النّبیین ﷺ یعنی سلسلۂ انبیاء کے آخری نبی، اور امام بخاری رحمہ اللہ کی عادت بھی ہے کہ کسی باب کی حدیث کے آخر میں جو مضمون ہوتا ہے اس پر اگلا باب قائم کرتے ہیں، جبکہ وہ مفہوم 'کتاب' کے مضمون سے مناسبت بھی رکھتا ہو۔

نبی ﷺ کا یہ وصفی نام قرآنِ کریم میں سورۂ احزاب آیت ۴۱ میں آیا ہے: ﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ﴾: محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں، لیکن اللہ کے رسول اور سب نبیوں کے ختم پر ہیں، علاوہ ازیں سو آیتیں ہیں جن میں سے ختم نبوت کا مضمون نکلتا ہے مگر یہ آیت صریح ہے، اس لئے کامل خاتم النّبیین ہونا ہمارے نبی ﷺ کی ایسی خصوصیت (فضیلت) ہے جس میں آپ کا کوئی شریک وسہیم نہیں، اور امت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ ہر طرح کی نبوت آپ پر پوری ہوگئی، آپ کے بعد کسی قسم کی نبوت کا کوئی دعوی کرے تو وہ ملحد اور اسلام سے خارج ہے، امت محمدیہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ قرآنِ کریم میں صرف خاتم النّبیین آیا ہے، اس کو سمجھایا نہیں گیا، مگر باب کی حدیث میں نبی ﷺ نے اس کو ایک محسوس مثال سے سمجھایا ہے، جب کوئی شخص کوئی بڑا محل بناتا ہے تو پہلے کسی بڑے آدمی سے سنگ بنیاد رکھواتا ہے، اب پتھروں کا زمانہ نہیں رہا، اینٹوں کا زمانہ آیا تو اب پہلی اینٹ رکھواتے ہیں، مگر اس کو بھی سنگ بنیاد کہتے ہیں، اس کے لئے باقاعدہ تقریب منائی جاتی ہے، اسی طرح پہلے سنگ بنیاد کی تقریب کے بجائے تقریب تکمیل منائی جاتی تھی، جب محل مکمل ہوجاتا تو ایک اینٹ کی جگہ باقی رکھی جاتی، اور آخری اینٹ کسی بڑے آدمی سے رکھوائی جاتی، اس کا نام تقریب اختتام تھا، اس موقع پر بھی دعوت کرتے تھے، ہمارے زمانہ میں اس تقریب کا رواج نہیں، اس کی جگہ تقریب افتتاح رکھتے ہیں، جب کوئی عمارت ہر طرح مکمل ہوجاتی ہے تو ایک فیتہ (Ribbon) باندھ دیتے ہیں اور کسی بڑے آدمی سے کٹواتے ہیں، پھر دعوت کھلاتے ہیں، نیز پہلے عمارت پر پلاسٹر نہیں ہوتا تھا، اب ہونے لگا ہے، اس لئے بھی تقریب اختتام کے بجائے تقریب افتتاح رکھتے ہیں۔ نبی ﷺ نے تقریب اختتام کی مثال سے ختم نبوت کا مضمون سمجھایا ہے، فرمایا: میرا حال اور دوسرے انبیاء کا حال ایسا ہے جیسے کسی نے حویلی بنائی اور اس کو مکمل کیا اور شاندار بنایا، مگر ایک اینٹ کی جگہ باقی رکھی، لوگ اس کو دیکھنے کے لئے آنے لگے، وہ اندر جاتے، گھومتے اور عمارت کی خوبصورتی پر تعجب کرتے اور کہتے: ابھی عمارت تکمیل پذیر نہیں ہوئی، ایک اینٹ کی جگہ باقی ہے، اگر یہ اینٹ رکھ دی جائے تو یہ عمارت ہر طرح مکمل ہوجائے۔ نبی ﷺ نے

فرمایا: وہ اینٹ میں ہوں اور میں نبیوں کے سلسلہ کا آخری نبی ہوں۔

فائدہ: نبی: رسول سے عام ہے جیسے حیوان: انسان سے عام ہے، پس جب آپؐ نبیوں کے سلسلہ کی آخری کڑی ہیں تو رسولوں کا سلسلہ بھی آپؐ پر منتہی ہوگیا، جیسے حیوان نہ رہے تو انسان بھی نہیں رہتا، اس لئے خاتم المرسلین کہنے کے بجائے خاتم النّبیین کہا۔

اور یہ بات جان لینی چاہئے کہ نبی ﷺ کے وصفی نام چار پانچ میں منحصر نہیں، بہت سے نام قرآنِ کریم میں آئے ہیں، جیسے: نَبِیٌّ (خبر دینے والے) رسول (پیغامبر) شاهد (گواہی دینے والے) بشیر (خوشخبری دینے والے) نذیر (نتائج اعمال سے آگاہ کرنے والے) سراج منیر (روشن کرنے والا چراغ یعنی آفتابِ نبوت) وغیرہ بہت سے وصفی نام قرآنِ کریم میں آئے ہیں، اور بہت سے نام حدیثوں میں آئے ہیں، بعض علماء نے ان کو جمع کیا ہے جو سو سے زیادہ ہیں، اور بعض قرآنوں کے آخر میں مطبوعہ ہیں۔

[۱۸-] بَابُ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ

[۳۵۳۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا سَلِیْمُ بْنُ حَیَّانَ، ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مِیْنَاءَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " مَثَلِیْ وَمَثَلُ الْأَنْبِیَاءِ کَرَجُلٍ بَنیٰ دَارًا، فَأَکْمَلَهَا وَأَحْسَنَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ، فَجَعَلَ النَّاسُ یَدْخُلُوْنَهَا وَیَتَعَجَّبُوْنَ، وَیَقُوْلُوْنَ: لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ"

[۳۵۳۵-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، ثَنَا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " إِنَّ مَثَلِیْ وَمَثَلَ الْأَنْبِیَاءِ مِنْ قَبْلِیْ کَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَی بَیْتًا، فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِیَةٍ، فَجَعَلَ النَّاسُ یَطُوْفُوْنَ بِهِ وَیَعْجَبُوْنَ لَهُ، وَیَقُوْلُوْنَ: هَلَّا وُضِعَتْ هٰذِهِ اللَّبِنَةُ؟ قَالَ: فَأَنَا اللَّبِنَةُ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ"

بَابُ وَفَاةِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کی دنیوی زندگی تکمیل پذیر ہوگئی

شارحین کرام یہاں بہت پریشان ہوئے ہیں کہ اس باب کا مقصد کیا ہے، مغازی کے آخر میں یہی باب آرہا ہے (باب نمبر ۸۵) اور وہی باب کا صحیح محل ہے، پس جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے یہاں یہ باب ختم نبوت کے مضمون کو قابل فہم بنانے کے لئے رکھا ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ نبوت ایک روحانی سلسلہ ہے اور زندگی ایک مادی سلسلہ ہے اور جس طرح حیاتِ دنیوی ایک

دن تکمیل پذیر ہوجاتی ہے، خواہ کتنی ہی بڑی شخصیت ہو، سرورِ کونین ﷺ کی حیاتِ دنیوی بھی ایک دن تکمیل پذیر ہوگئی، اسی طرح نبوت جو روحانی سلسلہ تھا، اس کو بھی ایک دن تکمیل پذیر ہونا تھا، پس وہ آپؐ کی ذات پر پورا ہوگیا، ختم نبوت کے اسی مضمون کو ذہن سے قریب کرنے کے لئے یہ باب لائے ہیں۔

اس کی نظیر: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صرف ماں سے پیدا ہونا ہے، عیسیٰ علیہ السلام نبی ﷺ سے متصل بنی اسرائیل کے آخری نبی ہیں، انسانوں میں توالد وتناسل کا سلسلہ مرد وزن سے چلتا ہے، عیسیٰ علیہ السلام کی ذات میں اس سلسلہ کو صرف عورت میں سمیٹ لیا، تاکہ وہ نظیر بنے کہ دنیا میں نبوت کے جو مختلف سلسلے چل رہے تھے وہ اب چھ سو سال کے بعد خاتم النّبیین ﷺ کی ذات میں سمیٹ لئے جائیں گے، توالد وتناسل کے سلسلہ کو ایک فرد میں سمیٹ لینا زیادہ بعید از عقل ہے، اور نبوتوں کے سلسلہ کو ایک ذات میں سمیٹ لینا اتنا مستبعد نہیں، اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ عیسیٰ علیہ السلام میں دکھائی تاکہ وہ ختم نبوت کو سمجھنے کے لئے نظیر بنے، اس طرح امام بخاری رحمہ اللہ نے وفاتِ نبوی سے ختم نبوت کے مضمون کو ذہن سے قریب کیا ہے۔

سوال: کادیانی لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے پوچھتے ہیں: نبوت رحمت ہے یا زحمت؟ کون کہے گا کہ زحمت ہے؟ اور اگر کہے گا تو وہ فوراً آیت پڑھیں گے: ﴿وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِلْعَالَمِيْنَ﴾: پس جب آدمی تسلیم کرلے گا کہ نبوت رحمت ہے تو وہ دوسرا سوال کریں گے: رحمت کو جاری رہنا چاہئے یا بند ہوجانا چاہئے؟ اب مسلمان پھنس جائے گا، اور وہ کہے گا: حضور خاتم النّبیین ہیں، مگر نبوت کا سلسلہ جاری ہے اور مرزا (ملعون) امتی نبی ہے۔

جواب: نبوت: بیشک رحمت ہے مگر رحمت بھی ایک وقت تکمیل پذیر ہوجاتی ہے، جیسے حیاتِ دنیوی بڑی نعمت ہے مگر ایک وقت پر وہ بھی ختم ہوجاتی ہے، اسی طرح بارش اللہ کی رحمت ہے مگر وہ بھی موسم ختم ہونے پر بند ہوجاتی ہے، اسی طرح نبوت بھی تکمیل پذیر ہوگئی، کیونکہ اب اس کی ضرورت باقی نہیں رہی۔

بہ الفاظِ دیگر: بارش اس وقت رحمت ہے جب بوقت ضرورت اور بقدر ضرورت ہو، ورنہ زحمت ہے، بے موسم بارش ہوجائے تو فصل تباہ ہوجائے گی، اور موسم میں بھی برستی ہی رہے تو طوفانِ نوح بن جائے گی۔ غرض جب بارش بوقت ضرورت اور بقدر ضرورت ہو تبھی رحمت ہے، اسی طرح خاتم النّبیین ﷺ قرآنِ کریم لے کر آئے جو آج تک حرف بہ حرف محفوظ ہے، اور قیامت کی صبح تک محفوظ رہے گا، کیونکہ اس کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے لی ہے، اور اس کی تبیین وتشریح جو نبی ﷺ نے کی ہے وہ بھی بعینہٖ موجود ہے اور اس میں لوگوں نے جو کچھ گڑبڑ کی تھی وہ متن کو سامنے رکھ کر دور کردی گئی ہے، پس جب خاتم النّبیین ﷺ کی لائی ہوئی تعلیمات چودہ سو سال تک انسانیت کی ہدایت کے لئے کافی تھیں، تو اب جھوٹے مرزا کی جھوٹی نبوت کی کیا ضرورت باقی رہ جاتی ہے؟ جاننا چاہئے کہ جس طرح سچی نبوت رحمت ہے جھوٹی بنوت لعنت ہے!

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''نبی ﷺ کی وفات تریسٹھ سال میں ہوئی'' یہی صحیح بات ہے اور جن روایتوں میں ساٹھ سال یا پینسٹھ سال آئے ہیں ان کی توجیہ مغازی کے آخری باب میں آئے گی۔

[۱۹-] بَابُ وَفَاةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[۳۵۳٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ، وَقَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ مِثْلَهُ. [انظر: ٤٤٦٦]

بَابُ كُنْيَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی کنیت

نامِ پاک کے بعد اب کنیت کا بیان ہے۔ اَلْكُنْيَةُ: نام اور لقب کے علاوہ کسی شخص کا کوئی مقرر کردہ نام، جیسے: أبو الحسن، أبو الخير وغیرہ کسی نام کے شروع میں لفظ أب، ابن، بنت، أخ، أخت، عم، عَمَّة، خال، خالة میں سے کوئی لفظ لگا کر استعمال کرتے ہیں: اس کو کنیت کہتے ہیں، اور کنیت کا مقصد صاحب کنیت کی شان وعظمت کا اظہار ہوتا ہے، اور کنیت معززین کے لئے خاص ہے، عرب بڑے لوگوں کو نام سے پکارنے کو بے ادبی سمجھتے ہیں۔

اور نبی ﷺ کی کنیت أبو القاسم دو وجہ سے تھی، ایک: آپؐ کے بڑے صاحبزادے کا نام قاسم تھا، دوسری وجہ تسمیہ آپؐ نے خود بیان فرمائی ہے: أَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ يُعْطِيْ: میں مادی اور روحانی نعمتیں بانٹتا ہوں اور اللہ تعالیٰ دیتے ہیں، اس وجہ سے آپؐ ابوالقاسم (بانٹنے والے) ہیں اور یہ وجہ پہلے (حدیث ۳۱۱۴) میں گذر چکی ہے۔

اور باب کی حدیثوں میں ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں آپؐ کی کنیت رکھنے کی ممانعت تھی، البتہ آپؐ کا نام رکھنے کی اجازت تھی، تاکہ اشتباہ نہ ہو، کیونکہ آپؐ کو نام سے کوئی نہیں پکارتا تھا، بازار میں ایک شخص نے پکارا: اے ابوالقاسم! آپؐ متوجہ ہوئے، اس نے معذرت کی کہ میں دوسرے کو پکار رہا ہوں، اس کی کنیت بھی ابوالقاسم تھی، اس وقت آپؐ نے فرمایا: میرا نام رکھو، میری کنیت مت رکھو۔

[۲۰-] بَابُ كُنْيَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[۳۵۳۷-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي السُّوْقِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ! فَالْتَفَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: '' سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ'' [راجع: ۲۱۲۰]

[۳۵۳۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ”سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلاَ تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ“[راجع: ۳۱۱٤]

[۳۵۳۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم: ”تَسَمَّوْا بِاسْمِيْ وَلاَ تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ“[راجع: ۱۱۰]

بَابٌ

کنیت سے بہتر عزت والا لقب ہے

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، نبی ﷺ کی کنیت ابوالقاسم تھی، یہود اسی سے آپؐ کو خطاب کرتے تھے، مگر صحابہ کرام مردوزن کنیت استعمال نہیں کرتے تھے، وہ یارسول اللہ! کہہ کر خطاب کرتے تھے، یہ آپؐ کا لقب تھا، اور اس میں کنیت سے زیادہ احترام تھا۔

حدیث: سائب بن یزیدؓ وہ آخری صحابی ہیں جن کا مدینہ میں انتقال ہوا ہے، ان کی عمر چھیانوے سال یا ننانوے سال ہوئی ہے، راوی جُعَیْد کِندی کہتے ہیں: میں نے ان کو چورانوے سال کی عمر میں دیکھا، وہ تنومند اور سیدھے قد کے تھے، اور انھوں نے فرمایا: میں بالیقین جانتا ہوں اس سبب کو جس کی وجہ سے میں فائدہ پہنچایا گیا ہوں، اپنی سماعت اور بصارت سے، یعنی اس عمر میں بھی میری سماعت اور بصارت پوری طرح کام کررہی ہے، اس کی وجہ میں خوب جانتا ہوں (نہیں ہے یہ بات) مگر نبی ﷺ کی دعا کی برکت سے، میری خالہ مجھے آپؐ کی خدمت میں لے گئیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! (یہاں باب ہے) میرا بھانجہ بیمار ہے، آپؐ اس کے لئے دعا فرمائیں، چنانچہ آپؐ نے میرے لئے دعا فرمائی، یہ حدیث پہلے گذری ہے، اسی دعا کی برکت سے میرے قویٰ صحیح سالم ہیں، اس حدیث میں سائبؓ کی خالہ نے یارسول اللہ! کہہ کر خطاب کیا ہے، یہی بات اس باب میں مقصود ہے۔

[۲۱-] بَابٌ

[۳۵٤۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: رَأَيْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ ابْنَ أَرْبَعٍ وَتِسْعِيْنَ جَلْدًا مُعْتَدِلاً، فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتُ مَا مُتِّعْتُ بِهِ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ، إِلَّا بِدُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ خَالَتِيْ ذَهَبَتْ بِيْ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ ابْنَ أُخْتِيْ شَاكٍ فَادْعُ اللّٰهَ لَهُ، قَالَ فَدَعَا لِيْ.[راجع: ۱۹۰]

قوله: جَلْدًا: قَوِيًّا صُلْبًا .... قوله: قَدْ عَلِمْتُ مَا مُتِّعْتُ بِهِ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ: ما موصولہ، بہ کی ضمیر ما کی

طرف عائد، اور سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ: مَا مُتِّعْتُ سے بدلِ بعض۔ ترجمہ: تحقیق جانتا ہوں میں وہ سبب جس کی وجہ سے فائدہ پہنچایا گیا ہوں میں، میری سماعت وبصارت سے پھر اس کے بعد جملہ منفیہ مقدر ہے أَیْ لَمْ یَکُنْ ذٰلِكَ لِشَیْئٍ إِلَّا بِدُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم ………… شَاكٍ: أَیْ مَرِیْضٍ دوسری روایات میں وَجِع اور وَقِع آیا ہے، سب کے معنی ہیں: بیمار۔

بَابُ خَاتَمِ النُّبُوَّةِ

مہرِ نبوت کا بیان

نبی ﷺ خاتم النّبیین تھے اور اس کی ظاہری علامت مہرِ نبوت تھی، آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان کبوتر کے انڈے کے مانند گوشت کا ابھرا ہوا حصہ تھا، یہ مہر نبوت تھی، اور ولادت کے وقت ہی سے تھی، اور وفات کے وقت ختم ہوگئی تھی، اس پر کچھ لکھا ہوا نہیں تھا، اور جن روایتوں میں کچھ لکھا ہوا ہونا منقول ہے وہ روایات درجہ ثبوت کو نہیں پہنچیں، اور مہر نبوت کی مقدار اور رنگ میں روایتیں مختلف ہیں، کیونکہ یہ تشبیہات ہیں، اور تشبیہ ہر شخص کی اس کے ذہن کے موافق ہوتی ہے، اس لئے اختلاف ناگزیر ہے، اور حدیث پہلے گذری ہے۔

[۲۲-] بَابُ خَاتَمِ النُّبُوَّةِ

[۳۵٤۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثَنَا حَاتِمٌ، عَنِ الْجُعَيْدِ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ قَالَ: ذَهَبَتْ بِیْ خَالَتِیْ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ ابْنَ أُخْتِیْ وَقِعٌ فَمَسَحَ رَأْسِیْ وَدَعَا لِیْ بِالْبَرَكَةِ، وَتَوَضَّأَ فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهِ، ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلٰی خَاتَمٍ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ. [راجع: ۱۹۰]

قَالَ ابْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ: الْحُجْلَةُ مِنْ حُجَلِ الْفَرَسِ الَّذِیْ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ: مِثْلُ رِزِّ الْحَجَلَةِ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الصَّحِيْحُ الرَّاءُ قَبْلَ الزَّایِ.

لغات: وَقَعَ: (ماضی) أَیْ وَقَعَ فِی الْمَرَضِ ………… وَقِعٌ (اسم) أی وَجِعٌ: ہر قسم کی تکلیف، دکھ درد ………… الوَضُوْء: (واؤ کا زبر) وضوء کے بعد برتن میں بچا ہوا پانی ………… الزِّر: (زاء معجمہ مقدم) بٹن، گھنڈی ………… الحجَلَة: گنبد نما کپڑوں سے آراستہ کیا ہوا چھپّر کھٹ، دلہن کے لئے سنوارا ہوا پلنگ ………… الحَجَلَة: کا ترجمہ چکور بھی کیا گیا ہے، یہ کبوتر جیسا ایک پرندہ ہے جس کے پیر اور چونچ سرخ ہوتی ہے، اور اس کا گوشت عمدہ ہوتا ہے، اس صورت میں زِرّ کا ترجمہ انڈا کیا جائے گا ………… الرِّز: (راء مہملہ پہلے) انڈا ………… الحَجَلَة: چکور، یہ معنی بہتر ہیں، کیونکہ ایک روایت میں

کَبَیْضَةِ الحَمَامَة آیا ہے، یعنی مہرِ نبوت کبوتر کے انڈے جیسی تھی، اور امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ ابن عبید اللہ محمد بن عبید اللہ کہتے ہیں: الحَجَلة: حُجْل الفَرَس سے ماخوذ ہے، اس کے معنی ہیں: گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے درمیان کی سفیدی، اس سے گھوڑا ممتاز ہوتا ہے، اسی طرح مہر نبوت بھی آپ ﷺ کا امتیاز تھی مگر دوسرے استاذ ابراہیم بن حمزہ کہتے ہیں: مہر نبوت چکور کے انڈے جیسی تھی، ان کی روایت میں زِر کے بجائے رِز ہے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہی صحیح لفظ ہے۔

بَابُ صِفَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے حالات

۱- حضرت حسن رضی اللہ عنہ اوپر کے آدھے بدن میں نبی ﷺ کے مشابہ تھے۔

حدیث: ایک مرتبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ عصر کی نماز پڑھا کر نکلے، حضرت علی رضی اللہ عنہ ساتھ تھے، راستہ میں حضرت حسنؓ بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے، اس وقت ان کی عمر سات سال تھی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو اپنے کندھے پر اٹھالیا اور فرمایا: میرے والد قربان! یہ بچہ نبی ﷺ کے مشابہ ہے، اپنے والد کے مشابہ نہیں، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ مسکرا رہے تھے، یعنی خوش ہو رہے تھے، یہ بات حضرت عقبہؓ سے بھی مروی ہے، اور حضرت ابو جحیفہ سے بھی۔

[۲۳-] بَابُ صِفَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[۳۵٤۲-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: صَلَّى أَبُوْ بَكْرٍ الْعَصْرَ ثُمَّ خَرَجَ يَمْشِيْ، فَرَأَى الْحَسَنَ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ فَحَمَلَهُ عَلَى عَاتِقِهِ، وَقَالَ: بِأَبِيْ! شَبِيْهٌ بِالنَّبِيِّ، لاَ شَبِيْهٌ بِعَلِيٍّ! وَعَلِيٌّ يَضْحَكُ. [انظر: ۳۷۵۰]

[۳۵٤۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَكَانَ الْحَسَنُ يُشْبِهُهُ. [انظر: ۳۵٤٤]

قوله: بِأَبِيْ: أَيْ مُفَدًّى بِأَبِيْ!

۲- نبی ﷺ کی ریش بچی میں چند بال سفید ہوئے تھے

حدیث: ابو جحیفہؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ سے سب سے زیادہ مشابہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ تھے، طالب علم نے کہا: مجھ سے نبی ﷺ کا حال بیان کیجئے، حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ﷺ گورے تھے، سر اور ڈاڑھی میں سفید بال نمودار ہونے لگے تھے، یعنی کہیں کہیں سفید بال ظاہر ہوئے تھے، اور ہماری قوم کے لئے نبی ﷺ نے تیرہ اونٹنیوں کا حکم

دیا، ابھی ہم ان کو وصول نہیں کر پائے تھے کہ آپؐ کی وفات ہوگئی، اس وعدہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پورا کیا۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ آپؐ کے نچلے ہونٹ کے نیچے ریش بچی میں سفید بال میں نے دیکھے ہیں۔ عَنْفَقَة: ٹھوڑی اور نچلے ہونٹ کے درمیان کا حصہ، اس کو اردو میں 'ریش بچی' کہتے ہیں، یہی بات حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ بھی بیان کرتے ہیں، طالب علموں نے ان سے پوچھا: آپ نے نبی ﷺ کو بوڑھے ہونے کی حالت میں دیکھا ہے؟ انھوں نے جواب دیا: آپؐ کی ریش بچی میں چند بال سفید ہوئے تھے، یعنی ایسا شخص بوڑھا نہیں کہلاتا۔

[۳۵۴۴-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ، قُلْتُ لِأَبِيْ جُحَيْفَةَ: صِفْهُ لِيْ، قَالَ: كَانَ أَبْيَضَ قَدْ شَمِطَ، وَأَمَرَ لَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِثَلَاثَةَ عَشَرَ قَلُوْصًا، قَالَ فَقُبِضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَبْلَ أَنْ نَقْبِضَهَا. [راجع: ۳۵۴۳]

[۳۵۴۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ وَهْبٍ أَبِيْ جُحَيْفَةَ السُّوَائِيِّ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَرَأَيْتُ بَيَاضًا مِنْ تَحْتِ شَفَتِهِ السُّفْلَى: الْعَنْفَقَةَ.

[۳۵۴۶-] حدثنا عِصَامُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا حَرِيْزُ بْنُ عُثْمَانَ، أَنَّهُ سَأَلَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُسْرٍ صَاحِبَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: أَرَأَيْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ شَيْخًا؟ قَالَ: كَانَ فِي عَنْفَقَتِهِ شَعَرَاتٌ بِيْضٌ.

۳- نبی ﷺ کے مفصل حالات

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے احوال بیان کرتے ہوئے فرمایا: آپؐ لوگوں میں میانہ قد تھے، نہ دراز قامت تھے، نہ پستہ قد، سرخی ملے ہوئے گورے رنگ کے تھے، چونے جیسے سفید نہیں تھے، اور گندمی (سانولے) بھی نہیں تھے، اور بال نہ بالکل پیچ دار تھے نہ بالکل سیدھے (بالوں میں ہلکی پیچیدگی تھی) آپؐ پر وحی اتاری گئی جبکہ آپؐ کی عمر مبارک چالیس سال تھی، پھر آپؐ مکہ میں دس سال ٹھہرے (کسر چھوڑ دی، مکہ میں آپؐ کا قیام تیرہ سال رہا ہے) آپؐ پر وحی نازل کی جاتی تھی، یعنی یہ نبوت کے بعد کے سال ہیں، اور مدینہ میں دس سال ٹھہرے، اور آپ کی وفات ہوئی درانحالیکہ آپؐ کے سر اور ڈاڑھی میں بیس بال سفید نہیں ہوئے تھے، حدیث کے راوی ربیعۃ الرائے کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے بالوں میں سے ایک بال دیکھا ہے جو سرخ تھا، پس میں نے پوچھا تو کہا گیا: خوشبو کی وجہ سے سرخ ہوا ہے (کیونکہ آپؐ نے خضاب نہیں فرمایا)

[۳۵۴۷-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنِیْ اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِیْ هِلاَلٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَصِفُ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: كَانَ رَبْعَةً مِنَ الْقَوْمِ، لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ وَلاَ بِالْقَصِيْرِ، أَزْهَرَ اللَّوْنِ، لَيْسَ بِأَبْيَضَ أَمْهَقَ وَلاَ آدَمَ، لَيْسَ بِجَعْدٍ قَطِطٍ وَلاَ سَبْطٍ رَجْلٍ، أُنْزِلَ عَلَيْهِ وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعِيْنَ، فَلَبِثَ بِمَكَّةَ عَشْرَ سِنِيْنَ يُنْزَلُ عَلَيْهِ، وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرَ سِنِيْنَ فَقُبِضَ وَلَيْسَ فِیْ رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُوْنَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ، قَالَ رَبِيْعَةُ: فَرَأَيْتُ شَعْرًا مِنْ شَعْرِهِ فَإِذَا هُوَ أَحْمَرُ، فَسَأَلْتُ، فَقِيْلَ: احْمَرَّ مِنَ الطِّيْبِ. [انظر: ۳۵۴۸، ۵۹۰۰]

[۳۵۴۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنَ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّـهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ الْبَائِنِ، وَلاَ بِالْقَصِيْرِ، وَلاَ بِالأَبْيَضِ الأَمْهَقِ وَلَيْسَ بِالآدَمِ، وَلَيْسَ بِالْجَعْدِ الْقَطِطِ، وَلاَ بِالسَّبْطِ، بَعَثَهُ اللّٰهُ عَلٰى رَأْسِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، فَأَقَامَ بِمَكَّةَ عَشَرَ سِنِيْنَ وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشَرَ سِنِيْنَ، وَتوَفَّاهُ اللّٰهُ وَلَيْسَ فِی رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُوْنَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ"[راجع: ۳۵۴۷]

لغات: الرَّبْعة: میانہ قد، المربوع: درمیانہ قد کا آدمی .... الأزهر: صاف شفاف رنگ، چمکدار .... الأمْهَق: بہت سفید، مَهِقَ (س) مَهْقًا: بہت سفید ہونا، فَهُوَ أَمْهَق وَهِیَ مَهْقَاءُ............ آدم: گندم گوں، أَدِمَ(س) أَدَمًا وَأُدْمَةً: گندم گوں ہونا، فَهُوَ آدَمُ وَهِیَ أَدْمَاءُ............ الْجَعْد: گھونگھریالا، سکڑا ہوا، جَعُدَ(ک) الشعرُ جُعُوْدَةً: بالوں کا گھونگھریالا ہونا............ القَطط: چھوٹے گھونگھریالے بال، کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَطَطٌ، اور جَعْدٌ قَطَطٌ............ السَّبْط: (باء ساکن یا مکسور) من الشَّعر: سیدھے بال، غیر پیچدار، سَبِطَ(س) سَبَطًا: بالوں کا نرم اور سیدھا ہونا............ رَجُلٌ: جیم پر ضمہ اور کسرہ دونوں پڑھ سکتے ہیں: سیدھے بال والا............ البائن: ظاہر، واضح، بان(ض) الشیئُ بیانا: نمایاں اور واضح ہونا۔

[۳۵۴۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَحْسَنَ النَّاسِ وَجْهًا، وَأَحْسَنَهُمْ خَلْقًا، لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ الْبَائِنِ، وَلاَ بِالْقَصِيْرِ.

ترجمہ: نبی ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ خوش رو (خوبصورت) اور سب سے زیادہ بااخلاق تھے، نہ واضح دراز قامت تھے نہ پستہ قد۔

تشریح: نبی ﷺ کا قد میانہ تھا، مگر کسی قدر طول کی طرف مائل تھا، اور آپؐ جس طرح جمال معنوی میں انتہائی باکمال

تھے، جمالِ ظاہری میں بھی آپؐ کا جواب نہیں تھا۔

[۳۵۵۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيمٍ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا: هَلْ خَضَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: لاَ، إِنَّمَا كَانَ شَيْئٌ فِيْ صُدْغَيْهِ.[انظر: ٥٨٩٤، ٥٨٩٥]

ترجمہ: قتادہؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے خضاب کیا ہے؟ انھوں نے کہا: نہیں، سفید بال صرف آپؐ کی دونوں کنپٹیوں میں تھے۔

تشریح: رسول اللہ ﷺ کے خضاب کے بارے میں روایات مختلف ہیں، احناف کا خیال یہ ہے کہ آپؐ نے خضاب نہیں کیا، کیونکہ بیس سفید بالوں کے لئے خضاب کی ضرورت نہیں ہوتی، اور آپؐ کے بال سرخ دیکھے گئے یا صحابہ کے پاس تھے: وہ اصلی سرخی تھی یا مدت گذرنے سے سرخ ہو گئے تھے، مگر خضاب سنت ہے، اس سلسلہ میں قولی حدیثیں ہیں، مگر یہ ایسی سنت ہے جس سے لوگ غفلت برتتے ہیں، البتہ سیاہ خضاب مکروہ ہے، اس کے علاوہ ہر خضاب جائز ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۸۲:۵) میں ہے۔

[۳۵۵۱-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَرْبُوْعًا، بُعَيْدَ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ، لَهُ شَعْرٌ يَبْلُغُ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ، رَأَيْتُهُ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ، لَمْ أَرَ شَيْئًا قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهُ، وَقَالَ يُوْسُفُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْهِ، إِلَى مَنْكِبَيْهِ.[انظر: ٥٨٤٨، ٥٩٠١]

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ میانہ قد تھے، آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان (دوسرے لوگوں سے) زیادہ فاصلہ تھا (ایسے آدمی کا سینہ چوڑا ہوتا ہے جو بہادری کی علامت ہے) آپؐ کے بال دونوں کانوں کی لو تک پہنچے ہوئے تھے، میں نے آپؐ کو سرخ جوڑے میں دیکھا، میں نے آپؐ سے زیادہ حسین کبھی کوئی چیز نہیں دیکھی، اور ابواسحاق کی روایت میں أذنیه کے بجائے منکبیه ہے۔

تشریح: نبی ﷺ کی زلفوں کی مقدار میں روایات مختلف ہیں، جو زلفیں کانوں تک ہوتی ہیں: ان کو وَفْرة کہتے ہیں اور جو آدھی گردن تک پہنچی ہوئی ہوتی ہیں: ان کو لِمَّة کہتے ہیں، اور جو مونڈھوں پر پڑی ہوئی ہوتی ہیں: ان کو جُمّة کہتے ہیں، نبی ﷺ جب بال کٹواتے تھے تو کانوں کی لو تک کٹواتے تھے، پھر وہ بڑھ کر آدھی گردن تک پہنچ جاتے تھے، پھر بڑھ کر کندھوں تک پہنچاتے تھے، اس وقت دوبارہ کٹوا لیتے تھے اس لئے روایات میں کوئی تعارض نہیں۔

[۳۵۵۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيمٍ، ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، هُوَ السَّبِيْعِيُّ، قَالَ: سُئِلَ الْبَرَاءُ: أَكَانَ وَجْهُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَ السَّيْفِ؟ قَالَ: لاَ، بَلْ مِثْلَ الْقَمَرِ.

ترجمہ: کسی نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ کا چہرہ تلوار کی طرح (چمکدار) تھا، آپ نے فرمایا: نہیں بلکہ چاند کی طرح (روشن) تھا ـــــ تلوار میں خوف کا مفہوم ہے اور چاند میں 'محبوبیت' کا، اس لئے حضرت براءؓ نے پہلی تشبیہ پسند نہیں کی، دوسری تشبیہ دی۔

[۳۵۵۳-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مَنْصُوْرٍ أَبُوْ عَلِيٍّ، ثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَعْوَرُ بِالْمَصِّيْصَةِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْهَاجِرَةِ إِلَى الْبَطْحَاءِ، فَتَوَضَّأَ ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ، وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ وَبَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةٌ، قَالَ شُعْبَةُ: وَزَادَ فِيْهِ عَوْنٌ، عَنْ أَبِيْهِ أَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ: كَانَ يَمُرُّ مِنْ وَرَائِهَا الْمَرْأَةُ، وَقَامَ النَّاسُ فَجَعَلُوْا يَأْخُذُوْنَ يَدَيْهِ فَيَمْسَحُوْنَ بِهِمَا وُجُوْهَهُمْ، قَالَ: فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ فَوَضَعْتُهَا عَلٰى وَجْهِي فَإِذَا هِيَ أَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ، وَأَطْيَبُ رَائِحَةً مِنَ الْمِسْكِ.[راجع: ۱۸۷]

وضاحت: یہ حدیث پہلے کئی بار آچکی ہے، ۱۳ ذی الحجہ کو حج سے فارغ ہونے کے بعد نبی ﷺ نے بطحاء نامی میدان میں قیام فرمایا، حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ نے اس موقع کی منظر کشی کی ہے، جب نماز کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ وضو کا پانی لائے، پھر برتن میں جو پانی بچا اس کو لے کر باہر نکلے تو صحابہ اس تبرک کو حاصل کرنے کے لئے ٹوٹ پڑے، اور اس میں سے لے کر چہرہ، ہاتھ اور بدن پر ملنے لگے، جب تبرک ختم ہوگیا تو جو صحابہ رہ گئے تھے انھوں نے اپنے ساتھیوں کے ہاتھوں پر سے تری لے کر چہرہ وغیرہ پر ملی، اور جن کو یہ بھی میسر نہ آیا انھوں نے نبی ﷺ کے دستِ مبارک کو اپنے چہروں پر ملا، حضرت ابو جحیفہؓ نے بھی دست مبارک چہرہ پر ملا تو وہ برف سے زیادہ ٹھنڈا اور مشک سے زیادہ خوشبودار تھا (اسی مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں)

[۳۵۵٤-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: ثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَجْوَدَ النَّاسِ، وَأَجْوَدُ مَا يَكُوْنُ فِي رَمَضَانَ حِيْنَ يَلْقَاهُ جِبْرِيْلُ، وَكَانَ جِبْرِيْلُ يَلْقَاهُ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ فَيُدَارِسُهُ الْقُرْآنَ، فَلَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَجْوَدُ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ.[راجع: ٦]

وضاحت: یہ حدیث کتاب کے شروع میں گذر چکی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ سب لوگوں سے زیادہ سخی تھے، اور رمضان المبارک میں آپؐ کی سخاوت نقطۂ عروج تک پہنچ جاتی تھی، اور آپؐ نفع پہنچانے میں چلنے والی ہوا سے بھی زیادہ سخی ہوجاتے تھے، جبکہ رمضان المبارک کی راتوں میں حضرت جبرئیل علیہ السلام آپؐ سے ہر

رات ملتے تھے اور آپؐ کے ساتھ قرآن کا دور کرتے تھے (سخاوت: ایک روحانی حالت ہے، اس کا بیان مقصود ہے)

[۳۵۵۵-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسىٰ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِیْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا مَسْرُوْرًا تَبْرُقُ أَسَارِيْرُ وَجْهِهِ، فَقَالَ: "أَلَمْ تَسْمَعِیْ مَا قَالَ الْمُدْلِجِیُّ لِزَيْدٍ وَأُسَامَةَ، وَرَأَى أَقْدَامَهُمَا؟ إِنَّ بَعْضَ هٰذِهِ الْأَقْدَامِ مِنْ بَعْضٍ"

[انظر: ۳۷۳۱، ۶۷۷۰، ۶۷۷۱]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ ان کے پاس خوش خوش آئے، آپؐ کی پیشانی کی لکیریں (خوشی سے) چمک رہی تھیں، آپؐ نے فرمایا: کیا تم نے نہیں سنی وہ بات جو مدلجی نے زیدؓ اور اسامہؓ کے بارے میں کہی، جبکہ اس نے دونوں کے پاؤں دیکھے؟ کہ یہ پیر ایک دوسرے کا جزء ہیں!

تشریح: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ جو نبی ﷺ کے منہ بولے بیٹے تھے، گورے تھے، اور ان کے صاحبزادے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ جو نبی ﷺ کے محبوب تھے وہ سانولے تھے، اس لئے لوگ ان کے نسب میں شبہ کرتے تھے، ایک دن حضرت زید اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہما سورہے تھے اور دونوں نے چادر اوڑھ رکھی تھی، اور دونوں کے پیر کھلے ہوئے تھے، اتفاق سے وہاں سے عرب کا مشہور قیافہ شناس مدلجی گذرا، اس نے پیروں کو دیکھ کر کہا: یہ پاؤں ایک دوسرے کا جزء ہیں، یعنی یہ باپ بیٹے ہیں، اس سے نبی ﷺ کو بے حد خوشی ہوئی اور آپؐ کی پیشانی خوشی سے چمکنے لگی، آپؐ کا خوش ہونا اس وجہ سے تھا کہ اب لوگوں کے لئے چہ میگوئیاں کرنے کا موقع نہیں رہے گا، ورنہ نسب پہلے سے ثابت تھا۔

لغت: أَسَارِيْر: پیشانی اور چہرہ کے خطوط، اس کا واحد أَسْرَار ہے۔ أَبْرَقَتْ أَسَارِيْرُ وَجْهِه: اس کا چہرہ چمک اٹھا۔

[۳۵۵۶-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ تَبُوْكَ، فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلىٰ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَبْرُقُ وَجْهُهُ مِنَ السُّرُوْرِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا سُرَّ اسْتَنَارَ وَجْهُهُ حَتّٰى كَأَنَّهُ قِطْعَةُ قَمَرٍ وَكُنَّا نَعْرِفُ ذٰلِكَ مِنْهُ. [راجع: ۲۷۵۷]

وضاحت: یہ حدیث گذر چکی ہے، جب غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ جانے والوں کی توبہ قبول ہوئی اور حضرت کعب رضی اللہ عنہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تو انھوں نے کہا: آپؐ کا چہرہ خوشی سے چمک رہا تھا، اور آپؐ جب بھی خوش ہوتے تھے تو چہرہ ایسا چمک جاتا تھا جیسے چاند کا ٹکڑا ہو، اور صحابہ اس سے آپؐ کی خوشی پہچان لیتے تھے۔

[۳۵۵۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ

أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " بُعِثْتُ مِنْ خَیْرِ قُرُوْنِ بَنِیْ آدَمَ قَرْنًا فَقَرْنًا حَتّٰی کُنْتُ مِنَ الْقَرْنِ الَّذِیْ کُنْتُ مِنْهُ"

ترجمہ: میں مبعوث کیا گیا ہوں ہر زمانہ میں انسانوں کی بہترین نسل سے قرن بہ قرن، یہاں تک کہ میں وجود پذیر ہوا اس صدی میں جس میں میں ہوں۔

تشریح: اس حدیث کا پس منظروہ روایت ہے جو ترمذی (باب المناقب باب اول) میں ہے، نبی ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے آپؐ کوخبر دی کہ قریش ایک مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے، پس انھوں نے خاندانی خوبیوں کا تذکرہ کیا، اور انھوں نے آپؐ کی مثال "کوڑے میں اُگے ہوئے کھجور کے درخت" کی بیان کی (کوڑی کا سبزہ شاندار ہوتا ہے مگراس کی اصل گندی ہوتی ہے، یعنی آپؐ کی ذات تو عظیم ہے مگر خاندان بس ایسا ہی ہے!) پس آپؐ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے مخلوق (انسانوں) کو پیدا کیا، پس مجھے ان کے بہترین فرقے (حصے) سے گردانا، اور دو فرقوں میں سے ایک کو ترجیح دی، پھر قبائل کو ترجیح دی، پس مجھے بہترین قبیلہ میں گردانا، پھر گھروں (خاندانوں) کو ترجیح دی، پس مجھے ان کے بہترین خاندان میں گردانا، پس میں ان میں ذات کے اعتبار سے بھی بہتر ہوں اور خاندان کے اعتبار سے بھی" یعنی میرا خاندان اوپر ہی سے چنیدہ ہے، ہر قرن میں بہترین خاندان میں منتقل ہوتا ہوا آیا ہوں، پس لوگوں کا یہ کہنا کہ میں کوڑی میں اُگا ہوا کھجور کا درخت ہوں غلط ہے، میرا خاندان بنو ہاشم قریش کا بہترین خاندان ہے۔

[۳۵۵۸-] حدثنا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ یُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم کَانَ یَسْدِلُ شَعْرَهُ، وَکَانَ الْمُشْرِکُوْنَ یَفْرِقُوْنَ رُؤُسَهُمْ، وَکَانَ أَهْلُ الْکِتَابِ یَسْدِلُوْنَ رُؤُسَهُمْ، وَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یُحِبُّ مُوَافَقَةَ أَهْلِ الْکِتَابِ، فِیْمَا لَمْ یُؤْمَرْ فِیْهِ بِشَیْءٍ، ثُمَّ فَرَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم رَأْسَهُ.

[انظر: ۳۹۴۴، ۵۹۱۷]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنے بال (مانگ نکالے بغیر) سیدھے پیچھے کھینچ لیتے تھے، اور مشرکین اپنے سر میں مانگ نکالا کرتے تھے، یعنی سر کے بالوں کو دو حصوں میں بانٹ کر پیچھے کی طرف کھینچتے تھے، اور اہل کتاب اپنے بالوں میں سدل کیا کرتے تھے، اور نبی ﷺ کو اہل کتاب کی موافقت پسند تھی، ان باتوں میں جن میں آپؐ کو کوئی حکم نہیں دیا گیا تھا، پھر نبی ﷺ نے سر میں مانگ نکالنی شروع کی (پس یہ افضل ہے)

لغت: سَدْل: کے معنی ہیں: لٹکانا، اور بالوں کا سدل یہ ہے کہ پیشانی کے سارے بال کنگھی سے پیچھے کھینچ لئے جائیں، مانگ نہ نکالی جائے، اور فَرْق کے معنی ہیں: بانٹنا، ناک کی سیدھ میں آدھے سر کے بال دائیں طرف اور آدھے بائیں طرف

ڈال لئے جائیں، پھر ان کو کانوں کے اوپر سے کنگھی سے پیچھے کھینچ لیا جائے، یہ افضل ہے، اور سدل بھی جائز ہے، اور دائیں بائیں مردوں اور عورتوں کا مانگ نکالنا غیروں کا طریقہ ہے۔

[۳۵۵۹-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو، قَالَ: لَمْ یَکُنِ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَاحِشًا وَلاَ مُتَفَحِّشًا وَکَانَ یَقُوْلُ: " إِنَّ مَنْ خِیَارِ کُمْ أَحْسَنَکُمْ أَخْلاَقًا"[انظر: ۳۷۵۹، ۶۰۲۹، ۶۰۳۵]

ترجمہ: نبی ﷺ نہ (طبعی طور پر) فحش گو تھے اور نہ بہ تکلف فحش باتیں کرتے تھے، اور فرمایا کرتے تھے کہ تم میں بہترین وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق بہترین ہیں (چنانچہ آپؐ کے اخلاق سب سے بہتر تھے)

تشریح: بعض لوگ فطری طور پر بیہودہ باتیں کرنے کے عادی ہوتے ہیں اور بعض لوگ بہ تکلف مجلس گرم کرنے کے لئے اور مجلس کا طرز نباہنے کے لئے فحش گوئی کرتے ہیں، حدیث میں دونوں باتوں کی نفی کی گئی ہے کہ آپؐ نہ طبعی فحش گو تھے نہ بہ تکلف فحش باتیں کرتے تھے۔

[۳۵۶۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: مَا خُیِّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَیْنَ أَمْرَیْنِ إِلاَّ أَخَذَ أَیْسَرَهُمَا مَالَمْ یَکُنْ إِثْمًا، فَإِنْ کَانَ إِثْمًا کَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ، وَمَا انْتَقَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لِنَفْسِهِ إِلاَّ أَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ اللّٰهِ فَیَنْتَقِمَ لِلّٰهِ بِهَا"[انظر: ۶۱۲۶، ۶۷۸۶، ۶۸۵۳]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نہیں اختیار دیئے گئے نبی ﷺ دو باتوں میں مگر آپؐ ان میں سے آسان کو اختیار فرماتے تھے، جب تک کہ وہ کوئی گناہ کا کام نہ ہو، پس اگر وہ کوئی گناہ کی بات ہوتو آپؐ اس سے سب سے زیادہ دور رہنے والے تھے، اور نہیں بدلہ لیا نبی ﷺ نے اپنی ذات کے لئے، مگر یہ کہ اللہ کی حرام کی ہوئی باتوں کی پردہ دری کی جائے تو آپؐ اللہ کے لئے اس کا بدلہ لیتے تھے۔

تشریح: اس حدیث میں دو باتوں کا بیان ہے:

پہلی بات: امت کے حق میں اگر دو باتوں میں اختیار ہوتا تو آپؐ امت کے لئے آسان پہلو اختیار فرماتے، بشرطیکہ اس میں تفریط نہ ہو، اور اپنی ذات کے لئے عزیمت کا پہلو اختیار فرماتے، جیسے آپؐ بہت لمبے تہجد پڑھتے تھے مگر امت سے فرمایا: الدِّیْنُ یُسْرٌ، وَلَنْ یُشَادَّ الدِّیْنَ أَحَدٌ إِلاَّ غَلَبَه: دین آسان ہے اس سے ٹکر مت لو، اگر ٹکر لوگے تو وہ تمہیں ہرا دے گا، اور آپؐ صوم وصال رکھتے تھے مگر امت کو اس سے منع کیا کیونکہ امت کے حق میں یہ کام پر مشقت ہے۔

دوسری بات: نبی ﷺ اپنی ذات کے لئے کبھی بدلہ نہیں لیتے تھے، البتہ اگر کوئی گناہ کرتا جس میں حد شرعی آتی تو پھر اس پر حد جاری کرتے، کیونکہ یہ اپنی ذات کے لئے بدلہ لینا نہیں تھا۔

[٣٥٦١-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا مَسِسْتُ حَرِيْرًا وَلاَ دِيْبَاجًا أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلاَ شَمِمْتُ رِيْحًا قَطُّ أَوْ: عَرْفًا قَطُّ أَطْيَبَ مِنْ رِيْحِ أَوْ: عَرْفِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ١١٤١]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نہیں چھویا میں نے کوئی ریشم اور نہ کوئی دیبا زیادہ نرم نبی ﷺ کی ہتھیلی سے، یعنی آپؐ کی ہتھیلی ریشم سے بھی زیادہ گداز تھی، اور نہیں سونگھی میں نے کبھی کوئی خوشبو زیادہ اچھی نبی ﷺ کی خوشبو سے، یعنی جسم اطہر سے لاجواب خوشبو پھوٹتی تھی۔

لغات: مَسَّ الشیئَ: چھونا .... دیباج: دیبا کا معرب، یہ ریشم کی ایک قسم ہے .... شَمَّ: سونگھنا، بومحسوس کرنا .... عَرْف: خوشبو، ریح اور عَرف میں شک راوی ہے۔

[٣٥٦٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَشَدَّ حَيَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِي خِدْرِهَا.[انظر: ٦١٠٢، ٦١١٩]
حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيَى، وَابْنُ مَهْدِيٍّ، قَالاَ: ثَنَا شُعْبَةُ مِثْلَهُ، وَإِذَا كَرِهَ شَيْئًا عُرِفَ فِي وَجْهِهِ.

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ زیادہ شرمیلے تھے، کنواری لڑکی سے جو پردے میں ہو (فی خِدرھا: کائنۃ سے متعلق ہو کر صفت کاشفہ ہے، عَذراء کی تتمیم ہے، کنواری لڑکی پردہ میں رہتی ہے) اور جب آپؐ کسی چیز کو ناپسند کرتے تو ناگواری چہرے سے محسوس ہوتی (لیکن آپؐ اس کا اظہار نہیں کرتے تھے)

[٣٥٦٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَا عَابَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم طَعَامًا قَطُّ، إِنِ اشْتَهَاهُ أَكَلَهُ، وَإِلَّا تَرَكَهُ.[انظر: ٥٤٠٩]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے کبھی کسی کھانے کو برا نہیں کہا، پسند ہوتا تو نوش فرماتے ورنہ چھوڑ دیتے۔

[٣٥٦٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ مَالِكِ بْنِ بُحَيْنَةَ الأَسَدِيِّ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا سَجَدَ فَرَّجَ بَيْنَ يَدَيْهِ حَتَّى نَرَى إِبْطَيْهِ، قَالَ: قَالَ ابْنُ بُكَيْرٍ: ثَنَا بَكْرٌ: بَيَاضَ إِبْطَيْهِ.[راجع: ٣٩٠]

ترجمہ: نبی ﷺ سجدہ میں دونوں ہاتھ اتنے کشادہ کرتے تھے کہ بغلوں کی سفیدی نظر آتی تھی (یہ سنت ہے، البتہ دائیں بائیں نمازیں ہوں تو ان کی رعایت کرے)

[۳۵۶۵-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ شَيْءٍ مِنْ دُعَائِهِ إِلَّا فِي الِاسْتِسْقَاءِ، فَإِنَّهُ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتَّى يُرَى بَيَاضُ إِبْطَيْهِ. [راجع: ۱۰۳۱]

وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَرَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ بارش طلبی کی نماز میں (دعامیں) ہاتھ بہت اونچے اٹھاتے تھے، اتنے کسی اور دعامیں نہیں اٹھاتے تھے، بارش طلبی کی دعامیں ہاتھ اتنے اونچے اٹھاتے تھے کہ بغلوں کی سفیدی نظر آتی تھی۔

[۳۵۶۶-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، ثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَوْنَ ابْنَ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، ذَكَرَ عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: دُفِعْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ بِالْأَبْطَحِ فِيْ قُبَّةٍ كَانَ بِالْهَاجِرَةِ فَخَرَجَ بِلَالٌ، فَنَادَى بِالصَّلَاةِ، ثُمَّ دَخَلَ فَأَخْرَجَ فَضْلَ وَضُوْءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَوَقَعَ النَّاسُ عَلَيْهِ يَأْخُذُوْنَ مِنْهُ، ثُمَّ دَخَلَ فَأَخْرَجَ الْعَنَزَةَ وَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَى وَبِيْصِ سَاقَيْهِ فَرَكَزَ الْعَنَزَةَ، ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ، يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ الْحِمَارُ وَالْمَرْأَةُ. [راجع: ۱۸۷]

وضاحت: حج کے بعد ابطح میں جب نبی ﷺ نماز پڑھانے کے لئے نکلے تو لنگی اتنی اونچی باندھ رکھی تھی کہ آپؐ کی دونوں پنڈلیوں کی چمک نظر آرہی تھی۔

[۳۵۶۷-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ صَبَّاحٍ الْبَزَّارُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُحَدِّثُ حَدِيْثًا لَوْ عَدَّهُ الْعَادُّ لَأَحْصَاهُ. [انظر: ۳۵۶۸]

[۳۵۶۸-] وَقَالَ اللَّيْثُ: ثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّهُ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: أَلَا يُعْجِبُكَ! أَبَا فُلَانٍ جَاءَ فَجَلَسَ إِلَى جَانِبِ حُجْرَتِيْ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُسْمِعُنِيْ ذٰلِكَ، وَكُنْتُ أُسَبِّحُ، فَقَامَ قَبْلَ أَنْ أَقْضِيَ سُبْحَتِيْ، وَلَوْ أَدْرَكْتُهُ لَرَدَدْتُ عَلَيْهِ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ يَسْرُدُ الْحَدِيْثَ كَسَرْدِكُمْ. [راجع: ۳۵۶۷]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ بات کرتے تو اگر کوئی الفاظ گننا چاہتا تو گن سکتا تھا، اور دوسری

حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو ہریرہؓ: حضرت صدیقہؓ کو حدیثیں سنانے آئے، حجرہ سے باہر بیٹھ کر انھوں نے حدیثیں پڑھنا شروع کیں، فرفر حدیثیں پڑھ دیں، اور جب اندر سے کوئی جواب نہ ملا تو یہ سمجھے کہ صدیقہؓ نے حدیثیں قبول کرلیں، کوئی تنقید نہیں کی، وہ اٹھ کر چلے گئے، صدیقہؓ کی نیت بندھ رہی تھی، جب سلام پھیرا تو پوچھا: ابو ہریرہؓ ہیں؟ جواب ملا کہ چلے گئے، صدیقہؓ نے اپنے بھانجے عروہ سے کہا: کیا تجھے تعجب نہیں ہوتا! ابو ہریرہؓ آئے اور میرے کمرے کے پاس بیٹھ کر حدیثیں پڑھنی شروع کیں، وہ مجھے حدیثیں سنا رہے تھے، اور میں نفلیں پڑھ رہی تھی، پس وہ اٹھے اس سے پہلے کہ میں نفلیں پوری کرتی، اگر میں ان کو پاتی تو میں تنقید کرتی کہ نبی ﷺ حدیثیں فرفر بیان نہیں کرتے تھے، جیسے تم نے فرفر پڑھیں۔

ملحوظہ: حدیث میں أَبا فلان ہے، مراد حضرت ابو ہریرہؓ ہیں، اور قاعدہ سے أبو فلان ہونا چاہئے، یہ جاء کا فاعل ہے، مگر روایات میں اسی طرح آیا ہے اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ بھی ایک لغت قلیلہ ہے (فاعل حالت نصبی میں بھی آتا ہے)

فائدہ: جو لوگ عوام سے خطاب کریں، جیسے مقرر، مدرس وغیرہ وہ لوگ بہت تیز نہ بولیں، اس سے مخاطبین کو بات سمجھنے میں دشواری پیش آتی ہے، اسی طرح طلبہ حدیث شریف اتنی تیز نہ پڑھیں کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے کہ کیا پڑھ رہے ہیں، اسی طرح حفاظ قرآن اتنا تیز نہ پڑھیں کہ یعلمون، تعلمون کے علاوہ کچھ سمجھ میں نہ آئے، نبی ﷺ کو قرآنِ کریم کے تعلق سے حکم دیا گیا ہے: ﴿وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِیْلاً﴾: اور آپؐ قرآن کو خوب صاف صاف پڑھا کریں یعنی ایک ایک حرف الگ الگ ہو، اسی طرح حدیث شریف پڑھنی چاہئے، اور اسی طرح لوگوں سے خطاب کرنا چاہئے، یہ سنت ہے، اس سنت کا طلبہ خیال رکھیں۔

بَابٌ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم تَنَامُ عَيْنُهُ وَلاَ يَنَامُ قَلْبُهُ

نبی ﷺ کی آنکھیں سوتی تھیں، دل نہیں سوتا تھا

یہ تکمیلی باب ہے، ابھی نبی ﷺ کے احوال کا ذکر چل رہا ہے، انبیاء کرام کی نیند ناقض وضو نہیں ہوتی، کیونکہ انبیاء کا دل نہیں سوتا، وہ چوکنا سوتے ہیں، اگر کوئی ناقض وضو پیش آئے گا تو ان کو پتہ چل جائے گا، اور امت بھی اگر چوکنا سوئے تو اس کا بھی وضو نہیں ٹوٹتا۔ نیند فی نفسہ ناقض وضوء نہیں، خروج ریح کا مظنہ ہونے کی وجہ سے ناقض ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۳:۵۷۴ اور ۱:۵۴۵) میں گذر چکی ہے۔

اور باب میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث کا حوالہ ہے، یہ حدیث آگے (حدیث ۳۲۸۱) آرہی ہے، نبی ﷺ نے ایک خواب دیکھا، خواب میں فرشتوں نے کہا: آپؐ کی آنکھ سوئی ہوئی ہے، دل بیدار ہے، اور باب کی پہلی حدیث گذر چکی ہے، نبی ﷺ وتروں سے پہلے سوجاتے تھے، صدیقہ رضی اللہ عنہا نے سوال کیا، آپؐ نے جواب دیا: تَنَامُ عَيْنَيَّ وَلاَ يَنَامُ قَلْبِيْ: میری آنکھیں سوتی ہیں، میرا دل نہیں سوتا۔

اوردوسری حدیث نئی ہے، نبی ﷺ نے دوخواب دیکھے: ایک نبوت سے پہلے دوسرا نبوت کے بعد، آپؐ مسجدِحرام میں سوئے ہوئے تھے: تین فرشتے آئے، ایک نے کہا: وہ کون ہیں؟ درمیانی نے کہا: وہ وہ ہیں جوان میں بہترین ہیں، تیسرے نے کہا: ان کو لے چلو، فَکَانَتْ تِلْكَ: اس رات بس اتنا ہی خواب دیکھا، دوسرا خواب نبوت کے بعد دیکھا، آپؐ کی آنکھیں سوئی ہوئی تھیں اور دل بیدار تھا اور تمام انبیاء کا یہی حال ہوتا ہے، اس خواب میں حضرت جبرئیل علیہ السلام آپؐ کو معراج میں لے گئے ہیں، یہ بڑی معراج نہیں تھی، وہ تو بیداری میں ہوئی ہے یہ اس کے علاوہ منامی معراج ہے۔

[۲۴-] بَابٌ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم تَنَامُ عَيْنُهُ وَلاَ يَنَامُ قَلْبُهُ

رَوَاهُ سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۵۶۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ: كَيْفَ كَانَتْ صَلاَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَمَضَانَ؟ فَقَالَتْ: مَاكَانَ يَزِيْدُ فِيْ رَمَضَانَ وَلاَ فِيْ غَيْرِهِ عَلٰى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، يُصَلِّيْ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، فَلاَ تَسْأَلُ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ يُصَلِّيْ أَرْبَعًا فَلاَ تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ يُصَلِّيْ ثَلاَثًا، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تَنَامُ قَبْلَ أَنْ تُوْتِرَ؟ قَالَ: "تَنَامُ عَيْنَيَّ وَلاَ يَنَامُ قَلْبِيْ" [راجع: ۱۱۴۷]

[۳۵۷۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يُحَدِّثُنَا عَنْ لَيْلَةٍ أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ مَسْجِدِ الْكَعْبَةِ، جَاءَهُ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ قَبْلَ أَنْ يُوْحَى إِلَيْهِ وَهُوَ نَائِمٌ فِي مَسْجِدِ الْحَرَامِ، فَقَالَ أَوَّلُهُمْ: أَيُّهُمْ هُوَ؟ فَقَالَ أَوْسَطُهُمْ: هُوَ خَيْرُهُمْ؟ وَقَالَ آخِرُهُمْ: خُذُوْا خَيْرَهُمْ. فَكَانَتْ تِلْكَ.

فَلَمْ يَرَهُمْ حَتَّى جَاؤُا لَيْلَةً أُخْرَى فِيْمَا يَرَى قَلْبُهُ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نَائِمَةٌ عَيْنَاهُ وَلاَ يَنَامُ قَلْبُهُ، وَكَذٰلِكَ الْأَنْبِيَاءُ تَنَامُ أَعْيُنُهُمْ وَلاَ تَنَامُ قُلُوْبُهُمْ، فَتَوَلاَّهُ جِبْرِيْلُ ثُمَّ عَرَجَ بِهِ إِلَى السَّمَاءِ.

[انظر: ۴۹۶۴، ۵۶۱۰، ۶۵۸۱، ۷۵۱۷]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَابُ عَلاَمَاتِ النُّبُوَّةِ فِی الإِسْلاَمِ

معجزات کا بیان

علامات: علامۃ کی جمع ہے، عام نشانی، مراد نبوت کی نشانی یعنی معجزات، معجِزۃ (جیم مکسور) عاجز کرنے والی بات، یہ صفت: موصوف کے قائم مقام ہے اصل میں آیۃٌ معجزۃٌ تھا، اور معجزہ کی طرح کرامت بھی خرق عادت کا نام ہے، اگر نبی کے ہاتھ سے ظاہر ہوتو معجزہ ہے اور امتی کے ہاتھ سے ظاہر ہوتو کرامت ہے، کرامت کے معنی ہیں: اعزاز، اللہ تعالیٰ نیک بندے کے ہاتھ سے خرق عادت ظاہر کرکے اس کا اعزاز کرتے ہیں اس کی قدر بڑھاتے ہیں، اور کافر وفاسق کے ہاتھ سے ظاہر ہوتو اس کا نام استدراج ہے، یعنی ڈھیل دینا، جیسے بیل چر رہا ہو اور اس کی رسّی ہاتھ میں پکڑ رکھی ہو، پھر جوں جوں بیل آگے بڑھے رسّی ڈھیلی چھوڑی جائے: یہ استدراج ہے، پھر جب وقت آئے تو اتنی زور سے جھٹکا دیا جائے کہ بیل کو نانی یاد آجائے۔

نبی ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ قرآنِ کریم ہے، عربوں کو چیلنج دیا گیا تھا، جو فصیح ترین اور قادر الکلام تھے کہ قرآن جیسی ایک سورت ہی بنا کر لاؤ، مگر وہ عاجز رہ گئے اور یہ چیلنج آج بھی ہے، ہمیں میداں ہمیں چوگاں! آئے کوئی میدان میں! اور لائے قرآنِ کریم کی چھوٹی سی سورت جیسی کوئی سورت۔

اور قرآنِ کریم کے علاوہ نبی ﷺ کو اور بھی معجزات عنایت فرمائے گئے تھے، اور یہ بات تواتر معنوی سے ثابت ہے، ترجمان السنہ کی چوتھی جلد میں حضرت مولانا بدر عالم صاحب میرٹھی مدنی قدس سرہ نے معجزات کی روایتیں جمع کی ہیں جو تقریباً چار سو ہیں، یہ معجزات کی الگ الگ روایتیں ہیں ان کا قدر مشترک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو قرآنِ کریم کے علاوہ دیگر معجزات سے بھی سرفراز فرمایا تھا۔

اور یہ طویل باب ہے اس میں قرآنِ کریم کے علاوہ دیگر معجزات کا بیان ہے اور یہ باب فضائل الاصحاب تک چلے گا، آخر میں تین تکمیلی ابواب آئیں گے، اس باب میں اٹھتر حدیثیں ہیں، چھبیس نئی ہیں اور باون گذری ہوئی ہیں۔

فائدہ: سب سے بڑے معجزے (قرآنِ کریم) کا ذکر کتاب المغازی کے بعد آئے گا، کتاب التفسیر اور فضائل

القرآن اسی معجزہ کے بیان کے لئے ہیں، اور کتاب المناقب اس جلد کے ختم تک چلے گی، اس کتاب میں پہلے آپؐ کے فضائل ہیں، پھر اس امت کے اصفیاء (برگزیدہ حضرات) کا ذکر ہے، یعنی مہاجرین وانصار کے فضائل ہیں، پھر نبی ﷺ کی مکی زندگی کے احوال ہیں اور ہجرت کے کچھ بعد تک یہ سلسلہ دراز ہوا ہے، پھر کتاب المغازی (مہماتِ نبوی) میں مدنی زندگی کے احوال ہیں، پھر فضائل القرآن اور کتاب التفسیر میں آپؐ کے سب سے بڑے معجزہ کا بیان ہے، یہ کتابوں میں ارتباط ہے، اس کو خوب ذہن نشیں کرلیا جائے۔

۱- پانی میں برکت

پہلی روایت پہلے گذری ہے، اس کا ترجمہ تحفۃ القاری (۲:۱۵۴) میں ہے، مشکل الفاظ کے معانی بعد میں ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

[۲۵-] بَابُ عَلَامَاتِ النُّبُـوَّةِ فِي الإِسْلَامِ

[۳۵۷۱-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا سَلْمُ بْنُ زَرِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا رَجَاءٍ، ثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ: أَنَّهُمْ كَانُوْا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي مَسِيْرٍ، فَأَدْلَجُوْا لَيْلَتَهُمْ، حَتَّى إِذَا كَانَ وَجْهُ الصُّبْحِ عَرَّسُوْا، فَغَلَبَتْهُمْ أَعْيُنُهُمْ حَتَّى ارْتَفَعَتِ الشَّمْسُ، فَكَانَ أَوَّلَ مَنِ اسْتَيْقَظَ مِنْ مَنَامِهِ أَبُوْ بَكْرٍ، وَكَانَ لاَ يُوْقَظُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ مَنَامِهِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ، فَاسْتَيْقَظَ عُمَرُ فَقَعَدَ أَبُوْ بَكْرٍ عِنْدَ رَأْسِهِ فَجَعَلَ يُكَبِّرُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهُ حَتَّى اسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَنَزَلَ وَصَلَّى بِنَا الْغَدَاةَ، فَاعْتَزَلَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ لَمْ يُصَلِّ مَعَنَا، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: " يَا فُلاَنُ! مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تُصَلِّيَ مَعَنَا؟" قَالَ: أَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَيَمَّمَ بِالصَّعِيْدِ، ثُمَّ صَلَّى وَجَعَلَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي رَكُوْبٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَقَدْ عَطِشْنَا عَطَشًا شَدِيْدًا، فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَسِيْرُ إِذَا نَحْنُ بِامْرَأَةٍ سَادِلَةٍ رِجْلَيْهَا بَيْنَ مَزَادَتَيْنِ، فَقُلْنَا لَهَا: أَيْنَ الْمَاءُ؟ فَقَالَتْ: إِنَّهُ لاَ مَاءَ، قُلْنَا: كَمْ بَيْنَ أَهْلِكِ وَبَيْنَ الْمَاءِ؟ قَالَتْ: يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، فَقُلْنَا: انْطَلِقِي إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: وَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَلَمْ نُمَلِّكْهَا مِنْ أَمْرِهَا حَتَّى اسْتَقْبَلْنَا بِهَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَحَدَّثَتْهُ بِمِثْلِ الَّذِي حَدَّثَتْنَا، غَيْرَ أَنَّهَا حَدَّثَتْهُ أَنَّهَا مُؤْتِمَةٌ، فَأَمَرَ بِمَزَادَتَيْهَا، فَمَسَحَ بِالْعَزْلاَوَيْنِ، فَشَرِبْنَا عِطَاشًا أَرْبَعُوْنَ رَجُلاً حَتَّى رَوِيْنَا، فَمَلَأْنَا كُلَّ قِرْبَةٍ مَعَنَا وَإِدَاوَةٍ، غَيْرَ أَنَّهُ لَمْ نَسْقِ بَعِيْرًا، وَهِيَ تَكَادُ تَنِضُّ مِنَ الْمِلْءِ، ثُمَّ قَالَ: " هَاتُوْا مَا عِنْدَكُمْ" فَجُمِعَ لَهَا مِنَ الْكِسَرِ وَالتَّمْرِ، حَتَّى أَتَتْ أَهْلَهَا فَقَالَتْ: لَقِيْتُ أَسْحَرَ النَّاسِ، أَوْ هُوَ نَبِيٌّ كَمَا زَعَمُوْا، فَهَدَى اللّٰهُ ذَاكَ الصِّرْمَ بِتِلْكَ الْمَرْأَةِ فَأَسْلَمَتْ وَأَسْلَمُوْا [راجع: ۳٤٤]

لغات: اَدْلَجُوْا لَيْلَتَهُمْ: رات کے شروع حصہ میں چلتے رہے، أَدْلَجَ الْقَوم: إِذَا سَارُوْا فِي أَوَّلِ اللَّيْلِ.......... التَّعْرِيْس: رات کے آخر میں آرام کے لئے اترنا.......... سَادِلَةٍ رِجْلَيْهَا بَيْنَ مَزَادَتَيْنِ: اپنے پیر دو پکھالوں کے درمیان لٹکائے ہوئے بیٹھی تھی، سَدَلَ ثَوْبَهُ: لٹکانا، المَزَادَة: الراوية: پکھال جو مشک سے بڑی ہوتی ہے.......... مؤتمة: (تاء کا زبر اور زیر) یتیم بچوں والی یعنی بیوہ.......... العزلاوین: عزلاء کا تثنیہ: پکھال کا نیچے کا منہ.......... تَنَضُّ من المِلئِ: بھرے ہوئے ہونے کی وجہ سے رس رہی تھی.......... نَضَّ الْماءُ: پانی کا تھوڑا تھوڑا رسنا..... الصِّرم: چھوٹا محلّہ، چھوٹا گاؤں، الگ تھلک رہنے والی جماعت۔

اس کے بعد چار حدیثیں ہیں: پہلی قتادہؒ کی، دوسری اسحاقؒ کی، تیسری حسن بصریؒ کی اور چوتھی حُمید طویلؒ کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایات ہیں، ان روایتوں میں دو باتوں میں اختلاف ہے: اول: یہ واقعہ مدینہ میں زوراء مقام میں پیش آیا (جس پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اذان دی جاتی تھی) یا یہ واقعہ سفر میں پیش آیا؟ دوم: وضو کرنے والوں کی تعداد کیا تھی؟ پہلی روایت میں تین سو ہے، دوسری میں ستر اور چوتھی میں اسّی، پس ایک رائے یہ ہے کہ یہ ایک ہی واقعہ ہے اور اختلاف واقعہ کے متعلقات کا ہے، لیکن بہتر یہ ہے کہ ان کو دو واقعے قرار دیا جائے، کیونکہ ابُونعیم کی روایت میں ہے: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم خَرَجَ إِلٰى قُبَاءٍ فَأُتِيَ مِنْ بَعْضِ بُيُوْتِهِمْ بِقَدَحٍ صَغِيْرٍ: (حاشیہ) معلوم ہوا کہ ایک مدینہ کا واقعہ ہے اور ایک قباء کا، اور وضو کرنے والوں کی تعداد کا اختلاف واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے اور حدیثیں چاروں پہلے آچکی ہیں اور مِخْضَب کے معنی ہیں: لگن.......... زُهَاء: تقریباً.......... من عند آخرهم: سبھی نے.......... مخارج: مخرج کی جمع: نکلنے کی جگہ یعنی کسی سفر میں.......... صَغُر الْمِخْضَبُ: برتن کی تلی تنگ تھی، اس لئے انگلیاں ملا کر رکھیں۔

[۳۵۷۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِإِنَاءٍ، وَهُوَ بِالزَّوْرَاءِ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ، فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ، قَالَ قَتَادَةُ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: ثَلاَثَ مِائَةٍ أَوْ زُهَاءَ ثَلاَثِ مِائَةٍ. [راجع: ١٦٩]

[۳۵۷۳-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَحَانَتْ صَلاَةُ الْعَصْرِ، فَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوْءَ فَلَمْ يَجِدُوْهُ، فَأُتِيَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِوَضُوْءٍ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ ذٰلِكَ الإِنَاءِ يَدَهُ، فَأَمَرَ النَّاسَ أَنْ يَتَوَضَّئُوا مِنْهُ، فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ تَحْتِ أَصَابِعِهِ فَتَوَضَّأَ النَّاسُ حَتّٰى تَوَضَّئُوا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ. [راجع: ١٦٩]

[۳۵۷٤-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا حَزْمٌ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ،

قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي بَعْضِ مَخَارِجِهِ، وَمَعَهُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَانْطَلَقُوْا يَسِيْرُوْنَ فَحَضَرَتِ الصَّلاَ ةُ، وَلَمْ يَجِدُوْا مَاءً يَتَوَضَّؤُنَ، فَانطَلَقَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَجَاءَ بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ يَسِيْرٍ، فَأَخَذَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ مَدَّ أَصَابِعَهُ الْأَرْبَعَ عَلَى الْقَدَحِ، ثُمَّ قَالَ: "قُوْمُوْا فَتَوَضَّؤُا" فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ حَتَّى بَلَغُوْا فِيْمَا يُرِيْدُوْنَ مِنَ الْوُضُوْءِ، وَكَانُوْا سَبْعِيْنَ أَوْ نَحْوَهُ.[راجع: ١٦٩]

[٣٥٧٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ يَزِيْدَ، أَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: حَضَرَتِ الصَّلاَ ةُ فَقَامَ مَنْ كَانَ قَرِيْبَ الدَّارِ مِنَ الْمَسْجِدِ يَتَوَضَّأُ، وَبَقِيَ قَوْمٌ. فَأُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِمِخْضَبٍ مِنْ حِجَارَةٍ فِيْهِ مَاءٌ، فَوَضَعَ كَفَّهُ فَصَغُرَ الْمِخْضَبُ أَنْ يَبْسُطَ فِيْهِ كَفَّهُ، فَضَمَّ أَصَابِعَهُ فَوَضَعَهَا فِي الْمِخْضَبِ، فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا. قُلْتُ: كَمْ كَانُوْا؟ قَالَ: ثَمَانُوْنَ رَجُلاً.[راجع: ١٦٩]

اس کے بعد حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جو صلح حدیبیہ کے موقع کی ہے، حدیبیہ کے میدان میں پانی کے چشموں پر غیروں نے قبضہ کرلیا تھا، جہاں مسلمان ٹھہرے تھے وہاں ایک چھوٹا سا کھڈا تھا، لوگ پیاسے ہوئے، نبی ﷺ کے پاس ایک چھاگل لایا گیا، آپؐ نے وضو فرمایا، پس لوگ چھاگل کی طرف دوڑے (تاکہ اس میں بچا ہوا پانی حاصل کریں) آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ لوگوں نے کہا: ہمارے پاس نہ وضو کے لئے پانی ہے نہ پینے کے لئے، بس یہی پانی ہے جو آپؐ کے پاس ہے، پس آپؐ نے چھاگل میں دست مبارک رکھا، پانی انگلیوں کے درمیان سے چشمے کی طرح پھوٹنے لگا، ہم سب نے پیا اور وضو کیا، راوی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ حضرات کتنے تھے؟ انھوں نے کہا: اگر ہم لاکھ ہوتے تب بھی پانی ہمارے لئے کافی ہوجاتا، ہم اس دن پندرہ سو تھے۔

دوسری حدیث حضرت براء رضی اللہ عنہ کی ہے، اس میں بھی حدیبیہ کا واقعہ ہے، حضرت براءؓ کہتے ہیں: ہم حدیبیہ میں چودہ سو تھے، اور حدیبیہ میں ایک کنواں تھا، پس ہم نے اس کا پانی کھینچ لیا، یہاں تک کہ اس میں ایک قطرہ بھی نہ رہا، نبی ﷺ کنویں کی مَن پر آئے اور پانی منگوایا، کلی کی اور کنویں میں ڈالی، ہم تھوڑی دیر ٹھہرے رہے، پھر ہم نے وہ پانی پیا، یہاں تک کہ ہم سب سیراب ہوگئے، اور ہم نے اپنی سواریوں کو سیراب کیا، یا کہا: سواریاں پانی پی کر لوٹیں۔

[٣٥٧٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: عَطِشَ النَّاسُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ، فَتَوَضَّأَ فَجَهِشَ النَّاسُ نَحْوَهُ، فَقَالَ: "مَالَكُمْ؟" قَالُوْا: لَيْسَ عِنْدَنَا مَاءٌ نَتَوَضَّأُ وَلاَ نَشْرَبُ إِلاَّ مَا بَيْنَ يَدَيْكَ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِي الرَّكْوَةِ، فَجَعَلَ الْمَاءُ يَثُوْرُ بَيْنَ أَصَابِعِهِ كَأَمْثَالِ الْعُيُوْنِ، فَشَرِبْنَا وَتَوَضَّأْنَا، قُلْتُ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: لَوْ كُنَّا مِائَةَ أَلْفٍ لَكَفَانَا، كُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً.

[انظر: ٤١٥٢، ٤١٥٣، ٤١٥٤، ٤٨٤٠، ٥٦٣٩]

[۳۵۷۷-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ، أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً، وَالْحُدِيْبِيَّةُ بِئْرٌ، فَنَزَحْنَاهَا حَتَّى لَمْ نَتْرُكْ فِيْهَا قَطْرَةً، فَجَلَسَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى شَفِيْرِ الْبِئْرِ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَمَضْمَضَ وَمَجَّ فِی الْبِئْرِ، فَمَكَثْنَا غَيْرَ بَعِيْدٍ، ثُمَّ اسْتَقَيْنَا حَتَّى رَوِيْنَا وَرَوَتْ أَوْ: صَدَرَتْ رِكَابُنَا. [انظر: ۴۱۵۰، ۴۱۵۱]

۲-کھانے میں برکت

ایک مرتبہ نبی ﷺ مسجدِ نبوی میں تشریف فرما تھے، آپؐ کا کئی دن کا فاقہ تھا، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کے سوتیلے والد ہیں، آپؐ کی آواز سے آپؐ کا فاقہ محسوس کیا، وہ گھر گئے اور اپنی اہلیہ ام سُلیم رضی اللہ عنہا سے پوچھا: گھر میں کھانے کے لئے کچھ ہے؟ میں نے آنحضور ﷺ کی آواز سے محسوس کیا ہے کہ آپؐ کا فاقہ ہے، حضرت ام سُلیمؓ نے رات کی چند باسی روٹیاں نکالیں اور ان کو اوڑھنی میں لپیٹا، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بغل میں دبایا اور باقی کپڑا ان کے گلے میں لپیٹ دیا تاکہ روٹیاں گرا نہ دیں، وہ آنحضور ﷺ کے پاس آ کر کھڑے ہوئے، آپؐ نے پوچھا: کھانا لائے ہو؟ انسؓ نے جواب دیا: جی ہاں، آپؐ نے حاضرین سے فرمایا: چلو، ابوطلحہؓ کی دعوت ہے اور آپؐ نے حضرت انسؓ سے فرمایا: گھر پہنچ کر ہمارے آنے کی اطلاع دو، جب حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے سنا کہ آنحضور ﷺ کئی لوگوں کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں تو ان کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی، انھوں نے ام سُلیمؓ سے کہا: اب کیا ہوگا، ہمارے پاس اتنا کھانا نہیں کہ ہم سب کو کھلا سکیں، ام سُلیم نے کہا: اللہ اور اس کے رسول جانیں، ہم نے سب کو دعوت نہیں دی، آپؐ نے دعوت دی ہے، آنحضور ﷺ تشریف لائے اور آپؐ نے روٹیاں چورنے کا حکم دیا، روٹیاں ایک پیالہ میں توڑی گئیں پھر اس میں گھی ڈالا گیا، پھر اس کو خوب مل دیا تو ملیدہ تیار ہو گیا، پھر آپؐ نے اس میں دعا فرمائی اور کچھ پڑھ کر دم کیا، اور ابوطلحہؓ سے کہا: دس دس آدمیوں کو بلاؤ، گھر میں اتنے ہی آدمیوں کے بیٹھنے کی گنجائش ہوگی، چنانچہ لوگ آتے رہے اور سب نے شکم سیر ہو کر کھا لیا، کل ستر یا اسّی آدمی تھے، پھر آنحضور ﷺ نے نوش فرمایا اور گھر والوں نے بھی کھایا اور جو بچ گیا وہ تقسیم کیا گیا۔

[۳۵۷۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ لِأُمِّ سُلَيْمٍ: لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَعِيْفًا، أَعْرِفُ فِيْهِ الْجُوْعَ، فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ؟ فَقَالَتْ: نَعَمْ، فَأَخْرَجَتْ أَقْرَاصًا مِنْ شَعِيْرٍ، ثُمَّ أَخْرَجَتْ خِمَارًا لَهَا، فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ دَسَّتْهُ تَحْتَ يَدِیْ، وَلَاثَتْنِیْ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ أَرْسَلَتْنِیْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَذَهَبْتُ بِهِ، فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِی الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ، فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه ولم: "أَرْسَلَكَ أَبُوْ طَلْحَةَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ،

قَالَ:" بِطَعَامٍ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِمَنْ مَعَهُ:" قُوْمُوْا" فَانْطَلَقُوْا وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ حَتَّى جِئْتُ أَبَا طَلْحَةَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ! قَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالنَّاسِ، وَلَيْسَ عِنْدَنَا مَا نُطْعِمُهُمْ؟ فَقَالَتْ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! فَانْطَلَقَ أَبُوْ طَلْحَةَ حَتَّى لَقِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ طَلْحَةَ مَعَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" هَلُمِّيْ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ مَا عِنْدَكِ" فَأَتَتْ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ، فَأَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَفُتَّ، وَعَصَرَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ عُكَّةً فَأَدَمَتْهُ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْهِ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ قَالَ:" إِئْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ، فَأَكَلُوْا حَتَّى شَبِعُوْا ثُمَّ خَرَجُوْا، ثُمَّ قَالَ: "ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ فَأَكَلُوْا حَتَّى شَبِعُوْا ثُمَّ خَرَجُوْا، ثُمَّ قَالَ:" ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ فَأَكَلُوْا حَتَّى شَبِعُوْا ثُمَّ خَرَجُوْا، ثُمَّ قَالَ:" ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوْا، وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ أَوْ ثَمَانُوْنَ رَجُلاً. [راجع: ٤٢٢]

۳-پانی میں برکت اور معجزات میں انذار کے ساتھ تبشیر بھی ہوتی ہے

سورۃ الاسراء آیت ۵۹ میں ہے:﴿وَمَا نُرْسِلُ بِالْآيَاتِ إِلَّا تَخْوِيْفًا﴾: اور ہم معجزات صرف ڈرانے کے لئے بھیجا کرتے ہیں، یہ حصر کفار کے اعتبار سے ہے، ان کے حق میں مخصوص معجزات تخویف ہی ہوتے ہیں اور مؤمنین کے حق میں تبشیر کا پہلو بھی ہوتا ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم قدرتی نشانیوں کو برکت شمار کیا کرتے تھے اور تم ان کو ڈراوا شمار کرتے ہو، یعنی تم نے آیات کا ایک ہی پہلو لے لیا، آیات میں تبشیر کا پہلو بھی ہوتا ہے، ہم ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پانی نہیں رہا تو آپؐ نے فرمایا: تھوڑا سا پانی تلاش کرو، لوگ ایک برتن لائے جس میں تھوڑا سا پانی تھا، آپؐ نے اس میں ہاتھ رکھا، اور فرمایا: آؤ! بابرکت پانی کی طرف، اور اللہ کی برکت سے فائدہ اٹھاؤ، ابن مسعودؓ کہتے ہیں: میں نے دیکھا پانی نبی ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے پھوٹ رہا تھا۔ (دوسرا معجزہ) اور بخدا واقعہ یہ ہے کہ ہم کھانے کی تسبیح سنا کرتے تھے درانحالیکہ وہ کھایا جارہا ہوتا تھا۔

[۳۵۷۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا نَعُدُّ الآيَاتِ بَرَكَةً وَأَنْتُمْ تَعُدُّوْنَهَا تَخْوِيْفًا، كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ فَقَلَّ الْمَاءُ، فَقَالَ:" اطْلُبُوْا فَضْلَةً مِنْ مَاءٍ"فَجَاؤُا بِإِنَاءٍ فِيْهِ مَاءٌ قَلِيْلٌ، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ، ثُمَّ قَالَ:" حَيَّ عَلَى الطَّهُوْرِ الْمُبَارَكِ، وَالْبَرَكَةِ مِنَ اللّٰهِ" فَلَقَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَقَدْ كُنَّا نَسْمَعُ تَسْبِيْحَ الطَّعَامِ وَهُوَ يُؤْكَلُ.

۴-غلّہ میں برکت

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کے والد ماجد جنگ احد میں شہید ہوئے، ان کے ذمہ یہود کا قرضہ تھا، جب باغ پھلا تو اس میں قرضہ کی بھرپائی نہیں تھی، جابرؓ نے حضور ﷺ سے سفارش کروائی، مگر یہود نہیں مانے، نبی ﷺ تشریف لے گئے اور کھجوروں کی ڈھیری کے گرد گھومے، پھر فرمایا: قرض خواہوں کو بلا کر قرضہ چکاؤ، چنانچہ سارا قرضہ چکانے کے بعد بھی اتنا بچا جتنا دیا تھا، یہ حدیث پہلے بار بار گذری ہے۔

[۳۵۸۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا زَكَرِيَّا، ثَنِيْ عَامِرٌ، ثَنِيْ جَابِرٌ، أَنَّ أَبَاهُ تُوُفِّيَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: إِنَّ أَبِيْ تَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا، وَلَيْسَ عِنْدِيْ إِلَّا مَا يُخْرِجُ نَخْلُهُ، وَلَا يَبْلُغُ مَا يُخْرِجُ سِنِيْنَ مَا عَلَيْهِ، فَانْطَلِقْ مَعِي لِكَيْ لَا يُفْحِشَ عَلَيَّ الْغُرَمَاءُ، فَمَشَى حَوْلَ بَيْدَرٍ مِنْ بَيَادِرِ التَّمْرِ، فَدَعَا، ثُمَّ آخَرَ، ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: "انْزِعُوْهُ" فَأَوْفَاهُمُ الَّذِيْ لَهُمْ، وَبَقِيَ مِثْلُ مَا أَعْطَاهُمْ. [راجع: ۲۱۲۷]

۵-برکت ہی برکت

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: اصحاب صفہ نادار اور غریب لوگ تھے، ان کے پاس کھانے پینے کے لئے کچھ نہیں تھا، صحابہ حسب گنجائش ان کو اپنے ساتھ لے جاتے تھے اور کھانا کھلاتے تھے، ایک دن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تین طالب علموں کو شام کے وقت کھانے کے لئے گھر بھیج دیا، اور آنحضور ﷺ دس آدمیوں کو ساتھ لے گئے، اتفاق سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کوئی ضرورت پیش آئی اور وہ نبی ﷺ کے پاس رک گئے، آپؓ نے نبی ﷺ کے ساتھ کھانا کھایا، حضرت عبدالرحمٰنؓ نے طلبہ کے سامنے کھانا پیش کیا، مگر انھوں نے انکار کیا اور کہا: ہم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کھائیں گے، حضرت عبدالرحمٰنؓ نے اصرار بھی کیا، مگر مہمانوں نے نہیں مانا، حضرت ابوبکرؓ دیر سے گھر پہنچے: دیکھا مہمان انتظار میں ہیں، انھوں نے کھانا نہیں کھایا، حضرت بہت بگڑے، بیوی صاحبہ ام رومان رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: ہم نے بہت اصرار کیا مگر وہ مُصر رہے کہ آپ کے ساتھ کھائیں گے، حضرت عبدالرحمٰنؓ ڈر کے مارے دُبک گئے، آپؓ نے ان کو آواز دی: او کمینے! کہاں ہے باہر نکل، اور خوب برا بھلا کہا، پھر مہمانوں کے سامنے کھانا پیش کیا اور قسم کھائی کہ میں نہیں کھاؤں گا، مہمانوں نے بھی قسم کھائی کہ ہم بھی آپؓ کے بغیر نہیں کھائیں گے، چنانچہ آپؓ نے قسم توڑ دی اور کھانا کھانے لگے تو کھانا بڑھنے لگا، جتنا کھاتے تھے کھانا اس سے زیادہ بڑھ جاتا تھا، حضرت نے اہلیہ سے فرمایا: دیکھ نہیں رہی جتنا کھاتے ہیں کھانا اس سے زیادہ بڑھ جاتا ہے، اہلیہ نے کہا: جی ہاں کھانا بڑھ رہا ہے، اب تگنا ہو گیا ہے، جب سب کھا چکے تو ایک کٹورہ میں وہ کھانا خدمتِ نبوی میں بھیجا گیا، چونکہ آپؐ اور گھر والے کھانا کھا چکے تھے، اس لئے وہ کھانا رکھا رہا، اگلے دن ایک قبیلہ کے

ساتھ میعادی معاہدہ تھا، معاہدہ کی تجدید کے لئے ان کا وفد آیا ہوا تھا وہ ستر آدمی تھے، سب نے اس پیالہ سے کھایا، اور شکم سیر ہو کر کھایا، پھر بھی کھانا بچ گیا۔

تشریح: پہلی مرتبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے یہاں کھانا بڑھا، یہ کرامت تھی اور کرامت نبی کا معجزہ ہوتی ہے، اس طرح حدیث باب سے منطبق ہوگئی، یا یہ کہیں کہ پہلی مرتبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے یہاں کھانا بڑھا پھر دوسری مرتبہ نبی ﷺ کے گھر بڑھا اور اتنا بڑھا کہ ستر آدمیوں نے کھالیا، یہ معجزہ ہے۔

[۳۵۸۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، ثَنَا أَبُوْ عُثْمَانَ، أَنَّـهُ حَدَّثَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ أَبِيْ بَكْرٍ: أَنَّ أَصْحَابَ الصُّفَّةِ كَانُوْا أُنَاسًا فُقَرَاءَ، وَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ مَرَّةً: "مَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَعَامُ اثْنَيْنِ فَلْيَذْهَبْ بِثَالِثٍ، وَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَعَامُ أَرْبَعَةٍ فَلْيَذْهَبْ بِخَامِسٍ أَوْ بِسَادِسٍ" أَوْ كَمَا قَالَ. وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ جَاءَ بِثَلاثَةٍ، وَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِعَشَرَةٍ وَأَبُوْ بَكْرٍ ثَلاَ ثَةً، قَالَ: فَهُوَ أَنَا وَأَبِيْ وَأُمِّيْ، وَلاَ أَدْرِيْ هَلْ قَالَ: امْرَأَتِيْ وَخَادِمِيْ بَيْنَ بَيْتِنَا وَبَيْنَ بَيْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ تَعَشَّى عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ لَبِثَ حَتَّى صَلَّى الْعِشَاءَ، ثُمَّ رَجَعَ فَلَبِثَ حَتَّى تَعَشَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَجَاءَ بَعْدَمَا مَضَى مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللّٰهُ، قَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ: مَا حَبَسَكَ مِنْ أَضْيَافِكَ أَوْ: ضَيْفِكَ؟ قَالَ: أَوَ عَشَّيْتِهِمْ؟ قَالَتْ: أَبَوْا حَتَّى تَجِيْءَ، قَدْ عَرَضُوْا عَلَيْهِمْ فَغَلَبُوْهُمْ، قَالَ: فَذَهَبْتُ فَاخْتَبَأْتُ فَقَالَ: يَا غُنْثَرُ! فَجَدَّعَ وَسَبَّ، وَقَالَ: كُلُوْا، وَقَالَ: لاَ أَطْعَمُهُ أَبَدًا. قَالَ: وَأَيْمُ اللّٰهِ مَا كُنَّا نَأْخُذُ مِنَ اللُّقْمَةِ إِلاَّ رَبَا مِنْ أَسْفَلِهَا أَكْثَرُ مِنْهَا حَتَّى شَبِعُوْا، وَصَارَتْ أَكْثَرَ مِمَّا كَانَتْ قَبْلُ، فَنَظَرَ أَبُوْ بَكْرٍ فَإِذَا شَيْئٌ أَوْ أَكْثَرُ، فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ: يَا أُخْتَ بَنِيْ فِرَاسٍ، قَالَتْ: لاَ وَقُرَّةِ عَيْنِيْ، لَهِيَ الآنَ أَكْثَرُ مِمَّا قَبْلُ بِثَلاَثِ مِرَارٍ، فَأَكَلَ مِنْهَا أَبُوْ بَكْرٍ وَقَالَ: إِنَّمَا كَانَ الشَّيْطَانُ، يَعْنِيْ يَمِيْنَهُ، ثُمَّ أَكَلَ مِنْهَا لُقْمَةً، ثُمَّ حَمَلَهَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَصْبَحَتْ عِنْدَهُ وَكَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمٍ عَهْدٌ، فَمَضَى الأَجَلُ، فَتَعَرَّفْنَا اثْنَا عَشَرَ رَجُلاً، مَعَ كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ أُنَاسٌ، اللّٰهُ أَعْلَمُ كَمْ مَعَ كُلِّ رَجُلٍ، غَيْرَ أَنَّـهُ بَعَثَ مَعَهُمْ قَالَ: أَكَلُوْا مِنْهَا أَجْمَعُوْنَ، أَوْ كَمَا قَالَ. [راجع: ۶۰۲]

قوله: وأبوبكر ثلاثةً: مسلم شریف (حدیث ۲۰۵۷) میں وأبوبکر بثلاثۃ ہے.........فَتَعَرَّفْنَا: ہم ترجمان (عریف) بنے، عبدالرحمٰن نے ان کے گروپ بنائے۔

۶- دعائے نبوی سے بارش شروع بھی ہوئی اور بند بھی ہوئی

نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگوں کو قحط سالی پہنچی، ایک جمعہ میں آپؐ خطبہ دے رہے تھے، ایک بدّو کھڑا ہوا اور اس نے

عرض کیا: یارسول اللہ! مال ہلاک ہوگیا، اور بچے بھوک کا شکار ہوگئے، آپؐ بارش کے لئے دعا فرمائیں، آپؐ نے خطبہ میں دعا کی، فوراً بادل امنڈ آئے اور لوگ بھیگتے ہوئے گھر لوٹے، پھر پورا ہفتہ بارش ہوتی رہی، اگلے جمعہ میں خطبہ کے دوران ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! مکانات گر گئے اور مال ڈوب گیا، آپؐ ہمارے لئے دعا فرمائیں، آپؐ نے ہاتھ اٹھائے اور فرمایا: ''اے اللہ! ہمارے اردگرد برسے اور ہم پر نہ برسے'' آپ اپنی انگلی سے بادل کے جس کونہ کی طرف اشارہ کرتے ادھر سے بال کھل جاتا، اور مدینہ میں بارش رک گئی اور بادل گول پھٹ گیا، جیسے مدینہ نے تاج پہن رکھا ہو، یہ بارش کا ہونا اور رکنا دو معجزے ہیں اور حدیث پہلے کتاب الجمعة میں گذری ہے۔

[۳۵۸۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، وَعَنْ يُوْنُسَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَصَابَ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ قَحْطٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَبَيْنَا هُوَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِذْ قَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلَكَتِ الْكُرَاعُ، وَهَلَكَتِ الشَّاءُ، فَادْعُ اللّٰهَ يَسْقِيَنَا، فَمَدَّ يَدَيْهِ وَدَعَا، قَالَ أَنَسٌ: وَإِنَّ السَّمَاءَ كَمِثْلِ الزُّجَاجَةِ، فَهَاجَتْ رِيْحٌ أَنْشَأَتْ سَحَابًا ثُمَّ اجْتَمَعَ، ثُمَّ أَرْسَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِيَهَا، فَخَرَجْنَا نَخُوْضُ الْمَاءَ حَتَّى أَتَيْنَا مَنَازِلَنَا، فَلَمْ نَزَلْ نُمْطَرُ إِلٰى الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى، فَقَامَ إِلَيْهِ ذٰلِكَ الرَّجُلُ أَوْ غَيْرُهُ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تَهَدَّمَتِ الْبُيُوْتُ فَادْعُ اللّٰهَ يَحْبِسْهُ، فَتَبَسَّمَ ثُمَّ قَالَ: ''حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا'' فَنَظَرْتُ إِلٰى السَّحَابِ تَصَدَّعَ حَوْلَ الْمَدِيْنَةِ كَأَنَّهُ إِكْلِيْلٌ. [راجع: ۹۳۲]

۷- کھجور کے خشک تنے کا فراقِ نبوی میں بلکنا

مسجدِ نبوی کھجور کے ایک باغ میں بنائی گئی تھی، درخت کٹوا دیئے اور تنوں کے ستون بنائے اور اس کے پتوں کا چھپر ڈالا، نبی ﷺ مسجدِ نبوی میں جب خطبہ دیتے تھے تو کھجور کے ایک تنے سے ٹیک لگا کر کھڑے ہوتے تھے، پھر جب منبر رکھا گیا اور آپؐ خطبہ دینے کے لئے منبر پر چڑھے تو وہ تنا بلکنے لگا، اس کی آواز سب حاضرین نے سنی، آنحضرت ﷺ منبر سے اترے اور تنے کے پاس تشریف لے گئے، اور اس کو سینہ سے لگایا تو اس نے رونا بند کیا، پھر وہ تنا اکھاڑ کر منبر کے نیچے دفن کیا گیا، خشک تنے کا بلکنا: آپؐ کا معجزہ ہے۔

[۳۵۸۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، أَنَا يَحْيَى بْنُ كَثِيْرٍ أَبُوْ غَسَّانَ، ثَنَا أَبُوْ حَفْصٍ اسْمُهُ عُمَرُ بْنُ الْعَلَاءِ أَخُوْ أَبِيْ عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ نَافِعًا عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ إِلٰى جِذْعٍ، فَلَمَّا اتُّخِذَ الْمِنبَرُ تَحَوَّلَ إِلَيْهِ، فَحَنَّ الْجِذْعُ فَأَتَاهُ فَمَسَحَ يَدَهُ عَلَيْهِ، وَقَالَ عَبْدُ الْحَمِيْدِ: أَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ: أَنَا مُعَاذُ بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ نَافِعٍ بِهٰذَا، وَرَوَاهُ أَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ أَبِيْ رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۵۸۴-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَيْمَنَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ يَقُوْمُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلٰى شَجَرَةٍ أَوْ: نَخْلَةٍ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، أَوْ: رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا نَجْعَلُ لَكَ مِنْبَرًا؟ قَالَ: "إِنْ شِئْتُمْ" فَجَعَلُوْا لَهُ مِنْبَرًا، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ دُفِعَ إِلَى الْمِنْبَرِ، فَصَاحَتِ النَّخْلَةُ صِيَاحَ الصَّبِیِّ، ثُمَّ نَزَلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فَضَمَّهَا إِلَيْهِ، تَئِنُّ أَنِيْنَ الصَّبِیِّ الَّذِیْ يُسَكَّنُ، قَالَ: "كَانَتْ تَبْكِیْ عَلٰى مَا كَانَتْ تَسْمَعُ مِنَ الذِّكْرِ عِنْدَهَا"[راجع: ٤٤٩]

[۳۵۸۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، ثَنِیْ أَخِیْ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، أَخْبَرَنِیْ حَفْصُ ابْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: كَانَ الْمَسْجِدُ مَسْقُوْفًا عَلٰى جُذُوْعٍ مِنْ نَخْلٍ، فَكَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم إِذَا خَطَبَ يَقُوْمُ إِلٰى جِذْعٍ مِنْهَا، فَلَمَّا صُنِعَ لَهُ الْمِنْبَرُ، فَكَانَ عَلَيْهِ، فَسَمِعْنَا لِذٰلِكَ الْجِذْعِ صَوْتًا كَصَوْتِ الْعِشَارِ، حَتّٰى جَاءَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا فَسَكَنَتْ.[راجع: ٤٤٩]

وضاحت: پہلی حدیث کے راوی ابوحفص عمر بن العلاء مشہور قاری ابوعمرو بن العلاء کے بھائی ہیں، اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ اصح یہ ہے کہ ان کا نام عمر نہیں تھا معاذ تھا جیسا کہ دوسری سند میں ہے......... مَسَحَ يَدَهُ عليه: اس پر اپنا ہاتھ پھیرا...... حَنَّ الْجِذْعُ: تنا بلکنے لگا......... دُفع إلى الْمِنْبَرِ: منبر کی طرف دھکا دیئے گئے، یعنی منبر پر جا کر خطبہ دینا شروع کیا........ تَئِنُّ أَنِيْنَ الصَّبِیِّ الَّذِیْ يُسَكَّن: أَنَّ يَإِنُّ أَنًّا وَأَنِيْنًا: ایں ایں کرنا، تنا اس بچہ کی طرح ایں ایں کرنے لگا جس کو تھپکی دی جاتی ہے، سلایا جاتا ہے......... قوله: فَكَانَ عَلَيْهِ: یعنی آپ منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دینے لگے......... العِشَار: عُشَرَاءُ کی جمع ہے: دس مہینہ کی گابھن اونٹنی جو بیانے کی قریب ہوتی ہے اور بلکتی ہے، اس طرح کی آواز تنے سے نکلنے لگی۔

۸-ملکی اور سیاسی فتنہ کی پیشین گوئی

پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۳۸۴ میں) حدیث تفصیل سے گذری ہے، نبی ﷺ نے اس فتنہ کی پیشین گوئی فرمائی جو سمندر کی طرح ٹھاٹھیں مارتا ہوا آئے گا، یعنی حکومت کا نظام بگڑ جائے گا اور لوگ ناحق حکومت کی حرص کریں گے، اور یہ فتنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد شروع ہوگا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد فتنوں کا جو تانتا بندھا وہ تاریخ کا ہر طالب علم جانتا ہے، اس دن سے فتنے رکنے کا نام نہیں لیتے، اور قیامت تک رکیں گے بھی نہیں، کیونکہ دروازہ توڑ دیا گیا، پس فتنوں پر بند لگانے کی کوئی صورت نہیں۔

[۳۵۸۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ حَدِيْثَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِی الْفِتْنَةِ، ح: وَحَدَّثَنِیْ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا

مُحَمَّدٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ يُحَدِّثُ عَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِي الْفِتْنَةِ؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: أَنَا أَحْفَظُ كَمَا قَالَ، قَالَ: هَاتِ إِنَّكَ لَجَرِيْءٌ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَجَارِهِ تُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ" قَالَ: لَيْسَتْ هٰذِهِ، وَلٰكِنِ الَّتِي تَمُوْجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ، قَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! لَا بَأْسَ عَلَيْكَ مِنْهَا، إِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا، قَالَ: يُفْتَحُ الْبَابُ أَوْ يُكْسَرُ؟ قَالَ: لَا بَلْ يُكْسَرُ، قَالَ: ذٰلِكَ أَحْرَى أَنْ لَا يُغْلَقَ، قُلْنَا: عَلِمَ عُمَرُ الْبَابَ؟ قَالَ: نَعَمْ، كَمَا أَنَّ دُوْنَ غَدٍ اللَّيْلَةَ، إِنِّي حَدَّثْتُهُ حَدِيْثًا لَيْسَ بِالْأَغَالِيْطِ، فَهِبْنَا أَنْ نَسْأَلَهُ، وَأَمَرْنَا مَسْرُوْقًا فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: مَنِ الْبَابُ؟ فَقَالَ: عُمَرُ. [راجع: ۵۲۵]

۹- عجمیوں کے ساتھ جنگ کی پیشین گوئی

نبی ﷺ کے زمانہ میں عرب جزیرۃ العرب میں محدود تھے، عجمیوں تک ان کی حکومت پہنچے گی اس کا تصور بھی نہیں تھا، نبی ﷺ نے اس کی پیشین گوئی فرمائی، یہ آپؐ کا معجزہ ہے۔

[۳۵۸۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، ثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ، وَحَتَّى تُقَاتِلُوْا التُّرْكَ، صِغَارَ الْأَعْيُنِ، حُمْرَ الْوُجُوْهِ، ذُلْفَ الْأُنُوْفِ، كَأَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ"[راجع: ۲۹۲۸]

[۳۵۸۸-] "وَتَجِدُوْنَ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ أَشَدَّهُمْ كَرَاهِيَةً لِهٰذَا الْأَمْرِ حَتَّى يَقَعَ فِيْهِ، وَالنَّاسُ مُعَادِنُ: خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ"[راجع: ۳۴۹۳]

[۳۵۸۹-] "وَلَيَأْتِيَنَّ عَلٰى أَحَدِكُمْ زَمَانٌ، لَأَنْ يَرَانِي أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَكُوْنَ لَهُ مِثْلُ أَهْلِهِ وَمَالِهِ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ تم جنگ کرو ایسے لوگوں سے جن کے چپل: بال ہیں، یعنی قیامت سے پہلے ان کے ساتھ جنگ ضرور ہوگی، اور یہاں تک کہ جنگ کرو تم ترکوں سے، جن کی آنکھیں چھوٹی، چہرے سرخ اور ناک چپٹی ہوگی، گویا ان کے چہرے کوٹی ہوئی ڈھالیں ہیں، اور پاؤگے تم لوگوں میں بہترین اس شخص کو جو ان میں سب سے زیادہ ناپسند کرتا ہوگا اس معاملہ کو، یعنی حکومت کے بڑے عہدوں کو، یہاں تک کہ واقع ہو وہ اس میں یعنی عہدہ سر آپڑنے کے بعد ناگواری باقی نہیں رہنی چاہئے، اب پوری دلچسپی سے عہدہ کی ذمہ داری پوری کرنی چاہئے۔ تفصیل پہلے (حدیث ۳۴۹۳ میں) گذری ہے، اور لوگ کھانیں ہیں، جو ان میں زمانۂ جاہلیت میں بہتر تھا وہ زمانۂ اسلام میں بھی بہتر ہے (جبکہ وہ دین کی سمجھ حاصل کرے، اس کی تفصیل بھی پہلے آچکی ہے) اور بخدا! ضرور آئے گا تم میں سے ایک پر ایسا زمانہ

کہ وہ مجھے دیکھے یہ بات اس کو زیادہ پسند ہوگی، اس سے کہ ہو اس کے لئے اس کی فیملی اور اس کے مال کے مانند، یعنی گھر اور مال قربان کر کے میرا جلوہ دیکھ لے، یہ اس کو زیادہ پسند ہوگا۔

[۳۵۹۰-] حدثنا يَحْيىَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا خُوْزًا وَكِرْمَانَ مِنَ الْأَعَاجِمِ، حُمْرَ الْوُجُوْهِ، فُطْسَ الْأُنُوْفِ، صِغَارَ الْأَعْيُنِ، كَأَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ، نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ" تَابَعَهُ غَيْرُهُ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ.
[راجع: ۲۹۲۸]

[۳۵۹۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قَالَ إِسْمَاعِيْلُ: أَخْبَرَنِىْ قَيْسٌ قَالَ: أَتَيْنَا أَبَا هُرَيْرَةَ، فَقَالَ: صَحِبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَلَاثَ سِنِيْنَ لَمْ أَكُنْ فِىْ سِنِىَّ أَحْرَصَ عَلٰى أَنْ أَعِيَ الْحَدِيْثَ مِنِّىْ فِيْهِنَّ، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ، وَقَالَ هٰكَذَا بِيَدِهِ:" بَيْنَ يَدَىِ السَّاعَةِ تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ" وَهُوَ هٰذَا الْبَارِزُ، وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: وَهُمْ أَهْلُ الْبَارِزِ"[راجع: ۲۹۲۸]

[۳۵۹۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" بَيْنَ يَدَىِ السَّاعَةِ تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا يَنْتَعِلُوْنَ الشَّعْرَ، وَتُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا كَأَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ"[راجع: ۲۹۲۷]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ جنگ کرو تم عجمیوں کے شہروں میں سے خوز اور کرمان سے، جن کے چہرے سرخ، ناک چپٹی اور آنکھیں چھوٹی ہونگی، گویا ان کے چہرے تہہ بہ تہہ کوٹی ہوئی ڈھالیں ہیں، ان کے چپل: بال ہونگے، یہ حدیث یحییٰ کے علاوہ دیگر روات بھی عبدالرزاق سے روایت کرتے ہیں۔

حدیث (۲): قیس بن ابی حازم کہتے ہیں: ہم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر تھے، انھوں نے فرمایا: میں نے تین سال نبی ﷺ کی صحبت پائی ہے (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ۷ ہجری میں مسلمان ہوئے ہیں) نہیں تھا میں میرے ان سالوں میں زیادہ حریص اس بات کا کہ محفوظ کروں میں حدیث کو ان سالوں میں مجھ سے، یعنی ان تین سالوں میں میری سب سے بڑی خواہش نبی ﷺ کی حدیثیں یاد کرنے کی تھیں، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ تمہید اس لئے قائم کی ہے کہ اگلی بات جو وہ بیان کریں گے وہ ان کو خوب محفوظ ہے، میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے اور انھوں نے اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کیا (اشارہ کی کیفیت معلوم نہیں) کہ قیامت سے پہلے تم جنگ کرو گے ایسے لوگوں سے جن کے چپل بال ہونگے، اور وہ یہ کھلے ہوئے لوگ ہیں اور سفیان بن عیینہؒ نے کبھی کہا: أهلُ البارز: یعنی أهل بڑھایا، بارز کے معنی ہیں: کھلا، اور مراد عجمی لوگ ہیں ان سے تمہاری جنگ ہوگی۔

لغت: الْمُطْرَقَة: باب افعال اور الْمُطَرَّقَة: باب تفعیل: دونوں سے پڑھا جاسکتا ہے، کوٹا ہوا چمڑا، چمڑے کو تہہ بہ تہہ کر کے کوٹ کر ایک جان کر دیتے ہیں .... قوله: لم أَكُنْ فِي سِنِيَّ إلخ: مني: أحرص سے جڑے گا، مفضّل اور مفضّل علیہ: حضرت ابو ہریرہؓ ہیں، تین سالوں کے اعتبار سے مفضل ہیں اور باقی زندگی کے اعتبار سے مفضل علیہ ہیں۔

۱۰- یہود کے ساتھ جنگ کی پیشین گوئی

جب دجال کا زمانہ آئے گا تو یہود کے ساتھ سخت معرکہ پیش آئے گا جس میں یہود کو کہیں پناہ نہیں ملے گی، نبی ﷺ نے اس بات کی خبر دی ہے اور حدیث پہلے گذری ہے۔

[۳۵۹۳-] حدثنا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "تُقَاتِلُكُمُ الْيَهُوْدُ، فَتُسَلَّطُوْنَ عَلَيْهِمْ، حَتَّى يَقُوْلَ الْحَجَرُ: يَا مُسْلِمُ! هٰذَا يَهُوْدِيٌّ وَرَائِيْ فَاقْتُلْهُ" [راجع: ۲۵۲۹]

۱۱- صحابہ اور تابعین کی برکت سے فتح ہوگی

حدیث پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے خبر دی کہ ایسا زمانہ آئے گا جب مسلمان دشمن سے لوہا لیں گے، اور صحابہ اور تابعین کی برکت سے فتح ہوگی، اور جس طرح کرامت نبی کا معجزہ ہوتی ہے صحابہ اور تابعین کی برکت سے فتح نصیب ہونا بھی نبی ﷺ کی بعد الوفات برکت ہے، یہی معجزہ ہے۔

[۳۵۹۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَغْزُوْنَ، فَيُقَالُ لَهُمْ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَحِبَ الرَّسُوْلَ صلى الله عليه وسلم؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ يَغْزُوْنَ فَيُقَالُ لَهُمْ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَحِبَ مَنْ صَحِبَ الرَّسُوْلَ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ" [راجع: ۲۸۹۷]

۱۲- حالات بدلنے کی پیشین گوئی

نبی ﷺ نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کو اطلاع دی: (۱) اگر تمہاری حیات دراز ہوئی تو تم دیکھو گے کہ حیرۃ سے ایک ہودج نشیں عورت مکہ کا سفر کرے گی، اور کعبہ کا طواف کرے گی، اس کو اللہ کے علاوہ کسی کا ڈر نہیں ہوگا۔ (۲) اور اگر تمہاری حیات دراز ہوئی تو تم دیکھو گے کہ مسلمانوں کے لئے کسری کے خزانے فتح کئے گئے ہیں۔ (۳) اور اگر تمہاری حیات دراز ہوئی تو تم دیکھو گے کہ مال کی ریل پیل ہوگی اور اس کو قبول کرنے والا کوئی نہیں ہوگا۔ (۴) پھر آپؐ نے قیامت کی منظر کشی فرمائی، اور فرمایا کہ دوزخ سے بچو، چاہے کھجور کا ایک ٹکڑا خیرات کر کے ہو۔

حضرت عدیؓ کہتے ہیں: پہلی دو باتیں تو میں نے دیکھ لیں، حیرہ سے عورت مکہ تک تنہا بے خطر سفر کرتی ہے اور کسریٰ کے خزانے فتح کرنے والوں میں میں بھی تھا، اور تیسری بات ابھی میں نے نہیں دیکھی، تمہاری زندگی دراز ہوئی تو تم یہ بات بھی دیکھ لوگے۔

[۳۵۹۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَكَمِ، أَنَا النَّضْرُ، أَنَا إِسْرَائِيْلُ، أَنَا سَعْدٌ الطَّائِيُّ، أَنَا مُحِلُّ بْنُ خَلِيْفَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: بَيْنَا أَنَا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ أَتَاهُ رَجُلٌ فَشَكَا إِلَيْهِ الْفَاقَةَ، ثُمَّ أَتَاهُ آخَرُ فَشَكَا إِلَيْهِ قَطْعَ السَّبِيْلِ، فَقَالَ: " يَا عَدِيُّ! هَلْ رَأَيْتَ الْحِيْرَةَ؟" قُلْتُ: لَمْ أَرَهَا، وَقَدْ أُنْبِئْتُ عَنْهَا، قَالَ: " فَإِنْ طَالَتْ بِكَ حَيَاةٌ لَتَرَيَنَّ الظَّعِيْنَةَ تَرْتَحِلُ مِنَ الْحِيْرَةِ حَتَّى تَطُوْفَ بِالْكَعْبَةِ، لاَ تَخَافُ أَحَدًا إِلاَّ اللّٰهَ" قُلْتُ فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ نَفْسِيْ: فَأَيْنَ دُعَّارُ طَيِّئٍ الَّذِيْنَ قَدْ سَعَّرُوْا الْبِلاَدَ؟ "وَلَئِنْ طَالَتْ بِكَ حَيَاةٌ لَتُفْتَحَنَّ كُنُوْزُ كِسْرَى" قُلْتُ: كِسْرَى بْنُ هُرْمُزَ؟ قَالَ: " كِسْرَى بْنُ هُرْمُزَ" وَلَئِنْ طَالَتْ بِكَ حَيَاةٌ لَتَرَيَنَّ الرَّجُلَ يُخْرِجُ مِلْءَ كَفِّهِ مِنْ ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ يَطْلُبُ مَنْ يَقْبَلُهُ مِنْهُ فَلاَ يَجِدُ أَحَدًا يَقْبَلُهُ مِنْهُ، وَلَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ أَحَدُكُمْ يَوْمَ يَلْقَاهُ، وَلَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تَرْجُمَانٌ يُتَرْجِمُ لَهُ فَيَقُوْلَنَّ لَهُ: أَلَمْ أَبْعَثْ إِلَيْكَ رَسُوْلاً فَيُبَلِّغَكَ؟ فَيَقُوْلُ: بَلٰى، فَيَقُوْلُ: أَلَمْ أُعْطِكَ مَالاً وَوَلَدًا، وَأُفْضِلْ عَلَيْكَ؟ فَيَقُوْلُ: بَلٰى، فَيَنْظُرُ عَنْ يَمِيْنِهِ فَلاَ يَرَى إِلاَّ جَهَنَّمَ، وَيَنْظُرُ عَنْ يَسَارِهِ فَلاَ يَرَى إِلاَّ جَهَنَّمَ" قَالَ عَدِيٌّ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " اتَّقُوْا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، فَمَنْ لَمْ يَجِدْ شِقَّ تَمْرَةٍ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ" قَالَ عَدِيٌّ: فَرَأَيْتُ الظَّعِيْنَةَ تَرْتَحِلُ مِنَ الْحِيْرَةِ حَتَّى تَطُوْفَ بِالْكَعْبَةِ لاَ تَخَافُ إِلاَّ اللّٰهَ، وَكُنْتُ فِيْمَنِ افْتَتَحَ كُنُوْزَ كِسْرَى بْنِ هُرْمُزَ، وَلَئِنْ طَالَتْ بِكُمْ حَيَاةٌ لَتَرَوُنَّ مَاقَالَ النَّبِيُّ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم: " يُخْرِجُ مِلْءَ كَفِّهِ" [راجع: ۱٤۱۳]

حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، أَنَا سَعْدَانُ بْنُ بِشْرٍ، ثَنَا أَبُوْ مُجَاهِدٍ، ثَنَا مُحِلُّ بْنُ خَلِيْفَةَ، سَمِعْتُ عَدِيًّا كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

۱۳- پیش آنے والے احوال کی خبریں

(الف) امت دنیا حاصل کرنے میں ریس کرے گی

[۳۵۹٦-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ شُرَحْبِيْلٍ، ثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " خَرَجَ يَوْمًا فَصَلّٰى عَلٰى أَهْلِ أُحُدٍ صَلاَ تَهُ عَلَى الْمَيِّتِ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: " إِنِّيْ فَرَطُكُمْ، وَأَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لَأَنْظُرُ إِلٰى حَوْضِي الآنَ، وَإِنِّيْ قَدْ أُعْطِيْتُ

مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا أَخَافُ بَعْدِيْ أَنْ تُشْرِكُوْا، وَلٰكِنْ أَخَافُ أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا"
[راجع: ١٣٤٤]

وضاحت: وفات کے قریب نبی ﷺ صحابہ کولیکر میدانِ احد میں تشریف لے گئے اور شہداء کی (باقاعدہ) نمازِ جنازہ پڑھی، پھر واپس تشریف لائے، اور منبر سے خطاب فرمایا کہ میں تمہارا پیش رَو ہوں، اور میں تمہارے حق میں گواہی دوں گا، اور بخدا! میں اپنے حوض کو اس وقت دیکھ رہا ہوں، اور میں زمین کے خزانوں کی چابیاں دیا گیا ہوں، یعنی زمین کے خزانے امت کے ہاتھ آئیں گے، اور بخدا! میں اپنے بعد اس سے نہیں ڈرتا کہ تم شرک میں مبتلا ہوجاؤ گے، بلکہ میں اس سے ڈرتا ہوں کہ تم دنیا حاصل کرنے میں ایک دوسرے کی ریس کروگے۔

[٣٥٩٧-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُسَامَةَ، قَالَ: أَشْرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى أُطُمٍ مِنَ الآطَامِ فَقَالَ: " هَلْ تَرَوْنَ مَا أَرَى؟ إِنِّيْ أَرَى الْفِتَنَ تَقَعُ خِلَالَ بُيُوْتِكُمْ مَوَاقِعَ الْقَطْرِ"[راجع: ١٨٧٨]

(ب) فتنے بارش کی طرح برسیں گے

نبی ﷺ مدینہ کے ایک قلعہ پر چڑھے اور فرمایا: کیا تم وہ چیز دیکھتے ہو جو میں دیکھ رہا ہوں، میں فتنوں کو دیکھ رہا ہوں جو تمہارے گھروں کے درمیان گر رہے ہیں، بارش کے قطروں کی طرح۔

[٣٥٩٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِيْ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ، أَنَّ أُمَّ حَبِيْبَةَ بِنْتَ أَبِيْ سُفْيَانَ حَدَّثَتْهَا، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا فَزِعًا، يَقُوْلُ:" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلُ هٰذَا" وَحَلَّقَ بِأُصْبُعِهِ وَبِالَّتِيْ تَلِيْهَا، فَقَالَتْ زَيْنَبُ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ؟ قَالَ: "نَعَمْ، إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ"[راجع: ٣٣٤٦]

[٣٥٩٩-] وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَتْنِيْ هِنْدُ بِنْتُ الْحَارِثِ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ، قَالَ: اسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:"سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ وَمَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْفِتَنِ؟"[راجع: ١١٥]

(ج) فتنے اور خزانے ساتھ ساتھ

حضرت زینب رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ ان کے پاس گھبرائے ہوئے آئے، فرمایا: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں! عربوں کے لئے ہلاکت ہے اس برائی سے جو قریب آچکی ہے، آج یاجوج ماجوج کی دیوار سے اتنا کھول دیا گیا، اور آپ

نے اپنی انگلی سے اوراس کے پاس والی انگلی سے حلقہ بنایا، حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: کیا ہم ہلاک ہونگے درانحالیکہ ہم میں نیک لوگ ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، جب گندگی زیادہ ہوجائے گی (یہ آپؐ نے ایک خواب دیکھا تھا حقیقۃً دیوار کا کھلنا مراد نہیں)

[۳۶۰۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ الْمَاجِشُوْنَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ لِيْ: إِنِّيْ أَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَتَتَّخِذُهَا، فَأَصْلِحْهَا وَأَصْلِحْ رُعَاتَهَا، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ تَكُوْنُ الْغَنَمُ فِيْهِ خَيْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ، يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ، أَوْ: سَعَفَ الْجِبَالِ فِي مَوَاقِعِ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِيْنِهِ مِنَ الْفِتَنِ"[راجع: ۱۹]

(د) پرفتن زمانہ آرہا ہے

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے عبدالرحمٰن سے کہا: میں تجھے دیکھتا ہوں کہ تجھے بکریوں سے محبت ہے اور تو بکریاں پالتا ہے، پس بکریوں کو سنوار اور ان کی ناک صاف کر، کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: وہ زمانہ جلدی آرہا ہے کہ مسلمان کا بہترین مال وہ بکریاں ہونگی، جن کو وہ لئے ہوئے پھرے گا، پہاڑوں کی چوٹیوں پر، اور بارش کی جگہوں میں وہ اپنا دین لے کر فتنوں سے بھاگے گا (حدیث کی شرح تحفۃ القاری ۱: ۲۲۶ میں ہے)

[۳۶۰۱-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ الْأُوَيْسِيُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سَتَكُوْنُ فِتَنٌ: الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِيْ، وَالْمَاشِيْ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِيْ، مَنْ تُشْرِفْ لَهَا يَسْتَشْرِفْهُ، وَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً أَوْ: مَعَاذًا فَلْيَعُذْ بِهِ"[انظر: ۷۰۸۱، ۷۰۸۲]

[۳۶۰۲-] وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُطِيْعِ ابْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ نَوْفَلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ مِثْلَ حَدِيْثِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰذَا، إِلَّا أَنَّ أَبَا بَكْرٍ يَزِيْدُ: " مِنَ الصَّلَاةِ صَلَاةٌ مَنْ فَاتَتْهُ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ"

(ھ) فتنوں سے جو جتنا دور رہے گا وہ بہتر ہوگا

نبی ﷺ نے فرمایا: عنقریب (بڑے بڑے) فتنے ہونگے، اس وقت جو بیٹھا ہوا ہوگا وہ کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا (کیونکہ کھڑا ہوا دور تک فتنے دیکھے گا اور بیٹھے ہوئے کو اتنے فتنے نظر نہیں آئیں گے) اور اس زمانہ میں کھڑا ہوا

(فتنوں کی طرف) چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور اس زمانہ میں (فتنوں کی طرف) چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا اور جو شخص فتنوں کی طرف جھانکے گا فتنہ اس کو اپنی زد میں لے لیگا، اور جو شخص کوئی جائے پناہ پائے تو چاہئے کہ وہ اس کے ساتھ چپک جائے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہی حدیث ایک اور سند سے بھی مروی ہے، اس میں ابو بکر بن عبد الرحمٰنؒ یہ مضمون بڑھاتے ہیں: ''نمازوں میں سے ایک نماز ہے جس کے ہاتھ سے وہ نکل گئی تو گویا اس کی فیملی اور اس کے مال پر آفت آن پڑی، یعنی دونوں تباہ ہوگئے (یہ عصر کی نماز ہے، اور حدیث کی شرح تحفۃ ۲:۴۱۲ میں ہے)

لغت: تَشَرَّفَ لِلشَّئِ: نظر اٹھا کر دیکھنا، اور أَشْرَفَ عَلَيْهِ: اوپر سے دیکھنا، مَن متضمن معنی شرط ہے، اس لئے تُشْرِفْ (بابِ افعال سے) مجزوم ہے، اور اسْتَشْرَفَ لِلشَّئِ کے معنی ہیں: کسی چیز کا نشانہ بننا، زد میں آنا۔

[۳۶۰۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' سَتَكُوْنُ أَثَرَةٌ وَأُمُوْرٌ تُنْكِرُوْنَهَا'' قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ! فَمَاتَأْمُرُنَا؟ قَالَ: '' تُؤَدُّوْنَ الْحَقَّ الَّذِيْ عَلَيْكُمْ، وَتَسْأَلُوْنَ اللهَ الَّذِيْ لَكُمْ''[انظر: ۷۰۵۲]

(و) ترجیح اور ناگوار باتیں پیش آئی گی

نبی ﷺ نے فرمایا: عنقریب ترجیح اور ایسی باتیں پیش آئیں گی جن کو تم اوپرا سمجھوگے، لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! (اس وقت) آپؐ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: وہ حق ادا کرنا جو تمہارے ذمہ ہے، اور اللہ سے وہ حق مانگنا جو تمہارے لئے ہے۔

لغت: أَثَرَة (بفتحتین) اور اُثْرۃ (ہمزہ کا پیش اور ثا کا سکون) ترجیح، جو مال مشترک ہے اس کے ساتھ کسی کا خاص ہوجانا، یا کسی کو خاص کردینا، اقرباء پروری، جب ایسا زمانہ آئے تو امیر سے بغاوت نہ کرنا، اس کا حکم سننا اور ماننا، اور جو تمہاری حق تلفی ہورہی ہے اس کو اللہ کے حوالے کرنا، اس کا بدلہ تمہیں اللہ کے یہاں ملے گا۔

[۳۶۰۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، ثَنَا أَبُوْ مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''يُهْلِكُ النَّاسَ هٰذَا الْحَيُّ مِنْ قُرَيْشٍ'' قَالُوْا: فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: '' لَوْ أَنَّ النَّاسَ اعْتَزَلُوْهُمْ'' وَقَالَ مَحْمُوْدٌ: ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ: أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ: سَمِعْتُ أَبَا زُرْعَةَ.[انظر: ۳۶۰۵، ۷۰۵۸]

[۳۶۰۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَكِّيُّ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ مَرْوَانَ وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، فَسَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الصَّادِقَ الْمَصْدُوْقَ صلى الله عليه

وسلم يَقُوْلُ:'' هَلاَكُ أُمَّتِيْ عَلٰى يَدَيْ غِلْمَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ'' فَقَالَ مَرْوَانُ: غِلْمَةٌ؟ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: إِنْ شِئْتَ أَنْ أُسَمِّيَهُمْ: بَنِيْ فُلاَنٍ، وَبَنِيْ فُلاَنٍ.[راجع: ٣٦٠٤]

(ز) قریش کے جوان امت کو تباہ کریں گے

نبی ﷺ نے فرمایا: قریش کا یہ قبیلہ لوگوں کو تباہ کرے گا (یہ قبیلہ: شاید بنوامیہ) لوگوں نے پوچھا: آپؐ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کاش لوگ ان سے جدا ہوجائیں!

دوسری حدیث میں ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے صادق ومصدوق ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت کی تباہی قریش کے جوانوں کے ہاتھوں ہوگی، مروان نے کہا: جوانوں کے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر میں چاہوں تو ان کو نامزد کردوں کہ فلاں کا بیٹا اور فلاں کا بیٹا!

تشریح: مروان مدینہ کا گورنر تھا، جوان اور بنوامیہ کے خاندان سے تھا، اس نے محسوس کیا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس پر چوٹ کررہے ہیں، اس لئے اس نے کہا: جوانوں؟ حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا: جی ہاں، جوانوں! اور اگر آپ چاہیں تو میں اس کا نام اور اس کے باپ کا نام بتادوں، مروان چپکا ہوگیا، چور کی ڈاڑھی میں تنکا!

[٣٦٠٦-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، ثَنَا الْوَلِيْدُ، ثَنِيْ ابْنُ جَابِرٍ، ثَنِيْ بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثَنِيْ أَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلاَنِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ يَقُوْلُ: كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ، مَخَافَةَ أَنْ يُدْرِكَنِيْ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا كُنَّا فِي جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ فَجَاءَ نَا اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ:'' نَعَمْ'' قُلْتُ: وَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ:'' نَعَمْ، وَفِيْهِ دَخَنٌ'' قُلْتُ: وَمَا دَخَنُهُ؟ قَالَ:'' قَوْمٌ يَهْدُوْنَ بِغَيْرِ هَدْيِيْ تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ'' قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ:'' نَعَمْ، دُعَاةٌ عَلٰى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ، مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوْهُ فِيْهَا'' قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! صِفْهُمْ لَنَا؟ فَقَالَ:'' هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا، وَيَتَكَلَّمُوْنَ بِأَلْسِنَتِنَا'' قُلْتُ: فَمَا تَأْمُرُنِيْ إِنْ أَدْرَكَنِيْ ذٰلِكَ؟ قَالَ:'' تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَإِمَامَهُمْ'' قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلاَ إِمَامٌ؟ قَالَ:'' فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا، وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ بِأَصْلِ شَجَرَةٍ حَتَّى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَأَنْتَ عَلٰى ذٰلِكَ!''[انظر: ٣٦٠٧، ٧٠٨٤]

[٣٦٠٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنِيْ قَيْسٌ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: تَعَلَّمَ أَصْحَابِيْ الْخَيْرَ وَتَعَلَّمْتُ الشَّرَّ.[راجع: ٣٦٠٦]

۱۴-فتنوں کی پیش خبری

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرے ساتھی خیر سیکھتے تھے اور میں شر (برائی) سیکھتا تھا، یعنی دوسرے صحابہ احکامِ شرع معلوم کر کے محفوظ کرتے تھے اور میں فتنوں کے بارے میں دریافت کر کے محفوظ کرتا تھا، میں فتنوں کے بارے میں اس اندیشہ سے پوچھتا تھا کہ وہ شر مجھے پالے (فتنوں کے جاننے کا یہی فائدہ ہے، جب فتنہ رونما ہو اور آدمی پہلے سے باخبر ہو تو وہ اس فتنہ کے شر سے بچ جائے گا)

حذیفہؓ کا سوال (۱): یا رسول اللہ! ہم زمانۂ جاہلیت میں برے احوال میں تھے، اللہ تعالیٰ ہمارے پاس یہ خیر (اسلام) لائے، پس کیا اس خیر کے بعد کوئی شر (برا حال) آئے گا؟

جوابِ نبوی: ہاں۔

حذیفہؓ کا سوال (۲): کیا اُس شر کے بعد کوئی خیر آئے گی؟

جوابِ نبوی: ہاں! اور اس میں دھواں ہوگا، یعنی وہ خیر محض نہیں ہوگی، بلکہ اس میں کدورت ہوگی، جیسے آگ میں دھواں ہو تو وہ خالص آگ نہیں ہوتی (اس کا مصداق تحکیم کا واقعہ ہے)

حذیفہؓ کا سوال (۳): اس خیر میں دھواں کیا ہوگا؟

جوابِ نبوی: کچھ لوگ ہونگے جو میرے طریقہ کے علاوہ پر چلیں گے، ان کی کچھ باتیں تم جانوگے اور کچھ باتیں اوپری ہونگی، یعنی بعض باتیں جائز اور بعض باتیں ناجائز ہونگی۔

حذیفہؓ کا سوال (۴): کیا اس خیر کے بعد پھر شر آئے گی؟

جوابِ نبوی: ہاں، جہنم کے دروازوں پر (گمراہی کی طرف) کچھ پکارنے والے ہونگے، جو جہنم میں جانے کے لئے ان کی بات پر لبیک کہے گا وہ اسے جہنم میں ڈال دیں گے، یعنی وہ گمراہی کی طرف داعی ہونگے، اور طرح طرح کی تلبیسات سے سنتِ نبوی سے روکیں گے (اس کا مصداق فرقِ باطلہ ہیں)

حذیفہؓ کا سوال (۵): یا رسول اللہ! ہمارے لئے ان کے احوال بیان کیجئے۔

جوابِ نبوی: وہ ہمارے خاندان کے ہونگے اور ہماری زبان بولتے ہونگے۔

حذیفہؓ کا سوال (۶): اگر مجھے وہ زمانہ پالے تو آپؐ مجھے کیا ہدایت دیتے ہیں؟

جوابِ نبوی: مسلمانوں کی جماعت سے اور ان کے امام سے چپکے رہنا۔

حذیفہؓ کا سوال (۷): اگر مسلمانوں کی کوئی جماعت اور کوئی امام نہ ہو؟

جوابِ نبوی: ان تمام فرقوں سے جدا رہنا، اور اگر یہ بات ممکن ہو کہ تم کسی درخت کی جڑ کو کاٹو یہاں تک کہ تمہیں موت

آجائے اورتم اسی حال پر ہو (تو ایسا کرنا۔ بیضاویؒ کہتے ہیں: درخت کی جڑ کاٹنا کنایہ ہے مشقتیں برداشت کرنے سے)
لغت: الْجِلْدَة: کنبہ، خاندان، کہا جاتا ہے: فلانٌ من بَنِیْ جِلْدَتِنَا: فلاں آدمی ہمارے کنبہ کا ہے۔

[۳۶۰۸-] حدثنا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يَقْتَتِلَ فِئَتَانِ، دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ"

[۳۶۰۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يَقْتَتِلَ فِئَتَانِ، فَيَكُوْنُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ، دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يُبْعَثَ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ قَرِيْبًا مِنْ ثَلَاثِيْنَ، كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ"

۱۵- جنگِ صفین اور تیس جھوٹے نبیوں کی پیشین گوئی

۱- نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں برپا ہوگی قیامت یہاں تک کہ لڑیں گی دو جماعتیں جن کا دعوی ایک ہوگا، یعنی ہر ایک حق پر ہونے کا دعوی کرے گا، حالانکہ ایک صواب پر ہوگا اور دوسرا خطاء پر، جیسا جنگِ جمل اور جنگِ صفین میں ہوا، مگر چونکہ خطاء اجتہادی تھی، اس لئے کوئی گنہ گار نہیں ہوا، حدیث میں ہے: إِذَا أَصَابَ فَلَهُ أَجْرَانِ وَإِذَا أَخْطَأَ فَلَهُ أَجْرٌ: فیصلہ کرنے والا درست فیصلہ کرے تو دو ثواب ملتے ہیں، اور درست بات چوک جائے تو ایک ثواب ملتا ہے۔

۲- نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت برپا نہیں ہوگی، یہاں تک کہ دو جماعتیں لڑیں گی اور ان کے درمیان کُشتوں کے پشتے لگ جائیں گے، دونوں کا دعوی ایک ہوگا (یہ جنگِ صفین کی طرف اشارہ ہے) اور قیامت برپا نہیں ہوگی، یہاں تک کہ بھیجے جائیں گے مہا مکار، مہا جھوٹے تقریباً تیس آدمی، ہر ایک دعوی دار ہوگا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

تشریح: جھوٹی نبوت کا فتنہ مسیلمہ کذاب سے شروع ہوا، اس سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مقابلہ کیا اور اس کو نیست و نابود کیا، مگر جھوٹی نبوت کا فتنہ ختم نہیں ہوا، یہ فتنہ قیامت تک جاری رہنے والا فتنہ ہے، اور جس طرح سچی نبوت رحمت ہے جھوٹی نبوت لعنت ہے، اور تیس کی تعداد سنگین فتنہ پردازوں کی ہے، یعنی ایسے متنبّی جن کی پارٹیاں ہونگی، جن کا سلسلہ چلے گا وہ تقریباً تیس ہونگے، اور وہ لوگوں کے لئے فتنہ بنیں گے، رہے برساتی مینڈک تو ان کا کوئی شمار نہیں، ہر زمانہ میں ایسے متنبّی پیدا ہوتے رہتے ہیں، اور نبی ﷺ نے امت کو دوٹوک بتا دیا ہے کہ آخری پیغمبر آپ ﷺ ہیں، آپؐ کے بعد کسی قسم کی کوئی نئی نبوت نہیں، اگر مسلمان اس حقیقت کو سمجھ لیں تو جھوٹی نبوت کے فتنے سے محفوظ ہو جائیں۔

[۳۶۱۰-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَقْسِمُ قَسْمًا [إِذْ] أَتَاهُ ذُوالْخُوَيْصِرَةِ، وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اعْدِلْ، فَقَالَ: " وَيْلَكَ، وَمَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ

أَعْدِلْ؟ قَدْ خِبْتَ وَخَسِرْتَ إِنْ لَمْ أَكُنْ أَعْدِلُ" فَقَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ائْذَنْ لِيْ فِيْهِ أَضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَالَ لَهُ:" دَعْهُ فَإِنَّ لَهُ أَصْحَابًا يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ صَلاَ تَهُ مَعَ صَلاَتِهِمْ، وَصِيَامَهُ مَعَ صِيَامِهِمْ، يَقْرَؤُنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنَ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يُنْظَرُ إِلٰى نَصْلِهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ إِلٰى رِصَافِهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ إِلٰى نَضِيِّهِ - وَهُوَ قِدْحُهُ - فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ إِلٰى قُذَذِهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، قَدْ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ، آيَتُهُمْ رَجُلٌ أَسْوَدُ، إِحْدَى عَضُدَيْهِ مِثْلُ ثَدْيِ الْمَرْأَةِ أَوْ: مِثْلُ الْبَضْعَةِ تَدَرْدَرُ، وَيَخْرُجُوْنَ عَلٰى حِيْنِ فُرْقَةٍ مِنَ النَّاسِ" قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: فَأَشْهَدُ أَنِّيْ سَمِعْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَشْهَدُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ قَاتَلَهُمْ وَأَنَا مَعَهُ، فَأَمَرَ بِذٰلِكَ الرَّجُلِ فَالْتُمِسَ فَأُتِيَ بِهِ حَتَّى نَظَرْتُ إِلَيْهِ عَلٰى نَعْتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الَّذِيْ نَعَتَهُ. [راجع: ۳۳۴۴]

[۳۶۱۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَلَأَنْ أَخِرَّ مِنَ السَّمَاءِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَكْذِبَ عَلَيْهِ، وَإِذَا حَدَّثْتُكُمْ فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ، فَإِنَّ الْحَرْبَ خُدْعَةٌ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" يَأْتِيْ فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ حُدَثَاءُ الْأَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْأَحْلاَمِ، يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الإِسْلاَمِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، لَا يُجَاوِزُ إِيْمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ، فَأَيْنَمَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ، فَإِنَّ قَتْلَهُمْ أَجْرٌ لِمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"[انظر: ۵۰۵۷، ۶۹۳۰]

۱۶-فرقۂ خوارج کے بارے میں پیشین گوئی

حدیث (۱): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس درمیان کہ ہم نبی ﷺ کے پاس تھے اور آپؐ کوئی مال تقسیم کررہے تھے، اچانک آپؐ کے پاس ذوالخویصرہ آیا اور وہ قبیلہ بنوتمیم کا ایک شخص تھا، پس اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! انصاف کیجئے، آپؐ نے فرمایا: تیرا ناس ہو! کون انصاف کرے گا اگر میں انصاف نہیں کروں گا؟ تو رہیں نقصان اور گھاٹے میں رہیں گے اگر میں نے انصاف نہیں کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اس کے بارے میں مجھے اجازت دیجئے کہ اس کی گردن ماردوں، آپؐ نے ان سے فرمایا: اسے چھوڑو، اس کے لئے کچھ ساتھی ہونگے، معمولی سمجھے گا تم میں سے ایک اپنی نماز کو ان کی نماز کے سامنے، اور اپنے روزوں کو ان کے روزوں کے سامنے، پڑھیں گے وہ قرآن کو نہیں بڑھے گا وہ ان کی ہنسلیوں سے، نکل جائیں گے وہ دین سے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، دیکھا جاتا ہے اس کا پھل داخل کرنے کی جگہ پر بندھی ہوئی تانت کی طرف، پس اس میں کوئی نشان نہیں پایا جاتا، پھر

دیکھا جاتا ہے تیر کے پیکان اور پَر کے درمیان کے حصہ کی طرف ـــــ جس کو عربی میں قِدح (تیر کی لکڑی) بھی کہتے ہیں ـــــ پس اس میں کوئی نشان نہیں پایا جاتا، پھر دیکھا جاتا ہے تیر میں لگے ہوئے پَر کی طرف، اس میں بھی کوئی نشان نہیں پایا جاتا، تیر گوبر اور خون سے آگے بڑھ جاتا ہے، ان کی علامت ایک کالا آدمی ہے اس کے دو بازوؤں میں سے ایک بازو عورت کی پستان کی طرح ہوگا، یا فرمایا: گوشت کے ٹکڑے کی طرح ہوگا، جو ہل رہا ہوگا، اور نکلیں گے وہ لوگوں میں اختلاف کے وقت، راوی حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں گواہی دیتا ہوں یعنی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے یہ حدیث نبی ﷺ سے سنی ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے جنگ کی، درانحالیکہ میں ان کے ساتھ تھا، اور حضرت علیؓ نے اس آدمی کو ڈھونڈھنے کا حکم دیا، وہ ڈھونڈھا گیا، پس اسے لایا گیا، یہاں تک کہ میں نے اس کو دیکھا اس حالت پر جو نبی ﷺ نے بیان فرمائی تھی۔

لغات: اَلتَّرْقُوَۃ: ہنسلی کی ہڈی، یہ دو ہڈیاں ہوتی ہیں، مجازاً گلا .... رَمِیَّۃ: بمعنی مَرْمِیَّۃ: مارا ہوا، شکار .... النَّصل: تیر کی اَنّی، پیکان، پھل، اگلا نوک دار لوہا .... الرِّصَاف: وہ تانت جو تیر کے پھل کے داخل کرنے کی جگہ باندھی جاتی ہے .... نَضِیُّ السَّھْم: تیر کے پیکان اور پَر کے درمیان کا حصہ .... القِدْح: بے پَر اور بلا پھل کا تیر .... قُذَذ: جمع القُذّۃ کی: تیر میں لگانے کے لئے تیار کیا ہوا گدھ وغیرہ کا پَر .... الفرث: گوبر جب تک معدہ میں ہو .... عَضُد: بازو .... البَضْعَۃ: گوشت کا ٹکڑا .... تَدَرْدَرُ: پھڑکنا، تھرکنا۔

حدیث (۲): حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب میں تم سے نبی ﷺ کی حدیث بیان کروں تو یقیناً یہ بات کہ میں آسمان سے گر پڑوں، مجھے زیادہ پسند ہے، اس سے کہ میں آپؐ پر جھوٹ باندھوں، اور جب میں تم سے بیان کروں میرے اور تمہارے درمیان کوئی بات، پس جنگ ایک چال ہے، یعنی جب میں حدیث بیان کروں گا تو کچھ ملاوٹ نہیں کروں گا، جو میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے وہی بیان کروں گا، حدیث میں اپنی بات ملانا مجھے ہرگز پسند نہیں، میں آسمان سے گر کر مر جاؤں یہ بات مجھے زیادہ پسند ہے، البتہ جب میں اپنی طرف سے کوئی بات کہوں تو وہ سیاسی بات ہو سکتی ہے، یہ تمہید قائم کر کے پھر حدیث سنائی کہ آخرِ زمانہ میں ایسے لوگ ہوں گے جو نوجوان ہونگے، عقلوں کے اوچھے ہونگے مخلوق کی بہترین بات کے قائل ہونگے، یعنی کلمہ پڑھتے ہونگے، وہ اسلام سے نکل جائیں گے، جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، ان کا ایمان ان کی ہنسلیوں سے آگے نہیں بڑھے گا، پس جہاں بھی تم ان کو پاؤ ان کو قتل کرو، اس لئے کہ ان کے قتل میں قیامت کے دن ثواب ہے، اس شخص کے لئے جو ان کو قتل کرے۔

تشریح: ان حدیثوں میں فرقۂ خوارج کی خبر ہے، پہلے (حدیث ۳۳۴۴) بھی ان کا تذکرہ آیا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر میں نے ان کو پایا تو میں ان کو قوم عاد کی طرح قتل کروں گا'' جنگِ صفین میں تحکیم کے بعد دونوں طرف کے لشکروں میں سے یہ نوجوان، عقل کے اوچھے علاحدہ ہوئے اور اپنی پارٹی بنائی، اور حروراء مقام میں اپنا سینٹر قائم کیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ

نے ان سے لوہا لیا، اوران کو پوری طرح قتل کیا، جو بچ گئے وہ بھاگ گئے، آج تک اس فرقہ کے جراثیم باقی ہیں۔ نبی ﷺ نے اس فرقہ کی خبر دی ہے، یہی پیشین گوئی آپؐ کا معجزہ ہے، یہ لوگ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ کا نعرہ لگاتے تھے، اور جو آیتیں مشرکوں اور کافروں کے باب میں نازل ہوئی ہیں، ان کو مسلمانوں پر چیپتے تھے، اور محدث پٹنی رحمہ اللہ نے کہا: ان سے بدتر وہ لوگ ہیں جو اُن آیتوں کو جو یہود کے باب میں نازل ہوئی ہیں، علماءِ امتِ محمدیہ پر چیپتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی نجاست سے زمین کو پاک کرے (لغات الحدیث کتاب ح ص: ۳۲، تصنیف مولانا وحید الزماں لکھنوی)

[۳۶۱۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيىَ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ: ثَنَا قَيْسٌ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ قَالَ: شَكَوْنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً لَهُ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ، فَقُلْنَا: أَلَا تَسْتَنْصِرُ لَنَا؟ أَلَا تَدْعُوْ اللّٰهَ لَنَا؟ قَالَ: "كَانَ الرَّجُلُ فِيْمَنْ قَبْلَكُمْ يُحْفَرُ لَهُ فِي الْأَرْضِ فَيُجْعَلُ فِيْهَا فَيُجَاءُ بِالْمِنْشَارِ فَيُوْضَعُ عَلٰى رَأْسِهِ فَيُشَقُّ بِاثْنَتَيْنِ وَمَا يُصُدُّهُ عَنْ دِيْنِهِ، وَيُمْشَطُ بِأَمْشَاطِ الْحَدِيْدِ مَا دُوْنَ لَحْمِهِ مِنْ عَظْمٍ أَوْ عَصَبٍ وَمَا يَصُدُّهُ ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهِ، وَاللّٰهُ لَيُتِمَّنَّ هٰذَا الْأَمْرَ حَتَّى يَسِيْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ إِلٰى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخَافُ إِلَّا اللّٰهَ أَوِ الذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهِ، وَلٰكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُوْنَ" [انظر: ۳۸۵۲، ۶۹۴۳]

۱۷- حالات ضرور پلٹیں گے!

حضرت خباب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کی خدمت میں شکوہ کیا، آپؐ اپنی چادر کا تکیہ بنا کر کعبہ کے سایہ میں لیٹے ہوئے تھے، ہم نے عرض کیا: کیا آپؐ ہمارے لئے مدد طلب نہیں کرتے؟ کیا آپؐ ہمارے لئے اللہ سے دعا نہیں کرتے؟ آپؐ نے فرمایا: گذشتہ امتوں میں سے ایک آدمی کے لئے زمین میں کھڈا کھودا جاتا تھا اور وہ اس میں دبایا جاتا تھا، پھر آرہ لایا جاتا، اور اس کے سر پر رکھا جاتا، اس کو دو حصوں میں چیر دیا جاتا، اور یہ بات اس کو دین سے نہیں پھیرتی تھی، اور لوہے کی کنگھیوں سے نوچ لیا جاتا تھا، جو کچھ اس کے گوشت کے نیچے ہوتا تھا، ہڈیوں اور پٹھوں سے (مَادُوْنَ لَحْمِهِ: أَيْ مَا تَحْتَهُ مِنَ الْعَظْمِ) اور یہ بات اس کو اس کے دین سے نہیں روکتی تھی، بخدا! ضرور یہ دین تکمیل پذیر ہوگا، یہاں تک کہ اونٹ سوار صنعاء یمن سے حضر موت تک چلے گا، اسے اللہ کے علاوہ یا بکریوں پر بھیڑیے کے علاوہ کوئی ڈر نہیں ہوگا، مگر تم جلدی چاہتے ہو (ہتھیلی پر سرسوں جمانا چاہتے ہو، تھوڑا انتظار کرو، حالات ضرور پلٹیں گے، چنانچہ ایسا ہی ہوا، اور یہ پیشین خبری آپؐ کا معجزہ بنی)

[۳۶۱۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: ثَنَا أَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ: أَنَا ابْنُ عَوْنٍ، أَنْبَأَنِيْ مُوْسَى بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم افْتَقَدَ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنَا أَعْلَمُ لَكَ عِلْمَهُ، فَأَتَاهُ فَوَجَدَهُ جَالِسًا فِيْ بَيْتِهِ مُنَكِّسًا رَأْسَهُ، فَقَالَ: مَا شَأْنُكَ؟ فَقَالَ: شَرٌّ، كَانَ يَرْفَعُ صَوْتَهُ

فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَأَتَى الرَّجُلُ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ قَالَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ مُوْسَى بْنُ أَنَسٍ: فَرَجَعَ الْمَرَّةَ الآخِرَةَ بِبِشَارَةٍ عَظِيْمَةٍ، فَقَالَ:" اذْهَبْ إِلَيْهِ، فَقُلْ لَهُ: إِنَّكَ لَسْتَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ وَلَكِنْ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ"[انظر: ٤٨٤٦]

۱۸-حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کو جنت کی بشارت

سورۃ الحجرات کی دوسری آیت ہے:﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْ لاَتَرْفَعُوْا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلاَ تَجْهَرُوْا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لاَ تَشْعُرُوْنَ﴾:اے ایمان والو!تم اپنی آوازیں پیغمبر کی آواز سے بلند مت کرو،اور نہ ان سے ایسے کھل کر بولا کرو، جیسے تم آپس میں ایک دوسرے سے کھل کر بولا کرتے ہو،کبھی تمہارے اعمال برباد ہوجائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔جب یہ آیت نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو گم پایا، وہ نبی ﷺ کے خطیب (مقرر) تھے،آپؐ نے ان کے بارے میں دریافت کیا،ایک شخص نے کہا: میں جانتا ہوں آپؐ کے لئے اس کا علم،یعنی میں پتہ لگا کر آتا ہوں کہ وہ کہاں ہیں؟ وہ ان کے پاس گئے،ثابتؓ اپنے گھر میں سر جھکائے بیٹھے تھے، ان سے پوچھا:تمہارا کیا حال ہے؟ انھوں نے کہا: بہت برا حال ہے؟ وہ اپنی آواز نبی ﷺ کی آواز سے بلند کیا کرتے تھے،اس لئے یقیناً ان کا عمل برباد ہوگیا،اور وہ دوزخ والوں میں سے ہوگئے،پس وہ صاحب آئے اور نبی ﷺ کو اطلاع دی کہ وہ ایسا ایسا کہتے ہیں،آپؐ نے ان کو دوسری مرتبہ بڑی خوشخبری کے ساتھ ان کی طرف بھیجا، فرمایا: ان کے پاس جاؤ اور ان سے کہو:تم دوزخیوں میں سے نہیں ہو، بلکہ جنتیوں میں سے ہو(یہ ایسی بات ہے جو نبی ہی کہہ سکتا ہے،اور اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ دینی زندگی گذاریں گے اور شہید ہونگے، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں وہ یمامہ میں شہید ہوئے)

[٣٦١٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: قَرَأَ رَجُلٌ الْكَهْفَ وَفِي الدَّارِ دَابَّةٌ، فَجَعَلَتْ تَنْفِرُ، فَسَلَّمَ الرَّجُلُ، فَإِذَا ضَبَابَةٌ أَوْ: سَحَابَةٌ غَشِيَتْهُ، فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" اقْرَأْ فُلاَنُ فَإِنَّهَا السَّكِيْنَةُ نَزَلَتْ لِلْقُرْآنِ أَوْ: تَنَزَّلَتْ لِلْقُرْآنِ"

[انظر: ٤٨٣٩، ٥٠١١]

۱۹-صحابی کی کرامت نبی کا معجزہ

حضرت اُسید بن حُضیر رضی اللہ عنہ رات میں سورۂ کہف پڑھ رہے تھے،گھر میں گھوڑا بندھا ہوا تھا،اچانک گھوڑا بدکنے لگا،انھوں نے نماز پوری کر کے سلام پھیر دیا، کیونکہ قریب میں ان کا لڑکا لیٹا ہوا تھا،ان کو خطرہ ہوا کہ گھوڑا اس کو زد نہ پہنچائے،پس اچانک ایک بادل ان پر چھایا ہوا تھا(ضَبَابة اور سَحَابَة کے ایک معنی ہیں)انھوں نے یہ بات نبی ﷺ سے

ذکر کی، آپؐ نے فرمایا: پڑھتے رہتے، وہ بادل سکینت تھی، جو قرآن پڑھنے کی وجہ سے نازل ہوئی تھی (نَزَلَتْ اور تَنَزَّلَتْ میں تھوڑا فرق ہے: نَزَلَتْ: اتری، تَنَزَّلَتْ: آہستہ آہستہ اتری) یہ حضرت اُسیدؓ کی کرامت تھی، اور امتی کی کرامت نبی کا معجزہ ہوتی ہے، اس لئے یہ روایت اس باب میں لائے ہیں۔

[٣٦١٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ أَبُوْ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا زُهَيْرُ ابْنُ مُعَاوِيَةَ، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، يَقُوْلُ: جَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ إِلٰى أَبِىْ فِىْ مَنْزِلِهِ، فَاشْتَرٰى مِنْهُ رَحْلاً، فَقَالَ لِعَازِبٍ: ابْعَثِ ابْنَكَ يَحْمِلْهُ مَعِىْ، قَالَ: فَحَمَلْتُهُ مَعَهُ، وَخَرَجَ أَبِىْ يَنْتَقِدُ ثَمَنَهُ، فَقَالَ لَهُ أَبِىْ: يَا أَبَا بَكْرٍ! حَدِّثْنِىْ كَيْفَ صَنَعْتُمَا حِيْنَ سَرَيْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، أَسْرَيْنَا لَيْلَتَنَا وَمِنَ الْغَدِ حَتّٰى قَامَ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ، وَخَلاَ الطَّرِيْقُ لاَ يَمُرُّ فِيْهِ أَحَدٌ، فَرُفِعَتْ لَنَا صَخْرَةٌ طَوِيْلَةٌ لَهَا ظِلٌّ لَمْ تَأْتِ عَلَيْهَا الشَّمْسُ، فَنَزَلْنَا عِنْدَهُ وَسَوَّيْتُ لِلنَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم مَكَانًا بِيَدِى يَنَامُ عَلَيْهِ، وَبَسَطْتُ عَلَيْهِ فَرْوَةً، وَقُلْتُ: نَمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَأَنَا أَنْفُضُ لَكَ مَاحَوْلَكَ، فَنَامَ وَخَرَجْتُ أَنْفُضُ مَا حَوْلَهُ، فَإِذَا أَنَا بِرَاعٍ مُقْبِلٍ بِغَنَمِهِ إِلٰى الصَّخْرَةِ، يُرِيْدُ مِنْهَا مِثْلَ الَّذِىْ أَرَدْنَا، فَقُلْتُ لَهُ: لِمَنْ أَنْتَ يَا غُلاَمُ؟ فَقَالَ: لِرَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ أَوْ: مَكَّةَ، قُلْتُ: أَفِىْ غَنَمِكَ لَبَنٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: أَفَتَحْلُبُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَخَذَ شَاةً، فَقُلْتُ: انْفُضِ الضَّرْعَ مِنَ التُّرَابِ وَالشَّعْرِ وَالْقَذٰى، قَالَ: فَرَأَيْتُ الْبَرَاءَ يَضْرِبُ إِحْدَى يَدَيْهِ عَلٰى الْأُخْرٰى يَنْفُضُ، فَحَلَبَ فِىْ قَعْبٍ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، وَمَعِىْ إِدَاوَةٌ حَمَلْتُهَا لِلنَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم يَرْتَوِىْ مِنْهَا: يَشْرَبُ وَيَتَوَضَّأُ، فَأَتَيْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم فَكَرِهْتُ أَنْ أُوْقِظَهُ، فَوَافَقْتُهُ حِيْنَ اسْتَيْقَظَ، فَصَبَبْتُ مِنَ الْمَاءِ عَلٰى اللَّبَنِ حَتّٰى بَرَدَ أَسْفَلُهُ، فَقُلْتُ: اشْرَبْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: فَشَرِبَ حَتّٰى رَضِيْتُ ثُمَّ قَالَ: ”أَلَمْ يَأْنِ لِلرَّحِيْلِ؟“ قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: فَارْتَحَلْنَا بَعْدَمَا مَالَتِ الشَّمْسُ وَاتَّبَعَنَا سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ فَقُلْتُ: أُتِيْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ: ”لاَتَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا“ فَدَعَا عَلَيْهِ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم، فَارْتَطَمَتْ بِهِ فَرَسُهُ إِلٰى بَطْنِهَا - أُرٰى فِى جَلَدٍ مِنَ الْأَرْضِ، شَكَّ زُهَيْرٌ- فَقَالَ: إِنِّىْ أُرَاكُمَاقَدْ دَعَوْتُمَا عَلَىَّ، فَادْعُوَا اللّٰهَ لِىْ وَاللّٰهُ لَكُمَا أَنْ أَرُدَّ عَنْكُمَا الطَّلَبَ، فَدَعَا لَهُ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم فَنَجَا، فَجَعَلَ لاَ يَلْقٰى أَحَدًا إِلاَّ قَالَ: قَدْ كَفَيْتُكُمْ مَاهُنَا، فَلاَ يَلْقٰى أَحَدًا إِلاَّ رَدَّهُ، قَالَ: وَوَفٰى لَنَا. [راجع: ٢٤٣٩]

٢٠-سراقہ بن مالک کا گھوڑا زمین میں دھنس گیا

حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے والد کے پاس ان کے گھر آئے، اور ان سے ایک

کجاوہ (۱۳ درہم میں) خریدا، اور میرے ابا سے کہا: اپنے بیٹے کو میرے ساتھ کر دیں تا کہ وہ کجاوہ اٹھا کر میرے گھر پہنچائے، حضرت براءؓ کہتے ہیں: پس میں اس کو اٹھا کر ان کے ساتھ چلا، اور میرے ابا بھی ساتھ چلے تا کہ کجاوہ کے پیسے وصول کریں، میرے ابا نے (راستہ میں) ان سے کہا: مجھے سنائیں کہ کس طرح آپ دونوں نے کیا جب آپؓ رات کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چلے، یعنی غارِ ثور سے نکل کر مدینہ کی طرف چلے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم ہماری پوری رات چلتے رہے اور اگلے دن بھی یہاں تک کہ دوپہر ہوگئی اور راستہ خالی ہوگیا، اس پر کوئی چلنے والا نہ رہا، پس ہمیں ایک بڑی چٹان نظر آئی، اس کا سایہ تھا، اس پر دھوپ نہیں آئی تھی، ہم اس کے پاس اترے اور میں نے نبی ﷺ کے لئے ایک جگہ ٹھیک کی، تا کہ آپؐ وہاں آرام کریں، اور میں نے اس جگہ پوستین بچھادی، اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آرام فرمائیں، میں آپؐ کے لئے ارد گرد کو جھاڑتا ہوں، یعنی ارد گرد کا جائزہ لیتا ہوں، آپؐ سو گئے اور میں ماحول کو جھاڑنے کے لئے نکلا، اچانک مجھے ایک چرواہا مل گیا جو اپنی بکریاں لے کر چٹان کی طرف آرہا تھا وہ چٹان سے چاہتا تھا جیسا ہم چاہتے تھے، یعنی وہ چٹان کے سایہ میں بکریاں بٹھانا چاہتا تھا، میں نے اس سے پوچھا: تو کس کا غلام ہے؟ اس نے کہا شہر (مکہ) والوں میں سے فلاں کا، میں نے پوچھا: تیری بکریوں میں دودھ ہے؟ اس نے کہا: ہے، میں نے کہا: کیا تو دوہے گا؟ اس نے کہا: ہاں، اس نے ایک بکری پکڑی، میں نے کہا: مٹی، بالوں اور تنکوں سے اس کا تھن جھاڑ۔ راوی ابواسحاق کہتے ہیں: پس میں نے براء رضی اللہ عنہ کو دیکھا، انھوں نے ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا وہ جھاڑ رہے ہیں، پس اس نے لکڑی کے پیالہ میں دودھ کی ایک مقدار دوہی، اور میرے ساتھ چھاگل تھی، وہ میں نے نبی ﷺ کے لئے ساتھ لی تھی کہ آپؐ اس سے نوش فرمائیں، پئیں اور وضو کریں، پس میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور میں نے ناپسند کیا کہ آپؐ کو بیدار کروں اور اتفاقاً میں آپؐ کے پاس پہنچا، جب آپؐ بیدار ہو چکے تھے، میں نے دودھ پر پانی ڈالا، یہاں تک کہ وہ نیچے تک ٹھنڈا ہوگیا، پھر میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! نوش فرمایئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آپؐ نے نوش فرمایا، یہاں تک کہ میں راضی ہوگیا، پھر فرمایا: کیا کوچ کا وقت نہیں ہوا؟ میں نے کہا: کیوں نہیں، حضرت ابوبکرؓ کہتے ہیں: پس ہم نے سورج ڈھلنے کے بعد کوچ کیا اور ہمارا سراقہ بن مالک نے پیچھا کیا، میں نے عرض کیا: آئے گئے ہم یعنی ہم پکڑے گئے اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہیں، آپؐ نے اس کے لئے بددعا کی، پس اس کے ساتھ اس کا گھوڑا دھنس گیا اپنے پیٹ تک —— گمان کرتا ہوں میں سخت زمین میں، اس جملہ میں زہیر کو شک ہے —— پس اس نے کہا: میرا گمان ہے کہ تم نے میرے لئے بددعا کی ہے، پس میرے لئے دعا کرو، اور میں تم دونوں کو اللہ کا عہد دیتا ہوں کہ طلب کو تم دونوں سے پھیر دوں گا، پس نبی ﷺ نے اس کے لئے دعا کی، پس اس نے نجات پائی، پھر وہ جس سے بھی ملاقات کرتا اس سے کہتا: میں تمہارے لئے کافی ہوگیا ہوں، اس جانب سے، پس نہیں ملاقات کرتا تھا وہ کسی سے مگر اس کو واپس کر دیتا تھا، ابوبکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس نے ہم سے جو وعدہ کیا تھا وہ وفا کیا (یہ گھوڑے کا سخت زمین میں دھنس جانا آپؐ کا معجزہ تھا اور یہ حدیث پہلے بھی

آئی ہے، مگر مختصر آئی ہے)

[٣٦١٦-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلٰى أَعْرَابِيٍّ يَعُوْدُهُ، قَالَ: وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخَلَ عَلٰى مَرِيْضٍ يَعُوْدُهُ، قَالَ: " لَا بَأْسَ! طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" فَقَالَ لَهُ: " لَا بَأْسَ! طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" قَالَ: قُلْتَ: طَهُوْرٌ؟ كَلَّا: بَلْ هِيَ حُمَّى تَفُوْرُ- أَوْ: تَثُوْرُ- عَلٰى شَيْخٍ كَبِيْرٍ، تُزِيْرُهُ الْقُبُوْرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " فَنَعَمْ إِذًا" [انظر: ٥٦٥٦، ٥٦٦٢، ٧٤٧٠]

۲۱-ایک بدّو نے دعا کو بددعا سے بدل لیا

نبی ﷺ ایک بدو کی بیمار پرسی کے لئے تشریف لے گئے، ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ جب کسی بیمار کے پاس بیمار پرسی کے لئے تشریف لے جاتے تو فرماتے: لَابَأْسَ: فکر کی کوئی بات نہیں! طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰه: اگر اللہ نے چاہا تو بیماری پاکی کا سبب بنے گی، چنانچہ آپ نے اس بدو سے بھی یہی کہا: لَابَأْسَ! طَهُوْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰه: اس نے کہا: آپ نے طَهُوْر فرمایا؟ ہرگز نہیں، بیماری ایسا بخار ہے جو جوش مار رہا ہے جو بہت بوڑھے شخص کو چڑھا ہوا ہے، جو اس کو قبر میں پہنچا کر رہے گا! نبی ﷺ نے فرمایا: تب ایسا ہو! یعنی اگر تو یہ چاہتا ہے تو ایسا ہو، چنانچہ وہ اسی بخار میں مر گیا، اور یہ آپ کا معجزہ بنا۔

لغت: تُزِيْرُهُ: أَزَارَه (افعال) زیارت کرانا، ملاقات کرانا، دورہ کرانا۔

[٣٦١٧-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رُجُلٌ نَصْرَانِيٌّ، فَأَسْلَمَ وَقَرَأَ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ، فَكَانَ يَكْتُبُ لِنَبِيِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَعَادَ نَصْرَانِيًّا، فَكَانَ يَقُوْلُ: مَا يَدْرِيْ مُحَمَّدٌ إِلَّا مَا كَتَبْتُ لَهُ، فَأَمَاتَهُ اللّٰهُ فَدَفَنُوْهُ، فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ، فَقَالُوْا: هٰذَا فِعْلُ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ، لَمَّا هَرَبَ مِنْهُمْ، نَبَشُوْا عَنْ صَاحِبِنَا فَأَلْقُوْهُ، فَحَفَرُوْا لَهُ فَأَعْمَقُوْا لَهُ فِي الْأَرْضِ مَااسْتَطَاعُوْا، فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ، فَقَالُوْا: هٰذَا فِعْلُ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ، نَبَشُوْا عَنْ صَاحِبِنَا لَمَّا هَرَبَ مِنْهُمْ، فَأَلْقُوْهُ، فَحَفَرُوْا لَهُ، فَأَعْمَقُوْا لَهُ فِي الْأَرْضِ مَااسْتَطَاعُوْا، فَأَصْبَحَ قَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ، فَعَلِمُوْا أَنَّـهُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ فَأَلْقَوْهُ.

۲۲-ایک مرتد کا انجام بد

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک عیسائی شخص تھا وہ مسلمان ہوا اور اس نے سورہ بقرہ اور سورہ آلِ عمران

پڑھی، اور وہ نبی ﷺ کے لئے لکھا کرتا تھا، پھر وہ پلٹ کر عیسائی بن گیا، وہ کہا کرتا تھا: محمد نہیں جانتے مگر جو میں ان کے لئے لکھ دیتا ہوں، پس اللہ تعالیٰ نے اس کو موت دی، لوگوں نے اس کو دفن کیا، پس صبح کی اس نے درانحالیکہ زمین نے اس کو باہر پھینک دیا تھا، لوگوں نے کہا: یہ محمد اور ان کے ساتھیوں کی حرکت ہے، کیونکہ وہ ان سے بھاگا تھا، انھوں نے ہمارے ساتھی کی قبر کھود ڈالی، اور باہر ڈال دیا، چنانچہ انھوں نے اس کے لئے قبر کھودی اور حتی الامکان زمین میں اس کو گہرا بنایا (اور اس کو دفن کیا) پس صبح کی اس نے اور تحقیق باہر پھینک دیا تھا اس کو زمین نے، پس لوگوں نے کہا: یہ محمد اور ان کے ساتھیوں کی حرکت ہے، انھوں نے ہمارے ساتھی کی قبر کھود ڈالی، کیونکہ وہ ان سے بھاگا تھا، اور اسے باہر ڈال دیا، چنانچہ انھوں نے اس کے لئے قبر کھودی، اور اس کو گہرا بنایا جتنا ان کے بس میں تھا، پس صبح کی اس نے اور بخدا اس کو زمین نے باہر پھینک دیا تھا، پس جان لیا ان لوگوں نے کہ یہ کسی انسان کی حرکت نہیں، پس اس کو ویسے ہی پڑا رہنے دیا (زمین کا اس کو بار بار باہر پھینک دینا نبی ﷺ کا معجزہ تھا، جب وہ مرتد ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کو سزا دی تاکہ لوگوں پر حجت قائم ہو، اور نبی ﷺ کے سچے رسول ہونے کی دلیل بنے)

[٣٦١٨-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلاَ كِسْرَى بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَتُنْفَقُنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" [راجع: ٣٠٢٧]

[٣٦١٩-] حدثنا قَبِيْصَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، يَرْفَعُهُ، قَالَ: "إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلاَ كِسْرَى بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَذَكَرَ: وَقَالَ: "لَتُنْفَقُنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"[راجع: ٣١٢١]

٢٣- قیصر وکسری کی حکومتوں کے خاتمہ کی اطلاع

دونوں حدیثیں پہلے گذری ہیں، نبی ﷺ نے اطلاع دی کہ جب کسری کی حکومت ختم ہو گی تو کسری نہیں ہو گا، یعنی دوبارہ اس کی حکومت قائم نہیں ہو گی، چنانچہ ایران کی حکومت ختم ہو گئی اور آج تک دوبارہ قائم نہیں ہوئی، اور جب بھی قیصر ہلاک ہو گا اس کے بعد قیصر نہیں ہو گا، قیصر کی حکومت ابھی تک بالکلیہ ختم نہیں ہوئی، مگر جب بھی ختم ہو گی دوبارہ قائم نہیں ہو گی، اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمدؐ کی جان ہے! ضرور ان دونوں کے خزانے راہِ خدا میں خرچ کئے جائیں گے (یہ بات پائی جا چکی ہے، ایران کے سارے خزانے جہاد میں استعمال ہو گئے، اور قیصر کے خزانے بھی بڑے مقدار میں فتح ہو گئے، اور جہاد میں استعمال کر لئے گئے)

[٣٦٢٠-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِىْ حُسَيْنٍ: ثَنَا نَافِعُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ مُسَيْلَمَةُ الْكَذَّابُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَجَعَلَ يَقُوْلُ: إِنْ جَعَلَ لِىْ مُحَمَّدٌ الْأَمْرَ مِنْ بَعْدِهِ تَبِعْتُهُ، وَقَدِمَهَا فِىْ بَشَرٍ كَثِيْرٍ مِنْ قَوْمِهِ، فَأَقْبَلَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَعَهُ ثَابِتُ ابْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، وَفِى يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قِطْعَةُ جَرِيْدٍ حَتَّى وَقَفَ عَلٰى مُسَيْلَمَةَ فِىْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ:" لَوْ سَأَلْتَنِىْ هٰذِهِ القِطْعَةَ مَا أَعْطَيْتُكَهَا، وَلَنْ تَعْدُوَ أَمْرَ اللّٰهِ فِيْكَ، وَلَئِنْ أَدْبَرْتَ لَيَعْقِرَنَّكَ اللّٰهُ، وَإِنِّىْ لَأَرَاكَ الَّذِىْ أُرِيْتُ فِيْكَ مَا رَأَيْتُ"[انظر: ٤٣٧٣، ٤٣٧٨، ٧٠٣٣، ٧٤٦١]

[٣٦٢١-] فَأَخْبَرَنِىْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ فِىْ يَدَىَّ سِوَارَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ، فَأَهَمَّنِىْ شَأْنُهُمَا، فَأُوْحِىَ إِلَىَّ فِى الْمَنَامِ أَنِ انْفُخْهُمَا، فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا، فَأَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ بَعْدِىْ، فَكَانَ أَحَدُهُمَا العَنْسِىَّ وَالآخَرُ مُسَيْلَمَةَ صَاحِبَ الْيَمَامَةِ"

[انظر: ٤٣٧٤، ٤٣٧٥، ٤٣٧٩، ٧٠٣٤، ٧٠٣٧]

۲۴-مسیلمہ کذاب کواس کے انجام بد کی خبر دی

پہلی حدیث: مسیلمہ کذاب نبی ﷺ کے زمانہ میں مدینہ آیا، وہ کہنے لگا: اگر محمدؐ اپنے بعد میرے لئے خلافت طے کردیں تو میں ان کی پیروی کروں، اور وہ مدینہ آیا تھا اپنی قوم کی بہت بڑی تعداد کے ساتھ، پس نبی ﷺ اس کے پاس گئے اور آپؐ کے ساتھ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ تھے (جو آپؐ کے مقرر تھے) اور نبی ﷺ کے ہاتھ میں کھجور کی ٹہنی کا ٹکڑا تھا، آپؐ مسیلمہ اور اس کے ساتھیوں کے پاس پہنچے اور فرمایا: اگر تو مجھ سے یہ لکڑی کا ٹکڑا مانگے تو بھی میں نہیں دوں گا، اور تو ہرگز نہیں بڑھے گا اللہ کے فیصلہ سے جو تیرے حق میں ہے، اور اگر تو نے پیٹھ پھیری تو ضرور اللہ تعالیٰ تجھ کو زخمی کریں گے، اور بیشک میں تجھے گمان کرتا ہوں وہ جو خواب میں دکھلایا گیا ہوں، جو کچھ دکھلایا گیا ہوں۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اس درمیان کہ میں سویا ہوا تھا، میں نے اپنے دونوں ہاتھوں میں سونے کے دو کنگن دیکھے، پس فکر مند کیا مجھ کو ان دونوں کی حالت نے (مرد کے ہاتھ میں سونے کی چوڑیاں ہونا اچھی بات نہیں) پس خواب میں میری طرف وحی کی گئی کہ دونوں کو پھونکئے، میں نے دونوں پر پھونک ماری تو دونوں اڑ گئے، پس میں نے ان دونوں کی تعبیر نکالی دو جھوٹے جو میرے بعد نکلیں گے، پس ان میں سے ایک اسود عنسی تھا اور دوسرا یمامہ والا مسیلمہ کذاب تھا۔

تشریح: نبی ﷺ نے اس کے حق میں لَیَعْقِرَنَّکَ اللّٰہ فرمایا، عَقَرَ الحیوان کے معنی ہیں: زخمی کرنا، ذبح کرنا۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں مسیلمہ کے ساتھ جنگ ہوئی، وہ میدان سے بھاگ کر ایک باغ میں جا گھسا، وحشی رضی اللہ عنہ نے اس کو چھوٹا نیزہ مارا جس سے وہ زخمی ہوگیا، اور اس کا کام تمام ہوگیا۔

[۳٦۲۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ جَدِّهِ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى، أُرَاهُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" رَأَيْتُ فِی الْمَنَامِ أَنِّیْ أُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ إِلٰی أَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ، فَذَهَبَ وَهَلِیْ إِلٰی أَنَّهَا الْيَمَامَةُ أَوْ هَجَرُ، فَإِذَا هِیَ الْمَدِيْنَةُ يَثْرِبُ. وَرَأَيْتُ فِی رُؤْيَایَ هٰذِهِ أَنِّیْ هَزَزْتُ سَيْفًا، فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ، فَإِذَا هُوَ مَا أُصِيْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ أُحُدٍ، ثُمَّ هَزَزْتُهُ أُخْرَى فَعَادَ أَحْسَنَ مَا كَانَ، فَإِذَا هُوَ مَاجَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَرَأَيْتُ فِيْهَا بَقَرًا، وَاللّٰهُ خَيْرٌ، فَإِذَا هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَإِذَا الْخَيْرُ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْخَيْرِ وَثَوَابِ الصِّدْقِ الَّذِیْ آتَانَا اللّٰهُ بَعْدَ يَوْمِ بَدْرٍ"[انظر: ۳۹۸۷، ۴۰۸۱، ۷۰۳۵، ۷۰۴۱]

۲۵- نبی ﷺ کے دوخواب جوواقعہ بنے

پہلاخواب: نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ سے ہجرت کررہاہوں، ایسی سرزمین کی طرف جہاں کھجور کے درخت ہیں، پس میراخیال اس طرف گیا کہ وہ جگہ یمامہ یاہجر ہے، پس اچانک وہ شہر یثرب تھا، یعنی نبی ﷺ نے خواب میں اپناہجرت کامقام دیکھا، اوراسی کی طرف ہجرت واقع ہوئی۔

دوسراخواب: اورمیں نے اپنے اس خواب میں دیکھا کہ میں نے تلوار ہلائی، پس اس کا اوپر کا حصہ ٹوٹ گیا، پس وہ شکست تھی، جومسلمانوں کوپہنچی جنگِ احد میں، پھرمیں نے دوسری مرتبہ اس کو ہلایا تو وہ اسی طرح اچھی ہوگئی۔ پس وہ وہ فتح تھی جواللہ تعالیٰ لائے اورمسلمانوں کا اکٹھاہوجاناتھا، اورمیں نے اس خواب میں ایک گائے دیکھی (جوذبح کی جارہی تھی، یہ احد میں صحابہ کی شہادت کامنظرتھا) اوراللہ تعالیٰ بہتر ہیں (یعنی شہادت صحابہ کے حق میں بہتر ہے) پس اچانک وہ احد کے دن مسلمان ہیں یعنی ان کی شہادت ہے اوراچانک خیروہ ہے جواللہ تعالیٰ لائے، اورسچ کاثواب وہ ہے جواللہ تعالیٰ نے ہمیں عطافرمایابدر کے دن کے بعد۔

تشریح: اس حدیث میں دوخواب ہیں، پہلے خواب میں آپؐ نے اپنی ہجرت کامقام دیکھا، اورآپؐ نے اورصحابہ نے اس کی طرف ہجرت فرمائی، اوردوسرے خواب میں دومنظر دیکھے: پہلامنظر: آپؐ نے خواب میں تلوار کوحرکت دی تواس کا بالائی حصہ ٹوٹ گیا، یہ خواب آپؐ نے جنگِ احد سے پہلے دیکھاتھا، اورتلوار کاٹوٹ جاناوہ شکست تھی جوجنگِ احد میں پیش آئی، اوردوسری مرتبہ تلوار کوحرکت دی تووہ شاندار ہوگئی، یہ وہ کامیابی تھی جوجنگِ احد میں بعدمیں حاصل ہوئی اورمسلمان بکھر جانے کے بعداکٹھاہوگئے، اوراس خواب میں آپؐ نے گائے کوذبح ہوتے ہوئے بھی دیکھا، یہ جنگِ احد میں صحابہ کی شہادت تھی، وہ مسلمانوں کے حق میں بہترتھی، جنگِ بدرمیں صرف چودہ صحابہ شہید ہوئے تھے جبکہ بہت سے صحابہ شہادت کی تمنالے کرگئے تھے، یہ تمنااللہ تعالیٰ نے جنگِ احد میں پوری فرمائی، اورایمان میں کھرے پن کاثواب اللہ تعالیٰ نے ان کو

جنگِ بدر کے بعد احد میں عنایت فرمایا۔

لغات: وَهْلٌ: خیال، وہم .... هَجَر: بحرین کا مرکزی شہر .... بعض روایات میں رَأَيْتُ بَقَرًا تُنْحَرُ ہے، گائے ذبح کئے جانے سے مراد صحابہ کی شہادت ہے .... وَ اللّٰهُ (مرفوع) خَيْرٌ: اللہ تعالیٰ نے شہید ہونے والے مؤمنین کے ساتھ جو معاملہ فرمایا وہ ان کے لئے زندگی سے بہتر ہے، أَيْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ: اور اگر واللّٰه مجرور ہے تو قسم ہے اور خيرٌ مبتدا محذوف کی خبر ہے، أَيْ وَاللّٰهِ مَا جَرَى عَلَى الْبَقَرِ مِنَ الذَّبْحِ وَالْقَتْلِ خَيْرٌ۔

[٣٦٢٣-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ تَمْشِيْ، كَأَنَّ مِشْيَتَهَا مَشْيُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَرْحَبًا بِابْنَتِيْ" ثُمَّ أَجْلَسَهَا عَنْ يَمِيْنِهِ أَوْ: عَنْ شِمَالِهِ، ثُمَّ أَسَرَّ إِلَيْهَا حَدِيْثًا، فَبَكَتْ، فَقُلْتُ لَهَا: لَمَ تَبْكِيْنَ؟ ثُمَّ أَسَرَّ إِلَيْهَا حَدِيْثًا فَضَحِكَتْ، فَقُلْتُ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ فَرَحًا أَقْرَبَ مِنْ حُزْنٍ، فَسَأَلْتُهَا عَمَّا قَالَ: فَقَالَتْ: مَا كُنْتُ لِأُفْشِيَ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى قُبِضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَسَأَلْتُهَا عَمَّا قَالَ. [انظر: ٣٦٢٥، ٣٧١٥، ٤٤٣٣، ٦٢٨٥]

[٣٦٢٤-] فَقَالَتْ: أَسَرَّ إِلَيَّ "أَنَّ جِبْرِيْلَ كَانَ يُعَارِضُنِيْ الْقُرْآنَ كُلَّ سَنَةٍ مَرَّةً، وَأَنَّهُ عَارَضَنِيْ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ، وَلَا أُرَاهُ إِلَّا حَضَرَ أَجَلِيْ، وَإِنَّكِ أَوَّلُ أَهْلِ بَيْتِيْ لَحَاقًا بِيْ" فَبَكَيْتُ فَقَالَ: "أَمَا تَرْضَيْنَ أَنْ تَكُوْنِيْ سَيِّدَةَ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ أَوْ: نِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ؟ فَضَحِكْتُ لِذٰلِكَ"

[انظر: ٣٦٢٦، ٣٧١٦، ٤٤٣٤، ٦٢٨٦]

[٣٦٢٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاطِمَةَ ابْنَتَهُ فِيْ شَكْوَاهُ الَّتِيْ قُبِضَ فِيْهِ، فَسَارَّهَا بِشَيْءٍ، فَبَكَتْ ثُمَّ دَعَاهَا فَسَارَّهَا فَضَحِكَتْ، قَالَتْ فَسَأَلْتُهَا عَنْ ذٰلِكَ. [راجع: ٣٦٢٣]

[٣٦٢٦-] فَقَالَتْ: سَارَّنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَنِيْ أَنَّهُ يُقْبَضُ فِيْ وَجَعِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ، فَبَكَيْتُ، ثُمَّ سَارَّنِيْ فَأَخْبَرَنِيْ أَنِّيْ أَوَّلُ أَهْلِ بَيْتِهِ أَتْبَعُهُ، فَضَحِكْتُ. [راجع: ٣٦٢٤]

٢٦- نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دو باتیں بتائیں جو واقعہ بنیں

پہلی حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں وہ چل رہی تھیں گویا ان کی چال نبی ﷺ کی چال ہے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: میں اپنی بیٹی کو خوش آمدید کہتا ہوں، پھر آپؐ نے ان کو اپنے دائیں یا بائیں بٹھایا، پھر ان سے رازدارانہ طور پر ایک بات کہی پس وہ روئیں، میں نے ان سے پوچھا: آپؓ کیوں روئیں؟ (انھوں نے کوئی

جواب نہیں دیا) پھر آپؐ نے ان سے راز دارانہ طور پر دوسری بات کہی تو وہ ہنسیں، میں نے (دل میں) کہا: نہیں دیکھا میں نے آج جیسا دن خوشی کے اعتبار سے زیادہ نزدیک غم سے یعنی ابھی تو رو رہی تھیں ابھی ہنس پڑیں، یہ کیا بات ہوئی! پس میں نے ان سے وہ بات پوچھی جو نبی ﷺ نے فرمائی، تو انھوں نے کہا: نہیں تھی میں کہ پھیلاتی رسول اللہ ﷺ کے راز کو، یہاں تک کہ نبی ﷺ کی وفات ہوگئی، پس میں نے ان سے اس بات کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے کہا: مجھ سے آپؐ نے راز دارانہ طور پر فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام میرے ساتھ قرآن کا دور کیا کرتے تھے، ہر سال ایک مرتبہ، اور انھوں نے اس سال میرے ساتھ دو مرتبہ دور کیا ہے، اور نہیں دیکھتا میں اس کو مگر یہ کہ میری موت کا وقت قریب آگیا ہے (اس پر میں روئی) اور بیشک تم میرے خاندان میں میرے ساتھ ملنے کے اعتبار سے سب سے پہلی ہو، پس میں روئی، پھر آپؐ نے فرمایا: کیا تم خوش نہیں ہو اس پر کہ جنتی عورتوں کی یا فرمایا مسلمانوں کی عورتوں کی سردار ہو؟ پس میں اس بات سے ہنسی۔

دوسری حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے اپنی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا، اپنی اس بیماری میں جس میں آپؐ کی وفات ہوئی، پس ان سے راز دارانہ طور پر ایک بات کہی تو وہ روئیں، پھر ان کو بلایا، اور ان سے راز کی بات کہی تو وہ ہنسیں، صدیقہؓ کہتی ہیں: میں نے ان سے اس بارے میں پوچھا تو انھوں نے فرمایا: نبی ﷺ نے مجھ سے چپکے سے کہا، آپؐ نے مجھے بتلایا کہ آپؐ کی روح قبض کی جائے گی، آپؐ کی اس بیماری میں جس میں آپؐ کی وفات ہوئی ہے، پس میں روئی پھر آپؐ نے چپکے سے مجھ سے کہا: پس مجھے بتلایا کہ میں آپؐ کے خاندان میں پہلی وہ ہوں جو آپؐ کے پیچھے جاؤں گی، پس میں ہنسی۔

تشریح: دونوں باتیں اسی طرح واقع ہوئیں جس طرح آپؐ نے بتائی تھیں: (۱) اُسی بیماری میں آپؐ کی وفات ہوئی (۲) اور آپؐ کی وفات کے چھ ماہ بعد حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا۔

اور آپؐ نے دوسری مرتبہ میں دو باتیں فرمائی تھیں، جو حدیثوں میں الگ الگ ہوگئی ہیں، ایک: فاطمہ رضی اللہ عنہا جنت کی عورتوں کی سردار ہونگی، دوم: نبی ﷺ کے بعد خاندان میں سب سے پہلے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوگا، ان دونوں باتوں پر وہ خوش ہوئیں اور ہنسیں۔

[٣٦٢٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ یُدْنِیْ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: إِنَّ لَنَا أَبْنَاءً مِثْلَهُ، فَقَالَ: إِنَّهُ مِنْ حَیْثُ تَعْلَمُ! فَسَأَلَ عُمَرُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ هٰذِهِ الآیَةِ: ﴿إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾ فَقَالَ: أَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، أَعْلَمَهُ إِیَّاهُ، قَالَ: مَا أَعْلَمُ مِنْهَا إِلَّا مَا تَعْلَمُ.

[انظر: ٤٢٩٤، ٤٤٣٠، ٤٩٦٩، ٤٩٧٠]

۲۷-سورۃ النصر کے ذریعہ قرب وفات کی اطلاع

سورۃ النصر میں ارشاد پاک ہے: ''جب اللہ کی مدد اور مکہ کی فتح آجائے یعنی واقع ہوجائے اور آپ لوگوں کو دیکھیں کہ وہ اللہ کے دین میں جوق در جوق داخل ہورہے ہیں تو آپ اپنے پروردگار کی تسبیح وتحمید کریں، اور درخواست کریں کہ وہ آپ کو اپنی رحمت میں لے لیں، بیشک وہ بڑے توبہ قبول کرنے والے ہیں''

تفسیر: مکہ مکرمہ کی فتح بڑی فیصلہ کن چیز تھی، سب قبائل کی نظریں اس پر لگی ہوئی تھیں، چنانچہ فتح مکہ کے بعد لوگ تیزی سے اسلام میں داخل ہونے لگے، پس اس سورت کے ذریعہ آپ کو اطلاع دی گئی کہ سفر آخرت قریب ہے، کیونکہ دنیا میں رہنے کا اور بعثت کا مقصد پورا ہوگیا، اکابر صحابہ بھی اس سورت کے نزول کا یہی مقصد سمجھے تھے، مگر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ یہ سورت سن کر رو پڑے اور انھوں نے اپنے ماں باپ کو آپ پر قربان کیا، لوگوں کو اس پر حیرت ہوئی مگر جب اس سورت کے نزول کے چند ماہ کے بعد آپ کی وفات ہوگئی تو صحابہ نے کہا: ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم سے زیادہ علم رکھتے تھے۔

روایت مع وضاحت: حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو اکابر صحابہ کی مجلس میں اپنے قریب رکھتے تھے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: ہمارے بھی اس عمر کے لڑکے ہیں، آپؓ ان کو قریب نہیں کرتے، عبداللہؓ کو کیوں قریب کرتے ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: عبداللہ کا علمی مقام وہ ہے جو آپ جانتے ہیں، پھر ایک دن اہل مجلس سے آپؓ نے سوال کیا کہ سورۃ النصر کا کیا مقصد ہے؟ سب نے کہا: یہ سورت ایک مژدہ ہے کہ اسلام کا بول بالا ہوگا، تمام عرب حلقہ بگوش اسلام ہونگے، اور جہاد کی طویل محنت کا ثمرہ برآمد ہوگا، آخر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا: کیا اس سورت کا مقصد نزول یہی ہے؟ ابن عباسؓ نے کہا: نہیں، اس سورت کے ذریعہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا کی زندگی پوری ہونے کی خبر دی گئی ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں بھی اس سورت کا یہی مقصد سمجھتا ہوں، پس ابن عباسؓ کا علمی مقام اکابر صحابہ کو معلوم ہوگیا۔ اور اس سورت کے نزول کے بعد آپ کی وفات وحی کی صداقت کی دلیل بنی اور یہی آپ کا معجزہ ہے۔

[۳۶۲۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ الْغَسِيْلِ، ثنا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَرَضِهِ الَّذِىْ مَاتَ فِيْهِ، بِمِلْحَفَةٍ قَدْ عُصَّبَ رَأْسَهُ بِعِصَابَةٍ دَسْمَاءَ، حَتّٰى جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ! فَإِنَّ النَّاسَ يَكْثُرُوْنَ وَيَقِلُّ الأَنْصَارُ حَتّٰى يَكُوْنُوْا فِى النَّاسِ بِمَنْزِلَةِ الْمِلْحِ فِى الطَّعَامِ، فَمَنْ وَلِىَ مِنْكُمْ شَيْئًا يَضُرُّ فِيْهِ قَوْمًا وَيَنْفَعُ فِيْهِ آخَرِيْنَ فَلْيَقْبَلْ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَيَتَجَاوَزْ عَنْ مُسِيْئِهِمْ" فَكَانَ آخِرَ مَجْلِسٍ جَلَسَ فِيْهِ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۹۲۷]

۲۸-آپؐ نے اطلاع دی کہ لوگ بڑھیں گے اور انصار گھٹیں گے

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ اپنی اس بیماری میں جس میں آپؐ کا انتقال ہوا، چادر اوڑھ کر مسجد میں تشریف لائے، آپؐ نے اپنا سر ایک چکنے کپڑے کی پٹی سے کس کر باندھ رکھا تھا، کیونکہ آپؐ کے سر میں شدید درد تھا، آپؐ منبر پر بیٹھے اور اللہ کی خوب تعریف کی پھر فرمایا: لوگ بڑھتے جائیں گے اور انصار گھٹتے جائیں گے (چنانچہ ایسا ہی ہوا اور یہی اطلاع آپؐ کا معجزہ بنی) یہاں تک کہ رہ جائیں گے انصار لوگوں میں کھانے میں نمک کے بقدر، پس جو شخص ذمہ دار بنے تم میں سے کسی ایسے عہدہ کا جس میں وہ کسی قوم کو نقصان پہنچائے اور دوسری قوم کو نفع پہنچائے، یعنی بااختیار عہدہ کا مالک بنے تو چاہئے کہ وہ انصار کے نیکوکاروں سے قبول کرے اور ان میں سے کوتاہیاں کرنے والوں سے درگذر کرے، اور یہ آخری مجلس تھی، جس میں نبی ﷺ نے خطاب فرمایا، اور حدیث پہلے گذری ہے۔

تشریح: انصار سے مراد مدینہ کے وہ صحابہ ہیں جنھوں نے ابتدائے اسلام میں نبی ﷺ کا ساتھ دیا، وہ دن بہ دن گھٹتے جائیں گے، یہاں تک کہ ایک وقت آئے گا کہ ان میں سے کوئی باقی نہیں رہے گا، اور ترمذی شریف میں جو روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے اللہ! انصار کی مغفرت فرما، اور انصار کی اولاد کی مغفرت فرما اور ان کی اولاد کی اولاد کی بھی اور ان کی عورتوں کی بھی'' (حدیث ۳۹۳۲) یہ الحاق ہے، یہ اولاد قیامت تک بڑھتی جائے گی، مگر ان کی فضیلت صرف الحاق ہے، اصل انصار ان کی پہلی جماعت ہے، وہ گھٹتے جائیں گے۔

[۳۶۲۹-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثَنَا حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: أَخْرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ يَوْمٍ الْحَسَنَ فَصَعِدَ بِهِ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: "ابْنِيْ هٰذَا سَيِّدٌ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ" [راجع: ۲۷۰۴]

۲۹-آپؐ نے خبر دی کہ حضرت حسنؓ کے ذریعہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں مصالحت ہوگی

حدیث پہلے گذری ہے، ایک دن آپؐ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو لے کر منبر پر تشریف لائے اور حاضرین سے فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہے، اور ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ معاملات سنوار دیں، مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں کے درمیان (چنانچہ ایسا ہی ہوا) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت حسنؓ نے صلح کر لی اور امت بڑے خون خرابے سے بچ گئی۔

[۳۶۳۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَعَى جَعْفَرًا وَزَيْدًا قَبْلَ أَنْ يَجِيْءَ خَبَرُهُمْ، وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ.

[راجع: ۱۲۴۶]

۳۰- آپ ﷺ نے شہدائے موتہ کی اطلاع دی

حدیث پہلے گذری ہے، موتہ میں جنگ ہورہی تھی اور نبی ﷺ منبر پر بیٹھ کر وہاں کا حال سنارہے تھے کہ اب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ شہید ہوئے، اب فلاں شہید ہوا، اب فلاں شہید ہوا، اور آپؐ کی دونوں آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے، ظاہر ہے آپؐ وحی کے ذریعہ اطلاع دے رہے تھے، کیونکہ آپؐ عالم الغیب نہیں تھے، پس یہ اطلاع دینا علامات نبوت میں سے تھا۔

[۳۶۳۱-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، ثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هَلْ لَكُمْ مِنْ أَنْمَاطٍ؟" قُلْتُ: وَأَنّٰى يَكُوْنُ لَنَا الْأَنْمَاطُ؟ قَالَ: "أَمَّا إِنَّهُ سَتَكُوْنُ لَكُمُ الْأَنْمَاطُ" فَأَنَا أَقُوْلُ لَهَا- يَعْنِىْ امْرَأَتَهُ - أَخِّرِىْ عَنَّا أَنْمَاطَكِ، فَتَقُوْلُ: أَلَمْ يَقُلِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّهَا سَتَكُوْنُ لَكُمُ الْأَنْمَاطُ؟" فَأَدَعُهَا.[انظر: ۵۱۶۱]

۳۱- آپ ﷺ نے اطلاع دی کہ انصار کے گھروں میں غالیچے ہونگے

ایک دن نبی ﷺ نے انصار سے پوچھا: تمہارے گھروں میں غالیچے ہیں؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: ہمارے گھروں میں غالیچے کہاں سے آئے؟ آپؐ نے فرمایا: سنو! عنقریب تمہارے لئے غالیچے ہونگے، چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے گھر میں غالیچہ بچھا ہوا تھا اور وہ اپنی بیوی سے کہتے: مجھ سے اپنا غالیچہ دور کرو، یعنی اس کو گھر سے نکال دو، بیوی جواب دیتی: کیا نبی ﷺ نے نہیں فرمایا کہ عنقریب تمہارے لئے غالیچے ہونگے، پس میں اس کو رہنے دیتا۔

[۳۶۳۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: انْطَلَقَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ مُعْتَمِرًا، قَالَ: فَنَزَلَ عَلٰى أُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ أَبِىْ صَفْوَانَ، وَكَانَ أُمَيَّةُ إِذَا انْطَلَقَ إِلَى الشَّامِ فَمَرَّ بِالْمَدِيْنَةِ نَزَلَ عَلٰى سَعْدٍ، فَقَالَ أُمَيَّةُ لِسَعْدٍ: انْتَظِرْ حَتَّى إِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَفَلَ النَّاسُ انْطَلَقْتَ فَطُفْتَ، فَبَيْنَا سَعْدٌ يَطُوْفُ إِذَا أَبُوْ جَهْلٍ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا الَّذِىْ يَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ؟ فَقَالَ سَعْدٌ: أَنَا سَعْدٌ، فَقَالَ أَبُوْ جَهْلٍ: تَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ آمِنًا وَقَدْ آوَيْتُمْ مُحَمَّدًا وَأَصْحَابَهُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَتَلَاحَيَا بَيْنَهُمَا، فَقَالَ أُمَيَّةُ لِسَعْدٍ: لَا تَرْفَعْ صَوْتَكَ عَلٰى أَبِى الْحَكَمِ فَإِنَّهُ سَيِّدُ أَهْلِ الْوَادِىْ، ثُمَّ قَالَ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ لَئِنْ مَنَعْتَنِىْ أَنْ أَطُوْفَ بِالْبَيْتِ لَأَقْطَعَنَّ مَتْجَرَكَ بِالشَّامِ، قَالَ: فَجَعَلَ أُمَيَّةُ يَقُوْلُ لِسَعْدٍ: لَا تَرْفَعْ صَوْتَكَ، فَجَعَلَ يُمْسِكُهُ، فَغَضِبَ سَعْدٌ، فَقَالَ: دَعْنَا عَنْكَ فَإِنِّىْ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم يَزْعَمُ أَنَّهُ قَاتِلُكَ، قَالَ: إِيَّاىَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَاللّٰهِ مَا يَكْذِبُ مُحَمَّدٌ إِذَا حَدَّثَ، فَرَجَعَ إِلٰى امْرَأَتِهِ فَقَالَ: أَمَا تَعْلَمِيْنَ مَا قَالَ لِىْ أَخِى الْيَثْرِبِىُّ؟ قَالَتْ: وَمَا قَالَ؟ قَالَ:

زَعَمَ أَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدًا يَزْعُمُ أَنَّهُ قَاتِلِيْ، قَالَتْ: فَوَ اللّٰهِ مَا يَكْذِبُ مُحَمَّدٌ، قَالَ: فَلَمَّا خَرَجُوْا إِلٰى بَدْرٍ وَجَاءَ الصَّرِيْخُ، قَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ: أَمَا ذَكَرْتَ مَا قَالَ لَكَ أَخُوْكَ الْيَثْرِبِيُّ؟ قَالَ: فَأَرَادَ أَنْ لَا يَخْرُجَ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ جَهْلٍ: إِنَّكَ مِنْ أَشْرَافِ الْوَادِيْ، فَسِرْ يَوْمًا أَوْ يَوْمَيْنِ فَسَارَ مَعَهُمْ فَقَتَلَهُ اللّٰهُ. [انظر: ۳۹۵۰]

۳۲- آپ ﷺ نے امیہ بن خلف کے قتل کی اطلاع دی

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ عمرہ کے لئے چلے اور مکہ میں حضرت صفوان رضی اللہ عنہ کے والد امیہ بن خلف کے مہمان بنے (دونوں میں تعلقات تھے) امیہ جب شام جاتا تھا اور مدینہ سے گذرتا تھا تو حضرت سعدؓ کے پاس ٹھہرتا تھا، امیہ نے حضرت سعدؓ سے کہا: ذرا انتظار کریں، یہاں تک کہ جب دوپہر ہوجائے اور لوگوں کی آمدورفت بند ہوجائے تو آپ چل کر طواف کریں، پس دریں اثنا کہ حضرت سعدؓ طواف کررہے تھے، اچانک ابوجہل آگیا، اس نے پوچھا: کعبہ کا طواف کرنے والا یہ شخص کون ہے؟ حضرت سعدؓ نے کہا: میں سعد ہوں، ابوجہل نے کہا: تو کعبہ کا اطمینان سے طواف کررہا ہے اور تو نے محمد کو اور ان کے ساتھیوں کو پناہ دی ہے؟! حضرت سعدؓ نے کہا: ہاں، پس دونوں کے درمیان جھگڑا ہوا، امیہ نے حضرت سعدؓ سے کہا: ابوالحکم کے سامنے آپ زور سے نہ بولیں، اس لئے کہ یہ مکہ کا سردار ہے، پس حضرت سعدؓ نے کہا: بخدا! اگر روکے گا تو مجھے بیت اللہ کا طواف کرنے سے تو ضرور کاٹ دوں گا میں تیرا شام کی طرف تجارت کا راستہ، پس امیہ حضرت سعدؓ سے کہتا رہا آپ زور سے نہ بولیں اور اس نے حضرت سعدؓ کو روکنا شروع کیا، حضرت سعدؓ کو غصہ آیا اور فرمایا: ابے چھوڑ! میں نے محمد ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ وہ تجھے قتل کریں گے، اس نے کہا: مجھے؟ حضرت سعدؓ نے کہا: ہاں، امیہ نے کہا: بخدا! محمد جھوٹ نہیں بولتے، جب وہ بات کرتے ہیں، پس وہ اپنی بیوی کی طرف لوٹا اور کہا: کیا نہیں جانتی تو وہ بات جو مجھ سے میرے یثربی بھائی نے کہی؟ بیوی نے پوچھا: اس نے کیا کہا: امیہ نے کہا: اس نے کہا کہ اس نے محمد کو سنا ہے، وہ کہتے ہیں کہ وہ مجھے قتل کریں گے، بیوی نے کہا: بخدا! محمد جھوٹ نہیں بولتے، پھر جب مکہ والے بدر کی طرف نکلے اور اعلان کرنے والا آیا تو امیہ سے اس کی بیوی نے کہا: کیا آپ کو یاد نہیں وہ بات جو آپ سے آپ کے یثربی بھائی نے کہی تھی؟ راوی کہتا ہے: پس امیہ نے ارادہ کیا کہ بدر کے لئے نہ نکلے، پس اس سے ابوجہل نے کہا: آپ مکہ کے معزز لوگوں میں سے ہیں (آپ پیچھے رہیں گے تو اور بھی لوگ پیچھے رہیں گے) لہٰذا ہمارے ساتھ ایک دن یا دو دن چلئے (پھر واپس لوٹ جائیں) چنانچہ وہ ان کے ساتھ چلا، اور اس کو اللہ تعالیٰ نے موت کی گھاٹ اتار دیا۔

[۳۶۳۴-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شَيْبَةَ، أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُغِيْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "رَأَيْتُ النَّاسَ مُجْتَمِعِيْنَ فِيْ صَعِيْدٍ، فَقَامَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَنَزَعَ ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ، وَفِيْ بَعْضِ نَزْعِهِ ضَعْفٌ، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ، ثُمَّ أَخَذَهَا

عُمَرُ فَاسْتَحَالَتْ بِيَدِهِ غَرْبًا، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا فِي النَّاسِ يَفْرِيْ فَرِيَّهُ، حَتَّى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ" وَقَالَ هَمَّامٌ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" فَنَزَعَ أَبُوْ بَكْرٍ ذَنُوْبَيْنِ"

[انظر: ٣٦٧٦، ٣٦٨٢، ٧٠١٩، ٧٠٢٠]

۳۳-آپ ﷺ نے اپنے خلفاء کے احوال بیان کئے

نبی ﷺ نے خواب دیکھا کہ لوگ ایک زمین میں اکٹھا ہیں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی ہیں، انھوں نے ایک ڈول یا دوڈول کنویں میں سے کھینچے، اوران کے ڈول نکالنے میں کچھ کمزوری تھی، اور اللہ تعالیٰ ان کو معاف فرمائیں، پھر عمر رضی اللہ عنہ نے ڈول لے لیا تو وہ ڈول ان کے ہاتھ میں کوس بن گیا، پس نہیں دیکھا میں نے لوگوں میں کسی ہیرو کو جس نے ان جیسا کارنامہ انجام دیا ہو، یہاں تک کہ لوگ اونٹوں کو سیراب کرکے سایہ میں بٹھانے کے لئے لے گئے۔

تشریح: پہلے ڈول نبی ﷺ کے ہاتھ میں تھا، آپؐ کنویں سے پانی کھینچ رہے تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپؐ کے ہاتھ سے ڈول لے کر پانی کھینچنا شروع کیا وہ ڈول مشکل سے نکالتے تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت دو سال ہے اوراس میں بھی بعض عربوں کے مرتد ہوجانے کی وجہ سے اضطراب رہا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت دس سال رہی، اورانھوں نے اپنی خلافت میں جو کارنامے انجام دیئے اس سے تاریخ کا ہر طالب علم واقف ہے۔

[٣٦٣٣-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، ثَنَا أَبُوْ عُثْمَانَ، قَالَ: أُنْبِئْتُ أَنَّ جِبْرِيْلَ أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَعِنْدَهُ أُمُّ سَلَمَةَ، فَجَعَلَ يُحَدِّثُ، ثُمَّ قَامَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأُمِّ سَلَمَةَ:" مَنْ هٰذَا؟" أَوْ كَمَا قَالَ: قَالَ: قَالَتْ: هٰذَا دِحْيَةُ، فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: أَيْمُ اللّٰهِ! مَا حَسِبْتُهُ إِلَّا إِيَّاهُ، حَتَّى سَمِعْتُ خُطْبَةَ نَبِيِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِخَبَرِ جِبْرِيْلَ- أَوْ كَمَا قَالَ - قَالَ: فَقُلْتُ لِأَبِيْ عُثْمَانَ: مِمَّنْ سَمِعْتَ هٰذَا؟ قَالَ: مِنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ. [انظر: ٤٩٨٠]

۳۴-حضرت جبرئیل علیہ السلام کا نبی ﷺ کی خدمت میں انسانی شکل میں آنا

حضرت جبرئیل علیہ السلام نبی ﷺ کی خدمت میں آئے اور آپؐ کے پاس حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا تھیں، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ سے باتیں کیں، پھر چلے گئے، نبی ﷺ نے حضرت ام سلمہؓ سے پوچھا: یہ کون شخص تھا؟ حضرت ام سلمہؓ نے کہا: دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ تھے (آپؐ خاموش ہوگئے) حضرت ام سلمہؓ کہتی ہیں: قسم بخدا! نہیں گمان کیا میں نے ان کو مگر دحیہؓ یہاں تک کہ میں نے نبی ﷺ کی تقریر سنی، جس میں انھوں نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کا ذکر کیا، کہ وہ آئے تھے اور یہ وحی لائے (حضرت جبرئیل علیہ السلام کا خدمتِ نبوی میں آنا علاماتِ نبوت میں سے ہے)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿يَعْرِفُوْنَهُ كَمَا يَعْرِفُوْنَ أَبْنَاءَ هُمْ، وَإِنَّ فَرِيْقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ﴾

۳۵- یہود آپؐ کو بیٹوں کی طرح پہچانتے تھے مگر بات چھپاتے تھے

تحویلِ قبلہ کے سلسلہ میں سورۃ البقرہ کی آیت ۱۴۶ ہے: ﴿الَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُوْنَهُ كَمَا يَعْرِفُوْنَ أَبْنَاءَ هُمْ، وَإِنَّ فَرِيْقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ﴾: جن لوگوں کو ہم نے آسمانی کتاب (تورات) دی وہ ان کو پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، مگر ان کی ایک جماعت حق بات کو جان بوجھ کر چھپاتی ہے۔

تفسیر: اہل کتاب نبی ﷺ کے نسب وقبیلہ، مولد ومسکن، صورت وشکل اور اوصاف واحوال کو جانتے تھے، جیسے لوگ بہت سے لڑکوں میں اپنے بیٹوں کو فوراً پہچان لیتے ہیں، مگر اس بات کو بعض لوگ ظاہر کرتے تھے اور بعض لوگ جان بوجھ کر چھپاتے تھے، یہ آپؐ کے جملہ احوال کا اہل کتاب کی کتابوں میں ہونا آپؐ کے سچے نبی ہونے کی علامت ہے۔

حدیث: پہلے گذری ہے، خیبر کے یہودیوں میں زنا کا ایک واقعہ پیش آیا، ان میں سزا دینے میں اختلاف ہوا، وہ یہ معاملہ لے کر مدینہ آئے انھوں نے خیال کیا کہ نبی آخر الزماں کی شریعت معتدل ہے، اس لئے وہ کوئی ہلکی سزا دیں گے، تورات کی سخت سزا سے زانی اور زانیہ بچ جائیں گے، اور ہم اللہ کے یہاں کہہ سکیں گے کہ آپ کے نبی نے سزا دیدی، اس لئے ہم تورات کی سزا کے مکلّف نہیں رہے، نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: تورات میں رجم کی سزا ہے یا نہیں؟ انھوں نے کہا: تورات میں زنا کی سزا یہ ہے کہ زانی اور زانیہ کو رسوا کیا جائے اور ان کو کوڑے مارے جائیں، حضرت عبداللہ بن سلامؓ جو پہلے یہودی تھے، انھوں نے تکذیب کی کہ تورات میں سنگساری کی سزا ہے، چنانچہ وہ تورات لائے اور اس کو کھول کر پڑھنے لگے، ان میں سے ایک نے اپنا ہاتھ رجم کی آیت پر رکھ دیا اور آگے پیچھے کی عبارت پڑھتے رہے، حضرت عبداللہ بن سلامؓ نے کہا: اپنا ہاتھ اٹھا اور اس کے نیچے جو ہے وہ پڑھ، چنانچہ اس نے ہاتھ اٹھایا تو اس کے نیچے رجم کی آیت تھی، اور انھوں نے اعتراف کیا کہ تورات میں سنگساری کا حکم ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے زانی اور زانیہ کے بارے میں حکم دیا اور وہ دونوں سنگسار کئے گئے، حدیث کے راوی ابن عمرؓ فرماتے ہیں: میں نے دیکھا کہ زانی زانیہ پر جھکا ہوا تھا، اس کو پتھروں سے بچا رہا تھا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۲۶-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿يَعْرِفُوْنَهُ كَمَا يَعْرِفُوْنَ أَبْنَاءَ هُمْ، وَإِنَّ فَرِيْقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ﴾

[۳۶۳۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ الْيَهُوْدَ

جَاؤُا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرُوْا لَهُ أَنَّ رَجُلاً مِنْهُمْ وَامْرَأَةً زَنَيَا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَاتَجِدُوْنَ فِي التَّوْرَاةِ فِيْ شَأْنِ الرَّجْمِ؟" فَقَالُوْا: نَفْضَحُهُمْ وَيُجْلَدُوْنَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: كَذَبْتُمْ، إِنَّ فِيْهَا الرَّجْمَ، فَأَتَوْا بِالتَّوْرَاةِ فَنَشَرُوْهَا، فَوَضَعَ أَحَدُهُمْ يَدَهُ عَلٰى آيَةِ الرَّجْمِ، فَقَرَأَ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا. فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: ارْفَعْ يَدَكَ، فَرَفَعَ يَدَهُ فَإِذَا فِيْهَا آيَةُ الرَّجْمِ، فَقَالُوْا: صَدَقَ يَا مُحَمَّدُ، فِيْهَا آيَةُ الرَّجْمِ، فَأَمَرَ بِهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرُجِمَا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَرَأَيْتُ الرَّجُلَ يَحْنِىْ عَلٰى الْمَرْأَةِ، يَقِيْهَا الْحِجَارَةَ.[راجع: ۱۳۲۹]

قولہ: يَحْنِىْ: خطابی کہتے ہیں: حَنٰى يَحْنِىْ حَنْيًا کے معنی ہیں: موڑنا یعنی زانی خود کو زانیہ پر جھکائے ہوئے تھا، مگر حدیث میں صحیح لفظ يَجْنأُ (جیم کے ساتھ) ہے، اور جَنَأَ (ف) جُنُوْءً ا کے معنی ہیں: کسی پر اوندھا ہو جانا۔

بَابُ سُؤَالِ الْمُشْرِكِيْنَ أَنْ يُرِيَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم آيَةً، فَأَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ

۳۶- مشرکین نے معجزہ طلب کیا، آپ نے چاند کے دو ٹکڑے کر کے دکھائے

ہجرت سے پہلے نبی ﷺ منیٰ میں تشریف فرما تھے، مشرکین نے آپ سے کوئی نشانی طلب کی، آپ نے فرمایا: آسمان کی طرف دیکھو، آپ نے شہادت کی انگلی سے اشارہ کیا، چاند پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا، جب سب نے یہ معجزہ دیکھ لیا تو دونوں ٹکڑے آپس میں مل گئے، مشرکین کہنے لگے: محمد نے (چاند پر یا ہم پر) جادو کر دیا! اس معجزہ کو شق القمر کا معجزہ کہتے ہیں، اس معجزہ کا بیان کتاب مناقب الأنصار باب انشقاق القمر میں بھی آئے گا۔

[۲۷-] بَابُ سُؤَالِ الْمُشْرِكِيْنَ أَنْ يُرِيَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم آيَةً، فَأَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ

[۳۶۳۶-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، أَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم شِقَّتَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اشْهَدُوْا"[انظر: ۳۸۶۹، ۳۸۷۰، ٤٨٦٤، ٤٨٦٥]

[۳۶۳۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا يُوْنُسُ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ حَدَّثَهُمْ أَنَّ أَهْلَ مَكَّةَ سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُرِيَهُمْ آيَةً، فَأَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ.[انظر: ۳۸۶۸، ٤٨٦٧، ٤٨٦٨]

[۳۶۳۸-] حدثنا خَلَفُ بْنُ خَالِدٍ الْقُرَشِيُّ، ثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ

مَالِكٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ الْقَمَرَ انْشَقَّ فِي زَمَانِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ٣٨٧٠، ٤٨٦٦]

بَابٌ

۳۷-دوصحابہ کی لاٹھیاں روشن ہوگئیں

یہ باب کالفصل من الباب السابق نہیں ہے، یہاں باب لگانا ہے، میں نے لگایا ہے، اور صرف ایک حدیث کا اس باب سے تعلق ہے، باقی حدیثیں جنرل باب: بابُ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ فِي الإِسْلَامِ سے متعلق ہیں، اور حدیث پہلے گذری ہے، حضرت عبّاد اور حضرت اُسید رضی اللہ عنہما ایک تاریک رات میں دیر سے نبی ﷺ کے پاس سے نکلے، دونوں کے ہاتھوں میں لاٹھیاں تھیں، دونوں میں سے ایک کی لاٹھی روشن ہوگئی، دونوں اس کی روشنی میں چلتے رہے، آگے چل کر جب راستے الگ ہوئے تو دوسرے کی لاٹھی بھی روشن ہوگئی، اس طرح دونوں روشنی میں اپنے اپنے گھر پہنچے، اور امت کی کرامت نبی کا معجزہ ہوتی ہے۔

[-٢٨] بَابٌ

[٣٦٣٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا مُعَاذٌ، ثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، ثَنَا أَنَسٌ، أَنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَا مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ، وَمَعَهُمَا مِثْلُ الْمِصْبَاحَيْنِ يُضِيْئَانِ بَيْنَ أَيْدِيْهِمَا، فَلَمَّا افْتَرَقَا صَارَ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا وَاحِدٌ، حَتَّى أَتَى أَهْلَهُ.[راجع: ٤٦٥]

تنبیہ: مَعَهُمَا مِثْلُ الْمِصْبَاحَيْنَ: مآل کے اعتبار سے کہا ہے، پہلے ایک لاٹھی روشن ہوئی تھی۔

۳۸-آپؐ نے خبر دی کہ امت تا فیصلہ خداوندی غالب رہے گی

ظَهَرَ فُلَانًا: کسی کی پیٹھ پر مارنا، ظَهَرَ عَلَيْهِ: غالب آنا، الظَّهْر: کمر، پیٹھ، سورۃ الصّف آیت ۹ میں ہے: ﴿لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهِ﴾: اللہ کے رسول اللہ کے دین کو تمام دینوں پر غالب کردیں گے، ان کی پیٹھوں پر سوار کردیں گے، جیسے اکھاڑے میں پہلوان دوسرے پہلوان کو چت کرتا ہے، اس کی پیٹھ پر بیٹھ جاتا ہے، اس میں اشارہ ہے کہ ادیانِ باطلہ ختم نہیں ہونگے، مغلوب ہوجائیں گے، اسلام ان کی پیٹھ پر سوار ہوجائے گا، غالب آجائے گا، اور یہ بات اللہ کے مقرر کئے ہوئے وقت تک ہوگی، پھر کفر غالب آجائے گا، اور جب کوئی اللہ اللہ کہنے والا نہیں رہے گا تب قیامت برپا ہوگی۔

حدیث: فرمایا: میری امت کے کچھ لوگ برابر غالب رہیں گے (' کچھ' میں گمراہ فرقوں کی طرف اشارہ ہے اور کچھ

سے مراد اہلِ حق یعنی اہل السنہ والجماعہ ہیں) یہاں تک کہ آجائے ان کے پاس اللہ کا فیصلہ درانحالیکہ وہ غالب ہوں (أَمْرُ اللّٰه سے مراد تقدیر الٰہی ہے، جب تک اسلام کا بقاء منظور ہے مسلسل اسلام غالب رہے گا، آج ہم پندرھویں صدی میں ہیں، اب تک اسلام ہی اپنے دلائل کے ذریعہ غالب ہے)

[۳۶۴۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِی الْأَسْوَدِ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا قَيْسٌ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "لَايَزَالُ النَّاسُ مِنْ أُمَّتِی ظَاهِرِيْنَ، حَتّٰی يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ" [انظر: ۷۳۱۱، ۷۴۵۹]

آئندہ حدیث: میری امت کا ایک گروہ برابر اللہ کے حکم کو تھامے رہے گا (یعنی اللہ کی شریعت، اللہ کے دین اور نبی ﷺ کے طریقہ کو مضبوط پکڑے رہے گا) نہیں نقصان پہنچا سکیں گے ان کو وہ لوگ جو ان کو رسوا کرنا چاہیں گے، اور نہ وہ لوگ جو ان کی مخالفت کریں گے، یہاں تک کہ فیصلہ خداوندی آجائے، اور وہ اسی حال پر ہوں۔

سند: یہ حدیث عُمیر نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے، عُمیر نے اس حدیث میں دوسری سند سے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا قول وَهُمْ بِالشَّامِ بڑھایا ہے یعنی اللہ کے دین کو مضبوط تھامنے والے یہ لوگ ملک شام میں ہونگے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ مالک بن یخامر کہتے ہیں: انھوں نے معاذؓ سے وَهُمْ بِالشَّامِ سنا ہے، حضرت معاویہؓ نے اس سے اپنے سیاسی موقف کے برحق ہونے پر استدلال کیا ہے، حالانکہ حدیث کا تعلق سیاسی امور سے نہیں ہے، دینی امور سے ہے اور دین کو مضبوط تھامنے والے دنیا کے ہر خطہ میں ہوسکتے ہیں، شام میں بھی ہونگے، جو بھی اہل السنہ والجماعہ ہیں اور دین کو مضبوط تھامے ہوئے ہیں وہ حدیث کا مصداق ہیں۔

[۳۶۴۱-] حدثنا الْحُمَيْدِیُّ، ثَنَا الْوَلِيْدُ، ثَنِی ابْنُ جَابِرٍ، ثَنِی عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: "لَايَزَالُ مِنْ أُمَّتِی أُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِأَمْرِ اللّٰهِ، لَايَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَلَا مَنْ خَالَفَهُمْ، حَتّٰی يَأْتِیَ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ عَلٰی ذٰلِكَ" قَالَ عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ، فَقَالَ مَالِكُ بْنُ يُخَامِرَ: قَالَ مُعَاذٌ: وَهُمْ بِالشَّامِ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: هٰذَا مَالِكٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاذًا يَقُوْلُ: "وَهُمْ بِالشَّامِ" [راجع: ۷۱]

۳۹- آپؐ نے حضرت عروہ بارقی رضی اللہ عنہ کو دعا دی اور اس کا اثر ظاہر ہوا

حضرت عروہ بارقی رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے بکرا خریدنے کے لئے ایک دینار دیا، انھوں نے اپنی مہارت سے ایک دینار میں دو بکرے خریدے، پھر ایک بکرا ایک دینار میں بیچ دیا اور نبی ﷺ کے پاس بکرا اور دینار لے کر حاضر ہوئے، اور آپؐ کو پورا واقعہ بتایا، آپؐ نے دعا دی کہ اللہ تعالیٰ تمہاری خرید وفروخت میں برکت فرمائیں، اس دعا کی برکت سے وہ کوفہ کے بازار کُناسہ نامی میں کاروبار کرتے تھے، غلام باندی خریدتے بیچتے تھے، صبح خالی ہاتھ جاتے تھے، اور شام کو بہت سارا مال

لے کر لوٹتے تھے، کوفہ کے بڑے مالداروں میں ان کا شمار ہوتا تھا۔

[٣٦٤٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا شَبِيْبُ بْنُ غَرْقَدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَيَّ يَتَحَدَّثُوْنَ عَنْ عُرْوَةَ هُوَ الْبَارِقِيُّ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَعْطَاهُ دِيْنَارًا يَشْتَرِيْ لَهُ بِهِ شَاةً، فَاشْتَرَى لَهُ بِهِ شَاتَيْنِ، فَبَاعَ إِحْدَاهُمَا بِدِيْنَارٍ، فَجَاءَهُ بِدِيْنَارٍ وَشَاةٍ، فَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ فِيْ بَيْعِهِ، فَكَانَ لَوِ اشْتَرَى التُّرَابَ لَرَبِحَ فِيْهِ.

قَالَ سُفْيَانُ: كَانَ الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ جَاءَنَا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعَهُ شَبِيْبٌ مِنْ عُرْوَةَ، فَأَتَيْتُهُ فَقَالَ شَبِيْبٌ: إِنِّيْ لَمْ أَسْمَعْهُ مِنْ عُرْوَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَيَّ يُخْبِرُوْنَهُ عَنْهُ.

[٣٦٤٣-] وَلٰكِنْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "الْخَيْرُ مَعْقُوْدٌ بِنَوَاصِيْ الْخَيْلِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ" قَالَ: وَقَدْ رَأَيْتُ فِيْ دَارِهِ سَبْعِيْنَ فَرَسًا، قَالَ سُفْيَانُ: يَشْتَرِيْ لَهُ شَاةً كَأَنَّهَا أُضْحِيَّةٌ. [راجع: ٢٨٥٠]

وضاحت: یہ حدیث سفیان بن عیینہؒ: شبیب بن غرقدۃ سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: میں نے قبیلہ والوں سے سنا وہ حضرت عروہؓ سے حدیث روایت کرتے تھے، سفیانؒ کہتے ہیں: حسن بن عمارہ (جو بالاتفاق متروک راوی ہے) ہمارے پاس یہ حدیث شبیب سے لایا، اور اس نے کہا: یہ حدیث شبیب نے حضرت عروہؓ سے سنی ہے، پس سفیانؒ شبیب کے پاس تصدیق کے لئے گئے تو شبیب نے کہا: میں نے یہ حدیث عروہ سے نہیں سنی، محلّہ کے لوگوں سے سنی ہے، جو حضرت عروہؓ سے روایت کرتے تھے، ہاں میں نے ان سے ایک دوسری حدیث سنی ہے، عروہؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ خیر گھوڑوں کی پیشانی میں بندھی ہوئی ہے، قیامت کے دن تک، سفیان بن عیینہؒ کہتے ہیں: میں نے حضرت عروہؓ کے گھر میں ستر گھوڑے بندھے ہوئے دیکھے اور سفیان مذکورہ حدیث میں یَشْتَرِیْ لَهُ شَاةً کے بعد كَأَنَّهَا أُضْحِيَّةٌ بھی بڑھاتے تھے، یعنی نبی ﷺ نے حضرت عروہؓ کو جو دینار دیا تھا وہ قربانی کا بکرا خریدنے کے لئے دیا تھا، مگر یہ بات قطعی نہیں۔

سوال: حدیث کی سند میں قبیلہ والے مجہول راوی ہیں، پھر امام بخاری رحمہ اللہ یہ حدیث اپنی صحیح میں کیوں لائے؟

جواب: یہ استفاضہ (شہرت) کی صورت ہے اور استفاضہ: فلانٌ عن فلان سے قوی ہے، اس لئے اس روایت کی تخریج کی ہے۔

۴۰- نبی ﷺ نے خبر دی کہ جہاد قیامت تک چلے گا

حدیث پہلے گذری ہے کہ گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت تک خیر بندھی ہوئی ہے، یعنی جہاد قیامت تک چلے گا، خواہ با قاعدہ چلے یا بے قاعدہ، اور یہ حدیث حضرت ابن عمر اور حضرت انس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، پھر اس کے بعد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث لائے ہیں، جو پہلے گذر چکی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: گھوڑے تین ہیں، کسی کے لئے ثواب

ہیں، کسی کے لئے پردہ ہیں اور کسی کے لئے گناہ ہیں، جو شخص جہاد کے لئے گھوڑا پالتا ہے: گھوڑا اس کے لئے باعث اجر ہے۔ اس حدیث سے بھی یہ بیان کرنا مقصود ہے کہ سلسلۂ جہاد ہمیشہ جاری رہے گا۔

[٣٦٤٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" اَلْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"[راجع: ٢٨٤٩]

[٣٦٤٥-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم:" اَلْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ" [راجع: ٢٨٥١]

[٣٦٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" اَلْخَيْلُ ثَلاَ ثَةٌ: لِرَجُلٍ أَجْرٌ، وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ، وَعَلٰى رَجُلٍ وِزْرٌ، فَأَمَّا الَّذِيْ لَهُ أَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَأَطَالَ لَهَا فِيْ مَرْجٍ أَوْ: رَوْضَةٍ، فَمَا أَصَابَتْ فِيْ طِيَلِهَا مِنَ الْمَرْجِ أَوِ: الرَّوْضَةِ كَانَتْ لَهُ حَسَنَاتٍ، وَلَوْ أَنَّهَا قَطَعَتْ طِيَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ كَانَتْ أَرْوَاثُهَا حَسَنَاتٍ لَهُ، وَلَوْ أَنَّهَا مَرَّتْ بِنَهَرٍ فَشَرِبَتْ وَلَمْ يُرِدْ أَنْ يَسْقِيَهَا كَانَ ذٰلِكَ لَهُ حَسَنَاتٍ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَغَنِّيًا وَسِتْرًا وَتَعَفُّفًا وَلَمْ يَنْسَ حَقَّ اللّٰهِ فِي رِقَابِهَا وَظُهُوْرِهَا، فَهِيَ لَهُ كَذٰلِكَ سِتْرٌ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا فَخْرًا وَرِيَاءً وَنِوَاءً لِأَهْلِ الإِسْلَامِ فَهِيَ وِزْرٌ لَهُ" وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الْحُمُرِ فَقَالَ:" مَا أُنْزِلَ عَلَيَّ فِيْهَا إِلَّا هٰذِهِ الآيَةُ الْجَامِعَةُ الْفَاذَّةُ ﴿فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ﴾[الزلزلة:٧و٨] [راجع: ٢٣٧١]

ترجمہ: گھوڑے تین ہیں: کسی کے لئے ثواب ہیں، کسی کے لئے پردہ پوشی اور کسی پر گناہ، رہا وہ شخص جس کے لئے ثواب ہیں وہ وہ شخص ہے جس نے گھوڑا راہِ خدا میں پالا، پس رسّی لمبی کی اس کے لئے سبزہ زار میں، پس جو کچھ چرے گا وہ اپنی رسّی میں سبزہ زار سے، بنے گا وہ اس کے لئے نیکیاں اور اگر ہو یہ بات کہ وہ اپنی رسّی توڑ دے پس ایک ٹیلہ یا دو ٹیلے کودے تو اس کے مالک کے لئے نیکیاں ہوگا، اور اگر ہو یہ بات کہ گھوڑا کسی نہر پر گذرے اور پانی پیئے اور مالک نے اس کو پلانے کا ارادہ نہ کیا ہو تو بھی وہ پینا اس کے لئے نیکیاں ہوگا، اور دوسرے شخص نے گھوڑا پالا مالداری، پردہ پوشی اور سوال سے بچنے کے لئے یعنی معیشت کے طور پر تو وہ گھوڑا اس کے لئے اسی طرح ہوگا، یعنی اس کا مقصد پورا ہوگا، اور تیسرا شخص جس نے گھوڑا پالا بڑائی جتلانے کے لئے اور دکھلانے کے لئے اور مسلمانوں کی دشمنی کے طور پر تو وہ گھوڑا اس کے لئے گناہ ہے، اور نبی ﷺ سے گدھوں کے بارے میں پوچھا گیا (کہ ان میں زکوۃ ہے یا نہیں؟) آپؐ نے فرمایا: مجھ پر گدھوں کے بارے میں نہیں اتاری گئی، مگر یہ انوکھی جامع آیت کہ جو شخص ذرہ بھر نیکی کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا، اور جو ذرہ بھر برائی کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا۔

ملحوظہ: گھوڑوں کی گردن میں اللہ کا حق زکوٰۃ ہے، پس یہ حدیث امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل ہے کہ گھوڑوں میں زکوٰۃ واجب ہے۔

۴۱- خیبر کے بارے میں آپؐ نے خبر دی کہ وہ اجڑا!

حدیث پہلے گذری ہے، نبی ﷺ صبح سویرے خیبر پہنچے، جب قلعوں کے دروازے کھلے اور لوگ پھاوڑے کدال لے کر نکلے اور نبی ﷺ کو دیکھا تو انھوں نے کہا: محمد بہت بڑا لشکر لے کر آ گئے، اور وہ دوڑ کر قلعوں میں گھس گئے، نبی ﷺ نے فرمایا: اللّٰهُ أكبر! خربت خيبر: اللہ کی شان بڑی ہے، خیبر ویران ہوا! ہم جب کسی قوم کے آنگن میں اترتے ہیں تو ڈرائے ہوؤں کی صبح بہت بری ہوتی ہے۔

[٣٦٤٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: صَبَّحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ بُكْرَةً، وَقَدْ خَرَجُوْا بِالْمَسَاحِيْ، فَلَمَّا رَأَوْهُ قَالُوْا: مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ، وَأَحَالُوْا إِلَى الْحِصْنِ يَسْعَوْنَ، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ وَقَالَ: "اَللّٰهُ أَكْبَرُ! خَرِبَتْ خَيْبَرُ، إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ" [راجع: ٣٧١]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: دَعْ: فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَإِنِّيْ أَخْشَى أَنْ لَاتَكُوْنَ مَحْفُوْظًا، وَإِنْ كَانَ فِيْهِ: فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَإِنَّهُ غَرِيْبٌ جِدًّا.

وضاحت: اس حدیث میں رَفَعَ يَدَيْهِ ہے یعنی نبی ﷺ نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہا، نعرۂ تکبیر بلند کیا، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: فَرَفَعَ يَدَيْهِ کو چھوڑ و، مجھے ڈر ہے کہ یہ لفظ محفوظ نہیں، اور اگر روایت میں یہ لفظ ہے تو نہایت انوکھا ہے، پس ان لفظوں سے نعرۂ تکبیر پر استدلال درست نہیں۔

۴۲- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے چادر پھیلائی اور سینہ سے لگائی تو کوئی حدیث نہیں بھولے

حدیث پہلے گذری ہے، حضرت ابو ہریرہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپؐ سے بہت سی باتیں سنتا ہوں اور بھول جاتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: اپنی چادر بچھاؤ، میں نے اس کو بچھایا، پس آپؐ نے اپنے ہاتھ سے چلّو بھر کر اس میں ڈالا، پھر فرمایا: اسے ملالو، میں نے اس کو ملالیا، پس میں اس کے بعد کوئی حدیث نہیں بھولا، یہ نبی ﷺ کا معجزہ ہے، اور نبوت کی علامت ہے۔

[٣٦٤٨-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ سَمِعْتُ مِنْكَ حَدِيْثًا كَثِيْرًا فَأَنْسَاهُ، قَالَ: "ابْسُطْ رِدَاءَكَ" فَبَسَطْتُهُ فَغَرَفَ بِيَدِهِ فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ: "ضُمَّهُ" فَضَمَمْتُهُ فَمَا نَسِيْتُ حَدِيْثًا بَعْدُ. [راجع: ١١٨]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب فضائل الصحابة

نبی ﷺ کے فضائل ومناقب کے بعد اب امت کے اصفیاء (برگزیدہ لوگوں) کا تذکرہ شروع کرتے ہیں، جس طرح درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے، نبی ﷺ کا مقام ومرتبہ آپؐ کی امت کے احوال سے آشکارا ہوتا ہے، پس اصفیاء کا تذکرہ بھی مناقبِ نبوی کا جزء ہے، یعنی ابھی نئی کتاب شروع نہیں ہوئی، کتاب المناقب ہی چل رہی ہے۔

بَابُ فَضَائِلِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل

احادیث میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل وارد ہوئے ہیں، ان کی چند بنیادیں ہیں:

پہلی بنیاد: نبی ﷺ کسی کی ایسی قلبی کیفیت پر مطلع ہوں جو دخولِ جنت کا باعث ہو، جیسے:

۱- آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: آپؓ ان لوگوں میں سے نہیں ہیں جو تکبر کی بناء پر ایسا کرتے ہیں، یعنی تہبند گھسیٹتے ہیں (بخاری، مشکوٰۃ حدیث ۴۳۶۹)

۲- اور آپ ﷺ نے یہ بات بھی جانی کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کمالات وخصائل حمیدہ کی تکمیل کر لی ہے جن کی وجہ سے ان کے لئے جنت کے سبھی باب وَا ہوجائیں گے، چنانچہ آپؐ نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ آپؓ انہی لوگوں میں سے ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۹۰) یعنی آپؓ ان لوگوں میں سے ہیں جن کو جنت کے سبھی دروازوں سے پکارا جائے گا (رحمۃ اللہ: ۴: ۱۴۶)

۳- اور آپ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: ''شیطان تمہیں جس راستہ پر چلتا ہوا دیکھتا ہے: وہ تمہاری راہ چھوڑ کر دوسری راہ اختیار کر لیتا ہے'' (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۶۰۲۷)

۴- اور آپ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ اگر میری امت میں کوئی مُحَدَّث (ملہم) ہے تو وہ عمرؓ ہیں (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۶۰۲۶)

دوسری بنیاد: خواب میں نبی ﷺ دیکھیں یا آپؐ کے دل میں یہ بات ڈالی جائے کہ فلاں شخص دین میں راسخ القدم ہے، جیسے:

۱-آپ ﷺ نے خواب میں دیکھا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ جنت میں آپؐ کے آگے چل رہے ہیں۔

(رحمۃ اللہ ۳:۵۲۱)

۲-اور آپ ﷺ نے جنت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا محل دیکھا (مشکوٰۃ حدیث ۶۰۲۸)

۳-اور خواب میں آپ ﷺ کے سامنے لوگ پیش کئے گئے، جنھوں نے کرتے پہن رکھے تھے، کسی کا کرتا چھاتی تک تھا، کسی کا اس سے نیچے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ پیش کئے گئے، انھوں نے اتنا لمبا کرتا پہن رکھا تھا کہ وہ زمین پر گھسٹتا تھا، لوگوں نے پوچھا: اس کی تعبیر کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: دین! (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۶۰۲۹) یعنی دین میں آپؓ راسخ القدم ہیں۔

۴-اور خواب میں آپ ﷺ کے سامنے دودھ کا پیالہ پیش کیا گیا، آپؐ نے خوب چھک کر پیا، اور بچا ہوا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا، لوگوں نے پوچھا: اس کی تعبیر کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: 'علم' (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۶۰۳۰) یعنی علم دین میں آپؓ کا مقام بلند ہے۔

تیسری بنیاد: نبی ﷺ کسی سے محبت کریں یا اس کی تعظیم وتکریم کریں یا اس کے ساتھ ہمدردی کریں یا اس نے اسلام کی طرف سبقت کی ہو، تو یہ سب باتیں اس بات کی علامت ہیں کہ اس کا دل ایمان سے لبریز ہے، جیسے:

۱-ایک مرتبہ آپ ﷺ لیٹے ہوئے تھے، پنڈلیاں کھلی تھیں، ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما یکے بعد دیگرے آئے، آپؐ نے اسی حال میں ان کو اجازت دیدی، پھر جب عثمان رضی اللہ عنہ آئے تو آپؐ بیٹھ گئے، کپڑے درست کر لئے پھر ان کو اجازت دی (رواہ مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۶۰۶۰) یہ تکریم کی مثال ہے۔

۲-حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ غزوۂ خندق میں زخمی ہوئے، آپؐ نے ان کی خبر گیری کے لئے ان کا خیمہ مسجدِ نبوی کے پاس لگوایا، یہ ہمدردی کی مثال ہے۔

صحابہ رضی اللہ عنہم پر اعتماد کیوں ضروری ہے؟

ملتِ اسلامیہ: زمانہ کے طول وعرض میں نقل وتوارث کے ذریعہ ثابت ہوئی ہے، یعنی جہاں آئندہ نسل کو دین صحابہ نے پہنچایا ہے: وہیں جزیرۃ العرب سے باہر پوری دنیا میں دین صحابہ نے پہنچایا ہے، پس اگر صحابہ کی توقیر وتعظیم نہیں کی جائے گی اور ان لوگوں کو قابل اعتماد قرار نہیں دیا جائے گا جنھوں نے مواقع وحی کو دیکھا ہے، وحی کا مطلب سمجھا ہے، سیرتِ طیبہ کا مشاہدہ کیا ہے اور ملت کی ہر طرح سے حفاظت کی ہے، نہ اس میں غلو کیا ہے نہ عمل میں سستی کی ہے، نہ اس کو دوسری ملت کے

ساتھ خلط ملط کیا ہے: تو نقل وتوارث سے اعتماد اٹھ جائے گا، اور دین کا استناد ختم ہو جائے گا۔

صحابی کی تعریف: مَنْ لَقِيَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم مُؤْمِنًا بِهِ، وَمَاتَ عَلَى الإِسْلَامِ: جس نے نبی ﷺ سے ایمان کی حالت میں ملاقات کی اور اسلام پر اس کی وفات ہوئی، ایمان کے بعد ساتھ رہنا شرط نہیں، بعض حضرات نے صحبت (ساتھ رہنے کی) شرط لگائی ہے، مگر اصح مختار قول یہ ہے کہ یہ بات شرط نہیں، جس نے بھی بحالت ایمان نبی ﷺ کو دیکھا ہے اگر چہ ایک جھلک ہی دیکھی ہو اور اسلام پر اس کی وفات ہوئی ہو، مرتد نہ ہوا ہو تو وہ صحابی ہے۔

اسی طرح جس مؤمن نے کسی بھی صحابی کو بحالتِ ایمان دیکھا اور ایمان پر اس کا خاتمہ ہوا، تو وہ تابعی ہے، اور جس نے اسی طرح کسی تابعی کو دیکھا: وہ تبع تابعی ہے، اس کے بعد فضیلت کا سلسلہ ختم! البتہ ایک شاذ رائے یہ ہے کہ فضیلت کا یہ سلسلہ قیامت تک چلتا رہے گا، اگر چہ مرتبہ گھٹتا رہے گا، مگر یہ رائے حدیث کے خلاف ہے، اور یہ بات پہلے (تحفہ ۱:۱۷۶ حاشیہ) آچکی ہے کہ خیر القرون (بہترین زمانے) زمانہ کے طول وعرض میں ایک ساتھ چلتے ہیں، نبی ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں جن مسلمانوں نے بحالتِ ایمان نبی ﷺ کی زیارت کی: وہ صحابہ تھے، مگر سب مسلمانوں نے نبی ﷺ کی زیارت نہیں کی تھی، مدینہ منورہ سے جو دور رہتے تھے: ان میں سے اکثر کو آپ کی زیارت نصیب نہیں ہوئی، پھر ان کے قبیلہ میں کوئی صحابی کسی ضرورت سے گئے تو انھوں نے صحابی کی زیارت کی، پس وہ تابعی ہو گئے، پھر جن مسلمانوں نے ان تابعین کو دیکھا وہ تبع تابعی ہوئے، اور جنھوں نے تابعی کو بھی نہیں دیکھا وہ چوتھے قرن کے لوگ ہیں، ان کے لئے کوئی فضیلت نہیں۔

حدیث (۱): پہلے آچکی ہے، لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا کہ مجاہدین جہاد کے لئے نکلیں گے، وہ پوچھیں گے: لشکر میں کوئی صحابی ہیں؟ کہا جائے گا؟ ہیں، پس ان کی برکت سے فتح ہوگی، پھر ایک زمانہ آئے گا مجاہدین کا لشکر نکلے گا پس پوچھا جائے گا؟ لشکر میں کوئی تابعی ہیں؟ کہا جائے گا: ہیں، پس ان کی برکت سے فتح ہوگی، پھر ایک زمانہ آئے گا مجاہدین جہاد کے لئے نکلیں گے، پس پوچھا جائے گا: لشکر میں کوئی تبع تابعی ہیں؟ کہا جائے گا: ہیں، پس لوگوں کو ان کی برکت سے فتح ملے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٦٢- [كتاب فَضَائِلِ أَصْحَابِ النبى صلى الله عليه وسلم]

[١-] بَابُ فَضَائِلِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

وَمَنْ صَحِبَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَوْ رَآهُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَهُوَ مِنْ أَصْحَابِهِ.

[٣٦٤٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، يَقُوْلُ: ثَنَا أَبُوْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيُّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، فَيَغْزُوْ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ، فَيُقَالُ: فِيْكُمْ مَنْ صَاحَبَ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ، ثُمَّ

يَأْتِيْ عَلٰى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُوْ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ، فَيُقَالُ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَاحَبَ أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِيْ عَلٰى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُوْ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ، فَيُقَالُ:هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَاحَبَ مَنْ صَاحَبَ أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ"[راجع: ۲۸۹۷]

آئندہ حدیثیں: بھی پہلے گذری ہیں، آپ ؐ نے فرمایا: میری امت کا بہترین زمانہ میرا زمانہ ہے، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں، حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے یاد نہیں رہا کہ نبی ﷺ نے اپنے زمانہ کے بعد دو زمانوں کا ذکر کیا یا تین کا (حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث میں دو ہی زمانوں کا ذکر ہے) پھر ان کے بعد ایسے لوگ ہونگے جو گواہی دیں گے اور وہ گواہ نہیں بنائے گئے ہونگے یعنی وہ گواہ بنانے کے قابل نہیں ہونگے، اور خیانت کریں گے، امانت داری سے کام نہیں لیں گے، منتیں مانیں گے اور وفا نہیں کریں گے، اور ان میں موٹاپا ظاہر ہوگا۔

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث کے آخر میں ہے کہ تین قرنوں کے بعد ایسے لوگ پیدا ہونگے کہ ان میں سے ایک کی گواہی اس کی قسم سے آگے بڑھے گی اور اس کی قسم اس کی گواہی سے آگے بڑھے گی، یعنی نہ ان کو گواہی میں باک ہوگا نہ قسم کھانے میں، ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہمارے اساتذہ ہماری پٹائی کیا کرتے اگر ہم أَشْهَدُ بِاللّٰه یا بِعَهْدِ اللّٰه کہتے، کیونکہ بچپن میں جو بات زبان پر چڑھ جاتی ہے وہ بے خبری میں نکل جاتی ہے، پس بچوں کی دینی تربیت کرنی چاہئے، بچے گالی گلوچ بکیں تو ان پر سختی کرنی چاہئے۔

[۳۶۵۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهْوَيْهِ، ثَنَا النَّضْرُ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ، سَمِعْتُ زَهْدَمَ بْنَ مُضَرِّبٍ، سَمِعْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " خَيْرُ أُمَّتِيْ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ" قَالَ عِمْرَانُ: فَلاَ أَدْرِيْ أَذَكَرَ بَعْدَ قَرْنِهِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا، "ثُمَّ إِنَّ بَعْدَكُمْ قَوْمًا يَشْهَدُوْنَ وَلاَ يُسْتَشْهَدُوْنَ، وَيَخُوْنُوْنَ وَلاَ يُؤْتَمَنُوْنَ، وَيَنْذُرُوْنَ وَلاَ يَفُوْنَ، وَيَظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمْنُ"[راجع: ۲۶۵۱]

[۳۶۵۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ،ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَجِيْءُ قَوْمٌ تَسْبِقُ شَهَادَةُ أَحَدِهِمْ يَمِيْنَهُ وَيَمِيْنُهُ شَهَادَتَهُ" قَالَ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ: وَكَانُوْا يَضْرِبُوْنَنَا عَلٰى الشَّهَادَةِ وَالْعَهْدِ وَنَحْنُ صِغَارٌ.[راجع: ۲۶۵۲]

بَابُ مَنَاقِبِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَفَضْلِهِمْ

مہاجرین کے فضائل

سورۃ الحشر میں مالِ فئے کے مصارف بیان کئے ہیں، جو مال جنگ کئے بغیر حاصل ہو وہ اللہ کے لئے، اللہ کے رسول کے لئے، رسول کے رشتہ داروں کے لئے، یتیموں کے لئے، غریبوں کے لئے، مسافروں کے لئے، حاجت مند مہاجرین کے لئے، انصار کے لئے اور بعد میں آنے والے مسلمانوں کے لئے ہے، یہ مضمون چار آیتوں (۷-۱۰) میں بیان ہوا ہے، جس آیت میں مہاجرین کا ذکر ہے وہ یہ ہے: ﴿لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ الَّذِيْنَ أُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلاً مِنَ اللهِ وَرِضْوَانًا وَيَنْصُرُوْنَ اللهَ وَرَسُوْلَهُ، أُولٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُوْنَ﴾: اور (مالِ فئے) ان حاجت مند مہاجرین کے لئے ہے جو اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے نکالے گئے، وہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور رضامندی کے طلب گار ہیں، اور وہ اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں، یہی لوگ (ایمان میں) سچے ہیں۔

تفسیر: اس آیت کریمہ میں مہاجرین کے چار وصف بیان کئے گئے ہیں، یہی چار باتیں ان کے فضائل ہیں: **ایک**: وہ اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے نکالے گئے، یہ دین کی وجہ سے ان پر ظلم وزیادتی ہوئی۔ **دوم**: وہ اللہ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے گھر بار چھوڑ کر مدینہ آگئے، ان کا اس کے سواء کوئی مقصد نہیں تھا۔ **سوم**: وہ اللہ اور اللہ کے رسول کی مدد میں لگے ہوئے ہیں، مدینہ میں آکر اپنی دنیا بنانے میں مشغول نہیں ہوئے، دین کی سربلندی کے لئے ہر وقت کوشاں ہیں۔ **چہارم**: ان کے ایمان پر قرآن نے مہر ثبت کی کہ وہی لوگ ایمان میں سچے ہیں، یہی چار باتیں مہاجرین کے فضائل ہیں، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی غرض سے یہ آیت لکھی ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فضائل

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اسم گرامی عبداللہ، کنیت ابوبکر (کنیت ہی سے آپؓ معروف ہیں، نام بہت کم لوگ جانتے ہیں) والد کا نام: عثمان، کنیت: ابوقحافہ (آپ بھی کنیت سے جانے جاتے ہیں) لقب: صدیق اور عتیق، نسبت: تیمی اور قریشی، ولادت: ہجرت سے اکیاون سال پہلے، وفات: تیرہ ہجری میں، گیارہ ہجری میں وفاتِ نبوی کے بعد خلیفہ بنائے گئے، مدت خلافت دو سال ساڑھے تین ماہ، صدیق لقب واقعہ معراج کی تصدیق کرنے کی وجہ سے پڑا، آپؓ مردوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں، آپؓ کے بے شمار فضائل ہیں اور باجماع امت آپؓ تمام صحابہ میں افضل ہیں۔

آپؓ کی فضیلت کی خاص آیت سورۃ التوبہ کی آیت ۴۰ ہے: ﴿إِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهِ لَاتَحْزَنْ إِنَّ اللهَ مَعَنَا، فَأَنْزَلَ اللهُ سَكِيْنَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُوْدٍ لَمْ

تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا السُّفْلٰى، وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا، وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ﴾:

ترجمہ: اگر تم اللہ کے رسول کی مدد نہیں کرو گے تو اللہ تعالیٰ اس وقت ان کی مدد کر چکے ہیں جب کافروں نے ان کو (مکہ سے) نکال دیا تھا جبکہ وہ دو میں کا ایک تھا، جب وہ (کوہِ ثور کی) غار میں تھے،، جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہے تھے: غم مت کرو، اللہ تعالیٰ یقیناً ہمارے ساتھ ہیں، پھر اللہ نے اس (ساتھی) پر اپنی خاص تسلی نازل فرمائی اور ایسے لشکروں سے ان کی تائید فرمائی جو تمہیں نظر نہیں آئے، اور کافروں کی بات نیچی کر دی، اور اللہ ہی کا بول بالا رہا، اللہ تعالیٰ زبردست بڑی حکمت والے ہیں۔

تفسیر: غزوۂ تبوک میں جو لوگ پیچھے رہے تھے سورۃ توبہ میں ان کو لتاڑ پڑی ہے کہ اگر تم جہاد میں رسول اللہ ﷺ کا ساتھ نہیں دو گے تو ان کا کیا نقصان ہوگا؟ اللہ تعالیٰ آڑے وقت میں ان کی مدد کر چکے ہیں، ہجرت کے وقت جبکہ سلامتی کے تمام امکانات مفقود تھے، اللہ نے اپنے رسول کی مدد کی، اور ان کو صحیح سلامت مدینہ پہنچا دیا۔

ہجرت کے موقع پر نبی ﷺ کے ساتھ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے، مکہ سے نکل کر دونوں کوہِ ثور کی چوٹی پر ایک تنگ غار میں روپوش ہو گئے، صبح خون کے پیاسے دشمن نشاناتِ قدم دیکھتے ہوئے غار کے دہانے تک پہنچ گئے، وہاں ایک آپ ﷺ کا وجود مبارک تھا اور ایک یارِ غار تھا، جب ساتھی نے دشمن کے قدموں کی آہٹ پائی تو سہم گیا کہ اب میں اللہ کے رسول کو کیسے بچاؤں گا؟! اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اگر ان لوگوں نے ذرا جھک کر اپنے قدموں کی طرف دیکھ لیا تو وہ ہمیں دیکھ لیں گے، اس وقت آپؐ نے اپنے رفیق کو تسلی دی اور فرمایا: ''ابو بکرؓ! ان دو کی نسبت تمہارا کیا خیال ہے جن کا تیسرا اللہ ہے''، یعنی جب اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہیں تو پھر ڈر کا ہے کا؟ اس سے رفیق محترم کو تسلی ہو گئی، دوسری طرف اللہ نے فرشتے اتار دیئے، جنھوں نے دشمنوں کی آنکھوں کو اندھا کر دیا، اور کفار کے تمام منصوبے خاک میں مل گئے، اور اللہ کا بول بالا ہوا، اللہ کے نبی محفوظ رہے، اور بسلامت مدینہ منورہ پہنچ گئے۔

غرض اس نازک گھڑی میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی مدد کی، اس وقت غار میں آپؐ کے ساتھ صرف صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تھے، یہ بات حضرات عائشہ، ابو سعید خدری اور ابن عباس رضی اللہ عنہم نے بیان کی ہے کہ غار میں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے ساتھ تھے۔ ان کی حدیثوں کے حوالے حاشیہ میں ہیں۔

[۲-] بَابُ مَنَاقِبِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَفَضْلِهِمْ

مِنْهُمْ أَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ قُحَافَةَ التَّيْمِيُّ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ﴾ الآيَةَ [الحشر: ۸]

[۲-] وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ﴾ الآيَةَ [التوبة: ٤٠]

[۳-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ وَأَبُوْ سَعِيْدٍ وَابْنُ عَبَّاسٍ: وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْغَارِ.

[۳۶۵۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: اشْتَرَى أَبُوْ بَكْرٍ مِنْ عَازِبٍ رَحْلاً بِثَلاَ ثَةَ عَشَرَ دِرْهَمًا، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ لِعَازِبٍ: مُرِ الْبَرَاءَ فَلْيَحْمِلْ إِلَيَّ رَحْلِيْ، فَقَالَ عَازِبٌ: لاَ، حَتَّى تُحَدِّثَنَا كَيْفَ صَنَعْتَ أَنْتَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ خَرَجْتُمَا مِنْ مَكَّةَ وَالْمُشْرِكُوْنَ يَطْلُبُوْنَكُمْ؟ قَالَ: ارْتَحَلْنَا مِنْ مَكَّةَ، فَأَحْيَيْنَا أَوْ: سَرَيْنَا لَيْلَتَنَا وَيَوْمَنَا حَتَّى أَظْهَرْنَا، وَقَامَ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ، فَرَمَيْتُ بِبَصَرِي هَلْ أَرَى مِنْ ظِلٍّ فَآوِي إِلَيْهِ؟ فَإِذَا صَخْرَةٌ أَتَيْتُهَا، فَنَظَرْتُ بَقِيَّةَ ظِلٍّ لَهَا فَسَوَّيْتُهُ ثُمَّ فَرَشْتُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْهِ، ثُمَّ قُلْتُ لَهُ: اضْطَجِعْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! فَاضْطَجَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ انْطَلَقْتُ أَنْظُرُ مَا حَوْلِيْ، هَلْ أَرَى مِنَ الطَّلَبِ أَحَدًا؟ فَإِذَا أَنَا بِرَاعِيْ غَنَمٍ يَسُوْقُ غَنَمَهُ إِلَى الصَّخْرَةِ، يُرِيْدُ مِنْهَا الَّذِيْ أَرَدْنَا، فَسَأَلْتُهُ فَقُلْتُ: لِمَنْ أَنْتَ يَا غُلاَمُ؟ فَقَالَ: لِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ، سَمَّاهُ فَعَرَفْتُهُ، فَقُلْتُ: هَلْ فِيْ غَنَمِكَ مِنْ لَبَنٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: فَهَلْ أَنْتَ حَالِبٌ لَنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَمَرْتُهُ فَاعْتَقَلَ شَاةً مِنْ غَنَمِهِ، ثُمَّ أَمَرْتُهُ أَنْ يَنْفُضَ ضَرْعَهَا مِنَ الْغُبَارِ، ثُمَّ أَمَرْتُهُ أَنْ يَنْفُضَ كَفَّيْهِ، فَقَالَ هٰكَذَا ضَرَبَ إِحْدَى كَفَّيْهِ بِالأُخْرَى، فَحَلَبَ لِيْ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، وَقَدْ جَعَلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِدَاوَةً عَلٰى فَمِهَا خِرْقَةٌ، فَصَبَبْتُ عَلَى اللَّبَنِ حَتَّى بَرَدَ أَسْفَلُهُ، فَانْطَلَقْتُ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَوَافَقْتُهُ قَدِ اسْتَيْقَظَ، فَقُلْتُ: اشْرَبْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَشَرِبَ حَتَّى رَضِيْتُ، ثُمَّ قُلْتُ: قَدْ آنَ الرَّحِيْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" بَلٰى" فَارْتَحَلْنَا وَالْقَوْمُ يَطْلُبُوْنَنَا، فَلَمْ يُدْرِكْنَا أَحَدٌ مِنْهُمْ غَيْرُ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ عَلٰى فَرَسٍ لَهُ، فَقُلْتُ: هٰذَا الطَّلَبُ قَدْ لَحِقَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ: ﴿لاَتَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا﴾[راجع: ۲۴۳۹]

[۳۶۵۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: " قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَإِنَّا فِي الْغَارِ: لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ نَظَرَ تَحْتَ قَدَمَيْهِ لَأَبْصَرَنَا! فَقَالَ: مَا ظَنُّكَ يَا أَبَا بَكْرٍ بِاثْنَيْنِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا؟"[انظر: ۳۹۲۲، ۴۶۶۳]

وضاحت: حدیث کا ترجمہ ابھی اسی جلد میں (حدیث ۳۶۱۵) گذرا ہے اور دوسری حدیث کا ترجمہ واضح ہے، اور دونوں حدیثوں سے یہ استدلال کیا ہے کہ سفرِ ہجرت میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے ساتھ تھے، غار میں بھی اور مکہ سے مدینہ تک سفر میں بھی۔

تشریح: ثور پہاڑ کی چوٹی پر دو غار ہیں، ایک بڑا غار ہے، ایک چٹان قدرتی طور پر تراشی ہوئی ہے اور اس میں ریت بچھی ہوئی ہے، اور دو طرف غار کھلا ہوا ہے، اس میں پانچ دس آدمی لیٹ سکتے ہیں، گائڈ زائرین کو عام طور پر یہی غار دکھاتے

ہیں کہ نبی ﷺ اس میں چھپے تھے، حالانکہ اس میں چھپنے کی کوئی صورت نہیں، وہ غار تو دونوں طرف سے کھلا ہے، بلکہ اس غار سے دس گز کے فاصلہ پر جہاں پہاڑ ختم ہوتا ہے اور خطرناک ڈھلان شروع ہوتا ہے ایک دوسرا غار ہے جس کا دہانہ اتنا تنگ ہے کہ اس میں لیٹ کر ہی داخل ہو سکتے ہیں، میں اس میں گیا ہوں، لیٹ کر میں نے پیر داخل کئے اور گھسٹتا ہوا اس میں داخل ہوا، اندر دو جگہیں ہیں جس میں دو آدمی دبک کر بیٹھ سکتے ہیں اور غار کے درمیان میں اوپر چٹان میں چھوٹا سا سوراخ ہے اگر اس چٹان پر کوئی آ کر کھڑا ہو تو چھپے ہوئے آدمی نظر نہیں آئیں گے، البتہ بیٹھ کر پیروں کے پاس سے دیکھے تو وہ چھپے ہوئے آدمی نظر آئیں گے، مشرکین یہاں پہنچے اور اس چٹان پر کھڑے ہو کر ڈھلان کی طرف دیکھا، جہاں کوئی اتر ہی نہیں سکتا تھا، اور بعض تاریخی روایات میں ہے کہ غار پر مکڑی نے جالا تن دیا، اور کبوتر نے گھونسلا بنا کر انڈے دیدیئے، مشرکین نے سوچا: اس غار میں گھس کر دیکھا جائے، دوسروں نے کہا: غار کے منہ پر مکڑی کا جالا ہے، کبوتر بیٹھا ہے، اگر کوئی اندر گیا ہوتا تو جالا ٹوٹ جاتا، اور کبوتر یہاں نہ بیٹھتا، چنانچہ وہ لوگ وہاں سے واپس لوٹ گئے۔

بہر حال یہ وہ غار ہے جس میں سرورِ کونین ﷺ اور ان کے ساتھی چھپ کر بیٹھ گئے تھے، نازک وقت میں یہاں قیام رہا، باقی وقت باہر جو بڑا غار ہے اس میں گذرتا ہوگا، میں اس غار میں جا کر لیٹا تو ریت اتنی ٹھنڈی تھی کہ مجھے نیند آ گئی۔

دوسری حدیث میں اسی تنگ غار کا تذکرہ ہے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے عرض کیا درانحالیکہ وہ غار میں تھے: اگر ان میں سے کوئی اپنے پیروں کی طرف دیکھے گا یعنی بیٹھ کر دیکھے گا تو وہ ہمیں دیکھ لیگا۔ نبی ﷺ نے تسلی دی: ابوبکر! ہم دو نہیں ہیں، ہمارے ساتھ تیسرا اللہ ہے، وہ ہماری حفاظت کرے گا، چنانچہ مشرکین کھڑے کھڑے چاروں طرف دیکھ کر نامراد واپس لوٹ گئے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " سُدُّوْا الْأَبْوَابَ إِلَّا بَابَ أَبِيْ بَكْرٍ "

ابوبکرؓ کے دریچے کے علاوہ تمام دریچے بند کر دیئے جائیں (حدیث)

باب میں ترمذی کی روایت کے الفاظ ہیں مگر وہ روایت ضعیف ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۳۲۱:۸) میں ہے، صحیح لفظ خَوْخَة: (دریچہ، کھڑکی) ہے، باب (دروازہ) صحیح لفظ نہیں، مسجد سے متصل مکانات کے دروازے مسجد میں کھلتے تھے، پہلے ان کو بند کرا دیا، مگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دروازہ مستثنیٰ کیا، کیونکہ ان کے گھر کا دروازہ دوسری طرف کھولنے کی کوئی صورت نہیں تھی، چنانچہ حسب حکم لوگوں نے گھروں کے دروازے دوسری طرف پھیر لئے، مگر مسجدِ نبوی میں آنے جانے کے لئے مسجد کی طرف دریچے بنا دیئے، وفاتِ نبوی کے قریب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دریچے کے علاوہ باقی دریچے بند کرا دیئے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث پہلے (حدیث ۴۶۶) گذری ہے، وہاں بھی لفظ خَوْخَةٌ ہے۔

حدیث: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے لوگوں کے سامنے تقریر فرمائی، اور ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندہ کو دنیا کے درمیان اوران نعمتوں کے درمیان جو اللہ کے پاس ہیں اختیار دیا، پس اس نے ان نعمتوں کو پسند کیا جو اللہ کے پاس ہیں، ابو سعیدؓ کہتے ہیں: پس ابو بکر رضی اللہ عنہ رونے لگے، ہمیں ان کے رونے پر حیرت ہوئی کہ نبی ﷺ ایک بندہ کے بارے میں خبر دے رہے ہیں کہ اس کو اختیار دیا گیا (اس میں رونے کی کیا بات ہے؟) پس نبی ﷺ ہی اختیار دیئے ہوئے تھے (یعنی ابو بکرؓ بات کی تہہ تک پہنچ گئے تھے) اور ابو بکر رضی اللہ عنہ ہی ہم میں زیادہ جاننے والے تھے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک لوگوں میں مجھ پر سب سے زیادہ احسان کرنے والا ساتھ دینے میں اور مال خرچ کرنے میں ابو بکرؓ ہیں، اگر میں کسی کو جگری دوست بناتا میرے پروردگار کے علاوہ تو میں ابو بکرؓ کو جگری دوست بناتا، مگر اسلامی اخوت اور اسلامی محبت ہے، ہرگز مسجد نبوی میں کوئی دروازہ باقی نہ رکھا جائے مگر بند کر دیا جائے ابو بکرؓ کے دروازہ کے علاوہ۔

تشریح: نبی ﷺ نے اپنی آخری بیماری میں تقریر فرمائی کہ ایک آدمی کو اس کے پروردگار نے دو باتوں میں اختیار دیا:

۱- وہ دنیا میں جتنی زندگی چاہے گذارے اور دنیا میں جو چیز چاہے کھائے۔

۲- وہ اپنے رب سے ملاقات کرے (اور وہاں کی نعمتوں سے متمتع ہو) پس اس بندہ نے اپنے پروردگار سے ملنے کو پسند کیا، یہ سن کر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ رونے لگے، صحابہ نے کہا: کیا تمہیں تعجب نہیں ہوتا ان حضرت پر رسول اللہ ﷺ ایک بندہ کا تذکرہ کر رہے ہیں اور یہ حضرت رو رہے ہیں، اس میں رونے کی کیا بات ہے؟ لیکن جب چند دنوں کے بعد نبی ﷺ کی وفات ہوگئی تو صحابہ نے جانا کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ ان لوگوں سے زیادہ جانتے تھے، اس بات کو جو رسول اللہ ﷺ نے فرمائی تھی۔

اس موقع پر نبی ﷺ نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو تسلی دیتے ہوئے تین باتیں فرمائیں:

۱- لوگوں میں ابو بکرؓ سے زیادہ کوئی نہیں مجھ پر احسان کرنے والا، ساتھ رہنے میں اور مال خرچ میں۔

۲- اور اگر میں کسی کو دلی دوست بناتا تو ابو بکرؓ کو دلی دوست بناتا، مگر قلبی محبت اور ایمانی اخوت! یعنی بس یہی ہے۔

۳- مسجد نبوی میں جو دریچے کھلتے ہیں وہ سب بند کر دیے جائیں، ابو بکرؓ کے دریچے کے علاوہ (کیونکہ ان کو خلیفہ بلا فصل ہونا تھا، پس ان کو مسجد میں آنے کے لئے کھڑکی کی ضرورت ہوگی)

[۳-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "سُدُّوْا الْأَبْوَابَ إِلَّا بَابَ أَبِيْ بَكْرٍ"

قَالَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٣٦٥٤-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ، ثنا فُلَيْحٌ، ثَنِيْ سَالِمٌ أَبُوْ النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: خَطَبَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم النَّاسَ، وَقَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ خَيَّرَ عَبْدًا بَيْنَ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ، فَاخْتَارَ ذٰلِكَ الْعَبْدُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ" قَالَ: فَبَكٰى أَبُوْ بَكْرٍ، فَعَجِبْنَا لِبُكَائِهِ

أَنْ يُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ عَبْدٍ خُيِّرَ، فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هُوَ الْمُخَيَّرُ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ هُوَ أَعْلَمَنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ أَمَنَّ النَّاسِ عَلَيَّ فِيْ صُحْبَتِهِ وَمَالِهِ أَبُوْ بَكْرٍ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً غَيْرَ رَبِّيْ لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيْلاً، وَلٰكِنْ أُخُوَّةُ الإِسْلَامِ وَمَوَدَّتُهُ، لَايَبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ بَابٌ إِلَّا سُدَّ إِلَّا بَابُ أَبِيْ بَكْرٍ"[راجع: ٤٦٦]

بَابُ فَضْلِ أَبِيْ بَكْرٍ بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے بعد یعنی آپؐ کو مستثنیٰ کر کے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی فضیلت

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگوں کے درمیان ترجیح قائم کیا کرتے تھے، پس ہم ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ترجیح دیتے تھے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو، اور طبرانی کی روایت میں اضافہ ہے: پس نبی ﷺ اس کو سنتے تھے اور کوئی نکیر نہیں فرماتے تھے (حاشیہ)

لغت: خَيَّرَ بَيْنَ الأَشْيَاءِ: چند چیزوں میں سے ایک کو باقی پر ترجیح دینا۔

[٤-] بَابُ فَضْلِ أَبِيْ بَكْرٍ بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[٣٦٥٥-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نُخَيِّرُ بَيْنَ النَّاسِ فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَنُخَيِّرُ أَبَا بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، ثُمَّ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ. [انظر: ٣٦٩٨]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً"

دلی دوست بنانے کے قابل ابوبکرؓ ہی ہیں

ابھی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث (نمبر ۳۶۵۴) گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اگر میں کسی کو دلی دوست بناتا تو ابوبکرؓ کو بناتا، مگر قلبی محبت اور ایمانی اخوت! یعنی وہ کافی ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے: لیکن وہ میرے دینی بھائی اور غار کے ساتھی ہیں، اور دوسرے طریق میں ہے: دلی دوست بنانے کے بجائے دینی بھائی ہونا زیادہ فضیلت کی بات ہے۔

اور کوفہ سے عبداللہ بن عتبہ بن مسعود رحمہ اللہ نے حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کو دادا کی میراث کے سلسلہ میں لکھا، عبداللہ بن الزبیرؓ نے جواب دیا: وہ صحابی جن کے حق میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ اگر میں اس امت میں سے کسی کو

دلی دوست بناتا تو ضرور ان کو بناتا یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دادا کو باپ کی جگہ اتارا ہے، یعنی اگر میت کا باپ نہ ہو تو دادا بمنزلہ باپ ہے، جو میراث باپ کو ملتی ہے وہی دادا کو ملے گی۔

[٥-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً "

قَالَهُ أَبُوْ سَعِيْدٍ.

[٣٦٥٦-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ، وَلٰكِنْ أَخِيْ وَصَاحِبِيْ "[راجع: ٤٦٧]

[٣٦٥٧-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، وَمُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالاَ: ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، وَقَالَ: " لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً لَاتَّخَذْتُهُ خَلِيْلاً، وَلٰكِنْ أُخُوَّةُ الإِسْلَامِ أَفْضَلُ "[راجع: ٤٦٧]

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوْبَ مِثْلَهُ.

[٣٦٥٨-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: كَتَبَ أَهْلُ الْكُوْفَةِ إِلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ فِي الْجَدِّ، فَقَالَ: أَمَّا الَّذِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنْ هٰذِهِ الأُمَّةِ خَلِيْلاً لَاتَّخَذْتُهُ " أَنْزَلَهُ أَبًا، يَعْنِيْ أَبَا بَكْرٍ.

بَابٌ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دیگر فضائل

۱- حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے اپنا قائم مقام بنایا

ایک عورت نبی ﷺ کے پاس آئی، اس نے آپؐ سے کسی چیز کے بارے میں گفتگو کی، یعنی مدد طلب کی، آپؐ نے اس کے لئے کسی چیز کا حکم دیا، اور دوسرے وقت آنے کے لئے کہا، اور تعاون کا وعدہ کیا، اس عورت نے پوچھا: یارسول اللہ! اگر میں آپؐ کو نہ پاؤں؟ یعنی حسب وعدہ آؤں اور آپؐ کی وفات ہوگئی ہو؟ آپؐ نے فرمایا: اگر تم مجھے نہ پاؤ تو ابوبکر کے پاس آنا (اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ آپؐ کے بعد خلیفہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہونگے)

[٦-] بَابٌ

[٣٦٥٩-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ، قَالاَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَتَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَهَا أَنْ تَرْجِعَ

إِلَيْهِ، قَالَتْ: أَرَأَيْتَ إِنْ جِئْتُ وَلَمْ أَجِدْكَ؟ كَأَنَّهَا تَقُوْلُ: الْمَوْتَ، قَالَ: "إِنْ لَمْ تَجِدِيْنِيْ فَأْتِي أَبَا بَكْرٍ"
[انظر: ۷۲۲۰، ۷۳۶۰]

۲- حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آزاد مردوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں

حضرت عمار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا درانحالیکہ آپؐ کے ساتھ نہیں تھے، مگر پانچ غلام اور دو عورتیں اور ابوبکر رضی اللہ عنہم۔

تشریح: پانچ غلام یہ ہیں: حضرات بلال، زید بن حارثہ، عامر بن فُهَيْرَة، أَبُوْ فُكَيْهَةْ اور حضرت عمار کے والد یاسر رضی اللہ عنہم اور دو عورتیں یہ ہیں: حضرت خدیجہ اور حضرت عمار کی والدہ سمیہ رضی اللہ عنہما۔ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آزاد مردوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں۔

[۳۶۶۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي الطَّيِّبِ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُجَالِدٍ، ثَنَا بَيَانُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ وَبَرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ هَمَّامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارًا يَقُوْلُ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَا مَعَهُ إِلَّا خَمْسَةُ أَعْبُدٍ، وَامْرَأَتَانِ، وَأَبُوْ بَكْرٍ. [انظر: ۳۸۵۷]

۳- جب لوگوں نے نبی ﷺ کی تکذیب کی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تصدیق کی

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اچانک ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے، وہ اپنے کپڑے کا پلّہ اٹھائے ہوئے تھے، یہاں تک کہ ان کے دونوں گھٹنے نظر آرہے تھے، جب نبی ﷺ نے ان کو دیکھا تو فرمایا: ''تمہارا ساتھی کسی سے لڑکر آرہا ہے'' حضرت ابوبکرؓ نے سلام کیا اور عرض کیا: میرے اور عمر کے درمیان ایک بات پیش آئی، میں نے جلد بازی کی، یعنی زیادتی کی، پھر مجھے پشیمانی ہوئی تو میں نے ان سے معافی مانگی، انھوں نے معاف کرنے سے انکار کردیا، اس لئے میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں، پس نبی ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا: ''اے ابوبکر! اللہ آپ کو معاف کریں!'' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ندامت ہوئی وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر گئے اور پوچھا: کیا یہاں ابوبکرؓ ہیں؟ گھر والوں نے کہا: نہیں، پس وہ نبی ﷺ کے پاس آئے تو نبی ﷺ کا چہرہ بدلنے لگا، یہاں تک کہ حضرت ابوبکر کو اندیشہ ہوا، وہ اپنے دونوں گھٹنوں پر بیٹھ گئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! بخدا! میں ہی زیادہ ناانصافی کرنے والا تھا، یہ بات انھوں نے دومرتبہ کہی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ نے مجھے آپ لوگوں کی طرف مبعوث فرمایا تو آپ لوگوں نے کہا: تو جھوٹا ہے اور ابوبکرؓ نے کہا: آپؐ نے سچ فرمایا، اور انھوں نے اپنی جان اور مال سے میری غم خواری کی، پس کیا تم میرے ساتھی کو چھوڑ دوگے! یہ بات آپؐ نے دومرتبہ فرمائی، چنانچہ اس واقعہ کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ستائے نہیں گئے۔

لغات: غَامَرَ فُلَانًا: جان کی پروا کئے بغیر لڑنا............ تَمَعَّرَ وَجْهُه: چہرہ بدل جانا، غصہ آنا............ أَسَا (ن) أَسْوًا وَأَسًا فلانًا: غم دور کرنا، غم خواری کرنا، واؤ ہمزہ سے بدلا ہوا ہے............ تارکوالی صاحبی: لی کے ذریعہ مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان فصل کیا گیا ہے، جس کا مقصود اختصاص و تعظیم ہے۔

[۳٦٦١-] حدثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِذِ اللّٰهِ أَبِيْ إِدْرِيْسَ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، إِذْ أَقْبَلَ أَبُوْ بَكْرٍ آخِذًا بِطَرَفِ ثَوْبِهِ، حَتّٰى أَبْدَى عَنْ رُكْبَتَيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَأَمَّا صَاحِبُكُمْ فَقَدْ غَامَرَ" فَسَلَّمَ، فَقَالَ إِنِّيْ كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ ابْنِ الْخَطَّابِ شَيْئٌ، فَأَسْرَعْتُ إِلَيْهِ ثُمَّ نَدِمْتُ، فَسَأَلْتُهُ أَنْ يَغْفِرَ لِيْ فَأَبٰى عَلَيَّ ذٰلِكَ، فَأَقْبَلْتُ إِلَيْكَ، فَقَالَ: " يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ!" ثَلَاثًا، ثُمَّ إِنَّ عُمَرَ نَدِمَ فَأَتٰى مَنْزِلَ أَبِيْ بَكْرٍ، فَسَأَلَ: أَثَمَّ أَبُوْ بَكْرٍ؟ فَقَالُوْا: لَا، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَجَعَلَ وَجْهُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَتَمَعَّرُ، حَتّٰى أَشْفَقَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَجَثَا عَلٰى رُكْبَتَيْهِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ أَنَا كُنْتُ أَظْلَمَ، مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَنِيْ إِلَيْكُمْ فَقُلْتُمْ: كَذَبْتَ، وَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: صَدَقَ، وَوَاسَانِيْ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ، فَهَلْ أَنْتُمْ تَارِكُوْلِيْ صَاحِبِيْ؟" مَرَّتَيْنِ، فَمَا أُوْذِيَ بَعْدَهَا. [انظر: ٤٦٤٠]

۴- نبی ﷺ کو مردوں میں سب سے زیادہ محبوب ابوبکر رضی اللہ تھے

حدیث: غزوہ ذات السلاسل میں نبی ﷺ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو امیر بنایا، لشکر میں حضرات ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی تھے، حضرت عمرو ابھی نئے مسلمان ہوئے تھے، یہ غزوہ سن ۸ ہجری میں پیش آیا، جب غزوہ سے فائز المرام ہوکر لشکر واپس آیا تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ کو لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: عائشہؓ، انھوں نے پوچھا: مردوں میں سے؟ آپؐ نے فرمایا: ان کے ابا، انھوں نے پوچھا: پھر؟ آپؐ نے فرمایا: عمرؓ، اس طرح آپؐ نے کئی آدمیوں کے نام لئے اور ایک روایت میں ہے: حضرت عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں خاموش ہوگیا اس اندیشہ سے کہ کہیں میرا نام سب سے آخر میں نہ آئے۔

تشریح: حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نئے مسلمان ہوئے تھے اور تربیت کے لئے ان کو لشکر کا امیر بنایا تھا، اور شیخین رضی اللہ عنہما کو فوج میں شامل کیا گیا تھا، اس لئے ان کو غلط فہمی ہوئی کہ میں سب سے زیادہ محبوب ہوں، چنانچہ انھوں نے مذکورہ سوالات کئے اور آپؐ نے حقیقتِ حال بیان کی۔

[۳٦٦۲-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، ثَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَهُ عَلٰى جَيْشِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ، فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: أَيُّ

النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: "عَائِشَةُ" فَقُلْتُ: مِنَ الرِّجَالِ؟ فَقَالَ: "أَبُوْهَا" قَالَ: فَقُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: "ثُمَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ" فَعَدَّ رِجَالاً. [انظر: ٤٣٥٨]

۵-قوتِ ایمانی میں آپؐ نے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو اپنے ساتھ ملایا

حدیث پہلے دومرتبہ گذر چکی ہے، ایک مرتبہ آپؐ نے بیان فرمایا کہ ایک چرواہا بکریاں چرارہا تھا، بھیڑیے نے ان پر حملہ کیا اور ایک بکری لے کر چل دیا، چرواہا پیچھے دوڑا، بھیڑیے نے مڑ کر کہا: درندوں کے دن بکریوں کی کون حفاظت کرے گا جس دن بکریوں کا میرے علاوہ کوئی چرواہا نہیں ہوگا؟ سامعین نے کہا: سبحان اللہ! بھیڑیا بولا! آپؐ نے فرمایا: میں اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما اس کو مانتے ہیں۔

اور ایک دوسرے واقعہ میں ایک آدمی گائے یا بیل ہانک کر جارہا تھا اور اس پر بوجھ لادرکھا تھا یا خود سوار تھا، بیل نے اس کی طرف دیکھا اور کہا: میں اس کام کے لئے نہیں پیدا کیا گیا، میں کھیتی کے لئے پیدا کیا گیا ہوں، سامعین نے کہا: سبحان اللہ! بیل بولا! آپؐ نے فرمایا: میں اور ابوبکر وعمر اس کو مانتے ہیں (اور اس وقت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما مجلس میں موجود نہیں تھے، مگر آپؐ نے ان کی قوت ایمانی پر اعتماد کرتے ہوئے ان کو بھی مصدقین میں شامل فرمایا)

[٣٦٦٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "بَيْنَمَا رَاعٍ فِيْ غَنَمِهِ عَدَا عَلَيْهِ الذِّئْبُ، فَأَخَذَ مِنْهَا شَاةً، فَطَلَبَهُ الرَّاعِيْ فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ الذِّئْبُ فَقَالَ: مَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ يَوْمَ لَيْسَ لَهَا رَاعٍ غَيْرِيْ؟ وَبَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوْقُ بَقَرَةً قَدْ حَمَلَ عَلَيْهَا، فَالْتَفَتَتْ إِلَيْهِ فَكَلَّمَتْهُ، فَقَالَتْ: إِنِّيْ لَمْ أُخْلَقْ لِهٰذَا لٰكِنِّيْ خُلِقْتُ لِلْحَرْثِ" فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَإِنِّيْ أُوْمِنُ بِذٰلِكَ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ. [راجع: ٢٣٢٤]

۶-دورِ صدیقی اور دورِ فاروقی کی منظر کشی

حدیث: نبی ﷺ نے ایک خواب دیکھا، آپؐ ایک کنویں پر ہیں، اس پر ڈول رکھا ہے، آپؐ نے جتنا اللہ نے چاہا کنویں میں سے ڈول نکالے، پھر ڈول حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لے لیا، انھوں نے ایک یا دو ڈول نکالے، اور ذرا مشکل سے نکالے، اللہ ان کے ضعف کو معاف فرمائے! پھر ڈول کوس بن گیا، اس کو عمر رضی اللہ عنہ نے لے لیا، پس میں نے لوگوں میں کوئی ایسا ہیرو نہیں دیکھا جس نے عمر رضی اللہ عنہ کی طرح ڈول نکالے ہوں، یہاں تک کہ لوگ اپنے اونٹوں کو پانی پلاکر بٹھانے کی جگہ لے گئے۔

تشریح: اس خواب میں تینوں حضرات کی مدت خلافت اوران کے کاموں کی منظر کشی کی گئی ہے، نبی ﷺ امیر المؤمنین رہیں گے جب تک اللہ تعالیٰ چاہیں گے، پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ امیر المؤمنین ہونگے اوران کی خلافت دوسال ہوگی اوران کی امارت کے زمانہ میں حالات ڈانواڈول رہیں گے، چنانچہ آپؓ کوئی اقدامی کارروائی نہیں کرسکیں گے، اور حالات کے بگاڑ میں آپؓ کا کوئی دخل نہیں ہوگا، اس لئے آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان کی کمزوری کو معاف فرمائیں، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ امیر المؤمنین بنیں گے اور وہ وہ کارنامہ انجام دیں گے جوکسی کے بس میں نہیں، پڑوسی ممالک فتح کریں گے اور مسلمان سکون کا سانس لیں گے۔

[٣٦٦٤-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ ابْنُ الْمُسَيَّبِ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِيْ عَلٰى قَلِيْبٍ عَلَيْهَا دَلْوٌ، فَنَزَعْتُ مِنْهَا مَاشَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ أَبِيْ قُحَافَةَ، فَنَزَعَ مِنْهَا ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ، وَفِيْ نَزْعِهِ ضَعْفٌ، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ ضَعْفَهُ! ثُمَّ اسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَأَخَذَهَا ابْنُ الْخَطَّابِ، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَنْزِعُ نَزْعَ عُمَرَ، حَتّٰى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ"[انظر: ٧٠٢١، ٧٠٢٢، ٧٤٧٥]

۷- حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تکبر سے لنگی نہیں گھسیٹتے تھے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلاءُ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: جس نے اپنا کپڑا تکبر سے گھسیٹا اس کی طرف اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نظرِ رحمت نہیں فرمائیں گے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میرے کپڑے کی ایک جانب ڈھیلی پڑجاتی ہے، مگر یہ کہ میں اس کا پورا خیال رکھوں، آپؐ نے فرمایا: تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو، جو تکبر کے طور پر یہ کام کرتے ہیں، موسیٰ بن عقبہ نے اپنے استاذ سالم سے پوچھا: ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس حدیث میں مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ ہے؟ سالم نے کہا: میں نے إِلاَّ ثَوْبَه ہی ابن عمرؓ سے سنا ہے۔

تشریح: کپڑا لٹکانے کی ممانعت لنگی کے ساتھ خاص نہیں، اسبال ہر کپڑے میں ہوتا ہے، کرتے کے دامن میں بھی، آستین میں بھی اور ٹوپی پگڑی میں بھی، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ کی روایت میں اس کی صراحت ہے (حاشیہ) اور شوافع کی کتابوں میں یہ مسئلہ تکبر کی قید کے ساتھ مذکور ہے اور حنفیہ کی کتابوں میں یہ قید نہیں لی گئی، کیونکہ کوئی شخص اعتراف نہیں کرتا کہ وہ تکبر کے طور پر یہ کام کرتا ہے، اس لئے عالمگیری میں ہے کہ اگر اسبال تکبر کے طور پر ہے تو مکروہ تحریمی ہے اور اتفاقاً ہے تو مکروہ تنزیہی ہے۔

[٣٦٦٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ إِلَيْهِ

يَوْمَ الْقِيَامَةِ" فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ أَحَدَ شِقَّيْ ثَوْبِيْ يَسْتَرْخِيْ إِلَّا أَنْ أَتَعَاهَدَ ذٰلِكَ مِنْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّكَ لَسْتَ تَصْنَعُ ذٰلِكَ خُيَلَاءَ" قَالَ مُوْسَى: قُلْتُ لِسَالِمٍ: أَذَكَرَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ؟ قَالَ: لَمْ أَسْمَعْهُ ذَكَرَ إِلَّا" ثَوْبَهُ"[انظر: ۵۷۸۳، ۵۷۹۱، ۶۰۶۲]

۸-حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو فرشتے جنت کے ہر دروازے سے بلائیں گے

حدیث: پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ کی راہ میں جوڑا یا بار بار خرچ کرتا ہے اس کو جنت کے (متعدد) دروازوں سے بلایا جائے گا: اے بندۂ خدا! یہ دروازہ تیرے لئے بہتر ہے (اس دروازہ سے جنت میں آجا) پس جو شخص نمازیوں میں سے ہوگا یعنی جس کو نفل نماز سے دلچسپی ہوگی اس کو نماز کے دروازہ سے بلایا جائے گا، اور جس کو جہاد سے دلچسپی ہوگی، اس کو جہاد کے دروازہ سے بلایا جائے گا، اور جس کو صدقہ سے دلچسپی ہوگی اس کو خیرات کے دروازہ سے بلایا جائے گا اور جس کو روزوں سے دلچسپی ہوگی اس کو سیرابی کے دروازہ سے بلایا جائے گا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اگر کوئی ان میں سے کسی بھی دروازہ سے بلایا جائے تو کچھ ضرورت نہیں، یعنی کافی ہے مگر کیا کوئی ایسا شخص بھی ہوگا جسے سبھی دروازوں سے بلایا جائے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! اور مجھے امید ہے: تم ان میں سے ہو (حدیث کی شرح تحفۃ القاری ۴:۵۷۴، اور رحمۃ اللہ الواسعہ ۴:۴۶ میں ہے)

[۳۶۶۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ شَيْئٍ مِنَ الْأَشْيَاءِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ دُعِيَ مِنْ أَبْوَابٍ - يَعْنِيْ: الْجَنَّةَ-: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! هٰذَا خَيْرٌ، فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّلَاةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّلَاةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجِهَادِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصِّيَامِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصِّيَامِ: بَابِ الرَّيَّانِ" فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: مَا عَلٰى هٰذَا الَّذِيْ يُدْعَى مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ، وَقَالَ: هَلْ يُدْعَى مِنْهَا كُلِّهَا أَحَدٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ:" نَعَمْ، وَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ يَا أَبَا بَكْرٍ"[راجع: ۱۸۹۷]

۹-وفاتِ نبوی کے وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے امت کو سنبھال لیا اور خلافت کے لئے آپؓ کی نامزدگی

باب کی حدیث پہلے مختصر آئی ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ عوالی کے گاؤں سُنح میں تھے (وفات کی خبر سنتے ہی لوگ مسجدِ نبوی میں جمع ہوگئے) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ

کھڑے ہوئے اور کہا: بخدا! نبی ﷺ کی وفات نہیں ہوئی ـــــ صدیقہؓ کہتی ہیں: اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ بخدا! میرے دل میں نہیں آئی مگر یہی بات، یعنی حضرت عمرؓ نے یہ بات تصنّع کے طور پر نہیں فرمائی تھی، بلکہ وہ یہی سمجھتے تھے کہ آپؐ کی آخری وفات نہیں ہوئی ـــــ اور البتہ ضرور اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کو دوبارہ زندہ کریں گے، پس وہ ضرور کاٹیں گے کچھ لوگوں کے ہاتھ اور پاؤں، یعنی منافقین کو لگام دیں گے، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور نبی ﷺ کا چہرہ کھولا اور آپؐ کو چوما اور کہا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! آپؐ جب زندہ تھے تب بھی ستھرے تھے اور اب مرنے کے بعد بھی (اس میں اشارہ تھا کہ آپؐ کی وفات ہوگئی) اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نہیں چکھائیں گے آپؐ کو اللہ تعالیٰ دو موتیں کبھی بھی (اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تردید تھی) پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسجد میں تشریف لے گئے اور کہا: اے قسم کھانے والے ذرا ٹھہرو! پھر جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تقریر شروع کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کی خوب تعریف کی، پھر فرمایا: سنو! جو شخص محمد ﷺ کی پوجا کرتا ہے وہ جان لے کہ محمد ﷺ کی وفات ہوگئی، اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے وہ جان لے کہ اللہ تعالیٰ زندہ ہیں، کبھی مریں گے نہیں، پھر آپؓ نے سورۃ الزمر کی آیت ۳۰ پڑھی: ﴿إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ﴾: اور آپؐ کو بھی مرنا ہے اور ان کو (آپؐ کے مخالفین کو) بھی مرنا ہے، پھر آپؓ نے سورۂ آلِ عمران کی آیت ۱۴۴ پڑھی: ﴿وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ، قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ، أَفَائِنْ مَاتَ أَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى أَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشَّاكِرِيْنَ﴾: اور محمدؐ صرف رسول ہی ہیں، آپؐ سے پہلے اور بہت سے رسول گذر چکے ہیں، پس اگر آپؐ کا انتقال ہوجائے یا آپؐ شہید ہوجائیں تو کیا تم لوگ الٹے پھر جاؤ گے؟ اور جو شخص الٹا پھر جائے گا وہ اللہ تعالیٰ کا کچھ نقصان نہیں کرے گا، اور اللہ تعالیٰ عنقریب حق شناسوں کو عوض دیں گے، راوی کہتا ہے: پس لوگوں کی روتے روتے ہچکی بندھ گئی۔

راوی کہتا ہے: انصار بنو ساعدہ کے چھپر میں حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس اکٹھا ہوئے اور انھوں نے کہا: ہم میں سے ایک امیر ہو اور تم میں سے ایک امیر! پس ان کے پاس حضرات ابوبکر، عمر اور ابوعبیدۃ رضی اللہ عنہم گئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تقریر کرنا چاہا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو روک دیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے: بخدا! نہیں چاہا تھا میں نے اس تقریر سے مگر یہ کہ میں نے ایک کلام ذہن میں تیار کیا تھا جو مجھے بہت پسند تھا اور مجھے اندیشہ تھا کہ اس مضمون تک ابوبکر رضی اللہ عنہ نہیں پہنچیں گے، یعنی میں شاندار تقریر سوچ کر گیا تھا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تقریر کی اور نہایت شاندار تقریر کی، آپؓ نے اپنی تقریر میں فرمایا: ہم ہی امراء (فرمان روا) ہونگے اور آپ حضرات وزراء (مددگار) ہونگے، پس حضرت حباب رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں، بخدا! ہم ایسا نہیں کریں گے، ہم میں سے ایک امیر ہوگا اور تم میں سے ایک۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں، بلکہ ہم ہی امراء ہونگے، اور آپ حضرات وزاء ہونگے، وہ (قریش) عربوں میں گھر کے اعتبار سے سب سے افضل ہیں (وہ مکہ کے باشندے ہیں) اور خاندانی خوبیوں کے اعتبار سے سب سے

زیادہ واضح ہیں، پس بیعت کرو تم عمرؓ سے یا ابوعبیدۃ سے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: بلکہ ہم آپؓ سے بیعت کرتے ہیں، آپؓ ہمارے آقا ہیں، ہم میں افضل ہیں اور رسول اللہ ﷺ کو آپؓ ہم سے زیادہ محبوب تھے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور ان سے بیعت کرلی، اور لوگوں نے بھی ان سے بیعت کی، پس کسی کہنے والے نے کہا: تم نے سعد بن عبادۃؓ کو مار دیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ اسے ماریں!

صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی نگاہ اوپر کو اٹھ گئی اور فرمایا: فِي الرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى: مجھے ملاءِ اعلیٰ میں شامل فرما! تین مرتبہ یہ بات فرمائی، پھر حضرت عائشہؓ نے وفاتِ نبوی کا واقعہ بیان کیا، اور آخر میں فرمایا: پس نہیں تھی دونوں حضرات کی تقریروں میں سے کوئی تقریر مگر اللہ نے اس کے ذریعہ نفع پہنچایا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو دھمکایا اور لوگوں میں یقیناً نفاق تھا، پس اللہ نے ان کو لوٹا دیا، اس دھمکی کے ذریعہ، یعنی ان کو سانپ سونگھ گیا، وہ کوئی فتنہ برپا نہ کرسکے، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو دکھائی ہدایت کی بات اور ان کو پہچانوایا وہ حق جن پر لوگ تھے، اور لوگ نکلے آیتِ کریمہ: ﴿وَمَا مُحَمَّدٌ إِلاَّ رَسُوْلٌ﴾: پڑھتے ہوئے۔

وضاحتیں:

۱- عوالی کے گاؤں سُنح میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی ایک اہلیہ تھیں، حضرت ابوبکرؓ ان کے پاس کئی دن سے نہیں گئے تھے، نبی ﷺ کی بیماری کی وجہ سے مدینہ ہی میں رکے رہے تھے، وفات والے دن موت کا سنبھالا آیا، اور آپؐ کی طبیعت بہت اچھی ہوگئی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اجازت لے کر اس گاؤں میں تشریف لے گئے۔

۲- قولہ: فَتَكَلَّمَ أَبْلَغُ النَّاس: پس لوگوں میں سے بلیغ ترین نے تقریر کی، یہ ترجمہ فاعل ہونے کی صورت میں ہے، اور اگر منصوب بنزع خافض پڑھیں تو ترجمہ ہوگا: ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تقریر کی بلیغ ترین آدمی کی تقریر کی طرح۔

۳- أَوْسَط: بمعنی أَفْضَل ہے، یعنی قریش کا وطن مکہ ہے، اور أَعْوَب کے معنی ہیں: أَبْيَن، أَوْضَح: صاف، واضح، مدلل ومفصل، اور حَسب کے معنی ہیں: خاندانی خوبیاں۔

۴- حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بارے میں حاشیہ میں لکھا ہے کہ انھوں نے آخر تک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بیعت نہیں کی، وہ شام کی طرف نکل گئے، اور وہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں وفات پائی اور حاشیہ میں ان کی وفات کے سلسلہمیں ایک شعر بھی لکھا ہے۔

۵- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حدیث کے آخر میں بہت قیمتی بات فرمائی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا موقف بھی امت کے حق میں بہتر موقف ثابت ہوا، انھوں نے جو منافقین کو لتاڑا تو منافقین کوئی ریشہ دوانی نہ کرسکے، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حقیقت حال کھولی کہ نبی ﷺ خدا نہیں، ان کو بھی موت آنی تھی، جو آگئی۔

حیاتِ انبیاء علیہم السلام:

حاشیہ میں حیاتِ انبیاء کا مسئلہ چھیڑا ہے، جاننا چاہئے کہ موت کے بعد انبیاء کی حیات اہل السنہ والجماعہ کے نزدیک اجماعی اور قطعی ہے، اس کا جو منکر ہے وہ اہل السنہ والجماعہ سے خارج ہے، جیسے عذابِ قبر تواتر معنوی سے ثابت ہے اور قطعی ہے، جو اس کا منکر ہے وہ اہل السنہ والجماعہ سے خارج ہے، مگر یہ دونوں عقیدے اجمالی ہیں، ان کی تفصیل میں اختلاف ہو سکتا ہے، چنانچہ اپنے اکابر میں سے حضرت نانوتوی اور حضرت مدنی قدس سرہما موت کے بعد انبیاء کی حیات کو دنیا کی حیات کی طرح مانتے تھے اور حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب رحمہ اللہ برزخی حیات مانتے تھے[۱] اور حضرت نانوتوی قدس سرہ نے اپنے ایک رسالہ کے آخر میں لکھا ہے کہ مجھے اپنے موقوف پر اصرار نہیں اور میں اپنی بات ہر جگہ گاتا نہیں پھرتا کوئی پوچھتا ہے تو بتا دیتا ہوں[۲]

اور دونوں نظریوں میں فرق یہ ہے کہ دنیا کی حیات منقطع ہوئی یا نہیں؟ پہلی جماعت کے نزدیک منقطع نہیں ہوئی، اور دوسری جماعت کے نزدیک منقطع ہوگئی، پہلی صورت میں سوال پیدا ہوگا کہ انبیاء کی موت تو قطعی طور پر قرآنِ کریم سے ثابت

(۱) حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب رحمہ اللہ کفایت المفتی، دوسرا باب، انبیاء علیہم السلام (۱:۱۲۰) میں تحریر فرماتے ہیں:

''انبیاء کرام صلوات اللہ علیہم اجمعین اپنی قبور میں زندہ ہیں، مگر ان کی زندگی دنیاوی زندگی نہیں ہے بلکہ برزخی اور تمام دوسرے لوگوں کی زندگی سے ممتاز ہے، اسی طرح شہداء کی زندگی بھی برزخی ہے، اور انبیاء کی زندگی سے نیچے درجہ کی ہے، دنیا کے اعتبار سے تو وہ سب اموات میں داخل ہیں ﴿إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ﴾ اس کی صریح دلیل ہے۔

اور کفایت المفتی دوسرا باب (۱:۱۴۲) میں تحریر فرماتے ہیں:

''جماہیر امت محمدیہ کا یہ قول ہے کہ آنحضرت ﷺ قبر اطہر میں حیاتِ مخصوص کے ساتھ حیات ہیں، باقی یہ بات کہ اس حیات کی حقیقت کیا ہے؟ یہ حضرتِ حق کو ہی معلوم ہے، وہ حیات حضور انور پر میت کے اطلاق کے منافی نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے خود قرآن میں حضور ﷺ کو خطاب کر کے فرمایا: ﴿إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ﴾: اور دوسری جگہ فرمایا: ﴿أَفَإِنْ مَّاتَ أَوْ قُتِلَ﴾: اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی وفات کے بعد مجمع صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کو خطاب کر کے فرمایا: مَنْ كَانَ مِنكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَإِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ''

(۲) لطائف قاسمی ص:۵ میں حضرت نانوتوی قدس سرہ نے لکھا ہے:

''ایسا یاد پڑتا ہے اکثر احادیث باب حیات ضعیف ہیں، زیادہ کیا عرض کروں، ہاں اتنا عرض کئے دیتا ہوں کہ گو عقیدہ تو یہی ہے اور میں جانتا ہوں ان شاء اللہ تعالیٰ ایسا ہی رہے گا مگر اس عقیدہ کو عقائد ضروریہ میں سے نہیں سمجھتا، نہ تعلیم ایسی باتوں کی کرتا ہوں، نہ منکروں سے دست و گریباں ہوتا ہوں، خود کسی سے کہتا نہیں پھرتا، کوئی پوچھتا ہے اور اندیشۂ فساد نہیں ہوتا تو اظہار میں دریغ بھی نہیں کرتا، آپ اس امر کو ملحوظ رکھیں تو بہتر ہے۔ فقط''

ہے، پھر عدم انقطاع حیات کی کیا صورت ہوگی؟ یہ مسئلہ میں نے حضرت علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ سابق صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند سے طالب علمی کے زمانہ میں پوچھا تھا، حضرت نے فرمایا: لالٹین بجھانے کی تین صورتیں ہیں: (اس زمانہ میں طلبہ لالٹین کی روشنی میں پڑھتے تھے) ایک: لالٹین گل کردی، بالکل بجھادی، دوم: لالٹین مدہم کردی، کمرے میں روشنی بالکل نہ رہی، مگر فی نفسہ جل رہی ہے، سوم: ساتھیوں کی طرف موٹا گتا لگادیا کہ ادھر سے روشنی منقطع ہوگئی، اور پڑھنے والا پڑھتا رہا، فرمایا: اول عام مؤمنین اور عام انسانوں کی موت ہے، اور دوم شہداء کی اور سوم انبیاء کرام کی، ان کی حیات کے آثار دنیا سے برزخ کی طرف پھیر دیئے جاتے ہیں، لیکن حیات بحالہ باقی رہتی ہے، پس دنیا کی طرف اس کا رخ نہیں رہتا، اس لئے نبی ﷺ کی وفات کے بعد کوئی ان کی زیارت کرے تو وہ صحابی نہیں ہوگا۔

میں نے پوچھا: حضرت اس کی کیا دلیل ہے کہ انبیاء کی حیات موت کے بعد بھی بحالہ باقی رہتی ہے؟ حضرت نے فرمایا: روح کا بدن سے تدبیری تعلق ہے، جیسے بادشاہ کا ملک سے تدبیری تعلق ہے، جب تک روح بدن میں رہتی ہے بدن کو تین امتناعات حاصل ہوتے ہیں: امتناعِ تخریب، امتناعِ تزویج اور امتناعِ توریث، جب تک انسان زندہ ہے چاہے بے ہوش ہو، اس کا بدن گلتا سڑتا نہیں، اس کی بیوی سے کوئی نکاح نہیں کرسکتا، اور اس کے مال کا کوئی وارث نہیں ہوتا، انبیاء کرام کو موت کے بعد بھی یہ تینوں امتناعات حاصل ہیں، روایات میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے اجسام کو حرام کردیا ہے: مٹی انبیاء کے اجسام کو کھاتی نہیں، اور انبیاء کی ازواج سے ان کی وفات کے بعد بھی کوئی نکاح نہیں کرسکتا اور انبیاء کے چھوڑے ہوئے مال میں میراث جاری نہیں ہوتی، یہ تین امتناعات دلیل ہیں کہ روح کا بدن سے تدبیری تعلق باقی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حیات انبیاء کا عقیدہ بالا جمال ہی ماننا چاہئے، تفصیل میں داخل نہیں ہونا چاہئے، پڑوسی ملک میں کچھ حضرات تفصیل میں داخل ہوئے تو حیاتی اور مماتی فرقے وجود میں آگئے، اور ایک دوسرے کی تکفیر کرنے لگے، یہ طریقہ ٹھیک نہیں۔

اس کی نظیر: صفاتِ متشابہات کا مسئلہ ہے، سلف کا موقف تنزیہہ مع التفویض ہے، یعنی استوی علی العرش کو مان لو، اور اس کی کیفیت کو اللہ کے حوالہ کرو، البتہ بیمار اذہان کے لئے اشاعرہ اور ماتریدیہ کے نزدیک تاویل یعنی درجہ احتمال میں اللہ کے شایانِ شان صفات کا مطلب بیان کرنا جائز ہے، مگر پھر دونوں فریق علی طرفی نقیض ہوگئے، آج کے سلفی کَمَا یَلِیْقُ بِشَأْنِہٖ کہتے جاتے ہیں، اور صفات کے بارے میں گفتگو کرتے رہتے ہیں، یہاں تک کہ تجسیم اور تشبیہ تک پہنچ جاتے ہیں، اور متکلمین تاویل میں اتنے دور نکل جاتے ہیں کہ مبدأ کا ثبوت بھی نہیں مانتے، تاویل ہی تاویل رہ جاتی ہے، حالانکہ صحیح موقوف یہ تھا کہ قرآن وحدیث میں جو صفات آئی ہیں وہ تسلیم کی جائیں اور ان کی کیفیت کو اللہ کے حوالہ کیا جائے، جیسے سورۃ الملک میں آیا ہے: ﴿أَأَمِنْتُمْ مَنْ فِی السَّمَاءِ﴾: اس صفت کو ماننا ضروری ہے مگر اس کی کیفیت نہیں جان سکتے۔ اور کوئی مناسب تاویل کرے اور کہے کہ علو (بلندی) مراد ہے تو یہ تاویل جائز ہے، صفت کا ثبوت ماننے کے ساتھ، اسی طرح

حیاتِ انبیاء کا عقیدہ اجماعی اور قطعی ہے، اس کا ماننا ضروری ہے، اور کیفیت کو اللہ کے حوالہ کرنا چاہئے، اس میں بحث نہیں کرنی چاہئے، اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ کے شروع میں تحریر فرمایا ہے کہ ایسے نظری مسائل میں حق یہ ہے کہ ان کو نہ چھیڑا جائے، اور اگر چھیڑا جائے تو ان کو حق وباطل کا معیار نہ بنایا جائے۔(١)

[٣٦٦٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِیْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَاتَ وَأَبُوْ بَكْرٍ بِالسُّنْحِ - قَالَ إِسْمَاعِيْلُ: يَعْنِی بِالْعَالِيَةِ - فَقَامَ عَمُرُ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ مَا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم - قَالَتْ: وَقَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ مَاكَانَ يَقَعُ فِیْ نَفْسِیْ إِلَّا ذَاكَ- وَلَيَبْعَثَنَّهُ اللّٰهُ، فَلَيُقَطِّعَنَّ أَيْدِی رِجَالٍ وَأَرْجُلَهُمْ، فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَكَشَفَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَبَّلَهُ، فَقَالَ: بِأَبِیْ أَنْتَ وَأُمِّیْ! طِبْتَ حَيًّا وَمَيِّتًا! وَاللّٰهِ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ! لَا يُذِيْقُكَ اللّٰهُ الْمَوْتَتَيْنِ أَبَدًا، ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ: أَيُّهَا الْحَالِفُ عَلٰى رِسْلِكَ، فَلَمَّا تَكَلَّمَ أَبُوْ بَكْرٍ جَلَسَ عُمَرُ. [راجع: ١٢٤١]

[٣٦٦٨-] فَحَمِدَ اللّٰهَ أَبُوْ بَكْرٍ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، وَقَالَ: أَلَا مَنْ كَانَ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَإِنَّ مُحَمَّدًا صلی اللہ علیہ وسلم قَدْ مَاتَ، وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ فَإِنَّ اللّٰهَ حَیٌّ لَا يَمُوْتُ، وَقَالَ:﴿إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ﴾ وَقَالَ:﴿وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ، قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ، أَفَإِنْ مَاتَ أَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى أَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِی اللّٰهُ الشَّاكِرِيْنَ﴾ قَالَ: فَنَشَجَ النَّاسُ يَبْكُوْنَ.

قَالَ: وَاجْتَمَعَتِ الْأَنْصَارُ إِلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فِیْ سَقِيْفَةِ بَنِیْ سَاعِدَةَ، فَقَالُوْا: مِنَّا أَمِيْرٌ وَمِنْكُمْ أَمِيْرٌ، فَذَهَبَ إِلَيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَأَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، فَذَهَبَ عُمَرُ يَتَكَلَّمُ فَأَسْكَتَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، وَكَانَ عُمَرُ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ مَا أَرَدْتُ بِذٰلِكَ إِلَّا أَنِّیْ قَدْ هَيَّأْتُ كَلَامًا قَدْ أَعْجَبَنِیْ، خَشِيْتُ أَنْ لَا يَبْلُغَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ تَكَلَّمَ أَبُوْ بَكْرٍ فَتَكَلَّمَ أَبْلَغُ النَّاسِ، فَقَالَ فِی كَلَامِهِ: نَحْنُ الْأُمَرَاءُ وَأَنْتُمُ الْوُزَرَاءُ. فَقَالَ حُبَابُ بْنُ الْمُنْذِرِ: لَا وَاللّٰهِ لَا نَفْعَلُ، مِنَّا أَمِيرٌ وَمِنْكُمْ أَمِيْرٌ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: لَا، وَلٰكِنَّا الْأُمَرَاءُ، وَأَنْتُمُ الْوُزَرَاءُ، هُمْ أَوْسَطُ الْعَرَبِ دَارًا، وَأَعْرَبُهُمْ أَحْسَابًا، فَبَايِعُوْا عُمَرَ أَوْ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ، فَقَالَ عُمَرُ: بَلْ نُبَايِعُكَ أَنْتَ، فَأَنْتَ سَيِّدُنَا وَخَيْرُنَا وَأَحَبُّنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَأَخَذَ عُمَرُ بِيَدِهِ فَبَايَعَهُ وَبَايَعَهُ النَّاسُ، فَقَالَ قَائِلٌ: قَتَلْتُمْ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ، فَقَالَ عُمَرُ: قَتَلَهُ اللّٰهُ! [راجع: ١٢٤٢]

[٣٦٦٩-] وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِیِّ، قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ: أَخْبَرَنِی الْقَاسِمُ: أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: شَخَصَ بَصَرُ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، ثُمَّ قَالَ: "فِی الرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى" ثَلَاثًا وَقَصَّ

الْحَدِيْثَ، قَالَتْ: فَمَا كَانَتْ مَنْ خُطْبَتِهِمَا مِنْ خُطْبَةٍ إِلَّا نَفَعَ اللّٰهُ بِهَا، لَقَدْ خَوَّفَ عُمَرُ النَّاسَ وَإِنَّ فِيْهِمْ لَنِفَاقًا فَرَدَّهُمُ اللّٰهُ بِذٰلِكَ.[راجع: ۱۲٤۱]

[۳٦۷۰-] ثُمَّ لَقَدْ بَصَّرَ أَبُوْ بَكْرٍ النَّاسَ الْهُدَى، وَعَرَّفَهُمُ الْحَقَّ الَّذِيْ عَلَيْهِمْ، وَخَرَجُوْا بِهِ يَتْلُوْنَ ﴿وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ، قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ﴾ إِلٰى ﴿الشَّاكِرِيْنَ﴾[راجع: ۱۲٤۲]

۱۰- حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو افضل امت قرار دیا

محمد بن الحنفیہؒ نے اپنے ابا سے پوچھا: نبی ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ، صاحبزادے نے پوچھا: پھر؟ فرمایا: عمر رضی اللہ عنہ، صاحبزادے کہتے ہیں: اگلے سوال کے جواب میں وہ کہیں گے عثمان رضی اللہ عنہ، اس لئے میں نے پوچھا: پھر آپ؟ فرمایا: نہیں ہوں میں، مگر مسلمانوں میں سے ایک آدمی (یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی غایت درجہ تواضع ہے اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ اہل السنہ والجماعہ کا اجماع ہے کہ خلفائے راشدین کی فضیلت اسی ترتیب پر ہے جس ترتیب پر ان کی خلافت ہے اور دلائل حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کی کتاب إزالة الخفاء عن خلافة الخلفاء میں ہیں)

[۳٦۷۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا جَامِعُ بْنُ أَبِيْ رَاشِدٍ، ثَنَا أَبُوْ يَعْلٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَةِ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِيْ: أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: أَبُوْ بَكْرٍ، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ عُمَرُ، وَخَشِيْتُ أَنْ يَقُوْلَ: عُثْمَانُ، قُلْتُ: ثُمَّ أَنْتَ؟ قَالَ: مَا أَنَا إِلَّا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ.

۱۱- خاندانِ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی برکت

حدیث پہلے گذری ہے، غزوۂ بنوالمصطلق میں حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ہار گم ہوگیا تھا، تلاش کے لئے قافلہ روک دیا گیا، فجر کا وقت ہوا تو پانی نہیں تھا، پس تیمّم کا حکم نازل ہوا، اس وقت حضرت اُسید بن الحُضیر اوسی رضی اللہ عنہ نے صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: مَاهِيَ بِأَوَّلِ بَرَكَتِكُمْ يَا آلَ أَبِيْ بَكْرٍ: اے صدیقہ! یہ آپؓ کی پہلی برکت نہیں ہے (اس سے پہلے بھی آپؓ کی وجہ سے امت کے لئے سہولتیں نازل ہوئی ہیں)

تشریح: اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِأَبِيْهِ: اولاد باپ کا راز ہوتی ہے، صدیقہؓ کی برکتیں ان کے والد کے طفیل تھیں، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے اور لفظ آل زائد ہے، مراد صدیقہ رضی اللہ عنہا ہیں۔

[۳٦۷۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالْبَيْدَاءِ أَوْ:

بِذَاتِ الْجَيْشِ انْقَطَعَ عِقْدٌ لِيْ، فَأَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَلٰى الْتِمَاسِهِ، وَأَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ، وَلَيْسُوْا عَلٰى مَاءٍ وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَأَتَى النَّاسُ أَبَا بَكْرٍ، فَقَالُوْا: أَلاَ تَرَى مَا صَنَعَتْ عَائِشَةُ؟ أَقَامَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَبِالنَّاسِ مَعَهُ، وَلَيْسُوْا عَلٰى مَاءٍ وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَاضِعٌ رَأْسَهُ عَلٰى فَخِذِيْ قَدْ نَامَ، فَقَالَ: حَبَسْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَالنَّاسَ، وَلَيْسُوْا عَلٰى مَاءٍ، وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ؟ قَالَتْ: فَعَاتَبَنِيْ وَقَالَ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ، وَجَعَلَ يَطْعَنُنِيْ بِيَدِهِ فِيْ خَاصِرَتِيْ، فَلاَ يَمْنَعُنِيْ مِنَ التَّحَرُّكِ إِلَّا مَكَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَلٰى فَخِذِيْ، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم حَتَّى أَصْبَحَ عَلٰى غَيْرِ مَاءٍ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ التَّيَمُّمِ فَتَيَمَّمُوْا، فَقَالَ أُسَيْدُ بْنُ الْحُضَيْرِ: مَاهِيَ بِأَوَّلِ بَرَكَتِكُمْ يَا آلَ أَبِيْ بَكْرٍ! فَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَبَعَثْنَا الْبَعِيْرَ الَّذِيْ كُنْتُ عَلَيْهِ فَوَجَدْنَا الْعِقْدَ تَحْتَهُ. [راجع: ۳۳۴]

۱۲- صحابہ کا انفاق اور امت کا انفاق برابر نہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کو برا مت کہو، اس لئے کہ اگر تم میں سے ایک احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تو بھی نہیں پہنچے گا، میرے صحابہ کے ایک مد کو نہ آدھے مد کو!

تشریح: یہ خطاب صحابہ کے بعد کے لوگوں سے موجود فرض کر کے بھی ہوسکتا ہے اور اصحاب سے مخصوص اصحاب بھی مراد ہو سکتے ہیں، جنھوں نے اسلام کی طرف سبقت کی، حاشیہ میں دونوں احتمال لکھے ہیں، اور أصحابی کے عموم میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ داخل ہیں، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۳۶۷۳-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ ذَكْوَانَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم: " لاَ تَسُبُّوْا أَصْحَابِيْ فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلاَ نَصِيْفَهُ" تَابَعَهُ جَرِيْرٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنِ دَاوُدَ، وَأَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَمُحَاضِرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ.

لغت: نصف اور نصیف ہم معنی ہیں.......... مدّ: دو رطل۔

۱۳- خلفائے راشدین کو جنت کی خوش خبری

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر میں وضو کیا، پھر نکلے اور دل میں سوچا: ضرور میں نبی ﷺ کے ساتھ رہوں گا اور ضرور میں آپؐ کے ساتھ ہوؤں گا میرے اس دن میں (دونوں جملوں کا ایک مطلب ہے) راوی کہتا ہے: پس وہ

مسجدِ نبوی میں آئے اور نبی ﷺ کے بارے میں دریافت کیا، لوگوں نے بتایا: آپؐ نکلے ہیں اور اس طرف کا رخ کیا ہے، پس میں آپؐ کے نشانِ قدم پر چلا، آپؐ کے بارے میں پوچھتا ہوا یہاں تک کہ آپ بیر اریس میں داخل ہوئے، پس میں دروازہ پر بیٹھ گیا، اور اس کا دروازہ کھجور کی ٹہنیوں کا تھا، یہاں تک کہ نبی ﷺ نے قضائے حاجت فرمائی، پھر وضو کیا تو میں آپؐ کے پاس پہنچا، پس اچانک آپؐ بیر اریس پر بیٹھے ہوئے تھے اور اس کی مینڈ کے درمیان میں تھے، اور پنڈلیاں کھول رکھی تھیں، اور دونوں پیر کنویں میں لٹکا رکھے تھے، پس میں نے آپؐ کو سلام کیا اور میں واپس لوٹ گیا، اور دروازہ کے پاس بیٹھ گیا، اور میں نے دل میں کہا: آج ضرور نبی ﷺ کا دربان بنوں گا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور دروازہ کو دھکا دیا، میں نے پوچھا: کون؟ انھوں نے کہا: ابوبکرؓ، میں نے کہا: ٹھہرو، پھر میں گیا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ ابوبکرؓ اجازت چاہتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ان کو اجازت دیدو، اور ان کو جنت کی خوشخبری دو، پس میں آیا، میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: تشریف لائیے اور نبی ﷺ آپ کو جنت کی خوش خبری دیتے ہیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور نبی ﷺ کے ساتھ دائیں جانب بیٹھ گئے، کنویں کی مینڈ پر، اور اپنے دونوں پیر کنویں میں لٹکالئے جس طرح نبی ﷺ نے لٹکائے تھے، اور اپنی دونوں پنڈلیاں کھول لیں، پھر میں واپس لوٹا اور دروازہ پر بیٹھ گیا اور میں اپنے بھائی کو وضو کرتا ہوا چھوڑ کر آیا تھا، اور وہ مجھ سے ملنے ہی والے تھے، پس میں نے دل میں کہا: اگر اللہ کو فلاں کے ساتھ —— وہ اپنے بھائی کو مراد لے رہے ہیں —— خیر منظور ہوگی تو اللہ ان کو لے آئیں گے، پس اچانک ایک انسان دروازہ ہلا رہا ہے، میں نے پوچھا: کون؟ اس نے کہا: عمر بن الخطاب، میں نے کہا: ٹھہرو، پھر میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ کو سلام کیا اور میں نے کہا: یہ عمرؓ اجازت مانگ رہے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ان کو اجازت دیدو، اور ان کو جنت کی خوش خبری دو، پس میں آیا اور کہا: تشریف لائیے، اور نبی ﷺ آپ کو جنت کی خوش خبری دے رہے ہیں، پس وہ داخل ہوئے اور نبی ﷺ کے ساتھ بائیں طرف مینڈ پر بیٹھ گئے اور دونوں پیر کنویں میں لٹکالئے، پھر میں واپس آیا اور بیٹھ گیا، میں نے کہا: اگر اللہ کو فلاں کے ساتھ خیر منظور ہوگی تو اس کو لے آئیں گے، پس ایک انسان آیا وہ دروازہ ہلا رہا ہے، میں نے پوچھا: کون؟ اس نے کہا: عثمان بن عفانؓ، میں نے کہا: ٹھہرو، اور میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ کو بتلایا، آپؐ نے فرمایا: ان کو اجازت دیدو اور ان کو جنت کی خوش خبری دو ایک آزمائش کے ساتھ جو ان کو پہنچے گی، پس میں ان کے پاس آیا اور میں نے ان سے کہا: تشریف لائیے اور آپ کو نبی ﷺ جنت کی خوش خبری دے رہے ہیں ایک آزمائش کے ساتھ جو آپ کو پہنچے گی، وہ داخل ہوئے اور انھوں نے کنویں کی مینڈ کو پایا کہ بھر گئی ہے، پس وہ آپؐ کے سامنے دوسری طرف بیٹھے، حدیث کے راوی شریک کہتے ہیں: حضرت سعید بن المسیبؒ نے فرمایا: پس میں نے اس واقعہ کا مطلب سمجھا ہے ان کی قبریں یعنی نبی ﷺ کی اور شیخین رضی اللہ عنہما کی قبریں ساتھ ہونگی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی قبر علاحدہ قبرستان میں بنے گی۔

وضاحت: وَجَّهَ: تَوَجَّه کے معنی میں ہے............ بیر اریس مدینہ کا مشہور کنواں تھا، اسی کنویں میں حضرت عثمان رضی

اللہ عنہ کی انگلی سے نبی ﷺ کی انگوٹھی گر گئی تھی، اور کوشش کے باوجود نہیں ملی تھی .... قُفّ: کنویں کا کنارہ، مینڈ .... حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے دو بھائی تھے: ابورُہم اور ابوبردہ، ان میں سے کوئی ایک مراد ہے .... بَلوی: آزمائش، حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی شہید کئے گئے، مگر جو آزمائش حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو پہنچی وہ کچھ اور ہی طرح کی تھی .... اور واقعات خارجیہ کی بھی تعبیر اور تاویل ہوتی ہے، حضرت سعیدؒ نے اس واقعہ کی تعبیر یہ بیان کی کہ تین حضرات کی قبریں ساتھ ہوں گی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی قبر علاحدہ بنے گی، مگر یہ نکتہ بعد الوقوع ہے۔

[۳۶۷۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِيْنٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، ثَنِيْ يَحْيىٰ بْنُ حَسَّانَ، ثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ شَرِيْكِ ابْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيُّ أَنَّـهُ تَوَضَّأَ فِيْ بَيْتِهِ، ثُمَّ خَرَجَ فَقُلْتُ: لَأَلْزَمَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَأَكُوْنَنَّ مَعَهُ يَوْمِيْ هٰذَا، قَالَ: فَجَاءَ الْمَسْجِدَ، فَسَأَلَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: خَرَجَ وَوَجَّهَ هَاهُنَا، فَخَرَجْتُ عَلٰى إِثْرِهِ أَسْأَلُ عَنْهُ، حَتَّى دَخَلَ بِئْرَ أَرِيْسٍ، فَجَلَسْتُ عِنْدَ الْبَابِ وَبَابُهَا مِنْ جَرِيْدٍ، حَتَّى قَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَاجَتَهُ فَتَوَضَّأَ فَقُمْتُ إِلَيْهِ، فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ عَلٰى بِئْرِ أَرِيْسٍ وَتَوَسَّطَ قُفَّهَا، وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ، وَدَلَّاهُمَا فِي الْبِئْرِ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ انْصَرَفْتُ فَجَلَسْتُ عِنْدَ الْبَابِ فَقُلْتُ: لَأَكُوْنَنَّ بَوَّابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْيَوْمَ، فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ فَدَفَعَ الْبَابَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: أَبُوْ بَكْرٍ، فَقُلْتُ: عَلٰى رِسْلِكَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا أَبُوْ بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ:" ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَأَقْبَلْتُ حَتَّى قُلْتُ لِأَبِيْ بَكْرٍ: ادْخُلْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُبَشِّرُكَ بِالْجَنَّةِ، فَدَخَلَ أَبُوْ بَكْرٍ فَجَلَسَ عَنْ يَمِيْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَعَه فِي الْقُفِّ، وَدَلّٰى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ كَمَا صَنَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ، ثُمَّ رَجَعْتُ فَجَلَسْتُ وَقَدْ تَرَكْتُ أَخِيْ يَتَوَضَّأُ وَيَلْحَقُنِيْ، فَقُلْتُ إِنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِفُلَانٍ - يُرِيْدُ أَخَاهُ - خَيْرًا يَأْتِ بِهِ، فَإِذَا إِنْسَانٌ يُحَرِّكُ الْبَابَ فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقُلْتُ: عَلٰى رِسْلِكَ، ثُمَّ جِئْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: هٰذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ:" ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَجِئْتُ قُلْتُ: ادْخُلْ وَبَشَّرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْجَنَّةِ، فَدَخَلَ فَجَلَسَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْقُفِّ عَنْ يَسَارِهِ، وَدَلّٰى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ، ثُمَّ رَجَعْتُ فَجَلَسْتُ فَقُلْتُ: إِنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِفُلَانٍ خَيْرًا يَأْتِ بِهِ، فَجَاءَ إِنْسَانٌ يُحَرِّكُ الْبَابَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَقُلْتُ: عَلٰى رِسْلِكَ، وَجِئْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ:" ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلٰى بَلْوَى تُصِيْبُهُ" فَجِئْتُهُ فَقُلْتُ لَهُ: ادْخُلْ وَبَشَّرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْجَنَّةِ عَلٰى بَلْوَى تُصِيْبُكَ، فَدَخَلَ فَوَجَدَ الْقُفَّ قَدْ

مُلِئَ فَجلَسَ وُجَاهَهُ مِنَ الشِّقِّ الآخَرِ. قَالَ شَرِيْكٌ: قَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ: فَأَوَّلْتُها قُبُوْرَهُمْ. [انظر: ٣٦٩٣، ٣٦٩٥، ٦٢٦١، ٧٠٩٧، ٧٢٦٢]

۱۴-حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا صدیق لقب

نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے ثلاثہ احد پہاڑ پر چڑھے، وہ ان کے ساتھ زور زور سے ہلنے لگا، آپؐ نے فرمایا: اے احد! تھم جا! تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔

[٣٦٧٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَعِدَ أُحُدًا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ، فَرَجَفَ بِهِمْ، فَقَالَ: "اثْبُتْ أُحُدُ! فَإِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيْقٌ وَشَهِيْدَانِ" [انظر: ٣٦٨٦، ٣٦٩٧]

۱۵- نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لئے دعائے مغفرت کی

حدیث میں وہ خواب ہے جو ابھی گذرا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک کنویں پر ہیں، اور پانی کھینچ رہے ہیں، آپؐ کے پاس ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما آئے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ڈول لے لیا اور ایک ڈول یا دو ڈول کھینچے اور ان کے کھینچنے میں کمزوری تھی، یعنی مشکل سے ڈول کھینچے، اللہ تعالیٰ ان کی بخشش فرمائیں (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حکومت کا زمانہ بڑا نازک تھا، اندرونی حالات پر کنٹرول کرنے ہی میں سارا وقت گذر گیا، کوئی بڑا اقدام نہیں کر سکے، مگر یہ حالات کی نزاکت تھی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا اس میں کوئی قصور نہیں تھا، اس لئے آپؐ نے ان کے لئے مغفرت کی دعا کی (الی آخرہ)

[٣٦٧٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا صَخْرٌ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "بَيْنَمَا أَنَا عَلَى بِئْرٍ أَنْزِعُ مِنْهَا، جَاءَ نِيْ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَأَخَذَ أَبُوْ بَكْرٍ الدَّلْوَ، فَنَزَعَ ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ، وَفِيْ نَزْعِهِ ضَعْفٌ، وَاللهُ يَغْفِرُ لَهُ! ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ الْخَطَّابِ مِنْ يَدَىْ أَبِيْ بَكْرٍ، فَاسْتَحَالَتْ فِي يَدِهِ غَرْبًا، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَفْرِيْ فَرِيَّهُ، فَنَزَعَ حَتَّى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ" قَالَ وَهْبٌ: الْعَطَنُ: مَبْرَكُ الإِبِلِ، يَقُوْلُ: حَتَّى رَوِيَتِ الإِبِلُ فَأَنَاخَتْ. [راجع: ٣٦٣٤]

لغت: اَلْعَطَن: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ، اور جملہ کا مطلب یہ ہے کہ اونٹ سیراب ہو گئے اور ان کو بیٹھنے کی جگہ میں بٹھا دیا۔

۱۶- نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھ حضرات ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو ملایا کرتے تھے

ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں لوگوں کے ساتھ کھڑا تھا، اور لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لئے دعا

کررہے تھے، اوران کی میت کونہلانے کے لئے چارپائی پر رکھا گیا تھا، اچانک ایک آدمی نے میرے پیچھے سے اپنی کہنی میرے مونڈھے پر رکھی اور کہنے لگا: اللہ آپؓ پرمہربانی فرمائیں! میں امید باندھا کرتا تھا کہ اللہ تعالیٰ آپؓ کو اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ ملائیں گے (دفن کی جگہ میں یا آخرت کے مراتب میں) اس لئے کہ میں بارہا نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کرتا تھا: میں اور ابوبکر وعمر تھے، میں نے اور ابوبکر وعمر نے کیا، میں اور ابوبکر وعمر چلے اور بیشک شان یہ ہے کہ میں امید کرتا تھا کہ اللہ تعالیٰ آپؓ کو ان دونوں کے ساتھ ملائیں گے، ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس میں نے مڑکر دیکھا تو وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔

[٣٦٧٧-] حدثنا الْوَلِيْدُ بْنُ صَالِحٍ: ثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ: ثنا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي الْحُسَيْنِ الْمَكِّيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: إِنِّيْ لَوَاقِفٌ فِيْ قَوْمٍ، فَدَعُوْا اللّٰهَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَقَدْ وُضِعَ عَلٰى سَرِيْرِهِ، إِذَا رَجُلٌ مِنْ خَلْفِيْ قَدْ وَضَعَ مِرْفَقَهُ عَلٰى مَنْكِبِيْ يَقُوْلُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ إِنْ كُنْتُ لَأَرْجُوْ أَنْ يَجْعَلَكَ اللّٰهُ مَعَ صَاحِبَيْكَ، لِأَنِّيْ كَثِيْرًا مَّا كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "كُنْتُ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَفَعَلْتُ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَانْطَلَقْتُ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ" وَإِنْ كُنْتُ لَأَرْجُوْ أَنْ يَجْعَلَكَ اللّٰهُ مَعَهُمَا، فَالْتَفَتُّ فَإِذَا هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ. [انظر: ٣٦٨٥]

۱۷- حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپؐ سے حملہ ہٹایا

حضرت عروہؒ نے عبداللہ بن عمروؓ سے اس سخت سے سخت برتاؤ کے بارے میں پوچھا جو مشرکین نے آپؐ کے ساتھ کیا، حضرت عبداللہؓ نے کہا: میں نے عقبہ بن ابی معیط کو دیکھا وہ آیا اور نبی ﷺ نماز پڑھ رہے تھے، پس اس نے اپنی چادر آپؐ کی گردن میں ڈالی اور اس کے ذریعہ آپؐ کا گلا بہت ہی سخت گھونٹا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے، یہاں تک کہ اس کو آپؐ سے ہٹایا اور فرمایا: کیا تم ایک ایسے شخص کو محض اس بات پر مار ڈالوگے کہ وہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے اور وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے دلیل لے کر آیا ہے؟ یعنی سورۃ المؤمن کی آیت ۲۸ پڑھی۔

[٣٦٧٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا الْوَلِيْدُ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو عَنْ أَشَدِّ مَا صَنَعَ الْمُشْرِكُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: رَأَيْتُ عُقْبَةَ بْنَ أَبِيْ مُعَيْطٍ جَاءَ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُصَلِّيْ، فَوَضَعَ رِدَاءَهُ فِيْ عُنُقِهِ فَخَنَقَهُ بِهَا خَنْقًا شَدِيْدًا، فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ حَتَّى دَفَعَهُ عَنْهُ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: ﴿أَتَقْتُلُوْنَ رَجُلاً أَنْ يَقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَاءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ﴾

[انظر: ٥٨٥٦، ٤٨١٥]

مَنَاقِبُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَبِیْ حَفْصٍ الْقُرَشِیِّ الْعَدَوِیِّ

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے فضائل

اسم گرامی عمر، کنیت ابوحفص، والد کا نام خطاب بن نُفیل، نسبت قُرشی، عدوی، ولادت ہجرت سے چالیس سال پہلے، وفات ۲۳ ہجری مطابق ۵۸۴-۶۴۴ عیسوی، دوسرے خلیفہ راشد، سب سے پہلے امیر المؤمنین آپؓ کو کہا گیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ رسول کہا جاتا تھا، ۱۳ ہجری میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی وفات کے دن خلیفہ بنے، مدت خلافت دس سال چند ماہ، آپؓ کے زمانہ میں ایران، شام، عراق، قُدس، مدائن، مصر اور جزیرہ فتح ہوئے اور آپؓ کے حکم سے کوفہ اور بصرہ بسائے گئے، آپؓ نے ملک وملت کی تنظیم کے لئے بہت سے کارنامے انجام دیئے، آپؓ کے بے شمار فضائل ہیں، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے فضائل کی روایات میں بھی آپؓ کے فضائل آئے ہیں، آپؓ کی ایک بڑی فضیلت یہ ہے کہ آپؓ کے اسلام کے لئے نبی ﷺ نے خصوصی دعا فرمائی۔ ٦ ہجری میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے اسلام سے تین دن بعد آپؓ مسلمان ہوئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مسلمان ہونے سے اسلام اور مسلمانوں کو بڑی قوت حاصل ہوئی۔

۱- جنت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا محل

نبی ﷺ نے خواب میں تین منظر دیکھے: اول: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا کو آپؐ نے جنت میں دیکھا، ان کا لقب رُمَیْصَاء اور نام سہلہ بنت ملحان تھا۔ دوم: نبی ﷺ نے جنت میں اپنے سامنے آہٹ (چاپ) سنی، پوچھا: یہ کون ہے؟ بتایا گیا یہ بلال رضی اللہ عنہ ہیں۔ سوم: آپؐ نے جنت میں ایک محل دیکھا جس کے آنگن میں ایک لڑکی وضو کر رہی تھی، آپؐ نے پوچھا: یہ محل کس کا ہے؟ بتایا گیا: حضرت عمر رضی اللہ عنہا کا، آپؐ نے چاہا کہ اندر جا کر اس محل کو دیکھیں مگر آپؐ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی غیرت یاد آئی تو آپؐ اندر نہیں گئے، جب آپؐ نے یہ خواب سنایا تو حضرت عمرؓ رونے لگے اور کہا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! اے اللہ کے رسول! کیا مجھے آپؐ کی وجہ سے بیوی پر غصہ آئے گا؟

[٦-] مَنَاقِبُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَبِیْ حَفْصٍ الْقُرَشِیِّ الْعَدَوِیِّ

[٣٦٧٩-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمَاجِشُوْنِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم: " رَأَيْتُنِیْ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا أَنَا بِالرُّمَيْصَاءِ امْرَأَةِ أَبِیْ طَلْحَةَ، وَسَمِعْتُ خَشْفَةً، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: هٰذَا بَلَالٌ، وَرَأَيْتُ قَصْرًا بِفِنَائِهِ جَارِيَةٌ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَأَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَهُ فَأَنْظُرَ إِلَيْهِ، فَذَكَرْتُ غَيْرَتَكَ" فَقَالَ عُمَرُ: بِأَبِیْ وَأُمِّیْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَعَلَيْكَ أَغَارُ؟ [انظر: ٥٢٢٦، ٧٠٢٤]

[۳۶۸۰-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذْ قَالَ:" بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِيْ فِي الْجَنَّةِ، فَإِذَا امْرَأَةٌ تَتَوَضَّأُ إِلٰى جَانِبِ قَصْرٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِعُمَرَ، فَذَكَرْتُ غَيْرَتَهُ فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا" فَبَكَى عُمَرُ وَقَالَ: أَعَلَيْكَ أَغَارُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟[راجع: ۳۲۴۲]

۲- نبی ﷺ نے اپنے علم میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا

نبی ﷺ نے ایک خواب دیکھا، آپؐ کے پاس دودھ کا پیالہ لایا گیا، آپؐ نے اس کو نوش فرمایا، یہاں تک کہ آپؐ نے دیکھا کہ سیرابی آپؐ کے ناخنوں سے نکل رہی ہے، یعنی آپؐ کا رواں رواں سیراب ہوگیا پس آپؐ نے بچا ہوا دودھ حضرت عمرؓ کو عنایت فرمایا۔ صحابہ نے پوچھا: اس کی تعبیر کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: علم (حدیث اور اس کی شرح تحفۃ ۱:۳۶۲ میں ہے)

[۳۶۸۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ أَبُوْ جَعْفَرٍ الْكُوْفِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ حَمْزَةُ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ شَرِبْتُ يَعْنِي اللَّبَنَ، حَتَّى أَنْظُرَ إِلَى الرِّيِّ يَجْرِيْ فِيْ ظُفُرِيْ أَوْ: فِيْ أَظْفَارِيْ، ثُمَّ نَاوَلْتُ عُمَرَ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" الْعِلْمَ"[راجع: ۸۲]

۳- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ کارنامہ انجام دیا جو کوئی انجام نہیں دے سکا

حدیث ابھی گذری ہے۔قولہ: أَنْزِعُ بِدلوِ بَكْرَةٍ عَلٰى قَلِيْبٍ: میں کسی کنویں پر چرخی کے ڈول سے پانی نکال رہا ہوں، کنویں پر دو لکڑیاں کھڑی کر کے ان کے درمیان چرخی باندھتے ہیں اور اس سے پانی نکالتے ہیں .... استحالت غربا: ڈول کوس سے بدل گیا، یعنی ڈول بہت بڑا ہوگیا .... الْعَبْقَرِيُّ: ہیرو، باکمال اور بے مثال آدمی، یا بے مثال چیز، غیر معمولی اوصاف وکمالات کا حامل آدمی، نادرۂ روزگار، سورۃ الرحمٰن آیت ۷۶ ہے: ﴿مُتَّكِئِيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ﴾: جنتی سبز مُشَجَّر (وہ کپڑا جس پر درختوں کی تصویر ہوں) اور عجیب خوبصورت کپڑوں پر ٹیک لگائے ہوئے بیٹھے ہونگے، اور سورۃ الغاشیہ کی آیت ۱۶ ہے: ﴿وَزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ﴾: اور سب طرف قالین ہی قالین بچھے ہوئے ہونگے، ابن جبیر نے العبقری کے معنی: عِتَاقُ الزَّرَابِيّ: شاندار قالین کئے ہیں، اور یحییٰ فراء نحوی نے الزرابی کے معنی کئے ہیں: وہ قالین جس کے کناروں پر باریک جھالر ہوں، اور مبثوثہ: پھیلے ہوئے یعنی بہت زیادہ۔

[۳۶۸۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، ثَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ أَنِّيْ أَنْزِعُ

بِدَلْوِ بَكْرَةٍ عَلٰى قَلِيْبٍ، فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ فَنَزَعَ ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ نَزْعًا ضَعِيْفًا، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ! ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِيْ فَرِيَّهُ حَتّٰى رَوِيَ النَّاسُ وَضَرَبُوْا بِعَطَنٍ"

قَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ: الْعَبْقَرِيُّ: عِتَاقُ الزَّرَابِيِّ. وَقَالَ يَحْيٰى: الزَّرَابِيُّ: الطَّنَافِسُ لَهَا خَمْلٌ رَقِيْقٌ ﴿مَبْثُوْثَةٌ﴾: كَثِيْرَةٌ، وَهُوَ سَيِّدُ الْقَوْمِ أَغْنِيْ الْعَبْقَرِيَّ. [راجع: ۳۶۳٤]

۴-حضرت عمر رضی اللہ عنہ جس کوچہ سے گذرتے تھے شیطان وہ کوچہ چھوڑ دیتا تھا

حدیث پہلے (نمبر ۳۲۹۴) گذری ہے، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے پاس آنے کی اجازت مانگی، آپؐ کے پاس قریش کی عورتیں تھیں، یعنی آپؐ کے خاندان کی بیویاں تھیں، وہ آپؐ سے کسی معاملہ میں بات کررہی تھیں، اور آپؐ سے کسی چیز کی زیادتی کا مطالبہ کررہی تھیں، ان کی آوازیں بلند ہورہی تھیں، پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت مانگی تو وہ سب اٹھ کر پردہ میں چلی گئیں، نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اجازت دی، وہ آئے تو آپؐ ہنس رہے تھے، حضرت عمرؓ نے کہا: اللہ تعالیٰ آپؐ کے دانتوں کو ہنسائیں یعنی خوش رکھیں اے اللہ کے رسول! آپؐ کیوں ہنسے؟ آپؐ نے فرمایا: مجھے حیرت ہوئی ان عورتوں پر جو میرے پاس تھیں، جب انھوں نے آپؓ کی آواز سنی تو وہ ایک دم پردہ میں چلی گئیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپؐ اے اللہ کے رسول! زیادہ حقدار تھے کہ وہ آپؐ سے ڈرتیں، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اپنی ذاتوں کی دشمنو! کیا تم مجھ سے ڈرتی ہو اور رسول اللہ ﷺ سے نہیں ڈرتیں! انھوں نے جواب دیا: تم بد اخلاق اور سخت مزاج ہو، نبی ﷺ ایسے نہیں ہیں (ازواج نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سخت جواب دیا، نبی ﷺ کو اندیشہ ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ترکی بہ ترکی جواب دیں گے، پس آپؐ نے ایک ایسی بات فرمائی جس سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دل ڈھل گیا) آپؐ نے فرمایا: "قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے: نہیں ملاقات کرتا آپ سے شیطان کبھی کسی کشادہ گلی میں مگر چلتا ہے وہ اس گلی کے علاوہ گلی میں" یعنی تم جس گلی سے گذرتے ہو، شیطان وہاں سے دم دبا کر بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔

[۳۶۸۳-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، ح: وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَاهُ قَالَ: اسْتَأْذَنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَعِنْدَهُ نِسْوَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُكَلِّمْنَهُ وَيَسْتَكْثِرْنَهُ، عَالِيَةً أَصْوَاتُهُنَّ عَلٰى صَوْتِهِ، فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قُمْنَ فَبَادَرْنَ الْحِجَابَ، فَأَذِنَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَدَخَلَ عُمَرُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَضْحَكُ فَقَالَ عُمَرُ: أَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ

النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "عَجِبْتُ مِنْ هٰؤُلَآءِ اللاَّتِيْ كُنَّ عِنْدِيْ، فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ" فَقَالَ عُمَرُ: فَأَنْتَ أَحَقُّ أَنْ يَهَبْنَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ثُمَّ قَالَ عُمَرُ: يَا عَدُوَّاتِ أَنْفُسِهِنَّ! أَتَهَبْنَنِيْ وَلاَ تَهَبْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْنَ: نَعَمْ، أَنْتَ أَفَظُّ وَأَغْلَظُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِيْهٍ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ سَالِكًا فَجًّا قَطُّ إِلاَّ سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ" [راجع: ۳۲۹٤]

لغت: إِيْهٍ (تنوین کے ساتھ) بمعنی حَسْبُكَ: بس کرو، بس بس یعنی عمر! بس کرو، جواب کا جواب مت دو۔

۵- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام سے مسلمانوں کا سر اونچا ہوا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا، ہم برابر باعزت (طاقت ور) رہے، اور حضرت ابن مسعودؓ کا قول دوسری جگہ ہے: ہم خانۂ کعبہ کے پاس نماز پڑھنے پر قادر نہیں تھے، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا، اور حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت عمرؓ مسلمان ہوئے تو اسلام پردہ سے باہر آیا، اس کی علانیہ دعوت دی گئی، ہم حلقے بنا کر بیت اللہ کے پاس بیٹھے اور بیت اللہ کا طواف کیا اور جس نے ہم پر سختی کی اس سے انتقام لیا اور کفار کے بعض مظالم کا جواب دیا (تاریخ عمر لابن الجوزی)

[۳٦٨٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا قَيْسٌ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ: مَا زِلْنَا أَعِزَّةً مُنْذُ أَسْلَمَ عُمَرُ. [انظر: ۳۸٦۳]

٦- حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے اعمال کی تمنا کی

یہ روایت ابھی گذری ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو غسل دینے کے لئے تختہ پر رکھا گیا تو لوگوں نے ان کو گھیر لیا، وہ دعائیں کر رہے تھے، اس سے پہلے کہ ان کا جنازہ اٹھایا جائے، ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں بھی لوگوں میں تھا، پس نہیں گھبراہٹ میں ڈالا مجھے مگر ایک آدمی نے جس نے میرا شانہ پکڑ رکھا تھا، پس اچانک وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے، انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لئے دعائے رحمت کی اور کہا: آپؓ نے اپنے پیچھے کسی ایسے شخص کو نہیں چھوڑا جو مجھے زیادہ پسند ہو کہ میں اللہ سے ملاقات کروں اس کے عمل کے مانند کے ساتھ، آپؓ کے علاوہ، اور بخدا! میں گمان کیا کرتا تھا کہ اللہ تعالیٰ آپؓ کو اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ ملائیں گے، اس لئے کہ میں بار بار سنا کرتا تھا: آپؐ فرماتے تھے: میں ابوبکرؓ اور عمرؓ گئے، میں ابوبکرؓ اور عمرؓ داخل ہوئے، میں ابوبکرؓ اور عمر نکلے۔ مِنْكَ: مفضل منہ ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آرزو کی کہ کاش وہ بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسا عمل کر کے اللہ کے یہاں پہنچیں۔

[٣٦٨٥-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، أَنَّـهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: وُضِعَ عُمَرُ عَلٰى سَرِيْرِهِ، فَتَكَنَّفَهُ النَّاسُ يَدْعُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ قَبْلَ أَنْ يُرْفَعَ وَأَنَا فِيْهِمْ، فَلَمْ يَرُعْنِىْ إِلاَّ رَجُلٌ آخِذٌ مَنْكِبِىْ فَإِذَا عَلِيٌّ، فَتَرَحَّمَ عَلٰى عُمَرَ، وَقَالَ: مَا خَلَّفْتَ أَحَدًا أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أَلْقَى اللّٰهَ بِمِثْلِ عَمَلِهِ مِنْكَ، وَأَيْمُ اللّٰهِ! إِنْ كُنْتُ لَأَظُنُّ أَنْ يَجْعَلَكَ اللّٰهُ مَعَ صَاحِبَيْكَ، وَحَسِبْتُ أَنِّىْ كُنْتُ كَثِيْرًا أَسْمَعُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" ذَهَبْتُ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَدَخَلْتُ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَخَرَجْتُ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ"[راجع: ٣٦٧٧]

۷-حضرت عمر رضی اللہ عنہ شہید ہیں

روایت پہلے گذری ہے، جب احد پہاڑ نے جنبش کی تو نبی ﷺ نے فرمایا: تھم جا، تجھ پر ایک نبی، صدیق یا فرمایا: شہید ہے۔

[٣٦٨٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِىْ عَرُوْبَةَ، وَقَالَ لِىْ خَلِيْفَةُ: ثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ سَوَاءٍ، وكَهْمَسُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالاَ: ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَعِدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أُحُدًا وَمَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ، فَرَجَفَ بِهِمْ، فَضَرَبَهُ بِرِجْلِهِ، وَقَالَ:" اثْبُتْ أُحُدُ! فَمَا عَلَيْكَ إِلاَّ نَبِيٌّ وَصِدِّيْقٌ أَوْ شَهِيْدٌ. [راجع: ٣٦٧٥]

قوله: أو شهيد: أو بمعنى واو ہے اور مراد جنس شہید ہے، پس عمر وعثمان دونوں شہید کا مصداق ہیں۔

۸-حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے دورِ خلافت میں نہایت چست اور بے حد سخی تھے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام اسلم رحمہ اللہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کچھ احوال پوچھے، انھوں نے بتائے، پس ابن عمرؓ نے فرمایا: نہیں دیکھا میں نے کسی کو کبھی بھی نبی ﷺ کی وفات کے بعد جو اپنی پوری زندگی میں زیادہ چست اور زیادہ سخی ہو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے۔

لغت: أَجَدَّ: (اسم تفضیل) جدّ سے: کوشش کرنا.......... أَجْوَدُ: (اسم تفضیل) جُوْد سے: سخی.......... حَتَّى انْتَهَى: أَى إِلٰى آخِرِ عُمُرِهِ: آخر حیات تک، زندگی بھر۔

[٣٦٨٧-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنِىْ ابْنُ وَهْبٍ، ثَنِىْ عُمَرُ، هُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ أَسْلَمَ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَأَلَنِىْ ابْنُ عُمَرَ عَنْ بَعْضِ شَأْنِهِ يَعْنِىْ عُمَرَ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا قَطُّ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ حِيْنَ قُبِضَ كَانَ أَجَدَّ وَأَجْوَدَ حَتَّى انْتَهَى مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ.

۹- حضرت انس رضی اللہ عنہ کا نبی ﷺ اور شیخین سے محبت کرنا

ایک شخص نے نبی ﷺ سے قیامت کے بارے میں پوچھا کہ قیامت کب آئے گی؟ آپؐ نے فرمایا: تو نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ (یہ سوال پر نکیر ہے، قیامت کی تیاری کے بارے میں پوچھنا چاہئے، قیامت کے بارے میں بے تاب نہیں رہنا چاہئے؟) اس نے (بہت اچھا جواب دیا) کہا: میرے پاس کوئی تیاری نہیں، مگر میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں، پس آپؐ نے فرمایا: ''تو ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن سے تو محبت کرتا ہے'' حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس نہیں خوش ہوئے ہم کسی بات پر ہمارے خوش ہونے کی طرح نبی ﷺ کے اس ارشاد پر کہ تو ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن سے تو محبت کرتا ہے، حضرت انسؓ نے فرمایا: پس میں نبی ﷺ اور ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سے محبت کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ میں (جنت میں) ان کے ساتھ ہوں گا، میرے ان سے محبت کرنے کی وجہ سے اگر چہ میں نے ان کے جیسے اعمال نہیں کئے۔

[۳۶۸۸-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ السَّاعَةِ، فَقَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ:'' وَمَاذَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟'' قَالَ: لَاشَيْءَ، إِلَّا أَنِّىْ أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:'' أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ'' قَالَ أَنَسٌ: فَمَا فَرِحْنَا بِشَيْءٍ فَرَحَنَا بِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:'' أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ'' قَالَ أَنَسٌ: فَأَنَا أُحِبُّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ، وَأَرْجُوْ أَنْ أَكُوْنَ مَعَهُمْ بِحُبِّىْ إِيَّاهُمْ، وَإِنْ لَمْ أَعْمَلْ بِمِثْلِ أَعْمَالِهِمْ.

[انظر: ۶۱۶۷، ۶۱۷۱، ۷۱۵۳]

۱۰- حضرت عمر رضی اللہ عنہ محدَّث (ملہم) تھے

حدیث پہلے گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: گذشتہ امتوں میں کچھ لوگ تھے جو باتیں کئے جاتے تھے، پس اگر میری امت میں ایسا کوئی ہے تو وہ عمرؓ ہیں، اور دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں: تم سے پہلے بنی اسرائیل میں کچھ لوگ ہوئے ہیں جو باتیں کئے جاتے تھے یعنی ان سے فرشتے باتیں کرتے تھے، اس کے بغیر کہ وہ نبی ہوں، یعنی وہ انبیاء نہیں تھے، پس اگر میری امت میں ایسے لوگوں میں سے کوئی ہے تو وہ عمرؓ ہیں۔

ملحوظہ: سورۃ الحج کی آیت ۵۲ ہے: ﴿وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُوْلٍ وَلَا نَبِيٍّ﴾: اس آیت میں حضرت ابن عباسؓ نے وَلَا مُحَدَّثٍ بھی پڑھا ہے۔

[۳۶۸۹-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ قَزَعَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' لَقَدْ كَانَ فِيْمَا كَانَ قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ نَاسٌ مُحَدَّثُوْنَ، فَإِنْ

يَكُنْ فِيْ أُمَّتِيْ أَحَدٌ فَإِنَّهُ عُمَرُ" زَادَ زَكَرِيَّاءُ بْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " قَدْ كَانَ فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ رِجَالٌ يُكَلَّمُوْنَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَكُوْنُوْا أَنْبِيَاءَ، فَإِنْ يَكُ فِيْ أُمَّتِيْ مِنْهُمْ أَحَدٌ فَعُمَرُ"

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: " مِنْ نَبِيٍّ وَلاَ مُحَدَّثٍ"[راجع: ۳٤٦٩]

۱۱- قوتِ ایمانی میں نبی ﷺ نے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو اپنے ساتھ ملایا

حدیث ابھی گذری ہے، جب بھیڑیا بولا تھا تو لوگوں کو تعجب ہوا تھا، آپؐ نے فرمایا: میرا اور ابوبکر وعمر کا اس پر ایمان ہے، حالانکہ ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما اس وقت وہاں موجود نہیں تھے (مگر ان کی قوت ایمانی پر اعتماد کر کے نبی ﷺ نے ان کو اپنے ساتھ ملایا)

[۳٦۹۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، ثَنَا اللَّيْثُ، ثَنَا عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالاَ: سَمِعْنَا أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بَيْنَمَا رَاعٍ فِي غَنَمِهِ عَدَا الذِّئْبُ فَأَخَذَ مِنْهَا شَاةً فَطَلَبَهَا حَتَّى اسْتَنْقَذَهَا، فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ الذِّئْبُ، فَقَالَ لَهُ: مَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ؟ لَيْسَ لَهَا رَاعٍ غَيْرِيْ" فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " فَإِنِّيْ أُوْمِنُ بِهِ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ" وَمَا ثَمَّ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ.[راجع: ۲۳۲٤]

۱۲- حضرت عمر رضی اللہ عنہ دین داری میں بلند پایہ تھے

نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب میں لوگوں کو دیکھا: وہ میرے سامنے پیش کئے جارہے ہیں، درانحالیکہ انھوں نے کُرتے پہن رکھے ہیں، کسی کا کُرتا پستانوں تک پہنچا ہوا ہے کسی کا اس سے نیچے تک، اور میرے سامنے عمر بن الخطابؓ پیش کئے گئے درانحالیکہ انھوں نے ایسا کُرتا پہن رکھا ہے جس کو وہ گھسیٹ رہے ہیں، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ نے اس کی تعبیر کیا لی؟ آپؐ نے فرمایا: دین داری! (یہ حدیث تحفہ ۱:۲۳۲ میں گذری ہے، اور وہاں اس سوال کا جواب بھی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر فضیلت لازم آتی ہے)

[۳٦۹۱-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ أُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ ابْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ عُرِضُوْا عَلَيَّ، وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ فَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ، وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ دُوْنَ ذٰلِكَ، وَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ اجْتَرَّهُ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ؟ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" الدِّيْنُ"[راجع: ۲۳]

۱۳- حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے نبی ﷺ، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور تمام صحابہ خوش تھے

جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خنجر مارے گئے تو آپؓ درد محسوس کرنے لگے، پس ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: —— اور گویا وہ ان کو تسلی دے رہے ہیں —— اے امیر المؤمنین! بخدا اگر تھا وہ یعنی آپؓ کا زخمی کیا جانا تو واقعہ یہ ہے کہ آپؓ نے نبی ﷺ کی صحبت پائی ہے، پس آپؓ نے اس صحبت کو بہترین کیا یعنی صحبت کا حق ادا کیا، پھر آپؓ ان سے جدا ہوئے درانحالیکہ وہ آپؓ سے خوش تھے، پھر آپؓ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صحبت پائی تو اس صحبت کا بھی حق ادا کیا، پھر آپؓ ان سے جدا ہوئے درانحالیکہ وہ آپؓ سے خوش تھے، پھر آپؓ نے نبی ﷺ کے ساتھیوں کی صحبت پائی پس آپؓ نے ان کی صحبت اچھی کی، یعنی ان کی صحبت کا بھی حق ادا کیا، اور بخدا! اگر آپؓ ان سے جدا ہونگے تو ضرور ان سے جدا ہونگے درانحالیکہ وہ آپؓ سے خوش ہونگے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: رہی وہ بات جو آپؓ نے بیان کی نبی ﷺ کی صحبت سے اور ان کے خوش ہونے سے تو وہ اللہ کا ایک احسان تھا جو اللہ نے مجھ پر کیا اور رہی وہ بات جو آپؓ نے بیان کی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رفاقت اور ان کی خوشنودی سے تو وہ بھی اللہ کا ایک احسان تھا جو اللہ نے مجھ پر کیا، اور رہی وہ گھبراہٹ جو تم میرے ساتھ دیکھ رہے ہو تو وہ تیری وجہ سے اور تیرے ساتھیوں کی وجہ سے ہے یعنی میرے بعد تیرا اور تیرے ساتھیوں کا کیا ہوگا؟ کیونکہ فتنوں کا دروازہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے، جو توڑ دیا گیا، اب فتنوں کا سیل رواں آئے گا، بخدا! اگر میرے لئے زمین بھر کر سونا ہوتا تو میں ضرور اس کو اللہ کے عذاب کے بدلہ میں دیدیتا، اس سے پہلے کہ مجھے عذاب سے سابقہ پڑے۔

[۳۶۹۲-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَا أَيُّوْبُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ: لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ جَعَلَ يَأْلَمُ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ – وَكَأَنَّهُ يُجَزِّعُهُ –: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! وَلَئِنْ كَانَ ذَاكَ، لَقَدْ صَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَحْسَنْتَ صُحْبَتَهُ، ثُمَّ فَارَقْتَ وَهُوَ عَنْكَ رَاضٍ، ثُمَّ صَحِبْتَ أَبَا بَكْرٍ فَأَحْسَنْتَ صُحْبَتَهُ، ثُمَّ فَارَقْتَ وَهُوَ عَنْكَ رَاضٍ، ثُمَّ صَحِبْتَ صَحَبَتَهُمْ فَأَحْسَنْتَ صُحْبَتَهُمْ، وَلَئِنْ فَارَقْتَهُمْ لَتُفَارِقَنَّهُمْ وَهُمْ عَنْكَ رَاضُوْنَ، قَالَ: أَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ صُحْبَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَرِضَاهُ فَإِنَّمَا ذٰلِكَ مَنٌّ مِنَ اللّٰهِ مَنَّ بِهِ عَلَيَّ، وَأَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ صُحْبَةِ أَبِيْ بَكْرٍ وَرِضَاهُ فَإِنَّمَا ذٰلِكَ مَنٌّ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ ذِكْرُهُ مَنَّ بِهِ عَلَيَّ، وَأَمَّا مَا تَرٰى مِنْ جَزَعِيْ فَهُوَ مِنْ أَجْلِكَ وَمِنْ أَجْلِ أَصْحَابِكَ، وَاللّٰهِ لَوْ أَنَّ لِيْ طِلَاعَ الْأَرْضِ ذَهَبًا، لَافْتَدَيْتُ بِهِ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ قَبْلَ أَنْ أَرَاهُ، قَالَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ: ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عُمَرَ، بِهٰذَا.

۱۴- نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جنت کی بشارت دی

حدیث ابھی گذری ہے جب نبی ﷺ ایک باغ میں بیراریس پر تشریف فرما تھے اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ دربانی کررہے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تو نبی ﷺ نے ان کو اجازت دی اور فرمایا: ان کو جنت کی خوشخبری دو، اور جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جنت کی خوش خبری دی تو یہ بھی بتایا کہ ان کو دنیا میں ایک آزمائش پیش آئے گی، پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ المستعان: اللہ تعالیٰ مدد خواستہ ہیں، یعنی میں اس آزمائش میں ہمت سے کام لوں گا اور صبر کروں گا۔

[۳٦٩٣-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، ثَنِيْ عُثْمَانُ بْنُ غِيَاثٍ، ثَنِيْ أَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَائِطٍ مِنْ حِيْطَانِ الْمَدِيْنَةِ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَفَتَحْتُ لَهُ، فَإِذَا هُوَ أَبُوْ بَكْرٍ فَبَشَّرْتُهُ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَفَتَحْتُ لَهُ، فَإِذَا هُوَ عُمَرُ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ فَقَالَ لِيْ: " افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلٰى بَلْوَى تُصِيْبُهُ" فَإِذَا عُثْمَانُ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ. [راجع: ٣٦٧٤]

۱۵- نبی ﷺ کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بے تکلفی

عبداللہ بن ہشام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے اور آپؐ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر چل رہے تھے (یہ غایت درجہ محبت اور بے تکلفی کی دلیل ہے اور حدیث تفصیل سے آگے (حدیث ٦٦٣٢) آئے گی۔ ان شاء اللہ)

[٣٦٩٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِيْ حَيْوَةُ، ثَنِيْ أَبُوْ عَقِيْلٍ زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ جَدَّهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ هِشَامٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ. [انظر: ٦٢٦٤، ٦٦٣٢]

مَنَاقِبُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ أَبِيْ عَمْرٍو الْقُرَشِيِّ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے فضائل

اسم گرامی: عثمان، والد کا نام: عفان بن ابی العاص بن امیہ، نسبت: قرشی، اموی، کنیت: ابوعمرو اور ابوعبداللہ، لقب: ذوالنورین (کیونکہ آپؓ کے نکاح میں نبی ﷺ کی دو صاحبزادیاں (رقیہ اور ام کلثوم رضی اللہ عنہما) یکے بعد دیگرے آئی

ہیں) ولادت: مکہ میں ہجرت سے ۴۷ سال پہلے، شہادت مدینہ میں ۳۵ ہجری میں، مطابق ۵۷۷-۶۵۶ عیسوی، تیسرے خلیفہ راشد، عشرۂ مبشرہ میں سے ایک، ۲۳ ہجری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد خلیفہ چنے گئے مدت خلافت بارہ سال، آپؓ کے زمانہ میں آرمینیہ، قوقاز، خراسان، کرمان، سجستان، افریقہ اور قبرص فتح ہوئے۔

۱- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بیر رومہ خرید کر وقف کیا

بیر رومہ ایک یہودی کا تھا، وہ مسلمانوں کو پانی بھرنے نہیں دیتا تھا، پیسے لیتا تھا، اس کا پانی شیریں تھا، نبی ﷺ نے مسلمانوں کو ترغیب دی کہ جو کوئی یہ کنواں خرید کر وقف کر دے اس کے لئے جنت ہے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے وہ کنواں بیس ہزار درہم میں خرید کر وقف کیا۔

اور غزوۂ تبوک میں نبی ﷺ نے چندہ کی تحریک کی کہ کون مقبول خیرات دیتا ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انھوں نے چندہ میں سو اونٹ ان کے ٹاٹوں اور کجاووں کے ساتھ لکھوائے، آپؐ نے پھر ترغیب دی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پھر دوسرے سو اونٹ لکھوائے، پھر نبی ﷺ منبر سے ایک سیڑھی نیچے اترے، اور پھر ترغیب دی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اور سو اونٹ ان کے ٹاٹوں اور کجاووں کے ساتھ لکھوائے، اس دن نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: آج کے بعد عثمانؓ جو کچھ بھی کریں اس کا ضرر ان کو نہیں پہنچے گا۔

[۷-] مَنَاقِبُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ أَبِي عَمْرٍو الْقُرَشِيِّ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَحْفِرْ بِئْرَ رُوْمَةَ فَلَهُ الْجَنَّةُ" فَحَفَرَهَا عُثْمَانُ، وَقَالَ: "مَنْ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَلَهُ الْجَنَّةُ" فَجَهَّزَهُ عُثْمَانُ.

۲- نبی ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جنت کی بشارت دی

حدیث ابھی گذری ہے، جب آپؐ بیر اریس پر تشریف فرما تھے تو تیسرے نمبر پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے، ان کو جنت کی خوش خبری سنائی اور یہ بھی بتایا کہ ان کو دنیا میں ایک آزمائش پیش آئے گی۔

اور دوسری روایت کے آخر میں ہے کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو نبی ﷺ نے اپنے گھٹنے ڈھانک لئے اس لئے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بہت شرمیلے تھے، حضور ﷺ کو اندیشہ ہوا کہ شاید وہ اس ہیئت کو مناسب نہ سمجھیں، اس لئے گھٹنوں کا زیریں حصہ جو کھلا ہوا تھا اس کو آپؐ نے ڈھانک لیا (اس اضافہ میں راوی کا وہم ہے، یہ بات اس موقعہ پر نہیں فرمائی تھی، یہ دوسرا واقعہ ہے اور گھر کا ہے)

[۳۶۹۵-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي مُوْسَى، أَنَّ النَّبِيَّ

صلى الله عليه وسلم دَخَلَ حَائِطًا وَأَمَرَنِىْ بِحِفْظِ بَابِ الْحَائِطِ، فَجَاءَ رَجُلٌ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: "ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَإِذَا أَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ يَسْتَأْذِنُ فَقَالَ: " ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَإِذَا عُمَرُ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ يَسْتَأْذِنُ فَسَكَتَ هُنَيْهَةً ثُمَّ قَالَ: " ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوَى سَتُصِيْبُهُ" فَإِذَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ. [راجع: ٣٦٧٤]

قَالَ حَمَّادٌ: ثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، وَعَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ: سَمِعَا أَبَا عُثْمَانَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ مُوْسَى بِنَحْوِهِ. وَزَادَ فِيْهِ عَاصِمٌ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ قَاعِدًا فِيْ مَكَانٍ فِيْهِ مَاءٌ قَدْ انْكَشَفَ عَنْ رُكْبَتَيْهِ أَوْ: رُكْبَتِهِ فَلَمَّا دَخَلَ عُثْمَانُ غَطَّاهَا.

وضاحت: قَاعِدًا فِي مَكَانٍ فِيْهِ مَاء: یعنی بیر اریس پرتشریف فرما تھے، یہ عاصم کا وہم ہے، گھٹنہ ڈھانکنے کا واقعہ گھر کا ہے، اس موقعہ کا نہیں ہے (حاشیہ)

۳- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے اخیافی بھائی ولید پر حد جاری کی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جھوٹی شکایت کی وجہ سے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو کوفہ کی گورنری سے معزول کیا، پھر تحقیق حال کے بعد دوبارہ ان کو گورنر بنانا چاہا تو وہ تیار نہیں ہوئے، انھوں نے کہا: جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ میں نماز بھی ڈھنگ سے نہیں پڑھاتا ان کا حاکم میں نہیں بننا چاہتا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب خلافت کے لئے چھ آدمیوں کی کمیٹی بنائی تو متوقع خلیفہ کو وصیت کی کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے حکومت کے کاموں میں مدد لے، چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو کوفہ کا گورنر بنایا، وہاں کے بیت المال کے ذمہ دار حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تھے، حضرت سعدؓ نے بیت المال سے کوئی قرضہ لیا، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کی واپسی کا مطالبہ کیا تو دونوں میں نزاع ہوا، پس حضرت عثمانؓ نے حضرت سعدؓ کو معزول کیا، اور اپنے اخیافی بھائی ولید بن عقبہ کو جو جزیرہ کا گورنر تھا کوفہ کا گورنر مقرر کیا، اس نے شراب پی کر فجر کی چار رکعتیں پڑھائیں، یہ معاملہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا آپؓ نے اس کو بلا کر قید کر دیا، اور تحقیقات شروع کیں، اس میں کچھ دیر لگی تو لوگوں میں چہ میگوئیاں ہوئیں کہ حضرت سعدؓ کو جو عشرۂ مبشرہ میں سے تھے معزول کر دیا، اور اس کی جگہ ایک فاسق کو گورنر مقرر کیا، پھر اس کا جرم پکڑا گیا تو سزا جاری نہیں کرتے، بھائی ہے اس لئے لیت و لعل کر رہے ہیں، چنانچہ مسور اور عبدالرحمٰن بن الاسود نے عبید اللہ بن عدی بن الخیار سے کہا: تم حضرت عثمانؓ سے ان کے بھائی ولید کے معاملہ میں گفتگو نہیں کرتے؟ لوگ اس معاملہ میں بہت زیادہ چہ میگوئیاں کر رہے ہیں عبید اللہ کہتے ہیں: پس میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس جانے کا ارادہ کیا، جب وہ نماز پڑھانے کے لئے آ رہے تھے، میں نے کہا: مجھے آپؓ سے ایک ضروری بات کرنی ہے اور وہ آپؓ کے لئے خیر خواہی ہے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے

کہا: او مانس! میں تجھ سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، پس عبید اللہ لوٹ آئے، نماز کے بعد وہ مسور اور عبد الرحمٰن کے ساتھ بیٹھے تھے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قاصد آیا، عبید اللہ خدمت میں حاضر ہوئے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پوچھا: آپ مجھے کیا نصیحت کرنا چاہتے تھے؟ عبید اللہ نے کہا: اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، اور ان پر قرآنِ کریم نازل کیا اور آپؓ ان لوگوں میں سے ہیں جنھوں نے اللہ اور اس کے رسول کی بات پر لبیک کہا، پھر آپؓ نے دو ہجرتیں کیں، اور آپؓ نبی ﷺ کی صحبت میں رہے، اور آپؓ نے ان کا طریقہ دیکھا، اور لوگ ولید کے معاملہ میں طرح طرح کی باتیں کررہے ہیں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پوچھا: آپ نے رسول اللہ ﷺ کا زمانہ پایا ہے؟ عبید اللہ نے کہا: نہیں، لیکن مجھ تک پہنچی ہیں آپؐ کی وہ تعلیمات جو کنواری لڑکی تک پہنچ چکی ہیں، اس کے پردہ میں یعنی دین کی بنیادی تعلیمات سے میں واقف ہوں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سنو! اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، پس میں ان لوگوں میں تھا جنھوں نے اللہ رسول کی دعوت پر لبیک کہا، اور میں اس دین پر ایمان لایا جس کے ساتھ آپؐ بھیجے گئے، اور میں نے دو ہجرتیں کیں، جیسا آپ نے کہا، اور میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہا اور آپؐ سے بیعت کی، پس بخدا! میں نے آپؐ کی نافرمانی نہیں کی نہ ملاوٹ سے کام لیا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو وصول کیا، پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ میرا ایسا ہی معاملہ رہا، پھر عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی میرا ایسا ہی معاملہ رہا، پھر میں خلیفہ بنایا گیا تو کیا میرے لئے وہ حق نہیں جو ان خلفاء کے لئے تھا؟ عبید اللہ نے کہا: کیوں نہیں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: پھر یہ کیا باتیں ہیں جو مجھے تمہاری طرف سے پہنچ رہی ہیں؟ رہی وہ بات جو تم نے ولید کے معاملہ میں کہی ہے تو عنقریب اگر اللہ نے چاہا تو اس کے معاملہ میں برحق بات کو ہم لیں گے، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان کو حکم دیا کہ ولید کو کوڑے ماریں، چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو اسّی کوڑے مارے (یہ یونس کی روایت ہے اور معمر کی روایت میں ہے کہ چالیس کوڑے مارے، فتح الباری میں ہے کہ یہ روایت اصح ہے، شرابی کو اسّی کوڑے مارے جائیں یا چالیس؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک چالیس کوڑے مارے جائیں اور دوسرے ائمہ کے نزدیک اسّی، نبی ﷺ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں چالیس کوڑے مارے جاتے تھے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسّی کوڑے کردیئے، اس لئے فقہاء میں اختلاف ہوا)

[۳۶۹۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبِ بْنِ سَعِيْدٍ، ثَنَا أَبِیْ، عَنْ يُوْنُسَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عِدِیِّ بْنِ الْخِيَارِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْأَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوْثَ، قَالَا: مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تُكَلِّمَ عُثْمَانَ لِأَخِيْهِ الْوَلِيْدِ فَقَدْ أَكْثَرَ النَّاسُ فِيْهِ؟ فَقَصَدْتُ لِعُثْمَانَ حَتّٰى خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ، قُلْتُ: إِنَّ لِیْ إِلَيْكَ حَاجَةً وَهِیَ نَصِيْحَةٌ لَكَ، قَالَ: يَا أَيُّهَا الْمَرْءُ!- قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: أُرَاهُ قَالَ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ - فَانْصَرَفْتُ فَرَجَعْتُ إِلَيْهِمْ إِذْ جَاءَ رَسُوْلُ عُثْمَانَ فَأَتَيْتُهُ، فَقَالَ: مَا نَصِيْحَتُكَ؟ فَقُلْتُ: إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم بِالْحَقِّ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ وَكُنْتَ مِمَّنِ اسْتَجَابَ لِلّٰهِ

وَلِرَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم، فَهَاجَرْتَ الْهِجْرَتَيْنِ، وَصَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَأَيْتَ هَدْيَهُ، وَقَدْ أَكْثَرَ النَّاسُ فِيْ شَأْنِ الْوَلِيْدِ، قَالَ: أَدْرَكْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قُلْتُ: لاَ، وَلٰكِنْ خَلَصَ إِلَيَّ مِنْ عِلْمِهِ مَا يَخْلُصُ إِلَى الْعَذْرَاءِ فِي سِتْرِهَا، قَالَ: أَمَّا بَعْدُ: فَإِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم بِالْحَقِّ، فَكُنْتُ مِمَّنِ اسْتَجَابَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ، وَآمَنْتُ بِمَا بُعِثَ بِهِ، وَهَاجَرْتُ الْهِجْرَتَيْنِ كَمَا قُلْتَ، وَصَحِبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبَايَعْتُهُ فَوَ اللّٰهِ مَا عَصَيْتُهُ وَلاَ غَشَشْتُهُ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ ثُمَّ أَبَا بَكْرٍ مِثْلُهُ ثُمَّ عُمَرَ مِثْلُهُ ثُمَّ اسْتُخْلِفْتُ، أَفَلَيْسَ لِيْ مِنَ الْحَقِّ مِثْلُ الَّذِيْ لَهُمْ؟ قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: فَمَا هٰذِهِ الأَحَادِيْثُ الَّتِيْ تَبْلُغُنِيْ عَنْكُمْ، أَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ شَأْنِ الْوَلِيْدِ فَسَنَأْخُذُ فِيْهِ بِالْحَقِّ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ دَعَا عَلِيًّا فَأَمَرَهُ أَنْ يَجْلِدَ فَجَلَدَهُ ثَمَانِيْنَ.[انظر: ۳۸۷۲، ۳۹۲۷]

۴-خلفائے ثلاثہ میں تفاضل

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہم نبی ﷺ کی حیات میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے برابر کسی کو نہیں گردانتے تھے، پھر عمر رضی اللہ عنہ کو پھر عثمان رضی اللہ عنہ کو (رکھتے تھے) پھر ہم صحابہ کو چھوڑ دیتے تھے، ان میں تفاضل نہیں کرتے تھے۔

[۳۶۹۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ بَزِيْغٍ، ثَنَا شَاذَانُ، ثَنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ الْمَاجِشُوْنُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا فِيْ زَمَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لاَ نَعْدِلُ بِأَبِيْ بَكْرٍ أَحَدًا، ثُمَّ عُمَرَ ثُمَّ عُثْمَانَ، ثُمَّ نَتْرُكُ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لاَ نُفَاضِلُ بَيْنَهُمْ. تَابَعَهُ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ.[راجع: ۳۱۳۰، ۳۶۵۵]

۵-حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر تین اعتراضات اوران کے جوابات

حدیث: عثمان بن عبداللہ بن موہب سے مروی ہے کہ مصر کے لوگوں میں سے ایک شخص نے بیت اللہ کا حج کیا، اس نے (مسجد حرام میں) کچھ لوگوں کو بیٹھا ہوا دیکھا، اس نے پوچھا: یہ لوگ کون ہیں؟ لوگوں نے بتایا: یہ قریش کے لوگ ہیں، اس نے پوچھا: ان میں یہ حضرت کون ہیں؟ لوگوں نے بتایا: یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہیں، پس وہ آپؓ کے پاس آیا اوراس نے کہا: میں آپؓ سے ایک بات پوچھتا ہوں آپ مجھے اس کا جواب دیں:

پہلا اعتراض: میں آپؓ کو اس گھر کی عزت وعظمت کی قسم دیتا ہوں! کیا آپؓ جانتے ہیں کہ عثمانؓ جنگ احد میں بھاگے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں!

دوسرا اعتراض: اس نے پوچھا: کیا آپؓ جانتے ہیں کہ وہ جنگِ بدر سے غائب رہے تھے؟ پس اس میں شریک نہیں

ہوئے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں!

تیسرا اعتراض: اس نے پوچھا: کیا آپؓ جانتے ہیں کہ وہ بیعتِ رضوان سے غائب رہے تھے، پس اس میں شریک نہیں ہوئے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں!

پس اس شخص نے کہا: اللہ اکبر! یعنی تینوں اعتراضات صحیح نکلے، ابن عمرؓ نے ان کا اعتراف کرلیا، پس اس سے ابن عمرؓ نے کہا: آ، یہاں تک کہ میں واضح کروں تیرے لئے وہ باتیں جو تو نے پوچھی ہیں، یعنی اپنے اعتراضات کے جوابات بھی لیتا جا!

پہلے اعتراض کا جواب: رہا ان کا جنگِ احد کے موقع پر بھاگنا، تو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کردیا ہے اور ان کو بخش دیا ہے۔

تشریح: سورہ آلِ عمران کی آیت (۱۵۵) ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ: إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ مَاكَسَبُوْا وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ، إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾: تم میں سے جن لوگوں نے پشت پھیری جس دن دو جماعتیں باہم مقابل ہوئیں: ان کو شیطان ہی نے پھسلایا، ان کے بعض اعمال کی وجہ سے (تیر اندازوں کے مورچہ چھوڑنے کی وجہ سے) اور بالیقین جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے معاف کردیا اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے، بڑے بردبار ہیں؟

بعض معاندین صحابہ نے اس واقعہ سے صحابہ پر، خصوصاً حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر اعتراض کیا ہے اور اس سے یہ بات مستنبط کی ہے کہ وہ خلافت کے اہل نہیں تھے، لیکن یہ مہمل اعتراض ہے، کیونکہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کردیا تو اب دوسروں کو مؤاخذہ کرنے کا کیا حق ہے؟ اور خلافت کے لئے اہل حق کے نزدیک عصمت شرط نہیں۔

دوسرے اعتراض کا جواب: اور رہا ان کا جنگِ بدر سے غیر حاضر رہنا تو اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کے نکاح میں نبی ﷺ کی صاحبزادی (حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا تھیں، اور وہ سخت علیل تھیں، چنانچہ آپؐ نے حضرت اسامہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کو تیمارداری کے لئے گھر رہنے کا حکم دیا) اور ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تمہیں اس شخص کا ثواب ملے گا جو جنگِ بدر میں شریک ہوا ہے اور اس کا حصہ ملے گا''

تیسرے اعتراض کا جواب: اور رہا ان کا بیعتِ رضوان سے غیر حاضر رہنا، تو اگر کوئی شخص مکہ میں عثمان رضی اللہ عنہ سے زیادہ معزز ہوتا تو رسول اللہ ﷺ عثمان کی جگہ اس کو بھیجتے (مگر ایسا کوئی نہیں تھا، اس لئے رسول اللہ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ کو بھیجا، اور بیعتِ رضوان عثمان رضی اللہ عنہ کے مکہ جانے کے بعد ہوئی تھی) ابن عمرؓ کہتے ہیں: پس رسول اللہ ﷺ نے اپنے دائیں ہاتھ سے اشارہ کیا اور فرمایا: ''یہ عثمان کا ہاتھ ہے'' اور اس کو اپنے بائیں ہاتھ پر مارا اور فرمایا: ''یہ عثمانؓ کے لئے (بیعت) ہے!'' —— پھر ابن عمر رضی اللہ عنہ نے سائل سے فرمایا: اب یہ جوابات اپنے ساتھ لے کر جا!

[۳۶۹۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، ثَنَا عُثْمَانُ هُوَ ابْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ مِصْرَ وَحَجَّ الْبَيْتَ، فَرَأَى قَوْمًا جُلُوْسًا، فَقَالَ: مَنْ هٰؤُلَآءِ الْقَوْمُ؟ فَقَالُوْا: هٰؤُلَآءِ قُرَيْشٌ، قَالَ:

فَمَنِ الشَّيْخُ فِيْهِمْ؟ قَالُوْا: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: يَا ابْنَ عُمَرَ، إِنِّىْ سَائِلُكَ عَنْ شَيْئٍ فَحَدِّثْنِىْ عَنْهُ هَلْ تَعْلَمُ أَنَّ عُثْمَانَ فَرَّ يَوْمَ أُحُدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تَعْلَمُ أَنَّـهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَدْرٍ وَلَمْ يَشْهَدْ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تَعْلَمُ أَنَّـهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَلَمْ يَشْهَدْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ! قَالَ ابْنُ عُمَرَ: تَعَالَ أُبَيِّنْ لَكَ، أَمَّا فِرَارُهُ يَوْمَ أُحُدٍ: فَأَشْهَدُ أَنَّ اللّٰهَ عَفَا عَنْهُ وَغَفَرَ لَهُ، وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَدْرٍ: فَإِنَّـهُ كَانَ تَحْتَهُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَكَانَتْ مَرِيْضَةً، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ لَكَ أَجْرَ رَجُلٍ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَهُ" وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ: فَلَوْ كَانَ أَحَدٌ أَعَزَّ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ عُثْمَانَ لَبَعَثَهُ مَكَانَهُ، فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عُثْمَانَ وَكَانَتْ بَيْعَةُ الرِّضْوَانِ بَعْدَ مَا ذَهَبَ عُثْمَانُ إِلٰى مَكَّةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ الْيُمْنَى: "هٰذِهِ يَدُ عُثْمَانَ" فَضَرَبَ بِهَا عَلٰى يَدِهِ فَقَالَ: "هٰذِهِ لِعُثْمَانَ" فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: اذْهَبْ بِهَا الآنَ مَعَكَ.

٦- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی پیشین گوئی

حدیث گذری ہے، نبی ﷺ احد پہاڑ پر چڑھے، آپؐ کے ساتھ خلفائے ثلاثہ تھے، پہاڑ نے جنبش کی تو آپؐ نے ایڑ ماری اور فرمایا: تھم جا! تجھ پر نبی، صدیق اور دو شہید ہی ہیں۔

[۳٦۹۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ، قَالَ صَعِدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أُحُدًا وَمَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَفَ، فَقَالَ اسْكُنْ أُحُدُ! أَظُنُّهُ ضَرَبَهُ بِرِجْلِهِ، فَلَيْسَ عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ وَصِدِّيْقٌ وَشَهِيْدَانِ. [راجع: ۳٦۷۵]

بَابُ قِصَّةِ الْبَيْعَةِ وَالِاتِّفَاقِ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، وَفِيْهِ مَقْتَلُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت پر لوگوں کا اتفاق

[۸-] بَابُ قِصَّةِ الْبَيْعَةِ وَالِاتِّفَاقِ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، وَفِيْهِ مَقْتَلُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

[۳۷۰۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَبْلَ أَنْ يُصَابَ بِأَيَّامٍ بِالْمَدِيْنَةِ، وَوَقَفَ عَلٰى حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ وَعُثْمَانَ ابْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: كَيْفَ فَعَلْتُمَا؟ أَتَخَافَانِ أَنْ تَكُوْنَا قَدْ حَمَّلْتُمَا الأَرْضَ مَالاَ تُطِيْقُ؟ قَالاَ: حَمَّلْنَاهَا أَمْرًا هِيَ لَهُ مُطِيْقَةٌ، مَا فِيْهَا كَبِيْرُ فَضْلٍ، قَالَ: انْظُرَا أَنْ تَكُوْنَا حَمَّلْتُمَا الأَرْضَ مَا لاَ تُطِيْقُ، قَالَ: قَالاَ: لاَ، فَقَالَ عُمَرُ: لَئِنْ سَلَّمَنِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَأَدَعَنَّ أَرَامِلَ أَهْلِ الْعِرَاقِ لاَ يَحْتَجْنَ إِلٰى رَجُلٍ بَعْدِىْ أَبَدًا.

ترجمہ: عمرو بن میمون اودی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کئے جانے سے چند دن پہلے مدینہ میں دیکھا کہ وہ حضرت حذیفہ اور حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہما کے پاس کھڑے ہوئے، فرمایا: کیا کیا تم دونوں نے؟ کیا ڈرتے ہو تم دونوں کہ تم نے عراق کی زمین پر وہ محصول لادا ہو جس کی زمین میں طاقت نہ ہو؟ دونوں نے کہا: ہم نے لادا ہے اس پر ایسا محصول جس کی اس میں پوری طاقت ہے، نہیں ہے اس محصول میں کچھ غیر معمولی زیادتی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: دونوں غور کرلو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم دونوں نے زمین پر وہ محصول لگایا ہو جس کی زمین میں طاقت نہ ہو، راوی کہتا ہے: دونوں نے کہا نہیں، یعنی ہم نے زمین کی طاقت سے زیادہ محصول نہیں لگایا، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا! اگر سلامت رکھا مجھ کو اللہ نے تو ضرور عراق والوں کی بیواؤں کو کردونگا کہ وہ نہیں محتاج ہونگی میرے بعد کسی کی کبھی بھی!

تشریح: پہلے بیان کیا ہے کہ جب عراق فتح ہوا تو میدان میں جو غنیمت ہاتھ آئی وہ فوج میں تقسیم کردی گئی، مگر فوج نے مطالبہ کیا کہ عراق کی زمینیں بھی ہمیں تقسیم کر کے دی جائیں، جس طرح نبی ﷺ نے خیبر کی زمینیں فوج کو تقسیم کر کے دی تھیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس میں شرح صدر نہیں تھا، پہلے انھوں نے اکابر صحابہ سے مشورہ کیا، پھر ایک ماہ تک استخارہ کیا اور ان کو سورۂ حشر کی آیات یاد آئیں، چنانچہ ان کے مطابق عراق کی زمینوں کو مالِ فیئ قرار دیا، اور حضرت حذیفہ اور عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہما کو عراق بھیجا کہ وہ پورے ملک کی زمینوں کی پیمائش کریں، نوعیت مقرر کریں اور لگان تجویز کریں، وہ حضرات کام سے فارغ ہو کر مدینہ آئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ان سے ملاقات ہوئی اور وہ گفتگو ہوئی جو حدیث میں ہے کہ آپ حضرات نے بھاری لگان تو مقرر نہیں کیا؟ اگر ایسا ہے تو ہلکا کرو، دونوں نے کہا: ہم نے مناسب لگان لگایا ہے۔ اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں چند دن اور زندہ رہا تو عراق کی بیواؤں کو خود کفیل کردوں گا، وہ میرے بعد کسی کی محتاج نہیں رہیں گی، معلوم نہیں حضرت کے ذہن میں کیا پلان تھا؟ بعد کے خلفاء نے بھی ایسا کوئی انتظام نہیں کیا۔

قَالَ: فَمَا أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا رَابِعَةٌ حَتَّى أُصِيْبَ، قَالَ: إِنِّيْ لَقَائِمٌ، مَا بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ إِلَّا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبَّاسٍ غَدَاةَ أُصِيْبَ، وَكَانَ إِذَا مَرَّ بَيْنَ الصَّفَّيْنِ قَالَ: اسْتَوُوْا، حَتَّى إِذَا لَمْ يَرَ فِيْهِنَّ خَلَلاً تَقَدَّمَ فَكَبَّرَ، وَرُبَّمَا قَرَأَ بِسُوْرَةِ يُوْسُفَ أَوِ النَّحْلِ أَوْ نَحْوِ ذٰلِكَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى حَتَّى يَجْتَمِعَ النَّاسُ، فَمَا هُوَ إِلَّا أَنْ كَبَّرَ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: قَتَلَنِيْ أَوْ: أَكَلَنِي الْكَلْبُ، حِيْنَ طَعَنَهُ، فَطَارَ الْعِلْجُ بِسِكِّيْنٍ ذَاتِ طَرَفَيْنِ، لَا يَمُرُّ عَلٰى أَحَدٍ يَمِيْنًا وَلَا شِمَالاً إِلَّا طَعَنَهُ، حَتَّى طَعَنَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلاً، مَاتَ مِنْهُمْ سَبْعَةٌ، فَلَمَّا رَأَى ذٰلِكَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ طَرَحَ عَلَيْهِ بُرْنُسًا، فَلَمَّا ظَنَّ الْعِلْجُ أَنَّهُ مَأْخُوْذٌ نَحَرَ نَفْسَهُ، وَتَنَاوَلَ عُمَرُ يَدَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ فَقَدَّمَهُ، فَمَنْ يَلِي عُمَرَ فَقَدْ رَأَى الَّذِيْ أَرَى، وَأَمَّا نَوَاحِي الْمَسْجِدِ فَإِنَّهُمْ لَا يَدْرُوْنَ، غَيْرَ أَنَّهُمْ قَدْ فَقَدُوْا صَوْتَ عُمَرَ، وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ: سُبْحَانَ اللهِ! سُبْحَانَ اللهِ! فَصَلَّى بِهِمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ صَلَاةً خَفِيْفَةً، فَلَمَّا انْصَرَفُوْا قَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ! انْظُرْ مَنْ قَتَلَنِيْ؟ فَجَالَ سَاعَةً ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ:

غُلَامُ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: الصَّنَعُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: قَاتَلَهُ اللّٰهُ! لَقَدْ أَمَرْتُ بِهِ مَعْرُوْفًا، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ يَجْعَلْ مِيْتَتِیْ بِيَدِ رَجُلٍ يَدَّعِی الإِسْلَامَ، قَدْ كُنْتَ أَنْتَ وَأَبُوْكَ تُحِبَّانِ أَنْ تَكْثُرَ الْعُلُوْجُ بِالْمَدِيْنَةِ، وَكَانَ الْعَبَّاسُ أَكْثَرَهُمْ رَقِيْقًا، فَقَالَ: إِنْ شِئْتَ فَعَلْتُ، أَیْ إِنْ شِئْتَ قَتَلْنَا، فَقَالَ: كَذَبْتَ، بَعْدَمَا تَكَلَّمُوْا بِلِسَانِكُمْ وَصَلُّوْا قِبْلَتَكُمْ وَحَجُّوْا حَجَّكُمْ؟

ترجمہ: راوی کہتا ہے، پس نہیں گذرے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر مگر چار دن یہاں تک کہ وہ زخمی کیے گئے، راوی کہتا ہے: میں (نماز میں) کھڑا تھا، میرے درمیان اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان صرف عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تھے، جس صبح میں وہ زخمی کیے گئے، اور جب آپؓ دوصفوں کے درمیان سے گذرتے تھے تو کہتے تھے: صفیں سیدھی کرلو، یہاں تک کہ جب صفوں میں کوئی خلل نہیں دیکھتے تھے تو آگے بڑھتے اور تکبیر کہتے، اور کبھی پہلی رکعت میں سورہ یوسف یا سورۂ نحل یا اس کے مانند پڑھتے، تاکہ لوگ اکٹھا ہوجائیں، پس نہیں تھا وہ مگر یہ کہ تکبیر کہی انھوں نے، پس میں نے آپؓ کو کہتے سنا: ماردیا مجھے یا فرمایا: کھالیا مجھے کتے نے، جب خنجر مارا گیا ان کو، پس بھاگا عجمی کافر دودھاری چھری کے ساتھ، نہیں گذرتا تھا وہ کسی پر دائیں بائیں مگر اس پر وار کرتا تھا، یہاں تک کہ تیرہ آدمیوں کو زخمی کیا، ان میں سے سات آدمی مرگئے، پس جب ایک مسلمان نے یہ صورت حال دیکھی تو اس نے اس پر ڈالا وہ کپڑا جس کے ساتھ سرڈھانکنے والا بڑا حصہ جڑا ہوا ہوتا ہے، پس جب عجمی کافر نے گمان کیا کہ وہ پکڑا گیا تو اس نے اپنے آپ کو ذبح کرلیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور ان کو آگے کردیا، پس جو لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے متصل تھے، انھوں نے دیکھی وہ بات جو میں نے دیکھی، اور رہے مسجد کے کنارے تو ان لوگوں کی سمجھ میں کچھ نہیں آیا، البتہ انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آواز گم پائی، وہ کہنے لگے: سبحان اللہ! سبحان اللہ! پس ان کو حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے ہلکی نماز پڑھائی، پھر جب لوگ نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس! دیکھ کس نے مجھے قتل کیا؟ پس وہ تھوڑی دیر گھومے پھر آئے اور کہا: مغیرہؓ کے غلام نے، آپؓ نے پوچھا: کاریگر؟ ابن عباسؓ نے کہا: ہاں، حضرت عمرؓ نے کہا: اللہ اس کا ناس کرے! میں نے اس کو بھلی بات ہی کا حکم دیا تھا، تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے میری موت نہیں گردانی کسی ایسے آدمی کے ہاتھ سے جو اسلام کا دعوی کرتا ہو، تو اور تیرے ابا پسند کرتے تھے کہ عجمی کافر مدینہ میں بکثرت ہوں، اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ لوگوں میں غلام کے اعتبار سے بہت زیادہ تھے، ابن عباسؓ نے کہا: اگر آپؓ چاہیں تو میں کروں، یعنی اگر آپؓ چاہیں تو ہم ان کو قتل کردیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم غلط کہتے ہو، اس کے بعد کہ وہ تمہاری زبان بولنے لگے، اور تمہارے قبلہ کی طرف نماز پڑھنے لگے اور تمہاری طرح حج کرنے لگے (کیسے قتل کروگے؟)

فَاحْتُمِلَ إِلٰى بَيْتِهِ فَانْطَلَقْنَا مَعَهُ، وَكَأَنَّ النَّاسَ لَمْ تُصِبْهُمْ مُصِيْبَةٌ قَبْلَ يَوْمِئِذٍ، فَقَائِلٌ يَقُوْلُ: لَا بَأْسَ،

وَقَائِلٌ يَقُوْلُ: أَخَافُ عَلَيْهِ، فَأُتِيَ بِنَبِيْذٍ فَشَرِبَهُ فَخَرَجَ مِنْ جَوْفِهِ، ثُمَّ أُتِيَ بِلَبَنٍ فَشَرِبَ فَخَرَجَ مِنْ جَوْفِهِ. فَعَرَفُوْا أَنَّهُ مِيِّتٌ فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ، وَجَاءَ النَّاسُ فَجَعَلُوْا يُثْنُوْنَ عَلَيْهِ، وَجَاءَ رَجُلٌ شَابٌّ فَقَالَ: أَبْشِرْ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! بِبُشْرَى اللّٰهِ لَكَ مِنْ صُحْبَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَقِدَمٍ فِي الإِسْلاَمِ مَا قَدْ عَلِمْتَ، ثُمَّ وُلِّيْتَ فَعَدَلْتَ، ثُمَّ شَهَادَةٌ. قَالَ: وَدِدْتُ أَنَّ ذٰلِكَ كَفَافٌ لاَ عَلَيَّ وَلاَ لِي. فَلَمَّا أَدْبَرَ إِذَا إِزَارُهُ يَمَسُّ الأَرْضَ، قَالَ: رُدُّوْا عَلَيَّ الْغُلاَمَ، قَالَ: ابْنَ أَخِي! ارْفَعْ ثَوْبَكَ، فَإِنَّهُ أَنْقَى لِثَوْبِكَ، وَأَتْقَى لِرَبِّكَ.

ترجمہ: پس عمر رضی اللہ عنہ اٹھائے گئے ان کے گھر کی طرف، اور ہم ان کے ساتھ چلے اور گویا لوگوں کو آج سے پہلے کوئی مصیبت نہیں پہنچی، پس کوئی کہنے والا کہتا تھا: خطرہ کی کوئی بات نہیں، اور کوئی کہنے والا کہتا تھا: مجھے ان کے بارے میں ڈر ہے، پس آپؓ کے پاس نبیذ لائی گئی، آپؓ نے اس کو پیا، وہ آپؓ کے پیٹ سے نکل گئی، پھر دودھ لایا گیا، اس کو پیا تو وہ بھی پیٹ سے نکل گیا، پس لوگ سمجھ گئے کہ آپؓ زندہ نہیں رہیں گے، پس ہم آپؓ کے پاس گئے اور لوگ آئے، سب لوگ آپؓ کی تعریف کرنے لگے، اور ایک جوان آیا اس نے کہا: خوش خبری سن لیجئے اے امیر المؤمنین! اللہ کی طرف سے خوش خبری آپؓ کے لئے، آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کی صحبت پائی اور آپؓ اسلام میں کتنے پرانے ہیں، وہ یقیناً آپؓ جانتے ہیں، پھر آپؓ حاکم بنائے گئے، پس آپؓ نے انصاف کیا، پھر آپؓ کو شہادت نصیب ہوئی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میری تمنا ہے کہ وہ حکومت ادلا بدلا ہو جائے نہ مجھ پر کچھ وبال پڑے نہ مجھے کچھ نفع پہنچے، پس جب جوان نے پیٹھ پھیری تو اچانک اس کی لنگی زمین کو چھو رہی تھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: لڑکے کو میرے پاس واپس لاؤ، پس فرمایا: بھتیجے! اپنا کپڑا اونچا اٹھا، اس لئے کہ اس میں تیرے کپڑے کی زیادہ صفائی ہے اور تیرے پروردگار سے زیادہ ڈرنا ہے۔

يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ: انْظُرْ مَا عَلَيَّ مِنَ الدَّيْنِ؟ فَحَسَبُوْهُ فَوَجَدُوْهُ سِتَّةً وَثَمَانِيْنَ أَلْفًا، أَوْ نَحْوَهُ، قَالَ: إِنْ وَفَى لَهُ مَالُ آلِ عُمَرَ فَأَدِّهِ مِنْ أَمْوَالِهِمْ، وَإِلاَّ فَسَلْ فِيْ بَنِيْ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ، فَإِنْ لَمْ تَفِ أَمْوَالُهُمْ فَسَلْ فِيْ قُرَيْشٍ وَلاَ تَعْدُهُمْ إِلَى غَيْرِهِمْ فَأَدِّ عَنِّيْ هٰذَا الْمَالَ.

ترجمہ: اے عبداللہ بن عمر! دیکھو مجھ پر کتنا قرض ہے؟ پس خاندان کے لوگوں نے اس کو گنا تو وہ چھیاسی ہزار یا اس کے مانند تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر پورا ہو جائے اس کے لئے میرے خاندان کا مال تو اس کو ادا کر دو ان کے اموال سے، ورنہ میرے خاندان بنو عدی سے مانگو، پس اگر پورا نہ کریں ان کے اموال تو قریش سے مانگو، اور قریش کے علاوہ کی طرف نہ بڑھنا، پس ادا کرو تم میری طرف سے یہ مال۔

انْطَلِقْ إِلَى عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَقُلْ: يَقْرَأُ عَلَيْكِ عُمَرُ السَّلاَمَ، وَلاَ تَقُلْ: أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَإِنِّيْ لَسْتُ الْيَوْمَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ أَمِيْرًا، وَقُلْ: يَسْتَأْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَنْ يُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيْهِ، فَسَلَّمَ وَاسْتَأْذَنَ ثُمَّ دَخَلَ

عَلَيْهَا، فَوَجَدَهَا قَاعِدَةً تَبْكِي، فَقَالَ: يَقْرَأُ عَلَيْكِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ السَّلَامَ، وَيَسْتَأْذِنُ أَنْ يُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيْهِ، فَقَالَتْ: كُنْتُ أُرِيْدُهُ لِنَفْسِيْ، وَلَأُوْثِرَنَّ بِهِ الْيَوْمَ عَلٰى نَفْسِيْ، فَلَمَّا أَقْبَلَ قِيْلَ: هٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَدْ جَاءَ، قَالَ: ارْفَعُوْنِيْ، فَأَسْنَدَهُ رَجُلٌ إِلَيْهِ، فَقَالَ: مَا لَدَيْكَ؟ قَالَ: الَّذِيْ تُحِبُّ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! قَدْ أَذِنَتْ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ! مَا كَانَ شَيْءٌ أَهَمَّ إِلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ، فَإِذَا أَنَا قُبِضْتُ فَاحْمِلُوْنِيْ ثُمَّ سَلِّمْ فَقُلْ: يَسْتَأْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَإِنْ أَذِنَتْ لِيْ فَأَدْخِلُوْنِيْ، وَإِنْ رَدَّتْنِيْ فَرُدُّوْنِيْ إِلٰى مَقَابِرِ الْمُسْلِمِيْنَ.

ترجمہ: (اے عبداللہ!) ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور کہو: عمرؓ آپ کو سلام کہتے ہیں اور امیر المؤمنین نہ کہنا، اس لئے کہ میں آج مسلمانوں کا امیر نہیں ہوں اور کہو: عمر اجازت چاہتے ہیں کہ اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ دفن کئے جائیں، پس ابن عمر رضی اللہ عنہما نے سلام کیا اور اجازت چاہی، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچے تو ان کو پایا کہ بیٹھی ہوئی رو رہی ہیں، پس ابن عمرؓ نے کہا: آپ کو عمر بن الخطاب سلام کہتے ہیں اور اس بات کی اجازت چاہتے ہیں کہ وہ اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ دفن کئے جائیں، صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اس جگہ کو میں اپنی ذات کے لئے چاہتی تھی اور بخدا! ضرور ترجیح دوں گی میں آج ان کو اپنی ذات پر، پس جب ابن عمرؓ آئے تو کہا گیا: یہ عبداللہ آ گئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے اٹھاؤ، پس ایک شخص نے آپؓ کو ٹیک لگا کر بٹھایا، آپؓ نے پوچھا: کیا خبر لائے؟ ابن عمرؓ نے کہا: وہ خبر جس کو آپؓ پسند کریں گے اے امیر المؤمنین! صدیقہؓ نے اجازت دیدی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں! نہیں تھی مجھے کسی بات کی زیادہ فکر اس جگہ سے، پس جب میری روح قبض ہو جائے تو مجھے اٹھانا، پھر سلام کرنا اور کہنا: عمر بن الخطابؓ اجازت چاہتے ہیں اگر وہ میرے لئے اجازت دیدیں تو مجھے اندر لے جانا اور اگر وہ مجھے پھیر دیں تو مجھے مسلمانوں کے قبرستان میں لے جانا۔

فائدہ: اور جو بات مشہور ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ﷺ کے پہلو میں دفن ہونگے یہ بات احادیث صحیحہ سے ثابت نہیں، حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ فرمانا کہ باقی جگہ میں نے اپنے لئے تجویز کر رکھی تھی دلیل ہے کہ جس روایت میں یہ آیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ کے ساتھ دفن ہونے کی اجازت طلب کی وہ روایت بھی ثابت نہیں، اور اس سلسلہ کی دیگر روایات پر بحث تحفۃ الالمعی (۸: ۴۷۴) میں ہے۔

وَجَاءَتْ أُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ حَفْصَةُ، وَالنِّسَاءُ تَسِيْرُ مَعَهَا، فَلَمَّا رَأَيْنَاهَا قُمْنَا، فَوَلَجَتْ عَلَيْهِ فَبَكَتْ عِنْدَهُ سَاعَةً، وَاسْتَأْذَنَ الرِّجَالُ فَوَلَجَتْ دَاخِلاً لَهُمْ، فَسَمِعْنَا بُكَاءَ هَا مِنَ الدَّاخِلِ، فَقَالُوْا: أَوْصِ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! اسْتَخْلِفْ، قَالَ: مَا أَجِدُ أَحَقَّ بِهٰذَا الْأَمْرِ مِنْ هٰؤُلَآءِ النَّفَرِ أَوِ: الرَّهْطِ الَّذِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ، فَسَمَّى عَلِيًّا، وَعُثْمَانَ، وَالزُّبَيْرَ، وَطَلْحَةَ، وَسَعْدًا، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، وَقَالَ: يَشْهَدُكُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَلَيْسَ لَهُ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ، كَهَيْئَةِ التَّعْزِيَةِ لَهُ، فَإِنْ أَصَابَتِ الْإِمْرَةُ

سَعْدًا فَهُوَ ذَاكَ، وَإِلَّا فَلْيَسْتَعِنْ بِهِ أَيُّكُمْ مَا أُمِّرَ، فَإِنِّي لَمْ أَعْزِلْهُ مِنْ عَجْزٍ وَلاَ خِيَانَةٍ، وَقَالَ: أُوْصِي الْخَلِيْفَةَ مِنْ بَعْدِيْ بِالْمُهَاجِرِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ، أَنْ يَعْرِفَ لَهُمْ حَقَّهُمْ وَيَحْفَظَ لَهُمْ حُرْمَتَهُمْ، وَأُوْصِيْهِ بِالْأَنْصَارِ خَيْرًا الَّذِيْنَ تَبَوَّؤُا الدَّارَ وَالإِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ، أَنْ يُقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَأَنْ يُعْفٰى عَنْ مُسِيْئِهِمْ، وَأُوْصِيْهِ بِأَهْلِ الْأَمْصَارِ خَيْرًا، فَإِنَّهُمْ رِدْءُ الإِسْلَامِ، وَجُبَاةُ الْمَالِ، وَغَيْظُ الْعَدُوِّ، وَأَنْ لاَ يُؤْخَذَ مِنْهُمْ إِلَّا فَضْلُهُمْ عَنْ رِضَاهُمْ، وَأُوْصِيْهِ بِالْأَعْرَابِ خَيْرًا، فَإِنَّهُمْ أَصْلُ الْعَرَبِ، وَمَادَّةُ الإِسْلَامِ، أَنْ يُؤْخَذَ مِنْ حَوَاشِي أَمْوَالِهِمْ، وَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ، وَأُوْصِيْهِ بِذِمَّةِ اللّٰهِ وَذِمَّةِ رَسُوْلِهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ يُوْفٰى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ، وَأَنْ يُقَاتَلَ مِنْ وَرَائِهِمْ، وَلاَ يُكَلَّفُوْا إِلَّا طَاقَتَهُمْ.

ترجمہ: اور ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا آئیں، اور دوسری عورتیں ان کے ساتھ چل رہی تھیں، پس جب ہم نے ان کو دیکھا تو ہم کھڑے ہوگئے، وہ آپؓ کے پاس داخل ہوئیں اور آپؓ کے پاس تھوڑی دیر روئیں، اور مردوں نے اجازت چاہی تو حضرت حفصہؓ زنانے میں چلی گئیں، پس ہم نے ان کا رونا سنا اندر سے۔

پس لوگوں نے کہا: وصیت کیجئے امیر المؤمنین! یعنی خلیفہ نامزد کیجئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں پاتا میں اس معاملہ کا زیادہ حقدار اس جماعت سے، یہ وہ لوگ ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دنیا سے گئے درانحالیکہ آپؐ ان سے خوش تھے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرات علی، عثمان، زبیر، طلحہ، سعد اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم کا نام لیا اور فرمایا: شریک رہیں گے تمہارے ساتھ عبداللہ بن عمرؓ اور نہیں ہوگا ان کے لئے معاملہ میں سے کچھ —— ان کو تسلی دینے کے طور پر —— پس اگر حکومت پہنچے سعدؓ کو تو وہ اس کے اہل ہیں، ورنہ پس چاہئے کہ مدد لے ان سے جو نسا تم میں سے حاکم بنایا جائے، اس لئے کہ نہیں معزول کیا ہے میں نے ان کو عاجزی کی وجہ سے، نہ خیانت کی وجہ سے۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تاکید کرتا ہوں میں میرے بعد ہونے والے خلیفہ کو مہاجرین اولین کے حق میں کہ پہچانے وہ ان کے لئے ان کا حق، اور محفوظ رکھے ان کے لئے ان کی عزت —— اور تاکید کرتا ہوں میں اس کو انصار کے ساتھ اچھا معاملہ کرنے کی وہ انصار جو مدینہ میں اور ایمان میں قرار پکڑے ہوئے ہیں مہاجرین کے ہجرت کرنے سے پہلے کہ قبول کرے ان کے نیکوکاروں سے اور درگذر کرے ان کے برائی کرنے والوں سے —— اور تاکید کرتا ہوں میں خلیفہ کو شہر والوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی اس لئے کہ وہ اسلام کے مددگار ہیں اور مال کا سرچشمہ ہیں، اور دشمن کا غصہ ہیں اور اس بات کی کہ نہ لیا جائے ان سے مگر ان کا زائد مال ان کی خوشی سے —— اور تاکید کرتا ہوں میں بدوؤں کے ساتھ اچھا معاملہ کرنے کی اس لئے کہ وہ عربوں کی جڑ ہیں، اور اسلام کا مادہ ہیں اس بات کی کہ لیا جائے ان کے اموال کے کناروں سے اور پھیر دیا جائے ان کے غریبوں پر —— اور تاکید کرتا ہوں میں اللہ کی اور اللہ کے رسول کی لی ہوئی ذمہ داری کی کہ پورا کیا جائے ان کے ساتھ کئے ہوئے عہد کو اور لڑا جائے ان کی طرف سے اور نہ مکلّف کئے جائیں وہ مگر ان کی طاقت کے بقدر۔

فَلَمَّا قُبِضَ خَرَجْنَا بِهِ فَانْطَلَقْنَا نَمْشِيْ فَسَلَّمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: يَسْتَأْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَتْ: أَدْخِلُوْهُ، فَأُدْخِلَ فَوُضِعَ هُنَالِكَ مَعَ صَاحِبَيْهِ، فَلَمَّا فُرِغَ مِنْ دَفْنِهِ اجْتَمَعَ هٰؤُلَآءِ الرَّهْطُ فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: اجْعَلُوْا إِلٰى ثَلَاثَةٍ مِنْكُمْ فَقَالَ الزُّبَيْرُ: قَدْ جَعَلْتُ أَمْرِيْ إِلٰى عَلِيٍّ، فَقَالَ طَلْحَةُ: قَدْ جَعَلْتُ أَمْرِيْ إِلٰى عُثْمَانَ، وَقَالَ سَعْدٌ: قَدْ جَعَلْتُ أَمْرِيْ إِلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: أَيُّكُمَا تَبَرَّأَ مِنْ هٰذَا الْأَمْرِ فَنَجْعَلُهُ إِلَيْهِ، وَاللّٰهُ عَلَيْهِ وَالإِسْلَامُ لَيَنْظُرَنَّ أَفْضَلَهُمْ فِيْ نَفْسِهِ، فَأُسْكِتَ الشَّيْخَانِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: أَفَتَجْعَلُوْنَهُ إِلَيَّ؟ وَاللّٰهُ عَلَيَّ أَنْ لَا آلُوْ عَنْ أَفْضَلِكُمْ؟ قَالَا: نَعَمْ، فَأَخَذَ بِيَدِ أَحَدِهِمَا، فَقَالَ: لَكَ قَرَابَةٌ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَالْقَدَمُ فِي الإِسْلَامِ مَا قَدْ عَلِمْتَ، فَاللّٰهُ عَلَيْكَ لَئِنْ أَمَّرْتُكَ لَتَعْدِلَنَّ وَلَئِنْ أَمَّرْتُ عُثْمَانَ لَتَسْمَعَنَّ وَلَتُطِيْعَنَّ؟ ثُمَّ خَلَا بِالآخَرِ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَلَمَّا أَخَذَ الْمِيْثَاقَ قَالَ: ارْفَعْ يَدَكَ يَا عُثْمَانُ، فَبَايَعَهُ وَبَايَعَ لَهُ عَلِيٌّ، وَوَلَجَ أَهْلُ الدَّارِ فَبَايَعُوْهُ.[راجع: ۱۳۹۲]

ترجمہ: پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وفات ہوگئی تو ہم ان کو لے کر نکلے، ہم چل رہے تھے، پس عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے سلام کیا اور کہا: عمر بن الخطابؓ اجازت مانگتے ہیں، صدیقہؓ نے کہا: اندر لے جاؤ، چنانچہ وہ اندر لے جائے گئے، پس وہ رکھے گئے وہاں ان کے دونوں ساتھیوں کے ساتھ، پس جب ان کے دفن سے فارغ ہوا گیا تو وہ جماعت اکٹھا ہوئی، پس عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: گردانو تم تمہارا معاملہ تم میں سے تین کی طرف، زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے اپنا معاملہ علی رضی اللہ عنہ کی طرف گردانا، طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے اپنا معاملہ عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف گرادنا، سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے اپنا معاملہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی طرف گردانا، پس حضرت عبدالرحمٰنؓ نے فرمایا: تم دونوں میں سے کون اس معاملہ سے بری ہوجاتا ہے؟ پس گردانتے ہیں ہم فیصلہ اس کی طرف اور اللہ اور اسلام اس پر نگراں ہے کہ ضرور دیکھے وہ ان میں سے افضل کو اپنے نزدیک، پس شیخینؓ خاموش کئے گئے، تو عبدالرحمٰنؓ بولے: کیا تم اس کو میری طرف سے گردانتے ہو؟ اور اللہ مجھ پر نگراں ہے، پس میں نہیں کوتاہی کروں گا تمہارے افضل سے، دونوں نے کہا: ہاں، پس عبدالرحمٰنؓ نے دونوں میں سے ایک کا ہاتھ پکڑا اور کہا: آپؓ کی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رشتہ داری ہے اور آپؓ اسلام میں بہت پرانے ہیں جو آپؓ جانتے ہیں، پس اللہ آپؓ پر نگراں ہیں، بخدا! اگر حاکم بناؤں میں آپ کو تو ضرور آپؓ انصاف کریں گے اور اگر حاکم بناؤں میں عثمانؓ کو تو ضرور آپؓ سنیں گے اور ضرور آپؓ اطاعت کریں گے، پھر دوسرے کے ساتھ تنہا ہوئے اور اس سے بھی ایسی ہی بات کہی، پھر جب عہد و پیمان لے لیا تو کہا: اے عثمان! اپنا ہاتھ اٹھاؤ، پس عبدالرحمٰنؓ نے ان سے بیعت کی، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے بیعت کی، اور مدینہ کے لوگ داخل ہوئے اور سب نے ان سے بیعت کی (یہ حدیث پہلے دوجگہ آئی ہے مگر اتنی تفصیل سے نہیں آئی)

مَنَاقِبُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَبِي الْحَسَنِ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضائل

اسم گرامی: علی (بلند رتبہ) والد کا نام: ابو طالب بن عبد المطلب بن ہاشم، خانوادہ: ہاشمی، قرشی، کنیت: ابوالحسن اور ابو تراب (مٹی والا) ولادت: ہجرت سے ۲۳ سال قبل، وفات: ۴۰ ہجری مطابق: ۶۰۰-۶۶۱ عیسوی، مدت عمر: ۶۳ سال، چوتھے خلیفہ راشد، من جملہ عشرۂ مبشرہ، نبی ﷺ کے چچازاد بھائی، پروردہ اور داماد، اولاد: آپ کی اٹھائیس اولاد تھی، گیارہ صاحبزادے اور سترہ صاحبزادیاں، بچوں میں آپؓ سب سے پہلے ایمان لائے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد ۳۵ ہجری میں خلیفہ چنے گئے، اور ۴۰ ہجری میں شہید کئے گئے، قاتل: عبدالرحمٰن بن ملجم مرادی ملعون، مدت خلافت: پانچ سال، خانہ جنگی: ۳۶ ہجری میں جنگِ جمل، ۳۷ ہجری میں جنگِ صفین (یہ جنگ ایک سودس دن تک چلی، پھر تحکیم پر ختم ہوئی) پھر ۳۸ ہجری میں جنگِ نہروان لڑی (خارجیوں کے ساتھ) دارالخلافت: کوفہ، قبر کی جگہ معلوم نہیں، ہجرت کے بعد جب نبی ﷺ نے مسلمانوں میں بھائی چارہ کرایا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا بھائی بنایا، اور آپؓ کے لئے رضی اللہ عنہ کے علاوہ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ (اللہ آپؓ کے چہرے کو معزز کرے!) بھی استعمال کرتے ہیں، کیونکہ بنوامیہ آپؓ کے لئے قَبَّحَ اللّٰهُ وَجْهَهُ (اللہ آپؓ کے چہرے کو برا کرے) استعمال کرتے تھے، اہل السنہ نے مذکورہ جملہ سے ان کا توڑ کیا۔

۱- حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے ہم مزاج تھے

پہلے (حدیث ۲۶۹۸) آیا ہے کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی لڑکی کی پرورش کے جھگڑے میں جب تین دعوی دار کھڑے ہوئے تو آپؐ نے فیصلہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے حق میں کیا، اس موقع پر آپؐ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: ''تم میرے مزاج کے ہو اور میں تمہارے مزاج کا ہوں'': أَنْتَ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْكَ: یہ جملہ ہم مزاجی اور ہم مشربی پر دلالت کرتا ہے اور تحفۃ الالمعی (۲:۵۰۳) میں کلامِ عرب سے استشہاد کر کے اس کی وضاحت کی گئی ہے کہ دو شخصوں کا مزاج ملتا جلتا ہو تو یہ جملہ استعمال کرتے ہیں اور یہ بات نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حق ہی میں نہیں فرمائی، متعدد حضرات کے حق میں فرمائی ہے، اس کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۸:۳۵۳) میں ہے۔

۲- نبی ﷺ آخر تک حضرت علی رضی اللہ عنہ سے خوش رہے

یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے جیسا کہ گذشتہ باب کی آخری حدیث میں گذرا، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بعد خلافت کے لئے کمیٹی بنائی اور چھ آدمیوں کو نامزد کیا تو فرمایا: یہ سب حضرات وہ ہیں جن سے نبی ﷺ آخری سانس تک خوش رہے۔

[۹-] مَنَاقِبُ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ أَبِي الْحَسَنِ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ

[۱-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم لِعَلِيٍّ: " أَنْتَ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْكَ "

[۲-] وَقَالَ عُمَرُ: تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ عَنْهُ رَاضٍ.

۳-حضرت علی رضی اللہ عنہ اللہ ورسول سے محبت کرتے تھے اور اللہ ورسول ان سے

جب خیبر کے لئے لشکر روانہ ہوا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ آشوبِ چشم میں مبتلا تھے، اس لئے لشکر میں شامل نہیں ہوئے، لشکر کی روانگی کے بعد ان کو خیال آیا کہ میں پیچھے رہ گیا! چنانچہ آپؓ روانہ ہوگئے اور راستہ میں یا خیبر پہنچ کر فوج میں شامل ہوگئے، خیبر کا ایک قلعہ فتح نہیں ہو رہا تھا، شام کو لشکر نامراد واپس آتا تھا، ایک شام نبی ﷺ نے فرمایا: "کل میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جس کو اللہ ورسول سے محبت ہے اور اللہ ورسول کو اس سے" لوگ رات بھر امید باندھے رہے کہ صبح کس کو جھنڈا ملتا ہے؟ جب فوج تیار ہوئی تو آپؐ نے پوچھا: علیؓ کہاں ہیں؟ بتایا گیا: وہ پڑاؤ میں ہیں اور آشوبِ چشم میں مبتلا ہیں، آپؐ نے ان کو بلوایا اور آنکھوں میں لعاب لگایا وہ شفایاب ہوگئے، اور ان کو جھنڈا دیا اور انھوں نے شام تک قلعہ فتح کرلیا۔

[۳۷۰۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلاً يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ " قَالَ: فَبَاتَ النَّاسُ يَدُوْكُوْنَ لَيْلَتَهُمْ: أَيُّهُمْ يُعْطَاهَا؟ فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كُلُّهُمْ يَرْجُوْنَ أَنْ يُعْطَاهَا، فَقَالَ: " أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ؟ " فَقَالُوْا: يَشْتَكِيْ عَيْنَيْهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: " فَأَرْسِلُوْا إِلَيْهِ فَأْتُوْنِيْ بِهِ " فَلَمَّا جَاءَ بَصَقَ فِيْ عَيْنَيْهِ فَدَعَا لَهُ، فَبَرَأَ حَتّٰى كَأَنْ لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ، فَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا؟ فَقَالَ: "انْفُذْ عَلٰى رِسْلِكَ حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيْهِ، فَوَ اللّٰهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلاً وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُوْنَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ " [راجع: ۲۹۴۲]

[۳۷۰۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: كَانَ عَلِيٌّ قَدْ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ خَيْبَرَ وَكَانَ بِهِ رَمَدٌ، فَقَالَ: أَنَا أَتَخَلَّفُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم! فَخَرَجَ عَلِيٌّ فَلَحِقَ بِالنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ اللَّيْلَةِ الَّتِيْ فَتَحَهَا اللّٰهُ فِيْ صَبَاحِهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ أَوْ: لَيَأْخُذَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلاً يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ، أَوْ قَالَ: يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَإِذَا نَحْنُ بِعَلِيٍّ وَمَا نَرْجُوْهُ، فَقَالُوْا: هٰذَا عَلِيٌّ فَأَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم [الرَّايَةَ] فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ. [راجع: ۲۹۷۵]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: البتہ ضرور دوں گا میں جھنڈا آئندہ کل ایسے شخص کو جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح نصیب فرمائیں گے، راوی کہتا ہے: پس لوگ رات بھر بے چین رہے کہ ان میں سے کس کو جھنڈا دیا جاتا ہے، پھر جب صبح میں لوگ نبی ﷺ کے پاس پہنچے تو ہر ایک امیدوار تھا کہ وہ جھنڈا دیا جائے، آپؐ نے پوچھا: علیؓ کہاں ہیں؟ لوگوں نے بتایا: ان کی آنکھیں دکھتی ہیں، آپؐ نے فرمایا: ان کے پاس آدمی بھیجو، اور ان کو میرے پاس لاؤ، پس جب وہ آئے تو نبی ﷺ نے ان کی دونوں آنکھوں میں لعاب لگایا، اور ان کے لئے دعا کی، چنانچہ وہ چنگے ہوگئے، گویا انہیں کوئی تکلیف نہیں تھی، اور ان کو جھنڈا دیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! لڑوں میں ان کے ساتھ یہاں تک کہ ہوجائیں وہ ہمارے جیسے؟ یعنی جب تک وہ اسلام قبول نہ کرلیں میں لڑتا رہوں؟ آپؐ نے فرمایا: اطمینان سے جاؤ، یہاں تک کہ ان کے آنگن میں پہنچو، پھر ان کو اسلام کی دعوت دو، اور ان کو بتلاؤ وہ باتیں جو ان پر واجب ہونگی اللہ کے حق میں سے مسلمان ہونے کے بعد، پس بخدا! اللہ تعالیٰ آپؓ کے ذریعہ کسی ایک آدمی کو ہدایت دیں تو وہ آپؓ کے لئے بہتر ہوگا اس سے کہ ہوں آپؓ کے لئے سرخ اونٹ!

حدیث (۲): حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے پیچھے رہے خیبر میں، اور ان کو آشوبِ چشم تھا، پھر انھوں نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ سے پیچھے رہوں! پس علیؓ نکلے اور نبی ﷺ کے ساتھ مل گئے، پس جب تھی اس رات کی شام جس رات کی صبح میں اللہ تعالیٰ نے خیبر کو کھول دیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ضرور دوں گا میں جھنڈا یا فرمایا: ضرور لے گا جھنڈا آئندہ کل ایسا شخص جس سے اللہ اور اس کے رسول محبت کرتے ہیں یا فرمایا: جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح نصیب فرمائیں گے، راوی کہتے ہیں: پس اچانک ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھے اور ہم ان کی امید نہیں رکھتے تھے، پس لوگوں نے کہا: یہ علیؓ ہیں! پس ان کو نبی ﷺ نے جھنڈا دیا اور اللہ نے ان کے ہاتھ سے فتح نصیب فرمائی!

۴- ابوتُراب (مٹی والا) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پیاری کنیت

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا اور کہا: مدینہ کا گورنر فلاں شخص منبر پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو برا کہتا ہے، حضرت سہلؓ نے پوچھا: کیا کہتا ہے؟ اس نے کہا: ابوتراب کہتا ہے، حضرت سہلؓ ہنسے اور فرمایا: ان کا یہ نام نبی ﷺ نے رکھا ہے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ نام سب سے زیادہ پیارا تھا، راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت سہلؓ سے حدیث کا ذائقہ چکھانے کے لئے کہا اور ان سے کہا: اے ابوعباس! وہ کیا واقعہ ہے؟ یعنی نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوتراب رکھی ہے، اس کا کیا واقعہ ہے؟ مجھے سنائیں، حضرت سہلؓ نے فرمایا: حضرت علیؓ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گھر میں گئے پھر نکلے اور مسجد میں لیٹ گئے (میاں بیوی میں اَن بن ہوگئی تھی، حضرت علی رضی اللہ عنہ ناراض ہوکر مسجد میں

جا کر لیٹ گئے، نبی ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے) اور پوچھا: تمہارے چچازاد بھائی کہاں ہیں؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: مسجد میں ہیں، پس نبی ﷺ ان کی طرف نکلے اور ان کی چادر کو پایا کہ ان کی پیٹھ سے گر گئی ہے اور مٹی ان کی پیٹھ سے لگی ہوئی ہے، آپؐ نے ان کی پیٹھ سے مٹی جھاڑنی شروع کی اور دو مرتبہ فرمایا: اجْلِسْ يَا أَبَا تُرَاب! اٹھو اے مٹی والے! (یہ سنتے ہی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے ان کے دل کا غبار نکل گیا اور وہ گھر آ گئے)

[۳۷۰۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رَجُلاً جَاءَ إِلٰى سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، فَقَالَ: هٰذَا فُلَانٌ- لِأَمِيْرِ الْمَدِيْنَةِ - يَدْعُوْ عَلِيًّا عِنْدَ الْمِنْبَرِ، قَالَ: فَيَقُوْلُ مَاذَا؟ قَالَ: يَقُوْلُ لَهُ: أَبُوْ تُرَابٍ! فَضَحِكَ، وَقَالَ: وَاللّٰهِ مَاسَمَّاهُ إِلَّا النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم، وَمَا كَانَ لَهُ اسْمٌ اَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْهُ، فَاسْتَطْعَمْتُ الْحَدِيْثَ سَهْلاً، وَقُلْتُ: يَا أَبَا عَبَّاسٍ كَيْفَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: دَخَلَ عَلِیٌّ عَلٰى فَاطِمَةَ ثُمَّ خَرَجَ فَاضْطَجَعَ فِی الْمَسْجِدِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم: " أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟" قَالَتْ: فِی الْمَسْجِدِ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ، فَوَجَدَ رِدَاءَهُ قَدْ سَقَطَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَخَلَصَ التُّرَابُ إِلٰى ظَهْرِهِ، فَجَعَلَ يَمْسَحُ [التُّرَابَ] عَنْ ظَهْرِهِ فَيَقُوْلُ: " اجْلِسْ يَا أَبَا تُرَابٍ" مَرَّتَيْنِ. [راجع: ٤٤١]

۵- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خوبیاں بیان کیں

نافع بن ازرق حروری حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بارے میں پوچھا: حضرت ابن عمرؓ نے ان کے عمل کی خوبیاں بیان کیں اور فرمایا: شاید یہ خوبیاں تجھے بری لگی ہوں گی؟ اس نے کہا: ہاں، ابن عمرؓ نے کہا: اللہ تیری ناک خاک میں رگڑیں! پھر اس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں پوچھا، ابن عمرؓ نے ان کے عمل کی خوبیاں بیان کیں، اور فرمایا: وہ یہ ان کا گھر ہے نبی ﷺ کے گھروں میں افضل! پھر پوچھا: شاید یہ بات تجھے بری لگی ہوگی؟ اس نے کہا: ہاں، ابن عمرؓ نے کہا: اللہ تیری ناک خاک میں رگڑیں، جا اور میرے خلاف جو کچھ کر سکتا ہو کر لے۔

[۳۷۰٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، ثَنَا حُسَيْنٌ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِیْ حَصِيْنٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى ابْنِ عُمَرَ، فَسَأَلَهُ عَنْ عُثْمَانَ، فَذَكَرَ عَنْ مَحَاسِنِ عَمَلِهِ، قَالَ: لَعَلَّ ذَاكَ يَسُوْءُكَ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَأَرْغَمَ اللّٰهُ بِأَنْفِكَ! ثُمَّ سَأَلَهُ عَنْ عَلِیٍّ، فَذَكَرَ مَحَاسِنَ عَمَلِهِ، قَالَ: هُوَ ذَاكَ بَيْتُهُ أَوْسَطُ بُيُوْتِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: لَعَلَّ ذَاكَ يَسُوْءُكَ؟ قَالَ: أَجَلْ، قَالَ: فَأَرْغَمَ اللّٰهُ بِأَنْفِكَ، انْطَلِقْ فَاجْهَدْ عَلَیَّ جَهْدَكَ. [راجع: ٣١٣٠]

۶-حضرت علی وفاطمہ رضی اللہ عنہما کو خادم سے بہتر تسبیحات بتائیں

پہلے (حدیث ۳۱۱۳) آیا ہے کہ نبی ﷺ کے پاس دوغلام آئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کومشورہ دیا کہ ابا سے ایک غلام مانگ لاؤ، تاکہ تمہارا کام ہلکا ہوجائے، دیکھوتم چکی پیستی ہو، پانی کی مشک ڈھوتی ہو، گھوڑے کی خدمت کرتی ہو، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا گئیں، نبی ﷺ کے پاس کچھ لوگ بیٹھے تھے وہ واپس آگئیں، نبی ﷺ نے ان کو آتے جاتے دیکھ لیا تھا، چنانچہ آپؐ عشاء کے بعد ان کے گھر گئے اور دونوں کے بستروں کے درمیان میں تشریف فرما ہوئے اور فرمایا: کیا نہ بتلاؤں میں تم دونوں کو اس سے بہتر بات جس کی تم دونوں نے درخواست کی ہے، جب تم دونوں اپنی خواب گاہوں کو پکڑ وتو ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ کہو، یہ ذکر تمہارے لئے بہتر ہے اس خادم سے جس کو تم دونوں نے مانگا ہے (تحفۃ القاری ۶:۴۰۴)

[۳۷۰۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، سَمِعْتُ بْنَ أَبِیْ لَيْلٰى، ثَنَا عَلِیٌّ: أَنَّ فَاطِمَةَ شَكَتْ مَا تَلْقٰى مِنْ أَثَرِ الرَّحٰى، فَأَتَى النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم سَبْیٌ فَانْطَلَقَتْ فَلَمْ تَجِدْهُ فَوَجَدَتْ عَائِشَةَ فَأَخْبَرَتْهَا، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ بِمَجِیْءِ فَاطِمَةَ، فَجَاءَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَيْنَا وَقَدْ أَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا فَذَهَبْتُ لِأَقُوْمَ، فَقَالَ: عَلٰى مَكَانِكُمَا، فَقَعَدَ بَيْنَنَا، حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمَيْهِ عَلٰى صَدْرِیْ، وَقَالَ: "أَلَا أُعَلِّمُكُمَا خَيْرًا مِمَّا سَأَلْتُمَانِیْ؟ إِذَا أَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا تُكَبِّرَا أَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ، وَتُسَبِّحَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَتَحْمَدَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمَا مِنْ خَادِمٍ"[راجع: ۳۱۱۳]

۷-غزوۂ تبوک میں نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے گھر والوں کی ذمہ داری سونپی

جب نبی ﷺ غزوۂ تبوک کے لئے چلے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں رہنے کا حکم دیا تاکہ وہ آپؐ کے گھروں کو سنبھالیں اور مجاہدین کے گھر والوں کی خبر گیری کریں، جب لشکر روانہ ہوا تو منافقین نے کہنا شروع کیا: مَا خَلَفَهُ إِلَّا اسْتِثْقَالاً لَهُ وَتَخْفِيفًا مِنْهُ: علی کو پیچھے اس لئے چھوڑا ہے کہ وہ آپؐ کے لئے بوجھ تھا، اس لئے خود کو ہلکا کرلیا (حاشیہ) جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ بات سنی تو ہتھیار اٹھائے اور جُرف مقام میں نبی ﷺ سے جا ملے، اور عرض کیا: یارسول اللہ! منافقین یہ کہتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: غلط کہتے ہیں، میں نے تم کو عورتوں اور بچوں کی حفاظت کے لئے چھوڑا ہے، اور فرمایا: اے علی! کیا تم خوش نہیں ہو کہ تم مجھ سے ایسے ہوؤ جیسے ہارونؑ موسیٰؑ سے، یعنی ہارون علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کی نیابت کی تھی جب وہ طور پر تشریف لے گئے تھے، اسی طرح تم میرے پیچھے میری نیابت کروگے، البتہ یہ بات ہے کہ میرے بعد

نبی نہیں (ترمذی حدیث ۳۷۵۳)

فائدہ: شیعوں نے اس حدیث سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت بلافصل پر استدلال کیا ہے، مگر وہ استدلال باطل ہے، کیونکہ ہارون علیہ السلام کی وفات موسیٰ علیہ السلام سے چالیس سال پہلے ہوئی ہے وہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد خلیفہ بلافصل نہیں بنے، نیز حیات میں خلافت وفات کے بعد خلافت کے لئے مستلزم بھی نہیں، کیونکہ آپؐ نے مختلف اسفار میں مختلف حضرات کو مدینہ میں اپنا قائم مقام بنایا ہے، مگران کو بعد الوفات خلافت نہیں ملی، نہ فصل کے ساتھ نہ بغیر فصل کے۔

[۳۷۰۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ إِبْرَاهِيْمَ بْنَ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِعَلِيٍّ: "أَمَّا تَرْضَى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى؟"[انظر: ٤٤١٦]

۸- حضرت علی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما میں یگانگت

ام ولد: وہ باندی ہے جس نے مولیٰ کا بچہ جنا ہو، وہ باندی ہوتی ہے یا اس کو فی الجملہ آزادی حاصل ہوجاتی ہے؟ اس مسئلہ میں اختلاف تھا، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ام ولد کی بیع کو جائز کہتے تھے وہ کامل رقیت میں ہوتی تھی، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اتفاق ہوگیا کہ ام ولد کی بیع جائز نہیں، اس کو ایک درجہ میں آزادی حاصل ہوجاتی ہے جب حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے نبی ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابرہیم رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: أَعْتَقَهَا وَلَدُهَا: اس کو ایک بیٹے نے آزاد کردیا، جب یہ حدیث سامنے آئی تو صحابہ کا اتفاق ہوگیا کہ ام ولد کی بیع جائز نہیں، مولیٰ کے مرنے کے بعد وہ آزاد ہوجائے گی، حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو ان کے نام سے یہ روایت چلائی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نزدیک ام ولد کی بیع جائز ہے، یہ لوگوں نے بے پر کی اڑائی تھی، اور یہی ایک بات نہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کرکے ایسے اقوال روایت کئے جاتے تھے جن میں شیخین رضی اللہ عنہما سے اختلاف ظاہر کیا جاتا تھا، اور مقصود حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور شیخین رضی اللہ عنہما کے درمیان اختلاف پیدا کرنا ہوتا تھا، پھر جب حضرت علیؓ خلیفہ بنے اور کوفہ منتقل ہوئے اور ان کی طرف سے یہ روایت بیان کی جانے لگی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نزدیک ام ولد کی بیع جائز ہے تو عبیدہ سلمانی رحمہ اللہ نے جو مخضرم تابعی ہیں اور شریح رحمہ اللہ کے درجہ کے قاضی ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: آپؓ کی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی جو رائے تھی کہ ام ولد کی بیع جائز نہیں، یہ رائے ہمیں زیادہ پسند ہے، آپؓ کی تنہا رائے سے کہ بیع جائز ہے۔ رَأْيُكَ وَرَأْيُ عُمَرَ فِي الْجَمَاعَةِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ رَأْيِكَ وَحْدَكَ فِي الْفُرْقَةِ (فتح) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: فیصلہ کرتے رہو تم جس طرح فیصلے کیا کرتے تھے، یعنی ام ولد کی بیع کے عدم جواز کا فیصلہ کرتے رہو، پس بیشک میں اختلاف کو ناپسند کرتا ہوں، یہاں تک کہ ہوجائیں لوگ متفق، یعنی جب مسئلہ میں اجماع ہوگیا تو اب میں اس سے

اختلاف کیسے کرسکتا ہوں؟ یا میرا انتقال ہوجائے جیسا میرے ساتھیوں کا انتقال ہوگیا، یعنی کسی مسئلہ میں میری کوئی رائے ہے اور میری وفات تک اس میں اجماع نہیں ہوا تو ٹھیک ہے وہ میری رائے ہے لیکن اگر میری حیات میں امت کا اجماع ہوجائے تو پھر میں اس سے اختلاف کیسے کرسکتا ہوں؟

اور حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ کا خیال ہے کہ اکثر روایتیں جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام سے بیان کی جاتی ہیں جن میں شیخین رضی اللہ عنہما سے اختلاف دکھلایا جاتا ہے وہ سب جھوٹی ہیں، وہ شیعوں نے گھڑی ہیں تا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شیخین رضی اللہ عنہما سے دور کریں اور اپنا خلافت بلافصل کا نظریہ ثابت کریں کیونکہ اگر حضرت علی کرم اللہ وجہہ شیخین رضی اللہ عنہما سے ہم آہنگ ہونگے تو ان کی خلافت برحق ہوگی، اور خلافت بلافصل کا نظریہ پروان نہیں چڑھ سکے گا۔

سوال: اس روایت کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت سے کیا تعلق ہے؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا خلفائے ثلاثہ کی لڑی میں منسلک رہنا ان کی بہت بڑی فضیلت ہے اور ان سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جدا کردینا ایک غلطی ہے جس پر شیعیت کی بنیاد ہے۔

[۳۷۰۷-] حدثنا عِلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: اقْضُوْا كَمَا كُنْتُمْ تَقْضُوْنَ، فَإِنِّيْ أَكْرَهُ الإِخْتِلَافَ، حَتَّى يَكُوْنَ النَّاسُ جَمَاعَةً، أَوْ أَمُوْتَ كَمَا مَاتَ أَصْحَابِيْ، وَكَانَ ابْنُ سِيْرِيْنَ يَرَى أَنَّ عَامَّةَ مَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ الْكَذِبُ.

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: فیصلے کرو تم جس طرح فیصلے کیا کرتے تھے (کہ ام ولد کی بیع جائز نہیں) کیونکہ میں اختلاف کو ناپسند کرتا ہوں یہاں تک کہ لوگ متفق ہوجائیں یعنی شیخین کی انفرادی رایوں میں بھی اختلاف کو ناپسند کرتا ہوں اور اس مسئلہ میں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اتفاق ہوگیا ہے، پھر میں اختلاف کیسے کرسکتا ہوں؟ یا وفات ہوجائے میری جس طرح میرے ساتھیوں کی وفات ہوگئی، یعنی کسی مسئلہ میں اگر میری کوئی رائے ہے اور اتفاق ہونے سے پہلے میرا انتقال ہوجائے تو وہ میری رائے ہے، اور ابن سیرین رحمہ اللہ خیال کرتے ہیں کہ اکثر روایتیں جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں: جھوٹی ہیں۔

مَنَاقِبُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ الْهَاشِمِيِّ

حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے فضائل

اسم گرامی: جعفر، باپ کا نام: ابوطالب بن عبدالمطلب بن ہاشم، خانوادہ: قرشی، ہاشمی، لقب: طَیَّار (بہت اڑنے والا) ذُو الجناحین (دوبازو والا) کنیت: أبو المساکین (غریب پرور) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھائی، عمر میں ان سے

دس سال بڑے، سابقین اولین میں سے تھے، حبشہ کی طرف ہجرت کی پھر وہاں سے ہجرت کر کے مدینہ آئے، ۸ ہجری میں جنگِ موتہ میں شہید ہوئے، عمر: چالیس سال سے کچھ زیادہ۔

۱- حضرت جعفر رضی اللہ عنہ حلیہ اور اخلاق میں نبی ﷺ کے مشابہ تھے

سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ مکہ مکرمہ میں تھیں، جب عمرۃ القضاء میں نبی ﷺ مکہ سے مراجعت فرما ہوئے تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی بچی جس کا نام عمارہ تھا، آپؐ کو چچا چچا کہتی ہوئی پیچھے چلی، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو لے لیا، اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے حوالہ کیا، جب قافلہ مر الظہران پہنچا تو اس بچی کی پرورش کا معاملہ خدمتِ نبوی میں پیش ہوا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا: میری چچازاد بہن ہے اور میں نے اس کو لیا ہے اس لئے میرا حق ہے، اور حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا: میری بھی چچازاد بہن ہے اور اس کی خالہ (اسماء بنت عمیسؓ) میرے نکاح میں ہیں، اس لئے میرا حق ہے، اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا: میری بھتیجی ہے! میں قریبی رشتہ دار ہوں اس لئے میرا حق ہے (نبی ﷺ نے حضرت حمزہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ کرایا تھا)

نبی ﷺ نے اس واقعہ میں بچی کی پرورش کا فیصلہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے لئے کیا اور وجہ ترجیح یہ بیان کی کہ ''خالہ ماں سی ہے!'' اور حضرت جعفرؓ کے حق میں فرمایا: أَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ: آپؐ حلیہ اور اخلاق میں میرے مشابہ ہیں! اور حضرت علیؓ کے حق میں فرمایا: أَنْتَ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْكَ: تم میرے مزاج کے ہو، اور میں تمہارے مزاج کا ہوں! اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کے حق میں فرمایا: أَنْتَ أَخُوْنَا وَمَوْلَانَا: آپؐ ہمارے دینی بھائی اور ہمارے آزاد کردہ ہیں، تینوں خوش ہو گئے۔

۲- حضرت جعفر رضی اللہ عنہ غریب پرور تھے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں صحابہ میں سے ایک آدمی سے قرآن کی آیات معلوم کیا کرتا تھا جن کو میں ان سے زیادہ جانتا تھا یعنی وہ آیات مجھے یاد ہوتی تھیں، میں ان سے اسی لئے پوچھتا تھا کہ وہ (میرے فاقہ کا اندازہ کریں اور) مجھے کھانا کھلائیں، پس جب میں حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے پوچھتا تو وہ مجھے جواب نہیں دیتے تھے، یہاں تک کہ مجھے اپنے گھر لے جاتے اور اپنی اہلیہ سے کہتے: ''اے اسماء! ہمیں کھلاؤ!'' پس جب وہ ہمیں کھلاتیں تو وہ مجھے جواب دیتے اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ غریبوں سے بہت محبت کرتے تھے، ان کے پاس بیٹھتے تھے ان سے باتیں کرتے تھے اور وہ (غرباء) ان سے باتیں کرتے تھے، چنانچہ رسول اللہ ﷺ ان کو ابو المساکین کی کنیت سے پکارتے تھے۔

[۱۰-] مَنَاقِبُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ الْهَاشِمِيِّ

وَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' أَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ''

[۳۷۰۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِیْ بَکْرٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ بْنِ دِیْنَارٍ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِیِّ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ النَّاسَ کَانُوْا یَقُوْلُوْنَ: أَکْثَرَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ! وَإِنِّیْ کُنْتُ أَلْزَمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِشِبَعِ بَطْنِیْ حَتّٰی لَاآکُلَ الْخَمِیْرَ، وَلَا أَلْبَسَ الْحَبِیْرَ وَلَا یَخْدُمَنِیْ فُلَانٌ وَلَا فُلَانَةٌ، وَکُنْتُ أُلْصِقُ بَطْنِیْ بِالْحَصْبَاءِ مِنَ الْجُوْعِ، وَإِنْ کُنْتُ لَأَسْتَقْرِئُ الرَّجُلَ الْآیَةَ وَهِیَ مَعِیَ کَیْ یَنْقَلِبَ بِیْ فَیُطْعِمَنِیْ، وَکَانَ أَخْیَرَ النَّاسِ لِلْمَسَاکِیْنَ جَعْفَرُ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ، وَکَانَ یَنْقَلِبُ بِنَا فَیُطْعِمُنَا مَا کَانَ فِیْ بَیْتِهِ، حَتّٰی إِنْ کَانَ لَیُخْرِجُ إِلَیْنَا الْعُکَّةَ الَّتِیْ فِیْهَا شَیْئٌ، فَیَشُقُّهَا فَنَلْعَقُ مَا فِیْهَا. [انظر: ۵۴۳۲]

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: لوگ کہتے ہیں: ابوہریرہؓ بہت حدیثیں بیان کرتے ہیں! میں نبی ﷺ کے ساتھ لگا رہتا تھا، شکم سیری کے ساتھ یعنی مجھے صرف پیٹ بھر روٹی چاہئے تھی یہاں تک کہ میں نہیں کھاتا تھا خمیری روٹی اور نہیں پہنتا تھا ملائم کپڑا، اور نہیں خدمت کرتا تھا میری فلاں اور فلاں یعنی میرا کوئی خادم نہیں تھا، اور میں اپنا پیٹ بھوک کی وجہ سے کنکریوں سے چپکاتا تھا، اور میں ایک آدمی سے چاہتا کہ وہ مجھے قرآن کی ایک آیت پڑھائے حالانکہ وہ آیت مجھے یاد ہوتی تھی، میرا مقصد یہ ہوتا تھا کہ وہ مجھے اپنے ساتھ لے جائے اور کھانا کھلائے، اور غریبوں کے حق میں سب سے بہتر حضرت جعفر رضی اللہ عنہ تھے وہ ہمیں ساتھ لے جاتے تھے اور وہ چیز کھلاتے تھے جو ان کے گھر میں ہوتی تھی، یہاں تک کہ وہ ہمارے پاس گھی کا مشکیزہ لے آتے تھے جس میں کچھ نہیں ہوتا تھا، وہ اس کو پھاڑتے تھے اور ہم وہ گھی چاٹتے تھے، جو اس میں ہوتا تھا۔

لغات: الخَمِیْر: کسی ترش چیز سے پھلایا ہوا آٹا، اس کی روٹی مزیدار ہوتی ہے .... الحَبِیْر: نقش ونگار والا ملائم کپڑا یا چادر، اور کڑھی ہوئی خوشنما چادر .... الْعُکَّة: گھی کا مشکیزہ .... اسْتَقْرَأَہُ: کسی سے کچھ پڑھوانا۔

۳- حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے دو ہاتھوں کے بدل دو پَر دیئے

غزوۂ موتہ میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد جھنڈا حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے لیا، آپؓ دوسرے کمانڈر مقرر ہوئے تھے، آپؓ گھوڑے سے اتر پڑے اور اس کی کوچیں کاٹ دیں (تاکہ وہ دشمن کے کام نہ آئے) پھر آپؓ وار پر وار کرتے رہے، یہاں تک کہ دشمن کی ضرب سے آپؓ کا داہنا ہاتھ کٹ گیا، آپؓ نے جھنڈا بائیں ہاتھ میں لے لیا وہ بھی کٹ گیا تو باقی ماندہ بازوؤں سے جھنڈا آغوش میں لے لیا، اور اس وقت تک بلند رکھا جب تک خلعت شہادت سے سرفراز نہ ہوگئے، پھر دشمن نے ایسی تلوار ماری کہ آپؓ کے دو ٹکڑے ہوگئے، اللہ تعالیٰ نے آپؓ کو دو بازوؤں کے عوض جنت میں دو پَر عنایت فرمائے، جن کے ذریعہ وہ جہاں چاہتے ہیں اڑتے ہیں، اسی لئے ان کا لقب جعفر طیار اور ذوالجناحین پڑ گیا۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے بیٹے عبداللہؓ کو سلام کرتے تو کہا کرتے تھے:

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ ذِي الْجَنَاحَيْنِ: اے دوپَر والے کے بیٹے! سلامت رہو!

لغت: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جناح کے اصلی معنی ہیں: بازو، جانب، کہا جاتا ہے: **كُنْ فِيْ جَنَاحي**: میری جانب میں ہوجا، دائیں بائیں جانبین: دو جناح ہیں، اور ترمذی شریف کی روایت میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: میں (خواب میں) گذشتہ رات جنت میں گیا، میں نے جنت میں جعفر رضی اللہ عنہ کو فرشتوں کے ساتھ اڑتے ہوئے دیکھا، ترمذی کی یہ روایت ضعیف ہے، مگر شواہد کی وجہ سے قابل اعتبار ہے، اس حدیث کی وجہ سے **ذو الجناحين** کا ترجمہ دوپَر والے کیا جاتا ہے۔

[۳۷۰۹-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، أَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ إِذَا سَلَّمَ عَلَى ابْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ ذِي الْجَنَاحَيْنِ.
قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ يُقَالُ: كُنْ فِيْ جَنَاحِيْ: كُنْ فِي نَاحِيَتِيْ، كُلُّ جَانِبَيْنِ: جَنَاحَانِ. [انظر: ٤٢٦٤]

ذِكْرُ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

نام نامی: عباس، باپ کا نام: عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف، خانوادہ: قرشی، ہاشمی، کنیت: ابو الفضل، رشتہ: نبی ﷺ کے چچا، خلفائے عباسیہ کے جد امجد، ولادت: مکہ میں اکیاون سال قبلِ ہجرت (آپؓ نبی ﷺ سے دو یا تین سال بڑے تھے) وفات: مدینہ میں ۳۲ ہجری میں (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں) قدیم الاسلام ہیں، مگر فتح مکہ تک اپنا اسلام چھپائے رکھا، پھر ہجرت کی، آپؓ کے دس لڑکے تھے، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما آپؓ کا بے حد اکرام کرتے تھے۔

چونکہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں کوئی صریح روایت نہیں تھی، اس لئے مناقب کا عنوان نہیں رکھا۔ اور باب کی حدیث پہلے گذری ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب قحط پڑتا تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے توسل سے بارش طلب کرتے تھے، آپؓ کہتے: اے اللہ! ہم آپ کی نزدیکی حاصل کیا کرتے تھے ہمارے نبی ﷺ کے ذریعہ، پس آپ ہمیں بارش عطا فرماتے تھے، اور بیشک (آج) ہم آپ کی نزدیکی حاصل کرتے ہیں ہمارے نبی ﷺ کے چچا کے ذریعہ، پس آپ ہمیں بارش عطا فرمائیں، پس وہ پلائے جاتے یعنی اللہ تعالیٰ بارش عنایت فرماتے۔

تشریح: یہ روایت پہلے گذری ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ اس روایت میں منفرد ہیں باقی کتب خمسہ میں یہ روایت نہیں ہے اور یہ روایت مختصر ہے، پوری روایت عمدۃ القاری میں ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ! جب تک حضور اکرم

ﷺ دنیا میں تھے ہم آپؐ سے دعا کراتے تھے، اور آپ ہمیں بارش عطا فرماتے تھے، اب حضور ﷺ نہیں رہے، البتہ ہمارے درمیان آپؐ کے چچا ہیں، ہم ان سے دعا کراتے ہیں، پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کہا: آیئے، اور دعا کرایئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹ گئے اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے دعا کرائی، اور مجمع نے آمین کہی، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس موقع پر جو دعا کی تھی وہ بھی عمدۃ القاری میں ہے اور پہلے حاشیہ میں بھی وہ منقول ہے، اس تفصیلی روایت سے معلوم ہوا کہ یہاں توسل دعا کرانے کے معنی میں ہے اور دعا ظاہر ہے زندہ ہی سے کرائی جائے گی، تفصیل کے لئے دیکھیں (تحفۃ القاری ۳: ۳۳۸)

[۱۱-] ذِكْرُ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

[۳۷۱۰-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ إِذَا قَحَطُوْا اسْتَسْقَى بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا فَتَسْقِيْنَا، وَإِنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا، فَيُسْقَوْنَ. [راجع: ۱۰۱۰]

مَنَاقِبُ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے رشتہ داروں کے فضائل

یہ تکمیلی باب ہے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے فضائل میں امام بخاری رحمہ اللہ کے پاس کوئی ایسی صریح حدیث نہیں تھی جو بخاری شریف میں لائی جاسکے: (ترمذی شریف میں روایات ہیں) اس لئے حضرت رحمہ اللہ یہ باب لائے اور رشتہ داروں کے عموم میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو بھی لیا، اس طرح ضمناً ان کے فضائل بیان کئے اور حاشیہ میں ہے کہ رشتہ داروں سے مراد جدامجد عبدالمطلب کی اولاد ہے، ظاہر ہے حضرت عباس رضی اللہ عنہ ان میں شامل ہیں اور باب کی تمام حدیثیں ایک حدیث کے علاوہ پہلے گذر چکی ہیں۔

پہلی حدیث: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا وہ ان سے اپنی وہ میراث مانگ رہی تھیں جو ان کو نبی ﷺ سے پہنچی تھی، مالِ فئے میں سے (بنو نضیر کی جائداد، فدک گاؤں کی جائداد اور خیبر کے خمس کی جائداد جو مالِ فئے تھی جس کے نبی ﷺ مالک نہیں تھے بلکہ وہ جائدادیں صرف آپؐ کے تصرف میں تھیں ان میں سے اپنا حق میراث مانگ رہی تھیں) حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ''ہم مورِث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے'' اور نبی ﷺ کا

خاندان اس مال میں سے یعنی مالِ فئے میں سے ضرورت کے بقدر کھائے گا، کھانے کی ضرورت سے زیادہ لینے کا ان کو حق نہیں، پس میں بخدا! ذرا تبدیلی نہیں کروں گا نبی ﷺ کے صدقہ میں جس پر وہ تھے عہدِ نبوی میں، اور میں ضرور عمل کروں گا اس میں وہ عمل جو نبی ﷺ نے اس میں کیا ہے، پس جواب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خطبہ پڑھا پھر کہا: اے ابوبکر! ہم آپؓ کی برتری بالیقین پہچانتے ہیں، پھر انھوں نے نبی ﷺ کے ساتھ اپنا رشتہ اور اپنا حق بیان کیا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نبی ﷺ کی رشتہ داری مجھے زیادہ محبوب ہے کہ میں اس کو ملاؤں اپنی رشتہ داری سے یعنی میرے رشتہ داروں سے میرے نزدیک نبی ﷺ کے رشتہ داروں کا زیادہ حق ہے (یہاں باب ہے)

[۱۲-] مَنَاقِبُ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۳۷۱۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ فَاطِمَةَ أَرْسَلَتْ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ تَسْأَلُهُ مِيْرَاثَهَا مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ، تَطْلُبُ صَدَقَةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الَّتِيْ بِالْمَدِيْنَةِ وَفَدَكٍ وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ. [راجع: ۳۰۹۲]

[۳۷۱۲-] فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَنُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ إِنَّمَا يَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ مِنْ هٰذَا الْمَالِ - يَعْنِيْ مَالَ اللّٰهِ - لَيْسَ لَهُمْ أَنْ يَزِيْدُوْا عَلَى الْمَأْكَلِ" وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لاَ أُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَاتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهَا فِيْ عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَأَعْمَلَنَّ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّا قَدْ عَرَفْنَا يَا أَبَا بَكْرٍ فَضِيْلَتَكَ، وَذَكَرَ قَرَابَتَهُمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَحَقَّهُمْ، وَتَكَلَّمَ أَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ أَصِلَ مِنْ قَرَابَتِيْ. [راجع: ۳۰۹۳]

دوسری حدیث نئی ہے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے صحابہ سے فرمایا: اُرْقُبُوْا مُحَمَّدًا فِيْ أَهْلِ بَيْتِهِ: نبی ﷺ کی حفاظت کرو ان کے خاندان میں یعنی ان کا خیال رکھو، ان کا احترام کرو، رَقِبَ (ن) رَقْبًا: نظر رکھنا، خیال رکھنا، حفاظت کرنا، نگرانی کرنا۔

تیسری حدیث پہلے آئی ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کا جزء ہیں، جو ان کو ناراض کرے گا وہ نبی ﷺ کو ناراض کرے گا (یہ فضیلت سبھی رشتہ داروں کو عام ہے)

اس کے بعد کی دو حدیثیں ایک ہیں، اور پہلے گذری ہیں، نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بتلایا کہ آپؐ کی وفات اسی بیماری میں ہونے والی ہے، وہ رو پڑیں، پھر ان کو چپکے سے ایک بات بتلائی تو وہ ہنس دیں، وفات کے بعد حضرت

عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا تو بتلایا کہ نبی ﷺ نے دوسری مرتبہ میں مجھے یہ بتایا کہ میں آپؐ کی فیملی میں سب سے پہلے آپ ﷺ سے ملنے والی ہوں، اس پر میں ہنسی تھی۔

[۳۷۱۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثَنَا خَالِدٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاقِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ یُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِیْ بَکْرٍ، قَالَ: ارْقُبُوْا مُحَمَّدًا فِی أَهْلِ بَیْتِهِ"[انظر: ۳۷۵۱]

[۳۷۱۴-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِیْدِ، ثَنَا ابْنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ مُلَیْکَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ ابْنِ مَخْرَمَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّیْ، فَمَنْ أَغْضَبَهَا أَغْضَبَنِیْ"

[۳۷۱۵-] حدثنا یَحْیَی بْنُ قَزَعَةَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَعَا النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم فَاطِمَةَ ابْنَتَهُ فِیْ شَکْوَاهُ الَّذِیْ قُبِضَ فِیْهَا، فَسَارَّهَا بِشَیْئٍ فَبَکَتْ، ثُمَّ دَعَاهَا فَسَارَّهَا فَضَحِکَتْ، قَالَتْ: فَسَأَلْتُهَا عَنْ ذٰلِكَ.[راجع: ۳۶۲۳]

[۳۷۱۶-] فَقَالَتْ: سَارَّنِیْ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم فَأَخْبَرَنِیْ أَنَّـهُ یُقْبَضُ فِیْ وَجعِهِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْهِ، فَبَکَیْتُ، ثُمَّ سَارَّنِیْ فَأَخْبَرَنِیْ أَنِّیْ أَوَّلُ أَهْلِ بَیْتِهِ أَتْبَعُهُ فَضَحِکْتُ.[راجع: ۳۶۲۴]

مَنَاقِبُ الزُّبَیْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کے فضائل

نام نامی: زبیر، باپ کا نام: العوام بن خویلد، قبیلہ: قرشی، اسدی، کنیت: ابوعبداللہ، من جملۂ عشرۂ مبشرہ، اور من جملۂ اصحابِ شوریٰ، نبی ﷺ کی پھوپھی صفیہ بنت عبدالمطلب کے لڑکے، ولادت: ۲۸ سال قبل ہجرت، شہادت: ۳۶ ہجری (جنگِ جمل میں) آٹھ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا اور تمام غزوات میں شریک رہے۔

۱- حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے حواری ہیں

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے حواری (ساتھی، حامی، مددگار) ہیں (حدیث ۴۶۶۵ أَمَّا أَبُوْهُ فَحَوَارِیُّ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم یُرِیْدُ الزُّبَیْرَ) یہی بات باب کی حدیث (۳۷۱۹) میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک ہر نبی کے لئے کوئی خاص مددگار ہوتا ہے اور میرے خاص مددگار زبیرؓ ہیں (یہ حدیث پہلے گذری ہے)

فائدہ: قرآنِ کریم میں حواری حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مخصوص صحابہ کے لئے آیا ہے، وہاں سے یہ لفظ مستعار لیا گیا ہے اور ناصر و مددگار کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ان کو حواری اس لئے کہا جاتا تھا

کہ ان کے کپڑے سفید تھے (اور دوسرا قول یہ ہے کہ وہ دھوبی تھے، لوگوں کے کپڑے دھوکر سفید کرتے تھے اس لئے ان کو حواری کہا گیا)

۲- حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بہترین صحابی اور نبی ﷺ کے محبوب تھے

مروان بن الحکم بیان کرتا ہے: ۳۱ ہجری میں نکسیر پھوٹنے کی بیماری پھیلی، خلیفہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی اس میں مبتلا ہوئے، ان کی بہت زیادہ نکسیر پھوٹتی تھی، چنانچہ وہ اس سال حج کے لئے بھی نہیں جاسکے اور انھوں نے وصیت کردی (وصیت نامہ میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا نام لکھا تھا اور اپنے کاتب حُمران سے کہا تھا کہ وہ اس کو راز میں رکھے، مگر اس نے حضرت عبدالرحمٰن کو بتلادیا، انھوں نے بہت زیادہ اظہار ناراضگی کیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حُمران پر غضب ناک ہوئے اور اس کو مدینہ سے بصرہ کی طرف جلاوطن کردیا، پھر حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ چھ ماہ بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے پہلے ۳۲ ہجری میں وفات پاگئے) پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس ایک قریشی آدمی آیا اس نے کہا: آپؓ اپنے بعد خلیفہ نامزد کریں، حضرت عثمانؓ نے کہا: کیا لوگ یہ کہتے ہیں؟ اس نے کہا: ہاں، حضرت عثمانؓ نے پوچھا: کس کا نام لیتے ہیں؟ وہ چپ رہا، پھر ان کے پاس ایک دوسرا شخص آیا —— مروان کہتا ہے: میرا گمان ہے کہ وہ حارث بن الحکم تھا جو مروان کا بھائی ہے —— پس اس نے کہا: آپؓ اپنے بعد خلیفہ نامزد کریں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا لوگ یہ بات کہتے ہیں؟ اس نے کہا: ہاں، حضرت عثمانؓ نے پوچھا: کس کا نام لیتے ہیں؟ مروان کہتا ہے: وہ شخص چپ رہا، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: شاید لوگوں کی رائے زبیر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنانے کی ہے، اس نے کہا: ہاں، حضرت عثمانؓ نے کہا: سنو! قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے؟ زبیر لوگوں میں سب سے بہتر ہیں، جہاں تک میری معلومات ہیں، اور بیشک وہ لوگوں میں سب سے زیادہ نبی ﷺ کو محبوب تھے۔

[۱۳-] بَابُ مَنَاقِبِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: "هُوَ حَوَارِيُّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ....وَسُمِّيَ الْحَوَارِيُّوْنَ لِبَيَاضِ ثِيَابِهِمْ.

[۳۷۱۷-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَخْبَرَنِيْ مَرْوَانُ ابْنُ الْحَكَمِ، قَالَ: أَصَابَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رُعَافٌ شَدِيْدٌ سَنَةَ الرُّعَافِ، حَتَّى حَبَسَهُ عَنِ الْحَجِّ، وَأَوْصَى، فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ، فَقَالَ: اسْتَخْلِفْ، فَقَالَ: وَقَالُوْهُ؟: قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَمَنْ؟ فَسَكَتَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ - أَحْسِبُهُ الْحَارِثَ - فَقَالَ: اسْتَخْلِفْ، فَقَالَ عُثْمَانُ: وَقَالُوْا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَمَنْ هُوَ؟ قَالَ: فَسَكَتَ، قَالَ: فَلَعَلَّهُمْ قَالُوْا: إِنَّهُ الزُّبَيْرُ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! إِنَّهُ لَخَيْرُهُمْ مَا عَلِمْتُ، وَإِنْ كَانَ لَأَحَبَّهُمْ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ۳۷۱۸]

[۳۷۱۸-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، قَالَ سَمِعْتُ مَرْوَانَ ابْنَ الْحَكَمِ: كُنْتُ عِنْدَ عُثْمَانَ أَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: اسْتَخْلِفْ قَالَ: وَقِيْلَ ذَاكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، الزُّبَيْرُ قَالَ: أَمَا وَاللّٰهِ إِنَّكُمْ لَتَعْلَمُوْنَ أَنَّـهُ خَيْرُكُمْ، ثلاثًا. [راجع: ۳۷۱۷]

[۳۷۱۹-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ هُوَ ابْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه سولم:" إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا، وَإِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ"[راجع ۲۸٤٦]

۳- نبی ﷺ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ پر اپنے ماں باپ کو فدا کیا

عبداللہ بن الزبیرؓ کہتے ہیں: غزوہ احزاب کے موقع پر مجھے اور عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہما کو عورتوں کی نگرانی پر مقرر کیا گیا، میں نے دیکھا: زبیر رضی اللہ عنہ اپنے گھوڑے پر بنوقریظہ کی طرف آتے جاتے ہیں، دو مرتبہ یا تین مرتبہ، پھر جب میں (گھر) لوٹا تو میں نے پوچھا: اباجان! میں نے آپ کو آتے جاتے دیکھا، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے بچے! کیا تو نے مجھے دیکھا؟ میں نے کہا: ہاں، آپؓ نے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا تھا: کون ہے جو بنوقریظہ کے پاس جائے اور میرے پاس ان کی خبر لائے؟ پس میں گیا، جب میں لوٹا تو نبی ﷺ نے میرے لئے اپنے ماں باپ کو فدا کیا، فرمایا: فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ: آپؓ پر میرے ماں باپ قربان!

[۳۷۲۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: كُنْتُ يَوْمَ الأَحْزَابِ جُعِلْتُ أَنَا وَعُمَرُ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ فِي النِّسَاءِ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا أَنَا بِالزُّبَيْرِ عَلٰى فَرَسِهِ يَخْتَلِفُ إِلٰى بَنِيْ قُرَيْظَةَ، مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا، فَلَمَّا رَجَعْتُ قُلْتُ: يَا أَبَتِ! رَأَيْتُكَ تَخْتَلِفُ؟ قَالَ: أَوَ هَلْ رَأَيْتَنِيْ يَا بُنَيَّ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ يَأْتِ بَنِيْ قُرَيْظَةَ فَيَأْتِيْنِيْ بِخَبَرِهِمْ؟" فَانْطَلَقْتُ فَلَمَّا رَجَعْتُ جَمَعَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَوَيْهِ فَقَالَ: "فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ"

۴- حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا جسم راہِ خدا میں زخموں سے چھلنی ہو گیا تھا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں یرموک میں مسلمانوں اور رومیوں کے درمیان سخت معرکہ پیش آیا، اس موقع پر صحابہ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپؓ حملہ نہیں کرتے کہ ہم بھی آپؓ کے ساتھ حملہ کریں؟ پس حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے ان پر حملہ کیا، ان لوگوں نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو ان کے شانے پر دو چوٹیں ماریں، ان دونوں کے درمیان وہ

چوٹ تھی جو آپؓ بدر کی جنگ میں مارے گئے تھے۔ عروہؒ کہتے ہیں: میں اپنی انگلیاں ان چوٹوں کے نشانات میں داخل کیا کرتا تھا، کھیلتا تھا میں جبکہ میں بچہ تھا (اور ترمذی میں روایت ہے، حضرت زبیرؓ نے کہا: میرا کوئی عضو ایسا نہیں جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ زخمی نہ ہوا ہو، عبداللہ بن الزبیرؓ کہتے ہیں: یہاں تک کہ وہ زخم آپؓ کی شرم گاہ تک پہنچا تھا، ترمذی حدیث ۳۷۴۷)

[۳۷۲۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالُوْا لِلزُّبَيْرِ يَوْمَ الْيَرْمُوْكِ: أَلَا تَشُدُّ فَنَشُدُّ مَعَكَ؟ فَحَمَلَ عَلَيْهِمْ، فَضَرَبُوْهُ ضَرْبَتَيْنِ عَلٰى عَاتِقِهِ، بَيْنَهُمَا ضَرْبَةٌ ضُرِبَهَا يَوْمَ بَدْرٍ، قَالَ عُرْوَةُ: فَكُنْتُ أُدْخِلُ أَصَابِعِيْ فِيْ تِلْكَ الضَّرَبَاتِ أَلْعَبُ وَأَنَا صَغِيْرٌ. [انظر: ۳۹۷۳، ۳۹۷۵]

ذِكْرُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

نام نامی: طلحہ، باپ کا نام: عبیداللہ بن عثمان، قبیلہ: قرشی، تیمی، کنیت: ابومحمد، من جملۂ عشرۂ مبشرہ اور من جملۂ اصحابِ شوریٰ، القاب: طلحة الجود، طلحة الخير اور طلحة الفياض، ولادت: ہجرت سے ۲۸ سال پہلے، اسلام کی طرف آٹھ سبقت کرنے والوں میں سے ایک، شہادت: مروان کے ہاتھ سے ۳۶ ہجری میں، مدت عمر: ۶۴ سال، جنگ جمل میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ تھے اور شہید ہوئے، آپؓ بڑے سخی اور بڑے بہادر تھے، آپؓ کے فضائل کی روایتیں بخاری میں لانے کے قابل نہیں، اس لئے عنوان میں مناقب لفظ نہیں رکھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول پہلے گذرا ہے کہ نبی ﷺ کی وفات ہوئی درانحالیکہ آپؐ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے خوش تھے، ابوعثمان بن سنّہ خزاعی دمشقی کہتے ہیں: نبی ﷺ کے ساتھ باقی نہیں رہے بعض ان ایام میں جن میں رسول اللہ ﷺ نے جنگ لڑی یعنی غزوۂ احد میں سوائے طلحہ اور سعد رضی اللہ عنہما کے، انھوں نے یہ بات طلحہ اور سعد دونوں سے سن کر بیان کی ہے (اس لئے حدیث پر دو نمبر لگائے ہیں)

حدیث: قیس بن ابی حازم بجلی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا وہ ہاتھ دیکھا ہے جس کے ذریعہ انھوں نے نبی ﷺ کا بچاؤ کیا تھا، وہ ہاتھ بیکار ہو گیا تھا (یہ بھی غزوۂ احد کا واقعہ ہے)

[۱٤-] ذِكْرُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

وَقَالَ عُمَرُ: تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ عَنْهُ رَاضٍ.

[۳۷۲۲و۳۷۲۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، قَالَ:

لَمْ يَبْقَ مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ بَعْضِ تِلْكَ الْأَيَّامِ الَّتِيْ قَاتَلَ فِيْهِنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم غَيْرُ طَلْحَةَ وَسَعْدٍ: عَنْ حَدِيْثِهِمَا. [انظر: ٤٠٦٠، ٤٠٦١]

[٣٧٢٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا خَالِدٌ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: رَأَيْتُ يَدَ طَلْحَةَ الَّتِيْ وَقَى بِهَا النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَدْ شَلَّتْ. [انظر: ٤٠٦٣]

مَنَاقِبُ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ الزُّهْرِيِّ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے فضائل

نام نامی: سعد، والد کا نام: مالک بن اُہیب، والد کی کنیت: ابو وقاص، خاندان: قرشی، زہری، کنیت: ابواسحاق، ولادت: ۲۳ سال قبل ہجرت، وفات: ۵۵ ہجری، من جملۂ عشرۂ مبشرہ، اور من جملۂ اصحابِ شوری، فاتح عراق ومدائن، سب سے پہلے آپؓ نے راہِ خدا میں تیر چلایا، سترہ سال کی عمر میں مسلمان ہوئے، بدر اور بعد کی جنگوں میں شریک رہے، جنگِ قادسیہ میں آپؓ کمانڈر انچیف تھے، شہر کوفہ کی پلاننگ میں آپؓ کا بڑا حصہ ہے، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں آپؓ کوفہ کے گورنر رہے، مدینہ میں وفات پائی اور بقیع میں دفن ہوئے، آپؓ خاندانِ بنوزہرہ میں سے ہیں، جو نبی ﷺ کا ننھیال ہے۔

نبی ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ پر اپنے ماں باپ کو فدا کیا

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے جنگ احد میں اپنے ماں باپ کو جمع کیا اور دوسری روایت میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بخدا! میں نے مجھ کو دیکھا درانحالیکہ میں اسلام کا تہائی (⅓) تھا، اس پر حاشیہ میں استیعاب کے حوالہ سے ہے کہ آپؓ اسلام میں ساتویں (⅐) ہیں۔

اور تیسری روایت میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کوئی شخص ایمان نہیں لایا مگر اس دن میں جس دن میں ایمان لایا ہوں (یعنی کوئی ایمان لانے میں آپؓ سے مقدم نہیں، اس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا استثناء ہے، اس لئے کہ حضرت سعدؓ حضرت ابوبکرؓ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے ہیں) اور فرمایا: بخدا! سات دن ٹھہرا رہا ہوں میں اور میں تہائی اسلام تھا۔

اور آخری روایت میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں پہلا وہ عرب ہوں جس نے راہِ خدا میں تیر چلایا ہے (پہلا سریہ نبی ﷺ کے چچازاد بھائی عبیدۃ بن الحارث کی سرکردگی میں روانہ کیا گیا تھا، یہ سریہ ابوسفیان کے تجارتی قافلہ کو روکنے کے لئے گیا تھا، اس میں سب سے پہلے حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے تیر چلایا) اور فرمایا: ہم نبی ﷺ کے ساتھ جہاد کیا کرتے تھے، اور نہیں تھا ہمارے لئے کوئی کھانا مگر درخت کے پتے، یہاں تک کہ ہم میں سے ایک استنجا کرتا تھا جس طرح

اونٹ اور بکری استنجا کرتی ہے، یعنی مینگنیوں کی شکل میں استنجا نکلتا تھا، نہیں ہوتا تھا اس کے لئے ملنا یعنی استنجے کے اجزاء ایک دوسرے سے ملے ہوئے نہیں ہوتے تھے، پھر اب قبیلہ بنو اسد مجھے احکام اسلام سے ناواقف قرار دیتا ہے، بخدا! اتب تو میں نامراد رہا اور اکارت گیا میرا عمل، اور بنو اسد نے آپؓ کی چغلی کی تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس، انھوں نے کہا تھا: سعدؓ نماز اچھی نہیں پڑھاتے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ثلث الاسلام کا مطلب ہے: میں نبی ﷺ کے ساتھ تین میں سے تیسرا تھا، یعنی ایک آپ ﷺ، دوسرے ابوبکر رضی اللہ عنہ اور تیسرے حضرت سعدؓ (عورتوں کو شامل نہیں کیا)

[١٥-] مَنَاقِبُ سَعْدِ بْنِ أَبِیْ وَقَّاصٍ الزُّهْرِیِّ

وَبَنُوْ زُهْرَةَ: أَخْوَالُ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَهُوَ سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ.

[٣٧٢٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَقُوْلُ: جَمَعَ لِیْ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ.

[انظر: ٤٠٥٥، ٤٠٥٦، ٤٠٥٧]

[٣٧٢٦-] حدثنا الْمَكِّیُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُنِیْ وَأَنَا ثُلُثُ الإِسْلَامِ. [انظر: ٣٧٢٧، ٣٨٥٨]

[٣٧٢٧-] حَدَّثَنِیْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا ابْنُ أَبِیْ زَائِدَةَ، ثَنَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ أَبِیْ وَقَّاصٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِیْ وَقَّاصٍ، يَقُوْلُ: مَا أَسْلَمَ أَحَدٌ إِلَّا فِیْ الْيَوْمِ الَّذِیْ أَسْلَمْتُ فِيْهِ، وَلَقَدْ مَكَثْتُ سَبْعَةَ أَيَّامٍ وَإِنِّیْ لَثُلُثُ الإِسْلَامِ، تَابَعَهُ أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: ثَنَا هَاشِمٌ.

[راجع: ٣٧٢٦]

[٣٧٢٨-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا يَقُوْلُ: إِنِّیْ لَأَوَّلُ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِیْ سَبِيْلِ اللهِ، وَكُنَّا نَغْزُو مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَمَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا وَرَقُ الشَّجَرِ، حَتَّى إِنَّ أَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا يَضَعُ الْبَعِيْرُ أَوِ الشَّاةُ، مَالَهُ خِلْطٌ، ثُمَّ أَصْبَحَتْ بَنُوْ أَسَدٍ تُعَزِّرُنِیْ عَلَى الإِسْلَامِ، لَقَدْ خِبْتُ إِذًا وَضَلَّ عَمَلِیْ، وَكَانُوْا وَشَوْا بِهِ إِلَى عُمَرَ، قَالُوْا: لَا يُحْسِنُ يُصَلِّیْ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: ثُلُثُ الإِسْلَامِ يَقُوْلُ: وَأَنَا ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

بَابُ ذِكْرِ أَصْهَارِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، مِنْهُمْ أَبُوْ الْعَاصِ بْنُ الرَّبِيْعِ

نبی ﷺ کے بڑے داماد حضرت ابو العاص رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

نبی ﷺ کی چار صاحبزادیاں اور تین داماد تھے، بڑی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا نکاح ان کے خالہ زاد

بھائی ابوالعاص بن الربیع رضی اللہ عنہ سے ہوا تھا، درمیانی دو صاحبزادیوں رقیہ اور ام کلثوم رضی اللہ عنہما کا نکاح یکے بعد دیگرے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ہوا اور چھوٹی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہوا، چونکہ حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے لئے الگ الگ ابواب آئے ہیں اس لئے یہ باب صرف ابوالعاص رضی اللہ عنہ کے لئے ہے۔

حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ کا نام بالیقین معلوم نہیں، کنیت ابوالعاص بن الربیع، والدہ: ہالہ بنت خویلد (حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بہن) غزوۂ بدر میں قید ہوئے اور فدیہ معاف کر کے چھوڑ دیئے گئے، ۱۲ ہجری میں انتقال ہوا، نبی ﷺ نے ان کو اچھا داماد قرار دیا، کفر کے زمانہ میں مشرکین نے ان پر دباؤ ڈالا کہ محمد کی لڑکی کو طلاق دیدو، مگر انھوں نے طلاق نہیں دی، غزوۂ بدر کے بعد حسبِ وعدہ انھوں نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو مدینہ بھیج دیا، پھر جب چھ سال کے بعد مسلمان ہو کر ہجرت کر کے آئے تو حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا ان سے دوبارہ نکاح کر دیا۔

حدیث: مسورؓ کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی لڑکی کی منگنی بھیجی، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے علم میں یہ بات آئی، وہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: آپؐ کی قوم کا خیال ہے کہ آپؐ کو اپنی بیٹیوں کی وجہ سے غصہ نہیں آتا، یہ علیؓ ابوجہل کی لڑکی سے نکاح کرنے والے ہیں، پس نبی ﷺ نے منبر سے تقریر فرمائی کہ میں نے ایک لڑکی ابوالعاصؓ کے نکاح میں دی، انھوں نے مجھ سے ایک بات کہی اور سچی کہی، اور فاطمہؓ میرا جزء ہے اور میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ اسے کوئی رنج پہنچے، بخدا! اللہ کے رسول کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی ایک گھر میں اکٹھا نہیں ہونگی، پس حضرت علی رضی اللہ عنہ منگنی سے دست بردار ہو گئے۔

[۱٦-] بَابُ ذِكْرِ أَصْهَارِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ أَبُوْ الْعَاصِ بْنُ الرَّبِيْعِ

[۳۷۲۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أنا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثني عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ، قَالَ: إِنَّ عَلِيًّا خَطَبَ بِنْتَ أَبِيْ جَهْلٍ، فَسَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَاطِمَةُ، فَأَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَزْعُمُ قَوْمُكَ أَنَّكَ لاَ تَغْضَبُ لِبَنَاتِكَ، وَهٰذَا عَلِيٌّ نَاكِحٌ بِنْتَ أَبِيْ جَهْلٍ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَمِعْتُهُ حِيْنَ تَشَهَّدَ يَقُوْلُ:" أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّيْ أَنْكَحْتُ أَبَا الْعَاصِ بْنَ الرَّبِيْعِ فَحَدَّثَنِيْ وَصَدَقَنِيْ، وَإِنَّ فَاطِمَةَ بَضْعَةٌ مِنِّيْ، وَإِنِّيْ أَكْرَهُ أَنْ يَسُوْءَ هَا، وَاللّٰهِ لاَ يَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَبِنْتُ عَدُوِّ اللّٰهِ عِنْدَ رَجُلٍ وَاحِدٍ" فَتَرَكَ عَلِيٌّ الْخِطْبَةَ.

وَزَادَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ مِسْوَرٍ: قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم ذَكَرَ صِهْرًا لَهُ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ، فَأَثْنَى عَلَيْهِ فِيْ مُصَاهَرَتِهِ إِيَّاهُ فَأَحْسَنَ، قَالَ:" حَدَّثَنِيْ فَصَدَقَنِيْ وَوَعَدَنِيْ فَوَفَى لِيْ"

بَابُ مَنَاقِبِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ مَوْلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے فضائل

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے متبنّی تھے، زمانۂ جاہلیت میں بچپن میں اچک لئے گئے، پھر مکہ کے ایک میلہ میں فروخت کئے گئے، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لئے خریدے گئے، پھر شادی کے بعد انھوں نے نبی ﷺ کو بخش دیا، پھر ان کے بھائی اور چچا لینے آئے، مگر انھوں نے نبی ﷺ کے ساتھ رہنے کو ترجیح دی، پس آپؐ نے ان کو آزاد کر کے بیٹا بنالیا، اور لوگ زید بن محمد کہنے لگے، آزاد شدہ لوگوں میں سب سے پہلے آپؓ ایمان لائے، نبی ﷺ نے ان کا نکاح اپنی پھوپھی زاد بہن حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے کیا، مگر بیل منڈھے نہ چڑھی، اور حضرت زید رضی اللہ عنہ نے طلاق دیدی، تو ان سے نبی ﷺ نے نکاح کرلیا، اور اسلام میں متبنّی کی رسم ختم ہوگئی، اب لوگ آپؓ کو زید بن حارثہؓ کہنے لگے۔ آپؓ سے نبی ﷺ کو بے حد محبت تھی، چنانچہ جب بھی نبی ﷺ نے آپؓ کو کسی سریہ میں بھیجا تو امیر بنا کر بھیجا۔ ۸ ہجری میں غزوۂ موتہ میں شہید ہوئے۔

۱- نبی ﷺ نے فرمایا: زیدؓ ہمارے بھائی اور ہمارے آزاد کردہ ہیں

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی لڑکی کی پرورش کے معاملہ میں آپؐ نے فیصلہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے لئے کیا تو تینوں حضرات کا دل خوش کرنے کے لئے تعریفی جملے ارشاد فرمائے: حضرت زید رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: تم ہمارے بھائی ہو اور ہمارے آزاد کردہ ہو، بھائی ایمانی رشتہ سے تھے اور **مولی القوم من أنفسهم**: آزاد کردہ خاندان کا ایک فرد شمار ہوتا ہے۔

۲- حضرت زید رضی اللہ عنہ ہر طرح امارت کے لائق تھے

رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر بھیجا، اور اس پر حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا، پس کچھ لوگوں نے ان کی امارت پر اعتراض کیا، آپؐ نے فرمایا: اگر تم ان کی سپہ سالاری پر اعتراض کرتے ہو تو ان سے پہلے ان کے والد کی سپہ سالاری پر بھی طعنہ زنی کر چکے ہو، حالانکہ وہ سپہ سالاری کے اہل تھے، اور میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے تھے، اور یہ بھی ان کے بعد میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے ہیں۔

تشریح: نبی ﷺ نے جو آخری مہم ترتیب دی تھی اور اس میں شیخین رضی اللہ عنہما بھی شامل تھے، اس کا امیر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا تھا اس موقع پر کچھ لوگوں نے سپہ سالار کی نوعمری کو نکتہ چینی کا نشانہ بنایا، پس نبی ﷺ نے مذکورہ ارشاد فرمایا۔

[۱۷-] بَابُ مَنَاقِبِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ مَوْلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

وَقَالَ الْبَرَاءُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "أَنْتَ أَخُوْنَا وَمَوْلَانَا"

[۳۷۳۰-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ، ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَعْثًا، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، فَطَعَنَ بَعْضُ النَّاسِ فِي إِمَارَتِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنْ تَطْعَنُوْا فِيْ إِمَارَتِهِ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِيْ إِمَارَةِ أَبِيْهِ مِنْ قَبْلُ، وَأَيْمُ اللّٰهِ إِنْ كَانَ لَخَلِيْقًا لِلْإِمَارَةِ، وَإِنْ كَانَ لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ، وَإِنَّ هٰذَا لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ بَعْدَهُ"

[انظر: ۴۲۵۰، ۴۴۶۸، ۴۴۶۹، ۶۶۲۷، ۷۱۸۷]

۳- قائف کی بات سے آپ خوش ہوئے

صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میرے پاس ایک قائف (بچہ کے اعضاء کو دیکھ کر فراست سے نسب بتانے کا ماہر) آیا اور نبی ﷺ موجود تھے، اور اسامہ اور زید رضی اللہ عنہما چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے تھے اور دونوں کے پیر کھلے تھے، پس قائف نے کہا: یہ پیر بعض بعض سے ہیں یعنی یہ باپ بیٹے ہیں پس نبی ﷺ کو اس سے خوشی ہوئی، اور آپؐ کو یہ بات بہت پسند آئی اور آپؐ نے یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتلائی (کہ قائف یہ کہہ کر گیا)

تشریح: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سانولے اور حضرت زید رضی اللہ عنہ گورے تھے، اس لئے کچھ لوگوں کو نسب میں شک تھا، پس قائف کی یہ بات ان کی زبان بند کردے گی، اس لئے آپؐ کو اس سے خوشی ہوئی، ورنہ اسلام میں قیافہ سے نسب ثابت نہیں ہوتا۔

[۳۷۳۱-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ قَائِفٌ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم شَاهِدٌ، وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ مُضْطَجِعَانِ، فَقَالَ: إِنَّ هٰذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ، قَالَ فَسُرَّ بِذٰلِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَعْجَبَهُ وَأَخْبَرَ بِهِ عَائِشَةَ. [راجع: ۳۵۵۵]

بَابُ ذِكْرِ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

حضرت اسامہ بن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما: جلیل القدر صحابی ہیں، مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے، والدہ ماجدہ: ام ایمن رضی اللہ عنہا (نبی ﷺ کی آیا: ماں کے مرنے کے بعد بچہ کی پرورش کرنے والی عورت) نبی ﷺ کی وفات کے وقت آپؓ

کی عمر اٹھارہ یا بیس سال تھی، والد ماجد: حضرت زید بن حارثہؓ، صحابہ آپؓ کو ''محبوب کا بیٹا محبوب!'' کہتے تھے۔ نبی ﷺ آپؓ سے حسنین رضی اللہ عنہما کی طرح محبت کرتے تھے، نبی ﷺ نے آخری مہم کا امیر آپ کو بنایا۔ ۵۴ ہجری میں مدینہ میں وفات پائی، شہادتِ عثمانؓ کے بعد فتنوں سے الگ تھلگ رہے۔

۱- حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے محبوب تھے

حدیث اسی جلد میں گذری ہے (حدیث ۳۴۷۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: قریش کو فکر مند کیا مخزومی عورت کے معاملہ نے، پس انھوں نے کہا: کون سفارش کرنے کی ہمت کر سکتا ہے اس معاملہ میں سوائے حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ کے جو نبی ﷺ کے محبوب ہیں۔

دوسری حدیث بھی اسی مضمون کی ہے، البتہ اس کی سند دیکھیں: علی بن المدینیؒ کہتے ہیں: سفیان بن عیینہؒ نے فرمایا: میں امام زہریؒ کے پاس فاطمہ مخزومیہ کی حدیث سننے کے لئے گیا، انھوں نے مجھے ڈانٹ دیا، یعنی کسی وجہ سے حدیث نہیں سنائی، علی بن المدینیؒ نے ابن عیینہؒ سے پوچھا: کیا آپ نے یہ حدیث امام زہریؒ کے علاوہ کسی اور سے حاصل نہیں کی؟ ابن عیینہؒ نے کہا: میں نے یہ حدیث ایک کتاب میں پائی ہے، جو ایوب بن موسیٰ اموی نے امام زہریؒ سے لکھی ہے۔

تشریح: یہ حدیث حضرت ابن عیینہ: ایوب بن موسیٰ کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں، براہِ راست امام زہری سے روایت نہیں کرتے، نسائی شریف میں اس کی سند اس طرح ہے: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوْبَ بْنِ مُوْسَى عَنِ الزُّهْرِيِّ إلخ: (حدیث ۴۸۹۵) اور اس طرح کتاب سے روایت کرنا 'وجادہ' کہلاتا ہے جو جائز ہے۔

فائدہ: نبی ﷺ نے تقریر میں صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نام اس لئے لیا ہے کہ چوری کرنے والی عورت کا نام فاطمہ تھا۔

[۱۸-] بَابُ ذِكْرِ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ

[۳۷۳۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّهُمْ شَأْنُ الْمَرْأَةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ، فَقَالُوْا: مَنْ يَجْتَرِئُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟ [راجع: ۲٦٤٨]

[۳۷۳۳-] حدثنا عَلِيٌّ، ثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: ذَهَبْتُ أَسْأَلُ الزُّهْرِيَّ عَنْ حَدِيْثِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ، فَصَاحَ بِيْ، قُلْتُ لِسُفْيَانَ: فَلَمْ تَحْمِلْهُ عَنْ أَحَدٍ؟ قَالَ: وَجَدْتُهُ فِيْ كِتَابٍ كَانَ كَتَبَهُ أَيُّوْبُ بْنُ مُوْسَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ بَنِيْ مَخْزُوْمٍ سَرَقَتْ، فَقَالُوْا: مَنْ يُكَلِّمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْهَا

فَلَمْ يَجْتَرِئْ أَحَدٌ أَنْ يُكَلِّمَهُ، فَكَلَّمَهُ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، فَقَالَ: "إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَانَ إِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ، وَإِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الضَّعِيفُ قَطَعُوهُ، لَوْ كَانَتْ فَاطِمَةُ لَقَطَعْتُ يَدَهَا"[راجع: ٢٦٤٨]

۲- زید اور ام ایمن رضی اللہ عنہما کی اولاد سے نبی ﷺ محبت کرتے تھے

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے مسجد میں ایک آدمی کو دیکھا جو اپنا کپڑا گھسیٹ رہا تھا، آپؓ نے عبداللہ بن دینار سے کہا: دیکھو یہ کون ہے؟ کاش یہ میرے پاس ہوتا (تو میں اس کو سمجھاتا) پس ان سے ایک آدمی نے کہا: آپ اس کو نہیں جانتے؟ یہ اسامہ رضی اللہ عنہ کا لڑکا محمد ہے، پس ابن عمرؓ نے اپنا سر جھکا لیا اور اپنے دونوں ہاتھوں سے زمین کو کریدنے لگے، پھر فرمایا: اگر اس کو نبی ﷺ دیکھتے تو ضرور اس سے محبت کرتے۔

تشریح: نبی ﷺ کو حضرت زید بن حارثہؓ اور ان کی اہلیہ ام ایمنؓ اور ان دونوں کی اولاد سے محبت تھی، پس اگر آپؐ اس پوتے کو دیکھتے تو اس سے بھی محبت کرتے۔

[٣٧٣٤-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا أَبُوْ عَبَّادٍ يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ، ثَنَا الْمَاجِشُوْنُ، أَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: نَظَرَ ابْنُ عُمَرَ يَوْمًا وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ، إِلَى رَجُلٍ يَسْحَبُ ثِيَابَهُ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: انْظُرْ مَنْ هٰذَا؟ لَيْتَ هٰذَا عِنْدِيْ! فَقَالَ لَهُ إِنْسَانٌ: أَمَا تَعْرِفُ هٰذَا يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ هٰذَا مُحَمَّدُ بْنُ أُسَامَةَ، قَالَ: فَطَأْطَأَ ابْنُ عُمَرَ رَأْسَهُ، وَنَقَرَ بِيَدَيْهِ فِي الْأَرْضِ، ثُمَّ قَالَ: لَوْ رَآهُ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لَأَحَبَّهُ.

۳- اسامہ اور حسن رضی اللہ عنہما سے نبی ﷺ محبت کرتے تھے

حضرت اسامہؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ ان کو اور حضرت حسنؓ کو لیتے تھے اور دعا فرماتے تھے: اے اللہ! ان دونوں سے محبت فرما اس لئے کہ میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں۔

[٣٧٣٥-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، سَمِعْتُ أَبِيْ، ثَنَا أَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، حَدَّثَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ كَانَ يَأْخُذُهُ وَالْحَسَنَ فَيَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ أَحِبَّهُمَا فَإِنِّيْ أُحِبُّهُمَا" [انظر: ٣٨٤٧، ٦٠٠٣]

۴- نبی ﷺ ام ایمن رضی اللہ عنہا کی اولاد سے محبت کرتے تھے

حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے پہلے ایک انصاری سے ہوا تھا، اس سے ایمن نامی لڑکا تھا، یہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کا ماں شریک بھائی ہے، پھر ان کا لڑکا حجاج ہے، ابن عمر رضی اللہ عنہما نے دیکھا کہ وہ رکوع، سجدے ڈھنگ سے نہیں کر رہا تو اس سے کہا: نماز دوبارہ پڑھ، پھر جب وہ پیٹھ پھیر کر گیا تو ابن عمرؓ نے حرملہ مولی

اسامہ سے پوچھا: یہ کون ہے؟ انھوں نے کہا: ام ایمن کے لڑکے ایمن کا بیٹا حجاج ہے، ابن عمرؓ نے فرمایا: اگر نبی ﷺ اس کو دیکھتے تو ضرور اس سے محبت کرتے، پھر ابن عمرؓ نے ذکر کیا کہ نبی ﷺ کو حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا کی اولاد سے محبت تھی، امام بخاری رحمہ اللہ نے آخر میں اضافہ کیا ہے کہ ام ایمنؓ نبی ﷺ کی کھلائی تھیں، یعنی والدہ کی وفات کے بعد نبی ﷺ کی ام ایمنؓ نے پرورش کی تھی۔

[۳۷۳۶-] وَقَالَ نُعَيْمٌ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ مَوْلًى لِأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ أَيْمَنَ بْنِ أُمِّ أَيْمَنَ، وَكَانَ أَيْمَنُ أَخَا أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ لِأُمِّهِ، وَهُوَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَرَآهُ ابْنُ عُمَرَ لَمْ يُتِمَّ رُكُوْعَهُ وَلاَ سُجُوْدَهُ، فَقَالَ: أَعِدْ. [انظر: ۳۷۳۷]

[۳۷۳۷-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَحَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ نَمِرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ثَنِيْ حَرْمَلَةُ مَوْلٰى أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِذْ دَخَلَ الْحَجَّاجُ بْنُ أَيْمَنَ فَلَمْ يُتِمَّ رُكُوْعَهُ وَلاَ سُجُوْدَهُ، فَقَالَ: أَعِدْ، فَلَمَّا وَلّٰى، قَالَ لِيْ ابْنُ عُمَرَ: مَنْ هٰذَا؟ قُلْتُ: الْحَجَّاجُ بْنُ أَيْمَنَ بْنِ أُمِّ أَيْمَنَ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَوْ رَأَى هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَأَحَبَّهُ، فَذَكَرَ حُبَّهُ وَمَا وَلَدَتْهُ أُمُّ أَيْمَنَ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَزَادَنِيْ بَعْضُ أَصْحَابِيْ عَنْ سُلَيْمَانَ: وَكَانَتْ حَاضِنَةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۷۳۶]

بَابُ مَنَاقِبِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے فضائل

حضرت ابوعبدالرحمٰن: عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما: جلیل القدر صحابی ہیں، ولادت: ہجرت سے دس سال پہلے مکہ میں، وفات: ۷۳ہجری میں مکہ میں، مدتِ عمر: تراسی سال، اپنے والد صاحب کے ساتھ مسلمان ہوئے اور انہی کے ساتھ ہجرت کی، غزوۂ خندق سے جہاد میں شرکت کی، نبی ﷺ سے بڑا علم حاصل کیا، ساٹھ سال تک فتوی دیا اور جب وفات پائی تو فضل وکمال میں اپنے والد صاحب کے مرتبہ تک پہنچ چکے تھے۔

عبداللہؓ نیک آدمی ہیں کاش وہ تہجد پڑھتے!

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں جب کوئی خواب دیکھتا تو فجر کی نماز کے بعد اس کو آپؐ سے بیان کرتا اور آپؐ اس کی تعبیر دیتے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما تمنا کیا کرتے تھے کہ کاش وہ بھی کوئی خواب دیکھتے اور نبی ﷺ سے بیان کرتے، وہ کہتے ہیں: میں نوجوان غیر شادی شدہ تھا، اور نبی ﷺ کے زمانہ میں مسجد میں سویا کرتا

تھا، انھوں نے خواب دیکھا کہ دوفرشتے ان کو لے کر ایک کنویں پر گئے، جس پر مینڈ بنی ہوئی تھی، اور اس کنویں پر دولکڑیاں بھی گڑی ہوئی تھیں، جیسی کنویں پر گڑی ہوئی ہوتی ہیں، اس کنویں کے اندر آگ جل رہی تھی، اور اس میں بہت سے مرد اور عورتیں جل رہے تھے، ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اندر جھانک کر دیکھا تو بہت سوں کو پہچانا، پس انھوں نے کہنا شروع کیا: میں آگ سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں! میں آگ سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں! پس اچانک ایک دوسرا فرشتہ آیا اور اس نے کہا: ڈرو نہیں! اور ان دو سے کہا: ان کو چھوڑ دو، ابن عمرؓ کی آنکھ کھل گئی، خواب ڈراؤنا تھا اس لئے خود نبی ﷺ سے بیان کرنے کی ہمت نہ ہوئی، انھوں نے اپنی بہن ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے بیان کیا اور کہا کہ وہ حضور ﷺ سے بیان کریں اور تعبیر معلوم کریں، حضور اقدس ﷺ نے خواب سنکر فرمایا: عبداللہؓ اچھا آدمی ہے کاش وہ تہجد پڑھتا، چنانچہ ابن عمرؓ اس کے بعد رات کا بہت تھوڑا حصہ سوتے تھے اور رات کا اکثر حصہ تہجد اور نفلوں میں گذارتے تھے، اور دوسری روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے حفصہ رضی اللہ عنہا سے کہا: عبداللہؓ نیک آدمی ہیں (تحفہ ۲:۲۸۳ و۳:۴۴۷)

[۱۹-] بَابُ مَنَاقِبِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

[۳۷۳۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ فِيْ حَيَاةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَأَى رُؤْيَا قَصَّهَا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَكُنْتُ غُلَامًا شَابًّا أَعْزَبَ، وَكُنْتُ أَنَامُ فِي الْمَسْجِدِ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَرَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ مَلَكَيْنِ أَخَذَانِيْ فَذَهَبَا بِيْ إِلَى النَّارِ، فَإِذَا هِيَ مَطْوِيَّةٌ كَطَيِّ الْبِئْرِ، وَإِذَا لَهَا قَرْنَانِ كَقَرْنَيِ الْبِئْرِ، وَإِذَا فِيْهَا نَاسٌ قَدْ عَرَفْتُهُمْ، فَجَعَلْتُ أَقُوْلُ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ! أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ! فَلَقِيَهُمَا مَلَكٌ آخَرُ، فَقَالَ لِيْ: لَنْ تُرَعْ. فَقَصَصْتُهَا عَلَى حَفْصَةَ.[راجع: ۴۴۰]

[۳۷۳۹-] فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ" قَالَ سَالِمٌ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ لَايَنَامُ مِنَ اللَّيْلِ إِلَّا قَلِيْلًا.[راجع: ۱۱۲۲]

[۳۷۴۰و۳۷۴۱-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ أُخْتِهِ حَفْصَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهَا:" إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ"

[راجع: ۴۴۰، ۱۱۲۲]

بَابُ مَنَاقِبِ عَمَّارٍ وَحُذَيْفَةَ

عمار وحذیفہ رضی اللہ عنہما کے فضائل

۱- ابوالیقظان عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما: قحطانی ہیں، مکہ میں بنومخزوم سے دوستی کا تعلق قائم کیا، وہ اور ان کے والدین

سابقین اولین (شروع میں اسلام لانے والوں) میں سے ہیں، والدہ ماجدہ: سمیہ رضی اللہ عنہا (اسلام میں پہلی شہید خاتون ہیں، ابوجہل نے ان کو قتل کیا تھا) ولادت: ستاون سال قبل ہجرت، شہادت: ۳۷ ہجری (جنگِ صفین میں) مدتِ عمر: ترانوے سال، لقب: الطَّیِّبُ الْمُطَیَّبُ، والد ماجد: حضرت یاسر رضی اللہ عنہ بھی قدیم الاسلام ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو کوفہ کا گورنر مقرر کیا تھا اور کوفہ والوں کو لکھا تھا: إِنَّهُ مِنَ النُّجَبَاءِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم: یہ چنیدہ صحابی ہیں!

۲- ابوعبداللہ حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ عنہ کا لقب: صاحب السِّر: (رسول اللہ ﷺ کے بھیدی) ہے، والد کا نام: حِسْل یا حُسَیْل، لقب: الیمان (غزوۂ احد میں غلط فہمی سے مسلمانوں کے ہاتھوں شہید ہوئے) وطن: یمن، قبیلہ کی طرف نسبت: عبسی، مدینہ میں انصار کے قبیلہ عبدالاشہل کے حلیف، وفات: ۳۶ ہجری (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے چالیس دن بعد) بڑے بہادر، فاتح اور مدائن کے گورنر رہے، نبی ﷺ نے ان کو مدینہ کے منافقین کے نام بتائے تھے، فتن کی احادیث کے بڑے عالم تھے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جمع قرآن آپ ہی کے توجہ دلانے پر کیا تھا۔

حدیث: علقمہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں پڑھنے کے لئے ملک شام گیا، میں نے وہاں کی مسجد میں تحیۃ المسجد پڑھی، پھر دعا کی: اے اللہ! میرے لئے کوئی اچھا استاذ میسر فرما، پھر میں کچھ لوگوں کے پاس پہنچا، جو مسجد میں بیٹھے تھے، میں بھی ان کے ساتھ بیٹھ گیا، اچانک ایک حضرت آئے اور میرے پہلو میں بیٹھ گئے، میں نے لوگوں سے پوچھا: یہ کون ہیں؟ لوگوں نے بتایا: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ ہیں، میں نے ان سے عرض کیا: میں نے اللہ سے دعا کی تھی کہ اللہ تعالیٰ مجھے کوئی نیک ہم نشیں عطا فرمائے، اللہ نے آپؓ کو میرے لئے میسر فرمایا، انھوں نے پوچھا: کہاں سے آئے ہو؟ میں نے کہا: کوفہ سے، انھوں نے فرمایا: کیا تمہارے یہاں چپلوں والے اور لوٹے اور گدے والے ابن ام عبد (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) نہیں ہیں؟ اور کیا تمہارے یہاں حضرت عمار رضی اللہ عنہ نہیں ہیں، جن کو اللہ نے شیطان سے محفوظ رکھا ہے، اور اس کی خبر نبی ﷺ نے دی ہے، اور کیا تمہارے یہاں نبی ﷺ کے راز دار صحابی (حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ) نہیں ہیں، اس راز کو ان کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، یعنی ان حضرات کو چھوڑ کر یہاں کیوں آئے ہو؟؟ پھر انھوں نے پوچھا: ابن مسعودؓ ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى﴾ کس طرح پڑھتے ہیں؟ میں نے پڑھ کر سنایا: ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى، وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى، وَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰى﴾: حضرت ابوالدرداءؓ نے کہا: بخدا! نبی ﷺ نے مجھے یہ آیتیں رو در رو اسی طرح پڑھائی ہیں۔

اور دوسری حدیث کے آخر میں ہے: برابر لوگ لگے رہتے ہیں میرے ساتھ یہاں تک کہ قریب ہیں کہ وہ پھسلا دیں مجھے ایک چیز سے جس کو میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے، یعنی لوگ چاہتے ہیں کہ میں ﴿وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰى﴾: پڑھوں جبکہ میں نے اس آیت میں وما خلق حضور ﷺ سے نہیں سنا۔

تشریح: طبقات ابن سعد میں روایت ہے: حضرت عمار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک سفر میں ایک جگہ ٹھہرے، میں

نے اپنا مشکیزہ اور اپنا ڈول لیا، تاکہ میں اس سے پانی نکالوں، نبی ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس وہ شخص آئے گا جو تم کو پانی سے روکے گا، پس جب میں پانی کے چشمہ پر پہنچا تو ایک طاقت ور کالا شخص موجود تھا، میں نے اس کو پچھاڑ دیا، نبی ﷺ نے فرمایا: وہ شیطان تھا (فتح) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے غالباً اس واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے، اور آیت میں ﴿وَمَا خَلَقَ﴾ کے اضافہ پر کلام کتاب التفسیر (حدیث ۴۹۴۴) میں آئے گا۔

ملحوظہ: اس حدیث میں اگرچہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا بھی ذکر ہے، مگر ان کی فضیلت کا باب علاحدہ آرہا ہے، ان کی فضیلت میں امام صاحب رحمہ اللہ کے پاس روایتیں ہیں، اور حضرات عمار وحذیفہ رضی اللہ عنہما کے لئے الگ الگ باب نہیں رکھے، دونوں کو ایک باب میں جمع کیا ہے، کیونکہ دونوں کے لئے علاحدہ علاحدہ روایتیں نہیں ہیں، اور آگے جو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے لئے علاحدہ باب آرہا ہے، وہاں مقصود ان کے والد یمان رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کرنا ہے۔

[۲۰-] بَابُ مَنَاقِبِ عَمَّارٍ وَحُذَيْفَةَ

[۳۷۴۲-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَدِمْتُ الشَّامَ فَصَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قُلْتُ: اللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِيْ جَلِيْسًا صَالِحًا. فَأَتَيْتُ قَوْمًا فَجَلَسْتُ إِلَيْهِمْ، فَإِذَا شَيْخٌ قَدْ جَاءَ، حَتَّى جَلَسَ إِلَى جَنْبِيْ، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: أَبُو الدَّرْدَاءِ، فَقُلْتُ: إِنِّيْ دَعَوْتُ اللّٰهَ أَنْ يُيَسِّرَ لِيْ جَلِيْسًا صَالِحًا فَيَسَّرَكَ لِيْ، قَالَ: مِمَّنْ أَنْتَ؟ قُلْتُ: مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ، قَالَ: أَوَلَيْسَ عِنْدَكُمُ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ صَاحِبُ النَّعْلَيْنِ وَالْوِسَادَةِ وَالْمِطْهَرَةِ؟ أَوَلَيْسَ فِيْكُمُ الَّذِيْ أَجَارَهُ اللّٰهُ مِنَ الشَّيْطَانِ يَعْنِيْ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم؟ أَوَلَيْسَ فِيْكُمْ صَاحِبُ سِرِّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الَّذِيْ لَا يَعْلَمُ أَحَدٌ غَيْرُهُ؟ ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ يَقْرَأُ عَبْدُ اللّٰهِ ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى﴾ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى﴾ قَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ أَقْرَأَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ فِيْهِ إِلٰى فِيَّ. [راجع: ۳۲۸۷]

[۳۷۴۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: ذَهَبَ عَلْقَمَةُ إِلَى الشَّامِ، فَلَمَّا دَخَلَ الْمَسْجِدَ قَالَ: اللّٰهُمَّ يَسِّرْلِيْ جَلِيْسًا صَالِحًا، فَجَلَسَ إِلٰى أَبِي الدَّرْدَاءِ فَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ: مِمَّنْ أَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ، قَالَ: أَلَيْسَ فِيْكُمْ أَوْ: مِنْكُمُ الَّذِيْ أَجَارَهُ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم يَعْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ يَعْنِيْ عَمَّارًا، قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: أَوَلَيْسَ فِيْكُمْ أَوْ: مِنْكُمْ صَاحِبُ السِّوَاكِ، أَوِ الْوِسَادِ؟ قَالَ: بَلٰى، قَالَ: كَيْفَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْرَأُ ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى﴾ قُلْتُ: ﴿وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى﴾ قَالَ: مَازَالَ بِيْ هٰؤُلَآءِ حَتّٰى كَادُوْا يَسْتَنْزِلُوْنِيْ عَنْ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۲۸۷]

بَابُ مَنَاقِبِ أَبِیْ عُبَیْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے فضائل

نام نامی: عامر، کنیت: ابوعبیدہ، لقب: امین الامہ، باپ کا نام: عبداللہ بن الجراح بن ہلال، قبیلہ: قرشی، فہری، ولادت: ۴۰ سال قبل ہجرت، وفات: طاعون عمواس میں: ۱۸ ہجری میں، من جملۂ عشرۂ مبشرہ، فاتح شام، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپؓ کو حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کی جگہ اسلامی افواج کا سپہ سالار اعظم مقرر کیا تھا۔

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ اس امت کے امین ہیں

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِیْنًا، وَإِنَّ أَمِیْنَنَا أَیَّتُهَا الْأُمَّةُ أَبُوْ عُبَیْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ: ہر امت میں کوئی دیانت دار ہوتا ہے اور ہمارے دیانت دار اے امت محمدیہ! ابوعبیدہ بن الجراح ہیں۔

حدیث (۲): نجران کے نصاری کے وفد میں عاقب اور سید نبی ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا: آپؐ ہمارے ساتھ اپنے دیانت دار آدمی کو بھیجیں، آپؐ نے فرمایا: میں ابھی تمہارے ساتھ دیانت دار آدمی کو بھیجوں گا، جو واقعی دیانت دار ہے! پس لوگ اس کے لئے اونچے ہوئے (تاکہ ان پر نبی ﷺ کی نظر پڑے اور آپؐ ان کا انتخاب فرمائیں) پس آپؐ نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔

[۲۱-] بَابُ مَنَاقِبِ أَبِیْ عُبَیْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ

[۳۷۴٤-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ، ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰی، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، ثَنِیْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِیْنًا، وَإِنَّ أَمِیْنَنَا أَیَّتُهَا الْأُمَّةُ أَبُوْ عُبَیْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ"

[انظر: ٤٣٨٢، ٧٢٥٥]

[۳۷٤٥-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ، عَنْ حُذَیْفَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم لِأَهْلِ نَجْرَانَ: " لَأَبْعَثَنَّ حَقَّ أَمِیْنٍ" فَأَشْرَفَ أَصْحَابُهُ فَبَعَثَ أَبَا عُبَیْدَةَ.

[انظر: ٤٣٨٠، ٤٣٨١، ٧٢٥٤]

مَنَاقِبُ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ

حسن وحسین رضی اللہ عنہما کے فضائل

حسنین رضی اللہ عنہما کے اکثر فضائل مشترک ہیں: اس لئے دونوں کے لئے ایک باب قائم کیا ہے، دونوں سبط رسول اللہ

ﷺ ہیں (سبط: نواسہ) دونوں حضرات: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں، حضرت حسن رضی اللہ عنہ بڑے ہیں اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ چھوٹے، اور دونوں کی والدہ حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا ہیں، اور انہی دونوں حضرات کی اولاد: نبی ﷺ کی اولاد کہلاتی ہے۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ: کنیت: ابومحمد، ولادت: ۳ ہجری (مدینہ میں) وفات: ۵۰ ہجری (مدینہ میں) پانچویں خلیفہ راشد، مدت خلافت: ۶ ماہ ۵ دن، ۴۱ ہجری میں خلافت: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حوالے کی، چونکہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد خلافت آپؓ کی طرف منتقل ہونی تھی، اس لئے آپؓ کی اہلیہ اسماء بنت الاشعث بن قیس کے ذریعہ زہر دلوایا گیا، آپؓ کے گیارہ لڑکے اور ایک لڑکی تھی، آپؓ کی اولاد کی نسبت 'حسنی' ہے۔

حضرت حسین رضی اللہ عنہ: شہید کربلا، کنیت: ابوعبداللہ، ولادت: ۴ ہجری (مدینہ میں) شہادت: ۶۱ ہجری (کربلا میں) قبر معلوم نہیں، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد جب یزید خلیفہ بنا تو آپؓ نے بیعت نہیں کی، کوفہ والوں نے آپؓ کو دعوت دی، آپؓ اپنے خاندان کے اسّی افراد کے ساتھ کوفہ روانہ ہوئے، یزید نے لشکر روانہ کیا، کربلا میں (عراق میں کوفہ کے قریب) مقابلہ ہوا، اور آپؓ کو شہید کر دیا گیا، آپؓ کی اولاد کی نسبت 'حسینی' ہے۔

۱- نبی ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے معانقہ فرمایا

پہلے حدیث (نمبر ۲۱۲۲) گذری ہے کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ گھر میں سے دوڑتے ہوئے نکلے، آپؐ نے ان کو گلے لگایا اور ان کو چوما اور فرمایا: اے اللہ! اس سے محبت فرما، اور جو اس سے محبت کرے اس سے بھی محبت فرما۔

۲- اللہ تعالیٰ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے ذریعہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں مصالحت کرائیں گے

ایک دن نبی ﷺ منبر سے صحابہ سے خطاب فرما رہے تھے، حضرت حسن رضی اللہ عنہ آپؐ کے پہلو میں تھے، آپؐ کبھی لوگوں کی طرف دیکھتے اور کبھی ان کی طرف، پس فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہے، ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں مصالحت کرائیں۔

تشریح: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ چنے گئے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بیعت نہیں کی، آپؓ لشکر جرار لے کر ان کو رام کرنے کے لئے روانہ ہوئے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بھی ویسا ہی لشکر لے کر مقابلہ کے لئے آئے جب حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے دونوں طرف دو بڑے لشکر دیکھے تو انھوں نے مصلحت یہ سمجھی کہ خلافت سے دستبردار ہوجائیں تاکہ مسلمانوں کا خون نہ بہے، چنانچہ چھ ماہ کے بعد آپؓ حضرت معاویہؓ کے حق میں خلافت سے دستبردار ہوگئے، اور نبی ﷺ کی پیشین گوئی پوری ہوئی۔

۳- نبی ﷺ حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے محبت فرماتے تھے

ابھی روایت گذری ہے، حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ ان کو اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو لیتے تھے اور دعا کرتے تھے: اے اللہ! میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں، پس آپ بھی ان دونوں سے محبت کریں۔

۴- حضرت حسین رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے ہم شکل تھے

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں عبید اللہ بن زیاد کے پاس تھا، اس کے پاس حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر لایا گیا (عبید اللہ بن زیاد بن ابی سفیان: یزید کی طرف سے کوفہ کا گورنر تھا، حضرت حسین رضی اللہ عنہ اس کی امارت کے زمانہ میں شہید کئے گئے، چنانچہ کربلا سے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر اس کے پاس لایا گیا) وہ ایک تھال میں رکھا گیا، پس اس نے کریدنا شروع کیا اور اس نے آپؓ کی خوبصورتی پر اعتراض کیا (اس نے کہا: لوگ ان کی خوبصورتی کا چرچا کیوں کرتے ہیں؟ یہ تو کچھ بھی خوبصورت نہیں!) حضرت انسؓ نے کہا: وہ خاندانِ نبوت میں سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کے ہم شکل تھے (پس کیا تیرے نزدیک رسول اللہ ﷺ بھی خوبصورت نہیں تھے؟ ان کی خوبصورتی میں بھی تجھے کوئی شبہ ہے؟) اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے وَسْمہ (نیل کے پودے) کا خضاب کر رکھا تھا (وسمہ اور مہندی کے پتے ملا کر پیسے جائیں تو سیاہی مائل خضاب ہوتا ہے بالکل سیاہ نہیں ہوتا)

فائدہ: ترمذی میں حدیث (نمبر ۳۷۸۱) ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حسن رضی اللہ عنہ سینہ اور سر کے درمیان یعنی جسم کے بالائی حصہ میں رسول اللہ ﷺ کے مشابہ تھے اور حسین رضی اللہ عنہ اس جسم میں جو سینہ سے نیچے ہے رسول اللہ ﷺ کے مشابہ تھے۔

۵- نبی ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو کندھے پر بٹھایا

حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا درانحالیکہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ آپؐ کے کندھے پر تھے، آپؐ فرما رہے تھے: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں، آپ بھی اس سے محبت فرمائیں۔

۶- حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی نبی ﷺ سے مشابہت

ابھی حدیث گذری ہے: حضرت ابوبکر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما چل رہے تھے، اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ راستہ میں کھیل رہے تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو اٹھا لیا اور کہا: میرا باپ اس پر قربان! نبی ﷺ کے ہم شکل ہے، علیؓ کے ہم شکل نہیں، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ مسکراتے رہے۔

۷- خاندانِ نبوت کی حفاظت کرو

ابھی حدیث گذری ہے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے کہا: أُرْقُبُوْا مُحَمَّدًا فِيْ أَهْلِ بَيْتِهِ: نبی ﷺ کی حفاظت کرو، ان کے خاندان میں، یعنی ان کے خاندان کا احترام کرو، ان کے ساتھ حسن سلوک کرو۔

۸- حسن وحسین رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کے پھول تھے

ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مسئلہ پوچھا کہ اگر کوئی حالت احرام میں مکھی مارے تو کیا حکم ہے؟ (سائل عراق کا تھا) ابن عمرؓ نے فرمایا: عراق والے مکھی مارنے کا مسئلہ پوچھتے ہیں حالانکہ انھوں نے نبی ﷺ کے نواسہ کو قتل کیا (اس کا مسئلہ نہیں پوچھتے) جبکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ حسنؓ وحسینؓ دنیا میں میرے دو پھول ہیں!

[۲۲-] مَنَاقِبُ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

وَقَالَ نَافِعُ بْنُ جُبَيْرٍ: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: عَانَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْحَسَنَ.

[۳۷٤٦-] حدثنا صَدَقَةُ، أَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، ثَنَا أَبُوْ مُوْسَى، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا بَكْرَةَ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمِنْبَرِ، وَالْحَسَنُ إِلَى جَنْبِهِ، يَنْظُرُ إِلَى النَّاسِ مَرَّةً وَإِلَيْهِ مَرَّةً، وَيَقُوْلُ: "ابْنِيْ هٰذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ" [راجع: ۲۷۰٤]

[۳۷٤۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا مُعْتَمِرٌ، سَمِعْتُ أَبِيْ، ثَنَا أَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ يَأْخُذُهُ وَالْحَسَنَ وَيَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُحِبُّهُمَا فَأَحِبَّهُمَا" أَوْ كَمَا قَالَ. [راجع: ۳۷۳۵]

[۳۷٤۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أُتِيَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ بِرَأْسِ الْحُسَيْنِ، فَجُعِلَ فِيْ طَسْتٍ، فَجَعَلَ يَنْكُتُ، وَقَالَ فِيْ حُسْنِهِ شَيْئًا، فَقَالَ أَنَسٌ: كَانَ أَشْبَهَهُمْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَكَانَ مَخْضُوْبًا بِالْوَسْمَةِ.

[۳۷٤۹-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ عَدِيٌّ، سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى عَاتِقِهِ يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ"

[۳۷۵۰-] حدثنا عَبْدَانُ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ، وَحَمَلَ الْحَسَنَ وَهُوَ يَقُوْلُ: بِأَبِيْ! شَبِيْهٌ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لَيْسَ شَبِيْهٌ بِعَلِيٍّ، وَعَلِيٌّ يَضْحَكُ. [راجع: ۳۵٤۲]

[۳۷۵۱-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مَعِينٍ، وَصَدَقَةُ، قَالَا: أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: ارْقُبُوْا مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم فِيْ أَهْلِ بَيْتِهِ.
[راجع: ۳۷۱۳]

[۳۷۵۲-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، أَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ أَشْبَهَ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ. وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ أَنَسٌ.

[۳۷۵۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ يَعْقُوْبَ، سَمِعْتُ ابْنَ أَبِيْ نُعْمٍ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ، وَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَنِ الْمُحْرِمِ: قَالَ شُعْبَةُ: أَحْسِبُهُ يَقْتُلُ الذُّبَابَ؟ فَقَالَ: أَهْلُ الْعِراقِ يَسْأَلُوْنَ عَنْ قَتْلِ الذُّبَابِ، وَقَدْ قَتَلُوْا ابْنَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم! وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هُمَا رَيْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْيا"[انظر: ۵۹۹۴]

بَابُ مَنَاقِبِ بَلَالِ بْنِ رَبَاحٍ مَوْلٰى أَبِيْ بَكْرٍ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے فضائل

اسم گرامی: بلال، والد کا نام رباح، نسبت: الحَبَشِيْ (حبشہ کے رہنے والے) کنیت: ابوعبداللہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن اور آپؐ کے بیت المال کے ذمہ دار، رنگ: گہرا گندمی، بدن: نحیف، قد: دراز، رخسار: ہلکے، بال: گھنے، سات سابقین اولین میں سے ایک، اسلام کی وجہ سے سخت تکلیفیں دیئے گئے، لوہے کی زرہ پہنا کر دھوپ میں لٹائے جاتے، اور گلے میں رسّی ڈال کر بچوں کے ہاتھ میں دیدی جاتی، وہ مکہ کے دو پہاڑوں کے درمیان ان کو گھسیٹتے اور آپؓ أَحد أَحد پکارتے، یعنی ایک اللہ! ایک اللہ! جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے خرید کر آزاد کیا تب آزمائش سے نجات ملی، بدر اور اس کے بعد کی تمام جنگوں میں شریک رہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جہاد کے لئے شام کی طرف نکل گئے، اور ۲۰ ہجری میں دمشق میں وفات پائی۔

پہلے (حدیث ۱۱۴۹) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد آیا ہے کہ میں نے جنت میں تمہارے چپلوں کی چاپ اپنے آگے سنی ہے (تحفہ ۳: ۴۶۷) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ ہمارے آقا ہیں اور انھوں نے ہمارے آقا کو آزاد کیا یعنی حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو، جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو خریدا تو حضرت بلالؓ نے ان سے کہا: اگر آپؓ نے مجھے اپنی ذات کے لئے خریدا ہے تو مجھے غلامی میں رکھیں، اور اگر آپؓ نے مجھے اللہ کے لئے خریدا ہے تو مجھے اللہ کے کام کے لئے چھوڑ دیں، یعنی آزاد کر دیں تا کہ میں بے فکری سے اللہ کی عبادت کروں، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو آزاد کر دیا۔

[۲۳-] بَابُ مَنَاقِبِ بِلَالِ بْنِ رَبَاحٍ مَوْلٰى أَبِیْ بَکْرٍ

وَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " سَمِعْتُ دَفَّ نَعْلَیْكَ بَیْنَ یَدَیَّ فِی الْجَنَّةِ"

[۳۷۵۴-] حدثنا أَبُوْ نُعَیْمٍ، ثَنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ، أَنا جابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: کَانَ عُمَرُ یَقُوْلُ: أَبُوْ بَکْرٍ سَیِّدُنَا، وَأَعْتَقَ سَیِّدَنَا، یَعْنِیْ بِلَالًا.

[۳۷۵۵-] حدثنا ابْنُ نُمَیْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَیْدٍ، ثَنَا إِسْمَاعِیْلُ، عَنْ قَیْسٍ: أَنَّ بِلَالًا قَالَ لِأَبِیْ بَکْرٍ: إِنْ کُنْتَ إِنَّمَا اشْتَرَیْتَنِیْ لِنَفْسِكَ فَأَمْسِکْنِیْ، وَإِنْ کُنْتَ إِنَّمَا اشْتَرَیْتَنِیْ لِلّٰهِ فَدَعْنِیْ وَعَمَلَ اللّٰهِ.

قوله: وَعَمَلَ اللّٰهِ: مفعول معہ ہے۔

بَابُ مَنَاقِبِ ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے فضائل

حضرت عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب قرشی، ہاشمی رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں، کنیت: ابوالعباس اور ابن عباس، خلفائے عباسیہ کے جدامجد، ولادت: مکہ میں ہجرت سے تین سال پہلے، وفات: طائف میں ۶۸ ہجری میں، لقب: ترجمان القرآن اور حبر الامۃ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اکابر صحابہ کے مرتبہ میں آپ کو رکھتے تھے۔

حدیث: ابن عباسؓ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے سینہ سے لگایا اور فرمایا: اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِکْمَةَ: اے اللہ! اس کو حکمت سکھا! یہ مسدد کی روایت ہے، اور ابو معمر کی روایت میں اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْکِتَابَ ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حکمت کے معنی ہیں: غیر نبی کا درست بات کو پالینا۔

فائدہ: حکمت وسیع المعنی لفظ ہے آیتِ کریمہ: ﴿یُعَلِّمُهُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَةَ﴾: میں حکمت کے جو معنی ہیں وہی یہاں ہیں، تعلیم قرآن کا نہائی مرتبہ حکمت ہے، جو سنت کو بھی شامل ہے، نیز احکام میں محکوم بہ اور محکوم علیہ کے درمیان جو نسبت ہوتی ہے وہ بھی حکمت ہے، اور یہ مرتبہ غایت الغایات ہے۔

[۲۴-] بَابُ مَنَاقِبِ ابْنِ عَبَّاسٍ

[۳۷۵۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ضَمَّنِیْ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلٰی صَدْرِهِ، وَقَالَ: " اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِکْمَةَ" حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، وَقَالَ: " اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْکِتَابَ" ثَنَا مُوْسَی، ثَنَا وُهَیْبٌ، عَنْ خَالِدٍ مِثْلَهُ. [راجع: ۷۵]

قَالَ الْبُخَارِیُّ: وَالْحِکْمَةُ: الإِصَابَةُ فِیْ غَیْرِ النُّبُوَّةِ.

بَابُ مَنَاقِبِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ

حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کے فضائل

حضرت خالد بن ولید قرشی مخزومی رضی اللہ عنہ ہُدنہ کے زمانہ میں ۷ ہجری میں مسلمان ہوئے، جاہلیت میں گھوڑ سواروں کی کمان آپؓ کے ہاتھ میں رہتی تھی، نبی ﷺ نے بھی آپؓ کو سواروں کے دستہ کا امیر مقرر کیا، خلافتِ صدیقی میں آپؓ نے مسیلمہ کذاب اور مرتدین سے لوہا لیا۔ ۱۲ ہجری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپؓ کو عراق کی طرف پیش قدمی کا حکم دیا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فوج کی کمان ان سے لے کر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو افواج اسلامی کا سپہ سالار اعظم مقرر کیا، اس وقت حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے عزم واستقلال میں ذرہ برابر فرق نہیں آیا، وہ برابر حضرت ابوعبیدۃ کے جھنڈے تلے لڑتے رہے، شام فتح ہوجانے کے بعد ۱۴ ہجری میں مدینہ لوٹے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو والی مقرر کرنا چاہا مگر انھوں نے انکار کیا، حمص یا مدینہ میں وفات پائی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپؓ کی شان میں فرمایا ہے کہ عورتیں خالدؓ جیسا جننے سے عاجز ہیں! وَكَانَ مُظَفَّرًا خَطِيْبًا فَصِيْحًا يُشْبِهُ عَمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فِيْ خُلُقِهِ وَصِفَتِهِ: ظفر مندی آپؓ کے قدم چومتی تھی، بڑے فصیح ومقرر تھے، اخلاق واحوال میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مشابہ تھے۔

حضرت خالد رضی اللہ عنہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار!

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرات زید، جعفر اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم کی موت کی خبر وحی کے ذریعہ لوگوں کو سنائی اس سے پہلے کہ لوگوں کے پاس ان کی خبریں آئیں، چنانچہ فرمایا: جھنڈا زیدؓ نے لیا، پس وہ شہید ہوگئے، پھر جعفرؓ نے لیا وہ بھی شہید ہوگئے، پھر ابن رواحہؓ نے لیا وہ بھی شہید ہوگئے، اور آپؐ کی دونوں آنکھیں اشکبار تھیں، یہاں تک کہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار نے جھنڈا لیا یعنی حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ نے، اور اللہ نے مسلمانوں کو فتح نصیب فرمائی۔

[۲۵-] بَابُ مَنَاقِبِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ

[۳۷۵۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ وَاقِدٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَعَى زَيْدًا وَجَعْفَرًا وَابْنَ رَوَاحَةَ لِلنَّاسِ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَهُمْ خَبَرُهُمْ، فَقَالَ: "أَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا جَعْفَرٌ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَ ابْنُ رَوَاحَةَ فَأُصِيْبَ، وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ، حَتَّى أَخَذَهَا سَيْفٌ مِنْ سُيُوْفِ اللّٰهِ، حَتَّى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ" [راجع: ۱۲۴۶]

بَابُ مَنَاقِبِ سَالِمٍ مَوْلٰى أَبِىْ حُذَيْفَةَ

حضرت سالم مولیٰ ابی حذیفہ رضی اللہ عنہ کے فضائل

اسم گرامی: سالم، والد کا نام: مَعقِل، کنیت: ابوعبداللہ، عرف: مولیٰ ابی حذیفہ بن عتبۃ بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف، فارسی الاصل، حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کی بیوی ثُبَیْتَۃ نے آزاد کیا، اور حضرت ابوحذیفہؓ نے ان کو بیٹا بنالیا، اور اپنی بھتیجی سے ان کا نکاح کردیا، سابقین اولین اور بڑے قراء میں سے ہیں، نبی ﷺ سے پہلے ہجرت کی، نبی ﷺ کی ہجرت سے پہلے قباء میں آپؓ ہی مہاجرین کی امامت کرتے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب خلافت کے لئے شوری بنائی تو فرمایا: اگر سالم زندہ ہوتے تو میں شوری نہ بناتا، یعنی وہ جس کے لئے رائے دیتے اس کو خلیفہ بناتا، یا انہی کو خلیفہ بناتا، غزوۂ بدر میں شریک ہوئے اور ۱۲ ہجری میں جنگِ یمامہ میں شہید ہوئے۔

حدیث: مسروق رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما کے سامنے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ کا تذکرہ آیا تو فرمایا: میں اس بندہ سے ہمیشہ محبت کرتا ہوں جب سے میں نے نبی ﷺ کا یہ ارشاد سنا ہے کہ قرآن پڑھواؤ چار شخصوں سے ابن مسعودؓ سے، پس آپؐ نے سب سے پہلے ان کا نام لیا اور ابوحذیفہؓ کے آزاد کردہ سالمؓ سے اور ابی بن کعبؓ سے اور معاذ بن جبلؓ سے، آخری دو حضرات میں پہلے کس کا نام لیا یہ حضرت عبداللہؓ کو یاد نہیں رہا۔

تشریح: قرآن پڑھواؤ یعنی قرآن اخذ کرو، سیکھو، عربوں کے یہاں تلقین کا طریقہ رائج ہے، پہلے استاذ پڑھتا ہے پھر شاگرد پڑھتا ہے، یعنی ان چار حضرات سے قرآن پڑھواؤ، اور جس طرح وہ پڑھیں اس طرح پڑھو۔

[۲۶-] بَابُ مَنَاقِبِ سَالِمٍ مَوْلٰى أَبِىْ حُذَيْفَةَ

[۳۷۵۸-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: ذُكِرَ عَبْدُ اللّٰهِ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَالَ: ذَاكَ رَجُلٌ لَا أَزَالُ أُحِبُّهُ بَعْدَمَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "اسْتَقْرِئُوْا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ - فَبَدَأَ بِهِ - وَسَالِمٍ مَوْلٰى أَبِىْ حُذَيْفَةَ، وَأُبَىِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ" قَالَ: لَا أَدْرِىْ بَدَأَ بِأُبَىٍّ أَوْ بِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ.

[انظر: ۳۷۶۰، ۳۸۰۶، ۳۸۰۸، ٤۹۹۹]

مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے فضائل

حضرت عبداللہ بن مسعود بن غافل بن حبیب ہذلی، ابوعبدالرحمٰن: قدیم الاسلام ہیں، حبشہ کی طرف دو مرتبہ ہجرت کی،

پھر مدینہ کی طرف ہجرت کی، علم وفہم، عقل ودانش میں ممتاز تھے، نبی ﷺ کے خادم خاص تھے، ان کے والد: زمانۂ جاہلیت میں گذر گئے، ان کی والدہ: ام عبدؓ مسلمان ہوئیں، نبی ﷺ کے گھرانے سے ان کا خاص تعلق تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپؓ کو کوفہ کے بیت المال کا ذمہ دار بنایا تھا، خلافتِ عثمانی میں مدینہ آئے اور ساٹھ سال کی عمر میں ۳۲ ہجری میں وفات پائی، بہت ہی پستہ قد تھے، بیٹھے ہوؤں کے برابر تھے، خوشبو بکثرت استعمال کرتے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ آپ کو دیکھ کر فرمایا: وِعَاءٌ مُلِئَ عِلْمًا: علم سے بھرا ہوا ایک برتن! آپؓ کو اللہ تعالیٰ نے بہترین تلامذہ عطا فرمائے، ان کے ذریعہ آپؓ کا علم خوب پھیلا۔

۱-حضرات ابن مسعود، سالم، ابی اور معاذ رضی اللہ عنہم سے قرآن پڑھواؤ

باب کے شروع کی دو حدیثیں ایک ہیں، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نہ فطری طور پر بدگو تھے اور نہ بہ تکلف بدگوئی کرتے تھے، اور نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سب سے زیادہ مجھے محبوب وہ ہیں جو تم میں سب سے زیادہ اچھے اخلاق والے ہیں، اور نبی ﷺ نے فرمایا: چار شخصوں سے قرآن پڑھواؤ، یعنی اخذ کرو، سیکھو: ابن مسعود، سالم مولیٰ ابی حذیفہ، ابی بن کعب اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہم (سب سے پہلا نام آپؐ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا لیا، اس سے آپؓ کی دوہری فضیلت ثابت ہوتی ہے)

۲-ابن مسعود رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے وضو، گدے اور چپلوں کے ذمہ دار تھے

حدیث ابھی گذری ہے، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے علقمہ بن قیس نخعی رحمہ اللہ سے فرمایا: کیا کوفہ میں چپلوں، گدے اور لوٹے والے صحابی نہیں ہیں؟

۳-ابن مسعود رضی اللہ عنہ سیرت وخصلت اور دینی حالت میں نبی ﷺ سے قریب تھے

حدیث: عبدالرحمٰن بن یزید کہتے ہیں: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: آپ کسی ایسے شخص کی نشاندہی کریں جو سیرت وخصلت میں نبی ﷺ سے قریب تر ہو تا کہ ہم اس سے دین اخذ کریں (اور اس سے حدیثیں سنیں) حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: سیرت وخصلت اور دینی حالت میں نبی ﷺ سے قریب تر ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں (یہاں تک کہ وہ ہمارے پاس سے گھر میں جاتے ہیں یعنی جلوت کا یہ حال ہے، خلوت کے احوال سے میں واقف نہیں، اور بخدا! اکابر صحابہ جانتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہی صحابہ میں سب سے عالی مرتبہ ہیں) (یہ اضافہ ترمذی شریف حدیث ۳۸۳۹ میں ہے)

لغات: الهدى، السَّمْتُ، الدَّلّ: ایک ہی مفہوم ادا کرتے ہیں، ہم معنی الفاظ ہیں .... الهدى: سیرت، طریقہ، کہا جاتا ہے: هو حَسَنُ الهدى: وہ صحیح طریقہ پر ہے .... الدَّلّ: وقار اور سنجیدگی کی کیفیت .... السَّمْت: وقار وطمانینت۔

۴-حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا نبی ﷺ سے گھر جیسا تعلق تھا

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اور میرے بھائی یمن سے آئے، اور نہیں گمان کرتے تھے ہم ایک عرصہ تک مگر یہ کہ عبداللہ بن مسعودؓ نبی ﷺ گھر کے ایک فرد ہیں، ہمارے دیکھنے کی وجہ سے ابن مسعودؓ کے اور ان کی والدہ کے نبی ﷺ کے گھر میں داخل ہونے کو، یعنی دونوں کا اتنی کثرت سے نبی ﷺ کے گھر میں آنا جانا تھا کہ ہم عرصہ تک سمجھ ہی نہیں سکے کہ یہ گھر کے افراد نہیں ہیں۔

[۲۷-] مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

[۳۷۵۹-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ قَالَ: سَمِعْتُ مَسْرُوْقًا، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا، وَقَالَ:" إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا"[راجع: ۳۵۵۹]

[۳۷۶۰-] وَقَالَ:"اسْتَقْرِئُوْا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَسَالِمٍ مَوْلٰى أَبِيْ حُذَيْفَةَ، وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ"[راجع: ۳۷۵۸]

[۳۷۶۱-] حدثنا مُوْسَى، عَنْ أَبِيْ عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ: دَخَلْتُ الشَّامَ فَصَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ، فَقُلْتُ: اللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِيْ جَلِيْسًا، فَرَأَيْتُ شَيْخًا مُقْبِلًا، فَلَمَّا دَنَا قُلْتُ: أَرْجُوْ أَنْ يَكُوْنَ اسْتَجَابَ اللّٰهُ، قَالَ: مِنْ أَيْنَ أَنْتَ؟ قُلْتُ: مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ، قَالَ: أَفَلَمْ يَكُنْ فِيْكُمْ صَاحِبُ النَّعْلَيْنِ وَالْوِسَادِ وَالْمِطْهَرَةِ؟ أَوَ لَمْ يَكُنْ فِيْكُمُ الَّذِيْ أُجِيْرَ مِنَ الشَّيْطَانِ؟ أَوَلَمْ يَكُنْ فِيْكُمْ صَاحِبُ السِّرِّ الَّذِيْ لَا يَعْلَمُهُ غَيْرُهُ؟ كَيْفَ قَرَأَ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ ﴿وَاللَّيْلِ﴾ فَقَرَأْتُ (وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى، وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى، وَالذَّكَرَ وَالْأُنْثَى) قَالَ: أَقْرَأَنِيْهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاهُ إِلٰى فِيَّ، فَمَا زَالَ هٰؤُلَاءِ حَتَّى كَادُوْا يَرُدُّوْنَنِيْ.

[۳۷۶۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: سَأَلْنَا حُذَيْفَةَ عَنْ رَجُلٍ قَرِيْبِ السَّمْتِ وَالْهَدْيِ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى نَأْخُذَ عَنْهُ، فَقَالَ: مَا أَعْرِفُ أَحَدًا أَقْرَبَ سَمْتًا وَهَدْيًا وَدَلًّا بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ.[انظر: ۶۰۹۷]

[۳۷۶۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ أَبِيْ إِسْحَاقَ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، ثَنِي الْأَسْوَدُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا مُوْسَى الْأَشْعَرِيَّ يَقُوْلُ: قَدِمْتُ أَنَا وَأَخِيْ مِنَ الْيَمَنِ، فَمَكَثْنَا حِيْنًا مَا نَرَى إِلَّا أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِمَا نَرَى مِنْ دُخُوْلِهِ وَدُخُوْلِ أُمِّهِ عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ۴۳۸۴]

ذِکْرُ مُعَاوِيَةَ

حضرت معاویہ رضی اللہ کا تذکرہ

حضرت معاویہ بن ابی سفیان: صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف قرشی، اموی رضی اللہ عنہ، ولادت: مکہ میں ہجرت سے بیس سال پہلے، وفات: دمشق میں ۶۰ ہجری میں، مدتِ عمر: اسّی سال، فتح مکہ سے پہلے مسلمان ہوئے، کاتبین وحی میں سے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپؓ کو اردن کا والی مقرر کیا، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ملکِ شام بھی آپؓ کی ولایت میں شامل کیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خلیفہ ہوتے ہی آپ کو معزول کر دیا، مگر آپؓ نے عزل تسلیم نہیں کیا، بلکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قصاص کا مطالبہ شروع کر دیا، اور اس خون کا ذمہ دار حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قرار دیا، جس کے نتیجہ میں جنگِ صفین ہوئی، پھر تحکیم کا واقعہ پیش آیا، پھر نتیجہ یہ نکلا کہ حکومت دو حصوں میں تقسیم ہوگئی، شام میں معاویہ اور عراق میں علی رضی اللہ عنہما حکومت کرتے رہے، پھر قتل علی رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو انھوں نے ۴۱ ہجری میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کر لی، اس کے بعد بیس سال تک آپؓ نے بلا منازعت حکومت کی اور وفات سے پہلے اپنے بیٹے یزید کے لئے بیعت لی۔

آپؓ کے فضائل میں کوئی حدیث نہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے عنوان میں 'مناقب' نہیں لکھا، اور ترمذی میں جو دو حدیثیں ہیں وہ متکلم فیہ ہیں (تحفۃ الالمعی ۸: ۴۴۲) امام احمد رحمہ اللہ سے ان کے بیٹے عبد اللہ نے پوچھا: علی اور معاویہ کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ آپ نے سر جھکا لیا، پھر فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مخالفین بہت تھے، انھوں نے ہر چند آپؓ میں عیب ڈھونڈھا مگر نہ پایا، تو انھوں نے آپؓ کے محارب (حضرت معاویہؓ) کو حد سے بڑھایا، یعنی ان کے فضائل میں حدیثیں گھڑیں (پھر اس کے جواب میں شیعوں نے بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان میں حدیثیں گھڑیں)

روایت: ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں: حضرت معاویہؓ نے عشاء کے بعد ایک رکعت وتر پڑھا، اور ان کے پاس حضرت ابن عباسؓ کا آزاد کردہ غلام تھا، پس وہ ابن عباسؓ کے پاس آیا، اور ان کو یہ واقعہ بتایا کہ میں معاویہ کو بدنام کرنے کا ایک خاص پوئنٹ لایا ہوں، ابن عباسؓ نے فرمایا: چھوڑ ان کو یعنی رہنے دے ان کو اس لئے کہ انھوں نے نبی ﷺ کی صحبت پائی ہے۔

دوسری روایت میں ہے کہ حضرت ابن عباسؓ سے کہا گیا: کیا آپ امیر المؤمنین معاویہؓ میں کوئی عیب چاہتے ہیں؟ انھوں نے صرف ایک رکعت پڑھی، ابن عباسؓ نے کہا: ٹھیک کیا وہ فقیہ (مجتہد) ہیں۔

اور باب کی آخری روایت میں ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو سمجھایا کہ عصر کے بعد نفل مت پڑھو، ہم نے نبی ﷺ کو یہ نفلیں پڑھتے کبھی نہیں دیکھا، بلکہ آپ ﷺ نے عصر کے بعد نفلیں پڑھنے سے منع فرمایا ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں: تحفۃ القاری ۲: ۴۴۵)

[۲۸-] ذِكْرُ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

[۳۷٦٤-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ، ثَنَا الْمُعَافَى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: أَوْتَرَ مُعَاوِيَةُ بَعْدَ الْعِشَاءِ بِرَكْعَةٍ، وَعِنْدَهُ مَوْلًى لِابْنِ عَبَّاسٍ، فَأَتَى ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: دَعْهُ فَإِنَّهُ قَدْ صَحِبَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ۳۷٦٥]

[۳۷٦٥-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، ثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، ثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قِيْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ، هَلْ لَكَ فِيْ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مُعَاوِيَةَ؟ فَإِنَّهُ مَا أَوْتَرَ إِلَّا بِوَاحِدَةٍ، قَالَ: أَصَابَ إِنَّـهُ فَقِيْهٌ. [راجع: ۳۷٦٤]

[۳۷٦٦-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمْرَانَ بْنَ أَبَانَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: إِنَّكُمْ لَتُصَلُّوْنَ صَلَاةً لَقَدْ صَحِبْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَمَا رَأَيْنَاهُ يُصَلِّيْهَا، وَلَقَدْ نَهَى عَنْهُمَا، يَعْنِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ. [راجع: ۵۸۷]

مَنَاقِبُ فَاطِمَةَ

حضرت فاطمہ زُہراء رضی اللہ عنہا کے فضائل

الزُّهْراء: حسین عورت: جمع :زُهْر، مذکر:الأَزْهَر ۔رسول اللہ ﷺ کی چھوٹی صاحبزادی، والدہ: حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا، ولادت: اٹھارہ سال قبل ہجرت، وفات: ۱۱ ہجری (نبی ﷺ کی وفات سے چھ ماہ بعد) نکاح: انیس سال کی عمر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے، اولاد: حضرات حسن، حسین، مُحسن، ام کلثوم، زینب اور رقیہ رضی اللہ عنہم۔

باب میں تین روایتیں ہیں: پہلی روایت ابھی گذری ہے (حدیث ۳۶۲۴) نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: کیا تم خوش نہیں ہو کہ جنت کی عورتوں کی سردار ہوؤ، یا فرمایا: مؤمنین کی عورتوں کی سردار ہوؤ (راوی کو شک ہے) دوسری حدیث بھی پہلے گذری ہے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کا ٹکڑا ہیں، پس جو ان کو ناراض کرے گا وہ یقیناً نبی ﷺ کو ناراض کرے گا، اور تیسری حدیث وہ ہے جو باب کے شروع میں معلق ہے، اس میں یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو خبر دی کہ وہ آپؐ کے خاندان میں سب سے پہلے آپؐ سے ملیں گی، یعنی سب سے پہلے ان کی وفات ہوگی، اور پہلے بتلایا ہے کہ آپؐ نے اس موقعہ پر یہ دونوں باتیں فرمائی تھیں یعنی تم جنت کی عورتوں کی سردار ہوؤ گی اور میرے بعد سب سے پہلے خاندان میں سے مجھ سے آکر ملو گی، مگر روایات میں یہ باتیں الگ ہوگئی ہیں۔

فائدہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا افضل ہیں یا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا؟ اس مسئلہ میں روایات مختلف وارد ہوئی ہیں، بعض سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت ثابت ہوتی ہے، بعض سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی، بعض سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اور بعض سے حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

(۱) بخاری شریف میں روایت ہے: خير نسائها مريم، وخير نسائها خديجة: (حضرت مریم رضی اللہ عنہا اپنے زمانہ کی عورتوں میں افضل ہیں، اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اپنے زمانہ کی عورتوں میں افضل ہیں) اس حدیث سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی حضرت عائشہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما پر برتری ثابت ہوتی ہے۔

(۲) باب میں روایت ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: فاطمة بضعة منی: (فاطمہؓ میرا ٹکڑا ہے) اور آپؐ افضل کائنات ہیں، پس آپؐ کے جسم کا ٹکڑا بھی یقیناً افضل ہوگا، پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تمام خواتین سے افضل ہیں۔

اور باب میں یہ روایت بھی ہے کہ فاطمة سيدة نساء أهل الجنة: (حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تمام جنتی عورتوں کی سردار ہیں) اس سے بھی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔

اور بعض حضرات پہلی حدیث سے صرف آپؐ کی صاحبزادیوں پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت ثابت کرتے ہیں، حضرت خدیجہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما پر ترجیح نہیں دیتے، مگر دوسری حدیث فضیلت کلی میں صریح ہے۔

(۳) بخاری و مسلم کی روایت ہے: فضل عائشة على النساء كفضل الثريد على سائر الطعام: (عائشہؓ کی برتری دوسری عورتوں پر ایسی ہے جیسی ثرید کی برتری دوسرے کھانوں پر) اس حدیث میں لفظ نساء عام ہے، پس حضرت فاطمہ اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی برتری ثابت ہوگی۔

مگر یہ بھی احتمال ہے کہ الف لام عہد کا ہو اور معہود بوقت ارشاد موجودہ ازواج مطہرات ہوں، پس اس حدیث سے حضرت خدیجہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما پر برتری ثابت نہیں ہوگی۔

(۴) نسائی شریف میں بسند صحیح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: أفضل نساء أهل الجنة خديجة وفاطمة ومريم وآسية: اس روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا سرے سے ذکر ہی نہیں۔

اور علامہ ابن عبد البر کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: سيدة نساء العالمين مريم، ثم فاطمة، ثم خديجة، ثم آسية: مگر حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ الحديث الثانى الدال على الترتيب ليس بثابت، وأصله عند أبى داؤد والحاكم بغير صيغة ترتيب (فتح ۷:۱۳۶)

غرض یہ بہت الجھا ہوا مسئلہ ہے، اس میں کوئی قطعی فیصلہ یا ترجیح ممکن نہیں، اور اس کی ضرورت بھی نہیں، اس لئے توقف بہتر ہے، والعلم عند الله، وهو أعلم بعباده۔

[۲۹-] مَنَاقِبُ فَاطِمَةَ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَاطِمَةُ سَيِّدَةُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ"

[۳۷۶۷-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ

ابْنِ مَخْرَمَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّيْ، فَمَنْ أَغْضَبَهَا أَغْضَبَنِيْ"
حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، أَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاطِمَةَ ابْنَتَهُ فِيْ شَكْوَاهُ الَّتِيْ قُبِضَ فِيْهَا، فَسَارَّهَا بِشَيْئٍ فَبَكَتْ، ثُمَّ دَعَاهَا، فَسَارَّهَا فَضَحِكَتْ، قَالَتْ: فَسَأَلْتُهَا عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ: سَارَّنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرَنِيْ أَنَّهُ يُقْبَضُ فِيْ وَجَعِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ، فَبَكَيْتُ ثُمَّ سَارَّنِيْ فَأَخْبَرَنِيْ أَنِّيْ أَوَّلُ أَهْلِ بَيْتِهِ أَتْبَعُهُ فَضَحِكْتُ.

فَضْلُ عَائِشَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا: رسول اللہ ﷺ کی سب سے پیاری بیوی، والد ماجد: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، والدہ ماجدہ: حضرت ام رومان فراسیہ رضی اللہ عنہا (وفات نبوی کے بعد تک حیات رہیں) کنیت: ام عبد اللہ (نبی ﷺ نے ان کے بھانجے عبداللہ بن الزبیرؓ کے نام سے کنیت رکھی) ولادت: ۴ یا ۵ نبوی میں، وفات: ۵۸ ہجری میں مدینہ میں، آپؐ سے نکاح: ۶، یا ۷ سال کی عمر میں (حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات سے ۳ سال بعد) رخصتی: شوال سنہ ایک یا دو ہجری میں، آپؐ سے نکاح باذن الٰہی ہوا، مکثرین صحابہ میں سے ہیں، دو ہزار سے زیادہ حدیثیں آپؓ سے مروی ہیں، اکابر صحابہ نے آپؓ سے استفادہ کیا ہے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ان کے طرز عمل سے خوش نہیں تھیں، مگر ان کے قتل کے بعد ان کے خون کا مطالبہ لے کر اٹھیں، اور جنگِ جمل پیش آئی، وَكَانَتْ مِنْ أَفْقَهِ نِسَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ، وَأَعْلَمِهِنَّ بِالدِّيْنِ وَالْأَدَبِ۔

۱- حضرت جبرئیل علیہ السلام نے عائشہ رضی اللہ عنہا کو سلام کہلوایا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! یہ جبرئیلؑ ہیں وہ تمہیں سلام کہتے ہیں، پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: ان پر بھی سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور برکتیں! آپؐ دیکھتے ہیں وہ جو ہم نہیں دیکھتے وہ رسول اللہ ﷺ کو مراد لے رہی ہیں، یعنی آپؐ کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نظر آرہے ہیں مجھے نظر نہیں آرہے۔

[۳۰-] فَضْلُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

[۳۷۶۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَبُوْ سَلَمَةَ: إِنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا:" يَا عَائِشُ! هٰذَا جَبْرَئِيْلُ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ" فَقُلْتُ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، تَرَى مَا لاَ أَرَى، تُرِيْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۲۱۷]

۲-حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی دیگر خواتین پر برتری

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مرد بہت باکمال ہوئے ہیں اور عورتوں میں سے چند ہی باکمال ہوئی ہیں، جیسے عمران کی لڑکی مریمؑ، فرعون کی بیوی آسیہؑ اور عائشہؓ کی فضیلت دوسری عورتوں پر ایسی ہے جیسے ثرید کی فضیلت دوسرے کھانوں پر، اور دوسری حدیث میں ارشاد ہے: فضلُ عائشة على النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ: عائشہؓ کی عورتوں پر برتری جیسے ثرید کی دیگر کھانوں پر برتری! (ثرید: روٹی کو چور کر شوربے میں بھگو کر بنایا ہوا کھانا، ثَرَدَ الْخُبْزَ (ن) ثَرْدًا: روٹی چور کر شوربے میں بھگونا)

تشریح: ثرید عربوں کے نزدیک بہترین کھانا ہے، روٹی کے ساتھ گوشت ملا کر پکاتے ہیں، اس میں غذائیت زیادہ ہوتی ہے، اور وہ آسانی سے کھایا جاتا ہے، چبانے کی زحمت نہیں اٹھانی پڑتی، اسی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا میں بہت خوبیاں تھیں، وہ بلند اخلاق، شیریں کلام، فصیح گفتگو اور سنجیدہ رائے والی تھیں، اس لئے ان کا مقام حضرت آسیہ و مریم رضی اللہ عنہما سے بلند ہے۔

[۳۷۶۹-] حدثنا آدمُ، ثَنَا شُعْبَةُ، ح: وَثَنَا عَمْرٌو: أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيْرٌ، وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ، وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ، وَفَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ" [راجع: ۳۴۱۱]

[۳۷۷۰-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ"

۳-حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو جنت کی خوش خبری سنائی

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیمار پڑیں، ابن عباسؓ بیمار پرسی کے لئے آئے اور کہا: اے ام المؤمنین! آپؓ جارہی ہیں بہترین پیش رو کے پاس، یعنی رسول اللہ ﷺ اور ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس۔

تشریح: ابن عباسؓ نے حضرت عائشہؓ کو جنت کی بشارت سنائی ہے۔ فَرَط کے معنی ہیں: پیش رو، قافلہ سے آگے چلنے والا، جو پانی اور ٹھہرنے کا انتظام کرے، اور صِدق کے معنی ہیں: الصادق، سچے، علی رسول اللہ: اس سے بدل ہے۔

[۳۷۷۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ

مُحَمَّدٍ، أَنَّ عَائِشَةَ اشْتَكَتْ فَجَاءَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! تَقْدَمِيْنَ عَلٰى فَرَطِ صِدْقٍ: عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَعَلٰى أَبِيْ بَكْرٍ. [انظر: ٤٧٥٣، ٤٧٥٤]

۴- حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو جنت کی خوش خبری سنائی

جنگِ جمل بصرہ میں ہوئی ہے اس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار اور حضرت حسن رضی اللہ عنہما کو کوفہ بھیجا تا کہ وہ لوگوں کو جنگ میں شرکت کی دعوت دیں، وہاں حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے تقریر کی کہ میں بالیقین جانتا ہوں کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کی اہلیہ ہیں، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی، لیکن اللہ تعالیٰ تمہارا امتحان کرنا چاہتے ہیں کہ تم حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیتے ہو یا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا۔

[٣٧٧٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا غُنْدَرٌ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، قَالَ: لَمَّا بَعَثَ عَلِيٌّ عَمَّارًا وَالْحَسَنَ إِلَى الْكُوْفَةِ لِيَسْتَنْفِرَهُمْ: خَطَبَ عَمَّارٌ فَقَالَ: إِنِّيْ لَأَعْلَمُ أَنَّهَا زَوْجَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ابْتَلَاكُمْ لِتَتَّبِعُوْهُ أَوْ إِيَّاهَا. [انظر: ٧١٠٠، ٧١٠١]

۵- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بابرکت تھیں

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہار گم ہوگیا، تلاش کے لئے قافلہ روک دیا گیا، فجر کا وقت ہوگیا، پانی نہیں تھا تو تیمّم کی آیت نازل ہوئی، پس حضرت اُسید بن حُضیر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو مخاطب کر کے کہا: اللہ تعالیٰ آپؓ کو جزائے خیر عطا فرمائیں! جب بھی آپؓ کے ساتھ کوئی ناگوار بات پیش آتی ہے تو اللہ تعالیٰ آپؓ کے لئے اس سے نکلنے کی راہ تجویز کرتے ہیں، اور مسلمانوں کے لئے اس میں فوائد ہوتے ہیں۔

[٣٧٧٣-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا اسْتَعَارَتْ مِنْ أَسْمَاءَ قِلَادَةً فَهَلَكَتْ، فَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَاسًا مِنْ أَصْحَابِهِ فِيْ طَلَبِهَا، فَأَدْرَكَتْهُمُ الصَّلَاةُ فَصَلُّوْا بِغَيْرِ وُضُوْءٍ، فَلَمَّا أَتَوُا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم شَكَوْا ذٰلِكَ إِلَيْهِ فَنَزَلَتْ آيَةُ التَّيَمُّمِ، قَالَ: أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ: جَزَاكِ اللّٰهُ خَيْرًا! فَوَ اللّٰهِ مَا نَزَلَ بِكِ أَمْرٌ قَطُّ إِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ لَكِ مِنْهُ مَخْرَجًا، وَجَعَلَ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ بَرَكَةً. [راجع: ٣٣٤]

٦- مرضِ وفات میں نبی ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا انتظار تھا

مرضِ وفات تیرہ چودہ دن رہا ہے، ان دنوں میں بھی آپؐ ازواج کے پاس باری باری جاتے تھے، اور پوچھتے تھے: آئندہ

کل میں کہاں ہوں گا؟ آپؐ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا انتظار تھا، پس ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن نے آپؐ کو اجازت دیدی، آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں منتقل ہوگئے، صدیقہؓ فرماتی ہیں: پھر میری باری ہی کے دن آپؐ کی وفات ہوئی۔

[۳۷۷٤-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا كَانَ فِيْ مَرَضِهِ جَعَلَ يَدُوْرُ فِيْ نِسَائِهِ، وَيَقُوْلُ: ”أَيْنَ أَنَا غَدًا؟ أَيْنَ أَنَا غَدًا؟“ حِرْصًا عَلٰى بَيْتِ عَائِشَةَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَمَّا كَانَ يَوْمِي سَكَنَ. [راجع: ۸۹۰]

۷- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ہم خوابی کے وقت بھی آپؐ پر وحی نازل ہوتی تھی

صدیقہؓ بیان کرتی ہیں: لوگ اپنے ہدایا کے ساتھ عائشہؓ کی باری کا قصد کرتے تھے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پس میری ساتھ والیاں (آپؐ کی دوسری بیویاں) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس اکٹھا ہوئیں اور انھوں نے کہا: اے ام سلمہؓ! لوگ اپنے ہدایا کے ساتھ عائشہ کی باری کا ارادہ کرتے ہیں، یعنی لوگ انتظار میں رہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری آئے تو ہدیہ بھیجیں اور ہم بھی خیر چاہتی ہیں، جس طرح عائشہؓ خیر چاہتی ہیں، یعنی ہماری بھی خواہش ہے کہ ہماری باری کے دن ہدایا آئیں، لہٰذا آپؓ رسول اللہ ﷺ سے بات کریں کہ آپؐ لوگوں کو حکم دیں کہ وہ آپؐ کے پاس ہدایا بھیجیں جہاں بھی آپؐ ہوں، حضرت ام سلمہؓ نے آپؐ سے بات ذکر کی، پس آپؐ نے روگردانی کی، پھر جب آپؐ (دوسرے دورے میں) ان کی طرف لوٹے تو انھوں نے وہ بات دوبارہ کہی، نبی ﷺ نے اس مرتبہ بھی روگردانی کی اور کوئی جواب نہیں دیا، پھر جب تیسری باری آئی تو انھوں نے یہی بات (سہ بارہ) کہی، پس آپؐ نے فرمایا: ”اے ام سلمہ! عائشہ کے معاملہ میں مجھے نہ ستاؤ، اس لئے کہ مجھ پر وحی نازل نہیں ہوتی درانحالیکہ میں ان کے علاوہ تم میں سے کسی کے لحاف میں ہوتا ہوں!

[۳۷۷۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثَنَا حَمَّادٌ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَاجْتَمَعَ صَوَاحِبِيْ إِلٰى أُمِّ سَلَمَةَ، فَقُلْنَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ! وَاللّٰهِ إِنَّ النَّاسَ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ، وَإِنَّا نُرِيْدُ الْخَيْرَ كَمَا تُرِيْدُهُ عَائِشَةُ، فَمُرِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَأْمُرَ النَّاسَ أَنْ يُهْدُوْا إِلَيْهِ حَيْثُمَا كَانَ أَوْ حَيْثُمَا دَارَ، قَالَتْ: فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ أُمُّ سَلَمَةَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: فَأَعْرَضَ عَنِّيْ فَلَمَّا عَادَ إِلَيَّ ذَكَرْتُ لَهُ ذٰلِكَ فَأَعْرَضَ عَنِّيْ، فَلَمَّا كَانَ فِي الثَّالِثَةِ ذَكَرْتُ لَهُ فَقَالَ: ”يَا أُمَّ سَلَمَةَ لَا تُؤْذِيْنِيْ فِيْ عَائِشَةَ فَإِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا نَزَلَ عَلَيَّ الْوَحْيُ وَأَنَا فِيْ لِحَافِ امْرَأَةٍ مِنْكُنَّ غَيْرِهَا“ [راجع: ۲۵۷٤]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَابُ مَنَاقِبِ الأَنْصَارِ

انصار کے فضائل

اب تک مہاجرین کے فضائل بیان ہوئے، اب انصار کے فضائل شروع کرتے ہیں، شروع کے گیارہ ابواب تمہیدی ہیں، ہجرت سے پہلے مدینہ منورہ میں یہود ومشرکین آباد تھے اور مشرکین کے دو قبیلے تھے: اوس وخزرج، یہی دو قبیلے اسلام کے بعد انصار کہلائے۔

سورۃ الحشر کی آیت ۹ ہے: ''اور (فیئ) ان لوگوں کا (بھی حق ہے) جو دارالاسلام (مدینہ) میں اور ایمان میں جگہ پکڑے ہوئے ہیں، ان (مہاجرین) سے پہلے (انصار: مہاجرین کی آمد سے پہلے مدینہ میں سکونت پذیر تھے، اور ہجرت سے پہلے انھوں نے اسلام قبول کیا تھا) وہ محبت کرتے ہیں ان لوگوں سے جو ان کے پاس ہجرت کر کے آتے ہیں، اور وہ نہیں پاتے اپنے دلوں میں کوئی تنگی اس سے جو مہاجرین دیئے جاتے ہیں اور مقدم رکھتے ہیں وہ ان کو اپنی جانوں پر اگرچہ وہ فاقہ سے ہوں! اور جو لوگ اپنے جی کے لالچ سے بچائے گئے وہی مراد پانے والے ہیں''

حدیث (۱): غیلانؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ حضرات کا لقب 'انصار' اسلام سے پہلے سے تھا یا اللہ تعالیٰ نے آپ حضرات کا یہ لقب رکھا ہے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ تعالیٰ نے ہمارا یہ نام رکھا ہے (یہی انصار کی فضیلت ہے) غیلانؒ کہتے ہیں: ہم حضرت انسؓ کے پاس جاتے تھے وہ ہمارے سامنے انصار کے فضائل اور ان کی جنگوں کے واقعات بیان کرتے تھے اور ان کا رخ میری طرف یا قبیلہ ازد کے ایک آدمی کی طرف ہوتا تھا، وہ فرماتے: تیری قوم نے فلاں فلاں دن فلاں فلاں کارنامہ انجام دیا۔

حدیث (۲): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جنگ بُعاث کا دن ایک ایسا دن تھا جس کو اللہ تعالیٰ نے مقدم کیا تھا اپنے رسول ﷺ کے لئے، پس نبی ﷺ مدینہ میں تشریف لائے درانحالیکہ ان کے بڑے جدا ہوگئے، یعنی ان میں اختلافات ہوگئے، اور ان کے بہترین لوگ مارے گئے، اور وہ اختلاف کا شکار ہوگئے پس اللہ تعالیٰ نے یوم بُعاث کو مقدم کیا اپنے رسول ﷺ کے لئے ان کے اسلام میں داخل ہونے کے لئے۔

تشریح: جنگِ بُعاث اوس وخزرج کے درمیان ایک سوبیس سال تک چلی ہے، اور بُعاث اوس کے ایک قلعہ کا نام ہے، کہتے ہیں: ایک قبیلہ کے آدمی نے دوسرے قبیلہ کے آدمی کے گھوڑے کی دم کاٹ دی، اس لئے دونوں قبیلوں میں جنگ شروع ہوئی، پھر اسلام نے دونوں کو شیر وشکر کیا، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: یہ ایک سوبیس سالہ جنگ قدرتی انتظام تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کے لئے، کیونکہ اس جنگ میں ان کے تمام بڑے مارے گئے، اگر وہ زندہ ہوتے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی نہ کرتے، ان کی ریاست ان کے اسلام لانے میں مانع بنتی، اب جبکہ دونوں قبیلوں میں کوئی بڑا آدمی نہیں رہا اور دونوں قبیلوں کی طاقت لڑ کر ختم ہوگئی تو وہ یہود کے دست نگر ہوگئے، یہود ان کو بری طرح لوٹتے تھے، ان کا استیصال کرتے تھے، پھر جب منیٰ کی ایک گھاٹی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اسلام کی دعوت دی تو انصار نے بڑھ کر اس کا استقبال کیا، انھوں نے سوچا: اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ آجائیں تو آپؐ کے جھنڈے تلے یہود کو ان کی حرکتوں کا مزہ چکھائیں، اور ان کے ظلم وستم سے رستگاری حاصل کریں، صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہی بات بیان فرمائی ہے۔

لغت: جُرِّ جُوْا: پریشان وبے چین کیا جانا، جَرِجَ (س) جَرَجًا: بے چین ومضطرب ہونا۔

حدیث (۳): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کی غنیمت کے خُمس میں سے قریش کو سوسو اونٹ دیئے اور انصار کو کچھ نہیں دیا تو کچھ نوجوانوں نے شکوہ کیا کہ یہ بڑی عجیب بات ہے: قریش کو دے رہے ہیں اور ہمیں چھوڑ رہے ہیں، حالانکہ ہماری تلواریں ان کے خون سے ٹپک رہی ہیں، یعنی ہم نے مکہ لڑ کر فتح کیا ہے، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پہنچی تو آپؐ نے انصار کے پاس آدمی بھیجا اور ان کو ایک خیمہ میں جمع ہونے کا حکم دیا، جب وہ جمع ہوگئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لے گئے اور پوچھا: وہ کیا بات ہے جو مجھے تمہاری طرف سے پہنچی ہے؟ پس انصار کے سمجھ داروں نے آپؐ سے کہا: ہم میں جو ذی رائے اور سمجھ دار ہیں انھوں نے کوئی بات نہیں کہی، البتہ کچھ لوگ جو نوجوان ہیں انھوں نے کہا: اللہ تعالیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو معاف کریں! قریش کو دیتے ہیں اور انصار کو چھوڑتے ہیں، حالانکہ ہماری تلواریں ان کے خون سے ٹپک رہی ہیں، پس آپؐ نے فرمایا: میں دیتا ہوں ایسے لوگوں کو جن کا زمانہ کفر سے قریب ہے یعنی وہ ابھی ابھی مسلمان ہوئے ہیں، کیا تم لوگ راضی نہیں کہ لوگ اموال کے ساتھ لوٹیں اور تم اپنے گھروں کی طرف اللہ کے رسول کے ساتھ لوٹو؟ اور دوسری بات یہ فرمائی کہ اگر انصار کسی وادی یا گھاٹی میں چلیں اور لوگ دوسری وادی میں چلیں تو میں انصار کی وادی اور گھاٹی میں چلوں گا (یہی انصار کی فضیلت ہے) (یہاں یہ حدیث مختصر ہے، تفصیل کے لئے دیکھیں: تحفہ ۶: ۴۳۱)

[٦٣- كتابُ مَنَاقِبِ الأَنْصَارِ]

[١-] بَابُ مَنَاقِبِ الأَنْصَارِ

﴿وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُوا الدَّارَ وَالإِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلاَ يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً

مِمَّا أُوْتُوْا﴾[الحشر: ٩]

[٣٧٧٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: ثَنِى مَهْدِیُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: أَرَأَيْتَ اسْمَ الْأَنْصَارِ كُنْتُمْ تُسَمَّوْنَ بِهِ أَمْ سَمَّاكُمُ اللّٰهُ؟ قَالَ: بَلْ سَمَّانَا اللّٰهُ! كُنَّا نَدْخُلُ عَلٰى أَنَسٍ فَيُحَدِّثُنَا بِمَنَاقِبِ الْأَنْصَارِ وَمَشَاهِدِهِمْ، وَيُقْبِلُ عَلَیَّ أَوْ عَلٰى رَجُلٍ مِنَ الْأَزْدِ، فَيَقُوْلُ: فَعَلَ قَوْمُكَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا كَذَا وَكَذَا.[انظر: ٣٨٤٤]

[٣٧٧٧-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ يَوْمُ بُعَاثَ يَوْمًا قَدَّمَهُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم فَقَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَقَدِ افْتَرَقَ مَلَأُهُمْ وَقُتِلَتْ سَرَوَاتُهُمْ وَجُرِّجُوْا، فَقَدَّمَهُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم فِي دُخُوْلِهِمْ فِي الْإِسْلَامِ.[انظر: ٣٨٤٦، ٣٩٣٠]

[٣٧٧٨-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِی التَّيَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُوْلُ: قَالَتِ الْأَنْصَارُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ، وَأَعْطَى قُرَيْشًا: وَاللّٰهِ! إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْعَجَبُ، إِنَّ سُيُوْفَنَا لَتَقْطُرُ مِنْ دِمَاءِ قُرَيْشٍ، وَغَنَائِمُنَا تُرَدُّ عَلَيْهِمْ، فَبَلَغَ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم فَدَعَا الْأَنْصَارَ، فَقَالَ: "مَا الَّذِیْ بَلَغَنِیْ عَنْكُمْ؟" وَكَانُوْا لَايَكْذِبُوْنَ، فَقَالُوْا: هُوَ الَّذِیْ بَلَغَكَ، قَالَ: "أَوَلَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَرْجِعَ النَّاسُ بِالْغَنَائِمِ إِلٰى بُيُوْتِهِمْ وَتَرْجِعُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى بُيُوْتِكُمْ؟ لَوْ سَلَكَتِ الْأَنْصَارُ وَادِيًا أَوْ شِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِیَ الْأَنْصَارِ أَوْ: شِعْبَهُمْ"[راجع: ٣١٤٦]

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ مِنَ الْأَنْصَارِ"

نصرت کا مقام ومرتبہ ہجرت کے بعد ہے

عنوان میں حضرت عبداللہ بن زیدؓ کی حدیث ہے جو آگے (حدیث ۴۳۳۰) غزوۂ طائف کے بیان میں آرہی ہے اور اس کا حاصل یہ ہے کہ نصرت کا مقام ومرتبہ ہجرت کے بعد ہے، اگر ہجرت نہ ہوتی یعنی ہجرت کی فضیلت سے مجھے سرفراز کرنا مقصود نہ ہوتا تو میں انصار ہی کا ایک فرد ہوتا یعنی انصار ہی میں پیدا ہوتا۔ اور باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اگر انصار کسی میدان میں یا کسی گھاٹی میں چلیں تو میں انصار کے میدان میں چلوں گا، اور اگر ہجرت کی فضیلت نہ ہوتی تو میں انصار میں سے ہوتا، پھر حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے حد سے تجاوز نہیں کیا یعنی خلافِ واقعہ بات نہیں فرمائی، میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! یعنی نبی ﷺ نے ہجرت کے بعد جو نصرت کا مقام ومرتبہ رکھا ہے وہ بالکل صحیح (بجا) ہے، انصار نے آپؐ کو ٹھکانہ دیا اور مدد کی، یا حضرت ابوہریرہؓ نے کوئی دوسری بات فرمائی، مثلاً انھوں نے کہا:

آپؐ کی مال سے مدد کی۔

[۲-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ مِنَ الْأَنْصَارِ"

قَالَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۷۷۹-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم- أَوْ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم -: "لَوْ أَنَّ الْأَنْصَارَ سَلَكُوْا وَادِيًا وَشِعْبًا لَسَلَكْتُ فِيْ وَادِيْ الْأَنْصَارِ، وَلَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ" فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: مَا ظَلَمَ بِأَبِيْ وَأُمِّيْ! آوَوْهُ وَنَصَرُوْهُ، أَوْ: كَلِمَةً أُخْرَى. [انظر: ۷۲٤٤]

بَابُ إِخَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ

نبی ﷺ نے مہاجرین وانصار میں بھائی چارہ کرایا

نبی ﷺ نے ہجرت کے فوراً بعد پانچ اہم کام انجام دیئے ہیں، ان میں سے ایک مسلمانوں میں بھائی چارہ قائم کرنا ہے، ہجرت کے بعد مدینہ میں دوطرح کے مسلمان جمع ہوگئے تھے، ایک: انصار تھے جو اپنے گھروں میں آباد تھے ان کی زمینیں، کاروبار اور قبائل تھے، دوسرے: مہاجرین تھے جو بے خانماں تھے، وہ لٹ پٹ کر مدینہ پہنچے تھے، ان کے پاس نہ تو رہنے کے لئے گھر تھے نہ گذارہ کا سامان، ان کے قبائل بھی نہیں تھے، اس لئے وہ بے یارومددگار تھے، چنانچہ نبی ﷺ نے مہاجرین وانصار کے درمیان بھائی چارہ کرایا اور مسلمانوں کے بعض کو بعض سے جوڑ دیا، ان کو ایک خاندان بنادیا اور صلہ رحمی اور انفاق کا حکم دیا، اور مواخات کو توارث کی بنیاد قرار دیا (یہ حکم جنگ بدر تک قائم رہا) اس طرح مسلمانوں کا کلمہ متحد ہوگیا تاکہ ضرورت پیش آنے پر جہاد کیا جاسکے اور مسلمان اپنے دشمنوں سے محفوظ ہوجائیں اور بھائی چارہ کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ اس زمانہ میں لوگ قبائل کی بنیاد پر ایک دوسرے کی مدد کرنے کے خوگر تھے، چنانچہ مواخات کے ذریعہ مہاجرین کو انصار کے قبائل میں داخل کردیا (دیگر چار کام یہ ہیں: یہود کے ساتھ معاہدہ، مسجدِ نبوی کی تعمیر، دینی نظام کی استواری اور دعوتِ اسلامی اور ہجرت کی ترغیب، تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۶۲۷ میں ہے)

اور باب کی تینوں حدیثیں پہلے گذری ہیں، پہلی دو حدیثوں میں یہ واقعہ ہے کہ جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ہجرت کرکے مدینہ آئے تو نبی ﷺ نے ان کے اور حضرت سعد بن الربیع رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ کرایا، حضرت سعدؓ صاحب جائداد تھے، انھوں نے اپنے بھائی سے کہا: میں آپ کے لئے میرا آدھا مال بانٹوں گا اور میری دو بیویاں ہیں جونسی آپؓ کو پسند ہو اس کو میں طلاق دیدوں گا، حضرت عبدالرحمٰنؓ نے منظور نہیں کیا اور بنوقینقاع کے بازار میں کاروبار

شروع کیا اور دن بھر کاروبار کیا اور جو نفع ہوا اس سے اِقط اور گھی خرید کر لائے، اس طرح وہ برابر کاروبار کرتے رہے، یہاں تک کہ ایک دن آئے تو ان کے کپڑوں پر صفرہ کا اثر تھا، نبی ﷺ نے پوچھا: کیا شادی کرلی؟ انھوں نے عرض کیا: جی ہاں، آپؐ نے پوچھا: کس سے؟ انھوں نے عرض کیا: ایک انصاری خاتون سے، آپؐ نے پوچھا: کتنا مہر دیا؟ عرض کیا: گٹھلی کے برابر سونا، یا کہا: سونے کی ایک گٹھلی، آپؐ نے فرمایا: ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری کا ہو۔

اور آخری حدیث یہ ہے کہ جب صحابہ ہجرت کر کے مدینہ آئے تو نبی ﷺ نے مہاجرین وانصار کے درمیان مؤاخات کرائی، انصار نے عرض کیا: کھجوروں کے باغات ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے درمیان بانٹ دیجئے، آپؐ نے انکار کیا، پس انصار نے کہا: باغات اور کھیتوں میں محنت مہاجرین کریں اور پیداوار میں ہم ان کو شریک کرلیں، مہاجرین نے کہا: ہمیں یہ بات منظور ہے۔

فائدہ: مؤاخات دو مرتبہ عمل میں آئی ہے، ایک مرتبہ: ہجرت سے پہلے مکہ میں، یہ مؤاخات مہاجرین کے درمیان تھی، ایک مہاجر دوسرے مہاجر کا بھائی قرار دیا گیا، اور دوسری مرتبہ مؤاخات ہجرت کے بعد مہاجرین اور انصار کے درمیان کرائی ہے، ان حضرات کے نام سیرۃ المصطفیٰ (۱: ۴۳۴) میں ہیں۔

[۳-] بَابُ إِخَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالأَنْصَارِ

[۳۷۸۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ آخَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَسَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، فَقَالَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ: إِنِّيْ أَكْثَرُ الأَنْصَارِ مَالاً، فَأَقْسِمُ مَالِيْ نِصْفَيْنِ، وَلِيَ امْرَأَتَانِ فَانْظُرْ أَعْجَبَهُمَا إِلَيْكَ فَسَمِّهَا لِيْ أُطَلِّقْهَا، فَإِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَتَزَوَّجْهَا، قَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ، أَيْنَ سُوْقُكُمْ؟ فَدَلُّوْهُ عَلٰى سُوْقِ بَنِيْ قَيْنُقَاعَ فَمَا انْقَلَبَ إِلَّا وَمَعَهُ فَضْلٌ مِنْ أَقِطٍ وَسَمْنٍ، ثُمَّ تَابَعَ الْغُدُوَّ ثُمَّ جَاءَ يَوْمًا وَبِهِ أَثَرُ صُفْرَةٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَهْيَمْ؟" قَالَ: تَزَوَّجْتُ، قَالَ: " كَمْ سُقْتَ إِلَيْهَا؟" قَالَ: نَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ أَوْ: وَزْنَ نَوَاةٍ، شَكَّ إِبْرَاهِيْمُ. [راجع: ۲۰۴۸]

[۳۷۸۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ قَالَ: قَدِمَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، وَآخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، وَكَانَ كَثِيْرَ الْمَالِ، فَقَالَ سَعْدٌ: قَدْ عَلِمَتِ الأَنْصَارُ أَنِّيْ مِنْ أَكْثَرِهَا مَالاً، سَأَقْسِمُ مَالِيْ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ شَطْرَيْنِ، وَلِيَ امْرَأَتَانِ فَانْظُرْ أَعْجَبَهُمَا إِلَيْكَ فَأُطَلِّقُهَا حَتَّى إِذَا حَلَّتْ تَزَوَّجْتَهَا، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ أَهْلِكَ! فَلَمْ يَرْجِعْ يَوْمَئِذٍ حَتَّى أَفْضَلَ شَيْئًا مِنْ سَمْنٍ وَأَقِطٍ، فَلَمْ يَلْبَثْ إِلَّا يَسِيْرًا حَتَّى جَاءَ رَسُوْلَ اللّٰهِ

صلى الله عليه وسلم وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَهْيَمْ؟" قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: " مَا سُقْتَ فِيْهَا؟" قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ أَوْ: نَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ: " أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ"[راجع: ٢٠٤٩]

[٣٧٨٢-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُوْ هَمَّامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَتِ الْأَنْصَارُ: اقْسِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ النَّخْلَ، قَالَ: "لَا" قَالَ: " تَكْفُوْنَنَا الْمَؤُنَةَ وَيُشْرِكُوْنَّا فِي الْأَمْرِ" قَالُوْا: سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا.[راجع: ٢٣٢٥]

بَابُ حُبِّ الْأَنْصَارِ

انصار سے محبت کرنا

انصار کے دونوں خاندان (اوس وخزرج) قحطانی قبائل تھے، اور مہاجرین کی اکثریت عدنانی تھی، اور قحطان اور عدنان میں موروثی عداوت چلی آرہی تھی، اس لئے انصار سے محبت کرنے کا حکم دیا تاکہ مہاجرین وانصار شیر وشکر ہوجائیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے انصار کے حق میں فرمایا: ''انصار سے مؤمن ہی محبت کرتا ہے اور ان سے منافق ہی بغض رکھتا ہے، پس جو انصار سے محبت کرتا ہے اس سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں، اور جو ان سے بغض رکھتا ہے اس سے اللہ تعالیٰ بغض رکھتے ہیں''

حدیث (۲): ''انصار سے محبت کرنا ایمان کی نشانی ہے اور انصار سے بغض رکھنا نفاق کی نشانی ہے''

تشریح: پہلے (تحفۃ القاری ۱:۲۱۷ میں) اس حدیث کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ قحطانی اور عدنانی قبائل میں نفرتیں چلی آرہی تھیں، پھر اسلام کا دور آیا، نبی ﷺ نے محسوس کیا کہ بعض مہاجرین کے دلوں میں اب بھی انصار کی نفرت ہے، پس فرمایا: انصار سے محبت کرو، یہ کامل مؤمن ہونے کی نشانی ہے اور انصار سے بغض مت رکھو یہ منافق یعنی اسلام میں غیر مخلص ہونے کی علامت ہے، اور علماء نے دوسرا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ انصار کی محبت ایمان کی نشانی ہے یعنی وہ ایمان سے ناشی ہے اور انصار سے نفرت نفاق کی نشانی ہے یعنی وہ اسلام میں عدم اخلاص سے ناشی ہے۔

[٤-] بَابُ حُبِّ الْأَنْصَارِ

[٣٧٨٣-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم- أَوْ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم-: " الْأَنْصَارُ لَايُحِبُّهُمْ

إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يُبْغِضُهُمْ إِلَّا مُنَافِقٌ، فَمَنْ أَحَبَّهُمْ أَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ أَبْغَضَهُ اللّٰهُ"

[٣٧٨٤-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" آيَةُ الإِيْمَانِ حُبُّ الأَنْصَارِ، وَآيَةُ النَّفَاقِ بُغْضُ الأَنْصَارِ"[راجع: ١٧]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِلْأَنْصَارِ:" أَنْتُمْ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو انصار سے بہت زیادہ محبت تھی

حاشیہ میں ہے کہ یہ حکم کلی مجموعی پر ہے یعنی انصار کا مجموعہ ان کے علاوہ کے مجموعہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ محبوب تھا، پس حدیث أَحَبُّ النَّاسِ أَبُوْ بَكْرٍ سے تعارض نہیں ہوگا۔

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کی عورتوں اور بچوں کو ایک شادی سے واپس آتا ہوا دیکھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوگئے، جب وہ لوگ وہاں سے گذرے تو آپؐ نے تین بار فرمایا: اللہ جانتا ہے: مجھے سب لوگوں سے زیادہ تم محبوب ہو!
(مُمَثَّلًا اور مُمْثِلًا: باب تفعیل یا افعال سے أی مُنْتَصِبًا قَائِمًا: پس یہ لفظ قام کے مفہوم میں زیادتی کرتا ہے)

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک انصاری خاتون اپنے بچہ کو لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے باتیں کیں اور دو مرتبہ فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! مجھے تم سے سب سے زیادہ محبت ہے!

[٥-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِلْأَنْصَارِ:" أَنْتُمْ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ"

[٣٧٨٥-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَأَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم النِّسَاءَ وَالصِّبْيَانَ مُقْبِلِيْنَ، قَالَ: حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: مِنْ عُرْسٍ فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُمْثِلًا، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ أَنْتُمْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ" قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ.
[انظر: ٥١٨٠]

[٣٧٨٦-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ هِشَامُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الأَنْصَارِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَعَهَا صَبِيٌّ لَهَا، فَكَلَّمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! إِنَّكُمْ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ" مَرَّتَيْنِ.[انظر: ٥٢٣٤، ٦٦٤٥]

بَابُ أَتْبَاعِ الأَنْصَارِ

انصار کے متعلقین

اصل انصار وہ حضرات ہیں جنھوں نے نبی ﷺ کی نصرت کے لئے کمر باندھی تھی، اوران کی آل اولاد اوران کے متعلقین ان کے ساتھ لاحق ہیں، حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو خط لکھا، وہ ان کو تسلی دے رہے تھے اس افتاد کے سلسلہ میں جوان پر واقعہ حراء میں اہل وعیال اور خاندان کے لوگوں پر پڑی تھی، انھوں نے لکھا کہ انصار نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہر نبی کے کچھ متعلقین ہوتے ہیں اور ہم نے بالیقین آپؐ کی پیروی کی ہے، پس آپؐ ہمارے لئے دعا فرمائیں کہ ہمارے متعلقین کو اللہ تعالیٰ آپؐ کے ساتھ لاحق کریں۔ اور ایک روایت میں مِنّا ہے یعنی ہمارے ساتھ لاحق کریں، چنانچہ نبی ﷺ نے ان کے لئے دعا کی فرمایا: اے اللہ! انصار کی مغفرت فرما اور انصار کی اولاد کی مغفرت فرما اوران کی اولاد کی اولاد کی اوران کی عورتوں کی بھی (ترمذی حدیث ۳۹۳۲، ۳۹۳۹) عمرو بن مُرّہ کہتے ہیں: میں نے یہ بات حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (صحابی صغیر) کے سامنے ذکر کی تو انھوں نے تائید کی کہ یہ بات حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے۔

[٦-] بَابُ أَتْبَاعِ الأَنْصَارِ

[٣٧٨٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعْتُ أَبَا حَمْزَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ: قَالَتِ الأَنْصَارُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! لِكُلِّ نَبِيٍّ أَتْبَاعٌ، وَإِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاكَ فَادْعُ اللهَ أَنْ يَجْعَلَ أَتْبَاعَنَا مِنْكَ فَدَعَا بِهِ، فَنَمَيْتُ ذٰلِكَ إِلَى ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، فَقَالَ: قَدْ زَعَمَ ذَاكَ زَيْدٌ. [انظر: ٣٧٨٨]

[٣٧٨٨-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَمْزَةَ رَجُلاً مِنَ الأَنْصَارِ، قَالَ: قَالَتِ الأَنْصَارُ: إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ أَتْبَاعًا، وَإِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاكَ فَادْعُ اللهَ أَنْ يَجْعَلَ أَتْبَاعَنَا مِنَّا، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ اجْعَلْ أَتْبَاعَهُمْ مِنْهُمْ" قَالَ عَمْرٌو: فَذَكَرْتُهُ لِابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، قَالَ: قَدْ زَعَمَ ذَاكَ زَيْدٌ، قَالَ شُعْبَةُ: أَظُنُّهُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ. [راجع: ٣٧٨٧]

بَابُ فَضْلِ دُوْرِ الأَنْصَارِ

بطون انصار کی فضیلت

انصار (اوس وخزرج) کے بہت سے بطون تھے، نبی ﷺ نے ان میں سے چار بطون کو بالترتیب بہتر قرار دیا، وہ یہ ہیں:

۱-بنوالنجار: نسبت: نجّاری: خزرج کا بطن ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ (خادم رسول ﷺ) اسی بطن سے تھے اور یہی بطن نبی ﷺ کی ننھیال ہے۔

۲-بنوعبدالاشہل: نسبت: اشہلی: اوس کا بطن ہے، حضرت اُسید بن حُضیر اشہلی رضی اللہ عنہ اسی بطن سے تھے۔

۳-بنوالحارث: نسبت: حارثی: خزرج کا بطن ہے، حضرت رافع بن خدیج حارثی رضی اللہ عنہ اسی بطن سے تھے۔

۴-بنوساعدہ: نسبت: ساعدی: خزرج کا بطن ہے، حضرت سعد بن عبادہ ساعدی رضی اللہ عنہ اسی بطن سے تھے۔

اور باب کی پہلی حدیث کے آخر میں ہے: اور انصار کے سبھی بطون میں خیر ہے، حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں دیکھتا ہوں میں نبی ﷺ کو مگر ترجیح دی آپؐ نے ہم پر (حضرت سعدؓ ساعدی ہیں اور بنوساعدہ خزرج کا بطن ہے، نبی ﷺ نے بنوساعدہ کو چوتھے نمبر پر رکھا، اس پر حضرت سعدؓ نے جو قبیلہ کے سردار تھے فرمایا: تین قبیلوں کو ہم سے پہلے رکھا اور ہمیں چوتھے نمبر پر رکھا، پس کسی نے ان سے کہا) تمہیں ترجیح دی، تمہیں چوتھے نمبر پر رکھا، پس تم باقی قبائل سے افضل ہوئے، کیا یہ بات تمہارے لئے کافی نہیں؟)

یہی بات آخری حدیث کے آخر میں تفصیل سے ہے، جس کا ترجمہ یہ ہے: ابوحمید ساعدیؓ کہتے ہیں: پس ہم حضرت سعدؓ سے ملے، پس ابواُسیدؓ نے ان سے کہا: کیا تم نے دیکھا نہیں کہ نبی ﷺ نے انصار میں ترجیح قائم کی اور ہمیں سب سے آخر میں رکھا؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ بات عرض کی تو آپؐ نے فرمایا: ''کیا تمہارے لئے یہ بات کافی نہیں کہ تمہارا شمار بہترین قبائل میں آیا؟'' اس روایت سے معلوم ہوا کہ یہ بات ابواُسیدؓ نے کہی تھی، حضرت سعدؓ نے نہیں کہی تھی، حضرت سعدؓ تو یہ بات لے کر خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تھے، نبی ﷺ نے ان کو مطمئن کیا کہ بہترین قبائل میں تمہارا شمار آ گیا، امتیازی پوزیشن تم نے حاصل کر لی، اب کیا چاہتے ہو؟

[۷-] بَابُ فَضْلِ دُوْرِ الْأَنْصَارِ

[۳۷۸۹-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِیْ أُسَیْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " خَیْرُ دُوْرِ الْأَنْصَارِ بَنُوْ النَّجَّارِ، ثُمَّ بَنُوْ عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ بَنُوْ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ بَنُوْ سَاعِدَةَ، وَفِیْ کُلِّ دُوْرِ الْأَنْصَارِ خَیْرٌ" فَقَالَ سَعْدٌ: مَا أَرَی النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَّا قَدْ فَضَّلَ عَلَیْنَا، فَقِیْلَ: قَدْ فَضَّلَکُمْ عَلٰی کَثِیْرٍ، وَقَالَ عَبْدُ الصَّمَدِ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ: سَمِعْتُ أَنَسًا: قَالَ أَبُوْ أُسَیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِهٰذَا، وَقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ. [انظر: ۳۷۹۰، ۳۸۰۷، ۶۰۵۳]

[۳۷۹۰-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا شَیْبَانُ، عَنْ یَحْیَی: قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ أُسَیْدٍ أَنَّهُ

سَمِعَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ:" خَیْرُ الْأَنْصَارِ – أَوْ قَالَ: خَیْرُ دُوْرِ الْأَنْصَارِ – بَنُو النَّجَّارِ، وَبَنُوْ عَبْدِ الْأَشْهَلِ، وَبَنُوْ الْحَارِثِ، وَبَنُوْ سَاعِدَةَ"[راجع: ۳۷۸۹]

[۳۷۹۱-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ یَحْیَی، عَنْ عَبَّاسِ ابْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِیْ حُمَیْدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" إِنَّ خَیْرَ دُوْرِ الْأَنْصَارِ دَارُ بَنِی النَّجَّارِ، ثُمَّ بَنِیْ عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ دَارُ بَنِیْ الْحَارِثِ، ثُمَّ بَنِیْ سَاعِدَةَ، وَفِیْ کُلِّ دُوْرِ الْأَنْصَارِ خَیْرٌ" فَلَحِقْنَا سَعْدَ ابْنَ عُبَادَةَ فَقَالَ أَبُوْ أُسَیْدٍ: أَلَمْ تَرَ أَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم خَیَّرَ الْأَنْصَارَ فَجَعَلَنَا أَخِیْرًا؟ فَأَدْرَكَ سَعْدٌ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! خُیِّرَ دُوْرُ الْأَنْصَارِ فَجُعِلْنَا آخِرًا، فَقَالَ: "أَوَ لَیْسَ بِحَسْبِکُمْ أَنْ تَکُوْنُوْا مِنَ الْخِیَارِ؟"[راجع: ۱۴۸۱]

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم لِلْأَنْصَارِ:" اصْبِرُوْا حَتّٰی تَلْقَوْنِیْ عَلَی الْحَوْضِ"

نبی ﷺ نے انصار کو حوضِ کوثر پر پہنچنے کی خوش خبری سنائی

حدیث (۱): ایک انصاری نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپؐ مجھے سرکاری کام نہیں سونپتے، جیسا آپؐ نے فلاں کو سونپا؟ آپؐ نے فرمایا: عنقریب میرے بعد تم ترجیح سے ملاقات کروگے، پس صبر کرنا، یہاں تک کہ مجھ سے حوضِ کوثر پر ملاقات کرو، یعنی فلاں کو جو سرکاری کام دیا ہے وہ میں نے اس کو تم پر ترجیح نہیں دی، بلکہ کسی مصلحت سے اس کو کام سونپا ہے، ترجیح کا عمل میرے بعد شروع ہوگا، اس وقت صبر کرنا، یہاں تک کہ تم میرے پاس حوضِ کوثر پر آجاؤ، اور حوضِ کوثر پر جو پہنچا وہ جنت میں جائے گا، پس آپؐ نے ضمناً انصار کو جنت کی خوشخبری سنائی۔ اور دوسری حدیث میں بھی یہی مضمون ہے، البتہ اس میں مَوْعدکم الحوض ہے یعنی ہماری تمہاری ملاقات حوضِ کوثر پر ہوگی۔

اور تیسری حدیث میں ہے کہ یحیٰ بن سعید انصاری حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے جب وہ ولید بن عبدالملک سے ملاقات کے لئے دمشق گئے، اس سفر میں انھوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی ﷺ نے انصار کو بلایا تاکہ ان کو بحرین میں جائدادیں دیں، انصار نے لینے سے انکار کیا، انھوں نے کہا: ہمارے مہاجر بھائیوں کو بھی اسی طرح جائداد دی جائے تو ہم لیں گے، نبی ﷺ نے فرمایا: مہاجرین کے بغیر تم جائداد لینے کے لئے تیار نہیں پس تم صبر کرنا یہاں تک کہ تم مجھ سے مل جاؤ، پس بیشک شان یہ ہے کہ میرے بعد ترجیح سے تمہیں دوچار ہونا پڑے گا۔

تشریح: یہ حدیث پہلے (تحفہ ۵: ۴۱۲) آئی ہے، انصار نے مہاجرین کو ترجیح دی وہ ان کے بغیر جاگیریں لینے کے لئے تیار نہیں ہوئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: عنقریب میرے بعد تم ترجیح کو دیکھوگے، یعنی میرے بعد ایسے بادشاہ آئیں گے جو مہاجرین (قریش) کو انصار پر عہدوں اور عطایا میں ترجیح دیں گے، پس تم صبر کرنا، یہاں تک کہ مجھ سے ملاقات کرو، یعنی

حرف شکایت زبان پر نہ لانا، یعنی میں نے تو تم کو مہاجرین پر ترجیح نہیں دی، دونوں کو برابر رکھا ہے، ان کو زمینیں پہلے دے چکا ہوں اب تمہیں دے رہا ہوں، مگر آگے ترجیح کا عمل شروع ہوگا، اس وقت صبر کرنا۔

[۸-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم لِلْأَنْصَارِ: " اصْبِرُوْا حَتَّی تَلْقَوْنِیْ عَلَی الْحَوْضِ"

قَالَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَیْدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۳۷۹۲-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أُسَیْدِ بْنِ حُضَیْرٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا تَسْتَعْمِلُنِیْ کَمَا اسْتَعْمَلْتَ فُلَانًا؟ قَالَ: " سَتَلْقَوْنَ بَعْدِیْ أَثَرَةً، فَاصْبِرُوْا حَتَّی تَلْقَوْنِیْ عَلَی الْحَوْضِ"

[انظر: ۷۰۵۷]

[۳۷۹۳-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامٍ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ یَقُوْلُ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم لِلْأَنْصَارِ: " إِنَّکُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِیْ أَثَرَةً، فَاصْبِرُوْا حَتَّی تَلْقَوْنِیْ، وَمَوْعِدُکُمُ الْحَوْضُ"[راجع: ۳۱۴۶]

[۳۷۹۴-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِکٍ، حِیْنَ خَرَجَ مَعَهُ إِلَی الْوَلِیْدِ، قَالَ: دَعَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم الْأَنْصَارَ إِلَی أَنْ یُقْطِعَ لَهُمُ الْبَحْرَیْنِ، فَقَالُوْا: لَا، إِلَّا أَنْ تُقْطِعَ لِإِخْوَانِنَا مِنَ الْمُهَاجِرِیْنَ مِثْلَهَا، قَالَ:" إِمَّا لَا فَاصْبِرُوْا حَتَّی تَلْقَوْنِیْ، فَإِنَّهُ سَتُصِیْبُکُمْ أَثَرَةٌ بَعْدِیْ"[راجع: ۲۳۷۶]

بَابُ دُعَاءِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:" أَصْلِحِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ"

دعائے نبوی: انصار اور مہاجرین کو سنوار دے!

جب خندق کھودی جا رہی تھی تو صحابہ رجز پڑھ رہے تھے، اور نبی ﷺ جوابی رجز پڑھ رہے تھے، پہلی حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہے اس کو تین سندوں سے روایت کیا ہے، پہلے طریق میں أَصْلِح: (سنوار دے) ہے، دوسرے طریق میں فَاغْفِر: (بخش دے) ہے اور تیسرے طریق میں أکرم: (عزت عطا فرما) ہے، اور دوسری حدیث حضرت سہلؓ کی ہے، اس میں بھی فاغفر ہے اور أکتاد: کَتِد (شانہ) کی جمع ہے، مونڈھے سے پیٹھ تک کا حصہ کتد کہلاتا ہے۔

[۹-] بَابُ دُعَاءِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:" أَصْلِحِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ"

[۳۷۹۵-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِیَاسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صلی اللہ علیہ وسلم: " لَاعَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الآخِرَةْ÷ فَأَصْلِحِ الأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ"[راجع: ٢٨٣٤]
وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِثْلَهُ وَقَالَ:" فَاغْفِرْ الأَنْصَارَ"

[٣٧٩٦-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَتِ الأَنْصَارُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ تَقُوْلُ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ❁ عَلَى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

فَأَجَابَهُمْ:

اللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الآخِرَةْ ❁ فَأَكْرِمِ الأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ

[راجع: ٢٨٣٤]

[٣٧٩٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: جَاءَ نَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَنَحْنُ نَحْفِرُ الْخَنْدَقَ وَنَنْقُلُ التُّرَابَ عَلَى أَكْتَادِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الآخِرَةْ ❁ فَأَكْرِمِ الأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ

بَابٌ: ﴿وَيُؤْثِرُوْنَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ﴾

انصار دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ وہ فاقہ سے ہوں

یہ سورۃ الحشر کی آیت ۹ کا حصہ ہے، باب میں اس کا شانِ نزول بیان کیا ہے، ایک شخص نبی ﷺ کا مہمان بنا، آپؐ نے اپنے گھروں میں پوچھوایا کہ مہمان کے کھانے کے لئے کچھ ہے؟ ازواجؓ نے جواب دیا: ہمارے یہاں صرف پانی ہے، نبی ﷺ نے حاضرین سے پوچھا: ان صاحب کو کون ملائے گا؟ یا فرمایا: کون مہمان بنائے گا؟ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں مہمانی کروں گا، وہ ان کو لے کر گھر گئے، اور اہلیہ سے کہا: یہ نبی ﷺ کے مہمان ہیں، ان کی خاطر تواضع کرو، بیوی نے کہا: ہمارے پاس صرف بچوں کے کھانے کے بقدر ہے، حضرت ابوطلحہؓ نے کہا: اپنا کھانا تیار کرو، اور اپنا چراغ جلاؤ، اور اپنے بچوں کو سلا دو، جب وہ شام کا کھانا مانگیں، چنانچہ انھوں نے اپنا کھانا تیار کیا، اور چراغ جلایا، اور بچوں کو سلا دیا (پھر مہمان کے سامنے کھانا رکھا) پھر بیوی نے چراغ ٹھیک کرنے کے بہانے بجھا دیا، پس دونوں نے مہمان کو دکھلایا کہ وہ دونوں کھا رہے ہیں (یہ اس زمانہ کا واقعہ ہے جب حجاب کا حکم نہیں آیا تھا اور عربوں کے معاشرہ میں عورتیں بھی مردوں کے ساتھ کھاتی تھیں) پس دونوں نے بھوکے پیٹ رات گذاری، جب صبح حضرت ابوطلحہؓ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: آج رات تم دونوں کے عمل سے اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوئے، پھر یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی کہ انصار

اپنی ذاتوں پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں، اگرچہ وہ فاقہ سے ہوں، اور جو لوگ جی کے لالچ سے بچائے گئے وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔

[۱۰-] بَابٌ: ﴿وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ﴾

[۳۷۹۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم فَبَعَثَ إِلٰى نِسَائِهِ، فَقُلْنَ: مَامَعَنَا إِلَّا الْمَاءُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَضُمُّ أَوْ: يُضِيْفُ هٰذَا؟" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: أَنَا، فَانْطَلَقَ بِهِ إِلٰى امْرَأَتِهِ فَقَالَ: أَكْرِمِیْ ضَيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: مَا عِنْدَنَا إِلَّا قُوْتُ صِبْيَانٍ، فَقَالَ: هَيِّئِیْ طَعَامَكِ، وَأَصْبِحِیْ سِرَاجَكِ، وَنَوِّمِیْ صِبْيَانَكِ إِذَا أَرَادُوْا عَشَاءً، فَهَيَّأَتْ طَعَامَهَا وَأَصْبَحَتْ سِرَاجَهَا، وَنَوَّمَتْ صِبْيَانَهَا، ثُمَّ قَامَتْ كَأَنَّهَا تُصْلِحُ سِرَاجَهَا فَأَطْفَأَتْهُ فَجَعَلَا يُرِيَانِهِ أَنَّهُمَا يَأْكُلَانِ فَبَاتَا طَاوِيَيْنِ، فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "ضَحِكَ اللّٰهُ اللَّيْلَةَ أَوْ: عَجِبَ مِنْ فَعَالِكُمَا" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ، وَمَنْ يُوْقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾ [انظر: ٤٨٨٩]

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم: "اقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ"

انصار کے نیکوکاروں کا عمل قبول کرو اور ان کے خطا کاروں سے درگذر کرو (حدیث)

حدیث (۱): حضرات ابوبکر وعباس رضی اللہ عنہما انصار کی ایک مجلس کے پاس سے گذرے، وہ رو رہے تھے، پوچھا: آپ حضرات کیوں رو رہے ہیں؟ انھوں نے کہا: ہمیں نبی ﷺ کی مجلس یاد آئی (یہ مرض وفات کا واقعہ ہے، کئی دن سے آپؐ کی مجلس نہیں ہو رہی تھی)، ان حضرات نے نبی ﷺ کو اطلاع دی، راوی کہتا ہے: پس نبی ﷺ نکلے درانحالیکہ آپؐ نے اپنے سر کو مضبوط باندھ رکھا تھا کسی چادر کے کنارہ سے، راوی کہتا ہے: پس آپؐ منبر پر چڑھے، اور نہیں منبر پر چڑھے آپؐ اس دن کے بعد، یعنی یہ آپؐ کی آخری تقریر تھی، پس آپؐ نے اللہ کی خوب تعریف کی، پھر آپؐ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو انصار کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کرتا ہوں، اس لئے کہ انصار میری اوجھ (پیٹ) اور میرا بکس (تھیلا) ہیں، اور یقیناً انھوں نے وہ حق ادا کر دیا ہے جو ان کے ذمہ لازم تھا اور وہ حق باقی رہ گیا ہے جو ان کے لئے ہے، پس ان کے نیکوکاروں سے قبول کرو، اور ان کے خطا کاروں سے درگذر کرو۔

لغات: الكَرِش: جگالی کرنے والے جانوروں کی اوجھ، جو انسان کے معدہ کی طرح ہوتی ہے............ **العيبة:** چمڑے

کا بکس، یا تھیلا، پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری، آدمی کے بھید کی جگہ، راز دار............ یہ دونوں تشبیہیں ہیں۔

حدیث (۲): ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ مسجد کی طرف نکلے درانحالیکہ آپؐ چادر اوڑھے ہوئے تھے، لپیٹے ہوئے تھے اس کو اپنے دونوں شانوں پر اور آپؐ نے چکنی پٹی سر پر باندھ رکھی تھی، آپؐ منبر پر تشریف فرما ہوئے، اللہ کی خوب تعریف کی اور فرمایا: لوگو! لوگ بڑھتے جائیں گے اور انصار گھٹتے جائیں گے، یہاں تک کہ وہ کھانے میں نمک کی طرح رہ جائیں گے، پس امت محمدیہ میں سے جو شخص کسی چیز کا ذمہ دار بنے، اور وہ طاقت رکھتا ہو کہ اس میں کسی کو نقصان پہنچائے یا اس میں کسی کو نفع پہنچائے، یعنی کسی با اختیار عہدہ کا مالک بنے تو چاہئے کہ انصار کے نیکوکاروں سے قبول کرے اور خطا کاروں سے درگذر کرے، یعنی نیکوکاروں کو انعام واکرام سے نوازے اور کوتاہی کرنے والوں سے درگذر کرے (یہ حدیث پہلے تحفۃ القاری ۳: ۲۴۶ میں آئی ہے)

[۱۱-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" اقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ"

[۳۷۹۹-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيىَ أَبُوْ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَاذَانُ أَخُوْ عَبْدَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: مَرَّ أَبُوْ بَكْرٍ وَالْعَبَّاسُ بِمَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ الْأَنْصَارِ وَهُمْ يَبْكُوْنَ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكُمْ؟ قَالُوْا: ذَكَرْنَا مَجْلِسَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنَّا، فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ، قَالَ: فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ عَصَّبَ رَأْسَهُ حَاشِيَةَ بُرْدٍ، قَالَ: فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ وَلَمْ يَصْعَدْهُ بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنىٰ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" أُوْصِيْكُمْ بِالْأَنْصَارِ فَإِنَّهُمْ كِرْشِيْ وَعَيْبَتِيْ وَقَدْ قَضَوُا الَّذِيْ عَلَيْهِمْ وَبَقِيَ الَّذِيْ لَهُمْ، فَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ"[انظر: ۳۸۰۱]

[۳۸۰۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْغَسِيْلِ، قَالَ: سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَعَلَيْهِ مِلْحَفَةٌ مُتَعَطِّفًا بِهَا عَلىٰ مَنْكِبَيْهِ، وَعَلَيْهِ عِصَابَةٌ دَسْمَاءُ، حَتّٰى جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنىٰ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" أَمَّا بَعْدُ، أَيُّهَا النَّاسُ فَإِنَّ النَّاسَ يَكْثُرُوْنَ وَتَقِلُّ الْأَنْصَارُ حَتّٰى يَكُوْنُوْا كَالْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ، فَمَنْ وَلِيَ مِنْكُمْ أَمْرًا يَضُرُّ فِيْهِ أَحَدًا أَوْ يَنْفَعُهُ فَلْيَقْبَلْ مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَيَتَجَاوَزْ عَنْ مُسِيْئِهِمْ"[راجع: ۹۲۷]

[۳۸۰۱-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الْأَنْصَارُ كِرْشِيْ وَعَيْبَتِيْ، وَالنَّاسُ سَيَكْثُرُوْنَ وَيَقِلُّوْنَ، وَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ"[راجع: ۳۷۹۹]

بَابُ مَنَاقِبِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے فضائل

حضرت سعد بن معاذ اوسی اشہلی انصاری رضی اللہ عنہ: قبیلہ اوس کے سردار تھے، جیسے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ قبیلہ خزرج کے سردار تھے، ہجرت سے پہلے حضرت مُصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے، پھر پورا قبیلہ آپؓ کی دعوت سے مسلمان ہوگیا، جنگِ بدر میں اوس کا علم آپؓ کے ہاتھ میں تھا، لمبا قد اور بھاری بدن تھا، جنگِ خندق میں آپؓ کی بازو کی رگ تیر لگنے سے کٹ گئی، بنوقریظہ کا فیصلہ کرنے کے بعد ۳۷ سال کی عمر میں ۵ ہجری میں مدینہ میں وفات پائی۔

۱- جنت میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے دستی رومال دنیا کے ریشم سے بہتر ہونگے

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ریشم کا سوٹ ہدیہ آیا، لوگ اس کو چھونے لگے اور اس کی نرمی پر تعجب کرنے لگے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: تم اس کی نرمی پر کیا تعجب کرتے ہو؟ سعد بن معاذؓ کے دستی رومال (جنت میں) اس سے اچھے ہونگے (مندیل: ہاتھ یا پسینہ وغیرہ پونچھنے کا مربّع رومال)

تشریح: حاشیہ میں ہے کہ یہ سوٹ دومۃ الجندل کے ٹھاکر اُکیدر نے نبی ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا، حُلَّة: ایسے دو کپڑوں کو کہتے ہیں جو ہم جنس ہوں، اور ترمذی (حدیث ۱۷۱۳) میں جُبّة ہے جس میں زری کا کام کیا ہوا تھا، اور وہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ہدیہ کیا تھا، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے۔

[۱۲-] بَابُ مَنَاقِبِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

[۳۸۰۲-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ یَقُوْلُ: أُهْدِیَتْ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم حُلَّةُ حَرِیْرٍ، فَجَعَلَ أَصْحَابُهُ یَمَسُّوْنَهَا وَیَعْجَبُوْنَ مِنْ لِیْنِهَا، فَقَالَ: "أَتَعْجَبُوْنَ مِنْ لِیْنِ هٰذِهِ؟ لَمَنَادِیْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ خَیْرٌ مِنْهَا أَوْ: أَلْیَنُ" رَوَاهُ قَتَادَةُ وَالزُّهْرِیُّ: سَمِعَا أَنَسًا، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم. [راجع: ۳۲۴۹]

۲- حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے لئے عرش الٰہی جھوم گیا

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ کا عرش سعدؓ کے لئے (فرحت وشادمانی سے) جھوم گیا (یہ حدیث دس سے زیادہ صحابہ سے مروی ہے) جب حضرت جابرؓ نے یہ حدیث بیان کی تو ایک شخص نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کہا: حضرت براء رضی اللہ عنہ عرش کے بجائے 'سریر' کہتے ہیں،

یعنی وہ چارپائی جس پر حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ تھا، وہ ہلی، حضرت جابرؓ نے کہا: ان دو قبیلوں میں کینے تھے، یعنی اوس وخزرج کے درمیان پرانی عداوتیں تھیں، اس لئے حضرت براء رضی اللہ عنہ کی سمجھ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی یہ فضیلت نہیں آئی، اس لئے انھوں نے عرش کی جگہ چارپائی کہا، یعنی یہ صحیح نہیں، میں نے خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ رحمان کا عرش سعدؓ کی موت کی وجہ سے جھوم گیا!

تشریح: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اوسی ہیں، حضرت براء رضی اللہ عنہ بھی اوسی ہیں، اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ خزرجی ہیں، اس لئے حضرت جابرؓ کی بات فٹ نہیں بیٹھتی، پس صحیح بات یہ ہے کہ حضرت براء رضی اللہ عنہ کو حدیث اسی طرح یاد ہوگی مگر دس سے زیادہ صحابہ عرش کا لفظ روایت کرتے ہیں اس لئے وہی معروف ہے اور حضرت براءؓ کی روایت شاذ ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ہر مخلوق باشعور اور اللہ تعالیٰ کی تسبیح خواں ہے، سورہ بنی اسرائیل (آیت ۴۴) میں ہے: ﴿تُسَبِّحُ لَهُ السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ وَالْأَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ﴾ الآية: ساتوں آسمان اور زمین اور جو لوگ ان میں ہیں: سب پاکی بیان کرتے ہیں، اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان نہ کرتی ہو، لیکن تم لوگ ان کی پاکی بیان کرنے کو سمجھتے نہیں۔ اور عرش الٰہی: اللہ کی ایک بڑی مخلوق ہے اور اس میں بھی شعور ہے۔

اور فرعونیوں کے بارے میں سورۃ الدخان کی (آیت ۲۹) ہے: ﴿فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ﴾: پس ان پر آسمان وزمین نہیں روئے، اس لئے کہ خس کم جہاں پاک! اس آیت سے معلوم ہوا کہ نیک لوگوں کی موت پر آسمان وزمین روتے ہیں، اور جب مؤمن کی روح عالم بالا میں پہنچتی ہے تو ملائکہ خوش ہوتے ہیں، اور اس کو مبارک باد دیتے ہیں، اور بارگاہِ خداوندی میں اس روح کو پیش کرتے ہیں، مسلم شریف میں (حدیث ۲۸۷۲ کتاب الجنة باب ۷۵) ہے: ''جب مؤمن کی روح نکلتی ہے تو دو فرشتے اس کا استقبال کرتے ہیں، وہ دونوں اس کو لے کر چڑھتے ہیں اور آسمان والے کہتے ہیں: پاکیزہ روح زمین سے آئی ہے، اللہ کی بے پایاں رحمت ہو تجھ پر، اور اس جسم پر جس کو تو نے آباد کیا، پھر اس کو پروردگار کے پاس لے جاتے ہیں، چنانچہ جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی روح بارگاہِ خداوندی میں پیش ہوئی تو عرش الٰہی سرور وشادمانی سے جھوم گیا، پس یہ حقیقت ہے مجاز نہیں۔

[۳۸۰۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُسَاوِرٍ خَتَنُ أَبِيْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ'' وَعَنِ الْأَعْمَشِ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، فَقَالَ رَجُلٌ لِجَابِرٍ: فَإِنَّ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ: ''اهْتَزَّ السَّرِيْرُ'' فَقَالَ: إِنَّهُ كَانَ بَيْنَ هٰذَيْنِ الْحَيَّيْنِ ضَغَائِنُ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: ''اهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ''

۳- بنو قریظہ کے حق میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا فیصلہ سماوی فیصلہ تھا

حدیث: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنو قریظہ نے اپنا فیصلہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو سونپا، وہ بیمار تھے، نبی ﷺ نے آدمی بھیج کر ان کو بلایا، وہ گدھے پر بیٹھ کر آئے، پس جب وہ کیمپ کی مسجد کے قریب آئے تو نبی ﷺ نے فرمایا: تمہارے بہترین آدمی، یا فرمایا: تمہارے سردار (آگئے) پھر آپؐ نے فرمایا: اے سعد! یہ لوگ آپؓ کے فیصلہ پر قلعہ سے اتر آئے ہیں، حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ان کے حق میں فیصلہ کرتا ہوں کہ لڑنے والے قتل کئے جائیں اور ان کے بال بچے قید کئے جائیں، نبی ﷺ نے فرمایا: تم نے اللہ کا فیصلہ کیا، یا فرمایا: تم نے فرشتے کا فیصلہ کیا، یعنی سماوی فیصلہ کیا، جو اللہ تعالیٰ کو منظور تھا وہی فیصلہ کیا۔

[۳۸۰٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ أُنَاسًا نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَجَاءَ عَلٰى حِمَارٍ، فَلَمَّا بَلَغَ قَرِيْبًا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " خَيْرُكُمْ أَوْ: سَيِّدُكُمْ" فَقَالَ: "يَا سَعْدُ! إِنَّ هٰؤُلَآءِ نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِكَ" قَالَ: فَإِنِّيْ أَحْكُمُ فِيْهِمْ أَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ وَتُسْبٰى ذَرَارِيُّهُمْ، قَالَ: " حَكَمْتَ بِحُكْمِ اللّٰهِ أَوْ: بِحُكْمِ الْمَلِكِ"[راجع: ٣٠٤٣]

بَابُ مَنْقَبَةِ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ وَعَبَّادِ بْنِ بِشْرٍ

حضرات اسید اور عباد رضی اللہ عنہما کی فضیلت

حضرت اُسید بن الحضیر رضی اللہ عنہ اوسی ہیں، زمانۂ جاہلیت میں اور زمانۂ اسلام میں معزز تھے، اپنے قبیلہ کے بڑے تھے، آپؓ کا شمار عرب کے عقلاء اور ذو رائے لوگوں میں ہوتا ہے، عقبہ ثانیہ میں شریک تھے، اور بارہ نقیبوں میں شامل کئے گئے، جنگِ احد میں شریک ہوئے، سات زخم کھائے اور جب لوگ منتشر ہوگئے تو وہ نبی ﷺ کے ساتھ ڈٹے رہے، مدینہ میں ۲۰ ہجری میں وفات پائی۔

اور حضرت عباد بن بشر رضی اللہ عنہ خزرجی ہیں، بہادروں میں آپ کا شمار ہے، بدر کی جنگ میں اور بعد کی جنگوں میں شریک رہے، اور جنگ یمامہ میں بڑا کارنامہ انجام دیا اور ۱۲ ہجری میں شہید ہوئے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کے اصحاب میں سے دو شخص ایک اندھیری رات میں نبی ﷺ کے پاس سے نکلے، ان دونوں کے سامنے ایک نور تھا (دونوں میں سے ایک کی لاٹھی ٹارچ بن گئی تھی) پھر جب دونوں جدا ہوئے تو ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ایک نور ہو گیا، یہاں تک کہ وہ دونوں اپنے گھر پہنچے، حضرت انس رضی اللہ

عنہ کہتے ہیں: ان میں سے ایک اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ اور دوسرے ایک انصاری آدمی تھے، پہلے (حدیث ۴۶۵، تحفہ ۲:۳۲۱ میں) آیا ہے کہ دوسرے اُسید بن حضیرؓ تھے، یہ ان دونوں صحابہ کی کرامت ہے، اور یہی ان کی فضیلت ہے، کرامت ہر آدمی کے ہاتھ سے ظاہر نہیں ہوتی، اللہ کے مقبول بندوں کے ہاتھ ہی سے ظاہر ہوتی ہے۔

[۱۳-] بَابُ مَنْقَبَةِ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ وَعَبَّادِ بْنِ بِشْرٍ

[۳۸۰۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلَيْنِ خَرَجَا مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ، وَإِذَا نُورٌ بَيْنَ أَيْدِيهِمَا حَتَّى تفرَّقَا فَتَفَرَّقَ النُّوْرُ مَعَهُمَا، وَقَالَ مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ: إِنَّ أُسَيْدَ بْنَ حُضَيْرٍ وَرَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَقَالَ حَمَّادٌ: أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ: كَانَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم [راجع: ٤٦٥]

بَابُ مَنَاقِبِ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے فضائل

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ خزرجی ہیں، کنیت: ابوعبدالرحمٰن، جوانی میں مسلمان ہوئے، حلال وحرام (مسائل فقہیہ) کے سب سے زیادہ جاننے والے تھے، بیعت عقبہ ثانیہ میں شریک ہوئے، نبی ﷺ نے آپؓ کو یمن کا حاکم بنایا، خلافت صدیقی میں مدینہ واپس آئے اور حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ شام میں جہاد کے لئے چلے گئے، جب طاعون عمواس میں حضرت ابوعبیدہؓ کی وفات ہونے لگی تو انھوں نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو اسلامی افواج کا سپہ سالار اعظم مقرر کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو برقرار رکھا، مگر اسی سال ۱۸ ہجری میں آپؓ کا بھی انتقال ہوگیا، آپؓ ہجرت سے بیس سال پہلے پیدا ہوئے ہیں۔

ترمذی (حدیث ۳۸۲۲) میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: أعلمهم بالحلال والحرام معاذ بن جبل: اور یہاں جو روایت ہے وہ ابھی گذری ہے کہ چار شخصوں سے قرآن پڑھواؤ (اور جس طرح وہ پڑھیں اسی طرح پڑھو) ان چار میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا بھی نام ہے، یہی ان کی فضیلت ہے۔

[۱٤-] بَابُ مَنَاقِبِ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

[۳۸۰٦-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "اسْتَقْرِئُوْا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ، وَأُبَيٍّ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ" [راجع: ۳۷۵۸]

بَابُ مَنْقَبَةِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ خزرجی صحابی ہیں، قبیلہ خزرج کے سردار تھے، زمانۂ جاہلیت میں آپؓ کا لقب 'کامل' تھا، کامل وہ شخص کہلاتا تھا جو لکھنا پڑھنا، تیراندازی اور تیرا کی جانتا ہو، بیعتِ عقبہ ثانیہ میں شامل اور بارہ نقیبوں میں سے ایک تھے، غزوۂ احد اور غزوہ خندق وغیرہ میں شریک ہوئے، آپؓ کا شمار بڑے سخی لوگوں میں تھا، ہجرت کر کے شام چلے گئے، ۱۴ ہجری میں حوران میں وفات پائی۔

۱- حضرت سعد رضی اللہ عنہ بہت اچھے آدمی تھے!

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے گواہی دی کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ بہت اچھے آدمی تھے، مگر افک کے واقعہ میں ان سے چوک ہوگئی، عمدہ گھوڑا بھی ٹھوکر کھاتا ہے، انھوں نے افک کے معاملہ میں عبداللہ بن ابی (منافق) کی حمایت کی، جو ان کو نہیں کرنی چاہئے تھی، اسی طرح دو اور واقعات میں بھی آپؓ سے چوک ہوگئی تھی، یہ واقعات درج ذیل ہیں:

پہلا واقعہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت کے واقعہ میں نبی ﷺ نے مسجد میں تقریر فرمائی اور ارشاد فرمایا: ''مسلمانو! کون ہے جو مجھے اس شخص کے حملہ سے بچائے جس نے میرے گھر والوں پر تہمت لگا کر مجھے اذیت پہنچائی ہے؟'' (مراد عبداللہ بن ابی منافق تھا) اس پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! اگر وہ ہمارے قبیلہ کا ہے تو ہم اس کی گردن ماردیں گے اور اگر ہمارے بھائی خزرجیوں میں سے ہے تو آپؐ ہمیں حکم دیں ہم اس کی تعمیل کریں گے، یہ سن کر رئیس خزرج حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: بخدا! تم اسے قتل نہیں کر سکتے، اس پر حضرت اُسید بن حُضیر رضی اللہ عنہ نے جو حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی تھے کہا: بخدا! تم جھوٹ کہتے ہو، ہم ضرور اس کو قتل کریں گے، اور تم منافق ہو، منافقوں کی حمایت کرتے ہو، اس پر مسجدِ نبوی میں ہنگامہ بپا ہوگیا اور اوس وخزرج قریب تھے کہ دست وگریباں ہوجائیں، نبی ﷺ نے مشکل سے حالات پر قابو پایا اور منبر سے اتر آئے (تحفۃ القاری ۶:۶۰) اسی کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ اس واقعہ سے پہلے نیک آدمی تھے، وہ مخلص صحابی تھے، یہی ان کی فضیلت ہے اور یہ واقعہ ایک لغزش تھی۔

دوسرا واقعہ: فتح مکہ کے موقع پر انصار کا جھنڈا حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا جب وہ ابوسفیانؓ کے پاس سے گذرے تو کہا: اَلْيَوْمُ يَوْمُ الْمَلْحَمَة، اَلْيَوْمُ تُسْتَحَلُّ الْكَعْبَة: آج گھمسان کا رن پڑے گا اور کعبہ کی حرمت پامال کی

جائے گی، پھر جب نبی ﷺ کا دستہ ابوسفیانؓ کے پاس سے گذرا تو ابوسفیانؓ نے یہ بات حضور ﷺ سے ذکر کی کہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ یہ کہہ کر گئے ہیں، آپؐ نے فرمایا: كَذَبَ سَعْدٌ، وَلكِنَّ هٰذَا يَوْمٌ يُعَظِّمُ اللّٰهُ فِيْهِ الْكَعْبَةَ وَيَوْمٌ تُكْسَى فِيْهِ الْكَعْبَةُ: سعدؓ نے غلط کہا، آج کعبہ کی عظمت دوبالا کی جائے گی اور کعبہ کو پردہ پہنایا جائے گا (حدیث ۴۲۸۰) پھر آپؐ نے حکم دیا کہ جھنڈا حضرت سعدؓ سے لے کر ان کے بیٹے قیس رضی اللہ عنہ کو دیدیا جائے۔

تیسرا واقعہ: وفاتِ نبوی کے بعد حضرت سعد رضی اللہ عنہ خلافت کے امیدوار تھے، ان کو لے کر انصار سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہوئے تھے، پھر جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت طے ہوئی تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے بیعت نہیں کی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی ان کو نہیں چھیڑا، پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو انھوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو سرزنش کی، حضرت سعدؓ نے کہا: آپ کے ساتھی (ابوبکر رضی اللہ عنہ) بخدا! آپؓ سے زیادہ مجھے محبوب تھے، اور اب مجھے آپؓ کے ساتھ رہنا پسند نہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: جو کسی کے پڑوس میں رہنے کو ناپسند کرتا ہے وہ دوسری جگہ چلا جاتا ہے، چنانچہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ شام چلے گئے اور وہیں ان کا انتقال ہوا۔

۲- نبی ﷺ نے بنوساعدہ کو بھی پوزیشن دی

ابھی یہ حدیث گذری ہے کہ نبی ﷺ نے انصار کے قبائل میں درجہ بندی کی اور بنوساعدہ کو چوتھا نمبر دیا، اس پر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: حالانکہ اسلام میں ان کا پلندیا یہ تھا کہ میں نبی ﷺ کو دیکھتا ہوں کہ آپؐ نے ہم پر تین قبیلوں کو ترجیح دی، کسی نے ان کو جواب دیا: باقی قبائل پر تو تمھیں فضیلت دی، کیا یہ بات تمہارے لئے خوشی کی نہیں؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا یہ تبصرہ بھی ایک طرح کی لغزش تھا۔

ملحوظہ: صدیقہؓ کا یہ فرمانا: كَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ رَجُلاً صَالِحًا: اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں کسی کا یہ کہنا: قَدْ فَضَّلَكُمْ عَلٰى نَاسٍ كَثِيْرٍ: یہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے فضائل ہیں اور رہی لغزشیں تو وہ قابل مؤاخذہ نہیں ہوتیں۔

[۱۵-] بَابُ مَنْقَبَةِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ: وَكَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ رَجُلاً صَالِحًا.

[۳۸۰۷-] حدثنا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ أَبُوْ أُسَيْدٍ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "خَيْرُ دُوْرِ الْأَنْصَارِ بَنُوْ النَّجَّارِ، ثُمَّ بَنُوْ عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ بَنُوْ الْحَارِثِ بْنُ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ بَنُوْ سَاعِدَةَ، وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ" فَقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، وَكَانَ ذَا قَدَمٍ فِي الإِسْلَامِ: أَرَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ فَضَّلَ عَلَيْنَا، فَقِيْلَ لَهُ: قَدْ فَضَّلَكُمْ عَلٰى نَاسٍ كَثِيْرٍ. [راجع: ۳۷۸۹]

بَابُ مَنَاقِبِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے فضائل

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ خزرجی نجاری صحابی ہیں، ابوالمنذ راور ابوالطفیل کنیت ہے، سید القراء لقب ہے، بیعتِ عقبہ ثانیہ میں شریک ہوئے، چھ اصحاب فتوی میں سے تھے، وفات:۲۱ ہجری مطابق ۶۴۲ عیسوی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپؓ کو سید المسلمین کہتے تھے۔

۱- چار حضرات سے قرآن سیکھو

ابھی روایت گذری ہے کہ چار حضرات سے قرآنِ کریم اخذ کرو، ان میں چوتھا نام حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا ہے۔

۲- حضرت ابی رضی اللہ عنہ کو نامزد کر کے سورۃ البینہ سنانے کا حکم

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ تمہیں سورۃ البینہ سناؤں، حضرت ابیؓ نے پوچھا: کیا مجھے نامزد کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، پس حضرت ابیؓ (خوشی سے) رو پڑے۔

[١٦-] بَابُ مَنَاقِبِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

[٣٨٠٨-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: ذُكِرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَالَ: ذَاكَ رَجُلٌ لاَ أَزَالُ أُحِبُّهُ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" خُذُوْا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ- فَبَدَأَ بِهِ - وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِيْ حُذَيْفَةَ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ" [راجع: ٣٧٥٨]

[٣٨٠٩-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ شُعْبَةَ، سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأُبَيٍّ:" إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ: ﴿لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾" قَالَ: وَسَمَّانِيْ؟ قَالَ:" نَعَمْ" فَبَكَى. [انظر: ٤٩٥٩، ٤٩٦٠، ٤٩٦١]

بَابُ مَنَاقِبِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے فضائل

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ خزرجی انصاری صحابی ہیں، کنیت: ابو خارجہ، ولادت: ہجرت سے ۱۱ سال پہلے،

وفات: ۴۳ ہجری، سترہ دن میں سریانی زبان میں مہارت پیدا کرلی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں قرآنِ کریم کو سرکاری ریکارڈ میں لیا، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں مصاحف تیار کرنے والی کمیٹی میں شریک رہے، چھ اصحابِ فتوی میں سے تھے، علم المیراث کے خاص ماہر تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب کہیں جاتے تو آپ کو اپنا قائم مقام بنا کر جاتے، ہجرت کے وقت نابالغ تھے، مگر کافی قرآن یاد کرلیا تھا، کاتبین وحی میں سے تھے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے عہد مبارک میں چار حضرات قرآنِ کریم کے حافظ تھے، اور وہ سب انصار میں سے تھے: حضرات ابی، معاذ بن جبل، ابوزید اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم، قتادہ نے حضرت انسؓ سے پوچھا: ابوزیدؓ کون ہیں؟ حضرت انسؓ نے کہا: میرے ایک چچا ہیں۔

لغت: جَمَعَ الْقُرْآنَ: أَيْ اسْتَظْهَرَهُ حِفْظًا: پورا قرآن حفظ کرلیا اور عَمٌّ (چچا) کی جمع أَعْمام اور عُمُوْمَة آتی ہے ....اور ذکر عدد نفی ماعدا کو مستلزم نہیں، تفصیلی بحث فضائل القرآن باب القراء من أصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم (حدیث ۵۰۰۳) میں آئے گی۔

[۱۷-] بَابُ مَنَاقِبِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

[۳۸۱۰-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلىٰ عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِنَ الأَنْصَارِ: أُبَيٌّ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأَبُوْ زَيْدٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، قُلْتُ لِأَنَسٍ: مَنْ أَبُوْ زَيْدٍ؟ قَالَ: أَحَدُ عُمُوْمَتِيْ. [انظر: ۳۹۹۶، ۵۰۰۳، ۵۰۰۴]

بَابُ مَنَاقِبِ أَبِيْ طَلْحَةَ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے فضائل

حضرت ابوطلحہ زید بن سہلؓ نجاری انصاری صحابی ہیں، نہایت بہادر، ماہر تیر انداز، زمانۂ جاہلیت اور اسلام میں بڑے لوگوں میں سے تھے، عقبہ ثانیہ میں اور بدر سے تمام جنگوں میں شریک رہے، ۳۱ ہجری میں یا اس کے بعد وفات پائی۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جنگ احد کے موقع پر لوگوں نے شکست کھائی اور نبی ﷺ کے پاس سے منتشر ہوگئے، مگر حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے سامنے اپنی ڈھال سے آپؐ کا بچاؤ کئے ہوئے تھے، ابوطلحہ رضی اللہ عنہ تیر انداز تھے، تانت سخت کھینچتے تھے (تانت جتنی زیادہ کھینچی جائے گی تیر اتنا دور جائے گا) اس دن دو یا تین کمانیں ان کے ہاتھ سے ٹوٹ گئیں، اور کوئی شخص تیروں کا ترکش لئے ہوئے گذرتا تو آپؐ فرماتے: اس کو ابوطلحہ کے لئے خالی کرو، نبی ﷺ نے جھانکا آپؐ لوگوں کی طرف دیکھتے تھے، پس ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہتے تھے: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان!

آپؐ سر نہ نکالیں، کہیں دشمن کا کوئی تیر آپؐ کو نہ لگ جائے، میرا سینہ آپؐ کے سینہ کے ورے ہے (حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) بخدا! میں نے حضرت عائشہ اور اپنی والدہ ام سلیم رضی اللہ عنہما کو دیکھا دونوں پائینچے چڑھائے ہوئے تھیں، میں ان کی پنڈلیوں میں خلخال پہننے کی جگہ دیکھ رہا ہوں، دونوں اپنی پیٹھوں پر مشکیں اٹھا کر چل رہی تھیں، اور اس کو زخمیوں کے مونہوں میں ریڑھ رہی تھیں، پھر دونوں واپس جاتیں اور مشکیں بھر کر لاتیں اور زخمیوں کے مونہوں میں ریڑھتیں (اور حضرت انسؓ کہتے ہیں:) بخدا! تلوار ابوطلحہؓ کے ہاتھ سے دو مرتبہ یا تین مرتبہ گر گئی۔

لغات: مُجَوِّب: (اسم فاعل یا اسم مفعول) جَوَّبَ علی فلان بِتُرس: کسی کو ڈھال سے بچانا .... حَجَفَة: ڈھال .... الْقِدّ: لمبائی میں پھاڑی ہوئی چیز، مراد کمان کی تانت .... الْجَعْبَة: ترکش .... اس حدیث میں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے تین باتیں بیان کی ہیں، تیسری بات: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے بار بار تلوار کا گرنا ہے، ایسا جنگ احد میں ہوا تھا، اللہ تعالیٰ نے نیند بھیجی تھی، سورۂ آل عمران آیت ۱۵۴ میں اس کا ذکر ہے: ﴿ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشَى طَائِفَةً مِنْكُمْ﴾: پھر اللہ تعالیٰ نے اس بے چینی کے بعد تم پر چین بھیجا یعنی اونگھ کہ تم میں سے ایک جماعت پر وہ چھائی جا رہی تھی، صحابہ اونگھ بھی رہے تھے اور لڑ بھی رہے تھے، اس لئے تلوار دو تین مرتبہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے گر گئی۔

[۱۸-] بَابُ مَنَاقِبِ أَبِي طَلْحَةَ

[۳۸۱۱-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ انْهَزَمَ النَّاسُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَبُوْ طَلْحَةَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مُجَوِّبٌ عَلَيْهِ بِحَجَفَةٍ لَهُ، وَكَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ رَجُلاً رَامِيًا شَدِيْدَ الْقِدِّ يَكْسِرُ يَوْمَئِذٍ قَوْسَيْنِ أَوْ ثَلاَثَةً، وَكَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ مَعَهُ الْجَعْبَةُ مِنَ النَّبْلِ فَيَقُوْلُ: " انْشُرْهَا لِأَبِيْ طَلْحَةَ" فَأَشْرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَنْظُرُ إِلَى الْقَوْمِ، فَيَقُوْلُ أَبُوْ طَلْحَةَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! لاَتُشْرِفْ، يُصِيْبُكَ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ الْقَوْمِ، نَحْرِيْ دُوْنَ نَحْرِكَ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ أَبِيْ بَكْرٍ وَأُمَّ سُلَيْمٍ وَإِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ، أَرَى خَدَمَ سُوْقِهِمَا، تُنْقِزَانِ الْقِرَبَ عَلَى مُتُوْنِهِمَا تُفْرِغَانِهِ فِيْ أَفْوَاهِ الْقَوْمِ، ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلآنِهَا ثُمَّ تَجِيْئَانِ فَتُفْرِغَانِهَا فِيْ أَفْوَاهِ الْقَوْمِ وَلَقَدْ وَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَدِ أَبِيْ طَلْحَةَ إِمَّا مَرَّتَيْنِ وَإِمَّا ثَلاَثًا. [راجع: ۲۸۸۰]

بَابُ مَنَاقِبِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلاَمٍ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے فضائل

اصل انصار کے فضائل مکمل ہوئے، اب انصار کے ساتھ ملحق حضرات کے فضائل شروع کرتے ہیں، حضرت عبداللہ بن

سلام رضی اللہ عنہ پہلے یہودی تھے، یہود کے خاندان بنوقینقاع سے تھے اور حضرت یوسف علیہ السلام کی اولاد میں سے تھے، اس قبیلہ کے انصار کے قبیلہ خزرج کے ساتھ دوستانہ تعلقات تھے، جب نبی ﷺ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو ابتدا ہی میں حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ مسلمان ہوئے ہیں، ان کا پہلا نام حُصَین تھا جو حِصْن کی تصغیر ہے، جس کے معنی ہیں: قلعہ، اور ابوالحصین لومڑی کی کنیت ہے، اس لئے نبی ﷺ نے ان کا نام بدل کر عبداللہ رکھا، سن ۴۳ ہجری میں آپؓ نے وفات پائی۔

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو کسی کے حق میں جو زمین پر چل رہا ہو یعنی زندہ ہو: یہ کہتے ہوئے نہیں سنا: إِنّه من أهل الجنة: بیشک وہ جنتی ہے مگر صرف عبداللہ بن سلامؓ کے حق میں، اس پر حاشیہ میں اعتراض ہے کہ یہ بات آپؐ نے عشرۂ مبشرہ کے حق میں بھی فرمائی ہے اور دیگر صحابہ کو بھی جنت کی خوش خبری سنائی ہے؟ پھر اس کا ایک جواب حاشیہ میں یہ دیا ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے دوسروں کے لئے یہ بشارتیں زبانِ نبوت سے نہیں سنی ہونگی، مگر حافظ رحمہ اللہ نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ یہ بات بعید از عقل ہے، دوسرا جواب یہ دیا ہے کہ نفی اثبات میں تعارض ہو تو اثبات کو ترجیح دی جاتی ہے، پس دیگر صحابہ کے حق میں آپؐ نے جو بشارتیں سنائی ہیں وہ مقدم ہیں، اور اس حدیث میں جو حضرت سعدؓ نے نفی کی ہے اس کو نہیں لیا جائے گا، اور ایک تیسرا جواب یہ دیا ہے کہ حضرت سعدؓ نے یہ بات مبشَّرین بالجنة کی وفات کے بعد فرمائی ہے، اور یَمْشِی عَلَی الْأَرْضِ اس کا قرینہ ہے، یعنی سب حضرات دنیا سے رخصت ہو گئے، صرف حضرات سعد و عبداللہ رضی اللہ عنہما زندہ ہیں۔

یہ سب جوابات تو حاشیہ میں ہیں، اور ایک جواب یہ ہے کہ هو من أهل الجنة کے لفظوں سے بشارت صرف عبداللہ کو سنائی ہے، دوسرے حضرات کو دوسرے لفظوں سے بشارتیں سنائی ہیں یا یہ کہا جائے کہ یہ روایت بالمعنی ہے، اس بشارت کی حقیقت وہ ہے جو اگلی روایت میں آرہی ہے اور دورِ صحابہ میں روایت بالمعنی ہوتی تھی۔

پھر حدیث کے آخر میں امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ عبداللہ بن یوسفؒ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے حق میں سورۃ الاحقاف کی آیت ۱۰ نازل ہوئی: ﴿قُلْ أَفَرَأَيْتُمْ إِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ عَلٰى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ، إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ﴾: آپ کہئے: مجھے بتاؤ! اگر یہ قرآن من جانب اللہ ہو اور تم اس کے منکر ہو اور بنی اسرائیل میں سے کوئی گواہ اس جیسی کتاب پر گواہی دے کر ایمان لے آئے اور تم تکبر ہی کرتے رہو؟ (تو تمہارا انجام کیا ہوگا؟) بیشک اللہ تعالیٰ ناانصافوں کو ہدایت نہیں دیتے! اس آیت کریمہ میں بنی اسرائیل کے جس گواہ کا ذکر ہے اس سے مراد حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ عبداللہ بن یوسفؒ کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ میرے استاذ امام مالکؒ نے عبداللہ بن سلام کے حق میں اس آیت کا ذکر کیا ہے، یعنی یہ امام مالک رحمہ اللہ کا اضافہ ہے، یا یہ بات حدیث میں ہے، یعنی حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کا قول ہے، یہ بات

میں یقین سے نہیں کہہ سکتا۔

[۱۹-] بَابُ مَنَاقِبِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ

[۳۸۱۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكًا، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ لِأَحَدٍ يَمْشِيْ عَلَى الْأَرْضِ: إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، إِلَّا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: وَفِيْهِ نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ ﴿وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ﴾ الآيَةَ قَالَ: لَا أَدْرِيْ قَالَ مَالِكٌ الآيَةَ أَوْ فِي الْحَدِيْثِ.

آئندہ حدیث: قیس بن عُبَاد بصریؒ کہتے ہیں: میں مسجدِ نبوی میں بیٹھا ہوا تھا، ایک شخص داخل ہوا، جس کے چہرے پر خشوع کا اثر تھا، لوگوں نے کہا: یہ جنتی آدمی ہے! اس شخص نے دو رکعتیں پڑھیں جن میں اختصار سے کام لیا یعنی ہلکی دو رکعتیں پڑھیں، پھر وہ مسجد سے نکلا تو میں اس کے پیچھے گیا، اور میں نے ان سے پوچھا: جب آپ مسجد میں داخل ہوئے تھے تو لوگوں نے کہا تھا: هٰذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ: اس بات کی حقیقت کیا ہے؟ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا: بخدا! کسی کے لئے مناسب نہیں کہ ایسی بات کہے جو وہ جانتا نہیں، یعنی لوگوں نے جو قطعیت کے ساتھ کہا ہے وہ مبنی بر حقیقت نہیں، اب میں آپ سے بیان کرتا ہوں کہ لوگوں نے وہ بات کیوں کہی ہے؟ میں نے نبی ﷺ کے زمانہ میں ایک خواب دیکھا تھا، وہ خواب میں نے آپؐ سے بیان کیا، میں نے دیکھا: گویا میں ایک سبزہ زار میں ہوں —— حضرت عبداللہؓ نے اس سبزہ زار کی پہنائی اور اس کی سرسبزی کا تذکرہ کیا، یعنی وہ چمن نہایت وسیع اور شاندار تھا —— اس کے درمیان لوہے کا ایک کھمبا تھا، اس کا نچلا حصہ زمین میں گڑا ہوا اور اس کا بالائی حصہ آسمان سے باتیں کر رہا تھا، اس کے بالائی حصہ میں ایک کڑا تھا، پس کسی کہنے والے نے مجھ سے کہا: اس پر چڑھ جا، میں نے جواب دیا: اس پر چڑھنا میرے بس میں نہیں، پس میرے پاس ایک خادم آیا، اس نے میرے کپڑے میرے پیچھے سے اٹھائے، تو میں چڑھا، یہاں تک کہ میں اس کے بالائی حصہ میں پہنچ گیا، اور میں نے کنڈا پکڑ لیا، مجھ سے کہا گیا: مضبوط تھام لے! پھر میں بیدار ہو گیا اور میں وہ کنڈا پکڑے ہوئے تھا، میں نے یہ خواب نبی ﷺ سے بیان کیا، آپؐ نے فرمایا: وہ سبزہ زار اسلام ہے اور وہ ستون اسلام کا ستون ہے اور وہ کنڈا وہ مضبوط کنڈا ہے (جس کا ذکر سورۃ البقرہ آیت ۲۵۶ میں آیا ہے) پس آپ موت تک اسلام پر رہیں گے، راوی کہتا ہے: وہ بندہ جو مسجد میں آیا تھا اور دو رکعتیں پڑھ کر نکلا تھا وہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ تھے، اور اس حدیث میں مِنْصَف یا مَنْصِفٌ آیا ہے، جس کے معنی ہیں: چھوٹا خدمت گار، اور دوسری روایت میں وصیف ہے اس کے بھی یہی معنی ہیں۔

تشریح: یہ ایک خواب ہے جس کی تعبیر نبی ﷺ نے دی ہے کہ تم موت تک اسلام پر جمے رہو گے، لوگوں نے اس کو هٰذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ کر دیا، اور زور بڑھ گیا، خواب کی تعبیر میں اتنا زور نہیں تھا، اس لئے حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: کسی

کے لئے مناسب نہیں کہ ایسی بات کہے جو وہ بالیقین نہیں جانتا، یعنی جو بات جس درجہ کی ہے اسی درجہ میں رکھنی چاہئے۔

[۳۸۱۳-] حَدَّثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَزْهَرُ السَّمَّانُ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا فِی مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ، فَدَخَلَ رَجُلٌ عَلٰى وَجْهِهِ أَثَرُ الْخُشُوْعِ، فَقَالُوْا: هٰذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ تَجَوَّزَ فِيْهِمَا، ثُمَّ خَرَجَ وَتَبِعْتُهُ فَقُلْتُ: إِنَّكَ حِيْنَ دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ قَالُوْا: هٰذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، قَالَ: وَاللّٰهِ مَا يَنْبَغِیْ لِأَحَدٍ أَنْ يَقُوْلَ مَالاَ يَعْلَمُ، وَسَأُحَدِّثُكَ لِمَ ذَاكَ؟ رَأَيْتُ رُؤْيَا عَلٰى عَهْدِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَصَصْتُهَا عَلَيْهِ، وَرَأَيْتُ كَأَنِّیْ فِیْ رَوْضَةٍ - ذَكَرَ مِنْ سَعَتِهَا وَخُضْرَتِهَا - وَوَسْطَهَا عَمُوْدٌ مِنْ حَدِيْدٍ، أَسْفَلُهُ فِی الْأَرْضِ وَأَعْلَاهُ فِی السَّمَاءِ، فِی أَعْلَاهُ عُرْوَةٌ فَقِيْلَ لِیْ: ارْقَهْ قُلْتُ: لاَ أَسْتَطِيْعُ، فَأَتَانِیْ مِنْصَفٌ فَرَفَعَ ثِيَابِیْ مِنْ خَلْفِیْ فَرَقِيْتُ، حَتّٰى كُنْتُ فِی أَعْلَاهَا، فَأَخَذْتُ بِالْعُرْوَةِ، فَقِيْلَ لِیْ: اسْتَمْسِكْ، فَاسْتَيْقَظْتُ وَإِنَّهَا لَفِی يَدَیَّ، فَقَصَصْتُهَا عَلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " تِلْكَ الرَّوْضَةُ الإِسْلَامُ، وَذٰلِكَ الْعَمُوْدُ عَمُوْدُ الإِسْلَامِ، وَتِلْكَ الْعُرْوَةُ عُرْوَةُ الْوُثْقٰى، فَأَنْتَ عَلَى الإِسْلَامِ حَتّٰى تَمُوْتَ" وَذٰلِكَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، وَقَالَ لِی خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا مُعَاذٌ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ: حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ عُبَادٍ، عَنِ ابْنِ سَلَامٍ، وَقَالَ: وَصِيْفٌ، مَكَانَ: مِنْصَفٌ. [انظر: ۷۰۱۰، ۷۰۱۴]

آئندہ حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے قاضی ابو بردہ عامر کوفی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں مدینہ میں آیا، میری ملاقات حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے ہوئی، انھوں نے کہا: کیا نہیں آتے آپ، پس میں آپ کو ستو اور چھوہارے کھلاؤں، اور آپ ایک بابرکت گھر میں داخل ہوں (وہ عبداللہ بن سلامؓ کا گھر تھا، اس میں نبی ﷺ تشریف لے گئے تھے، اس لئے وہ بابرکت تھا، اور یہی حضرت عبداللہؓ کی فضیلت ہے) پھر حضرت عبداللہؓ نے کہا: آپ ایک ایسی سرزمین میں ہیں جہاں سود کا رواج عام ہے، پس جب آپ کا کسی کے ذمے پر کوئی قرض ہو اور وہ آپ کی خدمت میں بھوسے کا گٹھر پیش کرے یا جو کا گٹھر پیش کرے یا ہرے چارہ کا گٹھر پیش کرے تو آپ اس کو نہ لیں، کیونکہ وہ سود ہے اور شعبہ رحمہ اللہ کے تین شاگردوں کی روایت میں وَتَدْخُلُ فِی بَيْتٍ نہیں ہے۔

تشریح: اگر قرض لینے والا بغیر شرط کے اپنی خوشی سے کچھ زیادہ دے یا ہدیہ دے تو اس کا لینا فتوی کی رو سے جائز ہے، اور حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے جو اس کو بھی سود میں داخل کیا ہے وہ ورع اور احتیاط کی بات ہے، اور اگر کسی جگہ ایسا تحفہ دینے کا رواج ہو تو المعروف کالمشروط کے ضابطہ سے اس کا لینا جائز نہیں، امام اعظم رحمہ اللہ کے واقعات میں مروی ہے کہ آپؒ مقروض کی دیوار کے سایہ میں نہیں بیٹھے، یہ غایت درجہ احتیاط کی بات ہے، حاشیہ میں اس کو بھی حضرت

عبداللہؓ کے فضائل میں شمار کیا ہے، جیسے امام اعظم رحمہ اللہ کے واقعہ کو بھی امام اعظمؒ کے فضائل میں بیان کیا جاتا ہے۔

لغت: قَتّ کے دو معنی کئے گئے ہیں: (۱) ایک قسم کا جنگلی ہرا چارہ (۲) ایک خودرو دانہ جس کو قحط سالی کے زمانہ میں لوگ پکا کر کھاتے ہیں۔

[۳۸۱۴-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَلَقِيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ، فَقَالَ: أَلَا تَجِيْءُ فَأُطْعِمَكَ سَوِيْقًا وَتَمْرًا وَتَدْخُلَ فِيْ بَيْتٍ؟ ثُمَّ قَالَ: إِنَّكَ بِأَرْضٍ الرِّبَا بِهَا فَاشٍ، إِذَا كَانَ لَكَ عَلٰى رَجُلٍ حَقٌّ فَأَهْدَى إِلَيْكَ حِمْلَ تِبْنٍ أَوْ حِمْلَ شَعِيْرٍ أَوْ حِمْلَ قَتٍّ فَلَا تَأْخُذْهُ فَإِنَّهُ رِبًا، وَلَمْ يَذْكُرِ النَّضْرُ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، وَوَهْبٌ، عَنْ شُعْبَةَ: الْبَيْتَ. [انظر: ۷۳۴۲]

بَابُ تَزْوِيْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خَدِيْجَةَ وَفَضْلِهَا

نبی ﷺ کا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کرنا اور ان کے فضائل

تَزْوِيْج بمعنی تَزَوُّج ہے، باب تفعیل کبھی بمعنی باب تفعل آتا ہے، اور ام المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا شمار مہاجرین میں نہیں، ان کی وفات ہجرت سے پہلے ہوئی ہے، اس لئے آپؓ کا تذکرہ مہاجرین سے علاحدہ کیا ہے۔

ام المؤمنین حضرت خدیجہ بنت خویلد قُرشیہ رضی اللہ عنہا: نبی ﷺ کی پہلی بیوی صاحبہ ہیں، ولادت: ہجرت سے ۶۸ سال پہلے، وفات: ہجرت سے پانچ یا چار یا تین سال پہلے، نبی ﷺ سے پندرہ سال عمر میں بڑی تھیں، اولاد: نبی ﷺ کی تمام اولاد (حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے علاوہ) آپؓ ہی کے بطن سے ہے، قاسم (سب سے بڑے صاحبزادے جن سے آپؐ کی کنیت ابوالقاسم ہوئی) عبداللہ (جن کا لقب طیب وطاہر تھا) زینت، رقیہ، ام کلثوم اور فاطمہ رضی اللہ عنہم، نبی ﷺ پر عورتوں میں سب سے پہلے آپؓ اسلام لائی ہیں، کنیت: ام ہند (یہ پہلے شوہر کے لڑکے ہیں)

۱- حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اس امت کی بہترین خاتون ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اُس امت (امتِ عیسیٰ) کی عورتوں میں بہترین مریمؑ ہیں (وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی صحابیہ ہیں) اور اِس امت کی عورتوں میں بہترین خدیجہؓ ہیں (یہ ہمارے نبی ﷺ کی صحابیہ ہیں)

تشریح: اس حدیث میں مریم اور خدیجہ رضی اللہ عنہما میں تفضیل کی طرف کوئی اشارہ نہیں، دونوں خواتین اپنے اپنے زمانہ کی بہترین خواتین ہیں اور اس امت کی تین خواتین میں یعنی خدیجہ، عائشہ اور فاطمہ رضی اللہ عنہن میں سے کس کا اول نمبر ہے، کس کا دوم، کس کا سوم؟ یہ کانٹوں بھرا مسئلہ ہے اور پہلے آیا بھی ہے اس لئے اس میں بحث غیر ضروری ہے۔

[۲۰-] بَابُ تَزْوِيجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خَدِيْجَةَ وَفَضْلِهَا

[۳۸۱۵-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ جَعْفَرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:[ح:] حَدَّثَنِي صَدَقَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ، وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيْجَةُ"[راجع: ۳۴۳۲]

۲-حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت میں بانس کے ایسے گھر کی بشارت جس میں نہ شور ہے نہ تکان!

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: مجھے نبی ﷺ کی کسی بیوی پر اتنی غیرت نہیں آتی جتنی خدیجہؓ پر غیرت آتی ہے، حالانکہ مجھ سے نکاح کرنے سے پہلے ان کی وفات ہوگئی تھی، یعنی سوکن ہونا باعث رشک نہیں، بلکہ رشک کی وجہ یہ ہے کہ میں نبی ﷺ کو ان کا تذکرہ کرتے ہوئے سنا کرتی تھی، اور اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو حکم دیا تھا کہ آپؐ ان کو خوشخبری سنائیں (جنت میں) بانس کے ایک گھر کی (جس میں نہ شور ہے نہ تکان)

لغت: قَصَب: ہر وہ نبات جس کا تنا پتلا، کھوکھلا اور گانٹھ دار ہو، جیسے بانس، سرکنڈا، نرسل وغیرہ..........اور غیرت کے معنی ہیں: شوہر یا بیوی کو غیر کی طرف مائل دیکھ کر غصہ آنا، اور یہاں غیرت بمعنی رشک ہے۔

باقی حدیث: اور نبی ﷺ بکری ذبح کیا کرتے تھے اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلیوں کے پاس ہدیہ بھیجا کرتے تھے، اس بکری میں سے اتنا جو ان کو کافی ہوجائے۔

حدیث (۲): صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نہیں غیرت آتی مجھے کسی عورت پر جتنی غیرت آتی ہے خدیجہؓ پر، نبی ﷺ کے ان کا بکثرت ذکر کرنے کی وجہ سے، صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: اور نکاح کیا آپؐ نے مجھ سے خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے تین سال بعد، اور حکم دیا ان کو ان کے رب نے یا جبرئیل علیہ السلام نے کہ آپؐ ان کو خوش خبری سنائیں جنت میں بانس کے ایک گھر کی۔

حدیث (۳): صدیقہؓ کہتی ہیں: نہیں غیرت آتی مجھے نبی ﷺ کی بیویوں میں سے کسی بیوی پر جتنی غیرت آتی ہے مجھے خدیجہ رضی اللہ عنہا پر، حالانکہ میں نے ان کو نہیں دیکھا، لیکن نبی ﷺ ان کا بکثرت ذکر فرمایا کرتے تھے اور کبھی آپؐ بکری ذبح کرتے، پھر اس کے پارچے بناتے پھر آپؐ ان کو بھیجتے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلیوں کے پاس، پس کبھی میں نے آپؐ سے عرض کیا: گویا نہیں تھی دنیا میں خدیجہ کے علاوہ کوئی عورت! پس آپؐ فرماتے: بیشک وہ تھیں اور تھیں، یعنی

ان میں یہ اور یہ خوبیاں تھیں، اور میری ان سے اولاد ہوئی۔

حدیث (۴): اسماعیل بن ابی خالد نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے خدیجہ رضی اللہ عنہا کو خوش خبری سنائی؟ انھوں نے کہا: ہاں، بانس کے ایک گھر کی جس میں نہ شور ہے نہ تکان۔

[۳۸۱۶-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: كَتَبَ إِلَيَّ هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلٰى امْرَأَةٍ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَا غِرْتُ عَلٰى خَدِيْجَةَ، هَلَكَتْ قَبْلَ أَنْ يَتَزَوَّجَنِيْ، لِمَا كُنْتُ أَسْمَعُهُ يَذْكُرُهَا، وَأَمَرَهُ اللّٰهُ أَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ، وَإِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ فَيُهْدِيْ فِيْ خَلاَئِلِهَا مِنْهَا مَا يَسَعُهُنَّ. [انظر: ۳۸۱۷، ۳۸۱۸، ۵۲۲۹، ۶۰۰۴، ۷۴۸۴]

[۳۸۱۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلٰى امْرَأَةٍ مَا غِرْتُ عَلٰى خَدِيْجَةَ مِنْ كَثْرَةِ ذِكْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِيَّاهَا، قَالَتْ: وَتَزَوَّجَنِيْ بَعْدَهَا بِثَلاَثِ سِنِيْنَ وَأَمَرَهُ رَبُّهُ أَوْ جِبْرِيْلُ أَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ. [راجع: ۳۸۱۶]

[۳۸۱۸-] حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَسَنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلٰى أَحَدٍ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَا غِرْتُ عَلٰى خَدِيْجَةَ وَمَا رَأَيْتُهَا، وَلٰكِنْ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُكْثِرُ ذِكْرَهَا، وَرُبَّمَا ذَبَحَ الشَّاةَ ثُمَّ يُقَطِّعُهَا أَعْضَاءً، ثُمَّ يَبْعَثُهَا فِيْ صَدَائِقِ خَدِيْجَةَ، فَرُبَّمَا قُلْتُ لَهُ: كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِي الدُّنْيَا امْرَأَةٌ إِلاَّ خَدِيْجَةُ! فَيَقُوْلُ: "إِنَّهَا كَانَتْ وَكَانَتْ، وَكَانَ لِيْ مِنْهَا وَلَدٌ" [راجع: ۳۸۱۶]

[۳۸۱۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفَى: بَشَّرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَدِيْجَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، بِبَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ لاَ صَخَبَ فِيْهِ وَلاَ نَصَبَ.

[راجع: ۱۷۹۲]

۳- حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو اللہ تعالیٰ نے اور جبرئیل علیہ السلام نے سلام کہلوایا

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت جبرئیل علیہ السلام نبی ﷺ کے پاس آئے اور کہا: اے اللہ کے رسول! خدیجہؓ آرہی ہیں ان کے پاس ایک برتن ہے جس میں سالن، یا کھانا یا کوئی مشروب ہے، پس جب وہ آپؐ کے پاس آئیں تو ان کو ان کے پروردگار کی طرف سے اور میری طرف سے سلام کہیں، اور ان کو جنت میں بانس کے ایسے گھر کی خوش خبری دیں جس میں نہ شور ہے نہ تکان!

[۳۸۲۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِی زُرْعَةَ، عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَى جَبْرِيْلُ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذِهِ خَدِيْجَةُ قَدْ أَتَتْ، مَعَهَا إِنَاءٌ فِيْهِ إِدَامٌ أَوْ طَعَامٌ أَوْ شَرَابٌ، فَإِذَا هِیَ أَتَتْكَ فَاقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلاَمَ مِنْ رَبِّهَا وَمِنِّیْ، وَبَشِّرْهَا بِبَيْتٍ فِی الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لاَصَخَبَ فِيْهِ وَلاَ نَصَبَ"[انظر: ۷۴۹۷]

۴- حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی شان میں نامناسب بات سن کر آپؐ ناراض ہوئے

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بہن ہالہ رضی اللہ عنہا نے گھر میں آنے کی اجازت چاہی، آپؐ کو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی اجازت طلبی یاد آگئی، پس آپؐ گھبرا گئے، اور فرمایا: اللّٰهُمَّ هَالَةَ: اے اللہ! (آنے والی) ہالہ ہو!، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس مجھے غیرت آئی، میں نے عرض کیا: آپؐ قریش کی ایک بڑھیا کو ہمیشہ یاد کرتے ہیں، جس کی باچھیں سرخ ہوگئی تھیں، وہ عرصہ پہلے دنیا سے رخصت ہوگئیں، اور اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو اس کے بدل بہترین بیوی عطا فرمائی (مسند احمد میں ہے: آپؐ ناراض ہوئے، صدیقہؓ نے عرض کیا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! نہیں ذکر کروں گی میں ان کا آج کے بعد مگر اچھے انداز میں، اور طبرانی کی روایت میں ہے: آپؐ نے فرمایا: اللہ نے مجھے ان کے بدل ان سے اچھی بیوی نہیں دی، وہ مجھ پر ایمان لائیں، جبکہ لوگوں نے انکار کردیا)

[۳۸۲۱-] وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ، أَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَتْ هَالَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ أُخْتُ خَدِيْجَةَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَعَرَفَ اسْتِئْذَانَ خَدِيْجَةَ، فَارْتَاعَ لِذٰلِكَ، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ هَالَةَ" قَالَتْ: فَغِرْتُ فَقُلْتُ: مَا تَذْكُرُ مِنْ عَجُوْزٍ مِنْ عَجَائِزِ قُرَيْشٍ، حَمْرَاءِ الشِّدْقَيْنِ هَلَكَتْ فِی الدَّهْرِ قَدْ أَبْدَلَكَ اللّٰهُ خَيْرًا مِنْهَا.

بَابُ ذِكْرِ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِیِّ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا قبیلہ بجیلہ ہے۔ وَكَانَ سَيِّدًا مُطَاعًا مَلِيْحًا طُوَالاً، آپؓ کب مسلمان ہوئے؟ اس میں اختلاف ہے، راجح قول ۹ ہجری کا ہے، بڑے حسین وجمیل تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپؓ کو "اس امت کا یوسف" کہا کرتے تھے، جنگ قادسیہ میں بجیلہ کا علم آپؓ کے ہاتھ میں تھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپؓ کو سفیر بنا کر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا، مگر بعد میں آپؓ فتنوں سے الگ ہوگئے، اور ۵۱ ہجری میں وفات پائی۔

۱- حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے آپؐ نے کبھی پردہ نہیں کیا، اور جب بھی ان سے ملاقات ہوئی تو آپؐ مسکرائے

حدیث: حضرت جریر رضی اللہ عنہ خود بیان کرتے ہیں: جب سے میں مسلمان ہوا ہوں، نبی ﷺ نے مجھ سے پردہ نہیں کیا، یعنی جب بھی اجازت طلب کی اجازت دیدی، اور جب بھی نبی ﷺ نے مجھے دیکھا تو مسکرائے (یہ مسکرانا اکرام کے لئے تھا)

۲- ذوالخلصہ مندر نبی ﷺ نے آپؐ کے ذریعہ ہدم کرایا

حدیث: حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں ایک مندر تھا، جسے ذوالخلصہ کہا جاتا تھا، اور اسے یمنی کعبہ اور شامی کعبہ بھی کہا جاتا تھا، پس مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: کیا آپ ذوالخلصہ مندر کو (ہدم کرکے) مجھے آرام پہنچانے والے نہیں؟ حضرت جریرؓ کہتے ہیں: پس میں قبیلہ احمس کے ڈیڑھ سو شہسواروں کے ساتھ گیا، اور میں نے اس کو توڑ دیا، اور اس کے پاس جو لوگ ملے ان کو قتل کیا، پھر ہم آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپؐ کو اطلاع دی، آپؐ نے ہمارے لئے اور احمس قبیلہ کے لئے دعا کی (یہ حدیث پہلے گذری ہے)

[۲۱-] بَابُ ذِكْرِ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ

[۳۸۲۲-] حدثنا إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: قَالَ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: مَا حَجَبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنْذُ أَسْلَمْتُ، وَلاَ رَآنِيْ إِلَّا ضَحِكَ. [راجع: ۳۰۳۵]

[۳۸۲۳-] وَعَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ بَيْتٌ يُقَالُ لَهُ: ذُو الْخَلْصَةِ، وَكَانَ يُقَالُ لَهُ: الْكَعْبَةُ الْيَمَانِيَةُ وَالْكَعْبَةُ الشَّامِيَّةُ، فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هَلْ أَنْتَ مُرِيْحِيْ مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ؟" قَالَ: فَنَفَرْتُ إِلَيْهِ فِيْ خَمْسِيْنَ وَمِائَةِ فَارِسٍ مِنْ أَحْمَسَ، قَالَ: فَكَسَرْنَا، وَقَتَلْنَا مَنْ وَجَدْنَا عِنْدَهُ، فَأَتَيْنَاهُ فَأَخْبَرْنَاهُ، فَدَعَا لَنَا وَلِأَحْمَسَ. [راجع: ۳۰۲۰]

بَابُ ذِكْرِ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ الْعَبَسِيِّ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

نام نامی: حذیفہ، کنیت: ابوعبداللہ، لقب: صاحب السرّ (رسول اللہ ﷺ کے راز دار) والد کا نام: حِسْل یا حُسَیْل،

لقب: الیمان (غزوۂ احد میں غلط فہمی سے مسلمانوں کے ہاتھوں شہید ہوئے) وطن: یمن، قبیلہ کی طرف نسبت: عبسی، مدینہ میں انصار کے قبیلہ عبد الاشہل کے حلیف، وفات: ۳۶ ہجری (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے چالیس دن بعد) بڑے بہادر، فاتح اور مدائن کے گورنر رہے۔ نبی ﷺ نے ان کو مدینہ کے منافقین کے نام بتائے تھے، فتن کی احادیث کے بڑے عالم تھے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جمع قرآن آپؓ ہی کے توجہ دلانے پر کیا ہے۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جنگِ احد میں مشرکین نے شکست کھائی، بہت واضح شکست، پس ابلیس نے آواز لگائی: اواللہ کے بندو! اپنے پیچھے دیکھو، پس ان کے اگلے پچھلوں پر ٹوٹ پڑے اور دونوں ایک دوسرے کو مارنے لگے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا: کوئی ان کے باپ کو مارنا چاہتا ہے، انھوں نے پکار کر کہا: اواللہ کے بندے! میرے ابا ہیں، میرے ابا ہیں، مگر وہ نہیں رُکے یہاں تک کہ ان کو قتل کردیا، حضرت حذیفہ رضی للہ عنہ نے کہا: اللہ تعالیٰ تمہارا گناہ معاف کریں۔ ہشام کے والد عروہ کہتے ہیں: اس واقعہ سے حذیفہ رضی اللہ عنہ میں زندگی بھر خیر رہی، یعنی وہ قاتل کے لئے دعائے خیر کرتے رہے، یہاں تک کہ وہ اللہ سے مل گئے، یعنی ان کی وفات ہوگئی۔

[۲۲-] بَابُ ذِكْرِ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ الْعَبَسِيِّ

[۳۸۲٤-] حَدَّثَنِیْ إِسْمَاعِیْلُ بْنُ خَلِیْلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ هُزِمَ الْمُشْرِكُوْنَ هَزِيْمَةً بَيِّنَةً، فَصَاحَ إِبْلِيْسُ: أَیْ عِبَادَ اللّٰهِ! أُخْرَاكُمْ، فَرَجَعَتْ أُوْلَاهُمْ عَلٰی أُخْرَاهُمْ فَاجْتَلَدَتْ [مَعَ] أُخْرَاهُمْ، فَنَظَرَ حُذَيْفَةُ فَإِذَا هُوَ بِأَبِيْهِ، فَنَادٰی: أَیْ عِبَادَ اللّٰهِ! أَبِیْ أَبِیْ! فَقَالَتْ: فَوَ اللّٰهِ مَا احْتَجَزُوْا حَتّٰی قَتَلُوْهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ، قَالَ أَبِیْ: فَوَ اللّٰهِ مَا زَالَتْ فِیْ حُذَيْفَةَ مِنْهَا بَقِيَّةُ خَيْرٍ حَتّٰی لَقِیَ اللّٰهَ. [راجع: ۳۲۹۰]

بَابُ ذِكْرِ هِنْدٍ بِنْتِ عُقْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ

حضرت ہند رضی اللہ عنہا کا تذکرہ

حضرت ہند رضی اللہ عنہا: عقبۃ بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف کی بیٹی ہیں، قرشیہ صحابیہ ہیں، مشہور خاتون ہیں، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی والدہ ہیں، اپنے باپ کی طرح شروع میں اسلام کی کٹر مخالف تھیں، فتح مکہ کے موقع پر بارہ آدمیوں کی ہیٹ لسٹ میں ان کا بھی نام تھا، مگر وہ دیگر عورتوں کے ساتھ ابطح میں خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں اور مسلمان ہوئیں، نبی ﷺ نے ان کو خوش آمدید کہا، اور ان کی جان بخشی کی، جنگِ احد میں انھوں نے دوسری عورتوں کے ساتھ مل کر شہداء کے ناک کان کاٹے تھے، اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا کلیجہ چبایا تھا، مگر اسلام کے بعد ان کے احوال بہت اچھے

ہو گئے، جنگِ یرموک میں شریک ہوئیں، مجاہدین میں ولولہ پیدا کرتی تھیں، فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ۱۴ ہجری میں وفات پائی۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: عقبہ کی لڑکی ہند آئیں، اور عرض کیا یارسول اللہ! روئے زمین پر آپؐ کے خیمہ (کیمپ) والوں سے زیادہ مجھے پسند کوئی نہیں تھا کہ وہ رسوا ہو، یعنی مسلمانوں کی رسوائی مجھے سب سے زیادہ محبوب تھی، اور آج صورتِ حال یہ ہے کہ روئے زمین پر کوئی خیمہ والے مجھے زیادہ پسند نہیں اس سے کہ وہ عزت پائیں آپؐ کے خیمہ والوں سے، یعنی آج مسلمانوں کی عزت مجھے سب سے زیادہ پسند ہے، یعنی دل کا حال پلٹ گیا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: اور بھی! قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! یعنی آگے اسلام اور مسلمانوں کی محبت اور بڑھے گی، اس موقع پر انھوں نے ایک مسئلہ بھی پوچھا: انھوں نے عرض کیا: میرے شوہر ابوسفیانؓ کنجوس آدمی ہیں، پس کیا مجھ پر کوئی گناہ ہے اگر کھلاؤں میں اس مال میں سے جو ابوسفیانؓ کے لئے ہے، ہمارے بال بچوں کو؟ نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں دیکھتا ہوں میں اس کو، یعنی شوہر کی نظر بچا کر اس کے مال میں سے کچھ نہیں لے سکتی ہو مگر معروف طریقہ پر یعنی عام طور پر گھر میں جتنا خرچ ہوتا ہے اتنا لے سکتی ہو۔

[۲۳-] بَابُ ذِكْرِ هِنْدٍ بِنْتِ عُقْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ

[۳۸۲۵-] وَقَالَ عَبْدَانُ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَاءَ تْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللهِ! مَا كَانَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ مِنْ أَهْلِ خِبَاءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ يَذِلُّوْا مِنْ أَهْلِ خِبَائِكَ، ثُمَّ مَا أَصْبَحَ الْيَوْمَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَهْلُ خِبَاءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ يَعِزُّوْا مِنْ أَهْلِ خِبَائِكَ، قَالَ: " وَأَيْضًا، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ" قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مِسِّيْكٌ، فَهَلْ عَلَيَّ حَرَجٌ أَنْ أُطْعِمَ مِنَ الَّذِيْ لَهُ عِيَالَنَا؟ قَالَ: " لاَ أُرَاهُ إِلَّا بِالْمَعْرُوْفِ" [راجع: ۲۲۱۱]



[مَا قَبْلَ الْهِجْرَةِ]

ہجرت سے پہلے کے احوال

بَابُ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ

زید بن عمرو بن نفیل کا واقعہ

زید بن عمرو: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی تھے، انھوں نے اسلام کا زمانہ نہیں پایا، ہجرت سے سترہ سال پہلے ان کا انتقال ہوا، وہ بتوں کی عبادت کو جائز نہیں سمجھتے تھے، اور بتوں کے نام پر جو جانور ذبح کیا گیا ہو اس کو نہیں کھاتے تھے، وہ دین حق کی تلاش میں شام گئے، یہودیت اور نصرانیت کے بارے میں تحقیق کی، مگر وہ گلے سے نہیں اتری، پس مکہ لوٹ آئے اور ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ پر اللہ کی عبادت کرتے رہے، وہ علی الاعلان مورتیوں کی برائی کرتے تھے اور جو لوگ لڑکیوں کو زندہ درگور کرنا چاہتے تھے ان سے لڑکیاں لے کر پرورش کرتے تھے، جاہلیت میں وہ 'عورتوں کے مددگار' کہلاتے تھے، نبی ﷺ سے ان کے بارے میں پوچھا گیا، آپ نے فرمایا: يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أُمَّةً وَحْدَهُ: وہ قیامت کے دن ایک امت اٹھائے جائیں گے، آپ کے تین اشعار درج ذیل ہیں:

عِبَادُكَ يُخْطِئُوْنَ وَأَنْتَ رَبٌّ ۞ بِكَفَّيْكَ الْمَنَايَا وَالْحُتُوْمُ

(تیرے بندے گناہ کرتے ہیں اور تو پروردگار ہے ÷ تیری دونوں ہتھیلیوں میں موتیں اور فیصلے ہیں)

أَرَبًّا وَّاحِدًا، أَمْ أَلْفَ رَبٍّ ۞ أَدِيْنُ إِذَا تُقُسِّمَتِ الْأُمُوْرُ

(کیا ایک پروردگار کو یا ہزاروں خداؤں کو ÷ مانوں میں (جب خداؤں کے درمیان) کام تقسیم کئے جائیں؟)

تَرَكْتُ اللَّاتَ وَالْعُزّٰى جَمِيْعًا ۞ كَذٰلِكَ يَفْعَلُ الرَّجُلُ الْبَصِيْرُ

(میں نے لات اور عزی سب کو چھوڑا ÷ (اور) بابصیرت آدمی ایسا ہی کیا کرتا ہے)

اور حضرت زید کا تذکرہ امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ بتلانے کے لئے کیا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیادی تعلیم کچھ نہ کچھ باقی تھی، بعثتِ نبوی سے پہلے بھی زید جیسے حضرات تھے جو موحد تھے، اسی طرح دین ابراہیمی کی اہم نشانی کعبہ شریف بھی باقی تھی، تجدید عمارت ہوتی رہتی تھی، چنانچہ اگلا باب تعمیر کعبہ کی تجدید کا لا رہے ہیں۔

۱- زید بتوں کے نام پر ذبح کیا ہوا جانور نہیں کھاتے تھے

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کی زید بن عمرو بن نفیل سے ملاقات ہوئی، بَلْدَح کے زیریں

حصہ میں (یہ جگہ تنعیم کے راستہ میں ہے)[1] اس سے پہلے کہ نبی ﷺ پر وحی اتاری جائے، یعنی یہ بعثت سے پہلے کا واقعہ ہے، زید نے نبی ﷺ کے سامنے دسترخوان بچھایا، آپؐ نے اس سے کھانے سے انکار کردیا، زید نے کہا: میں ان جانوروں کو نہیں کھاتا جو تمہارے بتوں پر ذبح کئے جاتے ہیں، میں اسی جانور کو کھاتا ہوں جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو، اور زید قریش پر تنقید کیا کرتے تھے ان کے ذبیحوں کے سلسلہ میں، وہ کہا کرتے تھے: بکری کو اللہ نے پیدا کیا اس کے لئے آسمان سے پانی برسایا اور اس کے لئے زمین سے گھاس اُگائی، پھر تم اس کو غیر اللہ کے نام پر ذبح کرتے ہو؟ وہ یہ بات مشرکین کے فعل پر نکیر کرتے ہوئے اور ان کے فعل کو سنگین سمجھتے ہوئے کہا کرتے تھے۔

[۲۴-] بَابُ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ

[۳۸۲۶-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَقِيَ زَيْدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ بِأَسْفَلِ بَلْدَحٍ، قَبْلَ أَنْ يَنْزِلَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْوَحْيُ، فَقُدِّمَتْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم سُفْرَةٌ، فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا، ثُمَّ قَالَ زَيْدٌ: إِنِّيْ لَسْتُ آكُلُ مِمَّا تَذْبَحُوْنَ عَلَى أَنْصَابِكُمْ، وَلاَ آكُلُ إِلَّا مَا ذُكِرَ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ، وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ عَمْرٍو كَانَ يَعِيْبُ عَلَى قُرَيْشٍ ذَبَائِحَهُمْ، وَيَقُوْلُ: الشَّاةُ خَلَقَهَا اللهُ، وَأَنْزَلَ لَهَا مِنَ السَّمَاءِ الْمَاءَ، وَأَنْبَتَ لَهَا مِنَ الْأَرْضِ، ثُمَّ تَذْبَحُوْنَهَا عَلَى غَيْرِ اسْمِ اللهِ؟ إِنْكَارًا لِذٰلِكَ وَإِعْظَامًا لَهُ.

۲- زید حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر تھے

حدیث: مذکورہ سند ہی سے مروی ہے: ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: زید ملک شام گئے، دینِ حق کی تلاش میں، تاکہ وہ اس کی پیروی کریں، ان کی ایک یہودی عالم سے ملاقات ہوئی، انھوں نے اس سے یہودیت کے بارے میں پوچھا اور کہا: شاید میں تمہارا دین اختیار کرلوں، پس آپ مجھے اپنا دین بتلائیں، اس نے کہا: نہیں ہوؤگے تم ہمارے دین پر یہاں تک کہ لوگے تم اپنا حصہ اللہ کی ناراضگی سے (کیونکہ ان کا دین منسوخ اور محرَّف ہوچکا تھا، پس جو اس کی پیروی کرے گا اس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہونگے) زید نے کہا: میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہی سے بھاگ رہا ہوں، میں اللہ کی ناراضگی میں سے کوئی چیز کبھی نہیں اٹھاؤں گا، درانحالیکہ میں اس کی طاقت رکھتا ہوں، یعنی جہاں تک میرے بس میں ہوگا میں ایسا دین ہرگز اختیار

(۱) قریش کی ایک جماعت زید کی مخالف ہوگئی تھی، اور ان کو مکہ سے نکال دیا تھا، چنانچہ وہ حراء پہاڑ کی طرف چلے گئے تھے اور ان کے چچا خطاب نے چند جوانوں کو ان پر مسلط کیا تھا کہ وہ مکہ میں نہ آنے پائیں، چنانچہ وہ مکہ میں چپکے سے آتے تھے۔

(اعلام ترجمہ زید بن عمرو)

نہیں کروں گا، پس کیا آپ میری راہنمائی کرسکتے ہیں یہودیت کے علاوہ کسی دین کی طرف؟ اس نے کہا: نہیں جانتا میں اُس دین حق کو مگر یہ کہ ہو جائیں آپ حنیف، زید نے پوچھا: حنیف کیا ہوتا ہے؟ اس نے کہا: ابراہیم علیہ السلام کا دین (حنیف ہے) وہ نہ یہودی تھے نہ عیسائی، وہ صرف اللہ تعالیٰ کی بندگی کرتے تھے، پس زید چلے اور ان کی ایک عیسائی عالم سے ملاقات ہوئی، اس کے ساتھ بھی اسی طرح گفتگو ہوئی، اس نے کہا: نہیں ہونگے آپ ہمارے دین پر یہاں تک کہ لیں آپ اپنا حصہ اللہ کی پھٹکار سے (کیونکہ عیسائیت کو بھی ایک منافق نے بالکل ہی محرف کردیا تھا) زید نے کہا: نہیں بھاگتا ہوں میں مگر اللہ کی لعنت سے اور نہیں اٹھاؤں گا میں اللہ کی لعنت اور اس کی ناراضگی سے کوئی چیز کبھی بھی، درانحالیکہ وہ بات میرے بس میں ہو، پس کیا آپ میری راہنمائی کریں گے عیسائیت کے علاوہ کسی دین کی طرف؟ اس نے کہا: نہیں جانتا میں برحق دین مگر یہ کہ ہو جائیں آپ حنیف، زید نے پوچھا: حنیف کیا ہوتا ہے؟ اس نے کہا: ابراہیم علیہ السلام کا دین جو نہ یہودی تھے نہ عیسائی تھے، وہ صرف اللہ کی عبادت کرتے تھے، پس جب زید نے دیکھی ان کی بات ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں تو شام سے نکل آئے، پھر جب وہ ظاہر ہوئے یعنی شام کی سرزمین سے علاحدہ ہوئے تو انھوں نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور کہا: اے اللہ! میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ میں ابراہیم علیہ السلام کے دین پر ہوں۔

[۳۸۲۷-] قَالَ مُوْسَى: حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، وَلاَ أَعْلَمُهُ إِلَّا يُحَدِّثُ بِهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ زَيْدَ ابْنَ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ خَرَجَ إِلَى الشَّامِ، يَسْأَلُ عَنِ الدِّيْنِ وَيَتْبَعُهُ، فَلَقِيَ عَالِمًا مِنَ الْيَهُوْدِ فَسَأَلَهُ عَنْ دِيْنِهِمْ، فَقَالَ: إِنِّي لَعَلِّي أَنْ أَدِيْنَ دِيْنَكُمْ فَأَخْبِرْنِيْ، فَقَالَ: لاَ تَكُوْنُ عَلَى دِيْنِنَا، حَتَّى تَأْخُذَ بِنَصِيْبِكَ مِنْ غَضَبِ اللهِ، قَالَ زَيْدٌ: مَا أَفِرُّ إِلَّا مِنْ غَضَبِ اللهِ، وَلاَ أَحْمِلُ مِنْ غَضَبِ اللهِ شَيْئًا أَبَدًا وَأَنَا أَسْتَطِيْعُهُ، فَهَلْ تَدُلُّنِيْ عَلَى غَيْرِهِ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُهُ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ حَنِيْفًا، قَالَ زَيْدٌ: وَمَا الْحَنِيْفُ؟ قَالَ: دِيْنُ إِبْرَاهِيْمَ، لَمْ يَكُنْ يَهُوْدِيًّا وَلاَ نَصْرَانِيًّا وَلاَ يَعْبُدُ إِلَّا اللهَ، فَخَرَجَ زَيْدٌ فَلَقِيَ عَالِمًا مِنَ النَّصَارَى، فَذَكَرَ مِثْلَهُ فَقَالَ: لَنْ تَكُوْنَ عَلَى دِيْنِنَا حَتَّى تَأْخُذَ بِنَصِيْبِكَ مِنْ لَعْنَةِ اللهِ، قَالَ: مَا أَفِرُّ إِلَّا مِنْ لَعْنَةِ اللهِ، وَلاَ أَحْمِلُ مِنْ لَعْنَةِ اللهِ وَلاَ مِنْ غَضَبِهِ شَيْئًا أَبَدًا وَأَنَا أَسْتَطِيْعُ، فَهَلْ تَدُلُّنِيْ عَلَى غَيْرِهِ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُهُ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ حَنِيْفًا. قَالَ: وَمَا الْحَنِيْفُ؟ قَالَ: دِيْنُ إِبْرَاهِيْمَ، لَمْ يَكُنْ يَهُوْدِيًّا وَلاَ نَصْرَانِيًّا وَلاَ يَعْبُدُ إِلَّا اللهَ، فَلَمَّا رَأَى زَيْدٌ قَوْلَهُمْ فِيْ إِبْرَاهِيْمَ خَرَجَ، فَلَمَّا بَرَزَ رَفَعَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُشْهِدُكَ أَنِّيْ عَلَى دِيْنِ إِبْرَاهِيْمَ.

۳- زید بن عمر ولڑکیوں کو دفن ہونے سے بچاتے تھے

حدیث: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کہتی ہیں: میں نے زید کو دیکھا کھڑے ہوئے کعبہ شریف سے پیٹھ لگائے ہوئے، کہہ رہے ہیں: اے قریش کی جماعت! بخدا! نہیں ہے تم میں سے کوئی ابراہیم علیہ السلام کے دین پر میرے

علاوہ، وہ دفن کی ہوئی بچیوں کو بچایا کرتے تھے، وہ آدمی سے کہتے جب وہ اپنی بیٹی کو قتل کرنا چاہتا: اس کو قتل مت کر، میں اس کے خرچہ کا تیری طرف سے ذمہ دار ہوں، چنانچہ وہ لڑکی کو لے لیتے، پس جب وہ بڑی ہو جاتی تو زید اس کے باپ سے کہتے: اگر تو چاہے تو دیدوں میں تجھے یہ لڑکی اور اگر تو چاہے تو میں تیری طرف سے اس کے خرچہ کا ذمہ دار بن جاؤں، یعنی مناسب جگہ اس کا نکاح کردوں۔

[۳۸۲۸-] وَقَالَ اللَّيْثُ، كَتَبَ إِلَيَّ هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَتْ: رَأَيْتُ زَيْدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَائِمًا مُسْنِدًا ظَهْرَهُ إِلَى الْكَعْبَةِ، يَقُوْلُ: يَا مَعَاشِرَ قُرَيْشٍ! وَاللّٰهِ مَا مِنْكُمْ عَلَى دِيْنِ إِبْرَاهِيْمَ غَيْرِيْ، وَكَانَ يُحْيِي الْمَوْءُوْدَةَ، يَقُوْلُ لِلرَّجُلِ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَقْتُلَ ابْنَتَهُ: لَا تَقْتُلْهَا، أَنَا أَكْفِيْكَهَا مُؤْنَتَهَا، فَيَأْخُذُهَا، فَإِذَا تَرَعْرَعَتْ قَالَ لِأَبِيْهَا: إِنْ شِئْتَ دَفَعْتُهَا إِلَيْكَ، وَإِنْ شِئْتَ كَفَيْتُكَ مُؤْنَتَهَا.

بَابُ بُنْيَانِ الْكَعْبَةِ

کعبہ شریف کی تعمیرِ نو

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب کعبہ شریف کی تعمیر نو کی جارہی تھی تو آپؐ اور آپؐ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ پتھر لا رہے تھے، حضرت عباسؓ نے آپؐ سے کہا: آپؐ اپنی لنگی اپنی گردن پر رکھ لیں، وہ آپؐ کو پتھر (کی زد) سے بچائے گی (جب آپؐ نے لنگی کھولنے کا ارادہ کیا) تو آپؐ زمین پر (بیہوش ہوکر) گر پڑے اور آپؐ کی دونوں آنکھیں آسمان کی طرف اٹھ گئیں، پھر آپؐ کو ہوش آیا، آپؐ نے فرمایا: میری لنگی! میری لنگی! چنانچہ آپؐ پر آپؐ کی لنگی باندھ دی گئی۔

تشریح: پہلے (تحفۃ القاری ۲:۱۹۱) بیان کیا ہے کہ کعبہ شریف مرورِ زمانہ سے بوسیدہ ہوگیا تھا، اس لئے قریش کو اس کی تعمیر نو کا خیال آیا، اس وقت آپؐ کی عمر مبارک مشہور قول کے مطابق ۳۵ سال تھی، اس موقع پر جب آپؐ نے لنگی کھول کر مونڈھے پر رکھنے کا ارادہ کیا تو اچانک آپؐ بیہوش ہوکر گر پڑے، جب آپؐ کو ہوش آیا تو آپؐ کی لنگی بندھی ہوئی تھی (عمدہ ۲:۴ ۷) اس واقعہ کے بعد کبھی آپؐ ننگے نہیں دیکھے گئے، اور پہلے یہ بات بھی بیان کی ہے کہ عربوں میں لنگی کے نیچے کچھ پہننے کا رواج تھا۔

روایت: عمرو بن دینار اور عبید اللہ بن ابی یزید بیان کرتے ہیں: دورِ نبوی میں بیت اللہ کے گرد کوئی دیوار نہیں تھی، لوگ بیت اللہ کے گرد نماز پڑھتے تھے، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو آپؓ نے بیت اللہ کے گرد ایک دیوار بنائی، عبید اللہ کہتے ہیں: ان کی دیوار چھوٹی تھی پھر اس دیوار کو ابن الزبیر رضی اللہ عنہما نے بنایا۔

تشریح: مسجدِ حرام درحقیقت کعبہ شریف ہے، قرآنِ کریم میں اسی کی طرف نماز میں منہ کرنے کا حکم ہے، اور پہلے لوگ اندر ہی نماز پڑھتے تھے، پھر تبدیلی آئی، کعبہ شریف بند کر دیا گیا اور لوگ باہر مطاف میں نماز پڑھنے لگے، مطاف کے ورے کوئی دیوار نہیں تھی، لوگوں کے مکانات شروع ہو جاتے تھے اور مکانوں کے درمیان مطاف میں آنے جانے کے راستے تھے، حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ میں مطاف اور لوگوں کے گھروں کے درمیان دیوار بنائی، وہ دیوار صرف قد آدم اونچی تھی، اس پر چراغ رکھے جاتے تھے، پھر حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما نے کعبہ شریف کی تجدید کی تو دیوار بھی نئی بنائی اور اونچی بنائی، پھر آگے تبدیلیاں ہوتی رہیں اور آج تبدیلی کہاں تک پہنچی ہے وہ جا کر دیکھ آؤ۔

[۲۵-] بَابُ بُنْيَانِ الْكَعْبَةِ

[۳۸۲۹-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو ابْنُ دِيْنَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا بُنِيَتِ الْكَعْبَةُ ذَهَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَعَبَّاسٌ يَنْقُلَانِ الْحِجَارَةَ، فَقَالَ عَبَّاسٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: اجْعَلْ إِزَارَكَ عَلٰى رَقَبَتِكَ يَقِيْكَ مِنَ الْحِجَارَةِ، فَخَرَّ إِلَى الْأَرْضِ وَطَمَحَتْ عَيْنَاهُ إِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ أَفَاقَ فَقَالَ: "إِزَارِيْ إِزَارِيْ" فَشُدَّ عَلَيْهِ إِزَارُهُ.

[راجع: ٣٦٤]

[۳۸۳۰-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ يَزِيْدَ، قَالَا: لَمْ يَكُنْ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَوْلَ الْبَيْتِ حَائِطٌ، كَانُوْا يُصَلُّوْنَ حَوْلَ الْبَيْتِ، حَتَّى كَانَ عُمَرُ فَبَنَى حَوْلَهُ حَائِطًا، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: جَدْرُهُ قَصِيْرٌ، فَبَنَاهُ ابْنُ الزُّبَيْرِ.

لغت: جَدْر (جیم کا زبر) اور جِدار: ہم معنی ہیں۔

بَابُ أَيَّامِ الْجَاهِلِيَّةِ

زمانۂ جاہلیت کا بیان

الْجَاهِلِيَّة: جہالت وگمراہی کی وہ حالت جس پر عرب قبل الاسلام تھے اور سورۃ الاحزاب آیت ۳۳ میں فرمایا ہے: ﴿وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى﴾: اور تم (ازواج مطہرات) اپنے گھروں میں قرار سے رہو اور قدیم زمانۂ جاہلیت کے دستور کے موافق (بے پردہ) مت پھرو۔ اس آیت میں جاہلیت کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے، قدیم اور جدید، جو زمانہ بعثتِ نبوی سے قریب ہے وہ جدید ہے اور بہت پرانا زمانہ قدیم ہے۔

زمانۂ فترت: وہ زمانہ ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور بعثتِ نبوی کے درمیان ہے، اس کو قریبی دورِ جاہلیت بھی کہہ

سکتے ہیں، زمانۂ جاہلیت میں بعض باتیں اچھی تھیں جو سابقہ ملت کی باقی ماندہ تھیں، اور بعض بری، اسلام نے اچھی باتوں کو برقرار رکھا اور بری باتوں کو ختم کیا، کیونکہ جب نبی کسی ایسی قوم کی طرف مبعوث کیا جاتا ہے جس میں راہِ ہدایت کے بچے کھچے نشانات باقی ہوتے ہیں تو ان میں تبدیلی کرنے کے کوئی معنی نہیں، ان کو ثابت رکھنا ضروری ہے تاکہ لوگوں کے قلوب نئ شریعت کی اطاعت کے لئے جلدی آمادہ ہوں اور ان کے خلاف دلیل قائم کرنا آسان ہو۔

۱- زمانۂ جاہلیت میں عاشورہ کا روزہ رکھا جاتا تھا

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: قریش زمانۂ جاہلیت میں دس محرم کا روزہ رکھتے تھے، نبی ﷺ بھی وہ روزہ رکھتے تھے، پس جب آپؐ مدینہ میں وارد ہوئے تو وہ روزہ رکھا اور اس روزہ کا لوگوں کو حکم دیا، پھر جب اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے فرض کئے تو آپؐ نے فرمایا: جو عاشوراء کا روزہ رکھنا چاہے رکھے اور جو نہ رکھنا چاہے نہ رکھے۔

تشریح: عاشوراء کا روزہ رمضان کے روزوں سے پہلے فرض تھا پھر اس کی فرضیت منسوخ ہوگئی، اور اس کا استحباب باقی رہا، یہ رائے حنفیہ کی ہے اور شوافع کے نزدیک رمضان سے پہلے عاشوراء کا روزہ رکھا جاتا تھا مگر فرض نہیں تھا، جیسا کتاب الصوم میں گذرا، غرض یہ جاہلیت کی اچھی بات تھی اس لئے اس کو باقی رکھا گیا۔

[۲٦-] بَابُ أَيَّامِ الْجَاهِلِيَّةِ

[۳۸۳۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ هِشَامٌ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ عَاشُوْرَاءُ يَوْمًا تَصُوْمُهُ قُرَيْشٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُهُ، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ صَامَهُ وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ. فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ كَانَ مَنْ شَاءَ صَامَهُ وَمَنْ شَاءَ لاَيَصُوْمُهُ. [راجع: ۱۵۹۲]

۲- زمانۂ جاہلیت میں حج کے ساتھ عمرہ نہیں کیا جاتا تھا

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: زمانۂ جاہلیت کے لوگوں کا خیال تھا کہ حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا اللہ کی زمین میں بدکاری ہے اور وہ محرم کو صفر کر دیا کرتے تھے یعنی محرم کو پیچھے کرتے تھے اور صفر کو پہلے لے آتے تھے، اور کہا کرتے تھے: جب اونٹ کی پیٹھ کا زخم بھر جائے اور حجاج کے قافلوں کے نشانات مٹ جائیں تو عمرہ کرنا جائز ہو جاتا ہے اس کے لئے جو عمرہ کرنا چاہے۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ ۴ ذی الحجہ کو مکہ پہنچے، سب نے حج کا احرام باندھ رکھا تھا، پس ان کو نبی ﷺ نے حکم دیا کہ وہ حج کے احرام کو عمرہ کا احرام کر دیں (اور افعالِ عمرہ کر کے حلال ہو جائیں) لوگوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیسا حلال ہونا؟ آپؐ نے فرمایا: کامل حلال ہونا، یعنی بیوی سے صحبت بھی کر سکتے ہیں۔

تشریح: چونکہ جاہلیت میں کعبہ شریف کا حج جزیرۃ العرب ہی کے لوگ کرتے تھے اس لئے سال بھر کعبہ کو آباد کرنے

کے لئے یہ تبدیلی عمل میں آئی ہوگی کہ حج کے مہینوں میں صرف حج کرو، حج کے ساتھ عمرہ مت کرو، عمرہ کے لئے باقی مہینوں میں مستقل سفر کرو، اس مقصد کے پیش نظر زمانۂ جاہلیت میں حج کے مہینوں میں عمرہ کرنے کو گناہ قرار دیا گیا، پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو اسلام چونکہ عالمگیر مذہب ہے، ساری دنیا کے لوگ حج کے لئے آئیں گے، پس دور دراز کے لوگوں کے لئے دو مرتبہ سفر کرنا مشکل ہوگا، اس لئے نبی ﷺ نے جاہلیت کے طریقہ کی اصلاح کی اور حج کے ساتھ عمرہ کا جواز عملی طور پر بیان کیا، حج کے احرام کو عمرہ سے بدلوایا، سب لوگ عمرہ کرکے حلال ہوگئے، پھر حج کا احرام مکہ سے باندھا۔

دوسری خرابی: محرم کو اپنی جگہ سے ہٹا دینا، اور صفر کو پہلے لے آنا، سورۃ التوبہ آیت ۳۷ کے ذریعہ اس غلط طریقہ کو ختم کیا گیا، فرمایا: ﴿إِنَّمَا النَّسِيْءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ، يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهُ عَامًا وَيُحَرِّمُوْنَهُ عَامًا لِّيُوَاطِئُوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ، زُيِّنَ لَهُمْ سُوْءُ أَعْمَالِهِمْ، وَاللّٰهُ لاَ يَهْدِى الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ﴾: محرم کو پیچھے ہٹانا کفر میں اور ترقی ہے جس کے ذریعہ کفار گمراہ کئے جاتے ہیں وہ حرام مہینہ کو کبھی حلال کرلیتے ہیں اور کبھی اس کو حرام سمجھتے ہیں، تاکہ اللہ تعالیٰ نے جو مہینے حرام کئے ہیں ان کی گنتی پوری کرلیں، اس لئے اللہ کے حرام کئے ہوئے مہینہ کو حلال کرلیتے ہیں، ان کی بد اعمالیاں ان کے لئے مزین کردی گئیں، اور اللہ تعالیٰ کافروں کو ہدایت نہیں کرتے۔ اس آیت کے ذریعہ مہینوں کو آگے پیچھے کرنے کا طریقہ ختم کیا گیا۔

[۳۸۳۲-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانُوْا يُرَوْنَ أَنَّ الْعُمْرَةَ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ مِنَ الْفُجُوْرِ فِي الْأَرْضِ، وَكَانُوْا يُسَمُّوْنَ الْمُحَرَّمَ صَفَرَ، وَيَقُوْلُوْنَ: إِذَا بَرَأَ الدَّبَرْ، وَعَفَا الأَثَرْ، حَلَّتِ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرْ، قَالَ: فَقَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ رَابِعَةً مُهِلِّيْنَ بِالْحَجِّ، وَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَجْعَلُوْهَا عُمْرَةً، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ الْحِلِّ؟ قَالُوْا: " الْحِلُّ كُلُّهُ"[راجع: ۱۰۸۵]

۳- اسلام سے پہلے سیلاب میں کعبہ شریف ڈوب گیا

روایت: حضرت سعید بن المسیبؒ کے دادا حزنؓ بیان کرتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں باڑ آئی اور دو پہاڑوں کے درمیان کی ہر چیز ڈوب گئی، عمرو بن دینار کہتے ہیں: اس واقعہ کی بڑی تفصیل ہے، مگر انھوں نے بیان نہیں کی (کَسَا: پہنایا یعنی ہر چیز کو ڈوبا دیا)

[۳۸۳۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: كَانَ عَمْرٌو يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: جَاءَ سَيْلٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَكَسَا مَا بَيْنَ الْجَبَلَيْنِ قَالَ سُفْيَانُ: وَيَقُوْلُ: إِنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ لَهُ شَأْنٌ.

۴- دورِ جاہلیت میں نہ بولنے کا حج کیا جاتا تھا

ایک عورت جس کا نام زینب تھا، جو قبیلہ بجیلہ کی شاخ احمس کی تھی، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں حج میں آئی، اس نے منت مانی تھی کہ حج میں بولے گی نہیں، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی اس سے ملاقات ہوئی، آپؓ نے دیکھا کہ وہ بولتی نہیں، آپؓ نے پوچھا: یہ کیوں بولتی نہیں؟ لوگوں نے بتلایا: اس نے خاموش رہنے کا حج مانا ہے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: بات کر، کیونکہ یہ جائز نہیں، یہ دورِ جاہلیت کی بات ہے (یہاں باب ہے) پس اس نے بات شروع کی، اس نے پوچھا: آپ کون ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ایک مہاجری ہوں، اس نے پوچھا: کونسے مہاجری؟ آپؓ نے فرمایا: قریشی، اس نے پوچھا: آپؓ قریش کے کس قبیلہ کے ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو بہت پوچھنے والی ہے میں ابوبکر ہوں، اس نے پوچھا: ہم کب تک باقی رہیں گے اس اچھی حالت پر جس کو اللہ تعالیٰ لائے ہیں دورِ جاہلیت کے بعد، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس حالت پر رہو گے جب تک تمہارے ساتھ تمہارے پیشواء ٹھیک رہیں گے، اس نے پوچھا: پیشواء کون ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تیری قوم کے لئے نہیں ہیں سردار اور معزز لوگ جو لوگوں کو حکم دیتے ہیں، پس لوگ ان کی بات مانتے ہیں؟ اس نے کہا: کیوں نہیں (پس حضرت ابوبکرؓ نے کہا) یہی حضرات لوگوں کے پیشواء ہیں (جب تک وہ درست رہیں گے احوال ٹھیک رہیں گے، النَّاسُ عَلٰى دِيْنِ مُلُوْكِهِمْ: اور جب ان پیشواؤں کے احوال بگڑ جائیں گے تو لوگوں کے احوال بھی دگرگوں ہوجائیں گے)

[٣٨٣٤-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ بَيَانٍ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: دَخَلَ أَبُوْ بَكْرٍ عَلٰى امْرَأَةٍ مِنْ أَحْمَسَ يُقَالُ لَهَا: زَيْنَبُ فَرَآهَا لَاتَكَلَّمُ، فَقَالَ: مَالَهَا لَا تَكَلَّمُ؟ قَالُوْا: حَجَّتْ مُصْمِتَةً، فَقَالَ لَهَا: تَكَلَّمِيْ فَإِنَّ هٰذَا لَا يَحِلُّ، هٰذَا مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَتَكَلَّمَتْ، فَقَالَتْ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: امْرَؤٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ، قَالَتْ: أَيُّ الْمُهَاجِرِيْنَ؟ قَالَ: مِنْ قُرَيْشٍ، قَالَتْ: مِنْ أَيِّ قُرَيْشٍ أَنْتَ؟ قَالَ: إِنَّكِ لَسَؤُوْلٌ، أَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، قَالَتْ: مَا بَقَاؤُنَا عَلٰى هٰذَا الْأَمْرِ الصَّالِحِ الَّذِيْ جَاءَ اللّٰهُ بِهِ بَعْدَ الْجَاهِلِيَّةِ؟ قَالَ: بَقَاؤُكُمْ عَلَيْهِ مَا اسْتَقَامَتْ بِكُمْ أَئِمَّتُكُمْ، قَالَتْ: وَمَا الْأَئِمَّةُ؟ قَالَ: أَمَّا كَانَ لِقَوْمِكِ رُؤُسٌ وَأَشْرَافٌ يَأْمُرُوْنَهُمْ فَيُطِيْعُوْنَهُمْ؟ قَالَتْ: بَلٰى، قَالَ: فَهُمْ أُوْلٰئِكَ عَلَى النَّاسِ.

۵- جاہلیت میں غلام باندیوں کے ساتھ نازیبا برتاؤ

پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۲۸۰) ایک حبشن کا واقعہ آیا ہے، وہ عرب کے کسی قبیلہ کی باندی تھی، مالک نے اس کو آزاد کردیا تھا، وہ اسی قبیلہ کے ساتھ رہتی تھی، پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ ایک دلہن کا ہار گم ہوگیا، جو سرخ چمڑے کے تسمے کا بنا ہوا تھا، اتفاق سے

وہاں سے ایک چیل گذری اس نے گوشت کا ٹکڑا سمجھ کراس کو اچک لیا، لوگوں نے اس باندی پر شک کیا، اوراس کو پکڑ کر مارا پیٹا، اوراس کی تلاشی لی، حتی کہ شرم گاہ کی بھی تلاشی لی، ابھی تلاشی جاری تھی کہ اوپر سے چیل گذری اوراس نے وہ ہار ڈال دیا، باندی نے کہا: لوتمہارا ہار یہ رہا، تم نے مجھ پر خواہ مخواہ شک کیا، اس واقعہ سے وہ حبشن اتنی بددل ہوگئی کہ وطن چھوڑ کر مدینہ چلی آئی اور مسلمان ہوگئی، مدینہ میں اس کے لئے کوئی ٹھکانہ نہیں تھا، اس لئے مسجدِ نبوی کے صحن میں اس کے لئے خیمہ لگایا گیا، وہ اکثر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آتی اور ہمیشہ مجلس کے آخر میں ایک شعر پڑھتی:

وَيَوْمُ الْوِشَاحِ مِنْ تَعَاجِيْبِ رِبِّنَا ۞ أَلَا إِنَّـهُ مِنْ بَلْدَةِ الْكُفْرِ أَنْجَانِيْ

(اور ہاروالا دن عجائبِ قدرت میں سے ہے÷سنو! اس نے مجھے دارالکفر سے نجات دی)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس سے پوچھا: ہاروالا دن کیا ہے؟ اس نے یہ واقعہ سنایا، اور یہاں یہ روایت یہ بتانے کے لئے لائی گئی ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں غلام باندیوں پر ظلم کیا جاتا تھا، خواہ مخواہ ان کو شک کے دائرے میں لایا جاتا تھا، آزاد کرنے کے بعد بھی ان کے ساتھ غلاموں جیسا برتاؤ کیا جاتا تھا۔

[۳۸۳۵-] حَدَّثَنِيْ فَرْوَةُ بْنُ أَبِي الْمَغْرَاءِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَسْلَمَتِ امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ لِبَعْضِ الْعَرَبِ، وَكَانَ لَهَا حِفْشٌ فِي الْمَسْجِدِ، قَالَتْ: فَكَانَتْ تَأْتِيْنَا فَتَحَدَّثُ عِنْدَنَا، فَإِذَا فَرَغَتْ مِنْ حَدِيْثِهَا، قَالَتْ:

وَيَوْمُ الْوِشَاحِ مِنْ تَعَاجِيْبِ رِبِّنَا ۞ أَلَا إِنَّـهُ مِنْ بَلْدَةِ الْكُفْرِ أَنْجَانِيْ

فَلَمَّا أَكْثَرَتْ قَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ: وَمَا يَوْمُ الْوِشَاحِ؟ قَالَتْ: خَرَجَتْ جُوَيْرِيَةٌ لِبَعْضِ أَهْلِيْ، وَعَلَيْهَا وِشَاحٌ مِنْ أَدَمٍ، فَسَقَطَ مِنْهَا، فَانْحَطَّتْ عَلَيْهِ الْحُدَيَّا، وَهِيَ تَحْسِبُهُ لَحْمًا فَأَخَذَتْ، فَاتَّهَمُوْنِيْ بِهِ، فَعَذَّبُوْنِيْ حَتَّى بَلَغَ مِنْ أَمْرِيْ أَنَّهُمْ طَلَبُوْا فِيْ قُبُلِيْ، فَبَيْنَا هُمْ حَوْلِيْ وَأَنَا فِيْ كَرْبِيْ إِذَا أَقْبَلَتِ الْحُدَيَّا حَتَّى وَازَتْ بِرُؤُسِنَا، ثُمَّ أَلْقَتْهُ فَأَخَذُوْهُ، فَقُلْتُ لَهُمْ: هٰذَا الَّذِيْ اتَّهَمْتُمُوْنِيْ بِهِ وَأَنَا مِنْهُ بَرِيْئَةٌ.[راجع: ٤٣٩]

۶- جاہلیت میں آباء کی قسمیں کھائی جاتی تھیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: سنو! جسے قسم کھانی ہو وہ اللہ کی قسم کھائے اور قریش اپنے آباء کی قسمیں کھاتے تھے، چنانچہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اپنے آباء کی قسمیں مت کھاؤ''

[۳۸۳۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " أَلَا مَنْ كَانَ حَالِفًا فَلَا يَحْلِفْ إِلَّا بِاللهِ" فَكَانَتْ قُرَيْشٌ تَحْلِفُ بِآبَائِهَا، فَقَالَ: " لَاتَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ"[راجع: ٢٦٧٩]

۷-دورِ جاہلیت میں جنازہ کے ساتھ معاملہ

روایت: حضرت قاسم رحمہ اللہ جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں، جنازہ کے آگے چلتے تھے (شوافع کے نزدیک یہی افضل ہے اور حنفیہ کے نزدیک پیچھے چلنا افضل ہے) اور وہ جنازہ دیکھ کر کھڑے نہیں ہوتے تھے، اور اپنی پھوپھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ زمانۂ جاہلیت کے لوگ جنازہ دیکھ کر کھڑے ہوجاتے تھے، اور جب جنازہ دیکھتے تو دو مرتبہ کہتے: كُنْتِ فِي أَهْلِكِ مَا أَنْتِ: تو اپنی فیملی میں رہ جیسی تو تھی! یعنی جو عیش وعشرت کی زندگی مرنے سے پہلے تجھے نصیب تھی ایسی ہی عیش کی زندگی مرنے کے بعد بھی تجھے نصیب ہو!

[۳۸۳۷-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ! أَنَّ الْقَاسِمَ كَانَ يَمْشِي بَيْنَ يَدَيِ الْجَنَازَةِ، وَلاَ يَقُوْمُ لَهَا، وَيُخْبِرُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْمُوْنَ لَهَا، يَقُوْلُوْنَ إِذَا رَأَوْهَا: كُنْتِ فِي أَهْلِكِ مَا أَنْتِ! مَرَّتَيْنِ.

۸-زمانۂ جاہلیت میں حاجی مزدلفہ سے سورج نکلنے کے بعد چلتے تھے

روایت: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مشرکین مزدلفہ سے نہیں لوٹتے تھے، یہاں تک کہ ثبیر پہاڑ پر دھوپ چمکتی تھی، پس نبی ﷺ نے ان کی مخالفت کی اور آپؐ سورج طلوع ہونے سے پہلے مزدلفہ سے روانہ ہوئے۔

[۳۸۳۸-] حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: إِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ كَانُوْا لاَ يُفِيْضُوْنَ مِنْ جَمْعٍ حَتَّى تُشْرِقَ الشَّمْسُ عَلَي ثَبِيْرٍ، فَخَالَفَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَفَاضَ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ. [راجع: ١٦٨٤]

۹-جام کی صفت دِهَاقًا جاہلیت میں بھی مستعمل تھی

دِهَاقًا کے معنی ہیں: لبریز، اور پے بہ پے، مَلْأَى متتابعةً: بھرا ہوا جام، اور پے بہ پے پلایا جانے والا جام، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے زمانۂ جاہلیت میں اپنے ابا سے یہ جملہ سنا: اسْقِنَا كَأْسًا دِهَاقًا: پلا ہمیں لبریز جام، پے بہ پے! یعنی زمانۂ جاہلیت میں لوگ یہ لفظ جام شراب کے لئے استعمال کرتے تھے، قرآنِ کریم میں سورۃ النبا کی آیت ۳۴ میں یہ لفظ جنت کی شراب کے لئے استعمال کیا گیا، دنیا کی شراب میں نشہ اور سرگرانی ہوتی ہے، جنت کی شراب میں یہ چیزیں نہیں ہوتیں۔ غرض اس لفظ کے استعمال میں کوئی قباحت نہیں، اس لئے قرآن نے یہ لفظ استعمال کیا۔

[۳۸۳۹-] حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي أُسَامَةَ، حَدَّثَكُمْ يَحْيَى بْنُ الْمُهَلَّبِ، قَالَ:

حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ ﴿وَكَأْسًا دِهَاقًا﴾ قَالَ: مَلْأَى مُتَتَابِعَةً.

[٣٨٤٠-] قَالَ: وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: سَمِعْتُ أَبِيْ يَقُوْلُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ: اسْقِنَا كَأْسًا دِهَاقًا.

۱۰- جاہلیت کی ایک سچی بات

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: نہایت سچی بات جو کسی شاعر نے کبھی کہی ہے وہ لبید شاعر کی بات ہے: أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ: سنو! ہر چیز اللہ کے سوا بے حقیقت ہے یعنی ہر چیز کو فنا ہونا ہے اور فرمایا: امیہ بن ابی الصلّت قریب تھا کہ اسلام لے آتا، مگر یہ سعادت اس کے نصیب نہیں تھی (یہ زمانۂ جاہلیت میں عبادت گذار شخص تھا، بعث بعد الموت پر ایمان رکھتا تھا اس نے اسلام کا زمانہ پایا، مگر مسلمان نہیں ہوا)

[٣٨٤١-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ: أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ، وَكَادَ أُمَيَّةُ بْنُ أَبِي الصَّلْتِ [أَنْ يُسْلِمَ"] [انظر: ٦١٤٧، ٦٤٨٩]

۱۱- زمانۂ جاہلیت میں کہانت کا رواج تھا

روایت: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ایک غلام تھا، جو ان کو کما کر محصول ادا کیا کرتا تھا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس کے محصول کو استعمال کرتے تھے، ایک دن وہ کوئی چیز لایا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کو کھایا، غلام نے آپؓ سے پوچھا: آپؓ جانتے ہیں یہ کیا تھا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا تھا؟ اس نے کہا: زمانۂ جاہلیت میں میں نے ایک شخص کو مستقبل کی بات بتلائی تھی اور میں کہانت اچھی طرح نہیں جانتا تھا، میں نے اس کو دھوکہ دیا تھا، وہ بات اتفاق سے صحیح ہوگئی، پس اس نے مجھ سے ملاقات کی اور مجھے اس کے بدلہ میں یہ نذرانہ پیش کیا، یہی وہ ہے جس میں سے آپؓ نے کھایا، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے منہ میں ہاتھ ڈالا اور ان کے پیٹ میں جو کچھ تھا وہ سب قئ کر دیا۔

[٣٨٤٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ لِأَبِيْ بَكْرٍ، غُلَامٌ يُخْرِجُ لَهُ الْخَرَاجَ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ يَأْكُلُ مِنْ خَرَاجِهِ، فَجَاءَ يَوْمًا بِشَيْئٍ فَأَكَلَ مِنْهُ أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ لَهُ الْغُلَامُ: تَدْرِيْ مَا هٰذَا؟ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَمَا هُوَ؟ قَالَ: كُنْتُ تَكَهَّنْتُ لِإِنْسَانٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَمَا أُحْسِنُ الْكَهَانَةَ، إِلَّا أَنِّيْ خَدَعْتُهُ فَلَقِيَنِيْ فَأَعْطَانِيْ بِذٰلِكَ، فَهٰذَا الَّذِيْ أَكَلْتَ مِنْهُ، فَأَدْخَلَ أَبُوْ بَكْرٍ يَدَهُ فَقَاءَ كُلَّ شَيْءٍ فِيْ بَطْنِهِ.

۱۲- جاہلیت میں حمل کے حمل تک ادھار بیع کی جاتی تھی

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: زمانۂ جاہلیت کے لوگ کاٹنے کے اونٹوں کا گوشت بیچا خریدا کرتے تھے، حمل کے حمل تک، نافعؒ کہتے ہیں: اور حمل کا حمل یہ ہے کہ اونٹنی جنے وہ بچہ جو اس کے پیٹ میں ہے پھر وہ بچہ گابھن ہو جو جنا گیا ہے پس نبی ﷺ نے اس طرح کی بیع سے منع فرمایا۔

[۳۸۴۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَتبَايَعُوْنَ لُحُوْمَ الْجَزُوْرِ إِلٰى حَبَلِ الْحَبْلَةِ. قَالَ: وَحَبَلُ الْحَبْلَةِ: أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ مَا فِي بَطْنِهَا، ثُمَّ تَحْمِلَ الَّتِىْ نُتِجَتْ، فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ. [راجع: ۲۱۴۳]

۱۳- جاہلیت کی جائز باتیں بیان کرنا

حدیث: غیلان بن جریر کہتے ہیں: ہم حضرت انس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں جایا کرتے تھے، وہ ہم سے انصار کی باتیں بیان کیا کرتے تھے، اور خاص مجھ کو مخاطب بنا کر کہا کرتے تھے: تیری قوم نے یعنی انصار نے ایسا ایسا کیا فلاں فلاں دن، اور تیرے قوم نے ایسا ایسا کیا فلاں فلاں دن۔

[۳۸۴۴-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيٌّ، قَالَ حَدَّثَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ: كُنَّا نَأْتِىْ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فَيُحَدِّثُنَا عَنِ الْأَنْصَارِ، وَكَانَ يَقُوْلُ لِىْ: فَعَلَ قَوْمُكَ كَذَا وَكَذَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا، وَفَعَلَ قَوْمُكَ كَذَا وَكَذَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا. [راجع: ۳۷۷۶]

۱۴- قسامہ کا جاہلی طریقہ اسلام نے برقرار رکھا

سب سے پہلے یہ جاننا چاہئے کہ یہ نیا عنوان (باب) نہیں ہے، ابھی زمانۂ جاہلیت کی باتیں چل رہی ہیں، اور آگے بھی آرہی ہیں، قسامہ اور قسم مترادف الفاظ ہیں، دونوں کے معنی ہیں: حلف برداری، مگر قسامہ: خاص قسم کی حلف برداری کا نام ہے، مطلق قسم کھانا قسامہ نہیں، جاننا چاہئے کہ اسلامی حکومت میں کوئی خون رائگاں نہیں جاتا، بہر صورت قاتل کا پتہ چلایا جاتا ہے، اگر کسی بھی صورت سے قاتل کا پتہ نہ چلے تو آخری صورت قسامہ ہے یعنی جہاں لاش ملی ہے اور اس پر قتل کے آثار ہیں قاتل کے ورثاء وہاں کے پچاس آدمیوں کا انتخاب کریں، اور وہ سب قاضی کے سامنے اللہ کی قسم کھا کر کہیں کہ نہ انھوں نے قتل کیا نہ وہ قاتل کو جانتے ہیں، کیونکہ اتنی بڑی تعداد میں کوئی نہ کوئی قتل سے واقف ہوگا، پس وہ ضرور نشاندہی کرے گا، جھوٹی قسم نہیں کھائے گا، اور اگر سب قسمیں کھالیں تو بستی والوں پر دیت پھیلادی جائے گی۔

حدیث: ایک ہاشمی کو قریش کی ایک دوسری شاخ کے آدمی نے مزدور رکھا اور سفر میں لے گیا، مزدور نے اونٹ کے پیر باندھنے کی رسّی ایک دوسرے ہاشمی کو دیدی، اس پر مزدور رکھنے والے نے اس کو قتل کردیا اور معاملہ چھپادیا، مگر مرنے والے نے ایک یمنی کو وصیت کی کہ وہ اس قتل کی خبر ابوطالب کو کردے، جب ابوطالب کو اس کی اطلاع ہوئی تو وہ قاتل کے پاس گئے اور کہا: تین باتوں میں سے ایک بات اختیار کرو: یا تو دیت کے سو اونٹ ادا کرو، اس لئے کہ تم نے ہمارے آدمی کو قتل کیا ہے یا تمہاری قوم کے پچاس آدمی قسمیں کھائیں کہ تم نے اس کو قتل نہیں کیا، یا ہم تمہیں مقتول کے بدلہ میں قتل کریں گے، اس نے اپنی قوم سے مشورہ کیا اس کی قوم قسمیں کھانے کے لئے تیار ہوگئی، مگر ایک عورت نے اپنے لڑکے کے لئے ابوطالب سے معافی لے لی اور ایک شخص نے قسم کے بدل دو اونٹ دیدیئے، باقی اڑتالیس آدمیوں نے جھوٹی قسمیں کھائیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما قسم کھا کر کہتے ہیں کہ سال پورا نہیں ہوا تھا کہ سب کے سب مرگئے۔

[۲۷-] بَابُ الْقَسَامَةِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

[۳۸۴۵-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَطَنٌ أَبُوْ الْهَيْثَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ يَزِيْدَ الْمَدَنِيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: إِنَّ أَوَّلَ قَسَامَةٍ كَانَتْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ لَفِيْنَا بَنِيْ هَاشِمٍ، كَانَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ اسْتَأْجَرَهُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ فَخِذٍ أُخْرَى، فَانْطَلَقَ مَعَهُ فِي إِبِلِهِ، فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ قَدِ انْقَطَعَتْ عُرْوَةُ جُوَالِقِهِ، فَقَالَ: أَغِثْنِيْ بِعِقَالٍ أَشُدُّ بِهِ عُرْوَةَ جُوَالِقِيْ، لَا تَنْفِرُ الإِبِلُ، فَأَعْطَاهُ عِقَالاً فَشَدَّ بِهِ عُرْوَةَ جُوَالِقِهِ، فَلَمَّا نَزَلُوْا عُقِلَتِ الإِبِلُ إِلَّا بَعِيْرًا وَاحِدًا، فَقَالَ الَّذِيْ اسْتَأْجَرَهُ: مَا شَأْنُ هٰذَا الْبَعِيْرِ لَمْ يُعْقَلْ مِنْ بَيْنِ الإِبِلِ؟ قَالَ: لَيْسَ لَهُ عِقَالٌ، قَالَ فَأَيْنَ عِقَالُهُ؟ قَالَ: فَحَذَفَهُ بِعَصًا كَانَ فِيْهَا أَجَلُهُ، فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ، فَقَالَ: أَتَشْهَدُ الْمَوْسِمَ؟ قَالَ: مَا أَشْهَدُ، وَرُبَّمَا شَهِدْتُهُ، قَالَ: هَلْ أَنْتَ مُبْلِغٌ عَنِّيْ رِسَالَةً مِنَ الدَّهْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَكُنْتَ إِذَا أَنْتَ شَهِدْتَ الْمَوْسِمَ فَنَادِ: يَا آلَ قُرَيْشٍ، فَإِذَا أَجَابُوْكَ فَنَادِ: يَا آلَ بَنِيْ هَاشِمٍ، فَإِنْ أَجَابُوْكَ فَاسْأَلْ عَنْ أَبِيْ طَالِبٍ، فَأَخْبِرْهُ، أَنَّ فُلَانًا قَتَلَنِيْ فِيْ عِقَالٍ، وَمَاتَ الْمُسْتَأْجَرُ، فَلَمَّا قَدِمَ الَّذِيْ اسْتَأْجَرَهُ أَتَاهُ أَبُوْ طَالِبٍ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ صَاحِبُنَا؟ قَالَ: مَرِضَ فَأَحْسَنْتُ الْقِيَامَ عَلَيْهِ فَوَلِيْتُ دَفْنَهُ، قَالَ: قَدْ كَانَ أَهْلَ ذَاكَ مِنْكَ، فَمَكَثَ حِيْنًا ثُمَّ إِنَّ الرَّجُلَ الَّذِيْ أَوْصَى إِلَيْهِ أَنْ يُبَلِّغَ عَنْهُ وَافَى الْمَوْسِمَ، فَقَالَ: يَا آلَ قُرَيْشٍ، قَالُوْا: هٰذِهِ قُرَيْشٌ، قَالَ: يَا آلَ بَنِيْ هَاشِمٍ، قَالُوْا: هٰذِهِ بَنُو هَاشِمٍ، قَالَ: أَيْنَ أَبُوْ طَالِبٍ؟ قَالُوْا: هٰذَا أَبُوْ طَالِبٍ، قَالَ: أَمَرَنِيْ فُلَانٌ أَنْ أُبْلِغَكَ رِسَالَةً أَنَّ فُلَانًا قَتَلَهُ فِيْ عِقَالٍ، فَأَتَاهُ أَبُوْ طَالِبٍ فَقَالَ: اخْتَرْ مِنَّا إِحْدَى ثَلَاثٍ: إِنْ شِئْتَ أَنْ تُؤَدِّيَ مِائَةً مِنَ الإِبِلِ، فَإِنَّكَ قَتَلْتَ صَاحِبَنَا، وَإِنْ شِئْتَ حَلَفَ خَمْسُوْنَ مِنْ قَوْمِكَ أَنَّكَ لَمْ تَقْتُلْهُ، فَإِنْ أَبَيْتَ قَتَلْنَاكَ

بِهِ، فَأَتَى قَوْمَهُ فَقَالُوْا: نَحْلِفُ، فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ بَنِىْ هَاشِمٍ كَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْهُمْ قَدْ وَلَدَتْ لَهُ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا طَالِبٍ! أُحِبُّ أَنْ تُجِيْزَ ابْنِىْ هٰذَا بِرَجُلٍ مِنَ الْخَمْسِيْنَ، وَلاَ تُصْبِرْ يَمِيْنَهُ حَيْثُ تُصْبَرُ الْأَيْمَانُ، فَفَعَلَ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَالَ: يَا أَبَا طَالِبٍ، أَرَدْتَ خَمْسِيْنَ رَجُلاً أَنْ يَحْلِفُوْا مَكَانَ مِائَةٍ مِنَ الإِبْلِ، يُصِيْبُ كُلَّ رَجُلٍ بَعِيْرَانِ، هٰذَانِ بَعِيْرَانِ فَاقْبَلْهُمَا عَنِّىْ وَلاَ تَصْبِرْ يَمِيْنِىْ حَيْثُ تُصْبَرُ الْأَيْمَانُ، فَقَبِلَهُمَا، وَجَاءَ ثَمَانِيَةٌ وَأَرْبَعُوْنَ فَحَلَفُوْا، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَوَ الَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ! مَا حَالَ الْحَوْلُ وَمِنَ الثَّمَانِيَةِ وَأَرْبَعِيْنَ عَيْنٌ تَطْرِفُ.

۱۵-جنگِ بُعاث (جاہلی جنگ) کے فوائد

اسی جلد میں یہ حدیث آئی ہے: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جنگ بعاث ایک ایسی جنگ تھی جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے لئے مقدم کیا تھا (تمہید بنایا تھا) نبی ﷺ مدینہ میں آئے درانحالیکہ انصار کے بڑے لوگ منتشر ہو چکے تھے، اوران کے سردار قتل کئے جا چکے تھے، اور زخمی کئے جا چکے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے اُس جنگ کو اپنے رسول کے لئے انصار کے اسلام میں داخل ہونے کے لئے تمہید بنایا۔

[۳۸۴٦-] حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ يَوْمُ بُعَاثٍ يَوْمَ قَدَّمَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لِرَسُوْلِهِ، فَقَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَقَدِ افْتَرَقَ مَلَؤُهُمْ، وَقُتِلَتْ سَرَاوَتُهُمْ، وَجُرِحُوْا، قَدَّمَهُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهِ فِى دُخُوْلِهِمْ فِى الإِسْلَامِ. [راجع: ۳۷۷۷]

۱٦-صفا مروہ کے درمیان دوڑنا جاہلی بات

روایت: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: صفا مروہ کے درمیان وادی کے پیٹ میں دوڑنا سنت نہیں، جاہلیت کے لوگ ہی اس جگہ دوڑتے تھے، اور کہتے تھے: ہم بطحاء سے آگے نہیں بڑھیں گے مگر دوڑ کر!

تشریح: صفا مروہ کے درمیان سعی حج اور عمرہ کا رکن ہے اور حضرت ابن عباسؓ نے جو فرمایا ہے کہ وہ سنت نہیں: اس سے مراد اگر صفا سے مروہ تک دوڑنا ہے تو وہ سنت نہیں، اور اگر دوہرے نشانوں کے درمیان دوڑنا ہے تو وہ سنت ہے، پس حضرت ابن عباسؓ کی یہ رائے امت نے نہیں لی۔

[۳۸۴۷-] وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنَا عَمْرٌو، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الأَشَجِّ، أَنَّ كُرَيْبًا مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: لَيْسَ السَّعْىُ بِبَطْنِ الْوَادِىْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سُنَّةً، إِنَّمَا كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَسْعَوْنَهَا، وَيَقُوْلُوْنَ: لاَ نُجِيْزُ الْبَطْحَاءَ إِلاَّ شَدًّا.

۱۷- حطیم کو حطیم نہ کہا جائے

روایت: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: لوگو! میری بات سنو! جو میں تم سے کہہ رہا ہوں، اور تم مجھے سناؤ جو باتیں تم کہنا چاہتے ہو، یعنی کوئی اعتراض ہو تو بولو، اور نہ جاؤ تم یہ کہتے ہوئے کہ ابن عباسؓ نے فرمایا: ابن عباسؓ نے فرمایا! یعنی میری بات سمجھ کر نقل کرو، بے سمجھے نقل مت کرو، جو شخص بیت اللہ کا طواف کرے وہ حِجْر کے پرے سے طواف کرے، اور حِجْر کو حطیم مت کہو، اس لئے کہ زمانۂ جاہلیت میں ایک شخص قسم کھاتا تھا اپنا کوڑا یا چپل یا کمان ڈالتا تھا (وہ جگہ حطیم کہلاتی تھی)

تشریح: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ بات بھی امت نے نہیں لی، کعبہ کے پاس جو جگہ دیوار میں گھری ہوئی ہے اسے عام طور پر حطیم کہا جاتا ہے، حِجْر لفظ اس کے لئے بہت کم مستعمل ہے۔

[۳۸۴۸-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: أَنَا مُطَرِّفٌ، سَمِعْتُ أَبَا السَّفَرِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ اسْمَعُوْا مِنِّىْ مَا أَقُوْلُ لَكُمْ، وَأَسْمِعُوْنِىْ مَا تَقُوْلُوْنَ، وَلاَ تَذْهَبُوْا فَتَقُوْلُوْا: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ! قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ! مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ فَلْيَطُفْ مِنْ وَرَاءِ الْحِجْرِ، وَلاَ تَقُوْلُوْا: الْحَطِيْمُ، فَإِنَّ الرَّجُلَ فِى الْجَاهِلِيَّةِ كَانَ يَحْلِفُ فَيُلْقِىْ سَوْطَهُ أَوْ نَعْلَهُ أَوْ قَوْسَهُ.

۱۸- بندروں کا زانی بندر کو سنگسار کرنا

روایت: عمرو بن میمون اَودیؒ (مخضرم تابعی) کہتے ہیں: میں نے زمانۂ جاہلیت میں ایک بندر کو دیکھا اس کے پاس بندر اکٹھا ہوئے، اس بندر نے زنا کیا تھا، پس بندروں نے اس کو سنگسار کیا، پس میں نے بھی ان کے ساتھ سنگسار کیا۔

تشریح: اس واقعہ پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ بندر مکلّف نہیں، نہ ان میں نکاح ہوتا ہے، پھر زنا کا تحقق کیسے ہوا؟ اور سنگسار کرنے کی سزا کیوں دی گئی؟ اس کا ایک جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ بندر مسخ شدہ انسان ہونگے، مگر مسخ شدہ انسانوں کی نسل نہیں چلتی، دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ جنات ہونگے، اور جنات مکلّف ہیں، مگر جنات عام طور پر نظر نہیں آتے، کوئی اکا دکا نظر آجائے تو الگ بات ہے۔ تیسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ بخاری کے سب نسخوں میں یہ روایت نہیں ہے، مگر فربریؒ کے نسخہ میں ہے، انھوں نے سب سے آخر میں امام بخاری رحمہ اللہ سے پڑھا ہے، پس صحیح جواب یہ ہے کہ یہ حدیث نہیں ہے، ایک واقعہ ہے، جو مخضرم تابعی نے بیان کیا ہے، اس کی حقیقت سمجھنے کے لئے پہلے دو باتیں سمجھ لیں:

پہلی بات: انسان جب کوئی واقعہ بیان کرتا ہے تو اپنے محاورات میں بیان کرتا ہے، عمرو نے بھی جو زنا اور سنگسار کہا ہے وہ انسانوں کی تعبیر ہے۔

دوسری بات: بعض حیوانات میں یہ طریقہ ہے کہ مادنیوں کے ریوڑ میں صرف ایک نر ہوتا ہے، ہرنوں کا یہی حال ہے اور بندروں کا بھی یہی حال ہے، دوسرے نر اِدھر اُدھر بھٹکتے پھرتے ہیں، پھر جب ریوڑ کا نر مرجاتا ہے یا ماردیا جاتا ہے تو

با قاعدہ انتخاب ہوتا ہے، جونر اِدھر اُدھر پھر رہے ہیں ان میں سے ایک ریوڑ میں آجاتا ہے۔ پس جونر بھٹک رہا ہے وہ اگر کسی ریوڑ کی مادین سے رابطہ قائم کرے گا تو انسانوں کی اصطلاح میں اس کو زنا کہیں گے اور بندر انسانوں سے قریب تر مشابہت رکھتے ہیں اور وہ انسانوں کی نقل بھی اتارتے ہیں، چنانچہ کسی بندر نے کسی ریوڑ کی مادہ سے رابطہ قائم کیا تو ریوڑ کے نر کو غصہ آیا، اس نے اس بندر کو تلاش کیا، اور پکڑ کر لائے اور سب نے مل کر اس کو پتھروں سے مار دیا، راوی نے اس کو سنگسار کرنے سے تعبیر کیا، بس اس واقعہ کی اتنی ہی حقیقت ہے۔

[۳۸۴۹-] حدثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: رَأَيْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ قِرْدَةً اجْتَمَعَ عَلَيْهَا قِرَدَةٌ قَدْ زَنَتْ، فَرَجَمُوْهَا فَرَجَمْتُهَا مَعَهُمْ.

لغت: قِرْدَة: مفرد ہے: ایک بندر اور قِرَدَة (راء کے زبر کے ساتھ) جمع ہے۔

۱۹- جاہلیت کی تین بری باتیں

روایت: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جاہلیت کی باتوں میں سے یہ باتیں ہیں: (۱) نسب میں کیڑے نکالنا۔ (۲) میت کا ماتم کرنا اور عبید اللہ تیسری بات بھول گئے، سفیان بن عیینہؒ کہتے ہیں: محدثین کہتے ہیں کہ وہ تیسری بات نچھتروں کے ذریعہ بارش طلب کرنا ہے۔

[۳۸۵۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: خِلَالٌ مِنْ خِلَالِ الْجَاهِلِيَّةِ: الطَّعْنُ فِي الْأَنْسَابِ، وَالنِّيَاحَةُ، وَنَسِيَ الثَّالِثَةَ، قَالَ سُفْيَانُ: وَيَقُوْلُوْنَ: إِنَّهَا الِاسْتِسْقَاءُ بِالْأَنْوَاءِ.

بَابُ مَبْعَثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

بعثتِ نبوی کا بیان

امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے نبی ﷺ کا عدنان تک نسب نامہ بیان کیا ہے، پھر ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت لکھی ہے کہ جب نبی ﷺ کی عمر مبارک چالیس سال ہوئی تو پہلی وحی آئی، پھر آپؐ تیرہ سال مکہ میں رہے، پھر آپؐ کو ہجرت کا حکم ہوا، آپؐ نے مدینہ کی طرف ہجرت کی، وہاں آپؐ کا قیام دس سال رہا، پھر آپؐ نے وفات پائی ﷺ!

[۲۸-] بَابُ مَبْعَثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ

ابْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ إِلْيَاسَ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَانَ.

[۳۸۵۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي رَجَاءٍ، قَالَ: ثَنَا النَّضْرُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أُنْزِلَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعِيْنَ، فَمَكَثَ بِمَكَّةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَنَةً، ثُمَّ أُمِرَ بِالْهِجْرَةِ، فَهَاجَرَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَمَكَثَ بِهَا عَشْرَ سِنِيْنَ، ثُمَّ تُوُفِّيَ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ۳۹۰۲، ۳۹۰۳، ٤٤٦٥، ٤٩٧٩]

بَابُ ذِكْرِ مَا لَقِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمَكَّةَ

وہ حالات جن سے نبی ﷺ اور صحابہ کو مکہ میں دوچار ہونا پڑا

اعلانِ نبوت کے بعد جیسا کہ ہمیشہ ہوتا رہا ہے، مکہ والے آپؐ کے سخت دشمن ہوگئے، پھر جس قدر اسلام پھیلتا گیا اور مسلمان بڑھتے گئے، مشرکین مکہ کا غصہ بھی بڑھتا گیا، جن مسلمانوں کا کوئی حامی اور مددگار تھا ان پر تو کفار کا زیادہ بس نہیں چلتا تھا، مگر جو بے سہارا تھے، جن کی پشت پر حمایت نہیں تھی، وہ مکہ والوں کے جور وستم کا تختۂ مشق بنے، مشرکین کسی کو مارتے، کسی کو تنگ وتاریک کوٹھری میں بند کرتے اور کسی کو اتنا ستاتے کہ وطن چھوڑنے پر مجبور ہو جاتا۔ امام بخاری رحمہ اللہ چند واقعات ذکر کرتے ہیں، جن سے مشرکین کے جور وستم کا کچھ اندازہ ہو سکے گا۔

حدیث: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپؐ اپنی چادر کا تکیہ بنائے ہوئے کعبہ کے سایہ میں لیٹے ہوئے تھے، اور ہم مشرکین کی طرف سے سختیاں جھیل رہے تھے، میں نے عرض کیا: کیا آپؐ اللہ سے دعا نہیں فرماتے؟ آپؐ بیٹھ گئے درانحالیکہ رخِ انور سرخ ہو رہا تھا (نیند سے یا ناراضگی سے) اور فرمایا: بخدا! تم سے پہلے مسلمانوں کا یہ حال ہوا ہے کہ لوہے کی کنگھیوں سے ہڈیوں سے ورے جو گوشت یا پٹھے ہوتے تھے وہ نوچ لئے جاتے تھے، مگر یہ چیز اس کو دین سے نہیں پھیرتی تھی اور آرہ اس کے سر کی مانگ پر رکھا جاتا تھا اور چیر کر اس کے دو ٹکڑے کر دیئے جاتے تھے، مگر یہ چیز اس کو اس کے دین سے نہیں پھیرتی تھی، بخدا! اللہ تعالیٰ اسلام کو پایۂ تکمیل تک پہنچائیں گے، یہاں تک کہ اونٹ سوار صنعاءِ یمن سے حضر موت تک چلے گا، اس کو اللہ کے سواء کسی کا ڈر نہیں ہوگا، اور بیان بن بشر کی روایت میں یہ اضافہ ہے: ''اور اپنی بکریوں پر بھیڑیے کا'' یعنی اللہ کا اور بھیڑے کا ڈر ہوگا اور کسی کا ڈر نہیں ہوگا۔

تشریح: حضرت خباب رضی اللہ عنہ سابقین اولین میں سے ہیں، کہا جاتا ہے: چھٹے مسلمان ہیں، ام انمار کے غلام تھے، جب آپؓ اسلام لائے تو ام انمار نے آپؓ کو سخت ایذائیں پہنچائیں، ان کا کوئی حامی اور ہمدرد نہیں تھا، مشرکین ان کو انگاروں پر چت لٹاتے اور سینہ پر پیر رکھ دیتے، تاکہ جنبش نہ کر سکیں۔ حدیث میں ان کا واقعہ ہے، انھوں نے دعا کی درخواست کی،

آپؐ نے فرمایا: کچھ وقت کے بعد حالات بدلیں گے، ملک میں امن وامان قائم ہوگا، مگر تم ہتھیلی پر سرسوں جمانا چاہتے ہو، ایسا نہیں ہوتا، کچھ وقت تک حالات انگیز کرنے پڑیں گے، گذشتہ زمانہ کے مؤمنین کے ساتھ اس سے زیادہ سخت حالات پیش آئے ہیں، مگر وہ دین پر جمے رہے، پس آپ حضرات بھی صبر سے کام لیں۔

[۲۹-] بَابُ ذِكْرِ مَا لَقِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمَكَّةَ

[۳۸۵۲-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَيَانٌ، وَإِسْمَاعِيْلُ، قَالاَ: سَمِعْنَا قَيْسًا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ خَبَّابًا يَقُوْلُ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدِهِ وَهُوَ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ، وَقَدْ لَقِيْنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ شِدَّةً، فَقُلْتُ: أَلاَ تَدْعُوْ اللّٰهَ لَنَا؟ فَقَعَدَ وَهُوَ مُحْمَرٌّ وَجْهُهُ، فَقَالَ: لَقَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ لَيُمْشَطُ بِمِشَاطِ الْحَدِيْدِ مَا دُوْنَ عِظَامِهِ مِنْ لَحْمٍ أَوْ عَصَبٍ، مَا يَصْرِفُهُ ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهِ، وَيُوْضَعُ الْمِئْشَارُ عَلٰى مَفْرِقِ رَأْسِهِ فَيُشَقُّ بِاثْنَيْنِ، مَا يَصْرِفُهُ ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهِ، وَلَيُتِمَّنَّ اللّٰهُ هٰذَا الْأَمْرَ حَتّٰى يَسِيْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ إِلٰى حَضْرَ مَوْتَ مَا يَخَافُ إِلَّا اللّٰهَ" زَادَ بَيَانٌ: "وَالذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهِ"[راجع: ۳۶۱۲]

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مکہ میں سورۃ النجم تلاوت فرمائی، پس آپؐ نے اس میں سجدہ کیا اور آپؐ کے پاس جتنے لوگ تھے، سب نے سجدہ کیا، مگر ایک آدمی نے، میں نے اس کو دیکھا کہ اس نے کنکریوں کی ایک مٹھی اٹھائی اور اس پر سجدہ کیا اور کہا: میرے لئے یہ کافی ہے (ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے اس کو بعد میں دیکھا وہ کفر کی حالت میں مارا گیا۔

تشریح: یہ شخص جس نے سجدہ نہیں کیا تھا امیہ بن خلف تھا، وہ ایمان کی دولت سے محروم رہا اور جنگ بدر میں مارا گیا، قسطلانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اس نے جو سجدہ نہیں کیا، آپؐ کی مخالفت کی، یہ ایک طرح کی ایذاء رسانی تھی، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۳۸۵۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَرَأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم النَّجْمَ فَسَجَدَ فَمَا بَقِيَ أَحَدٌ إِلَّا سَجَدَ، إِلَّا رَجُلٌ رَأَيْتُهُ أَخَذَ كَفًّا مِنْ حِصًى فَرَفَعَهُ فَسَجَدَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: هٰذَا يَكْفِيْنِيْ! فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا بِاللّٰهِ.[راجع: ۱۰۶۷]

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثناء کہ نبی ﷺ مسجد میں تھے، اور آپؐ کے قریب قریش کے کچھ لوگ تھے، پس عقبہ بن ابی مُعیط اونٹنی کا میل لایا اور اس کو نبی ﷺ کی پیٹھ پر رکھ دیا، آپؐ نے اپنا سر نہیں اٹھایا، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا (جو اس وقت چار پانچ سال کی تھیں) آئیں اور اس میل کو آپؐ کی پیٹھ سے ہٹایا، پس نبی ﷺ نے اس

شخص کے لئے بددعا کی جس نے یہ حرکت کی تھی، آپؐ نے فرمایا: اے اللہ! قریش کے سرداروں کو پکڑ لے، یہ بددعا تین مرتبہ فرمائی، پھر آپؐ نے سرداروں کے نام لئے، آخری نام امیہ کا تھا یا اس کے بھائی ابی کا؟ اس میں امام شعبہ رحمہ اللہ کو شک ہے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ان سب کو دیکھا کہ وہ بدر کے دن مارے گئے، پھر وہ ایک کنویں میں ڈالے گئے، امیہ یا اُبیّ کے علاوہ، اس کی لاش سڑ گئی تھی، جب اسے کھینچا گیا تو اس کے اعضاء علاحدہ علاحدہ ہوگئے، اس لئے اس کو کنویں میں نہیں ڈالا گیا، وہیں دفن کردیا گیا (اس حدیث کی شرح (۱:۵۷۹) میں ہے)

[۳۸۵۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَیْنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم سَاجِدٌ، وَحَوْلَهُ نَاسٌ مِنْ قُرَیْشٍ، جَاءَ عُقْبَةُ بْنُ أَبِیْ مُعَیْطٍ بِسَلاَ جَزُوْرٍ، فَقَذَفَهُ عَلٰی ظَهْرِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَلَمْ یَرْفَعْ رَأْسَهُ، فَجَاءَ تْ فَاطِمَةُ فَأَخَذَتْهُ مِنْ ظَهْرِهِ، وَدَعَتْ عَلٰی مَنْ صَنَعَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "اللّٰهُمَّ عَلَیْكَ الْمَلَأَ مِنْ قُرَیْشٍ: أَبَا جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، وَعُتْبَةَ بْنَ رَبِیْعَةَ، وَشَیْبَةَ بْنَ رَبِیْعَةَ، وَأُمَیَّةَ بْنَ خَلَفٍ، أَوْ: أُبَیَّ ابْنَ خَلَفٍ - شُعْبَةُ الشَّاكُ - فَرَأَیْتُهُمْ قُتِلُوْا یَوْمَ بَدْرٍ، فَأُلْقُوْا فِیْ بِئْرٍ غَیْرَ أُمَیَّةَ أَوْ أُبَیٍّ، تَقَطَّعَتْ أَوْصَالُهُ فَلَمْ یُلْقَ فِی الْبِئْرِ. [راجع: ۲۴۰]

حدیث: منصور بن المعتمرؒ حضرت سعید بن جبیرؒ سے یا تو براہِ راست روایت کرتے ہیں یا حکم بن عتیبہ کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں، سعید کہتے ہیں: مجھے حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ (صحابی صغیر) نے حکم دیا کہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ان دو آیتوں کے بارے میں معلوم کروں کہ ان کا کیا معاملہ ہے؟

پہلی آیت: سورۃ الفرقان کی آیت ۶۸ ہے: ﴿وَلاَ یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلاَّ بِالْحَقِّ﴾: اور (رحمٰن کے خاص بندے) قتل نہیں کرتے اس شخص کو جس کا قتل اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے، مگر حق کی وجہ سے، پھر آگے آیت ۷۰ میں استثناء ہے: ﴿إِلاَّ مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلاً صَالِحًا فَأُوْلٰئِكَ یُبَدِّلُ اللّٰهُ سَیِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ﴾: مگر جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک کام کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیں گے۔

دوسری آیت: سورۃ النساء کی آیت ۹۳ ہے: ﴿وَمَنْ یَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاءُ هُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِیْهَا﴾: اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کی سزا جہنم ہے وہ ہمیشہ اس میں رہے گا اور اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہونگے، اور اس کو اپنی رحمت سے دور کردیں گے، اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے بڑی سزا تیار کی ہے۔

دونوں آیتیں حادثہ واحدہ میں ہیں، دونوں آیتیں قتل عمد سے متعلق ہیں، اور قاعدہ ہے: ایک واقعہ میں مطلق ومقید جمع ہوں تو قید مطلق میں بھی بڑھائی جاتی ہے، پس پہلی آیت میں جو استثناء ہے وہ دوسری آیت میں بڑھایا جائے گا، یعنی جس

نے کسی مسلمان کو قصداً قتل کیا ہے تو بہ سے اس کا گناہ بھی معاف ہوجائے گا، جبکہ مشہور یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کسی مسلمان کو قصداً قتل کرنے والے کی توبہ کو مقبول نہیں مانتے تھے، اس لئے عبدالرحمٰن بن ابزیٰؓ نے سعید بن جبیرؒ سے کہا: تم ابن عباسؓ سے ان دونوں آیتوں کا معاملہ دریافت کرنا، وہ اس کا کیا جواب دیتے ہیں؟ چنانچہ سعیدؒ نے پوچھا: ابن عباسؓ نے جواب دیا: دونوں آیتیں حادثۂ واحدہ کے بارے میں نہیں ہیں، بلکہ مختلف واقعات کے بارے میں ہیں۔ پہلی آیت ان کفار کے حق میں ہے جنھوں نے ایمان لانے سے پہلے کسی کو ناحق قتل کیا ہے، زنا کیا ہے، اللہ کے ساتھ غیر اللہ کو پکارا ہے، اگر وہ لوگ اسلام قبول کرلیں تو ان کے یہ گناہ معاف ہوجائیں گے، ان کا ناحق قتل کرنا بھی معاف ہوجاتا ہے، کیونکہ آگے ﴿إِلَّا مَنْ تَابَ وَ آمَنَ﴾ کا استثناء آیا ہے اور سورۃ النساء کی آیت مسلمانوں کے حق میں ہے، جو شخص مؤمن ہے، احکام شرع سے واقف ہے، اور کسی مؤمن کو قصداً ناحق قتل کرے تو اس کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی، کیونکہ یہاں کوئی استثناء نہیں، سعید کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباسؓ کا یہ قول مجاہد رحمہ اللہ کے سامنے ذکر کیا تو انھوں نے فرمایا: إِلَّا مَنْ نَدِمَ: مگر جو مسلمان ناحق قتل کرنے کے بعد پشیمان ہو اور سچی پکی توبہ کرے تو اس کی توبہ قبول کی جائے گی، اور حضرت ابن عباسؓ نے جو فرمایا ہے کہ اس کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی، وہ تشدید وتغلیظ ہے، بات کو سنگین اور بھاری بنانے کے لئے ایسا فرمایا ہے، یہی اہل السنہ والجماعہ کی رائے ہے اور دوسری آیت میں اگرچہ پہلی آیت سے استثناء نہیں لاسکتے، مگر آیت کریمہ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ﴾: استثناءِ منفصل موجود ہے، اس کی رو سے مغفرت کی امید باندھیں گے۔

[۳۸۵۵-] حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ جُبَیْرٍ، أَوْ قَالَ: حَدَّثَنِیْ الْحَكَمُ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، قَالَ: أَمَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبْزٰی قَالَ: سَلِ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ هَاتَیْنِ الْآیَتَیْنِ: مَا أَمْرُهُمَا؟: ﴿وَلَا یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ﴾ ﴿وَمَنْ یَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا﴾ فَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ: لَمَّا أُنْزِلَتِ الَّتِیْ فِی الْفُرْقَانِ قَالَ مُشْرِكُوْ أَهْلِ مَكَّةَ: فَقَدْ قَتَلْنَا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ، وَدَعَوْنَا مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ، وَقَدْ أَتَیْنَا الْفَوَاحِشَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ﴾ الْآیَةَ فَهٰذِهِ لِأُوْلٰئِكَ. وَأَمَّا الَّتِیْ فِی النِّسَاءِ: الرَّجُلُ إِذَا عَرَفَ الْإِسْلَامَ وَشَرَائِعَهُ، ثُمَّ قَتَلَ فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ، فَذَكَرْتُهُ لِمُجَاهِدٍ فَقَالَ: إِلَّا مَنْ نَدِمَ. [انظر: ٤٥٩٠، ٤٧٦٢، ٤٧٦٣، ٤٧٦٤، ٤٧٦٥، ٤٧٦٦]

ترجمہ: سعیدؒ کہتے ہیں: عبدالرحمٰنؓ نے مجھے حکم دیا کہ ابن عباسؓ سے پوچھوں ان دو آیتوں کے بارے میں، ان دونوں کا معاملہ کیا ہے؟ ﴿وَلَا یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ﴾: اور ﴿وَمَنْ یَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا﴾: پس میں نے ابن عباسؓ سے پوچھا: انھوں نے فرمایا: جب نازل کی گئی وہ آیت جو سورۃ الفرقان میں ہے تو مکہ کے مشرکوں نے کہا: ہم نے ایسے شخص کو قتل کیا ہے جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے اور ہم نے اللہ کے ساتھ غیر اللہ کی پرستش کی ہے اور ہم نے بے حیائی

والے گناہ کئے ہیں، پس اللہ تعالیٰ نے ﴿إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ﴾: نازل کی، پس یہ آیت ان لوگوں کے لئے ہے یعنی جنھوں نے مسلمان ہونے سے پہلے یہ گناہ کئے ہیں، پھر ایمان لائے، ان کے گناہ معاف ہوجائیں گے، لِأَنَّ الإِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ: اور رہی وہ آیت جو سورۂ نساء میں ہے: ایک شخص جب اسلام کو اور احکام اسلام کو پہچان لے پھر قتل کرے تو اس کی سزا جہنم ہے، یعنی اس کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی، سعیدؒ کہتے ہیں: میں نے یہ بات مجاہدؒ کے سامنے ذکر کی تو انھوں نے کہا: ''مگر جو پشیمان ہوا'' یعنی مسلمان قاتل کی توبہ بھی قبول کی جائے گی۔

تطبیق: اور حدیث کی باب سے تطبیق یہ ہے کہ کفار نے مسلمانوں کو قتل تک کیا ہے، ابوجہل نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی والدہ حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو بری طرح قتل کیا تھا، وہ بھی اگر مسلمان ہوجاتا تو اس کا گناہ معاف ہوجاتا۔ غرض ستانے کا یہ آخری درجہ ہے وہ یہاں مراد ہے، اور یہی حدیث کی باب سے تطبیق ہے۔

[۳۸۵٦-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: أَخْبِرْنِي بِأَشَدِّ شَيْئٍ صَنَعَهُ الْمُشْرِكُوْنَ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ فِيْ حِجْرِ الْكَعْبَةِ، إِذْ أَقْبَلَ عُقْبَةُ بْنُ أَبِي مُعَيْطٍ، فَوَضَعَ ثَوْبَهُ فِي عُنُقِهِ فَخَنَقَهُ خَنْقًا شَدِيْدًا، فَأَقْبَلَ أَبُوْ بَكْرٍ حَتَّى أَخَذَ بِمَنْكِبِهِ، وَدَفَعَهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ﴿أَتَقْتُلُوْنَ رَجُلاً أَنْ يَقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ﴾ الآيَةَ.

تَابَعَهُ ابْنُ إِسْحَاقَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَقَالَ عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قِيْلَ لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ. [راجع: ۳٦٧٨]

ترجمہ: حضرت عروہؒ نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے پوچھا: مجھے بتلائیں وہ سخت سے سخت برتاؤ جو مشرکوں نے نبی ﷺ کے ساتھ کیا ہے، حضرت عبداللہؓ نے کہا: نبی ﷺ ایک مرتبہ حطیم میں نماز پڑھ رہے تھے، اچانک عقبہ آیا اور اس نے اپنا کپڑا آپؐ کی گردن میں ڈالا، اور آپؐ کا سخت گلا گھونٹا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور انھوں نے عقبہ کا مونڈھا پکڑا اور اس کو نبی ﷺ سے ہٹایا اور اس سے کہا: ﴿أَتَقْتُلُوْنَ رَجُلاً أَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ﴾: کیا مار ڈالوگے تم ایک شخص کو اس وجہ سے کہ وہ کہتا ہے: میرا پروردگار اللہ ہے؟

تشریح: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سورۃ المؤمن کی آیت ۲۸ پڑھی ہے، جب فرعون کے دربار میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قتل کا مشورہ ہو رہا تھا، تو فرعون کے لوگوں میں سے ایک شخص نے جو مخفی طور پر ایمان رکھتا تھا یہ بات کہی تھی کہ کیا

تم ایسے شخص کو قتل کروگے جو کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے؟ مسند بزار میں ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: خدا کی قسم! ابوبکر رضی اللہ عنہ کا مقام آلِ فرعون کے مردمؤمن کے مقام سے بہت بلند ہے، اس نے اپنے ایمان کو چھپایا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے ایمان کا اظہار کیا، نیز اس نے صرف زبانی نصیحت کی، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے زبانی نصیحت کے ساتھ ہاتھ سے بھی آپؐ کی نصرت وحمایت کی۔

سند: یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کی ہے یا ان کے والد عمرو بن العاص کی؟ عروہ رحمہ اللہ کے شاگردوں میں اختلاف ہے، محمد بن ابراہیم تیمی حدیث کو حضرت عبداللہؓ کے مسانید میں سے قرار دیتے ہیں، یحییٰ بن عروہ ان کے متابع ہیں، اور عروہ کے صاحبزادے حضرت ہشام حدیث کو حضرت عمرو بن العاصؓ کے مسانید میں قرار دیتے ہیں اور ابوسلمہ ان کے متابع ہیں، وہ بھی حدیث کو حضرت عمرو کی مسانید میں قرار دیتے ہیں۔

بہ الفاظِ دیگر: عیاش بن الولید اور محمد بن اسحاق حدیث کی سند حضرت عبداللہ تک پہنچاتے ہیں، اور عبدۃ بن سلیمان اور محمد بن عمرو لیثی حدیث کی سند عمرو بن العاص تک پہنچاتے ہیں۔

بَابُ إِسْلَامِ أَبِیْ بَکْرٍ الصِّدِّیْقِ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا مسلمان ہونا

ربط: ابواب بالترتیب چل رہے ہیں، زمانۂ جاہلیت کے تذکرہ کے بعد بعثتِ نبوی کا تذکرہ کیا، پھر نبی ﷺ کو اور صحابہ کو مکہ میں جن حالات سے گذرنا پڑا ان کا تذکرہ کیا، اب ابتدائے اسلام میں جن حضرات نے اسلام قبول کیا ان کا تذکرہ ترتیبِ زمانی کے ساتھ کررہے ہیں، سب سے پہلے آزاد لوگوں میں سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا ہے، عورتوں میں اگرچہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا ہے مگر وہ آپؐ کے ماتحت تھیں، اور بچوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا ہے، مگر وہ آپؐ کی تربیت میں تھے، اور غلاموں میں سب سے پہلے حضرت زید رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا ہے، مگر وہ منہ بولے بیٹے تھے، اور مستقل بالذات لوگوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا ہے، وہ مستقل ہوشمند اور صاحبِ شوکت تھے، جب نبی ﷺ نے ان کے سامنے دعوت پیش کی تو انھوں نے بے چون وچرا دعوت قبول کرلی، اور آپؐ کے دست وبازو بن گئے، اپنا مال ومتاع اور زندگی کا سرمایہ اسلام کے لئے وقف کردیا اور مکہ میں کامل تیرہ سال تک ہر طرح کی تکلیف ومصیبت میں آپؐ کا ساتھ دیا، اور دشمنوں کی مدافعت کی، حضرت عمار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو اس حال میں دیکھا ہے کہ آپؐ کے ساتھ صرف پانچ غلام دو عورتیں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے، پانچ غلام یہ ہیں: بلال، زید بن حارثہ، عامر بن فُہیرہ، أبو فُکیھہ اور عبید بن زید اور دو عورتیں حضرت خدیجہ اور ام ایمن یا سمیہ ہیں، اللہ تعالیٰ ان سب حضرات سے

خوش ہوں اور ان کو اپنے شایانِ شان بدلہ عطا فرمائیں، اور امت مسلمہ کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائیں، یہی مسلمانوں کا ہراول دستہ ہیں۔

[۳۰-] بَابُ إِسْلَامِ أَبِی بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ

[۳۸۵۷-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمَّادٍ الآمُلِی، قَالَ: حَدَّثَنِیْ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ ابْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ وَبَرَةَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَا مَعَهُ إِلَّا خَمْسَةُ أَعْبُدٍ، وَامْرَأَتَانِ، وَأَبُوْ بَكْرٍ. [راجع: ۳٦٦۰]

بَابُ إِسْلَامِ سَعْدٍ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا مسلمان ہونا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے مسلمان ہونے سے تین شب پہلے خواب دیکھا تھا کہ وہ ایک شدید ظلمت اور سخت تاریکی میں ہیں، تاریکی کی وجہ سے کوئی چیز ان کو نظر نہیں آرہی، اچانک ماہتاب طلوع ہوا، وہ اس کے پیچھے ہولئے، دیکھا کہ زید بن حارثہ، علی اور ابوبکر رضی اللہ عنہم پہلے سے اس نور کی طرف سبقت کر چکے ہیں، حضرت سعد رضی اللہ عنہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، اور پوچھا: آپ کس چیز کی دعوت دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی وحدانیت کی، اور اپنے رسول ہونے کی، حضرت سعدؓ نے کہا: أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ (سیرۃ المصطفیٰ ۱:۱۶۲)

حدیث: حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: کسی شخص نے اسلام قبول نہیں کیا، مگر اس دن میں جس دن میں: میں مسلمان ہوا ہوں، یعنی جس دن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ وغیرہ مسلمان ہوئے ہیں، اسی دن حضرت سعدؓ نے بھی اسلام قبول کیا ہے، اور بخدا! میں سات دن ٹھہرا رہا ہوں، درانحالیکہ میں اسلام کا تہائی (⅓) تھا، حاشیہ میں اس پر اعتراض ہے کہ آپؓ سے پہلے ابوبکر، علی، خدیجہ اور زید وغیرہ اسلام قبول کر چکے ہیں، اور جواب یہ دیا ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے یہ بات آزاد بالغ مردوں کے اعتبار سے کہی ہے۔

[۳۱-] بَابُ إِسْلَامِ سَعْدٍ

[۳۸۵۸-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ سَعْدَ بْنَ أَبِی وَقَّاصٍ يَقُوْلُ: مَا أَسْلَمَ أَحَدٌ إِلَّا فِی الْيَوْمِ الَّذِیْ أَسْلَمْتُ فِيْهِ، وَلَقَدْ مَكَثْتُ سَبْعَةَ أَيَّامٍ وَإِنِّیْ لَثُلُثُ الإِسْلَامِ"[راجع: ۳۷۲٦]

بَابُ ذِكْرِ الْجِنِّ

جنات کا اسلام قبول کرنا

بعثتِ نبوی سے قبل جنوں کو کچھ آسمانی خبریں معلوم ہوجاتی تھیں، جب حضور ﷺ پر وحی آنا شروع ہوئی تو وہ سلسلہ تقریباً بند ہوگیا، اور بہت کثرت سے شہب کی مار پڑنے لگی، جنوں کو خیال ہوا کہ ضرور کوئی نیا واقعہ رونما ہوا ہے جس کی وجہ سے آسمانی خبروں پر بہت سخت پہرے بٹھلائے گئے ہیں، اسی کی جستجو کے لئے جنوں کے مختلف گروہ مشرق ومغرب میں پھیل پڑے، ان میں سے ایک جماعت 'بطن نخلہ' کی طرف گذری، وہاں اتفاق سے اس وقت حضور پرنور ﷺ اپنے چند اصحاب کے ساتھ نماز فجر ادا کررہے تھے، اللہ تعالیٰ نے جنّوں کی اس ٹکڑی کا رخ قرآن سننے کی طرف پھیر دیا، قرآن کی آواز انہیں بہت عجیب اور مؤثر ودلکش معلوم ہوئی، اور اس کی عظمت وہیبت دلوں پر چھا گئی، آپس میں کہنے لگے کہ چپ رہو اور خاموشی کے ساتھ یہ کلام سنو، آخر قرآنِ کریم نے ان کے دلوں میں گھر کرلیا وہ سمجھ گئے کہ یہی نئی چیز ہے جس نے جنوں کو آسمانی خبروں سے روکا ہے، جب حضور ﷺ قرآن پڑھ کر فارغ ہوئے تو یہ لوگ اپنے دلوں میں ایمان وایقان لے کر واپس گئے اور اپنی قوم کو نصیحت کی، ان کی مفصل باتیں سورہ جن میں مذکور ہیں (امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کی پہلی آیت لکھی ہے) احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مرتبہ حضور ﷺ کو ان کے آنے جانے اور سننے سنانے کا پتہ نہیں لگا، ایک درخت نے باذن اللہ کچھ اجمالی اطلاع آپؐ کو دی، اور مفصل حال اس کے بعد وحی کے ذریعہ معلوم ہوا۔ كَمَا قَالَ تَعَالىٰ: ﴿قُلْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنَ الْجِنِّ﴾ الآية۔ بعدہ بہت بڑی تعداد میں جن مسلمان ہوئے اور حضور پرنور ﷺ سے ملاقات کرنے اور دین سیکھنے کے لئے ان کے وفود حاضر خدمت ہوئے (فوائد عثمانی، سورۂ احقاف)

حدیث (۱): ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عبدالرحمٰنؒ نے حضرت مسروق رحمہ اللہ سے پوچھا: کس نے نبی ﷺ کو جنات کے بارے میں اطلاع دی، جس رات انھوں نے قرآن سنا؟ مسروق نے کہا: مجھ سے آپ کے ابا ابن مسعودؓ نے بیان کیا کہ آپؐ کو جنات کے بارے میں ایک درخت نے بتلایا تھا۔

حدیث (۲): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ نبی ﷺ کے ساتھ لوٹا لے کر جایا کرتے تھے، تاکہ آپؐ اس سے وضوء کریں اور استنجاء کریں، پس دریں اثناء کہ وہ لوٹا لے کر آپؐ کے ساتھ چل رہے تھے، آپؐ نے پوچھا: یہ کون ہے؟ ابوہریرہؓ نے کہا: میں ابوہریرہؓ ہوں، آپؐ نے فرمایا: میرے لئے پتھر تلاش کرکے لاؤ، تاکہ میں ان کے ذریعہ جھاڑوں یعنی استنجاء کروں اور میرے پاس کوئی ہڈی اور کوئی لید نہ لانا، پس میں آپؐ کے پاس پتھر لایا، اٹھایا میں نے ان کو اپنے کپڑوں کے پلّہ میں، یہاں تک کہ میں نے اس کو آپؐ کے پہلو میں رکھا، پھر میں ہٹ گیا، یہاں تک کہ جب آپؐ حاجت سے فارغ ہوئے تو میں چلا، میں نے پوچھا: ہڈی اور لید کا کیا معاملہ ہے؟ یعنی ان کے لانے سے آپؐ نے کیوں منع

فرمایا؟ آپؐ نے فرمایا: وہ دونوں جنات کی خوراک ہیں، اور میرے پاس نصیبین کے جنات کا وفد آیا اور وہ بہت اچھے جنات تھے، پس انھوں نے مجھ سے توشہ مانگا، میں نے ان کے لئے اللہ سے دعا کی کہ نہ گذریں وہ کسی ہڈی پر اور نہ کسی لید پر، مگر پائیں وہ اس پر کھانا (تفصیل تحفۃ القاری ۱: ۴۷۴ میں گذر چکی ہے) اور نصیبین کے جنات کا یہ واقعہ سورۃ الاحقاف آیات ۲۹-۳۲ میں مذکور واقعہ سے علاحدہ واقعہ ہے۔

[۳۲-] بَابُ ذِكْرِ الْجِنِّ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿قُلْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّـهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنَ الْجِنِّ﴾ [الْجن: ۱]

[۳۸۵۹-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ بْنُ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: سَأَلْتُ مَسْرُوْقًا: مَنْ آذَنَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِالْجِنِّ لَيْلَةَ اسْتَمَعُوْا الْقُرْآنَ؟ فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْكَ، يَعْنِيْ عَبْدَ اللّٰهِ، أَنَّـهُ آذَنَتْ بِهِمْ شَجَرَةٌ.

[۳۸۶۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جَدِّيْ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّـهُ كَانَ يَحْمِلُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِدَاوَةً لِوَضُوْئِهِ وَحَاجَتِهِ، فَبَيْنَمَا هُوَ يَتْبَعُهُ بِهَا، فَقَالَ: " مَنْ هٰذَا؟" فَقَالَ: أَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، فَقَالَ: " ابْغِنِيْ أَحْجَارًا أَسْتَنْفِضْ بِهَا، وَلَا تَأْتِنِيْ بِعَظْمٍ وَلَا بِرَوْثَةٍ" فَأَتَيْتُهُ بِأَحْجَارٍ أَحْمِلُهَا فِي طَرَفِ ثَوْبِيْ، حَتَّى وَضَعْتُ إِلٰى جَنْبِهِ، ثُمَّ انْصَرَفْتُ حَتَّى إِذَا فَرَغَ مَشَيْتُ مَعَهُ، فَقُلْتُ: مَا بَالُ الْعَظْمِ وَالرَّوْثَةِ؟ قَالَ: " هُمَا مِنْ طَعَامِ الْجِنِّ، وَإِنَّه أَتَانِيْ وَفْدُ جِنِّ نَصِيْبِيْنَ وَنِعْمَ الْجِنُّ! فَسَأَلُوْنِيْ الزَّادَ فَدَعَوْتُ اللّٰهَ لَهُمْ أَنْ لَا يَمُرُّوْا بِعَظْمٍ وَلَا رَوْثَةٍ إِلَّا وَجَدُوْا عَلَيْهَا طَعَامًا. [راجع: ۱۵۵]

بَابُ إِسْلَامِ أَبِيْ ذَرٍّ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا مسلمان ہونا

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو جب بعثتِ نبوی کی خبر پہنچی تو اپنے بڑے بھائی کو مکہ بھیجا تا کہ وہ نبی ﷺ کے احوال معلوم کر کے آئیں، وہ مکہ آئے، آپؐ سے ملے، قرآن سنا، تعلیماتِ اسلام کو محفوظ کیا اور واپس جا کر حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو سنایا، مگر حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو پوری تسلی نہیں ہوئی، اجمال ان کے لئے کافی نہ ہوا، وہ تفصیل سے حالات سننا چاہتے تھے، چنانچہ خود توشہ اور مشکیزہ لیا اور مکہ پہنچے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے توسط سے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے، قرآن سنا اور اسی وقت مسلمان ہو گئے اور حرم میں پہنچ کر اپنے اسلام کا اعلان کیا، کفار نے اتنا مارا کہ زمین پر لٹا دیا، حضرت عباس رضی

اللہ عنہ نے آکر بچایا، نبی ﷺ نے ان کومشورہ دیا کہ وہ اپنے وطن لوٹ جائیں، اوردعوت کا کام کریں، جب اسلام کاظہوراور غلبہ ہوتب آئیں، چنانچہ دونوں بھائیوں نے مل کروالدہ پرمحنت کی، وہ خوشی سے مسلمان ہوگئیں، پھراپنے قبیلہ غفارکودعوت دی، آدھاقبیلہ مشرف باسلام ہوا، اورحضرت ابن عباسؓ کی یہ حدیث اسی جلد میں گذری ہے، ترجمہ وہاں ہے۔

[٣٣-] بَابُ إِسْلَامِ أَبِیْ ذَرٍّ

[٣٨٦١-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى، عَنْ أَبِیْ جَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا بَلَغَ أَبَا ذَرٍّ مَبْعَثُ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِأَخِيْهِ: ارْكَبْ إِلٰى هٰذَا الْوَادِیْ، فَاعْلَمْ لِیْ عِلْمَ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِیْ يَزْعُمُ أَنَّـهُ نَبِیٌّ، يَأْتِيْهِ الْخَبَرُ مِنَ السَّمَاءِ، وَاسْمَعْ مِنْ قَوْلِهِ ثُمَّ ائْتِنِیْ، فَانْطَلَقَ الْأَخُ حَتَّى قَدِمَهُ وَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهِ، ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى أَبِیْ ذَرٍّ، فَقَالَ لَهُ: رَأَيْتُهُ يَأْمُرُ بِمَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ، وَكَلَامًا مَا هُوَ بِالشِّعْرِ، فَقَالَ: مَا شَفَيْتَنِیْ مِمَّا أَرَدْتُ، فَتَزَوَّدَ وَحَمَلَ شَنَّةً لَهُ فِيْهَا مَاءٌ حَتَّى قَدِمَ مَكَّةَ، فَأَتَى الْمَسْجِدَ فَالْتَمَسَ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم وَلَا يَعْرِفُهُ، وَكَرِهَ أَنْ يَسْأَلَ عَنْهُ حَتَّى أَدْرَكَهُ بَعْضُ اللَّيْلِ اضْطَجَعَ فَرَآهُ عَلِیٌّ فَعَرَفَ أَنَّـهُ غَرِيْبٌ، فَلَمَّا رَآهُ تَبِعَهُ فَلَمْ يَسْأَلْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ عَنْ شَيْءٍ، حَتَّى أَصْبَحَ ثُمَّ احْتَمَلَ قِرْبَتَهُ وَزَادَهُ إِلَى الْمَسْجِدِ، وَظَلَّ ذٰلِكَ الْيَوْمَ وَلَا يَرَاهُ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى أَمْسَى، فَعَادَ إِلٰى مَضْجَعِهِ فَمَرَّ بِهِ عَلِیٌّ، فَقَالَ: أَمَا نَالَ لِلرَّجُلِ أَنْ يَعْلَمَ مَنْزِلَهُ؟ فَأَقَامَهُ فَذَهَبَ بِهِ مَعَهُ، لَا يَسْأَلُ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ عَنْ شَيْءٍ، حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ الثَّالِثِ، فَعَادَ عَلِیٌّ مِثْلَ ذٰلِكَ فَأَقَامَ مَعَهُ، ثُمَّ قَالَ: أَلَا تُحَدِّثُنِیْ مَا الَّذِیْ أَقْدَمَكَ؟ قَالَ: إِنْ أَعْطَيْتَنِیْ عَهْدًا وَمِيْثَاقًا لَتُرْشِدَنّی فَعَلْتُ، فَفَعَلَ فَأَخْبَرْتُهُ، قَالَ: فَإِنَّهُ حَقٌّ وَهُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَإِذَا أَصْبَحْتَ فَاتْبَعْنِیْ، فَإِنِّیْ إِنْ رَأَيْتُ شَيْئًا أَخَافُ عَلَيْكَ قُمْتُ كَأَنِّیْ أُرِيْقُ الْمَاءَ، فَإِنْ مَضَيْتُ فَاتْبَعْنِیْ حَتَّى تَدْخُلَ مَدْخَلِیْ، فَفَعَلَ فَانْطَلَقَ يَقْفُوْهُ حَتَّى دَخَلَ عَلٰى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم وَدَخَلَ مَعَهُ، فَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهِ وَأَسْلَمَ مَكَانَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم: "ارْجِعْ إِلٰى قَوْمِكَ فَأَخْبِرْهُمْ حَتَّى يَأْتِيَكَ أَمْرِیْ" قَالَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ! لَأَصْرُخَنَّ بِهَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ، فَخَرَجَ حَتَّى أَتَى الْمَسْجِدَ فَنَادَى بِأَعْلٰى صَوْتِهِ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ثُمَّ قَامَ الْقَوْمُ فَضَرَبُوْهُ حَتَّى أَضْجَعُوْهُ وَأَتَى الْعَبَّاسُ فَأَكَبَّ عَلَيْهِ، قَالَ: وَيْلَكُمْ أَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّـهُ مِنْ غِفَارٍ، وَأَنَّ طَرِيْقَ تُجَّارِكُمْ إِلٰى الشَّامِ؟ فَأَنْقَذَهُ مِنْهُمْ ثُمَّ عَادَ مِنَ الْغَدِ لِمِثْلِهَا فَضَرَبُوْهُ وَثَارُوْا إِلَيْهِ فَأَكَبَّ العَبَّاسُ عَلَيْهِ. [راجع: ٣٥٢٢]

قوله: إلى الشام؟ کے بعد منه محذوف ہے، أی من غِفَارٍ۔

إِسْلَامُ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کا مسلمان ہونا

حضرت سعید رضی اللہ عنہ کے والد کا نام زید بن عمرو بن نُفیل ہے، خاندان: قرشی، عدوی، کنیت: ابوالاعور، ولادت: ۲۲ سال ہجرت سے پہلے، وفات: ۵۱ ہجری، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بہنوئی اور من جملہ عشرۂ مبشرہ، حضرت ابوعبیدہؓ نے آپ کو دمشق کا گورنر مقرر کیا تھا۔

حدیث: قیس بن ابی حازم کہتے ہیں: میں نے حضرت سعید رضی اللہ عنہ کو کوفہ کی مسجد میں کہتے ہوئے سنا: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ دیکھا میں نے مجھ کو درانحالیکہ عمر رضی اللہ عنہ مجھے باندھنے والے تھے، مسلمان ہونے کی وجہ سے، اس سے پہلے کہ عمر رضی اللہ عنہ مسلمان ہوں، اور اگر یہ بات ہو کہ احد پہاڑ پاش پاش ہوجائے اس حرکت کی وجہ سے جو تم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ کی ہے، تو ایسا ممکن ہے (یہ حدیث ابھی آگے بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام کے باب کے آخر میں آرہی ہے) یعنی ایک وقت وہ تھا جب مخالفین اسلام مسلمانوں پر ستم ڈھاتے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسلمان ہونے سے پہلے اپنے بہنوئی کو باندھ کر مارتے تھے اور اب زمانہ ایسا آگیا ہے کہ مسلمان مسلمان کے ساتھ یہ حرکت کرتے ہیں، لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کردیا، یہ اتنا سنگین واقعہ ہے کہ احد پہاڑ اگر پاش پاش ہوجائے تو کچھ بعید نہیں، مگر سنگ دل بلوائیوں پر اس کا کچھ اثر نہیں ہوا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت سعید رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں اور مسلمان ہونے کی وجہ سے اپنوں ہی کے ہاتھوں آزمائشوں سے دوچار ہوئے ہیں۔

[۳٤-] إِسْلَامُ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ

[۳۸٦۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ فِي مَسْجِدِ الْكُوْفَةِ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْتُنِىْ وَإِنَّ عُمَرَ لَمُوْثِقِى عَلَى الإِسْلَامِ قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ عُمَرُ، وَلَوْ أَنَّ أُحُدًا ارْفَضَّ لِلَّذِىْ صَنَعْتُمْ بِعُثْمَانَ لَكَانَ! [انظر: ۳۸٦۷، ٦۹٤۲]

بَابُ إِسْلَامِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مسلمان ہونا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سن ٦ نبوی میں مسلمان ہوئے ہیں، نبوت کی ابتداء میں آپؓ نے ایک خواب دیکھا تھا، آپؓ کسی مندر میں کسی مورتی کی پاس سوئے ہوئے تھے، خواب میں دیکھا: ایک آدمی ایک بچھڑا لے کر آیا اور اسے بت پر ذبح کیا، پس

اس کے پیٹ میں سے کوئی زور سے چلایا! حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اتنی سخت آواز کبھی نہیں سنی، اس نے کہا: یَا جَلِیْحْ! قَوْلٌ نَجِیْحْ، رَجُلٌ فَصِیْحْ، یَقُوْلُ: لاَ إِلٰہَ إِلاَّ اللّٰہُ!: او جلیح (آدمی کا نام) کامیابی کی بات، ایک فصیح شخص کہہ رہا ہے: کوئی معبود نہیں اللہ کے سوا! یہ آواز سنتے ہی لوگ بھاگ کھڑے ہوئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دل میں کہا: میں یہیں رہوں گا، یہاں تک کہ جانوں کہ اس آواز کے پیچھے کیا ہے؟ پھر اس نے دوبارہ آواز دی: او جلیح! کامیابی کی بات، ایک فصیح آدمی کہہ رہا ہے: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں! پھر ان کی آنکھ کھل گئی، فرماتے ہیں: پھر زیادہ دن نہیں گذرے تھے کہ کہا گیا: یہ نبی ظاہر ہوئے! یہ خواب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابتدائے نبوت میں دیکھا تھا، پھر جب اسلام کی مخالفت سخت ہوگئی تو نبی ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ! ابوجہل اور عمر بن الخطاب میں سے جو آپ کو زیادہ پسند ہو اس کے ذریعہ اسلام کو تقویت پہنچا! (رواہ الترمذی) پھر جب آپؐ پر منکشف ہوا کہ ابوجہل مسلمان نہیں ہوگا تو آپؐ نے خاص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لئے دعا کی: اے اللہ! عمر بن الخطاب کے ذریعہ اسلام کو قوی فرما (رواہ ابن ماجہ)

پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ ابوجہل نے اعلان کیا: جو شخص محمد (ﷺ) کو قتل کر ڈالے میں اس کو سو اونٹ دوں گا، عمرؓ ابوجہل کے پاس گئے پوچھا: آپ کی طرف سے یہ علان ہو رہا ہے، کیا یہ صحیح ہے؟ ابوجہل نے کہا: ہاں، چنانچہ عمرؓ انعام کے لالچ میں نبی ﷺ کو قتل کرنے کے ارادہ سے تلوار لے کر چلے، راستہ میں نعیم بن عبداللہ نحّام رضی اللہ عنہ ملے، وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے مسلمان ہو چکے تھے، اور ان کی والدہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خاندان کی تھیں، انھوں نے پوچھا: عمرؓ! کہاں کا ارادہ ہے؟ عمرؓ نے کہا: محمد (ﷺ) کو قتل کرنے جا رہا ہوں! نعیم رضی اللہ عنہ نے کہا: محمد (ﷺ) کو قتل کر کے بنو ہاشم اور بنو زہرہ سے کس طرح نمٹو گے؟ عمرؓ نے کہا: میں گمان کرتا ہوں کہ تو بھی بددین ہوگیا ہے، اپنا آبائی مذہب چھوڑ بیٹھا ہے، نعیمؓ نے کہا: مجھ سے کیا کہتے ہو، آپ کی بہن فاطمہؓ اور بہنوئی سعید بن زیدؓ بھی صابی ہو چکے ہیں، اور تمہارا دین چھوڑ کر اسلام قبول کر چکے ہیں، عمرؓ یہ سن کر غصہ میں بہن کے گھر پہنچے، حضرت خباب رضی اللہ عنہ ان کو تعلیم دے رہے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آہٹ سن کر وہ چھپ گئے، عمرؓ نے بہنوئی کو باندھ کر مارنا شروع کیا، بہن بچانے کے لئے آئی تو اس کو بھی مارا، پھر جب بہن کو خون آلود دیکھا تو دل پسیج گیا، ٹھنڈے پڑے اور بہن سے کہا: جو کتاب تم پڑھ رہے تھے وہ مجھے دو، بہن نے کہا: تم ناپاک ہو، تم قرآن کو نہیں چھو سکتے، پاکی حاصل کرو پھر قرآن تمہیں دوں گی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وضو کیا یا غسل کیا، پس صحیفہ ان کو دیا گیا، اس میں سورۂ طٰہٰ لکھی ہوئی تھی، انھوں نے پڑھنا شروع کیا، جب اس آیت پر پہنچے ﴿إِنَّنِیْ أَنَا اللّٰہُ لاَ إِلٰہَ إِلاَّ أَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَأَقِمِ الصَّلاَۃَ لِذِکْرِیْ﴾: میں ہی معبود برحق ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں، پس میری عبادت کر اور میری یاد کے لئے نماز قائم کر، حضرت عمر رضی اللہ عنہ بے ساختہ بول اٹھے: مَا أَحْسَنَ ھٰذَا الْکَلاَمَ وَأَکْرَمَہُ: یہ کیسا شاندار اور بزرگ کلام ہے! یہ سنتے ہی حضرت خباب رضی اللہ عنہ مکان کے کسی گوشہ سے نکل آئے اور کہا: عمر! خوش خبری سن لو، میں امید کرتا ہوں تمہارے حق میں نبی ﷺ کی دعا قبول ہوگئی، چنانچہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ساتھ

لے کر دارِ ارقم میں پہنچے، وہاں انھوں نے اسلام قبول کیا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے اسلام کا اعلان اس طرح کیا کہ مکہ میں جمیل بن معمر نام کا ایک شخص تھا جو باتیں پھیلانے میں مشہور تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کے پاس گئے اور کہا: تجھ کو معلوم ہے کہ میں مسلمان ہوگیا ہوں، اور محمد ﷺ کے دین میں داخل ہوگیا ہوں، جمیل یہ سنتے ہی بھاگا، مسجدِ حرام میں پہنچا، وہاں سردارانِ قریش جمع تھے وہاں پہنچ کر اس نے بلند آواز سے کہا: لوگو! عمر صابی (بددین) ہوگیا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی پیچھے پیچھے پہنچے اور کہا: یہ غلط کہتا ہے میں بددین نہیں ہوا، میں مسلمان ہوا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں، یہ سن کر لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر ٹوٹ پڑے اور مارنا شروع کیا، پھر جب یہ خبر مکہ میں پھیلی تو مکہ کے لوگ بڑی تعداد میں اکٹھا ہوکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کے لئے ان کے گھر کی طرف چلے، حضرت ابن عمرؓ چھت پر کھڑے ہوئے یہ منظر دیکھ رہے تھے، اچانک ایک خوش پوشاک شخص آیا، یہ عاص بن وائل سہمی تھا، حضرت عمرؓ کے خاندان کے ساتھ اس کا دوستانہ تھا، اس نے آکر پوچھا: کیا معاملہ ہے؟ لوگوں نے کہا: عمر صابی ہوگیا ہے، عاص نے کہا: پھر کیا ہوا، ایک شخص ایک دین کو اختیار کرتا ہے، تم اس سے کیوں مزاحم ہوتے ہو؟ میں عمر کو پناہ دیتا ہوں، یہ سنتے ہی مجمع منتشر ہوگیا۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم برابر غالب رہے یعنی ہمارا سر اونچا ہوگیا، جب سے عمرؓ مسلمان ہوئے (أَعِزَّۃ: عزیز کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: غالب)

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ گھر میں ڈرے سہمے تھے، اچانک ان کے پاس عاص بن وائل آیا، اس نے یمنی سوٹ پہن رکھا تھا اور کرتہ میں ریشم کی گوٹ لگی ہوئی تھی، وہ سہمی تھا، اور ہمارا اس سے جاہلیت میں دوستانہ تھا، اس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ کا کیا معاملہ ہے؟ یعنی گھر میں دبکے کیوں بیٹھے ہو؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کی قوم کہتی ہے کہ وہ مجھے جان سے مار ڈالیں گے، اس لئے کہ میں مسلمان ہوا ہوں، عاص نے کہا: آپ تک کوئی راہ نہیں، یعنی آپ کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا، حضرت عمرؓ عاص بن وائل کی اس بات کے بعد مطمئن ہوگئے، پھر عاص گھر سے نکلا اور اس نے لوگوں سے ملاقات کی، لوگوں سے میدان بھرا ہوا تھا، عاص نے پوچھا: کہاں جارہے ہو؟ لوگوں نے کہا: اس خطاب کے بیٹے کے پاس جارہے ہیں جو بددین ہوگیا ہے، عاص نے کہا: اس کی طرف کوئی راہ نہیں، پس لوگ پلٹ گئے۔

حدیث (۳): بھی حدیث نمبر ۲ ہی ہے، ابن عمرؓ کہتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تو لوگ ان کے گھر کے پاس اکٹھا ہوگئے اور کہنے لگے: عمر بددین ہوگیا، میں اس وقت لڑکا (نابالغ) تھا، اپنے گھر کی چھت پر تھا، پس ایک آدمی آیا، جس نے ریشمی قبا پہن رکھی تھی، اس نے کہا: عمر بددین ہوگیا تو کیا ہوگیا؟ میں اس کو پناہ دیتا ہوں، ابن عمرؓ کہتے ہیں: پس میں نے لوگوں کو دیکھا وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہٹ گئے، یعنی سب لوگ منتشر ہوگئے، میں نے پوچھا: یہ کون

ہے؟ لوگوں نے بتلایا: یہ عاص بن وائل ہے۔

[۳۵-] بَابُ إِسْلَامِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

[۳۸٦۳-] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: مَا زِلْنَا أَعِزَّةً مُنْذُ أَسْلَمَ عُمَرُ. [راجع: ۳٦۸٤]

[۳۸٦٤-] حدثنا يَحْيىٰ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: فَأَخْبَرَنِيْ جَدِّيْ زَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: بَيْنَمَا هُوَ فِي الدَّارِ خَائِفًا إِذْ جَاءَهُ الْعَاصُ بْنُ وَائِلٍ السَّهْمِيُّ أَبُوْ عَمْرٍو، عَلَيْهِ حُلَّةُ حِبَرَةٍ، وَقَمِيْصٌ مَكْفُوْفٌ بِحَرِيْرٍ، وَهُوَ مِنْ بَنِيْ سَهْمٍ، وَهُمْ حُلَفَاؤُنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَالَ لَهُ: مَا بَالُكَ؟ قَالَ: زَعَمَ قَوْمُكَ أَنَّهُمْ سَيَقْتُلُوْنِيْ إِنْ أَسْلَمْتُ، قَالَ: لاَ سَبِيْلَ إِلَيْكَ، بَعْدَ أَنْ قَالَهَا: أَمِنْتُ، فَخَرَجَ الْعَاصُ فَلَقِيَ النَّاسَ قَدْ سَالَ بِهِمُ الْوَادِيْ، فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيْدُوْنَ؟ فَقَالُوْا: نُرِيْدُ هٰذَا ابْنَ الْخَطَّابِ الَّذِيْ صَبَأَ، قَالَ: لَاسَبِيْلَ إِلَيْهِ، فَكَرَّ النَّاسُ. [انظر: ۳۸٦۵]

[۳۸٦۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، سَمِعْتُهُ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: لَمَّا أَسْلَمَ عُمَرُ اجْتَمَعَ النَّاسُ عِنْدَ دَارِهِ، وَقَالُوْا: صَبَأَ عُمَرُ! وَأَنَا غُلَامٌ فَوْقَ ظَهْرِ بَيْتِيْ، فَجَاءَ رَجُلٌ عَلَيْهِ قَبَاءٌ مِنْ دِيْبَاجٍ، فَقَالَ: قَدْ صَبَأَ عُمَرُ فَمَاذَاكَ فَأَنَا لَهُ جَارٌ، قَالَ فَرَأَيْتُ النَّاسَ تَصَدَّعُوْا عَنْهُ فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ؟ قَالُوْا: الْعَاصُ بْنُ وَائِلٍ. [راجع: ۳۸٦٤]

قولہ: بعدَ أن قالها: أَمِنْتُ: یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے: أی قال عمر: أَمِنْتُ بَعْدَ أَنْ قَالَهَا تِلْكَ الْمَقَالَةَ: میں مطمئن ہوگیا، جب وائل نے یہ بات کہی۔

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے نہیں سنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کوکسی کے لئے کبھی کہتے ہوئے کہ میرا گمان ایسا ہے مگر وہ ویسا ہی ہوتا ہے جیسا ان کا گمان ہوتا ہے (اس کی ایک مثال) دریں اثناء کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے، اچانک گذرا ان کے پاس ایک خوبصورت آدمی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ یا تو میرا گمان غلط ہے یعنی میری فراست قابل اعتبار نہیں، یا یہ شخص جاہلی دین پر ہے یعنی مسلمان نہیں ہوا یا وہ ان کا کاہن تھا، یعنی زمانۂ جاہلیت میں کہانت کیا کرتا تھا، اس آدمی کو میرے پاس لاؤ، وہ لایا گیا، آپؓ نے اس سے بھی یہی بات کہی، پس اس نے جواب دیا: نہیں دیکھا میں نے آج جیسا دن کہ استقبال کیا گیا اس کے ساتھ ایک مسلمان آدمی یعنی میں مسلمان ہوں اور میرے بارے میں ایسی بدگمانی کی جارہی ہے کہ میں ابھی تک مسلمان نہیں ہوا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تجھے قسم دیتا ہوں یعنی تاکیدی حکم دیتا ہوں کہ تو مجھے اپنی صحیح صورت حال بتلا، اس نے کہا: میں زمانۂ جاہلیت میں لوگوں کا کاہن تھا،

یعنی آپؓ کی یہ بات صحیح ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: سب سے زیادہ حیرت انگیز بات کیا ہے جس کو تیرے پاس تیری جنّیہ (ماتا) لائی؟ اس شخص نے کہا: دریں اثناء کہ میں ایک دن بازار میں کھڑا تھا، اچانک میرے پاس میری ماتا آئی، میں اس میں گھبراہٹ پہچان رہا تھا، یعنی وہ گھبرائی ہوئی تھی، اس نے کہا: کیا نہیں دیکھا تو نے جنات کو اور ان کی حیرانی کو ÷ اور ان کی مایوسی کو ان کے معاملات پلٹ جانے کے بعد ÷ اور ان کے ملنے کو جوان اونٹنیوں کے ساتھ اور ان کے ٹاٹوں کے ساتھ، یعنی جنات میں کھلبلی مچ گئی ہے، تجھے کچھ پتہ چلا؟ (جنات میں کھلبلی بعثتِ نبوی کی وجہ سے مچی تھی) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: سچ کہا اس نے، دریں اثناء کہ میں سویا ہوا تھا، ان کی مورتیوں کے پاس، اچانک ایک آدمی بچھڑا لے کر آیا، پس اس کو مورتی پر ذبح کیا، پس ایک چلانے والا زور سے چلایا: نہیں سنا میں نے کسی چلانے والے کو کبھی زیادہ سخت آواز اس سے، کہہ رہا تھا: اے جلیح! (نام) کامیابی کی بات، فصیح و بلیغ آدمی کہہ رہا ہے: لا إلٰه إلاَّ أَنْتَ: آپ کے سواء کوئی معبود نہیں، پس لوگ کودے یعنی بھاگ گئے، میں نے کہا: میں نہیں ہٹوں گا، یہاں تک کہ جانوں اس بات کو جو اس کے پیچھے ہے پھر اس نے پکارا: او جلیح! کامیابی کی بات، فصیح و بلیغ آدمی کہہ رہا ہے: لا إلٰه إلا الله: پھر میری آنکھ کھل گئی، پس زیادہ وقت نہیں گذرا تھا کہ کہا گیا: یہ نبی ہیں یعنی بعثتِ نبوی کے آغاز میں یہ خواب دیکھا تھا۔

[٣٨٦٦-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عُمَرُ، أَنَّ سَالِمًا حَدَّثَهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: مَا سَمِعْتُ عُمَرَ لِشَيْئٍ قَطُّ يَقُوْلُ: إِنِّىْ لَأَظُنُّهُ كَذَا، إِلَّا كَانَ كَمَا يُظَنُّ، بَيْنَمَا عُمَرُ جَالِسٌ إِذْ مَرَّ بِهِ رَجُلٌ جَمِيْلٌ، فَقَالَ: لَقَدْ أَخْطَأَ ظَنِّىْ أَوْ إِنَّ هٰذَا عَلٰى دِيْنِهِ فِى الْجَاهِلِيَّةِ أَوْ لَقَدْ كَانَ كَاهِنَهُمْ، عَلَىَّ الرَّجُلَ، فَدُعِىَ لَهُ فَقَالَ لَهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ اسْتُقْبِلَ بِهِ رَجُلٌ مُسْلِمٌ، قَالَ: فَإِنِّىْ أَعْزِمُ عَلَيْكَ إِلَّا مَا أَخْبَرْتَنِىْ، قَالَ: كُنْتُ كَاهِنَهُمْ فِى الْجَاهِلِيَّةِ، قَالَ: فَمَا أَعْجَبُ مَا جَاءَ تْكَ بِهِ جِنِّيَّتُكَ؟ قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا يَوْمًا فِى السُّوْقِ جَاءَ تْنِىْ أَعْرِفُ فِيْهَا الْفَزَعَ، فَقَالَتْ: أَلَمْ تَرَ الْجِنَّ وَإِبْلَاسَهَا ÷ وَيَأْسَهَا مِنْ بَعْدِ انْكَاسِهَا ÷ وَلُحُوْقِهَا بِالْقِلَاصِ وَأَحْلَاسِهَا؟ قَالَ عُمَرُ: صَدَقَ، بَيْنَمَا أَنَا عِنْدَ آلِهَتِهِمْ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ بِعِجْلٍ فَذَبَحَهُ، فَصَرَخَ بِهِ صَارِخٌ، لَمْ أَسْمَعْ صَارِخًا قَطُّ أَشَدَّ صَوْتًا مِنْهُ يَقُوْلُ: يَا جَلِيْحُ! أَمْرٌ نَجِيْحٌ، رَجُلٌ فَصِيْحٌ يَقُوْلُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، فَوَثَبَ الْقَوْمُ، قُلْتُ: لَا أَبْرَحُ حَتّٰى أَعْلَمَ مَا وَرَاءَ هٰذَا، ثُمَّ نَادَى: يَا جَلِيْحُ! أَمْرٌ نَجِيْحٌ، رَجُلٌ فَصِيْحٌ يَقُوْلُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. فَقُمْتُ فَمَا نَشِبْنَا أَنْ قِيْلَ هٰذَا نَبِىٌّ.

حدیث: سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے کہا: مجھے اور اپنی بہن کو اسلام لانے کی وجہ سے عمر رضی اللہ عنہ باندھ دیتے تھے، اور وہ ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے اور اگر یہ بات ہو کہ احد پہاڑ پاش پاش ہو جائے اس حرکت سے جو تم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ کی تو وہ زیادہ لائق ہے اس بات کا کہ وہ پاش پاش ہو جائے (یہ روایت یہ بتلانے کے

لئے لائے ہیں کہ مسلمان ہونے سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا کیا حال تھا، وہ مسلمان ہونے والے بہن بہنوئی کو کس طرح ستایا کرتے تھے، پھر جب وہ مسلمان ہوئے تو اسی قوت سے مسلمانوں کی مدد کی اور اسلام کا بول بالا کیا، جیسا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے باب کی پہلی حدیث میں فرمایا ہے)

[۳۸٦۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسٌ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ يَقُوْلُ لِلْقَوْمِ: لَوْ رَأَيْتُنِىْ مُوْثِقِيْ عُمَرُ عَلَى الإِسْلاَمِ أَنَا وَأُخْتُهُ، وَمَا أَسْلَمَ، وَلَوْ أَنَّ أُحُدًا انْقَضَّ لِمَا صَنَعْتُمْ بِعُثْمَانَ لَكَانَ مَحْقُوْقًا أَنْ يَنْقَضَّ. [راجع: ۳۸٦۲]

قوله: لَوْ رَأَيْتُنِىْ الخ: اگر دیکھتا میں مجھ کو (ن وقایہ) عمرؓ مجھ کو باندھنے والے تھے اسلام کی وجہ سے (مُوْثِقِي: مرکب اضافی) مجھے اور اپنی بہن کو اور وہ ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

بَابُ انْشِقَاقِ الْقَمَرِ

چاند کا پھٹنا

ہجرت سے تقریباً پانچ سال پہلے چند مشرکین مکہ نے مطالبہ کیا کہ اگر آپؐ سچے نبی ہیں، تو کوئی معجزہ دکھائیں، آپؐ نے انگلی سے چاند کی طرف اشارہ کیا، چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے، یہ معجزہ قرآنِ کریم اور احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے، اور اس پر تمام سلف وخلف کا اجماع ہے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مکہ والوں نے نبی ﷺ سے کوئی نشانی طلب کی، آپؐ نے ان کو چاند کے دو ٹکڑے کر کے دکھائے، یہاں تک کہ انھوں نے حراء پہاڑ کو دو ٹکڑوں کے درمیان دیکھا۔

حدیث (۲): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: چاند پھٹا اور ہم منیٰ میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس آپؐ نے فرمایا: گواہ رہو، اور ایک ٹکڑا پہاڑ کی اُس طرف چلا گیا (اور دوسرا ٹکڑا پہاڑ کے ورے رہا)

حدیث (۳): ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: چاند نبی ﷺ کے زمانہ میں پھٹا۔

ملحوظہ: اس معجزہ کی تفصیل اور متجددین کے اعتراضات کے جوابات تحفۃ الالمعی (۵:۵۵۴ اور ۷:۴۸۱) میں ہیں۔

[۳٦-] بَابُ انْشِقَاقِ الْقَمَرِ

[۳۸٦۸-] حَدَّثَنِى عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِى عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ أَهْلَ مَكَّةَ سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُرِيَهُمْ آيَةً، فَأَرَاهُمُ الْقَمَرَ شِقَّتَيْنِ، حَتَّى رَأَوْا حِرَاءً بَيْنَهُمَا. [راجع: ۳٦۳۷]

[۳۸۶۹-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِیْ حَمْزَۃَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاھِیْمَ، عَنْ أَبِیْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم بِمِنًی، فَقَالَ:" اشْھَدُوْا" وَذَھَبَتْ فِرْقَۃٌ نَحْوَ الْجَبَلِ، وَقَالَ أَبُوْ الضُّحٰی، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ: انْشَقَّ بِمَکَّۃَ، وَتَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ابْنِ نَجِیْحٍ، عَنْ مُجَاھِدٍ، عَنْ أَبِیْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ.[راجع: ۳۶۳۶،]

[۳۸۷۰-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَکْرُ بْنُ مُضَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِیْعَۃَ، عَنْ عِرَاکِ بْنِ مَالِکٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُتْبَۃَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ الْقَمَرَ انْشَقَّ عَلٰی زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم.[راجع: ۳۶۳۶،۳۶۳۸]

[۳۸۷۱-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا أَبِیْ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، حَدَّثَنَا إِبْرَاھِیْمُ، عَنْ أَبِیْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ.

قولہ: انْشَقَّ بمکۃ: أی قبل الھجرۃ.

بَابُ ھِجْرَۃِ الْحَبَشَۃِ

حبشہ کی طرف ہجرت

جب مکہ والے مسلمانوں کی ایذاء رسانی پر تل گئے، طرح طرح سے مسلمانوں کو ستانا شروع کیا تو نبی ﷺ نے مؤمنین سے فرمایا: اللہ کی زمین میں پھیل جاؤ، اللہ تعالیٰ عنقریب سب کو جمع کریں گے، صحابہ نے پوچھا: کہاں جائیں؟ آپؐ نے حبشہ کی طرف اشارہ کیا (رواہ عبدالرزاق) چنانچہ ماہِ رجب سن ۵ نبوی میں گیارہ مردوں نے اور پانچ عورتوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی، یہ ہجرتِ حبشہ اولیٰ کہلاتی ہے، پھر وہ واقعہ پیش آیا جو آپ نے پڑھا ہے کہ ایک ایسی مجلس میں جس میں مسلمان اور مشرکین جمع تھے، نبی ﷺ نے سورۃ النجم پڑھی، اور اس کے آخر میں سجدہ کیا تو ایک سیٹھ کے علاوہ سب مشرکین نے بھی سجدہ کیا، یہ واقعہ اس طرح پھیلا کہ مکہ کے سب لوگ مسلمان ہوگئے، چنانچہ شوال میں یہ خبر سن کر مہاجرین حبشہ سے واپس آگئے، مکہ کے قریب پہنچ کر معلوم ہوا کہ خبر غلط ہے، بلکہ حالات پہلے سے زیادہ سخت ہیں، اس لئے وہ لوگ کشمکش میں مبتلا ہوگئے، کچھ لوگ چھپ کر اور کچھ لوگ کسی کی پناہ لے کر مکہ میں داخل ہوئے، پھر جب مکہ والوں نے اور زیادہ ستانا شروع کیا تو نبی ﷺ نے دوبارہ حبشہ کی طرف ہجرت کی اجازت دی، چنانچہ چھیاسی مردوں نے اور سترہ عورتوں نے دوبارہ حبشہ کی طرف ہجرت کی، یہ ہجرت حبشہ ثانیہ کہلاتی ہے، ہجرت حبشہ اولیٰ کے موقع پر بھی مشرکین مکہ نے مہاجرین کے پیچھے آدمی دوڑائے تھے کہ وہ مہاجرین کو پکڑ کر لائیں، مگر حسن اتفاق سے جب مہاجرین بندرگاہ پہنچے تو دو تجارتی کشتیاں حبشہ جانے کے لئے تیار کھڑی تھیں، انھوں نے پانچ درہم لے کر سب کو سوار کرلیا، جب گرفتار کرنے والے بندرگاہ

پر پہنچے تو کشتیاں روانہ ہو چکی تھیں، اس لئے وہ لوگ نامراد اور ناکام واپس آئے، مشرکین نے اس کو کچھ زیادہ اہمیت نہیں دی، کیونکہ وہ کل سولہ افراد تھے، لیکن ہجرت حبشہ ثانیہ بڑی تعداد نے کی تھی، چنانچہ مکہ والوں نے مشورہ کر کے عمرو بن العاص اور عبداللہ بن ابی ربیعہ کو نجاشی اور ان کے مقربین کے پاس ہدایا اور تحائف کے ساتھ روانہ کیا کہ وہ مہاجرین کو واپس لائیں، اس کی لمبی تفصیلات ہیں، خلاصہ یہ ہے کہ نجاشی نے مہاجرین کو دربار میں بلایا، حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے بہترین انداز میں اسلامی تعلیمات پیش کیں، نجاشی پر اس کا اچھا اثر ہوا، اور اس نے صاف کہہ دیا کہ میں ان مہاجرین کو تمہارے حوالہ نہیں کرسکتا، اس طرح یہ وفد بھی ناکام آیا، پھر جب مسلمانوں نے اور نبی ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت کی تو یہ مہاجرین حبشہ مدینہ ہجرت کر آئے۔

معلق حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: میں تمہاری ہجرت گاہ دکھلایا گیا ہوں جو کھجوروں والی سرزمین اور دو سیاہ پتھروں والی پٹیوں کے درمیان ہے، چنانچہ صحابہ نے مدینہ کی طرف ہجرت شروع کی اور جو لوگ حبشہ ہجرت کر کے گئے تھے ان میں سے اکثر مدینہ لوٹ آئے۔ یہ حدیث آگے (نمبر ۳۹۰۵) آرہی ہے اور یہی مضمون حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی ہے جو اس باب کے آخر میں ہے، اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی حدیث میں بھی ہے جو آگے غزوۂ خیبر میں (حدیث ۴۲۳۰) آرہی ہے۔

حدیث (۱): پہلے (حدیث ۳۶۹۶) گذری ہے، ولید بن عقبہ جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا اخیافی بھائی تھا، جس کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کوفہ کا گورنر بنایا تھا، اس نے شراب پی کر فجر کی نماز پڑھائی، اس کا معاملہ زیر تحقیق تھا، اس لئے اس پر سزا جاری کرنے میں تاخیر ہو رہی تھی، لوگوں میں چہ می گوئیاں شروع ہوئیں، پس مسور اور عبدالرحمٰن نے عبیداللہ سے کہا: تم اس معاملہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بات کیوں نہیں کرتے؟ یہ لمبی روایت ہے، اس میں یہ مضمون ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حبشہ کی طرف دو ہجرتیں کی ہیں، اسی مضمون کی مناسبت سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے دونوں مرتبہ ہجرت نبی ﷺ کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ کی تھی، حدیث کا ترجمہ پہلے آیا ہے، وہاں دیکھ لیں۔

[۳۷-] بَابُ هِجْرَةِ الْحَبَشَةِ

[۱-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أُرِيْتُ دَارَ هِجْرَتِكُمْ ذَاتَ نَخْلٍ بَيْنَ لَابَتَيْنِ" فَهَاجَرَ مَنْ هَاجَرَ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ، وَرَجَعَ عَامَّةُ مَنْ كَانَ هَاجَرَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ.

[۲-] فِيْهِ عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، وَأَسْمَاءَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۸۷۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

قَالَ: حَدَّثَنَا عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْأَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوْثَ قَالاَ لَهُ: مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تُكَلِّمَ خَالَكَ عُثْمَانَ فِي أَخِيْهِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ؟ وَكَانَ أَكْثَرُ النَّاسُ فِيْمَا فَعَلَ بِهِ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَانْتَصَبْتُ لِعُثْمَانَ حِيْنَ خَرَجَ إِلٰى الصَّلاَ ةِ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّ لِيْ إِلَيْكَ حَاجَةً وَهِيَ نَصِيْحَةٌ، فَقَالَ: أَيُّهَا الْمَرْءُ! أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ! فَانْصَرَفْتُ، فَلَمَّا قَضَيْتُ الصَّلاَ ةَ جَلَسْتُ إِلٰى الْمِسْوَرِ وَإِلٰى ابْنِ عَبْدِ يَغُوْثَ فَحَدَّثْتُهُمَا بِالَّذِيْ قُلْتُ لِعُثْمَانَ وَقَالَ لِيْ، فَقَالاَ: قَدْ قَضَيْتَ الَّذِيْ كَانَ عَلَيْكَ، فَبَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ مَعَهُمَا إِذْ جَاءَ نِيْ رَسُوْلُ عُثْمَانَ فَقَالاَ لِيْ: قَدِ ابْتَلاَكَ اللّٰهُ، فَانْطَلَقْتُ حَتَّى دَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا نَصِيْحَتُكَ الَّتِيْ ذَكَرْتَ آنِفًا؟ قَالَ: فَتَشَهَّدْتُ ثُمَّ قُلْتُ: إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ، وَكُنْتَ مِمَّنِ اسْتَجَابَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم وَآمَنْتَ بِهِ، وَهَاجَرْتَ الْهِجْرَتَيْنِ الْأُوْلَيَيْنِ، وَصَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَرَأَيْتَ هَدْيَهُ. وَقَدْ أَكْثَرَ النَّاسُ فِيْ شَأْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ، فَحَقٌّ عَلَيْكَ أَنْ تُقِيْمَ عَلَيْهِ الْحَدَّ، فَقَالَ لِيْ: يَا ابْنَ أَخِيْ! أَدْرَكْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: قُلْتُ: لاَ، وَلٰكِنْ قَدْ خَلَصَ إِلَيَّ مِنْ عِلْمِهِ مَا خَلَصَ إِلٰى الْعَذْرَاءِ فِيْ سِتْرِهَا، قَالَ: فَتَشَهَّدَ عُثْمَانُ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم بِالْحَقِّ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ، وَكُنْتُ مِمَّنِ اسْتَجَابَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَآمَنْتُ بِمَا بُعِثَ بِهِ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم، وَهَاجَرْتُ الْهِجْرَتَيْنِ الْأُوْلَيَيْنِ كَمَا قُلْتَ، وَصَحِبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبَايَعْتُهُ، وَوَ اللّٰهِ مَا عَصَيْتُهُ وَلاَ غَشَشْتُهُ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَخْلَفَ اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ فَوَ اللّٰهِ مَا عَصَيْتُهُ وَلاَ غَشَشْتُهُ، ثُمَّ اسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَوَ اللّٰهِ مَا عَصَيْتُهُ وَلاَ غَشَشْتُهُ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتُخْلِفْتُ، أَفَلَيْسَ لِيْ عَلَيْكُمْ مِنَ الْحَقِّ مِثْلُ الَّذِيْ كَانَ لَهُمْ عَلَيَّ؟ قَالَ: بَلٰى، قَالَ: فَمَا هٰذِهِ الْأَحَادِيْثُ الَّتِيْ تَبْلُغُنِيْ عَنْكُمْ؟ فَأَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ شَأْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ فَسَنَأْخُذُ فِيْهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِالْحَقِّ، قَالَ: فَجَلَدَ الْوَلِيْدَ أَرْبَعِيْنَ جَلْدَةً، وَأَمَرَ عَلِيًّا أَنْ يَجْلِدَهُ، وَكَانَ هُوَ يَجْلِدُهُ، وَقَالَ يُوْنُسُ وَابْنُ أَخِيْ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: أَفَلَيْسَ لِيْ عَلَيْكُمْ مِنَ الْحَقِّ مِثْلُ الَّذِيْ كَانَ لَهُمْ؟[راجع:۳۶۹۶]

دوسری حدیث: پہلے (تحفۃ القاری۲:۲۶۶) گذری ہے، ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان اور ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی، ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے ہجرتِ ثانیہ کی تھی اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے دونوں ہجرتیں، انھوں نے حبشہ میں ایک شاندار گرجا دیکھا تھا جس میں تصویریں تھیں، انھوں نے اس گرجا کا تذکرہ کیا، بس اتنا ہی حدیث کا باب سے تعلق ہے۔

تیسری حدیث: پہلے (تحفۃ القاری۶:۳۷۳) گذری ہے حضرت سعید بن العاصؓ کی لڑکی أَمَة حضرت زبیر بن العوامؓ

کے نکاح میں تھیں، ان سے خالد لڑکا پیدا ہوا، اس کی وجہ سے ان کی کنیت ام خالد تھی، وہ اپنے والد کے ساتھ حبشہ ہجرت کر کے گئیں، جب ان کے والد حبشہ سے ہجرت کر کے مدینہ آئے تو وہ بچی تھیں، نبی ﷺ نے ان کو ایک ریشمی کپڑا پہنایا، جس میں پھول بوٹے تھے، نبی ﷺ نے پھول بوٹوں کو ہاتھ لگایا اور فرمایا: سَنَاهْ! سَنَاهْ!: (گڈ گڈ!)

چوتھی حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۵۲۰) گذری ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہجرت حبشہ ثانیہ سے مدینہ منورہ لوٹ کر آئے تو یہ واقعہ پیش آیا کہ ایک مرتبہ وہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپؐ نماز پڑھ رہے تھے، انھوں نے سلام کیا، آپؐ نے جواب نہیں دیا، نماز سے فارغ ہو کر جواب دیا، بس حدیث کی باب سے اتنی ہی مناسبت ہے۔

پانچویں حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۲۲) گذری ہے، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ مدینہ کے لئے چلے، کشتی راستہ بھٹک گئی اور حبشہ پہنچ گئی، پھر وہاں سے انھوں نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ کی طرف ہجرت کی، اس طرح ان کے لئے بھی دو ہجرتیں ہوئیں، ایک حبشہ کی طرف دوسری مدینہ کی طرف۔

[۳۸۷۳-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّی، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَیٰ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أُمَّ حَبِیْبَةَ وَأُمَّ سَلَمَةَ ذَکَرَتَا کَنِیْسَةً رَأَیْنَهَا بِالْحَبَشَةِ، فِیْهَا تَصَاوِیْرُ، فَذَکَرَتَا لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: "إِنَّ أُوْلٰئِكَ إِذَا کَانَ فِیْهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَمَاتَ بَنَوْا عَلٰی قَبْرِهِ مَسْجِدًا، وَصَوَّرُوْا فِیْهِ تِیْكَ الصُّوَرَ، أُوْلٰئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ"

[۳۸۷۴-] حدثنا الْحُمَیْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ السَّعِیْدِ السَّعِیْدِیُّ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدٍ، قَالَتْ: قَدِمْتُ مِنْ أَرْضِ الْحَبَشَةِ وَأَنَا جُوَیْرِیَةٌ، فَکَسَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم خَمِیْصَةً لَهَا أَعْلَامٌ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَمْسَحُ الْأَعْلَامَ بِیَدِهِ وَیَقُوْلُ: "سَنَاهْ سَنَاهْ" قَالَ الْحُمَیْدِیُّ: یَعْنِیْ حَسَنٌ حَسَنٌ. [راجع: ۳۰۷۱]

[۳۸۷۵-] حدثنا یَحْیَی بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سُلَیْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: کُنَّا نُسَلِّمُ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَهُوَ یُصَلِّیْ فَیَرُدُّ عَلَیْهَا، فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِیِّ سَلَّمْنَا عَلَیْهِ فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیْنَا، قُلْنَا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا کُنَّا نُسَلِّمُ عَلَیْكَ فَتَرُدُّ عَلَیْنَا، قَالَ: "إِنَّ فِی الصَّلَاةِ شُغْلًا" فَقُلْتُ لِإِبْرَاهِیْمَ: کَیْفَ تَصْنَعُ أَنْتَ؟ قَالَ: أَرُدُّ فِیْ نَفْسِیْ. [راجع: ۱۱۹۹]

[۳۸۷۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا بُرَیْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی، قَالَ: بَلَغَنَا مَخْرَجُ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَنَحْنُ بِالْیَمَنِ، فَرَکِبْنَا سَفِیْنَةً فَأَلْقَتْنَا سَفِیْنَتُنَا إِلَی النَّجَاشِیِّ بِالْحَبَشَةِ، فَوَافَقْنَا جَعْفَرَ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ، فَأَقَمْنَا مَعَهُ حَتّٰی قَدِمْنَا، فَوَافَقْنَا النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم حِیْنَ افْتَتَحَ خَیْبَرَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "لَکُمْ أَنْتُمْ یَا أَهْلَ السَّفِیْنَةِ هِجْرَتَانِ" [راجع: ۳۱۳۶]

قوله: فقلتُ لإبراهيم: سلیمان اعمشؒ نے حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے پوچھا: اگر کوئی نماز میں سلام کرے تو آپ کیا کرتے ہیں؟ انھوں نے کہا: میں دل میں جواب دیتا ہوں (اوراشارہ سے جواب دے تو بھی نماز فاسدنہیں ہوگی)

بَابُ مَوْتِ النَّجَّاشِيِّ

نجاشی رحمہ اللہ کی وفات

یہ باب الشیئ بالشیئِ یُذْکر کے قبیل سے ہے، ترتیب زمانی کے اعتبار سے اس باب کا یہاں موقع نہیں، کیونکہ نجاشی رحمہ اللہ کی وفات سن ۹ ہجری میں ہوئی ہے، مگر چونکہ ہجرت حبشہ کا ذکر آیا تو نجاشی رحمہ اللہ کی موت کا تذکرہ بھی کردیا۔

نجاشی: حبشہ کے بادشاہوں کا لقب تھا، جیسے فارس کے بادشاہوں کا لقب کسری، مصر کے بادشاہوں کا لقب فرعون، روم کے بادشاہوں کا لقب قیصر اور ترک کے بادشاہوں کا لقب خاقان تھا۔ نبی ﷺ کے زمانہ میں دو نجاشیوں نے حبشہ پر حکومت کی ہے، پہلے نجاشی کا نام اصحمۃ بن ابجر تھا، یہ مسلمان ہوئے ہیں، مگر اپنی قوم سے اپنا ایمان چھپایا، جب ان کا انتقال ہوا تو نبی ﷺ کو وحی سے معلوم ہوا، آپؐ نے فرمایا: آج ایک نیک آدمی کا انتقال ہوگیا، پس اٹھو اور اپنے بھائی اصحمہ کا جنازہ پڑھو، چنانچہ صحابہ اٹھے اور سب نے نبی ﷺ کے پیچھے صفیں بنائیں، حضرت جابر رضی اللہ عنہ دوسری یا تیسری صف میں تھے، نماز جنازہ میں نبی ﷺ نے چار تکبیریں کہیں، اور یہ جنازہ شہر سے نکل کر عیدگاہ کے میدان میں پڑھا گیا تھا، پھر ان کے بعد جو دوسرا نجاشی آیا اس کو نبی ﷺ نے دعوتِ اسلام کا خط لکھا، اور حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کے ہاتھ روانہ کیا، مگر وہ مسلمان نہیں ہوا، اور باب کی تمام حدیثیں پہلے آچکی ہیں اور غائبانہ نماز جنازہ کا مسئلہ (تحفۃ القاری ۳: ۵۶۷) میں آیا ہے۔

[۳۸-] بَابُ مَوْتِ النَّجَّاشِيِّ

[۳۸۷۷-] حدثنا أَبُوْ الرَّبِيْعِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ مَاتَ النَّجَّاشِيُّ: " مَاتَ الْيَوْمَ رَجُلٌ صَالِحٌ فَقُوْمُوْا فَصَلُّوْا عَلٰى أَخِيْكُمْ أَصْحَمَةَ"[راجع: ۱۳۱۷]

[۳۸۷۸-] حدثنا عَبْدُ الأَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، أَنَّ عَطَاءً حَدَّثَهُمْ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِيِّ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلّٰى عَلَى النَّجَّاشِيِّ فَصَفَّنَا وَرَاءَهُ فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِيْ أَوِ الثَّالِثِ.[راجع: ۱۳۱۷]

[۳۸۷۹-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ سَلِيْمِ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ:

حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم صَلَّی عَلٰی أَصْحَمَةَ النَّجَّاشِیِّ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا، تَابَعَهُ عَبْدُ الصَّمَدِ. [راجع: ۱۳۱۷]

[۳۸۸۰-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَابْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَخْبَرَهُمَا: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم نَعَی لَهُمُ النَّجَّاشِیَّ صَاحِبَ الْحَبَشَةِ فِی الْيَوْمِ الَّذِیْ مَاتَ فِيْهِ، وَقَالَ: "اسْتَغْفِرُوْا لِأَخِيْكُمْ"[راجع: ۱۲۴۵]

[۳۸۸۱-] وَعَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَخْبَرَهُمْ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم صَفَّ بِهِمْ فِی الْمُصَلّٰی، فَصَلّٰی عَلَيْهِ، وَكَبَّرَ أَرْبَعًا. [راجع: ۱۲۴۵]

بَابُ تَقَاسُمِ الْمُشْرِكِيْنَ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

مشرکوں نے نبی ﷺ کا بائکاٹ کیا

تَقَاسُم: (تفاعل) لوگوں کا باہم قسمیں کھانا۔ باب کا ترجمہ: مشرکین کا نبی ﷺ کے خلاف باہم قسمیں کھانا۔ جب عمرو بن العاص اور عبداللہ بن ابی ربیعہ کی سفارت حبشہ سے ناکام آئی اور قریش کو معلوم ہوا کہ نجاشی رحمہ اللہ نے مہاجرین کا بہت اکرام کیا ہے، ادھر حضرت حمزہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما اسلام لے آئے، جس سے کافروں کا زور ٹوٹ گیا اور دعوتِ اسلام پھیلنی شروع ہوئی اور مسلمانوں کی تعداد بڑھنے لگی تو تمام قبائل قریش نے خیف (میدان) بنی کنانہ میں ایک میٹنگ کی اور سب نے متفقہ طور پر تحریری معاہدہ لکھا اور نبی ﷺ کا اور آپؐ کے تمام حامیوں کا بائکاٹ کر دیا کہ کوئی بنو ہاشم سے نکاح نہ کرے، نہ کوئی ان سے میل جول رکھے، جب تک بنو ہاشم نبی ﷺ کو قتل کے لئے قریش کے حوالہ نہ کریں، یہ تحریر اندرونِ کعبہ آویزاں کی گئی، ابو طالب نے مجبور ہو کر خاندان بنو ہاشم کے ساتھ شعب ابی طالب میں پناہ لی، اس بائکاٹ میں بنو المطلب نے آپ کا ساتھ دیا، مسلمانوں نے دین کی وجہ سے اور کافروں نے نسبی تعلق کی وجہ سے، صرف آپؐ کا چچا ابو لہب اس میں شریک نہیں ہوا، یہ بائکاٹ تین سال تک رہا، اس عرصہ میں ان لوگوں پر کیا گذری اس کا اندازہ ہر شخص کر سکتا ہے، آج کل امریکہ بعض ملکوں پر پابندی لگاتا ہے، بچے بلک بلک کر جان دید یتے ہیں، نہ ان کو دودھ میسر آتا ہے نہ دوائیاں، ایسا ہی کچھ حال بنو ہاشم اور بنو مطلب کا ہو گیا تھا، پھر بعض نیک دل مشرکین نے کوشش کی کہ بائکاٹ ختم ہو، اور نبی ﷺ نے خبر دی کہ جو معاہدہ لکھ کر کعبہ میں لٹکایا گیا تھا اس کو دیمک نے چاٹ لیا ہے، صرف باسمك اللّٰهم باقی رہ گیا ہے، ابو طالب نے قریش سے کہا: میرے بھتیجے نے مجھے یہ خبر دی ہے، چنانچہ اس پر بات ٹھہری کہ صحیفہ دیکھا جائے، دیکھا تو صحیفہ کو دیمک نے چاٹ کر کالعدم کر دیا تھا، اس طرح سن ۱۰ ہجری میں ہجرت سے تین سال پہلے نبی ﷺ شعب ابی طالب سے

باہر نکلے اور باب میں صرف ایک روایت ہے: جب نبی ﷺ نے حنین کی طرف پیش قدمی کا ارادہ کیا تو فرمایا: ''ہم آئندہ کل ان شاء اللہ بنو کنانہ کے میدان میں اتریں گے، جہاں انھوں نے کفر پر باہم قسمیں کھائی تھیں''

فائدہ: روایات میں اختلاف ہے کہ آپؐ نے یہ بات کب فرمائی تھی؟ پہلے کتاب الحج میں یہ روایت گذری ہے کہ فتح مکہ کے موقع پر جب آپؐ نے مکہ میں داخل ہونے کا ارادہ کیا تو یہ فرمایا تھا، اور فتح مکہ کے بعد فوراً غزوۂ حنین پیش آیا ہے، پس حِیْنَ أَرَادَ حُنَیْن کہنا درست ہے، مگر پہلے یہ روایت بھی آئی ہے کہ آپؐ نے حجۃ الوداع میں بارہ تاریخ کو منٰی میں یہ بات فرمائی تھی کہ ہم آئندہ کل خیف بنی کنانہ میں جس کا دوسرا نام محصّب ہے پڑاؤ ڈالیں گے، میرے نزدیک یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اس کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئے۔

[۳۹-] بَابُ تَقَاسُمِ الْمُشْرِکِیْنَ عَلٰی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

[۳۸۸۲-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ إِبْرَاھِیْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِھَابٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَۃَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم حِیْنَ أَرَادَ حُنَیْنًا: ''مَنْزِلُنَا غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰہُ بِخَیْفِ بَنِیْ کِنَانَۃَ حَیْثُ تَقَاسَمُوْا عَلٰی الْکُفْرِ''[راجع: ۱۵۸۹]

بَابُ قِصَّۃِ أَبِیْ طَالِبٍ

ابوطالب کا واقعہ

یہ باب بھی الشیئُ بِالشیئِ یُذْکر کے قبیل سے ہے، پچھلے باب میں بائکاٹ کا ذکر آیا ہے جو مسلسل تین سال تک چلا، اس میں اہم کردار نبی ﷺ کے سرپرست اور چچا ابوطالب کا تھا، اس لئے یہ باب لائے ہیں، شعب ابی طالب سے نکلنے کے چند روز بعد رمضان یا شوال سن ۱۰ نبوی میں ابوطالب نے انتقال کیا، پھر تین یا پانچ دن کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے انتقال کیا، اس لئے یہ سال حزن وملال کا سال کہلاتا ہے۔

اور باب میں پہلی روایت یہ ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے عرض کیا: آپؐ اپنے چچا کے کیا کام آئے، وہ آپؐ کے حامی اور مددگار تھے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ ٹخنوں تک آگ میں ہیں، اگر میں سفارش نہ کرتا تو جہنم کی تہہ میں ہوتے''

تشریح: ہدایت کا معاملہ بھی عجیب ہے، اللہ تعالیٰ جسے چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں، کوئی بندہ کسی کو ہدایت نہیں دے سکتا، حضرت نوح علیہ السلام اپنے بیٹے کنعان کو ہدایت نہیں دے سکے، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے باپ آذر کو ہدایت نہیں دے سکے، اور نبی ﷺ نے بھی آخر وقت تک کوشش کی، مگر چچا کو ہدایت نصیب نہیں ہوئی۔

حدیث (۲): مسیّب بن حُزن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ابوطالب مرنے لگے تو نبی ﷺ ان کے پاس گئے، اس وقت ان کے پاس ابوجہل بیٹھا تھا، آپؐ نے فرمایا: چچا! لا إلٰه إلاَّ الله کہہ لو، یہ ایسا کلمہ ہے جس کے ذریعہ میں آپ کے لئے اللہ کے یہاں لڑونگا یعنی آپ کی بخشش کراؤں گا، ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ نے کہا: اے ابوطالب! کیا تم عبدالمطلب کی ملت کو چھوڑ دوگے؟ (نبی ﷺ بار بار ابوطالب کو ایمان کی دعوت دیتے رہے) اور وہ دونوں برابر ابوطالب سے یہی بات کہتے رہے، یہاں تک کہ جو آخری بات ان کی زبان سے نکلی وہ یہ تھی کہ وہ عبدالمطلب کے دین پر ہیں (یہ کہہ کر ابوطالب مرگئے) پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں برابر آپ کے لئے دعائے مغفرت کرتا رہوں گا جب تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے منع نہیں کیا جائے گا، چنانچہ سورۃ التوبہ کی آیت ۱۱۳ نازل ہوئی: ''پیغمبر اور مسلمانوں کے لئے جائز نہیں کہ وہ مشرکین کے لئے دعائے مغفرت کریں، اگرچہ ان کے رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں، جب کہ یہ ظاہر ہوگیا کہ وہ لوگ دوزخی ہیں، کیونکہ کفر پر مرے ہیں'' اور سورۃ القصص کی آیت ۵۶ نازل ہوئی: ''آپؐ جس کو چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے لیکن اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں''

اور باب کی آخری حدیث یہ ہے کہ نبی ﷺ کی مجلس میں آپؐ کے چچا ابوطالب کا ذکر آیا، آپؐ نے فرمایا: شاید نفع پہنچائے ان کو میری سفارش قیامت کے دن، پس وہ تھوڑی آگ میں ہوں، جو ان کے ٹخنوں کو پہنچے، کھولے گا اس سے ان کا دماغ!

تشریح: علامہ سہیلیؒ نے لکھا ہے کہ ابوطالب سر سے پیر تک نبی ﷺ کی نصرت وحمایت میں غرق تھے، صرف پیر اسلام کے بجائے عبدالمطلب کے دین پر تھے، اس لئے عذاب پیروں پر مسلط کیا جائے گا۔

فائدہ: کچھ لوگ ابوطالب کا ایمان ثابت کرنا چاہتے ہیں، وہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی ایک روایت سے استدلال کرتے ہیں، مرتے وقت ابوطالب کے ہونٹ ملے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کان لگا کر سنا تو وہ کلمہ پڑھ رہے تھے، یہ روایت ضعیف اور منقطع ہے اور باب کی پہلی روایت حضرت عباس رضی اللہ عنہ ہی کی ہے، اس سے یہ ضعیف روایت متعارض نہیں ہوسکتی۔

[٤٠-] بَابُ قِصَّةِ أَبِیْ طَالِبٍ

[٣٨٨٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: مَا أَغْنَيْتَ عَنْ عَمِّكَ فَوَ اللّٰهِ كَانَ يَحُوْطُكَ وَيَغْضَبُ لَكَ؟ قَالَ: هُوَ فِي ضَحْضَاحٍ مِنْ نَارٍ، وَلَوْلاَ أَنَا لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ"[انظر: ٦٢٠٨، ٦٥٧٢]

[٣٨٨٤-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ أَبَا طَالِبٍ لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ دَخَلَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَعِنْدَهُ أَبُوْ جَهْلٍ، فَقَالَ: "أَيْ عَمِّ! قُلْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، كَلِمَةً أُحَاجُّ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ" فَقَالَ أَبُوْ جَهْلٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ أُمَيَّةَ: يَا أَبَا طَالِبٍ! تَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟ فَلَمْ يَزَالَا يُكَلِّمَاهُ حَتَّى قَالَ آخِرَ شَيْءٍ كَلَّمَهُمْ بِهِ: عَلٰى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلَبِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَا لَمْ أُنْهَ عَنْكَ" فَنَزَلَتْ ﴿مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْ يَسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْا أُوْلِيْ قُرْبٰى مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ﴾ وَنَزَلَتْ ﴿إِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ أَحْبَبْتَ﴾[راجع: ١٣٦٠]

[٣٨٨٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَذُكِرَ عِنْدَهُ عَمُّهُ، فَقَالَ: "لَعَلَّهُ تَنْفَعُهُ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُجْعَلُ فِيْ ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ يَبْلُغُ كَعْبَيْهِ يَغْلِيْ مِنْهُ دِمَاغُهُ"[انظر: ٦٥٦٤]

حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، وَالدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ بِهٰذَا، وَقَالَ: "تَغْلِيْ مِنْهُ أُمُّ دِمَاغِهِ"

بَابُ حَدِيْثِ الْإِسْرَاءِ

رات میں مکہ مکرمہ سے بیت المقدس تک کا سفر

جب حامی اور مددگار چچا ابو طالب اور غمگسار اہلیہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا چل بسے، تو آپؐ کی کمر ٹوٹ گئی اور آپؐ طائف تشریف لے گئے، مگر وہاں سے کوئی حوصلہ افزا جواب نہیں ملا، پس اللہ تعالیٰ نے اسراء اور معراج کی نعمت سے سرفراز فرمایا، آپؐ کو مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک پھر مسجدِ اقصیٰ سے آسمانوں کے اوپر تک اسی جسم اور روح کے ساتھ بحالت بیداری ایک ہی شب میں سیر کرائی۔ پہلا سفر 'اسراء' اور دوسرا 'معراج' کہلاتا ہے مگر عرف میں دونوں کو اسراء بھی اور معراج بھی کہتے ہیں، مگر امام بخاری رحمہ اللہ علاحدہ علاحدہ دو باب لائے ہیں، اسراء کا ذکر سورہ بنی اسرائیل کی پہلی آیت میں ہے اور معراج کا تذکرہ حدیثوں میں ہے۔

ارشادِ پاک ہے: ﴿سُبْحَانَ الَّذِيْ أَسْرَى بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِيْ بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا إِنَّهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ﴾:

ترجمہ: اس اللہ کے لئے پاکی ہے جو اپنے خاص بندے (محمد ﷺ) کو ایک رات میں مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک لے گئے، جس کے اردگرد ہم نے برکتیں رکھی ہیں، تاکہ ہم اس بندے کو اپنی کچھ نشانیاں دکھائیں، بیشک وہ خوب سننے والے،

خوب دیکھنے والے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب قریش نے مجھے جھٹلایا تو میں حطیم میں کھڑا ہوا، پس اللہ تعالیٰ نے میرے لئے بیت المقدس کو منکشف کیا، چنانچہ میں ان کو بیت المقدس کی نشانیاں بتلانے لگا، درانحالیکہ میں اس کو دیکھ رہا تھا۔

تشریح: اس سے معلوم ہوا کہ اسراء کا واقعہ بیداری میں پیش آیا تھا، اگر محض خواب ہوتا تو مشرکین تکذیب نہ کرتے، کیونکہ خواب تو اس سے بھی عجیب دیکھا جاسکتا ہے اور مشرکین کا آپؐ سے بیت المقدس کی نشانیاں معلوم کرنا اور قافلوں کے احوال دریافت کرنا دلیل ہے کہ یہ واقعہ بیداری میں پیش آیا تھا، یہی جمہور کی رائے ہے، البتہ دو تین صحابہ اس کو خواب کا واقعہ کہتے ہیں، اس کی تفصیل اگلے باب کی آخری حدیث میں ہے۔

فائدہ: معراج کا واقعہ کب پیش آیا؟ اس سلسلہ میں ماہ، تاریخ اور دن، سب میں اختلاف ہے، سن میں چار قول ہیں: ۵ نبوی، ۶ نبوی، ۱۱ نبوی اور ۱۲ نبوی اور مہینہ کے بارے میں پانچ قول ہیں: ماہ ربیع الاول، ربیع الآخر، رجب، رمضان اور شوال، اور تاریخ کے بارے میں دو قول ہیں: ۱۷ اور ۲۷ اور دن کے بارے میں تین قول ہیں: بار کی رات، جمعہ کی رات اور پیر کی رات، اور لوگوں میں مشہور یہ ہے کہ معراج کا واقعہ ہجرت سے ایک سال پہلے ۲۷ رجب کی شب میں پیش آیا۔ واللہ اعلم

[٤١-] بَابُ حَدِيْثِ الإِسْرَاءِ

وَقَوْلِ اللهِ تَعَالٰى: ﴿سُبْحَانَ الَّذِىْ أَسْرَى بِعَبْدِهِ لَيْلاً مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلٰى الْمَسْجِدِ الأَقْصٰى﴾

[٣٨٨٦-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِىْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: "لَمَّا كَذَّبَنِىْ قُرَيْشٌ قُمْتُ فِى الْحِجْرِ، فَجَلَّى اللهُ لِىْ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَطَفِقْتُ أُخْبِرُهُمْ عَنْ آيَاتِهِ، وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَيْهِ"[انظر: ٤٧١٠]

بَابُ الْمِعْرَاجِ

بیت المقدس سے آسمانوں سے اوپر تک کی سیر

معراج کی روایتیں متواتر ہیں، علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے پچیس صحابہ کرام کے نام لکھے ہیں جن سے معراج کی حدیثیں مروی ہیں، اور آخر میں لکھا ہے: ''معراج کی حدیثوں پر تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے اور ملحدوں اور زندیقوں نے ان سے اعراض کیا ہے'' سیوطی رحمہ اللہ نے درمنثور میں اور ابن کثیر رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں ان سب روایات کو ذکر کیا ہے، امام بخاری رحمہ اللہ ایک روایت ذکر کرتے ہیں، یہ روایت پہلے تین جگہ مختصر آئی ہے، یہاں مفصل ہے۔

[۴۲-] بَابُ الْمِعْرَاجِ

[۳۸۸۷-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهَ صلى الله عليه وسلم حَدَّثَهُمْ عَنْ لَيْلَةٍ أُسْرِىَ بِهِ:" بَيْنَمَا أَنَا فِي الْحَطِيْمِ - وَرُبَّمَا قَالَ: فِي الْحِجْرِ- مُضْطَجِعًا إِذْ أَتَانِىْ آتٍ فَقَدَّ- قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: فَشَقَّ- مَا بَيْنَ هٰذِهِ إِلٰى هٰذِهِ" فَقُلْتُ لِلْجَارُوْدِ وَهُوَ إِلٰى جَنْبِىْ: مَا يَعْنِىْ بِهِ؟ قَالَ: مَنْ ثُغْرَةِ نَحْرِهِ إِلٰى شِعْرَتِهِ - وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: مِنْ قَصِّةِ إِلٰى شِعْرَتِهِ- "فَاسْتَخْرَجَ قَلْبِىْ ثُمَّ أُتِيْتُ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مَمْلُوْءَ ةٍ إِيْمَانًا، فَغُسِلَ قَلْبِىْ ثُمَّ حُشِىَ، ثُمَّ أُعِيْدَ.

ترجمہ: مالک بن صعصعہ انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے صحابہ سے بیان کیا، اس رات کا حال جس میں آپؐ کو اسراء ومعراج میں لے جایا گیا (فرمایا:) دریں اثناء کہ میں حطیم میں —— اور کبھی انھوں نے کہا: حجر میں (دونوں ایک ہیں) —— لیٹا ہوا تھا، اچانک میرے پاس ایک آنے والا آیا، پس اس نے لمبائی میں کاٹا (قَدَّ اور شقَّ کے ایک معنی ہیں) اس کو جو اس کے درمیان اس تک ہے (قتادہؒ کہتے ہیں) پس میں نے جارود بن ابی سبرہ سے پوچھا، درانحالیکہ وہ میرے پہلو میں تھے: هذه اور هذه سے کیا مراد ہے؟ انھوں نے کہا: سینہ کے بالائی حصہ میں گھڑے سے لے کر ناف کے بالوں تک مراد ہے اور میں نے ان کو من قصّه إلى شعرته کہتے ہوئے بھی سنا (اس کا بھی وہی مطلب ہے) پس اس نے میرا دل نکالا، پھر میں ایک سونے کا تھال لایا گیا، جو ایمان سے بھرا ہوا تھا، پھر میرا دل دھویا گیا، پھر وہ دل بھرا گیا پھر وہ اپنی جگہ لوٹا دیا گیا۔

"ثُمَّ أُتِيْتُ بِدَابَّةٍ دُوْنَ الْبَغَلِ وَفَوْقَ الْحِمَارِ أَبْيَضَ" فَقَالَ لَهُ الْجَارُوْدُ: هُوَ الْبُرَاقُ يَا أَبَا حَمْزَةَ؟ قَالَ أَنَسٌ: نَعَمْ "يَضَعُ خَطْوَهُ عِنْدَ أَقْصَى طَرْفِهِ، فَحُمِلْتُ عَلَيْهِ، فَانْطَلَقَ بِىْ جِبْرِيْلُ حَتَّى أَتَى السَّمَاءَ الدُّنْيَا فَاسْتَفْتَحَ، فَقِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرَئِيْلُ، قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهِ! فَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ! فَفُتِحَ، فَلَمَّا خَلَصْتُ فَإِذَا فِيْهَا آدَمُ، فَقَالَ: هٰذَا أَبُوْكَ آدَمُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ، ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالإِبْنِ الصَّالِحِ، وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ.

ثُمَّ صَعِدَ بِىْ حَتَّى أَتَى السَّمَاءَ الثَّانِيَةَ فَاسْتَفْتَحَ، قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرَئِيْلُ، قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ، قِيْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قِيْلَ: مَرْحَبًا بِهِ، فَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ! فَفُتِحَ: فَلَمَّا خَلَصْتُ إِذَا يَحْيىَ وَعِيْسَى، وَهُمَا ابْنَا الْخَالَةِ، قَالَ: هٰذَا يَحْيىَ وَعِيْسٰى فَسَلِّمْ عَلَيْهِمَا، فَسَلَّمْتُ فَرَدَّا، ثُمَّ قَالَا: مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ.

ثُمَّ صَعِدَ بِیْ إِلٰی السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ فَاسْتَفْتَحَ، قِیْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرَئِیْلُ، قِیْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ، قِیْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَیْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قِیْلَ: مَرْحَبًا بِهِ! فَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جَاءَ! فَفُتِحَ، فَلَمَّا خَلَصْتُ إِذَا یُوْسُفَ، قَالَ: هٰذَا یُوْسُفُ فَسَلِّمْ عَلَیْهِ، فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ، فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِیِّ الصَّالِحِ.

ثُمَّ صَعِدَ بِیْ حَتّٰی أَتَی السَّمَاءَ الرَّابِعَةَ فَاسْتَفْتَحَ، قِیْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرَئِیْلُ، قِیْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ، قِیْلَ: أَوَ قَدْ أُرْسِلَ إِلَیْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قِیْلَ: مَرْحَبًا بِهِ! فَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جَاءَ! فَفُتِحَ، فَلَمَّا خَلَصْتُ فَإِذَا إِدْرِیْسُ، قَالَ: هٰذَا إِدْرِیْسُ فَسَلِّمْ عَلَیْهِ، فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ، فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ، وَالنَّبِیِّ الصَّالِحِ.

ثُمَّ صَعِدَ بِیْ حَتّٰی أَتَی السَّمَاءَ الْخَامِسَةَ فَاسْتَفْتَحَ، قِیْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرَئِیْلُ، قِیْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ، قِیْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَیْهِ، قَالَ: نَعَمْ، قِیْلَ: مَرْحَبًا بِهِ! فَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جَاءَ! فَلَمَّا خَلَصْتُ فَإِذَا هَارُوْنُ، قَالَ: هٰذَا هَارُوْنُ فَسَلِّمْ عَلَیْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ، فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِیِّ الصَّالِحِ.

ثُمَّ صَعِدَ بِیْ حَتّٰی أَتَی السَّمَاءَ السَّادِسَةَ فَاسْتَفْتَحَ، قِیْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرَئِیْلُ، قِیْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ، قِیْلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَیْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: مَرْحَبًا بِهِ! فَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جَاءَ! فَلَمَّا خَلَصْتُ فَإِذَا مُوْسَی، قَالَ: هٰذَا مُوْسَی فَسَلِّمْ عَلَیْهِ، فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِیِّ الصَّالِحِ.

فَلَمَّا تَجَاوَزْتُ بَكٰی، قِیْلَ لَهُ: مَا یُبْكِیْكَ؟ قَالَ: أَبْكِیْ لِأَنَّ غُلَامًا بُعِثَ بَعْدِیْ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِهِ أَكْثَرُ مِمَّنْ یَدْخُلُهَا مِنْ أُمَّتِیْ.

ثُمَّ صَعِدَ بِیْ إِلٰی السَّمَاءِ السَّابِعَةِ، فَاسْتَفْتَحَ جِبْرَئِیْلُ، فَقِیْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرَئِیْلُ، قِیْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ، قِیْلَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَیْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: مَرْحَبًا بِهِ! فَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جَاءَ! فَلَمَّا خَلَصْتُ فَإِذَا إِبْرَاهِیْمُ، قَالَ: هٰذَا أَبُوْكَ فَسَلِّمْ عَلَیْهِ، قَالَ: فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ، قَالَ: مَرْحَبًا بِالْإِبْنِ الصَّالِحِ وَالنَّبِیِّ الصَّالِحِ!

ترجمہ: پھر میرے پاس ایک چوپایہ لایا گیا، جو خچر سے چھوٹا اور گدھے سے بڑا سفید جانور تھا، پس جارودؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے ابوحمزہ! وہ براق ہے؟ حضرت انسؓ نے کہا: ہاں، رکھتا تھا وہ اپنا پیر اپنی نگاہ کے آخری حد تک (بُراق برق سے ہے، جس کے معنی ہیں: بجلی اور اس سواری کو براق اس کی برق رفتاری کی وجہ سے کہا گیا ہے، یہ سواری جنت سے لائی گئی تھی اور یہ جو مشہور ہے کہ اس کا چہرہ عورت جیسا اور جسم گھوڑے جیسا تھا وہ محض بے اصل بات ہے) پس میں اس پر سوار کیا گیا، پس مجھے جبرئیل علیہ السلام لے کر چلے، یہاں تک کہ سماء دنیا پر پہنچے (یہاں روایت میں اختصار ہے، آپؐ اس پر سوار ہو کر بیت المقدس پہنچے تھے اور اس کو اس کنڈے سے باندھ دیا تھا جس سے انبیاء اپنی سواریاں باندھا کرتے تھے، پھر

آپؐ مسجد میں تشریف لے گئے، اس وقت مسجدِ اقصیٰ منہدم کردی گئی تھی، مگر پوری ختم نہیں ہوئی تھی، محراب باقی تھی، صخرہ اپنی جگہ پر تھا، اور باقی مسجد کو (کوڑا) بنادیا گیا تھا، آپؐ نے وہاں محراب میں تحیۃ المسجد کی دو رکعتیں پڑھیں، پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام آپؐ کو لے کر آسمان کی طرف چڑھے) پس دروازہ کھلوایا، اندر سے پوچھا گیا: کون ہے؟ جبرئیل علیہ السلام نے جواب دیا: میں جبرئیلؑ ہوں، پوچھا گیا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ جواب دیا: محمد ﷺ ہیں، دریافت کیا گیا: کیا ان کو بلایا گیا ہے؟ جبرئیل علیہ السلام نے جواب دیا: ہاں ان کو بلایا گیا ہے، کہا گیا: محمد ﷺ کو خوش آمدید! پس آنے والا بہترین آنے والا ہے! پھر دروازہ کھول دیا گیا، پس جب میں پہنچا تو اچانک پہلے آسمان میں آدم علیہ السلام تھے، جبرئیلؑ نے کہا: یہ آپؐ کے ابا آدم علیہ السلام ہیں، آپؐ ان کو سلام کریں، میں نے ان کو سلام کیا، انھوں نے جواب دیا، پھر انھوں نے کہا: نیک بیٹے اور نیک نبی کو خوش آمدید! پھر جبرئیل علیہ السلام چڑھے، یہاں تک کہ دوسرے آسمان پر پہنچے اور دروازہ کھلوایا، پوچھا گیا: کون ہے؟ جواب دیا: جبرئیلؑ، پوچھا گیا آپ کے ساتھ کون ہے؟ جواب دیا: محمد ﷺ، پوچھا گیا: کیا اور ان کو بلایا گیا ہے؟ جبرئیل علیہ السلام نے کہا: ہاں، کہا گیا: ان کو خوش آمدید! پس بہترین آنے والا آیا ہے! پھر دروازہ کھول دیا، پس جب میں پہنچا تو اچانک یحییٰ اور عیسیٰ علیہما السلام تھے اور وہ دونوں خالہ زاد بھائی ہیں، جبرئیل علیہ السلام نے کہا: یہ یحییٰ اور عیسیٰ علیہما السلام ہیں، آپؐ ان دونوں کو سلام کریں، میں نے سلام کیا، انھوں نے جواب دیا، پھر دونوں نے کہا: نیک بھائی اور نیک نبی خوش آمدید! پھر جبرئیل علیہ السلام مجھے لے کر تیسرے آسمان پر چڑھے اور دروازہ کھلوایا، وہاں بھی اسی طرح سے سوال وجواب ہوئے، پس جب میں پہنچا تو اچانک یوسف علیہ السلام تھے، آپؐ نے ان کو سلام کیا، انھوں نے خوش آمدید کہا، پھر جبرئیل علیہ السلام آپؐ کو لے کر چوتھے آسمان پر چڑھے، اور دروازہ کھلوایا، وہاں بھی یہی سوال وجواب ہوئے، پس جب میں ادریس علیہ السلام کے پاس پہنچا تو جبرئیل علیہ السلام نے کہا: یہ ادریس علیہ السلام ہیں ان کو سلام کریں، میں نے سلام کیا، انھوں نے جواب دیا اور خوش آمدید کہا، پھر جبرئیل علیہ السلام مجھے لے کر پانچویں آسمان پر چڑھے، وہاں بھی یہی سوال وجواب ہوئے، پس جب میں پہنچا تو اچانک ہارون علیہ السلام تھے، جبرئیل علیہ السلام نے کہا: یہ ہارون علیہ السلام ہیں، ان کو سلام کریں، میں نے سلام کیا، انھوں نے جواب دیا اور خوش آمدید کہا، پھر جبرئیل علیہ السلام مجھے لے کر چھٹے آسمان پر چڑھے، وہاں بھی یہی سوال وجواب ہوئے، پس جب میں پہنچا تو اچانک موسیٰ علیہ السلام تھے، جبرئیل علیہ السلام نے کہا: یہ موسیٰ علیہ السلام ہیں، آپؐ ان کو سلام کریں، میں نے سلام کیا، انھوں نے جواب دیا اور خوش آمدید کہا، پھر جب میں آگے بڑھا تو موسیٰ علیہ السلام روئے، ان سے پوچھا گیا: آپ کیوں روئے؟ انھوں نے کہا: میں اس وجہ سے رویا کہ ایک لڑکا میرے بعد مبعوث کیا گیا، اس کی امت میں سے جنت میں داخل ہونگے زیادہ ان لوگوں سے جو میری امت میں سے جنت میں داخل ہونگے، یعنی اپنی امت کی حرماں نصیبی پر روئے! پھر جبرئیل علیہ السلام مجھے لے کر ساتویں آسمان پر چڑھے، وہاں بھی یہی سوال وجواب ہوئے، پس جب میں پہنچا تو اچانک ابراھیم علیہ السلام تھے، جبرئیل علیہ السلام نے کہا: یہ آپؐ کے ابا

ہیں، ان کو سلام کریں، میں نے سلام کیا، انھوں نے جواب دیا اور خوش آمدید کہا۔

ثُمَّ رُفِعْتُ إِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى، فَإِذَا نَبِقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ، وَإِذَا وَرَقُهَا مِثْلُ آذَانِ الْفِيَلَةِ، قَالَ: هٰذِهٖ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى، وَإِذَا أَرْبَعَةُ أَنْهَارٍ: نَهْرَانِ بَاطِنَانِ وَنَهْرَانِ ظَاهِرَانِ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَانِ يَا جِبْرِيْلُ؟ قَالَ: أَمَّا الْبَاطِنَانَ فَنَهْرَانِ فِي الْجَنَّةِ، وَأَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيْلُ وَالْفُرَاتُ، ثُمَّ رُفِعَ لِيَ الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ، ثُمَّ أُتِيْتُ بِإِنَاءٍ مِنْ خَمْرٍ، وَإِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ، وَإِنَاءٍ مِنْ عَسَلٍ، فَأَخَذْتُ اللَّبَنَ فَقَالَ: هِيَ الْفِطْرَةُ الَّتِيْ أَنْتَ عَلَيْهَا وَأُمَّتُكَ.

ترجمہ: پھر میں اٹھایا گیا سدرۃ المنتہیٰ تک یعنی اس تک پہنچایا گیا، پس اچانک اس کے بیر ہجر مقام کے مٹکوں جیسے تھے اور اچانک اس کے پتے ہاتھی کے کان کے برابر تھے، جبرئیل علیہ السلام نے کہا: یہ باڈر کی بیری ہے اور اچانک چار نہریں تھیں، دو باطنی اور دو ظاہری، پس میں نے پوچھا: اے جبرئیلؑ! یہ نہریں کیا ہیں؟ جبرئیل علیہ السلام نے کہا: باطنی نہریں جنت میں جارہی ہیں، اور ظاہری نہریں نیل اور فرات ہیں، پھر میرے لئے بیت معمور اٹھایا گیا یعنی منکشف کیا گیا، اور میرے پاس شراب کے برتن، دودھ کے برتن اور شہد کے برتن لائے گئے، میں نے دودھ لے لیا، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا: یہ فطرت (دین اسلام) ہے، آپؐ اور آپؐ کی امت اس پر رہیں گی۔

ثُمَّ فُرِضَتْ عَلَيَّ الصَّلَوَاتُ خَمْسِيْنَ صَلاَةً كُلَّ يَوْمٍ، فَرَجَعْتُ فَمَرَرْتُ عَلٰى مُوْسَى، فَقَالَ: بِمَا أُمِرْتَ؟ قَالَ: أُمِرْتُ بِخَمْسِيْنَ صَلاَةً كُلَّ يَوْمٍ، قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ لاَ تَسْتَطِيْعُ خَمْسِيْنَ صَلاَةً كُلَّ يَوْمٍ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ قَدْ جَرَّبْتُ النَّاسَ قَبْلَكَ، وَعَالَجْتُ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ أَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ، فَارْجِعْ إِلٰى رَبِّكَ فَسَلْهُ التَّخْفِيْفَ لِأُمَّتِكَ، فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ عَنِّيْ عَشْرًا، فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسَى فَقَالَ مِثْلَهُ، فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ عَنِّيْ عَشْرًا، فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسَى، فَقَالَ مِثْلَهُ، فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ عَنِّيْ عَشْرًا، فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسَى فَقَالَ مِثْلَهُ فَرَجَعْتُ فَأُمِرْتُ بِعَشْرِ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ، فَرَجَعْتُ فَقَالَ مِثْلَهُ، فَرَجَعْتُ فَأُمِرْتُ بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ، فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسَى فَقَالَ: بِمَا أُمِرْتَ؟ قُلْتُ: أُمِرْتُ بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ، قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ لاَ تَسْتَطِيْعُ خَمْسَ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ، وَإِنِّيْ قَدْ جَرَّبْتُ النَّاسَ قَبْلَكَ، وَعَالَجْتُ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ أَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ، فَارْجِعْ إِلٰى رَبِّكَ فَسَلْهُ التَّخْفِيْفَ لِأُمَّتِكَ، قَالَ: سَأَلْتُ رَبِّيْ حَتَّى اسْتَحْيَيْتُ، وَلٰكِنْ أَرْضٰى وَأُسَلِّمُ، قَالَ: فَلَمَّا جَاوَزْتُ نَادَانِيْ مُنَادٍ: أَمْضَيْتُ فَرِيْضَتِيْ وَخَفَّفْتُ عَنْ عِبَادِيْ" [راجع: ۳۲۰۷]

ترجمہ: پھر مجھ پر روزانہ پچاس نمازیں فرض کی گئیں، پس میں لوٹا اور موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرا، انھوں نے پوچھا: کس چیز کا حکم دیئے گئے آپؐ؟ آپؐ نے فرمایا: روزانہ پچاس نمازوں کا حکم دیا گیا ہوں، موسیٰ علیہ السلام نے کہا: آپؐ

کی امت روزانہ پچاس نمازیں نہیں پڑھ سکے گی، اور میں نے بخدا! آپ سے پہلے لوگوں کا تجربہ کیا ہے اور میرا بنی اسرائیل سے بہت سخت معاملہ رہا ہے، آپ اپنے رب کے پاس واپس جائیں اور اپنی امت کے لئے تخفیف کی درخواست کریں، پس میں لوٹا تو اللہ نے مجھ سے دس نمازیں معاف کردیں، پھر میں موسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹا تو انھوں نے وہی بات کہی، پھر میں اللہ کی طرف لوٹا تو اللہ تعالیٰ نے اور دس نمازیں معاف کردیں، پھر میں موسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹا تو انھوں نے وہی بات کہی، پس میں اللہ کی طرف لوٹا تو اللہ نے مجھ سے اور دس نمازیں معاف کردیں، پھر میں لوٹا موسیٰ علیہ السلام کی طرف تو انھوں نے وہی بات کہی، پس میں اللہ کی طرف لوٹا تو میں روزانہ دس نمازوں کا حکم دیا گیا، پھر میں لوٹا تو موسیٰ علیہ السلام نے وہی بات کہی، پس میں لوٹا تو مجھے روزانہ پانچ نمازوں کا حکم دیا گیا، پھر میں موسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹا، انھوں نے پوچھا: کس چیز کا حکم دیئے گئے؟ آپ نے فرمایا: روزانہ پانچ نمازوں کا حکم دیا گیا ہوں، موسیٰ علیہ السلام نے کہا: آپ کی امت روزانہ پانچ نمازیں نہیں پڑھ سکے گی، میں نے آپ سے پہلے لوگوں کا تجربہ کیا ہے اور میرا بنی اسرائیل سے بہت سخت معاملہ رہا ہے، آپ اپنے پروردگار کے پاس جائیں اور اپنی امت کے لئے تخفیف کی درخواست کریں، نبی ﷺ نے جواب دیا: میں نے اپنے رب سے درخواست کی یہاں تک کہ مجھے شرم آنے لگی، بلکہ میں راضی ہوں اور مان لیتا ہوں، نبی ﷺ نے فرمایا: پس جب میں آگے بڑھا تو ایک پکارنے والے نے پکارا! نافذ کیا میں نے اپنا فریضہ اور ہلکا کردیا میں نے میرے بندوں سے یعنی نمازوں کی تعداد گھٹادی مگر میں ان کو ثواب پچاس نمازوں کا دوں گا۔

[۳۸۸۸-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾ قَالَ: هِيَ رُؤْيَا عَيْنٍ أُرِيَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ إِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: ﴿وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْآنِ﴾ هِيَ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ. [انظر: ۴۷۱۶، ۶۶۱۳]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سورۂ بنی اسرائیل کی آیت ۶۰ کی تفسیر میں فرمایا —— وہ آیت یہ ہے: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾: اور ہم نے آپ کو (شب معراج میں) جو مشاہدہ کرایا تھا وہ لوگوں کی آزمائش کے لئے تھا —— ابن عباسؓ نے فرمایا: وہ رؤیا آنکھ کا دیکھنا تھا، دکھلائے گئے وہ نبی ﷺ جس رات آپ کو پہنچایا گیا بیت المقدس تک —— پھر اس آیت میں ہے: ﴿وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْآنِ﴾: اور وہ درخت جس کی قرآن میں مذمت کی گئی ہے، ابن عباسؓ نے فرمایا: وہ زقوم کا درخت ہے۔

تشریح: اسراء اور معراج بیداری میں پیش آئے یا خواب میں؟ حضرت عائشہ صدیقہ، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کی طرف یہ بات منسوب کی گئی ہے کہ نبی ﷺ نے یہ واقعات بحالتِ خواب دیکھے تھے، ان کا

استدلال سورہ بنی اسرائیل کی اسی آیت سے تھا جس میں اسراء کے واقعہ کو رُؤْیَا (خواب) کہا گیا ہے، یہ رَأَی یَرَی کا مصدر ہے جس کے معنی بصارت یا بصیرت سے دیکھنے کے ہیں، نیز فُعْلٰی کے وزن پر اسم بھی آتا ہے، اس وقت 'خواب' کے معنی ہوتے ہیں، ترجمان القرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس آیت میں آنکھ سے دیکھنے کے معنی ہیں، چونکہ معراج میں جونشانیاں دکھلائی گئی تھیں وہ امور غیب سے تھیں اور رؤیت شہادت سے مختلف تھیں، اس لئے ان کو عالم خواب کے مشابہ قرار دے کر 'رؤیا' سے تعبیر کیا گیا ہے۔ قاله ابن حجر فی الفتح (۱۲: ۳۰۹، امیریہ)

بَابُ وُفُوْدِ الأَنْصَارِ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ، وَبَيْعَةِ الْعَقَبَةِ

مکہ مکرمہ میں نبی ﷺ کی خدمت میں انصار کے وفود کی آمد اور بیعت عقبہ

مدینہ منورہ کی زیادہ آبادی اوس وخزرج کی تھی، جو مشرک تھے، اور مدینہ میں یہود بھی تھے، جو اہل کتاب تھے، یہود کا اوس وخزرج کے ساتھ جھگڑا رہتا تھا، یہود ان سے کہا کرتے تھے: عنقریب نبی آخر الزماں مبعوث ہونے والے ہیں، ہم ان کا اتباع کریں گے اور ان کے ساتھ مل کر تم کو عاد وثمود کی طرح ہلاک کریں گے۔

پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ موسم حج میں خزرج کے کچھ لوگ مکہ آئے، یہ نبوت کا گیارہواں سال تھا، اتفاق سے ان کی ملاقات نبی ﷺ سے ہوگئی، اور آپؐ نے ان کو اسلام کی دعوت دی، وہ آپؐ پر ایمان لے آئے، یہ چھ آدمی تھے، یہ حضرات آپؐ سے رخصت ہوکر مدینہ منورہ پہنچے اور وہاں دعوت کا کام کیا، ایک سال میں صورت حال یہ ہوگئی کہ کوئی گھر اور کوئی مجلس نبی ﷺ اور اسلام کے ذکر سے خالی نہیں رہی، چنانچہ دوسرے سال جو نبوت کا بارہواں سال تھا بارہ حضرات آپؐ سے ملنے کے لئے مکہ آئے، پانچ تو انہی چھ میں سے تھے اور سات ان کے علاوہ تھے، ان حضرات نے منیٰ میں جمرہ عقبہ کے پاس گھاٹی میں آپؐ سے ملاقات کی اور آپؐ کے ہاتھ پر بیعت کی، یہ بیعت عقبہ اولیٰ کہلاتی ہے، جب یہ لوگ واپس ہونے لگے تو حضرت عبداللہ بن ام مکتوم اور حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہما کو تعلیم قرآن اور احکامِ اسلام سکھلانے کے لئے ان کے ساتھ کردیا۔

پھر اگلے سال جو نبوت کا تیرھواں سال تھا، حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ مسلمانوں کی ایک جماعت کو لے کر مکہ مکرمہ آئے، اس وفد میں پچھتر حضرات تھے، تہتر مرد اور دو عورتیں تھیں، انھوں نے اسی گھاٹی میں نبی ﷺ سے ملاقات کی اور بیعت کی، اس بیعت کا نام بیعت عقبہ ثانیہ ہے، بیعت کے بعد ان حضرات نے نبی ﷺ کو مدینہ منورہ تشریف آوری کی دعوت دی، اس طرح ہجرت کا سلسلہ شروع ہوا، اور بالآخر نبی ﷺ نے ہجرت کی، اس موقع پر نبی ﷺ نے بارہ نقیب (نگران) بھی منتخب فرمائے تھے جو اپنے قبیلوں میں دعوت کے کام کے ذمہ دار تھے۔

حدیث (۱): حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ آخر حیات میں نابینا ہو گئے تھے، ان کے صاحبزادے عبداللہ ان کے

راہ نما تھے، وہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت کعبؓ نے غزوۂ تبوک کا واقعہ بیان کیا جس میں وہ نبی ﷺ سے پیچھے رہ گئے تھے، اس لمبے واقعہ میں حضرت کعبؓ نے فرمایا: میں نبی ﷺ کے ساتھ گھاٹی والی رات میں تھا، جب ہم نے اسلام کے بارے میں عہد و پیمان کیا، اور مجھے وہ رات جنگِ بدر کی حاضری سے زیادہ پسند ہے، اگرچہ جنگِ بدر کی لوگوں میں شہرت زیادہ ہے (کیونکہ وہ بیعت ابتدائے اسلام میں تھی اور اس کے ذریعہ اسلام پھیلا تھا، اور اس کی بنیادیں مضبوط ہوئی تھیں)

حدیث (۲): جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے میرے دو ماموں عقبہ ثانیہ میں لے گئے، ایک ماموں براء بن عازب رضی اللہ عنہ تھے۔

حدیث (۳): حضرت جابر انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں میرے ابا اور میرے دو ماموں عقبہ ثانیہ میں بیعت کرنے والوں میں سے ہیں۔

حدیث (۴): پہلے (تحفۃ القاری ۱:۲۱۹) آئی ہے، حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ جو جنگِ بدر میں شریک ہوئے ہیں، وہ بیعت عقبہ ثانیہ میں شریک تھے اور بارہ نقباء میں سے تھے، اس موقع پر جو بیعت کی گئی تھی اس کی تمام تفصیلات پہلے آچکی ہیں۔

حدیث (۵): بھی حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، اس کی تفصیلات بھی پہلے آئی ہیں، اس کا آخری جملہ ہے: فَإِن غَشِيْنَا مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا كَانَ قَضَاءُ ذٰلِكَ إِلَى اللّٰهِ: پس اگر ہم ارتکاب کریں ان گناہوں میں سے کسی گناہ کا تو اس کا فیصلہ اللہ کی طرف ہے، اللہ چاہیں تو معاف فرمادیں اور چاہیں تو سزادیں۔

[٤٣-] بَابُ وُفُوْدِ الأَنْصَارِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ، وَبَيْعَةِ الْعَقَبَةِ

[٣٨٨٩-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ح: وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثنا عَنْبَسَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ - وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ حِيْنَ عَمِيَ - قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ بِطُوْلِهِ، قَالَ ابْنُ بُكَيْرٍ فِي حَدِيْثِهِ: وَلَقَدْ شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ العَقَبَةِ حِيْنَ تَوَاثَقْنَا عَلَى الإِسْلَامِ، وَمَا أُحِبُّ أَنَّ لِيْ بِهَا مَشْهَدَ بَدْرٍ، وَإِنْ كَانَتْ بَدْرٌ أَذْكَرَ فِي النَّاسِ مِنْهَا. [راجع: ٢٧٥٧]

[٣٨٩٠-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: كَانَ عَمْرٌو يَقُوْلُ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: شَهِدَ بِيْ خَالَايَ الْعَقَبَةَ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: أَحَدُهُمَا الْبَرَاءُ بْنُ مَعْرُوْرٍ.

[انظر: ٣٨٩١]

[۳۸۹۱-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ: أَنَا وَأَبِىْ وَخَالاَىَ مِنْ أَصْحَابِ الْعَقَبَةِ. [راجع: ۳۸۹۰]

[۳۸۹۲-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِى ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ أَبُوْ إِدْرِيْسَ عَائِذُ اللّٰهِ: أَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ مِنَ الَّذِيْنَ شَهِدُوْا بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمِنْ أَصْحَابِهِ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ، أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ وَحَوْلَهُ عِصَابَةٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: "تَعَالَوْا بَايِعُوْنِىْ عَلٰى أَنْ لاَ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلاَ تَسْرِقُوْا، وَلاَ تَزْنُوْا، وَلاَ تَقْتُلُوْا أَوْلاَدَكُمْ، وَلاَ تَأْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهُ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ وَأَرْجُلِكُمْ، وَلاَ تَعْصُوْنِىْ فِىْ مَعْرُوْفٍ، فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ بِهِ فِى الدُّنْيَا فَهُوَ لَهُ كَفَّارَةٌ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ فَأَمْرُهُ إِلَى اللّٰهِ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ عَاقَبَهُ، وَإِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ" قَالَ: فَبَايَعْتُهُ عَلٰى ذٰلِكَ. [راجع: ۱۸]

[۳۸۹۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِىْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِى الْخَيْرِ، عَنِ الصُّنَابِحِىِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، أَنَّهُ قَالَ: إِنِّىْ مِنَ النُّقَبَاءِ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ: بَايَعْنَاهُ عَلٰى أَنْ لاَ نُشْرِكَ بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلاَ نَزْنِىَ وَلاَ نَسْرِقَ، وَلاَ نَقْتُلَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَلاَ نَنْتَهِبَ، وَلاَ نَعْصِىَ: بِالْجَنَّةِ إِنْ فَعَلْنَا ذٰلِكَ، فَإِنْ غَشِيْنَا مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا كَانَ قَضَاءُ ذٰلِكَ إِلَى اللّٰهِ.

[راجع: ۱۸]

قوله: ولا نَعْصِىَ: ہم نبی ﷺ کی نافرمانی نہ کریں، اور ایک نسخہ میں ولاَنَقْضِىَ ہے، یعنی ہم جنت کا فیصلہ نہ کریں، اگر ہم شرائط بیعت پوری کریں، اور حاشیہ میں ہے کہ ولا نعصی اصح ہے اور بالجنة: بایعناہ سے متعلق ہے۔

بَابُ تَزْوِيْجُ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم عَائِشَةَ، وَقُدُوْمُهُ الْمَدِيْنَةَ، وَبِنَاءُهُ بِهَا

نبی ﷺ کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کرنا اور آپؐ کی مدینہ میں تشریف آوری اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی

تَزْوِيج (تفعیل) بمعنی تَزَوُّج (تفعُّل) ہے، سن ۱۰ نبوی میں جب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اللہ تعالیٰ کو پیاری ہوگئیں، تو آپؐ کے گھر کا انتظام کرنے والا کوئی نہ رہا، آپؐ پر ایک طرف نبوت کی ذمہ داریاں تھیں، دوسری طرف گھر کے انتظام اور بچیوں کی پرورش کا مسئلہ تھا، اس لئے خاندان کی عورتوں نے مشورہ دیا کہ آپؐ نکاح کرلیں، تاکہ بیوی آپؐ کے گھر کا انتظام

کرے اور بچیوں کو سنبھالے، چنانچہ آپؐ نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا، حضرت سودہ رضی اللہ عنہا ابتدائے نبوت میں مشرف باسلام ہوچکی تھیں، اور بیوہ تھیں، انھوں نے آپؐ کے گھر آ کر بچیوں کو سنبھالا، اسی زمانہ میں نبی ﷺ نے ایک خواب دیکھا اور دو مرتبہ دیکھا، ایک فرشتہ ریشمی کپڑا لایا، اور عرض کیا: یارسول اللہ! اس کو کھولئے، آپؐ نے اس کو کھولا، اس میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نظر آئیں، حضرت عائشہؓ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی تھیں، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر آپؐ کا بکثرت آنا جانا تھا، اس وقت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا چھ سال کی تھیں، اور آپؐ نے ان کو دیکھا تھا، اس لئے آپ نے فوراً پہچان لیا کہ یہ عائشہ ہیں، فرشتہ نے کہا: یارسول اللہ! یہ آپؐ کی بیوی ہیں، آپؐ سوچنے لگے کہ شادی تو کرنی ہے، مگر عائشہؓ ابھی بچی ہیں، سات آٹھ سال کے بعد بالغ ہونگی اور رخصتی کے لائق ہونگی، اور بیوی کی ضرورت ابھی ہے، بخاری کی روایت میں ہے کہ آپؐ نے دل میں کہا: اگر یہ بات اللہ کی طرف سے ہے تو اس کا کوئی سبب بنے گا۔

دوسری طرف یہ ہوا کہ جب حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے آپؐ کا نکاح ہوگیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دل میں خیال آیا کہ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا بوڑھی عورت ہیں، چند دن کی مہمان ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس وقت بچی تھیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سوچا: حضرت سودہؓ کا چند سالوں میں انتقال ہوجائے گا، وہاں تک عائشہؓ بڑی ہوجائیں گی، اور حضرت سودہؓ کے بعد گھر سنبھال لیں گی، اس لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پیش کش کی اور آپؐ چونکہ دو مرتبہ خواب دیکھ چکے تھے اس لئے آپؐ نے منظور کرلیا اور حضرت عائشہؓ سے آپؐ کا نکاح ہوگیا، مگر وہ شوہر کے گھر بھیجنے کے قابل نہیں تھیں، اس لئے صرف نکاح ہوا، رخصتی عمل میں نہیں آئی، ہجرت کے بعد دوسرے سال حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس قابل ہوگئیں کہ وہ شوہر کے گھر بھیجی جاسکیں، اس لئے ہجرت کے دوسرے سال ان کی رخصتی عمل میں آئی، اب آپؐ کے گھر میں دو بیویاں اکٹھا ہوئیں، آپؐ کی عمر مبارک اس وقت پچپن سال تھی، دیگر نکاح آپؐ نے آخر حیات میں ملّی، ملکی اور شخصی مصلحتوں سے کئے ہیں، جس کی تفصیل علمی خطبات میں ہے۔

[٤٤-] بَابُ تَزْوِيْجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَائِشَةَ، وَقُدُوْمُهُ الْمَدِيْنَةَ، وَبِنَاءُهُ بِهَا

[٣٨٩٤-] حَدَّثَنِيْ فَرْوَةُ بْنُ أَبِي الْمَغْرَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تَزَوَّجَنِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا بِنْتُ سِتِّ سِنِيْنَ، فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَنَزَلْنَا فِيْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ خَزْرَجٍ، فَوُعِكْتُ فَتَمَزَّقَ شَعْرِيْ، فَوَفَى جُمَيْمَةً، فَأَتَتْنِيْ أُمِّيْ أُمُّ رُوْمَانَ وَإِنِّيْ لَفِيْ أُرْجُوْحَةٍ وَمَعِيْ صَوَاحِبُ لِيْ، فَصَرَخَتْ بِيْ فَأَتَيْتُهَا مَا أَدْرِيْ مَا تُرِيْدُ بِيْ، فَأَخَذَتْ بِيَدِيْ حَتَّى أَوْقَفَتْنِيْ عَلَى بَابِ الدَّارِ، وَإِنِّيْ لَأُنْهِجُ حَتَّى سَكَنَ بَعْضُ نَفَسِيْ، ثُمَّ أَخَذَتْ شَيْئًا مِنْ مَاءٍ فَمَسَحَتْ بِهِ وَجْهِيْ وَرَأْسِيْ، ثُمَّ أَدْخَلَتْنِي الدَّارَ، فَإِذَا نِسْوَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فِي الْبَيْتِ، فَقُلْنَ: عَلَى الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ وَعَلَى خَيْرِ

طَائِرٍ! فَأَسْلَمَتْنِیْ إِلَیْهِنَّ فَأَصْلَحْنَ مِنْ شَأْنِیْ فَلَمْ یَرُعْنِیْ إِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم ضُحًی فَأَسْلَمَتْنِیْ إِلَیْهِ وَأَنَا یَوْمَئِذٍ بِنْتُ تِسْعِ سِنِیْنَ.[انظر: ۳۸۹۶، ۵۱۳۳، ۵۱۳٤، ۵۱۵٦، ۵۱۵۸، ۵۱٦۰]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ نے مجھ سے نکاح کیا درانحالیکہ میری عمر چھ سال تھی (سات سال کا بھی قول ہے اور یہ نکاح ہجرت سے دو سال یا تین سال پہلے ہوا تھا) پس ہم مدینہ آئے اور بنوالحارث بن خزرج کے محلّہ میں اترے، پس مجھے بخار آ گیا اور میرے سر کے بال جھڑ گئے (پھر میں تندرست ہوگئی) اور میری زلفیں خوب گھنی ہوگئیں تو میرے پاس میری والدہ ام رومان رضی اللہ عنہا آئیں، میں اس وقت جھولا جھول رہی تھی اور میرے ساتھ میری سہیلیاں تھی، امی نے مجھے آواز دے کر بلایا، میں ان کے پاس پہنچی، میں نہیں جانتی تھی کہ وہ میرے ساتھ کیا چاہتی ہیں، پس انھوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے ایک گھر کے دروازہ پر کھڑا کیا، اس وقت میرا سانس پھول رہا تھا، یہاں تک کہ جب میرا کچھ سانس تھما تو انھوں نے تھوڑا سا پانی لیا اور میرے چہرے اور میرے سر پر بھیگا ہوا ہاتھ پھیرا، پھر مجھے گھر میں داخل کیا، وہاں انصاری خواتین جمع تھیں، انھوں نے مبارک باد دی اور کہا: عَلَی الْخَیْرِ وَالْبَرَکَةِ وَعَلٰی خَیْرِ طَائِرٍ: بہتر اور مبارک ہو، تمہاری قسمت کھل گئی! پس امی نے مجھے ان کے سپرد کیا، انھوں نے میرا حال درست کیا، پس نہیں گھبراہٹ میں ڈالا مجھے مگر نبی ﷺ نے چاشت کے وقت، پس ان خواتین نے مجھے آپؐ کے سپرد کر دیا اور میں اس وقت نو سال کی تھی۔

[۳۸۹۵-] حدثنا مُعَلًّی، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَیْبٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ لَهَا: "أُرِیْتُكِ فِی الْمَنَامِ مَرَّتَیْنِ، أَرَی أَنَّكِ فِیْ سَرَقَةٍ مِنْ حَرِیْرٍ، وَیَقُوْلُ: هٰذِهِ امْرَأَتُكَ، فَأَكْشِفُ عَنْهَا، فَإِذَا هِیَ أَنْتِ، فَأَقُوْلُ: إِنْ یَكُ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ یُمْضِهِ"

[انظر: ۵۰۷۸، ۵۱۲۵، ۷۰۱۱، ۷۰۱۲]

[۳۸۹٦-] حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: تُوُفِّیَتْ خَدِیْجَةُ قَبْلَ مَخْرَجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم إِلَی الْمَدِیْنَةِ بِثَلَاثِ سِنِیْنَ، فَلَبِثَ سَنَتَیْنِ أَوْ قَرِیْبًا مِنْ ذٰلِكَ، وَنَكَحَ عَائِشَةَ وَهِیَ بِنْتُ سِتِّ سِنِیْنَ، ثُمَّ بَنَی بِهَا وَهِیَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِیْنَ.[راجع: ۳۸۹٤]

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے ان سے کہا: میں تمہیں دکھلایا گیا خواب میں دو مرتبہ، میں نے دیکھا کہ تم ریشم کے ایک کپڑے میں ہو، اور فرشتہ کہہ رہا ہے: یہ آپؐ کی بیوی ہیں، میں نے وہ کپڑا کھولا، تو اچانک وہ تم تھیں، پس میں نے دل میں کہا: اگر یہ بات اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو نافذ کریں گے۔

حدیث (۲): عروہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا، نبی ﷺ کے مدینہ کی طرف نکلنے سے تین سال پہلے، پس آپؐ دو سال یا اس سے قریب ٹھہرے رہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا درانحالیکہ وہ

چھ سال کی تھیں، پھران کے ساتھ رخصتی عمل میں آئی درانحالیکہ وہ نو سال کی تھیں۔

تشریح: اسلام میں نابالغ لڑکے کا نکاح بالغ عورت سے یا نابالغ لڑکی کا نکاح بالغ مرد سے یا نابالغ کا نابالغ سے یا بالغ کا بالغ سے درست ہے، البتہ رخصتی اس وقت عمل میں آئے گی جب شوہر یا بیوی زفاف کے قابل ہوجائیں، نکاح عائشہؓ پر کچھ لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ چھ سال کی لڑکی سے نکاح کا کیا مطلب؟ وہ لوگ نکاح (عقد) اور زفاف (رخصتی) میں فرق نہیں جانتے، نکاح ہر عمر میں ہوسکتا ہے البتہ زفاف صلاحیت کے بعد ہوگا، یہ فرق اگر ملحوظ رکھا جائے تو کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

بَابُ هِجْرَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابِهِ إِلٰى الْمَدِيْنَةِ

نبی ﷺ اور صحابہ کا مدینہ کی طرف ہجرت کرنا

مکہ مکرمہ میں دعوت کے لئے ماحول کچھ زیادہ سازگار نہیں رہا تھا، بہت سے مسلمان نبی ﷺ کے حکم سے ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے تھے، خود نبی ﷺ حج کے موقع پر مختلف قبائل کے سامنے خود کو پیش کرتے تھے کہ وہ آپؐ کو ٹھکانہ دیں، تاکہ آپؐ ان کی پناہ میں دعوت کا کام جاری رکھ سکیں، مگر کسی طرف سے خاطر خواہ جواب نہیں ملا، یہاں تک کہ مدینہ کے حضرات نے بیعتِ عقبہ اولیٰ اور ثانیہ کی، تو امید کی ایک کرن نظر آئی، پھر نبی ﷺ کو خواب میں ہجرت کی جگہ دکھلائی گئی، جگہ کا نام نہیں بتلایا گیا، صرف اتنا دکھلایا گیا کہ آپؐ ایک نخلستان (کھجوروں والی سرزمین) کی طرف ہجرت فرما رہے ہیں، آپؐ کا خیال یمامہ کی طرف اور بحرین کے ہجر مقام کی طرف گیا، پھر وحی کے ذریعہ مدینہ منورہ کی تعیین کی گئی تو آپؐ نے صحابہ کو مدینہ کی طرف ہجرت کرنے کا حکم دیا، چنانچہ صحابہ نے اَرسالا و اجتماعاً ہجرت شروع کردی اور مکہ میں صرف پھنسے ہوئے صحابہ باقی رہ گئے، اور رسول اللہ ﷺ کے پاس مکہ میں سوائے ابوبکر صدیق اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے کوئی باقی نہ رہا۔

قریش نے جب دیکھا کہ صحابہ رفتہ رفتہ ہجرت کر کے مدینہ جا رہے ہیں اور رسول اللہ ﷺ بھی آج کل میں جانے والے ہیں، تو سرداران قریش مشورہ کے لئے دار الندوہ میں جمع ہوئے، مختلف تجاویز کے بعد ابوجہل نے یہ رائے پیش کی کہ ہر قبیلہ میں سے ایک نوجوان منتخب کیا جائے، وہ سب مل کر یکبارگی حملہ کریں اور محمد (ﷺ) کو قتل کر ڈالیں، پس ان کا خون تمام قبائل میں تقسیم ہوجائے گا، اور عبد مناف کے خاندان تمام قبائل سے لڑ نہیں سکیں گے، مجبوراً خون بہا اور دیت پر معاملہ ختم ہوجائے گا اور یہ بھی طے پایا کہ یہ کام اسی شب میں انجام دیا جائے، تب حضرت جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئے، اور نبی ﷺ کو ہجرت کی اجازت دی، نبی ﷺ عین دوپہر کے وقت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے گھر گئے اور فرمایا: مجھ کو ہجرت کی اجازت مل گئی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میری رفاقت؟ آپؐ نے فرمایا: تم بھی ساتھ چلوگے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرطِ مسرت میں رو پڑے، چنانچہ جب رات آئی اور مشرکین نے آپؐ کے گھر کا گھیرا ڈال دیا تو آپؐ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی چارپائی پر سلا کر مشرکین کے سروں پر خاک ڈالتے ہوئے گھر سے نکل کر حضرت ابوبکر رضی

اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ساتھ لے کر جبلِ ثور کا راستہ لیا، اور وہاں جا کر ایک غار میں چھپ گئے، تین دن کے بعد غار سے نکل کر مدینہ کی طرف روانہ ہوئے اور بسلامت مدینہ پہنچ گئے۔

سوال: مشرکین نے آپؐ کے گھر کا محاصرہ کیا تھا وہ مکان کے اندر کیوں نہیں گھسے تھے؟

جواب: اہل عرب کسی کے زنانہ مکان میں گھسنے کو معیوب سمجھتے تھے، اس لئے وہ انتظار میں تھے کہ آپؐ جب صبح مکان سے نکلیں گے تو وہ یکبارگی حملہ کریں گے۔

تین معلق حدیثیں: پہلی حدیث پہلے (حدیث ۳۷۷۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے مختصر آئی ہے، اور حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث آگے غزوۂ حنین (حدیث ۴۳۳۰) میں آئے گی، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر ہجرت (کی فضیلت) نہ ہوتی تو میں انصار میں سے ہوتا'' یعنی اللہ کا فیصلہ یہ تھا کہ مجھے ہجرت کی فضیلت سے سرفراز فرمائیں، اس لئے مجھے قریش میں پیدا کیا، اگر یہ بات نہ ہوتی تو میں انصار کا ایک فرد ہوتا۔

دوسری معلق حدیث: حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ سے ہجرت کر رہا ہوں، ایک ایسی سرزمین کی طرف جہاں کھجور کے درخت بہت ہیں، پس میرا خیال اس طرف گیا کہ وہ ہجرت کی جگہ یمامہ ہے یا بحرین کا شہر ہجر ہے، پس اچانک وہ شہر یثرب نکلا، یعنی وحی نے اس کی تعیین کی کہ ہجرت کی جگہ مدینہ منورہ ہے۔

[۴۵-] بَابُ هِجْرَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابِهِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ

[۱-] وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ، وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْلاَ الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الأَنْصَارِ"

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ أَنِّي أُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ إِلَى أَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ، فَذَهَبَ وَهْلِيْ إِلَى أَنَّهَا الْيَمَامَةُ أَوْ هَجَرُ، فَإِذَا هِيَ الْمَدِيْنَةُ يَثْرِبُ"

۱- مہاجرین نے بے سروسامانی کی حالت میں ہجرت کی

حدیث: ابو وائل شقیق بن سلمہؒ کہتے ہیں: ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے گئے، انھوں نے فرمایا: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ ہجرت کی، کوئی دنیوی فائدہ پیش نظر نہیں تھا، پس ہمارا اجر اللہ کے یہاں ثابت ہو گیا، پھر ہم میں سے بعض مرے درانحالیکہ انھوں نے اپنے اجر میں سے کچھ نہیں کھایا، یعنی دنیا میں ہجرت اور نیک عمل کا کچھ صلہ نہیں پایا، فتوحات کا دور نہیں دیکھا ان میں مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ تھے، وہ جنگِ احد میں شہید کئے گئے، انھوں نے ایک اونی چادر چھوڑی تھی، جب ہم اس چادر سے ان کا سر ڈھانکتے تھے تو ان کے پیر کھل جاتے تھے اور جب پیر ڈھانکتے تھے تو سر کھل

جاتا تھا، پس نبی ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم ان کا سر ڈھانکیں اوران کے پیروں پرتھوڑی اذخر گھاس ڈال دیں، اور ہم میں سے بعض وہ ہیں جن کا پھل پک گیا، پس وہ اس کو توڑ رہے ہیں یعنی دنیا میں ان کو ان کے نیک اعمال کی برکت پہنچی، جس سے وہ متمتع ہورہے ہیں۔

تشریح: حضرت مُصعب بن عُمیر رضی اللہ عنہ سابقین اولین میں سے ہیں، ہاشم کی اولاد میں سے ہیں، بڑے بہادر تھے، پہلی مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی، پھر مکہ لوٹ آئے، پھر دوسری مرتبہ مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی، مدینہ میں سب سے پہلے جمعہ آپ ہی نے قائم کیا ہے، آپ مُقری (قاری) مشہور تھے، آپؓ کے دست مبارک پر اُسید بن حُضیر اور سعد بن معاذ رضی اللہ عنہما نے اسلام قبول کیا، جنگِ بدر میں شریک رہے، جنگِ احد میں ایک جھنڈی آپؓ کے ہاتھ میں بھی تھی، جاہلیت میں آپؓ 'مکہ کے جوان' کہلاتے تھے، آپؓ کی جوانی، خوبصورتی اور ٹھاٹھ ضرب المثل تھا، مسلمان ہونے کے بعد حال وہ ہوگیا تھا جو اس حدیث میں ہے، ایک چادر کے سوا آپؓ کے پاس کچھ نہیں تھا، جنگِ احد میں سن ۳ ہجری میں شہید ہوئے، خدا رحمت کند ایں عاشقاں پاک طینت را!

[۳۸۹۷-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، يَقُوْلُ: عُدْنَا خَبَّابًا، فَقَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نُرِيْدُ وَجْهَ اللّٰهِ، فَوَقَعَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ مَضَى لَمْ يَأْخُذْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا، مِنْهُمْ: مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَتَرَكَ نَمِرَةً، فَكُنَّا إِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَأْسَهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ، وَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ بَدَا رَأْسُهُ، فَأَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ نُغَطِّيَ رَأْسَهُ، وَنَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ شَيْئًا مِنْ إِذْخِرٍ، وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا.[راجع: ۱۲۷۶]

۲- ہجرت وہی مقبول ہے جو اللہ کی خوشنودی کے لئے ہو

حدیث پہلے دو جگہ گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اعمال کا نیت کے ساتھ موازنہ کیا ہوا ہے، پس جس کی ہجرت دنیا کمانے کے لئے ہے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لئے ہے: اس کی ہجرت اس چیز کے لئے ہے جس کی اس نے نیت کی ہے، یعنی اس کی ہجرت لاحاصل ہے، اس کا کچھ ثواب نہیں۔ اور جس نے ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف کی تو اس کی ہجرت اللہ اوراس کے رسول کی طرف ہے یعنی اس کی ہجرت مقبول ہے اور وہ بڑے ثواب کا حق دار ہے۔

تشریح: ہجرت پر قرآن وحدیث میں ثواب کے بڑے وعدے آئے ہیں، مگر یہ ثواب اسی کو ملتا ہے جو اللہ کی خوشنودی کے لئے ہجرت کرتا ہے، جو کسی دنیوی مقصد سے وطن چھوڑتا ہے تو جیسی نیت ہوگی ویسا معاملہ ہوگا، مباح کام کی نیت ہوگی تو ہجرت مباح ہوگی، گناہ کی نیت ہوگی تو گناہ ہوگا، ثواب اسی مہاجر کو ملے گا جو جہاد کے لئے دین سیکھنے کے لئے، دین پر آزادی سے عمل کرنے کے لئے یا ایسے ہی دینی مقصد کے لئے وطن چھوڑتا ہے، اس کے لئے ہجرت کا ثواب ہے۔

[۳۸۹۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، هُوَ ابْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلٰى دُنْيَا يُصِيْبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلٰى مَاهَاجَرَ إِلَيْهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلٰى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلٰى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ.[راجع: ۱]

۳-ہجرت کن حالات میں ضروری ہے؟

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے: لاَ هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ: فتح مکہ کے بعد ہجرت کا حکم نہیں، پہلے جبکہ مکہ دارالکفر تھا اور وہاں رہ کر دین پر عمل کرنا دشوار تھا اور اسلام کے پودے کو آبیاری کی ضرورت تھی تو حکم تھا کہ مکہ چھوڑ کر مدینہ آجاؤ، پھر جب مکہ دارالاسلام بن گیا تو اب وہاں سے ہجرت کا حکم ختم ہوگیا۔

اور عطاء بن ابی رباح کہتے ہیں: میں عبید بن عُمیر لیثی کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات کے لئے گیا، ہم نے ان سے ہجرت کا مسئلہ پوچھا: (یہ ملاقات منیٰ میں ثبیر پہاڑ کے پاس ہوئی تھی) صدیقہؓ نے فرمایا: آج ہجرت کا حکم نہیں یعنی مکہ سے، مؤمنین: ان میں سے ایک بھاگا کرتا تھا اپنے دین کے ساتھ اللہ اور اس کے رسول کی طرف، اس اندیشہ سے کہ وہ دین کی وجہ سے آزمائش میں ڈالا جائے گا یعنی مکہ میں، پس رہا آج تو اللہ نے اسلام کو غالب کردیا، پس اب مکہ سے ہجرت کا حکم نہیں رہا، آج مسلمان اپنے رب کی عبادت کرے جہاں چاہے، ہاں جہاد کے لئے وطن سے نکلنے کا حکم ہے، اور جس زمانہ میں جہاد بالفعل نہ ہورہا ہو، جہاد کی نیت رکھنا ضروری ہے۔

تشریح: پہلے یہ بات بتائی ہے کہ جس ملک میں رہ کر دین پر آزادی سے عمل کرنا ممکن نہ ہو، وہاں سے ہجرت فرض ہے، روس نے جب بخارا وغیرہ پر قبضہ کیا اور وہاں دین پر عمل کرنا ممکن نہ رہا تو مسلمان وہاں سے نکل کھڑے ہوئے اور دنیا میں جہاں گئے عزت سے رہے، اور جن لوگوں نے کم ہمتی کی وجہ سے وطن نہیں چھوڑا وہ نام کے بھی مسلمان نہیں رہے، البتہ جس ملک میں آزادی کے ساتھ دین پر عمل کیا جاسکتا ہے، جیسے ہمارا ملک تو وہاں سے ہجرت کا حکم نہیں، کیونکہ ہر ملک ملکِ ما است کہ ملکِ خدائے ما است!

[۳۸۹۹-] حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُوْ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِي لُبَابَةَ، عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ جَبْرٍ الْمَكِّيِّ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ: لاَ هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ.[انظر: ۴۳۰۹، ۴۳۱۰، ۴۳۱۱]

[۳۹۰۰-] وَحَدَّثَنِي الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، قَالَ: زُرْتُ عَائِشَةَ مَعَ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيِّ، فَسَأَلْنَاهَا عَنِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَتْ: لاَهِجْرَةَ الْيَوْمَ، كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ: يَفِرُّ أَحَدُهُمْ بِدِيْنِهِ إِلٰى اللّٰهِ وَإِلٰى

رَسُوْلِهِ مَخَافَةَ أَنْ يُفْتَنَ عَلَيْهِ. فَأَمَّا الْيَوْمَ فَقَدْ أَظْهَرَ اللّٰهُ الإِسْلَامَ، وَالْيَوْمَ يَعْبُدُ رَبَّهُ حَيْثُ شَاءَ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ. [راجع: ۳۰۸۰]

۴- نبی ﷺ نے مجبور ہوکر ہجرت فرمائی

نبی ﷺ نے کوئی خوشی سے مکہ نہیں چھوڑا، مشرکین نے مجبور کردیا، اس لئے مکہ چھوڑا، چنانچہ جب آپؐ مکہ سے روانہ ہوئے تو ایک ٹیلہ سے مکہ پر نظر ڈالی اور فرمایا: خدا کی قسم! تو اللہ کی سب سے بہترین زمین ہے اور سب سے زیادہ اللہ کے نزدیک محبوب ہے، اگر میں نکالا نہ جاتا تو نہ نکلتا (ترمذی) اور مسند احمد اور ترمذی کی روایت میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''تو کیا ہی پاکیزہ شہر ہے اور مجھ کو بڑا ہی محبوب ہے، اگر میری قوم مجھ کو نہ نکالتی تو میں دوسری جگہ سکونت اختیار نہ کرتا''

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ بیان کرتی ہیں: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے دعا کی: (آپؓ غزوۂ احزاب میں زخمی ہوئے تھے، بازو میں تیر لگا تھا جس سے خون کی رگ کٹ گئی تھی، اس کو داغا گیا جس سے وقتی طور پر خون بند ہوگیا) حضرت سعدؓ نے دعا کی: اے اللہ! بیشک آپ جانتے ہیں کہ مجھے کوئی کام محبوب نہیں اس کے علاوہ کہ میں آپ کے راستہ میں لوہا لوں، ایسے لوگوں سے جنھوں نے آپ کے رسول کو جھٹلایا، اور ان کو وطن سے نکالا (مراد مکہ والے ہیں، حدیث کی دوسری سند میں اس کی صراحت ہے) اے اللہ! میرا گمان ہے کہ آپ نے ہمارے اور ان کے درمیان جنگ ختم کردی ہے (غزوۂ احزاب کے بعد نبی ﷺ نے فرمایا تھا: اب مکہ والے مدینہ پر چڑھ کر نہیں آئیں گے اب ہم مکہ پر چڑھ کر جائیں گے، حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے، یہ حدیث لمبی ہے، آگے غزوۂ خندق کے بیان میں (حدیث ۴۱۲۲) آرہی ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ: اگر مکہ والوں کے ساتھ ابھی جنگ باقی ہے تو مجھے باقی رکھ تا کہ میں ان کے ساتھ جہاد کروں اور اگر ان کے ساتھ جنگ ختم ہوگئی ہے تو مجھے جینے کی کچھ تمنا نہیں، اسی زخم میں میری موت آجائے، چنانچہ زخم کھل گیا اور آپؓ کی وفات ہوگئی)

[۳۹۰۱-] حدثنا زَكَرِيَّاءُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ هِشَامٌ: فَأَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ سَعْدًا قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أُجَاهِدَهُمْ فِيْكَ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوْا رَسُوْلَكَ، وَأَخْرَجُوْهُ، اللّٰهُمَّ فَإِنِّيْ أَظُنُّ أَنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، وَقَالَ أَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ: عَنْ أَبِيْهِ: أَخْبَرَتْنِيْ عَائِشَةُ: مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوْا نَبِيَّكَ وَأَخْرَجُوْهُ مِنْ قُرَيْشٍ. [راجع: ۴۶۳]

۵- ہجرت کے وقت عمرِ مبارک ترپن سال تھی

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ مبعوث کئے گئے چالیس سال کی عمر میں، پھر مکہ میں تیرہ

سال ٹھہرے، آپؐ کی طرف وحی کی جاتی تھی، پھر آپؐ ہجرت کا حکم دیئے گئے، پس ہجرت فرمائی دس سال (یعنی مہاجر ہونے کی حالت میں مدینہ میں دس سال رہے) اور وفات ہوئی درانحالیکہ آپؐ کی عمر مبارک تریسٹھ سال تھی، دوسرے طریق سے بھی ابن عباسؓ کا یہی بیان ہے۔

[۳۹۰۲-] حَدَّثَنِیْ مَطَرُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بُعِثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَرْبَعِيْنَ سَنَةً، فَمَكَثَ بِمَكَّةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ يُوْحَى إِلَيْهِ، ثُمَّ أُمِرَ بِالْهِجْرَةِ فَهَاجَرَ عَشْرَ سِنِيْنَ، وَمَاتَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ.

[۳۹۰۳-] حَدَّثَنِیْ مَطَرُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَكَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ.

۶- حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سفر ہجرت میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۲:۳۲۳) آئی ہے، نبی ﷺ نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان میں فرمایا: ''رفاقت (ساتھ رہنے) اور مالی تعاون میں جتنا بڑا احسان مجھ پر ابوبکرؓ کا ہے اتنا بڑا احسان کسی کا نہیں'' چنانچہ زندگی میں ایک ایسا موقع آیا جب صحابہ میں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے علاوہ کوئی نبی ﷺ کے ساتھ نہیں تھا، اور وہ سفر ہجرت ہے۔ سورۃ التوبہ آیت ۴۰ میں اس کا ذکر ہے: ﴿إِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا﴾: اگر تم اللہ کے رسول کی مدد نہیں کرو گے تو اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی اس وقت مدد کر چکا ہے جب آپؐ کو کافروں نے مکہ سے نکال دیا تھا، جبکہ وہ دو آدمیوں میں سے ایک تھا (دوسرے ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے) جس وقت دونوں غار میں تھے، جب وہ اپنے رفیق سے کہہ رہا تھا: کچھ غم نہ کر یقیناً اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہیں اور حدیث کا ترجمہ محوّلہ جگہ میں کیا ہے۔

[۳۹۰۴-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِی النَّضْرِ، مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدٍ يَعْنِی ابْنَ حُنَيْنٍ، عَنْ أَبِی سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: "إِنَّ عَبْدًا خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَاشَاءَ وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ فَاخْتَارَ مَا عِنْدَهُ" فَبَكَى أَبُوْ بَكْرٍ، وَقَالَ: فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا، فَعَجِبْنَا لَهُ، وَقَالَ النَّاسُ: انْظُرُوْا إِلٰى هٰذَا الشَّيْخِ، يُخْبِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ عَبْدٍ خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ،

وَهُوَ يَقُوْلُ: فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا، فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هُوَ الْمَخَيَّرَ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ هُوَ أَعْلَمَنَا بِهِ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ مِنْ أَمَنِّ النَّاسِ عَلَيَّ فِيْ صُحْبَتِهِ وَمَالِهِ أَبَا بَكْرٍ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً مِنْ أُمَّتِيْ لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ، إِلَّا خُلَّةَ الإِسْلَامِ، لَا يَبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ خَوْخَةٌ إِلَّا خَوْخَةُ أَبِيْ بَكْرٍ"[راجع: ٤٦٦]

۷- نبی ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ہجرت سے روکا، تاکہ ساتھ ہجرت کریں اور سفرِ ہجرت کے احوال

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کے ارادہ سے مکہ سے نکل کھڑے ہوئے تھے، مگر اللہ تعالیٰ آپؓ کو واپس لائے اور اس کا ظاہری سبب یہ بنا کہ ابن الدغنہ سے ملاقات ہوگئی، وہ آپ کو سمجھا کر واپس لایا، پھر جب صحابہ نے نبی ﷺ کے اشارہ سے مدینہ کی طرف ہجرت شروع کی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی ہجرت کا ارادہ کیا، مگر نبی ﷺ نے آپؓ کو روک دیا، تاکہ وہ آپؐ کے ساتھ ہجرت کریں، یہاں تک روایت پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۳۴۰) گذری ہے، وہاں ترجمہ ہے، مگر یہاں بھی ترجمہ پڑھ لیں۔

[٣٩٠٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ ابْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: لَمْ أَعْقِلْ أَبَوَيَّ قَطُّ إِلَّا وَهُمَا يَدِيْنَانِ الدِّيْنَ، وَلَمْ يَمُرَّ عَلَيْنَا يَوْمٌ إِلَّا يَأْتِيْنَا فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَرَفَيِ النَّهَارِ بُكْرَةً وَعَشِيَّةً، فَلَمَّا ابْتُلِيَ الْمُسْلِمُوْنَ خَرَجَ أَبُوْ بَكْرٍ مُهَاجِرًا نَحْوَ أَرْضِ الْحَبَشَةِ حَتَّى بَلَغَ بَرْكَ الْغِمَادِ، لَقِيَهُ ابْنُ الدَّغِنَةِ وَهُوَ سَيِّدُ الْقَارَةِ، فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيْدُ يَا أَبَا بَكْرٍ؟ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَخْرَجَنِيْ قَوْمِيْ فَأُرِيْدُ أَنْ أَسِيْحَ فِي الْأَرْضِ وَأَعْبُدَ رَبِّيْ، قَالَ ابْنُ الدَّغِنَةِ: فَإِنَّ مِثْلَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ لَا يَخْرُجُ وَلَا يُخْرَجُ، إِنَّكَ تَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ، وَتَصِلُ الرَّحِمَ، وَتَحْمِلُ الْكَلَّ، وَتَقْرِي الضَّيْفَ، وَتُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ، فَأَنَا لَكَ جَارٌ، ارْجِعْ وَاعْبُدْ رَبَّكَ بِبَلَدِكَ، فَرَجَعَ وَارْتَحَلَ مَعَهُ ابْنُ الدَّغِنَةِ فَطَافَ ابْنُ الدَّغِنَةِ عَشِيَّةً فِي أَشْرَافِ قُرَيْشٍ، فَقَالَ لَهُمْ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ لَا يَخْرُجُ مِثْلُهُ وَلَا يُخْرَجُ، أَتُخْرِجُوْنَ رَجُلًا يَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ، وَيَصِلُ الرَّحِمَ، وَيَحْمِلُ الْكَلَّ، وَيَقْرِي الضَّيْفَ، وَيُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ، فَلَمْ تُكَذِّبْ قُرَيْشٌ بِجِوَارِ ابْنِ الدَّغِنَةِ، وَقَالُوْا لِابْنِ الدَّغِنَةِ: مُرْ أَبَا بَكْرٍ فَلْيَعْبُدْ رَبَّهُ فِيْ دَارِهِ، فَلْيُصَلِّ فِيْهَا وَلْيَقْرَأْ مَاشَاءَ وَلَا يُؤْذِيْنَا بِذٰلِكَ وَلَا يَسْتَعْلِنْ بِهِ، فَإِنَّا نَخْشَى أَنْ يَفْتِنَ نِسَاءَ نَا وَأَبْنَاءَ نَا.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے اپنے والدین کو دین دار پایا ہے، اور

ہم پر کوئی دن نہیں گذرتا تھا مگر اس میں نبی ﷺ ہمارے یہاں تشریف لاتے تھے، دن کے دونوں کناروں میں یعنی صبح وشام، پس جب مسلمان آزمائش میں مبتلا کئے گئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حبشہ کی طرف ہجرت کے ارادہ سے نکلے، یہاں تک کہ جب آپؓ برك الغماد پہنچے تو ان سے ابن الدغنہ ملا، اور وہ قبیلہ قارہ کا سردار تھا (اور اس سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی سابقہ معرفت تھی) اس نے پوچھا: ابوبکر! کہاں کا ارادہ ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میری قوم نے مجھے نکال دیا ہے، پس میں چاہتا ہوں کہ زمین میں پھروں اور میرے پروردگار کی عبادت کروں، ابن الدغنہ نے کہا: اے ابوبکر! آپ جیسا آدمی نہ نکلے گا نہ نکالا جائے گا، اس لئے کہ آپ معدوم (نابود) کو کماتے ہیں اور صلہ رحمی کرتے ہیں اور بوجھ اٹھاتے ہیں اور مہمان نوازی کرتے ہیں اور قدرتی حوادث میں لوگوں کی مدد کرتے ہیں، اور میں آپ کو پناہ دینے والا ہوں، پس آپ واپس چلیں اور اپنے شہر میں اپنے رب کی عبادت کریں، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوٹے اور آپؓ کے ساتھ ابن الدغنہ نے سفر کیا، اور کفار قریش کے بڑے لوگوں سے ملا اور ان سے کہا: بیشک ابوبکر جیسا آدمی نہ نکلے گا نہ نکالا جائے گا، کیا تم ایسے آدمی کو نکالتے ہو جو معدوم کو کماتا ہے، صلہ رحمی کرتا ہے، بوجھ اٹھاتا ہے، مہمان نوازی کرتا ہے اور قدرتی حادثات میں لوگوں کی مدد کرتا ہے؟ پس قریش نے ابن الدغنہ کی پناہ کی تکذیب نہیں کی، یعنی ابن الدغنہ کی پناہ کو نافذ کیا اور انھوں نے ابن الدغنہ سے کہا: آپ ابوبکر کو حکم دیں کہ وہ اپنے رب کی عبادت کریں اپنے گھر میں، پس نماز اور جو چاہیں پڑھیں اور ہمیں اس کے ذریعہ نہ ستائیں، اور وہ اپنی عبادت برملا نہ کریں، اس لئے کہ ہمیں اندیشہ ہے کہ ہماری عورتیں اور ہمارے بیٹے فتنہ میں مبتلا ہو جائیں گے۔

فَقَالَ ذٰلِكَ ابْنُ الدَّغِنَةِ لِأَبِیْ بَكْرٍ، فَلَبِثَ أَبُوْ بَكْرٍ بِذٰلِكَ يَعْبُدُ رَبَّهُ فِیْ دَارِهِ وَلَا يَسْتَعْلِنُ بِصَلَاتِهِ وَلَا يَقْرَأُ فِي غَيْرِ دَارِهِ، ثُمَّ بَدَا لِأَبِیْ بَكْرٍ فَابْتَنى مَسْجِدًا بِفِنَاءِ دَارِهِ وَكَانَ يُصَلِّیْ فِيْهِ وَيَقْرَأُ الْقُرْآنَ فَيَتَقَذَّفُ عَلَيْهِ نِسَاءُ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَبْنَاؤُهُمْ، وَهُمْ يَعْجَبُوْنَ مِنْهُ وَيَنْظُرُوْنَ إِلَيْهِ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ رَجُلاً بَكَّاءً لَا يَمْلِكُ عَيْنَيْهِ إِذَا قَرَأَ الْقُرْآنَ، وَأَفْزَعَ ذٰلِكَ أَشْرَافَ قُرَيْشٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، فَأَرْسَلُوْا إِلَى ابْنِ الدَّغِنَةِ فَقَدِمَ عَلَيْهِمْ، فَقَالُوْا: إِنَّا كُنَّا أَجَرْنَا أَبَا بَكْرٍ بِجِوَارِكَ عَلٰى أَنْ يَعْبُدَ رَبَّهُ فِیْ دَارِهِ، فَقَدْ جَاوَزَ ذٰلِكَ، فَابْتَنٰى مَسْجِدًا بِفِنَاءِ دَارِهِ، فَأَعْلَنَ بِالصَّلَاةِ وَالْقِرَاءَةِ فِيْهِ، وَإِنَّا قَدْ خَشِيْنَا أَنْ يَفْتِنَ نِسَاءَ نَا وَأَبْنَاءَ نَا فَانْهَهُ، فَإِنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْتَصِرَ عَلٰى أَنْ يَعْبُدَ رَبَّهُ فِیْ دَارِهِ فَعَلَ، وَإِنْ أَبٰى إِلَّا أَنْ يُعْلِنَ بِذٰلِكَ فَسَلْهُ أَنْ يَرُدَّ إِلَيْكَ ذِمَّتَكَ، فَإِنَّا قَدْ كَرِهْنَا أَنْ نُخْفِرَكَ وَلَسْنَا مُقِرِّيْنَ لِأَبِیْ بَكْرٍ الِاسْتِعْلَانَ!

ترجمہ: ابن الدغنہ نے یہ بات حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہی، پس اس وجہ سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ٹھہر گئے، اپنے گھر میں اپنے رب کی عبادت کرنے لگے، اور برملا نماز نہیں پڑھتے تھے اور اپنے گھر کے سوا قرآن بھی نہیں پڑھتے تھے،

پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رائے بدلی، چنانچہ انھوں نے اپنے گھر کے صحن میں مسجد بنائی، اور وہ اس میں نماز اور قرآن پڑھنے لگے، پس مشرکین کے بیٹے اور ان کی بیویاں ان پر ٹوٹ پڑتے تھے وہ تعجب کرتے تھے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیکھتے تھے، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کثیر البکاء تھے، وہ اپنی آنکھوں پر قابو نہیں رکھ سکتے تھے، جب قرآن پڑھتے تھے، اور اس چیز نے گھبراہٹ میں ڈال دیا مشرکین میں سے قریش کے بڑے لوگوں کو، پس انھوں نے ابن الدغنہ کے پاس آدمی بھیجا، وہ ان کے پاس آیا، انھوں نے کہا: ہم نے ابوبکر کو پناہ دی تھی اس شرط پر کہ وہ اپنے گھر میں اپنے رب کی عبادت کریں، پس بیشک انھوں نے اس سے تجاوز کیا ہے، اور اپنے گھر کے صحن میں مسجد بنائی ہے اور برملا نماز اور قرآن پڑھتے ہیں اور ہمیں اندیشہ ہے کہ ہماری بیویاں اور ہمارے بیٹے فتنہ میں مبتلا ہوجائیں، آپ ان کو روکئے پس اگر وہ اس بات کو پسند کریں کہ وہ اپنے گھر میں اپنے رب کی عبادت کریں تو کریں اور اگر وہ انکار کریں مگر اس بات کا کہ وہ اس کو علی الاعلان کریں گے تو آپ ان سے کہئے کہ وہ آپ کی طرف آپ کی ذمہ داری کو واپس کردیں، اس لئے کہ ہم اس بات کو ناپسند کرتے ہیں کہ ہم آپ کی ذمہ داری میں رخنہ ڈالیں اور ہم ابوبکر کے لئے برملا کرنے کے روادار بھی نہیں۔

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَأَتَى ابْنُ الدَّغِنَةِ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتَ الَّذِيْ عَاقَدْتُ لَكَ عَلَيْهِ، فَإِمَّا أَنْ تَقْتَصِرَ عَلٰى ذٰلِكَ وَإِمَّا أَنْ تَرْجِعَ إِلَيَّ ذِمَّتِيْ، فَإِنِّيْ لاَ أُحِبُّ أَنْ تَسْمَعَ الْعَرَبُ أَنِّيْ أُخْفِرْتُ فِيْ رَجُلٍ عَقَدْتُ لَهُ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَإِنِّيْ أَرُدُّ إِلَيْكَ جِوَارَكَ، وَأَرْضٰى بِجِوَارِ اللّٰهِ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَئِذٍ بِمَكَّةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِلْمُسْلِمِيْنَ: "إِنِّيْ أُرِيْتُ دَارَ هِجْرَتِكُمْ ذَاتَ نَخْلٍ بَيْنَ لاَبَتَيْنِ وَهُمَا الْحَرَّتَانِ" فَهَاجَرَ مَنْ هَاجَرَ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ. وَرَجَعَ عَامَّةُ مَنْ كَانَ هَاجَرَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ إِلٰى الْمَدِيْنَةِ، وَتَجَهَّزَ أَبُوْ بَكْرٍ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "عَلٰى رِسْلِكَ، فَإِنِّيْ أَرْجُوْ أَنْ يُؤْذَنَ لِيْ" فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَهَلْ تَرْجُوْ ذٰلِكَ بِأَبِيْ أَنْتَ؟ قَالَ: "نَعَمْ" فَحَبَسَ أَبُوْ بَكْرٍ نَفْسَهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِيَصْحَبَهُ، وَعَلَفَ رَاحِلَتَيْنِ كَانَتَا عِنْدَهُ وَرَقَ السَّمُرِ - وَهُوَ الْخَبَطُ- أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پس ابن الدغنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، اور اس نے کہا: آپ جانتے ہیں اس بات کو جس پر میں نے آپ کو پناہ دی ہے، پس یا تو اکتفا کریں آپ اس پر اور یا پھیر دیں میری طرف میری ذمہ داری، اس لئے کہ میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ عربوں میں یہ بات پھیلے کہ میری ذمہ داری میں رخنہ ڈالا گیا، ایک ایسے آدمی کے بارے میں جس کو میں نے پناہ دی ہے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں آپ کی پناہ آپ کی طرف واپس کرتا ہوں، اور میں اللہ کی پناہ پر خوش ہوں، اور رسول اللہ ﷺ اس زمانہ میں مکہ میں تھے، پس نبی ﷺ نے

مسلمانوں سے فرمایا: ''میں تمہارا دارالہجرت خواب میں دکھلایا گیا ہوں، دو لابوں کے درمیان نخلستان والی زمین اور وہ دو لابے دوحرے ہیں، یعنی سیاہ پتھروں والی زمین، پس مدینہ کی طرف ہجرت کی جس نے ہجرت کی اور اکثر وہ لوگ جنھوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی وہ بھی مدینہ کی طرف لوٹ آئے، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مدینہ کی طرف ہجرت کے لئے سامان تیار کیا، پس ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ٹھہرو! مجھے بھی امید ہے کہ مجھے ہجرت کی اجازت دی جائے گی'' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: کیا آپؐ بھی اس کی امید کرتے ہیں میرے والد آپؐ پر فدا ہوں! آپؐ نے فرمایا: ہاں، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنی ذات کو رسول اللہ ﷺ پر روک لیا، تاکہ وہ آپؐ کے ساتھ ہجرت کریں، اور دو سواریوں کو جوان کے پاس تھیں چار مہینہ تک کیکر کے پتوں کا چارہ کھلایا۔

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: فَبَيْنَمَا نَحْنُ يَوْمًا جُلُوْسٌ فِيْ بَيْتِ أَبِيْ بَكْرٍ فِي نَحْرِ الظَّهِيْرَةِ، قَالَ قَائِلٌ لِأَبِيْ بَكْرٍ: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُتَقَنِّعًا فِيْ سَاعَةٍ لَمْ يَكُنْ يَأْتِيْنَا فِيْهَا، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فِدَاءٌ لَهُ أَبِيْ وَأُمِّيْ، وَاللّٰهِ مَاجَاءَ بِهِ فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ إِلَّا أَمْرٌ، قَالَتْ: فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَأْذَنَ فَأُذِنَ لَهُ فَدَخَلَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَبِيْ بَكْرٍ: ''أَخْرِجْ مَنْ عِنْدَكَ'' فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّمَا هُمْ أَهْلُكَ بِأَبِيْ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: ''فَإِنِّيْ قَدْ أُذِنَ لِيْ فِي الْخُرُوْجِ'' فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: الصَّحَابَةَ بِأَبِيْ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''نَعَمْ'' قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَخُذْ بِأَبِيْ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِحْدَى رَاحِلَتَيَّ هَاتَيْنِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: بِالثَّمَنِ.

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: دریں اثناء کہ ہم ایک دن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے، ٹھیک دوپہر کے وقت، کسی کہنے والے نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: یہ رسول اللہ ﷺ ہیں، آپؐ سر چھپائے ہوئے ایسے وقت میں آئے تھے کہ اس وقت میں آپؐ ہمارے یہاں نہیں آتے تھے، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: ان پر میرے ماں باپ قربان! خدا کی قسم! آپؐ کو اس وقت کوئی اہم بات لائی ہے، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس رسول اللہ ﷺ آئے اور گھر میں داخل ہوئے، آپؐ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''گھر میں جو لوگ ہیں ان کو باہر کردو'' حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یہ آپؐ ہی کے گھر والے ہیں میرے والد آپؐ پر قربان! اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: بیشک مجھے ہجرت کی اجازت مل گئی، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: رفاقت میرے ابا آپؐ پر قربان اے اللہ کے رسول! پس نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں، حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: میرے باپ آپؐ پر قربان اے اللہ کے رسول! آپؐ میری ان دو اونٹنیوں میں سے ایک لے لیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیمت سے (یہ ٹکڑا تحفۃ القاری ۵: ۲۰۵ میں گذرا ہے)

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَجَهَّزْنَاهُمَا أَحَثَّ الْجِهَازِ، وَصَنَعْنَا لَهُمَا سُفْرَةً فِيْ جِرَابٍ، فَقَطَعَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ قِطْعَةً مِنْ نِطَاقِهَا فَرَبَطَتْ بِهِ عَلٰى فَمِ الْجِرَابِ، فَبِذٰلِكَ سُمِّيَتْ ذَاتَ النِّطَاقِ، قَالَتْ: ثُمَّ لَحِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ بِغَارٍ فِي جَبَلِ ثَوْرٍ فَكَمَنَا فِيْهِ ثَلَاثَ لَيَالٍ، يَبِيْتُ عِنْدَهُمَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، وَهُوَ غُلَامٌ شَابٌّ ثَقِفٌ لَقِنٌ، فَيُدْلِجُ مِنْ عِنْدِهِمَا بِسَحَرٍ، فَيُصْبِحُ مَعَ قُرَيْشٍ بِمَكَّةَ كَبَائِتٍ، فَلَا يَسْمَعُ أَمْرًا يُكْتَادَانِ بِهِ إِلَّا وَعَاهُ حَتّٰى يَأْتِيَهُمَا بِخَبَرِ ذٰلِكَ حِيْنَ يَخْتَلِطُ الظَّلَامُ، وَيَرْعٰى عَلَيْهِمَا عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ مَوْلٰى أَبِي بَكْرٍ مِنْحَةً مِنْ غَنَمٍ فَيُرِيْحُهَا عَلَيْهِمَا حِيْنَ تَذْهَبُ سَاعَةٌ مِنَ الْعِشَاءِ، فَيَبِيْتَانِ فِيْ رِسْلٍ وَهُوَ لَبَنُ مِنْحَتِهِمَا وَرَضِيْفِهِمَا حَتّٰى يَنْعِقَ بِهَا عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ بِغَلَسٍ، يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ تِلْكَ اللَّيَالِي الثَّلَاثِ.

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پس ہم نے جلدی سے دونوں کے سفر کا سامان تیار کیا، اچھی طرح تیار کرنا، اور دونوں کا توشہ چمڑے کے ایک تھیلہ میں رکھا، پس اسماء رضی اللہ عنہا نے اپنا پٹکا پھاڑا، اور اس سے تھیلے کا منہ باندھا، اس وجہ سے ان کا 'نام ذات النطاق' پڑ گیا، صدیقہؓ کہتی ہیں: پھر رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ثور پہاڑ کے غار میں چلے گئے، اور اس میں تین راتیں ٹھہرے، ان کے پاس عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہما رات گذارتے تھے اور وہ نوجوان، چالاک اور ہوشیار لڑکے تھے، پس وہ سحری کے وقت رات کی تاریکی میں ان کے پاس سے چل دیتے تھے اور صبح کرتے تھے قریش کے پاس مکہ میں رات گذارنے والے کی طرح، یعنی جیسے وہ پوری رات مکہ میں رہے ہوں، اس طرح سے وہ صبح میں اٹھتے تھے، پس نہیں سنتے تھے وہ کوئی بات جس کے ذریعہ وہ دونوں چال چلے جاتے تھے مگر محفوظ کرتے تھے وہ اس کو یہاں تک کہ لاتے تھے وہ دونوں کے پاس اس چال کی اطلاع جب اچھی طرح اندھیرا ہوجاتا تھا، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ دونوں حضرات کے لئے دودھ والی بکریاں چراتے تھے، پس شام کو لاتے تھے وہ اس کو ان دونوں کے پاس جب رات کی ایک گھڑی گذر جاتی تھی، پس وہ دونوں رات گذارتے تازہ دودھ پر اور وہ ان دونوں کی دودھ کی بکریوں کا دودھ ہوتا تھا، اور ان کے گرم پتھر کا دودھ ہوتا تھا یعنی پتھر گرم کر کے دودھ میں ڈالا جاتا تھا جس سے دودھ گرم ہوجاتا تھا، جس کو وہ دونوں حضرات پیتے تھے، یہاں تک کہ بکریوں کو ہانک لے چلتے تھے عامر بن فہیرہؓ رات کے پچھلے حصہ کی تاریکی میں، کرتے تھے وہ یہ کام ان تین راتوں میں سے ہر رات میں۔

وَاسْتَأْجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ رَجُلًا مِنْ بَنِي الدِّيْلِ وَهُوَ مِنْ بَنِي عَبْدِ بْنِ عَدِيٍّ، هَادِيًا خِرِّيْتًا — وَالْخِرِّيْتُ: الْمَاهِرُ بِالْهِدَايَةِ — قَدْ غَمَسَ حِلْفًا فِي آلِ الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ السَّهْمِيِّ، وَهُوَ عَلٰى دِيْنِ كُفَّارِ قُرَيْشٍ فَأَمِنَاهُ فَدَفَعَا إِلَيْهِ رَاحِلَتَيْهِمَا، وَوَاعَدَاهُ غَارَ ثَوْرٍ بَعْدَ ثَلَاثِ لَيَالٍ بِرَاحِلَتَيْهِمَا صُبْحَ ثَلَاثٍ. وَانْطَلَقَ مَعَهُمَا عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ وَالدَّلِيْلُ فَأَخَذَ بِهِمْ عَلٰى طَرِيْقِ السَّوَاحِلِ. [راجع: ۴۷۶]

ترجمہ: اور نبی ﷺ نے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو اجرت پر رکھا، جو قبیلہ بنو دیل کا تھا، پھر اس کی شاخ بنوعبد بن عدی کا تھا، رہبری کے لئے جو راستوں کا ماہر تھا............خرّیت کے معنی ہیں: راستہ کا ماہر............جس نے عاص بن وائل کے خاندان سے دوستی گانٹھی تھی، یعنی اب وہ مکہ کا باشندہ تھا، اور وہ مشرک تھا، پس دونوں نے اس پر اطمینان کیا اور اس کو اپنی دونوں سواریاں دیدیں، اور اس سے تین راتوں کے بعد غارِ ثور پر تیسری رات کی صبح کو دونوں سواریاں لانے کا وعدہ کیا، اور دونوں کے ساتھ عامر بن فہیرہؓ اور دیلی گائڈ چلے، پس وہ ان کو مکہ کے زیریں حصہ سے لے چلا جو ساحل سمندر کا راستہ ہے۔

۸-سراقہ بن مالک کا واقعہ

قریش نے ہر طرف اشتہار دیا تھا کہ جو شخص محمد ﷺ اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو قتل کرے یا گرفتار کر کے لائے اس کو انعام میں دیت کے سو اونٹ دیئے جائیں گے، سراقہ بن مالک کے بھتیجے عبدالرحمٰن اپنے چچا سراقہ سے روایت کرتے ہیں، سراقہ نے کہا: ہمارے پاس کفار قریش کے فرستادے آئے، قریش نے رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ میں سے ہر ایک کے حق میں دیت کا اعلان کیا تھا، اس کے لئے جوان کو قتل کرے یا قید کرے، سراقہ کہتے ہیں: میں اپنی قوم بنو مُدلج کی ایک مجلس میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی آ کر ہمارے پاس کھڑا ہوا اور ہم بیٹھے تھے اس نے کہا: اے سراقہ! میں نے ابھی ساحل کے پاس چند افراد دیکھے ہیں، میرا خیال ہے کہ وہ محمد (ﷺ) اور ان کے ساتھی ہیں، سراقہ کہتے ہیں: میں سمجھ گیا کہ وہی ہیں مگر میں نے اس سے کہا: وہ لوگ نہیں ہیں، بلکہ تو نے فلاں اور فلاں کو دیکھا ہے جو ہماری آنکھوں کے سامنے سے گذر کر گئے ہیں، پھر میں مجلس میں کچھ دیر تک ٹھہرا رہا، اس کے بعد اٹھ کر گھر میں گیا اور اپنی لونڈی کو حکم دیا کہ وہ میرا گھوڑا نکالے اور ٹیلہ کے پیچھے روک کر میرا انتظار کرے، اور میں نے اپنا نیزہ لیا اور گھر کے پچھواڑے سے باہر نکلا، میں بلم کا ایک سرا زمین پر گھسیٹ رہا تھا، اور دوسرا اوپری سرا نیچے کر رکھا تھا (تاکہ دھوپ میں چمکے نہ اور کسی کو احساس نہ ہو جائے، ورنہ وہ بھی ساتھ آئے گا، اور انعام آدھا ہو جائے گا) اس طرح میں اپنے گھوڑے کے پاس پہنچا، اور اس پر سوار ہو گیا، گھوڑا حسب معمول مجھے لے کر سرپٹ دوڑنے لگا، یہاں تک کہ میں ان حضرات کے قریب پہنچ گیا، پس اچانک گھوڑا مجھ سمیت پھسلا اور میں اس سے گر گیا، میں نے اٹھ کر ترکش کی طرف ہاتھ بڑھایا اور پانسہ کا تیر نکال کر جاننا چاہا کہ میں ان لوگوں کو ضرر پہنچا سکوں گا یا نہیں؟ پس وہ تیر نکلا جو مجھے ناپسند تھا، لیکن میں نے تیر کی نافرمانی کی اور گھوڑے پر سوار ہو گیا، وہ مجھے لے کر دوڑنے لگا، یہاں تک کہ جب میں رسول اللہ ﷺ کی قراءت سن رہا تھا —— اور آپؐ التفات نہیں فرماتے تھے جبکہ ابوبکر رضی اللہ عنہ بار بار مڑ کر دیکھ رہے تھے —— تو میرے گھوڑے کے اگلے پاؤں زمین میں دھنس گئے، یہاں تک کہ گھٹنوں تک جا پہنچے، اور میں اس سے گر گیا، پھر میں نے اسے ڈانٹا تو اس نے اٹھنا چاہا، لیکن وہ اپنے پاؤں بہ مشکل نکال سکا،

بہرحال جب وہ سیدھا کھڑا ہوا تو اس کے پاؤں کے نشان سے آسمان کی طرف دھویں جیسا غبار اڑ رہا تھا، میں نے پھر پانسہ کے تیر سے فال نکالا پھر وہی تیر نکلا جو مجھے ناپسند تھا، اس کے بعد میں نے امان طلبی کے ساتھ ان حضرات کو پکارا تو وہ لوگ ٹھہر گئے اور میں اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے پاس پہنچا، جس وقت میں ان حضرات سے روک دیا گیا تھا اسی وقت میرے دل میں یہ بات بیٹھ گئی تھی کہ رسول اللہ ﷺ کا معاملہ غالب آ کر رہے گا، چنانچہ میں نے آپؐ سے عرض کیا: آپؐ کی قوم نے آپؐ کے بدلے دیت کا انعام رکھا ہے اور ساتھ ہی میں نے لوگوں کے عزائم سے آپؐ کو واقف کیا اور توشہ اور سازوسامان کی پیش کش کی، انھوں نے میرا کوئی سامان نہیں لیا اور نہ مجھ سے کوئی سوال کیا، صرف اتنا کہا کہ ہمارے بارے میں رازداری برتنا، میں نے آپؐ سے گذارش کی کہ آپؐ مجھے پروانۂ امن لکھ دیں، آپؐ نے عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اور انھوں نے چمڑے کے ایک ٹکڑے پر امان لکھ کر میرے حوالہ کیا، پھر وہ آگے بڑھ گئے (بنو مُدلج کا وطن رابغ کے قریب تھا، پس یہ واقعہ روانگی کے تیسرے دن پیش آیا ہے)

[۳۹۰۶-] قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَالِكٍ الْمُدْلِجِيُّ، وَهُوَ ابْنُ أَخِيْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ سُرَاقَةَ بْنَ جُعْشُمٍ، يَقُوْلُ: جَاءَ نَا رُسُلُ كُفَّارِ قُرَيْشٍ، يَجْعَلُوْنَ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ دِيَةَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا، لِمَنْ قَتَلَهُ أَوْ أَسَرَهُ، فَبَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ فِيْ مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ قَوْمِيْ بَنِيْ مُدْلِجٍ، أَقْبَلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ حَتَّى قَامَ عَلَيْنَا، وَنَحْنُ جُلُوْسٌ، فَقَالَ: يَا سُرَاقَةُ! إِنِّيْ قَدْ رَأَيْتُ آنِفًا أَسْوِدَةً بِالسَّاحِلِ أُرَاهَا مُحَمَّدًا وَأَصْحَابَهُ، قَالَ سُرَاقَةُ: فَعَرَفْتُ أَنَّهُمْ هُمْ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّهُمْ لَيْسُوْا بِهِمْ، وَلٰكِنَّكَ رَأَيْتَ فُلاَنًا وَفُلاَنًا، انْطَلَقُوْا بِأَعْيُنِنَا. ثُمَّ لَبِثْتُ فِي الْمَجْلِسِ سَاعَةً، ثُمَّ قُمْتُ فَدَخَلْتُ فَأَمَرْتُ جَارِيَتِيْ أَنْ تَخْرُجَ بِفَرَسِيْ وَهِيَ مِنْ وَرَاءِ أَكَمَةٍ فَتَحْبِسَهَا عَلَيَّ، وَأَخَذْتُ رُمْحِيْ فَخَرَجْتُ بِهِ مِنْ ظَهْرِ الْبَيْتِ، فَخَطَطْتُ بِزُجِّهِ الْأَرْضَ، وَخَفَضْتُ عَالِيَهُ، حَتَّى أَتَيْتُ فَرَسِيْ فَرَكِبْتُهَا، فَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِيْ حَتَّى دَنَوْتُ مِنْهُمْ، فَعَثَرَتْ بِيْ فَرَسِيْ فَخَرَرْتُ عَنْهَا فَقُمْتُ، فَأَهْوَيْتُ يَدِيْ إِلٰى كِنَانَتِيْ فَاسْتَخْرَجْتُ مِنْهَا الْأَزْلاَمَ فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا: أَضُرُّهُمْ أَمْ لاَ؟ فَخَرَجَ الَّذِيْ أَكْرَهُ، فَرَكِبْتُ فَرَسِيْ وَعَصَيْتُ الْأَزْلاَمَ، تُقَرِّبُ بِيْ حَتَّى إِذَا سَمِعْتُ قِرَاءَ ةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ لاَ يَلْتَفِتُ وَأَبُوْ بَكْرٍ يُكْثِرُ الاِلْتِفَاتَ سَاخَتْ يَدَا فَرَسِيْ فِي الْأَرْضِ حَتَّى بَلَغَتَا الرُّكْبَتَيْنِ، فَخَرَرْتُ عَنْهَا، ثُمَّ زَجَرْتُهَا فَنَهَضَتْ فَلَمْ تَكَدْ تُخْرِجُ يَدَيْهَا، فَلَمَّا اسْتَوَتْ قَائِمَةً إِذَا لِأَثَرِ يَدَيْهَا غُبَارٌ سَاطِعٌ فِي السَّمَاءِ مِثْلُ الدُّخَانِ. فَاسْتَقْسَمْتُ بِالْأَزْلاَمِ فَخَرَجَ الَّذِيْ أَكْرَهُ، فَنَادَيْتُهُمْ بِالْأَمَانِ فَوَقَفُوْا فَرَكِبْتُ فَرَسِيْ حَتَّى جِئْتُهُمْ، وَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ حِيْنَ لَقِيْتُ مَا لَقِيْتُ مِنَ الْحَبْسِ عَنْهُمْ أَنْ سَيَظْهَرُ أَمْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّ قَوْمَكَ قَدْ جَعَلُوْا فِيْكَ الدِّيَةَ، وَأَخْبَرْتُهُمْ أَخْبَارَ مَا يُرِيْدُ النَّاسُ بِهِمْ، وَعَرَضْتُ

عَلَيْهِمُ الزَّادَ وَالْمَتَاعَ فَلَمْ يَرْزَأْنِيْ وَلَمْ يَسْأَلَانِيْ إِلَّا أَنْ قَالَ: "أَخْفِ عَنَّا" فَسَأَلْتُهُ أَنْ يَكْتُبَ لِيْ كِتَابَ أَمْنٍ، فَأَمَرَ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ فَكَتَبَ فِيْ رُقْعَةٍ مِنْ أَدَمٍ، ثُمَّ مَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

قوله: عبد الرحمن بن مالك: پورانام اس طرح ہے: **عبد الرحمن بن مالك بن مالك بن جُعْشُم** (تقریب)

۹- مدینہ منورہ میں سرکارِ مدینہ کا ورود

حضرت عروہؒ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی ملاقات (سفرِ ہجرت میں) زبیر رضی اللہ عنہ سے ہوئی جو مسلمانوں کے ایک تجارتی قافلہ کے ساتھ ملک شام سے واپس آرہے تھے، پس زبیر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سفید کپڑوں کا ہدیہ پیش کیا، اور مسلمانوں نے مدینہ میں مکہ سے نبی ﷺ کے نکلنے کی خبر سن لی تھی، وہ روزانہ صبح حرّہ کی طرف نکل جاتے، اور آپؐ کی راہ تکتے رہتے، جب دوپہر کو دھوپ سخت ہوجاتی تو پلٹ آتے، ایک دن طویل انتظار کے بعد لوگ اپنے گھروں کو پلٹ گئے، ایک یہودی اپنے قلعوں میں سے ایک قلعہ پر کچھ دیکھنے کے لئے چڑھا، اس نے نبی ﷺ کو اور آپؐ کے ساتھیوں کو سفید کپڑوں میں ملبوس آتے ہوئے دیکھا، اس نے بے خود ہوکر نہایت بلند آواز سے کہا: اے عرب کے لوگو! یہ تمہارا نصیبہ ہے جس کا تم انتظار کررہے ہو، پس مسلمان ہتھیاروں کی طرف دوڑے اور ہتھیاروں سے سج دھج کر حرّہ کے میدان میں پہنچ گئے، اور آپؐ کا استقبال کیا، ان سے ملاقات کے بعد آپؐ ان کے ساتھ دائیں جانب مڑ گئے، یہاں تک کہ بنوعمرو بن عوف کے محلّہ میں پڑاؤ ڈالا، اور یہ ربیع الاول کا پیر کا دن تھا، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کے لئے کھڑے ہوئے یعنی آنے والوں سے ملاقات کرنے لگے، اور نبی ﷺ خاموش تشریف فرما ہوئے، پس انصار میں سے جو بھی آتا، جس نے نبی ﷺ کو نہیں دیکھا تھا وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آتا (اور ان سے ملاقات کرتا) یہاں تک کہ نبی ﷺ پر دھوپ آگئی تو ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور آپؐ پر اپنی چادر کا سایہ کیا، اس وقت لوگوں نے نبی ﷺ کو پہچانا، آپؐ بنوعمرو بن عوف کے محلّہ میں دس دن سے زیادہ ٹھہرے اور اس مسجد کی تعمیر کی جس کی بنیاد پرہیزگاری پر رکھی گئی ہے اور نبی ﷺ نے اس میں نمازیں پڑھیں، پھر آپؐ اپنی سواری پر سوار ہوئے اور چلے، لوگ آپؐ کے ساتھ چل رہے تھے، یہاں تک کہ اونٹنی بیٹھ گئی مدینہ میں مسجدِ نبوی کی جگہ میں، اور اس جگہ میں ان دنوں کچھ مسلمان نماز پڑھتے تھے اور وہ کھجوریں سوکھانے کا کھلیان تھا، سہلؓ اور سہیلؓ کا جو دو یتیم لڑکے تھے اسعد بن زُرارہ رضی اللہ عنہ کی پرورش میں، پس نبی ﷺ نے جب آپؐ کی اونٹنی بیٹھ گئی تو فرمایا: "یہ اگر اللہ نے چاہا تو ہماری منزل ہے" پھر نبی ﷺ نے دونوں لڑکوں کو بلایا اور ان سے کھلیان کا بھاؤ کیا تاکہ آپؐ اس کو مسجد بنائیں، دونوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم یہ جگہ آپؐ کو ہبہ کرتے ہیں، نبی ﷺ نے ان دونوں کی طرف سے ہبہ قبول کرنے سے انکار کیا، یہاں تک کہ خریدا اس جگہ کو ان دونوں سے، پھر اس میں مسجد بنائی اور نبی ﷺ لوگوں کے ساتھ کچی اینٹیں ڈھوتے تھے، مسجدِ نبوی کی تعمیر کے لئے، اور آپ اینٹیں ڈھوتے ہوئے فرماتے:

هٰذَا الْحِمَالُ لاَ حِمَالَ خَيْبَرْ ۞ هٰذَا أَبَرُّ رَبَّنَا وَأَطْهَرْ

یہ بوجھ خیبر کا بوجھ نہیں ہے÷ یہ زیادہ نیکی کا کام ہے، اے ہمارے پروردگار اور زیادہ پاکیزہ عمل ہے......اور آپؐ کہتے:

اللّٰهُمَّ إِنَّ الأَجْرَ أَجْرُ الآخِرَةْ ۞ فَارْحَمِ الأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ

اے اللہ! بدلہ تو آخرت ہی کا بدلہ ہے÷ پس آپ انصار اور مہاجرین پر مہربانی فرمائیں۔

آپؐ نے کسی مسلمان کا یہ شعر پڑھا (امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں) نامزد نہیں کیا گیا وہ مسلمان میرے لئے (امام زہری کے علاوہ دوسرے حضرات نے نامزد کیا ہے، یہ شعر عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کا ہے) امام زہریؒ کہتے ہیں: ہمیں حدیثوں میں یہ بات نہیں پہنچی کہ ان اشعار کے علاوہ کوئی پورا شعر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا ہو۔

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَقِیَ الزُّبَيْرَ فِیْ رَكْبٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ كَانُوْا تُجَارًا قَافِلِيْنَ مِنَ الشَّامِ، فَكَسَا الزُّبَيْرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَبَا بَكْرٍ ثِيَابَ بَيَاضٍ، وَسَمِعَ الْمُسْلِمُوْنَ بِالْمَدِيْنَةِ، بِمَخْرَجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ مَكَّةَ فَكَانُوْا يَغْدُوْنَ كُلَّ غَدَاةٍ إِلَى الْحَرَّةِ. فَيَنْتَظِرُوْنَهُ حَتَّى يَرُدَّهُمْ حَرُّ الظَّهِيْرَةِ، فَانْقَلَبُوْا يَوْمًا بَعْدَ مَا أَطَالُوْا انْتِظَارَهُمْ، فَلَمَّا أَوَوْا إِلَى بُيُوْتِهِمْ أَوْفَى رَجُلٌ مِنْ يَهُوْدَ عَلَى أُطُمٍ مِنْ آطَامِهِمْ لِأَمْرٍ يَنْظُرُ إِلَيْهِ، فَبَصُرَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَصْحَابِهِ مُبَيَّضِيْنَ يَزُوْلُ بِهِمُ السَّرَابُ، فَلَمْ يَمْلِكِ الْيَهُوْدِیُّ أَنْ قَالَ بِأَعْلَى صَوْتِهِ: يَا مَعَاشِرَ الْعَرَبِ هٰذَا جَدُّكُمُ الَّذِیْ تَنْتَظِرُوْنَ، فَثَارَ الْمُسْلِمُوْنَ إِلَى السِّلاَحِ، فَتَلَقَّوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِظَهْرِ الْحَرَّةِ، فَعَدَلَ بِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ حَتَّى نَزَلَ بِهِمْ فِیْ بَنِیْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَذٰلِكَ يَوْمَ الاِثْنَيْنِ مِنْ شَهْرِ رَبِيْعِ الأَوَّلِ. فَقَامَ أَبُوْ بَكْرٍ لِلنَّاسِ وَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم صَامِتًا، فَطَفِقَ مَنْ جَاءَ مِنَ الأَنْصَارِ مِمَّنْ لَمْ يَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَجِیْءُ أَبَا بَكْرٍ، حَتَّى أَصَابَتِ الشَّمْسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَقْبَلَ أَبُوْ بَكْرٍ حَتَّى ظَلَّلَ عَلَيْهِ بِرِدَائِهِ فَعَرَفَ النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ. فَلَبِثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فی بَنِیْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ بِضْعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً وَأَسَّسَ الْمَسْجِدَ الَّذِیْ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَى وَصَلَّى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم. ثُمَّ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ فَسَارَ يَمْشِیْ مَعَهُ النَّاسُ حَتَّى بَرَكَتْ عِنْدَ مَسْجِدِ الرَّسُوْلِ صلی اللہ علیہ وسلم بِالْمَدِيْنَةِ وَهُوَ يُصَلِّیْ فِيْهِ يَوْمَئِذٍ رِجَالٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَكَانَ مِرْبَدًا لِلتَّمْرِ لِسُهَيْلٍ وَسَهْلٍ غُلاَمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِیْ حَجْرِ أَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حِيْنَ بَرَكَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ: " هٰذَا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ الْمَنْزِلُ" ثُمَّ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم الْغُلاَمَيْنِ فَسَاوَمَهُمَا بِالْمِرْبَدِ لِيَتَّخِذَهُ مَسْجِدًا، فَقَالاَ: لاَبَلْ نَهَبُهُ لَكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَأَبَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ

يَقْبَلَهُ مِنْهُمَا هِبَةً حَتَّى ابْتَاعَهُ مِنْهُمَا، ثُمَّ بَنَاهُ مَسْجِدًا، وَطَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْقُلُ مَعَهُمُ اللَّبِنَ فِيْ بُنْيَانِهِ وَيَقُوْلُ: وَهُوَ يَنْقُلُ اللَّبِنَ:

"هٰذَا الْحِمَالُ لاَ حِمَالَ خَيْبَرْ ۞ هٰذَا أَبَرُّ رَبَّنَا وَأَطْهَرْ"

وَيَقُوْلُ:

"اللّٰهُمَّ إِنَّ الأَجْرَ أَجْرُ الآخِرَةْ ۞ فَارْحَمِ الأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ"

فَتَمَثَّلَ بِشِعْرِ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَمْ يُسَمَّ لِيْ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَلَمْ يَبْلُغْنَا فِي الأَحَادِيْثِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَمَثَّلَ بِبَيْتِ شِعْرٍ تَامٍّ غَيْرِ هٰذِهِ الأبْيَاتِ.

۱۰- حضرت اسماء رضی اللہ عنہا 'دو پٹکے والی' کیوں کہلائیں؟

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لئے جب دونوں نے مدینہ کا ارادہ کیا تو دسترخوان تیار کیا، پس میں نے اپنے ابا سے کہا: نہیں پاتی میں کوئی چیز کہ باندھوں اس کو مگر میرا اٹپکا، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اس کے دو حصے کرلو، پس میں نے کرلئے، چنانچہ میں دو پٹکوں والی کہلائی۔

تشریح: تیسری رات کو جب جبلِ ثور سے مدینہ چلنے کا وقت آیا تو حضرت اسماء رضی اللہ عنہا زادِ سفر لے کر آئیں، مگر اس کو کجاوہ کے ساتھ باندھنے کا بندھن بھول آئیں، جب روانگی کا وقت آیا اور توشہ لٹکانا چاہا تو بندھن نہیں تھا، انھوں نے اپنا پٹکا دو حصوں میں چاک کر کے ایک سے کجاوے کے ساتھ توشہ باندھا اور دوسرا کمر میں باندھا، اس وجہ سے ان کا لقب ذات النطاقین پڑ گیا۔

[۳۹۰۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، وَفَاطِمَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ: صَنَعتُ سُفْرَةَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ حِيْنَ أَرَادَا الْمَدِيْنَةَ، فَقُلْتُ لِأَبِيْ: مَا أَجِدُ شَيْئًا أَرْبِطُهُ إِلَّا نِطَاقِيْ، قَالَ: فَشُقِّيْهِ فَفَعَلْتُ، فَسُمِّيْتُ ذَاتَ النِّطَاقِيْنِ. [راجع: ۲۹۷۹]

۱۱- سراقہ کا گھوڑا نبی ﷺ کی بددعا سے زمین میں دھنسا

حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ مدینہ کی طرف متوجہ ہوئے تو سراقہ نے ان کا پیچھا کیا، نبی ﷺ نے اس کے لئے بددعا کی، پس اس کے ساتھ اس کا گھوڑا زمین میں دھنس گیا، سراقہ نے کہا: آپؐ میرے لئے دعا کریں، اور میں آپؐ کو کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا، چنانچہ آپؐ نے اس کے لئے دعا کی (دوسرا واقعہ) حضرت براءؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ پیاسے ہوئے، پس ایک چرواہے کے پاس سے گذرے، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے لکڑی کا

پیالہ لیا اور اس میں دودھ کی اچھی مقدار دوہی، پھر میں اس کو لے کر آپؐ کے پاس آیا، آپؐ نے نوش فرمایا، یہاں تک کہ میں خوش ہوگیا (یہ واقعہ تفصیل سے پہلے (حدیث ۲۴۳۹) گذرا ہے)

[۳۹۰۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، قَالَ: لَمَّا أَقْبَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمَدِيْنَةِ تَبِعَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَدَعَا عَلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَسَاخَتْ بِهِ فَرَسُهُ، قَالَ: ادْعُ اللّٰهَ لِيْ وَلاَ أَضُرُّكَ، فَدَعَا لَهُ، قَالَ: فَعَطِشَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه سولم فَمَرَّ بِرَاعٍ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْق: فَأَخَذْتُ قَدَحًا فَحَلَبْتُ فِيْهِ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، فَأَتَيْتُهُ فَشَرِبَ حَتَّى رَضِيْتُ.[راجع: ۲۴۳۹]

۱۲- حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے حالتِ حمل میں ہجرت کی

اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ان کو عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ کا حمل تھا، وہ کہتی ہیں: میں نکلی، درانحالیکہ مدت حمل پوری ہونے والی تھی، پس میں مدینہ پہنچی اور قبا میں اتری، وہاں ولادت ہوئی، پھر میں بچہ کو لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں آئی، آپؐ نے اس کو اپنی گود میں لیا، پھر کھجور منگوائی، اس کو چبایا، پھر بچہ کے منہ میں تھوک ڈالا، پس سب سے پہلی چیز جو عبد اللہؓ کے پیٹ میں پہنچی وہ نبی ﷺ کا تھوک تھا، پھر آپؐ نے کھجور سے اس کی تحنیک کی یعنی کھجور چبا کر اس کے تالو میں چپکائی، پھر آپؐ نے اس کے لئے دعائے برکت کی اور وہ اسلام میں یعنی ہجرت کے بعد سب سے پہلا بچہ جنا گیا تھا۔

[۳۹۰۹-] حَدَّثَنِيْ زَكَرِيَّاءُ بْنُ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَسْمَاءَ: أَنَّهَا حَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَتْ: فَخَرَجْتُ وَأَنَا مُتِمٌّ، فَأَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَنَزَلْتُ بِقُبَاءٍ فَوَلَدْتُهُ بِقُبَاءٍ، ثُمَّ أَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَوَضَعْتُهُ فِيْ حَجْرِهِ، ثُمَّ دَعَا بِتَمْرَةٍ فَمَضَغَهَا ثُمَّ تَفَلَ فِيْ فِيْهِ، فَكَانَ أَوَّلَ شَيْئٍ تَدْخُلُ جَوْفَهُ رِيْقُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ حَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ ثُمَّ دَعَا لَهُ وَبَرَّكَ عَلَيْهِ، وَكَانَ أَوَّلَ مَوْلُوْدٍ وُلِدَ فِي الإِسْلاَمِ. تَابَعَهُ خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَسْمَاءَ، أَنَّهَا هَاجَرَتْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهِيَ حُبْلَى.[انظر: ۵۴۶۹]

[۳۹۱۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَوَّلُ مَوْلُوْدٍ وُلِدَ فِي الإِسْلاَمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَتَوْا بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخَذَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم تَمْرَةً فَلاَكَهَا، ثُمَّ أَدْخَلَهَا فِيْ فِيْهِ، فَأَوَّلُ مَا دَخَلَ بَطْنَهُ رِيْقُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

۱۳-صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کا کہنا: یہ میرا راہ نما ہے

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ مدینہ کی طرف متوجہ ہوئے درانحالیکہ آپؐ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سواری پر پیچھے بٹھانے والے تھے (سفر ہجرت میں دو سواریاں تھیں اور چار آدمی تھے، ایک پر آپؐ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ بیٹھتے تھے، اور دوسری پر رہبر اور خادم عبداللہ) اور ابوبکر رضی اللہ عنہ بڑی عمر کے (معلوم ہوتے تھے) پہچانے جاتے تھے (وہ تجارتی اسفار کرتے تھے اس لئے راستہ کے لوگ ان کو پہچانتے تھے) اور اللہ کے نبی جوان تھے (عمر میں آپؐ دو سال بڑے تھے مگر بالوں میں سفیدی ظاہر نہیں ہوئی تھی) نہیں پہچانے جاتے تھے (آپؐ تجارتی اسفار نہیں کرتے تھے، اس لئے راستہ میں لوگ آپؐ کو نہیں پہچانتے تھے) حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس ایک آدمی ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملاقات کرتا اور پوچھتا: یہ آدمی جو آپؓ کے آگے بیٹھا ہے کون ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جواب دیتے: هٰذَا الرَّجُلُ يَهْدِيْنِى السَّبِيْلَ: یہ میرا راہبر ہے، حضرت انسؓ کہتے ہیں: گمان کرنے والا گمان کرتا کہ ان کی مراد گائڈ ہے، حالانکہ ان کی مراد دینی راہنما تھی۔

[۳۹۱۱-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبِىْ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: أَقْبَلَ نَبِىُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمَدِيْنَةِ وَهُوَ مُرْدِفٌ أَبَا بَكْرٍ، وَأَبُوْ بَكْرٍ شَيْخٌ يُعْرَفُ وَنَبِىُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَابٌّ لاَ يُعْرَفُ، قَالَ: فَيَلْقَى الرَّجُلُ أَبَا بَكْرٍ، فَيَقُوْلُ: يَا أَبَا بَكْرٍ! مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْكَ؟ فَيَقُوْلُ: هٰذَا الرَّجُلُ يَهْدِيْنِى السَّبِيْلَ، قَالَ: فَيَحْسِبُ الْحَاسِبُ أَنَّهُ إِنَّمَا يَعْنِى الطَّرِيْقَ، وَإِنَّمَا يَعْنِى سَبِيْلَ الْخَيْرِ.

۱۴-آخر میں دشمن دوست بن گیا!

پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جھانکا اچانک ایک سوار ان کے قریب آگیا، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ سوار ہمارے قریب آگیا! پس نبی ﷺ نے جھانکا اور فرمایا: اے اللہ! اس کو پچھاڑ دے، پس اس کو گھوڑے نے پچھاڑ دیا، پھر گھوڑا ہنہناتا ہوا کھڑا ہوا، اس شخص نے کہا: اے اللہ کے نبی! مجھے جو چاہیں آپؐ حکم دیں، آپؐ نے فرمایا: تم اپنی جگہ ٹھہرو، اور کسی کو ہمارے ساتھ ملنے مت دو، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: وہ شخص دن کے شروع میں نبی ﷺ کا دشمن تھا اور دن کے آخر میں آپؐ کا ہتھیار بن گیا (یہ سراقہ کا واقعہ ہے)

فَالْتَفَتَ أَبُوْ بَكْرٍ فَإِذَا هُوَ بِفَارِسٍ قَدْ لَحِقَهُمْ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا فَارِسٌ قَدْ لَحِقَ بِنَا! فَالْتَفَتَ نَبِىُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ اصْرَعْهُ" فَصَرَعَهُ الْفَرَسُ ثُمَّ قَامَتْ تُحَمْحِمُ، فَقَالَ: يَانَبِىَّ

اللّٰهِ! مُرْنِیْ بِمَ شِئْتَ، فَقَالَ: " فَقِفْ مَكَانَكَ، لاَ تَتْرُكَنَّ أَحَدًا يَلْحَقُ بِنَا" قَالَ: فَكَانَ أَوَّلَ النَّهَارِ جَاهِدًا عَلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ آخِرَ النَّهَارِ مَسْلَحَةً لَهُ.

۱۵- مدینہ میں خوشی کی لہر

پس نبی ﷺ حرّہ کی ایک جانب میں اترے یعنی قبا میں اترے، پھر انصار کے پاس آدمی بھیجا، وہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انھوں نے دونوں کو سلام کیا اور انھوں نے کہا: دونوں سوار ہوں اطمینان سے مقتداء ہونے کی حالت میں، پس نبی ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ سوار ہوئے اور ان حضرات نے مسلح ہو کر دونوں کو گھیر لیا، پس مدینہ میں کہا گیا: اللہ کے نبی آئے! وہ لوگ جھانک کر دیکھ رہے تھے یعنی گھروں کی چھتوں سے، اور کہہ رہے تھے: اللہ کے نبی آئے! اللہ کے نبی آئے! پس نبی ﷺ چلتے رہے یہاں تک کہ ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس اترے۔

فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَانِبَ الْحَرَّةِ، ثُمَّ بَعَثَ إِلٰى الْأَنْصَارِ فَجَاؤُا إِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَلَّمُوْا عَلَيْهِمَا، وَقَالُوْا: ارْكَبَا آمِنَيْنَ مُطَاعَيْنِ، فَرَكِبَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَحَفُّوْا دُوْنَهُمَا بِالسِّلاَحِ، فَقِيْلَ فِي الْمَدِيْنَةِ: جَاءَ نَبِيُّ اللّٰهِ! جَاءَ نَبِيُّ اللّٰهِ! أَشْرَفُوْا يَنْظُرُوْنَ وَيَقُوْلُوْنَ: جَاءَ نَبِيُّ اللّٰهِ! جَاءَ نَبِيُّ اللّٰهِ! فَأَقْبَلَ يَسِيْرُ حَتَّى نَزَلَ جَانِبَ دَارِ أَبِيْ أَيُّوْبَ.

۱۶- عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کی نبی ﷺ سے پہلی ملاقات

پس نبی ﷺ اپنے لوگوں سے باتیں کر رہے تھے کہ اچانک عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے آپؐ کی خبر سنی، وہ اپنے کھجور کے باغ میں گھر والوں کے لئے پکے ہوئے پھل چن رہے تھے، پس انھوں نے جلدی کی اس سے کہ رکھیں وہ ان پکے ہوئے پھلوں کو جو انھوں نے گھر والوں کے لئے چنے تھے باغ میں، یعنی وہ پھل ٹھکانے رکھنے بھی نہیں رہے، پس وہ آئے درانحالیکہ وہ پھل ان کے ساتھ تھے، پس انھوں نے نبی ﷺ کا کلام سنا (آپؐ نے فرمایا: لوگو! سلام کو رواج دو، غریبوں کو کھانا کھلاؤ، خاندان کو جوڑو، اور رات میں نماز پڑھو، جبکہ لوگ سو رہے ہوں: سلامتی سے جنت میں پہنچ جاؤ گے) پھر وہ اپنے گھر لوٹ گئے (اس پہلی ملاقات میں وہ مسلمان نہیں ہوئے)

فَإِنَّهُ لَيُحَدِّثُ أَهْلَهُ إِذْ سَمِعَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ وَهُوَ فِيْ نَخْلٍ لِأَهْلِهِ يَخْتَرِفُ لَهُمْ، فَعَجِلَ أَنْ يَضَعَ الَّذِيْ يَخْتَرِفُ لَهُمْ فِيْهَا، فَجَاءَ وَهِيَ مَعَهُ، فَسَمِعَ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى أَهْلِهِ.

۱۷- حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی قسمت چمکی!

پھر نبی ﷺ نے پوچھا: ہمارے لوگوں کے گھروں میں سے کس کا گھر سب سے زیادہ قریب ہے، حضرت ابوایوب

انصاری رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں اے اللہ کے نبی! سب سے زیادہ قریب ہوں، یہ میرا گھر ہے اور یہ میرا دروازہ ہے، آپؐ نے فرمایا: پس جاؤ اور ہمارے لئے قیلولہ کا انتظام کرو، انھوں نے کہا: دونوں حضرات تشریف لے چلیں اللہ کی برکت کے ساتھ، یعنی آپؐ کا تشریف لے چلنا مبارک ہو۔

فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَیُّ بُیُوْتِ أَهْلِنَا أَقْرَبُ؟" فَقَالَ أَبُوْ أَیُّوْبَ: أَنَا یَانَبِیَّ اللّٰهِ! هٰذِهِ دَارِیْ وَهٰذَا بَابِیْ، قَالَ: " فَانْطَلِقْ فَهَیِّءْ لَنَا مَقِیْلاً" قَالَ: قُوْمَا عَلٰی بَرَکَةِ اللّٰهِ.

۱۸- عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا

پھر جب نبی ﷺ (مدینہ میں) وارد ہوئے تو عبداللہ بن سلامؓ آئے، انھوں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں، اور آپؐ دین حق لائے ہیں، اور یہود بالیقین جانتے ہیں کہ میں ان کا بڑا ہوں اور ان کے بڑے کا بیٹا ہوں، اور ان میں دین سب سے زیادہ جانتا ہوں، اور ان میں سب سے زیادہ دین جاننے والے کا لڑکا ہوں، پس آپؐ ان کو بلائیں اور میرے بارے میں پوچھیں اس سے پہلے کہ ان کو میرے مسلمان ہونے کا علم ہو، اس لئے کہ اگر ان کو میرے اسلام کا علم ہوگیا تو وہ میرے حق میں کہیں گے وہ باتیں جو میرے اندر نہیں ہیں، نبی ﷺ نے آدمی بھیجا، پس وہ لوگ متوجہ ہوئے اور آپؐ کے پاس حاضر ہوئے، آپؐ نے ان سے پوچھا: اے جماعت یہود! تمہارا ناس ہو! اس اللہ سے ڈرو جس کے سواء کوئی معبود نہیں، تم بالیقین جانتے ہو کہ میں اللہ کا برحق رسول ہوں اور میں تمہارے پاس دین حق لایا ہوں، پس تم مسلمان ہوجاؤ، انھوں نے جواب دیا: ہم اس کو نہیں جانتے، نبی ﷺ نے ان سے یہ بات تین مرتبہ فرمائی، پھر فرمایا: عبداللہ بن سلامؓ تم میں کیسے آدمی ہیں؟ انھوں نے کہا: ہمارے آقا ہیں اور ہمارے آقا کے لڑکے ہیں اور ہمارے بڑے عالم ہیں، اور ہمارے بڑے عالم کے لڑکے ہیں، آپؐ نے فرمایا: بتلاؤ! اگر وہ مسلمان ہوجائیں؟ انھوں نے کہا: توبہ! توبہ!! وہ مسلمان نہیں ہوسکتے، آپؐ نے فرمایا: بتلاؤ! اگر وہ مسلمان ہوجائیں؟ انھوں نے کہا: توبہ! توبہ!! وہ مسلمان نہیں ہوسکتے، آپؐ نے فرمایا: "بتلاؤ اگر وہ مسلمان ہوجائیں؟ انھوں نے کہا: توبہ! توبہ!! وہ مسلمان نہیں ہوسکتے! آپؐ نے آواز دی: اے ابن سلام! سب کے سامنے آؤ، پس وہ نکلے اور کہا: اے جماعت یہود! اللہ سے ڈرو، پس قسم ہے اس ذات کی جس کے سواء کوئی معبود نہیں! تم بالیقین جانتے ہو کہ وہ اللہ کے رسول ہیں، اور وہ دین حق لائے ہیں، پس یہود نے کہا: تو جھوٹ کہتا ہے، پس نبی ﷺ نے ان لوگوں کو چلتا کیا۔

فَلَمَّاجَاءَ نَبِیُّ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَأَنَّكَ جِئْتَ بِحَقٍّ، وَقَدْ عَلِمَتْ یَهُوْدُ أَنِّیْ سَیِّدُهُمْ وَابْنُ سَیِّدِهِمْ، وَأَعْلَمُهُمْ وَابْنُ أَعْلَمِهِمْ، فَادْعُهُمْ فَاسْأَلْهُمْ عَنِّیْ قَبْلَ أَنْ یَعْلَمُوْا أَنِّیْ قَدْ أَسْلَمْتُ فَإِنَّهُمْ إِنْ یَعْلَمُوْا أَنِّیْ قَدْ أَسْلَمْتُ قَالُوْا فِیَّ مَا لَیْسَ فِیَّ، فَأَرْسَلَ نَبِیُّ

اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَأَقْبَلُوْا فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: ”يَا مَعْشَرَ الْيَهُوْدِ! وَيْلَكُمُ اتَّقُوْا اللّٰهَ! فَوَ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، إِنَّكُمْ لَتَعْلَمُوْنَ أَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا، وَأَنِّیْ جِئْتُكُمْ بِحَقٍّ فَأَسْلِمُوْا“ قَالُوْا: مَا نَعْلَمُهُ، قَالُوْا لِلنَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَهَا ثَلَاثَ مِرَارٍ، قَالَ: ”فَأَیُّ رَجُلٍ فِيْكُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ“ قَالُوْا: ذَاكَ سَيِّدُنَا وَابْنُ سَيِّدِنَا، وَأَعْلَمُنَا وَابْنُ أَعْلَمِنَا، قَالَ: ”أَفَرَأَيْتُمْ إِنْ أَسْلَمَ؟“ قَالُوْا: حَاشَا لِلّٰهِ! مَا كَانَ لِيُسْلِمَ، قَالَ:” أَفَرَأَيْتُم إِنْ أَسْلَمَ؟“ قَالُوْا: حَاشَا لِلّٰهِ! مَاكَانَ لِيُسْلِمَ، قَالَ أَفَرَأَيْتُمْ إِنْ أَسْلَمَ قَالُوْا حَاشَا لِلّٰهِ! مَاكَانَ لِيُسْلِمَ قَالَ:” يَا ابْنَ سَلَامٍ اخْرُجْ عَلَيْهِمْ“ فَخَرَجَ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْيَهُوْدِ! اتَّقُوْا اللّٰهَ! فَوَ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ إِنَّكُمْ لَتَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَأَنَّهُ جَاءَ بِحَقٍّ، فَقَالُوْا: كَذَبْتَ، فَأَخْرَجَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم.[راجع: ۳۳۲۹]

۱۹-ہجرت میں اصل اور تابع کا فرق

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے مہاجرین اولین کا چار ہزار درہم وظیفہ مقرر کیا، چار قسطوں میں (جن صحابہ نے دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی ہے وہ مہاجرین اولین ہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ جو غزوۂ بدر میں شریک ہوئے ہیں وہ مہاجرین اولین ہیں۔ اور فِی أَرْبَعَةٍ أَیْ فِیْ أَرْبَعَةِ فُصُوْل) اور ابن عمرؓ کے ساڑھے تین ہزار مقرر کئے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ ابن عمرؓ مہاجرین اولین میں سے ہیں، پھر آپؓ نے ان کا وظیفہ چار ہزار سے کیوں گھٹایا؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا: ان کے ساتھ ان کے والدین نے ہجرت کی ہے، ان کی مراد یہ تھی کہ وہ نہیں ہیں اس شخص کی طرح جس نے خود ہجرت کی ہے، (ہجرت کے وقت حضرت ابن عمرؓ گیارہ سال کے تھے)

[۳۹۱۲-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ. عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: كَانَ فَرَضَ لِلْمُهَاجِرِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ أَرْبَعَةَ آلَافٍ فِیْ أَرْبَعَةٍ، وَفَرَضَ لِابْنِ عُمَرَ ثَلَاثَةَ آلَافٍ وَخَمْسَ مِائَةٍ، فَقِيْلَ لَهُ: هُوَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ فَلِمَ نَقَصْتَهُ مِنْ أَرْبَعَةِ آلَافٍ؟ فَقَالَ: إِنَّمَا هَاجَرَ بِهِ أَبَوَاهُ، يَقُوْلُ: لَيْسَ هُوَ كَمَنْ هَاجَرَ بِنَفْسِهِ.

سند: یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے اور قال: کان فرض میں قال کا فاعل ابن عمرؓ ہیں، بعض نسخوں میں عن نافع عن عمر ہے، یہ صحیح نہیں، نافع کی حضرت عمرؓ سے ملاقات نہیں، اور بعض نسخوں میں عن نافع کے بعد یعنی ابن عمر ہے، یہ بھی ٹھیک نہیں، صحیح سند عن نافع عن ابن عمر ہے، آخر میں عن عمر نہیں ہونا چاہئے اور یعنی کی بھی ضرورت نہیں۔

۲۰- مہاجرین کو ہجرت کا اجر آخرت میں ملے گا

حدیث پہلے (تحفۃ القاری۳: ۵۹۵) آئی ہے، حضرت خباب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ ہجرت محض دینی جذبہ سے کی، کوئی دنیوی فائدہ پیش نظر نہیں تھا، پس ہمارا اجر اللہ کے یہاں ثابت ہوگیا، پھر ہم میں سے بعض کا انتقال ہوگیا، انھوں نے اپنے اجر میں سے کچھ نہیں کھایا، یعنی فتوحات کا دور نہیں دیکھا، ان میں حضرت مصعب رضی اللہ عنہ تھے اور بعض کا پھل پک گیا وہ اس کو توڑ رہے ہیں، یہ نیک عمل کا اجر نہیں برکت ہے، اجر ان کا بھی اللہ کے یہاں محفوظ ہے۔

[۳۹۱۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۹۱۳]

[۳۹۱٤-] ح: وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ شَقِيْقَ بْنَ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَبَّابٌ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَبْتَغِيْ وَجْهَ اللّٰهِ وَوَجَبَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ مَضَى لَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا: مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ فَلَمْ نَجِدْ شَيْئًا نُكَفِّنُهُ فِيْهِ إِلَّا نَمِرَةً كُنَّا إِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ، فَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ، فَأَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ نُغَطِّيَ رَأْسَهُ بِهَا وَنَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ إِذْخِرًا، وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا. [راجع: ۳۹۱٤]

۲۱- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہجرت کا اجر محفوظ رہنے کی تمنا کی

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ابو بردہ عامر سے پوچھا: کیا آپ جانتے ہیں: میرے ابا نے آپ کے ابا سے کیا کہا؟ ابو بردہ نے کہا: نہیں، ابن عمرؓ نے کہا: میرے ابا نے آپ کے ابا سے کہا: اے ابوموسیٰ! کیا آپ کو یہ بات پسند ہے کہ ہمارا نبی ﷺ کے ساتھ ایمان لانا اور آپؐ کے ساتھ ہجرت کرنا اور آپؐ کے ساتھ جہاد کرنا اور آپؐ کے ساتھ دیگر اعمال کرنا ہمارے لئے محفوظ رہے اور جو بھی عمل ہم نے آپؐ کے بعد کیا ہے اس سے ہم نجات پائیں، برابر سرابر، یعنی نہ ان پر کچھ ملے نہ پکڑ ہو، آپ کے ابا نے جواب دیا: نہیں بخدا! ہم نے نبی ﷺ کے بعد جہاد کیا ہے، نمازیں پڑھی ہیں، روزے رکھے ہیں، بہت سے نیک کام کئے ہیں اور ہمارے ہاتھ پر ایک خلقت مسلمان ہوئی ہے، ہم ان سب کاموں کے ثواب کی امید رکھتے ہیں، پس میرے ابا نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں ضرور تمنا کرتا ہوں کہ وہ اعمال تو ہمارے لئے محفوظ رہیں اور ہر وہ عمل جو ہم نے آپؐ کے بعد کیا ہے، اس سے ہم نجات پا جائیں برابر سرابر، ابو بردہ نے کہا: بیشک آپ کے ابا میرے ابا سے افضل تھے۔

[۳۹۱۵-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنِى أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ أَبِىْ مُوْسَى الأَشْعَرِىِّ، قَالَ: قَالَ لِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: هَلْ تَدْرِىْ مَا قَالَ أَبِىْ لِأَبِيْكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَإِنَّ أَبِىْ قَالَ لِأَبِيْكَ: يَا أَبَا مُوْسَى! هَلْ يَسُرُّكَ: إِسْلاَمُنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهِجْرَتُنَا مَعَهُ وَجِهَادُنَا مَعَهُ وَعَمَلُنَا كُلُّهُ مَعَهُ بَرَدَ لَنَا، وَأَنَّ كُلَّ عَمَلٍ عَمِلْنَاهُ بَعْدَهُ نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَأْسًا بِرَأْسٍ؟ فَقَالَ أَبِىْ: لاَ وَاللّٰهِ! قَدْ جَاهَدْنَا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَصَلَّيْنَا وَصُمْنَا وَعَمِلْنَا خَيْرًا كَثِيْرًا، وَأَسْلَمَ عَلٰى أَيْدِيْنَا بَشَرٌ كَثِيْرٌ، وَإِنَّا لَنَرْجُوْ ذٰلِكَ، فَقَالَ أَبِىْ: لٰكِنِّىْ أَنَا وَالَّذِىْ نَفْسُ عُمَرَ بِيَدِهِ! لَوَدِدْتُ أَنَّ ذٰلِكَ بَرَدَ لَنَا وَأَنَّ كُلَّ شَيْئٍ عَمِلْنَا بَعْدُ نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَأْسًا بِرَأْسٍ، فَقُلْتُ: إِنَّ أَبَاكَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ أَبِىْ.

لغت: بَرَدَ لَنَا: أَی ثبَتَ لَنَا، وَسَلِمَ لَنَا، کہا جاتا ہے: بَرَدَ لِیْ عَلی الْغَرِیْمِ حق: أَی ثبت۔ اور ایک روایت میں بَرَدَ کی جگہ خَلَصَ ہے یعنی خالص رہے، محفوظ رہے۔

۲۲- ابن عمرؓ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے ہجرت نہیں کی

ابوعثمان نہدیؒ کہتے ہیں: جب کوئی ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں کہتا کہ انھوں نے اپنے ابا سے پہلے ہجرت کی ہے، تو وہ غصہ ہوتے (پھر ابن عمرؓ نے اس غلط بات کے پھیلنے کی وجہ بیان کی) فرمایا: میں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ (قبا میں) نبی ﷺ سے ملنے آئے، آپؐ قیلولہ فرمارہے تھے، ہم گھر لوٹ گئے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے بھیجا اور فرمایا: جا دیکھ آ، آپؐ بیدار ہوئے یا نہیں؟ پس میں آپؐ کے پاس آیا، لوگ بیعت کررہے تھے، میں نے بھی بیعت کرلی، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور ان کو اطلاع دی کہ آپؐ بیدار ہوچکے ہیں، وہ تیزی سے چلے اور آپؐ کے پاس پہنچے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیعت کی پھر میں نے (دوبارہ) بیعت کی (یہ واقعہ ہے جس سے یہ غلط بات پھیلی کہ ابن عمرؓ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے ہجرت کی ہے)

[۳۹۱۶-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ صَبَّاحٍ، أَوْ بَلَغَنِىْ عَنْهُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ، سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ إِذَا قِيْلَ لَهُ: هَاجَرَ قَبْلَ أَبِيْهِ يَغْضَبُ، قَالَ: فَقَدِمْتُ أَنَا وَعُمَرُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَوَجَدْنَاهُ قَائِلاً فَرَجَعْنَا إِلَى الْمَنْزِلِ، فَأَرْسَلَنِىْ عُمَرُ وَقَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ هَلِ اسْتَيْقَظَ؟ فَأَتَيْتُهُ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَبَايَعْتُهُ. ثُمَّ انْطَلَقْتُ إِلٰى عُمَرَ فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّهُ قَدِ اسْتَيْقَظَ، فَانْطَلَقْنَا إِلَيْهِ يُهَرْوِلُ هَرْوَلَةً حَتّٰى دَخَلَ عَلَيْهِ فَبَايَعَهُ ثُمَّ بَايَعْتُهُ. [انظر ۴۱۸۶، ۴۱۸۷]

۲۳-صحابہ شوق سے ہجرت کا واقعہ سنتے سناتے تھے

حدیث اسی جلد میں (نمبر۳۶۱۵) گذری ہے، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے حضرت عازب رضی اللہ عنہ سے کجاوہ خریدا اوران سے کہا: اپنے بیٹے براء کو بھیجو وہ کجاوہ میرے گھر پہنچادے، حضرت براء رضی اللہ عنہ کجاوہ اٹھا کر چلے، ان کے والد عازب رضی اللہ عنہ بھی پیسے لینے کے لئے ساتھ چلے، راستہ میں انھوں نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے ہجرت کا واقعہ پوچھا، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے تفصیل سے واقعہ سنایا، معلوم ہوا کہ صحابہ شوق سے یہ واقعہ سنتے سناتے تھے۔

[۳۹۱۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَراءَ يُحدِّثُ، قَالَ: ابْتَاعَ أَبُوْ بَكْرٍ مِنْ عَازِبٍ رَحْلاً فَحَمَلْتُهُ مَعَهُ، قَالَ: فَسَأَلَهُ عَازِبٌ عَنْ مَسِيْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: أُخِذَ عَلَيْنَا بِالرَّصَدِ، فَخَرَجْنَا لَيْلاً، فَأَحْيَيْنَا لَيْلَنَا وَيَوْمَنَا حَتَّى قَامَ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ، ثُمَّ رُفِعَتْ لَنَا صَخْرَةٌ فَأَتَيْنَاهَا وَلَهَا شَيْئٌ مِنْ ظِلٍّ، قَالَ: فَفَرَشْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَرْوَةً مَعِيْ، ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم، فَانْطَلَقْتُ أَنْفُضُ مَا حَوْلَهُ، فَإِذَا أَنَا بِرَاعٍ قَدْ أَقْبَلَ فِي غُنَيْمَةٍ يُرِيْدُ مِنَ الصَّخْرَةِ مِثْلَ الَّذِيْ أَرَدْنَا، فَسَأَلْتُهُ، لِمَنْ أَنْتَ يَا غُلَامُ؟ فَقَالَ: أَنَا لِفُلَانٍ، فَقُلْتُ لَهُ: هَلْ فِيْ غَنَمِكَ مِنْ لَبَنٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ لَهُ، هَلْ أَنْتَ حَالِبٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَخَذَ شَاةً مِنْ غَنَمِهِ، فَقُلْتُ لَهُ: انْفُضِ الضَّرْعَ، قَالَ: فَحَلَبَ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، وَمَعِيْ إِدَاوَةٌ مِنْ مَاءٍ عَلَيْهَا خِرْقَةٌ، قَدْ رَوَّأْتُهَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَصَبَبْتُ عَلَى اللَّبَنِ حَتَّى بَرَدَ أَسْفَلُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم فَقُلْتُ: اشْرَبْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَشَرِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم حَتَّى رَضِيْتُ، ثُمَّ ارْتَحَلْنَا وَالطَّلَبُ فِيْ إِثْرِنَا. [راجع: ۲۴۳۹]

۲۴-ہجرت کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بخار ہوگیا

جب براء رضی اللہ عنہ کجاوہ لے کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر میں داخل ہوئے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا لیٹی ہوئی تھیں، ان کو بخار تھا، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ان کے رخسار کو چوما، اور پوچھا: بیٹی! کیسی ہو؟ (اس وقت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نابالغ تھیں)

[۳۹۱۸-] قَالَ الْبَرَاءُ: فَدَخَلْتُ مَعَ أَبِيْ بَكْرٍ عَلَى أَهْلِهِ، فَإِذَا عَائِشَةُ ابْنَتُهُ مُضْطَجِعَةٌ، قَدْ أَصَابَتْهَا حُمَّى، فَرَأَيْتُ أَبَاهَا يُقَبِّلُ خَدَّهَا وَقَالَ: كَيْفَ أَنْتِ يَا بُنَيَّةُ؟

۲۵- ہجرت کے وقت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے بال پکنے لگے تھے

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ مدینہ میں تشریف لائے درانحالیکہ آپؐ کے صحابہ میں سے کوئی نہیں تھا جس کے بال پک رہے ہوں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے علاوہ، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کو چھپایا مہندی اور کتم سے، یعنی خضاب کیا۔ دوسری حدیث میں بھی یہی ہے، آخر میں ہے کہ خضاب کا رنگ سرخ ہو گیا تھا۔

[۳۹۱۹-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ أَبِيْ عَبْلَةَ، أَنَّ عُقْبَةَ بْنَ وَسَّاجٍ حَدَّثَهُ، عَنْ أَنَسٍ خَادِمِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَلَيْسَ فِيْ أَصْحَابِهِ أَشْمَطُ غَيْرَ أَبِيْ بَكْرٍ فَغَلَّفَهَا بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.[انظر: ۳۹۲۰]

[۳۹۲۰-] وَقَالَ دُحَيْمٌ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِيْ أَبُوْ عُبَيْدٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ وَسَّاجٍ، حَدَّثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، فَكَانَ أَسَنَّ أَصْحَابِهِ أَبُوْ بَكْرٍ، فَغَلَّفَهَا بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ حَتَّى قَنَأَ لَوْنُهَا.[راجع: ۳۹۱۹]

لغت: شَمِطَ شَعْرُه: بالوں کا سیاہ وسفید ہونا، فهو أَشْمَطُ، وَهِيَ شَمْطَاءُ............قَنَأَ الشيئُ (ف) کسی چیز کا بہت سرخ ہونا، فَهُوَ قَانِیْءٌ۔

۲۶- ہجرت کے وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ام بکر کو طلاق دی

صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے قبیلہ کلب کی ایک عورت سے نکاح کیا تھا، جس کو ام بکر کہتے تھے، پس جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہجرت کی تو اس کو طلاق دیدی پس اس سے اپنے چچازاد بھائی سے نکاح کیا، وہی شاعر جس نے یہ قصیدہ کہا ہے، بدر میں مارے گئے کفار کے مرثیہ میں:

وَمَاذَا بِالْقَلِيْبِ قَلِيْبِ بَدْرٍ ۞ مِنَ الشِّيْزَى تُزَيَّنُ بِالسَّنَامِ

اور کیا ہے کنویں میں: بدر کے کنویں میں؟ ÷ آبنوس کی لکڑی سے جو کوہانوں کے ساتھ مزین کی گئی ہے۔

وَمَاذَا بِالْقَلِيْبِ قَلِيْبِ بَدْرٍ ۞ مِنَ الْقَيْنَاتِ وَالشَّرْبِ الْكِرَامِ

اور کیا ہے کنویں میں: بدر کے کنویں میں؟ ÷ گانے والیوں میں سے اور معزز شراب پینے والی پارٹی میں سے۔

تُحَيِّي بِالسَّلَامَةِ أُمُّ بَكْرٍ ۞ وَهَلْ لِيْ بَعْدَ قَوْمِيْ مِنْ سَلَامِ

ام بکر سلامتی کے ساتھ زندہ رہنے کی دعا دیتی ہے ÷ اور کیا میرے لئے میری قوم کے بعد سلامتی ہے!

يُحَدِّثُنَا الرَّسُوْلُ بِأَنْ سَنُحْيٰ ۞ وَكَيْفَ حَيَاةُ أَصْدَاءٍ وَهَامٍ؟

رسول ہم سے بیان کرتا ہے کہ ہم عنقریب زندہ کئے جائیں گے÷ اور الّو اور کھوپڑی کے پرندہ کی حیات کیسی؟

تشریح: حاشیہ میں ہے کہ یہ شاعر مسلمان ہوا تھا، پھر مرتد ہوگیا، بدر کی جنگ کے بعد ایک کنویں میں نبی ﷺ کے حکم سے بدر میں مارے گئے گروگھنٹالوں کو ڈالا گیا، شاعر نے ان کا مرثیہ کہا ہے......... الشِّیْزیٰ: آبنوس کی لکڑی جس سے کٹورے بنائے جاتے تھے، یعنی بدر کے کنویں میں جو لوگ ڈالے گئے ہیں وہ ایسے کٹورے استعمال کرتے تھے جو اونٹوں کی کوہانوں کے گوشت سے بھرے ہوئے ہوتے تھے، جن کو لوگ کھاتے تھے......... الْقَیْنَۃ: الْمُغَنِّیَۃ: گانے والی باندی .... الشَّرْب: الشارب کی جمع، شرابیوں کی محفل، یعنی بدر کے کنویں میں جو ڈالے گئے وہ سردار تھے ان کے یہاں باندیاں ناچتی گاتی تھیں اور شراب پینے والے اکٹھا ہوتے تھے......... الأَصْداء: الصَّدی کی جمع: الّو .... الھامۃ: ھامٌ کی جمع: عربوں کے خیال میں ایک پرندہ مقتول کی کھوپڑی سے نکلتا تھا، جبکہ اس کا بدلہ نہ لیا گیا ہو......... یعنی انسان جب اس حال میں پہنچ گیا کہ اس کے سر سے الّو نکل آیا، پس اب دوبارہ انسان کیسے بنے گا؟ شاعر کا مقصد بعث بعد الموت کی نفی کرنا ہے۔

[۳۹۲۱-] حدثنا أَصْبَغُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً مِنْ كَلْبٍ يُقَالُ لَهَا: أُمُّ بَكْرٍ، فَلَمَّا هَاجَرَ أَبُوْ بَكْرٍ طَلَّقَهَا، فَتزَوَّجَهَا ابْنُ عَمِّهَا هٰذَا الشَّاعِرُ الَّذِیْ قَالَ هٰذِهِ الْقَصِيْدَةَ رَثَی كُفَّارَ قُرَيْشٍ:

وَمَاذَا بِالْقَلِيْبِ قَلِيْبِ بَدْرٍ ۞ مِنَ الشِّيْزٰی تُزَيَّنُ بِالسَّنَامِ
وَمَاذَا بِالْقَلِيْبِ قَلِيْبِ بَدْرٍ ۞ مِنَ الْقَيْنَاتِ وَالشَّرْبِ الْكِرَامِ
تُحَيِّی بِالسَّلاَمَةِ أُمُّ بَكْرٍ ۞ وَهَلْ لِیْ بَعْدَ قَوْمِیْ مِنْ سَلاَمِ
يُحَدِّثُنَا الرَّسُوْلُ بِأَنْ سَنُحْيٰ ۞ وَكَيْفَ حَيَاةُ أَصْدَاءٍ وَهَامِ؟

۲۷- ہجرت کے وقت کفار غار تک پہنچ گئے تھے

اسی جلد میں حدیث گذری ہے، ابوبکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں غار میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا، پس میں نے اپنا سر اٹھایا، پس اچانک میں نے لوگوں کے پیر دیکھے، میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! اگر ان میں سے کوئی اپنی نگاہ نیچی کرے گا تو ہمیں دیکھ لے گا، آپؐ نے فرمایا: ابوبکر! خاموش رہو، ہم دو ہیں اللہ ہمارے تیسرے ہیں۔

[۳۹۲۲-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِیْ بَكْرٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی الله عليه وسلم فِی الْغَارِ فَرَفَعْتُ رَأْسِیْ فَإِذَا أَنَا بِأَقْدَامِ الْقَوْمِ فَقُلْتُ: يَانَبِیَّ اللّٰهِ، لَوْ أَنَّ بَعْضَهُمْ طَأْطَأَ بَصَرَهُ رَآنَا، قَالَ: " اسْكُتْ يَا أَبَا بَكْرٍ! اثْنَانِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا" [راجع: ۳۶۵۳]

۲۸-ہجرت آسان کام نہیں

ایک بدو نے نبی ﷺ سے ہجرت کی اجازت مانگی، آپؐ نے فرمایا: باؤلے! ہجرت بہت بھاری عمل ہے یعنی آپؐ نے اس کو ہجرت کی اجازت نہیں دی، اس لئے کہ بدو ہجرت کی سختیاں جھیل نہیں سکتے، پھر آپؐ نے پوچھا: کیا تیرے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے کہا: ہاں! آپؐ نے پوچھا: ان کی زکوٰۃ نکالتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا: کیا ان میں سے دودھ پینے کے لئے اونٹنی دیتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا: جس دن اونٹ پانی پینے کے لئے چشمے پر آتے ہیں اس دن دودھ دوہ کر دیتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: پس سمندروں کے پار عمل کر، اللہ تعالیٰ تیرے عمل میں سے کچھ بھی کتر نہیں لیں گے، یعنی جہاں جی چاہے رہ اور عمل کر، تجھے تیرے عمل کا پورا ثواب ملے گا (یہ واقعہ اس زمانہ کا ہے جب ہجرت فرض نہیں رہی تھی، اور حدیث کا حاصل یہ ہے کہ ہجرت کوئی آسان کام نہیں، پس جو بھی دین کے لئے ہجرت کرے وہ سختیاں جھیلنے کے لئے کمر کس لے)

[۳۹۲۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ اللَّيْثِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُوْ سَعِيْدٍ، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَسَأَلَهُ عَنِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: "وَيْحَكَ! إِنَّ الْهِجْرَةَ شَأْنُهَا شَدِيْدٌ، فَهَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَتُعْطِي صَدَقَتَهَا؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَهَلْ تَمْنَحُ مِنْهَا؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَتَحْلُبُهَا يَوْمَ وُرُوْدِهَا؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَنْ يَتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا" [راجع: ١٤٥٢]

بَابُ مَقْدَمِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابِهِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ

نبی ﷺ اور صحابہ کی مدینہ میں تشریف آوری

حدیث (۱): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پہلے وہ شخص جو ہمارے یہاں آئے، مصعب بن عُمیر اور ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما تھے (ان دونوں حضرات کو بیعتِ عقبہ اولیٰ کے بعد مدینہ بھیجا گیا تھا دعوت وتعلیم کے لئے) پھر ہمارے یہاں حضرت عمار اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما آئے۔

حدیث (۲): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمارے یہاں سب سے پہلے حضرت مُصعب اور حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما آئے، وہ لوگوں کو قرآن پڑھایا کرتے تھے، پھر حضرت بلال، سعد بن ابی وقاص اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم آئے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیس صحابہ کے ساتھ آئے، پھر نبی ﷺ تشریف لائے، پس نہیں دیکھا میں نے مدینہ

والوں کوخوش ہوتے ہوئے کسی چیز سے جتنے وہ نبی ﷺ کی وجہ سے خوش ہوئے، حتی کہ باندیاں کہتی تھیں: اللہ کے رسول آئے! پس آپؐ تشریف نہیں لائے، یہاں تک کہ میں نے سورۃ الاعلی پڑھ لی تھی مفصلات کی دیگر چند سورتوں کے ساتھ۔

حدیث (۳): صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب نبی ﷺ مدینہ میں وارد ہوئے تو ابوبکر اور بلال رضی اللہ عنہما کو بخار آ گیا، صدیقہ کہتی ہیں: میں دونوں کے پاس جاتی اور پوچھتی: ابا جان! آپ کا کیا حال ہے؟ بلالؓ! آپ کا کیا حال ہے؟ صدیقہؓ کہتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو جب بخار چڑھتا تو وہ کہتے:

ہر شخص اپنے خاندان میں 'صبح مبارک' کہا جاتا ہے ÷ حالانکہ موت اس کے چپل کے تسمہ سے بھی زیادہ قریب ہے

اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا جب بخار اترتا تو وہ بلند آواز سے کہتے:

کاش مجھے معلوم ہوتا کہ میں کوئی رات وادی مکہ میں گذاروں گا ÷ اور میرے اردگرد اذخر اور جلیل گھاس ہوگی؟

اور کیا میں کسی دن مُجَنَّة نامی چشمہ پر اتروں گا ÷ اور کیا میرے لئے شامہ اور طفیل پہاڑ ظاہر ہونگے؟

صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپؐ کو صورتِ حال بتلائی، آپؐ نے دعا فرمائی: اے اللہ! ہمارے دلوں میں مدینہ کی محبت مکہ کی محبت جیسی بلکہ اس سے بھی زیادہ پیوست فرما، اور مدینہ کو صحت افزا بنا اور ہمارے لئے اس کے صاع اور مُد میں برکت فرما اور اس کے بخار کو جحفہ میں منتقل فرما (یہ حدیث تحفہ ۴: ۵۶۵ میں آئی ہے)

[٤٦-] بَابُ مَقْدَمِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابِهِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ

[٣٩٢٤-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَنْبَأَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، سَمِعَ الْبَرَاءَ قَالَ: أَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَيْنَا مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ، وَابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، ثُمَّ قَدِمَ عَلَيْنَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ وَبِلاَلٌ.

[٣٩٢٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: أَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَيْنَا مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، وَكَانُوْا يُقْرِؤُنَ النَّاسَ، فَقَدِمَ بِلاَلٌ وَسَعْدٌ وَعَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، ثُمَّ قَدِمَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِيْ عِشْرِيْنَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَمَا رَأَيْتُ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ فَرِحُوْا بِشَيْئٍ فَرَحَهُمْ بِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى جَعَلَ الإِمَاءُ يَقُلْنَ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم! فَمَا قَدِمَ حَتَّى قَرَأْتُ: ﴿سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الأَعْلَى﴾ فِيْ سُوَرٍ مِنَ الْمُفَصَّلِ.

[٣٩٢٦-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ وُعِكَ أَبُوْ بَكْرٍ وَبِلاَلٌ، قَالَتْ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهِمَا فَقُلْتُ: يَا أَبَهْ! كَيْفَ تَجِدُكَ؟ وَيَا بِلاَلُ كَيْفَ تَجِدُكَ؟ قَالَتْ: فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ إِذَا أَخَذَتْهُ

الْحُمَّى يَقُوْلُ:

كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِي أَهْلِهِ ۞ وَالْمَوْتُ أَدْنٰى مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ

وَكَانَ بِلاَلٌ إِذَا أَقْلَعَ عَنْهُ يَرْفَعُ عَقِيْرَتَهُ وَيَقُوْلُ:

أَلاَ لَيْتَ شِعْرِىْ هَلْ أَبِيْتَنَّ لَيْلَةً ۞ بِوَادٍ وَحَوْلِيْ إِذْخِرٌ وَجَلِيْلُ؟

وَهَلْ أَرِدَنْ يَوْمًا مِيَاهَ مَجَنَّةٍ؟ ۞ وَهَلْ يَبْدُوَنْ لِيْ شَامَةٌ وَطَفِيْلُ؟

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْمَدِيْنَةَ كَحُبِّنَا مَكَّةَ أَوْ أَشَدَّ، وَصَحِّحْهَا، وَبَارِكْ لَنَا فِي صَاعِهَا وَمُدِّهَا، وَانْقُلْ حُمَّاهَا فَاجْعَلْهَا بِالْجُحْفَةِ"

[راجع: ۱۸۸۹]

آئندہ حدیث اسی جلد میں (نمبر۳۶۹۶) آچکی ہے، ولید کے معاملہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے جب گفتگو کی گئی تو انھوں نے جو جواب دیا اس میں ہے: هَاجَرْتُ هِجْرَتَيْنِ: میں نے دو ہجرتیں کی ہیں: ایک حبشہ کی طرف دوسری مدینہ کی طرف، بس حدیث کی باب سے اتنی ہی مناسبت ہے۔

[۳۹۲۷-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَدِيٍّ أَخْبَرَهُ: دَخَلْتُ عَلٰى عُثْمَانَ وَقَالَ بِشْرُ بْنُ شُعَيْبٍ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ أَخْبَرَهُ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عُثْمَانَ فَتَشَهَّدَ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ! فَإِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم بِالْحَقِّ، وَكُنْتُ مِمَّنِ اسْتَجَابَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَآمَنَ بِمَا بُعِثَ بِهِ مُحَمَّدٌ، ثُمَّ هَاجَرْتُ هِجْرَتَيْنِ، وَنِلْتُ صِهْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَبَايَعْتُهُ، فَوَ اللّٰهِ مَا عَصَيْتُهُ وَلاَ غَشَشْتُهُ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ. تَابَعَهُ إِسْحَاقُ الْكَلْبِيُّ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ مِثْلَهُ. [راجع: ۳۶۹۶]

آئندہ حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آخری حج میں کسی کی بات سنی کہ جب عمرؓ کا انتقال ہوگا تو میں فلاں سے بیعت کروں گا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو غصہ آیا اور فرمایا: میں آج شام لوگوں کے سامنے تقریر کروں گا، اور انہیں آگاہ کروں گا کہ اہل حق کا حق نہ چھینیں! ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ میرے خیمہ میں آئے، میں موجود تھا، انھوں نے مجھے بتایا کہ میں نے امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: موسم حج میں معمولی درجہ کے لوگ اکٹھا ہوتے ہیں، اس لئے میری رائے یہ ہے کہ آپ یہاں تقریر نہ کریں، تاخیر کریں، یہاں تک کہ آپؓ مدینہ پہنچیں، مدینہ دار الہجرۃ والسنۃ ہے (یہاں باب ہے) وہاں سمجھ دار، شرفاء اور ذی رائے لوگ ہیں، ان کے سامنے آپؓ تقریر کریں،

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے میری بات مان لی اور فرمایا: مدینہ میں پہنچ کر جو پہلی تقریر کروں گا اس میں یہ مضمون بیان کروں گا۔

[۳۹۲۸-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، وَأَخْبَرَنِیْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ رَجَعَ إِلٰى أَهْلِهِ، وَهُوَ بِمِنًى، فِي آخِرِ حَجَّةٍ حَجَّهَا عُمَرُ، فَوَجَدَنِیْ فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! إِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ، وَإِنِّیْ أَرَى أَنْ تُمْهِلَ، حَتَّى تَقْدَمَ الْمَدِيْنَةَ، فَإِنَّهَا دَارُ الْهِجْرَةِ وَالسُّنَّةِ، وَتَخْلُصَ لِأَهْلِ الْفِقْهِ، وَأَشْرَافِ النَّاسِ وَذَوِی رَأْيِهِمْ، وَقَالَ عُمَرُ: لَأَقُوْمَنَّ فِیْ أَوَّلِ مَقَامٍ أَقُوْمُهُ بِالْمَدِيْنَةِ.
[راجع: ٢٤٦٢]

آئندہ حدیث: جو مہاجرین ہجرت کر کے مدینہ آئے تھے، ان میں حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ بھی تھے، انھوں نے بھی دو ہجرتیں کی تھیں، ایک حبشہ کی طرف، دوسری مدینہ کی طرف، مدینہ میں مہاجرین کو جب قرعہ ڈال کر تقسیم کیا گیا تو حضرت عثمان: ام العلاء رضی اللہ عنہا کے خاندان کے حصہ میں آئے، یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳:۵۶۴ میں) گذر چکی ہے۔

[۳۹۲۹-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّ أُمَّ الْعَلَاءِ امْرَأَةً مِنْ نِسَائِهِمْ بَايَعَتِ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ طَارَ لَهُمْ فِی السُّكْنَى حِيْنَ قَرَعَتِ الْأَنْصَارُ عَلٰى سُكْنَى الْمُهَاجِرِيْنَ، قَالَتْ أُمُّ الْعَلَاءِ: فَاشْتَكَى عُثْمَانُ عِنْدَنَا فَمَرَّضْتُهُ حَتَّى تُوُفِّیَ، وَجَعَلْنَاهُ فِیْ أَثْوَابِهِ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ أَبَا السَّائِبِ! شَهَادَتِیْ عَلَيْكَ لَقَدْ أَكْرَمَكَ اللّٰهُ! فَقَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم: " وَمَا يُدْرِيْكِ أَنَّ اللّٰهَ أَكْرَمَهُ؟" قَالَتْ: قُلْتُ: لَا أَدْرِیْ! بِأَبِیْ أَنْتَ وَأُمِّیْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَمَنْ؟ قَالَ: " أَمَّا هُوَ فَقَدْ جَاءَهُ وَاللّٰهِ الْيَقِيْنُ، وَاللّٰهِ إِنِّیْ لَأَرْجُوْ لَهُ الْخَيْرَ، وَمَا أَدْرِیْ وَاللّٰهِ وَأَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِیْ" قَالَتْ: فَوَ اللّٰهِ لَا أُزَكِّیْ بَعْدَهُ أَحَدًا، قَالَتْ: فَأَحْزَنَنِیْ ذٰلِكَ فَنِمْتُ فَأُرِيْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ عَيْنًا تَجْرِیْ فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: " ذٰلِكَ عَمَلُهُ"[راجع: ١٢٤٣]

ملحوظہ: حدیث میں صحیح بہ ہے جیسا کہ پہلے گذرا ہے۔

آئندہ حدیث: اسی جلد میں (نمبر ۳۷۷۷) آئی ہے کہ انصار میں جو طویل جنگ بُعاث ہوئی تھی وہ نبی ﷺ کی مدینہ میں تشریف آوری کے لئے تمہید تھی، بس حدیث کا باب سے اتنا ہی تعلق ہے، باقی تفصیل محولہ جگہ میں ہے۔

[۳۹۳۰-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ يَوْمُ بُعَاثٍ يَوْمًا قَدَّمَهُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ وَقَدِ افْتَرَقَ مَلَؤُهُمْ وَقُتِلَتْ سَرَاتُهُمْ: فِيْ دُخُوْلِهِمْ فِي الإِسْلَامِ.[راجع: ۳۷۷۷]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۲۷۹ میں) آئی ہے، عید الفطر یا عید الاضحیٰ کے دن دولڑکیاں جنگ بُعاث کے مرثیہ کے اشعار پڑھ رہی تھیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے، انھوں نے ڈانٹا، نبی ﷺ نے فرمایا: پڑھنے دو، آج عید کا دن ہے (جنگ بُعاث ہجرت کی تمہید تھی، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے)

[۳۹۳۱-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنِيْ غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَيْهَا وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَهَا يَوْمَ فِطْرٍ أَوْ أَضْحَى، وَعِنْدَهَا قَيْنَتَانِ تُغَنِّيَانِ بِمَا تَعَازَفَتِ الأَنْصَارُ يَوْمَ بُعَاثٍ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: مِزْمَارُ الشَّيْطَانِ! مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "دَعْهُمَا يَا أَبَا بَكْرٍ، إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيْدًا وَإِنَّ عِيْدَنَا هٰذَا الْيَوْمُ"[راجع: ۴۵۴، ۹۴۹]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۲۶۶ میں) آئی ہے، نبی ﷺ ہجرت فرما کر جب مدینہ میں وارد ہوئے تو پہلے قبا میں چودہ دن قیام فرمایا، پھر مدینہ میں داخل ہوئے اور حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مہمان بنے اور مسجدِ نبوی کی جگہ خرید کر وہاں مسجد تعمیر کی (حدیث کا ترجمہ محوّلہ جگہ میں ہے)

[۳۹۳۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ يُحَدِّثُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ التَّيَّاحِ يَزِيْدُ بْنُ حُمَيْدٍ الضُّبَعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ نَزَلَ فِيْ عُلُوِّ الْمَدِيْنَةِ فِيْ حَيٍّ يُقَالُ لَهُمْ: بَنُو عَمْرِو بْنُ عَوْفٍ، قَالَ: فَأَقَامَ فِيْهِمْ أَرْبَعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلٰى مَلَأِ بَنِيْ النَّجَّارِ، قَالَ: فَجَاؤُا مُتَقَلِّدِيْنَ سُيُوْفَهُمْ، قَالَ: وَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى رَاحِلَتِهِ، وَأَبُوْ بَكْرٍ رِدْفُهُ، وَمَلَأُ بَنِيْ النَّجَّارِ حَوْلَهُ، حَتَّى أَلْقَى بِفِنَاءِ أَبِيْ أَيُّوْبَ، قَالَ: فَكَانَ يُصَلِّيْ حَيْثُ أَدْرَكَتْهُ الصَّلاَةُ، وَيُصَلِّيْ فِيْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ، قَالَ: ثُمَّ إِنَّهُ أَمَرَ بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ، فَأَرْسَلَ إِلٰى مَلَأِ بَنِيْ النَّجَّارِ فَجَاؤُا، فَقَالَ: "يَا بَنِي النَّجَّارِ! ثَامِنُوْنِيْ بِحَائِطِكُمْ هٰذَا" فَقَالُوْا: لاَ وَاللّٰهِ، لاَ نَطْلُبُ ثَمَنَهُ إِلَّا إِلٰى اللّٰهِ، قَالَ: فَكَانَ فِيْهِ مَا أَقُوْلُ لَكُمْ: كَانَتْ فِيْهِ قُبُوْرُ الْمُشْرِكِيْنَ، وَكَانَتْ فِيْهِ خِرَبٌ، وَكَانَ فِيْهِ نَخْلٌ. فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِقُبُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ فَنُبِشَتْ، وَبِالْخِرَبِ فَسُوِّيَتْ، وَبِالنَّخْلِ فَقُطِعَ، قَالَ: فَصَفُّوْا

النَّخْلَ قِبْلَةَ الْمَسْجِدِ، قَالَ: وَجَعَلُوْا عِضَادَتَيْهِ حِجَارَةً، قَالَ: جَعَلُوْا يَنْقُلُوْنَ ذَاكَ الصَّخْرَ وَهُمْ يَرْتَجِزُوْنَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم مَعَهُمْ، يَقُوْلُوْنَ:

اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ لَاخَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الآخِرَةْ ❁ فَانْصُرِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ

[راجع: ٤٢٨]

بَابُ إِقَامَةِ الْمُهَاجِرِ بِمَكَّةَ بَعْدَ قَضَاءِ نُسُكِهِ

ارکانِ حج ادا کرنے کے بعد مہاجر کا مکہ میں ٹھہرنا

جن حضرات نے مکہ سے ہجرت کی تھی ان کے لئے فتح مکہ سے پہلے مکہ میں اقامت اختیار کرنا حرام تھا، پھر فتح مکہ کے بعد اگر وہ حج یا عمرہ کے لئے آئیں تو ارکان ادا کرنے کے بعد تین دن مکہ میں ٹھہر سکتے ہیں، اس سے زیادہ نہ ٹھہریں، پس یہ حکم مکہ سے ہجرت کرنے والوں کے لئے خاص تھا۔

حدیث: حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے سائب بن یزید سے دریافت کیا: آپ نے مکہ کی سکونت کے بارے میں کیا حدیث سنی ہے؟ انھوں نے کہا: میں نے حضرت علاء رضی اللہ عنہ سے سنا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''منیٰ سے لوٹنے کے بعد مہاجر مکہ میں تین دن ٹھہرے'' (اس سے زیادہ نہ ٹھہرے)

[٤٧-] بَابُ إِقَامَةِ الْمُهَاجِرِ بِمَكَّةَ بَعْدَ قَضَاءِ نُسُكِهِ

[٣٩٣٣-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَسْأَلُ السَّائِبَ ابْنَ أُخْتِ النَّمِرِ: مَا سَمِعْتَ فِيْ سُكْنَى مَكَّةَ؟ قَالَ: سَمِعْتُ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "ثَلَاثٌ لِلْمُهَاجِرِيْنَ بَعْدَ الصَّدْرِ"

بَابٌ

اسلامی تاریخ کی ابتداء

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ آپؓ کے فرامین ہمارے پاس آتے ہیں، لیکن ان پر تاریخ نہیں ہوتی (اس سے ہمیں الجھن پیش آتی ہے) چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سترہ ہجری میں صحابہ سے تاریخ اسلامی کے بارے میں مشورہ کیا، بعض نے کہا: میلادِ نبوی سے تاریخ کی ابتداء کی جائے، بعض نے کہا: بعثتِ نبوی سے، بعض نے کہا: ہجرت سے اور بعض نے کہا: وفاتِ نبوی سے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہجرت سے تاریخ کی ابتداء کو

پسند کیا، اس لئے کہ ہجرت ہی سے حق وباطل میں فرق قائم ہوا اور اسلام کی عزت اور غلبہ کی ابتداء ہوئی، پھر یہ مشورہ ہوا کہ سال کہاں سے شروع کیا جائے، ایک رائے ربیع الاول سے شروع کرنے کی تھی، اس لئے کہ آپؐ اسی ماہ میں مدینہ منورہ میں رونق افروز ہوئے ہیں، دوسری رائے یہ تھی کہ محرم سے ابتداء کی جائے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے ہجرت کا ارادہ محرم سے فرمایا تھا، انصار نے ذی الحجہ میں آپؐ کے دستِ مبارک پر بیعتِ عقبہ ثانیہ کی تھی، اور وہ لوگ ذی الحجہ کے آخر میں حج کر کے مدینہ منورہ واپس آئے تھے، اس لئے آپ نے ان کی واپسی کے چندروز بعد ہی ہجرت کا ارادہ فرمالیا تھا، اور حضرات صحابہ کو ہجرت کی اجازت دیدی تھی، چنانچہ سنہ ہجری کی ابتداء محرم الحرام سے کی گئی، حضرات عثمان وعلی رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہی مشورہ دیا تھا جو قبول کرلیا گیا۔

حدیث (۱): حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نہیں شمار کیا صحابہ نے نبی ﷺ کی بعثت سے اور نہ آپؐ کی وفات سے، نہیں شمار کیا انھوں نے مگر آپؐ کی مدینہ میں تشریف آوری سے۔

تشریح: میلادِ نبوی سے تاریخ شروع کرنے میں عیسائیوں کے ساتھ مشابہت تھی اور وفاتِ نبوی امت کے لئے بڑا حادثہ تھا، اس لئے اس سے بھی تاریخ شروع کرنا مناسب نہیں سمجھا گیا اور بعثتِ نبوی اسلام کی ابتداء تھی اس لئے اس کو بھی نہیں لیا گیا، اور ہجرت اسلام کے دو دوروں میں خط امتیاز تھا، اس لئے اس سے تاریخ شروع کی گئی۔

حدیث (۲): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نمازیں دو دو رکعتیں فرض کی گئیں، پھر نبی ﷺ نے ہجرت کی تو نمازیں چار رکعتیں کردی گئیں اور سفر کی نماز سابقہ حالت پر باقی رکھی گئی۔

تشریح: احکامِ اسلامی میں انقلاب ہجرت کے بعد آیا ہے، ہجرت سے پہلے کا دور مغلوبیت کا دور تھا، اس لئے نمازیں بھی دو ہی رکعتیں فرض کی گئی تھیں، اور ہجرت کے بعد کا دور اطمینان کا دور تھا اس لئے رکعتوں کی تعداد بڑھادی گئی، چنانچہ صحابہ نے ہجرت سے اسلامی تاریخ کی ابتدا کی۔

[۴۸-] بَابٌ

[۳۹۳۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: مَا عَدُّوْا مِنَ مَبْعَثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَلَا مِنْ وَفَاتِهِ، مَا عَدُّوْا إِلَّا مِنْ مَقْدَمِهِ الْمَدِيْنَةَ.

[۳۹۳۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ هَاجَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَفُرِضَتْ أَرْبَعًا، وَتُرِكَتْ صَلَاةُ السَّفَرِ عَلَى الْأُوْلٰى، تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ. [راجع: ۳۵۰]

ملحوظہ: مصری نسخہ میں باب اس طرح ہے: بَابُ التاريخ، من أين أَرَّخُوْا التاريخ؟

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " اَللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ" وَمَرْثِيَتِهِ لِمَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ

الٰہی! میرے صحابہ کی ہجرت کو پایۂ تکمیل تک پہنچا! اور مکہ میں وفات پانے والے مہاجرین کے لئے دعائے رحمت!

پہلے (تحفۃ القاری ۴:۵۲) حدیث گذری ہے، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ حجۃ الوداع کے سال مکہ میں سخت بیمار پڑے، نبی ﷺ ان کی بیمار پرسی کے لئے تشریف لے گئے، انھوں نے عرض کیا: کیا میں اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جاؤں گا؟ یعنی میرے ساتھی حج کر کے مدینہ چلے جائیں گے اور میں مکہ میں مروں گا، آپؐ نے فرمایا: تم ہرگز پیچھے نہیں رہوگے، یعنی مکہ میں نہیں مروگے، ابھی زندہ رہوگے، اور ہوسکتا ہے تم میرے بعد تک زندہ رہو، پھر آپؐ نے دعا کی: اے اللہ! میرے ساتھیوں کی ہجرت مکمل فرما اور ان کو الٹے پاؤں نہ لوٹا، ہاں قابل رحم سعد بن خولہؓ ہیں (امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں) مکہ میں انتقال ہونے کی وجہ سے نبی ﷺ نے ان کے لئے دعائے رحمت کی (حدیث کا ترجمہ اور شرح محولہ جگہ میں ہے)

[۴۹-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: اَللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ! وَمَرْثِيَتِهِ لِمَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ

[۳۹۳۶-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: عَادَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ يَعْنِيْ مِنْ مَرَضٍ أَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بَلَغَ بِيْ مِنَ الْوَجَعِ مَا تَرَى، وَأَنَا ذُو مَالٍ، وَلَا يَرِثُنِيْ إِلَّا ابْنَةٌ لِيْ وَاحِدَةٌ، أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِيْ؟ قَالَ:" لَا" قَالَ: فَأَتَصَدَّقُ بِشَطْرِهِ؟ قَالَ:" الثُّلُثُ يَا سَعْدُ! وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ، إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ ذُرِّيَّتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ وَلَسْتَ بِنَافِقٍ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا آجَرَكَ اللّٰهُ بِهَا حَتَّى اللُّقْمَةَ تَجْعَلُهَا فِيْ فِيْ امْرَأَتِكَ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِيْ؟ قَالَ: إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلًا تَبْتَغِيْ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ دَرَجَةً وَرِفْعَةً، وَلَعَلَّكَ تُخَلَّفُ حَتَّى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ، وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُوْنَ، اَللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ، لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ" يَرْثِيْ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُتَوَفَّى بِمَكَّةَ. وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ وَمُوْسَى، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ:" أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ"

سند: ابراہیم بن سعد کے شاگردوں میں ایک لفظ میں اختلاف ہوا ہے، یحییٰ کی روایت میں ذُرِّيَّتَكَ ہے اور احمد بن یونس اور موسیٰ بن اسماعیل کی روایت میں وَرَثَتَكَ ہے، اور ہمارے نسخہ میں حدیث کے درمیان میں احمد بن یونس کا قول آیا ہے، میں نے اس کو حذف کیا ہے، کیونکہ آخر میں یہ قول آرہا ہے۔

بَابٌ: كَيْفَ آخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَصْحَابِهِ؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کے درمیان کس طرح مؤاخات (بھائی چارگی) کرائی؟

بھائی چارہ کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ دورِ نبوی میں لوگ قبائل کی بنیاد پر ایک دوسرے کی مدد کرنے کے خوگر تھے، چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ میں دو مرتبہ مؤاخات کرائی، ایک مرتبہ ہجرت سے پہلے خاص مہاجرین کے درمیان، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بھائی قرار دیا، حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہا کا، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا، زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا، عبیدۃ بن الحارث رضی اللہ عنہ کو بلال رضی اللہ عنہ کا، مصعب بن عُمیر رضی اللہ عنہ کو سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا، ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو سالم مولیٰ ابی حذیفہ رضی اللہ عنہ کا، سعید بن زید رضی اللہ عنہ کو طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہا کا اور ذاتِ اقدس کو علی رضی اللہ عنہ کا، یہ مؤاخات خاص مہاجرین کے درمیان کرائی تھی۔

دوسری مؤاخات ہجرت کے پانچ ماہ بعد مہاجرین اور انصار کے درمیان کرائی، اس کی فہرست لمبی ہے، سیرۃ المصطفیٰ (۱:۴۳۷) میں مذکور ہے، کیونکہ ہجرت کے بعد مدینہ میں دو طرح کے مسلمان جمع ہو گئے تھے ایک انصار تھے، جو اپنے گھروں میں آباد تھے، ان کی اپنی زمینیں، کاروبار اور قبائل تھے، دوسرے مہاجرین تھے جو بے خان مان تھے، وہ لٹ پٹ کر مدینہ پہنچے تھے، ان کے پاس نہ تو رہنے کے لئے گھر تھے نہ گذارہ کا سامان تھا، ان کے قبائل بھی نہیں تھے، اس لئے وہ بے یار و مددگار تھے، چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین وانصار کے درمیان بھائی چارہ کرایا اور مسلمانوں کے بعض کو بعض سے جوڑ دیا، ان کو ایک خاندان بنا دیا، اور صلہ رحمی اور انفاق کا حکم دیا اور مؤاخات کو توارث کی بنیاد قرار دیا، یہ حکم جنگِ بدر تک قائم رہا، اس طرح مسلمانوں کا کلمہ متحد ہو گیا۔

۱- حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے اور سعد بن الربیع رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا، جب ہم مدینہ میں آئے۔

۲- ابوجحیفہ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہما کے درمیان مؤاخات کرائی (حضرت سلمان فارسیؓ مہاجر نہیں تھے مگر مہاجر جیسے تھے، کیونکہ وہ انصار میں سے نہیں تھے، یہود کے غلام تھے اور آزاد ہوئے تھے، اس کی تفصیل اگلے باب میں ہے)

اور باب کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۱۳۰) گذر چکی ہے، اس میں حضرت عبدالرحمٰن اور حضرت سعد بن الربیع رضی اللہ عنہما کے درمیان مؤاخات کا تذکرہ ہے، باقی تفصیل پہلے آچکی ہے۔

[۵۰-] بَابُ كَيْفَ آخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَصْحَابِهِ؟

[۱-] وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُوْفٍ: آخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنِيْ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ.

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ جُحَيْفَةَ: آخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ سَلْمَانَ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ.

[۳۹۳۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ الْمَدِيْنَةَ، فَآخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ الْأَنْصَارِيِّ، فَعَرَضَ عَلَيْهِ أَنْ يُنَاصِفَهُ أَهْلَهُ وَمَالَهُ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ، دُلَّنِيْ عَلَى السُّوْقِ، فَرَبِحَ شَيْئًا مِنْ أَقِطٍ وَسَمْنٍ، فَرَآهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ أَيَّامٍ وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَهْيَمْ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ؟" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: "فَمَا سُقْتَ فِيْهَا؟" فَقَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ"[راجع: ۲۰۴۹]

بَابٌ

ابتدائے ہجرت کے احوال

کتاب المناقب پوری ہونے جارہی ہے، آخر میں تین باب ہیں، ان میں ابتدائے ہجرت کے احوال ہیں، پہلے باب میں دو باتیں ہیں: (۱) حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا مسلمان ہونا۔ (۲) بیع صرف میں ادھار کی ممانعت، حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ یہود کے قبیلے بنوقینقاع کے تھے اور ابتدائے ہجرت میں مسلمان ہوئے ہیں، پھر دوسرے باب میں ہجرت کے بعد یہود کی خدمتِ نبوی میں حاضری کا تذکرہ ہے، مگران نالائقوں نے ایمان قبول نہیں کیا، پھر آخری باب میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے اسلام کا بیان ہے، آپؓ عجمی تھے، فارس کے رہنے والے تھے اور نبی آخرالزماں ﷺ کی تلاش میں مدینہ پہنچے تھے، وہ بھی ابتدائے ہجرت میں ایمان لائے ہیں۔

۱- حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا مسلمان ہونا

حدیث پہلے تحفۃ القاری (۶:۵۴۳ میں) گذری ہے، وہاں ترجمہ ہے، حضرت ابن سلامؓ نے تین باتیں پوچھی تھیں جن

کو نبی کے علاوہ کوئی نہیں جانتا: (۱) قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سے پہلی نشانی کیا ہے؟ (۲) جنتیوں کو جنت میں سب سے پہلے کیا کھانا دیا جائے گا؟ (۳) بچہ کبھی باپ کے مشابہ ہوتا ہے، کبھی ماں کے اس کی وجہ کیا ہے؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے، نبی ﷺ کو جوابات بتلائے، آپؐ نے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کو بتلائے، وہ فوراً مسلمان ہو گئے۔

۲- بیع صرف میں ادھار کی ممانعت

حدیث: ابوالمنہال کہتے ہیں: میرے ایک شریک نے بازار میں دراہم ادھار بیچے، میں نے کہا: سبحان اللہ! کیا یہ جائز ہے؟ اس نے جواب دیا: سبحان اللہ! بخدا میں نے ان کو بازار میں بیچا ہے اور کسی نے اعتراض نہیں کیا، ابوالمنہال کہتے ہیں: میں نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مسئلہ پوچھا: انھوں نے فرمایا: جب نبی ﷺ مدینہ میں فروکش ہوئے اس وقت ہم یہ بیع کرتے تھے یعنی دراہم دراہم کے بدل ادھار بیچتے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: جو بیع دست بدست ہو وہ جائز ہے، اور جو ادھار ہو وہ جائز نہیں، اور تم جا کر یہ مسئلہ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھو، وہ ہم میں بڑے تاجر تھے، ابوالمنہال نے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا تو انھوں نے بھی یہی جواب دیا کہ دست بدست جائز ہے اور ادھار جائز نہیں، اور کبھی سفیان بن عیینہؒ نے حدیث میں کہا: ہم حج کے موسم تک ادھار بیچتے تھے۔

[۵۱-] بَابٌ

[۳۹۳۸-] حَدَّثَنِیْ حَامِدُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ بِشْرِ بْنِ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَیْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ بَلَغَهُ مَقْدَمُ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم الْمَدِیْنَةَ، فَأَتَاهُ یَسْأَلُهُ عَنْ أَشْیَاءَ، فَقَالَ: إِنِّیْ سَائِلُكَ عَنْ ثَلَاثٍ لَا یَعْلَمُهُنَّ إِلَّا نَبِیٌّ، مَا أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ؟ وَمَا أَوَّلُ طَعَامٍ یَأْكُلُهُ أَهْلُ الْجَنَّةِ؟ وَمَا بَالُ الْوَلَدِ یَنْزِعُ إِلٰی أَبِیْهِ وَإِلٰی أُمِّهِ؟ قَالَ: " أَخْبَرَنِیْ بِهِ جِبْرَئِیْلُ آنِفًا" قَالَ ابْنُ سَلَامٍ: ذَاكَ عَدُوُّ الْیَهُوْدِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، قَالَ: " أَمَّا أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُهُمْ مِنَ الْمَشْرِقِ إِلَی الْمَغْرِبِ، وَأَمَّا أَوَّلُ طَعَامٍ یَأْكُلُهُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِیَادَةُ كَبِدِ الْحُوْتِ، وَأَمَّا الْوَلَدُ فَإِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْأَةِ نَزَعَ الْوَلَدَ، وَإِذَا سَبَقَ مَاءُ الْمَرْأَةِ مَاءَ الرَّجُلِ نَزَعَتِ الْوَلَدَ" قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ الْیَهُوْدَ قَوْمٌ بُهُتٌ، فَسَلْهُمْ عَنِّیْ قَبْلَ أَنْ یَعْلَمُوْا بِإِسْلَامِیْ، فَجَاءَ تِ الْیَهُوْدُ فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَیُّ رَجُلٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فِیْكُمْ؟" قَالُوْا: خَیْرُنَا وَابْنُ خَیْرِنَا، وَأَفْضَلُنَا وَابْنُ أَفْضَلِنَا. فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَرَأَیْتُمْ إِنْ أَسْلَمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ؟" قَالُوْا: أَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ، فَأَعَادَ عَلَیْهِمْ فَقَالُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ، فَخَرَجَ إِلَیْهِمْ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالُوْا: شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا، وَتَنَقَّصُوْهُ، قَالَ: هٰذَا كُنْتُ أَخَافُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! [راجع: ۳۳۲۹]

[۳۹۳۹و۳۹٤۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو: سَمِعَ أَبَا الْمِنْهَالِ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مُعْطِمٍ، قَالَ: بَاعَ شَرِيْكٌ لِيْ دَرَاهِمَ فِي السُّوْقِ نَسِيْئَةً، فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! أَيَصْلُحُ هٰذَا؟ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ لَقَدْ بِعْتُهَا فِي السُّوْقِ فَمَا عَابَهُ أَحَدٌ، فَسَأَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ فَقَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ نَتَبَايَعُ هٰذَا الْبَيْعَ، فَقَالَ: مَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ فَلَيْسَ بِهِ بَأْسٌ، وَمَا كَانَ نَسِيْئَةً فَلاَ يَصْلُحُ" وَالْقَ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ فَسَلْهُ، فَإِنَّهُ كَانَ أَعْظَمَنَا تِجَارَةً، فَسَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، فَقَالَ مِثْلَهُ، وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: فَقَدِمَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، وَنَحْنُ نَتَبَايَعُ، وَقَالَ: نَسِيْئَةً إِلَى الْمَوْسِمِ أَوِ الْحَجِّ. [راجع: ۲۰٦۰، ۲۰٦۱]

بَابُ إِتْيَانِ الْيَهُوْدِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ

ہجرت کے بعد یہود کی خدمتِ نبوی میں حاضری

هَادَ يَهُوْدُ هَوْدًا: تائب ہوکر حق کی طرف لوٹنا، سورۃ الاعراف آیت ۱۵۶ میں ہے: ﴿إِنَّا هُدْنَا إِلَيْكَ﴾: بیشک ہم تائب ہوکر آپ کی طرف لوٹتے ہیں، فهو هائِدٌ، أی تائبٌ، والجمعُ هُوْدٌ اور هَادَ فُلاَنًا کے دوسرے معنی ہیں: یہودی ہونا، یہودی قوم میں پیدا ہونا، یا یہودی مذہب کی پیروی کرنا، سورۃ المائدہ آیت ۴۱ میں ہے: ﴿وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا﴾: اوران لوگوں میں سے جنھوں نے یہودیت کی راہ اختیار کی۔

یہود نبی ﷺ کی صفات جانتے تھے، اورآپؐ کی ہجرت کی جگہ بھی جانتے تھے، چنانچہ یہود کے چار قبیلے مدینہ میں آکر بسے تھے کہ جب نبی آخرالزماں کا ظہور ہوگا تو سب سے پہلے ہم ایمان لائیں گے، پھر جب نبی ﷺ مدینہ منورہ میں رونق افروز ہوئے تو یہود کے علماء اورعوام نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور امتحان لینے کے لئے مختلف سوالات کئے، پھر جس کی قسمت نے یاوری کی وہ ایمان لے آیا اور اکثر کے حصہ میں حرماں نصیبی آئی، وہ ذلیل وخوار ہوئے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر مجھ پر دس یہودی ایمان لے آئیں تو مجھ پر سارے یہودی ایمان لے آئیں''

تشریح: اس حدیث میں دو قیدیں ہیں، ایک: ابتدائے ہجرت میں دس یہودی ایمان لے آئیں، قیامت تک ایمان لانا مراد نہیں، دوم: یہود کے دس علماء عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ جیسے ایمان لے آئیں جو اپنی قوم کے سردار بھی ہوں تو اس کا اثر پڑے گا اور باقی یہودی ان کی پیروی کریں گے، مگر یہود کی بدقسمتی سے ایسا نہیں ہوا۔

[۵۲-] بَابُ إِتْيَانِ الْيَهُوْدِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ

﴿هَادُوْا﴾: صَارُوْا يَهُوْدًا، وَأَمَّا قَوْلُهُ: ﴿هُدْنَا﴾: تُبْنَا، هَائِدٌ: تَائِبٌ.

[٣٩٤١-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَوْ آمَنَ بِيْ عَشْرَةٌ مِنَ الْيَهُوْدِ لَآمَنَ بِيْ الْيَهُوْدُ"

حدیث (۲و۳): پہلے گذری ہیں، قریش عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے، ہجرت سے پہلے نبی ﷺ اور صحابہ بھی یہ روزہ رکھتے تھے، ہجرت کے بعد معلوم ہوا کہ مدینہ میں اس روزہ کا رواج نہیں ہے، چنانچہ آپؐ نے اعلان کرایا کہ مسلمان عاشوراء کا روزہ رکھیں، پھر مدنی زندگی کے آخر میں آپؐ کے علم میں یہ بات آئی کہ یہود بھی عاشوراء کی تعظیم کرتے ہیں، ان سے اس کی وجہ پوچھی گی تو انھوں نے بتایا: دس محرم کو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو اور بنی اسرائیل کو فرعون پر غلبہ عطا فرمایا تھا، اس لئے ہم اس دن کی تعظیم کرتے ہیں، اور اس کا روزہ رکھتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام کی پیروی کے ہم زیادہ حق دار ہیں، چنانچہ آپؐ نے عاشورہ کے روزہ کو ختم نہیں کیا، بلکہ فرمایا: میں یہود سے امتیاز قائم کرنے کے لئے نویا گیارہ کا روزہ بھی رکھوں گا۔

[٣٩٤٢-] حدثنا أَحْمَدُ أَوْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْغُدَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ أُسَامَةَ، أَخْبَرَنَا أَبُوْ عُمَيْسٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ وَإِذَا نَاسٌ مِنَ الْيَهُوْدِ يُعَظِّمُوْنَ عَاشُوْرَاءَ وَيَصُوْمُوْنَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "نَحْنُ أَحَقُّ بِصَوْمِهِ فَأَمَرَ بِصَوْمِهِ"[راجع: ٢٠٠٥]

[٣٩٤٣-] حَدَّثَنِيْ زِيَادُ بْنُ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ وَجَدَ الْيَهُوْدَ يَصُوْمُوْنَ عَاشُوْرَاءَ، فَسُئِلُوْا عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالُوْا: هٰذَا هُوَ الْيَوْمُ الَّذِيْ أَظْهَرَ اللّٰهُ فِيْهِ مُوْسَى وَبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ عَلٰى فِرْعَوْنَ، وَنَحْنُ نَصُوْمُهُ تَعْظِيْمًا لَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "نَحْنُ أَوْلٰى بِمُوْسَى مِنْكُمْ" فَأَمَرَ بِصَوْمِهِ.

[راجع: ٢٠٠٤]

ملحوظہ: پہلی حدیث میں امام بخاری رحمہ اللہ کو اپنے استاذ کے نام میں شک ہے کہ احمد نام ہے یا محمد؟ لیکن اپنی تاریخ میں بغیر شک کے احمد نام ذکر کیا ہے۔

حدیث (۴): بھی پہلے گذری ہے، نبی ﷺ سر کے بالوں میں مانگ نکالے بغیر کنگھی سے بال پیچھے کھینچ لیتے تھے اور مشرکین اپنے سروں میں مانگ نکالتے تھے اور اہل کتاب مانگ نہیں نکالتے تھے اور نبی ﷺ کو جن باتوں میں شریعت کا حکم نازل نہیں ہوا اہل کتاب کی موافقت پسند تھی، پھر بعد میں آپؐ نے سر میں مانگ نکالنی شروع کی۔

[٣٩٤٤-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَسْدِلُ شَعْرَهُ، وَكَانَ

الْمُشْرِكُوْنَ يَفْرُقُوْنَ رُؤُسَهُمْ، وَكَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَسْدُلُوْنَ رُؤُسَهُمْ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ مُوَافَقَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ فِيْمَا لَمْ يُؤْمَرْ فِيْهِ بِشَيْءٍ، ثُمَّ فَرَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَأْسَهُ.
[راجع: ۳۵۵۸]

حدیث (۵): سورۃ الحجر آیت ۹۱ ہے: ﴿الَّذِيْنَ جَعَلُوْا الْقُرْآنَ عِضِيْنَ﴾: وہ لوگ جنھوں نے آسمانی کتابوں کے حصے کر لئے، یعنی اللہ کی کتاب کا جو حصہ ان کی مرضی کے موافق ہوتا، اس پر عمل کرتے اور جو مرضی کے خلاف ہوتا اس پر عمل نہیں کرتے تھے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس آیت میں اہل کتاب کا ذکر ہے، یہود ونصاری کی یہ عادت ہے، چنانچہ ان کی کتابوں میں نبی ﷺ کی جو صفات تھیں ان پر ایمان نہیں لائے۔

[۳۹۴۵-] حَدَّثَنِيْ زِيَادُ بْنُ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: هُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ جَزَّؤُوْهُ أَجْزَاءً، فَآمَنُوْا بِبَعْضِهِ وَكَفَرُوْا بِبَعْضِهِ. [انظر: ۴۷۰۵، ۴۷۰۶]

بَابُ إِسْلَامِ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا مسلمان ہونا

یہود کے بڑے عالموں میں سے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تھا، اور ان کے ساتھ ملحق لوگوں میں سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تھا، آپ کا نام سلمانؓ، کنیت: ابوعبداللہ، لقب: سلمان الخیر تھا، فارس کے شہر رام ہُرمز کے مضافات میں قصبہ جیّ کے رہنے والے تھے، بڑے زمیں دار کے لڑکے تھے، مذہباً مجوسی (آتش پرست) تھے، دین حق کی تلاش میں گھر سے نکل کھڑے ہوئے، کسی ظالم نے ان کو غلام بنا کر بیچ دیا، خود فرماتے ہیں: میں دس سے زیادہ آقاؤں کے ہاتھوں فروخت ہوا ہوں، آخر میں مدینہ میں بنوقریظہ کے ایک یہودی کی غلامی میں آئے۔ جب نبی ﷺ کی بعثت ہوئی تو ان کو غلامی اور آقا کی خدمت کی وجہ سے مطلقاً علم نہ ہوا، پھر جب آپؐ ہجرت فرما کر مدینہ تشریف لائے اور قبا میں بنوعمرو بن عوف کے محلّہ میں قیام فرمایا تو وہ اس وقت ایک کھجور کے درخت پر چڑھے ہوئے کام کر رہے تھے، نیچے ان کا آقا بیٹھا تھا، اچانک ایک یہودی آیا جوان کے آقا کا چچازاد بھائی تھا اور اس نے اطلاع دی کہ مکہ سے ایک صاحب آئے ہیں، جو نبوت کا دعوی کرتے ہیں، چنانچہ شام کو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کچھ کھجوریں لے کر حاضر ہوئے اور عرض کیا: مجھ کو معلوم ہوا ہے کہ آپؐ کے پاس اور آپؐ کے رفقاء کے پاس کچھ نہیں، اس لئے میں صدقہ لے کر حاضر ہوا ہوں، آپؐ نے قبول کرنے سے انکار کیا اور فرمایا: میں صدقہ نہیں کھاتا، البتہ صحابہ کو اجازت دی کہ کھائیں، حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے دل میں کہا کہ نبی آخر الزماں کی تین علامتوں میں سے ایک علامت پائی گئی، پھر وہ واپس گئے، اور کھجوریں

جمع کرنی شروع کیں، جب آپؐ مدینہ منورہ تشریف فرما ہوئے تو وہ پھر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا: آپؐ صدقہ قبول نہیں کرتے، اس لئے ہدیہ لے کر حاضر ہوا ہوں، آپؐ نے قبول فرمایا، اور خود بھی اس میں سے کھایا اور صحابہ کو بھی کھلایا، انھوں نے دل میں کہا: یہ دوسری علامت پائی گئی، پھر وہ واپس ہوگئے، دو چار روز کے بعد پھر آئے، آپؐ ایک جنازہ کے ہمراہ بقیع میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کی ایک جماعت آپؐ کے ساتھ تھی، اور آپؐ درمیان میں تشریف فرما تھے، حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے سلام کیا اور آپؐ کے پیچھے آکر بیٹھ گئے، تاکہ مہر نبوت دیکھیں، نبی ﷺ سمجھ گئے اور پشتِ مبارک سے چادر ہٹادی، حضرت سلمانؓ نے مہرِ نبوت دیکھی اس کو بوسہ دیا اور رو پڑے، آپؐ نے ارشاد فرمایا: سامنے آؤ، کیا بات ہے؟ انھوں نے سارا واقعہ بیان کیا کہ میں نے علماء نصاری سے نبی آخر الزماں کی تین علامتیں سنی تھیں جو تینوں پائی گئیں، وہ اسی وقت مشرف باسلام ہوئے، نبی ﷺ ان کے اسلام سے مسرور ہوئے، پھر وہ اپنے آقا کی خدمت میں مشغول ہوگئے اور غزوۂ بدر اور احد میں شریک نہیں ہوئے، نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: سلمان! اپنے آقا سے کتابت کرلو، آقا نے کہا: تم چالیس اوقیہ سونا ادا کرو اور تین سو درخت کھجور کے لگاؤ، جب وہ بار آور ہوجائیں تو تم آزاد ہو، انھوں نے قبول کرلیا، نبی ﷺ نے بذاتِ خود وہ درخت لگائے اور ایک سال میں ان پر پھل آگیا، پھر ایک شخص آپؐ کے پاس ایک انڈے کے بقدر سونا لے کر آیا، آپؐ نے وہ سونا حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو دیا اور فرمایا: اس کو لے جاؤ اللہ تمہارا قرضہ ادا فرمادے گا، انھوں نے عرض کیا: یہ تو بہت تھوڑا ہے، آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اسی سے تمہارا قرضہ ادا کردیں گے، چنانچہ انھوں نے اس کو تولا تو وہ پورا چالیس اوقیہ تھا، اس طرح ان کا قرضہ ادا ہوگیا، اور انھوں نے غلامی سے نجات پائی، پھر غزوۂ خندق میں اور بعد کے غزوات میں وہ آپؐ کے ہمرکاب رہے۔

باب کی آخری حدیث: حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور نبی ﷺ کے درمیان زمانۂ فترت چھ سو سال ہے۔

تشریح: رحمۃ للعالمین اور الرحیق المختوم میں نبی ﷺ کی تاریخ ولادت: ۲۰ یا ۲۲ اپریل سنہ ۵۷۱ عیسوی بیان کی ہے اور عرب کسر چھوڑ دیتے تھے اور کبھی پوری کردیتے تھے، حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کسر پوری کرکے چھ سو سال کہا ہے۔

فائدہ: حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی عمر میں بہت اقوال ہیں: ڈھائی سو سال سے چھ سو سال تک کے اقوال ہیں، مگر علامہ شمس الدین ذہبی رحمہ اللہ نے سِیَرُ أعلامِ النُّبلاء (۱:۵۵۵) میں ان سب اقوال کی تردید کی ہے اور فرمایا ہے کہ آپؓ کی عمر سو سال سے کم اور ستر سال سے زیادہ ہوئی ہے۔

[۵۳-] بَابُ إِسْلَامِ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ

[۳۹۴۶-] حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ: قَالَ أَبِيْ، ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ عُثْمَانَ،

عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ: أَنَّهُ تَدَاوَلَهُ بِضْعَةَ عَشَرَ مِنْ رَبٍّ إِلٰى رَبٍّ.

[۳۹۴۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْبِيكَنْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلْمَانَ، يَقُوْلُ: أَنَا مِنْ رَامَ هُرْمُزَ.

[۳۹۴۸-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الأَحْوَلِ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: فَتْرَةٌ بَيْنَ عِيْسَى وَمُحَمَّدٍ صلى الله عَلَيْهِمَا وَسَلَّمَ سِتُّ مِائَةِ سَنَةٍ.

کتاب المناقب پوری ہوئی

مگر ابھی کتاب المناقب پوری نہیں ہوئی، کتاب المغازی اور کتاب التفسیر کتاب المناقب کا تتمہ ہیں، آپ کو یاد ہوگا: کتاب الانبیاء میں امام بخاری رحمہ اللہ نے نبی ﷺ کا تذکرہ نہیں کیا ہے، کیونکہ آپؐ کا تذکرہ طویل ہے، اس لئے اس کے لئے مستقل کتاب: کتاب المناقب رکھی ہے، پھر کتاب المناقب میں باب علامات النبوة فی الإسلام آیا ہے، اس میں معجزاتِ نبوی کا بیان ہے، مگر نبی ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ جو قیامت تک باقی رہنے والا ہے وہ قرآنِ کریم ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں اس کا تذکرہ نہیں کیا، اس کے لئے مستقل کتاب رکھی ہے، پھر کتاب المناقب میں آپ ﷺ کے فضائل کے بعد امت کے اصفیاء (برگزیدہ لوگوں) کا تذکرہ کیا ہے یعنی مہاجرین وانصار کے فضائل بیان کئے ہیں، کیونکہ درخت پھل سے پہچانا جاتا ہے، پھر ہجرت سے پہلے کے احوال ترتیب زمانی کے ساتھ بیان کئے ہیں، جو کتاب المناقب میں پورے ہوگئے، اس کے بعد مدنی زندگی کے احوال ہیں، ان کا بیان کتاب المغازی میں ہے، یہ مابعد الہجرۃ کے احوال ہیں، پھر کتاب التفسیر ہے، اس میں نبی ﷺ کے سب سے بڑے معجزہ قرآنِ کریم کا تذکرہ ہے، یہ کتابوں کی ترتیب ذہن میں رہنی چاہئے۔

مگر ناشرین نے بخاری شریف کی دو جلدیں کردیں، اور دوسری جلد کتاب المغازی سے شروع کی تو عام خیال پیدا ہوگیا کہ یہ مستقل کتاب ہے، حالانکہ وہ کتاب المناقب کا تتمہ ہے، اس میں مابعد الهجرة کے احوال ہیں، اور ہم نے بھی اس کی پیروی کی ہے، یہ ساتویں جلد کم صفحات میں ختم کردی ہے اور اس کو آٹھویں جلد سے الگ کردیا ہے۔

تحفۃ القاری کی آٹھویں جلد ان شاءاللہ کتاب المغازی سے شروع ہوگی



تقریبِ اختتام

۲۹ رجب المرجب ۱۴۳۲ ہجری صبح بارہ بجے کے قریب بخاری شریف جلد اول مکمل ہوئی، اس پُرمسرت اور مبارک موقع پر صاحب افادات حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم (شیخ الحدیث وصدرالمدرسین دارالعلوم دیوبند) نے پہلے طلبائے دورۂ حدیث کی درخواست پر پوری سورۃ الصّف پڑھ کر سنائی اور اس کا خلاصہ بیان کیا، پھر سورت الصّف کی اجازت دی، بعدہ قیمتی نصیحتوں سے فضلاء کو مستفیض فرمایا، پھر پوری امت کے لئے بالخصوص فارغ ہونے والے طلبہ، اساتذہ، محدثین کرام، مفسرین عظام اور فقہاء کے لئے دعا فرمائی، اس مبارک مجلس میں تقریباً تمام طلبائے دارالعلوم نے اور شہر کے ایک بڑے مجمع نے حاضر ہوکر بارگاہِ ایزدی میں خوب گڑگڑا کر پوری امت کی فلاح و بہبودی کے لئے دعا مانگی، میں مناسب سمجھتا ہوں کہ وہ نصائح عالیہ اور دعائیہ کلمات یہاں درج کردوں:

سورۃ الصّف کا شانِ نزول

ترمذی شریف میں سورۃ الصّف کی تفسیر میں آپ حضرات نے یہ روایت پڑھی ہے، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھ چند احباب مسجدِ نبوی میں بیٹھ کر آپس میں باتیں کررہے تھے کہ اگر ہمیں پتہ چل جائے کہ اللہ تعالیٰ کو دین کا کونسا کام سب سے زیادہ پسند ہے تو ہم وہ کریں، یہ الفاظ ترمذی شریف کے ہیں، اور مسند احمد کے الفاظ یہ ہیں: اگر ہمیں پتہ چل جائے کہ کونسا کام اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے تو ہم اس کے لئے جان کی بازی لگادیں، یعنی اپنی پوری طاقت اس کام میں خرچ کرڈالیں، پھر مشورہ ہوا کہ یہ بات حضور ﷺ سے پوچھنی چاہئے، مگر کون پوچھے؟ کوئی ہمت نہیں کررہا تھا، یہ گفتگو تو مسجدِ نبوی میں ہورہی تھی، ادھر گھر میں سورۃ الصّف نازل ہوئی، اور نبی پاک ﷺ کو اطلاع دی گئی کہ مسجد میں فلاں فلاں یہ مشورہ کررہے ہیں، چنانچہ حضور ﷺ نے ان کو نام بنام بلایا، جب وہ سب حضرات آئے تو حضور ﷺ نے فرمایا: تم جو مشورہ کررہے تھے اور جو پوچھنا چاہتے تھے اس سلسلہ میں یہ سورت نازل ہوئی ہے، پھر نبی ﷺ نے پوری سورۃ الصّف پڑھ کر ان صحابہ کو سنائی، پھر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے اپنے طالب علم کو سنائی، اس طالب علم نے اپنے طالب علم کو سنائی، اس طرح یہ سلسلہ مسلسل چلا آرہا ہے۔

سورۃ الصّف کا تسلسل باقی ہے

ترمذی شریف کی سند میں امام اوزاعی رحمہ اللہ کا نام رہ گیا، حدیث کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ حضرت

سلمان رضی اللہ عنہ نے فلاں کو یہ سورت سنائی، پھر اس نے فلاں کو، اس نے فلاں کو، اس میں امام اوزاعی رحمہ اللہ کا نام ہمارے ترمذی کے نسخوں میں رہ گیا ہے، یہ انقطاع ہو گیا، تسلسل باقی نہیں رہا، میں نے کھڑی دو قوسوں کے درمیان (تحفۃ الالمعی میں) مسند احمد سے اور ابن کثیر رحمہ اللہ کی مسانید السنن و الآثار سے امام اوزاعی رحمہ اللہ کا نام بڑھایا ہے، پس یہ تسلسل باقی ہے اور یہی ایک حدیث ہے جس کا تسلسل باقی ہے، باقی 'مسلسلات' میں جتنی حدیثیں ہیں ان کا یا تو تسلسل باقی نہیں رہا یا ان کی سندیں ضعیف ہیں یا وہ سرے سے حدیث ہی نہیں، جیسے دو کالی چیزوں کی یعنی کھجور اور پانی کی ضیافت کی حدیث موضوع ہے، شیخ عبدالفتاح ابو غدہؒ نے لکھا ہے کہ میں ایک کروڑ مرتبہ قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہ حدیث موضوع ہے، بہرحال وہ یا تو موضوع روایت ہے یا اس کی سند میں ضعف آ گیا ہے یا تسلسل ختم ہو گیا ہے، صرف سورۃ الصّف کا تسلسل باقی ہے۔

سورۃ الصّف کی اجازت

میں نے ۱۳۸۲ ہجری میں دورہ پڑھا ہے، یہ دارالعلوم کا سوواں سال تھا، دارالعلوم قائم ہوا ہے ۱۵ رمحرم الحرام ۱۲۸۳ ہجری میں اور میں نے ۱۳۸۲ ہجری میں دارالعلوم میں دورہ پڑھا ہے، جو دارالعلوم کا سوواں سال ہے، اگلے سال دارالافتاء میں داخلہ لیا، دارالافتاء کے سال میں نے سہارن پور جا کر حضرت شیخ مولانا زکریا صاحب قدس سرہ سے مسلسلات پڑھی اور حضرتؒ نے یہ پوری سورت ہمیں پڑھ کر سنائی، حضرت رحمہ اللہ سے آخر تک سند مسلسلات میں چھپی ہوئی ہے اس لئے باقی سند وہاں دیکھیں، میں نے حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ سے یہ سورت سنی ہے، پوری سورت حضرت رحمہ اللہ نے پڑھ کر سنائی تھی، میں بھی آپ حضرات کو پڑھ کر سناتا ہوں (پھر حضرت والا دامت برکاتہم نے سورۃ الصّف کی تلاوت فرمائی) یہ میں نے آپ حضرات کو سورۃ الصّف پڑھ کر سنائی، آپ حضرات کو میں اجازت دیتا ہوں، آپ اسے آگے جسے چاہیں پڑھ کر سنا سکتے ہیں۔

سورۃ الصّف کا خلاصہ

اس سورت میں بتلایا گیا ہے کہ اعمال میں سب سے زیادہ اللہ کو محبوب جہاد ہے، لیکن یہ بات بتلانے سے پہلے تمہید قائم کی ہے کہ کردار کے غازی بنو، گفتار کے غازی مت بنو، بڑے بڑے دعوی کرو، اور کرو کچھ نہیں، یہ گفتار کا غازی بننا ہے، وقت آئے تو کر کے دکھاؤ یہ کردار کا غازی بننا ہے۔ ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ؟ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ أَنْ تَقُوْلُوْا مَالَا تَفْعَلُوْنَ!﴾: اے ایمان والو! ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں؟ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ بات بہت ناراضگی کی ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں! یہ تمہید قائم کی ہے، پھر فرمایا: ﴿إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهِ صَفًّا كَأَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ﴾: اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو پسند کرتے ہیں جو راہِ خدا میں اس طرح مل کر لڑتے ہیں جیسے وہ ایک عمارت سیسہ پلائی ہوئی ہوں۔ پس تبلیغ والوں کا جہاد نکل گیا، صاف فرمایا: ﴿صَفًّا كَأَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ﴾: معلوم ہوا کہ اسلام میں اسی کا نام جہاد ہے یہی اصطلاحی جہاد ہے۔ اور دین کے لئے تن توڑ کوشش کرنا، کسی بھی لائن سے آپ دین کے لئے تن توڑ

کوشش کریں اپنی پوری طاقت خرچ کرڈالیں تو یہ لغوی جہاد ہے، اور قرآنِ کریم میں بعض جگہ یہ لغوی معنی مراد ہیں، جیسے: ﴿وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ﴾: اور اللہ کے دین کے لئے خوب کوشش کیا کرو، جیسا کہ کوشش کرنے کا حق ہے (سورۃ الحج آیت: ۷۸) یہاں لغوی معنی مراد ہیں، مفسرین تقدیر عبارت نکالتے ہیں: جَاهِدُوْا فی اللہ أَیْ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ: لیکن اسلام میں جہاد کے ایک شرعی اور عرفی معنی ہیں، کتبِ حدیث میں جب ابواب الجہاد شروع ہوتے ہیں تو وہی معنی مراد ہوتے ہیں۔

جہاں اصطلاحی جہاد کے لئے حالات سازگار نہ ہوں وہاں کیا کریں؟

عزیزو! بعض جگہ احوال ایسے ہوتے ہیں کہ شرعی جہاد کا موقع نہیں ہوتا، جہاد کے لئے مرکزیت ضروری ہے، امیر چاہئے، مرکزیت اور امیر کے بغیر جہاد نہیں ہوسکتا، پس جو لوگ دار الحرب میں ہیں ان کو یہ چیزیں حاصل نہیں، اور اب تو بیشتر اسلامی ممالک میں بھی ان کا فقدان ہے، پس ایسے حالات میں کیا کریں؟ یہ سورت کی ابتداء ہے، اب سورت کی انتہاء پر آجاؤ، اور بیچ کے مضامین رہنے دو، سورت کے آخر میں فرمایا ہے: ایسے حالات میں اور ایسے ملکوں میں کرنے کا کام یہ ہے: ﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُوْنُوْا أَنْصَارَ اللّٰهِ﴾: أَيْ كُوْنُوْا أَنْصَارَ دِيْنِ اللّٰهِ۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کے دین کے مددگار بنو، پس ایسے ملکوں میں جہاں شرعی جہاد نہیں ہوسکتا، وہاں بھی دین کا کام کرنے کے بہت مواقع ہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریین کی محنت بارآور ہوئی

جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر اٹھائے گئے اس وقت صرف بارہ حواری تھے (یہ عیسائی کہتے ہیں، اللہ جانے یہ سچ ہے یا بس ویسی ہی بات ہے) حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے آسمان پر اٹھائے جانے سے پہلے حواریین کو دین کی مدد کے لئے پکارا، ارشادِ پاک ہے: ﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُوْنُوْا أَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ أَنْصَارِيْ إِلَى اللّٰهِ﴾: اے ایمان والو! تم اللہ کے دین کے مددگار بن جاؤ جیسا کہ عیسیٰ علیہ السلام نے حواریین سے فرمایا: اللہ کے دین کے لئے کون میرا مددگار بنتا ہے؟ کون دین کے کام کے لئے کھڑا ہوتا ہے؟ ﴿قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ أَنْصَارُ اللّٰهِ﴾: حواریوں نے کہا: ہم دین کے کام کے لئے تیار ہیں، پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو آسمان پر اٹھا لئے گئے اور ان حواریین نے اپنی والی محنت شروع کی، ان کی محنت کے نتیجہ میں اچھی خاصی تعداد حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئی، ﴿فَآمَنَتْ طَائِفَةٌ﴾: اور ایک جماعت ایمان نہیں لائی ﴿وَكَفَرَتْ طَائِفَةٌ﴾: عام طور پر ایسا نہیں ہوتا کہ سارے ہی لوگ مسلمان ہوجائیں، خاص زمانوں میں ایسا ہوا ہے یا ہوگا مگر عام طور پر ساری دنیا مسلمان ہوجائے ایسا نہیں ہوتا۔ حواریوں نے جب محنت شروع کی ﴿فَآمَنَتْ طَائِفَةٌ وَكَفَرَتْ طَائِفَةٌ﴾: تو کچھ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے اور کچھ ایمان نہیں لائے۔

اللہ تعالیٰ کی مدد دین کے لئے محنت کرنے والوں کے شامل ہوتی ہے

پھر کشمکش شروع ہوئی، شروع میں تو بارہ آدمی تھے، کیا لڑیں گے کسی سے؟ لیکن جب ایک طائفہ ایمان لایا اور دوسرا

طائفہ کفر پر باقی رہا تو ان میں کشمکش شروع ہوئی، جب کشمکش شروع ہوئی تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ہم نے ایمان لانے والوں کی مدد کی، ﴿فَأَيَّدْنَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ﴾: ان کے دشمنوں پر ہم نے ان کو طاقت پہنچائی ﴿فَأَصْبَحُوْا ظَاهِرِيْنَ﴾: پس وہ طائفہ جو ایمان لایا تھا وہ غالب ہوگیا، اور عیسائیت پھیلنی شروع ہوگئی، یہ گفتہ آید در حدیث دیگراں ہے، ابھی اس امت میں اس کی مثال نہیں پائی گئی۔

تیرہ سال تک جب تک حضور ﷺ مکہ میں رہے دین کی ہر خدمت چل رہی تھی، مگر جہاد نہیں چل رہا تھا، کیوں نہیں چل رہا تھا؟ مرکزیت نہیں تھی، ایک جگہ مسلمان سمٹے ہوئے نہیں تھے، کفار کے ساتھ مکہ میں رلے ملے تھے، ایسی صورت میں کیسے جہاد ہوگا؟ لیکن جب یہ طائفہ مدینہ منورہ میں سمٹ کر آگیا تو مؤمنین اور مکہ کے مشرکین کے درمیان کش مکش شروع ہوئی، اور اللہ کی مدد مسلمانوں کے شاملِ حال ہوئی، بدر میں کوئی سوال نہیں تھا کہ مسلمان کامیاب ہونگے، مگر اللہ کی مدد آئی، اور ستر کافر مارے گئے، ستر پکڑے گئے اور باقی بھاگ کھڑے ہوئے، یہ اللہ تعالیٰ کی مدد تھی، یہ مدد مسلسل آتی رہی اور ایک وقت آیا کہ مکہ فتح ہوا، اور اسلام کا پرچم بلند ہوا، سورۃ الصّف فتح مکہ سے پہلے نازل ہوئی ہے، ابھی مکہ فتح نہیں ہوا، ﴿فَأَصْبَحُوْا ظَاهِرِيْنَ﴾ کا نمونہ سامنے نہیں آیا، چونکہ اس امت میں اس کا نمونہ سامنے نہیں آیا، اس لئے یہ گفتہ آید در حدیث دیگراں ہے، کسی دوسری امت کی مثال دی ہے، اللہ پاک نے اس سورت کے آخر میں عیسائیوں کی مثال دی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حواریوں سے یہ عہد لے کر چلے گئے، پھر ان کے اٹھائے جانے کے بعد ان چند حواریوں نے محنتیں شروع کیں، اس محنت کے نتیجہ میں ایک جماعت ایمان لے آئی، پھر جو کفر پر باقی رہے ان کے ساتھ کشمکش شروع ہوئی، اللہ تعالیٰ کی مدد اس چھوٹی سی جماعت کو پہنچی اور اللہ کی مدد کے نتیجہ میں وہ جماعت غالب ہوکر رہی، پس اس امت کے ساتھ بھی یہی ہوگا، اس لئے اٹھو، اللہ کے دین کی مدد کے لئے کھڑے ہوجاؤ، ایک وقت آئے گا کہ تمہارا ہاتھ اوپر ہوجائے گا، یہ آخری مضمون ہے اس سورت کا۔

دین کی مدد کے ہزاروں کام ہیں کوئی کام خاص نہیں

اس سورت کے آخر میں مسلمانوں کو جو ایسے ملکوں میں اور ایسے حالات میں ہیں کہ اصطلاحی جہاد نہیں کرسکتے، اس کے لئے موقع نہیں ہے، مگر دین کی خدمت کے لئے موقع ہے، ایسے ملکوں میں دین کی مدد اور خدمت کے ہزاروں کام ہیں، ہزاروں راستے ہیں، کیا راستے ہیں دین کی مدد کے؟ تبلیغ میں نکلو، اس وقت ہندوستان میں پچاس فیصد مسلمان ایسے ہیں جو کلمہ بھی نہیں جانتے، نماز بھی نہیں جانتے، وہ دارالعلوم دیوبند میں آکر داخلہ نہیں لیں گے، وہ اپنے گھروں میں اپنے کاروبار میں مشغول ہیں، دین ان کو گھر گھر جا کر پہنچانا ہے، اس کی یہی شکل ہے کہ تبلیغ میں نکلو اور گھر گھر جا کر ان کو دین پہنچاؤ، اور ان کو دین سکھلاؤ، مگر یہی ایک راستہ نہیں ہے، دین کی مدد اور خدمت کرنے کا، ہمارے تبلیغی بھائی کہتے ہیں کہ دین کی خدمت کا یہی ایک راستہ ہے، سب تبلیغ میں لگ جاؤ، ان کی یہ بات غلط ہے، دین کی نصرت وحمایت کا بس یہی ایک

راستہ نہیں ہے، یہ بھی ایک راستہ ہے اور ایک راستہ یہ ہے کہ مدارس عربیہ میں پڑھاؤ اور اگلی نسل تیار کرو، یہ بھی اللہ کے دین کی مدد ہے، انہی راستوں میں سے ایک یہ ہے کہ دنیا میں اسلام کے خلاف جو اعتراضات ہو رہے ہیں: انٹرنیٹ کے راستہ سے، کتابوں کے راستہ سے، تقریروں کے راستہ سے ان کے مقابلہ کی تیاری کرو، مصنف بنو، ان کے اعتراضات کے جواب میں کتابیں لکھو، یہ بھی ایک راستہ ہے۔ وقس علی هذا: اس کے علاوہ دین کی خدمت کے اور بھی بہت سے راستے ہیں، ایک ہی راہ سے دین کی خدمت کروگے کبھی کامیابی نہیں ملے گی۔

اور تبلیغ والے جو کہتے ہیں وہ غلط کہتے ہیں کہ دین کا بس یہی ایک کام ہے، سارے اسی میں لگ جاؤ، دین کے مختلف پھیلے ہوئے کام ہیں اور تمام شعبوں میں ایک ساتھ کام کرنا ہے، مصنّفین ہوں جو معترضین کے اعتراضات کے جوابات دیں، ایسے مناظرین ہوں جو باطل فرقوں کے نظریات کا جواب دیں، ایسے مضبوط اساتذہ ہوں جو دین کا پورا مطالعہ کئے ہوئے ہوں، وہ مدارس میں پڑھاتے ہوں وہ نئی نسلیں تیار کریں، مقررین ہوں، دعوت وتبلیغ کے کام کے ساتھ یہ کام بھی ضروری ہیں، ہمہ جہت کام اگر کروگے تو سرخ روئی ہوگی، اگر سب تبلیغ میں لگ گئے تو پیچھے نہ دین جاننے والا کوئی رہے گا نہ اسلام پر اعتراض کرنے والوں کو جواب دینے والا کوئی رہے گا، نہ باطل اور گمراہ فرقے جو کیچڑ اچھالیں گے اسلام پر ان کا توڑ کرنے والا کوئی رہے گا۔

حضور ﷺ اور صحابہ کا کام ون پیس کوہِ نور کی مثال تھا

میں اس کی ایک مثال دیا کرتا ہوں، تبلیغی حضرات یہ کہتے ہیں: حضور ﷺ کا اور صحابہ کا کام یہی ہے، جو ہم کر رہے ہیں، یہ ان کی غلط فہمی ہے، حضور ﷺ اور صحابہ کا کام ون پیس کوہِ نور کی مثال تھا، کوہِ نور ہندوستان کا ایک ہیرا ہے، اس وقت لندن میں ہے، یہ ہیرا بڑا قیمتی ہے، یہ ہیرا ہاتھ سے گر پڑا اور اس کے چھوٹے بڑے سات ٹکڑے ہوگئے، یہ ٹکڑے اپنی قیمت نہیں کھودیں گے، ہر ٹکڑے کی قیمت رہے گی، مگر ون پیس کوہِ نور کی جو قیمت ہے وہ کسی ٹکڑے کی نہیں رہے گی، پس ہر ٹکڑا اگر یہ دعوی کرے کہ میں 'بھی' کوہِ نور ہوں، تو یہ دعوی ٹھیک ہے، لیکن اگر کوئی ٹکڑا یہ کہے کہ میں 'ہی' کوہِ نور ہوں تو وہ غلط ہے، کیا حضور ﷺ اور صحابہ نے دشمنوں سے لوہا نہیں لیا؟ کیا حضور ﷺ اور صحابہ نے قرآن وحدیث کی تعلیم نہیں دی؟ کیا حضور ﷺ اور صحابہ نے باطل فرقوں سے ٹکر نہیں لی؟ اس لئے میرے عزیزو! غلط فہمی کا شکار مت ہوؤ، دین کا ہر کام حضور اور صحابہ کا کام ہے؟ تبلیغ کا کام بھی صحابہ اور تابعین کے کاموں میں سے ایک کام ہے، اس میں بھی آپ کو شرکت کرنی ہے، وہ کام بھی آپ ہی کو کرنا ہے، مگر غلط بات کی اصلاح بھی کرنی ہے، یہ بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔

آمدم برسر مطلب!

بہر حال میں یہ کہہ رہا تھا کہ اگر حالات ایسے ہوں کہ اصطلاحی جہاد کر سکتے ہیں تو پھر سورت کی ابتداء ہے، اللہ تعالیٰ کو یہ عمل سب سے زیادہ پسند ہے، اور اگر حالات ایسے ہوں کہ شرعی جہاد نہیں کر سکتے تو پھر سورت کی انتہاء ہے کہ اس کو ابھی

رہنے دو، اس کی جگہ دین کی مدد کی جو دوسری راہیں ہیں وہ اختیار کرو، یہ سورۃ الصّف کا خلاصہ ہے جو میں نے آپ حضرات کو سمجھایا۔

دو لفظوں نے مدارس سے نکلنے والوں کو پیچھے کر دیا

اس کے بعد یہ بات سمجھنی چاہئے کہ دو لفظوں نے مدرسہ سے نکلنے والے طلبہ کو دھوکہ میں مبتلا کر دیا ہے، ایک: میں 'فارغ' ہو گیا۔ ارے فارغ تو بیت الخلاء سے ہوتے ہیں، انسان تو زندگی کے آخری سانس تک فارغ نہیں ہوتا، حضرت عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ کا ارشاد ہے: العلم من المھد إلی اللحد: تحصیل علم کا زمانہ پالنے سے شروع ہوتا ہے اور قبر تک چلتا ہے، عرب ممالک میں لفظ فارغ استعمال نہیں کرتے خِرِّیْجُ جَامِعَۃِ کَذَا کہتے ہیں یعنی فلاں یونیورسٹی سے نکلا ہوا، یونیورسٹی کا جو نصاب ہے وہ پڑھ کر یونیورسٹی سے نکلا، یہ بہت اچھا لفظ ہے، مگر ہمارے یہاں فارغ لفظ ہے جو آدمی کو دھوکہ دیتا ہے۔

اس کی نظیر: ہمارے یہاں داخلہ فارم میں لکھا ہوا ہے: امدادی یا غیر امدادی، طلبہ سمجھتے ہیں بلکہ ان کے والدین بھی سمجھتے ہیں کہ جو کھانا دیا جاتا ہے وہ مدرسہ کی امداد ہے، اور وہ نہیں سمجھتے کہ زکوٰۃ ہے، اگر طالب علم کے والد کو پتہ چل جائے کہ میرا بیٹا زکوٰۃ کھاتا ہے تو وہ کبھی اس کو امداد نہیں لینے دے گا، لیکن وہ اس خوش فہمی میں مبتلا ہے کہ میرے بیٹے کو 'امداد' مل گئی! جبکہ بہت سے طالب علموں کے ماں باپ صاحب استطاعت ہوتے ہیں، اگر ان کو پتہ چل جائے کہ یہ زکوٰۃ ہے تو وہ کبھی اپنے بیٹے کے لئے اس کو پسند نہیں کریں گے، مگر لفظ امداد دھوکہ دیتا ہے، کئی مرتبہ اکابرین کے درمیان یہ بات زیرِ غور آئی کہ لفظ بدلا جائے مگر کوئی خوبصورت لفظ نہیں ملا، اس لئے اس کو باقی رکھا۔

اسی طرح لفظ 'فارغ' بھی دھوکہ دیتا ہے، اس سے یہ ذہن بن جاتا ہے کہ جتنا پڑھنا تھا پڑھ چکے، فارغ ہو گئے، حالانکہ مدارس اسلامیہ میں استعداد بنائی جاتی ہے، سارا علم نہیں پڑھایا جاتا، علم تو ایک بحرِ ناپیدا کنار ہے ایسا سمندر ہے جس کا کنارہ ہی نہیں، کوئی مدرسہ ہزار سال میں بھی پورا علم نہیں پڑھا سکتا، مدرسوں میں تو تحصیل علم کی استعداد بنائی جاتی ہے، اب آپ کو اس استعداد سے کام لے کر زندگی بھر پڑھنا ہے، تب علم آئے گا۔

دوسرا لفظ 'فاضل' ہے، ابھی چار لفظ آئے نہیں اور بن گیا فاضل (باکمال) دماغ میں گھس گیا سب کچھ آ گیا، آخری درجہ کا علم بھی حاصل ہو گیا، پھر اب کیوں پڑھے؟ یہ دوسرا لفظ ہے جس نے ترقی روک دی ہے۔

دو اقرأ اور ان میں فرق!

قرآنِ کریم میں دو 'اقرأ' ہیں، ایک: ناخواندہ کا اقرأ ہے اور دوسرا عالم کا اقرأ ہے، فرمایا: ﴿اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ، خَلَقَ الإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ﴾: اپنے پروردگار کے نام کی مدد لے کر پڑھ، جس نے انسان کو خونِ بستہ سے پیدا کیا، یعنی تمہیں بے جان مادہ سے پیدا کیا ہے، پس اگر تم جاہل ہو، بالکل آخری درجہ کے ان پڑھ ہو تو بھی اللہ کے نام کی مدد لو اور پڑھو، اللہ

تعالیٰ تمہیں علم دے گا، یہ پہلا اقرأ ہے، اور ناخواندہ کا اقْرَأْ ہے۔

میرے عزیزو! آپ حضرات پہلے اقرأ سے نکل گئے، پہلا اقرأ آپ کا مکمل ہوگیا، اس کے بعد دوسرا اقرأ شروع ہوگا، اور دیکھو انداز کیسا بدلا ہوا ہے: ﴿اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ، الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ﴾: پڑھ، تیرا پروردگار بڑا سخی داتا ہے، أکرم: اسم تفضیل ہے، تیرا پروردگار بڑا سخی داتا ہے، مگر اب اساتذہ کے سامنے زنوائے ادب تہہ نہیں کرنا، اب کیسے پڑھنا ہے؟ ﴿الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ﴾: تیرا پروردگار پین کے ذریعہ علم سکھلاتا ہے، یعنی متقدمین نے جو کچھ لکھا ہے وہ پڑھ، اب اساتذہ سے نہیں پڑھنا، اب مطالعہ کرنا ہے، گذرے ہوئے لوگوں نے قلم سے جو کچھ لکھا ہے، جو کتابیں تصنیف کی ہیں ان کو پڑھنا شروع کر، مدرسہ نے استعداد بنادی، اب اس استعداد سے کام لے کر گذشتہ بزرگوں کی لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ شروع کر، ﴿عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ﴾: مدرسہ کی زندگی میں انسان نے جو نہیں جانا اللہ تعالیٰ کتابوں کے مطالعہ سے وہ علم عطا فرمائیں گے۔ یہ دوسرا اقرأ ہے، پہلا اقرأ ناخواندہ کا ہے اور دوسرا اقرأ خواندہ کا ہے، مگر مدرسوں سے نکلنے والے پہلا اقرأ کر کے بیٹھ جاتے ہیں، کہتے ہیں: ہم فارغ ہوگئے، ہم فاضل ہوگئے، وہ دوسرا اقرأ شروع نہیں کرتے، جب دوسرا اقرأ شروع نہیں کریں گے تو علم کہاں سے آئے گا؟ علم تو بہت آگے ہے، اگر استعداد بن گئی مطالعہ کرنے کی اور علم حاصل کرنے کی تو جو معمولی استعداد کا ہے اس کے لئے بیس سال اور جو متوسط استعداد کا ہے اس کے لئے پندرہ سال اور جو جید الاستعداد ہے اس کے لئے دس سال پڑھنا ضروری ہے، اتنی مدت رات دن کتابوں کے کیڑے بنے رہو گے تو اس مدت کے بعد علم آنا شروع ہوگا، پندرہ سال کے بعد علم آنا شروع ہوگا، بیس سال کے بعد علم آنا شروع ہوگا، اور جب علم آنا شروع ہوگا تو تمہیں خود احساس ہوگا کہ اب کچھ علم آنے لگا ہے۔

فضلاء کی تین قسمیں

مدرسوں سے نکلنے والے طلبہ تین قسم کے ہوتے ہیں: ایک وہ ہیں جن میں مطالعہ کرنے کی استعداد پیدا نہیں ہوئی، نہ عربی مطالعہ کی استعداد پیدا ہوئی اور نہ اردو مطالعہ کی، ایسے طلبہ اگلے سال تبلیغی جماعت میں جائیں یا کسی مسجد میں امام بن جائیں، یا کسی مکتب میں پڑھانے لگ جائیں، اس لئے کہ یہ بیچارے اس قابل نہیں کہ مطالعہ کریں، مگر یہ حضرات بے کار نہیں ہیں، یہ بھی بہترین لوگ ہیں، کام کے ہیں، آخر لاکھوں کروڑوں مسجدیں ہیں، مکاتب ہیں، انہیں کون سنبھالے گا؟ جو شیخ الحدیث بن سکتا ہے وہ گاؤں کی مسجد میں امام بنے گا؟ وہاں تیسرے درجہ کے فضلاء کی ضرورت ہے، گاؤں گاؤں شہر شہر جماعت لے کر گھومنا ہے جو مدرسہ میں پڑھانے اور شیخ الحدیث بننے کے قابل ہے وہ جماعت لے کر تھوڑئے گھومے گا، سب پڑھا ہوا ختم ہو جائے گا، جماعتیں لے کر گھومنے کے لئے بھی آدمی چاہئیں، پس یہ طلبہ ان کاموں میں لگیں۔

اور دوسرے وہ ہیں جن کی عربی استعداد ابھی کماحقہ نہیں بنی، لیکن اگر وہ ایک دوسال لگائیں تو ان کی استعداد پختہ ہوسکتی ہے، ایسے طالب علموں کی اردو استعداد تو ہوتی ہے لیکن اگر وہ ایک دوسال اور پڑھیں تو ان کی عربی استعداد پختہ ہوسکتی ہے،

وہ ابھی جماعت میں نہ جائیں، وہ اپنی تعلیم جاری رکھیں، اور اپنی استعداد پختہ کریں، پھر بعد میں پوری زندگی ہے جماعت میں بھی جاؤ، دوسرے کام بھی کرو، دین کا ہر کام آپ ہی کو کرنا ہے، مگر ابھی تعلیم جاری رکھیں، پھر جب عربی کی استعداد پختہ ہوجائے، عربی کتابیں مطالعہ کرنے کے قابل ہوجائیں، اب ان کی استعداد پختہ سمجھی جائے گی۔

اور تیسرے وہ فضلاء ہیں جن کی استعداد اللہ کے فضل سے پختہ ہوگئی ہے، وہ اپنی لائن نہ بدلیں، یہ جو بہترین فضلاء ہیں وہ عام طور پر اپنی لائن بدل دیتے ہیں، کوئی کمپیوٹر سیکھنے لگتا ہے، کوئی انگریزی پڑھنے لگتا ہے، کوئی جامعہ ملیہ چلا گیا، کوئی علیگڈھ چلا گیا، کوئی تجارت میں لگ گیا، ایسا نہ کریں، اس کی مثال سورہ نحل میں یہ آئی ہے: ﴿وَلَاتَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا﴾: اس بڑھیا جیسے مت بن جاؤ، جس نے صبح سے شام تک سوت کاتا اور بہترین سورت کاتا، پھر شام کو سارا سوت ادھیڑ دیا اور ٹکڑے ٹکڑے کردیا۔ یہ جو بہترین فضلاء ہیں اگر وہ اپنی لائن بدلیں گے تو اس بڑھیا جیسے ہوجائیں گے، لہٰذا ابھی جماعت میں نہ نکلیں، عربی مدارس میں جہاں بھی جگہ مل جائے فوراً پڑھانے لگیں، پھر اگر اعلیٰ استعداد ہے تو دس سال، متوسط استعداد ہے تو پندرہ سال، معمولی استعداد ہے تو بیس سال، رات دن پڑھائیں، پھر جب ان کا علم پختہ ہوجائے تو جو چاہیں کریں، جماعت میں نکلیں، کسی اور کام میں لگیں، دین کا جو بھی کام انہیں پسند آئے وہ کریں، مگر پہلے اپنی استعداد سے کام لے کر اپنے علم کا راستہ ہموار کرلیں۔ وآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

دعا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ، رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ، اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى، اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَعَمَلاً مُتَقَبَّلاً وَقَلْبًا خَاشِعًا وَعَيْنًا دَامِعَةً، اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَمِنْ عَمَلٍ لَا يُرْفَعُ، اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

یا الٰہ العالمین! ہماری حسنات کو قبول فرما، یا اللہ! ہماری نیکیوں میں برکت فرما، یا اللہ! ہماری سیئات سے درگذر فرما، یا اللہ! ہمارے گناہوں پر قلم عفو پھیر دے، اے میرے مولیٰ! تیرے حبیب ﷺ کے درجات اعلیٰ علیین میں بلند سے بلند تر فرما، یا اللہ! ان کی روح پر بے پایاں رحمتیں نازل فرما، یا اللہ! ان کے کلام پاک کی برکات سے ہمیں مالا مال فرما، اے میرے مولیٰ! یہ محدثین کرام خاص طور پر امام بخاری قدَّس اللّٰه أسرارهم، وبرّد اللّٰه مضاجعهم! یا اللہ! ان تمام محدثین کرام نے اور امام بخاری رحمہ اللہ نے دین ہم تک پہنچانے کے لئے جو صعوبتیں برداشت کی ہیں، مشقتیں اٹھائی ہیں، امت کی طرف سے ان کو جزائے خیر عطا فرما، یا اللہ! امت کی طرف سے ان کو بہترین صلہ عطا فرما، اعلیٰ علیین میں ان کے درجات بلند فرما، یا الٰہ العالمین! یہ کتاب اور دوسری حدیثوں کی کتابیں پڑھنے والے تیرے یہ بندے، یہ طالب علم، میرے مولیٰ! ان طلبہ کو

قبول فرما، میرے مولیٰ! ان کے علم میں برکت فرما، ان کو علم نافع عمل صالح عطا فرما، یا الٰہ العالمین! ان کو اپنے دین کی خدمت کے لئے قبول فرما، یا اللہ! ان کو دنیا کا پرستار نہ بنا، یا اللہ! یہ اپنے پیٹ بھرنے کے پیچھے نہ پڑ جائیں، اے میرے مولیٰ! ان کو دنیا کا پرستار نہ بنا، یا اللہ! ان کو اپنے دین کی خدمت کے لئے قبول فرما، یا اللہ! دین کی خدمت کی بے شمار راہیں ہیں میرے مولیٰ! کسی نہ کسی راہ سے ان کو دین کی خدمت کے لئے قبول فرما، یا اللہ! ہمارے علم میں برکت فرما، ہمارے قلوب میں نور پیدا فرما، یا اللہ! ہمارے اوپر نیچے آگے پیچھے دائیں بائیں انوار و برکات کی بارشیں فرما، یا اللہ! ہمارے جسموں میں برکت فرما، ہمارے گوشت پوست میں برکت فرما، یا اللہ! ہماری آخرت کو دنیا سے بہتر بنا، یا اللہ! پڑھنے پڑھانے میں ہم سے غلطیاں ہوئی ہونگی، بے خبری میں اگر کوئی چوک ہوگئی ہو میرے مولیٰ! اس سے درگذر فرما، میرے مولیٰ! غلطی کے بہت سے امکانات ہیں میرے مولیٰ! ہماری کوتاہی کو معاف فرما، ہماری نیکیوں کو قبول فرما، یا اللہ! ہماری سیئات سے درگذر فرما، یا اللہ! ان طلبہ کو قبول فرما، یا اللہ! ان کو دنیا اور آخرت میں سرخ رو بنا، دنیا اور آخرت کے ہر امتحان میں کامیاب فرما، اے میرے مولیٰ! تیرے بہت سے بندوں نے دعاؤں کے لئے پرچے لکھے ہیں، زبانی کہا ہے، یا یہاں مجلس میں موجود ہیں، ان کے دلوں میں ارمان ہیں، میرے مولیٰ! سب کی جائز حاجتیں پوری فرما، اے میرے مولیٰ! جو بیمار ہیں ان کو شفاء کاملہ عطا فرما، جو کسی پریشانی میں ہیں، الجھن میں ہیں میرے مولیٰ ان کی پریشانی دور فرما، میرے مولیٰ! جو کسی قرضہ کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں میرے مولیٰ اس قرضہ سے ان کو خلاصی عطا فرما، غیب سے اس قرضہ کی ادائیگی کا سامان فرما، یا الٰہ العالمین! جن لوگوں نے ہم سے دعاؤں کے لئے کہا ہے یا لکھا ہے یا فون کیا ہے، یا ان کا ہم پر حق ہے، میرے مولیٰ سب کی جائز حاجتیں پوری فرما، اے میرے مولیٰ! جو بندے تیری بارگاہ میں حاضر ہو گئے ہیں، یا اللہ! تیری ایک بندی جو میرے گھر میں تھی وہ بھی تیری بارگاہ میں حاضر ہوگئی ہے میرے مولیٰ! ان کی مغفرت فرما، ان کے درجات جنت میں بلند فرما، اے میرے مولیٰ! ان کو بہشتِ بریں میں بہترین جگہ عطا فرما، اے اللہ! مولانا ریاست علی صاحب کی اہلیہ بھی تیرے دربار میں حاضر ہوگئی ہیں میرے مولیٰ! ان کی بھی مغفرت فرما، ان کے بھی درجات بلند فرما، ان کو بھی جنت میں بہترین مرتبہ عطا فرما!، یا اللہ! ہمارے اکابرین میں سے جو لوگ کسی بیماری میں مبتلا ہیں سب کو صحتِ کاملہ عطا فرما، یا اللہ! تمام اکابرین کی عمروں میں برکت فرما، یا اللہ! ہمیں اپنے دین کی خدمت کے لئے قبول فرما، ہمارے دینی کاموں کے اندر اخلاص کی دولت پیدا فرما، ہمیں اخلاص سے مالا مال فرما، اے میرے مولیٰ! ہماری دعاؤں کو اپنے فضل و کرم سے قبول فرما، اور اے میرے مولیٰ! اس سال یہ پڑھنے والے طلبہ کو اور فارغ ہونے والے طلبہ کو میرے مولیٰ! قبول فرما، ان کو ہر طرح سے برکتوں سے مالا مال فرما، ان کی جان میں، مال میں، علم میں، عمل میں برکت فرما، یا اللہ! ان کو اپنے دین کی خدمت کے لئے قبول فرما۔ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب المغازی

مہماتِ نبوی ﷺ

مَغَازِیْ: مَغْزَی کی جمع ہے: جنگ، لڑائی، حملہ، غَزَا الْعَدُوَّ (ن) غَزْوًا وَغَزْوَانًا: لڑنے کے لئے دشمن کی طرف جانا جہاد کرنا، فَھُوَ غَازٍ، وَالْجَمْعُ غُزَاۃٌ وَغُزًّی، مَغْزَی الْکَلَامِ: مقصدِ کلام، مہم: جنگ، لڑائی، بھاری کام، مشکل کام، جمع مہمات۔

غزوہ اور سریہ:

غزوہ کے لغوی معنی ہیں: حملہ، یورش، الغَزَاۃ: ایک سال تک کی لڑائی، الْغَزْوَۃُ: ایک دفعہ کی لڑائی، السَّرِیَّۃ: فوجی دستہ (پانچ تا تین سو افراد پر مشتمل) سَرَی (ض) سَرْیًا: رات کو چلنا (فوجی دستہ چھوٹا ہوتا ہے، اس لئے رات کو چلتا ہے اور بڑا لشکر دن میں چلتا ہے)

اصطلاحی معنی: سیرت کی اصطلاح میں: غزوہ: وہ فوج کشی ہے جس میں نبی ﷺ بذاتِ خود شریک ہوں، اور سریہ: وہ فوجی دستہ ہے جس میں نبی ﷺ شریک نہ ہوں۔

ربط: کتاب المغازی درحقیقت کتاب المناقب کا حصہ ہے، کتاب المناقب کے آخر میں مَاقَبْلَ الْھِجْرَۃ: ہجرت سے پہلے کے احوال بیان کئے تھے، اب مَا بَعْدَ الْھِجْرَۃ: ہجرت کے بعد کے احوال بیان کرتے ہیں، ہجرت کے بعد مکہ والوں کے ساتھ بھی مہمات پیش آئی ہیں، اور دیگر قبائل کے ساتھ بھی، کتاب المغازی میں ان کا بیان ہے، اور صرف غزوات کا بیان ہے، سرایا کا تذکرہ کم ہے، قریش کے ساتھ بڑی مہمات یہ پیش آئی ہیں: (۱) غزوۂ بدر کبری (۲) غزوۂ احد (۳) غزوۂ احزاب (۴) صلح حدیبیہ (۵) فتح مکہ (۶) غزوۂ حنین (۷) غزوۂ طائف۔ اور یہود کے ساتھ بھی مہمات پیش آئی ہیں جیسے غزوۂ بنونضیر اور غزوۂ خیبر۔ اور دیگر قبائل کے ساتھ بھی مہمات پیش آئی ہیں: جیسے غزوۂ تبوک جس میں رومیوں کی طرف لشکر کشی کی گئی تھی، پھر کتاب المغازی کے بعد نبی ﷺ کے سب سے بڑے معجزے قرآنِ کریم کا ذکر ہے۔

واقعات کا تسلسل:

بعثتِ نبوی کے ساتھ ہی اشاعتِ اسلام کا سلسلہ شروع ہوا، پھر جب دن بہ دن ایمان لانے والوں میں اضافہ شروع ہوا

تو شیطان کی حرکتیں بھی شروع ہوئیں، مسلمانوں کے لئے ہر نیا دن نئی آزمائش لے کر آتا تھا، مشرکین متفقہ طور پر مسلمانوں کی ایذارسانی پر آمادہ ہوگئے، پس نبی ﷺ نے مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کا مشورہ دیا، چنانچہ رجب سنہ ۵ نبوی میں گیارہ مردوں نے اور پانچ عورتوں نے حبشہ کی طرف پہلی مرتبہ ہجرت کی، جب مسلمانوں نے پہلی مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی تو مکہ والوں نے ان کے پیچھے آدمی دوڑائے، تاکہ مسلمانوں کو پکڑ کر لائیں، مگر جب مسلمان ساحل پر پہنچے تو حبشہ جانے والی دو کشتیاں تیار کھڑی تھیں، انھوں نے پانچ درہم لے کر سب کو بٹھالیا اور حبشہ کی طرف روانہ ہوگئیں، جب مکہ کے آدمی ساحل پر پہنچے تو کشتیاں جاچکی تھیں، اس لئے وہ نامراد واپس آئے، یہ ہجرت چونکہ چند ہی حضرات نے کی تھی اس لئے مکہ والوں نے اس کو زیادہ اہمیت نہیں دی۔

پھر جب صحابہ نے ہجرتِ ثانیہ بجانبِ حبشہ کی اور ایک سو تین آدمیوں نے کی تو مکہ والوں کے لئے لمحۂ فکریہ پیدا ہوا، انھوں نے عمرو بن العاص اور عبداللہ بن ابی ربیعہ کو نجاشی اور اس کے مقربین کے لئے ہدایا دے کر بھیجا تاکہ وہ مسلمانوں کو واپس لائیں، نجاشی رحمہ اللہ نے مہاجرین کو بلایا، حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے بادشاہ کے سامنے اسلام کا تعارف کرایا اور بتایا کہ وہ اپنی قوم کے ظلم وستم سے بھاگ کر بادشاہ کی پناہ میں آئے ہیں، بادشاہ پر اس کا اچھا اثر ہوا اور اس نے قریش کے تمام ہدایا واپس کردیئے اور مسلمانوں سے کہہ دیا کہ تم اطمینان سے میری مملکت میں رہو، چنانچہ وفد ناکام لوٹ آیا اور جو مسلمان مکہ میں باقی رہ گئے تھے ان پر غصہ اتارنا شروع کیا، اس طرح ان کا ابتلاء بڑھ گیا۔

پھر گیارہ نبوی میں مدینہ کے کچھ لوگ حج کے لئے آئے اور نبی ﷺ سے ان کی اتفاقاً ملاقات ہوگئی، آپؐ نے ان کو اسلام کی دعوت دی، وہ مسلمان ہوگئے، انھوں نے لوٹ کر مدینہ میں دعوت کا کام شروع کیا اور اگلے سال بارہ نبوی میں پہلے سے دوگنے حضرات حج میں آئے اور مسلمان ہوئے، اور انھوں نے بیعت عقبہ اولیٰ کی، ان کے ساتھ نبی ﷺ نے حضرت مُصعب بن عُمیر اور حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہما کو مدینہ بھیجا، ان کی محنت سے نبوت کے تیرھویں سال کافی حضرات آئے اور انھوں نے بیعتِ عقبہ ثانیہ کی، اور نبی ﷺ کو اور مسلمانوں کو اپنے یہاں آنے کی دعوت دی اور نُصرت کا بھرپور وعدہ کیا۔

قبل ازیں نبی ﷺ ایک خواب دیکھ چکے تھے کہ آپؐ اور صحابہ ایک نخلستان کی طرف ہجرت کررہے ہیں اور شہر کے دونوں جانب سیاہ پتھروں والی زمین ہے، آپؐ کا خیال یمامہ اور ہجر مقام کی طرف گیا، پھر وحی سے تعیین کی گئی کہ ہجرت گاہ مدینہ منورہ ہے، چنانچہ آپؐ نے صحابہ کو مدینہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دی، لوگوں نے ہجرت شروع کی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیس آدمیوں کے ساتھ ہجرت کی، اس طرح مکہ مسلمانوں سے خالی ہوگیا، صرف ابوبکر وعلی رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کے ساتھ رہ گئے یا وہ کمزور مسلمان باقی رہ گئے جو ظلم وستم کی چکی میں پس رہے تھے۔

اب مکہ کے سرداروں نے محسوس کیا کہ مسلمان مدینہ پہنچ کر مرکزیت قائم کرلیں گے اور ان کے لئے دردِ سر بن جائیں

گے، اس لئے انھوں نے اسلام مخالف سرگرمیاں تیز کردیں اور دارالندوہ میں جمع ہوکر آخری فیصلہ کیا کہ نبی ﷺ کو قتل کردیا جائے، تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری! اسی وقت آپؐ کو ہجرت کی اجازت مل گئی، کفار نے آپؐ کے گھر کا گھیراڈال دیا تاکہ جب آپؐ صبح گھر سے نکلیں تو وہ یکبارگی حملہ کردیں، مگر نبی ﷺ ان کے سروں پر مٹی ڈالتے ہوئے رات میں مکہ سے نکل گئے اور ثور پہاڑ کی چوٹی پر ایک غار میں پناہ لی، صبح کفار کو پتہ چلا کہ شکار ہاتھ سے نکل گیا، انھوں نے چاروں طرف دوڑ دھوپ شروع کی، زیادہ تر مدینہ کے راستہ پر تلاش کیا، مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کی حفاظت کی، تین دن روپوش رہنے کے بعد آپؐ رفیق محترم (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ) کے ساتھ غار سے نکل کر مدینہ کی طرف روانہ ہوئے، اور غیر معروف راستہ پر چلے، مکہ والوں نے مدینہ کی طرف جو قبائل آباد تھے ان کو انعام کی اطلاع کردی کہ جوان حضرات کو پکڑ کر لائے یا قتل کردے، اس کو انعام میں سو اونٹ دیئے جائیں گے، چنانچہ راستہ میں سراقہ بن مالکؓ نے انعام کے لالچ میں آپؐ کا پیچھا کیا مگر اللہ تعالیٰ نے ان کو ایمان کی دولت سے نواز دیا، وہ ابھی چڑھے آرہے تھے ابھی آپؐ کے پاسبان بن گئے، اسی طرح بُریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ اپنی قوم کے ستر آدمیوں کے ساتھ نبی ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے تعاقب میں نکلے، لیکن جب آپؐ سے ملاقات ہوئی تو نقد دل دے بیٹھے اور اپنی قوم کے ستر آدمیوں کے ساتھ مسلمان ہوگئے، اس طرح آپؐ بحفاظت مدینہ منورہ پہنچ گئے اور قریش کے تمام منصوبے خاک میں مل گئے۔

پھر انھوں نے مشرکوں کے سردار عبداللہ بن ابی ابن سلول کو خط لکھا، وہ ابھی منافقانہ بھی مسلمان نہیں ہوا تھا، اس کو لکھا کہ تم نے ہمارے آدمی کو ٹھکانہ دیا ہے، اور ہم اللہ کی قسم کھاتے ہیں! یا تو تم ان کے ساتھ لڑو یا ان کو اپنے شہر سے نکال دو، ورنہ ہم سب مل کر مدینہ پر حملہ کریں گے، تمہارے جنگجوؤں کو قتل کریں گے اور تمہاری عورتوں کو مباح کرلیں گے۔ إِنَّكُمْ آوَيْتُمْ صَاحِبَنَا، وَإِنَّا نُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَتُقَاتِلُنَّهُ أَوْ لَتُخْرِجُنَّهُ أَوْ لَنَسِيْرَنَّ إِلَيْكُمْ بِأَجْمَعِنَا حَتَّى نَقْتُلَ مُقَاتِلَتَكُمْ وَنَسْتَبِيْحَ نِسَاءَ كُمْ. (۱)

جب مشرکین کا یہ خط آیا تو عبداللہ بن ابی کے پاس اوس وخزرج کے مشرکین اکٹھا ہوئے تاکہ مسلمانوں سے جنگ کریں، نبی ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی، آپؐ ان کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے کہا: قریش کی دھمکی اپنا پورا کام کرگئی، وہ تمہیں اس سے زیادہ ضرر نہیں پہنچا سکتے جتنا تم خود اپنے لوگوں کو پہنچاؤ گے، تمہارے ہر خاندان اور ہر گھر میں مسلمان ہیں، پس کیا تم اپنے بیٹوں اور اپنے بھائیوں سے لڑو گے؟ لَقَدْ بَلَغَ وَعِيْدُ قُرَيْشٍ مِنْكُمْ الْمَبَالِغَ، مَا كَانَتْ تَكِيْدُكُمْ بِأَكْثَرَ مِمَّا تُرِيْدُوْنَ أَنْ تَكِيْدُوْا بِهِ أَنْفُسَكُمْ، تُرِيْدُوْنَ أَنْ تُقَاتِلُوْا أَبْنَاءَ كُمْ وَإِخْوَانَكُمْ (حوالہ بالا)

مشرکین آپؐ کی یہ بات سن کر منتشر ہوگئے، جب مکہ والوں کو یہ بات پہنچی تو انھوں نے جنگِ بدر کے بعد یہود کے پاس خط لکھا کہ تم ہتھیار اور قلعوں والے ہو، تم ہمارے آدمی سے لڑو یا ہم ایسا کریں گے ویسا کریں گے، اور ہمارے اور تمہاری

(۱) ابوداؤد حدیث ۳۰۰۴ کتاب الخراج، باب فی خبر بنی النضیر.

عورتوں کے پازیب کے درمیان کوئی چیز حائل نہیں ہوگی، إِنَّکُمْ أَھْلُ الْحَلْقَۃِ وَالْحُصُوْنِ، وَإِنَّکُمْ لَتُقَاتِلُنَّ صَاحِبَنَا أَوْ لَنَفْعَلَنَّ کَذَا وَکَذَا وَلاَ یَحُوْلُ بَیْنَنَا وَبَیْنَ خَدَمِ نِسَاءِ کُمْ شَیْئٌ (حوالہ بالا)

جب مشرکین نے مسلمانوں سے جنگ نہیں کی تو مکہ والوں نے ٹھان لی کہ اب مدینہ والوں کو مزہ چکھانا ہے اور انھوں نے مسلمانوں کو کہلا بھیجا کہ تم مطمئن نہ ہو جانا، ہم مدینہ پہنچ کر تمہارا ستیاناس کر دیں گے۔

ادھر نبی ﷺ نے مدینہ پہنچ کر مشرکین اور یہود کے ساتھ معاہدہ کرلیا کہ اگر دشمن باہر سے حملہ آور ہو تو سب مل کر دفاع کریں، اس کی خبر بھی مکہ والوں کو پہنچ گئی، پس انھوں نے بڑے پیمانہ پر جنگی تیاری شروع کی اور ایک بڑا قافلہ ترتیب دیا جس میں مکہ کے ہر باحیثیت آدمی کا سرمایہ لگا ہوا تھا، یہ قافلہ ملک شام سے ہتھیار خرید کر لائے گا، مگر اس پر تجارتی قافلہ (عِیْر) کا لیبل لگا ہوا تھا، اور طے پایا کہ ابوسفیان کی سرکردگی میں یہ قافلہ شام جائے اور ہتھیار لائے[1] نبی ﷺ کو سب اطلاعات مل رہی تھیں، آپؐ نے مکہ سے شام جانے والے راستہ پر طلائع[2] متعین کر دیئے اور ایک فوجی دستہ مکہ اور طائف کے درمیان نخلہ مقام میں متعین کر دیا جو مکہ والوں کی نقل و حرکت سے نبی ﷺ کو باخبر رکھتا تھا۔

جب کارواں شام کی طرف روانہ ہوا تو نبی ﷺ فوج کا ایک دستہ لے کر عُشَیرۃ مقام میں —— جو ینبوع کے قریب ہے —— جمادی الاولیٰ ۲ ہجری میں ڈیڑھ سو دو سو آدمیوں کے ساتھ پہنچے، تاکہ اس پر قبضہ کریں، مگر جب آپؐ پہنچے تو قافلہ نکل چکا تھا، آپؐ بنو مُدلج سے ناجنگ معاہدہ کر کے واپس آ گئے، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے جنگِ بدر کا واقعہ غزوۃ الْعُشَیرۃ سے شروع کیا ہے، کیونکہ وہ غزوۂ بدر کی تمہید تھا۔

پھر جب ابوسفیان کا کارواں واپس لوٹا تو نبی ﷺ تین سو تیرہ صحابہ کے ساتھ اس پر قبضہ کرنے کے لئے نکلے، آپؐ بدر کے مقام میں پہنچے کیونکہ کارواں وہاں سے گذرنے والا تھا، مگر ابوسفیان کو بھی اندازہ تھا کہ واپسی میں میرے قافلہ پر حملہ ہوسکتا ہے، اس لئے اس نے مکہ اطلاع بھیجی کہ قافلہ بچانے آؤ، وہاں سے ایک ہزار جنگجو بہادر نکلے، تاکہ وہ قافلہ کو بچائیں۔

پھر ابوسفیان نے یہ چالاکی کی کہ راستہ بدل دیا، عام راستہ چھوڑ کر ساحل سمندر سے بچ کر نکل گیا اور جو لشکر قافلہ بچانے کے لئے مکہ سے نکلا تھا اس کو کہلوا دیا کہ واپس آ جاؤ، مگر ابوجہل کے غرور نے اجازت نہیں دی، اس نے کہا: ہم بدر تک جائیں

---

(۱) جاننا چاہئے کہ عرب میں ہتھیار بنتے تھے، مگر ہتھیاروں کا کارخانہ نہیں تھا، ہتھیار شام میں بنتے تھے، اور شام رومی حکومت کے ماتحت تھا، جو اس وقت کا سپر پاور تھا، پس آپس کی جھڑپوں کے لئے تو مکہ والوں کے پاس ہتھیار تھے، مگر باہر نکل کر کسی متحدہ قوم سے ٹکرانے کے لئے بھرپور تیاری کی ضرورت تھی، اس لئے طے پایا کہ ہتھیار شام سے برآمد کئے جائیں، اس لئے شام کی طرف جانے والے قافلوں پر نظر رکھنی ضروری تھی، اسی لئے یمن کی طرف سفر کرنے والے تجارتی قافلوں پر نظر نہیں رکھی گئی، صرف شام اور عراق کی طرف جانے والے قافلوں کا تعاقب کیا گیا، یہ نکتہ ابتدائی مہمات میں پیش نظر رکھنا ضروری ہے ۱۲

(۲) طلائع: طلیعۃ کی جمع، دشمن کی سپاہ کا اندازہ لگانے اور معلومات حاصل کرنے کے لئے بھیجی جانے والی فوج کی ٹکڑی ۱۲

گے، وہاں شراب پیئیں گے، رنگ رلیاں منائیں گے اور عرب پر دھاک بٹھا کر واپس ہونگے، اس طرح مشرکین کا لشکر بھی بدر میں پہنچ گیا اور فریقین اتفاقاً ایک جگہ جمع ہو گئے، پھر میدانِ بدر میں جنگ ہوئی اور وہ فیصلہ کن ﴿یَوْمُ الْفُرْقَانِ﴾ قرار پائی، مکہ کے ستر سورما مارے گئے، ستر پکڑے گئے، باقی میدان چھوڑ کر بھاگ گئے، یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی مہم تھی، امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی سے کتاب المغازی کا آغاز کیا ہے، اور تیرہ ابواب میں غزوۂ بدر کا تذکرہ کیا ہے۔

اب طلبہ چار باتیں جان لیں:

۱- جہاد کے لغوی اور اصطلاحی معنی:

اصطلاحاتِ شرعیہ لغوی معنی میں بھی مستعمل ہیں اور اصطلاحی معنی میں بھی، اور کہاں کونسے معنی ہیں؟ یہ بات اہل علم جانتے ہیں، جیسے صلوٰۃ لغوی معنی میں بھی مستعمل ہے ﴿وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ﴾: آپؐ زکوٰۃ لے کر آنے والوں کو دعا دیں، آپؐ کی دعا ان کی تسکین کا باعث ہوگی، یہاں صلوۃ لغوی معنی میں ہے اور جیسے ﴿إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ﴾: بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اِس نبی پر بے پایاں رحمتیں بھیجتے ہیں، اور اُس کے لئے دعا کرتے ہیں، یہاں بھی صلوٰۃ لغوی معنی میں ہے، اور ﴿أَقِيْمُوْا الصَّلٰوةَ﴾: میں اصطلاحی معنی ہیں، یعنی اذکار مخصوصہ، افعالِ مخصوصہ اور ہیئتِ مخصوصہ کا مجموعہ، اگر کوئی اس آیت میں بھی لغوی معنی لینے لگے تو اس کو تحریف کہیں گے۔

اور جیسے الزکوٰۃ لغوی معنی میں بھی مستعمل ہے ﴿وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ﴾: نبی صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو قرآن وسنت کی تعلیم دیتے ہیں اور ان کے باطن کو پاک صاف کرتے ہیں، اور ﴿آتُوْا الزَّكٰوةَ﴾: میں اصطلاحی معنی ہیں، یعنی سالانہ مال کی مخصوص مقدار غریبوں پر خرچ کرنے کا نام 'زکوٰۃ' ہے، اگر کوئی یہاں بھی لغوی معنی لینے لگے تو وہ تحریف ہوگی۔

اسی طرح جہاد کے ایک لغوی معنی ہیں اور ایک اصطلاحی معنی، لغوی معنی ہیں: دین کے لئے تن توڑ محنت کرنا، اپنی پوری توانائی خرچ کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: بَذْلُ الْجُهْدِ فِي قِتَالِ الْكُفَّارِ لِإِعْلَاءِ كَلِمَةِ اللّٰهِ (عمدہ) اللہ کے دین کا بول بالا کرنے کے لئے منکرین اسلام سے لوہا لینا، لڑنا۔

اور اس سلسلہ میں قاعدہ یہ ہے کہ اگر مادّۂ جہاد کے بعد اللہ آئے یا اللہ کی طرف لوٹنے والی ضمیر آئے تو وہاں لغوی معنی مراد ہونگے، جیسے ﴿وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ﴾: اپنی والی پوری کوشش کرو دین کے لئے جیسا کہ اس کے لئے کوشش کرنے کا حق ہے، اور ﴿وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا﴾: اور جو لوگ ہمارے دین کے لئے جدوجہد کرتے ہیں ہم ان کو اپنی راہیں سجھاتے ہیں، ان دونوں آیتوں میں جہاد کے لغوی معنی ہیں، مفسرین کرام تقدیر عبارت نکالتے ہیں: وَجَاهِدُوْا فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ، اور وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْ دِيْنِنَا۔ اور جہاں مادہ جہاد کے بعد فی سبیل اللہ آئے وہاں اصطلاحی معنی مراد ہوتے ہیں، سورۃ التوبہ میں جہاں بھی یہ تعبیر آئی ہے حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے اپنے پیش رَو حضرت شاہ عبد القادر

صاحب دہلوی قدس سرہ کی پیروی میں 'لڑو' ترجمہ کیا ہے، اور حدیث شریف کی کتابوں میں جب أبواب الجهاد شروع ہوتے ہیں تو ہر طالب علم سمجھ جاتا ہے کہ یہاں اصطلاحی معنی مراد ہیں۔

اور جہاں مادۂ جہاد کے بغیر فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ آئے: وہ عام ہے یا خاص؟ اس میں رائیں مختلف ہیں: سورۃ البقرہ آیت ۲۶۱ میں ہے: ﴿مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾: اس کو حضرت تھانوی قدس سرہ نے بیان القرآن میں عام رکھا ہے، مطلقاً وجوہِ خیر مراد لی ہیں، جہاد کے ساتھ آیت کو خاص نہیں رکھا، اسی طرح سورۃ التوبہ آیت ۶۰ میں مصارفِ زکوۃ کے بیان میں جو في سبيل الله آیا ہے اس کو بھی بدائع الصنائع میں عام رکھا ہے، یعنی ہر دینی کام کے لئے زکاۃ خرچ کر سکتے ہیں۔

دوسری رائے یہ ہے کہ في سبيل الله کی اصطلاح بھی جہاد کے ساتھ خاص ہے چنانچہ مصارف زکاۃ میں جو في سبيل الله آیا ہے اس سے منقطع الغزاۃ مراد ہیں، یعنی جو جہاد کرنا چاہتے ہیں، مگر اسباب نہیں ہیں، ان کو مالِ زکاۃ سے ہتھیار وغیرہ خرید کر دے سکتے ہیں، اور یہی قول مفتی بہ ہے، یہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا قول ہے، دوسرا قول امام محمد رحمہ اللہ کا ہے کہ اس سے مراد منقطع الحاج ہیں، مگر اس پر فتوی نہیں۔

۲- جہاد کا مقصد:

اسلام میں جہاد کے دو مقصد ہیں:

اول: کفر کی شوکت توڑنا اور فتنہ فرو کرنا، سورۃ البقرہ کی آیت ۲۱۷ ہے: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ، قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ، وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌ بِهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَإِخْرَاجُ أَهْلِهِ مِنْهُ أَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ، وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ﴾: لوگ آپؐ سے حرام مہینوں میں قتال کے بارے میں پوچھتے ہیں، آپؐ فرما دیں: ان مہینوں میں قتال کرنا ظلم عظیم ہے اور اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکنا اور اللہ کا انکار کرنا اور مسجدِ حرام کی حرمت کو پامال کرنا اور وہاں کے لوگوں کو وہاں سے نکال دینا، اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے بھی بڑا جرم ہے، اور فتنہ پروری قتل سے بدرجہا بڑھ کر جرم ہے۔

تفسیر: چند صحابہ کا ایک سفر میں اتفاقاً کفار سے مقابلہ ہو گیا، ایک کافر ان کے ہاتھ سے مارا گیا، جس دن یہ واقعہ پیش آیا رجب کی پہلی تاریخ تھی، صحابہ نے اس کو جمادی الثانیہ کی آخری تاریخ سمجھا، اس پر کفار نے طعن کیا کہ مسلمانوں نے اشہر حرم کی حرمت پامال کر دی، مسلمانوں کو اس کی فکر ہوئی اور نبی ﷺ سے اس سلسلہ میں سوال کیا تو یہ آیت نازل ہوئی کہ رجب میں قتل کرنا بیشک گناہ ہے مگر کفار اس سے بڑے گناہوں میں مبتلا ہیں، وہ لوگوں کو اللہ کے راستہ سے روکتے ہیں، اللہ کا انکار کرتے ہیں، مسجدِ حرام کی حرمت پامال کرتے ہیں اور مسلمانوں کو وہاں سے نکلنے پر مجبور کرتے ہیں، یہ اللہ کے نزدیک قتل سے بھی بڑے گناہ ہیں، کیونکہ فتنہ پردازی قتل سے بڑا گناہ ہے، معلوم ہوا کہ کفر کی شوکت توڑنے کے لئے اور فتنہ فرو کرنے

کے لئے جہاد ضروری ہے۔

اور سورۃ البقرہ آیت ۱۹۱ میں ہے: ﴿وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَأَخْرِجُوْهُمْ مِنْ حَيْثُ أَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ﴾: اور دشمنانِ اسلام کو قتل کرو جہاں ان کو پاؤ اور ان کو نکال باہر کرو جہاں سے انھوں نے تم کو نکلنے پر مجبور کیا ہے اور فتنہ قتل سے سخت تر ہے، پس فتنہ فرو کرنے کے لئے اور کفر کی شوکت توڑنے کے لئے جہاد ضروری ہے۔

دوم: اللہ کی زمین میں اللہ کا قانون نافذ کرنا۔ سورۃ الحج آیت ۴۱ میں ہے: ﴿الَّذِيْنَ إِنْ مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوْا الصَّلٰوةَ وَآتَوُا الزَّكٰوةَ وَأَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ، وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْأُمُوْرِ﴾: جن لوگوں کو جہاد کی اجازت دی گئی ہے وہ ایسے لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو دنیا میں حکومت دیں تو وہ نماز کی پابندی کریں زکوۃ دیں، نیک کام کرنے کو کہیں، اور برے کاموں سے روکیں اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔

تفسیر: یہ آیت اذنِ جہاد کے ذیل میں آئی ہے اور اس میں جہاد کا مقصد بیان کیا گیا ہے، اور یہ جو پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے وہ قطعاً بے بنیاد ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿لاَ إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ﴾: دین کے معاملہ میں زور جبر نہیں، کوئی شخص اپنے باطل مذہب پر قائم رہنا چاہے تو اس کے لئے پوری آزادی ہے، مگر اللہ کی زمین پر اللہ ہی کا قانون چلنا چاہئے، یہ جہاد کا بنیادی مقصد ہے اور پروپیگنڈہ کا جواب یہ ہے کہ اگر جہاد کا مقصد لوگوں کو زبردستی مسلمان بنانا ہوتا تو جزیہ کا حکم نہ ہوتا، غیر مسلم جزیہ دے کر اسلامی حکومت کے شہری بن سکتے ہیں، ان کو ان کے مذہب پر عمل کرنے کی پوری آزادی ہوگی۔

۳- احکام جہاد کے مراحل:

مکی دور میں صبر کا حکم تھا، سورۃ الاعراف آیت ۱۹۹ ہے: ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ﴾: درگذر کی عادت ڈالو، اور نیک کام کا حکم دو، اور جاہلوں سے کنارہ کشی اختیار کرو، اور یہ حکم اس وجہ سے تھا کہ ابھی مسلمان کمزور تھے، اور ان کی کوئی مرکزیت نہیں تھی، اس لئے ہجرت سے پہلے صبر کا حکم دیا گیا۔

پھر ہجرت کے بعد بدر کے موقع پر جہاد کی اجازت ملی کہ اگر تم پر کوئی ظلم کرتا ہے تو اس سے بدلہ لو، سورۃ الحج کی آیت ۳۹ ہے: ﴿أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوْا﴾: اجازت دی گئی ان لوگوں کو جن سے کافر لڑتے ہیں، اس وجہ سے کہ ان پر ظلم کیا گیا۔

پھر تیسرے مرحلہ میں جہاد فرض کیا گیا، مگر اس وقت جبکہ دشمن حملہ آور ہو، سورۃ البقرہ آیت ۱۹۰ ہے: ﴿وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلاَ تَعْتَدُوْا إِنَّ اللّٰهَ لاَيُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ﴾: اور اللہ کے راستہ میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں، اور کسی پر زیادتی مت کرو، بیشک اللہ تعالیٰ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔

پھر آخری مرحلہ میں اقدامی جہاد کا حکم آیا، سورۃ التوبہ آیت ۲۹ ہے:﴿قَاتِلُوْا الَّذِیْنَ لاَ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَلاَ بِالْیَوْمِ الآخِرِ﴾ الآیۃ: ان لوگوں سے لڑو جو اللہ پر ایمان نہیں رکھتے اور نہ آخرت کے دن پر، اور نہ حرام سمجھتے ہیں اس کو جس کو اللہ نے اور اس کے رسول نے حرام کیا ہے اور وہ اللہ کا سچا دین بھی قبول نہیں کرتے ان لوگوں میں سے جو اہل کتاب ہیں، یہاں تک کہ وہ جزیہ دیں اپنے ہاتھ سے ذلیل ہوکر، اور سورۃ التوبہ کی آیت ۵ ہے:﴿فَإِذَا انْسَلَخَ الأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوْا الْمُشْرِكِیْنَ حَیْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ﴾: جب محترم مہینے گذر جائیں تو مشرکین کو مارو جہاں بھی پاؤ، اور پکڑو اور گھیرو، اور ان کی تاک میں ہر جگہ بیٹھو، پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم کریں اور زکوۃ دیں تو ان کا راستہ چھوڑ دو، بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والے، مہربان ہیں۔ اور سن ۹ ہجری میں حج کے موقع پر اعلان کیا گیا کہ میعادی معاہدے اپنی میعاد تک باقی رہیں گے اس کے بعد تجدید نہیں ہوگی، اور جن کے ساتھ معاہدہ نہیں ہے ان کو چار ماہ کی مہلت ہے، پھر کسی بھی وقت ان پر حملہ ہوسکتا ہے۔

۴- بدر کی جنگ دفاعی تھی یا اقدامی؟

تمام مفسرین متفق ہیں کہ سورۃ الحج کی آیت ۳۹-۴۱ غزوۂ بدر کے موقعہ پر نازل ہوئی ہیں، وہ آیات یہ ہیں:

﴿أُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقَاتَلُوْنَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوْا، وَإِنَّ اللّٰهَ عَلٰی نَصْرِهِمْ لَقَدِیْرٌ ○ الَّذِیْنَ أُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بِغَیْرِ حَقٍّ إِلَّا أَنْ یَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ، وَلَوْلاَ دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِیَعٌ وَصَلَوٰتٌ وَمَسٰجِدُ یُذْكَرُ فِیْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِیْرًا، وَلَیَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ یَّنْصُرُهُ، إِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ○ الَّذِیْنَ إِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِی الأَرْضِ أَقَامُوْا الصَّلٰوةَ وَآتَوُا الزَّكٰوةَ وَأَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ، وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الأُمُوْرِ﴾

ترجمہ: ان لوگوں کو لڑنے کی اجازت دی گئی جن سے کافروں کی طرف سے لڑائی کی جاتی ہے، بایں وجہ کہ ان پر ظلم کیا گیا (یہ مشروعیت جہاد کی علت ہے) اور اللہ تعالیٰ بلاشبہ ان کو غالب کرنے پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں (آگے ان کی مظلومیت کا بیان ہے) جو اپنے گھروں سے بلاوجہ محض اتنی بات پر نکالے گئے کہ وہ کہتے ہیں: ہمارا رب اللہ ہے! (پھر یہ بیان ہے کہ جہاد تمام انبیاء کی شریعتوں میں رہا ہے، فرمایا:) اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ لوگوں کا ایک دوسرے سے زور گھٹواتے ہیں تو اپنے اپنے زمانہ میں نصاریٰ کے خلوت خانے اور عبادت خانے اور یہود کے عبادت خانے اور مسلمانوں کی وہ مسجدیں جن میں اللہ کا نام بکثرت لیا جاتا ہے سب منہدم ہوگئے ہوتے، اور اللہ تعالیٰ ضرور ان لوگوں کی مدد کرتے ہیں جو اللہ کے دین کی مدد کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ یقیناً قوت والے غلبہ والے ہیں (پھر مقصدِ جہاد کا بیان ہے، فرمایا:) یہ لوگ وہ ہیں کہ اگر ہم ان کو زمین میں حکومت دیں تو وہ لوگ نماز کی پابندی کریں، زکوۃ دیں، نیک کاموں کے کرنے کا حکم کریں اور برے کاموں سے روکیں اور سب کاموں کا اچھا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے (پس مسلمانوں کی موجودہ

حالت دیکھ کر کون کہہ سکتا ہے کہ انجام کار بھی یہی ہوگا؟ آج وہ ضعیف وناتواں ہیں، مگر ان کو جہاد کی اجازت دی جاتی ہے، تاکہ جہاد کے ذریعہ معاملہ برعکس ہوجائے، چنانچہ ہوا)

اور پیچھے ہم نے جو واقعات کا تسلسل بیان کیا ہے اس سے بھی یہ بات واضح ہے کہ اسلام کی پہلی مہم محض دفاعی تھی اور اسی سے بعض محققین کو غلط فہمی ہوئی، اور انھوں نے کہہ دیا کہ اسلام میں صرف دفاعی جہاد ہے، اقدامی جہاد نہیں ہے، ان کی یہ بات صحیح نہیں، اسلام کی پہلی مہم خالص دفاعی تھی یا بین بین تھی؟ جو بھی تھی، مگر اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ اقدامی جہاد کی اجازت نہیں ہے، یہ نتیجہ قطعاً صحیح نہیں، متعدد آیات سے ثابت ہے کہ فتنہ فرو کرنے کے لئے اور اللہ کے دین کا بول بالا کرنے کے لئے اقدامی جہاد بھی مامور بہ ہے۔ احد اور احزاب کے غزوات بے شک دفاعی تھے، مکہ والے مدینہ پر چڑھ آئے تھے، اس لئے دفاع ضروری تھا، مگر فتح مکہ کا غزوہ محض اقدامی تھا، اور دیگر کئی سرایا بھی اقدامی طور پر روانہ کئے گئے تھے۔

فائدہ: جس زمانہ میں مہماتِ نبوی ﷺ پیش آئی ہیں، اس وقت تک اسلامی تاریخ کا آغاز نہیں ہوا تھا، سنہ ہجری کا تعین فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ہوا ہے، علاوہ ازیں وہ واقعات نگاری کا دور بھی نہیں تھا کہ جو واقعہ پیش آئے فوراً لکھ لیا جائے، اس لئے مغازی اور سرایا کی تاریخوں میں ائمہ مغازی کے درمیان جو اختلاف ہے اس کو واقعات کے متعلقات کا اختلاف سمجھنا چاہئے، اس سے زیادہ کنج وکاؤ کی ضرورت نہیں۔

غزوۂ بدر سے پہلے کے سرایا اور غزوات:

جن حالات میں جہاد کی اجازت نازل ہوئی ہے، وہ زمانہ قریش کی قوت وتمرد کا زمانہ تھا، اس لئے حکمت کا تقاضہ ہوا کہ مسلمان اپنا دائرہ کار قریش کی اس تجارتی شاہ راہ تک وسیع کردیں جو مکہ سے شام تک جاتی تھی، چنانچہ نبی ﷺ نے اس کے لئے دو منصوبے بنائے:

۱- جو قبائل اس شاہ راہ کے اردگرد یا اس شاہ راہ سے مدینہ کی طرف آباد تھے ان کے ساتھ ناجنگ معاہدہ کیا جائے۔

۲- اس شاہ راہ پر گشتی دستے روانہ کئے جائیں جو قریش کی نقل وحرکت پر نظر رکھیں، چنانچہ قبیلہ جُہینہ سے آپؐ نے دوستی اور تعاون کا معاہدہ کیا، یہ قبیلہ مدینہ سے پچاس میل کے فاصلہ پر رہتا تھا، اور متعدد سرایا اس شاہ راہ پر روانہ فرمائے۔

۱- سریہ سیف البحر:

رمضان سنہ ایک ہجری میں سریہ سیف البحر روانہ فرمایا، جس کے امیر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ تھے، اس میں تیس مہاجر تھے، منصوبہ ایک قریشی قافلہ کا پتہ لگانا تھا، اس قافلہ میں تین سو آدمی تھے، جن میں ابوجہل بھی تھا، مسلمان عیص کے اطراف میں ساحل سمندر تک پہنچے تو دشمن سے سامنا ہوگیا، فریقین جنگ کے لئے آمادہ ہوگئے، مگر قبیلہ جہینہ کے سردار مجدی بن عمرو نے جو دونوں فریقوں کا حلیف تھا دوڑ دھوپ کرکے جنگ نہیں ہونے دی۔

۲-سریہ رابغ:

پھر شوال ایک ہجری میں نبی ﷺ نے حضرت عبیدۃ بن الحارث بن المطلب رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ساٹھ سواروں کا رسالہ روانہ کیا، رابغ کی وادی میں ابوسفیان سے سامنا ہوا، اس کے ساتھ دوسو آدمی تھے، فریقین نے ایک دوسرے پر تیر چلائے اس سے آگے کوئی جنگ نہیں ہوئی۔

۳-سریہ خرّار:

پھر ذی قعدہ ایک ہجری میں نبی ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ایک سریہ روانہ کیا جس میں بیس آدمی تھے، مقصد قریش کے ایک قافلہ کا پتہ لگانا تھا، اوران کو ہدایت تھی کہ خرّار سے آگے نہ بڑھیں، یہ لوگ پیدل روانہ ہوئے، رات کو سفر کرتے اور دن میں چھپے رہتے، پانچویں دن صبح یہ حضرات خرّار پہنچے تو معلوم ہوا کہ قافلہ ایک دن پہلے جاچکا ہے۔

۴-غزوۂ ابواء یا ودّان:

پھر صفر ۲ ہجری میں نبی ﷺ بنفس نفیس ستر مہاجرین کے ساتھ ایک خاص مہم پر روانہ ہوئے، مقصد قریش کے ایک قافلہ کی راہ روکنا تھا، آپ ودّان (ابواء) تک پہنچے، لیکن کوئی معاملہ پیش نہیں آیا، اسی غزوہ میں آپ نے بنوضمرہ کے سردار عمرو بن مخشی الضمری سے حلیفانہ معاہدہ کیا۔

۵-غزوۂ بُواط:

پھر ربیع الاول ۲ ہجری میں نبی ﷺ دوسو صحابہ کے ساتھ بُواط مقام میں پہنچے، مقصود قریش کا ایک قافلہ تھا، جس میں امیہ بن خلف سمیت قریش کے سو آدمی اور ڈھائی ہزار اونٹ تھے، لیکن کوئی معاملہ پیش نہیں آیا۔

۶-غزوۂ سفوان:

پھر ربیع الاول سن ۲ ہجری میں کُرز بن جابر فہری نے مدینہ کی چراگاہ پر چھاپہ مارا اور کچھ مویشی لوٹ لے گیا، نبی ﷺ نے ستر صحابہ کے ساتھ اس کا پیچھا کیا اور بدر کے قریب وادی سفوان تک تشریف لے گئے، مگر کُرز ہاتھ نہیں آیا، اسی غزوہ کو بعض لوگ 'غزوۂ بدر اولیٰ' کہتے ہیں۔

۷-غَزْوَۃُ الْعُشَیْرۃ:

پھر جمادی الاولیٰ یا جمادی الاخری سن ۲ ہجری میں نبی ﷺ ڈیڑھ دوسو مہاجرین کے ساتھ چلے، مقصود قریش کا وہ قافلہ

تھا جو ملک شام جارہا تھا، جس کے بارے میں معلوم ہوا تھا کہ وہ خاصا مال لے کر جارہا ہے اور شام سے ہتھیار خرید کر لائے گا، مگر جب آپؐ ذُو الْعُشَیْرۃ پہنچے تو معلوم ہوا کہ کئی دن پہلے قافلہ جاچکا ہے، یہ وہی قافلہ ہے جس پر شام سے واپسی پر قبضہ کرنے کے لئے نبی ﷺ نے سفر کیا تھا، اور جنگِ بدر پیش آئی تھی، اس غزوہ میں نبی ﷺ نے بنومُدلج اور ان کے حلیف بنوضمرہ سے ناجنگ معاہدہ کیا، یہی غزوہ جنگ بدر سے قریبی تعلق رکھتا ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے جنگِ بدر کا قصہ اسی غزوہ سے شروع کیا ہے۔

۸-سریہ نخلہ:

علاوہ ازیں نبی ﷺ نے بارہ مہاجرین کا ایک دستہ روانہ فرمایا، اور ان کو ایک تحریر دی، اور یہ ہدایت فرمائی کہ دو دن چلنے کے بعد خط دیکھیں، اس میں تحریر تھا کہ مکہ اور طائف کے درمیان نخلہ مقام میں پہنچو، اور وہاں سے قریش کے اس تجارتی قافلہ پر نظر رکھو جو درحقیقت ہتھیار خریدنے جارہا ہے، اور ہمارے لئے اس کی خبروں کا پتہ لگاؤ۔

یہ ہیں جنگِ بدر سے پہلے کے سریے اور غزوے، جن کا مقصد اپنا ہر طرح سے بچاؤ کرنا تھا، قریش نے مہاجرین کو دھمکی دی تھی کہ ہم یثرب پہنچ کر تمہارا ستیاناس کردیں گے، اس لئے ضروری ہوا کہ اپنا بچاؤ کیا جائے، دشمن سے چوکنا رہا جائے، قریش بھی تمام احوال سے واقف تھے، انہیں معلوم ہوگیا تھا کہ مدینہ کی قیادت انتہائی بیدار مغز ہے، اور ان کی ایک ایک تجارتی نقل و حرکت پر نظر رکھتی ہے، اور اب ان کی شامی تجارتی راہ مستقل خطرے میں ہے، مگر وہ جُہینہ اور بنوضمرہ کی طرح صلح کی راہ اختیار کرنے کے لئے تیار نہیں تھے، ان کے اکابر نے اپنی اس دھمکی کو عملی جامہ پہنانے کا فیصلہ کرلیا تھا کہ مسلمانوں کے گھروں میں گھس کر ان کا صفایا کردیا جائے، چنانچہ یہی طیش ان کو میدانِ بدر تک لے آیا۔

بَابُ غَزْوَةِ الْعُشَيْرَةِ أَوِ الْعُسَيْرَةِ

غزوۂ عُشیرۃ کا بیان

معروف شین معجمہ کے ساتھ عُشَیْرَۃ ہے، یہ مقام ینبوع کے قریب ہے، جمادی الاولیٰ سن ۲ ہجری میں آپؐ ڈیڑھ سو دو سو صحابہ کے ساتھ تشریف لے گئے تا کہ قریش کے اس تجارتی قافلہ کو روکیں جو شام ہتھیار خریدنے جارہا تھا۔ اور امام المغازی حضرت محمد بن اسحاق مدنی (تابعی) رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کا پہلا غزوہ ابواء ہے پھر بُواط ہے پھر عُشیرہ۔

غزوۂ اَبواء جس کا نام غزوہ وَدّان بھی ہے، صفر ۲ ہجری میں پیش آیا ہے، اسی غزوہ میں آپؐ نے بنوضمرہ سے ناجنگ معاہدہ کیا ہے، ابواء ایک گاؤں کا نام ہے، فرع کے علاقہ میں جُحفہ کے پاس مدینہ سے ۲۳ میل کے فاصلہ پر ہے۔

بُواط: ایک پہاڑ کا نام ہے، ینبوع کے قریب، ربیع الاول ۲ ہجری میں یہ غزوہ پیش آیا ہے، اور غزوہ عشیرۃ جمادی الاولی

سن ۲ ہجری میں پیش آیا ہے، جس میں بنومدلج سے مصالحت ہوئی ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد تمام غزوات وسرایا کا احاطہ نہیں ہے، صرف اس غزوہ کا تذکرہ مقصود ہے جس کا بدر سے قریبی تعلق ہے۔

حدیث: ابواسحاق رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا، کسی نے آپؓ سے پوچھا: نبی ﷺ نے کتنی جنگیں لڑی ہیں؟ حضرت زیدؓ نے کہا: انیس، اس نے پوچھا: آپؓ نے کتنی جنگوں میں شرکت کی ہے؟ حضرت زیدؓ نے کہا: سترہ میں، پس ابواسحاق نے پوچھا: ان غزوات میں سے کونسا غزوہ سب سے پہلے پیش آیا ہے؟ حضرت زیدؓ نے کہا: عُشَیرہ یا عُسیرہ، پھر ابواسحاق نے یہ حدیث قتادہؒ سے ذکر کی تو انھوں نے کہا: (صحیح) عُشیرہ ہے۔

تشریح: اس میں سخت اختلاف ہے کہ نبی ﷺ نے کتنی جنگیں لڑی ہیں؟ اور ان میں سے پہلا غزوہ کونسا ہے؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے انیس جنگوں کا ذکر کیا ہے، دوسرے حضرات کے ستائیس تک اقوال ہیں، مگر یہ بات طے ہے کہ جنگ کی نوبت صرف نو غزوات میں آئی ہے: بدر، احد، احزاب، بنوقریظہ، بنومصطلق، خیبر، فتح مکہ، حنین اور طائف (حاشیہ) باقی غزوات میں جنگ کی نوبت نہیں آئی۔

اور غزوہ عُشیرۃ کا مقصد ابھی بیان کیا ہے کہ ابوسفیان کے اس تجارتی قافلہ پر قبضہ کرنا مقصود تھا جو بظاہر تجارتی قافلہ تھا، مگر حقیقت میں وہ ہتھیار خریدنے کے لئے جارہا تھا، مگر اللہ کو منظور نہیں تھا، پس قافلہ ہاتھ سے نکل گیا، پھر جب وہ قافلہ واپس لوٹا تو دوبارہ اس پر قبضہ کرنے کے لئے آپؐ نے سفر کیا اور بدر تک پہنچے، مگر قافلہ راستہ بدل کر نکل گیا اور اس کو بچانے کے لئے مکہ سے جو لشکر آرہا تھا وہ بدر میں پہنچ گیا، اس طرح جنگِ بدر پیش آئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٦٤- کتابُ المغازی

[١-] بَابُ غَزْوَةِ الْعُشَيْرَةِ أَوِ الْعُسَيْرَةِ

قَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: أَوَّلُ مَا غَزَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْأَبْوَاءَ، ثُمَّ بُوَاطَ، ثُمَّ الْعُشَيْرَةَ.

[٣٩٤٩-] حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا وَهْبٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، كُنْتُ إِلَى جَنْبِ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، فَقِيْلَ لَهُ: كَمْ غَزَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَزْوَةٍ؟ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ، قِيْلَ: كَمْ غَزَوْتَ أَنْتَ مَعَهُ؟ قَالَ: سَبْعَ عَشْرَةَ، قُلْتُ: فَأَيُّهُمْ كَانَتْ أَوَّلَ؟ قَالَ: الْعُشَيْرُةُ أَوْ: الْعُسَيْرَةُ، فَذَكَرْتُ لِقَتَادَةَ، فَقَالَ: الْعُشَيْرَةُ. [انظر: ٤٤٠٤، ٤٤٧١]

قولہ: فَأَيُّهُمْ: قاعدے سے فَأَيُّهَا ہونا چاہئے، کیونکہ ضمیر کا مرجع غزوات ہیں، اور تاویل فَأَيُّ غَزَوَاتِهِمْ ہے، اس

طرح محاورات میں بولتے ہیں۔

بَابُ ذِكْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَنْ يُقْتَلُ بِبَدْرٍ

نبی ﷺ نے مقتولین بدر کا تذکرہ کیا

نبی ﷺ نے غزوۂ بدر سے پہلے بھی مختلف مناسبات میں ان رؤسائے مکہ کا تذکرہ کیا ہے جن کو مسلمان قتل کریں گے، یہ پیشین گوئیاں بدر میں پوری ہوئیں، مکہ کے ان گرو گھنٹالوں میں سے ایک امیہ بن خلف بھی تھا، آپؐ نے صحابہ کو اس کے بارے میں بھی اطلاع دی تھی کہ مسلمان اس کو قتل کریں گے، باب میں صدیق الانصار حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، اس میں اس پیش خبری کا تذکرہ ہے اور غزوہ بدر کی روایات میں بھی ہے کہ بدر میں جس صبح جنگ ہوئی اس رات نبی ﷺ صحابہ کو لے کر میدان میں گئے اور صنادید قریش کی قتل گاہیں دکھلائیں، صحابہ بیان کرتے ہیں: رؤسائے مکہ میں سے کوئی اس جگہ سے ادھر اُدھر نہیں ہوا، ہر ایک اسی جگہ ڈھیر ہوا۔

[۲-] بَابُ ذِكْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَنْ يُقْتَلُ بِبَدْرٍ

[۳۹۵۰-] حَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، حَدَّثَ عَنْ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، أَنَّهُ قَالَ: كَانَ صَدِيْقًا لِأُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، وَكَانَ أُمَيَّةُ إِذَا مَرَّ بِالْمَدِيْنَةِ نَزَلَ عَلٰى سَعْدٍ، وَكَانَ سَعْدٌ إِذَا مَرَّ بِمَكَّةَ نَزَلَ عَلٰى أُمَيَّةَ، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ انْطَلَقَ سَعْدٌ مُعْتَمِرًا، فَنَزَلَ عَلٰى أُمَيَّةَ بِمَكَّةَ، فَقَالَ لِأُمَيَّةَ: انْظُرْ لِيْ سَاعَةَ خَلْوَةٍ لَعَلِّيْ أَنْ أَطُوْفَ بِالْبَيْتِ، فَخَرَجَ بِهِ قَرِيْبًا مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ، فَلَقِيَهُمَا أَبُوْ جَهْلٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا صَفْوَانَ! مَنْ هٰذَا مَعَكَ؟ فَقَالَ: هٰذَا سَعْدٌ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ جَهْلٍ: أَلَا أَرَاكَ تَطُوْفُ بِمَكَّةَ آمِنًا وَقَدْ أَوَيْتُمُ الصُّبَاةَ وَزَعَمْتُمْ أَنَّكُمْ تَنْصُرُوْنَهُمْ وَتُعِيْنُوْنَهُمْ؟ أَمَا وَاللهِ لَوْلَا أَنَّكَ مَعَ أَبِيْ صَفْوَانَ مَا رَجَعْتَ إِلٰى أَهْلِكَ سَالِمًا، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ وَرَفَعَ صَوْتَهُ عَلَيْهِ: أَمَا وَاللهِ لَئِنْ مَنَعْتَنِيْ هٰذَا لَأَمْنَعَنَّكَ مَا هُوَ أَشَدُّ عَلَيْكَ مِنْهُ، طَرِيْقَكَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ لَهُ أُمَيَّةُ: لَا تَرْفَعْ صَوْتَكَ يَا سَعْدُ عَلٰى أَبِي الْحَكَمِ سَيِّدِ أَهْلِ الْوَادِيْ، فَقَالَ سَعْدٌ: دَعْنَا عَنْكَ يَا أُمَيَّةُ، فَوَاللهِ! لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنَّهُمْ قَاتِلُوْكَ" قَالَ: بِمَكَّةَ؟ قَالَ: لَا أَدْرِيْ، فَفَزِعَ لِذٰلِكَ أُمَيَّةُ فَزَعًا شَدِيْدًا، فَلَمَّا رَجَعَ أُمَيَّةُ إِلٰى أَهْلِهِ قَالَ: يَا أُمَّ صَفْوَانَ! أَلَمْ تَرَيْ مَا قَالَ لِيْ سَعْدٌ؟ قَالَتْ: وَمَا قَالَ لَكَ؟ قَالَ: زَعَمَ أَنَّ مُحَمَّدًا أَخْبَرَهُمْ أَنَّهُمْ قَاتِلِيْ، فَقُلْتُ لَهُ: بِمَكَّةَ؟ قَالَ: لَا أَدْرِيْ، فَقَالَ

أُمَيَّةُ: وَاللهِ لاَ أَخْرُجُ مِنْ مَكَّةَ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ اسْتَنْفَرَ أَبُوْ جَهْلٍ النَّاسَ، قَالَ: أَدْرِكُوْا عِيْرَكُمْ، فَكَرِهَ أُمَيَّةُ أَنْ يَخْرُجَ، فَأَتَاهُ أَبُوْ جَهْلٍ فَقَالَ: يَا أَبَا صَفْوَانَ! إِنَّكَ مَتَى يَرَاكَ النَّاسُ قَدْ تَخَلَّفْتَ وَأَنْتَ سَيِّدُ أَهْلِ الْوَادِيْ تَخَلَّفُوْا مَعَكَ، فَلَمْ يَزَلْ بِهِ أَبُوْ جَهْلٍ، حَتَّى قَالَ: أَمَّا إِذْ غَلَبْتَنِيْ فَوَ اللهِ لَأَشْتَرِيَنَّ أَجْوَدَ بَعِيْرٍ بِمَكَّةَ، ثُمَّ قَالَ أُمَيَّةُ: يَا أُمَّ صَفْوَانَ! جَهِّزِيْنِيْ، فَقَالَتْ لَهُ: يَا أَبَا صَفْوَانَ وَقَدْ نَسِيْتَ مَاقَالَ لَكَ أَخُوْكَ الْيَثْرِبِيُّ؟ قَالَ: لاَ، مَا أُرِيْدُ أَنْ أَجُوْزَ مَعَهُمْ إِلَّا قَرِيْبًا، فَلَمَّا خَرَجَ أُمَيَّةُ أَخَذَ لاَ يَتْرُكُ مَنْزِلاً إِلَّا عَقَلَ بَعِيْرَهُ، فَلَمْ يَزَلْ بِذٰلِكَ حَتَّى قَتَلَهُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ بِبَدْرٍ. [راجع: ۳۶۳۲]

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کی امیہ بن خلف سے دوستی تھی، امیہ جب مدینہ کے راستہ سے گذرتا تو حضرت سعدؓ کے یہاں اترتا، اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ جب مکہ جاتے تو امیہ کے گھر مقیم ہوتے، پھر جب نبی ﷺ ہجرت کرکے مدینہ آگئے تو حضرت سعدؓ عمرہ کے لئے مکہ گئے اور امیہ کے یہاں قیام کیا، آپؓ نے امیہ سے کہا: کوئی مناسب وقت دیکھو کہ میں کعبہ کا طواف کروں، امیہ دوپہر کے قریب حضرت سعدؓ کو لے کر نکلا، راستہ میں ابوجہل کی دونوں سے ملاقات ہوگئی، اس نے امیہ سے پوچھا: اے ابوصفوان! تمہارے ساتھ یہ کون ہے؟ امیہ نے کہا: سعدؓ ہیں، ابوجہل نے کہا: میرے خیال میں تم مکہ میں اطمینان سے نہیں گھوم سکتے درانحالیکہ تم نے بددینوں کو اپنے یہاں ٹھکانہ دیا ہے، اور تم گمان کرتے ہو کہ تم ان کی مدد اور اعانت کروگے؟ اگر تو ابوصفوان کے ساتھ نہ ہوتا تو بچ کر اپنے گھر واپس نہیں جاسکتا تھا، پس حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے باآواز بلند کہا: خدا کی قسم! اگر تو مجھے بیت اللہ کے طواف سے روکے گا تو میں تیرا وہ راستہ روک دوں گا جو اس سے زیادہ تجھ پر گراں ہوگا، یعنی تو مدینہ کے راستے سے شام کی طرف نہیں جاسکے گا، امیہ نے حضرت سعدؓ سے کہا: آپ ابوالحکم کے سامنے بلند آواز سے نہ بولیں، یہ اس شہر کے سردار ہیں، حضرت سعدؓ نے امیہ سے کہا: رہنے بھی دے اے امیہ! میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے کہ وہ یعنی مسلمان تجھے قتل کریں گے امیہ نے پوچھا: مکہ میں؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نہیں جانتا، امیہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی بات سن کر بہت ڈر گیا اور گھر جاکر اپنی بیوی سے کہا: ام صفوان! تم نے سعد کی بات سنی، اس نے پوچھا: سعد کیا کہتے ہیں؟ اس نے کہا: کہتے ہیں کہ میں نے محمد ﷺ سے سنا ہے کہ وہ یعنی مسلمان مجھے قتل کریں گے، میں نے پوچھا: مکہ میں؟ تو اس نے کہا: میں نہیں جانتا، پس امیہ نے قسم کھائی کہ وہ مکہ سے باہر نہیں نکلے گا چنانچہ جب جنگ بدر کا موقع آیا اور ابوجہل نے لوگوں سے کہا: لڑائی کے لئے اٹھو اور اپنے قافلہ کو بچاؤ تو امیہ نے مکہ سے نکلنا پسند نہیں کیا، پس ابوجہل اس کے پاس آیا اور کہنے لگا: ابوصفوان! آپ لوگوں کے سردار ہیں جب لوگ دیکھیں گے کہ آپ نہیں نکلتے تو کوئی بھی نہیں نکلے گا، اس طرح ابوجہل امیہ کو سمجھاتا رہا، آخر امیہ نے کہا: اگر آپ کسی طرح نہیں مانتے تو خدا کی قسم! میں ایک تیز رفتار اونٹ خریدوں گا جس کی مکہ میں کوئی نظیر نہیں

ہوگی، پھراس نے اپنی بیوی سے کہا: میرے لئے سفر کا سامان تیار کرو، اس نے کہا: آپ اپنے مدینہ والے بھائی کی بات بھول گئے، امیہ نے کہا: بھولا نہیں، میں تھوڑی دور تک لوگوں کے ساتھ جاؤں گا پھر لوٹ آؤں گا، چنانچہ راستہ میں امیہ جہاں بھی اترتا اونٹ کو اپنے پاس باندھتا (تاکہ بھاگنے کا موقع ہاتھ سے نہ جائے) وہ برابر ایسی ہی احتیاط کرتا رہا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اسے بدر میں موت کی گھاٹ اتار دیا۔

بَابُ قِصَّةِ غَزْوَةِ بَدْرٍ

جنگِ بدر کا واقعہ

اس باب میں چاہئے تھا کہ امام بخاری رحمہ اللہ غزوۂ بدر کبری کا پورا واقعہ ایک ساتھ بیان کرتے، تاکہ قاری کے سامنے پورا واقعہ آجاتا، مگر حضرت رحمہ اللہ نے ایسا نہیں کیا، تیرہ ابواب میں واقعہ کی تفصیلات پھیلادی ہیں، اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آپ پورا واقعہ ایک ساتھ پڑھ لیں:

۱- واقعات کا جو تسلسل پہلے بیان کیا گیا ہے اس سے آپ کو اندازہ ہوگیا ہوگا کہ مکہ والے مدینہ پہنچ کر مسلمانوں کے گھروں میں گھس کر ان کا ستیاناس کردینا چاہتے تھے اور یہ دھمکی انھوں نے مدینہ میں مسلمانوں کو پہنچادی تھی، پس ضروری تھا کہ مسلمان چوکنا رہیں، چنانچہ نبی ﷺ نے دو منصوبے بنائے: ایک: جو قبائل مکہ سے شام کی شاہ راہ پر یا اس کے اِردگرد آباد تھے، ان کے ساتھ ناجنگ معاہدہ کیا جائے۔ دوم: اس شاہ راہ پر گشتی دستے روانہ کئے جائیں جو قریش کی نقل وحرکت پر نظر رکھیں، بلکہ کچھ لوگ مکہ کے آنگن میں اتار دیئے جائیں جو قریش کی ریشہ دوانیوں سے نبی ﷺ کو مطلع کرتے رہیں، چنانچہ آپؐ نے اس مقصد سے ایک سریہ مقام نخلہ میں مکہ اور طائف کے درمیان متعین کردیا۔

۲- پھر جب مکہ والوں نے ایک بڑا تجارتی کارواں ترتیب دیا جس میں مکہ کے ہر شخص کا سرمایہ لگا ہوا تھا اور خیال تھا کہ اس پر لیبل اگرچہ عِیْر (تجارتی قافلہ) کا لگا ہوا ہے، مگر وہ حقیقت میں ملک شام ہتھیار خریدنے جارہا ہے، اس لئے نبی ﷺ عشیرۃ مقام تک ابوسفیان کے اسی قافلہ کے تعاقب میں تشریف لے گئے، مگر وہ قافلہ بچ کر نکل گیا، پھر جب وہ قافلہ شام سے لوٹا تو آپؐ نے صحابہ کو اطلاع دی اور اس قافلہ کے تعاقب کے لئے نکلنے کی دعوت دی۔

۳- نبی ﷺ مختصر جمعیت (کم وبیش تین سو تیرہ صحابہ) لے کر رمضان ۲ ہجری کی بارہ تاریخ کو مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے، چونکہ کسی مسلح فوج سے لڑنا پیش نظر نہیں تھا، اس لئے جو لوگ بروقت جمع ہوگئے ان کو ساتھ لے لیا، سامانِ جنگ بھی کوئی خاص نہیں تھا، دو گھوڑے اور ستر اونٹ تھے، جن پر باری باری سوار ہوتے تھے، بیر أَبِی عِنَبَة پر پہنچ کر (جو مدینہ سے ایک میل کے فاصلہ پر ہے) لشکر کا جائزہ لیا، جو کم عمر تھے ان کو واپس کردیا اور ابولبابہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ کا حاکم بنا کر واپس کیا، پھر جب مقام صفراء کے قریب پہنچے تو بسبس بن عمرو جُہنی اور عدی بن أبی الزُّغباء جہنی رضی اللہ عنہما کو ابوسفیان کے قافلہ کے

تجسس کے لئے آگے روانہ کیا، جب آپؐ مقام صفراء میں پہنچے تو دونوں قاصدوں نے اطلاع دی کہ ابوسفیان کا قافلہ بچ کر نکل گیا ہے، اور مکہ سے لشکر جرار بڑھتا چلا آرہا ہے، تب آپؐ نے مہاجرین وانصار سے مشورہ کیا، پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خوبصورتی کے ساتھ جاں نثاری کا اظہار کیا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تقریر کی اس کے بعد حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انھوں نے فدایانہ تقریر کی جس کو سن کر نبی ﷺ کا چہرہ فرط مسرت سے کھل گیا، مگر آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''لوگو! مجھے مشورہ دو'' پس صدیق الانصار حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! شاید روئے سخن انصار کی طرف ہے، آپؐ نے فرمایا: ہاں، اس کی وجہ یہ تھی کہ انصار کے ساتھ جو معاہدہ ہوا تھا وہ یہ تھا کہ اگر باہر سے دشمن مدینہ پر حملہ آور ہو تو انصار نبی ﷺ کا ساتھ دیں گے، مدینہ سے باہر نکل کر دشمن سے مقابلہ کرنے کے بارے میں انصار سے کوئی معاہدہ نہیں ہوا تھا، اور اب مدینہ سے باہر جنگ کی نوبت آرہی تھی، اس لئے آپؐ انصار سے مشورہ لینا چاہتے تھے، چنانچہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے اس موقع پر جاں نثارانہ تقریر کی، نبی ﷺ اس سے مسرور ہوئے اور فرمایا: اللہ کے نام پر چلو، اور تم کو بشارت دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ ابوجہل اور ابوسفیان کی دو جماعتوں میں سے کسی ایک پر ضرور فتح نصیب ہوگی، اور مجھے کفار قریش کے پچھڑنے کی جگہیں بھی دکھلائی گئی ہیں کہ فلاں شخص فلاں جگہ اور فلاں شخص فلاں جگہ مارا جائے گا، آپؐ کے اس ارشاد کے بعد فوج شاداں فرحاں بدر کی طرف روانہ ہوئی، کیونکہ ابوسفیان کے قافلہ کو وہیں سے گذرنا تھا۔

۴- اُدھر ابوسفیان بھی چوکنا تھا، اسے اطلاع مل چکی تھی کہ جاتے ہوئے اس کا تعاقب کیا گیا تھا اس لئے اس کو خطرہ تھا کہ واپسی میں بھی اس کا تعاقب کیا جائے گا، اس نے آدمی چھوڑ رکھے تھے، جب اس کو یقینی اطلاع مل گئی کہ واپسی میں اس کے قافلہ کا تعاقب کیا جائے گا تو اس نے ضمضم غفاری کو مکہ روانہ کیا اور پیغام بھیجا کہ تمہارا قافلہ معرض خطر میں ہے دوڑو اور جلد اس کی خبر لو، اس خبر کا پہنچنا تھا کہ تمام مکہ میں ہلچل مچ گئی، کیونکہ مکہ کے ہر فرد نے تقریباً اپنی پوری پونجی اس قافلہ میں لگا رکھی تھی، اس لئے اس خبر کے سنتے ہی تمام مکہ میں جوش پیدا ہو گیا اور ایک ہزار آدمی پورے ساز وسامان کے ساتھ نکل کھڑے ہوئے، اس لشکر کا کمانڈر انچیف ابوجہل تھا، لشکر کرّ وفر، سامانِ عیش وطرب کے ساتھ اور گانے بجانے والی عورتوں اور طبلوں کے ساتھ اکڑتا ہوا اور اتراتا ہوا روانہ ہوا، پھر جب ابوسفیان ساحل کے راستہ سے قافلہ کو بچا کر مسلمانوں کی زد سے نکال لے گیا تو اس نے قریش کو پیغام بھیجا کہ تم صرف اس لئے نکلے تھے کہ قافلہ کو، اپنے آدمیوں کو اور اپنے اموال کو بچاؤ، اللہ نے سب کو بچا لیا ہے، لہٰذا تم مکہ واپس لوٹ جاؤ، مگر ابوجہل نے کہا: جب تک ہم بدر پہنچ کر تین دن تک کھا پی کر اور گا بجا کر خوب مزے نہیں اڑالیں گے ہرگز واپس نہیں ہونگے، چنانچہ قریش کا لشکر بدر میں پہلے پہنچ گیا اور اس نے پانی کے چشمے پر قبضہ کر لیا اور مناسب جگہوں کو اپنے لئے چھانٹ لیا، جب مسلمان بدر میں پہنچے تو ان کو نہ پانی ملا نہ مناسب جگہ، ریتلا میدان تھا، جہاں چلنا بھی دشوار تھا، پیر ریت میں دھنس رہے تھے، اللہ تعالیٰ نے بارانِ رحمت نازل فرمائی، جس سے ریت جم گئی اور مسلمانوں

نے چھوٹے چھوٹے حوض بنا کر پانی جمع کرلیا۔

۵-صبح کے وقت نبی ﷺ نے لڑائی کی تیاری کی اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی رائے سے آپؐ کے قیام کے لئے ٹیلہ پر ایک چھپر ڈالا گیا، جہاں سے تمام میدان کارزار نظر آتا تھا، اسی رات میں نبی ﷺ صحابہ کو لے کر میدان میں گئے ہیں، تاکہ سردارانِ قریش کی قتل گاہیں ان کو دکھلائیں، وہ رات تمام صحابہ نے نماز، دعا اور گریہ وزاری میں گذاری، جب صبح ہوئی تو ایک درخت کی جڑ میں کھڑے ہوکر آپؐ نے سب کو نماز پڑھائی پھر آپؐ نے صحابہ کی صفیں بنائیں، ادھر کفار نے بھی اپنی صفیں تیار کرلیں، یہ جمعہ کا دن تھا اور رمضان کی ۱۷ تاریخ تھی، ایک طرف حق کی جماعت تھی اور دوسری طرف باطل کی، دشمن نے عُمیر بن وہب جُمحی کو مسلمانوں کی جماعت کا اندازہ کرنے کے لئے بھیجا، وہ گھوڑے پر سوار ہوکر دور دور تک ایک چکر لگا کر واپس گیا اور کہا: کوئی کمین اور مدد تو نہیں ہے مگر اے گروہ قریش! میں دیکھتا ہوں کہ مدینہ کے اونٹ موت احمر (قتل) کو اپنے اوپر لادے ہوئے ہیں، خدا کی قسم! میں دیکھتا ہوں کہ جب تک وہ لوگ اپنے مقابل کو مار نہیں لیں گے میدان سے ہٹیں گے نہیں، پس اگر ہمارے آدمی مارے گئے تو پھر زندگی کا لطف کیا؟ پس سوچ کر کوئی رائے قائم کرو۔

۶-حکیم بن حزام نے کہا: عُمیر نے بالکل درست کہا، وہ عتبہ کے پاس گیا اور کہا: ابوالولید! آپ قریش کے سردار ہیں، کیا آپ کو یہ بات پسند نہیں کہ ہمیشہ کے لئے آپ کا ذکر خیر ہوتا رہے؟ عتبہ نے کہا: وہ کیا بات ہے؟ حکیم نے کہا: لوگوں کو لوٹا لے چلو اور عمرو بن حضرمی کا خون بہا اپنے ذمہ لے لو، عتبہ تیار ہوگیا اور ابوجہل سے مشورہ کرنے گیا، ابوجہل سنتے ہی غصہ سے بھڑک اٹھا اور کہا: عتبہ اس لئے لڑائی سے جان چرا رہا ہے کہ اس کا بیٹا ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے ساتھ ہے، خدا کی قسم! ہم ہرگز واپس نہیں جائیں گے جب تک اللہ تعالیٰ ہمارے اور محمد (ﷺ) کے درمیان فیصلہ نہیں کردیں گے۔ اور عمرو بن الحضرمی کے بھائی عامر بن الحضرمی کو بلا کر کہا کہ تیرا حلیف عتبہ لوگوں کو لوٹا کرلے جانا چاہتا ہے، اور تیرے بھائی کا خون تیری آنکھوں کے سامنے ہے، عامر نے سنتے ہی ہائے عمرو! ہائے عمرو! کا نعرہ لگانا شروع کیا، جس سے تمام فوج میں جوش پیدا ہوگیا اور سب لڑائی کے لئے تیار ہوگئے۔

۷-ابوجہل کی طعن آمیز گفتگو کا اثر یہ ہوا کہ عتبہ ہتھیار سے لیس ہوکر جنگ کے لئے تیار ہوگیا اور وہ اپنے بھائی شیبہ اور اپنے بیٹے ولید کو لے کر میدان میں اترا، اور للکار کر مقابل طلب کیا، لشکر اسلام میں سے تین انصاری مقابلہ کے لئے نکلے اس نے انصار کے ساتھ لڑنے سے انکار کردیا، اور پکار کر کہا: اے محمد! (ﷺ) ہماری قوم میں سے ہماری جوڑ کے ہم سے لڑنے کے لئے بھیجو، نبی ﷺ نے انصار کو واپس بلالیا اور حضرت علی اور حضرت حمزہ اور حضرت عبیدۃ بن الحارث رضی اللہ عنہم کو مقابلہ کے لئے نکلنے کا حکم دیا، جنگ شروع ہوئی، حضرت عبیدہؓ عتبہ کے مقابل ہوئے، حضرت حمزہؓ شیبہ کے اور حضرت علیؓ ولید کے، حضرت علی اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہما نے اپنے اپنے مقابل کا ایک ہی وار میں کام تمام کردیا، اور حضرت عبیدہؓ نے اپنے مقابل کو زخمی کیا مگر اس نے بھی تلوار ماری جس سے حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ کا پیر کٹ گیا، حضرت علی اور حضرت حمزہ رضی اللہ

عنہما اپنے اپنے مقابل سے فارغ ہو کر حضرت عبیدہ کی امداد کو پہنچے اور عتبہ کا کام تمام کر دیا اور حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ کو اٹھا کر نبی ﷺ کی خدمت میں لے آئے۔

۸- عتبہ، شیبہ اور ولید کے قتل کے بعد میدانِ کارزار گرم ہو گیا، نبی ﷺ چھپر سے برآمد ہوئے اور صحابہ کی صفوں کو ہموار کیا، پھر آپؐ چھپر میں واپس تشریف لے گئے اور دعا میں مشغول ہو گئے، عرض کیا: ''اے اللہ! میں آپ کو آپ کا عہد اور وعدہ یاد دلاتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ آج مسلمانوں کی مدد فرمائیں! اے اللہ! اگر آپ چاہیں تو آپ کی پرستش نہ ہو'' اس وقت آپؐ پر ابتہال (گڑگڑانے) کی ایک خاص کیفیت طاری تھی، اور آپؐ سائلانہ اور فقیرانہ ہاتھ پھیلا کر نصرت کی دعا مانگ رہے تھے اور محویت کا یہ عالم تھا کہ چادر کندھے سے گر پڑی تھی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے چادر اٹھا کر کندھے پر ڈالی، اور پیچھے سے آپؐ کو بانہوں میں اٹھا لیا، یہ صحیح مسلم کی روایت ہے اور بخاری کی روایت میں آئے گا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپؐ کا ہاتھ پکڑ کر اٹھایا، اور عرض کیا: بس کافی ہو گیا، آپؐ نے بہت الحاح وزاری سے دعا کر لی، چنانچہ آپؐ چھپر سے یہ فرماتے ہوئے نکلے کہ ''عنقریب جتھا شکست کھائے گا، اور پشت پھیر کر بھاگے گا''

۹- ادھر عتبہ، شیبہ اور ولید کے قتل کے بعد ابوجہل نے لوگوں کو یہ کہہ کر جنگ پر آمادہ کیا کہ عتبہ، شیبہ اور ولید کے قتل سے گھبراؤ نہیں، ان لوگوں نے عجلت سے کام لیا تھا، قسم ہے لات وعزیٰ کی! ہم اس وقت تک ہرگز واپس نہیں جائیں گے جب تک ان کو رسیوں سے باندھ نہ لیں، پھر اس نے دعا مانگی: ''اے اللہ! ہم میں سے جو قرابتوں کا قطع کرنے والا ہے اور غیر معروف امور کا مرتکب ہے اس کو ہلاک کر، اور ہم میں سے جو تیرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہے اس کو آج فتح عطا فرما'' ادھر نبی ﷺ ہاتھ اٹھائے ہوئے عرض کر رہے تھے: ''اے پروردگار! اگر یہ مختصر سی جماعت ہلاک ہوگئی تو زمین میں کبھی آپ کی پرستش نہیں ہوگی'' اس کے بعد فریقین میں گھمسان کی لڑائی شروع ہوگئی اور نبی ﷺ نے جبرئیل امین علیہ السلام کے اشارہ سے ایک مٹھی مٹی لے کر مشرکین کی طرف پھینکی، مشرکین میں سے کوئی نہ رہا جس کی آنکھ، ناک اور منہ میں وہ مٹی نہ پہنچی ہو، پھر آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ کافروں پر حملہ کرو، مشت خاک کا پھینکنا تھا کہ کفار کا تمام لشکر سراسیمہ ہو گیا، اور بڑے بڑے بہادر اور جاں باز فوجی قتل اور قید ہونے لگے، اور مسلمان خدا کے دشمنوں کو قتل کرنے اور گرفتار کرنے میں مشغول ہو گئے اور ابھی سورج غروب نہیں ہوا تھا کہ میدانِ کارزار کا فیصلہ ہو گیا، ستر کافر مارے گئے اور ستر ہی گرفتار ہو گئے۔

۱۰- اس غزوہ میں اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی کمک بھیجی، پہلے ایک ہزار، پھر اور دو ہزار پھر اور دو ہزار، کل پانچ ہزار فرشتے مسلمانوں کی امداد کے لئے اترے، یہ فرشتے کفار کو نظر آئے، جس سے ان پر دھاک بیٹھی، صحابہ کو یہ فرشتے عام طور پر نظر نہیں آئے، مگر فرشتوں کا اس جنگ میں نازل ہونا اور مسلمانوں کے ساتھ ان کا قتال کرنا آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ نبویہ سے صراحتاً ثابت ہے، جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔ جاننا چاہئے کہ دنیا عالم اسباب ہے، اس کی رعایت سے فرشتوں کو لشکر کی صورت میں مسلمانوں کی امداد کے لئے نازل فرمایا، ورنہ ایک ہی فرشتہ سب کے لئے کافی تھا۔

۱۱- نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عادتِ شریفہ تھی کہ جب آپؐ کسی قوم پر فتح پاتے تو تین دن وہاں قیام فرماتے، تیسرے دن آپؐ نے سردارانِ قریش کی لاشوں کو ایک نہایت خبیث اور گندے کنویں میں ڈالنے کا حکم دیا، باقی مقتولین کسی اور جگہ دفن کئے گئے، پھر آپؐ نے سواری تیاری کرنے کا حکم دیا، آپؐ سوار ہوکر چلے، صحابہ ساتھ چل رہے تھے، ان کا خیال تھا کہ آپؐ کسی ضرورت کے لئے تشریف لے جارہے ہیں، یہاں تک کہ آپؐ اس کنویں پر جاکر کھڑے ہوئے اور مُردوں کو نام بہ نام پکارا اور فرمایا: ''کیا تم کو یہ اچھا معلوم نہیں ہورہا کہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے؟ ہمارے رب نے ہم سے جس چیز کا وعدہ کیا تھا ہم نے اس کو حق پایا کیا تم نے بھی اپنے رب کے وعدہ کو حق پایا؟'' اس موقع پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپؐ بے جان لاشوں سے گفتگو فرمارہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میری گفتگو تم ان سے زیادہ نہیں سنتے، مگر وہ جواب نہیں دے سکتے''

۱۲- بدر کی غنیمت اسلام میں پہلی غنیمت نہیں تھی، اس سے پہلے بھی غنیمت حاصل ہوچکی تھی، اور اس وقت غنیمت کے احکام نازل ہوچکے تھے، بدر کے موقع پر غنیمت کے بارے میں اختلاف ہوا، بدر میں مجاہدین کی تین صفیں تھیں، پہلی صف میں جوان بہادر تھے، دوسری صف میں دوسرے درجہ کے لوگ تھے اور تیسری صف میں بوڑھے اور کمزور تھے، پہلی دو صفوں نے میدان سر کیا تھا، تیسری صف کھڑی رہی تھی، لڑنے کی نوبت نہیں آئی تھی، پس پہلی دو صفوں نے کہا: غنیمت ہمارا حق ہے، تیسری صف نے کہا: ہم تمہارے پشت پناہ تھے اس پر سورۃ الانفال کی پہلی آیت نازل ہوئی کہ مالِ غنیمت اللہ اور اس کے رسول کا ہے، وہ جس طرح مناسب سمجھیں گے تقسیم کریں گے، چنانچہ مقام صفراء میں پہنچ کر غنیمت کا خُمس نکال کر باقی غنیمت مجاہدین میں تقسیم کی گئی۔

۱۳- مقام صفراء ہی میں قیدیوں میں سے نضر بن الحارث کے قتل کا حکم دیا، پھر آگے عِرق الظُّبْيَة میں پہنچ کر عقبہ بن ابی معیط کے قتل کا حکم دیا، یہ دونوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے شدید ترین دشمن تھے، بدزبان اور دریدہ دہن تھے، قول وفعل سے آپؐ کی تذلیل وتوہین کرتے تھے اس لئے خاص طور پر ان دو کی گردن مارنے کا حکم دیا۔

۱۴- پھر مدینہ منورہ پہنچ کر آپؐ نے صحابہ سے اسیرانِ بدر کے بارے میں مشورہ کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ وغیرہ کی رائے تھی کہ تمام قیدیوں کو قتل کردیا جائے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ وغیرہ کی رائے تھی کہ فدیہ لے کر چھوڑ دیا جائے اور مشورہ کے دوران ہی وحی آئی کہ آپ صحابہ کو قتل اور فدیہ میں اختیار دیدیں، اگر قیدیوں کو قتل کردیں گے تو مسلمانوں کو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا اور فدیہ لے کر چھوڑ دیں گے تو آئندہ سال صحابہ میں سے اتنے ہی قتل ہونگے، صحابہ نے فدیہ لینے کو اور آئندہ سال شہید ہونے کو پسند کیا، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کا فیصلہ کردیا۔

۱۵- جب فدیہ لینے کا فیصلہ ہوگیا تو سورۃ الانفال کی آیت ۶۷ نازل ہوئی: ''کسی نبی کے لئے مناسب نہیں کہ اس کے پاس قیدی ہوں، یہاں تک کہ وہ زمین میں خوب خون ریزی کرلے یعنی کفر کا زور ٹوٹ جائے، تم دنیا کا مال ومنال چاہتے ہو

اور اللہ تعالیٰ آخرت کی مصلحت چاہتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ غالب حکمت والے ہیں، اگر پہلے سے نوشتہ الٰہی نہ ہوتا تو اس چیز کی وجہ سے جو تم نے لی، ضرور تمہیں بڑا عذاب پہنچتا''

سوال: جب اختیار دیا گیا اور صحابہ نے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پہلو اختیار کیا تو پھر سزا کیوں ملتی؟

جواب: یہ اختیار حقیقت میں اختبار (امتحان) تھا جیسے ازواج مطہرات کو اختیار دیا گیا تھا، وہ ان کا امتحان تھا، اور جیسے شبِ معراج میں دودھ اور شراب کے دو برتن پیش کئے گئے تھے، وہ بھی اختبار تھا اور ﴿لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللّٰهِ سَبَقَ﴾ کا مطلب یہ ہے کہ اجتہادی امور میں اگر نفس الامر کے اعتبار سے خطا ہو جائے تو بھی اس اجتہاد پر عمل کرنا جائز ہے، چنانچہ جو فدیہ لیا گیا تھا وہ حلال رہا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے چار باتیں بیان کی ہیں: (۱) جنگِ بدر میں فرشتوں کی کمک آئی (۲) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے طُعیمہ کو قتل کیا (۳) اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ابوسفیان کے قافلہ اور ابوجہل کے لشکر میں سے ایک کا وعدہ کیا (۴) بدر کی جنگ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے بغیر (علی غیر میعاد) پیش آئی —— ان چاروں باتوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- جنگِ بدر میں فرشتوں کی کمک آئی:

سورۂ آلِ عمران آیات ۱۲۳-۱۲۷ میں ہے: ''اور بخدا واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کر چکے ہیں مقام بدر میں جبکہ تم نہایت کمزور (بے سروسامان) تھے، پس تم اللہ سے ڈرو، شاید تم شکر گذار بنو، وہ وقت یاد کرو جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں سے کہہ رہے تھے: کیا یہ بات تمہارے لئے کافی نہیں کہ تمہارا پروردگار تمہاری مدد کرے تین ہزار فرشتوں سے جو (امداد کے لئے) اتارے جائیں (اللہ تعالیٰ بڑے فرشتے آسمان سے اتاریں گے، جو فرشتے زمین میں ہیں (ملأ سافل) ان سے یہ کام نہیں لیا جائے گا) کیوں نہیں؟ یعنی تین ہزار فرشتوں کی امداد کافی ہے، اگر تم ڈٹے رہے اور پرہیزگار بنے رہے، اور وہ لوگ تم پر یکدم چڑھ آئے تو اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کریں گے، پانچ ہزار فرشتوں سے جو خاص وضع اختیار کئے ہوئے ہونگے اور اللہ تعالیٰ یہ امداد صرف اس لئے بھیجیں گے کہ تم خوش ہو جاؤ اور تمہارے دلوں کو قرار آئے، اور مدد تو صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے جو زبردست اور حکیم ہیں، تاکہ کافروں کے ایک حصہ کو کاٹ دیں، یعنی ہلاک کر دیں، یا ان کو ذلیل وخوار کریں، پس وہ ناکام لوٹ جائیں۔

تفسیر: یہ آیات غزوۂ احد کے موقعہ پر نازل ہوئی ہیں، غزوۂ احد میں فتح کے بعد شکست ہوئی تھی، جس سے صحابہ دل شکستہ ہو گئے تھے، ان کو تسلی دی گئی کہ آج تو تم اچھے حال میں ہو، تمہارے پاس جنگی ساز وسامان بھی ہے، مگر گذشتہ سال بدر میں تم بے سروسامانی کی حالت میں تھے، اس وقت اللہ تعالیٰ نے تمہاری مدد کی تھی، پھر آج تمہاری مدد کیوں نہیں کرے گا؟ اور بدر میں امداد غیب سے آئی تھی، اللہ تعالیٰ نے آسمان سے فرشتے اتارے تھے جو تمہارے لئے تسلی کا سامان بنے تھے اور جنگ

میں انھوں نے حصہ بھی لیا تھا، چنانچہ تم نے نہایت کمزور ہوتے ہوئے بھی چشم زدن میں میدان سر کرلیا تھا۔

ان آیات کے ذیل میں دو باتیں زیر بحث آتی ہیں:

پہلی بات: بدر میں کتنے فرشتے اترے تھے، تین ہزار یا پانچ ہزار؟ بلکہ سورۃ الانفال آیت ۹ میں ہے: ''وہ وقت یاد کرو جب تم اپنے رب سے فریاد کررہے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے تمہاری سن لی کہ میں تمہاری ایک ہزار فرشتوں سے مدد کروں گا، جو سلسلہ وار آئیں گے اور اللہ تعالیٰ نے یہ امداد محض اس لئے بھیجی تھی کہ وہ تمہارے لئے بشارت بنے، اور اس سے تمہارے دلوں کو قرار آئے، اور نصرت تو اللہ ہی کی طرف سے ہے جو زبردست حکمت والے ہیں'' اس آیت میں ایک ہزار فرشتوں کا ذکر ہے، اور یہ آیت بھی غزوۂ بدر کے بارے میں ہے، اس لئے سوال پیدا ہوتا ہے کہ بدر میں کتنے فرشتے آئے تھے: ایک ہزار، تین ہزار یا پانچ ہزار؟

جواب: پہلے ایک ہزار آئے، پھر دو ہزار آئے تو تین ہزار ہوگئے، پھر دو ہزار آئے تو پانچ ہزار ہوگئے، فوج کی کمک اسی طرح آتی ہے، تاکہ فوج کا حوصلہ بڑھے اور دشمن پر دھاک بیٹھے، جب نئی کمک نعرہ لگاتی ہوئی آتی ہے تو دشمن کا استنجاء خطا ہوجاتا ہے۔

دوسری بات: فرشتے جب امداد کے لئے آتے ہیں تو کیا کام کرتے ہیں؟ باقاعدہ جنگ میں حصہ لیتے ہیں یا پشت پناہی کرتے ہیں؟

جواب: فرشتے جب بھی کسی جنگ میں نازل ہوتے ہیں تو لڑتے نہیں، لڑنا انسانوں کا کام ہے، فرشتے دلوں میں نیک جذبات ابھارتے ہیں، ہمت بندھاتے ہیں اور مجاہدین کے کاموں میں کمک پہنچاتے ہیں، جیسے کسی مجاہد نے بم پھینکا اس کا نشانہ غلط ہوسکتا تھا، فرشتہ اس بم کو صحیح جگہ گراتا ہے، یا مجاہد نے گیند لڑھکائی اس کو سو میٹر تک جانا چاہئے، فرشتہ نے اس میں کمک پہنچائی وہ ہزار میٹر تک چلی گئی، فرشتے جنگ میں اس طرح کا تعاون کرتے ہیں اور بدر کی جنگ میں فرشتوں کے لڑنے کی جو روایات ہیں ان کی صورت بھی یہی ہوئی تھی، صحابی نے تلوار چلائی، اس کی تلوار لگنے سے پہلے ہی دشمن کا سر جدا ہوگیا، یہ فرشتہ کی کمک تھی۔

۲- حضرت حمزہؓ نے طعیمۃ کو قتل کیا:

وحشی بن حرب حبشی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جنگِ بدر میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے قریش کے ایک بڑے آدمی طُعمیہ کو قتل کیا تھا، جنگِ احد کے موقع پر طُعمیہ کے ورثاء نے وحشی کو لالچ دیا کہ اگر تو حمزہؓ کو قتل کردے تو تو آزاد ہے، یعنی اس کی آزادی کو قتل حمزہ پر معلق کیا، اسی آزادی کی لالچ میں وحشی نے جنگِ احد میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو قتل کیا، پھر بعد میں وہ مسلمان ہوگئے، اور ان کے بارے میں جو روایات ہیں کہ وہ مسلمان ہونے کے بعد بھی شراب پیتے تھے، وہ سب لغو روایات ہیں۔

۳-ابوسفیان کے قافلے اور ابوجہل کے لشکر میں سے ایک کا وعدہ:

سورۃ الانفال آیت ۷ میں ہے: ”وہ وقت یاد کرو جب تم سے اللہ تعالیٰ نے دو جماعتوں میں سے ایک کا وعدہ کیا کہ وہ تمہارے ہاتھ آئے گی، اور تم تمنا کرتے تھے کہ غیر مسلح جماعت (ابوسفیان کا قافلہ) تمہارے ہاتھ آئے اور اللہ تعالیٰ کو یہ منظور تھا کہ اپنے حکم عالی سے دین حق کا حق ہونا ثابت کردیں اور کافروں کو جڑ سے اکھاڑ دیں، تاکہ حق کا حق ہونا اور باطل کا باطل ہونا عملاً ثابت ہوجائے، اگرچہ مجرموں کو یہ بات کتنی ہی بری لگے“

تفسیر: یہی بات نبی ﷺ نے صحابہ کو بتائی تھی، جب روحاء مقام میں تمام صحابہ جنگ کے لئے آمادہ ہوگئے تو آپؐ نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر چلو، کارواں اور لشکر میں سے ایک پر اللہ تعالیٰ ضرور فتح نصیب فرمائیں گے، صحابہ بے سروسامانی کی حالت میں تھے، اس لئے وہ کارواں سے مقابلہ کی تمنا کررہے تھے، مگر اللہ کا فیصلہ کچھ اور تھا، وہ لشکر سے مقابل کرکے اور ان کے سورماؤں کو تہ تیغ کرکے کفر کا زور توڑنا چاہتے تھے اور اسلام کا بول بالا کرنا چاہتے تھے، چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

۴-بدر کی جنگ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے بغیر پیش آئی:

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں تمام غزوات میں نبی ﷺ کے ساتھ شریک رہا ہوں، صرف غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ گیا، علاوہ ازیں میں غزوۂ بدر میں بھی پیچھے رہا تھا مگر نبی ﷺ نے کسی کو سرزنش نہیں کی تھی جو اس غزوہ میں پیچھے رہا تھا، اس لئے کہ نبی ﷺ قریش کے کارواں کے تعاقب میں نکلے تھے مگر اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی سابقہ پروگرام کے مکہ کے لشکر کے ساتھ جمع کردیا، اس لئے جو صحابہ اس میں شریک نہیں ہوئے ان کو سرزنش نہیں کی گئی اور غزوۂ تبوک کی صورت حال دوسری تھی، اس میں اعلان عام کیا گیا تھا کہ ہر غیر معذور نکلے اور پوری تیاری کرکے نکلے، پھر بھی تین مخلص صحابہ پیچھے رہ گئے، اس لئے ان کا پچاس دنوں تک بائکاٹ کیا گیا، پھر ان کی توبہ کی قبولیت نازل ہوئی ان میں سے ایک حضرت کعب رضی اللہ عنہ تھے۔

سوال: حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے غزوۂ تبوک میں پیچھے رہنے کا تذکرہ حرف استثناء إلّا کے ذریعہ کیا اور غزوۂ بدر میں پیچھے رہنے کا تذکرہ حرف استثناء غیر کے ذریعہ کیا: اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: إلا اور غیر میں فرق ہے جو چیز مستثنیٰ منہ میں حقیقتاً یا حکماً داخل ہوتی ہے اور اس کو نکالتے ہیں تو إلا کے ذریعہ نکالتے ہیں۔ جیسے: جَاءَ الْقَوْمُ إِلَّا زَيْدًا، اور جَاءَ الْقَوْمُ إِلَّا حِمَارًا، زید قوم میں حقیقتاً داخل ہے اور گدھا قوم میں حکماً شامل ہے، اس لئے إلّا سے استثناء کیا، پھر پہلی صورت کو استثناء متصل اور دوسری صورت کو استثناء منفصل (منقطع) کہتے ہیں، اور غیر سے جس چیز کا استثناء کرتے ہیں، وہ مستثنیٰ منہ میں نہ حقیقتاً داخل ہوتی ہے نہ حکماً، چنانچہ مَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ اور ضَالِّيْن کا استثناء غیر کے ذریعہ کیا، کیونکہ وہ مُنْعَمْ عَلَيْهِم میں شامل نہیں تھے، اسی طرح تبوک میں جب عام اعلان کیا گیا تو ہر مخلص

صحابی کولشکر میں شامل ہونا چاہئے تھا، مگر حضرت کعب رضی اللہ عنہ پیچھے رہ گئے، اس لئے انھوں نے اپنا استثناء إلا کے ذریعہ کیا، اور غزوۂ بدر میں اعلان نہیں کیا گیا تھا اس لئے جو صحابہ نکلے وہ نکلے اور جو نہیں نکلے وہ فوج میں شامل نہیں تھے، وہ اگر نکلتے تو اچھا تھا، نہیں نکلے تو کوئی بات نہیں، اس لئے حضرت کعب رضی اللہ عنہ بھی نہیں نکلے اور انھوں نے اپنا نہ نکلنا غیر کے ذریعہ بیان کیا، یہ إلا اور غیر میں فرق ہے۔

[۳-] بَابُ قِصَّةِ غَزْوَةِ بَدْرٍ

[۱-] وَقَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَأَنْتُمْ أَذِلَّةٌ، فَاتَّقُوْا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ، إِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ أَلَنْ يَكْفِيَكُمْ أَنْ يُمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلاَثَةِ آلاَفٍ مِنَ الْمَلاَئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ، بَلٰى إِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَأْتُوْكُمْ مِنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ آلاَفٍ مِنَ الْمَلاَئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ، وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ إِلَّا بُشْرَى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهِ، وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ، لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَائِبِيْنَ﴾ [آل عمران: ۱۲۳-۱۲۷]

[۲-] وَقَالَ وَحْشِيٌّ: قَتَلَ حَمْزَةُ طُعَيْمَةَ بْنَ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ يَوْمَ بَدْرٍ.

[۳-] وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ﴾ الآية. [الأنفال: ۷]

[۳۹۵۱-] حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: لَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا إِلَّا فِي غَزْوَةِ تَبُوْكَ، غَيْرَ أَنِّيْ تَخَلَّفْتُ عَنْ غَزْوَةِ بَدْرٍ، وَلَمْ يُعَاتَبْ أَحَدٌ تَخَلَّفَ عَنْهَا، إِنَّمَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُرِيْدُ عِيْرَ قُرَيْشٍ حَتّٰى جَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ عَدُوِّهِمْ عَلٰى غَيْرِ مِيْعَادٍ. [راجع: ۲۷۵۷]

بَابٌ

جنگ سے پہلے اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعائیں کیں

غزوۂ بدر میں جب یہ بات قطعی طور پر طے ہوگئی کہ ابوسفیان کا تجارتی قافلہ ہاتھ سے نکل چکا ہے اور اب ابوجہل کا لشکر سامنے ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے اللہ تعالیٰ سے خوب گڑگڑا کر دعائیں کیں، اس کے سواء کوئی چارہ نہیں تھا۔

۱- سورۃ الانفال آیات ۹-۱۳ میں ارشادِ پاک ہے: ''یاد کرو جب تم اپنے پروردگار سے فریاد کررہے تھے یعنی گڑگڑا کر دعائیں کررہے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے تمہاری فریاد سن لی کہ میں تمہاری مدد کروں گا ایک ہزار فرشتوں سے جو مسلسل چلے

آئیں گے اور اللہ نے اس امداد کو صرف خوشخبری بنایا اور تاکہ اس کی وجہ سے تمہارے دلوں کو قرار آئے، اور مدد تو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے، بیشک اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والے ہیں، یاد کرو جب تم پر اونگھ چھائی جارہی تھی اللہ کی طرف سے چین کے طور پر اور اللہ نے تم پر آسمان سے پانی برسایا تاکہ اس کے ذریعہ تم کو پاک کریں اور تم سے شیطانی وساوس دور کریں، اور تمہارے دلوں کو مضبوط کریں اور تمہارے پاؤں کو جمادیں، یاد کرو جب تمہارا پروردگار فرشتوں کو حکم دے رہا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں، پس تم ایمان والوں کی ہمت بندھاؤ، میں ابھی کفار کے دلوں میں رعب ڈالے دیتا ہوں، پس تم (کفار کی) گردنوں پر مارو، اور ان کے پور پور کو بجاؤ۔ یہ سزا اس لئے ہے کہ انھوں نے اللہ کی اور اللہ کے رسول کی مخالفت کی ہے، اور جو شخص اللہ کی اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو سخت سزا دیتے ہیں''

تفسیر: روایات میں ہے کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رات بھر عریش میں مشغول دعا رہے، آخر میں حضور ﷺ پر ہلکی سی غنودگی طاری ہوئی، جب آپ چونکے تو فرمایا: خوش ہو جاؤ جبرئیل علیہ السلام ہماری مدد کو آرہے ہیں، پھر عریش سے باہر تشریف لائے اور ﴿سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ﴾ (قمر ۴۵) زبانِ مبارک پر جاری تھا، بہر حال اس بارانِ رحمت سے بدن کو احداث سے اور دلوں کو شیطان کے وساوس سے پاک کر دیا، ادھر ریت کے جم جانے سے ظاہری طور پر قدم جم گئے اور اندر سے ڈر نکل کر دل مضبوط ہو گئے (فوائد عثمانی)

ان آیات کے لکھنے سے مقصود پہلی آیت ہے، سب صحابہ اللہ سے فریاد کر رہے تھے، امداد طلب کر رہے تھے اور کہہ رہے تھے: اے اللہ! اپنے دشمن کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما، اللہ تعالیٰ نے ان کی دعائیں سن لیں اور آسمان سے فرشتوں کی کمک بھیج دی۔

حدیث (۱): حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ کا ایک ایسا موقعہ دیکھا ہے کہ اگر وہ مقام مجھے نصیب ہوتا تو وہ مجھے زیادہ پسند تھا اس کے ہم وزن کی ہوئی چیزوں سے، وہ نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، جبکہ آپ مشرکین کے لئے بددعا کر رہے تھے (یہاں باب ہے) پس انھوں نے کہا: ہم وہ بات نہیں کہیں گے جو موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کہی تھی، سورۃ المائدہ آیت ۲۴ میں ہے: ﴿اذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ﴾: آپ اور آپ کے رب جائیں اور دونوں لڑیں، ہم تو یہاں سے سرکنے والے نہیں! بلکہ ہم آپ کے دائیں بائیں آگے پیچھے لڑیں گے (ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) پس میں نے نبی ﷺ کو دیکھا آپ کا چہرہ کھل گیا اور اس بات نے آپ کو خوش کر دیا۔

تشریح: یہ روایت یہاں مختصر ہے، صفراء مقام میں جب آپ کو اطلاع ملی کہ ابوسفیان کا قافلہ ہاتھ سے نکل گیا ہے اور مکہ سے لشکر جرار آرہا ہے، تب نبی ﷺ نے روحاء مقام میں صحابہ سے مشورہ کیا، پہلے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تقریر کی، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے، اس کے بعد حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ نے جاں نثارانہ تقریر کی کہ اے اللہ کے

رسول! جس چیز کا اللہ نے آپؐ کو حکم دیا ہے اس کو انجام دیجئے، ہم سب آپؐ کے ساتھ ہیں، خدا کی قسم! ہم بنی اسرائیل کی طرح یہ نہیں کہیں گے کہ اے موسیٰ! تم اور تمہارے رب جا کر لڑو، ہم تو یہیں بیٹھے ہیں، بلکہ ہم بنی اسرائیل کے برخلاف یہ کہیں گے کہ آپؐ اور آپؐ کے پروردگار جہاد وقتال کریں، ہم بھی آپؐ کے ساتھ جہاد وقتال کریں گے، یہ تقریر سن کر نبی ﷺ کا چہرہ فرط مسرت سے کھل گیا، آپؐ کو اس تقریر سے بہت خوشی ہوئی اور آپؐ نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کو دعائیں دیں، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ تمنا کرتے تھے کہ کاش یہ تقریر میں نے کی ہوتی تو مجھے دعائیں ملتیں۔ یہ تقریر حضرت مقدادؓ نے اس وقت کی تھی جب آپؐ لوگوں سے مشورہ لے رہے تھے، مگر یہاں روایت میں یہ ہے کہ اس وقت آپؐ مشرکین کے لئے بددعا کر رہے تھے، اس مناسبت سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے بدر کے دن اپنے ساتھیوں کو دیکھا وہ تین سو سے کچھ زائد تھے اور مشرکین پر نظر ڈالی تو وہ ہزار سے بھی زائد تھے تو آپؐ اس جھونپڑے میں تشریف لے گئے جو ایک ٹیلہ پر آپؐ کے لئے بنایا گیا تھا، وہاں آپؐ نے سجدہ میں یہ دعا کی: اے اللہ! میں آپ کو آپ کا عہد و پیمان اور آپ کا وعدہ یاد دلاتا ہوں یعنی آپ نے مجھ سے جو فتح ونصرت کا وعدہ کیا ہے اسے آج پورا کریں، آج ہی ایفائے وعدہ کا وقت ہے اے اللہ! اگر آپ چاہیں تو آپ کی عبادت نہ کی جائے، یعنی اگر آج یہ مٹھی بھر لوگ ہار گئے تو قیامت تک زمین پر آپ کی عبادت کرنے والا کوئی نہیں ہوگا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپؐ کو ہاتھ پکڑ کر اٹھایا اور عرض کیا: حَسْبُكَ! کافی ہوگیا، چنانچہ آپ جھونپڑے میں سے سورۃ القمر کی آیت ۴۵ پڑھتے ہوئے نکلے کہ عنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور وہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے، پھر جنگ شروع ہوئی، چشم زدن میں فیصلہ ہوگیا، کافروں کے ستر سردار مارے گئے اور ستر ہی قید ہوئے اور باقی بھاگ کھڑے ہوئے اور صحابہ صرف چودہ شہید ہوئے، اس لئے اس دن کو قرآن نے یَوْمُ الْفُرْقَان: فیصلہ کا دن قرار دیا۔

[٤-] بَابٌ

قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّىْ مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِيْنَ، وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ إِلَّا بُشْرَى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوْبُكُمْ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ، إِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لِيُطَهِّرَكُمْ بِهِ، وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ، وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ، إِذْ يُوْحِىْ رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّىْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوْا الَّذِيْنَ آمَنُوْا، سَأُلْقِىْ فِىْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوْا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَمَنْ يُشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَإِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ﴾ [الانفال: ۹-۱۳]

[۳۹۵۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ مُخَارِقٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: شَهِدْتُ مِنَ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ مَشْهَدًا لَأَنْ أَكُوْنَ صَاحِبَهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا عُدِلَ بِهِ، أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَدْعُو عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ: لاَ نَقُوْلُ كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوْسَى: ﴿اذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلاَ﴾[المائدة:۲٤] وَلٰكِنَّا نُقَاتِلُ عَنْ يَمِيْنِكَ وَعَنْ شِمَالِكَ وَبَيْنَ يَدَيْكَ وَخَلْفَكَ. فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَشْرَقَ وَجْهُهُ وَسَرَّهُ، يَعْنِي قَوْلَهُ.[انظر: ٤٦٠٩]

[۳۹۵۳-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ بَدْرٍ:" اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ، اللّٰهُمَّ إِنْ شِئْتَ لَمْ تُعْبَدْ" فَأَخَذَ أَبُوْ بَكْرٍ بِيَدِهِ، فَقَالَ: حَسْبُكَ، فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُوْلُ: ﴿سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ﴾[راجع: ۲۹۱۵]

قوله: شهدتُ من المقداد بن الأسود مشهدا لَأن أكون صاحبَه أحبُّ إلى مما عُدل به: ادبی جملہ ہے، مَشْهد: مقام، موقعہ، عَدَلَ به: برابر کرنا، عُدِلَ مجہول، جو چیز برابر کی جائے، ترجمہ: میں نے مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ کا ایک ایسا مقام (موقعہ) دیکھا ہے کہ اگر وہ مقام مجھے نصیب ہوتا تو وہ مجھے زیادہ پسند تھا ان چیزوں سے جو اس کے ہم وزن کی جائیں، مِنْ كُلِّ شَيْئٍ مِمَّا يُوْزَنُ بِهِ مِنَ الدُّنْيَاوِيَّةِ (مجمع البحار) پھر اس موقع کا بیان ہے کہ وہ نبی ﷺ کے پاس آئے درانحالیکہ آپؐ مشرکین کے لئے بددعا کر رہے تھے، پس انھوں نے کہا الی آخرہ۔

بَابٌ

بدریوں کا بلند مقام

حدیث: سورۃ النساء آیت ۹۵ ہے: ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ الآية: برابر نہیں وہ مسلمان جو بلا کسی عذر کے گھر بیٹھے رہیں یعنی جہاد میں نہ جائیں، اور وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کریں، اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا درجہ بہت بلند کیا ہے جو اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں، گھر میں بیٹھنے والوں کی بہ نسبت، اور اللہ تعالیٰ نے سب سے اچھے گھر (جنت) کا وعدہ کیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کو گھر بیٹھنے والوں کے مقابلہ میں بڑا اجر عطا فرمایا ہے یعنی (جنت میں) بہت سے درجے جو اللہ کی طرف سے ملیں گے اور مغفرت اور رحمت، اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے، بڑے مہربان ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کا مصداق بدریوں کو بتایا ہے، جو حضرات جنگِ بدر میں شریک ہوئے ان کا درجہ اور مقام بہت بلند ہے، ان صحابہ سے جو بدر میں شریک نہیں ہوئے، دیگر نصوص سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ بدریوں

کا مقام غیر بدریوں سے بہت بلند ہے۔ ابھی (حدیث ۳۹۸۳ میں) آرہا ہے: لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ إِلٰى أَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ وَجَبَتْ لَكُمُ الْجَنَّةُ أَوْ قَالَ: فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ: شاید اللہ تعالیٰ بدریوں کے حال سے واقف ہوگئے کہ فرمایا: ''جو چاہو کرو تمہارے لئے جنت ثابت ہوگئی، یا فرمایا: میں نے تمہیں بخش دیا!''

[۵-] بَابٌ

[۳۹۵٤-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْكَرِيْمِ، أَنَّهُ سَمِعَ مِقْسَمًا مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: ﴿لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ عَنْ بَدْرٍ، وَالْخَارِجُوْنَ إِلٰى بَدْرٍ. [انظر: ٤٥٩٥]

بَابُ عِدَّةِ أَصْحَابِ بَدْرٍ

بدری صحابہ کی تعداد

بدری صحابہ کی تعداد میں روایتیں مختلف ہیں، مشہور روایت تین سو تیرہ کی ہے، علاوہ ازیں تین سو چودہ، تین سو پندرہ اور تین سو انیس کی روایتیں بھی ہیں، اور ان میں تطبیق اس طرح دی گئی ہے کہ جب نبی ﷺ بدر کے لئے روانہ ہوئے تو کچھ دور چل کر ساتھیوں کو شمار کرنے کا حکم دیا، جب شمار کئے گئے تو تین سو چودہ تھے، آپؐ نے فرمایا: پھر شمار کرو، دوبارہ شمار کر ہی رہے تھے کہ دور سے دبلے اونٹ پر ایک سوار آتا ہوا نظر آیا، اب تعداد تین سو پندرہ ہوگئی، اس طرح کہ اس آخری شخص کو بھی شمار کیا جائے اور نبی ﷺ کو بھی شمار کیا جائے تو تعداد تین سو پندرہ ہو جاتی ہے اور اگر آخری شخص کو اور ذاتِ نبوی ﷺ کو شمار نہ کیا جائے تو تعداد تین سو تیرہ ہوتی ہے، اور اس سفر میں چار کم عمر بچے بھی تھے یعنی حضرات براء، عبداللہ بن عمر، انس بن مالک اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہم، ان کو قتال کی اجازت نہیں تھی، اگر ان کو بھی شمار کر لیا جائے تو تعداد تین سو انیس ہو جاتی ہے، صحیح مسلم میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہی تعداد مروی ہے۔

فائدہ: آٹھ آدمی ایسے تھے جو اس غزوہ میں کسی وجہ سے شریک نہیں ہو سکے تھے، مگر بدری صحابہ میں ان کو بھی شمار کیا گیا کیونکہ نبی ﷺ نے مالِ غنیمت میں سے ان کو بھی حصہ دیا تھا، وہ حضرات یہ ہیں:

۱- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کی بیماری کی وجہ سے مدینہ میں رکھے گئے تھے)
۲و۳- حضرات طلحہ بن عبیداللہ اور سعید بن زید رضی اللہ عنہما (قریش کے قافلہ کے تجسس کے لئے بھیجے گئے تھے)
۴- حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ (مدینہ کے انتظام کے لئے واپس کئے گئے تھے)
۵- عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ (عوالی کے انتظام کے لئے پیچھے رکھے گئے تھے)

۶- حارث بن حاطب رضی اللہ عنہ (بنوعمرو بن عوف کی طرف سے آپؐ کو کوئی اطلاع ملی تھی اس سلسلہ میں آپؐ نے حضرت حارثؓ کو بنوعمرو کی طرف بھیجا تھا)

۷- حارث بن الصمہ رضی اللہ عنہ (مقام روحاء میں ان کو چوٹ لگی تھی اس لئے ان کو واپس کیا تھا)

۸- خوّات بن جبیر رضی اللہ عنہ مقام صفراء میں ان کی پنڈلی میں چوٹ آئی تھی اس لئے واپس کئے گئے تھے (حاشیہ)

روایات: باب میں تمام روایات حضرت براء رضی اللہ عنہ کی ہیں، ان سے حضرت ابواسحاق سبیعی رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں، پھر ان سے مختلف تلامذہ روایت کرتے ہیں، پہلی اور دوسری روایتیں ایک ہیں، اور یہ حضرت شعبہ رحمہ اللہ کی روایت ہے، حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اور ابن عمرؓ چھوٹے سمجھے گئے یعنی ہمیں قتال کی اجازت نہیں ملی، اور جنگ بدر میں مہاجرین کی تعداد ساٹھ سے کچھ زیادہ تھی اور انصار کی تعداد دوسو چالیس سے کچھ زیادہ تھی۔

لغت: نَیْفٌ اور نَیِّفٌ: دہائی پر ایک سے تین تک زائد، چار سے نو تک زائد کو بِضْع کہتے ہیں۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ صحابہ میں یہ باتیں ہوتی تھیں کہ بدر میں جو لوگ شریک ہوئے ان کی تعداد طالوت کے ساتھیوں کی تعداد کے برابر تھی، جو ان کے ساتھ نہر سے پار ہوئے تھے، اور ان کے ساتھ نہر سے پار وہی لوگ ہوئے تھے جو پکے اور مخلص مؤمن تھے۔

[۶-] بَابُ عِدَّةِ أَصْحَابِ بَدْرٍ

[۳۹۵۵و۳۹۵۶-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: اسْتُصْغِرْتُ أَنَا وَابْنُ عُمَرَ.ح: وَحَدَّثَنِیْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ: قَالَ: اسْتُصْغِرْتُ أَنَا وَابْنُ عُمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ، وَكَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ يَوْمَ بَدْرٍ نَيِّفًا عَلٰى سِتِّيْنَ، وَالأَنْصَارُ نِيْفٌ وَأَرْبَعُوْنَ وَمِأَتَانِ.

[۳۹۵۷-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ: حَدَّثَنِیْ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا أَنَّهُمْ كَانُوْا عِدَّةَ أَصْحَابِ طَالُوْتَ الَّذِيْنَ أَجَازُوْا مَعَهُ النَّهْرَ بِضْعَةَ عَشَرَ وَثَلاَثَ مِائَةٍ، قَالَ الْبَرَاءُ: لاَ، وَاللّٰهِ! مَاجَاوَزَ مَعَهُ النَّهْرَ إِلاَّ مُؤْمِنٌ.

[انظر: ۳۹۵۸، ۳۹۵۹]

[۳۹۵۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كُنَّا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم.

[۳۹۵۹-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ

الْبَرَاءِ، ح: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّ أَصْحَابَ بَدْرٍ ثَلاَثُ مِائَةٍ وَبِضْعَةَ عَشَرَ بِعِدَّةِ أَصْحَابِ طَالُوْتَ الَّذِيْنَ جَاوَزُوْا مَعَهُ النَّهْرَ، وَمَاجَاوَزَ مَعَهُ إِلَّا مُؤْمِنٌ. [راجع: ۳۹۵۷]

بَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی كُفَّارِ قُرَيْشٍ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کفارِ قریش کے لئے بددعا کرنا اوران کا بدر میں ہلاک ہونا

پہلے (تحفۃ القاری ۱:۵۷۹) یہ واقعہ گذرا ہے کہ ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے قریب نماز پڑھ رہے تھے، ابوجہل اور اس کے ساتھی وہاں بیٹھے تھے، پھر ایک شخص اٹھا اور اونٹنی کا میل لایا، جب آپ سجدہ میں گئے تو اس کو پیٹھ پر رکھ دیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ میں رہے، وہ لوگ ہنسنے لگے، اور ایک دوسرے پر لوٹ پوٹ ہونے لگے، وہاں کوئی نہیں تھا جو اس میل کو ہٹاتا، ابن مسعود رضی اللہ عنہ تھے، مگر وہ ہمت نہیں کررہے تھے، پھر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں جو اس وقت بچی تھیں، انھوں نے میل کو ہٹایا، پس آپؐ نے سر اٹھایا اور بددعا فرمائی: اے اللہ! قریش کو پکڑ لے، یہ جملہ تین مرتبہ فرمایا، پھر آپؐ نے نام بہ نام بددعا کی، اے اللہ! ابوجہل کو پکڑ لے، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ولید بن عتبہ، امیہ بن خلف اور عقبۃ بن ابی معیط کو پکڑ لے، ساتواں نام راوی کو یاد نہیں رہا (وہ عمارۃ بن الولید تھا) ابن مسعودؓ کہتے ہیں: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں نے ان سب کو جن کے نام نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لئے تھے بدر کے کنویں میں پچھڑے ہوئے دیکھا، یہاں روایت مختصر ہے، اس کے آخر میں یہ ہے کہ ان کافروں کی لاشیں پھول گئی تھیں، کیونکہ گرمی کا زمانہ تھا، پھر وہ سب لاشیں بدر کے ایک بیکار کنویں میں ڈالی گئیں اور اس کنویں کو پاٹ دیا گیا، چونکہ آپ کی بددعا کا اثر جنگِ بدر میں ظاہر ہوا اس مناسبت سے یہاں یہ حدیث لائے ہیں۔

[۷-] بَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی كُفَّارِ قُرَيْشٍ: شَيْبَةَ، وَعُتْبَةَ، وَالْوَلِيْدِ، وَأَبِيْ جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ وَهَلاَكِهِمْ

[۳۹۶۰-] حدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: اسْتَقْبَلَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم الْكَعْبَةَ، فَدَعَا عَلٰى نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ، عَلٰى شَيْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَعُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَالْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَأَبِيْ جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، فَأَشْهَدُ بِاللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْتُهُمْ صَرْعَى قَدْ غَيَّرَتْهُمُ الشَّمْسُ، وَكَانَ يَوْمًا حَارًا. [راجع: ۲۴۰]

بَابُ قَتْلِ أَبِیْ جَھْلٍ

ابوجہل (وغیرہ) کا قتل

یہاں ابوذر کے نسخہ میں باب نہیں ہے، دوسرے نسخوں میں ہے، پھر کہا گیا کہ یہاں باب نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ اس باب میں ابوجہل کے علاوہ کے قتل کا بھی ذکر ہے، اور علامہ عینی رحمہ اللہ نے فرمایا: بعض نسخوں میں وغیرہ بھی ہے، پس یہاں باب ہونا چاہئے، میں نے وغیرہ کا ترجمہ بین القوسین کیا ہے، اور اس باب میں پانچ باتیں ہیں: ۱-ابوجہل کا قتل۔ ۲-شیبہ، عتبہ اور ولید بن عتبہ کا قتل۔ ۳-امیہ اور اس کے بیٹے کا قتل۔ ۴-جنگِ بدر میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کفار کے سروں پر تلوار اتنی بجائی کہ اس میں دندانے پڑ گئے، اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ خود بھی زخمی ہو گئے۔ ۵-نبی ﷺ نے صنادید قریش کی لاشوں سے خطاب کیا۔

۱-ابوجہل کا قتل

ابوجہل کا اصل لقب ابوالحکم تھا، یعنی قاضی القضات، نبی ﷺ نے اس کا لقب ابوجہل رکھا یعنی مہاجاہل، وہی مکہ کا لیڈر تھا اور جنگِ بدر میں فوج کا کمانڈر انچیف تھا، اس کے قتل میں چار صحابہ کا حصہ ہے: (۱) معاذ بن عفراء (۲) معوذ بن عفراء (۳) معاذ بن عمرو بن الجموح (۴) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم۔

پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۲۷) روایت گذری ہے: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں جنگِ بدر میں صف میں کھڑا تھا، دائیں بائیں دو نوعمر لڑکے تھے، مجھے ذرا بے اطمینانی ہوئی کہ دونوں طرف بچے ہیں، اچانک ایک نے پوچھا: چچا جان! مجھے ابوجہل کو دکھلائیں، میں نے کہا: بھتیجے! اس کا کیا کرے گا؟ اس نے کہا: میں خبر دیا گیا ہوں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو گالی دیتا ہے، میں اس ذات کی قسم کھاتا ہوں جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر میں نے اس کو دیکھ لیا تو میرا وجود اس کے وجود سے الگ نہیں ہوگا، یہاں تک کہ ہم میں سے جس کی موت پہلے لکھی ہے وہ مر جائے، حضرت عبد الرحمٰنؓ کہتے ہیں: مجھے اس کی بہادری پر تعجب ہوا، اتنے میں دوسرے نے بھی اشارہ سے مجھے اپنی طرف متوجہ کیا اور اس نے بھی یہی بات کہی۔ ادھر ابوجہل گھوڑے پر بیٹھ کر اپنے لشکر کو للکار رہا تھا، میں نے ان دونوں سے کہا: وہ رہا تمہارا شکار! دونوں سنتے ہی باز کی طرح اپنی تلواریں لئے جھپٹ پڑے اور اسے مار کر ڈھیر کر دیا، پھر دونوں لوٹ کر نبی ﷺ کے پاس آئے اور آپؐ کو اطلاع دی، آپؐ نے پوچھا: تم میں سے کس نے اس کو قتل کیا؟ ہر ایک نے کہا: میں نے، آپؐ نے پوچھا: تم نے اپنی تلواریں پونچھ ڈالی ہیں؟ دونوں نے کہا: نہیں، آپؐ نے دونوں کی تلواریں دیکھیں اور فرمایا: تم دونوں ہی نے اس کو قتل کیا ہے، اور اس کا ساز و سامان معاذ بن عمرو بن الجموح رضی اللہ عنہ کے لئے ہے اور وہ دونوں نوجوان عفراء کا بیٹا معاذ اور عمرو بن

الجموع کا بیٹا معاذ تھے رضی اللہ عنہم (حدیث ۳۱۴۱)

پھر جب معرکہ ختم ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کون ہے جو دیکھ آئے کہ ابوجہل کا کیا ہوا؟ زندہ ہے یا مر گیا؟ صحابہ اس کی تلاش میں بکھر گئے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کو اس حالت میں پایا کہ ابھی سانس جاری تھا، انھوں نے اس کی گردن پر پاؤں رکھا اور سر کاٹنے کے لئے ڈاڑھی پکڑی اور فرمایا: او اللہ کے دشمن! آخر اللہ نے تجھے رسوا کیا نا؟ اس نے کہا: مجھے کاہے کو رسوا کیا؟ جس شخص کو تم نے قتل کیا ہے اس سے بڑا ابھی تمہارا کوئی سہارا ہے؟ کاش مجھے کسانوں کے علاوہ نے قتل کیا ہوتا! بتا آج فتح کس کی ہوئی؟ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی اور اللہ کے رسول کی، پھر اس نے کہا: او بکری کے چرواہے! تو بہت اونچی جگہ چڑھ گیا ہے (آپؓ نے اس کی گردن پر پاؤں رکھا تھا اور آپؓ مکہ میں بکریاں چراتے تھے) میرا سر سینہ کی طرف سے کاٹنا، تاکہ میرا سر اونچا معلوم ہو، اس کے بعد حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کا سر کاٹ کر نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کیا۔

[۸-] بَابُ قَتْلِ أَبِیْ جَهْلٍ

[۳۹۶۱-] حدثنا ابْنُ نُمَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِیْلُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا قَیْسٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّـهُ أَتَی أَبَا جَهْلٍ وَبِهِ رَمَقٌ یَوْمَ بَدْرٍ، فَقَالَ أَبُوْ جَهْلٍ: هَلْ أَعْمَدُ مِنْ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ؟

[۳۹۶۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَیْرٌ، حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ التَّیْمِیُّ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ، قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم، ح: وَحَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَیْرٌ، عَنْ سُلَیْمَانَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "مَنْ یَنْظُرُ مَا صَنَعَ أَبُوْ جَهْلٍ؟" فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ، فَوَجَدَهُ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَاءَ حَتَّی بَرَدَ، قَالَ: أَنْتَ أَبُوْ جَهْلٍ؟ قَالَ: فَأَخَذَ بِلِحْیَتِهِ، قَالَ: وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ أَوْ: رَجُلٍ قَتَلَهُ قَوْمُهُ؟ قَالَ أَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ: أَنْتَ أَبُوْ جَهْلٍ؟[انظر: ۳۹۶۳، ۴۰۲۰]

[۳۹۶۳-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّی، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ سُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم یَوْمَ بَدْرٍ: "مَنْ یَنْظُرُ مَا فَعَلَ أَبُوْ جَهْلٍ؟" فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ، فَوَجَدَهُ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَاءَ حَتَّی بَرَدَ، فَأَخَذَ بِلِحْیَتِهِ قَالَ: أَنْتَ أَبُوْ جَهْلٍ؟ قَالَ: وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلَهُ قَوْمُهُ، أَوْ قَالَ: قَتَلْتُمُوْهُ؟[راجع: ۳۹۶۲]

حَدَّثَنِیْ ابْنُ الْمُثَنَّی، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ نَحْوَهُ.

[۳۹۶۴-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَتَبْتُ عَنْ یُوْسُفَ بْنِ الْمَاجِشُوْنَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ فِیْ بَدْرٍ، یَعْنِیْ حَدِیْثَ ابْنَیْ عَفْرَاءَ.[راجع: ۳۱۴۱]

حدیث (۱): ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: وہ بدر کے دن ابو جہل کے پاس پہنچے درانحالیکہ اس کا سانس چل رہا تھا، پس ابو جہل نے کہا: هَلْ أَعْمَدُ مِنْ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ؟ کیا اس سے بڑا کوئی سہارا ہے جس کو تم نے قتل کیا؟

تشریح: أَعْمَدُ: اسم تفضیل ہے، عَمَدَ الشَّيئَ (ض) عَمْدًا: سہارا دینا قال فی المعجم الوسیط: عَمَدَ الشيئَ (ض) عَمْدًا: أَقَامَهُ بِعِمَادٍ وَدَعَمَهُ: سہارا دینا، طاقت پہنچانا، مضبوط کرنا۔ یعنی قوم کا سب سے بڑا سہارا تو میں تھا، سب سے زیادہ قوم کو طاقت میں ہی پہنچاتا تھا، جس کو تم نے قتل کر دیا، پس میرا کیا نقصان ہوا؟ تمہارا ہی نقصان ہوا!

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: کوئی ہے جو دیکھ آئے کہ ابو جہل کا کیا ہوا؟ ابن مسعود رضی اللہ عنہ چلے، انھوں نے ابو جہل کو پایا اس حال میں کہ اس کو عفراء کے دو لڑکوں نے تلواریں ماری تھیں، یہاں تک کہ اس کو ڈھیر کر دیا تھا، ابن مسعودؓ نے کہا: تو ابو جہل ہے؟ راوی کہتا ہے: پس ابن مسعودؓ نے اس کی ڈاڑھی پکڑی، ابو جہل نے کہا: کیا اس شخص سے بڑا بھی کوئی آدمی ہے جس کو تم نے قتل کر دیا؟ یا کہا: اس شخص سے بھی بڑا کوئی آدمی ہے جس کو اس کی قوم نے قتل کر دیا؟

تشریح: امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ احمد بن یونسؒ کی روایت میں أَنْتَ أَبُوْ جَهْلٍ ہے، یہ مبتداء خبر ہیں، مگر یہ الفاظ عام روات کے الفاظ کے خلاف ہیں، دیگر تمام روات أَنت أبا جهل کہتے ہیں، ہمارے نسخہ میں محمد بن المثنی کی روایت میں أنت أبو جهل ہے، مگر گیلری میں أنت أبا جهل ہے اور یہی نسخہ صحیح ہے، اس صورت میں دو جملے ہونگے: پہلا جملہ: أَنت أنت جیسے: هو هو اور دوسرا جملہ منادی ہے: أي يا أبا جهل! ترجمہ: تو تو؟ اے مہا نادان!

اور اس روایت میں صراحت ہے کہ عفراءؓ(۱) کے دونوں لڑکوں نے یعنی معاذ اور معوذ رضی اللہ عنہما نے ابو جہل کو قتل کیا تھا اور مسلم شریف (حدیث ۱۷۵۲) میں ہے ابو جہل کو معاذ بن عمرو بن الجموح اور معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہما نے قتل کیا تھا، پس صحیح بات یہ ہے کہ تینوں ابو جہل کے قتل میں شریک تھے، پہلے عفراء کے دونوں بیٹوں معاذؓ اور معوذؓ نے حملہ کیا، پھر معاذ بن عمروؓ نے اس کو ڈھیر کیا، پھر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کا سر کاٹا اس حدیث میں اور آئندہ دونوں حدیثوں میں اس کی صراحت ہے کہ ابو جہل پر عفراء کے دونوں لڑکوں نے حملہ کیا تھا، اس لئے معوذ بن عفراءؓ کو بھی قتل میں شریک ماننا پڑے گا ۔ واللہ اعلم

۲- شیبہ، عتبہ اور ولید کا قتل

یہ تینوں عبد مناف کے لڑکے عبد شمس کی اولاد ہیں، شَيْبَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ، عتبہ اس کا بھائی ہے اور ولید اس کا

(۱) عفراء رضی اللہ عنہا صحابیہ ہیں، اور ان کی ایک خصوصیت ہے، انھوں نے پہلا نکاح حارث سے کیا تھا اس سے تین بیٹے تھے: عوف، معوّذ اور معاذ، پھر حارث کے بعد بُکیر سے نکاح کیا، اس سے چار لڑکے ہوئے: ایاس، عاقل، خالد اور عامر، یہ ساتوں لڑکے غزوۂ بدر میں ہوئے تھے، ایسی صحابیہ جس کے سب لڑکے بدر میں شریک ہوں صرف حضرت عفراء رضی اللہ عنہا ہیں۔
(سیرۃ المصطفیٰ بحوالہ زرقانی ۱:۴۱۶)

بیٹا ہے، عتبہ اور شیبہ مختلف وجوہ سے (جس کی تفصیل سیرۃ المصطفیٰ میں ہے) جنگ سے جان چرا رہے تھے، مگر ابوجہل کے طعنوں کی وجہ سے عتبہ ہتھیاروں سے لیس ہوکر جنگ کے لئے آمادہ ہوگیا اور سب سے پہلے اپنے بھائی شیبہ اور اپنے لڑکے ولید کو لے کر میدان میں اترا اور مقابل طلب کیا، لشکر اسلام میں سے عفراء رضی اللہ عنہا کے دولڑکے عوف اور معوذ اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم مقابلہ کے لئے نکلے، اس نے پوچھا: تم کون ہو؟ جواب دیا: ہم انصاری ہیں، عتبہ نے کہا: ہمیں تم سے کوئی مطلب نہیں، ہم اپنی قوم سے لڑنا چاہتے ہیں، پھر اس نے پکار کر کہا: محمد! (ﷺ) ہماری قوم میں سے ہماری جوڑ کے آدمی بھیجو، نبی ﷺ نے انصار کو واپس بلالیا اور حضرات حمزہ، علی اور عبیدۃ بن الحارث رضی اللہ عنہم کو مقابلہ کے لئے نکلنے کا حکم دیا، تینوں ہتھیاروں سے لیس ہوکر نکلے، عتبہ نے پوچھا: تم کون ہو؟ تینوں نے اپنے نام بتلائے، عتبہ نے کہا: ہاں تم ہماری جوڑ کے ہو اور محترم ہو، پھر مقابلہ شروع ہوا، عتبہ کے مقابل حضرت عبیدۃ رضی اللہ عنہ ہوئے، شیبہ کے مقابل حضرت حمزۃ رضی اللہ عنہ ہوئے اور ولید کے مقابل حضرت علی رضی اللہ عنہ ہوئے، حضرت علی اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہما نے اپنے اپنے مقابل کا ایک ہی وار میں کام تمام کردیا، اور حضرت عبیدۃ رضی اللہ عنہ خود بھی زخمی ہوئے اور اپنے مقابل کو بھی زخمی کیا، عتبہ نے عبیدہؓ پر تلوار کا ایسا وار کیا کہ ان کے پیر کٹ گئے، حضرات حمزہؓ و علیؓ اپنے مقابل سے فارغ ہوکر حضرت عبیدہؓ کی مدد کو پہنچے اور عتبہ کا کام تمام کردیا اور حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ کو اٹھا کر خدمتِ نبوی میں لائے ان کی پنڈلی کی ہڈی سے خون جاری تھا، بدر سے واپسی میں صفراء مقام میں ان کا انتقال ہوا۔

[٣٩٦٥-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِیُّ: قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ یَقُوْلُ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مِجْلَزٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ عُبَادٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، أَنَّهُ قَالَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ یَجْثُو بَیْنَ یَدَیِ الرَّحْمٰنِ لِلْخُصُوْمَةِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ. وَقَالَ قَیْسُ بْنُ عُبَادٍ: وَفِیْهِمْ أُنْزِلَتْ﴿هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ﴾ قَالَ: هُمُ الَّذِیْنَ تَبَارَزُوْا یَوْمَ بَدْرٍ: عَلِیٌّ، وَحَمْزَةُ، وَعُبَیْدَةُ بْنُ الْحَارِثِ، أَوْ: أَبُوْعُبَیْدَةَ بْنُ الْحَارِثِ: وَشَیْبَةُ بْنُ رَبِیْعَةَ، وَعُتْبَةُ وَالْوَلِیْدُ بْنُ عُتْبَةَ.[انظر: ٣٩٦٧، ٤٧٤٤]

[٣٩٦٦-] حدثنا قَبِیْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِیْ هَاشِمٍ، عَنْ أَبِیْ مِجْلَزٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ عُبَادٍ، عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: نَزَلَتْ ﴿هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ﴾ فِیْ سِتَّةٍ مِنْ قُرَیْشٍ: عَلِیٍّ، وَحَمْزَةَ، وَعُبَیْدَةَ ابْنِ الْحَارِثِ: وَشَیْبَةَ بْنِ رَبِیْعَةَ، وَعُتْبَةَ بْنِ رَبِیْعَةَ، وَالْوَلِیْدِ بْنِ عُتْبَةَ.[انظر: ٣٩٦٨، ٣٩٦٩، ٤٧٤٣]

[٣٩٦٧-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ الصَّوَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ یَعْقُوْبَ- کَانَ یَنْزِلُ فِیْ بَنِیْ ضُبَیْعَةَ، وَهُوَ مَوْلًی لِبَنِیْ سَدُوْسٍ- قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ التَّیْمِیُّ، عَنْ أَبِیْ مِجْلَزٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ: قَالَ عَلِیٌّ: فِیْنَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآیَةُ ﴿هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ﴾[راجع: ٣٩٦٥]

[٣٩٦٨-] حدثنا یَحْیَی بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَکِیْعٌ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ أَبِیْ هَاشِمٍ، عَنْ أَبِیْ مِجْلَزٍ،

عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ: سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ يُقْسِمُ لَنَزَلَ هٰؤُلَآءِ الآيَاتُ فِيْ هٰؤُلَآءِ الرَّهْطِ السِتَّةِ يَوْمَ بَدْرٍ، نَحْوَهُ.
[راجع: ٣٩٦٦]

[٣٩٦٩-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ هَاشِمٍ، عَنْ أَبِيْ مِجْلَزٍ، عَنْ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ يُقْسِمُ قَسَمًا: إِنَّ هٰذِهِ الآيَةَ ﴿هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ﴾ نَزَلَتْ فِي الَّذِيْنَ بَرَزُوْا يَوْمَ بَدْرٍ: حَمْزَةَ، وَعَلِيٍّ، وَعُبَيْدَةَ بْنِ الْحَارِثِ: وَعُتْبَةَ وَشَيْبَةَ ابْنَيْ رَبِيْعَةَ، وَالْوَلِيْدِ ابْنِ عُتْبَةَ. [راجع: ٣٩٦٦]

[٣٩٧٠-] حَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ ابْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ: سَأَلَ رَجُلٌ الْبَرَاءَ وَأَنَا أَسْمَعُ قَالَ: أَشَهِدَ عَلِيٌّ بَدْرًا؟ قَالَ: بَارَزَ وَظَاهَرَ حَقًّا.

حدیث (۱): قیس بن عباد جو مخضرم تابعی ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: آپؓ نے فرمایا: میں پہلا شخص ہوں گا جو رحمٰن کے سامنے قیامت کے دن مقدمہ کی کاروائی کے لئے گھٹنوں کے بل (باادب) بیٹھوں گا، پھر قیس کہتے ہیں: سورہ حج کی آیت ۱۹ انہی حضرات کے بارے میں نازل ہوئی ہے، جنھوں نے بدر کے دن مقابلہ کیا، یعنی حضرات حمزہ، علی اور عبیدۃ بن الحارث بن عبدالمطلب یا کہا: ابوعبیدہ (جنھوں نے مقابلہ کیا) شیبہ، عتبہ اور ولید کے ساتھ۔

تشریح: اس حدیث میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ قیامت کے دن جو پچاس ہزار سال کا دن ہے جیسا کہ سورۃ المعارج آیت ۴ میں ہے، اس دن تمام مخلوقات کے مقدمات بارگاہِ خداوندی میں پیش ہونگے، جو مقدمات دنیا میں فیصل ہو چکے ہیں وہ بھی، اور جو دنیا میں فیصل نہیں ہوئے وہ بھی، بلکہ انسانوں کے علاوہ دیگر مخلوقات کے مقدمات بھی پیش ہونگے، حدیث میں ہے: بے سینگ بکری کا بدلہ سینگ دار بکری سے لیا جائے گا، حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس دن ہمارا مقدمہ بھی بارگاہِ خداوندی میں پیش ہوگا، ہم دو فریق ہونگے، ایک: ایمان لانے والے تین حضرات، دوسرے: کافر تین اشخاص، مقتول اپنی مظلومیت کا دعوی کریں گے، ہم جواب دیں گے: ہم نے اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے ان کو قتل کیا ہے، پھر ان کو جہنم رسید کیا جائے گا اور ہمیں جنت نشیں!

جاننا چاہئے کہ اسلامی کورٹ میں فریقین قاضی کے سامنے کھڑے نہیں رہتے، بیٹھ کر مقدمہ چلتا ہے، مکہ مکرمہ میں ہمارا ایک مقدمہ کورٹ میں چلا گیا تھا، گول میز تھی، ایک طرف قاضی اور نائب قاضی کرسیوں پر بیٹھے تھے اور سامنے ہم دو مدعی اور ایک مدعی علیہ کرسیوں پر بیٹھے تھے، اب کرسیوں کا زمانہ ہے، پہلے قاضی بھی زمین پر بیٹھتا تھا اور فریقین بھی سامنے زمین پر بیٹھتے تھے، اسی طریقہ کے مطابق فرمایا: یَجْثُوْ: میں گھنٹوں کے بل بیٹھونگا، جیسے نماز میں قعدہ میں بیٹھتے ہیں، اس طرح باادب

بیٹھونگا، اور حاشیہ میں اولیت کو اس امت کے مجاہدین کے ساتھ خاص کیا ہے، یہ اسلام کی پہلی جنگ تھی اور یہ پہلا مقابلہ تھا، مطلقاً اولیت مراد نہیں۔

دوسری بات: قیسؒ نے یہ کہی ہے اور اگلی روایات میں یہی بات حضرت علی اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہما نے بھی کہی ہے کہ سورۃ الحج کی آیت ١٩ کے مصداق یہ دو فریق ہیں، آیت پاک ہے: ﴿هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ﴾: یہ دو فریق ہیں، ان میں اپنے رب کے باب میں جھگڑا ہے، پہلا فریق یہودی، صابی، نصرانی، مجوسی اور وہ لوگ ہیں جنھوں نے اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرایا ہے اور دوسرا فریق اللہ پر ایمان لانے والے بندے ہیں۔

یہ دونوں فریق اپنے رب کے معاملہ میں اختلاف رکھتے ہیں، ان دونوں جماعتوں کے درمیان قیامت کے دن عملی فیصلہ کیا جائے گا، منکرین جہنم رسید ہونگے اور مؤمنین جنت نشیں، پس جنگِ بدر کے آغاز میں مقابلہ کرنے والے چھ اشخاص بھی آیت کریمہ کا (احتمالی) مصداق ہیں ان میں بھی جھگڑا اللہ کے بارے میں تھا کہ وہ تنہا معبود ہیں یا ان کا کوئی شریک ہے؟ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے الفوز الکبیر میں لکھا ہے کہ صحابہ آیات کے احتمالی مصادیق کے لئے بھی أُنْزِلَتْ فِيْ كَذَا استعمال کرتے تھے۔

دوسری روایت: قیسؒ کی حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ہے، انھوں نے بھی یہی فرمایا ہے کہ قریش کے یہ چھ اشخاص آیت کریمہ کا مصداق ہیں، اور تیسری روایت میں یہی بات حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے، اس کے بعد کی روایت میں ہے کہ حضرت ابوذرؓ یہ بات قسم کھا کر فرمایا کرتے تھے کہ یہ چھ اشخاص جن میں بدر کے دن مقابلہ ہوا، ان کے حق میں یہ آیتیں نازل ہوئی ہیں، پھر اس کے بعد کی روایت میں بھی یہی مضمون ہے اور آخری روایت میں ابواسحاق سبیعیؒ کہتے ہیں: ایک آدمی نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے پوچھا درانحالیکہ میں سن رہا تھا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جنگِ بدر میں شرکت کی ہے؟ حضرت براء رضی اللہ عنہ نے کہا: مبارزت یعنی دشمن سے مقابلہ کیا ہے اور اس دن آپؓ نے لوہے کے دو کرتے اوپر تلے پہن رکھے تھے، ظَاهَرَ: أَيْ لَبِسَ دِرْعًا عَلٰى دِرْعٍ، اور حَقًّا: بَارَزَ سے متعلق ہے، یعنی بالیقین حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مقابلہ کیا ہے۔

تشریح: یہ سوال کیوں ہوا تھا؟ جواب: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے، نبی ﷺ کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا سخت علیل تھیں، ان کی وجہ سے حضرت عثمان اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہما کو گھر چھوڑا تھا، پس حضرت عثمانؓ کے مخالفین نے پروپیگنڈہ کیا کہ حضرت عثمانؓ بدر میں شریک نہیں ہوئے، اس کے جواب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مخالفین نے جھوٹا پروپیگنڈہ کیا کہ حضرت علیؓ بھی غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہوئے، حضرت براء رضی اللہ عنہ نے اس کی تردید کی کہ وہ نہ صرف شریک ہوئے بلکہ پہلا مقابلہ انھوں نے ہی کیا تھا، اور وہ مقابلہ اتنا سخت تھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دو لوہے کے کرتے اوپر تلے پہنے تھے۔

۳-امیہ بن خلف اور اس کے بیٹے کا قتل

امیہ نبی ﷺ کے شدید ترین دشمنوں میں سے تھا، جس وقت جنگِ بدر کا کوئی وہم وگمان بھی نہیں تھا، وہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی زبانی مکہ ہی میں اپنے قتل کی پیشین گوئی سن چکا تھا، اس لئے وہ بدر کے موقع پر جنگ میں شریک نہیں ہونا چاہتا تھا، مگر ابوجہل نے کہا: اے ابوصفوان! آپ اس وادی کے سردار ہیں، آپ پہلوتہی کریں گے تو دوسرے لوگ بھی پہلوتہی کریں گے، امیہ مجبور ہوگیا اور اس نے ایک تیز رفتار اونٹ خریدا تاکہ خطرہ کے وقت بھاگ نکلے، اس طرح منزلیں طے کرتا ہوا بدر میں پہنچ گیا، وہاں اس کے قتل کا واقعہ پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۳۴۷) آیا ہے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے امیہ بن خلف کے ساتھ خط وکتابت کی کہ وہ مکہ میں میرے متعلقین کی حفاظت کرے اور میں مدینہ میں اس کے متعلقین کی حفاظت کروں، پھر جب جنگِ بدر کا موقع آیا تو میں پہاڑ کی طرف نکلا جب لوگ سوگئے تاکہ اس کی حفاظت کروں، حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اس کو دیکھ لیا، وہ نکلے یہاں تک کہ وہ پہنچے انصار کی ایک مجلس کے پاس اور انھوں نے کہا: امیہ بن خلف! نہیں بچا میں اگر امیہ بچ گیا، پس اس کے ساتھ انصار کی ایک جماعت نکلی، ہمارے پیروں کے نشانات دیکھتی ہوئی، جب میں ڈرا کہ وہ ہم سے مل جائیں گے تو میں نے پیچھے کردیا ان کے لئے امیہ کے بیٹے کو تاکہ مشغول کردوں میں ان کو، انھوں نے اس کو قتل کردیا، پھر انھوں نے انکار کیا مگر یہ کہ پیچھا کریں وہ ہمارا اور امیہ بھاری بدن کا تھا، پس جب انھوں نے ہم کو پالیا تو میں نے امیہ سے کہا: سینہ کے بل گرجا، وہ گرگیا، میں نے اس پر اپنے آپ کو ڈال دیا تاکہ اس کو بچاؤں، پس انصار نے میرے نیچے سے تلواریں گھسا کر اس کا کام تمام کردیا، اور ان میں سے ایک اپنی تلوار کے ذریعہ میرے پیر کو پہنچا۔

اور پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۳۹۸) یہ روایت بھی گذری ہے کہ نبی ﷺ نے مکہ میں سورۃ النجم تلاوت فرمائی اور اس کے آخر میں سجدہ کیا، مجلس میں جتنے لوگ تھے، سب نے سجدہ کیا، ایک سیٹھ کے علاوہ، اس نے کنکریوں کی یا مٹی کی ایک مٹھی بھری اور اس کو پیشانی کی طرف اٹھایا اور کہا: میرے لئے یہ کافی ہے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اس کو بعد میں دیکھا کہ کفر کی حالت میں (بدر میں) مارا گیا۔

فائدہ: حضرت بلال رضی اللہ عنہ پہلے امیہ کے غلام تھے، جب وہ مسلمان ہوئے تو امیہ نے ان کو بہت ستایا، گرم ریت پر اور انگاروں پر لٹاتا تھا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس سے خرید کر آزاد کیا، تب ابتلاء سے نجات ملی۔

[۳۹۷۱-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: كَاتَبْتُ أُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ فَذَكَرَ قَتْلَهُ وَقَتْلَ ابْنِهِ، فَقَالَ بِلَالٌ: لاَ نَجَوْتُ إِنْ نَجَا أُمَيَّةُ![راجع: ۲۳۰۱]

[٣٩٧٢-] حدثنا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِی، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم: أَنَّهُ قَرَأَ ﴿وَالنَّجْمِ﴾ فَسَجَدَ بِهَا، وَسَجَدَ مَنْ مَعَهُ، غَیرَ أَنَّ شَیْخًا أَخَذَ كَفًّا مِنْ تُرَابٍ فَرَفَعَهُ إِلٰی جَبْهَتِهِ، فَقَالَ: یَكْفِیْنِیْ هٰذَا. قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَلَقَدْ رَأَیْتُهُ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا. [راجع: ١٠٦٧]

۴-جنگِ بدر میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے کارنامے

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ روایات کے پابند ہیں، اب آگے حضرت کے پاس اعلیٰ درجہ کی صحیح روایات نہیں ہیں کہ جنگِ بدر میں کس نے کس کو قتل کیا؟ اس لئے اجمالی تذکرہ کرتے ہیں کہ جنگِ بدر میں اسلامی فوج کے بہادروں نے قریش کے سرداروں کو قتل کیا، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بڑے بہادر تھے، جنگِ بدر میں انھوں نے بڑے کارنامے انجام دیئے ہیں، سعید بن العاص کا لڑکا عبیدۃ بدر کے دن غرق آہن تھا، سوائے آنکھوں کے کوئی چیز دکھائی نہیں دیتی تھی، حضرت زبیرؓ نے تاک کر اس کی آنکھ میں ایسا نیزہ مارا کہ پار ہوگیا، اور وہ فوراً مر گیا۔ حضرت زبیرؓ فرماتے ہیں: میں نے اس پر پیر رکھ کر پوری قوت کے ساتھ نیزہ کھینچا تب نکلا، لیکن اس کے کنارے ٹیڑھے ہوگئے، نبی ﷺ نے اس نیزہ کو بطور یادگار حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے مانگ لیا، آپؐ کی وفات کے بعد وہ نیزہ خلفائے راشدین کے پاس رہا، پھر عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ کے پاس رہا (یہ واقعہ آگے آرہا ہے)

اور بدر کے معرکہ میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے تھے، ایک زخم شانہ پر اس قدر گہرا لگا تھا کہ حضرت عروہ بچپن میں اس زخم میں انگلیاں ڈال کر کھیلا کرتے تھے۔ اور باب کی حدیث میں ہے کہ عبدالملک بن مروان نے عروۃ بن الزبیرؒ سے کہا: تم زبیرؓ کی تلوار کو پہچانتے ہو؟ عروہ نے کہا: ہاں، عبدالملک نے کہا: کس طرح؟ عروہ نے کہا: اس میں بدر کے دن دندانے پڑ گئے تھے، عبدالملک نے کہا: سچ کہا: شاعر کہتا ہے: بِهِنَّ فُلُوْلٌ مِنْ قِرَاعِ الْكَتَائب: ان تلواروں میں دندانے پڑ گئے ہیں، بڑے لشکروں کے ساتھ ٹکرانے کی وجہ سے۔

اور اسلامی لشکر میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ ہی ایک بڑے بہادر نہیں تھے، اور بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے بہت سے بہادر تھے، جنھوں نے کفار کے پرخچے اڑا دیئے تھے۔

[٣٩٧٣-] أَخْبَرَنِیْ إِبْرَاهِیمُ بْنُ مُوْسَی، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ یُوْسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: كَانَ فِیْ الزُّبَیْرِ ثَلَاثُ ضَرَبَاتٍ بِالسَّیْفِ، إِحْدَاهُنَّ فِیْ عَاتِقِهِ، قَالَ: إِنْ كُنْتُ لَأُدْخِلُ أَصَابِعِی فِیهَا، قَالَ: ضُرِبَ ثِنْتَیْنِ یَوْمَ بَدْرٍ، وَوَاحِدَةً یَوْمَ الْیَرْمُوْكِ، قَالَ عُرْوَةُ: وَقَالَ لِی عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ حِیْنَ قُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَیْرِ: یَا عُرْوَةُ! هَلْ تَعْرِفُ سَیفَ الزُّبَیْرِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا فِیهِ؟ قُلْتُ: فِیْهِ

فَلَّةٌ فُلَّهَا يَوْمَ بَدْرٍ، قَالَ: صَدَقْتَ، بِهِنَّ فُلُوْلٌ مِنْ قِرَاعِ الْكَتَائِبِ، ثُمَّ رَدَّهُ عَلَى عُرْوَةَ، قَالَ هِشَامٌ: فَأَقَمْنَاهُ بَيْنَنَا ثَلَاثَةَ آلَافٍ، وَأَخَذَهُ بَعْضُنَا، وَلَوَدِدْتُ أَنِّيْ كُنْتُ أَخَذْتُهُ.[راجع: ۳۷۲۱]

[۳۹۷۴-] حدثنا فَرْوَةُ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ: كَانَ سَيْفُ الزُّبَيْرِ مُحَلًّى بِفِضَّةٍ، قَالَ هِشَامٌ: وَكَانَ سَيْفُ عُرْوَةَ مُحَلًّى بِفِضَّةٍ.

حدیث: حضرت عروہؒ کہتے ہیں: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو تلوار کی تین چوٹیں لگی تھیں، ان میں سے ایک ان کے شانے پر تھی (یہ ہشام کے شاگرد معمر کی روایت ہے) عروہؒ کہتے ہیں: میں اپنی انگلیاں ان چوٹوں میں داخل کیا کرتا تھا، عروہؒ کہتے ہیں: دو چوٹیں بدر کے دن لگی تھیں اور ایک جنگِ یرموک میں، عروہ کہتے ہیں: مجھ سے عبداللہ بن الزبیرؓ کی شہادت کے بعد عبدالملک بن مروان نے پوچھا: عروہ! تم زبیرؓ کی تلوار کو پہچانتے ہو؟ میں نے کہا: ہاں، اس نے پوچھا: اس میں کیا (نشانی) ہے؟ میں نے کہا: اس میں دندانا ہے، جو جنگِ بدر میں پڑ گیا تھا، اس نے کہا: صحیح کہا، ان تلواروں میں دندانے پڑ گئے ہیں بڑے لشکروں سے ٹکرانے کی وجہ سے! پھر عبدالملک نے وہ تلوار عروہ کو دیدی، ہشام بن عروہ کہتے ہیں: پس ہم (ورثاء) نے آپس میں اس کی قیمت تین ہزار درہم لگائی، اور اس کو ہمارے بعض نے لیا (ہشام کے بھائی عثمان نے لیا تھا) اور میری تمنا تھی کہ میں اس کو لیتا۔

دوسری حدیث: حضرت عروہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی تلوار چاندی کا زیور پہنائی ہوئی تھی، اور ہشام کہتے ہیں: حضرت عروہؒ کی تلوار (بھی) چاندی کا زیور پہنائی ہوئی تھی۔

تشریح:

۱- یرموک شام کا ایک علاقہ ہے، وہاں مسلمانوں اور رومیوں میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں سن ۱۵ ہجری میں بڑی جنگ ہوئی ہے، جس میں چار ہزار مسلمان شہید ہوئے ہیں، اور ایک لاکھ سے زیادہ رومی مارے گئے ہیں، اور چالیس ہزار قید کئے گئے ہیں، اس جنگ میں ایک سو بدری صحابہ شریک تھے۔

۲- حجاج نے مکہ میں عبدالملک بن مروان کی حکومت کے زمانہ میں حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کو شہید کیا، پھر حجاج نے حضرت عبداللہؓ کی تمام چیزیں عبدالملک کے پاس بھیجیں، ان میں ان کی تلوار بھی تھی، پھر عروہؒ عبدالملک سے ملنے کے لئے شام گئے، اس وقت اس نے پوچھا: تم زبیرؓ کی تلوار کو پہچانتے ہو؟ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی یہ تلوار حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھی، اور الفَلُّ کے معنی ہیں: دندانا، جمع فُلُوْلٌ، فَلَّ السَّيْفُ: تلوار میں دندانے پڑ جانا، دھار خراب ہو جانا، اور نابغہ ذُبیانی کا مشہور شعر ہے:

وَلَاعَيْبَ فِيهِمْ غَيْرَ أَنَّ سُيُوْفَهُمْ ۞ بِهِنَّ فُلُوْلٌ مِنْ قِرَاعِ الْكَتَائِبِ

ترجمہ: ممدوح قبیلہ کے لوگوں میں کوئی عیب نہیں اس کے علاوہ کہ ان کی تلواروں میں لشکروں سے ٹکرانے کی وجہ سے

دندانے پڑ گئے ہیں، عبدالملک نے اس شعر کا دوسرا مصرع پڑھا ہے، جس میں حضرت زبیرؓ کی بہادری کی طرف اشارہ ہے۔

[٣٩٧٥-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالُوْا لِلزُّبَيْرِ يَوْمَ الْيَرْمُوْكِ: أَلَا تَشُدُّ فَنَشُدَّ مَعَكَ؟ فَقَالَ: إِنِّي إِنْ شَدَدْتُ كَذَّبْتُمْ، فَقَالُوْا: لَانَفْعَلُ، فَحَمَلَ عَلَيْهِمْ حَتَّى شَقَّ صُفُوْفَهُمْ، فَجَاوَزَهُمْ وَمَا مَعَهُ أَحَدٌ، ثُمَّ رَجَعَ مُقْبِلًا، فَأَخَذُوْا بِلِجَامِهِ، فَضَرَبُوْهُ ضَرْبَتَيْنِ عَلٰى عَاتِقِهِ، بَيْنَهُمَا ضَرْبَةٌ ضُرِبَهَا يَوْمَ بَدْرٍ، قَالَ عُرْوَةُ: كُنْتُ أُدْخِلُ أَصَابِعِيْ فِيْ تِلْكَ الضَّرَبَاتِ أَلْعَبُ وَأَنَا صَغِيْرٌ، قَالَ عُرْوَةُ: وَكَانَ مَعَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ يَوْمَئِذٍ وَهُوَ ابْنُ عَشْرِ سِنِيْنَ، فَحَمَلَهُ عَلٰى فَرَسٍ وَوَكَّلَ بِهِ رَجُلًا. [راجع: ٣٧٢١]

ترجمہ: حضرت عروہؒ بیان کرتے ہیں: جنگِ یرموک میں صحابہ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ حملہ نہیں کرتے کہ ہم آپ کے ساتھ حملہ کریں؟ حضرت زبیرؓ نے کہا: اگر میں حملہ کروں گا تو تم جھٹلاؤ گے، یعنی میرا ساتھ نہیں دو گے، صحابہ نے کہا: ہم ایسا نہیں کریں گے، پس حضرت زبیرؓ نے رومیوں پر حملہ کیا، یہاں تک کہ ان کی صفیں چیر کر ان سے آگے نکل گئے جب کہ آپ کے ساتھ کوئی نہیں تھا، پھر واپس لوٹے تو رومیوں نے آپ کے گھوڑے کی لگام پکڑ لی اور ان کے شانے پر دو چوٹیں ماریں، ان کے درمیان وہ چوٹ تھی جو آپ کو جنگِ بدر میں ماری گئی تھی (یہ ابن المبارکؒ کی روایت ہے) عروہؒ کہتے ہیں: میں ان چوٹوں میں اپنی انگلیاں داخل کر کے کھیلا کرتا تھا، جبکہ میں بچہ تھا۔ عروہ کہتے ہیں: جنگِ یرموک میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ عبداللہ بن الزبیرؓ بھی تھے، اس وقت ان کی عمر دس سال تھی (کسر چھوڑ دی، عمر بارہ سال تھی) حضرت زبیرؓ نے ان کو ایک گھوڑے پر بٹھایا اور ان کو ایک آدمی کے سپرد کیا (تاکہ وہ ان کو روکے رہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ ابا کے ساتھ دشمن پر حملہ کر دیں)

تشریح: اس روایت میں اور گذشتہ روایت میں تعارض ہے، گذشتہ روایت میں تھا کہ دو چوٹیں بدر میں لگی تھیں، اور ایک چوٹ یرموک میں اور اس روایت میں ہے کہ شانے پر دو چوٹیں یرموک میں لگی تھیں، اور ایک چوٹ بدر میں، اس تعارض کا حل حاشیہ میں فتح الباری کے حوالہ سے ہے کہ پہلی روایت معمر کی ہے اور معمر کی ہشام سے روایت میں کلام ہے اور یہ ابن المبارکؒ کی روایت ہے اور وہ مضبوط راوی ہیں، اس لئے یہ صحیح ہے، علاوہ ازیں حاشیہ میں اور بھی حل ہیں۔

٥- نبی ﷺ کا صنادید قریش کی لاشوں سے خطاب

معرکہ بدر مشرکین کی شکست فاش اور مسلمانوں کی فتح مبین پر ختم ہوا، اس میں چودہ مسلمان شہید ہوئے، چھ مہاجرین اور آٹھ انصار، اور مشرکین کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا، ان کے ستر آدمی مارے گئے اور ستر قید ہو گئے، ان میں سے اکثر قائد، سردار اور سربرآوردہ لوگ تھے۔

جنگ کے خاتمہ کے بعد نبی ﷺ نے مقتولین کے پاس کھڑے ہوکر فرمایا: ''تم لوگ اپنے نبی کے لئے بڑا کنبہ اور قبیلہ تھے، مگر تم نے مجھے جھٹلایا، جب کہ اوروں نے میری تصدیق کی، تم نے مجھے بے یارومددگار چھوڑ دیا، جب کہ دوسروں نے میری تائید کی، تم نے مجھے مکہ سے نکال دیا جب کہ اوروں نے مجھے پناہ دی'' اس کے بعد آپؐ نے حکم دیا اور انہیں گھسیٹ کر بدر کے ایک کنویں میں ڈال دیا گیا۔ باب میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ کے حکم سے بدر کے دن قریش کے چوبیس بڑے سرداروں کی لاشیں ایک گندے خبیث کنویں میں پھینک دی گئیں، آپؐ کا دستور تھا کہ آپؐ جب کسی قوم پر فتح یاب ہوتے تو تین دن میدان جنگ میں قیام فرماتے، چنانچہ جب بدر میں تیسرا دن آیا تو آپؐ کے حکم سے آپؐ کی سواری پر کجاوہ کسا گیا، اور آپؐ چلے، صحابہ بھی ساتھ چلے، یہاں تک کہ آپؐ کنویں پر پہنچے، اور لاشوں کو نام بہ نام پکار کر کہا: کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ تم نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی؟ ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا تھا اس کو ہم نے برحق پایا، پس کیا تم سے تمہارے رب نے جو وعدہ کیا تھا اسے تم نے برحق پایا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ کیا بات کرتے ہیں ایسے جسموں سے جن میں روح نہیں ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! میں جو کچھ کہہ رہا ہوں تم لوگ اس کو ان لوگوں سے زیادہ نہیں سن رہے ہو، اور ایک روایت میں ہے کہ تم لوگ ان سے زیادہ سننے والے نہیں ہو، مگر یہ لوگ جواب نہیں دے سکتے۔

[٣٩٧٦-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، سَمِعَ رَوْحَ بْنَ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: ذَكَرَ لَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ أَبِیْ طَلْحَةَ، أَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَمَرَ یَوْمَ بَدْرٍ بِأَرْبَعَةٍ وَعِشْرِیْنَ رَجُلًا مِنْ صَنَادِیْدِ قُرَیْشٍ، فَقُذِفُوْا فِیْ طَوِیٍّ مِنْ أَطْوَاءِ بَدْرٍ خَبِیْثٍ مُخْبِثٍ، وَكَانَ إِذَا ظَهَرَ عَلٰی قَوْمٍ أَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلَاثَ لَیَالٍ، فَلَمَّا كَانَ بِبَدْرٍ الْیَوْمُ الثَّالِثُ، أَمَرَ بِرَاحِلَتِهِ، فَشُدَّ عَلَیْهَا رَحْلُهَا، ثُمَّ مَشٰی وَاتَّبَعَهُ أَصْحَابُهُ، وَقَالُوْا: مَا نُرٰی یَنْطَلِقُ إِلَّا لِبَعْضِ حَاجَتِهِ، حَتّٰی قَامَ عَلٰی شَفَةِ الرَّكِیِّ، فَجَعَلَ یُنَادِیْهِمْ بِأَسْمَائِهِمْ وَأَسْمَاءِ آبَائِهِمْ:'' یَافُلَانُ بْنَ فُلَانٍ، وَیَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ، أَیَسُرُّكُمْ أَنَّكُمْ أَطَعْتُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ؟ فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا، فَهَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟'' قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا تُكَلِّمُ مِنْ أَجْسَادٍ لَا أَرْوَاحَ لَهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:'' وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهِ! مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُوْلُ مِنْهُمْ'' قَالَ قَتَادَةُ: أَحْیَاهُمُ اللّٰهُ حَتّٰی أَسْمَعَهُمْ قَوْلَهُ تَوْبِیْخًا وَتَصْغِیْرًا وَنِقْمَةً وَحَسْرَةً وَنَدَمًا. [راجع: ٣٠٦٥]

لغات: صَنادید: صِنْدِیْد بروزن عفریت کی جمع، جس کے معنی ہیں: بہادر سردار .... الطَّوِیُّ وَالْمَطْوِیُّ: مندار کنواں، وہ کنواں جس کا پکا کنارہ بنا ہوا ہو، جمع أَطْواء ...... خَبِیْث: طَیِّب کی ضد: گندہ .... مُخْبِث: خبیث میں مبالغہ:

نہایت گندہ جس نے اپنے اندر گندگی کو لے رکھا ہو............عَرصة: میدان..........ثُمَّ مَشَى: پھر آپ اونٹ پر سوار ہوکر چلے..........الرَّكِيُّ: کچا کنواں جس کی من نہ ہو، پہلے اس کو طَوِيٌّ کہا تھا یعنی من دار کنواں، اب رَكِيٌّ کہا یعنی کچا کنواں، اصل یہ ہے کہ اس کی پکی من بنی ہوئی تھی، مگر عرصہ گذر جانے کی وجہ سے وہ من باقی نہیں رہی تھی اور کچے کنویں جیسا ہوگیا تھا ....حدیث کے آخر میں قتادہ رحمہ اللہ کا قول ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے زندہ کیا، یہاں تک کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی بات سنائی، جھڑکی کے طور پر، ذلیل کرنے کے طور پر، سزا کے طور پر، پچھتاوے کے طور پر، اور پشیمانی کے طور پر، اس قول کا تعلق سماع موتی کے مسئلہ سے ہے۔

سماعِ موتی کا مسئلہ:

سماع موتی کے مسئلہ میں صحابہ رضی اللہ عنہم کے عہد سے اختلاف چلا آرہا ہے، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سماع کے قائل تھے اور ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نفی کرتی تھیں، جو حضرات سماع کے قائل تھے ان کی دلیل سورۂ آلِ عمران کی آیات ۱۶۹ و ۱۷۰ تھیں، ان میں ہے کہ شہداء حیات ہیں اور ہر زندہ سنتا ہے اور بخاری شریف کی حدیث میں ہے کہ جب لوگ مردہ کو دفن کر کے لوٹتے ہیں تو مردہ لوٹنے والوں کی چپلوں کی آواز سنتا ہے (بخاری ۱: ۱۷۸ کتاب الجنائز) اور جنگِ بدر کے موقع پر نبی ﷺ نے چوبیس کفار کی لاشوں کو ایک گندے کنویں میں ڈلوایا تھا پھر ان سے خطاب فرمایا تھا (بخاری ۱: ۱۸۳ کتاب الجنائز) اور قبرستان جانے پر مردوں کو سلام کرنے کا حکم ہے (ترمذی ۱: ۲۰۳ أبواب الجنائز) یہ سب روایات سماع موتی پر دال ہیں، اور جو لوگ سماع کا انکار کرتے ہیں، ان کی دلیل ﴿إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمُوْتٰى﴾ اور ﴿ وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِيْ الْقُبُوْرِ ﴾ ہے، اور حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہ نے دونوں فریق کے دلائل کو جمع کیا ہے، فرمایا: اسماع (سنانا) تو ممکن نہیں البتہ سماع (سننا) ممکن ہے، حضرت قدس سرہ نے جمالِ قاسمی میں اس مسئلہ پر بحث کی ہے، وہاں پہلی بات یہ فرمائی ہے کہ یہ امر قدیم سے مختلف فیہ ہے اور دوسری بات یہ کہی ہے کہ یہ مسئلہ ضروریات دین اور عقائد ضروریہ میں سے نہیں ہے، پس اس کی قرار واقعی تنقیح تو موت کے بعد ہی ہوگی اگر مرنے کے بعد ہم نے دوسروں کا سلام و پیام سن لیا تو سماع ثابت، اور نہیں سنا تو عدم سماع متحقق! اور تیسری بات یہ لکھی ہے کہ دونوں جانب اکابر ہیں اس لئے بالکل ایک طرف کا ہوکر نہیں رہنا چاہئے، اہل اسلام کے لئے ضروری ہے کہ ایسے مسائل میں خواہ مخواہ ایسے پکے ہوکر نہ بیٹھ جائیں کہ دوسری طرف کو بالکل باطل سمجھ لیں۔ پھر فرمایا کہ سمع اموات حد اسماع سے تو پرے ہے یعنی مردوں کو سنانا تو ممکن نہیں، مگر استماع اموات ممکن ہے چنانچہ قرآن میں ﴿إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمُوْتٰى﴾ آیا ہے، یعنی اسماع کی نفی کی ہے اور نبی ﷺ نے اس کے باوجود اہل قبور کا سلام مسنون کیا ہے، اگر استماع ممکن نہ ہوتا تو سلام اہل قبور ملحدوں کی زبان درازی کے لئے کافی تھا، پھر اس کی تفصیل کی ہے کہ اسماع ممکن نہیں ہے تو سماع

کیسے ممکن ہے؟ اس کو جمالِ قاسمی میں دیکھنا چاہئے۔

قریش نے اللہ کی نعمت کا انکار کیا اور اپنی قوم کو جہنم میں پہنچادیا

سورہ ابراہیم آیات ۲۸و۲۹ ہیں: ''کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنھوں نے نعمتِ الٰہی کو کفر سے بدل لیا (اس سے کفار مکہ مراد ہیں) اور جنھوں نے اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر میں پہنچادیا، وہ اس میں داخل ہونگے اور وہ رہنے کی بری جگہ ہے'' (اس میں اشارہ ہے کہ ان کا جہنم میں داخل ہونا ہمیشہ کے لئے ہوا)

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے آیت کریمہ کی یہی تفسیر مروی ہے، انھوں نے فرمایا کہ آیت کا مصداق بخدا کفارِ قریش ہیں اور عمرو بن دینار رحمہ اللہ نے مزید وضاحت کی کہ آیت کا مصداق کفار قریش ہیں، اور اللہ کی نعمت سے مراد نبی ﷺ ہیں اور ہلاکت کا گھر دوزخ ہے، صنادید قریش نے جنگِ بدر میں اپنی قوم کو جہنم میں پہنچادیا۔

[۳۹۷۷-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا﴾ قَالَ: هُمْ وَاللّٰهِ كُفَّارُ قُرَيْشٍ، قَالَ عَمْرٌو: هُمْ قُرَيْشٌ، وَمُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم نِعْمَةُ اللّٰهِ ﴿وَأَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ﴾ قَالَ: النَّارَ يَوْمَ بَدْرٍ. [انظر: ٤٧٠٠]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا کا مصداق بخدا کفارِ قریش ہیں، عمرو بن دینارؒ نے مزید وضاحت کی کہ الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا کا مصداق قریش ہیں اور نِعْمَةُ اللّٰه کا مصداق محمد ﷺ ہیں، اور دَارَ الْبَوَار کا مصداق دوزخ ہے اور أَحَلُّوْا (اتارا انھوں نے) جنگِ بدر کے موقع پر ہوا۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ نے حضرت ابن عمرؓ کی دو حدیثوں کی وضاحت کی

پہلی حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مرفوع روایت ہے: الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ فِيْ قَبْرِهِ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ: میت اپنی قبر میں سزا دی جاتی ہے اس کے گھر والوں کے رونے کی وجہ سے، صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا تھا، بلکہ فرمایا تھا: میت یقیناً سزا دی جاتی ہے اپنی کوتاہی اور اپنے گناہ کی وجہ سے درانحالیکہ اس کے گھر والے اس کو رو رہے ہیں، یعنی ایسے برے کو کیا رونا، جس پر قبر میں عذاب ہو رہا ہے۔

دوسری حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی ﷺ بدر کے کنویں پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: هَلْ وَجَدْتُمْ مَاوَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ کیا تم نے اپنے پروردگار کے وعدہ کو برحق پایا؟ پھر فرمایا: إِنَّهُمُ الآنَ يَسْمَعُوْنَ مَا أَقُوْلُ لَهُمْ: وہ فی الحال سن رہے ہیں وہ باتیں جو میں ان سے کہہ رہا ہوں، صدیقہؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے يَسْمَعُوْنَ نہیں فرمایا تھا، بلکہ يَعْلَمُوْنَ فرمایا تھا، آپؐ نے فرمایا: إِنَّهُمُ الآنَ لَيَعْلَمُوْنَ أَنَّ الَّذِيْ كُنْتُ أَقُوْلُ لَهُمْ هُوَ الْحَقُّ: وہ فی الحال جانتے ہیں کہ جو

بات میں ان سے کہا کرتا تھا وہ برحق تھا، پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سورۃ النمل کی آیت ۸۰ اور سورۃ الفاطر کی آیت ۸۲ پڑھیں: ﴿إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى﴾: بیشک آپؐ مردوں کو نہیں سنا سکتے، پھر سورۃ الفاطر کی آیت ۲۲ پڑھی۔

[٣٩٧٨-] حَدَّثَنِیْ عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: ذُكِرَ عِنْدَ عَائِشَةَ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَفَعَ إِلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ فِی قَبْرِهِ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ" فَقَالَتْ: إِنَّمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّـهُ لَيُعَذَّبُ بِخَطِيْئَتِهِ وَذَنْبِهِ وَإِنَّ أَهْلَهُ لَيَبْكُوْنَ عَلَيْهِ الآنَ"[راجع: ١٢٨٨]

[٣٩٧٩-] قَالَتْ: وَذٰلِكَ مِثْلُ قَوْلِهِ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ عَلَى الْقَلِيْبِ، وَفِيْهِ قَتْلٰى بَدْرٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ لَهُمْ مَا قَالَ:" إِنَّهُمْ لَيَسْمَعُوْنَ مَا أَقُوْلُ" وَإِنَّمَا قَالَ:" إِنَّهُمُ الآنَ لَيَعْلَمُوْنَ أَنَّ مَا كُنْتُ أَقُوْلُ لَهُمْ حَقٌّ" ثُمَّ قَرَأَتْ ﴿إِنَّكَ لَاتُسْمِعُ الْمَوْتٰى﴾[النمل: ٨٠ الروم ٥٢] ﴿وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ﴾[فاطر: ٢٢] يَقُوْلُ: حِيْنَ تَبَوَّؤُا مَقَاعِدَهُمْ مِنَ النَّارِ.[راجع: ١٣٧١]

[٣٩٨٠-] حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: وَقَفَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى قَلِيْبِ بَدْرٍ، فَقَالَ:" هَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟" ثُمَّ قَالَ:" إِنَّهُمُ الآنَ يَسْمَعُوْنَ مَا أَقُوْلُ لَهُمْ"

[٣٩٨١-] فَذُكِرَ لِعَائِشَةَ، فَقَالَتْ: إِنَّمَا قَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّهُمُ الآنَ لَيَعْلَمُوْنَ أَنَّ الَّذِیْ كُنْتُ أَقُوْلُ لَهُمْ هُوَ الْحَقُّ" ثُمَّ قَرَأَتْ﴿ إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى﴾ حَتّٰى قَرَأَتِ الآيَةَ.

[راجع: ١٣٧٠، ١٣٧١]

وضاحت: پہلی دونوں حدیثوں میں ایک ہی مضمون ہے، حوالہ دینے کے لئے ایک حدیث کو دو حدیثیں بنایا ہے اور ترجمہ واضح ہے اوپر کی تقریر سے سمجھ میں آجائے گا............**قولہ: قالت: وذلك مثلُ قولہ**: صدیقہؓ نے فرمایا: ابن عمرؓ کی یہ بات ان کی دوسری بات کی طرح ہے یعنی جس طرح عذابِ قبر کے مسئلہ میں ابن عمرؓ کی روایت میں مضمون بدل گیا ہے اسی طرح ان کی اس حدیث میں بھی مضمون بدل گیا ہے............**قولہ: يَقُوْلُ: حِيْنَ تَبَوَّؤُا مَقَاعِدَهُمْ مِنَ النَّارِ**: یہ حضرت عروہ رحمہ اللہ کا قول ہے اور بعض نسخوں میں تَقُوْلُ ہے، پس یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے اور یہ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ کی شرح ہے، یعنی جب مشرکین قریش نے دوزخ میں اپنے ٹھکانے پکڑ لئے اور اپنی نشست گاہوں پر بیٹھ گئے یعنی قبروں میں پہنچ گئے تو اب آپؐ ان کو اپنی بات نہیں سنا سکتے............**قولہ: حَتّٰى قَرَأَتِ الآيَةَ**: یعنی صدیقہؓ نے سورۃ الفاطر کی آیت ۲۲ بھی پڑھی۔

بَابُ فَضْلِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا

بدری صحابہ کی فضیلت

اس باب میں دوحدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی پھوپھی ربیع بنت النضرؓ جوحضرت حارثہ بن سُراقہ کی ماں ہیں بدر کی جنگ کے بعد نبی ﷺ کی خدمت میں آئیں اور کہا: اے اللہ کے نبی! مجھے حارثہ کا حال بتلایئے، حارثہ رضی اللہ عنہ بدر کی جنگ میں چشمہ پر پانی بھر رہے تھے کہ انجانا تیر آیا اور ان کے گلے میں لگا، جس سے وہ شہید ہوگئے، ان کی ماں نے کہا: اگر وہ جنت میں ہے تو میں صبر کروں گی ورنہ میں رورو کر خود کو ہلکان کرلوں گی، نبی ﷺ نے فرمایا: حارثہ کی ماں! جنت کوئی ایک باغ تھوڑے ہے، جنت تو بہت سے باغات کا مجموعہ ہے اور تیرا لڑکا فردوس اعلی (بہشت بریں) میں ہے (یہی فضیلت یعنی جنت کے سب سے اعلی درجہ میں ہونا ہر بدری صحابی کی فضیلت ہے)

دوسری حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے اور ابو مرثدؓ اور زبیرؓ کو نبی ﷺ نے بھیجا اور ہم سب گھڑ سوار تھے، فرمایا: جاؤ، یہاں تک کہ روضہ خاخ پر پہنچو وہاں ایک غیر مسلم عورت ہے اس کے پاس مشرکین کے نام حاطبؓ کا خط ہے، پس پایا ہم نے اس عورت کو چل رہی تھی وہ اپنے اونٹ پر اسی جگہ جس کی نبی ﷺ نے نشاندہی کی تھی، ہم نے کہا: خط لا، اس نے کہا: ہمارے پاس کوئی خط نہیں، ہم نے اس کا اونٹ بٹھایا اور تلاشی لی، ہمیں کوئی خط نہیں ملا، ہم نے کہا: اللہ کے رسول ﷺ نے جھوٹ نہیں کہا، ضرور خط نکال یا ہم تیرے کپڑے اتاریں گے، پس جب اس نے سنجیدگی دیکھی تو اس نے اپنی کمر کا ارادہ کیا اور وہ چادر سے کمر باندھے ہوئے تھی، پس اس نے خط نکالا، ہم اس کو لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے رسول! حاطبؓ نے اللہ، اس کے رسول اور مؤمنین کے ساتھ خیانت کی ہے، پس مجھے اجازت دیجئے میں اس کی گردن ماردوں، نبی ﷺ نے حضرت حاطب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کس چیز نے ابھارا تجھے اس کام پر، جو تو نے کیا؟ حضرت حاطب رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: بخدا! نہیں ہے میرے پاس یہ بات کہ میں ایمان نہیں رکھتا اللہ اور اس کے رسول پر (بلکہ) چاہا میں نے کہ ہو میرے لئے قوم کے پاس احسان، ہٹائیں اللہ تعالیٰ اس احسان کے ذریعہ میرے گھر والوں سے اور میرے مال سے، اور آپؐ کے صحابہ میں سے کوئی نہیں، مگر اس کے لئے وہاں (مکہ میں) اس کے خاندان والے ہیں، جن کے ذریعہ اللہ تعالیٰ ہٹائیں گے اس کے گھر والوں سے اور اس کے مال سے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: حاطبؓ نے سچ کہا، اور تم ان کے حق میں خیر کے علاوہ کوئی بات نہ کہو، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (دوبارہ) عرض کیا: حاطبؓ نے اللہ، اس کے رسول اور مؤمنین کے ساتھ یقیناً خیانت کی ہے، پس مجھے اجازت دیجئے میں اس کی گردن ماردوں، نبی ﷺ نے فرمایا: کیا وہ بدری صحابی نہیں؟ پھر فرمایا: شاید اللہ تعالیٰ بدریوں کے احوال

سے واقف ہو گئے جو فرمایا کہ تم جو چاہو کرو یقیناً تمہارے لئے جنت ثابت ہو گئی، یا فرمایا: یقیناً میں نے تمہاری بخشش کردی، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آنکھیں ڈبڈبا گئیں اور انھوں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں!

[۹-] بَابُ فَضْلِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا

[۳۹۸۲-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُوْلُ: أُصِيْبَ حَارِثَةُ يَوْمَ بَدْرٍ وَهُوَ غُلَامٌ، فَجَاءَ تْ أُمُّهُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ عَرَفْتَ مَنْزِلَةَ حَارِثَةَ مِنِّيْ، فَإِنْ يَكُ فِي الْجَنَّةِ أَصْبِرُ وَأَحْتَسِبُ، وَإِنْ تَكُ الْأُخْرٰى تَرَى مَا أَصْنَعُ؟ فَقَالَ:" وَيْحَكِ! أَوْ: هُبِلْتِ! أَوَجَنَّةٌ وَاحِدَةٌ هِيَ؟ إِنَّهَا جِنَانٌ كَثِيْرَةٌ، وَإِنَّهُ فِيْ جَنَّةِ الْفِرْدُوْسِ"[راجع: ۲۸۰۹]

[۳۹۸۳-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيْسَ، قَالَ: سَمِعْتُ حُصَيْنَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبَا مَرْثَدٍ وَالزُّبَيْرَ وَكُلُّنَا فَارِسٌ، قَالَ: انْطَلِقُوْا حَتّٰى تَأْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ، فَإِنَّ بِهَا امْرَأَةً مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ مَعَهَا كِتَابٌ مِنْ حَاطِبٍ إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ، فَأَدْرَكْنَاهَا تَسِيْرُ عَلٰى بَعِيْرٍ لَهَا حَيْثُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْنَا: الْكِتَابَ، فَقَالَتْ: مَامَعَنَا كِتَابٌ، فَأَنَخْنَاهَا فَالْتَمَسْنَا فَلَمْ نَرَ كِتَابًا، فَقُلْنَا: مَا كَذَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، لَتُخْرِجَنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَنُجَرِّدَنَّكِ، فَلَمَّا رَأَتِ الْجِدَّ أَهْوَتْ إِلٰى حُجْزَتِهَا، وَهِيَ مُحْتَجِزَةٌ بِكِسَاءٍ، فَأَخْرَجَتْهُ، فَانْطَلَقْنَا بِهَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ خَانَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالْمُؤْمِنِيْنَ فَدَعْنِيْ فَلْأَضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا صَنَعْتَ؟" قَالَ حَاطِبٌ: وَاللّٰهِ مَا بِيْ أَنْ لَا أَكُوْنَ مُؤْمِنًا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، أَرَدْتُ أَنْ يَكُوْنَ لِيْ عِنْدَ الْقَوْمِ يَدٌ يَدْفَعُ اللّٰهُ بِهَا عَنْ أَهْلِيْ وَمَالِيْ، وَلَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِكَ إِلَّا لَهُ هُنَاكَ مِنْ عَشِيْرَتِهِ مَنْ يَدْفَعُ اللّٰهُ بِهِ عَنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "صَدَقَ! وَلَا تَقُوْلُوْا لَهُ إِلَّا خَيْرًا" فَقَالَ عُمَرُ: إِنَّهُ قَدْ خَانَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالْمُؤْمِنِيْنَ فَدَعْنِيْ فَلْأَضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَالَ: "أَلَيْسَ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ: لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰى أَهْلِ بَدْرٍ؟ فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ وَجَبَتْ لَكُمُ الْجَنَّةُ، أَوْ: فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ" فَدَمَعَتْ عَيْنَا عُمَرَ وَقَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ![راجع: ۳۰۰۷]

لغات: وَيْحَكِ: بہت خوب! وَيْحٌ: کلمۂ ترحم ودردمندی.......... یا فرمایا: هُبِلْتِ: تیری عقل ماری گئی ہے! تجھے کیا ہو گیا! هَبِلَ (س) هَبَلاً: بے عقل و بے شعور ہونا، هُبِلْت: فعل مجہول ہے۔

دوسری حدیث پہلے (حدیث ۳۰۰۵) آئی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرات علی، زبیر اور مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہم کو بھیجا اور یہاں بجائے حضرت مقدادؓ کے ابومرثد غنویؓ کا نام ہے: یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ چاروں کو بھیجا ہو............ حُجْزَة: کمر بند باندھنے کی جگہ، مُحْتَجِزَة: کمر باندھے ہوئے، احْتَزَجَ الرَّجُلُ بِإِزَارِهِ: آدمی نے کمر میں اپنی لنگی باندھی............ اور پہلے آیا تھا کہ جاسوس عورت نے خط اپنی چوٹی سے نکالا تھا، اور دونوں کو اس طرح جمع کیا گیا ہے کہ اس نے چوٹی میں خط رکھ کر کمر بند کے نیچے گھسایا تھا۔

بَابٌ

بدر کے کچھ واقعات اور بدری صحابی کا تذکرہ

۱- جب دشمن نزدیک آجائے تب تیر چلائیں تاکہ تیر ضائع نہ ہوں

حدیث: بدر کے دن نبی ﷺ نے فوج کو ہدایت دی کہ جب دشمن قریب آجائے تب تیر چلائیں، اور اپنے تیروں کو باقی رکھیں۔

تشریح: أَكْثَبَ الشيئُ: قریب ہونا، أَكْثَبُوْكُمْ: وہ تم سے قریب آجائیں، دوسری حدیث میں کسی راوی نے كَثَرُوْكُمْ تفسیر کی ہے، كَثَرَهُ (ن) كَثْرًا: تعداد بڑھ جانا، جب لوگ قریب آئیں گے تو اکھٹا ہونگے اور تعداد بڑھ جائے گی، یہ کسی راوی نے أَكْثَبَ کی تفسیر کی ہے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ معنی اہل لغت نہیں جانتے اور ابوداؤد میں غَشُوْكُمْ ہے یعنی تم پر چھاجائیں، یہی تفسیر صحیح ہے، اور حدیث کے دونوں جملوں میں ربط ہے، دشمن دور ہو اور تیر چلایا جائے تو تیر ضائع ہوسکتا ہے اور دشمن قریب آجائے اور وہ اکھٹے ہوجائیں تو ان شاء اللہ کوئی تیر ضائع نہیں ہوگا، اس لئے فرمایا کہ اپنے تیروں کو باقی رکھنا ضائع مت کرنا، جب دشمن نزدیک آجائے تبھی تیر چلانا۔

[۱۰-] بَابٌ

[۳۹۸۴-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْغَسِيْلِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ أَبِیْ أُسَيْدٍ، وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ أَبِیْ أُسَيْدٍ، عَنْ أَبِیْ أُسَيْدٍ، قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ بَدْرٍ: "إِذَا أَكْثَبُوْكُمْ فَارْمُوْهُمْ، وَاسْتَبْقُوْا نَبْلَكُمْ"

[راجع: ۲۹۰۰]

[۳۹۸۵-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْغَسِيْلِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ أَبِیْ أُسَيْدٍ، وَالْمُنْذِرِ بْنِ أَبِیْ أُسَيْدٍ، عَنْ أَبِیْ أُسَيْدٍ، قَالَ: قَالَ لَنَا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَوْمَ بَدْرٍ: إِذَا أَكْثَبُوْكُمْ یَعْنِیْ: كَثَرُوْكُمْ، فَارْمُوْهُمْ وَاسْتَبْقُوْا نَبْلَكُمْ" [راجع: ۲۹۰۰]

۲- جنگِ احد میں ابوسفیان نے اعلان کیا کہ یہ بدر کے دن کا بدلہ ہے

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے جنگِ احد میں تیر اندازوں پر حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا، پس دشمن نے ہمارے ستر آدمی شہید کئے اور نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہ نے جنگِ بدر میں مشرکین کے ایک سو چالیس آدمی پائے تھے، ستر کو قید کیا تھا اور ستر کو قتل کیا تھا، پس ابوسفیان نے جو مشرکین کا کمانڈر انچیف تھا ختم جنگ پر کہا: آج کا دن بدر کے دن کا بدلہ ہے (یہاں باب ہے) اور جنگ کنویں کا ڈول ہے یعنی بدر کی کامیابی پر غرّانا نہیں! دیکھو آج ہم کامیاب ہوگئے، جنگ کنویں کا ڈول ہوتی ہے، وہ حق و باطل کی بنیاد نہیں ہوتی۔

[۳۹۸۶-] حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَیْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ ابْنَ عَازِبٍ، قَالَ: جَعَلَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم عَلَى الرُّمَاةِ یَوْمَ أُحُدٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جُبَیْرٍ، فَأَصَابُوْا مِنَّا سَبْعِیْنَ، وَكَانَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم وَأَصْحَابُهُ أَصَابَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ یَوْمَ بَدْرٍ أَرْبَعِیْنَ وَمِائَةً، سَبْعِیْنَ أَسِیْرًا وَسَبْعِیْنَ قَتِیْلًا، قَالَ أَبُوْ سُفْیَانَ: یَوْمٌ بِیَوْمِ بَدْرٍ، وَالْحَرْبُ سِجَالٌ. [راجع: ۳۰۳۹]

۳- سچا عہد کرنے والے صحابہ کو ان کے سچ کا صلہ بدر کے بعد احد میں ملا

سورۃ الاحزاب آیت ۲۳ ہے: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَیْهِ، فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ یَنْتَظِرُ، وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِیْلًا﴾: مؤمنین میں سے کچھ مرد ایسے ہیں کہ انھوں نے جس بات کا اللہ سے عہد کیا تھا اس میں وہ سچے اترے، پھر بعضے تو ان میں سے وہ ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے، اور بعضے ان میں مشتاق ہیں اور انھوں نے ذرا تغیر وتبدل نہیں کیا۔

تفسیر: صحابہ کی دو قسمیں تھیں، بعض نے تو عہد ہی نہیں کیا تھا، وہ بلا عہد ہی ثابت قدم رہے اور بعض نے عہد کیا تھا، جیسے حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی، یہ حضرات غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہوسکے تھے ان کو اس کا افسوس تھا اور انھوں نے عہد کیا تھا کہ اب اگر کوئی موقع آئے گا تو اس میں ان کی جان توڑ کوششیں دیکھ لی جائیں گی، وہ منہ نہیں موڑیں گے اگرچہ مارے جائیں، پس بدر میں جو شہید ہوئے اور جو زندہ رہے، سب اس آیت کا مصداق ہیں، پھر جنگِ احد میں جو حضرات شہید ہوئے اور جو حضرات زندہ رہے وہ سب بھی اس آیت کا مصداق ہیں۔

اور حدیث بخاری شریف میں پانچ جگہ آئی ہے، پہلے بھی (حدیث ۳۶۲۲) گذری ہے اور آگے تین جگہ آئے گی، مگر سب

جگہ مختصر ہے، تفصیل سے حدیث مسلم شریف (حدیث ۲۲۷۲) میں ہے، نبی ﷺ نے جنگِ احد سے پہلے ایک خواب دیکھا، اس میں چار منظر تھے: (۱) آپؐ کے ہاتھ میں ذوالفقار تلوار تھی آپؐ نے اس کو ہلایا تو اس کا اگلا حصہ ٹوٹ گیا، نبی ﷺ کو خواب میں یہ بات ناگوار معلوم ہوئی۔ (۲) پھر آپؐ سے کہا گیا: یارسول اللہ! دوبارہ تلوار ہلائیں، پس وہ پہلے سے اچھی ہو گئی۔ (۳) آپؐ نے اسی خواب میں ایک گائے دیکھی جو ذبح کی جارہی تھی۔ (۴) اس وقت زبان مبارک سے واللّٰہ خیر نکلا یعنی اللہ بہتر ہیں۔

تعبیر: پہلے منظر کی تعبیر وہ شکست تھی جو جنگِ احد کے شروع میں پیش آئی، اور دوسرے منظر کی تعبیر وہ کامیابی تھی جو بعد میں حاصل ہوئی، مسلمان میدان سے منتشر ہو گئے، پھر اکٹھا ہو گئے، اور جم کر لڑے، اللہ تعالیٰ نے کامیابی عطا فرمائی، اور تیسرے منظر کی تعبیر وہ ستر صحابہ تھے، جو غزوۂ احد میں شہید ہوئے، اس وقت زبانِ مبارک سے واللّٰہ خیر نکلا، اس کی تعبیر وہ بھلائی تھی جس سے اللہ تعالیٰ نے جنگِ احد میں ہمکنار کیا، یعنی سچ کا صلہ تھا جو جنگِ بدر کے بعد اللہ تعالیٰ نے صحابہ کو جنگِ احد میں عطا فرمایا۔

[۳۹۸۷-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ جَدِّهِ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى، أَرَاهُ عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " وَإِذَا الْخَيْرُ مَاجَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْخَيْرِ بَعْدُ، وَثَوَابُ الصِّدْقِ الَّذِیْ آتَانَا اللّٰهُ بَعْدَ يَوْمِ بَدْرٍ "[راجع: ۳۶۲۲]

ترجمہ: ابو بردہ اپنے والد حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، ان کے پوتے بُرید کہتے ہیں: میرے گمان میں یہ حدیث مرفوع ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اور اچانک خیر وہ بھلائی ہے جس کو اللہ تعالیٰ لائے جنگِ بدر کے بعد اور سچ کا صلہ وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے بدر کی جنگ کے بعد ہمیں عطا فرمایا (اس حدیث میں صرف چوتھے منظر کی تعبیر ہے)

۴-غزوۂ بدر میں دو جوانوں کا کارنامہ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں جنگِ بدر کے دن صف میں کھڑا تھا، اچانک مڑا تو میری دائیں جانب اور میری بائیں جانب دو نوعمر لڑکے تھے، میں گویا ان کی موجودگی سے مطمئن نہیں ہوا، یعنی سوچا کہ آڑے وقت یہ دونوں میری کیا مدد کریں گے؟ پس اچانک ایک نے اپنے ساتھی سے چھپا کر مجھ سے کہا: چچا جان! مجھے ابو جہل کو دکھلا دیجئے، میں نے کہا: بھتیجے! تم اس کا کیا کرو گے؟ اس نے کہا: میں نے اللہ سے عہد کیا ہے کہ اگر میں نے اس کو دیکھ لیا تو اس کو قتل کردوں گا یا اس سے پہلے مر جاؤں گا، پھر مجھ سے دوسرے نے اپنے ساتھی سے چھپا کر یہی بات کہی، پس مجھے خوشی نہیں رہی کہ ان دونوں کے علاوہ دو آدمیوں کے درمیان ہوتا (پھر میں نے دیکھا کہ ابو جہل لوگوں کے درمیان چکر لگا رہا ہے) میں نے دونوں کو اس کی طرف اشارہ کیا (کہ تم دونوں کا شکار جس کے بارے میں تم پوچھ رہے تھے وہ رہا) پس دونوں

نے اس پر حملہ کیا دو بازوں کی طرح یہاں تک کہ دونوں نے اس کو مار گرایا، اور وہ دونوں عفراءؓ کے دولڑکے (معاذ اور معوذ رضی اللہ عنہما) تھے، (یہ واقعہ تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۲۷ میں) گذر چکا ہے)

[۳۹۸۸-] حَدَّثَنِیْ یَعْقُوْبُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ: إِنِّیْ لَفِی الصَّفِّ یَوْمَ بَدْرٍ، إِذْ الْتَفَتُّ فَإِذَا عَنْ یَمِیْنِیْ وَعَنْ یَسَارِیْ فَتَیَانِ حَدِیْثَا السِّنِّ، فَكَأَنِّیْ لَمْ آمَنْ بِمَكَانِهِمَا، إِذْ قَالَ لِیْ أَحَدُهُمَا سِرًّا مِنْ صَاحِبِهِ: یَا عَمِّ! أَرِنِیْ أَبَا جَهْلٍ، فَقُلْتُ: یَا ابْنَ أَخِیْ! وَمَا تَصْنَعُ بِهِ؟ قَالَ: عَاهَدْتُ اللّٰهَ إِنْ رَأَیْتُهُ أَنْ أَقْتُلَهُ أَوْ أَمُوْتَ دُوْنَهُ، فَقَالَ لِیْ الآخَرُ سِرًّا مِنْ صَاحِبِهِ مِثْلَهُ، قَالَ: فَمَا سَرَّنِیْ أَنِّیْ بَیْنَ رَجُلَیْنِ مَكَانَهُمَا، فَأَشَرْتُ لَهُمَا إِلَیْهِ، فَشَدَّا عَلَیْهِ مِثْلَ الصَّقْرَیْنِ حَتَّى ضَرَبَاهُ، وَهُمَا ابْنَا عَفْرَاءَ. [راجع: ۳۱۴۱]

۵- حضرت خُبیب انصاری اور حضرت عاصم انصاری رضی اللہ عنہما بدری صحابی ہیں

[۳۹۸۹-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِیْمُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بْنُ أَسِیْدِ بْنِ جَارِیَةَ الثَّقَفِیُّ حَلِیْفُ بَنِیْ زُهْرَةَ- وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ أَبِیْ هُرَیْرَةَ- عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَشَرَةً عَیْنًا، وَأَمَّرَ عَلَیْهِمْ عَاصِمَ بْنَ ثَابِتٍ الأَنْصَارِیَّ، جَدَّ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، حَتَّى إِذَا كَانُوْا بِالْهَدَّةِ بَیْنَ عُسْفَانَ وَمَكَّةَ ذُكِرُوْا لِحَیٍّ مِنْ هُذَیْلٍ یُقَالَ لَهُمْ: بَنُوْ لِحْیَانَ، فَنَفَرُوْا لَهُمْ بِقَرِیْبٍ مِنْ مِائَةِ رَجُلٍ رَامٍ، فَاقْتَصُّوْا آثَارَهُمْ حَتَّى وَجَدُوْا مَأْكَلَهُمُ التَّمْرَ فِیْ مَنْزِلٍ نَزَلُوْهُ، فَقَالُوْا: تَمْرُ یَثْرِبَ، فَاتَّبَعُوْا آثَارَهُمْ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے دس آدمیوں کو جاسوسی کے لئے بھیجا، یعنی قبیلہ کی تعلیم کے ساتھ مکہ والوں پر نظر رکھنا بھی ان کی ذمہ داری تھی، اور ان پر عاصم بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کو جو عاصم بن عمر بن الخطاب کے نانا ہیں: امیر مقرر کیا، جب وہ لوگ ھَدَّہ مقام میں پہنچے جو عُسفان اور مکہ کے درمیان ہے تو وہ ذکر کئے گئے ہُذیل کے ایک قبیلہ کے لئے، جن کو بنولحیان کہا جاتا تھا، پس ان کے لئے کھڑے ہوئے تقریباً دو سو آدمی جو سب تیر انداز تھے، انھوں نے ان کے نشاناتِ قدم کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ انھوں نے ان کے کھانے کی کھجوریں پائیں ایک منزل میں جہاں وہ اترے تھے، انھوں نے کہا: یہ یثرب کی کھجوریں ہیں اور انھوں نے ان کے نشاناتِ قدم کا پیچھا کیا۔

لغات: اِقْتَصَّ فُلَانًا: کسی کا پیچھا کرنا............ الْمَأْكَل: کھائی جانے والی چیز، جمع مَآكِل............ نَفَرَ اور نَفَّرَ: اٹھ کھڑا ہونا۔

فَلَمَّا حَسَّ بِهِمْ عَاصِمٌ وَأَصْحَابُهُ لَجَأُوْا إِلٰى مَوْضِعٍ، فَأَحَاطَ بِهِمُ الْقَوْمُ، فَقَالُوْا لَهُمْ: انْزِلُوْا فَأَعْطُوْا بِأَيْدِيكُمْ، وَلَكُمُ الْعَهْدُ وَالْمِيْثَاقُ أَنْ لاَ نَقْتُلَ مِنكُمْ أَحَدًا، فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ: أَيُّهَا الْقَوْمُ! أَمَّا أَنَا فَلاَ أَنْزِلُ فِيْ ذِمَّةِ كَافِرٍ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَخْبِرْ عَنَّا نَبِيَّكَ صلى الله عليه وسلم، فَرَمَوْهُمْ بِالنَّبْلِ، فَقَتَلُوْا عَاصِمًا، وَنَزَلَ إِلَيْهِمْ ثَلاَ ثَةُ نَفَرٍ عَلٰى الْعَهْدِ وَالْمِيْثَاقِ، مِنْهُمْ: خُبَيْبٌ، وَزَيْدُ بْنُ الدَّثِنَةِ، وَرَجُلٌ آخَرُ، فَلَمَّا اسْتَمْكَنُوْا مِنْهُمْ أَطْلَقُوْا أَوْتَارَ قِسِيِّهِمْ فَرَبَطُوْهُمْ بِهَا، قَالَ الرَّجُلُ الثَّالِثُ: هٰذَا أَوَّلُ الْغَدْرِ، وَاللّٰهِ! لاَ أَصْحَبُكُمْ، إِنَّ لِيْ بِهٰؤُلاَءِ أُسْوَةً، يُرِيْدُ الْقَتْلٰى، فَجَرَّرُوْهُ وَعَالَجُوْهُ فَأَبٰى أَنْ يَصْحَبَهُمْ، فَانْطُلِقَ بِخُبَيْبٍ وَزَيْدِ بْنِ الدَّثِنَةِ حَتّٰى بَاعُوْهُمَا بَعْدَ وَقْعَةِ بَدْرٍ، فَابْتَاعَ بَنُو الْحَارِثِ بْنُ عَامِرِ بْنِ نَوْفَلٍ خُبَيْبًا، وَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ قَتَلَ الْحَارِثَ بْنَ عَامِرٍ يَوْمَ بَدْرٍ، فَلَبِثَ خُبَيْبٌ عِنْدَهُمْ أَسِيْرًا.

ترجمہ: پھر جب ان لوگوں کی عاصمؓ اوران کے ساتھیوں کو بھنک پڑی تو انھوں نے ایک جگہ میں پناہ لی اوران لوگوں نے ان کو گھیر لیا اوران سے کہا: نیچے اترو، ہمیں اپنے ہاتھ دیدو، تمہارے لئے عہد و پیمان ہے کہ ہم تم میں سے کسی کو قتل نہیں کریں گے، پس (سریہ کے امیر) حضرت عاصمؓ نے کہا: بخدا! میں نہیں اتروں گا آج کسی کافر کی پناہ میں، پھر انھوں نے دعا کی: اے اللہ! اپنے نبی ﷺ کو ہماری خبر کردیں پھر ان لوگوں نے ان کو تیر مارے اور عاصم رضی اللہ عنہ کو شہید کردیا (ان کے ساتھ اور بھی چھ آدمیوں کو شہید کیا) اوران کی طرف تین آدمی اترے عہد و پیمان کے ساتھ، ان میں حضرت خُبیب انصاریؓ اور زید بن الدثنہؓ اور ایک اور آدمی تھے، پس جب قابو پالیا انھوں نے ان پر تو انھوں نے اپنی کمانوں کی تانتیں کھولیں، اوران کو باندھا، پس تیسرے آدمی نے کہا: یہ پہلی بے وفائی ہے، بخدا! میں تمہارے ساتھ نہیں چلوں گا، میرے لئے ان لوگوں میں یقیناً اچھا نمونہ ہے وہ مراد لے رہے تھے شہداء کو، پس ان لوگوں نے ان کو گھسیٹا اورانھوں نے تدبیر کی کہ وہ ان کے ساتھ چلیں مگر انھوں نے انکار کیا، پس ان کو قتل کردیا، اور خُبیب اور ابن الدثنہ رضی اللہ عنہما کو لے کر چلے، یہاں تک کہ دونوں کو مکہ میں بیچ دیا بدر کے واقعہ کے بعد، پس خُبیب رضی اللہ عنہ کو حارث بن عامر کے لڑکوں نے خریدا، خبیبؓ نے جنگ بدر میں حارث کو قتل کیا تھا، پس خبیبؓ ان کے پاس قید رہے۔

حَتّٰى أَجْمَعُوْا قَتْلَهُ، فَاسْتَعَارَ مِنْ بَعْضِ بَنَاتِ الْحَارِثِ مُوْسَى يَسْتَحِدُّ بِهَا، فَأَعَارَتْهُ، فَدَرَجَ بُنَيٌّ لَهَا وَهِيَ غَافِلَةٌ حَتّٰى أَتَاهُ، فَوَجَدَتْهُ مُجْلِسَهُ عَلٰى فَخِذِهِ وَالْمُوْسَى بِيَدِهِ، قَالَتْ: فَفَزِعْتُ فَزْعَةً عَرَفَهَا خُبَيْبٌ، فَقَالَ: أَتَخْشَيْنَ أَنْ أَقْتُلَهُ؟ مَا كُنْتُ لِأَفْعَلَ ذٰلِكَ، قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ أَسِيْرًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ خُبَيْبٍ، وَاللّٰهِ! لَقَدْ وَجَدْتُهُ يَوْمًا يَأْكُلُ قِطْفًا مِنْ عِنَبٍ فِيْ يَدِهِ، وَإِنَّهُ لَمُوْثَقٌ بِالْحَدِيْدِ، وَمَا بِمَكَّةَ مِنْ ثَمَرَةٍ، وَكَانَتْ تَقُوْلُ: إِنَّهُ لَرِزْقٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ خُبَيْبًا.

فَلَمَّا خَرَجُوْا بِهِ مِنَ الْحَرَمِ لِيَقْتُلُوْهُ فِي الْحِلِّ، قَالَ لَهُمْ خُبَيْبٌ: دَعُوْنِيْ أُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ، فَتَرَكُوْهُ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَوْلاَ أَنْ تَحْسِبُوْا أَنَّ مَابِيْ جَزَعٌ لَزِدْتُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَحْصِهِمْ عَدَدًا، وَاقْتُلْهُمْ بَدَدًا، وَلاَ تُبْقِ مِنْهُمْ أَحَدًا، ثُمَّ أَنْشَأَ يَقُوْلُ:

فَلَسْتُ أُبَالِيْ حِيْنَ أُقْتَلُ مُسْلِمًا ۞ عَلٰى أَيِّ جَنْبٍ كَانَ لِلّٰهِ مَصْرَعِيْ

وَذٰلِكَ فِي ذَاتِ الإِلٰهِ، وإِنْ يَشَأْ ۞ يُبَارِكْ عَلٰى أَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعِ

ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ أَبُوْ سَرْوَعَةَ عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ، فَقَتَلَهُ، وَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ سَنَّ لِكُلِّ مُسْلِمٍ قُتِلَ صَبْرًا الصَّلاَةَ، وَأُخْبِرَ أَصْحَابُهُ يَوْمَ أُصِيْبُوْا، وَبَعَثَ نَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِلٰى عَاصِمِ بْنِ ثَابِتٍ حِيْنَ حُدِّثُوْا أَنَّهُ قُتِلَ أَنْ يُؤْتَوْا بِشَيْئٍ مِنْهُ يُعْرَفُ، وَكَانَ قَتَلَ رَجُلاً عَظِيْمًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ، فَبَعَثَ اللّٰهُ لِعَاصِمٍ مِثْلَ الظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ فَحَمَتْهُ مِنْ رُسُلِهِمْ، فَلَمْ يَقْدِرُوْا أَنْ يَقْطَعُوْا مِنْهُ شَيْئًا.[راجع: ۳۰۴۵]

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ان لوگوں نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کے قتل کا پختہ ارادہ کیا، تو انھوں نے حارث کی بیٹی سے استرہ عاریت مانگا، تاکہ اس سے زیر ناف لیں، اس نے ان کو استرہ عاریت پر دیدیا، پس حارث کی بیٹی کا چھوٹا لڑکا حضرت خبیبؓ کی طرف چلا، درانحالیکہ وہ بے خبر تھی، یہاں تک کہ لڑکا ان کے پاس پہنچا، پس حارث کی بیٹی نے خبیبؓ کو پایا کہ وہ اس کو اپنی ران پر بٹھانے والے ہیں، اور استرہ ان کے ہاتھ میں ہے، حارث کی بیٹی کہتی ہے: میں سخت گھبرا گئی، جس کو خبیبؓ نے جان لیا، انھوں نے کہا: کیا تو ڈرتی ہے کہ میں اس کو قتل کردوں گا؟ میں یہ کام نہیں کرسکتا، حارث کی بیٹی کہتی ہے: بخدا! نہیں دیکھا میں نے کسی قیدی کو کبھی خبیبؓ سے بہتر، اور بخدا! میں نے ان کو ایک دن پایا کہ انگور کا خوشہ کھا رہے ہیں اور وہ لوہے میں بندھے ہوئے تھے، اور مکہ میں کوئی پھل نہیں تھا، حارث کی بیٹی کہا کرتی تھی: وہ اللہ کی طرف سے رزق تھا جو اللہ تعالیٰ نے خبیب رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا (حارث کی یہ بیٹی بعد میں مسلمان ہوگئی تھی)

پس جب وہ حرم سے نکلے تاکہ حل میں خبیبؓ کو قتل کریں تو ان سے خبیبؓ نے کہا: مجھے موقع دو، میں دو رکعتیں پڑھوں، انھوں نے ان کو چھوڑ دیا، انھوں نے دو رکعتیں پڑھیں پھر کہا: اگر نہ ہوتی یہ بات کہ تم گمان کروگے کہ میں گھبرایا ہوا ہوں تو میں نماز لمبی کرتا، پھر انھوں نے دعا کی: اے اللہ! ان لوگوں کا گن کر احاطہ کرلے اور ان کو متفرق کرکے قتل کردے، اور ان میں سے کسی کو باقی نہ چھوڑ، یعنی سب کو سزا دے کوئی باقی نہ رہے، پھر انھوں نے دو شعر پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے:

اور مجھے پرواہ نہیں جبکہ میں مسلمان شہید کیا جارہا ہوں ÷ کہ کونسی کروٹ پر ہے اللہ کے لئے میرا پچھڑنا۔

اور وہ شہید ہونا اللہ کے لئے ہے، اور اگر وہ چاہیں ÷ تو برکت فرمائیں جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کئے ہوئے اعضاء میں۔

پس ان کی طرف ابوسروعہ عتبۃ بن الحارث کھڑا ہوا اور اس نے ان کو قتل کیا، اور حضرت خبیب رضی اللہ عنہ نے نفلیں مسنون کیں ہر اس مسلمان کے لئے جو روک کر قتل کیا جائے، اور نبی ﷺ کے صحابہ واقعہ کی اطلاع دیئے گئے جس دن ان

پر حادثہ پڑا۔

اور قریش نے اپنے کچھ لوگوں کو عاصم رضی اللہ عنہ (کی لاش) کی طرف بھیجا جب وہ بیان کئے گئے کہ عاصمؓ مارے گئے، تاکہ وہ ان کے جسم کا کوئی ایسا حصہ لائیں جس سے وہ پہچانے جائیں (وہ سر لینے آئے تھے) اور عاصم رضی اللہ عنہ نے قریش کے بڑوں میں سے ایک کو قتل کیا تھا، پس اللہ تعالیٰ نے عاصمؓ کی حفاظت کے لئے بھیج دیں سائبان کی طرح بھڑیں، جنھوں نے ان کی حفاظت کی قریش کے قاصدوں سے، پس نہیں قادر ہوئے وہ اس پر کہ کاٹیں ان کے جسم سے کچھ۔

اشعار کا مطلب: سنو! جب میں ایمان کے ساتھ شہید کیا جارہا ہوں تو مجھے کچھ پرواہ نہیں کہ میں کس طرح مارا جارہا ہوں، کیونکہ میرا یہ شہید کیا جانا اللہ کے لئے ہے، مگر او کافرو! سن لو! خونِ شہید رنگ لائے گا، اور اللہ تعالیٰ چاہیں گے تو جسم کے ٹکڑوں میں بھی برکت فرمائیں گے۔

لغات: اَلْوَصْل: ہڈیوں کا جوڑ، جمع أَوْصال............ الشِّلْو: جوڑ، جمع أَشْلاء، دونوں کے ایک معنی ہیں، ضرورتِ شعری کی وجہ سے دو لفظ لائے ہیں............ مُمَزَّع: (اسم مفعول) مَزَّعَ الشيئَ: بکھیرنا، پھیلانا............ الدَّبر: بھڑوں یا شہد کی مکھیوں کا جھنڈ............ عَالَجَ: تدبیر کرنا۔

۶-حضرت مُرارہ اور حضرت ہلال رضی اللہ عنہما بدری صحابی ہیں

وَقَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ: ذَكَرُوْا مُرَارَةَ بْنَ الرَّبِيْعِ الْعَمْرِيَّ، وَهِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ الْوَاقِفِيَّ: رَجُلَيْنِ صَالِحَيْنِ قَدْ شَهِدَا بَدْرًا.

وضاحت: حضرت کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: غزوۂ تبوک سے واپسی پر جب انھوں نے نبی ﷺ سے صحیح بات کہی تو آپؐ نے لوگوں کو ان کے ساتھ بات چیت کرنے سے منع کردیا، چنانچہ وہ گھر چلے گئے، انھوں نے لوگوں سے پوچھا: میرے ساتھ جو معاملہ پیش آیا ایسا معاملہ کسی اور کے ساتھ بھی پیش آیا ہے؟ لوگوں نے حضرت مُرارہ اور حضرت ہلال رضی اللہ عنہما کا تذکرہ کیا، یہ دونوں نیک آدمی تھے، دونوں بدر کی جنگ میں شریک ہوئے تھے، چنانچہ حضرت کعبؓ کو قدرے اطمینان ہوگیا۔

ملحوظہ: کچھ لوگ کہتے ہیں کہ حضرت مرارہ اور حضرت ہلال رضی اللہ عنہما بدری صحابی نہیں ہیں، مگر بخاری کی یہ روایت مقدم ہے، یہ امام زہری رحمہ اللہ کا وہم نہیں ہے (یہ بات حاشیہ میں ہے)

۷-حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ حکماً بدری صحابی ہیں

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بہنوئی اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پھوپھا تھے، مدینہ کے

قریب عقیق گاؤں میں رہتے تھے، وہ حکماً بدری صحابی ہیں، نبی ﷺ نے ان کو اور حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہما کو ابو سفیان کے قافلہ کے احوال معلوم کرنے کے لئے بھیجا تھا، ان کی واپسی سے پہلے جنگِ بدر نمٹ گئی تھی، نبی ﷺ نے ان کو بدر کے شرکاء میں شامل فرمایا، اور ان کو مالِ غنیمت میں سے حصہ دیا، وہ جمعہ کے دن سخت بیمار ہوگئے، جب حضرت ابن عمرؓ کو اس کی اطلاع ملی تو وہ دن چڑھے اونٹ پر سوار ہوکر ان کے گاؤں میں گئے، جمعہ کا وقت قریب تھا اس دن آپؓ نے جمعہ نہیں پڑھا، جمعہ کے دن زوال سے پہلے سفر کر سکتے ہیں اور عقیق چھوٹا گاؤں تھا، وہاں جمعہ جائز نہیں تھا۔

[۳۹۹۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ ذُكِرَ لَهُ أَنَّ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ- وَكَانَ بَدْرِيًّا - مَرِضَ فِيْ يَوْمِ جُمُعَةٍ، فَرَكِبَ إِلَيْهِ بَعْدَ أَنْ تَعَالَى النَّهَارُ، وَاقْتَرَبَتِ الْجُمُعَةُ، وَتَرَكَ الْجُمُعَةَ.

۸- حضرت سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

عبید اللہ کے والد عبد اللہ بن عتبہ نے عمر بن عبد اللہ زہری کو خط لکھا کہ آپ سُبیعہ اسلمیہؓ کے پاس جائیں اور ان سے ان کا واقعہ معلوم کریں، جب انھوں نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا تھا تو آپؐ نے ان کو کیا فتوی دیا تھا؟ عمر نے پوچھ کر عبد اللہ کو خط لکھا کہ ان کو سُبیعہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ وہ سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں، وہ قبیلہ بنی عامر بن لؤی کے تھے، اور ان لوگوں میں سے تھے جو جنگِ بدر میں شریک ہوئے تھے، حجۃ الوداع میں ان کا انتقال ہوا، اس وقت سبیعہؓ حاملہ تھیں، پس زیادہ وقت نہیں گذرا کہ ولادت ہوگئی، حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد کم وبیش پچیس دن کے بعد ولادت ہوئی تھی، جب وہ نفاس سے پاک ہوگئیں تو انھوں نے منگنی کے لئے میک اپ کیا، پس ان کے پاس ابوالسنابلؓ آئے جو بنی عبدالدار کے تھے، انھوں نے سُبیعہؓ سے کہا: کیا بات ہے میں آپ کو دیکھ رہا ہوں کہ منگنی کے لئے آپ خوبصورت بنی ہیں؟ آپ نکاح کی امید رکھتی ہیں اور بیشک تم بخدا! نکاح نہیں کرسکتیں جب تک کہ چار مہینے دس دن گذر نہ جائیں؟ سُبیعہؓ نے کہا: جب ابوالسنابلؓ نے مجھ سے یہ بات کہی تو میں نے شام کے وقت اپنے اوپر اپنے کپڑے جمع کئے اور نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی، اور میں نے آپؐ سے مسئلہ پوچھا، آپؐ نے بتلایا کہ میری عدت پوری ہوگئی، جب میں نے حمل جن دیا، اور آپؐ نے مجھے حکم دیا کہ اگر تم چاہو تو نکاح کرسکتی ہو۔

[۳۹۹۱-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ أَبَاهُ كَتَبَ إِلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْأَرْقَمِ الزُّهْرِيِّ، يَأْمُرُهُ أَنْ يَدْخُلَ عَلَى سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ الْأَسْلَمِيَّةِ، فَيَسْأَلَهَا عَنْ حَدِيْثِهَا، وَعَنْ مَّا قَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ اسْتَفْتَتْهُ، فَكَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْأَرْقَمِ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ يُخْبِرُهُ، أَنَّ سُبَيْعَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ

أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ سَعْدِ بْنِ خَوْلَةَ، وَهُوَ مِنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا، فَتُوُفِّيَ عَنْهَا فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهِيَ حَامِلٌ، فَلَمْ تَنْشَبْ أَنْ وَضَعَتْ حَمْلَهَا بَعْدَ وَفَاتِهِ، فَلَمَّا تَعَلَّتْ مِنْ نِفَاسِهَا تَجَمَّلَتْ لِلْخُطَّابِ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا أَبُوْ السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ- رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ- فَقَالَ لَهَا: مَا لِيْ أَرَاكِ تَجَمَّلْتِ لِلْخُطَّابِ، تُرَجِّيْنَ النِّكَاحَ. وَإِنَّكِ وَاللّٰهِ مَا أَنْتِ بِنَاكِحٍ حَتّٰى تَمُرَّ عَلَيْكِ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ، قَالَتْ سُبَيْعَةُ: فَلَمَّا قَالَ لِيْ ذٰلِكَ جَمَعْتُ عَلَيَّ ثِيَابِيْ حِيْنَ أَمْسَيْتُ، وَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَأَفْتَانِيْ بِأَنِّيْ قَدْ حَلَلْتُ حِيْنَ وَضَعْتُ حَمْلِيْ، وَأَمَرَنِيْ بِالتَّزَوُّجِ إِنْ بَدَا لِيْ، تَابَعَهُ أَصْبَغُ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ.[راجع: ٥٣١٩]

لغات: سُبیعة: سَبْعة کی تصغیر .... لَمْ تَنْشَبْ: لَمْ تَمْكُثْ: نہیں ٹھہری یعنی زیادہ وقت نہیں گذرا .... تَجَمَّلَ: آراستہ ہونا، سنگار کرنا، میک اپ کرنا .... رَجَّاه: امید لگانا، امید رکھنا۔

۹-حضرت ایاس بن بُکیر رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حضرت ایاسؓ کے لڑکے محمد کہتے ہیں: ان کے ابا جنگِ بدر میں شریک ہوئے ہیں، انھوں نے کوئی حدیث بیٹے کو سنائی، یہاں مقصود صرف ان کا بدری صحابی ہونا بیان کرنا ہے۔

وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، وَسَأَلْنَاهُ، فَقَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ مَوْلٰى بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ: أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ إِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ، وَكَانَ أَبُوْهُ شَهِدَ بَدْرًا أَخْبَرَهُ.

بَابُ شُهُوْدِ الْمَلَائِكَةِ بَدْرًا

۱۰-بدر میں فرشتوں کی شرکت

۱۱-حضرت رفاعة بن رافع رضی اللہ عنہما بدری صحابی ہیں

ابھی سابقہ سلسلہ بیان چل رہا ہے، بدری صحابہ کا تذکرہ کررہے ہیں، اگلے باب میں بھی یہی تذکرہ ہے، درمیان میں مزید فائدہ کے لئے باب قائم کردیا کہ بدر میں فرشتوں نے بھی شرکت کی تھی۔

حدیث: معاذؒ (تابعی) اپنے ابا حضرت رفاعة بن رافع زُرقی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ان کے ابا بدری صحابی تھے، حضرت رفاعہؓ نے کہا: جبرئیل علیہ السلام نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پوچھا: آپ حضرات میں بدری صحابہ کا کیا مرتبہ ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: وہ مسلمانوں میں سب سے افضل ہیں یا اس کے مانند کوئی جملہ

فرمایا، جبرئیل علیہ السلام نے کہا: اور اسی طرح جن فرشتوں نے بدر میں شرکت کی ہے، یعنی وہ بھی دوسرے فرشتوں سے افضل سمجھے جاتے ہیں۔

اور دوسری حدیث میں معاذؒ کہتے ہیں: میرے ابا حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ بدری صحابی تھے اور ان کے ابا حضرت رافع رضی اللہ عنہ عقبہ والوں میں سے تھے اور وہ اپنے بیٹے رفاعہؓ سے کہا کرتے تھے: مجھے پسند نہیں یہ بات کہ میں بدر میں شرکت کرتا عقبہ کے بدل، یعنی حضرت رافعؓ کو بیعتِ عقبہ میں شرکت غزوۂ بدر کی شرکت سے زیادہ پسند تھی، کیونکہ اس بیعت سے نصرت اسلام کی بنیاد پڑی، اور وہی بیعت نبی ﷺ کی ہجرت کا سبب بنی، اس لئے حضرت رافع رضی اللہ عنہ اس کو بدر کی شرکت سے زیادہ اہمیت دیتے تھے، مگر لوگوں میں مشہور اصحابِ بدر کی فضیلت ہے اور اس کی دلیل باب کی پہلی حدیث ہے، حضرت جبرئیل علیہ السلام کے سوال کے جواب میں نبی ﷺ نے بدری صحابہ کو مسلمانوں میں سب سے افضل قرار دیا ہے۔

اور تیسری حدیث میں معاذؒ کہتے ہیں: ایک فرشتہ نے نبی ﷺ سے سوال کیا، یہ فرشتہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تھے، جیسا کہ پہلی حدیث میں ہے اور یحیٰی بن ہارون کہتے ہیں: یزید بن الہاد نے بھی ان کو یہ حدیث سنائی ہے اور انھوں نے یہ بھی کہا کہ جب معاذ نے یہ حدیث بیان کی تو میں موجود تھا، یزید کہتے ہیں: معاذ نے کہا کہ سوال کرنے والے حضرت جبرئیل علیہ السلام تھے، پس ان تینوں حدیثوں کا مضمون ایک ہے۔

اور باب کی آخری حدیث میں ہے کہ جنگِ بدر کے موقع پر نبی ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: یہ جبرئیل علیہ السلام ہیں، اپنے گھوڑے کے سر کو پکڑے ہوئے، انھوں نے جنگ کے ہتھیار پہن رکھے ہیں، اس ارشاد سے معلوم ہوا کہ بدر میں فرشتوں نے شرکت کی تھی اور یہ مضمون قرآنِ کریم میں بھی ہے اور وہ آیتیں پہلے گذر چکی ہیں۔

[۱۱-] بَابُ شُهُوْدِ الْمَلاَئِكَةِ بَدْرًا

[۳۹۹۲-] حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، وَكَانَ أَبُوْهُ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ، قَالَ: جَاءَ جِبْرِيْلُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "مَا تَعُدُّوْنَ أَهْلَ بَدْرٍ فِيْكُمْ؟" قَالَ: مِنْ أَفْضَلِ الْمُسْلِمِيْنَ، أَوْ: كَلِمَةً نَحْوَهَا، قَالَ: وَكَذٰلِكَ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْمَلاَئِكَةِ. [انظر: ۳۹۹۴]

[۳۹۹۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، وَكَانَ رِفَاعَةُ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ، وَكَانَ رَافِعٌ مِنْ أَهْلِ الْعَقَبَةِ، وَكَانَ يَقُوْلُ لِابْنِهِ: مَا يَسُرُّنِيْ أَنِّيْ شَهِدْتُ بَدْرًا بِالْعَقَبَةِ، قَالَ: سَأَلَ جِبْرِيْلُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا.

[۳۹۹۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَخْبَرَنَا يَزِيْدُ، أَخْبَرَنَا يَحْيَى، سَمِعَ مُعَاذَ بْنَ رِفَاعَةَ: أَنَّ مَلَكًا

سَأَلَ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم، وَعَنْ يَحْيَى أَنَّ يَزِيْدَ بْنَ الْهَادِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ كَانَ مَعَهُ يَوْمَ حَدَّثَهُ مُعَاذٌ هٰذَا الْحَدِيْثَ، فَقَالَ يَزِيْدُ: قَالَ مُعَاذٌ: إِنَّ السَّائِلَ هُوَ جِبْرِيْلُ.[راجع: ۳۹۹۲]

[۳۹۹۵-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم قَالَ يَوْمَ بَدْرٍ:" هٰذَا جِبْرِيْلُ آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهِ، عَلَيْهِ أَدَاةُ الْحَرْبِ"[انظر: ٤٠٤١]

بَابٌ

باقی بدری صحابہ کا تذکرہ

۱۲-ابوزید قیس بن السکن انصاری رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

پہلے روایت (حدیث ۳۸۱۰) گذری ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: چار صحابہ نے قرآن جمع کیا اور چاروں انصاری تھے، ان میں ایک نام ابوزید رضی اللہ عنہ کا لیا لوگوں نے پوچھا: ابوزیدؓ کون ہیں؟ حضرت انسؓ نے کہا: میرے ایک چچا ہیں، یہ ابوزید رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں، ان کا نام قیس بن السکن انصاریؓ تھا، ان کی کوئی نسل نہیں۔ العقِب: اولاد۔

[۱۲-] بَابٌ

[۳۹۹٦-] حَدَّثَنِيْ خَلِيْفَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَاتَ أَبُوْ زَيْدٍ وَلَمْ يَتْرُكْ عَقِبًا، وَكَانَ بَدْرِيًّا.[راجع: ۳۸۱۰]

۱۳-حضرت قتادہ بن النعمان رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کسی سفر سے لوٹے، ان کے سامنے ان کے گھر والوں نے قربانی کا گوشت رکھا، نبی ﷺ نے تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے سے منع کیا تھا، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اس کو نہیں کھاؤنگا، جب تک مسئلہ معلوم نہیں کرلوں گا، وہ اپنے اخیافی بھائی قتادہ بن النعمان کے پاس گئے وہ بدری صحابی تھے، ان سے مسئلہ پوچھا: انھوں نے بتایا: تمہارے جانے کے بعد ایسی بات پیش آئی ہے جس نے اس حکم کو منسوخ کردیا ہے، نبی ﷺ نے جو منع کیا تھا کہ قربانی کے تین دنوں کے بعد قربانی کا گوشت نہ کھائیں، یہ حکم بعد میں آپ ﷺ نے ختم کردیا تھا۔

[۳۹۹۷-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ خَبَّابٍ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدِ بْنَ مَالِكٍ الْخُدْرِيَّ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ، فَقَدَّمَ إِلَيْهِ أَهْلُهُ لَحْمًا

مِنْ لُحُوْمِ الأَضْحَى، فَقَالَ: مَا أَنَا بِآكِلِهِ حَتَّى أَسْأَلَ، فَانْطَلَقَ إِلَى أَخِيْهِ لِأُمِّهِ – وَكَانَ بَدْرِيًّا – قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، فَسَأَلَهُ فَقَالَ: إِنَّهُ حَدَثَ بَعْدَكَ أَمْرٌ، نَقْضٌ لِمَا كَانُوْا يُنْهَوْنَ عَنْهُ مِنْ أَكْلِ لَحُوْمِ الأَضْحَى بَعْدَ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ. [انظر: ۵۵۶۸]

لغت: نَقْضٌ (مصدر) نَاقِض (اسم فاعل) کے معنی میں ہے اور نَاقِض بمعنی نَاسِخ ہے۔

۱۴- حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بدر کے دن میری ملاقات سعید بن العاص کے لڑکے عبیدۃ سے ہوئی، وہ لوہے میں غرق تھا، اس کی صرف دو آنکھیں نظر آ رہی تھیں، اس کی کنیت ابوذات الکُرِش تھی، کِرش کے معنی ہیں: اوجھ جیسے انسان کا معدہ، اور مراد بال بچے اور کنبہ، ابوذات الکرش یعنی بڑے کنبہ والا، جتھے والا، اس نے حضرت زبیرؓ سے کہا: میں بڑے کنبے والا اور جتھے والا ہوں، حضرت زبیرؓ نے اس پر بھالے سے حملہ کیا، بھالا اس کی آنکھ میں مارا، جس سے وہ مرگیا، ہشام کہتے ہیں: مجھے بتلایا گیا کہ حضرت زبیرؓ نے فرمایا: میں نے اپنا پیر اس پر رکھا پھر میں نے زور لگا کر اس بھالے کو نکالا، درانحالیکہ اس کے دونوں کنارے مڑ گئے، حضرت عروہؒ کہتے ہیں: وہ بھالا ان سے نبی ﷺ نے مانگ لیا، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے وہ بھالا آپؐ کو (عاریت) دیدیا، پھر نبی ﷺ کی وفات کے بعد حضرت زبیرؓ نے اس کو لے لیا، پھر اس کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مانگا، وہ ان کو دیدیا، پھر حضرت ابوبکرؓ کی وفات کے بعد اس کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مانگا، وہ ان کو دیدیا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد اس کو حضرت زبیرؓ نے لے لیا، پھر اس کو ان سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مانگا، پس وہ ان کو دیا، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد وہ بھالا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس رہا (لفظ آل زائد ہے) پھر عبداللہ بن الزبیرؓ نے مانگا وہ ان کے پاس رہا ان کی شہادت تک۔

[۳۹۹۸-] حَدَّثَنِي عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ الزُّبَيْرُ: لَقِيْتُ يَوْمَ بَدْرٍ عُبَيْدَةَ بْنَ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ وَهُوَ مُدَجَّجٌ، لاَ يُرَى مِنْهُ إِلاَّ عَيْنَاهُ، وَهُوَ يُكْنَى، أَبَا ذَاتِ الْكَرِشِ، فَقَالَ: أَنَا أَبُوْ ذَاتِ الْكَرِشِ، فَحَمَلْتُ عَلَيْهِ بِالْعَنَزَةِ فَطَعَنْتُهُ فِيْ عَيْنِهِ فَمَاتَ، قَالَ هِشَامٌ: فَأُخْبِرْتُ أَنَّ الزُّبَيْرَ قَالَ: لَقَدْ وَضَعْتُ رِجْلِيْ عَلَيْهِ، ثُمَّ تَمَطَّأْتُ، فَكَانَ الْجَهْدَ، أَنْ نَزَعْتُهَا، وَقَدِ انْثَنَى طَرَفَاهَا، قَالَ عُرْوَةُ: فَسَأَلَهُ إِيَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَعْطَاهُ. فَلَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَخَذَهَا، ثُمَّ طَلَبَهَا أَبُوْ بَكْرٍ، فَلَمَّا قُبِضَ أَبُوْ بَكْرٍ سَأَلَهُ إِيَّاهَا عُمَرُ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا، فَلَمَّا قُبِضَ عُمَرُ أَخَذَهَا ثُمَّ طَلَبَهَا عُثْمَانُ مِنْهُ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا، فَلَمَّا قُتِلَ عُثْمَانُ وَقَعَتْ عِنْدَ آلِ عَلِيٍّ، فَطَلَبَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ فَكَانَتْ عِنْدَهُ حَتَّى قُتِلَ.

لغات: دَجَّجَ فُلَانٌ: ہتھیار بند ہونا، ہتھیاروں سے لیس ہونا.........تَمَطَّأْتُ: شارحین کے نزدیک: صحیح تَمَطَّيْتُ ہے، تَمَطّٰی کے معنی ہیں: اتراتے ہوئے چلنا، ہاتھ پھیلائے ہوئے متکبرانہ چال چلنا۔ ترجمہ: پھر ہاتھ لمبے کر کے میں نے زور لگایا، پس تھا وہ ہاتھ لمبا کرنا پوری طاقت لگانا کہ نکال لیا میں نے اس کو درانحالیکہ اس کے دونوں کنارے مڑ گئے تھے۔

۱۵- حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

بخاری شریف کے شروع میں حدیث گذری ہے (تحفۃ القاری ۱: ۲۲۵) حضرت عبادۃ بن الصامتؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: مجھ سے بیعت کرو، حضرت عبادہؓ جنگ بدر میں شریک تھے۔

[۳۹۹۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ إِدْرِيْسَ عَائِذُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ، وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "بَايِعُوْنِيْ" [راجع: ۱۸]

۱۶- حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس مہاجری قدیم صحابی ہیں، دونوں ہجرتیں کی ہیں، اور دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی ہے، حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ابوحذیفہؓ نے ـــ اور وہ ان لوگوں میں سے تھے جو بدر میں حاضر ہوئے ہیں، نبی ﷺ کے ساتھ ـــ بیٹا بنایا تھا حضرت سالم بن معقل رضی اللہ عنہ کو (حضرت سالمؓ ثُبَيْتَةَ بنت یعار انصاریہ زوجہ ابی حذیفہ کے غلام تھے، ثُبیتہؓ نے ان کو آزاد کیا تو وہ ابوحذیفہؓ کے ہو کر رہ گئے، چنانچہ ابوحذیفہؓ نے ان کو بیٹا بنالیا، اور اپنی بھتیجی ہند بنت الولید بن عتبہ سے ان کا نکاح کر دیا، جس کا نام فاطمہ بنت الولید تھا، جیسے نبی ﷺ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو بیٹا بنایا تھا، اور زمانۂ جاہلیت میں جو کسی کو بیٹا بناتا تھا تو لوگ اس کو اس کے نام سے پکارتے تھے اور وہ بیٹا بنانے والے کا وارث ہوتا تھا، یہاں تک کہ سورۃ الاحزاب کی آیت پانچ ﴿اُدْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ﴾: نازل ہوئی، پس لوگوں نے ان کو ان کے اصلی باپ کے نام سے پکارنا شروع کیا۔ پھر سہلہ بنت سہیل بن عمرو قرشیہ عامریہ زوجہ ابی حذیفہ نبی ﷺ کی خدمت میں آئیں (انھوں نے سالم کو آزاد نہیں کیا تھا) انھوں نے عرض کیا: سالم بالغ ہو گئے ہیں اور وہ میرے پاس آتے جاتے ہیں اور میں سمجھتی ہوں کہ ابوحذیفہؓ کے دل میں کچھ کھٹک ہے، آپؐ نے فرمایا: اسے دودھ پلا لو، تم اس پر حرام ہو جاؤ گی، اور ابوحذیفہؓ کے دل سے کھٹک دور ہو جائے گی (یہ حدیث آگے کتاب النکاح میں (حدیث ۵۰۸۸) آئے گی، یہاں اس حدیث سے مقصود صرف ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کا بدری صحابی ہونا بیان کرنا ہے)

[۴۰۰۰-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ ابْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم: أَنَّ أَبَا حُذَيْفَةَ- وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ

رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم– تَبَنَّى سَالِمًا، وَأَنْكَحَهُ بِنْتَ أَخِيْهِ هِنْدَ بِنْتَ الْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَهُوَ مَوْلًى لِامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، كَمَا تَبَنَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم زَيْدًا، وَكَانَ مَنْ تَبَنَّى رَجُلًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ دَعَاهُ النَّاسُ إِلَيْهِ، وَوَرِثَ مِيْرَاثَهُ، حَتَّى أَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى ﴿ادْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ﴾ فَجَاءَ تْ سَهْلَةُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. [راجع: ۵۰۸۸]

۱۷- حضرت معوّذ اور حضرت عوف رضی اللہ عنہما بدری صحابی ہیں

حدیث: حضرت معوّذ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت رُبَیِّع رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ میرے پاس آئے، اس رات کی صبح میں جس رات میری رخصتی عمل میں آئی، پس آپ میرے بستر پر بیٹھے جس طرح تم (خالد بن ذکوان راوی) میرے پاس بیٹھے ہو، اور لڑکیاں دُف (دھبڑا) بجارہی تھیں اور وہ خوبیاں بیان کررہی تھیں میرے ان آباء کی جو بدر میں شہید ہوئے (ایک ان کے والد معوّذ بدری صحابی ہیں اور بدر میں شہید ہوئے ہیں، دوسرے ان کے چچا عوف بھی بدر میں شہید ہوئے ہیں، پس چچا کو تغلیباً آباء میں شمار کیا ہے) یہاں تک کہ ایک لڑکی نے کہا: ''اور ہمارے درمیان ایسے نبی ہیں جو آئندہ کل کی بات جانتے ہیں'' نبی ﷺ نے فرمایا: ایسا مت کہو (غیب اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، پس غیر اللہ کی طرف اس کی نسبت جائز نہیں) اور وہ کہو جو تم کہتی تھیں یعنی مرثیہ کے اشعار پڑھتی رہو، جن میں شہداء کی خوبیاں ہیں۔

[۴۰۰۱-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم غَدَاةَ بُنِيَ عَلَيَّ، فَجَلَسَ عَلٰى فِرَاشِي كَمَجْلِسِكَ مِنِّي، وَجُوَيْرِيَاتٌ يَضْرِبْنَ بِالدُّفِّ، يَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ آبَائِهِنَّ يَوْمَ بَدْرٍ حَتَّى قَالَتْ جَارِيَةٌ: وَفِيْنَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: '' لَا تَقُوْلِيْ هٰكَذَا، وَقُوْلِيْ مَا كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ''

[انظر: ۵۱۴۷]

ملحوظہ: کتاب میں آبائھن ہے اور گیلری میں آبائی ہے اور یہی صحیح ہے۔

۱۸- حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ کے صحابی حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی، اور وہ بدر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، کہ نبی ﷺ نے فرمایا: فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہوتی ہے (ابن عباسؓ کہتے ہیں:) نبی ﷺ جاندار کی تصویریں مراد لے رہے ہیں (غیر جاندار کی تصویر جائز ہے، وہ جس گھر میں ہوتی ہے اس میں فرشتے آتے ہیں)

[٤٠٠٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ابْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُوْ طَلْحَةَ، صَاحِبُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ، أَنَّهُ قَالَ: "لاَ تَدْخُلُ الْمَلاَئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلاَ صُوْرَةٌ" يَرِيْدُ التَّمَاثِيْلَ الَّتِي فِيْهَا الأَرْوَاحُ. [راجع: ٣٢٢٥]

۱۹-حضرت علی رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے جنگِ بدر میں غنیمت میں سے میرے حصہ کی ایک جوان اونٹنی ملی تھی اور نبی ﷺ نے خمس میں سے ایک جوان اونٹنی دی تھی، پس جب میں نے ارادہ کیا کہ نبی ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو رخصت کر کے لاؤں تو میں نے بنوقینقاع کے ایک سنار سے معاملہ کیا کہ وہ میرے ساتھ (مکہ کا) سفر کرے اور ہم اذخر گھاس لائیں، میں نے چاہا تھا کہ اسے سناروں کے ہاتھ بیچوں گا اور اس کے ذریعہ اپنی دلہن کے ولیمہ میں مدد حاصل کروں گا۔

پس دریں اثناء کہ میں ان دونوں اونٹنیوں کا سامان جمع کر رہا تھا یعنی کجاوے، بورے اور رسیاں، اور میری دونوں اونٹنیاں ایک انصاری کے کمرے کے پہلو میں بٹھائی ہوئی تھیں، پس میں لوٹا جب میں نے جمع کر لیا جو جمع کر لیا، پس اچانک میری دونوں اونٹنیاں ان کی کوہانیں کاٹ دی گئی ہیں، اور ان کے پیٹ پھاڑ دیئے گئے ہیں، اور ان کے جگر لے لئے گئے ہیں، پس میں اپنی دونوں آنکھوں پر قابو نہ رکھ سکا جب میں نے دونوں اونٹنیوں کا یہ حال دیکھا، میں نے پوچھا: یہ کس نے کیا؟ لوگوں نے بتایا: حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے کیا ہے، اور وہ اس گھر میں انصار کی شراب کی پارٹی میں ہیں، ان کے پاس ایک گانے والی باندی اور ان کے ساتھی ہیں، پس باندی نے گانے میں کہا: "سنو حمزہ! (اٹھو) موٹی اونٹنیوں کی طرف" پس حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ تلوار کی طرف کودے اور ان کی کوہانیں کاٹ دیں اور ان کے پیٹ پھاڑ دیئے اور ان کے جگروں میں سے لیا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں چلا، یہاں تک کہ نبی ﷺ کے پاس پہنچا اور آپؐ کے پاس زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ تھے، نبی ﷺ نے پہچان لیا میرے چہرے سے اس بات کو جس سے میں نے ملاقات کی تھی، آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آج جیسا دن تو میں نے کبھی دیکھا ہی نہیں، حمزہؓ نے میری دونوں انٹنیوں پر زیادتی کی، ان کی کوہانیں کاٹ دیں، ان کے پیٹ پھاڑ دیئے اور یہ رہے وہ ایک گھر میں ان کے ساتھ شراب کی پارٹی ہے۔

نبی ﷺ نے اپنی چادر منگوائی اور اوڑھی پھر آپؐ چلے اور میں اور زید بن حارثہؓ آپؐ کے پیچھے چلے، یہاں تک کہ آپؐ اس گھر پر پہنچے جس میں حضرت حمزہؓ تھے، آپؐ نے اجازت طلب کی، لوگوں نے آپؐ کو اجازت دی، پس نبی ﷺ نے

حضرت حمزہؓ کو ملامت شروع کی، اس بات پر جو انھوں نے کی، حضرت حمزہؓ نشہ میں چور تھے، ان کی دونوں آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں، انھوں نے نبی ﷺ کی طرف دیکھا، پھر انھوں نے نظر اٹھائی اور آپؐ کے دونوں گھٹنوں کو دیکھا پھر انھوں نے نظر اٹھائی اور آپؐ کے چہرے کو دیکھا پھر انھوں نے کہا: نہیں ہو تم مگر میرے باپ کے غلام، یعنی تمہاری اونٹنیاں میرے باپ کی ہیں، اس لئے وہ میری ہیں، اور میں نے جو چاہا کیا، نبی ﷺ سمجھ گئے کہ وہ نشہ میں چور ہیں، پس آپؐ اپنی ایڑیوں پر واپس لوٹے اور آپؐ بھی اور ہم بھی آپؐ کے ساتھ نکل آئے۔

[٤٠٠٣-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، ح: وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ: أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَلِيًّا قَالَ: كَانَتْ لِيْ شَارِفٌ مِنْ نَصِيْبِيْ مِنَ الْمَغْنَمِ يَوْمَ بَدْرٍ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَعْطَانِيْ مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ مِنَ الْخُمُسِ يَوْمَئِذٍ، فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَبْتَنِيَ بِفَاطِمَةَ بِنْتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَاعَدْتُ رَجُلاً صَوَّاغًا فِي بَنِيْ قَيْنُقَاعَ، أَنْ يَرْتَحِلَ مَعِي فَنَأْتِيَ بِإِذْخِرٍ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَبِيْعَهُ مِنَ الصَّوَّاغِيْنَ فَنَسْتَعِيْنَ بِهِ فِيْ وَلِيْمَةِ عُرْسِي.

فَبَيْنَا أَنَا أَجْمَعُ لِشَارِفَيَّ مِنَ الأَقْتَابِ وَالْغَرَائِرِ وَالْحِبَالِ، وَشَارِفَايَ مُنَاخَتَانِ إِلٰى جَنْبِ حُجْرَةِ رَجُلٍ مِنَ الأَنْصَارِ، حَتَّى جَمَعْتُ مَا جَمَعْتُهُ، فَإِذَا أَنَا بِشَارِفَيَّ قَدْ أُجِبَّتْ أَسْنِمَتُهُمَا وَبُقِرَتْ خَوَاصِرُهُمَا وَأُخِذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا، فَلَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ حِيْنَ رَأَيْتُ الْمَنْظَرَ، قُلْتُ: مَنْ فَعَلَ هٰذَا؟ قَالُوْا: فَعَلَهُ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَهُوَ فِي هٰذَا الْبَيْتِ فِيْ شَرْبٍ مِنَ الأَنْصَارِ، عِنْدَهُ قَيْنَةٌ وَأَصْحَابُهُ، فَقَالَتْ فِيْ غِنَائِهَا: أَلَا يَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ، فَوَثَبَ حَمْزَةُ إِلَى السَّيْفِ فَأَجَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا، وَأَخَذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا.

قَالَ عَلِيٌّ: فَانْطَلَقْتُ حَتَّى أَدْخُلَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَعِنْدَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَعَرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الَّذِيْ لَقِيْتُ، فَقَالَ: "مَالَكَ؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ، عَدَا حَمْزَةُ عَلٰى نَاقَتَيَّ، فَأَجَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا، وَهَا هُوَ ذَا فِي بَيْتٍ مَعَهُ شَرْبٌ.

فَدَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِرِدَائِهِ فَارْتَدَى، ثُمَّ انْطَلَقَ يَمْشِيْ، وَاتَّبَعْتُهُ أَنَا وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، حَتَّى جَاءَ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ حَمْزَةُ، فَاسْتَأْذَنَ عَلَيْهِ فَأُذِنَ لَهُ، فَطَفِقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَلُوْمُ حَمْزَةَ فِيْمَا فَعَلَ، فَإِذَا حَمْزَةُ ثَمِلٌ، مُحْمَرَّةٌ عَيْنَاهُ، فَنَظَرَ حَمْزَةُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلٰى رُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلٰى وَجْهِهِ، ثُمَّ قَالَ حَمْزَةُ: وَهَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيْدٌ لِأَبِيْ؟ فَعَرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ ثَمِلٌ، فَنَكَصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى عَقِبَيْهِ الْقَهْقَرَى، فَخَرَجَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ. [راجع: ٢٠٨٩]

۲۰- حضرت سہل بن حُنیف رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کا انتقال ۳۸ ہجری میں کوفہ میں ہوا ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جنازہ پڑھایا اور پانچ یا چھ تکبیریں کہیں، حالانکہ جنازہ کی نماز میں چار تکبیریں کہی جاتی ہیں، نماز کے بعد لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کی وجہ پوچھی تو فرمایا: یہ بدری صحابی ہیں اس لئے میں نے تکبیریں زیادہ کہیں۔

[٤٠٠٤-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُیَیْنَةَ، قَالَ: أَنْفَذَهُ لَنَا ابْنُ الْأَصْبَهَانِیُّ، سَمِعَهُ مِنِ ابْنِ مَعْقِلٍ: أَنَّ عَلِیًّا كَبَّرَ عَلٰی سَهْلِ بْنِ حُنَیْفٍ، فَقَالَ: إِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا.

قوله: أَنْفَذَه: ابن عیینہؒ کہتے ہیں: نافذ کیا حدیث کو ہمارے لئے ابن الاصبہانی نے، یعنی عبدالرحمٰن بن عبداللہ اصبہانی نے یہ حدیث ہمیں لکھ کر بھیجی کہ انھوں نے یہ حدیث ابن معقل سے سنی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ کے جنازہ پر تکبیریں کہیں یعنی چار سے زائد، آپؓ سے اس سلسلہ میں پوچھا گیا تو فرمایا: حضرت سہلؓ جنگِ بدر میں شریک ہوئے ہیں۔

۲۱- حضرت خُنیس بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حضرت خنیس رضی اللہ عنہ کا مدینہ میں انتقال ہوا ہے، وہ غزوۂ احد میں زخمی ہوئے تھے، جس سے جانبر نہ ہوسکے، ان کے نکاح میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا تھیں، حضرت خُنیس رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بعد نبی ﷺ نے ان سے نکاح کیا جس کا تفصیلی واقعہ حدیث میں ہے۔

[٤٠٠٥-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، یُحَدِّثُ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حِیْنَ تَأَیَّمَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ مِنْ خُنَیْسِ ابْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِیِّ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَدْ شَهِدَ بَدْرًا، تُوُفِّیَ بِالْمَدِیْنَةِ، قَالَ عُمَرُ: فَلَقِیْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَعَرَضْتُ عَلَیْهِ حَفْصَةَ، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتَ أَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، قَالَ: سَأَنْظُرُ فِیْ أَمْرِیْ، فَلَبِثْتُ لَیَالِیَ، فَقَالَ: قَدْ بَدَا لِیْ أَنْ لَا أَتَزَوَّجَ یَوْمِیْ هٰذَا، قَالَ عُمَرُ: فَلَقِیْتُ أَبَا بَكْرٍ، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتَ أَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، فَصَمَتَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَلَمْ یَرْجِعْ إِلَیَّ شَیْئًا، فَكُنْتُ عَلَیْهِ أَوْجَدَ مِنِّیْ عَلٰی عُثْمَانَ، فَلَبِثْتُ لَیَالِیَ ثُمَّ خَطَبَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَأَنْكَحْتُهَا إِیَّاهُ، فَلَقِیَنِیْ أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: لَعَلَّكَ وَجَدْتَ عَلَیَّ حِیْنَ عَرَضْتَ عَلَیَّ حَفْصَةَ فَلَمْ أَرْجِعْ إِلَیْكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّهُ لَمْ یَمْنَعْنِیْ أَنْ أَرْجِعَ إِلَیْكَ فِیْمَا عَرَضْتَ إِلَّا أَنِّیْ قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی

اللہ علیہ وسلم قَدْ ذَکَرَھَا، وَلَمْ أَکُنْ لِأُفْشِیَ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم وَلَوْ تَرَکَھَا لَقَبِلْتُھَا.
[انظر: ۵۱۲۲، ۵۱۲۹، ۵۱۴۵]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حفصہؓ حضرت خُنیس سہمیؓ سے بیوہ ہوگئیں اور وہ نبی ﷺ کے صحابی تھے جو بدر میں شریک ہوئے تھے، مدینہ میں ان کی وفات ہوئی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پھر میری ملاقات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ہوئی، میں نے ان کے سامنے حفصہؓ کو پیش کیا، پس میں نے کہا: اگر آپ چاہیں تو میں آپ کا نکاح حفصہ سے کردوں، انھوں نے جواب دیا: میں اس معاملہ میں غور کروں گا، حضرت عمرؓ کہتے ہیں: میں کئی دن ٹھہرا رہا، پس انھوں نے جواب دیا کہ میرے لئے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ میں فی الحال نکاح نہ کروں، حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پھر میری حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، میں نے کہا: اگر آپ چاہیں تو میں حفصہؓ سے آپ کا نکاح کردوں، ابوبکر رضی اللہ عنہ چپ رہے، انھوں نے مجھے کوئی جواب نہ دیا، پس تھا میں ان پر زیادہ غصہ کرنے والا مجھ سے عثمانؓ پر، یعنی مجھے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر اتنا غصہ نہیں آیا جتنا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر آیا، پھر میں کئی دن ٹھہرا رہا، پھر حفصہؓ کی منگنی بھیجی نبی ﷺ نے، پس میں نے حفصہؓ کا آپؐ سے نکاح کردیا، پھر مجھ سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ملے، انھوں نے کہا: شاید آپ مجھ پر غصہ ہوئے ہونگے جب آپ نے حفصہؓ کی پیشکش کی تھی، اور میں نے کوئی جواب نہیں دیا تھا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: ہاں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں روکا مجھے آپ کو جواب دینے سے اس بات میں جو آپ نے پیش کی تھی مگر میں بالیقین جانتا تھا کہ نبی ﷺ نے حفصہؓ کا ذکر کیا ہے، پس نہیں تھا میں کہ ظاہر کردیتا نبی ﷺ کا بھید اور اگر آپؐ حفصہؓ سے نکاح نہ کرتے تو میں ان کو قبول کرلیتا۔

تشریح: ایک موقع آیا تھا جس کی تفصیل پہلے بھی آئی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو پیش کیا تو نبی ﷺ نے ان سے نکاح کرلیا، کیونکہ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا بڑی عمر کی تھیں، خیال تھا کہ وہ چند دن کی مہمان ہیں، پس جب وہ نہیں رہیں گی تو عائشہؓ نبی ﷺ کا گھر سنبھال لیں گی، اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس کوئی لڑکی نہیں تھی، اس لئے حضرت عمرؓ جو ہمیشہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اعمالِ صالحہ میں ریس کرتے تھے دل مسوس کر رہ گئے، اب جب حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا خالی ہوئیں تو نبی ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے مشورہ کیا کہ جب سے میں نے عائشہؓ سے نکاح کیا ہے عمرؓ کا دل ٹوٹا ہوا ہے، پس تمہاری کیا رائے ہے، میں عمر کی دلداری کے لئے حفصہؓ سے نکاح کرلوں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا: ضرور کرلیں، یہ وہ راز تھا جس کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ظاہر نہیں کرنا چاہتے تھے، اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کوئی جواب نہیں دیا، کیونکہ نبی ﷺ نے مشورہ کیا تھا، ضروری نہیں تھا کہ آپؐ ان سے نکاح کرتے، اس لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر نبی ﷺ نکاح نہ کرتے تو میں ان کو قبول کرلیتا۔

۲۲-حضرت ابو مسعود عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حدیث (۱): عبداللہ بن یزید نے ابو مسعود بدری رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آدمی کا اپنی فیملی پر خرچ کرنا صدقہ (ثواب کا کام) ہے یہ حدیث پہلے (حدیث ۵۵) گذر چکی ہے، اس میں حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ نسبت البدری ہے، اس سے امام بخاری رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ آپ بدری صحابی ہیں۔

حدیث (۲): پہلے روایت (نمبر ۵۲۱) آئی ہے کہ حضرت عمر بن العزیز رحمہ اللہ نے جب کہ وہ مدینہ کے گورنر تھے، ایک دن عصر کی نماز میں کچھ تاخیر کی، اس وقت حضرت عروہ رحمہ اللہ نے ان کو حدیث سنائی کہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے جب وہ کوفہ کے گورنر تھے ایک دن عصر کی نماز میں تاخیر کی، تو حضرت ابو مسعود عقبہ بن عمرو، جو زید بن حسن بن علی بن ابی طالب کے نانا ہیں اور جو جنگِ بدر میں شریک رہے ہیں: حضرت مغیرہؓ کے پاس گئے اور ان سے کہا: آپ جانتے ہیں کہ جبرئیل علیہ السلام اترے، پس انھوں نے نماز پڑھی، پس نبی ﷺ نے پانچ نمازیں پڑھیں، پھر جبرئیل علیہ السلام نے کہا: ایسا ہی آپؐ یا میں حکم دیا گیا ہوں، پھر حضرت عروہؒ نے کہا: اسی طرح حضرت ابو مسعودؓ کے لڑکے بشیر اپنے ابا سے روایت کرتے تھے (اس حدیث میں صراحت ہے کہ حضرت ابو مسعودؓ بدری صحابی ہیں اور یہ حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۲:۹-۳۷) گذر چکی ہے۔

حدیث (۳): علقمہ: حضرت ابو مسعود بدریؓ سے روایت کرتے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتوں کو جو شخص کسی رات میں پڑھے گا وہ اس کے لئے کافی ہو جائیں گی، علقمہ کے شاگرد عبدالرحمٰن کہتے ہیں: پھر میری ملاقات حضرت ابو مسعودؓ سے ہوئی درانحالیکہ وہ طواف کر رہے تھے، میں نے ان سے یہ حدیث پوچھی، انھوں نے یہ حدیث مجھ سے بیان کی۔

تشریح: امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں، لیکن اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ آپؓ جنگِ بدر میں شریک نہیں ہوئے اور آپؓ کو بدری اس وجہ سے کہا جاتا تھا کہ آپ نے بدر گاؤں میں سکونت اختیار کی تھی۔ واللہ اعلم

[٤٠٠٦-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ، سَمِعَ أَبَا مَسْعُوْدٍ الْبَدْرِيَّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "نَفَقَةُ الرَّجُلِ عَلٰى أَهْلِهِ صَدَقَةٌ"

[٤٠٠٧-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، يُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فِيْ إِمَارَتِهِ: أَخَّرَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ الْعَصْرَ وَهُوَ أَمِيْرُ الْكُوْفَةِ، فَدَخَلَ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ عُقْبَةُ بْنُ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيُّ، جَدُّ زَيْدِ بْنِ حَسَنٍ، شَهِدَ بَدْرًا، فَقَالَ: لَقَدْ عَلِمْتَ نَزَلَ جِبْرِيْلُ فَصَلّٰى،

فَصَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَمْسَ صَلَوَاتٍ ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا أُمِرْتُ، كَذٰلِكَ كَانَ بَشِيْرُ بْنُ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ. [راجع: ٥٢١]

[٤٠٠٨-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْبَدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الآيَتَانِ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ: مَنْ قَرَأَهُمَا فِيْ لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ " قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: فَلَقِيْتُ أَبَا مَسْعُوْدٍ وَهُوَ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ، فَسَأَلْتُهُ فَحَدَّثَنِيْهِ. [انظر: ٥٠٠٨، ٥٠٠٩، ٥٠٤٠، ٥٠٥١]

۲۳- حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

محمود بن الربیعؓ بیان کرتے ہیں: حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ جو صحابہ میں سے تھے اور انصار میں سے تھے جو جنگِ بدر میں شریک ہوئے تھے: وہ نبی ﷺ کے پاس پہنچے اور عرض کیا: میری بینائی کمزور ہوگئی ہے اور میں اپنی قوم کو نماز پڑھاتا ہوں اور میرے لئے مسجد میں جانا دشوار ہوتا ہے، پس آپؐ تشریف لائیں اور میرے گھر میں نماز پڑھیں، تاکہ میں اس جگہ کو نماز پڑھنے کی جگہ بناؤں (یہ لمبی حدیث تحفۃ القاری ۲:۲۶۲ میں گذری ہے، محمود بن الربیعؓ نے ایک جہاد میں حضرت عتبانؓ سے روایت کرتے ہوئے یہ حدیث بیان کی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر جہنم کی آگ حرام کردی ہے جو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے لا الٰہ الا اللہ کہتا ہے یعنی سچے دل سے کلمہ پڑھتا ہے، اس پر حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے اعتراض کیا تھا، چنانچہ محمود جب جہاد سے واپس آئے تو حضرت عتبانؓ سے ملے اور ان سے یہ حدیث دوبارہ پوچھی، انھوں نے تصدیق کی۔ تفصیل محولہ بالا جگہ میں ہے)

[٤٠٠٩-] حدثنا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، أَنَّ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، أَنَّهُ أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٤٢٤]

[٤٠١٠-] ح: وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ، ثُمَّ سَأَلْتُ الْحُصَيْنَ بْنَ مُحَمَّدٍ- وَهُوَ أَحَدُ بَنِيْ سَالِمٍ، وَهُوَ مِنْ سَرَاتِهِمْ- عَنْ حَدِيْثِ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ، فَصَدَّقَهُ. [راجع: ٤٢٤]

لغت: سَرُوَ (ک) سَرَاوَةً: شریف وبلند کردار ہونا، فَهُوَ سَرِيٌّ، جمع: أَسْرِيَاء وَسَرَاةٌ جمع الجمع: سَرَوَاتٌ، وَهِيَ سَرِيَّةٌ جمع: سَرَايَا۔

۲۴-حضرت عامر بن ربیعہ اور حضرت قدامۃ بن مظعون رضی اللہ عنہما بدری صحابی ہیں

۱-حضرت عامر بن ربیعہؓ: بنوعدی (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خاندان) کے حلیف تھے، حضرت عمرؓ کے والد خطاب نے ان کو بیٹا بنایا تھا، بہت قدیم الاسلام ہیں، دو ہجرتیں کی ہیں، بدر میں اور بعد کی جنگوں میں شریک رہے، اور تقریباً ۳۳ ہجری میں وفات پائی۔

۲-حضرت قدامۃ بن مظعون رضی اللہ عنہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے بھائی ہیں، یہ بھی قدیم الاسلام ہیں، حبشہ کی طرف اپنے بھائی عثمانؓ کے ساتھ ہجرت کی، بدر میں اور باقی جنگوں میں شریک رہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو بحرین کا گورنر بنایا تھا، پھر نشہ آور چیز پینے کی وجہ سے حضرت عمرؓ نے ان پر حد جاری کی، پھر حضرت عمرؓ نے خواب دیکھا: اس میں ان سے کہا گیا کہ قدامہؓ سے مصالحت کریں، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے معافی مانگی اور مصالحت کی، قدامہ رضی اللہ عنہ ابن عمر اور ان کی بہن حفصہ رضی اللہ عنہما کے ماموں تھے۔

[۴۰۱۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرِ ابْنِ رَبِيْعَةَ، وَكَانَ مِنْ أَكْبَرِ بَنِيْ عَدِيٍّ، وَكَانَ أَبُوْهُ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ عُمَرَ اسْتَعْمَلَ قُدَامَةَ بْنَ مَظْعُوْنٍ عَلَى الْبَحْرَيْنِ، وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا، وَهُوَ خَالُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ وَحَفْصَةَ.

ترجمہ: امام زہریؒ کہتے ہیں: مجھے عامر بن ربیعہؓ کے صاحبزادے عبداللہ نے خبر دی ــــ اور وہ بنوعدی کے بڑے لوگوں میں سے تھے اور ان کے ابا نبی ﷺ کے ساتھ بدر میں شریک تھے ــــ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قدامہؓ کو بحرین کا گورنر بنایا، اور قدامہؓ بھی بدر میں شریک تھے، اور وہ عبداللہؓ اور حفصہؓ کے ماموں تھے (پھر نشہ آور چیز پینے کا اور ان پر حد جاری کرنے کا پھر ان سے مصالحت کرنے کا تذکرہ ہے جو مصنف عبدالرزاق میں ہے، امام بخاریؒ نے اس کو چھوڑ دیا ہے)

۲۵-حضرت ظُہیر اور حضرت مُظَہِّر رضی اللہ عنہما بدری صحابی ہیں

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو بتلایا کہ ان کے دو چچاؤں نے اور وہ دونوں بدری صحابی تھے ان کو (رافعؓ کو) خبر دی کہ نبی ﷺ نے کھیت کرایہ پر دینے سے منع کیا ہے۔ امام زہریؒ نے حضرت سالم سے کہا: آپ تو کھیت کرایہ پر دیتے ہیں؟ انھوں نے کہا: ہاں، رافعؓ نے اپنے خلاف زیادتی کی ہے، یعنی مزارعت کے عدم جواز میں مبالغہ کیا ہے، انھوں نے جائز اور ناجائز مزارعت میں فرق نہیں کیا، بعض پیداوار پر زمین بٹائی پر دینا جائز نہیں اور نقد پر دینا جائز ہے، حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے دونوں میں فرق نہیں کیا، دونوں کو ایک لاٹھی سے ہانکا ہے۔ تفصیل تحفۃ القاری (۳۸۵:۵) میں ہے۔

ملحوظہ: حاشیہ میں لکھا ہے کہ دمیاطیؒ ان دونوں حضرات کے بدری ہونے کے منکر ہیں، وہ کہتے ہیں: یہ دونوں حضرات جنگِ احد میں شریک ہوئے ہیں، پھر ابن حجر رحمہ اللہ کا قول لکھا ہے کہ مُثبت نافی سے مقدم ہوتا ہے اس لئے صحیح یہ ہے کہ یہ دونوں حضرات بدری صحابہ ہیں۔

[۴۰۱۲و۴۰۱۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، قَالَ: أَخْبَرَ رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ: أَنَّ عَمَّيْهِ - وَكَانَا شَهِدَا بَدْرًا - أَخْبَرَاهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ كِرَاءِ الْمَزَارِعِ، قُلْتُ لِسَالِمٍ: فَتُكْرِيْهَا أَنْتَ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنَّ رَافِعًا أَكْثَرَ عَلٰى نَفْسِهِ.[راجع: ۲۳۳۹]

ملحوظہ: مذکورہ حدیث حضرت رافعؓ نے اپنے دو چچاؤں سے روایت کی ہے اس لئے حدیث پر دو نمبر لگائے ہیں۔

۲۶- حضرت رفاعہ بن رافع بن مالک رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

ابو معاذ رفاعۃ بن رافع بن مالک بن العجلان الانصاریؓ بدری صحابی ہیں، عبداللہ بن شداد کہتے ہیں: میں نے ان کو دیکھا جب انھوں نے تکبیر تحریمہ کہی تو اَللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا کہا، وہ جنگِ بدر میں شریک رہے ہیں۔

[۴۰۱۴-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ اللَّيْثِيَّ، قَالَ: رَأَيْتُ رِفَاعَةَ بْنَ رَافِعٍ الْأَنْصَارِيَّ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا.

۲۷- حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما (صحابی صغیر) نے حضرت عروۃ بن الزبیر کو بتلایا کہ عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ: جن کا بنو عامر بن لؤی سے دوستانہ تعلق تھا اور وہ بدر میں نبی ﷺ کے ساتھ حاضر تھے، انھوں نے عروہ کو بتلایا کہ نبی ﷺ نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو بحرین بھیجا تا کہ وہ وہاں کا جزیہ لائیں اور نبی ﷺ نے بحرین والوں سے مصالحت کی تھی اور ان پر علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا تھا، پس ابوعبیدہؓ بحرین سے مال لے کر آئے، انصار نے ابوعبیدہؓ کے آنے کے بارے میں سنا، پس انھوں نے صبح کی نماز نبی ﷺ کے ساتھ پڑھی، جب آپؐ فجر کی نماز کے بعد لوٹے تو وہ حضرات آپؐ کے سامنے آئے، نبی ﷺ نے جب ان کو دیکھا تو مسکرائے اور فرمایا: میں سمجھتا ہوں کہ تم نے سنا ہے کہ ابوعبیدہؓ کچھ لے کر آئے ہیں؟ انصار نے کہا: ہاں یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: خوش خبری سن لو یعنی واقعی وہ لائے ہیں اور امید باندھو اس بات کی جو تم کو خوش کرے یعنی میں وہ مال تم کو دوں گا پس بخدا! میں تم پر محتاجگی سے نہیں ڈرتا بلکہ میں تم پر اس

بات سے ڈرتا ہوں کہ پھیلائی جائے تم پر دنیا جس طرح پھیلائی گئی ان لوگوں پر جو تم سے پہلے ہوئے، پس تم ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنے لگو، جیسا پہلوں نے منافست کی، اور وہ تم کو تباہ کردے جیسا پہلوں کو تباہ کردیا (تحفۃ القاری ۶:۴۳۹ سے [أَخْبَرَهُ] بڑھایا ہے)

[٤٠١٥-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، وَيُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّـهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ عَوْفٍ وَهُوَ حَلِيْفٌ لِبَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم [أَخْبَرَهُ] أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ إِلَى الْبَحْرَيْنِ يَأْتِيْ بِجِزْيَتِهَا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هُوَ صَالَحَ أَهْلَ الْبَحْرَيْنِ، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمُ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيَّ، فَقَدِمَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ، فَسَمِعَتِ الْأَنْصَارُ بِقُدُوْمِ أَبِيْ عُبَيْدَةَ فَوَافَوْا صَلَاةَ الْفَجْرِ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا انْصَرَفَ فَتَعَرَّضُوْا لَهُ فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ رَآهُمْ، ثُمَّ قَالَ: أَظُنُّكُمْ سَمِعْتُمْ أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ قَدِمَ بِشَيْئٍ؟ قَالُوْا: أَجَلْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: "فَأَبْشِرُوْا وَأَمِّلُوْا مَا يَسُرُّكُمْ. فَوَ اللّٰهِ مَا الْفَقْرَ أَخْشَى عَلَيْكُمْ وَلٰكِنِّيْ أَخْشَى أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا أَهْلَكَتْهُمْ"

۲۸- حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سبھی سانپوں کو مارا کرتے تھے، یہاں تک کہ ان سے بدری صحابی حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے گھروں کے سفید سانپوں کو مارنے سے منع کیا ہے، چنانچہ ابن عمرؓ ان سانپوں کو مارنے سے رک گئے (یہ حدیث تفصیل سے تحفۃ القاری ۶:۵۲۳ میں ہے)

[٤٠١٦-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقْتُلُ الْحَيَّاتِ كُلَّهَا.

[٤٠١٨-] حَتَّى حَدَّثَهُ أَبُوْ لُبَابَةَ الْبَدْرِيُّ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ قَتْلِ جِنَّانِ الْبُيُوْتِ فَأَمْسَكَ عَنْهَا. [راجع: ٣٢٩٧]

۲۹- حضرت کعب بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حضرت ابوالیسر کعب بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ نے غزوۂ بدر میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو قید کیا تھا، پس وہ بدری

صحابی ہیں۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: چند انصار نے نبی ﷺ سے اجازت طلب کی، انھوں نے عرض کیا: ہمیں اجازت دیں، ہم اپنے بھانجے عباس کا فدیہ چھوڑ دیں، آپؐ نے فرمایا: بخدا! نہیں چھوڑو گے تم فدیہ میں سے ایک درہم یعنی پورا فدیہ ان سے وصول کیا جائے گا۔

تشریح: جدامجد عبدالمطلب کے والد ہاشم مکہ کے معزز سردار، بڑے مالدار اور کامیاب تاجر تھے، انھوں نے مدینہ میں بنونجار کی ایک معزز خاتون سلمی بنت عمرو سے نکاح کیا تھا، ہاشم کچھ وقت بیوی کے پاس گذار کر شام چلے گئے، اس دوران سلمٰی بی بی حاملہ ہوگئیں، پھر ہاشم کا شام کے شہر غزہ میں انتقال ہوگیا، ان کی وفات کے بعد سلمٰی نے بچہ جنا، جس کا نام شیبہ رکھا گیا، کیونکہ پیدائشی طور پر اس بچہ کے بالوں میں سفیدی تھی، ہاشم نے مکہ سے چلتے وقت اپنے بھائی مطلب کو وصیت کی تھی کہ اگر میں سفر سے واپس نہ آؤں تو میرے بچوں کی کفایت کرنا، چنانچہ مطلب مدینہ جاکر ہاشم کے بیٹے شیبہ کو لے آئے، جب وہ مکہ میں داخل ہوئے تو اونٹ پر مطلب کے پیچھے وہ بچہ بیٹھا تھا، لوگوں نے سمجھا کہ مطلب کوئی غلام خرید کر لائے ہیں، اس لئے انھوں نے عبدالمطلب کہنا شروع کردیا اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ عبدالمطلب کے صاحبزادے ہیں، یوں حضرت عباسؓ بھی انصار کے بھانجے ہوئے، اصل بھانجے تو ان کے والد عبدالمطلب تھے۔

[٤٠١٨-] حَدَّثَنِیْ إِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رِجَالاً مِنَ الْأَنْصَارِ اسْتَأْذَنُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَقَالُوْا: ائْذَنْ لَنَا فَلْنَتْرُكْ لِابْنِ أُخْتِنَا عَبَّاسٍ فِدَاءَ هُ، قَالَ: " وَاللّٰهِ لَا تَذَرُوْنَ مِنْهُ دِرْهَمًا"[راجع: ۲۵۳۷]

۳۰- حضرت مقداد بن عمرو کندی رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

عبیداللہ کہتے ہیں: مقداد بن عمرو کندی رضی اللہ عنہ نے جن کا بنوزُہرہ سے دوستانہ تعلق تھا، اور جو نبی ﷺ کے ساتھ بدر میں شریک تھے: بتلایا کہ انھوں نے نبی ﷺ سے پوچھا کہ اگر میری کسی کافر سے مڈبھیڑ ہو، ہم باہم لڑیں، اس نے میرے ایک ہاتھ پر تلوار ماری اور اس کو کاٹ دیا، پھر اس نے مجھ سے بچنے کے لئے ایک درخت کی پناہ لی، اور اس نے کہا: میں مسلمان ہوتا ہوں، پس کیا میں اس کو قتل کروں، اے اللہ کے رسول لا الٰہ الا اللہ کہنے کے بعد؟ آپؐ نے فرمایا: اس کو قتل مت کرو، حضرت مقدادؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اس نے میرا ایک ہاتھ کاٹ دیا ہے پھر اس نے کلمہ پڑھا ہے اس ہاتھ کو کاٹنے کے بعد! نبی ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل مت کرو، اگر تم اس کو قتل کروگے تو وہ تمہاری جگہ ہوگا اس کو قتل کرنے سے پہلے اور تم اس کی جگہ ہوگے، کلمۂ اسلام پڑھنے سے پہلے، یعنی پہلے وہ کافر تھا، مارا جاتا تو جہنم میں جاتا، اب تم اس کو مارو گے تو جہنم میں جاؤگے۔

[۴۰۱۹-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ، ح: وَحَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِيْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، أَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ اللَّيْثِيُّ، ثُمَّ الْجُنْدَعِيُّ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ الْمِقْدَادَ بْنَ عَمْرٍو الْكِنْدِيَّ- وَكَانَ حَلِيْفًا لِبَنِيْ زُهْرَةَ، وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم- أَخْبَرَهُ أَنَّهُ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَرَأَيْتَ إِنْ لَقِيْتُ رَجُلًا مِنَ الْكُفَّارِ فَاقْتَتَلْنَا فَضَرَبَ إِحْدَى يَدَيَّ بِالسَّيْفِ فَقَطَعَهَا ثُمَّ لَاذَ مِنِّيْ بِشَجَرَةٍ، فَقَالَ: أَسْلَمْتُ لِلّٰهِ! آقْتُلُهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بَعْدَ أَنْ قَالَهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَا تَقْتُلْهُ" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهُ قَطَعَ إِحْدَى يَدَيَّ، ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ بَعْدَمَا قَطَعَهَا! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَا تَقْتُلْهُ فَإِنْ قَتَلْتَهُ فَإِنَّهُ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ أَنْ تَقْتُلَهُ، وَإِنَّكَ بِمَنْزِلَتِهِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِيْ قَالَ"[انظر: ۶۸۶۵]

۳۱-حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے بدر کے دن فرمایا: کون دیکھے گا کہ ابوجہل کا کیا انجام ہوا؟ پس ابن مسعودؓ چلے، انھوں نے اس کو پایا کہ مارا ہے اس کو عفراء رضی اللہ عنہما کے دو بیٹوں نے یہاں تک کہ وہ ڈھیر ہوگیا ہے، ابن مسعودؓ نے کہا: تو؟ اے ابوجہل! (روایت میں اسی طرح أَبَا جهل منادی ہے) ابوجہل نے کہا: کیا اس شخص سے اوپر بھی کوئی ہے جس کو تم نے قتل کیا؟ یعنی قوم کا سب سے بڑا سردار تو میں ہوں جس کو تم نے قتل کردیا، اب تمہارا کیا ہوگا؟ پھر ابوجہل نے کہا: کاش کسانوں کے علاوہ کسی نے مجھے قتل کیا ہوتا (یہ حدیث ابھی گذری ہے)

[۴۰۲۰-] حَدَّثَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ بَدْرٍ: " مَنْ يَنْظُرُ مَا صَنَعَ أَبُوْ جَهْلٍ؟" فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ، فَوَجَدَهُ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَاءَ حَتَّى بَرَدَ، فَقَالَ: أَنْتَ؟ أَبَا جَهْلٍ! – قَالَ ابْنُ عُلَيَّةَ: قَالَ سُلَيْمَانُ: هٰكَذَا قَالَهَا أَنَسٌ، قَالَ: أَنْتَ؟ أَبَا جَهْلٍ! – قَالَ: وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ؟ قَالَ سُلَيْمَانُ: أَوْ قَالَ: قَتَلَهُ قَوْمُهُ. قَالَ: وَقَالَ أَبُوْ مِجْلَزٍ: قَالَ أَبُوْ جَهْلٍ: فَلَوْ غَيْرُ أَكَّارٍ قَتَلَنِيْ.[راجع: ۳۹۶۲]

۳۲-حضرت عویم بن ساعدہ اور حضرت معن بن عدی رضی اللہ عنہما بدری صحابی ہیں

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی تو میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: چلئے ہم اپنے انصاری بھائیوں کے پاس جائیں، پس ملاقات کی ہم نے انصار میں سے دو نیک آدمیوں سے جو دونوں بدری صحابی

تھے، حضرت عروہ رحمہ اللہ نے کہا: وہ دونوں عویم بن ساعدہ اور معن بن عدی رضی اللہ عنہما تھے (یہ سقیفۂ بنی ساعدۃ کی حدیث کا ایک حصہ ہے، حدیث آگے کتاب الحدود میں (حدیث ۶۸۳۰) آئے گی، یہاں مقصود ان دونوں کا بدری ہونا بیان کرنا ہے)

[٤٠٢١-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ: لَمَّا تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قُلْتُ لِأَبِيْ بَكْرٍ: انْطَلِقْ بِنَا إِلٰى إِخْوَانِنَا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَلَقِيَنَا مِنْهُمْ رَجُلَانِ صَالِحَانِ شَهِدَا بَدْرًا، فَحَدَّثْتُ بِهِ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ فَقَالَ: هُمَا عُوَيْمُ بْنُ سَاعِدَةَ، وَمَعْنُ بْنُ عَدِيٍّ. [راجع: ٢٤٦٢]

۳۳-بدری صحابہ کا اجمالی تذکرہ

حدیث (۱): قیس بن ابی حازم بجلی (مخضرم تابعی) کہتے ہیں: بدری صحابہ کا وظیفہ پانچ پانچ ہزار درہم تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ان کو بعد والوں پر ترجیح دوں گا (اس میں سبھی بدری صحابہ کا اجمالی ذکر ہے)

حدیث (۲): جبیر بن مطعم بدر کے قیدیوں کے سلسلہ میں گفتگو کرنے کے لئے مدینہ آئے، وہ مسجد نبوی کے باہر تھے، مسجد میں مغرب کی نماز ہورہی تھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سورہ طور پڑھ رہے تھے، جبیر کہتے ہیں: اس کو سن کر میرے دل میں ایمان کا بیج پڑا، پھر انھوں نے بدر کے قیدیوں کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کی، آپؐ نے فرمایا: ''اگر تیرا باپ مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور وہ مجھ سے ان گندوں کے بارے میں گفتگو کرتا تو میں ان کو اس کی خاطر چھوڑ دیتا'' اور سعید بن المسیبؒ کہتے ہیں: پہلا فتنہ واقع ہوا ــــ مراد لے رہے ہیں وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کو ــــ تو نہیں باقی چھوڑا اس نے بدری صحابہ میں سے کسی کو یعنی اس کے بعد بدری صحابہ اٹھتے چلے گئے، اگلے فتنہ تک کوئی بدری صحابی زندہ نہ رہا (یہاں باب ہے، بدری صحابہ کا اجمالی ذکر آگیا) پھر دوسرا فتنہ واقع ہوا ــــ مراد لے رہے ہیں وہ حرہ کے واقعہ کو ــــ پس نہیں چھوڑا اس نے حدیبیہ والوں میں سے کسی کو، پھر تیسرا فتنہ واقع ہوا، پس نہیں ختم ہوا وہ درانحالیکہ لوگوں میں عقلمندی اور بہتری تھی، یعنی کوئی صحابی باقی نہیں رہا (اس تیسرے فتنہ کی نشاندہی نہیں کی، حاشیہ میں خوارج کے فتنہ کو اس کا مصداق قرار دیا ہے)

[٤٠٢٢-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ فُضَيْلٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ: كَانَ عَطَاءُ الْبَدْرِيِّيْنَ خَمْسَةَ آلَافٍ خَمْسَةَ آلَافٍ، وَقَالَ عُمَرُ: لَأُفَضِّلَنَّهُمْ عَلٰى مَنْ بَعْدَهُمْ.

[٤٠٢٣-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ، وَذٰلِكَ أَوَّلُ مَا وَقَرَ الْإِيْمَانُ فِيْ قَلْبِيْ. [راجع: ٧٦٥]

[٤٠٢٤-] وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ فِي أُسَارَى بَدْرٍ: "لَوْ كَانَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ حَيًّا ثُمَّ كَلَّمَنِي فِي هٰؤُلَاءِ النَّتْنٰى لَتَرَكْتُهُمْ لَهُ"
وَقَالَ اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ: وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ الْأُوْلٰى يَعْنِي مَقْتَلَ عُثْمَانَ فَلَمْ تُبْقِ مِنْ أَصْحَابِ بَدْرٍ أَحَدًا، ثُمَّ وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ الثَّانِيَةُ يَعْنِي الْحَرَّةَ فَلَمْ تُبْقِ مِنْ أَصْحَابِ الْحُدَيْبِيَةِ أَحَدًا، ثُمَّ وَقَعَتِ الثَّالِثَةُ فَلَمْ تَرْتَفِعْ وَلِلنَّاسِ طَبَاخٌ.[راجع: ٣١٣٩]

ملحوظہ: دوسری اور تیسری حدیثیں ایک ہیں، حوالہ دینے کے لئے دوحصوں میں تقسیم کیا ہے۔

قوله: طَبَاخٌ: اصل معنی قوت وفربہی کے ہیں اور ثانوی معنی عقلمندی اور بہتری کے، لَاطَبَاخَ لَهُ أَيْ لَاعَقْلَ لَهُ وَلَا خَيْرَ عِنْدَهُ، شاعر کہتا ہے:

الْمَالُ يَغْشٰى رِجَالًا لَاطَبَاخَ لَهُمْ ❁ كَالسَّيْلِ يَغْشَى أُصُوْلَ الدِّنْدَنِ الْبَالِيْ

ترجمہ: مال چھاتا ہے ایسے لوگوں پر جن میں عقل وفہم اور خیر نہیں ہوتی ÷ جیسے نالہ چھاتا ہے پرانی کالی گھاس کی جڑوں پر۔

۳۴- حضرت مسطح رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں

واقعۂ افک میں صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پس میں اور مسطحؓ کی ماں استنجے سے فارغ ہوکر لوٹیں، مسطحؓ کی ماں اپنے دوپٹے میں الجھ کر لڑکھڑائی، ان کے منہ سے نکلا: مسطح کا ناس ہو! صدیقہؓ نے کہا: آپ نے بری بات کہی، آپ ایک ایسے شخص کو کوس رہی ہیں جو بدری صحابی ہیں، پھر روات نے افک کا واقعہ بیان کیا ہے، جو پہلے (حدیث ۲۶۶۱) آیا ہے۔

[٤٠٢٥-] حدثنا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ ابْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، كُلٌّ حَدَّثَنِي طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيْثِ، قَالَتْ: فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ، فَعَثَرَتْ أُمُّ مِسْطَحٍ فِي مِرْطِهَا، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَقُلْتُ: بِئْسَ مَا قُلْتِ، تَسُبِّيْنَ رَجُلًا شَهِدَ بَدْرًا؟ فَذَكَرَ حَدِيْثَ الإِفْكِ.[راجع: ٢٥٩٣]

۳۵- بدر میں مہاجرین کتنے تھے؟

امام زہریؒ نے مہماتِ نبوی ﷺ بیان کرتے ہوئے فرمایا: یہ نبی ﷺ کی جنگیں ہیں: پھر ان کی تفصیل کی (اس کا ایک جزء یہ ہے:) نبی ﷺ نے فرمایا: جبکہ آپ صنادید قریش کو نام بہ نام پکار رہے تھے: "کیا تم نے اس بات کو جس کا تم سے تمہارے پروردگار نے وعدہ کیا تھا برحق پایا؟" ابن عمرؓ کہتے ہیں: صحابہ میں سے کچھ نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپؐ مردہ

لوگوں کو پکار رہے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ”تم ان مردوں سے زیادہ سننے والے نہیں ہو، اس بات کو جو میں کہہ رہا ہوں!“

(امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:) تمام وہ حضرات جو بدر میں شریک ہوئے قریش میں سے یعنی مہاجرین میں سے ان لوگوں میں سے جن کو بدر کی غنیمت میں سے حصہ دیا گیا اکیاسی آدمی تھے، اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جن کے حصے بانٹے گئے وہ سو تھے، اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں۔

اور آخری حدیث میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بدر کے دن مہاجرین کے لئے سو حصے لگائے گئے۔

[٤٠٢٦-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: هٰذِهِ مَغَازِى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، فقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُلْقِيْهِمْ: ” هَلْ وَجَدْتُمْ مَاوَعَدَكُمْ رَبُّكُمْ حَقًّا؟“ قَالَ مُوْسَى: قَالَ نَافِعٌ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِه: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تُنَادِىْ نَاسًا أَمْوَاتًا؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ” مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لَمَا أَقُوْلُ مِنْهُمْ“

فَجَمِيْعُ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ مِمَّنْ ضُرِبَ لَهُ بِسَهْمِهِ أَحَدٌ وَثَمَانُوْنَ رَجُلاً، وَكَانَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ: قَالَ الزُّبَيْرُ: قُسِمَتْ سُهْمَانُهُمْ فَكَانُوْا مِائَةً، وَاللّٰهُ أَعْلَمُ. [راجع: ١٣٧٠]

[٤٠٢٧-] حَدَّثَنِىْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: ضُرِبَتْ يَوْمَ بَدْرٍ، لِلْمُهَاجِرِيْنَ بِمِائَةِ سَهْمٍ.

قولہ: يُلْقِيْهِمْ: إلقاء سے ہے جس کے معنی ہیں: ڈالنا یعنی صنادید قریش کو بدر کے کنویں میں ڈال رہے تھے، اور يُلَقِّيْهِمْ ہے تو معنی ہیں: آپؐ ان سے مخاطب تھے، ان سے بات کر رہے تھے، اور يُلَقِّبُهُمْ ہے تو معنی ہیں: ان کو نام بہ نام پکار رہے تھے اور اگر يَلْعَنُهُمْ ہے تو معنی ہیں: ان پر لعنت کر رہے تھے، میں نے يُلَقِّبُهُمْ کا ترجمہ کیا ہے، اصیلی اور ابوالوقت کے نسخوں میں حموی سے یہی مروی ہے (حاشیہ)

بَابُ تَسْمِيَةِ مَنْ سُمِّيَ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ فِي الْجَامِعِ

وہ بدری صحابہ جن کا بخاری شریف میں تذکرہ آیا ہے

یہ باب گذشتہ ابواب کا خلاصہ ہے، بخاری شریف میں گذشتہ تین بابوں میں یا دوسری جگہوں میں جن بدری صحابہ کا ذکر آیا ہے، خواہ وہ مہاجرین ہیں یا انصار، ان کا مجموعی تذکرہ کرتے ہیں، اور بین السطور میں اور حاشیہ میں بقید صفحات حوالے ہیں کہ کس صحابی کا ذکر کہاں آیا ہے، یہ کل ۴۵ بدری صحابہ ہیں جن کا بخاری کی حدیثوں میں ذکر آیا ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے

ان کو حروفِ ہجا پر مرتب کیا ہے، میں نے کھڑی دو قوسوں کے درمیان نمبر لگا دیئے ہیں، ترجمہ کی ضرورت نہیں۔

[١٣-] بَابُ تَسْمِيَةِ مَنْ سُمِّيَ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ فِي الْجَامِعِ

[١-] النَّبِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَاشِمِيُّ صلى الله عليه وسلم الْقُرَشِيُّ. [٢-] إِيَاسُ بْنُ الْبُكَيْرِ. [٣-] بِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ مَوْلٰى أَبِيْ بَكْرٍ الْقُرَشِيِّ. [٤-] حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ الْهَاشِمِيُّ. [٥-] حَاطِبُ ابْنُ أَبِيْ بَلْتَعَةَ حَلِيْفٌ لِقُرَيْشٍ. [٦-] أَبُوْ حُذَيْفَةَ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ الْقُرَشِيُّ. [٧-] حَارِثَةُ بْنُ الرُّبَيِّعِ الْأَنْصَارِيُّ، قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ وَهُوَ حَارِثَةُ بْنُ سُرَاقَةَ كَانَ فِي النَّظَارَةِ. [٨-] خُبَيْبُ بْنُ عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيُّ. [٩-] خُنَيْسُ بْنُ حُذَافَةَ السَّهْمِيُّ. [١٠-] رِفَاعَةُ بْنُ رَافِعٍ الْأَنْصَارِيُّ. [١١-] رِفَاعَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ أَبُوْ لُبَابَةَ الْأَنْصَارِيُّ. [١٢-] زُبَيْرُ بن الْعَوَّامِ الْقُرَشِيُّ. [١٣-] زَيْدُ بْنُ سَهْلٍ أَبُوْ طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيُّ. [١٤-] أَبُوْ زَيْدٍ الْأَنْصَارِيُّ. [١٥-] سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ الزُّهْرِيُّ [١٦-] سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ الْقُرَشِيُّ، [١٧-] سَعِيْدُ ابْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ الْقُرَشِيُّ. [١٨-] سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ الْأَنْصَارِيُّ. [١٩-] ظُهَيْرُ بْنُ رَافِعٍ الْأَنْصَارِيُّ. [٢٠-] وَأَخُوْهُ. [٢١-] عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ الْقُرَشِيُّ. [٢٢-] عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ الْهُذَلِيُّ [٢٣-] عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ الزُّهْرِيُّ. [٢٤-] عُبَيْدَةُ بْنُ الْحَارِثِ الْقُرَشِيُّ. [٢٥-] عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ الْأَنْصَارِيُّ. [٢٦-] عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الْعَدَوِيُّ. [٢٧-] عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ الْقُرَشِيُّ خَلَّفَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى ابْنَتِهِ وَضَرَبَ لَهُ بِسَهْمِهِ. [٢٨-] عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ الْهَاشِمِيُّ. [٢٩-] عَمْرُو بْنُ عَوْفٍ حَلِيْفُ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ. [٣٠-] عُقْبَةُ بْنُ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيُّ. [٣١-] عَامِرُ بْنُ رَبِيْعَةَ الْعَنَزِيُّ. [٣٢-] عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ. [٣٣-] عُوَيْمُ بْنُ سَاعِدَةَ الْأَنْصَارِيُّ. [٣٤-] عِتْبَانُ بْنُ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيُّ. [٣٥-] قُدَامَةُ بْنُ مَظْعُوْنٍ. [٣٦-] قَتَادَةُ بْنُ النُّعْمَانِ الْأَنْصَارِيُّ. [٣٧-] مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو ابْنِ الْجَمُوْحِ. [٣٨-] مُعَوِّذُ بْنُ عَفْرَاءَ. [٣٩-] وَأَخُوْهُ. [٤٠-] مَالِكُ بْنُ رَبِيْعَةَ أَبُوْ أُسَيْدٍ الْأَنْصَارِيُّ. [٤١-] مُرَارَةُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْأَنْصَارِيُّ. [٤٢-] مَعْنُ بْنُ عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيُّ. [٤٣-] مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ الْمُطَّلَبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ. [٤٤-] مِقْدَادُ بْنُ عَمْرٍو الْكِنْدِيُّ حَلِيْفُ بَنِيْ زُهْرَةَ. [٤٥-] هِلَالُ ابْنُ أُمَيَّةَ الْأَنْصَارِيُّ.

[٧-] حارثہؓ کی والدہ کا نام رُبَیِّعْ ہے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی پھوپھی ہیں، اور ان کے والد کا نام سُراقہ ہے اور نَظَّارَة کے معنی ہیں: تماش بیں، کسی چیز کو شوق ورغبت سے دیکھنے والے لوگ، عینی میں ہے: وَهُمُ الْقَوْمُ يَنْظُرُوْنَ إِلٰى شَيْئٍ: حارثہؓ پانی کے ایک چشمہ پر کھڑے ہوئے جنگ کا منظر دیکھ رہے تھے کہ انجانا تیر آیا اور گلے میں لگا، جس سے شہید ہوگئے۔

[۲۰-] ظُھیر کے بھائی کا نام مُظَھِّر ہے [۲۷-] حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے پیچھے چھوڑا تھا اپنی صاحبزادی کی تیمارداری کے لئے اور ان کو بدر کی غنیمت میں سے حصہ دیا تھا، پس وہ حکماً بدری صحابی ہیں۔ [۳۹-] معوذ بن عفراء کے بھائی کا نام حارث بن عفراء ہے۔

فائدہ: اس فہرست میں امام بخاری رحمہ اللہ نے صرف ان بدری صحابہ کا ذکر کیا ہے جن کے بدری ہونے کی بخاری شریف میں صراحت ہے اور اگر کوئی ایسا بدری صحابی ہے جس کے بارے میں صراحت نہیں ہے تو اس کا ذکر نہیں کیا، جیسے حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ کا تذکرہ بخاری میں ہے اور وہ بالیقین بدری صحابی ہیں، مگر بخاری میں اس کی صراحت نہیں ہے، اس لئے ان کا تذکرہ نہیں کیا۔

جنگِ بدر میں شہید ہونے والے صحابہ رضی اللہ عنہم

جنگِ بدر میں چودہ خوش نصیب صحابہ شہید ہوئے ہیں جو درج ذیل ہیں:

۱- حضرت عبیدۃ بن الحارث بن المطلب مہاجری رضی اللہ عنہ (مبارزت میں پیر کٹ گیا تھا، صفراء مقام میں وفات پائی، وہیں دفن کئے گئے)

۲- عُمیر بن ابی وقاص مہاجری رضی اللہ عنہ (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے چھوٹے بھائی ہیں بوقت شہادت عمر سولہ سال تھی)

۳- ذوالشمالین بن عبد عمرو مہاجری رضی اللہ عنہ (جمہور محدثین کے نزدیک ذوالشمالین اور ذوالیدین الگ الگ ہیں)

۴- عاقل بن البُکیر مہاجری رضی اللہ عنہ (ان کا پہلا نام غافل تھا، نبی ﷺ نے ان کا نام عاقل رکھا، بوقتِ شہادت عمر ۳۴ سال تھی)

۵- مِھْجَعُ بن صالح مہاجری رضی اللہ عنہ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ)

۶- صفوان بن بیضاء مہاجری رضی اللہ عنہ (آپؓ کا بدری ہونا مسلم ہے مگر بدر میں شہید ہونا مختلف فیہ ہے)

۷- سعد بن خیثمہ انصاری رضی اللہ عنہما (شہید اور شہد کے بیٹے، آپ غزوۂ بدر میں اور باپ غزوۂ احد میں شہید ہوئے)

۸- مُبَشِّر بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِر انصاری رضی اللہ عنہ............۹- یزید بن حارث انصاری رضی اللہ عنہ............۱۰- عمیر بن حمام انصاری رضی اللہ عنہ............۱۱- رافع بن مُعلّٰی انصاری رضی اللہ عنہ۔

۱۲- حارثۃ بن سراقہ انصاری رضی اللہ عنہما (شہید اور شہید کے بیٹے، آپ بدر میں اور باپ حنین میں شہید ہوئے)

۱۳- عوف بن حارث انصاری رضی اللہ عنہ............۱۴- معوّذ بن حارث انصاری رضی اللہ عنہ (آخری دونوں بھائی ہیں، ماں کا نام عفراء رضی اللہ عنہا ہے)

(غزوۂ بدر کا بیان پورا ہوا)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہود کے احوال وانجام

مدینہ منورہ میں یہود کے تین قبیلے آباد تھے: بنوقینقاع، بنونضیر اور بنوقریظہ، بڑے قبائل بنونضیر اور بنوقریظہ تھے، بنوقینقاع اور بنوحارثہ ان کی شاخیں تھیں، یہ سب قبائل بنوقریظہ کے علاوہ اپنی خیانت، بے وفائی اور عہد شکنی کی وجہ سے جلاوطن کئے گئے، ہجرت کے بعد نبی ﷺ نے مدینہ کے یہود اور مشرکین کے ساتھ ایک معاہدہ کیا تھا جس کی رو سے مدینہ اور اس کے اطراف ایک 'وفاقی حکومت' میں تبدیل ہوگئے تھے۔

پھر جب مسلمان بدر کی طرف نکلے تو ایک مسلمان عورت بنوقینقاع کے محلّہ میں دودھ بیچنے گئی، یہودیوں نے شرارت کی اور اسے سر بازار ننگا کردیا، عورت چلائی ایک مسلمان موقع پر پہنچ گیا، اس نے طیش میں آکر فسادی یہودی کو قتل کردیا، اس پر یہودی جمع ہوگئے اور اس مسلمان کو مار ڈالا اور اس طرح بلوہ ہوگیا، نبی ﷺ جب بدر سے لوٹے تو یہودیوں کو واقعہ کی تحقیق کے لئے بلایا، انھوں نے معاہدہ کا کاغذ واپس کردیا اور جنگ پر آمادہ ہوگئے، ان کی یہ حرکت بغاوت کے مترادف تھی، اس لئے ان کو سزا دی گئی کہ وہ مدینہ چھوڑ دیں، اور خیبر جابسیں، اس طرح سب سے پہلے بنوقینقاع کو مدینہ سے جلاوطن کیا۔

پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ قریش نے یہود کو لکھا کہ تم جائدادوں اور قلعوں والے ہو، محمد (ﷺ) سے لڑو، ورنہ ہم تمہارے ساتھ یہ کریں گے وہ کریں گے، اور تمہاری عورتوں کے پازیب بھی اتارلیں گے۔ اس خط کے ملنے پر بنونضیر نے عہد شکنی کا اور نبی ﷺ سے فریب کا ارادہ کیا، انھوں نے نبی ﷺ کو پیغام بھیجا کہ آپؐ تین آدمی اپنے ساتھ لے کر آئیں، ہمارے تین عالم آپؐ سے بحث کریں گے اگر ہمارے آدمی مطمئن ہوگئے تو ہم اسلام قبول کرلیں گے اور انھوں نے اپنے تینوں عالموں سے کہہ دیا کہ اپنے ساتھ خنجر چھپا کر رکھنا اور موقع ملتے ہی آپؐ کو قتل کردینا۔

بنونضیر میں ایک انصاری خاتون تھی اس کا بھائی مسلمان تھا اس نے اس سازش کی اطلاع اپنے بھائی کو دی، بھائی نے آکر آپ ﷺ کو خبر دی، چنانچہ نبی ﷺ نے مذاکرہ کا ارادہ ترک فرمادیا۔

پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ بنوکلاب کے دو شخصوں کو عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ نے غلطی سے قتل کردیا، اس لئے ان کی دیت ادا کرنی ضروری تھی، اور معاہدہ کی رو سے اس میں اعانت کرنا یہود پر بھی واجب تھا، چنانچہ آپؐ چند صحابہ کے ساتھ

بنونضیر کی بستی میں گئے ان لوگوں نے آپؐ کو اور صحابہ کو ایک دیوار کے پاس بٹھایا اور کہا: ہم مشورہ کر کے آپؐ کی ضرورت پوری کرتے ہیں، پھر وہ تنہائی میں جمع ہوئے اور باہم مشورہ کیا کہ آپؐ کو قتل کر دیا جائے تا کہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری! انھوں نے عمرو بن جحّاش کو تیار کیا کہ وہ چکی کا پاٹ لے کر چھت پر چڑھے اور آپؐ کے سر پر گرادے، سلام بن مشکم نے منع بھی کیا کہ ایسا مت کرو، تمہارے ارادوں کی ان کو خبر ہو جائے گی، پھر ہمارے اور ان کے درمیان عہد و پیمان بھی ہے اور یہ حرکت اس کی خلاف ورزی ہے، مگر انھوں نے ایک نہیں سنی، سب اپنے منصوبہ کو روبہ عمل لانے پر مصر رہے۔

ادھر وحی کے ذریعہ آپؐ کو یہود کے ارادہ کی خبر دیدی گئی، آپؐ تیزی سے اٹھ کر مدینہ کی طرف روانہ ہو گئے، ساتھی تھوڑی دیر انتظار کر کے مایوس ہو کر مدینہ لوٹ آئے آپؐ نے ان کو بتلایا کہ یہود کا یہ ارادہ تھا اس واقعہ کے بعد آپؐ نے محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کو ان کے پاس بھیجا اور نوٹس دیا کہ تم لوگ مدینہ سے نکل جاؤ، اب تم یہاں میرے ساتھ نہیں رہ سکتے، تمہیں دس دن کی مہلت دی جاتی ہے، اس نوٹس کے بعد بنونضیر نے جلاوطنی کی تیاری شروع کر دی، مگر رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی نے کہلا بھیجا کہ اپنی جگہ برقرار رہو، ڈٹ جاؤ اور گھر بار نہ چھوڑو، میرے پاس دو ہزار مردانِ جنگی ہیں، جو تمہاری حفاظت میں جان دیدیں گے اور اگر تمہیں نکالا گیا تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکل جائیں گے اور ہم تمہارے بارے میں کسی سے ہرگز سمجھوتہ نہیں کریں گے، اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم تمہاری مدد کریں گے اور بنوقریظہ اور بنوغطفان جو تمہارے حلیف ہیں، وہ بھی تمہاری مدد کریں گے۔

رئیس المنافقین کا یہ پیغام سن کر بنونضیر کی خود اعتمادی لوٹ آئی، انھوں نے طے کر لیا کہ جلاوطن نہیں ہونا، ان کے سردار حیی بن اخطب کو توقع تھی کہ رئیس المنافقین نے جو کچھ کہا ہے وہ پورا کرے گا، چنانچہ اس نے جوابی پیغام بھیجا کہ ہم اپنے دیار سے نہیں نکلتے، آپ کو جو کرنا ہو کر لو، جب رسول اللہ ﷺ کو حیی بن اخطب کا جوابی پیغام ملا تو آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ بنونضیر پر فوج کشی کرو، چنانچہ لشکر نے بنونضیر کے علاقہ میں پہنچ کر ان کا محاصرہ کر لیا، وہ قلعوں اور گڑھیوں میں پناہ گزیں ہو گئے اور فصیل سے تیر و پتھر برسانے لگے، عبداللہ بن ابی نے خیانت کی اور ان کے حلیف غطفان بھی مدد کو نہیں آئے اور بنوقریظہ بھی الگ تھلک رہے۔

یہ محاصرہ کچھ زیادہ طویل نہیں ہوا، صرف چھ دن یا بقول بعض پندرہ دن جاری رہا، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا، ان کے حوصلے ٹوٹ گئے اور وہ ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہو گئے، اور انھوں نے کہلوایا کہ ہم مدینہ سے نکلنے کے لئے تیار ہیں، آپؐ نے ان کی جلاوطنی کی پیشکش منظور کر لی اور اجازت دی کہ ہتھیار کے علاوہ جو ساز و سامان لے جا سکتے ہیں وہ لے کر بال بچوں سمیت کہیں چلے جائیں، ان میں سے اکثر نے اور ان کے لیڈروں نے خیبر کا رخ کیا، حیی بن اخطب اور سلام بن ابی الحُقیق بھی خیبر چلے گئے اور ایک جماعت ملک شام روانہ ہوئی، صرف دو شخص: یامین بن عمرو اور ابوسعید بن وہب مسلمان ہوئے، نبی ﷺ نے شرط کے مطابق بنونضیر کے ہتھیار، زمین، گھر اور باغات اپنے قبضہ میں لے لئے، اس طرح

یہود کا یہ دوسرا قبیلہ بھی جلاوطن کیا گیا۔

جب بنونضیر کو جلاوطن کیا گیا تھا تو بنوقریظہ کو معاف کردیا گیا تھا اوران کے ساتھ معاہدہ کی تجدید کرلی گئی تھی، مگر جب غزوۂ احزاب پیش آیا تو بنوقریظہ نے نقض عہد کیا، وہ قریش کے ساتھ مل گئے اور شہر کے امن وامان میں بھی خلل ڈالا چنانچہ جب مسلمان احزاب سے نمٹ گئے تو آپؐ نے بنوقریظہ پر چڑھائی کا حکم دیا، پھران کے حَکَم حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ کیا کہ بنوقریظہ کے جنگجو مرد قتل کئے جائیں، عورتیں اور بچے غلام بنائے جائیں اوران کا مال تقسیم کردیا جائے، اس طرح اس قبیلہ سے بھی مسلمانوں کو نجات مل گئی۔

بَابُ حَدِيْثِ بَنِىْ النَّضِيْرِ

غزوۂ بنونضیر

امام بخاری رحمہ اللہ نے اس غزوہ کا تذکرہ غزوۂ بدر کے بعد کیا ہے اور حضرت عروہ رحمہ اللہ کا قول لکھا ہے کہ یہ غزوہ: بدر کے چھ ماہ بعد غزوۂ احد سے پہلے پیش آیا ہے، پھر محمد بن اسحاق کا قول نقل کیا ہے کہ یہ غزوہ: بیر معونہ اور غزوۂ احد کے بعد پیش آیا ہے، یہی قول ارباب سیر کے نزدیک راجح ہے، ان کے نزدیک ربیع الاول سن ۴ ہجری میں یہ غزوہ پیش آیا ہے۔

باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے غزوہ کا سبب بھی بیان کیا ہے کہ ایک دیت کی ادائیگی کے سلسلہ میں تعاون حاصل کرنے کے لئے نبی ﷺ چند صحابہ کے ساتھ بنونضیر کی بستی میں تشریف لے گئے تھے، معاہدہ کی رو سے ان پر تعاون کرنا لازم تھا، انھوں نے غداری کی، نہ صرف تعاون سے انکار کیا، بلکہ نبی ﷺ کے قتل کا پلان بنایا، جس کی وحی سے بروقت اطلاع ہوگئی، تفصیل تمہید میں آچکی ہے۔

اس غزوہ کے تعلق سے سورۃ الحشر نازل ہوئی ہے، جس میں بنونضیر کی جلاوطنی کا نقشہ کھینچا گیا ہے، منافقین کے طرزِ عمل کا پردہ فاش کیا ہے اور مالِ فئے کے احکام بیان کئے ہیں، اس میں مہاجرین وانصار کی تعریف بھی ہے اور یہ بات بھی ہے کہ جنگی مصالح سے درخت کاٹنا اوران میں آگ لگانا جائز ہے، یہ فساد فی الارض نہیں۔

[۱۴-] بَابُ حَدِيْثِ بَنِىْ النَّضِيْرِ، وَمَخْرَجُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِمْ فِىْ دِيَةِ الرَّجُلَيْنِ، وَمَا أَرَادُوْا مِنَ الْغَدْرِ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۱-] وَقَالَ الزُّهْرِىُّ، عَنْ عُرْوَةَ: كَانَتْ عَلٰى رَأْسِ سِتَّةِ أَشْهُرٍ مِنْ وَقْعَةِ بَدْرٍ قَبْلَ أُحُدٍ. وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿هُوَ الَّذِىْ أَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ﴾[الحشر: ۲]

[۲-] وَجَعَلَهُ ابْنُ إِسْحَاقَ بَعْدَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ وَأُحُدٍ.

باب کا ترجمہ: بنونضیر کا واقعہ، اور نبی ﷺ کا ان کے پاس دو شخصوں کی دیت کے سلسلہ میں جانا اور ان کا نبی ﷺ سے غداری کرنا۔

آیتِ کریمہ: سورۃ الحشر کی دوسری آیت ہے: ﴿هُوَ الَّذِیْ أَخْرَجَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ﴾: اللہ وہی ہے جس نے اہل کتاب کے منکرین کو لشکر کشی کرتے ہی ان کے گھروں سے نکال دیا۔

تفسیر: مدینہ سے مشرقی جانب چند میل کے فاصلہ پر ایک قوم یہود بستی تھی، جس کو 'بنی نضیر' کہتے تھے، یہ لوگ بڑے جتھے والے اور سرمایہ دار تھے، اپنے مضبوط قلعوں پر ان کو ناز تھا، حضور ﷺ جب ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو شروع میں انھوں نے آپؐ سے صلح کا معاہدہ کرلیا کہ ہم آپؐ کے مقابلہ پر کسی کی مدد نہ کریں گے، پھر مکہ کے کافروں سے نامہ و پیام کرنے لگے، حتی کہ ان کے ایک بڑے سردار کعب بن اشرف نے چالیس سواروں کے ساتھ مکہ پہنچ کر بیت اللہ شریف کے سامنے مسلمانوں کے خلاف قریش سے عہد و پیمان باندھا، آخر چند روز بعد اللہ ورسول کے حکم سے محمد بن مسلمہؓ نے اس غدار کا کام تمام کردیا، پھر بھی بنونضیر کی طرف سے بدعہدی کا سلسلہ جاری رہا، کبھی دغابازی سے حضور ﷺ کو چند رفیقوں کے ساتھ بلاکر اچانک قتل کرنا چاہا، ایک مرتبہ حضور ﷺ جہاں بیٹھے تھے اوپر سے بھاری چکی کا پاٹ ڈال دیا، اگر لگے تو آدمی مرجائے، مگر سب مواقع پر اللہ کے فضل نے حفاظت فرمائی، آخر حضور ﷺ نے مسلمانوں کو جمع کیا، ارادہ یہ تھا کہ ان سے لڑیں جب مسلمانوں نے نہایت سرعت و مستعدی سے مکانوں اور قلعوں کا محاصرہ کرلیا تو وہ مرعوب وخوفزدہ ہوگئے، عام لڑائی کی نوبت نہ آئی، انھوں نے گھبرا کر صلح کی التجا کی، آخر یہ قرار پایا کہ وہ مدینہ خالی کردیں، ان کی جانوں سے تعرض نہ کیا جائے گا، اور جو مال اسباب اٹھا کر لے جاسکتے ہیں لے جائیں، باقی مکان زمین باغ وغیرہ پر مسلمان قابض ہوئے، حق تعالیٰ نے وہ زمین مالِ غنیمت کی طرح تقسیم نہ کرائی، صرف حضرت محمد ﷺ کے اختیار پر رکھی، حضرت نے اکثر اراضی مہاجرین پر تقسیم کردیں، اس طرح انصار پر سے ان کا خرچ ہلکا ہوا اور مہاجرین وانصار دونوں کو فائدہ پہنچا، نیز حضرت ﷺ اپنے گھر کا اور وارد وصادر کا سالانہ خرچہ بھی اسی سے لیتے تھے، اور جو بچ رہتا اللہ کے راستہ میں خرچ کرتے تھے، اس سورت میں یہی قصہ مذکور ہے (فوائد عثمانی ۲: ۱۱۵۹)

قولہ: أول الحشر: یعنی ایک ہی حملہ میں گھبرا گئے، اور پہلی ہی مڈبھیڑ میں مکان اور قلعے خالی کرنے کے لئے تیار ہوگئے، کچھ بھی ثابت قدمی نہ دکھلائی۔

[۴۰۲۸-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُوْسَى ابْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: حَارَبَتِ النَّضِيْرُ وَقُرَيْظَةُ، فَأَجْلَى بَنِي النَّضِيْرِ وَأَقَرَّ قُرَيْظَةَ وَمَنَّ عَلَيْهِمْ، حَتَّى حَارَبَتْ قُرَيْظَةُ، فَقَتَلَ رِجَالَهُمْ وَقَسَمَ نِسَاءَ هُمْ وَأَوْلَادَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ، إِلَّا

بَعْضَهُمْ لَحِقُوْا بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَآمَنَهُمْ وَأَسْلَمُوْا، وَأَجْلَى يَهُوْدَ الْمَدِيْنَةِ كُلَّهُمْ: بَنِي قَيْنُقَاعَ، وَهُمْ رَهْطُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَامٍ، وَيَهُوْدَ بَنِي حَارِثَةَ، وَكُلَّ يَهُوْدٍ بِالْمَدِيْنَةِ.

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: بنونضیر اور بنوقریظہ نے جنگ کی، یعنی معاہدہ کی خلاف ورزی کر کے جنگ کے لئے آمادہ ہوگئے، پس نبی ﷺ نے بنونضیر کو جلاوطن کیا اور بنوقریظہ کو برقرار رکھا اور ان پر احسان کیا، یہاں تک کہ بنوقریظہ نے بھی جنگ کی یعنی غزوۂ احزاب میں عہد شکنی کی، پس ان کے مردوں کو قتل کیا اور ان کی عورتوں، بچوں اور جائداد کو مسلمانوں کے درمیان تقسیم کیا، مگر ان کے بعض نبی ﷺ کے ساتھ مل گئے اور مسلمان ہوگئے، پس ان کو امن دیدیا، اور نبی ﷺ نے مدینہ کے سبھی یہودیوں کو جلاوطن کر دیا، بنوقینقاع کو جو عبداللہ بن سلامؓ کا قبیلہ تھا اور بنوحارثہ کے یہود کو اور مدینہ کے سارے ہی یہودیوں کو جلاوطن کر دیا۔

[٤٠٢٩-] حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: سُوْرَةُ الْحَشْرِ، قَالَ: قُلْ: سُوْرَةُ النَّضِيْرِ، تَابَعَهُ هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ. [انظر: ٤٦٤٥، ٤٨٨٢، ٤٨٨٣]

ترجمہ: سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے سامنے لفظ سورۃ الحشر استعمال کیا تو ابن عباسؓ نے فرمایا: سورۃ النضیر کہو (کیونکہ اس سورت میں بنونضیر کے احوال مذکور ہیں اس لئے یہ تعبیر سورت کے مضامین کی بہتر تعبیر ہے)

[٤٠٣٠-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم النَّخَلَاتِ، حَتَّى افْتَتَحَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيْرَ، فَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ. [راجع: ٢٦٣٠]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص (انصاری) نبی ﷺ کے لئے کھجور کے چند درخت مقرر کیا کرتا تھا یعنی ہدیہ کے طور پر دیتا تھا، یہاں تک کہ آپؐ نے بنوقریظہ اور بنونضیر پر فتح حاصل کی، پس اس کے بعد نبی ﷺ انصار کے درخت واپس کر دیا کرتے تھے (کیونکہ اب آپؐ کو ضرورت نہیں رہی تھی)

تشریح: بنونضیر کے باغات زمین اور مکانات مالِ فئے قرار دیئے گئے تھے، آپؐ کو اختیار تھا کہ اسے اپنے لئے محفوظ رکھیں یا جسے چاہیں دیں، کیونکہ مسلمانوں نے ان پر گھوڑے اور اونٹ دوڑا کر بزور شمشیر ان کو فتح نہیں کیا تھا، اس لئے آپؐ نے اپنے خصوصی اختیار کے تحت اس مال کا کچھ حصہ صرف مہاجرین اولین پر تقسیم فرمایا، اور دو انصاری صحابہ یعنی ابودجانہ اور سہل بن حنیف رضی اللہ عنہما کو ان کے فقر کی وجہ سے دیا، باقی جائداد آپؐ کی تحویل میں تھی، اس سے آپؐ اپنی ازواجِ

مطہرات کا سال بھر کا خرچہ نکالتے تھے اور جو باقی بچتا تھا اس سے جہاد کی تیاری کرتے تھے۔

نخلستانِ بُویرہ کا کاٹنا اور جلانا اللہ کی مرضی سے ہوا

راجح قول کے مطابق غزوہ بنوالنضیر: غزوۂ احد اور کعب بن اشرف کے قتل کے بعد ہوا ہے، کعب بن اشرف کا تعلق قبیلہ طی کی شاخ بنونبہان سے تھا اور اس کی ماں قبیلہ بنونضیر کی تھی، اس لئے وہ بنونضیر کا فرد سمجھا جاتا تھا، اور اس کا محل بھی بنونضیر کے قلعہ کے پاس تھا۔ جنگِ بدر کے بعد وہ مکہ گیا اور مشرکین کی غیرت بھڑکانے، ان کی آتشِ انتقام تیز کرنے اور انہیں نبی ﷺ کے خلاف آمادۂ جنگ کرنے کے لئے اشعار کہہ کر ان سردارانِ قریش کا مرثیہ اور ماتم شروع کیا جو میدانِ بدر میں قتل کئے گئے تھے اور جن کو گندے کنویں میں ڈالا گیا تھا، اس کی اس حرکت کے نتیجہ میں مکہ والے مدینہ پر چڑھ آئے اور احد پہاڑ کے دامن میں جنگ ہوئی، بتانا یہ ہے کہ بنونضیر کی مکہ والوں کے ساتھ سازباز تھی دونوں ایک دوسرے کے ہمنوا اور مددگار تھے۔

پھر جب بنونضیر کے قلعہ کا محاصرہ کیا گیا تو وہ قلعہ بند ہوگئے، باہر نکل کر دو بدو جنگ نہیں لڑتے تھے، اور ان کے قلعہ کو ان کے بُویرہ نامی نخلستان نے گھیر رکھا تھا، اس وجہ سے جنگ کے لئے میدان بھی نہیں تھا، چنانچہ نبی ﷺ نے حکم دیا کہ قلعہ کے اردگرد جو کھجور کے درخت ہیں ان کو کاٹو اور ان میں آگ لگاؤ، تاکہ وہ اپنے باغات کو بچانے کے لئے نکلیں، اور فیصلہ کن جنگ ہو، اور لڑائی کے لئے میدان بھی ہاتھ آئے۔ مگر وہ پھر بھی نہیں نکلے اور درختوں کے کاٹنے اور جلانے پر اعتراض کرنے لگے کہ یہ فساد فی الارض ہے، مسلمان اس کی مخالفت کرتے ہیں اور اس پر عمل پیرا بھی ہیں، مسلمانوں کے شاعر حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اس واقعہ کا تذکرہ اشعار میں کیا ہے، تاکہ وہ اشعار بنونضیر کو پہنچیں اور وہ مکہ میں بھی پہنچیں، جب وہ اشعار مکہ پہنچے تو ان کے شاعر ابوسفیان بن الحارث نے جو نبی ﷺ کے چچازاد بھائی تھے اور ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے جوابی اشعار کہے جو آگے آرہے ہیں۔

اس معاملہ میں سورۃ الحشر کی ایک آیت نازل ہوئی: ﴿مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِيْنَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰى أُصُوْلِهَا فَبِإِذْنِ اللّٰهِ﴾: کھجوروں کے جو درخت تم نے کاٹے یا ان کو ان کی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا، یہ دونوں باتیں باذنِ الٰہی ہوئی ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ کو یہ کاٹنا اور جلانا پسند آیا، اور درختوں کو باقی رہنے دینا بھی پسند آیا، کیونکہ جنگی مصلحت کا یہی تقاضہ تھا، جنگی مصلحت سے اہلِ حرب کے اموال کا احراق فساد فی الارض نہیں۔

[٤٠٣١-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَخْلَ بَنِيْ النَّضِيْرِ وَقَطَعَ، وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ، فَنَزَلَتْ ﴿مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِيْنَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰى أُصُوْلِهَا فَبِإِذْنِ اللّٰهِ﴾ [الحشر: ٥] [راجع: ٢٣٢٦]

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے بنونضیر کے کھجور کے درخت جلائے اور کاٹے اور اس علاقہ کا نام بُویرہ تھا، پس

آیتِ کریمہ: ﴿مَاقَطَعْتُمْ مِنْ لِيْنَةٍ﴾ نازل ہوئی۔

[٤٠٣٢-] حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَبَّانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حَرَّقَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ، قَالَ: وَلَهَا يَقُوْلُ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ.

وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِيْ لُؤَيٍّ ۞ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ

قَالَ: فَأَجَابَهُ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ:

أَدَامَ اللّٰهُ ذٰلِكَ مِنْ صَنِيْعٍ ۞ وَحَرَّقَ فِي نَوَاحِيْهَا السَّعِيْرُ

سَتَعْلَمُ أَيُّنَا مِنْهَا بِنُزْهٍ ۞ وَتَعْلَمُ أَيَّ أَرْضَيْنَا تَضِيْرُ

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے بنونضیر کا نخلستان جلایا، پس حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے یہ شعر کہا:

وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِيْ لُؤَيٍّ ۞ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ

ترجمہ: آسان ہوگیا بنولؤی کے سرداروں (مہاجرین) کے لئے، بویرہ مقام میں ایسی آگ لگانا جس کے شرارے ہر سو اڑ رہے ہیں (پس وہ مکہ کی سرزمین تک بھی پہنچیں گے)

لغات: هَانَ الشيئُ عَلَيْهِ هَوْنًا: کسی کے لئے کوئی چیز آسان ہونا (بابہ نصر).........سَرَات: سَرِیٌّ کی جمع: سردار شریف.........بُنُوْلُؤی: قریش.........حریق: هان کا فاعل.........بُویرة: نخلستان کا نام۔

چونکہ قریش اور بنونضیر کے درمیان دوستانہ تعلق تھا ان لئے حضرت حسانؓ نے کفارِ قریش پر چوٹ کی ہے کہ وہ بنونضیر کی کچھ مدد نہیں کرسکے، اور مہاجرین کے لئے بویرہ مقام میں آگ لگانا آسان ہوگیا، پس ابوسفیان بن الحارث نے جو نبی ﷺ کے چچازاد بھائی تھے اور ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے جوابی اشعار کہے:

أَدَامَ اللّٰهُ ذٰلِكَ مِنْ صَنِيْعٍ ۞ وَحَرَّقَ فِي نَوَاحِيْهَا السَّعِيْرُ

ترجمہ: اللہ ہمیشہ رکھے اس بات کو یعنی بویرہ میں آگ لگانے کو، اور اللہ تعالیٰ مدینہ کے اردگرد میں آگ بھڑکائے رکھے۔مِنْ صنيع: ذلك کا بیان ہے اور اس شعر میں مسلمانوں کے لئے بددعا ہے کہ خدا کرے آگ بُویرہ ہی میں نہ رہے، مدینہ کے چاروں طرف پھیل جائے۔

سَتَعْلَمُ أَيُّنَا مِنْهَا بِنُزْهٍ ۞ وَتَعْلَمُ أَيَّ أَرْضَيْنَا تَضِيْرُ

ترجمہ: عنقریب تم جان لوگے کہ ہم میں سے کون بویرہ سے دور ہے÷ اور تم جان لوگے کہ ہماری زمینوں میں سے کونسی زمین کو آگ نقصان پہنچا رہی ہے۔

نُزْہٌ: (مصدر) برائی سے دور ہونا.........أَرْضَین: تثنیہ، اورأَرْضِین: جمع: دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، مراد بنوالنضیر اور مکہ کی زمین ہے.........اس شعر میں شاعر نے یہ کہا ہے کہ ہماری مکہ کی زمین تو بویرہ سے بہت دور ہے، اس کے شرارے ہماری زمین تک کیا پہنچیں گے! تمہاری مدینہ کی زمین اس سے قریب ہے، وہ آگ بڑھ کر تمہاری زمینوں تک پہنچ سکتی ہے، پس ہماری زمین کا کچھ نقصان نہیں ہوگا، تمہاری زمینوں کا ہوگا۔

بنونضیر کی جائداد نبی ﷺ کی تحویل میں تھی، ملکیت میں نہیں تھی، اوراس کی آمدنی آپؐ کہاں خرچ کرتے تھے؟

بنونضیر کی زمینوں اور باغات میں سے کچھ حصہ مہاجرین میں تقسیم کردیا تھا، دو انصاریوں کو بھی دیا تھا، باقی زمین نبی ﷺ کی تحویل میں تھی، آپؐ اس کے مالک نہیں تھے، اور مالِ فئے کے مصارف سورۃ الحشر میں ہیں، اس کے مطابق نبی ﷺ اس کی آمدنی خرچ کرتے تھے، آپؐ کی وفات کے بعد بنونضیر کی جائداداور خیبر میں فدک نامی گاؤں کی جائداداور خیبر کی غنیمت کے خمس کی جائداد جو نبی ﷺ کے تصرف میں تھی اس کو آپؐ کی ملک سمجھا گیا، چنانچہ ازواجِ مطہرات نے اپنے آٹھویں حصہ کا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے مطالبہ کرنا چاہا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو سمجھایا اور حدیث سنائی: إِنَّا لاَنُوْرَثُ مَا تَرَکْنَا صَدَقَۃٌ: ہم جماعت انبیاء مورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ خیرات ہوتی ہے، نبی ﷺ نے اگرچہ تمام انبیاء کا ذکر کیا ہے مگر مراد آپؐ کی ذات ہے، آپؐ اپنی املاک کا حکم بیان کررہے ہیں کہ وہ میراث میں تقسیم نہیں ہونگی، خواہ وہ ذاتی ملکیت ہو یا تحویل میں، میراث میں نہیں بانٹی جائے گی۔ چنانچہ ازواجِ مطہرات نے اس حدیث کے سننے کے بعد مطالبہ کا ارادہ ترک کردیا، البتہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے مطالبہ کیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو بھی اس حدیث سے سمجھایا اور وہ بھی مطمئن ہوکر چلی گئیں، پھر حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے مطالبہ کیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی اہلیہ کے حصہ کا مطالبہ کررہے تھے اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ عصبہ ہونے کی حیثیت سے اپنے حصہ کا مطالبہ کررہے تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو بھی حدیث سنا کر مطمئن کردیا، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی ذاتی املاک کو ازواج، اقرباء، خدام اور خاص صحابہ میں تقسیم کردیا، بعض چیزیں مثلاً انگوٹھی اپنے پاس رکھی، اور فئے کی جائدادیں اپنے کنٹرول میں رکھیں اور نبی ﷺ ان کی آمدنی جس طرح خرچ کرتے تھے آپؓ بھی کرتے رہے، ازواج مطہرات کا نفقہ اور ذوی القربیٰ کا حصہ دینے کے بعد باقی آمدنی، باقی مصارف میں خرچ کرتے تھے، پھر جو آمدنی بچتی وہ جہاد کے کاموں میں لگائی جاتی۔

پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما مل کر آئے اور چاہا کہ بنونضیر کی جائداد کا ان کو متولی بنادیا جائے، وہ اس کی آمدنی ذوی القربیٰ پر خرچ کریں گے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دونوں کو

متولی بنادیا، اور فدک اور خیبر کی جائدادیں اپنی تحویل میں رکھیں، پھر بنونضیر کی جائداد پر حضرت علیؓ نے غلبہ پالیا، پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے چاہا کہ تولیت تقسیم ہوجائے، چنانچہ چار سفارشی تیار کئے اور دونوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضرت عمرؓ نے ان کا مطالبہ نہیں مانا اور فرمایا: اگر دونوں مل کر متولی رہ سکتے ہو تو رہو ورنہ جائداد مجھے دیدو، میں اس کا انتظام کرلوں گا، انھوں نے وہ جائداد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو واپس نہیں کی دونوں متولی رہے، پھر وقت گذرنے کے ساتھ حضرت علیؓ کا خاندان غالب آگیا، چنانچہ آپؓ کی اولاد عرصہ تک اس کی متولی رہی، وہ حضرات آمدنی کو ذوی القربی پر خرچ کرتے تھے پھر اس جائداد کا انجام کیا ہوا؟ معلوم نہیں، اب وہ جائداد مشخص نہیں ہے، آگے کی تمام احادیث میں یہی مضامین ہیں۔

پہلی حدیث کا خلاصہ:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آدمی بھیج کر مالک بن اوس کو بلایا اور فرمایا: تمہارے قبیلہ کے کچھ لوگ آئے ہیں، میں نے ان کے لئے ایک مال الگ کیا ہے، تم بیت المال سے اس کو لے کر اپنی قوم میں تقسیم کردو، ابھی یہ بات چل ہی رہی تھی کہ چار بڑے حضرات اجازت لے کر آگئے، تھوڑی دیر کے بعد حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما بھی اجازت لے کر آئے اور انھوں نے مطالبہ کیا کہ بنونضیر کی جائداد کی تولیت تقسیم کردیں، چاروں نے سفارش کی کہ ایسا کردیجئے، تاکہ جھگڑا نمٹ جائے، حضرت عمرؓ نے فرمایا: رکو، پہلے میری بات سنو، حضرت عمرؓ نے پہلے سب سے اعتراف کرایا کہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: لاَ نُورث ما ترکنا صدقة: پھر حضرت عمرؓ نے فرمایا: تم دونوں نے متفق ہوکر بنونضیر کی جائداد کی تولیت مانگی تھی، جو میں نے تمہیں دی تھی، اب تم آئے ہو کہ میں وہ جائداد بانٹ کردوں، میں ایسا ہرگز نہیں کروں گا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس جائداد پر تقسیم کا نام نہیں آنے دینا چاہتے تھے تاکہ آئندہ تملیک کی صورت پیدا نہ ہوجائے۔

[٤٠٣٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَوْسِ بْنِ حَدَثَانِ النَّصِيْرِيُّ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ دَعَاهُ إِذْ جَاءَ هُ حَاجِبُهُ يَرْفَأُ، قَالَ لَهُ: هَلْ لَكَ فِيْ عُثْمَانَ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَالزُّبَيْرِ، وَسَعْدٍ يَسْتَأْذِنُوْنَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ فَأَدْخِلْهُمْ، فَلَبِثَ قَلِيْلاً، ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: هَلْ لَكَ فِيْ عَبَّاسٍ وَعَلِيٍّ يَسْتَأْذِنَانِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا دَخَلاَ قَالَ عَبَّاسٌ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! اقْضِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ هٰذَا، وَهُمَا يَخْتَصِمَانِ فِي الَّذِيْ أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ بَنِي النَّضِيْرِ، فَاسْتَبَّ عَلِيٌّ وَعَبَّاسٌ، فَقَالَ الرَّهْطُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! اقْضِ بَيْنَهُمَا، وَأَرِحْ أَحَدَهُمَا مِنَ الآخَرِ، فَقَالَ عُمَرُ: اتَّئِدُوْا، أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ! هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَنُوْرَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" يُرِيْدُ بِذٰلِكَ نَفْسَهُ؟ قَالُوْا: قَدْ قَالَ ذٰلِكَ. فَأَقْبَلَ عُمَرُ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ، فَقَالَ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ قَالَ ذٰلِكَ؟ قَالاَ: نَعَمْ.

ترجمہ: مالک بن اوس بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو بلایا، اچانک حضرت عمرؓ کے پاس ان کا دربان یرفأ آیا اور اس نے کہا: آپؓ عثمان، عبدالرحمٰن بن عوف، زبیر اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کو آنے کی اجازت دینا چاہتے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں، ان کو لے آؤ، پھر یرفأ تھوڑی دیر ٹھہرا، پھر آیا اور اس نے کہا: آپؓ علی اور عباس رضی اللہ عنہما کو اجازت دینا چاہتے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں، پس جب وہ دونوں آئے تو حضرت عباسؓ نے کہا: اے امیر المؤمنین! میرے اور اس کے درمیان فیصلہ کیجئے، اور وہ دونوں مقدمہ لے کر آئے تھے اس جائداد کے بارے میں جو اللہ نے اپنے رسول ﷺ پر لوٹائی تھی بنونضیر کے اموال میں سے، پس علیؓ اور عباسؓ نے تو تو میں میں کی، پس جماعت (یعنی عثمان اور ان کے ساتھیوں) نے کہا: اے امیر المؤمنین! ان کے درمیان فیصلہ کیجئے اور ایک کو دوسرے سے آرام پہنچایئے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: ٹھہرو، میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں، جس کے حکم سے آسمان وزمین برقرار ہیں! کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''ہم مورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں خیرات ہوتی ہے'' مراد لے رہے ہیں آپؐ اس ارشاد سے اپنی ذات کو، یعنی نبی ﷺ نے یہ بات اپنے تعلق سے فرمائی ہے کہ میرا کوئی وارث نہیں ہوگا، جماعت نے کہا: یقیناً آپؐ نے یہ بات فرمائی ہے، پس حضرت عمرؓ متوجہ ہوئے علیؓ اور عباسؓ کی طرف اور فرمایا: میں تم دونوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا تم دونوں جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ بات فرمائی ہے؟ دونوں نے جواب دیا: ہاں۔

قَالَ: فَإِنِّیْ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ هٰذَا الْأَمْرِ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ خَصَّ رَسُوْلَهُ صلی الله علیه وسلم فِیْ هٰذَا الْفَیْءِ بِشَیْئٍ لَمْ یُعْطِهِ أَحَدًا غَیْرَهُ، فَقَالَ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿وَمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَیْهِ مِنْ خَیْلٍ وَلاَ رِكَابٍ﴾ إِلٰی قَوْلِهِ: ﴿قَدِیْرٌ﴾ فَكَانَتْ هٰذِهِ خَالِصَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، ثُمَّ وَاللّٰهِ مَا احْتَازَهَا دُوْنَكُمْ، وَلاَ اسْتَأْثَرَ بِهَا عَلَیْكُمْ، لَقَدْ أَعْطَاكُمُوْهَا، وَقَسَمَهَا فِیْكُمْ، حَتّٰی بَقِیَ هٰذَا الْمَالُ مِنْهَا، فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یُنْفِقُ عَلٰی أَهْلِهِ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ، ثُمَّ یَأْخُذُ مَا بَقِیَ فَیَجْعَلُهُ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ، فَعَمِلَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم حَیَاتَهُ، ثُمَّ تُوُفِّیَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَأَنَا وَلِیُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَبَضَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، فَعَمِلَ فِیْهِ بِمَا عَمِلَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَأَنْتُمْ حِیْنَئِذٍ– وَأَقْبَلَ عَلٰی عَلِیٍّ وَعَبَّاسٍ وَقَالَ: – تَذْكُرَانِ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ فِیْهِ كَمَا تَقُوْلاَنِ، وَاللّٰهُ یَعْلَمُ إِنَّهُ فِیْهِ لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، ثُمَّ تَوَفَّی اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ، فَقُلْتُ: أَنَا وَلِیُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَأَبِیْ بَكْرٍ، فَقَبَضْتُهُ سَنَتَیْنِ مِنْ إِمَارَتِیْ، أَعْمَلُ فِیْهِ بِمَا عَمِلَ فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَاللّٰهُ یَعْلَمُ أَنِّیْ فِیْهِ صَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، ثُمَّ جِئْتُمَانِیْ كِلاَكُمَا، وَكَلِمَتُكُمَا وَاحِدَةٌ، وَأَمْرُكُمَا جَمِیْعٌ، فَجِئْتَنِیْ، یَعْنِیْ عَبَّاسًا، فَقُلْتُ لَكُمَا: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: '' لاَ نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ''

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تمہارے سامنے اس معاملہ (جائداد) کی تفصیل بیان کرتا ہوں: بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو خاص کیا، اس مالِ فئے میں ایسے اختیار کے ساتھ جو نہیں دیا کسی کو آپؐ کے سوا، پس اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو ان سے دلوایا، سو تم نے اس پر نہ گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ، لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتے ہیں مسلط کر دیتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں'' پس یہ جائداد مخصوص تھی رسول اللہ ﷺ کے لئے، پھر بخدا! نہیں سمیٹا آپؐ نے اس جائداد کو تمہیں چھوڑ کر اور نہیں ترجیح دی آپؐ نے اس جائداد کے ساتھ (کسی کو) تم پر، بالیقین حضور ﷺ نے وہ جائداد تم کو دی اور اس کو تم میں تقسیم کیا (ان سب جملوں کا ایک ہی مطلب ہے کہ اس جائداد کی آمدنی کو تم ہی پر خرچ کیا) یہاں تک کہ باقی رہ گیا اس میں سے یہ مال، پس نبی ﷺ دیتے تھے اس مال میں سے اپنے گھر والوں کو ان کے سال بھر کا خرچہ، پھر باقی کو لیتے تھے اور اس کو اللہ کے مال کی جگہ گردانتے تھے، یعنی اس سے آلاتِ جہاد خریدتے تھے، پس نبی ﷺ نے اپنی زندگی بھر یہ کیا، پھر نبی ﷺ کی وفات ہوئی تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کا کارساز ہوں، انھوں نے اس جائداد پر قبضہ کیا، اور انھوں نے کیا وہ کام جو رسول اللہ ﷺ نے کیا، اور تم دونوں اس وقت —— اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ: حضرات علی اور عباس رضی اللہ عنہما کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا —— تم دونوں ذکر کرتے تھے کہ ابوبکر اس معاملہ میں تھے جیسا تم دونوں کہتے تھے یعنی ابوبکرؓ کا فیصلہ صحیح نہیں تھا، تم دونوں یہ کہتے تھے، حالانکہ اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ وہ اس معاملہ میں سچے، نیک، راہ یاب اور حق کے تابع تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو وصول کیا، پس میں نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کا اور ابوبکرؓ کا کارساز ہوں، پس وہ جائداد میں نے اپنی خلافت کے دو سال تک قبضہ میں رکھی، میں اس میں وہ عمل کرتا تھا جو اس میں رسول اللہ ﷺ کرتے تھے، اور جو ابوبکر رضی اللہ عنہ کرتے تھے، اور اللہ جانتے ہیں کہ میں اس معاملہ میں سچا، نیک، راہ یاب اور حق کے تابع تھا، پھر تم دونوں میرے پاس آئے اور تم دونوں کی بات ایک تھی، اور تم دونوں متحد تھے، پس آپ میرے پاس آئے یعنی عباسؓ پس میں نے تم دونوں سے کہا: بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''ہم مورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ خیرات ہوتی ہے''

فَلَمَّا بَدَا لِیْ أَنْ أَدْفَعَهُ إِلَیْكُمَا، قُلْتُ: إِنْ شِئْتُمَا دَفَعْتُهُ إِلَیْكُمَا عَلٰی أَنَّ عَلَیْكُمَا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِیْثَاقَهُ لَتَعْمَلَانِّ فِیْهِ بِمَا عَمِلَ فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَمَا عَمِلْتُ فِیْهِ مُنْذُ وُلِیْتُ، وَإِلَّا فَلَا تُكَلِّمَانِّیْ، فَقُلْتُمَا: ادْفَعْهُ إِلَیْنَا بِذٰلِكَ، فَدَفَعْتُهُ إِلَیْكُمَا، أَفَتَلْتَمِسَانِ مِنِّیْ قَضَاءً غَیْرَ ذٰلِكَ؟ فَوَ اللّٰهِ الَّذِیْ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ لَا أَقْضِیْ فِیْهِ بِقَضَاءٍ غَیْرِ ذٰلِكَ حَتّٰی تَقُوْمَ السَّاعَةُ، فَإِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهُ فَادْفَعَا إِلَیَّ فَأَنَا أَكْفِیْكُمَاهُ. [راجع: ۲۹۰۴]

ترجمہ: پس جب میرے لئے ظاہر ہوا کہ میں تم دونوں کو وہ جائداد دوں تو میں نے کہا: اگر تم دونوں چاہتے ہو تو میں یہ

مال تم دونوں کو اس شرط پر دیئے دیتا ہوں کہ تم پر اللہ کا عہد و پیمان ہے کہ ضرور کروگے تم اس مال میں جو نبی ﷺ کرتے تھے اور جو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کیا، اور جو اس میں میں کرتا رہا، جب سے میں ذمہ دار بنا، ورنہ پس تم مجھ سے کوئی بات مت کرو، یعنی اگر یہ شرط منظور نہیں تو مجھ سے گفتگو مت کرو، پس تم دونوں نے کہا: دیجئے وہ جائداد ہم کو اس شرط پر، پس دی میں نے وہ جائداد تم دونوں کو، پس کیا تم دونوں مجھ سے چاہتے ہو اس کے علاوہ فیصلہ؟ پس قسم ہے اس ذات کی جس کے حکم سے آسمان وزمین برقرار ہیں! نہیں فیصلہ کروں گا میں اس جائداد میں کوئی بھی اس کے علاوہ، یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے، پس اگر تم دونوں عاجز ہو گئے ہو اس جائداد سے تو دیدو مجھے، میں تم دونوں کی طرف سے اس کے لئے کافی ہو جاؤں گا۔

[٤٠٣٤-] قَالَ: فَحَدَّثْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ: صَدَقَ مَالِكُ بْنُ أَوْسٍ، أَنَا سَمِعْتُ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم تَقُوْلُ: أَرْسَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عُثْمَانَ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ يَسْأَلْنَهُ ثُمُنَهُنَّ مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم، فَكُنْتُ أَنَا أَرُدُّهُنَّ، فَقُلْتُ لَهُنَّ: أَلَا تَتَّقِيْنَ اللّٰهَ؟ أَلَمْ تَعْلَمْنَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ: "لَانُوْرَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" يُرِيْدُ بِذٰلِكَ نَفْسَهُ، "إِنَّمَا يَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ فِيْ هٰذَا الْمَالِ" فَانْتَهٰى أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى مَا أَخْبَرَتْهُنَّ، قَالَ: فَكَانَتْ هٰذِهِ الصَّدَقَةُ بِيَدِ عَلِيٍّ، مَنَعَهَا عَلِيٌّ عَبَّاسًا فَغَلَبَهُ عَلَيْهَا، ثُمَّ كَانَ بِيَدِ حَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، ثُمَّ بِيَدِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، ثُمَّ بِيَدِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، وَحَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، كِلَيْهِمَا كَانَا يَتَدَاوَلَانِهَا. ثُمَّ بِيَدِ زَيْدِ بْنِ حَسَنٍ، وَهِيَ صَدَقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَقًّا. [انظر: ٦٧٢٧، ٦٧٣٠]

ترجمہ: امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث حضرت عروہؒ سے بیان کی تو انھوں نے کہا: مالک بن اوس نے سچ کہا، میں نے زوجۂ مطہرہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ نبی ﷺ کی بیویوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا وہ ان سے اپنے ثمن کا مطالبہ کر رہی تھیں، ان مالوں میں سے جو اللہ نے اپنے نبی پر لوٹائے، پس میں نے ان کو منع کیا اور میں نے ان سے کہا: کیا تم اللہ سے ڈرتیں نہیں؟ کیا تم نہیں جانتیں کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: "ہم مورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ خیرات ہوتی ہے" اس سے نبی ﷺ اپنی ذات کو مراد لے رہے تھے، "البتہ محمد ﷺ کا خاندان اس مال میں سے کھائے گا" یعنی گذارے کے بقدر اس مال میں سے لے گا، پس ازواج مطہرات (مطالبہ سے) باز آگئیں، جب ان کو یہ بات معلوم ہوئی، حضرت عروہؒ کہتے ہیں: پس یہ جائداد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قبضہ میں رہی، روک دیا اس جائداد سے حضرت علیؓ نے حضرت عباسؓ کو، پس حضرت علیؓ اس پر قابض رہے، پھر وہ جائداد حضرت حسنؓ کے قبضہ میں رہی، پھر حضرت حسینؓ کے قبضہ میں، پھر وہ جائداد حضرت علی بن حسین (زین العابدین) اور حسن بن حسن دونوں ہی کے قبضہ میں رہی، دونوں باری باری اس کا انتظام کرتے

تھے، پھر زید بن حسن کے قبضہ میں رہی، اور وہ بالیقین رسول اللہ ﷺ کا صدقہ تھا (آپؐ اس کے مالک نہیں تھے)

[٤٠٣٥-] حَدَّثَنِی إِبْرَاهِیمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ فَاطِمَةَ وَالْعَبَّاسَ أَتَیَا أَبَابَكْرٍ یَلْتَمِسَانِ مِیْرَاثَهُمَا: أَرْضَهُ مِنْ فَدَكٍ، وَسَهْمَهُ مِنْ خَیْبَرَ. [راجع: ٣٠٩٢]

[٤٠٣٦-] فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: "لاَ نُوْرَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" إِنَّمَا یَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ فِی هٰذَا الْمَالِ، وَاللّٰهِ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أَحَبُّ إِلَیَّ أَنْ أَصِلَ مِنْ قَرَابَتِی. [راجع: ٣٠٩٣]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضرت فاطمہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، مانگ رہے تھے دونوں اپنی میراث، آپؐ کی فدک کی زمین میں سے اور آپؐ کے خیبر کے حصہ میں سے، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''ہم مورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ خیرات ہوتی ہے'' البتہ محمد ﷺ کی آل اس مال میں سے کھائے گی، یعنی گذارہ کے بقدر خرچ لے گی، بخدا! البتہ رسول اللہ ﷺ کے رشتہ داروں سے حسن سلوک کرنا مجھے اپنے رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرنے سے زیادہ پسند ہے۔

تشریح: بنونضیر کی جائدادیں مالِ فئے تھیں، کیونکہ وہ مصالحت کے طور پر حاصل ہوئی تھیں، اسی طرح خیبر میں فدک نامی گاؤں یا قلعہ مصالحت کے طور پر حاصل ہوا تھا اس لئے وہ بھی مالِ فئے تھا اور خیبر کی غنیمت میں سے جو خمس نکالا تھا اس میں بھی جائداد آئی تھی، یہ زمینیں بھی نبی ﷺ کے پاس تھیں آپؐ ان کی آمدنی سے گھر کی ضروریات پوری کرتے تھے، رشتہ داروں کو دیتے تھے اور باقی مصارف فئے میں خرچ کرتے تھے، پھر جو کچھ بچتا وہ جہاد کے سامان کی خریداری میں خرچ ہوتا۔

پھر جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی تو یہ جائدادیں نبی ﷺ کی ملک تصور کی گئیں اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا (بیٹی) اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ (عصبہ) نے میراث کا مطالبہ کیا مگر خلیفہ وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو سمجھایا کہ یہ جادائدیں حضور ﷺ کی ملک نہیں تھیں اور بتایا کہ ان کی آمدنی سے جس طرح نبی ﷺ خرچ کرتے تھے وہ بھی خرچ کریں گے، مگر جائدادیں حکومت کے کنٹرول میں رہیں گی، میراث میں تقسیم نہیں ہونگی، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حدیث سنائی کہ انبیاء کی املاک میں میراث نہیں چلتی، وہ امت کے لئے خیرات ہوتی ہیں، اس لئے آپؐ کے دیگر متروکات بھی میراث میں تقسیم نہیں کئے گئے، بلکہ تبرک کے طور پر تقسیم کئے گئے۔

حوالہ: بنونضیر اور فدک کی جائدادوں کی بحث تحفۃ القاری ۶: ۳۸۷ و ۳۹۵ میں آچکی ہے اور یہ جائدادیں نبی ﷺ کی

ملک نہیں تھیں، بلکہ تحویل اور تصرف میں تھیں، یہ مسئلہ بھی پہلے تحفۃ القاری ۶: ۴۱۹-۴۲۴ میں مفصل آچکا ہے۔

کعب بن اشرف کا قتل

کعب بن اشرف عرب یہودی تھا، اصل یہودی نہیں تھا، قبیلہ طی کی شاخ بنونبہان سے اس کا تعلق تھا، البتہ اس کی ماں قبیلہ بنونضیر کی تھی، اس لئے کعب اس کے مذہب پر تھا، اور ننھیال میں رہتا تھا اور بنونضیر کا سردار سمجھا جاتا تھا، اس کا قلعہ مدینہ کے پاس بنونضیر کے قلعہ کے پیچھے تھا، وہ کھجور اور غلہ کا تاجر تھا، ریشہ دوانیوں کا ماہر تھا، ڈور ہلا کر پتلیاں نچانا اس کا حربہ تھا، زمانۂ جاہلیت سے شاعری کرتا تھا، نبی ﷺ جب ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں وارد ہوئے تو وہ آپؐ کا اور صحابہ کا سخت دشمن ہوگیا، اس کے جرائم درج ذیل ہیں:

۱- جب بدر کی فتح کی خبر مدینہ پہنچی تو کعب کو بے حد صدمہ ہوا، اس نے کہا: اگر یہ خبر صحیح ہے کہ مکہ کے اشراف بدر میں مارے گئے تو پھر زمین کا پیٹ اس کی پیٹھ سے بہتر ہے، یعنی مرجانا جینے سے بہتر ہے۔

پھر وہ مقتولین بدر کی تعزیت کے لئے مکہ گیا اور مکہ کے جو سردار بدر کے گندے کنویں میں ڈالے گئے تھے، ان کا مرثیہ کہا، اس کو پڑھ کر لوگوں کو سناتا تھا، خود بھی روتا تھا دوسروں کو بھی رلاتا تھا، اور لوگوں کو جوش دلا کر آمادۂ جنگ کرتا تھا، یہاں تک کہ ایک دن قریش کو حرم میں لے کر آیا اور سب نے بیت اللہ کا پردہ پکڑ کر مسلمانوں سے قتال کرنے کا حلف اٹھایا جس کے نتیجہ میں جنگِ احد پیش آئی۔

۲- چونکہ وہ شاعر تھا، اس لئے رسول اللہ ﷺ کی ہجو میں اشعار کہتا تھا، کفارِ مکہ کو مقابلہ کے لئے بھڑکاتا تھا اور مسلمانوں کو طرح طرح سے ستاتا تھا۔

۳- اپنے قصائد میں مسلمان خواتین کی تشبیب کرتا تھا، تشبیب کے معنی ہیں: قصیدۃ کے شروع میں کسی عورت کے اوصاف ومحاسن کا تذکرہ کرنا، وہ صحابیات کو تشبیب کے طور پر ذکر کرتا تھا، اور اس طرح مسلمان مرد وزن کے دلوں کو دکھاتا تھا۔

۴- ایک مرتبہ اس نے نبی ﷺ کو دعوت کے بہانے بلایا اور کچھ آدمی متعین کئے کہ جب آپؐ تشریف لائیں تو وہ آپؐ کو قتل کردیں، جب آپؐ آکر بیٹھے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ کو اطلاع کردی، آپؐ تیزی سے اٹھ کر چل دیئے اور واپسی کے بعد اس کے قتل کا حکم دیا، چنانچہ وہ جنگِ احد سے پہلے سن ۳ ہجری میں ربیع الاول کی چودھویں رات میں قتل کیا گیا۔

اور باب کی روایت میں اس کے قتل کا واقعہ ہے، نبی ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: کون ہے جو کعب بن اشرف کو نمٹائے، اس نے اللہ اور اس کے رسول کو بہت ستایا ہے؟ محمد بن مسلمہ کھڑے ہوئے، اور عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپؐ اس کا قتل چاہتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، محمد بن مسلمہؓ نے کہا: یارسول اللہ! پھر مجھ کو کچھ کہنے کی اجازت دیں، آپؐ نے اجازت دی،

محمد بن مسلمہؓ کعب سے ملنے گئے، اور اس سے کہا: یہ شخص ہم سے صدقہ اور زکوۃ مانگتا رہتا ہے اور اس نے ہم کو پریشان کر دیا ہے، اس لئے میں آپ کے پاس غلّہ قرض لینے آیا ہوں، کعب نے کہا: ابھی کیا ہے؟ آگے دیکھنا ہوتا کیا ہے؟ آگے تم اور بھی اس سے اکتا ہو جاؤ گے! محمد بن مسلمہؓ نے کہا: اب تو ہم اس کی پیروی کر چکے، اس لئے فوراً اس کو چھوڑ نا نہیں چاہتے، انجام کے منتظر ہیں کہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے؟ اس وقت تو ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں غلّہ قرض دیں، کعب نے کہا: کوئی چیز میرے پاس گروی رکھو، محمد بن مسلمہؓ نے کہا: آپ کیا چیز گروی رکھوانا چاہتے ہیں؟ کعب نے کہا: اپنی عورتوں کو گروی رکھو، محمد بن مسلمہؓ نے کہا: ہم اپنی عورتوں کو کیسے گروی رکھیں؟ آپ نہایت حسین وجمیل نوجوان ہیں (نوجوان کا لفظ ابن اسحاق کی روایت میں ہے) کعب نے کہا: پھر تم اپنے لڑکوں کو گروی رکھو، محمد بن مسلمہؓ نے کہا: یہ بات زندگی بھر ہماری اولاد کے لئے طعنہ کا سبب بن جائے گی کہ تم وہی ہو جو دو دھڑی غلہ کے عوض میں رہن رکھے گئے تھے! ہاں ہم اپنے ہتھیار آپ کے پاس گروی رکھ سکتے ہیں، کعب نے کہا: ٹھیک ہے، پھر حسبِ وعدہ محمد بن مسلمہؓ اپنے ساتھیوں کے ساتھ ہتھیار لے کر رات کے وقت کعب کے قلعہ پر پہنچے اور اس کو آواز دی، کعب اترنے کے لئے تیار ہو گیا، اس کی بیوی نے کہا: اس وقت کہاں جا رہے ہو؟ کعب نے کہا: محمد بن مسلمہ اور میرا دودھ شریک بھائی ابونائلہ ہیں، کوئی غیر نہیں، تم فکر مت کرو، بیوی نے کہا: مجھے آواز سے خون ٹپکتا ہوا نظر آ رہا ہے، کعب نے کہا: شریف آدمی اگر رات کے وقت نیزہ مارنے کے لئے بلایا جائے تو اس کو ضرور جانا چاہئے، ادھر محمد بن مسلمہؓ نے اپنے ساتھیوں کو سمجھا دیا تھا کہ جب کعب آئے گا تو میں اس کے بال سونگھوں گا، جب تم دیکھو کہ میں نے اس کے بالوں کو مضبوط پکڑ لیا ہے تو فوراً اس کا سر قلم کر دینا، چنانچہ جب کعب آیا تو وہ خوشبو میں بسا ہوا تھا، محمد بن مسلمہؓ نے کہا: آج جیسی خوشبو تو میں نے کبھی سونگھی ہی نہیں، کعب نے کہا: میرے پاس عرب کی سب سے زیادہ حسین وجمیل اور سب سے زیادہ معطر عورت ہے، محمد بن مسلمہؓ نے کہا: کیا آپ مجھ کو اپنا سر سونگھنے کی اجازت دیں گے؟ کعب نے کہا: اجازت ہے! محمد بن مسلمہؓ نے سر سونگھا اور اپنے ساتھیوں کو بھی سنگھایا، پھر ادھر اُدھر کی باتیں ہونے لگیں، کچھ دیر کے بعد محمد بن مسلمہؓ نے کہا: کیا آپ دوبارہ اپنا سر سونگھنے کی اجازت دیں گے؟ کعب نے کہا: شوق سے! محمد بن مسلمہؓ اٹھے اور سر سونگھنے میں مشغول ہو گئے، جب سر کے بال مضبوط پکڑ لئے تو ساتھیوں کو اشارہ کیا، سب نے فوراً اس کا سر قلم کر دیا اور آناً فاناً اس کا کام تمام ہو گیا، پھر رات ہی میں وہ حضرات خدمتِ نبوی میں پہنچے اور خبر دی، آپؐ نے دعا دی: أَفْلَحَتِ الْوُجُوْهُ: چہرے کامیاب ہوں!

اور طبقات ابن سعد میں ہے کہ صبح یہود کا ایک وفد خدمتِ نبوی میں آیا اور کہا: ہمارا سردار اس طرح مارا گیا، آپؐ نے فرمایا: وہ مسلمانوں کو ستاتا تھا، مکہ والوں کو ہم سے لڑنے پر ابھارتا تھا، اس لئے اس کا یہ انجام ہوا، یہود دم بخود ہو گئے، کوئی جواب نہ دے سکے، پھر آپؐ نے ان سے ایک عہد نامہ لکھوایا کہ یہود میں سے کوئی آئندہ اس قسم کی حرکت نہیں کرے گا۔

خلاصہ: روایات سے کعب بن اشرف کے قتل کی چند وجوہ سامنے آتی ہیں: (۱) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنا،

سب وشتم اور دریدہ دہنی سے کام لینا (۲) آپ کی اور صحابہ کی ہجو میں اشعار کہنا۔ (۳) غزلیات اور عشقیہ اشعار میں مسلمان عورتوں کو بطور تشبیب استعمال کرنا۔ (۴) غدر اور نقض عہد کرنا۔ (۵) مکہ والوں کو آپ کے مقابلہ کے لئے اکسانا اور ان کو جنگ پر آمادہ کرنا۔ (٦) اسلام پر طعن کرنا۔ (۷) دعوت کے بہانے بلا کر آپ کے قتل کی سازش کرنا (سیرۃ المصطفیٰ ۲: ۱۷۹)

[۱۵-] بَابُ قَتْلِ كَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ

[۴۰۳۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ، فَإِنَّهُ قَدْ آذَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ؟" فَقَامَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ؟ قَالَ: "نَعَمْ" قَالَ، فَأْذَنْ لِيْ أَنْ أَقُوْلَ شَيْئًا، قَالَ: "قُلْ" فَأَتَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا الرَّجُلَ قَدْ سَأَلَنَا صَدَقَةً، وَإِنَّهُ قَدْ عَنَّانَا وَإِنِّيْ قَدْ أَتَيْتُكَ أَسْتَسْلِفُكَ، قَالَ: وَأَيْضًا وَاللّٰهِ لَتَمَلُّنَّهُ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: کعب بن اشرف کے لئے کون ہے، اس نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچائی ہے؟ پس محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپ پسند کرتے ہیں کہ میں اس کو قتل کردوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں، انھوں نے کہا: پس آپ مجھے اجازت دیں کہ میں (آپ کے خلاف) کچھ کہوں، آپ نے فرمایا: کہہ سکتے ہو، پس محمد بن مسلمہ کعب کے پاس گئے اور کہا: بیشک یہ آدمی (نبی ﷺ) ہم سے خیرات مانگتا ہے اور اس نے ہمیں سخت مشقت میں ڈال دیا ہے اور میں آپ کے پاس قرض لینے کے لئے آیا ہوں، کعب نے کہا: اور بھی بخدا! ضرور رنجیدہ ہوؤ گے تم اس سے یعنی ابھی ابتدائے عشق ہے گھبراتا ہے کیا، آگے آگے دیکھ ہوتا ہے کیا!

قَالَ: إِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاهُ فَلَا نُحِبُّ أَنْ نَدَعَهُ حَتّٰى نَنْظُرَ إِلٰى أَيِّ شَيْئٍ يَصِيْرُ شَأْنُهُ، وَقَدْ أَرَدْنَا أَنْ تُسْلِفَنَا وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ- وَحَدَّثَنَا عَمْرٌو غَيْرَ مَرَّةٍ فَلَمْ يَذْكُرْ: وَسْقًا أَوْوَسْقَيْنِ، فَقُلْتُ لَهُ: فِيْهِ وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ؟ فَقَالَ: أُرَى فِيْهِ: وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ- فَقَالَ: نَعَمْ، ارْهَنُوْنِيْ، قَالُوْا: أَيُّ شَيْئٍ تُرِيْدُ؟ قَالَ: ارْهَنُوْنِيْ نِسَاءَكُمْ، قَالُوْا: كَيْفَ نَرْهَنُكَ نِسَاءَ نَا وَأَنْتَ أَجْمَلُ الْعَرَبِ؟ قَالَ: فَارْهَنُوْنِيْ أَبْنَاءَ كُمْ، قَالُوْا: كَيْفَ نَرْهَنُكَ أَبْنَاءَ نَا فَيُسَبُّ أَحَدُهُمْ، فَيُقَالُ: رُهِنَ بِوَسْقٍ أَوْ وَسْقَيْنِ؟ هٰذَا عَارٌ عَلَيْنَا، وَلٰكِنَّا نَرْهَنُكَ اللَّأْمَةَ- قَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِي السِّلَاحَ- فَوَاعَدَهُ أَنْ يَأْتِيَهُ فَجَاءَ هُ لَيْلًا وَمَعَهُ أَبُوْ نَائِلَةَ وَهُوَ أَخُوْ كَعْبٍ مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَدَعَاهُمْ إِلَى الْحِصْنِ فَنَزَلَ إِلَيْهِمْ.

ترجمہ: محمد بن مسلمہ نے کہا: ہم نے اس کی پیروی کی ہے، اس لئے ہم پسند نہیں کرتے کہ اس کو چھوڑ دیں، یہاں تک

کہ دیکھیں ہم کسی چیز کی طرف لوٹتا ہے اس کا حال، یعنی اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے یہ ہم دیکھنا چاہتے ہیں، اور اس وقت تو ہم آپ کے پاس ایک وسق یا دو وسق غلہ قرض لینے کے لئے آئے ہیں (ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے) —— سفیان بن عیینہؒ کہتے ہیں: عمرو بن دینارؒ نے یہ حدیث ہم سے بار بار بیان کی، انھوں نے ایک وسق یا دو وسق کا ذکر نہیں کیا، میں نے ان سے کہا: اس حدیث میں ایک وسق یا دو وسق کا ذکر بھی ہے؟ انھوں نے کہا: میرا گمان ہے کہ اس حدیث میں ایک وسق یا دو وسق کا ذکر ہے —— (پس کعب نے کہا:) گروی رکھو تم میرے پاس، انھوں نے کہا: کیا چیز آپ چاہتے ہیں؟ کعب نے کہا: تم میرے پاس اپنی عورتوں کو گروی رکھو، وفد نے کہا: ہم اپنی عورتیں آپ کے پاس کیسے گروی رکھیں درانحالیکہ آپ سب سے زیادہ خوبصورت عرب ہیں، اس نے کہا: میرے پاس اپنے بیٹوں کو گروی رکھو، وفد نے کہا: ہم آپ کے پاس اپنے بیٹوں کو کیسے گروی رکھیں ان میں سے ایک طعنہ دیا جائے گا کہ ایک وسق یا دو وسق کے عوض میں گروی رکھا گیا! یہ ہمارے لئے عار کی بات ہے، بلکہ ہم آپ کے پاس ہتھیار گروی رکھیں گے، چنانچہ محمد بن مسلمہؓ نے کعب سے وعدہ کیا کہ وہ اس کے پاس ہتھیار لے کر آئیں گے، پس وہ اس کے پاس رات میں پہنچے اور ان کے ساتھ ابو نائلہؓ تھے، اور وہ کعب کے رضاعی بھائی تھے، پس بلایا کعب نے ان کو قلعہ کی طرف، یعنی کعب نے وفد سے کہا کہ ہتھیار لے کر میرے قلعہ پر آنا، پس وہ اترا ان کی طرف۔

فَقَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ: أَيْنَ تَخْرُجُ هٰذِهِ السَّاعَةَ؟ فَقَالَ: إِنَّمَا هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَأَخِيْ أَبُوْ نَائِلَةَ وَقَالَ غَيْرُ عَمْرٍو: قَالَتْ: أَسْمَعُ صَوْتًا كَأَنَّهُ يَقْطُرُ مِنْهُ الدَّمُ، قَالَ: إِنَّمَا هُوَ أَخِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، وَرَضِيْعِيْ أَبُوْ نَائِلَةَ، إِنَّ الْكَرِيْمَ لَوْ دُعِيَ إِلٰى طَعْنَةٍ بِلَيْلٍ لَأَجَابَ، قَالَ: وَيُدْخِلُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ مَعَهُ رَجُلَيْنِ، قِيْلَ لِسُفْيَانَ: سَمَّاهُمْ عَمْرٌو؟ قَالَ: سَمَّى بَعْضَهُمْ، قَالَ عَمْرٌو: جَاءَ مَعَهُ بِرَجُلَيْنِ، فَقَالَ إِذَا مَاجَاءَ وَقَالَ غَيْرُ عَمْرٍو: أَبُوْ عَبْسِ بْنُ جَبْرٍ، وَالْحَارِثُ بْنُ أَوْسٍ، وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ عَمْرٌو: جَاءَ مَعَهُ بِرَجُلَيْنِ.

ترجمہ: پس اس سے اس کی بیوی (عقیلہ) نے کہا: آپ اس وقت کہاں جا رہے ہیں؟ کعب نے کہا: وہ محمد بن مسلمہؓ اور میرا بھائی ابو نائلہؓ ہی ہیں، اور عمرو بن دینار کے علاوہ نے کہا کہ اس کی بیوی نے کہا: میں سنتی ہوں ایسی آواز گویا اس سے خون ٹپک رہا ہے، کعب نے کہا: وہ میرا بھائی محمد بن مسلمہؓ اور میرا دودھ شریک بھائی ابو نائلہؓ ہی ہیں، بیشک شریف آدمی اگر بلایا جائے نیزہ مارنے کی طرف رات میں تو ضرور اسے لبیک کہنا چاہئے، راوی کہتا ہے: اور لے گئے محمد بن مسلمہؓ اپنے ساتھ دو آدمیوں کو، سفیان بن عیینہؒ سے پوچھا گیا: عمرو بن دینار نے ان کے نام لئے؟ ابن عیینہؒ نے کہا: ان میں سے بعض کے نام لئے (مگر میرے پاس جو عمرو کا قول محفوظ ہے وہ یہ ہے کہ عمرو نے کہا:) محمد بن مسلمہؓ اپنے ساتھ دو آدمی لے گئے، یعنی ان کے نام نہیں لئے، پس انھوں نے کہا: جب کعب بن اشرف آئے، اور عمرو بن دینار کے علاوہ نے کہا: یعنی نامزد کیا ابو عبس بن جبر، حارث بن اوس اور عباد بن بشر کو (اور ان کے ساتھ محمد بن مسلمہ اور ابو نائلہ تو تھے ہی، پس کل پانچ آدمی ہوئے اور یہ سریہ

پانچ ہی آدمیوں کا تھا) عمرو بن دینار نے کہا: محمد بن مسلمہ اپنے ساتھ دو آدمی لے کر آئے (یہ تکرار ہے، آگے سے کلام کو جوڑنے کے لئے لایا گیا ہے)

فَقَالَ: إِذَا مَاجَاءَ فَإِنِّیْ قَائِلٌ بِشَعْرِهٖ فَأَشُمُّهُ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْنِیْ اسْتَمْكَنْتُ مِنْ رَأْسِهٖ فَدُوْنَكُمْ، فَاضْرِبُوْهُ، وَقَالَ مَرَّةً: ثُمَّ أُشِمُّكُمْ، فَنَزَلَ إِلَيْهِمْ مُتَوَشِّحًا، وَهُوَ يَنْفَحُ رِيْحُ الطِّيْبِ، فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ رِيْحًا أَیْ أَطْيَبَ، وَقَالَ غَيْرُ عَمْرٍو: قَالَ: عِنْدِیْ أَعْطَرُ سَيِّدِ الْعَرَبِ وَأَكْمَلُ الْعَرَبِ، قَالَ عَمْرٌو: فَقَالَ: أَتَأْذَنُ لِیْ أَنْ أَشُمَّ رَأْسَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَشَمَّهُ، ثُمَّ أَشَمَّ أَصْحَابَهُ، ثُمَّ قَالَ: أَتَأْذَنُ لِیْ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا اسْتَمْكَنَ مِنْهُ قَالَ: دُوْنَكُمْ، فَقَتَلُوْهُ، ثُمَّ أَتَوُا النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَخْبَرُوْهُ.

ترجمہ: پس محمد بن مسلمہؓ نے کہا: جب کعب آئے تو میں اس کے بالوں کی طرف مائل ہوؤں گا (قَائِلٌ بمعنی مَائِلٌ ہے) اور اس کو سونگھوں گا، پس جب تم مجھے دیکھو کہ میں نے اس کا سر اچھی طرح پکڑ لیا ہے تو تم لے لو یعنی اس کو قتل کر دو، اور ایک مرتبہ کہا: پھر میں تم کو سونگھاؤں گا، پس کعب اترا ان کی طرف کپڑے میں لپٹا ہوا درانحالیکہ اس سے عمدہ خوشبو پھوٹ رہی تھی، پس محمد بن مسلمہؓ نے کہا: آج جیسی خوشبو تو میں نے کبھی سونگھی ہی نہیں، اور عمرو بن دینار کے علاوہ نے کہا کہ کعب نے کہا: میرے پاس عرب کی سب سے زیادہ خوشبو دار عورت ہے (سید لفظ تصحیف ہے، اصل لفظ نساء ہے) اور اعلیٰ درجہ کی عرب عورت ہے، عمرو بن دینارؒ نے کہا: پس محمد بن مسلمہؓ نے کہا: کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں آپ کا سر سونگھوں؟ کعب نے کہا: ہاں، پس محمد بن مسلمہؓ نے سر سونگھا، پھر اپنے ساتھیوں کو سونگھایا، پھر کہا: کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں؟ کعب نے کہا: ہاں، پس جب محمد بن مسلمہؓ نے اس کو مضبوط پکڑ لیا تو کہا: دھر لو، چنانچہ انھوں نے اس کو قتل کر دیا، پھر وہ نبی ﷺ کے پاس آئے، اور آپؐ کو اس کی اطلاع دی۔

بَابُ قَتْلِ أَبِیْ رَافِعٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِی الْحُقَيْقِ

تاجر اہل حجاز ابو رافع کا قتل

ابو رافع یہودی: بڑا تاجر تھا، ابو رافع: کنیت تھی، عبداللہ بن ابی الحقیق نام تھا، اس کو سلام (لام مشدد) بن ابی الحقیق بھی کہتے تھے، خیبر کے قریب ایک گڑھی (چھوٹے قلعہ) میں رہتا تھا، مشرکین کو مسلمانوں کے خلاف ورغلانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا تھا، غزوۂ احزاب میں مختلف قبائل کو مدینہ پر چڑھا لایا تھا، اور مال سامان سے ان کی خوب امداد کی تھی، اس کے علاوہ بھی نبی ﷺ کو طرح طرح سے ستاتا تھا، اس لئے جب مسلمان غزوۂ احزاب اور غزوۂ بنو قریظہ سے فارغ ہوئے تو ایک سریہ ابو رافع کے قتل کے لئے روانہ کیا اور عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ کو ان کا امیر بنایا اور یہ تاکید کی کہ کسی بچہ اور عورت کو

قتل نہ کرنا۔

اس سریہ کی تاریخ میں اختلاف ہے، ایک قول یہ ہے کہ جمادی الثانیہ سن ۳ ہجری میں یہ سریہ روانہ کیا گیا، دوسرا قول یہ ہے کہ سن ۵ ہجری میں یہ مہم مرتب کی گئی، مگر اتنی بات طے ہے کہ ابورافع کا قتل کعب بن اشرف کے قتل کے بعد ہوا ہے، اور باب کی دوسری روایت میں ہے کہ وہ سرزمین حجاز کے ایک قلعہ میں رہتا تھا، خیبر بھی حجاز ہی میں آتا ہے، اس لئے یہ کوئی اختلاف نہیں، کعب بن اشرف کا قتل قبیلہ اوس کے حضرات نے کیا تھا اور ابورافع کا قتل قبیلہ خزرج کے حضرات نے، جب قبیلہ اوس نے کعب بن اشرف کو نمٹا دیا جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جانی دشمن اور بارگاہِ رسالت کا گستاخ اور دریدہ دہن مجرم تھا تو قبیلہ خزرج کو خیال آیا کہ ہم دوسرے گستاخ اور دریدہ دہن ابورافع کو نمٹا دیں تاکہ یہ ہمارے لئے قابل فخر کارنامہ بنے، چنانچہ پانچ حضرات تیار ہوئے: عبداللہ بن عتیک، مسعود بن سنان، عبداللہ بن اُنیس، ابوقتادہ حارث بن ربعی اور خزاعیّ بن اسود رضی اللہ عنہم۔

اس سریہ نے ابورافع کو کس طرح قتل کیا؟ اس میں روایات مختلف ہیں۔ بخاری کی روایت میں ہے کہ عبداللہ بن عتیک اپنے رفقاء کے ساتھ خیبر کی طرف روانہ ہوئے، غروبِ آفتاب کے بعد جب لوگ اپنے جانور چراگاہ سے واپس لا چکے تھے، یہ حضرات خیبر پہنچے، ابورافع کا قلعہ جب قریب آیا تو عبداللہؓ نے اپنے ساتھیوں سے کہا: آپ حضرات یہیں ٹھہریں، میں قلعہ میں گھسنے کی کوئی تدبیر کرتا ہوں، جب وہ بالکل دروازے کے قریب پہنچ گئے تو کپڑا اوڑھ کر ایک جگہ اس طرح بیٹھ گئے جیسے کوئی قضائے حاجت کے لئے بیٹھتا ہے، دربان نے یہ سمجھ کر کہ یہ ہمارا ہی آدمی ہے پکارا! او بندۂ خدا! اگر اندر آنا ہے تو آجا ورنہ میں دوازہ بند کرتا ہوں، عبداللہؓ قلعہ میں داخل ہوگئے اور گدھوں کے اصطبل میں چھپ کر بیٹھ گئے، دربان نے دروازے بند کر کے چابیاں ایک کھونٹی پر لٹکا دیں۔

ابورافع بالاخانہ میں رہتا تھا، رات کو اس کے پاس قصہ گوئی ہوتی تھی، جب لوگ اپنے گھر واپس لوٹ گئے تو عبداللہؓ نے پہلے کھڑکی سے چابی لے کر دروازہ کھول دیا پھر بالاخانہ پر پہنچے اور جو بھی دروازہ کھولتے اس کو اندر سے بند کر دیتے، تاکہ اگر لوگ جان لیں تو وہ اس سے پہلے کام نمٹا چکے ہوں، جب عبداللہؓ بالاخانہ میں پہنچے تو وہاں اندھیرا تھا، اور ابورافع اپنے اہل وعیال کے درمیان سویا ہوا تھا، عبداللہؓ نے آواز دی: اے ابورافع! ابورافع نے کہا: کون ہے؟ عبداللہؓ آواز کی جانب بڑھے اور تلوار کا وار کیا، مگر وار پوری طرح کارگر نہ ہوا، ابورافع نے چیخ ماری، عبداللہؓ کمرے سے باہر نکل آئے، تھوڑی دیر کے بعد پھر داخل ہوئے اور ہمدردانہ لہجہ میں کہا: اے ابورافع! یہ کیسی آواز تھی؟ ابورافع نے کہا: ابھی کسی شخص نے مجھ پر تلوار سے حملہ کیا، عبداللہؓ آواز کی طرف بڑھے اور دوسرا وار کیا جس سے کاری زخم آیا، پھر انھوں نے تلوار کی دھار پیٹ پر رکھ کر اس زور سے دبائی کہ پشت تک پہنچ گئی، جب عبداللہؓ نے سمجھا کہ کام تمام ہوگیا تو وہ واپس لوٹے، سیڑھی سے اترتے ہوئے یہ خیال کیا کہ زمین قریب آگئی ہے مگر ابھی ایک زینہ باقی تھا، چنانچہ وہ گر پڑے اور پیر میں موچ آگئی، چاندنی رات تھی، پگڑی کھول کر

ٹانگ باندھ دی، اور اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچے اور کہا: آپ حضرات چلیں رسول اللہ ﷺ کو خوش خبری سنائیں، میں یہیں رہوں گا، ابورافع کی موت کا اعلان سن کر آؤں گا، چنانچہ جب صبح ہوئی اور مرغ نے بانگ دی تو قلعہ کی فصیل سے ابورافع کی موت کا اعلان ہوا، اس کو سن کر عبداللہؓ روانہ ہوئے اور ساتھیوں سے جا ملے، پھر نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچ کر سارا واقعہ بیان کیا اور پیر کی موچ کا بھی ذکر کیا، آپؐ نے فرمایا: ٹانگ پھیلاؤ، آپؐ نے اس پر دستِ مبارک پھیرا، ٹانگ ایسی ہوگئی جیسے اس کو کچھ ہوا ہی نہیں تھا۔

یہ صحیح بخاری کی روایت ہے اور ابن اسحاق کی روایت یہ ہے کہ ابورافع کے گھر میں پانچوں حضرات گھسے اور سب نے اس کے قتل میں حصہ لیا، اور جس صحابی نے اس کے اوپر تلوار کا بوجھ ڈال کر قتل کیا تھا وہ حضرت عبداللہ بن اُنیس رضی اللہ عنہ تھے اور اس روایت میں یہ بھی ہے کہ جب ان لوگوں نے ابورافع کو قتل کر لیا اور عبداللہ بن عتیکؓ کی پنڈلی ٹوٹ گئی تو ساتھی ان کو اٹھا لائے، قلعہ کی دیوار کے پاس ایک جگہ چشمہ کی نہر چل رہی تھی، اس میں گھس گئے ادھر یہود نے آگ جلائی اور ہر طرف دوڑ دھوپ کی مگر کوئی ہاتھ نہیں آیا تو وہ مایوس ہو کر مقتول کے پاس آ گئے، اور صحابہ کرام واپسی میں حضرت عبداللہ بن عتیکؓ کو اٹھا کر خدمتِ نبوی میں لائے (الرحیق المختوم ۴۹۹ بحوالہ سیرت ابن ہشام)

[١٦-] بَابُ قَتْلِ أَبِيْ رَافِعٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ الْحُقَيْقِ

وَيُقَالُ: سَلَّامُ بْنُ أَبِيْ الْحُقَيْقِ، كَانَ بِخَيْبَرَ، وَيُقَالُ: فِيْ حِصْنٍ لَهُ بِأَرْضِ الْحِجَازِ، وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: هُوَ بَعْدَ كَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ.

[٤٠٣٨-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَهْطًا إِلٰى أَبِيْ رَافِعٍ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَتِيْكٍ بَيْتَهُ لَيْلاً وَهُوَ نَائِمٌ فَقَتَلَهُ. [راجع: ٣٠٢٢]

ترجمہ: ابورافع کو سلاّم بن ابی الحقیق بھی کہا جاتا ہے، وہ خیبر میں رہتا تھا اور کہا گیا: سرزمین حجاز میں اپنے ایک قلعہ میں رہتا تھا (اس کا ذکر باب کی دوسری حدیث میں ہے اور اس میں کوئی تعارض نہیں، اس لئے کہ خیبر حجاز ڈویژن میں ہے) امام زہری رحمہ اللہ نے فرمایا: ابورافع کے قتل کا واقعہ کعب بن اشرف کے قتل کے بعد پیش آیا ہے (اتنی بات طے ہے مگر کس سن میں یہ واقعہ پیش آیا ہے؟ اس میں اختلاف ہے)

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے چند لوگوں کو ابورافع کی طرف بھیجا (رَهْط: دس تک کی نفری کو کہتے ہیں) پس عبداللہ بن عتیکؓ رات میں اس کے پاس گھر میں پہنچے وہ سویا ہوا تھا پس اس کو قتل کر دیا۔

ملحوظہ: بَيْتَه: ایک نسخہ میں بَيَّتَهُ ہے، جس کے معنی ہیں: رات کے وقت کسی امر کی تدبیر کرنا۔

[٤٠٣٩-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى أَبِىْ رَافِعٍ الْيَهُوْدِىِّ رِجَالاً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَتِيْكٍ، وَكَانَ أَبُوْ رَافِعٍ يُؤْذِىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَيُعِيْنُ عَلَيْهِ، وَكَانَ فِىْ حِصْنٍ لَهُ بِأَرْضِ الْحِجَازِ.

ترجمہ: (یہ روایت ابواسحاق کے پوتے اسرائیل کی ہے، اسرائیل دادا کی روایتوں میں مضبوط تھے) حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ابورافع یہودی کی طرف چند انصاریوں کو بھیجا اور ان پر حضرت عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا، ابورافع: رسول اللہ ﷺ کو ستایا کرتا تھا، اور آپؐ کے خلاف (دشمنوں کی) مدد کیا کرتا تھا اور حجاز کی سرزمین میں اپنے ایک قلعہ میں رہتا تھا۔

فَلَمَّا دَنَوْا مِنْهُ وَقَدْ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وَرَاحَ النَّاسُ بِسَرْحِهِمْ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لِأَصْحَابِهِ: اجْلِسُوْا مَكَانَكُمْ، فَإِنِّىْ مُنْطَلِقٌ، وَمُتَلَطِّفٌ لِلْبَوَّابِ لَعَلِّى أَنْ أَدْخُلَ، فَأَقْبَلَ حَتَّى دَنَا مِنَ الْبَابِ، ثُمَّ تَقَنَّعَ بِثَوْبِهِ كَأَنَّهُ يَقْضِىْ حَاجَةً، وَقَدْ دَخَلَ النَّاسُ، فَهَتَفَ بِهِ البَوَّابُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! إِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ أَنْ تَدْخُلَ فَادْخُلْ، فَإِنِّىْ أُرِيْدُ أَنْ أُغْلِقَ الْبَابَ، فَدَخَلْتُ فَكَمَنْتُ فَلَمَّا دَخَلَ النَّاسُ أَغْلَقَ الْبَابَ ثُمَّ عَلَّقَ الْأَغَالِيْقَ عَلٰى وَدٍّ، قَالَ: فَقُمْتُ إِلٰى الْأَقَالِيْدِ فَأَخَذْتُهَا فَفَتَحْتُ الْبَابَ.

ترجمہ: پس جب وہ حضرات ابورافع کے قریب پہنچے درانحالیکہ سورج غروب ہو چکا تھا اور لوگ اپنے جانوروں کو گھر واپس لا چکے تھے، تو عبداللہؓ نے اپنے ساتھیوں سے کہا: آپ حضرات یہیں رکیں میں جاتا ہوں اور دربان کے لئے کوئی تدبیر کرتا ہوں، شاید میں اندر چلا جاؤں، پس وہ قلعہ کی طرف متوجہ ہوئے یہاں تک کہ دروازہ کے قریب پہنچ گئے، پھر انھوں نے اپنا کپڑا اوڑھ لیا، گویا وہ قضائے حاجت کر رہے ہیں اور سب لوگ قلعہ میں داخل ہو گئے، پس دربان نے عبداللہؓ کو پکارا: او اللہ کے بندے! اگر تو اندر آنا چاہتا ہے تو آجا، میں دروازہ بند کرنا چاہتا ہوں، پس میں داخل ہو گیا اور چھپ گیا، جب سب لوگ اندر آ گئے تو دربان نے دوازہ بند کر دیا اور چابیاں ایک کھونٹی پر لٹکا دیں، عبداللہؓ کہتے ہیں: پس میں چابیوں کی طرف اٹھا، ان کو لیا اور دروازہ کھول دیا (یہ قرینہ بن سکتا ہے کہ دوسرے ساتھی بھی قلعہ میں آ گئے ہونگے اور وہ بھی قتل میں شریک ہوئے ہونگے۔ واللہ اعلم)

لغات: السَّرح: مویشی جو صبح چراگاہ جا کر شام کو واپس آتے ہیں (تسمية بالمصدر) .... أَغَالِيْق: غَلَق کی جمع: وہ چیز جس سے دروازہ بند کیا جائے، چابیاں .... الوَّد: الوَتَد: کھونٹی .... یا عبد الله: لغوی معنی میں ہے۔ اور آپؓ کا نام بھی عبداللہ تھا۔

وَكَانَ أَبُوْ رَافِعٍ يُسْمَرُ عِنْدَهُ، وَكَانَ فِيْ عَلاَلِيَّ لَهُ، فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْهُ أَهْلُ سَمَرِهِ صَعِدْتُ إِلَيْهِ، فَجعَلْتُ كُلَّمَا فَتَحْتُ بَابًا أَغْلَقْتُ عَلَيَّ مِنْ دَاخِلٍ، قُلْتُ: إِنَّ الْقَوْمَ لَوْ نَذِرُوْا بِيْ لَمْ يَخْلُصُوْا إِلَيَّ حَتَّى أَقْتُلَهُ، فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ، فَإِذَا هُوَ فِيْ بَيْتٍ مُظْلِمٍ وَسْطَ عِيَالِهِ، لاَ أَدْرِيْ أَيْنَ هُوَ مِنَ الْبَيْتِ؟ قُلْتُ: أَبَا رَافِعٍ! قَالَ: مَنْ هٰذَا؟ فَأَهْوَيْتُ نَحْوَ الصَّوْتِ، فَأَضْرِبُهُ ضَرْبَةً بِالسَّيْفِ، وَأَنَا دَهِشٌ فَمَا أَغْنَيْتُ شَيْئًا، وَصَاحَ، فَخَرَجْتُ مِنَ الْبَيْتِ فَأَمْكُثُ غَيْرَ بَعِيْدٍ، ثُمَّ دَخَلْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا الصَّوْتُ يَا أَبَا رَافِعٍ! فَقَالَ: لِأُمِّكَ الْوَيْلُ! إِنَّ رَجُلاً فِي الْبَيْتِ ضَرَبَنِيْ قَبْلُ بِالسَّيْفِ، قَالَ: فَأَضْرِبُهُ ضَرْبَةً أَثْخَنَتْهُ وَلَمْ أَقْتُلْهُ، ثُمَّ وَضَعْتُ ضَبِيْبَ السَّيْفِ فِيْ بَطْنِهِ حَتَّى أَخَذَ فِيْ ظَهْرِهِ، فَعَرَفْتُ أَنِّيْ قَتَلْتُهُ، فَجَعَلْتُ أَفْتَحُ الْأَبْوَابَ بَابًا بَابًا، حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلٰى دَرَجَةٍ لَهُ فَوَضَعْتُ رِجْلِيْ وَأَنَا أُرَى أَنِّيْ قَدِ انْتَهَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ، فَوَقَعْتُ فِيْ لَيْلَةٍ مُقْمِرَةٍ، فَانْكَسَرَتْ سَاقِيْ فَعَصَبْتُهَا بِعِمَامَةٍ، ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتَّى جَلَسْتُ عَلَى الْبَابِ، فَقُلْتُ: لاَ أَخْرُجُ اللَّيْلَةَ حَتَّى أَعْلَمَ أَقَتَلْتُهُ؟ فَلَمَّا صَاحَ الدِّيْكُ قَامَ النَّاعِيْ عَلَى السُّوْرِ فَقَالَ: أَنْعٰى أَبَارَافِعٍ تَاجِرَ أَهْلِ الْحِجَازِ، فَانْطَلَقْتُ إِلٰى أَصْحَابِيْ فَقُلْتُ النَّجَاءَ! فَقَدْ قَتَلَ اللّٰهُ أَبَا رَافِعٍ، فَانْتَهَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَحَدَّثْتُهُ، فَقَالَ لِيْ: "ابْسُطْ رِجْلَكَ" فَبَسَطْتُ رِجْلِيْ فَمَسَحَهَا فَكَأَنَّهَا لَمْ أَشْتَكِهَا قَطُّ. [راجع: ۳۰۲۲]

ترجمہ: ابورافع کے پاس رات میں قصہ گوئی کی جاتی تھی، وہ اپنے بالا خانہ میں رہتا تھا، پس جب اس کے پاس سے لوگ رات میں باتیں کرنے والے رخصت ہوگئے، تو میں بالا خانہ کی طرف چڑھا اور میں جب بھی کوئی دروازہ کھولتا تو اس کو اندر سے بند کردیتا، میں نے سوچا: اگر لوگوں کو میرا پتہ چل جائے گا تو وہ مجھ تک نہیں پہنچیں گے، یہاں تک کہ میں اس کو قتل کرچکا ہوں گا (اس لئے دروازے اندر سے بند کرتا تھا) میں ابورافع تک پہنچا، اچانک وہ ایک تاریک کمرہ میں اپنے بال بچوں کے درمیان تھا، میں نہیں جانتا تھا کہ وہ گھر میں کہاں ہے؟ میں نے پکارا! ابورافع! اس نے پوچھا: کون؟ میں نے آواز کی جانب کا قصد کیا اور اس پر تلوار سے وار کیا، میں گھبرایا ہوا تھا، پس میں کارگر وار نہ کرسکا اور وہ چلایا، اور میں گھر سے نکل گیا، اور میں قریب ہی ٹھہرا رہا، پھر اس کے پاس پہنچا اور پوچھا: ابورافع! یہ آواز کیسی تھی؟ اس نے کہا: تیری ماں کے لئے ہلاکت ہو! کوئی شخص گھر میں آیا اور مجھ پر ابھی تلوار کا وار کیا، عبداللہ کہتے ہیں: پس میں نے اس کو دوسری چوٹ ماری، اور اس کو ڈھیر کردیا، مگر میں اس کو جان سے نہیں مار سکا، اس لئے میں نے تلوار کی دھار اس کے پیٹ میں رکھی، یہاں تک کہ وہ اس کی پیٹھ تک پہنچ گئی، میں سمجھ گیا کہ میں نے اس کو ماردیا، پھر میں نے ایک ایک دروازہ کھولنا شروع کیا، یہاں تک کہ میں ایک سیڑھی پر پہنچا اور میں نے اپنا پیر رکھا اور میں سمجھتا تھا کہ میں زمین تک پہنچ گیا ہوں (مگر نہیں پہنچا تھا) پس میں گر پڑا، چاندنی رات میں اور میری پنڈلی ٹوٹ گئی، میں نے اس کو پگڑی سے مضبوط باندھ لیا، پھر میں چلا یہاں تک کہ دروازہ پر بیٹھا اور میں نے

دل میں کہا: آج رات نہیں نکلوں گا یہاں تک کہ جان لوں کہ میں نے اس کو جان سے ماردیا ہے، پس جب مرغ نے بانگ دی تو موت کا اعلان کرنے والا قلعہ پر کھڑا ہوا اور اس نے کہا: میں اہلِ حجاز کے تاجر ابورافع کی موت کا اعلان کرتا ہوں، پس میں اپنے ساتھیوں کی طرف چلا اور کہا: بچو! اللہ نے ابورافع کو موت کی گھاٹ اتار دیا، پھر میں نبی ﷺ کے پاس پہنچا اور آپؐ سے واقعہ بیان کیا، آپؐ نے فرمایا: اپنی ٹانگ پھیلاؤ، میں نے اپنی ٹانگ پھیلادی، آپؐ نے اس پر ہاتھ پھیرا، پس گویا مجھے کبھی کوئی تکلیف ہوئی ہی نہیں تھی۔

لغات: **عَلَالِيّ**: **عُلِّيَّة** کی جمع: بالاخانہ.......... **نَذَرَبِهِ**: پتہ چل جانا.......... **ضَبِيْب**: بروزن رَغیف: چھری، تلوار کا کنارہ، خطابی کہتے ہیں: یہ تصحیف ہے، صحیح لفظ **ظُبَةُ السَّيْفِ** ہے، کیونکہ **ضَبِيْب** کے معنی ہیں: منہ سے خون بہنا، اور یہ معنی یہاں نہیں بنتے، اور قاضی عیاض کہتے ہیں: ایک روایت میں **صَبِيْب** ہے (صاد مہملہ کے ساتھ) جس کے معنی ہیں: کنارہ .... **انكسرت ساقي**: میری پنڈلی ٹوٹ گئی، اور پہلے یہ حدیث (تحفۃ القاری ۶: ۳۴۲ میں) آئی ہے، وہاں **وُثِئَتْ رِجْلِي** ہے یعنی میرے پیر میں موچ آگئی (یہی تعبیر صحیح معلوم ہوتی ہے)

> [۴۰۴۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُرَيْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى أَبِيْ رَافِعٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَتِيْكٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُتْبَةَ فِي نَاسٍ مَعَهُمْ فَانْطَلَقُوْا حَتَّى دَنَوْا مِنَ الْحِصْنِ، فَقَالَ لَهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَتِيْكٍ: امْكُثُوْا أَنْتُمْ حَتَّى أَنْطَلِقَ أَنَا فَأَنْظُرَ، قَالَ: فَتَلَطَّفْتُ أَنْ أَدْخُلَ الْحِصْنَ.

ترجمہ: (یہ حدیث ابواسحاق سبیعی کے صاحبزادے یوسف کی ہے، یہ اسرائیل کے درجہ کے راوی نہیں) حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ابورافع کی طرف عبداللہ بن عتیکؓ اور عبداللہ بن عتبہؓ کو چند لوگوں کے ساتھ بھیجا (ابن الاثیرؒ کہتے ہیں: عتبہ غلط ہے، صحیح عِنَبہ ہے اور ان کے ساتھ یہ حضرات تھے: مسعود بن سنان، عبداللہ بن اُنیس، ابو قتادہ، خزاعی بن اسود، اور موسیٰ بن عقبہ نے اسود بن حرام کا بھی تذکرہ کیا ہے) وہ سب چلے یہاں تک کہ قلعہ کے قریب پہنچے، پس ان سے عبداللہؓ نے کہا: آپ حضرات ٹھہریں، میں چلتا ہوں اور دیکھتا ہوں انھوں نے کہا: میں کوئی تدبیر کرتا ہوں قلعہ میں داخل ہونے کی۔

> فَفَقَدُوْا حِمَارًا لَهُمْ قَالَ فَخَرَجُوْا بِقَبَسٍ يَطْلُبُوْنَهُ، قَالَ: فَخَشِيْتُ أَنْ أُعْرَفَ قَالَ: فَغَطَّيْتُ رَأْسِيْ وَرِجْلِيْ كَأَنِّيْ أَقْضِي حَاجَةً، ثُمَّ نَادَى صَاحِبُ الْبَابِ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يَدْخُلَ فَلْيَدْخُلْ قَبْلَ أَنْ أُغْلِقَهُ، فَدَخَلْتُ ثُمَّ اخْتَبَأْتُ فِي مَرْبِطِ حِمَارٍ عِنْدَ بَابِ الْحِصْنِ، فَتَعَشَّوْا عِنْدَ أَبِيْ رَافِعٍ وَتَحَدَّثُوْا حَتَّى ذَهَبَتْ سَاعَةٌ مِنَ اللَّيْلِ، ثُمَّ رَجَعُوْا إِلٰى بُيُوْتِهِمْ.

ترجمہ: پس انھوں نے اپنا ایک گدھا گم پایا، عبداللہؓ کہتے ہیں: وہ لوگ مشعل لے کر اس کو ڈھونڈھنے کے لئے نکلے، پس مجھے اندیشہ ہوا کہ میں پہچان لیا جاؤں گا، اس لئے میں نے اپنا سر اور اپنے پیر ڈھانک لئے اور میں بیٹھ گیا گویا میں قضائے حاجت کر رہا ہوں، پھر دربان نے پکارا: جو اندر آنا چاہتا ہے آجائے اس سے پہلے کہ میں دروازہ بند کروں، پس میں اندر چلا گیا، اور میں چھپ گیا، قلعہ کے دروازے کے قریب گدھوں کے اصطبل میں، پس لوگوں نے ابورافع کے پاس شام کا کھانا کھایا، اور باتیں کرتے رہے، یہاں تک کہ رات کا ایک حصہ گذر گیا، پھر وہ اپنے گھروں کی طرف لوٹ گئے۔

فَلَمَّا هَدَتِ الْأَصْوَاتُ، وَلاَ أَسْمَعُ حَرَكَةً خَرَجْتُ، قَالَ: وَرَأَيْتُ صَاحِبَ الْبَابِ حَيْثُ وَضَعَ مِفْتَاحَ الْحِصْنِ فِيْ كُوَّةٍ، فَأَخَذْتُهُ فَفَتَحْتُ بِهِ بَابَ الْحِصْنِ، قَالَ: قُلْتُ: إِنْ نَذِرَ بِيْ الْقَوْمُ انْطَلَقْتُ عَلٰى مَهَلٍ، ثُمَّ عَمَدْتُ إِلٰى أَبْوَابِ بُيُوْتِهِمْ فَغَلَّقْتُهَا عَلَيْهِمْ مِنْ ظَاهِرٍ، ثُمَّ صَعِدْتُ إِلٰى أَبِيْ رَافِعٍ فِيْ سُلَّمٍ، فَإِذَا الْبَيْتُ مُظْلِمٌ قَدْ طُفِئَ سِرَاجُهُ فَلَمْ أَدْرِ أَيْنَ الرَّجُلُ؟ فَقُلْتُ: يَا أَبَارَافِعٍ! قَالَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ فَعَمَدْتُ نَحْوَ الصَّوْتِ فَأَضْرِبُهُ وَصَاحَ، فَلَم تُغْنِ شَيْئًا، ثُمَّ جِئْتُ كَأَنِّيْ أُغِيْثُهُ، فَقُلْتُ: مَالَكَ يَا أَبَا رَافِعٍ؟ وَغَيَّرْتُ صَوْتِيْ. فَقَالَ: أَلاَ أُعْجِبُكَ؟ لِأُمِّكَ الْوَيْلُ! دَخَلَ عَلَيَّ رَجُلٌ فَضَرَبَنِيْ بِالسَّيْفِ، قَالَ: فَعَمَدْتُ لَهُ أَيْضًا فَأَضْرِبُهُ أُخْرَى فَلَمْ تُغْنِ شَيْئًا، فَصَاحَ وَقَامَ أَهْلُهُ، قَالَ: ثُمَّ جِئْتُ وَغَيَّرْتُ صَوْتِيْ كَهَيْئَةِ الْمُغِيْثِ، وَإِذَا هُوَ مُسْتَلْقٍ عَلٰى ظَهْرِهِ، فَأَضَعُ السَّيْفَ فِيْ بَطْنِهِ ثُمَّ أَنْكَفِئُ عَلَيْهِ حَتَّى سَمِعْتُ صَوْتَ الْعَظْمِ، ثُمَّ خَرَجْتُ دَهِشًا حَتَّى أَتَيْتُ السُّلَّمَ أُرِيْدُ أَنْزِلُ فَأَسْقُطُ مِنْهُ، فَانْخَلَعَتْ رِجْلِيْ فَعَصَبْتُهَا، ثُمَّ أَتَيْتُ أَصْحَابِيْ أَحْجُلُ، فَقُلْتُ لَهُمْ: انْطَلِقُوْا فَبَشِّرُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَإِنِّيْ لاَ أَبْرَحُ حَتَّى أَسْمَعَ النَّاعِيَةَ، فَلَمَّا كَانَ فِيْ وَجْهِ الصُّبْحِ صَعِدَ النَّاعِيَةُ، فَقَالَ: أَنْعَى أَبَارَافِعٍ! قَالَ: فَقُمْتُ أَمْشِيْ، مَا بِيْ قَلَبَةٌ، فَأَدْرَكْتُ أَصْحَابِيْ قَبْلَ أَنْ يَأْتُوْا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَبَشَّرْتُهُ. [راجع: ۳۰۲۲]

ترجمہ: پھر جب آوازیں تھم گئیں اور میں کوئی چہل پہل نہیں سن رہا تھا تو میں نکلا اور میں نے دربان کو دیکھا تھا جہاں اس نے قلعہ کی چابیاں رکھی تھیں، ایک روشن دان میں، پس میں نے اس کو لیا اور اس سے قلعہ کا دروازہ کھول دیا، میں نے سوچا: اگر لوگوں کو میرا پتہ چل جائے گا تو میں باطمینان چلا جاؤں گا، پھر میں نے ان کے دروازوں کا ارادہ کیا اور ان کو ان پر بھیڑ لیا، باہر کی جانب سے، پھر میں ابورافع کی طرف سیڑھی سے چڑھا، اچانک کمرہ تاریک تھا، اس کا چراغ بجھا دیا گیا تھا، میں نہیں جانتا تھا کہ آدمی کہاں ہے؟ پس میں نے پکارا: اے ابورافع! اس نے کہا: کون؟ میں نے آواز کی طرف کا قصد کیا، پس اس کو تلوار ماری، وہ چلایا اور تلوار نے کچھ کام نہیں کیا، پھر میں آیا گویا میں اس کی فریاد رسی کر رہا ہوں، میں نے پوچھا: ابو رافع! کیا بات ہے؟ اور میں نے اپنی آواز بدل لی، اس نے کہا: کیا میں تجھے حیرت میں نہ ڈالوں؟ تیری ماں کے لئے ہلاکت

ہو! میرے پاس ایک آدمی آیا اس نے مجھے تلوار ماری، عبداللہؓ کہتے ہیں: میں نے پھر اس کا قصد کیا اور اس کو دوسری چوٹ ماری، مگر اس نے بھی کچھ کام نہیں کیا، پس وہ چلایا اور اس کے گھر والے اٹھ گئے، عبداللہؓ کہتے ہیں: پھر میں آیا اور میں نے اپنی آواز بدل لی، جیسے فریادرسی کرنے والے کی حالت ہوتی ہے، پس اچانک وہ اپنی پیٹھ پر چت لیٹا ہوا تھا، میں نے تلوار اس کے پیٹ میں رکھی، پھر میں اس پر جھک گیا، یہاں تک کہ ہڈی کی آواز سنی، پھر میں گھبرایا ہوا نکلا، یہاں تک کہ میں سیڑھی پر پہنچا، میں اترنا چاہتا تھا پس میں اس سے گر پڑا اور میرے پیر کا جوڑ ٹوٹے بغیر جدا ہوگیا، میں نے اس کو مضبوط باندھ دیا، پھر میں اپنے ساتھیوں کے پاس آیا، بیڑیوں میں آہستہ آہستہ چل رہا تھا، پس میں نے ان سے کہا: چلو اور رسول اللہ ﷺ کو خوش خبری سناؤ، میں تو یہیں رہوں گا، یہاں تک کہ موت کا اعلان سن لوں، پس جب صبح صادق کا وقت ہوا تو موت کا اعلان کرنے والا چڑھا اور اس نے کہا: میں ابورافع کی موت کا اعلان کرتا ہوں، عبداللہ کہتے ہیں: پس میں اٹھا، چل رہا تھا میں درانحالیکہ مجھے کوئی تکلیف نہیں تھی، اور میں نے اپنے ساتھیوں کو پالیا، اس سے پہلے کہ وہ نبی ﷺ کے پاس پہنچیں، اور میں نے آپؐ کو قتل کی خوش خبری سنائی۔

(غزوۂ بنونضیر اور دو یہودی سرغنوں: کعب بن اشرف اور ابورافع کے قتل کا بیان پورا ہوا)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غزوۂ احد

غزوۂ بدر میں مکہ والوں کی ناکامی غزوۂ اُحد کا سبب بنی

اُحُد (بضمتین) ایک پہاڑ کا نام ہے جو مسجدِ نبوی سے تقریباً تین میل کے فاصلہ پر واقع ہے، اور وہ اردگرد کے پہاڑوں میں سب سے اونچا پہاڑ ہے، اس کے دامن میں جنگ ہوئی ہے، اس لئے جنگِ احد کہلاتی ہے۔

واقعات کا تسلسل:

۱- جنگِ بدر میں شکست سے اور اشرافِ قریش کے قتل سے مکہ والوں کو جو صدمہ پہنچا تھا وہ بھولا یا نہیں جاسکتا تھا، اس کے سبب سے قریش مسلمانوں کے خلاف غیظ وغضب سے گھل رہے تھے، حتی کہ مکہ والوں نے اپنے مقتولین پر ماتم (آہ وفُغاں) کرنے سے بھی روک دیا تھا، اور قیدیوں کے فدیہ کی ادائیگی میں بھی جلدی کرنے سے منع کردیا تھا، تا کہ مسلمانوں کو ان کے رنج وغم کی شدت کا احساس نہ ہو۔

۲- جنگِ بدر کے بعد کعب بن اشرف مکہ گیا اور مسلمانوں کے خلاف ان کے جذبات بھڑکائے، ان کو آمادۂ جنگ کرنے کے لئے اشعار کہہ کر سردارانِ قریش کا نوحہ وماتم کرتا تھا، جن کو میدانِ بدر میں ایک گندے کنویں میں پھینک دیا گیا تھا، اور کعبہ کا پردہ پکڑ کر رُوسائے مشرکین سے عہد کرا کے آیا کہ وہ ضرور مدینہ پر حملہ کریں گے۔

۳- معرکۂ بدر واحد کے درمیانی عرصہ میں غزوۂ سَوِیق پیش آیا ہے، ابوسفیان منت مان چکا تھا کہ جب تک محمد (ﷺ) سے بدلہ نہیں لے گا، غسلِ جنابت نہیں کرے گا، چنانچہ وہ اپنی قسم پوری کرنے کے لئے دو سو سواروں کو لے کر مدینہ پر حملہ آور ہوا، کھلم کھلا حملہ کی ہمت تو نہیں تھی، رات کی تاریکی میں اطراف مدینہ میں داخل ہوا اور عریض نامی مقام پر حملہ کیا، کچھ کھجور کے درخت کاٹے اور جلائے اور ایک انصاری کو اور اس کے حلیف کو قتل کیا، نبی ﷺ کو اطلاع ہوئی، آپؐ نے تیزی سے اس کا تعاقب کیا، مگر وہ ہاتھ نہیں آیا، البتہ بوجھ ہلکا کرنے کے لئے ستّو، توشہ اور بہت سا ساز وسامان پھینک کر گیا جو مسلمانوں کے ہاتھ آیا، یہ غزوہ جنگِ بدر کے صرف دو ماہ بعد یعنی ذی الحجہ ۲ ہجری میں پیش آیا ہے۔

۴- جنگِ احد سے پہلے جمادی الاخری سن ۳ ہجری میں سریہ زید بن حارثہ بھیجا گیا، اس کی تفصیل یہ ہے کہ قریش جنگِ

بدر کے بعد قلق واضطراب میں تھے کہ گرمی کا موسم آ گیا، اور ملک شام کے تجارتی سفر کا وقت آن پہنچا، انہیں فکر دامن گیر ہوئی کہ مدینہ کے راستے شام کیسے جائیں؟ چنانچہ مکہ والوں نے صفوان بن امیہ کو میر کارواں منتخب کیا، اس نے ساتھیوں سے کہا: محمد (ﷺ) نے ہماری تجارتی شاہ راہ ہمارے لئے پر مشقت بنادی ہے، انھوں نے ساحل کے باشندگان سے مصالحت کرلی ہے، اس لئے عام لوگ بھی ان کے ساتھ ہوگئے ہیں، اس لئے سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم کونسا راستہ اختیار کریں؟ اگر گھروں میں بیٹھے رہیں تو اصل سرمایہ بھی کھاجائیں گے، باقی کچھ نہ بچے گا، آخر اسود بن عبد المطلب نے مشورہ دیا کہ تم ساحل کا راستہ چھوڑ کر عراق کے راستے سفر کرو، یہ راستہ بہت لمبا تھا، نجد سے ہوکر شام جاتا تھا اور مدینہ سے مشرق میں بہت دوری پر واقع تھا، قریش اس راستہ سے بالکل ناواقف تھے، اسود بن عبد المطلب نے مشورہ دیا کہ وہ فرات بن حیّان کو جو قبیلہ بکر بن وائل سے تعلق رکھتا ہے راستہ بتانے کیلئے راہنما رکھ لے، قریش کا کارواں صفوان کی قیادت میں نئے راستہ سے روانہ ہوا، اس سفر کے پورے منصوبے کی خبر مدینہ پہنچ گئی، نبی ﷺ نے فوراً حملہ کی تیاری کی، اور سو سواروں کا ایک رسالہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی کمان میں روانہ کیا، حضرت زیدؓ نے نہایت تیزی سے راستہ طے کیا، اور قریش کے کارواں کو جالیا اور پورے قافلہ پر قبضہ کرلیا، صفوان اور دیگر محافظین بھاگ گئے، اس قافلہ سے بڑی مقدار میں مالِ غنیمت حاصل ہوا، بدر کے بعد قریش کے لئے یہ سب سے الم ناک نکبت تھی، جس سے ان کے قلق واضطراب میں اضافہ ہوگیا، اب ان کے سامنے دو ہی راستے تھے یا تو مسلمانوں سے صلح کرلیں یا بھرپور جنگ کرکے گذشتہ بھرم کو واپس لائیں، اور مسلمانوں کی قوت کو اس طرح توڑ دیں کہ وہ دوبارہ سر نہ اٹھا سکیں، مکہ والوں نے اس دوسرے راستہ کا انتخاب کیا، چنانچہ اس واقعہ کے بعد قریش کا جوش انتقام اور بڑھ گیا اور انھوں نے مسلمانوں سے ٹکر لینے کے لئے اور ان کے دیار میں گھس کر ان پر حملہ کرنے کے لئے بھرپور تیاری شروع کردی، اس طرح پچھلے واقعات کے علاوہ یہ واقعہ بھی معرکۂ احد کا خاص سبب بنا۔

۵- مکہ والوں نے اس سلسلہ میں پہلا کام یہ کیا کہ ابوسفیان کا وہ قافلہ جو جنگِ بدر کا سبب بنا تھا اور جسے ابوسفیان بچا کر لے جانے میں کامیاب ہوگیا تھا اس کا سارا مال جنگی اخراجات کے لئے روک لیا اور ارباب اموال سے کہہ دیا کہ تمہیں محمد (ﷺ) نے سخت صدمہ پہنچایا ہے تمہارے منتخب سرداروں کو قتل کیا ہے، لہٰذا ان سے جنگ کرنے کے لئے اس مال کے ذریعہ مدد کرو، قریش کے لوگوں نے اسے منظور کرلیا، چنانچہ وہ سارا مال جس کی مقدار ایک ہزار اونٹ، اور پچاس ہزار دینار تھی جنگ کی تیاری کے لئے روک لیا گیا۔

۶- پھر مکہ والوں نے رضا کارانہ جنگی خدمت کا دروازہ کھول دیا، احابیش[1]، کنانہ اور اہل تہامہ کو مسلمانوں کے خلاف جنگ میں شرکت کی دعوت دی اور ترغیب وتحریض کی مختلف صورتیں اختیار کیں، ابوعزّہ شاعر جو جنگِ بدر میں قید ہوا تھا اور جس کو نبی ﷺ نے یہ عہد لے کر بلا فدیہ چھوڑ دیا تھا کہ وہ آپؐ کے خلاف نہیں اٹھے گا، اسے صفوان بن امیہ نے لالچ دے کر

(۱) احابیش: متفرق قبائل، أُحْبُوْش یا أُحْبُوْشَة کی جمع: وہ جماعت جس کے لوگ کسی ایک قبیلہ کے نہ ہوں (لغات الحدیث)

تیار کیا اور اس نے عہد و پیمان کو پس پشت ڈال کر جذباتِ غیرت وحمیت کو شعلہ زن کرنے والے اشعار کے ذریعہ قبائل کو بھڑکانا شروع کیا، اسی طرح قریش نے ایک اور شاعر مُسافع بن عبد مناف جمحی کو بھی اس کام کے لئے تیار کیا۔

۷- سال پورا ہوتے ہی قریش کی تیاری مکمل ہوگئی، ان کے اپنے افراد کے علاوہ ان کے حلیفوں اور احابیش (مختلف قبائل) کو ملا کر تین ہزار کی فوج تیار ہوئی، قائدین قریش کی رائے یہ ہوئی کہ عورتوں کو بھی ساتھ لیا جائے تاکہ ان کی حرمت کی حفاظت کی خاطر فوجی جاں سپاری کے ساتھ لڑیں، چنانچہ لشکر میں پندرہ عورتیں بھی لی گئیں، سواری اور بار برداری کے لئے تین ہزار اونٹ تھے اور رسالہ کے لئے دو سو گھوڑے۔ ابوسفیان پورے لشکر کا سپہ سالار مقرر کیا گیا، رسالہ کی کمان خالید بن ولید کو دی گئی اور عکرمہ بن ابی جہل کو ان کا معاون بنایا گیا، پرچم دستور کے مطابق قبیلہ بنی عبدالدار کے ہاتھ میں دیا گیا، اس طرح پوری تیاری کر کے مکی لشکر مدینہ کی طرف روانہ ہوا۔

۸- حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے قریش کی یہ ساری نقل وحرکت اور جنگی تیاریوں کی تفصیلات پر مشتمل ایک نامہ نبی ﷺ کی خدمت میں روانہ کیا، قاصد پھرتیلا ثابت ہوا وہ صرف تین دن میں مدینہ پہنچ گیا، آپؐ اس وقت مسجدِ قبا میں تشریف فرما تھے، حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے خط پڑھ کر سنایا، آپؐ نے انہیں راز داری برتنے کی تاکید کی اور آپؐ فوراً مدینہ لوٹ آئے، اور انصار و مہاجرین کے قائدین سے مشورہ شروع کیا۔

۹- ادھر مکی لشکر معروف کاروانی شاہ راہ پر چلتا ہوا ابواء مقام پر پہنچا، ابوسفیان کی بیوی ہند نے مشورہ دیا کہ نبی ﷺ کی ماں کی قبر اکھاڑ دی جائے، مگر اس کے جو سنگین نتائج نکل سکتے تھے اس کے پیش نظر قائدین نے یہ تجویز منظور نہیں کی، لشکر آگے روانہ ہوا، وادی عقیق سے گذرا، پھر داہنی جانب مڑ کر احد پہاڑ کے قریب عینین نامی مقام پر جو مدینہ کے شمال میں وادی قناۃ کے کنارے پر ایک بیکار زمین تھی وہاں پڑاؤ ڈالا، یہ جمعہ ۶ شوال سن ۳ ہجری کا واقعہ ہے۔

۱۰- نبی ﷺ نے جنگِ احد سے پہلے ایک خواب دیکھا تھا اس میں چار باتیں تھیں، خواب میں آپؐ نے تلوار ہلائی، اس کا اوپر کا حصہ ٹوٹ گیا، پھر ہلائی تو پہلے سے شاندار ہوگئی اور گائے کو دیکھا جو ذبح کی جارہی تھی، اس وقت زبان مبارک سے نکلا: اللہ خیر!

اس خواب کی تعبیر یہ تھی کہ جنگ میں ابتداء میں شکست ہوگی، پھر واضح کامیابی ملے گی اور کچھ صحابہ شہید ہونگے جو ان کے حق میں بہتر ہوگا، چنانچہ آپؐ نے صحابہ کو مشورہ کیلئے اکٹھا کیا، نبی ﷺ کی رائے یہ تھی کہ مدینہ میں رہ کر مقابلہ کیا جائے، عبداللہ بن ابی کی بھی یہی رائے تھی، مگر فضلائے صحابہ کی ایک جماعت نے جو بدر میں شرکت سے رہ گئے تھے، مشورہ دیا کہ باہر نکل کر مقابلہ کیا جائے اور انھوں نے اپنی اس رائے پر اصرار کیا، ان لوگوں میں سب سے گرم جوش نبی ﷺ کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ تھے، وہ معرکہ بدر میں اپنی تلوار کا جوہر دکھلا چکے تھے، انھوں نے قسم کھائی کہ جب تک میں مدینہ سے باہر نکل کر اپنی تلوار کے ذریعہ کفار سے دو دو ہاتھ نہیں کروں گا کوئی غذا نہ چکھوں گا، چنانچہ نبی ﷺ نے اکثریت کے

اصرار پر اپنی رائے ترک کردی اور آخری فیصلہ یہی ہوا کہ مدینہ سے باہر نکل کر کھلے میدان میں مقابلہ کیا جائے۔

۱۱- آپؐ نے جمعہ کی نماز پڑھائی اور لوگوں کو وعظ و نصیحت کی اور صبر و ثبات کی تلقین کی، لوگ عصر کی نماز تک جمع ہو گئے، عوالی کے باشندے بھی آ گئے، عصر کی نماز پڑھا کر آپؐ گھر میں تشریف لے گئے اور ہتھیار باندھ کر لوگوں کے سامنے آئے، جب آپؐ گھر میں تشریف لے گئے تو حضرت سعد بن معاذ اور حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہما نے لوگوں سے کہا کہ آپ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو میدان میں نکلنے پر زبردستی آمادہ کیا ہے، یہ ٹھیک نہیں کیا، معاملہ آپؐ کے حوالہ کر دیا جائے، چنانچہ جب آپ ہتھیار باندھ کر نکلے تو لوگوں نے عرض کیا کہ جو آپؐ کی رائے ہے اس پر عمل کیا جائے، آپؐ نے فرمایا: نبی جب ہتھیار پہن لیتا ہے تو اس وقت تک نہیں اتارتا، جب تک اللہ تعالیٰ اس کے درمیان اور اس کے دشمن کے درمیان فیصلہ نہیں کر دیتے، اس طرح آپؐ لشکر لے کر عصر کے بعد روانہ ہوئے، راستہ میں شیخان نامی جگہ میں رات گذاری اور جو بچے جنگ کے قابل نہیں تھے ان کو واپس کیا، اور اسی جگہ مغرب اور عشاء پڑھی اور اسی جگہ رات گذارنے کا فیصلہ کیا۔

۱۲- ہفتہ کی صبح جب آپؐ احد کی طرف روانہ ہوئے تو عبداللہ بن ابی یہ بہانہ بنا کر کہ اس کا مشورہ نہیں مانا گیا اپنے تین سو آدمیوں کے ساتھ واپس ہو گیا، اب اسلامی لشکر میں سات سو صحابہ رہ گئے، جن میں سے سو زرہ پوش تھے اور لشکر میں صرف دو گھوڑے تھے۔

۱۳- نبی ﷺ نے احد پہاڑ کو پشت پر رکھ کر صف آرائی کی اور پچاس تیر اندازوں کا ایک دستہ عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کی امارت میں احد کی ایک پہاڑی پر ممکنہ حملہ سے بچاؤ کے لئے متعین کیا اور اس کو یہ تاکید کی کہ خواہ فتح ہو یا شکست وہ اپنی جگہ سے نہ ہٹیں۔

۱۴- پھر انفرادی مقابلہ میں کفار کو شکست ہوئی، اس کے بعد عام جنگ شروع ہوئی، حضرات حمزہ، علی اور ابو دجانہ رضی اللہ عنہم دشمن پر اس طرح ٹوٹے کہ صفیں کی صفیں صاف کر دیں، کفار کے قدم اکھڑنے لگے، وہ گھاٹیوں کی طرف بھاگے اور مسلمان غنیمت جمع کرنے لگے، پہاڑی پر جو تیر انداز مقرر کئے گئے تھے وہ بھی غنیمت جمع کرنے کے لئے چل دیئے، امیر نے روکا بھی مگر انھوں نے کہا: جنگ کا فیصلہ ہو چکا، اب یہاں رہنے کی ضرورت نہیں، صرف دس آدمی حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہ گئے۔

۱۵- خالد بن الولید نے گھاٹی خالی دیکھ کر چار سو افراد کے ساتھ اس طرف سے حملہ کر دیا اور وہاں موجود گیارہ صحابہ کو شہید کر دیا اور پشت سے مسلمانوں پر حملہ کر دیا، اس ناگہانی حملہ سے جنگ کی صورتِ حال بدل گئی، آگے کی جانب سے پسپا ہونے والا کفار کا لشکر بھی پلٹ گیا، اب اسلامی لشکر دونوں طرف سے نرغہ میں آ گیا، گھمسان کی لڑائی ہوئی، اپنے پرایے کا امتیاز ختم ہو گیا، اور بے خبری میں مسلمانوں کی تلواریں مسلمانوں پر چلنے لگیں۔

۱۶- جنگ کے دوران کافروں نے بے بنیاد خبر اڑا دی کہ محمد (ﷺ) مارے گئے، صحابہ کے دل بیٹھ گئے، بعض نے

ہتھیار پھینک دیئے، بعض میدان سے ہٹ گئے، بعض بے جگری سے لڑنے لگے کہ آپؐ کے بعد زندگی کا لطف ہی کیا رہا؟ مگر افراتفری کے اس عالم میں کچھ جان باز صحابہ آپؐ کے ساتھ رہے، حضرات علی، ابوطلحہ اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم انہی جاں بازوں میں سے تھے۔

۱۷- کفار کے پے بہ پے حملوں سے نبی ﷺ کے ایک دانت کا ایک حصہ شہید ہوگیا، ہونٹ زخمی ہوگیا، ماتھے میں خود کا حلقہ گڑ گیا، پیشانی مبارک خون آلود ہوگئی، ستر کے قریب مسلمان شہید ہوئے، کفار کے ۲۳ آدمی مارے گئے اور جنگ اپنی نہایت کو پہنچ گئی۔

۱۸- جنگ کے واقعات حدیثوں میں تفصیل سے آرہے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے جس طرح غزوہ بدر کو تیرہ ابواب میں پھیلایا ہے، غزوہ احد کو بھی تیرہ ابواب میں پھیلایا ہے۔

۱- نبی ﷺ نے میدانِ جنگ میں مورچہ بندی کی

سورہ آلِ عمران کی آیت ۱۲۱ ہے: ﴿وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ أَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ﴾: اور یاد کیجئے جب آپؐ گھر سے چلے مسلمانوں کو جنگ کے لئے ان کی جگہوں میں جمارہے تھے اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں۔

تفسیر: نبی ﷺ ۱۱ شوال بروز جمعہ بعد نمازِ عصر میدانِ احد کے لئے روانہ ہوئے، مدینہ سے باہر نکل کر مقام شیخین پر فوج کا جائزہ لیا، جو نوعمر اور کم سن صحابہ تھے ان کو واپس کر دیا (یہ آٹھ حضرات تھے ان کے نام سیرۃ المصطفیٰ (۱۹۱:۲) میں ہیں) پھر بار کی صبح آپؐ وہاں سے روانہ ہوئے، جب احد کے قریب پہنچے تو رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی اپنے قبیلہ کے تین سو آدمیوں کو لے کر واپس لوٹ گیا، اس نے کہا: جب ہماری بات نہیں سنی گئی تو ہم بلا وجہ اپنی جانوں کو کیوں ضائع کریں! اب نبی ﷺ کے ساتھ صرف سات سو صحابہ رہ گئے، مقام شیخین سے آپؐ نے رات کے آخری حصہ میں کوچ کیا، جب احد قریب آیا تو صبح کی نماز کا وقت ہوگیا، وہاں اذان دی گئی اور آپؐ نے تمام اصحاب کو نماز پڑھائی، نماز سے فارغ ہو کر آپؐ لشکر کی طرف متوجہ ہوئے، مدینہ کو سامنے اور احد کو پس پشت رکھ کر صفوں کو مرتب فرمایا، اور پچاس تیراندازوں کا ایک دستہ جبل احد کے پیچھے ایک پہاڑی پر مقرر فرمایا اور ان کا امیر حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا اور ان کو حکم دیا کہ اگر ہم مشرکین پر غالب آجائیں تب بھی تم وہاں سے مت ہٹنا، اور اگر مشرکین ہم پر غالب آجائیں تب بھی تم اس جگہ سے مت سرکنا، اور ہماری مدد کے لئے مت آنا۔

پھر نبی ﷺ نے لشکر کو تین حصوں میں تقسیم فرمایا:

۱- مہاجرین کا دستہ: اس کا پرچم حضرت مُصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔

۳-قبیلہ اوس (انصار) کا دستہ: اس کا علم حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔
۴-قبیلہ خزرج (انصار) کا دستہ: اس کا علم حضرت حُباب بن مُنذر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔

اور جنگی نقطۂ نظر سے لشکر کی ترتیب وتنظیم قائم کی، منصوبہ بڑی باریکی اور حکمت پر مبنی تھا، جس سے نبی ﷺ کی فوجی قیادت میں عبقریت کا پتہ چلتا ہے اور ثابت ہوتا ہے کہ کوئی کمانڈر خواہ کیسا ہی بالیاقت ہو، آپؐ سے زیادہ باریک اور باحکمت منصوبہ تیار نہیں کرسکتا، آپؐ نے پہاڑ کی بلندی کی اوٹ لے کر اپنی پشت اور اپنا دایاں بازو محفوظ کرلیا اور بائیں بازو پر دورانِ جنگ جس شگاف سے پشت پر حملہ کا اندیشہ تھا اسے تیراندازوں کے ذریعہ بند کردیا اور پڑاؤ کے لئے ایک اونچی جگہ منتخب فرمائی کہ اگر خدانخواستہ شکست ہوجائے تو وہ جگہ کیمپ کا کام دے، اس میں پناہ لی جاسکے اور دشمن اس کی طرف پیش قدمی کرے تو سنگباری کرکے اس کو خسارہ پہنچایا جاسکے، اور دشمن کے لئے ایسا نشیبی مقام چھوڑ دیا کہ اگر وہ غالب آجائے تو فتح کا کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کرسکے اور اگر مغلوب ہوجائے تو تعاقب کرنے والوں کی گرفت سے بچ نہ سکے، اس طرح آپؐ نے ممتاز بہادروں کی ایک جماعت منتخب کرکے فوجی تعداد کی کمی پوری کردی، یہ تھی نبی ﷺ کے لشکر کی ترتیب وتنظیم جو ۷ شوال سن ۳ ہجری یوم سینچر کی صبح کو عمل میں آئی (ماخوذ از الرحیق المختوم ص: ۳۹۷) آیت کریمہ میں اسی مورچہ بندی کا ذکر ہے۔

[۱۷-] بَابُ غَزْوَةِ أُحُدٍ

[۱-] وَقَوْلُ اللهِ تَعَالٰى: ﴿وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ أَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ وَاللهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ﴾

لغات: غَدَوْتَ: ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر حاضر، غُدُوٌّ سے جس کے مشہور معنی ہیں: صبح سویرے نکلنا .... **تُبَوِّئُ:** فعل مضارع صیغہ واحد مذکر حاضر: آپؐ ٹھکانہ دیتے تھے، اتارتے تھے، جگہ متعین کرتے تھے......... **مَقَاعِد:** **مَقْعَد:** جمع منتہی الجموع: ظرف مکان: بیٹھنے کی جگہ، گھات لگانے کی جگہ۔

سوال: نبی ﷺ مدینہ سے بروز جمعہ عصر کے بعد نکلے ہیں، اور مقام شیخین میں رات گذار کر صبح صادق سے پہلے وہاں سے روانہ ہوئے ہیں اور قرآن کہتا ہے: ﴿غَدَوْتَ مِنْ أَهْلِكَ﴾: آپؐ اپنے گھر سے صبح کے وقت چلے، پس آیت کا صورتِ واقعہ کے ساتھ تعارض ہے؟

جواب: جلالین کے حاشیہ جمل میں ہے: غَدَا بمعنی صَارَ بھی آتا ہے، اس وقت وہ افعالِ ناقصہ میں سے ہوتا ہے، اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، یہاں اسم ضمیر واحد مذکر ہے، اور خبر تُبَوِّئُ ہے پس جب غدوت کے مفہوم میں سے صبح کا چلنا ختم ہوگیا تو اشکال بھی ختم ہوگیا۔ اور مفسرین کرام نے مِنْ أَهْلِكَ کی جو مِنْ بَيْتِ عَائِشَةَ کے ساتھ تخصیص کی ہے وہ بے دلیل ہے۔

ملحوظہ: غَدَوْت کی وجہ سے بعض نے اس آیت کو غزوۂ بدر سے متعلق کیا ہے اور بعض نے غزوۂ احزاب سے، مگر امام

بخاری رحمہ اللہ نے اس آیت کو غزوۂ احد سے متعلق کیا ہے، اور یہی صحیح تفسیر ہے۔

۲-غزوۂ احد میں ہزیمت کی چھ حکمتیں

سورہ آلِ عمران کی آیات ۱۳۹-۱۴۳ ہیں: ﴿وَلاَتَهِنُوْا وَلاَ تَحْزَنُوْا وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ. إِنْ يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِثْلُهُ، وَتِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاءَ، وَاللّٰهُ لاَ يُحِبُّ الظَّالِمِيْنَ. وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكَافِرِيْنَ. أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِيْنَ. وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَأَيْتُمُوْهُ وَأَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ﴾

ترجمہ: اور تم (احد میں ہزیمت سے) ہمت مت ہارو، اور کچھ غم نہ کھاؤ، اور (آئندہ) تم ہی غالب رہوگے اگر تم کھرے مؤمن ثابت ہوئے، اگر تم کو زخم پہنچا ہے تو قوم (مشرکین) کو بھی ایسا ہی زخم پہنچا ہے اور ہم یہ دن لوگوں کے درمیان باری باری بدلتے رہتے ہیں، تاکہ اللہ تعالیٰ جان لیں ان لوگوں کو جو مؤمن ہیں، اور تم میں سے بعضوں کو مقام شہادت پر فائز کریں اور اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والوں سے محبت نہیں رکھتے، اور (یہ دن بدلتے رہتے ہیں) اس لئے کہ ایمان والوں سے میل کچیل صاف کردیں اور کافروں کو مٹادیں، کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ جنت میں پہنچ جاؤگے، اور ابھی تک معلوم نہیں کیا اللہ تعالیٰ نے لڑنے والوں کو تم میں سے اور معلوم نہیں کیا ثابت قدم رہنے والوں کو، اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ تم مرنے کی تمنا کیا کرتے تھے، موت کے سامنے آنے سے پہلے، سو اب دیکھ لیا تم نے اس کو اپنی آنکھوں سے۔

تفسیر: یہ آیات جنگِ احد کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، جنگِ احد میں عارضی ہزیمت پیش آئی تھی، ان آیات میں پہلے تمہید میں دو باتیں کہی ہیں، پھر عارضی ہزیمت کی چھ حکمتیں بیان کی ہیں۔

تمہید: مسلمان مجاہدین زخموں سے چور تھے، ان کے بہادروں کی لاشیں مثلہ کی ہوئی ان کی آنکھوں کے سامنے تھیں، بدبختوں نے نبی ﷺ کو بھی زخمی کردیا تھا، اور بہ ظاہر ہزیمت کا منظر سامنے تھا، اس وقت یہ آیات نازل ہوئیں، اور مسلمانوں سے دو باتیں کہیں:

پہلی بات: سختیوں سے مت گھبراؤ، دشمن کے سامنے نامردی کا مظاہرہ مت کرو، اور یاد رکھو! آج بھی تم ہی سربلند ہو، حق کی حمایت میں تکلیفیں اٹھا رہے ہو، جانیں دے رہے ہو، اور آخری فتح بھی تمہاری ہی ہوگی، انجام کار تم ہی غالب رہوگے بشرطیکہ ایمان کے راستہ پر مستقیم رہو، اور اللہ کے وعدوں پر اعتماد کرتے ہوئے اطاعت رسول اور جہاد فی سبیل اللہ سے قدم نہ ہٹاؤ، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد نے ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑ دیا، اور پژمردہ جسموں میں حیاتِ نو پھونک دی، نتیجہ یہ ہوا کہ کفار جو بہ ظاہر غالب آچکے تھے، زخم خوردہ مجاہدین کے جوابی حملہ کی تاب نہ لاسکے اور سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے۔

دوسری بات: مسلمانوں کو جنگِ احد میں جو شدید نقصان اٹھانا پڑا تھا، اس سے وہ شکستہ خاطر ہوگئے تھے، اللہ تعالیٰ نے ان ٹوٹے دلوں کو جوڑا، مسلمانوں کو تسلی دی کہ اگر اس لڑائی میں تم کو زخم پہنچا ہے اور تکلیف اٹھانی پڑی ہے تو ایسا ہی حادثہ فریق مقابل کے ساتھ بھی پیش آچکا ہے، احد میں تمہارے ستّر آدمی شہید ہوئے اور بہت سے زخمی ہوئے تو ایک سال پہلے بدر میں ان کے ستر آدمی جہنم رسید ہو چکے ہیں، اور بہت سے زخمی ہوئے تھے اور ستر کو تم نے گرفتار کیا تھا، اور اُس جنگ میں اور اِس جنگ میں تمہارا کوئی آدمی گرفتار نہیں ہوا، تمہیں قید کی ذلت سے محفوظ رکھا، پس اگر تم اپنے نقصان کا ان کے نقصان سے مقابلہ کروگے تو غم کا مداوا ہو جائے گا۔

اس کے بعد غزوۂ احد میں عارضی ہزیمت کی چھ حکمتیں بیان کی ہیں:

پہلی حکمت: سنتِ الٰہی یہ ہے کہ جب حق و باطل کی کشمکش ہوتی ہے تو کامیابی اور ناکامی کو اللہ تعالیٰ ادلتے بدلتے رہتے ہیں، کبھی مسلمان کامیاب ہوتے ہیں کبھی مخالفین، تاکہ پردہ پڑا رہے، غیب پر ایمان لانا ضروری ہے، اگر ہر جنگ میں مسلمانوں کا ہاتھ اونچا رہے تو بات کھل کر سامنے آجائے گی کہ حق یہی ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ پردہ ڈالے رہتے ہیں، کبھی مسلمان غالب آتے ہیں کبھی کافر، ہرقل نے بھی یہی بات کہی تھی کہ انبیاء کا بھی امتحان ہوتا ہے، مگر اچھا انجام انہی کے لئے ہوتا ہے۔

دوسری حکمت: اللہ تعالیٰ مؤمنین اور منافقین کے درمیان امتیاز کرنا چاہتے ہیں، دیکھو عین موقع پر منافقین مسلمانوں سے الگ ہوگئے، انھوں نے دیکھا کہ سامنے تین ہزار کی نفری ہے، پھر وہ اپنی جانوں کو جوکھوں میں کیوں ڈالیں؟ مگر مؤمنین ثابت قدم رہے، کیونکہ چت بھی ان کی تھی اور پٹ بھی!

تیسری حکمت: اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ تم میں سے بعضوں کو مقام شہادت پر فائز کریں، اس لئے عارضی ہزیمت ہوئی اور مؤمنین نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔

عارضی ہزیمت کی یہ آخری دو حکمتیں اس وجہ سے نہیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو ظالم لوگ پسند ہیں اس لئے ان کو کامیاب کیا، وہ تو اللہ کے نزدیک مبغوض ہیں، چنانچہ ان کو ایمان وشہادت کے مقام سے دور پھینک دیا، اصل حکمت: مؤمنین کو مارِ آستینوں سے بچانا اور مؤمنین کو ایمان کا صلہ دینا ہے۔

چوتھی حکمت: عارضی ہزیمت کی ایک حکمت مؤمن اور کافر کو پرکھنا بھی ہے، مسلمانوں کو گناہوں سے پاک کرنا اور کافروں کو آہستہ آہستہ مٹادینا پیش نظر ہے، وہ اپنے عارضی غلبہ اور وقتی کامیابی پر مسرور و مغرور ہو کر کفر وطغیانی میں پیر پساریں گے اور خدا کے قہر وغضب کے اور زیادہ مستحق بنیں گے اور رفتہ رفتہ صفحۂ ہستی سے مٹ جائیں گے، اس واسطے یہ عارضی ہزیمت مسلمانوں کو ہوئی، ورنہ اللہ تعالیٰ کافروں سے راضی نہیں۔

پانچویں حکمت: جنت کے جن اعلیٰ مقامات اور بلند درجات پر اللہ تعالیٰ تم کو پہنچانا چاہتے ہیں، تم سمجھتے ہو کہ بس تم یونہی آرام سے وہاں پہنچ جاؤ گے؟ اور اللہ تعالیٰ تمہارا امتحان نہیں کریں گے؟ اور یہ نہیں دیکھیں گے کہ تم میں سے کتنے اللہ کی راہ

میں لڑنے والے اورلڑائی کے وقت ثابت قدم رہنے والے ہیں؟ ایسا خیال دل میں مت لانا، مقامات عالیہ پروہی لوگ فائز ہوتے ہیں جوخدا کی راہ میں ہرطرح کی سختیاں جھیلتے ہیں اورقربانیاں پیش کرتے ہیں۔

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا ❁ ہر مدعی کے واسطے دارورسن کہاں!

چھٹی حکمت: احد میں عارضی ہزیمت صحابہ کی آرزو کا نتیجہ تھی، جوصحابہ بدر کی جنگ میں شرکت سے محروم رہ گئے تھے وہ شہدائے بدر کے فضائل سن کر تمنا کیا کرتے تھے کہ اگراللہ تعالیٰ پھر کوئی موقع لائیں تو ہم بھی راہِ خدا میں مارے جائیں اور شہادت کے مراتب حاصل کریں، انہی حضرات نے احد میں یہ مشورہ دیا تھا کہ مدینہ سے باہرنکل کرلڑنا چاہئے، ان کو بتایا کہ جس چیز کی پہلے تمنا کیا کرتے تھے وہ تمنا آنکھوں کے سامنے آگئی، اب افسوس کیسا؟ اورمقام شہادت عام طور پر کامیابی کی صورت میں ہاتھ نہیں آتا، ہزیمت کی صورت میں ملتا ہے۔

نوٹ: آیات کی تفسیر فوائد شیخ الہند سے ترتیب والفاظ بدل کرلی گئی ہے۔

[۲-] وَقَوْلُهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿وَلَاتَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ. إِنْ يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِثْلُهُ، وَتِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاءَ، وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِيْنَ. وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكَافِرِيْنَ. أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِيْنَ. وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَأَيْتُمُوْهُ وَأَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ﴾

۳-جنگِ احد میں ہزیمت کا سبب تنازع، اورتنازع کا سبب عصیان

سورۂ آلِ عمران کی آیت ۱۵۲ ہے: ﴿وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهُ إِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِإِذْنِهِ، حَتّٰى إِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِنْ بَعْدِ مَا أَرَاكُمْ مَاتُحِبُّوْنَ، مِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الْآخِرَةَ، ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ، وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ، وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ﴾:

ترجمہ: اوراللہ تعالیٰ نے تم سے جووعدہ کیا تھا اس کوسچا کردکھایا جب تم باذنِ الٰہی ان کی جڑیں کھودرہے تھے، یہاں تک کہ جب تم پھسل گئے اورحکم کے بارے میں آپس میں اختلاف کرنے لگے اورتم نے نافرمانی کی اس کے بعد کہ اللہ نے تم کو تمہاری دل پسند بات دکھلادی، تم میں سے بعضے دنیا کو چاہتے تھے اوربعضے آخرت کو۔ پھراللہ تعالیٰ نے تم کوان سے پھیردیا تاکہ اللہ تعالیٰ تم کوآزمائیں، اوربخدا! واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم سے درگذرکیا، اوراللہ تعالیٰ مؤمنین پربڑے مہربان ہیں۔

تفسیر: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے ہی فرمادیا تھا کہ اگرتم صبرواستقلال سے کام لوگے تو اللہ تعالیٰ تم کوغالب کریں گے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ جنگ کے آغاز میں پورا کیا، تم نے اللہ کی اجازت سے کفار کو مارمارکرڈھیرکردیا، سات یا نوآدمی جن

کے ہاتھ میں مشرکین کا جھنڈا تھا یکے بعد دیگرے سب قتل ہوگئے، پھر جب عام جنگ شروع ہوئی تو مشرکین بدحواس ہوکر بھاگے، مسلمان فتح یاب ہوگئے، مالِ غنیمت ان کے سامنے پڑا تھا، پھر تیراندازوں کو نبی ﷺ نے جو حکم دیا تھا انھوں نے اس کی خلاف ورزی کی، وہ آپس میں جھگڑنے لگے، کوئی کہتا تھا: ہمیں یہیں جمے رہنا چاہئے، اکثر نے کہا: اب یہاں ٹھہرنے کی ضرورت نہیں، چل کر غنیمت حاصل کرنی چاہئے، اس طرح اکثر تیرانداز اپنی جگہ چھوڑ کر چلے گئے، خالد بن الولید نے فائدہ اٹھایا، اس راستہ سے دفعتاً حملہ کردیا اور لڑائی کا نقشہ پلٹ گیا، پس ہزیمت کا سبب تنازع اور تنازع کا سبب عصیان بنا، کچھ لوگ مالِ غنیمت کی لالچ میں پھسل پڑے، جس کا خمیازہ سب کو بھگتنا پڑا، مگر اس لغزش کو اللہ تعالیٰ نے معاف کردیا، اب کسی کو جائز نہیں کہ اُن پر اس لغزش کی وجہ سے طعن وتشنیع کرے۔

[۳-] وَقَوْلُهُ: ﴿وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهُ إِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ﴾ تَسْتَأْصِلُوْنَهُمْ قَتْلاً ﴿بِإِذْنِهِ، حَتَّى إِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِنْ بَعْدِ مَا أَرَاكُمْ مَاتُحِبُّوْنَ، مِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الآخِرَةَ، ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ، وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ، وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ﴾

لغت: تَحُسُّوْنَ: مضارع صیغہ جمع مذکر حاضر، باب نصر، حَسٌّ سے، جس کے معنی قتل کرنے کے ہیں، یعنی تم ان کو کاٹنے لگے، جڑ سے اکھاڑنے لگے، جڑیں کھودنے لگے۔

۴- شہداء حیات ہیں، وہ کھلائے پلائے جاتے ہیں

سورہ آلِ عمران کی آیت ۱۶۹ ہے: ﴿وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا، بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ﴾: جو لوگ راہِ خدا میں مارے گئے ان کو مردے مت سمجھو، بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس کھلائے پلائے جاتے ہیں۔

تفسیر: گھر میں بیٹھے رہنے سے موت تو رک نہیں سکتی، ہاں آدمی اس موت سے محروم رہتا ہے جس کو موت کے بجائے 'حیاتِ جاودانی' کہنا چاہئے، شہیدوں کو مرنے کے بعد ایک خاص طرح کی زندگی ملتی ہے جو اوروں کو نہیں ملتی، ان کو حق تعالیٰ کا ممتاز قرب حاصل ہوتا ہے، وہ بڑے عالی درجات ومقامات پر فائز ہوتے ہیں، ان کو جنت کا رزق آسانی سے پہنچتا ہے، جس طرح ہم اعلی درجہ کے ہوائی جہازوں میں بیٹھ کر ذرا سی دیر میں جہاں چاہیں اڑے چلے جاتے ہیں: شہداء کی ارواح ہرے رنگ کے پرندوں کے پوٹوں میں داخل ہوکر جنت کی سیر کرتی ہیں، اور جنت کے پھل چرتی چگتی ہیں، اور پوٹوں میں بیٹھ کر یعنی اگلی سیٹ پر بیٹھ کر جہاز خود چلاتی ہیں، اس وقت شہداء بے حد مسرور ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دولت شہادت عنایت فرمائی، پس ہزار زندگیاں اس موت پر قربان!

[٤-] ﴿وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا﴾ الآية. [آلِ عمران: ۱۵۲]

۵-احد میں فرشتوں کی کمک نہیں آئی

فرشتوں کی کمک بدر میں آئی تھی، مجاہدین کے ساتھ جنگ میں فرشتوں نے حصہ لیا تھا، پھر احزاب میں آئی، پھر حنین میں آئی، چنانچہ ان جنگوں میں واضح کامیابی ملی اور جنگ احد میں فرشتوں کی عام کمک نہیں آئی، اس لئے فتح ہزیمت سے بدل گئی، اس جنگ میں اللہ تعالیٰ کا یہی منشا تھا، البتہ بخاری کی روایت میں آئے گا کہ حضرت جبرئیل اور حضرت میکائیل علیہما السلام نے نبی ﷺ کی طرف سے جنگ لڑی (بخاری ۲: ۵۸۰) یہ آپ ؐ کے ساتھ خصوصی معاملہ تھا۔

اور باب کی روایت راوی کا وہم ہے، یہ حدیث اسی سند سے ابھی (حدیث ۳۹۹۵) گذری ہے، نبی ﷺ نے جنگِ بدر میں فرمایا: ''یہ جبرئیل ؑ ہیں، اپنے گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے ہیں، اور انھوں نے جنگ کے ہتھیار پہن رکھے ہیں'' اور یہاں یہ حدیث صرف ابوالوقت اور اصیلی کے نسخوں میں ہے، دوسرے روات کے نسخوں میں نہیں ہے، حافظ عسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: **الصَّوَابُ إِسْقَاطُهُ كَمَا لِغَيْرِهِمَا**: یہاں سے اس حدیث کو ختم کر دینا چاہئے، جیسا کہ دوسرے نسخوں میں نہیں ہے۔

[۴۰۴۱-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ. قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ: '' هٰذَا جِبْرِيْلُ، آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهِ، عَلَيْهِ أَدَاةُ الْحَرْبِ''[راجع: ۳۹۹۵]

۶- نبی ﷺ نے شہدائے احد کی نمازِ جنازہ پڑھی

شہدائے احد کی نماز جنازہ بوقت شہادت پڑھی گئی تھی، تمام شہداء کو نماز پڑھ کر دفن کیا گیا تھا، پھر وفات کے قریب میدان احد میں جا کر جو شہداء کی نمازِ جنازہ پڑھی وہ ان کا اعزاز تھا۔

حدیث: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے (وفات سے چند دن پہلے) شہدائے احد کی نمازِ جنازہ پڑھی، آٹھ سال کے بعد، زندوں اور مردوں کو رخصت کرنے والے کی طرح، پھر آپ ؐ منبر پر چڑھے اور ارشاد فرمایا: ''میں تمہارے آگے فرط (پیش رَو) ہوں اور میں تم پر گواہ ہوں اور تم سے ملنے کی جگہ حوضِ کوثر ہے اور میں اِسی جگہ سے اپنا حوض دیکھ رہا ہوں، اور مجھے تمہارے بارے میں اس بات کا ڈر نہیں کہ تم میرے بعد شرک میں مبتلا ہو جاؤ گے، ہاں میں تمہارے بارے میں دنیا سے ڈرتا ہوں کہ تم اس کی ریس کرو گے، یعنی دنیا حاصل کرنے میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو گے، حضرت عقبہؓ کہتے ہیں: یہ آخری دیدار تھا جو میں نے نبی ﷺ کا کیا، یہ حدیث تحفۃ القاری (۴: ۱۰۳) میں گذر چکی ہے۔

[٤٠٤٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حَيْوَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِيْ الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: صَلَّى رَسُوْلُ صلى الله عليه وسلم عَلٰى قَتْلٰى أُحُدٍ بَعْدَ ثَمَانِيْ سِنِيْنَ كَالْمُوَدِّعِ لِلْأَحْيَاءِ وَالْأَمْوَاتِ، ثُمَّ طَلَعَ الْمِنبَرَ، فَقَالَ: "إِنِّيْ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ فَرَطٌ، وَأَنَا عَلَيْكُمْ شَهِيْدٌ، وَإِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْحَوْضُ، وَإِنِّيْ لَأَنْظُرُ إِلَيْهِ مِنْ مَقَامِيْ هٰذَا، وَإِنِّيْ لَسْتُ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا وَلٰكِنِّيْ أَخْشَى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا أَنْ تَنَافَسُوْهَا" قَالَ: فَكَانَتْ آخِرَ نَظْرَةٍ نَظَرْتُهَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ١٣٤٤]

فائدہ: اس حدیث میں صلوٰۃ بمعنی دعا نہیں ہے، پہلے (حدیث ۳۵۹۶) یہ الفاظ آئے ہیں: خَرَجَ يَوْمًا فَصَلَّى عَلٰى أَهْلِ أُحُدٍ صَلٰوتَه عَلَى الْمَيِّتِ: یعنی باقاعدہ نماز جنازہ پڑھی .... كَالْمُوَدِّعِ لِلْأَحْيَاءِ: جیسے کوئی زندوں کو اور مردوں کو رخصت کرتا ہے، اس میں لف ونشر غیر مرتب ہے، شہداء کی نماز پڑھنا ان کو رخصت کرنا ہے اور منبر نبوی سے خطاب فرمانا زندوں کو رخصت کرنا ہے۔

[٤٠٤٣-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: لَقِيْنَا الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَئِذٍ فَأَجْلَسَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم جَيْشًا مِنَ الرُّمَاةِ، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ وَقَالَ: "لَاتَبْرَحُوْا، إِنْ رَأَيْتُمُوْنَا ظَهَرْنَا عَلَيْهِمْ فَلَا تَبْرَحُوْا، وَإِنْ رَأَيْتُمُوْهُمْ ظَهَرُوْا عَلَيْنَا فَلَا تُعِيْنُوْنَا" فَلَمَّا لَقِيْنَا هَرَبُوْا حَتَّى رَأَيْتُ النِّسَاءَ يَشْتَدِدْنَ فِي الْجَبَلِ، رَفَعْنَ عَنْ سُوْقِهِنَّ، قَدْ بَدَتْ خَلَاخِلُهُنَّ فَأَخَذُوْا يَقُوْلُوْنَ: الْغَنِيْمَةَ الْغَنِيْمَةَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ لَا تَبْرَحُوْا فَأَبَوْا، فَلَمَّا أَبَوْا صُرِفَ وُجُوْهُهُمْ فَأُصِيْبَ سَبْعُوْنَ قَتِيْلًا وَأَشْرَفَ أَبُوْ سُفْيَانَ فَقَالَ: أَفِيْ الْقَوْمِ مُحَمَّدٌ؟ فَقَالَ: "لَا تُجِيْبُوْهُ" فَقَالَ: أَفِيْ الْقَوْمِ ابْنُ أَبِيْ قُحَافَةَ؟ قَالَ: "لَا تُجِيْبُوْهُ" فَقَالَ: أَفِي الْقَوْمِ ابْنُ الْخَطَّابِ؟ فَقَالَ: إِنَّ هٰؤُلَاءِ قُتِلُوْا، فَلَوْ كَانُوْا أَحْيَاءً لَأَجَابُوْا، فَلَمْ يَمْلِكْ عُمَرُ نَفْسَهُ، فَقَالَ: كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ! أَبْقَى اللّٰهُ لَكَ مَا يُخْزِيْكَ، قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: اُعْلُ هُبَلُ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَجِيْبُوْهُ" قَالُوْا: مَانَقُوْلُ؟ قَالَ: "قُوْلُوْا: اللّٰهُ أَعْلٰى وَأَجَلُّ" قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: لَنَا الْعُزَّى وَلَا عُزَّى لَكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَجِيْبُوْهُ" قَالُوْا: مَانَقُوْلُ؟ قَالَ: "قُوْلُوْا: اللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰى لَكُمْ" قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: يَوْمٌ بِيَوْمِ بَدْرٍ وَالْحَرْبُ سِجَالٌ. وَتَجِدُوْنَ مُثْلَةً لَمْ آمُرْ بِهَا وَلَمْ تَسُؤْنِيْ. [راجع: ٣٠٣٩]

۷- تیراندازوں نے مورچہ چھوڑ دیا تو جنگ کا پانسہ پلٹ گیا

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہماری مشرکین کے ساتھ احد کے دن مڈبھیڑ ہوئی، نبی ﷺ

نے تیراندازوں کا ایک لشکر بٹھایا اور ان پر عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا (حضرت عبداللہ قبیلہ بنی عمرو بن عوف کے تھے) اور فرمایا: تم اپنی جگہ سے مت ہٹنا، اگر تم ہمیں دیکھو کہ ہم دشمن پر غالب آ گئے ہیں تو بھی مت ہٹنا، اور اگر تم ان کو دیکھو کہ وہ ہم پر غالب آ گئے ہیں تو بھی ہماری مدد مت کرنا، پس جب ہم ملے تو وہ بھاگے، یہاں تک کہ میں نے عورتوں کو دیکھا وہ پہاڑ میں دوڑ رہی تھیں (کفار پندرہ عورتوں کو بھی ساتھ لائے تھے، تا کہ وہ فوجیوں کو ابھاریں) انھوں نے اپنے پائینچے چڑھا رکھے تھے، ان کے پازیب کھل گئے تھے، پس تیرانداز کہنے لگے: غنیمت کے لئے چلو! غنیمت کے لئے چلو! حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھ سے نبی ﷺ نے وچن (عہد) لیا ہے کہ تم مت ہٹنا، ساتھیوں نے انکار کیا، جب انھوں نے انکار کیا تو ان کے چہرے پھیر دیئے گئے، پس ستر اشخاص قتل کئے گئے اور ابوسفیان (کمانڈر) بلندی پر چڑھا اور اس نے پوچھا: کیا مجمع میں محمد (ﷺ) ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: جواب مت دو، اس نے پوچھا: کیا لوگوں میں ابوقحافہ کے لڑکے (ابوبکر رضی اللہ عنہ) ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: جواب مت دو، پھر اس نے پوچھا: کیا قوم میں خطاب کے لڑکے (عمر رضی اللہ عنہ) ہیں؟ (اس کا بھی جواب نہیں دیا گیا) پس ابوسفیان نے کہا: یہ سب مارے گئے اگر زندہ ہوتے تو جواب دیتے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے اوپر قابو نہ رکھ سکے اور فرمایا: اے اللہ کے دشمن! تو جھوٹ کہتا ہے، اللہ نے باقی رکھا ہے تیرے لئے جو تجھے رسوا کرے، ابوسفیان نے کہا: أُعْلُ هُبَل! ہبل کی جے! نبی ﷺ نے فرمایا: اس کو جواب دو، لوگوں نے پوچھا: کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا: کہو: اَللّٰهُ أَعْلٰى وَأَجَلّ! اللہ بلند اور بزرگ ہیں! ابوسفیان نے دوسرا نعرہ لگایا: **لنا العزى ولا عزى لكم**: ہمارے لئے عزی ہے اور تمہارے لئے کوئی عزت نہیں! (ہبل اور عزّی مشرکین کے دو بڑے بت تھے) پس نبی ﷺ نے فرمایا: اس کو جواب دو، لوگوں نے پوچھا: کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا: کہو: اَللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰى لَكُمْ: اللہ ہمارا کارساز ہے اور تمہارا کوئی کارساز نہیں! ابوسفیان نے کہا: آج کا دن بدر کے دن کا بدلہ ہے، اور جنگ کنویں کا ڈول ہے، یعنی بدر کی تمہاری کامیابی تمہارے برحق ہونے کی دلیل نہیں تھی، دیکھو آج ہم کامیاب ہو گئے اور پاؤ گے تم بگاڑی ہوئی لاشیں، اس کا میں نے حکم نہیں دیا، اور نہ یہ بات مجھے بری لگی! یعنی جس نے یہ کیا ٹھیک کیا!

[٤٠٤٤-] أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: اصْطَبَحَ الْخَمْرَ يَوْمَ أُحُدٍ نَاسٌ، ثُمَّ قُتِلُوْا شُهَدَاءَ. [راجع: ٢٨١٥]

۸- صحابہ نے احد میں شراب پی کر جنگ لڑی اور شہید ہوئے

حدیث: کچھ لوگوں نے احد کے دن صبح کے وقت شراب پی پھر وہ شہید ہوئے۔

تشریح: شراب ابھی تک حرام نہیں ہوئی تھی، اس لئے بعض صحابہ جنگِ احد میں شراب پی کر میدان میں اترے اور اسی

حالت میں شہید ہوگئے، شراب ان کے پیٹ میں موجود تھی، ان کے بارے میں سوال ہوا کہ ان کا کیا حال ہوگا؟ اسی طرح شراب حرام ہونے سے پہلے جن لوگوں نے پی پھر وہ انتقال کر گئے تو ان کا کیا انجام ہوگا؟ پس سورۃ المائدہ کی آیت ۹۳ نازل ہوئی: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا، إِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ، ثُمَّ اتَّقَوْا وَآمَنُوْا، ثُمَّ اتَّقَوْا وَأَحْسَنُوْا، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾: ان لوگوں پر کوئی گناہ نہیں جو ایمان لائے اور نیک کام کئے، اس چیز میں جو انھوں نے کھائی جب کہ وہ پرہیزگار ہوں، ایمان دار ہوں اور نیک کردار ہوں، پھر پرہیزگار ہوں اور ایمان دار ہوں پھر پرہیزگار ہوں اور نیکوکار ہوں اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتے ہیں۔

تفسیر: مؤمنین خواہ زندہ ہوں یا وفات پا چکے ہوں، اگر ایمان اور عمل صالح رکھتے ہوں تو کسی مباح چیز کے کھا لینے میں کوئی مضائقہ نہیں، جب کہ وہ عام احوال میں تقوی شعار، ایمان دار اور نیک کردار ہوں —— پھر وہ ان صفات میں برابر ترقی کرتے رہے ہوں —— پھر ان صفات میں ترقی کرتے ہوئے مرتبہ احسان تک پہنچ گئے ہوں جو ایک مؤمن کے لئے روحانی ترقیات کا آخری درجہ ہے، جب بندہ اس مقام تک پہنچ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس بندہ کے ساتھ محبت کرتے ہیں، پس ان صحابہ کے بارے میں جو احد میں شراب پی کر لڑے اور شہید ہوئے ان کے سلسلہ میں توہمات اور خلجان سے بچنا چاہئے، کیونکہ وہ ایسی چیز استعمال کرتے ہوئے دنیا سے رخصت ہوئے تھے جو اس وقت حرام نہیں تھی، بعد میں حرام ہوئی۔

[٤٠٤٥-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْهِ إِبْرَاهِيْمَ: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ أُتِيَ بِطَعَامٍ وَكَانَ صَائِمًا، فَقَالَ: قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّيْ، كُفِّنَ فِيْ بُرْدَةٍ إِنْ غُطِّيَ رَأْسُهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ، وَإِنْ غُطِّيَ رِجْلَاهُ بَدَا رَأْسُهُ. وَأُرَاهُ قَالَ: وَقُتِلَ حَمْزَةُ وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّيْ ثُمَّ بُسِطَ لَنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا بُسِطَ، أَوْ قَالَ: أُعْطِيْنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا أُعْطِيْنَا، وَقَدْ خَشِيْنَا أَنْ تَكُوْنَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا، ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِيْ حَتّٰى تَرَكَ الطَّعَامَ. [راجع: ١٢٧٤]

۹- حضرت مُصعب رضی اللہ عنہ کی بوقتِ شہادت خستہ حالی

حضرت مُصعب بن عُمیر عبدری قرشی رضی اللہ عنہ سابقین اولین میں سے ہیں، حبشہ کی طرف پہلی ہجرت کی، پھر مکہ واپس آئے، نبوت کے گیارہویں سال موسم حج میں مدینہ کے چھ آدمیوں نے اسلام قبول کیا اور رسول اللہ ﷺ سے وعدہ کیا کہ وہ اپنی قوم میں جا کر اسلام کی دعوت دیں گے، آپؐ نے ان کے ساتھ حضرت مُصعب رضی اللہ عنہ کو بھیجا تا کہ وہ لوگوں کو اسلام کی دعوت دیں اور جو مسلمان ہو جائیں ان کو قرآن پڑھائیں، آپؓ مدینہ میں گھر گھر جا کر اسلام کی دعوت دیتے تھے، آپؓ کے ہاتھ پر حضرت سعد بن معاذ اور حضرت اُسید بن حُضیر رضی اللہ عنہما مسلمان ہوئے، آپؓ ہی نے مدینہ میں سب سے پہلے جمعہ قائم کیا، جنگ بدر میں شریک ہوئے، جنگِ احد میں علمبردار تھے، اسی جنگ میں ۳ ہجری میں شہید

ہوئے، مسلمان ہونے سے پہلے وہ فتٰی مکة (مکہ کا جوان) کہلاتے تھے، بڑی ٹھاٹ کی زندگی گذارتے تھے، مسلمان ہونے کے بعد دنیا سے دل ہٹ گیا، نہایت سادہ زندگی گذارتے تھے، ایک مرتبہ ان کی خستہ حالی دیکھ کر نبی ﷺ آبدیدہ ہوگئے۔ (ترمذی، حدیث ۲۴۷۳، تحفۃ الالمعی ۶: ۲۵۳)

حدیث: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پاس کبھی (افطاری کے لئے) کھانا لایا جاتا، وہ روزہ سے ہوتے تھے، پس وہ کہتے: مصعب بن عمیر شہید کئے گئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے، اور ان کو ایک چادر میں کفن دیا گیا، اگر ان کا سر چھپایا جاتا تو پیر کھل جاتے اور پیر چھپائے جاتے تو سر کھل جاتا، راوی کہتا ہے: مجھے یاد پڑتا ہے حضرت عبدالرحمٰنؓ نے کہا: اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ شہید کئے گئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے، پھر ہمارے لئے وہ دنیا پھیلادی گئی جو پھیلادی گئی یا فرمایا: ہم دنیا میں سے دیئے گئے جو دیئے گئے اور ہم ڈرتے ہیں کہ ہماری نیکیاں ہمیں جلدی تو نہیں دیدی گئیں، پھر رونا شروع کرتے، یہاں تک کہ (اس دن) کھانا نہیں کھاتے تھے۔

تشریح: حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں، مالدار صحابہ میں سے ہیں، کبھی ایسا ہوتا تھا کہ افطاری کے لئے دسترخوان بچھایا جاتا وہ کھانا دیکھ کر رونے لگتے، حضرت مصعب بن عُمیر اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہما کی عسرت کی زندگی یاد کرتے اور فرماتے: یہ حضرات مجھ سے بہتر تھے، دونوں جنگِ احد میں اس حال میں شہید ہوئے کہ ان کی ملکیت میں ایک چادر کے علاوہ کچھ نہیں تھا، اسی میں ان کو کفن دیا گیا اور ہم زندہ رہے اور ہمارا پھل پک گیا، جس کو ہم چن رہے ہیں، بخدا! مجھے ڈر لگتا ہے: کہیں ایسا تو نہیں کہ مجھے میری نیکیاں دنیا میں کھلائی جارہی ہیں! اگر ایسا ہے تو میں گھاٹے میں رہا، یہ سوچ کر روتے یہاں تک کہ اس دن ایک لقمہ بھی نہ کھاسکتے۔

فائدہ: جب خالد بن الولید کے رسالہ (فوجی دستے) نے پیچھے سے حملہ کردیا اور جنگ کا پانسہ پلٹ گیا تو مسلمانوں کی صفیں ٹوٹ گئیں، اور دشمن نبی ﷺ کے نزدیک آگیا، مسلمانوں کے علمبردار حضرت مُصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ آپؐ کے قریب تھے، انھوں نے کافروں کا مقابلہ کیا، یہاں تک کہ شہید ہوگئے اور چونکہ حضرت مُصعب رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے مشابہ تھے اس لئے شیطان نے افواہ اڑادی کہ نصیبِ دشمنان نبی ﷺ شہید ہوگئے! اس افواہ سے مسلمانوں کے دل ٹوٹ گئے، اس خبر وحشت اثر کے سنتے ہی سب مسلمان بدحواس ہوگئے اور بدحواسی میں دوست دشمن کا امتیاز نہ رہا اور آپس ہی میں ایک دوسرے پر تلواریں چلنے لگیں!

[٤٠٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو: سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ: أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فَأَيْنَ أَنَا؟ قَالَ: "فِي الْجَنَّةِ" فَأَلْقَى تَمَرَاتٍ فِي يَدِهِ، ثُمَّ قَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ.

۱۰- کھجوریں پھینک دیں، لڑے اور شہید ہوگئے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جنگِ احد میں ایک صحابی نے نبی ﷺ سے پوچھا: اگر میں مارا جاؤں تو کہاں ہوؤں گا؟ آپؐ نے فرمایا: ''جنت میں'' پس انھوں نے وہ چند کھجوریں پھینک دیں جو ان کے ہاتھ میں تھیں، اور لڑنا شروع کیا، یہاں تک کہ شہید ہوگئے (یہ صحابی کون تھے؟ معلوم نہیں!)

[٤٠٤٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَبْتَغِيْ وَجْهَ اللّٰهِ، فَوَجَبَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، وَمِنَّا مَنْ مَضَى أَوْ: ذَهَبَ لَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا، كَانَ مِنْهُمْ: مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ لَمْ يَتْرُكْ إِلَّا نَمِرَةً، كُنَّا إِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ، وَإِذَا غُطِّيَ بِهَا رِجْلَاهُ خَرَجَ رَأْسُهُ، فَقَالَ لَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "غَطُّوْا بِهَا رَأْسَهُ وَاجْعَلُوْا عَلَى رِجْلِهِ الإِذْخِرَ" أَوْ قَالَ: "أَلْقُوْا عَلَى رِجْلِهِ مِنَ الإِذْخِرِ" وَمِنَّا مَنْ قَدْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا. [راجع: ١٢٧٦]

۱۱- وہ لوگ جنھوں نے ایمان وعمل کا صلہ دنیا میں نہیں پایا

حدیث: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ ہجرت کی، ہم اللہ کی خوشنودی ڈھونڈ ھتے تھے، یعنی محض دینی جذبہ سے ہجرت کی، کوئی دنیاوی مقصد پیش نظر نہیں تھا، پس ہمارا اجر اللہ کے یہاں ثابت ہوگیا، پھر ہم میں سے بعض مرے درانحالیکہ انھوں نے اپنے اجر میں سے کچھ نہیں کھایا یعنی دنیا میں ہجرت اور نیک عمل کا کچھ صلہ نہیں پایا، انھوں نے فتوحات کا دور نہیں دیکھا ان میں سے مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ تھے، وہ جنگِ احد میں شہید کئے گئے، انھوں نے صرف ایک اونی چادر چھوڑی، جب ہم اس سے ان کا سر ڈھانکتے تھے تو پیر کھل جاتے تھے، اور جب اس سے ان کے پیر ڈھانکتے تھے تو سر کھل جاتا تھا، پس ہم سے نبی ﷺ نے فرمایا: ''چادر سے ان کا سر چھپاؤ اور ان کے پیروں پر اذخر گھاس ڈالو'' اور ہم میں سے بعض وہ ہیں جن کا پھل پک گیا، پس وہ اس کو توڑ رہے ہیں یعنی دنیا میں ان کو ان کے ایمان اور نیک عمل کی برکت پہنچی، جس سے وہ متمتع ہورہے ہیں۔

[٤٠٤٨-] أَخْبَرَنَا حَسَّانُ بْنُ حَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عَمَّهُ غَابَ عَنْ بَدْرٍ فَقَالَ: غِبْتُ عَنْ أَوَّلِ قِتَالِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، لَئِنْ أَشْهَدَنِيَ اللّٰهُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ مَا أُجِدُّ، فَلَقِيَ يَوْمَ أُحُدٍ فَهُزِمَ النَّاسُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعْتَذِرُ إِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ هٰؤُلَاءِ، يَعْنِي الْمُسْلِمِيْنَ، وَأَبْرَأُ إِلَيْكَ مِمَّا جَاءَ بِهِ الْمُشْرِكُوْنَ، فَتَقَدَّمَ بِسَيْفِهِ فَلَقِيَ

سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ، فَقَالَ: أَيْنَ يَا سَعْدُ؟ إِنِّي أَجِدُ رِيحَ الْجَنَّةِ دُوْنَ أُحُدٍ، فَمَضَى فَقُتِلَ فَمَا عُرِفَ حَتَّى عَرَفَتْهُ أُخْتُهُ بِشَامَةٍ أَوْ بِبَنَانِهِ، فِيْهِ بِضْعٌ وَثَمَانُوْنَ مِنْ طَعْنَةٍ، وَضَرْبَةٍ وَرَمْيَةٍ بِسَهْمٍ.[راجع: ۲۸۰۵]

۱۲- جنگِ احد میں حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ کا کارنامہ

جب جنگ کا پانسہ پلٹا اور مسلمانوں کی صفوں میں انتشار اور بدنظمی پیدا ہوگئی تو لوگ حیران وسرگرداں تھے، ان کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کیا ہوگیا؟ اچانک ایک پکارنے والے نے پکارا: محمد (ﷺ) قتل کردیئے گئے، پس رہا سہا ہوش بھی اڑ گیا، اکثر لوگوں کے حوصلے پست ہوگئے، بعض نے لڑائی سے ہاتھ روک لیا، ان لوگوں کے پاس سے حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ گذرے، دیکھا وہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں، پوچھا کس بات کا انتظار ہے؟ انھوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ قتل کردیئے گئے! حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا: پھر تم زندہ رہ کر کیا کروگے؟ اٹھو اور جس دین پر رسول اللہ ﷺ نے جان دی ہے اس پر تم بھی جان دیدو، پھر انھوں نے کہا: اے اللہ! اِن لوگوں نے ــــ مسلمانوں نے ــــ جو کچھ کیا میں آپ کے حضور میں اس کی معذرت چاہتا ہوں اور اُن لوگوں نے ــــ مشرکین نے ــــ جو کچھ کیا اس سے میں بری ہوں، پھر وہ بڑھے، آگے سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ملے، انھوں نے پوچھا: کہاں جارہے ہو؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا: احد پہاڑ کے ورے میں جنت کی خوشبو محسوس کررہا ہوں، یہ کہہ کر آگے بڑھے اور مشرکین سے لڑے، یہاں تک کہ شہید ہوگئے، ختم جنگ پر ان کی لاش پہچانی نہیں جارہی تھی، ان کی بہن نے انگلیوں کے پوروں سے پہچانا، ان کو نیزے، تلوار اور تیر کے اسّی سے زیادہ زخم لگے تھے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے چچا انس بن النضر رضی اللہ عنہ جنگِ بدر میں غیر حاضر تھے، انھوں نے کہا: میں اس پہلی جنگ سے غیر حاضر رہا، جس میں نبی ﷺ نے مشرکین سے قتال کیا، بخدا! اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے نبی ﷺ کے ساتھ لڑنے کا موقع دیا تو ضرور اللہ تعالیٰ دیکھیں گے وہ کوشش جو میں کروں گا، پس انھوں نے جنگِ احد میں مشرکین سے ملاقات کی، پس لوگ (مسلمان) پسپا ہوئے، انھوں نے کہا: اے اللہ! میں معذرت خواہ ہوں اس چیز سے جس کو ان لوگوں نے کیا یعنی مسلمانوں نے اور میں بیزار ہوں اس چیز سے جس کو اُن لوگوں نے کیا یعنی مشرکین نے، پھر وہ اپنی تلوار لے کر آگے بڑھے، حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، انھوں نے کہا: سعد! کہاں جارہے ہو؟ میں جنت کی خوشبو پارہا ہوں احد پہاڑ کے ورے، پس وہ بڑھے اور شہید کئے گئے، پس نہیں پہچانے گئے وہ یہاں تک کہ ان کو ان کی بہن نے پہچانا تل سے یا انگلیوں کے پوروں سے ان کو اسّی سے زیادہ زخم لگے تھے، بھالے کے، تلوار کے اور تیر کے۔

لغات: أُجِدُّ: (واحد متکلم) أَجَدَّ فی السَّعْی سے: میں انتہائی کوشش کروں گا............ شَامَة کے معنی ہیں: تل، یعنی

حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ کے جسم میں کہیں تل تھا، جس سے ان کی بہن نے ان کو پہچانا اور بَنَان کے معنی ہیں: انگلیوں کے پورے.........بِضعٌ: تین اورنو کے درمیان۔

[٤٠٤٩-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّـهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُوْلُ: فَقَدْتُ آيَةً مِنَ الْأَحْزَابِ حِيْنَ نَسَخْنَا الْمُصْحَفَ، كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ بِهَا، فَالْتَمَسْنَاهَا فَوَجَدْنَاهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِىِّ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ﴾ فَأَلْحَقْنَاهَا فِىْ سُوْرَتِهَا فِى الْمُصْحَفِ. [راجع: ٢٨٠٧]

۱۳- جنگِ احد میں مؤمنین کے عظیم کارنامے

سورۃ الاحزاب کی آیت ۲۳ ہے:﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلاً﴾: مؤمنین میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو اللہ سے کئے ہوئے عہد و پیمان میں سچے اترے، پس ان میں سے بعض اپنی منت پوری کر چکے اور بعض مشتاق ہیں، اور انھوں نے (عہد میں) ذرا تبدیلی نہیں کی۔

تفسیر: مؤمنین نے اللہ سے عہد کیا تھا:﴿لَا يُوَلُّوْنَ الْأَدْبَارَ﴾: وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے، مؤمنین نے اپنا یہ عہد سچا کر دکھلایا، کٹھن حالات میں بھی نبی ﷺ کی حمایت و رفاقت سے قدم پیچھے نہیں ہٹایا، اللہ و رسول کو جو زبان دے چکے تھے مضبوطی کے ساتھ اس پر جمے رہے، ان میں سے کچھ تو وہ ہیں جو اپنی منت پوری کر چکے یعنی جہاد میں جان دیدی، جیسے شہدائے بدر و احد، ان میں سے حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ کا قصہ پچھلی حدیث میں گذرا اور بہت سے مسلمان وہ ہیں جو مشتاقانہ فی سبیل اللہ موت کے منتظر ہیں۔

حدیث: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے سورۂ احزاب کی ایک آیت نہیں پائی، جب ہم نے قرآن کے نسخے تیار کئے، یعنی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں، میں نبی ﷺ کو وہ آیت پڑھتے ہوئے سنا کرتا تھا، ہم نے اس آیت کو ڈھونڈھا، پس ہم نے اس کو حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس پایا، جن کی گواہی کو نبی ﷺ نے دو آدمیوں کی گواہی قرار دیا تھا وہ اللہ کا ارشاد ہے:﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ﴾ الآیۃ: پس ملایا ہم نے اس کو قرآنِ کریم میں اس کی سورت میں (اس کی تفصیل تحفۃ القاری کے مقدمہ میں 'جمع قرآن' کی بحث میں ہے)

[٤٠٥٠-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ، يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: لَمَّا خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى أُحُدٍ، رَجَعَ نَاسٌ مِمَّنْ خَرَجَ

مَعَهُ، وَكَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِرْقَتَيْنِ: فِرْقَةً تَقُوْلُ: نُقَاتِلُهُمْ، وَفِرْقَةً تَقُوْلُ: لاَ نُقَاتِلُهُمْ، فَنَزَلَتْ﴿ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ أَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا﴾ وَقَالَ: '' إِنَّهَا طَيْبَةٌ تَنْفِي الذُّنُوْبَ كَمَا تَنْفِي النَّارُ خَبَثَ الْفِضَّةِ''[راجع: ١٨٨٤]

۱۴-جنگِ احد میں منافقین کا کردار

مقام 'شیخین' سے طلوع فجر سے کچھ پہلے آپ ﷺ روانہ ہوئے اور مقام 'شوط' پہنچ کر فجر کی نماز ادا کی، اب آپؐ دشمن کے بالکل قریب تھے، دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے، یہاں پہنچ کر عبداللہ بن ابی منافق نے تمرد اختیار کیا، وہ ایک تہائی لشکر یعنی تین سو افراد کو لے کر واپس ہوگیا، اور احتجاج بھی کرتا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی بات نہیں مانی، دوسروں کی بات مان لی، مگر حقیقت میں علاحدگی کا یہ سبب نہیں تھا، اگر یہ سبب ہوتا تو اس کو لشکر کے ساتھ آنا ہی نہیں چاہئے تھا، اصل وجہ یہ تھی کہ وہ اس نازک موقعہ پر الگ ہوکر اسلامی لشکر میں کھلبلی مچانا چاہتا تھا جب دشمن اس کی ایک ایک نقل وحرکت کو دیکھ رہا تھا، تاکہ ایک طرف فوجی نبی ﷺ کا ساتھ چھوڑ دیں اور جو باقی رہ جائیں ان کے حوصلے پست ہوجائیں، اور دوسری طرف یہ منظر دیکھ کر دشمن کی ہمت بڑھے اور اس کے حوصلے بلند ہوں، پس اس کی یہ کاروائی سارا کھیل بگاڑنے کی ایک مؤثر تدبیر تھی، اور قریب تھا کہ منافق اپنے مقصد میں کامیاب ہوجاتے، کیونکہ دو اور قبیلوں: بنوحارثہ اور بنوسلمہ کے قدم بھی اکھڑنے کے قریب ہوگئے تھے، وہ واپسی کی سوچ رہے تھے، مگر اللہ تعالیٰ نے ان کی دستگیری فرمائی اور وہ دونوں جماعتیں ارادۂ واپسی کے بعد جم گئیں۔

حدیث: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ احد کی طرف نکلے تو کچھ لوگ (شوط مقام سے) لوٹ گئے، ان لوگوں میں سے جو آپؐ کے ساتھ نکلے تھے (مراد عبداللہ بن ابی اور اس کے ساتھی ہیں) اور صحابہ دو جماعتیں ہوگئے، ایک جماعت کہتی تھی: ہم ان منافقین کے ساتھ جنگ کریں، اور دوسری جماعت کہتی تھی: ہم ان منافقین کے ساتھ جنگ نہیں کریں گے، پس سورۃ النساء کی آیت ۸۸ نازل ہوئی: ''تم کو کیا ہوا کہ منافقوں کے بارے میں دو فریق بن رہے ہو اور اللہ تعالیٰ نے ان کو الٹ دیا ہے ان کے اعمال کے سبب سے، پس کیا تم چاہتے ہو کہ ان کو راہ پر لاؤ، جن کو اللہ نے گمراہ کیا، اور جس کو اللہ گمراہ کریں اس کو ہرگز کوئی راہ پر نہیں لاسکتا'' اور ایک دوسری حدیث میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''مدینہ پاکیزہ شہر ہے، گناہوں کو دور کرتا ہے، جیسے آگ چاندی کے میل کو دور کرتی ہے''

لغت: رَكَسَهُ (ن) رَكْسًا: پلٹنا، لوٹنا، پچھلی حالت پر آجانا۔ أَرْكَسَ (افعال) کے بھی یہی معنی ہیں أَرْكَسَهُ فِي الشَّرِّ: برائی میں پھنسادیا، أَرْكَسَ اللّٰهُ الْعَدُوَّ: اللہ نے دشمن کو پلٹ دیا ﴿وَاللّٰهُ أَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا﴾: اللہ نے ان کے کرتوں کی وجہ سے ان کو سابقہ حالت پر لوٹا دیا۔

بَابٌ

جنگِ احد کے سلسلہ کا دوسرا باب

[۱۸-] بَابٌ

﴿إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلاَ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا، وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾ الآيَة.

[٤٠٥١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِيْنَا: ﴿إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلاَ﴾: بَنِيْ سَلَمَةَ وَبَنِيْ حَارِثَةَ، وَمَا أُحِبُّ أَنَّهَا لَمْ تَنْزِلْ، وَاللّٰهُ يَقُوْلُ: ﴿وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا﴾[انظر: ٤٥٥٨]

۱۵- دو قبیلے پھسلتے پھسلتے رہ گئے

خزرج کے قبیلہ بنی سلمہ نے اور اوس کے قبیلہ بنی حارثہ نے عبداللہ بن ابی کی طرح واپسی کا کچھ کچھ ارادہ کرلیا تھا، یہ دو قبیلے لشکر کی دونوں جانبوں میں تھے، اگر خدانخواستہ یہ قبیلے پلٹ جاتے تو لشکر بے بازو ہوجاتا، مگر توفیقِ خداوندی نے ان دونوں قبیلوں کی دست گیری کی، اللہ نے ان کو واپسی سے بچالیا، ان کے بارے میں سورۂ آلِ عمران کی آیت ۱۲۲ نازل ہوئی: ﴿إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلاَ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلُ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾: یاد کرو جب تم میں سے دو جماعتوں نے دل میں خیال کیا کہ وہ ہمت ہار دیں اور اللہ تعالیٰ ان دونوں جماعتوں کا مددگار تھا، اور مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہئے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: سورۂ آلِ عمران کی یہ آیت ہمارے بارے میں نازل ہوئی ہے، جب بنو سلمہ اور بنو حارثہ نے ہمت ہار دی، اور میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ یہ آیت نازل نہ ہوتی، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آخر میں ارشاد فرمایا ہے: ''اللہ تعالیٰ ان دونوں جماعتوں کا مددگار رہے'' یہ ان دونوں قبیلوں کے لئے بڑی فضیلت ہے، اللہ تعالیٰ نے بیانِ جرم کے ساتھ ولایت خاصہ کی بشارت بھی سنائی ہے، جس سے وعدہ معافی بھی مترشح ہوتا ہے، اور جرم کو بھی ہلکا کرکے پیش کیا ہے کہ دونوں قبیلے واپس نہیں ہوئے، صرف کم ہمت ہوئے، پھر اس کا وقوع بھی نہیں ہوا، بات خیال ہی کی حد تک رہی، اس لئے حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس آیت کا ابتدائی حصہ ہمارے لئے نامناسب تھا، مگر آخری حصہ میں ہمارے لئے بڑی فضیلت ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے کارساز ہیں۔

[٤٠٥٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، أَخْبَرَنَا عَمْرٌو، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' هَلْ نَكَحْتَ يَا جَابِرُ؟'' قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: '' مَاذَا؟ أَبِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا؟'' قُلْتُ: لاَبَلْ ثَيِّبًا،

قَالَ: " فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُكَ؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَبِيْ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ تِسْعَ بَنَاتٍ، كُنَّ لِيْ تِسْعَ أَخَوَاتٍ فَكَرِهْتُ أَنْ أَجْمَعَ إِلَيْهِنَّ جَارِيَةً خَرْقَاءَ مِثْلَهُنَّ، وَلٰكِنْ امْرَأَةً تَمْشُطُهُنَّ وَتَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ، قَالَ: " أَصَبْتَ". [راجع: ٤٤٣]

[٤٠٥٣-] حَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ سُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أَبَاهُ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَتَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا، وَتَرَكَ سِتَّ بَنَاتٍ، فَلَمَّا حَضَرَ جِزَازُ النَّخْلِ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: قَدْ عَلِمْتَ أَنَّ وَالِدِيْ قَدِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ دَيْنًا كَثِيْرًا، وَإِنِّيْ أُحِبُّ أَنْ يَرَاكَ الْغُرَمَاءُ، فَقَالَ: " اذْهَبْ فَبَيْدِرْ كُلَّ تَمْرٍ عَلٰى نَاحِيَةٍ" فَفَعَلْتُ ثُمَّ دَعَوْتُهُ فَلَمَّا نَظَرُوْا إِلَيْهِ كَأَنَّهُمْ أُغْرُوْا بِيْ تِلْكَ السَّاعَةَ، فَلَمَّا رَأَى مَا يَصْنَعُوْنَ، أَطَافَ حَوْلَ أَعْظَمِهَا بَيْدَرًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " ادْعُ لَكَ أَصْحَابَكَ" فَمَا زَالَ يَكِيْلُ لَهُمْ حَتّٰى أَدَّى اللّٰهُ عَنْ وَالِدِيْ أَمَانَتَهُ، وَأَنَا أَرْضَى أَنْ يُؤَدِّيَ اللّٰهُ أَمَانَةَ وَالِدِيْ، وَلَا أَرْجِعَ إِلٰى أَخَوَاتِيْ بِتَمْرَةٍ، فَسَلَّمَ اللّٰهُ الْبَيَادِرَ كُلَّهَا، حَتّٰى إِنِّيْ أَنْظُرُ إِلَى الْبَيْدَرِ الَّذِيْ كَانَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم كَأَنَّهَا لَمْ تَنْقُصْ تَمْرَةً وَاحِدَةً. [راجع: ٢١٢٧]

۱۶- حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ انصاری صحابی ہیں، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد ہیں، معرکۂ احد میں شہید ہوئے، کافروں نے ان کی لاش بگاڑ دی، ختم جنگ پر جب وہ لاش نبی ﷺ کے سامنے لاکر رکھی گئی تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کپڑا اٹھا کر منہ دیکھنا چاہا، قبیلہ کے لوگوں نے منع کیا، انھوں نے دوبارہ منہ دیکھنا چاہا، قبیلہ کے لوگوں نے پھر منع کیا، مگر نبی ﷺ نے اجازت دی۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی پھوپھی فاطمہ بنت عمرو رضی اللہ عنہا جب جنازہ اٹھایا گیا تو رونے لگیں، آپؐ نے فرمایا: کیوں روتی ہو؟ ان پر تو فرشتے برابر سایہ کئے رہے، یہاں تک کہ ان کا جنازہ اٹھایا گیا، یعنی یہ مقام فرحت و مسرت کا ہے کہ فرشتے تمہارے بھائی پر سایہ کئے رہے۔

ترمذی شریف تفسیر سورۂ آل عمران میں روایت ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میرے ابا جنگِ احد میں شہید ہوئے تو میں قریب البلوغ تھا، میری نبی ﷺ سے ملاقات ہوئی، آپؐ نے فرمایا: کیا بات ہے، میں تجھے شکستہ خاطر دیکھ رہا ہوں؟ حضرت جابرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ابا شہید کئے گئے، اور انھوں نے بچے اور قرضہ چھوڑا ہے، جو میری پریشانی کا سبب ہے، آپؐ نے فرمایا: کیا میں تجھے خوش خبری نہ سناؤں اور وہ حالت نہ بتاؤں جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے تیرے ابا سے ملاقات کی؟ حضرت جابرؓ نے عرض کیا: کیوں نہیں اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کبھی کسی سے

بات نہیں کی، مگر پردہ کی اوٹ سے، اور اللہ تعالیٰ نے تیرے ابا کو زندہ کیا اور ان سے رو در رو بات کی کہ اے میرے بندے! مجھ سے آرزو کر، میں تجھے دوں گا، آپ کے ابا نے جواب دیا: اے میرے پروردگار! مجھے زندہ کریں تاکہ میں آپ کی راہ میں دوبارہ مارا جاؤں، پروردگارِ عالم نے فرمایا: میری طرف سے یہ بات پہلے سے طے ہوچکی ہے کہ مرے ہوئے واپس نہیں لوٹتے، حضرت جابرؓ کہتے ہیں: پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی کہ ''جو لوگ راہِ خدا میں مارے گئے ان کو مردہ خیال مت کرو''

جب منافقین نے واپسی کا فیصلہ کیا تھا تو اس نازک موقع پر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان کو ان کا فرض یاد دلایا تھا، وہ ان کے پیچھے گئے اور کہا: آؤ اللہ کی راہ میں لڑو یا دشمن کو دفع کرو، مگر انھوں نے ایک نہیں سنی پس آپؓ یہ کہتے ہوئے واپس آگئے کہ او اللہ کے دشمنو! تم اللہ کی مار یاد رکھو، اللہ اپنے نبی کو تم سے مستغنی کردے گا۔

حدیث: باب میں دو حدیثیں ہیں اور دونوں میں ایک ہی مضمون ہے، ایک سفر میں نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: تمہارا نکاح ہوگیا؟ انھوں نے کہا: ہاں! آپؐ نے پوچھا: کنواری سے نکاح کیا یا بیوہ سے؟ انھوں نے کہا: بیوہ سے، آپؐ نے فرمایا: کنواری سے کیوں نہیں کیا: وہ تمہارے ساتھ اور تم اس کے ساتھ کھیلتے؟ حضرت جابرؓ نے عرض کیا: ابا جان احد میں شہید ہوگئے اور نو بیٹیاں چھوڑی ہیں جو میری بہنیں ہیں، پس میں نے ناپسند کیا کہ ان کے ساتھ اکٹھا کروں انہی جیسی ایک ناتجربہ کار لڑکی، اس لئے میں ایسی عورت لایا ہوں جو ان کی کنگھی کرے گی اور ان کو سنبھالے گی۔

دوسری حدیث میں ہے کہ ان کے ابا احد میں شہید کئے گئے درانحالیکہ ان پر قرضہ تھا، انھوں نے چھ بیٹیاں چھوڑی تھیں (بیٹیاں نو تھیں، تین کی شادی ہوگئی تھی، اس لئے ان کو نہیں گنا) پھر جب کھجور کے باغ کی کٹائی کا وقت آیا تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: آپؐ کو پتا ہے: میرے ابا احد میں شہید ہوگئے ہیں، اور بہت سارا قرضہ چھوڑ گئے ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ آپؐ کو قرض خواہ دیکھیں (پس وہ قرض کے مطالبہ میں کچھ نرمی کریں) پس آپؐ نے فرمایا: جاؤ، کھجور کی ہر قسم کی الگ الگ ڈھیری کرو، چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ایسا کیا، پھر آپؐ کو بلایا، جب قرض خواہوں نے آپؐ کو دیکھا تو گویا وہ اس وقت مجھ پر بھڑک پڑے، پس جب آپؐ نے ان کی یہ حرکت دیکھی تو آپؐ نے بڑی ڈھیری کے گرد تین چکر لگائے، پھر اس پر بیٹھ گئے اور فرمایا: اپنے قرض خواہوں کو بلاؤ، آپؐ ان کو ناپ کر دیتے تھے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرے والد کا قرضہ چکا دیا اور میں خوش تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے والد کا قرضہ چکا دیں اور میں اپنی بہنوں کی طرف ایک کھجور بھی لے کر نہ لوٹوں، مگر اللہ تعالیٰ نے سارے ہی کھلیان بچا دیئے، یہاں تک کہ میں دیکھ رہا تھا اس کھلیان کو جس پر نبی ﷺ تشریف فرما تھے، گویا اس میں سے ایک کھجور بھی نہیں گھٹی!

[٤٠٥٤-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ وَمَعَهُ رَجُلَانِ يُقَاتِلَانِ عَنْهُ، عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيْضٌ كَأَشَدِّ الْقِتَالِ، مَا رَأَيْتُهُمَا قَبْلُ وَلَا بَعْدُ. [انظر: ٥٨٢٦]

۱۷- احد میں نبی ﷺ کی طرف سے جبرئیل ومیکائیل علیہما السلام لڑے

احد کے معرکہ میں ایک وقت ایسا بھی آیا کہ نبی ﷺ کے ساتھ کوئی نہیں رہا، پس اللہ تعالیٰ نے جبرئیل ومیکائیل علیہما السلام کے ذریعہ آپؐ کی مدد فرمائی، انھوں نے آپؐ کی طرف سے مدافعت کی۔

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے نبی ﷺ کو جنگِ احد میں دیکھا، آپؐ کے ساتھ دو آدمی آپؐ کی طرف سے لڑ رہے تھے، ان دونوں نے سفید کپڑے پہن رکھے تھے، وہ سخت مقابلہ کر رہے تھے، میں نے ان دونوں کو نہ پہلے دیکھا نہ بعد میں۔ مسلم شریف (حدیث ۲۳۰۶) میں ہے کہ وہ جبرئیل ومیکائیل علیہما السلام تھے۔

[٤٠٥٥-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِیْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ: نَثَلَ لِیْ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم كِنَانَتَهُ يَوْمَ أُحُدٍ، فَقَالَ: "ارْمِ فِدَاكَ أَبِیْ وَأُمِّیْ!"[راجع: ٣٧٢٥]

[٤٠٥٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا يَقُوْلُ: جَمَعَ لِیَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ.[راجع: ٣٧٢٥]

[٤٠٥٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّهُ قَالَ: قَالَ سَعْدُ بْنُ أَبِیْ وَقَّاصٍ: لَقَدْ جَمَعَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَوْمَ أُحُدٍ أَبَوَيْهِ كِلاَهُمَا، يُرِيْدُ حِيْنَ قَالَ: "فِدَاكَ أَبِیْ وَأُمِّیْ" وَهُوَ يُقَاتِلُ.[راجع: ٣٧٢٥]

[٤٠٥٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شَدَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ: مَا سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَجْمَعُ أَبَوَيْهِ لِأَحَدٍ غَيْرَ سَعْدٍ.[راجع: ٢٩٠٥]

[٤٠٥٩-] حدثنا يَسَرَةُ بْنُ صَفْوَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ: مَا سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم جَمَعَ أَبَوَيْهِ لِأَحَدٍ إِلَّا لِسَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، فَإِنِّیْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ يَوْمَ أُحُدٍ: "يَا سَعْدُ ارْمِ فِدَاكَ أَبِیْ وَأُمِّیْ"[راجع: ٢٩٠٥]

۱۸- حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا غزوۂ احد میں عظیم کارنامہ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ماہر تیر انداز تھے، نبی ﷺ نے اپنے ترکش کے سارے تیر ان کے سامنے ڈال دیئے اور فرمایا: سعد! تیر چلاؤ، میرے ماں باپ تم پر قربان!

پہلی حدیث: نَثَلَ الشیئَ (ض) نَثْلاً: باہر نکالنا، نَثَلَ ما فی الْکِنَانَۃ: ترکش خالی کرنا، سارے تیر نکال دینا..........

دوسری حدیث میں ہے: جَمَعَ لِی: اکٹھا کیا میرے لئے، راضی ہوکر جب دعا دیتے ہیں تو ماں باپ کو قربان کرتے ہیں، نبی ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے لئے ماں اور باپ دونوں کو جمع کیا یعنی دونوں کو قربان کیا............ یہی بات حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی کے لئے اپنے ماں باپ کو جمع نہیں کیا، آپؐ فرماتے تھے: یَا سَعْدُ! ارْمِ فِدَاكَ أَبِیْ وَأُمِّیْ: سعد! تیر چلاؤ، تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں!............ قوله: يُرِيْدُ حِيْنَ قَالَ: یعنی جَمَعَ لِی سے مراد آپؐ کا یہ ارشاد ہے: فِدَاكَ أَبِیْ وَأُمِّیْ! اور یہ ارشاد آپؐ نے اس وقت فرمایا تھا، جب حضرت سعدؓ تیر چلا رہے تھے۔

[۴۰۶۰و۴۰۶۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ مُعْتَمِرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: زَعَمَ أَبُوْ عُثْمَانَ أَنَّهُ لَمْ يَبْقَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ تِلْكَ الْأَيَّامِ الَّتِيْ يُقَاتِلُ فِيْهِنَّ غَيْرُ طَلْحَةَ وَسَعْدٍ: عَنْ حَدِيْثِهِمَا. [راجع: ۳۷۲۲، ۳۷۲۳]

[۴۰۶۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِيْ الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ، قَالَ: صَحِبْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَطَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللهِ وَالْمِقْدَادَ وَسَعْدًا فَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا أَنِّيْ سَمِعْتُ طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ يَوْمِ أُحُدٍ. [راجع: ۲۸۲۴]

[۴۰۶۳-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: رَأَيْتُ يَدَ طَلْحَةَ شَلَّاءَ، وَقَى بِهَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ. [راجع: ۳۷۲۴]

۱۹- جنگِ احد میں حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کی جاں سپاری

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں، آپؐ کے حق میں نبی ﷺ نے یہ فرمایا ہے کہ جو شخص زمین پر چلتے پھرتے زندہ شہید کو دیکھنا چاہے وہ طلحہؓ کو دیکھے، جبل احد میں ایک بڑی چٹان ہے، نبی ﷺ نے اس پر چڑھنے کا ارادہ کیا، چونکہ آپؐ زخمی تھے، اس لئے ضعف ونقاہت کی وجہ سے اور دو زرہوں کے بوجھ کی وجہ سے چڑھ نہیں سکے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے، آپؐ ان پر پیر رکھ کر چڑھے، اس دن آپؐ نے فرمایا: طلحہؓ نے اپنے لئے جنت واجب کرلی۔

احادیث: پہلی حدیث ابوعثمان نہدیؒ کی ہے وہ کہتے ہیں: بعض ان دنوں میں جن میں جنگ ہوئی، نبی ﷺ کے ساتھ حضرت طلحہ اور حضرت سعد رضی اللہ عنہما کے علاوہ کوئی نہیں رہا، یہ جنگِ احد کا واقعہ ہے، قوله: عن حديثهما: ابوعثمان نے یہ بات ان دونوں صحابہ سے سن کر بیان کی ہے۔

اور دوسری حدیث میں سائب بن یزیدؒ کہتے ہیں: میں نے حضرات عبدالرحمٰن، طلحہ، مقداد اور سعد رضی اللہ عنہم کی صحبت

پائی ہے، میں نے ان میں سے کسی کو نہیں دیکھا جو نبی ﷺ سے حدیثیں بیان کرتا ہو (یہ حضرات مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا کے خوف سے مرفوع حدیثیں کم بیان کرتے تھے) مگر میں نے حضرت طلحہؓ کو سنا وہ جنگِ احد کے واقعات بیان کرتے تھے۔

اور تیسری حدیث میں قیس بن ابی حازمؒ کہتے ہیں: میں نے حضرت طلحہؓ کا وہ ہاتھ دیکھا ہے جس سے انھوں نے نبی ﷺ کو احد کے دن بچایا تھا۔ وہ ہاتھ بالکل شل (ناکارہ) ہوگیا تھا۔

اور حاکم نے اکلیل میں روایت کیا ہے کہ اس دن حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو ۳۵ یا ۳۹ زخم لگے تھے، اور ابوداؤد طیالسی میں روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے غزوۂ احد کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: وہ دن سارا طلحہؓ کے لئے رہا!

۲۰- جنگِ احد میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی جاں بازی

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے سوتیلے ابا ہیں، اور حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا کے شوہر ہیں، بڑے ماہر تیرانداز تھے، کمان سخت کھینچ کر تیر چلاتے تھے اس لئے تیر دور تک جاتا تھا، جب جنگِ احد میں شکست کا سامنا ہوا تو ایک ڈھال کے پیچھے نبی ﷺ اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ پناہ لئے ہوئے تھے، جب حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ تیر چلاتے تو نبی ﷺ سر نکال کر دیکھتے کہ تیر نشانے پر بیٹھا یا نہیں؟ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ آپؐ کو ایسا کرنے سے منع کرتے، اس خطرہ سے کہ سامنے سے کوئی تیر نہ آجائے۔

[٤٠٦٤-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ انْهَزَمَ النَّاسُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَبُوْ طَلْحَةَ بَيْنَ يَدِيِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَجَوِّبٌ عَلَيْهِ بِحَجَفَةٍ لَهُ، وَكَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ رَجُلاً رَامِيًا شَدِيْدَ النَّزْعِ، كَسَرَ يَوْمَئِذٍ قَوْسَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا، وَكَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ مَعَهُ بِجَعْبَةٍ مِنَ النَّبْلِ، فَيَقُوْلُ:" انْثُرْهَا لِأَبِيْ طَلْحَةَ" قَالَ: وَيُشْرِفُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَنْظُرُ إِلَى الْقَوْمِ، فَيَقُوْلُ أَبُوْ طَلْحَةَ: بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! لاَ تُشْرِفْ، يُصِبْكَ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ الْقَوْمِ، نَحْرِي دُوْنَ نَحْرِكَ!

وَلَقَدْ رَأَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ أَبِيْ بَكْرٍ وَأُمَّ سُلَيْمٍ وَإِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ، أَرَى خَدَمَ سُوْقِهِمَا، تَنْقُزَانِ الْقِرْبَ عَلَى مُتُوْنِهِمَا، تُفْرِغَانِهِ فِي أَفْوَاهِ الْقَوْمِ، ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَآنِهَا، ثُمَّ تَجِيْئَانِ فَتُفْرِغَانِهِ فِيْ أَفْوَاهِ الْقَوْمِ.

وَلَقَدْ وَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَدِ أَبِيْ طَلْحَةَ، إِمَّا مَرَّتَيْنِ وَإِمَّا ثَلاَثًا. [راجع: ٢٨٨٠]

حدیث: میں تین مضمون ہیں، پہلا مضمون باب سے متعلق ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

۱- جب غزوۂ احد کے دن لوگ نبی ﷺ سے پسپا ہوگئے تو ابوطلحہؓ نبی ﷺ کے سامنے رہے، وہ آپؐ کا بچاؤ کر رہے تھے، اپنی ڈھال کے ذریعہ، اور ابوطلحہؓ تیرانداز تھے، کمان سخت کھینچتے تھے، اس دن انھوں نے دو یا تین کمانیں توڑیں، کوئی شخص

گذرتا جس کے پاس تیروں کا ترکش ہوتا تو نبی ﷺ فرماتے: اس کو خالی کردو ابوطلحہؓ کے لئے، یعنی سارے تیر ان کے سامنے ڈال دو، حضرت انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ دشمن کو جھانک کر دیکھتے تھے (کہ ابوطلحہؓ کا تیر نشانے پر بیٹھا یا نہیں؟) پس ابوطلحہؓ کہتے: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! آپؐ نہ جھانکیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ دشمن کے تیروں میں سے کوئی تیر آپؐ کو لگ جائے! میرا سینہ آپؐ کے سینہ کے ورے ہے (یہ جملہ بھی تفدیہ کے لئے ہے یعنی میں اپنی ذات کو آپؐ پر قربان کرتا ہوں)

۲- اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں نے حضرت عائشہ اور اپنی والدہ حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہما کو دیکھا وہ دونوں پائینچے چڑھائے ہوئے تھیں، میں ان کی پنڈلیوں میں پازیب پہننے کی جگہ دیکھ رہا تھا، دونوں اپنی پیٹھوں پر مشکیں اٹھائے ہوئے پھرتی سے چل رہی تھیں، وہ اس کو ریڑھتی تھیں زخمیوں کے مونہوں میں، پھر وہ دونوں واپس جاتیں اور مشک بھر کر لاتیں، پھر آتیں اور زخمیوں کے مونہوں میں ریڑھتیں (جنگ میں بوقت ضرورت خواتین سے فوجی خدمت لینا جائز ہے)

۳- اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ ابوطلحہؓ کے ہاتھ سے دو مرتبہ یا تین مرتبہ تلوار گر گئی (غزوۂ احد میں اللہ تعالیٰ نے نیند کی نعمت بھیجی تھی، جیسا کہ آگے آرہا ہے اور نیند کو اللہ تعالیٰ نے راحت کی چیز بنایا ہے ﴿وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا﴾: اور بنایا ہم نے تمہاری نیند کو راحت کی چیز (سورۃ النبأ) چنانچہ احد میں صحابہ لڑتے بھی تھے اور نیند کی جھپکی بھی لیتے تھے، جس سے وہ تازہ دم ہوجاتے تھے۔

۲۱- حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے والد کا مسلمانوں کے ہاتھوں شہید ہونا

جنگ احد میں شروع میں مشرکین نے شکست کھائی، پس ملعون ابلیس چلایا: اے اللہ کے بندو! پیچھے والوں سے بچو! پس مسلمانوں کے اگلے پچھلوں پر پلٹ گئے، اور ان کے ساتھ لڑنے لگے، دونوں ہی فریق مسلمان تھے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ کوئی مسلمان ان کے ابا کو مارنا چاہتا ہے، انھوں نے پکار کر کہا: اے اللہ کے بندے! میرے ابا ہیں، میرے ابا ہیں، مگر اس ہنگامۂ رست وخیز میں کون سنتا تھا! لوگ نہیں رکے، یہاں تک کہ ان کو شہید کر دیا، پھر بعد میں جب مسلمانوں کو اس کا علم ہوا کہ وہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے باپ تھے تو وہ بہت نادم ہوئے اور کہا: خدا کی قسم! ہم نے پہچانا نہیں، پس حضرت حذیفہؓ نے کہا: اللہ تمہیں معاف کرے، نبی ﷺ نے ان کی دیت دینے کا ارادہ کیا، مگر حضرت حذیفہؓ نے نہیں لی، اس سے نبی ﷺ کے دل میں حضرت حذیفہؓ کی قدر بڑھ گئی، عروہؒ کہتے ہیں: بخدا! ہمیشہ رہا حذیفہؓ کے دل میں 'اچھا اثر' یہاں تک کہ وہ اللہ سے مل گئے، یعنی برابر وہ اپنے والد کے قاتل کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہے، اس کی طرف سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے دل میں کبھی میل نہیں آیا۔

[٤٠٦٥-] حَدَّثَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ هُزِمَ الْمُشْرِكُوْنَ، فَصَرَخَ إِبْلِيْسُ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: أَیْ عِبَادَ اللّٰهِ!

أُخْرَاكُم، فَرَجَعَتْ أُوْلَاهُمْ، فَاجْتَلَدَتْ هِيَ وَأُخْرَاهُمْ، فَبَصُرَ حُذَيْفَةُ فَإِذَا هُوَ بِأَبِيْهِ الْيَمَانِ، فَقَالَ: أَيْ عِبَادَ اللّٰهِ! أَبِيْ أَبِيْ! قَالَ: فَوَ اللّٰهِ مَا احْتَجَزُوْا حَتَّى قَتَلُوْهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ، قَالَ عُرْوَةُ: فَوَاللّٰهِ مَا زَالَتْ فِي حُذَيْفَةَ بَقِيَّةُ خَيْرٍ حَتَّى لَحِقَ بِاللّٰهِ.

بَصُرْتُ: عَلِمْتُ، مِنَ الْبَصِيْرَةِ فِي الْأَمْرِ. وَأَبْصَرْتُ مِنْ بَصَرِ الْعَيْنِ، وَيُقَالُ: بَصُرْتُ وَأَبْصَرْتُ وَاحِدٌ.

[راجع: ۳۲۹۰]

لغات: حدیث میں بَصُرَ آیا ہے، جس کے معنی ہیں: بابصیرت ہونا، بینا ہونا، حضرت رحمہ اللہ نے بَصُرْتُ کا ترجمہ عَلِمْتُ کیا ہے، یعنی میں نے جانا، یہ عقل کی آنکھ سے جاننے کے لئے ہے اور باب افعال أَبْصَرْتُ سر کی آنکھ سے دیکھنے کے لئے ہے، یعنی مجرد اور مزید کے معنی میں فرق ہے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ مجرد اور مزید کے ایک ہی معنی ہیں۔

بَابٌ

جنگِ احد کے سلسلہ کا تیسرا باب

۲۲- احد میں ہزیمت کا سبب تیر اندازوں کی نافرمانی

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ماہر تیر اندازوں کا ایک دستہ جو پچاس مردانِ جنگی پر مشتمل تھا، وادی قنات کے جنوبی کنارہ پر ایک چھوٹی پہاڑی پر جو اسلامی لشکر کے کیمپ سے ڈیڑھ دو سو میٹر جنوب مشرق میں واقع تھی متعین کیا تھا، اور آپؐ نے کمانڈر کو حکم دیا تھا کہ شہسواروں کو تیر مار کر ہم سے دور رکھو، وہ پیچھے سے ہم پر چڑھ نہ آئیں، ہم جیتیں یا ہاریں تم اپنی جگہ رہنا، تمہاری طرف سے ہم پر حملہ نہ ہونے پائے، پھر تیر اندازوں کو مخاطب کر کے فرمایا: ہماری پشت کی حفاظت کرنا، اگر دیکھو کہ ہم مارے جارہے ہیں تو ہماری مدد کو نہ آنا، اور اگر دیکھو کہ ہم مالِ غنیمت سمیٹ رہے ہیں تو ہمارے ساتھ شریک مت ہونا۔

مگر عین اس وقت جب اسلامی لشکر اہل مکہ کے خلاف تاریخ کے اوراق پر ایک اور شاندار فتح ثبت کر رہا تھا جو اپنی تابنا کی میں جنگ بدر کی فتح سے کسی طرح کم نہیں تھی: تیر اندازوں کی اکثریت نے ایک خوفناک غلطی کی جس کی وجہ سے جنگ کا پانسہ پلٹ گیا، فوج تتر بتر ہوگئی، اور مسلمان سنگین خسارہ سے دوچار ہوگئے، خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم شہادت سے بال بال بچے! اور اس کی وجہ سے مسلمانوں کی وہ ہیبت جاتی رہی جو جنگِ بدر کے نتیجہ میں ان کو حاصل ہوئی تھی، سورۂ آلِ عمران آیت ۱۵۵ میں ہزیمت کے سبب کا ذکر ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ مَاكَسَبُوْا، وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ، إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾: جن لوگوں نے تم میں سے پشت پھیری جس دن دو جماعتیں باہم مقابل ہوئیں، یعنی مدینہ والے اور مکہ والے اس کا سبب اس کے علاوہ کچھ نہیں تھا کہ شیطان نے ان کو

پھسلا دیا، ان کے بعض اعمال کی وجہ سے، یعنی نبی ﷺ کے حکم کی نافرمانی کرنے کی وجہ سے اور یقین رکھو اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کردیا، اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے، بڑے بردبار ہیں۔

تشریح: بعض معاندین صحابہ نے اس واقعہ سے صحابہ پر خصوصاً حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر طعن کیا ہے اور اس سے عدم صلاحیتِ خلافت مستنبط کی ہے، لیکن یہ مہمل بات ہے، جب اللہ تعالیٰ نے معاف کردیا تو دوسروں کو مؤاخذہ کرنے کا کیا حق رہا، رہا قصہ خلافت کا: سو اہل حق کے نزدیک خلافت کے لئے عصمت شرط نہیں (تھانوی رحمہ اللہ)

[١٩-] بَابٌ

قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا، وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ، إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾ [آلِ عمران: ١٥٥]

[٤٠٦٦-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ حَمْزَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مَوْهَبٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ حَجَّ الْبَيْتَ، فَرَأَى قَوْمًا جُلُوْسًا، فَقَالَ: مَنْ هٰؤُلَاءِ الْقُعُوْدُ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ قُرَيْشٌ، قَالَ: مَنِ الشَّيْخُ؟ قَالُوْا: ابْنُ عُمَرَ، فَأَتَاهُ فَقَالَ: إِنِّيْ سَائِلُكَ عَنْ شَيْئٍ؟ قَالَ: أَنْشُدُكَ بِحُرْمَةِ هٰذَا الْبَيْتِ! أَتَعْلَمُ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَرَّ يَوْمَ أُحُدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَتَعْلَمُهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَدْرٍ فَلَمْ يَشْهَدْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَتَعْلَمُ أَنَّهُ تَخَلَّفَ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَلَمْ يَشْهَدْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَكَبَّرَ. قَالَ ابْنُ عُمَرَ: تَعَالَ لِأُخْبِرَكَ وَلِأُبَيِّنَ لَكَ عَمَّا سَأَلْتَنِيْ عَنْهُ، أَمَّا فِرَارُهُ يَوْمَ أُحُدٍ: فَأَشْهَدُ أَنَّ اللّٰهَ عَفَا عَنْهُ، وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَدْرٍ، فَإِنَّهُ كَانَ تَحْتَهُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَكَانَتْ مَرِيْضَةً، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ لَكَ أَجْرَ رَجُلٍ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَهُ" وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ: فَإِنَّهُ لَوْكَانَ أَحَدٌ أَعَزَّ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ لَبَعَثَهُ مَكَانَهُ، فَبَعَثَ عُثْمَانَ وَكَانَ بَيْعَةُ الرِّضْوَانِ بَعْدَمَا ذَهَبَ عُثْمَانُ إِلٰى مَكَّةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ الْيُمْنَى: "هٰذِهِ يَدُ عُثْمَانَ" فَضَرَبَ بِهَا عَلٰى يَدِهِ. فَقَالَ: "هٰذِهِ لِعُثْمَانَ" اذْهَبْ بِهٰذَا الْآنَ مَعَكَ. [راجع: ٣١٣٠]

۲۳- جنگِ احد میں پیٹھ پھیرنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے معاف کردیا

عثمان بن عبداللہ بن موہبؒ سے مروی ہے کہ مصر کے لوگوں میں سے ایک شخص نے بیت اللہ کا حج کیا، اس نے (مسجدِ حرام میں) کچھ لوگوں کو بیٹھا ہوا دیکھا، اس نے پوچھا: یہ لوگ کون ہیں؟ لوگوں نے بتلایا: یہ قریش کے لوگ ہیں، اس نے پوچھا: ان میں یہ حضرت کون ہیں؟ لوگوں نے بتلایا: یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہیں، پس وہ آپؓ کے پاس آیا اور اس نے کہا: میں آپؓ سے ایک بات پوچھتا ہوں (آپ مجھے اس کا جواب دیں:)

پہلا اعتراض: میں آپ کو اس گھر کی عزت وعظمت کی قسم دیتا ہوں، کیا آپ جانتے ہیں کہ عثمانؓ جنگِ احد میں بھاگے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں!

دوسرا اعتراض: اس نے پوچھا: کیا آپؓ جانتے ہیں کہ وہ جنگِ بدر سے غائب رہے تھے، اس میں شریک نہیں ہوئے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں!

تیسرا اعتراض: اس نے پوچھا: کیا آپؓ جانتے ہیں کہ وہ بیعت رضوان سے غائب رہے تھے، اس میں بھی شریک نہیں ہوئے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں!

پس اس شخص نے کہا: اللہ اکبر! یعنی تینوں اعتراضات صحیح نکلے، ابن عمرؓ نے ان کا اعتراف کرلیا، پس اس سے ابن عمرؓ نے کہا: آ یہاں تک کہ میں واضح کروں تیرے لئے وہ باتیں جو تو نے پوچھی ہیں، یعنی اپنے اعتراضات کے جوابات بھی لیتا جا۔

پہلے اعتراض کا جواب: رہا ان کا جنگِ احد کے موقع پر بھاگنا تو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کردیا اور ان کو بخشش دیا (سورہ آل عمران آیت ۱۵۵ میں اس کا اعلان ہے)

دوسرے اعتراض کا جواب: اور رہا ان کا جنگِ بدر سے غیر حاضر رہنا تو اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کے نکاح میں نبی ﷺ کی صاحبزادی (حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا) تھیں اور وہ سخت علیل تھیں (اس لئے آپؐ نے حضرت اسامہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کو تیمارداری کے لئے گھر رہنے کا حکم دیا تھا اور ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: تمہیں اس شخص کا ثواب ملے گا جو جنگِ بدر میں شریک ہوا ہے اور اس کا حصہ بھی ملے گا)

تیسرے اعتراض کا جواب: اور رہا ان کا بیعتِ رضوان سے غیر حاضر رہنا تو اگر کوئی شخص مکہ میں عثمان رضی اللہ عنہ سے زیادہ معزز ہوتا تو رسول اللہ ﷺ عثمان رضی اللہ عنہ کی جگہ اس کو بھیجتے (مگر ایسا کوئی نہیں تھا، اس لئے رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بھیجا) اور بیعتِ رضوان عثمان رضی اللہ عنہ کے مکہ جانے کے بعد ہوئی تھی، ابن عمرؓ کہتے ہیں: اور رسول اللہ ﷺ نے اپنے دائیں ہاتھ سے اشارہ کیا اور فرمایا: ''یہ عثمانؓ کا ہاتھ ہے'' اور اس کو اپنے بائیں ہاتھ پر مارا، پس فرمایا: ''یہ عثمانؓ کے لئے ہے'' پھر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے سائل سے فرمایا: یہ جوابات اپنے ساتھ لے کر جا (یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۲۱۹ میں) آئی ہے)

بَابٌ

غزوۂ احد کے سلسلہ کا چوتھا باب

۲۴- جنگِ احد میں صحابہ منتشر ہو گئے تو نبی ﷺ نے ان کو پکارا

سورۂ آلِ عمران کی آیت ۱۵۳ ہے: ﴿إِذْ تُصْعِدُوْنَ، وَلَا تَلْوُوْنَ عَلٰى أَحَدٍ، وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْ أُخْرَاكُمْ،

فَأَثَابَکُمْ غَمًّا بِغَمٍّ، لِکَیْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰی مَافَاتَکُمْ وَلَا مَا أَصَابَکُمْ، وَاللّٰہُ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْلَمُوْنَ﴾: وہ وقت یاد کرو جب تم چڑھے جارہے تھے، اور مڑ کر کسی کو نہیں دیکھ رہے تھے، اور اللہ کے رسول تمہیں تمہارے پیچھے سے پکار رہے تھے، پس تم کو غم بالائے غم سے دوچار کیا، تاکہ تم غمگین نہ ہوؤ اس بات پر جو ہاتھ سے نکل جائے اور نہ اس بات پر جو تمہیں پیش آئے، اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کی پوری خبر رکھتے ہیں۔

وضاحتیں:

۱- تُصْعِدُوْنَ: أَصْعَدَ (رباعی) سے ہے، أَصْعَدَ فِی الْعَدْوِ کے معنی ہیں: تیز دوڑنا، اور أَصْعَدَ اور صَعِدَ: رباعی وثلاثی کے مفہوم میں چڑھنا اور پہنچنا بھی ہے، صَعِدَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھا ﴿إِلَیْہِ یَصْعَدُ الْکَلِمُ الطَّیِّبُ﴾: اللہ کی طرف پہنچتی ہیں ستھری باتیں، آیت کے بعد یہ وضاحت مُستملی کے نسخہ میں نہیں ہے، باقی نسخوں میں ہے۔

۲- غم کے معنی ہیں: رنج وملال، بے چینی، جمع غُموم اور أَثَابَہ کے معنی ہیں: بدلہ دینا، جیسے ﴿أَثَابَھُمُ اللّٰہُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْأَنْھٰرُ﴾: اللہ تعالیٰ ان کو ان کے قول کے عوض ایسے باغات دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہونگی۔

۳- غَمًّا بِغَمٍّ: غم بالائے غم! یعنی طرح طرح سے تمہیں پریشانیوں کا سامنا ہوا، اپنے آدمیوں کے مارے جانے کا غم لاحق ہوا، کسی نے افواہ اڑادی کہ نبی ﷺ شہید کردیئے گئے، اس کا رنج وملال ہوا، اور جیتی ہوئی جنگ ہار سے بدل گئی، اس کا بھی افسوس ہوا، یہ طرح طرح کے غم اکٹھا ہوگئے، ان میں حکمت یہ تھی کہ مؤمن کو ہمیشہ رضا بہ قضاء رہنا چاہے، اس کی یہ عملی مشق کرائی گئی کہ کوئی زد پہنچے تو غم نہ کھائے، کوئی چیز ہاتھ سے نکل جائے تو افسوس نہ کرے، اور کوئی حادثہ یا بلا پہنچے تو غمگین نہ ہو، یہ خیال کرے کہ سب کچھ اللہ کی طرف سے ہوتا ہے، یہ حکمت تھی احد میں جو معاملہ پیش آیا اس کی۔

۴- جب تیراندازوں نے کہا: تمہارے بھائی جیت گئے، غنیمت حاصل کرو! تمہارے بھائی جیت گئے اب کس بات کا انتظار ہے؟ کمانڈر حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم بھول گئے رسول اللہ ﷺ نے تمہیں کیا حکم دیا تھا؟ پھر بھی چالیس تیرانداز مورچہ چھوڑ کر غنیمت سمیٹنے چلے گئے، اس طرح مسلمانوں کی پشت ننگی ہوگئی۔

خالد بن الولید جو اس سے پہلے تین بار اس مورچہ کو سر کرنے کی کوشش کر چکے تھے، اس زریں موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے تیزی سے چکر کاٹ کر اسلامی لشکر کی پشت پر پہنچے، اور چند لمحوں میں عبداللہ بن جبیرؓ اور ان کے ساتھیوں کو شہید کردیا اور مسلمانوں پر پیچھے سے ٹوٹ پڑے اور انھوں نے ایک نعرہ لگایا جس سے شکست خوردہ مشرکین کو صورتِ حال کی تبدیلی کا علم ہوگیا، وہ بھی پلٹ گئے اور مسلمان نرغے میں آگئے، وہ گھبراہٹ میں بھاگے جارہے تھے، مڑ کر کسی کو نہیں دیکھ رہے تھے، مگر نبی ﷺ جم کر میدان میں ڈٹے ہوئے تھے، وہ صحابہ کو بلارہے تھے، مگر لوگ تشویش واضطراب میں تھے، کہاں سن رہے تھے؟ آخر کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے زور سے آواز لگائی، تب لوگوں نے سنی اور واپس آکر نبی ﷺ کے گرد جمع ہوگئے

اس طرح ہاری ہوئی جنگ کسی درجہ میں جیت لی گئی۔

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے جنگِ احد میں پیدل فوج پر عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا تھا، اور لوگ شکست خوردہ بھاگے جارہے تھے (پہاڑ پر چڑھ رہے تھے) یہی وہ وقت تھا جب ان کو نبی ﷺ نے ان کے پیچھے سے پکارا (یہ حدیث تفصیل سے تحفۃ القاری (۳۴۹:۶) میں گذری ہے)

[۲۰-] بَابٌ

﴿إِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلاَ تَلْوُوْنَ عَلٰى أَحَدٍ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْ أُخْرَاكُمْ فَأَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ لِكَيْلاَ تَحْزَنُوْا عَلٰى مَافَاتَكُمْ وَلاَ مَا أَصَابَكُمْ، وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ﴾[آلِ عمران: ۱۵۳]

تُصْعِدُوْنَ: تَذْهَبُوْنَ، أَصْعَدَ وَصَعِدَ فَوْقَ الْبَيْتِ.

[۴۰۶۷-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى الرَّجَّالَةِ يَوْمَ أُحُدٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جُبَيْرٍ، وَأَقْبَلُوْا مُنْهَزِمِيْنَ، فَذَاكَ: إِذْ يَدْعُوْهُمُ الرَّسُوْلُ فِيْ أُخْرَاهُمْ[راجع: ۳۰۳۹]

بَابٌ

جنگِ احد کے سلسلہ کا پانچواں باب

۲۵- اونگھ چین بن کر اتری اور بے چینی ختم ہوئی

سورۂ آلِ عمران کی آیت ۱۵۴ ہے: ﴿ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشٰى طَائِفَةً مِنْكُمْ﴾: پھر اللہ تعالیٰ نے اس بے چینی کے بعد تم پر چین بھیجا یعنی اونگھ، جو تم میں سے ایک جماعت پر چھائی جارہی تھی۔

تفسیر: جنگِ احد میں جن کو شہید ہونا تھا ہوگئے اور جن کو ہٹنا تھا ہٹ گئے، اور جو میدان میں باقی رہے ان میں سے مخلص مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ نے ایک دم غنودگی طاری کردی، لوگ کھڑے کھڑے اونگھنے لگے، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے کئی مرتبہ تلوار زمین پر گری، یہ حسی اثر تھا اس باطنی سکون کا جو اس ہنگامہ رُست خیز میں مؤمنین کے دلوں پر وارد ہوا، اس سے خوف وہراس کافور ہوگیا، یہ کیفیت ٹھیک اس وقت پیش آئی جب لشکر اسلام میں نظم وضبط قائم نہیں رہا تھا، بیسیوں لاشیں خاک وخون میں تڑپ رہی تھیں، سپاہی زخموں سے چور تھے، نبی ﷺ کے قتل کی افواہ سے رہے سہے ہوش گم ہوگئے تھے، پس یہ نیند بیدار ہونے کا پیام تھی، غنودگی طاری کرکے ان کی ساری تھکن دور کردی اور ان کو متنبہ فرمادیا کہ خوف وہراس اور تشویش واضطراب کا وقت جاچکا، مأمون ومطمئن ہوکر اپنا فرض انجام دو، چنانچہ فوراً صحابہ نے نبی ﷺ کے گرد جمع

ہوکرلڑائی کا محاذ قائم کرلیا،تھوڑی دیر کے بعد مطلع صاف تھا، دشمن سامنے سے بھاگتا نظر آیا۔

قَوْلُهُ:﴿وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ، يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ مِنْ شَيْئٍ، قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلّٰهِ، يُخْفُوْنَ فِيْ أَنْفُسِهِمْ مَالاَ يُبْدُوْنَ لَكَ، يَقُوْلُوْنَ لَوْكَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا، قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلٰى مَضَاجِعِهِمْ﴾

ترجمہ: اور ایک دوسری جماعت وہ تھی جن کو اپنی ہی پڑی تھی، وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے بارے میں خلاف واقعہ گمان کررہے تھے، جو محض حماقت والے گمان تھے، وہ کہہ رہے تھے: کیا ہمارا معاملہ میں کچھ اختیار ہے؟ آپؐ جواب دیں: سب اختیار اللہ کا ہے، وہ لوگ اپنے دلوں میں ایسی بات پوشیدہ رکھتے ہیں جس کو وہ آپؐ کے سامنے ظاہر نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں: اگر ہمارا کچھ اختیار ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے! آپؐ کہہ دیں: اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے تب بھی جن لوگوں کے لئے مارا جانا مقدر تھا وہ ان مقامات کی طرف نکلتے، جہاں وہ مارے گئے۔

تفسیر: بزدل اور ڈرپوک منافقین جن کو نہ اسلام کی فکر تھی نہ نبی ﷺ کی محض اپنی جان بچانے کی فکر میں ڈوبے ہوئے تھے کہ کہیں ابوسفیان کی فوج نے دوبارہ حملہ کردیا تو ہمارا کیا حشر ہوگا؟ اس خوف وفکر میں اونگھ یا نیند کہاں آتی؟ جب دماغوں میں خیالات پکار رہے تھے کہ اللہ کے وعدے کہاں گئے؟ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسلام کا قصہ نمٹ گیا، اب نبی ﷺ اور مسلمان اپنے گھر واپس جانے والے نہیں، سب یہیں کام آجائیں گے، وہ یہ بھی سوچ رہے تھے کہ جو ہونا تھا ہوگیا، ہمارا اس میں کیا اختیار ہے؟ ان کو جواب دیا: بیشک تمہارے ہاتھ میں کچھ نہیں، سب کام اللہ کے ہاتھ میں ہیں، جس کو چاہے بنائے یا بگاڑے، غالب کرے یا مغلوب، آفت بھیجے یا راحت، کامیاب کرے یا ناکام، سب اس کے قبضہ میں ہے، مگر تمہارے دلوں میں چور ہے، تم آپس میں کہتے ہو: شروع میں ہماری رائے نہیں مانی گئی، چند جوشیلے ناتجربہ کاروں کے کہنے پر مدینہ سے باہر لڑنے نکل آئے، آخر منہ کی کھائی، اگر ہمارے مشورہ پر عمل کیا جاتا تو اس قدر نقصان نہ اٹھانا پڑتا، ہماری برادری کے بہت آدمی مارے گئے وہ کیوں مارے جاتے؟ آپؐ اس کا جواب دیں: اب حسرت وافسوس سے کچھ حاصل نہیں، اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کی موت کی جگہ، سبب اور وقت لکھ دیا ہے، جو کبھی ٹل نہیں سکتا، اگر تم اپنے گھروں میں بیٹھے رہتے اور فرض کرو تمہاری ہی رائے سنی جاتی تو بھی جن کی قسمت میں احد کے قریب جس جگہ مارا جانا لکھا جاچکا تھا وہ کسی نہ کسی سبب سے ادھر کو نکلتے اور وہیں مارے جاتے، اس کے بجائے اللہ کا یہ انعام ہوا کہ جہاں مارا جانا مقدر تھا مارے گئے اور اللہ کے راستہ میں خوشی سے بہادروں کی طرح شہید ہوئے، پھر اس پر پچھتانے اور افسوس کرنے کا کیا موقع ہے؟

قولہ:﴿وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ، وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴾: اور اللہ تعالیٰ نے ایسا اس لئے کیا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں کی بات کی آزمائش کریں اور تاکہ تمہارے دلوں میں جو بات ہے اس کو صاف کریں، اور اللہ تعالیٰ سب باطن کی باتوں کو خوب جانتے ہیں۔

تفسیر: اللہ تعالیٰ دلوں کے بھیدوں سے واقف ہیں، ان میں سے کسی کی کوئی حالت پوشیدہ نہیں، اور احد میں جو صورت پیش آئی اس سے مقصود یہ تھا کہ تم کو ایک آزمائش میں ڈالا جائے تاکہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے وہ باہر نکل آئے، امتحان کی بھٹی میں کھرا کھوٹا الگ ہوجائے، مخلصین کامیابی کا صلہ پائیں، اور ان کے دل آئندہ کے لئے وساوس اور کمزوریوں سے پاک ہوجائیں اور منافقین کا اندرونی نفاق کھل جائے اور سب لوگ صاف طور پر ان کے خبث کو سمجھنے لگیں۔

حدیث: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ان لوگوں سے تھا جن پر جنگِ احد میں اونگھ چھائی ہوئی تھی، یہاں تک کہ میری تلوار میرے ہاتھ سے کئی مرتبہ گرگئی، وہ گرتی تھی اور میں اس کو لیتا تھا پھر وہ گرتی تھی اور میں اس کو لیتا تھا۔

[۲۱-] بَابٌ

﴿ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشٰى طَائِفَةً مِنْكُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ، يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ مِنْ شَيْءٍ، قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلّٰهِ، يُخْفُوْنَ فِيْ أَنْفُسِهِمْ مَالاَ يُبْدُوْنَ لَكَ، يَقُوْلُوْنَ لَوْكَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا، قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ، وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴾[آلِ عمران: ۱۵۴]

[۴۰۶۸-] وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: كُنْتُ فِيْمَنْ تَغَشَّاهُ النُّعَاسُ يَوْمَ أُحُدٍ، حَتّٰى سَقَطَ سَيْفِيْ مِنْ يَدِيْ مِرَارًا، يَسْقُطُ وَآخُذُهُ، وَيَسْقُطُ وَآخُذُهُ.[انظر: ۴۵۶۲]

بَابٌ

جنگِ احد کے سلسلہ کا چھٹا باب

۲۶- جانی دشمنوں کے لئے بھی بددعا سے روک دیا گیا

اسلامی لشکر نرغہ میں تھا اور نبی ﷺ کے گرد اگرد خوں ریز معرکہ جاری تھا، جب مشرکین نے گھیراؤ کی کاروائی شروع کی تو نبی ﷺ کے پاس صرف نو آدمی تھے، پھر جب آپؐ نے مسلمانوں کو پکارا تو آپؐ کی آواز مشرکین نے سن لی، اور آپؐ کو پہچان لیا، کیونکہ وہ اس وقت آپؐ کے قریب تھے، چنانچہ انھوں نے جھپٹ کر آپ پر حملہ کردیا، اس فوری حملہ کی وجہ سے وہاں پر موجود مشرکین اور نو صحابہ کے درمیان نہایت سخت معرکہ آرائی ہوئی، صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ احد کے دن نبی ﷺ کے ساتھ سات انصار اور دو قریشی صحابہ تھے، جب حملہ آور آپؐ کے بالکل قریب آگئے تو آپؐ نے

فرمایا: کون ہے جو انہیں ہم سے دور کرے اور اس کے لئے جنت ہے؟ ایک انصاری صحابی آگے بڑھے اور لڑتے ہوئے شہید ہوگئے، اس طرح باری باری ساتوں انصاری صحابہ شہید ہوگئے، آخری صحابی حضرت عمارۃ بن یزید بن السکن رضی اللہ عنہ تھے وہ لڑتے رہے، یہاں تک کہ زخموں سے چور ہوکر گر پڑے، اسی لمحہ نبی ﷺ کے پاس صحابہ کی ایک جماعت آگئی، انھوں نے کفار کو پیچھے دھکیلا اور حضرت عمارۃ رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ کے قریب لائے، انھوں نے اس حالت میں دم توڑا کہ ان کا رخسار نبی ﷺ کے قدم پر تھا، اب جو دو قریشی صحابی رہ گئے تھے وہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما تھے، یہ لمحہ نبی ﷺ کی زندگی کے لئے نازک ترین لمحہ تھا اور مشرکین کے لئے سنہری موقع تھا، مشرکین نے اس موقع سے فائدہ اٹھانے میں کوئی کوتاہی نہیں کی، انھوں نے اپنا تابڑ توڑ حملہ جاری رکھا اور چاہا کہ آپؐ کا کام تمام کردیں، مگر دونوں قریشی صحابہ نے نادر الوجود جاں بازی اور بے مثال بہادری سے مشرکین کی کامیابی ناممکن بنادی۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ احد کے دن زخمی کئے گئے، پس آپؐ نے فرمایا: وہ قوم کیسے کامیاب ہوگی جس نے اپنے نبی کو زخمی کردیا، پس آیتِ کریمہ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾: نازل ہوئی۔

تشریح: جنگِ احد میں جب آپ ﷺ کا رَباعی دانت توڑ دیا گیا اور سر مبارک زخمی کردیا گیا تو آپؐ چہرہ مبارک سے خون پونچھتے جارہے تھے اور کہتے جارہے تھے: وہ قوم کیسے کامیاب ہوسکتی ہے جس نے اپنے نبی کے چہرے کو زخمی کردیا اور اس کا دانت توڑ دیا، حالانکہ وہ انہیں اللہ کی طرف بلا رہا تھا، پس سورۂ آلِ عمران کی آیت ۱۲۸ نازل ہوئی: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾: معاملہ میں آپؐ کا کچھ دخل نہیں یا تو اللہ تعالیٰ ان کی طرف متوجہ ہوں یا ان کو سزا دیں، کیونکہ وہ ظالم ہیں، چنانچہ آپؐ نے فوراً دعا کی: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِيْ فَإِنَّهُمْ لَايَعْلَمُوْنَ: اے اللہ! میری قوم کو بخش دے وہ مجھے جانتے نہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جب نبی ﷺ فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے رکوع سے کھڑے ہوتے تو قنوتِ نازلہ پڑھتے: اے اللہ! فلاں، فلاں اور فلاں کو اپنی رحمت سے دور کردے، یہ قنوتِ نازلہ آپؐ تسمیع وتحمید کے بعد پڑھتے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے آیتِ کریمہ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾: نازل فرمائی۔

حدیث (۳): ابن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے سالم رحمہ اللہ کہتے ہیں: نبی ﷺ تین شخصوں کے لئے بددعا کیا کرتے تھے: امیہ بن خلف کے لڑکے صفوان کے لئے اور سہیل بن عمرو کے لئے اور ابوجہل کے بھائی ہشام بن حارث کے لئے، پس آیتِ کریمہ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾: نازل ہوئی (یہ تینوں حضرات فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوئے اور ان کا اسلام اچھا رہا، اسی لئے آیت کریمہ میں بددعا سے منع کیا)

[۲۲-] بَابٌ

[۱-] ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾

[۲-] قَالَ حُمَيْدٌ وَثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ: شُجَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ، فَقَالَ: كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ شَجُّوْا نَبِيَّهُمْ؟ فَنَزَلَتْ﴿ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾[آلِ عمران:۱۲۸]

[۴۰۶۹-] حدثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللهِ السُّلَمِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِيْ سَالِمٌ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ مِنَ الرَّكْعَةِ الآخِرَةِ مِنَ الْفَجْرِ، يَقُوْلُ:" اللَّهُمَّ الْعَنْ فُلاَنًا وَفُلاَنًا وَفُلاَنًا" بَعْدَمَا يَقُوْلُ: "سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" فَأَنْزَلَ اللهُ ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾

[انظر: ۴۰۷۰، ۴۵۵۹، ۷۳۴۶]

[۴۰۷۰-] وَعَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ أَبِيْ سُفْيَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَدْعُو عَلَى صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ، وَسُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَالْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، فَنَزَلَتْ ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾[آلِ عمران:۱۲۸] [راجع: ۴۰۶۹]

بَابُ ذِكْرِ أُمِّ سَلِيْطٍ

جنگِ احد کے سلسلہ کا ساتواں باب

۲۷-جنگِ احد میں مسلمان خواتین کی خدمات

پہلے (حدیث ۴۰۶۴) حضرت عائشہ اور حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہما کی جنگِ احد میں فوجی خدمات کا تذکرہ آیا ہے وہ دونوں اپنی پیٹھوں پر پانی کی مشکیں اٹھا کر تیزی سے چلتی تھیں، اور زخمیوں کو پلاتی تھیں، پھر جاتیں اور مشکیں بھر لاتیں، اور زخمیوں کو پلاتیں، اسی طرح ام سَلیط رضی اللہ عنہا جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی والدہ ہیں: جنگِ احد میں پانی کی مشکیں ڈھوتی تھیں یا پرانی مشکیں جو پھٹ جاتی تھیں ان کو سیتی تھیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک واقعہ میں ان کی اس خدمت کا ذکر کیا ہے۔

حدیث: ثعلبہ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ زنانی چادریں آئیں، جن کو آپؓ نے مدینہ کی عورتوں میں تقسیم کیا، ان میں سے ایک عمدہ چادر بچ گئی، حاضرین میں سے کسی نے کہا: امیر المؤمنین! یہ چادر آپؓ نبی ﷺ کی صاحبزادی کو عنایت فرمائیں جو آپؓ کے نکاح میں ہیں، مراد لے رہے تھے وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی ام کلثوم کو جو حضرت عمرؓ کے نکاح میں تھیں، حضرت عمرؓ نے فرمایا: ام سَلیط اس کی زیادہ حق دار ہیں، اور ام سَلیطؓ انصاری خاتون تھیں اور انھوں نے نبی ﷺ سے بیعت کی تھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ جنگِ احد میں ہمارے لئے مشکیں اٹھاتی تھیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۲۵۸) تَزْفِرُ کا ترجمہ تَخِیْطُ کیا ہے، یعنی پرانی مشکیں سیتی تھیں، مگر پہلے محشی

نے اس معنی پر اعتراض کیا تھا، اور یہاں حاشیہ میں ہے کہ تَزْفِرُ بروزن تَحْمِلُ ہے اور اسی کے ہم معنی ہے۔

[٢٣-] بَابُ ذِكْرِ أُمِّ سَلِيْطٍ

[٤٠٧١-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، وَقَالَ ثَعْلَبَةُ بْنُ أَبِيْ مَالِكٍ: إِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، قَسَمَ مُرُوْطًا بَيْنَ نِسَاءٍ مِنْ نِسَاءِ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، فَبَقِيَ مِنْهَا مِرْطٌ جَيِّدٌ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ مَنْ عِنْدَهُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَعْطِ هٰذَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الَّتِيْ عِنْدَكَ، يُرِيْدُوْنَ أُمَّ كُلْثُوْمٍ بِنْتَ عَلِيٍّ، فَقَالَ عُمَرُ: أُمُّ سَلِيْطٍ أَحَقُّ بِهِ — وَأُمُّ سَلِيْطٍ مِنْ نِسَاءِ الْأَنْصَارِ مِمَّنْ بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم— قَالَ عُمَرُ: فَإِنَّهَا كَانَتْ تَزْفِرُ لَنَا الْقِرَبَ يَوْمَ أُحُدٍ.[راجع: ٢٨٨١]

بَابُ قَتْلِ حَمْزَةَ

جنگِ احد کے سلسلہ کا آٹھواں باب

۲۸- حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت حمزة بن عبدالمطلب بن ہاشم ابوعمارہ سید الشہداء رضی اللہ عنہ: ولادت: ۵۴ سال قبل ہجرت، شہادت: ۳ ہجری، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے چچا، قریش کے بڑے سردار: جاہلیت میں بھی اور اسلام میں بھی، ایک مرتبہ ابوجہل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ستایا، حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے اس کو پیٹا اور اپنا مسلمان ہونا ظاہر کیا، بدر کی جنگ میں شریک رہے، علم بردار تھے اور بڑے کارنامے انجام دیئے، جنگوں میں وہ شتر مرغ کا پَر سینہ پر لگائے رہتے تھے، یہ ان کی پہچان تھی، احد میں آپؓ شہید ہوئے، شہادت کا واقعہ باب کی حدیث میں ہے۔

واقعہ: حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے جنگِ بدر میں جبیر کے چچا طُعیمہ بن عدی کو قتل کیا تھا، جبیر کو اس کا بڑا صدمہ تھا، اس نے اپنے غلام وحشی بن حرب سے کہا: اگر تو میرے چچا کے بدلہ میں حمزہؓ کو قتل کردے تو تو آزاد ہے، چنانچہ وحشی جنگِ احد کے لشکر میں شامل ہوگیا، احد میں جب فریقین کی صفیں قتال کے لئے مرتب ہوگئیں اور لڑائی شروع ہوئی تو سباع بن عبد العزی للکارتا ہوا نکلا کہ کوئی مقابل ہے جو میدان میں آئے؟ حضرت حمزہؓ اس کی طرف یہ کہتے ہوئے بڑھے: اے سباع! اے عورتوں کی ختنہ کرنے والی عورت کے بچے! تو اللہ اور اس کے رسول سے مقابلہ کرتا ہے؟ یہ کہہ کر اس پر تلوار کا ایک وار کیا اور اس کو ڈھیر کردیا۔ وحشی حمزہ رضی اللہ عنہ کی تاک میں ایک پتھر کے پیچھے چھپا بیٹھا تھا، جب حضرت حمزہؓ وہاں سے گذرے تو وحشی نے اپنا نیزہ تولا اور ناف پر مارا جو آر پار ہوگیا، حضرت حمزہؓ چند قدم چلے مگر لڑکھڑا کر گر پڑے اور جامِ شہادت نوش فرمایا۔

فائدہ: فتح مکہ کے بعد طائف کے وفد کے ساتھ وحشیؓ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے، کسی نے آپؐ کو اطلاع دی کہ یہ

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا قاتل ہے، آپؐ نے اس سے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے قتل کا واقعہ دریافت کیا، وحشی نے ندامت کے ساتھ تعمیل ارشاد کی، پھر وہ مسلمان ہوا، آپؐ نے اس کا اسلام قبول کیا اور فرمایا: اگر ممکن ہو تو میرے سامنے نہ آنا، چچا کا صدمہ تازہ ہوجائے گا، چنانچہ وحشیؓ پس پشت بیٹھتے تھے، پھر وہ طائف چلے گئے، وفاتِ نبوی کے بعد جب مسیلمہ کذاب نے نبوت کا دعوی کیا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس سے لوہا لیا اور خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں لشکر روانہ کیا تو وحشیؓ اس لشکر میں شامل ہوگئے اور مسیلمہ کذاب کو قتل کیا وہ کہا کرتے تھے: میں نے ایک خیر الناس کو قتل کیا اور ایک شر الناس کو، اس طرح میں نے اپنے گناہ کی مکافات کرلی۔

[۲۴-] بَابُ قَتْلِ حَمْزَةَ

[۴۰۷۲-] حَدَّثَنِیْ أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُجَیْنُ بْنُ الْمُثَنّٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ أُمَیَّةَ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ الْخِیَارِ، فَلَمَّا: قَدِمْنَا حِمْصَ، قَالَ لِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ: هَلْ لَكَ فِیْ وَحْشِیٍّ نَسْأَلُهُ عَنْ قَتْلِ حَمْزَةَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ- وَكَانَ وَحْشِیٌّ یَسْكُنُ حِمْصَ- فَسَأَلْنَا عَنْهُ، فَقِیْلَ لَنَا: هُوَ ذَاكَ فِیْ ظِلِّ قَصْرِهِ، كَأَنَّهُ حَمِیْتٌ، قَالَ: فَجِئْنَا حَتّٰی وَقَفْنَا عَلَیْهِ بِیَسِیْرٍ، فَسَلَّمْنَا فَرَدَّ السَّلاَمَ.

ترجمہ: عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کے لڑکے جعفرؒ کہتے ہیں: میں عبید اللہ بن عدی کے ساتھ نکلا، جب ہم حمص پہنچے تو مجھ سے عبید اللہ نے کہا: کیا آپ وحشیؓ سے ملنا چاہتے ہیں، ہم ان سے قتلِ حمزہؓ کا واقعہ پوچھیں گے؟ میں نے کہا: ہاں، اور وحشی رضی اللہ عنہ حمص میں رہتے تھے، پس ہم نے ان کے بارے میں لوگوں سے پوچھا، ہمیں بتایا گیا کہ وہ یہ رہے اپنے محل کے سایہ میں، گویا وہ مشک ہیں، جس میں شہد یا گھی یا تیل رکھا جاتا ہے (اس مشک پر بال نہیں ہوتے اور یہ تشبیہ موٹاپے کی وجہ سے تھی، موٹے جسم کے آدمی کو کپی کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں) جعفر کہتے ہیں: پس ہم پہنچے، یہاں تک کہ ان کے پاس تھوڑی دیر کھڑے رہے، پس ہم نے سلام کیا، انھوں نے سلام کا جواب دیا۔

قَالَ: وَعُبَیْدُ اللّٰهِ مُعْتَجِرٌ بِعِمَامَتِهِ، مَا یَرٰی وَحْشِیٌّ إِلاَّ عَیْنَیْهِ وَرِجْلَیْهِ، فَقَالَ عُبَیْدُ اللّٰهِ: یَا وَحْشِیُّ! أَتَعْرِفُنِیْ؟ قَالَ: فَنَظَرَ إِلَیْهِ، ثُمَّ قَالَ: لاَ وَاللّٰهِ، إِلاَّ أَنِّیْ أَعْلَمُ أَنَّ عَدِیَّ بْنَ الْخِیَارِ تَزَوَّجَ امْرَأَةً یُقَالُ لَهَا: أُمُّ قِتَالٍ بِنْتُ أَبِی الْعِیْصِ، فَوَلَدَتْ لَهُ غُلاَمًا بِمَكَّةَ فَكُنْتُ أَسْتَرْضِعُ لَهُ، فَحَمَلْتُ ذٰلِكَ الْغُلاَمَ مَعَ أُمِّهِ، فَنَاوَلْتُهَا إِیَّاهُ، فَلَكَأَنِّیْ نَظَرْتُ إِلٰی قَدَمَیْكَ. قَالَ: فَكَشَفَ عُبَیْدُ اللّٰهِ عَنْ وَجْهِهِ ثُمَّ قَالَ: أَلاَ تُخْبِرُنَا بِقَتْلِ حَمْزَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنَّ حَمْزَةَ قَتَلَ طُعَیْمَةَ بْنَ عَدِیِّ بْنِ الْخِیَارِ بِبَدْرٍ، فَقَالَ لِیْ مَوْلاَیَ جُبَیْرُ بْنُ مُطْعِمٍ: إِنْ قَتَلْتَ حَمْزَةَ بِعَمِّیْ فَأَنْتَ حُرٌّ.

ترجمہ: جعفر کہتے ہیں: عبید اللہ سر پر عمامہ باندھ کر اس کا پلہ منہ پر ڈالے ہوئے تھے یعنی ڈھاٹا باندھ رکھا تھا، وحشیؓ نہیں دیکھ رہے تھے مگر ان کی دونوں آنکھیں اور دونوں پیر، پس عبید اللہ نے کہا: اے وحشی! آپ مجھے پہچانتے ہیں؟ جعفر کہتے ہیں: پس وحشیؓ نے ان کی طرف دیکھا پھر کہا: نہیں بخدا! البتہ میں اتنی بات جانتا ہوں کہ عدی بن الخیار نے ایک عورت سے نکاح کیا تھا جس کو ام قتال بنت ابی العیص کہا جاتا تھا، اس نے عدی کے لئے مکہ میں ایک لڑکا جنا، میں اس لڑکے کے لئے دودھ پلانے والی عورت تلاش کررہا تھا، چنانچہ میں نے اس لڑکے کو اس کی ماں کے ساتھ اٹھایا اور میں نے وہ لڑکا اس کو دیا، پس گویا میں تیرے دونوں پیروں کی طرف دیکھ رہا ہوں یعنی تو وہی لڑکا ہے، جعفر کہتے ہیں: پس عبید اللہ نے اپنا چہرہ کھول دیا اور کہا: کیا آپ ہمیں حمزہ رضی اللہ عنہ کے قتل کا واقعہ سنائیں گے؟ وحشیؓ نے کہا: ہاں، حمزہ رضی اللہ عنہ نے طعیمہ بن عدی بن الخیار کو بدر میں قتل کیا تھا، پس مجھ سے میرے آقا جبیر بن معطم نے کہا: اگر تو میرے چچا کے بدلہ میں حمزہ رضی اللہ عنہ کو قتل کردے تو تو آزاد ہے۔

قَالَ: فَلَمَّا أَنْ خَرَجَ النَّاسُ عَامَ عَيْنَيْنِ – وَعَيْنَيْنِ جَبَلٌ بِحِيَالِ أُحُدٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ وَادٍ– خَرَجْتُ مَعَ النَّاسِ إِلَى الْقِتَالِ فَلَمَّا اصْطَفُّوْا لِلْقِتَالِ خَرَجَ سِبَاعٌ فَقَالَ: هَلْ مِنْ مُبَارِزٍ؟ قَالَ: فَخَرَجَ إِلَيْهِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ: يَا سِبَاعُ! يَا ابْنَ أُمِّ أَنْمَارٍ مُقَطِّعَةِ الْبُظُوْرِ! أَتُحَادُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: ثُمَّ شَدَّ عَلَيْهِ فَكَانَ كَأَمْسِ الذَّاهِبِ قَالَ: وَكَمَنْتُ لِحَمْزَةَ تَحْتَ صَخْرَةٍ فَلَمَّا دَنَا مِنِّيْ رَمَيْتُهُ بِحَرْبَتِيْ، فَأَضَعُهَا فِيْ ثُنَّتِهِ حَتَّى خَرَجَتْ مِنْ بَيْنِ وَرِكَيْهِ، قَالَ: فَكَانَ ذَاكَ الْعَهْدَ بِهِ، فَلَمَّا رَجَعَ النَّاسُ رَجَعْتُ مَعَهُمْ فَأَقَمْتُ بِمَكَّةَ، حَتَّى فَشَا فِيْهَا الإِسْلَامُ، ثُمَّ خَرَجْتُ إِلَى الطَّائِفِ، فَأَرْسَلُوْا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رُسُلًا، فَقِيْلَ لِيْ: إِنَّهُ لَا يُهِيْجُ الرُّسُلَ، قَالَ: فَخَرَجْتُ مَعَهُمْ حَتَّى قَدِمْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا رَآنِيْ قَالَ: "أَنْتَ وَحْشِيٌّ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "أَنْتَ قَتَلْتَ حَمْزَةَ" قُلْتُ: قَدْ كَانَ مِنَ الْأَمْرِ مَا قَدْ بَلَغَكَ، قَالَ: "فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تُغَيِّبَ وَجْهَكَ عَنِّيْ" قَالَ: فَخَرَجْتُ.

ترجمہ: وحشیؓ نے کہا: پھر جب لوگ نکلے عَیْنَیْن کے سال —— اور عَینین احد کے پاس ایک پہاڑ کا نام ہے اس کے اور احد کے درمیان ایک میدان ہے (۱) —— پس میں لوگوں کے ساتھ جنگ کے لئے نکلا، جب لوگوں نے جنگ کے لئے صفیں درست کرلیں تو سباع بن عبدالعزی خزاعی نکلا، اس نے کہا: کوئی مقابلہ کرنے والا ہے؟ وحشیؓ نے کہا: پس اس کی طرف حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نکلے اور کہا: او سباع! ختنہ کی چمڑی کاٹنے والی ام انمار کے بیٹے! کیا تو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے؟ وحشیؓ کہتے ہیں: حمزہ رضی اللہ عنہ نے اس پر حملہ کیا، پس وہ گذشتہ کل کی طرح ہوگیا یعنی اس کا نام ونشان مٹ گیا۔ وحشیؓ کہتے ہیں: اور میں چھپا ہوا تھا حمزہؓ کے لئے ایک چٹان کے پیچھے، جب وہ مجھ سے قریب آئے تو میں نے ان کو

(۱) مشرکین مکہ عَینین پہاڑی کے پاس ٹھہرے تھے، اس لئے اس غزوہ کو 'غزوۂ عینین' بھی کہتے تھے اور مسلمان احد پہاڑ کے دامن میں اترے تھے، اس لئے وہ اس کو غزوۂ احد کہتے تھے ۱۲

اپنا چھوٹا نیزہ پھینک مارا، مارا میں نے اس نیزہ کو زیر ناف، یہاں تک کہ نکل گیا وہ ان کے دونوں کولھوں کے درمیان سے، وحشیؓ کہتے ہیں: پس یہ تھا میرا ان کے ساتھ معاملہ! پھر جب لوگ (جنگِ احد سے) لوٹے تو میں بھی ان کے ساتھ لوٹا اور مکہ میں رہتا رہا، یہاں تک کہ مکہ میں اسلام پھیلا تو میں طائف چلا گیا، طائف والوں نے نبی ﷺ کے پاس سفراء بھیجے، پس مجھ سے کہا گیا کہ نبی ﷺ سفراء کو برانگیختہ نہیں کرتے یعنی ان کے ساتھ سخت برتاؤ نہیں کرتے، وحشیؓ کہتے ہیں: میں ان کے ساتھ نکلا، یہاں تک کہ میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا، جب آپؐ نے مجھے دیکھا تو پوچھا: تو وحشی ہے؟ میں نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا: تو نے حمزہؓ کو قتل کیا ہے؟ میں نے کہا: جو بات آپؐ کو پہنچی ہے وہ صحیح ہے، آپؐ نے فرمایا: پس کیا تو طاقت رکھتا ہے کہ چھپائے اپنے چہرہ کو مجھ سے؟ وحشیؓ کہتے ہیں: پس میں طائف چلا گیا۔

فَلَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَخَرَجَ مُسَيْلَمَةُ الْكَذَّابُ، قُلْتُ: لَأَخْرُجَنَّ إِلٰى مُسَيْلَمَةَ لَعَلِّيْ أَقْتُلُهُ فَأُكَافِئُ بِهِ حَمْزَةَ، قَالَ: فَخَرَجْتُ مَعَ النَّاسِ فَكَانَ مِنْ أَمْرِهِ مَا كَانَ، فَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ فِيْ ثَلْمَةِ جِدَارٍ، كَأَنَّهُ جَمَلٌ أَوْرَقُ ثَائِرُ الرَّأْسِ، قَالَ: فَرَمَيْتُهُ بِحَرْبَتِيْ فَوَضَعْتُهَا بَيْنَ ثَدْيَيْهِ حَتَّى خَرَجَتْ مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِ، قَالَ: وَوَثَبَ إِلَيْهِ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ عَلٰى هَامَتِهِ.

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ: فَأَخْبَرَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ: أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: فَقَالَتْ جَارِيَةٌ عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ: وَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! قَتَلَهُ الْعَبْدُ الْأَسْوَدُ.

ترجمہ: پھر جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی اور مسیلمہ کذاب نے نبوت کا دعوی کیا تو میں نے دل میں سوچا: ضرور نکلوں گا میں مسیلمہ کی طرف، شاید میں اس کو قتل کروں، پس مکافات کروں میں اس کے ذریعہ قتل حمزہؓ کی، وحشی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس نکلا میں لوگوں کے ساتھ، پس تھا مسیلمہ کے معاملہ میں سے جو تھا یعنی مسلمانوں کے لشکر اور اس کے لشکر میں سخت جنگ ہوئی، وحشیؓ کہتے ہیں: پس اچانک ایک آدمی دیوار کی درز میں کھڑا تھا، گویا وہ خاکستری اونٹ ہے، پراگندہ سر تھا (یہ مسیلمہ کذاب تھا، وہ وہاں چھپا ہوا تھا) وحشیؓ کہتے ہیں: پس میں نے اس کو اپنا چھوٹا نیزہ مارا، رکھا میں نے اس کو اس کی دونوں چھاتیوں کے درمیان، یہاں تک کہ وہ نکل گیا اس کے دونوں شانوں کے درمیان سے، وحشیؓ کہتے ہیں: پس کودا اس کی طرف ایک انصاری آدمی، اس نے اس کی کھوپڑی پر تلوار ماری (یہ عبداللہ بن زید بن عاصم مازنی تھے، انھوں نے تلوار سے مسیلمہ کو اس کے انجام تک پہنچایا)

اور ایک دوسری سند سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں: پس ایک گھر کی پشت (چھت) پر سے ایک باندی نے پکارا! ہائے امیر المؤمنین! مار دیا ان کو کالے غلام نے، یعنی مسیلمہ کے قتل میں اصل کردار وحشیؓ کا تھا، اور عبداللہؓ نے اس کو اس کے انجام تک پہنچایا تھا، باندی نے یہی بات کہی ہے۔

بَابُ مَا أَصَابَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْجِرَاحِ يَوْمَ أُحُدٍ

جنگِ احد کے سلسلہ کا نواں باب

۲۹-جنگِ احد میں نبی ﷺ زخمی ہوئے

غزوۂ احد میں جب نبی ﷺ دشمنوں کے نرغہ میں پھنس گئے تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے بھائی ملعون عتبہ بن ابی وقاص نے آپؐ کو ایک پتھر مارا جس سے آپؐ پہلو کے بل گر گئے اور آپؐ کا داہنا نچلا رباعی دانت ٹوٹ گیا، منہ کے بالکل بیچ میں نیچے اوپر کے دونوں دانت 'ثنایا' کہلاتے ہیں ان کے دائیں بائیں نیچے اوپر کے ایک ایک دانت رَباعی کہلاتے ہیں، جو کچلی کے نوکیلے دانتوں سے پہلے ہوتے ہیں، اس دانت کا ایک حصہ ٹوٹ گیا اور آپؐ کا نچلا ہونٹ زخمی ہوگیا، پھر عبداللہ بن شہاب زہری نے آگے بڑھ کر آپؐ کی پیشانی کو زخمی کردیا اور عبداللہ بن قَمِئَة نے بڑھ کر آپؐ کے کندھے پر ایسی زور کی تلوار ماری کہ آپؐ ایک مہینہ تک اس کی تکلیف محسوس کرتے رہے، مگر آپؐ کی دوہری زرہ کٹ نہ سکی، پھر اس نے ایک اور تلوار ماری جو آنکھ سے نیچے کی ابھری ہوئی ہڈی پر لگی اور اس کی وجہ سے خود[1] کی دو کڑیاں چہرہ مبارک میں گھس گئیں اور اس نے کہا: لے میں قَمِئَة (توڑنے والی) کا بیٹا ہوں، نبی ﷺ نے چہرہ مبارک سے خون پونچھا اور فرمایا: اللہ تجھے توڑ ڈالے، چنانچہ جب ابن قمئة جنگ سے گھر لوٹا تو اپنی بکریاں دیکھنے کے لئے جنگل گیا، بکریاں پہاڑ کی چوٹی پر تھیں، ابن قمئة اوپر چڑھا، ایک پہاڑی بکرے نے اس پر حملہ کردیا اور سینگ مار مار کر اس کے ٹکڑے ٹکڑے کردیئے۔ (فتح الباری)

[۲۵-] بَابُ مَا أَصَابَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْجِرَاحِ يَوْمَ أُحُدٍ

[۴۰۷۳-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى قَوْمٍ فَعَلُوْا بِنَبِيِّهِ، يُشِيْرُ إِلٰى رَبَاعِيَتِهِ، اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى رَجُلٍ يَقْتُلُهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ کا غصہ بھڑکا/ بھڑکے ایسے لوگوں پر جنھوں نے کیا اپنے نبی کے ساتھ، اشارہ کررہے تھے آپؐ اپنی رَباعی دانت کی طرف (یہ اشارہ ھذا کے قائم مقام ہے، اور) اللہ کا غصہ بھڑکا/ بھڑکے ایسے شخص پر جس کو اللہ کے رسول نے اللہ کے راستہ میں قتل کیا۔

فائدہ: نبی ﷺ نے جنگوں میں اپنے ہاتھ سے صرف ایک مشرک کو قتل کیا ہے، اور وہ ابی بن خلف ہے، احد میں جب

(۱) خَود لوہے کی ٹوپی، جسے جنگ میں سر اور چہرے کی حفاظت کے لئے پہنتے ہیں، اس کو بَیْضَة بھی کہتے ہیں۔

نبی ﷺ گھاٹی میں چلے گئے تو ابی بن خلف یہ کہتا ہوا آیا: محمد (ﷺ) کہاں ہے یا تو میں رہوں گا یا وہ رہے گا، صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے کوئی اس پر حملہ کرے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: اسے آنے دو، جب وہ قریب آیا تو رسول اللہ ﷺ نے حارث بن الصمہؓ سے ایک چھوٹا نیزہ لیا اور اس کو جھٹکا دیا تو لوگ ادھر ادھر ہو گئے، جیسے اونٹ اپنے بدن کو جھٹکا دیتا ہے تو مکھیاں اڑ جاتی ہیں، پھر آپؐ ابی کے سامنے پہنچے اور اس کے خود اور زرہ کے درمیان حلق کے پاس تھوڑی سی جگہ کھلی تھی، اس جگہ ایسا نیزہ مارا کہ وہ گھوڑے سے لڑھک گیا اور واپس چلا گیا، قریش نے دیکھا کہ اس کی گردن میں کوئی خراش نہیں، مگر وہ کہنے لگا: واللہ مجھے محمد (ﷺ) نے قتل کر دیا، لوگوں نے کہا: تجھے کوئی خاص چوٹ نہیں، اس نے کہا: محمد (ﷺ) مکہ میں مجھ سے کہہ چکا ہے کہ میں تجھے قتل کروں گا، مکہ میں اس کی نبی ﷺ سے ملاقات ہوتی تھی وہ آپؐ سے کہتا تھا: محمد! (ﷺ) میرے پاس عود نامی گھوڑا ہے میں اسے روزانہ تین صاع (دس کلو) دانہ کھلاتا ہوں، اس پر بیٹھ کر تجھے قتل کروں گا، نبی ﷺ فرماتے: میں ہی ان شاء اللہ تجھے قتل کروں گا، پس اگر آج وہ مجھ پر تھوک بھی دیتا تو میری جان نکل جاتی، بالآخر اللہ کا دشمن مکہ واپس جاتے ہوئے مقام سرف میں مر گیا، مرتے وقت وہ بیل کی طرح آواز نکالتا تھا اور کہتا تھا: اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! جو تکلیف مجھے ہے اگر وہ ذوالمجاز کے سارے باشندوں پر تقسیم کر دی جائے تو وہ سب کے سب مر جائیں۔

[٤٠٧٤-] حَدَّثَنِیْ مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى مَنْ قَتَلَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى قَوْمٍ دَمَّوْا وَجْهَ نَبِيِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[انظر: ٤٠٧٦]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: اللہ کا غصہ بھڑکا اس شخص پر جس کو نبی ﷺ نے راہ خدا میں قتل کیا (اور) اللہ کا غصہ بھڑکا ایسی قوم پر جنھوں نے اللہ کے نبی کے چہرے کو خون آلود کیا!

لغت: دَمَّ (ن،ض) دَمَامَةَ الْوَجْهَ: چہرے کو بدنما کر دینا، خون خون کر دینا۔

فائدہ: نبی کے ہاتھ سے جہاد میں جو مارا جاتا ہے اس کو سخت عذاب ہوتا ہے اس وجہ سے نبی ﷺ نے کسی جہاد میں کسی کو اپنے ہاتھ سے نہیں مارا، کیونکہ آپؐ رحمۃ للعالمین تھے، ایک اُبی ہی ایسا شخص تھا جس کو اپنے ہاتھ سے مارا۔

بَابٌ

جنگِ احد کے سلسلہ کا دسواں باب

۳۰- نبی ﷺ کا چہرہ دھویا گیا، زخم میں چٹائی جلا کر راکھ بھری گئی تب خون بند ہوا

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اور اکثر نسخوں میں یہاں باب نہیں ہے۔

حدیث: حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے نبی ﷺ کے زخم کے بارے میں پوچھا گیا: آپؐ نے فرمایا: سنو! بخدا میں جانتا ہوں اس کو جو نبی ﷺ کا زخم دھورہا تھا اور جو پانی ریڑھ رہا تھا اور جو دوا کی گئی، اور جو علاج کیا گیا، حضرت سہلؓ نے کہا: صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا زخم دھورہی تھیں اور حضرت علیؓ ڈھال سے پانی ڈال رہے تھے، جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ پانی سے خون بڑھتا ہی چلا جارہا ہے تو انھوں نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لیا، اس کو جلایا اور اس کی راکھ چپکائی تو خون تھما، اور اس دن آپؐ کا رباعی دانت توڑا گیا اور آپ کا چہرہ زخمی کیا گیا اور آپ کا خود آپؐ کے سر پر توڑا گیا، پھر حضرت ابن عباسؓ کی موقوف روایت دوسری سند سے لائے ہیں، جو ابھی پچھلے باب میں گذر چکی ہے۔

بَابٌ

[٤٠٧٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، وَهُوَ يُسْأَلُ عَنْ جُرْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: أَمَا وَاللّٰهِ! إِنِّيْ لَأَعْرِفُ مَنْ كَانَ يَغْسِلُ جُرْحَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَنْ كَانَ يَسْكُبُ الْمَاءَ، وَبِمَا دُوْوِيَ؟ قَالَ: كَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَغْسِلُهُ، وَعَلِيٌّ يَسْكُبُ الْمَاءَ بِالْمِجَنِّ، فَلَمَّا رَأَتْ فَاطِمَةُ أَنَّ الْمَاءَ لَايَزِيْدُ الدَّمَ إِلَّا كَثْرَةً أَخَذَتْ قِطْعَةً مِنْ حَصِيْرٍ فَأَحْرَقَتْهَا فَأَلْصَقَتْهَا فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ، وَكُسِرَتِ رَبَاعِيَّتُهُ يَوْمَئِذٍ، وَجُرِحَ وَجْهُهُ، وَكُسِرَتِ الْبَيْضَةُ عَلٰى رَأْسِهِ.[راجع: ٢٤٣]

[٤٠٧٦-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى مَنْ قَتَلَهُ نَبِيٌّ، وَاشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى مَنْ دَمَّى وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٤٠٧٤]

بَابٌ

جنگِ احد کے سلسلہ کا گیارہواں باب

۳۱- صحابہ زخمی تھے پھر بھی کفار کا تعاقب کرنے کے لئے تیار ہوگئے

ختم جنگ کے بعد نبی ﷺ کو اندیشہ لاحق ہوا کہ اگر مشرکین نے سوچا کہ جنگ میں اپنا پلہ بھاری ہوتے ہوئے بھی ہم نے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا تو انہیں یقیناً ندامت ہوگی اور وہ پلٹ کر مدینہ پر حملہ کریں گے، اس لئے آپؐ نے فیصلہ کیا کہ مکی لشکر کا تعاقب کیا جائے۔

چنانچہ معرکۂ احد کے دوسرے دن یعنی یکشنبہ ۸ شوال ۳ ہجری کو علی الصباح اعلان فرمایا کہ دشمن کے تعاقب کے لئے چلنا ہے اور ہمارے ساتھ وہی چلے جو معرکہ احد میں شریک تھا، عبداللہ بن ابی نے ساتھ چلنے کی اجازت چاہی مگر آپؐ نے اجازت نہیں دی، مسلمان سب زخموں سے چور، غم سے نڈھال اور خوف سے دوچار تھے، مگر سب بلا تردد تیار ہو گئے۔

پروگرام کے مطابق نبی ﷺ مسلمانوں کو ہمراہ لے کر روانہ ہوئے اور مدینہ سے آٹھ میل پر حمراء الاسد میں خیمہ زن ہوئے، وہاں معبد بن ابی معبد خُزاعی ملا اور حلقہ بگوشِ اسلام ہوا، یا ابھی وہ حلقہ بگوشِ اسلام نہیں ہوا تھا، معاہد تھا، اس نے کہا: آپؐ کو اور آپؐ کے ساتھیوں کو جو زد پہنچی ہے اس سلسلہ میں آپؐ مجھ سے کوئی خدمت لینا چاہیں تو لیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ابوسفیان کے پاس جاؤ اور اس کی حوصلہ شکنی کرو۔

اُدھر نبی ﷺ کو جو اندیشہ لاحق ہوا تھا وہ واقعہ بنا، ابوسفیان مدینہ سے چھتیس میل دور مقام روحاء پر پڑاؤ ڈالے ہوئے تھا کہ لوگ ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے کہ تم لوگوں نے کچھ نہیں کیا، مسلمانوں کی شوکت وقوت توڑ کر انہیں یونہی چھوڑ دیا، ابھی ان میں اتنے سر باقی ہیں کہ وہ پھر تمہارے لئے دردِ سر بن سکتے ہیں، پس واپس چلو اور انہیں جڑ سے اکھاڑ دو، مگر صفوان بن امیہ نے اس کی مخالفت کی اور کہا: ایسا مت کرو، مجھے خطرہ ہے کہ جو مسلمان غزوہ میں شریک نہیں ہوئے تھے وہ بھی اب تمہارے خلاف جمع ہو جائیں گے، لہٰذا واپس چلو، فتح تمہاری ہے، مدینہ پر پھر چڑھائی کرو گے تو گردش میں آجاؤ گے، مگر بھاری اکثریت نے اس کی رائے قبول نہیں کی اور فیصلہ کیا کہ مدینہ واپس چلیں۔

ابھی کفار یہ سوچ ہی رہے تھے کہ معبد خزاعی وہاں پہنچ گیا، ابوسفیان نے پوچھا: پیچھے کی کیا خبر ہے؟ معبد نے کہا: محمد (ﷺ) اپنے ساتھیوں کو لے کر تمہارے تعاقب میں نکل چکے ہیں، ان کے ساتھ اتنی بڑی جمعیت ہے کہ میں نے ایسی جمعیت کبھی نہیں دیکھی، سب لوگ غصہ میں بھرے ہوئے ہیں، احد میں جو لوگ پیچھے رہ گئے تھے وہ بھی ساتھ ہو گئے ہیں، ابوسفیان نے پوچھا: بھائی تو کیا کہہ رہا ہے؟ معبد نے کہا: تم کوچ کرنے سے پہلے لوگوں کی پیشانیاں دیکھ لوگے اور لشکر کا ہراول دستہ ٹیلہ کے پیچھے سے نمودار ہو جائے گا، یہ باتیں سن کر مکی لشکر کے حوصلے ٹوٹ گئے اور ان پر رعب طاری ہو گیا اور انہیں اسی میں عافیت نظر آئی کہ مکہ کی جانب سفر جاری رکھیں، البتہ ابوسفیان نے قبیلہ عبدالقیس کے ایک وفد سے کہا: جو وہاں سے گذرا تھا کہ میرا ایک پیغام محمد (ﷺ) کو پہنچا دینا، ان کو یہ خبر پہنچا دیں کہ ہم نے ان کی اور ان کے رفقاء کی جڑ کاٹنے کے لئے پلٹ کر دوبارہ حملہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جب یہ قافلہ حمراء الاسد پہنچا تو اس نے ابوسفیان کا پیغام سنایا، مسلمانوں نے اس کی باتیں سن کر کہا: ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾: اللہ ہمارے لئے کافی ہیں اور وہ بہترین کارساز ہیں، اس طرح ان کے ایمان میں اور اضافہ ہو گیا، نبی ﷺ حمراء الاسد میں تین دن قیام کر کے مدینہ واپس آگئے، واپسی سے پہلے ابوعزّہ جُمحی گرفت میں آگیا، یہ وہی شخص تھا جسے بدر میں گرفتار کئے جانے کے بعد اس کے فقر اور لڑکیوں کی کثرت کے سبب اس شرط پر بلا فدیہ چھوڑ دیا گیا تھا کہ وہ نبی ﷺ کے خلاف کسی کا تعاون نہیں کرے گا مگر اس نے وعدہ خلافی کی، اور اپنے اشعار کے

ذریعہ نبی ﷺ کے خلاف لوگوں کے جذبات بھڑکائے، پھر خود بھی جنگِ احد میں آیا، جب وہ گرفتار ہو کر آیا تو اس نے پھر معافی کی درخواست کی، نبی ﷺ نے فرمایا: اب ایسا نہیں ہوسکتا، تم مکہ جا کر کہو گے: میں نے محمد (ﷺ) کو دو مرتبہ دھوکہ دیا، مؤمن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا، پھر آپؐ نے حکم دیا اور اس کی گردن ماردی گئی، اسی طرح ایک جاسوس بھی جس کا نام معاویہ بن مغیرہ تھا قتل کیا گیا، غرض حمراء الاسد کا غزوہ کوئی مستقل غزوہ نہیں یہ غزوۂ احد کا تتمہ ہے۔

اسی واقعہ میں سورۂ آلِ عمران کی آیت ۱۷۲-۱۷۵ نازل ہوئیں: ﴿الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ، لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا أَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ الَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيْمَانًا وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝ إِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ أَوْلِيَآءَ هُ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ﴾

ترجمہ: جن لوگوں نے اللہ ورسول کے کہنے کو قبول کیا اس کے بعد کہ ان کو زخم پہنچا ان میں سے جو نیک اور متقی ہیں ان کے لئے ثوابِ عظیم ہے، یہ ایسے لوگ ہیں کہ ان سے لوگوں نے کہا: کفار نے تمہارے لئے فوج جمع کی ہے، سو تم ان سے ڈرو تو اس نے ان کے ایمان میں اضافہ کیا اور انھوں نے کہا: اللہ تعالیٰ ہمارے لئے کافی ہیں اور وہ بہترین کارساز ہیں، پس لوٹے وہ اللہ کی نعمت اور فضل کے ساتھ، اس حال میں کہ ذرا سی ناگواری پیش نہیں آئی، اور وہ لوگ اللہ کی خوشنودی کے تابع رہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں، وہ شیطان ہی تھا جو اپنے دوستوں سے ڈراتا تھا، تم ان سے مت ڈرو، مجھ ہی سے ڈرو، اگر تم ایمان والے ہو۔

ان آیات میں اسی غزوہ حمراء الاسد کا ذکر ہے اور باب کی حدیث میں یہ ہے کہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بھانجے عروہؒ سے کہا: تیرے ابا نبی ﷺ کی بات پر لبیک کہنے والے تھے اور تیرے نانا ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی، جب نبی ﷺ کو جنگِ احد میں پہنچی وہ بات جو پہنچی، پس ہم سے مشرکین پلٹ گئے تو اندیشہ ہوا کہ وہ لوٹ جائیں گے، پس آپؐ نے فرمایا: کون ان کا تعاقب کرے گا؟ پس صحابہ میں سے ستر آدمیوں نے لبیک کہا، عروہؒ کہتے ہیں: ان میں میرے نانا ابوبکر اور میرے ابا زبیر رضی اللہ عنہما بھی تھے۔

[۲۶-] بَابٌ

﴿الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ﴾ [آل عمران: ۱۷۲]

[۴۰۷۷-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا أَجْرٌ عَظِيْمٌ﴾ قَالَتْ

لِعُرْوَةَ: يَا ابْنَ أُخْتِيْ! كَانَ أَبُوْكَ مِنْهُمْ: الزُّبَيْرُ وَأَبُوْ بَكْرٍ، لَمَّا أَصَابَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَا أَصَابَ يَوْمَ أُحُدٍ فَانْصَرَفَ عَنْهُ الْمُشْرِكُوْنَ خَافَ أَنْ يَرْجِعُوْا، فَقَالَ: " مَنْ يَذْهَبُ فِيْ إِثْرِهِمْ؟" فَانْتَدَبَ مِنْهُمْ سَبْعُوْنَ رَجُلاً، قَالَ: كَانَ فِيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ وَالزُّبَيْرُ.

بَابُ مَنْ قُتِلَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَ أُحُدٍ

جنگِ احد کے سلسلہ کا بارہواں باب

۳۲-شہدائے احد کا تذکرہ

غزوۂ احد میں ستّر صحابہ شہید ہوئے ہیں، جن میں بھاری اکثریت انصار کی تھی، ان کے ۶۵ آدمی شہید ہوئے تھے، ۴۱ خزرج کے اور ۲۴ اوس کے، اور ایک یہودی قتل ہوا تھا، اور مہاجرین کے شہداء کی تعداد صرف چار تھی۔

اور کفار کے مقتولین کی تعداد ابن اسحاق کے بیان کے مطابق ۲۲ تھی، لیکن اصحابِ مغازی اور اہل سیر نے اس معرکہ کی جو تفصیلات ذکر کی ہیں، اور جن میں ضمناً جنگ کے مختلف مراحل میں قتل ہونے والے کفار کا تذکرہ آیا ہے، ان کی تعداد ۳۷ ہے۔ واللہ اعلم

اس باب میں چند ہی شہداء کا ذکر ہے:

۱-سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت:

پہلے (حدیث ۴۰۷۲) وحشی رضی اللہ عنہ کی زبانی حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ تفصیل سے آچکا ہے، ان کی لاش بگاڑ دی گئی تھی، ان کا جگر چبایا گیا تھا، جب نبی ﷺ نے ان کا یہ حال دیکھا تو آپ سخت غمگین ہوئے، آپؐ کی پھوپھی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں، وہ اپنے بھائی حضرت حمزہؓ کو دیکھنا چاہتی تھیں، لیکن نبی ﷺ نے ان کے صاحبزادے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے کہا: انہیں واپس لے جاؤ، وہ اپنے بھائی کی لاش نہ دیکھیں، حضرت صفیہؓ نے کہا: مجھے معلوم ہو چکا ہے کہ میرے بھائی کا مثلہ کیا گیا ہے، لیکن یہ اللہ کی راہ میں ہے اس لئے میں اس پر پوری طرح راضی ہوں، پھر وہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں، إِنَّا لِلّٰہِ پڑھا اور واپس لوٹ گئیں، پھر نبی ﷺ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کے ساتھ دفن کیا وہ حضرت حمزہؓ کے بھانجے اور رضاعی بھائی تھے، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ پر جس طرح روئے اس سے بڑھ کر روتے ہوئے میں نے آپؐ کو کبھی نہیں دیکھا، درحقیقت ان کی شہادت کا منظر ہی بڑا دلدوز تھا۔ اور حضرت خباب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے لئے ایک سیاہ دھاریوں والی چادر کے علاوہ کوئی کفن نہیں تھا، اور یہ چادر اتنی چھوٹی تھی کہ سر ڈھانکتے تھے تو پاؤں کھل

جاتے تھے اور پاؤں ڈھانکتے تھے تو سر کھل جاتا تھا، بالآخر چادر سے سر ڈھانک دیا گیا، اور پاؤں پر اذخر گھاس ڈال دی گئی۔

۲-حضرت یمان رضی اللہ عنہ کی مسلمانوں کے ہاتھوں شہادت:

پہلے (حدیث ۴۰۶۵) حضرت یمان رضی اللہ عنہ کی غلطی سے شہادت کا واقعہ آچکا ہے، یہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے والد تھے، حضرت حذیفہؓ بہت چلائے مگر کسی نے نہیں سنا، وہ مسلمانوں کی تلواروں سے شہید ہوئے۔

۳-حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ کی شہادت:

پہلے (حدیث ۴۰۴۸) حضرت انسؓ کے چچا حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ آچکا ہے، کتاب میں نام میں غلطی ہے، نضر بن انس نام نہیں ہے، بلکہ اس کے برعکس صحیح نام انس بن النضر ہے۔

۴-حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی شہادت:

پہلے (حدیث ۴۰۴۷) اور آگے (حدیث ۴۰۸۲) حضرت مصعب بن عمیرؓ کی شہادت کا واقعہ گذرا ہے اور آرہا ہے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کا بیان ہے کہ انہیں ایک چادر میں کفنایا گیا تھا، چادر چھوٹی تھی، سر ڈھانکا جاتا تھا تو پاؤں کھل جاتے تھے اور پاؤں ڈھانکے جاتے تو سر کھل جاتا، نبی ﷺ نے فرمایا: چادر سے ان کا سر ڈھانک دو اور پاؤں پر اذخر گھاس ڈال دو۔

۵-حضرت سعد بن الربیع رضی اللہ عنہ کی شہادت:

جب قریش واپس لوٹ گئے تو مسلمان اپنے شہیدوں اور زخمیوں کے لئے فارغ ہوگئے، نبی ﷺ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو بھیجا کہ سعد بن الربیع رضی اللہ عنہ کو تلاش کرو، اور فرمایا: اگر وہ مل جائیں تو انہیں میرا سلام کہنا اور پوچھنا کہ آپ اپنے آپ کو کیسا پارہے ہیں؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ مقتولین کے درمیان چکر لگاتے ہوئے ان تک پہنچے ان کی آخری سانس آجارہی تھی انہیں نیزے، تلوار اور تیر کے ستر سے زیادہ زخم آئے تھے، حضرت زیدؓ نے ان کو نبی ﷺ کا سلام پہنچایا اور مزاج پرسی کی انھوں نے سلام کا جواب دیا اور کہا: نبی ﷺ سے عرض کرنا: میں جنت کی خوشبو پارہا ہوں، اور میری قوم انصار سے کہنا: اگر تم میں سے ایک آنکھ بھی ہلتی رہی اور دشمن رسول اللہ ﷺ تک پہنچ گیا تو تمہارے لئے اللہ کے نزدیک کوئی عذر نہیں ہوگا، یہ کہہ کر ان کی روح پرواز کرگئی۔

۶-حضرت حنظلہ غسیل الملائکہ رضی اللہ عنہ کی شہادت:

حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کی لاش غائب تھی، تلاش کے بعد ایک جگہ اس حالت میں ملی کہ اس سے پانی ٹپک رہا تھا، نبی ﷺ نے صحابہ کو بتلایا کہ فرشتے انہیں غسل دے رہے تھے، پھر فرمایا: ان کی بیوی سے پوچھو کیا معاملہ ہے؟ ان کی بیوی سے دریافت کیا گیا تو انھوں نے بتلایا کہ وہ ان کے ساتھ مشغول تھے کہ جہاد کا اعلان ہوا، وہ اسی حالت میں ہتھیار پہن کر

چل دیئے، چونکہ وہ حالتِ جنابت میں تھے اس لئے فرشتوں نے ان کو غسل دیا، اور وہ غسیل الملائکہ کہلائے۔

مسئلہ: شہید کو غسل نہیں دیا جاتا، لیکن اگر کوئی حالتِ جنابت میں شہید ہو تو اس کو غسل دینا ضروری ہے۔

حدیث: قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم انصار سے زیادہ عرب کے قبیلوں میں سے کسی قبیلہ کو نہیں جانتے، کثرتِ شہداء کے اعتبار سے اور قیامت کے دن اعزاز و اکرام کے اعتبار سے، قتادہؒ کہتے ہیں: اور ہم سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ انصار میں سے جنگ احد میں ستر آدمی قتل کئے گئے اور بیر معونہ میں ستر آدمی، اور جنگِ یمانہ میں ستر آدمی، قتادہؒ کہتے ہیں: بیر معونہ کا واقعہ عہد نبوی میں پیش آیا اور یمامہ کا واقعہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں، جب مسیلمہ کذاب سے جنگ ہوئی۔

[۲۷-] بَابُ مَنْ قُتِلَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَ أُحُدٍ

مِنْهُمْ: حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَالْيَمَانُ، وَالنَّضْرُ بْنُ أَنَسٍ، وَمُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ.

[٤٠٧٨-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: مَا نَعْلَمُ حَيًّا مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ أَكْثَرَ شَهِيْدًا، أَعَزَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ.

قَالَ قَتَادَةُ: وَحَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّهُ قُتِلَ مِنْهُمْ يَوْمَ أُحُدٍ سَبْعُوْنَ، وَيَوْمَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ سَبْعُوْنَ، وَيَوْمَ الْيَمَامَةِ سَبْعُوْنَ، قَالَ: وَكَانَ بِئْرُ مَعُوْنَةَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَيَوْمُ الْيَمَامَةِ عَلٰى عَهْدِ أَبِيْ بَكْرٍ، يَوْمَ مُسَيْلَمَةَ الْكَذَّابِ.

آئندہ حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ احد کے شہداء میں سے دو آدمیوں کو ایک کپڑے میں جمع کرتے تھے اور پوچھتے تھے: ان میں سے کس کو قرآن زیادہ یاد تھا؟ جب کسی کی طرف اشارہ کیا جاتا تو آپؐ اس کو لحد میں آگے رکھتے تھے، اور آپؐ نے فرمایا: میں قیامت کے دن ان لوگوں پر گواہ ہوں گا (کہ یہ حضرات راہِ خدا میں شہید ہوئے ہیں) اور آپؐ نے ان کو خون کے ساتھ دفن کرنے کا حکم دیا، ان کی نماز جنازہ نہیں پڑھی اور ان کو غسل نہیں دیا (یہ حدیث گذر چکی ہے، شرح تحفۃ القاری ۴: ۱۰۰-۱۰۳ میں ہے)

[٤٠٧٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ ابْنِ مَالِكٍ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلٰى أُحُدٍ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ: "أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ؟" فَإِذَا أُشِيْرَ لَهُ إِلٰى أَحَدٍ قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ، وَقَالَ: "أَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى هٰؤُلَآءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" وَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُغَسَّلُوْا.

[راجع: ١٣٤٣]

۷-حضرت عبداللہ بن عمرو بن الحرام رضی اللہ عنہ کی شہادت:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی لاش بھی بگاڑ دی گئی تھی، ان کے بیٹے جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب میرے ابا شہید کئے گئے تو میں رونے لگا اور میں ابا کے چہرے سے کپڑا کھولنے لگا، صحابہ نے منع کیا، مگر نبی ﷺ نے منع نہیں کیا اور نبی ﷺ نے فرمایا: ان کو مت رؤ، فرشتے برابر ان پر اپنے پَروں کا سایہ کئے رہے یہاں تک کہ ان کی لاش اٹھائی گئی (لا اور ما دونوں حرفِ نفی ہیں اور یہ شک راوی ہے اور یہ بات نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بھی کہی ہے اور ان کی پھوپھی سے بھی)

[٤٠٨٠-] وَقَالَ أَبُوْ الْوَلِيْدِ: عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ أَبِىْ جَعَلْتُ أَبْكِىْ وَأَكْشِفُ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ، فَجَعَلَ أَصْحَابُ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم يَنْهَوْنِىْ وَالنَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَنْهَ، وَقَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم:" لاَ تَبْكِيْهِ أَوْ: مَا تَبْكِيْهِ مَا زَالَتِ الْمَلاَئِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا حَتَّى رُفِعَ"[راجع: ١٢٤٤]

۸-احد میں صحابہ کی شہادت کا منظر:

نبی ﷺ نے پہلے ہی خواب دیکھ لیا تھا، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے —— امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ یہ بات نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں —— نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے تلوار ہلائی تو اس کا شروع کا حصہ ٹوٹ گیا، پس اچانک وہ وہ حادثہ تھا جس سے مؤمنین جنگِ احد میں دوچار ہوئے، پھر میں نے تلوار دوسری مرتبہ ہلائی تو وہ جیسی پہلے تھی ویسی ہی ہوگئی، پس اچانک وہ وہ کامیابی تھی اور مسلمانوں کا اکٹھا ہونا تھا جس کو اللہ تعالیٰ لائے یعنی جنگ کے آخر میں جو صورتِ حال فتح سے بدل گئی وہ وہ تھی اور میں نے خواب میں ایک گائے دیکھی (ایک روایت میں تُنْحَر بھی ہے یعنی وہ ذبح کی جارہی تھی) اور اللہ بہتر ہیں، پس اچانک وہ جنگ احد میں مؤمنین کی شہادت تھی اور زبان نبوت سے جو واللہ خیر نکلا وہ جنگ کا انجام تھا۔

[٤٠٨١-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ جَدِّهِ أَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى - أُرَى عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم- قَالَ: رَأَيْتُ فِىْ رُؤْيَاىَ أَنِّىْ هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ، فَإِذَا هُوَ مَا أُصِيْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ أُحُدٍ، ثُمَّ هَزَزْتُهُ أُخْرَى فَعَادَ أَحْسَنَ مَاكَانَ، فَإِذَا هُوَ مَاجَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَرَأَيْتُ فِيْهَا بَقَرًا، وَاللّٰهُ خَيْرٌ، فَإِذَا هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ يَوْمَ أُحُدٍ"[راجع: ٣٦٢٢]

باب کی آخری حدیث: حضرت خباب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ ہجرت کی، اور ہم اللہ کی خوشنودی چاہتے تھے، پس ہمارا ثواب اللہ پر ثابت ہوگیا، پھر ہم میں سے بعض چلے گئے، انھوں نے اپنے ثواب میں سے کچھ نہیں کھایا ان میں سے حضرت مصعب بن عُمیرؓ تھے، وہ غزوۂ احد میں شہید کئے گئے اور انھوں نے ایک دھاری دار چادر کے علاوہ کچھ نہیں چھوڑا، ہم اس سے ان کا سر ڈھانکتے تھے تو پیر کھل جاتے تھے اور پیر ڈھانکتے تھے تو سر کھل جاتا تھا، پس ہمیں نبی ﷺ نے حکم دیا کہ چادر سے ان کا سر ڈھانک دو اور ان کے دونوں پیروں پر اذخر گھاس ڈال دو (راوی کو اجعلوا اور ألقوا میں شک ہے، مطلب دونوں کا ایک ہے) اور ہم میں سے بعض وہ ہیں جن کا پھل پک گیا یعنی انھوں نے فتوحات کا دور دیکھا، پس وہ ان پھلوں کو چن رہے ہیں یعنی ان کی برکتوں سے استفادہ کررہے ہیں (یہ حدیث ابھی حدیث ۴۰۴۷ گذری ہے)

[۴۰۸۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ نَبْتَغِيْ وَجْهَ اللّٰهِ، فَوَجَبَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ مَضَى- أَوْ: ذَهَبَ- لَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا، كَانَ مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ، قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ وَلَمْ يَتْرُكْ إِلَّا نَمِرَةً، كُنَّا إِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ، وَإِذَا غُطِّيَ بِهَا رِجْلَاهُ خَرَجَ رَأْسُهُ، قَالَ لَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: غَطُّوْا بِهَا رَأْسَهُ، وَاجْعَلُوْا عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الإِذْخِرِ، أَوْ قَالَ: أَلْقُوْا عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الإِذْخِرِ" وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا. [راجع: ۱۲۷۶]

بابٌ: أُحُدٌ يُحِبُّنَا

جنگِ احد کے سلسلہ کا تیرہواں باب

۳۳-احد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے

احد پہاڑ مسجد نبوی سے تقریباً تین میل کے فاصلہ پر ہے، مسجد نبوی سے صاف نظر آتا ہے، وہ اردگرد کے پہاڑوں سے اونچا ہے۔ اور مسند بزار میں ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے مرفوع حدیث ہے، جو باب میں لی گئی ہے کہ: أُحُدٌ يُحِبُّنَا: احد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے (عمدہ) اس کا نبی ﷺ اور مسلمانوں سے محبت کرنا حقیقت ہے، ہر مخلوق میں اس کی حیثیت کے مطابق ادراک ہوتا ہے، ہر مخلوق تسبیح خواں ہے، اور اس کے مقابل عَیر ایسا پہاڑ ہے جس کے بارے میں فرمایا: وہ ہم سے بغض رکھتا ہے اور ہم اس سے بغض رکھتے ہیں۔

اور باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، جب نبی ﷺ غزوۂ تبوک سے واپس تشریف لا رہے تھے اور احد پہاڑ نظر آیا تو آپؐ نے فرمایا: هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ: یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں،

اے اللہ! ابراہیم علیہ السلام نے مکہ شریف کو محترم قرار دیا اور میں مدینہ کے دونوں لابوں کے درمیان کی جگہ کو محترم قرار دیتا ہوں۔

اور حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ ایک دن احد تشریف لے گئے اور شہدا کی نماز جنازہ پڑھی، جس طرح میت کی نماز پڑھی جاتی ہے، پھر واپس آکر منبر سے تقریر فرمائی کہ میں تمہارا پیش رَو ہوں یعنی آپؐ نے اپنی وفات کی خبر دی اور میں تم پر گواہ ہوں (ہر داعی گواہ ہوتا ہے، ایمان لانے والوں کے حق میں اور انکار کرنے والوں کے خلاف) اور میں فی الحال اپنے حوض کو دیکھ رہا ہوں (حوض حقیقتاً منکشف ہوا تھا) اور میں زمین کے خزانوں کی چابیاں دیا گیا ہوں، یعنی میرے بعد میری امت کو زمین کے خزانے ملیں گے (اور راوی کو شک ہے کہ لفظ خزائن ہے یا نہیں) اور مجھے بخدا! تمہارے حق میں اس کا ڈر نہیں کہ تم میرے بعد شرک میں مبتلا ہو جاؤ گے، البتہ مجھے اس کا ڈر ہے کہ تم دنیا میں ریس کرنے لگو گے (یہ حدیث پہلے تحفۃ القاری ۴: ۱۰۳ میں گذری ہے)

[۲۸-] بابٌ: أُحُدٌ يُحِبُّنَا

قَالَهُ عَبَّاسُ بْنُ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۴۰۸۳-] حَدَّثَنِيْ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ"[راجع: ۳۷۱]

[۴۰۸۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَلَعَ لَهُ أُحُدٌ، فَقَالَ: "هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَإِنِّيْ حَرَّمْتُ الْمَدِيْنَةَ مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا"[راجع: ۳۷۱]

[۴۰۸۵-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ يَوْمًا فَصَلَّى عَلٰى أَهْلِ أُحُدٍ صَلاَتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: "إِنِّيْ فَرَطٌ لَكُمْ، وَأَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ، وَإِنِّيْ لَأَنْظُرُ إِلٰى حَوْضِي الآنَ، وَإِنِّيْ أُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ أَوْ: مَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنِّيْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا"[راجع: ۱۳۴۴]

غزوۂ احد کا بیان پورا ہوا



دو دردناک حادثے

رجیع کا حادثہ اور بئر معونہ کا المیہ

جنگِ احد کے آخر میں جو ناکامی ہوئی، اس کا مسلمانوں کی شہرت پر اثر پڑا، ان کی دھاک کم ہوگئی، مخالفین کے دلوں سے ان کی ہیبت گھٹ گئی، اور ہر چہار جانب سے مدینہ پر خطرے منڈلانے لگے، یہود، منافقین اور بدوؤں نے کھل کر عداوت کا مظاہرہ کیا، ہر گروہ نے مسلمانوں کو زک پہنچانے کی کوشش کی، سب نے یہ توقع باندھ لی کہ مسلمانوں کا کام تمام کیا جاسکتا ہے اور انہیں بیخ وبُن سے اکھاڑا جاسکتا ہے، چنانچہ غزوۂ احد کے چند ماہ بعد صفر ۴ ہجری میں دو حادثے تقریباً ساتھ پیش آئے ہیں، ایک رجیع کا حادثہ ہے، دوسرا بیر معونہ کا المیہ۔

رجیع کا حادثہ:

صفر سن ۴ ہجری میں نبی ﷺ کے پاس قبائل عَضَل اور قَارَۃ کے کچھ لوگ آئے، انھوں نے کہا: ہمارے قبائل میں اسلام کا چرچا ہے، لہٰذا آپؐ کچھ لوگوں کو دین سکھانے اور قرآن پڑھانے کے لئے بھیجیں، آپؐ نے دس صحابہ کو روانہ کیا، ان کا امیر عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا، جب یہ لوگ رابغ اور جدہ کے درمیان قبیلہ ہُذیل کے رجیع نامی چشمہ پر پہنچے تو عضل اور قارہ نے قبیلہ ہُذیل کی شاخ بنولحیان کو اشارہ کردیا، ان کے سو تیر انداز مسلمانوں کے پیچھے لگ گئے، اور نشانات قدم دیکھتے ہوئے ان تک پہنچ گئے، صحابہ ایک ٹیلہ پر پناہ گزیں ہوگئے، بنولحیان نے انہیں گھر لیا اور کہا: تمہارے لئے عہد و پیمان ہے تم ہمارے پاس اتر آؤ، ہم کسی کو قتل نہیں کریں گے، حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے اترنے سے انکار کیا، اور جنگ شروع کردی، تیروں کی بوچھار سے سات آدمی شہید ہوگئے، صرف تین آدمی بچے، حضرت خبیبؓ، زید بن الدَّثِنَۃؓ اور ایک اور صحابی (عبداللہ بن طارقؓ) اب پھر بنولحیان نے اپنا عہد و پیمان دوہرایا تو وہ تینوں صحابی نیچے اتر آئے، انھوں نے قابو پاتے ہی بدعہدی کی اور اپنی کمانوں کی تانت سے ان کو باندھنا شروع کیا، تیسرے صحابی نے کہا: یہ پہلی بدعہدی ہے اور ساتھ جانے سے انکار کردیا، انھوں نے کھینچ گھسیٹ کر ساتھ لے جانے کی کوشش کی، مگر کامیاب نہ ہوئے تو انہیں قتل کردیا اور حضرت خبیب اور حضرت زید رضی اللہ عنہما کو مکہ لے جاکر بیچ دیا، دونوں صحابہ نے جنگِ بدر میں مکہ والوں کے سرداروں کو قتل کیا تھا۔

۱- حضرت زید بن الدثنہ رضی اللہ عنہ:

صفوان بن امیہ نے جس کا باپ امیہ بدر میں مارا گیا تھا، حضرت زید رضی اللہ عنہ کو اپنے باپ کے عوض قتل کرنے کے

لئے خریدا، اس نے اپنے قیدی کے قتل میں تاخیر مناسب نہیں سمجھی، حضرت زیدؓ کو اپنے غلام نسطاس کے ساتھ حرم سے باہر تنعیم میں قتل کرنے کے لئے بھیج دیا، قتل کا تماشہ دیکھنے کے لئے قریش کی ایک جماعت تنعیم میں جمع ہوگئی، جن میں ابوسفیان بھی تھا، جب حضرت زید رضی اللہ عنہ کو قتل کے لئے سامنے لایا گیا تو ابوسفیان نے کہا: اے زید! میں تم کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں: کیا تم اس کو پسند کروگے کہ تم کو چھوڑ دیں اور محمد (ﷺ) کو تمہارے بدلہ میں قتل کردیں اور تم اپنے گھر آرام سے رہو؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا: خدا کی قسم! مجھ کو یہ بھی گوارہ نہیں کہ محمد ﷺ کے پیر میں کانٹا یا پھانس چبھے اور میں اپنے گھر بیٹھا رہوں، یہ جواب سن کر ابوسفیان بولا: خدا کی قسم! میں نے کسی کو کسی کا اس درجہ محبّ، مخلص اور جاں نثار دوست نہیں دیکھا جیسا محمد کے ساتھی محمد کے محبّ اور جاں نثار ہیں، اس کے بعد نسطاس نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو شہید کردیا (نسطاس رضی اللہ عنہ بعد میں مسلمان ہوئے ہیں)

۲- حضرت خُبیب رضی اللہ عنہ:

حضرت خبیبؓ نے جنگِ بدر میں حارث بن عامر کو قتل کیا تھا، اس لئے حارث کے بیٹوں نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو خریدا، حضرت خبیبؓ کچھ عرصہ مکہ والوں کی قید میں رہے، پھر مکہ والوں نے ان کے قتل کا ارادہ کیا اور انہیں حرم سے باہر تنعیم میں لے گئے، جب سولی پر چڑھانا چاہا تو انھوں نے کہا: مجھے چھوڑ دو، مجھے دو رکعت نماز پڑھ لینے دو، مشرکین نے چھوڑ دیا اور آپؓ نے دو رکعت نماز پڑھی، سلام پھیر کر فرمایا: تم لوگ یہ کہوگے کہ میں گھبرایا ہوا ہوں اس لئے میں لمبی نماز پڑھ رہا ہوں اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا تو میں نماز کو طول دیتا، پھر انھوں نے دعا کی: اے اللہ! انہیں ایک ایک کرکے گن لے، پھر انہیں بکھیر کر ماردے اور ان میں سے کسی کو بھی باقی مت چھوڑ، پھر انھوں نے دو شعر پڑھے کہ جب میں مسلمان مارا جارہا ہوں تو مجھے کچھ پرواہ نہیں کہ اللہ کی راہ میں کس پہلو پر میرا گرنا ہے، یہ تو اللہ کی ذات کے لئے مارا جانا ہے اور وہ چاہیں تو بوٹی بوٹی کئے ہوئے اعضاء کے جوڑوں میں بھی برکت فرمائیں۔

اس موقع پر بھی ابوسفیان نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ سے پوچھا تھا: کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ تمہاری جگہ محمد (ﷺ) ہوتے، ہم ان کی گردن مارتے اور تم اپنے اہل وعیال میں رہتے؟ انھوں نے جواب دیا: واللہ مجھے تو یہ بھی گوارا نہیں کہ میں اپنے اہل وعیال میں رہوں اور محمد ﷺ کو کانٹا چبھ جائے، اس کے بعد مشرکین نے آپؓ کو سولی پر لٹکایا، اور لاش کی نگرانی کے لئے آدمی مقرر کردیا، لیکن حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ اتفاقاً وہاں پہنچ گئے اور رات میں جھانسہ دے کر لاش اتار لائے اور اسے دفن کردیا، حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کا قاتل حارث کا لڑکا ابوسَروعہ عقبہ بن الحارث تھا۔

حضرت خبیب رضی اللہ عنہ وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے قتل کے موقع پر دو نفلیں مشروع کی ہیں، اور حدیث میں ہے کہ جب وہ قید میں تھے تو انگور کا خوشہ کھارہے تھے، حالانکہ ان دنوں مکہ میں نہ انگور تھا نہ کھجور۔

۳-حضرت عاصم رضی اللہ عنہ کے جسم کی حفاظت:

حضرت عاصمؓ امیر تھے، وہ لڑکر شہید ہوئے، قریش کو جب معلوم ہوا کہ حضرت عاصم رضی اللہ عنہ شہید کردیئے گئے تو انھوں نے آدمی بھیجے کہ ان کے جسم کا کوئی ٹکڑا لائیں، یعنی سر کاٹ کر لائیں، تاکہ انہیں پہچانا جاسکے، انھوں نے جنگِ بدر میں قریش کے کسی بڑے آدمی کو قتل کیا تھا، جب قریش کے فرستادے پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے حضرت عاصم رضی اللہ عنہ کی لاش پر بھڑوں کا جھنڈ بھیج دیا، جس نے لاش کی حفاظت کی اور قریش کے آدمی جسم کا کوئی حصہ کاٹ نہ سکے، کیونکہ حضرت عاصمؓ نے اللہ تعالیٰ سے عہدو پیمان باندھا تھا کہ وہ کسی مشرک کو نہیں چھوئیں گے نہ کوئی مشرک ان کو چھوئے گا، پھر رات میں زور کی بارش ہوئی، اور حضرت عاصم رضی اللہ عنہ کی لاش پانی میں بہہ گئی۔

بیر معونہ کا المیہ:

جس مہینہ رجیع کا حادثہ پیش آیا ہے، ٹھیک اسی مہینے بیر معونہ کا المیہ بھی پیش آیا ہے، اور وہ رجیع کے حادثہ سے کہیں زیادہ سنگین حادثہ ہے، ابو براء عامر بن مالک مُلَاعِبُ الأَسِنَّة (نیزوں سے کھیلنے والا) خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا، آپؐ نے اسے اسلام کی دعوت دی، اس نے اسلام قبول نہیں کیا مگر اس نے کہا: اگر آپؐ اپنے اصحاب کو دعوتِ دین کے لئے اہل نجد کی طرف بھیجیں تو مجھے امید ہے کہ وہ لوگ آپؐ کی دعوت قبول کرلیں گے، آپؐ نے فرمایا: مجھے اہل نجد کی طرف سے خطرہ ہے، ابو براء نے کہا: وہ میری پناہ میں ہونگے، نبی ﷺ نے ستر آدمیوں کو اس کے ہمراہ بھیج دیا اور منذر بن عمرو ساعدی رضی اللہ عنہ کو جو مُعْتَق للموت (موت کے لئے آزاد کردہ) کے لقب سے مشہور تھے ان کا امیر بنا دیا، یہ لوگ فضلاء، قراء اور اخیارِ صحابہ تھے، دن میں لکڑیاں چنتے تھے اور اس کی رقم سے اہل صفہ کے لئے کھانا خریدتے تھے، قرآن پڑھتے پڑھاتے تھے اور رات میں نماز کے لئے کھڑے ہوجاتے تھے، یہ حضرات معونہ کے کنویں پر پہنچے، یہ کنواں بنو عامر اور حرّہ بنی سُلیم کے درمیان تھا، وہاں ان حضرات نے پڑاؤ ڈالا، اور سب نے ام سُلیم رضی اللہ عنہا کے بھائی حرام بن ملحان رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ کا خط دے کر عامر بن طفیل کے پاس روانہ کیا (یہ عامر بن مالک کا بھتیجا ہے) اس نے خط دیکھا ہی نہیں، اور ایک آدمی کو اشارہ کیا، اس نے حضرت حرام کو پیچھے سے اس زور کا نیزہ مارا کہ وہ نیزہ آر پار ہوگیا، حضرت حرام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رب کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہوگیا، اس کے بعد عامر نے باقی صحابہ پر حملہ کرنے کے لئے اپنے قبیلہ بنی عامر کو آواز دی، مگر انھوں نے ابو براء کی پناہ کے پیش نظر اس کی آواز پر کان نہیں دھرا، مایوس ہوکر عامر نے بنو سُلیم کو آواز دی، بنو سُلیم کے تین قبیلوں: عُصَيَّة، رَعل اور ذکوان نے لبیک کہا، اور جھٹ آکر ان صحابہ کا محاصرہ کرلیا، صحابہ کرام نے بھی لڑائی لڑی، مگر سب کے سب شہید ہوگئے، صرف حضرت کعب بن زید بن نجّار رضی اللہ عنہ زندہ بچے ان کو شہداء کے درمیان سے زخمی حالت میں اٹھالیا گیا اور وہ جنگِ خندق تک زندہ رہے، ان ستر صحابہ کے علاوہ مزید دو صحابہ حضرت عمرو بن امیہ ضمری اور حضرت منذر بن عقبہ بن عامر

رضی اللہ عنہما اونٹ چرا رہے تھے، انھوں نے جائے واردات پر پرندوں کو منڈلاتے دیکھا تو وہ سیدھے جائے واردات پر پہنچے، حضرت منذر رضی اللہ عنہ تو اپنے رفقاء کے ساتھ مشرکین سے لڑتے ہوئے شہید ہوگئے اور عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کو قید کرلیا گیا، پھر جب بتایا گیا کہ ان کا تعلق قبیلہ مُضر سے ہے تو عامر نے ان کی پیشانی کے بال کاٹ کر اپنی ماں کی طرف سے جس نے ایک غلام آزاد کرنے کی منت مان رکھی تھی آزاد کردیا، حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ اس دردناک حادثہ کی خبر لے کر مدینہ پہنچے، ستر افاضل صحابہ کی شہادت کے المیہ نے جنگِ احد کا چرکہ تازہ کردیا، بلکہ دونوں میں فرق تھا: شہدائے احد دوبدو جنگ میں مارے گئے، اور یہ بیچارے ایک شرمناک غداری کی نذر ہوگئے۔

حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ واپسی میں وادی قنات کے سرے پر واقع مقام قَرقَرہ پہنچے، تو ایک درخت کے سایہ میں اترے، بنوکلاب کے دو آدمی بھی وہاں اترے ہوئے تھے، جب وہ دونوں بے خبر سوگئے تو حضرت عمروؓ نے دونوں کا کام تمام کردیا، ان کا خیال تھا کہ وہ اپنے ساتھیوں کا بدلہ لے رہے ہیں، حالانکہ ان دونوں کے پاس رسول اللہ ﷺ کی طرف سے عہد تھا، حضرت عمروؓ اس کو نہیں جانتے تھے، چنانچہ جب مدینہ آکر حضرت عمروؓ نے رسول اللہ ﷺ کو اپنی کاروائی کی اطلاع دی تو آپؐ نے فرمایا: تم نے ایسے دو آدمیوں کو قتل کیا ہے جن کی دیت مجھے لازماً ادا کرنی پڑے گی، اس کے بعد آپؐ مسلمانوں سے اور ان کے حُلفاء یہود سے دیت جمع کرنے میں مشغول ہوگئے، یہی چیز غزوۂ بنونضیر کا سبب بنی۔

نبی ﷺ کو معونہ اور رجیع کے الم ناک واقعات سے جو چند ہی دن آگے پیچھے پیش آئے ہیں اس قدر رنج ہوا اور آپؐ اس قدر غمگین ہوئے کہ جن قوموں اور قبیلوں نے ان صحابہ کے ساتھ غداری کی تھی، اور ان کو قتل کیا تھا آپؐ نے ان کے لئے ایک مہینہ تک بددعا کی، آپؐ نماز فجر میں رِعل، ذکوان، لحیان اور عُصَیَّۃ کے لئے بددعا کرتے تھے، قنوتِ نازلہ پڑھتے تھے، اور فرماتے تھے کہ عُصَیَّۃ نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی، پھر جب آیت ﴿لَیْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَیْئٌ﴾ نازل ہوئی تو آپؐ نے بددعا بند کی۔

[۲۹-] بَابُ غَزْوَةِ الرَّجِيْعِ، وَرِعْلٍ، وَذَكْوَانَ، وَبِئْرِ مَعُوْنَةَ، وَحَدِيْثُ عَضَلٍ، وَالْقَارَةِ، وَعَاصِمِ بْنِ ثَابِتٍ، وَخُبَيْبٍ، وَأَصْحَابِهِ

قَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ: أَنَّهَا بَعْدَ أُحُدٍ.

وضاحت: حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے دو حادثات کو ایک ساتھ بیان کیا ہے، کیونکہ دونوں واقعے تقریباً ایک ساتھ پیش آئے ہیں، ایک ہی رات میں دونوں واقعات کی نبی ﷺ کو اطلاع ہوئی ہے، مگر امام صاحبؒ نے کوئی ترتیب ملحوظ نہیں رکھی، دونوں واقعات میں خلط کردیا ہے، پہلا واقعہ رجیع کا ہے، یہ غزوہ نہیں، غزوہ وہ کہلاتا ہے جس میں نبی ﷺ شریک ہوں، اس حادثہ میں نبی ﷺ شریک نہیں تھے —— اس حادثہ کے ذمہ دار قبائل عضل وقارہ تھے —— اور اس

حادثہ کے شہداء حضرت عاصم بن ثابتؓ، حضرت خبیبؓ اوران کے آٹھ ساتھی تھے ——— دوسرا حادثہ بئر معونہ کا ہے، اس کے ذمہ دار قبائل رِعل وذکوان تھے، اوراس حادثہ کے شہداء ستر قراء تھے۔

قبائل کا تعارف: رِعل بن مالک عدنانی قبیلہ ہے اور سُلیم بن منصور کی شاخ ہے اور ذکوان بن رفاعہ بھی عدنانی قبیلہ ہے اور یہ بھی سُلیم کی شاخ ہے، اور رجیع ہُذیل کے علاقہ میں ایک جگہ کا نام ہے، یہ حادثہ اس جگہ کے قریب صفر سن ۴ ہجری میں پیش آیا ہے، یہ جگہ رابغ اور جدہ کے بیچ میں ہے۔

اور معونہ نامی کنواں بھی ہذیل کے علاقہ میں ہے اور مکہ اور عُسفان کے بیچ میں ہے اور عَضل بن ہُون بھی عدنانی قبیلہ ہے اور قارہ بڑا قبیلہ ہے جو عَضل اور دیش سے مرکب ہے، اور یہ بھی ہُون بن خزیمہ کی اولاد ہیں اور ہذیل مکہ اور طائف کے بیچ میں رہتے تھے، اور وہ سات قبیلوں کا مجموعہ تھے ان میں سے ایک بنولحیان ہیں۔

غزوۂ رجیع کا واقعہ (۱)

قبیلہ عضل اور قارہ کے کچھ لوگ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ہمارے قبیلہ نے اسلام قبول کرلیا ہے، لہٰذا چند آدمی ہمارے ساتھ بھیجئے، جو ہمیں قرآن پڑھائیں اور احکامِ اسلام سکھلائیں، آپؐ نے دس آدمی ان کے ہمراہ کردیئے اوران کا امیر عاصم بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کو بنایا، جب یہ لوگ مقامِ رجیع پر پہنچے جو مکہ اور عُسفان کے درمیان میں ہے تو ان غداروں نے بنولحیان کو اشارہ کیا، ان کے دوسو آدمی آئے، جن میں سے سو تیر انداز تھے، حضرت عاصمؓ اپنے رفقاء کے ساتھ ایک ٹیلہ پر چڑھ گئے، بنولحیان نے ان سے کہا: نیچے اتر آؤ، ہم تم کو پناہ دیتے ہیں، حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تو کبھی کسی کافر کی پناہ میں نہیں اتروں گا، پھر جنگ ہوئی، سات ساتھیوں کو کافروں نے شہید کردیا، تین ٹیلے سے نیچے اترے اور قیدی بن گئے، ان لوگوں نے ان کی مشکیں (دونوں بازو، دونوں شانے) باندھنی شروع کیں ان میں سے ایک نے کہا: یہ پہلی بے وفائی ہے اور ساتھ چلنے سے انکار کردیا، مشرکین نے ان کو شہید کردیا، اور حضرت خبیب اور زید بن دثنہ رضی اللہ عنہما کو لے کر مکہ پہنچے اور دونوں کو فروخت کردیا، حضرت زید رضی اللہ عنہ نے امیہ بن خلف کو بدر میں قتل کیا تھا، اس کے لڑکے صفوان نے ان کو خرید کر اپنے باپ کے قصاص میں فوراً قتل کردیا اور حضرت خبیب رضی اللہ عنہ نے جنگ بدر میں حارث بن عامر کو قتل کیا تھا اس کے لڑکوں نے حضرت خبیبؓ کو خریدا اور اشہر حرام گذرنے کے بعد تنعیم میں لے جاکر ان کو سولی دی، اس وقت انھوں نے دو نفلیں پڑھیں اور کافروں کو دو شعر سنائے پھر شہید ہوگئے۔

[٤٠٨٦-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ سُفْيَانَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَرِيَّةً عَيْنًا،

(۱) پہلے تمہید تھی، اب کتاب شروع ہورہی ہے، اس لئے واقعہ دوبارہ بیان کیا گیا ہے ۱۲

وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَاصِمَ بْنَ ثَابِتٍ، وَهُوَ جَدُّ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَانْطَلَقُوْا حَتَّى إِذَا كَانَ بَيْنَ عُسْفَانَ وَمَكَّةَ ذُكِرُوْا لِحَيٍّ مِنْ هُذَيْلٍ يُقَالُ لَهُمْ: بَنُوْ لِحْيَانَ، فَتَبِعُوْهُمْ بِقَرِيْبٍ مِنْ مِائَةِ رَامٍ، فَاقْتَصُّوْا آثَارَهُمْ حَتَّى أَتَوْا مَنْزِلاً نَزَلُوْهُ فَوَجَدُوْا فِيْهِ نَوَى تَمْرٍ تَزَوَّدُوْهُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالُوْا: هٰذَا تَمْرُ يَثْرِبَ، فَتَبِعُوْا آثَارَهُمْ حَتَّى لَحِقُوْهُمْ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک سریہ جاسوسی کے لئے بھیجا، یعنی قبیلہ کی تعلیم کے ساتھ مکہ والوں پر نظر رکھنا بھی ان کی ذمہ داری تھی، اور ان پر عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا، وہ عاصم بن عمر بن الخطاب کے نانا ہیں (مگر حاشیہ میں ہے کہ صحیح یہ ہے کہ ماموں ہیں) پس وہ لوگ چلے، یہاں تک کہ جب عُسفان اور مکہ کے درمیان میں پہنچے تو وہ ذکر کئے گئے ہذیل کے ایک قبیلہ کے لئے جن کو بنولحیان کہا جاتا تھا، پس ان کے پیچھے چلے تقریباً سو تیر انداز اور انھوں نے ان کے نشاناتِ قدم کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ وہ اس جگہ پہنچے جہاں وہ اترے تھے، انھوں نے وہاں کھجور کی گٹھلیاں پائیں جس کو وہ توشہ لائے تھے مدینہ سے، انھوں نے کہا: یہ یثرب کی کھجوریں ہیں پس انھوں نے ان کے نشاناتِ قدم کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ ان کو پالیا۔

فَلَمَّا انْتَهَى عَاصِمٌ وَأَصْحَابُهُ لَجَؤُا إِلَى فَدْفَدٍ، وَجَاءَ الْقَوْمُ فَأَحَاطُوْا بِهِمْ، فَقَالُوْا: لَكُمُ الْعَهْدُ وَالْمِيْثَاقُ إِنْ نَزَلْتُمْ إِلَيْنَا أَنْ لاَ نَقْتُلَ مِنْكُمْ رَجُلاً، فَقَالَ عَاصِمٌ: أَمَّا أَنَا فَلاَ أَنْزِلُ فِيْ ذِمَّةِ كَافِرٍ، اللّٰهُمَّ أَخْبِرْ عَنَّا رَسُوْلَكَ، فَقَاتَلُوْهُمْ فَرَمَوْهُمْ حَتَّى قَتَلُوْا عَاصِمًا فِيْ سَبْعَةِ نَفَرٍ بِالنَّبْلِ، وَبَقِيَ خُبَيْبٌ وَزَيْدٌ وَرَجُلٌ آخَرُ فَأَعْطَوْهُمُ الْعَهْدَ وَالْمِيْثَاقَ، فَلَمَّا أَعْطَوْهُمُ الْعَهْدَ وَالْمِيْثَاقَ نَزَلُوْا إِلَيْهِمْ، فَلَمَّا اسْتَمْكَنُوْا مِنْهُمْ حَلُّوْا أَوْتَارَ قِسِيِّهِمْ فَرَبَطُوْهُمْ بِهَا، فَقَالَ الرَّجُلُ الثَّالِثُ الَّذِيْ مَعَهُمَا: هٰذَا أَوَّلُ الْغَدْرِ فَأَبىٰ أَنْ يَصْحَبَهُمْ فَجَرَّرُوْهُ وَعَالَجُوْهُ عَلٰى أَنْ يَصْحَبَهُمْ فَلَمْ يَفْعَلْ فَقَتَلُوْهُ، وَانْطَلَقُوْا بِخُبَيْبٍ وَزَيْدٍ حَتَّى بَاعُوْهُمَا بِمَكَّةَ فَاشْتَرَى خُبَيْبًا بَنُوْ الْحَارِثِ بْنِ عَامِرِ بْنِ نَوْفَلٍ، وَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ قَتَلَ الْحَارِثَ يَوْمَ بَدْرٍ فَمَكَثَ عِنْدَهُمْ أَسِيْرًا.

ترجمہ: پس جب عاصمؓ اور ان کے ساتھی پہنچے تو انھوں نے ایک ٹیلہ پر پناہ لی، اور وہ لوگ آئے، پس انھوں نے ان کو گھیر لیا، اور ان سے کہا: تمہارے لئے عہد و پیمان ہے اگر تم ہماری طرف اتر آؤ، کہ ہم تم میں سے کسی کو قتل نہیں کریں گے، پس (سریہ کے امیر) حضرت عاصمؓ نے کہا: رہا میں تو میں کسی کافر کی پناہ میں نہیں اتروں گا (پھر انھوں نے دعا کی) اے اللہ! ہماری اپنے رسول ﷺ کو خبر کر دیں، پھر انھوں نے ان سے جنگ کی یہاں تک کہ انھوں نے عاصمؓ کو سات آدمیوں کے ساتھ تیر مار کر قتل کر دیا، اور باقی رہ گئے خبیبؓ، زیدؓ اور ایک اور آدمی (عبداللہ بن طارقؓ) انھوں نے ان کو عہد و پیمان دیا، جب

انھوں نے ان صحابہ کوعہد و پیمان دیا تو وہ ان کی طرف اترے، پس جب قابو پالیا انھوں نے ان پر تو انھوں نے اپنے کمانوں کی تانتیں کھولیں، اوران کو باندھا، پس تیسرے آدمی نے جوان دونوں کے ساتھ تھا، کہا: یہ پہلی بے وفائی ہے، انھوں نے ان کے ساتھ جانے سے انکار کیا، انھوں نے ان کو گھسیٹا اور انھوں نے تدبیر کی کہ وہ ان کے ساتھ چلیں، مگر انھوں نے نہیں کیا یعنی ساتھ نہیں گئے تو انھوں نے ان کو قتل کر دیا، اور خبیب اور زید رضی اللہ عنہما کو لے کر چلے، یہاں تک کہ دونوں کو مکہ میں بیچ دیا، پس خبیب رضی اللہ عنہ کو حارث بن عامر بن نوفل کی اولاد نے خریدا، خبیبؓ نے حارث کو بدر کے دن قتل کیا تھا، پس خبیب ان کے پاس قید رہے۔

حَتَّى إِذَا أَجْمَعُوْا قَتْلَهُ اسْتَعَارَ مُوْسَى مِنْ بَعْضِ بَنَاتِ الْحَارِثِ، لِيَسْتَحِدَّ بِهَا فَأَعَارَتْهُ، قَالَتْ: فَغَفَلْتُ عَنْ صَبِيٍّ لِيْ فَدَرَجَ إِلَيْهِ حَتَّى أَتَاهُ فَوَضَعَهُ عَلٰى فَخِذِهِ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُ فَزِعْتُ فَزْعَةً عَرَفَ ذَاكَ مِنِّيْ وَفِيْ يَدِهِ الْمُوْسَى، فَقَالَ: أَتَخْشَيْنَ أَنْ أَقْتُلَهُ؟ مَا كُنْتُ لِأَفْعَلَ ذٰلِكَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. وَكَانَتْ تَقُوْلُ: مَارَأَيْتُ أَسِيْرًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ خُبَيْبٍ، لَقَدْ رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ مِنْ قِطْفِ عِنَبٍ، وَمَا بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ ثَمَرَةٌ، وَإِنَّهُ لَمُوْثَقٌ فِي الْحَدِيْدِ، وَمَا كَانَ إِلَّا رِزْقٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ، فَخَرَجُوْا بِهِ مِنَ الْحَرَمِ لِيَقْتُلُوْهُ، فَقَالَ: دَعُوْنِيْ أُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَيْهِمْ فَقَالَ: لَوْلَا أَنْ تَرَوْا أَنَّ مَا بِيْ جَزَعٌ مِنَ الْمَوْتِ لَزِدْتُ، فَكَانَ أَوَّلَ مَنْ سَنَّ رَكْعَتَيْنِ عِنْدَ الْقَتْلِ هُوَ، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ أَحْصِهِمْ عَدَدًا ثُمَّ قَالَ:

مَا إِنْ أُبَالِيْ حِيْنَ أُقْتَلُ مُسْلِمًا ۞ عَلٰى أَيِّ شِقٍّ كَانَ لِلّٰهِ مَصْرَعِيْ
وَذٰلِكَ فِي ذَاتِ الْإِلٰهِ وَإِنْ يَشَأْ ۞ يُبَارِكْ عَلٰى أَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعِ

ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ فَقَتَلَهُ.

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ان لوگوں نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کے قتل کا پختہ ارادہ کیا تو انھوں نے حارث کی ایک بیٹی سے استرہ عاریت پر مانگا، تاکہ اس سے زیر ناف لیں، اس نے ان کو استرہ عاریت پر دیدیا، حارث کی بیٹی کہتی ہے: میں اپنے بچہ سے غافل ہوگئی، وہ خبیبؓ کی طرف چلا، یہاں تک کہ ان کے پاس پہنچا، پس جب میں نے اس کو دیکھا تو میں بہت زیادہ گھبرا گئی، میری اس گھبراہٹ کو خبیبؓ نے پہچان لیا، ان کے ہاتھ میں استرہ تھا، پس خبیبؓ نے کہا: کیا تو ڈرتی ہے کہ میں اسے قتل کردوں گا؟ میں یہ کام نہیں کروں گا، اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا، اور حارث کی بیٹی کہا کرتی تھی: نہیں دیکھا میں نے کسی قیدی کو کبھی خبیبؓ سے بہتر، البتہ تحقیق میں نے ان کو دیکھا وہ انگور کا خوشہ کھا رہے ہیں، اور ان دنوں مکہ میں کوئی پھل نہیں تھا، اور وہ لوہے میں بندھے ہوئے تھے، اور نہیں تھا وہ مگر رزق جو اللہ تعالیٰ نے خبیبؓ کو عطا فرمایا، پھر وہ خبیبؓ کو لے کر حرم سے نکلے تاکہ ان کو قتل کریں، ان سے خبیبؓ نے کہا: مجھے موقع دو، میں دو رکعتیں پڑھوں، پھر (نماز سے فارغ ہوکر)

خبیبؓ ان کی طرف پلٹے اور کہا: اگر نہ ہوتی یہ بات کہ تم گمان کروگے کہ میں موت سے گھبرا رہا ہوں تو میں نماز لمبی کرتا، پس حضرت خبیبؓ پہلے وہ شخص ہیں جنھوں نے قتل کے وقت دو رکعتیں مسنون کیں، پھر خبیبؓ نے دعا کی: اے اللہ! ان لوگوں کا گن کر احاطہ کرلے یعنی سب کو سزا دے، پھر کہا:

مجھے پرواہ نہیں جب کہ میں مسلمان شہید کیا جارہا ہوں ÷ کہ کونسی کروٹ پر ہے اللہ کے لئے میرا پچھڑنا۔

اور وہ شہید ہونا اللہ کے لئے ہے اور اگر اللہ چاہیں ÷ تو برکت فرمائیں جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کئے ہوئے اعضاء میں۔

پھر ان کی طرف عقبۃ بن الحارث کھڑا ہوا اور اس نے ان کو قتل کردیا۔

وَبَعَثَتْ قُرَيْشٌ إِلٰى عَاصِمٍ لِيُؤْتَوْا بِشَيْئٍ مِنْ جَسَدِهِ يَعْرِفُوْنَهُ، وَكَانَ عَاصِمٌ قَتَلَ عَظِيْمًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ فَبَعَثَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِثْلَ الظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ، فَحَمَتْهُ مِنْ رُسُلِهِمْ، فَلَمْ يَقْدِرُوْا مِنْهُ عَلٰى شَيْئٍ.

[راجع: ٣٠٤٥]

ترجمہ: اور قریش نے (کچھ آدمیوں کو) عاصم رضی اللہ عنہ (کی لاش) کی طرف بھیجا تاکہ وہ ان کے جسم کا کوئی ایسا حصہ لائیں جس سے وہ ان کو پہچانیں (یعنی سر لائیں) اور عاصمؓ نے قریش کے بڑوں میں سے ایک کو قتل کیا تھا بدر کے دن، پس اللہ نے عاصمؓ کی حفاظت کے لئے بھیج دیں سائبان کی طرح بھڑیں، ان بھڑوں نے عاصمؓ کی حفاظت کی قریش کے قاصدوں سے، پس نہیں قادر ہوئے وہ ان کے جسم میں سے کسی چیز پر۔

ملحوظہ: یہ حدیث ابھی غزوۂ بدر کے بیان میں (حدیث ۳۹۸۹) گذری ہے، لغات اور اشعار کا مطلب وہاں ہے۔

[٤٠٨٧-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو: سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ: الَّذِيْ قَتَلَ خُبَيْبًا هُوَ أَبُوْ سِرْوَعَةَ.

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو ابوسروعہ عقبۃ بن الحارث نے قتل کیا۔

بیر معونہ کا واقعہ

ماہ صفر سن۴ ہجری میں بیر معونہ کا واقعہ پیش آیا ہے، عامر بن مالک ابو براء نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ہدیہ پیش کیا، آپؐ نے قبول نہیں فرمایا، اور ابو براء کو اسلام کی دعوت دی، ابو براء نے اسلام قبول نہیں کیا اور نہ رد کیا بلکہ یہ کہا کہ اگر آپؐ اپنے چند صحابہ کو اہل نجد کی طرف دعوتِ اسلام کی غرض سے روانہ فرمائیں تو میں امید کرتا ہوں کہ وہ اس دعوت کو قبول کرلیں گے، آپؐ نے فرمایا: مجھ کو اہل نجد کی طرف سے اندیشہ اور خطرہ ہے، ابو براء ضامن بنا، رسول اللہ ﷺ نے ستر صحابہ کو جو قراء کہلاتے تھے اور جو نہایت مقدس اور پاکیزہ لوگ تھے، اس کے ہمراہ روانہ کئے اور منذر بن عمرو ساعدی رضی اللہ عنہ کو

امیر مقرر فرمایا، یہ لوگ چل کر بیر معونہ پر ٹھہرے، آنحضرت ﷺ نے ایک خط عامر بن طفیل کے نام جو بنی عامر کے سردار ابو براء عامر بن مالک کا بھتیجہ تھا لکھوا کر حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ماموں حرام بن ملحان کے سپرد فرمایا، جب یہ لوگ بیر معونہ پر پہنچے تو حرام بن ملحانؓ آپؐ کا والا نامہ لے کر عامر بن طفیل کے پاس گئے، اس نے خط دیکھنے سے پہلے ہی ایک شخص کو اشارہ کیا، اس نے پیچھے سے ایک نیزہ مارا اور آپؓ نے جامِ شہادت نوش فرمایا، اس کے بعد بنی عامر کو بقیہ صحابہ کے قتل پر ابھارا، لیکن ابو براء کے پناہ دینے کی وجہ سے بنی عامر نے ساتھ دینے سے انکار کیا، عامر بن طفیل جب ان سے ناامید ہوا تو بنی سُلیم سے امداد چاہی، عُصَیَّة، رعل اور ذکوان قبائل اس کی مدد کے لئے تیار ہو گئے اور سب نے مل کر تمام صحابہ کو شہید کر ڈالا، صرف کعب بن زید انصاری رضی اللہ عنہ کو مردہ سمجھ کر چھوڑ دیا، وہ بعد میں مدت تک زندہ رہے اور غزوۂ خندق میں شہید ہوئے، ان کے علاوہ دو شخص اور بھی بچ گئے، ان کے نام منذر بن محمد اور عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہما ہیں، یہ دونوں مویشی چرانے جنگل گئے تھے، جب نبی ﷺ کو اس واقعہ کی اطلاع ملی تو آپؐ کو سخت صدمہ ہوا اور آپؐ نے ایک ماہ تک ان قبائل کے حق میں بددعا کی، پھر جب آیت: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾ نازل ہوئی تو بددعا بند کر دی۔

(ماخوذ از سیرۃ المصطفیٰ ۲:۲۶۷)

ملحوظہ: قنوتِ نازلہ اور راتبہ کا مسئلہ اور قنوت رکوع سے پہلے ہے یا رکوع کے بعد: یہ مسائل تحفۃ القاری (۳:۲۲۶) میں ہیں، وہاں دیکھ لئے جائیں۔

[۴۰۸۸-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِحَاجَةٍ، يُقَالُ لَهُمْ: الْقُرَّاءُ، فَعَرَضَ لَهُمْ حَيَّانِ مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ: رِعْلٌ وَذَكْوَانُ، عِنْدَ بِئْرٍ يُقَالُ لَهَا: بِئْرُ مَعُوْنَةَ. فَقَالَ الْقَوْمُ: وَاللهِ مَا إِيَّاكُمْ أَرَدْنَا، إِنَّمَا نَحْنُ مُجْتَازُوْنَ فِيْ حَاجَةٍ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَتَلُوْهُمْ، فَدَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَيْهِمْ شَهْرًا فِيْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ، وَذٰلِكَ بَدْءُ الْقُنُوْتِ، وَمَا كُنَّا نَقْنُتُ، قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ: وَسَأَلَ رَجُلٌ أَنَسًا عَنِ الْقُنُوْتِ: أَبَعْدَ الرُّكُوْعِ أَوْ عِنْدَ فَرَاغٍ مِنَ الْقِرَاءَةِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ عِنْدَ فَرَاغٍ مِنَ الْقِرَاءَةِ. [راجع: ۱۰۰۱]

[۴۰۸۹-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَنَتَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم شَهْرًا بَعْدَ الرُّكُوْعِ، يَدْعُوْ عَلٰى أَحْيَاءٍ مِنَ الْعَرَبِ. [راجع: ۱۰۰۱]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ستر آدمیوں کو ایک ضرورت سے بھیجا یعنی دعوتِ اسلام کے لئے، وہ قراء کہلاتے تھے، ان سے بنو سُلیم کے دو قبیلوں رعل اور ذکوان نے تعرض کیا ایک کنویں کے پاس جس کو بیر معونہ کہا جاتا تھا، پس صحابہ نے کہا: بخدا! ہم نے تمہارا ارادہ نہیں کیا، ہم نبی ﷺ کی ایک ضرورت کے لئے یہاں سے گذر رہے

ہیں یعنی آپ لوگوں سے تعرض کرنے نہیں آئے، مگر انھوں نے ان کو قتل کردیا، پس نبی ﷺ نے بددعا کی ان کے حق میں ایک مہینہ تک فجر کی نماز میں، اور یہ قنوتِ نازلہ کی ابتداء ہے اور ہم اس سے پہلے قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے، راوی عبدالعزیز کہتے ہیں: ایک شخص نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: قنوت رکوع کے بعد ہے یا قراءت سے فارغ ہوکر رکوع سے پہلے؟ حضرت انسؓ نے کہا: نہیں، قراءت سے فارغ ہوکر رکوع سے پہلے ہے (یہ قنوت راتبہ کے بارے میں فرمایا ہے، قنوتِ نازلہ کے بارے میں اگلی روایت ہے کہ وہ رکوع کے بعد ہے)

[٤٠٩٠-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الْأَعْلٰی بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رِعْلاً وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ وَبَنِیْ لِحْيَانَ اسْتَمَدُّوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی عَدُوٍّ، فَأَمَدَّهُمْ بِسَبْعِيْنَ مِنَ الْأَنْصَارِ كُنَّا نُسَمِّيْهِمُ الْقُرَّاءَ فِی زَمَانِهِمْ، كَانُوْا يَحْتَطِبُوْنَ بِالنَّهَارِ، وَيُصَلُّوْنَ بِاللَّيْلِ، حَتّٰی كَانُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ، قَتَلُوْهُمْ وَغَدَرُوْا بِهِمْ، فَبَلَغَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم ذٰلِكَ فَقَنَتَ شَهْرًا يَدْعُوْ فِی الصُّبْحِ عَلٰی أَحْيَاءٍ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ، عَلٰی رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ وَبَنِیْ لِحْيَانَ، قَالَ أَنَسٌ: فَقَرَأْنَا فِيْهِمْ قُرْآنًا ثُمَّ إِنَّ ذٰلِكَ رُفِعَ: "بَلِّغُوْا عَنَّا قَوْمَنَا أَنَّا قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِیَ عَنَّا وَأَرْضَانَا"

وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ حَدَّثَهُ أَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَنَتَ شَهْرًا فِیْ صَلَاةِ الصُّبْحِ يَدْعُوْ عَلٰی أَحْيَاءٍ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ، عَلٰی رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ وَبَنِیْ لِحْيَانَ.

زَادَ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا ابْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ: أَنَّ أُولٰئِكَ السَّبْعِيْنَ مِنَ الْأَنْصَارِ قُتِلُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ. قُرْآنًا كِتَابًا، نَحْوَهُ. [راجع: ١٠٠١]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رِعل، ذکوان، عُصیّہ اور بنولحیان نے مدد طلب کی نبی ﷺ سے کسی دشمن کے خلاف (بنولحیان کا تذکرہ وہم ہے، اُس قبیلہ کا تعلق غزوۂ رجیع سے ہے) پس نبی ﷺ نے ان کی مدد کی ستر انصار کے ذریعہ جن کو ہم ان کے زمانہ میں قراء (علماء) کہا کرتے تھے، وہ دن میں سوختہ جمع کرتے تھے، اور رات میں نفلیں پڑھتے تھے، یہاں تک کہ جب وہ بیر معونہ پہنچے تو ان قبائل نے ان کو قتل کردیا اور ان قبائل نے ان کے ساتھ غداری کی، نبی ﷺ کو اس کی اطلاع ملی تو آپؐ نے ایک مہینہ تک قنوتِ نازلہ پڑھا، عرب کے قبائل میں سے چند قبائل کے خلاف، فجر کی نماز میں، یعنی رعل، ذکوان، عُصیہ اور بنولحیان کے خلاف، حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس ہم نے ان کے حق میں قرآن پڑھا، پھر وہ قرآن منسوخ کیا گیا، قرآن کی وہ آیت یہ تھی: بَلِّغُوْا عَنَّا قَوْمَنَا، أَنَّا قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا، فَرَضِیَ عَنَّا وَأَرْضَانَا: ہماری طرف سے ہماری قوم کو خبر پہنچاؤ کہ ہم نے یقیناً ہمارے پروردگار سے ملاقات کی، پس وہ ہم سے خوش ہوئے اور انھوں نے ہمیں خوش کیا۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ خلیفہ بن خیاط کی روایت میں ہے کہ بیر معونہ میں جو ستر صحابہ شہید کئے گئے تھے، وہ سب انصار میں سے تھے (یہ بات عبدالاعلیٰ کی روایت میں نہیں) اور عبدالاعلیٰ کی روایت میں فَقَرَأْنَا فِيْهِمْ قُرْآنًا ہے، اس میں احتمال تھا کہ قُرْآنا (مصدر) مفعول مطلق ہو اور خلیفہ کی روایت میں قرآنا کے بعد کتابا بھی ہے، پس یہ مفعول بہ ہے اور قرآن سے اللہ کی کتاب مراد ہے یعنی بَلِّغُوْا عَنَّا إلخ قرآن کی آیت تھی............نحوہ: یعنی خلیفہ کی باقی روایت عبدالاعلی کی روایت کی طرح ہے، دونوں میں کچھ فرق نہیں۔

عامر بن طفیل کا انجام

ابو براء عامر بن مالک (چچا) ستر علماء کو اپنی پناہ میں لے گیا تھا، جن کو عامر بن طفیل (بھتیجے) کے اشارہ پر شہید کر دیا گیا، یہ بھتیجہ قوم کا سردار تھا، بئر معونہ کے حادثہ کے بعد یہ شخص مدینہ آیا اور اس نے نبی ﷺ کے سامنے تین باتیں پیش کیں: یا تو ہموار زمین یعنی دیہاتوں کے بادشاہ آپ رہیں، اور مٹی کے گھر یعنی شہروں کا بادشاہ میں رہوں، یا آپؐ کے بعد میں آپؐ کا خلیفہ بنوں، نہیں تو قبیلہ غطفان کے ہزاروں آدمیوں کو لے کر میں آپ پر حملہ کروں گا، نبی ﷺ نے اس کو کوئی جواب نہیں دیا (مسیلمہ کذاب جب آیا تھا تو اس نے بھی ایسی ہی باتیں کی تھیں) عامر بن طفیل مدینہ میں سلول نامی عورت کے گھر میں اترا تھا، وہاں اسے گردن میں طاعون کی گلٹی نکلی، وہ سمجھ گیا اور اس نے کہا: یہ ویسی گلٹی ہے جیسی اونٹ کی گردن میں نکلتی ہے (اونٹ کی گردن میں جو گلٹی نکلتی ہے وہ طاعون کی گلٹی ہوتی ہے، عامر نے کہا: مجھے بھی طاعون کی گلٹی نکلی ہے، اب میں مر جاؤں گا، مگر چارپائی پر مرنا نہیں چاہتا) میرے پاس میرا گھوڑا لاؤ (وہ اس پر سوار ہو کر اپنے گھر چل دیا) وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر مر گیا، آگے حدیث میں بیر معونہ کا واقعہ ہے۔

[۴۰۹۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَنَسٌ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ خَالَهُ - أَخٌ لِأُمِّ سُلَيْمٍ - فِيْ سَبْعِيْنَ رَاكِبًا، وَكَانَ رَئِيْسُ الْمُشْرِكِيْنَ عَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ خَيَّرَ بَيْنَ ثَلَاثِ خِصَالٍ، فَقَالَ: يَكُوْنُ لَكَ أَهْلُ السَّهْلِ وَلِيَ أَهْلُ الْمَدَرِ، أَوْ أَكُوْنُ خَلِيْفَتَكَ، أَوْ أَغْزُوْكَ بِأَهْلِ غَطْفَانَ بِأَلْفٍ وَأَلْفٍ، فَطُعِنَ عَامِرٌ فِي بَيْتِ أُمِّ فُلَانٍ، فَقَالَ: غُدَّةٌ كَغُدَّةِ الْبَعِيْرِ، فِيْ بَيْتِ امْرَأَةٍ مِنْ آلِ فُلَانٍ، ائْتُوْنِيْ بِفَرَسِي فَمَاتَ عَلٰى ظَهْرِ فَرَسِهِ.

فَانْطَلَقَ حَرَامٌ أَخُوْ أُمِّ سُلَيْمٍ، وَهُوَ رَجُلٌ أَعْرَجُ، وَرَجُلٌ مِنْ بَنِيْ فُلَانٍ، قَالَ: كُوْنَا قَرِيْبًا حَتّٰى آتِيَهُمْ، فَإِنْ آمَنُوْنِيْ كُنْتُمْ، وَإِنْ قَتَلُوْنِيْ أَتَيْتُمْ أَصْحَابَكُمْ، فَقَالَ: أَتُؤَمِّنُوْنِ أُبَلِّغْ رِسَالَةَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَجَعَلَ يُحَدِّثُهُمْ، وَأَوْمَؤُا إِلٰى رَجُلٍ فَأَتَاهُ مِنْ خَلْفِهِ فَطَعَنَهُ- قَالَ هَمَّامٌ: أَحْسِبُهُ حَتّٰى أَنْفَذَهُ - بِالرُّمْحِ، قَالَ: اللهُ أَكْبَرُ! فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ! فَلُحِقَ الرَّجُلُ فَقُتِلُوْا كُلُّهُمْ غَيْرَ الْأَعْرَجِ كَانَ فِيْ رَأْسِ

جَبَلٍ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْنَا ثُمَّ كَانَ مِنَ الْمَنْسُوْخِ:" إِنَّا قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَأَرْضَانَا" فَدَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَيْهِمْ ثَلاَثِيْنَ صَبَاحًا، عَلٰى رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَبَنِيْ لِحْيَانَ وَعُصَيَّةَ الَّذِيْنَ عَصَوُا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۱۰۰۱]

[۴۰۹۲-] حَدَّثَنِيْ حِبَّانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: لَمَّا طُعِنَ حَرَامُ بْنُ مِلْحَانَ - وَكَانَ خَالَهُ - يَوْمَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ، قَالَ بِالدَّمِ هٰكَذَا، فَنَضَحَهُ عَلٰى وَجْهِهِ وَرَأْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ![راجع: ۱۰۰۱]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ان کے ماموں ام سُلیم رضی اللہ عنہا کے بھائی (حضرت حرام رضی اللہ عنہ کو) ستر سواروں کے ساتھ بھیجا اور مشرکین کا سردار عامر بن طفیل تھا، اس نے (نبی ﷺ کو) تین باتوں میں اختیار دیا تھا: اس نے کہا: آپ کے لئے ہموار زمین والے (دیہاتی) ہوں اور میرے لئے مٹی کے گھر والے (شہری) ہوں یا میں آپ کا قائم مقام بنوں یا میں آپ کے ساتھ لڑوں ہزاروں ہزار غطفان والوں کے ساتھ، پس عامر طاعون زدہ ہوا ام فلاں کے گھر میں، پس اس نے کہا: گانٹھ اونٹ کی گانٹھ کی طرح (نکلی ہے) فلاں خاندان کی ایک عورت کے گھر میں، لاؤ میرے پاس میرا گھوڑا، پس وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر مر گیا۔

اور ام سُلیمؓ کے بھائی حضرت حرام رضی اللہ عنہ چلے اور وہ لنگڑے آدمی تھے (یہ صحیح نہیں، حضرت حرامؓ لنگڑے نہیں تھے ان کے ساتھ جو دوسرا آدمی تھا وہ لنگڑا تھا، جن کا نام کعب بن زیدؓ تھا، پس صحیح جملہ هُوَ وَرَجُلٌ أَعْرَجُ ہے یعنی واوھو کے بعد ہے) اور خاندان فلاں کا ایک آدمی چلا (ان کا نام منذر بن محمدؓ تھا) حضرت حرامؓ نے دونوں سے کہا: تم دونوں نزدیک رہو (یہ خطاب لنگڑے صحابی سے اور تیسرے آدمی سے ہے) یہاں تک کہ میں ان کے پاس پہنچوں، پس اگر وہ مجھے امان دیں تو تم اپنی جگہ رہیو، اور اگر وہ مجھے قتل کر دیں تو تم اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچ جائیو، پس حضرت حرامؓ نے کہا: کیا آپ لوگ مجھے امن دیتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کا پیغام پہنچاؤں؟ حضرت حرامؓ نے ان سے باتیں شروع کیں اور ان لوگوں نے ایک مرد کو اشارہ کیا، وہ ان کے پیچھے سے آیا اور ان کو بھالا مارا ـــــ راوی ہمام کہتے ہیں: میرا گمان ہے: اس نے اس بھالے کو آر پار کر دیا ـــــ حضرت حرامؓ نے کہا: اللہ اکبر! کعبہ کے پروردگار کی قسم! میں کامیاب ہو گیا، پس بھالا مارنے والا اپنی قوم (رعل، ذکوان اور عصیہ) سے مل گیا، پس ان قبائل نے ان سب کو قتل کر دیا، لنگڑے صحابی کے علاوہ، وہ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گئے، پس اللہ تعالیٰ نے ہم پر قرآن نازل کیا جو بعد میں منسوخ کر دیا گیا کہ: "ہم نے ہمارے پروردگار سے ملاقات کی، پس وہ ہم سے خوش ہوئے اور ہمیں خوش کیا" پس بددعا کی نبی ﷺ نے ان کے حق میں تیس دن صبح کی نماز میں یعنی قبائل رعل، ذکوان، بنولحیان اور عُصیہ پر، جنھوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی (اور پہلے بتلایا ہے کہ بنولحیان کا ذکر اس روایت میں وہم ہے) اور دوسری روایت میں ہے کہ جب بیر معونہ کے موقع پر حضرت حرامؓ کو بھالا مارا گیا تو انھوں نے اس طرح

خون کے ساتھ اشارہ کیا، پس اس خون کو اپنے چہرے اور اپنے سر پر ملا، پھر کہا: کعبہ کے پروردگار کی قسم! میں کامیاب ہوگیا، یعنی انھوں نے اپنی بہادری کا مظاہرہ کیا اور اللہ کی طرف متوجہ ہوئے۔

حضرت عامر بن فہیرہؓ اور دوسرے دو حضرات کی بیر معونہ کے حادثہ میں شہادت

عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ قدیم الاسلام ہیں، نبی ﷺ دار ارقم میں داخل ہوئے (سنہ ۵ نبوی) اس سے پہلے وہ مسلمان ہوئے ہیں، وہ طفیل بن عبداللہ بن سخبرۃ کے غلام تھے، طفیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اخیافی بھائی ہیں، حضرت عائشہؓ کی والدہ ام رومانؓ کا نکاح پہلے عبداللہ سے ہوا تھا، انھوں نے زمانۂ جاہلیت میں مکہ آکر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے دوستی کی تھی، پھر عبداللہ: طفیل لڑکا چھوڑ کر انتقال کرگیا تو ام رومان رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے نکاح کرلیا، اور ان کے بطن سے حضرت عائشہ اور حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما پیدا ہوئے، اس لئے طفیل دونوں کے اخیافی بھائی ہیں، صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ نے ان سے عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ کو خرید کر آزاد کیا، سفر ہجرت میں عامرؓ نبی ﷺ کے ساتھ تھے، وہ بئر معونہ کے حادثہ میں شہید ہوئے ہیں، اور ان کی ایک کرامت ظاہر ہوئی ہے شہادت کے بعد ان کی لاش آسمان کی طرف اٹھائی گئی، یہ عامر بن طفیل کا بیان ہے، اس نے خود دیکھا، پھر وہ لاش زمین پر رکھ دی گئی، اور ایک روایت میں ہے کہ وہ لاش واپس نہیں آئی، اور حاشیہ میں یہ بھی ہے کہ جب حضرت عامر رضی اللہ عنہ کو بھالہ مارا گیا تو ان کے جسم سے ایک روشنی نکلی۔

بیر معونہ کے حادثہ میں دو صحابہ اور بھی شہید ہوئے ہیں: عروۃ بن اسماء بن الصلت اور منذر بن عمرو رضی اللہ عنہما، پہلے صحابی کے نام پر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے لڑکے عروہ کا نام رکھا ہے اور دوسرے صحابی کے نام پر اپنے لڑکے منذر کا نام رکھا ہے، بزرگوں کے ناموں پر نام رکھنے کا سلسلہ قدیم سے جاری ہے۔

[۴۰۹۳-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتِ: اسْتَأْذَنَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَبُوْ بَكْرٍ فِي الْخُرُوْجِ حِيْنَ اشْتَدَّ عَلَيْهِ الْأَذى، فَقَالَ لَهُ: "أَقِمْ" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتَطْمَعُ أَنْ يُؤْذَنَ لَكَ؟ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنِّيْ لَأَرْجُوْ ذٰلِكَ" قَالَتْ: فَانْتَظَرَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، فَأَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ يَوْمٍ ظُهْرًا فَنَادَاهُ، فَقَالَ: "اخْرُجْ: أَخْرِجْ مَنْ عِنْدَكَ" فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّمَا هُمَا ابْنَتَایَ، فَقَالَ: "أَشَعَرْتَ أَنَّهُ قَدْ أُذِنَ لِيْ فِي الْخُرُوْجِ؟" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! الصُّحْبَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الصُّحْبَةَ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! عِنْدِيْ نَاقَتَانِ، قَدْ كُنْتُ أَعْدَدْتُهُمَا لِلْخُرُوْجِ، فَأَعْطَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم إِحْدَاهُمَا، وَهِيَ الْجَدْعَاءُ، فَرَكِبَا فَانْطَلَقَا حَتّٰى أَتَيَا الْغَارَ وَهُوَ بِثَوْرٍ فَتَوَارَيَا فِيْهِ، فَكَانَ عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ غُلَامًا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الطُّفَيْلِ بْنِ سَخْبَرَةَ أَخُوْ عَائِشَةَ لِأُمِّهَا، وَكَانَتْ لِأَبِيْ بَكْرٍ مِنْحَةٌ، فَكَانَ يَرُوْحُ بِهَا،

وَيَغْدُوْ عَلَيْهِمْ، وَيُصْبِحُ، فَيَدَّلِجُ إِلَيْهِمَا، ثُمَّ يَسْرَحُ، فَلاَ يَفْطُنُ بِهِ أَحَدٌ مِنَ الرِّعَاءِ، فَلَمَّا خَرَجَ خَرَجَ مَعَهُمَا يَعْقِبَانِهِ حَتَّى قَدِمَا الْمَدِيْنَةَ، فَقُتِلَ عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ.

وَعَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ قَالَ: قَالَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ: فَأَخْبَرَنِيْ أَبِيْ قَالَ: لَمَّا قُتِلَ الَّذِيْنَ بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ، وَأُسِرَ عَمْرُو بْنُ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ قَالَ لَهُ عَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ: مَنْ هٰذَا؟ وَأَشَارَ إِلٰى قَتِيْلٍ، فَقَالَ لَهُ عَمْرُو بْنُ أُمَيَّةَ: هٰذَا عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ، فَقَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُهُ بَعْدَمَا قُتِلَ رُفِعَ إِلٰى السَّمَاءِ، حَتَّى إِنِّيْ لَأَنْظُرُ إِلٰى السَّمَاءِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْأَرْضِ، ثُمَّ وُضِعَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَبَرُهُمْ فَنَعَاهُمْ، فَقَالَ: " إِنَّ أَصْحَابَكُمْ قَدْ أُصِيْبُوْا، وَإِنَّهُمْ قَدْ سَأَلُوْا رَبَّهُمْ فَقَالُوْا: رَبَّنَا أَخْبِرْ عَنَّا إِخْوَانَنَا بِمَا رَضِيْنَا عَنْكَ وَرَضِيْتَ عَنَّا" فَأَخْبَرَهُمْ عَنْهُمْ وَأُصِيْبَ يَوْمَئِذٍ فِيْهِمْ عُرْوَةُ بْنُ أَسْمَاءَ بْنِ الصَّلْتِ، فَسُمِّيَ عُرْوَةُ بِهِ، وَمُنْذِرُ بْنُ عَمْرٍو، سُمِّيَ بِهِ مُنْذِرًا. [راجع: ٤٧٦]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے ہجرت کی اجازت چاہی، جب ان کے لئے کفار کی ایذارسانی آخری درجہ تک پہنچ گئی (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حبشہ کی طرف ہجرت کے ارادہ سے بھی نکلے تھے مگر ابن الدغنہ اپنی پناہ میں واپس لایا تھا، پھر جب نبی ﷺ کو صحابہ کی ہجرت گاہ مدینہ منورہ دکھلائی گئی تو آپؐ نے صحابہ کو مدینہ کی طرف ہجرت کی اجازت دیدی، اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی مدینہ کی طرف ہجرت کی اجازت مانگی تھی) پس نبی ﷺ نے ان سے کہا: "رکے رہو" حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا آپؐ امید باندھتے ہیں کہ آپؐ کو بھی ہجرت کی اجازت ملے گی؟ نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے بھی اس کی امید ہے، صدیقہؓ کہتی ہیں: ابوبکرؓ نے اس کا انتظار کیا، پس ایک دن نبی ﷺ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے دوپہر کے وقت اور آپؐ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آواز دی، اور فرمایا: "باہر آؤ، گھر سے نکالو ان لوگوں کو جو آپؓ کے پاس ہیں" ابوبکرؓ نے کہا: وہ میری دو بیٹیاں ہی ہیں، آپؐ نے فرمایا: تمہیں پتہ چلا کہ مجھے ہجرت کی اجازت دیدی گئی؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے رسول! رفاقت؟ نبی ﷺ نے فرمایا: تم ساتھ چلوگے، ابوبکرؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! میرے پاس دو اونٹنیاں ہیں، میں نے دونوں کو تیار کیا ہے ہجرت کے لئے پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان میں سے ایک نبی ﷺ کو دی، اس کا نام جدعاء (کان کٹی) تھا (اس کے کان کٹے ہوئے نہیں تھے، نام پڑ گیا تھا، شاید کان چھوٹے ہونگے، اسی کو قصواء اور عضباء بھی کہتے تھے) پس دونوں سوار ہوئے اور چلے یہاں تک کہ دونوں غار میں پہنچے اور وہ غار ثور پہاڑ میں تھا، پس دونوں اس میں چھپ گئے اور عامر بن فہیرہ: عبداللہ بن طفیل بن سخبرہ کے غلام تھے (یہ وہم ہے، صحیح نام طفیل بن عبداللہ بن سخبرہ ہے) جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اخیافی بھائی تھے، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس دودھ والی اونٹنی تھی، پس عامر شام کے وقت اونٹنی کو لے کر جاتے تھے، اور صبح کے وقت لے کر جاتے تھے اور (وہاں) صبح کرتے تھے، پس رات کے آخری حصہ میں وہ ان

دونوں کے پاس جاتے تھے پھر اونٹنی کو چرنے کے لئے چھوڑ دیتے تھے، پس چرواہوں میں سے کسی کو اس کا پتہ نہیں چلتا تھا، پھر جب دونوں حضرات مدینہ روانہ ہوئے تو عامرؓ ان دونوں کے ساتھ چلے، باری باری پیچھے بٹھلاتے تھے وہ دونوں عامرؓ کو یہاں تک کہ دونوں مدینہ پہنچے، پس عامر بئر معونہ کے حادثہ میں شہید کئے گئے۔

اور دوسری سند سے حدیث ہے کہ جب بئر معونہ میں صحابہ شہید کئے گئے اور عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ قید کئے گئے تو ان سے عامر بن طفیل نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ اور اس نے اشارہ کیا ایک لاش کی طرف، عمرو بن امیہؓ نے کہا: یہ عامر بن فہیرہؓ ہیں، پس عامر بن طفیل نے کہا: بخدا! دیکھا میں نے اس کو مارے جانے کے بعد اٹھایا گیا وہ آسمان کی طرف، یہاں تک کہ میں دیکھ رہا تھا (اس کو) آسمان اور زمین کے درمیان، پھر وہ زمین پر رکھ دیا گیا۔

پس نبی ﷺ کو شہداء کی اطلاع ہوئی، آپؐ نے صحابہ کو ان کی موت کی خبر سنائی اور فرمایا: تمہارے ساتھی شہید کر دیئے گئے اور انھوں نے اپنے پروردگار سے درخواست کی کہ اے ہمارے پروردگار! ہمارے احوال کی خبر پہنچا ئیں ہمارے بھائیوں کو کہ ہم آپ سے راضی ہو گئے اور آپ ہم سے راضی ہو گئے، پس اللہ تعالیٰ نے صحابہ کو ان کے احوال کی خبر پہنچائی۔

اور شہید کئے گئے اس دن عروۃ بن اسماء بن الصلتؓ، پس نام رکھے گئے عروۃ بن الزبیرؓ ان کے نام سے، اور (شہید کئے گئے) منذر بن عمروؓ پس منذر بن الزبیرؓ نام رکھے گئے، ان کے نام سے۔

قنوتِ نازلہ کا مسئلہ

قنوت تین ہیں: ایک وہ قنوت (دعا) ہے جو وتروں میں پڑھا جاتا ہے، دوسرا: قنوتِ نازلہ ہے یعنی وہ قنوت ہے جو دشمن کی طرف سے پڑنے والی کسی افتاد کے وقت پڑھا جاتا ہے، جب مسلمانوں کو دشمن کی طرف سے کسی آفت کا سامنا ہو تو قنوتِ نازلہ پڑھنا چاہئے، یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کا مشہور قول یہ ہے کہ قنوتِ نازلہ صرف فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے قومہ میں پڑھا جائے اور دوسرا قول یہ ہے کہ تمام جہری نمازوں میں پڑھ سکتے ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک پانچوں نمازوں میں قنوتِ نازلہ پڑھ سکتے ہیں۔ اور تیسرا قنوت راتبہ ہے یعنی ہمیشہ فجر کی نماز میں پڑھا جانے والا قنوت، اس کے امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ قائل ہیں، پھر امام مالک رحمہ اللہ اس کو مستحب کہتے ہیں اور امام شافعی رحمہ اللہ سنت، باقی دو امام اس قنوت کے قائل نہیں، اور مالکیہ اور شافعیہ یہ قنوت صرف فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے قومہ میں پڑھتے ہیں۔

پھر اس میں اختلاف ہے کہ وتر میں قنوت پورے سال ہے یا صرف رمضان میں یا رمضان کے نصف آخر میں؟ امام ابو حنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ کا مختار قول اور امام شافعی رحمہ اللہ کی تین روایتوں میں سے ایک روایت یہ ہے کہ وتر میں قنوت پورے سال ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک صرف رمضان میں ہے، باقی گیارہ مہینے وتروں میں قنوت نہیں اور امام

شافعی رحمہ اللہ کا اصل مذہب اور امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ رمضان کی سولہویں رات سے ختم رمضان تک قنوت ہے باقی ساڑھے گیارہ مہینے قنوت نہیں۔

نیز اس میں بھی اختلاف ہے کہ قنوت کا محل کیا ہے؟ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک قنوت کی جگہ وتر کی آخری رکعت میں رکوع سے پہلے ہے اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک رکوع کے بعد قومہ میں قنوت کی جگہ ہے۔

جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں کوئی مرفوع روایت نہیں، اور صحابہ کے اقوال اور عمل مختلف ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سال بھر قنوت کے قائل تھے، اور وہ اس کی جگہ تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے تجویز کرتے تھے، احناف نے اسی کو لیا ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے صرف رمضان کے آخری پندرہ دنوں میں قنوت پڑھنا مروی ہے، آپؓ تیسری رکعت کے رکوع کے بعد پڑھتے تھے، امام شافعی رحمہ اللہ نے اس کو اختیار کیا ہے۔

[٤٠٩٤-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْ مِجْلَزٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَنَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا، يَدْعُوْ عَلٰى رِعْلٍ وَذَكْوَانَ، وَيَقُوْلُ: "عُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ"[راجع: ١٠٠١]

[٤٠٩٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى الَّذِيْنَ قَتَلُوْا - يَعْنِيْ أَصْحَابَهُ - بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ ثَلَاثِيْنَ صَبَاحًا، حِيْنَ يَدْعُوْ عَلٰى رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَلِحْيَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهِ وَرَسُوْلَهُ، قَالَ: أَنَسٌ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِنَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم فِي الَّذِيْنَ قُتِلُوْا- أَصْحَابِ بِئْرِ مَعُوْنَةَ - قُرْآنًا قَرَأْنَاهُ حَتَّى نُسِخَ بَعْدُ: " بَلِّغُوْا قَوْمَنَا فَقَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَرَضِيْنَا عَنْهُ"[راجع: ١٠٠١]

[٤٠٩٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوْتِ فِي الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَقُلْتُ: كَانَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ أَوْ بَعْدَهُ؟ قَالَ: قَبْلَهُ، قُلْتُ: فَإِنَّ فُلَانًا أَخْبَرَنِيْ عَنْكَ أَنَّكَ قُلْتَ: بَعْدَهُ، قَالَ: كَذَبَ! إِنَّمَا قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا، أَنَّهُ كَانَ بَعَثَ نَاسًا، يُقَالُ لَهُمْ: الْقُرَّاءُ، وَهُمْ سَبْعُوْنَ رَجُلًا، إِلٰى نَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، وَبَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَهْدٌ، قِبَلَهُمْ فَظَهَرَ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَهْدٌ، فَقَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا يَدْعُوْ عَلَيْهِمْ.[راجع: ١٠٠١]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے رکوع کے بعد ایک مہینہ تک قنوتِ نازلہ پڑھا،

آپ ﷺ قبائل رعل اور ذکوان کے لئے بددعا کرتے تھے، اور فرماتے تھے: قبیلہ عُصیّہ نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے بددعا کی ان لوگوں پر جنھوں نے بئر معونہ میں آپ ﷺ کے صحابہ کو شہید کیا تیس دن تک، جب بددعا کرتے تھے آپ ﷺ رعل، ذکوان، لحیان اور عصیّہ کے لئے، جس نے اللہ کی اور اس کے رسول کی نافرمانی کی، حضرت انس ؓ کہتے ہیں: پس اللہ تعالیٰ نے نازل کیا اپنے نبی پر ان لوگوں کے حق میں جو قتل کئے گئے یعنی بئر معونہ کے شہداء کے حق میں قرآن، پڑھا ہم نے اس کو یہاں تک کہ بعد میں وہ منسوخ کیا گیا: ''پہنچاؤ ہماری قوم کو کہ ہم نے اپنے پروردگار سے ملاقات کی، پس وہ ہم سے خوش ہوئے اور ہم ان سے خوش ہوئے''

حدیث (۳): عاصم احول نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نماز میں قنوت کے بارے میں پوچھا، حضرت انس ؓ نے فرمایا: ہے: عاصم نے پوچھا: رکوع سے پہلے یا بعد میں؟ حضرت انس ؓ نے فرمایا: پہلے، عاصم نے کہاں: فلاں شاگرد (محمد بن سیرین) نے مجھے آپ سے روایت کرتے ہوئے بتلایا کہ آپ ؓ نے فرمایا: رکوع کے بعد ہے، حضرت انس ؓ نے کہا: اس نے غلط کہا، نبی ﷺ نے رکوع کے بعد صرف ایک مہینہ قنوت پڑھا ہے، آپ ﷺ نے کچھ لوگوں کو بھیجا جن کو قراء (علماء) کہا جاتا تھا، وہ ستر آدمی تھے، مشرکین میں سے کچھ لوگوں کی طرف اور ان کے درمیان اور نبی ﷺ کے درمیان عہد و پیمان تھا ان کی طرف بھیجا، پس وہ غالب آگئے، جن کے درمیان اور نبی ﷺ کے درمیان عہد و پیمان تھا، پس نبی ﷺ نے رکوع کے بعد ایک مہینہ تک قنوت نازلہ پڑھا، آپ ﷺ ان کے لئے بددعا کرتے تھے۔

تشریح: وتروں میں قنوت رکوع سے پہلے ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہی فرمایا ہے اور محمد بن سیرین رحمہ اللہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کا جو قول نقل کیا ہے کہ قنوت رکوع کے بعد ہے وہ قنوتِ نازلہ کے بارے میں ہے، قنوتِ راتبہ کے بارے میں نہیں ہے، تفصیل پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۳۲۶ میں) گذری ہے۔

(حادثہ رجیع اور بیر معونہ کا بیان مع ان کے متعلقات کے پورا ہوا)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غزوۂ احزاب یا غزوۂ خندق

(مع غزوۂ بنوقریظہ)

أحزاب: حِزْب کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: پارٹی، طاقت ور جماعت، ایسی جماعت جس میں یکساں اغراض ومقاصد کے لئے لوگ شامل ہوں، اس غزوہ میں چونکہ قریش، غطفان، کنانہ اور تہامہ میں آباد دوسرے حلیف قبائل حملہ آور ہوئے تھے، اس لئے اس کا نام غزوہ احزاب ہے۔

الخندق: میدانِ جنگ میں دشمن کے حملہ سے حفاظت کے لئے کھودا ہوا گہرا اور لمبا گڑھا، چونکہ اس جنگ میں جبل سَلَع کے پاس دشمن کا دباؤ روکنے کے لئے لمبا گڑھا کھودا گیا تھا، اس لئے اس کا نام غزوۂ خندق بھی ہے۔

واقعات کا تسلسل:

۱- جب ابوسفیان اور اس کے رفقاء غزوۂ احد سے واپس ہونے لگے تو ابوسفیان نے کہا تھا: آئندہ سال بدر میں پھر لڑیں گے، رسول اللہ ﷺ نے جواب دلوایا: ٹھیک ہے، یہ بات ہمارے اور تمہارے درمیان طے رہی، چنانچہ اگلے سال نبی ﷺ نے جنگ کی تیاری شروع کی اور شعبان ۴ ہجری میں آپؐ نے طے شدہ جنگ کے لئے بدر کا رخ کیا، آپؐ کے ساتھ ڈیڑھ ہزار فوج تھی، اور دس گھوڑے تھے، آپؐ بدر پہنچ کر مشرکین کے انتظار میں خیمہ زن ہوگئے۔

دوسری طرف ابوسفیان بھی پچاس سواروں سمیت دو ہزار مشرکین کی جمعیت لے کر روانہ ہوا اور مکہ سے ایک مرحلہ پر وادی مرالظہران پہنچ کر مِجَنَّہ نامی چشمہ پر خیمہ زن ہوا، مگر وہ مکہ سے بوجھل اور بددل نکلا تھا، وہ خوف زدہ ہوگیا، مرالظہران میں اس کی ہمت جواب دے گئی، اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا: جنگ اس وقت موزوں ہوتی ہے جب شادابی اور ہریالی ہو، جانور چرسکیں اور تم دودھ پی سکو، اِس وقت خشک سالی ہے، لہٰذا میں واپس جارہا ہوں، تم بھی واپس چلو، ابوسفیان کے اس اعلان کی کسی نے مخالفت نہیں کی، گویا سب اس اعلان کے منتظر تھے، مسلمانوں نے بدر میں آٹھ دن تک دشمن کا انتظار کیا، سامانِ تجارت بیچ کر نفع حاصل کیا اور اس شان سے مدینہ واپس آئے کہ دلوں پر ان کی دھاک بیٹھ چکی تھی، اور ماحول پر ان کی گرفت مضبوط ہوچکی تھی (یہ غزوۂ بدر دوم اور غزوۂ بدر صغری کہلاتا ہے)

۲- احد میں جیتی ہوئی جنگ قریش نے ہاردی تھی، جنگ کے آخر میں ان کا ہاتھ اوپر ہوگیا تھا، مگر وہ لوگ فتح کا کوئی فائدہ اٹھائے بغیر واپس ہوگئے، وہ مسلمانوں کا استیصال نہیں کرسکے، اس کا ان کو شدید افسوس تھا، اس لئے وہ چاہتے تھے کہ مدینہ والوں کے ساتھ ایک فیصلہ کن جنگ لڑیں اور مسلمانوں کی جڑ کاٹ دیں۔

۳- بنو نضیر کے یہودی جو مدینہ سے جلاوطن کئے گئے تھے اور خیبر میں جاکر آباد ہوگئے تھے، ان کا دلوں کا غصہ ٹھنڈا نہیں ہوا تھا، جب دور دور تک مسلمانوں کی حکمرانی کا سکہ بیٹھ گیا تو انہیں سخت جلن ہوئی، انھوں نے نئے سرے سے سازش شروع کی اور مسلمانوں پر ایک ایسی آخری کاری ضرب لگانے کی تیاری شروع کی جس کے نتیجہ میں مسلمانوں کا چراغ گل ہوجائے، چونکہ ان میں براہِ راست مسلمانوں سے ٹکر لینے کی جرأت نہیں تھی، اس لئے انھوں نے ایک خطرناک پلان بنایا، بنو نضیر کے بیس سردار مکہ قریش کے پاس گئے، اور انہیں مسلمانوں کے خلاف آمادۂ جنگ کرنے کے لئے اپنی مدد کا پورا یقین دلایا، اس کے بعد یہود کا یہ وفد بنو غطفان کے پاس گیا اور قریش ہی کی طرح انہیں بھی آمادۂ جنگ کیا، وہ بھی تیار ہوگئے، پھر اس وفد نے باقی قبائل عرب میں گھوم کر لوگوں کو جنگ کی ترغیب دی، چنانچہ ان قبائل کے بھی بہت سے افراد تیار ہوگئے، اس طرح یہودی بازی گروں نے کامیابی کے ساتھ کفر کے بڑے بڑے گروہوں اور جتھوں کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکا کر جنگ کے لئے تیار کرلیا، چنانچہ شوال ۵ ہجری میں قریش، کنانہ اور تہامہ میں آباد دوسرے حلیف قبائل نے مدینہ کی جانب کوچ کیا، ان کا سپہ سالار ابوسفیان تھا، اور ان کی تعداد چار ہزار تھی، جب یہ لشکر مر الظہر ان پہنچا تو بنو سلیم بھی اس میں آشامل ہوئے اور مشرق کی طرف سے غطفانی قبائل: فزارہ، مرّہ اور اشجع نے کوچ کیا، ان تمام قبائل نے ایک مقررہ وقت اور مقررہ پروگرام کے ماتحت مدینے کا رخ کیا، ان کی مجموعی تعداد دس ہزار تھی، جو مدینہ کی پوری آبادی سے بھی زیادہ تھی، یہ سب یہ عزم مصمم لے کر چلے تھے کہ اس مرتبہ مسلمانوں کا استیصال کرکے ہی لوٹیں گے۔

۴- نبی ﷺ کو جب ان کی روانگی کی اطلاع ہوئی تو آپؐ نے صحابہ سے مشورہ کیا، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے خندق کھودنے کا مشورہ دیا، انھوں نے کہا: میدان میں مقابلہ مناسب نہیں، فارس میں جب زبردست لشکر حملہ آور ہوتا ہے تو خندق کھود کر دشمن کا مقابلہ کیا جاتا ہے، نبی ﷺ نے اور صحابہ نے اس رائے کو پسند کیا، چنانچہ آپؐ نے خط کھینچ کر دس دس آدمیوں پر دس دس گز زمین تقسیم کی اور کھدائی کا کام شروع ہوگیا، یہ قحط کا زمانہ تھا، سردی کا موسم تھا، راتیں ٹھنڈی تھیں، ٹھنڈی ہواؤں کے جھکڑ چل رہے تھے، صحابہ پیٹ پر پتھر باندھے ہوئے تھے، تین ہزار صحابہ ذوق وشوق سے خندق کھودنے میں جُتے ہوئے تھے، جذبہ ایمانی پر جوش تھا، سب مل کر نغمہ زن تھے، سرکارِ مدینہ بذاتِ خود شریک کار تھے، شکم مبارک غبار سے اٹ گیا تھا، اور زبان پر حمد وشکر کا ترانہ تھا۔

۵- چھ دن میں کوہ سلع کے قریب خندق کی کھدائی مکمل ہوئی، اور لشکر اسلام وہاں خیمہ زن ہوا، کفار کا لشکر مدینہ پہنچا تو خندق نے ان کا استقبال کیا، وہ حیران رہ گئے، یہ صورتِ حال ان کے لئے نئی تھی، اور پریشان کن بھی، خندق عبور کرنے کی

کوئی صورت نہیں تھی، طرفین سے تیراندازی شروع ہوگئی، بیس دن یا ایک ماہ تک یہ سلسلہ جاری رہا۔

۶-مشرکین خندق پار کرنے کی پوری کوشش کرتے تھے، لیکن مسلمان تیروں سے ان کا مقابلہ کرتے تھے اور ایسی پامردی سے ان کا مقابلہ کرتے تھے کہ ان کی ہر کوشش ناکام ہوجاتی تھی، اُن پُر زور مقابلوں میں نبی ﷺ اور صحابہ کرام کی بعض نمازیں بھی فوت ہوگئیں، جو بعد میں قضا کی گئیں، اور اسی تیراندازی کے دوران صدیق الانصار حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو بھی ایک تیر لگا جس سے ان کے بازو کی شہ رگ کٹ گئی، اور وہی بالآخر ان کی موت کا سبب بنی۔

۷-لشکر کفار کے شہسواروں کو گوارہ نہ تھا کہ اس طرح خندق کے پاس نتائج کے انتظار میں بے فائدہ محاصرہ کئے پڑے رہیں، چنانچہ ان کی ایک جماعت نے جن میں عمرو بن وُدّ۔ عکرمہ بن ابی جہل اور ضرار بن خطاب وغیرہ تھے، ایک تنگ مقام سے خندق پار کرلی اور مسلمانوں کو مقابلہ کے لئے للکارا، ادھر سے حضرت علی رضی اللہ عنہ چند مسلمانوں کے ہمراہ نکلے، اور عمرو بن وُدّ کے مقابل ہوئے، دونوں میں پُر زور ٹکر ہوئی، ایک نے دوسرے پر بڑھ چڑھ کر وار کئے، بالآخر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کا کام تمام کردیا، باقی مشرکین بھاگ کر خندق پار چلے گئے، وہ اس قدر حواس باختہ تھے کہ عکرمہ بھاگتے ہوئے اپنا نیزہ بھی چھوڑ گیا۔

۸-ایک طرف مسلمان محاذِ جنگ پر مشکلات سے دوچار تھے، دوسری طرف سازش جاری تھی، خیبر کے یہود اس کوشش میں تھے کہ مسلمانوں سے آخری بدلہ لے لیں، مجرم اکبر بنونضیر کا سردار حُیَیّ بن اخطب بنوقریظہ کے پاس آیا، اور ان کے سردار کعب بن اسعد کو ورغلایا، یہ شخص بنوقریظہ کی طرف سے عہد و پیمان باندھنے توڑنے کا مختار ومجاز تھا، اور اسی نے نبی ﷺ سے معاہدہ کیا تھا کہ جنگ کے مواقع پر اس کا قبیلہ آپؐ کی مدد کرے گا، حیی: کعب کے پاس آیا اور طرح طرح کی باتیں کرکے اور سبز باغ دکھا کر کعب کو عہد توڑنے پر راضی کرلیا اور بنوقریظہ عملی طور پر جنگی کاروائیوں میں مصرف ہوگئے، اور مشرکین کے ساتھ اپنے اتحاد کا عملی ثبوت پیش کرنے کے لئے رسد رسانی شروع کردی، حتی کہ مسلمانوں نے ان کی رسد کے بیس اونٹوں پر قبضہ بھی کرلیا۔

۹-عورتوں کو 'فارع' نامی قلعہ میں حفاظت کی غرض سے جمع کیا گیا تھا، اور ان کی نگرانی کے لئے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا گیا تھا، ایک یہودی اس قلعہ کے ارد گرد چکر کاٹنے لگا، یہ اس وقت کی بات ہے جب بنوقریظہ عہد و پیمان توڑ کر مسلمانوں کے ساتھ برسرِ پیکار ہوچکے تھے، اور عورتوں اور بچوں کی طرف سے کوئی دفاع کرنے والا نہ تھا، اس لئے نبی ﷺ کی پھوپھی حضرت صفیہ بنت عبد المطلب نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے کہا: یہ یہودی قلعہ کا چکر کاٹ رہا ہے، اور مجھے اندیشہ ہے کہ باقی یہود ہماری کمزوری سے آگاہ ہوجائیں گے کہ قلعہ میں کوئی فوج نہیں ہے، اور رسول اللہ ﷺ اور مسلمان ان کی مدد کو نہیں پہنچ سکتے، وہ اپنے معاملات میں الجھے ہوئے ہیں، پس ایسا نہ ہو کہ یہود قلعہ پر چڑھائی کردیں، تم جاکر اس کو قتل کردو، حضرت حسانؓ نے کہا: تم جانتی ہو کہ میں اس کام کا آدمی نہیں ہوں، پس حضرت صفیہؓ نے خود کمر باندھی،

ایک بھاری لکڑی لی، اور قلعے سے اتر کر اس یہودی کے پاس پہنچی اور اس کو لکڑی سے مار مار کر ختم کر دیا، پھر واپس آئیں اور حضرت حسان سے کہا: جاؤ، اس کے ہتھیار اتار لاؤ، حضرت حسانؓ نے کہا: مجھے اس کی ضرورت نہیں۔

۱۰- جب نبی ﷺ کو بنو قریظہ کی بدعہدی کی اطلاع ملی تو آپؐ نے فوراً تحقیق حال کے لئے اوس کے سردار حضرت سعد بن معاذ کو اور خزرج کے سردار حضرت سعد بن عبادۃ کو روانہ کیا، اور اُن سے کہہ دیا کہ اگر نقض عہد کی خبر صحیح ہو تو مبہم خبر دینا، جب یہ دونوں حضرات ان کے قریب پہنچے تو ان کو انتہائی خباثت پر آمادہ پایا، انھوں نے علانیہ گالیاں بکیں اور رسول اللہ ﷺ کی اہانت کی، انھوں نے کہا: اللہ کا رسول کون ہوتا ہے؟ ہمارے اور محمد کے درمیان کوئی عہد نہیں، یہ سن کر وہ دونوں حضرات واپس آئے، اور مبہم الفاظ میں کہا: عَضَل وقارہ! یعنی ان قبائل کی طرح بنو قریظہ نے بھی بدعہدی کی ہے، یہ بات اگرچہ اشارہ کنایہ میں کہی گئی تھی، مگر عام لوگوں کو صورتِ حال کا علم ہو گیا، اور اس طرح ایک خوفناک خطرہ ان کے سامنے مجسم ہو گیا۔

۱۱- اسی موقعہ پر منافقین نے بھی سر ابھارا، وہ کہنے لگے: محمد ہم سے وعدے کرتے تھے کہ ہم قیصر و کسری کے خزانے کھائیں گے، اور یہاں حالت یہ ہے کہ استنجے جانا بھی خطرہ سے خالی نہیں، اور بعض منافقین اپنے سرداروں سے یہ کہہ کر اپنے گھروں کو روانہ ہو گئے کہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں، ہمیں اجازت دیجئے کہ ہم اپنے گھروں کی خبر لیں۔

۱۲- ایک طرف لشکر کا یہ حال تھا، دوسری طرف رسول اللہ ﷺ کی یہ حالت تھی کہ آپ بنو قریظہ کی بدعہدی کی خبر سن کر اپنا سر اور چہرہ کپڑے سے ڈھانک کر چت لیٹ گئے، اور دیر تک لیٹے رہے، اس سے صحابہ کا اضطراب بڑھ گیا، مگر جلد ہی آپ ﷺ پر امید غالب آ گئی، آپؐ اٹھ بیٹھے، اور فرمایا: مسلمانو! اللہ کی مدد اور فتح کی خوش خبری سن لو! اس کے بعد آپؐ نے پیش آمدہ حالات سے نمٹنے کی صورتوں پر غور شروع کیا، چنانچہ مدینہ کی حفاظت کے لئے فوج کا ایک حصہ روانہ فرمایا، تاکہ یہود کی طرف سے عورتوں اور بچوں پر اچانک کوئی حملہ نہ ہو جائے۔

علاوہ ازیں: ایک فیصلہ کن اقدام کی ضرورت تھی، جس سے دشمن کے مختلف گروہوں میں پھوٹ پڑ جائے اور ان کو ایک دوسرے سے الگ کر دیا جائے، چنانچہ آپؐ نے سوچا کہ بنو غطفان کے دونوں سرداروں عیینہ بن حصن اور حارث بن عوف سے مدینہ کی ایک تہائی پیداوار پر مصالحت کر لی جائے، تاکہ وہ اپنے قبیلوں کو لے کر واپس ہو جائیں اور تنہا قریش سے نمٹنا آسان ہو جائے۔

مگر جب آپؐ نے حضرت سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما سے اس سلسلہ میں مشورہ کیا تو دونوں سرداروں نے بیک زبان کہا: یارسول اللہ! اگر یہ اللہ کا حکم ہے تو سر آنکھوں پر! اور اگر آپؐ محض ہماری خاطر ایسا کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اس کی ضرورت نہیں، جب ہم مشرک تھے تب وہ لوگ میزبانی یا خرید و فروخت کے سوا ایک دانے کی بھی طمع نہیں کر سکتے تھے، اب جبکہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو دولتِ اسلام سے نوازا، اور آپؐ کے ذریعہ عزت بخشی، ہم اپنا مال ان کو کیسے دے سکتے ہیں؟ اب تو ہم ان کو اپنی تلواریں دیں گے! آپؐ نے فرمایا: جب میں نے دیکھا کہ سارا عرب تم پر پل پڑا ہے اور ایک

کمان سے وار کیا ہے تو تمہاری خاطر میں نے یہ کام کرنا چاہا تھا۔

۱۳- پھر اللہ کا فضل ہوا، دشمن میں پھوٹ پڑ گئی، اوران کی دھار کند ہو گئی، ہوا یہ کہ بنو غطفان کے ایک صاحب جن کا نام نُعیم بن مسعود بن عامر اشجعی تھا، رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور مسلمان ہوئے، اور عرض کیا کہ ابھی لوگوں کو میرے اسلام کا علم نہیں، آپ مجھے کوئی حکم دیں، میں اس کی تعمیل کروں گا، آپؐ نے فرمایا: تم فقط ایک آدمی ہو (اس لئے کوئی فوجی اقدام تو کر نہیں سکتے) ہاں تم دشمن میں پھوٹ ڈالو، اوران کی حوصلہ شکنی کرو، کیونکہ جنگ خُدْعَۃَ (چال چلنے کا نام) ہے۔

چنانچہ حضرت نُعیم رضی اللہ عنہ فوراً بنوقریظہ کے پاس پہنچے (زمانہ جاہلیت سے ان کا ان کے ساتھ بڑا میل جول تھا) وہاں پہنچ کر ان سے کہا: آپ لوگ جانتے ہیں: مجھے آپ لوگوں سے محبت اور خصوصی تعلق ہے، انھوں نے کہا: جی ہاں! نعیم نے کہا: پھر سنو! قریش کا معاملہ آپ لوگوں سے مختلف ہے، آپ لوگ یہاں کے ہیں، آپ لوگوں کا گھر بار یہاں ہے، مال و دولت اور کاروبار یہاں ہے، آپ لوگ اسے چھوڑ کر کہیں نہیں جا سکتے اور قریش وغطفان باہر کے ہیں، وہ محمد سے جنگ کرنے آئے تو آپ لوگوں نے ان کا ساتھ دیا، کل کو اگر وہ بوریا بستر باندھ کر چل دیئے تو آپ لوگ ہونگے اور محمد ہونگے، وہ جس طرح چاہیں گے آپ لوگوں سے انتقام لیں گے، اس پر بنوقریظہ چونکے، انھوں نے کہا: بتایئے اب کیا کیا جائے؟ نعیم نے کہا: قریش جب تک آپ لوگوں کو اپنے آدمی یرغمال کے طور پر نہ دیں آپ ان کے ساتھ جنگ میں شریک نہ ہوں، بنوقریظہ نے کہا: آپ نے بہت مناسب رائے دی!

پھر نعیم سیدھے قریش کے پاس پہنچے اور ان سے کہا: آپ لوگوں سے مجھے جو محبت اور جذبہ خیر خواہی ہے، اسے آپ جانتے ہیں؟ انھوں نے کہا: جی ہاں! نعیم نے کہا: اچھا تو اب سنو! بنوقریظہ نے محمد کے ساتھ جو عہد شکنی کی ہے وہ اس پر نادم ہیں، اور اب ان لوگوں نے طے کیا ہے کہ وہ آپ لوگوں سے کچھ یرغمال حاصل کر کے محمد کے حوالے کریں گے، اور اس طرح محمد سے اپنا معاملہ استوار کرلیں گے، لہٰذا اگر وہ یرغمال طلب کریں تو آپ لوگ ہرگز اپنے آدمی نہ دیں، پھر غطفان کے پاس جا کر بھی یہی بات کہی، اس طرح ان کے بھی کان کھڑے کر دیئے۔

اس کے بعد جمعہ اور ہار کی درمیانی رات میں قریش نے یہود کے پاس پیغام بھیجا کہ ہمارا قیام کسی سازگار اور موزون جگہ میں نہیں ہے، گھوڑے اور اونٹ مر رہے ہیں، اس لئے ادھر سے ہم اور اُدھر سے آپ لوگ اٹھیں اور ایک ساتھ محمد پر حملہ کر دیں، یہود نے جواب دیا: آج ہار کا دن ہے، ہم آج کچھ نہیں کر سکتے، علاوہ ازیں جب تک آپ لوگ اپنے کچھ آدمی یرغمال کے طور پر نہیں دیں گے ہم لڑائی میں شریک نہیں ہونگے، جب یہ جواب قریش اور غطفان کو پہنچا تو انھوں نے کہا: واللہ! نعیم نے سچ کہا تھا! چنانچہ انھوں نے یہود کو کہلا بھیجا کہ خدا کی قسم! ہم آپ کو کوئی آدمی نہیں دیں گے، بغیر کسی ضمانت کے آپ لوگ ہمارے ساتھ مل کر محمد سے لڑیں، یہ سن کر بنوقریظہ نے کہا: واللہ! نعیم نے ہم سے سچ ہی کہا تھا! اس طرح دونوں

فریق کا اعتماد ایک دوسرے سے اٹھ گیا، اوران کی صفوں میں پھوٹ پڑ گئی، اوران کے حوصلے ٹوٹ گئے۔

۱۴- اِدھر رسول اللہ ﷺ اور مسلمان دعاؤں میں لگے ہوئے تھے: اللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا: اے اللہ! ہماری پردہ پوشی فرما! اور ہمیں خطرات سے مامون فرما، اور نبی ﷺ یہ دعا فرمارہے تھے: اللّٰھُمَّ! مُنْزِلَ الْکِتَابِ، سَرِیْعَ الْحِسَابِ، اھْزِمِ الْأَحْزَابَ، اللّٰھُمَّ اھْزِمْھُمْ وَزَلْزِلْھُمْ: اے اللہ! اے قرآن کے اتارنے والے! اے جلدی حساب لینے والے! ان لشکروں کو شکست دیں، اے اللہ! انہیں شکست دیں اور انہیں جھنجھوڑ کر رکھ دیں!

اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کی اور مسلمانوں کی دعائیں سن لیں، اور تند و تیز ہواؤں کا طوفان بھیج دیا، جس نے کفار کے خیمے اکھاڑ دیئے، ہانڈیاں پلٹ دیں، طنابیں اکھاڑ دیں اور کسی چیز کو قرار نہ رہا، ساتھ ہی فرشتوں کا لشکر بھیج دیا جس نے ان کو ہلا کر رکھ دیا، اوران کے دلوں میں رعب اور خوف ڈال دیا اوران کے کمانڈر انچیف نے واپسی کا اعلان کردیا، صبح ہوئی تو میدان صاف تھا، اس طرح اللہ تعالیٰ نے دشمن کو کسی خیر کے حصول کا موقعہ دیئے بغیر غیظ وغضب میں بھرے ہوئے واپس کردیا، اور اللہ تعالیٰ ان سے جنگ کے لئے کافی ہوگئے، اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ سے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا کیا، مسلمانوں کے لشکر کو عزت بخشی اور تن تنہا سارے لشکر کو شکست دیدی اور آپؐ لشکر کے ساتھ مظفر و منصور مدینہ واپس آئے۔

۱- غزوۂ خندق کی تاریخ

غزوہ خندق کب پیش آیا؟ اس میں اختلاف ہے، موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں: یہ غزوہ شوال سنہ۴ ہجری میں ہوا ہے۔ امام بخاریؒ نے اسی رائے کو اختیار کیا ہے اور دلیل میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت پیش کی ہے کہ وہ احد کے دن نبی ﷺ کے سامنے پیش ہوئے تھے، اس وقت وہ چودہ سال کے تھے، اس لئے نبی ﷺ نے ان کو غزوہ میں شرکت کی اجازت نہیں دی تھی، پھر غزوۂ خندق میں پیش ہوئے، اس وقت وہ پندرہ سال کے تھے، پس نبی ﷺ نے اجازت دیدی۔

اس سے معلوم ہوا کہ غزوۂ احد اور غزوۂ خندق میں صرف ایک سال کا فصل ہے اور یہ طے شدہ امر ہے کہ غزوۂ احد سنہ۳ ہجری میں ہوا ہے، پس غزوۂ خندق کا سنہ۴ ہجری میں ہونا ثابت ہوا۔

مگر جمہور ائمہ مغازی کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ غزوہ سنہ۵ ہجری میں ہوا ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما غزوۂ احد کے وقت پورے چودہ سال کے نہیں ہوں گے، بلکہ چودھویں سال کا آغاز ہوگا اور غزوۂ خندق کے وقت وہ پورے پندرہ سال کے ہوں گے اس اعتبار سے غزوۂ احد اور غزوۂ خندق میں دو سال کا وقفہ ہوتا ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ غزوۂ احد سے واپسی کے وقت ابوسفیان نے کہا تھا کہ آئندہ سال بدر میں ہمارا تمہارا مقابلہ ہوگا، پھر وہ اگلے سال قحط سالی کا بہانہ بنا کر بدر میں نہیں آیا، اس کے ایک سال کے بعد دس ہزار آدمیوں کی جمعیت لے کر مدینہ پر چڑھ آیا، جس کو غزوۂ احزاب اور غزوۂ خندق کہتے ہیں، معلوم ہوا کہ ان دو غزووں میں دو سال کا وقفہ ہے، یہی جمہور علمائے

سیر کا قول ہے۔

[۳۰-] بَابُ غَزْوَةِ الْخَنْدَقِ وَهِيَ الْأَحْزَابُ

قَالَ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ: كَانَتْ فِيْ شَوَّالٍ سَنَةَ أَرْبَعٍ.

[۴۰۹۷-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَرَضَهُ يَوْمَ أُحُدٍ وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ فَلَمْ يُجْزِهِ، وَعَرَضَهُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ فَأَجَازَهُ. [راجع: ۲۶۶۴]

۲-خندق کی کھدائی

ذوق وشوق اور حوصلہ افزائی

مسلمانوں نے ذوق وشوق، پوری محنت اور دلجمعی سے خندق کھودنی شروع کردی، نبی ﷺ ان کی حوصلہ افزائی کررہے تھے، اور کام کی ترغیب دے رہے تھے، آپؐ عملاً بھی صحابہ کے ساتھ شریک تھے، حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خندق میں تھے، لوگ کھود رہے تھے اور ہم کندھوں پر مٹی ڈھو رہے تھے، اور نبی ﷺ فرمارہے تھے:

اَللّٰهُمَّ لَاعَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةْ ۞ فَاغْفِرْ لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارْ

اے اللہ! زندگی تو بس آخرت کی زندگی ہے÷ پس مہاجرین اور انصار کی بخشش فرما!

دوسری روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہے: نبی ﷺ خندق کی طرف تشریف لائے، مہاجرین وانصار ایک ٹھنڈی صبح میں کھدائی کا کام کررہے تھے، ان کے پاس غلام نہیں تھے جوان کا کام کردیتے، نبی ﷺ نے صحابہ کی مشقت اور بھوک دیکھی تو فرمایا:

اَللّٰهُمَّ إِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الْآخِرَةْ ۞ فَاغْفِرْ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ

اے اللہ! زندگی تو یقیناً آخرت کی زندگی ہے÷ پس انصار ومہاجرین کو بخش دے۔

انصار ومہاجرین نے جواب دیا:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ۞ عَلَى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

ہم نے نبی ﷺ سے بیعت کی ہے÷ ہمیشہ جہاد کرنے پر جب تک ہم باقی رہیں۔

تیسری روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مہاجرین وانصار مدینہ کے گرد خندق کھود رہے تھے، اور مٹی

اپنی پیٹھوں پر ڈھورہے تھے اور کہہ رہے تھے:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ۞ عَلٰى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

اور نبی ﷺ ان کو جواب دے رہے تھے:

اللّٰهُمَّ إِنَّهُ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الآخِرَةْ ۞ فَبَارِكْ فِى الْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةْ

اے اللہ! خیر تو آخرت کی خیر ہے÷ پس انصار اور مہاجرین میں برکت فرما۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور وہ لائے جاتے تھے ایک لب بھر کر جو، پس ان کے لئے وہ پکائے جاتے تھے پگھلی ہوئی چربی کے ساتھ، وہ کھانا لوگوں کے سامنے رکھا جاتا تھا اور لوگ فاقہ سے ہوتے تھے، اور کھانا بدمزہ ہوتا تھا اور اس میں بدبو ہوتی تھی (مگر فاقہ کی وجہ سے صحابہ زہر مار کرتے تھے)

[٤٠٩٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِى حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِى الْخَنْدَقِ، وَهُمْ يَحْفِرُوْنَ، وَنَحْنُ نَنْقُلُ التُّرَابَ عَلٰى أَكْتَادِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

اللّٰهُمَّ لَاعَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الآخِرَةِ ۞ فَاغْفِرْ لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ

[٤٠٩٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ حُمَيْدٍ، سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى الْخَنْدَقِ، فَإِذَا الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ فِىْ غَدَاةٍ بَارِدَةٍ، فَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ عَبِيْدٌ يَعْمَلُوْنَ ذٰلِكَ لَهُمْ، فَلَمَّا رَأَى مَابِهِمْ مِنَ النَّصَبِ وَالْجُوْعِ قَالَ:

اللّٰهُمَّ إِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الآخِرَةْ ۞ فَاغْفِرْ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ

فَقَالُوْا مُجِيْبِيْنَ لَهُ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ۞ عَلٰى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

[راجع: ٢٨٣٤]

[٤١٠٠-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: جَعَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ حَوْلَ الْمَدِيْنَةِ، وَيَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ عَلٰى مُتُوْنِهِمْ، وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا ۞ عَلٰى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

قَالَ: يَقُوْلُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُجِيْبُهُمْ:

اللّٰهُمَّ إِنَّهُ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الآخِرَةْ ۞ فَبَارِكْ فِى الْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةْ

قَالَ: وَيُؤْتَوْنَ بِمِلْءِ كَفَّي مِنَ الشَّعِيرِ، فَيُصْنَعُ لَهُمْ بِإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ، تُوْضَعُ بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ، وَالْقَوْمُ جِيَاعٌ، وَهِيَ بَشِعَةٌ فِي الْحَلْقِ، وَلَهَا رِيْحٌ مُنْتِنٌ. [راجع: ٢٨٣٤]

لغات: الْكَتَدُ: کندھوں کے درمیان کا حصہ جمع: أَكْتَاد..........مَتْن: پیٹھ، جمع: مُتُوْن..........مِلْءُ كَفَّي: دومٹھیاں بھر کر، لپ بھر کر یعنی تھوڑا سا..........إهالة: لاون، خواہ زیتون کا تیل ہو یا گھی یا چربی..........سَنِخَة: بودار، جس میں سے باس آنے لگی ہو..........بَشِعَة: ایسی بدمزہ چیز جو گلے کو پکڑ لے۔

۳-خندق کی کھدائی کے وقت حضرت جابرؓ کا دعوت کرنا اور کھانے میں برکت ہونا

خندق کی کھدائی کا کام زور وشور سے چل رہا تھا، لوگ فاقہ سے تھے، پیٹوں پر پتھر باندھ رکھے تھے، جب مشقت کا کام کرنا پڑتا ہے اور پیٹ خالی ہوتا ہے تو چادر سے کمر باندھ لیتے ہیں، اور فاقہ ہو تو پیٹ پر پتھر رکھ کر چادر سے باندھتے ہیں، تا کہ کمر جھکنے نہ پائے، اور کہتے ہیں کہ عرب میں ایک خاص پتھر بھی ہوتا ہے جو فاقہ میں سکون بخشتا ہے۔

خندق کی کھدائی کے وقت ایک ایسا موقع آیا کہ صحابہ سے بھوک برداشت نہ ہوسکی، انھوں نے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوکر اپنے پیٹ دکھائے، سب نے پیٹ پر پتھر باندھ رکھے تھے، نبی ﷺ ان کے لئے کھانا کہاں سے لاتے؟ آپؐ نے بھی پیٹ دکھایا، آپؐ نے دو پتھر باندھ رکھے تھے، یعنی آپؐ کا فاقہ ڈبل تھا، صحابہ کو تسلی ہوگئی اور سب اپنے کام میں جُت گئے۔

خندق کی کھدائی میں ایک واقعہ یہ بھی پیش آیا ہے کہ ایک سنگلاخ زمین آئی، کدال کام نہیں کر رہا تھا، صحابہ نے نبی ﷺ سے صورتِ حال عرض کی، آپؐ خندق میں اترے اور اس سنگلاخ جگہ پر کدال مارا تو وہ جگہ ریت کا تودہ بن گئی۔

اور مسند احمد اور نسائی میں یہ اضافہ ہے کہ آپؐ نے جب پہلی بار بسم اللہ کہہ کر کدال ماری تو وہ چٹان ایک تہائی ٹوٹ گئی، آپؐ نے فرمایا: اللہ اکبر! مجھ کو ملک شام کی کنجیاں دی گئیں، خدا کی قسم! شام کے سرخ محلوں کو اس وقت میں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں، پھر آپؐ نے دوسری بار کدال ماری تو دوسرا تہائی حصہ ٹوٹ کر گرا، آپؐ نے فرمایا: اللہ اکبر! فارس کی کنجیاں مجھ کو عطا ہوئیں، خدا کی قسم! مدائن کے قصر ابیض کو اس وقت میں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں، تیسری بار آپؐ نے بسم اللہ کہہ کر کدال ماری تو بقیہ چٹان ٹوٹ گئی، آپؐ نے فرمایا: اللہ اکبر! یمن کی کنجیاں مجھ کو عطا ہوئیں، خدا کی قسم! صنعاء کے دروازوں کو میں اپنی آنکھوں سے اس جگہ کھڑا ہوا دیکھ رہا ہوں۔

حافظ عسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سند اس روایت کی حسن ہے اور ایک روایت میں ہے کہ پہلی بار کدال مارنے سے ایک روشنی ہوئی جس میں شام کے محل نظر آئے، آپؐ نے اللہ اکبر کہا اور صحابہ کرام نے بھی تکبیر کہی، اور یہ ارشاد فرمایا کہ جبرئیل امین علیہ السلام نے مجھ کو خبر دی کہ امت ان شہروں کو فتح کرے گی (سیرۃ المصطفیٰ ۲: ۳۱۷)

آپؐ نے اس وقت پیٹ پر پتھر باندھ رکھا تھا اور لوگوں کا تین دن کا فاقہ تھا، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے گھر جانے کی

اجازت مانگی جومل گئی، گھر جاکر بیوی سے کہا: میں نے نبی ﷺ کی ایسی حالت دیکھی ہے کہ میں بےقرار ہوگیا ہوں، گھر میں کھانے کے لئے کچھ ہے؟ بیوی نے کہا: تھوڑے جو ہیں اور بکری کا بچہ ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا: واہ واہ! آپ جو پیسیں میں بکری کے بچہ کو ذبح کرتا ہوں، پھر وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: میں نے تھوڑا سا کھانا تیار کیا ہے آپؐ اور آپؐ کے ساتھ ایک دو آدمی چلیں، نبی ﷺ نے پوچھا: کھانا کتنا ہے؟ انھوں نے بتادیا، نبی ﷺ نے اعلان کردیا کہ سب چلو، جابرؓ نے کھانا تیار کیا ہے، کھدائی کرنے والے ایک ہزار تھے، سب فوراً چل دیئے، نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کہا: جلدی گھر جاؤ اور میرے آنے تک ہانڈی چولھے سے نہ اترے اور روٹی پکنا شروع نہ ہو، پھر آپؐ نے تشریف لاکر ہانڈی میں دعا پڑھی اور آٹے میں بھی دعا پڑھی، اور حکم دیا کہ ایک اور عورت روٹی پکانے کے لئے بلالی جائے اور آٹے پر کپڑا اڈھانک دیا جائے اور حکم دیا کہ کپڑے کے نیچے ہاتھ ڈال کر آٹا نکالو اور روٹی پکاؤ، اور ہانڈی بھی ڈھک دی اور فرمایا: گوشت نکال کر ہانڈی ڈھانک دو، لوگوں نے کھانا شروع کیا، ایک ہزار آدمی شکم سیر ہوکر لوٹے، پھر بھی کھانا بچا، آپؐ نے گھر والوں سے فرمایا: اب تم کھاؤ اور پاس پڑوس میں ہدیہ دو، آج کل سب کے یہاں بھوک ہے۔

[٤١٠١-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَتَيْتُ جَابِرًا، فَقَالَ: إِنَّا يَوْمَ خَنْدَقٍ نَحْفِرُ، فَعَرَضَتْ كُدْيَةٌ شَدِيْدَةٌ فَجَاؤُا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالُوْا: هٰذِهِ كُدْيَةٌ عَرَضَتْ فِي الْخَنْدَقِ، فَقَالَ: " أَنَا نَازِلٌ" ثُمَّ قَامَ وَبَطْنُهُ مَعْصُوْبٌ بِحَجَرٍ، وَلَبِثْنَا ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ لاَنَذُوْقُ ذَوَاقًا فَأَخَذَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمِعْوَلَ فَضَرَبَ فَعَادَ كَثِيْبًا أَهْيَلَ أَوْ: أَهْيَمَ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ائْذَنْ لِيْ إِلَى الْبَيْتِ، فَقُلْتُ لِامْرَأَتِيْ: رَأَيْتُ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا مَا[كَانَ] فِيْ ذٰلِكَ صَبْرٌ، فَعِنْدَكِ شَيْئٌ؟ قَالَتْ: عِنْدِيْ شَعِيْرٌ وَعَنَاقٌ، فَذَبَحْتُ الْعَنَاقَ، وَطَعَنَتِ الشَّعِيْرَ حَتَّى جَعَلْنَا اللَّحْمَ فِي الْبُرْمَةِ، ثُمَّ جِئْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَالْعَجِيْنُ قَدِ انْكَسَرَ، وَالْبُرْمَةُ بَيْنَ الْأَثَافِيْ، قَدْ كَادَتْ أَنْ تَنْضَجَ، فَقَالَ: طُعَيِّمٌ لِيْ فَقُمْ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَرَجُلٌ أَوْرَجُلاَنِ، قَالَ: " كَمْ هُوَ؟" فَذَكَرْتُ لَهُ، قَالَ: " كَثِيْرٌ طَيِّبٌ" قَالَ: " قُلْ لَهَا لاَتَنْزِعِ الْبُرْمَةَ وَلاَ الْخُبْزَ مِنَ التَّنُّوْرِ حَتَّى آتِيَ" فَقَالَ: " قُوْمُوْا" فَقَامَ الْمُهَاجِرُوْنَ [وَالْأَنْصَارُ] فَلَمَّا دَخَلَ عَلٰى امْرَأَتِهِ قَالَ: وَيْحَكِ! جَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ وَمَنْ مَعَهُمْ، قَالَتْ: هَلْ سَأَلَكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: " ادْخُلُوْا وَلاَ تَضَاغَطُوْا" فَجَعَلَ يَكْسِرُ الْخُبْزَ وَيَجْعَلُ عَلَيْهِ اللَّحْمَ، وَيُخَمِّرُ الْبُرْمَةَ وَالتَّنُّوْرَ إِذَا أَخَذَ مِنْهُ، وَيُقَرِّبُ إِلٰى أَصْحَابِهِ، ثُمَّ يَنْزِعُ، فَلَمْ يَزَلْ يَكْسِرُ الْخُبْزَ وَيَغْرِفُ حَتَّى شَبِعُوْا وَبَقِيَ بَقِيَّةٌ، قَالَ: " كُلِيْ هٰذَا وَأَهْدِيْ، فَإِنَّ النَّاسَ أَصَابَتْهُمْ مَجَاعَةٌ"[راجع: ٣٠٧٠]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم غزوۂ خندق میں کھدائی کررہے تھے، پس ایک سنگلاخ جگہ آئی (جو کسی سے ٹوٹ نہیں رہی تھی) صحابہ نبی ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا: یہ سنگلاخ جگہ خندق میں پیش آئی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: میں اترتا ہوں، پس آپؐ (اس جگہ) کھڑے ہوئے درانحالیکہ آپؐ کے پیٹ پر پتھر بندھا ہوا تھا اور ہمیں تین دن ہوگئے تھے کہ ہم نے کوئی چیز چکھی نہیں تھی، پس نبی ﷺ نے کدال لیا اور چوٹ ماری تو وہ جگہ ریت کا تودہ بن گئی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے گھر جانے کی اجازت دیجئے، میں نے اپنی بیوی سے کہا: میں نے نبی ﷺ کو ایسے حال میں دیکھا ہے کہ میں بے قرار ہوگیا ہوں (کیا آپ کے پاس کچھ ہے؟) بیوی نے کہا: میرے پاس جَو اور بکری کا بچہ ہے، پس میں نے بکری کے بچہ کو ذبح کیا اور اہلیہ نے جَو پیسے، یہاں تک کہ ہم نے گوشت ہانڈی میں (پکنے کے لئے) چڑھادیا، پھر میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، درانحالیکہ آٹا ٹوٹ چکا تھا، یعنی آٹا گوندھا جاچکا تھا اور اس میں خمیر اٹھ چکا تھا، اور ہانڈی چولھے کے تین پتھروں کے درمیان تھی، یعنی چولھے پر چڑھی ہوئی تھی، پکنے کے قریب ہوچکی تھی، پس حضرت جابرؓ نے کہا: میرے پاس تھوڑا سا کھانا ہے اے اللہ کے رسول! آپؐ اور ایک آدمی یا دو آدمی چلیں، نبی ﷺ نے پوچھا: کتنا ہے؟ میں نے آپؐ کو بتلایا، آپؐ نے فرمایا: بہت اچھا ہے، آپؐ نے فرمایا: اہلیہ سے کہو: ہانڈی نہ اتارے اور روٹی تندور میں نہ لگائے جب تک میں نہ آجاؤں، پھر نبی ﷺ نے لوگوں سے کہا: اٹھو یعنی چلو، مہاجرین (اور انصار) چلے، جب جابرؓ اہلیہ کے پاس پہنچے تو کہا: اری تجھے کچھ خبر بھی ہے! نبی ﷺ مہاجرین وانصار اور سب لوگوں کے ساتھ تشریف لارہے ہیں، اہلیہ نے کہا: نبی ﷺ نے پوچھا تھا؟ حضرت جابرؓ نے کہا: ہاں، نبی ﷺ نے صحابہ سے کہا: گھر کے اندر آجاؤ، اور بھیڑ نہ کرو، پس نبی ﷺ روٹی توڑتے تھے اور اس پر گوشت رکھتے تھے اور ہانڈی اور تندور ڈھانک دیتے تھے، جب اس میں سے لے لیا جاتا، اور آپؐ اپنے ساتھیوں سے کھانا نزدیک کرتے تھے، پھر کھانا نکال لیتے تھے، پس برابر روٹی پکتی رہی، سالن نکلتا رہا، یہاں تک کہ لوگ شکم سیر ہوگئے (پیٹ ایکسٹھ ہوگیا) اور کچھ باقی بچ گیا، آپؐ نے فرمایا: تم کھاؤ اور ہدیہ دو، اس لئے کہ لوگوں کو فاقہ پہنچا ہوا ہے (یونس کی روایت میں ہے: فَلَمْ نَزَلْ نَأْكُلُ وَنُهْدِي يَوْمَنَا أَجْمَعَ: ہم پورے دن کھاتے رہے اور ہدیہ دیتے رہے)

لغات: الكُدْيَة: سخت یا سنگلاخ زمین جس پر پھاوڑا کدال وغیرہ اثر نہ کرے، جمع: كُدًى .... المِعْوَل: کدال، گینتی (ایک آلہ جو مٹی اور پتھر وغیرہ کھودنے اور توڑنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے) .... الأَهْيَل: لگاتار گرنے والی مٹی یا ریت .... الأَهْيَم: بمعنی الأهيل، اصل معنی: انتہائی پیاسہ آدمی یا اونٹ .... العَنَاق: ولادت سے ایک سال تک کا بھیڑ بکری کا بچہ .... البُرْمَة: پتھر کی ہانڈی، اور مطلق ہانڈی، جمع بُرَم .... الأَثَافِيّ: مفرد: الأُثْفِيَّة: چولھے کا پایہ (تین اینٹیں یا پتھر) .... تَضَاغَطَا: ایک دوسرے کو دبانا، تنگ کرنا، باہم ٹکرانا، ضَغَطَهُ (ف) ضَغْطًا: دیوار وغیرہ سے لگا کر بھینچنا، دبانا۔

[٤١٠٢-] حَدَّثَنِی عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ أَبِی سُفْیَانَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سَعِیْدُ بْنُ مِیْنَاءَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا حُفِرَ الْخَنْدَقُ رَأَیْتُ بِالنَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم خَمَصًا شَدِیْدًا، فَانْکَفَیْتُ إِلٰی امْرَأَتِیْ، فَقُلْتُ: هَلْ عِنْدَكِ شَیْءٌ؟ فَإِنِّیْ رَأَیْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم خَمَصًا شَدِیْدًا، فَأَخْرَجَتْ إِلَیَّ جِرَابًا فِیْهِ صَاعٌ مِنْ شَعِیْرٍ، وَلَنَا بُهَیْمَةٌ دَاجِنٌ فَذَبَحْتُهَا، وَطَحَنَتِ الشَّعِیْرَ، فَفَرَغَتْ إِلٰی فَرَاغِی، وَقَطَّعْتُهَا فِی بُرْمَتِهَا، ثُمَّ وَلَّیْتُ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَتْ: لَا تَفْضَحْنِیْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَبِمَنْ مَعَهُ، فَجِئْتُهُ فَسَارَرْتُهُ، فَقُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ذَبَحْنَا بُهَیْمَةً لَنَا وَطَحَنَّا صَاعًا مِنْ شَعِیْرٍ کَانَ عِنْدَنَا، فَتَعَالَ أَنْتَ وَنَفَرٌ مَعَكَ، فَصَاحَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم فَقَالَ: ' یَا أَهْلَ الْخَنْدَقِ! إِنَّ جَابِرًا قَدْ صَنَعَ سُوْرًا فَحَیَّ هَلًا بِکُمْ" فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " لَاتُنْزِلُنَّ بُرْمَتَکُمْ، وَلَا تَخْبِزُنَّ عَجِیْنَکُمْ حَتّٰی أَجِیْءَ" فَجِئْتُ وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقْدُمُ النَّاسَ، حَتّٰی جِئْتُ امْرَأَتِیْ، فَقَالَتْ: بِكَ وَبِكَ! فَقُلْتُ: قَدْ فَعَلْتُ الَّذِیْ قُلْتِ، فَأَخْرَجَتْ لَهُ عَجِیْنًا فَبَسَقَ فِیْهِ وَبَارَكَ، ثُمَّ عَمَدَ إِلٰی بُرْمَتِنَا فَبَسَقَ فِیْهِ وَبَارَكَ، ثُمَّ قَالَ: " ادْعُ خَابِزَةً فَلْتَخْبِزْ مَعَكِ وَاقْدَحِیْ مِنْ بُرْمَتِکُمْ، وَلَا تُنْزِلُوْهَا" وَهُمْ أَلْفٌ، فَأُقْسِمُ بِاللّٰهِ! لَقَدْ أَکَلُوْا حَتّٰی تَرَکُوْهُ وَانْحَرَفُوْا، وَإِنَّ بُرْمَتَنَا لَتَغِطُّ کَمَا هِیَ، وَإِنَّ عَجِیْنَنَا لَیُخْبَزُ کَمَا هُوَ. [راجع: ٣٠٧٠]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب خندق کھودی جارہی تھی، میں نے نبی ﷺ کو سخت بھوکے پیٹ دیکھا، پس میں اہلیہ کی طرف پلٹا، میں نے پوچھا: آپ کے پاس کچھ ہے؟ میں نے نبی ﷺ کو سخت بھوکے پیٹ دیکھا ہے، بیوی نے میرے سامنے چمڑے کا برتن نکالا جس میں ایک صاع جو تھے اور ہمارے پاس گھر کا پلا ہوا بھیڑ کا بچہ تھا، میں نے اس کو ذبح کیا اور اہلیہ نے جو پیسے، وہ فارغ ہوگئی میرے فارغ ہونے کے ساتھ، یعنی ہم دونوں اپنے اپنے کام سے ایک ساتھ فارغ ہوگئے، اور ٹکڑے کئے میں نے بھیڑ کے بچہ کے اس کی ہانڈی میں، پھر میں نے پیٹھ پھیری رسول اللہ ﷺ کی طرف، پس اہلیہ نے کہا: مجھے رسوانہ کرنا رسول اللہ ﷺ کی وجہ سے اور ان لوگوں کی وجہ سے جو آپ کے ساتھ آئیں، یعنی اتنے لوگوں کو دعوت دے کر نہ لانا کہ کھانا ناکافی ہوجائے اور مجھے شرمندگی اٹھانی پڑے، پس میں آپ کی خدمت میں آیا، اور میں نے آپ سے چپکے سے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم نے اپنا ایک بھیڑ کا بچہ ذبح کیا ہے اور اہلیہ نے جو کا ایک صاع پیسا ہے، جو ہمارے پاس تھا، پس تشریف لے چلیں آپ اور چند حضرات آپ کے ساتھ، پس نبی ﷺ نے چلا کر کہا: اے خندق والو! جابر نے تھوڑا کھانا تیار کیا ہے پس جلدی سے سب حضرات چلو! پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ہرگز نہ اتارنا تم اپنی ہانڈی اور نہ پکانا تم اپنا آٹا، یہاں تک کہ میں آجاؤں، پس میں گھر آیا، اور رسول اللہ ﷺ بھی تشریف لے آئے، آپ

لوگوں سے آگے چل رہے تھے یہاں تک کہ میں اہلیہ کے پاس پہنچا، انھوں نے کہا: آپ کیا کر آئے! آپ کیا کر آئے! میں نے کہا: جو آپ نے کہا تھا وہ میں نے کیا، یعنی میں نے چپکے سے چند آدمیوں کو دعوت دی، پس اہلیہ نے نبی ﷺ کے سامنے گوندھا ہوا آٹا رکھا، آپؐ نے اس میں لعاب ڈالا اور برکت کی دعا کی، پھر آپؐ نے ہماری ہانڈی کا قصد کیا اس میں لعاب ڈالا اور برکت کی دعا کی، پھر فرمایا: کوئی روٹی پکانے والی بلالو جو آپ کے ساتھ روٹی پکائے اور پیالہ میں سالن نکالو اپنی ہانڈی سے اور اس کو چولھے سے مت اتارو، اور لوگ ایک ہزار تھے پس میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں! سب نے کھالیا، یہاں تک کہ انھوں نے کھانا چھوڑ دیا اور سب رخصت ہوگئے، اور بیشک ہماری ہانڈی البتہ جوش مار رہی تھی جیسی پہلے جوش مار رہی تھی، اور بیشک ہمارا گوندھا ہوا آٹا پکایا جا رہا تھا جیسا وہ پہلے پکایا جا رہا تھا۔

لغات اور وضاحت: خَمِصَ بَطْنُه (س) خَمَصًا: پیٹ خالی ہونا، بھوکا ہونا فَهُوَ خَمْصَان، ج: خِمَاص .... اِنْكَفَأَ إِلَيه: لوٹنا، جیسے اِنْكَفَأَ إِلى وَطْنِه .... جِرَاب: چمڑے کا برتن .... بُهَيْمَة: بُهْمَة کی تصغیر: بھیڑ کا چھوٹا بچہ، پٹھیا .... دَاجِن: گھر میں پلا ہوا .... إلى فَرَاغِي: میرے فارغ ہونے کے ساتھ، إلى بمعنی مع .... حَيَّ: آ، کہا جاتا ہے: حَيَّ عَلٰى كَذَا اور إلٰى كَذَا: جلدی سے آ، اور اسی سے ہے حَيَّ على الصلوٰة: نماز کے لئے جلدی آ .... هَلاً بِكُمْ: (لام مفتوحہ منونہ مخففہ) ترغیب کے ساتھ بلانے کے لئے ہے، أَيْ هَلُمُّوْا مُسْرِعِيْنَ: جلدی سے آؤ، پس یہ حَيَّ کا مترادف ہے .... قَدَمَ (ن) القَوْمَ قَدْمًا: آگے آگے ہونا، آگے رہنا، جیسے ﴿يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾: فرعون قیامت کے دن اپنی قوم سے آگے ہوگا (ہود ۹۸) .... بِكَ وَبِكَ: فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ وَفَعَلَ اللّٰهُ بِكَ کا مخفف ہے اور یہ کلمہ کوسنے کے لئے ہے، یعنی ارے تو کیا کر آیا! .... بَسَقَ اور بَصَقَ (ن) بَسْقًا اور بَصْقًا: تھوکنا، .... اقْدَحِي: چمچے سے نکال باب فتح قَدَحَ الْقِدْرَ: ہانڈی میں سے چمچے سے نکالا .... اِنْحَرَفُوْا: أَيْ مَالُوْا عَنِ الطَّعَامِ: کھانے سے منحرف ہوئے، کھانے سے ہٹے .... غَطَّ الْقِدْرُ: دیگچی سے کھولنے کی آواز آنا، کھدبدانا۔

ملحوظہ: فَلْتَخْبِزْ مَعَكِ: ہمارے نسخہ میں فَلْتَخْبِزْ مَعِيْ ہے اور مصری نسخہ میں معك ہے، میں نے تبدیلی کی ہے، کیونکہ یہی واضح ہے۔

غزوۂ احزاب کی سنگین صورتِ حال

غزوۂ احزاب میں قریش اور دیگر قبائل کا دس ہزار کا لشکر مدینہ پر چڑھ آیا تھا اور اندر سے بنو قریظہ نے بدعہدی کی تھی، ان کا مستقل خطرہ منڈلا رہا تھا، اور منافقین مارِ آستین بنے ہوئے تھے اور صورت حال ایسی سنگین ہوگئی تھی جس کا نقشہ سورۃ الاحزاب آیت ۱۰ میں کھینچا گیا ہے ﴿إِذْ جَاءُوْكُمْ مِنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنْكُمْ وَإِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا﴾: جب وہ لوگ تم پر چڑھ آئے اوپر کی جانب سے اور نیچے کی جانب سے اور آنکھیں پتھرا

گئیں اور کلیجے منہ کو آنے لگے اور تم لوگ اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے!

تفسیر: غزوۂ بدر میں کفار ایک ہزار کا لشکر لے کر آئے تھے، پھر غزوۂ احد میں حملہ کرنے والوں کا لشکر تین ہزار کا تھا اور احزاب میں لشکر کی تعداد ہر مرتبہ سے زیادہ تھی، تمام قبائل کی مجموعی تعداد دس ہزار تھی، سامانِ جنگ بھی زیادہ تھا، قبائل عرب کے ساتھ یہود کی طاقت بھی مل گئی تھی، اور اسلامی لشکر کی تعداد کل تین ہزار تھی، چھتیس گھوڑے تھے، مدینہ کی اوپر کی جانب میں بنو قریظہ آباد تھے، انھوں نے نقض عہد کیا تھا، وہ مستقل دردسر بنے ہوئے تھے اور نیچے کی جانب سے دیگر قبائل حملہ آور ہوئے تھے، اور منافقین کی طعنہ زنی الگ تھی، ایسی صورت میں مسلمانوں کی بے قراری برحق تھی، مواقع شدت میں طبعی طور پر مختلف وسوسے آتے ہیں اور وہ غیر اختیاری ہوتے ہیں، اس لئے گناہ نہیں ہوتے، نہ وہ ﴿هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ﴾ کے منافی ہوتے ہیں، کیونکہ وہ وساوس ہیں اور هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ ایمان وایقان ہے (بیان القرآن)

[۴۱۰۳-] حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿إِذْ جَاؤُکُمْ مِنْ فَوْقِکُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنْکُمْ، وَإِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ﴾ قَالَتْ: کَانَ ذَاكَ یَوْمَ الْخَنْدَقِ.

ترجمہ: صدیقہؓ نے فرمایا: آیت کا تعلق غزوۂ احزاب سے ہے۔

۵- خندق کی کھدائی میں نبی ﷺ کی شرکت

جس طرح نبی ﷺ مسجد قبا اور مسجد نبوی کی تعمیر میں شریک رہے ہیں، خندق کی کھدائی میں بھی شریک رہے ہیں، حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ خندق کی کھدائی میں مٹی ڈھوتے تھے، یہاں تک کہ مٹی نے آپؐ کے پیٹ کو چھپا دیا تھا، یا کہا: گرد آلود ہو گیا تھا، نبی ﷺ اس وقت حضرت عبداللہ بن رواحہ کے اشعار پڑھ رہے تھے:

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَیْنَا ۞ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا

بخدا! اگر اللہ کی توفیق شامل حال نہ ہوتی تو ہم ہدایت نہ پاتے ÷ اور نہ ہم خیرات دیتے اور نہ ہم نماز پڑھتے۔

فَأَنْزِلَنْ سَکِیْنَةً عَلَیْنَا ۞ وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَیْنَا

پس ضرور نازل فرمائیں آپ سکینت (تسلی) ہم پر ÷ اور پیر جمائیں اگر ہماری مڈبھیڑ ہو۔

إِنَّ الْأُولٰی قَدْ بَغَوْا عَلَیْنَا ۞ إِذَا أَرَادُوْا فِتْنَةً أَبَیْنَا

بیشک کفار نے ہم پر زیادتی کی ہے ÷ اگر وہ فتنہ چاہیں تو ہم انکار کرتے ہیں۔

أَبَیْنَا کو نبی ﷺ بلند آواز سے اور بار بار کہتے تھے۔

وضاحت: الْأُوْلٰی: اسم موصول جمع مذکر (اسم اشارہ نہیں ہے) .... فِتْنَة سے مراد شرک ہے یعنی دشمن اگر ہمیں شرک کی طرف لوٹانا چاہے تو ہم اس کے لئے تیار نہیں .... أَنْزِلَنْ: میں نون تاکید خفیفہ ہے۔

[٤١٠٤-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَنْقُلُ التُّرَابَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتَّى أَغْمَرَ بَطْنُهُ أَوْ: اغْبَرَّ بَطْنُه، يَقُوْلُ:

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا ❁ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

فَأَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْهَا ❁ وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا

إِنَّ الْأُولٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا ❁ إِذَا أَرَادُوْا فِتْنَةً أَبَيْنَا

وَيَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ: "أَبَيْنَا أَبَيْنَا" [راجع: ۲۸۳٦]

٦-غزوۂ خندق میں پُروا ہوا کے ذریعہ مدد کی گئی

غزوۂ احزاب میں کفار کا محاصرہ تقریباً ایک ماہ رہا اور چونکہ دونوں فوجوں کے درمیان خندق حائل تھی اس لئے دست بدست اور خوں ریز جنگ کی نوبت نہیں آئی، صرف تیراندازی ہوتی رہی، فریقین کے چند افراد مارے گئے، چھ مسلمان شہید ہوئے اور دس مشرک جہنم رسید ہوئے، پھر اللہ تعالیٰ نے غیب سے مدد بھیجی، رات کے وقت ہوا کا سخت طوفان آیا، بادِ صبا چلی جس سے قریش کے تمام خیمے اکھڑ گئے، طنابیں ٹوٹ گئیں، ہانڈیاں الٹ گئیں، چولھے بجھ گئے، تمام لوگ پریشان اور بدحواس ہو گئے، اور ابوسفیان نے اعلان کر دیا: اے گروہ قریش! بنو قریظہ نے ہمارا ساتھ چھوڑ دیا، آندھی نے ہمارے خیمے اکھاڑ دیئے، ہمارے جانور ہلاک ہو گئے، پس واپس لوٹ چلو، یہ کہہ کر ابوسفیان اونٹ پر سوار ہو گیا اور سارے کفار روانہ ہو گئے، نبی ﷺ نے فرمایا: "میں پُروا ہوا کے ذریعہ مدد کیا گیا اور قوم عاد پچھوا ہوا کے ذریعہ ہلاک کی گئی" (اس حدیث سے یہ قاعدہ بنانا کہ ہمیشہ پُروا ہوا بابرکت ہوتی ہے اور ہمیشہ پچھوا ہوا بے برکت ہوتی ہے: شاید صحیح نہ ہو، کیونکہ ملکوں کے اختلاف سے یہ بات مختلف ہوتی ہے)

[٤١٠٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ الْحَكَمُ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "نُصِرْتُ بِالصَّبَا، وَأُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ" [راجع: ۱۰۳۵]

۷-خندق کی کھدائی میں نبی ﷺ کا مٹی ڈھونا

خندق میں نبی ﷺ نے کھدائی بھی کی ہے اور مٹی بھی ڈھوئی ہے اور حدیث وہی ہے جو ابھی گذری ہے۔........

خَنْدَقَ: فعل ماضی (لازم ومتعدی) خندق کھودنا یا کھدوانا......... وَارَاهُ مُوَارَاةً: چھپانا......... كَانَ كَثِيْرَ الشَّعْرِ: سینہ پر بال زیادہ تھے اور ناف کی طرف جو بالوں کی لکیر اترتی تھی یعنی مسربہ باریک تھا......... ارْتَجَزَ: رجزیہ اشعار پڑھنا.........

شعر خوانی نبوت کے منافی نہیں، ہاں شعر گوئی مناسب نہیں۔ اور تیسرے شعر میں الأولٰی اگر بغیر واو کے الألی ہے تو وہ اسم اشارہ ہے۔

[٤١٠٦-] حَدَّثَنِی أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِی إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنِی أَبِی، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يُحَدِّثُ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْأَحْزَابِ وَخَنْدَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم رَأَيْتُهُ يَنْقُلُ مِنْ تُرَابِ الْخَنْدَقِ حَتَّى وَارَى عَنِّی الْغُبَارُ جِلْدَةَ بَطْنِهِ، وَكَانَ كَثِيرَ الشَّعْرِ، فَسَمِعْتُهُ يَرْتَجِزُ بِكَلِمَاتِ ابْنِ رَوَاحَةَ، وَهُوَ يَنْقُلُ مِنَ التُّرَابِ وَيَقُوْلُ:

اللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ❁ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَأَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْهَا ❁ وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا
إِنَّ الْأُولٰى رَغِبُوْا عَلَيْنَا ❁ وَإِنْ أَرَادُوْا فِتْنَةً أَبَيْنَا

قَالَ: ثُمَّ يَمُدُّ صَوْتَهُ بِآخِرِهَا. [راجع: ٢٨٣٦]

نوٹ: تیسرے شعر میں رَغِبُوْا دوسرے نسخوں میں قَدْ بَغَوْا ہے اور یہی واضح ہے۔

۸-حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے سب سے پہلے غزوۂ خندق میں شرکت کی

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما غزوۂ احد میں نبی ﷺ کے سامنے پیش کئے گئے، اس وقت آپؓ کی عمر چودہ سال تھی، نبی ﷺ نے شرکت کی اجازت نہیں دی، پھر غزوۂ خندق میں پیش کئے گئے اس وقت ان کی عمر پندرہ سال مکمل ہوچکی تھی، آپؐ نے شرکت کی اجازت دیدی، چنانچہ وہ غزوۂ خندق میں اور بعد کی تمام جنگوں میں شریک ہوئے۔

[٤١٠٧-] حَدَّثَنِی عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: أَوَّلُ يَوْمٍ شَهِدْتُهُ يَوْمُ الْخَنْدَقِ.

۹-معاویہ اور ابوسفیان غزوۂ خندق میں کفار کے ساتھ تھے

حدیث سمجھنے کے لئے پہلے چند باتیں جان لیں:

۱-حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد شام کے کچھ لوگوں نے (اور یہ بات حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے علم میں تھی) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے درخواست کی کہ وہ خلافت قبول کرلیں، مگر انھوں نے سختی سے انکار کیا اور مدینہ کے اعیان نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے درخواست کی، آپؓ نے ان کی درخواست قبول کرلی، اس طرح آپؓ کی خلافت منعقد ہوگئی، ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی ان سے بیعت کی، مگر شام کے گورنر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بیعت نہیں کی، انھوں

نے بیعت کرنے کو قاتلینِ عثمانؓ سے قصاص لینے پر معلق کیا۔

۲- پھر حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان صفین میں جنگ ہوئی، یہ جنگ ایک سو دس دن چلی، اُس جنگ میں حضرت علیؓ کا پلڑا بھاری رہا، حضرت معاویہؓ ہارنے ہی والے تھے کہ ایک چال چلی گئی، نیزوں پر قرآنِ کریم اٹھایا گیا اور کہا گیا: قرآن کا فیصلہ مان لو، اور جنگ بند کردو، چنانچہ دو شخصوں کو فیصلہ سونپا گیا اور جنگ بند ہوگئی۔

۳- حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے نمائندے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ تھے اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ، دونوں کو اختیار دیا گیا کہ جو چاہیں فیصلہ کریں اور چھ ماہ کے اندر فیصلہ دومۃ الجندل میں دونوں فریقوں کو اور اعیانِ مملکت کو اکٹھا کر کے سنائیں۔

۴- جب حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما میں اختلاف ہوا اور جنگ شروع ہوئی تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما غیر جانبدار رہے، کسی کے ساتھ شریک نہیں ہوئے، مگر بعد میں جب حضرت عمار رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو ابن عمرؓ افسوس کرتے تھے کہ انھوں نے حضرت علیؓ کے ساتھ ہوکر باغی جماعت سے جنگ کیوں نہ لڑی۔

۵- پھر جب فیصلہ سنانے کا وقت آیا تو فریقین کے علاوہ اعیان (بڑے لوگوں) کو بھی بلایا گیا، حضرت ابن عمرؓ کا بھی بڑا مقام تھا، اس لئے خط لکھ کر ان کو بھی بلایا گیا، مگر چونکہ ابن عمرؓ غیر جانبدار تھے، اس لئے شرکت نہیں کرنا چاہتے تھے، مگر ان کی بہن ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے زور دیا کہ آپ کو شریک ہونا چاہئے، کہیں اختلاف کی کوئی نئی صورت پیدا نہ ہوجائے، چنانچہ حضرت ابن عمرؓ بہن کے اصرار پر دومۃ الجندل تشریف لے گئے

۶- فیصلہ سنانے میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے ہیرا پھیری کی، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے جو طے پایا تھا وہ سنایا کہ میں علیؓ اور معاویہؓ دونوں کو برطرف کرتا ہوں، اب مسلمان جس کو چاہیں خلیفہ بنالیں، پھر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے فیصلہ سنایا کہ ابوموسیٰ اشعریؓ نے اپنے آدمی کو خلافت سے برطرف کردیا، میں بھی ان کو برطرف کرتا ہوں، البتہ اپنے آدمی (معاویہؓ) کو خلافت پر برقرار رکھتا ہوں، یہ ہیرا پھیری کی، چنانچہ پنچوں کا فیصلہ قبول نہیں کیا گیا، حضرت علیؓ اپنے آدمیوں کے ساتھ لوٹ گئے، اب دومۃ الجندل میں حضرت معاویہؓ اور ان کے آدمی اور غیر جانبدار حضرات رہ گئے، ابن عمرؓ بھی موجود تھے۔

۷- جاننا چاہئے کہ جب کوئی بڑا جھگڑا ہوتا ہے تو لوگ دو کیمپوں میں تقسیم ہوجاتے ہیں، کوئی غیر جانبدار نہیں رہ سکتا، اگر کوئی کہے کہ 'میں غیر جانبدار ہوں' تو اس کو تھرڈ پارٹی (تیسرا فریق) سمجھنا چاہئے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں بھی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا یہی ذہن تھا کہ وہ خود خلافت کے دعوے دار ہیں، اس لئے فریقین میں سے کسی کے ساتھ شریک نہیں ہوئے۔

۸- جب حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے لوگوں کے ساتھ دومۃ الجندل سے لوٹ گئے تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے

تقریر کی کہ اگر کوئی خلافت کا دعوے دار ہے تو وہ اپنا سر ابھارے، خلافت کے زیادہ حقدار اس سے اور اس کے ابا سے ہم ہیں، یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما پر چوٹ تھی، اور حضرت معاویہؓ نے حضرت ابن عمرؓ کے ساتھ جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا ہے وہ 'ہفوہ' ہے، ابن عمرؓ اس موقع پر خاموش رہے، کوئی جواب نہیں دیا اور حکومت تقسیم ہوگئی، حضرت علیؓ اپنے علاقہ کے خلیفہ رہے اور حضرت معاویہؓ اپنے علاقہ کے۔

۹- پھر بعد میں حبیب بن مسلمہؓ (صحابی صغیر) نے حضرت ابن عمرؓ سے کہا: آپؓ نے حضرت معاویہؓ کی بات کا جواب کیوں نہیں دیا؟ ابن عمرؓ نے کہا: میں نے جواب دینے کے لئے لنگوٹ کس لیا تھا (اپنا حبوہ (چادر کا گھیرا) کھول لیا تھا) میں نے کہنے کا ارادہ کیا تھا کہ خلافت کا زیادہ حقدار وہ ہے جس نے آپ سے اور آپ کے ابا سے جنگ لڑی ہے، یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ خلافت کے زیادہ حقدار ہیں، غزوۂ خندق میں معاویہ اور ان کے ابا کافروں کے ساتھ تھے، اور حضرت علیؓ مسلمانوں کے ساتھ تھے، پس خلافت کا زیادہ حق حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہے، مگر میں نے سوچا: میری بات کہیں جلتے پر تیل کا کام نہ کرے، بات بڑھ نہ جائے، اس لئے میں خاموش رہا، کڑوا گھونٹ پی کر رہ گیا اور آخرت میں صبر کا جو ثواب ہے اس کی میں نے امید باندھ لی۔

[٤١٠٨-] حَدَّثَنِیْ إِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِیْ ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ وَنَوْسَاتُهَا تَنْطُفُ، قُلْتُ: قَدْ كَانَ مِنْ أَمْرِ النَّاسِ مَا تَرَیْنَ، فَلَمْ یُجْعَلْ لِیْ مِنَ الْأَمْرِ شَیْئٌ، فَقَالَتِ: الْحَقْ، فَإِنَّهُمْ یَنْتَظِرُوْنَكَ، وَأَخْشَى أَنْ یَكُوْنَ فِی احْتِبَاسِكَ عَنْهُمْ فُرْقَةٌ، فَلَمْ تَدَعْهُ حَتَّى ذَهَبَ، فَلَمَّا تَفَرَّقَ النَّاسُ خَطَبَ مُعَاوِیَةُ، قَالَ: مَنْ كَانَ یُرِیْدُ أَنْ یَتَكَلَّمَ فِی هٰذَا الْأَمْرِ فَلْیُطْلِعْ لَنَا قَرْنَهُ، فَلَنَحْنُ أَحَقُّ بِهِ مِنْهُ وَمِنْ أَبِیْهِ، قَالَ حَبِیْبُ بْنُ مَسْلَمَةَ: فَهَلَّا أَجَبْتَهُ؟ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَحَلَلْتُ حَبْوَتِیْ، وَهَمَمْتُ أَنْ أَقُوْلَ: أَحَقُّ بِهٰذَا الْأَمْرِ مِنْكَ مَنْ قَاتَلَكَ وَأَبَاكَ عَلَى الإِسْلَامِ، فَخَشِیْتُ أَنْ أَقُوْلَ كَلِمَةً تُفَرِّقُ بَیْنَ الْجَمِیْعِ وَتَسْفِكُ الدَّمَ، وَیُحْمَلُ عَنِّیْ غَیْرُ ذٰلِكَ، فَذَكَرْتُ مَا أَعَدَّ اللّٰهُ فِی الْجِنَانِ. قَالَ حَبِیْبٌ: حُفِظْتَ وَعُصِمْتَ. قَالَ مَحْمُوْدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ: وَنَوْسَاتُهَا.

ترجمہ: ابن عمرؓ فرماتے ہیں: میں حفصہؓ کے پاس گیا درانحالیکہ ان کی زلفیں ٹپک رہی تھیں (وہ نہا کر نکلی تھیں، اور اس زمانہ میں تولیہ کا استعمال نہیں تھا) میں نے کہا: لوگوں کا معاملہ وہ ہے جو آپ دیکھ رہی ہیں (یعنی بات تحکیم تک پہنچی ہے) پس نہیں گردانا گیا میرے لئے معاملہ میں سے کچھ (یعنی تحکیم کے سلسلہ میں مجھ سے کوئی مشورہ نہیں کیا گیا کہ کس کو حکم بنایا جائے؟ اب خط آیا ہے کہ دومۃ الجندل میں حکموں کا فیصلہ سننے کے لئے آؤ، میں وہاں نہیں جانا چاہتا، میں جس طرح اب

تک غیر جانبدار رہا ہوں آگے بھی غیر جانبدار رہنا چاہتا ہوں) حفصہؓ نے کہا: آپ جائیں، اس لئے کہ وہ لوگ آپ کا انتظار کریں گے (ابن عمرؓ کا شمار اکابرین میں تھا اور ایسے حضرات کا فیصلہ کے وقت انتظار کیا جاتا ہے) اور مجھے اندیشہ ہے کہ آپؓ کے نہ جانے سے کوئی اختلاف ہو جائے (کہیں لوگ کوئی نیا شوشہ چھوڑ دیں اور پھر خون خرابہ شروع ہو جائے) پس نہیں چھوڑا حفصہؓ نے ابن عمرؓ کو یہاں تک کہ وہ گئے، پس جب لوگ جدا ہوگئے یعنی حضرت علیؓ اپنے لوگوں کے ساتھ دومۃ الجندل سے روانہ ہوگئے تو حضرت معاویہؓ نے تقریر کی، انھوں نے کہا: جو شخص چاہتا ہے کہ گفتگو کرے اس معاملہ میں یعنی حکومت کے معاملہ میں تو وہ اپنا سینگ ہمارے سامنے نکالے، پس ہم یقیناً اس امر (خلافت) کے زیادہ حقدار ہیں اس سے اور اس کے باپ سے، یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کا معاملہ تو ختم ہوگیا، دونوں حکموں نے ان کو برخاست کردیا، اور میں خلافت کے لئے متعین ہوگیا، پس اگر کوئی اور خلافت کا دعوے دار ہے تو سر ابھارے، ان کا اشارہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی طرف تھا، ابن عمرؓ خاموش رہے، انھوں نے کھڑے ہو کر جوابی تقریر نہیں کی، حبیب بن مسلمہؓ نے (بعد میں) کہا: آپ نے ان کو جواب کیوں نہیں دیا؟ ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے اپنا حبوہ کھول لیا تھا اور ارادہ کیا تھا کہ کہوں: اس معاملہ (حکومت) کا زیادہ حقدار آپ سے وہ شخص ہے جو آپ کے ساتھ اور آپ کے ابا کے ساتھ لڑا ہے، اسلام کی بنیاد پر، یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ (یہاں باب ہے) پس مجھے اندیشہ ہوا کہ میں کہوں گا ایسی بات جو لوگوں کے درمیان تفریق کا باعث ہوگی اور خون بہے گا اور اٹھائی جائے گی (میری بات) مجھ سے اس کے علاوہ (جو میں کہونگا) یعنی لوگ میری بات کا غلط محمل تجویز کریں گے، وہ یہ نقل کریں گے کہ میں خود خلافت چاہتا ہوں، کیونکہ میں اور میرے ابا غزوۂ خندق میں مسلمانوں کی طرف تھے، اور معاویہؓ اور ابوسفیانؓ کافروں کی طرف تھے، حالانکہ میری مراد یہ نہیں تھی، میری مراد یہ تھی کہ علی رضی اللہ عنہ معاویہؓ سے خلافت کے زیادہ حقدار ہیں، پس یاد کیا میں نے وہ ثواب جو اللہ نے تیار کیا ہے جنتوں میں، یعنی میں بامید ثواب خاموش رہا، حبیبؓ نے کہا:: آپ حفاظت کئے گئے اور بچائے گئے یعنی آپ نے اچھا کیا کہ بات نہیں کی ورنہ فتنہ بپا ہوتا اور آپ بھی زد میں آجاتے!

فائدہ (۱): معمر کے شاگرد ہشام دستوائی کی روایت میں نَسْوَاتُهَا ہے اور معمر کے شاگرد عبدالرزاق کی روایت میں نَوَسَاتُهَا ہے، ہمارے نسخہ میں دونوں جگہ نَوَسَاتُهَا ہے مگر گیلری میں پہلی جگہ نَسْوَاتُهَا ہے اور وہی صحیح ہے، اسی صورت میں دو شاگردوں کے الفاظ میں فرق ظاہر ہوگا، اور نوساۃ کے معنی ہیں: زلفیں، بھائی سے زلفوں کا پردہ نہیں۔

فائدہ (۲): مسلم شریف کی ایک روایت میں ہے کہ ازواجِ مطہرات نے نبی ﷺ کے بعد بال چھوٹے کروالئے تھے، وہ وَفرۃ کی طرح ہوگئے تھے، یعنی کان کی لو تک رہ گئے تھے، اور اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بات عام نہیں ہے، ازواجِ مطہرات کے لمبے بال تھے اور کانوں تک جو بال رہ جاتے تھے وہ حج یا عمرہ کے موقع پر ہوتا تھا، احرام میں عورت چوٹی کی طرف سے بال کاٹتی ہے اور بال کٹتے کٹتے کان تک رہ جاتے تھے۔

۱۰-اب ہم قریش پر چڑھائی کریں گے

غزوۂ احزاب میں کوئی خوں ریز معرکہ پیش نہیں آیا، مگر پھر بھی وہ اسلامی تاریخ کی ایک فیصلہ کن جنگ تھی، جب بادِ صرصر چلی اور مشرکین میں اس کے مقابلہ کی تاب نہ رہی تو ان کے حوصلے پست ہوگئے، وہ سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے اور واضح ہوگیا کہ اب عرب کی کوئی طاقت مسلمانوں کے مقابل نہیں آسکتی، کیونکہ کفار احزاب میں جتنی بڑی طاقت فراہم کرلائے تھے، اس سے بڑی طاقت فراہم کرنا قریش کے بس کی بات نہیں تھی، چنانچہ جب صبح مطلع صاف ہوگیا، میدان دشمن سے خالی ہوگیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: الآنَ نَغْزُوْهُمْ وَلاَ يَغْزُوْنَنَا، نَحْنُ نَسِيْرُ إِلَيْهِمْ: اب ہم ان پر چڑھائی کریں گے وہ ہم پر چڑھائی نہیں کرسکیں گے، ہم ان کی طرف چلیں گے۔ یہ پیشین گوئی واقعہ بنی، اور یہ آپؐ کا ایک معجزہ بنی!

[۴۱۰۹-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الأَحْزَابِ: "نَغْزُوْهُمْ وَلاَ يَغْزُوْنَنَا" [انظر: ۴۱۱۰]

[۴۱۱۰-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ صُرَدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ حِيْنَ أَجْلَى الأَحْزَابُ عَنْهُ: "الآنَ نَغْزُوْهُمْ وَلاَ يَغْزُوْنَنَا، نَحْنُ نَسِيْرُ إِلَيْهِمْ" [راجع: ۴۱۰۹]

لغت: أَجْلَى القومُ عنه: کسی جگہ سے نکل جانا، جب احزاب آپؐ کے پاس سے چلے گئے۔

۱۱-غزوۂ خندق میں دو مرتبہ نمازیں قضا ہوئیں

مشرکین کبھی خندق پار کرنے کی زبردست کوشش کرتے تھے، مسلمان تیروں سے ان کو روکتے تھے، ان مقابلوں کے دوران نبی ﷺ کی اور صحابہ کی بعض نمازیں فوت ہوگئیں، ایک مرتبہ صرف عصر کی نماز فوت ہوئی اور ایک مرتبہ ظہر، عصر اور مغرب تین نمازیں فوت ہوئیں۔

حدیث (۱): حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: غزوۂ احزاب میں جب آپؐ کی عصر کی نماز فوت ہوئی تو آپؐ نے مشرکین کے لئے بددعا کی: اے اللہ! ان کے گھروں کو اور ان کی قبروں کو آگ سے بھر دے، انھوں نے ہمیں عصر کی نماز نہیں پڑھنے دی، یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: غزوۂ خندق میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ (اپنے محاذ سے) سورج غروب ہونے کے بعد لوٹے، درانحالیکہ وہ کفارِ قریش کو برا بھلا کہہ رہے تھے، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! نہیں قریب تھا میں کہ سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی نماز پڑھتا! (کِدْتُ: محل نفی میں ہے، پس اثبات کرے گا یعنی کسی طرح میں نے

عصر پڑھ لی) نبی ﷺ نے فرمایا: بخدا! میں نے عصر نہیں پڑھی، پھر ہم بُطحان نامی میدان میں اترے، آپؐ نے نماز کے لئے وضو کیا اور ہم نے بھی وضو کیا، پس آپؐ نے سورج غروب ہونے کے بعد عصر پڑھی اس کے بعد مغرب پڑھی (تفصیل تحفۃ القاری ۲: ۴۵۴ میں ہے)

[٤١١١-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ:" مَلَأَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ بُيُوْتَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَارًا، كَمَا شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلاَةِ الْوُسْطَى حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ"[راجع: ٢٩٣١]

[٤١١٢-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ جَاءَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ بَعْدَ مَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، جَعَلَ يَسُبُّ كُفَّارَ قُرَيْشٍ، وَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا كِدْتُ أَنْ أُصَلِّيَ حَتَّى كَادَتِ الشَّمْسُ أَنْ تَغْرُبَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَأَنَا وَاللّٰهِ مَا صَلَّيْتُهَا" فَنَزَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بُطْحَانَ، فَتَوَضَّأَ لِلصَّلاَةِ وَتَوَضَّأْنَا لَهَا، فَصَلَّى الْعَصْرَ بَعْدَمَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ صَلَّى بَعْدَهَا الْمَغْرِبَ.[راجع: ٥٩٦]

۱۲- حضرت زبیر رضی اللہ عنہ دشمن کے کیمپ کی خبر لائے

غزوۂ خندق جاڑے کے موسم میں ہوا ہے، پھر ایک رات اللہ تعالیٰ نے ٹھنڈی ہوا چلائی، جس میں شمشیر کی سی تیزی تھی، نبی ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: کوئی ہے جو جا کر دشمن کی خبر لائے؟ سب ٹھٹھرے ہوئے تھے، کسی نے ہمت نہیں کی، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں جاتا ہوں، نبی ﷺ نے دوسری مرتبہ اور تیسری مرتبہ یہی بات فرمائی، مگر کسی نے ہمت نہیں کی، ہر مرتبہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ ہی لبیک کہتے رہے، چنانچہ وہ گئے اور احوال معلوم کرکے آئے، پس دربارِ نبوی سے ان کو 'حواری' کا خطاب ملا، حواری کے معنی ہیں: خاص مددگار وناصر (تفصیل تحفۃ القاری ۶: ۲۳۹ میں ہے)

[٤١١٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْأَحْزَابِ:" مَنْ يَأْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ؟" فَقَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا، ثُمَّ قَالَ:" مَنْ يَأْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ؟" فَقَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا، ثُمَّ قَالَ:" مَنْ يَأْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ؟" فَقَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا، قَالَ:" إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَإِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ"[راجع: ٢٨٤٧]

۱۳- غزوۂ خندق میں کامیابی فضلِ خداوندی سے ملی

ہر کام ارادۂ خداوندی سے ہوتا ہے اور بعض خاص کام فضلِ الٰہی سے ہوتے ہیں، غزوۂ خندق میں اتنا بڑا لشکر چڑھ آیا تھا

کہ مدینہ کی آبادی اتنی نہیں تھی، مگر اللہ کے فضل سے سب بلا دور ہوگئی اور مسلمانوں کا ہاتھ اونچا ہوگیا، جب دشمنوں کا لشکر دفع ہوا تو نبی ﷺ نے فرمایا: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ: تنہا اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، أَعَزَّ جُنْدَهُ: اللہ نے قوی کیا اپنے لشکر کو، وَنَصَرَ عَبْدَهُ: اور اللہ نے مدد کی اپنے بندے کی، وَغَلَبَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ: اور اللہ تعالیٰ چھاگئے تنہا جتھوں پر، فَلَا شَيْئَ بَعْدَهُ: پس کوئی چیز نہیں ان کے بعد یعنی وجود ان کا ہی وجود ہے، دوسری تمام چیزیں فی نفسہ معدوم ہیں یا کچھ وقت کے بعد ختم ہونے والی ہے، نام صرف اللہ کا باقی رہنے والا ہے!

[٤١١٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ:" لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ: أَعَزَّ جُنْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَغَلَبَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ، فَلَا شَيْئَ بَعْدَهُ"

۱۴- غزوۂ خندق کے موقع پر نبی ﷺ کی دعا

جب قبائل نے مدینہ پر ہلہ بولا اور کوئی چارۂ کار نہ رہا، تو نبی ﷺ نے دعا کی: اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ: اے اللہ! اے قرآن کے اتارنے والے! سَرِيْعَ الْحِسَابِ: جلد حساب لینے والے، اهْزِمِ الْأَحْزَابَ: جتھوں کو شکست دیں، اللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ: اے اللہ! دشمن کو پسپا کریں اور ان کو جھنجھوڑیں!

[٤١١٥-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَزَارِيُّ، وَعَبْدَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِيْ أَوْفَى، يَقُوْلُ: دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْأَحْزَابِ فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، سَرِيْعَ الْحِسَابِ، اهْزِمِ الْأَحْزَابَ، اللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ"[راجع: ٢٩٣٣]

۱۵- جہاد، حج یا عمرہ سے آپؐ لوٹتے تو کیا ذکر کرتے؟

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نبی ﷺ غزوہ سے یا حج سے یا عمرہ سے لوٹتے تو ذکر شروع کرتے، تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے، پھر فرماتے: کوئی عبادت کے لائق نہیں اللہ کے سوا، جو یگانہ ہیں، جن کا کوئی شریک نہیں، انہی کے لئے فرماں روائی ہے، انہی کے لئے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہیں، ہم لوٹ رہے ہیں، توبہ کررہے ہیں، عبادت کررہے ہیں، اپنے پروردگار کے لئے سجدہ کررہے ہیں، تعریف کرتے ہیں: اللہ نے اپنا وعدہ سچا کیا اپنے بندے کی مدد کی اور لشکروں کو تنہا شکست دی۔

[٤١١٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، وَنَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَفَلَ مِنَ الْغَزْوِ أَوِ الْحَجِّ أَوِ الْعُمْرَةِ

يَبْدَأُ فَيُكَبِّرُ ثَلَاثَ مِرَارٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ:" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ"[راجع: ۱۷۹۷]

غزوۂ بنوقریظہ (۱)

مدینہ منورہ میں یہود کے تین بڑے قبائل تھے: بنوقینقاع، بنونضیر اور بنوقریظہ، ہجرت کے بعد نبی ﷺ نے مدینہ کی تین قوموں میں یعنی مسلمانوں، مشرکوں اور یہود کے درمیان ایک معاہدہ کیا تھا، جس میں کئی امور طے پائے تھے، ایک یہ کہ وفاق میں شامل اقوام میں سے کوئی شر وفساد نہیں پھیلائے گا، دوم یہ کہ مدینہ پر کوئی حملہ آور ہوگا تو سب مل کر دفاع کریں گے۔

اور زمانۂ جاہلیت میں بنوقینقاع کا خزرج کے ساتھ دوستانہ تعلق تھا، اور بنونضیر اور بنوقریظہ کا اوس کے ساتھ، پھر غزوۂ بدر کے موقع پر سب سے پہلے بنوقینقاع نے شر وفساد پھیلایا، ان کے بازار میں ایک مسلمان عورت دودھ بیچنے گئی تو اس کو ننگا کردیا، اس پر ایک مسلمان نے طیش میں آکر اس یہودی کو قتل کردیا جس نے یہ حرکت کی تھی، پھر یہود نے مل کر اس مسلمان کو قتل کردیا، جب نبی ﷺ بدر سے واپس آئے تو غزوۂ بنوقینقاع پیش آیا، اور ان کو جلاوطن کیا گیا، پھر بنونضیر نے نبی ﷺ کے قتل کا پلان بنایا جس کا وحی سے پتہ چل گیا، پس غزوۂ بنونضیر پیش آیا اور ان کو بھی جلاوطن کیا گیا، اب مدینہ میں صرف بنوقریظہ رہ گئے۔

غزوۂ احزاب میں انھوں نے نقض عہد کیا، بنونضیر کا سردار حیی بن اخطب خیبر سے بنوقریظہ کے سردار کعب بن اسد کے پاس آیا اور اس سے ایسی ایسی باتیں کرتا رہا کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگیا، بنوقریظہ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا ہوا عہد وپیمان توڑ دیا وہ برملا مشرکین کے ساتھ جنگ میں شریک ہوگئے۔

پھر احزاب اور بنوقریظہ کے درمیان نُعیم بن مسعودؓ نے پھوٹ ڈالی، پھر بادِ صرصر چلی اور احزاب نامراد واپس ہوگئے صبح نبی ﷺ اور مسلمان محاذ سے گھر لوٹے، ظہر کے وقت جب آپؐ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے مکان میں غسل کی تیاری کررہے تھے، حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے، انھوں نے کہا: کیا آپؐ نے ہتھیار رکھ دیئے، فرشتوں نے ابھی ہتھیار نہیں رکھے! آپؐ نے پوچھا: اللہ کا کیا حکم ہے؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بنوقریظہ کی طرف اشارہ کیا اور کہا: میں فرشتوں کے ساتھ بنوقریظہ کی طرف جارہا ہوں، ان کے قلعوں میں زلزلہ برپا کروں گا اور ان کے دلوں میں رعب ڈالوں گا، چنانچہ نبی ﷺ نے مدینہ میں منادی کرائی کہ جو شخص سمع وطاعت پر قائم ہے وہ ظہر/عصر کی نماز بنوقریظہ میں پڑھے، صحابہ تیاری کرکے فوراً روانہ ہوگئے اور بنوقریظہ کے قلعوں کا محاصرہ کرلیا، بنوقریظہ قلعہ بند ہوگئے ان کے پاس رسد کافی مقدار میں تھی،

(۱) غزوۂ بنوقریظہ: غزوۂ احزاب کا تتمہ ہے، جیسا کہ تفصیلات سے معلوم ہوگا ۱۲

لیکن جب محاصرہ طویل ہوا تو وہ پریشان ہوگئے اور ان کے سردار کعب بن اسد نے قوم کے سامنے تین باتیں پیش کیں:

۱- سب مسلمان ہوجاؤ، کیونکہ اپنی کتابوں سے یہ بات واضح ہے کہ محمد ﷺ سچے نبی اور رسول ہیں۔

۲- یا بیوی بچوں کو اپنے ہاتھوں سے قتل کردو، پھر پوری قوت کے ساتھ اسلامی افواج سے ٹکرا جاؤ۔

۳- یا آئندہ کل سنیچر کا دن ہے، مسلمان غافل ہونگے، انہیں اطمینان ہوگا کہ آج لڑائی نہیں ہوگی، اس لئے سنیچر کو حملہ کردو۔

یہود نے ان میں سے کوئی تجویز منظور نہیں کی، اب ان کے لئے صرف ایک ہی راستہ تھا کہ ہتھیار ڈال دیں اور اپنی قسمت کا فیصلہ نبی ﷺ کے حوالہ کردیں۔

لیکن انھوں نے چاہا کہ ہتھیار ڈالنے سے پہلے اپنے بعض مسلمان حلیفوں سے مشورہ کرلیں تا کہ معلوم ہوجائے کہ ہتھیار ڈالنے کا نتیجہ کیا ہوگا؟ چنانچہ انھوں نے حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ کو مشورہ کے لئے بلایا، وہ ان کے حلیف تھے، اور انہی کے علاقہ میں رہتے تھے، جب حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ آئے تو عورتیں اور بچے ان کے سامنے دھاڑیں مار کر رونے لگے اور ان سے پوچھا: کیا ہم محمد (ﷺ) کے فیصلہ پر ہتھیار ڈال دیں؟ انھوں نے کہا: ڈال دو! لیکن ساتھ ہی گلے کی طرف اشارہ کیا، یعنی ذبح کئے جاؤ گے! مگر ابولبابہؓ کو فوراً ہی احساس ہوا کہ انھوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت کی، چنانچہ وہ واپس لوٹ کر سیدھے مسجدِ نبوی میں گئے اور اپنے آپ کو مسجد کے ایک ستون سے باندھ دیا اور قسم کھائی کہ جب نبی ﷺ اپنے دستِ مبارک سے کھولیں گے تب کھلیں گے، ورنہ بندھے رہیں گے، اور بھوکے پیاسے مرجائیں گے، جب نبی ﷺ کو اس واقعہ کا علم ہوا تو آپؐ نے فرمایا: اگر وہ سیدھے میرے پاس آتے تو میں ان کے لئے استغفار کرتا، اب جب کہ انھوں نے خود کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کردیا ہے تو جب تک ان کی توبہ نازل نہیں ہوگی میں ان کو نہیں کھولوں گا۔

حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ کے اشارہ کے باوجود بنوقریظہ نے طے کیا کہ وہ ہتھیار ڈال دیں، کیونکہ وہ طویل محاصرہ سے تنگ آگئے تھے، اور اللہ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا تھا، اور ان کے حوصلے ٹوٹ چکے تھے، پھر جب انھوں نے ہتھیار ڈال دیئے تو نبی ﷺ نے حکم دیا کہ ان کے مردوں کو باندھ دیا جائے، اس وقت قبیلہ اوس کے لوگوں نے عرض کیا: آپؐ نے بنوقینقاع کے ساتھ جو سلوک فرمایا ہے وہی سلوک بنوقریظہ کے ساتھ کیا جائے، بنوقینقاع کے لئے خزرج نے سفارش کی تھی، ہم بنوقریظہ کے لئے سفارش کرتے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: کیا آپ لوگ اس پر راضی نہیں کہ ان کے بارے میں آپ ہی کا ایک آدمی فیصلہ کرے؟ اوس نے کہا: کیوں نہیں، آپؐ نے فرمایا: یہ معاملہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے حوالہ ہے، اوس نے کہا: ہم اس پر راضی ہیں، حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیمار تھے، اور مدینہ میں تھے ان کو طلب کیا گیا، وہ گدھے پر بیٹھ کر تشریف لائے، جب کیمپ کے قریب آئے تو آپؐ نے اوس سے فرمایا: اپنے سردار کی طرف اٹھو، یعنی وہ

بیمار ہیں انہیں سنبھال کر سواری سے اتارو، جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس پہنچے تو آپؐ نے فرمایا: اے سعد! یہ لوگ آپؐ کے فیصلہ پر اتر آئے ہیں، حضرت سعدؓ نے کہا: کیا میرا فیصلہ ان پر نافذ ہوگا؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں، انھوں نے کہا: مسلمانوں پر بھی؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں، پھر انھوں نے کہا: جو یہاں ہیں ان پر بھی؟ ان کا اشارہ رسول اللہ ﷺ کی قیام گاہ کی طرف تھا، مگر انھوں نے چہرہ تعظیماً دوسری طرف کر رکھا تھا، نبی ﷺ نے جواب دیا: جی ہاں مجھ پر بھی، حضرت سعدؓ نے کہا: ان کے متعلق میرا فیصلہ یہ ہے کہ بالغ مردوں کو قتل کر دیا جائے، عورتوں اور بچوں کو قید کر لیا جائے اور ان کے اموال تقسیم کر دیئے جائیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم نے ان کے بارے میں وہی فیصلہ کیا جو سات آسمانوں کے اوپر سے اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے''

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا یہ فیصلہ عدل وانصاف پر مبنی تھا، کیونکہ بنوقریظہ نے خطرناک لمحات میں مسلمانوں کے ساتھ بدعہدی کی تھی، اور اس کی سزا تورات میں یہی تھی، سفر استثناء (باب ۲۰، آیت ۱۰) میں ہے: ''نقض عہد کرنے والے جب تیرے قبضہ میں آجائیں تو تو وہاں کے ہر مرد کو تلوار سے قتل کر، مگر عورتوں، لڑکوں اور مویشی کو، پس جو کچھ اس شہر میں ہے سب اپنے لئے لوٹ لے، وہ تیرے خدا نے تجھے دیا ہے''

چنانچہ فیصلہ کے مطابق بنوقریظہ کے بالغ مرد قتل کئے گئے، جن کی تعداد چار سو تھی، چند حضرات فیصلہ سے پہلے مسلمان ہوگئے ان کی جان اور مال محفوظ رہا، اور بنونضیر کا سردار حیی بن اخطب اپنے وعدہ کے مطابق بنوقریظہ کے پاس قلعہ میں آگیا تھا اس کی بھی گردن ماردی گئی۔ (۱)

سوال: غزوۂ احزاب میں قبائل کے چلے جانے کے بعد فوراً ہی بنوقریظہ پر چڑھائی کا حکم کیوں دیا گیا؟ اس میں کیا حکمت تھی؟

---

(۱) بنوقریظہ کی تباہی کے ساتھ بنونضیر کا شیطان اور جنگِ احزاب کا ایک بڑا مجرم حیی بن اخطب بھی اپنے کیفر کردار کو پہنچ گیا، یہ شخص ام المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا باپ تھا، قریش وغطفان کی واپسی کے بعد جب بنوقریظہ کا محاصرہ کیا گیا اور انھوں نے قلعہ بندی اختیار کی تو یہ بھی ان کے ہمراہ قلعہ بند ہوگیا، کیونکہ غزوۂ احزاب کے ایام میں یہ شخص جب کعب بن اسد کو غدر وخیانت پر آمادہ کرنے کے لئے آیا تھا تو اس سے وعدہ کر رکھا تھا، اور اب اسی وعدہ کو نباہ رہا تھا، اسے جس وقت خدمتِ نبوی میں لایا گیا، ایک جوڑا زیب تن کئے ہوئے تھا جسے خود ہی ہر جانب سے ایک ایک انگل پھاڑ رکھا تھا تاکہ اسے مالِ غنیمت میں نہ رکھوالیا جائے، اس کے دونوں ہاتھ گردن کے پیچھے رسّی سے بندھے ہوئے تھے، اس نے رسول اللہ ﷺ کو مخاطب کر کے کہا: سنئے! میں نے آپؐ کی عداوت پر اپنے آپ کو ملامت نہیں کیا، لیکن جو اللہ سے لڑتا ہے مغلوب ہو جاتا ہے، پھر لوگوں کو مخاطب کر کے کہا: لوگو! اللہ کے فیصلے میں کوئی حرج نہیں، یہ تو نوشتۂ تقدیر ہے اور ایک بڑا قتل ہے جو اللہ نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا تھا، اس کے بعد وہ بیٹھا اور اس کی گردن ماردی گئی (الرحیق المختوم ص: ۲:۴۹۳)

جواب: اس میں متعدد حکمتیں ہوسکتی ہیں، مثلاً:

۱- دشمن بے خبر ہو، اس کے گمان میں بھی نہ ہو کہ اس پر حملہ ہوسکتا ہے، ایسے وقت حملہ کیا جائے تو اس کو تیاری کا موقع نہیں مل سکتا، اور یہ بات جنگی مصلحت سے قریب ہے۔

۲- غزوۂ احزاب اعصابی جنگ تھی، فریقین نے نہ کچھ کھویا نہ پایا، مگر کفار کے اعصاب پر شکستگی چھا گئی، چنانچہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اب وہ چڑھائی نہیں کرسکیں گے، اب ہم ان پر چڑھائی کریں گے'' پھر بنو قریظہ پر فوراً چڑھائی سے مشرکین کے اعصاب پر مزید چوٹ پڑی کہ مسلمان ابھی ایسے تازہ دم ہیں کہ فوراً ہی نئی کاروائی شروع کردی، پس یہ استعجال: احزاب (قبائل) کے اعصاب پر ایک اور خاموش وار تھا۔

۳- غزوۂ احزاب میں اسلامی فوج کے ہاتھ کچھ نہیں آیا تھا اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے اس امت کے لئے غنیمت کی حلت کی حکمت بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ گذشتہ انبیاء کا جہاد وقتی اور محدود قوم کے ساتھ تھا، اس لئے مجاہدین کے پاس کھانے کمانے کے لئے وقت تھا، اس لئے ان کے لئے غنیمت حلال نہیں کی گئی تھی، اور اس امت کا جہاد عالمگیر اور ہر وقت جاری رہنے والا ہے، اس لئے مجاہدین کے پاس کھانے کمانے کا وقت نہیں ہوگا، اس لئے اس امت کے لئے غنیمت حلال کی گئی (تفصیل کے لئے دیکھیں: رحمۃ اللہ الواسعہ ۲: ۴۰۵-۴۱۰)

اور غزوۂ احزاب میں چونکہ مجاہدین کے ہاتھ کچھ نہیں آیا تھا اس لئے غزوۂ بنو قریظہ کو غزوۂ احزاب کا تتمہ بنایا گیا، گویا دونوں ایک غزوہ ہیں، پس اس دوسرے غزوے میں مسلمانوں کے ہاتھ جو غنیمت آئے گی، اس کو غزوۂ احزاب ہی کی غنیمت سمجھنا چاہئے، جیسے صلح حدیبیہ کے موقع پر مجاہدین کے ہاتھ کچھ نہیں آیا تھا اس لئے فوراً غزوۂ خیبر کا حکم دیا اور فرمایا: ﴿وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَأْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهِ﴾: اللہ تعالیٰ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ کیا ہے جس کو تم لوگے، پس تم کو یہ (خیبر کی غنیمت) جلدی دیدی، چنانچہ نبی ﷺ نے فرمایا: خیبر میں وہی چلے گا جو صلح حدیبیہ میں تھا، کوئی نیا آدمی نہیں چلے گا۔

۱- غزوۂ بنو قریظہ بہ حکم الٰہی ہوا

جب نبی ﷺ غزوۂ احزاب سے لوٹے تو بہ حکم الٰہی بنی قریظہ کی طرف نکلے اور ان کا محاصرہ کیا۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ غزوۂ خندق سے لوٹے اور ہتھیار اتار دیئے اور نہا لئے تو آپؐ کے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہا: آپؐ نے ہتھیار اتار لئے! بخدا ہم نے ہتھیار نہیں اتارے! ان پر چڑھائی کیجئے، نبی ﷺ نے پوچھا: کس پر؟ جبرئیل علیہ السلام نے بنو قریظہ کی طرف اشارہ کیا، چنانچہ نبی ﷺ نے ان پر چڑھائی کی۔

[٣١-] بَابُ مَرْجَعِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم مِنَ الْأَحْزَابِ،
وَمَخْرَجِهِ إِلٰى بَنِيْ قُرَيْظَةَ، وَمُحَاصَرَتِهِ إِيَّاهُمْ

[٤١١٧-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا رَجَعَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم مِنَ الْخَنْدَقِ، وَوَضَعَ السِّلَاحَ وَاغْتَسَلَ، أَتَاهُ جِبْرِيْلُ فَقَالَ: قَدْ وَضَعْتَ السِّلَاحَ! وَاللّٰهِ مَا وَضَعْنَاهُ، اُخْرُجْ إِلَيْهِمْ، قَالَ: "فَإِلٰى أَيْنَ؟" قَالَ: هَاهُنَا، وَأَشَارَ إِلٰى بَنِيْ قُرَيْظَةَ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم إِلَيْهِمْ.[راجع: ٤٦٣]

آئندہ حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں گویا دیکھ رہا ہوں اس غبار کو جو بنوغنم کی گلی میں اٹھ رہا تھا (وہاں حضرت جبرئیل علیہ السلام کا جلوس گذر رہا تھا، وہ فرشتوں کے ساتھ بنوقریظہ کی طرف جارہے تھے، اس کا صرف غبار حضرت انس رضی اللہ عنہ نے دیکھا، فرشتے نظر نہیں آئے) جب نبی ﷺ بنوقریظہ کی طرف چلے یعنی اس موقعہ پر یہ جلوس گذرا تھا۔

[٤١١٨-] حدثنا مُوسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَى الْغُبَارِ سَاطِعًا فِيْ زُقَاقِ بَنِيْ غَنْمٍ، مَوْكِبُ جِبْرِيْلَ، حِيْنَ سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم إِلٰى بَنِيْ قُرَيْظَةَ.[راجع: ٣٢١٤]

ترکیب: موکبَ (منصوب) أَيْ أَنْظُرُ مَوْكِبَ: میں شاہی جلوس دیکھ رہا تھا............موکبِ (مجرور) الغبارِ سے بدل............موکبُ (مضموم) ھذا موکبُ: مبتدا محذوف کی خبر۔

فائدہ: حاشیہ میں ایک سوال وجواب ہے کہ حضرت انس کو کیسے پتہ چلا کہ وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا جلوس تھا؟ اور جواب یہ دیا ہے کہ یہ بات انھوں نے نبی ﷺ سے سنی ہوگی یا قرائن وعلامات سے پہچانی ہوگی۔

۲- ہرگز کوئی عصر کی نماز نہ پڑھے مگر بنوقریظہ میں

جب حضرت جبرئیل علیہ السلام بنوقریظہ کی طرف اشارہ کرکے چل دیئے تو نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ ہر شخص بنوقریظہ میں عصر کی نماز پڑھے، یہ نماز ظہر کے بعد کا واقعہ ہے، راستہ میں جب نمازِ عصر کا وقت آیا تو اختلاف ہوا، بعض نے کہا: ہم بنوقریظہ میں پہنچ کر عصر پڑھیں گے، ہمیں نبی ﷺ نے یہی حکم دیا ہے اور بعض نے کہا: نبی ﷺ کا یہ مقصد نہیں تھا کہ نماز قضا کی جائے، بلکہ آپؐ کا مقصد یہ تھا کہ جلد از جلد بنوقریظہ پہنچا جائے، چنانچہ انھوں نے راستہ میں عصر کی نماز پڑھی،

اگلے دن جب نبی ﷺ بنوقریظہ پہنچے تو آپؐ کے سامنے اس اختلاف کا ذکر آیا، آپؐ نے دونوں جماعتوں میں سے کسی کو ملامت نہیں کی، نہ ان لوگوں سے کچھ کہا جنھوں نے ظاہر امر کا امتثال کرتے ہوئے نماز کو قضاء کیا تھا اور نہ ان لوگوں سے کچھ کہا جنھوں نے امر کا منشا سمجھ کر راستہ میں نماز ادا کی تھی، کیونکہ مَضَی مَامَضَی، واقعہ گذر چکا تھا ایک کی نماز ادا ہوئی دوسرے کی قضاء، پس دونوں کا عمل درست تھا۔

[٤١١٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْأَحْزَابِ: "لَا يُصَلِّيَنَّ أَحَدٌ الْعَصْرَ إِلَّا فِي بَنِي قُرَيْظَةَ" فَأَدْرَكَ بَعْضَهُمُ الْعَصْرَ فِي الطَّرِيْقِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَا نُصَلِّيْ حَتَّى نَأْتِيَهَا، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ نُصَلِّيْ، لَمْ يُرِدْ مِنَّا ذٰلِكَ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يُعَنِّفْ وَاحِدًا مِنْهُمْ.[راجع: ٩٤٦]

فائدہ (۱): یہاں حدیث میں عصر کی نماز کا ذکر ہے اور مسلم شریف میں ظہر کا، اور سند دونوں حدیثوں کی ایک ہے، پس تطبیق کی یہ صورت ہوگی کہ جن صحابہ نے ظہر نہیں پڑھی تھی، ان سے فرمایا: ظہر کی نماز بنوقریظہ میں پڑھو، اور جو ظہر پڑھ چکے تھے، ان سے فرمایا: عصر کی نماز بنوقریظہ میں پڑھو، باقی اہل مغازی کا اتفاق ہے کہ نبی ﷺ نے عصر کی نماز کے بارے میں فرمایا تھا، ظہر کی نماز راوی کا وہم ہے۔

فائدہ (۲): علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے فرمایا: جس نے حدیث کے ظاہر الفاظ پر عمل کیا اس کو بھی اجر ملا، اور جس نے اجتہاد واستنباط کیا اس کو بھی اجر ملا، مگر اول کو فقط ایک فضیلت حاصل ہوئی یعنی حکم نبوی کی تعمیل کا اجر ملا اور فریق ثانی کو دو فضیلتیں حاصل ہوئیں، ایک فضیلت: حکم نبوی کی تعمیل کی اور دوسری فضیلت صلوٰۃ وسطی (نماز عصر) کی محافظت کی، پس ظاہر الفاظ پر عمل کرنے والوں پر اگرچہ اظہار ناراضگی نہیں فرمایا اس لئے کہ نیت بخیر تھی، لیکن وہ جن لوگوں نے اجتہاد سے کام لیا ان کے مرتبہ کو نہیں پہنچ سکے (سیرت المصطفیٰ ۲: ۳۲۸، بحوالہ فتح الباری ۷: ۳۱۶)

۳- بنونضیر اور بنوقریظہ کے غنائم کے بعد انصار کے منائح واپس کئے گئے

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصاری صحابہ نبی ﷺ کے لئے کھجور کے درخت گردانا کرتے تھے، یعنی اس کے پھل فائدہ اٹھانے کے لئے دیتے تھے، اس کو منیحہ کہتے تھے (پھر نبی ﷺ وہ درخت جس مہاجری کو چاہتے تھے دیتے تھے) یہاں تک کہ قریظہ اور نضیر کا علاقہ فتح ہوا (اور پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۶۰۵) آیا ہے کہ جب خیبر فتح ہوا) تو میرے گھر والوں نے (یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ نے) حکم دیا کہ میں نبی ﷺ کی خدمت میں جاؤں، اور آپؐ سے واپس مانگوں وہ درخت جو انصار نے نبی ﷺ کو دیئے ہیں، یا ان میں سے بعض درخت واپس مانگوں (الذین: أَسْأَلَهُ کی ضمیر مفعول سے بدل ہے) اور نبی ﷺ نے وہ درخت اپنی کھلائی ام ایمن رضی اللہ عنہا کو دیئے

تھے (جب حضرت انس رضی اللہ عنہ اپنی والدہ کے دیئے ہوئے درخت واپس لینے آئے) تو ام ایمنؓ آئیں، انھوں نے اپنا کپڑا میرے گلے میں ڈالا، کہنے لگیں: ہرگز نہیں، قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں! نہیں دیں گے نبی ﷺ تجھے وہ درخت درانحالیکہ عنایت فرمائے ہیں آپؐ نے وہ درخت مجھے —— یا جیسا ام ایمنؓ نے کہا: یعنی الفاظ یہی تھے یا کچھ اور مگر مطلب یہی تھا —— درانحالیکہ نبی ﷺ (ام ایمنؓ سے) فرما رہے تھے: آپ کے لئے یہ ہے، یعنی ام سلیمؓ کے درخت واپس کردو میں تمہیں اس کے بدل اپنے پاس سے یہ دوں گا، اور ام ایمنؓ کہہ رہی تھیں: ہرگز نہیں بخدا یعنی میں ام سُلیم کے درخت واپس نہیں کروں گی، یہاں تک کہ دیئے نبی ﷺ نے ان کو —— میں گمان کرتا ہوں کہ حضرت انسؓ نے فرمایا: —— اس کے دس گنے (تب انھوں نے ام سلیم کے درخت واپس کئے، ام ایمن رضی اللہ عنہا چونکہ آپؐ کی کھلائی تھیں اس لئے ان کے ناز کو آپؐ نے برداشت کیا اور دس گنا دے کر ان کو راضی کیا، بہرحال انصار کے منائح واپس کئے گئے)

[٤١٢٠-] حدثنا ابْنُ أَبِي الأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، ح: وَحَدَّثَنِي خَلِيْفَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم النَّخَلاَتِ، حَتَّى افْتَتَحَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيْرَ، وَإِنَّ أَهْلِي أَمَرُوْنِي أَنْ آتِيَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَسْأَلَهُ الَّذِيْنَ كَانُوْا أَعْطَوْهُ أَوْ بَعْضَهُ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَدْ أَعْطَاهُ أُمَّ أَيْمَنَ، فَجَاءَ تْ أُمُّ أَيْمَنَ فَجَعَلَتِ الثَّوْبَ فِيْ عُنُقِي، تَقُوْلُ: كَلاَّ، وَالَّذِي لاَ إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ! لاَ يُعْطِيْكَهُمْ وَقَدْ أَعْطَانِيْهَا- أَوْ كَمَا قَالَتْ- وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَكِ كَذَا" وَتَقُوْلُ: كَلاَّ، وَاللهِ! حَتَّى أَعْطَاهَا - حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: - عَشْرَةَ أَمْثَالِهِ، أَوْ كَمَا قَالَ. [راجع: ٢٦٣٠]

۴- بنو قریظہ کے بارے میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے وہی فیصلہ کیا جو اللہ کو منظور تھا

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنو قریظہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے فیصلے پر اترے یعنی قلعہ سے نکلے، پس نبی ﷺ نے حضرت سعدؓ کے پاس آدمی بھیجا، وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے، جب وہ (کیمپ کی) مسجد کے قریب آئے تو آپؐ نے انصار سے فرمایا: اپنے سردار کی طرف اٹھو، یا فرمایا: اپنے بہترین آدمی کی طرف، یعنی ان کو گدھے سے اتارو، وہ بیمار ہیں، پھر آپؐ نے فرمایا: یہ لوگ اترے ہیں آپؓ کے فیصلہ پر، پس حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کے جنگجو قتل کئے جائیں اور ان کے بیوی بچے قید کئے جائیں، نبی ﷺ نے فرمایا: آپ نے اللہ کا فیصلہ کیا، اور کبھی راوی نے کہا: آپ نے بادشاہ کا فیصلہ کیا (بادشاہ سے مراد بھی اللہ تعالیٰ ہیں، اور اگر مَلَك (لام کے زبر کے ساتھ) ہے تو مراد جبرئیل علیہ السلام ہیں)

[٤١٢١-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدَرِيَّ يَقُوْلُ: نَزَلَ أَهْلُ قُرَيْظَةَ عَلٰى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَأَرْسَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى سَعْدٍ، فَأَتَى عَلٰى حِمَارٍ، فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ لِلْأَنْصَارِ: "قُوْمُوْا إِلٰى سَيِّدِكُمْ أَوْ: أَخْيَرِكُمْ" فَقَالَ: "هٰؤُلَآءِ نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِكَ" فَقَالَ: تُقْتَلُ مُقَاتِلَتُهُمْ، وَتُسْبٰى ذَرَارِيُّهُمْ. قَالَ: "قَضَيْتَ بِحُكْمِ اللّٰهِ" وَرُبَّمَا قَالَ: "بِحُكْمِ الْمَلِكِ"[راجع: ٤٠٤٣]

۵- بنوقریظہ نے نبی ﷺ کواورآپؐ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کوفیصلہ سونپا

۶- حضرت سعدؓ نے دعا کی: اے اللہ! اگر قریش کے ساتھ جنگ ختم ہوگئی ہے تو میں موت کو گلے لگانے کے لئے تیار ہوں

آئندہ حدیث میں دومضمون ہیں:

پہلا مضمون: بنوقریظہ نے خودکورسول اللہ ﷺ کے حوالہ کردیا کہ آپؐ جوفیصلہ مناسب سمجھیں کریں، پس قبیلہ اوس کے لوگوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا: آپؐ نے بنوقینقاع کے ساتھ جوسلوک فرمایا تھا وہ آپؐ کو یاد ہی ہے، بنوقینقاع ہمارے بھائی خزرج کے حلیف تھے، اور یہ لوگ یہ ہمارے حلیف ہیں، لہٰذا ان پر احسان فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ ان کے متعلق تمہارا ہی آدمی فیصلہ کرے؟ انھوں نے کہا: کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا: یہ معاملہ سعد بن معاذؓ کے حوالہ ہے، اوس کے لوگوں نے کہا: ہم اس پر راضی ہیں۔

اس کے بعد آپؐ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو بلایا، وہ مدینہ میں تھے، لشکر کے ہمراہ نہیں آئے تھے، کیونکہ جنگ خندق میں تیر لگنے کی وجہ سے ان کے ہاتھ کی شاہ رگ کٹ گئی تھی، نبی ﷺ نے دومرتبہ اس کو داغا مگر ہر مرتبہ ورم ہوگیا، پس آپؐ نے ان کا خیمہ مسجدِ نبوی کے صحن میں لگوایا تاکہ قریب سے ان کی تیمارداری کریں، حضرت سعدؓ گدھے پر سوار ہوکر آئے، جب کیمپ کے قریب آئے تو آپؐ نے ان کے قبیلہ کے لوگوں سے کہا: اپنے سردار کی طرف اٹھو، یعنی ان کو سنبھال کر اتارو، جب وہ لوگ اتارنے گئے تو انھوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو دونوں جانب سے گھیر لیا اور کہنے لگے: سعدؓ! اپنے حلیفوں کے بارے میں اچھائی اور احسان سے کام لینا، رسول اللہ ﷺ نے آپؓ کو اسی لئے حکم بنایا ہے کہ آپؓ ان کے ساتھ حسن سلوک کریں، حضرت سعد رضی اللہ عنہ چپ رہے، جب لوگوں نے بہت اصرار کیا تو فرمایا: اب وقت آگیا ہے کہ سعدؓ کو اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت گر کی پرواہ نہیں ہوگی۔

پھر جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس پہنچے تو آپؐ نے فرمایا: یہ لوگ آپ کے فیصلہ پر اترے ہیں،

حضرت سعدؓ نے کہا: کیا میرا فیصلہ ان پر نافذ ہوگا؟ بنوقریظہ نے کہا: جی ہاں، حضرت سعدؓ نے کہا: مسلمانوں پر بھی؟ مسلمانوں نے کہا: جی ہاں، انھوں نے پھر پوچھا: اور جو یہاں ہیں ان پر بھی؟ ان کا اشارہ رسول اللہ ﷺ کی طرف تھا، مگر تعظیم کی وجہ سے چہرہ دوسری طرف کر رکھا تھا، نبی ﷺ نے فرمایا: جی ہاں، مجھ پر بھی نافذ ہوگا، پس حضرت سعدؓ نے کہا: ان کے متعلق میرا فیصلہ یہ ہے کہ مردوں کو قتل کردیا جائے، عورتوں اور بچوں کو قیدی بنالیا جائے اور اموال تقسیم کردیئے جائیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم نے ان کے بارے میں وہی فیصلہ کیا جو سات آسمانوں کے اوپر اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے''

دوسرا مضمون: غزوۂ خندق میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بازو میں تیر لگا تھا جو ان کی أکْحَلْ یا أبْجَلْ رگ کو چھوتا ہوا گذر گیا تھا، اس سے ان کے بازو کی خون کی رگ کٹ گئی تھی، یہ رگ جسم کے ہر حصہ میں ہوتی ہے، عربی میں ہر حصہ کی رگ کا نام الگ ہے اردو میں اس کو ''رگ ہفت اندام'' کہتے ہیں، نبی ﷺ نے لوہا گرم کرکے اس کو دو مرتبہ داغا تاکہ خون بند ہو، مگر اس جگہ ورم ہوگیا، پس حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے دعا کی: الٰہی! مجھے موت نہ آئے جب تک میری آنکھیں بنوقریظہ کے معاملہ میں ٹھنڈی نہ ہوجائیں، چنانچہ خون بند ہوگیا، مگر وہ نحیف تھے، اس لئے بنوقریظہ کی جنگ میں شریک نہیں ہوئے تھے، جب ان کو فیصلہ کے لئے بلایا گیا اور انھوں نے فیصلہ سنادیا تو پھر انھوں نے دعا کی: اے اللہ! مجھے زندگی اسی لئے پسند ہے کہ میں قریش سے لڑوں، انھوں نے آپؐ کے رسول کو جھٹلایا، اور وطن سے بے وطن کیا، اے اللہ! اب میرا گمان ہے کہ ہمارے اور قریش کے درمیان جنگ ختم ہوگئی ہے، لیکن اگر کوئی معرکہ باقی ہے تو مجھے زندہ رکھ، تاکہ میں ان سے لڑوں، اور اگر جنگ نمٹ چکی ہے تو میرا زخم کھول دے تاکہ میں اس میں وفات پاجاؤں، چنانچہ زخم اپنے بالائی حصہ سے سینہ کے پاس کے گڑھے سے کھل گیا، بکری خیمہ میں گھس گئی اور اس نے پیر رکھ دیا، حضرت سعد رضی اللہ عنہ سوئے ہوئے تھے، پس زخم کھل گیا اور خون جاری ہوگیا اور اتنا زیادہ خون بہا کہ پڑوس کے خیمہ میں پہنچ گیا، پڑوس میں بنی غفار کا ایک خیمہ تھا، جس میں رُفَیْدۃ نام کی ایک خاتون اپنے متعلقین کے ساتھ رہتی تھی، انھوں نے کہا: یہ کیسا خون ہے جو تمہاری طرف سے آرہا ہے، غرض خون بہہ جانے کی وجہ سے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا۔

حدیث میں ہے کہ جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو نبی ﷺ نے فرمایا: سعد کی موت سے عرشِ الٰہی (خوشی سے) جھوم گیا، اور ایک روایت میں ہے کہ آسمان کے تمام دروازے ان کے لئے کھول دیئے گئے اور آسمانوں کے فرشتے ان کی روح کے چڑھنے سے مسرور ہوئے اور ستر ہزار فرشتے ان کے جنازہ میں شریک ہوئے، جو اس سے پہلے کبھی آسمان سے نہیں اترے تھے اور ان کی قبر سے مشک کی خوشبو آتی تھی۔

[٤١٢٢-] حدثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أُصِيْبَ سَعْدٌ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، رَمَاهُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُقَالُ لَهُ: حِبَّانُ بْنُ الْعَرِقَةِ، رَمَاهُ فِي الْأَكْحَلِ، فَضَرَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ لِيَعُوْدَهُ مِنْ قَرِيْبٍ.

فَلَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنَ الْخَنْدَقِ وَضَعَ السِّلَاحَ وَاغْتَسَلَ، فَأَتَاهُ جِبْرِيْلُ وَهُوَ يَنْفُضُ رَأْسَهُ مِنَ الْغُبَارِ، فَقَالَ: قَدْ وَضَعْتَ السِّلَاحَ! وَاللّٰهِ مَا وَضَعْتُهُ! اخْرُجْ إِلَيْهِمْ، قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" فَأَيْنَ؟" فَأَشَارَ إِلٰى بَنِىْ قُرَيْظَةَ، فَأَتَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَنَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِهِ، فَرَدَّ الْحُكْمَ إِلٰى سَعْدٍ، قَالَ: فَإِنِّىْ أَحْكُمُ فِيْهِمْ أَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ وَأَنْ تُسْبَى النِّسَاءُ وَالذُّرِّيَّةُ، وأَنْ تُقْسَمَ أَمْوَالُهُمْ.

قَالَ هِشَامٌ: فَأَخْبَرَنِىْ أَبِىْ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ سَعْدًا قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أُجَاهِدَهُمْ فِيْكَ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوْا رَسُوْلَكَ وَأَخْرَجُوْهُ، اللّٰهُمَّ فَإِنِّىْ أَظُنُّ أَنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَإِنْ كَانَ بَقِيَ مِنْ حَرْبِ قُرَيْشٍ شَيْئٌ فَأَبْقِنِىْ لَهُمْ حَتّٰى أُجَاهِدَهُمْ فِيْكَ، وَإِنْ كُنْتَ وَضَعْتَ الْحَرْبَ فَافْجُرْهَا وَاجْعَلْ مَوْتَتِىْ فِيْهَا، فَانْفَجَرَتْ مِنْ لَبَّتِهِ فَلَمْ يَرُعْهُمْ- وَفِى الْمَسْجِدِ خَيْمَةٌ مِنْ بَنِىْ غِفَارٍ- إِلَّا الدَّمُ يَسِيْلُ إِلَيْهِمْ، فَقَالُوْا: يَا أَهْلَ الْخَيْمَةِ! مَا هٰذَا الَّذِىْ يَأْتِيْنَا مِنْ قِبَلِكُمْ؟ فَإِذَا سَعْدٌ يَغْذُو جُرْحُهُ دَمًا، فَمَاتَ مِنْهَا. [راجع: ٤٦٣]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: غزوۂ خندق میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ زخم پہنچائے گئے یعنی ان کے بازو میں تیر لگا، آپؓ کو یہ تیر قریش کے ایک آدمی نے مارا تھا، جس کا نام حبّان بن عرقہ تھا، اس نے آپؓ کو تیر شاہ رگ میں مارا، پس نبی ﷺ نے ان کے لئے مسجدِ نبوی میں خیمہ لگوایا تاکہ آپؐ ان کی قریب سے بیمار پرسی کریں۔

پھر جب نبی ﷺ غزوۂ خندق سے لوٹے تو ہتھیار اتارے اور نہائے، پس آپؐ کے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے، درانحالیکہ وہ غبار سے اپنا سر جھاڑ رہے تھے، اور انھوں نے کہا: آپؐ نے ہتھیار اتار دیئے، بخدا! میں نے ہتھیار نہیں اتارے، نکلیں آپؐ ان کی طرف، نبی ﷺ نے پوچھا: کس کی طرف؟ انھوں نے اشارہ کیا بنو قریظہ کی طرف، پس نبی ﷺ ان کے پاس پہنچے، پس وہ آپؐ کے فیصلہ پر اترے، آپؐ نے فیصلہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی طرف پھیر دیا، حضرت سعدؓ نے کہا: میں ان کے حق میں فیصلہ کرتا ہوں کہ جنگجو قتل کئے جائیں اور عورتیں اور بچے قید کئے جائیں اور ان کے اموال تقسیم کردیئے جائیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے دعا کی: اے اللہ! بیشک آپ جانتے ہیں کہ نہیں ہے مجھے کوئی بات زیادہ محبوب اس سے کہ میں لوگوں کے ساتھ لڑوں آپ کے دین کے معاملہ میں، ان لوگوں سے جنھوں نے آپ کے رسول کو جھٹلایا، اور آپ ﷺ کو مکہ سے نکال دیا، اے اللہ! میرا گمان یہ ہے کہ آپ نے ہمارے اور ان کے درمیان جنگ ختم کردی ہے، پس اگر باقی رہا ہے کچھ قریش کی جنگ سے تو مجھے ان کے لئے باقی رکھ، یہاں تک کہ میں ان سے جہاد کروں آپ کے دین کے لئے اور اگر آپ نے جنگ کو ختم کردیا ہے تو زخم کو جاری کردے اور میری موت کو اس زخم میں

گردان، پس وہ زخم حضرت معاذؓ کے سینہ کے گڑھے سے بہنے لگا، پس نہیں گھبراہٹ میں ڈالا ان کو ـــــ اور مسجد میں بنوغفار کا ایک خیمہ تھا ـــــ مگر خون نے جوان کی طرف بہہ کر گیا، انھوں نے کہا: اے خیمہ والو! یہ کیسا خون ہے جو ہماری طرف آرہا ہے تمہاری طرف سے؟ پس اچانک حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا زخم خون سے بہہ رہا تھا، اور آپؓ کی اس سے وفات ہوگئی۔

قولہ: لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أُجَاهِدَهُمْ فِيْكَ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوْا رَسُوْلَكَ وَأَخْرَجُوْهُ: ترکیب: أَحَبَّ: اسم تفضیل، أن أجاهدهم سے پہلے مِن پوشیدہ، اور پہلا مفضل منہ اور من قوم: دوسرا مفضل منہ، پہلا مفضل منہ باعتبار عمل، دوسرا مفضل منہ باعتبار من به العمل یعنی سب سے محبوب کام جہاد ہے اور وہ بھی مکہ والوں کے ساتھ۔

۷-غزوۂ بنوقریظہ میں حسانؓ سے فرمایا: مشرکین کی ہجو کرو، جبرئیل تمہارے ساتھ ہیں!

حدیث: غزوۂ بنوقریظہ کے موقع پر نبی ﷺ نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: قریش کی ہجو کرو یا فرمایا: جوابی ہجو کرو، جبرئیل علیہ السلام تمہارے ساتھ ہیں وہ شعر گوئی میں تمہاری مدد کریں گے۔

حدیث کی باب سے مناسبت: اس حدیث کی باب (غزوۂ بنوقریظہ) سے مناسبت دو طرح ہے: ایک: نبی ﷺ نے یہ بات غزوۂ بنوقریظہ کے موقع پر فرمائی تھی، بس اتنی ہی مناسبت ہے۔ دوم: یہ حدیث ایک نظیر ہے اس بات کی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام مؤمنین کی کاموں میں مدد کرتے ہیں، جیسے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی شعر گوئی میں مدد کرتے تھے، غزوۂ بنوقریظہ میں بھی جبرئیل علیہ السلام نے فوج کو تقویت پہنچائی، حضرت جبرئیل علیہ السلام نبی ﷺ کو بنوقریظہ پر چڑھائی کرنے کا اشارہ دے کر فرشتوں کے ساتھ پہلے گئے تا کہ ان کو جھنجھوڑیں اور ان کو ہلا کر رکھ دیں، اس مضمون کو ذہن سے قریب کرنے کے لئے یہ نظیر لائے ہیں۔

[۴۱۲۳-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَدِيٌّ، أَنَّهُ سَمِعَ الْبَرَاءَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِحَسَّانَ:" اهْجُهُمْ، أَوْ: هَاجِهِمْ وَجِبْرَئِيْلُ مَعَكَ"[راجع: ۳۲۱۳]

[۴۱۲۴-] وَزَادَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ قُرَيْظَةَ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ:" اهْجُ الْمُشْرِكِيْنَ فَإِنَّ جِبْرَئِيْلَ مَعَكَ"[راجع: ۳۲۱۳]

لغت: اُهْجُهُمْ: فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر، هَجَا فُلَانًا (ن) هَجْوًا وَهِجَاءً: مذمت کرنا، کسی کے عیوب بیان کرنا، ہجو کرنا.......... هَاجِهِمْ: (فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر) از باب مفاعلہ: هَاجَاهُ مُهَاجَاةً وَهِجَاءً: جوابی ہجو کرنا، قریش نے جو ہجو کی ہے اس کا جواب دینا۔

(غزوۂ احزاب اور ذیلی غزوہ: غزوۂ بنوقریظہ کا بیان پورا ہوا)

غزوۂ ذات الرقاع

رِقَاع: رُقْعَة کی جمع ہے، اس کے دو معنی ہیں: ایک: کاغذ کا ایسا ٹکڑا جس پر لکھا جائے، دوم: کپڑے کا ایسا ٹکڑا جس کا پیوند لگایا جائے۔ اور ذات: ذو کا مؤنث ہے، جس کے معنی ہیں: والا، مضاف الیہ مذکر ہو تو ذو استعمال کرتے ہیں، جیسے ذو المال، اور مؤنث ہو تو ذات استعمال کرتے ہیں، جیسے ذَات الرقاع۔

اس غزوہ کو ’ذات الرقاع‘ کیوں کہتے ہیں؟ اس میں مختلف اقوال ہیں، مشہور قول یہ ہے کہ اس غزوہ میں صحابہ کے پاس جوتے چپل نہیں تھے، اور زمین پتھریلی تھی، اس لئے ننگے پیر چلنے کی وجہ سے پاؤں زخمی ہو گئے تھے، اور صحابہ نے پاؤں پر چیتھڑے لپیٹے تھے، اس لئے اس غزوہ کا نام ’ذات الرقاع‘ (چیتھڑوں والا) پڑا۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے رقاع: ایک پہاڑ کا نام ہے، جس میں سرخ وسفید اور سیاہ دھبے تھے، یا اس علاقہ کی زمین سیاہ وسفید تھی، گویا پیوند لگی ہوئی تھی (ان کے علاوہ بھی اقوال ہیں)

اس غزوہ میں دو قبیلے پیش نظر تھے:

۱- مَحَارِبُ بْنُ خَصَفَة: یہ عدنانی بدوؤں کا قبیلہ ہے، ان کا نسب نامہ یہ ہے: بنو محارب بن خصفة بن قيس بن عَيْلان بن مضر بن نزار بن معدّ بن عدنان (معجم قبائل العرب: عمر رضا کحالہ ۳: ۱۰۴۲)

۲- ثَعْلَبَة بن سعد: یہ قبیلہ غطفان کا بطن ہے، اور یہ بھی عدنانی بدوؤں کا قبیلہ ہے —— یہ دونوں قبیلے مقام نخل میں آباد تھے، چنانچہ نبی ﷺ فوج کے ساتھ مقام نخل میں اترے ہیں۔

نبی ﷺ نے بنو محارب اور بنو ثعلبہ کے اجتماع کی خبر سن کر چار سو یا سات سو صحابہ کے ساتھ بلاد نجد کا رخ کیا، اور مدینہ سے دو دن کی مسافت پر مقام نخل میں پڑاؤ ڈالا، بنو غطفان کی ایک جمعیت سے آمنا سامنا ہوا، مگر جنگ نہیں ہوئی، البتہ اس جنگ میں چند واقعات پیش آئے ہیں، اس جنگ میں ’نمازِ خوف‘ پڑھی گئی ہے، اس لئے اس غزوہ کو اہمیت حاصل ہو گئی ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے میں یہ غزوہ: غزوۂ خیبر کے بعد پیش آیا ہے، کیونکہ اس غزوہ میں حضرات ابو موسیٰ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما شریک تھے، اور یہ دونوں حضرات غزوۂ خیبر کے بعد خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے ہیں —— اور دیگر ائمہ مغازی کی رائے یہ ہے کہ یہ غزوہ: غزوۂ احزاب وقریظہ کے بعد غزوۂ خیبر سے پہلے پیش آیا ہے —— مگر عجیب بات یہ ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کا تذکرہ غزوۂ احزاب وقریظہ کے بعد غزوۂ خیبر سے پہلے کیا ہے، شاید اہل مغازی کی

رائے کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ایسا کیا ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ غزوہ ذات الرقاع دو مرتبہ پیش آیا ہے، غزوۂ خیبر سے پہلے بھی اور بعد میں بھی۔ واللہ اعلم

[۳۲-] بَابُ غَزْوَةِ ذَاتِ الرِّقَاعِ

وَهِيَ غَزْوَةُ مُحَارِبِ خَصَفَةَ، مِنْ بَنِيْ ثَعْلَبَةَ، مِنْ غَطْفَانَ، فَنزَلَ نَخْلاً وَهِيَ بَعْدَ خَيْبَرَ لِأَنَّ أَبَا مُوْسَى جَاءَ بَعْدَ خَيْبَرَ.

تنبیہ: محارب خصفة کے درمیان ابن پوشیدہ ہے، بیٹے کی باپ کی طرف اضافت کی ہے .... اور من بنی ثعلبة میں تمام شارحین متفق ہیں کہ مِن کی جگہ واو عاطفہ ہونا چاہئے۔

ترجمہ: غزوہ ذات الرقاع کا بیان، اور یہ غزوہ بنو محارب بن خصفہ کے ساتھ پیش آیا ہے، اور بنو ثعلبہ کے ساتھ پیش آیا ہے جو غطفان کی شاخ ہے، پس آپؐ مقام نخل میں اترے، اور وہ غزوۂ خیبر کے بعد ہے، اس لئے کہ ابو موسیٰ اشعری (یمن سے ہجرت کر کے) غزوۂ خیبر کے بعد خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے ہیں۔

[۴۱۲۵-] وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ: أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى بِأَصْحَابِهِ فِي الْخَوْفِ فِيْ غَزْوَةِ السَّابِعَةِ غَزْوَةِ ذَاتِ الرِّقَاعِ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْخَوْفَ بِذِيْ قَرَدٍ.
[انظر: ۴۱۲۶، ۴۱۲۷، ۴۱۳۰، ۴۱۳۷]

[۴۱۲۶-] وَقَالَ بَكْرُ بْنُ سَوَادَةَ: حَدَّثَنِيْ زِيَادُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى أَنَّ جَابِرًا حَدَّثَهُمْ قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِهِمْ يَوْمَ مُحَارِبٍ وَثَعْلَبَةَ. [راجع: ۴۱۲۵]

[۴۱۲۷-] وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ، سَمِعْتُ وَهْبَ بْنَ كَيْسَانَ: سَمِعْتُ جَابِرًا: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى ذَاتِ الرِّقَاعِ مِنْ نَخْلٍ، فَلَقِيَ جَمْعًا مِنْ غَطَفَانَ، فَلَمْ يَكُنْ قِتَالٌ، وَأَخَافَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، فَصَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَيِ الْخَوْفِ. وَقَالَ يَزِيْدُ، عَنْ سَلَمَةَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْقَرَدِ. [راجع: ۴۱۲۵]

ان تین احادیث میں دو باتیں ہیں: (۱) غزوۂ ذات الرقاع: غزوۂ خیبر کے بعد پیش آیا ہے، (۲) نمازِ خوف سب سے پہلے کس غزوہ میں پڑھی گئی؟ اس میں اختلاف ہے۔

حدیث (۱): حضرت جابرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے صحابہ کے ساتھ خوف کی وجہ سے ساتویں غزوے میں یعنی غزوۂ

ذات الرقاع میں صلوٰۃ الخوف پڑھی، اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں: غزوہ ذوقرد میں سب سے پہلے صلوٰۃ الخوف پڑھی۔

تشریح: غزوۃِ ذاتِ الرقاع: السابعة سے بدل ہے: اورسات غزوات سے مراد وہ غزوات ہیں جن میں جنگ ہوئی ہے اور وہ یہ ہیں: (۱) بدر (۲) احد (۳) احزاب (۴) قریظہ (۵) مُرَیْسِیْع (۶) خیبر اور (۷) ذات الرقاع، پس ثابت ہوا کہ ذات الرقاع خیبر کے بعد ہے (اور غزوۂ ذی قرد کا بیان آگے آرہا ہے)

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے قبائل بنو محارب اور بنو ثعلبہ کے ساتھ جنگ میں صحابہ کے ساتھ صلوٰۃ خوف پڑھی (اس روایت سے معلوم ہوا کہ باب میں من بنی ثعلبة صحیح نہیں، مِن کی جگہ واؤ عاطفہ ہونا چاہئے)

حدیث (۳): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ غزوۂ ذات الرقاع میں مقام نخل کی طرف نکلے، غطفان کی ایک جمعیت سے مڈبھیڑ ہوئی، مگر جنگ نہیں ہوئی بعض نے بعض کو ڈرایا (مسلمانوں نے کافروں کو اور کافروں نے مسلمانوں کو ڈرایا) پس نبی ﷺ نے صلوٰۃ الخوف کی دو رکعتیں پڑھیں، اور حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ قرد کی جنگ لڑی (اس میں بھی صلوٰۃ الخوف پڑھی گئی)

تشریح: قَرَد: ایک چشمہ کا نام ہے، ذوقرد: نبی ﷺ کی اونٹنیوں کی چراگاہ تھی، عیینہ نے چالیس سواروں کے ساتھ اس پر ڈاکہ ڈالا، اور بیس اونٹنیاں پکڑ کر لے گیا، حضرت سلمہؓ کو فجر کی اذان کے وقت اس کی اطلاع ہوئی، انھوں نے ایک ٹیلہ پر چڑھ کر تین نعرے لگائے، وہ آواز مدینہ کے ہر گھر میں پہنچ گئی، پھر انھوں نے ڈاکوؤں کا پیچھا کیا، انھوں نے سب اونٹنیاں چھڑا لیں، وہ ماہر تیر انداز تھے، پیچھے سے نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ پہنچے، اس غزوہ میں بھی صلوۃ الخوف پڑھی گئی ہے۔

ملحوظہ: دوسری حدیث میں راوی ابوموسیٰ: یا تو علی بن رباح لخمی ہیں یا ابوموسیٰ غافقی، جن کا نام مالک بن عبادہ ہے (عمدہ)

[۴۱۲۸-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَیْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِی بُرْدَةَ، عَنْ أَبِی بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم فِیْ غَزَاةٍ، وَنَحْنُ سِتَّةُ نَفَرٍ، بَیْنَنَا بَعِیْرٌ نَعْتَقِبُهُ، فَنَقِبَتْ أَقْدَامُنَا وَنَقِبَتْ قَدَمَایَ، وَسَقَطَتْ أَظْفَارِیْ، فَكُنَّا نَلُفُّ عَلٰی أَرْجُلِنَا الْخِرَقَ، فَسُمِّیَتْ غَزْوَةَ ذَاتِ الرِّقَاعِ، لِمَا كُنَّا نُعَصِّبُ مِنَ الْخِرَقِ عَلٰی أَرْجُلِنَا، وَحَدَّثَ أَبُوْ مُوْسَی بِهٰذَا الْحَدِیْثِ، ثُمَّ كَرِهَ ذٰلِكَ، قَالَ: مَا كُنْتُ أَصْنَعُ بِأَنْ أَذْكُرَهُ؟ كَأَنَّهُ كَرِهَ أَنْ یَكُوْنَ شَیْئٌ مِنْ عَمَلِهِ أَفْشَاهُ.

غزوۂ ذات الرقاع کی وجہ تسمیہ

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے، ہم چھ آدمی تھے، اور ایک اونٹ تھا، جس پر باری باری سوار ہوتے تھے، اس سے ہمارے پیر چھلنی ہوگئے، میرے بھی دونوں پاؤں

زخمی ہوگئے، اور ناخن جھڑ گئے، چنانچہ ہم لوگ اپنے پاؤں پر چیتھڑے لپیٹے رہتے تھے، اس وجہ سے اس غزوہ کا نام ذات الرقاع (چیتھڑوں والا) پڑ گیا، کیونکہ ہم نے اس غزوہ میں اپنے پاؤں پر چیتھڑے اور پٹیاں لپیٹ رکھی تھیں —— (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کرنے کو کردی مگر بعد میں ان کو یہ بات ناپسند ہوئی، کیونکہ یہ اپنے نیک عمل کا اظہار تھا، اس لئے فرمایا:) میں نے یہ بات خواہ مخواہ بیان کی، گویا انھوں نے اس بات کو ناپسند کیا کہ اپنے عمل میں سے کسی چیز کا وہ اظہار کریں۔

تشریح: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ حبشہ سے اس وقت خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے ہیں جب خیبر فتح ہو چکا تھا، پس غزوۂ ذات الرقاع میں ان کی شرکت اس بات کی دلیل ہے کہ یہ غزوہ: خیبر کے بعد کسی وقت پیش آیا ہے —— اسی طرح اس غزوہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی شریک تھے، اور وہ بھی خیبر کے بعد مسلمان ہوئے ہیں (یہ بات باب کی آخری حدیث میں ہے) —— لیکن اگر نجد کی طرف متعدد غزوے مان لئے جائیں تو یہ دلیل ختم ہوجاتی ہے۔

لغات: اِعْتَقَبَ القومُ الشيئَ: باری باری لینا، باری باری استعمال کرنا.......... نَقِبَ الشيئُ (س) نَقَبًا: پھٹنا۔

صلوٰۃ الخوف پڑھنے کا طریقہ

روایات میں صلوٰۃ الخوف مختلف طرح مروی ہے، سنن ابی داؤد میں آٹھ صورتیں ہیں، صحیح ابن حبان میں نو، مُحلّی ابن حزم میں چودہ اور ابوالفضل عراقی کے رسالہ میں سترہ صورتیں مذکور ہیں۔

اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس باب کی سب روایتیں صحیح ہیں اور سب طریقوں پر صلوٰۃ الخوف پڑھنا جائز ہے، البتہ ان میں سے کونسے طریقہ پر پڑھنا افضل ہے اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک جو طریقہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں مروی ہے اس طرح صلوٰۃ الخوف پڑھنا افضل ہے، یہ روایت امام بخاری رحمہ اللہ نے دوسرے نمبر پر ذکر کی ہے، اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک جو طریقہ سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں آیا ہے اس طریقہ پر صلوٰۃ الخوف پڑھنا افضل ہے، یہ روایت امام بخاری رحمہ اللہ شروع میں لائے ہیں اور حنفیہ کا طریقہ اور ائمہ ثلاثہ کا طریقہ کیا ہے؟ اس کی تفصیل تحفۃ القاری (۳:۲۶۵) میں گذری ہے۔

اور احناف نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کو دو وجہ سے اختیار کیا ہے:

پہلی وجہ: سورۃ النساء کی آیت ۱۰۲ میں صلوٰۃ الخوف کا جو طریقہ بیان کیا گیا ہے ابن عمرؓ کی حدیث میں مروی طریقہ اس سے اقرب ہے۔

دوسری وجہ: ابن عمرؓ کی حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں، نہ سند میں نہ متن میں، اور حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں سند میں بھی اختلاف ہے اور متن میں بھی، اس کی تفصیل تحفۃ القاری اور تحفۃ الالمعی میں ہے۔

حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ کی روایات:

پہلی حدیث: صالح بن خوّات (تابعی) اس صحابی سے روایت کرتے ہیں جنھوں نے نبی ﷺ کے ساتھ غزوہ ذات الرقاع میں نمازِ خوف پڑھی ہے (یہ کون صحابی ہیں؟ اس میں اختلاف ہے، سہل بن ابی حثمہؓ تو نہیں ہوسکتے، اس لئے کہ وہ صحابی صغیر ہیں، سن ۳ ہجری میں پیدا ہوئے ہیں، وفاتِ نبوی کے وقت وہ سات سال کے تھے، اس لئے حافظ رحمہ اللہ نے اس کو ترجیح دی ہے کہ صالح اپنے ابا خوّات بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ بدری صحابی ہیں) کہ ایک جماعت نے نبی ﷺ کے پیچھے صف بنائی اور دوسری جماعت دشمن کی طرف چہرہ کئے رہی، پس آپؐ نے اس طائفہ کو ایک رکعت پڑھائی جو آپؐ کے ساتھ تھا، پھر آپؐ کھڑے رہے اور پیچھے والوں نے اپنی نماز پوری کی، پھر وہ دشمن کی طرف گئے اور دشمن کی طرف صف بنا کر کھڑے ہوگئے اور دوسرا طائفہ آیا ان کو نبی ﷺ نے وہ رکعت پڑھائی جو آپؐ کی نماز میں سے باقی رہ گئی تھی، پھر آپؐ بیٹھے رہے اور ان لوگوں نے اپنی نماز پوری کی، پھر آپؐ نے ان کے ساتھ سلام پھیرا۔

یہ حدیث امام مالک رحمہ اللہ کی ہے، پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کا شاہد پیش کیا ہے جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے، انھوں نے فرمایا: ہم نبی ﷺ کے ساتھ مقام نخل میں تھے، پھر انھوں نے صلوٰۃ الخوف کا تذکرہ کیا (مگر طریقہ بیان نہیں کیا) امام مالکؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث نمازِ خوف کے سلسلہ کی بہترین روایت ہے، جو میں نے سنی ہے، پھر امام بخاری رحمہ اللہ ایک دوسری سند سے شاہد لائے ہیں کہ نبی ﷺ نے غزوہ بنی انمار میں صلوٰۃ خوف پڑھی (غزوۂ ذات الرقاع اور غزوۂ بنی انمار ایک قول کے مطابق ایک ہیں)

دوسری حدیث: موقوف ہے، حضرت سہلؓ فرماتے ہیں: امام قبلہ کی طرف منہ کرکے کھڑا ہو اور لوگوں میں سے ایک جماعت اس کے ساتھ کھڑی ہو اور دوسری جماعت دشمن کی طرف رہے، پس امام ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ہیں ایک رکعت پڑھائے پھر وہ اٹھیں اور اپنی باقی ایک رکعت پڑھیں، دو سجدے کریں، اپنی جگہ میں یعنی نماز پوری کرلیں، پھر یہ لوگ جائیں ان لوگوں کی جگہ اور وہ لوگ آئیں، پس امام ان کو ایک رکعت پڑھائے، پس امام کے لئے دو رکعتیں ہونگی، پھر یہ دوسرا طائفہ ایک رکعت پڑھ لے، رکوع کریں اور دو سجدے کریں۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے حدیث کی دوسری سند پیش کی ہے، اس سند سے حدیث مرفوع ہے، لیکن مرسل صحابی ہے، پھر تیسری سند پیش کی ہے اس میں بھی حدیث موقوف ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث:

حدیث (۱): ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ نجد کی طرف جہاد میں نکلا، پس ہمارا دشمن سے مقابلہ ہوا، ہم ان کے سامنے صف بستہ کھڑے تھے (یہ حدیث مفصل پہلے (نمبر ۹۴۲ پر) گذری ہے۔

حدیث (۲): ابن عمرؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے دو طائفوں میں سے ایک کو نماز پڑھائی اور دوسرا طائفہ دشمن کی طرف رخ کئے ہوئے تھا، پھر پھرے وہ، پس کھڑے ہوئے وہ اپنے ان ساتھیوں کی جگہ میں اور آئے وہ، پس ان کو نبی ﷺ نے ایک رکعت پڑھائی، پھر آپؐ نے سلام پھیرا، پھر یہ لوگ کھڑے ہوئے اور انھوں نے اپنی رکعت قضاء کی، اور وہ لوگ کھڑے ہوئے اور انھوں نے اپنی رکعت قضاء کی۔

[٤١٢٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ رُوْمَانَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَمَّنْ شَهِدَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ ذَاتِ الرِّقَاعِ صَلَاةَ الْخَوْفِ: أَنَّ طَائِفَةً صَفَّتْ مَعَهُ وَطَائِفَةٌ وُجَاهَ الْعَدُوِّ، فَصَلَّى بِالَّتِيْ مَعَهُ رَكْعَةً ثُمَّ ثَبَتَ قَائِمًا وَأَتَمُّوْا لِأَنْفُسِهِمْ، ثُمَّ انْصَرَفُوْا فَصَفُّوْا وُجَاهَ الْعَدُوِّ، وَجَاءَ تِ الطَّائِفَةُ الْأُخْرَى فَصَلَّى بِهِمُ الرَّكْعَةَ الَّتِيْ بَقِيَتْ مِنْ صَلاَ تِهِ ثُمَّ ثَبَتَ جَالِسًا وَأَتَمُّوْا لِأَنْفُسِهِمْ، ثُمَّ سَلَّمَ بِهِمْ.

[٤١٣٠-] وَقَالَ مُعَاذٌ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِنَخْلٍ، فَذَكَرَ صَلاَةَ الْخَوْفِ. قَالَ مَالِكٌ: وَذٰلِكَ أَحْسَنُ مَا سَمِعْتُ فِيْ صَلَاةِ الْخَوْفِ، تَابَعَهُ اللَّيْثُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ: أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَدَّثَهُ: صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزْوَةِ بَنِيْ أَنْمَارٍ. [راجع: ٤١٢٥]

[٤١٣١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ يَحْيَى، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِيْ حَثْمَةَ، قَالَ: يَقُوْمُ الإِمَامُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَطَائِفَةٌ مِنْهُمْ مَعَهُ وَطَائِفَةٌ مِنْ قِبَلِ الْعَدُوِّ، وَجُوْهُهُمْ إِلَى الْعَدُوِّ، فَيُصَلِّيْ بِالَّذِيْنَ مَعَهُ رَكْعَةً ثُمَّ يَقُوْمُوْنَ فَيَرْكَعُوْنَ لِأَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً وَيَسْجُدُوْنَ سَجْدَتَيْنِ فِيْ مَكَانِهِمْ، ثُمَّ يَذْهَبُ هٰؤُلآءِ إِلٰى مَقَامِ أُوْلٰئِكَ فَيَجِيْءُ أُوْلٰئِكَ فَيَرْكَعُ بِهِمْ رَكْعَةً فَلَهُ ثِنْتَانِ، ثُمَّ يَرْكَعُوْنَ وَيَسْجُدُوْنَ سَجْدَتَيْنِ.

حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِيْ حَثْمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ يَحْيَى، سَمِعَ الْقَاسِمَ، أَخْبَرَنِيْ صَالِحُ بْنُ خَوَّاتٍ، عَنْ سَهْلٍ حَدَّثَهُ قَوْلَهُ.

[٤١٣٢-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قِبَلَ نَجْدٍ فَوَازَيْنَا الْعَدُوَّ فَصَافَفْنَا لَهُمْ. [راجع: ٩٤٢]

[٤١٣٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى بِإِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ

وَالطَّائِفَةُ الأُخْرَى مُوَاجِهَةُ الْعَدُوِّ، ثُمَّ انْصَرَفُوْا فَقَامُوْا فِيْ مَقَامِ أَصْحَابِهِمْ أُوْلٰئِكَ، فَجَاءَ أُوْلٰئِكَ فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَةً ثُمَّ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ قَامَ هٰؤُلَاءِ فَقَضَوْا رَكْعَتَهُمْ وَقَامَ هٰؤُلَاءِ فَقَضَوْا رَكْعَتَهُمْ. [راجع: ٩٤٢]

وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ

اللہ تعالیٰ آپؐ کی لوگوں سے حفاظت کریں گے

سورۃ المائدہ آیت ۶۷ میں یہ وعدہ ہے کہ کوئی شخص مقابل ہوکر آپ ﷺ کو قتل وہلاک نہ کر سکے گا، اور غزوۂ اُحد میں آپؐ کا زخمی ہونا اس کے منافی نہیں، اور حفاظتِ خداوندی کی ایک مثال: خیبر میں زہر دیا جانا ہے، وحی کے ذریعہ اس موقعہ پر آپؐ کو مطلع کر دیا گیا، تاکہ آپؐ وہ کھانا تناول نہ فرمائیں، دوسری مثال: وہ واقعہ ہے جو غزوۂ ذات الرقاع میں پیش آیا، واپسی میں آپؐ ایک درخت کے نیچے تنہا سوئے ہوئے تھے، تلوار درخت سے لٹکا رکھی تھی کہ ایک دشمن آیا، اور تلوار سونت کر قتل کے لئے آمادہ ہو گیا، آپؐ کی آنکھ کھل گئی، اس طرح اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی حفاظت فرمائی، اور اس واقعہ میں اللہ تعالیٰ پر کامل اعتماد کا ایک نمونہ بھی ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ نجد کی طرف ایک غزوہ کیا (یہ غزوہ ذات الرقاع تھا) سفر میں جب ہم کسی سایہ دار درخت پر پہنچتے تھے تو اسے نبی ﷺ کے لئے چھوڑ دیتے تھے، پس گرمی کی ایک دوپہر میں قافلہ نے ایک ایسے میدان میں پڑاؤ ڈالا جس میں کانٹے دار درخت بہت تھے، لوگ سایہ حاصل کرنے کے لئے اِدھر اُدھر بکھر گئے، نبی ﷺ ایک درخت کے نیچے اترے اور درخت سے تلوار لٹکا کر سو گئے، حضرت جابرؓ کہتے ہیں: ابھی ہم ذرا سا سوئے تھے کہ ایک مشرک نے آکر رسول اللہ ﷺ کی تلوار اتار کر سونت لی، نبی ﷺ کی آنکھ کھل گئی، اس نے کہا: کیا تو مجھ سے ڈرتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، اس نے کہا: بتا تجھے کون بچائے گا؟ آپؐ نے تین مرتبہ فرمایا: اللہ! پس اچانک نبی ﷺ نے ہمیں آواز دی، ہم پہنچے تو دیکھا: ایک بدو آپؐ کے پاس بیٹھا ہے آپؐ نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا اس نے میری تلوار سونت لی، میں جاگ گیا، سونتی ہوئی تلوار اس کے ہاتھ میں تھی، اس نے مجھ سے پوچھا: بتا تجھے مجھ سے کون بچائے گا؟ میں نے کہا: اللہ! وہ یہ شخص بیٹھا ہوا ہے پھر نبی ﷺ نے اس کو کوئی سزا نہیں دی۔

اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ جب آپؐ نے جواب میں اللہ کہا تو تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی پھر وہ تلوار نبی ﷺ نے اٹھالی اور فرمایا: بتا اب تجھے کون بچائے گا؟ اس نے کہا: آپ اچھے پکڑنے والے بنیں یعنی احسان کریں، آپؐ نے فرمایا: تو گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے کہا: میں عہد کرتا ہوں کہ آپؐ سے لڑائی نہیں کروں گا اور نہ آپؐ سے لڑائی کرنے والوں کا ساتھ دوں گا، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آپؐ نے اس کی راہ

چھوڑ دی، اس نے اپنی قوم میں جا کر کہا: میں تمہارے پاس سب سے اچھے انسان کے پاس سے آرہا ہوں۔

اور ایک روایت میں ہے کہ جب آپؐ نے اللہ کہا تو جبرئیل علیہ السلام نے اس کے سینہ پر دھکا دیا جس کی وجہ سے اس کے ہاتھ سے تلوار چھوٹ گئی، اور بخاری کی روایت میں اس بدو کا نام غورث بن الحارث آیا ہے اور واقدی کی روایت میں اس کا نام دَعْثور آیا ہے اور یہ بھی ہے کہ اس نے اسلام قبول کر لیا تھا، لیکن واقدی کے کلام سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ دو الگ الگ واقعے ہیں، ایک غزوۂ ذات الرقاع سے واپسی کا ہے اور ایک خیبر سے واپسی کا۔ واللہ اعلم

[٤١٣٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سِنَانٌ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ جَابِرًا أَخْبَرَ: أَنَّـهُ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قِبَلَ نَجْدٍ. [راجع: ٢٩١٠]

[٤١٣٥-] ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ أَبِيْ سِنَانٍ الدُّؤَلِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَهُ: أَنَّـهُ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قِبَلَ نَجْدٍ، فَلَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَفَلَ مَعَهُ، فَأَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ، فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الْعِضَاهِ، يَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ، وَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم تَحْتَ سَمُرَةٍ، فَعَلَّقَ بِهَا سَيْفَهُ، قَالَ جَابِرٌ: فَنِمْنَا نَوْمَةً، ثُمَّ إِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَدْعُوْنَا فَجِئْنَاهُ، فَإِذَا عِنْدَهُ أَعْرَابِيٌّ جَالِسٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ سَيْفِيْ وَأَنَا نَائِمٌ، فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ فِيْ يَدِهِ صَلْتًا، فَقَالَ لِيْ: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ! فَهَا هُوَ ذَا جَالِسٌ" ثُمَّ لَمْ يُعَاقِبْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم.

[راجع: ٢٩١٠]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نجد کی طرف غزوہ کیا، پس جب نبی ﷺ لوٹے تو وہ آپؐ کے ساتھ لوٹے، پس پایا ان کو دوپہر کے سونے نے بہت زیادہ کانٹوں کے درخت والے میدان میں (القائلة: دوپہر، دوپہر کا سونا، العِضَاہ: خاردار درخت واحد عِضَاهة) پس نبی ﷺ اترے اور لوگ بکھر گئے خاردار درختوں میں سایہ حاصل کررہے تھے وہ درختوں سے اور نبی ﷺ ایک کیکر کے درخت کے نیچے اترے اور اس کے ساتھ اپنی تلوار لٹکا دی، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس ہم ذرا سا سوئے تھے کہ اچانک نبی ﷺ ہمیں بلا رہے ہیں، پس ہم آپؐ کے پاس پہنچے، اچانک آپ کے پاس ایک بدو بیٹھا تھا، نبی ﷺ نے فرمایا: اس نے میری تلوار سونتی درانحالیکہ میں سویا ہوا تھا، پس میں بیدار ہوا درانحالیکہ وہ اس کے ہاتھ میں سونتی ہوئی تھی، اس نے مجھ سے کہا: تجھے مجھ سے کون بچائے گا؟ میں نے کہا: اللہ! پس یہ ہے وہ بیٹھا ہوا، پھر نبی ﷺ نے اس کو سزا نہیں دی۔

[۴۱۳۶-] وَقَالَ أَبَانُ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِذَاتِ الرِّقَاعِ، فَإِذَا أَتَيْنَا عَلٰى شَجَرَةٍ ظَلِيْلَةٍ تَرَكْنَاهَا لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَسَيْفُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مُعَلَّقٌ بِالشَّجَرَةِ، فَاخْتَرَطَهُ، فَقَالَ لَهُ: تَخَافُنِيْ؟ قَالَ:" لَا" قَالَ: فَمَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ؟ قَالَ:" اَللّٰهُ!" فَتَهَدَّدَهُ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى بِطَائِفَةٍ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ تَأَخَّرُوْا وَصَلَّى بِالطَّائِفَةِ الْأُخْرَى رَكْعَتَيْنِ، وَكَانَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَرْبَعٌ وَلِلْقَوْمِ رَكْعَتَيْنِ.

وَقَالَ مُسَدَّدٌ، عَنْ أَبِيْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ: اسْمُ الرَّجُلِ غَوْرَثُ بْنُ الْحَارِثِ، وَقَاتَلَ فِيْهَا مُحَارِبَ خَصَفَةَ.[راجع: ۲۹۱۰]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ غزوۂ ذات الرقاع میں تھے، جب ہم پہنچتے تھے کسی سایہ دار درخت پر تو اس کو نبی ﷺ کے لئے چھوڑ دیتے تھے، پس ایک مشرک آیا درانحالیکہ نبی ﷺ کی تلوار درخت سے لٹکی ہوئی تھی، اس نے اس کو سونتا اور پوچھا: کیا تو مجھ سے ڈرتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، اس نے کہا: تجھے مجھ سے کون بچائے گا؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ! صحابہ نے اس بدو کو دھمکایا اور نماز کھڑی کی گئی، پس آپؐ نے ایک جماعت کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں، پھر وہ پیچھے چلے گئے اور آپؐ نے دوسری جماعت کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں، پس نبی ﷺ کے لئے چار رکعتیں اور لوگوں کے لئے (جماعت کے ساتھ) دو رکعتیں ہوئیں۔

اور دوسری سند سے اسی حدیث میں ہے کہ اس آدمی کا نام غورث بن حارث تھا اور نبی ﷺ نے اس غزوہ میں محارب بن خَصَفَة کے ساتھ جنگ کی تھی، یعنی یہ غزوہ ذات الرقاع کا واقعہ ہے۔

[۴۱۳۷-] وَقَالَ أَبُوْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِنَخْلٍ، فَصَلَّى الْخَوْفَ، وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم[فِي]غَزْوَةِ نَجْدٍ صَلَاةَ الْخَوْفِ، وَإِنَّمَا جَاءَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَيَّامَ خَيْبَرَ.[راجع: ۴۱۲۵]

ترجمہ: حضرت جابرؓ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ مقام نخل میں تھے، پس آپؐ نے نمازِ خوف پڑھی اور حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: (یہ روایت سند کے ساتھ ابوداؤد اور طحاوی میں ہے) خوف کی نماز پڑھی میں نے نبی ﷺ کے ساتھ غزوۂ نجد میں (امام بخاریؒ فرماتے ہیں:) اور ابو ہریرہؓ نبی ﷺ کی خدمت میں جنگِ خیبر کے موقع پر آئے ہیں (پس معلوم ہوا کہ غزوہ ذات الرقاع خیبر کے بعد پیش آیا ہے، مگر اس روایت میں ذات الرقاع کا تذکرہ نہیں بلکہ نجد کا ذکر ہے اور نجد کی طرف غزوہ کئی بار ہوا ہے، اس لئے اس سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ غزوہ ذات الرقاع خیبر کے بعد پیش آیا ہے)

غزوۂ بنی المصطلق یا غزوۂ مریسیع

بنوالمصطلق قبیلہ خزاعہ کا بطن ہے اور خزاعہ قحطانی قبیلہ ہے، مُصْطَلِقْ: جزیمۃ بن سعد کا لقب ہے، اور مُرَیْسِیْع (میم پر پیش، راء پر زبر) اُس قبیلہ کے چشمہ کا نام ہے، اس غزوہ کی تاریخ میں اختلاف ہے، بقول محمد بن اسحاق رحمہ اللہ یہ غزوہ شعبان سنہ ۶ ہجری میں اور بہ قول موسیٰ بن عقبہ سنہ ۵ ہجری میں پیش آیا ہے، اور کتاب میں جو سَنَۃَ أَرْبَعٍ ہے وہ سبقت قلم ہے، سَنَةَ خمسٍ ہونا چاہئے تھے، موسیٰ بن عقبہ کی مغازی میں متعدد اسانید سے سنۃ خمس ہے۔

غزوہ کا سبب: نبی ﷺ کو اطلاع ملی کہ بنوالمصطلق کا سردار حارث بن ابی الضرار جنگ کے لئے اپنے قبیلہ کو اور کچھ دوسرے لوگوں کو لے کر مدینہ آرہا ہے، آپؐ نے بُریدۃ بن الحصیب اسلمی رضی اللہ عنہ کو تحقیقِ حال کے لئے بھیجا، انھوں نے حارث سے ملاقات کی اور واپس آکر نبی ﷺ کو اطلاع دی، جب آپؐ کو خبر کی صحت کا یقین ہوگیا تو آپؐ نے صحابہ کو تیاری کا حکم دیا، اس غزوہ میں آپؐ کے ساتھ منافقین بھی تھے جو اس سے پہلے کبھی نہیں نکلے تھے، حارث نے اسلامی لشکر کی خبر لانے کے لئے ایک جاسوس بھیجا مسلمانوں نے اسے گرفتار کر کے قتل کردیا، جب حارث کو نبی ﷺ کی روانگی کا اور اپنے جاسوس کے قتل ہوجانے کا علم ہوا تو وہ سخت خوفزدہ ہوا اور جو عرب قبائل اس کے ساتھ تھے وہ سب بکھر گئے، نبی ﷺ چشمۂ مریسیع تک پہنچے، بنومصطلق آمادۂ جنگ تھے، نبی ﷺ نے اور صحابہ نے صف بندی کی، کچھ دیر فریقین میں تیروں کا تبادلہ ہوا، پھر صحابہ نے یکبارگی حملہ کردیا، اور فتح یاب ہوگئے، مشرکین نے شکست کھائی، کچھ مارے گئے، عورتوں اور بچوں کو قید کیا گیا، مویشی اور بکریاں ہاتھ آئیں، قیدیوں میں حضرت جُویریہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں جو بنی المصطلق کے سردار حارث کی بیٹی تھیں، وہ ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے حصہ میں آئیں، انھوں نے ثابتؓ سے کتابت کا معاملہ کیا، پھر وہ تعاون حاصل کرنے کے لئے نبی ﷺ کی خدمت میں آئیں، آپؐ نے فرمایا: میں اس سے بہتر صورت بتاؤں اگر تم پسند کرو تو میں تمہاری طرف سے بدل کتابت ادا کردوں اور تمہیں آزاد کر کے شادی کرلوں، وہ بخوشی تیار ہوگئیں، چنانچہ اس نکاح کے نتیجہ میں مسلمانوں نے بنوالمصطلق کے سوگھرانوں کو جو مسلمان ہوچکے تھے آزاد کردیا، کیونکہ وہ نبی ﷺ کے سسرالی بن گئے تھے۔

اس غزوہ کی اہمیت: یہ غزوہ جنگی نقطۂ نظر سے کچھ زیادہ اہمیت کا حامل نہیں، مگر اس غزوہ میں چند واقعات پیش آئے ہیں، جن سے یہ غزوہ اہم بن گیا ہے، اس غزوہ میں تیمّم کی آیت نازل ہوئی ہے، اور اس غزوہ سے واپسی میں افک کا واقعہ پیش آیا ہے جس پر مستقل باب آرہا ہے، اور اس غزوہ میں رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی نے وہ دو باتیں کہی ہیں جو سورۃ المنافقین آیات ۷ و ۸ میں آئی ہیں، جن کی تفصیل اس باب کی آخری حدیث میں ہے۔

[۳۳-] بَابُ غَزْوَةِ بَنِیْ الْمُصْطَلِقِ، مِنْ خُزَاعَةَ، وَهِیَ غَزْوَةُ الْمُرَیْسِیْعِ

قَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: وَذٰلِكَ سَنَةَ سِتٍّ، وَقَالَ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ: سَنَةَ أَرْبَعٍ، وَقَالَ النُّعْمَانُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ: كَانَ حَدِیْثُ الإِفْكِ فِیْ غَزْوَةِ الْمُرَیْسِیْعِ.

۱-غزوۂ بنی المصطلق میں نبی ﷺ سے عزل کے بارے میں سوال کیا گیا

حدیث: ابن مُحیریز کہتے ہیں: میں مسجد میں داخل ہوا، میں نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کو دیکھا، میں ان کے پاس بیٹھ گیا، اور میں نے ان سے عزل کے بارے میں پوچھا، ابوسعید خدریؓ نے فرمایا: ہم نبی ﷺ کے ساتھ غزوۂ بنی المصطلق میں نکلے (یہاں باب ہے) پس حاصل کیا ہم نے عرب قیدیوں کو، پس ہمیں عورتوں کی خواہش ہوئی، اور ہم پر بیویوں سے علاحدہ رہنا بھاری ہوا اور ہم نے عزل کرنا چاہا، چنانچہ ہم نے عزل کرنے کا ارادہ کرلیا، پھر ہم نے سوچا: ہم عزل کریں درانحالیکہ نبی ﷺ ہمارے درمیان ہیں، اس سے پہلے کہ ہم آپؐ سے پوچھیں (یہ مناسب نہیں) پس ہم نے آپؐ سے اس بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: اگر عزل نہ کرو تو کیا حرج ہے؟ جس کو دنیا میں آنا ہے: آنا ہے، عزل کرو یا نہ کرو، جو مقدر ہے وہ ہوکر رہے گا۔

ملحوظہ: عزل اور اس کے احکام کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۵۶۹:۳) میں ہے۔

[۴۱۳۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ رَبِیْعَةَ بْنِ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَى بْنِ حَبَّانَ، عَنِ ابْنِ مُحَیْرِیْزٍ، أَنَّهُ قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَرَأَیْتُ أَبَا سَعِیْدٍ الْخُدْرِیَّ، فَجَلَسْتُ إِلَیْهِ، فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْعَزْلِ، قَالَ أَبُوْ سَعِیْدٍ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم فِیْ غَزْوَةِ بَنِی الْمُصْطَلِقِ، فَأَصَبْنَا سَبْیًا مِنْ سَبْیِ الْعَرَبِ، فَاشْتَهَیْنَا النِّسَاءَ، فَاشْتَدَّتْ عَلَیْنَا الْعُزْبَةُ، وَأَحْبَبْنَا الْعَزْلَ، فَأَرَدْنَا أَنْ نَعْزِلَ، وَقُلْنَا: نَعْزِلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم بَیْنَ أَظْهُرِنَا قَبْلَ أَنْ نَسْأَلَهُ؟ فَسَأَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: " مَا عَلَیْكُمْ أَنْ لاَ تَفْعَلُوْا، مَا مِنْ نَسَمَةٍ كَائِنَةٍ إِلٰى یَوْمِ الْقِیَامَةِ إِلَّا وَهِیَ كَائِنَةٌ"[راجع: ۲۲۲۹]

۲-عفو و درگذر اور نرمی کرنا اچھے نتائج پیدا کرتا ہے

اب وہ حدیث ذکر کرتے ہیں جو ابھی (حدیث ۴۱۳۵) گذری ہے، غزوۂ ذات الرقاع سے واپسی میں کسی منزل میں نبی ﷺ تلوار لٹکا کر قیلولہ فرما رہے تھے، اچانک ایک بدو آیا، اس نے تلوار اتاری اور سونت لی، نبی ﷺ کی آنکھ کھل گئی،

اس نے پوچھا: بتا تجھے کون بچائے گا؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ! تلوار اس کے ہاتھ سے گر گئی، نبی ﷺ نے اٹھالی اور پوچھا: بتا تجھے کون بچائے گا؟ اس نے رحم کی درخواست کی اور کہا: آپ اچھے لینے والے بنیں! نبی ﷺ نے اس کو کوئی سزا نہیں دی، پھر ایک روایت میں ہے کہ اس نے کہا: میں آپؐ سے نہ لڑوں گا نہ لڑنے والوں کا ساتھ دوں گا، اور اپنی قوم میں جا کر کہا: میں تمہارے پاس بہترین آدمی کے پاس سے آرہا ہوں، اور دوسری روایت میں ہے کہ وہ مسلمان ہوگیا اور اس کی دعوت سے اس کی پوری قوم مسلمان ہوگئی، یہ بدّو جانی دشمن تھا، اس کی سزا قتل تھی، مگر نبی ﷺ نے عفو و درگذر کیا اور اس کے ساتھ نرمی کا معاملہ کیا تو بہترین نتیجہ برآمد ہوا۔

امام بخاری رحمہ اللہ یہ واقعہ ذکر کر کے اشارہ کرتے ہیں کہ اس غزوہ میں عبداللہ بن ابی نے جو نہایت نامعقول طریقہ اختیار کیا تھا اور جو باتیں وہ بکا تھا اس کا تقاضہ یہ تھا کہ اس کو قتل کر دیا جاتا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مشورہ بھی دیا تھا، مگر آپؐ نے عفو و درگذر کیا، پھر جب مدینہ پہنچے تو عبداللہ کے لڑکے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جو مخلص مسلمان تھے باپ کو مدینہ میں داخل ہونے سے روک دیا، مگر نبی ﷺ نے اجازت دیدی، اس کے بھی اچھے نتائج برآمد ہوئے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ غزوۂ مصطلق سے فارغ ہو کر ابھی چشمۂ مریسیع ہی پر قیام تھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک مزدور جس کا نام جہجاہ غفاری تھا، پانی کے چشمہ پر ایک شخص سنان بن وبر جہنی سے لڑ پڑا، جُہنی نے انصار کو پکارا: مدد کو پہنچو اور جہجاہ نے مہاجرین کو پکارا: مدد کو آؤ، نبی ﷺ یہ نعرہ سن کر موقع پر پہنچے اور فرمایا: جاہلیت کی یہ پکار کیسی ہے! یہ بدبودار نعرہ ہے اسے چھوڑ دو!

جب اس واقعہ کی خبر عبداللہ بن ابی کو پہنچی تو اس نے کہا: کتے کو پالو، موٹا کرو تاکہ تمہیں پھاڑ کھائے، جب ہم مدینہ واپس ہونگے تو ہم میں سے جو معزز ترین ہے وہ ذلیل ترین کو نکال باہر کرے گا اور اپنے ساتھیوں سے کہا: یہ مصیبت تم نے خود مول لی ہے، ان پردیسیوں پر خرچ مت کرو تاکہ وہ یہاں سے چلتے بنیں!

اس مجلس میں نوجوان صحابی حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے، انھوں نے یہ بات اپنے چچا کو بتائی، چچا نے رسول اللہ ﷺ کو بتائی، اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ عبّاد بن بشرؓ کو حکم دیجئے کہ وہ عبداللہ کو قتل کر دیں، آپؐ نے فرمایا: عمر! لوگ رہتی دنیا تک پروپیگنڈہ کریں گے کہ محمد نے اپنے ساتھیوں کو بھی نہیں چھوڑا! تم فوراً کوچ کا اعلان کرو، چنانچہ قافلہ دن بھر، پھر پوری رات پھر اگلے دن موسم گرم ہونے تک چلتا رہا، پھر جب قافلہ رکا تو لوگ زمین پر اترتے ہی بے خبر سو گئے، آپؐ کا مقصد بھی یہی تھا کہ لوگ بیٹھ کر گپ نہ کریں، اور اس بات کا چرچا نہ ہو۔

پھر جب عبداللہ کو پتہ چلا تو وہ حاضر خدمت ہوا اور اس نے قسم کھا کر کہا: اس نے ایسی کوئی بات نہیں کہی، لوگوں کو بھی اس کی بات کا یقین آگیا، انھوں نے کہا: زیدؓ لڑکا ہے، ممکن ہے اس سے وہم ہوگیا ہو یا وہ بات صحیح نہ سمجھا ہو، مگر جب سورۃ المنافقین کی آیتیں نازل ہوئیں تو بات پکی ہوگئی کہ اس نے یہ دو باتیں کہی ہیں، پھر جب مدینہ قریب آیا تو اس کا لڑکا عبداللہؓ

مدینہ کے دروازہ پر تلوار سونت کر کھڑا ہو گیا کہ رسول اللہ ﷺ اجازت دیں گے تو تجھے مدینہ میں جانے دوں گا ورنہ نہیں، کیونکہ حضور ﷺ عزیز ہیں اور تو ذلیل ہے، جب نبی ﷺ وہاں پہنچے تو آپؐ نے مدینہ میں داخل ہونے کی اجازت دی، تب عبداللہؓ نے باپ کا راستہ چھوڑا، پھر مدینہ پہنچ کر اس نے صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت تراشی کی، اور اس کا خوب چرچا کیا، پھر جب سورۃ النور کی آیتیں نازل ہوئیں تو عبداللہ کے پروپیگنڈے کا بھانڈا پھوٹ گیا، اور اس کی ساری قوم اس سے برگشتہ ہوگئی، اس کیفیت کو دیکھ کر نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: عمر! کیا خیال ہے اگر اس شخص کو اس دن قتل کر دیا جاتا جس دن تم نے مجھ سے اس کے قتل کی اجازت چاہی تھی تو اس پر بہت سی ناکیں پھڑک اٹھتیں، لیکن آج اگر اس کے قبیلہ کے لوگوں ہی کو اس کے قتل کا حکم دیا جائے تو وہ خود اسے قتل کر دیں گے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: واللہ! میری سمجھ میں خوب آ گیا کہ اللہ کے رسول کا معاملہ میرے معاملہ سے زیادہ برکت والا ہے، اور ایک حدیث میں یہ بھی ہے کہ جس معاملہ میں نرمی داخل ہوتی ہے وہ اس کو مزین کر دیتی ہے اور جس معاملہ میں سختی سے کام لیا جاتا ہے وہ اس کو عیب دار کر دیتی ہے، بہر حال عفو و درگذر کرنا اور نرمی کا برتاؤ کرنا اچھے نتائج پیدا کرتا ہے، اس بات کی طرف اشارہ کرنے کے لئے امام بخاری رحمہ اللہ یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

[۴۱۳۹-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غَزْوَةَ نَجْدٍ، فَلَمَّا أَدْرَكَتْهُ الْقَائِلَةُ وَهُوَ فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ، فَنَزَلَ تَحْتَ شَجَرَةٍ وَاسْتَظَلَّ بِهَا وَعَلَّقَ سَيْفَهُ، فَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الشَّجَرِ يَسْتَظِلُّوْنَ، وَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ إِذْ دَعَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَجِئْنَا، فَإِذَا أَعْرَابِيٌّ قَاعِدٌ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: " إِنَّ هٰذَا أَتَانِيْ وَأَنَا نَائِمٌ فَاخْتَرَطَ سَيْفِيْ فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ قَائِمٌ عَلٰى رَأْسِيْ مُخْتَرِطٌ صَلْتًا، قَالَ: مَنْ يَمْنُعَكَ مِنِّيْ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ! فَشَامَهُ، ثُمَّ قَعَدَ، فَهُوَ هٰذَا" قَالَ: وَلَمْ يُعَاقِبْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

قولہ: شَامَهُ: تلوار میان میں کر دی، تلوار سونت لی (اضداد میں سے ہے، حدیث میں پہلے معنی ہیں)

غزوۂ انمار

بعض لوگ 'غزوہ بنی انمار' کہتے ہیں، اور حاشیہ میں ہے کہ انمار قبیلہ بجیلہ کا بطن ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ غطفان کا دوسرا نام انمار ہے، اس لئے ارباب سیر کی دو رائیں ہیں: ایک رائے یہ ہے کہ غزوہ ذات الرقاع اور غزوہ انمار ایک ہیں، دوسری رائے یہ ہے کہ دونوں الگ الگ ہیں اور امام بخاری رحمہ اللہ آراء کا احترام کرتے ہیں، جیسے کتاب الانبیاء میں حضرت لقمان

رحمہ اللہ کے لئے باب لائے ہیں، کیونکہ بعض لوگ ان کو نبی مانتے ہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ کی اپنی رائے یہ ہے کہ غزوہ ذات الرقاع اور غزوہ انمار ایک ہیں، اور دلیل یہ ہے کہ غزوہ ذات الرقاع میں پہلے صالح بن خوات کی روایت لائے ہیں کہ نبی ﷺ نے غزوہ ذات الرقاع میں نمازِ خوف پڑھی، پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت لائے ہیں کہ نبی ﷺ نے مقام نخل میں نمازِ خوف پڑھی، پھر متابعت میں قاسم بن محمد کی روایت لائے ہیں کہ نبی ﷺ نے غزوہ بنی انمار میں نمازِ خوف پڑھی، وہاں حاشیہ میں لکھا ہے کہ متابعت لاکر اشارہ کیا ہے کہ غزوہ بنو انمار اور غزوہ ذات الرقاع ایک ہیں، مگر چونکہ ایک رائے غزوہ بنی انمار کے مستقل غزوہ ہونے کی بھی ہے اس لئے اس کے لئے یہ باب لائے، البتہ مناسب یہ تھا کہ یہ باب غزوہ ذات الرقاع سے متصل لاتے تاکہ غزوۂ بنی المصطلق اور حدیثِ افک میں فصل نہ ہوتا۔

[٣٤-] بَابُ غَزْوَةِ أَنْمَارٍ

[٤١٤٠-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِیِّ، قَالَ: رَأَیْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ غَزْوَةِ أَنْمَارٍ یُصَلِّیْ عَلٰی رَاحِلَتِهِ، مُتَوَجِّهًا قِبَلَ الْمَشْرِقِ مُتَطَوِّعًا"[راجع: ٤٠٠]

واقعہ افک

غزوہ بنی المصطلق کا اہم واقعہ افک کا واقعہ ہے، اس واقعہ کا خلاصہ یہ ہے: نبی ﷺ کا دستور تھا کہ جب آپؐ سفر میں جاتے تو ازواجِ مطہرات کے درمیان قرعہ اندازی کرتے، جس کا قرعہ نکلتا، اس کو ہمراہ لے جاتے، غزوہ بنی المصطلق میں قرعہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نام نکلا، غزوہ سے واپسی میں ایک جگہ لشکر نے پڑاؤ کیا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا قضاء حاجت کے لئے گئیں، اور اپنی بہن کا ہار جسے عاریۃً لے گئی تھیں کھو بیٹھیں، واپس آئیں تو احساس ہوا، فوراً اس جگہ واپس گئیں جہاں ہار گم ہوا تھا، اس دوران اونٹ پر ہودج باندھنے والے آئے، اور اسے اونٹ پر لاد دیا، انھوں نے سمجھا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اندر ہیں، وہ ہودج کے ہلکے پن پر نہیں چونکے، کیونکہ حضرت عائشہؓ ابھی نو عمر تھیں، بدن موٹا نہیں ہوا تھا، اور کئی آدمیوں نے مل کر ہودج اٹھایا تھا، اس لئے ہلکے پن کا احساس نہیں ہوا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہار ڈھونڈھ کر واپس آئیں تو لشکر جا چکا تھا، وہاں ہو کا عالم تھا، وہ اس خیال سے وہاں رک گئیں کہ جب لوگ انہیں نہیں پائیں گے تو پلٹ کر تلاش کرتے ہوئے وہاں آئیں گے، پھر صبح کا سہانا وقت تھا، ان کی آنکھ لگ گئی، حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ قافلہ کی خبر گیری کے لئے پیچھے چلنے پر مامور تھے، جب وہ یہاں پہنچے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دیکھ کر چونک پڑے،

کیونکہ نزولِ حجاب سے پہلے انھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا تھا، انھوں نے ﴿إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ پڑھا، حضرت عائشہؓ آواز سن کر بیدار ہوگئیں، اٹھ کر بیٹھ گئیں، اور خود کو سنبھال لیا، انھوں نے سواری حضرت عائشہؓ کے پاس بٹھادی اور اونٹ کے اگلے پیر پر اپنا پیر رکھ کر کھڑے ہوگئے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس پر سوار ہوگئیں، وہ اپنی زبان سے ایک لفظ نہیں بولے، سواری کی نکیل پکڑ کر چلتے رہے اور ٹھیک دوپہر کے وقت جب لشکر پڑاؤ ڈال چکا تھا لشکر میں پہنچ گئے، انہیں اس طرح آتا ہوا دیکھ کر لوگوں نے تبصرے شروع کردیئے، اور رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کو بھڑاس نکالنے کا ایک اور موقع ہاتھ آگیا، اس نے تہمت کے تانے بانے جوڑے، الزام کے خاکہ میں رنگ بھرا اور اسے خوب پھیلایا، مگر وہ سیانا تھا، اپنی زبان سے کچھ نہیں بولتا تھا، ڈور ہلاتا تھا اور پتلیاں نچاتا تھا، اس کے گروہ کے لوگ اس کے اشارے کے مطابق تہمت کا خوب چرچا کرتے تھے۔

اُدھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا حال یہ تھا کہ وہ غزوہ سے واپس آتے ہی بیمار پڑگئیں، اور ایک مہینہ تک مسلسل بیمار رہیں، انہیں الزام کے بارے میں کچھ معلوم نہیں تھا، البتہ انہیں یہ بات کھٹکتی تھی کہ بیماری کے زمانہ میں نبی ﷺ کی ان پر جو مہربانی ہوا کرتی تھی وہ اب نظر نہیں آرہی تھی، پھر جب بیماری ختم ہوئی تو وہ ایک رات ام مسطح رضی اللہ عنہا کے ساتھ قضائے حاجت کے لئے میدان کی طرف نکلیں، راستہ میں ام مسطحؓ کا پیر چادر میں الجھا اور وہ گر پڑیں، ان کے منہ سے بے ساختہ نکلا: مسطحؓ کا برا ہو! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو ٹوکا کہ تم ایک بدری صحابی کو کوس رہی ہو، انھوں نے کہا: اری! تجھے کچھ پتا نہیں، تیرے خلاف جو پروپیگنڈہ ہورہا ہے اس میں مسطح بھی شریک ہے، پھر تہمت کا واقعہ سنایا، حضرت عائشہؓ نے واپس آکر خبر کا ٹھیک پتا لگانے کے لئے نبی ﷺ سے والدین کے گھر جانے کی اجازت چاہی، والدین کے پاس جاکر ان کو صورتِ حال کا یقینی طور پر علم ہوگیا تو وہ بے اختیار رونے لگیں، پھر دوراتیں اور ایک دن روتے روتے گذر گئے، اس دوران نہ نیند کا سرمہ لگایا نہ آنسو کی جھڑی رکی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے والدین کے گھر جانے کے بعد نبی ﷺ نے گھر کے لوگوں سے مشورہ کیا، سب سے پہلے حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ تم عائشہؓ کے بارے میں کیا جانتی ہو؟ انھوں نے حضرت عائشہؓ کی بے گناہی بیان کی، پھر آپؐ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: انھوں نے کہا: ہم خیر کے علاوہ کچھ نہیں جانتے، آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اپنی زوجیت میں باقی رکھیں، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: انھوں نے ڈھیلا جواب دیا کہ عورتیں عائشہؓ کے علاوہ بہت ہیں! اور آپؐ بریرہ رضی اللہ عنہا سے پوچھیں وہ صحیح بات بتادے گی، نبی ﷺ نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: انھوں نے بھی حضرت عائشہؓ کی براءت ظاہر کی، تب آپؐ نے منبر سے تقریر کی کہ کون ہے جو مجھے عبداللہ بن ابی کی ایذا رسانیوں سے بچائے؟ اس پر سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے اس کے قتل کی بات کہی، حضرت سعدؓ قبیلہ اوس کے سردار تھے، حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے جو قبیلہ خزرج کے سردار تھے، اس کی مخالفت کی تو دونوں کی

حمایت میں قبیلے کے لوگ کھڑے ہوگئے، ان میں تو تو میں میں شروع ہوگئی، نبی ﷺ نے مشکل سے انہیں خاموش کیا، پھر آپ منبر سے اتر آئے، اُدھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا رو رہی تھیں ایک انصاری خاتون بھی آ کر رونے میں شریک ہوگئیں، والدین ان کو تسلی دے رہے تھے، اسی حالت میں نبی ﷺ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے اور کلمۂ شہادت پر مشتمل خطبہ پڑھا اور فرمایا: عائشہؓ! مجھے تمہارے متعلق یہ بات پہنچی ہے اگر تم اس سے بری ہو تو اللہ عنقریب تمہاری براءت ظاہر کردے گا، اور اگر خدانخواستہ تم سے کوئی غلطی ہوگئی ہے تو اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو اور توبہ کرو، کیونکہ بندہ جب اپنے گناہ کا اعتراف کرکے اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمالیتے ہیں۔

نبی ﷺ کی بات سن کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے آنسو تھم گئے، انھوں نے ابا سے کہا: ابا آپ جواب دیں، ابا نے کہا: میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا جواب دوں؟ پھر امی سے کہا: انھوں نے بھی یہی بات کہی تو حضرت عائشہؓ نے خود جواب دیا: واللہ! میں جانتی ہوں کہ یہ باتیں سنتے سنتے آپ حضرات کے کان پک گئے ہیں اور آپ لوگوں نے ان باتوں کو سچ سمجھ لیا ہے، اس لئے اگر میں کہوں کہ میں بری ہوں —— اور اللہ خوب جانتے ہیں کہ میں بری ہوں —— تو آپ لوگ میری بات سچ نہ سمجھیں گے، اور اگر میں گناہ کا اعتراف کرلوں —— جبکہ اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں کہ میں اس سے بری ہوں —— تو آپ لوگ فوراً صحیح مان لیں گے، پس میرا اور آپ لوگوں کا معاملہ حضرت یوسف علیہ السلام کے والد جیسا ہے، جب انھوں نے کہا تھا: ﴿فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ﴾: صبر ہی آخری چارہ ہے اور تم لوگ جو کچھ کہتے ہو اس پر اللہ تعالیٰ کی مدد مطلوب ہے، یہ کہہ کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پلٹ کر چارپائی پر لیٹ گئیں، اور رونے لگیں، اسی وقت نبی ﷺ پر وحی کا نزول شروع ہوا، جب وحی پوری ہوئی تو آپ مسکرا رہے تھے، آپ نے پہلی بات یہ فرمائی: عائشہ! اللہ تعالیٰ نے تمہیں بری کردیا، ماں نے کہا: بیٹی! اٹھو اور حضور ﷺ کا شکریہ ادا کرو، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ناز سے کہا: بخدا! میں ان کی طرف نہیں اٹھوں گی، میں صرف اللہ کی حمد کروں گی۔

اس موقع پر واقعہ افک سے متعلق سورۂ نور کی دس آیتیں نازل ہوئی ہیں، جو ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُ وْا بِالإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ﴾: سے شروع ہوتی ہیں، اس کے بعد تہمت تراشی کے جرم میں مسطح بن اُثاثہ، حسان بن ثابت اور حمنہ بنت جحش کو اسّی اسّی کوڑے لگائے گئے اور عبداللہ بن ابی سزا سے بچ گیا، کیونکہ اس نے منہ سے کوئی بات نہیں کہی تھی، اس لئے اس کے حق میں تہمت تراشی ثابت نہیں ہوسکی۔ البتہ بیان القرآن میں ایک روایت ہے کہ اس کو بھی اسّی کوڑے مارے گئے، مگر مشہور یہی ہے کہ اس کو سزا آخرت میں ملے گی۔

حوالہ: یہ واقعہ تفصیل سے تحفۃ القاری (۵۸:۶) میں بھی آیا ہے، وہاں بھی تقریر ہے اس کو بھی دیکھ لینا چاہئے۔

[۳۵-] بَابُ حَدِيْثِ الإِفْكِ

الإِفْكُ وَالأَفَكُ بِمَنْزِلَةِ النِّجْسِ وَالنَّجَسِ، يُقَالُ: إِفْكُهُمْ وَأَفْكُهُمْ وَأَفَكَهُمْ.

[٤١٤١-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَاقَالُوْا، وكُلُّهُمْ حَدَّثَنِيْ طَائِفَةً مِنْ حَدِيْثِهَا، وَبَعْضُهُمْ كَانَ أَوْعٰى لِحَدِيْثِهَا مِنْ بَعْضٍ، وَأَثْبَتَ لَهُ اقْتِصَاصًا، وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْ كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمُ الْحَدِيْثَ الَّذِيْ حَدَّثَنِيْ عَنْ عَائِشَةَ، وَبَعْضُ حَدِيْثِهِمْ يُصَدِّقُ بَعْضًا، وَإِنْ كَانَ بَعْضُهُمْ أَوْعَى لَهُ مِنْ بَعْضٍ.

لغات: إِفْكٌ: (زیر پھر جزم) جیسے نِجْسٌ (گندگی) یہ باب ضرب کا مصدر ہے اور أَفَكٌ: (بفتحتین) جیسے نَجَسٌ: یہ باب سمع کا مصدر ہے، دونوں کے معنی ہیں: جھوٹ بولنا، الزام تراشی کرنا، اور سورۃ الاحقاف آیت ۲۸ میں ہے: ﴿وَذٰلِكَ إِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ﴾ اور وہ ان کی تراشی ہوئی اور گھڑی ہوئی بات ہے، اس میں تین قراءتیں ہیں: إِفْكُهُمْ، أَفَكُهُمْ (کما سبق) اور أَفَكُهُمْ مصدر باب سمع —— اور عنوان میں إفك کو تینوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

ترجمہ: امام زہری رحمہ اللہ یہ حدیث چار اساتذہ: عروہ، سعید، علقمہ اور عبید اللہ سے روایت کرتے ہیں، اور وہ چاروں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں جب کہی ان سے الزام تراشی کرنے والوں نے وہ بات جو کہی (امام زہری کہتے ہیں) سب نے مجھ سے حدیث عائشہ کا کچھ حصہ بیان کیا ہے یعنی کسی استاذ نے ساری حدیث بیان نہیں کی اور ان کے بعض حضرت عائشہؓ کی حدیث کو دوسرے بعض سے زیادہ محفوظ کرنے والے ہیں، اور بیان کرنے کے اعتبار سے زیادہ مضبوط ہیں، اور میں نے ان میں سے ہر استاذ سے وہ حدیث یاد کی ہے جو اس نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے۔ اور ان میں سے بعض کی حدیث بعض کی تصدیق کرتی ہے، اگرچہ ان میں سے بعض کو حدیث بعض سے زیادہ یاد تھی۔

مسئلہ: ثقہ اساتذہ کی احادیث کو جمع کرکے ایک حدیث بنانا جائز ہے، یہ روایت بالمعنی کی ایک صورت ہے، اور روایت بالمعنی جائز ہے............ أَوْعَى: (اسم تفضیل) وَعَى يَعِيْ وَعْيًا الشيئَ: برتن میں جمع کرنا، وَعَى الحديثَ: حدیث یا بات کو اچھی طرح سمجھ کر ذہن میں محفوظ کرلینا............ اقْتِصَاصا: (مفعول مطلق من غیر لفظہ) اقْتَصَّ الْخَبَرَ: خبر کو جوں کا توں بیان کرنا۔

قَالُوْا: قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ أَزْوَاجِهِ، وَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَعَهُ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا فَخَرَجَ فِيْهَا سَهْمِيْ، فَخَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَعْدَمَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَكُنْتُ أُحْمَلُ فِيْ هَوْدَجٍ وَأُنْزَلُ فِيْهِ، فَسِرْنَا حَتّٰى إِذَا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

مِنْ غَزْوَتِهِ تِلْكَ وَقَفَلَ، دَنَوْنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ قَافِلِيْنَ، آذَنَ لَيْلَةً بِالرَّحِيْلِ، فَقُمْتُ حِيْنَ آذَنُوْا بِالرَّحِيْلِ فَمَشَيْتُ حَتَّى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ، فَلَمَّا قَضَيْتُ شَأْنِيْ أَقْبَلْتُ إِلَى رَحْلِيْ فَلَمَسْتُ صَدْرِيْ، فَإِذَا عِقْدٌ لِيْ مِنْ جَزْعِ ظَفَارٍ قَدِ انْقَطَعَ، فَرَجَعْتُ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِيْ فَحَبَسَنِيْ ابْتِغَاؤُهُ.

ترجمہ: چاروں حضرات کہتے ہیں: صدیقہؓ نے فرمایا: نبی ﷺ جب کسی سفر کا ارادہ کرتے تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کرتے، ان میں سے جس کا نام نکلتا، اس کو اپنے ساتھ لے جاتے، صدیقہؓ فرماتی ہیں: پس نبی ﷺ نے ہمارے درمیان قرعہ ڈالا، ایک غزوہ میں جو آپؐ نے کیا (غزوۂ مریسیع میں) پس اس میں میرا نام نکلا، چنانچہ میں نبی ﷺ کے ساتھ نکلی، پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد، میں ہودہ میں اٹھائی جاتی تھی اور اس میں اتاری جاتی تھی، ہم چلے یہاں تک کہ جب نبی ﷺ اس جہاد سے فارغ ہوئے اور لوٹے اور قریب ہوئے ہم مدینہ سے، درانحالیکہ ہم لوٹنے والے تھے (افک کا واقعہ غزوہ سے واپسی میں مدینہ کے قریب پیش آیا ہے) ایک رات آپؐ نے کوچ کا اعلان کیا، پس میں کھڑی ہوئی جب لوگوں نے کوچ کا اعلان کیا، اور میں چلی یہاں تک کہ لشکر سے آگے بڑھ گئی، پھر جب میں نے اپنی حاجت پوری کی (شأني سے قضائے حاجت مراد ہے) تو میں واپس آئی اپنے کجاوہ کی طرف، پس میں نے اپنے سینہ کو ٹٹولا، اچانک میرا ہار جو ظفار کے نگینوں کا تھا ٹوٹ چکا تھا، پس میں لوٹی اپنے ہار کو تلاش کرنے کے لئے اور مجھے روک لیا اس کی تلاش نے۔

لغت: جَزْع: جَزْعَة کی جمع: یمنی نگینہ، جس میں سیاہی اور سفیدی ملی ہوئی ہوتی ہے اور ظَفَار: جگہ کا نام ہے۔

قَالَتْ: وَأَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُرَحِّلُوْنَ بِيْ، فَاحْتَمَلُوْا هَوْدَجِيْ فَرَحَلُوْهُ عَلَى بَعِيْرِيْ الَّذِيْ كُنْتُ أَرْكَبُ عَلَيْهِ، وَهُمْ يَحْسِبُوْنَ أَنِّيْ فِيْهِ، وَكَانَ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ يَهْبُلْنَ وَلَمْ يَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ، إِنَّمَا يَأْكُلْنَ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ، فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ خِفَّةَ الْهَوْدَجِ حِيْنَ رَفَعُوْهُ وَحَمَلُوْهُ، وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيْثَةَ السِّنِّ، فَبَعَثُوْا الْجَمَلَ فَسَارُوْا، وَوَجَدْتُ عِقْدِيْ بَعْدَمَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ، فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ وَلَيْسَ بِهَا مِنْهُمْ دَاعٍ وَلَا مُجِيْبٌ، فَتَيَمَّمْتُ مَنْزِلِيَ الَّذِيْ كُنْتُ بِهِ، وَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَيَفْقِدُوْنِّيْ فَيَرْجِعُوْنَ إِلَيَّ، فَبَيْنَا أَنَا جَالِسَةٌ فِيْ مَنْزِلِيْ غَلَبَتْنِيْ عَيْنَيَّ فَنِمْتُ.

ترجمہ: صدیقہؓ کہتی ہیں: اور آئی وہ جماعت جو میرا ہودہ اٹھایا کرتی تھی، انھوں نے میرا ہودہ اٹھایا اور اس کو میرے اونٹ پر باندھ دیا، جس اونٹ پر میں سوار ہوا کرتی تھی، انھوں نے خیال کیا کہ میں اس کے اندر ہوں، اور عورتیں اس زمانہ میں ہلکے بدن کی ہوتی تھیں، بھاری اور موٹی نہیں ہوئی تھیں، وہ تھوڑا ہی کھانا کھاتی تھیں، اس لئے لوگ ہودج کے ہلکے پن پر نہیں چونکے جب انھوں نے اس کو اٹھایا اور لادا، اور میں نوعمر لڑکی تھی، اس لئے انھوں نے اونٹ کو اٹھایا، اور وہ چل دیئے، اور میں نے ہار پایا لشکر کے روانہ ہوجانے کے بعد، پس میں ان کی جگہ میں آئی اور وہاں ان میں سے نہ کوئی بلانے والا تھا، نہ

کوئی جواب دینے والا، اس لئے میں نے اس جگہ کا ارادہ کیا جس میں میں تھی، اور میں نے خیال کیا کہ وہ مجھے گم پائیں گے، پس وہ میری طرف لوٹیں گے اور دریں اثناء کہ میں اپنی جگہ بیٹھی تھی، میری آنکھیں مجھ پر غالب آگئیں اور میں سوگئی۔

لغت: الرھط: دس سے کم جماعت .... ھَبُلَ (ک) ھَبالَۃ: بہت موٹا ہونا۔

وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمَعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ، فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِيْ، فَرَأَى سَوَادَ إِنْسَانٍ نَائِمٍ فَعَرَفَنِيْ حِيْنَ رَآنِيْ، وَكَانَ رَآنِيْ قَبْلَ الْحِجَابِ، فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِيْنَ عَرَفَنِيْ فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابٍ، وَاللّٰهِ مَا تَكَلَّمْنَا بِكَلِمَةٍ وَلاَ سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ، وَهَوَى حَتَّى أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ فَوَطِئَ عَلٰى يَدِهَا، فَقُمْتُ إِلَيْهَا فَرَكِبْتُهَا، فَانْطَلَقَ يَقُوْدُ بِيْ الرَّاحِلَةَ حَتَّى أَتَيْنَا الْجَيْشَ مُوْغِرِيْنَ فِيْ نَحْرِ الظَّهِيْرَةِ وَهُمْ نُزُوْلٌ، قَالَتْ: فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ، وَكَانَ الَّذِيْ تَوَلَّى كِبْرَ الإِفْكِ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ.

ترجمہ: اور صفوان بن معطل سُلمی ذکوانی رضی اللہ عنہ لشکر کے پیچھے تھے، وہ صبح کے وقت میری منزل میں پہنچے، انھوں نے ایک انسان کی ذات کو سویا ہوا دیکھا، انھوں نے مجھے پہچان لیا، جب انھوں نے مجھے دیکھا، اور وہ مجھے نزولِ حجاب سے پہلے دیکھ چکے تھے، پس میں بیدار ہوئی، ان کے إنَّا لِلّٰہ پڑھنے کی وجہ سے جب انھوں نے مجھے پہچان لیا، میں نے اپنا چہرہ اپنے اوڑھنے سے چھپالیا اور بخدا! نہیں بولے ہم کوئی بات اور نہیں سنی میں نے ان سے کوئی بات ان کے إنا للّٰہ کے علاوہ، اور انھوں نے قصد کیا یہاں تک کہ اپنی سواری بٹھائی، اور اس کے اگلے پیر پر پیر رکھ دیا، پس میں سواری کی طرف اٹھی اور اس پر سوار ہوگئی، پس وہ میرے ساتھ سواری کو لے کر چلتے رہے، یہاں تک کہ ہم لشکر میں پہنچے درانحالیکہ ہم دوپہر کی انتہائی گرمی میں داخل ہونے والے تھے اور لشکر پڑاؤ ڈال چکا تھا، صدیقہ کہتی ہیں: پس تباہ ہوا جو تباہ ہوا اور تھا عبداللہ بن ابی ابن سلول وہ جو تہمت کے بڑے حصہ کا ذمہ دار بنا تھا۔

لغت: قولہ: هَوَى أي أَسْرَعَ حَتَّى أَنَاخَ أَيْ بَرَّكَ رَاحِلَتَهُ (عمدہ) .... وَغَرَتِ الهاجرةُ، تَغِرُ (ض) وَغْرًا: دوپہر کا انتہائی گرم ہونا (مجرد سے ہے)

قَالَ عُرْوَةُ: أُخْبِرْتُ أَنَّهُ كَانَ يُشَاعُ، وَيُتَحَدَّثُ بِهِ عِنْدَهُ، فَيُقِرُّهُ، وَيَسْتَمِعُهُ، وَيَسْتَوْشِيْهِ، وَقَالَ عُرْوَةُ أَيْضًا: لَمْ يُسَمَّ مِنْ أَهْلِ الإِفْكِ أَيْضًا إِلَّا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ، وَمِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ، وَحَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ فِيْ نَاسٍ آخَرِيْنَ، لاَ عِلْمَ لِيْ بِهِمْ غَيْرَ أَنَّهُمْ عُصْبَةٌ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى، وَإِنَّ كِبْرَ ذٰلِكَ يُقَالُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ، قَالَ عُرْوَةُ: كَانَتْ عَائِشَةُ تَكْرَهُ أَنْ يُسَبَّ عِنْدَهَا حَسَّانُ، وَتَقُوْلُ: إِنَّهُ الَّذِيْ قَالَ:

فَإِنَّ أَبِيْ وَوَالِدَهُ وَعِرْضِيْ ❁ لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وِقَاءُ

ترجمہ: عروہؒ کہتے ہیں: میں خبر دیا گیا کہ تہمت کی بات پھیلائی جاتی تھی، اور عبداللہ کے پاس اس کی باتیں کی جاتی تھیں، وہ اس کو برقرار رکھتا اور اس کو سنتا، اور بات کی اصلیت کا پتہ لگانے کے لئے تحقیق کرتا، اور عروہؒ یہ بھی کہتے ہیں: نہیں نامزد کئے گئے تہمت لگانے والوں میں سے مگر حسانؓ، مسطحؓ اور حمنہؓ کچھ اور لوگوں کے ساتھ جن کے بارے میں میں نہیں جانتا، البتہ وہ لوگ عُصبة تھے جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا: (عُصْبة: دس سے کم جماعت) اور اس تہمت کا بڑا ذمہ دار: کہا جاتا ہے عبداللہ بن ابی تھا، عروہؒ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس کو ناپسند کرتی تھیں کہ ان کے سامنے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی برائی کی جائے اور وہ کہتی تھیں: حسانؓ ہی نے تو یہ شعر کہا ہے:

فَإِنَّ أَبِیْ وَوَالِدَهُ وَعِرْضِیْ ❁ لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وِقَاءُ

میرے والد اور ان کے والد (میرے دادا) اور میری عزت: محمد ﷺ کی عزت کے لئے تم سے بچاؤ کا ذریعہ ہے!

تشریح: العِرْض: عزت، آبرو............ الوِقَاء: بچاؤ کا ذریعہ............ مِنْكُمْ: کی ضمیر کا مرجع التزام تراشی کرنے والے ہیں............ یہ شعر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی شان میں ہے اور اس میں تفدیہ کا مضمون ہے، فَدَّاهُ بنفسه: کسی پر جان چھڑکنا، کسی سے کہنا کہ تم پر آنے والی مصیبت مجھ پر آئے!............ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: صدیقہؓ نبی ﷺ کی عزت وآبرو ہیں، ان پر کوئی حرف نہ آئے بلکہ وہ حرف میرے ابا پر، دادا پر اور میری عزت پر آئے، ہم ان کی عزت وآبرو کے لئے بچاؤ کا ذریعہ ہیں۔

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَدِمْنَا الْمَدِیْنَةَ فَاشْتَكَیْتُ حِیْنَ قَدِمْتُ شَهْرًا، وَالنَّاسُ یُفِیْضُوْنَ فِی قَوْلِ أَصْحَابِ الإِفْكِ لاَ أَشْعُرُ بِشَیْئٍ مِنْ ذٰلِكَ، وَهُوَ یُرِیْبُنِیْ فِیْ وَجَعِیْ أَنِّیْ لاَ أَعْرِفُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اللُّطْفَ الَّذِیْ كُنْتُ أَرَى مِنْهُ حِیْنَ أَشْتَكِیَ، إِنَّمَا یَدْخُلُ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَیُسَلِّمُ ثُمَّ یَقُوْلُ: "كَیْفَ تِیْكُمْ؟" ثُمَّ یَنْصَرِفُ، فَذٰلِكَ یُرِیْبُنِیْ وَلاَ أَشْعُرُ بِالشَّرِّ حَتَّى خَرَجْتُ حِیْنَ نَقَهْتُ، فَخَرَجْتُ مَعَ أُمِّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ، وَكَانَ مُتَبَرَّزَنَا وَكُنَّا لاَ نَخْرُجُ إِلَّا لَیْلاً إِلٰى لَیْلٍ، وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ تُتَّخَذَ الْكُنُفُ قَرِیْبًا مِنْ بُیُوْتِنَا، وَأَمْرُنَا أَمْرُ الْعَرَبِ الأُوَلِ فِی الْبَرِّیَّةِ قِبَلَ الْغَائِطِ، وَكُنَّا نَتَأَذَّى بِالْكُنُفِ أَنْ نَتَّخِذَهَا عِنْدَ بُیُوْتِنَا، قَالَتْ: فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ وَهِیَ ابْنَةُ أَبِیْ رُهْمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَأُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ خَالَةُ أَبِیْ بَكْرٍ الصِّدِّیْقِ، وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ بَیْتِی حِیْنَ فَرَغْنَا مِنْ شَأْنِنَا، فَعَثَرَتْ أُمُّ مِسْطَحٍ فِی مِرْطِهَا، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ، أَتَسُبِّیْنَ رَجُلاً شَهِدَ بَدْرًا؟ فَقَالَتْ: أَیْ هَنْتَاهْ! وَلَمْ تَسْمَعِیْ مَاقَالَ؟ قَالَتْ: وَقُلْتُ: مَا قَالَ؟ فَأَخْبَرَتْنِیْ بِقَوْلِ أَهْلِ الإِفْكِ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پس ہم مدینہ آئے، اور میں ایک مہینہ تک بیمار پڑ گئی، جب ہم گھر

پہنچے اورلوگ الزام تراشی کرنے والوں کی باتوں میں گھس رہے تھے یعنی طرح طرح کی باتیں کررہے تھے، مجھےان باتوں میں سے کسی بات کی کچھ خبرنہیں تھی، البتہ کھٹک پیدا کرتی تھی، میری بیماری میں یہ بات کہ نہیں پہچانتی تھی میں نبی ﷺ کی طرف سے اس مہربانی کو جو دیکھا کرتی تھی میں آپؐ سے جب میں بیمار پڑتی تھی، نبی ﷺ بس میرے پاس آتے تھے، سلام کرتے تھے، اور پوچھتے تھے: کیسی ہو؟ (تِیْكِ: اسم اشارہ واحد مؤنث ہے جیسے ذَاكَ اسم اشارہ واحد مذکر ہے) اورلوٹ جاتے تھے، پس یہ بات مجھے شک میں ڈالتی تھی اور مجھے برائی کی کچھ خبرنہیں تھی، یہاں تک کہ میں بیماری سے صحت یاب ہوئی، اورابھی کمزوری باقی تھی کہ نکلی میرے ساتھ مسطح رضی اللہ عنہ کی ماں مناصع کی طرف، اوروہ ہمارے استنجا کرنے کی جگہ تھی، ہم نہیں نکلتے تھے مگررات سے رات —— اور یہ بات گھروں کے نزدیک بیت الخلاء بنائے جانے سے پہلے کی ہے اور ہمارا معاملہ قدیم عربوں کا معاملہ تھا، جنگل میں جانے کے سلسلہ میں بڑے استنجے کے لئے، اورہم بیت الخلاء سے تکلیف محسوس کرتے تھے کہ بنائیں ہم ان کو اپنے گھروں کے پاس —— صدیقہؓ بیان کرتی ہیں: پس میں اور مسطح کی ماں چلیں —— اوروہ عبدمناف کے لڑکے مطلب کے لڑکے ابورُہم کی بیٹی ہیں (ان کا نام سلمیٰؓ ہے) اوران کی ماں عامر کے لڑکے صخر کی بیٹی ہیں جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خالہ ہیں، اوران کا بیٹا مطلب کے لڑکے: عباد کے لڑکے، اثاثہ کے لڑکے مسطحؓ ہیں —— پس آئی میں اور مسطح کی ماں میرے گھر کی جانب جب ہم فارغ ہوگئیں اپنی حاجت سے، پس مسطحؓ کی ماں لڑکھڑائی اپنے اوڑھنے میں، پس انھوں نے کہا: مسطحؓ ہلاک ہو! (یااوندھے منہ گرے!) پس میں نے ان سے کہا: آپ نے بری بات کہی آپ کوستی ہیں ایسے آدمی کو جو بدر میں شریک ہوئے ہیں، انھوں نے کہا: اری! (اوبھولی!) اور نہیں سنی تونے وہ بات جواس نے کہی، صدیقہؓ نے پوچھا: اوراس نے کیا کہا؟ پس بتلائی انھوں نے مجھے تہمت لگانے والوں کی بات۔

قَالَتْ: فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلٰى مَرَضِيْ، فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلٰى بَيْتِيْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: ’’كَيْفَ تِيكُمْ؟‘‘ فَقُلْتُ لَهُ: أَتَأْذَنُ لِيْ أَنْ آتِيَ أَبَوَيَّ؟ قَالَتْ: وَأُرِيْدُ أَنْ أَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا، قَالَتْ: فَأَذِنَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ لِأُمِّيْ: يَا أُمَّتَاهُ! مَاذَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ؟ قَالَتْ: يَا بُنَيَّةُ! هَوِّنِيْ عَلَيْكِ، فَوَ اللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتْ امْرَأَةٌ قَطُّ وَضِيْئَةً عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا، لَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا كَثَّرْنَ عَلَيْهَا، قَالَتْ: فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! أَوَ لَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهٰذَا؟ قَالَتْ: فَبَكَيْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتّٰى أَصْبَحْتُ لَا يَرْقَأُ لِيْ دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، ثُمَّ أَصْبَحْتُ أَبْكِيْ.

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پس بڑھ گئی میری بیماری بیماری پر، پھر جب لوٹی میں اپنے گھر کی طرف تو تشریف لائے میرے پاس نبی ﷺ، آپؐ نے سلام کیا اور پوچھا: کیسی ہو؟ میں نے آپؐ سے کہا: کیا آپؐ اجازت دیتے

ہیں مجھے کہ جاؤں میں اپنے والدین کے گھر؟ صدیقہؓ کہتی ہیں: اور میں چاہتی تھی کہ خبر کی تحقیق کروں والدین سے، صدیقہؓ کہتی ہیں: مجھے نبی ﷺ نے اجازت دیدی، میں نے اپنی امی سے کہا: امی جان! لوگ یہ کیا باتیں کرتے ہیں؟ امی نے کہا: میری پیاری بچی! ہلکا کرو اپنی ذات پر یعنی ان باتوں کا کچھ زیادہ اثر نہ لو، اور بخدا! بہت ہی کم ایسا ہوتا ہے کہ کسی آدمی کے پاس کوئی خوبصورت بیوی ہو، وہ اس سے محبت کرتا ہو، اور اس کے لئے سوکنیں ہوں، مگر بہت زیادہ برائی کرتی ہیں وہ اس کی، صدیقہ کہتی ہیں: میں نے کہا: سبحان اللہ! یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بڑا تعجب ہوا، اور بخدا واقعہ یہ ہے کہ کیا لوگ یہ باتیں کرتے ہیں؟ صدیقہؓ کہتی ہیں: میں اس رات روئی یہاں تک کہ صبح کر لی نہیں تھمتے تھے میرے آنسو اور نہیں سرمہ لگایا تھا میں نے نیند کا، میں نے روتے روتے صبح کر دی۔

قَالَتْ: وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ، وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، حِيْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ يَسْأَلُهُمَا وَيَسْتَشِيْرُهُمَا فِيْ فِرَاقِ أَهْلِهِ. قَالَتْ: فَأَمَّا أُسَامَةُ فَأَشَارَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالَّذِيْ يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَ ةِ أَهْلِهِ، وَبِالَّذِيْ يَعْلَمُ لَهُمْ فِيْ نَفْسِهِ، فَقَالَ أُسَامَةُ: أَهْلُكَ وَلاَ نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا، وَأَمَّا عَلِيٌّ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيْرٌ، وَسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ، قَالَتْ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَرِيْرَةَ، فَقَالَ: "أَيْ بَرِيْرَةُ! هَلْ رَأَيْتِ مِنْ شَيْئٍ يُرِيْبُكِ؟" قَالَتْ لَهُ بَرِيْرَةُ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا رَأَيْتُ عَلَيْهَا أَمْرًا قَطُّ أَغْمِصُهُ غَيْرَ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِيْنِ أَهْلِهَا فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ.

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: اور نبی ﷺ نے علی اور اسامہ رضی اللہ عنہما کو بلایا، جب وحی آنے میں دیر ہوئی، آپؐ نے ان دونوں سے تحقیق کی، اور ان دونوں سے مشورہ لیا اپنی اہلیہ کو الگ کرنے کے سلسلہ میں، صدیقہؓ کہتی ہیں: رہے اسامہؓ تو انھوں نے نبی ﷺ کو مشورہ دیا وہ جو جانتے تھے وہ نبی ﷺ کی فیملی کی بے گناہی سے، اور وہ جو پاتے تھے اپنے دل میں یعنی ان کے دل میں جو محبت تھی اس کے مطابق مشورہ دیا، چنانچہ انھوں نے کہا: آپؐ اپنی اہلیہ کو رکھے رہیں اور ہم نہیں جانتے مگر خیر کی بات، اور رہے علیؓ تو انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! نہیں تنگی کی اللہ نے آپؐ پر اور عورتیں ان کے علاوہ بہت ہیں، یعنی آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو چھوڑ دیں اور باندی سے پوچھیں وہ آپؐ کو صحیح بات بتائے گی، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس نبی ﷺ نے بریرہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور پوچھا: اے بریرہ! کیا تم نے دیکھی ہے کوئی ایسی بات جو تمہارے دل میں کھٹک پیدا کرے؟ بریرہؓ نے آپؐ سے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! نہیں دیکھی میں نے عائشہؓ میں کبھی کوئی ایسی بات جس کے ذریعہ میں ان کو عیب دار کروں، ہاں یہ بات ضرور ہے کہ وہ نوعمر لڑکی ہیں، اپنا آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں پھر گھر کی پلی ہوئی بکری آتی ہے اور اس کو کھا جاتی ہے۔

سوال: افک کا واقعہ غزوہ مریسیع کا ہے اور وہ سن ۵ یا ۶ ہجری میں پیش آیا ہے اور حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فتح مکہ کے بعد خرید کر آزاد کیا ہے، کیونکہ جب وہ آزاد ہوئیں اور انھوں نے خیار عتق کی وجہ سے اپنے شوہر حضرت مغیث رضی اللہ عنہ سے علاحدگی اختیار کی اور حضرت مغیثؓ ان کی محبت میں مدینہ کی گلیوں میں روتے پھرنے لگے تو نبی ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: دیکھئے ان کو بریرہؓ سے کتنی محبت ہے اور بریرہؓ کو ان سے کتنی نفرت ہے، اور حضرت عباسؓ فتح مکہ کے موقع پر برملا مسلمان ہوئے ہیں اور اس کے بعد مدینہ آئے ہیں، پس افک کے موقع پر حضرت بریرہؓ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس کہاں تھیں؟

جواب: حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا آزاد ہوکر خادمہ کی حیثیت سے تو اس وقت نہیں تھیں مگر ان کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آنا جانا تھا، اسی وجہ سے جب انھوں نے اپنے آقا سے کتابت کا معاملہ کیا تو وہ تعاون حاصل کرنے کے لئے حضرت عائشہؓ کے پاس آئی ہیں، کیونکہ ان سے سابقہ تعلقات تھے، پس یہ اشکال کوئی اہم اشکال نہیں۔

قَالَتْ: فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ يَوْمِهِ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ، وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: "يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ! مَنْ يَعْذِرُنِيْ مِنْ رَجُلٍ قَدْ بَلَغَنِيْ عَنْهُ أَذَاهُ فِيْ أَهْلِيْ؟ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِيْ إِلَّا خَيْرًا، وَلَقَدْ ذَكَرُوْا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا، وَمَا يَدْخُلُ عَلَى أَهْلِيْ إِلَّا مَعِيْ" فَقَامَ سَعْدٌ أَخُوْ بَنِيْ عَبْدِ الْأَشْهَلِ، فَقَالَ: أَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَعْذِرُكَ، فَإِنْ كَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْتُ عُنُقَهُ، وَإِنْ كَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ أَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا أَمْرَكَ، قَالَتْ: وَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْخَزْرَجِ، وَكَانَتْ أُمُّ حَسَّانَ بِنْتَ عَمِّهِ مِنْ فَخِذِهِ، وَهُوَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ، قَالَتْ: وَكَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ رَجُلًا صَالِحًا وَلٰكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ فَقَالَ لِسَعْدٍ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ، لَاتَقْتُلُهُ وَلَا تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ، وَلَوْ كَانَ مِنْ رَهْطِكَ مَا أَحْبَبْتَ أَنْ يُقْتَلَ، فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدٍ فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ! لَنَقْتُلَنَّهُ فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِيْنَ. قَالَتْ: فَثَارَ الْحَيَّانِ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتَّى هَمُّوْا أَنْ يَقْتَتِلُوْا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ، قَالَتْ: فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُخَفِّضُهُمْ حَتَّى سَكَتُوْا وَسَكَتَ.

ترجمہ: صدیقہؓ کہتی ہیں: پس نبی ﷺ نے اسی دن تقریر کی، اور مدد چاہی آپؐ نے عبداللہ بن ابی سے نمٹنے کے لئے، درانحالیکہ آپؐ منبر پر تھے، آپؐ نے فرمایا: اے مسلمانو! کون ہے جو میری مدد کرے ایسے شخص کے معاملہ میں جس کی طرف سے مجھے ایذا پہنچی ہے، میری بیوی کے معاملہ میں؟ نہیں جانتا ہوں میں اپنی بیوی کے بارے میں مگر اچھی بات، اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ وہ ایک ایسے آدمی کا ذکر کرتے ہیں یعنی حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ کا جن کے بارے میں

نہیں جانتا میں مگر اچھی بات اور وہ نہیں آئے میرے گھر میں مگر میرے ساتھ، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس سعد بن معاذ اوسی اشہلی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! میں آپؐ کی مدد کروں گا، اگر وہ شخص قبیلہ اوس کا ہے تو میں اس کی گردن ماردوں گا، اور اگر وہ ہمارے بھائیوں خزرج میں سے ہے تو آپؐ ہمیں حکم دیں ہم آپؐ کے حکم کی تعمیل کریں گے۔ صدیقہؓ کہتی ہیں: پس خزرج میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا ـــــ اور حسانؓ کی ماں اس کی چچازاد بہن تھی اس کے خاندان سے، اور وہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ ہیں اور وہ خزرج کے سردار ہیں ـــــ صدیقہؓ فرماتی ہیں: وہ اس سے پہلے نیک آدمی تھے، مگر برانگیختہ کیا ان کو حمیت نے اور انھوں نے سعد بن معاذؓ سے کہا: تم غلط کہتے ہو، اللہ کی زندگی کی قسم! تم اس کو قتل نہیں کروگے اور نہ تم اس کے قتل پر قادر ہو، اور اگر وہ تمہارے قبیلہ کا ہوتا تو تم اس کو قتل کرنا پسند نہ کرتے، پس اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے ـــــ اور وہ سعد بن معاذؓ کے چچازاد بھائی تھے ـــــ انھوں نے حضرت سعد بن عبادہؓ سے کہا: تم غلط کہتے ہو، اللہ کی زندگی کی قسم! ہم ضرور اس کو قتل کریں گے، اور تم منافق ہو، منافقین کی طرف داری کرتے ہو، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس دونوں قبیلے اوس وخزرج بھڑکے، یہاں تک کہ ارادہ کیا انھوں نے کہ لڑ پڑیں اور نبی ﷺ منبر پر تھے، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس نبی ﷺ برابر ان کو خاموش کرتے رہے یہاں تک کہ وہ خاموش ہوگئے اور آپؐ بھی خاموش ہوگئے۔

سوال: افک کا واقعہ غزوۂ احزاب کے بعد پیش آیا ہے اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا انتقال غزوۂ احزاب میں ہوا ہے، پھر افک کے موقع پر جب نبی ﷺ نے تقریر فرمائی تو حضرت سعد بن معاذؓ نے یہ کہا اور جواب میں حضرت سعد بن عبادہؓ نے یہ کہا: یہ کیسے صحیح ہوسکتا ہے؟ اس وقت سعد بن معاذؓ کہاں حیات تھے؟

جواب (۱): بعض حضرات نے کہا ہے کہ اس حدیث میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا ذکر وہم ہے، صحیح نام اسید بن حضیر ہے، انھوں نے یہ بات کہی تھی (حاشیہ)

جواب (۲): غزوات کی تاریخیں ظنی ہیں، پس مریسیع کا واقعہ غزوۂ خندق اور غزوۂ بنی قریظہ سے پہلے ماننا ہوگا، واقدی وغیرہ کی یہی رائے ہے، موسیٰ بن عقبہ کے نزدیک سن ۴ ہجری میں غزوۂ خندق اور غزوۂ مریسیع دونوں ہوئے ہیں اور غزوۂ مریسیع غزوۂ خندق سے پہلے ہے، غرض غزوات کی تاریخیں مختلف فیہ ہیں، اس لئے اس کی وجہ سے بخاری شریف کی روایت میں وہم کہنا ٹھیک نہیں۔

قَالَتْ: فَبَكَيْتُ يَوْمِيْ ذٰلِكَ كُلَّهُ، لاَ يَرْقَأُ لِيْ دَمْعٌ وَلاَ أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، قَالَتْ: وَأَصْبَحَ أَبَوَايَ عِنْدِيْ، وَقَدْ بَكَيْتُ لَيْلَتَيْنِ وَيَوْمًا لاَ أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ وَلاَ يَرْقَأُ لِيْ دَمْعٌ حَتَّى إِنِّيْ لَأَظُنُّ أَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِيْ، فَبَيْنَا أَبَوَايَ جَالِسَانِ عِنْدِيْ وَأَنَا أَبْكِيْ فَاسْتَأْذَنَتْ عَلَيَّ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَذِنْتُ لَهَا فَجَلَسَتْ تَبْكِيْ مَعِيْ، قَالَتْ: فَبَيْنَا نَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَيْنَا فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ، قَالَتْ: وَلَمْ

يَجْلِسْ عِنْدِیْ مُنْذُ قِيْلَ مَا قِيْلَ قَبْلَهَا، وَقَدْ لَبِثَ شَهْرًا لا يُوْحَى إِلَيْهِ فِیْ شَأْنِیْ بِشَيْءٍ، قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ جَلَسَ، ثُمَّ قَالَ:" أَمَّا بَعْدُ، يَا عَائِشَةُ! إِنَّهُ بَلَغَنِیْ عَنْكِ كَذَا وَكَذَا، فَإِنْ كُنْتِ بَرِيْئَةً، فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ، وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِیْ اللّٰهَ وَتُوْبِیْ إِلَيْهِ، فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ، ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ"

ترجمہ: صدیقہؓ کہتی ہیں: پس روئی میں میرا وہ دن سارا، نہیں تھمتے تھے میرے آنسو، اور نہیں سرمہ لگایا تھا میں نے نیند کا، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس صبح کی میرے والدین نے میرے پاس اور میں روئی تھی دو راتیں اور ایک دن، نہیں سرمہ لگایا تھا میں نے نیند کا اور نہیں تھمتے تھے میرے آنسو، یہاں تک کہ مجھے خیال ہوا کہ رونا میرے جگر کو پھاڑ دے گا، پس دریں اثناء کہ میرے والدین میرے پاس بیٹھے تھے اور میں رو رہی تھی، میرے پاس اجازت چاہی ایک انصاری عورت نے آنے کی، میں نے اس کو اجازت دیدی، وہ میرے ساتھ بیٹھ کر رونے لگی، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس دریں اثناء کہ ہم اس حال میں تھے: نبی ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے، سلام کیا اور بیٹھ گئے، صدیقہؓ کہتی ہیں: نہیں بیٹھے تھے آپؐ میرے پاس جب سے کہی گئی وہ بات جو کہی گئی، اس موقع سے پہلے، اور آپؐ ایک مہینہ تک ٹھہرے رہے، نہیں وحی کی گئی آپؐ کی طرف میرے معاملہ میں کچھ بھی، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس نبی ﷺ نے تشہد پر مشتمل خطبہ پڑھا جب آپؐ بیٹھے، پھر فرمایا: حمد وصلوٰۃ کے بعد! اے عائشہ! مجھے تمہارے بارے میں ایسی ایسی باتیں پہنچی ہیں، اگر تم بے گناہ ہو تو عنقریب اللہ تعالیٰ تمہیں بری کردیں گے اور اگر تم کسی گناہ سے نزدیک ہوگئی ہو تو اللہ سے معافی مانگو اور اللہ کی طرف متوجہ ہوؤ، اس لئے کہ بندہ جب گناہ کا اعتراف کرتا ہے پھر اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

قَالَتْ: فَلَمَّا قَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَقَالَتَهُ قَلَصَ دَمْعِیْ، حَتَّى مَا أُحِسُّ مِنْهُ قَطْرَةً، فَقُلْتُ لِأَبِیْ: أَجِبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِّیْ فِيْمَا قَالَ، فَقَالَ أَبِیْ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِیْ مَا أَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقُلْتُ لِأُمِّیْ: أَجِيْبِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْمَا قَالَ، قَالَتْ أُمِّیْ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِیْ مَا أَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ وَأَنَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ، لاَ أَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ كَثِيْرًا: إِنِّیْ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَقَدْ سَمِعْتُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ حَتَّى اسْتَقَرَّ فِیْ أَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهِ، فَلَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّیْ بَرِيْئَةٌ لاَ تُصَدِّقُوْنِّیْ، وَلَئِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّیْ مِنْهُ بَرِيْئَةٌ لَتُصَدِّقُنِّیْ، فَوَ اللّٰهِ لاَ أَجِدُ لِیْ وَلَكُمْ مَثَلاً إِلاَّ أَبَا يُوْسُفَ حِيْنَ قَالَ: ﴿فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ﴾ ثُمَّ تَحَوَّلْتُ وَاضْطَجَعْتُ عَلٰى فِرَاشِیْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّیْ حِيْنَئِذٍ بَرِيْئَةٌ، وَأَنَّ اللّٰهَ مُبَرِّئِیْ بِبَرَاءَتِیْ، وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ اللّٰهَ مُنَزِّلٌ فِیْ شَأْنِیْ وَحْيًا يُتْلٰى، لَشَأْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ كَانَ أَحْقَرَ

مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللّٰهُ فِيَّ بِأَمْرٍ، وَلٰكِنْ كُنْتُ أَرْجُوْ أَنْ يَرَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي النَّوْمِ رُؤْيًا يُبَرِّئُنِيْ اللّٰهُ بِهَا، فَوَ اللّٰهِ مَا رَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَجْلِسَهُ وَلاَ خَرَجَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ حَتَّى أُنْزِلَ عَلَيْهِ، فَأَخَذَهُ مَاكَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ، حَتَّى إِنَّـهُ لَيَتَحَدَّرُ مِنْهُ الْعَرَقُ مِثْلُ الْجُمَانِ وَهُوَ فِي يَوْمٍ شَاتٍ مِنْ ثِقْلِ الْقَوْلِ الَّذِيْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ.

ترجمہ: صدیقہؓ کہتی ہیں: جب نبی ﷺ نے اپنی بات پوری کی تو میرے آنسو تھم گئے، یہاں تک کہ میں اس میں سے ایک قطرہ بھی محسوس نہیں کرتی تھی، پس میں نے اپنے ابا سے کہا: نبی ﷺ کو جواب دیجئے میری طرف سے اس بات کا جو آپؐ نے کہی ہے، میرے ابا نے کہا: بخدا! نہیں جانتا میں کہ کیا کہوں نبی ﷺ سے؟ پس میں نے اپنی امی سے کہا: آپ جواب دیں نبی ﷺ کو اس بات کا جو آپؐ نے فرمائی ہے، میری امی نے کہا: بخدا! نہیں جانتی میں وہ بات جو کہوں میں نبی ﷺ سے، پس میں نے کہا درانحالیکہ میں نوعمر لڑکی تھی، قرآنِ پاک زیادہ پڑھی ہوئی نہیں تھی: بیشک میں بخدا جانتی ہوں کہ آپ حضرات نے یہ بات سنی ہے یہاں تک کہ ٹھہر گئی ہے وہ آپ لوگوں کے دلوں میں اور آپ لوگوں نے اس بات کو مان لیا ہے، پس بخدا! اگر کہوں میں آپ حضرات سے کہ میں بے گناہ ہوں تو آپ لوگ میری بات نہیں مانیں گے اور بخدا! اگر اقرار کروں میں آپ حضرات کے سامنے کسی بات کا اور اللہ جانتا ہے کہ میں اس سے پاک ہوں تو ضرور آپ لوگ میری بات مان لیں گے، پس بخدا! نہیں پاتی میں اپنے لئے اور آپ حضرات کے لئے کوئی مثال یوسف علیہ السلام کے ابا کے علاوہ جب انھوں نے کہا: ﴿فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ﴾: ایسا صبر کرنا بہتر ہے جس میں شکایت کا نام نہ ہو اور جو باتیں تم لوگ بناتے ہو اس میں اللہ ہی مدد خواستہ ہیں، پھر پلٹی میں اور لیٹ گئی اپنے بستر پر اور اللہ جانتے ہیں کہ میں اس وقت بے گناہ تھی اور یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے بے گناہ ثابت کریں گے، مگر بخدا! میں گمان نہیں کرتی تھی کہ اللہ تعالیٰ میرے معاملہ میں ایسی وحی اتاریں گے جو پڑھی جائے گی، میری شان میری ذات میں زیادہ معمولی تھی اس سے کہ اللہ تعالیٰ کچھ کلام فرمائیں میرے معاملہ میں، مگر میں امید باندھتی تھی کہ نبی ﷺ دکھلائے جائیں گے نیند میں کوئی خواب۔ اللہ تعالیٰ مجھے بے گناہ ثابت کریں گے اس خواب کے ذریعہ، پس بخدا! نہیں جدا ہوئے نبی ﷺ اپنی مجلس سے اور نہیں نکلا کوئی گھر والوں میں سے، یہاں تک کہ آپؐ پر وحی نازل کی گئی، پس پکڑا آپؐ کو اس شدت نے جو نزول وحی کے وقت آپؐ کو پکڑا کرتی تھی، یہاں تک کہ لڑھکتا تھا آپ کا پسینہ موتیوں کی طرح درانحالیکہ آپؐ جاڑے کے دنوں میں ہوتے تھے اس وحی کے بوجھ سے جو آپؐ پر اتاری جاتی تھی۔

قَالَتْ: فَسُرِّيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَضْحَكُ، فَكَانَتْ أَوَّلَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا أَنْ قَالَ: " يَا عَائِشَةُ! أَمَّا اللّٰهُ فَقَدْ بَرَّأَكِ " قَالَتْ: فَقَالَتْ لِيْ أُمِّيْ: قُوْمِيْ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ! لاَ أَقُوْمُ إِلَيْهِ،

فَإِنِّیْ لَا أَحْمَدُ إِلَّا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، قَالَتْ: وَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ جَاؤُا بِالإِفْكِ﴾ الْعَشْرَ الآيَاتِ، ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذَا فِیْ بَرَاءَ تِیْ.

قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ- وَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰی مِسْطَحِ بْنِ أُثَاثَةَ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ وَفَقْرِهِ-: وَاللّٰهِ! لَا أُنْفِقُ عَلٰی مِسْطَحٍ شَيْئًا أَبَدًا بَعْدَ الَّذِیْ قَالَ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿وَلَا يَأْتَلِ أُوْلُوْ الْفَضْلِ مِنْكُمْ﴾ إِلٰی قَوْلِهِ: ﴿غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ: بَلٰی، وَاللّٰهِ! إِنِّی لَأُحِبُّ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِیْ، فَرَجَعَ إِلٰی مِسْطَحٍ النَّفَقَةَ الَّتِیْ كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ، وَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا أَنْزِعُهَا مِنْهُ أَبَدًا.

ترجمہ: صدیقہؓ فرماتی ہیں: جب وحی کا بوجھ دور کیا گیا نبی ﷺ سے تو آپؐ ہنس رہے تھے، پس تھی پہلی بات جو آپؐ نے فرمائی: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ نے تمہاری بے گناہی بیان کردی! صدیقہؓ کہتی ہیں: مجھ سے میری امی نے کہا: نبی ﷺ کی طرف اٹھو (اور آپؐ کا شکریہ ادا کرو) میں نے کہا: بخدا! میں آپؐ کی طرف نہیں اٹھونگی، میں نہیں تعریف کروں گی مگر اللہ تعالیٰ کی، صدیقہؓ فرماتی ہیں: اور اللہ تعالیٰ نے ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُ وْا بِالإِفْكِ﴾ سے دس آیتیں نازل فرمائیں، اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں میری بے گناہی بیان کرنے کے لئے نازل فرمائیں۔

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا — اور وہ مسطحؓ پر خرچ کیا کرتے تھے ان سے اپنی رشتہ داری کی وجہ سے اور ان کی غریبی کی وجہ سے — (فرمایا) بخدا! نہیں خرچ کروں گا میں مسطح پر کبھی بھی کوئی چیز اس کے بعد کہ اس نے کہی عائشہؓ کے حق میں وہ بات جو کہی، پس اللہ نے اتاری سورۃ النور کی آیت ۲۲ ﴿وَلَا يَأْتَلِ أُوْلُوا الْفَضْلِ﴾ سے ﴿غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾ تک۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے (جواب میں) کہا: کیوں نہیں، بخدا! بیشک میں یقیناً پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری بخشش فرمائیں، اور انھوں نے خرچ کرنا شروع کردیا، مسطح رضی اللہ عنہ پر جو پہلے خرچ کیا کرتے تھے، اور فرمایا: بخدا! نہیں بند کروں گا میں اس کو مسطح رضی اللہ عنہ سے کبھی بھی۔

قَالَتْ عَائِشَةُ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِیْ، فَقَالَ لِزَيْنَبَ: "مَاذَا عَلِمْتِ أَوْ: رَأَيْتِ؟" فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَحْمِی سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ، وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَيْرًا، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَهِیَ الَّتِیْ تُسَامِيْنِیْ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ، قَالَتْ: وَطَفِقَتْ أُخْتُهَا حَمْنَةُ تُحَارِبُ لَهَا فَهَلَكَتْ فِيْمَنْ هَلَكَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَهٰذَا الَّذِیْ بَلَغَنِیْ مِنْ حَدِيْثِ هٰؤُلَآءِ الرَّهْطِ، ثُمَّ قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: وَاللّٰهِ إِنَّ الرَّجُلَ الَّذِیْ قِيْلَ لَهُ مَا قِيْلَ لَيَقُوْلُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! فَوَ اللّٰهِ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ مَا كَشَفْتُ مِنْ كَنَفِ أُنْثٰی قَطُّ، قَالَتْ: ثُمَّ قُتِلَ بَعْدَ ذٰلِكَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ. [راجع: ۲۵۹۳]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: اور نبی ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے میرے معاملہ میں تحقیق کی، آپؐ نے حضرت زینبؓ سے پوچھا: کیا جانتی ہیں آپ؟ یا فرمایا: کیا دیکھا ہے آپ نے؟ حضرت زینبؓ نے جواب دیا: اے اللہ کے رسول! بچاتی ہوں میں میرے کان اور میری نگاہ کو، یعنی جو بات میں نے سنی نہیں یا دیکھی نہیں وہ میں کیسے کہوں؟ بخدا! نہیں جانتی میں مگر اچھی بات، صدیقہؓ فرماتی ہیں: اور وہی تھیں جو میرا حسن میں مقابلہ کرتی تھیں نبی ﷺ کی ازواج میں سے، محفوظ رکھا ان کو اللہ تعالیٰ نے ان کی پرہیز گاری کی وجہ سے، صدیقہؓ کہتی ہیں: اور ان کی بہن حمنہؓ لڑتی رہیں ان کی خاطر، پس وہ تباہ ہوئیں ان لوگوں میں جو تباہ ہوئے۔

امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: پس یہ وہ باتیں ہیں جو مجھے پہنچی ہیں اُس جماعت (چار اساتذہ) کی باتوں میں سے، پس حضرت عروہؒ نے کہا: صدیقہؓ نے فرمایا: بخدا! وہ آدمی جس کے بارے میں کہی گئی وہ بات جو کہی گئی یعنی حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ، وہ کہا کرتے تھے: سبحان اللہ! اللہ کی ذات پاک ہے، اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نہیں کھولا میں نے کبھی کسی عورت کا پردہ (اس وقت تک ان کی شادی نہیں ہوئی تھی) صدیقہؓ فرماتی ہیں: پھر وہ اس کے بعد راہِ خدا میں شہید کئے گئے (خلافتِ فاروقی میں سنہ ۱۹ ہجری میں ارمینیہ میں شہید ہوئے)

افک سے متعلق باقی روایات

[٤١٤٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَمْلٰى عَلَيَّ هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ مِنْ حِفْظِهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ لِيْ الْوَلِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ: أَبَلَغَكَ أَنَّ عَلِيًّا كَانَ فِيْمَنْ قَذَفَ عَائِشَةَ؟ قُلْتُ: لاَ، وَلٰكِنْ قَدْ أَخْبَرَنِيْ رَجُلاَنِ مِنْ قَوْمِكَ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَأَبُوْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْحَارِثِ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ لَهُمَا: كَانَ عَلِيٌّ مُسَلِّمًا فِيْ شَأْنِهَا.

ترجمہ: امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھ سے ولید بن عبدالملک نے پوچھا: کیا آپ کو یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے والوں میں سے تھے؟ امام زہریؒ نے کہا: نہیں، البتہ مجھے آپ کی قوم کے دو آدمیوں نے ــــ ابوسلمہ اور ابوبکر نے ــــ بتلایا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان دونوں سے کہا کہ علی رضی اللہ عنہ ان کے معاملہ میں ڈھیلے تھے۔

تشریح: عبدالملک کے چار لڑکے تھے: سلیمان، ہشام، ولید اور یزید، پہلے دو نیک تھے اور آخری دو ناہنجار (بد اطوار) تھے اور چاروں خلیفہ ہوئے ہیں، اور ولید نے یہ بات 'شرارت' کے طور پر پوچھی تھی، اور مُسَلِّمًا: (اسم فاعل) تَسْلِيْم سے، یعنی ماننے والوں میں سے تھے اور مُسَلَّمًا (اسم مفعول) سَلاَمَة سے یعنی بچے ہوئے تھے، اور حضرت علامہ کشمیری قدس سرہ نے فیض الباری میں مُسَلِّمًا کا ترجمہ 'ڈھیلے' کیا ہے، یہ ترجمہ اچھا ہے یعنی وہ بین بین تھے، لاَ إِلٰى هٰؤُلاَءِ وَلاَ إِلٰى

ھٰؤُلآءِ، اور بخاری شریف کے ایک نسخہ میں مُسِیْئًا ہے، اس کا ترجمہ شاہ صاحب رحمہ اللہ نے کیا ہے: ''کچھ ہمدردی کرنے والے نہ تھے''۔

[٤١٤٣-] [حدثنا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْجُعْفِيُّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ] قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، حَدَّثَنِيْ مَسْرُوْقُ بْنُ الأَجْدَعِ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ أُمُّ رُوْمَانَ وَهِيَ أُمُّ عَائِشَةَ، قَالَتْ: بَيْنَا أَنَا قَاعِدَةٌ أَنَا وَعَائِشَةُ إِذْ وَلَجَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الأَنْصَارِ، فَقَالَتْ: فَعَلَ اللّٰهُ بِفُلَانٍ وَفَعَلَ! فَقَالَتْ أُمُّ رُوْمَانَ: وَمَا ذَاكِ؟ قَالَتِ: ابْنِيْ فِيْمَنْ حَدَّثَ الْحَدِيْثَ، قَالَتْ: وَمَا ذَاكِ؟ قَالَتْ: كَذَا وَكَذَا، قَالَتْ عَائِشَةُ: سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَتْ: وَأَبُوْ بَكْرٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَخَرَّتْ مَغْشِيًّا عَلَيْهَا، فَمَا أَفَاقَتْ إِلَّا وَعَلَيْهَا حُمَّى بِنَافِضٍ فَطَرَحْتُ عَلَيْهَا ثِيَابَهَا فَغَطَّيْتُهَا، فَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: ''مَا شَأْنُ هٰذِهِ؟'' قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَخَذَتْهَا الْحُمَّى بِنَافِضٍ، قَالَ: ''فَلَعَلَّ فِيْ حَدِيْثٍ تُحُدِّثَ؟'' قَالَتْ: نَعَمْ، فَقَعَدَتْ عَائِشَةُ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَئِنْ حَلَفْتُ لَا تُصَدِّقُوْنِّيْ، وَلَئِنْ قُلْتُ لَا تَعْذِرُوْنِّيْ، مَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَيَعْقُوْبَ وَبَنِيْهِ ﴿وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ﴾ قَالَتْ: فَانْصَرَفَ وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عُذْرَهَا، قَالَتْ: بِحَمْدِ اللّٰهِ لَا بِحَمْدِ أَحَدٍ وَلَا بِحَمْدِكَ. [راجع: ٣٣٨٨]

ترجمہ: مسروق رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ام رومان رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں اور عائشہؓ بیٹھی تھیں کہ اچانک ایک انصاری عورت آئی اور اس نے کہا: اللہ کریں فلاں کے ساتھ اور کریں! (یہ محاورہ ہے یعنی اس نے کوسنا شروع کیا) پس ام رومانؓ نے پوچھا: اس کو کیوں کوس رہی ہو؟ کہنے لگی: میرا بیٹا ان لوگوں میں شامل ہے جو تہمت کی باتیں کرتے ہیں، ام رومانؓ نے پوچھا: کیا کہتا ہے؟ اس نے کہا: یہ اور یہ (تہمت لگانے والوں کی باتیں نقل کیں) حضرت عائشہؓ نے پوچھا: یہ باتیں نبی ﷺ نے سنی ہیں؟ اس نے کہا: ہاں، صدیقہؓ نے پوچھا: اور ابوبکرؓ نے؟ اس نے کہا: ہاں، پس عائشہؓ بیہوش ہوکر گر پڑیں، جب ان کو ہوش آیا تو انھیں لرزہ کا بخار چڑھ گیا تھا (ام رومانؓ کہتی ہیں) میں نے ان پر ان کے کپڑے ڈالے اور ان کو ڈھانک دیا، پس نبی ﷺ تشریف لائے اور پوچھا: اس کا کیا حال ہے؟ میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! اس کو جاڑے کا بخار چڑھ گیا ہے، آپؐ نے فرمایا: شاید وہ ان باتوں کی وجہ سے ہے جو کی جاتی ہیں، ام رومانؓ نے کہا: ہاں، پس عائشہؓ بیٹھ گئیں، اور انھوں نے کہا: بخدا! اگر قسم کھاؤں میں (بے گناہی کی) تو تم میری بات نہیں مانوگے، اور اگر کہوں میں (گناہ کا جھوٹا اقرار کروں) تو تم میرا عذر قبول نہیں کروگے (بلکہ میرے اقرار کو صحیح مان لوگے) میرا حال اور آپ لوگوں کا حال یعقوب علیہ السلام اور ان کے بیٹوں کے حال جیسا ہے ﴿وَاللّٰهُ

الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْنَ﴾: اللہ تعالیٰ مدد چاہے ہوئے ہیں ان باتوں میں جو تم بیان کرتے ہو، ام رومانؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ لوٹ گئے اور آپؐ نے کچھ نہیں فرمایا، پس اللہ تعالیٰ نے عائشہؓ کا عذر نازل کیا، عائشہؓ نے کہا: اللہ کی حمد کے ساتھ یعنی میں اللہ کا شکریہ ادا کرتی ہوں، نہ کسی کی حمد کے ساتھ یعنی کسی اور کا شکریہ ادا نہیں کرتی اور نہ آپؐ کی حمد کے ساتھ یعنی میں آپؐ کا بھی شکریہ ادا نہیں کرتی۔

تشریح: یہ مسروق رحمہ اللہ کی ام رومانؓ سے روایت ہے اور اس کا سیاق گذشتہ روایت (نمبر ۴۱۴۱) سے مختلف ہے، وہ روایت چار بڑے حضرات کی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے تھی اور موصول تھی، اور مسروق کی ام رومانؓ سے روایت شاید منقطع ہے، تہذیب التہذیب میں یہ قول بھی ہے اس لئے اعتماد پہلی روایت پر ہے۔

فائدہ: اس حدیث کے شروع میں کسی شاگرد نے یہ عبارت بڑھائی ہے: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَبْد اللّٰہ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ ابْنِ إِبْرَاھِیْمَ بْنِ الْمُغِیْرَۃِ الْجُعْفِیُّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ: ترحّم (رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ) دلیل ہے کہ یہ عبارت بعد میں بڑھائی گئی ہے اور اس میں خاص نکتہ یہ ہے کہ شاگرد نے امام بخاری رحمہ اللہ کا نسب مغیرہ تک بیان کیا ہے، مغیرہ سب سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں، پس ہمارے دیار میں جو مغیرہ کے بعد بَردِزْبَہ کا نام لیا جاتا ہے وہ ٹھیک نہیں، وہ کافر تھا، اس کے ذکر سے کیا فائدہ؟ امام بخاری رحمہ اللہ کا نسب نامہ یہیں تک ذکر کرنا چاہئے۔

[۴۱۴۴-] حَدَّثَنِیْ یَحْیٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا وَکِیْعٌ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ مُلَیْکَۃَ، عَنْ عَائِشَۃَ، کَانَتْ تَقْرَأُ: إِذْ تَلِقُوْنَہُ بِأَلْسِنَتِکُمْ، وَتَقُوْلُ: الْوَلَقُ: الْکَذِبُ، قَالَ ابْنُ أَبِیْ مُلَیْکَۃَ: وَکَانَتْ أَعْلَمَ مِنْ غَیْرِھَا بِذٰلِکَ لِأَنَّہُ نَزَلَ فِیْھَا. [۴۷۵۲]

وضاحت: سورۃ النور کی آیت ۱۵ کا شروع حصہ ہے: ﴿إِذْ تَلَقَّوْنَہُ بِأَلْسِنَتِکُمْ﴾: جب تم اس (جھوٹ) کو اپنی زبانوں سے نقل درنقل کر رہے تھے (تھانویؒ) اس کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا إِذْ تَلِقُوْنَہُ بِأَلْسِنَتِکُمْ: (لام کے زیر کے ساتھ) پڑھتی تھیں، اور فرماتی تھیں: وَلَقَ کے معنی ہیں: جھوٹ، وَلَقَ یَلِقُ وَلْقًا فِی الْکَذِبِ: وہ برابر جھوٹ بولتا رہا، پس اب ترجمہ ہوگا: تم اپنی زبانوں سے وہ جھوٹی بات بول رہے تھے، ابن ابی ملیکہؒ فرماتے ہیں: صدیقہؓ اس آیت کی قراءت کو بہتر جانتی ہیں، کیونکہ یہ آیت انہی کے حق میں نازل ہوئی ہے (اور مطلب دونوں قراءتوں کا ایک ہے کہ تم ان جھوٹی باتوں کا چرچا کر رہے تھے)

[۴۱۴۵-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَۃَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَۃُ، عَنْ ھِشَامٍ، عَنْ أَبِیْہِ، قَالَ: ذَھَبْتُ أَسُبُّ حَسَّانَ عِنْدَ عَائِشَۃَ، فَقَالَتْ: لَا تَسُبَّہُ فَإِنَّہُ کَانَ یُنَافِحُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَقَالَتْ عَائِشَۃُ: اسْتَأْذَنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ ھِجَاءِ الْمُشْرِکِیْنَ، قَالَ: "کَیْفَ بِنَسَبِیْ؟" قَالَ:

لَأَسُلَّنَّكَ مِنْهُمْ كَمَا تُسَلُّ الشَّعْرَةُ مِنَ الْعَجِيْنِ.
وَقَالَ مُحَمَّدٌ: ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ فَرْقَدٍ، سَمِعْتُ هِشَامًا، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَبَبْتُ حَسَّانَ وَكَانَ مِمَّنْ كَثَّرَ عَلَيْهَا. [راجع: ۳۵۳۱]

ترجمہ: عروہؒ کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو برا کہنا شروع کیا، پس صدیقہؓ نے فرمایا: ان کو برامت کہو، اس لئے کہ وہ نبی ﷺ کی طرف سے لات مارتے تھے یعنی کفار کی ہجو کا جواب دیتے تھے، صدیقہ کہتی ہیں: حسانؓ نے نبی ﷺ سے مشرکین کی ہجو کرنے کی اجازت چاہی، نبی ﷺ نے فرمایا: میرے نسب کا کیا کروگے؟ یعنی میں بھی تو اسی خاندان سے ہوں، جب تم اس خاندان کی برائی کروگے تو وہ برائی مجھ تک بھی پہنچے گی؟ حضرت حسانؓ نے کہا: میں آپؐ کو اس سے نکال لوں گا، جس طرح بال آٹے میں سے نکال لیا جاتا ہے، اور دوسرے طریق سے عروہؒ کہتے ہیں: میں نے حسانؓ کو برا کہا اور تھے وہ ان لوگوں میں سے جنھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے خلاف بہت باتیں کی تھیں۔

[۴۱۴٦-] حَدَّثَنِيْ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، وَعِنْدَهَا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ، يُنْشِدُهَا شِعْرًا يُشَبِّبُ بِأَبْيَاتٍ لَهُ، وَقَالَ:

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيْبَةٍ ۞ وَتُصْبِحُ غَرْثَى مِنْ لُحُوْمِ الْغَوَافِلِ

فَقَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ: لٰكِنَّكَ لَسْتَ كَذٰلِكَ، قَالَ مَسْرُوْقٌ: فَقُلْتُ لَهَا: لِمَ تَأْذَنِيْ لَهُ أَنْ يَدْخُلَ عَلَيْكِ؟ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَالَّذِيْ تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيْمٌ﴾ قَالَتْ: وَأَيُّ عَذَابٍ أَشَدُّ مِنَ الْعَمَى؟ فَقَالَتْ لَهُ: إِنَّهُ كَانَ يُنَافِحُ، أَوْ: يُهَاجِيْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [انظر: ۴۷۵۵، ۴۷۵٦]

ترجمہ: مسروق رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا اور ان کے پاس حضرت حسان رضی اللہ عنہ تھے، وہ ان کو اشعار سنا رہے تھے، اور اپنے اشعار میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اوصاف ومحاسن بیان کر رہے تھے، ان کا ایک شعر یہ ہے:

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيْبَةٍ ۞ وَتُصْبِحُ غَرْثَى مِنْ لُحُوْمِ الْغَوَافِلِ

لغات: حَصَانٌ: پاک دامن، عفت مآب (مبتداء محذوف کی خبر) .... رَزَانٌ: باوقار، بھاری بھرکم .... مَا تُزَنُّ: نہیں متہم کی جاتی، زَنَّ فُلَانًا بِخَيْرٍ أَوْ شَرٍّ (ن) کسی کے متعلق اچھا یا برا گمان قائم کرنا .... رِيْبَة: شک، تہمت .... غَرْثَى: بھوکی، یعنی غیبت نہیں کرتی .... الْغَوَافِل: غَافِلَة کی جمع: گناہ سے بے خبر۔

ترجمہ: (وہ) پاک دامن باوقار ہیں، کسی شک کے ساتھ متہم نہیں کی جاتیں اور صبح کرتی ہیں بھوکی گناہ سے بے خبر عورتوں کے گوشت سے۔

ان سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: مگر آپ تو ایسے نہیں، مسروق کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہؓ سے کہا: آپ کیوں اجازت دیتی ہیں حسانؓ کو کہ آئیں وہ آپؓ کے پاس، جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ﴿وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِیْمٌ﴾: اور جس نے ان میں سے اس (الزام تراشی) میں سب سے بڑا حصہ لیا ہے اس کو سخت سزا ملے گی، یعنی ایسے مجرم کو آپ اپنے پاس کیوں آنے دیتی ہیں؟ صدیقہؓ نے فرمایا: اندھا ہونے سے زیادہ بڑی کونسی سزا ہوسکتی ہے؟ (حضرت حسانؓ نابینا ہوگئے تھے) پھر صدیقہؓ نے مسروق رحمہ اللہ سے کہا: حسانؓ نبی ﷺ کی طرف سے مدافعت کیا کرتے تھے، یا فرمایا: جوابی ہجو کیا کرتے تھے۔

تشریح: آیت کریمہ کا مصداق تو عبداللہ بن ابی ہے، مسروق نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو مصداق بنایا ہے، اور صدیقہؓ نے ان کی بات کو برقرار رکھا ہے، اور فرمایا: اللہ نے ان کو اندھا کردیا، یہی سب سے بڑی سزا ہے، علامہ بدرالدین زرکشیؒ نے مسروق پر اعتراض کیا ہے اور حاشیہ میں ہے کہ یہ اعتراض تو حقیقت میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر ہے، کیونکہ انھوں نے مسروق کی بات کو برقرار رکھا ہے، غرض حضرت حسانؓ آیت کا مصداق نہیں، اور صدیقہ کا مسروق کو ان کی بات پر برقرار رکھنا قابل اعتراض ہے (حاشیہ)

(غزوۂ مریسیع اور واقعہ افک کا بیان مع اس کے متعلقات کے پورا ہوا)



غزوۂ حدیبیہ (صلح حدیبیہ)

حُدَیْبِیہ کی ی مخفف اور مشدد دونوں طرح درست ہے، حدیبیہ ایک کنواں کا نام ہے، اس کے پاس ایک گاؤں ہے، وہ بھی حدیبیہ کہلاتا ہے، یہ گاؤں مکہ معظّمہ سے ۹ میل کے فاصلہ پر ہے، اس کا اکثر حصہ حرم میں ہے، اور کچھ حصہ حل میں ہے، یہ غزوہ ذی قعدہ سن ۶ ہجری میں پیش آیا ہے۔

واقعات کا تسلسل:

۱- غزوۂ احزاب میں جب کفار کا لشکر نامراد واپس لوٹا تو آپؐ نے فرمایا: اب ہم ان پر چڑھائی کریں گے وہ ہم پر حملہ نہیں کرسکیں گے، ہم ان پر فوج کشی کریں گے (حدیث ۴۱۱۰) نبی ﷺ کا یہ ارشاد تمام صحابہ جانتے تھے۔

۲- پھر نبی ﷺ نے خواب دیکھا: آپؐ صحابہ کے ساتھ عمرہ کے لیے مکہ تشریف لے گئے اور باطمینان عمرہ ادا کیا، اس خواب کا ذکر سورۃ الفتح آیت ۲۷ میں ہے، کعبہ شریف تمام عربوں کی مشترک عبادت گاہ تھی، اس لئے آپؐ نے اور صحابہ نے خیال کیا کہ اگر وہ عمرہ کے لئے جائیں گے تو مکہ والے نہیں روکیں گے، چنانچہ سن ۶ ہجری میں آپؐ پندرہ سو صحابہ کے ساتھ ذو الحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھ کر اور قربانی کے اونٹ ساتھ لے کر مکہ کی طرف روانہ ہوئے، اور خبروں کو چھپانے کا اہتمام نہیں کیا، کیونکہ جنگ مقصود نہیں تھی، عمرہ کرنا مقصود تھا، اس لئے خبر مکہ والوں تک پہنچ گئی کہ مسلمان عمرہ کرنے آرہے ہیں، اُن لوگوں نے طے کیا کہ کسی قیمت پر ان کو مکہ نہیں آنے دینا۔

۳- جب نبی ﷺ اور صحابہ مکہ سے تین مرحلوں پر رہ گئے تو آپؐ کو اطلاع ملی کہ قریش کا ہراول دستہ ذو طُوی مقام پر پہنچ گیا ہے، لوگ عام طور پر ذو طوی سے مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے تھے، یہ ہراول دستہ (مقدمۃ الجیش) خالد بن الولید کی سرکردگی میں کُرَاعُ الْغَمِیْم پر موجود تھا، اس لئے آپؐ نے صحابہ کرام کو حکم دیا کہ ذو طوی کا راستہ چھوڑ کر دائیں جانب کا راستہ اختیار کریں، تاکہ ہم دوسرے راستہ سے مکہ پہنچ جائیں، چنانچہ ایک راہبر دشوار گذار راستہ سے آپؐ کو لے کر چلا، اس طرح آپؐ حدیبیہ میں پہنچ گئے، ورنہ عام طور پر جو لوگ مدینہ سے آتے تھے وہ حدیبیہ سے نہیں گذرتے تھے۔

۴- جب نبی ﷺ اس نکڑ پر پہنچے جہاں سے مکہ والوں پر اترا جاتا ہے تو آپؐ کی اونٹنی بیٹھ گئی، لوگوں نے کہا: اٹھ اٹھ! وہ نہیں اٹھی، لوگوں نے کہا: قصواء اڑ گئی، نبی ﷺ نے فرمایا: قصواء اڑی نہیں، نہ یہ اس کی عادت ہے بلکہ اس کو روک لیا ہے ہاتھی کو روکنے والے نے، پھر آپؐ نے عہد کیا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نہیں مطالبہ کریں گے

مکہ والے مجھ سے کسی ایسی بات کا جس میں اللہ کی محترم کی ہوئی جگہوں کی تعظیم ہوگی، مگر میں ان کی بات مان لوں گا، پھر آپؐ نے اونٹنی کو جھڑ کا تو وہ کود کر کھڑی ہوگئی، پس آپؐ نے مکہ کا راستہ چھوڑ دیا اور حدیبیہ کے آخر میں اترے (حدیبیہ کا یہ حصہ حرم سے باہر تھا) وہاں جو چشمہ تھا اس میں برائے نام پانی تھا، لوگوں نے پہنچتے ہی پانی چوس لیا، جب پانی نہ رہا تو لوگوں نے پیاس کا شکوہ کیا، آپؐ نے اپنے ترکش میں سے ایک تیر نکالا، اور لوگوں کو حکم دیا کہ وہ اس کو کنویں میں گاڑ دیں، تھوڑی دیر کے بعد پانی جوش مارنے لگا، لوگوں نے پانی پیا، یہاں تک کہ سب سیراب ہوگئے اور جب تک حدیبیہ میں قیام رہا لوگ اس چشمہ سے پانی لیتے رہے۔

۵- حدیبیہ پہنچ کر نبی ﷺ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو مکہ بھیجا تاکہ وہ انہیں بتائیں کہ ہم لڑنے نہیں آئے، عمرہ کرنے آئے ہیں، اور کعبہ شریف پر سب کا حق ہے، لہٰذا ہمیں عمرہ کرنے کا موقع دیا جائے، جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پہنچے تو ان کو روک لیا گیا، اور کہا گیا: ہم مشورہ کر کے جواب دیتے ہیں، جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے آنے میں دیر ہوئی تو افواہ اڑی کہ ان کو قتل کر دیا گیا، اب جنگ ناگزیر ہوگئی، چنانچہ آپؐ نے ایک کیکر کے درخت کے نیچے صحابہ سے بیعت لی کہ اگر جنگ ہوئی تو وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے، جب اس بیعت کی اطلاع مکہ والوں کو پہنچی تو انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جلدی سے بھیج دیا پھر سفارتوں کا سلسلہ شروع ہوا۔

پہلی سفارت: بدیل بن ورقاء خزاعی اپنے قبیلہ کے چند افراد کے ساتھ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، تہامہ کے باشندوں میں یہی قبیلہ نبی ﷺ کا خیر خواہ تھا، اس نے کہا: میں کعب بن لؤی کو چھوڑ کر آیا ہوں وہ حدیبیہ کے کثیر پانی والے چشمہ پر پڑاؤ ڈال چکے ہیں ان کے ساتھ عورتیں، بچے اور دودھ والی اونٹنیاں ہیں، وہ آپؐ سے لڑنے کے لئے اور آپؐ کو بیت اللہ سے روکنے کے لئے آئے ہیں، نبی ﷺ نے بُدیل سے فرمایا: ہم کسی سے لڑنے نہیں آئے اور لڑائیوں نے قریش کی کمر توڑ دی ہے پس اگر وہ چاہیں تو میں ان سے ایک مدت کے لئے ناجنگ معاہدہ کرلوں، اور وہ میرے اور لوگوں کے درمیان سے ہٹ جائیں اور اگر ان کو یہ بات منظور نہیں تو قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں ضرور ان سے لڑوں گا، اپنے اس معاملہ (دین) پر یہاں تک کہ میری یہ گردن اتر جائے اور اللہ تعالیٰ ضرور اپنے دین کا بول بالا کریں گے۔

بدیل نے کہا: میں مکہ والوں کو آپؐ کی بات پہنچاتا ہوں، وہ قریش کے پاس پہنچا اور کہا: میں اس آدمی سے مل کر آیا ہوں وہ ایک بات کہتے ہیں اگر تم چاہو تو میں وہ بات تمہارے سامنے رکھوں، ان کے بیوقوفوں نے کہا: ہمیں کچھ ضرورت نہیں کہ تم ہمیں اس کی بات بتلاؤ، مگر ان کے سمجھداروں نے کہا: بتلاؤ وہ کیا کہتے ہیں؟ بدیل نے کہا: وہ یہ کہتے ہیں، ان کو ساری بات بتلائی۔

دوسری سفارت: پس عروہ بن مسعود کھڑا ہوا، یہ طائف کا تھا جو مکہ میں آگیا تھا، اس نے لوگوں سے کہا: یہ شخص تمہارے سامنے بھلائی کی بات پیش کرتا ہے، اس کو مان لو اور مجھے موقع دو کہ میں اس کے پاس جاؤں، مکہ والوں نے کہا:

آپ ان کے پاس جاسکتے ہیں، اس نے بھی نبی ﷺ سے وہی بات کہی جو بدیل نے کہی تھی، نبی ﷺ نے اس کو بھی وہی جواب دیا جو بدیل کو دیا تھا، اس نے واپس لوٹ کر قریش کے سامنے صحابہ کی گرویدگی کا نقشہ کھینچا اور کہا کہ وہ تمہارے سامنے بھلائی کی بات پیش کرتے ہیں اس کو مان لو۔

تیسری سفارت: پھر بنو کنانہ کا ایک آدمی بات چیت کے لئے آیا، جب وہ قریب آیا تو آپؐ نے فرمایا: یہ فلاں شخص ہے اور ایسی قوم کا آدمی ہے جو ہدی کی جانوروں کی تعظیم کرتے ہیں، پس ہدی کے اونٹوں کو اس کے لئے کھڑا کرو، چنانچہ اونٹ کھڑے کئے گئے اور لوگوں نے تلبیہ پڑھتے ہوئے اس کا استقبال کیا، جب اس نے یہ منظر دیکھا تو کہا: سبحان اللہ! ان لوگوں کے لئے مناسب نہیں کہ یہ بیت اللہ سے روکے جائیں اور یہی بات اس نے لوٹ کر قریش سے کہی۔

چوتھی اور پانچویں سفارت: پھر مکرز آیا، جب وہ قریب آیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: یہ مکرز ہے اور بدکار آدمی ہے وہ آپؐ سے گفتگو کر رہی رہا تھا کہ سہیل بن عمرو آگیا، اس کو دیکھ کر نبی ﷺ نے نیک فال لیا کہ اب تمہارے لئے تمہارا معاملہ آسان کیا گیا، چنانچہ صلح نامہ لکھا گیا اس میں بنیادی دفعات درج ذیل تھیں:

(الف) نبی ﷺ اور مسلمان اس سال مکہ میں داخل ہوئے بغیر واپس جائیں، اگلے سال عمرہ کرنے آئیں، اور تین دن مکہ میں قیام کریں، اور وہ ہتھیار لے کر نہ آئیں، صرف تلوار ساتھ لائیں جو میان میں اور خرجی میں ہو۔

(ب) دس سال تک فریقین کے درمیان جنگ کی ڈبیہ بند رہے گی اس عرصہ میں لوگ مامون رہیں گے، کوئی کسی پر ہاتھ نہیں اٹھائے گا۔

(ج) قبائل میں سے جو چاہے قریش کے عہد و پیمان میں داخل ہو اور جو چاہے نبی ﷺ کے عہد و پیمان میں داخل ہو، جو قبیلہ جس فریق کے ساتھ شامل ہوگا اس کا ایک جزء سمجھا جائے گا، اگر اس قبیلہ پر زیادتی ہوئی تو خود اس پر زیادتی تصور کی جائے گی۔

(د) قریش کا جو آدمی مسلمان ہو کر مدینہ جائے وہ واپس کیا جائے اور مدینہ کا جو مسلمان مرتد ہو کر مکہ آئے مکہ والے اس کو واپس نہیں کریں گے۔

یہ معاہدہ لکھ لیا گیا، اس پر فریقین کے دستخط ہوگئے اور کاغذات کا تبادلہ ہوگیا، جب صلح مکمل ہوگئی تو بنی خزاعہ نبی ﷺ کے عہد و پیمان میں داخل ہوئے، یہ لوگ عبدالمطلب کے زمانہ سے بنو ہاشم کے حلیف تھے، اور بنو بکر قریش کے عہد و پیمان میں داخل ہوئے۔

۶- جب صلح نامہ لکھا جاچکا تو نبی ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: اٹھو، قربانیاں کرو اور احرام کھول دو، مگر کوئی نہیں اٹھا، آپؐ نے تین مرتبہ یہ بات فرمائی، جب کوئی نہیں اٹھا تو آپؐ خیمہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور لوگوں کے طرز عمل کا شکوہ کیا، ام المؤمنین نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپؐ ایسا چاہتے ہیں؟ آپؐ تشریف لے جائیں اور کسی سے کچھ

نہ کہیں، جانور ذبح کریں اور حجام کو بلا کر سر منڈا لیں، آپؐ باہر تشریف لائے اور کسی سے کچھ نہیں کہا، اپنا ہدی کا جانور ذبح کیا اور حجام کو بلا کر سر منڈا دیا، جب لوگوں نے یہ دیکھا تو ایک دم اٹھے اپنے اپنے جانور ذبح کئے اور ایک دوسرے کے سر مونڈ نے لگے، کیفیت یہ تھی کہ فرطِ غم سے ایک دوسرے کو قتل کر ڈالیں گے، پھر چند دن حدیبیہ میں قیام کر کے آپؐ مدینہ کی طرف واپس لوٹے، راستہ میں سورۃ الفتح نازل ہوئی، اس میں صلح حدیبیہ کو 'فتح مبین' (واضح کامیابی) قرار دیا گیا۔

اس مصالحت کے موقعہ پر چند اہم واقعات پیش آئے ہیں، جو درج ذیل ہیں:

۱- حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عروۃ بن مسعود کو سڑی ہوئی گالی دی:

عروۃ بن مسعود نے نبی ﷺ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا: محمد! (ﷺ) بتلاؤ اگر آپؐ نے اپنی قوم کا معاملہ جڑ سے اکھاڑ دیا تو کیا آپؐ نے کسی عرب کو سنا ہے جس نے آپؐ سے پہلے اپنے ہی لوگوں کو تباہ کر دیا ہو؟ اور اگر صورت حال دوسری ہوئی تو میں ایسے چہروں کو دیکھ رہا ہوں اور ایک ایسی بھیڑ دیکھ رہا ہوں جو وقت پر بھاگ کھڑی ہوگی، اور تمہیں تنہا چھوڑ دے گی، اس کی یہ بات حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ برداشت نہیں کر سکے، آپؓ نے فرمایا: 'لات (دیوی) کا ٹنا چوس!' کیا ہم حضور ﷺ کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے؟ اور حضور ﷺ کو تنہا چھوڑ دیں گے؟

۲- حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے عروۃ بن مسعود کے ہاتھ پر تلوار کا دستہ مارا:

جب عروۃ نبی ﷺ سے باتیں کر رہا تھا تو بار بار حضور ﷺ کی ڈاڑھی پکڑتا تھا، حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے سر پر کھڑے تھے، ان کے ہاتھ میں تلوار تھی، انھوں نے لوہے کی ٹوپی پہن رکھی تھی، عروہ جب بھی ڈاڑھی پکڑنے کے لئے ہاتھ بڑھاتا تو وہ اس کے ہاتھ پر تلوار کا دستہ مارتے اور کہتے: اپنا ہاتھ نبی ﷺ کی ڈاڑھی سے پیچھے رکھ، عروہ نے سر اٹھایا اور پوچھا: یہ کون ہے؟ بتایا گیا کہ مغیرہ بن شعبہؓ ہیں، اس نے کہا: او بے وفا! کیا میں تیری بے وفائی سے نمٹنے کی کوشش نہیں کر رہا؟ حضرت مغیرہؓ نے اسلام سے پہلے کچھ لوگوں کو قتل کیا تھا اور ان کا مال لے کر مدینہ جا کر مسلمان ہو گئے تھے، اس سے نمٹنے کی عروہ کوشش کر رہا تھا۔

۳- صحابہ کی فدائیت:

عروۃ نبی ﷺ سے بات چیت کر رہا تھا اور صحابہ کو بغور دیکھ رہا تھا، اگر نبی ﷺ رینٹ پھینکتے تو وہ کسی نہ کسی صحابی کی ہتھیلی میں گرتی وہ اس کو اپنے چہرے اور بدن پر مل لیتا، اور جب نبی ﷺ کوئی حکم دیتے تو صحابہ اس کی تعمیل کے لئے دوڑتے، اور جب آپؐ وضو کرتے تو بچا ہوا پانی حاصل کرنے کے لئے لوگ لڑنے کے قریب ہو جاتے اور جب آپؐ بات کرتے تو سب کی آوازیں پست ہو جاتیں، اور کوئی آپؐ کو گھور کر نہیں دیکھتا تھا، یہ منظر جو عروہ نے دیکھا تھا وہ واپس جا کر قریش کو بتایا کہ میں بادشاہوں کے دربار میں گیا ہوں ایسی فدائیت میں نے کہیں نہیں دیکھی۔

۴-قریش کے جوانوں نے جنگ کی آگ بھڑکانے کی کوشش کی:

جب قریش کے پرجوش جوانوں نے دیکھا کہ سربرآوردہ لوگ صلح کی طرف مائل ہیں تو انھوں نے صلح میں رخنہ ڈالنے کا پروگرام بنایا کہ رات میں مسلمانوں کے کیمپ میں گھس جائیں اور ہنگامہ بپا کردیں، تاکہ جنگ کی آگ بھڑک جائے، چنانچہ ستر یا اسّی نوجوان جبل تنعیم سے اتر کر مسلمانوں کے کیمپ میں چپکے سے گھسنے کی کوشش کرنے لگے، اسلامی فوج کے پہریداروں کے کمانڈر محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے سب کو گرفتار کرلیا، صبح سب نبی ﷺ کے سامنے پیش کئے گئے تو آپؐ نے صلح کی خاطر سب کو معاف کردیا اس کا تذکرہ سورۃ الفتح آیت ۲۴ میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِیْ کَفَّ أَیْدِیَهُمْ عَنْکُمْ وَأَیْدِیَکُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَکَّةَ مِنْ بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَکُمْ عَلَیْهِمْ﴾: اور اللہ تعالیٰ ایسے ہیں جنھوں نے ان (کفار) کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے مکہ کے قریب روک دیئے، اس کے بعد کہ تم کو ان پر قابو دیدیا، یعنی رات میں چپکے سے وہ تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچا سکے اور صبح تم نے ان کو کوئی سزا نہیں دی، اس لئے صلح ہوگئی ورنہ صلح میں رخنہ پڑتا۔

۵-حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو سفیر بنا کر کیوں بھیجا؟

جب نبی ﷺ نے ارادہ کیا کہ قریش کے پاس آدمی بھیجیں جو آپؐ کے سفر کا مقصد واضح کرے تو آپؐ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلایا، انھوں نے یہ کہہ کر معذرت کی کہ اگر مکہ والوں نے مجھے اذیت پہنچائی تو مکہ میں میرے خاندان کا ایک فرد بھی ایسا نہیں ہے جو میری حمایت میں کچھ بول سکے، آپؐ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بھیج دیں ان کا کنبہ مکہ میں ہے، چنانچہ آپؐ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بھیجا، تاکہ وہ آپؐ کا پیام مکہ والوں تک پہنچائیں۔

۶-قصہ ابوجندل رضی اللہ عنہ کا:

صلح نامہ لکھا ہی جارہا تھا کہ سہیل کے بیٹے ابوجندل رضی اللہ عنہ اپنی بیڑیاں گھسیٹتے ہوئے مسلمانوں کے کیمپ میں آپہنچے، وہ زیریں مکہ سے نکل کر آئے تھے انھوں نے اپنے آپ کو مسلمانوں کے درمیان ڈال دیا، سہیل نے کہا: سب سے پہلے آپؐ میرے اس بیٹے کو واپس کریں، نبی ﷺ نے فرمایا: ابھی تحریر مکمل نہیں ہوئی، اس نے کہا: پھر میں کوئی صلح نہیں کرتا، نبی ﷺ نے فرمایا: تم اپنے اس بیٹے کو میری خاطر چھوڑ دو، اس نے کہا: میں آپ کی خاطر ہرگز نہیں چھوڑ سکتا، آپؐ نے فرمایا: آپ کو اتنا تو کرنا ہی پڑے گا، اس نے کہا: میں نہیں کرسکتا، پھر سہیل نے ابوجندلؓ کے چہرے پر تھپڑ مارا اور گلا پکڑ کر گھسیٹ کر واپس لے چلا، ابوجندلؓ زور سے چیخ کر کہنے لگے: مسلمانو! کیا میں مشرکین کی طرف واپس کیا جاؤں گا؟ کیا تم دیکھتے نہیں: میرا کیا حال کر رکھا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابوجندل! صبر کرو، اور ان تکلیفوں کو باعث ثواب سمجھو، اللہ تعالیٰ تمہارے لئے اور تمہارے جیسے کمزور مسلمانوں کے لئے کشادگی اور پناہ کی جگہ بنائیں گے، ہم نے قریش سے صلح کرلی

ہے، اور ہم نے ان کو اللہ کا عہد و پیمان دیدیا ہے اس لئے ہم بدعہدی نہیں کر سکتے۔

جب سہیل ابو جندل رضی اللہ عنہ کو لے کر چلا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ابو جندل رضی اللہ عنہ کے پہلو میں چل رہے تھے، اور کہہ رہے تھے: ابو جندل! صبر کرو، یہ لوگ مشرک ہیں ان کا خون بس کتے کا خون ہے اور ساتھ ہی اپنی تلوار کا دستہ ان کے قریب کرتے جارہے تھے تا کہ وہ تلوار لے کر اپنے باپ کو نمٹادیں، مگر انھوں نے ہمت نہ کی۔

۷-صلح حدیبیہ کا اطلاق عورتوں پر نہیں ہوا:

صلح مکمل ہونے کے بعد کچھ مسلمان عورتیں آئیں، ان کے ورثاء نے مطالبہ کیا کہ وہ عورتیں انہیں واپس کی جائیں، مگر معاہدہ میں رَجُلٌ (مرد) لکھا گیا تھا، اس لئے عورتیں اس معاہدہ میں شامل نہیں ہوئیں، پھر سورۃ الممتحنہ کی آیات نے نازل ہو کر معاملہ صاف کر دیا کہ عورتوں پر معاہدہ کا اطلاق نہیں ہوتا۔

۸-حضرت عمرؓ اور دیگر صحابہ کی بے تابی:

صلح حدیبیہ کی دفعات ایسی تھیں کہ مسلمانوں کو سخت غم و غصہ لاحق تھا، کیونکہ آپؐ نے صحابہ کو بتایا تھا کہ آپؐ بیت اللہ تشریف لے جائیں گے اور اس کا طواف کریں گے، لیکن آپؐ طواف کئے بغیر واپس ہو رہے تھے، پھر آپؐ اللہ کے رسول تھے، حق پر تھے، اور اللہ نے اپنے دین کو غالب کرنے کا وعدہ کیا تھا، پھر آپؐ نے صلح میں قریش کا دباؤ کیوں قبول کیا؟ اور دب کر صلح کیوں کی؟ اس قسم کی باتیں وسوسے پیدا کر رہی تھیں، اور سب سے زیادہ غم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تھا، انھوں نے نبی ﷺ سے بھی اس معاملہ میں گفتگو کی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بھی، جو پہلے (تحفۃ القاری ۶:۱۲۳ میں) آچکی ہے۔

اس کے بعد جب سورہ فتح نازل ہوئی جس میں صلح کو فتح مبین قرار دیا گیا تو نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلا کر یہ سورت پڑھ کر سنائی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ فتح ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں یہ فتح ہے، اس سے ان کے دل کو سکون ہو گیا، بعد میں وہ اپنی تقصیر پر سخت نادم تھے، خود فرمایا کرتے تھے: اس روز جو میں نے گستاخی کی تھی اس کی معافی کے لئے میں نے بہت سے اعمال کئے ہیں، برابر صدقہ خیرات کرتا رہا، روزے رکھتا، نماز پڑھتا، اور غلام آزاد کرتا رہا، یہاں تک کہ اب مجھے خیر کی امید ہے۔

۹-ابو جندل رضی اللہ عنہ جیسے کمزور مسلمانوں کا مسئلہ حل ہو گیا:

جب نبی ﷺ اور صحابہ مدینہ واپس ہو کر مطمئن ہو گئے تو حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ جو قبیلہ ثقیف سے تعلق رکھتے تھے، جو قریش کے حلیف تھے، مدینہ آ گئے، ان کی واپسی کے لئے قریش نے دو آدمی بھیجے، نبی ﷺ نے ابو بصیرؓ کو ان کے حوالہ کر دیا، انھوں نے ذوالحلیفہ پہنچ کر ایک کو موت کی گھاٹ اتار دیا، دوسرا بھاگ کر مدینہ آیا، حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ بھی

پیچھے پیچھے آئے، نبی ﷺ نے فرمایا: اس کی ماں کے لئے بربادی ہو! کوئی آدمی ہوتا جو اسے مکہ پہنچا کر آتا، یہ تو جنگ کی آگ بھڑکائے گا، ابوبصیرؓ یہ سن کر ساحل سمندر پر چلے گئے، پھر ابوجندلؓ بھی وہیں آگئے، اور دیگر کمزور مسلمان بھی بھاگ کر ان سے آملے، یہاں تک کہ وہاں ایک جماعت اکٹھا ہوگئی، اب وہ قریش کے قافلوں کے ساتھ چھیڑ کرتے، اوران کا مال لوٹ لیتے، قریش نے تنگ آکر نبی ﷺ کو اللہ کا اور قرابت کا واسطہ دیا کہ آپؐ ان کو اپنے پاس بلالیں، اور معاہدہ کی یہ دفعہ ختم سمجھیں کہ جو مکہ سے مدینہ جائے اسے واپس کیا جائے، چنانچہ نبی ﷺ نے ان کو بلالیا اور وہ مدینہ آگئے۔

[۳۶-] بَابُ غَزْوَةِ الْحُدَيْبِيَةِ

لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ﴾ الآيَةَ. [الفتح: ۱۸]

۱-غزوۂ حدیبیہ اور بیعتِ رضوان

نبی ﷺ نے غزوۂ احزاب کے بعد خواب دیکھا کہ آپؐ صحابہ کے ساتھ مکہ میں امن وامان کے ساتھ داخل ہوئے، اور عمرہ کرکے حلق وقصر کیا، آپؐ نے یہ خواب صحابہ سے بیان فرمایا، خواب میں اگرچہ وقت کی تعیین نہیں تھی، مگر شدتِ اشتیاق سے اکثروں کا خیال اس طرف گیا کہ امسال عمرہ میسر آئے گا، چنانچہ آپؐ تقریباً ڈیڑھ ہزار صحابہ کو ہمراہ لے کر عمرہ کے لئے مکہ کی طرف روانہ ہوئے، یہ خبر مکہ پہنچی تو قریش نے اتفاق کرلیا کہ آپؐ کو مکہ نہیں آنے دینا، حدیبیہ میں پہنچ کر آپؐ کی اونٹنی بیٹھ گئی، آپؐ نے عہد کیا کہ مکہ والے جس بات کا بھی مطالبہ کریں گے جس میں حرمات اللہ کی تعظیم ہوگی آپؐ اس کو منظور کرلیں گے، پھر آپؐ نے حدیبیہ میں قیام فرمایا اور خراش بن امیہ خزاعی رضی اللہ عنہ کو مکہ والوں کے پاس بھیجا کہ ہم لڑنے نہیں آئے، عمرہ کرکے چلے جائیں گے، مکہ والوں نے ان کے اونٹ کو ذبح کر ڈالا اور ان کے قتل کا ارادہ کیا، مگر کچھ لوگوں نے درمیان میں پڑ کر بچادیا، انھوں نے واپس آکر پورا واقعہ بیان کیا پس آپؐ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بھیجنا چاہا، انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بھیجنے کا مشورہ دیا، چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پیغام لے کر گئے، قریش نے ان کو روک لیا، اور خبر مشہور ہوگئی کہ حضرت عثمانؓ کو قتل کردیا، اس لئے جنگ ناگزیر ہوگئی، آپؐ نے سب صحابہ سے ایک کیکر کے درخت کے نیچے بیٹھ کر جہاد کی بیعت لی، جب قریش نے بیعت کی خبر سنی تو وہ ڈر گئے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو واپس بھیج دیا۔ پھر چند سفارتیں آئیں، بعض امور میں بحث وتکرار بھی ہوئی اور مسلمانوں کو غصہ اور جوش بھی آیا، مگر نبی ﷺ نے سب شرطیں منظور فرمالیں اور صلح ہوگئی۔

اس بیعت کو 'بیعتِ رضوان' کہتے ہیں، اس کا ذکر سورۃ الفتح آیت ۱۸ میں ہے: ﴿لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَافِيْ قُلُوْبِهِمْ فَأَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا﴾: بالتحقیق اللہ تعالیٰ مؤمنین سے خوش ہوئے جب وہ لوگ آپؐ سے کیکر کے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے اور ان کے دلوں میں جو کچھ تھا وہ اللہ

تعالیٰ کو معلوم تھا، پس اللہ تعالیٰ نے ان پر اطمینان نازل کیا اور ان کو لگے ہاتھوں ایک فتح دیدی۔

اس ارشاد پاک میں رَضِیَ کی وجہ سے حدیبیہ کی اس بیعت کو بیعت الرضوان کہتے ہیں، حدیبیہ میں جو صلح ہوئی تھی اس سے مسلمان بے تاب تھے، غم وغصہ ان کے دلوں میں بھرا ہوا تھا، مگر اللہ نے سکینت نازل فرمائی اور تمام صحابہ کو صلح پر اطمینان ہوگیا اور لگے ہاتھوں فتح سے مراد فتح خیبر ہے جو حدیبیہ سے واپسی کے بعد فوراً مل گئی۔

[٤١٤٧-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ، فَأَصَابَنَا مَطَرٌ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَصَلَّى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الصُّبْحَ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ: "أَتَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! فَقَالَ: "قَالَ اللّٰهُ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ بِيْ، فَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَبِرِزْقِ اللّٰهِ وَبِفَضْلِ اللّٰهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ بِيْ، كَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِنَجْمِ كَذَا فَهُوَ مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ كَافِرٌ بِيْ"[راجع: ٨٤٦]

۲- حدیبیہ میں ایک رات بارش ہوئی اور لوگ دو قسم کے ہوگئے

حدیث: پہلے حدیث (تحفۃ القاری ۳:۱۷۴ میں) گذری ہے، حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ نکلے حدیبیہ کے سال، پس پہنچی ہمیں ایک رات بارش، پس صبح کی نماز پڑھائی ہمیں نبی ﷺ نے، پھر آپؐ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور پوچھا: کیا جانتے ہو: تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ لوگوں نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: صبح کی میرے بندوں نے دو حال میں، بعض مجھ پر ایمان لانے والے ہیں اور بعض میرا انکار کرنے والے ہیں، رہا وہ جس نے کہا: اللہ کی رحمت سے اور اللہ کی روزی دینے کے لئے اور اللہ کے فضل سے بارش ہوئی تو وہ مجھ پر ایمان لانے والا اور ستاروں کا انکار کرنے والا ہے، اور جس نے کہا: فلاں ستارے کی وجہ سے ہم بارش دیئے گئے تو وہ ستاروں پر ایمان لانے والا اور میرا انکار کرنے والا ہے۔

تشریح: ایسا کہنا کفر حقیقی ہے یا تہدید (دھمکی) ہے؟ حاشیہ میں امام نووی رحمہ اللہ کا قول لکھا ہے کہ اگر ستاروں کو مؤثر حقیقی مان کر یہ بات کہی گئی ہے جیسا کہ غیر مسلموں کا عقیدہ ہے تو یہ کفر حقیقی ہے، ایسا شخص مسلمان نہیں، اور اگر ستاروں کا تذکرہ بارش ہونے کی علامت کے طور پر کیا ہے تو وہ کافر نہیں ہوگا، مگر ایسا کہنا مکروہ تنزیہی ہے، لہٰذا اس سے بھی بچنا چاہئے۔

[٤١٤٨-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسًا أَخْبَرَهُ، قَالَ: اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَرْبَعَ عُمَرٍ، كُلُّهُنَّ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ، إِلَّا الَّتِيْ كَانَتْ مَعَ حَجَّتِهِ: عُمْرَةٌ مِنَ

الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَةٌ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِيْ ذِيْ الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَةٌ مِنَ الْجِعْرَانَةِ حَيْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ حُنَيْنٍ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَةٌ مَعَ حَجَّتِهِ. [راجع: ۱۷۷۹]

۳- نبی ﷺ نے چار عمرے کئے اور چاروں ذی قعدہ میں کئے

آنحضور ﷺ نے چار عمرے کئے ہیں اور چاروں ذی قعدہ میں کئے ہیں، پہلی بار حدیبیہ کے سال ذی قعدہ میں عمرہ کا احرام باندھ کر تشریف لے گئے، مگر مشرکین نے عمرہ نہیں کرنے دیا، چنانچہ آپؐ احرام کھول کر حدیبیہ سے واپس آگئے، پس یہ حکماً عمرہ ہے پھر اگلے سال ذی قعدہ میں اس کی قضاء کی، پھر فتح مکہ کے بعد اور غزوۂ حنین وطائف سے لوٹنے کے بعد جعرانہ سے ایک عمرہ کیا، وہ بھی ذی قعدہ میں کیا، اور حج کے ساتھ جو عمرہ کیا اس کا احرام بھی ذی قعدہ میں باندھا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۴۸۷ میں) گذری ہے، اور پہلے (حدیث ۳۱۴۴، تحفۃ القاری ۶: ۴۳۰) روایت آئی ہے، نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے جعرانہ سے کوئی عمرہ نہیں کیا، اگر جعرانہ سے آپؐ نے عمرہ کیا ہوتا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما پر وہ مخفی نہ رہتا، حاشیہ میں ہے کہ علماء نے اس کو ابن عمرؓ کی غیر حاضری پر یا نسیان پر محمول کیا ہے۔

فائدہ: اور یہ جو مشہور ہے کہ زمانۂ جاہلیت کا تصور یہ تھا کہ اشہرِ حج میں عمرہ کرنا بہت بڑا گناہ ہے یہ بات مطلقاً نہیں تھی، بلکہ حاجی کے لئے اشہرِ حج میں عمرہ کرنا جاہلیت میں جائز نہیں تھا، ان کے نزدیک عمرہ کے لئے علاحدہ سفر کرنا ضروری تھا، دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے سب عمرے اشہرِ حج میں کئے ہیں اگر وہ بات مطلقاً ہوتی تو مکہ والے کہہ سکتے تھے: تم ذی قعدہ میں عمرہ کرنے کیسے آگئے؟ مگر انھوں نے ایسی کوئی بات نہیں کہی۔

[۴۱۴۹-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ قَالَ: انْطَلَقْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فَأَحْرَمَ أَصْحَابُهُ وَلَمْ أُحْرِمْ. [راجع: ۱۸۲۱]

۴- حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ حدیبیہ کے سال نبی ﷺ کے ساتھ تھے

حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۵۲۱) تفصیل سے گذری ہے، عبداللہ کہتے ہیں: حدیبیہ کے سال میرے ابا نبی ﷺ کے ساتھ تھے، سب نے احرام باندھا تھا اور میرے ابا نے احرام نہیں باندھا تھا، اور پہلے حاشیہ میں یہ بات بیان کی ہے کہ بعض روایات میں ہے کہ یہ عمرۃ القضاء کا واقعہ ہے (عمدہ) اور بعض روایات میں ہے کہ یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے، پس یہ اختلاف رُوات ہے اور حدیث تفصیل سے محولہ جگہ میں ہے، وہاں حدیث کا ترجمہ بھی ہے۔

[۴۱۵۰-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: تَعُدُّوْنَ أَنْتُمْ

الْفَتْحَ فَتْحَ مَكَّةَ، وَقَدْ كَانَ فَتْحُ مَكَّةَ فَتْحًا، وَنَحْنُ نَعُدُّ الْفَتْحَ بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً، وَالْحُدَيْبِيَةُ بِئْرٌ فَنَزَحْنَاهَا فَلَمْ نَتْرُكْ فِيْهَا قَطْرَةً، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَتَاهَا فَجَلَسَ عَلٰى شَفِيْرِهَا، ثُمَّ دَعَا بِإِنَاءٍ مِنْ مَاءٍ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ مَضْمَضَ وَدَعَا ثُمَّ صَبَّهُ فِيْهَا، فَتَرَكْنَاهَا غَيْرَ بَعِيْدٍ، ثُمَّ إِنَّهَا أَصْدَرَتْنَا مَا شِئْنَا نَحْنُ وَرِكَابَنَا. [راجع: ۳۵۷۷]

۵-فتح مبین سے صلح حدیبیہ مراد ہے

حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آپ لوگ ﴿فَتْحًا مُبِيْنًا﴾ سے فتح مکہ مراد لیتے ہو، فتح مکہ یقیناً فتح ہے، مگر ہم حدیبیہ کے دن بیعت رضوان کو فتح مبین سمجھتے ہیں، ہم حدیبیہ میں نبی ﷺ کے ساتھ چودہ سو تھے، اور حدیبیہ میں ایک کنواں تھا، ہم نے اس کا پانی کھینچ لیا، یہاں تک کہ اس میں ایک قطرہ بھی نہ رہا، پس نبی ﷺ کنویں کی مَن پر آئے اور اس کے کنارہ پر تشریف فرما ہوئے اور پانی کا برتن منگوایا، وضوء کیا، پھر کلی کی اور دعا فرمائی، پھر اس کو کنویں میں ڈالا، ہم نے کنویں کو تھوڑی دیر چھوڑ دیا، پھر اس کنویں نے ہم کو لوٹایا جتنا ہم نے چاہا، ہم کو اور ہماری سواریوں کو یعنی وہ پانی ہم نے پیا، یہاں تک کہ ہم سیراب ہوگئے، اور ہم نے اپنی سواریوں کو بھی سیراب کرلیا۔

تشریح: صلح حدیبیہ فتح مکہ کی تمہید تھی، اس لئے فتح مکہ کو فتح مبین سمجھ لیا گیا، مگر ﴿فَتْحًا مُبِيْنًا﴾ کا اصل مصداق صلح حدیبیہ ہے، جیسا کہ حضرت براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اور دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے جب نبی ﷺ نے ان کو سورۃ الفتح سنائی تو انھوں نے پوچھا: أَوَ فَتْحٌ هُوَ؟ کیا اور حدیبیہ کی صلح فتح ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں، اس سے معلوم ہوا کہ آیت کا اصل مصداق صلح حدیبیہ ہے، البتہ سورۃ النصر میں جو ﴿إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾: آیا ہے اس سے فتح مکہ مراد ہے اور سورۃ الفتح کی آیت ۱۸ میں جو ﴿فَتْحًا قَرِيْبًا﴾: ہے اس سے فتح خیبر مراد ہے اور آیت ۲۷ میں جو ﴿وَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا﴾: ہے اس سے صلح حدیبیہ مراد ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۴۰ میں) معجزات کے بیان میں آئی ہے اور یہ حدیث اسرائیل (پوتے) کی ابواسحاق (دادا) سے روایت ہے اور اس میں اصحابِ حدیبیہ کی تعداد چودہ سو ہے۔

لغت: أَصْدَرَ: کسی کام سے فارغ کردینا، جیسے أَطْعَمَهُمْ حَتّٰى أَصْدَرَهُمْ: ان کو خوب کھلا کر سیر کردیا، أَصْدَرَ رِكَابَنَا: ہماری سواریوں کو خوب سیراب کردیا۔

[۴۱۵۱-] حَدَّثَنِيْ فَضْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَعْيَنَ أَبُوْ عَلِيٍّ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، أَنَّهُمْ كَانُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ أَلْفًا وَأَرْبَعَ مِائَةٍ أَوْ أَكْثَرَ، فَنَزَلُوْا عَلٰى بِئْرٍ فَنَزَحُوْهَا، فَأَتَوْا رَسُوْلَ

اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَتَى الْبِئْرَ وَقَعَدَ عَلٰى شَفِيْرِهَا، ثُمَّ قَالَ: " ائْتُوْنِيْ بِدَلْوٍ مِنْ مَائِهَا" فَأُتِيَ بِهِ فَبَصَقَ فَدَعَا، ثُمَّ قَالَ: " دَعُوْهَا سَاعَةً" فَأَرْوَوْا أَنْفُسَهُمْ وَرِكَابَهُمْ حَتَّى ارْتَحَلُوْا. [راجع: ۳۵۷۷]

وضاحت: یہ زہیر بن معاویہ کی ابواسحاق سے روایت ہے، اس روایت میں ہے کہ اصحاب حدیبیہ چودہ سو یا زیادہ تھے ...... بَسَقَ اور بَصَقَ: تھوکنا، لعاب ڈالنا، دم کرنا .... أَرْوَوْا: سیراب کرنا .... ترجمہ: اور سیراب کیا انھوں نے اپنے آپ کو اور اپنی سواریوں کو یہاں تک کہ کوچ کیا انھوں نے، یعنی حدیبیہ کے پورے زمانۂ قیام میں اس کنویں کا پانی سب کے لئے کافی ہوگیا۔

[۴۱۵۲-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: عَطِشَ النَّاسُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ، فَتَوَضَّأَ مِنْهَا ثُمَّ أَقْبَلَ النَّاسُ نَحْوَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَالَكُمْ؟" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَيْسَ عِنْدَنَا مَاءٌ نَتَوَضَّأُ بِهِ وَلَا نَشْرَبُ إِلَّا مَا فِي رَكْوَتِكَ، فَوَضَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ فِي الرَّكْوَةِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَفُوْرُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ كَأَمْثَالِ الْعُيُوْنِ، قَالَ: فَشَرِبْنَا وَتَوَضَّأْنَا، قُلْتُ لِجَابِرٍ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: لَوْ كُنَّا مِائَةَ أَلْفٍ لَكَفَانَا، كُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً. [راجع: ۳۵۷۶]

وضاحت: یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جو پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۳۹) آئی ہے، حضرت جابرؓ کہتے ہیں: حدیبیہ کے دن لوگ پیاسے ہوئے اور نبی ﷺ کے سامنے ایک چھاگل تھا، آپؐ نے اس سے وضوء فرمایا، پھر لوگ اس چھاگل کی طرف متوجہ ہوئے یعنی لوگ دوڑے کہ اس میں سے بچا ہوا پانی حاصل کریں، آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ لوگوں نے کہا: ہمارے پاس وضوء کے لئے پانی نہیں ہے اور نہ پینے کے لئے پانی ہے، مگر یہی جو آپؐ کی چھاگل میں ہے، آپؐ نے چھاگل میں دست مبارک رکھا، پس پانی انگلیوں کے درمیان سے چشموں کی طرح پھوٹنے لگا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے پیا اور ہم نے وضو کیا، راوی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ حضرات کتنے تھے؟ انھوں نے کہا: اگر ہم لاکھ ہوتے تو بھی پانی ہمارے لئے کافی ہوجاتا، ہم اس دن پندرہ سو تھے۔

سوال: حدیبیہ میں تو کنویں میں پانی پھوٹنے کا معجزہ ظاہر ہوا تھا، یہ انگلیوں سے پانی نکلنے کا معجزہ کب ظاہر ہوا؟

جواب: یہ معجزہ حدیبیہ کے سفر میں کسی اور جگہ ظاہر ہوا ہے، اور مجازاً اس کو یوم الحدیبیۃ کہہ دیا ہے۔

[۴۱۵۳-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ: بَلَغَنِيْ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ كَانَ يَقُوْلُ: كَانُوْا أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً، فَقَالَ لِيْ سَعِيْدٌ:

حَدَّثَنِیْ جَابِرٌ: کَانُوْا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً الَّذِیْنَ بَایَعُوْا النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یَوْمَ الْحُدَیْبِیَةِ.

[راجع: ۳۵۷۶]

تَابَعَهُ أَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ، عَنْ قَتَادَةَ، وَتَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ.

[٤١٥٤-] حدثنا عَلِیٌّ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ عَمْرٌو، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَوْمَ الْحُدَیْبِیَةِ: "أَنْتُمْ خَیْرُ أَهْلِ الْأَرْضِ" وَکُنَّا أَلْفًا وَأَرْبَعَ مِائَةٍ، وَلَوْ کُنْتُ أُبْصِرُ الْیَوْمَ لَأَرَیْتُکُمْ مَکَانَ الشَّجَرَةِ، تَابَعَهُ الْأَعْمَشُ، سَمِعَ سَالِمًا، سَمِعَ جَابِرًا: أَلْفًا وَأَرْبَعَ مِائَةٍ.

[راجع: ۳۵۷۶]

[٤١٥٥-] وَقَالَ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا أَبِیْ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ أَبِیْ أَوْفٰی، کَانَ أَصْحَابُ الشَّجَرَةِ أَلْفًا وَثَلَاثَ مِائَةٍ، وَکَانَتْ أَسْلَمُ ثُمْنَ الْمُهَاجِرِیْنَ.

۶- حدیبیہ میں صحابہ کی تعداد کتنی تھی؟

روایات میں اختلاف ہے، حدیث (۴۱۵۰) میں چودہ سو کی تعداد آئی ہے، یہ اسرائیل کی ابواسحاق سے: حضرت براء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے، پھر حدیث (۴۱۵۱) میں پندرہ سو ہے، یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اور اب پھر حضرت جابرؓ کی روایت ہے، قتادہ نے حضرت سعید بن المسیبؒ سے کہا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت جابرؓ کہا کرتے تھے کہ اصحابِ حدیبیہ چودہ سو تھے، حضرت سعیدؒ نے کہا: حضرت جابرؓ نے خود مجھ سے بیان کیا ہے کہ اصحابِ حدیبیہ پندرہ سو تھے، جنھوں نے حدیبیہ میں نبی ﷺ سے بیعت کی تھی، اور حدیث (۴۱۵۴) میں جو عمرو بن دینار کی حضرت جابرؓ سے روایت ہے: چودہ سو کی تعداد ہے، حضرت جابرؓ کہتے ہیں: ہم سے نبی ﷺ نے حدیبیہ میں فرمایا: أَنْتُمْ خَیْرُ أَهْلِ الْأَرْضِ: تم زمین میں سب سے بہتر لوگ ہو، چنانچہ اصحابِ بدر کے بعد اصحابِ بیعت رضوان کا نمبر ہے، نیز حضرت جابرؓ نے یہ بھی فرمایا کہ اگر میں آج بینا ہوتا (وہ آخر میں نابینا ہوگئے تھے) تو میں تمہیں اس درخت کی جگہ بتاتا جس کے نیچے بیعت ہوئی تھی (معلوم ہوا کہ وہ درخت اب نہیں رہا تھا) بہرحال اس روایت میں چودہ سو کی تعداد ہے اور آگے (حدیث ۴۱۵۷ و ۴۱۵۸ میں) تعداد ایک ہزار سے کچھ زیادہ ہے: فِیْ بِضْعِ عَشْرَةَ مِائَةٍ: دس سو سے کچھ زیادہ، پھر آگے (حدیث ۴۱۵۵ میں) یہ تعداد تیرہ سو ہے، یہ عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے۔

یہ سب روایات صحیح ہیں، اور تعداد کا اختلاف کچھ زیادہ اہمیت کا حامل نہیں، کیونکہ اس وقت باقاعدہ کوئی فہرست مرتب نہیں کی جاتی تھی، لوگ اندازہ کرتے تھے اور اندازے مختلف ہوسکتے ہیں، مگر تعداد کا یہ اختلاف اس لئے اہمیت اختیار کرگیا کہ اصحابِ حدیبیہ ہی غزوۂ خیبر میں گئے تھے، وہاں جو غنیمت تقسیم کی گئی تھی تو گھوڑ سواروں کو تین حصے دیئے گئے تھے یا دو؟

اس میں اختلاف ہوا ہے اور اس اختلاف تعداد کا اس پر اثر پڑا ہے۔

اور حنفیہ کا قاعدہ ایسی صورت میں جب کہ عدد مختلف ہو یہ ہے کہ بڑا عدد لیا جائے، چھوٹے اعداد خود بخود اس میں آجائیں گے، جیسے خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ اور عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ میں سب نے بڑے عدد کو لیا ہے، اسی طرح یہاں احناف نے پندرہ سو کا عدد لیا ہے اور غزوۂ خیبر میں غنیمت کی تقسیم کو اس پر متفرع کیا ہے، اختلاف عدد کی کچھ اور توجیہیں حاشیہ میں ہیں۔

اور آخری حدیث میں ایک مضمون یہ بھی ہے کہ قبیلۂ اسلم کے لوگ مہاجرین کا آٹھواں حصہ تھے، حاشیہ میں واقدی کے حوالہ سے ہے کہ قبیلۂ اسلم کے لوگ حدیبیہ میں ایک سو تھے، پس مہاجرین آٹھ سو ہونگے۔

[٤١٥٦-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عِيْسَى، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، أَنَّهُ سَمِعَ مِرْدَاسًا الْأَسْلَمِيَّ يَقُوْلُ- وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ:- " يُقْبَضُ الصَّالِحُوْنَ الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ، وَتَبْقَى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ التَّمْرِ وَالشَّعِيْرِ، لَا يَعْبَأُ اللّٰهُ بِهِمْ شَيْئًا"[انظر: ٦٤٣٤]

۷- حضرت مرداس رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

نیک بندے ایک ایک کر کے اٹھا لئے جائیں گے اور آخر میں کوڑا بچ جائے گا

مِرداس (بروزن مِنْقَار) ابن مالک اسلمی کوفی رضی اللہ عنہ جو اصحاب شجرہ میں سے ہیں، فرماتے ہیں: (نبی ﷺ نے فرمایا:) نیک بندے ایک ایک کر کے اٹھا لئے جائیں گے اور بوسیدہ کھجوروں اور جو جیسا بھوسہ بچ جائے گا، اللہ تعالیٰ ان کی کچھ پرواہ نہیں کریں گے۔

تشریح: حُفَالَة: نکمّی اور سڑی ہوئی کھجوریں، اور یہ حدیث یہاں موقوف ہے اور کتاب الرقاق (حدیث ۶۴۳۴) میں مرفوع ہے اور یہاں یہ حدیث بیان کرنے سے مقصود حضرت مرداس رضی اللہ عنہ کا اصحابِ حدیبیہ میں سے ہونا ہے۔

[٤١٥٧و٤١٥٨-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ مَرْوَانَ، وَالْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَا: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةً مِنْ أَصْحَابِهِ، فَلَمَّا كَانَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْىَ وَأَشْعَرَ وَأَحْرَمَ مِنْهَا [قَالَ عَلِيٌّ:] لَا أُحْصِيْ كَمْ سَمِعْتُهُ مِنْ سُفْيَانَ! حَتَّى سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ:" لَا أَحْفَظُ مِنَ الزُّهْرِيِّ الإِشْعَارَ وَالتَّقْلِيْدَ، فَلَا أَدْرِىْ يَعْنِىْ مَوْضِعَ الإِشْعَارِ وَالتَّقْلِيْدِ أَوِ الْحَدِيْثَ كُلَّهُ.[راجع: ١٦٩٤، ١٦٩٥]

۸- حدیبیہ کے سال نبی ﷺ نے ذوالحلیفہ سے احرام باندھا

حدیث: مروان اور مسور کہتے ہیں: نبی ﷺ حدیبیہ کے سال دس سو سے کچھ زیادہ صحابہ کے ساتھ نکلے، پس جب

آپؐ ذوالحلیفہ پہنچے تو ہدی کو (پرانے چپل کا) ہار پہنایا، اور اشعار کیا، اور وہاں سے احرام باندھا۔

علی بن عبداللہ مدینی رحمہ اللہ (استاذ امام بخاری رحمہ اللہ) کہتے ہیں: نہیں گن سکتا میں کہ کتنی مرتبہ میں نے یہ بات یعنی اشعار وتقلید کا مضمون سفیان بن عیینہ سے سنا ہے، یہاں تک کہ میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ امام زہری رحمہ اللہ سے مجھے اشعار وتقلید کا مضمون یاد نہیں (علی بن المدینی رحمہ اللہ کہتے ہیں) میں نہ جانتا کہ سفیان بن عیینہ نے اشعار اور تقلید کی جگہ یعنی خاص یہ دو باتیں مراد لی ہیں یا ساری حدیث مراد لی ہے (یہ لمبی حدیث ہے جو پہلے کتاب الشروط اور کتاب المناسک (تحفۃ ۴:۵۱۳) میں گذر چکی ہے)

[٤١٥٩-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِىْ بِشْرٍ وَرْقَاءَ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِىْ لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَآهُ وَقَمْلُهُ يَسْقُطُ عَلٰى وَجْهِهِ، فَقَالَ: "أَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّكَ؟" قَالَ: نَعَمْ، فَأَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَحْلِقَ وَهُوَ بِالْحُدَيْبِيَةِ، لَمْ يُبَيِّنْ لَهُمْ أَنَّهُمْ يَحِلُّوْنَ بِهَا، وَهُمْ عَلٰى طَمَعٍ أَنْ يَدْخُلُوْا مَكَّةَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ الْفِدْيَةَ فَأَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُطْعِمَ فَرَقًا بَيْنَ سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ، أَوْ يُهْدِىَ شَاةً، أَوْ يَصُوْمَ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ. [راجع: ١٨١٤]

۹- حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

کبھی مجبوری میں ممنوعات احرام کا ارتکاب کرنا پڑتا ہے، ایسی صورت میں فدیہ واجب ہوتا ہے اور فدیہ تین چیزیں ہیں: تین روزے رکھے، یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلائے یا جانور ذبح کرے، اور ان تینوں باتوں میں اختیار ہے اور فدیہ کا یہ حکم حدیبیہ میں حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے واقعہ میں نازل ہوا ہے، اس وقت تک یہ واضح نہیں ہوا تھا کہ سب کو احرام کھولنا پڑے گا، ابھی سب کو امید تھی کہ مکہ جائیں گے اور عمرہ کریں گے۔

حدیث: حدیبیہ میں حضرت کعب بن عُجرہ رضی اللہ عنہ کے سر میں جوئیں پڑ گئیں، اور اتنی زیادہ ہوگئیں کہ چہرے پر جھڑتی تھیں، حضرت کعبؓ ان کی وجہ سے بہت پریشان تھے، ایک دن وہ ہانڈی پکارہے تھے کہ نبی ﷺ وہاں سے گذرے، آپؐ نے پوچھا: کیا تمہارے یہ کیڑے تمہیں پریشان کرتے ہیں؟ انھوں نے کہا: بہت پریشان کرتے ہیں! پس سورہ بقرہ کی آیت ۱۹۶ نازل ہوئی اور نبی ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ وہ سر منڈا دیں، درانحالیکہ وہ حدیبیہ میں تھے اور نہیں واضح کیا تھا صحابہ کے لئے کہ وہ وہاں حلال ہونگے، ان کو یہ امید تھی کہ مکہ جائیں گے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فدیہ کا حکم نازل کیا اور نبی ﷺ نے حضرت کعبؓ کو حکم دیا کہ ایک فرق (سولہ رطل) غلہ چھ مسکینوں کو کھلائیں یا ایک بکری کی قربانی کریں یا تین روزے رکھیں۔

[٤١٦٠و٤١٦١-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ إِلَى السُّوْقِ، فَلَحِقَتْ عُمَرَ امْرَأَةٌ شَابَّةٌ، فَقَالَتْ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! هَلَكَ زَوْجِيْ وَتَرَكَ صِبْيَةً صِغَارًا، وَاللّٰهِ مَا يُنْضِجُوْنَ كُرَاعًا، وَلاَ لَهُمْ زَرْعٌ وَلاَ ضَرْعٌ، وَخَشِيْتُ أَنْ تَأْكُلَهُمُ الضَّبُعُ، وَأَنَا بِنْتُ خُفَافِ بْنِ إِيْمَاءَ الْغِفَارِيِّ، وَقَدْ شَهِدَ أَبِي الْحُدَيْبِيَةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَوَقَفَ مَعَهَا عُمَرُ وَلَمْ يَمْضِ، ثُمَّ قَالَ: مَرْحَبًا بِنَسَبٍ قَرِيْبٍ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى بَعِيْرٍ ظَهِيْرٍ كَانَ مَرْبُوْطًا فِي الدَّارِ، فَحَمَلَ عَلَيْهِ غِرَارَتَيْنِ مَلَأَهُمَا طَعَامًا، وَحَمَلَ بَيْنَهُمَا نَفَقَةً وَثِيَابًا، ثُمَّ نَاوَلَهَا بِخِطَامِهِ، ثُمَّ قَالَ: اقْتَادِيْهِ فَلَنْ يَفْنَى حَتَّى يَأْتِيَكُمُ اللّٰهُ بِخَيْرٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَكْثَرْتَ لَهَا، قَالَ عُمَرُ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ! وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَرَى أَبَا هٰذِهِ وَأَخَاهَا قَدْ حَاصَرَا حِصْنًا زَمَانًا فَافْتَتَحَاهُ ثُمَّ أَصْبَحْنَا نَسْتَفِيْءُ سُهْمَانَهُمَا فِيْهِ.

۱۰-حضرت خُفاف غفاری رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

حدیث: اسلم (مولیٰ عمرؓ) کہتے ہیں: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بازار کی طرف نکلا، وہاں ایک جوان عورت حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملی، اس نے کہا: اے امیر المؤمنین! میرے شوہر کا انتقال ہوگیا، انھوں نے چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑے ہیں، بخدا! نہیں پکائیں گے وہ پائے یعنی معمولی گوشت اور نہ ان کے لئے کھیتی ہے نہ تھن (بکریاں وغیرہ) اور مجھے اندیشہ ہے کہ ان کو بھیڑیا یعنی قحط سالی کھا جائے گی یعنی وہ ضائع ہوجائیں گے، اور میں خفاف بن ایماء غفاری رضی اللہ عنہ کی بیٹی ہوں اور میرے ابا حدیبیہ میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کے پاس ٹھہر گئے، آگے نہیں بڑھے، اور فرمایا: میں خوش آمدید کہتا ہوں (قریش سے) قریبی رشتہ داری کو (دونوں کنانہ کی اولاد ہیں) پھر آپؓ طاقت ور اونٹنی کی طرف پھرے، جو گھر میں بندھی ہوئی تھی اور اس پر دو بورے رکھے، اور ان کو غلہ سے بھر دیا، اور دونوں کے درمیان اوپر رقم اور کپڑے رکھے، پھر اس اونٹ کی لگام اس عورت کو دی اور فرمایا: اس کی نکیل پکڑ کر آگے آگے چل، پس ہرگز ختم نہیں ہوگا (یہ سامان) یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہارے پاس خیر لائیں گے یعنی یہ سامان ختم ہونے سے پہلے دوسرا سامان بھیجوں گا، پس ایک آدمی نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ نے اس کو بہت دیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیری ماں تجھے گم کرے! بخدا! میں دیکھ رہا ہوں اس کے باپ کو اور اس کے بھائی کو دونوں ایک قلعہ کا عرصہ تک محاصرہ کئے رہے، اور اس کو فتح کیا، پس آج ہم ان دونوں کے اس مال میں جو حصے تھے ان کو بطور فئے لے رہے ہیں، یعنی ان کے فتح کئے ہوئے علاقہ کی آمدنی کھا رہے ہیں، پس کیا اس مال میں ان کی اس غریب بیٹی کا حق نہیں؟

تعارف: خُفَاف (بضم أوّله وتخفيف الفاء) ابن إيماء (بكسر الهمزة) ابن رَحَضَةَ الغفاری: باپ بیٹے

دونوں صحابی ہیں اور خفاف کے بیٹے اور سائلہ کے بھائی کا نام حارث ہے، وہ بھی صحابی ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ رَحضة بن خزیمہ غفاری بھی صحابی ہیں۔

لغات: أَنْضَجه: پکانا، گوشت وغیرہ.......... كُرَاع: پائے، گھٹنے سے نیچے کا حصہ.......... الغرارة: بورا، بڑا تھیلا .... استفاء المالَ: بطور غنیمت مال لینا.......... فِیه کی ضمیر مال کی طرف لوٹتی ہے۔

فائدہ: اس حدیث پر دو نمبر لگائے ہیں، کیونکہ یہ حدیث درحقیقت دو حدیثیں ہیں، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری میں اس حدیث پر لکھا ہے: الحديث العاشر والحادی عشر: دسویں اور گیارھویں حدیث، اور بخاری شریف کی ترقیم محمد فؤاد عبدالباقی رحمہ اللہ نے کی ہے اور یہ ماضی قریب کے عالم ہیں، حافظ ابن حجرؒ سے بہت بعد کے ہیں، پس انھوں نے غلطی نہیں کی، حقیقت میں یہ دو حدیثیں ہیں، ایک: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مولیٰ اسلم حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ واقعہ نقل کرتے ہیں اور اس کے ضمن میں حضرت خفاف رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی نے بیان کیا کہ ان کے ابا حدیبیہ میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، حضرت عمرؓ نے اس کو رد نہیں کیا، پس یہ دوسری حدیث ہوگئی اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے الاصابہ میں خفاف کے تذکرہ میں لکھا ہے مَشْهُوْرٌ، له ولأبيه صُحْبةٌ.......... وَشهِدَ الْحديبية كَمَا ثَبَتَ ذٰلك فی صحيح البخاری من روايةِ أَسْلَمَ مَوْلٰى عُمَرَ عن حَمْرَاءَ بنتِ خُفَافٍ أنَّها قالت ذٰلك لِعُمَرَ فَلَمْ يُنْكِرْ عَلَيْهَا یعنی یہ مضمون کہ حضرت خفافؓ حدیبیہ میں تھے، اسلم حضرت خفافؓ کی صاحبزادی حمراء سے روایت کرتے ہیں، پس یہ دوسری حدیث ہوگئی، اس لئے اس پر دو نمبر لگائے ہیں۔

[٤١٦٢-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ أَبُوْ عَمْرٍو الْفَزَارِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ الشَّجَرَةَ، ثُمَّ أَتَيْتُهَا بَعْدُ فَلَمْ أَعْرِفْهَا، قَالَ مَحْمُوْدٌ: ثُمَّ أُنْسِيْتُهَا بَعْدُ.[انظر: ٤١٦٣، ٤١٦٤، ٤١٦٥]

[٤١٦٣-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: انْطَلَقْتُ حَاجًّا فَمَرَرْتُ بِقَوْمٍ يُصَلُّوْنَ، قُلْتُ: مَا هٰذَا الْمَسْجِدُ؟ قَالُوْا: هٰذِهِ الشَّجَرَةُ حَيْثُ بَايَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ، فَأَتَيْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ سَعِيْدٌ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ أَنَّهُ كَانَ فِيْمَنْ بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَحْتَ الشَّجَرَةِ، قَالَ: فَلَمَّا خَرَجْنَا مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ نُسِّيْنَاهَا، فَلَمْ نَقْدِرْ عَلَيْهَا، فَقَالَ سَعِيْدٌ: إِنَّ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَعْلَمُوْهَا وَعَلِمْتُمُوْهَا أَنْتُمْ؟ فَأَنْتُمْ أَعْلَمُ![راجع: ٤١٦٢]

[٤١٦٤-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا طَارِقٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّهُ كَانَ مِمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ، فَرَجَعْنَا إِلَيْهَا الْعَامَ الْمُقْبِلَ فَعَمِيَتْ عَلَيْنَا،[راجع: ٤١٦٢]

[٤١٦٥-] حدثنا قَبِيصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ طَارِقٍ، ذُكِرَتْ عِنْدَ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ الشَّجَرَةُ فَضَحِكَ، فَقَالَ: أَخْبَرَنِي أَبِي وَكَانَ شَهِدَهَا. [راجع: ٤١٦٢]

۱۱- مسیّب بن حزنؓ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں اور حدیبیہ کا کیکر کا درخت نامعلوم ہوگیا تھا

پہلی حدیث میں حضرت سعید اپنے ابا مسیّب بن حزن سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: بخدا! میں نے وہ درخت دیکھا ہے جس کے نیچے بیعت رضوان ہوئی تھی، پھر میں بعد میں اس درخت کے پاس پہنچا تو میں اس کو نہیں پہچان سکا (یہ امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ محمد بن رافع کی روایت ہے اور اگلی روایت محمد بن غیلان کی ہے، ان کی روایت میں ہے) پھر بعد میں وہ درخت بھلا دیا گیا۔

اور دوسری حدیث میں ہے طارق بن عبدالرحمٰن بجلی کہتے ہیں: میں حج کے لئے چلا، پس ایسے لوگوں کے پاس سے گذرا جو نماز پڑھ رہے تھے، میں نے پوچھا: یہ مسجد (نماز پڑھنے کی جگہ) کیسی ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ بیعتِ رضوان کا درخت ہے جہاں نبی ﷺ نے بیعت لی تھی، پھر میں حضرت سعید کے پاس آیا اور ان کو یہ بات بتلائی، انھوں نے کہا: میرے ابا نے مجھ سے بیان کیا کہ وہ ان لوگوں میں سے تھے جنھوں نے درخت کے نیچے نبی ﷺ سے بیعت کی تھی، مسیّب کہتے ہیں: پھر ہم اگلے سال (عمرۃ قضاء کرنے کے لئے) نکلے تو ہم وہ درخت بھلا دیئے گئے، پس ہم اس پر قادر نہیں ہوئے یعنی پہچان نہیں سکے، سعید کہتے ہیں: صحابہ تو اس درخت کو نہیں جانتے تھے اور تم اس درخت کو جانتے ہو، تو کیا تم زیادہ جاننے والے ہو!

اور تیسری روایت میں ہے کہ مسیّبؓ ان لوگوں میں سے تھے جنھوں نے درخت کے نیچے بیعت کی تھی (مسیّبؓ کہتے ہیں) پس ہم لوٹے اس درخت کی طرف اگلے سال پس وہ مشتبہ کر دیا گیا ہم پر۔

اور آخری روایت میں ہے کہ حضرت سعید کے سامنے اس درخت کا ذکر کیا گیا تو وہ ہنسے اور فرمایا: میرے ابا نے مجھے بتایا کہ وہ بیعتِ رضوان میں شریک تھے (یہ وہی روایت ہے جو اوپر گذری کہ اگلے سال صحابہ وہ درخت بھلا دیئے گئے)

تشریح: ابھی حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت گذری ہے کہ اگر آج میں بینا ہوتا تو تمھیں ضرور درخت کی جگہ بتاتا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض حضرات کو وہ درخت اور اس کی جگہ یاد تھی، اور لمبا عرصہ گذرنے کے بعد بھی یاد تھی، لیکن حاشیہ میں طبقات ابن سعد سے منقول ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ بات پہنچی کہ کچھ لوگ اس درخت پر جاتے ہیں اور وہاں نماز پڑھتے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو دھمکایا پھر اس کو کاٹ ڈالنے کا حکم دیا، چنانچہ وہ کاٹ دیا گیا، اس لئے کہ اس درخت کے نیچے بیعت لینا ایک اتفاقی امر تھا، اس درخت میں کسی فضیلت کی وجہ سے اس کے نیچے بیعت نہیں لی گئی تھی، جیسے نبی ﷺ اسفار میں منزلیں کرتے تھے، وہ اتفاقی بات تھی، ان منزلوں میں کوئی فضیلت نہیں تھی، لیکن ایک خیال یہ ہے کہ اس اتفاقی امر سے بھی فضیلت پیدا ہوتی ہے، جیسے جمعہ کے دن میں چند اہم واقعات پیش آئے ہیں اس لئے جمعہ کے

دن میں فضیلت پیدا ہوگئی ہے، حضرت ابن عمرؓ کا یہی ذہن تھا اور اس کی تفصیل پہلے تحفۃ القاری (۳۴۲:۲) میں گذر چکی ہے۔

[٤١٦٦-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ أَبِيْ أَوْفَى، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَةٍ فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ" فَأَتَاهُ أَبِيْ بِصَدَقَتِهِ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ أَبِيْ أَوْفَى"[راجع: ١٤٩٧]

۱۲- حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

حدیث: حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ جو اصحاب حدیبیہ میں سے ہیں، کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کے پاس کوئی قوم اپنی زکوٰۃ لے کر آتی تو آپؐ فرماتے: ''اے اللہ! فلاں کے خاندان پر رحم فرما'' چنانچہ میرے ابا بھی زکوٰۃ لے کر پہنچے، آپؐ نے فرمایا: ''اے اللہ! ابواوفیؓ کے خاندان پر رحم فرما!'' یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲۸۲:۴ میں) گذر چکی ہے۔

[٤١٦٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَخِيْهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْحَرَّةِ وَالنَّاسُ يُبَايِعُوْنَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ، فَقَالَ ابْنُ زَيْدٍ: عَلٰى مَا يُبَايِعُ ابْنُ حَنْظَلَةَ النَّاسَ؟ قِيْلَ لَهُ: عَلَى الْمَوْتِ، قَالَ: لاَ أُبَايِعُ عَلٰى ذٰلِكَ أَحَدًا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ شَهِدَ مَعَهُ الْحُدَيْبِيَةَ.[راجع: ٢٩٥٩]

۱۳- حضرت عبداللہ بن زید بن عاصم رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

عباد بن تمیم (مشہور تابعی) کہتے ہیں: جب حرّہ کا زمانہ آیا تو لوگ عبداللہ بن حنظلہ سے بیعت کر رہے تھے، پس حضرت عبداللہ بن زیدؓ نے پوچھا: ابن حنظلہ لوگوں سے کس بات پر بیعت لے رہے ہیں؟ عبداللہ بن زیدؓ کو بتلایا گیا کہ موت پر بیعت لے رہے ہیں، انھوں نے کہا: میں موت پر بیعت نہیں کرتا کسی سے رسول اللہ ﷺ کے بعد اور عبداللہ بن زیدؓ نبی ﷺ کے ساتھ حدیبیہ میں حاضر تھے (یہاں باب ہے)

تشریح: الحَرّۃ: کالے پتھروں والی زمین، جو جلی ہوئی معلوم ہو، مدینہ منورہ کے باہر کالے پتھروں والی زمین میں یزید بن معاویہ کے زمانہ میں لڑائی ہوئی ہے، مدینہ والوں نے پہلے یزید سے بیعت کی تھی، پھر وہ بیعت فسخ کردی، اور اس سے جنگ کی تیاری شروع کی، عبداللہ بن حنظلہؓ (ابن غسیل الملائکہ) چند لوگوں کے ساتھ یزید کے پاس گئے تھے، انھوں نے یزید کی نامناسب حرکتیں دیکھیں، واپس آکر اس کی بیعت توڑ دی، اور عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما سے بیعت کی، یزید نے مسلم بن عقبہ کی سرکردگی میں لشکر بھیجا اور حرّہ میں سخت جنگ ہوئی، جس میں سترہ سو بڑے آدمی شہید ہوئے اور عام آدمی دس ہزار شہید ہوئے عورتیں اور بچے ان کے علاوہ ہیں۔

[٤١٦٨-] حدثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْمُحَارِبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْجُمُعَةَ ثُمَّ نَنْصَرِفُ وَلَيْسَ لِلْحِيْطَانِ ظِلٌّ يُسْتَظَلُّ فِيْهِ.

[٤١٦٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِسَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ: عَلٰى أَيِّ شَيْئٍ بَايَعْتُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ؟ قَالَ: عَلَى الْمَوْتِ.

[راجع: ۲۹٦٠]

۱۴- حضرت سلمۃ الاکوع رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

حضرت سلمۃ بن الاکوعؓ کے صاحبزادے ایاس بیان کرتے ہیں: مجھ سے میرے ابا نے بیان کیا اور وہ کیکر کے درخت کے نیچے بیعت کرنے والوں میں سے تھے وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ جمعہ پڑھا کرتے تھے، پھر واپس لوٹتے تھے درانحالیکہ دیواروں کے لئے اتنا سایہ نہیں ہوتا تھا کہ اس سے سایہ حاصل کیا جا سکے۔

تشریح: حدیبیہ میں حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ نے دو یا تین مرتبہ بیعت کی ہے، جیسا پہلے (تحفۃ القاری ۳:۳۰۳ میں) گذرا ہے اور زوال ہوتے ہی جمعہ ادا کر لینا نبی ﷺ کی سنت مستمرہ ہے، خواہ گرمی ہو یا سردی، پس جمعہ کی نماز زوال ہوتے ہی فوراً پڑھنی چاہئے۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت سلمہؓ کے مولیٰ یزید نے آپؓ سے دریافت کیا: آپ حضرات نے حدیبیہ میں نبی ﷺ سے کس بات پر بیعت کی تھی؟ انھوں نے کہا: موت پر۔

تشریح: یہ تعبیر کا فرق ہے حسن تعبیر یہ ہے کہ صحابہ نے حدیبیہ میں میدان میں ڈٹے رہنے پر بیعت کی تھی، اور یہ بھی ایک تعبیر ہے کہ موت پر بیعت کی تھی، جیسے ماموں کو ماموں اور باپ کا سالا کہنا ایک ہی بات ہے مگر تعبیر کا فرق ہے۔

[٤١٧٠-] حَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ إِشْكَابَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَقِيْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، فَقُلْتُ: طُوْبٰى لَكَ! صَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبَايَعْتَهُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ، فَقَالَ: يَا ابْنَ أَخِيْ إِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا أَحْدَثْنَا بَعْدَهُ.

۱۵- حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

حدیث: مسیّب کہتے ہیں: میری حضرت براء رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، میں نے کہا: آپؓ کو مبارک! آپؓ نے نبی ﷺ کی صحبت پائی، اور حدیبیہ میں کیکر کے درخت کے نیچے آپؓ نے نبی ﷺ سے بیعت کی، پس انھوں نے فرمایا:

بھتیجے! تجھے کیا معلوم کہ ہم نے نبی ﷺ کے بعد کیا نئی باتیں پیدا کی ہیں! یعنی ہم فتنوں کا شکار ہو گئے ہیں، یا آپؓ نے یہ بات کسر نفسی کے طور پر فرمائی ہے۔

[٤١٧١-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، هُوَ ابْنُ سَلَامٍ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ: أَنَّ ثَابِتَ بْنَ الضَّحَّاكِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ بَايَعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تَحْتَ الشَّجَرَةِ. [راجع: ١٣٦٣]

۱۶- حضرت ثابت بن الضحاک رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

حضرت ثابت بن الضحاکؓ نے ابو قلابہ کو بتلایا کہ انھوں نے کیکر کے درخت کے نیچے نبی ﷺ سے بیعت کی ہے، پھر انھوں نے حدیث بیان کی کہ جو اسلام کے علاوہ کسی مذہب کی جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھائے وہ ویسا ہی ہے جیسا اس نے کہا، اور جس نے خود کو کسی ہتھیار سے مار ڈالا وہ اس ہتھیار سے جہنم میں سزا دیا جائے گا (تحفۃ القاری ۴: ۱۲۸، مسلم حدیث ۱۱۰)

[٤١٧٢-] حَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا﴾ قَالَ: الْحُدَيْبِيَةُ. قَالَ: أَصْحَابُهُ: هَنِيْئًا مَرِيْئًا! فَمَا لَنَا؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ﴾

قَالَ شُعْبَةُ: فَقَدِمْتُ الْكُوْفَةَ فَحَدَّثْتُ بِهٰذَا كُلِّهِ عَنْ قَتَادَةَ، ثُمَّ رَجَعْتُ فَذَكَرْتُ لَهُ، فَقَالَ: أَمَّا ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ﴾ فَعَنْ أَنَسٍ، وَأَمَّا: هَنِيْئًا مَرِيْئًا، فَعَنْ عِكْرِمَةَ. [انظر: ٤٨٣٤]

۱۷- اصحابِ حدیبیہ کی فضیلت

حدیث: شعبہ رحمہ اللہ قتادہ رحمہ اللہ سے اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ سورۃ الفتح کی پہلی آیت: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا﴾: سے مراد حدیبیہ ہے یعنی حدیبیہ میں جو صلح ہوئی تھی اس کو فتح مبین فرمایا ہے، جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ نے کہا: یہ بات (آپؐ کے لئے) باعث خوشی و مسرت ہے، پس ہمارے لئے کیا ہے؟ پس اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی: ﴿لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ﴾: یعنی اصحابِ حدیبیہ کے لئے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے نہرے بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کی برائیوں کو معاف فرمادیں گے، یعنی صلح کی وجہ سے شروع میں جو ناگواری ہوئی تھی اس کو اللہ تعالیٰ معاف فرمادیں گے۔

شعبہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: پھر میں کوفہ آیا اور میں نے یہ پوری حدیث قتادہؒ سے روایت کی، پھر میں دوبارہ قتادہ رحمہ اللہ کے پاس گیا اور ان سے یہ حدیث (توثیق کے لئے) ذکر کی، تو انھوں نے فرمایا: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ﴾: کی تفسیر میں حضرت

انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتا ہوں اور صحابہ کا قول: هَنِيْئًا مَرِيْئًا میں عکرمہؒ سے روایت کرتا ہوں، پہلے قتادہؒ نے یہ دونوں باتیں الگ الگ نہیں کی تھیں، اب تفصیل کی کہ ایک بات حضرت انسؓ سے مروی ہے دوسری عکرمہ سے۔

تشریح: سورۃ الفتح کی ابتدائی تین آیتوں میں نبی ﷺ سے خطاب ہے، ارشاد فرمایا: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا، لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُسْتَقِيْمًا، وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا﴾: ہم نے آپؐ کو بالیقین ایک کھلی فتح دی (حدیبیہ کی صلح کو کھلی فتح اس لئے کہا کہ وہ فتح مکہ کی تمہید تھی، اس لئے وہ بھی فتح تھی) تاکہ اللہ تعالیٰ آپؐ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف کردیں (ذَنْب: معمولی کوتاہی کو کہتے ہیں، بعض صحابہ کے ذہنوں میں تھا کہ اس صلح سے مسلمانوں کی ہیٹی ہوئی ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے اعلان کیا کہ ہم نے اپنے نبی کی اگلی پچھلی سب کوتاہیاں معاف کردیں، پھر کسی کو خردہ گیری کرنے کا کیا حق ہے؟) اور آپؐ پر اپنے احسانات کی تکمیل کریں، اور آپؐ کو سیدھے راستہ پر لے چلیں (یعنی اس صلح کے نتیجہ میں مکہ فتح ہوگا، اس طرح اللہ تعالیٰ آپؐ پر اپنے احسانات کی تکمیل کریں گے اور اس صلح کی وجہ سے فتح مکہ میں کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی، اگر یہ صلح نہ ہوتی تو کفار مزاحم ہوتے، اب راستہ صاف ہوجائے گا اور آپؐ بے خطر مکہ فتح کرلیں گے) اور اللہ تعالیٰ آپؐ کو ایسا غلبہ دیں گے جس میں عزت ہی عزت ہوگی، یعنی فتح مکہ سے آپؐ کا ہاتھ اونچا ہوجائے گا، پھر کبھی آپؐ کو دبنا نہیں پڑے گا۔

چونکہ ان آیات میں خطاب نبی ﷺ سے تھا اس لئے صحابہ نے پوچھا: فَمَا لَنَا؟: ہمارے لئے کیا ہے؟ پس اگلی دو آیتیں نازل ہوئیں: ﴿هُوَ الَّذِىْ أَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِىْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْا إِيْمَانًا مَعَ إِيْمَانِهِمْ، وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ، وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا﴾: اللہ وہ ہیں جنھوں نے مسلمانوں کے دلوں میں تحمل پیدا کیا (چنانچہ انھوں نے ناگواری کے باوجود صلح قبول کرلی) تاکہ ان کے پہلے ایمان کے ساتھ ان کے موجودہ ایمان میں اضافہ ہو (تسلیم وانقیاد سے ایمان بڑھتا ہے جب صحابہ نے صلح حدیبیہ کو تسلیم کرلیا تو ان کا ایمان بڑھ گیا) اور آسمان وزمین کا سب لشکر اللہ ہی کا ہے (اس میں صحابہ کے لشکر کو اللہ نے اپنا لشکر فرمایا ہے، یہ اصحابِ حدیبیہ کی فضیلت ہے) اور اللہ تعالیٰ (مصلحتوں کو) خوب جاننے والے، بڑے حکمت والے ہیں، تاکہ اللہ تعالیٰ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ایسے باغات میں داخل کریں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور تاکہ اللہ تعالیٰ ان سے ان کی برائیاں دور کردیں، یعنی صلح کی وجہ سے ابتداء میں جو دلوں میں ناگواری ہوئی تھی اس کو معاف کردیں اور یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے!

[٤١٧٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ مَجْزَأَةَ بْنِ زَاهِرٍ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ الشَّجَرَةَ، قَالَ: إِنِّىْ لَأُوْقِدُ تَحْتَ الْقُدُوْرِ بِلُحُوْمِ الْحُمُرِ، إِذْ نَادَى مُنَادِىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْهَاكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ.

۱۸- حضرت زاہر اسلمی رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

حضرت زاہر بن الاسود اسلمی رضی اللہ عنہ حدیبیہ میں اور خیبر میں شریک رہے ہیں، اور وہ خیبر کے موقع کی ایک حدیث روایت کرتے ہیں، جس کو ان سے ان کے لڑکے مَجْزَأَة روایت کرتے ہیں، حضرت زاہرؓ کہتے ہیں: میں (خیبر میں) گدھوں کا گوشت ہانڈی میں پکا رہا تھا، اچانک نبی ﷺ کے منادی (ابوطلحہ رضی اللہ عنہ) نے اعلان کیا کہ نبی ﷺ لوگوں کو گدھوں کے گوشت سے منع کرتے ہیں (خیبر کے موقع پر گدھوں کے گوشت کی حرمت نازل ہوئی ہے، جس کا اعلان کیا گیا)

[٤١٧٤-] وَعَنْ مَجْزَأَةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْهُمْ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ، اسْمُهُ أُهْبَانُ بْنُ أَوْسٍ، وَكَانَ اشْتَكَى رُكْبَتَهُ فَكَانَ إِذَا سَجَدَ جَعَلَ تَحْتَ رُكْبَتِهِ وِسَادَةً.

۱۹- حضرت اُہبان بن اوس رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

حضرت زاہرؓ کے صاحبزادے مجزأة قبیلۂ اسلم کے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں، جنھوں نے حدیبیہ میں درخت کے نیچے بیعت کی تھی، جن کا نام اُہبان بن اوسؓ تھا، ان کے گھٹنے میں تکلیف تھی، چنانچہ وہ سجدہ کرتے وقت اپنے گھٹنے کے نیچے تکیہ رکھ لیتے تھے۔

تعارف: حضرت اُہبان رضی اللہ عنہ قدیم الاسلام ہیں، دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی ہے، کوفہ میں جا بسے تھے، حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی امارت کے زمانہ میں وفات پائی۔

اوران کی دو کرامتیں کتابوں میں مذکور ہیں:

پہلی کرامت: وہ بکریاں چرا رہے تھے، بھیڑیے نے حملہ کیا، اور بکری لے کر بھاگا، حضرت اہبانؓ چلائے اور اس کی دم پر ڈنڈا مارا، بھیڑیے نے کہا: آج تو مجھ سے بکری چھڑاتا ہے، درندوں کے دن بکری مجھ سے کون چھڑائے گا؟ جس دن میرے علاوہ بکریوں کا کوئی چرواہا نہیں ہوگا؟

دوسری کرامت: انھوں نے مرتے وقت وصیت کی تھی کہ مجھے میرے دو کپڑوں میں کفن دیا جائے، ان کی صاحبزادی کہتی ہیں: ہم نے کفن میں کرتا بڑھا دیا، دفن کے بعد وہ کرتا گھر میں لکڑی کے اسٹینڈ پر رکھا ہوا ملا۔

[٤١٧٥-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ أُتُوْا بِسَوِيْقٍ فَلَاكُوْهُ، تَابَعَهُ مُعَاذٌ عَنْ شُعْبَةَ. [راجع: ٢٠٩]

۲۰-حضرت سوید بن النعمان رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

حضرت سوید بن النعمان رضی اللہ عنہ جو اصحابِ شجرہ میں سے ہیں، کہتے ہیں: نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہ ستو لائے گئے پس انھوں نے اس کو کھایا (یہ واقعہ خیبر سے واپسی کا ہے اور حدیث پہلے تحفۃ القاری ۱: ۵۴۵ میں گذری ہے)

[۴۱۷۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ بَزِيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَاذَانُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي جَمْرَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ، هَلْ يُنْقَضُ الْوِتْرُ؟ قَالَ: إِذَا أَوْتَرْتَ مِنْ أَوَّلِهِ فَلاَ تُوْتِرْ مِنْ آخِرِهِ.

۲۱-حضرت عائذ بن عمرو رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں

حدیث: ابو جمرہ نے حضرت عائذ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے جو صحابی ہیں اور اصحابِ شجرہ میں سے ہیں پوچھا: کیا وتر توڑ دیا جائے؟ یعنی کوئی وتر پڑھ کر سویا ہو پھر تہجد کے لئے اٹھے تو وتر کو باقی رکھے یا ایک رکعت پڑھ کر سونے سے پہلے پڑھے ہوئے وتر سے ملائے اور اس کو توڑ دے، پھر تہجد پڑھے اور آخر میں وتر دوبارہ پڑھے؟ حضرت عائذؓ نے فرمایا: جب آپ نے شروع رات میں وتر پڑھ لیا تو اب آخر رات میں وتر مت پڑھو (یہی ائمہ اربعہ کی رائے ہے)

[۴۱۷۷-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَسِيْرُ فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَسِيْرُ مَعَهُ لَيْلاً، فَسَأَلَهُ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ عَنْ شَيْئٍ فَلَمْ يُجِبْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ، وَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يَا عُمَرُ! نَزَرْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، كُلَّ ذٰلِكَ لاَ يُجِيْبُكَ، قَالَ عُمَرُ: فَحَرَّكْتُ بَعِيْرِيْ ثُمَّ تَقَدَّمْتُ أَمَامَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَخَشِيْتُ أَنْ يَنْزِلَ فِيَّ قُرْآنٌ، فَمَا نَشِبْتُ أَنْ سَمِعْتُ صَارِخًا يَصْرُخُ بِيْ، قَالَ: فَقُلْتُ: لَقَدْ خَشِيْتُ أَنْ يَكُوْنَ نَزَلَ فِيَّ قُرْآنٌ، وَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَلَّمْتُ، فَقَالَ: " لَقَدْ أُنْزِلَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ سُوْرَةٌ لَهِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ" ثُمَّ قَرَأَ ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا﴾ [انظر: ۴۸۳۳، ۵۰۱۲]

۲۲-حضرت عمر رضی اللہ عنہ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں اور نبی ﷺ نے ان کو سورۃ الفتح سنائی

حدیث: اسلم (مولیٰ عمرؓ) کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنے کسی سفر میں چل رہے تھے (یہ حدیبیہ سے واپسی کا واقعہ ہے) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک رات آپؐ کے ساتھ چل رہے تھے، پس انھوں نے نبی ﷺ سے کوئی بات پوچھی، آپؐ نے

جواب نہیں دیا، انھوں نے پھر پوچھا: پھر بھی آپؐ نے جواب نہیں دیا، انھوں نے تیسری مرتبہ پوچھا، پھر بھی آپؐ نے جواب نہیں دیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (دل میں) کہا: اے عمر! تجھے تیری ماں گم کرے یعنی تو مر گیا ہوتا تو اچھا تھا، تو نے تین بار نبی ﷺ سے اصرار کیا، ہر مرتبہ آپؐ نے تجھے جواب نہیں دیا، حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس میں نے اپنے اونٹ کو تیز کیا اور سب مسلمانوں کے آگے نکل گیا، مجھے اندیشہ ہوا کہ میرے بارے میں کوئی آیت نازل ہو، پس زیادہ دیر نہیں ہوئی کہ ایک پکارنے والے نے مجھ کو پکارا: حضرت عمرؓ کہتے ہیں: میں نے (دل میں) کہا: مجھے ڈر تھا کہ میرے بارے میں کوئی آیت نازل ہوگی، اور میں خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا، آپؐ کو سلام کیا، آپؐ نے فرمایا: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ آج رات مجھ پر ایک سورت نازل کی گئی ہے جو مجھے زیادہ محبوب ہے ان تمام چیزوں سے جن پر سورج طلوع کرتا ہے یعنی پوری دنیا سے وہ سورت مجھے زیادہ محبوب ہے پھر آپؐ نے ان کو سورۃ الفتح پڑھ کر سنائی۔

تشریح: سورۃ الفتح کی پہلی آیت ہے: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا﴾: بیشک ہم نے آپؐ کو کھلی فتح دی —— صلح حدیبیہ کھلی فتح اس طرح بنی کہ دس سال کے لئے مسلمانوں اور مکہ والوں میں جنگ بند ہوگئی اور مکہ اور مدینہ کے درمیان آمدورفت شروع ہوئی، اور لوگوں کو کھلے ذہن سے اسلام کو سمجھنے کا موقع ملا، اور اسلام تیزی سے پھیلنا شروع ہوا، چنانچہ حدیبیہ کے سال پندرہ سو صحابہ ہمرکاب تھے اور اس کے دو سال کے بعد فتح مکہ کے موقع پر دس ہزار کا لشکر جرار نبی ﷺ کے جلو میں تھا، یہ صلح حدیبیہ کی برکت تھی۔

لغت: نَزَرَ الشيئَ (ن) نَزْرًا: اصرار کر کے لینا............مَانَشِبَ أَنْ قَالَ كَذَا: اس نے فوراً ہی ایسا کہا۔

[۴۱۷۸و۴۱۷۹] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ حِيْنَ حَدَّثَ هٰذَا الْحَدِيْثَ، حَفِظْتُ بَعْضَهُ وَثَبَّتَنِيْ مَعْمَرٌ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، وَمَرْوَانَ ابْنِ الْحَكَمِ، يَزِيْدُ أَحَدُهُمَا عَلٰى صَاحِبِهِ، قَالَا: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةً مِنْ أَصْحَابِهِ، فَلَمَّا أَتَى ذَا الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْيَ وَأَشْعَرَهُ وَأَحْرَمَ مِنْهَا بِعُمْرَةٍ، وَبَعَثَ عَيْنًا لَهُ مِنْ خُزَاعَةَ وَسَارَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى إِذَا كَانَ بِغَدِيْرِ الْأَشْطَاطِ أَتَاهُ عَيْنُهُ، قَالَ: إِنَّ قُرَيْشًا جَمَعُوْا لَكَ جُمُوْعًا، وَقَدْ جَمَعُوْا لَكَ الْأَحَابِيْشَ الْأَشْطَاطَ وَهُمْ مُقَاتِلُوْكَ وَصَادُّوْكَ عَنِ الْبَيْتِ وَمَانِعُوْكَ، فَقَالَ: "أَشِيْرُوْا أَيُّهَا النَّاسُ عَلَيَّ، أَتَرَوْنَ أَنْ أَمِيْلَ إِلٰى عِيَالِهِمْ وَذَرَارِيِّ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ أَنْ يَصُدُّوْنَا عَنِ الْبَيْتِ؟ فَإِنْ يَأْتُوْنَا كَانَ اللّٰهُ قَدْ قَطَعَ عَيْنًا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، وَإِلَّا تَرَكْنَاهُمْ مَحْرُوْبِيْنَ" قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! خَرَجْتَ عَامِدًا لِهٰذَا الْبَيْتِ، لَا تُرِيْدُ قَتْلَ أَحَدٍ وَلَا حَرْبَ أَحَدٍ، فَتَوَجَّهْ لَهُ فَمَنْ صَدَّنَا عَنْهُ قَاتَلْنَاهُ، قَالَ: "امْضُوْا عَلٰى اسْمِ اللّٰهِ" [راجع: ١٦٩٤، ١٦٩٥]

۲۳-حضرت ابوبکرؓ اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں اور انھوں نے مشورہ دیا تھا کہ جنگ نہ کی جائے

حدیث: سفیان بن عیینہؒ کہتے ہیں: میں نے امام زہریؒ سے سنا جب انھوں نے یہ حدیث بیان کی، یاد کیا میں نے اس کا کچھ حصہ اور پختہ کرائی مجھے معمر بن راشد نے، وہ عروہؒ سے، وہ مسورؓ اور مروان سے روایت کرتے ہیں، دونوں (مسور اور مروان) میں سے ایک اپنے ساتھی پر اضافہ کرتا ہے، دونوں کہتے ہیں: نبی ﷺ حدیبیہ کے سال دس سو اور کچھ زیادہ سو صحابہ کے ساتھ مدینہ سے نکلے، پس جب ذوالحلیفہ پہنچے تو ہدی کے اونٹوں کو ہار پہنایا اور ان کا اشعار کیا اور وہاں سے عمرہ کا احرام باندھا، اور قبیلہ خزاعہ کے ایک آدمی کو جاسوس کے طور پر بھیجا، اور نبی ﷺ چلتے رہے، یہاں تک کہ جب آپؐ غدیر الاشطاط پر پہنچے (غدیر: تالاب، پانی اکٹھا ہونے کی جگہ، أشطاط: جگہ کا نام جو حدیبیہ کے قریب ہے) تو آیا آپؐ کے پاس آپؐ کا جاسوس، اس نے کہا: قریش نے آپؐ کے لئے بڑا لشکر جمع کیا ہے، انھوں نے آپؐ کے لئے مختلف قبائل کو جمع کیا ہے اور وہ آپؐ سے لڑنے والے ہیں، اور آپؐ کو بیت اللہ سے روکنے والے ہیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: مشورہ دو اے لوگو مجھے! کیا تمہاری رائے ہے کہ میں ان کے بچوں کی طرف جھک جاؤں اور ان کے اہل وعیال کی طرف مائل ہو جاؤں، جو چاہتے ہیں کہ ہمیں بیت اللہ سے روکیں؟ پس اگر وہ آئیں ہمارے پاس (اپنے اہل وعیال کو بچانے کے لئے) تو اللہ تعالیٰ مشرکین کی ایک آنکھ پھوڑ دیں گے یعنی مشرکین کا ایک بازو کٹ جائے گا یعنی ان کی جمعیت کم ہو جائے گی ورنہ یعنی اگر وہ اپنے بال بچوں کو بچانے کے لئے نہیں آتے تو چھوڑ دیں گے ہم ان کو لٹا پٹا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ نکلے ہیں اس گھر کا قصد کر کے، نہیں ارادہ رکھتے آپؐ کسی کو قتل کرنے کا اور نہ کسی سے جنگ کرنے کا، پس آپؐ بیت اللہ کا رخ کریں، پس جو ہمیں اس سے روکے گا، ہم اس سے لڑیں گے، نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نام پر چلو یعنی آپؐ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا مشورہ مان لیا۔

لغات: ثَبَّتَ: جمانا، پختہ کرنا، مضبوط کرنا.........الأحابیش: الْأُحْبُوْش اور الْأُحْبُوْشَة کی جمع: مختلف نسلوں کے لوگ، أَحَابِیْشُ قُرَیْشٍ: قبیلہ قریش، کنانہ اور خزاعہ کے وہ لوگ جنھوں نے مکہ کے حُبشی نامی پہاڑ کے نزدیک اکٹھے ہو کر عہد وپیمان باندھا تھا.........**قولہ: الأحابیش الأشطاط:** لفظ الأشطاط اکثر نسخوں میں نہیں ہے، اس میں ہم نے اس کا ترجمہ چھوڑ دیا ہے.........**عیال اور ذراری ایک ہیں**.........**قَطَعَ عَیْنًا:** ایک آنکھ پھوڑ دیں گے، خطابی رحمہ اللہ کہتے ہیں: عَیْنًا کی جگہ عُنُقًا محفوظ ہے، یعنی ان کی گردن توڑ دیں گے (عمدہ) پس عَیْنًا کا ترجمہ آنکھ اور عُنُقًا کا ترجمہ گردن ہے، یہاں جاسوس ترجمہ نہیں ہے یعنی اگر احابیش اپنے بال بچوں کو بچانے کے لئے آتے ہیں تو قریش کا ایک بازو کٹ جائے گا، ان کی تعداد کم ہو جائے گی.........**قولہ: مَحْرُوْبِیْنَ:** حَرَبَهُ (ن) حَرَبًا: سب کچھ لوٹ لینا، حَرَبَ فُلَانًا مَالَهُ: فلاں کا سارا مال لوٹ لیا، فَهُوَ حَارِبٌ، وَالْمَفْعُوْلُ مَحْرُوْبٌ یعنی اگر احابیش اپنے بال بچوں کو بچانے نہیں آتے تو وہ لٹ پٹ کر

رہ جائیں گے، ان کا بھاری نقصان ہوگا۔

[٤١٨٠و٤١٨١-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّـهُ سَمِعَ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ، وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ، يُخْبِرَانِ خَبْرًا مِنْ خَبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ عُمْرَةِ الْحُدَيْبِيَةِ، فَكَانَ فِيْمَا أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ عَنْهُمَا: أَنَّـهُ لَمَّا كَاتَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُهَيْلَ بْنَ عَمْرٍو يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى قَضِيَّةِ الْمُدَّةِ، وَكَانَ فِيْمَا اشْتَرَطَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو أَنَّـهُ قَالَ: لَا يَأْتِيْكَ مِنَّا أَحَدٌ وَإِنْ كَانَ عَلٰى دِيْنِكَ إِلَّا رَدَدْتَهُ إِلَيْنَا، وَخَلَّيْتَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ، وَأَبٰى سُهَيْلٌ أَنْ يُقَاضِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا عَلٰى ذٰلِكَ، فَكَرِهَ الْمُؤْمِنُوْنَ ذٰلِكَ وَامْتَعَضُوْا، فَتَكَلَّمُوْا فِيْهِ، فَلَمَّا أَبٰى سُهَيْلٌ أَنْ يُقَاضِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا عَلٰى ذٰلِكَ كَاتَبَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَرَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَا جَنْدَلِ بْنَ سُهَيْلٍ يَوْمَئِذٍ إِلٰى أَبِيْهِ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَلَمْ يَأْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَحَدٌ مِنَ الرِّجَالِ إِلَّا رَدَّهُ فِيْ تِلْكَ الْمُدَّةِ، وَإِنْ كَانَ مُسْلِمًا.

وَجَاءَ تِ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ، فَكَانَتْ أُمُّ كُلْثُوْمٍ بِنْتُ عُقْبَةَ بْنِ أَبِيْ مُعَيْطٍ مِمَّنْ خَرَجَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهِيَ عَاتِقٌ، فَجَاءَ أَهْلُهَا يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَرْجِعَهَا إِلَيْهِمْ، حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الْمُؤْمِنَاتِ مَا أَنْزَلَ. [راجع: ١٦٩٤، ١٤٩٥]

۲۴- صلح حدیبیہ میں مسلمانوں کی واپسی کی شرط ناگواری کے باوجود مان لی گئی

امام زہری رحمہ اللہ کے بھتیجے اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں: امام زہریؒ نے کہا: مجھے حضرت عروہؓ نے بتلایا کہ انھوں نے مروان اور مسور سے سنا، وہ دونوں عمرۂ حدیبیہ کے سلسلہ میں نبی ﷺ کی خبروں میں سے ایک خبر بتلا رہے تھے، پس اس میں سے جو عروہؓ نے ان دونوں سے روایت کرتے ہوئے مجھے بتایا یہ تھا کہ جب نبی ﷺ نے سہیل سے حدیبیہ کے دن مصالحت کے سلسلہ میں معاہدہ کیا اور ان باتوں میں جو سہیل نے شرط لگائی یہ بات تھی کہ اس نے کہا: نہیں آئے گا آپ کے پاس ہم میں سے کوئی شخص اگرچہ وہ آپؐ کے دین پر ہو، مگر آپؐ اس کو ہماری طرف واپس کریں گے، اور ہمارے اور اس کے درمیان راہ چھوڑ دیں گے، اور سہیل نے انکار کیا کہ وہ مصالحت کرے رسول اللہ ﷺ سے مگر اس شرط پر، اور مسلمانوں نے اس کو ناپسند کیا اور یہ بات ان پر بہت بھاری گذری، اس لئے انھوں نے اس معاملہ میں گفتگو کی مگر جب سہیل نے کہا کہ وہ مصالحت نہیں کرے گا نبی ﷺ سے مگر اس شرط پر تو آپؐ نے اس سے مصالحت کرلی (اور اس کی بات مان لی) اور اس کے لڑکے ابوجندل رضی اللہ عنہ کو اس دن اس کے باپ کی طرف واپس کردیا اور نہیں آیا نبی ﷺ کے پاس مردوں میں

سے کوئی مگراس کوواپس کردیااس مصالحت کے زمانہ میں اگرچہ وہ مسلمان تھا۔

اور مسلمان عورتیں ہجرت کرکے آئیں، اور عقبہ بن ابی معیط کی لڑکی ام کلثوم ان عورتوں میں تھیں جو نبی ﷺ کی طرف نکلیں، اوروہ جوان (یا قریب البلوغ) تھیں، پس ان کے گھر والے آئے، مطالبہ کررہے تھے وہ نبی ﷺ سے کہ آپؐ اس کوان کی طرف لوٹادیں، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمان عورتوں کے بارے میں وحی نازل فرمائی جونازل فرمائی (اس کا ذکر اگلی حدیث میں ہے)

لغات: المُدَّة: المصالحة، على قَضِيَّة المدة: مصالحت کے معاملہ میں .... قَاضَى يُقَاضِيْ: مصالحت کرنا .... امْتَعَضَ من الأمر: کسی بات سے کبیدہ خاطر ہونا، سخت ناگواری ہونا، انتہائی برا لگنا، مجرد مَعِضَ مِنَ الأَمْر (س) مَعَضًا: کسی بات پر ناراض ہونا، برافروختہ ہونا .... عَاتِقٌ: سیانی، قریب البلوغ یا جوان۔

[٤١٨٢-] قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَمْتَحِنُ مَنْ هَاجَرَ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ بِهٰذِهِ الأيَةِ ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ﴾

وَعَنْ عَمِّهِ قَالَ: بَلَغَنَا حِيْنَ أَمَرَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَرُدَّ إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا أَنْفَقُوْا عَلٰى مَنْ هَاجَرَ مِنْ أَزْوَاجِهِمْ، وَبَلَغَنَا أَنَّ أَبَا بَصِيْرٍ، فَذَكَرَهُ بِطُوْلِهِ. [راجع: ٢٧١٣]

۲۵- صلح حدیبیہ کا اطلاق عورتوں پر نہیں ہوا

صلح حدیبیہ میں مکہ والوں نے یہ شرط لگائی تھی کہ ہمارا جو آدمی تمہارے پاس جائے گا اس کو واپس کرنا ہوگا، نبی ﷺ نے اس شرط کو قبول فرمالیا تھا، چنانچہ کئی مرد آئے، آپؐ نے ان کو واپس کردیا، پھر کئی مسلمان عورتیں آئیں، ان کو واپس کیسے کرتے؟ وہ کافر مرد کے گھر میں حرام میں پڑتیں، نیز عورتوں کے لئے تکالیف برداشت کرنا بھی مشکل تھا، چنانچہ سورۃ الممتحنہ کی آیت ۱۲ نازل ہوئی: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ﴾: اور حکم دیا گیا کہ جو مسلمان عورتیں (دارالحرب سے) ہجرت کرکے آئیں تم ان کا امتحان کرو، آیت میں مذکور باتوں کا اگر وہ اقرار کریں تو ان کو کفار کی طرف واپس مت کرو، نہ وہ عورتیں ان کافروں کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ کافران عورتوں کے لئے حلال ہیں، اس آیت سے یہ بات واضح ہوگئی کہ صلح حدیبیہ کا اطلاق عورتوں پر نہیں ہوا (تفصیل تحفۃ القاری ۶: ۱۳۷ میں ہے)

اور امام زہری رحمہ اللہ کے بھتیجے اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں: امام زہریؒ نے فرمایا: ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو حکم دیا کہ وہ مشرکین کی طرف وہ مہر پھیر دیں جو انھوں نے خرچ کیا ہے ان کافروں پر جن کی بیویوں نے ہجرت کی ہے اور ہمیں یہ بات بھی پہنچی ہے کہ ابو بصیر رضی اللہ عنہ، پس ذکر کی انھوں نے لمبی حدیث (یہ لمبی حدیث تحفۃ

القاری ۶: ۱۳۳ میں ہے)

قوله: قال ابن شهاب: یہ حدیث گذشتہ حدیث کی سند ہی سے مروی ہے مگر وہ سند مسور اور مروان تک پہنچتی تھی، اور یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک.......... **قوله: وعن عمه:** یہ امام زہریؒ کی بلاغاً روایت ہے اور انھوں نے جو دو باتیں فرمائی ہیں وہ دونوں پہلے سند متصل سے آچکی ہیں۔

[٤١٨٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، خَرَجَ مُعْتَمِرًا فِي الْفِتْنَةِ، فَقَالَ: إِنْ صُدِدْتُ عَنِ الْبَيْتِ صَنَعْنَا كَمَا صَنَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَهَلَّ بِعُمْرَةٍ مِنْ أَجْلِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ. [راجع: ١٦٣٩]

[٤١٨٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ أَهَلَّ، وَقَالَ: إِنْ حِيْلَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ لَفَعَلْتُ كَمَا فَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ حَالَتْ كُفَّارُ قُرَيْشٍ بَيْنَهُ، وَتَلاَ ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ [راجع: ١٦٣٩]

[٤١٨٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَسَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَاهُ أَنَّهُمَا كَلَّمَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، ح: وَحَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ بَعْضَ بَنِيْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَهُ: لَوْ أَقَمْتَ الْعَامَ فَإِنِّيْ أَخَافُ أَنْ لاَ تَصِلَ إِلَى الْبَيْتِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ دُوْنَ الْبَيْتِ فَنَحَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم هَدَايَاهُ وَحَلَقَ وَقَصَّرَ أَصْحَابُهُ، وَقَالَ: أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً، فَإِنْ خُلِّيَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ الْبَيْتِ طُفْتُ، وَإِنْ حِيْلَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ الْبَيْتِ صَنَعْتُ كَمَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ: مَا أَرَى شَأْنَهُمَا إِلاَّ وَاحِدًا، أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ أَوْجَبْتُ حَجَّةً مَعَ عُمْرَتِيْ، فَطَافَ طَوَافًا وَاحِدًا وَسَعْيًا وَاحِدًا حَتَّى حَلَّ مِنْهُمَا جَمِيْعًا. [راجع: ١٦٣٩]

۲۶- احصار کا حکم حدیبیہ کے ساتھ خاص نہیں

سورۃ البقرہ آیت ۱۹۶ میں احصار کا حکم ہے کہ اگر تم (دشمن یا مرض کی وجہ سے) روک دیئے جاؤ تو قربانی کا جو جانور میسر ہو (ذبح کرو) اور اپنے سروں کو اس وقت تک نہ منڈاؤ یعنی ممنوعاتِ احرام کا ارتکاب نہ کرو جب تک قربانی اپنے جگہ نہ پہنچ جائے، یہ حکم حدیبیہ کے ساتھ خاص نہیں ہے، ہر احصار میں احرام کھول سکتے ہیں۔

حدیث (۱): جب حجاج بن یوسف نے حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما پر فوج کشی کی اور جنگ شروع ہوئی اور حج کا زمانہ قریب آیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما عمرہ کا احرام باندھ کر مدینہ سے چلے، فرمایا: اگر میں بیت اللہ سے روک دیا گیا

تو ہم کریں گے جیسا کیا ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ، یعنی قربانی کرکے احرام کھول دیں گے، چنانچہ آپؓ نے عمرہ کا احرام باندھا اس لئے کہ نبی ﷺ نے حدیبیہ کے سال عمرہ کا احرام باندھا تھا۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے احرام باندھا اور فرمایا: اگر حائل ہوا گیا میرے اور بیت اللہ کے درمیان تو میں کروں گا جیسا نبی ﷺ نے کیا، جب حائل ہوئے کفار قریش آپؐ کے درمیان اور ابن عمرؓ نے سورہ احزاب کی آیت ۲۱ پڑھی: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾: البتہ واقعہ یہ ہے کہ تمہارے لئے اللہ کے رسول میں عمدہ نمونہ ہے۔

حدیث (۳): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحبزادوں عبید اللہ اور سالم نے نافع کو بتایا کہ ان دونوں نے حضرت ابن عمرؓ سے گفتگو کی اور ان سے کہا: کاش آپؓ اس سال ٹھہر جائیں اس لئے کہ مجھے ڈر ہے کہ آپؓ بیت اللہ تک نہیں پہنچ سکیں گے، ابن عمرؓ نے کہا: ہم نبی ﷺ کے ساتھ نکلے پس کفار قریش بیت اللہ سے ورے حائل ہوئے اور نبی ﷺ نے اپنی قربانیاں ذبح کیں، سر منڈایا اور آپؐ کے صحابہ نے سر منڈایا اور زلفیں بنوائیں، میں آپ لوگوں کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے عمرہ لازم کیا، پس اگر راہ چھوڑ دی گئی میرے اور بیت اللہ کے درمیان تو میں طواف کروں گا اور اگر حائل ہوا گیا میرے اور بیت اللہ کے درمیان تو میں کروں گا جیسا نبی ﷺ نے کیا، پس آپؓ تھوڑی دور چلے پھر فرمایا: نہیں خیال کرتا میں حج وعمرہ کے معاملہ کو مگر یکساں، گواہ بناتا ہوں میں تم کو کہ میں نے حج کو لازم کیا میرے عمرہ کے ساتھ، پس انھوں نے ایک طواف اور ایک سعی کی، یہاں تک کہ حج وعمرہ دونوں ہی سے حلال ہو گئے۔

تشریح: قارن پر ایک طواف اور ایک سعی ہے یا دو طواف اور دو سعی؟ یعنی قِران میں افعال حج اور افعال عمرہ میں تداخل ہوتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک تداخل ہوتا ہے، پس قارن صرف ایک طواف اور ایک سعی کرے گا، یعنی دس ذی الحجہ کو طوافِ زیارت اور اس کے بعد سعی کرے گا، یہ طواف اور سعی حج اور عمرہ دونوں کے لئے ہونگے، عمرہ کے لئے الگ سے طواف وسعی کرنے کی ضرورت نہیں اور حنفیہ کے نزدیک تداخل نہیں ہوتا، پس قارن عمرہ کے لئے طواف وسعی الگ کرے گا اور حج کے لئے الگ۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ائمہ ثلاثہ کے پاس بھی متعدد دلائل ہیں، اور احناف کے پاس بھی (علامہ ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے اعلاء السنن میں سب روایتیں جمع کی ہیں) اور اختلاف کی بنیاد نص فہمی کا اختلاف ہے، تمام ائمہ متفق ہیں کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں تین طواف کئے تھے، ایک: طواف مکہ پہنچتے ہی کیا تھا، دوسرا: طوافِ زیارت کیا تھا اور تیسرا: طوافِ وداع، پہلا طواف جو آپؐ نے مکہ پہنچتے ہی کیا تھا وہ طوافِ قدوم تھا یا طوافِ عمرہ؟ ائمہ ثلاثہ کا خیال ہے کہ وہ طوافِ قدوم تھا اور آپؐ نے دس ذی الحجہ کو جو طواف کیا تھا وہ حج اور عمرہ دونوں کے لئے تھا، اور اس کے بعد جو سعی کی تھی وہ بھی حج وعمرہ دونوں کے لئے تھی اور احناف کا خیال یہ ہے کہ وہ طواف عمرہ کا طواف تھا، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ آپؐ نے اس کے بعد سعی کی تھی، جیسا کہ پہلے (حدیث ۱۶۲۳) گذرا ہے اور طوافِ قدوم کے بعد بالاتفاق سعی نہیں ہے، پھر دس ذی الحجہ کو حج کا

طواف اور سعی کی تھی اس لئے احناف کے نزدیک قارن پر دوطواف اور دو سعی واجب ہیں اور اسی میں احتیاط ہے اور احناف اختلاف روایات کے وقت عبادت میں احتیاط والا پہلو لیتے ہیں (مزید تفصیل تحفۃ القاری ۳:۳۵۲ میں ہے)

فائدہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما میقات سے صرف عمرہ کا احرام باندھ کر چلے تھے، جب بیداء ٹیلے پر پہنچے تو فرمایا: عمرہ اور حج کا معاملہ یکساں ہے اگر احصار واقع ہوگا تو حج میں بھی ہوگا، اور عمرہ میں بھی، پس قران کرتا ہوں چنانچہ آپؓ نے عمرہ کے احرام کے ساتھ حج کا احرام بھی شامل کرلیا، اور قدید سے قربانی کا جانور خرید کر ساتھ لے لیا، پھر آپؓ کے مکہ پہنچنے سے پہلے جنگ ختم ہوگئی، چنانچہ آپؓ مکہ پہنچے اور ایک طواف کیا یعنی عمرہ کا طواف کیا، اور اسی میں طوافِ قدوم کی نیت کرلی الگ سے طوافِ قدوم نہیں کیا اور ائمہ ثلاثہ اس کا دوسرا مطلب لیتے ہیں، پس یہ روایت محکم الدلالہ نہیں۔

[٤١٨٦-] حَدَّثَنِیْ شُجَاعُ بْنِ الْوَلِيْدِ، سَمِعَ النَّضْرَ بْنَ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَخْرٌ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: إِنَّ النَّاسَ يَتَحَدَّثُوْنَ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَسْلَمَ قَبْلَ عُمَرَ وَلَيْسَ كَذٰلِكَ، وَلٰكِنْ عُمَرُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ أَرْسَلَ عَبْدَ اللّٰهِ إِلٰى فَرَسٍ لَهُ عِنْدَ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، يَأْتِیْ بِهِ لِيُقَاتِلَ عَلَيْهِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُبَايِعُ عِنْدَ الشَّجَرَةِ، وَعُمَرُ لَا يَدْرِیْ بِذٰلِكَ، فَبَايَعَهُ عَبْدُ اللّٰهِ ثُمَّ ذَهَبَ إِلَى الْفَرَسِ فَجَاءَ بِهِ إِلٰى عُمَرَ وَعُمَرُ يَسْتَلْئِمُ لِلْقِتَالِ، فَأَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُبَايِعُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ، قَالَ: فَانْطَلَقَ فَذَهَبَ مَعَهُ حَتّٰى بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَهِیَ الَّتِیْ يَتَحَدَّثُ النَّاسُ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَسْلَمَ قَبْلَ عُمَرَ.

[راجع: ٣٩١٦]

[٤١٨٧-] وَقَالَ هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِیُّ، أَخْبَرَنِیْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّاسَ كَانُوْا مَعَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، تَفَرَّقُوْا فِیْ ظِلَالِ الشَّجَرِ، فَإِذَا النَّاسُ مُحْدِقُوْنَ بَالنَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! انْظُرْ مَا شَأْنُ النَّاسِ قَدْ أَحْدَقُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَوَجَدَهُمْ يُبَايِعُوْنَ فَبَايَعَ، ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى عُمَرَ فَخَرَجَ فَبَايَعَ.

[راجع: ٣٩١٦]

۲۷- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے بیعت رضوان کی

حدیث (۱): نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: لوگ باتیں کرتے ہیں کہ ابن عمرؓ حضرت عمرؓ سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں، ایسا نہیں ہے، بلکہ حدیبیہ کے دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عبداللہؓ کو بھیجا اپنے ایک گھوڑے کی طرف جو ایک انصاری آدمی کے پاس تھا، لائیں وہ اس کو تاکہ جنگ کریں وہ اس پر اور نبی ﷺ درخت کے پاس بیعت کررہے تھے اور عمر رضی اللہ عنہ کو اس کا علم نہیں تھا، پس آپؐ سے عبداللہ بن عمرؓ نے بیعت کی، پھر وہ گھوڑے کی طرف گئے اور اس کو حضرت عمرؓ کے پاس لائے

اور حضرت عمرؓ جنگ کے لئے اپنا لوہے کا کرتا پہن رہے تھے، پھر ابن عمرؓ نے ان کو بتلایا کہ نبی ﷺ درخت کے نیچے بیعت لے رہے ہیں، نافع کہتے ہیں: پس حضرت عمرؓ چلے اور ابن عمرؓ بھی ان کے ساتھ چلے یہاں تک کہ حضرت عمرؓ نے نبی ﷺ سے بیعت کی، پس یہی وہ واقعہ ہے جو لوگ بیان کرتے ہیں کہ ابن عمرؓ حضرت عمرؓ سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں۔

لغت: اِسْتَلْأَمَ فلان: زرہ وغیرہ پہننا، ہتھیاروں سے لیس ہونا۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ لوگ نبی ﷺ کے ساتھ تھے حدیبیہ کے دن، بکھر گئے وہ درختوں کے سایہ میں، پس اچانک لوگ نبی ﷺ کو گھیرے ہوئے تھے، حضرت عمرؓ نے فرمایا: عبداللہ! دیکھ تو لوگوں کا کیا معاملہ ہے وہ نبی ﷺ کو کیوں گھیرے ہوئے ہیں؟ پس عبداللہؓ نے لوگوں کو بیعت کرتے ہوئے پایا، چنانچہ انھوں نے بیعت کرلی، پھر وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف لوٹے، پس حضرت عمرؓ آئے اور بیعت کی۔

[٤١٨٨-] حدثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْلَى، قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ اعْتَمَرَ فَطَافَ وَطُفْنَا مَعَهُ، وَصَلَّى وَصَلَّيْنَا مَعَهُ، وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَكُنَّا نَسْتُرُهُ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ لاَ يُصِيْبُهُ أَحَدٌ بِشَيْئٍ.[راجع: ١٦٠٠]

۲۸- حدیبیہ میں بھی نبی ﷺ کی سیکورٹی کا انتظام تھا

حدیث: عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے جب آپؐ نے عمرۂ قضا کیا، پس آپؐ نے طواف کیا اور ہم نے آپؐ کے ساتھ طواف کیا، اور (مقام ابراہیم پر) آپؐ نے نماز پڑھی، پس ہم نے بھی آپؐ کے ساتھ نماز پڑھی، اور آپؐ نے صفا ومروہ کے درمیان سعی کی، پس ہم آپؐ کو چھپائے ہوئے تھے مکہ والوں سے، نہ پہنچے آپؐ کو کوئی شخص کسی چیز کے ساتھ۔

تشریح: صحابہ عمرۃ القضاء میں نبی ﷺ کی حفاظت کررہے تھے اس وقت مکہ میں کوئی کافر نہیں تھا، معاہدہ کے مطابق سب مکہ سے تین دن کے لئے نکل گئے تھے، پھر بھی صحابہ نے آپؐ کی حفاظت کا پورا انتظام رکھا تھا، جب آپؐ طواف وسعی کررہے تھے یا نماز پڑھ رہے تھے تو صحابہ قریب رہتے تھے، تاکہ کوئی گزند نہ پہنچا سکے۔

اور حدیث کا صلح حدیبیہ سے تعلق یہ ہے کہ عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہما اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں، اور عمرۂ قضاء میں بھی ساتھ تھے، پس جب عمرۂ قضاء میں صحابہ نے حفاظت کا پورا انتظام رکھا تھا تو حدیبیہ میں بدرجہ اولیٰ حفاظت کا انتظام رکھا ہوگا، کیونکہ اس وقت آپؐ کافروں کی دسترس میں تھے، کسی بھی وقت کوئی بات پیش آسکتی تھی، یہ تطبیق حاشیہ میں بیان کی ہے۔

[٤١٨٩-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ إِسْحَاقَ: قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَصِيْنٍ قَالَ: قَالَ أَبُوْ وَائِلٍ: لَمَّا قَدِمَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ مِنْ صِفِّيْنَ أَتَيْنَاهُ نَسْتَخْبِرُهُ فَقَالَ:

اتَّهِمُوْا الرَّأْیَ فَلَقَدْ رَأَیْتُنِیْ یَوْمَ أَبِیْ جَنْدَلٍ وَلَوْ أَسْتَطِیْعُ أَنْ أَرُدَّ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَمْرَهُ لَرَدَدْتُ، وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. وَمَا وَضَعْنَا أَسْیَافَنَا عَلٰی عَوَاتِقِنَا لِأَمْرٍ یُفْظِعُنَا إِلَّا أَسْهَلْنَ بِنَا إِلٰی أَمْرٍ نَعْرِفُهُ قَبْلَ هٰذَا الْأَمْرِ، مَا نَسُدُّ مِنْهَا خُصْمًا إِلَّا انْفَجَرَ عَلَیْنَا خُصْمٌ، مَا نَدْرِیْ کَیْفَ نَأْتِیْ لَهُ؟[راجع: ۳۱۸۱]

۲۹-ابوجندل رضی اللہ عنہ کی واپسی صحابہ پر بہت شاق گذری

صلح نامہ ابھی لکھا جا رہا تھا کہ سہیل کے بیٹے ابوجندلؓ جن کا نام عاص تھا بیڑیاں گھسیٹتے ہوئے مسلمانوں کے کیمپ میں آپہنچے، انھوں نے خود کو مسلمانوں کے درمیان ڈال دیا، سہیل نے کہا: یہ پہلا شخص ہے جس کے متعلق میں آپؐ سے معاملہ کرتا ہوں کہ آپؐ اُسے واپس کریں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی صلح مکمل نہیں ہوئی، اس نے کہا: پھر میں آپؐ سے کسی بات پر صلح نہیں کرتا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنا بیٹا مجھے بخش دو! اس نے کہا: میں نہیں بخشتا! آپؐ نے فرمایا: اتنا تو کرنا ہی پڑے گا، اس نے کہا: میں نہیں کرتا، چنانچہ اس کی بات مان لی گئی اور ابوجندل رضی اللہ عنہ کو مشرکین کی طرف واپس کیا گیا، ابوجندلؓ چیخ کر کہنے لگے: مسلمانو! کیا میں مشرکین کی طرف واپس کیا جاؤں گا کہ وہ مجھے میرے دین کے بارے میں فتنہ میں ڈالیں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوجندل صبر کرو، اور آزمائش کو باعث ثواب سمجھو، اللہ تعالیٰ تمہارے لئے اور تم جیسے کمزور مسلمانوں کے لئے کشادگی اور پناہ کی جگہ بنائیں گے، ہم نے قریش سے صلح کرلی ہے اور ہم نے ان کو اور انھوں نے ہم کو اللہ کا عہد دیدیا ہے، اس لئے ہم بدعہدی نہیں کرسکتے۔

پھر سہیل ابوجندلؓ کو لے کر واپس چلا، حضرت عمرؓ اچھل کر ابوجندلؓ کے پاس پہنچے وہ ان کے پہلو میں چل رہے تھے اور کہہ رہے تھے: ابوجندل صبر کرو، یہ لوگ مشرک ہیں ان کا خون بس کتے کا خون ہے! اور ساتھ ہی اپنی تلوار کا دستہ ان کے قریب کررہے تھے اس امید سے کہ وہ تلوار لے کر اپنے باپ کو نمٹا دیں، مگر انھوں نے ہمت نہ کی اور سہیل ان کو لے کر واپس چلا گیا۔

حدیث: ابو وائل کہتے ہیں: جب سہل بن حنیف جنگِ صفین سے واپس آئے تو ہم ان کی خدمت میں معلومات حاصل کرنے کے لئے گئے، انھوں نے فرمایا: تم رائے کو متہم گردانو، دیکھا میں نے مجھ کو ابوجندلؓ کے دن (یہاں باب ہے) اور اگر طاقت رکھتا میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے امر کو رد کردوں تو میں اسے رد کردیتا اور اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں اور نہیں رکھی ہم نے ہماری تلواریں ہمارے کندھوں پر کسی ایسے معاملہ میں جس نے ہمیں گھبراہٹ میں مبتلا کردیا ہو، مگر تلواروں نے ہمارا معاملہ آسان کردیا، ایسے امر کی طرف جس کو ہم پہچانتے تھے، اس امر (صفین کے معاملہ) سے پہلے، نہیں بند کرتے ہم اس فتنہ کا ایک سوراخ مگر بہہ پڑتا ہے ہم پر اس کا دوسرا سوراخ نہیں جانتے ہم کہ ہم اس سے کیسے نمٹیں؟!

تشریح: حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ جنگِ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے، مگر پرجوش نہیں تھے، لوگ ان سے کہتے تھے: آپ بہادری کا مظاہرہ نہیں کرتے؟ انھوں نے جواب دیا: حق کس جانب ہے یہ معلوم نہیں،

اجتہادی مسائل میں اپنی رائے کے علاوہ دوسری رائے کی بھی گنجائش ہوتی ہے اس لئے طبیعت میں جوش اور ولولہ نہیں، اور جہاں ایک پہلو قطعی ہوتا ہے، جیسے حدیبیہ میں مسلمان حق پر تھے اور کفار باطل پر، اس لئے اس دن ہمارے جوش کا حال کچھ اور ہی تھا، جب ابوجندلؓ کو لے کر ان کا باپ چلا تو اگر میرے بس میں ہوتا تو میں نبی ﷺ کے فیصلہ کے خلاف اقدام کرتا، اسی طرح اور جنگوں میں جب ہم نے تلوار اٹھائی تو فیصلہ کر کے رکھی، مگر اس جنگ کا معاملہ ہماری سمجھ سے باہر ہے، تم سمجھتے ہو کہ تم ہی حق پر ہو، پس تمہیں اپنی رایوں کو متہم گردانا چاہئے دوسری طرف بھی حق کی گنجائش ہے اس لئے جیسا جوش اور ولولہ ہونا چاہئے، میرے اندر تم نہیں پاتے۔

لغت: الخُصْم: جانب، گوشہ، ہر چیز کا کنارہ، میں نے ترجمہ سوراخ، کیا ہے۔

[٤١٩٠-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: أَتَى عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ وَالْقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلَى وَجْهِيْ، فَقَالَ: " أَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّ رَأْسِكَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: " فَاحْلِقْ وَصُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، أَوْ أَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ، أَوِ انْسُكْ نَسِيْكَةً" قَالَ أَيُّوْبُ: لَا أَدْرِيْ بِأَيِّ هٰذَا بَدَأَ. [راجع: ١٨١٤]

[٤١٩١-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْحُدَيْبِيَةِ وَنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ وَقَدْ حَصَرَنَا الْمُشْرِكُوْنَ، قَالَ: وَكَانَتْ لِيْ وَفْرَةٌ فَجَعَلَتِ الْهَوَامُّ تَسَاقَطُ عَلَى وَجْهِيْ، فَمَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " أَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّ رَأْسِكَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: وَأُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ ﴿فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ﴾ [البقرہ: ١٩٦] [راجع: ١٨١٤]

۳۰- فدیہ کا حکم حدیبیہ میں نازل ہوا

ابھی حدیث (نمبر ۴۱۵۹) گذری ہے، حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے سر میں جوئیں پڑ گئی تھیں اور بہت زیادہ ہوگئی تھیں، ان کے معاملہ میں سورۃ البقرہ کی آیت ۱۹۶ نازل ہوئی اور ان کو حکم دیا گیا کہ وہ اپنے بال منڈا دیں، اور فدیہ دیدیں، باقی تفصیل پہلے آچکی ہے۔

وضاحت: قَالَ أَيُّوْب: ایوب سختیانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: فدیہ کے امور ثلاثہ میں سے پہلے نمبر پر کس کو ذکر کیا: یہ مجھے یاد نہیں، مگر اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا .... وَفْرَة: زلفیں، وہ بال جو کانوں کی لو تک پہنچے ہوئے ہوں۔

(غزوۂ حدیبیہ کا بیان پورا ہوا)

قبائل عُکل وعُرینہ کا واقعہ

(سریہ کُرز بن جابر فہری قرشی رضی اللہ عنہ)

قبائلِ عکل وعرینہ کے کچھ لوگ مدینہ آئے، مسلمان ہوئے، پھر وہ مدینہ میں بیمار پڑ گئے، ان کو جَوِی بیماری لاحق ہوگئی، انھوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا: ہم جانور پالنے والے لوگ ہیں، دودھ پر ہمارا گذارہ ہے، غلہ کے ہم عادی نہیں اور مدینہ کی آب وہوا ہمیں موافق نہیں آئی، اس لئے اگر ہمیں جنگل میں صدقات کے اونٹوں میں رہنے کی اور ان کا دودھ پینے کی اجازت دی جائے تو بہتر ہوگا، آپؐ نے ان کو اجازت دیدی، وہ شہر سے باہر چراگاہ میں جہاں صدقات کے اونٹ رہتے تھے چلے گئے، اور چند دن میں تندرست، قوی اور توانا ہوگئے، پھر وہ اسلام سے پھر گئے، چرواہے کو جس کا نام یسار تھا قتل کردیا، اس کے ہاتھ پیر ناک اور کان کاٹے اور آنکھوں میں کانٹے چبھوئے اور اونٹوں کو لے کر چل دیئے۔

نبی ﷺ نے کُرز بن جابر فہری قرشی رضی اللہ عنہ کو بیس آدمیوں کے ہمراہ ان کے تعاقب میں روانہ فرمایا، وہ سب گرفتار کرکے لائے گئے، آپؐ نے ان لوگوں کو جس طرح انھوں نے چرواہے کو قتل کیا تھا قتل کرایا یعنی قتل میں قصاص (برابری) کالحاظ کیا، لیکن بعد میں یہ حکم منسوخ ہوگیا اور مثلہ کرنا ہمیشہ کے لئے حرام ہوگیا۔

یہ واقعہ کب پیش آیا؟ واقدی، ابن سعد اور ابن حبان کے نزدیک شوال سن ۶ ہجری میں یہ واقعہ پیش آیا ہے، مگر امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک یہ واقعہ حدیبیہ کے بعد اور فتح خیبر سے پہلے پیش آیا ہے۔

تعارف: حضرت کرز رضی اللہ عنہ اسلام سے پہلے مشرکین کے سرداروں میں سے تھے، انھوں نے ہی مدینہ کی چراگاہ پر حملہ کیا تھا اور ان کی طلب میں نبی ﷺ سفوان تک گئے تھے، مگر وہ ہاتھ نہیں آیا تھا، یہی غزوۂ بدر اولیٰ کہلاتا ہے، پھر وہ اللہ کے فضل سے ایمان لے آئے، عرنیین کے تعاقب میں انہی کی سرکردگی میں سریہ روانہ کیا گیا تھا، فتح مکہ کے موقع پر شہید ہوئے، حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے لشکر میں تھے، دو شخص ان کے لشکر سے علاحدہ ہوگئے، ایک: حُبیش بن اشعر خزاعی، دوسرے کرز بن جابر فہری رضی اللہ عنہما، مشرکین نے ان کو قتل کردیا۔

[۳۷-] بَابُ قِصَّةِ عُكْلٍ وَعُرَيْنَةَ

[۴۱۹۲-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْأَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ: أَنَّ نَاسًا مِنْ عُكْلٍ وَعُرَيْنَةَ قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَتَكَلَّمُوْا

بِالإِسْلَامِ، فَقَالُوْا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! إِنَّا كُنَّا أَهْلَ ضَرْعٍ، وَلَمْ نَكُنْ أَهْلَ رِيْفٍ، وَاسْتَوْخَمُوْا الْمَدِيْنَةَ، فَأَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِذَوْدٍ وَرَاعٍ، وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَخْرُجُوْا فِيْهِ، فَيَشْرَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا، فَانْطَلَقُوْا حَتَّى إِذَا كَانُوْا نَاحِيَةَ الْحَرَّةِ كَفَرُوْا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ وَقَتَلُوْا رَاعِيَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَاسْتَاقُوْا الذَّوْدَ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَبَعَثَ الطَّلَبَ فِيْ آثَارِهِمْ، فَأَمَرَ بِهِمْ فَسَمَرُوْا أَعْيُنَهُمْ، وَقَطَّعُوْا أَيْدِيَهُمْ وَتُرِكُوْا فِيْ نَاحِيَةِ الْحَرَّةِ حَتَّى مَاتُوْا عَلٰى حَالِهِمْ.[راجع: ۲۳۳]

قَالَ قَتَادَةُ: بَلَغَنَا أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ ذٰلِكَ كَانَ يَحُثُّ عَلَى الصَّدَقَةِ وَيَنْهٰى عَنِ الْمُثْلَةِ.وَقَالَ شُعْبَةُ، وَأَبَانُ، وَحَمَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ: مِنْ عُرَيْنَةَ، وَقَالَ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، وَأَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ: قَدِمَ نَفَرٌ مِنْ عُكْلٍ.

ترجمہ: قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے لوگوں کے سامنے حدیث بیان کی کہ قبیلہ عکل اور قبیلہ عرینہ کے کچھ لوگ نبی ﷺ کے پاس مدینہ آئے، انھوں نے کلمہ اسلام پڑھا، اور انھوں نے کہا: اے اللہ کے نبی! ہم تھن والے ہیں، ہم کھیتی والے نہیں ہیں، اور مدینہ کی آب وہوا ہمیں راس نہیں آئی، نبی ﷺ نے ان کے لئے اونٹوں کا اور چرواہے کا حکم دیا کہ وہ نکلیں اس میں اور پئیں ان کا دودھ اور پیشاب، پس چلے وہ یہاں تک کہ جب تھے وہ حرّہ کی جانب میں تو وہ اپنے اسلام کے بعد مرتد ہوگئے، اور قتل کیا انھوں نے نبی ﷺ کے چرواہے کو اور ہانک لے چلے وہ اونٹوں کو، پس نبی ﷺ کو خبر ہوئی آپؐ نے پکڑنے والوں کو ان کے پیچھے بھیجا، پھر ان کے بارے میں حکم دیا، ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیری گئیں اور ان کے ہاتھ کاٹے گئے، اور وہ حرہ کی ایک جانب میں ڈال دیئے گئے، یہاں تک کہ وہ اس حال میں مرگئے۔

قتادہؒ کہتے ہیں: ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ نبی ﷺ اس واقعہ کے بعد خیرات کی ترغیب دیا کرتے تھے، اور مثلہ (لاش بگاڑنے) سے منع کیا کرتے تھے —— اور یہ سعید بن ابی عروبہ کی قتادہؒ سے روایت ہے، انھوں نے عکل اور عرینہ دونوں قبیلوں کا ذکر کیا ہے اور دوسرے تین شاگرد: شعبہ، ابان اور حماد صرف عرینہ کا ذکر کرتے ہیں، پھر ایک دوسری سند ذکر کی ہے، اس میں صرف عکل کا ذکر ہے، یہ درحقیقت آٹھ آدمی تھے، چار قبیلہ عرینہ کے، تین قبیلہ عکل کے اور ایک کسی اور قبیلہ کا تھا، باقی مسائل جو حدیث میں زیر بحث آتے ہیں وہ تحفۃ القاری (۵۶۹:۱) میں ہیں، وہاں دیکھ لئے جائیں۔

[۴۱۹۳-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ أَبُوْ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، وَالْحَجَّاجُ الصَّوَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ رَجَاءٍ مَوْلٰى أَبِيْ قِلَابَةَ، وَكَانَ مَعَهُ بِالشَّامِ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اسْتَشَارَ النَّاسَ يَوْمًا، قَالَ: مَاتَقُوْلُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْقَسَامَةِ؟ فَقَالُوْا: حَقٌّ قَضٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَضَتْ بِهَا الْخُلَفَاءُ قَبْلَكَ، قَالَ: وَأَبُوْ قِلَابَةَ

خَلْفَ سَرِيْرِهِ. فَقَالَ عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيْدٍ: فَأَيْنَ حَدِيْثُ أَنَسٍ فِي الْعُرَنِيِّيْنَ؟ قَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ: إِيَّايَ حَدَّثَهُ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ. قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ: مِنْ عُرَيْنَةَ، وَقَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ: مِنْ عُكْلٍ، وَذَكَرَ الْقِصَّةَ.[راجع: ۲۳۳]

ترجمہ: سلمان ابورجاء مولیٰ ابی قلابہ جرمی بصری نے حجاج الصّواف سے حدیث بیان کی اور ابورجاء شام میں ابوقلابہ کے ساتھ تھے، حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے ایک دن لوگوں سے مشورہ کیا، انھوں نے پوچھا: آپ حضرات کیا کہتے ہیں قسامہ کے سلسلہ میں یعنی کسی مقتول کے بارے میں گمان ہو کہ اس کو کسی نے قتل کیا ہے اور قاتل کا پتہ نہ چلے تو جہاں لاش ملی ہے وہاں کے پچاس آدمیوں کو قسمیں کھلانے کے بارے میں آپ حضرات کیا کہتے ہیں؟ لوگوں نے کہا: قسامہ برحق ہے، نبی ﷺ نے اس کا فیصلہ کیا ہے اور آپؐ سے پہلے جو خلفاء (امراء) گذرے ہیں، انھوں نے بھی اس کا فیصلہ کیا ہے، ابورجاء کہتے ہیں: اور ابوقلابہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کی چارپائی کے پیچھے تھے، پس عنبسة بن سعید قرشی اموی نے کہا: عرنیین کے سلسلہ کی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کہاں ہے؟ ابوقلابہ نے کہا: مجھ سے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے وہ حدیث بیان کی ہے (یہ حدیث کتاب الدیات (حدیث ۶۸۹۹) میں تفصیل سے مروی ہے اور وہاں حدیث کا سیاق یہاں سے کچھ مختلف ہے، وہ لمبی روایت ہے، وہ ساری یہاں بیان نہیں کی جاسکتی، یہاں سمجھنے کی بات صرف یہ ہے کہ عرنیین کے سلسلہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث صحیح ہے، مگر اس کا قسامہ سے کچھ تعلق نہیں، قسامہ کا تعلق اس صورت سے ہے جب کوئی لاش ملے اور گمان ہو کہ کسی نے اس کو قتل کیا ہے اور قاتل کا پتہ نہ چلے تو قسامہ ہے، اور حضرت انسؓ کی حدیث میں متعین تھا کہ قبیلہ عرینہ اور قبلہ عکل کے لوگوں نے قتل کیا تھا، اور وہ مرتد بھی ہوگئے تھے اور انھوں نے ڈاکہ بھی ڈالا تھا، پس اس حدیث کا قسامہ کے مسئلہ سے کچھ تعلق نہیں)

اس کے بعد امام بخاریؒ فرماتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عبدالعزیز رحمہ اللہ کی روایت میں صرف عرینہ کا ذکر ہے اور ابوقلابہ کی روایت میں صرف عکل کا، پھر ابوقلابہ نے عرنیین کا پورا واقعہ بیان کیا جو کتاب الدیات میں ہے۔

قولہ: قال: حدثني أبو رجاء: یہاں اشکال ہے کہ ابورجاء کے دوشاگرد ہیں: ایوب سختیانی اور حجاج الصواف، پس قالا: تثنیہ ہونا چاہئے، قال: مفرد کیسے ہے؟ جواب یہ ہے کہ گیلری میں قالا تثنیہ ہے، پھر سوال ہے کہ حدثني مفرد کیسے ہے، حدثنا ہونا چاہئے؟ اس کا کوئی تسلی بخش جواب نہیں، اور کہا گیا کہ ایوب سختیانی یہ روایت ابورجاء سے بلاواسطہ روایت نہیں کرتے، صرف حجاج براہ راست روایت کرتے ہیں، اگر ایسا ہے تو سند میں ایوب کا تذکرہ نہیں ہونا چاہئے۔

غزوۂ ذی قَرد

قَرَد: ایک چشمہ کا نام ہے جو بلادِ غطفان کے قریب ہے، امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک یہ غزوہ سن ۷ ہجری میں غزوۂ

خیبر سے تین دن پہلے ہوا ہے، دوسرے علماء کے نزدیک سن ۶ ہجری میں حدیبیہ سے پہلے ہوا ہے۔ ذوقرد نبی ﷺ کی اونٹنیوں کی چراگاہ تھی، عیینہ بن حصن فزاری نے چالیس سواروں کے ساتھ اس پر ڈاکہ ڈالا اور آپؐ کی بیس اونٹنیاں پکڑ کر لے گیا، اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کو جو اونٹنیوں کی حفاظت پر مامور تھے قتل کر ڈالا، حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ فجر کی اذان کے وقت اپنے کھیت (غابہ) میں جارہے تھے، مدینہ کے باہر ان کو اس حادثہ کی اطلاع ملی، انھوں نے ایک ٹیلہ پر کھڑے ہو کر تین نعرے لگائے: ہائے صبح کے وقت آنے والی مصیبت! اس نعرہ کی آواز مدینہ کے ہر گھر میں پہنچ گئی، پھر حضرت سلمہؓ نے ڈاکوؤں کا پیچھا کیا، حضرت سلمہؓ بڑے تیرانداز تھے، تیر برساتے تھے اور یہ رجز پڑھتے تھے:

أَنَا ابْنُ الأَكْوَعْ ❁ الْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعْ

میں اکوع کا بیٹا ہوں آج کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے!

انھوں نے تمام اونٹنیاں چھڑالیں، اور تیس یمنی چادریں بھی ان سے چھین لیں، حضرت سلمہؓ کی آواز سن کر مدینہ میں اعلان کیا گیا: الفزع الفزع! خطرہ خطرہ! چنانچہ فوراً صحابہ تیار ہوئے، نبی ﷺ پانچ سو یا سات سو آدمی لے کر روانہ ہوئے اور تیزی سے مسافت طے کر کے دشمن کو پکڑ لیا، دو آدمی مشرکین کے مارے گئے اور مسلمانوں میں سے حضرت محرز بن نضرہ رضی اللہ عنہ جن کا لقب اخرم تھا شہید ہوئے، حضرت سلمہؓ نے نبی ﷺ سے عرض کیا: میں ڈاکوؤں کو فلاں جگہ پیاسہ چھوڑ آیا ہوں اگر مجھے سو آدمی مل جائیں تو میں سب کو گرفتار کرلاؤں، آپؐ نے فرمایا: یا ابنَ الأکوع! مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ: اے اکوع کے لڑکے! جب تم نے قابو پالیا تو نرمی کرو، پھر آپؐ نے فرمایا: اس وقت قبیلۂ غطفان میں ان کی مہمان داری کی جارہی ہے، آپؐ نے یک شبانہ روز وہاں قیام فرمایا، وہاں نمازِ خوف پڑھی اور پانچ دن کے بعد واپسی ہوئی۔

[۳۸-] بَابُ غَزْوَةِ ذَاتِ الْقَرَدِ

وَهِيَ الَّتِيْ أَغَارُوْا عَلٰى لِقَاحِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَبْلَ خَيْبَرَ بِثَلَاثٍ.

[۴۱۹۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ ابْنِ الْأَكْوَعِ، يَقُوْلُ: خَرَجْتُ قَبْلَ أَنْ يُؤَذَّنَ بِالْأُوْلٰى، وَكَانَتْ لِقَاحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَرْعَى بِذِيْ قَرَدٍ، قَالَ: فَلَقِيَنِيْ غُلَامٌ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، فَقَالَ: أُخِذَتْ لِقَاحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قُلْتُ: مَنْ أَخَذَهَا؟ قَالَ: غَطَفَانُ، قَالَ: فَصَرَخْتُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ: يَا صَبَاحَاهُ! قَالَ فَأَسْمَعْتُ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِيْنَةِ، ثُمَّ انْدَفَعْتُ عَلٰى وَجْهِيْ حَتّٰى أَدْرَكْتُهُمْ، وَقَدْ أَخَذُوْا يَسْتَقُوْنَ مِنَ الْمَاءِ، فَجَعَلْتُ أَرْمِيْهِمْ بِنَبْلِيْ، وَكُنْتُ رَامِيًا وَأَقُوْلُ: أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ، الْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ، وَأَرْتَجِزُ حَتّٰى اسْتَنْقَذْتُ اللِّقَاحَ مِنْهُمْ وَاسْتَلَبْتُ مِنْهُمْ ثَلَاثِيْنَ بُرْدَةً، قَالَ: وَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَالنَّاسُ،

فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! قَدْ حَمَيْتُ الْقَوْمَ الْمَاءَ وَهُمْ عِطَاشٌ، فَابْعَثْ إِلَيْهِمُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: "يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ" قَالَ: ثُمَّ رَجَعْنَا وَيُرْدِفُنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰى نَاقَتِهِ حَتَّى دَخَلْنَا الْمَدِيْنَةَ.[راجع: ٣٠٤١]

ترجمہ: غزوہ ذات القرد (گیلری میں ذی قرد ہے) اور یہ وہ غزوہ ہے جس میں دشمن نے ڈاکہ ڈالا تھا، نبی ﷺ کی دودھ کی اونٹنیوں پر، خیبر سے تین دن پہلے۔

حدیث: حضرت سلمہؓ کہتے ہیں: میں فجر کی اذان سے پہلے نکلا اور نبی ﷺ کی دودھ کی اونٹنیاں ذی قرد میں چرتی تھیں، پس مجھ سے ملاقات کی عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے لڑکے نے، اس نے کہا: نبی ﷺ کی اونٹنیاں لے لی گئیں، میں نے پوچھا: کس نے لیں؟ اس نے کہا: غطفان نے پس میں نے تین پکاریں پکاریں: ہائے صبح کے وقت آنے والی مصیبت! پس میں نے آواز پہنچادی مدینہ کے دولابوں کے درمیان، پھر میں اپنے چہرے کے رخ پر چلا، یہاں تک کہ میں نے ان کو پالیا، اور وہ ذی قرد چشمہ کے پانی سے پی رہے تھے، میں نے ان کو اپنے تیروں سے مارنا شروع کیا، میں تیر انداز تھا اور میں کہہ رہا تھا: میں اکوع کا بیٹا ہوں، اور آج کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے، اور میں رجز پڑھ رہا تھا، یہاں تک کہ میں نے ان سے اونٹنیاں چھڑالیں اور چھین لیں میں نے ان سے تیس چادریں، حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور نبی ﷺ اور لوگ آئے میں نے کہا: اے اللہ کے نبی! میں نے لوگوں کو پانی سے روک دیا ہے اور وہ پیاسے ہیں، پس ان کی طرف ابھی آدمیوں کو بھیجیں، پس آپؐ نے فرمایا: اے اکوع کے لڑکے! جب تم نے قابو پالیا تو اب نرمی کرو، حضرت سلمہؓ کہتے ہیں: پھر ہم لوٹے اور نبی ﷺ نے مجھے اپنی اونٹنی پر پیچھے بٹھالیا، یہاں تک کہ ہم مدینہ میں داخل ہوئے۔

لغت: الرُّضَّع: الرَّاضِعْ کی جمع: خسیس وکمینہ، کہتے ہیں ایک کمینہ آدمی تھن سے منہ لگا کر دودھ پیتا تھا، برتن میں دوہتا نہیں تھا کہ کہیں کوئی غریب سن کر دودھ مانگنے نہ آجائے، اس لئے رَاضِعْ (دودھ پینے والے) کے ثانوی معنی کمینہ ہوگئے۔



غزوۂ خیبر

خیبر: بروزن جعفر: مدینہ کے شمال میں شام کی جانب آٹھ برید پر ایک بڑا شہر ہے، برید چار فرسخ کا ہوتا ہے، اور فرسخ تین میل کا، وہاں قلعے بھی تھے اور کھیتیاں بھی، اس کی آبادی یہودیوں پر مشتمل تھی، کچھ وہاں کے اصل باشندے تھے اور کچھ مدینہ سے جلاوطن ہوکر پہنچے تھے اور کہتے ہیں کہ خیبر اور یثرب دو بھائی تھے، دونوں عمالقہ میں سے تھے، ایک کے نام سے مدینہ، دوسرے کے نام سے خیبر بسا۔ واللہ اعلم

واقعات کا تسلسل:

۱- جنگِ بدر میں مسلمانوں کی فتح سے مدینہ کے یہودی جل بھن گئے تھے، چنانچہ ان کا سردار کعب بن اشرف قریش کے پاس پہنچا، اور مطّلب بن ابی وداعہ سہمی کا مہمان بنا، مشرکین کی غیرت بھڑکانے کے لئے، ان کی آتشِ انتقام تیز کرنے کے لئے اور انہیں نبی ﷺ کے خلاف آمادۂ جنگ کرنے کے لئے وہ اشعار کہہ کر ان سردارانِ قریش کا نوحہ وماتم کرتا تھا، جن کو بدر میں گندے کنویں میں ڈالا گیا تھا، کعب بن اشرف کے اشعار جلتے پر تیل کا کام کرتے تھے، مشرکین مکہ پہلے سے اپنے سرداروں کے مارے جانے سے غصہ میں بھرے ہوئے تھے، اب ان کے جوش میں اضافہ ہوگیا اور اس کے نتیجہ میں کفار تین ہزار کا لشکر لے کر مدینہ پر چڑھ آئے، اور احد میں میدان کارزار گرم ہوا جس میں مسلمانوں کا بھاری نقصان ہوا۔

۲- پھر غزوۂ احد کے بعد پیہم فوجی مہمات سے جزیرۃ العرب میں سکون ہوگیا تھا، ہر طرف امن وامان کا دور دورہ تھا، یہود جو اپنی خباثتوں، سازشوں اور دسیسہ کاریوں میں مشہور تھے، انھوں نے خیبر منتقل ہونے کے بعد پہلے تو انتظار کیا کہ مسلمانوں میں اور مشرکین میں جو فوجی کشمکش چل رہی ہے اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟ جب انھوں نے حالات مسلمانوں کے حق میں سازگار دیکھے اور دیکھا کہ دور دور تک مسلمانوں کی حکمرانی کا سکہ بیٹھ گیا ہے تو انہیں سخت جلن ہوئی، انھوں نے از سرِ نو سازش شروع کی، اور مسلمانوں پر آخری کاری ضرب لگانے کی تیاری میں مصروف ہوگئے تا کہ مسلمانوں کا چراغ گل ہوجائے، مگر خود ان میں مسلمانوں سے ٹکرانے کی ہمت نہیں تھی، چنانچہ انھوں نے ایک خوفناک پلان بنایا، بنونضیر کے بیس سردار مکہ میں قریش کے پاس گئے اور انہیں رسول اللہ ﷺ کے خلاف آمادۂ جنگ کرنے کے لئے اپنی مدد کا یقین دلایا، اس کے بعد یہود کا یہ وفد غطفان کے پاس گیا اور قریش ہی کی طرح انہیں بھی آمادۂ جنگ کیا وہ بھی تیار ہوگئے، پھر اس وفد نے باقی قبائل عرب میں گھوم گھوم کر لوگوں کو جنگ کی ترغیب دی، ان قبائل کے بھی بہت سے افراد تیار ہوگئے، اس طرح یہودی

مکاروں نے پوری کامیابی کے ساتھ کفر کے تمام بڑے گروہوں اور جتھوں کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکا کر جنگ کے لئے تیار کیا، چنانچہ طے شدہ پروگرام کے مطابق احزاب (مختلف قبائل) مقررہ وقت اور مقررہ پروگرام کے مطابق مدینہ پر چڑھ آئے، اس طرح غزوۂ احزاب کا سبب بھی یہودی بنے۔

۳- جب غزوۂ احزاب میں مسلمان سخت مشکلات سے دوچار تھے، بنونضیر کا مجرم اکبر حیی بن اخطب بنوقریظہ کے پاس آیا اور ان کے سردار کعب بن اسد قرظی سے ملا، بنوقریظہ نے نبی ﷺ سے معاہدہ کر رکھا تھا کہ جنگ کے موقعہ پر وہ لوگ آپؐ کی مدد کریں گے، حیی نے کعب سے کہا: میں تمہارے پاس زمانہ کی عزت لے کر آیا ہوں، میں نے قریش کو اس کے سرداروں اور قائدین سمیت مجمع الاسیال میں اتار دیا ہے، اور بنوغطفان کو احد کے پاس خیمہ زن کر دیا ہے، ان لوگوں نے مجھ سے عہد و پیمان کیا ہے کہ وہ محمد (ﷺ) اور ان کے ساتھیوں کا مکمل صفایا کئے بغیر یہاں سے نہیں ہٹیں گے، کعب نے کافی بحث کی، وہ نقض عہد کے لئے تیار نہیں تھا، مگر حیی اس کے پیچھے لگا رہا، یہاں تک کہ کعب نے رسول اللہ ﷺ سے کیا ہوا عہد توڑ دیا اور مشرکین کے ساتھ جنگ میں شریک ہو گیا۔

۴- پھر جب اللہ کی مدد آئی اور بادِ صرصر چلی تو کفار کے پیرا کھڑ گئے، وہ راتوں رات سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے، اور نبی ﷺ اور صحابہ کرام اپنے گھروں کو لوٹے، فوراً ہی حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور انھوں نے بنوقریظہ کی طرف اشارہ کیا، چنانچہ غزوۂ بنوقریظہ پیش آیا، اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے فیصلہ کے مطابق ان کے تمام مردوں کو قتل کیا گیا، حیی بھی ان میں قتل ہوا، کیونکہ اس نے کعب سے وعدہ کر رکھا تھا کہ اگر مسلمان بنوقریظہ پر حملہ کریں گے تو میں تمہارے قلعہ میں تمہارے ساتھ آ جاؤں گا، چنانچہ وہ وعدہ وفا کرنے کے لئے آ گیا اور ان کے ساتھ قتل ہوا۔

۵- پھر نبی ﷺ نے خواب دیکھا کہ آپؐ صحابہ کے ساتھ عمرہ کرنے کے لئے تشریف لے گئے اور باطمینان عمرہ ادا کیا، اس سے آتش شوق تیز تر ہو گئی اور نبی ﷺ پندرہ سو صحابہ کے ساتھ ذوالحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھ کر چلے اور حدیبیہ میں پہنچ کر رک گئے، کفار اس کے روادار نہیں ہوئے کہ مسلمان عمرہ کریں، چنانچہ حدیبیہ کے میدان میں کافی گفت و شنید کے بعد مصالحت ہو گئی اور دس سال کے لئے ناجنگ معاہدہ ہو گیا، اس موقع پر سورۃ الفتح نازل ہوئی، اس کی آیت ۱۸ ہے: ﴿لَقَدْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِیْنَ إِذْ یُبَایِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ فَأَنْزَلَ السَّكِیْنَةَ عَلَیْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِیْبًا﴾: اللہ تعالیٰ بالیقین ان مسلمانوں سے راضی ہوئے جو آپؐ سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے، اور ان کے دلوں میں جو کچھ تھا وہ اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا، پس اللہ تعالیٰ نے ان پر سکینت نازل فرمائی اور ان کو لگے ہاتھوں ایک فتح دیدی، یہ فتح خیبر کی طرف اشارہ تھا، چنانچہ حدیبیہ سے لوٹنے کے بعد محرم سن ۷ ہجری میں نبی ﷺ نے خیبر پر چڑھائی کی اور اس کو فتح کر لیا۔

۶- خیبر سازشوں کا گڑھ اور جنگ کی آگ بھڑکانے کا شعلہ تھا، یہ اہل خیبر ہی تھے جو جنگ خندق میں مشرکین کے تمام

گروہوں کو مسلمانوں پر چڑھا لائے تھے اور بنوقریظہ کو نقض عہد پر آمادہ کیا تھا، ان کا منافقین کے ساتھ اور بنوغطفان اور بدوؤں کے ساتھ پیہم رابطہ قائم رہتا تھا، وہ خود بھی جنگی تیاریوں میں مصروف رہتے تھے، انھوں نے اپنی کاروائیوں سے مسلمانوں کو آزمائش میں ڈال رکھا تھا، یہاں تک کہ انھوں نے نبی ﷺ کو قتل کرنے کا پروگرام بھی بنایا تھا، مگر اللہ نے اپنے رسول کی حفاظت کی اور وہ ناکام ونامراد ہوئے، ان حالات سے مجبور ہوکر مسلمانوں کو ہر طرف بار بار فوجی مہمیں بھیجنی پڑیں، اس سلسلہ کی آخری کڑی غزوۂ خیبر تھی، اس کے بعد یہود کی طرف سے اطمینان ہوگیا کہ وہ آئندہ سر نہیں ابھار سکیں گے۔

۷- منافقین اور کمزور ایمان والے حدیبیہ کے سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ نہیں نکلے تھے، وہ اپنے گھروں میں بیٹھ رہے تھے، اس لئے جب خیبر کے لئے روانگی ہوئی تو اعلان کیا گیا کہ اس غزوہ میں صرف وہی آدمی شریک ہوسکتا ہے جس نے حدیبیہ میں بیعت رضوان کی ہے، اس لئے اس غزوہ میں مجاہدین کی تعداد صرف پندرہ سو تھی، جب منافقین کو اس غزوہ میں شریک نہیں کیا گیا تو ان کے لیڈر عبداللہ بن ابی نے یہود خیبر کو پیغام بھیجا کہ اب محمد (ﷺ) نے تمہارا رخ کیا ہے، چوکنا ہوجاؤ، تیاری کرلو، اور ڈرنا نہیں، تمہاری تعداد اور تمہارا ساز وسامان زیادہ ہے، اور محمد (ﷺ) کے ساتھی تھوڑے اور تہی دست ہیں، اور ان کے پاس ہتھیار بھی برائے نام ہیں۔

۸- جب خیبر والوں کو صورتِ حال کا علم ہوا تو انھوں نے کنانہ بن ابی الحُقَیق اور ہَوذہ بن قیس کو حصول مدد کے لئے بنوغطفان کے پاس روانہ کیا، وہ خیبر کے یہودیوں کے حلیف اور مسلمانوں کے خلاف ان کے مددگار تھے، یہود نے یہ پیشکش بھی کی کہ اگر انہیں مسلمانوں پر غلبہ حاصل ہوگیا تو خیبر کی نصف پیداوار بنوغطفان کو دی جائے گی۔

۹- نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ خیبر کے لئے روانہ ہوئے، وادی صہباء سے گذر کر رجیع نامی وادی میں قیام فرمایا، جو بنوغطفان کی آبادی سے صرف ایک شبانہ روز دوری پر واقع تھی، بنوغطفان تیار ہوکر یہود کی امداد کے لئے چل پڑے تھے کہ اثناء راہ انہیں اپنے پیچھے کچھ شور سنائی دیا، انھوں نے سمجھا کہ مسلمانوں نے ان کے بال بچوں پر حملہ کردیا ہے اس لئے وہ واپس پلٹ گئے، اس طرح بنوغطفان کی مدد سے یہود محروم ہوگئے۔

۱۰- نبی ﷺ خیبر کے پاس رات میں پہنچے، صبح اندھیرے میں فجر کی نماز ادا فرمائی، پھر فوجی مشق شروع ہوئی، جب خیبر کے لوگ پھاوڑے، کدال اور بورے لے کر اپنی کھیتی باڑی کی طرف نکلے تو اچانک لشکر دیکھ کر حیران رہ گئے، اور چیختے ہوئے شہر کی طرف بھاگے کہ خدا کی قسم! محمد (ﷺ) بہت بڑا لشکر لے کر آگئے، ان کی حواس باختگی دیکھ کر نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ اکبر! خیبر تباہ ہوا! اللہ اکبر! خیبر تباہ ہوا! جب ہم کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں تو ڈرائے ہوؤں کی صبح بری ہوتی ہے!

۱۱- خیبر کی آبادی دو منطقوں میں تقسیم تھی:

پہلے منطقہ میں پانچ قلعے، اور دوسرے منطقہ میں تین قلعے تھے، ان آٹھ قلعوں کے علاوہ خیبر میں مزید قلعے اور گڑھیاں بھی تھیں، مگر وہ چھوٹی تھیں، قوت وحفاظت میں ان قلعوں کے ہم پلہ نہیں تھیں، چنانچہ یکے بعد دیگرے ان قلعوں پر جنگ

ہوئی اور سارے قلعے فتح کر لئے گئے۔

[۳۹-] بَابُ غَزْوَةِ خَيْبَرَ

[٤١٩٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، أَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَامَ خَيْبَرَ، حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ وَهِيَ مِنْ أَدْنٰى خَيْبَرَ صَلَّى الْعَصْرَ، ثُمَّ دَعَا بِالْأَزْوَادِ فَلَمْ يُؤْتَ إِلَّا بِالسَّوِيْقِ، فَأَمَرَ بِهِ فَثُرِّيَ فَأَكَلَ وَأَكَلْنَا ثُمَّ قَامَ إِلَى الْمَغْرِبِ فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. [راجع: ٢٠٩]

۱- نبی ﷺ خیبر جاتے ہوئے صہباء مقام سے گذرے

حدیث: حضرت سوید بن النعمان رضی اللہ عنہ نے بشیر بن یسار کو بتایا کہ وہ خیبر والے سال نبی ﷺ کے ساتھ نکلے، یہاں تک کہ جب ہم صہباء مقام میں تھے اور وہ خیبر کے زیریں حصہ میں ہے تو آپؐ نے عصر کی نماز پڑھی، پھر توشہ منگوایا آپؐ کے پاس صرف ستو لایا گیا، آپؐ نے اس کو تیار کرنے کا حکم دیا، پس وہ بھگویا گیا یعنی پانی ڈال کر کھجور سے میٹھا کر کے ربڑی سی بنائی گئی، پس رسول اللہ ﷺ نے بھی کھایا اور ہم نے بھی کھایا، پھر آپ مغرب کی نماز کے لئے کھڑے ہوئے اور کلی کی اور ہم نے بھی کلی کی، پھر آپؐ نے نماز پڑھی، اور وضو نہیں کیا، معلوم ہوا کہ مامَسَّت النار سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (تحفۃ القاری ۱:۵۴۳)

[٤١٩٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى خَيْبَرَ، فَسِرْنَا لَيْلًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ لِعَامِرٍ: يَا عَامِرُ أَلَا تُسْمِعُنَا مِنْ هُنَيْهَاتِكَ؟ وَكَانَ عَامِرٌ رَجُلًا شَاعِرًا، فَنَزَلَ يَحْدُوْ بِالْقَوْمِ يَقُوْلُ:

اللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ❁ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَاغْفِرْ فِدَاءً لَكَ! مَا أَبْقَيْنَا ❁ وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا
وَأَلْقِيَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ❁ إِنَّا إِذَا صِيْحَ بِنَا أَبَيْنَا
وَبِالصِّيَاحِ عَوَّلُوْا عَلَيْنَا

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ هٰذَا السَّائِقُ؟" قَالُوْا: عَامِرُ بْنُ الْأَكْوَعِ، قَالَ: "يَرْحَمُهُ اللّٰهُ" قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَجَبَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! لَوْ أَمْتَعْتَنَا بِهِ.

۲- خیبر کے سفر میں حضرت عامر رضی اللہ عنہ کی حدی خوانی

حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے، ہم رات میں چلے، لوگوں

میں سے ایک نے حضرت عامر بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے کہا: اے عامر! کیا نہیں سناتے آپؓ ہمیں اپنے نوادرات؟ اور عامرؓ شاعر تھے، پس وہ اترے اور قوم کو حدی سنانے لگے، انھوں نے کہا:

اللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ۞ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

اے اللہ! اگر آپ کی توفیق نہ ہوتی تو ہم ہدایت نہ پاتے ÷ اور نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ نماز پڑھتے۔

فَاغْفِرْ فِدَاءً لَكَ! مَا أَبْقَيْنَا ۞ وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا

پس بخشش فرمایئے ہم آپ پر قربان! جب تک آپ ہمیں باقی رکھیں ÷ اور پیروں کو جمایئے اگر ہم ٹکرائیں،

ملحوظہ: پہلے مصرع کا آخری جملہ مختلف طرح مروی ہے: (۱) مَا أَبْقَيْنَا: جب تک آپ ہمیں باقی رکھیں۔ (۲) مَا أُبْقِيْنَا: جب تک ہم باقی رکھے جائیں۔ (۳) مَا اتَّقَيْنَا: جب تک ہم پرہیزگار بنے رہیں۔

سوال: اللہ تعالیٰ سے کہا جارہا ہے فِدَاءً لَكَ! ہم آپ پر قربان! حالانکہ تفدیہ وہاں ہوتا ہے جہاں فنا طاری ہوسکتی ہے۔ **جواب**: یہاں تفدیہ برائے محبت و تعظیم ہے۔

وَأَلْقِيَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ۞ إِنَّا إِذَا صِيْحَ بِنَا أَبَيْنَا

اور ہم پر سکینت نازل فرما ÷ بیشک ہم جب ہمیں پکارا جاتا ہے (کفر کی طرف) تو ہم انکار کرتے ہیں۔

ملحوظہ: اس شعر کا آخری لفظ أَتَيْنَا بھی مروی ہے، یعنی جب ہمیں جہاد کے لئے پکارا جاتا ہے تو ہم تیار ہوجاتے ہیں۔

وَبِا الصِّيَاحِ عَوَّلُوْا عَلَيْنَا

اور چلانے کے ذریعہ ہم پر اعتماد کیا جاتا ہے، یعنی ہمیں جہاد کے لئے اس لئے پکارا جاتا ہے کہ پکارنے والے کو اعتماد ہوتا ہے کہ ہم اس کی بات پر لبیک کہیں گے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: حُدی خواں کون ہے؟ لوگوں نے بتلایا: عامر بن الاکوع رضی اللہ عنہ ہیں، آپؐ نے فرمایا: اللہ ان پر رحم فرمائیں! اور ایک روایت میں ہے: اللہ ان کی بخشش فرمائیں (اور صحابہ کو آپؐ کی عادت معلوم تھی کہ جہاد کے موقع پر آپؐ کسی کے لئے استغفار کرتے تو وہ شہید ہوجاتا) پس قوم میں سے ایک شخص نے کہا: (شہادت یا جنت) ثابت ہوگئی اے اللہ کے نبی! کیوں نہیں فائدہ اٹھانے دیا آپؐ نے ہم کو ان سے!

فَأَتَيْنَا خَيْبَرَ فَحَاصَرْنَاهُمْ، حَتَّى أَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ شَدِيْدَةٌ، ثُمَّ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى فَتَحَهَا عَلَيْهِمْ، فَلَمَّا أَمْسَى النَّاسُ مَسَاءَ الْيَوْمِ الَّذِیْ فُتِحَتْ عَلَيْهِمْ أَوْقَدُوْا نِيْرَانًا كَثِيْرَةً، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "مَا هٰذِهِ النِّيْرَانُ؟ عَلٰى أَیِّ شَيْئٍ تُوْقِدُوْنَ؟" قَالُوْا: عَلٰى لَحْمٍ، قَالَ: "عَلٰى أَیِّ لَحْمٍ؟" قَالُوْا: لَحْمُ حُمُرٍ الإِنْسِيَّةِ، قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "أَهْرِيْقُوْهَا وَاكْسِرُوْهَا" فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوْ نُهَرِيْقُهَا وَنَغْسِلُهَا؟ قَالَ: "أَوْ ذَاكَ"

٣- گدھوں کا گوشت پھینکوادیا

ترجمہ: حضرت سلمہؓ کہتے ہیں: پس ہم خیبر پہنچے اور ہم نے ان کا محاصرہ کرلیا، یہاں تک کہ پہنچا ہمیں سخت فاقہ، پھر بیشک اللہ تعالیٰ نے کھول دیا اس (قلعہ ناعم) کو صحابہ پر، پس جب شام کی لوگوں نے اس دن کی شام جس دن وہ قلعہ ان پر کھولا گیا تو روشن کی لوگوں نے بہت آگ، نبی ﷺ نے پوچھا: یہ آگیں کیسی ہیں؟ تم کیا چیز پکا رہے ہو؟ لوگوں نے کہا: گوشت پکاتے ہیں، آپؐ نے پوچھا: کونسا گوشت پکاتے ہو؟ لوگوں نے کہا: پالتو گدھوں کا گوشت، آپؐ نے فرمایا: اس گوشت کو پھینک دو اور ہانڈیاں توڑ دو، ایک شخص نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! گوشت پھینک دیں اور ہانڈیاں دھوڈالیں؟ آپؐ نے فرمایا: ایسا کرلو (گدھوں کے گوشت کی حرمت خیبر کے موقع پر نازل ہوئی ہے، اس کی تفصیل آگے آرہی ہے)

فَلَمَّا تَصَافَّ الْقَوْمُ كَانَ سَيْفُ عَامِرٍ قَصِيْرًا، فَتَنَاوَلَ بِهِ سَاقَ يَهُوْدِيٍّ لِيَضْرِبَهُ فَيَرْجِعُ ذُبَابُ سَيْفِهِ، فَأَصَابَ عَيْنَ رُكْبَةِ عَامِرٍ، فَمَاتَ مِنْهُ، قَالَ: فَلَمَّا قَفَلُوْا قَالَ سَلَمَةُ: رَآنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ آخِذٌ يَدِيْ، قَالَ: " مَالَكَ؟" قُلْتُ لَهُ: فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ! زَعَمُوْا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ. قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " كَذَبَ مَنْ قَالَهُ، وَإِنَّ لَهُ لَأَجْرَيْنِ — وَجَمَعَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ — إِنَّهُ لَجَاهِدٌ مُجَاهِدٌ، قَلَّ عَرَبِيٌّ مُشَابِهًا مِثْلَهُ"

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، قَالَ: " نَشَأَ بِهَا" [راجع: ٢٤٧٧]

٤- حضرت عامر بن الاکوع رضی اللہ عنہ اپنی تلوار سے شہید ہوئے

ترجمہ: پھر جب لوگوں نے آمنے سامنے صفیں بنائیں تو حضرت عامر رضی اللہ عنہ کی تلوار چھوٹی تھی، انھوں نے اس کے ذریعہ ایک یہودی کی پنڈلی کا قصد کیا تاکہ وہ اس کو ماریں، پس ان کی تلوار کی دھار لوٹی اور عامرؓ کے گھٹنے میں لگی، وہ اس سے وفات پاگئے، حضرت سلمہؓ کہتے ہیں: جب لوگ لوٹے تو نبی ﷺ نے مجھے دیکھا درانحالیکہ آپؐ میرا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے، آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ (تم غمگین نظر آرہے ہو؟) میں نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! لوگ کہتے ہیں کہ عامرؓ کا عمل ضائع ہوگیا! (کیونکہ انھوں نے خودکشی کی) نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے یہ بات کہی غلط کہی: ان کے لئے دو ثواب ہیں — اور آپؐ نے اپنی دونوں انگلیوں کو اکٹھا کیا — مشقت برداشت کرنے والے، راہِ خدا میں جہاد کرنے والے، بہت کم کوئی عربی ان کے مشابہ ہوا ہے۔

قولہ: مُشَابِهًا: ان جیسا، یہ لفظ قتیبہ کی روایت میں نَشَأَ بِهَا ہے یعنی عرب میں ایسا آدمی کم پیدا ہوا ہے۔

تشریح: خیبر کے آٹھ قلعوں میں سے سب سے پہلے قلعہ ناعم پر حملہ کیا گیا تھا، یہ قلعہ اپنے محل وقوع کے لحاظ سے دفاعی

لائن کی حیثیت رکھتا تھا، یہی قلعہ مرحب نامی اس شاہ زور اور جاں باز یہودی کا تھا جسے ایک ہزار مردوں کے برابر سمجھا جاتا تھا۔ کئی دنوں سے یہاں جنگ جاری تھی، مگر قلعہ فتح نہیں ہو رہا تھا، ایک دن شام کو جب فوج نامراد واپس آئی تو آپؐ نے فرمایا: کل میں ایسے شخص کو پرچم دوں گا جس کے ہاتھ سے قلعہ فتح ہوگا، چنانچہ اگلے دن حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پرچم دیا، وہ قلعہ پر پہنچے، پہلے اسلام کی دعوت دی، مگر انھوں نے دعوت مسترد کردی، پھر مرحب میدان میں آیا اور اس نے دعوت مبارزت دی وہ تلوار لے کر ناز وتکبر کے ساتھ اٹھلاتا ہوا اور یہ کہتا ہوا نمودار ہوا:

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّىْ مَرْحَبُ ۞ شَاكِى السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ
إِذَا الْحُرُوْبُ أَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ

خیبر کو معلوم ہے کہ میں مرحب ہوں ۞ ہتھیار پوش، بہادر اور تجربہ کار
جب جنگ وپیکار شعلہ زن ہو

اس کے مقابل حضرت عامر رضی اللہ عنہ یہ کہتے ہوئے نکلے:

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّىْ عَامِرُ ۞ شَاكِى السِّلَاحِ بَطَلٌ مُغَامِرُ
خیبر جانتا ہے کہ میں عامر ہوں ۞ ہتھیار پوش، شاہ زور اور جنگجو

پھر دونوں نے ایک دوسرے پر وار کیا، مرحب کی تلوار عامرؓ کی ڈھال میں پھنس گئی، عامر رضی اللہ عنہ نے نیچے سے اس کو مارنا چاہا مگر ان کی تلوار چھوٹی تھی، انھوں نے مرحب کی پنڈلی پر وار کیا، مگر تلوار کا سرا پلٹ کر ان کے گھٹنے پر آلگا اور اسی سے ان کی موت واقع ہوئی۔

جب حضرت عامر رضی اللہ عنہ زخمی ہوگئے تو مرحب کے مقابلہ کے لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ یہ کہتے ہوئے نکلے:

أَنَا الَّذِىْ سَمَّتْنِىْ أُمِّىْ حَيْدَرَةْ ۞ كَلَيْثِ غَابَاتٍ كَرِيْهِ الْمَنْظَرَةْ
أُوْفِيْهِمْ بِالصَّاعِ كَيْلَ السَّنْدَرَةْ

میں وہ شخص ہوں کہ میری ماں نے میرا نام حیدر (شیر) رکھا ہے÷ جنگل کے شیر کی طرح خوفناک ہوں۔
میں انہیں صاع کے بدلے نیزے کا ناپ پوری طرح دیتا ہوں۔

اس کے بعد مرحب کے سر پر ایسی تلوار ماری کہ وہ وہیں ڈھیر ہوگیا، پھر جب لوگوں نے کہا کہ عامرؓ کا عمل اکارت گیا تو نبی ﷺ نے اپنی دو انگلیاں ملا کر فرمایا: ان کے لئے دوہرا اجر ہے، اور وہ بڑے جاں باز مجاہد تھے، کم ہی ان جیسا کوئی عرب روئے زمین پر چلا ہے!

[٤١٩٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ. عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَتَى خَيْبَرَ لَيْلاً، وَكَانَ إِذَا أَتَى قَوْمًا بِلَيْلٍ لَمْ يَقْرُبْهُمْ حَتَّى يُصْبِحَ، فَلَمَّا أَصْبَحَ

خَرَجَتِ الْيَهُوْدُ بِمَسَاحِيْهِمْ وَمَكَاتِلِهِمْ، فَلَمَّا رَأَوْهُ قَالُوْا: مُحَمَّدٌ، وَاللّٰهِ! مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "خَرِبَتْ خَيْبَرُ! إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ" [راجع: ٣٧١]

٥- نبی ﷺ رات میں دشمن پر حملہ نہیں کرتے تھے

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ خیبر میں رات میں پہنچے اور جب آپؐ کسی قوم پر رات میں پہنچتے تھے تو ان سے نزدیک نہیں ہوتے تھے، یعنی حملہ نہیں کرتے تھے، جب تک صبح نہ ہوجائے، پھر جب صبح ہوئی تو یہود اپنے پھاوڑوں اور بوروں کے ساتھ نکلے، پس جب انھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا تو کہا: محمد (ﷺ) آ گئے! بخدا! محمد بہت بڑا لشکر لے کر آ گئے! پس نبی ﷺ نے فرمایا: خیبر اجڑا! ہم جب کسی قوم کے آنگن میں اترتے ہیں تو ڈرائے ہوؤں کی صبح بری ہوتی ہے!

لغات: مِسْحَاةٌ: بیلچہ، پھاوڑا وغیرہ، چھیلنے اور کھرچنے کا آلہ.........مِكْتَل: زنبیل، بڑا تھیلا.........محمدٌ: أی هذا محمدٌ، أو جاءَ محمدٌ.........والخَمِيْسَ: واؤ بمعنی مع، خمیس: بڑا لشکر جس کے پانچ حصے ہوتے ہیں: مقدمہ، میمنہ، میسرہ، ساقہ اور قلب.........خَرِبَتْ خَيْبَرُ: یا تو بددعا ہے یا نیک فال۔

[٤١٩٨-] أَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَبَّحْنَا خَيْبَرَ بُكْرَةً، فَخَرَجَ أَهْلُهَا بِالْمَسَاحِي، فَلَمَّا بَصُرُوْا بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالُوْا: مُحَمَّدٌ، وَاللّٰهِ! مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُ أَكْبَرُ! خَرِبَتْ خَيْبَرُ، إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ" فَأَصَبْنَا مِنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ، فَنَادَى مُنَادِي النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ فَإِنَّهَا رِجْسٌ"

٦- گدھوں کا گوشت گندگی کی وجہ سے حرام ہے

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم صبح تڑکے خیبر میں پہنچے، پس لوگ پھاوڑوں کے ساتھ نکلے، جب انھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا تو کہا: یہ محمد (ﷺ) ہیں، بخدا! محمد بڑے لشکر کے ساتھ آ گئے، تب نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ سب سے بڑے ہیں! خیبر اجڑا! جب ہم کسی قوم کے آنگن میں اترتے ہیں تو ڈرائے ہوؤں کا حال برا ہوتا ہے، اور پایا ہم نے گدھوں کا گوشت، پس نبی ﷺ کے منادی نے اعلان کیا: اللہ اور اس کے رسول تمہیں گدھوں کے گوشت سے منع کرتے ہیں، اس لئے کہ وہ گندی چیز ہے!

سوال: صحابہ خیبر میں صبح تڑکے پہنچے تھے، یعنی صبح صادق کے بعد پہنچے تھے اور پہلے آیا ہے کہ رات میں پہنچے تھے؟

جواب: خیبر سے دور رات گذاری تھی، وہاں فجر کی نماز پڑھی، پھر گھوڑوں پر سوار ہو کر خیبر کی گلیوں میں فوجی مشق شروع کی، اسی کو یہاں کہا: ہم صبح تڑکے پہنچے۔

فائدہ: یَنْهیَان: تثنیہ ہے، اللہ اور رسول اللہ ﷺ کو ایک ضمیر میں جمع کیا ہے جب کہ دوسری حدیث میں ہے کہ ایک مقرر نے کہا: وَمَنْ یَعْصِهِمَا فَقَدْ غَوٰی: یعنی تثنیہ کی ضمیر میں اللہ ورسول کو جمع کیا تو آپؐ نے فرمایا: بِئْسَ خَطِیْبُ الْقَوْمِ أَنْتَ: تو برا مقرر ہے! پس دونوں باتوں کو اس طرح جمع کریں گے کہ ایک ضمیر میں دونوں کو جمع کرنا جائز ہے، نبی ﷺ سے ایسا کرنا ثابت ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ فرق مراتب کیا جائے اور دونوں کے لئے الگ الگ ضمیریں لائی جائیں۔

[٤١٩٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَیُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم جَاءَ ہُ جَاءٍ فَقَالَ: أُكِلَتِ الْحُمُرُ! فَسَكَتَ، ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِیَةَ فَقَالَ: أُكِلَتِ الْحُمُرُ، فَسَكَتَ، ثُمَّ أَتَاهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ: أُفْنِیَتِ الْحُمُرُ، فَأَمَرَ مُنَادِیًا فَنَادَی فِی النَّاسِ: إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ یَنْهیَانِكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِیَّةِ، فَأُكْفِئَتِ الْقُدُوْرُ وَإِنَّهَا لَتَفُوْرُ بِاللَّحْمِ. [راجع: ۳۷۱]

۷- کیا گدھوں کی حرمت کی وجہ سواریوں کا ٹوٹا تھا؟

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے پاس ایک آنے والا آیا، اس نے کہا: گدھے کھالئے گئے، آپؐ (وحی کے انتظار میں) خاموش رہے، پھر وہی آپؐ کے پاس دوسری مرتبہ آیا اور کہا: گدھے کھالئے گئے، آپؐ خاموش رہے، پھر وہ آپؐ کے پاس تیسری مرتبہ آیا اور اس نے کہا: گدھے ختم کردیئے گئے، پس آپؐ نے ایک اعلان کرنے والے کو حکم دیا جس نے لوگوں میں اعلان کیا کہ اللہ اور اس کے رسول منع کرتے ہیں پالتو گدھوں کے گوشت سے، پس ہانڈیاں اوندھی کردی گئیں، درانحالیکہ وہ گوشت سے کھدبدا رہی تھیں۔

تشریح: سوال کو اگر جواب میں لوٹایا جائے تو حدیث سے یہ بات نکلتی ہے کہ گدھوں کی حرمت اس لئے تھی کہ سواریوں کا ٹوٹا نہ پڑے، لیکن گذشتہ حدیث میں اعلان ہی میں ہے: فَإِنَّهَا رِجْسٌ: یعنی گدھوں کی حرمت کی علت گندگی ہے سواریوں کی کمی نہیں، اور چاروں ائمہ گدھوں کی حرمت پر متفق ہیں، البتہ مالکیہ کے یہاں اس مسئلہ میں مختلف روایتیں ہیں۔

[٤٢٠٠-] حدثنا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: صَلَّی النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم الصُّبْحَ قَرِیْبًا مِنْ خَیْبَرَ بِغَلَسٍ، ثُمَّ قَالَ: "اللّٰهُ أَكْبَرُ! خَرِبَتْ خَیْبَرُ! إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِیْنَ" فَخَرَجُوْا یَسْعَوْنَ فِی السِّكَكِ، فَقَتَلَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم الْمُقَاتِلَةَ وَسَبَی الذُّرِّیَّةَ، وَكَانَ فِی السَّبْیِ صَفِیَّةُ فَصَارَتْ إِلٰی دِحْیَةَ الْكَلْبِیِّ ثُمَّ صَارَتْ إِلَی النَّبِیِّ

صلی اللہ علیہ وسلم فَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا فَقَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ لِثَابِتٍ: يَا أَبَا مُحَمَّدٍ، أَنْتَ قُلْتَ لِأَنَسٍ: مَا أَصْدَقَهَا؟ فَحَرَّكَ ثَابِتٌ رَأْسَهُ تَصْدِيْقًا لَهُ.[راجع: ۳۷۱]

[۴۲۰۱-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: سَبَى النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم صَفِيَّةَ فَأَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا، فَقَالَ ثَابِتٌ لِأَنَسٍ: مَاأَصْدَقَهَا؟ قَالَ: أَصْدَقَهَا نَفْسَهَا فَأَعْتَقَهَا.[راجع: ۳۷۱]

۸-حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نبی ﷺ کا نکاح

حدیث(۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے صبح کی نماز اندھیرے میں خیبر کے قریب پڑھی، پھر فرمایا: اللہ سب سے بڑے ہیں! خیبر اجڑا! ہم جب کسی قوم کے آنگن میں اترتے ہیں تو ڈرائے ہوؤں کا برا حال ہوجاتا ہے! پس وہ لوگ نکلے دوڑ رہے تھے گلیوں میں (گھبرائے ہوئے) پس نبی ﷺ نے لڑنے والوں کو قتل کیا، اور بیوی بچوں کو قید کیا، اور قیدیوں میں حضرت صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا تھیں، پس گئیں وہ دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کی طرف، پھر آئیں وہ نبی ﷺ کی طرف، پس آپؐ نے ان کی آزادی کو ان کا مہر مقرر کیا، عبدالعزیز بن صہیب (حدیث کے راوی) نے ثابت بُنانی سے پوچھا اے ابو محمد! کیا آپؒ نے حضرت انسؓ سے پوچھا تھا: مَا أَصْدَقَهَا؟ نبی ﷺ نے ان کو کیا مہر دیا؟ ثابتؒ نے تائید کے طور پر اپنا سر ہلایا۔

یہ ثابت بنانی کی حدیث ہے، پھر عبدالعزیز کی سند لائے ہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو قید کیا، پھر ان کو آزاد کیا پھر ان سے نکاح کیا، ثابت بنانی نے حضرت انسؓ سے پوچھا: ان کو مہر کیا دیا؟ حضرت انسؓ نے کہا: ان کو مہر میں ان کی ذات دی، چنانچہ آپؐ نے ان کو آزاد کیا۔

تشریح: حضرت صفیہؓ کا شوہر کنانہ بن ابی الحقیق اپنی بدعہدی کی وجہ سے قتل کیا گیا، پس حضرت صفیہؓ قیدیوں میں ہوگئیں، حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ آئے، انھوں نے ایک باندی مانگی، آپؐ نے فرمایا: جاؤ، ایک باندی لے لو، انھوں نے حضرت صفیہ کو لے لیا، قیدیوں کے ذمہ دار نے نبی ﷺ سے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! آپؐ نے بنوقریظہ اور بنونضیر کی سردار صفیہ کو دحیہ کے حوالہ کردیا، حالانکہ وہ صرف آپؐ کے لئے مناسب ہیں، چنانچہ آپؐ نے حضرت دحیہؓ سے حضرت صفیہؓ کو واپس لے لیا اور ان کو دوسری باندی دی، پھر آپؐ نے حضرت صفیہ پر اسلام پیش کیا وہ مسلمان ہوگئیں آپؐ نے ان کو آزاد کرکے ان سے نکاح کرلیا اور ان کی آزادی ہی کو ان کا مہر مقرر کیا۔

اعتاق: (آزاد کرنا) مہر بن سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اعتاق مہر بن سکتا ہے، دیگر ائمہ کے نزدیک نہیں بن سکتا، سورۃ النساء آیت ۲۴ میں ہے: ﴿وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَاءَ ذٰلِكُمْ أَنْ تَبْتَغُوْا بِأَمْوَالِكُمْ﴾: اور محرمات کے علاوہ دوسری عورتیں تمہارے لئے حلال کی گئیں کہ تم ان کو اپنے مالوں کے ذریعہ چاہو، اس آیت

سے معلوم ہوا کہ مہر مال ہونا ضروری ہے، اور اس حدیث کا جواب یہ ہے کہ انھوں نے اپنی ذات آپؐ کو ہبہ کی تھی، اور یہ آپؐ کی خصوصیت تھی، سورۃ الاحزاب (آیت ۵۰) میں ہے: ﴿وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ﴾: اگر کوئی مؤمن عورت اپنی ذات نبی ﷺ کو ہبہ کردے اور آپؐ اس کو قبول فرمالیں تو وہ عورت آپؐ کے لئے حلال ہے یعنی اس سے آپؐ کا نکاح ہوجاتا ہے اور آپؐ پر کوئی مہر واجب نہیں ہوتا۔

دوسرا جواب: یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ سے سات بردوں میں خریدا تھا، اور یہی ثمن ان کا مہر تھا، اور یہ بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: وَقَعَ فِيْ سَهْمِ دِحْيَةَ جَارِيَةٌ جَمِيْلَةٌ، فَاشْتَرَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعَةِ أَرْؤُسٍ، ثُمَّ دَفَعَهَا إِلٰى أُمِّ سُلَيْمٍ تُصَنِّعُهَا وَتُهَيِّئُهَا، قَالَ حَمَّادٌ: وَأَحْسَبُهُ قَالَ: وَتَعْتَدُّ فِي بَيْتِهَا: صَفِيَّةُ ابْنَةُ حُيَيٍّ (ابوداؤد حدیث ۲۹۹۷ کتاب الخراج، باب ماجاء فی سهم الصَّفِيِّ ۱۰:۲۰۰ طبع دکتور تقی الدین الندوی) تفصیل تحفۃ الالمعی (۵۴۱:۳) میں ہے۔

[٤٢٠٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْتَقَى هُوَ وَالْمُشْرِكُوْنَ فَاقْتَتَلُوْا، فَلَمَّا مَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى عَسْكَرِهِ وَمَالَ الآخَرُوْنَ إِلٰى عَسْكَرِهِمْ، وَفِيْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ لَا يَدَعُ لَهُمْ شَاذَّةً وَلَا فَاذَّةً إِلَّا اتَّبَعَهَا يَضْرِبُهَا بِسَيْفِهِ، فَقَالَ: مَا أَجْزَأَ مِنَّا الْيَوْمَ أَحَدٌ كَمَا أَجْزَأَ فُلَانٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَمَا إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ " فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَنَا صَاحِبُهُ، قَالَ: فَخَرَجَ مَعَهُ كُلَّمَا وَقَفَ وَقَفَ مَعَهُ، وَإِذَا أَسْرَعَ أَسْرَعَ مَعَهُ، قَالَ: فَجُرِحَ الرَّجُلُ جُرْحًا شَدِيْدًا فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ فَوَضَعَ سَيْفَهُ بِالْأَرْضِ وَذُبَابَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ تَحَامَلَ عَلٰى سَيْفِهِ فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَخَرَجَ الرَّجُلُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالَ: " وَمَا ذَاكَ؟ " قَالَ: الرَّجُلُ الَّذِيْ ذَكَرْتَ آنِفًا أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَأَعْظَمَ النَّاسُ ذٰلِكَ، فَقُلْتُ: أَنَا لَكُمْ بِهِ، فَخَرَجْتُ فِيْ طَلَبِهِ، ثُمَّ جُرِحَ جُرْحًا شَدِيْدًا فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ فَوَضَعَ نَصْلَ سَيْفِهِ فِي الْأَرْضِ وَذُبَابَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ تَحَامَلَ عَلَيْهِ فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ: " إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ " [راجع: ٢٨٩٨]

۹- اعتبار ظاہر عمل کا نہیں، حقیقتِ حال کا ہے

ترجمہ: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کا اور مشرکین کا مقابلہ ہوا، پس دونوں آپس میں لڑے، پھر شام

نبی ﷺ اپنے کیمپ کی طرف اور دوسرے اپنے کیمپ کی طرف لوٹے، اور صحابہ میں (قزمان نامی) ایک شخص تھا (اس شخص کا شمار منافقین میں تھا، احد کی جنگ میں وہ شریک نہیں ہوا تھا، پس عورتوں نے اس کو طعنہ دیا، اس لئے وہ جنگ میں نکلا اور جم کر لڑا تا کہ داغ دھل جائے) وہ نہیں چھوڑتا تھا مشرکین میں سے کسی اکا دکا کو (شَاذَّة اور فَاذَّة کے ایک معنی ہیں: اکا دکا) مگر اس کے پیچھے لگ جاتا تھا اور اس کو تہہ تیغ کر دیتا تھا، پس کہنے والے نے کہا: نہیں شاندار کارنامہ انجام دیا ہماری طرف سے آج کسی نے جیسا فلاں نے شاندار کارنامہ انجام دیا! پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''سنو! بیشک وہ دوزخ والوں میں سے ہے'' پس قوم میں سے ایک شخص نے کہا: (ان کا نام اکثم بن ابی الجون تھا) میں اس کے ساتھ لگوں گا (اور دیکھوں گا کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ پیش آتا ہے) پس وہ اس کے ساتھ نکلے، جہاں وہ ٹھہرتا یہ بھی ٹھہرتے اور جہاں وہ تیز چلتا یہ بھی تیز چلتے، انھوں نے کہا: وہ آدمی سخت زخمی ہو گیا اور اس نے جلدی مرنا چاہا، پس اس نے اپنی تلوار کی مٹھ زمین پر رکھی اور اس کی کنّی (وہ حصہ جس سے مارا جاتا ہے) اپنی دونوں چھاتیوں کے درمیان رکھی، پس وہ اپنی تلوار پر جھک گیا اور اپنے آپ کو مار ڈالا، وہ آدمی (یعنی اکثمؓ) نبی ﷺ کے پاس آیا اور کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں، آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ انھوں نے کہا: وہ آدمی جس کا آپؐ نے ابھی تذکرہ کیا تھا کہ وہ دوزخ والوں میں سے ہے: لوگوں نے اس بات کو بھاری سمجھا، پس میں نے کہا: میں تمہارے لئے اس کے ساتھ لگتا ہوں میں اس کی طلب میں نکلا وہ سخت زخمی ہو گیا اور اس نے جلدی مرنا چاہا تو اس نے اپنی تلوار کی مٹھ زمین پر رکھی اور اس کی کنّی اپنی دونوں چھاتیوں کے درمیان رکھی، پس اس پر جھک گیا، اور اپنے آپ کو مار ڈالا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک ایک آدمی کرتا ہے جنت والوں کے کام اس چیز میں جو ظاہر ہوتی ہے، لوگوں کے لئے یعنی بہ ظاہر جنتیوں والا کام کرتا ہے درانحالیکہ وہ دوزخ والوں میں سے ہوتا ہے اور بیشک ایک آدمی بہ ظاہر دوزخ والوں کا کام کرتا ہے حالانکہ وہ جنت والوں میں سے ہوتا ہے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اعتبار دل کی حالت کا ہے، ظاہری عمل کا نہیں، وہ شخص منافق تھا، مؤمن نہیں تھا، اس لئے جہنم میں گیا اور یہ واقعہ خیبر کا ہے یا کسی اور جنگ کا؟ اس میں اختلاف ہے، چونکہ ایک قول خیبر کا بھی ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں، لیکن راجح قول یہ ہے کہ یہ واقعہ کسی اور جنگ کا ہے، جس میں مشرکین سے مقابلہ ہوا تھا۔

[۴۲۰۳-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: شَهِدْنَا خَيْبَرَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِرَجُلٍ مِمَّنْ مَعَهُ يَدَّعِيْ الإِسْلَامَ: " هٰذَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ " فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالُ قَاتَلَ الرَّجُلُ أَشَدَّ الْقِتَالِ حَتّٰى كَثُرَتْ بِهِ الْجِرَاحَةُ، فَكَادَ بَعْضُ النَّاسِ يَرْتَابُ، فَوَجَدَ الرَّجُلُ أَلَمَ الْجِرَاحَةِ فَأَهْوٰى بِيَدِهِ إِلٰى كِنَانَتِهِ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهَا أَسْهُمًا فَنَحَرَ بِهَا نَفْسَهُ، فَاشْتَدَّ رِجَالٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! صَدَّقَ اللّٰهُ حَدِيْثَكَ، انْتَحَرَ فُلَانٌ

فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَقَالَ:'' قُمْ يَا فُلَانُ فَأَذِّنْ أَنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا مُؤْمِنٌ، إِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ'' تَابَعَهُ مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ. [راجع: ٣٠٦٢]

[٤٢٠٤-] وَقَالَ شَبِيْبٌ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: شَهِدْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ.

وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، تَابَعَهُ صَالِحٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ.

وَقَالَ الزُّبَيْدِيُّ، أَخْبَرَنِيْ الزُّهْرِيُّ: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ كَعْبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَنْ شَهِدَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ، قَالَ: الزُّهْرِيُّ، وَأَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَسَعِيْدٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

۱۰-اللہ تعالیٰ بدکار آدمی کے ذریعہ دین کو قوی کرتے ہیں

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم خیبر میں حاضر تھے، پس نبی ﷺ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں جو آپ کے ساتھ تھا اور مسلمان ہونے کا دعوے دار تھا، فرمایا: یہ دوزخی ہے، پھر جب جنگ شروع ہوئی تو وہ شخص بڑی بہادری سے لڑا یہاں تک کہ اس کو بہت زخم آئے، پس بعض لوگ قریب تھے کہ شک میں مبتلا ہوجائیں، پھر اس آدمی نے زخموں کی تکلیف پائی، پس اس نے اپنے ترکش کی طرف اپنا ہاتھ بڑھایا، اور اس میں سے تیر نکالے اور ان سے اپنے آپ کو ذبح کرلیا، پس مسلمانوں میں سے چند آدمی دوڑے انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اللہ تعالیٰ نے آپ کی بات کو سچا کیا، فلاں نے اپنا گلا کاٹ لیا اور اپنے آپ کو مار ڈالا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اے فلاں! اٹھ اور اعلان کر: جنت میں مسلمان ہی جائے گا اور اللہ تعالیٰ اس دین کو بدکار آدمی کے ذریعہ تقویت پہنچاتے ہیں۔

تشریح: یہ واقعہ اور گذشتہ حدیث میں جو قزمان کا واقعہ آیا ہے ایک ہیں یا الگ الگ؟ ایک رائے یہ ہے کہ دونوں واقعے ایک ہیں۔ رہا یہ سوال کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ غزوۂ خیبر کے بعد مسلمان ہوئے ہیں، پھر شَهِدْنَا خَيْبَرَ کیسے کہہ رہے ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ مجاز ہے، مراد جمع متکلم کی ضمیر سے مسلمان ہیں، اور دوسری رائے یہ ہے کہ یہ علاحدہ واقعہ ہے، اور غزوۂ حنین کا ہے، یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۳۶۹، حدیث ۳۰۶۲) شعیب اور معمر کی سند سے آئی ہے، وہاں خیبر لفظ نہیں ہے، پھر یہاں لفظ خیبر کیسے بڑھ گیا؟ یہ تعجب کی بات ہے، مگر چونکہ یہاں خیبر کا لفظ ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں، اور بعد میں فرماتے ہیں کہ شعبہ رحمہ اللہ کے متابع معمرؒ ہیں، مگر پہلے دونوں کی سند سے یہ حدیث آئی ہے، وہاں لفظ خیبر نہیں ہے۔

اور یہ حدیث امام زہری رحمہ اللہ سے یونس اَیلیؒ روایت کرتے ہیں، پھر یونسؒ سے متعدد حضرات روایت کرتے ہیں، شعیبؒ کی روایت میں امام زہریؒ کے اساتذہ میں عبد الرحمٰن بن عبد اللہ کا نام بڑھا ہوا ہے اور ان کی روایت میں خیبر کی صراحت ہے، لیکن بخاری شریف کے دوسرے نسخوں میں حُنیناً ہے، یونس کے دوسرے شاگرد ابن المبارک ہیں وہ حدیث کو مرسل کرتے ہیں، سعید بن المسیب کے بعد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کرتے اور ابن المبارکؒ کے متابع صالح ہیں، وہ بھی حدیث مرسل کرتے ہیں اور زہری کے تیسرے شاگرد محمد بن الولید الزبیدی امام زہری کے اساتذہ میں عبد الرحمٰن بن کعب کا نام لیتے ہیں (یہ وہی عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن کعب ہیں) عبد الرحمٰن نے زہری کو بتلایا کہ عبد اللہ بن کعب کہتے ہیں: مجھے اس شخص نے خبر دی جو نبی ﷺ کے ساتھ خیبر میں حاضر تھا انھوں نے بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام نہیں لیا، اور زبیدی ایک دوسری سند سے یہ حدیث مرسل روایت کرتے ہیں، ان تمام متابعات سے حضرت نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ یہ واقعہ خیبر کا ہے، مگر دوسری رائے یہ ہے کہ یہ واقعہ حنین کا ہے۔ واللہ اعلم

[٤٢٠٥-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: لَمَّا غَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ أَوْ قَالَ: لَمَّا تَوَجَّهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَشْرَفَ النَّاسُ عَلٰى وَادٍ، فَرَفَعُوْا أَصْوَاتَهُمْ بِالتَّكْبِيْرِ: اللّٰهُ أَكْبَرُ! اللّٰهُ أَكْبَرُ! لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ارْبَعُوْا عَلٰى أَنْفُسِكُمْ، إِنَّكُمْ لَا تَدْعُوْنَ أَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، إِنَّكُمْ تَدْعُوْنَ سَمِيْعًا قَرِيْبًا وَهُوَ مَعَكُمْ" وَأَنَا خَلْفَ دَابَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَمِعَنِيْ وَأَنَا أَقُوْلُ: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَقَالَ "يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ" قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "أَلَا أَدُلُّكَ عَلٰى كَلِمَةٍ مِنْ كَنْزٍ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟" قُلْتُ: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ! قَالَ: "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ" [راجع: ٢٩٩٢]

۱۱- ذکر میں جہر مفرط مکروہ ہے اور حوقلہ جنت کا خزانہ ہے

حدیث: ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ نے خیبر کا غزوہ فرمایا (یہاں باب ہے) یا فرمایا: جب رسول اللہ ﷺ خیبر کی طرف متوجہ ہوئے اور لوگوں کو وادی نظر آنے لگی تو انھوں نے زور زور سے تکبیر کہنا شروع کیا: اللہ اکبر! اللہ اکبر! لا الٰہ الا اللہ! پس نبی ﷺ نے فرمایا: اپنے اوپر نرمی کرو اس لئے کہ تم کسی بہرے اور کسی غیر حاضر کو نہیں پکار رہے، تم سننے والے، نزدیک کو پکار رہے ہو، اور وہ تمہارے ساتھ ہیں (حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) اور میں نبی ﷺ کی سواری کے پیچھے تھا، آپؐ نے مجھے سنا، درانحالیکہ میں کہہ رہا تھا: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ: کوئی طاقت اور مقدرت نہیں، مگر اللہ کی مدد سے، پس آپؐ نے پکارا: اے عبد اللہ بن قیس! میں نے کہا: حاضر ہوں، اے

اللہ کے رسول، آپؐ نے فرمایا: کیا میں آپ کو ایسا کلمہ نہ بتاؤں جو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے؟ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! آپؐ نے فرمایا: (وہ کلمہ) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰہِ ہے۔

تشریح: سرًّا ذکر کبھی سستی پیدا کرتا ہے اور جہرًا ذکر نشاط کا سبب ہوتا ہے، مگر جہر مفرط ٹھکا دیتا ہے جیسے کچھ سالکین ایسی ضربیں لگاتے ہیں کہ مسجد سر پر اٹھا لیتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں، اسی طرح بے ضرورت نماز میں بلند قراءت کرنا بھی پسندیدہ نہیں، فقہاء کرام نے بھی ایسے جہری ذکر کو مکروہ لکھا ہے اور اس کی دلیل یہی حدیث ہے اور حوقلہ جنت کا خزانہ اس لئے ہے کہ وہ تسلیم ورضا کا پیکر ہے، آدمی اپنی مقدرت سے نکل جاتا ہے، اور اللہ پر اعتماد کرتا ہے اس لئے یہ بڑا عجیب پُر تاثیر ذکر ہے۔

[٤٢٠٦-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ عُبَيْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ أَثَرَ ضَرْبَةٍ فِيْ سَاقِ سَلَمَةَ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا مُسْلِمٍ! مَا هٰذِهِ الضَّرْبَةُ؟ قَالَ: هٰذِهِ ضَرْبَةٌ أَصَابَتْهَا يَوْمَ خَيْبَرَ، فَقَالَ النَّاسُ: أُصِيْبَ سَلَمَةُ! فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَنَفَثَ فِيْهِ ثَلَاثَ نَفَثَاتٍ فَمَا اشْتَكَيْتُهَا حَتَّى السَّاعَةِ.

۱۲- خیبر میں حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کی پنڈلی میں چوٹ آئی، نبی ﷺ نے دم کیا، وہ ٹھیک ہوگئی

حدیث: یزید جو حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں، کہتے ہیں: میں نے حضرت سلمہؓ کی پنڈلی میں چوٹ کا اثر دیکھا، میں نے پوچھا: اے ابومسلم (حضرت سلمہؓ کی کنیت) یہ چوٹ کیسی ہے؟ انھوں نے کہا: یہ ایک چوٹ ہے جو پیر کو پہنچی ہے جنگِ خیبر میں، لوگوں نے کہا: سلمہؓ زخمی ہوگئے! پس میں نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچا، آپؐ نے چوٹ کی جگہ تین مرتبہ دم کیا، پس آج تک اس چوٹ میں کوئی شکایت نہیں ہوئی۔

لغت: نَفَثَ: جھاڑ پھونک، تعویذ گنڈا کرنے والوں کا پھونکنا، جس کے ساتھ ہلکے ہلکے تھوک کے ذرے بھی جائیں۔

[٤٢٠٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: التقى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَالْمُشْرِكُوْنَ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ فَاقْتَتَلُوْا فَمَالَ كُلُّ قَوْمٍ إِلٰى عَسْكَرِهِمْ وَفِي الْمُسْلِمِيْنَ رَجُلٌ لَا يَدَعُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ شَاذَّةً وَلَا فَاذَّةً إِلَّا اتَّبَعَهَا فَضَرَبَهَا بِسَيْفِهِ، فَقِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا أَجْزَأَ أَحَدُهُمْ مَا أَجْزَأَ فُلَانٌ، فَقَالَ: " إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ" فَقَالُوْا: أَيُّنَا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ إِنْ كَانَ هٰذَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ؟ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: لَأَتَّبِعَنَّهُ فَإِذَا أَسْرَعَ وَأَبْطَأَ كُنْتُ مَعَهُ حَتَّى جُرِحَ فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ فَوَضَعَ نِصَابَ سَيْفِهِ بِالْأَرْضِ وَذُبَابَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ ثُمَّ تحامَلَ عَلَيْهِ فقتلَ نَفْسَهُ، فَجَاءَ الرَّجُلُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالَ: " وَمَا ذَاكَ؟" فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ: " إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ. وَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ" [راجع: ٢٨٩٨]

۱۳۱- خیبر میں ایک شخص نے بڑا کارنامہ انجام دیا پھر بھی جہنم میں گیا

حدیث: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ اور مشرکین کسی جہاد میں ایک دوسرے کے مقابل ہوئے اور لڑے، پھر ہر قوم اپنے کیمپ کی طرف مائل ہوئی، اور مسلمانوں میں ایک شخص تھا جو نہیں چھوڑتا تھا مشرکین میں سے کسی اکادکا کو، مگر وہ اس کا پیچھا کرتا تھا اور وہ اس کو اپنی تلوار سے قتل کرتا تھا، پس کہا گیا: اے اللہ کے رسول! آج فلاں کی طرح کسی نے ہمیں فائدہ نہیں پہنچایا، آپؐ نے فرمایا: وہ دوزخ والوں میں سے ہے، پس لوگوں نے کہا: ہم میں سے کون جنت میں جائے گا اگر یہ شخص دوزخ والوں میں سے ہے؟ پس قوم میں سے ایک شخص (اکثم بن ابی الجونؓ) نے کہا: میں اس کے پیچھے لگتا ہوں، جب وہ تیز چلے گا یا آہستہ چلے گا میں اس کے ساتھ ہوؤں گا، یہاں تک کہ وہ زخمی کیا گیا، پس اس نے موت کو جلدی چاہا، چنانچہ اس نے اپنی تلوار کی مٹھ زمین پر رکھی اور اس کی انّی اپنی دونوں چھاتیوں کے درمیان رکھی، پھر وہ اس پر جھک گیا، اور اپنے آپ کو قتل کر دیا، پس ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں، آپؐ نے پوچھا: کیوں گواہی دے رہے ہو؟ اس نے آپؐ کو واقعہ بتلایا، آپؐ نے فرمایا: ایک آدمی بہ ظاہر جنت والوں کے کام کرتا ہے اور وہ دوزخ والوں میں سے ہوتا ہے اور ایک شخص بہ ظاہر دوزخ والوں کے کام کرتا ہے اور وہ جنت والوں میں سے ہوتا ہے (اعمال کا مدار دل کی کیفیت پر ہے، ظاہر اعمال پر نہیں، وہ شخص منافق تھا، بزدلی کا دھبہ دھونے کے لئے کسی جنگ میں جم کر لڑا تھا اس لئے وہ اپنے نفاق کی وجہ سے جہنم میں گیا اس کے ظاہر عمل کا اعتبار نہیں کیا گیا، اور پہلے بتلایا ہے کہ یہ خیبر کا واقعہ نہیں ہے، حدیث میں صراحت ہے کہ صحابہ کا مقابلہ مشرکین کے ساتھ ہوا تھا، اور خیبر میں مقابلہ یہود سے ہوا تھا، اس لئے اس حدیث کا باب سے تعلق نہیں)

لطیفہ: حضرت شیخ الہند قدس سرہ جب اس حدیث سے گذرتے تو مسکراتے اور آگے بڑھ جاتے، کسی نے تبسم کی وجہ پوچھی فرمایا: حدیث میں ہے: لَا تُجْزِئُ صَلٰوةٌ إِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ: سورۂ فاتحہ کے بغیر کوئی نماز کافی نہیں ہوتی، یعنی دال دلیا تو ہو جاتا ہے مگر کامل ادا نہیں ہوتی، کیونکہ فاتحہ واجب ہے۔ حضرات شوافعؒ لَا تُجْزِئُ کا ترجمہ لَا تَجُوْزُ کرتے ہیں اور نماز میں سورۂ فاتحہ کو فرض کہتے ہیں، حالانکہ اِجزاء کے معنی کافی ہونے کے ہیں اور مراد اجزاء کامل ہے، فاتحہ کے بغیر نماز کامل نہیں ہوتی، اس حدیث میں بھی جس اجزاء کا ذکر ہے اس سے کامل اجزاء مراد ہے، ورنہ قتال تو اور لوگوں نے بھی کیا تھا، حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی مراد یہ ہے کہ جس طرح کامل طور پر پوری بہادری کے ساتھ قزمان نے قتال کیا ہم میں سے کسی اور نے اس طرح قتال نہیں کیا (اس حدیث میں جس شخص کی خودکشی کا ذکر ہے اس کا نام قزمان ظفری اور اس کی کنیت أبو الغیداق تھی)

[۴۲۰۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيْعِ، عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ، قَالَ: نَظَرَ أَنَسٌ إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَرَأَى طَيَالِسَةً، فَقَالَ: كَأَنَّهُمُ السَّاعَةَ يَهُوْدُ خَيْبَرَ.

۱۴-خیبر کے یہود کندھے پر شال ڈالتے تھے

الطَّيْلَسَان: سبز رنگ کی شال جو مشائخ کندھوں پر ڈالتے ہیں یا اوڑھتے ہیں، جمع طَيَالِسَة: حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ کے قریب ایک گاؤں میں جا بسے تھے، وہ جمعہ کی نماز پڑھنے کے لئے بصرہ آتے تھے، ابو عمران جونی کہتے ہیں: حضرت انسؓ نے جمعہ کے دن لوگوں کو دیکھا، انھوں نے شالوں کو کندھے پر ڈالے ہوئے یا اوڑھے ہوئے دیکھا، پس فرمایا: گویا یہ لوگ اس وقت خیبر کے یہودی ہیں (خیبر کے یہودی شالیں بکثرت استعمال کرتے تھے، دوسرے لوگ اتنا استعمال نہیں کرتے تھے، بصرہ میں جب لوگوں کو کثرت سے شال اوڑھے ہوئے دیکھا تو آپؓ نے ان کو خیبر کے یہود کے ساتھ تشبیہ دی، اس سے شالوں کے استعمال کی کراہت ثابت نہیں ہوتی اور علامہ عینی رحمہ اللہ کہتے ہیں: پھر تشبیہ کا کیا فائدہ؟ جواب: صرف منظر کشی مقصود ہے)

[۴۲۰۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: كَانَ عَلِيٌّ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ خَيْبَرَ، وَكَانَ رَمِدًا، فَقَالَ: أَنَا أَتَخَلَّفُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم! فَلَحِقَ بِهِ فَلَمَّا بِتْنَا اللَّيْلَةَ الَّتِيْ فُتِحَتْ، قَالَ: "لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ أَوْ: لَيَأْخُذَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلٌ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ يُفْتَحُ عَلَيْهِ" فَنَحْنُ نَرْجُوْهَا، فَقِيْلَ: هٰذَا عَلِيٌّ، فَأَعْطَاهُ فَفُتِحَ عَلَيْهِ. [راجع: ۲۹۷۶]

۱۵-قلعہ قموص فتح نہیں ہو رہا تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو فتح کیا

حدیث: حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ جنگ خیبر میں نبی ﷺ سے (مدینہ میں) پیچھے رہے تھے، وہ آشوبِ چشم میں مبتلا تھے، پھر انھوں نے سوچا: میں نبی ﷺ سے پیچھے رہوں! (چنانچہ وہ چل دیئے) اور نبی ﷺ سے آملے، پھر جب گذاری ہم نے وہ رات جس کی صبح میں خیبر فتح ہوا تو نبی ﷺ نے فرمایا: میں ضرور دوں گا آئندہ کل پرچم یا فرمایا: ضرور لے گا آئندہ کل پرچم وہ شخص جس سے اللہ اور اس کے رسول محبت کرتے ہیں، جس کے ہاتھ سے فتح ہوگی، پس ہم سب پرچم کی امید باندھتے تھے، پس کہا گیا: یہ علیؓ ہیں، نبی ﷺ نے ان کو پرچم دیا اور اللہ نے ان کے ہاتھ سے فتح نصیب فرمائی۔

[۴۲۱۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ: "لَأُعْطِيَنَّ هٰذِهِ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ، يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ" قَالَ: فَبَاتَ النَّاسُ يَدُوْكُوْنَ لَيْلَتَهُمْ أَيُّهُمْ يُعْطَاهَا؟ فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كُلُّهُمْ يَرْجُوْنَ أَنْ

يُعْطَاهَا، فَقَالَ:" أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ؟" فَقَالُوْا: هُوَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! يَشْتَكِيْ عَيْنَيْهِ، قَالَ: فَأَرْسِلُوْا إِلَيْهِ، فَأُتِيَ بِهِ فَبَصَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ عَيْنَيْهِ وَدَعَا لَهُ فَبَرَأَ حَتّٰى كَأَنْ لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ فَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ فَقَالَ عَلِيٌّ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا؟ فَقَالَ:" انْفُذْ عَلٰى رِسْلِكَ حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيْهِ، فَوَ اللّٰهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُوْنَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ"[راجع: ۲۹۴۲]

حدیث: خیبر میں ایک مضبوط قلعہ (قموص) تھا جو فتح نہیں ہو رہا تھا، جب جنگ ہوتے ہوئے کئی دن گذر گئے اور قلعہ فتح نہیں ہوا، اور ایک شام فوج قلعہ فتح کئے بغیر واپس آ گئی تو نبی ﷺ نے فرمایا: کل میں ایسے شخص کو جھنڈا دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ اس خاص قلعہ کو کھول دیں گے، وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اس سے اللہ اور اس کے رسول محبت کرتے ہیں، پس لوگوں نے اپنی وہ رات بڑی بے چینی میں گذاری کہ کون ان میں سے جھنڈا دیا جائے گا؟ پس جب لوگوں نے صبح کی تو سارے ہی نبی ﷺ کے پاس پہنچے، امیدوار تھے کہ وہ جھنڈا دیئے جائیں، آپؐ نے پوچھا: علیؓ کہاں ہیں؟ لوگوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! وہ آشوبِ چشم میں مبتلا ہیں، آپؐ نے فرمایا: ان کے پاس آدمی بھیجو، چنانچہ وہ لائے گئے، نبی ﷺ نے ان کی دونوں آنکھوں میں لعاب لگایا اور ان کے لئے دعا کی، پس وہ اچھے ہو گئے، گویا انہیں کوئی تکلیف نہیں تھی، پس ان کو جھنڈا دیا، انھوں نے پوچھا: یارسول اللہ! جب تک وہ ہمارے جیسے نہ ہو جائیں لڑتا رہوں؟ آپؐ نے فرمایا: اطمینان سے چلو، یہاں تک کہ ان کے آنگن میں اترو، پھر ان کو اسلام کی دعوت دو، اور ان کو بتلاؤ اللہ کا وہ حق جو ان پر واجب ہوگا مسلمان ہونے کی وجہ سے، پس قسم بخدا! اللہ تعالیٰ تمہارے ذریعہ کسی ایک آدمی کو ہدایت دیں وہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

وضاحت: قلعہ ناعم کے بعد قلعہ قموص فتح ہوا، یہ قلعہ خیبر کے قلعوں میں نہایت مستحکم تھا، جب اس قلعہ کا محاصرہ ہوا تو نبی ﷺ دردسر کی وجہ سے میدان میں تشریف نہیں لا سکے، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو پرچم دے کر بھیجا، باوجود پوری کوشش کے قلعہ فتح نہیں ہوا، دوسرے دن فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کو پرچم دیا، انھوں نے پوری جدوجہد کی، مگر قلع فتح نہیں ہوا، شام کو آپؐ نے فرمایا: کل پرچم اس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول کو محبوب رکھتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول اس کو محبوب رکھتے ہیں، اور اس کے ہاتھ پر فتح ہوگی، چنانچہ اگلے دن حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نشان دے کر روانہ کیا اور قلعہ ان کے ہاتھ سے فتح ہوا۔ یہ قلعہ بیس روز کے محاصرہ کے بعد فتح ہوا، مالِ غنیمت کے علاوہ قیدی بہت ہاتھ آئے، حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا جو حیی بن اخطب سردار بنی نضیر کی بیٹی تھیں اور کنانہ بن الربیع کی بیوی تھیں قید ہوئیں، بعد میں ان سے نبی ﷺ نے نکاح فرمایا، ان کا شوہر کنانہ اپنی بدعہدی کی وجہ سے قتل کیا گیا، اسی قلعہ پر جنگ کے شروع میں مرحب حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے مارا گیا، جو ایک ہزار آدمیوں کے برابر سمجھا جاتا تھا، اور اسی موقعہ کی وہ تاریخی روایت ہے کہ حضرت علیؓ کی ڈھال ٹوٹ

گئی تو آپؓ نے قلعہ کا دروازہ اکھاڑ کر آدھے دن تک جنگ لڑی، پھر جب اس کو نیچے ڈالا تو دس آدمی اس کو نہیں اٹھا سکے، یہ تاریخی روایت ہے، حدیث سے یہ بات ثابت نہیں۔

[٤٢١١-] حدثنا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ح: وَحَدَّثَنِىْ أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الزُّهْرِىُّ، عَنْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَدِمْنَا خَيْبَرَ. فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْحِصْنَ ذُكِرَ لَهُ جَمَالُ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ بْنِ أَخْطَبَ، وَقَدْ قُتِلَ زَوْجُهَا، وَكَانَتْ عَرُوْسًا، فَاصْطَفَاهَا النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم لِنَفْسِهِ، فَخَرَجَ بِهَا حَتَّى بَلَغْنَا سُدَّ الصَّهْبَاءِ حَلَّتْ، فَبَنٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ صَنَعَ حَيْسًا فِىْ نِطَعٍ صَغِيْرٍ، ثُمَّ قَالَ لِىْ:" آذِنْ مَنْ حَوْلَكَ" فَكَانَتْ تِلْكَ وَلِيْمَةً عَلٰى صَفِيَّةَ، ثُمَّ خَرَجْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ فَرَأَيْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يُحَوِّىْ لَهَا وَرَاءَهُ بِعَبَاءَةٍ، ثُمَّ يَجْلِسُ عِنْدَ بَعِيْرِهِ فَيَضَعُ رُكْبَتَهُ وَتَضَعُ صَفِيَّةُ رِجْلَهَا عَلٰى رُكْبَتِهِ حَتَّى تَرْكَبَ. [راجع: ٣٧١]

١٦- ام المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح، رخصتی اور ولیمہ

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام زینب تھا، نبی ﷺ نے خیبر کی غنیمت میں سے ان کو چنا تھا، یعنی بالا بالا لیا تھا، اس لئے صفیہ (چنیدہ) نام پڑ گیا، ان کا باپ حیی بن اخطب بنونضیر کا سردار اور حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد میں سے تھا، حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نکاح سلام بن مشکم قرظی سے ہوا تھا، اس سے کوئی اولاد نہیں ہوئی، اس نے طلاق دی تو دوسرا نکاح کنانہ بن الربیع بن ابی الحقیق سے ہوا، اس سے بھی کوئی اولاد نہیں ہوئی، کنانہ غزوۂ خیبر میں مارا گیا اور یہ گرفتار ہوئیں، نبی ﷺ نے ان کو آزاد کر کے اپنی زوجیت میں لے لیا، تا کہ یہود اسلام سے قریب آئیں، مگر یہ مقصد حاصل نہیں ہوا، وہ خیبر سے روانگی سے پہلے ہی حیض سے پاک ہوگئی تھیں، استبراء رحم کے بعد بھی خیبر میں زفاف عمل میں نہیں آیا، جب آپ مقام صہباء میں اترے جو خیبر سے ایک منزل ہے تو وہاں عروسی فرمائی اور ولیمہ کیا، ایک دسترخوان بچھایا اور اعلان کیا کہ جس کے پاس جو کچھ ہے وہ لے آئے، کوئی کھجور لایا، کوئی پنیر، کوئی ستو اور کوئی گھی، جب کھانا جمع ہوگیا تو سب نے مل کر کھالیا، اس ولیمہ میں گوشت اور روٹی نہیں تھی، پھر صہباء مقام میں آپؐ نے تین دن قیام فرمایا، جب وہاں سے روانہ ہوئے تو حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے لئے پردہ کیا، سب نے سمجھ لیا کہ یہ ام المؤمنین ہیں، باندی نہیں ہیں۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم خیبر پہنچے، جب اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کے لئے قلعہ قموص کھول دیا تو آپؐ کے سامنے حضرت صفیہؓ کی خوبصورتی کا تذکرہ آیا (یہ تذکرہ قیدیوں کے ذمہ دار نے کیا تھا) اور ان کا شوہر قتل کیا گیا تھا (ان کے شوہر کا نام کنانہ بن الربیع تھا، اس کو کنانہ بن ابی الحقیق بھی کہتے تھے) اور وہ دلہن تھیں یعنی کنانہ

سے ابھی ابھی نکاح ہوا تھا، پس ان کو نبی ﷺ نے اپنے لئے منتخب کیا، پھر آپؐ ان کو لے کر نکلے، یہاں تک کہ سد الصہباء پہنچے تو وہ پاک ہوگئیں، پس ان کے ساتھ نبی ﷺ نے عروسی فرمائی، پھر آپؐ نے چھوٹے سے چمڑے کے دسترخوان میں ملیدہ تیار کیا اور مجھ سے فرمایا: تمہارے اردگرد جو لوگ ہیں ان کو بلالو، یہ حضرت صفیہؓ کا ولیمہ تھا، پھر ہم مدینہ کی طرف روانہ ہوئے، میں نے نبی ﷺ کو دیکھا آپؐ اینڈوا بنا رہے تھے ان کے لئے (اونٹ پر) اپنے پیچھے چادر کے ذریعہ پھر آپؐ بیٹھتے اپنے اونٹ کے پاس اور آپؐ اپنا گھٹنہ کھڑا کرتے اور صفیہؓ اپنا پیر آپ کے گھٹنے پر رکھتیں، اور سوار ہوتیں۔

تشریح: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے معاملہ میں روایات مختلف ہیں، اس روایت سے معلوم ہوا کہ مالِ غنیمت میں سے نبی ﷺ نے ان کو منتخب کیا تھا، اسی لئے ان کا نام صفیہ (منتخب کردہ) پڑا، پھر آپؐ نے ان کو آزاد کرکے ان سے نکاح کرلیا، اور مہر آزادی کو مقرر کیا، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ روایت بخاری شریف میں تیس سے زیادہ جگہ آئی ہے، اور دیگر روایات میں ہے کہ وہ پہلے حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ کے حصہ میں پڑی تھیں، انھوں نے نبی ﷺ سے ایک باندی لینے کی اجازت طلب کی تھی، آپؐ نے اجازت دیدی تھی، چنانچہ وہ حضرت صفیہؓ کو لے گئے پھر قیدیوں کے ذمہ دار نے اطلاع دی کہ وہ ایک سردار کی بیٹی اور دوسرے سردار کی بیوی ہیں وہ آپؐ کے علاوہ کے حصہ میں نہیں جانی چاہئیں، چنانچہ آپؐ نے ان کو سات بُردوں کے عوض خرید لیا یا بدل لیا، پھر آزاد کرکے ان سے نکاح کرلیا، اس صورت میں ان کا مہر ان کا ثمن ہوگا، عتق مہر نہیں ہوگا، پس غیر مال مہر ہوسکتا ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ ختم ہوگیا (تحفۃ القاری ۲:۲۰۱)

[٤٢١٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَقَامَ عَلَى صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ بِطَرِيْقِ خَيْبَرَ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ حَتَّى أَعْرَسَ بِهَا، وَكَانَتْ فِيْمَنْ ضُرِبَ عَلَيْهَا الْحِجَابُ. [راجع: ٣٧١]

[٤٢١٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدٌ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا، يَقُوْلُ: أَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ خَيْبَرَ وَالْمَدِيْنَةِ ثَلاَثَةَ لَيَالٍ يُبْنَى عَلَيْهِ بِصَفِيَّةَ، فَدَعَوْتُ الْمُسْلِمِيْنَ إِلَى وَلِيْمَتِهِ، وَمَا كَانَ فِيْهَا مِنْ خُبْزٍ وَلاَ لَحْمٍ، وَمَا كَانَ فِيْهَا إِلَّا أَنْ أَمَرَ بِلاَلاً بِالْأَنْطَاعِ فَبُسِطَتْ فَأَلْقَى عَلَيْهَا التَّمْرَ وَالْأَقِطَ وَالسَّمْنَ، فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: إِحْدَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ أَوْ مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُهُ؟ قَالُوْا: إِنْ حَجَبَهَا فَهِيَ إِحْدَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَإِنْ لَمْ يَحْجُبْهَا فَهِيَ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهُ، فَلَمَّا ارْتَحَلَ وَطَّأَ لَهَا خَلْفَهُ وَمَدَّ الْحِجَابَ. [راجع: ٣٧١]

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا پر ٹھہرے خیبر کے راستہ میں تین دن، یعنی صہباء مقام میں تین دن قیام فرمایا، یہ مطلب نہیں ہے کہ خیبر سے تین دن چل کر ٹھہرے یہاں تک کہ

عروسی فرمائی ان کے ساتھ، یعنی تین راتیں ان کے ساتھ گذاریں اور وہ ان ازواج میں تھیں جن پر پردہ کیا گیا۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے خیبر اور مدینہ کے درمیان تین دن قیام فرمایا، زفاف فرمایا آپؐ نے حضرت صفیہؓ کے ساتھ، پھر میں نے مسلمانوں کو آپؐ کے ولیمہ کی طرف دعوت دی، اس ولیمہ میں روٹی اور گوشت نہیں تھا، اس ولیمہ میں نہیں تھا مگر یہ کہ آپؐ نے حکم دیا بلال رضی اللہ عنہ کو چمڑے کے دسترخوانوں کے بارے میں، پس وہ بچھائے گئے، پھر آپؐ نے ان پر چھوہارے، پنیر اور گھی ڈالا، (اور سب نے کھایا، یہی ولیمہ تھا) پس مسلمانوں نے کہا: حضرت صفیہؓ مسلمانوں کی ماؤں میں سے ایک ہیں یا آپؐ کا دایاں ہاتھ ان کا مالک ہے یعنی باندی ہیں؟ صحابہ نے کہا: اگر آپؐ ان کو پردہ میں رکھیں تو وہ امہات المؤمنین میں سے ہیں اور اگر آپؐ ان کو پردہ میں نہ رکھیں تو وہ آپؐ کی باندی ہیں، پس جب آپؐ نے کوچ کیا تو جگہ تیار کی آپؐ نے ان کے لئے (اونٹ پر) اپنے پیچھے اور پردہ کھینچا، معلوم ہوا کہ وہ ام المؤمنین ہیں۔

[٤٢١٤-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، ح: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبٌ، قَالَ: شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: كُنَّا مُحَاصِرِيْ خَيْبَرَ، فَرَمَى إِنْسَانٌ بِجِرَابٍ فِيْهِ شَحْمٌ، فَنَزَوْتُ لِآخُذَهُ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَحْيَيْتُ. [راجع: ٣١٥٣]

١٧- کھانے پینے کی چیزوں میں تقسیم ضروری نہیں

دار الحرب میں کھانے پینے کی چیزیں اور گھاس چارہ ملے تو اس کو باقاعدہ تقسیم کرنا اور خمس نکالنا ضروری نہیں، جس کو جو چیز ملے وہ کھا سکتا ہے، خیبر کے ایک قلعہ کا محاصرہ کیا گیا تھا، اوپر سے کسی نے بورا پھینکا، اس میں چربی تھی، حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ وہاں کھڑے تھے، انھوں نے کود کر اس بورے کو دبوچ لیا، پھر مڑے تو نبی ﷺ کھڑے تھے، وہ شرما گئے، کیونکہ ان کا یہ فعل حرص پر دلالت کرتا تھا۔ اور مسلم شریف کی روایت میں ہے کہ آپؐ مسکرائے، اور ابوداؤد طیالسی کی روایت میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا: هُوَ لَكَ: وہ تمہارا ہے، معلوم ہوا کہ کھانے پینے کی چیزیں بغیر تقسیم کئے استعمال کرسکتے ہیں۔

[٤٢١٥-] حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، وَسَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ أَكْلِ الثُّوْمِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ. [راجع: ٨٥٣]

نَهَى عَنْ أَكْلِ الثُّوْمِ: هُوَ عَنْ نَافِعٍ وَحْدَهُ، وَلُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ: عَنْ سَالِمٍ.

١٨- کچا لہسن کھانے کی ممانعت

کچا لہسن، کچی پیاز اور مولی جیسی سبزیاں اگر تنہا کافی مقدار میں کھائی جائیں تو گندی ڈکاریں آتی ہیں، ایسی چیزیں

کھا کر مسجد میں نہیں آنا چاہئے، اس سے فرشتوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے اور مصلیوں کو بھی، البتہ سلاد کے طور پر یہ چیزیں کھائی جائیں یا پکا کر کھائی جائیں تو بدبو نہیں آتی، اس لئے ان کو کھا کر مسجد میں آ سکتے ہیں، نافع اور سالم رحمہما اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے خیبر کے دن لہسن کھانے سے اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا، لہسن کھانے کی ممانعت صرف حضرت نافع رحمہ اللہ سے مروی ہے، حضرت سالم رحمہ اللہ سے یہ مضمون مروی نہیں، اور پالتو گدھوں کے گوشت کی ممانعت حضرت سالم رحمہ اللہ سے مروی ہے، نافع رحمہ اللہ سے مروی نہیں۔

[٤٢١٦-] حَدَّثَنِیْ یَحْیَی بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَالْحَسَنِ ابْنَیْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ أَبِیْهِمَا، عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم نَهَی عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ یَوْمَ خَیْبَرَ، وَعَنْ أَکْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الإِنْسِیَّةِ. [انظر: ٥١١٥، ٥٥٢٣، ٦٩٦١]

۱۹- نکاحِ متعہ کی ممانعت

بعض احکام رفتہ رفتہ نازل ہوئے ہیں جیسے شراب اور سود کی حرمت عرصہ کے بعد نازل ہوئی ہے، اسی طرح نکاحِ متعہ ابتدائے اسلام میں جائز تھا، پھر اس کی حرمت کا اعلان کیا گیا، نکاحِ متعہ کے معنی ہیں: کچھ مدت کے لئے نکاح کرنا۔ اور نکاح موقت: نکاحِ متعہ ہی ہے، صرف نام کا فرق ہے، اگر ایجاب وقبول میں لفظ متعہ استعمال کیا جائے تو وہ نکاح متعہ ہے، اور لفظ نکاح استعمال کیا جائے تو وہ نکاح موقت ہے، غرض دونوں میں وقت کی تحدید ہوتی ہے کہ اتنے دن، اتنے مہینے یا اتنے سالوں کے لئے نکاح کرتا ہے۔

نکاحِ متعہ اور نکاحِ موقت دونوں بالاجماع حرام ہیں، اس میں کسی کا اختلاف نہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک زمانہ تک متعہ کو جائز کہتے تھے، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے یہ حدیث بیان کی کہ جنگِ خیبر کے موقع پر نبی ﷺ نے ان کے ذریعہ متعہ کی حرمت کا اعلان کرایا ہے، تو ابن عباسؓ نے اپنے قول سے رجوع کر لیا (ترمذی حدیث ۱۱۰۴) اس لئے دورِ اول سے یہ مسئلہ اجماعی چلا آ رہا ہے۔

پس نکاح صحیح اور نکاحِ موقت میں ابدیت (ہمیشہ کے لئے نکاح کرنے) اور توقیت (مقررہ وقت کے لئے نکاح کرنے) کا فرق ہے، باقی کوئی فرق نہیں، نکاح متعہ اور نکاحِ موقت میں عورت کی اجازت، ولی کی اجازت، باقاعدہ عقد کرنا، مہر اور گواہ ضروری ہیں، اور شیعہ جس متعہ کو جائز کہتے ہیں وہ محض زنا ہے، اس میں نہ ولی کی اجازت ہوتی ہے نہ عقد ہوتا ہے، نہ گواہ ہوتے ہیں، اس لئے ابتدائے اسلام میں جو نکاح متعہ جائز تھا، شیعوں کا متعہ اس میں ہرگز داخل نہیں، تفصیل کے لئے دیکھئے: تحفۃ الالمعی (۵۵۱:۳) رحمۃ اللہ الواسعہ (۶۵:۵) سیرۃ المصطفیٰ (۴۳۸:۲)

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے جنگِ خیبر میں عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے سے منع

کیا اور پالتو گدھوں کے گوشت کی بھی ممانعت کی (حاشیہ میں لکھا ہے کہ بات الٹی ہوگئی، جنگِ خیبر کے موقع پر پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا، یوم خیبر کا تعلق پالتو گدھوں سے ہے، عورتوں کے متعہ سے نہیں، کیونکہ خیبر کے موقع پر صحابہ کا عورتوں سے متعہ کرنا مروی نہیں)

فائدہ: قرآنِ کریم (سورۃ المؤمنون آیات ۵-۷ سورۃ المعارج آیات ۲۹-۳۱) میں ہے: اہل ایمان اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں سوائے بیویوں اور شرعی باندیوں کے اور جو ان کے سوا چاہتا ہے وہ حدود شرعیہ سے تجاوز کرنے والا ہے، اور شیعوں کے متعہ میں عورت نہ بیوی ہوتی ہے نہ باندی، ان کے متعہ میں نہ شہادت ہوتی ہے نہ اعلان، نہ نان ونفقہ ہوتا ہے نہ سُکنی، نہ طلاق ہوتی ہے نہ لعان، نہ ظہار ہوتا ہے نہ ایلاء، نہ عدت ہوتی ہے نہ میراث، پھر اس کو نکاح کے حکم میں کیسے رکھ سکتے ہیں؟ علاوہ ازیں قرآنِ کریم کی رو سے چار عورتوں ہی سے نکاح جائز ہے، اور متعہ میں کوئی حد متعین نہیں ہوتی، نیز متعہ کے جواز کے بعد نکاح کی ضرورت باقی نہیں رہتی، اس لئے عقلاً نہ نکاح متعہ کی اجازت ہوسکتی ہے نہ شیعوں والے متعہ کی۔

سوال: روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ہجرت کے ساتویں سال خیبر میں متعہ حرام ہوا، پھر آٹھویں سال جنگِ اوطاس میں تین دن کے لئے متعہ کی اجازت دی گئی، پھر فتح مکہ کے موقع پر ہمیشہ کے لئے حرمت کا اعلان کیا گیا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں تحریم کا اعلان کیا تو کیا متعہ کی حرمت مختلف ادوار سے گذری ہے؟

جواب: جاہلیت کی رسم کے مطابق لوگ متعہ کرتے تھے، ابھی قرآن وحدیث میں کوئی صریح حکم نازل نہیں ہوا تھا، سب سے پہلے خیبر کی لڑائی میں متعہ حرام ہوا، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے صحیح اسانید سے یہ بات مروی ہے، پھر جنگِ اوطاس میں جن لوگوں کو حرمت کا علم نہیں تھا، انھوں نے متعہ کیا تو ان پر مؤاخذہ نہیں کیا گیا، تین روز کے لئے متعہ کی اجازت کا یہی مطلب ہے، تین دن کے بعد جب آپؐ کے علم میں یہ بات آئی کہ کچھ لوگوں نے متعہ کیا ہے تو جنگِ اوطاس میں پھر اعلان کیا گیا، اس کے بعد فتح مکہ کے موقع پر متعہ کی حرمت کا تیسری مرتبہ اعلان کیا گیا، کیونکہ اس موقع پر ہزاروں آدمی دائرہ اسلام میں داخل ہوئے تھے جن کو متعہ کی حرمت کا علم نہیں تھا، اس لئے نبی ﷺ نے کعبہ شریف کے دروازہ پر کھڑے ہوکر حرمت کا اعلان کیا، پھر غزوۂ تبوک کے موقع پر آپؐ نے کچھ عورتوں کو مسلمانوں کے خیموں کے پاس پھرتے دیکھا تو آپؐ نے پوچھا: یہ کون عورتیں ہیں؟ بتایا گیا کہ کچھ لوگوں نے ان سے متعہ کیا ہے تو آپ سخت ناراض ہوئے، چہرۂ مبارک سرخ ہوگیا، اور آپؐ نے تقریر فرمائی، اس میں متعہ سے منع کیا، صحابہ کہتے ہیں: اس کے بعد ہم نے کبھی متعہ نہیں کیا۔

بعد ازاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانۂ خلافت میں عدم واقفیت کی وجہ سے کسی نے متعہ کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر پہنچی، آپ سخت ناراض ہوئے اور تقریر فرمائی، جس میں متعہ کی حرمت کا اعلان کیا، اور یہ بھی فرمایا کہ میرے اس اعلان کے بعد اگر کوئی متعہ کرے گا تو میں اس پر زنا کی حد جاری کروں گا، اس وقت سے متعہ بالکل موقوف ہوگیا اور اسی پر

تمام صحابہ کا اجماع ہو گیا۔

بعض راویوں کو تحریم متعہ کے اس بار بار اعلان سے گمان ہوا کہ متعہ دو یا تین مرتبہ حلال کیا گیا اور دو یا تین مرتبہ حرام کیا گیا، حالانکہ دوسری اور تیسری مرتبہ کا اعلان کوئی جدید تحلیل نہیں تھی، بلکہ قدیم تحریم تھی اور سابق نہی کا اعادہ اور تاکید تھی۔

(ماخوذ از سیرۃ المصطفیٰ ۲: ۴۳۸)

[٤٢١٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم نَهَى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ.

[راجع: ٨٥٣]

[٤٢١٨-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ وَسَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ [قَالَ:] نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَنْ أَكْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ.

[راجع: ٨٥٣]

۲۰- گدھوں کے گوشت کی ممانعت

چاروں ائمہ متفق ہیں کہ گدھا حرام ہے البتہ مالکیہ کے یہاں تین روایتیں ہیں: ایک روایت کراہیت کی بھی ہے۔

حدیث: نافع رحمہ اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: نبی ﷺ نے جنگِ خیبر کے موقع پر پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا، دوسری روایت نافع اور سالم دونوں کی ہے، اس کا بھی یہی متن ہے، اور حضرت علی اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے بھی گدھوں کے گوشت کی ممانعت مروی ہے۔

البتہ ایک روایت جو ابو داؤد (حدیث ۳۸۰۷) میں ہے وہ حلت پر دلالت کرتی ہے، غالب بن ابجر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم قحط سالی سے دوچار تھے، میرے پاس کوئی ایسا مال نہیں تھا جو میں اپنے گھر والوں کو کھلاؤں، ہاں کچھ گدھے تھے، مگر نبی ﷺ نے گدھوں کا گوشت حرام قرار دیا تھا، اس لئے میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہمیں قحط سالی پہنچی ہے اور میرے مال میں کوئی ایسا مال نہیں جو میں اپنے گھر والوں کو کھلاؤں، ہاں چند فربہ گدھے ہیں مگر آپؐ نے پالتو گدھوں کا گوشت حرام قرار دیا ہے، آپؐ نے فرمایا: اپنے فربہ گدھوں میں سے اپنے گھر والوں کو کھلاؤ، میں نے ان کو حرام صرف اس لئے کیا ہے کہ وہ گاؤں کے باہر گھومتے رہتے ہیں اور گندگی کھاتے ہیں۔

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے الاصابہ (۳: ۱۸۱) میں فرمایا ہے: اس حدیث کی اسناد میں بہت زیادہ اختلاف ہے، اور فتح الباری (۹: ۶۵۶) میں فرمایا ہے: اس کی اسناد ضعیف ہے اور متن شاذ ہے کیونکہ وہ احادیث صحیحہ کے خلاف ہے، پس اس پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا، نیز یہ تاویل بھی ممکن ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو مخمصہ (بھوک مری) کی وجہ سے اجازت دی ہو۔

[٤٢١٩-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ وَرَخَّصَ فِي الْخَيْلِ. [انظر: ٥٥٢٠، ٥٥٢٤]

۲۱-گھوڑوں کے گوشت کا حکم

جمہور: امام شافعی، امام احمد اور صاحبین رحمہم اللہ کے نزدیک گھوڑے کا گوشت بغیر کراہیت کے جائز ہے اور امام مالک رحمہ اللہ کے مذہب میں حلت کا قول بھی ہے اور کراہیت کا بھی، فاکہی رحمہ اللہ نے جو مالکی فقیہ ہیں کراہیت تحریمی کے قول کو ترجیح دی ہے اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مکروہ ہے، پھر اختلاف ہے کہ کراہیت کیسی ہے: تحریمی یا تنزیہی؟ اور لعینہ ہے یا لغیرہ؟ صحیح قول یہ ہے کہ کراہیت تنزیہی ہے اور لغیرہ ہے یعنی اس لئے مکروہ ہے کہ آلہ جہاد کم نہ ہو جائے، علامہ کشمیری قدس سرہ نے اسی قول کو ترجیح دی ہے اور درمختار میں ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ نے کراہیت کے قول سے رجوع کیا ہے مگر مشہور کراہت ہی کا قول ہے۔

اور گھوڑے کے سلسلہ میں روایتوں میں اختلاف ہے، دو روایتیں جو اعلی درجہ کی صحیح اور صریح ہیں اباحت پر دلالت کرتی ہیں اور ایک روایت جو متکلم فیہ ہے ممانعت پر دلالت کرتی ہے۔

پہلی روایت: جو متفق علیہ ہے اور اباحت پر دلالت کرتی ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھلایا یعنی اس کے کھانے کی اجازت دی، اور گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا، یعنی اس کو حرام قرار دیا، اور بخاری ومسلم میں صراحت ہے کہ یہ اجازت جنگ خیبر کے موقع پر دی تھی۔

اور دوسری حدیث بھی متفق علیہ ہے، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے زمانہ میں گھوڑا ذبح کیا اور ہم نے اس کو کھایا (بخاری حدیث ۵۵۱۰، مسلم حدیث ۱۹۴۲)

اور حرمت پر دلالت کرنے والی روایت ابوداؤد میں ہے، حضرت خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے گھوڑوں خچروں اور گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا (ابوداؤد حدیث ۳۷۹۰، نسائی حدیث ۴۳۳۱، ابن ماجہ حدیث ۳۱۹۸) اس حدیث کی سند میں بقیۃ بن الولید ہیں جو مشہور ضعیف راوی ہیں، نیز اس حدیث کو مقدام بن معدیکرب کے پوتے صالح بن یحییٰ عن ابیہ عن جدّہ کی سند سے روایت کرتے ہیں، خطابی رحمہ اللہ کہتے ہیں: بعض رواۃ کا بعض سے سماع معلوم نہیں۔

اور مسند احمد (۸۹:۴) میں ہے کہ یہ ممانعت غزوۂ خیبر کے موقع پر فرمائی تھی، اب بات الجھ گئی، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ غزوۂ خیبر کے موقع پر آپؐ نے گھوڑوں کے گوشت کی اجازت دی اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ممانعت فرمائی، اور واقدی رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت خالدؓ خیبر کے بعد مسلمان ہوئے ہیں اور خیبر میں وہی صحابہ شریک ہوئے ہیں

جو صلح حدیبیہ میں شریک تھے، اور حضرت خالدؓ اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے، پس ان کے خیبر میں ہونے کی بات صحیح معلوم نہیں ہوتی، ان وجوہ سے امام اعظم رحمہ اللہ نے یا تو کراہت کے قول سے رجوع کرلیا ہے جیسا کہ درمختار میں ہے یا یہ ممانعت لغیرہ ہے اور کراہت بمعنی خلاف اولیٰ ہے۔ واللہ اعلم

[۴۲۲۰-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّادٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِیْ أَوْفٰی: أَصَابَتْنَا مَجَاعَةٌ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَإِنَّ الْقُدُوْرَ لَتَغْلِیْ، قَالَ: وَبَعْضُهَا نَضِجَتْ، فَجَاءَ مُنَادِی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: لاَ تَأْكُلُوْا مِنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ شَيْئًا وَأَهْرِيْقُوْهَا، قَالَ ابْنُ أَبِیْ أَوْفٰی: فَتَحَدَّثْنَا أَنَّهُ إِنَّمَا نَهَى عَنْهَا لِأَنَّهَا لَمْ تُخَمَّسْ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: نَهَى عَنْهَا الْبَتَّةَ لِأَنَّهَا كَانَتْ تَأْكُلُ الْعَذِرَةَ. [راجع: ۳۱۵۵]

[۴۲۲۱و۴۲۲۲-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَدِیُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ أَوْفٰی: أَنَّهُمْ كَانُوْا مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَصَابُوْا حُمُرًا فَطَبَخُوْهَا، فَنَادَى مُنَادِی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَكْفِئُوْا الْقُدُوْرَ. [انظر: ۴۲۲۳، ۴۲۲۵، ۴۲۲۶، ۵۵۲۵]

[۴۲۲۳و۴۲۲۴-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَدِیُّ بْنُ ثَابِتٍ، سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، وَابْنَ أَبِیْ أَوْفٰی، يُحَدِّثَانِ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، أَنَّهُ قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ وَقَدْ نَصَبُوْا الْقُدُوْرَ: "أَكْفِئُوْا الْقُدُوْرَ" [راجع: ۳۱۵۳، ۴۲۲۱]

[۴۲۲۵-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ. [راجع: ۴۲۲۱]

[۴۲۲۶-] حَدَّثَنِیْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِیْ زَائِدَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: أَمَرَنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِی غَزْوَةِ خَيْبَرَ أَنْ نُلْقِیَ لُحُوْمَ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ نِيْئَةً وَنَضِيْجَةً، ثُمَّ لَمْ يَأْمُرْنَا بِأَكْلِهِ بَعْدُ. [راجع: ۴۲۲۱]

[۴۲۲۷-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِی الْحُسَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لاَ أَدْرِیْ أَنَهَى عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ أَجْلِ أَنَّـهُ كَانَ حَمُوْلَةَ النَّاسِ، فَكَرِهَ أَنْ تَذْهَبَ حَمُوْلَتُهُمْ، أَوْ حَرَّمَهُ فِیْ يَوْمِ خَيْبَرَ: لَحْمَ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ.

۲۲- گدھوں کی حرمت کی وجہ

ابھی (حدیث ۴۱۹۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت گذری ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے اعلان کیا: إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ فَإِنَّها رِجْسٌ: اللہ اور اس کے رسول گدھوں کے گوشت سے منع کرتے ہیں اس لئے

کہ وہ گندگی ہے۔اور یہاں عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کی پہلی روایت ہے کہ جنگ خیبر کے موقع پر ہمیں فاقہ پہنچا اور ہانڈیاں کھدبدا رہی تھیں، بعض پک چکی تھیں، پس نبی ﷺ کا ڈھنڈھورچی (حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ) آئے اور کہا: گدھوں کے گوشت میں سے کچھ بھی مت کھاؤ، بلکہ پھینک دو، حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ کہتے ہیں: پس ہم صحابہ میں باتیں ہوئیں کہ نبی ﷺ نے گدھوں کی ممانعت صرف اس وجہ سے فرمائی کہ ان کا خمس (پانچواں حصہ) نہیں نکالا گیا، اور بعض صحابہ نے کہا: ان کی قطعی ممانعت فرمادی، اس لئے کہ گدھے ناپاکی کھایا کرتے ہیں۔

اس کے بعد کی روایت حضرت براء اور حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ صحابہ نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس گدھے ان کے ہاتھ آئے، انھوں نے ان کو پکایا اور نبی ﷺ کے ڈھنڈھورچی نے اعلان کیا: ہانڈیاں اوندھی کردو، اس کے بعد کی روایت بھی انہی دونوں صحابہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے خیبر کے موقع پر فرمایا: درانحالیکہ لوگ ہانڈیاں چولھوں پر چڑھا چکے تھے کہ ہانڈیاں الٹ دو، یعنی گوشت ضائع کردو، پھر اسی حدیث کی حضرت براء رضی اللہ عنہ کی ایک سند ذکر کی ہے پھر دوسری سند سے حضرت براءؓ سے یہ روایت مروی ہے کہ ہمیں نبی ﷺ نے غزوۂ خیبر میں حکم دیا کہ ہم پالتو گدھوں کا گوشت پھینک دیں کچا ہو یا پکا، پھر نبی ﷺ نے ہمیں اس کے کھانے کی کبھی اجازت نہیں دی۔

اور آخری حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں کہ نبی ﷺ نے گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا بایں وجہ کہ وہ لوگوں کا باربرداری کا جانور ہے، پس ناپسند کیا کہ ان کے باربرداری کے جانور ختم ہوجائیں یا (قطعی) حرام کیا اس کو غزوۂ خیبر کے موقع پر: پالتو گدھوں کے گوشت کو۔

ترکیب: لَحْمَ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ (منصوب) حَرَّمَه کی ضمیر کا بیان ہے اور مرفوع پڑھیں تو مبتدا محذوف کی خبر ہوگی۔

تشریح: ان روایات سے حرمت کی چار وجوہ سامنے آتی ہیں: (۱) رجس (گندگی) ہونا۔ (۲) خُمس نہ نکالنا۔ (۳) گندگی کھانا۔ (۴) باربرداری کا جانور ہونا۔ جمہور فقہاء پہلی وجہ لیتے ہیں، کیونکہ وہ حدیث میں مصرح ہے، پس گدھوں کا گوشت حرام ہے اس کی کوئی گنجائش نہیں، اور باقی وجوہ نہیں لیتے، کیونکہ وہ صحابہ کی باتیں ہیں، ان کو تائید نبوی حاصل نہیں۔

علاوہ ازیں: دوسری وجہ کا اعتبار اس لئے بھی نہیں کرتے کہ کھانے پینے کی چیزوں میں بقدر ضرورت استعمال کرنے میں خمس نکالنا ضروری نہیں، اور صحابہ نے گدھے فاقہ مستی کی حالت میں ذبح کئے تھے، اور تیسری وجہ اس لئے نہیں لیتے کہ اس سے کراہت تحریمی ثابت ہوگی، حرمت ثابت نہیں ہوگی، اور چوتھی وجہ اس لئے نہیں لیتے کہ اس سے کراہت تنزیہی ثابت ہوگی، جیسے امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک گھوڑوں میں نہی کی یہی وجہ ہے کہ آلہ جہاد کم ہوجائے گا، اس لئے کراہت تنزیہی ثابت کی جاتی ہے۔ البتہ مالکیہ سبھی وجوہ کا اعتبار کرتے ہیں، چنانچہ ان کے یہاں تین قول ہیں: (۱) گدھوں کا گوشت حرام ہے کیونکہ وہ رجس ہے (۲) مکروہ تحریمی ہے کیونکہ وہ گندگی کھاتا ہے (۳) مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ وہ باربرداری کا جانور ہے۔

[٤٢٢٨-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَوْمَ خَيْبَرَ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْمًا، قَالَ: فَسَّرَهُ نَافِعٌ فَقَالَ: إِذَا كَانَ مَعَ الرَّجُلِ فَرَسٌ فَلَهُ ثَلَاثَةُ أَسْهُمٍ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ فَرَسٌ فَلَهُ سَهْمٌ.[راجع: ٢٨٦٣]

۲۳- مالِ غنیمت میں گھوڑوں کا حصہ

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جنگِ خیبر میں نبی ﷺ نے گھوڑے کے لئے دو حصے بانٹے اور پیدل کے لئے ایک حصہ، عبداللہ عمری کہتے ہیں: نافع نے اس حدیث کی شرح کی کہ جب آدمی کے پاس گھوڑا ہوتو اس کے لئے تین حصے ہیں اور اگر اس کے پاس گھوڑا نہ ہوتو اس کے لئے ایک حصہ ہے۔

تشریح: مالِ غنیمت میں گھوڑ سوار کے کتنے حصے ہیں؟ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک تین حصے ہیں، دو گھوڑے کے اور ایک سوار کا اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک دو حصے ہیں: ایک گھوڑے کا اور ایک سوار کا، جمہور کی دلیل مذکورہ حدیث ہے جو اصح ما فی الباب ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل حضرت مُجمّع بن جاریہ کی روایت ہے جو ابوداؤد میں ہے اور حضرت منذر بن ابی حُمیصہ کی تقسیم ہے جس کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے برقرار رکھا تھا، یہ روایت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کی کتاب الخراج میں ہے اور تفصیل تحفۃ الالمعی (۴۹۲:۴) میں ہے اور حدیث باب کا جواب یہ ہے کہ لِلْفَرَس کو لِلْفَارِس بھی پڑھ سکتے ہیں، ف پر کھڑا زبر پڑھیں، رَاجل کے مقابلہ میں یہی پڑھنا بہتر ہے، یعنی شہسوار کے دو حصے اور پیدل کا ایک حصہ، اس صورت میں نافع رحمہ اللہ کو حدیث کی تفسیر کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی، اور دوسری کتابوں میں یہ حدیث اس طرح مروی بھی ہے۔ غرض یہ حدیث صریح نہیں کہ گھوڑ سوار کے تین حصے ہیں۔

[٤٢٢٩-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ، قَالَ: مَشَيْتُ أَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقُلْنَا: "أَعْطَيْتَ بَنِيْ الْمُطَّلِبِ مِنْ خُمْسِ خَيْبَرَ وَتَرَكْتَنَا وَنَحْنُ بِمَنْزِلَةٍ وَاحِدَةٍ مِنْكَ؟ فَقَالَ: "إِنَّمَا بَنُوْ هَاشِمٍ وَبَنُوْ الْمُطَّلِبِ شَيْئٌ وَاحِدٌ" قَالَ جُبَيْرٌ: وَلَمْ يَقْسِمِ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم لِبَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ وَبَنِيْ نَوْفَلٍ شَيْئًا.[راجع: ٣١٤٠]

۲۴- خمس میں سے ذوی القربیٰ کو دیتے وقت نصرت کا لحاظ کیا

عبد مناف کے چار لڑکے تھے: ہاشم، مطلب، عبد شمس اور نوفل، خیبر کے خمس میں سے نبی ﷺ نے ہاشم اور مطلب کی

اولاد کو دیا اور نوفل اور عبدشمس کی اولاد کو نہیں دیا، حضرت جبیر رضی اللہ عنہ جو نوفلی ہیں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جو عبدشمسی ہیں خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: آپؐ نے خیبر کے خمس میں سے مطلب کی اولاد کو دیا اور ہمیں نہیں دیا، حالانکہ ہمارا رشتہ بھی آپؐ کے ساتھ وہی ہے جو بنو مطلب کا ہے، ہم سب ایک دادا کی اولاد ہیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک چیز ہیں یعنی یہ دو خاندان نہیں ہیں ایک خاندان ہیں، جاہلیت میں اور اسلام میں ہمیشہ ساتھ رہے ہیں، بائیکاٹ میں بھی بنو مطلب بنو ہاشم کے ساتھ تھے، غرض آپؐ نے ذوی القربی کو دینے میں نصرت کا لحاظ کیا، حضرت جبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: خیبر کے خمس میں سے نبی ﷺ نے عبدشمس کی اولاد کو اور نوفل کی اولاد کو کچھ نہیں دیا، تفصیل تحفۃ القاری (۴۲۵:۶) میں ہے۔

[٤٢٣٠-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسیٰ، قَالَ: بَلَغَنَا مَخْرَجُ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَنَحْنُ بِالْيَمَنِ، فَخَرَجْنَا مُهَاجِرِيْنَ إِلَيْهِ أَنَا وَأَخَوَانِ لِیْ أَنَا أَصْغَرُهُمْ، أَحَدُهُمَا أَبُوْ بُرْدَةَ وَالآخَرُ أَبُوْ رُهْمٍ، إِمَّا قَالَ: بِضْعٌ وَإِمَّا قَالَ: فِی ثَلَاثَةٍ وَخَمْسِيْنَ أَوِ اثْنَيْنِ وَخَمْسِيْنَ رَجُلًا مِنْ قَوْمِیْ، فَرَكِبْنَا سَفِيْنَةً، فَأَلْقَتْنَا سَفِيْنَتُنَا إِلیٰ النَّجَاشِیِّ بِالْحَبَشَةِ، فَوَافَقْنَا جَعْفَرَ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ، فَأَقَمْنَا مَعَهُ حَتّٰی قَدِمْنَا جَمِيْعًا، فَوَافَقْنَا النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم حِيْنَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ.

۲۵-اشعری صحابہ اور مہاجرین حبشہ فتح خیبر کے موقع پر ہجرت کر کے آئے

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں یمن میں اطلاع ملی کہ نبی ﷺ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لے آئے ہیں، پس ہم آپؐ کی طرف ہجرت کے ارادہ سے نکلے، میں اور میرے دو بھائی، میں ان میں چھوٹا تھا، ایک کا نام ابوبردہؓ اور دوسرے کا نام ابورُہمؓ تھا (پھر) یا تو ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا: بِضْعٌ (چند) یا کہا: ترپن یا باون مردوں میں میری قوم کے یعنی قافلہ باون یا ترپن آدمیوں کا تھا، پس ہم کشتی میں سوار ہوئے، ہماری کشتی نے ہم کو حبشہ میں نجاشی کی طرف ڈال دیا، پس اتفاقاً ہماری ملاقات حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں سے ہوگئی، ہم ان کے ساتھ ٹھہرے رہے یہاں تک کہ ہم ساتھ مدینہ آئے، پس موافقت کی ہم نے نبی ﷺ کی جب آپؐ نے خیبر فتح کیا، یعنی اتفاقاً ہماری آمد فتح خیبر کے موقعہ پر ہوئی۔

وَكَانَ أُنَاسٌ مِنَ النَّاسِ يَقُوْلُوْنَ لَنَا يَعْنِیْ لِأَهْلِ السَّفِيْنَةِ: سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ، وَدَخَلَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ، وَهِیَ مِمَّنْ قَدِمَ مَعَنَا، عَلیٰ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم زَائِرَةً، وَقَدْ كَانَتْ هَاجَرَتْ إِلَی النَّجَاشِیِّ فِيْمَنْ هَاجَرَ، فَدَخَلَ عُمَرُ عَلیٰ حَفْصَةَ، وَأَسْمَاءُ عِنْدَهَا، فَقَالَ عُمَرُ حِيْنَ رَأَی

أَسْمَاءَ: مَنْ هٰذِهِ؟ قَالَتْ: أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ، قَالَ عُمَرُ: آلْحَبَشِيَّةُ هٰذِهِ؟ آلْبَحْرِيَّةُ هٰذِهِ؟ قَالَتْ أَسْمَاءُ: نَعَمْ، قَالَ: سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ، فَنَحْنُ أَحَقُّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْكُمْ، فَغَضِبَتْ وَقَالَتْ: كَلَّا وَاللّٰهِ! كُنْتُمْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُطْعِمُ جَائِعَكُمْ وَيَعِظُ جَاهِلَكُمْ، وَكُنَّا فِيْ دَارٍ أَوْ: فِيْ أَرْضِ الْبُعَدَاءِ الْبُغَضَاءِ بِالْحَبَشَةِ، وَذٰلِكَ فِي اللّٰهِ وَفِي رَسُوْلِهِ، وَأَيْمُ اللّٰهِ! لَا أَطْعَمُ طَعَامًا وَلَا أَشْرَبُ شَرَابًا حَتّٰى أَذْكُرَ مَا قُلْتَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَنَحْنُ كُنَّا نُؤْذٰى وَنُخَافُ، وَسَأَذْكُرُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَسْأَلُهُ وَاللّٰهِ لَا أَكْذِبُ وَلَا أَزِيْغُ وَلَا أَزِيْدُ عَلَيْهِ. [راجع: ۳۱۳۶]

[۴۲۳۱-] فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! إِنَّ عُمَرَ قَالَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: "فَمَا قُلْتِ لَهُ؟" قَالَتْ: قُلْتُ لَهُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: "لَيْسَ بِأَحَقَّ بِيْ مِنْكُمْ، وَلَهُ وَلِأَصْحَابِهِ هِجْرَةٌ وَاحِدَةٌ، وَلَكُمْ أَنْتُمْ أَهْلَ السَّفِيْنَةِ هِجْرَتَانِ" قَالَتْ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَبَا مُوْسٰى وَأَصْحَابَ السَّفِيْنَةِ يَأْتُوْنِّيْ أَرْسَالًا يَسْأَلُوْنِّيْ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، مَا مِنَ الدُّنْيَا شَيْءٌ هُمْ بِهِ أَفْرَحُ وَلَا أَعْظَمُ فِيْ أَنْفُسِهِمْ مِمَّا قَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ أَبُوْ بُرْدَةَ: قَالَتْ أَسْمَاءُ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَبَا مُوْسٰى وَإِنَّهُ لَيَسْتَعِيْدُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنِّيْ.

۲۶-مہاجرین حبشہ نے دو ہجرتیں کی

(حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) کچھ لوگ ہم سے یعنی کشتی والوں سے کہا کرتے تھے: ہم نے تم سے پہلے ہجرت کی، اور اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا جوان لوگوں میں سے تھیں جو ہمارے ساتھ (حبشہ سے) آئی تھیں ملاقات کے لئے ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئیں، اور اسماء رضی اللہ عنہا نے نجاشی کی طرف ہجرت کی تھی، ان لوگوں میں جنھوں نے ہجرت کی تھی، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت حفصہؓ کے پاس آئے درانحالیکہ حضرت اسماءؓ حضرت حفصہؓ کے پاس تھیں، پس حضرت عمرؓ نے کہا جب انھوں نے اسماءؓ کو دیکھا: یہ کون عورت ہے؟ حضرت حفصہؓ نے کہا: اسماء بنت عمیسؓ ہیں، حضرت عمرؓ نے کہا: کیا حبشہ والی؟ کیا سمندر کے راستے سفر کرنے والی؟ حضرت اسماءؓ نے کہا: ہاں، حضرت عمرؓ نے کہا: ہم نے تم سے پہلے ہجرت کی، پس ہم رسول اللہ ﷺ کے تم سے زیادہ حق دار ہیں، حضرت اسماءؓ غصہ ہوئیں اور کہا: بخدا! ہرگز نہیں یعنی تم رسول اللہ کے زیادہ حقدار نہیں ہو! آپ لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے، نبی ﷺ تمہارے بھوکوں کو کھلاتے تھے اور تمہارے نادانوں کو سمجھاتے تھے اور ہم دور دراز ناپسندیدہ سرزمین میں تھے اور ایسی جگہ ہونا اللہ اور اس کے رسول کے لئے تھا، اور قسم بخدا! نہیں کھاؤں گی میں کوئی کھانا اور نہیں پیوں گی میں کوئی مشروب یہاں تک کہ ذکر کروں میں وہ بات جو تم نے کہی ہے نبی ﷺ کے سامنے، اور ہم ستائے جاتے تھے، ڈرائے جاتے تھے، اور عنقریب ذکر کروں گی میں یہ بات نبی ﷺ سے اور آپؐ سے پوچھوں گی، اور بخدا! نہ جھوٹ بولوں گی اور نہ کج روی اختیار کروں گی اور نہ بات میں کوئی اضافہ کروں گی۔

پس جب نبی ﷺ آئے تو اسماءؓ نے کہا: اے اللہ کے نبی! عمرؓ نے ایسا اور ایسا کہا، نبی ﷺ نے فرمایا: پھر تم نے ان کو کیا جواب دیا؟ اسماءؓ نے کہا: میں نے ان سے یہ اور یہ کہا، آپؐ نے فرمایا: نہیں ہیں وہ میرے زیادہ حقدار تم سے، ان کے لئے اور ان کے ساتھیوں کے لئے ایک ہجرت ہے اور تمہارے لئے اے کشتی والو! دو ہجرتیں ہیں، اسماءؓ کہتی ہیں: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں نے ابو موسیٰ اور کشتی والوں کو دیکھا آتے تھے وہ میرے پاس ٹکڑی ٹکڑی ہو کر پوچھتے تھے وہ مجھ سے اس حدیث کے بارے میں، نہیں تھی دنیا کی کوئی چیز کہ وہ اس پر زیادہ خوش ہوں اور نہ وہ زیادہ قابل قدر ہو ان کے دلوں میں اس بات سے جو کہی ان سے نبی ﷺ نے، حدیث کے راوی ابو بردہ کہتے ہیں: حضرت اسماءؓ نے فرمایا: پس بخدا واقعہ یہ ہے کہ دیکھا میں نے ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو اور وہ مجھ سے یہ واقعہ بار بار دوہرانے کے لئے کہتے تھے۔

[۴۲۳۲-] وَقَالَ أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِنِّیْ لَأَعْرِفُ أَصْوَاتَ رُفْقَةِ الأَشْعَرِیِّیْنَ بِالْقُرْآنِ حِیْنَ یَدْخُلُوْنَ بِاللَّیْلِ، وَأَعْرِفُ مَنَازِلَهُمْ مِنْ أَصْوَاتِهِمْ بِالْقُرْآنَ بِاللَّیْلِ وَإِنْ کُنْتُ لَمْ أَرَ مَنَازِلَهُمْ حِیْنَ نَزَلُوْا بِالنَّهَارِ، وَمِنْهُمْ حَکِیْمٌ إِذَا لَقِیَ الْخَیْلَ، أَوْ قَالَ: الْعَدُوَّ قَالَ لَهُمْ: إِنَّ أَصْحَابِیْ یَأْمُرُوْنَکُمْ أَنْ تَنْظُرُوْهُمْ"

۲۷-اشعری صحابہ کی فضیلت

نبی ﷺ نے فرمایا: میں اشعری ساتھیوں کی قرآن پڑھنے کی آوازوں کو پہچانتا ہوں جب وہ رات میں داخل ہوتے ہیں، یعنی مسجد نبوی میں آتے ہیں اور قرآن پڑھتے ہیں، اور میں ان کے ٹھکانوں کو پہچانتا ہوں رات میں ان کے قرآن پڑھنے سے اگرچہ میں نے ان کے ٹھکانے دن میں جب وہ پڑاؤ ڈالتے ہیں نہیں دیکھے ہوتے ہیں، یعنی سفر میں ان کے ڈیروں کا مجھے علم نہیں ہوتا مگر رات میں جب وہ قرآن پڑھتے ہیں تو میں پہچان لیتا ہوں کہ یہ اشعری ساتھیوں کے ڈیرے ہیں اور ان میں ایک حکیم یا دانشمند ہیں جب وہ گھوڑ سواروں سے یا فرمایا: دشمن سے ملاقات کرتے ہیں، تو ان سے کہتے ہیں: میرے ساتھی تم کو حکم دیتے ہیں کہ تم ان کو دیکھو، یعنی وہ ایسے بہادر ہیں کہ دشمن کو دیکھ کر بھاگتے نہیں بلکہ ان سے کہتے ہیں: میرے ساتھیوں کا انتظار کرو وہ آہی رہے ہیں۔ اور فیض الباری (۱۴۰:۴) میں مطلب یہ بیان کیا ہے کہ مرددانا کا چوکنا پن یہ ہے کہ جب دشمن سے ملتے ہیں تو توریہ کرتے ہیں اور خود کو بچالیتے ہیں۔

مسئلہ: مسجد اور گھر میں جہراً قرآن پڑھنا جائز ہے، جبکہ کسی کو تشویش نہ ہو۔

[۴۲۳۳-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، سَمِعَ حَفْصَ بْنَ غِیَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُرَیْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی، قَالَ: قَدِمْنَا عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بَعْدَ أَنِ افْتَتَحَ خَیْبَرَ، فَقَسَمَ لَنَا، وَلَمْ یَقْسِمْ لِأَحَدٍ لَمْ یَشْهَدِ الْفَتْحَ غَیْرَنَا. [راجع: ۳۱۳۶]

۲۸- جنگ ختم ہونے کے بعد آنے والے کوغنیمت میں سے دینا

جوشخص شریک غزوہ ہوتا ہے وہ تو غنیمت میں سے حصہ پاتا ہی ہے، مگر جو جنگ نمٹ جانے کے بعد آئے اس کو غنیمت میں سے حصہ دیا جائے یا نہیں؟ جیسے حکومت کمک بھیجتی ہے، وہ فوجی جہاد میں حصہ لینے کے لئے آتے ہیں، مگر ایسے وقت میں پہنچتے ہیں کہ جہاد نمٹ جاتا ہے، پس ان کو مالِ غنیمت میں سے حصہ دیا جائے گا یا نہیں؟

جواب: اگر وہ مالِ غنیمت تقسیم ہونے سے پہلے آئے ہیں تو احناف کے نزدیک ان کو مالِ غنیمت میں سے حصہ دیا جائے گا اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا مشہور قول یہ ہے کہ ان کو حصہ نہیں دیا جائے گا، کیونکہ وہ جہاد میں شریک نہیں ہوئے اور ان کا دوسرا قول احناف کے مطابق ہے۔

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم خیبر فتح ہونے کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے، پس ہمیں مالِ غنیمت میں سے حصہ دیا اور ہمارے علاوہ کسی کو حصہ نہیں دیا، جو فتح خیبر میں شریک نہیں ہوا۔

تشریح: کشتی والوں کو جو حصہ دیا گیا تھا وہ فوجی ہونے کی حیثیت سے غنیمت میں سے دیا گیا تھا، یا غربت کی وجہ سے تعاون کے طور پر خمس میں سے دیا گیا تھا؟ دونوں احتمال ہیں، چونکہ وہ حضرات تہی دست آئے تھے اس لئے مالِ غنیمت کے خمس میں سے ان کو دینے کا احتمال ہے۔ واللہ اعلم

[٤٢٣٤-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ثَوْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَالِمٌ مَوْلَى ابْنِ مُطِيْعٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: افْتَتَحْنَا خَيْبَرَ، فَلَمْ نَغْنَمْ ذَهَبًا وَلاَ فِضَّةً، إِنَّمَا غَنِمْنَا الْبَقَرَ وَالإِبِلَ وَالْمَتَاعَ وَالْحَوَائِطَ، ثُمَّ انْصَرَفْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى وَادِی الْقُرَی، وَمَعَهُ عَبْدٌ لَهُ يُقَالُ لَهُ: مِدْعَمٌ، أَهْدَاهُ لَهُ أَحَدُ بَنِی الضُّبَابِ، فَبَيْنَمَا هُوَ يَحُطُّ رَحْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذْ جَاءَهُ سَهْمٌ عَائِرٌ حَتّٰى أَصَابَ ذٰلِكَ الْعَبْدَ، فَقَالَ النَّاسُ: هَنِيْئًا لَهُ الشَّهَادَةُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " بَلٰى وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ! إِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِیْ أَصَابَهَا يَوْمَ خَيْبَرَ مِنَ الْمَغَانِمِ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ لَتَشْتَعِلُ عَلَيْهِ نَارًا" فَجَاءَ رَجُلٌ حِيْنَ سَمِعَ ذٰلِكَ مِنَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم بِشِرَاكٍ أَوْ شِرَاكَيْنِ فَقَالَ: هٰذَا شَیْءٌ كُنْتُ أَصَبْتُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " شِرَاكٌ أَوْ شِرَاكَيْنِ مِنْ نَارٍ "[انظر: ٦٧٠٧]

۲۹- مالِ غنیمت میں خیانت کرنا

سورۂ آلِ عمران آیت ۱۶۱ میں ہے: ﴿وَمَنْ يَّغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾: جوشخص مالِ غنیمت میں خیانت کرے گا وہ اپنی اس خیانت کی ہوئی چیز کو لے کر قیامت کے دن آئے گا۔

غلول کے اصل معنی غنیمت میں خیانت کرنے کے ہیں، لیکن کبھی مطلق خیانت کے معنی میں بھی آتا ہے، بلکہ بعض اوقات محض کسی چیز کے چھپالینے پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے خیبر فتح کیا، ہمیں سونا چاندی غنیمت میں نہیں ملا، ہمیں گائیں، اونٹ، سامان اور باغات غنیمت میں ملے، پھر ہم نبی ﷺ کے ساتھ وادی القریٰ کی طرف پھرے، اور آپؐ کے ساتھ آپؐ کا ایک غلام تھا، جس کو مدعم کہا جاتا تھا، بنوضُباب کے کسی آدمی نے وہ غلام آپؐ کو ہدیہ دیا تھا، پس دریں اثناء کہ وہ نبی ﷺ کا کجاوہ باندھ رہا تھا، اچانک اس کے پاس انجانا تیر آیا اور غلام کو لگا (جس سے وہ وفات پا گیا) پس لوگوں نے کہا: اس کو شہادت مبارک! نبی ﷺ نے فرمایا: بلکہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! بیشک وہ شال جو اس نے لی تھی خیبر کے دن مالِ غنیمت میں سے (یہاں باب ہے) جو تقسیم میں نہیں آئی تھی، بھڑک رہی ہے اس پر آگ بن کر، پس جب ایک شخص نے نبی ﷺ کی یہ بات سنی تو وہ ایک یا دو تسمے لایا اور اس نے کہا: یہ چیز میں نے غنیمت میں سے لی ہے، آپؐ نے فرمایا: دوزخ کا ایک تسمہ یا دو تسمے!

تشریح: ہمارے نسخہ میں بَلٰی ہے اور گیلری میں بَل ہے اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ صحیح بَل ہے، اس لئے اس کا ترجمہ کیا ہے ....اور شراکین: میں اعراب حکائی ہے اور دوسرے نسخہ میں شراکان ہے پس کسی تاویل کی ضرورت نہیں۔

[٤٢٣٥-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زَيْدٌ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُوْلُ: أَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْلاَ أَنْ أَتْرُكَ آخِرَ النَّاسِ بَيَّانًا لَيْسَ لَهُمْ شَيْئٌ مَا فُتِحَتْ عَلَيَّ قَرْيَةٌ إِلَّا قَسَمْتُهَا كَمَا قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ، وَلٰكِنِّيْ أَتْرُكُهَا خِزَانَةً لَهُمْ يَقْتَسِمُوْنَهَا. [راجع: ٢٣٣٤]

[٤٢٣٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ قَالَ: لَوْلاَ آخِرُ الْمُسْلِمِيْنَ مَا فُتِحَتْ عَلَيْهِمْ قَرْيَةٌ إِلَّا قَسَمْتُهَا كَمَا قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ. [راجع: ٢٣٣٤]

۳۰- مفتوحہ ملک کی زمینیں مالِ غنیمت ہیں یا مالِ فئے؟

حدیث (۱): حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سنو قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر نہ ہوتی یہ بات کہ چھوڑوں گا میں بعد میں آنے والوں کو کنگال، نہیں ہوگی ان کے لئے کوئی چیز، تو نہیں کھولی جاتی مجھ پر کوئی بستی مگر بانٹ دیتا میں اس کو جیسا نبی ﷺ نے خیبر کو بانٹا، مگر میں رہنے دیتا ہوں اس بستی کو سامان کی الماری کے طور پر لوگوں کے لئے، بانٹیں گے لوگ اس کو۔

لغات: بَیَّان: کے اصلی معنی حاشیہ میں لکھے ہیں: أَیْ شَیْئًا وَاحِدًا وَقِیْلَ مُسْتَوِیًّا: ایک چیز، اور کہا گیا: یکساں، لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے معنی خود بیان کئے ہیں: لَیْسَ لَھُمْ شَیْئٌ: میں نے اس کا ترجمہ 'کنگال' کیا ہے اور خطابی کہتے ہیں: یہ یمنی زبان کا لفظ ہے............ الخِزَانۃ: الماری، نعمت خانہ، اسٹور روم، جمع خَزائن۔

دوسری حدیث بھی پہلی ہی حدیث ہے، فرمایا: اگر بعد میں آنے والے مسلمان نہ ہوتے تو نہ فتح کی جاتی فوج پر کوئی بستی مگر میں اس کو بانٹ دیتا، جیسا نبی ﷺ نے خیبر کو بانٹا۔

تشریح: میدانِ کارزار میں جو چیزیں مقاتلین کے ہاتھ آتی ہیں، وہ بالیقین غنیمت ہیں، اس کا پانچواں حصہ حکومت کے لئے نکالا جاتا ہے جو مالِ فئے کے مصارف میں خرچ کیا جاتا ہے اور باقی چار اخماس مجاہدین میں تقسیم کئے جاتے ہیں، لیکن جب کوئی ملک فتح ہو یعنی قبضہ میں آئے تو زمینیں مالِ غنیمت ہونگی یا مالِ فئے؟ اس کی نظیر صرف خیبر کی زمینیں ہیں، فدک وغیرہ گاؤں جو بغیر لڑے حاصل ہوئے تھے ان کو نبی ﷺ نے بمد حکومت روک لیا تھا اور جو قلعے لڑ کر فتح کئے گئے تھے ان کی زمینوں کے ۳۶ حصے کئے تھے، ۱۸ حصے حکومت کے لئے محفوظ کئے گئے تھے، اور باقی ۱۸ حصے مجاہدین میں تقسیم کئے گئے تھے: یہ تقسیم کرنا مالِ غنیمت تقسیم کرنے کی طرح تھا یا جیسے بنونضیر کی زمینوں میں سے نبی ﷺ نے مہاجرین کو زمینیں الاٹ کی تھیں اس طرح دینا تھا؟ عام طور پر یہ سمجھا گیا تھا کہ ملک کی زمینوں کو بھی مالِ غنیمت قرار دیا گیا تھا، لیکن جب عراق فتح ہوا اور مجاہدین نے مطالبہ کیا کہ عراق کی ساری زمین ان کو بانٹ کر دیدی جائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مشورہ کیا، لوگوں کی رائے خیبر کی نظیر کو سامنے رکھ کر یہ ہوئی کہ وہ زمینیں مجاہدین کو بانٹ کر دے دی جائیں، مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شرح صدر نہیں ہوا آپ نے ایک ماہ تک استخارہ کیا پھر فیصلہ کیا کہ زمینیں مالِ فئے ہیں مالِ غنیمت نہیں، معلوم ہوا کہ خیبر میں جو آدھی زمینیں تقسیم کر کے دی گئی تھیں وہ مالِ فئے میں سے تعاون کے طور پر مجاہدین کو دی گئی تھیں، اگر غنیمت کے طور پر تقسیم کی جاتیں تو اٹھارہ حصے حکومت کے لئے محفوظ نہ رکھے جاتے، پس حکم شرعی یہ ہے کہ میدانِ کارزار میں جو چیزیں حاصل ہوں وہ تو غنیمت ہیں، مگر مفتوحہ ملک کی زمینیں غنیمت نہیں، بلکہ مالِ فئے ہیں۔

حدیث کا مطلب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ملک کی زمینیں غانمین کو تقسیم کر کے دیدی جائیں گی تو وہ اس کے مالک ہو جائیں گے اور ان کے بعد وہ ان کے ورثاء کو ملیں گی، دوسرے لوگوں کا اس میں کوئی حق نہیں ہوگا، اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عراق اور شام کی زمینیں ملک کے اصل باشندوں کے پاس چھوڑ دیں اور ان پر خراج (بیگھہ) لگایا، اب یہ زمینیں گویا نعمت خانہ میں، اسٹور روم ہیں، غلہ بھرنے کی الماری ہیں، اس کی آمدنی مسلمانوں پر تقسیم ہوگی، اس طرح اس کا فائدہ آئندہ نسلوں کو بھی پہنچے گا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب استخارہ کیا تو ان کے ذہن میں سورۃ الحشر کی آیتیں آئیں اس میں اشارہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان زمینوں کو مالِ فئے کے حکم میں رکھا تھا پس اسی کی روشنی میں خیبر کی زمینوں کا مسئلہ حل کیا جائے گا کہ نبی ﷺ نے مجاہدین کو جو زمینیں دی تھیں وہ مالِ فئے میں سے تعاون

کے طور پر دی تھیں۔ واللہ اعلم

[٤٢٣٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، وَسَأَلَهُ إِسْمَاعِيْلُ ابْنُ أُمَيَّةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيْدٍ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَسَأَلَهُ، قَالَ لَهُ بَعْضُ بَنِيْ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ: لَاتُعْطِهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: هٰذَا قَاتِلُ ابْنِ قَوْقَلٍ، فَقَالَ: وَاعَجَبَاهْ لِوَبْرٍ تَدَلَّى مِنْ قَدُوْمِ الضَّأْنِ.[راجع: ٢٨٢٧]

[٤٢٣٨-] وَيُذْكَرُ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيْدٍ: أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يُخْبِرُ سَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَانًا عَلٰى سَرِيَّةٍ مِنَ الْمَدِيْنَةِ قِبَلَ نَجْدٍ، قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَقَدِمَ أَبَانُ وَأَصْحَابُهُ عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِخَيْبَرَ بَعْدَمَا افْتَتَحَهَا، وَإِنَّ حُزُمَ خَيْلِهِمْ لَلِيْفٌ، قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَا تَقْسِمْ لَهُمْ، قَالَ أَبَانُ: وَأَنْتَ بِهٰذَا يَا وَبْرُ! تَحَدَّرَ مِنْ رَأْسِ ضَأْنٍ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَبَانُ اجْلِسْ" فَلَمْ يَقْسِمْ لَهُمْ.[راجع: ٢٨٢٧]

[٤٢٣٩-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جَدِّيْ، أَنَّ أَبَانَ بْنَ سَعِيْدٍ أَقْبَلَ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا قَاتِلُ ابْنِ قَوْقَلٍ، وَقَالَ أَبَانُ لِأَبِيْ هُرَيْرَةَ: وَاعَجَبًا لَكَ! وَبْرٌ تَدَأْدَأَ مِنْ قَدُوْمِ ضَأْنٍ، يَنْعٰى عَلِيَّ امْرَأً أَكْرَمَهُ اللّٰهُ بِيَدِيْ، وَمَنَعَهُ أَنْ يُهِنِّيْ بِيَدِهِ.[راجع: ٢٨٢٧]

۳۱- جنگ ختم ہونے کے بعد آنے والوں کا غنیمت میں استحقاق نہیں

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ خیبر فتح ہونے کے بعد نبی ﷺ کی خدمت میں آئے اور انھوں نے آپؐ سے سوال کیا (کہ مجھے مالِ غنیمت میں دیجئے، پس) نبی ﷺ سے سعید بن العاص کے ایک بیٹے نے (جن کا نام ابان تھا) کہا: اے اللہ کے رسول! اس کو حصہ نہ دیں (کیونکہ یہ جنگ ختم ہونے کے بعد آئے ہیں) پس ابو ہریرہؓ نے کہا: یہ ابن قوقل رضی اللہ عنہ کا قاتل ہے یعنی وہ بیچ میں دخل کیوں دے رہا ہے؟ پس سعید کے لڑکے نے کہا: ہائے تعجب! اس وَبْر پر جو اتر آیا ہے قدوم ضأن سے!

تشریح: ابن قوقل رضی اللہ عنہ کا نام نعمان بن مالکؓ ہے، یہ انصاری صحابی ہیں، جنگِ احد میں ان کو ابان بن سعید نے قتل کیا تھا، حضرت ابو ہریرہؓ نے اس کا طعنہ دیا ہے کہ یہ ابن قوقلؓ کا قاتل ہے، اس کو بیچ میں بولنے کا کیا حق ہے؟

حدیث (۲): سعید بن العاص کے لڑکے عنبسہ کہتے ہیں: انھوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ سعید بن

العاص کوخبر دے رہے تھے، انھوں نے کہا: نبی ﷺ نے ابانؓ کو ایک سریہ پر بھیجا، مدینہ سے نجد کی طرف (حاشیہ میں ہے کہ اللہ جانے یہ کونسا سریہ ہے؟) ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: پس ابان اور ان کے ساتھی خیبر میں نبی ﷺ کے پاس آئے، خیبر کو فتح کرنے کے بعد، یعنی وہ جنگ میں شریک نہیں ہوئے تھے، اور ان کے گھوڑوں کی پیٹی کھجور کے درختوں کی ریشوں کی تھی، یعنی وہ لوگ غریب تھے، ابو ہریرہؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ان کو حصہ نہ دیجئے (کیونکہ یہ جنگ ختم ہونے کے بعد آئے ہیں) ابانؓ نے کہا: تیری یہ ہمت اے وَبْر! اتر آیا ہے تو ضأن پہاڑ کی چوٹی سے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اے ابان بیٹھ جاؤ، اور آپؐ نے ان کو حصہ نہیں دیا۔

حدیث (۳): ابان بن سعید رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام کیا: پس ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ ابن قوقلؓ کا قاتل ہے، پس ابانؓ نے ابو ہریرہؓ سے کہا: ہائے تعجب تجھ پر! ایک وبر جو قدوم ضأن پہاڑ سے نیچے اتر آیا ہے، جو مجھے طعنہ دے رہا ہے ایک ایسے آدمی کے ذریعہ جس کو اللہ تعالیٰ نے عزت بخشی میرے ہاتھوں اور اس کو روک دیا اس سے کہ وہ مجھے رسواء کرے اپنے ہاتھ سے، یعنی میں نے ان کو قتل کیا تو وہ جنت میں گئے، اگر وہ مجھے قتل کرتے تو میں جہنم میں جاتا، پس مجھے اللہ تعالیٰ نے رسوائی سے بچایا۔

تشریح: وَبْر: بلی جیسا ایک جانور ہے، اور قدوم ضأن حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے دیار کا پہاڑ ہے یعنی یہ چار پیسے کا آدمی ہے اور مجھے طعنہ دے رہا ہے کہ میں نے ایک مسلمان کو قتل کیا، حالانکہ ان کو اللہ تعالیٰ نے میرے ہاتھ سے عزت بخشی اور مجھے ابن قوقلؓ کے ہاتھ سے رسواء نہیں کیا، یعنی میں قتل نہیں ہوا اور نہ جہنم میں جاتا، بلکہ زندہ رہا اور مسلمان ہوا اور اب راہِ خدا میں لڑ رہا ہوں پھر مجھے یہ طعنہ کیوں دیا جا رہا ہے؟

سوال: پہلی حدیث میں ہے کہ مال کا سوال حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کیا تھا اس پر ابانؓ نے کہا تھا: **لَاتُعْطِهِ**: اس کو نہ دیں: اور دوسری حدیث میں ہے کہ سوال ابانؓ نے کیا تھا اور حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا تھا: **لَاتَقْسِمْ لَهُمْ**: سریہ والوں کو نہ دیں، یہ تعارض ہے۔

جواب: دونوں باتیں صحیح ہیں ایک وقت میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے سوال کیا تو ابانؓ نے دخل دیا، دوسرے وقت میں حضرت ابان رضی اللہ عنہ نے سوال کیا تو ابو ہریرہؓ نے دخل دیا، اس طرح دونوں باتیں صحیح ہیں۔

پھر نبی ﷺ نے خیبر کی غنیمت سے دونوں کو دیا یا نہیں؟ اس سے حدیثیں ساکت ہیں، بلکہ دوسری حدیث میں صراحت ہے کہ نہیں دیا، اور مسئلہ یہی ہے کہ غنیمت کے خمس میں سے بر بناء فقر امیر دینا چاہے تو دے سکتا ہے البتہ جنگ ختم ہونے کے بعد آنے والوں کا استحقاق نہیں۔

لغت: **دَأْدَأَ، دَأْدَأَةَ الشیئَ**: لڑھکانا، اوپر سے نیچے ڈالنا، **تَدَأْدَأَ**: اتر آیا، لڑھک آیا .... **الْحُزْم**: **الْحِزَام** کی جمع: پیٹی، پیکنگ کی رسّی وغیرہ، جس سے زین کو پیٹ کے نیچے سے باندھتے ہیں۔

۳۲-فدک گاؤں کی جائداد، خیبر کے خمس کی جائداد اور بنونضیر کی جائداد میں سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنا حقِ میراث مانگا

جہاد میں غنیمت میں سے جو خمس نکلتا ہے وہ عام طور پر منقولات ہوتے ہیں اور اپنے مصارف میں خرچ ہوجاتے ہیں اور بنونضیر کے علاقہ میں جو جائدادیں ہاتھ آئی تھیں وہ مالِ فئے تھیں، اس میں سے کچھ حصہ نبی ﷺ نے مہاجرین کو دیا تھا باقی اپنے پاس رکھا تھا، بنونضیر کا علاقہ مدینہ کے قریب تھا ان کے ساتھ مصالحت ہوئی تھی وہ جلاوطن ہونے کے لئے تیار ہوگئے تھے، اس لئے ان کا پورا علاقہ مالِ فئے تھا، اور خیبر میں فدک نامی گاؤں یا قلعہ مصالحت کے طور پر حاصل ہوا تھا اس لئے وہ بھی مالِ فئے تھا، اور خیبر میں غنیمت میں سے جو خمس نکلا تھا اس میں بھی جائداد آئی تھی، یہ دونوں زمینیں نبی ﷺ کے پاس تھیں آپؐ ان کی آمدنی سے گھر کی ضروریات پوری کرتے تھے، رشتہ داروں کو دیتے تھے، اور باقی مصارف فئے میں خرچ کرتے تھے پھر جو کچھ بچتا وہ جہاد کے سامان کی خریداری میں لگتا۔

پھر جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی تو یہ جائدادیں نبی ﷺ کی ملک تصور کی گئیں اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا (بیٹی) اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ (عصبہ) نے میراث کا مطالبہ کیا مگر خلیفۂ وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو سمجھایا کہ یہ جائدادیں حضور ﷺ کی ملک نہیں تھیں اور بتایا کہ ان کی آمدنی سے جس طرح نبی ﷺ خرچ کرتے تھے میں بھی خرچ کروں گا، مگر جائدادیں حکومت کی تحویل میں رہیں گی، میراث میں تقسیم نہیں ہونگی، بلکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حدیث سنائی کہ انبیاء کی املاک میں میراث نہیں چلتی، وہ امت کے لئے خیرات ہوتی ہیں، اس لئے آپؐ کے دیگر متروکات بھی میراث کے طور پر تقسیم نہیں کئے گئے، بلکہ تبرک کے طور پر تقسیم کئے گئے۔

[۴۲۴۰و۴۲۴۱-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَرْسَلَتْ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ تَسْأَلُهُ مِيْرَاثَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالْمَدِيْنَةِ وَفَدَكٍ وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" إِنَّمَا يَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ فِي هٰذَا الْمَالِ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لَا أُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ حَالِهَا الَّتِيْ كَانَ عَلَيْهَا فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَأَعْمَلَنَّ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَبَى أَبُوْ بَكْرٍ أَنْ يَدْفَعَ إِلَى فَاطِمَةَ مِنْهَا شَيْئًا.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس

(حضرت علی رضی اللہ عنہ کو) بھیجا، وہ ان سے اپنی میراث مانگ رہی تھیں جو ان کو نبی ﷺ سے پہنچی تھی، ان جائدادوں میں سے جو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ پر لوٹائی تھیں مدینہ میں یعنی بنو نضیر کے علاقہ کی جائداد اور فدک کی جائداد اور جو جائدادیں خیبر کے خمس میں سے باقی بچی تھیں [1]، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے: لَانُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ: ہم مُورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) محمد ﷺ کا خاندان اس مال میں سے صرف کھائے گا (وارث اور مالک نہیں ہوگا) اور میں بخدا! نہیں بدلوں گا کوئی چیز رسول اللہ ﷺ کے صدقہ میں سے اس کی اس حالت سے جس پر وہ تھا، نبی ﷺ کے زمانہ میں، اور ضرور عمل کروں گا میں اس میں وہ عمل جو اس میں رسول اللہ ﷺ نے کیا ہے، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انکار کیا اس سے کہ دیں وہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اس جائداد میں سے کچھ۔

ملحوظہ: اس حدیث پر دو نمبر اس لئے لگائے ہیں کہ ایک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے دوسری حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی روایت لانورث إلخ، اور پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۳۸۸) دونوں حدیثوں پر الگ الگ نمبر لگائے ہیں (دیکھیں ۳۰۹۲ اور ۳۰۹۳) اور یہاں دو نمبر ساتھ لگائے ہیں۔

نوٹ: یہ مسئلہ یہاں ضمناً آیا ہے، اس کی تفصیل کتاب الجہاد (الخمس و الفیئ) باب ۶ و ۷ میں ہے۔

باقی روایت: اس کے بعد روایت کا درج ذیل حصہ امام زہری رحمہ اللہ کا قول ہے، اور حدیث میں مدرج ہے، پس یہ امام زہریؒ کی مرسل روایت ہے اور امام زہریؒ کی مرسل روایتیں صرف پرچھائی ہوتی ہیں، حقیقت میں کچھ نہیں ہوتیں، اور اس کے مدرج ہونے کی دلیل پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۳۹۰) بیان کی گئی ہے۔

فَوَجَدَتْ فَاطِمَةُ عَلٰى أَبِيْ بَكْرٍ فِيْ ذٰلِكَ، فَهَجَرَتْهُ فَلَمْ تُكَلِّمْهُ حَتّٰى تُوُفِّيَتْ، وَعَاشَتْ بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم سِتَّةَ أَشْهُرٍ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ دَفَنَهَا زَوْجُهَا عَلِيٌّ لَيْلاً، وَلَمْ يُؤْذِنْ بِهَا أَبَا بَكْرٍ، وَصَلّٰى عَلَيْهَا.

ترجمہ: پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اس سلسلہ میں ناراض ہوئیں (وَجَدَ کا صلہ علیٰ آتا ہے تو اس کے معنی ناراض ہونے کے ہوتے ہیں) اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا، پس انھوں نے ان سے بات نہیں کی، یہاں تک کہ وہ وفات پا گئیں، اور وہ نبی ﷺ کے بعد چھ ماہ تک زندہ رہیں، پھر جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا تو ان کو ان کے شوہر علی رضی اللہ عنہ نے رات میں دفن کیا اور حضرت ابوبکرؓ کو ان

(۱) خیبر کے خمس کی جائدادوں میں سے کچھ آپؐ نے ان صحابہ کو عنایت فرمایا تھا جو جنگ میں شریک نہیں ہوئے تھے، جیسے حبشہ سے ہجرت کر کے آنے والے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی اور یمن سے ہجرت کر کے آنے والے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھ ان حضرات کو خمس کی زمینوں میں سے دیا تھا، باقی جو بچی وہ نبی ﷺ کے تصرف میں تھی ۱۲

کی وفات کی اطلاع نہیں دی اور حضرت علیؓ نے ان کا جنازہ پڑھا۔

تشریح: اس عبارت میں چار باتیں ہیں:

پہلی بات: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ناراض ہوگئیں اور وفات تک نہیں بولیں، مگر عمر بن شبّہ کی تاریخ مدینہ میں روایت کے الفاظ یہ ہیں: فَلَمْ تُكَلِّمْه فِي ذٰلِكَ الْمَالِ حَتَّى مَاتَتْ: حضرت فاطمہؓ نے وفات تک ان اموال کا حضرت ابوبکرؓ سے پھر مطالبہ نہیں کیا (کشف الباری ۸: ۴۵۵) اس صورت میں وَجَدَتْ کے معنی 'ملول ہونا' ہونگے، یعنی حضرت فاطمہؓ کو ملال ہوا کہ انھوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ان اموال کے بارے میں گفتگو کیوں کی!

دوسری بات: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کی وفات کے بعد چھ ماہ تک حیات رہیں، یہ صحیح اور مشہور قول ہے، علاوہ ازیں ستر دن، تین مہینے، دو مہینے اور آٹھ مہینے کی بھی روایات ہیں۔

تیسری بات: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی وفات کی اطلاع نہیں دی، یہ عجیب بات ہے، حضرت صدیق اکبرؓ کی اہلیہ حضرت اسماء بنت عُمیسؓ برابر حضرت فاطمہؓ کی تیمارداری میں لگی رہی تھیں، بلکہ حضرت فاطمہؓ کی وصیت کے مطابق حضرت علی اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہما نے غسل دیا تھا، پس یہ کہنا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اطلاع نہیں دی، یہ بات کیسے صحیح ہوسکتی ہے؟ حضرت ابوبکرؓ کی اہلیہ سارے معاملہ سے واقف تھیں، پس حضرت ابوبکرؓ کو وفات کی خبر بالیقین ہوگئی تھی۔

چوتھی بات: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نمازِ جنازہ حضرت علیؓ نے پڑھائی، اس سلسلہ میں بھی روایات مختلف ہیں، کہیں یہ ہے کہ حضرت عباسؓ نے نماز جنازہ پڑھائی، اور بہت سی روایات میں یہ ہے کہ صدیق اکبرؓ نے نمازِ جنازہ پڑھائی، طبقات ابن سعد (۸: ۲۹) میں امام عامر شعبیؒ اور حضرت ابراہیم نخعیؒ سے مروی ہے کہ صدیق اکبرؓ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور ان دونوں تابعین کی مرسل روایتیں اعلیٰ درجہ کی صحیح قرار دی گئی ہیں۔

غرض یہ سب باتیں امام زہری رحمہ اللہ کی کہی ہوئی ہیں، مدرج ہیں اور دلیل ادراج یہ ہے کہ بیہقی رحمہ اللہ کی سنن کبریٰ میں فَغضبت فاطمةُ سے پہلے قَال ہے اور وَلَمْ يُؤْذِنْ بِهَا أَبَا بَكْرٍ کے بعد قَالَتْ عَائِشَة ہے، معلوم ہوا کہ درمیان میں اتنی عبارت مدرج ہے اور وہ امام زہری رحمہ اللہ کا قول ہے، پس شیعہ ان باتوں پر جو محل تعمیر کرتے ہیں وہ بودا اور قابل مسمار ہے۔

وَكَانَ لِعَلِيٍّ مِنَ النَّاسِ وَجْهٌ حَيَاةَ فَاطِمَةَ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتِ اسْتَنْكَرَ عَلِيٌّ وُجُوْهَ النَّاسِ، فَالْتَمَسَ مُصَالَحَةَ أَبِيْ بَكْرٍ وَمُبَايَعَتَهُ، وَلَمْ يَكُنْ يُبَايِعُ تِلْكَ الْأَشْهُرَ، فَأَرْسَلَ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ: أَنِ ائْتِنَا وَلاَ يَأْتِنَا أَحَدٌ مَعَكَ، كَرَاهِيَةً لِيَحْضُرَ عُمَرُ، فَقَالَ عُمَرُ: لاَ، وَاللهِ! لاَ تَدْخُلُ عَلَيْهِمْ وَحْدَكَ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَمَا عَسَيْتَهُمْ أَنْ

يَفْعَلُوْهُ بِیْ؟ وَاللّٰهِ! لَآتِيَنَّهُمْ، فَدَخَلَ عَلَيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ فَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ، فَقَالَ: إِنَّا قَدْ عَرَفْنَا فَضْلَكَ وَمَا أَعْطَاكَ اللّٰهُ، وَلَمْ نَنْفَسْ عَلَيْكَ خَيْرًا سَاقَهُ اللّٰهُ إِلَيْكَ، وَلٰكِنَّكَ اسْتَبْدَدْتَ عَلَيْنَا بِالْأَمْرِ، وَكُنَّا نَرَى لِقَرَابَتِنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم نَصِيْبًا، حَتَّى فَاضَتْ عَيْنَا أَبِیْ بَكْرٍ، فَلَمَّا تَكَلَّمَ أَبُوْ بَكْرٍ قَالَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ! لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أَحَبُّ إِلَیَّ أَنْ أَصِلَ مِنْ قَرَابَتِیْ، وَأَمَّا الَّذِیْ شَجَرَ بَيْنِیْ وَبَيْنَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْأَمْوَالِ فَإِنِّیْ لَمْ آلُ فِيْهَا عَنِ الْخَيْرِ، وَلَمْ أَتْرُكْ أَمْرًا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَصْنَعُهُ فِيْهَا إِلَّا صَنَعْتُهُ، فَقَالَ عَلِیٌّ لِأَبِیْ بَكْرٍ: مَوْعِدُكَ الْعَشِيَّةَ لِلْبَيْعَةِ.

ترجمہ: (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:) اور لوگوں کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حیات میں چہرہ (التفات) تھا، پھر جب ان کا انتقال ہوگیا تو حضرت علیؓ نے لوگوں کے چہروں کو انجانا پایا، یعنی لوگوں کی نگاہیں پھرنے لگیں، جیسے ماں نہیں تو ماموں نہیں! پس حضرت علیؓ نے حضرت ابوبکرؓ سے مصالحت اور بیعت کرنی چاہی، اور انھوں نے اُن مہینوں میں بیعت نہیں کی تھی، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بلایا کہ آپؓ ہمارے پاس آئیں اور آپؓ کے ساتھ کوئی اور نہ آئے، یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ناپسند کرتے ہوئے تھی، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں بخدا! آپؓ اکیلے ان کے پاس نہ جائیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اور تم کیا امید کرتے ہو کہ وہ میرے ساتھ کیا کریں گے؟ یعنی اگر میں اکیلا گیا تو وہ لوگ مجھے پھانسی ماریں گے؟ بخدا! میں ضرور ان کے پاس (اکیلا) جاؤں گا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے پاس گئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خطبہ پڑھا اور فرمایا: ہم بیشک آپؓ کی فضیلت اور جو کچھ اللہ نے آپ کو دیا ہے اس کو پہچانتے ہیں اور ہم حسد نہیں کرتے آپؓ پر اس خیر کے سلسلہ میں جس کو اللہ نے آپؓ کی طرف ہانکا ہے یعنی خلافت کے معاملہ میں، مگر آپؓ خود مختار بن گئے، ہمیں چھوڑ کر (خلافت طے کرنے کے معاملہ میں) اور ہم اپنا ایک حصہ سمجھتے تھے نبی ﷺ سے ہماری رشتہ داری کی وجہ سے (کہ ہم سے بھی اس معاملہ میں مشورہ کیا جائے گا) یہاں تک کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی دونوں آنکھیں بہہ پڑیں، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے گفتگو کی اور کہا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! رسول اللہ ﷺ کی رشتہ داری مجھے زیادہ محبوب ہے کہ میں اس کے ساتھ حسن سلوک کروں اپنی رشتہ داری سے اور رہا وہ اختلاف جو میرے اور آپ لوگوں کے درمیان ہوا، ان اموال کے بارے میں تو میں ذرا کوتاہی نہیں کروں گا ان میں بہتر طریقہ اختیار کرنے سے، جس امر کو میں نے کرتے دیکھا ہے میں بھی وہی امر کروں گا، پس حضرت علیؓ نے حضرت ابوبکرؓ سے کہا: آپ سے بیعت کرنے کے لئے آج شام کا وعدہ ہے۔

تشریح: اس عبارت میں جو یہ جملہ آیا ہے: وَلَمْ يَكُنْ يُبَايِعُ تِلْكَ الْأَشْهُرَ: یہ بھی امام زہریؒ کا قول ہے، بیہقیؒ نے اپنی کتاب **الاعتقاد علی مذهب السلف** میں اس کی صراحت کی ہے، اور ابوداؤد طیالسی، ابن سعد، ابن جریر، ابن ابی شیبہ، بیہقی اور ابن حبان نے روایات نقل کی ہیں کہ سقیفہ بنی ساعدہ کی بیعت کے اگلے دن مسجد نبوی میں جو عام بیعت ہوئی تھی،

اس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بھی بیعت کی تھی۔ البدایہ والنہایہ اور ازالۃ الخفاء میں ہے کہ جب عام بیعت ہونے لگی تو حضرت علی اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما موجود نہیں تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دونوں کو بلوایا، انھوں نے کہا: ہمیں صرف یہ شکایت ہے کہ کل سقیفہ بنی ساعدہ میں معاملہ طے کرتے وقت اور آج یہاں مسجد میں بیعت کے وقت ہم سے کوئی مشورہ نہیں لیا گیا اور ہم جانتے ہیں کہ خلافت کا سب سے زیادہ حق حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ہے، پھر دونوں نے بیعت کی۔

(ماخوذ از کشف الباری ۸: ۴۶۰)

لغات: نَكِرَ، أَنْكَرَ اور اسْتَنْكَرَ: ہم معنی الفاظ ہیں.......... **وَمَا عَسَيْتُهُمْ أَنْ يَفْعَلُوْهُ بِيْ**: مَا استفہامیہ، عَسٰی: فعل مقارب بمعنی رَجَاء (امید) تَ ضمیر مخاطب فاعل، هُمْ: ضمیر: مفعول بہ، أَن: تفسیریہ، فَعَلُوْهُ بِي: هم کی تفسیر.......... نَفِسَ (س) الشيئَ وبه على فلان: کسی چیز کے بارے میں کسی پر حسد کرنا اور اسے اس کا اہل نہ سمجھنا۔

فَلَمَّا صَلَّى أَبُوْ بَكْرٍ الظُّهْرَ رَقِيَ الْمِنبَرِ فَتَشَهَّدَ وَذَكَرَ شَأْنَ عَلِيٍّ وَتَخَلُّفَهُ عَنِ الْبَيْعَةِ وَعُذْرَهُ بِالَّذِيْ اعْتَذَرَ إِلَيْهِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرَ، وَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ فَعَظَّمَ حَقَّ أَبِيْ بَكْرٍ، وَحَدَّثَ أَنَّهُ لَمْ يَحْمِلْهُ عَلَى الَّذِيْ صَنَعَ نَفَاسَةٌ عَلٰى أَبِيْ بَكْرٍ وَلَا إِنْكَارٌ لِلَّذِيْ فَضَّلَهُ اللّٰهُ بِهِ، وَلٰكِنَّا نُرَى لَنَا فِي هٰذَا الْأَمْرِ نَصِيْبًا، وَاسْتَبَدَّ عَلَيْنَا فَوَجَدْنَا فِي أَنْفُسِنَا، فَسُرَّ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُوْنَ وَقَالُوْا: أَصَبْتَ، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ إِلٰى عَلِيٍّ قَرِيْبًا حِيْنَ رَاجَعَ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ. [راجع: ۳۰۹۲، ۳۰۹۳]

ترجمہ: پھر جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ظہر کی نماز پڑھی تو آپؓ منبر پر چڑھے اور خطبہ پڑھا اور تذکرہ کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے معاملہ کا اور ان کے بیعت سے پیچھے رہنے کا اور ان کے اس عذر کا جو انھوں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا، پھر استغفار کیا، پھر حضرت علیؓ نے خطبہ پڑھا اور حضرت ابوبکرؓ کے حق کو بڑا بنایا اور انھوں نے بیان کیا کہ نہیں ابھارا ان کو اس کام پر جو کیا انھوں نے ابوبکرؓ سے افضل ہونے نے اور نہ اس فضیلت کے انکار نے جس کے ساتھ اللہ نے ابوبکرؓ کو برتری دی ہے، مگر ہم اپنا کچھ حصہ سمجھتے تھے اس خلافت کے معاملہ میں، یعنی ہم سے بھی مشورہ کیا جاتا اور تنہا ہو گئے ابوبکرؓ ہمیں چھوڑ کر یعنی ہمیں پوچھا بھی نہیں، اور خلافت طے کر دی، پس محسوس کی ہم نے یہ بات اپنے دلوں میں، پس مسلمان اس بات سے خوش ہوئے اور انھوں نے کہا: آپؓ نے صحیح کیا اور مسلمان حضرت علیؓ سے نزدیک ہوئے جب انھوں نے معروف بات کی طرف رجوع کیا۔

سوال: جب ایک مرتبہ بیعت کر لی تھی تو دوبارہ بیعت کی کیا ضرورت پیش آئی؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی تیمارداری میں مشغول رہے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملنے جلنے میں کمی آ گئی، اور جو لوگ پہلی بیعت نہیں جانتے تھے انھوں نے طرح طرح کی باتیں شروع کیں، اس لئے

آپؓ نے دوبارہ بیعت کی۔ البدایہ والنہایہ میں حافظ ابن کثیرؒ نے اسی کو حق اور حقیقت قرار دیا ہے۔

فائدہ: رہی یہ بات کہ صدیق اکبرؓ نے خلافت کے معاملہ میں بنو ہاشم سے مشورہ کیوں نہیں کیا؟ تو اس کی وجہ یہ تھی کہ صورتِ حال نازک تھی، انصار سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہوئے تھے اور قریب تھا کہ ایک امیر انصار میں سے طے کردیں، جب کہ مسلمانوں میں اتفاق واتحاد ضروری تھا، اس لئے حضرت ابوبکر حضرت عمر اور حضرت ابوعبیدۃ رضی اللہ عنہم ادنی تاخیر کے بغیر اس چھپر میں پہنچ گئے اور انتہائی عجلت میں بنو ہاشم سے مشورہ کرنے کا موقع نہیں ملا، پس ان حضرات کی شکایت بجا تھی، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا عذر بھی معقول تھا۔

وضاحت: عُذْرَہ کو عَذَرَهُ بِالذی اعْتَذَرَ إِلَيْهِ بھی پڑھ سکتے ہیں، اس صورت میں ترجمہ ہوگا: اور حضرت ابوبکرؓ نے حضرت علیؓ کا وہ عذر قبول کیا جو انھوں نے آپ کے سامنے پیش کیا......... اور امر معروف یہ ہے کہ جب کسی کی خلافت طے ہوجائے تو اس سے متخلف نہیں رہنا چاہئے۔

[۴۲۴۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُمَارَةُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا فُتِحَتْ خَيْبَرُ قُلْنَا: الآنَ نَشْبَعُ مِنَ التَّمْرِ.

[۴۲۴۳-] حدثنا الْحَسَنُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ حَبِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: مَا شَبِعْنَا حَتَّى فَتَحْنَا خَيْبَرَ.

۳۳-خیبر کی برکات

صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب خیبر فتح ہوا تو ہم نے کہا: اب ہم کھجوریں پیٹ بھر کر کھائیں گے! اور حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں: جب ہم نے خیبر فتح کیا تو ہم نے شکم سیر ہوکر کھایا۔

تشریح: مدینہ منورہ بھی خیرات وبرکات کی جگہ تھی، نخلستان تھے، انگوروں کے باغات تھے، اور کھیتیاں تھیں، مگر وہ مسلمانوں کی ضرورت کے لئے کافی نہیں تھے، اس لئے کہ مدینہ کی آبادی دو چند ہوگئی تھی، مہاجرین وہاں آکر بس گئے تھے اس لئے پیداوار میں تنگی تھی، اور خیبر بھی باغوں اور کھیتوں والا علاقہ تھا، جب وہاں کی آدھی پیداوار آنے لگی تو لوگ آسودہ ہوگئے، اب ان کو پیٹ بھر کر کھجوریں ملنے لگیں، اور غلہ بھی وافر مقدار میں آنے لگا، جس سے لوگ آسودہ ہوگئے۔

[۴۰-] بَابُ اسْتِعْمَالِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى أَهْلِ خَيْبَرَ

[۴۲۴۴و۴۲۴۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِيْدِ بْنِ سُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اسْتَعْمَلَ

رَجُلاً عَلٰی خَیْبَرَ، فَجَاءَ هُ بِتَمْرٍ جَنِیْبٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "کُلُّ تَمْرِ خَیْبَرَ هٰکَذَا؟" فَقَالَ: لَا، وَاللّٰهِ! یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا لَنَأْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَیْنِ، وَالصَّاعَیْنِ بِالثَّلَاثَةِ، فَقَالَ: "لَا تَفْعَلْ، بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ، ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِیْبًا" [راجع: ۲۲۰۱، ۲۲۰۲]

[۴۲۴۶و۴۲۴۷-] وَقَالَ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِیْدِ، عَنْ سَعِیْدٍ: أَنَّ أَبَا سَعِیْدٍ وَأَبَا هُرَیْرَةَ حَدَّثَاهُ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم بَعَثَ أَخَا بَنِیْ عَدِیٍّ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلٰی خَیْبَرَ فَأَمَّرَهُ عَلَیْهَا. [راجع: ۲۲۰۱، ۲۲۰۲] وَعَنْ عَبْدِ الْمَجِیْدِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَأَبِیْ سَعِیْدٍ مِثْلَهُ.

۳۴-خیبر پر نبی ﷺ نے عامل مقرر کیا

جب خیبر کا علاقہ اسلامی قلم رو میں آیا تو نگرانی کے لئے نبی ﷺ نے سواد بن غزیہ رضی اللہ عنہ کو وہاں کا گورنر مقرر کیا۔

حضرت ابوسعید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک شخص کو خیبر پر عامل (امیر) مقرر کیا وہ وہاں سے جنیب کھجوریں لایا (یہ کھجوروں کی اعلی قسم ہے) نبی ﷺ نے پوچھا: کیا خیبر کی ساری کھجوریں ایسی ہوتی ہیں؟ اس نے کہا: نہیں، بخدا! اے اللہ کے رسول! ہم اس کا ایک صاع لیتے ہیں دو صاع کے بدلہ میں اور دو صاع لیتے ہیں تین صاع کے بدلہ میں، نبی ﷺ نے فرمایا (ایسا) مت کرو، معمولی کھجوروں کو دراہم کے بدلے میں بیچ دو، پھر دراہم کے بدلے میں جنیب کھجوریں خرید لو۔

تشریح: ربوی اشیاء میں جید اور ردی یکساں ہیں، اگر چہ گیہوں اور گیہوں برابر نہیں ہوتے، مگر چونکہ گیہوں ربوی ہیں اس لئے اعلی اور گھٹیا کا فرق ہم جنس کے تبادلہ میں ظاہر نہیں کیا جا سکتا، برابر سرابر بیچنا ضروری ہے، اگر جید اور ردی کا فرق ظاہر کرنا ہے تو معمولی گیہوں رقم میں بیچے جائیں، پھر ان پیسوں سے اچھے گیہوں خریدے جائیں، اس طرح جید اور ردی کا فرق ظاہر ہو جائے گا۔

اور یہ سود سے بچنے کا حیلہ نہیں کیونکہ جس کو معمولی جنس بیچی ہے اسی سے عمدہ جنس خریدنا ضروری نہیں، اور نبی ﷺ نے حضرت سواد بن غزیہؓ کو خیبر کا عامل مقرر کیا تھا وہ سب مالکان کے حصے وصول کر کے ان کے گھر پہنچاتے تھے، اسی طرح خیبر میں خمس کی زمینیں تھیں ان کی آمدنی حکومت کے پاس آتی تھی، خیبر کا عامل کھجوریں لے کر آیا جو سب جنیب (شاندار کھجوریں) تھیں، آپؐ نے پوچھا: کیا خیبر میں سب کھجوریں ایسی عمدہ ہوتی ہیں؟ عامل نے کہا: نہیں، ہر طرح کی کھجوریں ہوتی ہیں، مگر ہم معمولی کھجوروں کے دو صاع دے کر عمدہ کھجوروں کا ایک صاع لے لیتے ہیں یا تین صاع دے کر دو صاع لے لیتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ایسا مت کرو، یہ تو سود ہوا، تم معمولی کھجوریں دراہم میں بیچ دو، پھر ان پیسوں سے عمدہ کھجوریں

خریدلو، یہ درست ہے (تحفۃ القاری ۵:۲۵۳)

[٤١-] بَابُ مُعَامَلَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَهْلَ خَيْبَرَ

[٤٢٤٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: أَعْطَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ الْيَهُوْدَ أَنْ يَعْمَلُوْهَا وَيَزْرَعُوْهَا، وَلَهُمْ شَطْرُ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا.

[راجع: ٢٢٨٥]

۳۵-خیبر والوں کے ساتھ معاملہ

خیبر کے یہودی مزارع (کسان) تھے، زمینوں کے مالک نہیں تھے، ان کے ساتھ آدھے پر بٹائی کا معاملہ ہوا تھا، کھیتوں میں بھی اور باغات میں بھی، کھیتوں میں معاملہ کو مزارعت اور باغات میں معاملہ کو مساقات کہتے ہیں، اور لفظ معاملہ دونوں کو عام ہے۔

[٤٢-] بَابُ الشَّاةِ الَّتِيْ سُمَّتْ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِخَيْبَرَ

رَوَاهُ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٤٢٤٩-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: لَمَّا فُتِحَتْ خَيْبَرُ أُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم شَاةٌ فِيْهَا سُمٌّ. [راجع: ٣١٦٩]

۳۶-قصہ زہر آلود بکری کا

خیبر کی فتح کے بعد سلام بن مشکم کی بیوی زینب بنت حارث نے آپؐ کے پاس بھنی ہوئی بکری کا ہدیہ بھیجا، اس نے بکری کے دست میں خوب زہر ملا دیا تھا، اس کو بتایا گیا تھا کہ آپؐ کو دست کا گوشت زیادہ پسند ہے، اور باقی حصہ بھی زہر آلود کر دیا تھا، آپؐ نے اس کا ایک ٹکڑا چبایا مگر نگلا نہیں، تھوک دیا اور فرمایا: یہ ہڈی مجھے بتلا رہی ہے کہ اس میں زہر ملایا گیا ہے، پھر آپؐ نے زینب کو بلایا اس نے اقرار کیا، آپؐ نے پوچھا: تم نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے کہا: میں نے سوچا کہ اگر یہ بادشاہ ہے تو ہمیں اس سے راحت مل جائے گی، اور اگر نبی ہے تو اسے خبر دیدی جائے گی، چنانچہ آپؐ نے اس کو معاف کر دیا، مگر بعد میں حضرت بشر بن براء بن معرور رضی اللہ عنہ کا گوشت کھانے سے انتقال ہو گیا تو اس کو قصاص میں قتل کیا گیا۔ سُمٌّ: (س پر تینوں اعراب) زہر، جمع: سُمُوْمٌ۔

حوالہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی معلق حدیث آگے (حدیث ۴۴۲۸) آرہی ہے، اور یہود نے بکری میں زہر ملانے کا اقرار آسانی سے نہیں کیا تھا، نبی ﷺ نے یہ بات عجیب ترکیب سے ان سے اگلوائی تھی، اس کا تذکرہ پہلے (تحفۃ القاری

۶: ۴۴۸ میں) آیا ہے۔

اضافہ: بخاری شریف میں غزوۂ خیبر کا بیان پورا ہوا، البتہ کچھ ضروری باتیں رہ گئیں ہیں جو درج ذیل ہیں:

۳۷-غزوۂ خیبر میں فریقین کے مقتولین

خیبر کے مختلف معرکوں میں سولہ مسلمان شہید ہوئے: چار قریش سے ایک قبیلہ اشجع سے، ایک قبیلہ اسلم سے، ایک اہل خیبر سے اور بقیہ انصار سے اور دوسرے فریق یعنی یہود کے مقتولین کی تعداد ترانوے (۹۳) ہے۔

۳۸-فدک گاؤں کی فتح

نبی ﷺ نے خیبر پہنچتے ہی مُحَیَّصة بن مسعود رضی اللہ عنہ کو اسلام کی دعوت دینے کے لئے فدک کے یہودیوں کے پاس بھیجا، مگر انھوں نے دعوت قبول نہیں کی، پھر جب خیبر فتح ہو گیا تو ان کے دلوں میں رعب پڑ گیا، انھوں نے نبی ﷺ کے پاس آدمی بھیج کر اہل خیبر کے ساتھ معاملہ کی طرح فدک کی نصف پیداوار پر مصالحت کی پیشکش کی، آپؐ نے ان کی پیشکش قبول فرمالی، اس طرح فدک کی ساری زمین فئے قرار پائی، کیونکہ مسلمانوں نے اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے تھے۔

۳۹-وادی القری کی فتح

نبی ﷺ جب خیبر سے فارغ ہوئے تو وادی القری تشریف لے گئے، وہاں یہود کی آبادی تھی، اور خیبر سے بھاگے ہوئے یہود بھی وہاں پہنچے تھے اور وہاں کچھ عرب بھی آباد تھے، جب اسلامی فوج وہاں پہنچی تو یہود نے تیروں سے استقبال کیا، وہیں نبی ﷺ کا ایک غلام مدعم مارا گیا، اس کا ذکر پہلے آیا ہے، لوگوں نے کہا: اس کو جنت مبارک! آپؐ نے فرمایا: ہرگز نہیں، اس نے خیبر کی غنیمت میں سے جو چادر چرائی تھی وہ آگ بن کر اس پر بھڑک رہی ہے۔

پھر انفرادی مقابلہ شروع ہوا اور ان کے گیارہ آدمی مارے گئے اس طرح لڑتے لڑتے شام ہو گئی، دوسری صبح جب آپؐ میدان میں تشریف لے گئے تو ابھی سورج نیزہ برابر بھی بلند نہیں ہوا تھا کہ ان کے ہاتھ میں جو کچھ تھا وہ سب نبی ﷺ کے حوالہ کر دیا، یعنی آپؐ نے بزور فتح حاصل کی، وادی القری میں آپؐ کا قیام چار دن رہا، اور جو مال غنیمت ہاتھ آیا تھا، اسے مجاہدین میں تقسیم فرما دیا، البتہ زمین اور باغات یہود کے پاس رہنے دیئے اور ان کے ساتھ بھی اہل خیبر جیسا معاملہ کیا۔

۴۰-تیماء والوں نے سپر ڈالی

جب خیبر، فدک اور وادی القری فتح ہو گئے تو تیماء کے یہودیوں نے مسلمانوں کے خلاف کسی قسم کی محاذ آرائی نہیں کی، از

خود آدمی بھیج کر صلح کی پیش کش کی، نبی ﷺ نے ان کی پیشکش قبول فرمالی اور وہ اپنی جائدادوں پر برقرار رکھے گئے، اور آپؐ نے ان کو ایک تحریر بھی لکھ کر دی۔

(غزوۂ خیبر کا بیان پورا ہوا)

غزوہ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے متعدد سرایا میں امیر بنا کر بھیجا ہے، مگر یہاں کس سریہ کا ذکر ہے اس کی تعیین نہیں کی، اور یہ غزوہ بھی نہیں، سریہ ہے، غزوہ وہ کہلاتا ہے جس میں نبی ﷺ بذاتِ خود شریک ہوں، ہاں کبھی مجازاً بڑے سریہ کو غزوہ کہہ دیا جاتا ہے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو ایک قوم پر امیر مقرر کیا، کچھ لوگوں نے ان کی امارت پر اعتراض کیا، آپؐ نے فرمایا: اگر تم ان کی امارت پر اعتراض کرتے ہو تو ان سے پہلے ان کے والد کی امارت پر بھی اعتراض کر چکے ہو، اور اللہ کی قسم! وہ (ہر طرح) سپہ سالاری کے لائق تھے اور وہ میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے تھے اور یہ (حضرت اسامہ) ان کے بعد میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے ہیں۔

تشریح: نبی ﷺ نے مرضِ وفات میں جو آخری مہم ترتیب دی تھی، جس میں شیخین رضی اللہ عنہما کے علاوہ اکابر صحابہ شریک تھے، اس کا امیر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا تھا، اس موقع پر کچھ لوگوں نے سپہ سالار کی نوعمری کو نکتہ چینی کا نشانہ بنایا، پس نبی ﷺ نے مذکورہ ارشاد فرمایا، اس میں بطور حوالہ یہ بات آئی ہے کہ پہلے ان کے والد حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی سپہ سالاری پر بھی تم اعتراض کر چکے ہو، مگر کس سریہ میں حضرت زید رضی اللہ عنہ کو امیر بنانے پر لوگوں نے اعتراض کیا تھا یہ بات متعین نہیں کی۔

[۴۳-] بَابُ غَزْوَةِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ

[۴۲۵۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَمَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أُسَامَةَ عَلٰى قَوْمٍ، فَطَعَنُوْا فِيْ إِمَارَتِهِ، فَقَالَ: "إِنْ تَطْعَنُوْا فِيْ إِمَارَتِهِ فَقَدْ طَعَنْتُمْ فِيْ إِمَارَةِ أَبِيْهِ مِنْ قَبْلِهِ، وَأَيْمُ اللّٰهِ! لَقَدْ كَانَ خَلِيْقًا لِلْإِمَارَةِ، وَإِنْ كَانَ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ، وَإِنَّ هٰذَا لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ بَعْدَهُ" [راجع: ۳۷۳۰]



عمرۂ قضاء

اس عمرہ کو چار نام سے یاد کیا جاتا ہے: عمرۂ قضاء، عمرۂ قضیّہ، عمرۂ قصاص اور عمرۂ صلح، چونکہ یہ عمرہ: عمرۂ حدیبیہ کی قضاء کے طور پر کیا گیا تھا اس لئے اس کا نام عمرۂ قضاء پڑا، اور چونکہ حدیبیہ میں جو مصالحت ہوئی تھی اس کی رو سے یہ عمرہ کیا گیا تھا اس لئے اس کو عمرۂ قضیہ بھی کہتے ہیں، مصالحت کو عربی میں قَضِیَّۃ اور مقاضاۃ بھی کہتے ہیں، اور قصاص کے معنی ہیں: بدلہ، چونکہ یہ عمرہ: عمرۂ حدیبیہ کا بدلہ تھا اس لئے اس کو عمرۂ قصاص بھی کہتے ہیں اور عمرۂ صلح کہنے کی وجہ ظاہر ہے۔

حدیبیہ میں قریش سے معاہدہ ہوا تھا کہ مسلمان اس سال عمرہ کئے بغیر واپس جائیں اور آئندہ سال عمرہ کے لئے آئیں، اور تین دن مکہ میں ٹھہریں، چنانچہ غزوۂ خیبر محرم سن ۷ ہجری میں ہوا، پھر ذی قعدہ سن ۷ ہجری میں نبی ﷺ نے عمرہ قضا کیا اور اعلان کیا کہ جو لوگ حدیبیہ میں شریک تھے ان میں سے کوئی رہ نہ جائے، چنانچہ اس عرصہ میں جو صحابہ شہید ہو چکے تھے یا وفات پا چکے تھے ان کے علاوہ کوئی پیچھے نہیں رہا۔

آپؐ نے اور صحابہ نے ذوالحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھا اور قریش کی جانب سے بدعہدی کے اندیشہ سے ہتھیار ساتھ لئے جب وادی یَأْجَج پہنچے جو مکہ سے آٹھ میل ہے تو ہتھیار وہاں رکھ دیئے اور دو سو آدمی ان کی حفاظت کے لئے چھوڑ دیئے اور صرف تلواریں میانوں میں رکھ کر قافلہ مکہ میں داخل ہوا، مشرکین تماشہ دیکھنے کے لئے باب کعبہ کے مقابل واقع پہاڑ قُیْقُعَان پر بیٹھے ہوئے تھے اور آپس میں کہہ رہے تھے کہ ایک ایسی جماعت عمرہ کے لئے آرہی ہے جسے یثرب کے بخار نے توڑ ڈالا ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ طواف میں رمل کریں، البتہ جب کعبہ کی اوٹ میں چلے جائیں تو چلیں، مشرکین نے جب صحابہ کی قوت کا مشاہدہ کیا تو وہ یہ کہتے ہوئے چل دیئے کہ کون کہتا ہے کہ مسلمانوں کو مدینہ کے بخار نے توڑ دیا ہے، یہ تو ہرنوں کی طرح چوکڑیاں بھر رہے ہیں۔ جاننا چاہئے کہ رمل کا حکم صرف تین چکروں میں دیا تھا، ساتوں چکروں میں حکم اس لئے نہیں دیا تھا کہ صحابہ واقعی کمزور ہو گئے تھے، اس لئے رحمت وشفقت کے طور پر صرف تین چکروں میں رمل کا حکم دیا تھا۔

عمرہ ادا کرنے کے بعد نبی ﷺ تین دن مکہ میں رہے، تیسرے دن نبی ﷺ نے مشرکین کے پاس خبر بھیجی کہ میں نے یہاں نکاح کیا ہے میں رخصتی اور ولیمہ کرنا چاہتا ہوں اور آپ سب کی دعوت کرنا چاہتا ہوں، مگر چونکہ آپ حضرات حسب معاہدہ ان تین دنوں میں مکہ نہیں آسکتے اور میں چوتھے دن نہیں ٹھہر سکتا، اس لئے آپ لوگ مجھے ایک دن کی مہلت

دیں تو میں یہاں رخصتی کے بعد ولیمہ کروں، اور آپ سب حضرات ولیمہ میں شرکت کریں، مگر ان لوگوں نے نہایت ترش روئی سے جواب دیا کہ ہمیں ولیمہ نہیں کھانا، آپ تین دن کے بعد مکہ خالی کر دیں، چنانچہ آپؐ حسب وعدہ مکہ سے رخصت ہو گئے اور حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کو لے کر مقام سرف میں آجائیں، وہاں آپؐ نے عروسی فرمائی، اور وہاں سے چل کر ماہ ذی الحجہ میں مدینہ منورہ میں داخل ہوئے۔

سوال (۱): عمرہ تو عبادت ہے، اس کے بیان کی جگہ کتاب الحج ہے، یہاں کتاب المغازی میں اس کو کیوں بیان کیا؟

جواب: چونکہ یہ عمرہ غزوۂ حدیبیہ میں توڑے ہوئے عمرہ کی قضا تھی، اس لئے استطراداً (تبعاً) یہاں بیان کر دیا۔

سوال (۲): اگر یہ بیان استطراداً ہے تو اس کو غزوۂ حدیبیہ سے متصلاً بیان کرنا چاہئے؟

جواب: اگر وہاں بیان کرتے تو ترتیب زمانی کا لحاظ نہ رہتا، اور امام بخاری رحمہ اللہ کتاب المغازی میں ترتیب زمانی کا بھی لحاظ کرتے ہیں، اس لئے اس کو زمانہ کے اعتبار سے اس کی جگہ بیان کیا ہے۔

[٤٤-] بَابُ عُمْرَةِ الْقَضَاءِ

ذَكَرَهُ أَنَسٌ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٤٢٥١-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ ذِى الْقَعْدَةِ، فَأَبَى أَهْلُ مَكَّةَ أَنْ يَدَعُوْهُ يَدْخُلُ مَكَّةَ، حَتَّى قَاضَاهُمْ عَلٰى أَنْ يُقِيْمَ بِهَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَلَمَّا كَتَبُوْا الْكِتَابَ كَتَبُوْا: هٰذَا مَاقَاضَانَا عَلَيْهِ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالُوْا: لَا نُقِرُّ بِهٰذَا، لَوْ نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ شَيْئًا، وَلٰكِنْ أَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: أَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَأَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ" ثُمَّ قَالَ لِعَلِيٍّ: " امْحُ رَسُوْلُ اللّٰهِ" قَالَ عَلِيٌّ: لَا، وَاللّٰهِ! لَا أَمْحُوْكَ أَبَدًا، فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْكِتَابَ، وَلَيْسَ يُحْسِنُ يَكْتُبُ، فَكَتَبَ: هٰذَا مَاقَاضَى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ لَا يُدْخِلُ مَكَّةَ السِّلَاحَ إِلَّا السَّيْفَ فِي الْقِرَابِ، وَأَنْ لَا يَخْرُجَ مِنْ أَهْلِهَا بِأَحَدٍ إِنْ أَرَادَ أَنْ يَتْبَعَهُ، وَأَنْ لَا يَمْنَعَ مِنْ أَصْحَابِهِ أَحَدًا إِنْ أَرَادَ أَنْ يُقِيْمَ بِهَا، فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْأَجَلُ أَتَوْا عَلِيًّا فَقَالُوْا: قُلْ لِصَاحِبِكَ: اخْرُجْ عَنَّا فَقَدْ مَضَى الْأَجَلُ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَتَبِعَتْهُ ابْنَةُ حَمْزَةَ تُنَادِيْ: يَا عَمِّ! يَاعَمِّ! فَتَنَاوَلَهَا عَلِيٌّ فَأَخَذَ بِيَدِهَا، وَقَالَ لِفَاطِمَةَ دُوْنَكِ ابْنَةَ عَمِّكِ، حَمَلَتْهَا، فَاخْتَصَمَ فِيْهَا عَلِيٌّ وَزَيْدٌ وَجَعْفَرٌ، قَالَ عَلِيٌّ، أَنَا أَخَذْتُهَا وَهِيَ بِنْتُ عَمِّيْ، وَقَالَ جَعْفَرٌ: ابْنَةُ عَمِّيْ وَخَالَتُهَا تَحْتِيْ، وَقَالَ زَيْدٌ: بِنْتُ أَخِيْ، فَقَضَى بِهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِخَالَتِهَا، وَقَالَ:" الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ" وَقَالَ لِعَلِيٍّ: " أَنْتَ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْكَ" وَقَالَ لِجَعْفَرٍ:" أَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ" وَقَالَ لِزَيْدٍ: "أَنْتَ أَخُوْنَا وَمَوْلَانَا" قَالَ عَلِيٌّ: أَلَا تَتَزَوَّجُ ابْنَةَ حَمْزَةَ؟ قَالَ:" إِنَّهَا ابْنَةُ أَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ"[راجع: ١٧٨١]

معلق روایت: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے عمرۂ قضاء کی حدیث روایت کی ہے، یہ روایت بقول شارحین مصنف عبدالرزاق اور صحیح ابن حبان میں ہے۔

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ذی قعدہ میں عمرہ کا احرام باندھا، پس مکہ والوں نے انکار کیا کہ وہ چھوڑیں آپؐ کو کہ آپؐ مکہ میں داخل ہوں، یہاں تک کہ آپؐ نے ان کے ساتھ مصالحت کی اس شرط پر کہ آپؐ مکہ میں ٹھہریں گے تین دن، پس جب مسلمانوں نے صلح نامہ لکھا تو انھوں نے لکھا: یہ وہ تحریر ہے جس کے مطابق مصالحت کی ہم نے یعنی محمد رسول اللہ ﷺ نے، پس مشرکین نے کہا: ہم اس بات کا اقرار نہیں کرتے اگر ہم جانتے کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں تو ہم آپؐ کو کسی چیز سے نہ روکتے، بلکہ آپؐ محمد بن عبداللہ ہیں، آپؐ نے فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں اور عبداللہ کا بیٹا محمد ہوں، پھر آپؐ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: 'رسول اللہ' مٹادو، حضرت علیؓ نے کہا: نہیں، بخدا! میں آپؐ (کے نام) کو کبھی نہیں مٹاؤں گا، پس نبی ﷺ نے تحریر لی اور آپؐ اچھی طرح لکھ نہیں سکتے تھے، پس آپؐ نے لکھا: یہ وہ تحریر ہے: محمد بن عبداللہ نے مصالحت کی کہ وہ مکہ میں ہتھیاروں کے ساتھ داخل نہیں ہونگے، البتہ میان میں تلوار مستثنیٰ ہے اور یہ کہ وہ نہیں لے جائیں گے مکہ والوں میں سے کسی کو اگر وہ چاہے کہ وہ آپؐ کے ساتھ جائے اور یہ کہ نہیں روکیں گے آپؐ اپنے ساتھیوں میں سے کسی کو اگر وہ چاہے کہ مکہ میں ٹھہر جائے۔

پس جب نبی ﷺ مکہ میں داخل ہوئے اور مدت گذر گئی تو مشرکین علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور انھوں نے کہا: آپ اپنے 'حضرت' سے کہیں کہ ہمارے یہاں سے چلے جائیں، چنانچہ جب مدت پوری ہوگئی تو نبی ﷺ روانہ ہوگئے اور آپؐ کے پیچھے چلیں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی، پکار رہی تھیں: چچا! چچا! پس لیا اس کو علیؓ نے، انھوں نے اس لڑکی کا ہاتھ پکڑا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: لیں آپ اپنی چچازاد بہن کو، میں اس کو اٹھا کر لایا ہوں، پس جھگڑا کیا اس لڑکی میں علی، زید اور جعفر رضی اللہ عنہم نے، علیؓ نے کہا: میں نے اس کو لیا ہے اور وہ میری چچازاد بہن ہے اور جعفرؓ نے کہا: میری (بھی) چچازاد بہن ہے اور اس کی خالہ میرے نکاح میں ہے اور زید بن حارثہؓ نے کہا: میری بھتیجی ہے (ہجرت سے پہلے مؤاخات میں حضرت حمزہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہما بھائی بھائی بنائے گئے تھے) پس فیصلہ کیا اس لڑکی کا نبی ﷺ نے اس کی خالہ کے لئے اور فرمایا: خالہ ماں کی جگہ ہے، اور حضرت علیؓ سے فرمایا: آپؓ میرے مزاج کے ہیں اور میں آپؓ کے مزاج کا ہوں، اور حضرت جعفرؓ سے فرمایا: آپؓ کا حلیہ اور اخلاق میرے جیسے ہیں، اور حضرت زیدؓ سے فرمایا: آپؓ ہمارے اسلامی بھائی اور آزاد کردہ ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپؐ حمزہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی سے نکاح نہیں کرتے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ میری رضاعی بھتیجی ہے (اس لئے وہ میرے لئے حلال نہیں)

تشریح: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ٦:٩٤) گذری ہے، وہاں اس سوال کا جواب ہے کہ جب آپؐ نے حکم دیا تھا کہ 'رسول اللہ' مٹادو تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیوں نہیں مٹایا؟ حکم: احترام سے مقدم ہے، ان کو مٹانا چاہئے تھا! جواب یہ دیا

ہے کہ غلبۂ حال میں انکار کیا تھا، صحابہ پرغم کا پہاڑ ٹوٹا ہوا تھا، مگر مجبور تھے، اور غلبۂ حال میں جو کام کیا جاتا ہے اس پر احکام مرتب نہیں ہوتے، علاوہ ازیں: اس انکار سے مشرکین کے سامنے صحابہ کی گرویدگی کا نقشہ آ گیا کہ وہ کسی حال میں 'رسول اللہ' مٹانے کے لئے تیار نہیں تھے، معلوم ہوا کہ آپ سچے رسول ہیں۔

سوال (۱): نبی ﷺ بہ نص قرآنی 'امی' تھے، پھر آپؐ نے **محمد بن عبد اللہ** کیسے لکھا؟

جواب: اسناد مجازی ہوسکتی ہے اور حقیقی مان لیں تو بھی بے پڑھا عرصہ کے بعد حروف شناس ہوسکتا ہے، دستخط کرسکتا ہے، اور ٹوٹا پھوٹا اپنا نام لکھ سکتا ہے، اور حدیث کا یہ جملہ: **ولیس یُحْسِن یکتب:** اس کی تائید کرتا ہے یعنی آپؐ اچھی طرح لکھنا نہیں جانتے تھے، ٹوٹا پھوٹا لکھا۔

سوال (۲): نبی ﷺ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی کے لئے چچازاد بھائی ہیں، پھر اس نے چچا کہہ کر کیسے پکارا؟

جواب: بہت چھوٹا بہت بڑی عمر والے کو عربی میں چچا کہہ کر پکارتا ہے، علاوہ ازیں: آپ رضاعت کے رشتہ سے حضرت حمزہؓ کے بھائی بھی تھے، پس اس لڑکی (عمارۃ) کے آپؐ چچا ہوئے۔

[۴۲۵۲-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ، هُوَ ابْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، ح: وَحَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم خَرَجَ مُعْتَمِرًا، فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ، فَنَحَرَ هَدْيَهُ وَحَلَقَ رَأْسَهُ بِالْحُدَيْبِيَةِ، وَقَاضَاهُمْ عَلٰى أَنْ يَعْتَمِرَ الْعَامَ الْمُقْبِلَ، وَلاَ يَحْمِلَ سِلاَحًا عَلَيْهِمْ إِلَّا سُيُوْفًا، وَلاَ يُقِيْمَ بِهَا إِلَّا مَا أَحَبُّوْا، فَاعْتَمَرَ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ، فَدَخَلَهَا كَمَا كَانَ صَالَحَهُمْ، فَلَمَّا أَنْ أَقَامَ بِهَا ثَلاَثًا أَمَرُوْهُ أَنْ يَخْرُجَ فَخَرَجَ.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ (حدیبیہ کے سال) عمرہ کے ارادہ سے نکلے، پس کفار قریش آپؐ کے اور بیت اللہ کے درمیان حائل ہوئے، پس آپؐ نے حدیبیہ میں اپنی قربانی ذبح کی اور اپنا سر منڈایا، اور ان سے مصالحت کی اس بات پر کہ اگلے سال آپؐ عمرہ کریں گے اور نہیں ساتھ لائیں گے کوئی ہتھیار ان کے یہاں، مگر تلواریں (میانوں میں) اور نہیں ٹھہریں گے مکہ میں مگر جتنا چاہیں گے وہ، چنانچہ آپؐ نے اگلے سال عمرہ کیا اور آپؐ مکہ میں داخل ہوئے، جس طرح ان سے مصالحت کی تھی، پس جب آپؐ مکہ میں تین دن ٹھہر چکے تو انھوں نے آپؐ کو حکم دیا کہ روانہ ہوجائیں، چنانچہ آپؐ روانہ ہوگئے۔

[۴۲۵۳-] حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ الْمَسْجِدَ، فَإِذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ جَالِسٌ إِلٰى حُجْرَةِ عَائِشَةَ، ثُمَّ قَالَ: كَمِ اعْتَمَرَ

النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: أَرْبَعًا. [راجع: ١٧٧٥]

[٤٢٥٤-] ثُمَّ سَمِعْنَا اسْتِنَانَ عَائِشَةَ، قَالَ عُرْوَةُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَلَا تَسْمَعِيْنَ مَا يَقُوْلُ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ إِنَّ النَّبِيَّ صلى عليه وسلم اعْتَمَرَ أَرْبَعَ عُمَرٍ، فَقَالَتْ: مَا اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عُمْرَةً إِلَّا وَهُوَ شَاهِدُهُ، وَمَا اعْتَمَرَ فِيْ رَجَبٍ قَطُّ. [راجع: ١٧٧٦]

ترجمہ: مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں اور عروہ مسجدِ نبوی میں داخل ہوئے پس اچانک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کے حجرہ کے پاس حضرت ابن عمرؓ بیٹھے ہوئے تھے، عروہ نے پوچھا: نبی ﷺ نے کتنے عمرے کئے؟ ابن عمرؓ نے کہا: چار، پھر ہم نے حضرت عائشہؓ کے مسواک کرنے کی آواز سنی، عروہؒ نے کہا: ام المؤمنین! کیا آپ نہیں سن رہیں وہ بات جو ابوعبدالرحمٰن کہہ رہے ہیں کہ نبی ﷺ نے چار عمرے کئے (ان میں سے ایک عمرہ رجب میں کیا) پس صدیقہؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے کوئی عمرہ نہیں کیا مگر ابن عمرؓ نبی ﷺ کے ساتھ تھے، اور نبی ﷺ نے کبھی کوئی عمرہ رجب میں نہیں کیا۔

تشریح: ابن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات سنی اور خاموش رہے، نہ ہاں کہا نہ نا، امام نوویؒ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی تنقید پر ابن عمرؓ کی خاموشی دلیل ہے کہ یا تو ابن عمرؓ پر معاملہ مشتبہ ہوگیا یا وہ بھول گئے، یا ان کو شک ہوگیا، بہر حال مثبت نافی پر مقدم ہے: یہ قاعدہ یہاں جاری نہیں ہوگا، اور یہ حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۴:۴۸۵) آئی ہے۔

[٤٢٥٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، سَمِعَ ابْنَ أَبِيْ أَوْفٰى، يَقُوْلُ: لَمَّا اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سَتَرْنَاهُ مِنْ غِلْمَانِ الْمُشْرِكِيْنَ وَمِنْهُمْ أَنْ يُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ١٦٠٠]

ترجمہ: عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ نے عمرۂ قضاء کیا تو ہم نے آپؐ کو چھپایا مشرکین کے لڑکوں سے اور مشرکین سے، کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ نبی ﷺ کو کوئی ایذاء پہنچائیں۔

تشریح: یہ عمرۃ القضاء کا واقعہ ہے، اس وقت مکہ میں کوئی کافر نہیں تھا، معاہدہ کے مطابق سب مکہ سے تین دن کے لئے نکل گئے تھے، پھر بھی صحابہ نے آنحضور ﷺ کی حفاظت کا پورا انتظام رکھا، جب آپؐ طواف وسعی فرماتے یا نماز پڑھتے تو صحابہ قریب رہتے، تاکہ کوئی گزند نہ پہنچائے۔

[٤٢٥٦-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: إِنَّهُ يَقْدَمُ عَلَيْكُمْ وَفْدٌ وَهَنَهُمْ حُمَّى يَثْرِبَ، وَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَرْمُلُوْا الْأَشْوَاطَ الثَّلَاثَةَ،

وَأَنْ يَمْشُوْا مَا بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ، وَلَمْ يَمْنَعْهُ أَنْ يَأْمُرَهُمْ أَنْ يَرْمُلُوْا الْأَشْوَاطَ كُلَّهَا إِلَّا الإِبْقَاءُ عَلَيْهِمْ، وَزَادَ ابْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِعَامِهِ الَّذِيْ اسْتَأْمَنَ قَالَ: " ارْمُلُوْا، لِيَرَى الْمُشْرِكُوْنَ قُوَّتَهُمْ" وَالْمُشْرِكُوْنَ مِنْ قِبَلِ قُعَيْقِعَانَ. [راجع: ١٦٠٢]

[٤٢٥٧-] حدثنا مُحَمَّدُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: إِنَّمَا سَعَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيُرِيَ الْمُشْرِكِيْنَ قُوَّتَهُ. [راجع: ١٦٤٩]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے صحابہ مکہ آئے، پس مشرکین نے کہا: تمہارے یہاں ایک ایسی جماعت آرہی ہے، جن کو یثرب کے بخار نے کمزور کردیا ہے (پس اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو اس بات کی اطلاع کردی) پس آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ تین چکروں میں اکڑ کر چلیں، اور یہ کہ دو رکنوں کے درمیان عام چال چلیں (دو رکنوں سے مراد رکن یمانی اور حجر اسود ہیں، وہاں سے قریش کے لوگوں کو صحابہ نظر نہیں آرہے تھے اس لئے کہ وہ قُعَیْقِعان پہاڑ پر تھے) اور نہیں روکا نبی ﷺ کو کہ حکم دیں آپؐ ان کو کہ اکڑ کر چلیں وہ سبھی چکروں میں مگر مہربانی نے ان پر، یعنی ساتوں چکروں میں رمل کرنا صحابہ کے لئے مشکل تھا اس لئے شروع کے تین چکروں میں رمل کا حکم دیا۔

دوسری سند سے اسی روایت میں ہے کہ جب نبی ﷺ مکہ آئے اپنے اس سال میں جس میں آپؐ نے امن لیا تھا تو آپؐ نے فرمایا: اکڑ کر چلو تا کہ مشرکین صحابہ کی قوت دیکھیں اور مشرکین قُعَیْقِعان پہاڑ کی طرف تھے۔

اور تیسری سند سے ابن عباس رضی اللہ عنہما ہی سے مروی ہے کہ نبی ﷺ بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے دوڑے اور صفا و مروہ کے درمیان (دوہرے نشانوں کے درمیان) بھی دوڑے تا کہ آپؐ مشرکین کو اپنی قوت دکھلائیں۔

تشریح: جب آنحضور ﷺ عمرة القضاء کے لئے مکہ تشریف لائے تو مشرکین مسلمانوں کا طواف اور سعی دیکھنے کے لئے جبل قُعَیْقِعان پر جمع ہوگئے تھے، کیونکہ ان کو خبر پہنچی تھی کہ مدینہ کے بخار نے مسلمانوں کو کمزور کردیا ہے، آنحضور ﷺ کو جب اس کا علم ہوا تو آپؐ نے صحابہ کو طواف میں رمل کرنے کا حکم دیا، جب مشرکین نے مسلمانوں کو اکڑ کر طواف کرتے دیکھا تو وہ دنگ رہ گئے اور یہ کہہ کر چل دیئے: کون کہتا ہے: مسلمان کمزور ہوگئے ہیں؟ پھر جب آپؐ سعی کے لئے صفا پر تشریف لے گئے تو کچھ اور مشرکین جنھوں نے طواف کا منظر نہیں دیکھا تھا اسی پہاڑ پر آبیٹھے، وہاں سے دوہرے نشانوں کے درمیان کا حصہ نظر آتا تھا، چنانچہ آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ اس حصہ میں دوڑیں جب کفار نے مسلمانوں کو اس حصہ میں دوڑتے دیکھا تو وہ یہ سمجھے کہ مسلمان صفا و مروہ کے درمیان پورا چکر دوڑتے ہوئے سعی کررہے ہیں، پس وہ حیران رہ گئے، کیونکہ صفا مروہ کے درمیان لمبا فاصلہ ہے، حالانکہ دوڑنا دوہرے نشانوں کے درمیان تھا، پھر جب آنحضور ﷺ حجۃ الوداع کے لئے تشریف لائے تو آپؐ نے طواف میں رمل بھی کیا اور آپؐ دوہرے نشانوں کے درمیان دوڑے بھی، جبکہ مکہ میں کوئی مشرک نہیں تھا، پس اب یہ دونوں عمل مناسک میں داخل ہیں۔

[٤٢٥٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: تَزَوَّجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، وَبَنَى بِهَا وَهُوَ حَلَالٌ، وَمَا تَتْ بِسَرِفَ. [راجع: ١٨٣٧]

[٤٢٥٩-] وَزَادَ ابْنُ إِسْحَاقَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ، وَأَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَمُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: تَزَوَّجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَيْمُوْنَةَ فِي عُمْرَةِ الْقَضَاءِ. [راجع: ١٨٣٧]

محرم کا نکاح

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا درانحالیکہ آپؐ احرام میں تھے، اور رخصتی عمل میں آئی درانحالیکہ آپؐ نے احرام کھول لیا تھا، اور حضرت میمونہؓ کا انتقال سرف میں ہوا، اور دوسری حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ کا حضرت میمونہؓ سے نکاح عمرۂ قضاء میں ہوا۔

تشریح: جب نبی ﷺ نے عمرۂ قضاء کا ارادہ فرمایا تو ایک مقصد کے تحت مکہ میں شادی کرنے کا ارادہ کیا، آپؐ نے حضرت ابورافع اور حضرت اوس بن خولی رضی اللہ عنہما کو نکاح کا پیغام دے کر حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس (جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خالہ ہیں) مکہ بھیجا، حضرت میمونہؓ بیوہ ہوگئی تھیں، اور وہ مکہ میں مقیم تھیں، جب حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس پیغام پہنچا تو انھوں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو نکاح کا وکیل بنایا جو ان کے بہنوئی تھے، حضرت میمونہؓ کے اولیاء اس وقت سفر میں تھے، جب نبی ﷺ مکہ کے قریب پہنچے تو خاندان کے لوگ استقبال کے لئے مکہ سے باہر مقام سرف تک نکلے، جو مکہ سے تقریباً دس میل کے فاصلہ پر ہے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے یہاں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا آپؐ سے نکاح کردیا، مگر اس بات کا علم چند ہی حضرات کو ہوا، آپؐ ذوالحلیفہ سے احرام باندھ کر آئے تھے، بخاری شریف (حدیث ۱۶۹۴) میں اس کی صراحت ہے، مکہ پہنچ کر آپؐ نے عمرہ ادا کیا اور احرام کھول دیا، پھر کفار کے پاس پیغام بھیجا کہ میں نے مکہ میں شادی کی ہے اور میں سب کو ولیمہ کھلانا چاہتا ہوں، اور آپ لوگ معاہدہ کی رو سے تین دن مکہ میں نہیں آسکتے، پس مجھے ایک دن زائد مکہ میں رہنے کی اجازت دو اور سب مکہ میں آکر میرا ولیمہ کھاؤ، پھر میں چلا جاؤں گا، مگر انھوں نے دعوت قبول نہیں کی، اور جواب دیا: ہمیں دعوت نہیں کھانی آپؐ معاہدہ کے مطابق تین دن میں مکہ خالی کردیں اس وقت لوگوں کو پتہ چلا کہ آپؐ نے یہاں نکاح کیا ہے۔

اور آپؐ کے ذہن میں پلان یہ تھا کہ جب کفار آئیں گے تو چونکہ صحابہ اور وہ سب رشتہ دار ہیں اس لئے ایک دوسرے سے ملیں گے اور ان کو دین کی دعوت دیں گے، ممکن ہے اللہ تعالیٰ ان میں سے بہت سوں کو ہدایت دیدیں، مگر جب کفار نے

دعوت قبول کرنے سے انکار کردیا تو سارا پلان فیل ہوگیا، چنانچہ آپؐ مکہ میں تین دن گذار کر مدینہ کے لئے روانہ ہوگئے اور حضرت میمونہؓ کو ساتھ لے لیا، پہلا پڑاؤ مقام سرف میں ہوا، وہیں زفاف ہوا، پھر نبی ﷺ کے وصال کے بعد ایک مرتبہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا عمرہ کی غرض سے مکہ آئیں، واپسی میں سرف میں پڑاؤ کیا اور وہیں ان کا انتقال ہوا، اور جس جگہ نبی ﷺ کا خیمہ تھا اور آپؐ نے زفاف فرمایا تھا اسی جگہ دفن ہوئیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حجازی اور عراقی مکاتب فکر میں اختلاف ہے کہ احرام کی حالت میں اپنا نکاح پڑھنا یا قاضی بن کر دوسرے کا نکاح پڑھانا جائز ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک احرام میں یہ کام مکروہ ہیں، لیکن نکاح صحیح ہوجائے گا، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نکاح باطل اور کالعدم ہے، اور اس مسئلہ میں دو روایتیں ہیں: قولی اور فعلی، قولی روایت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ہے کہ محرم نہ اپنا نکاح پڑھے اور نہ دوسرے کا نکاح پڑھائے، اور فعلی روایت میں اختلاف ہے، حضرت ابن عباسؓ کی روایت یہ ہے کہ جب نبی ﷺ نے حضرت میمونہؓ سے نکاح کیا تو آپؐ احرام میں تھے اور ابو رافع اور یزید بن الاصم رضی اللہ عنہما (یہ بھی حضرت میمونہؓ کے بھانجے ہیں) اور خود حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی روایتوں کا مضمون یہ ہے کہ نبی ﷺ سے ان کا نکاح حلال ہونے کی حالت میں ہوا، ائمہ ثلاثہ نے ان روایتوں کو اور قولی روایت کو لیا ہے اور حنفیہ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس کی حدیث پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے، کیونکہ وہ روایت اصح مافی الباب ہے اور حضرت عثمانؓ کی روایت لَایَنْکِحُ الْمُحرِمُ وَلَا یُنْکِحُ غیرَہ میں لانفی کمال کا ہے یعنی نکاح تو ہوجائے گا مگر یہ فعل زیبا نہیں، اور ممانعت سدّ ذرائع کے طور پر ہے (تفصیل تحفۃ القاری ۴:۵۳۲ اور تحفۃ الالمعی ۳:۲۳۶ میں ہے)

(عمرۃ القضاء کا بیان پورا ہوا)



غزوۂ موتہ

جمادی الاولیٰ سنہ ۸ ہجری

موتہ (میم کا پیش اور واؤ ساکن) اردن میں بلقاء کے قریب ایک مقام کا نام ہے، جہاں سے بیت المقدس دو مرحلہ رہ جاتا ہے، اُس جگہ یہ معرکہ پیش آیا ہے اس لئے غزوۂ موتہ کہلاتا ہے۔

معرکہ کا سبب: رسول اللہ ﷺ نے جب سلاطین و امراء کے نام دعوت اسلام کے خطوط روانہ کئے تو حارث بن عُمیر ازدی رضی اللہ عنہ کو خط دے کر حاکم بُصری شرحبیل بن عمرو غسّانی کے پاس روانہ کیا، شرحبیل قیصر روم کی طرف سے بلقاء کا گورنر تھا، اس نے قاصد کو گرفتار کیا اور مضبوط باندھ کر گردن ماردی، سفیروں اور قاصدوں کا قتل نہایت سنگین جرم تھا، جو اعلانِ جنگ کے مترادف سمجھا جاتا تھا، جب نبی ﷺ کو اس واقعہ کی اطلاع ملی تو یہ بات آپؐ پر سخت گراں گذری اور آپؐ نے اس علاقہ پر فوج کشی کے لئے تین ہزار کا لشکر تیار کیا، اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا، اور فرمایا: اگر زیدؓ شہید ہوجائیں تو جعفرؓ اور وہ بھی شہید ہوجائیں تو عبداللہ بن رواحہؓ امیر ہوں، اور وہ بھی شہید ہوجائیں تو مسلمان جس کو چاہیں امیر مقرر کرلیں، اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کو ایک سفید جھنڈا عنایت فرمایا اور نبی ﷺ نے ثنیۃ الوداع تک لشکر کی مشایعت فرمائی اور حکم دیا کہ پہلے اس مقام پر جانا جہاں حارث بن عمیر رضی اللہ عنہ شہید ہوئے ہیں، اور ان لوگوں کو اسلام کی دعوت دینا، اگر وہ دعوت قبول کرلیں تو ٹھیک ہے ورنہ اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کر کے جہاد شروع کرنا، اور بدعہدی نہ کرنا، خیانت نہ کرنا، بچے، عورت، بہت بوڑھے اور گرجوں میں رہنے والے تارک الدنیا لوگوں کو قتل نہ کرنا، اور کھجور اور کوئی اور درخت نہ کاٹنا اور کسی عمارت کو منہدم نہ کرنا۔

ادھر شُرحبیل کو جب اس لشکر کی روانگی کا علم ہوا تو اس نے مقابلہ کے لئے ایک لاکھ آدمیوں سے زیادہ لشکر جمع کیا اور اس کی مدد کے لئے شاہِ روم ہرقل خود ایک لاکھ فوج لے کر مقام بلقاء میں پہنچ گیا، معان مقام میں پہنچ کر مسلمانوں کو اس کا علم ہوا کہ دولاکھ سے زیادہ سپاہیوں کا لشکر مقابلہ کے لئے مقام بلقاء میں جمع ہے، مسلمانوں نے معان میں دو دن ٹھہر کر مشورہ کیا کہ اب کیا جائے؟ ایک رائے یہ ہوئی کہ رسول اللہ ﷺ کو اطلاع دی جائے اور امداد کا انتظار کیا جائے، مگر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے میری قوم! خدا کی قسم! جس بات کو تم ناپسند کررہے ہو وہ شہادت ہے، جس کی تلاش میں تم نکلے ہو، اور ہم کافروں سے قوت اور کثرت کی وجہ سے نہیں لڑتے، ہمارا لڑنا محض دین اسلام کی وجہ سے ہے، جس سے اللہ

نے ہم کو عزت بخشی ہے، پس اٹھو اور چلو دو بھلائیوں میں سے ایک بھلائی ضرور حاصل ہوگی، یا کفار پر غلبہ ملے گا یا شہادت! لوگوں نے کہا: بخدا! ابن رواحہؓ نے سچ کہا، پس تین ہزار کی یہ جمعیت دو لاکھ لشکر جرار کے مقابلہ کے لئے موتہ کی طرف روانہ ہوئی، میدان کارزار میں حضرت زید رضی اللہ عنہ اسلام کا پرچم لے کر آگے بڑھے اور لڑتے لڑتے شہید ہوگئے، ان کے بعد حضرت جعفر رضی اللہ عنہ علم ہاتھ میں لے کر آگے بڑھے اور وہ بھی شہادت سے ہمکنار ہوگئے، پھر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے علم ہاتھ میں لیا، پہلے ذرا ہچکچائے پھر تلوار لے کر آگے بڑھے، یہاں تک کہ شہید ہوگئے، ان کے بعد ثابت بن ارقم رضی اللہ عنہ نے پرچم اٹھایا اور مسلمانوں سے کہا: اپنے میں سے کسی کو امیر بناؤ، لوگوں نے کہا: آپ ہی ہمارے امیر ہیں، ثابتؓ نے کہا: یہ کام میرے بس کا نہیں، یہ کہہ کر جھنڈا خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو پکڑا دیا اور کہا کہ آپؓ جنگ کے ماہر ہیں، حضرت خالدؓ نے امارت قبول کرنے میں کچھ تأمل کیا، لیکن تمام مسلمانوں نے اصرار کیا تو انھوں نے امارت قبول کرلی، وہ پرچم لے کر آگے بڑھے اور نہایت شجاعت اور مردانگی سے دشمنوں کا مقابلہ کیا، لڑتے لڑتے نو تلواریں ان کے ہاتھ سے ٹوٹ گئیں، آخر میں ایک چوڑی یمنی تلوار بچ گئی، دوسرے دن حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے لشکر کی ترتیب بدل دی، مقدمۃ الجیش کو پچھلا حصہ اور پچھلے حصہ کو اگلا حصہ کردیا اور میمنہ اور میسرہ کو بھی بدل دیا اور کچھ لوگوں کو دور بھیج دیا کہ وہ جنگ شروع ہونے کے بعد نعرے لگاتے ہوئے آئیں، دوسرے دن جب دشمن کے لشکر نے یہ بدلی ہوئی ہیئت دیکھی تو وہ مرعوب ہوگئے وہ یہ سمجھے کہ کمک آگئی، چنانچہ جب حضرت خالدؓ نے دوسرے دن رومیوں پر حملہ کیا تو انہیں شکست فاش دی اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح نصیب فرمائی، رومیوں کی پسپائی کے بعد حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے تعاقب مناسب نہیں سمجھا، اور اپنی قلیل جماعت کو لے کر مدینہ واپس آگئے، اس غزوہ میں بارہ مسلمان شہید ہوئے اور رومیوں کے مقتولین کی تعداد معلوم نہیں۔

جب موتہ میں جنگ ہو رہی تھی تو اللہ تعالیٰ نے درمیان کے فاصلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ختم کردیئے، آپؐ کے لئے میدانِ کارزار منکشف کردیا، آپؐ مدینہ میں منبر نبوی پر بیٹھ کر جنگ کا آنکھوں دیکھا حال سنا رہے تھے، اور زار و قطار رو رہے تھے، وہ تین امراء جو مقرر کئے گئے تھے جب شہید ہوگئے تو آپؐ نے فرمایا: اب اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار نے اسلام کا جھنڈا لیا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح دی۔

اس معرکہ سے مسلمانوں کی ساکھ اور شہرت میں بڑا اضافہ ہوا، سارے عرب انگشت بدنداں رہ گئے، رومی اس زمانہ کے سپر پاور تھے، عرب سمجھتے تھے کہ ان سے ٹکرانا خودکشی کے مترادف ہے، دو لاکھ کے لشکر سے ٹکرا کر کوئی قابل ذکر نقصان اٹھائے بغیر واپس آجانا کسی طرح عجوبۂ روزگار سے کم نہ تھا، چنانچہ عرب کے جو ضدی قبائل تھے جو مسلمانوں سے مسلسل برسر پیکار رہتے تھے اس معرکہ کے بعد اسلام کی طرف مائل ہوگئے، بنو سُلیم، اشجع، غطفان، ذبیان اور فزارہ وغیرہ قبائل نے اسلام قبول کرلیا اور اسی معرکہ سے رومیوں کے ساتھ مہمات کی داغ بیل پڑگئی، جو آگے چل کر فتوحات اور دور دراز علاقوں پر مسلمانوں کے اقتدار کا پیش خیمہ ثابت ہوئی۔

[٤٥-] بَابُ غَزْوَةِ مُوْتَةَ مِنْ أَرْضِ الشَّامِ

[٤٢٦٠-] حدثنا أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ أَبِيْ هِلاَلٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ وَقَفَ عَلٰى جَعْفَرٍ يَوْمَئِذٍ وَهُوَ قَتِيْلٌ، فَعَدَدْتُ بِهِ خَمْسِيْنَ بَيْنَ طَعْنَةٍ وَضَرْبَةٍ، لَيْسَ مِنْهَا شَيْئٌ فِيْ دُبُرِهِ.[انظر: ٤٢٦١]

[٤٢٦١-] أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَمَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فِيْ غَزْوَةِ مُوْتَةَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " إِنْ قُتِلَ زَيْدٌ فَجَعْفَرٌ، وَإِنْ قُتِلَ جَعْفَرٌ فَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ" قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كُنْتُ فِيْهِمْ فِيْ تِلْكَ الْغَزْوَةِ فَالْتَمَسْنَا جَعْفَرَ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ فَوَجَدْنَاهُ فِي الْقَتْلٰى، وَوَجَدْنَا مَا فِيْ جَسَدِهِ بِضْعًا وَتِسْعِيْنَ مِنْ طَعْنَةٍ وَرَمْيَةٍ.[راجع: ٤٢٦٠]

۱-حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی جاں بازی

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ جب لڑتے لڑتے شہید ہوگئے تو حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے پرچم سنبھالا اور آگے بڑھے، جب دشمنوں نے ہر طرف سے گھیر لیا اور گھوڑا زخمی ہوگیا تو گھوڑے سے اترے اور اس کی کوچیں کاٹ دیں اور سینہ سپر ہوکر اللہ کے دشمنوں سے لڑنا شروع کیا، لڑتے جاتے تھے اور یہ رجز پڑھتے جاتے تھے:

يَا حَبَّذَا الْجَنَّةُ وَاقْتِرَابُهَا ❁ طَيِّبَةً وَبَارِدًا شَرَابُهَا

کیا کہنے جنت کے اور اس کی نزدیکی کے! ❁ پاکیزہ ہے اور اس کا پانی ٹھنڈا ہے

وَالرُّوْمُ رُوْمٌ قَدْ دَنَا عَذَابُهَا ❁ كَافِرَةٌ وَبَعِيْدَةٌ أَنْسَابُهَا

رومی رومی ہیں ان کا عذاب قریب آگیا ❁ کافر ہیں اور ان کا نسب بہت دور ہے

(ہمارے ساتھ ان کی کوئی قرابت نہیں)

عَلَيَّ إِذْ لاَقَيْتُهَا ضِرَابُهَا

میرے ذمہ ان کو مارنا ہے جب ان سے مقابلہ ہو

لڑتے لڑتے جب دایاں ہاتھ کٹ گیا تو پرچم بائیں ہاتھ میں لے لیا، جب بایاں ہاتھ بھی کٹ گیا تو جھنڈا گود میں لے لیا، یہاں تک کہ شہید ہوگئے، اللہ تعالیٰ نے دو ہاتھوں کے عوض ان کو دو بازو عنایت فرمائے جن سے جنت میں فرشتوں کے ساتھ اڑتے پھرتے ہیں اسی لئے ان کا لقب جعفر طیارؓ (اڑنے والا) اور جعفر ذُو الْجَنَاحَيْن (دو بازوؤں والا) پڑ گیا۔

پہلی روایت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ میں نے جنگ موتہ کے دن حضرت جعفرؓ کے پاس جبکہ وہ

شہید ہو چکے تھے کھڑے ہو کر ان کے جسم پر نیزے اور تلوار کے پچاس زخم شمار کئے ان میں سے کوئی زخم پیچھے نہیں لگا تھا۔

دوسری روایت: ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں اس غزوہ میں مسلمانوں کے ساتھ تھا، ہم نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کو تلاش کیا تو انہیں مقتولین میں پایا اور ان کے جسم میں نیزے اور تیر کے نوے سے زیادہ زخم پائے (یہ سب زخم ان کے جسم کے اگلے حصہ میں لگے تھے)

باب کا ترجمہ: موتہ مقام میں جہاد، جو سرزمین شام میں (بلقاء کے قریب) ایک جگہ ہے.......... طَعْنَۃٌ: نیزے کے زخم.......... ضَرْبَۃ: تلوار کے زخم.......... رَمْیَۃ: تیر کے زخم.......... دُبُر: پیٹھ، یعنی کوئی زخم پیٹھ پھیرتے ہوئے نہیں کھایا، ہر زخم آگے بڑھتے ہوئے لگا۔

سوال: دونوں روایتوں میں عدد میں اختلاف ہے، پہلی روایت میں پچاس کا عدد ہے اور دوسری روایت میں نوے سے زیادہ کا؟

جواب: جب عدد میں اختلاف ہوتا ہے تو بڑا عدد لیا جاتا ہے یا یہ کہا جائے کہ پہلی حدیث میں رَمْیَۃٌ: تیر کے زخموں کو شمار نہیں کیا، جب ان کو بھی شمار کیا تو زخم نوے سے زیادہ ہو گئے۔

۲- نبی ﷺ کے لئے میدانِ جنگ منکشف کیا گیا

جس طرح الہام انبیاء کو بھی ہوتا ہے اور اولیاء کو بھی، اسی طرح کشف انبیاء کو بھی ہوتا ہے اور اولیاء کو بھی، اور کشف حقیقت میں الہام ہی کی صورت ہے، پھر انبیاء کا کشف والہام تو قطعی ہوتا ہے، البتہ تشریع کے مقصد سے کبھی خطا ہو جائے تو الگ بات ہے، کیونکہ کشف والہام: اجتہاد کی ایک صورت ہیں اور اجتہاد میں انبیاء سے تشریع (قانون سازی) کے مقصد سے کبھی چوک ہو جاتی ہے اور مجتہدین کے اجتہاد میں اور اولیاء کے کشف والہام میں اس کا امکان ہوتا ہے، اسی لئے انبیاء کا اجتہاد اور کشف والہام حجت ہیں اور اولیاء کا کشف والہام حجت شرعیہ نہیں۔

ایک واقعہ: حضرت نانوتوی قدس سرہ سے ان کے خادم نے پوچھا: انبیاء کا کشف بالکل صحیح ہوتا ہے اور اولیاء کا کشف کچھ آگے پیچھے ہو جاتا ہے، اس کی کیا وجہ ہے؟ حضرت رحمہ اللہ کسی جگہ جا رہے تھے، سامنے جیل تھی، حضرتؒ نے پوچھا: بتاؤ جیل کتنے فاصلے پر ہے؟ خادم نے کہا: کوئی دوسو قدم ہوگی، حضرت نے پوچھا: یہ یقینی بات ہے، یا اس میں کچھ کمی زیادتی ہوسکتی ہے؟ خادم نے کہا: اس میں کمی زیادتی ہوسکتی ہے، پھر حضرت چلتے رہے، جب جیل چار قدم رہ گئی تو پھر پوچھا: اب جیل کتنی دور ہے؟ انھوں نے کہا: چار قدم، پوچھا: اس میں کچھ کمی زیادتی ہوسکتی ہے؟ کہنے لگا: نہیں، اب فاصلہ چار ہی قدم ہے، آپؒ نے فرمایا: کشفِ نبوت اور کشفِ ولایت میں یہی فرق ہے، نبی بہت قریب سے دیکھتا ہے اس لئے وہ بالکل صحیح ہوتا ہے اور ولی کچھ فاصلہ سے دیکھتا ہے اس لئے اندازے میں کمی بیشی ہو جاتی ہے۔

[٤٢٦٢-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ وَاقِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هَلَالٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَعَى زَيْدًا وَجَعْفَرًا وَابْنَ رَوَاحَةَ لِلنَّاسِ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَهُمْ خَبَرُهُمْ، فَقَالَ: "أَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَأُصِيْبَ، ثُمَّ أَخَذَ جَعْفَرٌ فَأُصِيْبَ. ثُمَّ أَخَذَ ابْنُ رَوَاحَةَ فَأُصِيْبَ، وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ، حَتَّى أَخَذَ الرَّايَةَ سَيْفٌ مِنْ سُيُوْفِ اللّٰهِ حَتَّى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ" [راجع: ١٢٤٦]

ترجمہ: حضرت انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے لوگوں کو حضرات زید، جعفر اور ابن رواحہ رضی اللہ عنہم کی موت کی خبر دی، اس سے پہلے کہ لوگوں کے پاس ان کی خبر آتی (محاذ جنگ سے خبر آتی) آپؐ نے فرمایا: جھنڈا زید بن حارثہؓ نے لیا، پس وہ شہید ہوگئے، پھر جعفرؓ نے لیا اور وہ بھی شہید ہوگئے پھر عبداللہ بن رواحہؓ نے لیا اور وہ بھی شہید ہوگئے (یہ تینوں باتیں آپؐ نے مسلسل نہیں فرمائیں، بلکہ وقفہ وقفہ سے فرمائیں، جب جب ان کی شہادت واقع ہوتی گئی خبر دی) اور جب آپؐ جنگ موتہ کے احوال سنا رہے تھے تو آپؐ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے، پھر پرچم اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار نے لیا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح نصیب فرمائی (پس بعض حضرات کا یہ کہنا کہ غزوہ موتہ میں مسلمانوں کو شکست ہوئی تھی: یہ بات اس حدیث کے خلاف ہے، اور اسی ارشاد کی وجہ سے حضرت خالدؓ کا لقب سیف اللہ (اللہ کی تلوار) پڑا)

نکتہ: حضرت خالد رضی اللہ عنہ کی بڑی آرزو تھی کہ وہ اللہ کے راستہ میں شہید ہوں مگر ان کی موت چارپائی پر آئی، دارالعلوم دیوبند کے پہلے صدر المدرسین حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی قدس سرہ نے فرمایا: جب وہ اللہ کی تلوار تھے تو کیسے شہید ہوتے! اللہ کی تلوار کہیں ٹوٹتی ہے؟ یہ عجیب نکتہ ہے۔

۳- سخت حادثہ میں حزن وملال کا اظہار

غزوۂ موتہ میں جب حضرات زید، جعفر اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے اور وحی سے اس کی اطلاع ملی (کشف بھی وحی کی ایک صورت ہے) تو آنحضور ﷺ مغموم ہوگئے، آپؐ نے مسجد نبوی میں منبر پر بیٹھ کر جنگ کے احوال سنائے، آنکھوں سے آنسو جاری تھے، پھر آپؐ ایک طرف بیٹھ گئے، اور حزن وملال آپؐ کے چہرے سے ہویدا تھا، معلوم ہوا کہ سخت صدمہ کے موقع پر رونا اور چہرے پر غم ظاہر کرنا جائز ہے، یہ فطری بات ہے، رقت قلبی کا نتیجہ اور امر محمود ہے، عمرانی زندگی میں باہمی الفت ومحبت اس پر موقوف ہے اور انسان کی سلامتی مزاج کا بھی یہی تقاضہ ہے، البتہ جزع فزع ممنوع ہے کیونکہ کبھی بے چینی کا ہیجان قضاء الٰہی پر عدم رضا کا سبب بن جاتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر راضی رہنا ضروری ہے (تحفۃ القاری ۴:۵۶)

[٤٢٦٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِي عَمْرَةُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ: لَمَّا جَاءَ قَتْلُ ابْنِ حَارِثَةَ وَجَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

رَوَاحَةَ جلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يُعْرَفُ فِيْهِ الْحُزْنُ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَأَنَا أَطَّلِعُ مِنْ صَايِرِ الْبَابِ، تَعْنِي مِنْ شَقِّ الْبَابِ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَذَكَرَ بُكَاءَ هُنَّ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَنْهَاهُنَّ، قَالَ: فَذَهَبَ الرَّجُلُ ثُمَّ أَتَى، فَقَالَ: قَدْ نَهَيْتُهُنَّ، وَذَكَرَ أَنَّهُ لَمْ يُطِعْنَهُ، قَالَ: فَأَمَرَ أَيْضًا فَذَهَبَ ثُمَّ أَتَى، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ غَلَبْنَنَا، فَزَعَمَتْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "فَاحْثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ مِنَ التُّرَابِ" قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: أَرْغَمَ اللّٰهُ أَنْفَكَ! فَوَ اللّٰهِ مَا أَنْتَ تَفْعَلُ، وَمَا تَرَكْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مِنَ الْعَنَاءِ. [راجع: ١٢٩٩]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب نبی ﷺ کے پاس حضرات زید، جعفر اور عبداللہ رضی اللہ عنہم کی شہادت کی خبر آئی تو آپؐ (جنگ کے احوال سنا کر مسجد میں ایک طرف) بیٹھ گئے درانحالیکہ آپؐ کے چہرے سے غم کے آثار پہچانے جاتے تھے، صدیقہؓ کہتی ہیں: اور میں دروازہ کی جھری (ریخ) سے دیکھ رہی تھی، پس ایک شخص آیا اور اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! جعفرؓ کی عورتیں، راوی کہتا ہے: اور اس نے ان کے رونے کا تذکرہ کیا یعنی جعفرؓ کے گھر میں عورتیں رو رہی ہیں، نبی ﷺ نے اس کو حکم دیا کہ وہ ان کو منع کرے، چنانچہ وہ گیا، پھر دوسری مرتبہ آیا اور کہا: میں نے ان کو منع کیا اور اس نے یہ بھی ذکر کیا کہ وہ اس کی بات نہیں مانتیں! راوی کہتا ہے: پس آپؐ نے اس کو دوبارہ حکم دیا، وہ گیا، پھر تیسری مرتبہ آیا اور اس نے کہا: بخدا! وہ ہم پر غالب آگئیں، یعنی عورتیں بالکل نہیں مانتیں! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پس نبی ﷺ نے فرمایا: ان کے مونہوں میں مٹی ڈال، صدیقہؓ کہتی ہیں: میں نے کہا: اللہ تیری ناک خاک آلود کریں! بخدا! تو نہیں کر سکے گا جس کا تجھے اللہ کے رسول نے حکم دیا، اور تو رسول اللہ ﷺ کو پریشان کرنے سے باز بھی نہیں آیا۔

لغت: صَايِر (صاد اور الف کے بعد یا) الباب: دروازے کی ریخ، جھری، شگاف۔ شَقُّ الْبَابِ: (شین کا زبر اور زیر) تفسیر ہے، اصل لفظ الصِّيْر ہے، صَايِر: اس کے ہم معنی ہے (دیکھیں: تحفۃ القاری ۴:۵۷) .... اُحْثُ: (فعل امر) حَثَا فِي وَجْهِهِ التُّرَابَ: چہرے پر مٹی ڈالنا۔

سوال: عورتوں نے نبی ﷺ کا حکم کیوں نہیں مانا؟ اور رونے سے باز کیوں نہیں آئیں؟

جواب: منع کرنے والے نے شاید اپنی طرف سے منع کیا ہوگا، ممانعت کو نبی ﷺ کی طرف منسوب نہیں کیا ہوگا، اس لئے عورتوں نے اس کو نظر انداز کر دیا، یا وہ بدحال ہونگی اور غلبۂ حال میں جو کیا جاتا ہے اس پر مؤاخذہ نہیں ہوتا۔

مسئلہ: حادثہ سخت ہو اور کوئی زور سے روئے اور وہ رونا نوحہ ماتم تک نہ پہنچا ہوا ہو تو ایک وقت تک اغماض (چشم پوشی) کیا جا سکتا ہے، نبی ﷺ تین دن کے بعد حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے گھر گئے، بچوں کو بلایا، ان کے سروں پر ہاتھ پھیرا، بال بڑے ہو رہے تھے باربر کو بلا کر بال کٹوائے اور گھر والوں کو ہدایت دی کہ آج کے بعد میرے بھائی کو کوئی نہ روئے، معلوم ہوا کہ حادثہ سخت ہو اور پسماندگان کچھ آواز سے روئیں تو چشم پوشی کرنا مناسب ہے۔

۴-حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کا لقب ذوالجناحین

غزوہ موتہ میں حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے دونوں ہاتھ کٹ گئے تھے، اللہ تعالیٰ نے ان کے بدل ملکوتی خاصیت والے دو بازو عنایت فرمائے جن سے وہ جنت میں فرشتوں کے ساتھ اڑ کر جہاں چاہتے ہیں جاتے ہیں۔

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عبداللہ کو سلام کرتے تو کہتے: السلام علیك یا ابنَ ذی الجناحین: اے دو بازوؤں والے کے صاحبزادے! تمہیں سلام ہو!

[٤٢٦٤-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِیْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِیٍّ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ بْنِ أَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا حَیَّا ابْنَ جَعْفَرٍ قَالَ: السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ابْنَ ذِیْ الْجَنَاحَیْنِ. [راجع: ٣٧٠٩]

وضاحت: جناح کے معنی 'بازو' ہیں، 'پر' اس کے معنی نہیں، اور ہر مخلوق کا بازو اس کے حال کے مطابق ہوتا ہے، سورۃ الفاطر میں فرشتوں کے بازوؤں کا ذکر ہے: ﴿أُوْلِیْ أَجْنِحَةٍ مَثْنٰی وَثُلاَثَ وَرُبَاعَ﴾: جن کے دو دو، تین تین اور چار چار بازو ہیں، فرشتوں کے بازوؤں کی کیا نوعیت ہے؟ یہ ہم نہیں جانتے، اور انسان کے دو ہاتھ اس کے دو بازو ہیں، اور پرندوں کے دو پر ان کے دو بازو ہیں، پس ایسا سمجھنا کہ حضرت جعفرؓ کو پرندوں جیسے پر دیئے گئے ہونگے: صحیح نہیں، ہاں ان کے بازوؤں میں ملکوتی صفت ماننا ضروری ہے، کیونکہ تمام شہداء جنت میں جاتے ہیں، جنت کے پھل کھاتے ہیں مگر وہ فرشتوں کے ساتھ نہیں اڑتے، یہ خصوصیت حضرت جعفرؓ کی ہے، اس لئے ان ہی کو طَیَّار (اڑنے والا) کہا جاتا ہے۔

[٤٢٦٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَیْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ، عَنْ قَیْسِ بْنِ أَبِیْ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِیْدِ یَقُوْلُ: لَقَدِ انْقَطَعَتْ فِیْ یَدِیْ یَوْمَ مُوْتَةَ تِسْعَةُ أَسْیَافٍ، فَمَا بَقِیَ فِیْ یَدِیْ إِلَّا صَفِیْحَةٌ یَمَانِیَةٌ. [انظر: ٤٢٦٦]

[٤٢٦٦-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّی، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ قَیْسٌ، قَالَ: سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِیْدِ یَقُوْلُ: لَقَدْ دُقَّ فِیْ یَدِیْ یَوْمَ مُوْتَةَ تِسْعَةُ أَسْیَافٍ، وَصَبَرَتْ فِیْ یَدِیْ صَفِیْحَةٌ لِیْ یَمَانِیَةٌ. [راجع: ٤٢٦٥]

۵-غزوہ موتہ میں حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے نو تلواریں ٹوٹیں

حدیث: حضرت خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: غزوۂ موتہ میں میرے ہاتھ سے نو تلواریں ٹوٹ گئیں، اور میرے ہاتھ میں صرف ایک یمنی چوڑی تلوار رہ گئی۔

دوسری روایت میں بھی یہی مضمون ہے.........دُقَّ: فعل مجہول: توڑ دی گئی.........صَبَرَ: رہ گئی.........صَفِیْحَة:

چوڑی تلوار۔

وضاحت: مجاہدین کئی تلواریں لے کر جہاد میں شریک ہوتے ہیں، وہ سامان میں رکھی رہتی ہیں، ان میں سے ایک لے کر میدان میں اترتے ہیں، اگر خدانخواستہ وہ ٹوٹ جائے تو لوٹ کر سامان میں سے دوسری تلوار لے جاتے ہیں، غزوہ موتہ میں حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے پاس دس تلواریں تھیں، یکے بعد دیگرے وہ ٹوٹتی رہیں، آخر میں ایک یمنی چوڑی تلوار بچ گئی، آپؓ اسی سے لڑتے رہے، اس روایت سے معلوم ہوا کہ جنگ موتہ میں مسلمانوں نے کفار کو کثیر تعداد میں قتل کیا، جبکہ مسلمان صرف بارہ شہید ہوئے تھے۔

[٤٢٦٧-] حَدَّثَنِی عِمْرَانُ بْنُ مَیْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ، عَنْ حُصَیْنٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ، قَالَ: أُغْمِیَ عَلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ، فَجَعَلَتْ أُخْتُهُ عَمْرَةُ تَبْكِیْ: وَاجَبَلَاهْ! وَاكَذَا، وَاكَذَا، تُعَدِّدُ عَلَیْهِ، فَقَالَ حِیْنَ أَفَاقَ: مَا قُلْتِ شَیْئًا إِلَّا قِیْلَ لِیْ: آنْتَ كَذٰلِكَ؟[انظر: ٤٢٦٨]

[٤٢٦٨-] حدثنا قُتَیْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ، عَنْ حُصَیْنٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ، قَالَ: أُغْمِیَ عَلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ، بِهٰذَا، فَلَمَّا مَاتَ لَمْ تَبْكِ عَلَیْهِ.[راجع: ٤٢٦٧]

٦-حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہ کی شہادت پران کی بہن عمرہ نہیں روئیں

حضرت عمرة رضی اللہ عنہا نعمان بن بشیرؓ کی والدہ اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی بہن ہیں، ایک مرتبہ حضرت عبداللہؓ بیہوش ہوئے ان کی بہن عمرۃؓ نے رونا شروع کیا، اور کہنا شروع کیا: وَاجَبَلَاہ! ہائے پہاڑ! وَاكَذَا! ہائے ایسا! وَاكَذَا! ہائے ویسا! وہ حضرت عبداللہؓ کی خوبیاں شمار کررہی تھیں، پھر جب حضرت عبداللہؓ کو ہوش آیا تو انھوں نے کہا: نہیں کہی تم نے کوئی بات مگر مجھ سے کہا گیا: آنت كذلك؟ کیا تم ایسے تھے، یعنی فرشتوں نے ناراضگی اور خفگی کا اظہار کیا، اور ابو نُعیم کی روایت میں ہے فَنهاها عن البكاء عليه: حضرت عبداللہؓ نے بہن کو ان پر رونے سے منع کیا، اور یہاں حدیث کی دوسری سند میں ہے کہ جب حضرت عبداللہؓ غزوۂ موتہ میں شہید ہوئے تو ان کی بہن ان پر نہیں روئیں، کیونکہ انھوں نے رونے سے منع کردیا تھا۔

قوله: بهذا: أی بهذا الحديث المذكور قبله: اوپر جو حدیث آئی ہے اسی میں یہ اضافہ ہے۔

بَابُ بَعْثِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم أُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ إِلَی الْحُرُقَاتِ مِنْ جُهَیْنَةَ

نبی ﷺ نے جُہینہ کی شاخوں حُرقات کی طرف حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا

جُہینہ: قُضاعہ کی شاخ ہے، اور قُضاعہ: قحطانی قبائل میں سے ہے، پھر جہینہ کی شاخ حُرقہ ہے، یہ لقب ہے، اس شخص کا نام جُہیش بن عامر تھا، اس نے ایک جنگ میں بعض افراد کو جلایا تھا، اس لئے اس کا لقب حرقہ پڑ گیا، پھر حرقہ کے بطون ہیں

اس لئے حُرُقات جمع لائے۔

ان قبائل کی طرف نبی ﷺ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا: امیر لشکر بنا کر بھیجا، یا وہ فوج میں شامل تھے؟ امام بخاری رحمہ اللہ کا اسلوب اشارہ کرتا ہے کہ حضرت اسامہؓ امیر لشکر تھے، لیکن اہل مغازی اور اہل سیر کے نزدیک اس لشکر کے امیر غالب بن عبداللہ لیثی تھے، یہ غزوہ کب پیش آیا؟ امام بخاریؒ اس کو غزوہ موتہ کے بعد ذکر کر رہے ہیں اور غزوہ موتہ سن ۸ ہجری میں ہوا ہے، پس یہ سریہ بھی سن ۸ ہجری میں بھیجا گیا ہے، دوسرا قرینہ یہ ہے کہ حضرت زید بن حارثہؓ کی حیات میں نبی ﷺ نے ان کے بیٹے حضرت اسامہؓ کو کسی لشکر کا امیر نہیں بنایا، اور حضرت زید رضی اللہ عنہ جمادی الاولیٰ سن ۸ ہجری میں شہید ہوئے ہیں، پس امام بخاری کے نزدیک یہ سن ۸ ہجری کا واقعہ ہے۔

[٤٦-] بَابُ بَعْثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ إِلٰى الْحُرُقَاتِ مِنْ جُهَيْنَةَ

[٤٢٦٩-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْظَبْيَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، يَقُوْلُ: بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى الْحُرَقَةِ فَصَبَّحْنَا الْقَوْمَ فَهَزَمْنَاهُمْ، وَلَحِقْتُ أَنَا وَرَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ رَجُلاً مِنْهُمْ، فَلَمَّا غَشِيْنَاهُ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَكَفَّ الْأَنْصَارِيُّ، فَطَعَنْتُهُ بِرُمْحِي حَتَّى قَتَلْتُهُ، فَلَمَّا قَدِمْنَا بَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "يَا أُسَامَةُ! أَقَتَلْتَهُ بَعْدَ مَا قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ؟" قُلْتُ: كَانَ مُتَعَوِّذًا، فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا حَتَّى تَمَنَّيْتُ أَنِّيْ لَمْ أَكُنْ أَسْلَمْتُ قَبْلَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ. [انظر: ٦٨٧٢]

حدیث: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے حرقہ قبیلہ کی شاخوں کی طرف بھیجا، ہم نے ان پر صبح سویرے حملہ کیا، اور ان کو شکست دی، اور میں اور ایک انصاری حرقہ کے ایک آدمی سے جا ملے، جب ہم اس پر چھا گئے تو اس نے کہا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، پس انصاری نے اس سے ہاتھ روک لیا اور میں نے اس کو نیزے سے مارا، یہاں تک کہ اس کو قتل کر دیا، پس جب ہم واپس آئے اور نبی ﷺ کو یہ بات معلوم ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: اسامہ! کیا تم نے اس کو قتل کیا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰه کہنے کے بعد؟ میں نے عرض کیا: وہ بچاؤ کرنے والا تھا، یعنی اپنی جان بچانے کے لئے اس نے کلمہ پڑھا تھا، پس نبی ﷺ بار بار یہ فقرہ دوہراتے رہے، یہاں تک کہ میں نے تمنا کی کہ میں آج کے دن سے پہلے مسلمان نہ ہوا ہوتا تو اچھا تھا!

سوال: کفر کی تمنا کرنا کفر ہے، پس حضرت اسامہؓ نے آج سے پہلے کفر کی تمنا کیسے کی؟

جواب: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے کفر کی تمنا نہیں کی، بلکہ اپنی غلطی کی سنگینی کا اظہار کیا ہے کہ اگر میں آج ہی مسلمان ہوا ہوتا اور یہ گناہ مجھ سے حالتِ کفر میں ہوا ہوتا تو اسلام سے میرا یہ گناہ مٹ جاتا۔

[٤٢٧٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ ابْنَ الْأَكْوَعِ، يَقُوْلُ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم سَبْعَ غَزَوَاتٍ، وَخَرَجْتُ فِيْمَا يَبْعَثُ مِنَ الْبُعُوْثِ تِسْعَ غَزَوَاتٍ، مَرَّةً عَلَيْنَا أَبُوْ بَكْرٍ، وَمَرَّةً عَلَيْنَا أُسَامَةُ.[انظر: ٤٢٧١، ٤٢٧٢، ٤٢٧٣]

[٤٢٧١-] وَقَالَ عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا أَبِیْ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ، يَقُوْلُ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم سَبْعَ غَزَوَاتٍ، وَخَرَجْتُ فِيْمَا يَبْعَثُ مِنَ الْبَعْثِ تِسْعَ غَزَوَاتٍ، مَرَّةً عَلَيْنَا أَبُوْ بَكْرٍ وَمَرَّةً أُسَامَةُ.[راجع: ٤٢٧٠]

[٤٢٧٢-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ،قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم سَبْعَ غَزَوَاتٍ، وَغَزَوْتُ مَعَ ابْنِ حَارِثَةَ اسْتَعْمَلَهُ عَلَيْنَا.[راجع: ٤٢٧٠]

[٤٢٧٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، غَزَوْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم سَبْعَ غَزَوَاتٍ، فَذَكَرَ خَيْبَرَ وَالْحُدَيْبِيَةَ وَيَوْمَ حُنَيْنٍ وَيَوْمَ الْقَرَدِ، قَالَ يَزِيْدُ: وَنَسِيْتُ بَقِيَّتَهُمْ.[راجع: ٤٢٧٠]

نبی ﷺ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو مختلف سرایا میں امیر بنایا

حدیث: حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ سات غزوے (حدیبیہ، ذی قرد، خیبر، فتح مکہ، غزوۂ حنین، غزوۂ طائف اور غزوۂ تبوک) کئے ہیں، اور نو سرایا میں نکلا ہوں جو نبی ﷺ نے روانہ کئے ہیں، کبھی ہم پر امیر ابوبکر رضی اللہ عنہ ہوتے تھے اور کبھی ہم پر امیر اسامہ رضی اللہ عنہ ہوتے تھے۔

اور تیسری روایت میں مصری نسخہ میں سَبْع کی جگہ تِسْع ہے یعنی حضرت سلمہؓ نے نبی ﷺ کے ساتھ نو غزوے کئے ہیں، اس صورت میں حاشیہ میں غزوہ وادی القری اور عمرۂ قضاء کو گنا ہے۔ اور اس حدیث میں ہے کہ میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ کے لئے نکلا، امیر بنایا آپؐ نے ان کو ہم پر (مگر یہ کس سریہ کا ذکر ہے اس کی تعیین نہیں کی) اور آخری حدیث میں سات غزوات میں سے خیبر، حدیبیہ، حنین اور ذی قرد کا ذکر ہے، یزید کہتے ہیں: باقی میں بھول گیا (قاعدہ سے بَقِيَّتَهَا ہونا چاہئے، واحد مؤنث کی ضمیر کے ساتھ)

وضاحت: غزوہ وہ جنگ کہلاتی ہے جس میں نبی ﷺ نے شرکت فرمائی ہو اور سریہ اس لشکر کو کہتے ہیں جس میں آپؐ شریک نہ ہوئے ہوں، لیکن یہ متأخرین کی اصطلاح ہے، متقدمین کے نزدیک غزوہ کا اطلاق ہر جنگ پر ہوتا ہے، خواہ آپؐ اس میں شریک ہوئے ہوں یا نہ ہوئے ہوں، مذکورہ حدیثوں میں لفظ غزوہ عام معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔

(غزوۂ موتہ کا بیان پورا ہوا)

غزوہ فتحِ مکہ

فتح مکہ وہ سب سے بڑی فتح ہے جس کی تمہید صلح حدیبیہ تھی، جس کو سورۃ الفتح میں 'فتح مبین' کہا گیا ہے، نبی ﷺ دس رمضان المبارک سن ۸ ہجری کو مکہ کے لئے روانہ ہوئے، آپؐ کے ساتھ دس ہزار کا لشکر تھا، حضرت ام سلمہ اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہما ہم سفر تھیں، ۱۷ رمضان سن ۸ ہجری میں آپؐ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے، اس فتح کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے دین اسلام کو عزت بخشی، اور بیت اللہ کو مشرکین کے ناپاک ہاتھوں سے نجات دی۔

واقعات کا تسلسل:

۱- جب غزوۂ احزاب سے مشرکین ناکام ونامراد لوٹے تو نبی ﷺ نے فرمایا: الآنَ نَغْزُوْهُمْ وَلَا يَغْزُوْنَا، نَحْنُ نَسِيْرُ إِلَيْهِمْ: اب ہم ان پر چڑھائی کریں گے وہ ہم پر چڑھائی نہیں کرسکیں گے، اب ہم ان کی طرف چلیں گے (بخاری)

۲- پھر ذی قعدہ سن ۶ ہجری میں نبی ﷺ پندرہ سو صحابہ کے ساتھ عمرہ کے لئے نکلے، کفارِ مکہ سدّراہ ہوئے، پھر حدیبیہ میں مکہ والوں سے مصالحت ہوئی، اور طے پایا کہ فریقین دس سال تک جنگ بند رکھیں، کوئی کسی پر ہاتھ نہ اٹھائے، اور جو قبیلہ نبی ﷺ کے عہد و پیمان میں داخل ہونا چاہے: داخل ہوسکے گا اور جو قریش کے عہد و پیمان میں داخل ہونا چاہے: داخل ہوسکے گا اور حلیف قبائل اگر آپس میں لڑیں تو فریقین ان کا کوئی تعاون نہیں کریں گے، اگر تعاون کریں گے تو یہ عہد کی خلاف ورزی سمجھی جائے گی، چنانچہ بنو خزاعہ رسول اللہ ﷺ کے عہد و پیمان میں داخل ہوگئے، یہ لوگ عبد المطلب کے زمانہ سے بنو ہاشم کے حلیف تھے، اور بنو بکر قریش کے عہد و پیمان میں داخل ہوگئے۔

۳- ان قبائل میں زمانۂ جاہلیت سے عداوت چلی آرہی تھی، دونوں قبیلے وقتاً فوقتاً لڑتے رہتے تھے، مگر جب اسلام کا دور شروع ہوا تو دونوں قبیلوں کی توجہ اسلام کے خلاف ہوگئی، اور باہم جنگ بند ہوگئی، پھر جب حدیبیہ میں ناجنگ معاہدہ ہوگیا تو دونوں ایک دوسرے کے خلاف برسرِ پیکار ہوگئے۔ چنانچہ نوفل بن معاویہ نے بنو بکر کی ایک جماعت کو ساتھ لے کر شعبان سن ۸ ہجری میں بنو خزاعہ پر رات کی تاریکی میں حملہ کردیا، اس وقت بنو خزاعہ وتیر نامی چشمہ پر خیمہ زن تھے، بنو خزاعہ کے متعدد افراد مارے گئے، قریش نے اس حملہ میں ہتھیاروں سے بنو بکر کی مدد کی بلکہ ان کے کچھ آدمی بھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر لڑائی میں شریک ہوئے اور بنو خزاعہ کو کھدیڑ کر حرم تک پہنچا دیا۔

۴- اس واقعہ کے بعد عمرو بن سالم خُزاعی چالیس آدمیوں کا وفد لے کر مدینہ آیا، نبی ﷺ اس وقت مسجد میں صحابہ کرام

کے ساتھ تشریف فرما تھے، وفد رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑا ہو گیا، اور عمرو نے اپنا قصیدہ پڑھا جس کے چند اشعار یہ ہیں:

إِنَّ قُرَيْشًا أَخْلَفُوْكَ الْمَوْعِدَا ۞ وَنَقَضُوْا مِيْثَاقَكَ الْمُؤَكَّدَا

قریش نے آپؐ کے ساتھ وعدہ خلافی کی ہے ۞ اور آپؐ کے پختہ عہد و پیمان کو توڑ ڈالا ہے

هُمْ بَيَّتُوْنَا بِالْوَتِيْرِ هُجَّدَا ۞ وَقَتَلُوْنَا رُكَّعًا وَسُجَّدَا

انھوں نے وتیر چشمہ پر سوتے ہوئے ہم لوگوں پر شب خون مارا ÷ اور رکوع وسجود کی حالت میں ہمیں قتل کیا (ان میں سے بعض مسلمان تھے، عمرو خود مسلمان نہیں تھا)

فَانْصُرْ أَيَّدَكَ اللّٰهُ نَصْرًا اعْتَدَا ۞ وَادْعُ عِبَادَ اللّٰهِ يَأْتُوْنَا مَدَدًا

آپؐ ہماری فوری مدد کریں، اللہ تعالیٰ آپؐ کی تائید کریں ÷ اور اللہ کے خاص بندوں (صحابہ) کو حکم دیں کہ ہماری مدد کو پہنچیں۔

نبی ﷺ نے عمرو کی درد بھری شکایت سن کر فرمایا: اے عمرو! تیری مدد کی جائے گی اور دریافت فرمایا کہ سب بنی بکر حملہ میں شریک تھے؟ عمرو نے کہا: نہیں، صرف بنونفاثہ اور ان کا سردار نوفل حملہ آور ہوا تھا۔

۵- اس کے بعد نبی ﷺ نے ایک قاصد قریش کے پاس روانہ کیا کہ تین باتوں میں سے ایک بات اختیار کرو: (۱) یا تو مقتولین خزاعہ کی دیت دو۔ (۲) یا بنونفاثہ سے عہد و پیمان توڑ لو۔ (۳) یا معاہدہ حدیبیہ کے فسخ کا اعلان کر دو۔

قاصد نے جب پیغام پہنچایا تو قریش نے جواب دیا: ہم نہ مقتولین کی دیت دیں گے نہ بنونفاثہ سے تعلقات توڑیں گے، ہاں ہم معاہدہ حدیبیہ کے فسخ پر راضی ہیں، قاصد جواب لے کر لوٹ گیا تو قریش کو ندامت ہوئی، چنانچہ انھوں نے فوراً ابوسفیان کو تجدید عہد کے لئے روانہ کیا۔

۶- ادھر رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کو بتایا کہ قریش اپنی عہد شکنی کے بعد کیا کرنے والے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: گویا میں ابوسفیان کو دیکھ رہا ہوں: وہ عہد کو پختہ کرنے کے لئے اور مدت صلح بڑھانے کے لئے آ گیا ہے، پھر ابوسفیان جب مدینہ پہنچا تو اپنی لڑکی ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے گھر مہمان بنا، اس نے رسول اللہ ﷺ کے بستر پر بیٹھنا چاہا، حضرت ام حبیبہؓ نے بستر لپیٹ دیا، ابوسفیان نے کہا: بیٹی! تم نے اس بستر کو میرے لائق نہیں سمجھا یا مجھے اس بستر کے لائق نہیں سمجھا؟ انھوں نے کہا: یہ رسول اللہ ﷺ کا بستر ہے اور آپ ناپاک مشرک آدمی ہیں، ابوسفیان بولا: خدا کی قسم! میرے بعد تمھیں شر پہنچا ہے یعنی تم بگڑ گئی ہو، پھر ابوسفیان وہاں سے نکل کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ سے گفتگو کی، آپؐ نے کوئی جواب نہیں دیا، اس کے بعد وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا ان سے کہا: آپؓ رسول اللہ ﷺ سے گفتگو کریں، انھوں نے کہا: میں ایسا نہیں کر سکتا، پھر وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور ان سے بات کی، انھوں نے کہا: کیا میں تم لوگوں کے لئے رسول اللہ ﷺ سے سفارش کروں؟ خدا کی قسم! اگر مجھے لکڑی کے ٹکڑے کے سوا کچھ دستیاب نہ ہو تو میں اسی کے ذریعہ تم لوگوں سے جہاد کرونگا! اس کے بعد وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، وہاں حضرت

فاطمہ اور حضرت حسن رضی اللہ عنہما بھی موجود تھے، ابوسفیان نے کہا: علی! میرے ساتھ تمہارا گہرا نسبی تعلق ہے میں ایک ضرورت کے لئے آیا ہوں، ایسا نہ ہو کہ میں نامراد واپس ہو جاؤں، تم میرے لئے محمد (ﷺ) سے سفارش کرو، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ابوسفیان! تجھ پر افسوس! رسول اللہ ﷺ نے ایک بات کا عزم کرلیا ہے ہم اس بارے میں آپؐ سے کوئی بات نہیں کر سکتے، پھر وہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی طرف متوجہ ہوا اور کہا: کیا آپ ایسا کر سکتی ہیں کہ اپنے اس بیٹے کو حکم دیں کہ وہ لوگوں کے درمیان تجدید عہد کا اعلان کر کے ہمیشہ کے لئے عرب کا سردار بن جائے؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میرا یہ بیٹا ابھی پناہ دینے کے قابل نہیں، اور رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں کوئی پناہ دے بھی نہیں سکتا، ابو سفیان نے مایوس ہو کر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: ابوالحسن! میں دیکھ رہا ہوں، معاملات سنگین ہو گئے ہیں، مجھے کوئی راستہ بتاؤ، حضرت علیؓ نے کہا: میں تیرے لئے کوئی کارآمد چیز نہیں پاتا، البتہ تم بنوکنانہ کے سردار ہو، نماز کے بعد لوگوں کے درمیان کھڑے ہو کر تجدید عہد کا اعلان کردو، پھر اپنی سرزمین میں واپس چلے جاؤ، ابوسفیان نے کہا: کیا ایسا کرنا میرے لئے کچھ کار آمد ہوگا؟ حضرت علیؓ نے کہا: کارآمد تو نہیں ہوگا، مگر اس کے علاوہ کوئی چارہ بھی تو نہیں، چنانچہ ابوسفیان نے نماز کے بعد مسجد میں کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ لوگو! میں معاہدۂ حدیبیہ کی تجدید کا اعلان کرتا ہوں، پھر وہ اپنے اونٹ پر بیٹھ کر مکہ روانہ ہو گیا۔

جب مکہ پہنچا تو قریش نے پوچھا: پیچھے کی کیا خبر ہے؟ ابوسفیان نے کہا: میں محمد (ﷺ) کے پاس گیا، بات کی انھوں نے کوئی جواب نہیں دیا، پھر ابوقحافہ کے بیٹے کے پاس گیا، اس کے اندر میں نے کوئی بھلائی نہیں پائی، اس کے بعد عمر بن الخطابؓ کے پاس گیا، اسے سب سے کٹر دشمن پایا، پھر علیؓ کے پاس گیا، اسے سب سے نرم پایا، اس نے مجھے ایک رائے دی اور میں نے اس پر عمل کیا، معلوم نہیں وہ کارآمد ہوگی یا نہیں؟ لوگوں نے پوچھا: کیا رائے دی؟ ابوسفیان نے کہا: یہ رائے دی کہ میں لوگوں کے درمیان تجدید عہد کا اعلان کردوں اور میں نے ایسا ہی کردیا، قریش نے پوچھا: پس کیا محمد (ﷺ) نے اسے منظور کیا؟ ابوسفیان نے کہا: نہیں، لوگوں نے کہا: تیرے لئے تباہی ہو! علیؓ نے تیرے ساتھ مذاق کیا، ابوسفیان نے کہا: خدا کی قسم! اس کے علاوہ کوئی صورت بھی تو نہیں تھی۔

۷- اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کو تیاری کا حکم دیا اور خواص کو بتلایا کہ مکہ چلنا ہے اور دعا فرمائی: اے اللہ! جاسوسوں اور خبروں کو قریش تک پہنچنے سے روک دے، تاکہ ہم ان کے علاقہ میں ان کے سر پر ایکدم پہنچ جائیں، پھر بھی حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ نے قریش کو خط لکھ کر اطلاع کی کہ رسول اللہ ﷺ حملہ کرنے والے ہیں اور تم ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکو گے، مگر چوکنا ہو جاؤ، انھوں نے یہ خط ایک عورت کے ہاتھ روانہ کیا، نبی ﷺ کو وحی سے اس کی اطلاع ہوئی، آپؐ نے چار آدمیوں کو روانہ کیا کہ فلاں جگہ ایک اونٹ سوار عورت ملے گی اس کے پاس ایک خط ہے، وہ لے آؤ، اس کی تفصیل باب کی پہلی حدیث میں ہے۔

۸- ۱۰ رمضان المبارک سن ۸ ہجری کو نبی ﷺ مکہ کے لئے روانہ ہوئے، جُحفہ یا اس سے کچھ آگے پہنچے تو آپؐ کے

چچا حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ ملے، وہ اپنے بال بچوں کے ساتھ ہجرت کرکے آرہے تھے، انھوں نے سامان مدینہ بھیج دیا اور خود لشکر میں شامل ہوگئے، پھر آپؐ نے سفر جاری رکھا، جب مر الظہران (وادی فاطمہ) پہنچے تو لوگوں کو حکم دیا کہ الگ الگ آگ جلائیں، اس طرح دس ہزار چولھوں میں آگ جلائی گئی اور حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو پہرے پر مقرر کیا۔

۹-مر الظہران میں پڑاؤ ڈالنے کے بعد حضرت عباسؓ رسول اللہ ﷺ کے سفید خچر پر سوار ہوکر نکلے کہ کوئی مل جائے تو قریش کے پاس خبر بھیجیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے مکہ میں داخل ہونے سے پہلے حاضر ہوکر امان طلب کرلیں۔

چونکہ اللہ تعالیٰ نے خبروں کو اندھا کردیا تھا، اس لئے قریش کو حالات کا کچھ علم نہیں تھا، البتہ وہ خوف اور اندیشہ سے دوچار تھے، ابوسفیان باہر نکل کر خبروں کا پتہ لگاتا رہتا تھا، اس وقت وہ اور حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء خبروں کا پتہ لگانے کے لئے نکلے ہوئے تھے، حضرت عباسؓ کی ان سے ملاقات ہوگئی، حضرت عباسؓ نے ان کو صورتِ حال بتائی، ابوسفیان نے کہا: اب کیا حیلہ ہے؟ حضرت عباسؓ نے کہا: میرے پیچھے خچر پر بیٹھ جا میں تیرے لئے امان طلب کرتا ہوں، اس طرح ابو سفیان کو حضرت عباسؓ نبی ﷺ کے پاس لے آئے، آپؐ نے حضرت عباسؓ سے فرمایا: ابوسفیان کو اپنے ڈیرے میں لے جاؤ، صبح لانا، صبح ابوسفیانؓ نے اسلام قبول کیا اور حق کی شہادت دی، حضرت عباسؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! ابوسفیان امتیاز پسند کرتا ہے آپؐ نے فرمایا: ٹھیک ہے جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوجائے اسے امان ہے اور جو اپنا دروازہ بند کرلے اسے امان ہے اور جو مسجدِ حرام میں داخل ہوجائے اسے امان ہے۔

۱۰-اسی صبح —— منگل ۱۷ رمضان المبارک سن ۸ ہجری کی صبح —— نبی ﷺ مر الظہران سے روانہ ہوئے اور بالائی حصہ سے مکہ میں داخل ہوئے اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ زیریں حصہ سے داخل ہوئے۔ نبی ﷺ کے راستہ میں تو کوئی مزاحمت نہیں ہوئی، لیکن حضرت خالدؓ سے کچھ لوگ مزاحم ہوئے، اور معمولی جھڑپ میں بارہ مشرک مارے گئے، اور صحابہ میں سے کرز بن جابر فہری اور حُبیس بن خالد رضی اللہ عنہما نے جامِ شہادت نوش کیا۔ ہوا یہ کہ دونوں لشکر سے بچھڑ کر ایک دوسرے راستہ پر چل پڑے اور وہاں انہیں قتل کردیا گیا۔

۱۱-فتح مکہ کے بعد آپؐ کا قیام انیس دن مکہ میں رہا، اس درمیان میں بہت سے واقعات پیش آئے، ان کا ذکر باب کی حدیثوں میں ہے، اور جو باتیں رہ جائیں گی وہ بعد میں ذکر کی جائیں گی۔

۱۲-فتح مکہ کے بعد امن وامان کا دور شروع ہوا، لوگ کھل کر ایک دوسرے سے باتیں کرنے لگے، جو لوگ درپردہ مسلمان تھے ان کو بھی اظہار ایمان کی ہمت ہوگئی، اور بہت سے نئے لوگ بھی حلقہ بگوش اسلام ہوئے اور اس غزوہ نے جزیرۃ العرب کے لوگوں کی آنکھیں کھول دیں، ان پر پڑا ہوا پردہ ہٹا دیا، جو قبولِ اسلام کی راہ میں روک بنا ہوا تھا، سورۃ النصر میں اس کا نقشہ اس طرح کھینچا گیا ہے: ''جب اللہ کی مدد آجائے اور مکہ فتح ہوجائے اور آپؐ لوگوں کو دیکھیں کہ وہ جوق در جوق اللہ

کے دین میں داخل ہورہے ہیں تو آپؐ اپنے رب کی تسبیح وتحمید کریں، اور استغفار کریں، وہ بڑے توبہ قبول کرنے والے ہیں''

۱- حضرت حاطبؓ نے مکہ والوں کو اطلاع دی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کا ارادہ کررہے ہیں

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف خواص کو اپنا ارادہ بتایا تھا، اور خبروں کو روکنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کی تھی، تاہم حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ نے اہل مکہ کے نام خط لکھا کہ آپؐ مکہ کی تیاریاں کررہے ہیں اور ایک عورت کے ساتھ یہ خط مکہ روانہ کیا، اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو بذریعہ وحی اس کی اطلاع کردی، آپؐ نے چند صحابہ کو روانہ کیا کہ روضہ خاخ میں تمہیں ایک اونٹ سوار عورت ملے گی اس کے پاس مشرکین مکہ کے نام حاطبؓ کا خط ہے وہ لے آؤ، باب کی حدیث میں اسی کا تذکرہ ہے۔

[٤٧-] بَابُ غَزْوَةِ الْفَتْحِ

وَمَا بَعَثَ حَاطِبُ بْنُ أَبِيْ بَلْتَعَةَ إِلٰى أَهْلِ مَكَّةَ يُخْبِرُهُمْ بِغَزْوِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٤٢٧٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِيْ رَافِعٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ: بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَا وَالزُّبَيْرَ وَالْمِقْدَادَ، فَقَالَ:" انْطَلِقُوْا حَتّٰى تَأْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ فَإِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً مَعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوْا مِنْهَا" قَالَ: فَانْطَلَقْنَا تَعَادَى بِنَا خَيْلُنَا حَتّٰى أَتَيْنَا الرَّوْضَةَ فَإِذَا نَحْنُ بِالظَّعِيْنَةِ، قُلْنَا: أَخْرِجِي الْكِتَابَ، قَالَتْ: مَا مَعِيَ الْكِتَابُ، فَقُلْنَا: لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَنُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ، قَالَ: فَأَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا، فَأَتَيْنَا بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَإِذَا فِيْهِ: مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِيْ بَلْتَعَةَ إِلٰى نَاسٍ بِمَكَّةَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ أَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَا حَاطِبُ! مَا هٰذَا؟" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لاَ تَعْجَلْ عَلَيَّ، إِنِّيْ كُنْتُ امْرَأً مُلْصَقًا فِيْ قُرَيْشٍ، يَقُوْلُ: كُنْتُ حَلِيْفًا وَلَمْ أَكُنْ مِنْ أَنْفُسِهَا، وَكَانَ مَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ مَنْ لَهُمْ قَرَابَاتٌ يَحْمُوْنَ أَهْلِيْهِمْ وَأَمْوَالَهُمْ، فَأَحْبَبْتُ إِذْ فَاتَنِيْ ذٰلِكَ مِنَ النَّسَبِ فِيْهِمْ أَنْ أَتَّخِذَ عِنْدَهُمْ يَدًا يَحْمُوْنَ قَرَابَتِيْ، وَلَمْ أَفْعَلْهُ ارْتِدَادًا عَنْ دِيْنِيْ وَلاَ رِضًا بِالْكُفْرِ بَعْدَ الإِسْلاَمِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَمَّا إِنَّهُ قَدْ صَدَقَكُمْ" فَقَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! دَعْنِيْ أَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ:" إِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰى مَنْ شَهِدَ بَدْرًا قَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ السُّوْرَةَ ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَ تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ تُلْقُوْنَ إِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيْلِ﴾ [راجع: ٣٠٠٧]

وضاحت: بَابُ غَزْوَةِ الْفَتْحِ: جزل عنوان ہے، اس کی تفصیلات مجموعۂ ابواب میں ہیں، پھر ذیلی عنوان ہے اس کا

ترجمہ یہ ہے: حضرت حاطبؓ کا مکہ والوں کی طرف (خط) بھیجنا (ما مصدریہ ہے) وہ اطلاع دے رہے ہیں ان کو نبی ﷺ کی فوج کشی کی۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھے زبیرؓ اور مقدادؓ کو بھیجا اور فرمایا: چلو یہاں تک کہ پہنچو روضہ خاخ میں، وہاں ایک ہودج نشیں عورت ہے اس کے پاس ایک خط ہے اس کو اس سے لے لو، حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم چلے، ہمیں لے کر ہمارے گھوڑے دوڑ رہے تھے، یہاں تک کہ ہم روضہ خاخ میں پہنچے پس اچانک ہمیں ایک ہودج نشیں عورت ملی، ہم نے کہا: خط نکال، اس نے کہا: میرے پاس کوئی خط نہیں، ہم نے کہا: ضرور خط نکال یا ضرور ہم تیرے کپڑے اتاریں گے، حضرت علیؓ کہتے ہیں: پس اس نے خط اپنی چوٹی میں سے نکالا، ہم اس کو نبی ﷺ کے پاس لائے، اچانک وہ خط حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے مکہ کے کچھ مشرکین کے نام تھا، وہ ان کو خبر دے رہے تھے، نبی ﷺ کے بعض امر کی، پس نبی ﷺ نے پوچھا: حاطب! یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! میرے بارے میں فیصلہ کرنے میں جلدی نہ کریں، میں قریش کے ساتھ چپکا ہوا ایک آدمی تھا، وہ کہہ رہے ہیں: میرے ان کے ساتھ حلیفانہ تعلقات تھے اور میری ان کے ساتھ کوئی قرابت نہیں تھی، اور مہاجرین میں سے جو لوگ آپؐ کے ساتھ ہیں ان کی وہاں رشتہ داریاں ہیں، وہ ان کے اہل وعیال اور اموال کی حفاظت کریں گے، پس چاہا میں نے کہ جب میرے ہاتھ سے نکل گئی یہ چیز یعنی ان کے ساتھ رشتہ داری تو میں ان کے ساتھ کوئی احسان کروں جس کے صلہ میں وہ میرے رشتہ داروں کی حفاظت کریں، اور نہیں کیا میں نے یہ کام میرے دین سے پھرنے کی وجہ سے اور نہ اسلام کے بعد کفر پر راضی ہونے کی وجہ سے، نبی ﷺ نے فرمایا: سنو! بیشک حاطبؓ نے تم سے سچ کہا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! چھوڑئے مجھے اڑا دوں میں اس منافق کی گردن، آپؐ نے فرمایا: حاطبؓ بدر میں شریک ہوئے ہیں، اور تمھیں کیا پتہ شاید اللہ تعالیٰ بدریوں کے حال سے واقف ہو گئے جو فرمایا کہ تم جو چاہو کرو میں نے تمھیں بخش دیا، اس واقعہ میں سورۃ الممتحنہ کی پہلی آیت نازل ہوئی:

﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْ لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ تُلْقُوْنَ إِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَاءَكُمْ مِنَ الْحَقِّ، يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَإِيَّاكُمْ أَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ، إِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِيْ تُسِرُّوْنَ إِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنْتُمْ، وَمَنْ يَفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيْلِ﴾

ترجمہ: اے ایمان والو! تم میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ، ڈالتے ہو تم ان کی طرف دوستی یعنی ان کو تو تم سے کوئی محبت نہیں، وہ تو تمہارے کٹر دشمن ہیں، اور تم محبت کا اظہار کرتے ہو، جب کہ وہ تمہارے پاس جو دین حق آیا ہے اس کا انکار کرتے ہیں، اور رسول کو اور تم کو شہر بدر کر چکے ہیں، بایں وجہ کہ تم اپنے پروردگار پر ایمان لائے ہو، یعنی ایسے دشمنوں سے دوستانہ برتاؤ کے کیا معنی؟ اگر تم میرے راستہ میں جہاد کرنے کی غرض سے اور میری خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے اپنے گھروں سے نکلے ہو (تو اس کا تقاضہ یہ ہے کہ اعدائے اسلام سے کسی طرح کا تعلق خاطر نہ ہو) تم ان سے

چپکے چپکے دوستی کی باتیں کرتے ہو یعنی خفیہ پیغام بھیجتے ہو، حالانکہ مجھے سب چیزوں کی خوب خبر ہے تم جو کچھ چھپاتے ہو اور تم جو کچھ ظاہر کرتے ہو، اور جو شخص تم میں سے یہ حرکت کرے گا وہ یقیناً راہِ راست سے بھٹک گیا!

تشریح: غلطی (چوک) مخلص مسلمان سے بھی ہوسکتی ہے، زلّت (لغزش) انبیاء سے بھی ہوئی ہے اور جو بدر میں شریک ہوا ہے وہ منافق نہیں ہوسکتا، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فرمانا کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں! صحیح نہیں، حضرت حاطب رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں ان کے قلبی احوال سے اللہ تعالیٰ خوب واقف ہیں، چنانچہ بدریوں کے حق میں فرمایا: تم جو چاہو کرو میں نے تمہیں بخش دیا، اس ارشاد کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بدریوں کو اجازت مل گئی کہ ہر کردنی ناکردنی کریں، بلکہ اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ بدریوں کے بارے میں اطمینان ہے کہ وہ کوئی ناکردنی کام نہیں کریں گے، پس حاطبؓ کا یہ عمل بھی ایک چوک ہے، گناہ نہیں۔

سوال: بدریوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہاں ہے کہ تم جو چاہو کرو، میں نے تمہیں بخش دیا؟

جواب: یہ ارشاد اسی حدیث کے اقتضاء سے نکلتا ہے، نور الانوار میں آپ نے اقتضاء النص کی بحث پڑھی ہے، ملا جیون رحمہ اللہ کو نصوص میں اس کی کوئی مثال نہیں ملی، چنانچہ انھوں نے فقہ کا جزئیہ مثال میں پیش کیا، حالانکہ نصوص میں اس کی متعدد مثالیں ہیں، جیسے: (۱) جو شخص اذان کے بعد مسجد سے نکلتا ہے وہ نبی ﷺ کی نافرمانی کرتا ہے، اس حدیث کے اقتضاء سے حکم نکلے گا کہ اذان کے بعد مسجد سے نہیں نکلنا چاہئے۔ (۲) جو شخص یوم الشک کا روزہ رکھتا ہے وہ نبی ﷺ کے حکم کی خلاف ورزی کرتا ہے اس حدیث کے اقتضاء سے یہ حکم نکلتا ہے کہ یوم الشک کا روزہ نہیں رکھنا چاہئے — اسی طرح بدریوں کے حق میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد بھی اسی حدیث کے اقتضاء سے نکلے گا، الگ سے کوئی حدیث تلاش کرنے کی ضرورت نہیں۔

۲- سفر جہاد میں رمضان کا روزہ نہ رکھنا

نبی ﷺ ۱۰ رمضان کو فتح مکہ کے لئے مدینہ سے چلے ہیں، جب مدینہ سے چلے تو نبی ﷺ اور تمام صحابہ رمضان کے روزے رکھتے ہوئے چلے تھے، جب مکہ قریب آیا تو فوج کے ذمہ داروں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اب مکہ قریب ہے اب کسی بھی وقت جنگ ہوسکتی ہے، پس فوجی مصلحت یہ ہے کہ لوگ روزے نہ رکھیں، کھا پی کر طاقت حاصل کریں، مگر چونکہ آپؐ روزے رکھتے ہیں اس لئے لوگ بھی روزے رکھتے ہیں، چنانچہ آپؐ نے مقام کَدِید (بروزن حبیب) میں جو قُدَید (بروزن خُبیب) اور عُسفان (بروزن عثمان) کے درمیان ایک چشمہ ہے عصر کی نماز کے بعد پانی منگوا کر سب کے سامنے نوش فرمایا، لوگ سمجھ گئے کہ آپؐ نے روزے بند کردیئے ہیں، چنانچہ لوگوں نے بھی روزے بند کردیئے، مگر کچھ لوگوں نے روزہ رکھا، جب آپؐ کو اس کا علم ہوا تو فرمایا: أولٰئك العُصَاة: یہی لوگ نافرمان ہیں، رہی یہ بات کہ آپؐ نے روزہ رکھ کر توڑا تھا یا آج روزہ رکھا ہی نہیں تھا؟ اس سلسلہ میں حنفیہ کا خیال یہ ہے کہ آج آپؐ کا روزہ نہیں تھا، اور عصر کے بعد پانی نوش

فرما کر روزہ نہ ہونا ظاہر فرمایا، اور دیگر فقہاء کی رائے یہ ہے کہ صبح سے آپؐ کا روزہ تھا، عصر کے بعد آپؐ نے روزہ توڑ دیا۔

مسئلہ(۱): سفر میں رمضان کا روزہ نہ رکھنا جائز ہے، لیکن اگر رکھ لیا تو احناف کے نزدیک توڑنا جائز نہیں، اور دیگر فقہاء کے نزدیک توڑنا جائز ہے اور سفر میں رمضان کا روزہ توڑنے کی صورت میں بالاجماع قضاء واجب ہوگی، کفارہ واجب نہیں ہوگا۔

مسئلہ(۲): مجاہدین رمضان کا روزہ توڑ سکتے ہیں، سفر میں بھی اور حضر میں بھی، جب کہ جنگ لڑنی ہو، اور ضعف کا اندیشہ ہو، فتاوی تاتارخانیہ میں اس کی صراحت ہے۔

فائدہ: فیض الباری (۱۰۹:۴) میں ایک قیمتی بات ہے: جب دو عبادتوں میں تعارض ہو تو شریعت اہم کو ترجیح دیتی ہے، رمضان کا روزہ اور جہاد میں تعارض ہو تو جہاد مقدم ہے، اسی لئے مجاہد کو رمضان کا روزہ توڑنے کی اجازت ہے، اور جہاد اور نماز میں تعارض ہو تو نماز کو ترجیح حاصل ہے، اسی لئے صلوٰۃ الخوف مشروع کی گئی، اور نماز اور حج میں تعارض ہو تو حج کو ترجیح حاصل ہے، چنانچہ عرفہ میں جمع تقدیم و رمزدلفہ میں جمع تاخیر مشروع کی گئی، مگر یہ ضابطہ احکام کے قبیل سے نہیں، اور اس میں قیاس بھی نہیں چلتا۔

[٤٨-] بَابُ غَزْوَةِ الْفَتْحِ فِيْ رَمَضَانَ

[٤٢٧٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غَزَا غَزْوَةَ الْفَتْحِ فِيْ رَمَضَانَ، قَالَ: وَسَمِعْتُ ابْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُوْلُ مِثْلَ ذٰلِكَ.

وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَنِيْ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: صَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى إِذَا بَلَغَ الْكَدِيْدَ- الْمَاءَ الَّذِيْ بَيْنَ قُدَيْدٍ وَعُسْفَانَ- أَفْطَرَ، فَلَمْ يَزَلْ مُفْطِرًا حَتَّى انْسَلَخَ الشَّهْرُ.

[راجع: ١٩٤٤]

وضاحت: فتح مکہ کے لئے سفر رمضان میں ہوا ہے، یہ بات ابن عباسؓ نے اور سعید بن المسیبؒ نے فرمائی ہے، امام زہری رحمہ اللہ نے ابن عباسؓ کی یہ بات عبید اللہ کے واسطہ سے سنی ہے اور سعید بن المسیب سے بلا واسطہ، اور ابن عباسؓ یہ بھی فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ روزہ رکھتے ہوئے چل رہے تھے جب کدید مقام میں پہنچے جو قُدید اور عُسفان کے درمیان ایک چشمہ ہے تو روزہ توڑ دیا یا روزہ نہ ہونا ظاہر کیا، پھر آپؐ برابر روزہ بند کئے رہے، یہاں تک کہ رمضان گذر گیا، یعنی مکہ میں پہنچ کر بھی روزے شروع نہیں کئے، کیونکہ ہوازن کی طرف سے مسلسل خبریں مل رہی تھیں کہ وہ مکہ پر حملہ کرنے والے ہیں، اس لئے ضروری تھا کہ فوج اس کے لئے تیار رہے۔

[٤٢٧٦-] حَدَّثَنِي مَحْمُوْدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ فِي رَمَضَانَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ وَمَعَهُ عَشَرَةُ آلَافٍ، وَذٰلِكَ عَلٰى رَأْسِ ثَمَانِ سِنِيْنَ وَنِصْفٍ مِنْ مَقْدَمِهِ الْمَدِيْنَةَ، فَسَارَ هُوَ وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ إِلٰى مَكَّةَ، يَصُوْمُ وَيَصُوْمُوْنَ، حَتَّى بَلَغَ الْكَدِيْدَ- وَهُوَ مَاءٌ بَيْنَ عُسْفَانَ وَقُدَيْدٍ - أَفْطَرَ وَأَفْطَرُوْا، قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَإِنَّمَا يُؤْخَذُ مِنْ أَمْرِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم الآخِرُ فَالآخِرُ.

[راجع: ١٩٤٤]

ترجمہ: ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ مدینہ سے رمضان میں نکلے، اور آپؐ کے ساتھ دس ہزار آدمی تھے (اور محمد بن اسحاق کی کتاب میں بارہ ہزار ہے، اور حاشیہ میں تطبیق دی ہے کہ دس ہزار مدینہ سے ساتھ چلے تھے اور راستہ میں مختلف قبائل کے دو ہزار آدمی آکر لشکر میں شامل ہوگئے تھے) اور یہ سفر آپؐ کے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے ساڑھے آٹھ سال پورے ہونے پر ہوا (یہ کسی راوی کا وہم ہے، صحیح ساڑھے سات سال ہے، کیونکہ مکہ سن ۸ ہجری میں فتح ہوا ہے، ۹ ہجری میں فتح نہیں ہوا، اور اگر یہ صحیح ہے تو اس کی تاویل حاشیہ میں ہے) پس آپؐ اور وہ مسلمان جو آپؐ کے ساتھ تھے مکہ کی طرف چلے، آپؐ بھی روزہ رکھتے تھے اور وہ بھی روزہ رکھتے تھے، یہاں تک کہ آپؐ کدید مقام میں پہنچے جو عُسفان اور قُدید کے درمیان ایک چشمہ ہے تو آپؐ نے روزہ بند کردیا، اور لوگوں نے بھی روزے بند کردیئے۔

امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: آپؐ کا آخری عمل روزہ بند کرنا ہے اور آخری عمل لیا جاتا ہے، وہ ناسخ ہوتا ہے پس سفر میں روزہ نہ رکھنا اولیٰ ہے، امام احمد رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ اس حدیث کا اس مسئلہ سے کچھ تعلق نہیں، اس حدیث میں تو جہاد کی ضرورت سے روزہ نہ رکھنے کا یا روزہ توڑنے کا ذکر ہے، عام احوال میں سفر میں روزہ رکھنا چاہئے یا نہیں؟ اس سے اس حدیث کا کچھ تعلق نہیں۔

[٤٢٧٧-] حَدَّثَنِي عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِي رَمَضَانَ إِلٰى حُنَيْنٍ، وَالنَّاسُ مُخْتَلِفُوْنَ فَصَائِمٌ وَمُفْطِرٌ، فَلَمَّا اسْتَوَى عَلٰى رَاحِلَتِهِ دَعَا بِإِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ أَوْ مَاءٍ فَوَضَعَهُ عَلٰى رَاحَتِهِ أَوْ: رَاحِلَتِهِ، ثُمَّ نَظَرَ النَّاسَ، فَقَالَ الْمُفْطِرُوْنَ لِلصُّوَّمِ: أَفْطِرُوْا. [راجع: ١٩٤٤]

[٤٢٧٨-] وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْفَتْحِ، وَقَالَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ١٩٤٤]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ رمضان میں حنین کی طرف نکلے (یہ خالد حذاء کی روایت ہے اور وہم ہے، اگلی روایت ایوب سختیانی کی ہے، اس میں عام الفتح ہے، اور وہی صحیح ہے یعنی یہ واقعہ فتح مکہ کے سفر کا ہے، کیونکہ آپؐ حنین کی طرف شوال میں نکلے ہیں اور حاشیہ میں یہ تاویل ہے کہ چونکہ حنین کی طرف نکلنے کا ارادہ رمضان ہی میں کیا تھا اس لئے کہا کہ رمضان میں حنین کی طرف نکلے، مگر یہ تاویل صحیح نہیں) درانحالیکہ لوگ ہر طرح کے تھے، کوئی روزہ رکھنے والا تھا اور کوئی نہ رکھنے والا، پھر جب آپؐ اپنی سواری پر جم کر بیٹھ گئے تو آپؐ نے دودھ کا یا پانی کا برتن منگوایا اور اس کو اپنی ہتھیلی پر رکھا، یا فرمایا: اپنی سواری پر رکھا، پھر لوگوں کی طرف دیکھا (اور دودھ یا پانی نوش فرمایا) پس روزہ بند کرنے والوں نے روزہ رکھنے والوں سے کہا: روزے بند کرو۔

[۴۲۷۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَافَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَمَضَانَ، فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ عُسْفَانَ، ثُمَّ دَعَا بِإِنَاءٍ مِنْ مَاءٍ فَشَرِبَ نَهَارًا لِيُرِيَهُ النَّاسَ، فَأَفْطَرَ حَتّٰى قَدِمَ مَكَّةَ، قَالَ: وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: صَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي السَّفَرِ وَأَفْطَرَ، فَمَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَ. [راجع: ۱۹۴۴]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے رمضان میں سفر کیا، پس آپؐ نے روزے رکھے، یہاں تک کہ آپؐ عسفان میں پہنچے، پھر پانی کا ایک برتن منگوایا، اس میں سے دن میں پیا، تاکہ آپؐ لوگوں کو وہ (عمل) دکھلائیں، پس آپؐ نے روزہ بند کر دیا، یہاں تک کہ آپؐ مکہ پہنچے، راوی کہتا ہے: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مسئلہ بیان کیا کہ نبی ﷺ نے رمضان میں روزہ رکھا بھی ہے اور نہیں بھی رکھا، پس جو چاہے روزہ رکھے اور جو چاہے نہ رکھے۔

۳- قافلہ مرالظہران میں اور ابوسفیانؓ دربارِ نبوی میں

نبی ﷺ مقام کدید سے چل کر شام کے وقت مرالظہران پہنچے اور لشکر کو حکم دیا کہ ہر شخص الگ چولھا جلائے، اُدھر قریش کو اپنی بدعہدی کی وجہ سے دھڑکا لگا ہوا تھا کہ معلوم نہیں کب نبی ﷺ ان پر چڑھائی کر دیں، چنانچہ ابوسفیان بن حرب، حکیم بن حزام اور بُدیل بن ورقاء تجسس کے لئے مکہ سے نکلے، مرالظہران کے قریب پہنچے تو لشکر نظر آیا وہ گھبرا گئے، ابوسفیان نے کہا: یہ آگ کیسی ہے: یہ تو گویا عرفہ کی آگ ہے؟! بدیل نے کہا: یہ بنوعمرو (خزاعہ) کی آگ ہے، ابوسفیان نے کہا: بنوعمرو کے پاس اتنا لشکر کہاں؟ وہ تو بہت تھوڑے ہیں، یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ رسول اللہ ﷺ کے چوکیداروں نے ان کو گرفتار کر لیا، انھوں نے چوکیداروں سے پوچھا: تم کون ہو اور تمہارا لیڈر کون ہے؟ پہرے داروں نے جواب دیا: یہ رسول اللہ ﷺ ہیں اور ہم آپؐ کے صحابہ ہیں، ابھی یہ گفتگو ہو ہی رہی تھی کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے خچر پر گشت کرتے ہوئے اُدھر آ نکلے، اور انھوں نے ابوسفیان وغیرہ کو پوری صورتِ حال بتائی، اور مشورہ دیا کہ ابوسفیان خدمتِ

نبوی میں حاضر ہوکر امن طلب کرے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ اس کو اپنے ہمراہ لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی وہاں پہنچ گئے، حضرت عمرؓ نے اجازت چاہی کہ ابوسفیان کی گردن ماردیں، حضرت عباسؓ نے عرض کیا: میں نے اس کو پناہ دی ہے، حضرت عمرؓ بار بار قتل کی اجازت مانگ رہے تھے، حضرت عباسؓ نے کہا: عمرؓ! اگر یہ بنوعدی کا آدمی ہوتا تو تم اس کے قتل پر اس قدر اصرار نہ کرتے مگر تم جانتے ہو کہ وہ بنی عبد مناف میں سے ہے اس لئے تم اس کے قتل پر اصرار کررہے ہو، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: عباس! خدا کی قسم! تمہارا اسلام میرے باپ خطاب کے اسلام سے مجھے زیادہ پسند ہے، میرا باپ اگر مسلمان ہوتا تو مجھے اتنی مسرت نہ ہوتی جتنی تمہارے اسلام سے ہوئی ہے، کیونکہ نبی ﷺ کو تمہارا اسلام خطاب کے اسلام سے زیادہ پسند ہے، میرا یہ خیال ہے اب تم جو چاہو سمجھو۔

نبی ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ ابوسفیان کو اپنے ڈیرے میں لیجاؤ، صبح میرے پاس لانا، صبح ہوتے ہی حضرت عباسؓ: ابوسفیان کو لے کر خدمت نبوی میں حاضر ہوئے، نبی ﷺ نے ابوسفیان سے کہا: افسوس ابوسفیان! کیا وقت نہیں آیا کہ تو یقین کرے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں! ابوسفیان نے جواب دیا: میرے ماں باپ آپؐ پر فدا! آپ حلیم وکریم اور صلۂ رحمی کرنے والے ہیں، خدا کی قسم! اگر اللہ کے سوا کوئی معبود ہوتا تو آج ہمارے کچھ کام آتا۔

نبی ﷺ نے فرمایا: افسوس ابوسفیان! کیا وقت نہیں آیا کہ تو مجھ کو اللہ کا رسول مان لے! ابوسفیان نے کہا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! آپ حلیم وکریم اور صلہ رحمی کرنے والے ہیں، میری عداوت کے باوجود آپؐ مہربانی کررہے ہیں، اس بات میں تو ابھی تک دل میں کچھ نہ کچھ کھٹک باقی ہے۔

پھر حضرت عباسؓ نے ان کو سمجھایا اور انھوں نے اسلام قبول کرلیا، حضرت عباسؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ابوسفیانؓ مکہ کا سردار ہے، وہ فخر کو پسند کرتا ہے، آپؐ اس کے لئے کوئی ایسی بات کردیں جو اس کے لئے باعث عزت اور موجب فخر ہو، آپؐ نے فرمایا: اعلان کردو: جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوجائے وہ مامون ہے، ابوسفیانؓ نے کہا: یارسول اللہ! میرے گھر میں سب آدمی کہاں سما سکتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: جو شخص مسجدِ حرام میں داخل ہوجائے وہ بھی مامون ہے، ابو سفیانؓ نے کہا: یارسول اللہ! مسجد بھی کافی نہیں، آپؐ نے فرمایا: جو اپنا دروازہ بند کرلے وہ بھی مامون ہے، ابوسفیانؓ نے کہا: اس میں بہت گنجائش ہے!

[٤٩-] بَابٌ: أَيْنَ رَكَزَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الرَّايَةَ يَوْمَ الْفَتْحِ

[٤٢٨٠-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْفَتْحِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ قُرَيْشًا، خَرَجَ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ وَحَكِيْمُ بْنُ حِزَامٍ وَبُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ يَلْتَمِسُوْنَ الْخَبَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَقْبَلُوْا يَسِيْرُوْنَ حَتّٰى

أَتَوْا مَرَّ الظَّهْرَانِ، فَإِذَا هُمْ بِنِيْرَانٍ كَأَنَّهَا نِيْرَانُ عَرَفَةَ، فَقَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: مَا هٰذِهِ؟ لَكَأَنَّهَا نِيْرَانُ عَرَفَةَ، فَقَالَ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ: نِيْرَانُ بَنِيْ عَمْرٍو، فَقَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: عَمْرٌو أَقَلُّ مِنْ ذٰلِكَ، فَرَآهُمْ نَاسٌ مِنْ حَرَسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَدْرَكُوْهُمْ فَأَخَذُوْهُمْ فَأَتَوْا بِهِمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَسْلَمَ أَبُوْ سُفْيَانَ.

ترجمہ: عروہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ فتح مکہ کے سال چلے تو یہ خبر قریش کو پہنچی، پس ابوسفیان، حکیم اور بدیل نکلے، رسول اللہ کی خبر ڈھونڈھ رہے ہیں، پس آئے وہ درانحالیکہ چل رہے ہیں، یہاں تک کہ پہنچے وہ مرالظہران میں، پس اچانک وہ ایسی آگوں کے پاس تھے جو گویا عرفہ کی آگیں ہیں، پس ابوسفیان نے کہا: یہ آگیں کیسی ہیں؟ یہ تو گویا عرفہ کی آگیں ہیں، بُدیل نے کہا: بنوعمرو کی آگیں ہیں، ابوسفیان نے کہا: عمرو اس سے تھوڑے ہیں، پس ان کو رسول اللہ ﷺ کے چوکیداروں میں سے کچھ لوگوں نے دیکھ لیا، اور ان کو پالیا اور ان کو پکڑ لیا، اور ان کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لے آئے، پس ابوسفیان نے اسلام قبول کیا۔

تشریح: عرفہ کے میدان میں اُس زمانہ میں حج کے لئے ہزاروں آدمی جمع ہوتے تھے، اور دوپہر کو کھانا پکانے کے لئے چولھے جلاتے تھے، جو بے شمار ہوتے تھے، عرفہ کی آگوں سے وہی آگیں مراد ہیں، اور بنوعمر سے مراد قبیلہ خزاعہ ہے (فتح)

۴- ابوسفیانؓ کو اسلامی لشکر دکھلایا گیا

جب نبی ﷺ مرالظہران سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ ابوسفیانؓ کو ایسی جگہ کھڑا کرو جو تنگ ہو، گھوڑے وہاں سے مل کر گذرتے ہوں، تاکہ ابوسفیان خدائی فوج کو دیکھ سکے، حضرت عباسؓ نے ایسا ہی کیا، قبائل اپنے اپنے پھریرے لے کر گذرنے لگے، جب ایک لشکر گذرا تو ابوسفیان نے پوچھا: یہ کون لوگ ہیں؟ حضرت عباسؓ نے کہا: یہ بنوغفار ہیں، ابوسفیانؓ نے کہا: مجھے غفار سے کیا مطلب! پھر قبیلہ جہینہ گذرا تو اس نے پھر سوال کیا اور جواب دینے پر ابوسفیانؓ نے وہی بات کہی، پھر قبیلہ سعد بن ہُذیم گذرا تو بھی اس نے یہی کہا، پھر قبیلہ سُلیم گذرا تو بھی اس نے یہی کہا، یہاں تک کہ فوج کی ایک ایسی ٹکڑی سامنے آئی جس کے مانند کو ابوسفیان نے نہیں دیکھا تھا، اس نے پوچھا: یہ کون ہیں، حضرت عباسؓ نے کہا: یہ انصار ہیں اور ان کے سردار سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ ہیں اور انہی کے ہاتھ میں پرچم ہے، پھر جب حضرت سعدؓ نے ابوسفیان کو دیکھا تو کہا:

اَلْيَوْمَ يَوْمُ الْمَلْحَمَةِ ❁ اَلْيَوْمَ تُسْتَحَلُّ الْكَعْبَةَ

آج کا دن مار دھاڑ کا دن ہے ❁ آج کعبہ کی حرمت پامال کی جائے گی

ابوسفیان نے کہا: عباس! کاش رسوائی کا یہ دن میں نہ دیکھتا، یعنی آج قریش کی جو رسوائی ہوگی وہ میں نہ دیکھتا، میں اس

سے پہلے ہی مرجاتا تو اچھا تھا، پھر فوج کی ایک ٹکڑی آئی، جو تمام ٹکڑیوں میں چھوٹی تھی، اس میں نبی ﷺ اور آپؐ کے خاص صحابہ مہاجرین وانصار تھے (انصار کی تعداد ان میں زیادہ تھی) اور اس ٹکڑی کا پرچم حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا، جب نبی ﷺ ابوسفیان کے پاس سے گذرے تو اس نے کہا: کیا آپؐ کو وہ بات معلوم نہیں ہوئی جو سعد بن عبادہؓ نے کہی، آپؐ نے پوچھا: انھوں کیا کہا: ابوسفیان نے کہا: ایسا اور ایسا کہا، نبی ﷺ نے فرمایا: سعدؓ نے غلط کہا، آج کا دن وہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ کعبہ کی عظمت دوبالا کریں گے اور وہ دن ہے جس میں کعبہ پر پردہ ڈالا جائے گا (اور ایک روایت میں ہے: اے ابوسفیان! آج کا دن مہربانی کا دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ قریش کو عزت بخشیں گے) پھر آپؐ نے حکم دیا کہ پرچم حضرت سعدؓ سے لے کر ان کے بیٹے قیس رضی اللہ عنہ کو دیدیا جائے (اس اندیشہ سے کہ کہیں حضرت سعدؓ جوش میں آکر ماردھاڑ شروع نہ کردیں اور جھنڈا ان کے صاحبزادے کو اس لئے دیا کہ ان کی دل شکنی نہ ہو) راوی کہتا ہے: اور نبی ﷺ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ پرچم حجون میں گاڑیں، یعنی وہاں پہنچ کر پرچم گاڑ کر نبی ﷺ کے لئے خیمہ کھڑا کریں۔

فَلَمَّا سَارَ قَالَ لِلْعَبَّاسِ: "احْبِسْ أَبَا سَفْيَانَ عِنْدَ حُطْمِ الْخَيْلِ حَتَّى يَنْظُرَ إِلَى الْمُسْلِمِيْنَ" فَحَبَسَهُ الْعَبَّاسُ فَجَعَلَتِ الْقَبَائِلُ تَمُرُّ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم تَمُرُّ كَتِيْبَةً كَتِيْبَةً عَلَى أَبِيْ سُفْيَانَ، فَمَرَّتْ كَتِيْبَةٌ، فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هٰذِهِ؟ قَالَ: هٰذِهِ غِفَارُ، قَالَ: مَالِيْ وِلِغِفَارَ؟ ثُمَّ مَرَّتْ جُهَيْنَةُ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ مَرَّتْ سَعْدُ بْنُ هُذَيْمٍ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَمَرَّتْ سُلَيْمٌ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ، حَتَّى أَقْبَلَتْ كَتِيْبَةٌ لَمْ يَرَ مِثْلَهَا، قَالَ: مَنْ هٰذِهِ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ الْأَنْصَارُ، عَلَيْهِمْ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ مَعَهُ الرَّايَةُ، فَقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: يَا أَبَا سُفْيَانَ! الْيَوْمَ يَوْمُ الْمَلْحَمَةِ، الْيَوْمَ تُسْتَحَلُّ الْكَعْبَةُ، فَقَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: يَا عَبَّاسُ حَبَّذَا يَوْمُ الذِّمَارِ! ثُمَّ جَاءَ تْ كَتِيْبَةٌ وَهِيَ أَقَلُّ الْكَتَائِبِ فِيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ، وَرَايَةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَعَ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، فَلَمَّا مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِأَبِيْ سُفْيَانَ، قَالَ: أَلَمْ تَعْلَمْ مَا قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ؟ قَالَ: "مَا قَالَ؟" قَالَ: قَالَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ: "كَذَبَ سَعْدٌ وَلٰكِنْ هٰذَا يَوْمٌ يُعَظِّمُ اللّٰهُ فِيْهِ الْكَعْبَةَ، وَيَوْمٌ تُكْسَى فِيْهِ الْكَعْبَةُ" قَالَ: وَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُرْكَزَ رَايَتُهُ بِالْحَجُوْنِ.

ترجمہ: پھر جب نبی ﷺ چلے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: روکو ابوسفیان کو گھوڑوں کی بھیڑ کے پاس، تاکہ وہ مسلمانوں کو دیکھیں، چنانچہ ان کو حضرت عباسؓ نے روکا، پس قبائل نبی ﷺ کے ساتھ ٹکڑی ٹکڑی کر کے گذرتے رہے ابوسفیان کے سامنے سے، پس ایک ٹکڑی گذری، اس نے پوچھا: عباس! یہ کون لوگ ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ غفار ہیں، ابوسفیان نے کہا: مجھے غفار سے کیا مطلب! پھر جہینہ گذرے، تو اس نے ایسا ہی کہا، پھر سعد بن ہُذیم گذرے تو بھی اس نے

ایسا ہی کہا، پھر سُلیم گذرے تو بھی اس نے ایسا ہی کہا، یہاں تک کہ سامنے آئی ایک ایسی ٹکڑی جس کے مانند کو ابوسفیان نے نہیں دیکھا تھا، اس نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ حضرت عباسؓ نے کہا: یہ انصار ہیں ان کے سردار سعد بن عبادہؓ ہیں ان کے پاس پرچم ہے، پس حضرت سعد بن عبادہؓ نے کہا: اے ابوسفیان! آج گھمسان کا رن پڑے گا، آج کعبہ کی حرمت پامال کی جائے گی، ابوسفیان نے کہا: عباسؓ! قابل حفاظت چیزوں کا دن کیا خوب ہے! یعنی کاش میں آج کا دن نہ دیکھتا، جس دن زمام اقتدار ہمارے ہاتھ میں تھی، ہم اپنی قابل حفاظت چیزوں کی حفاظت کر سکتے تھے، اسی دن میں مر گیا ہوتا تو کیا اچھا ہوتا! پھر لشکر کی ایک ٹکڑی آئی جو ٹکڑیوں میں سب سے چھوٹی تھی، اس میں نبی ﷺ اور آپؐ کے (خاص) صحابہ تھے، اور نبی ﷺ کا پرچم زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا، پس جب نبی ﷺ ابوسفیان کے پاس سے گذرے تو اس نے کہا: کیا نہیں جانا آپؐ نے جو سعد بن عبادہؓ نے کہا؟ آپؐ نے پوچھا: کیا کہا اس نے؟ ابوسفیان نے کہا: ایسا اور ایسا کہا، پس آپؐ نے فرمایا: سعدؓ نے غلط کہا، بلکہ یہ ایسا دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ کعبہ کی عظمت کو دوبالا کریں گے اور ایسا دن ہے جس میں کعبہ کو پردہ اوڑھایا جائے گا، راوی کہتا ہے: اور نبی ﷺ نے حکم دیا کہ آپؐ کا پرچم حَجُون میں گاڑا جائے۔

وضاحت: حَطْم کے معنی ہیں: توڑنا، حَطْمُ الْخَيْل: کے معنی ہیں: ایسی تنگ جگہ جہاں گھوڑے مل کر اور بھیڑ کر کے گذریں، تاکہ سارا لشکر ابوسفیانؓ دیکھ سکے .... كَتِيْبَةٌ: لشکر کی ٹکڑی، كَتْبٌ سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں: اکٹھا کرنا .... مَلْحَمَةٌ: گھمسان کی جنگ جس میں کشتوں کے پشتے لگ جائیں .... حَبَّذَا: کلمہ تعریف: کیا خوب! جیسے حَبَّذ الأمرُ .... الذِّمَار: قابل حفاظت چیزیں جن کا دفاع لازم ہو، جیسے بیوی بچے یا اپنی آبرو وغیرہ، یومُ الذِّمار: وہ دن جس میں آدمی اس پر قادر ہو کہ اپنی قابل حفاظت چیزوں کی حفاظت کر سکتے، اردو میں حَبَّذا یومُ الذِّمَار کا مترادف محاورہ نہیں ہے، بلکہ اردو میں اس کے برعکس محاورہ ہے کہتے ہیں: کاش میں یہ برا دن نہ دیکھتا، عربی میں اس کے بجائے حَبَّذا یومُ الذِّمَار کہتے ہیں، یعنی اختیار واقتدار کے زمانہ ہی میں میں چل بستا تو اچھا تھا، تاکہ مجھے یہ رسوائی کا دن نہ دیکھنا پڑتا۔

۵- فتح مکہ میں نبی ﷺ نے دامن کوہ میں قیام فرمایا

نبی ﷺ کا مکہ مکرمہ میں مکان تھا، مگر ہجرت کے بعد سب گھروں پر چچازاد بھائی عقیلؓ نے قبضہ کر لیا تھا، وہ ان کو بیچ کر مدینہ آگئے تھے، اس لئے اب مکہ میں آپؐ کا گھر نہیں رہا تھا، اور صفا مروہ کی جانب میں جہاں شہر ختم ہوتا تھا، وہاں میدان میں قریش اور کنانہ نے جلسہ کر کے بائیکاٹ کی تجویز پاس کی تھی، وہ جگہ لشکر کے قیام کے لئے بہت موزون تھی، اور اس میں یہ مصلحت بھی تھی کہ کل کا اور آج کا فرق ظاہر ہو، کل اللہ کے رسول کے خلاف اسی میدان میں ریزولیشن پاس کیا گیا تھا، آج اسی میدان میں نبی ﷺ فاتح بن کر قیام فرمائے ہوئے ہیں۔

جب آپؐ مرالظہر ان سے چلے تو قلب لشکر کا پرچم جس میں نبی ﷺ تھے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھا، آپؐ نے ان کو حکم دیا تھا کہ حجون کے پاس خیف بنی کنانہ میں پرچم گاڑیں، اور وہاں آپؐ کے لئے خیمہ نصب کریں، جب حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے ایسا کیا تو حضرت عباسؓ نے پوچھا: کیا اس جگہ پرچم گاڑنے کا آپؐ کو نبی ﷺ نے حکم دیا ہے؟ حضرت زبیرؓ نے کہا: ہاں، حضرت عباس رضی اللہ عنہ چونکہ ابھی ابھی ہجرت کرکے مدینہ آئے تھے، اس لئے مکہ میں ان کے مکانات تھے اور وہ یہ چاہتے تھے کہ نبی ﷺ ان کے مکان میں قیام کریں، مگر جب آپؐ کا یہ حکم تھا کہ حجون کے پاس خیمہ کھڑا کیا جائے تو وہ خاموش ہوگئے۔

۶- اسلامی لشکر مکہ مکرمہ میں

جب نبی ﷺ مرالظہر ان سے روانہ ہوکر ذوطوی میں پہنچے تو آپؐ نے لشکر کی ترتیب وتقسیم کی، حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو دائیں بازو پر مقرر کیا، اور حکم دیا کہ وہ مکہ کے زیریں حصہ سے داخل ہوں اور قریش میں سے جو آڑے آئے اسے سلادیں! یہاں تک کہ صفا مروہ پر آکر مجھ سے ملیں، اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بائیں بازو پر مقرر کیا، ان کے ہاتھ میں نبی ﷺ کا پھریرا تھا، آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ مکہ کے بالائی حصہ سے داخل ہوں، اور حجون کے پاس جھنڈا گاڑکر آپؐ کی آمد کا انتظار کریں، اور حضرت ابوعبیدۃ رضی اللہ عنہ پیادوں پر مقرر ہوئے اور انہیں حکم دیا کہ بطن وادی کا راستہ لیں اور مکہ میں رسول اللہ ﷺ سے آگے اتریں۔

مکہ والوں نے کچھ اوباشوں کو تیار کیا تھا کہ وہ اسلامی لشکر سے ٹکرائیں، اگر ان کو کچھ کامیابی ملی تو باقی لوگ ان کے ساتھ ہوجائیں گے، اور اگر ان پر کاری ضرب لگی تو وہ نبی ﷺ کا مطالبہ مان لیں گے، قریش کے یہ اوباش مسلمانوں سے لڑنے کے لئے عکرمہ بن ابی جہل، صفوان بن امیہ اور سہیل بن عمرو کی کمان میں خندمہ میں جمع ہوئے، اور جب حضرت خالد رضی اللہ عنہ اپنی فوج کے ساتھ مکہ کے زیریں حصہ سے داخل ہوئے تو ان اوباشوں نے ہلہ بول دیا، معمولی سی جھڑپ ہوئی، بارہ یا تیرہ مشرک مارے گئے، پھر مشرکین میں بھگدڑ مچ گئی، اور حضرت خالدؓ کے ساتھیوں میں سے کرز بن جابر فہری اور حُبیش بن خالد رضی اللہ عنہما نے جام شہادت نوش کیا، اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ یہ دونوں حضرات لشکر سے علاحدہ ہوکر الگ راستہ پر پڑگئے، وہاں دونوں شہید کردیئے گئے۔

ادھر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر حجون میں مسجدِ فتح کے پاس جھنڈا گاڑا اور آپؐ کے لئے خیمہ نصب کیا اور وہ وہیں ٹھہرے رہے، یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ وہاں تشریف لے آئے۔

نبی ﷺ مکہ میں داخل ہوتے ہی اپنی چچازاد بہن ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر گئے تھے، وہاں غسل فرمایا، پھر چاشت کے وقت آٹھ نفلیں پڑھیں، نماز سے فارغ ہوکر اس جگہ تشریف لے گئے، جہاں آپؐ کا خیمہ نصب کیا گیا تھا۔

قَالَ عُرْوَةُ: وَأَخْبَرَنِی نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ يَقُوْلُ لِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ! هَاهُنَا أَمَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ تَرْكُزَ الرَّايَةَ؟
قَالَ: وَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَوْمَئِذٍ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ أَنْ يَدْخُلَ مِنْ أَعْلَا مَكَّةَ مِنْ كَدَاءٍ، وَدَخَلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ كُدًا، فَقُتِلَ مِنْ خَيْلِ خَالِدٍ يَوْمَئِذٍ رَجُلَانِ: حُبَيْشُ بْنُ الْأَشْعَرِ، وَكُرْزُ بْنُ جَابِرٍ الْفِهْرِیُّ.

ترجمہ: جبیر بن مطعم کہتے ہیں: میں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے پوچھتے ہوئے سنا: اے ابوعبداللہ! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں آپؓ کو حکم دیا ہے کہ آپؓ جھنڈا گاڑیں؟ —— جبیر بن مطعم کہتے ہیں: اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ بالائی مکہ سے یعنی کداء سے داخل ہوں اور آپؐ خود کُدا سے داخل ہوئے (یہ راوی کا وہم ہے) پس اس دن خالدؓ کے لشکر میں سے دو آدمی قتل کئے گئے: حُبیش اور کُرز۔

تشریح: کَداء: مکہ کے بالائی حصہ میں ایک نکڑ کا نام ہے وہاں سے منیٰ کی طرف بھی راستہ جاتا ہے اور مدینہ کی طرف بھی، حضرت ابراہیم علیہ السلام ادھر ہی سے تشریف لائے تھے، اور واپسی میں وہیں دعا کی تھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم ادھر سے مکہ میں داخل ہوئے .... کُدا: مکہ کے زیریں حصہ میں ایک نکڑ ہے ادھر سے حضرت خالد رضی اللہ عنہ داخل ہوئے، ادھر ہی خندمہ ہے اور اس حدیث میں جو ہے وہ احادیث صحیحہ کے خلاف ہے.......... حُبیشؓ کا نام خالد بن سعد ہے اور یہ لقب ہے یہ قبیلہ خزاعہ کے صحابی ہیں، اور حُبیش کے بجائے خُنیس بھی روایات میں آیا ہے۔

۷- مکہ مکرمہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے داخلہ کی کیفیت

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کداء کی جانب سے مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے، داخل ہوتے وقت آپؐ نے کعبہ کے ادب واحترام کو غایت درجہ ملحوظ رکھا، تواضع سے سر جھکائے ہوئے داخل ہوئے، شاہانہ انداز سے داخل نہیں ہوئے، حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے فتح مکہ کے دن رسول اللہ کو دیکھا کہ اونٹنی پر سوار ہیں اور خوش الحانی سے سورۂ فتح پڑھ رہے ہیں، پڑھتے وقت حلق میں آواز گھوم رہی تھی، اس لئے کہ آپؐ اونٹنی پر سوار تھے اور اونٹ جب چلتا ہے تو سوار جھکولے کھاتا ہے، اس لئے آواز گلے میں گھوم رہی تھی۔

فتح مکہ عظیم الشان فتح تھی، مگر تخشع وتضرع اور تذلل وتمسکن کے آثار چہرے سے ظاہر ہو رہے تھے، تواضع سے گردن اس قدر جھکی ہوئی تھی کہ سر مبارک کجاوہ کو مس کر رہا تھا، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب آپ مکہ میں فاتحانہ داخل ہوئے تو تمام لوگ آپؐ کو دیکھ رہے تھے مگر آپؐ تواضع کی وجہ سے سر مبارک جھکائے ہوئے تھے، اور حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں: فتح مکہ کے دن آپؐ نے فرمایا: یہ وہ دن ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے، پھر سورۃ النصر تلاوت فرمائی۔

[٤٢٨١-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُغَفَّلٍ، يَقُوْلُ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ عَلٰى نَاقَتِهِ وَهُوَ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفَتْحِ يُرَجِّعُ، وَقَالَ: لَوْلَا أَنْ يَجْتَمِعَ النَّاسُ حَوْلِيْ لَرَجَّعْتُ كَمَا رَجَّعَ. [انظر: ٤٨٣٥، ٥٠٣٤، ٥٠٤٧، ٧٥٤٠]

لغت: رَجَّعَ تَرْجِيْعًا: اذان دیتے وقت، شعر پڑھتے وقت یا تلاوت کرتے وقت گلے میں آواز گھمانا۔ حدیث کے راوی معاویہ کہتے ہیں: اگر نہ ہوتی یہ بات کہ لوگ میرے پاس بھیڑ لگالیں گے تو میں گلے میں آواز گھما کر دکھاتا، جس طرح حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آواز گھمائی تھی، معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ بن مغفلؓ نے حدیث بیان کرتے وقت نبی ﷺ کی نقل کی تھی۔

۸- مکہ مکرمہ میں نبی ﷺ کا مکان نہیں تھا

ہجرت کے بعد نبی ﷺ کے گھر پر عقیلؓ نے قبضہ کرلیا تھا، پھر انھوں نے وہ گھر بیچ دیا تھا، اس لئے نبی ﷺ کا مکہ میں کوئی گھر نہیں رہا تھا۔

حدیث (۱): حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے فتح مکہ کے موقع پر مکہ میں داخل ہونے سے ایک دن پہلے پوچھا: اے اللہ کے رسول! آپؐ آئندہ کل کہاں اتریں گے؟ (اپنے گھر میں یا دوسری جگہ؟) آپؐ نے فرمایا: عقیلؓ نے ہمارے لئے گھر کہاں چھوڑا ہے؟ یعنی مکہ میں ہمارا گھر کہاں رہا ہے؟ عقیلؓ نے ہمارا گھر بیچ کھایا ہے۔

امام زہری رحمہ اللہ نے مسئلہ بیان کیا کہ مؤمن کافر کا وارث نہیں ہوتا اور کافر مؤمن کا وارث نہیں ہوتا، کسی نے امام زہریؒ سے پوچھا: ابو طالب کا وارث کون ہوا تھا؟ امام زہریؒ نے کہا: عقیل اور طالب (وہ دونوں اس وقت غیر مسلم تھے، حضرت جعفر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما وارث نہیں ہوئے تھے کیونکہ وہ دونوں مسلمان تھے) یہ روایت امام زہریؒ کے شاگرد محمد بن حفصہ کی ہے، اس میں زَمَنَ الفتح ہے یعنی نبی ﷺ سے یہ بات فتح مکہ کے موقع پر پوچھی گئی، اور امام زہریؒ کے دوسرے شاگرد معمر بن راشد کی روایت میں فی حَجَّتِہ ہے یعنی یہ بات حجۃ الوداع میں پوچھی گئی، اور تیسرے شاگرد یونس اَیلی کی روایت میں کچھ نہیں، نہ فی حجّتہ ہے نہ زَمَنَ الفتح۔

یہ روایت حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی ہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ہمارے اترنے کی جگہ اللہ تعالیٰ نے چاہا جب اللہ تعالیٰ نے فتح نصیب فرمائی تو دامن کوہ ہوگا جہاں مشرکین نے کفر پر یعنی بائیکاٹ پر باہم قسمیں کھائی تھیں۔

اور آخری روایت میں جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی کی ہے حِيْنَ أَرَادَ حُنَيْنَ ہے یعنی آپؐ نے یہ بات غزوۂ حنین کے موقعہ پر فرمائی، مگر یہ رواۃ کا وہم ہے، اب دو ہی احتمال ہیں کہ فتح مکہ کے موقع پر یہ بات فرمائی ہو یا منیٰ میں بارہ تاریخ

کوفرمائی ہوکہ کل ہم خیف بنی کنانہ میں اتریں گے۔

اور حاشیہ میں فتح الباری کے حوالہ سے معمر کی روایت کوترجیح دی ہے، اس طرح کہ معمر بن راشد: محمد بن ابی حفصہ سے اوثق (زیادہ قابل اعتماد) اور اتقن (حدیثیں زیادہ مضبوط یادرکھنے والے) ہیں پس ان کی روایت کوترجیح ہونی چاہئے۔

لیکن اگر دونوں موقعوں پر یہ بات فرمائی ہوتو اس میں بھی کچھ اشکال نہیں، فتح مکہ کے موقع پر بھی یہ پوچھا گیا ہواور حج کے موقع پر بھی، اور خیف بنی کنانہ، ابطح اور محصب ایک ہی جگہ کے نام ہیں۔ واللہ اعلم

فائدہ: مہاجرین کی املاک پر کفارِ مکہ قبضہ کر چکے تھے، فتح مکہ کے موقع پر جب آپؐ تقریر سے فارغ ہوئے اور ابھی کعبہ کے دروازہ پر کھڑے تھے کہ ابواحمد بن جحش رضی اللہ عنہ اٹھے اور اپنے اس مکان کی واپسی کے متعلق عرض کیا جس کو ابوسفیانؓ نے ان کی ہجرت کے بعد چارسو دینار میں فروخت کردیا تھا، آپؐ نے ان سے آہستہ سے کچھ کہا وہ خاموش ہوگئے، جب ابواحمدؓ سے پوچھا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے آپؐ سے کیا کہا؟ تو انھوں نے بتایا کہ آپؐ نے فرمایا: اگر تو صبر کرے تو تیرے لئے بہتر ہے اور اس کے بدلہ میں تجھے جنت میں ایک مکان مل جائے گا، میں نے عرض کیا: میں صبر کرتا ہوں، ان کے علاوہ اور بھی مہاجرین نے چاہا کہ ان کے مکانات ان کو دلائے جائیں، مگر آپؐ نے فرمایا: تمہارا جو مال اللہ کی راہ میں جاچکا، میں اس کی واپسی پسند نہیں کرتا، چنانچہ سب مہاجرین خاموش ہوگئے اور جو مکانات وہ اللہ اور اس کے رسول کے لئے چھوڑ چکے تھے ان کی واپسی کا کوئی مطالبہ نہیں کیا، اسی طرح جس مکان میں نبی ﷺ پیدا ہوئے اور جس مکان میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ زندگی گذاری اس کا ذکر تک نہیں فرمایا۔

(سیرۃ المصطفیٰ ۳: ۳۸ بحوالہ الصارم المسلول ص: ۱۵۴)

[٤٢٨٢-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّهُ قَالَ زَمَنَ الْفَتْحِ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيْنَ تَنْزِلُ غَدًا؟ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيْلٌ مِنْ مَنْزِلٍ؟"

[راجع: ١٥٨٨]

[٤٢٨٣-] ثُمَّ قَالَ: " لَا يَرِثُ الْمُؤْمِنُ الْكَافِرَ، وَلَا الْكَافِرُ الْمُؤْمِنَ" قِيْلَ لِلزُّهْرِيِّ: وَمَنْ وَرِثَ أَبَا طَالِبٍ؟ قَالَ: وَرِثَهُ عَقِيْلٌ وَطَالِبٌ، قَالَ مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: أَيْنَ تَنْزِلُ غَدًا فِيْ حَجَّتِهِ، وَلَمْ يَقُلْ يُوْنُسُ: حَجَّتِهِ، وَلَا زَمَنَ الْفَتْحِ.

[٤٢٨٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْزِلُنَا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ إِذَا فَتَحَ اللّٰهُ الْخَيْفُ، حَيْثُ تَقَاسَمُوْا عَلَى الْكُفْرِ" [راجع: ١٥٨٩]

[٤٢٨٥-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ أَرَادَ حُنَيْنَ:" مَنْزِلُنَا غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِخَيْفِ بَنِيْ كِنَانَةَ حَيْث تَقَاسَمُوْا عَلَى الْكُفْرِ"[راجع: ١٥٨٩]

۹-اکابر مجرمین کا خون رائگاں

فتح مکہ کے دن نبی ﷺ نے عام معافی کا اعلان کردیا تھا، مگر چند اشخاص جو بڑے مجرم تھے یا بارگاہِ نبوی میں حد درجہ گستاخ اور دریدہ دہن تھے، ان کے متعلق حکم تھا کہ وہ جہاں ملیں قتل کردیئے جائیں، یہ پندرہ اشخاص تھے، ان میں سے اکثر کے لئے پناہ طلب کی گئی اور ان کو امن دیدیا گیا، یا انھوں نے حاضر خدمت ہوکر اپنے قصور کا اعتراف کیا اور ان کو امن دیدیا گیا، صرف پانچ اشخاص مارے گئے، ان میں سے ایک عبداللہ بن خطل تھا، یہ پہلے مسلمان ہوا، نبی ﷺ نے اس کو زکوتیں وصول کرنے کے لئے بھیجا، ایک غلام اور ایک انصاری ساتھ تھے، کسی منزل پر پہنچ کر ابن خطل نے غلام کو کھانا تیار کرنے کے لئے کہا، غلام کسی وجہ سے سوگیا، ابن خطل نے غصہ میں آکر اس کو قتل کردیا، پھر قصاص کے خوف سے مرتد ہوکر مکہ چلا گیا، اور زکوۃ کے اونٹ بھی لے گیا، وہ آپؐ کی ہجو میں اشعار کہتا تھا، اور اپنی دو باندیوں کو ان اشعار کے گانے کا حکم دیتا تھا، پس اس کے تین جرم تھے: ایک: خون ناحق، دوسرا: مرتد ہوجانا، تیسرا: آپؐ کی ہجو میں اشعار کہنا، فتح مکہ کے دن وہ خانہ کعبہ کے پردوں سے جاکر لپٹ گیا، آپؐ سے عرض کیا گیا کہ ابن خطل بیت اللہ کے پردے پکڑے ہوئے ہے، آپؐ نے فرمایا: اس کو وہیں قتل کردو، چنانچہ حجر اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان اس کی گردن ماردی گئی۔

[٤٢٨٦-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلَى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ، فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ:" اقْتُلْهُ" قَالَ مَالِكٌ: وَلَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْمَا نُرَى – وَاللّٰهُ أَعْلَمُ– يَوْمَئِذٍ مُحْرِمًا.[راجع: ١٨٤٦]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے درانحالیکہ آپؐ کے سر پر خود تھا، پس جب آپؐ نے اس کو اتارا تو ایک آدمی آیا، اس نے کہا: ابن خطل کعبہ کے پردے پکڑے ہوئے ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل کردو، امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہمارا گمان ہے — اور اللہ بہتر جانتے ہیں — نبی ﷺ اس دن احرام میں نہیں تھے (اور یہ فتح مکہ کے دن کی خصوصیت تھی، اس دن آپؐ کے لئے اور صحابہ کے لئے حرم کے احکام اٹھا دیئے گئے تھے، چنانچہ اس دن وہاں قتل وقتال بھی جائز ہوگیا تھا)

۱۰- بیت اللہ کی بتوں سے تطہیر

فتح مکہ کے بعد جب نبی ﷺ مسجد حرام میں داخل ہوئے تو پہلے اونٹ پر بیٹھ کر خانہ کعبہ کا طواف کیا، کعبہ شریف کے گرد تین سو ساٹھ بت نصب کئے ہوئے تھے وہ سیسہ سے جمائے گئے تھے، آپؐ کے ہاتھ میں چھڑی تھی، آپؐ اس سے ان بتوں کو چوکا (دھکا) دیتے تھے اور کہتے تھے: ﴿جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ﴾: حق آیا اور باطل گیا گذرا ہوا (بنی اسرائیل ۸۱) اور ﴿جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ﴾: حق آیا اور باطل نہ کرنے کا رہا نہ دھرنے کا (سبا۴۹) بت فوراً چہروں کے بل گر جاتے تھے، آپؐ نے یہ طواف اونٹنی پر کیا تھا اور حالت احرام میں نہ ہونے کی وجہ سے صرف طواف کیا تھا، سعی نہیں کی تھی، پھر عثمان بن طلحہ سے کعبہ کی کنجی طلب کی، کعبہ شریف کے اندر بھی تصویریں تھیں، آپؐ نے اس حال میں کعبہ شریف میں داخل ہونا پسند نہیں کیا، چنانچہ وہ تصویریں آپؐ کے حکم سے نکالی گئیں یا مٹائی گئیں، ان میں حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی تصویریں بھی تھیں، اور ان کے ہاتھوں میں فال کے تیر تھے، آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ مشرکین کو تباہ کریں، اللہ کی قسم! ان دونوں پیغمبروں نے کبھی فال کے تیر استعمال نہیں کئے'' پھر جب کعبہ شریف بتوں سے پاک ہوگیا تو آپؐ بیت اللہ میں داخل ہوئے اور اس کے تمام گوشوں میں تکبیر کہی، اور بیت اللہ توحید کے زمزموں سے گونج اٹھا۔

[٤٢٨٧-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَحَوْلَ الْبَيْتِ سِتُّوْنَ وَثَلَاثُ مِائَةِ نُصُبٍ، فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا بِعُوْدٍ فِي يَدِهِ، وَيَقُوْلُ: ﴿جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ﴾ ﴿جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ﴾ [راجع: ٢٤٧٨]

[٤٢٨٨-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ أَبىٰ أَنْ يَدْخُلَ الْبَيْتَ وَفِيْهِ الآلِهَةُ، فَأَمَرَ بِهَا فَأُخْرِجَتْ، فَأُخْرِجَ صُوْرَةُ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِيْلَ فِي أَيْدِيْهِمَا مِنَ الأَزْلَامِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ! لَقَدْ عَلِمُوْا مَا اسْتَقْسَمَا بِهَا قَطُّ" ثُمَّ دَخَلَ الْبَيْتَ فَكَبَّرَ فِيْ نَوَاحِي الْبَيْتِ، وَخَرَجَ وَلَمْ يُصَلِّ فِيْهِ، تَابَعَهُ مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوْبَ. وَقَالَ وُهَيْبٌ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٣٩٨]

حدیث (۱): ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے اور بیت اللہ کے گرد تین سو ساٹھ مورتیاں تھیں، آپؐ نے ان کو چوکا دینا شروع کیا اس چھڑی سے جو آپؐ کے ہاتھ میں تھی، اور آپؐ فرماتے تھے: ''حق آیا اور باطل گیا گذرا ہوگیا، حق آیا اور باطل نہ کرنے کا رہا نہ دھرنے کا!''

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ جب مکہ میں پہنچے تو آپؐ نے انکار کیا اس سے کہ آپؐ بیت اللہ میں داخل ہوں، درانحالیکہ اس میں مورتیاں ہوں، پس آپؐ نے مورتیوں کے بارے میں حکم دیا، چنانچہ وہ نکالی گئیں، اور حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی مورتیاں نکالی گئیں، درانحالیکہ دونوں کے ہاتھوں میں فال کے تیر تھے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ ان کا ناس کرے! بالیقین وہ جانتے ہیں کہ دونوں نے فال نہیں نکالا تیروں کے ذریعہ کبھی بھی'' پھر آپؐ بیت اللہ میں داخل ہوئے اور کعبہ شریف کے کونوں میں تکبیر کہی، اور نکل آئے، اور کعبہ میں نماز نہیں پڑھی۔

تشریح: یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان ہے، وہ اس موقعہ پر ساتھ نہیں تھے، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آپؐ نے کعبہ میں نماز پڑھی، اور وہ اس وقت ساتھ تھے، اس لئے ان کے بیان کو ترجیح دی گئی ہے۔

سند: امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ حدیث تین سندوں سے ذکر کی ہے: عبدالصمد کے والد عبدالوارث کی سند موصول ہے، اسی طرح معمر بن راشد کی سند بھی موصول ہے، البتہ وہیب بن خالد عجلانی کی سند مرسل ہے، عکرمہ کے بعد ابن عباسؓ کا ذکر نہیں، مگر چونکہ دو شاگرد ابن عباسؓ کا ذکر کرتے ہیں اس لئے حدیث کا موصول ہونا راجح ہے، پس حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی حدیث سے تعارض ہوگا، اور قاعدہ ہے کہ مثبت نافی سے مقدم ہوتا ہے، اس قاعدہ سے حضرت بلالؓ کی حدیث کو ترجیح ہوگی۔

۱۱- نبی ﷺ مکہ میں بالائی جانب سے داخل ہوئے

پہلے (حدیث ۴۲۸۰ میں) آیا ہے کہ آپؐ زیریں حصہ سے داخل ہوئے، وہ راوی کا وہم تھا، صحیح بات اس باب کی روایات میں ہے۔

[۵۰-] بَابُ دُخُوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَعْلٰى مَكَّةَ

[۴۲۸۹-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِي يُوْنُسُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَقْبَلَ يَوْمَ الْفَتْحِ مِنْ أَعْلٰى مَكَّةَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ مُرْدِفًا أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَمَعَهُ بِلَالٌ وَمَعَهُ عُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ مِنَ الْحَجَبَةِ حَتَّى أَنَاخَ فِي الْمَسْجِدِ فَأَمَرَهُ أَنْ يَأْتِيَ بِمِفْتَاحِ الْبَيْتِ فَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَعَهُ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَبِلَالٌ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ فَمَكَثَ فِيْهِ نَهَارًا طَوِيْلًا، ثُمَّ خَرَجَ فَاسْتَبَقَ النَّاسُ، فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ أَوَّلَ مَنْ دَخَلَ فَوَجَدَ بِلَالًا وَرَاءَ الْبَابِ قَائِمًا، فَسَأَلَهُ: أَيْنَ صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَأَشَارَ لَهُ إِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ صَلَّى فِيْهِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَنَسِيْتُ أَنْ أَسْأَلَهُ: كَمْ صَلَّى مِنْ سَجْدَةٍ؟ [راجع: ۳۹۷]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ فتح مکہ کے دن متوجہ ہوئے مکہ کے بالائی جانب سے (حجون میں آپؐ کی قیام گاہ تھی، وہ مسجد حرام سے بالائی حصہ میں ہے، وہاں سے آپؐ تشریف لائے تھے) اپنی اونٹنی پر بیٹھ کر،

درانحالیکہ آپؐ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو پیچھے بٹھانے والے تھے، اور آپؐ کے ساتھ بلال اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہما تھے جو مسجدِ حرام کے مجاوروں میں سے تھے (کعبہ کی چابی انہی کے پاس تھی) یہاں تک کہ مسجد میں اونٹ بٹھایا (یعنی طواف کے بعد اونٹ بٹھا کر آپؐ اس سے نیچے اترے، آپؐ نے طواف اونٹنی پر کیا تھا، اور پہلے بتایا ہے کہ مسجدِ حرام درحقیقت کعبہ شریف کا نام ہے اور اس کے اردگرد جو مطاف ہے وہ مسجد کا حصہ نہیں ہے، اس کو مسجد مجازاً کہا ہے، پس اونٹ پر طواف کرنا، مسجد میں اونٹ کو داخل کرنا نہیں) پھر آپؐ نے عثمانؓ کو حکم دیا کہ وہ بیت اللہ کی چابی لائیں، پس نبی ﷺ بیت اللہ میں داخل ہوئے اور آپؐ کے ساتھ حضرت اسامہ، بلال اور عثمان رضی اللہ عنہم تھے، پھر آپؐ کعبہ میں ٹھہرے رہے دن کا بڑا حصہ، پھر باہر تشریف لائے، تو لوگ لپکے (کعبہ میں داخل ہونے کے لئے) پس ابن عمرؓ سب سے پہلے داخل ہوئے انھوں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دروازہ کے پیچھے کھڑا ہوا پایا، ان سے پوچھا: نبی ﷺ نے کہاں نماز پڑھی؟ انھوں نے ابن عمرؓ کو اشارہ سے وہ جگہ بتائی جس میں نبی ﷺ نے نماز پڑھی تھی، ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں بلالؓ سے پوچھنا بھول گیا کہ کتنی رکعتیں پڑھیں؟

تشریح: پہلے (حدیث ۳۹۷) آیا ہے کہ نبی ﷺ نے دو رکعتیں پڑھی تھیں، آپؐ نے دروازہ کے مقابل کی دیوار کا رخ کیا، جب دیوار تین ہاتھ رہ گئی تو آپؐ وہاں ٹھہر گئے دو کھمبے آپؐ کی بائیں جانب تھے ایک کھمبا دائیں جانب، اور تین کھمبے پیچھے (ان دنوں خانہ کعبہ میں چھ کھمبے تھے) پھر آپؐ نے وہاں دو رکعتیں پڑھیں۔

سوال (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں دوسری جگہ صراحت ہے کہ نبی ﷺ نے دو رکعتیں پڑھی تھیں جب وہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھنا بھول گئے تھے تو کیسے بتایا کہ دو رکعتیں پڑھی تھیں؟

جواب: حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بغیر پوچھے ہی بتایا ہوگا کہ دو رکعتیں پڑھی تھیں، پہلے (حدیث ۳۹۷ میں) ہے: فَسألتُ بلالا، فقلتُ أَصَلَّى النبيُّ صلى الله عليه وسلم فى الكعبة قال: نعم، ركعتين بين السَّارِتين اللَّتَيْنِ على يَسَارِه إذا دخلتَ: حضرت ابن عمرؓ کی توجہ اس ضمنی بات کی طرف نہیں گئی، اس لئے فرمایا کہ میں پوچھنا بھول گیا، پھر بعد میں جب اس بات کی طرف توجہ ہوئی تو بیان کرنا شروع کیا کہ دو رکعتیں پڑھی تھیں۔

سوال (۲): یہ روایت مکہ میں داخلہ سے متعلق نہیں ہے بلکہ حجون میں آپؐ کی جو قیام گاہ تھی، وہاں سے مسجدِ حرام میں آنے سے متعلق ہے، پھر امام بخاری رحمہ اللہ اس حدیث کو اس باب میں کیوں لائے؟

جواب: امام بخاریؒ نے اشارۃ النص سے استدلال کیا ہے، جب قیام گاہ بالائی جانب میں حجون کے پاس تھی، تو داخلہ بھی ادھر ہی سے ہوا ہوگا، کیونکہ یہ بات بالکل نامعقول ہے کہ زیریں حصہ سے داخلہ ہو، اور بالائی حصہ میں قیام ہو۔

[۴۲۹۰-] حدثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ الَّتِيْ بِأَعْلَى مَكَّةَ،

تَابَعَهُ أَبُوْ أُسَامَةَ وَوُهَيْبٌ فِيْ كَدَاءٍ. [راجع: ١٥٧٧]

[٤٢٩١-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْفَتْحِ مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ مِنْ كَدَاءٍ. [راجع: ١٥٧٧]

حدیث(۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: فتح مکہ کے سال نبی ﷺ کداء سے داخل ہوئے جو مکہ کے بالائی حصہ میں ہے۔

حدیث (۲): حضرت عروہ کی مرسل روایت میں بھی یہی مضمون ہے کہ آپؐ فتح مکہ کے سال مکہ کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے تھے۔

۱۲- فتح مکہ میں نبی ﷺ کا مقام نزول

فتح مکہ میں نبی ﷺ کا مستقل قیام خیف بنی کنانہ میں رہا تھا، آپؐ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو وہاں جھنڈا گاڑنے کا اور خیمہ کھڑا کرنے کا حکم دیا تھا، مگر وہاں قیام کی سہولیات کا ابھی انتظام نہیں تھا، اس لئے نبی ﷺ مکہ میں داخل ہوتے ہی اپنی چچازاد بہن ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے اور وہاں غسل فرمایا، اور فتح کے شکریہ کی آٹھ رکعتیں پڑھیں، پھر آپؐ اپنی مستقل قیام گاہ میں تشریف لے گئے، پس حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہ کا گھر عارضی قیام گاہ تھی، تھوڑی دیر ٹھہرنے کی منزل تھی، باب میں امام بخاری رحمہ اللہ یہی روایت لائے ہیں اور مستقل قیام گاہ کی روایت پہلے آچکی ہے (دیکھیں باب ۴۸، حدیث ۴۲۸۰)

[٥١-] بَابُ مَنْزِلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْفَتْحِ

[٤٢٩٢-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، قَالَ: مَا أَخْبَرَنَا أَحَدٌ أَنَّـهُ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ الضُّحَى غَيْرُ أُمِّ هَانِئٍ، فَإِنَّهَا ذَكَرَتْ أَنَّـهُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ اغْتَسَلَ فِيْ بَيْتِهَا، ثُمَّ صَلَّى ثَمَانَ رَكْعَاتٍ، قَالَتْ: لَمْ أَرَهُ صَلَّى صَلاَةً أَخَفَّ مِنْهَا، غَيْرَ أَنَّـهُ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ. [راجع: ١١٠٣]

ترجمہ: ابن ابی لیلیٰ کبیرؒ کہتے ہیں: ہمیں کسی نے نہیں بتلایا کہ اس نے نبی ﷺ کو چاشت کی نماز پڑھتے دیکھا ہے، سوائے ام ہانی رضی اللہ عنہا کے، انھوں نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے فتح مکہ کے دن ان کے گھر میں غسل کیا اور آٹھ رکعتیں پڑھیں، میں نے آپؐ کو اس سے ہلکی نماز پڑھتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا، البتہ آپؐ رکوع اور سجود کامل کرتے تھے (یہ آٹھ رکعتیں چاشت کی نماز تھی یا فتح کے شکریہ کی؟ اس کی تفصیل تحفۃ القاری (۱۸۵:۲ حدیث ۳۵۷) میں ہے)

۱۳-فتح مکہ اور قربِ اجل کا احساس

سورۃ النصر فتح مکہ کے بعد نازل ہوئی ہے، کب نازل ہوئی ہے؟ اس میں روایات مختلف ہیں، مگر نبی ﷺ کو قربِ اجل کا احساس فتح مکہ کے ساتھ ہی ہوگیا تھا، آپؐ کے مختلف اقوال وافعال سے یہ بات مترشح ہونے لگی تھی۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ سورۃ الجمعہ میں آپؐ کی امت کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے: امی اور آخرین، امیوں میں آپؐ کی بعثت بلا واسطہ ہوئی ہے، عربوں میں کام کرنے کی ذمہ داری آپؐ پر ڈالی گئی تھی اور آخرین یعنی دنیا کے باقی لوگ بھی آپؐ کی امت ہیں، مگران میں کام کرنے کی ذمہ داری امت پر ڈالی گئی تھی، اور سارا عرب ایمان لانے کے لئے فتح مکہ کا منتظر تھا، جب مکہ فتح ہوگیا تو لوگ جوق جوق اسلام میں داخل ہونے لگے، اور آپؐ کا کام پورا گیا، اس لئے جب مکہ فتح ہوگیا تو آپؐ نے جان لیا کہ اب آپؐ کی زندگی کے دن تھوڑے باقی رہ گئے ہیں، چنانچہ آپؐ کے مختلف اقوال وافعال سے یہ بات مترشح ہونے لگی۔

اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں چار روایتیں پیش کی ہیں:

پہلی روایت: سورۃ النصر کے نزول کے بعد نبی ﷺ آتے جاتے اور رکوع وسجود میں **سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ:** بکثرت کہا کرتے تھے، کیونکہ جس بات کا فتح مکہ سے احساس ہوا تھا، اس کا اب حق الیقین ہوگیا تھا۔

اور دوسری حدیث: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سورۃ النصر کا ماسیق لاجلہ الکلام (مقصد) دریافت کیا ہے، ابن عباسؓ نے کہا: **هُوَ أَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:** اس سورت کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو قرب اجل کی اطلاع دی ہے (جس کا احساس آپؐ کو پہلے سے ہوگیا تھا)

تیسری حدیث: حضرت ابوشریح عدوی رضی اللہ عنہ کی ہے: نبی ﷺ نے فتح مکہ کے دوسرے دن تقریر میں فرمایا: **فَإِنْ أَحَدٌ تَرَخَّصَ لِقِتَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِيْهَا فَقُوْلُوْا لَهُ: إِنَّ اللّٰهَ أَذِنَ لِرَسُوْلِهِ وَلَمْ يَأْذَنْ لَكُمْ:** اگر کوئی شخص نبی ﷺ کے مکہ میں جنگ کرنے کی وجہ سے جواز نکالے تو اس کو بتلانا کہ اللہ نے اپنے رسول کو اس کی اجازت دی تھی اور تجھے اس کی اجازت نہیں دی، اس میں بھی قرب اجل کی طرف اشارہ ہے، اس طرح کہ جب تک آپؐ زندہ ہیں حرم میں کسی کے جنگ کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اس کا موقع آپؐ کے بعد آئے گا، پس اس میں صاف اشارہ ہے کہ آپؐ کا وقت پورا ہونے والا ہے۔

چوتھی حدیث: نبی ﷺ نے فتح مکہ کے سال شراب، مردار، خنزیر اور مورتیوں کی حرمت کا اعلان کیا اور خطیب بغدادی اور ابن عساکر نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی ہے کہ جب عرب قبائل دوڑ دوڑ کر اسلام میں داخل

ہونے لگے تو نبی ﷺ نے رخصت کرنے والے کے کام کی طرح کام کرنے شروع کئے (درمنثور ۶:۴۰۷) چنانچہ فتح مکہ کے موقع پر جب بڑا مجمع حاضر تھا، نبی ﷺ نے چار چیزوں کی حرمت کا اعلان کیا، یہ اہم امور کا اعلان تھا، اس سے بھی یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ آپ کو قرب اجل کا احساس ہوگیا تھا۔

[٥٢-] بَابٌ

[٤٢٩٣-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِی الضُّحَی، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُ فِی رُكُوْعِهِ وَسُجُوْدِهِ: "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ" [راجع: ٧٩٤]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ (سورۃ النصر کے نزول کے بعد) اپنے رکوع وسجود میں سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ کہا کرتے تھے۔

تشریح: پہلے حدیث ۸۱۷ میں یہ اضافہ آیا ہے: يَتَأَوَّلُ الْقُرْآنَ: نبی ﷺ قرآن کے حکم پر عمل کرتے تھے، سورۃ النصر کی آخری آیت میں دو باتوں کا حکم دیا گیا ہے: ایک: اللہ کی پاکی تعریف کے ساتھ ملا کر بیان کی جائے، دوم: دعا کی جائے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے فضل میں ڈھانک لیں، چنانچہ سبحانك اللّٰهم ربنا وبحمدك کے ذریعہ آپ پہلے حکم پر عمل کرتے تھے، تسبیح کے ساتھ حمد ملاتے تھے، اور اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِی کے ذریعہ دوسرے حکم پر عمل کرتے تھے، کیونکہ اس سورت کے ذریعہ آپ کو قرب اجل کی اطلاع دی گئی تھی، اس لئے آپ اس طرح وصل خداوندی کی تیاری کرتے تھے۔

ملحوظہ: یہ باب بلا ترجمہ کیوں قائم کیا ہے؟ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: غالباً امام بخاری رحمہ اللہ نے بیاض چھوڑی ہوگی، پھر کوئی مناسب ترجمہ لکھنے کا اتفاق نہیں ہوا، حافظ صاحب رحمہ اللہ کی یہ بات عجیب ہے، امام بخاریؒ نے اپنی کتاب نوے ہزار طلبہ کو پڑھائی ہے اور سیکڑوں مرتبہ اس باب سے گذرے ہیں، پھر بھی اتفاق نہیں ہوا! خیر اتفاق نہیں ہوا تو حضرت حافظ صاحب قدس سرہ کو ترجمہ قائم کرنا چاہئے تھا، اور علامہ عینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، مگر ایسے ابواب میں جو حدیثیں ہوتی ہیں وہ گذشتہ باب سے متعلق ہوتی ہیں، البتہ استدلال کا نہج بدل جاتا ہے اور یہاں گذشتہ باب ہے: "فتح مکہ میں نبی ﷺ کا مقام نزول" اور اس باب کی چاروں حدیثوں کا اس باب سے کوئی جوڑ نہیں، اس لئے میری ناقص رائے یہ ہے کہ باب کی چاروں حدیثوں کو پیش نظر رکھ کر قارئین کرام کو باب لگانا چاہئے، یہ باب تشحیذ اذہان کے لئے ہے، میں نے باب لگایا ہے کوئی اس سے بہتر باب لگائے تو اس کو حق ہے۔

[٤٢٩٤-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ عُمَرُ يُدْخِلُنِیْ مَعَ أَشْيَاخِ بَدْرٍ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لِمَ تُدْخِلُ هٰذَا الْفَتَی مَعَنَا وَلَنَا أَبْنَاءٌ

مِثْلُهُ؟ فَقَالَ: إِنَّـهُ مِمَّنْ قَدْ عَلِمْتُمْ! فَدَعَاهُمْ ذَاتَ يَوْمٍ وَدَعَانِيْ مَعَهُمْ، قَالَ: وَمَا أُرِيْتُهُ دَعَانِيْ يَوْمَئِذٍ إِلَّا لِيُرِيَهُمْ مِنِّيْ، فَقَالَ: مَا تَقُوْلُوْنَ فِي ﴿إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ، وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا﴾ حَتَّى خَتَمَ السُّوْرَةَ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: أُمِرْنَا أَنْ نَحْمَدَ اللّٰهَ وَنَسْتَغْفِرَهُ إِذَا نُصِرْنَا وَفُتِحَ عَلَيْنَا، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لاَ نَدْرِيْ، وَلَمْ يَقُلْ بَعْضُهُمْ شَيْئًا، فَقَالَ لِيْ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ! أَكَذَاكَ تَقُوْلُ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَمَا تَقُوْلُ؟ قُلْتُ: هُوَ أَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَعْلَمَهُ اللّٰهُ لَهُ ﴿إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾ فَتْحُ مَكَّةَ فَذَاكَ عَلَامَةُ أَجَلِكَ ﴿فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّـهُ كَانَ تَوَّابًا﴾ قَالَ عُمَرُ: مَا أَعْلَمُ مِنْهَا إِلَّا مَا تَعْلَمُ. [راجع: ۳۶۲۷]

ترجمہ: ابن عباسؓ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھے شامل کیا کرتے تھے بدر کے بڑے صحابہ کے ساتھ یعنی اکابر صحابہ کی مجلس میں مجھے بھی بلایا کرتے تھے، پس ان میں سے بعض نے کہا: اس نوجوان کو آپؓ ہمارے ساتھ کیوں بلاتے ہیں درانحالیکہ ہمارے بھی اس عمر کے لڑکے ہیں (مگر آپؓ ان کو نہیں بلاتے؟) حضرت عمرؓ نے جواب دیا: بیشک ابن عباس ان لوگوں میں سے ہیں جن کو تم جانتے ہو، یعنی عبداللہؓ کا علمی مقام آپ لوگ جانتے ہیں، ابن عباسؓ کہتے ہیں: اور حضرت عمرؓ نے اکابر صحابہ کو ایک دن بلایا، اور مجھے بھی ان کے ساتھ بلایا، ابن عباسؓ کہتے ہیں: اور نہیں دکھلایا گیا میں حضرت عمرؓ کو کہ بلایا انھوں نے مجھے اس دن مگر تا کہ دکھلائیں وہ ان کو مجھ سے، یعنی میرا علمی مقام ان کے سامنے واضح کریں، اس لئے مجھے بلایا، میں ایسا سمجھتا ہوں، پس حضرت عمرؓ نے سورۃ النصر پوری پڑھی اور کہا: اس سورت کے بارے میں آپ لوگ کیا کہتے ہیں؟ بعض نے کہا: ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم اللہ کی تعریف کریں اور اللہ سے گناہوں کی بخشش چاہیں جب ہم مدد کئے جائیں اور ہم پر کوئی شہر یا قلعہ کھولا جائے یعنی جب بھی کوئی فتح نصیب ہو تو ہم تسبیح وتحمید اور استغفار کریں، اور ان میں سے بعض نے کہا: ہم نہیں جانتے اور ان میں سے بعض نے کچھ نہیں کہا، یعنی وہ خاموش رہے، پس حضرت عمرؓ نے مجھ سے پوچھا: ابن عباسؓ! کیا تم بھی ایسی ہی بات کہتے ہو، میں نے کہا: نہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: پھر تم کیا کہتے ہو؟ میں نے کہا: وہ نبی ﷺ کی موت کا وقت ہے، بتلایا وہ اللہ نے آپ کو جب اللہ کی مدد اور فتح آ گئی، یعنی مکہ فتح ہو گیا، وہ آپؐ کی موت کی علامت ہے، اب آپؐ اپنے پروردگار کی خوبی کے ساتھ ملا کر پاکی بیان کریں، اور ان کے فضل میں شامل کئے جانے کی درخواست کریں، بیشک وہ بڑے توبہ قبول کرنے والے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں جانتا میں اس سورت سے مگر وہ بات جو تم جانتے ہو، یعنی میں بھی اس سورت کا یہی مقصد سمجھتا ہوں، پس ابن عباسؓ کا علمی مقام اکابر صحابہ کے سامنے واضح ہو گیا (اور اس حدیث کا سلیس ترجمہ تحفۃ القاری (۱۶۸:۷) میں ہے)

[۴۲۹۵-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ شُرَحْبِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ، أَنَّـهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ وَهُوَ يَبْعَثُ الْبُعُوْثَ إِلَى مَكَّةَ: ائْذَنْ لِيْ أَيُّهَا الْأَمِيْرُ أُحَدِّثْكَ قَوْلاً قَامَ بِهِ رَسُوْلُ

اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْغَدَ مِنْ يَوْمِ الْفَتْحِ، سَمِعَتْهُ أُذُنَایَ وَوَعَاهُ قَلْبِیْ وَأَبْصَرَتْهُ عَيْنَایَ حِيْنَ تَكَلَّمَ بِهِ، أَنَّـهُ حَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ:" إِنَّ مَكَّةَ حَرَّمَهَا اللّٰهُ، فَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ، لاَ يَحِلُّ لِامْرِئٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ يَسْفِكَ بِهَا دَمًا، وَلاَ يَعْضِدَ بِهَا شَجَرًا، فَإِنْ أَحَدٌ تَرَخَّصَ لِقِتَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْهَا، فَقُوْلُوْا لَهُ: إِنَّ اللّٰهَ أَذِنَ لِرَسُوْلِهِ وَلَمْ يَأْذَنْ لَكُمْ، وَإِنَّمَا أُذِنَ لِیْ فِيْهِ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، وَقَدْ عَادَتْ حُرْمَتُهَا الْيَوْمَ كَحُرْمَتِهَا بِالأَمْسِ، وَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ" فَقِيْلَ لِأَبِیْ شُرَيْحٍ: مَاذَا قَالَ لَكَ عَمْرٌو؟ قَالَ: قَالَ: أَنَا أَعْلَمُ بِذٰلِكَ مِنْكَ يَا أَبَا شُرَيْحٍ! إِنَّ الْحَرَمَ لاَ يُعِيْذُ عَاصِيًا وَلاَ فَارًّا بِدَمٍ وَلاَ فَارًّا بِخَرْبَةٍ.[ر ١٠٤]

ترجمہ: ابوشریح عدویؓ نے عمرو بن سعید سے کہا: جب وہ مکہ لشکر روانہ کررہا تھا: اے امیر! آپ مجھے اجازت دیں کہ میں آپ سے وہ بات بیان کروں جو رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے دوسرے دن اپنی تقریر میں فرمائی تھی، جس کو میرے کانوں نے سنا اور میرے دل نے محفوظ کیا اور میری آنکھیں آپؐ کو دیکھ رہی تھیں، جب آپؐ تقریر فرمارہے تھے، آپؐ نے اللہ کی تعریف کی، اس کی ثنا بیان کی، پھر فرمایا: مکہ مکرمہ کو اللہ تعالیٰ نے محترم قرار دیا ہے، کسی آدمی نے اس کو محترم قرار نہیں دیا (پس) کسی ایسے شخص کے لئے جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر یقین رکھتا ہے: جائز نہیں کہ وہ حرم میں خون بہائے یا حرم کے کسی درخت کو کاٹے، پس اگر کوئی نبی ﷺ کے حرم میں قتال کرنے کی وجہ سے جواز پر استدلال کرے تو تم اس سے کہنا: بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اس کی اجازت دی تھی اور تمہیں اجازت نہیں دی۔ اور میرے لئے بھی حرم میں قتال کی اجازت دن کے ایک خاص حصہ میں (طلوع شمس سے عصر تک) تھی، اور آج اس کی حرمت لوٹ آئی ہے گذشتہ کل کی حرمت کی طرح، یعنی اب میرے لئے بھی حرم میں قتال جائز نہیں، اور چاہئے کہ حاضرین غائبین تک میری بات پہنچادیں، ابوشریحؓ سے طالب علموں نے پوچھا: عمرو بن سعید نے آپ کی بات کا کیا جواب دیا؟ آپؓ نے فرمایا: اس نے کہا: اے ابو شریح! میں یہ باتیں آپؓ سے زیادہ جانتا ہوں، حرم کسی نافرمان (باغی) کو پناہ نہیں دیتا اور نہ خون کرکے بھاگے ہوئے کو پناہ دیتا ہے اور نہ کوئی جنابت (یا چوری) کرکے بھاگے ہوئے کو پناہ دیتا ہے (حدیث کی شرح تحفۃ القاری (۱:۳۹۷) میں ہے)

[٤٢٩٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِیْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّـهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَكَّةَ:" إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ"[راجع: ٢٢٣٦]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے فتح مکہ کے سال نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بیشک اللہ نے اور اس کے رسول نے شراب کی خرید وفروخت کو حرام کیا ہے۔

حوالہ: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، پہلے (حدیث ۲۲۳۶) مفصل آئی ہے، نبی ﷺ نے چار چیزوں کی حرمت کا اعلان کیا تھا، اور وہاں متن میں سقط بھی ہے۔

۱۴- فتح مکہ کے موقع پر نبی ﷺ کا قیام مکہ میں کتنے دن رہا؟

نبی ﷺ مکہ مکرمہ میں منگل کے دن ۱۷ رمضان سن ۸ ہجری میں داخل ہوئے تھے، اور سنیچر ۶ شوال سن ۸ ہجری میں حنین کے لئے نکلے تھے، اور مکہ میں آپؐ کا قیام کتنے دن رہا؟ اس میں روایات مختلف ہیں، پانچ روایتیں ہیں سب کو امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے باب مَتٰی یُتِمُّ الْمُسافرُ؟ (حدیث ۱۲۲۹-۱۲۳۳) میں روایت کیا ہے:

پہلی روایت: انیس دن قیام رہا (یوم دخول اور یومِ خروج کو شمار کیا اور رمضان کا آخری عشرہ نو دن کا تھا، یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے اور بخاری میں بھی ہے)

دوسری روایت: اٹھارہ دن قیام رہا (یومِ دخول وخروج میں سے ایک کو چھوڑ دیا، یہ حضرت عمرانؓ کی روایت ہے)

تیسری روایت: سترہ دن قیام رہا (یومِ دخول وخروج دونوں کو چھوڑ دیا، یہ بھی حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے)

چوتھی روایت: پندرہ دن قیام رہا (یہ بھی ابن عباسؓ کی روایت ہے، امام نووی نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے اور علامہ کشمیری رحمہ اللہ نے اس کو راجح قرار دیا ہے، تین دن تو آپؐ ہر جنگ کے بعد قیام فرماتے تھے اس لئے ان کو چھوڑ دیا، اور یوم خروج کو بھی نہیں لیا، پس پندرہ دن باقی بچے)

پانچویں روایت: دس دن قیام رہا (دونوں طرف کی کسر چھوڑ دی، اور درمیانی عشرہ لے لیا، اور اس کو دس دن کا فرض کیا، یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے، یہ روایت بخاری میں بھی ہے)

سوال: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی اس روایت کو شارحین کرام حجۃ الوداع سے متعلق کرتے ہیں، جبکہ امام بخاریؒ یہ روایت بھی اس باب میں لائے ہیں: اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: شارحین کرام حضرت انسؓ کی حدیث کو جو حجۃ الوداع سے متعلق کرتے ہیں اس میں نظر ہے، اس لئے کہ حجۃ الوداع میں مکہ مکرمہ میں آپؐ کا قیام صرف چار دن رہا ہے، باقی دنوں میں منیٰ اور عرفات میں قیام رہا ہے، اور فقہاء منیٰ اور عرفات کو مکہ سے خارج مانتے ہیں، مسئلہ یہ ہے کہ جو حج کے لئے روانہ ہونے سے پہلے مکہ مکرمہ میں پندرہ دن قیام کی نیت کرے وہی حنفیہ کے نزدیک مقیم ہے، اس لئے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت اس باب میں ذکر کرنا امام بخاریؒ کا وہم نہیں ہے بلکہ جن حضرات نے اس حدیث کو حجۃ الوداع سے متعلق کیا ہے ان کی رائے نظر ثانی کی محتاج ہے۔

مدتِ اقامت کتنی ہے؟

اگر دورانِ سفر مسافر کسی جگہ ٹھہرے تو کتنے دن ٹھہرنے کی نیت سے نماز پوری پڑھے؟ حنفیہ کے نزدیک مدت اقامت

پندرہ دن ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک چار دن، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک انیس دن سے زیادہ ہے، حضرت اسحاقؒ نے ان کی رائے لی ہے، دوسرے فقہاء نے حضرت ابن عباسؓ کی یہ رائے نہیں لی، کیونکہ نبی ﷺ کا مکہ میں قیام ہوازن کے احوال کے تابع تھا، اس لئے یوم وفردا کرتے ہوئے انیس دن گذر گئے، اس طرح اگر آج کل کرتے ہوئے مہینوں بھی گذر جائیں تو مقیم نہیں ہوگا، اور مسئلہ پر تفصیلی کلام تحفۃ القاری (۴۱۲:۳) میں ہے۔

[۵۳-] بَابُ مَقَامِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ زَمَنَ الْفَتْحِ

[۴۲۹۷-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، ح: وَحَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى ابْنِ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أَقَمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَشْرًا نَقْصُرُ الصَّلاَةَ. [راجع: ۱۰۸۱]

[۴۲۹۸-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ تِسْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ. [راجع: ۱۰۸۰]

[۴۲۹۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَقَمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي سَفَرٍ تِسْعَ عَشْرَةَ نَقْصُرُ الصَّلاَةَ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَنَحْنُ نَقْصُرُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ تِسْعَ عَشْرَةَ فَإِذَا زِدْنَا أَتْمَمْنَا. [راجع: ۱۰۸۰]

بَابٌ

یہ باب بلا ترجمہ ہے، حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہاں امام بخاری رحمہ اللہ نے بیاض چھوڑی ہوگی، پھر ترجمہ قائم کرنے کا اتفاق نہیں ہوا، پھر حافظ صاحب رحمہ اللہ نے باب قائم کیا ہے: بَابُ مَنْ شَهِدَ الْفَتح: جو لوگ فتح مکہ میں شریک ہوئے، مگر اس باب کے ساتھ ابتدائی دو روایتیں متعلق ہونگی، باقی حدیثیں غیر متعلق رہیں گی، اور علامہ عینی رحمہ اللہ کہتے ہیں: یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، مگر اس باب کی حدیثوں کا گذشتہ باب سے جوڑ بٹھانا مشکل ہے، اور حضرت شیخ الحدیث سہارن پوری قدس سرہ نے الأبواب والتراجم میں فرمایا ہے کہ جیسے فقہاء کسی کتاب کے آخر میں مسائل شتّی کی فصل یا باب لاتے ہیں اسی طرح امام بخاری رحمہ اللہ نے غزوۂ فتح کے آخر میں یہ باب فتح مکہ سے متعلق روایات کو بیان کرنے کے لئے قائم کیا ہے، حضرت شیخ رحمہ اللہ کی یہ بات دل لگتی ہے۔

[۵۴-] بَابٌ

[۴۳۰۰-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ صُعَيْرٍ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَدْ مَسَحَ وَجْهَهُ عَامَ الْفَتْحِ. [انظر: ٦٣٥٦]

۱۵- حضرت عبداللہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فتح مکہ میں موجود تھے

حضرت عبداللہ بن ثعلبہ بن صُعیرؓ نے امام زہری رحمہ اللہ کو بتلایا، اور نبی ﷺ نے فتح مکہ کے دن ان کے چہرے پر (شفقۃً) ہاتھ پھیرا تھا کہ انھوں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو ایک رکعت وتر پڑھتے دیکھا (حدیث ۶۳۵۶ میں یہ بات ہے، یہاں حدیث مختصر ہے)

تشریح: عبداللہ بن ثعلبہؓ نے نبی ﷺ کو دیکھا ہے، مگر سماع ثابت نہیں، اور ان کے والد ثعلبۃ بن صُعیر صحابی ہیں، عبد اللہؓ نے تقریباً نوے سال کی عمر میں سن ۸۷ ہجری میں وفات پائی ہے۔

[۴۳۰۱-] حَدَّثَنِی إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُنَيْنٍ أَبِی جَمِيْلَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَنَحْنُ مَعَ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: وَزَعَمَ أَبُوْ جَمِيْلَةَ أَنَّهُ أَدْرَكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَخَرَجَ مَعَهُ عَامَ الْفَتْحِ.

۱۶- سُنین ابی جمیلہؓ فتح مکہ میں موجود تھے

امام زہریؒ سُنین سے روایت کرتے ہیں، امام زہریؒ کہتے ہیں: سُنین نے ہمیں بتلایا، درانحالیکہ ہم سعید بن المسیب کے ساتھ تھے، امام زہریؒ کہتے ہیں: ابو جمیلہؓ نے کہا: انھوں نے نبی ﷺ کو پایا ہے اور آپؐ کے ساتھ فتح مکہ کے سال نکلے ہیں (سُنینؓ صحابی صغیر ہیں اور بخاری میں اسی جگہ ان کی روایت ہے)

۱۷- عرب کے لوگ مسلمان ہونے کے لئے فتح مکہ کا انتظار کرتے تھے

قبائل عرب منتظر تھے کہ مسلمانوں میں اور مکہ والوں میں جو معرکہ آرائی چل رہی ہے اس کا انجام کیا ہوتا ہے؟ عربوں کا عقیدہ تھا کہ حرم پر وہی شخص مسلط ہوسکتا ہے جو حق پر ہو اور اس اعتقاد میں پختگی اصحابِ فیل کے واقعہ سے آئی تھی، تمام عرب نے دیکھ لیا تھا کہ ابرہہ اور اس کے ساتھیوں نے بیت اللہ کا رخ کیا، تو اللہ تعالیٰ نے انہیں بھوس بنا دیا، چنانچہ فتح مکہ سے لوگوں کی آنکھیں کھل گئیں، ان پر پڑا ہوا پردہ ہٹ گیا، جو قبولِ اسلام کی راہ میں روک بنا ہوا تھا، فتح مکہ کے بعد جزیرۃ العرب کے لوگ وفود کی شکل میں خدمتِ نبوی میں حاضر ہو کر اسلام قبول کرنے لگے، یہ بات حضرت عمرو بن سلمہ نے باب کی حدیث میں بیان کی ہے۔

[۴۳۰۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِی قِلَابَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلِمَةَ، قَالَ: قَالَ لِی أَبُوْ قِلَابَةَ: أَلَا تَلْقَاهُ فَتَسْأَلُهُ؟ قَالَ: فَلَقِيْتُهُ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: كُنَّا بِمَاءٍ مَمَرِّ النَّاسِ، وَكَانَ يَمُرُّ بِنَا الرُّكْبَانُ فَنَسْأَلُهُمْ: مَا لِلنَّاسِ؟ مَا لِلنَّاسِ؟ مَا هٰذَا الرَّجُلُ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: يَزْعُمُ أَنَّ

اللّٰهَ أَرْسَلَهُ، أَوْحَى إِلَيْهِ، أَوْحَى اللّٰهُ كَذَا، فَكُنْتُ أَحْفَظُ ذَاكَ الْكَلَامَ، فَكَأَنَّمَا يُقْرَأُ فِي صَدْرِي، وَكَانَتِ الْعَرَبُ تَلَوَّمُ بِإِسْلَامِهِمُ الْفَتْحَ، فَيَقُولُونَ: اتْرُكُوهُ وَقَوْمَهُ، فَإِنَّهُ إِنْ ظَهَرَ عَلَيْهِمْ فَهُوَ نَبِيٌّ صَادِقٌ، فَلَمَّا كَانَتْ وَقْعَةُ أَهْلِ الْفَتْحِ بَادَرَ كُلُّ قَوْمٍ بِإِسْلَامِهِمْ، وَبَدَرَ أَبِي قَوْمِي بِإِسْلَامِهِمْ، فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ: جِئْتُكُمْ وَاللّٰهِ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَقًّا: فَقَالَ: " صَلُّوا صَلَاةَ كَذَا فِي حِينِ كَذَا، وَصَلَاةَ كَذَا فِي حِينِ كَذَا، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ أَحَدُكُمْ، وَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا" فَنَظَرُوا فَلَمْ يَكُنْ أَحَدٌ أَكْثَرَ قُرْآنًا مِنِّي، لِمَا كُنْتُ أَتَلَقَّى مِنَ الرُّكْبَانِ، فَقَدَّمُونِي بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَأَنَا ابْنُ سِتٍّ أَوْ سَبْعِ سِنِينَ، وَكَانَتْ عَلَيَّ بُرْدَةٌ كُنْتُ إِذَا سَجَدْتُ تَقَلَّصَتْ عَنِّي، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْحَيِّ: أَلَا تُغَطُّونَ عَنَّا إِسْتَ قَارِئِكُمْ؟ فَاشْتَرَوْا فَقَطَعُوا لِي قَمِيصًا فَمَا فَرِحْتُ بِشَيْءٍ فَرَحِي بِذٰلِكَ الْقَمِيصِ.

ترجمہ: ایوب سختیانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھ سے ابوقلابہؒ نے کہا: تم حضرت عمرو بن سلمہؓ سے ملاقات کیوں نہیں کرتے؟ اوران سے ان کا واقعہ کیوں معلوم نہیں کرتے؟ ایوبؒ کہتے ہیں: میں نے ان سے ملاقات کی اور میں نے ان سے ان کا واقعہ پوچھا، انھوں نے کہا: ہم ایک ایسے چشمہ پر بسے ہوئے تھے جو لوگوں کی گذرگاہ تھی، ہمارے پاس سے قافلے گذرا کرتے تھے، پس ہم ان سے پوچھتے تھے: لوگوں کے کیا احوال ہیں؟ لوگوں کی کیا خبریں ہیں؟ یہ صاحب کیسے ہیں؟ پس وہ کہتے: یہ صاحب کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو رسول بنا کر بھیجا ہے، اللہ تعالیٰ ان کی طرف وحی کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف یہ وحی کی ہے، پس میں اس کلام کو یاد کر لیتا تھا، پس گویا آپؐ پڑھ رہے ہیں وہ کلام میرے سینہ میں اور عرب انتظار کر رہے تھے اپنے مسلمان ہونے کے لئے فتح مکہ کا، اس لئے وہ کہتے تھے: چھوڑو ان کو اور ان کی قوم کو، پس اگر وہ ان پر غالب آجاتے ہیں تو وہ سچے نبی ہیں، پس جب اہل فتح کا واقعہ رونما ہوا تو ہر قوم نے سبقت کی اپنے اسلام کے ساتھ اور میرے ابا نے میری قوم سے سبقت کی ان کے اسلام کے ساتھ، یعنی قوم کے نمائندے بن کر گئے اور قوم کے مسلمان ہونے کی آپؐ کو خبر دی، پس جب وہ واپس آئے تو انھوں نے کہا: آیا ہوں میں بخدا برحق نبی کے پاس سے، اور انھوں نے کہا ہے: فلاں نماز فلاں وقت میں پڑھو، اور فلاں نماز فلاں وقت میں پڑھو، اور جب نماز کا وقت آجائے تو تم میں سے کوئی اذان دے اور چاہئے کہ تم میں سے نماز پڑھائے جس کو تم میں زیادہ قرآن یاد ہے، پس قبیلہ والوں نے دیکھا تو نہیں تھا کوئی جسے مجھ سے زیادہ قرآن یاد ہو، اس لئے کہ میں قرآن حاصل کیا کرتا تھا قافلوں سے، پس انھوں نے مجھے اپنے آگے کر دیا، درانحالیکہ میں چھ یا سات سال کا تھا، اور میرے پاس ایسی چادر تھی کہ جب میں سجدہ کرتا تھا تو وہ مجھ سے سکڑ جاتی تھی، پس قبیلہ کی ایک عورت نے کہا: کیا نہیں ڈھانکتے تم ہم سے اپنے امام کے سرین، پس خریدا انھوں نے کپڑا اور کاٹا انھوں نے میرے لئے ایک کرتا، پس نہیں خوش ہوا میں کسی چیز سے میرے خوش ہونے کی طرح اس کرتے سے۔

امامت صبی کا مسئلہ:

امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک نابالغ بچہ کا امام بننا مطلقاً جائز ہے، فرائض میں بھی اور نوافل میں بھی، اور امام ثوری اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک مطلقاً مکروہ ہے، اور امام ابوحنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک مطلقاً ناجائز ہے۔ حنفیہ کے یہاں نوافل میں بھی مفتی بہ قول یہی ہے، اور باب کی روایت امام شافعی رحمہ اللہ کی دلیل ہے اور حنفیہ اور حنابلہ اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ یہ صحابہ کا عمل ہے، نبی ﷺ کو اس کی اطلاع نہیں ہوئی، پس تقریرِ نبوی نہیں پائی گئی، اس پر شوافع کہتے ہیں کہ نزولِ وحی کا زمانہ تھا، اس لئے اگر یہ عمل ناجائز ہوتا تو وحی کے ذریعہ تنبیہ آتی، جیسے حضرت جابر اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما نے عزل کے جواز پر اسی طرح استدلال کیا ہے کہ اگر عزل ناجائز ہوتا تو وحی متلو یا غیر متلو میں اس پر تنبیہ آتی۔

علاوہ ازیں اس روایت میں ہے کہ سجدہ میں امام کا کشفِ عورت ہو جاتا تھا، حالانکہ کشفِ عورت سے بالاتفاق نماز باطل ہو جاتی ہے، لیکن میرا خیال ہے کہ یہ بات درست نہیں، حدیث میں بُرْدہ ہے جس کے معنی ہیں: اوڑھنے کی چادر، پہننے کے کپڑے کے لئے إزار ہے، حضرت عمرو بن سلمہؓ نے لنگی باندھ رکھی تھی، اس پر جو چادر اوڑھ رکھی تھی وہ سکڑ جاتی تھی، اس لئے کپڑے پر سے سرین ظاہر ہوتے تھے، جیسے آج کل پتلون اور بنیان پہننے والے جب سجدہ کرتے ہیں تو نیم برہنہ معلوم ہوتے ہیں، چنانچہ نمازیوں نے امام صاحب کے لئے کرتا سلوایا، لنگی نہیں بنائی۔

اور خطابی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے اس روایت کو ضعیف قرار دیا ہے، ایک مرتبہ فرمایا: **دَعْهُ لَيْسَ بِشَيْئٍ بَيِّنٍ**: اس حدیث کو رہنے دو، یہ واضح نہیں ہے۔

اور اختلاف کی اصل بنیاد یہ ہے کہ امام واسطہ فی العروض ہے یا واسطہ فی الثبوت بالمعنی الثانی؟ یعنی امام اور مقتدیوں کی نماز ایک ہے اور امام مقتدیوں کی نماز کا ضامن ہے یا سب کی نمازیں الگ الگ ہیں؟ حنفیہ کے نزدیک پہلی صورت ہے، اس لئے بچہ کی امامت درست نہیں، اور شوافع کے نزدیک دوسری صورت ہے اس لئے امام ہر کوئی بن سکتا ہے اور اس کی تفصیل تحفۃ القاری (۳:۶۶) اور تحفۃ الالمعی (۲:۱۲۷) میں ہے۔

[٤٣٠٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِي يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ عُتْبَةُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ عَهِدَ إِلٰى أَخِيْهِ سَعْدٍ أَنْ يَقْبِضَ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ، وَقَالَ عُتْبَةُ: إِنَّـهُ ابْنِيْ، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ فِي الْفَتْحِ أَخَذَ سَعْدُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ، فَأَقْبَلَ بِهِ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَقْبَلَ مَعَهُ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ، قَالَ سَعْدُ ابْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ: هٰذَا ابْنُ أَخِيْ، عَهِدَ إِلَيَّ أَنَّـهُ ابْنُهُ، قَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا أَخِيْ، هٰذَا بْنُ

زَمْعَةَ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى ابْنِ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ فَإِذَا أَشْبَهُ النَّاسِ بِعُتْبَةَ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " هُوَ لَكَ، هُوَ أَخُوْكَ يَا عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ" مِنْ أَجْلِ أَنَّهُ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " احْتَجِبِيْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ" لِمَا رَأَى مِنْ شَبَهِ عُتْبَةَ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: قَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ" وَقَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَكَانَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يَصِيْحُ بِذٰلِكَ.[راجع: ۲۰۵۴]

۱۸- زمعہ کی باندی کے لڑکے کا مقدمہ فتح میں پیش ہوا

ترجمہ: صدیقہؓ فرماتی ہیں: عتبۃ بن ابی وقاص نے اپنے بھائی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے عہد (وچن) لیا تھا کہ وہ زمعہ کی باندی کے لڑکے کو اپنی تحویل میں لے لیں اور عتبہ نے کہا تھا کہ وہ میرا لڑکا ہے، پس جب نبی ﷺ مکہ کو فتح کرنے کے لئے آئے تو حضرت سعدؓ نے زمعہ کی باندی کے لڑکے کو لے لیا، اور اس کو لے کر نبی ﷺ کے پاس آئے، اور ان کے ساتھ زمعہ کے لڑکے عبد بھی آئے، حضرت سعدؓ نے کہا: یہ میرا بھتیجہ ہے، میرے بھائی نے مجھ سے عہد لیا ہے کہ وہ ان کا بیٹا ہے، عبد نے کہا: یہ میرا بھائی ہے، زمعہ کا لڑکا ہے، ان کی باندی سے پیدا ہوا ہے، نبی ﷺ نے زمعہ کی باندی کے لڑکے کی طرف دیکھا، اچانک وہ لوگوں میں سب سے زیادہ مشابہ تھا عتبہ کے ساتھ، پس نبی ﷺ نے فرمایا: وہ تیرے لئے ہے، وہ تیرا بھائی ہے اے عبد! اس وجہ سے کہ وہ زمعہ کے بستر پر جنا گیا ہے اور نبی ﷺ نے فرمایا: پردہ کریں آپ اس سے اے سودہ! بایں وجہ کہ آپؐ نے اس کو عتبہ کے مشابہ پایا۔ اسی واقعہ میں نبی ﷺ نے فرمایا: **الولدُ للفراش وللعاهر الحجر**: بچہ بستر کے لئے ہے اور زانی کے لئے سنگ ہے، امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حدیث کا یہ جملہ لوگوں کے درمیان زور سے کہا کرتے تھے۔

سوال: باندی کے بچہ میں ثبوت نسب کے لئے مولیٰ کا دعوی ضروری ہے، اور اس واقعہ میں زمعہ کا کوئی دعوی نہیں تھا، ان کا انتقال ہوگیا تھا، پھر نسب کیسے ثابت ہوا؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ جب وہ عبد کا بھائی ہوگیا تو حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا بھی بھائی ہوگیا، پھر پردہ کا حکم کیوں دیا؟ (زمعہ: حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے والد اور نبی ﷺ کے خسر ہیں، فتح مکہ سے پہلے ان کا انتقال ہوگیا تھا، اور عبد: نبی ﷺ کے سالے ہیں)

جواب: زمعہ سے نسب ثابت نہیں ہوا، کیونکہ اس کا دعوی نہیں تھا، البتہ حق میراث میں مُقِر کا بھائی ہوگیا، اس کی میراث میں سے آدھی میراث اس کو ملے گی، مصنف عبد الرزاق میں روایت کے الفاظ یہ ہیں: فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِسَوْدَةَ: أَمَّا الْمِيْرَاثُ فَلَهُ، وَأَمَّا أَنْتِ فَاحْتَجِبِي مِنْهُ فَإِنَّهُ لَيْسَ لَكِ بِأَخٍ: اور مسند احمد کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: أَمَّا أَنْتِ فَاحْتَجِبِيْ مِنْهُ، وَلَيْسَ بِأَخِيْكِ وَلَهُ الْمِيْرَاثُ: یہ الفاظ صریح ہیں کہ آپؐ نے نسب ثابت نہیں کیا صرف

میراث میں عبد کے ساتھ اس کو شریک کیا۔

اور حدیث الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ کے ذریعہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے دعوی کو خارج کیا ہے کہ زانی یا اس کی طرف سے کوئی نسب کا دعوی کرے تو وہ ثابت نہیں ہوگا، اس کا دعوی موجب حرماں نصیبی، بلکہ سنگساری ہے، اور الولد للفراش کا اطلاق بیوی پر ہوگا، بیوی میں ثبوت نسب کے لئے شوہر کا دعوی ضروری نہیں، بچہ کے نسب کی نفی نہ کرنا کافی ہے۔

اور روایت کا یہ جملہ: لِمَا رَأَى مِنْ شَبَهِ عُتْبَةَ بْنِ أَبِيْ وَقاصٍ: یعنی نبی ﷺ نے اس لڑکے کی عتبہ کے ساتھ واضح مشابہت دیکھی، اس لئے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو پردہ کرنے کا حکم دیا: یہ راوی نے حکم کی وجہ سمجھی ہے ورنہ اصل وجہ یہ تھی کہ وہ حضرت سوداءؓ کا بھائی نہیں بنا تھا، اور پہلے تحفۃ الالمعی (۵۹۸:۳) میں جو لکھا گیا ہے کہ پردہ کا حکم احتیاطاً دیا تھا وہ قابل اصلاح ہے۔

الولد للفِراش وللعاهِرِ الحَجَرُ کا صحیح مطلب اور تحفۃ الالمعی کی اصلاح

حدیث الولد للفراش وللعاهِرِ الحَجَرُ کا ماسیق لاجلہ الکلام یعنی مقصود پہلا جملہ ہے یا دوسرا؟ میں یہ سمجھتا تھا کہ پہلا جملہ مقصود ہے اور مقصد نسب ثابت کرنا ہے، میں نے باندی کو فراش (بیوی) سمجھ لیا تھا، چنانچہ تحفۃ الالمعی میں لکھا گیا ہے کہ بعض صورتوں میں محرم سے بھی پردہ لازم ہے، پھر مصنّف عبد الرزاق اور مسند احمد میں حدیث کے الفاظ دیکھے تو غلط فہمی کا احساس ہوا کہ بیوی تو مطلقاً فراش ہے مگر باندی مطلقاً فراش نہیں، ضروری نہیں کہ مولیٰ ہر باندی سے صحبت کرے اور فقہ کا یہ مسئلہ بھی سامنے آیا کہ باندی کے بچہ میں ثبوت نسب کے لئے مولیٰ کا دعوی ضروری ہے، اور مذکورہ حدیث کا جو واقعہ ہے اس میں مولیٰ موجود نہیں تھا اور زانی بھی موجود نہیں تھا، پس سمجھ میں آیا کہ مقصودِ کلام دوسرا جملہ ہے، یعنی حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے دعوی کو خارج کرنا مقصود ہے اور پہلا جملہ استطراداً ہے، باندی من وجہ فراش ہے، مولیٰ نے اگر اس سے مقاربت کی ہے اور وہ نسب کا دعوی کرے تو نسب ثابت ہوگا، اور سراجی وغیرہ میں الْمُقَرُّ له بالنَّسَبِ علی غَيْرِهِ کو اس کے درجہ میں وارث بنایا ہے پس زمعہ سے تو اس لڑکے کا نسب ثابت نہیں ہوگا اور وہ حضرت سوداء رضی اللہ عنہا کا بھی نہیں بنے گا، مگر وہ حق میراث میں عبد کا بھائی بن جائے گا، وہ اپنی میراث کا آدھا اس کو دے گا، جس کو وہ اپنے باپ کا بیٹا کہہ رہا ہے۔

[٤٣٠٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ امْرَأَةً سَرَقَتْ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزْوَةِ الْفَتْحِ، فَفَزِعَ قَوْمُهَا إِلٰى أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ يَسْتَشْفِعُوْنَهُ، قَالَ عُرْوَةُ: فَلَمَّا كَلَّمَهُ أُسَامَةُ فِيْهَا تَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَقَالَ: "أَتُكَلِّمُنِيْ فِيْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ؟" قَالَ أُسَامَةُ: اسْتَغْفِرْ لِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فَلَمَّا كَانَ الْعَشِيُّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ خَطِيْبًا، فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ

فَإِنَّمَا أَهْلَكَ النَّاسَ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ، وَإِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ أَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ، وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا" ثُمَّ أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِتِلْكَ الْمَرْأَةِ، فَقُطِعَتْ يَدُهَا، فَحَسُنَتْ تَوْبَتُهَا بَعْدَ ذٰلِكَ وَتَزَوَّجَتْ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَكَانَتْ تَأْتِيْنِىْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَأَرْفَعُ حَاجَتَهَا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۲٦٤٨]

۱۹- فاطمہ مخزومیہؓ کی چوری کا واقعہ فتح مکہ کے موقع پر پیش آیا

حدیث: حضرت عروہؒ کہتے ہیں: ایک عورت نے فتح مکہ کے موقع پر عہدِ نبوی میں چوری کی، پس اس کی قوم گھبرا کر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچی تاکہ وہ نبی ﷺ سے سفارش کریں، عروہؒ کہتے ہیں: جب اسامہؓ نے نبی ﷺ سے اس عورت کے حق میں بات کی تو نبی ﷺ کا چہرہ بدل گیا اور فرمایا: کیا تم مجھ سے گفتگو کرتے ہو اللہ کی مقرر کی ہوئی سزاؤں میں سے ایک سزا میں؟! حضرت اسامہؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! میرے لئے دعاءِ مغفرت کیجئے یعنی میں معذرت خواہ ہوں کہ میں نے ایسی غلطی کی، پھر جب شام ہوئی تو نبی ﷺ تقریر کے لئے کھڑے ہوئے اور اللہ کی ایسی تعریف کی جس کے وہ مستحق ہیں، پھر فرمایا: حمد وصلوٰۃ کے بعد! تم سے پہلے جو لوگ ہوئے ہیں ان کو اسی بات نے ہلاک کیا کہ جب ان میں شریف آدمی چوری کرتا تو اس کو چھوڑ دیتے (حد جاری نہیں کرتے تھے) اور جب ان میں کمزور چوری کرتا تو اس پر حد جاری کرتے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! اگر (خدانخواستہ) میری بیٹی فاطمہؓ چوری کرتی تو میں اس کا بھی ہاتھ کاٹتا، پھر نبی ﷺ نے اس عورت کے بارے میں حکم دیا، چنانچہ اس کا ہاتھ کاٹا گیا، پھر اس کے بعد اس کی توبہ اچھی ہوئی، اور اس نے نکاح کرلیا، صدیقہؓ کہتی ہیں: وہ اس واقعہ کے بعد میرے پاس آتی تھی، اور میں اس کی ضرورت نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کرتی تھی۔

قولہ: حَسُنَتْ تَوْبَتُهَا: سے معلوم ہوا کہ حد فی نفسہ کفارہ نہیں، اس کے ساتھ توبہ ضروری ہے، حدود فی نفسہ زواجر (جھڑکی) ہیں۔

[۴۳۰۵و ۴۳۰٦-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مُجَاشِعٌ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِأَخِىْ بَعْدَ الْفَتْحِ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! جِئْتُكَ بِأَخِىْ لِتُبَايِعَهُ عَلَى الْهِجْرَةِ، قَالَ:" ذَهَبَ أَهْلُ الْهِجْرَةِ بِمَا فِيْهَا" فَقُلْتُ: عَلٰى أَىِّ شَيْءٍ تُبَايِعُهُ؟ قَالَ: "أُبَايِعُهُ عَلَى الإِسْلَامِ وَالإِيْمَانِ وَالْجِهَادِ" فَلَقِيْتُ أَبَا مَعْبَدٍ بَعْدُ، وَكَانَ أَكْبَرَهُمَا، فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: صَدَقَ مُجَاشِعٌ.[راجع: ۲۹٦۲، ۲۹٦۳]

[۴۳۰۷و ۴۳۰۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِیْ بَکْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفُضَیْلُ بْنُ سَلَیْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ أَبِیْ عُثْمَانَ النَّھْدِیِّ، عَنْ مُجَاشِعِ بْنِ مَسْعُوْدٍ: انْطَلَقْتُ بِأَبِیْ مَعْبَدٍ إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم لِیُبَایِعَهُ عَلَی الْھِجْرَةِ، قَالَ:" مَضَتِ الْھِجْرَةُ لِأَھْلِھَا، أُبَایِعُهُ عَلَی الإِسْلَامِ وَالْجِھَادِ" فَلَقِیْتُ أَبَا مَعْبَدٍ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: صدقَ مُجَاشِعٌ، وَقَالَ خَالِدٌ، عَنْ أَبِیْ عُثْمَانَ، عَنْ مُجَاشِعٍ: إِنَّـهُ جَاءَ بِأَخِیْهِ مُجَالِدٍ.

[راجع: ۲۹۶۲، ۲۹۶۳]

۲۰-مُجاشعؓ اپنے بھائی مُجالدؓ کو فتح مکہ کے موقع پر بیعت کے لئے لائے

مُجاشع بن مسعود سُلَمیؓ کہتے ہیں: میں اپنے بھائی ابومعبد مجالد بن مسعودؓ کو لے کر فتح مکہ کے دن نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں اپنے بھائی کو لایا ہوں، تاکہ آپؐ اس کو ہجرت پر بیعت کریں یعنی وہ اپنا وطن چھوڑ کر مدینہ آجائیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ہجرت والے وہ فضیلت لے گئے جو ہجرت میں ہے، یعنی اب فتح مکہ کے بعد ہجرت کا حکم نہیں رہا، میں نے عرض کیا: پس کس بات پر آپؐ اس کو بیعت کریں گے؟ آپؐ نے فرمایا: میں اس کو اسلام، ایمان اور جہاد پر بیعت کرتا ہوں، ابوعثمان نہدی کہتے ہیں: پھر بعد میں میں نے ابومعبد مجالد بن مسعودؓ سے ملاقات کی اور وہ دونوں بھائیوں میں بڑے تھے، میں نے ان سے اس واقعہ کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے کہا: مجاشعؓ نے صحیح بیان کیا۔

اس کے بعد کی روایت میں ہے: مَضَتِ الْھِجْرَةُ لِأَھْلِھَا: ہجرت ہجرت والوں کے لئے گذرگئی، یعنی اب مکہ سے ہجرت نہیں رہی، اس لئے کہ مکہ دارالاسلام بن گیا (اور حاشیہ میں ہے کہ یہ بات مکہ مکرمہ کے تعلق سے ہے دارالحرب سے ہجرت کا حکم قیامت تک باقی ہے، علامہ طیبی رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، پس اگر دارالحرب میں دین پر عمل ممکن نہ ہوتو ہجرت واجب ہے اور یہ حکم ہمیشہ کے لئے ہے)

[۴۳۰۹-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ مُجَاھِدٍ، قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: إِنِّیْ أُرِیْدُ أَنْ أُھَاجِرَ إِلَی الشَّامِ، قَالَ: لَا ھِجْرَةَ وَلٰکِنْ جِھَادٌ، فَانْطَلِقْ فَاعْرِضْ نَفْسَكَ، فَإِنْ وَجَدْتَ شَیْئًا، وَإِلَّا رَجَعْتَ.[راجع: ۳۸۹۹]

[۴۳۱۰-] وَقَالَ النَّضْرُ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاھِدًا: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ فَقَالَ: لَاھِجْرَةَ الْیَوْمَ، أَوْ: بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، مِثْلَهُ.[راجع: ۳۸۹۹]

[۴۳۱۱-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ یَزِیْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِیُّ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِیْ لُبَابَةَ، عَنْ مُجَاھِدِ بْنِ جَبْرٍ الْمَکِّیِّ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عُمَرَ کَانَ یَقُوْلُ: لَاھِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ.[راجع: ۳۸۹۹]

[٤٣١٢-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِى الْأَوْزَاعِىُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِىْ رَبَاحٍ، قَالَ: زُرْتُ عَائِشَةَ مَعَ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، فَسَأَلَهَا عَنِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَتْ: لَاهِجْرَةَ الْيَوْمَ، كَانَ الْمُؤْمِنُ يَفِرُّ أَحَدُهُمْ بِدِيْنِهِ إِلَى اللّٰهِ وَإِلٰى رَسُوْلِهِ، مَخَافَةَ أَنْ يُفْتَنَ عَلَيْهِ، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَقَدْ أَظْهَرَ اللّٰهُ الإِسْلَامَ، فَالْمُؤْمِنُ يَعْبُدُ رَبَّهُ حَيْثُ شَاءَ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ.[راجع: ۳۰۸۰]

۲۱-ایک جگہ سے دوسری جگہ جابسنا ہجرت نہیں

حدیث(۱): مجاہدؒ نے اپنے آقا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: میں شام کی طرف ہجرت کرنا چاہتا ہوں، یعنی مدینہ چھوڑ کر شام چلا جانا چاہتا ہوں، ابن عمرؓ نے فرمایا: ہجرت نہیں، ہاں جہاد ہے، یعنی مدینہ سے شام میں جابسنا ہجرت نہیں، ہاں جہاد میں شرکت کی نیت سے جاؤ تو ٹھیک ہے، پس آپ جائیں اور اپنی ذات کو پیش کریں، یعنی فوج میں شامل ہوں، پس اگر آپ پائیں کوئی چیز (تو بہتر ہے) ورنہ لوٹ آئیں، یعنی کسی جہاد میں شمولیت کا موقع مل جائے تو شرکت کرلیں ورنہ مدینہ لوٹ آئیں۔

اور دوسری روایت میں ابن عمرؓ کا جواب ہے: اب ہجرت نہیں، یا فرمایا: رسول اللہ ﷺ کے بعد ہجرت نہیں، مثلَه: یعنی باقی حدیث پہلی حدیث کی طرح ہے۔

اور تیسری حدیث میں ہے: مجاہدؒ کہتے ہیں: ابن عمرؓ فرمایا کرتے تھے: **لاهجرةَ بعد الفتح**: فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں، یعنی مکہ سے، کیونکہ وہ دارالاسلام بن گیا۔

اور چوتھی حدیث میں حضرت عطاءؒ کہتے ہیں: میں نے عُبید بن عُمیر کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات کی، عبید نے ان سے ہجرت کے بارے میں پوچھا، انھوں نے کہا: آج ہجرت کا حکم نہیں، مسلمان بھاگتا تھا اپنے دین کے ساتھ اللہ اور اس کے رسول کی طرف، اس اندیشہ سے کہ وہ دین کے معاملہ میں آزمائش میں ڈالا جائے گا، پس رہا آج یعنی فتح مکہ کے بعد تو اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غالب کردیا ہے، لہٰذا مسلمان اپنے پروردگار کی عبادت کرے جہاں چاہے، البتہ جہاد اور جہاد کی نیت باقی ہے (یہ حدیث تحفۃ القاری ۷: ۳۶۰ میں گذری ہے، وہاں اس کی تشریح ہے)

فائدہ: کچھ حضرات مدینہ منورہ میں جابستے ہیں تاکہ ان کی وہاں موت آئے، مدینہ منورہ میں موت کی فضیلت آئی ہے، پس یہ بات بہت اچھی ہے مگر وہ مہاجر نہیں، عرف میں جوان کو مہاجر کہا جاتا ہے: وہ صحیح نہیں۔

[٤٣١٣-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ حَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَقَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ، فَهِىَ حَرَامٌ بِحَرَامِ اللّٰهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِىْ، وَلَا تَحِلُّ لِأَحَدٍ

بَعْدِیْ، وَلَمْ تَحْلِلْ لِیْ قَطُّ إِلَّا سَاعَةً مِنَ الدَّهْرِ، لَا یُنَفَّرُ صَیْدُهَا، وَلَا یُعْضَدُ شَوْکُهَا، وَلَا یُخْتَلٰی خَلَاهَا، وَلَا تَحِلُّ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمُنْشِدٍ" فَقَالَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: إِلَّا الإِذْخِرَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَإِنَّهُ لَا بُدَّ مِنْهُ لِلْقَیْنِ وَالْبُیُوْتِ، فَسَکَتَ ثُمَّ قَالَ: "إِلَّا الإِذْخِرَ فَإِنَّهُ حَلَالٌ"

وَعَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ: أَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الْکَرِیْمِ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِمِثْلِ هٰذَا أَوْ نَحْوِ هٰذَا، رَوَاهُ أَبُوْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم. [راجع: ۱۳۴۹]

۲۲-فتح مکہ کے دن تقریر میں حرم کے احکام بیان کئے

نبی ﷺ نے فتح مکہ کے (دوسرے) دن تقریر میں ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے جس دن آسمان وزمین کو پیدا کیا اسی دن مکہ کو محترم قرار دیا، پس وہ اللہ کے محترم قرار دینے کی وجہ سے قیامت تک کے لئے حرام ہے وہ حلال نہیں ہوا کسی کے لئے مجھ سے پہلے اور وہ حلال نہیں ہوگا کسی کے لئے میرے بعد اور میرے لئے بھی کبھی حلال نہیں ہوا مگر تھوڑے وقت تک کے لئے (فتح مکہ کے دن فجر سے عصر تک کے لئے) نہ بھگایا جائے اس کا شکار، اور نہ کاٹا جائے اس کا کانٹا، اور نہ کاٹی جائے اس کی گھاس، اور اس کی گری پڑی چیز اٹھانا جائز نہیں، مگر مالک کو تلاش کرنے والے کے لئے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مگر اذخر (یہ موج کی ہم شکل گھاس ہے، چائے اور دواء کے طور پر استعمال کی جاتی ہے، اس کے چھپر بنائے جاتے ہیں اور قبر میں استعمال کی جاتی ہے) پس بیشک اس کی ضرورت پیش آتی ہے، لوہاروں کو اور گھروں کے لئے، پس نبی ﷺ خاموش رہے، پھر فرمایا: مگر اذخر مستثنیٰ ہے وہ حلال ہے۔

یہ مجاہد رحمہ اللہ کی مرسل روایت ہے، ایسی ہی یا اس کے قریب ابن عباسؓ سے حضرت عکرمہؒ بھی روایت کرتے ہیں (حدیث ۱۳۴۹) اور یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔

۲۳-مکہ میں نبی ﷺ کا قیام اور کام

مکہ میں رسول اللہ ﷺ نے انیس دن قیام فرمایا ہے اس عرصہ میں یہ کام کئے ہیں:

۱-نبی ﷺ کے حکم سے حضرت ابواسید خزاعی رضی اللہ عنہ نے حدود حرم کے کھمبے نئے سرے سے نصب کئے۔

۲-آپؐ نے مکہ میں منادی کرائی کہ جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے گھر میں کوئی بت نہ چھوڑے، اسے توڑ ڈالے۔

۳-پچیس رمضان سن ۸ ہجری کو حضرت خالد رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں عزّیٰ کے انہدام کے لئے ایک سریہ روانہ فرمایا، عزیٰ نخلہ میں تھا، قریش اور بنوکنانہ اس کی پوجا کرتے تھے، یہ ان کا سب سے بڑا بت تھا، بنوشیبان اس کے مجاور تھے، حضرت خالدؓ نے اس کو ڈھا دیا۔

۴-اسی مہینہ میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو سُواع نامی بت ڈھانے کے لئے روانہ کیا، یہ مکہ سے تین میل کے فاصلہ پر رہاط میں بنو ہذیل کا بت تھا، جب حضرت عمرو رضی اللہ عنہ وہاں پہنچے تو مجاور نے پوچھا: کیا چاہتے ہو؟ انھوں نے کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے اسے ڈھانے کا حکم دیا ہے، اس نے کہا: تم اس پر قادر نہیں ہو سکتے، حضرت عمروؓ نے کہا: کیوں؟ اس نے کہا: تم روک دیئے جاؤ گے، حضرت عمروؓ نے کہا: تو اب تک باطل پر ہے، تجھ پر افسوس! کیا یہ سنتا دیکھتا ہے؟ اس کے بعد بت کے پاس جا کر اسے توڑ ڈالا، یہ دیکھ کر مجاور مسلمان ہو گیا۔

۵-اسی ماہ حضرت سعد بن زید اشہلی رضی اللہ عنہ کو بیس سواروں کے ساتھ منات کی طرف روانہ کیا، جو کدید کے پاس مُشَلَّل میں اوس وخزرج اور غسّان وغیرہ کا بت تھا، جب حضرت سعدؓ وہاں پہنچے تو مجاور نے پوچھا: کیا چاہتے ہو؟ انھوں نے کہا: منات کو ڈھانا چاہتا ہوں، اس نے کہا: تم جانو اور وہ جانے! پس حضرت سعدؓ منات کی طرف بڑھے، ایک کالی، ننگی، پراگندہ سر عورت نکلی، وہ اپنا سینہ پیٹ کر ہائے ہائے کر رہی تھی، مجاور نے اس سے کہا: منات اپنے نافرمانوں کو پکڑ لے، مگر فوراً ہی حضرت سعدؓ نے تلوار مار کر اس کا کام تمام کر دیا، پھر لپک کر بت کو ڈھا دیا۔

۶- نبی ﷺ نے فتح مکہ کے دن مردوں اور عورتوں سے بیعت لی، صفا پہاڑی پر بیٹھ کر پہلے مردوں سے بیعت لی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپؐ سے نیچے تھے، وہ لوگوں سے عہد وپیمان لے رہے تھے، لوگوں نے بیعت کی کہ جہاں تک ہو سکے گا ہم آپؐ کی بات سنیں گے اور مانیں گے۔

پھر آپؐ نے عورتوں سے بیعت لی، جب عورتیں بیعت کرنے آئیں تو ابوسفیانؓ کی بیوی ہند بنت عتبہ بھی بھیس بدل کر آئی، اس نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش کے ساتھ جو حرکت کی تھی (جگر چبایا تھا) اس سے وہ خائف تھی کہ کہیں نبی ﷺ اس کو پہچان نہ لیں، اس لئے وہ نقاب ڈال کر آئی، جب نبی ﷺ نے بیعت لیتے ہوئے فرمایا: ''تم چوری نہیں کرو گی'' تو ہند بولی: ابوسفیانؓ بخیل آدمی ہے، اگر میں اس کے مال میں سے کچھ لے لوں تو؟ ابوسفیانؓ وہیں موجود تھے، انھوں نے کہا: تم جو کچھ لے لو وہ تمہارے لئے حلال ہے اور نبی ﷺ نے فرمایا: ''معروف طریقہ پر لے سکتی ہو'' پھر نبی ﷺ مسکرانے لگے آپؐ نے ہند کو پہچان لیا، فرمایا: اچھا تم ہند ہو؟ وہ بولیں: ہاں اے اللہ کے نبی! جو کچھ گذر چکا اسے معاف فرما دیں، اللہ آپؐ کو معاف فرمائیں، پھر آپؐ نے فرمایا: ''زنا نہیں کرو گی'' ہند بولی، کیا آزاد عورت بھی زنا کرتی ہے؟ پھر آپؐ نے فرمایا: ''اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گی'' ہند بولی: ہم نے تو بچپن میں انہیں پالا، لیکن بڑے ہونے کے بعد آپ لوگوں نے ان کو بدر میں قتل کر دیا، پس آپؐ جانیں اور وہ جانیں (ہند کا بیٹا حنظلہ بن ابی سفیان بدر کے دن قتل کیا گیا تھا) یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہنستے ہنستے لیٹ گئے اور رسول اللہ ﷺ نے بھی تبسم فرمایا، اس کے بعد آپؐ نے فرمایا: ''کوئی بہتان نہیں گھڑو گی'' ہند نے کہا: بخدا! بہتان بڑی بری بات ہے اور آپؐ ہمیں واقعی رشد اور مکارم اخلاق کی تعلیم دیتے ہیں، پھر آپؐ نے فرمایا: ''معروف بات میں رسول کی نافرمانی نہیں کرو گی'' ہند نے کہا: خدا کی قسم! ہم اس مجلس میں دلوں میں یہ بات

لے کر نہیں بیٹھیں کہ ہم آپ کی نافرمانی بھی کریں گی، اس کے بعد واپس جا کر ہند نے اپنا بت توڑ دیا وہ توڑتی جاتی تھیں اور کہتی جاتی تھیں: ہم تیرے بارے میں دھوکہ میں تھے۔

۲۴-عام معافی کا اعلان

فتح مکہ کے دن جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ شریف کو غسل دے کر باہر نکلے تو کعبہ کے دروازہ پر کھڑے ہوئے، نیچے مسجد حرام میں اہل مکہ کھچا کھچ بھرے ہوئے تھے، انہیں انتظار تھا کہ آپ ان کے بارے میں کیا فیصلہ کرتے ہیں؟ چنانچہ آپ نے پوچھا: قریش کے لوگو! تمہارا کیا خیال ہے، میں تمہارے ساتھ کیا برتاؤ کروں گا؟ لوگوں نے جواب دیا: اچھا خیال ہے آپ کریم بھائی ہیں اور کریم بھائی کے بیٹے ہیں، آپ نے فرمایا: آج میں تم سے وہی بات کہتا ہوں جو حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہی تھی: ﴿لَاتَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ﴾: آج تم پر کوئی سرزنش نہیں، جاؤ تم سب آزاد ہو۔

۲۵-کعبہ شریف کی کنجی عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کو دی

سب لوگوں کو آزادی کا پروانہ دے کر آپ نیچے اتر آئے، بیت اللہ کا دروازہ بند کیا گیا، اور چابی آپ کے ہاتھ میں دیدی گئی، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! سقایہ (حجاج کو پانی پلانے کی خدمت) ہمارے پاس ہے، حجابہ (کعبہ شریف کی کلیدی برداری) کے اعزاز سے بھی ہمیں نوازیں، اسی وقت وحی نازل ہوئی: ﴿إِنَّ اللّٰهَ یَأْمُرُکُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلٰی أَهْلِهَا﴾: اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتے ہیں کہ امانتیں ان کے مالکان کو سپرد کرو (نساء ۵۸) چنانچہ آپ نے پوچھا: عثمان بن طلحہ کہاں ہیں؟ وہ آئے ان کو چابی دی اور فرمایا: آج کا دن نیکی اور وفاداری کا دن ہے، یہ چابی ہمیشہ ہمیش کے لئے لے لو تم سے یہ چابی وہی چھینے گا جو ظالم ہوگا (چابی آج تک اسی خاندان کے پاس ہے) عفو و کرم اور عدل وانصاف کے یہ مناظر دیکھ کر مکہ کی کایا پلٹ گئی، تمام اہل مکہ برضاء ورغبت مسلمان ہوگئے۔

(فتح مکہ کا بیان پورا ہوا)



غزوۂ حنین

حُنین: مکہ اور طائف کے درمیان ایک وادی ہے، جہاں قبائلِ ہوازن وثقیف آباد تھے، یہ جنگجو اور ماہر تیر انداز قبائل تھے، مکہ کی فتح چونکہ چشم زدن میں ہوگئی تھی، اس لئے یہ قبائل ششدر رہ گئے، انھوں نے اس کو قریش کی بزدلی کا نتیجہ قرار دیا، پھر انہیں یہ بھی اندیشہ ہوا کہ مسلمان فتح مکہ کے بعد ان کی طرف متوجہ ہونگے، اس لئے انھوں نے مکہ پر چڑھائی کا اور مکہ کو فتح کرنے کا ارادہ کیا، ان کا لیڈر مالک بن عوف نُصری تھا اور ان کا ماہر مشیر جنگ دُرید بن صِمّہ تھا، جس کی عمر سو سال سے زائد ہوگئی تھی، اِدھر نبی ﷺ کو خبریں مل رہی تھیں کہ یہ قبائل مکہ پر چڑھائی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، چنانچہ آپؐ نے حالات کا اندازہ لگانے کے لئے حضرت ابو حدرد اسلمی رضی اللہ عنہ کو بھیجا، وہ پتہ لگا کر آئے اور آپؐ کو پوری صورت حال بتائی، آپؐ نے فیصلہ کیا کہ ان کی طرف پیش قدمی کی جائے، تا کہ حرم میں جنگ نہ ہو، آپؐ بروز سنیچر ۶ شوال سن ۸ ہجری کو ان کی طرف روانہ ہوئے، آپؐ کے ساتھ بارہ ہزار کی فوج تھی، دس ہزار تو وہی تھے جو مدینہ سے آئے تھے، اور دو ہزار مکہ کے نو مسلم ساتھ ہو گئے تھے، اتنی بڑی فوج دیکھ کر کچھ لوگوں کی زبان سے نکل گیا: ہم آج ہرگز مغلوب نہیں ہونگے، یہ بڑا بول اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں آیا، چنانچہ غزوۂ حنین کی ابتداء میں بری طرح شکست سے دو چار ہونا پڑا، اسلامی لشکر منگل اور بدھ کی درمیانی رات میں ۱۰ شوال کو حنین میں پہنچا، دشمن نے یہاں پہلے سے تیر اندازوں کو گھاتوں میں بٹھا دیا تھا، اور ان کو سمجھا دیا تھا کہ جونہی جنگ شروع ہو اور مسلمان آگے بڑھیں تو انہیں تیروں سے چھلنی کر دیا جائے، پھر یکبارگی ان پر ٹوٹ پڑا جائے۔

اگلی صبح سحر کے وقت نبی ﷺ نے لشکر کی ترتیب وتنظیم قائم کی، پھر صبح کے جھٹ پٹے میں لشکر نے آگے بڑھ کر وادی حنین میں قدم رکھا، وہ گھات میں بیٹھے ہوئے دشمنوں سے بالکل بے خبر تھے، انہیں علم نہیں تھا کہ وادی کے تنگ دروں میں جیالے ان کی تاک میں بیٹھے ہوئے ہیں، چنانچہ وہ بے خبری کے عالم میں اطمینان کے ساتھ آگے بڑھنے لگے اور دشمن پیچھے ہٹنے لگا، اچانک ان پر تیروں کی بارش شروع ہوگئی، پھر فوراً ہی دشمن کے پرے کے پرے فرد واحد کی طرح ان پر ٹوٹ پڑے، اس اچانک حملہ سے مسلمان سنبھل نہ سکے، اور ان میں ایسی بھگدڑ مچی کہ کوئی پیچھے مڑ کر نہیں دیکھ رہا تھا، مگر نبی ﷺ میدان میں ڈٹے ہوئے تھے، آپؐ نے لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر پکارا: لوگو! میری طرف آؤ، میں عبد المطلب کا بیٹا محمد (ﷺ) ہوں، میں سچا نبی ہوں، اس وقت آپؐ کے پاس چند مہاجرین اور چند اہل خاندان کے سوا کوئی نہیں رہا تھا، اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ــــــ جن کی آواز بہت بلند تھی ــــــ حکم دیا کہ صحابہ کو پکارو، حضرت عباسؓ

نے پکارا: اودرخت والو! او بیعت رضوان والو! کہاں ہو، لوگ ان کی آواز سن کر اس طرح مڑے جیسے گائے اپنے بچے پر مڑتی ہے، ہر طرف سے آوازیں آنے لگیں: آئے! آئے! جب آپؐ کے پاس سو آدمی جمع ہوگئے تو آپؐ خچر سے اترے اور ترتیب وتنظیم قائم کی، لڑنے والوں کی صفیں بنائیں اور مٹھی مٹی لے کر شاھَتِ الوجوہ کہہ کر دشمن کی طرف پھینکی، اب دھواں دھار جنگ شروع ہوگئی، آپؐ نے میدان کی طرف دیکھا تو گھمسان کا رن پڑ رہا تھا، آپؐ نے فرمایا: اب چولھا گرم ہوا! مٹی پھینکنے کے چند ہی لمحات کے بعد دشمن کو شکست فاش ہوئی، ثقیف کے تقریباً ستر آدمی مارے گئے، اور ان کے پاس جو کچھ مال، ہتھیار، عورتیں اور بچے تھے وہ سب مسلمانوں کے ہاتھ آئے، سورۃ التوبہ آیات ۲۶-۲۷ میں اس غزوہ کا ذکر ہے، ارشادِ پاک ہے:

﴿لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ، وَيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ۝ ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَأَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا، وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكَافِرِيْنَ ۝ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ، وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾

ترجمہ: بخدا واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری مدد کی، بہت سے موقعوں میں اور حنین کے دن بھی، جب تمہیں اپنی کثرت پر غرّہ ہوگیا تھا، پھر وہ کثرت تمہارے کچھ کام نہ آئی، اور تم پر زمین باوجود اپنی فراخی کے تنگ ہوگئی، پھر تم پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہوئے، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر اور مؤمنین پر سکینت (تسلی) نازل فرمائی، اور ایسا لشکر نازل فرمایا جس کو تم نے نہیں دیکھا اور کافروں کو سزا دی، اور یہ کافروں کی (دنیوی) سزا ہے، پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گے توبہ نصیب کریں گے، اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے، بڑے مہربان ہیں۔

تفسیر: غزوۂ حنین سے پہلے بدر، قریظہ، نضیر، حدیبیہ اور احزاب وغیرہ میں اللہ کی مدد اور تائید غیبی مسلمان دیکھ چکے تھے، اب غزوۂ حنین کا موقع تھا، مسلمانوں نے اپنے لشکر کو دیکھا کہ تعداد بھی ان کی بہت ہے اور وہ سامان جنگ سے بھی لیس ہیں اس لئے بعض صحابہ کی زبان سے نکل گیا کہ جب ہم بہت تھوڑے تھے اس وقت ہم غالب رہے، اب تو ہماری بہت بڑی تعداد ہے، ہم کسی سے مغلوب نہیں ہوسکتے، یہ بڑا ابول اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں آیا اور لشکر کی زیادتی کچھ کام نہ آئی، جنگ شروع ہوتے ہی سب کے پاؤں اکھڑ گئے، باوجود فراخی کے زمین لوگوں پر تنگ ہوگئی، ہر شخص بھاگا جا رہا تھا، اور اسے کوئی پناہ کی جگہ نہیں مل رہی تھی، پھر اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ پر اور مسلمانوں پر سکینت نازل فرمائی، اور آسمان سے فرشتوں کی کمک آئی، اور دشمن نے منہ کی کھائی، کافروں کی (دنیا میں) یہی سزا ہے، دیکھو! تھوڑی دیر پہلے تم بھاگ رہے تھے۔ اب وہ بھاگ رہے ہیں، انہیں کہیں پناہ نہیں مل رہی، اور اس میں اللہ کی مصلحت تھی کہ یہ بھاگنے والے مسلمان ہوجائیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو توبہ کی توفیق دی، اگر میدان میں وہ لقمۂ اجل بن جاتے تو جہنم کا ایندھن بنتے، اس لئے ان کو شکست ہوئی، اور بعد

میں توبہ کی توفیق نصیب ہوئی، ان میں سے اکثر مسلمان ہوگئے۔

[۵۵-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی

﴿وَيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُدْبِرِيْنَ، ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهُ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾[التوبہ: ۲۵-۲۷]

۱- حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ غزوۂ حنین میں زخمی ہوئے

حدیث: اسماعیل بن ابی خالد کہتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں ایک چوٹ دیکھی، انھوں نے فرمایا: مجھے یہ چوٹ غزوۂ حنین میں نبی ﷺ کے ساتھ لگی ہے، میں نے پوچھا: آپ حنین میں شریک تھے؟ انھوں نے کہا: اس سے پہلے بھی میں غزوات میں شریک رہا ہوں۔

[۴۳۱۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: رَأَيْتُ بِيَدِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفَى ضَرْبَةً، قَالَ: ضُرِبْتُهَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ حُنَيْنٍ، قُلْتُ: شَهِدْتَ حُنَيْنًا؟ قَالَ: قَبْلَ ذٰلِكَ.

۲- اگر کمانڈر ڈٹا رہے تو فوج کا بھاگنا بھاگنا نہیں

حدیث: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شخص آیا، اس نے کہا: اے ابوعمارۃ! کیا آپ نے غزوۂ حنین میں میدان سے پیٹھ پھیری؟ حضرت براءؓ نے جواب دیا: لیکن میں گواہی دیتا ہوں کہ نبی ﷺ نے پیٹھ نہیں پھیری، بلکہ اسلامی فوج کے جلد باز لوگ آگے بڑھ گئے، پس تیروں سے چھلنی کر دیا ان کو ہوازن نے اور (آپ کے چچازاد بھائی) ابوسفیان بن الحارثؓ آپ کے سفید خچر کا سر پکڑے ہوئے تھے، اور آپ فرما رہے تھے: میں پیغمبر ہوں اس میں کچھ جھوٹ نہیں، میں عبدالمطلب کا لڑکا ہوں۔

تشریح: غزوۂ حنین میں نبی ﷺ کے ساتھ بارہ ہزار کا لشکر تھا، جب لشکر اسلام وادی حنین میں پہنچا اور جنگ شروع ہوئی تو فوج کے دوباز و میمنہ اور میسرہ بے ترتیب آگے بڑھ گئے، ہوازن وثقیف کے تیر انداز کمین گاہوں میں چھپے ہوئے تھے، انھوں نے اچانک تیر برسانے شروع کر دیئے، جس کی وجہ سے دونوں باز و سراسیمہ ہو کر بھاگے، اور ان کو دیکھا دیکھی دوسرے بھی بھاگے، مگر نبی ﷺ اور چند جاں نثار صحابہ میدان میں ڈٹے رہے، اس وقت آپ نے پکار کر فرمایا:

أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ ۞ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

یعنی میں سچا نبی ہوں اور اللہ نے مجھ سے جو فتح ونصرت کا وعدہ کیا ہے وہ برحق ہے، اس میں جھوٹ کا شائبہ نہیں، میں عبد

المطلب کی اولاد ہوں، عبدالمطلب کا حوالہ اس لئے دیا کہ عرب میں مشہور تھا کہ عبدالمطلب کی اولاد میں بڑا آدمی پیدا ہوگا، آپؐ نے فرمایا: وہ میں ہی ہوں، پھر آپؐ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ مہاجرین وانصار کو آواز دو، حضرت عباسؓ جہوری الصوت تھے، دس میل تک ان کی آواز جاتی تھی، جب ان کی آواز کانوں میں پڑی تو لوگ یکدم پلٹ گئے اور پروانے شمع نبوت کے گرد جمع ہوگئے، حضرت براء رضی اللہ عنہ نے یہی فرمایا ہے کہ نبی ﷺ میدان میں ڈٹے رہے، اور کمانڈر جب میدان میں ڈٹا ہوا ہو تو فوج کے بھاگنے کو بھاگنا نہیں کہتے، اگرچہ لوگ منتشر ہوجائیں، اسی طرح فوج تھوڑی دیر کے لئے منتشر ہوجائے تو اسے بھی عرف میں بھاگنا نہیں کہتے، بھاگنا یہ ہے کہ لشکری ایسے جائیں جیسے گدھے کے سر سے سینگ گئے، یہ صورتِ حال حنین میں پیش نہیں آئی (تحفۃ الالمعی ۴: ۶۱۰)

[۴۳۱۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ جَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا عُمَارَةَ! أَتَوَلَّيْتَ يَوْمَ حُنَيْنٍ؟ قَالَ: أَمَّا أَنَا فَأَشْهَدُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ لَمْ يُوَلِّ، وَلٰكِنْ عَجِلَ سَرَعَانُ الْقَوْمِ فَرَشَقَتْهُمْ هَوَازِنُ، وَأَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ آخِذٌ بِرَأْسِ بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ، يَقُوْلُ: "أَنَا النَّبِيُّ لاَ كَذِبْ، أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ"[راجع: ۲۸٦٤]

[۴۳۱٦-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ: قِيْلَ لِلْبَرَاءِ وَأَنَا أَسْمَعُ: أَوَلَّيْتُمْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ حُنَيْنٍ؟ فَقَالَ: أَمَّا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَلاَ، كَانُوْا رُمَاةً، فَقَالَ: "أَنَا النَّبِيُّ لاَ كَذِبْ، أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ"[راجع: ۲۸٦٤]

[۴۳۱۷-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ: سَمِعَ الْبَرَاءَ وَسَأَلَهُ رَجُلٌ مِنْ قَيْسٍ: أَفَرَرْتُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ حُنَيْنٍ؟ فَقَالَ: لٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَفِرَّ، كَانَتْ هَوَازِنُ رُمَاةً، وَإِنَّا لَمَّا حَمَلْنَا عَلَيْهِمُ انْكَشَفُوْا، فَأَكْبَبْنَا عَلَى الْغَنَائِمِ، فَاسْتُقْبِلْنَا بِالسِّهَامِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ، وَإِنَّ أَبَا سُفْيَانَ آخِذٌ بِزِمَامِهَا، وَهُوَ يَقُوْلُ: "أَنَا النَّبِيُّ لاَكَذِبْ" قَالَ إِسْرَائِيْلُ وَزُهَيْرٌ: نَزَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَغْلَتِهِ.[راجع: ۲۸٦٤]

لغت: رَشَقَه (ن) رَشْقًا: تیر مارنا،.........انکشفوا: شکست کھائی انھوں نے......... أَكَبَّ على الشيئ: کسی چیز کی طرف متوجہ ہونا، کسی چیز میں منہمک ہونا.........فَاسْتُقْبِلْنَا (مجہول) پس استقبال کئے گئے ہم، حضرت براءؓ کا جواب ادیبانہ ہے، اپنا بھاگنا بھی بتادیا اور امیر لشکر کا جما رہنا بھی بیان کردیا، اور کمانڈر ڈٹا ہوا ہو تو فوج کے میدان سے ہٹ جانے کو 'بھاگنا' نہیں کہتے.........اسرائیل اور زہیر کی روایتوں میں صراحت ہے کہ آپؐ نے سواری سے اتر کر صحابہ کی تنظیم

وترتیب قائم کی تھی۔

۳- ہوازن وثقیف مسلمان ہوکر خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تو ان کے قیدی واپس کئے گئے

نبی ﷺ طائف کا محاصرہ ختم کرکے واپس آئے تو جعرانہ میں کئی دن مالِ غنیمت تقسیم کئے بغیر ٹھہرے رہے، اس تاخیر کا مقصد یہ تھا کہ ہوازن تائب ہوکر حاضرِ خدمت ہوجائیں تو انھوں نے جو کچھ کھویا ہے وہ ان کو پھیر دیا جائے مگر تاخیر کے باوجود وہ لوگ نہیں آئے، پس آپؐ نے غنیمت تقسیم کردی، غنیمت تقسیم ہوجانے کے بعد ہوازن کا وفد مسلمان ہوکر آیا، وہ کل چودہ آدمی تھے، ان کا سربراہ زہیر بن صُرد تھا اور ان میں رسول اللہ ﷺ کا رضاعی چچا ابو برقان بھی تھا، وفد نے آپؐ سے عرض کیا: برائے مہربانی ہمارے قیدی اور مال واپس کردیا جائے اور اس انداز سے گفتگو کی کہ نبی ﷺ کا دل پسیج گیا، انھوں نے کہا: یارسول اللہ! آپؐ نے جن کو قید کیا ہے ان میں مائیں، بہنیں، پھوپھیاں اور خالائیں ہیں، اور ایسوں کو قید کرنا رسوائی کا سبب ہوتا ہے، آپؐ نے فرمایا: میرے ساتھ جو لوگ ہیں، انہیں تم دیکھ ہی رہے ہو (فوج کو فتح مکہ میں کچھ نہیں ملا تھا، غزوۂ حنین میں کچھ ملا، وہ بھی واپس لے لیا جائے تو ان کی دل شکنی ہوگی) اور مجھے سچی بات زیادہ پسند ہے اور میں نے غنیمت تقسیم کرنے میں تاخیر کی تھی، مگر تم نے آنے میں دیر کردی، اب بتاؤ تمہیں اپنے بال بچے زیادہ محبوب ہیں یا مال؟ انھوں نے کہا: ہمارے نزدیک خاندانی شرف کے برابر کوئی چیز نہیں، آپؐ نے فرمایا: اب جب میں ظہر کی نماز پڑھ لوں تو تم سب لوگوں کے سامنے کھڑے ہونا اور کہنا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کو مؤمنین کی طرف سفارشی بناتے ہیں اور مؤمنین کو رسول اللہ ﷺ کی طرف، یعنی رسول اللہ ﷺ مسلمانوں سے سفارش کریں اور مسلمان رسول اللہ ﷺ سے سفارش کریں کہ آپؐ ہمیں قیدی واپس کردیں، نماز کے بعد جب ان لوگوں نے یہ بات کہی تو آپؐ نے فرمایا: جو قیدی میرے پاس ہیں یا بنو عبدالمطلب کے پاس ہیں وہ تمہارے لئے ہیں، اور میں ابھی لوگوں سے دریافت کرتا ہوں، اس پر انصار اور مہاجرین نے اٹھ کر کہا: جو کچھ ہمارا ہے وہ بھی رسول اللہ ﷺ کے لئے ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: میں نہیں جانتا کہ کون راضی ہے اور کون نہیں۔ لہٰذا آپ حضرات واپس جائیں، اور اپنے چودھریوں سے بات کریں، پھر چودھریوں نے آپؐ کو بتلایا کہ سب بخوشی راضی ہیں، چنانچہ آپؐ نے سب قیدیوں کو ایک ایک قبطی چادر عنایت فرماکر واپس کردیا۔

ہوازن کا وفد جعرانہ میں آیا تھا

ہوازن کا وفد جعرانہ میں حاضر ہوا تھا، نبی ﷺ ابھی ابھی غنیمت تقسیم کرکے فارغ ہوئے تھے، اور روایات میں جو لفظ مسجد آیا ہے کہ لوگوں نے نماز کے بعد مسجد میں کھڑے ہوکر اپنی بات کہی: اس مسجد سے مراد سفر کی مسجد ہے، جہاں نبی ﷺ چندروز کے لئے قیام کرتے تھے، وہاں آپؐ کے خیمہ کے قریب جگہ ہموار کرکے نماز پڑھنے کے لئے عارضی مسجد بنالی جاتی تھی، مدینہ کی مسجدِ نبوی مراد نہیں، اور اس کے دو قرینے ہیں:

پہلا قرینہ: حنین کی غنیمت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حصہ میں دو باندیاں آئی تھیں، جو انھوں نے مکہ مکرمہ میں کسی گھر میں رکھی تھیں، حضرت عمرؓ مکہ میں تھے کہ انھوں نے شور سنا، حضرت ابن عمرؓ سے پوچھا: کیسا شور ہے؟ انھوں نے کہا: ہوازن کے قیدی آزاد کردیئے گئے، وہ خوشی سے گلیوں میں دوڑ رہے ہیں، حضرت عمرؓ نے فرمایا: میرے پاس بھی دو باندیاں ہیں، فلاں گھر میں ہیں، جاؤ انہیں بھی آزاد کردو، معلوم ہوا کہ یہ واقعہ مدینہ لوٹنے سے پہلے کا ہے۔

دوسرا قرینہ: جب نبی ﷺ نے فرمایا: جہاں تک میرے اور بنو عبدالمطلب کے حصہ کا تعلق ہے تو وہ تمہارے لئے ہے، اور میں ابھی لوگوں سے پوچھے لیتا ہوں، اس پر انصار اور مہاجرین نے اٹھ کر کہا: جو کچھ ہمارا ہے وہ بھی رسول اللہ ﷺ کے لئے ہے، اس کے بعد اقرع بن حابسؓ نے کہا: لیکن جو کچھ میرا اور بنو تمیم کا ہے وہ آپؐ کے لئے نہیں، اور عیینہ بن حصنؓ نے کہا: جو کچھ میرا اور بنوفزارہ کا ہے وہ بھی آپؐ کے لئے نہیں، اور عباس بن مرداسؓ نے کہا: جو کچھ میرا اور بنو سُلیم کا ہے وہ بھی آپؐ کے لئے نہیں، اس پر بنو سُلیم نے کہا: جی نہیں، جو کچھ ہمارا ہے وہ بھی رسول اللہ ﷺ کے لئے ہے، عباس نے کہا: تم لوگوں نے میری توہین کردی۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دیکھو یہ لوگ مسلمان ہو کر آئے ہیں (اور اسی غرض سے) میں نے ان کے قیدیوں کی تقسیم میں تاخیر کی تھی، اور اب میں نے انہیں اختیار دیا، تو انھوں نے بال بچوں کے برابر کسی چیز کو نہیں سمجھا، لہٰذا جس کے پاس کوئی قیدی ہو اور وہ بخوشی واپس کردے تو یہ بہت اچھی بات ہے اور جو کوئی اپنے حق کو روکنا چاہتا ہے وہ بھی ان کے قیدی واپس کردے اور آئندہ جو سب سے پہلا مال فئے حاصل ہوگا اس سے ہم اس شخص کو ایک کے بدلے چھ دیں گے، لوگوں نے کہا: ہم رسول اللہ ﷺ کے لئے بخوشی دینے کو تیار ہیں، آپؐ نے فرمایا: ہم جان نہ سکے کہ آپؐ میں سے کون راضی ہے اور کون نہیں؟ لہٰذا آپ لوگ واپس جائیں اور آپ کے چودھری حضرات آپ کے معاملہ کو ہمارے سامنے پیش کریں، اس کے بعد سارے لوگوں نے ان کے بال بچے واپس کردیئے، صرف عیینہ بن حصن رہ گیا، جس کے حصہ میں ایک بڑھیا آئی تھی، اس نے واپس کرنے سے انکار کردیا، لیکن آخر میں اس نے بھی واپس کردیا (الرحیق المختوم ص:۶۵۹)

قبائل کے یہ سردار جعرانہ میں آپؐ کے ساتھ تھے، واپسی میں تو وہ اپنے وطن کی طرف لوٹ گئے ہونگے، مدینہ نہیں گئے ہونگے، معلوم ہوا کہ یہ وفد جعرانہ میں حاضر ہوا تھا۔ واللہ اعلم

[۴۳۱۸و۴۳۱۹-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ لَيْثٌ، حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِيْ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ شِهَابٍ: وَزَعَمَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ مَرْوَانَ وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَاهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ حِيْنَ جَاءَهُ وَفْدُ هَوَازِنَ مُسْلِمِيْنَ، فَسَأَلُوْهُ أَنْ يَرُدَّ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ وَسَبْيَهُمْ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَعِيْ مَنْ تَرَوْنَ، وَأَحَبُّ الْحَدِيْثِ إِلَيَّ أَصْدَقُهُ، فَاخْتَارُوْا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ،

إِمَّا السَّبْیَ وَإِمَّا الْمَالَ، وَقَدْ كُنْتُ اسْتَأْنَيْتُ بِكُمْ" وَكَانَ أَنْظَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِضْعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً حِيْنَ قَفَلَ مِنَ الطَّائِفِ، فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم غَيْرُ رَادٍّ إِلَيْهِمْ إِلَّا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ، قَالُوْا: فَإِنَّا نَخْتَارُ سَبْيَنَا، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِي الْمُسْلِمِيْنَ، فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ:" أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ إِخْوَانَكُمْ قَدْ جَاءُوْنَا تَائِبِيْنَ، وَإِنِّيْ قَدْ رَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّ إِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ، فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُطَيِّبَ ذٰلِكَ فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يَكُوْنَ عَلٰى حَظِّهِ حَتَّى نُعْطِيَهُ إِيَّاهُ مِنْ أَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ" فَقَالَ النَّاسُ: قَدْ طَيَّبْنَا ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" إِنَّا لَانَدْرِيْ مَنْ أَذِنَ مِنْكُمْ فِيْ ذٰلِكَ مِمَّنْ لَمْ يَأْذَنْ، فَارْجِعُوْا حَتَّى يَرْفَعَ إِلَيْنَا عُرَفَاءُكُمْ أَمْرَكُمْ" فَرَجَعَ النَّاسُ فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ، ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَخْبَرُوْهُ أَنَّهُمْ قَدْ طَيَّبُوْا وَأَذِنُوْا، هٰذَا الَّذِيْ بَلَغَنِيْ عَنْ سَبْيِ هَوَازِنَ.[راجع: ۲۳۰۷، ۲۳۰۸]

ترجمہ: مروان اور مسور نے عروہ کو بتلایا کہ نبی ﷺ کھڑے ہوئے یعنی تقریر کی (اس کا تعلق بہت آگے سے ہے) جب آپؐ کی خدمت میں ہوازن کا وفد مسلمان ہوکر حاضر ہوا، اور انھوں نے آپؐ سے درخواست کی کہ آپؐ ان کو ان کے اموال اور ان کے قیدی پھیر دیں تو نبی ﷺ نے ان سے کہا: میرے ساتھ جو لوگ ہیں ان کو تم دیکھ رہے ہو، اور مجھے زیادہ پسند سچی بات ہے، پس تم دو چیزوں میں سے ایک چیز اختیار کرو، یا قیدی یا مال، اور میں نے تاخیر کی تھی تمہاری وجہ سے، اور نبی ﷺ نے ان کو دس سے زیادہ دنوں تک مہلت دی تھی، جب آپؐ طائف سے لوٹے تھے، پس جب ظاہر ہوا ان لوگوں کے لئے کہ نبی ﷺ نہیں پھیرنے والے ہیں ان کی طرف مگر دو چیزوں میں سے ایک کو تو انھوں نے کہا: ہم اپنے قیدیوں کو اختیار کرتے ہیں، پس نبی ﷺ نے مسلمانوں کے سامنے تقریر کی (پہلے جو قام آیا تھا وہ اس موقعہ کا تھا) پس اللہ کی تعریف کی جس کے وہ حقدار ہیں، پھر فرمایا: بیشک تمہارے بھائی تمہارے پاس تائب ہوکر آئے ہیں، اور میں مناسب سمجھتا ہوں کہ ان کو ان کے قیدی پھیر دوں، پس جو پسند کرے تم میں سے کہ خوش دلی سے کرے وہ یہ کام، پس چاہئے کہ وہ کرے، اور جو پسند کرتا ہے تم میں سے کہ باقی رہے اپنے حصہ پر یہاں تک کہ دیں ہم اس کو وہ حصہ اس پہلے مال سے جو اللہ تعالیٰ ہم پر لوٹائیں تو وہ ایسا کرے، پس لوگوں نے کہا: ہم خوش دلی سے یہ کام کرتے ہیں اے اللہ کے رسول! پس نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک ہم نہیں جانتے اس کو جس نے اجازت دی تم میں سے اس سلسلہ میں اس شخص سے جس نے اجازت نہیں دی، پس لوٹو تم یہاں تک کہ پیش کریں ہمارے سامنے تمہارا معاملہ چودھری حضرات، پس لوگ لوٹے اور ان سے ان کے چودھریوں نے گفتگو کی، پھر وہ چودھری نبی ﷺ کے پاس آئے اور انھوں نے آپؐ کو بتلایا کہ وہ لوگ خوش دلی سے یہ کام کر رہے ہیں اور وہ اجازت دیتے ہیں (امام زہریؒ کہتے ہیں) یہ وہ بات ہے جو مجھے ہوازن کے قیدیوں کے بارے میں پہنچی ہے۔

۴-غزوۂ حنین کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی منت پوری کی

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب ہم حنین سے لوٹے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس منت کے بارے میں پوچھا جو انھوں نے جاہلیت میں ایک دن کے اعتکاف کی مانی تھی، نبی ﷺ نے ان کو وہ منت پوری کرنے کا حکم دیا۔

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمانۂ جاہلیت میں منت مانی تھی کہ اگر ان کا فلاں کام ہوجائے گا تو وہ ایک رات حرم شریف میں اعتکاف کریں گے، پھر ان کا وہ کام ہوگیا اور ابھی منت پوری نہیں کی تھی کہ وہ مسلمان ہوگئے، پھر ہجرت کرکے مدینہ منورہ چلے گئے، پھر غزوۂ حنین کے بعد جب قافلہ جعرانہ میں ٹھہرا تو انھوں نے نبی ﷺ سے اپنی جاہلی منت کا ذکر کیا، آپؐ نے فرمایا: اب موقع ہے، اپنی منت پوری کرلو (تحفہ ۵:۱۲۱)

مسئلہ: حالتِ کفر میں جو منت مانی جائے، مسلمان ہونے کے بعد اس کو پورا کرنا ضروری ہے یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ضروری ہے، اور حنفیہ کے نزدیک مستحب ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں: تحفۃ القاری ۵:۱۲۱)

[٤٣٢٠-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ عُمَرَ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ح: وَحَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَمَّا قَفَلْنَا مِنْ حُنَيْنٍ سَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ نَذْرٍ كَانَ نَذَرَهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ: اعْتِكَافٍ، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِوَفَائِهِ.

وَقَالَ بَعْضُهُمْ: حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

وَرَوَاهُ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

قوله: اعتکافٍ: عن نذرٍ سے بدل ہے۔

[٤٣٢١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيْرِ ابْنِ أَفْلَحَ، عَنْ أَبِىْ مُحَمَّدٍ مَوْلَى أَبِىْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِىْ قَتَادَةَ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَامَ حُنَيْنٍ، فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ، فَرَأَيْتُ رَجُلاً مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلاَ رَجُلاً مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَضَرَبْتُهُ مِنْ وَرَائِهِ عَلَى حَبْلِ عَاتِقِهِ بِالسَّيْفِ، فَقَطَعْتُ الدِّرْعَ، وَأَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِىْ ضَمَّةً وَجَدْتُ مِنْهَا رِيْحَ الْمَوْتِ، ثُمَّ أَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَأَرْسَلَنِىْ فَلَحِقْتُ عُمَرَ، فَقُلْتُ: مَابَالُ النَّاسِ؟ قَالَ: أَمْرُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ! ثُمَّ رَجَعُوْا وَجَلَسَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "مَنْ قَتَلَ قَتِيْلاً لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهُ

سَلَبُهُ" فَقُلْتُ: مَنْ يَشْهَدُ لِيْ؟ ثُمَّ جَلَسْتُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، فَقُمْتُ: مَنْ يَشْهَدُ لِيْ؟ ثُمَّ جَلَسْتُ، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، ثُمَّ قُمْتُ فَقَالَ: " مَالَكَ يَا أَبَا قَتَادَةَ؟" فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ رَجُلٌ: صَدَقَ وَسَلَبُهُ عِنْدِيْ فَأَرْضِهِ عَنِّي، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: لَاهَا اللّٰهِ! إِذًا لَا يَعْمِدُ إِلٰى أَسَدٍ مِنْ أُسْدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ فَيُعْطِيَكَ سَلَبَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " صَدَقَ فَأَعْطِهِ" فَأَعْطَانِيْهِ فَابْتَعْتُ بِهِ مَخْرَفًا فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ، فَإِنَّهُ لَأَوَّلُ مَالٍ تَأَثَّلْتُهُ فِي الْإِسْلَامِ. [راجع: ۲۱۰۰]

۵-غزوۂ حنین میں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے ایک کافر کو مارا، اس کا ساز وسامان ان کو دیا گیا

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حنین والے سال ہم نبی ﷺ کے ساتھ نکلے، پس ہم باہم ملے تو مسلمانوں کے لئے بھاگنا تھا، پس میں نے ایک مشرک کو دیکھا جو ایک مسلمان پر چڑھا جارہا تھا، میں نے اس کو اس کے پیچھے سے اس کے شانہ کی رگ پر تلوار ماری، میں نے زرہ کاٹ دی، وہ میری طرف متوجہ ہوا اور مجھے ایسا بھینچا کہ مجھے اس سے موت کی بو آنے لگی، پھر اس کو موت نے پکڑ لیا، اور اس نے مجھے چھوڑ دیا، پھر میری حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، میں نے ان سے پوچھا: لوگوں کا کیا حال ہوا؟ انھوں نے فرمایا: اللہ عزوجل کا فیصلہ! پھر لوگ لوٹے اور نبی ﷺ تشریف فرما ہوئے اور فرمایا: "جس نے کسی کو قتل کیا اور اس کے پاس اس کے گواہ ہیں تو اس کے لئے اس کا ساز وسامان ہے" میں نے کہا: میرے لئے کون گواہی دیتا ہے؟ پھر میں بیٹھ گیا، نبی ﷺ نے پھر ویسا ہی اعلان کیا پس میں کھڑا ہوا اور کہا: میرے لئے کون گواہی دیتا ہے؟ پھر میں بیٹھ گیا، آپؐ نے تیسری مرتبہ یہی بات فرمائی، پھر میں کھڑا ہوا آپؐ نے پوچھا: ابوقتادہ کیا بات ہے؟ میں نے آپؐ کو بات بتلائی، ایک شخص نے کہا: انھوں نے سچ کہا: اور اس کا سامان میرے پاس ہے، آپؐ ان کو میری طرف سے راضی کردیں یعنی کچھ دے کر خوش کردیں، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں، قسم خدا کی! تب نہیں قصد کریں گے نبی ﷺ اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر کا جو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لڑتا ہے، پس دیدیں وہ تجھے اس کا سامان، نبی ﷺ نے فرمایا: ابوبکرؓ نے صحیح کہا: دیدے تو سامان ان کو، پس دیدیا اس نے مجھے وہ سامان اور خریدا میں نے اس کے ذریعہ بنوسلمہ کے علاقہ میں ایک باغ، اور بیشک وہ پہلا مال تھا جس کو میں نے سرمایہ بنایا مسلمان ہونے کے بعد، یعنی اس سے پہلے کماتا تھا اور کھاتا تھا، جمع کچھ نہیں رہتا تھا، اب یہ باغ میرا سرمایہ بنا۔

لغت: ھا برائے تنبیہ، قسم میں لفظ اللہ پر ھا داخل ہوتا ہے، جب کہ حرف قسم حذف کردیا جائے۔

[۴۳۲۲-] وَقَالَ اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ أَفْلَحَ، عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰى أَبِيْ قَتَادَةَ أَنَّ أَبَا قَتَادَةَ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ نَظَرْتُ إِلٰى رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ يُقَاتِلُ رَجُلاً مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، وَآخَرُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يَخْتِلُهُ مِنْ وَرَائِهِ لِيَقْتُلَهُ، فَأَسْرَعْتُ إِلَى الَّذِيْ يَخْتِلُهُ فَرَفَعَ يَدَهُ

لِيَضْرِبَنِى وَأَضْرِبُ يَدَهُ فَقَطَعْتُهَا، ثُمَّ أَخَذَنِى فَضَمَّنِى ضَمًّا شَدِيْدًا حَتَّى تَخَوَّفْتُ ثُمَّ تَرَكَ فَتَحَلَّلَ، وَدَفَعْتُهُ ثُمَّ قَتَلْتُهُ، وَانْهَزَمَ الْمُسْلِمُوْنَ وَانْهَزَمْتُ مَعَهُمْ، فَإِذَا بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِي النَّاسِ، فَقُلْتُ لَهُ: مَا شَأْنُ النَّاسِ؟ قَالَ: أَمْرُ اللّٰهِ! ثُمَّ تَرَاجَعَ النَّاسُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ أَقَامَ بَيِّنَةً عَلٰى قَتِيْلٍ قَتَلَهُ فَلَهُ سَلَبُهُ" فَقُمْتُ لِأَلْتَمِسَ بَيِّنَةً عَلٰى قَتِيْلِىْ، فَلَمْ أَرَ أَحَدًا يَشْهَدُ لِىْ فَجَلَسْتُ، ثُمَّ بَدَا لِىْ فَذَكَرْتُ أَمْرَهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: سِلَاحُ هٰذَا الْقَتِيْلِ الَّذِىْ يَذْكُرُ عِنْدِىْ فَأَرْضِهِ مِنْهُ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: كَلَّا، لَا يُعْطِهِ أُصَيْبِغَ مِنْ قُرَيْشٍ وَيَدَعَ أَسَدًا مِنْ أُسْدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، قَالَ: فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَدَّاهُ إِلَيَّ، فَاشْتَرَيْتُ مِنْهُ خِرَافًا، فَكَانَ أَوَّلَ مَالٍ تَأَثَّلْتُهُ فِي الإِسْلَامِ. [راجع: ۲۱۰۰]

ترجمہ: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جنگ حنین کے دن میں نے ایک مسلمان کو دیکھا جو ایک مشرک سے لڑ رہا تھا، اور ایک دوسرا مشرک اس کے پیچھے سے اس کو فریب دے رہا تھا، تا کہ وہ اس کو قتل کرے، پس تیزی سے گیا میں اس شخص کی طرف جو اس کو فریب دے رہا تھا، اس نے اپنا ہاتھ اٹھایا تا کہ وہ مجھے مارے اور میں نے اس کے ہاتھ پر مارا پس اس کو کاٹ دیا، پھر اس نے مجھے پکڑا، اور بھینچا سخت بھینچنا، یہاں تک کہ مجھے جان کا خطرہ لاحق ہوا، پھر اس نے چھوڑ دیا، اور بھینچنا بند کر دیا، اور میں نے اس کو دھکا دیا، پھر اس کو قتل کر دیا، اور مسلمانوں نے شکست کھائی، میں نے بھی ان کے ساتھ شکست کھائی، پھر اچانک حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے (شکست کھانے والے) لوگوں میں ملاقات ہوئی، میں نے ان سے پوچھا: لوگوں کا کیا حال ہوا؟ انھوں نے کہا: اللہ کا فیصلہ! پھر (شکست کھانے والے) لوگ نبی ﷺ کی طرف پلٹے، پھر آپؐ نے فرمایا: "جو شخص کوئی گواہ قائم کرے کسی مقتول پر جسے اس نے قتل کیا ہے تو اس کے لئے اس کا سامان ہے" میں کھڑا ہوا تا کہ کوئی بیّنہ تلاش کروں اپنے مقتول پر، پس نہیں دیکھا میں نے کسی کو جو میرے لئے گواہی دے، پھر میں بیٹھ گیا، پھر ظاہر ہوا میرے لئے، یعنی میری رائے ہوئی تو میں نے اس مقتول کا معاملہ ذکر کیا، پس نبی ﷺ سے ایک آدمی نے آپؐ کے ہم نشینوں میں سے کہا: اس مقتول کا ہتھیار جس کا ابوقتادہؓ ذکر کر رہے ہیں میرے پاس ہے، آپؐ ان کو خوش کر دیجئے اس ہتھیار میں سے، یعنی اس میں سے کچھ ان کو دیدیجئے اور راضی کر دیجئے، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: ہرگز نہیں، نبی ﷺ نہیں دیں گے وہ ہتھیار قریش کی پِدّی کو اور چھوڑ دیں گے اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر کو جو لڑ رہا ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے، ابوقتادہؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ اٹھے اور دیا آپؐ نے وہ ہتھیار مجھے، پس خریدا میں نے اس سے ایک باغ، پس تھا وہ پہلا مال جس کو میں نے ذخیرہ کیا اسلام میں۔

لغت: أُصَيْبِغ: پدّی (پھدکی) جو ناتواں اور کمزور ہوتی ہے اور اگر یہ أُضَيْبِع ہے تو معنی ہیں: چھوٹا بجو، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو شیر سے تشبیہ دی ہے اور اس شخص کو جس کے پاس مقتول کا سامان تھا پدّی سے۔

غزوہ اوطاس

اوطاس: حنین کے پاس ایک وادی ہے اور غزوہ اوطاس: غزوہ حنین کا امتداد ہے، حنین میں ہوازن وثقیف نے جب شکست کھائی تو ان کا سپہ سالار مالک بن عوف نصری ایک جماعت کے ساتھ بھاگا اور طائف میں جا کر دم لیا، اور دُرید بن الصِمّہ کچھ لوگوں کے ساتھ بھاگا اور مقام اوطاس میں پناہ لی، نبی ﷺ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے چچا ابو عامر اشعری رضی اللہ عنہ کو تھوڑی سی فوج کے ساتھ اوطاس کی طرف روانہ کیا، جب مقابلہ ہوا تو دُرید: ربیعة بن رُفیع رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے مارا گیا، البتہ سلمة بن دُرید نے ابوعامر اشعریؓ کو گھٹنے میں ایک تیر مارا جس سے وہ شہید ہو گئے، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے پرچم سنبھالا، اور بہادری سے مقابلہ کیا اور اپنے چچا کے قاتل کو قتل کیا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح دی۔

حضرت ابوعامر اشعری رضی اللہ عنہ نے مرتے وقت بھتیجے کو وصیت کی کہ نبی ﷺ کو ان کا سلام پہنچائیں، اور دعاء مغفرت کی درخواست کریں، جب حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے پیام پہنچایا تو نبی ﷺ نے وضو فرمایا اور دعا کی: اے اللہ! عبید ابوعامر کی مغفرت فرما، اے اللہ! قیامت کے دن اس کو بہت سے بندوں سے اونچا فرما، اس موقع پر حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بھی دعا کی درخواست کی تو آپؐ نے فرمایا: اے اللہ! عبداللہ بن قیسؓ کے گناہوں کو معاف فرما، اور قیامت کے دن اس کو عزت کی جگہ میں داخل فرما۔

[٥٦-] بَابُ غَزْوَةِ أَوْطَاسٍ

[٤٣٢٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى، قَالَ: لَمَّا فَرَغَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ حُنَيْنٍ بَعَثَ أَبَا عَامِرٍ عَلٰى جَيْشٍ إِلٰى أَوْطَاسٍ، فَلَقِىَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ فَقُتِلَ دُرَيْدٌ وَهَزَمَ اللّٰهُ أَصْحَابَهُ، قَالَ أَبُوْ مُوْسَى: وَبَعَثَنِىْ مَعَ أَبِىْ عَامِرٍ، فَرُمِىَ أَبُوْ عَامِرٍ فِىْ رُكْبَتِهِ، رَمَاهُ جُشَمِىٌّ بِسَهْمٍ فَأَثْبَتَهُ فِىْ رُكْبَتِهِ، فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ: يَا عَمِّ! مَنْ رَمَاكَ؟ فَأَشَارَ إِلٰى أَبِىْ مُوْسَى فَقَالَ: ذَاكَ قَاتِلِىْ الَّذِىْ رَمَانِىْ، فَقَصَدْتُ لَهُ فَلَحِقْتُهُ، فَلَمَّا رَآنِىْ وَلَّى فَاتَّبَعْتُهُ وَجَعَلْتُ أَقُوْلُ لَهُ: أَلَا تَسْتَحْيِىْ؟ أَلَا تَثْبُتُ؟ فَكَفَّ، فَاخْتَلَفْنَا ضَرْبَتَيْنِ بِالسَّيْفِ فَقَتَلْتُهُ، ثُمَّ قُلْتُ لِأَبِىْ عَامِرٍ: قَتَلَ اللّٰهُ صَاحِبَكَ، قَالَ: فَانْزِعْ هٰذَا السَّهْمَ، فَنَزَعْتُهُ فَنَزَا مِنْهُ الْمَاءُ، قَالَ: يَا ابْنَ أَخِىْ، أَقْرِئِ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم السَّلَامَ، وَقُلْ لَهُ: اسْتَغْفِرْ لِىْ، وَاسْتَخْلَفَنِىْ أَبُوْ عَامِرٍ عَلٰى النَّاسِ فَمَكَثَ يَسِيْرًا ثُمَّ مَاتَ، فَرَجَعْتُ فَدَخَلْتُ عَلٰى النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم فِىْ بَيْتِهِ عَلٰى سَرِيْرٍ مُرَمَّلٍ، وَعَلَيْهِ

فِرَاشٌ قَدْ أَثَّرَ رِمَالُ السَّرِيْرِ بِظَهْرِهِ وَجَنْبَيْهِ، فَأَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِنَا وَخَبَرِ أَبِيْ عَامِرٍ، وَقَالَ: قُلْ لَهُ: اسْتَغْفِرْ لِيْ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ أَبِيْ عَامِرٍ" وَرَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ. ثُمَّ قَالَ: "اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَوْقَ كَثِيْرٍ مِنْ خَلْقِكَ وَمِنَ النَّاسِ" فَقُلْتُ: وَلِيَ فَاسْتَغْفِرْ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهُ، وَأَدْخِلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُدْخَلاً كَرِيْمًا" قَالَ أَبُوْ بُرْدَةَ: إِحْدَاهُمَا لِأَبِيْ عَامِرٍ وَالْأُخْرَى لِأَبِيْ مُوْسَى. [راجع: ۲۸۸٤]

ترجمہ: ابوموسیٰ اشعریؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ غزوۂ حنین سے فارغ ہوئے تو ابوعامرؓ کو بھیجا ایک لشکر کا امیر بنا کر اوطاس کی طرف، پس دُرید سے ان کی ملاقات ہوئی، اور دُرید قتل کیا گیا اور اللہ نے اس کے ساتھیوں کو شکست دی، ابوموسیٰ اشعریؓ کہتے ہیں: اور نبی ﷺ نے مجھے ابوعامر کے ساتھ بھیجا، پس ابوعامر کے گھٹنے میں تیر مارا گیا، ایک جُشَمی نے ان کو تیر مارا، پس پیوست کر دیا اس نے تیر کو ان کے گھٹنے میں، میں ان کے پاس پہنچا اور پوچھا: چچا جان! کس نے آپ کو تیر مارا؟ انھوں نے اشارہ سے ابوموسیٰ اشعریؓ کو بتلایا: وہ ہے میرا قاتل جس نے مجھے تیر مارا ہے، پس میں نے اس کا قصد کیا اور اس سے جا ملا، جب اس نے مجھے دیکھا تو پیٹھ پھیری، میں نے اس کا پیچھا کیا، اور اس سے کہنا شروع کیا: کیا تجھے شرم نہیں آتی؟ کیا تو ٹھہرتا نہیں؟ پس وہ ٹھہر گیا، اور ہم نے تلوار سے دو دو ہاتھ کئے، پس میں نے اسے قتل کر دیا، پھر میں نے ابوعامرؓ کو بتلایا کہ اللہ نے آپ کے قاتل کو قتل کر دیا، ابوعامرؓ نے کہا: یہ تیر نکال دے، میں نے اس کو نکالا، پس بہنے لگا اس سے پانی، انھوں نے کہا: بھتیجے! نبی ﷺ سے میرا سلام کہنا، اور آپؐ سے کہنا: میرے لئے دعائے مغفرت کریں، اور نائب بنایا مجھے ابوعامرؓ نے لوگوں پر، پس تھوڑی دیر ٹھہرے وہ پھر انتقال کر گئے، پس لوٹا میں، اور نبی ﷺ کے پاس پہنچا، آپؐ کے گھر میں، آپؐ کھجور سے بُنی ہوئی چارپائی پر تشریف فرما تھے، اس پر کوئی بستر نہیں تھا، چارپائی کی رسیوں کے نشان آپؐ کی پشت اور آپؐ کے پہلوؤں میں پڑ گئے تھے، میں نے آپؐ کو ہماری اور ابوعامرؓ کی خبر دی، اور یہ بھی بتلایا کہ انھوں نے نبی ﷺ سے درخواست کی ہے کہ آپؐ ان کے لئے بخشش کی دعا کریں، چنانچہ آپؐ نے پانی منگوایا، وضو کیا پھر اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور دعا کی: اے اللہ! عبید ابوعامر کی مغفرت فرما، اور میں نے آپؐ کے دونوں بغلوں کی سفیدی دیکھی، پھر آپؐ نے فرمایا: اے اللہ! گردانیں آپ اس کو قیامت کے دن اپنی مخلوق میں سے اور لوگوں میں سے بہت سے لوگوں سے اوپر، میں نے درخواست کی: میرے لئے بھی استغفار فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: اے اللہ! عبداللہ بن قیس کے گناہ کو بخش دیں اور ان کو قیامت کے دن عزت کی جگہ میں داخل فرمائیں، راوی ابوبردہؒ کہتے ہیں: دونوں میں سے ایک دعا ابوعامر کے لئے ہے اور دوسری ابوموسیٰ کے لئے۔

لغت: رَمَلَ (ن) رَمْلاً وَرَمَلَانًا النَّسْجَ: کپڑے کو باریک بُننا......... الرُّمال: بُنی ہوئی چیز، مُرَمَّل: (اسم مفعول) رَمَّلَ النَّسْجَ: باریک بنائی کرنا۔

تصحیح: وعلیه فراش: صحیحین میں یہ جملہ اسی طرح ہے، محدثین کا خیال ہے کہ اس میں مانافیہ رہ گیا ہے أی ما علیه فراش، اس پر بستر بچھا ہوا نہیں تھا، میں نے ما نافیہ کے ساتھ ترجمہ کیا ہے، کیونکہ پیٹھ اور پہلو میں بان کے نشانات اسی وقت پڑتے ہیں جب چارپائی پر بستر بچھا ہوا نہ ہو۔

نوٹ: یہ ابو عامرؓ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے چچا ہیں اور غزوۂ خیبر میں جن کے گھٹنے میں تلوار لگی تھی اور وہ شہید ہوگئے تھے وہ عامر بن الاکوع رضی اللہ عنہ تھے جو سلمۃ بن الاکوعؓ کے بھائی تھے۔

غزوۂ طائف

یہ غزوہ بھی غزوۂ حنین کا امتداد ہے، ہوازن وثقیف کے شکست خوردہ لوگوں کی بڑی تعداد اپنے کمانڈر مالک بن عوف نَصری کے ساتھ بھاگ کر طائف میں پناہ گزیں ہوگئی تھیں، چنانچہ نبی ﷺ حنین سے فارغ ہو کر شوال سن ۸ ہجری میں طائف تشریف لے گئے اور اس کا محاصرہ کر لیا، محاصرہ طویل ہوا، دورانِ محاصرہ دونوں طرف سے تیراندازی اور سنگ باری ہوتی رہی، مگر کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا، نبی ﷺ نے نوفل بن معاویہ دِیلی سے مشورہ کیا، انھوں نے کہا: لومڑی اپنے بھٹ میں گھس گئی ہے، اگر آپؐ ڈٹے رہے تو پکڑ لیں گے اور چھوڑ کر چلے گئے تو بھی آپؐ کا کچھ نقصان نہ ہوگا، اور قبل ازیں: آپؐ یہ خواب دیکھ چکے تھے کہ آپؐ کے سامنے ایک دودھ کا پیالہ پیش کیا گیا، ایک مرغ نے آ کر اس میں چونچ ماری جس سے دودھ گر گیا، آپؐ نے یہ خواب صدیق اکبرؓ سے بیان کیا، انھوں نے کہا: غالبًا یہ قلعہ ابھی فتح نہ ہوگا۔ چنانچہ آپؐ نے محاصرہ ختم کرنے کا اعلان کر دیا، مگر فوج کو یہ بات بھاری معلوم ہوئی، انھوں نے کہا: کیا ہم قلعہ فتح کئے بغیر واپس چلے جائیں؟ آپؐ نے فرمایا: اچھا تو پھر کل لڑلو، چنانچہ دوسرے دن لوگ لڑائی پر گئے، مگر چوٹ کھانے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا، آپؐ نے شام کو فرمایا: ہم ان شاء اللہ کل واپس ہونگے، اس پر لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، اور انھوں نے واپسی کے لئے رخت سفر باندھنا شروع کر دیا۔

۱- ہجڑوں میں بھی عورتوں کی خواہش ہوتی ہے

جیسے بہت بوڑھے آدمی بھی عورتوں کی خواہش رکھتے ہیں، چنانچہ ان سے بھی پردہ واجب ہے، اسی طرح ہجڑوں میں بھی عورتوں کی خواہش ہوتی ہے، یاد ہوگا فتح مکہ کے سفر میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا ہم سفر تھیں، وہ حنین اور طائف میں بھی ساتھ تھیں، وہ فرماتی ہیں: (طائف میں) میرے پاس نبی ﷺ تشریف لائے، میرے پاس ایک ہیجڑا تھا، میں نے اس کو عبداللہ بن ابی امیہؓ سے کہتے ہوئے سنا: (یہ حضرت ام سلمہؓ کے بھائی ہیں) اے عبداللہ! اگر آئندہ کل اللہ تعالیٰ تم پر طائف کھول دیں تو تم غیلان کی لڑکی کو حاصل کرنا، اس لئے کہ وہ چار شکنوں سے سامنے آتی ہے اور آٹھ شکنوں سے پیٹھ پھیرتی

ہے، یعنی موٹی تازی ہے، سامنے آتی ہے تو پیٹ پر چار شکن پڑتے ہیں، اور واپس جاتی ہے تو دونوں پہلوؤں میں چار چار شکن نظر آتے ہیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہرگز نہ آنے پائیں یہ ہجڑے تمہارے پاس!'' عبدالملک بن جریج کہتے ہیں: اس ہیجڑے کا نام ہیت تھا۔

اور دوسری سند سے اس روایت میں یہ اضافہ ہے کہ یہ واقعہ اس زمانہ کا ہے جب نبی ﷺ طائف کا محاصرہ کئے ہوئے تھے (یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے)

تشریح: نبی ﷺ نے ہیت کو حمی کی طرف جلاوطن کیا تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب وہ بوڑھا اور کمزور ہوگیا اور غریب تھا تو حضرت عمرؓ نے اس کو ہر جمعہ مدینہ میں آنے کی اجازت دیدی کہ لوگوں سے تعاون مانگ کر اپنی جگہ چلا جائے اور سورۃ النور آیت ۳۱ میں ایسے مردوں کے حق میں جن کی عورتوں کی طرف ذرا توجہ نہیں ﴿أَوِ التَّابِعِيْنَ غَيْرِ أُوْلِي الإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ﴾: پردہ کے احکام میں تخفیف آئی ہے، مگر جب نبی ﷺ نے ہیت کی یہ بات سنی تو معلوم ہوا کہ ہیجڑوں میں بھی عورتوں کی خواہش ہوتی ہے، وہ دوسروں کو ورغلا سکتا ہے، اس لئے اس سے پردہ کا حکم دیا۔

[۵۷-] بَابُ غَزْوَةِ الطَّائِفِ

فِيْ شَوَّالٍ سَنَةَ ثَمَانٍ، قَالَهُ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ.

[۴۳۲۴-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، سَمِعَ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ ابْنَةِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَعِنْدِيْ مُخَنَّثٌ، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ أُمَيَّةَ: يَا عَبْدَ اللهِ! أَرَأَيْتَ إِنْ فَتَحَ اللهُ عَلَيْكُمُ الطَّائِفَ غَدًا فَعَلَيْكَ بِابْنَةِ غَيْلاَنَ، فَإِنَّهَا تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ، وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''لاَ يَدْخُلَنَّ هٰؤُلآءِ عَلَيْكُنَّ''

قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: الْمُخَنَّثُ: هِيْتٌ.

حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ بِهٰذَا، وَزَادَ: وَهُوَ مُحَاصِرٌ الطَّائِفَ يَوْمَئِذٍ.

[انظر: ۵۲۳۵، ۵۸۸۷]

۲- طائف کا محاصرہ لاحاصل رہا

مالک بن عوف نصری سپہ سالار ہوازن مع اپنی فوج کے نبی ﷺ کے پہنچنے سے پہلے طائف کے قلعہ میں داخل ہوکر دروازہ بند کرچکا تھا، اور سال بھر کا غلہ اور خورد ونوش کا سامان قلعہ میں مہیا کرلیا تھا، نبی ﷺ نے طائف پہنچ کر ان کا محاصرہ کیا اور منجنیق کے ذریعہ ان پر پتھر برسائے، انھوں نے قلعہ کی فصیل سے تیراندازی کی جس سے بہت سے مسلمان زخمی ہوئے اور بارہ آدمی شہید ہوئے، ان کو دست بدست مقابلہ کی دعوت دی گئی، مگر انھوں نے جواب دیا: ہمیں اترنے کی

ضرورت نہیں، سال بھر کا غلہ ہمارے پاس موجود ہے، جب غلہ ختم ہوجائے گا تو تلواریں لے کر اتریں گے، مسلمانوں نے ان کے انگور کے باغات کاٹنے شروع کیے، انھوں نے اللہ کا اور قرابتوں کا واسطہ دیا، چنانچہ باغات کی کٹائی بند کردی گئی، پھر نبی ﷺ نے خواب دیکھا اور نوفل سے مشورہ کیا اور حکم دیا کہ محاصرہ اٹھالیا جائے، لوگوں کو یہ اعلان پسند نہیں آیا، ایک دن اور جنگ لڑی، مگر نقصان کے سوا کچھ ہاتھ نہ آیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! ان کے حق میں بددعا کیجئے، آپؐ نے کوچ کا حکم دیا اور چلتے وقت یہ دعا کی: اے اللہ! ثقیف کو ہدایت دے اور ان کو میرے پاس لے آ، چنانچہ محاصرہ اٹھالئے جانے کے بعد قلعہ خود بخود فتح ہوگیا، سب مسلمان ہوگئے اور مالک بن عوف نصریؓ خود نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر مشرف باسلام ہوا۔

[٤٣٢٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ الشَّاعِرِ الْأَعْمَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: لَمَّا حَاصَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الطَّائِفَ فَلَمْ يَنَلْ مِنْهُمْ شَيْئًا، قَالَ: "إِنَّا قَافِلُوْنَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" فَثَقُلَ عَلَيْهِمْ، وَقَالُوْا: نَذْهَبُ وَلاَ نَفْتَحُهُ؟ وَقَالَ مَرَّةً:" نَقْفُلُ" فَقَالَ: "اغْدُوْا عَلَى الْقِتَالِ" فَغَدَوْا فَأَصَابَهُمْ جِرَاحٌ فَقَالَ:" إِنَّا قَافِلُوْنَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" فَأَعْجَبَهُمْ، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: فَتَبَسَّمَ قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كُلَّهُ بِالْخَبَرِ.

[انظر: ٦٠٨٦، ٧٤٨٠]

ترجمہ: ابن عمرؓ (اور دوسرے نسخہ میں ابن عمرو بن العاص ہے) کہتے ہیں: جب نبی ﷺ نے طائف کا محاصرہ کیا تو ان سے کوئی چیز حاصل نہیں ہوئی، یعنی محاصرہ لاحاصل رہا، آپؐ نے فرمایا: "بیشک ہم لوٹنے والے ہیں، اگر اللہ نے چاہا" پس بھاری گذرا یہ اعلان لوگوں پر اور انھوں نے کہا: جائیں گے ہم اور نہیں فتح کیا ہم نے اس کو؟ پس آپؐ نے فرمایا: اگلے دن لڑلو، چنانچہ وہ لڑے، پس ان کو زخم پہنچے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: "ہم آئندہ کل لوٹنے والے ہیں اگر اللہ نے چاہا" پس یہ اعلان لوگوں کو پسند آیا اور نبی ﷺ مسکرائے۔

ملحوظہ: نَفْتَحُه اور نَقْفُلُ کا ایک مطلب ہے............ ضَحِكَ اور تبَسَّم کے ایک معنی ہیں، ابن عیینہؒ نے کبھی پہلا لفظ استعمال کیا، کبھی دوسرا............ یہ حدیث علی بن المدینیؒ: سفیان بن عیینہؒ سے بصیغۂ تحدیث روایت کرتے ہیں اور حمیدی پوری حدیث بصیغۂ اخبار روایت کرتے ہیں، پہلے تحدیث واخبار میں فرق کیا جاتا تھا، استاذ نے حدیث پڑھی ہو تو تحدیث اور شاگرد نے پڑھی ہو تو اخبار کہتے تھے، بعد میں یہ فرق ختم ہوگیا۔

۳- طائف کے محاصرہ کے دوران ۲۳ غلام قلعہ سے اتر آئے

نبی ﷺ نے قلعہ کی دیوار کے قریب آواز لگوائی تھی کہ جو غلام قلعہ سے اتر آئے گا وہ آزاد ہے، چنانچہ محاصرہ کے

دوران ۲۳ غلام قلعہ سے اتر آئے، ان میں حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، بَکْرة کے معنی ہیں: چرخی، پھرکی، انھوں نے قلعہ پر چڑھ کر چرخی کے ذریعہ دوسرے غلاموں کو یکے بعد دیگرے اتار دیا، پھر خود اتر آئے، اس لئے ان کی کنیت ابوبکرة پڑھی، ان کا اصل نام نُفیع بن الحارث ہے۔

[٤٣٢٦ و٤٣٢٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُثْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا - وَهُوَ أَوَّلُ مَنْ رَمَى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ- وَأَبَا بَكْرَةَ - وَكَانَ تَسَوَّرَ حِصْنَ الطَّائِفِ فِيْ أُنَاسٍ، فَجَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم - فَقَالاَ: سَمِعْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنِ ادَّعَى إِلٰى غَيْرِ أَبِيْهِ وَهُوَ يَعْلَمُ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ"

وَقَالَ هِشَامٌ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ أَوْ أَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا وَأَبَا بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ عَاصِمٌ: قُلْتُ: لَقَدْ شَهِدَ عِنْدَكَ رَجُلاَنِ حَسْبُكَ بِهِمَا، قَالَ: أَجَلْ، أَمَّا أَحَدُهُمَا فَأَوَّلُ مَنْ رَمَى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَأَمَّا الآخَرُ فَنَزَلَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثَالِثَ ثَلاَثَةٍ وَعِشْرِيْنَ مِنَ الطَّائِفِ. [انظر: ٦٧٦٦، ٦٧٦٧]

ترجمہ: عاصم بن سلیمان کہتے ہیں: میں نے ابوعثمان نہدی سے سنا: انھوں نے کہا: میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے سنا ــــ اور وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے اللہ کے راستہ میں تیر چلایا تھا ــــ اور ابوبکرہؓ سے سنا ــــ اور وہ طائف کا قلعہ پھاند کر آئے چند لوگوں کے ساتھ، پس وہ نبی ﷺ کی خدمت میں آگئے ــــ دونوں (سعد بن ابی وقاص اور ابوبکرہ رضی اللہ عنہما) نے کہا: ہم نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''جو شخص اپنے باپ کے علاوہ کی طرف خود کو منسوب کرے درانحالیکہ وہ جانتا ہو (کہ منسوب الیہ اس کا باپ نہیں ہے) تو جنت اس پر حرام ہے''

حدیث (۲): عاصم بن سلیمان: ابوالعالیہ سے روایت کرتے ہیں یا ابوعثمان نہدی سے (دونوں میں سے ایک نے) کہا: میں نے حضرت سعد اور حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہما سے سنا نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے (پھر اوپر کی حدیث بیان کی) عاصم کہتے ہیں: میں نے (ابوالعالیہ یا ابوعثمان سے) کہا: البتہ واقعہ یہ ہے کہ گواہی دی یعنی قطعیت کے ساتھ بیان کیا، آپ کے سامنے دو شخصوں نے یعنی حضرات سعدؓ و ابوبکرہؓ نے کہ وہ دونوں آپ کے لئے کافی ہیں، یعنی اب کسی اور سے حدیث سننے کی ضرورت نہیں، انھوں نے کہا: ہاں، رہا ان میں سے ایک تو وہ پہلا شخص ہے جس نے اللہ کے راستہ میں تیر چلایا یعنی حضرت سعدؓ اور رہا دوسرا شخص یعنی حضرت ابوبکرہؓ نبی ﷺ کی طرف اتر آئے ہیں طائف کے قلعہ سے درانحالیکہ وہ تیئیسویں تھے۔

[٤٣٢٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ نَازِلٌ بِالْجِعْرَانَةِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ وَمَعَهُ بِلَالٌ، فَأَتَى النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم أَعْرَابِىٌّ، فَقَالَ: أَلَا تُنْجِزُ لِىْ مَا وَعَدْتَنِىْ، فَقَالَ لَهُ: " أَبْشِرْ" فَقَالَ: قَدْ أَكْثَرْتَ عَلَىَّ مِنْ "أَبْشِرْ" فَأَقْبَلَ عَلٰى أَبِىْ مُوْسَى وَبِلَالٍ كَهَيْئَةِ الْغَضْبَانِ، فَقَالَ: " رَدَّ الْبُشْرَى فَاقْبَلَا أَنْتُمَا" قَالَا: قَبِلْنَا، ثُمَّ دَعَا بِقَدَحٍ فِيْهِ مَاءٌ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ فِيْهِ وَمَجَّ فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " اشْرَبَا مِنْهُ، وَأَفْرِغَا عَلٰى وُجُوْهِكُمَا وَنُحُوْرِكُمَا وَأَبْشِرَا" فَأَخَذَا الْقَدَحَ فَفَعَلَا فَنَادَتْ أُمُّ سَلَمَةَ مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِ أَنْ أَفْضِلَا لِأُمِّكُمَا، فَأَفْضَلَا لَهَا مِنْهُ طَائِفَةً. [راجع: ١٨٨]

۴-غزوہ طائف کے بعد جعرانہ میں ایک واقعہ پیش آیا

نبی ﷺ جعرانہ میں ٹھہرے ہوئے تھے، وہیں حنین کی غنیمتیں آپؐ نے تقسیم فرمائی تھیں، جب مال تقسیم ہوگیا اور کچھ نہ بچا تو ایک بدو آیا اور اس نے کہا: مالِ غنیمت میں میرا جو حصہ ہے وہ مجھے دیجئے، آپؐ نے فرمایا: ''خوش خبری سن لے'' یعنی دینے کے لئے مادی نعمت نہیں، روحانی نعمت قبول کر، وہ نہیں سمجھا، اس نے کہا: آپؐ خوش خبریاں بہت سناتے ہیں کچھ مال بھی تو دیں، اس جواب سے آپؐ کو ناگواری ہوئی، آپؐ غصہ کی حالت میں حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما کی طرف متوجہ ہوئے (وہ خاص وقت تھا) آپؐ نے ان دونوں سے فرمایا: ''یہ بندہ تو خوشخبری قبول نہیں کرتا تم دونوں قبول کرلو'' دونوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم قبول کرتے ہیں، پھر آپؐ نے پانی منگوایا اور اس میں ہاتھ اور چہرہ دھویا پھر اس میں کلی کی اور ان دونوں سے فرمایا: اس میں سے کچھ پی لو اور باقی سر اور سینوں پر ڈال لو، چنانچہ دونوں نے اس میں سے کچھ پیا اور باقی سروں اور چہروں پر ڈالنے لگے، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا پردہ کے پیچھے سے سارا منظر دیکھ رہی تھیں، انھوں نے پکار کر کہا: سارا نہ پی جانا اپنی امی کے لئے بھی کچھ بچانا، چنانچہ انھوں نے کچھ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے لئے بھی بچایا۔

وضاحت: جِعْرَانَة: (جیم کا زیر، عین ساکن) اور جِعِرَّانَة: (عین مکسور اور راء مشدد) دونوں طرح درست ہے، یہ مکہ اور طائف کے درمیان ایک جگہ ہے، حرم سے خارج ہے، لوگ وہاں سے عمرہ کرتے ہیں، اور حدیث میں جو ہے کہ یہ مکہ اور مدینہ کے درمیان جگہ ہے: صحیح نہیں، یہ راوی کا وہم ہے......... اور میں نے عنوان میں جو کہا ہے: ''غزوہ طائف کے بعد'' یہ حدیث کی باب سے مطابقت کی طرف اشارہ ہے، یہ بات حاشیہ میں ہے......... اَنْجَزَ إِنْجَازًا: وعدہ پورا کرنا......... أَفْضَلَ إِفْضَالاً: بچانا،......... طَائِفَة: تھوڑا سا۔

۵-غزوۂ طائف کے بعد جعرانہ میں یعلیؓ نے نزولِ وحی کی حالت دیکھی

جعرانہ میں نبی ﷺ نے حنین کی غنیمت تقسیم فرمائی ہے، وہاں آپؐ کا کئی دن قیام رہا ہے، صحابہ وہاں سے احرام باندھ

کر مکہ جاتے تھے، اور عمرہ کرتے تھے، وہاں یہ واقعہ پیش آیا کہ ایک بدو نے عمرہ کا احرام باندھا، جبہ پہن رکھا تھا، جبہ پر اور بدن پر خلوق لگا رکھا تھا، کسی نے اس کو مسئلہ بتلایا کہ احرام میں جبہ پہننا اور خوشبو لگانا جائز نہیں، مگر جو غلطی ہوگئی اس کا کیا؟ اس نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا: آپؐ خاموش رہے، پھر آپؐ پر وحی کے آثار ظاہر ہوئے، جب آپؐ پر وحی آتی تو جو بھی موجود ہوتا وہ آپؐ کو کپڑا اوڑھا دیتا —— ایک صحابی حضرت یعلی رضی اللہ عنہ ہیں، انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہہ رکھا تھا کہ جب نبی ﷺ پر وحی آئے تو مجھے دکھانا، چنانچہ جب وحی کے آثار شروع ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت یعلیٰؓ کو لائے، ان کا سر کپڑے کے نیچے گھسایا اور کہا: دیکھو وحی اس طرح آتی ہے، حضرت یعلیٰؓ نے دیکھا کہ نبی ﷺ کا چہرہ سرخ ہو رہا ہے اور آپؐ خراٹے لے رہے ہیں، پھر جب وحی پوری ہوئی تو آپؐ نے پوچھا: وہ شخص کہاں ہے جس نے عمرہ کے بارے میں پوچھا تھا؟ وہ شخص لایا گیا آپؐ نے فرمایا: جو خوشبو تیرے بدن پر ہے اسے تین مرتبہ دھو ڈال اور جبہ نکال دے اور عمرہ میں اسی طرح کر جس طرح اپنے حج میں کرتا ہے۔

[٤٣٢٩-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، أَنَّ صَفْوَانَ بْنَ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ يَعْلَى كَانَ يَقُوْلُ: لَيْتَنِيْ أَرَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ يُنْزَلُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَبَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْجِعْرَانَةِ، وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ قَدْ أُظِلَّ بِهِ، مَعَهُ فِيْهِ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، إِذْ جَاءَهُ أَعْرَابِيٌّ عَلَيْهِ جُبَّةٌ مُتَضَمِّخٌ بِطِيْبٍ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ تَرَى فِيْ رَجُلٍ أَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ فِيْ جُبَّةٍ بَعْدَمَا تَضَمَّخَ بِالطِّيْبِ؟ فَأَشَارَ عُمَرُ إِلَى يَعْلَى بِيَدِهِ أَنْ تَعَالَ، فَجَاءَ يَعْلَى فَأَدْخَلَ رَأْسَهُ فَإِذَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُحْمَرُّ الْوَجْهِ يَغِطُّ كَذٰلِكَ سَاعَةً، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَقَالَ: "أَيْنَ الَّذِيْ يَسْأَلُنِيْ عَنِ الْعُمْرَةِ آنِفًا" فَالْتُمِسَ الرَّجُلُ فَأُتِيَ بِهِ، فَقَالَ: "أَمَّا الطِّيْبُ الَّذِيْ بِكَ فَاغْسِلْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَأَمَّا الْجُبَّةُ فَانْزِعْهَا، ثُمَّ اصْنَعْ فِيْ عُمْرَتِكَ كَمَا تَصْنَعُ فِيْ حَجِّكَ"[راجع: ١٥٣٦]

ترجمہ: صفوان بن یعلی کہتے ہیں: یعلیٰؓ کہا کرتے تھے: کاش میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھتا جب آپؐ پر وحی اتاری جاتی، صفوان کہتے ہیں: دریں اثناء کہ نبی ﷺ جعرانہ میں تھے، اور آپؐ پر ایک کپڑا تھا جو آپؐ کو اوڑھا دیا گیا تھا، آپؐ کے ساتھ جعرانہ میں آپؐ کے صحابہ میں سے کچھ لوگ تھے، اچانک ایک بدو آیا جس نے خوشبو لتھڑا ہوا جبہ پہن رکھا تھا، اس نے مسئلہ پوچھا: کیا دیکھتے ہیں آپؐ اس شخص کے بارے میں جس نے عمرہ کا احرام باندھا جبہ پہن کر اس کو خوشبو میں لتھیڑنے کے بعد، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یعلیٰؓ کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ آجا، پس یعلیٰؓ آئے، حضرت عمرؓ نے ان کا سر داخل کیا، پس اچانک نبی ﷺ کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا، خراٹے لے رہے تھے، آپ اسی طرح تھوڑی دیر، پھر یہ کیفیت آپؐ سے کھول دی گئی، آپؐ نے فرمایا: کہاں ہے وہ شخص جو مجھ سے ابھی عمرہ کے بارے میں پوچھ رہا تھا، پس وہ ڈھونڈھا گیا اور

اس کولایا گیا، آپؐ نے فرمایا: رہی وہ خوشبو جوتو نے اپنے بدن پر لگا رکھی ہے اس کو تین مرتبہ ڈھوڈال، اور رہا جبہ تو اس کو نکال دے، پھر کر اپنے عمرہ میں جس طرح کرتا ہے اپنے حج میں۔

لغت: تَضَمَّخَ الثوبُ بِالطیب: خوشبو سے لتھڑنا، لت پت ہونا، بہت خوشبو لگانا، مجرد: ضَمَخَ (ن) جَسَدَهُ ضَمْخًا: کے بھی یہی معنی ہیں، باب تفعیل میں مبالغہ کے معنی ہیں۔

۶- حنین کی غنیمت میں سے مؤلفۃ القلوب کو دینا اور انصار کو چھوڑنا

(انصار کا شکوہ اوران کی دل داری)

نبی ﷺ طائف کا محاصرہ ختم کر کے جعرانہ تشریف لائے، یہاں کئی دن مالِ غنیمت تقسیم کئے بغیر ٹھہرے رہے، تاخیر کا مقصد یہ تھا کہ ہوازن کا وفد تائب ہوکر آجائے تو اس نے جو کچھ کھویا ہے سب لے جائے، لیکن کوئی نہیں آیا تو آپؐ نے مال کی تقسیم شروع کردی، اور مؤلفۃ القلوب کو بہت زیادہ دیا، مؤلفۃ القلوب وہ لوگ تھے جو نئے نئے مسلمان ہوئے تھے، ان کا دل جوڑنے کے لئے ان کو خوب دیا کہ وہ اسلام پر مضبوطی سے جم جائیں، حاشیہ میں تقریباً چالیس آدمیوں کے نام لکھے ہیں، جن کو سوسو، دوسودوسو، اور تین سوتین سو اونٹ دیئے، پھر باقی غنیمت فوج پر تقسیم کی، ایک ایک فوجی کے حصہ میں چار چار اونٹ اور چالیس چالیس بکریاں آئیں، اور گھوڑ سواروں کے حصہ میں دوگنا یا تگنا آیا، اس موقع پر انصار کی زبانوں پر حرفِ شکایت آیا کہ مشکل کے وقت ہمیں پکارا جاتا ہے، ہم ہی اڑ کر پہنچتے ہیں، حنین میں بھی ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ مل کر اس طرح جنگ لڑی کہ شکست فتح سے بدل گئی، لیکن اب ہم دیکھ رہے ہیں کہ نئے مسلمانوں کو دیا جارہا ہے اور ہم محروم وتہی دست ہیں۔

جب آپؐ کو انصار کی یہ باتیں پہنچیں تو آپؐ نے حکم دیا کہ انصار کو ایک چھولداری میں جمع کیا جائے، جب سب جمع ہوگئے تو آپؐ ان کے پاس تشریف لے گئے، اللہ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا: انصار کے لوگو! یہ کیا چہ می گوئیاں ہیں، جو میرے علم میں آرہی ہیں، اور یہ کیسی ناراضگی ہے جو تم اپنے دلوں میں پا رہے ہو؟ کیا ایسا نہیں کہ میں تمہارے پاس اس حالت میں آیا کہ تم گمراہ تھے، اللہ نے تمہیں میرے ذریعہ ہدایت دی؟ تم محتاج تھے اللہ نے تمہیں غنی بنادیا؟ تم باہم دشمن تھے اللہ نے تمہارے دل جوڑ دیئے؟ لوگوں نے جواب دیا: کیوں نہیں، اللہ اور اس کے رسول کا بڑا انعام وکرم ہے!

اس کے بعد آپؐ نے فرمایا: انصار کے لوگو! تم مجھے وہ جواب کیوں نہیں دیتے جو تم دے سکتے ہو، خدا کی قسم! اگر تم چاہو تو کہہ سکتے ہو اور سچ ہی کہوگے اور تمہاری بات سچ ہی مانی جائے گی کہ آپؐ ہمارے پاس اس حالت میں آئے کہ آپؐ کو جھٹلایا گیا، ہم نے آپؐ کی تصدیق کی، آپؐ کو بے یار ومددگار چھوڑ دیا گیا، ہم نے آپؐ کی مدد کی، آپؐ کو دھتکار دیا گیا، ہم نے آپؐ کو ٹھکانہ دیا، آپؐ محتاج تھے ہم نے آپؐ کی غم خواری وغم گساری کی۔

اے انصار کے لوگو! تم دنیا کی معمولی چیز کی وجہ سے ناراض ہو گئے جس کے ذریعہ میں نے لوگوں کا دل جوڑا کہ وہ مسلمان ہو جائیں، اور تم کو تمہارے اسلام کے حوالہ کر دیا، اے انصار کے لوگو! کیا تم اس پر راضی نہیں کہ لوگ اونٹ اور بکریاں لے کر جائیں اور تم اللہ کے رسول کو لے کر جاؤ؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار کا ایک فرد ہوتا، اگر سب لوگ کسی راہ چلیں اور انصار دوسری راہ چلیں، تو میں انصار کی راہ چلوں گا، اے اللہ! انصار پر رحم فرما اور انصار کے بیٹوں پر اور انصار کے بیٹوں کے بیٹوں پر!

نبی ﷺ کا یہ خطاب سن کر انصار اس قدر روئے کہ ڈاڑھیاں تر ہو گئیں، اور کہنے لگے: ہم اس پر راضی ہیں کہ ہمارے حصہ میں رسول اللہ ﷺ آئیں!

[۴۳۳۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ، قَالَ: لَمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ حُنَيْنٍ، قَسَمَ فِي النَّاسِ فِي الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ، وَلَمْ يُعْطِ الْأَنْصَارَ شَيْئًا، فَكَأَنَّهُمْ وَجَدُوْا إِذْ لَمْ يُصِبْهُمْ مَا أَصَابَ النَّاسَ، فَخَطَبَهُمْ، فَقَالَ: " يَامَعْشَرَ الْأَنْصَارِ! أَلَمْ أَجِدْكُمْ ضُلَّالاً فَهَدَاكُمُ اللّٰهُ بِيْ؟ وَكُنْتُمْ مُتَفَرِّقِيْنَ فَأَلَّفَكُمُ اللّٰهُ بِيْ؟ وَكُنْتُمْ عَالَةً فَأَغْنَاكُمُ اللّٰهُ بِيْ؟" كُلَّمَا قَالَ شَيْئًا قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَمَنُّ، قَالَ: " مَا يَمْنَعُكُمْ أَنْ تُجِيْبُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟" قَالَ: " لَوْ شِئْتُمْ قُلْتُمْ جِئْتَنَا كَذَا وَكَذَا، أَتَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالشَّاةِ وَالْبَعِيْرِ وَتَذْهَبُوْنَ بِالنَّبِيِّ إِلٰى رِحَالِكُمْ؟ لَوْلاَ الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَلَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَشِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْأَنْصَارِ وَشِعْبَهَا، الْأَنْصَارُ شِعَارٌ وَالنَّاسُ دِثَارٌ، إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِيْ أَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ عَلَى الْحَوْضِ" [انظر: ۷۲۴۵]

ترجمہ: عبداللہ بن زید بن عاصم کہتے ہیں: جب اللہ تعالیٰ نے لوٹایا (عنایت فرمایا) اپنے رسول ﷺ پر غزوۂ حنین میں تو آپؐ نے لوگوں میں بانٹا، ان لوگوں کو دیا جن کے دلوں کو اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ جوڑنا مقصود تھا، اور انصار کو کچھ نہیں دیا، پس گویا وہ ناراض ہوئے جب نہیں پہنچا ان کو جو پہنچا لوگوں کو، پس آپؐ نے ان سے خطاب فرمایا اور کہا: اے انصار کے لوگو! کیا نہیں پایا میں نے تم کو گمراہ پس ہدایت دی تم کو اللہ نے میرے ذریعہ؟ اور تھے تم بکھرے ہوئے پس جوڑ دیا تم کو اللہ نے میرے ذریعہ؟ اور تھے تم تہی دست، پس بے نیاز کر دیا تم کو اللہ نے میرے ذریعہ؟ جب جب آپؐ کوئی بات فرماتے انصار جواب دیتے: اللہ اور اس کے رسول کا بڑا احسان ہے آپؐ نے فرمایا: کیا چیز روکتی ہے تم کو اس بات سے کہ تم اللہ کے رسول کو جواب دو؟ آپؐ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو کہہ سکتے ہو کہ آئے آپؐ ہمارے پاس ایسے اور ایسے، کیا خوش (نہیں) ہو تم کہ لے جائیں لوگ بکریاں اور اونٹ، اور لے جاؤ تم نبی ﷺ کو اپنے ڈیروں کی طرف، اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار کا

ایک فرد ہوتا، اور اگر لوگ چلیں کسی میدان میں اور کسی گھاٹی میں تو میں چلوں گا انصار کے میدان میں اور ان کی گھاٹی میں، انصار جسم سے لگا ہوا کپڑا ہیں اور لوگ اوپری کپڑا ہیں، بیشک عنقریب ملاقات کروگے تم میرے بعد ترجیح سے پس صبر کرنا، یہاں تک کہ مل جاؤ مجھ سے حوضِ کوثر پر۔

تشریح: ہمارے نسخہ میں كَأَنَّهُمْ وَجَدُوْا: مکرر جملہ تھا اس کی کوئی خاص افادیت نہیں تھی اس لئے میں نے اس کو حذف کیا ہے، مصری نسخہ میں یہ مکرر جملہ نہیں ہے............اسی طرح كلما قال شيئا قالوا: الله ورسوله أَمَنُّ: بھی مکرر تھا، اس کی بھی کوئی افادیت سمجھ میں نہیں آئی اس لئے اس کو بھی حذف کیا ہے............اور لو شئتم قلتم: جِئْتَنَا كذا و كذا: یہ مختصر جملہ ہے، اس کی تفسیر اگلی روایتوں میں ہے............شِعَار: وہ کپڑا جو بدن سے لگا رہتا ہے اور دِثَار: وہ کپڑا جو سب سے اوپر پہنا جاتا ہے اور یہ تشبیہ بلیغ ہے............اور آخری جملہ کا مطلب یہ ہے کہ میں نے مؤلفۃ القلوب کو دیا، اور تمہیں نہیں دیا، یہ ترجیح نہیں ایک مصلحت سے میں نے ایسا کیا ہے، ترجیح کا عمل میرے بعد شروع ہوگا، اس وقت صبر کرنا۔

[٤٣٣١-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ نَاسٌ مِنَ الْأَنْصَارِ حِيْنَ أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم مَا أَفَاءَ مِنْ أَمْوَالِ هَوَازِنَ، فَطَفِقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُعْطِيْ رِجَالاً الْمِائَةَ مِنَ الإِبِلِ، فَقَالُوْا: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ! يُعْطِيْ قُرَيْشًا وَيَتْرُكُنَا وَسُيُوْفُنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَائِهِمْ؟ قَالَ أَنَسٌ: فَحُدِّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمَقَالَتِهِمْ، فَأَرْسَلَ إِلَى الْأَنْصَارِ فَجَمَعَهُمْ فِيْ قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ، وَلَمْ يَدْعُ مَعَهُمْ غَيْرَهُمْ، فَلَمَّا اجْتَمَعُوْا قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَا حَدِيْثٌ بَلَغَنِيْ عَنْكُمْ؟" فَقَالَ فُقَهَاءُ الْأَنْصَارِ: أَمَّا رُؤَسَاؤُنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَلَمْ يَقُوْلُوْا شَيْئًا، وَأَمَّا نَاسٌ مِنَّا حَدِيْثَةٌ أَسْنَانُهُمْ فَقَالُوْا: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يُعْطِيْ قُرَيْشًا وَيَتْرُكُنَا وَسُيُوْفُنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَائِهِمْ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَإِنِّيْ أُعْطِي رِجَالاً حَدِيْثِيْ عَهْدٍ بِكُفْرٍ أَتَأَلَّفُهُمْ، أَمَّا تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالْأَمْوَالِ وَتَذْهَبُوْنَ بِالنَّبِيِّ إِلٰى رِحَالِكُمْ؟ فَوَ اللّٰهِ لَمَا تَنْقَلِبُوْنَ بِهِ خَيْرٌ مِمَّا يَنْقَلِبُوْنَ بِهِ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ رَضِيْنَا. فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "سَتَجِدُوْنَ أَثَرَةً شَدِيْدَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوُا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَإِنِّي عَلَى الْحَوْضِ" قَالَ أَنَسٌ: فَلَمْ يَصْبِرُوْا. [راجع: ٣١٤٦]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: انصار میں سے کچھ نے کہا جب اللہ تعالیٰ نے لوٹایا اپنے رسول پر جو لوٹایا ہوازن کے اموال میں سے، پس نبی ﷺ دینے لگے کچھ مردوں کو اونٹوں میں سے سوسو، پس انصار نے کہا: اللہ تعالیٰ رسول اللہ ﷺ کو بخشیں! وہ قریش کو دے رہے ہیں اور ہمیں چھوڑ رہے ہیں، حالانکہ ہماری تلواریں ان کے خون سے ٹپک

رہی ہیں، حضرت انسؓ نے کہا: پس رسول اللہ ﷺ کو انصار کی بات پہنچائی گئی، آپؐ نے انصار کے پاس آدمی بھیجا اور ان کو چمڑے کے ایک خیمہ میں جمع کیا اور نہیں بلایا ان کے ساتھ ان کے علاوہ کو، یعنی اس خیمہ میں غیر انصار کو آنے کی اجازت نہیں تھی، پس جب اکٹھا ہو گئے وہ تو نبی ﷺ کھڑے ہوئے اور فرمایا: وہ باتیں کیا ہیں جو مجھے تمہاری طرف سے پہنچ رہی ہیں؟ انصار کے سمجھ دار لوگوں نے کہا: رہے ہمارے بڑے اے اللہ کے رسول! تو انھوں نے کوئی بات نہیں کہی، اور رہے ہم میں سے کچھ لوگ جو نوعمر ہیں انھوں نے کہا: اللہ تعالیٰ رسول اللہ ﷺ کو بخشیں! قریش کو دے رہے ہیں اور ہمیں چھوڑ رہے ہیں، درانحالیکہ ہماری تلواریں ان کے خون سے ٹپک رہی ہیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: میں دیتا ہوں ایسے لوگوں کو جن کا زمانہ کفر سے قریب ہے، جوڑتا ہوں میں ان کو، کیا نہیں راضی ہو تم کہ جائیں لوگ مالوں کے ساتھ اور جاؤ تم نبی ﷺ کے ساتھ تمہارے ڈیروں کی طرف، پس بخدا! البتہ وہ چیز جس کے ساتھ تم پلٹو گے بہتر ہے ان چیزوں سے جس کے ساتھ وہ پلٹیں گے، انصار نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم راضی ہیں، پس ان سے نبی ﷺ نے فرمایا: عنقریب پاؤ گے تم سخت ترجیح، پس صبر کرنا، یہاں تک کہ اللہ اور اس کے رسول سے ملاقات کرو، پس بیشک میں حوضِ کوثر پر ہونگا، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس انصار نے صبر نہیں کیا۔

[٤٣٣٢-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غَنَائِمَ بَيْنَ قُرَيْشٍ فَغَضِبَتِ الأَنْصَارُ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَمَّا تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا وَتَذْهَبُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ؟" قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: "لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا أَوْ: شِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الأَنْصَارِ أَوْ: شِعْبَهُمْ"[راجع: ٣١٤٦]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب فتح مکہ کا دن تھا تو نبی ﷺ نے غنیمتیں قریش کے درمیان تقسیم کیں، پس انصار غصہ ہوئے، نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم خوش نہیں ہو کہ جائیں لوگ دنیا لے کر اور جاؤ تم اللہ کے رسول کو لے کر، انصار نے کہا: کیوں نہیں، آپؐ نے فرمایا: اگر لوگ چلیں کسی میدان میں یا فرمایا: کسی گھاٹی میں تو میں چلوں گا انصار کے میدان میں یا فرمایا انصار کی گھاٹی میں۔

[٤٣٣٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَزْهَرُ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، قَالَ: أَنْبَأَنَا هِشَامُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ الْتَقَى هَوَازِنَ، وَمَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَشَرَةُ آلَافٍ وَالطُّلَقَاءُ فَأَدْبَرُوْا، قَالَ: " يَا مَعْشَرَ الأَنْصَارِ" قَالُوْا: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ، لَبَّيْكَ وَنَحْنُ بَيْنَ يَدَيْكَ! فَنَزَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ" فَانْهَزَمَ الْمُشْرِكُوْنَ، فَأَعْطَى الطُّلَقَاءَ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَلَمْ يُعْطِ الأَنْصَارَ شَيْئًا، فَقَالُوْا فَدَعَاهُمْ فَأَدْخَلَهُمْ فِيْ قُبَّةٍ، فَقَالَ: " أَمَا تَرْضَوْنَ

أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالشَّاةِ وَالْبَعِيْرِ وَتَذْهَبُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ؟" فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَسَلَكَتِ الْأَنْصَارُ شِعْبًا لَاخْتَرْتُ شِعْبَ الْأَنْصَارِ"[راجع: ۳۱٤٦]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب غزوۂ حنین کا موقع آیا تو نبی ﷺ ہوازن کے ساتھ بھڑے اور نبی ﷺ کے ساتھ دس ہزار کا لشکر تھا، اور آزاد کردہ لوگ تھے، پس لوگوں نے پیٹھ پھیری، نبی ﷺ نے فرمایا: اے انصار کے لوگو! انھوں نے کہا: ہم حاضر ہیں اے اللہ کے رسول! اور یہ حاضری ہمارے لئے سعادت ہے، بار بار حاضر ہیں ہم اور ہم آپؐ کی خدمت میں ہیں، پس نبی ﷺ سواری سے اترے اور فرمایا: میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں، پس مشرکین نے شکست کھائی، پھر نبی ﷺ نے آزاد کردہ لوگوں کو اور مہاجرین کو دیا، اور انصار کو کچھ نہیں دیا، انھوں نے کہا (ان کا مقولہ ذکر نہیں کیا) پس نبی ﷺ نے ان کو بلایا اور ان کو ایک خیمہ میں داخل کیا، پھر فرمایا: کیا خوش نہیں ہو تم کہ لوگ بکریاں اور اونٹ لے کر جائیں اور تم اللہ کے رسول کو لے کر جاؤ؟ پس نبی ﷺ نے فرمایا: اگر لوگ کسی میدان میں چلیں اور انصار کسی گھاٹی میں چلیں تو میں انصار کی گھاٹی کو اختیار کروں گا۔

[٤٣٣٤-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: جَمَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: "إِنَّ قُرَيْشًا حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ وَمُصِيْبَةٍ، وَإِنِّیْ أَرَدْتُ أَنْ أُجِيْزَهُمْ وَأَتَأَلَّفَهُمْ، أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَرْجِعَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا وَتَرْجِعُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ إِلٰى بُيُوْتِكُمْ؟" قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: "لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَسَلَكَتِ الْأَنْصَارُ شِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِیَ الْأَنْصَارِ أَوْ: شِعْبَ الْأَنْصَارِ"[راجع: ۳۱٤٦]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے انصار کے کچھ لوگوں کو اکٹھا کیا اور فرمایا: بیشک قریش کا زمانہ جاہلیت کے ساتھ اور مصیبت کے ساتھ قریب ہے یعنی وہ ابھی ابھی مسلمان ہوئے ہیں اور وہ اسلام سے پہلے جنگوں میں نقصان سے دوچار ہوئے ہیں، اور میں چاہتا ہوں کہ ان کو انعام دوں اور ان کو اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ جوڑوں، کیا خوش نہیں ہو تم کہ لوگ دنیا لے کر لوٹیں اور تم اللہ کے رسول کو لے کر اپنے گھروں کی طرف لوٹو؟ انصار نے کہا: کیوں نہیں، آپؐ نے فرمایا: اگر لوگ کسی میدان میں چلیں اور انصار کسی گھاٹی میں چلیں تو میں انصار کے میدان میں چلوں گا، یا فرمایا: انصار کی گھاٹی میں چلوں گا۔

۷- معاندانہ اعتراض اذیت کا سبب ہوتا ہے

انصار نے جو شکوہ کیا تھا جس کا تذکرہ گذشتہ حدیثوں میں آیا ہے، اس سے نبی ﷺ کو کوئی اذیت نہیں پہنچی، کیونکہ وہ شکوہ اخلاص پر مبنی تھا، اس کے برخلاف انصار ہی میں سے ایک منافق مُعتّب بن قُشیر نے بھی یہی اعتراض کیا تھا تو اس سے

نبی ﷺ کوسخت تکلیف پہنچی تھی، آپؐ نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام اس سے زیادہ ستائے گئے، انھوں نے صبر کیا، میں بھی صبر کرتا ہوں۔

[٤٣٣٥-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قِسْمَةَ حُنَيْنٍ، قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: مَا أَرَادَ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ! فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ فَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: " رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلٰى مُوْسَى أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ" [راجع: ٣١٥٠]

[٤٣٣٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ آثَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نَاسًا، أَعْطَى الْأَقْرَعَ مِائَةً مِنَ الإِبِلِ، وَأَعْطَى عُيَيْنَةَ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَأَعْطَى نَاسًا، فَقَالَ رَجُلٌ: مَا أُرِيْدَ بِهٰذِهِ الْقِسْمَةِ وَجْهُ اللّٰهِ! فَقُلْتُ: لَأُخْبِرَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " رَحِمَ اللّٰهُ مُوْسَى، قَدْ أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ" [راجع: ٣١٥٠]

حدیث (۱): ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ نے حنین کی غنیمت تقسیم کی تو ایک انصاری نے کہا: نبی ﷺ نے اس تقسیم سے اللہ کی خوشنودی کا ارادہ نہیں کیا! پس میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ کو یہ بات بتلائی، آپؐ کا چہرہ بدل گیا، اور فرمایا: موسیٰ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ مہربانی فرمائیں! وہ اس سے زیادہ ستائے گئے، پس انھوں نے صبر کیا۔

حدیث (۲): ابن مسعودؓ کہتے ہیں: جب حنین کا دن تھا تو نبی ﷺ نے کچھ لوگوں کو ترجیح دی، اقرع بن حابس مجاشعیؓ کو سو اونٹ دیئے، عیینہ کو بھی اتنے ہی دیئے، اور دوسرے کچھ لوگوں کو بھی دیا، پس ایک شخص نے کہا: اس تقسیم سے اللہ کی خوشنودی کا ارادہ نہیں کیا گیا! پس ابن مسعودؓ نے کہا: میں ضرور بتلاؤں گا یہ بات نبی ﷺ کو، آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ موسیٰ علیہ السلام پر رحم فرمائیں! وہ اس سے زیادہ ستائے گئے، مگر انھوں نے صبر کیا۔

تشریح: یہ موسیٰ علیہ السلام کے کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟ حاشیہ میں لکھا ہے کہ سورۃ الاحزاب آیت ۶۹ کا جو شانِ نزول ہے وہ واقعہ مراد ہے، موسیٰ علیہ السلام شرمیلے اور پردہ کرنے والے تھے، ان کے ستر کا کوئی حصہ کوئی نہیں دیکھ سکتا تھا، اس لئے بنی اسرائیل نے کہا: موسیٰ اتنا سخت پردہ اس لئے کرتے ہیں کہ ان کی کھال میں کوئی عیب ہے، یا تو سفید داغ ہے یا اُدرہ کی بیماری ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کو بری کیا، بایں طور کہ ایک مرتبہ آپ تنہا ایک پتھر پر کپڑے رکھ کر نہا رہے تھے، جب فارغ ہو کر کپڑوں کے پاس آئے تو پتھر کپڑے لے کر چل دیا، موسیٰ علیہ السلام بے خبری میں یہ کہتے ہوئے اس کے پیچھے چلے کہ پتھر میرے کپڑے! پتھر میرے کپڑے! یہاں تک کہ وہ پتھر ایسی جگہ جا کر رکا جہاں کچھ اسرائیلی بیٹھے تھے، موسیٰ

علیہ السلام نے کپڑے لے کر پہن لئے، اور ان لوگوں نے دیکھ لیا کہ کوئی عیب نہیں، یہ واقعہ بھی مصداق ہوسکتا ہے اور کوئی دوسرا واقعہ بھی۔

۸۔ مخلصین کی بات باعث اذیت نہیں ہوتی

مُعَتَّب منافق کا اعتراض تکلیف دہ ثابت ہوا اور انصار کی چہ می گوئیاں تکلیف دہ ثابت نہیں ہوئیں، کیونکہ مُعتّب کا اعتراض مبنی برنفاق تھا، وہ اعتراض برائے اعتراض تھا اور انصار کی باتیں محبتِ نبوی سے ناشی تھیں، جب کسی سے گہرا تعلق ہوتا ہے اور کوئی بات پیش آتی ہے تو شکوہ شکایت ہوتی ہے اور شکوہ کرنے والوں کی دلداری بھی ضروری ہوتی ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت لارہے ہیں، اس میں انصار کا شکوہ اور ان کی دلداری کا بیان ہے، معتّب کے اعتراض سے انصار کے شکوہ کا موازنہ کریں اور دیکھیں: تفاوتِ راہ از کجا است تا بہ کجا؟

یہاں حاشیہ میں ایک اعتراض ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث سے پہلے لانا چاہئے تھا تا کہ حضرت انسؓ کی سب روایتیں ایک ساتھ ہوجاتیں، پھر جواب دیا ہے کہ یہ رواۃ کا تصرف ہے، حالانکہ اس حدیث کا یہیں موقعہ ہے، منافق کے اعتراض اور مخلصین کی باتوں کا فرق ظاہر کرنے کے لئے یہ حدیث لائے ہیں۔

[٤٣٣٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ أَقْبَلَتْ هَوَازِنُ وَغَطَفَانُ وَغَيْرُهُمْ بِنَعَمِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ، وَمَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَشَرَةُ آلَافٍ [وَ] مِنَ الطُّلَقَاءِ، فَأَدْبَرُوْا عَنْهُ حَتَّى بَقِيَ وَحْدَهُ، فَنَادَى يَوْمَئِذٍ نِدَاءَ يْنِ لَمْ يَخْلِطْ بَيْنَهُمَا، الْتَفَتَ عَنْ يَمِيْنِهِ، فَقَالَ:" يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ!" قَالُوْا: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللهِ! أَبْشِرْ نَحْنُ مَعَكَ، ثُمَّ الْتَفَتَ عَنْ يَسَارِهِ، فَقَالَ:" يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ!" قَالُوْا: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللهِ! أَبْشِرْ نَحْنُ مَعَكَ، وَهُوَ عَلٰى بَغْلَةٍ بَيْضَاءَ فَنَزَلَ فَقَالَ:" أَنَا عَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُهُ" فَانْهَزَمَ الْمُشْرِكُوْنَ وَأَصَابَ يَوْمَئِذٍ غَنَائِمَ كَثِيْرَةً، فَقَسَمَ فِي الْمُهَاجِرِيْنَ وَالطُّلَقَاءِ وَلَمْ يُعْطِ الْأَنْصَارَ شَيْئًا، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: إِذَا كَانَتْ شَدِيْدَةٌ فَنَحْنُ نُدْعَى، وَيُعْطِى الْغَنِيْمَةَ غَيْرَنَا؟ فَبَلَغَهُ ذٰلِكَ فَجَمَعَهُمْ فِيْ قُبَّةٍ، فَقَالَ: "يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ! مَا حَدِيْثٌ بَلَغَنِيْ [عَنْكُمْ؟"] فَسَكَتُوْا، فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ! أَلَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا، وَتَذْهَبُوْنَ بِرَسُوْلِ اللهِ، تَحُوْزُوْنَهُ إِلٰى بُيُوْتِكُمْ؟" فَقَالُوْا: بَلٰى، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَسَلَكَتِ الْأَنْصَارُ شِعْبًا لَأَخَذْتُ شِعْبَ الْأَنْصَارِ" قَالَ هِشَامٌ: قُلْتُ: يَا أَبَا حَمْزَةَ وَأَنْتَ شَاهِدٌ ذَاكَ؟ قَالَ: وَأَيْنَ أَغِيْبُ عَنْهُ؟[راجع: ٣١٤٦]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب غزوۂ حنین ہوا تو ہوازن وغطفان وغیرہ اپنے مویشی اور بال بچوں کو

لے کرآئے، اور نبی ﷺ کے ساتھ دس ہزار (اور) آزاد کردہ لوگ تھے، پس انھوں نے آپؐ سے پیٹھ پھیری، یہاں تک کہ آپؐ تنہا رہ گئے، اس دن آپؐ نے دو آوازیں لگائیں ان کے درمیان ملایا نہیں، یعنی دونوں آوازیں ایک ساتھ نہیں لگائیں، آپؐ دائیں طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے انصار کے لوگو! انھوں نے جواب دیا: ہم حاضر ہیں، اے اللہ کے رسول! خوشخبری سن لیں ہم آپؐ کے ساتھ ہیں، پھر آپؐ بائیں طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے انصار کے لوگو! انھوں نے جواب دیا: ہم حاضر ہیں اے اللہ کے رسول! خوشخبری سن لیں ہم آپؐ کے ساتھ ہیں، اور آپؐ سفید خچر پر سوار تھے، پس اترے اور فرمایا: میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں، پس مشرکین نے شکست کھائی اور آپؐ نے اس دن بہت غنیمتیں پائیں، اور مہاجرین میں اور آزاد کردہ لوگوں میں بانٹیں، اور انصار کو کچھ نہیں دیا، چنانچہ انصار نے کہا: جب سختی کا وقت ہوتا ہے تو ہم بلائے جاتے ہیں اور مالِ غنیمت ہمارے علاوہ کو دیا جاتا ہے، آپؐ کو یہ بات پہنچی تو ان کو ایک خیمہ میں جمع کیا اور فرمایا: اے انصار کے لوگو! کیا ہے وہ بات جو مجھے (تمہاری طرف سے) پہنچی ہے؟ پس انصار خاموش رہے، آپؐ نے فرمایا: اے انصار کے لوگو! کیا تم خوش نہیں ہو کہ لوگ دنیا لے کر جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو لے کر جاؤ، سمیٹو تم ان کو اپنے گھروں میں؟ انصار نے کہا: کیوں نہیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اگر لوگ کسی میدان میں چلیں اور انصار کسی گھاٹی میں چلیں تو میں انصار کی گھاٹی اپناؤں گا، ہشام (پوتے) نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے ابوحمزہ! کیا آپؓ اس موقع پر حاضر تھے، حضرت انسؓ نے کہا: میں اس سے غائب رہنے والا کہاں تھا؟

تنبیہ: **وَمَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَشْرَةُ آلَافٍ مِنَ الطُّلَقَاءِ**: یہاں واؤ عاطفہ رہ گیا ہے، حاشیہ میں اس پر تنبیہ ہے اور مصری نسخہ میں واؤ ہے۔

(فتح مکہ اور فتح حنین واوطاس وطائف کا بیان پورا ہوا)



فتح مکہ کے بعد سرایا اور عمّال کی روانگی اور وفود کی آمد

فتح مکہ کے بعد عربوں کے ساتھ کوئی اہم معرکہ پیش نہیں آیا، نبی ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کا آخری معرکہ غزوۂ تبوک ہے جو رومیوں کے ساتھ پیش آیا تھا، اور اس کی وجہ یہ تھی کہ عرب فتح مکہ کے منتظر تھے، جب مکہ فتح ہوگیا تو لوگ دھڑا دھڑ اسلام میں داخل ہونے لگے، البتہ کچھ خودسر قبائل ایسے تھے جن کو سپر اندازی سے انکار واستکبار تھا، ان کو سرنگوں کرنے کے لئے سرایا بھیجنے پڑے، اور اسلامی قلم رو کے نظم ونسق کے لئے عمال (گورنر اور زکوتیں وصول کرنے والے) بھیجے گئے، اور قبائل کے وفود لگا تار آنے لگے اور حلقہ بگوشِ اسلام ہونے لگے، نبی ﷺ ان کا استقبال کرتے تھے، ان کو دین سکھاتے تھے اور انعام سے نوازتے تھے، اب اسی سلسلہ کے ابواب ہیں۔

بَابُ السَّرِيَّةِ الَّتِيْ قِبَلَ نَجْدٍ

نجد کی طرف بھیجا ہوا سریہ

آج کل نجد جزیرۃ العرب کے ایک خاص حصہ کا نام ہے، جس میں ریاض واقع ہے، مگر حدیثوں میں 'نجد' مدینہ سے بالائی جانب میں عراق تک کا نام تھا، نبی ﷺ نے ایک سریہ نجد کی طرف روانہ کیا، جس میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما تھے، وہ جو غنیمت لائے اس میں سے ہر مجاہد کو بارہ بارہ اونٹ ملے اور ایک ایک اونٹ انعام میں ملا، پس ہر شخص تیرہ اونٹوں کے ساتھ فائز المرام ہوا، اس سریہ کا کوئی نام مذکور نہیں۔

[۵۸-] بَابُ السَّرِيَّةِ الَّتِيْ قِبَلَ نَجْدٍ

[۴۳۳۸-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَرِيَّةً قِبَلَ نَجْدٍ فَكُنْتُ فِيْهَا، فَبَلَغَتْ سُهْمَانُنَا اثْنَى عَشَرَ بَعِيْرًا، وَنُفِّلْنَا بَعِيْرًا بَعِيْرًا، فَرَجَعْنَا بِثَلاَثَةَ عَشَرَ بَعِيْرًا. [راجع: ۳۱۳۴]

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے نجد کی طرف ایک سریہ بھیجا (حاشیہ میں ہے کہ اس سریہ میں پچیس آدمی تھے اور قبیلہ غطفان کی طرف بھیجا گیا تھا، اور وہ دوسو اونٹ اور دو ہزار بکریاں لایا تھا) اور میں اس سریہ میں تھا پس پہنچے ہمارے حصے بارہ بارہ اونٹوں کو اور انعام دیئے گئے ہم ایک ایک اونٹ (یہ انعام آپؐ نے خمس میں سے دیا تھا) پس لوٹے ہم تیرہ

اونٹوں کے ساتھ۔

بَابُ بَعْثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ إِلٰى بَنِىْ جَذِيْمَةَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن الولید کو بنو جذیمہ کی طرف بھیجا

جذیمہ: کنانہ کا بطن ہے، وہ غُمیصاء میں بسا ہوا تھا، جو مکہ کے زیریں حصہ میں یلملم کے علاقہ میں ہے، ان کی طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے بعد شوال سن ۸ ہجری میں ساڑھے تین سو مہاجرین وانصار کے ساتھ حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو غزوۂ حنین سے پہلے بھیجا تھا، یہ سریہ دعوتِ اسلام کے لئے بھیجا گیا تھا، حضرت خالدؓ نے ان کو دعوت دی، وہ جواب میں اچھی طرح أَسْلَمْنَا نہیں کہہ سکے انھوں نے صَبَأْنَا صَبَأْنَا کہا، یعنی ہم ایک دین سے نکل کر دوسرے دین میں داخل ہوگئے، حضرت خالد رضی اللہ عنہ ان کی بات نہیں سمجھ سکے، چنانچہ ان کو قتل کرنا اور قید کرنا شروع کیا، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جو اس سریہ میں تھے کہتے ہیں: حضرت خالدؓ نے ہم میں سے ہر شخص کو اس کا قیدی دیدیا (تاکہ وہ اس کو سنبھالے) یہاں تک کہ ایک دن حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ ہم میں سے ہر آدمی اپنے قیدی کو قتل کردے، ابن عمرؓ نے کہا: بخدا میں اپنے قیدی کو قتل نہیں کروں گا، اور میرے ساتھیوں میں سے بھی کوئی شخص اپنے قیدی کو قتل نہیں کرے گا، یہاں تک کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، اور ہم نے آپؐ سے یہ واقعہ ذکر کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (دعا کے لئے) ہاتھ اٹھائے اور فرمایا: اے اللہ! میں آپ کے سامنے براءت ظاہر کرتا ہوں اس سے جو خالد نے کیا، یہ بات آپؐ نے دو مرتبہ فرمائی۔

تشریح: ابن اسحاق کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے مقتولین کی دیت دی، اور جو قیدی پکڑے گئے تھے اور جو مال لیا تھا وہ واپس کردیا، اور خاص اس مقصد کے لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا، وہ ہر چیز کا عوض دے کر آئے اور جو مال بچ گیا وہ بھی ان کو دیدیا پس آپؐ نے فرمایا: أَصَبْتَ وَأَحْسَنْتَ: تم نے ٹھیک کیا (عمدہ)

[۵۹-] بَابُ بَعْثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ إِلٰى بَنِىْ جَذِيْمَةَ

[۴۳۳۹-] حَدَّثَنِىْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، ح: وَحَدَّثَنِىْ نُعَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ إِلٰى بَنِىْ جَذِيْمَةَ، فَدَعَاهُمْ إِلَى الإِسْلَامِ، فَلَمْ يُحْسِنُوْا أَنْ يَقُوْلُوْا: أَسْلَمْنَا، فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ: صَبَأْنَا صَبَأْنَا، فَجَعَلَ خَالِدٌ يَقْتُلُ وَيَأْسِرُ، وَدَفَعَ إِلٰى كُلِّ رَجُلٍ مِنَّا أَسِيْرَهُ حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمٌ أَمَرَ خَالِدٌ أَنْ يَقْتُلَ كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا أَسِيْرَهُ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لاَ أَقْتُلُ أَسِيْرِى، وَلاَ يَقْتُلُ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِىْ أَسِيْرَهُ، حَتَّى قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرْنَاهُ لَهُ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَبْرَأُ إِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ" مَرَّتَيْنِ. [انظر: ۷۱۸۹]

ترکیب: حَتَّی إِذَا کَانَ یَوْمٌ: میں یَوْمٌ تنوین کے ساتھ ہے اور علامہ عینی رحمہ اللہ کہتے ہیں: کان تامہ ہے یومٌ: اس کا فاعل ہے اور وہ جملہ أَمَرَ کی طرف مضاف ہے، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ أَمَرَ مضاف الیہ نہیں، بلکہ إِذَا کی جزاء ہے۔

بَابُ سَرِیَّةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ، وَعَلْقَمَةَ بْنِ مُجَزِّزٍ الْمُدْلِجِيِّ

عبداللہ بن حُذافہ اور علقمہ بن مجزز مُدلجی رضی اللہ عنہما کا سریہ

عبداللہ بن حُذافہ سہمیؓ: قریشی ہیں، قدیم الاسلام اور مہاجرین اولین میں سے ہیں، نبی ﷺ نے ان کو خط دے کر کسریٰ کی طرف بھیجا تھا۔

علقمہ بن مجززؓ مدلجیؓ: مہاجری صحابی ہیں، مُدلِجُ بْن مُرَّة: کنانہ کا بطن ہے، جو عدنانی قبائل میں سے ہے، یہ قبیلہ علم القیافہ کا ماہر تھا، اور مجزز وہی صحابی ہیں جن کا حضرت اسامہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہما کے قصہ میں ذکر آیا ہے، انھوں نے دونوں کے پاؤں دیکھ کر کہا تھا: یہ دونوں باپ بیٹے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہ دو سریے ہیں یا ایک؟ یا شروع میں ایک تھا بعد میں دو ہوگئے؟ اس میں روایات مختلف ہیں، اور جس نے اس کو سریۃ الانصار کہا ہے وہ ضعیف ہے، اس لئے یُقال کہا۔

باب کی روایت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے ایک سریہ بھیجا اس پر ایک انصاری کو مقرر کیا اور لوگوں کو حکم دیا کہ امیر کی اطاعت کریں، امیر کو کسی بات پر غصہ آیا انھوں نے لوگوں سے کہا: کیا نبی ﷺ نے تمہیں میری اطاعت کا حکم نہیں دیا؟ لوگوں نے کہا: کیوں نہیں، انھوں نے کہا: سوختہ جمع کرو، لوگوں نے جمع کیا، انھوں نے کہا: اس میں آگ لگاؤ، لوگوں نے آگ لگائی، پھر امیر صاحب نے حکم دیا کہ سب اس میں گھس جاؤ، لوگوں نے گھسنے کا ارادہ کیا، اور ان کے بعض بعض کو روکتے رہے، انھوں نے کہا: ہم آگ (جہنم) سے بھاگ کر نبی ﷺ کے دامن سے وابستہ ہوئے ہیں، اس درمیان آگ بجھ گئی اور امیر کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا، جب اس کی اطلاع نبی ﷺ کو ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: اگر وہ آگ میں گھس جاتے تو قیامت تک اس سے نہ نکلتے، امیر کی اطاعت معروف کاموں میں ہے، یعنی جو کام شریعت کے موافق ہیں انہی میں اطاعت ہے، ناجائز کاموں میں اطاعت نہیں۔

اس روایت میں اس کی صراحت نہیں کہ امیر کون صاحب تھے؟ اگر وہ کوئی انصاری تھے تو وہ عبداللہ یا علقمہ کا سریہ نہیں ہوسکتا، کیونکہ یہ دونوں حضرات مہاجری ہیں۔

اور ابن سعد کی روایت میں کچھ تفصیل ہے کہ نبی ﷺ کو اطلاع ملی کہ جدہ کے قریب کچھ حبشی دیکھے گئے ہیں، اندیشہ ہے کہ وہ مسلمانوں پر حملہ کریں، چنانچہ علقمہؓ کی زیر قیادت تین سو صحابہ کی ایک جماعت بھیجی گئی، جب یہ حضرات جدہ پہنچے تو حبشی ایک جزیرہ کی طرف کھسک گئے، یہ لوگ بھی اس جزیرہ میں پہنچے، حبشی بھاگ گئے، جب سریہ واپس ہوا تو کچھ لوگوں

نے جلدی گھر آنا چاہا، حضرت علقمہؓ نے حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ کو ان کا امیر بنایا، ان کے مزاج میں ظرافت تھی، انھوں نے راستہ میں آگ جلا کر سریہ والوں کو اس میں داخل ہونے کا حکم دیا، جب لوگ داخل ہونے کے لئے تیار ہو گئے تو انھوں نے خود روک دیا اور کہا کہ میں دل لگی کر رہا تھا، اس سے معلوم ہوا کہ شروع میں یہ ایک سریہ تھا بعد میں دو ہو گئے، اس طرح حضرت عبداللہ بن حذافہ اور علقمہ رضی اللہ عنہما کی امارتیں درست ہو جاتی ہیں۔

اور ابن ماجہ میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے علقمہؓ کو ایک سریہ کا امیر بنا کر روانہ کیا، سریہ کی کاروائی مکمل ہونے کے بعد کچھ لوگوں نے جلدی گھر جانے کی اجازت چاہی، انھوں نے اجازت دیدی، اور حضرت عبداللہ بن حذافہؓ کو ان کا امیر مقرر کیا، راستہ میں لوگوں نے کھانا پکانے کے لئے آگ جلائی، امیر صاحب ظریف الطبع تھے، انھوں نے لوگوں سے کہا: امیر کی اطاعت لازم ہے، میں حکم دیتا ہوں کہ سب آگ میں کودو، سب حکم کی تعمیل کے لئے کھڑے ہو گئے، امیر صاحب نے کہا: رکو، میں مذاق کر رہا تھا، جب سریہ نے واپس آکر نبی ﷺ کو اس کی اطلاع دی تو آپؐ نے فرمایا: اگر امیر معصیت کا کوئی حکم دے تو اس کی اطاعت مت کرو۔

ابن ماجہ کی یہ روایت بخاری کی روایت سے مختلف ہے، بخاری کی روایت میں ہے کہ امیر نے غصہ کی وجہ سے آگ میں داخل ہونے کا حکم دیا تھا، اور ابن ماجہ کی روایت میں ہے کہ امیر نے دل لگی کی تھی، پھر بخاری کی روایت میں ہے کہ لوگوں نے ایک دوسرے کو آگ میں داخل ہونے سے روکا اور ابن ماجہ کی روایت میں ہے کہ خود امیر نے ان کو روکا، کچھ حضرات کا خیال ہے کہ یہ الگ الگ واقعے ہیں، بخاری میں جس واقعہ کا ذکر ہے اس کے امیر علقمہؓ تھے اور عبداللہؓ والا واقعہ الگ ہے، اور جو اس سریہ کو انصار کا سریہ کہا گیا ہے تو ممکن ہے: فوجی انصار ہوں اگرچہ دونوں امیر مہاجری تھے۔ واللہ اعلم

[٦٠-] بَابُ سَرِيَّةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ، وَعَلْقَمَةَ بْنِ مُجَزِّزٍ الْمُدْلِجِيِّ

وَيُقَالُ: إِنَّهَا سَرِيَّةُ الْأَنْصَارِ.

[٤٣٤٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعْدُ بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَرِيَّةً فَاسْتَعْمَلَ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَأَمَرَهُمْ أَنْ يُطِيْعُوْهُ، فَغَضِبَ فَقَالَ: أَلَيْسَ أَمَرَكُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُطِيْعُوْنِّيْ؟ قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: فَاجْمَعُوْا لِيْ حَطَبًا، فَجَمَعُوْا فَقَالَ: أَوْقِدُوْا نَارًا، فَأَوْقَدُوْهَا، فَقَالَ: ادْخُلُوْهَا، فَهَمُّوْا وَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يُمْسِكُ بَعْضًا وَيَقُوْلُوْنَ: فَرَرْنَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنَ النَّارِ، فَمَا زَالُوا حَتّٰى خَمَدَتِ النَّارُ، فَسَكَنَ غَضَبُهُ فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "لَوْ دَخَلُوْهَا مَا خَرَجُوْا مِنْهَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ" [انظر: ١٨٤٥، ٧٢٥٧]

بَابُ بَعْثِ أَبِیْ مُوْسَی وَمُعَاذٍ إِلٰی الْیَمِنِ قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

حجۃ الوداع سے پہلے ابوموسیٰ اشعری اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کو یمن بھیجا

فتح مکہ کے بعد سن ۸ ہجری میں نجران کے عیسائیوں کا ایک وفد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، جس میں تین شخص: (۱) عبدالمسیح عاقب (امیر) (۲) ایہم السیّد (ذی رائے) (۳) ابوحارثہ بن علقمہ (مذہبی پادری) تھے، انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پوزیشن کے بارے میں گفتگو کی، اس موقعہ پر سورۂ آلِ عمران کی نوے آیتیں نازل ہوئیں، جن میں دلائل سے ثابت کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ: وحدہ لاشریک لہ ہیں، اور عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بندے اور رسول ہیں، ان پر موت آئے گی، پس وہ معبود کیسے ہوسکتے ہیں؟ پھر آیت ۶۱ میں ان کو مباہلہ کا چیلنج دیا گیا، انھوں نے مشاورت کی اور مباہلہ سے انکار کیا، اور صلح کرکے واپس لوٹ گئے، چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع سے پہلے سن ۹ ہجری میں ابوموسیٰ اشعری اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کو یمن کی طرف دین اسلام کی دعوت وتعلیم کی غرض سے روانہ کیا، یمن کے دو پرگنے تھے، ایک یمن کی مشرقی جانب تھا، اس کی طرف حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور دوسرا مغربی جانب تھا، اس کی طرف حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو بھیجا، ان دونوں حضرات کی محنت سے تقریباً سارا یمن مسلمان ہوگیا۔

[٦١-] بَابُ بَعْثِ أَبِیْ مُوْسَی وَمُعَاذٍ إِلٰی الْیَمِنِ قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

[٤٣٤١و٤٣٤٢-] حدثنا مُوْسَی، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَبَا مُوْسَی وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ إِلٰی الْیَمَنِ، قَالَ: وَبَعَثَ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰی مِخْلَافٍ، قَالَ: وَالْیَمَنُ مِخْلَافَانِ، ثُمَّ قَالَ: "یَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا، وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا" فَانْطَلَقَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا إِلٰی عَمَلِهِ، قَالَ: وَكَانَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا إِذَا سَارَ فِی أَرْضِهِ كَانَ قَرِیْبًا مِنْ صَاحِبِهِ أَحْدَثَ بِهِ عَهْدًا فَسَلَّمَ عَلَیْهِ، فَسَارَ مُعَاذٌ فِیْ أَرْضِهِ قَرِیْبًا مِنْ صَاحِبِهِ أَبِیْ مُوْسَی فَجَاءَ یَسِیْرُ عَلٰی بَغْلَتِهِ حَتّٰی انْتَهَی إِلَیْهِ، وَإِذَا هُوَ جَالِسٌ وَقَدِ اجْتَمَعَ إِلَیْهِ النَّاسُ وَإِذَا رَجُلٌ عِنْدَهُ قَدْ جُمِّعَتْ یَدَاهُ إِلٰی عُنُقِهِ فَقَالَ لَهُ مُعَاذٌ: یَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَیْسٍ، أَیُّمَ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا رَجُلٌ كَفَرَ بَعْدَ إِسْلَامِهِ، قَالَ: لَا أَنْزِلُ حَتّٰی یُقْتَلَ، قَالَ: إِنَّمَا جِیْءَ بِهِ لِذٰلِكَ فَأَنْزِلْ، قَالَ: مَا أَنْزِلُ حَتّٰی یُقْتَلَ، فَأَمَرَ بِهِ فَقُتِلَ ثُمَّ نَزَلَ فَقَالَ: یَا عَبْدَ اللّٰهِ، كَیْفَ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قَالَ: أَتَفَوَّقُهُ تَفَوُّقًا، قَالَ: فَكَیْفَ تَقْرَأُ أَنْتَ یَا مُعَاذُ؟ قَالَ: أَنَامُ أَوَّلَ اللَّیْلِ فَأَقُوْمُ وَقَدْ قَضَیْتُ جُزْئِیْ مِنَ النَّوْمِ، فَأَقْرَأُ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لِیْ فَأَحْتَسِبُ نَوْمَتِیْ كَمَا أَحْتَسِبُ قَوْمَتِیْ.

[راجع: ٢٢٦١، وانظر: ٤٣٤٥]

ترجمہ: ابوبردہ عامر بن ابی موسیٰ (تابعی) کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ابوموسیٰ اور معاذ رضی اللہ عنہما کو یمن کی طرف بھیجا، ابوبردہؒ کہتے ہیں: دونوں میں سے ہر ایک کو ایک پرگنہ پر بھیجا، ابوبردہؒ کہتے ہیں: اور یمن کے دو پرگنے تھے، پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''دونوں آسانی کرنا، اور دشواری مت کرنا، اور دونوں خوشخبری سنانا اور بدکانا نہیں!'' پس ان میں سے ہر ایک اپنے کام کی طرف چلا، ابوبردہؒ کہتے ہیں: اور ان میں سے ہر ایک جب اپنی زمین کا دورہ کرتا، اور وہ اپنے ساتھی سے قریب ہوتا تو اس کے ساتھ عہد نیا کرتا، یعنی ملاقات کرتا، پس اس کو سلام کرتا، چنانچہ حضرت معاذؓ نے اپنے علاقہ کا دورہ کیا، اپنے ساتھی ابوموسیٰ سے قریبی علاقہ میں، پس وہ چلتے ہوئے آئے اپنے خچر پر، یہاں تک کہ ابوموسیٰؓ کے پاس پہنچے، اور اچانک وہ بیٹھے ہوئے تھے، اور ان کے پاس لوگ جمع تھے اور اچانک ایک آدمی ان کے پاس تھا، اس کے دونوں ہاتھ اس کی گردن کی طرف جمع کئے گئے تھے، یعنی اس کی مشکیں کسی ہوئی تھیں، پس ان سے حضرت معاذؓ نے پوچھا: اے عبداللہ بن قیسؓ! (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا نام) یہ شخص کون ہے؟ انھوں نے جواب دیا: یہ ایسا شخص ہے جو اپنے مسلمان ہونے کے بعد مرتد ہوگیا ہے، حضرت معاذؓ نے کہا: میں اتروں گا نہیں، یہاں تک کہ وہ قتل کیا جائے، ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا: یہ شخص اسی لئے لایا گیا ہے، آپؓ اتریں، حضرت معاذؓ نے کہا: میں نہیں اتروں گا یہاں تک وہ قتل کیا جائے، پس ابوموسیٰ اشعریؓ نے اس کے متعلق حکم دیا، پس وہ قتل کیا گیا، حضرت معاذؓ اترے انھوں نے پوچھا: اے عبداللہ! آپؓ قرآن کس طرح پڑھتے ہیں، ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا: میں مختلف اوقات میں تھوڑا تھوڑا کر کے پڑھتا ہوں پھر ابوموسیٰ اشعریؓ نے پوچھا: اور آپؓ کس طرح پڑھتے ہیں اے معاذ؟ انھوں نے کہا: میں شروع رات میں سوجاتا ہوں پھر اٹھتا ہوں، درانحالیکہ میں نے اپنی نیند کا ایک حصہ پورا کرلیا ہوتا ہے، پھر پڑھتا ہوں جو اللہ نے میرے لئے مقدر کیا ہے، پس میں اپنے سونے میں ثواب کی امید رکھتا ہوں جیسے میں اپنے اٹھنے (تہجد) میں ثواب کی امید رکھتا ہوں۔

لغات: اَلْمِخْلاَف: صوبہ، ضلع، جمع: مخالیف .... أَيُّمَ: أَی أَیُّ شیئ ھٰذَا، اس کی اصل أَیُّ مَا ہے، أَیُّ: حرف استفہام اور مَا بمعنی شَیْئٌ، پھر مَا کا الف تخفیفاً حذف کیا گیا، اور اس کو أَیَّ بھی پڑھ سکتے ہیں، أَیْمُ اللّٰہِ: میں جو أَیْمُ ہے وہ یہ لفظ نہیں ہے .... تَفَوَّقَ الأَمْرَ: وقفہ وقفہ سے کام کرنا، مختلف اوقات میں تھوڑا تھوڑا کرنا .... احْتَسَبِ الأَجْرَ علی اللہ: اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید رکھنا۔

تشریح: دعوت میں آسانی کا لحاظ رکھنا ضروری ہے، سختی مناسب نہیں، اس سے لوگ بدک جاتے ہیں، اور وعیدوں کے ساتھ وعدے بھی سنانے ضروری ہیں، صرف وعیدیں مایوسی پیدا کرتی ہیں اور صرف وعدے بے باکی پیدا کرتے ہیں، چونکہ یہ دونوں حضرات دعوت کے مشن پر بھیجے گئے تھے اس لئے یہ بنیادی ہدایت دی۔

اور مرتد کو اس لئے قتل کیا جاتا ہے کہ وہ فتنہ نہ پھیلائے، وہ ہر جگہ گاتا پھرے گا کہ میں اسلام کو اندر سے دیکھ کر آیا ہوں، وہ کھوکھلا ہے اندر کچھ نہیں، اس طرح کی باتوں سے لوگوں کا ایمان خراب ہوگا، اس کو دین پر مجبور کرنے کے لئے قتل نہیں کیا جاتا

اوراس کی دلیل یہ ہے کہ اگر وہ گروہ شروع سے مسلمان نہ ہوتا، اپنے دین پر برقرار رہتا تو اس کو یہ حق تھا کہ وہ اپنے دین پر برقرار رہتے ہوئے ذمی بن کر رہ سکتا تھا۔

اور ہر مؤمن پر لازم ہے کہ وہ قرآنِ کریم کا ایک حصہ ہر دن پڑھے، اس کا کیا طریقہ ہونا چاہئے؟ متعین نہیں، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ وقفہ وقفہ سے جب بھی موقع ملتا پڑھتے تھے، اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ رات کے پچھلے حصہ میں جتنی توفیق ہوتی، تہجد میں قرآن پڑھتے تھے۔

۱-شہد اور جَو کی شرابیں حرام ہیں

ابو بردہؒ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے ان کے والد حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا، انھوں نے آپؐ سے ان شرابوں کا حکم پوچھا جو یمن میں بنائی جاتی ہیں، نبی ﷺ نے پوچھا: وہ شرابیں کیا ہیں؟ ابو موسیٰؓ نے کہا: بِتع اور مِزر۔ سعید نے اپنے ابا ابو بردہ سے پوچھا: بِتع کیا ہے؟ انھوں نے کہا: شہد کی شراب، اور مِزر جَو کی شراب، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے''

سند: یہ حدیث خالد بن عبداللہ واسطیؒ نے سلیمان بن فیروز شیبانی سے روایت کی ہے اور اس میں سعید کا واسطہ بڑھایا ہے، اس حدیث کو جریر بن عبدالحمید اور عبدالواحد بن زیاد بھی شیبانی سے روایت کرتے ہیں، مگر وہ سعید کا واسطہ نہیں بڑھاتے (پس سعید کے واسطہ والی روایت مزید فی متصل الاسناد ہوگی)

تشریح: نبی ﷺ نے: کُلُّ مُسْکِرٍ خَمْرٌ: نہیں فرمایا، بلکہ کُلُّ مُسْکِرٍ حَرَامٌ فرمایا ہے یعنی تمام نشہ آور شرابیں خمر کے حکم میں ہیں، لغت کے اعتبار سے خمر نہیں ہیں، پس یہ الحاق ہے، اور ان شرابوں کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے، پینے والے کو سزا دی جائے گی، یہ امام محمد رحمہ اللہ کا قول ہے اور اسی پر فتوی ہے، ان کے نزدیک ہر شراب اور اس کی ہر مقدار حرام ہے (تفصیل تحفۃ الالمعی (۵: ۲۰۱-۲۱۴) میں ہے)

[۴۳۴۳-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ خَالِدٌ، عَنِ الشَّیْبَانِیِّ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی الْأَشْعَرِیِّ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم بَعَثَهُ إِلَی الْیَمَنِ، فَسَأَلَهُ عَنْ أَشْرِبَةٍ تُصْنَعُ بِهَا، فَقَالَ: "وَمَا هِیَ؟" قَالَ: الْبِتْعُ وَالْمِزْرُ - فَقُلْتُ لِأَبِیْ بُرْدَةَ: مَا الْبِتْعُ؟ قَالَ: نَبِیْذُ الْعَسَلِ، وَالْمِزْرُ: نَبِیْذُ الشَّعِیْرِ - فَقَالَ: "کُلُّ مُسْکِرٍ حَرَامٌ" رَوَاهُ جَرِیْرٌ وَعَبْدُ الْوَاحِدِ، عَنِ الشَّیْبَانِیِّ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ. [راجع: ۲۲۶۱]

۲-قرآنِ کریم کے وِرد کے مختلف طریقے

ہر مسلمان کو قرآنِ کریم کا کچھ حصہ روزانہ پڑھنا چاہئے، پارہ، دو پارے، تین پارے، چھوٹی منزلیں، بڑی منزلیں: جن

کو بھی اپنا ورد مقرر کرلے اس کو پابندی سے پڑھنا چاہئے، اور اپنے ورد کو پڑھنے کا کوئی خاص طریقہ نہیں، چاہے نفلوں میں پڑھے، تہجد میں پڑھے، وقفہ وقفہ سے جب موقع ملے پڑھے، سب صورتیں درست ہیں، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ متفرق طور پر پڑھتے تھے، کھڑے، بیٹھے، سواری پر جب بھی موقع ملتا پڑھتے تھے، اور حضرت معاذؓ تہجد میں پڑھتے تھے۔

چھوٹی منزلیں: فَمِیْ بِشَوْقٍ ہیں (۱) وہ قرآنِ کریم میں لگی ہوئی ہیں، ف سے فاتحہ، م سے مائدہ، ی سے یونس، ب سے بنی اسرائیل، ش سے الشعراء، واؤ سے والصافات اور ق سے سورۂ قٓ مراد ہیں۔

اور بڑی منزلیں: فیل ہیں (۲)، ف سے فاتحہ، ی سے یونس، اور ل سے لقمان مراد ہیں، یہ منزلیں قرآن میں لگی ہوئی نہیں ہیں، اس صورت میں تین دن میں قرآن ختم ہوگا، اس سے کم مدت میں قرآن ختم کرنا جائز ہے یا مکروہ؟ خواص کے لئے جائز ہے عوام کے لئے ٹھیک نہیں، وہ اسے نباہ نہیں سکتے۔

حدیث: سعید بن ابی بردہ اپنے ابا ابو بردہؒ سے روایت کرتے ہیں: سعید نے کہا: نبی ﷺ نے ان کے دادا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا اور ہدایت دی کہ دونوں آسانی کرنا، دشواری مت ڈالنا، خوشخبری سنانا اور بدکانا نہیں، اور دونوں متفق رہنا، ابوموسیٰ اشعریؓ نے پوچھا: اے اللہ کے نبی! ہمارے علاقہ میں جَو کی شراب بنتی ہے جو مزر کہلاتی ہے اور شہد کی شراب بنتی ہے جو بِتع کہلاتی ہے (ان کا کیا حکم ہے؟) نبی ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور چیز حرام ہے (خواہ سیال ہو یا جامد، جیسے افیم، ہیروئن وغیرہ) پس دونوں چلے پھر حضرت معاذؓ نے ابوموسیٰؓ سے پوچھا: آپؓ قرآن کس طرح پڑھتے ہیں؟ انھوں نے کہا: کھڑے بیٹھے، اپنی سواری پر اور اس کو وقفہ وقفہ سے پڑھتا ہوں، یعنی سارا ورد ایک ساتھ نہیں پڑھتا، حضرت معاذؓ نے کہا: میں تو سوتا ہوں، پھر اٹھتا ہوں اور اپنے سونے میں ثواب کی امید رکھتا ہوں جیسا اپنے اٹھنے میں ثواب کی امید رکھتا ہوں، یعنی میں اپنا سارا ورد تہجد میں پڑھتا ہوں، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے خیمہ لگایا، یعنی ان کا کسی گھر میں قیام نہیں تھا خیمہ میں قیام تھا، پس دونوں ایک دوسرے سے ملاقات کرتے تھے، ایک مرتبہ حضرت معاذؓ نے ابوموسیٰ اشعریؓ سے ملاقات کی، پس اچانک ایک آدمی مشکیں بندھا ہوا تھا، حضرت معاذؓ نے پوچھا: اس شخص کا کیا معاملہ ہے؟ ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا: یہودی تھا، مسلمان ہوا پھر مرتد ہوگیا، پس حضرت معاذؓ نے کہا: میں ضرور اس کی گردن ماردوں گا۔

سند: یہ حدیث امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنے استاذ مسلم بن ابراہیم فراہیدی سے روایت کی ہے، ان کی سند میں سعید کا واسطہ ہے، اور سند ابو بردہ پر رک گئی ہے، آخر میں حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کا تذکرہ نہیں، اور شعبہ کے دوسرے دو شاگرد بھی اسی طرح سند پیش کرتے ہیں، ایک عبدالملک بن عمرو عقدی ہیں اور دوسرے وہب بن جریر۔

---

(۱) فَمِیْ بشوق: میرا منہ مشتاق ہے، یہ مبتدا خبر ہیں، فمی مبتداء ہے، اور بشوق: کائن سے متعلق ہو کر خبر ہے، یعنی میں یہ منزلیں بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔

(۲) فیل: ہاتھی۔ ہاتھی بہت بڑا جانور ہے اسی طرح یہ منزلیں بھی بہت بڑی ہیں، اس لئے یہ نام پڑا۔

اور شعبہ کے دوسرے تین شاگرد: وکیع بن الجراح، نضر بن شمیل اور ابو داؤد ہشام بن عبد الملک سند میں سعید کا تذکرہ کرتے ہیں، اور سند ابو موسیٰ اشعریؓ تک پہنچاتے ہیں، اور گذشتہ حدیث کے ذیل میں گذرا ہے کہ جریر بن عبد الحمید: شیبانی سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں، وہ حضرت ابو بردہؒ سے، یعنی سعید کا واسطہ نہیں لاتے، اور آخر میں حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کا تذکرہ بھی نہیں کرتے، اور ابھی بتایا ہے کہ سعید کا واسطہ مزید فی متصل الاسناد ہے اور آخر میں حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کا تذکرہ ہو یا نہ ہو، اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا، ابو بردہ یہ بات اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں۔

[٤٣٤٤و٤٣٤٥-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم جَدَّهُ أَبَا مُوْسَى وَمُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ:" يَسِّرَا وَلاَ تُعَسِّرَا، وَبَشِّرَا وَلاَ تُنَفِّرَا، وَتَطَاوَعَا" فَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: يَا نَبِيَّ اللهِ! إِنَّ أَرْضَنَا بِهَا شَرَابٌ مِنَ الشَّعِيْرِ: الْمِزْرُ، وَشَرَابٌ مِنَ الْعَسَلِ: الْبِتْعُ، فَقَالَ:" كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ" فَانْطَلَقَا، فَقَالَ مُعَاذٌ لِأَبِيْ مُوْسَى: كَيْفَ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قَالَ: قَائِمًا وَقَاعِدًا وَعَلَى رَاحِلَتِيْ، وَأَتَفَوَّقُهُ تَفَوُّقًا، قَالَ: أَمَّا أَنَا فَأَنَامُ وَأَقُوْمُ، فَأَحْتَسِبُ نَوْمَتِيْ كَمَا أَحْتَسِبُ قَوْمَتِيْ، وَضَرَبَ فُسْطَاطًا، فَجَعَلَا يَتَزَاوَرَانِ، فَزَارَ مُعَاذٌ أَبَا مُوْسَى، فَإِذَا رَجُلٌ مُوْثَقٌ، فَقَالَ: مَاهٰذَا؟ فَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: يَهُوْدِيٌّ أَسْلَمَ ثُمَّ ارْتَدَّ فَقَالَ مُعَاذٌ: لَأَضْرِبَنَّ عُنُقَهُ.[راجع: ٢٢٦١، ٤٣٤٢]

تَابَعَهُ الْعَقَدِيُّ، وَوَهْبٌ، عَنْ شُعْبَةَ، وَقَالَ وَكِيْعٌ، وَالنَّضْرُ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، رَوَاهُ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ.

۳- حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ جیسا احرام باندھا

اگر کوئی شخص احرام باندھتے وقت حج یا عمرہ کی تعیین نہ کرے، مبہم احرام باندھے تو اس کا حکم یہ ہے کہ طواف شروع کرنے سے پہلے تعیین کرلے اگر تعیین کئے بغیر طواف شروع کردیا تو وہ احرام خود بخود عمرہ کا ہوجائے گا (تحفۃ القاری ۴: ۳۴۱)

حدیث: حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے میری قوم کی زمین کی طرف یعنی یمن کی طرف بھیجا، میں (وہاں سے حج کے لئے) آیا، درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ ابطح میں اونٹ بٹھانے والے تھے، یعنی قیام کرنے والے تھے، آپؐ نے پوچھا: کیا تم نے احرام باندھا اے عبد اللہ بن قیس؟ میں نے عرض کیا: ہاں اے اللہ کے رسول! آپؐ نے پوچھا: تم نے تلبیہ کیسا پڑھا تھا؟ انھوں نے عرض کیا: لبیک یہ احرام نبی ﷺ کے احرام جیسا ہے، آپؐ نے پوچھا: کیا تم اپنے ساتھ قربانی کا جانور لائے ہو؟ میں نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: پس بیت اللہ کا طواف کرو، اور صفا مروہ کے درمیان سعی کرو، پھر حلال ہوجاؤ، چنانچہ میں نے ایسا کیا، یہاں تک کہ میرے سر میں کنگھی کی بنو قیس کی عورتوں میں سے ایک عورت نے اور ہم ٹھہرے رہے اِس کے ساتھ یعنی ہم تمتع کو جائز سمجھتے رہے، یہاں تک کہ حضرت عمرؓ خلیفہ بنائے گئے۔

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں حکم جاری کیا تھا کہ کوئی شخص حج کے ساتھ عمرہ نہ کرے، عمرہ کے لئے مستقل سفر کرے، تاکہ بیت اللہ حج کے دنوں کے علاوہ دنوں میں بھی آباد ہو جائے، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ حکم دیا تو لوگوں میں چہ می گوئیاں ہوئیں، مگر لوگوں نے اس حکم پر عمل شروع کر دیا اور کعبہ شریف پورے سال کے لئے آباد ہو گیا، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دوستانہ تعلقات تھے، اس لئے انھوں نے اس مسئلہ میں حضرت عمرؓ سے گفتگو کی کہ حجۃ الوداع میں مجھے نبی ﷺ نے عمرہ کر کے احرام کھولنے کا حکم دیا تھا، پھر حج کے ساتھ عمرہ کرنا کیسے ممنوع ہوا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حکم مصلحت پر مبنی تھا، اور حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے جو کچھ فرمایا وہ مسئلہ ہے، اس لئے دونوں میں کچھ تعارض نہیں (تحفۃ القاری ۴: ۳۴۲)

[۴۳۴۶-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، عَنْ أَيُّوْبَ بْنِ عَائِذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ طَارِقَ بْنَ شِهَابٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيُّ قَالَ: بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى أَرْضِ قَوْمِيْ، فَجِئْتُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنِيْخٌ بِالْأَبْطَحِ، فَقَالَ: " أَحَجَجْتَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ؟" قُلْتُ: نَعَمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "كَيْفَ قُلْتَ؟" قَالَ: قُلْتُ: لَبَّيْكَ إِهْلَالٌ كَإِهْلَالِكَ، قَالَ: " فَهَلْ سُقْتَ مَعَكَ هَدْيًا؟" قُلْتُ: لَمْ أَسُقْ، قَالَ: " فَطُفْ بِالْبَيْتِ وَاسْعَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حِلَّ" فَفَعَلْتُ حَتَّى مَشَطَتْ لِيْ امْرَأَةٌ مِنْ نِسَاءِ بَنِيْ قَيْسٍ، وَمَكَثْنَا بِذٰلِكَ حَتَّى اسْتُخْلِفَ عُمَرُ. [راجع: ۱۵۵۹]

۴- نومسلموں کے سامنے احکام اسلام بتدریج پیش کرنا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے فرمایا جب ان کو (سن ۱۰ ہجری میں حجۃ الوداع سے پہلے) یمن کی طرف بھیجا، تم عنقریب پہنچو گے اہل کتاب کے پاس، پس جب آپؓ ان کے پاس پہنچیں تو ان کو بلائیں اس بات کی طرف کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، پھر اگر وہ آپ کی یہ بات مان لیں تو ان کو بتلائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر رات دن میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں، پھر اگر وہ یہ بات مان لیں تو ان کو بتلائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر زکوٰۃ فرض کی ہے جو ان کے مالداروں سے لی جائے گی اور ان کے غریبوں کو پھیر دی جائے گی، پس اگر وہ آپؓ کی یہ بات مان لیں تو آپ بچیں ان کے عمدہ اموال سے اور آپ ڈریں مظلوم کی بددعا سے اس لئے کہ اس کے درمیان اور اللہ کے درمیان کوئی حجاب نہیں۔

[۴۳۴۷-] حَدَّثَنِيْ حِبَّانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ أَبِيْ مَعْبَدٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ حِيْنَ بَعَثَهُ إِلَى الْيَمَنِ: "إِنَّكَ سَتَأْتِي قَوْمًا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ، فَإِذَا جِئْتَهُمْ فَادْعُهُمْ إِلَى أَنْ يَشْهَدُوْا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْكُمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْكُمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ، فَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ، فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ، وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ" [راجع: ۱۳۵۹]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: طَوَّعَتْ: طَاعَتْ، وَأَطَاعَتْ لُغَةٌ، طِعْتُ وَطُعْتُ وَأَطَعْتُ.

لغت: اس حدیث میں أَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ (مان لیں وہ آپ کی یہ بات) آیا ہے اس سے امام بخاری رحمہ اللہ کا ذہن سورۂ مائدہ کی آیت ۳۰ کی طرف منتقل ہوا، اس میں ہے: ﴿فَطَوَّعَتْ لَهُ نَفْسُهُ قَتْلَ أَخِيْهِ﴾: پس اس کے جی نے اس کو اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کیا، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: طَوَّعَت (تفعیل) بمعنی طاعت (مجرد) ہے، اور الف بڑھا کر أطاعت (افعال) بھی کہہ سکتے ہیں، یہ بھی ایک لغت ہے۔ اور اپنی تابعداری ظاہر کرنی ہو تو طِعْتُ فلانا (طا مکسور) اور طُعْتُ فلانا (طا مضموم) اور أَطَعْتُ فلاناً (ہمزہ بڑھا کر) کہہ سکتے ہیں۔

لیکن باب تفعیل میں مبالغہ ہوتا ہے، پس طَوَّعَ له نفسُه كذا: کے معنی ہیں: نفس کا کسی چیز کو پسندیدہ بنا دینا، اور اس پر رضامند کر دینا، پس اس میں کشمکش کا مفہوم ہے، قابیل کو اس کے بھائی نے جو جواب دیا تھا اس سے اس کے دل میں کشمکش پیدا ہوئی کہ بھائی کو قتل کروں یا نہ کروں؟ عقل کہتی تھی: روا نہیں، اور حسد اور نفس ابھارتا تھا کہ یہ کانٹا دور کر، آخر نفس غالب آیا اور اس نے بھائی کو قتل کر دیا۔

۵- حضرت معاذ رضی اللہ عنہ یمن میں امامت کے فرائض بھی انجام دیتے تھے

عمرو بن میمون اودی (مخضرم تابعی) کہتے ہیں: جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ یمن آئے تو انھوں نے لوگوں کو فجر کی نماز پڑھائی، اس میں سورۃ النساء کی آیت ۱۲۵ پڑھی: ﴿وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا﴾: اور اللہ تعالیٰ نے ابراہیمؑ کو اپنا خاص دوست بنایا، پس نمازیوں میں سے ایک نے کہا: لَقَدْ قَرَّتْ عَيْنُ أُمِّ إِبْرَاهِيم: ابراہیم علیہ السلام کی ماں کی آنکھ ٹھنڈی ہوئی!

یہ شعبہ کے شاگرد سلیمان بن حرب کی روایت ہے، دوسرے شاگرد معاذ بن معاذ بصری کی روایت میں یہ اضافہ ہے: نبی ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا (یہاں باب ہے) پس حضرت معاذؓ نے فجر کی نماز میں سورۃ النساء کی مذکورہ آیت پڑھی، ایک مقتدی بول پڑا: پس ابراہیم علیہ السلام کی والدہ کی آنکھ خوب ٹھنڈی ہوگئی یعنی وہ خوش ہوگئیں، ان کے مزے آگئے! خوشی میں جو آنسو نکلتے ہیں وہ ٹھنڈے ہوتے ہیں اور غم کے آنسو گرم ہوتے ہیں، اس لئے کسی کی خوشی بتانے کے لئے یہ تعبیر اختیار کرتے ہیں، اور مقتدی کی اس بات سے اس کی نماز باطل ہوگئی، کیونکہ یہ کلام فی الصلوۃ ہے۔

ایک واقعہ: ایک موسیٰ نامی بدّو مسجد میں فجر کی نماز پڑھنے آرہا تھا، راستہ میں روپیوں سے بھرا ہوا بٹوا ملا، امام نے سورہ فاتحہ ختم کرکے پڑھا: ﴿وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يَا مُوْسٰى﴾: اور اے موسیٰ! یہ تیرے دائیں ہاتھ میں کیا ہے؟ بدو نے بٹوا نکال کر امام کی طرف پھینکا اور کہا: واللّٰهِ إِنَّكَ لَسَاحِر: بخدا! تو جادوگر معلوم ہوتا ہے۔

دوسرا واقعہ: امام نے اتفاق سے پہلی رکعت میں سورۂ ناس پڑھ دی، پھر دوسری رکعت میں جب فاتحہ سے فارغ ہوا تو ایک مقتدی بولا: اب کہاں جائے گا؟

تیسرا واقعہ: بولٹن میں ہم تراویح پڑھ رہے تھے، ایک حافظ صاحب کا تیار کردہ لڑکا تراویح پڑھا رہا تھا، اس نے پڑھا: لِقَوْمٍ يُؤْقِنُوْنَ، حافظ صاحب نے لقمہ دیا: يُوْقِنُوْنَ، بچہ نہیں سمجھا، اس نے پھر وہی پڑھا، حافظ صاحب نے کہا: يُؤْقِنُوْنَ نہیں یوقنون، سب نمازیں ہنس پڑے۔

[٤٣٤٨-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ: أَنَّ مُعَاذًا لَمَّا قَدِمَ الْيَمَنَ صَلَّى بِهِمُ الصُّبْحَ، فَقَرَأَ: ﴿وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلاً﴾ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: لَقَدْ قَرَّتْ عَيْنُ أُمِّ إِبْرَاهِيْمَ!

زَادَ مُعَاذٌ: عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَبِيْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرٍو: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ مُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ فَقَرَأَ مُعَاذٌ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ سُوْرَةَ النِّسَاءِ، فَلَمَّا قَالَ: ﴿وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلاً﴾ قَالَ رَجُلٌ خَلْفَهُ: قَرَّتْ عَيْنُ أُمِّ إِبْرَاهِيْمَ!

بَابُ بَعْثِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ وَخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ إِلَى الْيَمَنِ قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

حجۃ الوداع سے پہلے نبی ﷺ نے حضرت علی اور حضرت خالد رضی اللہ عنہما کو یمن کی طرف بھیجا

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں دوسریّوں کو جمع کیا ہے، نبی ﷺ نے پہلے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو ایک سریہ کا امیر بنا کر یمن کی طرف کسی قبیلہ کو اسلام کی دعوت دینے کے لئے اور قبول نہ کریں تو جہاد کے لئے بھیجا، قبیلہ نے دعوت قبول نہیں کی، چنانچہ جنگ ہوئی اور مالِ غنیمت ہاتھ آیا، حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو لکھا کہ کسی کو بھیجیں جو مالِ غنیمت کا خمس نکالے اور اس کو تقسیم کرے تاکہ باقی چار اخماس فوجیوں میں تقسیم کئے جائیں۔

نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ایک دوسرے سریہ کا امیر بنا کر کسی اور قبیلہ کی طرف بھیجا اور ان کو یہ ذمہ داری سونپی کہ وہ حضرت خالدؓ کے حاصل کردہ مالِ غنیمت میں سے خمس وصول کریں، اور ان کے ساتھیوں میں سے جو آپؓ کے سریہ میں شامل ہو کر واپس یمن لوٹنا چاہے تو اس کو اختیار دیں، حضرت علیؓ نے غنیمت کا خمس نکالا، خمس میں ذوی القربی کا بھی

حصہ ہوتا ہے، چنانچہ خمس میں سے انھوں نے ایک نوعمر لڑکی اپنے لئے منتخب کی، اور رات میں اس سے صحبت کی، یہ بات حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو ناگوار ہوئی، اس کا تذکرہ حدیثوں کے ذیل میں آرہا ہے، پھر حضرت علیؓ اپنے سریہ کے ساتھ اور حضرت خالدؓ کے ساتھیوں میں سے جس نے یمن کی طرف لوٹنا چاہا اس کو لے کر روانہ ہوئے، انھوں نے بھی غنیمت پائی اور اس کا خمس (سونے کی ایک مقدار) مدینہ روانہ کیا، نبی ﷺ نے اس کو قبائل کے چار سرداروں میں بانٹ دیا، جو ایک شخص کے لئے باعث اشکال بنا، جس کا تذکرہ حدیث کے ذیل میں آئے گا۔

ملحوظہ: سیرت کی کتابوں میں ان دونوں سریوں کو اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ حضرت علی اور حضرت خالد رضی اللہ عنہما کو ایک ساتھ بھیجا گیا تھا، آدھے سریہ کے امیر حضرت علیؓ تھے اور دوسرے آدھے کے حضرت خالدؓ اور یہ ہدایت دی تھی کہ جب جنگ ہو تو امیر حضرت علی رضی اللہ عنہ ہونگے، کیونکہ جنگ میں دو امیر مناسب نہیں ہوتے، یہ بات جو سیرت کی کتابوں میں لکھی گئی ہے اس کی حقیقت وہ ہے جو میں نے بیان کی۔ واللہ اعلم

[٦٢-] بَابُ بَعْثِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ وَخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ إِلَى الْيَمَنِ قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

[٤٣٤٩-] حَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ ابْنِ أَبِيْ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، قَالَ: بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَعَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ إِلَى الْيَمَنِ، قَالَ: ثُمَّ بَعَثَ عَلِيًّا بَعْدَ ذٰلِكَ مَكَانَهُ، فَقَالَ: "مُرْ أَصْحَابَ خَالِدٍ مَنْ شَاءَ مِنْهُمْ أَنْ يُعَقِّبَ مَعَكَ فَلْيُعَقِّبْ، وَمَنْ شَاءَ فَلْيُقْبِلْ" فَكُنْتُ فِيْمَنْ عَقَّبَ مَعَهُ، قَالَ: فَغَنِمْتُ أَوَاقٍ ذَوَاتَ عَدَدٍ.

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے حضرت خالدؓ کے ساتھ یمن کی طرف بھیجا، پھر اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ان کی جگہ بھیجا، پس فرمایا: خالدؓ کے ساتھیوں کو حکم دینا کہ جو ان میں سے آپ کے ساتھ واپس جانا چاہے تو وہ واپس پلٹ جائے، اور جو شخص نہ چاہے وہ مدینہ کی طرف آجائے، حضرت براءؓ کہتے ہیں: میں ان لوگوں میں سے تھا جو حضرت علیؓ کے ساتھ واپس لوٹے، حضرت براءؓ کہتے ہیں: پس میں نے غنیمت میں پائے کئی اوقیے (ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے اور ذَوَاتَ عدد: قلت کے لئے بھی ہوسکتا ہے اور کثرت کے لئے بھی)

تشریح: ثُمَّ بَعَثَ عَلِيًّا بَعْدَ ذٰلِكَ مَكَانَهُ: سے یہ غلط فہمی ہوسکتی ہے کہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو معزول کر کے ان کی جگہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو امیر بنایا، ایسا نہیں کیا تھا، حضرت علیؓ کا سریہ الگ تھا، اسی صورت میں عَقَّبَ بامعنی ہوگا، یعنی حضرت خالدؓ کے سریہ میں سے جو لوگ حضرت علیؓ کے سریہ میں شامل ہو کر دوبارہ یمن کی طرف جہاد کے لئے جانا چاہیں ان کو اس کی اجازت دیدی جائے، چنانچہ حضرت براء رضی اللہ عنہ پہلے سریہ میں بھی شامل تھے اور دوسرے سریہ میں بھی پہلے سریہ

کی غنیمت میں سے بھی ان کو حصہ ملا اور دوسرے سریہ کی غنیمت میں سے بھی ان کو چاندی کے کئی اوقیے ملے۔

لغت: عَقَّبَ الْجَيْشُ: فوج کے کچھ حصہ کا واپس لوٹ جانا: التَعقِيب: أن يَعُوْدَ الْجَيْشُ بعد القُفُوْل (حاشیہ) یعنی حضرت خالدؓ کے سریہ میں سے کچھ حضرات حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سریہ میں شامل ہوکر یمن کی طرف واپس لوٹے۔

۱- قصہ نوعمر لڑکی کا

حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے حاصل کردہ مالِ غنیمت میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خمس نکالا، پھر اس خمس میں سے ایک نوعمر لڑکی (باندی) اپنے لئے منتخب کی، اس لئے کہ خمس میں ذوی القربی کا بھی حصہ ہوتا ہے، پھر اسی رات حضرت علیؓ نے اس سے صحبت کی، اور صبح غسل کیا، جب کہ باندی میں ملک میں آنے کے بعد استبراء رحم ضروری ہوتا ہے، یعنی ایک حیض آنے تک انتظار کرنا پڑتا ہے پھر مولیٰ صحبت کرسکتا ہے، حضرت علیؓ نے یہ انتظار نہیں کیا، پس حضرت خالدؓ اور ان کے ساتھیوں کو دو شکاتیں ہوئیں: ایک: خمس میں سے نبی ﷺ کی اجازت کے بغیر باندی لی، دوم: استبراء کے بغیر صحبت کی، جب پہلی شکایت نبی ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے فرمایا: علیؓ کا غنیمت کے خمس میں اس سے زیادہ حق ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے چلتے وقت اجازت لے لی تھی) پس یہ شکایت تو ختم ہوئی، البتہ دوسرا اشکال باقی رہا، اس کا جواب یہ دیا گیا کہ حضرت علیؓ کے نزدیک کنواری باندی میں استبراء رحم ضروری نہیں ہوگا یا قید میں آنے کے بعد حیض کا آنا کافی ہوگا، کیونکہ غنیمت حاصل ہونے کے کئی دن کے بعد خمس نکالا گیا تھا، پس اس دوران ہوسکتا ہے کہ حیض آ گیا ہو۔

[۴۳۵۰-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سُوَيْدِ بْنِ مَنْجُوْفٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلِيًّا إِلٰى خَالِدٍ لِيَقْبِضَ الْخُمُسَ، وَكُنْتُ أُبْغِضُ عَلِيًّا وَقَدِ اغْتَسَلَ، فَقُلْتُ لِخَالِدٍ: أَلَا تَرَى إِلٰى هٰذَا؟ فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: "يَا بُرَيْدَةُ! أَتُبْغِضُ عَلِيًّا؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "لَا تُبْغِضْهُ فَإِنَّ لَهُ فِي الْخُمُسِ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ"

ترجمہ: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت خالد رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا تاکہ خمس وصول کریں، اور میں حضرت علیؓ کو انتہائی برا سمجھتا تھا، درانحالیکہ انھوں نے غسل کیا یعنی استبراء کے بغیر صحبت کی، اس وجہ سے میں ان کو بہت برا سمجھتا تھا۔ پس میں نے حضرت خالدؓ سے کہا: کیا نہیں دیکھتے آپ اس شخص کی طرف یعنی انھوں نے کیا حرکت کی ہے؟ پس جب ہم نبی ﷺ کے پاس آئے تو میں نے آپؐ سے یہ بات ذکر کی، آپؐ نے پوچھا: اے بریدہ! کیا تم علیؓ کو بہت برا سمجھتے ہو؟ میں نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: ان کو برا مت سمجھو، کیونکہ خمس میں ان کا اس سے

زیادہ حق ہے۔

تشریح: جب نوعمر لڑکی کا واقعہ پیش آیا تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے ایک خط میں ان کی شکایت لکھی کہ انھوں نے آپؐ کی اجازت کے بغیر باندی لی، اور وہ خط حضرت بریدہؓ کے ساتھ روانہ کیا، جب وہ خط پڑھا گیا تو نبی ﷺ کا چہرہ بدل گیا، پھر ایک روایت میں ہے کہ حضرت بریدہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں صرف ڈاکیہ ہوں، خط کے مضمون سے میرا کوئی تعلق نہیں، پس آپؐ کا غصہ ٹھنڈا ہوگیا، اور یہاں روایت میں اس کے برعکس ہے کہ حضرت بریدہؓ شکایت میں ہم نوا تھے، چنانچہ آپؐ نے ان سے فرمایا: بغض مت رکھو، ان کا خمس میں اس سے زیادہ حق ہے۔

[۴۳۵۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ شُبْرُمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ نُعْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: بَعَثَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْيَمَنِ بِذُهَيْبَةٍ فِيْ أَدِيْمٍ مَقْرُوْظٍ، لَمْ تُحَصَّلْ مِنْ تُرَابِهَا، قَالَ: فَقَسَمَهَا بَيْنَ أَرْبَعَةِ نَفَرٍ: بَيْنَ عُيَيْنَةَ بْنِ بَدْرٍ، وَأَقْرَعَ بْنِ حَابِسٍ، وَزَيْدِ الْخَيْلِ، وَالرَّابِعُ إِمَّا عَلْقَمَةُ وَإِمَّا عَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: كُنَّا نَحْنُ أَحَقُّ بِهٰذَا مِنْ هٰؤُلَآءِ، قَالَ: فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " أَلَا تَأْمَنُوْنِّيْ وَأَنَا أَمِيْنُ مَنْ فِي السَّمَاءِ يَأْتِيْنِيْ خَبَرُ السَّمَاءِ صَبَاحًا وَمَسَاءً؟" قَالَ: فَقَامَ رَجُلٌ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ، مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ، نَاشِزُ الْجَبْهَةِ، كَثُّ اللِّحْيَةِ، مَحْلُوْقُ الرَّأْسِ، مُشَمِّرُ الإِزَارِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اتَّقِ اللّٰهَ! قَالَ: "وَيْلَكَ! أَوَلَسْتُ أَحَقَّ أَهْلِ الأَرْضِ أَنْ يَتَّقِيَ اللّٰهَ؟" قَالَ: ثُمَّ وَلَّى الرَّجُلُ، قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا أَضْرِبُ عُنُقَهُ؟ قَالَ: " لَا، لَعَلَّهُ أَنْ يَكُوْنَ يُصَلِّيْ" فَقَالَ خَالِدٌ: وَكَمْ مِنْ مُصَلٍّ يَقُوْلُ بِلِسَانِهِ مَا لَيْسَ فِيْ قَلْبِهِ! قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنِّيْ لَمْ أُوْمَرْ أَنْ أَنْقُبَ عَنْ قُلُوْبِ النَّاسِ وَلَا أَشُقَّ بُطُوْنَهُمْ" قَالَ: ثُمَّ نَظَرَ إِلَيْهِ وَهُوَ مُقَفٍّ فَقَالَ: " إِنَّهُ يَخْرُجُ مِنْ ضِئْضِئِ هٰذَا قَوْمٌ يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ رَطْبًا، لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ" وَأَظُنُّهُ قَالَ: " لَئِنْ أَدْرَكْتُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ ثَمُوْدَ"[راجع: ۳۳۴۴]

۲- حضرت علیؓ نے یمن سے تھوڑا سونا بھیجا جو چار سرداروں میں تقسیم کیا گیا، اس پر دو شخصوں نے اعتراض کیا

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یمن سے نبی ﷺ کے پاس تھوڑا سونا بھیجا، رنگی ہوئی کھال میں، یہ سونا مٹی سے الگ نہیں کیا گیا تھا، پس آپؐ نے اس کو چار شخصوں کے درمیان بانٹا:

(۱) عیینہ بن حصن (۲) اقرع بن حابس (۳) زید الخیل (۴) علقمۃ بن عُلاثہ عامری یا عامر بن الطفیل (کے درمیان) پس صحابہ میں سے ایک شخص نے کہا: ہم اس سونے کے ان لوگوں سے زیادہ حقدار تھے، راوی کہتے ہیں: یہ بات نبی ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے فرمایا: کیا بھروسہ نہیں کرتے تم مجھ پر درانحالیکہ میں اس ذات کا معتمد ہوں جو آسمان میں ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کا ،آتی ہے میرے پاس صبح وشام آسمان کی خبریں؟ راوی کہتے ہیں: پس ایک اور شخص کھڑا ہوا جس کی دونوں آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں، دونوں رخسارا بھرے ہوئے تھے، ماتھا ابھرا ہوا تھا، ڈاڑھی گھنی تھی، سر منڈا ہوا تھا، لنگی اونچی باندھ رکھی تھی، اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! اللہ سے ڈریئے، نبی ﷺ نے فرمایا: تیرا ناس ہو! کیا اور نہیں ہوں میں زمین والوں میں زیادہ حقدار اس کا کہ اللہ سے ڈروں! راوی کہتے ہیں: پھر اس آدمی نے پیٹھ پھیری، حضرت خالدؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میں اس کی گردن نہ ماردوں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، ہوسکتا ہے وہ نماز پڑھتا ہو، حضرت خالدؓ نے عرض کیا: بہت سے نماز پڑھنے والے اپنی زبان سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں ہوتی، نبی ﷺ نے فرمایا: میں نہیں حکم دیا گیا کہ کریدوں دلوں کو اور پھاڑوں ان کے پیٹوں کو، راوی کہتے ہیں: پھر نبی ﷺ نے اس شخص کی طرف دیکھا درانحالیکہ وہ پیٹھ پھیر کر جارہا تھا، پس فرمایا: اس کی جڑ (نسل) سے ایسے لوگ پیدا ہونگے جو تر وتازہ (بہترین انداز میں) قرآن کریم پڑھیں گے وہ ان کے گلوں سے آگے نہیں بڑھے گا، وہ دین سے نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، راوی کہتے ہیں: میرا گمان یہ ہے کہ آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ اگر میں نے ان کو پایا تو ضرور ان کو قتل کروں گا ثمود کے قتل کرنے کی طرح، یعنی جس طرح قومِ ثمود جڑ سے اکھاڑ دی گئی میں بھی ان کا صفایا کردوں گا۔

تشریح: اعتراض اعتراض میں فرق ہوتا ہے، ایک اعتراض شکوہ ہوتا ہے جس کا مبنیٰ محبت ہوتی ہے ایسے اعتراض سے تکلیف نہیں پہنچتی، پہلے بندہ کا اعتراض ایسا ہی تھا اور دوسرا اعتراض خُبث نفس کی وجہ سے ہوتا ہے، یہ اعتراض تکلیف دہ ہوتا ہے، دوسرا شخص جس نے اعتراض کیا تھا وہ ذوالخُویصرہ تمیمی یا نافع یا حرقوص بن زہیر تھا، انہی لوگوں نے آگے چل کر حضرات علی ومعاویہ رضی اللہ عنہما سے خروج (بغاوت) کیا۔

لغات: ذُهَيْبَة: ذَهَبَة کی تصغیر: تھوڑا سا سونا، یہ سونا شاید غنیمت کے خُمس کا تھا.......... **الأديم:** کھال .... **مَقْرُوْظ** (اسم مفعول) رنگا ہوا، **قَرَظَ** (ض) **قَرْظًا الجلدَ:** چمڑے کی قَرَظ کے پتّوں سے رنگائی کرنا، دباغت دینا.......... **حَصَّلَ الشَّيْئَ:** الگ کرنا، ایک شئ کو دوسری شئ سے چھڑانا.......... زید کے ساتھ لوگ الخیل اس لئے لگاتے تھے کہ ان کو گھوڑوں سے بڑی دلچسپی تھی، عمدہ گھوڑے جمع کررکھے تھے، نبی ﷺ نے اس کو بدل کر الخیر کردیا تھا، اسلام کے بعد وہ زید الخیر کہلاتے تھے.......... چوتھے سردار علقمہ بن عُلاثہ تھے، اور شک عبدالواحد بن زیاد کا ہے، حضرت عامر کا اس واقعہ سے پہلے انتقال ہوگیا تھا (حاشیہ) .... **أَمِنَ** (س) **فلانا علی کذا:** کسی پر اعتماد کرنا، **أمين:** معتمد، جس کو امانت سونپی جائے.......... **قال خالد:** پہلے (حدیث ۳۶۱۰) آیا ہے کہ یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہی تھی، تطبیق یہ ہے کہ دونوں

نے کہی ہوگی.......... کم من مصل: یعنی منافق بھی نماز پڑھتا ہے، پس نماز ایمان میں اخلاص کی دلیل کیسے بن سکتی ہے؟ ....نَقَبَ (ن) نَقْبًا: سوراخ کرنا..........مُقفِّی اور مُقفِّ: دونوں طرح صحیح ہے، قَفَّ (ض) الشیئُ: سکڑنا، پیٹھ پھیرنا ....الضِّئْضِئ: اصل، نسب..........الرَّمِيَّة: شکار..........فرقہ خوارج کے بارے میں حاشیہ میں ہے کہ وہ گمراہ اسلامی فرقہ ہے، أجمعوا على أنهم مع ضلالتهم فرقة من المسلمين۔

۳- حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے نبی ﷺ جیسا احرام باندھ کر آئے تھے

اوپر کی حدیثوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے جس سریہ کا ذکر آیا ہے وہ سریہ فائز المرام ہوکر واپس آ گیا، پھر نبی ﷺ نے ان کو یمن کے دونوں پرگنوں کا قاضی بنا کر بھیجا، حجۃ الوداع میں وہ یمن سے سیدھے مکہ آئے، نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: تم نے کیسا احرام باندھا ہے؟ تمہاری اہلیہ (حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا) کو میں ساتھ لایا ہوں، حضرت علیؓ نے کہا: میں نے مبہم احرام باندھا ہے، میں نے نیت کی ہے کہ جیسا نبی ﷺ کا احرام ویسا میرا احرام، پس نبی ﷺ نے فرمایا: میرے ساتھ قربانیاں ہیں، میرا احرام ۱۰ تاریخ سے پہلے نہیں کھل سکتا، پس تم بھی اسی طرح رہو، اور نبی ﷺ نے ان کو اپنی قربانیوں میں شریک کرلیا۔

[٤٣٥٢-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ: أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلِيًّا أَنْ يُقِيْمَ عَلٰى إِحْرَامِهِ، زَادَ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ: قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ: فَقَدِمَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ بِسِعَايَتِهِ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بِمَ أَهْلَلْتَ يَا عَلِيُّ؟" قَالَ: بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "فَأَهْدِ وَامْكُثْ حَرَامًا كَمَا أَنْتَ" قَالَ: وَأَهْدَى لَهُ عَلِيٌّ هَدْيًا.

[راجع: ١٥٥٧]

[٤٣٥٣و٤٣٥٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرٌ، أَنَّهُ ذَكَرَ لِابْنِ عُمَرَ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ، فَقَالَ: أَهَلَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْحَجِّ، وَأَهْلَلْنَا بِهِ مَعَهُ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ قَالَ: "مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً" وَكَانَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم هَدْيٌ فَقَدِمَ عَلَيْنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ مِنَ الْيَمَنِ حَاجًّا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بِمَ أَهْلَلْتَ فَإِنَّ مَعَنَا أَهْلَكَ؟" قَالَ: أَهْلَلْتُ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم [قَالَ:] "فَأَمْسِكْ فَإِنَّ مَعَنَا هَدْيًا"

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ اپنے احرام پر ٹھہرے رہیں یعنی افعالِ عمرہ کرکے احرام نہ کھولیں، یہ مکی بن ابراہیم کی روایت ہے اور محمد بن بکر کی روایت میں ہے کہ

حضرت علیؓ یمن سے اپنی عمل داری سے آئے تو ان سے نبی ﷺ نے پوچھا: علیؓ! تم نے کیسا احرام باندھا ہے؟ انھوں نے کہا: جیسا احرام نبی ﷺ نے باندھا ہے، آپؐ نے فرمایا: پس قربانی کرو اور احرام کی حالت میں رہو جیسے تم ہو، راوی کہتا ہے: اور حضرت علیؓ نے اپنے حج کے لئے قربانی پیش کی۔

حدیث (۲): بکر بن عبد اللہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے سامنے ذکر کیا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے عمرہ اور حج کا احرام باندھا، ابن عمرؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے حج کا احرام باندھا تھا اور ہم نے بھی آپؐ کے ساتھ حج کا احرام باندھا تھا، پس جب ہم مکہ پہنچے تو آپؐ نے فرمایا: جس کے پاس قربانی نہیں ہے وہ عمرہ کی نیت کر لے اور نبی ﷺ کے پاس قربانی تھی پس ہمارے پاس آئے علی رضی اللہ عنہ یمن سے حج کا احرام باندھ کر، نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: تم نے کیسا احرام باندھا ہے؟ اس لئے کہ ہمارے ساتھ تمہاری بیوی ہے، حضرت علیؓ نے کہا: احرام باندھا ہے میں نے جیسا نبی ﷺ نے احرام باندھا ہے، آپؐ نے فرمایا: پس رکے رہو اس لئے کہ ہمارے پاس قربانی ہے۔

تشریح: جن صحابہ کے ساتھ قربانیاں نہیں تھیں انھوں نے نیت بدل لی تھی، اور طواف وسعی کر کے احرام کھول دیا تھا، پھر حج کا احرام آٹھ ذی الحجہ کو مکہ سے باندھا تھا، اور جن کے ساتھ قربانیاں تھیں انھوں نے حج کے ساتھ عمرہ کی بھی نیت کر لی تھی، اب وہ قارن بن گئے، تفصیل کتاب الحج میں ہے۔

لغت: سِعَایة: عمل داری، قضاء کے کام سے آئے تھے، اصل معنی: کوشش کرنا۔

ملحوظہ: دوسری حدیث پر دو نمبر اس لئے ہیں کہ یہ حضرت انس وابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایتیں ہیں۔

بَابُ غَزْوَةِ ذِی الْخَلَصَةِ

غزوہ ذوالخلصہ

یہ غزوہ نہیں تھا، سریہ تھا، مگر چونکہ ڈیڑھ سو سوار اس سریہ میں بھیجے گئے تھے، اس لئے بہت بڑا سریہ ہونے کی وجہ سے اس کو غزوہ کہہ دیا، یمن میں قبائل خثعم وبجیلہ کا ایک بہت بڑا بت خانہ تھا، وہ کعبہ کہلاتا تھا، یعنی اس کی اہمیت کعبہ شریف جیسی تھی، اس کو کعبہ یمانیہ بھی کہتے تھے، یعنی وہ کعبہ جو یمن میں واقع ہے اور اس کو کعبہ شامیہ بھی کہتے تھے اس لئے کہ اس کا مین گیٹ شام کی طرف تھا، اور جگہ کا نام اَلْخَلَصَة تھا اور مندر کا نام ذو الْخَلَصَة، فتح مکہ کے بعد جس طرح نبی ﷺ نے کعبہ سے بت صاف کر دیئے تھے اور قرب وجوار کے بڑے بڑے بتوں کو تڑوا دیا تھا، یمن کے اس مندر کو بھی تڑوا دیا، بجیلہ کی شاخ احمس کے صحابی حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اس مندر کا قصہ نمٹا دیں، وہ قبیلہ احمس کے ڈیڑھ سو سواروں کے ساتھ گئے اور اس کو ڈھا دیا، باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے تین روایتیں ذکر کی ہیں، پہلی مختصر ہے دوسری اس سے مفصل اور تیسری اور زیادہ مفصل۔

[٦٣-] بَابُ غَزْوَةِ ذِی الْخَلَصَةِ

[٤٣٥٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَيَانٌ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ: كَانَ بَيْتٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ يُقَالُ لَهُ: ذُو الْخَلَصَةِ، وَالْكَعْبَةُ الْيَمَانِيَةُ، وَالْكَعْبَةُ الشَّامِيَّةُ، فَقَالَ لِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا تُرِيْحُنِيْ مِنْ ذِی الْخَلَصَةِ؟" فَنَفَرْتُ فِيْ مِائَةٍ وَخَمْسِيْنَ رَاكِبًا فَكَسَرْنَاهُ وَقَتَلْنَا مَنْ وَجَدْنَا عِنْدَهُ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ فَدَعَا لَنَا وَلِأَحْمَسَ. [راجع: ٣٠٢٠]

ترجمہ: حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں ایک گھر (مندر) تھا جس کو ذوالخلصہ، کعبہ یمانیہ اور کعبہ شامیہ کہا جاتا تھا، نبی ﷺ نے مجھ سے فرمایا: کیا تم مجھے آرام نہیں پہنچاتے ذوالخلصہ مندر سے؟ پس روانہ ہوا میں ڈیڑھ سو سواروں کے ساتھ اور ہم نے اس کو توڑ دیا، اور جن لوگوں کو اس کے پاس پایا ان کو قتل کیا، پس میں نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور آپؐ کو اس کی اطلاع دی، آپؐ نے ہمارے لئے اور احمس کے لئے دعا فرمائی۔

تشریح: ماموارت کی بجا آوری سے آرام ملتا ہے، نبی ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: أَرِحْنَا بالصلوٰة: اذان واقامت کہو تاکہ ہم نماز پڑھ لیں، اور آرام ملے (مسند احمد ۵: ۳۶۴) اور منہیات کے اجتناب سے آرام ملتا ہے، غیر اللہ کی پرستش کا مندر توڑ دیا جائے تو آرام ملے گا، اس لئے فرمایا: أَلَا تُرِيْحُنِيْ؟ کیا تم مجھے آرام نہیں پہنچاتے؟

[٤٣٥٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسٌ قَالَ: قَالَ لِيْ جَرِيْرٌ، قَالَ لِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا تُرِيْحُنِيْ مِنْ ذِی الْخَلَصَةِ؟ وَكَانَ بَيْتًا فِيْ خَثْعَمَ، يُسَمَّى كَعْبَةَ الْيَمَانِيَةِ، فَانْطَلَقْتُ فِيْ خَمْسِيْنَ وَمِائَةِ فَارِسٍ مِنْ أَحْمَسَ، وَكَانُوْا أَصْحَابَ خَيْلٍ، وَكُنْتُ لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، فَضَرَبَ فِيْ صَدْرِيْ حَتَّى رَأَيْتُ أَثَرَ أَصَابِعِهِ فِيْ صَدْرِيْ، وَقَالَ: "اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا" فَانْطَلَقَ إِلَيْهَا فَكَسَرَهَا وَحَرَّقَهَا، ثُمَّ بَعَثَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ رَسُوْلُ جَرِيْرٍ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا جِئْتُكَ حَتَّى تَرَكْتُهَا كَأَنَّهَا جَمَلٌ أَجْرَبُ، قَالَ: فَبَارَكَ فِيْ خَيْلِ أَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ. [راجع: ٣٠٢٠]

ترجمہ: حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھ سے فرمایا: کیا تم مجھے آرام نہیں پہنچاتے ذوالخلصہ مندر سے؟ اور وہ قبیلہ خثعم کا مندر تھا، جو یمنی کعبہ کہلاتا تھا یعنی وہ مکہ کے کعبہ کا ثانی تھا، پس میں قبیلہ احمس کے ڈیڑھ سو شہسواروں کے ساتھ چلا، اور وہ سب گھڑ سواری کے ماہر تھے، اور میں گھوڑے پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا تھا، پس نبی ﷺ نے میرے سینہ پر ہاتھ مارا یہاں تک کہ میں نے آپؐ کی انگلیوں کے نشانات اپنے سینہ پر دیکھے، اور آپؐ نے فرمایا: "اے اللہ! اس کو جمادے

اور اس کو راہ نما اور راہ یاب بنا!'' پس میں اس مندر کی طرف چلا اور اس کو توڑ دیا، اور اس کو جلا دیا، پھر حضرت جریرؓ نے نبی ﷺ کے پاس قاصد روانہ کیا، حضرت جریرؓ کے پیغامبر نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! نہیں آیا میں آپؐ کے پاس یہاں تک کہ چھوڑ دیا میں نے اس کو گویا وہ کھوکھلا اونٹ یا خارشتی اونٹ ہے (جس پر تارکول پھیر دیا گیا ہو جس سے اونٹ کالا ہو گیا ہو) حضرت جریرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے احمس کے گھڑ سواروں کے لئے اور پیادہ فوج کے لئے پانچ مرتبہ برکت کی دعا فرمائی۔

[٤٣٥٧-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم'' أَلَا تُرِيْحُنِيْ مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ؟'' فَقُلْتُ: بَلٰى، فَانْطَلَقْتُ فِيْ خَمْسِيْنَ وَمِائَةِ فَارِسٍ [مِنْ] أَحْمَسَ وَكَانُوْا أَصْحَابَ خَيْلٍ وَكُنْتُ لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَضَرَبَ يَدَهُ عَلٰى صَدْرِيْ حَتّٰى رَأَيْتُ أَثَرَ يَدِهِ فِيْ صَدْرِيْ، وَقَالَ:'' اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا'' قَالَ: فَمَا وَقَعْتُ عَنْ فَرَسِيْ بَعْدُ، قَالَ: وَكَانَ ذُو الْخَلَصَةِ بَيْتًا بِالْيَمِنِ لِخَثْعَمَ وَبَجِيْلَةَ فِيْهِ نُصُبٌ تُعْبَدُ يُقَالَ لَهُ: الْكَعْبَةُ، قَالَ: فَأَتَاهَا فَحَرَّقَهَا بِالنَّارِ وَكَسَرَهَا.

قَالَ: وَلَمَّا قَدِمَ جَرِيْرٌ الْيَمَنَ كَانَ بِهَا رَجُلٌ يَسْتَقْسِمُ بِالْأَزْلَامِ، فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هَاهُنَا، فَإِنْ قَدَرَ عَلَيْكَ ضَرَبَ عُنُقَكَ، قَالَ: فَبَيْنَمَا هُوَ يَضْرِبُ بِهَا إِذْ وَقَفَ عَلَيْهِ جَرِيْرٌ، فَقَالَ: لَتَكْسِرَنَّهَا وَلَتَشْهَدَنَّ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَوْ لَأَضْرِبَنَّ عُنُقَكَ، قَالَ: فَكَسَرَهَا وَشَهِدَ، ثُمَّ بَعَثَ جَرِيْرٌ رَجُلًا مِنْ أَحْمَسَ يُكْنَى أَبَا أَرْطَاةَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يُبَشِّرُهُ بِذٰلِكَ، فَلَمَّا أَتَى النَّبِيَّ صل الله عليه وسلم قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا جِئْتُ حَتّٰى تَرَكْتُهَا كَأَنَّهَا جَمَلٌ أَجْرَبُ، قَالَ: فَبَرَّكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى خَيْلِ أَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ.[راجع: ٣٠٢٠]

ترجمہ: حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم مجھے آرام نہیں پہنچاتے ذوالخلصہ مندر سے؟ میں نے کہا: کیوں نہیں، پس میں چلا احمس کے ڈیڑھ سو شہسواروں کے ساتھ اور وہ سب گھوڑوں والے تھے اور میں گھوڑے پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا تھا (گر پڑتا تھا) پس میں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، آپؐ نے اپنا ہاتھ میرے سینہ پر مارا، یہاں تک کہ میں نے اپنے سینہ میں آپؐ کے ہاتھ کے نشانات دیکھے اور آپؐ نے فرمایا: اے اللہ! اس کو جما دے اور اس کو راہ نما اور راہ یاب بنا، حضرت جریرؓ کہتے ہیں: اس کے بعد پھر میں اپنے گھوڑے سے نہیں گرا، حضرت جریرؓ کہتے ہیں: اور ذوالخلصہ یمن میں قبائل خثعم وبجیلہ کا مندر تھا اس میں مورتیاں تھیں جو پوجی جاتی تھیں اس کو کعبہ کہا جاتا تھا، راوی کہتا ہے: پس حضرت جریرؓ اس مندر پر پہنچے اور اس کو آگ سے جلا دیا، اور اس کو توڑ دیا۔

راوی کہتا ہے: جب حضرت جریرؓ یمن میں پہنچے تو وہاں ایک آدمی تھا جو فال کے تیروں سے فال نکالا کرتا تھا اس سے کہا گیا: اللہ کے رسول کے رسول یہاں ہیں، پس اگر انھوں نے تجھ پر قابو پالیا تو وہ تیری گردن ماردیں گے، راوی کہتا ہے: پس دریں اثناء کہ وہ تیروں سے فال نکال رہا تھا، اچانک اس سے حضرت جریرؓ واقف ہوئے پس فرمایا: البتہ ضرور توڑ ڈال فال کے تیروں کو اور البتہ ضرور گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں یا البتہ ضرور میں تیری گردن ماردوں گا، راوی کہتا ہے: پس اس نے تیر توڑ ڈالے اور توحید کی گواہی دی، پھر حضرت جریرؓ نے احمس کے ایک آدمی کو بھیجا جس کی کنیت ابوارطاۃ تھی نبی ﷺ کے پاس تا کہ وہ آپؐ کو اس کی خوشخبری سنائے، جب وہ نبی ﷺ کے پاس آیا تو اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دینِ حق کے ساتھ بھیجا ہے! نہیں آیا ہوں میں یہاں تک کہ چھوڑ دیا ہے میں نے اس مندر کو گویا وہ خارشتی اونٹ ہے (یا کھوکھلا اونٹ ہے) راوی کہتا ہے: پس برکت کی دعا دی نبی ﷺ نے احمس کے شہسواروں کو اور پیادوں کو پانچ مرتبہ۔

سریہ ذات السَّلاسِل

الماءُ السَّلْسَالُ اور الْمَاءُ السَّلَاسِل کے معنی ہیں: شیریں، صاف اور شفاف پانی جو بہ سہولت حلق سے اتر جائے، یہ ایک چشمہ تھا اس کی مناسبت سے سریہ: ذات السلاسل کہلایا، علاوہ ازیں اور اقوال بھی ہیں، یہ سریہ جمادی الاخری سن ۸ ہجری میں بھیجا گیا اور کن قبائل کی طرف بھیجا گیا؟ اس میں امام بخاری رحمہ اللہ نے دو قول ذکر کئے ہیں:

پہلا قول: اسماعیل بن ابی خالدؒ جو کتب ستہ کے راوی ہیں، اور ثقہ ثبت ہیں: کہتے ہیں: قبائل لَخم اور جُذام کی طرف یہ سریہ بھیجا گیا تھا، یہ دونوں قبیلے قحطانی ہیں اور اس کی شاخ کہلان سے تعلق رکھتے ہیں۔

دوسرا قول: امام المغازی محمد بن اسحاق اپنی سند سے حضرت عروہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ یہ سریہ بَلِیّ، عُذْرَة اور بنو الْقَیْن کی طرف بھیجا گیا تھا، یہ تینوں قبائل قُضاعہ کے بطون ہیں اور قضاعہ قحطانی قبیلہ ہے۔

سریہ بھیجنے کی وجہ:

پہلے بیان کیا ہے کہ نبی ﷺ کے نامہ بردار حضرت حارث بن عُمیر رضی اللہ عنہ کو قیصر روم کے گورنر شرحبیل بن عمرو غسّانی نے قتل کر دیا تھا، سفیروں اور قاصدوں کا قتل بدترین جرم تھا، جب نبی ﷺ کو اس کی اطلاع ملی تو آپؐ نے تین ہزار کا لشکر تیار کیا اور جمادی الاولیٰ سن ۸ ہجری میں اسے روانہ کیا، یہی غزوہ موتہ ہے، یہ لشکر جب مُعان مقام پر پہنچا تو جاسوسوں نے اطلاع دی کہ ہرقل قیصر روم بلقاء کے علاقہ میں مآب مقام میں ایک لاکھ رومیوں کا لشکر لے کر خیمہ زن ہے، اور اس کے جھنڈے تلے لَخم، جُذام، بنوالقین، عُذرۃ اور بَلِیّ (قبائل عرب) کے مزید ایک لاکھ افراد جمع ہو گئے ہیں، مجاہدین ان سے ٹکرائے، تین امراء شہید ہوئے، پھر حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ نے کمان سنبھالی اور اپنی مہارت اور کمال ہنرمندی

سے فوج کو نکال لائے۔

جب رسول اللہ ﷺ کو معرکہ موتہ کے سلسلہ میں شام کے بالائی حصہ میں رہنے والے عرب قبائل کے موقف کا علم ہوا کہ وہ مسلمانوں سے لڑنے کے لئے رومیوں کے جھنڈے تلے جمع ہوگئے تھے، تو آپؐ نے جمادی الثانیہ سن ۸ہجری میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو تین سو افراد کے ساتھ ان قبائل کی طرف روانہ کیا تا کہ ان عرب قبائل پر دھاک بیٹھے اور وہ آئندہ رومیوں کی مدد کرنے کی ہمت نہ کریں۔

حضرات خالد و عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما ساتھ مسلمان ہوئے ہیں، غزوۂ موتہ میں حضرت خالدؓ نے امیر بن کر بڑا کارنامہ انجام دیا تھا، اب اس غزوہ میں حضرت عمرو بن العاصؓ کو امیر منتخب کیا، اس لئے کہ ان کی دادی قبیلہ بَلِیّ سے تعلق رکھتی تھی، ان کی کمان میں بڑے بڑے مہاجرین وانصار تھے، ان کے ساتھ تیس گھوڑے تھے، جب وہ دشمن کے قریب پہنچے تو معلوم ہوا کہ ان کی جمعیت بہت زیادہ ہے اس لئے حضرت عمروؓ نے حضرت رافع بن مکیث جہنی رضی اللہ عنہ کو کمک طلب کرنے کے لئے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا، آپؐ نے حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں دو سو فوجیوں کی کمک روانہ کی، جن میں روسائے مہاجرین ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما اور سردارانِ انصار بھی تھے، چلتے وقت حضرت ابوعبیدہؓ کو آپؐ نے حکم دیا کہ عمرو بن العاصؓ سے جا ملو اور دونوں مل کر کام کرنا، اختلاف مت کرنا، جب یہ کمک لشکر میں جا ملی تو حضرت ابوعبیدہؓ نے امامت کرنی چاہی، لیکن حضرت عمروؓ نے کہا: آپ میرے پاس کمک کے طور پر آئے ہیں، امیر میں ہوں، حضرت ابوعبیدہؓ نے ان کی بات مان لی اور نماز حضرت عمروؓ ہی پڑھاتے رہے، کمک آجانے کے بعد فوج آگے بڑھی اور خزاعہ کے علاقہ میں داخل ہوئی ان کے علاقہ کو روندتی ہوئی دور تک پہنچ گئی، آخر میں ایک لشکر سے مڈبھیڑ ہوئی، لیکن جب مسلمانوں نے اس پر حملہ کیا تو وہ ادھر اُدھر بھاگ گئے، صحابہ نے دشمن کا تعاقب کرنا چاہا، مگر حضرت عمروؓ نے منع کردیا، اس غزوہ میں حضرت عمروؓ نے صحابہ کو رات میں آگ جلانے سے بھی منع کیا تھا، چونکہ سردی کا زمانہ تھا، اس لئے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے اس سلسلہ میں ان سے بات کی، مگر انھوں نے اجازت نہیں دی، اور اسی سفر میں ایک دن امیر صاحب کو احتلام ہوگیا انھوں نے تیمّم کرکے صبح کی نماز پڑھائی، واپسی میں جب یہ تینوں باتیں نبی ﷺ کے سامنے آئیں تو آپؐ نے ان سے وجہ دریافت کی، انھوں نے کہا: یارسول اللہ! دشمن کے تعاقب سے تو میں نے اس لئے روکا تھا کہ مجھے اندیشہ تھا کہ آگے ان کی مدد کے لئے آدمی ہونگے، پس خواہ مخواہ ہمیں نقصان اٹھانا پڑے گا، اور آگ جلانے سے میں نے اس لئے روکا تھا کہ دشمن کو ہماری قلت کا اندازہ نہ ہوجائے اور تیمّم کرکے میں نے نماز اس لئے پڑھائی تھی کہ سخت سردی تھی، اور غسل کرنے میں مجھے جان کا خطرہ تھا، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَلَا تَقْتُلُوْا أَنْفُسَكُمْ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا﴾: خود کو مار مت ڈالو، بیشک اللہ تعالیٰ تم پر بہت مہربان ہیں، نبی ﷺ سن کر مسکرائے اور ان سے کچھ نہیں کہا۔

چونکہ اس سریہ میں بڑے بڑے صحابہ حضرت عمروؓ کی زیر قیادت تھے، اس لئے انہیں یہ خوش فہمی ہوئی کہ وہ نبی ﷺ کو

سب سے زیادہ محبوب ہیں، چنانچہ غزوہ سے واپس آ کر انھوں نے دریافت کیا: لوگوں میں آپؐ کو کون سب سے زیادہ محبوب ہے؟ آپؐ نے فرمایا: عائشہؓ، انھوں نے پوچھا: مردوں میں؟ آپؐ نے فرمایا: ان کے والد، انھوں نے پوچھا: پھر؟ آپؐ نے فرمایا: عمرؓ، اس طرح وہ پوچھتے رہے اور آپ جواب دیتے رہے، پھر وہ خاموش ہوگئے اس اندیشہ سے کہ کہیں ان کا نام سب سے آخر میں نہ آئے۔

[٦٤-] بَابُ غَزْوَةِ ذَاتِ السَّلاَسِلِ

[١-] وَهِيَ غَزْوَةُ لَخْمٍ وَجُذَامٍ، قَالَهُ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ.

[٢-] وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ عُرْوَةَ: هِيَ بِلاَدُ بَلِيٍّ وَعُذْرَةَ وَبَنِي الْقَيْنِ.

[٤٣٥٨-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ عَلٰى جَيْشِ ذَاتِ السَّلاَسِلِ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ:" عَائِشَةُ" قُلْتُ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ:" أَبُوْهَا" قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: "عُمَرُ" فَعَدَّ رِجَالاً فَسَكَتُّ مَخَافَةَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ فِي آخِرِهِمْ. [راجع: ٣٦٦٢]

بَابُ ذَهَابِ جَرِيْرٍ إِلَى الْيَمَنِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ کا یمن کی طرف جانا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو ایک مرتبہ فتح مکہ کے بعد یمن کی طرف ذوالخلصہ مندر کو ڈھانے کے لئے بھیجا تھا، جس کا بیان آچکا، دوسری مرتبہ حجۃ الوداع کے بعد ان کو دین کی تبلیغ کے لئے یمن کی طرف روانہ کیا، یمن میں دو اہم شخصیتیں تھیں، ایک کا نام ذوکلاع اور دوسرے کا نام ذوعمرو تھا، ان دونوں کو اسلام کی دعوت دینے کے لئے حضرت جریرؓ سے خاص طور پر کہا گیا تھا، حضرت جریرؓ نے ان کو دعوت دی، دونوں نے قبول کی، اور دونوں حضرت جریرؓ کے ساتھ مدینہ کی طرف رسول اللہ ﷺ کی زیارت کے لئے روانہ ہوئے، راستہ میں حضرت جریرؓ نے ان سے نبی ﷺ کے تعلق سے کچھ باتیں بیان کیں، اس پر ذوعمرو نے کہا: اگر وہ باتیں جو تم اپنے حضرت کے متعلق بیان کرتے ہو صحیح اور درست ہیں تو ان کی موت کو پھر تین دن ہو چکے ہیں، حضرت جریرؓ کہتے ہیں: ابھی ہم راستہ ہی میں تھے کہ مدینہ کی طرف سے آنے والے چند حضرات ملے، ہم نے ان سے احوال دریافت کئے، انھوں نے کہا: نبی ﷺ کا انتقال ہو چکا ہے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنایا گیا ہے اور کوئی انتشار نہیں ہے، یہ بات سن کر ذوالکلاع اور ذوعمرو نے حضرت جریرؓ سے کہا: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو بتا دینا کہ ہم نبی ﷺ سے ملاقات کے لئے آ رہے تھے، مگر چونکہ آپؐ کا انتقال ہو گیا، اس لئے ہم واپس جا رہے ہیں، ان شاء اللہ پھر کبھی آئیں

گے، یہ کہہ کر دونوں یمن واپس لوٹ گئے، حضرت جریرؓ نے یہ بات حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کو بتلائی، انھوں نے کہا: تم ان کو ساتھ لے کر کیوں نہیں آئے؟ پھر ایک عرصہ کے بعد ذوعمرو کی حضرت جریرؓ سے ملاقات ہوئی، انھوں نے حضرت جریرؓ سے کہا: جریرؓ! تمہارا مجھ پر ایک احسان ہے (کہ تمہاری بدولت اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام سے نوازا) اس لئے میں تمہیں ایک بات بتلاتا ہوں، تم عرب لوگ برابر خیر کے ساتھ رہوگے، جب تک کہ تم ایک امیر کے بعد دوسرے امیر کا انتخاب آپس کے مشورہ سے کروگے، اور جب اقتدار پر تلوار کے ذریعہ قبضہ ہونے لگے گا تو تمہارے اندر ملوکیت آجائے گی، بادشاہوں کی طرح غصہ ہوؤگے اور بادشاہوں کی طرح راضی ہوؤگے۔

سوال: ذوعمرو نے یہ بات کیسے بتائی کہ نبی ﷺ کا تین دن پہلے انتقال ہوچکا ہے؟

جواب: حضرت علامہ انور شاہ کشمیری قدس سرہ نے فیض الباری میں فرمایا کہ وہ شخص کاہن تھا، کہانت کے ذریعہ اس نے معلوم کیا کہ رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہوچکا ہے۔

فائدہ: شاہ صاحب قدس سرہ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ کاہن کو خود اپنی بات پر یقین نہیں ہوتا، چنانچہ ذوعمرو کہہ بھی رہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہوگیا ہے اور جریر رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ کا سفر بھی کر رہا ہے کہ ممکن ہے ملاقات ہوجائے اور انتقال نہ ہوا ہو، اور اس کے جِنّ نے اس کو غلط خبر دی ہو، پھر جب مدینہ کی طرف سے آنے والے لوگوں نے وفات کی خبر دی تو یقین ہوگیا اور وہ دونوں لوٹ گئے، معلوم ہوا کہ انسانوں کی خبر جنات کی خبر سے زیادہ یقینی ہے۔

[٦٥-] بَابُ ذَهَابِ جَرِيْرٍ إِلَى الْيَمَنِ

[٤٣٥٩-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ الْعَبْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ: كُنْتُ بِالْيَمَنِ فَلَقِيْتُ رَجُلَيْنِ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ ذَا كَلَاعٍ وَذَا عَمْرٍو، فَجَعَلْتُ أُحَدِّثُهُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ ذُوْ عَمْرٍو: لَئِنْ كَانَ الَّذِيْ تَذْكُرُ مِنْ أَمْرِ صَاحِبِكَ لَقَدْ مَرَّ عَلَى أَجَلِهِ مُنْذُ ثَلَاثٍ، وَأَقْبَلَا مَعِيْ حَتَّى إِذَا كُنَّا فِيْ بَعْضِ الطَّرِيْقِ رُفِعَ لَنَا رَكْبٌ مِنْ قِبَلِ الْمَدِيْنَةِ، فَسَأَلْنَاهُمْ فَقَالُوْا: قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَاسْتُخْلِفَ أَبُوْ بَكْرٍ وَالنَّاسُ صَالِحُوْنَ، فَقَالَا: أَخْبِرْ صَاحِبَكَ أَنَّا قَدْ جِئْنَا وَلَعَلَّنَا سَنَعُوْدُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، وَرَجَعَا إِلَى الْيَمَنِ فَأَخْبَرْتُ أَبَا بَكْرٍ بِحَدِيْثِهِمْ، قَالَ: أَفَلَا جِئْتَ بِهِمْ؟ فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ قَالَ لِيْ ذُوْ عَمْرٍو: يَا جَرِيْرُ! إِنَّ لَكَ عَلَيَّ كَرَامَةً، وَإِنِّيْ مُخْبِرُكَ خَبَرًا، إِنَّكُمْ مَعْشَرَ الْعَرَبِ لَنْ تَزَالُوْا بِخَيْرٍ مَا كُنْتُمْ إِذَا هَلَكَ أَمِيْرٌ تَأَمَّرْتُمْ فِيْ آخَرَ، فَإِذَا كَانَتْ بِالسَّيْفِ كَانُوْا مُلُوْكًا، يَغْضَبُوْنَ غَضَبَ الْمُلُوْكِ، وَيَرْضَوْنَ رِضَا الْمُلُوْكِ.

ترجمہ: حضرت جریرؓ کہتے ہیں: میں یمن میں تھا میری ملاقات یمن کے دو آدمیوں سے ہوئی، ایک کا نام ذوکلاع اور

دوسرے کا نام ذوعمرو تھا، پس میں ان سے نبی ﷺ کے احوال بیان کرنے لگا، پس ذوعمرو نے کہا: جس کے یہ حالات تم بیان کررہے ہو اگر یہ حالات صحیح ہیں تو تین دن پہلے ان کا انتقال ہو چکا ہے اور وہ دونوں میرے ساتھ مدینہ کی طرف چلتے رہے، راستہ میں کچھ سوار مدینہ کی طرف سے آتے ہوئے ملے، ہم نے ان سے احوال معلوم کئے انھوں نے کہا: آنحضرت ﷺ کی وفات ہوگئی ہے، اور ابوبکر رضی اللہ عنہ آپؐ کے خلیفہ نامزد ہوئے ہیں، باقی سب لوگ بخیریت ہیں، یہ سن کر ذو کلاع اور ذوعمرو نے کہا: تم ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بتادینا کہ ہم یہاں تک آئے تھے، ہم ان شاء اللہ پھر آئیں گے یہ کہہ کر دونوں یمن کی طرف لوٹ گئے، میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ان کا واقعہ بتایا، انھوں نے کہا: تم انہیں میرے پاس کیوں نہیں لائے؟ پھر ایک طویل عرصہ کے بعد ذوعمرو مجھ سے ملے، کہنے لگے: جریرؓ! تمہارا مجھ پر احسان ہے اور میں تمہیں ایک بات بتلاتا ہوں، بیشک تم لوگ خاص کرتا ہوں میں عربوں کو تم ہمیشہ خیرت کے ساتھ رہو گے جب تک تمہارا دستور رہے گا کہ ایک امیر کے انتقال کے بعد (باہم مشورہ سے) دوسرے کو امیر بنایا کرو گے، لیکن جب تلوار کے زور سے بادشاہت طے ہونے لگے گی تو یہ امیر دوسرے بادشاہوں کی طرح غصہ کریں گے اور انہی کی طرح خوش ہونگے، جیسے بادشاہ بات بات پر ناراض ہوجاتے ہیں اور ذراسی بات پر راضی ہوجاتے ہیں، وہی تمہارا حال ہوجائے گا، نہ ان بادشاہوں کی ناراضگی کا کوئی بھروسہ ہوگا اور نہ ان کی خوشی کا کوئی اعتبار ہوگا۔

فائدہ: فیض الباری کے حاشیہ میں ہے کہ اہل یمن کے ناموں کے شروع میں 'ذو' لگتا تھا، جیسے ذویزن، ذوجدن، ذو کلاع، ذوعمرو وغیرہ، اور یہ لوگ اذواء الیمن کہلاتے تھے (فیض الباری ۴:۱۲۱)

بَابُ غَزْوَةِ سِيْفِ الْبَحْرِ

ساحل سمندر کی طرف سریہ

یہ بھی غزوہ نہیں ہے، سریہ ہے، مگر چونکہ اس میں تین سو آدمی تھے، اس لئے غزوہ کہہ دیا، ماہِ رجب سن ۸ ہجری میں نبی ﷺ نے حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو تین سو آدمیوں پر امیر مقرر کر کے ساحل سمندر کی طرف روانہ کیا، لشکر میں حضرت عمر اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما بھی تھے، چلتے وقت توشہ کے لئے نبی ﷺ نے کھجوروں کا ایک تھیلا مرحمت فرمایا، جب کھجوریں ختم ہوگئیں تو گٹھلیاں چوس چوس کر اور پانی پی پی کر وقت گذارا، جب وہ بھی نہ رہیں تو درختوں کے پتے کھائے، اسی وجہ سے اس سریہ کو سریۃ الْخَبْط بھی کہتے ہیں، خَبْط کے معنی ہیں: درخت سے جھاڑے ہوئے پتے، پھر اللہ تعالیٰ نے کرشمہ ظاہر فرمایا، دریا نے ایک بہت بڑی مچھلی کنارے پر پھینکی، جس سے لشکر نے اٹھارہ دن کھایا، اس مچھلی کا نام عنبر تھا، پھر حضرت ابوعبیدہؓ نے مچھلی کے دو کانٹے لئے ان کو ملا کر کمان بنا کر کھڑے کئے، اور اس کے نیچے سے کجاوہ کسا ہوا اونٹ گذارا تو وہ بے تکلف اس کے نیچے سے گذر گیا، پھر جب سریہ مدینہ واپس آیا تو یہ واقعہ آپؐ سے ذکر کیا گیا، آپؐ نے

فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے روزی تھی (یہ صحابہ کی کرامت تھی اور امت کی کرامت نبی کا معجزہ ہوتی ہے) اور آپؐ نے فرمایا: کچھ گوشت ہو تو لاؤ، وہ لایا گیا، آپؐ نے اسے نوش فرمایا۔

یہ سریہ کب بھیجا گیا؟ اور کیوں بھیجا گیا؟

اکثر اصحابِ مغازی کی رائے ہے کہ یہ سریہ قریش کے قافلہ کے تعاقب کے لئے بھیجا گیا تھا، امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، لیکن یہ صلح حدیبیہ کا زمانہ ہے، اس وقت قریش کے قافلہ پر حملہ ناقابل فہم ہے، اس لئے دوسری رائے یہ ہے کہ یہ سریہ صلح حدیبیہ سے پہلے بھیجا گیا تھا، مگر اکثر کی رائے یہ ہے کہ رجب ۸ ہجری میں بھیجا گیا تھا، اور انھوں نے معاہدۂ حدیبیہ کی خلاف ورزی کے اشکال کا جواب یہ دیا ہے کہ اس سے پہلے قریش معاہدہ کی خلاف روزی کر چکے تھے، قریش نے بنوبکر کی مدد کر کے معاہدۂ صلح کو توڑ دیا تھا، پس رجب سن ۸ ہجری کا زمانہ صلح حدیبیہ کا زمانہ نہیں ہے جو شرائط کی پابندی ضروری ہو، مگر اس پر پھر اشکال ہے کہ فتح مکہ کا معاملہ مخفی رکھا گیا تھا، اگر ان کے قافلہ کے ساتھ چھیڑ شروع کر دی جائے گی تو بات صیغۂ راز میں کیسے رہے گی؟

اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے ایک اور بات لکھی ہے کہ یہ سریہ قریش کے قافلہ پر حملہ کرنے کے لئے نہیں گیا تھا بلکہ ان کی حفاظت کے لئے بھیجا گیا تھا، اور جہاں بھیجا تھا وہاں قبیلہ جُہینہ آباد تھا، اور وہ لوگ لوٹ مار کے عادی تھے اور اندیشہ تھا کہ وہ کہیں قافلہ قریش کو لوٹ لیں، اس لئے اس کی حفاظت کے لئے یہ سریہ روانہ فرمایا تھا، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں لفظ یَتَلَقَّوْنَ استعمال کیا ہے، جس کے معنی استقبال کرنے کے بھی آتے ہیں اور گھات لگانے کے بھی، اور باب کی دوسری حدیث میں نَرْصُد ہے اس کے معنی حاشیہ میں انتظار کرنے کے لکھے ہیں، اس لئے یہ رائے بھی وقیع معلوم ہوتی ہے، لشکر کا وہاں پڑا رہنا اور کسی سے چھیڑ نہ کرنا اس کا قرینہ ہے، پھر جب عِیر گذر گیا ہوگا تو لشکر واپس آ گیا ہوگا، اور اس طرح مکہ والوں کو چکمہ بھی دے دیا، ان کو مطمئن کر دیا کہ معاہدہ کی خلاف ورزی نہیں کی جا رہی ہے، پوری پاسداری کی جا رہی ہے، ان کے غلّہ کے قافلہ کی حفاظت بھی کی جا رہی ہے۔ واللہ اعلم

[٦٦-] بَابُ غَزْوَةِ سِيْفِ الْبَحْرِ

وَهُمْ يتلقَّوْنَ عِيْرًا لِقُرَيْشٍ، وَأَمِيْرُهُمْ أَبُوْ عُبَيْدَةَ.

[٤٣٦٠-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، أَنَّهُ قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَعْثًا قِبَلَ السَّاحِلِ، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ، وَهُمْ ثَلَاثُ مِائَةٍ فَخَرَجْنَا فَكُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ فَنِيَ الزَّادُ، فَأَمَرَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بِأَزْوَادِ الْجَيْشِ فَجُمِعَ، فَكَانَ مِزْوَدَيْ تَمْرٍ، فَكَانَ يُقَوِّتُنَا كُلَّ يَوْمٍ قَلِيْلاً قَلِيْلاً حَتَّى فَنِيَ، فَلَمْ يَكُنْ يُصِيْبُنَا إِلاَّ تَمْرَةٌ تَمْرَةٌ، فَقُلْتُ:

مَاتُغْنِیْ عَنْکُمْ تَمْرَۃٌ؟ فَقَالَ: لَقَدْ وَجَدْنَا فَقْدَھَا حِیْنَ فَنِیَتْ، ثُمَّ انْتَھَیْنَا إِلٰی الْبَحْرِ فَإِذَا حُوْتٌ مِثْلُ الظَّرِبِ، فَأَکَلَ مِنْهُ الْقَوْمُ ثَمَانَ عَشْرَۃَ لَیْلَۃً، ثُمَّ أَمَرَ أَبُوْ عُبَیْدَۃَ بِضِلْعَیْنِ مِنْ أَضْلاَعِهِ فَنُصِبَا ثُمَّ أَمَرَ بِرَاحِلَۃٍ فَرُحِلَتْ ثُمَّ مَرَّتْ تَحْتَھُمَا فَلَمْ تُصِبْھُمَا. [راجع: ۲۴۸۳]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ساحل سمندر کی طرف ایک لشکر بھیجا اور ان پر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو امیر بنایا، وہ تین سو آدمی تھے، پس ہم نکلے، ہم ابھی راستہ میں تھے کہ توشہ ختم ہوگیا، حضرت ابوعبیدہؓ نے حکم دیا کہ لشکر کے سارے توشے جمع کئے جائیں، وہ چھوہاروں کے دو بورے بنے، پس ابوعبیدہؓ ہمیں کھانے کو دیا کرتے تھے ہر دن تھوڑا تھوڑا، یہاں تک کہ وہ ختم ہونے آیا، پس نہیں پہنچتا تھا ہم کو مگر ایک ایک چھوہارا، وہب بن کیسان نے پوچھا: ایک چھوہارے سے آپ لوگوں کا کام کیسے چلتا ہوگا؟ حضرت جابرؓ نے کہا: بخدا! پایا ہم نے اس کے گم ہونے کو، جب ایک کھجور بھی ختم ہوگئی، یعنی جب ایک کھجور بھی ملنی بند ہوگئی تو ہمیں احساس ہوا کہ وہ کتنی بڑی نعمت تھی، پھر ہم سمندر پر پہنچے، پس اچانک ایک مچھلی چھوٹے پہاڑ جیسی (مل گئی) پس اس سے لوگوں نے اٹھارہ دن کھایا، پھر ابوعبیدہؓ نے حکم دیا اس کے کانٹوں میں سے دو کانٹوں کے متعلق، وہ دونوں ملا کر کھڑے کئے گئے، پھر اونٹ کے بارے میں حکم دیا، اس پر کجاوہ کسا گیا، پھر وہ سواری دونوں کانٹوں کے نیچے گذاری گئی، وہ ان کانٹوں سے نہیں لگی۔

تشریح: اتنی بڑی مچھلی جس کو تین سو آدمیوں نے اٹھارہ دن تک کھایا: صحابہ کی کرامت تھی، اور جس طرح معجزہ میں کھانا پینا بڑھتا ہے اسی طرح یہ مچھلی کھاتے بھی رہے اور بڑھتی بھی رہی، اور اس حدیث میں صراحت ہے کہ دو کانٹے ملا کر کمان بنا کر کھڑے کئے گئے تھے، اگلی حدیثوں میں جو ایک پسلی (کانٹے) کی بات ہے وہ مجاز ہے۔

[۴۳۶۱-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: الَّذِیْ حَفِظْنَاہُ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، یَقُوْلُ: بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم ثَلاَثَ مِائَۃِ رَاکِبٍ، أَمِیْرُنَا أَبُوْ عُبَیْدَۃَ بْنُ الْجَرَّاحِ، نَرْصُدُ عِیْرَ قُرَیْشٍ، فَأَقَمْنَا بِالسَّاحِلِ نِصْفَ شَھْرٍ، فَأَصَابَنَا جُوْعٌ شَدِیْدٌ، حَتّٰی أَکَلْنَا الْخَبَطَ، فَسُمِّیَ ذٰلِكَ الْجَیْشُ جَیْشَ الْخَبَطِ، فَأَلْقَی لَنَا الْبَحْرُ دَابَّۃً یُقَالُ لَھَا: الْعَنْبَرُ، فَأَکَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَھْرٍ وَادَّھَنَّا مِنْ وَدَکِهِ، حَتّٰی ثَابَتْ إِلَیْنَا أَجْسَامُنَا، فَأَخَذَ أَبُوْ عُبَیْدَۃَ ضِلَعًا مِنْ أَضْلاَعِهِ فَنَصَبَهُ فَعَمَدَ إِلٰی أَطْوَلِ رَجُلٍ مَعَهُ — قَالَ سُفْیَانُ مُرَّۃً: ضِلَعًا مِنْ أَضْلاَعِهِ فَنَصَبَهُ وَأَخَذَ رَحْلاً وَبَعِیْرًا— فَمَرَّ تَحْتَهُ.

قَالَ جَابِرٌ: وَکَانَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ نَحَرَ ثَلاَثَ جَزَائِرَ، ثُمَّ نَحَرَ ثَلاَثَ جَزَائِرَ، ثُمَّ نَحَرَ ثَلاَثَ جَزَائِرَ، ثُمَّ إِنَّ أَبَا عُبَیْدَۃَ نَھَاہُ. وَکَانَ عَمْرٌو یَقُوْلُ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ صَالِحٍ: أَنَّ قَیْسَ بْنَ سَعْدٍ قَالَ لِأَبِیْهِ: کُنْتُ فِی الْجَیْشِ فَجَاعُوْا قَالَ: انْحَرْ، قَالَ: نَحَرْتُ، قَالَ: ثُمَّ جَاعُوْا، قَالَ: انْحَرْ، قَالَ: نَحَرْتُ. قَالَ: ثُمَّ جَاعُوْا، قَالَ: انْحَرْ، قَالَ: نَحَرْتُ، قَالَ: ثُمَّ جَاعُوْا، قَالَ: انْحَرْ، قَالَ: نُھِیْتُ. [راجع: ۲۴۸۳]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے بھیجا درانحالیکہ ہم تین سو اونٹ سوار تھے، ہمارے امیر ابو عبیدۃ رضی اللہ عنہ تھے، انتظار کر رہے تھے ہم قریش کے تجارتی قافلہ کا، ہم ساحل سمندر پر آدھا مہینہ ٹھہرے، پس پہنچی ہمیں سخت بھوک، یہاں تک کہ کھایا ہم نے جھاڑے ہوئے پتوں کو، اس لئے کہلایا وہ لشکر جَیْشُ الْخَبَط (جھاڑے ہوئے پتے کھانے والا لشکر) پس ڈالا ہمارے لئے سمندر نے ایک جانور جس کو عنبر کہا جاتا تھا، پس کھایا ہم نے اس سے آدھا مہینہ، اور بدن پر تیل لگایا ہم نے اس کی چربی سے، یہاں تک کہ لوٹ آئے ہماری طرف ہمارے اجسام، یعنی فاقے سے ہم دبلے ہوگئے تھے، اب مچھلی کھانے سے اور اس کی چربی بدن پر ملنے سے ہماری لاغری دور ہوگئی، اور ہم پہلے جیسے ہوگئے، پس ابو عبیدہؓ نے اس کی پسلیوں میں سے ایک پسلی لی، اس کو کھڑا کیا، پھر قصد کیا لمبے سے لمبے آدمی کا، جو ابو عبیدہؓ کے ساتھ تھا —— سفیان بن عیینہؒ نے کبھی کہا: اس کی پسلیوں میں سے ایک پسلی لی، پس اس کو کھڑا کیا اور کجاوہ اور اونٹ کو لیا —— پس وہ آدمی یا اونٹ اس کے نیچے سے گذرا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور لوگوں میں ایک آدمی تھا اس نے تین اونٹ ذبح کئے، پھر تین اونٹ ذبح کئے پھر تین اونٹ ذبح کئے (تین مرتبہ) پھر ابو عبیدہؓ نے اس کو منع کر دیا۔

اور عمرو بن دینارؒ کہا کرتے تھے کہ ہمیں ابو صالح نے بتلایا کہ قیس بن سعدؓ نے اپنے ابا سے کہا: میں لشکر میں تھا، پس لوگ بھوکے ہوئے، ان کے ابا نے کہا: اونٹ ذبح کر، قیس نے کہا: میں نے ذبح کئے، قیس نے کہا: پھر لوگ بھوکے ہوئے، ان کے ابا نے کہا: اونٹ ذبح کر، قیس نے کہا: میں نے ذبح کئے، قیس نے کہا: پھر لوگ بھوکے ہوئے، ان کے ابا نے کہا: اونٹ ذبح کر، قیس نے کہا: میں نے ذبح کئے، قیس نے کہا: پھر لوگ بھوکے ہوئے، ان کے ابا نے کہا: اونٹ ذبح کر، قیس نے کہا: میں روک دیا گیا۔

سوال (۱): پہلی حدیث میں اٹھارہ دن کا ذکر ہے اور اس حدیث میں پندرہ دن کا: یہ تعارض ہے؟

جواب: تعارض نہیں، اس حدیث میں تین دن جو کسر تھے وہ چھوڑ دیئے۔

سوال (۲): پہلی حدیث میں تھا کہ مچھلی کے دو کانٹے لئے اور ان کو ملا کر کھڑا کیا، اور اس حدیث میں ایک کانٹے کا ذکر ہے: یہ بھی تعارض ہے؟

جواب: یہ بھی تعارض نہیں، اصل بات وہ ہے جو پہلی حدیث میں ہے اور اس حدیث میں ضِلْعٌ اسم جنس ہے جو دو کانٹوں کو بھی شامل ہے۔

یہ گھر جود وسخا کا گھر ہے:

اور یہ واقعہ حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما کا ہے، جب انھوں نے دیکھا کہ لوگ فاقہ سے دوچار ہیں، پتے کھا کر گذارہ کر رہے ہیں تو انھوں نے اہل ساحل سے ادھار تین اونٹ خرید کر ذبح کئے، حضرت ابو عبیدہؓ نے ان سے کہا: رقم

تو تمہارے پاس ہے نہیں، ادھار خرید کر اونٹ ذبح کر رہے ہو، یہ قرض کہاں سے ادا کرو گے؟ حضرت قیسؓ نے کہا: ہمارے گھر میں مال ہے، اس سے قرض ادا کر دوں گا، حضرت ابو عبیدہؓ نے کہا: وہ مال تو تمہارے ابا کا ہے؟ قیس نے کہا: میرے ابا اجنبی حاجت مندوں اور غریبوں کی مدد کرتے ہیں، پس اگر میں مقروض ہو گیا تو وہ میری مدد نہیں کریں گے؟ امیر صاحب نے ان باتوں سے متأثر ہو کر نرمی اختیار کی، چند دن کے بعد پھر انھوں نے تین اونٹ ادھار خرید کر ذبح کیے، پھر تیسری مرتبہ ذبح کئے، جب چوتھی مرتبہ ذبح کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت عمرؓ کے مشورہ سے حضرت ابو عبیدہؓ نے انہیں روک دیا، مدینہ واپس آ کر حضرت قیسؓ نے یہ واقعہ اپنے ابا کو سنایا، انھوں نے فرمایا: فلاں جگہ جو چار باغ ہیں وہ میں تمہارے نام کئے دیتا ہوں تا کہ آئندہ اگر ایسی صورت پیش آئے تو تم کہہ سکو کہ میرے پاس چار باغ ہیں اور تم بے تکلف کارِ خیر انجام دے سکو، جب اس واقعہ کی نبی ﷺ کو اطلاع ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: ''یہ گھر جود و سخا کا گھر ہے، یہی بات ان کے شایانِ شان ہے'' (کشف الباری ۸: ۵۸۵، بحوالہ سیرت حلبیہ ۳: ۱۹۲)

فائدہ: لوگوں میں سب سے لمبے حضرت قیس رضی اللہ عنہ تھے وہ اونٹ پر بیٹھ کر کانٹوں کے نیچے سے گذرے تھے، اس سریہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے، وہ بھی لمبے قد کے تھے، مگر قیسؓ کا قد ان سے بھی لمبا تھا۔

[٤٣٦٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا، يَقُوْلُ: غَزَوْنَا جَيْشَ الْخَبَطِ، وَأُمِّرَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ، فَجُعْنَا جُوْعًا شَدِيْدًا، فَأَلْقَى الْبَحْرُ حُوْتًا مَيِّتًا لَمْ نَرَ مِثْلَهُ يُقَالُ لَهُ: الْعَنْبَرُ، فَأَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ، فَأَخَذَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ عَظْمًا مِنْ عِظَامِهِ فَمَرَّ الرَّاكِبُ تَحْتَهُ، فَأَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ: أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ: قَالَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ: كُلُوْا، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "كُلُوْا رِزْقًا أَخْرَجَهُ اللّٰهُ، أَطْعِمُوْنَا إِنْ كَانَ مَعَكُمْ" فَأَتَاهُ بَعْضُهُمْ فَأَكَلَهُ.

[راجع: ٢٤٨٣]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم جھاڑے ہوئے پتے کھانے والے لشکر میں شریک تھے، اور ابو عبیدہؓ ہمارے سردار مقرر کئے گئے، اور بھوکے ہوئے ہم بے انتہا بھوکا ہونا، پس سمندر نے ایک مردہ مچھلی کنارہ پر پھینک دی، ایسی بڑی مچھلی ہم نے کبھی نہیں دیکھی تھی، اس کا نام عنبر تھا، ہم نے اس سے آدھا مہینہ کھایا، پھر ابو عبیدہؓ نے اس کی ہڈیوں میں سے ایک ہڈی لی، پس اس کے نیچے گذرا اونٹ سوار، ابن جریج کہتے ہیں: مجھے ابو الزبیر نے بتلایا کہ انھوں نے حضرت جابرؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت ابو عبیدہؓ نے لشکر کو حکم دیا کہ کھاؤ، پھر جب ہم مدینہ آئے تو ہم نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، آپؐ نے فرمایا: ''کھاؤ تم اس روزی کو جس کو اللہ نے نکالا ہے، کھلاؤ ہمیں اگر تمہارے پاس ہو'' پس بعض نے نبی ﷺ کو گوشت دیا، آپؐ نے اس کو تناول فرمایا۔

تشریح: جو رزق براہ راست اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے، جس میں بندہ کے عمل کا دخل نہیں ہوتا وہ رزق مبارک اور پاکیزہ ہوتا ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے فرمائش کرکے اس گوشت کو تناول فرمایا (سیرۃ المصطفیٰ ۲: ۴۷۳)

بَابُ حَجِّ أَبِیْ بَکْرٍ بِالنَّاسِ فِیْ سَنَةِ تِسْعٍ

سنہ ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو حج کرایا

سوال: کتاب المغازی سے اس باب کا کیا تعلق ہے؟ پھر آگے حجۃ الوداع کے باب میں بھی یہی سوال ہوگا؟

جواب: کتاب کا عنوان باعثِ اشکال بنا ہے، کتاب المناقب کے آخر میں میں نے ماقبل الھجرۃ کا عنوان لگایا ہے، پھر کتاب المغازی سے مابعد الھجرۃ کا عنوان بھی لگایا ہے، یعنی وہ باتیں جو ہجرت کے بعد پیش آئیں، جب عنوان بدل دیا تو اب کوئی اشکال نہیں ہوگا۔

مکہ، حنین اور طائف کی مہمات سے فارغ ہو کر نبی ﷺ ۲۴ ذی قعدہ سن ۸ ہجری میں مدینہ لوٹے ہیں، اب وقت نہیں رہا تھا کہ مدینہ سے کسی کو حج کرانے کے لئے بھیجا جائے، اس لئے سن ۸ ہجری کا حج مکہ کے گورنر حضرت عتاب بن اَسید رضی اللہ عنہ نے کرایا تھا، وہ حج قدیم دستور کے مطابق ہوا تھا، پھر رجب سن ۹ ہجری میں تبوک کے لئے روانگی ہوئی اور رمضان میں واپسی ہوئی، بیس دن تبوک میں قیام رہا، اور تیس دن آمد و رفت میں لگے، پھر ذی قعدہ ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیر حج بنا کر روانہ کیا، اور اس حج میں چار اعلانات کئے:

۱- اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہیں کرے گا۔

۲- کوئی شخص بیت اللہ کا ننگے طواف نہیں کرے گا۔

۳- جن لوگوں کے ساتھ میعادی معاہدہ ہے وہ اپنی مدت تک باقی رہے گا، اس کے بعد تجدید نہیں ہوگی۔

۴- جن کے ساتھ کوئی عہد و پیمان نہیں یا غیر میعادی معاہدہ ہے ان کو چار ماہ کی مہلت دی جاتی ہے، اس کے بعد کسی بھی وقت ان پر حملہ ہو سکتا ہے۔

یہ اعلانات حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ذریعہ کرائے گئے، کیونکہ خون اور مال کے معاہدوں کے سلسلہ میں عرب کا دستور یہ تھا کہ یا تو خود بادشاہ اعلان کرے یا اس کے خاندان کا کوئی فرد اعلان کرے، خاندان سے باہر کے کسی آدمی کا اعلان معتبر نہیں سمجھا جاتا تھا، اس لئے امیر الحج تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بنایا اور اعلانات کے لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔

[۶۷-] بَابُ حَجِّ أَبِیْ بَکْرٍ بِالنَّاسِ فِیْ سَنَةِ تِسْعٍ

[۴۳۶۳-] حَدَّثَنِیْ سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَبُوْ الرَّبِیْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَیْحٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ

الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ بَعَثَهُ فِي الْحَجَّةِ الَّتِيْ أَمَّرَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَيْهَا قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ يَوْمَ النَّحْرِ فِيْ رَهْطٍ يُؤَذِّنُ فِي النَّاسِ: أَنْ لاَ يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلاَ يَطُوْفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ. [راجع: ٣٦٩]

[٤٣٦٤-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: آخِرُ سُوْرَةٍ نَزَلَتْ كَامِلَةً: سُوْرَةُ بَرَاءَ ةٍ، وَآخِرُ سُوْرَةٍ نَزَلَتْ خَاتِمَةُ سُوْرَةِ النِّسَاءِ ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ﴾ [انظر: ٤٦٠٥، ٤٦٥٤، ٦٧٤٤]

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو بھیجا اس حج میں جس میں نبی ﷺ نے ان کو امیر بنایا تھا حجۃ الوداع سے پہلے ۱۰ ذی الحجہ کو ایک جماعت میں جو لوگوں میں اعلان کرے کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہیں کرے گا، اور کوئی ننگا بیت اللہ کا ہرگز طواف نہیں کرے گا۔

حدیث (۲): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آخری سورت جو پوری نازل ہوئی وہ سورۂ براءت ہے، اور آخری آیت جو نازل ہوئی وہ سورۃ النساء کی آخری آیت ہے: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ: قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ﴾

تشریح: سورۃ براءت کے شروع میں نقض عہد کا بیان ہے، جس کا اعلان سنہ ۹ ہجری میں کیا گیا تھا، جس سال حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حج کرایا تھا، اس مناسبت سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں، اور آخر سورۃ سے مراد آخر آیۃ ہے۔

بَابُ وَفْدِ بَنِيْ تَمِيْمٍ

بنوتمیم کا وفد

سرایا اور عمّال کا بیان ختم ہوا، اب وفود کا بیان شروع کرتے ہیں، وُفُود: وافد کی جمع ہے: باحیثیت اور صاحب اقتدار لوگوں کے پاس کسی مقصد سے جانے والی منتخب افراد کی جماعت۔

فتح مکہ ایک فیصلہ کن معرکہ تھا اس سے قبائل عرب کے شکوک وشبہات دور ہوگئے، اور اسلام کی حقانیت ان کی سمجھ میں آگئی، چنانچہ قبائل کے وفود کا سلسلہ شروع ہوا، سنہ ۹ ہجری میں بہت وفود آئے ہیں اس لئے وہ 'عام الوفود' کہلاتا ہے۔

تمیم بن مُرّ: ایک بڑا عدنانی قبیلہ ہے، اس کے کافی بطون ہیں، ان کا وفد کئی مرتبہ حاضر خدمت ہوا ہے، پہلے باب میں ایک وفد کا ذکر ہے، پھر باب بلا ترجمہ کالفصل من الباب السابق ہے، اس میں بھی بنوتمیم کے وفد کا ذکر ہے۔

پہلا وفد: حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بنوتمیم کے چند افراد نبی ﷺ کے پاس آئے، وہ تعاون کی امید لے کر آئے تھے، اس وقت نبی ﷺ کے پاس دینے کے لئے کچھ نہیں تھا، چنانچہ آپؐ نے فرمایا: بنوتمیم! خوشخبری قبول کرو، یعنی جنت کی خوشخبری قبول کرو یا علوم ومعارف کی، انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپؐ نے یقیناً ہمیں خوشخبری سنائی، پس کچھ

دیجئے، پس یہ بات آپؐ کے چہرے میں دیکھی گئی یعنی آپؐ کو ان کی یہ بات ناگوار ہوئی، پھر یمن کے کچھ لوگ آئے آپؐ نے سمجھا یہ بھی مال کی امید لے کر آئے ہیں، آپؐ نے فرمایا: خوشخبری قبول کرو، بنوتمیم نے تو اس کو قبول نہیں کیا، انھوں نے کہا: ہم خوشخبری قبول کرتے ہیں (ہم مال کے لئے نہیں آئے، علوم ومعارف حاصل کرنے کے لئے آئے ہیں، ہم ابتدائے آفرینش کے بارے میں پوچھنے کے لئے آئے ہیں، چنانچہ نبی ﷺ نے بیان شروع کیا کہ کائنات کی ابتداء کیسے ہوئی؟ اور عرش کیسے بنا؟ بات یہاں تک پہنچی تھی کہ کسی نے حدیث کے راوی حضرت عمرانؓ سے کہا: تمہارا اونٹ کھل گیا، چنانچہ وہ اونٹ کو پکڑنے کے لئے چل دیئے اور آگے کا مضمون نہیں سن سکے (تحفۃ القاری ۶: ۴۶۵) یہ لوگ کسی سفر میں حاضر ہوئے تھے، اور یہ کس موقع کا تذکرہ ہے اس کا حدیث میں کوئی ذکر نہیں)

[٦٨-] بَابُ وَفْدِ بَنِیْ تَمِیْمٍ

[٤٣٦٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَیْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِیْ صَخْرَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ الْمَازِنِیِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ، قَالَ: أَتَی نَفَرٌ مِنْ بَنِیْ تَمِیْمٍ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم فَقَالَ: "اقْبَلُوْا الْبُشْرَی یَا بَنِیْ تَمِیْمٍ" قَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ بَشَّرْتَنَا فَأَعْطِنَا فَرِیْءَ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهِ، فَجَاءَ نَفَرٌ مِنَ الْیَمَنِ، فَقَالَ: اقْبَلُوْا الْبُشْرَی إِذْ لَمْ یَقْبَلْهَا بَنُوْ تَمِیْمٍ" قَالُوْا: قَدْ قَبِلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ. [راجع: ٣١٩٠]

قوله: رِیْءَ: بروزن قِیْلَ، رَأی کا مجہول: دیکھی گئی۔

بَابٌ

بنوتمیم کا دوسرا وفد: بنوتمیم کی شاخ بنوعنبر نے بنوخزاعہ پر شب خون مارا، ان کی سرکوبی کے لئے نبی ﷺ نے عیینہ بن حصن فزاری رضی اللہ عنہ کو پچاس آدمیوں کی جمعیت دے کر روانہ کیا، وہ دن کو چھپے رہتے تھے اور رات میں چلتے تھے، انھوں نے صحراء میں بنوتمیم پر ہلّہ بول دیا، وہ پیٹھ پھیر کر بھاگے، سریہ نے ان کے کچھ آدمی کچھ عورتیں اور بچے گرفتار کئے اور ان کو لے کر مدینہ آئے، پھر ان کو چھڑانے کے لئے بنوتمیم کے دس سردار آئے (یہ بنوتمیم کا دوسرا وفد ہے) وہ اپنا مقرر اور شاعر بھی ساتھ لائے تھے، جب ان کے مقرر نے تقریر کی تو نبی ﷺ نے حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اور انھوں نے جوابی تقریر کی، پھر جب ان کے شاعر نے قصیدہ پڑھا تو آپؐ نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو حکم، انھوں نے جوابی قصیدہ پڑھا، جب دونوں خطیب اور دونوں شاعر فارغ ہوگئے تو ان کے سردار نے کہا: ان کا خطیب ہمارے خطیب سے زیادہ پرزور ہے، اور ان کا شاعر ہمارے شاعر سے زیادہ پرگو ہے، ان کی آوازیں ہماری آوازوں سے زیادہ بلند ہیں، اور ان کی باتیں ہماری باتوں سے زیادہ پسندیدہ ہیں، پھر انھوں نے اسلام قبول کیا، نبی ﷺ نے ان کو تحائف سے نوازا اور ان کی عورتیں اور بچے انہیں واپس کردیئے۔

[٦٩-] بَابٌ

قَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: غَزْوَةُ عُيَيْنَةَ بْنِ حِصْنِ بْنِ حُذَيْفَةَ بْنِ بَدْرٍ، بَنِي الْعَنْبَرِ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ، بَعَثَهُ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم إِلَيْهِمْ فَأَغَارَ وَأَصَابَ مِنْهُمْ نَاسًا وَسَبٰى مِنْهُمْ نِسَاءً.

ترجمہ: محمد بن اسحاقؒ کہتے ہیں: عیینہ نے بنی تمیم کی شاخ بنوعنبر پر حملہ کیا، ان کو نبی ﷺ نے بنوعنبر کی طرف بھیجا تھا، پس عیینہ نے حملہ کیا اور ان میں سے کچھ لوگوں کو پایا (قتل کیا یا قید کیا) اور ان میں سے کچھ عورتوں کو قید کیا۔

غَزْوَةُ: (مصدر) عیینة: فاعل کی طرف مضاف ہے، اور بنی العنبر: مفعول کی طرف بھی مضاف ہے۔

[٤٣٦٦-] حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَا أَزَالُ أُحِبُّ بَنِيْ تَمِيْمٍ بَعْدَ ثَلَاثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُهَا فِيْهِ: "هُمْ أَشَدُّ أُمَّتِيْ عَلَى الدَّجَّالِ" وَكَانَتْ فِيْهِمْ سَبِيَّةٌ عِنْدَ عَائِشَةَ فَقَالَ: "أَعْتِقِيْهَا فَإِنَّهَا مِنْ وُلْدِ إِسْمَاعِيْلَ" وَجَاءَتْ صَدَقَاتُهُمْ فَقَالَ: "هٰذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمٍ أَوْ: قَوْمِيْ" [راجع: ٢٥٤٣]

بنوتمیم حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب سے میں نے نبی ﷺ سے تین باتیں سنی ہیں، جو آپؐ نے بنوتمیم کے حق میں فرمائی ہیں اس وقت سے میں برابر بنوتمیم سے محبت کرتا ہوں: (۱) جب دجال نکلے گا تو میری امت میں سے بنوتمیم اس سے سخت مقابلہ کریں گے (۲) بنوتمیم کی ایک باندی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھی اور انھوں نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک بُردہ آزاد کرنے کی منت مانی تھی، پس نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: یہ جو تمہارے پاس بنو تمیم کی باندی ہے اسے آزاد کردو، اس لئے کہ بنوتمیم اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں (۳) اور بنوتمیم کی زکوٰتیں آئیں تو نبی ﷺ نے فرمایا: یہ میری قوم کی زکوٰتیں ہیں (قومِ کا زیری متکلم مضاف الیہ کے عوض میں ہے)

تشریح: نبی ﷺ نے بنوتمیم کو اپنی قوم کہا ہے، کیونکہ بنوتمیم کا نسب نبی ﷺ کے نسب کے ساتھ الیاس بن مضر میں مل جاتا ہے، اس اعتبار سے آپؐ نے بنوتمیم کو اپنی قوم فرمایا ہے، یہ بات حاشیہ میں ہے اور میرے نزدیک یہ الحاق ہے، آپؐ نے بنوتمیم کو قریش کے ساتھ ملایا ہے، اور یہ الحاق ہی ان کی فضیلت ہے۔

[٤٣٦٧-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُمْ أَنَّهُ قَدِمَ رَكْبٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ عَلَى النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَمِّرِ الْقَعْقَاعَ بْنَ مَعْبَدِ بْنِ زُرَارَةَ، فَقَالَ عُمَرُ: بَلْ أَمِّرِ الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: مَا

أَرَدْتَ إِلاَّ خِلاَفِيْ، قَالَ عُمَرُ: مَا أَرَدْتُ خِلاَفَكَ، فَتَمَارَيَا حَتَّى ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا، فَنَزَلَ فِيْ ذٰلِكَ ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ﴾حَتَّى انْقَضَتْ.[انظر: ٤٨٤٥، ٤٨٤٧، ٧٣٠٢]

بنوتمیم کا تیسرا وفد: عبداللہ بن الزبیرؓ کہتے ہیں: بنوتمیم کا ایک قافلہ نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، اور انھوں نے درخواست کی کہ ان کے لئے کوئی امیر مقرر کردیں، پس صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ قعقاع کو امیر مقرر کریں، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ اقرع کو امیر بنائیں، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپؓ کا مقصد صرف میری مخالفت ہے، حضرت عمرؓ نے کہا: بالکل نہیں، پھر دونوں جھگڑے یہاں تک کہ دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں، پس سورۃ الحجرات کی پہلی آیت نازل ہوئی: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَاتَّقُوْا اللّٰهَ، إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ﴾: اے ایمان والو! اللہ اور رسول سے سبقت نہ کیا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو، بیشک اللہ تعالیٰ خوب سننے والے، خوب جاننے والے ہیں —— حتی انْقَضَت: یہاں تک کہ آیت پوری ہوئی، یعنی پہلی پوری آیت نازل ہوئی۔

وفد عبدالقیس

قبیلہ عبدالقیس ربیعہ کی شاخ ہے، ربیعہ بہت بڑا قبیلہ تھا، بحرین کا باشندہ تھا، اس قبیلہ کا وفد دو مرتبہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا ہے، پہلی مرتبہ فتح مکہ سے پہلے سن ۵ ہجری میں یا اس سے بھی پہلے آیا ہے، اس مرتبہ وفد میں تیرہ یا چودہ آدمی تھے، جب یہ وفد آیا تو آپؐ نے: مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ غَيْرَ خَزَايَا وَلاَ نَدَامٰى: کہہ کر استقبال کیا، یعنی تمہارا آنا مبارک! نہ رسوائی نہ پشیمانی! یہ الفاظ آپؐ نے اس لئے فرمائے تھے کہ ربیعہ اور مُضر: نزار بن مَعَدّ بن عدنان کی اولاد تھے، دونوں میں اختلافات ہوئے، بعد میں دونوں بڑے قبائل بن گئے، اور نبی ﷺ کا تعلق مضر سے تھا، اور مضر اور ربیعہ میں پرانی عداوتیں نسلوں سے چلی آرہی تھیں، اس لئے آپؐ نے فرمایا: پرانی باتیں بھولی بسری ہوگئیں!

وفد نے نبی ﷺ سے عرض کیا: ہمارے اور آپؐ کے درمیان قبیلہ مُضر کی آبادیاں ہیں، اس لئے ہم صرف اشہر حرم میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوسکتے ہیں، پس آپؐ ہمیں جامع باتیں بتائیں، جن پر ہم عمل کریں اور اپنے بعد والوں کو ان کی دعوت دیں، آپؐ نے ان کو چار باتوں کا حکم دیا اور چار باتوں سے روکا، یہ باتیں باب کی پہلی اور دوسری حدیثوں میں ہیں۔

[٧٠-] بَابُ وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ

[٤٣٦٨-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ، قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ لِيْ جَرَّةً تَنْتَبِذُ لِيْ نَبِيْذًا، فَأَشْرَبُهُ حُلْوًا، فِي جَرٍّ، إِنْ أَكْثَرْتُ مِنْهُ فَجَالَسْتُ الْقَوْمَ فَأَطَلْتُ الْجُلُوْسَ خَشِيْتُ أَنْ أَفْتَضِحَ.

ترجمہ: ابوجمرہؒ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کیا: میرے پاس ایک گھڑا ہے، نبیذ بناتا ہے وہ گھڑا میرے لئے، پس پیتا ہوں میں اس کو میٹھا ہونے کی حالت میں گھڑے میں رہتے ہوئے، یعنی تھوڑی تھوڑی نبیذ اس میں سے نکال کر پیتا ہوں، اگر میں اس میں سے زیادہ پی لوں پھر لوگوں کے پاس بیٹھوں اور بیٹھنا لمبا ہوجائے تو مجھے اندیشہ ہوتا ہے کہ میں رسوا ہوجاؤں گا۔

تشریح: ایک بڑھیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئی اور اس نے مسئلہ پوچھا کہ روغنی گھڑے کی نبیذ جائز ہے یا نہیں؟ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: جائز نہیں، بڑھیا کے جانے کے بعد ابوجمرہؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے کہا: میں تو روغنی گھڑے کی نبیذ پیتا ہوں اور یہ بھی کہا کہ اگر زیادہ پی لوں تو پیٹ میں گیس ہوجاتی ہے، پھر لوگوں کے درمیان زیادہ وقت بیٹھنا پڑے تو اچانک ریح کا خروج ہوجاتا ہے، جو باعث رسوائی ہوسکتا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: مت پی، یہ نہیں فرمایا کہ وہ نبیذ جائز نہیں، پھر حضرت ابن عباسؓ نے وفد عبدالقیس کی حدیث سنائی (تحفۃ القاری ۱:۲۹۷) أَفْتَضِحَ: رسوا ہوجاؤں، مطلب پاد نکل جائے۔

فَقَالَ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا النَّدَامٰى! فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ مُضَرَ، وَإِنَّا لَا نَصِلُ إِلَيْكَ إِلَّا فِي أَشْهُرِ الْحُرُمِ، حَدِّثْنَا بِجُمَلٍ مِنَ الْأَمْرِ، إِنْ عَمِلْنَا بِهِ دَخَلْنَا الْجَنَّةَ، وَنَدْعُوْ بِهِ مَنْ وَرَاءَ نَا، قَالَ: "آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: الإِيْمَانُ بِاللّٰهِ، وَهَلْ تَدْرُوْنَ مَا الإِيْمَانُ بِاللّٰهِ؟ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَإِقَامُ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءُ الزَّكَاةِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ، وَأَنْ تُعْطُوْا مِنَ الْمَغَانِمِ الْخُمُسَ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: مَا انْتُبِذَ فِي الدُّبَّاءِ وَالنَّقِيْرِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ" [راجع: ۵۳]

ترجمہ: پس ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: عبدالقیس کا وفد آنحضرت ﷺ کے پاس آیا، آپؐ نے فرمایا: قوم کا آنا مبارک! نہ رسوائی ہے نہ پشیمانی! انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہمارے اور آپ کے درمیان مضر کے مشرکین حائل ہیں، اور ہم آپؐ تک نہیں پہنچ سکتے، مگر محترم مہینوں میں پس آپؐ ہمیں ایسی جامع بات بتلائیں کہ اگر ہم اس پر عمل کریں تو جنت میں داخل ہوں، اور ہم اس کی دعوت دیں ان لوگوں کو جو ہمارے پیچھے ہیں، آپؐ نے فرمایا: میں تمہیں چار باتوں کا حکم دیتا ہوں اور چار چیزوں سے روکتا ہوں: اللہ پر ایمان لانے کا، اور کیا جانتے ہو تم کہ اللہ پر ایمان لانا کیا ہے؟ اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں (اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں) اور نماز کا اہتمام کرنا اور زکوۃ ادا کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا اور مال غنیمت کا پانچواں حصہ مرکزی حکومت کو بھیجنا، اور میں تمہیں روکتا ہوں چار چیزوں سے: نبیذ بنانے سے تو نبی میں، اور لکڑی کو کھود کر بنائے ہوئے برتن میں اور روغنی گھڑے میں اور تار کول پھیرے ہوئے گھرے میں۔

[۴۳۶۹-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي جَمْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا هٰذَا الْحَيَّ مِنْ رَبِيْعَةَ، وَقَدْ حَالَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ، فَلَسْنَا نَخْلُصُ إِلَيْكَ إِلَّا فِي شَهْرٍ حَرَامٍ، فَمُرْنَا بِأَشْيَاءَ نَأْخُذُ بِهَا وَنَدْعُوْ إِلَيْهَا مَنْ وَرَاءَ نَا، قَالَ:" آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: الإِيْمَانِ بِاللّٰهِ: شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ- وَعَقَدَ وَاحِدَةً - وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَأَنْ تُؤَدُّوْا لِلّٰهِ خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ، وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالنَّقِيْرِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ"[راجع: ۵۳]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: عبدالقیس کا وفد نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! بیشک ہم — خاص کرتے ہیں ہم ربیعہ کے خاندان کو یعنی ہم اس قبیلہ کے ہیں — ہمارے اور آپؐ کے درمیان مضر قبیلہ کے غیر مسلم حائل ہیں، پس ہم آپؐ تک نہیں پہنچ سکتے، مگر محترم مہینوں میں، لہٰذا حکم دیجئے آپؐ ہمیں ایسی چیزوں کا جس پر ہم عمل کریں، اور جس پر عمل کرنے کی ہم اپنے پیچھے والوں کو دعوت دیں، آپؐ نے فرمایا: میں تمہیں چار باتوں کا حکم دیتا ہوں اور چار باتوں سے روکتا ہوں، اللہ پر ایمان لانا یعنی اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں — اور آپؐ نے ایک انگلی بند کی — اور نماز کا اہتمام کرنا، اور زکوٰۃ دینا، اور یہ کہ ادا کرو تم اللہ کے حاصل کردہ مالِ غنیمت کا خمس، اور روکتا ہوں میں تمہیں کدو کے برتن (تونبی) سے اور لکڑی میں کھودے ہوئے برتن سے اور روغنی گھڑے سے اور تارکول پھیرے ہوئے گھڑے سے۔

حوالہ: دونوں حدیثیں ایک ہیں، اور تفصیل تحفۃ القاری (۱:۲۹۷) میں ہے، وہاں چاروں برتنوں کی تفصیل بھی ہے۔

عصر کے بعد کی دو نفلوں کا پس منظر

ایک دن عصر کی نماز پڑھا کر نبی ﷺ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں گئے، وہ ان کی باری کا دن تھا، وہاں آپؐ نے نفل نماز شروع کی، اس وقت ام سلمہؓ کے پاس کچھ خواتین تھیں، انھیں اور ام سلمہؓ کو عصر کے بعد نبی ﷺ کے نفل پڑھنے پر تعجب ہوا، انھوں نے اپنی باندی کو آپؐ کے پاس بھیجا اور کہا: خدمتِ اقدس میں سلام عرض کر، اگر آپؐ اشارہ کریں تو نماز کے بعد ورنہ اسی وقت معلوم کر کہ آنجناب عصر کے بعد نفل نماز سے منع کرتے ہیں، پھر یہ نماز کیسی؟ آپؐ نے فرمایا: میرے پاس قبیلہ عبدالقیس کے کچھ لوگ اپنی قوم کا اسلام لے کر آئے تھے اور میرے پاس مال آیا تھا، میں اس کی تقسیم میں مشغول ہو گیا، اور ظہر کے بعد کی سنتیں رہ گئیں وہ میں نے پڑھیں۔

[۴۳۷۰-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، ح: قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرٍ، أَنَّ كُرَيْبًا مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ

ابْنَ عَبَّاسٍ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَزْهَرَ، وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَرْسَلُوْا إِلٰى عَائِشَةَ، فَقَالُوْا: اقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ مِنَّا جَمِيْعًا، وَسَلْهَا عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، وَإِنَّا أُخْبِرْنَا أَنَّكِ تُصَلِّيْهِمَا وَقَدْ بَلَغَنَا أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْهَا، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَكُنْتُ أَضْرِبُ مَعَ عُمَرَ النَّاسَ عَنْهُمَا، قَالَ كُرَيْبٌ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهَا وَبَلَّغْتُهَا مَا أَرْسَلُوْنِيْ، فَقَالَتْ: سَلْ أُمَّ سَلَمَةَ فَأَخْبَرْتُهُمْ فَرَدُّوْنِيْ إِلٰى أُمِّ سَلَمَةَ بِمِثْلِ مَا أَرْسَلُوْنِيْ إِلٰى عَائِشَةَ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَنْهَى عَنْهُمَا، وَإِنَّهُ صَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ دَخَلَ عَلَيَّ، وَعِنْدِيْ نِسْوَةٌ مِنْ بَنِيْ حَرَامٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَصَلَّاهُمَا فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ الْخَادِمَ، فَقُلْتُ: قُوْمِيْ إِلٰى جَنْبِهِ فَقُوْلِيْ: تَقُوْلُ أُمُّ سَلَمَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَمْ أَسْمَعْكَ تَنْهَى عَنْ هَاتَيْنِ الرَّكْعَتَيْنِ فَأَرَاكَ تُصَلِّيْهِمَا؟ فَإِنْ أَشَارَ بِيَدِهِ فَاسْتَأْخِرِيْ، فَفَعَلَتِ الْجَارِيَةُ فَأَشَارَ بِيَدِهِ فَاسْتَأْخَرَتْ عَنْهُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: "يَا بِنْتَ أَبِيْ أُمَيَّةَ! سَأَلْتِ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، إِنَّهُ أَتَانِيْ أُنَاسٌ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ بِالإِسْلَامِ مِنْ قَوْمِهِمْ، فَشَغَلُوْنِيْ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ فَهُمَا هَاتَانِ" [راجع: ۱۲۳۳]

ترجمہ: حضرات ابن عباس، عبدالرحمٰن بن ازہر اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہم نے کُریب کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا اور کہا: ان سے ہم سب کا سلام کہو، اور عصر کے بعد کی دو نفلوں کے بارے میں ان سے پوچھ، اور ان کو یہ بھی بتلا کہ ہم خبر دیئے گئے ہیں کہ آپ وہ نفلیں پڑھتی ہیں، حالانکہ ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ نبی ﷺ عصر کے بعد نفلوں سے منع کرتے تھے، اور ابن عباسؓ نے کہا: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان لوگوں کی پٹائی کیا کرتا تھا جو عصر کے بعد یہ نفلیں پڑھتے تھے، کریب کہتے ہیں: میں حضرت عائشہؓ کے پاس گیا اور میں نے ان کو وہ بات پہنچائی جو کہنے کے لئے ان حضرات نے مجھے بھیجا تھا، صدیقہؓ نے کہا: ام سلمہؓ سے پوچھو، پس میں نے ان حضرات کو یہ بات بتائی، انھوں نے مجھے دوبارہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا اسی طرح کا پیغام دے کر جس کے ساتھ انھوں نے مجھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا تھا، پس ام سلمہؓ نے کہا: میں نے نبی ﷺ کو سنا کہ آپ ان نفلوں سے منع کرتے تھے، اور آپؐ نے (ایک دن) عصر کی نماز پڑھی، پھر میرے یہاں تشریف لائے اور میرے پاس انصار کے قبیلہ بنوحرام کی کچھ عورتیں تھیں، پس آپؐ نے وہ دو نفلیں پڑھیں، میں نے آپؐ کے پاس خادم کو بھیجا اور کہا: آپؐ کے پہلو میں کھڑی ہو، اور کہہ: ام سلمہؓ پوچھتی ہیں: اے اللہ کے رسول! کیا نہیں سنا میں نے آپؐ سے کہ آپؐ ان دو نفلوں سے روکتے ہیں، پھر میں آپؐ کو وہ دو نفلیں پڑھتے ہوئے دیکھ رہی ہوں؟ پس اگر آپؐ اپنے ہاتھ سے اشارہ کریں تو پیچھے ہٹ جانا، چنانچہ باندی نے کہا: آپؐ نے ہاتھ سے اشارہ کیا، وہ آپؐ سے پیچھے ہٹ گئی، جب آپؐ پھرے تو فرمایا: اے ابوامیہ کی بیٹی! تم نے عصر کے بعد کی دو نفلوں کے بارے میں پوچھا، بیشک شان یہ ہے کہ آئے میرے پاس عبدالقیس کے کچھ لوگ اپنی قوم کا اسلام لے کر (یہاں باب ہے) پس مشغول کر دیا انھوں نے مجھے ان دو رکعتوں سے جو ظہر کے بعد ہیں، پس وہ دونوں یہ ہیں۔

[٤٣٧١-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِیْ جَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أَوَّلُ جُمُعَةٍ جُمِّعَتْ بَعْدَ جُمُعَةٍ جُمِّعَتْ فِیْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ مَسْجِدِ عَبْدِ الْقَیْسِ بِجُوَاثَی مِنَ الْبَحْرَیْنِ.[راجع: ٨٩٢]

مسجدِ نبوی کے بعد جواثی میں عبدالقیس کی مسجد میں جمعہ قائم ہوا

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: پہلا جمعہ جو قائم کیا گیا رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں جمعہ قائم کرنے کے بعد وہ بحرین کی بستی جُواثی میں عبدالقیس کی مسجد میں تھا۔

تشریح: رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں مدینہ منورہ میں مسجدِ نبوی کے علاوہ نو مسجدیں اور بھی تھیں مگر آپؐ نے کسی مسجد میں جمعہ قائم کرنے کی اجازت نہیں دی، صرف مسجدِ نبوی میں جمعہ ہوتا تھا، مسجدِ نبوی کے بعد سب سے پہلے جمعہ مسجد عبد القیس میں قائم ہوا، یہ مسجد بحرین میں جُواثی نامی شہر میں تھی، پھر فتح مکہ کے بعد مکہ میں جمعہ قائم ہوا ان تین جگہوں کے علاوہ کسی اور جگہ آپؐ نے جمعہ قائم کرنے کی اجازت نہیں دی، اس لئے چھوٹے گاؤں میں جمع قائم کرنا جائز نہیں (بڑے دیہاتوں اور شہروں میں جمعہ قائم کرنے کا حکم تحفۃ القاری (۳:۲۱۰) میں ہے، یہاں مقصود صرف عبدالقیس کا تذکرہ ہے)

بَابُ وَفْدِ بَنِیْ حَنِیْفَةَ، وَحَدِیْثِ ثُمَامَةَ بْنِ أُثَالٍ

بنوحنیفہ کا وفد اور ثمامہ کا قصہ

حنیفہ: مرد کا نام ہے آخر میں ۃ وصفی ہے، حنیفةُ بنُ لُجیم: بکر بن وائل کا بطن ہے اور بڑا مشہور قبیلہ ہے، جائے سکونت مکہ اور یمن کے درمیان یمامہ تھی، ان کا وفد سن ۹ ہجری میں آیا ہے، جس میں مسیلمہ کذاب بھی تھا، اور ثمامہ کا واقعہ سن ۶ ہجری کا ہے، چونکہ دونوں کا ایک قبیلے سے تعلق تھا اور ایک ہی جگہ کے رہنے والے تھے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں کو ایک ہی باب میں ذکر کیا ہے۔

ثُمامة بن اُثال کا قصہ: ثمامہ قبیلہ بنی حنیفہ کے سردار تھے، انھوں نے کسی وقت نبی ﷺ کو قتل کرنے کی کوشش کی تھی، مگر وہ کامیاب نہیں ہوسکے تھے، نبی ﷺ نے اس وقت دعا کی تھی کہ اے اللہ اس کو میرے بس میں کردیں، سنن بیہقی (۹:۶۶) میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: كَانَ إِسْلَامُ ثُمَامَةَ بْنِ أُثَالٍ الْحَنَفِیِّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم دَعَا اللّٰهَ حِیْنَ عَرَضَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِمَا عَرَضَ لَهُ: أَنْ یُمَكِّنَ اللّٰهُ لَهُ، وَكَانَ عَرَضَ لَهُ وَهُوَ مُشْرِكٌ فَأَرَادَ قَتْلَهُ: ابوہریرہؓ کہتے ہیں: ثمامہؓ کے اسلام کا واقعہ یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی جب تعرض کیا ثمامہ نے نبی ﷺ سے اس نیت سے جس سے اس نے تعرض کیا کہ اللہ تعالیٰ آپؐ کو اس پر قابو دیدیں، اور

اس نے نبی ﷺ سے تعرض کیا تھا درانحالیکہ وہ مشرک تھا، پس اس نے نبی ﷺ کو قتل کرنا چاہا تھا۔

پھر سن ۶ ہجری میں نبی ﷺ نے القرطاء کی طرف محمد بن مسلمہ انصاری رضی اللہ عنہ کو تیس سواروں کے ساتھ بھیجا، وہ لوگ رات کو چلتے تھے اور دن میں چھپے رہتے تھے، انھوں نے دشمن پر اچانک حملہ کیا دس آدمی مارے گئے، باقی بھاگ گئے، ڈیڑھ سو اونٹ اور تین ہزار بکریاں ہاتھ آئیں، واپسی میں راستہ میں ثمامہ بن اثال مل گیا، وہ عمرہ کے لئے مکہ جارہا تھا، سریہ اس کو گرفتار کر لایا، اور مسجد کے ستون سے باندھ دیا، وہ تین دن تک قرآن سنتا رہا اور نماز کا منظر دیکھتا رہا، پھر اس کو آزاد کر دیا، وہ مسلمان ہوگئے، اور ان کا اسلام بہت اچھا رہا، جب مسیلمہ کذاب نے نبوت کا دعوی کیا اور یمامہ والے مرتد ہوگئے تو حضرت ثمامہؓ اسلام پر جمے رہے، وہ اپنے متعلقین کے ساتھ حضرت علاء بن الحضرمی کے پاس چلے گئے، اور بحرین میں جو لوگ مرتد ہوگئے تھے ان سے جہاد کیا، پھر سن ۱۲ ہجری میں شہید کئے گئے، ثمامہؓ کا یہ واقعہ وفود کے ذیل میں نہیں آتا وہ گرفتار کرکے لائے گئے تھے مگر چونکہ بنی حنیفہ کے وفد کا ذکر آیا تھا، اس لئے ثمامہؓ کا قصہ بھی بیان کر دیا۔

[۷۱-] بَابُ وَفْدِ بَنِيْ حَنِيْفَةَ، وَحَدِيْثِ ثُمَامَةَ بْنِ أُثَالٍ

[۴۳۷۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَيْلاً قِبَلَ نَجْدٍ فَجَاءَ تْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِيْ حَنِيْفَةَ، يُقَالُ لَهُ: ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ، فَرَبَطُوْهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِيْ الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ؟" فَقَالَ: عِنْدِيْ خَيْرٌ يَا مُحَمَّدُ، إِنْ تَقْتُلْنِيْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ، وَإِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰى شَاكِرٍ، وَإِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ مِنْهُ مَا شِئْتَ، فَتَرَكَ حَتَّى كَانَ الْغَدُ. ثُمَّ قَالَ لَهُ: "مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ؟" قَالَ عِنْدِيْ: مَا قُلْتُ لَكَ، إِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰى شَاكِرٍ، فَتَرَكَهُ حَتَّى كَانَ بَعْدَ الْغَدِ، فَقَالَ: "مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ؟" فَقَالَ: عِنْدِيْ مَا قُلْتُ لَكَ، فَقَالَ: "أَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ" فَانْطَلَقَ إِلٰى نَخْلٍ قَرِيْبٍ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، يَا مُحَمَّدُ! وَاللّٰهِ مَاكَانَ عَلٰى الْأَرْضِ وَجْهٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ وَجْهِكَ، فَقَدْ أَصْبَحَ وَجْهُكَ أَحَبَّ الْوُجُوْهِ إِلَيَّ، وَاللّٰهِ مَاكَانَ مِنْ دِيْنٍ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ دِيْنِكَ فَأَصْبَحَ دِيْنُكَ أَحَبَّ الدِّيْنِ إِلَيَّ، وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ بَلَدٍ أَبْغَضَ إِلَيِّ مِنْ بَلَدِكَ فَأَصْبَحَ بَلَدُكَ أَحَبَّ الْبِلَادِ إِلَيَّ، وَإِنَّ خَيْلَكَ أَخَذَتْنِيْ وَأَنَا أُرِيْدُ الْعُمْرَةَ، فَمَاذَا تَرَى؟ فَبَشَّرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَمَرَهُ أَنْ يَعْتَمِرَ، فَلَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ قَالَ لَهُ قَائِلٌ: صَبَوْتَ؟ قَالَ: لَا، وَاللّٰهِ! وَلٰكِنْ أَسْلَمْتُ مَعَ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَا وَاللّٰهِ لَا تَأْتِيْكُمْ مِنَ الْيَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ حَتَّى يَأْذَنَ فِيْهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۴۶۲]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے کچھ سوار نجد کی طرف روانہ کئے، وہ لوگ بنی حنیفہ کے ایک شخص کو گرفتار کر لائے، جن کو ثمامہ بن اثال کہا جاتا تھا، اور مسجد کے ایک ستون سے باندھ دیا، نبی ﷺ ان کے پاس سے گذرے، پوچھا: ثمامہ تمہارا کیا خیال ہے؟ انھوں نے کہا: اے محمد! (ﷺ) میرا خیال اچھا ہے، اگر آپؐ مجھے قتل کریں گے تو ایک خونی مجرم کو قتل کریں گے اور اگر آپؐ احسان کریں گے تو شکر گذار پر احسان کریں گے، اور اگر آپؐ مال چاہتے ہیں تو جتنا چاہیں طلب کریں، پس ان کو چھوڑ دیا، یہاں تک کہ اگلا دن آیا، پھر نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: ثمامہ! تمہارا کیا خیال ہے؟ انھوں نے کہا: وہی بات جو میں نے آپؐ سے کہی ہے، اگر آپؐ احسان کریں تو شکر گذار پر احسان کریں گے (دوسرے دن پہلی اور تیسری باتیں نہیں کہیں، صرف درمیانی کی بات کہی) پس ان کو چھوڑ دیا، یہاں تک کہ آئندہ کل کے بعد والا دن آیا، نبی ﷺ نے پوچھا: ثمامہ! تمہارا کیا خیال ہے؟ انھوں نے کہا: میرا وہی خیال ہے جو آپؐ سے کہہ چکا ہوں، آپؐ نے فرمایا: ثمامہ کو چھوڑ دو، وہ مسجد کے قریب ایک کھجور کے باغ میں گئے، نہائے، پھر مسجد میں آئے اور کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، اے محمد! (ﷺ) بخدا! نہیں تھا زمین پر کوئی چہرہ زیادہ قابل نفرت میرے نزدیک آپؐ کے چہرے سے، اور اب ہو گیا ہے آپؐ کا چہرہ مجھے تمام چہروں سے زیادہ محبوب، بخدا! نہیں تھا کوئی دین زیادہ قابل نفرت میرے نزدیک آپؐ کے دین سے اور اب ہو گیا ہے آپ کا دین میرے نزدیک تمام ادیان سے زیادہ پسندیدہ، بخدا! نہیں تھا کوئی شہر میرے نزدیک زیادہ قابل نفرت آپؐ کے شہر سے اور اب ہو گیا ہے آپؐ کا شہر میرے نزدیک تمام شہروں سے زیادہ پسندیدہ، اور آپؐ کے گھوڑ سواروں نے مجھے پکڑ لیا، درانحالیکہ میں عمرہ کے لئے جا رہا تھا، پس اب آپؐ کی کیا رائے ہے؟ نبی ﷺ نے ان کو خوشخبری سنائی اور ان کو عمرہ کرنے کا حکم دیا، جب وہ مکہ پہنچے تو ان سے کسی نے کہا: تم بد دین ہو گئے! انھوں نے کہا: نہیں، بخدا! (میں بد دین نہیں ہوا) بلکہ میں اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ مسلمان ہوا ہوں، اور بخدا! نہیں آئے گا تمہارے پاس یمامہ سے گیہوں کا ایک دانہ یہاں تک کہ اجازت دیں اس کے بھیجنے کی نبی ﷺ! (پھر جب مکہ میں غلہ کے لالے پڑ گئے تو مکہ والوں نے نبی ﷺ کو خط لکھا اور رشتہ داری کا واسطہ دیا کہ آپؐ ثمامہؓ کو لکھیں کہ وہ غلہ آنے دیں، چنانچہ نبی ﷺ نے ان کو خط لکھا کہ غلہ جانے دیں)

مسیلمہ کذاب:

مسیلمہ (لام کا زیر) بن ثمامہ حنفی وائلی متنبّی نے بڑی عمر پائی، یمامہ میں جبیلہ نامی بستی کا رہنے والا تھا، جو وادی حنیفہ میں نجد کے علاقہ میں عیینہ کے قرب ایک گاؤں ہے، وہ اپنے آپ کو 'رحمان' کہلاتا تھا، اور ''رحمان یمامہ' سے مشہور تھا، فتح مکہ کے بعد بنو حنیفہ کا وفد آیا اس میں مسیلمہ بھی تھا، وفد تو مسلمان ہوا مگر مسیلمہ ملنے نہیں آیا، پھر بھی آپؐ نے وفد کو جو انعام دیا اس کو بھی دیا، روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ بنو حنیفہ کا وفد دو مرتبہ آیا ہے اور دونوں مرتبہ وفد میں مسیلمہ تھا، ایک مرتبہ وفد میں سترہ آدمی

تھے اور ایک مرتبہ بڑی بھیڑ لے کر آیا تھا، اس نے واپس لوٹ کر نبی ﷺ کو خط لکھا: مِنْ مُسَيْلِمَةَ رَسُوْلِ اللهِ إِلٰى مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللهِ، سَلَامٌ عَلَيْكَ أَمَّا بَعْدُ! فَإِنِّيْ قَدْ أُشْرِكْتُ فِي الْأَمْرِ مَعَكَ وَإِنَّ لَنَا نِصْفَ الْأَرْضِ وَلِقُرَيْشٍ نِصْفَ الْأَرْضِ وَلٰكِنَّ قُرَيْشًا قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ: نبی ﷺ نے ان کو جواب لکھا: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللهِ إِلٰى مُسَيْلِمَةَ الْكَذَّابِ، السَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى! أَمَّا بَعْد! فَإِنَّ الْأَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ، وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ: سیرت ابن ہشام میں ہے کہ یہ خط وکتابت سن ۱۰ ہجری کے آخر میں ہوئی ہے، یعنی اس نے نبی ﷺ کی حیات میں نبوت کا دعوی کیا ہے، ابھی اس کے فتنہ سے آپؐ نہیں نمٹے تھے کہ آپؐ کی وفات ہوگئی، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جب خلیفہ ہوئے تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو بڑے لشکر کے ساتھ روانہ کیا، انھوں نے بنوحنیفہ کے علاقہ پر حملہ کیا اور خاص طور پر مسیلمہ کا ارادہ کیا، یہ جنگ یمامہ کہلاتی ہے، اس میں بارہ سو مسلمان شہید ہوئے، جن میں ساڑھے چار سو صحابہ تھے، جنگ میں حضرت خالدؓ کو کامیابی ملی، اور مسیلمہ سن ۱۲ ہجری میں مارا گیا اور فتنہ فرو ہوا۔

[٤٣٧٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ مُسَيْلِمَةُ الْكَذَّابُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَجَعَلَ يَقُوْلُ: إِنْ جَعَلَ لِيْ مُحَمَّدٌ الْأَمْرَ مِنْ بَعْدِهِ تَبِعْتُهُ، وَقَدِمَهَا فِيْ بَشَرٍ كَثِيْرٍ مِنْ قَوْمِهِ، فَأَقْبَلَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَعَهُ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، وَفِيْ يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قِطْعَةُ جَرِيْدٍ، حَتّٰى وَقَفَ عَلٰى مُسَيْلِمَةَ فِيْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: " لَوْ سَأَلْتَنِيْ هٰذِهِ الْقِطْعَةَ مَا أَعْطَيْتُكَهَا وَلَنْ تَعْدُوَ أَمْرَ اللّٰهِ فِيْكَ، وَلَئِنْ أَدْبَرْتَ لَيَعْقِرَنَّكَ اللّٰهُ، وَإِنِّيْ لَأَرَاكَ الَّذِيْ أُرِيْتُ فِيْهِ مَا رَأَيْتُ، وَهٰذَا ثَابِتٌ يُجِيْبُكَ عَنِّيْ" ثُمَّ انْصَرَفَ عَنْهُ. [راجع: ٣٦٢٠]

[٤٣٧٤-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَسَأَلْتُ عَنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّكَ أُرَى الَّذِيْ أُرِيْتُ فِيْهِ مَا رَأَيْتُ" فَأَخْبَرَنِيْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ فِيْ يَدَيَّ سِوَارَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ، فَأَهَمَّنِيْ شَأْنُهُمَا، فَأُوْحِيَ إِلَيَّ فِي الْمَنَامِ أَنِ انْفُخْهُمَا، فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا، فَأَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ بَعْدِيْ، أَحَدُهُمَا الْعَنْسِيُّ، وَالآخَرُ مُسَيْلِمَةُ"[راجع: ٣٦٢١]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: مہا جھوٹا مسیلمہ نبی ﷺ کے زمانہ میں (مدینہ) آیا اور اس نے کہنا شروع کیا: اگر محمد (ﷺ) میرے لئے اپنے بعد (خلافت) گردانیں تو میں ان کی پیروی کروں اور وہ مدینہ میں آیا اپنی قوم کے بہت سارے لوگوں کے ساتھ، پس نبی ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے درانحالیکہ آپؐ کے ساتھ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ تھے اور نبی ﷺ کے ہاتھ میں کھجور کی ٹہنی کا ٹکڑا تھا، آپؐ مسیلمہ اور اس کے ساتھیوں کے سامنے کھڑے ہوئے اور فرمایا: اگر تو

مجھ سے لکڑی کا یہ ٹکڑا مانگے تو بھی میں وہ تجھے نہیں دوں گا، اور ہر گز نہیں بڑھے گا تو اللہ کے فیصلہ سے جو تیرے بارے میں ہے یعنی جو مقدر ہے وہ ہو کر رہے گا، اور بخدا! اگر پیٹھ پھیری تو نے تو زخمی کریں گے اللہ تعالیٰ تجھ کو یعنی ہلاک کریں گے، اور بیشک میں البتہ گمان کرتا ہوں تجھے وہ جو دکھلایا گیا ہوں میں خواب میں جو دیکھا میں نے، اور یہ ثابت بن قیسؓ ہیں جو تجھے میری طرف سے جواب دیں گے، یعنی تجھے جو کہنا ہے کہہ، ثابتؓ جواب دیں گے، پھر آپؐ اس کے پاس سے لوٹ آئے یعنی اپنی بات کہہ کر واپس لوٹ گئے۔

ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس میں نے نبی ﷺ کے اس ارشاد کے بارے میں کہ بیشک میں تجھے گمان کرتا ہوں جو دکھلایا گیا ہوں خواب میں جو میں نے دیکھا: اس ارشاد کی تفصیل میں نے (دوسرے) صحابہ سے پوچھی تو مجھے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتلایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: دریں اثناء کہ میں سویا ہوا تھا (خواب میں) دیکھی میں نے اپنے دونوں ہاتھوں میں سونے کی دو چوڑیاں، پس غمگین کیا مجھے ان دونوں کے معاملہ نے، پس وحی کی گئی میری طرف خواب میں کہ دونوں کو پھونک دیجئے، پس میں نے دونوں کو پھونک دیا، تو دونوں اڑ گئیں، پس مطلب لیا میں نے دونوں چوڑیوں کا دو مہا جھوٹے جو میرے بعد نکلیں گے یعنی نبوت کا جھوٹا دعوی کریں گے ان میں سے ایک اسود عنسی ہے اور دوسرا مسیلمہ کذاب ہے۔

تشریح: اسود عنسی کو حیاتِ نبوی کے آخر میں حضرت فیروز دیلمیؓ نے قتل کیا اور مسیلمہ کو جنگِ یمامہ میں وحشیؓ نے قتل کیا، اور چوڑیاں ایک طرح کی بیڑیاں ہیں جو کوئی چیز پکڑنے میں مانع، اور عمل میں رکاوٹ بنتی ہیں، اسی لئے لوگ گھڑی بائیں ہاتھ میں باندھتے ہیں، پس ہاتھ میں چوڑیاں نبی ﷺ کے مشن میں دخل اندازی ہے، اس وجہ سے آپؐ کو ہاتھوں میں چوڑیاں ہونا خواب میں برا معلوم ہوا، مگر امت نے جدوجہد کی تو دونوں جھوٹے مدعیانِ نبوت کا فتنہ ختم ہو گیا، یہ پھونک مارنے سے چوڑیوں کا اڑ جانا ہے۔

[٤٣٧٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيْتُ بِخَزَائِنِ الْأَرْضِ، فَوُضِعَ فِيْ كَفَّيَّ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ، فَكَبُرَا عَلَيَّ، فَأُوْحِيَ إِلَيَّ أَنِ انْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَذَهَبَا، فَأَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَيْنِ اللَّذَيْنِ أَنَا بَيْنَهُمَا: صَاحِبَ صَنْعَاءَ، وَصَاحِبَ الْيَمَامَةِ" [راجع: ٣٦٢١]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: دریں اثناء کہ میں سویا ہوا تھا، لایا گیا میں زمین کے خزانے، یعنی آپؐ نے خواب دیکھا کہ آپؐ کے پاس زمین کے خزانے لائے گئے، مراد شہروں کا فتح ہونا، اور ان کے اموال کا لینا ہے، پس رکھے گئے میری دونوں ہتھیلیوں میں سونے کے دو کنگن، پس بھاری ہوئے وہ مجھ پر یعنی ناگوار ہوئے، پس وحی کی گئی میری طرف کہ پھونک دیں آپ ان کو، میں نے ان کو پھونک دیا وہ دونوں کافور ہو گئے، پس مطلب لیا میں نے دو چوڑیوں کا وہ دو مہا جھوٹے جن

کے درمیان میں ہوں، صنعاء والا یعنی اسود عنسی اور یمامہ والا یعنی مسیلمہ کذاب۔

[٤٣٧٦-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مَهْدِيَّ بْنَ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيَّ يَقُوْلُ: كُنَّا نَعْبُدُ الْحَجَرَ فَإِذَا وَجَدْنَا حَجَرًا هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ أَلْقَيْنَاهُ وَأَخَذْنَا الآخَرَ، فَإِذَا لَمْ نَجِدْ حَجَرًا جَمَعْنَا جُثْوَةً مِنْ تُرَابٍ، ثُمَّ جِئْنَا بِالشَّاةِ فَحَلَبْنَاهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ طُفْنَا بِهِ، فَإِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَجَبٍ قُلْنَا: مُنْصِلُ الأَسِنَّةِ، فَلاَ نَدَعُ رُمْحًا فِيْهِ حَدِيْدَةٌ وَلاَ سَهْمًا فِيْهِ حَدِيْدَةٌ، إِلَّا نَزَعْنَاهُ، فَأَلْقَيْنَاهُ شَهْرَ رَجَبٍ.

[٤٣٧٧-] قَالَ: وَسَمِعْتُ أَبَا رَجَاءٍ يَقُوْلُ: كُنْتُ يَوْمَ بُعِثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم غُلاَمًا أَرْعَى الإِبِلَ عَلٰى أَهْلِيْ، فَلَمَّا سَمِعْنَا بِخُرُوْجِهِ فَرَرْنَا إِلَى النَّارِ، إِلٰى مُسَيْلِمَةَ الْكَذَّابِ.

ترجمہ: ابورجاء عمران عطاردی (تابعی) کہتے ہیں: ہم پتھروں کی پوجا کرتے تھے، پس جب ہم پاتے کوئی پتھر جو پہلے پتھر سے بہتر ہوتا تو ہم پہلے پتھر کو پھینک دیتے اور دوسرے پتھر کو معبود بنا لیتے، اور جب ہم کوئی پتھر نہیں پاتے تھے تو مٹی کی ایک ڈھیری کرتے، پھر ہم بکری لاتے اور اس پر دوہتے، پھر ہم اس کا طواف کرتے، پس جب رجب کا مہینہ شروع ہوتا تو ہم کہتے: مُنْصِلُ الأَسِنَّةِ: (پیکان الگ کرنے کا مہینہ) پس ہم نہیں چھوڑتے تھے کسی بھالے کو جس میں کوئی پھل ہو اور نہ کسی تیر کو جس میں کوئی لوہا ہو، مگر ہم اس کو نکال دیتے تھے، اور ہم اس کو ڈال دیتے تھے، رجب کے مہینہ بھر۔

مہدی بن میمون کہتے ہیں: میں نے ابورجاء عطاردیؒ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس وقت نبی ﷺ مبعوث کئے گئے میں لڑکا تھا، اپنی فیملی کے اونٹ چراتا تھا، پس جب ہم نے نبی ﷺ کے ظہور کی خبر سنی یعنی مکہ فتح ہو گیا تو ہم دوزخ کی طرف بھاگے یعنی مسیلمہ کذاب کی طرف بھاگے (یہاں باب ہے، ابورجاء بھی ان لوگوں میں تھے جو مرتد ہو گئے تھے، پھر ایمان کی طرف واپس لوٹے)

بَابُ قِصَّةِ الأَسْوَدِ الْعَنَسِيِّ

اسود عنسی کا قصہ

یہ باب الشیئُ بِالشیئِ یُذْکر کے قبیل سے ہے، مسیلمہ کذاب کا ذکر آیا تو دوسرے متنبّی کا بھی تذکرہ کر دیا۔

اسود عنسی: أسود: لقب، عَیْهَلَة (عین کے بعد ی) بن کعب: نام، عَنْسی مَذْحِجی قبائلی نسبتیں، مَذحِج: قحطانی قبیلہ ہے، اور عنس بن مالک اس کا بطن ہے، وطن: یمن، متنبّی: نبوت کا جھوٹا دعوی دار، اسود: بڑا شعبدہ باز تھا، کہتا تھا: میرے تابع دو جن ّہیں جو مجھے غیب کی خبریں دیتے ہیں، باذان (صنعاء کے گورنر) کے انتقال کے بعد اسود کا فتنہ بہت تیزی سے پھیلا، اس نے باذان کی بیوی مرزبانہ سے نکاح کر لیا، حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ نے مرزبانہ سے رابطہ قائم کر کے اسود

کے قتل کا منصوبہ بنایا، مرزبانہ نے اس کوخوب شراب پلائی، جب وہ مست ہوگیا تو فیروزؓ اپنے ساتھیوں کے ساتھ دیوار میں نقب لگا کر گھر میں گھسے اور اس کا کام تمام کر دیا، اس کے قتل کے بعد اس کی جماعت منتشر ہوگئی، اسود نبی ﷺ کی وفات سے ایک دن پہلے سن ۱۰ ہجری میں قتل کیا گیا۔

[۷۲-] بَابُ قِصَّةِ الْأَسْوَدِ الْعَنَسِيِّ

[۴۳۷۸-] حَدَّثَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عُبَیْدَةَ بْنِ نَشِیْطٍ - وَكَانَ فِیْ مَوْضِعٍ آخَرَ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ - أَنَّ عُبَیْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ، قَالَ: بَلَغَنَا أَنَّ مُسَیْلِمَةَ الْكَذَّابَ قَدِمَ الْمَدِیْنَةَ فَنَزَلَ فِیْ دَارِ بِنْتِ الْحَارِثِ، وَكَانَتْ تَحْتَهُ ابْنَةُ الْحَارِثِ بْنِ كُرَیْزٍ، وَهِیَ أُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ، فَأَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَمَعَهُ ثَابِتُ بْنُ قَیْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، وَهُوَ الَّذِیْ یُقَالُ لَهُ: خَطِیْبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَفِیْ یَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَضِیْبٌ، فَوَقَفَ عَلَیْهِ فَكَلَّمَهُ، فَقَالَ لَهُ مُسَیْلِمَةُ: إِنْ شِئْتَ خَلَّیْتَ بَیْنَنَا وَبَیْنَ الْأَمْرِ، ثُمَّ جَعَلْتَهُ لَنَا بَعْدَكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: " لَوْ سَأَلْتَنِیْ هٰذَا الْقَضِیْبَ مَا أَعْطَیْتُكَهُ، وَإِنِّیْ لَأَرَاكَ الَّذِیْ أُرِیْتُ فِیْهِ مَا أُرِیْتُ، وَهٰذَا ثَابِتُ بْنُ قَیْسٍ وَسَیُجِیْبُكَ عَنِّیْ" فَانْصَرَفَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم.[راجع: ۳۶۲۰]

[۴۳۷۹-] قَالَ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ عَنْ رُؤْیَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم الَّتِیْ ذَكَرَ؟ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ذُكِرَ لِیْ أَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " بَیْنَا أَنَا نَائِمٌ أُرِیْتُ أَنَّهُ وُضِعَ فِیْ یَدَیَّ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ، فَفُظِعْتُهُمَا وَكَرِهْتُهُمَا، فَأُذِنَ لِیْ، فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا فَأَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَیْنِ یَخْرُجَانِ" قَالَ عُبَیْدُ اللّٰهِ: أَحَدُهُمَا الْعَنَسِیُّ الَّذِیْ قَتَلَهُ فَیْرُوْزُ بِالْیَمَنِ، وَالآخَرُ مُسَیْلِمَةُ.[راجع: ۳۶۲۱]

ترجمہ: صالح بن کیسان: عبیدۃ بن نشیط کے بیٹے سے روایت کرتے ہیں (یہاں یہ بیٹا مبہم ہے، لیکن دوسری جگہ سند میں صراحت ہے کہ بیٹے کا نام عبداللہ تھا، پس اس کے بھائی موسیٰ کا احتمال ختم ہوگیا جو نہایت ضعیف راوی ہے، اور بہتر کان کی جگہ قال ہونا چاہئے یعنی صالح نے دوسری جگہ سند میں عبداللہ کی صراحت کی ہے) عبیداللہ کہتے ہیں: ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ مسیلمہ کذاب مدینہ آیا اور حارث کی بیٹی کے گھر میں اترا، اور حارث بن کُریز کی بیٹی مسیلمہ کے نکاح میں تھی اور وہ عبد اللہ بن عامر کی ماں ہے (یہ تسامح ہے، تفصیل بعد میں ہے) اس کے پاس نبی ﷺ گئے درانحالیکہ آپؐ کے ساتھ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ تھے، اور حضرت ثابتؓ وہ ہیں جن کو رسول اللہ ﷺ کا مقرر کہا جاتا ہے، اور نبی ﷺ کے ہاتھ میں

چھڑی تھی، آپؐ اس کے پاس کھڑے ہوئے اور اس سے بات چیت کی، آپؐ سے مسیلمہ نے کہا: اگر آپؐ چاہیں تو چھوڑ دیں ہمارے درمیان اور معاملہ کے درمیان (یعنی جب تک آپؐ زندہ ہیں، آپؐ کی حکومت رہے، ہمارا اس میں کوئی دخل نہ ہو مصری نسخہ میں یہ جملہ اس طرح ہے: إِنْ شِئْتَ خَلَّيْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْأَمْرِ: اگر آپؐ چاہیں تو تنہا کردیں ہم آپؐ کے درمیان اور معاملہ (حکومت) کے درمیان، یہ جملہ زیادہ واضح ہے) پھر آپؐ اپنے بعد اس کو ہمارے لئے گردانیں، نبی ﷺ نے اس سے فرمایا: اگر مانگے تو مجھ سے یہ چھڑی تو نہیں دوں گا میں تجھے وہ، اور بیشک البتہ گمان کرتا ہوں میں تجھ کو وہ جو دکھلایا گیا ہوں میں نیند میں جو دکھلایا گیا ہوں، اور یہ ثابت بن قیسؓ ہیں وہ عنقریب جواب دیں گے (نبی ﷺ نے اس کو جامع بات بتلادی، اگر اس کو تفصیلی گفتگو کرنے کا شوق ہے تو وہ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ سے کرے) پھر آپؐ لوٹ گئے، عبید اللہ کہتے ہیں: میں نے ابن عباسؓ سے نبی ﷺ کے اس خواب کے بارے میں پوچھا جس کا آپؐ نے تذکرہ کیا، ابن عباسؓ نے کہا: مجھ سے ذکر کیا گیا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: دریں اثناء کہ میں سویا ہوا تھا دکھلایا گیا میں کہ رکھے گئے میرے دونوں ہاتھوں میں سونے کے دو کنگن، پس گھبراہٹ میں مبتلا کردیا مجھے ان دونوں نے اور ناپسند کیا میں نے ان دونوں کو پس حکم دیا گیا مجھے، پس میں نے دونوں کو پھونک دیا، وہ اڑ گئے، پس تعبیر لی میں نے دونوں کنگنوں کی کہ دو مہا جھوٹے نکلیں گے، عبید اللہ کہتے ہیں: ان میں سے ایک عنسی ہے، جس کو یمن میں فیروز نے قتل کیا (یہاں باب ہے، عنسی کا ذکر آیا، پس حدیث باب سے منطبق ہوگئی، امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک حدیث ذکر کرنے کے لئے معمولی مناسبت کافی ہے) اور دوسرا مسیلمہ ہے۔

تشریح: حارث کی بیٹی کا گھر ایک طرح کی سرائے تھی، جس میں وفود اتارے جاتے تھے، بنوقریظہ کے قیدی بھی اسی سرائے میں بند کئے گئے تھے، اور حارث کی اس بیٹی کا نام رملہ تھا، مسیلمہ اور اس کے ساتھی اسی سرائے میں اترے تھے، اور مسیلمہ کی بیوی جو حارث کی بیٹی تھی، اس کا نام كَيِّسَة تھا، وہ دوسری عورت ہے اور وہ اس وقت مدینہ میں نہیں تھی، یمامہ میں مسیلمہ کے یہاں تھی، اس کے قتل کے بعد اس سے اس کے چچازاد بھائی عبداللہ بن عامر نے نکاح کیا، پس هی أم عبد الله بن عامر تسامح ہے، عبداللہ کی ماں نہیں تھی، اس کی بیوی تھی۔

بَابُ قِصَّةِ أَهْلِ نَجْرَانَ

نصاریٰ نجران کا وفد

نجران یمن کا مشہور شہر ہے، وہ عیسائیوں کی آبادی تھی، نجران کے ساٹھ عیسائیوں کا ایک مؤقر و معزز وفد نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اس میں تین شخص ـــــ (۱) عبدالمسیح عاقب بحیثیت امارت و سیادت کے (۲) ایہم السیّد بلحاظ رای و تدبیر کے (۳) اور ابوحارثہ علقمہ باعتبار سب سے بڑے مذہبی عالم اور لاٹ پادری کے ـــــ عام شہرت اور امتیاز رکھتے تھے،

یہ تیسرا شخص اصل میں عرب کے مشہور قبیلہ بنی بکر بن وائل سے تعلق رکھتا تھے، پھر پکا نصرانی بن گیا، سلاطین روم نے اس کی مذہبی صلاحیت اور مجد وشرف کو دیکھتے ہوئے بڑی تعظیم وتکریم کی، علاوہ بیش قرار مالی امداد کے اس کے لئے گرجے تعمیر کئے اور امور مذہبی کے اعلی منصب پر مامور کیا، یہ وفد بارگاہِ رسالت میں بڑی آن بان سے حاضر ہوا، اور اس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیثیت کے بارے میں نبی ﷺ سے گفتگو کی، سورۂ آلِ عمران کی ابتدائی آیتیں (اسّی نوے آیات) اسی واقعہ میں نازل ہوئی ہیں، نصاریٰ اس بات پر نبی ﷺ سے بہت جھگڑے کہ عیسیٰ علیہ السلام بندے نہیں ہیں، بلکہ اللہ کے بیٹے ہیں، وہ کہنے لگے: اگر وہ اللہ کے بیٹے نہیں ہیں تو بتاؤ کس کے بیٹے ہیں؟ آلِ عمران کی آیت ۵۹ کے ذریعہ ان کو جواب دیا گیا کہ آدم علیہ السلام کے باپ تھے نہ ماں، پس اگر عیسیٰ علیہ السلام کے باپ نہ ہوں تو کیا عجب! پھر آیت ۶۱ میں حکم نازل کیا گیا کہ اگر یہ لوگ اس قدر سمجھانے پر بھی عیسیٰ علیہ السلام کی بشریت کے قائل نہیں ہوتے تو ان کے ساتھ مباہلہ کیا جائے، اس کی صورت یہ ہو کہ دونوں فریق اپنی ذات سے اور اولاد سے حاضر ہوں، اور خوب گڑگڑا کر دعا کریں، جو جھوٹا ہے اس پر خدا کی لعنت ہو، اور عذاب پڑے، وفد نے دعوتِ مباہلہ سن کر مہلت لی کہ ہم مشورہ کر کے جواب دیتے ہیں، مجلس مشاورت میں ان کے ہوش مند تجربہ کار ذمہ داروں نے کہا: اے گروہ انصار! تم یقیناً دلوں میں سمجھ چکے ہو کہ محمد (ﷺ) نبی مرسل ہیں، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں انھوں نے صاف صاف فیصلہ کن باتیں کہی ہیں اور تمہیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسماعیل میں نبی بھیجنے کا وعدہ کیا تھا، پس کچھ بعید نہیں کہ یہ وہی نبی ہوں، اور ایک نبی سے مباہلہ کرنے کا نتیجہ کسی قوم کے حق میں یہی نکل سکتا ہے کہ ان کا کوئی چھوٹا بڑا ہلاکت یا عذاب سے نہ بچے، اور پیغمبر کی لعنت کا اثر نسلوں تک پہنچ کر رہے گا، بہتر یہی ہے کہ ہم ان سے صلح کر کے واپس لوٹ جائیں، کیونکہ سارے عرب سے لڑائی مول لینے کی ہم میں طاقت نہیں، وہ لوگ یہ تجویز پاس کر کے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور سالانہ جزیہ دینا قبول کیا اور صلح کر کے واپس چلے گئے۔

(ماخوذ از فوائد شیخ الہند)

اور حاشیہ میں ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ سے ایک ہزار جوڑوں پر ماہ رجب میں اور ایک ہزار جوڑوں پر ماہِ صفر میں اور ہر جوڑے کے ساتھ ایک اوقیہ چاندی پر صلح کی۔

[۷۳-] بَابُ قِصَّةِ أَهْلِ نَجْرَانَ

[۴۳۸۰-] حَدَّثَنِيْ عَبَّاسُ بْنُ الْحُسَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ آدَمَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: جَاءَ الْعَاقِبُ وَالسَّيِّدُ صَاحِبَا نَجْرَانَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يُرِيْدَانِ أَنْ يُلاَعِنَاهُ، قَالَ: فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: لاَ تَفْعَلْ، فَوَ اللّٰهِ لَئِنْ كَانَ نَبِيًّا فَلاَ عَنَّا لاَ نُفْلِحُ نَحْنُ وَلاَ عَقِبُنَا مِنْ بَعْدِنَا، قَالاَ: إِنَّا نُعْطِيْكَ مَا سَأَلْتَنَا، وَابْعَثْ مَعَنَا رَجُلاً أَمِيْنًا، وَلاَ تَبْعَثْ مَعَنَا إِلاَّ

أَمِيْنًا، فَقَالَ: '' لَأَبْعَثَنَّ مَعَكُمْ رَجُلاً أَمِيْنًا حَقَّ أَمِيْنٍ حَقَّ أَمِيْنٍ، فَاسْتَشْرَفَ لَهُ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: '' قُمْ يَا أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ'' فَلَمَّا قَامَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''هٰذَا أَمِيْنُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ''[راجع: ٣٧٤٥]

ترجمہ: حضرت حذیفة بن الیمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: عاقب اور سید وفد نجران کے دو بڑے آدمی نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، دونوں چاہتے تھے کہ آپؐ سے مباہلہ کریں، ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: مباہلہ مت کرو، پس بخدا! اگر وہ نبی ہوئے اور ہم نے مباہلہ کیا تو ہم کبھی کامیاب نہیں ہونگے، اور ہمارے بعد ہماری نسلیں بھی کامیاب نہیں ہونگی، چنانچہ دونوں نے کہا: ہم آپؐ کو دیں گے جو آپؐ نے ہم سے مانگا ہے، یعنی جزیہ، پس بھیجئے ہمارے ساتھ کسی دیانت دار آدمی کو اور نہ بھیجیں آپؐ ہمارے ساتھ مگر کسی دیانت دار آدمی کو، پس آپؐ نے فرمایا: ضرور بھیجوں گا میں تمہارے ساتھ دیانت دار آدمی کو جو واقعی دیانت دار ہے، جو واقعی دیانت دار ہے (تکرار تاکید کے لئے ہے) پس نگاہ اٹھا کر دیکھا اس عہدہ کو صحابہ کرام نے، پس آپؐ نے فرمایا: اے ابوعبیدة! کھڑے ہوؤ، جب وہ کھڑے ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: ''یہ اس امت کا دیانت دار آدمی ہے''

فائدہ: حضرت ابوعبیدة بن الجراح رضی اللہ عنہ اس امت کے امانت دار ہیں، حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ من جملہ عشرۂ مبشرہ اور فاتح شام ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کو حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کی جگہ اسلامی افواج کا سپہ سالار مقرر کیا تھا، ہجرت سے چالیس سال پہلے پیدا ہوئے اور طاعون عمواس میں ۱۸ ہجری میں وفات پائی۔

[٤٣٨١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: جَاءَ أَهْلُ نَجْرَانَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالُوْا: ابْعَثْ لَنَا رَجُلاً أَمِيْنًا، فَقَالَ: '' لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكُمْ رَجُلاً أَمِيْنًا حَقَّ أَمِيْنٍ'' فَاسْتَشْرَفَ لَهُ النَّاسُ فَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ.[راجع: ٣٧٤٥]

[٤٣٨٢-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِيْنٌ، وَأَمِيْنُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ''[راجع: ٣٧٤٤]

حضرت ابوعبیدة رضی اللہ عنہ اس امت کے امانت دار آدمی ہیں

حدیث (۱): حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نجران کے لوگ نبی ﷺ کے پاس آئے، انھوں نے کہا: بھیجئے ہمارے ساتھ کسی دیانت دار آدمی کو، آپؐ نے فرمایا: ضرور بھیجوں گا میں تمہاری طرف دیانت دار آدمی کو جو واقعی دیانت دار ہے، پس لوگ اس کے لئے اونچے ہوئے (تاکہ ان پر نبی ﷺ کی نظر پڑے اور آپؐ ان کا انتخاب فرمائیں) پس آپؐ نے ابوعبیدة رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ہر امت میں کوئی دیانت دار ہوتا ہے اور ہمارے دیانت دار اے امت محمدیہ! ابو عبیدۃ بن الجراحؓ ہیں!

فائدہ: مباہلہ اور ملاعنہ کے معنی ہیں: ایک دوسرے کے لئے لعنت کی بد دعا کرنا، اور مباہلہ نبی ﷺ کے ساتھ خاص تھا یا امت بھی مباہلہ کی دعوت دے سکتی ہے؟ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ تجربہ یہ ہے کہ مباہلہ کرنے کے بعد جو باطل پر ہوتا ہے وہ ایک سال سے زیادہ زندہ نہیں رہتا، اور خود اپنے بارے میں لکھا ہے کہ ایک ملحد سے میرا مباہلہ ہوا تو اس پر دو ماہ بھی نہیں گذرے تھے کہ وہ مرگیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ مباہلہ خاص نہیں۔

واقعہ: حضرت مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ نے کادیان جاکر کادیانی کو مباہلہ کا چیلنج دیا کہ جامع مسجد کے مینارے پر چڑھ کر نیچے کودتے ہیں جو حق پر ہے وہ زندہ رہے گا، اور جو باطل پر ہے وہ مرجائے گا، مولانا بخاری رحمہ اللہ ایک ماہ تک کادیان میں تقریریں کرتے رہے، اور چیلنج دیتے رہے، مگر مرزا غلام احمد کادیانی اس طرح مباہلہ کرنے کے لئے تیار نہیں ہوا، پھر مولانا بخاریؒ دیوبند آئے، حضرت علامہ کشمیری قدس سرہ سے ملے، شاہ صاحب نے مولانا بخاریؒ سے کہا: آپ نے یہ کیا چیلنج دیا؟ کیا آپ کو یقین تھا کہ مینارے سے کودنے کے بعد آپ زندہ رہیں گے؟ مولانا بخاری رحمہ اللہ نے کہا: حضرت! میں باؤلا تھا جو کودتا، اس خبیث کو اٹھا کر نیچے پھینکتا، اور اگر مجھے کودنا پڑتا تو ایک عطاء اللہ شہید ہوتا اور ایک فتنہ ختم ہوتا! معلوم ہوا کہ مباہلہ نبی ﷺ کے ساتھ خاص نہیں، کچھ شرائط کے ساتھ امت بھی مباہلہ کا چیلنج دے سکتی ہے، علامہ دوّانی شافعی رحمہ اللہ نے اس موضوع پر ایک رسالہ لکھا ہے جس میں مباہلہ کی شرطیں بیان کی ہیں، مزید تفصیل فیض الباری (۴: ۱۲۴) میں ہے۔

بَابُ قِصَّةِ عُمَانَ وَالْبَحْرَيْنِ

عُمان اور بحرین کا قصہ (قبیلہ عبد القیس کا وفد)

بحرین قبیلہ عبد القیس کا شہر تھا، اور عُمان (عین پر پیش، میم پر زبر) اس کے قریب ایک شہر کا نام ہے، نبی ﷺ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو ان کی طرف اسلام کی دعوت دینے کے لئے بھیجا، لوگوں نے اسلام قبول کیا، اور ذی قعدہ ۸ ہجری میں ان کا وفد آیا، روایات میں صرف بحرین کا ذکر ہے عُمان کا ذکر نہیں، عمان: بحرین کے قریب ہی واقع ہے۔

ملحوظہ: ایک عَمّان (عین کا زبر اور میم مشدد) شہر ہے، پہلے وہ شام کا حصہ تھا، اب وہ اردن کا دار السلطنت ہے، وہ یہاں مراد نہیں، یہاں مراد بحرین والا عُمان ہے، اور طحاوی کی ایک روایت میں بھی وہی مراد ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے ایک ایسا شہر معلوم ہے جس کو عُمان کہا جاتا ہے اس کے کنارہ کو دریا چھوتا ہے یعنی وہ شہر ساحل سمندر پر واقع ہے اگر میرے نمائندے وہاں جائیں تو وہ لوگ نہ تیر ماریں گے نہ پتھر! یعنی دعوت فوراً قبول کرلیں گے۔

[٧٤-] بَابُ قِصَّةِ عُمَانَ وَالْبَحْرَيْنِ

[٤٣٨٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ جابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَوْ قَدْ جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ لَقَدْ أَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا" ثَلاثًا، فَلَمْ يَقْدَمْ مَالُ الْبَحْرَيْنِ حَتَّى قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا قَدِمَ عَلٰى أَبِيْ بَكْرٍ أَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: مَنْ كَانَ لَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ دَيْنٌ أَوْ عِدَةٌ فَلْيَأْتِنِيْ، قَالَ جَابِرٌ: فَجِئْتُ أَبَا بَكْرٍ فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَوْ جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ أَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا" ثَلاثًا، قَالَ: فَأَعْطَانِيْ، قَالَ جَابِرٌ: فَلَقِيْتُ أَبَا بَكْرٍ بَعْدَ ذٰلِكَ فَسَأَلْتُهُ فَلَمْ يُعْطِنِيْ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ الثَّانِيَةَ فَلَمْ يُعْطِنِيْ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ الثَّالِثَةَ فَلَمْ يُعْطِنِيْ، فَقُلْتُ لَهُ: قَدْ أَتَيْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِيْ، ثُمَّ أَتَيْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِيْ، ثُمَّ أَتَيْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِيْ، فَإِمَّا أَنْ تُعْطِيَنِيْ وَإِمَّا أَنْ تَبْخَلَ عَنِّيْ، فَقَالَ: أَ قُلْتَ: تَبْخَلُ عَنِّيْ؟ وَأَيُّ دَاءٍ أَدْوَأُ مِنَ الْبُخْلِ، قَالَهَا ثَلاثًا، مَا مَنَعْتُكَ مِنْ مَرَّةٍ إِلَّا وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ أُعْطِيَكَ.

وَعَنْ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: جِئْتُهُ فَقَالَ لِيْ أَبُوْ بَكْرٍ، عُدَّهَا، فَعَدَدْتُهَا فَوَجَدْتُهَا خَمْسَ مِائَةٍ، فَقَالَ: خُذْ مِثْلَهَا مَرَّتَيْنِ.[راجع: ٢٢٩٦]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھ سے وعدہ فرمایا کہ جب بحرین کا محصول آئے گا تو میں تجھے اتنا اتنا اور اتنا دوں گا، تین مرتبہ، پس نبی ﷺ نے مجھے وہ روپیہ دیا (جب وعدہ کیا تو گویا دیا) پھر میں ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملا، اور روپیہ مانگا تو انھوں نے نہیں دیا، میں پھر گیا تب بھی نہیں دیا، تیسری مرتبہ جب نہیں دیا تو میں نے کہا: آپ کو روپیہ دینا ہو تو دیں ورنہ صاف کہیں، آپؓ بخل سے کام لے رہے ہیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ یہ بات سن کر سخت ناراض ہوئے اور کہا: آپ مجھے بخل کا طعنہ دیتے ہیں؟ اس سے بدتر اور کوئی بیماری نہیں ہوسکتی، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ بات تین مرتبہ کہی، پھر کہا: میں نے تینوں مرتبہ روپئے نہیں دیئے مگر میری نیت دینے کی تھی، اور دوسری سند سے اسی روایت میں ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک لپ بھر کر روپئے ڈالے اور کہا: انہیں گن، میں نے گنے تو وہ پانچ سو روپئے تھے، آپؓ نے فرمایا: اس کا دوگنا لے لے (پس تین لپ ہوگئے اور بحرین کا یہ مال جزیہ کا مال تھا ان کے ساتھ مصالحت ہوئی تھی)

بَابُ قُدُوْمِ الْأَشْعَرِيِّيْنَ وَأَهْلِ الْيَمَنِ

اشعری اور یمن والوں کا آنا

اس باب میں مختلف وفود کا ذکر ہے اور سب کا زمانہ ایک نہیں، اشعری صحابہ فتح خیبر کے موقع پر سن ۷ ہجری میں آئے

ہیں، اور یمن کے حِمیر قبیلہ کے لوگ سن ۹ ہجری میں آئے ہیں، اور نخع کا وفد محرم سن ۱۱ ہجری میں آیا تھا، پس سب کا زمانہ ایک نہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے لفظ وفد استعمال نہیں کیا، قدوم (آنا) کہا ہے، کیونکہ اشعری صحابہ ہجرت کر کے مدینہ آئے تھے، واپس نہیں گئے تھے اور حِمیر کا وفد علم حاصل کرنے کے لئے آیا تھا، باب میں حدیث آرہی ہے کہ بنوتمیم نے خوشخبری قبول نہیں کی، پھر یمن کے لوگ آئے، انھوں نے خوشخبری قبول کی، یہ حمیر کے لوگ تھے جو ابتدائے آفرینش کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے آئے تھے، وہ اپنی قوم کا ایمان پیش کرنے نہیں آئے تھے، مگر دونوں جماعتیں وفد کے مشابہ تھیں، اس لئے وفود کے بیان میں ان کا تذکرہ کیا۔

پھر معلق روایت ہے کہ اشعری صحابہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں، یعنی وہ میرے ہم مزاج ہیں اور میں ان کا ہم مزاج ہوں، یہ روایت حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مسلم شریف میں مروی ہے (حدیث ۲۵۰۰ کتاب فضائل الصحابة حدیث ۱۶۷ باب ۲۹) اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کے بھائی ابوعامر اشعری رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے: (ترمذی حدیث ۳۸۷۶، مشکوٰۃ حدیث ۵۹۸۱ باب مناقب قریش وذکر القبائل)

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اور میرا بھائی یمن سے آئے (یہاں باب ہے) پس ہم ٹھہرے رہے ایک وقت تک، نہیں گمان کرتے تھے ہم ابن مسعودؓ کو اور ان کی والدہ (ام عبد) کو مگر خاندانِ نبوت سے ان کے بکثرت آنے جانے کی وجہ سے اور ان کے خاندانِ نبوت کے ساتھ چپکے رہنے کی وجہ سے۔

[۷۵-] بَابُ قُدُوْمِ الْأَشْعَرِيِّيْنَ وَأَهْلِ الْيَمَنِ

وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "هُمْ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْهُمْ"

[۴۳۸۴-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَإِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالاَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: قَدِمْتُ أَنَا وَأَخِيْ مِنَ الْيَمَنِ فَمَكَثْنَا حِيْنًا مَا نُرَى ابْنَ مَسْعُوْدٍ وَأُمَّهُ إِلَّا مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ، مِنْ كَثْرَةِ دُخُوْلِهِمْ وَلُزُوْمِهِمْ لَهُ.

[راجع: ۳۷۶۳]

آئندہ حدیث: ابوقلابہ جَرمی: زہدم جَرمی سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ آئے تو انھوں نے اس جرمی قبیلہ کو عزت بخشی (حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے کوفہ میں اسی قبیلہ میں قیام کیا تھا، یہ عزت بخشا ہے) اور بیشک ہم ابوموسیٰ اشعریؓ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور وہ صبح کے کھانے میں مرغی کھا رہے تھے، اور لوگوں میں ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا، ابوموسیٰ اشعریؓ نے اس کو صبح کے کھانے کے لئے بلایا، اس نے کہا: میں نے مرغی کو دیکھا ہے کسی چیز (گندگی) کو

کھاتے ہوئے، پس مجھے اس سے گھن آتی ہے، ابوموسیٰؓ نے کہا: آ، میں نے نبی ﷺ کو مرغی کھاتے دیکھا ہے یعنی مرغیاں جو آج کھاتی ہیں وہی دورِ نبوی میں بھی کھاتی تھیں، پھر بھی نبی ﷺ نے اس کو کھایا ہے، اس شخص نے کہا: میں نے قسم کھائی ہے کہ مرغی نہیں کھاؤں گا، ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا: آ، میں تجھے بتلاتا ہوں تیری قسم کے بارے میں، یعنی تجھے اپنی قسم سے کیسے نکلنا ہے؟ اس کا طریقہ میں تجھے بتلاتا ہوں، ہم قبیلہ اشعر کے چند لوگ نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، ہم نے آپؐ سے (سفر تبوک کے لئے) سواریاں طلب کیں، آپؐ نے ہمیں سواریاں دینے سے انکار کیا، پھر (دوسری مرتبہ) ہم نے آپؐ سے سواریاں طلب کیں، آپؐ نے قسم کھائی کہ ہمیں سواریاں نہیں دیں گے، پھر نبی ﷺ زیادہ دیر نہیں ٹھہرے کہ لائے گئے غنیمت میں ملے ہوئے اونٹ، پس حکم دیا آپؐ نے ہمارے لئے پانچ اونٹوں کا، جب ہم نے ان پر قبضہ کرلیا تو کہا: غفلت میں رکھا ہم نے نبی ﷺ کو آپؐ کی قسم سے، نہیں کامیاب ہونگے ہم غفلت میں رکھنے کے بعد کبھی بھی، یعنی نبی ﷺ اپنی قسم بھول گئے، اور بے خبری میں ہمیں اونٹ دیدیئے، پس ہم یہ اونٹ لے کر کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے، پس میں آپؐ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ نے قسم کھائی تھی کہ آپؐ ہمیں سواریاں نہیں دیں گے درانحالیکہ آپؐ نے ہمیں سواریاں دیں، آپؐ نے فرمایا: ہاں، یعنی میں نے قسم کھائی تھی، لیکن نہیں کھاتا ہوں میں کوئی قسم پس دیکھتا ہوں میں اس کے علاوہ کو اس سے بہتر مگر کرتا ہوں وہ کام جو اس سے بہتر ہوتا ہے۔

تشریح: پہلے (حدیث ۳۱۳۳) وَتَحَلَّلْتُهَا بھی اس حدیث میں آیا ہے، جس کے معنی ہیں: ایسی قسم کھانا جس کے خلاف کرنے سے کفارہ واجب نہیں ہوتا، حنفیہ کی اصطلاح میں اسے 'یمین فور' کہتے ہیں، آپؐ نے جو قسم کھائی تھی وہ ایسی ہی تھی، پھر آپؐ نے مسئلہ بتلایا کہ اگر کوئی شخص قسم کھائے کہ ماں باپ سے نہیں بولے گا پھر اس کو قسم کے خلاف میں خیر نظر آئے، یعنی ماں باپ سے بولنا بہتر نظر آئے تو اسے قسم توڑ کر کفارہ دینا چاہئے قسم پر برقرار نہیں رہنا چاہئے۔

تطبیق: کرمانی کہتے ہیں: لَمَّا قَدِمَ أَبُوْ مُوْسَى سے یمن سے آنا مراد ہے، مگر حاشیہ میں اس پر اعتراض ہے کہ یہ تو مدینہ سے کوفہ آنا ہے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو کوفہ کا امیر مقرر کیا تھا۔

دوسرا احتمال: أَتَيْنَا النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَفَرٌ مِنَ الْأَشْعَرِيِّينَ: ہم قبیلہ اشعر کے چند لوگ نبی ﷺ کے پاس آئے: یہ یمن سے آنا ہے، مگر یہ بات بھی صحیح نہیں، یہ قصہ تو غزوۂ تبوک کے موقع کا ہے، یہ حضرات اپنی قیام گاہوں سے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تھے، یمن سے آنا مراد نہیں، پس حدیث کی باب سے تطبیق غیر واضح ہے۔

[۴۳۸۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ زَهْدَمٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ أَبُوْ مُوْسٰى أَكْرَمَ هٰذَا الْحَيَّ مِنْ جَرْمٍ، وَإِنَّا لَجُلُوْسٌ عِنْدَهُ وَهُوَ يَتَغَدّٰى دَجَاجًا، وَفِي الْقَوْمِ

رَجلٌ جَالِسٌ، فَدعَاهُ إِلٰى الْغدَاءِ، فَقَالَ: إِنِّى رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ شَيْئًا فَقَذِرْتُهُ، قَالَ: هَلُمَّ، فَإِنِّى رَأَيْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُهُ، قَالَ: إِنِّى حَلَفْتُ لاَ آكُلُهُ، قَالَ: هَلُمَّ، أُخْبِرْكَ عَنْ يَمِيْنِكَ، إِنَّا أَتَيْنَا النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم نَفَرٌ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ، فَاسْتَحْمَلْنَاهُ فَأَبٰى أَنْ يَحْمِلَنَا، فَاسْتَحْمَلْنَاهُ، فَحَلَفَ أَنْ لاَ يَحْمِلَنَا، ثُمَّ لَمْ يَلْبَثِ النَبِىُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ أُتِىَ بِنَهْبِ إِبِلٍ فَأَمَرَ لَنَا بِخَمْسِ ذَوْدٍ، فَلَمَّا قَبَضْنَاهَا قُلْنَا: تَغَفَّلْنَا النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَمِيْنَهُ، لاَ نُفْلِحُ بَعْدَهَا أَبَدًا، فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّكَ حَلَفْتَ أَنْ لاَتَحْمِلَنَا وَقَدْ حَمَلْتَنَا، قَالَ: "أَجَلْ، وَلٰكِنْ لاَ أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا إِلاَّ أَتَيْتُ الَّذِىْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهَا.[راجع: ۳۱۳۳]

آئندہ حدیث: ایک سفر میں بنوتمیم کا وفد خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا، وہ مال کی امید لے کر آیا تھا، نبی ﷺ کے پاس دینے کے لئے کچھ نہیں تھا، آپؐ نے فرمایا: خوشخبری سن لو، یعنی مادی نعمت تو نہیں ہے، روحانی نعمت قبول کرو، میں جو علوم ومعارف بیان کروں اسے سنو، انھوں نے جواب دیا: خوشخبری تو آپؐ نے سنائی، کچھ دیجئے بھی! آپؐ کو ناراضگی ہوئی، چہرہ مبارک کا رنگ بدل گیا، فوراً ہی یمن کے لوگ آئے (یہ یمن کے قبیلہ حمیر کے لوگ تھے) آپؐ نے ان سے فرمایا: یمن والو! خوشخبری قبول کرو، بنوتمیم تو اسے قبول نہیں کرتے، انھوں نے عرض کیا: ہم قبول کرتے ہیں، ہم مال کے لئے نہیں آئے، علوم ومعارف حاصل کرنے کے لئے آئے ہیں، ہم ابتدائے آفرینش کے بارے میں پوچھنے آئے ہیں، چنانچہ آپؐ نے اس کا بیان شروع کیا (ابتدائے آفرینش کے احوال کے لئے دیکھیں: تحفۃ الالمعی ۷:۲۹۱)

[۴۳۸۶-] حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَخْرَةَ جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ مُحْرِزٍ الْمَازِنِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ، قَالَ: جَاءَ تْ بَنُوْ تَمِيْمٍ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " أَبْشِرُوْا يَا بَنِىْ تَمِيْمٍ" قَالُوْا: أَمَّا إِذْ بَشَّرْتَنَا فَأَعْطِنَا، فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ، فَقَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: " اقْبَلُوْا الْبُشْرَى إِذْ لَمْ يَقْبَلْهَا بَنُوْ تَمِيْمٍ" قَالُوْا: قَدْ قَبِلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ.[راجع: ۳۱۹۰]

قبیلہ حمیر کی خوبیاں اور ان کے لئے دعا

ترمذی شریف میں روایت ہے (حدیث ۳۹۶۹) ایک شخص نے نبی ﷺ سے عرض کیا: آپؐ حمیر پر لعنت بھیجیں، آپؐ نے اس سے روگردانی کی، وہ دوسری جانب سے آیا اور یہی بات عرض کی، پھر بھی آپؐ نے اعراض کیا، تیسری اور چوتھی مرتبہ میں بھی یہی ہوا، پھر آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ حمیر پر مہربانی فرمائیں، ان میں سلام کا خوب رواج ہے، وہ غریب پرور ہیں، اور

وہ امن وامان والے ہیں، بخاری شریف کی درج ذیل چار حدیثوں میں بھی یمن والوں کی اس خوبی کا ذکر ہے، اور یہ ارشاد آپؐ نے اس وقت فرمایا تھا جب ان کا وفد آیا تھا، اور بالمقابل بعض دوسرے قبائل کی بری صفات کا ذکر ہے، کیونکہ تُعْرَفُ الْأَشْيَاءُ بِأَضْدَادِهَا: ضد کے پہچاننے سے بھی چیز پہچانی جاتی ہے، اور اہل یمن کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ برضاء ورغبت ایمان لائے ہیں، ان پر فوج کشی کی نوبت نہیں آئی۔

[٤٣٨٧-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الإِيْمَانُ هَاهُنَا - وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى الْيَمَنِ - وَالْجَفَاءُ وَغِلَظُ الْقُلُوْبِ فِي الْفَدَّادِيْنَ عِنْدَ أُصُوْلِ أَذْنَابِ الإِبِلِ مِنْ حَيْثُ تَطْلُعُ قَرْنَا الشَّيْطَانِ: رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ"[راجع: ٣٣٠٢]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ایمان یہاں ہے —— اور آپؐ نے ہاتھ سے یمن کی طرف اشارہ کیا —— یعنی وہ برضاء ورغبت ایمان لائے ہیں اور ان کے ایمان میں اخلاص ہے اور اُجڈ پن اور سخت دلی اونٹوں کی دموں کی جڑوں کے پاس چلانے والوں میں ہے (الجفاء اور غِلَظ القلوب کے ایک معنی ہیں) جہاں سے شیطان کے دو سینگ نکلتے ہیں، یعنی سورج طلوع ہوتا ہے یعنی مدینہ سے مشرق کی جانب: قبائل ربیعہ اور مضر میں (یہ دونوں قبیلے مدینہ سے مشرق کی جانب رہتے تھے، ان میں سخت دلی تھی جو یمن والوں کی نرم دلی کی ضد ہے، اور ان میں سخت دلی اس لئے تھی کہ وہ اونٹ پالتے تھے اور ان کی دموں کے ساتھ چلتے تھے اور چلا چلا کر ریوڑ پر کنٹرول کرتے تھے (ربیعةَ ومضرَ: الفدادین سے بدل ہیں)

[٤٣٨٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَتَاكُمْ أَهْلُ الْيَمَنِ، هُمْ أَرَقُّ أَفْئِدَةً، وَأَلْيَنُ قُلُوْبًا، الإِيْمَانُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ، وَالْفَخْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِيْ أَصْحَابِ الإِبِلِ، وَالسَّكِيْنَةُ وَالْوَقَارُ فِيْ أَهْلِ الْغَنَمِ"[راجع: ٣٣٠١]

وَقَالَ غُنْدَرٌ: عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، سَمِعْتُ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: نبی ﷺ نے صحابہ کو اطلاع دی کہ تمہارے پاس یمن کے لوگ آرہے ہیں وہ دلوں کے پتلے اور قلوب کے نرم ہیں (فؤاد اور قلب ایک ہیں اور پتلے اور نرم کا مفہوم ایک ہے) ایمان یمن والوں کا ہے (یَمَان: اصل میں یَمَنِیٌّ تھا، ی حذف کر کے اس کے بدل الف لایا گیا ہے) اور دانشمندی یمن والوں کی ہے (حِکْمة: غیر نبی کا درست بات پانا، الإصابة في غير نبوة) اور فخر (خود پسندی) اور تکبر اونٹ پالنے والوں میں ہے اور سکینت اور وقار بکریاں پالنے والوں میں ہے۔

[٤٣٨٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الإِيْمَانُ يَمَانٍ، وَالْفِتْنَةُ هَاهُنَا، هَاهُنَا يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ" [راجع: ٣٣٠١]

[٤٣٩٠-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" أَتَاكُمْ أَهْلُ الْيَمَنِ أَضْعَفُ قُلُوْبًا وَأَرَقُّ أَفْئِدَةً، الْفِقْهُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ"[راجع: ٣٣٠١]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ایمان یمن والوں کا ہے، اور فتنہ یہاں ہے جہاں سے شیطان کا سینگ نکلتا ہے یعنی مشرق میں ہے، یہ مسیلمہ کذاب کے فتنہ کی طرف اشارہ ہے وہ یمامہ کا رہنے والا تھا اور یمامہ مدینہ سے مشرق میں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس یمن والے آرہے ہیں، جو قلوب کے اعتبار سے نہایت کمزور یعنی نرم اور دلوں کے اعتبار سے نہایت پتلے ہیں، دین میں سمجھ بوجھ یمن والوں کی ہے اور دانشمندی یمن والوں کی ہے۔

تشریح: ان چاروں حدیثوں سے مقصود یمن والوں کی خوبیاں بیان کرنا ہے اور بالمقابل ربیعہ اور مضر کی سخت دلی کا بھی تذکرہ ہے، اور یہ ارشاد اُس موقع پر فرمایا تھا جب قبیلہ حمیر کا وفد آیا تھا۔

یمن کے قبیلہ نخع کی فضیلت

نخع بن عمرو: مَذْحِج کا بطن ہے، یہ قحطانی قبیلہ ہے، محرم ۱۱ ہجری میں ان کا وفد نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور یہ آخری وفد تھا، اس وفد میں دوسو آدمی تھے، یہ لوگ پہلے مسلمان ہو چکے تھے اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے بیعت بھی کر چکے تھے (معجم قبائل العرب ۳:۱۱۷۶) بعد میں یہ قبیلہ کوفہ میں جا بسا تھا۔

[٤٣٩١-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا مَعَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فَجَاءَ خَبَّابٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! أَيَسْتَطِيْعُ هٰؤُلَاءِ الشَّبَابُ أَنْ يَقْرَؤُوْا كَمَا تَقْرَأُ؟ قَالَ: أَمَا إِنَّكَ لَوْ شِئْتَ أَمَرْتُ بَعْضَهُمْ يَقْرَأُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: أَجَلْ، قَالَ: اقْرَأْ يَا عَلْقَمَةُ، فَقَالَ زَيْدُ بْنُ حُدَيْرٍ أَخُوْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ: أَتَأْمُرُ عَلْقَمَةَ أَنْ يَقْرَأَ وَلَيْسَ بِأَقْرَأَنَا، قَالَ: أَمَا إِنَّكَ إِنْ شِئْتَ أَخْبَرْتُكَ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْمِكَ وَقَوْمِهِ، فَقَرَأْتُ خَمْسِيْنَ آيَةً مِنْ سُوْرَةِ مَرْيَمَ، فَقَالَ عَبْدُ اللهِ: كَيْفَ تَرىٰ؟ قَالَ: قَدْ أَحْسَنَ، قَالَ عَبْدُ اللهِ: مَا أَقْرَأُ شَيْئًا إِلَّا وَهُوَ يَقْرَؤُهُ، ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَى خَبَّابٍ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ: أَلَمْ يَأْنِ لِهٰذَا الْخَاتَمِ أَنْ يُلْقَى؟ قَالَ: أَمَا إِنَّكَ لَنْ تَرَاهُ عَلَيَّ بَعْدَ الْيَوْمِ، فَأَلْقَاهُ، رَوَاهُ غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ.

ترجمہ: علقمہ بن قیس نخعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ تشریف لائے، انھوں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا یہ جوان طاقت رکھتے ہیں کہ قرآن پڑھیں جس طرح آپؓ پڑھتے ہیں؟ ابن مسعودؓ نے کہا: سنئے، اگر آپ چاہیں تو میں ان میں سے بعض کو حکم دوں جو آپؓ کو قرآن پڑھ کر سنائے، حضرت خبابؓ نے کہا: ہاں، ابن مسعودؓ نے کہا: علقمہ پڑھو، پس زید بن حُدیر نے جو زیاد بن حُدیر کے بھائی ہیں کہا: کیا آپ علقمہ کو پڑھنے کا حکم دیتے ہیں، حالانکہ وہ ہم سے بہتر نہیں پڑھتے؟ حضرت ابن مسعودؓ نے کہا: سن! اگر تو چاہے تو میں تجھے بتاؤں وہ بات جو نبی ﷺ نے تیری قوم کے بارے میں اور علقمہ کی قوم کے بارے میں فرمائی ہے (علقمہ کہتے ہیں:) پس میں نے سورۂ مریم کی پچاس آیتیں پڑھیں، پھر حضرت ابن مسعودؓ نے پوچھا: کیسا دیکھا آپؓ نے؟ حضرت خبابؓ نے کہا: بہترین پڑھا، ابن مسعودؓ نے فرمایا: نہیں پڑھتا ہوں میں کوئی چیز مگر علقمہ اس کو پڑھتا ہے، پھر حضرت ابن مسعودؓ حضرت خبابؓ کی طرف متوجہ ہوئے، انھوں نے سونے کی انگوٹھی پہن رکھی تھی، فرمایا: کیا اس انگوٹھی کے لئے وقت نہیں آیا کہ ڈال دی جائے؟ حضرت خبابؓ نے کہا: سنیں! بیشک آپ ہرگز نہیں دیکھیں گے اس کو مجھ پر آج کے بعد، پس ڈال دیا حضرت خبابؓ نے اس کو (ان کو حرمت کا علم نہیں ہوگا)

تشریح: علقمہ کی قوم کے بارے میں نبی ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟ حضرت ابن مسعودؓ سے حاشیہ میں منقول ہے: میں نبی ﷺ کے پاس موجود تھا، آپؐ نخع قبیلہ کے لئے دعا کررہے تھے، اور ان کی تعریف کررہے تھے، یہاں تک کہ میں نے تمنا کی کہ میں اس قبیلہ کا ہوتا، اور زید بن حدیر قبیلہ بنی اسد کے تھے، ان کے بارے میں نبی ﷺ نے وہ ارشاد فرمایا ہے جو پہلے (حدیث ۳۵۱۵) آیا ہے کہ قبائل اسلم، غفار، مزینہ اور جہینہ بہتر ہیں بنو تمیم، بنو عامر، بنو اسد اور بنو غطفان سے، اور زید بن حُدیر قبیلہ بنو اسد کے تھے، اسد کو ازد بھی کہتے ہیں۔

بَابُ قِصَّةِ دَوْسٍ وَطُفَيْلِ بْنِ عَمْرٍو الدَّوْسِيِّ

قبیلہ دوس اور حضرت طفیل دوسی رضی اللہ عنہ کا قصہ

قبیلہ دوس یمنی قبیلہ ہے اس قبیلہ کے سردار حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ سب سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں، قریش کے ساتھ ان کے دوستانہ تعلقات تھے، ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ آئے، قریش نے ان کے کان بھرے کہ ہمارے یہاں ایک جادوگر پیدا ہوا ہے جو باپ بیٹے میں اور میاں بیوی میں جدائی کرادیتا ہے، کوشش کرنا کہ اس کی کوئی بات تمہارے کان میں نہ پڑے، چنانچہ حضرت طفیلؓ نے اپنے کانوں میں روئی ٹھونس لی پھر ایک دن صبح سویرے حضرت طفیلؓ خانہ کعبہ گئے، دیکھا کہ نبی ﷺ نماز پڑھ رہے ہیں، اور جہراً قرآن پڑھ رہے ہیں، انھوں نے سوچا: میں سمجھ دار آدمی ہوں، مجھے آپؐ کا کلام سننا چاہئے، اگر اچھا ہوگا تو قبول کرلوں گا ورنہ چھوڑ دوں گا، چنانچہ انھوں نے قرآن سنا اور اس سے اتنا متاثر ہوئے کہ جب نبی

ﷺ گھر تشریف لے گئے تو وہ بھی پیچھے پیچھے پہنچے اور اسلام قبول کیا، نبی ﷺ نے ان کو قبیلہ دوس کی طرف اسلام کی دعوت دینے کے لئے بھیجا، انھوں نے عرض کیا: مجھے کوئی نشانی عطا فرمائیں، آپؐ نے دعا کی: اے اللہ! ان کو نور عطا فرما، چنانچہ ان کی آنکھوں کے درمیان ایک نور پیدا ہو گیا، انھوں نے عرض کیا: مجھے ڈر ہے کہ لوگ یہ نور دیکھ کر کہیں گے کہ آبائی دین چھوڑنے کی وجہ سے اس کی شکل بگڑ گئی! چنانچہ اللہ تعالیٰ نے وہ نور ان کے کوڑے کی طرف منتقل کر دیا، ان کا کوڑا اندھیری رات میں چراغ کی طرح روشن ہو جاتا تھا، انھوں نے قبیلہ میں پہنچ کر اسلام کی تبلیغ شروع کی، مگر چند حضرات کے علاوہ کسی نے دعوت قبول نہیں کی، پھر ہجرت کے بعد نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: قبیلہ دوس ہلاک ہوا، نافرمانی کر کے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا، آپؐ ان کے لئے بددعا کریں، نبی ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ! قبیلہ دوس کو ہدایت عطا فرما، اور ان کو میرے پاس لے آ، چنانچہ اس قبیلہ کے ستر یا اسّی آدمی حاضر خدمت ہوئے اور مسلمان ہوئے، دوس کا یہ وفد سن ۷ ہجری میں آیا ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی ان کی محنت سے مسلمان ہوئے ہیں، پھر طفیلؓ اپنی قوم کے ساتھ ہجرت کر کے مدینہ چلے آئے، وفاتِ نبوی تک مدینہ میں رہے، اور جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

[۷۶-] بَابُ قِصَّةِ دَوْسٍ وَطُفَيْلِ بْنِ عَمْرٍو الدَّوْسِيِّ

[۴۳۹۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ ذَكْوَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: إِنَّ دَوْسًا قَدْ هَلَكَتْ، عَصَتْ وَأَبَتْ، فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَائْتِ بِهِمْ" [راجع: ۲۹۳۷]

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: طفیل بن عمروؓ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: قبیلہ دوس یقیناً تباہ ہوا (اس وجہ سے کہ) اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور مسلمان ہونے سے انکار کیا، لہٰذا آپؐ ان کے ئے بددعا فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: اے اللہ! دوس کو ہدایت عطا فرما، اور ان کو لے آ۔

[۴۳۹۳-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قُلْتُ فِي الطَّرِيْقِ:

يَا لَيْلَةً مِنْ طُوْلِهَا وَعَنَائِهَا ۞ عَلٰى أَنَّهَا مِنْ دَارَةِ الْكُفْرِ نَجَّتِ

وَأَبَقَ غُلَامٌ لِيْ فِي الطَّرِيْقِ، فَلَمَّا قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَبَايَعْتُهُ، فَبَيْنَا أَنَا عِنْدَهُ إِذْ طَلَعَ الْغُلَامُ، فَقَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! هٰذَا غُلَامُكَ" فَقُلْتُ: هُوَ لِوَجْهِ اللّٰهِ، فَأَعْتَقْتُهُ. [راجع: ۲۵۳۰]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے راستہ میں یہ

شعر کہا:

ہائے رات کی درازی اور اس کی مشقت ÷ مگر اس نے مجھے کفر کی سرزمین سے نجات بخشی۔

اور راستہ میں میرا غلام بھاگ گیا (گم ہوگیا) پس جب میں نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچا تو میں نے آپؐ سے بیعت کی، پس دریں اثنا کہ میں آپؐ کے پاس تھا اچانک غلام نکلا، پس مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: اے ابو ہریرہ! یہ تمہارا غلام آ گیا، انھوں نے کہا: هو لوجه الله: وہ اللہ کی خوشنودی کے لئے ہے، پس انھوں نے اس کو آزاد کردیا۔

تنبیہ: پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۵۳۷) امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا تھا کہ ابو کریب محمد بن العلاء کی ابو اسامہ سے روایت میں لفظ حُرٌّ نہیں ہے وہ روایت یہی ہے، پس گیلری کا نسخہ صحیح نہیں۔

بَابُ قِصَّةِ وَفْدِ طَيِّءٍ، وَحَدِيْثُ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ

وفد طي کا قصہ اور عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کا واقعہ

وفد طي: میں پندرہ آدمی تھے، وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، ان کا سردار زید الخیل تھا، آپؐ نے اسلام پیش کیا، سب نے خوش دلی سے اسلام قبول کیا، اور زید الخیل کا نام زید الخیر رکھا اور فرمایا: جس عربی کی میں نے تعریف سنی اس کو اس سے کم پایا سوائے زید کے۔

ماہِ ربیع الآخر ۹ ہجری میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ڈیڑھ سو دو سو آدمیوں کے ساتھ قبیلہ طي کے بت فُلس کو منہدم کرنے کے لئے روانہ فرمایا، انھوں نے شب خون مارا، کچھ آدمی اور کچھ مویشی گرفتار ہوئے، بت خانہ کو منہدم کرکے نذر آتش کردیا، ان قیدیوں میں مشہور سخی حاتم طائی کی بیٹی سفّانہ بھی تھی، اور عدی بن حاتم لشکر اسلام کی خبر سنتے ہی شام کی طرف بھاگ گئے تھے، وہ مسلمان ہونے سے پہلے عیسائی ہوگئے تھے، شام میں ان کے ہم مذہب ومشرب رکوسی نصاری بکثرت تھے، جب قیدی مدینہ لائے گئے تو حاتم کی بیٹی نے نبی ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! باپ تو مر گیا اور ہمارا خبر گیر بھاگ گیا، آپؐ ہم پر احسان فرمائیں، اللہ آپ پر احسان فرمائے گا، آپؐ نے پوچھا: تمہارا خبر گیر کون تھا؟ سفانہ نے کہا: میرا بھائی عدی بن حاتم، آپؐ نے فرمایا: وہی جو اللہ اور اس کے رسول سے بھاگا ہے؟ خیر! میں تجھ پر احسان کرتا ہوں مگر جانے میں جلدی نہ کرنا، تیری قوم کا کوئی قابل اطمینان شخص مل جائے گا تو میں تجھے اس کے ساتھ بھیج دوں گا، تین دن کے بعد قبیلہ طی کے کچھ آدمی شام جانے والے مل گئے، نبی ﷺ نے سفّانہ کو زادِ راہ، سواری اور کچھ جوڑے دے کر رخصت کیا، سفّانہؓ مشرف باسلام ہوئیں، وہ رخصت ہوکر سیدھی شام پہنچیں اور اپنے بھائی عدی سے ملیں، اور تمام حالات بیان کئے، عدی نے بہن سے پوچھا: اب تمہاری کیا رائے ہے؟ اس نے کہا: تم جلد از جلد ان سے ملو، اگر وہ نبی ہیں تو ان کی طرف سبقت کرنا باعث فضیلت ہے اور بادشاہ ہیں تو باعث عزت ہے، عدی نے کہا: خدا کی قسم! رائے تو یہی ہے، پھر عدی خدمتِ نبوی میں حاضر

ہوئے اور مشرف باسلام ہوئے۔

حضرت عدی رضی اللہ عنہ اپنے قبیلہ کے سردار تھے، جاہلیت میں بھی اور اسلام میں بھی، وفاتِ نبوی کے بعد جب ان کی قوم مرتد ہوئی تو انھوں نے پامردی سے ان کا مقابلہ کیا، آپؓ ۹ ہجری میں مسلمان ہوئے، عراق کی فتح میں شریک تھے، کوفہ میں بودوباش اختیار کرلی تھی، جمل، صفین اور نہروان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر لڑے، سن ۶۸ ہجری میں کوفہ میں وفات پائی اور سوسال سے زیادہ عمر پائی۔

[۷۷-] بَابُ قِصَّةِ وَفْدِ طَيِّئٍ، وَحَدِيْثُ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ

[٤٣٩٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ عَمْرِو ابْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: أَتَيْنَا عُمَرَ فِي وَفْدٍ، فَجَعَلَ يَدْعُوْ رَجُلاً رَجُلاً وَيُسَمِّيْهِمْ، فَقُلْتُ: أَمَا تَعْرِفُنِيْ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ؟ قَالَ: بَلٰى! أَسْلَمْتَ إِذْ كَفَرُوْا، وَأَقْبَلْتَ إِذْ أَدْبَرُوْا، وَوَفَيْتَ إِذْ غَدَرُوْا، وَعَرَفْتَ إِذْ أَنْكَرُوْا، فَقَالَ عَدِيٌّ: فَلاَ أُبَالِيْ إِذًا.

ترجمہ: حضرت عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک وفد میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، پس وہ ایک ایک کو بلانے لگے وہ اس کو نامزد کرتے تھے (اور مجھے نہیں بلاتے تھے) پس میں نے کہا: کیا آپؓ مجھے نہیں پہچانتے اے امیر المؤمنین؟! آپؓ نے فرمایا: کیوں نہیں! تم مسلمان ہوئے جب کہ تمہاری قوم کافر تھی، اور تم اس وقت حاضر ہوئے جب تمہاری قوم نے پیٹھ پھیری (یعنی تم سن ۹ ہجری میں آکر مسلمان ہوئے، یہاں باب ہے) اور تم نے اس وقت وفاداری کی جب تمہاری قوم نے بے وفائی کی (یہ ارتداد کے زمانہ کی طرف اشارہ ہے) اور تم نے اس وقت (اسلام کو) پہچانا جب تمہاری قوم کے لوگوں نے اس کو اوپرا سمجھا، حضرت عدیؓ نے کہا: اب مجھے کوئی پرواہ نہیں (خواہ پہلے بلائیں یا بعد میں، کیونکہ آپ مجھے اچھی طرح جانتے ہیں)

تشریح: نبی ﷺ کی وفات کے بعد قبیلہ طی کے کچھ لوگ مرتد ہوگئے تھے، بعض نے زکوٰۃ دینے سے انکار کیا تھا، اور کچھ مسیلمہ کذاب پر ایمان لے آئے تھے، حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے اسلام کی رسّی مضبوط پکڑے رکھی، اور جو لوگ ان کے زیر اثر تھے، انہیں ارتداد سے اور مسیلمہ پر ایمان لانے سے باز رکھا۔ عرفت إذا أنکروا کا یہی مطلب ہے۔

(سرایا، عمال اور وفود کا بیان پورا ہوا)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بابُ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

نبی ﷺ کا آخری حج

وَدَاع کے مشہور معنی ہیں: رخصت کرنا، اور ایک دوسرے معنی ہیں: آخری، جیسے جمعۃ الوداع یعنی رمضان کا آخری جمعہ، حج فرض ہونے کے بعد نبی ﷺ نے ایک مرتبہ سن ۱۰ ہجری میں حج کیا ہے، اور وہی آپؐ کا آخری حج ہے، حج کے تین ماہ بعد آپؐ کا وصال ہوگیا ہے، پس آپؐ کے حج کو حجۃ الوداع اس لئے کہتے ہیں کہ یہ آپؐ کا آخری حج ہے اور علماء نے حجۃ الوداع نام کی اور بھی وجوہ بیان کی ہیں، حاشیہ میں بھی ایک وجہ ہے۔

سوال (۱): حجۃ الوداع کا کتاب المغازی سے کیا تعلق ہے؟

جواب: یہ اشکال عنوان سے پیدا ہوا ہے، صحیح عنوان **مابعد الھجرۃ** ہے یعنی ہجرت کے بعد کے احوال تا وفات، ان احوال میں حج بھی آتا ہے۔

سوال (۲): نبی ﷺ نے سن ۱۰ ہجری میں حج کیا ہے اور غزوۂ تبوک سن ۹ ہجری میں ہوا ہے، پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے ترتیب زمانی کا لحاظ کیوں نہیں کیا؟ حجۃ الوداع کو مقدم اور غزوۂ تبوک کو مؤخر کیوں کیا؟

جواب: پہلی وجہ شارحین کے بیان کے مطابق یہ ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ ترتیب زمانی کا بہت زیادہ لحاظ نہیں کرتے اور شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا صاحب قدس سرہ نے الأبواب والتراجم میں فرمایا ہے کہ اس باب کو وفود کے بیان کے بعد لانے میں اس طرف اشارہ ہے کہ وفود کا سلسلہ حجۃ الوداع تک چلا، حجۃ الوداع کے بعد کوئی وفد نہیں آیا، رہا تبوک کا زمانہ کے اعتبار سے مقدم ہونا تو وہ بدیہی تھا، اس لئے اس کو مؤخر کیا، اور میری ناقص رائے میں اس کتاب کا عنوان کتاب المغازی ہے، اس لئے غزوۂ تبوک پر کتاب ختم کریں گے، اس لئے حجۃ الوداع کو مقدم کیا۔

حج کب فرض ہوا؟ ایک رائے یہ ہے کہ حج کی فرضیت سورۃ البقرہ کی آیت ۱۹۶ سے ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَأَتِمُّوْا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ﴾: اور پورا پورا ادا کیا کرو حج اور عمرہ اللہ کے لئے، یہ آیت صلح حدیبیہ کے موقع پر سن ۶ ہجری میں نازل ہوئی ہے اور اسی سے حج فرض ہوا ہے، لیکن یہ رائے صحیح نہیں، حج کی فرضیت سورہ آلِ عمران کی آیت ۹۷ سے ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلًا﴾: اور اللہ کے لئے لوگوں کے ذمہ بیت اللہ کا قصد کرنا

لازم ہے اس شخص پر جو وہاں تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہے، یہ آیت سن ۸ ہجری میں فتح مکہ کے موقع پر نازل ہوئی ہے، اسی آیت سے حج فرض ہوا ہے، پھر چونکہ غزوۂ حنین وطائف سے فارغ ہوکر نبی ﷺ کی واپسی ۲۴ ذی قعدہ کو ہوئی ہے اس لئے اس سال حج کرنے کا یا حج کرانے کے لئے کسی کو بھیجنے کا موقع نہیں تھا، چنانچہ مکہ مکرمہ کے گورنر حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ نے حج کرایا، پھر سن ۹ ہجری میں بھی نبی ﷺ نے حج نہیں کیا، بلکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حج کرانے کے لئے بھیجا، اس کی وجہ یہ تھی کہ ابھی مشرکین کو حج کے لئے آنے سے روکا نہیں گیا تھا، اور لوند سسٹم کی وجہ سے تاریخیں آگے پیچھے ہوگئی تھیں، کہتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا حج حقیقت میں ذی قعدہ میں واقع ہوا تھا، پھر سن ۱۰ ہجری میں نبی ﷺ نے حج کیا اس وقت تاریخیں خود بخود صحیح جگہ پر آگئی تھیں۔

حجۃ الوداع کا تفصیلی بیان

جب دعوت وتبلیغ کا کام پورا ہوگیا اور اسلامی خطوط پر معاشرہ کی تعمیر وتشکیل عمل میں آگئی تو سورۃ النصر نازل ہوئی، اس میں اشارہ تھا کہ دنیا میں آپؐ کے قیام کا زمانہ پورا ہونے والا ہے، چنانچہ آپؐ نے سن ۱۰ ہجری میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کا گورنر بنا کر روانہ کیا تو رخصت کرتے وقت فرمایا: معاذؓ! غالباً تم مجھ سے اس سال کے بعد نہیں مل سکوگے، میری مسجد اور میری قبر کے پاس سے گذروگے، حضرت معاذؓ یہ سن کر رونے لگے۔

اور اللہ تعالیٰ چاہتے تھے کہ اپنے پیغمبر کو ان کی محنت کے ثمرات دکھلائیں اور اس کی صورت یہ ہو کہ آپؐ حج کریں اس موقع پر قبائل عرب کے نمائندگان جمع ہوں، چنانچہ جب آپؐ نے حج کا اعلان کیا تو مسلمان جوق در جوق جمع ہونے شروع ہوگئے، ہر ایک کی آرزو تھی کہ وہ آپؐ کے ساتھ حج کرے اور اسلام کے ایک بڑے رکن کے احکام سیکھے، چنانچہ سنیچر کے دن [1] جبکہ ذی قعدہ کے چار دن باقی رہ گئے تھے، آپؐ نے کوچ کی تیاری کی، ظہر پڑھ کر مدینہ سے چلے اور عصر سے پہلے ذوالحلیفہ پہنچ گئے، وہاں رات بھر قیام رہا، اگلے دن سورج نکلنے کے بعد آپؐ نے احرام کے لئے غسل فرمایا، پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے ہاتھ سے زریرہ اور مشک آمیز خوشبو لگائی، پھر احرام کے کپڑے پہنے، اور درخت کے پاس احرام کا دوگانہ پڑھا، پھر لبیک پکاری، پھر جب روانگی کے لئے اونٹنی پر سوار ہوئے تو دوبارہ لبیک پکاری، پھر جب اونٹنی بیداء ٹیلہ پر چڑھی تو سہ بارہ لبیک پکاری، اس کے بعد آپؐ نے اپنا سفر جاری رکھا، تقریباً ایک ہفتہ کے بعد آپؐ سر شام مکہ کے قریب پہنچے اور ذوطوی میں ٹھہر گئے، وہاں فجر کی نماز پڑھ کر غسل فرمایا، پھر مکہ میں صبح دم داخل ہوئے، یہ اتوار ۴ ذی الحجہ سن ۱۰ ہجری کا دن

(۱) بعض حضرات نے جمعرات کے دن خروج بتایا ہے، لیکن حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے روایات کی تحقیق کرنے کے بعد لکھا ہے کہ آپؐ ہفتہ کے دن مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے، ظہر کی نماز مسجدِ نبوی میں اور عصر کی نماز ذوالحلیفہ میں پڑھی، اس سفر میں تمام ازواجِ مطہرات، سرّیّات اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہن ساتھ تھیں۔

تھا، مسجدِ حرام پہنچ کر پہلے خانہ کعبہ کا طواف کیا، پھر صفا مروہ کے درمیان سعی کی، مگر احرام نہیں کھولا، آپؐ نے حج کے احرام کے ساتھ عمرہ کا احرام بھی ملا لیا تھا، کیونکہ آپؐ قربانی کے جانور ساتھ لائے تھے، افعالِ عمرہ سے فارغ ہوکر مکہ کے بالائی مقام حجون میں قیام فرمایا۔

اور جو صحابہ قربانی کا جانور ساتھ نہیں لائے تھے، انہیں حکم دیا کہ اپنا حج کا احرام عمرہ میں تبدیل کر دیں، اور بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کی سعی کر کے پوری طرح حلال ہو جائیں، اور چونکہ آپؐ خود حلال نہیں ہو رہے تھے اس لئے صحابہ کو تردد ہوا، پس آپؐ نے فرمایا: ''اگر میں اپنے معاملہ کو پہلے سے جان گیا ہوتا جو بعد میں مجھے معلوم ہوا تو میں قربانی کے جانور نہ لاتا اور میں بھی عمرہ کر کے حلال ہو جاتا'' یہ ارشاد سن کر جن صحابہ کے پاس ہدی نہیں تھی وہ حلال ہو گئے۔

آٹھ ذی الحجہ ترویہ کے دن آپؐ منیٰ تشریف لے گئے اور وہاں نو ذی الحجہ تک قیام فرمایا، پھر جب سورج طلوع ہوا تو آپؐ عرفہ کے لئے روانہ ہوئے، وہاں وادی نمرہ میں آپؐ کے لئے خیمہ لگایا گیا تھا، اس میں نزول فرمایا، جب سورج ڈھل گیا تو آپؐ اونٹنی پر سوار ہو کر بطن وادی میں تشریف لے گئے، جہاں ایک لاکھ چوبیس ہزار یا ایک لاکھ چوالیس ہزار (۱) انسانوں کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا، آپؐ نے ان کے سامنے ایک جامع خطبہ دیا، ارشاد فرمایا:

''لوگو! میری بات سنو، میں نہیں جانتا کہ اس سال کے بعد اس مقام میں میں تم سے مل سکوں گا، تمہارا خون، تمہارا مال اور تمہاری آبرو ایک دوسرے پر اس طرح حرام ہیں جس طرح تمہارے آج کے دن کی، جاری مہینہ کی اور موجودہ شہر کی حرمت ہے، سن لو! جاہلیت کی ہر چیز میرے پاؤں تلے روندی گئی ہے، جاہلیت کے خون کے مطالبے بھی ختم کر دیئے گئے ہیں، اور پہلا خون جسے میں ختم کرتا ہوں وہ ربیعہ بن حارث کے بیٹے کا خون ہے —— یہ بچہ بنو سعد میں دودھ پیتا تھا، انہی ایام میں قبیلہ ہذیل نے اسے قتل کیا تھا —— اور جاہلیت کا سود ختم کر دیا گیا اور ہمارے سود میں سے پہلا سود عباس بن عبدالمطلب کا ختم کرتا ہوں —— صرف اصل قرض کا مطالبہ رہے گا، سود سارا ختم! —— اور عورتوں کے معاملہ میں اللہ سے ڈرو، تم نے انہیں اللہ تعالیٰ کی ایک امانت کے طور پر لیا ہے اور اللہ کے کلمہ کے ذریعہ حلال کیا ہے، ان پر تمہارا حق ہے کہ وہ تمہارے گھر میں کسی ایسے شخص کو نہ آنے دیں جس کا آنا تمہیں پسند نہ ہو، اگر وہ اس کی خلاف ورزی کریں تو تم انہیں مار سکتے ہو، مگر سخت مار نہ مارنا، اور تم پر ان کا حق یہ ہے کہ تم معروف طریقہ پر ان کو کھلاؤ، پلاؤ اور پہناؤ۔

اور میں تم میں ایسی دو چیزیں چھوڑ کر جا کر رہا ہوں کہ اگر تم ان کو مضبوطی سے پکڑے رہو گے تو ہرگز گمراہ نہیں ہوؤ گے، وہ

(۱) حجۃ الوداع کے سفر میں صحابہ کی تعداد کتنی تھی؟ یہ بات یقین سے نہیں بتائی جا سکتی، کیونکہ وہ مردم شماری کا زمانہ نہیں تھا، بلکہ آج بھی اجتماعات کی صحیح تعداد نہیں بتائی جا سکتی، لوگ اندازہ کرتے ہیں، البتہ اتنی بات طے ہے کہ عرفہ کے دن جتنا بڑا مجمع حاضر تھا اتنا بڑا مجمع چشم فلک نے کبھی نہیں دیکھا تھا اور جن حضرات نے ایک لاکھ چوبیس ہزار یا ایک لاکھ چوالیس ہزار کی تعداد لکھی ہے وہ تعداد وفاتِ نبوی کے وقت تھی، عرفہ میں اتنی تعداد ہونے کا کوئی ثبوت نہیں ۱۲

دو چیزیں ہیں: اللہ تعالیٰ کی کتاب اور میری سنت، لوگو! یاد رکھو میرے بعد کوئی نبی نہیں اور تمہارے بعد کوئی امت نہیں، پس اپنے رب کی عبادت کرنا، پانچ وقت کی نماز پڑھنا، رمضان کے روزے رکھنا، خوشی سے اپنے مال کی زکوۃ دینا، بیت اللہ کا حج کرنا اور اپنے حکمرانوں کی اطاعت کرنا، ایسا کروگے تو جنت میں جاؤگے۔

اور تم سے میرے متعلق پوچھا جائے گا، پس تم کیا جواب دوگے؟ صحابہ نے کہا: ہم شہادت دیں گے کہ آپؐ نے تبلیغ کردی، اللہ کا پیغام پہنچادیا اور خیر خواہی کا حق ادا کردیا، یہ سن کر آپؐ نے انگشت شہادت آسمان کی طرف اٹھائی پھر لوگوں کی طرف جھکائی اور تین بار فرمایا: اے اللہ! گواہ رہ!''

خطبہ کے بعد حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی، پھر اقامت کہی، اور آپؐ نے ظہر کی نماز پڑھائی، پھر معاً بعد حضرت بلالؓ نے اقامت کہی اور آپؐ نے عصر کی نماز پڑھائی دونوں کے درمیان کوئی نماز نہیں پڑھی، اس کے بعد آپؐ سوار ہوکر جبل رحمت پر پہنچے، اور اونٹنی ہی پر وقوف فرمایا، یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا، اس کے بعد آپؐ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو پیچھے بٹھایا اور مزدلفہ کے لئے روانہ ہوئے، وہاں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ پڑھائیں، درمیان میں کوئی نفل نماز نہیں پڑھی، پھر آپؐ لیٹ گئے، اور طلوعِ فجر تک لیٹے رہے (اس رات آپؐ نے تہجد نہیں پڑھا) صبح نمودار ہوتے ہی اذان واقامت کے ساتھ آپؐ نے فجر کی نماز پڑھائی، اس کے بعد اونٹنی پر سوار ہوکر مشعر حرام پر تشریف لے گئے، اور قبلہ رخ ہوکر دعا میں اور تکبیر وتہلیل میں مشغول رہے، جب خوب اجالا ہوگیا تو سورج طلوع ہونے سے پہلے منیٰ کے لئے روانہ ہوئے، اب حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کو اپنے پیچھے بٹھایا، جب وادی محسّر میں پہنچے تو سواری کو ذرا تیز کردیا، پھر جو درمیانی راستہ جمرۂ کبریٰ کو جاتا تھا اس سے چل کر جمرۂ کبریٰ پر پہنچے اور بطن وادی سے سات کنکریاں ماریں، ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہتے تھے، کنکریاں چھوٹی تھیں، جنہیں چٹکی میں لے کر پھینکا جاسکتا تھا، پھر آپؐ قربان گاہ تشریف لے گئے، اور تریسٹھ اونٹ خود ذبح کئے، باقی کی ذمہ داری حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سونپ دی، اس طرح آپؐ نے سو اونٹ قربان کئے، پھر آپؐ کے حکم سے ہر قربانی میں سے ایک ٹکڑا کاٹا گیا، اور ایک ہانڈی میں پکایا گیا، آپؐ نے اس گوشت میں سے کچھ تناول فرمایا اور اس کا شوربہ پیا، پھر نبی ﷺ نے سر منڈوایا، اور احرام کھول دیا، اور نہا کر دوسرے کپڑے پہن لئے، پھر آپؐ مکہ تشریف لے گئے، اور طوافِ افاضہ کیا اور مکہ ہی میں ظہر کی نماز ادا فرمائی۔

آج یوم النحر تھا، ذی الحجہ کی دس تاریخ تھی، آپؐ نے آج بھی منیٰ میں چاشت کے وقت ایک خطبہ دیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ آپؐ کے ارشادات صحابہ کو سنارہے تھے —— عرفہ میں ربیعۃ بن امیہ بن خلف رضی اللہ عنہ آپؐ کی باتیں صحابہ کو سنارہے تھے —— آج کے خطبہ میں کل کی کئی باتیں دوہرائیں اور کچھ نئی باتیں فرمائیں، فرمایا:

''زمانہ گھوم کر اپنی اس ہیئت پر آگیا ہے جس دن اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کو پیدا کیا، سال بارہ مہینہ کا ہے ان میں سے چار مہینے محترم ہیں، تین پے بہ پے یعنی ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم اور ایک رجبِ مُضر جو جمادی الاخری اور شعبان کے

درمیان ہے۔

پھر آپؐ نے پوچھا: یہ کونسا مہینہ ہے؟ لوگوں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ خاموش رہے، لوگوں نے سمجھا، شاید آپؐ اس مہینہ کا کوئی اور نام رکھیں گے، پھر آپؐ نے فرمایا: کیا یہ ذی الحجہ نہیں ہے؟ سب نے کہا: کیوں نہیں؟ آپؐ نے دوسرا سوال کیا: یہ کونسا شہر ہے؟ صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ خاموش رہے، صحابہ نے خیال کیا، شاید آپؐ اس شہر کا کوئی اور نام رکھیں گے، مگر آپؐ نے فرمایا: یہ بَلدۃ (مکہ مکرمہ) نہیں ہے؟ سب نے کہا: کیوں نہیں، پھر آپؐ نے تیسرا سوال کیا: آج کونسا دن ہے؟ سب نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ خاموش رہے، لوگوں نے خیال کیا کہ شاید آپؐ اس دن کا کوئی اور نام رکھیں گے مگر آپؐ نے فرمایا: کیا یہ یوم النحر (قربانی کا دن یعنی دس ذی الحجہ) نہیں ہے؟ سب نے کہا: کیوں نہیں —— یہ تینوں سوالات استحضار (توجہ کھینچنے) کے لئے تھے —— پھر آپؐ نے فرمایا: سنو! تمہارا خون، تمہارا مال اور تمہاری آبرو ایک دوسرے پر ایسے حرام ہیں جیسے تمہارے اس شہر کی اور تمہارے اس مہینہ کی اور تمہارے آج کے دن کی حرمت۔

لوگو! تم بہت جلد اپنے پروردگار سے ملوگے، اور تم سے تمہارے اعمال کے متعلق سوال ہوگا، پس میرے بعد پلٹ کر گمراہ مت ہوجانا کہ آپس میں ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو، بتاؤ! کیا میں نے تبلیغ کردی؟ صحابہ نے جواب دیا: کردی، آپؐ نے فرمایا: اے اللہ! گواہ رہ!

پھر فرمایا: جو شخص یہاں موجود ہے وہ غیر موجود تک میری باتیں پہنچادے اس لئے کہ بعض وہ لوگ جن تک یہ باتیں پہنچائی جائیں گی وہ سننے والوں سے ان باتوں کو زیادہ یاد رکھیں گے۔

اس کے بعد ایامِ تشریق (گیارہ، بارہ اور تیرہ ذی الحجہ) میں آپؐ منیٰ میں مقیم رہے، اس دروان ہر دن زوال کے بعد آپؐ تینوں جمرات کی رمی فرماتے تھے، ان ایام تشریق میں بھی آپؐ نے ایک خطبہ دیا ہے جو ابوداؤد میں مروی ہے۔

پھر تیرہ ذی الحجہ کو زوال کے بعد رمی کرکے آپؐ مکہ لوٹے اور وادی ابطح میں (خیف بنی کنانہ میں) پڑاؤ ڈالا، دن کا باقی حصہ وہیں گذارا، عشاء کے بعد تھوڑی دیر سوکر اٹھے پھر سوار ہوکر بیت اللہ تشریف لے گئے، طوافِ وداع کیا، اب تمام مناسک پورے ہوگئے، پس آدھی رات کے قریب آپؐ مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوگئے۔

۱- اسلام نے حج کے ساتھ عمرہ کرنے کی اجازت دی

زمانۂ جاہلیت میں حج کے ساتھ عمرہ نہیں کیا جاتا تھا، حج کے مہینوں میں حاجی کے لئے عمرہ کرنے کو گناہ سمجھا جاتا تھا، اور مقصد یہ تھا کہ لوگ سال بھر عمرہ کرنے آئیں تاکہ کعبہ شریف آباد ہو، چنانچہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم حج کے لئے تشریف لے گئے تو ذوالحلیفہ سے سب نے حج کا احرام باندھا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سوچا کہ امت محمدیہ پوری دنیا میں بسی ہوئی ہوگی اور دنیا کے

طول وعرض سے مسلمانوں کے لئے دوسفر کرنا دشوار ہوگا، اس لئے سرف مقام میں پہنچ کر آپؐ نے حکم دیا کہ جن لوگوں کے ساتھ قربانیاں نہیں ہیں، وہ اپنی نیت بدل دیں، حج کے بجائے عمرہ کی نیت کرلیں، اور مکہ مکرمہ پہنچ کر عمرہ کا طواف اور سعی کر کے احرام کھول دیں، پھر آٹھ ذی الحجہ کو مکہ سے حج کا احرام باندھ کر حج کریں، چونکہ یہ بات قدیم تصور کے خلاف تھی اس لئے بعض لوگوں کو بھاری معلوم ہوئی، اور بھاری معلوم ہونے کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ نبی ﷺ نے خود احرام نہیں کھولا تھا، کیونکہ آپؐ کے ساتھ قربانیاں تھیں، اس لئے آپؐ نے حج کے احرام کے ساتھ عمرہ کا احرام شامل کرلیا تھا، آپؐ کے دونوں احرام ۱۰ ذی الحجہ کو کھلے، اس لئے بھی لوگوں کو نیت بدلنے میں اور افعالِ عمرہ کر کے احرام کھولنے میں تکلف ہوا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِیْ مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمَا سُقْتُ الْهَدْیَ وَلَأَحْلَلْتُ: اگر پہلے سے میرے ذہن میں آئی ہوتی وہ بات جو بعد میں آئی تو میں قربانیاں ساتھ نہ لاتا اور نیت بدل کر افعال عمرہ کر کے احرام کھول دیتا،

[۷۸-] بَابُ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

[٤٣٩٥-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَأَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "مَنْ كَانَ عِنْدَهُ هَدْیٌ فَلْيُهْلِلْ بِالْحَجِّ مَعَ الْعُمْرَةِ، ثُمَّ لَا يَحِلُّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيْعًا" فَقَدِمْتُ مَعَهُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ وَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَشَكَوْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَقَالَ: "انْقُضِیْ رَأْسَكِ وَامْتَشِطِیْ وَأَهِلِّیْ بِالْحَجِّ وَدَعِی الْعُمْرَةَ" فَفَعَلْتُ فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ أَرْسَلَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ إِلَى التَّنْعِيْمِ فَاعْتَمَرْتُ، فَقَالَ: "هٰذِهِ مَكَانَ عُمْرَتِكِ" قَالَتْ: فَطَافَ الَّذِيْنَ أَهَلُّوْا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حَلُّوْا، ثُمَّ طَافُوْا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوْا مِنْ مِنًى. وَأَمَّا الَّذِيْنَ جَمَعُوْا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَإِنَّمَا طَافُوْا طَوَافًا وَاحِدًا" [راجع: ٢٩٤]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم حجۃ الوداع میں نبی ﷺ کے ساتھ نکلے، پس ہم نے عمرہ کا احرام باندھا (یہ آخری حالت کے اعتبار سے کہا ہے) پھر نبی ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ قربانی ہے پس چاہئے کہ وہ تلبیہ پڑھے حج کا عمرہ کے ساتھ (تعبیر ہونی چاہئے تھی کہ عمرہ کا تلبیہ پڑھے حج کے ساتھ) پھر نہ حلال ہو یہاں تک کہ دونوں ہی سے حلال ہو، پس پہنچی میں آپؐ کے ساتھ مکہ درانحالیکہ میں حائضہ تھی، اور نہیں طواف کیا میں نے بیت اللہ کا، اور نہ صفا مروہ کے درمیان سعی کی (وہ پاکی کے انتظار میں تھیں، یہاں تک کہ حج کا وقت آگیا) تو میں نے نبی ﷺ کی خدمت میں شکوہ کیا، آپؐ نے فرمایا: اپنی چوٹیاں کھول لو، اور کنگھی کرلو، اور حج کا احرام باندھ لو، اور عمرہ توڑ دو، چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا، پھر جب ہم حج سے

فارغ ہو گئے تو نبی ﷺ نے مجھے میرے بھائی عبدالرحمٰنؓ کے ساتھ تنعیم کی طرف بھیجا، پس میں نے عمرہ کیا، آپؐ نے فرمایا: یہ عمرہ تمہارے (توڑے ہوئے) عمرہ کی جگہ ہے، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس جن لوگوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا یعنی نیت بدل لی تھی انھوں نے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا مروہ کے درمیان سعی کی، پھر انھوں نے احرام کھول دیا، پھر انھوں نے دوسرا طواف کیا منیٰ سے لوٹنے کے بعد، اور رہے وہ لوگ جنھوں نے حج اور عمرہ کو جمع کیا انھوں نے ایک ہی طواف کیا۔

تشریح: صدیقہؓ نے اپنے عمرہ کا احرام توڑ دیا تھا یا اس کے ساتھ حج کا احرام ملایا تھا؟ اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کا خیال ہے کہ توڑ دیا تھا، اور بعد میں اس کی قضاء کی تھی اور شوافع کا خیال ہے کہ عمرہ کے ساتھ حج کا احرام ملا لیا تھا، اور بعد کا عمرہ نیا عمرہ تھا۔

اور اس میں بھی اختلاف ہوا ہے کہ قارن حج اور عمرہ کے لئے ایک طواف کرے گا یا دو؟ حنفیہ کے نزدیک دو طواف اور دو سعی کرے گا اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ۱۰ ذی الحجہ کو ایک طواف اور ایک سعی کرے گا، جو حج اور عمرہ دونوں کے لئے ہو جائے گا، باب کی حدیث ان کی دلیل ہے، صدیقہ فرماتی ہیں: جن لوگوں نے حج اور عمرہ کو جمع کیا انھوں نے ایک طواف کیا، حنفیہ کہتے ہیں کہ یہ ایک طواف ۱۰ ذی الحجہ کا نہیں ہے بلکہ مکہ میں پہنچتے ہی ایک طواف اور ایک سعی کی، یہ عمرہ کا طواف اور سعی تھی، طوافِ قدوم جو سنت ہے وہ نہیں کیا، وہ طوافِ عمرہ میں شامل ہو گیا، اور دلیل یہ ہے کہ طواف کے بعد لوگوں نے سعی کی تھی، جب کہ طوافِ قدوم کے بعد سعی نہیں ہے، مزید تفصیل کتاب الحج (تحفۃ القاری ۴: ۳۴۸) میں ہے۔

۲- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک رائے جو امت نے نہیں لی

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب عمرہ کرنے والا یا حج کرنے والا بیت اللہ کا طواف کر لے تو وہ حلال ہو جاتا ہے، ابن جریجؒ نے حضرت عطاء بن ابی رباحؒ سے پوچھا: حضرت ابن عباسؓ نے یہ بات کس دلیل سے کہی ہے؟ حضرت عطاءؒ نے کہا: دو دلیلوں سے، اول: سورۃ الحج کی آیت ۳۳ ہے: ﴿لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَا إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ﴾: تمہارے لئے مویشی سے ایک معین وقت تک فوائد حاصل کرنا ہے، پھر (ہدی بنانے کے بعد) اس کے حلال ہونے کی جگہ کعبہ شریف کے قریب ہے، مَحِلٌّ: ظرف مکان ہے، قربانی کے حلال ہونے کی جگہ، جہاں قربانی کا جانور ذبح کیا جائے، یعنی حدود حرم، حضرت ابن عباسؓ اس کو عام لیتے تھے، یعنی حلال ہونے کا وقت اور جگہ، اور فرماتے تھے کہ جب کعبہ شریف پر پہنچ گیا اور طواف کر لیا تو احرام کے کھلنے کا وقت آ گیا، چاہے تو احرام کھول سکتا ہے، دوم: نبی ﷺ کے ساتھ صحابہ ذوالحلیفہ سے حج کا احرام باندھ کر چلے تھے، اور مکہ پہنچ کر افعال عمرہ کر کے احرام کھول دیا تھا، معلوم ہوا کہ طواف کر کے احرام کھولا جا سکتا ہے، خواہ عمرہ کا احرام ہو یا حج کا، ابن جریجؒ نے کہا: حج کا احرام تو وقوفِ عرفہ کے بعد ہی کھل سکتا ہے!

حضرت عطاءؒ نے کہا: ابن عباسؓ کے نزدیک وقوف عرفہ سے پہلے بھی کھل سکتا تھا اور بعد میں بھی۔

پھر کچھ علماء کا خیال ہے کہ حضرت کا یہ مذہب صرف عمرہ کرنے والے کے لئے تھا، جب اس نے طواف کرلیا تو حلال ہوگیا، سعی وغیرہ کرنے سے پہلے حلال ہوجائے گا اور بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ جب حاجی بیت اللہ پہنچا اور طوافِ قدوم کیا تو حلال ہوگیا، بہرحال یہ مذہب جمہور کے خلاف ہے، جمہور نے اس کو نہیں لیا۔ عمرہ کرنے والے کا احرام سعی کے بعد کھلے گا اور حاجی کا احرام وقوفِ عرفہ کے بعد اور صحابہ نے جو حج کا احرام عمرہ سے بدلا تھا، وہ اس سال کے ساتھ خاص تھا، تفصیل کتاب الحج میں ہے۔

البتہ حضرت گنگوہی قدس سرہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے فتوی کی ایسی توجیہات کی ہیں جن کی رو سے ان کا مذہب جمہور کے مذہب کے خلاف نہیں رہتا، تین توجیہیں کی ہیں جو لامع الدراری میں ہیں۔

[۴۳۹۶-] حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: إِذَا طَافَ بِالْبَیْتِ فَقَدْ حَلَّ، فَقُلْتُ: مِنْ أَیْنَ قَالَ هٰذَا ابْنُ عَبَّاسٍ؟ قَالَ: مَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿ثُمَّ مَحِلُّهَا إِلَی الْبَیْتِ الْعَتِیْقِ﴾ وَمِنْ أَمْرِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَصْحَابَهُ أَنْ یَحِلُّوْا فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، قُلْتُ: إِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ بَعْدَ الْمُعَرَّفِ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ یَرَاهُ قَبْلُ وَبَعْدُ.

ترجمہ: عطاء رحمہ اللہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں کہ جب محرم نے بیت اللہ کا طواف کرلیا تو یقیناً اس کا احرام کھل گیا، ابن جریجؒ نے پوچھا: ابن عباسؓ نے یہ بات کہاں سے کہی؟ حضرت عطاءؒ نے کہا: اللہ کے ارشاد ﴿ثُمَّ مَحِلُّهَا إِلَی الْبَیْتِ الْعَتِیْقِ﴾ سے، اور نبی ﷺ کے اپنے صحابہ کو حکم دینے سے کہ وہ حلال ہوجائیں حجۃ الوداع میں، ابن جریج نے کہا: وہ حلال ہونا تو وقوف عرفہ کے بعد ہی ہے، حضرت عطاءؒ نے کہا: ابن عباسؓ حلال ہونے کو دیکھتے تھے وقوف عرفہ سے پہلے اور بعد میں۔

فائدہ: حج کی ہدی کے لئے دو میقاتیں ہیں: مکانی اور زمانی، میقات مکانی حرم شریف ہے اور میقاتِ زمانی قربانی کے ایام ہیں، یعنی حج کی ہدی حرم شریف کے حدود میں ذبح ہوسکتی ہے باہر ذبح نہیں ہوسکتی، اور قربانی کے تین دنوں ہی میں ذبح ہوسکتی ہے، اس سے پہلے ذبح نہیں ہوسکتی، اور جو ہدی حج کے علاوہ ہے جیسے جنایت کا دم اس کے لئے صرف میقات مکانی ہے زمانی نہیں، وہ حرم شریف میں پورے سال ذبح ہوسکتی ہے۔

[۴۳۹۷-] حَدَّثَنِیْ بَیَانٌ، قَالَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَیْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ طَارِقًا عَنْ أَبِیْ مُوْسَی الْأَشْعَرِیِّ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالْبَطْحَاءِ، فَقَالَ: "أَحَجَجْتَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "كَیْفَ أَهْلَلْتَ؟" قُلْتُ: لَبَّیْكَ بِإِهْلَالٍ كَإِهْلَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم،

قَالَ: "طُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حِلَّ" فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَأَتَيْتُ امْرَأَةً مِنْ قَيْسٍ فَفَلَتْ رَأْسِيْ. [راجع: ١٥٥٧]

۳- حجۃ الوداع میں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے مبہم احرام باندھا تھا

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں (یمن سے) نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، بطحاء میدان میں (جہاں آپؐ کا قیام تھا) آپؐ نے پوچھا: تم نے احرام باندھا ہے؟ میں نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا: کیسا؟ میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے احرام جیسا یعنی مبہم احرام باندھا ہے، حج یا عمرہ کی تعیین نہیں کی، آپؐ نے فرمایا: بیت اللہ کا طواف کرو، صفا مروہ کی سعی کرو، پھر احرام کھول دو، چنانچہ میں نے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا مروہ کی سعی کی، پھر میں قبیلہ قیس کی ایک خاتون کے پاس آیا (جو محرم تھی) اس نے میرے سر میں سے جوئیں نکالیں۔

[٤٣٩٨-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ حَفْصَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ أَزْوَاجَهُ أَنْ يَحْلِلْنَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَتْ حَفْصَةُ: فَمَا يَمْنَعُكَ؟ فَقَالَ: "لَبَّدْتُ رَأْسِيْ وَقَلَّدْتُ هَدْيِيْ، فَلَسْتُ أُحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ هَدْيِيْ" [راجع: ١٥٦٦]

۴- حجۃ الوداع میں نبی ﷺ نے احرام نہیں کھولا

حدیث: حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بھائی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو بتایا کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع کے سال اپنی ازواج کو حکم دیا کہ وہ احرام کھول دیں، پس حضرت حفصہؓ نے پوچھا: اور کیا چیز مانع ہے آپؐ کے لئے؟ یعنی آپؐ احرام کیوں نہیں کھولتے؟ آپؐ نے فرمایا: میں نے اپنے سر کے بال چپکائے ہیں اور میں نے اپنی قربانی کے جانور کو ہار پہنایا ہے، پس میں حلال نہیں ہوؤں گا، یہاں تک کہ میں اپنی قربانی کا جانور ذبح کروں۔

تشریح: نبی ﷺ ذوالحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھ کر تشریف نہیں لائے تھے، اگر عمرہ کرنے والا ہدی لے کر آئے تو افعالِ عمرہ سے فارغ ہوکر قربانی کا جانور ذبح کرے گا، جیسا نبی ﷺ نے عمرہ قضاء میں کیا تھا، اور اگر کوئی شخص میقات سے حج کا احرام باندھ کر آئے اور قربانی کا جانور بھی ساتھ لائے تو اس کا احرام ۱۰ ذی الحجہ کو کھلے گا، اور قربانی بھی اسی وقت ذبح ہوگی، نبی ﷺ ذوالحلیفہ سے حج کا احرام باندھ کر آئے تھے اور قربانی کا جانور بھی ساتھ لائے تھے، اس لئے آپؐ کا احرام نیت بدل کر افعالِ عمرہ کرنے سے نہیں کھل سکتا، اس لئے آپؐ نے حج کے ساتھ عمرہ کی نیت بھی شامل کرلی، پھر مکہ پہنچ کر افعالِ عمرہ کئے، مگر احرام نہیں کھولا، حج مکمل ہونے کے بعد دس تاریخ کو احرام کھولا، اور جب لمبا احرام رکھنا ہوتا ہے تو کسی

چکنے مادے سے سر کے بال چپکا دیتے ہیں، پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ میں چونکہ لمبے احرام کی نیت سے آیا ہوں، اور قربانیاں ساتھ لایا ہوں، اس لئے ۱۰ تاریخ کو جب قربانیاں ذبح ہونگی تب میرا احرام کھلے گا۔

[٤٣٩٩-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، ح: وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِیُّ قَالَ: أَخْبَرَنِیْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ امْرَأَةً مِنْ خَثْعَمَ اسْتَفْتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَالْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ رَدِیْفُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَقَالَتْ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ فَرِیْضَةَ اللّٰهِ عَلٰی عِبَادِهِ أَدْرَكَتْ أَبِیْ شَیْخًا كَبِیْرًا لَایَسْتَطِیْعُ أَنْ یَسْتَوِیَ عَلَی الرَّاحِلَةِ، فَهَلْ یَقْضِی أَنْ أَحُجَّ عَنْهُ؟ قَالَ: "نَعَمْ"[راجع: ١٥١٣]

۵- حجۃ الوداع میں ایک خاتون نے حج بدل کا مسئلہ پوچھا

ترجمہ: ابن عباسؓ کہتے ہیں: قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے حجۃ الوداع میں نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا درانحالیکہ فضل بن عباسؓ سواری پر نبی ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے، اس عورت نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! بیشک حج کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کے بندوں پر مقرر کئے ہوئے حکم نے میرے باپ کو اس حال میں پایا کہ وہ بہت بوڑھے ہو چکے ہیں، وہ اونٹ پر بیٹھنے کی طاقت نہیں رکھتے، پس کیا میں ان کی طرف سے حج کر سکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں (یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے)

قولہ: إن فریضة الله علی عبادہ: کے دو مطلب ہیں: ایک: جب حج کی فرضیت نازل ہوئی اس وقت میرے ابا اتنے کمزور ہو چکے تھے کہ اونٹ پر بیٹھ نہیں سکتے تھے، دوم: جب آیت نازل ہوئی اس وقت استطاعت بدنی تھی، مگر اب بڑھاپے کی وجہ سے بہت کمزور ہو گئے ہیں، پہلی صورت میں حج کرنا حج بدل کرانا یا حج کی وصیت کرنا فرض نہیں، اور دوسری صورت میں حج بدل کرانا یا اس کی وصیت کرنا ضروری ہے (تحفۃ القاری ۴: ۳۰۴)

[٤٤٠٠-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَیْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَیْحٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَقْبَلَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ مُرْدِفٌ أُسَامَةَ عَلَی الْقَصْوَاءِ، وَمَعَهُ بِلَالٌ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ حَتّٰی أَنَاخَ عِنْدَ الْبَیْتِ، ثُمَّ قَالَ لِعُثْمَانَ: "ائْتِنَا بِالْمِفْتَحِ" فَجَاءَهُ بِالْمِفْتَحِ، فَفُتِحَ لَهُ الْبَابُ، فَدَخَلَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم وَأُسَامَةُ وَبِلَالٌ وَعُثْمَانُ، ثُمَّ أَغْلَقُوْا عَلَیْهِمُ الْبَابَ، فَمَكَثَ نَهَارًا طَوِیْلًا ثُمَّ خَرَجَ، فَابْتَدَرَ النَّاسُ الدُّخُوْلَ فَسَبَقْتُهُمْ، فَوَجَدْتُ بِلَالًا قَائِمًا مِنْ وَرَاءِ الْبَابِ، فَقُلْتُ لَهُ: أَیْنَ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم؟ فَقَالَ: صَلّٰی بَیْنَ ذَیْنِكَ الْعَمُوْدَیْنِ الْمُقَدَّمَیْنِ، وَكَانَ الْبَیْتُ عَلٰی سِتَّةِ أَعْمِدَةٍ: سَطْرَیْنِ، صَلّٰی بَیْنَ الْعَمُوْدَیْنِ مِنَ السَّطْرِ الْمُقَدَّمِ، وَجَعَلَ بَابَ الْبَیْتِ خَلْفَ

ظَهْرِهِ، وَاسْتَقْبَلَ بِوَجْهِهِ الَّذِىْ يَسْتَقْبِلُكَ حِيْنَ تَلِجُ الْبَيْتَ، بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِدَارِ، قَالَ: وَنَسِيْتُ أَنْ أَسْأَلَهُ كَمْ صَلَّى؟ وَعِنْدَ الْمَكَانِ الَّذِىْ صَلَّى فِيْهِ مَرْمَرَةٌ حَمْرَاءُ. [راجع: ۳۹۷]

۶- حجۃ الوداع میں نبی ﷺ کعبہ شریف میں داخل ہوئے

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ فتح مکہ کے سال (اپنی قیام گاہ سے) تشریف لائے درانحالیکہ قصواء اونٹنی پر اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو آپؐ پیچھے بٹھائے ہوئے تھے، اور آپؐ کے ساتھ بلالؓ (مؤذن) اور عثمان بن طلحہؓ (کلید بردار) تھے، آپؐ نے کعبہ کے پاس اونٹنی بٹھائی، پھر عثمانؓ سے کہا: چابی لے آؤ، وہ چابی لائے، پس آپؐ کے لئے دروازہ کھولا گیا، اور آپؐ، اسامہؓ، بلالؓ اور عثمانؓ کعبہ شریف میں داخل ہوئے اور اندر سے دروازہ بند کرلیا اور دن کا کافی حصہ ٹھہرے رہے، پھر باہر تشریف لائے، پس لوگوں نے اندر جانے کے لئے ایک دوسرے سے سبقت کی، میں ان سے آگے پہنچا، میں نے بلالؓ کو دروازہ کے پیچھے کھڑا ہوا پایا، میں نے ان سے پوچھا: نبی ﷺ نے کہاں نماز پڑھی؟ انھوں نے کہا: ان دو اگلے ستونوں کے درمیان نماز پڑھی، اور کعبہ شریف چھ ستونوں پر تھا، جن کی دو لائنیں تھیں، آپؐ نے اگلی لائن کے دو ستونوں کے درمیان نماز پڑھی، اور بیت اللہ کے دروازہ کو اپنی پیٹھ کے پیچھے کیا اور اپنا رخ کیا اس دیوار کی طرف جو تیرے سامنے ہوتی ہے جب تو بیت اللہ میں داخل ہو، آپ کے اور دیوار کے درمیان (تقریباً تین ہاتھ کا فاصلہ تھا) ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں یہ پوچھنا بھول گیا کہ کتنی رکعتیں پڑھیں؟ اور آپؐ نے جہاں نماز پڑھی اس کے پاس سرخ مرمر بچھا ہوا ہے۔

تشریح: کعبہ شریف کا یہ نقشہ حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کی تعمیر سے پہلے کا ہے اب کیا نقشہ ہے؟ میں نے نہیں دیکھا، سنا ہے: اب بھی چھ ستون ہیں اور دو لائنوں میں ہیں، اور یہ حدیث فتح مکہ کے موقع کی ہے، حجۃ الوداع کے باب میں اس کو اس لئے لائے ہیں کہ نبی ﷺ حجۃ الوداع میں کعبہ شریف میں داخل ہوئے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ حدیث ذکر کر کے اشارہ کیا کہ راجح یہ ہے کہ آپؐ حجۃ الوداع کے موقع پر بھی کعبہ شریف میں تشریف لے گئے ہیں، کیونکہ فتح مکہ کا سفر کعبہ شریف کی زیارت کے لئے نہیں تھا، جہاد کے لئے تھا، پھر بھی آپؐ کعبہ میں تشریف لے گئے ہیں، اور حجۃ الوداع کا سفر تو کعبہ شریف کی زیارت ہی کے لئے تھا، پھر اس موقع پر آپؐ کعبہ میں تشریف نہ لے گئے ہوں یہ بات بہت بعید ہے، پس دلالۃ النص سے حضرت نے استدلال کیا ہے کہ حجۃ الوداع میں نبی ﷺ بدرجہ اولیٰ کعبہ میں تشریف لے گئے ہیں، اور اس سلسلہ میں ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی جو صریح روایت ہے: اس کو اس لئے نہیں لائے کہ وہ امام صاحب کی شرط کے مطابق نہیں تھی، وہ روایت یہ ہے: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک دن نبی ﷺ ان کے پاس سے خوش دل نکلے اور غمگین واپس آئے، صدیقہؓ نے وجہ دریافت کی تو فرمایا: میں کعبہ شریف میں گیا، پھر خیال آیا کہ میں نے امت کو مشقت میں ڈال دیا، کاش اس موقعہ پر میں بیت اللہ میں نہ جاتا۔

[٤٤٠١-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَخْبَرَتْهُمَا: أَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ زَوْجَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم حَاضَتْ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَحَابِسَتُنَا هِيَ؟" فَقُلْتُ: إِنَّهَا قَدْ أَفَاضَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَطَافَتْ بِالْبَيْتِ، قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "فَلْتَنْفِرْ"[راجع: ٢٩٤]

۶-(مکرر) حجۃ الوداع میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو ماہواری شروع ہوئی

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عروہ اور ابوسلمہ کو بتایا کہ ام المؤمنین صفیہؓ کو حجۃ الوداع میں ماہواری شروع ہوئی، نبی ﷺ نے (حضرت عائشہؓ سے) فرمایا: کیا وہ ہمیں روکنے والی ہیں (نبی ﷺ ایسا سمجھ رہے تھے کہ انھوں نے ابھی طوافِ زیارت نہیں کیا اور ماہواری شروع ہوگئی ہے، پس جب تک وہ پاک ہوکر طوافِ زیارت نہیں کریں گی نبی ﷺ کو رکنا پڑے گا) حضرت عائشہؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! صفیہؓ نے طوافِ افاضہ (فرض طواف) کرلیا ہے اور بیت اللہ کے پھیرے لگالئے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: پس چاہئے کہ وہ روانہ ہوں (کیونکہ حائضہ کے ذمہ طوافِ وداع نہیں)

[٤٤٠٢-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ بِحَجَّةِ الْوَدَاعِ وَالنَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم بَيْنَ أَظْهُرِنَا، وَلَا نَدْرِيْ مَا حَجَّةُ الْوَدَاعِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَأَطْنَبَ فِيْ ذِكْرِهِ، وَقَالَ: "مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا أَنْذَرَ أُمَّتَهُ، أَنْذَرَهُ نُوْحٌ وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ بَعْدِهِ، وَإِنَّهُ يَخْرُجُ فِيْكُمْ فَمَا خَفِيَ عَلَيْكُمْ مِنْ شَأْنِهِ فَلَيْسَ يَخْفَى عَلَيْكُمْ أَنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، وَإِنَّهُ أَعْوَرُ عَيْنِ الْيُمْنَى كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ"[راجع: ٣٠٥٧]

[٤٤٠٣-] "أَلَا إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ اشْهَدْ" ثَلَاثًا. "وَيْلَكُمْ، أَوْ: وَيْحَكُمْ انْظُرُوْا، لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ" [راجع: ١٧٤٢]

۷- حجۃ الوداع کی پہلی وجہ تسمیہ

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہم حجۃ الوداع کے بارے میں باتیں کیا کرتے تھے، درانحالیکہ نبی ﷺ ہمارے درمیان موجود تھے، اور ہم نہیں جانتے تھے کہ حجۃ الوداع کیا چیز ہے؟ (یعنی صحابہ آپؐ کے حج کو حجۃ الوداع کہتے تھے، مگر وجہ تسمیہ نہیں جانتے تھے، پس نبی ﷺ نے حج کے موقع پر تقریر کی) اللہ کی تعریف کی اور اللہ کی ثنا کی، پھر مسیح

دجال کا تذکرہ کیا، پس لمبا کیا اس کے تذکرہ کو، یعنی خوب تفصیل سے اس کا تذکرہ کیا اور فرمایا: اللہ نے کوئی نبی نہیں بھیجا مگر اس نے اپنی امت کو (دجال سے) ڈرایا، نوح علیہ السلام نے اس سے ڈرایا، اور ان کے بعد کے پیغمبروں نے ڈرایا، اور بیشک شان یہ ہے کہ وہ تم میں نکلے گا یعنی اب متعین ہوگیا ہے کہ وہ امت محمدیہ میں نکلے گا، کیونکہ گذشتہ کسی نبی کے زمانہ میں ظاہر نہیں ہوا، پس اگر پوشیدہ رہے تم پر دجال کے معاملہ سے کچھ تو نہیں پوشیدہ رہے گی تم پر یہ بات کہ تمہارا پروردگار کانا نہیں اور بیشک دجال دائیں آنکھ کا کانا ہوگا، گویا اس کی آنکھ انگور کا ابھرا ہوا دانہ ہے، یعنی اگر تم پر دجال کی دوسری باتیں پوشیدہ رہ جائیں اور تم دجال کو نہ پہچان سکو تو اس کا امکان ہے مگر اس کا کانا ہونا ایسی واضح علامت ہے کہ اس میں کوئی خفا نہیں، اور انگور کے خوشہ میں کوئی دانہ بڑا ہوتا ہے وہ دوسرے دانوں سے باہر نکل آتا ہے، یہ انگور کا ابھرا ہوا دانہ ہے، دجال کی ایک آنکھ باہر نکلی ہوئی ہوگی۔

باقی تقریر: سنو! بیشک اللہ تعالیٰ نے تم پر تمہارے خون اور تمہارے اموال محترم قرار دیئے ہیں، جیسے تمہارے اس دن کا احترام تمہارے اس شہر میں اور تمہارے اس مہینہ میں، سنو! کیا میں نے دین پہنچا دیا؟ لوگوں نے کہا: ہاں، آپؐ نے تین مرتبہ فرمایا: اے اللہ! گواہ رہ! (پھر فرمایا:) تمہارا ناس ہو! دیکھو میرے بعد تم کافر مت ہوجانا کہ تم میں سے بعض بعض کی گردنیں مارنے لگیں، یعنی آپس میں مت لڑنا، خانہ جنگی سے بچنا۔

تشریح: اس تقریر سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ نے لوگوں کو رخصت کیا اور ایک دوسری حدیث میں صاف فرمایا ہے کہ شاید میں تمہیں اس سال کے بعد نہ دیکھوں، اور جیسے قریب المرگ اہم باتوں کی تاکید کرتا ہے، نبی ﷺ نے بھی تاکید کی، پس اب حجۃ الوداع کی وجہ تسمیہ یہ نکلی کہ اس حج میں آپؐ نے لوگوں کو رخصت کیا اور قربِ وفات کی اطلاع دی، اس لئے اس کا نام حجۃ الوداع پڑا، یعنی وہ حج جس میں آپؐ نے لوگوں کو رخصت کیا۔

[٤٤٠٤-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ: قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم غَزَا تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً، وَأَنَّهُ حَجَّ بَعْدَمَا هَاجَرَ حَجَّةً وَاحِدَةً لَمْ يَحُجَّ بَعْدَهَا: حَجَّةَ الْوَدَاعِ. قَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ: وَبِمَكَّةَ أُخْرَى. [راجع: ٣٩٣٩]

۸- حجۃ الوداع کی دوسری وجہ تسمیہ

حدیث: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے انیس مہمات میں حصہ لیا اور آپؐ نے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے کے بعد ایک حج کیا اور اس کے بعد کوئی حج نہیں کیا، اور وہ حجۃ الوداع ہے (پس یہ دوسری وجہ تسمیہ نکلی کہ حجۃ الوداع یعنی نبی ﷺ کی زندگی کا آخری حج) ابواسحاق سبیعیؒ کہتے ہیں: اور مکہ میں اور بھی حج کیا ہے یعنی نبوت سے پہلے اور ہجرت سے پہلے نبی ﷺ نے اور بھی حج کئے ہیں، مگر حج فرض ہونے کے بعد صرف حجۃ الوداع کیا ہے۔

[٤٤٠٥-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو ابْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ جَرِيْرٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ لِجَرِيْرٍ: "اسْتَنْصِتِ النَّاسَ" فَقَالَ: "لَاتَرْجِعُوْا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ"[راجع: ١٢١]

۹- حجۃ الوداع میں تاکید کی کہ خانہ جنگی سے بچنا

حدیث: حضرت جریر بن عبداللہ بجلیؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں حضرت جریرؓ سے کہا: لوگوں کو خاموش کرو (پس جب لوگ خاموش ہوگئے) تو آپؐ نے فرمایا: لوگو! میرے بعد کفر کی طرف مت پلٹ جانا کہ مارنے لگیں تم میں سے بعض بعض کی گردنیں، (قتل مسلم کفر کے درجہ کا گناہ ہے، پس مسلمانوں کو خانہ جنگی سے بچنا چاہئے اور اس حدیث سے دوسری وجہ تسمیہ کی تائید نکلتی ہے، آدمی زندگی کے آخر میں بعد والوں کو اہم باتیں بتایا کرتا ہے)

۱۰- حجۃ الوداع کی تقریر

نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں عرفہ اور منیٰ میں خطابات فرمائے ہیں جو مختلف روایات میں آئے ہیں، باب کی روایت میں منیٰ کا خطبہ ہے۔

[٤٤٠٦-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:

[١-] الزَّمَانُ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ، السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ، ثَلَاثٌ مُتَوَالِيَاتٌ: ذُو الْقَعْدَةِ، وَذُو الْحِجَّةِ، وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِي بَيْنَ جُمَادَى وَشَعْبَانَ.

[٢-] أَيُّ شَهْرٍ هٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَسَكَتَ حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ: "أَلَيْسَ ذُوالْحِجَّةِ؟" قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: "فَأَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَسَكَتَ حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ: "أَلَيْسَ الْبَلْدَةَ؟" قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: "فَأَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَسَكَتَ حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ: "أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ؟" قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: "فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ – قَالَ مُحَمَّدٌ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَأَعْرَاضَكُمْ– عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِي بَلَدِكُمْ هٰذَا، فِي شَهْرِكُمْ هٰذَا.

[٣-] وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَسَيَسْأَلُكُمْ عَنْ أَعْمَالِكُمْ، أَلَا فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِي ضُلَّالًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ

رِقَابَ بَعْضٍ.
[٤-] أَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يُبَلَّغُهُ أَنْ يَكُوْنَ أَوْعَى لَهُ مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهُ.
فَكَانَ مُحَمَّدٌ إِذَا ذَكَرَهُ يَقُوْلُ: صَدَقَ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم.
[٥-] ثُمَّ قَالَ: "أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟" مَرَّتَيْنِ.

ترجمہ: حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- زمانہ گھوم آیا ہے اپنی اس حالت پر جو تخلیقِ ارض وسماء کے وقت تھی، سال کے بارہ مہینے ہیں، ان میں سے چار محترم ہیں، تین مسلسل ہیں،: ذوقعدہ، ذوالحجہ اور محرم، اور مُضر قبیلہ کا رجب، جو جمادی الاخریٰ اور شعبان کے درمیان میں ہے۔

۲- (نبی ﷺ نے پوچھا:) یہ کونسا مہینہ ہے؟ صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ چپ رہے یہاں تک کہ گمان کیا ہم نے کہ آپؐ اس مہینہ کا نام رکھیں گے اس کے نام کے علاوہ، آپؐ نے فرمایا: کیا ذوالحجہ نہیں ہے؟ ہم نے کہا: کیوں نہیں، آپؐ نے پوچھا: یہ کونسا شہر ہے؟ ہم نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں؟ آپؐ خاموش رہے، یہاں تک کہ گمان کیا ہم نے کہ آپؐ اس کا نام رکھیں گے اس کے نام کے علاوہ، آپؐ نے پوچھا: کیا یہ مکہ مکرمہ نہیں ہے؟ ہم نے کہا: کیوں نہیں، آپؐ نے پوچھا: یہ کونسا دن ہے؟ ہم نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ خاموش رہے، یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ آپؐ اس کا نام رکھیں گے اس کے نام کے علاوہ، آپؐ نے فرمایا: کیا یوم النحر (ذی الحجہ کی دس تاریخ) نہیں ہے؟ ہم نے کہا: کیوں نہیں، آپؐ نے فرمایا: پس بیشک تمہارے خون اور تمہارے مال —— محمد بن سرین رحمہ اللہ کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ ابوبکرۃؓ نے اور تمہاری آبرو بھی کہا تھا —— باہم محترم ہیں جیسے تمہارے اس دن کی حرمت تمہارے اس شہر میں، تمہارے اس مہینہ میں۔

۳- اور عنقریب ملاقات کروگے تم تمہارے پروردگار سے، پس عنقریب وہ پوچھیں گے تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں، سنو! پس نہ لوٹنا تم میرے بعد گمراہی کی طرف کہ بعض بعض کی گردنیں مارنے لگیں۔

۴- سنو! حاضر غیر حاضر کو پہنچادے، کیونکہ بعض وہ لوگ جن کو بات پہنچائی جاتی ہے زیادہ یاد رکھنے والے ہوتے ہیں ان لوگوں سے جنھوں نے وہ بات سنی ہے —— محمد بن سرینؒ جب یہ حدیث ذکر کرتے تو کہتے: محمد ﷺ نے صحیح فرمایا۔

۵- پھر آپؐ نے دومرتبہ پوچھا: بتاؤ، کیا میں نے دین پہنچادیا؟

وضاحتیں:

۱- عربوں کے لئے مسلسل تین مہینے جنگ بند رکھنا دشوار تھا، ان کی معیشت کا مدار غنیمت پر تھا، اس لئے محرم کو پیچھے کردیتے تھے اور صفر کو پہلے لے آتے تھے، یہ النَّسِيْءُ (مؤخر کرنا) ہے، اس سے تاریخوں میں تو فرق نہیں پڑتا تھا، صرف

مہینہ آگے پیچھے ہوجاتا ہے، مگر لوند کا سسٹم بھی عربوں میں رائج تھا، جیسے ہندی کیلنڈر قمری ہے مگر اس کو شمسی کیلنڈر کے مطابق بنانے کے لئے ہر تین سال میں ایک مہینہ بڑھاتے ہیں، یہ لوند سسٹم کہلاتا ہے، عرب بھی ایسا کرتے تھے، اس سے تاریخوں کا نظام درہم برہم ہوگیا تھا، حجۃ الوداع میں نبی ﷺ نے اعلان کیا کہ زمانہ خود بخود اپنی جگہ سیٹ ہوگیا ہے، فرمایا: ''زمانہ گھوم آیا ہے، اپنی اس حالت پر جو تخلیق ارض وسماء کے وقت تھی، پھر آپؐ نے فرمایا: سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے، لوند سسٹم میں جو تیسرا سال تیرہ مہینہ کا ہوجاتا ہے وہ غلط ہے۔

۲- ابن سیرین رحمہ اللہ یہ حدیث بیان کرکے فرمایا کرتے تھے: صَدَقَ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم: یعنی نبی ﷺ نے جو فرمایا کہ حاضرین غائبین تک پہنچائیں، یہ خواب شرمندۂ تعبیر ہوگیا، صحابہ نے آپؐ کے ارشادات غائبین تک پہنچادیئے (تحفۃ القاری ۱:۳۹۹)

۳- حدیث کا آخری جملہ: أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ تفصیل طلب ہے، تقریر کے آخر میں آپؐ نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن تم سے میرے متعلق پوچھا جائے گا کہ کیا میں نے تمہیں دین پہنچایا تو تم کیا جواب دوگے؟ صحابہ نے کہا: ہم گواہی دیں گے کہ آپؐ نے دین پہنچایا، تبلیغ کی، اور خیر خواہی کا حق ادا فرمادیا، یہ سن کر آپؐ نے شہادت کی انگلی آسمان کی طرف اٹھائی پھر لوگوں کی طرف جھکائی اور تین بار فرمایا: اے اللہ! گواہ رہ!

[٤٤٠٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ ابْنِ شِهَابٍ: أَنَّ أُنَاسًا مِنَ الْيَهُوْدِ قَالُوْا: لَوْ نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِيْنَا لَاتَّخَذْنَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ عِيْدًا، فَقَالَ عُمَرُ: أَيَّةُ آيَةٍ؟ فَقَالُوْا: ﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ﴾ فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّيْ لَأَعْلَمُ أَيَّ مَكَانٍ أُنْزِلَتْ، أُنْزِلَتْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ. [راجع: ٤٥، ٦٧]

۱۱- حجۃ الوداع کے موقعہ پر اللہ تعالیٰ نے اپنا دین مکمل کیا

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ان کے دورِ خلافت میں ایک یہودی آیا، اس نے کہا: اے امیر المؤمنین! تمہاری کتاب میں ایک آیت ہے جس کو تم پڑھتے ہو مگر تمہیں اس کی قدر و قیمت معلوم نہیں، اگر وہ آیت ہم یہود پر اترتی تو ہم اس دن جشن منایا کرتے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: وہ کونسی آیت ہے؟ اس نے کہا (سورۃ المائدہ کی آیت ۳) ﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِيْنًا﴾: حضرت عمرؓ نے فرمایا: ہم اس دن کو اور اس جگہ کو جہاں نبی ﷺ پر یہ آیت اتری ہے خوب جانتے ہیں، جب آیت اتری تو آپؐ وقوفِ عرفہ کئے ہوئے تھے، اور وہ جمعہ کا دن تھا، یعنی ہمیں کوئی جشن منانے کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ جس دن آیت اتری ہے ہماری دو عیدیں جمع تھیں: ایک: جمعہ کا دن تھا جو مسلمانوں کی چھوٹی عید ہے، دوسری: عرفہ کا دن تھا، اس میں ساری دنیا کے حاجی میدانِ عرفات میں

جمع ہوتے ہیں، پھر جمعہ کا دن تو ہمیشہ اس معین تاریخ میں نہیں آتا مگر عرفہ کا دن اس وقت سے آج تک ہمیشہ اسی معین تاریخ میں آتا ہے، اور قیامت تک اسی معین تاریخ میں آتا رہے گا، اس دن ساری دنیا کے حجاج مکہ مکرمہ میں اسی میدان میں اکٹھا ہوتے رہیں گے، جہاں یہ آیت اتری ہے، اور وہاں اتنا بڑا اجتماع ہوتا ہے کہ دنیا میں اتنا بڑا دوسرا کوئی اجتماع ممکن نہیں، پھر ہمیں الگ سے جشن منانے کی کیا ضرورت ہے؟ (تحفۃ القاری ۱:۲۷۴)

[٤٤٠٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نُوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِحَجَّةٍ، وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ، وَأَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْحَجِّ، فَأَمَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ، أَوْ جَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَلَمْ يَحِلُّوْا حَتَّى يَوْمِ النَّحْرِ.

حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، وَقَالَ: مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِي مَالِكٌ مِثْلَهُ. [راجع: ٢٩٤]

۱۲- حجۃ الوداع میں لوگوں کے مختلف احرام

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ (حجۃ الوداع کے لئے مدینہ سے) نکلے، پس ہم میں سے کسی نے عمرہ کا احرام باندھا، اور کسی نے حج کا، اور کسی نے حج اور عمرہ کا ایک ساتھ احرام باندھا، اور نبی ﷺ نے صرف حج کا احرام باندھا، پس رہے وہ لوگ جنھوں نے حج کا احرام باندھا یا حج اور عمرہ کو جمع کیا انھوں نے یوم النحر تک احرام نہیں کھولا۔

تشریح: صدیقہؓ نے آخری حالت کے اعتبار سے احرام باندھنے والوں کی تین قسمیں بیان کی ہیں، ذوالحلیفہ سے تو سب نے حج کا احرام باندھا تھا، پھر آپؐ نے حج کے ساتھ عمرہ کب ملایا؟ اس میں روایات مختلف ہیں، اور مجتہدین کی رائیں بھی مختلف ہیں، نیز اس میں بھی اختلاف ہے کہ آپؐ مفرد تھے یا قارن؟ مالکیہ اور شافعیہ مفرد مانتے ہیں، حنفیہ قارن، اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے 'اختلاف حدیث' میں اس بات کو ترجیح دی ہے کہ آپؐ نے مطلق احرام باندھا تھا، یعنی حج یا عمرہ کی تعیین نہیں کی تھی، آپؐ کو انتظار تھا کہ کیا حکم آتا ہے؟ جب صفا پر پہنچے تو حکم آیا کہ آپؐ حج کے ساتھ عمرہ کو ملالیں، چنانچہ امام نووی رحمہ اللہ نے آپؐ کے قارن ہونے کی تصویب کی ہے، جیسا کہ حاشیہ میں ہے۔

سند: یہ امام مالک رحمہ اللہ کے شاگرد عبداللہ بن مسلمہ کی روایت ہے، اس میں حجۃ الوداع کی صراحت نہیں، اور دوسرے شاگرد عبداللہ بن یوسف کی روایت میں حجۃ الوداع کی صراحت ہے اور تیسرے شاگرد اسماعیل بن ابی اویسؒ کی روایت بھی اسی طرح ہے، یعنی ان کی حدیث میں بھی حجۃ الوداع کی صراحت ہے۔

[٤٤٠٩-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ هُوَ ابْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: عَادَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ وَجَعٍ أَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بَلَغَ بِيْ مِنَ الْوَجَعِ مَا تَرَى، وَأَنَا ذُوْ مَالٍ، وَلاَ يَرِثُنِيْ إِلاَّ ابْنَةٌ لِيْ وَاحِدَةٌ، أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِيْ؟ قَالَ:" لاَ" قُلْتُ: أَفَأَ تَصَدَّقُ بِشَطْرِهِ؟ قَالَ:" لاَ" قُلْتُ: فَالثُّلُثُ؟ [قَالَ: الثُّلُثُ] وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ، إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، وَلَسْتَ تُنْفِقُ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ إِلاَّ أُجِرْتَ بِهَا حَتَّى اللُّقْمَةَ تَجْعَلُهَا فِيْ فِيْ امْرَأَتِكَ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِيْ؟ قَالَ:" إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلاً تَبْتَغِيْ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ إِلاَّ ازْدَدْتَ بِهِ دَرَجَةً وَرِفْعَةً، وَلَعَلَّكَ تُخَلَّفُ حَتَّى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ وَيُضَرُّ بِكَ آخَرُوْنَ، اللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ وَلاَ تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ، لٰكِنَّ الْبَائِسَ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ" رَثَى لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُوُفِّيَ بِمَكَّةَ.

۱۳- حجۃ الوداع میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیمار پڑے

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں میری بیمار پرسی کے لئے آئے، ایک ایسی تکلیف کی وجہ سے کہ میں اس سے موت کے قریب پہنچ گیا تھا، پس میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میری تکلیف اس درجہ کو پہنچ گئی ہے جو آپ دیکھ رہے ہیں اور میں مالدار آدمی ہوں، اور میرا ایک لڑکی کے علاوہ کوئی وارث نہیں، تو کیا میں اپنا دو تہائی مال خیرات کردوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں، میں نے کہا: آدھا مال خیرات کردوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں، میں نے کہا: تہائی مال خیرات کردوں؟ آپ نے فرمایا: (تہائی خیرات کرسکتے ہو) اور تہائی بھی بہت ہے، بیشک تم اپنے ورثاء کو مالدار چھوڑو یہ بہتر ہے اس سے کہ تم ان کو محتاج چھوڑو، وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پسارتے پھریں، بیشک تم اللہ کی رضا جوئی کے لئے جو بھی خرچ کروگے اس کا ثواب تمہیں ملے گا، یہاں تک کہ بیوی کے منہ میں جو لقمہ دوگے اس کا بھی اجر ملے گا، میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا میں اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جاؤں گا؟ یعنی میرے ساتھی حج کرکے مدینہ جائیں گے اور میں مکہ میں مروں گا؟ آپ نے فرمایا: تم ہرگز پیچھے نہیں رہو گے یعنی مکہ میں نہیں مروگے، ابھی زندہ رہوگے، اور تم جو بھی نیک عمل کروگے جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی چاہوگے مگر بڑھوگے تم اس کی وجہ سے درجہ میں اور بلندی میں، اور ہوسکتا ہے تم پیچھے کئے جاؤ، یعنی میرے بعد تک زندہ رہو، یہاں تک کہ ایک قوم آپ سے فائدہ اٹھائے اور دوسری قوم نقصان اٹھائے، اے اللہ! میرے صحابہ کی ہجرت مکمل فرما اور ان کو الٹے پاؤں نہ لوٹا، ہاں قابل رحم سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ ہیں (ابن شہاب کہتے ہیں) ان کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعائے رحمت کی اس وجہ سے کہ ان کا مکہ میں انتقال ہوا (حدیث کی شرح تحفۃ القاری ۴: ۵۳ میں ہے)

[٤٤١٠-] حَدَّثَنِیْ إِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُمْ أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم حَلَقَ رَأْسَهُ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ.[راجع: ١٧٢٦]

[٤٤١١-] حدثنا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَکْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ: أَخْبَرَنِیْ مُوْسَی بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ: أَخْبَرَهُ ابْنُ عُمَرَ أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم حَلَقَ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَأُنَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، وَقَصَّرَ بَعْضُهُمْ.[راجع: ١٧٢٦]

۱۴- نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں سر منڈا کر احرام کھولا

ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے تلامذہ کو بتلایا کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں اپنا سر منڈایا، اور دوسری روایت میں ہے کہ آپؐ نے حجۃ الوداع میں سر منڈایا، اور آپؐ کے صحابہ میں سے بھی کچھ لوگوں نے (سر منڈایا) اور کچھ لوگوں نے زلفیں بنوائیں (سر منڈا کر احرام کھولنا افضل ہے اور قصر کا مطلب ہے: پٹھے کٹوانا، زلفیں بنوانا، یعنی پیچھے سے بال کٹوانا، تفصیل تحفۃ القاری (۴:۴۶۲) میں ہے)

[٤٤١٢-] حدثنا یَحْیَی بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ح: وَقَالَ اللَّیْثُ: حَدَّثَنِیْ یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ أَقْبَلَ یَسِیْرُ عَلٰی حِمَارٍ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَائِمٌ بِمِنًی مِنْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ یُصَلِّیْ بِالنَّاسِ، فَسَارَ الْحِمَارُ بَیْنَ یَدَیْ بَعْضِ الصَّفِّ ثُمَّ نَزَلَ عَنْهُ فَصَفَّ مَعَ النَّاسِ.[راجع: ١٧٢٦]

۱۵- حجۃ الوداع میں ایام نحر میں نبی ﷺ کا قیام منیٰ میں رہا

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: وہ گدھے پر سوار ہو کر منیٰ کی طرف متوجہ ہوئے درانحالیکہ نبی ﷺ حجۃ الوداع میں منیٰ میں قیام پذیر تھے، وہیں لوگوں کو نمازیں پڑھاتے تھے، پس گدھا بعض صف کے سامنے سے گذرا، پھر ابن عباسؓ اس سے اترے اور لوگوں کے ساتھ صف میں کھڑے ہوگئے، (اس روایت سے معلوم ہوا کہ ایامِ منیٰ یعنی گیارہ، بارہ اور تیرہ تاریخوں میں نبی ﷺ کا قیام منیٰ میں رہا، اور آپؐ وہیں نمازیں پڑھاتے رہے اور حضرت ابن عباسؓ نے اس حدیث سے ایک دوسری حدیث پر تنقید کی ہے جس کی تفصیل تحفۃ القاری (۱:۳۵۴) میں ہے)

[٤٤١٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: سُئِلَ أُسَامَةُ وَأَنَا شَاهِدٌ عَنْ سَیْرِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ حَجَّتِهِ، وَقَالَ: الْعَنَقَ، فَإِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ.

[راجع: ١٦٦٦]

۱۶- حجۃ الوداع میں عرفہ سے واپسی میں نبی ﷺ کے اونٹ کی چال

حضرت عروہؒ کہتے ہیں: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا درانحالیکہ میں موجود تھا: نبی ﷺ کی چال کے بارے میں آپؐ کے حج میں، یعنی حجۃ الوداع میں، حضرت اسامہؓ نے کہا: آپؐ کی رفتار عَنَق تھی (یہ ایک چال ہے، اردو میں اس کے لئے کوئی لفظ نہیں، اس کے معنی ہیں: السیر السریع: یعنی اونٹنی کو تیز چلاتے تھے، تاکہ جلدی مزدلفہ پہنچیں، اور وہاں کچھ دیر آرام کریں) اور جہاں چھیڑ ہوتی آپؐ کی چال نَصّ ہوجاتی (اردو میں اس کے لئے بھی کوئی لفظ نہیں، یہ عَنَق سے تیز چال ہے اور فَجْوۃ کے معنی ہیں: کشادہ جگہ)

[٤٤١٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْخَطْمِيِّ، أَنَّ أَبَا أَيُّوْبَ أَخْبَرَهُ أَنَّـهُ صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمِيْعًا. [راجع: ١٦٧٤]

۱۷- نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں مزدلفہ میں مغرب وعشاء ساتھ پڑھیں

حدیث: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انھوں نے نبی ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع میں مغرب اور عشا ساتھ پڑھیں۔

تشریح: عرفہ میں ظہر وعصر میں جمع تقدیم کی جاتی ہے اور مزدلفہ میں مغرب وعشا میں جمع تاخیر، اس پر امت کا اجماع ہے، ان دوجگہوں کے علاوہ میں اختلاف ہے: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: اعذار کی صورت میں جمع حقیقی بھی جائز ہے اور حنفیہ کے نزدیک صرف جمع صوری جائز ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۴۲۶:۳) میں ہے۔

(حجۃ الوداع کا بیان پورا ہوا)



غزوۂ تبوک

رجب سنہ ۹ ہجری

تبوک: مدینہ منورہ سے شمال کی جانب جزیرۃ العرب کی سرحد پر ایک شہر ہے، غزوۂ تبوک میں آپؐ تبوک مقام تک تشریف لے گئے تھے، اس لئے اس غزوہ کا نام غزوۂ تبوک ہے، اس غزوہ کا دوسرا نام غزوۃ العُسرۃ ہے یعنی تنگی کا غزوہ، جس زمانہ میں یہ غزوہ پیش آیا ہے سخت گرمی تھی، کھجوریں ابھی تیار نہیں ہوئی تھیں، اس لئے قحط جیسا زمانہ تھا، اور دور دراز جنگلات اور پہاڑوں کا سفر تھا، اور اٹھارہ اشخاص کے درمیان سواری کا ایک اونٹ تھا، جس پر باری باری سوار ہوتے تھے، ان وجہ سے اس غزوہ کو غزوۃ العسرۃ بھی کہا جاتا ہے۔

غزوۂ تبوک: نبی ﷺ کی مہمات میں سب سے آخری مہم ہے، فتح مکہ سے جزیرۃ العرب کے حالات یکسر بدل گئے تھے، لوگ فوج فوج اسلام میں آنے لگے تھے، مگر سرحد پر بسے ہوئے عرب قبائل جو عیسائی ہوگئے تھے ان کے اور رومی حکومت کے خطرات منڈلانے لگے تھے جس کی وجہ سے غزوۂ تبوک پیش آیا۔

واقعات کا تسلسل:

۱- شرحبیل بن عمرو غسّانی نے نبی ﷺ کے نامہ بَر حضرت حارث بن عُمیر ازدی رضی اللہ عنہ کو قتل کیا تھا جو نامہ مبارک لے کر بُصری کے حاکم کے پاس جا رہے تھے، نامہ برداروں اور سفیروں کا قتل سنگین جرم تھا، نبی ﷺ کو اس واقعہ سے سخت تکلیف ہوئی، آپؐ نے انتقامی کاروائی کے لئے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ایک لشکر روانہ کیا، جس کی موتہ میں رومیوں کے ساتھ خوفناک ٹکر ہوئی، وہ لشکر اگرچہ پوری طرح انتقام نہیں لے سکا، مگر سرحد پر بسے ہوئے عربوں پر اس کے اچھے اثرات مرتب ہوئے، قیصر روم ان اثرات سے غافل نہیں تھا وہ جانتا تھا کہ اگر عرب قبائل مسلمانوں کی طرف مائل ہوگئے، اور روم سے ان کا رابطہ کٹ گیا، تو اس کی حکومت کو بڑا خطرہ لاحق ہوگا، اس لئے اس نے سوچا کہ مسلمانوں کی قوت ناقابل شکست خطرہ کی صورت اختیار کرے اس سے پہلے ہی اس کو کچل دیا جائے۔

۲- چنانچہ جنگِ موتہ پر ابھی ایک سال بھی نہیں گذرا تھا کہ قیصر روم نے رومی باشندوں اور اپنے ماتحت عربوں: لخم، جذام، عاملہ اور غسّان پر مشتمل فوج کی فراہمی شروع کردی، اور فیصلہ کن معرکہ کی تیاری میں لگ گیا، خبریں مدینہ پے بہ پے پہنچ رہی تھیں، اور مسلمانوں کو ہر وقت کھٹکا لگا رہتا تھا کہ کسی بھی وقت ان کا حملہ ہوسکتا ہے، چنانچہ سن ۹ ہجری میں جب نبی

ﷺ نے اپنی بیویوں سے ایلاء کیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے انصاری پڑوسی نے حضرت عمرؓ کا دروازہ بجایا تو انھوں نے نکلتے ہی پوچھا: کیا غسانی آگئے؟ انصاری نے کہا: اس سے بڑی بات ہوگئی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسی واقعہ میں بیان کرتے ہیں کہ ہمیں خبریں مل رہی تھیں کہ غسانی گھوڑوں کی نعل باندھ رہے ہیں، تاکہ وہ مدینہ پر حملہ کریں، اس سے صورتِ حال کی سنگینی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے، جو اس وقت رومیوں کی جانب سے مسلمانوں کو درپیش تھی۔

۳- پھر ملک شام سے زیتون کا تیل بیچنے کے لئے آنے والے نبطیوں نے بتلایا کہ ہرقل نے چالیس ہزار سپاہیوں کا لشکر تیار کیا ہے، جس میں عرب عیسائی قبائل لخم وجذام وغیرہ کو بھی شامل کیا ہے، اور ان کا ہراول دستہ بلقاء تک پہنچ گیا ہے، قیصر نے فوج کو ایک سال کی تنخواہیں بھی دیدی ہیں، اس طرح ایک بڑا خطرہ مسلمانوں کے سروں پر منڈلانے لگا۔

۴- ادھر صورتِ حال یہ تھی کہ زمانہ سخت گرمی کا تھا، لوگ قحط سالی سے دوچار تھے، سفر دور دراز کا تھا، اور سواریاں کم تھیں، تاہم نبی ﷺ نے ایک انقلابی فیصلہ کیا کہ مسلمان رومی حکومت کی طرف پیش قدمی کریں، اور ان کی حدود میں گھس کر ان کے ساتھ ایک فیصلہ کن جنگ لڑیں، چنانچہ آپؐ نے اعلان فرمادیا کہ لوگ لڑائی کی تیاری کریں، قبائل عرب اور اہل مکہ کو بھی پیغام بھیجا کہ جنگ کے لئے اٹھ کھڑے ہوں۔

نبی ﷺ ہر غزوہ میں توریہ کرتے تھے، مگر اس غزوہ میں صاف اعلان کردیا کہ رومیوں سے جنگ کا ارادہ ہے تاکہ لوگ مکمل تیاری کرلیں اور آپؐ نے چندہ شروع کیا، مخلص صحابہ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کل مال لے کر حاضر ہوئے جس کی مقدار چار ہزار درہم تھی، فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ آدھا مال لے آئے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے دوسو اوقیہ چاندی پیش کی، عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ نے ستر وسق کھجوریں پیش کیں، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے تین سو اونٹ مع ساز وسامان اور ایک ہزار دینار پیش کئے، جس سے آپؐ نہایت مسرور ہوئے، آپؐ دیناروں کو الٹے پلٹتے تھے اور فرماتے تھے: اس عمل کے بعد عثمانؓ کو کوئی عمل ضرر نہیں پہنچا سکتا، اے اللہ! میں عثمانؓ سے راضی ہوں، آپ بھی ان سے راضی ہوں۔

جب تیاری مکمل ہوگئی تو آپؐ تیس ہزار مردانِ جنگی کو لے کر دشمن کی طرف چلے، راستہ میں متعدد واقعات پیش آئے، پندرہ دن چل کر اسلامی لشکر تبوک میں خیمہ زن ہوا، مگر روم اور اس کے حلیفوں کا یہ حال ہوا کہ اسلامی لشکر کی آمد کی خبر سن کر ان میں خوف وہراس کی لہر دوڑ گئی، ان میں آگے بڑھنے کی اور ٹکر لینے کی ہمت نہ رہی، وہ مختلف شہروں میں بکھر گئے، آپؐ نے بیس دن تبوک میں قیام فرمایا اور اردگرد کے قبائل کو رام کیا، پھر اسلامی لشکر مظفر ومنصور واپس لوٹا۔

یہ غزوہ جزیرۃ العرب میں مسلمانوں کا اثر پھیلانے میں بڑا مؤثر ثابت ہوا، عربوں کے سامنے یہ بات واضح ہوگئی کہ اب جزیرۃ العرب میں اسلام کی طاقت کے علاوہ اور کوئی طاقت ٹھہر نہیں سکتی، اس طرح وہ سپر ڈالنے پر مجبور ہوگئے، اور رومیوں کے ساتھ مہمات کا آغاز بھی ہوگیا، جس کی تکمیل خلفائے راشدین کے دور میں ہوئی، سفر سے واپسی میں آپؐ نے

اعلان کیا: رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الأَصْغَرِ إِلَى الْجِهَادِ الأَكْبَرِ: ہم چھوٹی مہم سے بڑی مہم کی طرف لوٹے ہیں، یعنی یہ چھوٹا معرکہ تھا، آگے رومیوں کے ساتھ بڑے بڑے معرکے پیش آئیں گے، پس واپس ہوکر فوج خواب خرگوش میں مبتلا نہ ہوجائے وہ اس دھوکہ میں نہ رہے کہ رومی ہم سے آنکھیں نہیں ملا سکے، یہ محض وقتی بات ہے، آئندہ ان کے ساتھ سخت معرکے پیش آئیں گے، لوگ اس کی تیاری میں مصروف ہوجائیں۔

[۷۹-] بَابُ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، وَهِيَ غَزْوَةُ الْعُسْرَةِ

[۴۴۱۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، [عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ] عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: أَرْسَلَنِيْ أَصْحَابِيْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَسْأَلُهُ الْحُمْلاَنَ لَهُمْ، إِذْ هُمْ مَعَهُ فِيْ جَيْشِ الْعُسْرَةِ، وَهِيَ غَزْوَةُ تَبُوْكَ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! إِنَّ أَصْحَابِيْ أَرْسَلُوْنِيْ إِلَيْكَ لِتَحْمِلَهُمْ، فَقَالَ: " وَاللّٰهِ لاَ أَحْمِلُكُمْ عَلٰى شَيْئٍ" وَوَافَقْتُهُ وَهُوَ غَضْبَانُ وَلاَ أَشْعُرُ وَرَجَعْتُ حَزِيْنًا مِنْ مَنْعِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمِنْ مَخَافَةِ أَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَجَدَ فِيْ نَفْسِهِ عَلَيَّ، فَرَجَعْتُ إِلٰى أَصْحَابِيْ فَأَخْبَرْتُهُمُ الَّذِيْ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ أَلْبَثْ إِلَّا سُوَيْعَةً إِذْ سَمِعْتُ بِلاَلاً يُنَادِيْ: أَيْنَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَيْسٍ؟ فَأَجَبْتُهُ، فَقَالَ: أَجِبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْكَ، فَلَمَّا أَتَيْتُهُ قَالَ: " خُذْ هٰذَيْنِ الْقَرِيْنَيْنِ وَهٰذَيْنِ الْقَرِيْنَيْنِ - لِسِتَّةِ أَبْعِرَةٍ ابْتَاعَهُنَّ حِيْنَئِذٍ مِنْ سَعْدٍ-" فَانْطَلِقْ بِهِنَّ إِلٰى أَصْحَابِكَ فَقُلْ: إِنَّ اللّٰهَ، أَوْ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَحْمِلُكُمْ عَلٰى هٰؤُلاَءِ فَارْكَبُوْهُنَّ" فَانْطَلَقْتُ إِلَيْهِمْ بِهِنَّ فَقُلْتُ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَحْمِلُكُمْ عَلٰى هٰؤُلاَءِ، وَلٰكِنِّيْ وَاللّٰهِ لاَ أَدَعُكُمْ حَتَّى يَنْطَلِقَ مَعِيْ بَعْضُكُمْ إِلٰى مَنْ سَمِعَ مَقَالَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، لاَ تَظُنُّوْا أَنِّيْ حَدَّثْتُكُمْ شَيْئًا لَمْ يَقُلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا لِيْ: وَاللّٰهِ إِنَّكَ عِنْدَنَا لَمُصَدَّقٌ وَلَنَفْعَلَنَّ مَا أَحْبَبْتَ، فَانْطَلَقَ أَبُوْ مُوْسَى بِنَفَرٍ مِنْهُمْ حَتَّى أَتَوُا الَّذِيْنَ سَمِعُوْا قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَنْعَهُ إِيَّاهُمْ ثُمَّ إِعْطَاءَ هُمْ بَعْدُ، فَحَدَّثُوْهُمْ بِمِثْلِ مَا حَدَّثَهُمْ بِهِ أَبُوْ مُوْسَى. [راجع: ۳۱۳۳]

۱- نبی ﷺ نے مجاہدین کے لئے سواریاں مہیا کیں

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے میرے ساتھیوں نے نبی ﷺ کے پاس بھیجا تاکہ میں ان کے لئے آپؐ سے سواریاں طلب کروں، کیونکہ وہ نبی ﷺ کے ساتھ تنگی کے لشکر میں جانا چاہتے تھے، میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! میرے ساتھیوں نے مجھے آپؐ کے پاس بھیجا ہے تاکہ آپؐ ان کو سواریاں عنایت فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: بخدا!

میں تمھیں کوئی سواری نہیں دوں گا، اور اتفاقاً میں آپؐ سے ملا، درانحالیکہ آپؐ غصہ میں تھے، اور میں نہیں جانتا تھا، چنانچہ میں مغموم لوٹا، نبی ﷺ کے انکار کرنے کی وجہ سے اور اس اندیشہ سے کہ نبی ﷺ اپنے دل میں مجھ پر ناراض ہوئے ہوں (معلوم نہیں آپؐ کس پر ناراض تھے مگر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو اندیشہ ہوا کہ کہیں آپؐ ان پر ناراض نہ ہوئے ہوں) پس میں اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹا اور ان کو وہ بات بتائی جو نبی ﷺ نے فرمائی تھی، پس نہیں ٹھہرا میں مگر تھوڑی دیر (سُوَیْعَةٌ: سَاعَةٌ کی تصغیر ہے) کہ اچانک میں نے بلال رضی اللہ عنہ کو آواز دیتے ہوئے سنا کہ عبداللہ بن قیس کہاں ہیں؟ میں نے ان کو جواب دیا، انھوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ آپ کو یاد فرمارہے ہیں، اور آپ کو بلاتے ہیں، میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپؐ نے فرمایا: ''یہ دو کا جوڑا لو، یہ دو کا جوڑا لو'' چھ اونٹوں کے بارے میں (پس تین مرتبہ جملہ ہونا چاہئے، مگر حدیث میں دو ہی مرتبہ ہے) آپؐ نے خریدا تھا ان کو اسی وقت حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے — آپ ان کو لے کر جائیں اپنے ساتھیوں کے پاس اور کہیں کہ اللہ تعالیٰ نے یا رسول اللہ ﷺ نے تمھیں یہ اونٹ سواری کے لئے دیئے ہیں، پس ان پر سوار ہوؤ میں ان کو لے کر ساتھیوں کے پاس پہنچا اور کہا: نبی ﷺ نے تمھیں یہ اونٹ سواری کے لئے دیئے ہیں، مگر میں بخدا! نہیں چھوڑوں گا تمھیں، یہاں تک کہ چلیں میرے ساتھ تمہارے بعض اس شخص کی طرف جس نے نبی ﷺ کی بات سنی ہے (معلوم ہوا کہ جب حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے سواریاں طلب کیں اور نبی ﷺ نے انکار کیا تو اس وقت اور بھی لوگ تھے) تاکہ نہ گمان کرو تم کہ میں نے تم سے بیان کی ہے ایسی بات جو نبی ﷺ نے نہیں فرمائی، ساتھیوں نے مجھ سے کہا: بخدا! بیشک آپ ہمارے نزدیک یقیناً سچے ہیں، اور ہم ضرور کریں گے وہ بات جو آپ کو پسند ہے، ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ ساتھیوں میں سے ایک جماعت کے ساتھ چلے یہاں تک کہ پہنچے وہ ان لوگوں کے پاس جنھوں نے نبی ﷺ سے سواریاں نہ دینے کی بات سنی تھی، پھر آپؐ نے ان کو بعد میں سواریاں دیں، پس بیان کیا انھوں نے اس کے مانند جو بات ان سے ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہی تھی (یعنی ان حضرات نے تصدیق کی کہ ابوموسیٰؓ نے صحیح کہا، پہلے نبی ﷺ نے انکار کیا تھا، پھر بلا کر دیں)

۲- غزوۂ تبوک میں نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے گھر والوں کی ذمہ داری سونپی

جب نبی ﷺ غزوۂ تبوک کے لئے چلے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں رہنے کا حکم دیا، تاکہ وہ آپؐ کے گھروں کو سنبھالیں، اور مجاہدین کے گھروں کی خبر گیری کریں، جب لشکر روانہ ہوا تو منافقین نے کہنا شروع کیا: مَا خَلَفَهُ إِلَّا اسْتِثْقَالاً لَهُ وَتَخْفِيفًا مِنْهُ: علیؓ کو پیچھے اس لئے چھوڑا ہے کہ وہ آپؐ کے لئے بوجھ تھا اس لئے خود کو ہلکا کر لیا، جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ بات سنی تو انھوں نے ہتھیار اٹھائے اور جُرف مقام میں نبی ﷺ سے جا ملے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! منافقین یہ کہتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: غلط کہتے ہیں، میں نے تم کو عورتوں اور بچوں کی حفاظت کے لئے چھوڑا ہے اور فرمایا: اے علیؓ! کیا تم

خوش نہیں ہو کہ تم مجھ سے ایسے ہوؤ جیسے ہارونؑ موسیٰؑ سے، یعنی ہارون علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کی نیابت کی تھی جب موسیٰ علیہ السلام طور پر تشریف لے گئے تھے، اسی طرح تم میرے پیچھے میری نیابت کروگے، البتہ یہ بات ہے کہ میرے بعد نبی نہیں (ترمذی حدیث ۳۷۵۳)

فائدہ: شیعوں نے اس حدیث سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت بلافصل پر استدلال کیا ہے مگر وہ استدلال باطل ہے، کیونکہ ہارون علیہ السلام کی وفات موسیٰ علیہ السلام سے چالیس سال پہلے ہوئی ہے وہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد خلیفہ بلافصل نہیں بنے، نیز حیات میں خلافت وفات کے بعد خلافت کے لئے مستلزم بھی نہیں، کیونکہ آپؐ نے مختلف اسفار میں مختلف حضرات کو مدینہ میں اپنا قائم مقام بنایا ہے مگر ان کو بعد الوفات خلافت نہیں ملی، نہ فصل کے ساتھ نہ بغیر فصل کے۔

[۴۴۱٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ إِلٰى تَبُوْكَ فَاسْتَخْلَفَ عَلِيًّا قَالَ: أَتُخَلِّفُنِىْ فِى الصِّبْيَانِ وَالنِّسَاءِ؟ قَالَ: "أَلَا تَرْضَى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى إِلَّا أَنَّـهُ لَيْسَ نَبِيٌّ بَعْدِىْ"

وَقَالَ أَبُوْ دَاوُدَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ: سَمِعْتُ مُصْعَبًا. [راجع: ۳۷۰٦]

ترجمہ: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ تبوک کی طرف نکلے، پس حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا جانشیں بنایا، انھوں نے عرض کیا: کیا آپؐ مجھے بچوں میں اور عورتوں میں جانشیں بنارہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: کیا خوش نہیں ہو تم کہ ہوؤ مجھ سے ہارونؑ کی جگہ میں موسیٰؑ سے، مگر بیشک شان یہ ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں، پھر دوسری سند لائے، اس میں سماع کی صراحت ہے، حکم نے مصعب سے یہ حدیث سنی ہے۔

۳-غزوۂ تبوک میں دو مزدور لڑ پڑے

حضرت یعلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں غزوۂ تبوک میں اپنے ساتھ نوکر لے گیا، سفر میں دونوکروں کے درمیان جھگڑا ہوگیا، دوسرے نوکر نے میرے نوکر کا ہاتھ کاٹا، میرے نوکر نے اپنا ہاتھ چھڑایا تو دوسرے نوکر کا اوپر کا دانت ٹوٹ گیا، وہ فریاد لے کر نبی ﷺ کے پاس گیا اور قصاص کا مطالبہ کیا، آپؐ نے کوئی قصاص نہیں دلوایا، بلکہ اس کو ڈانٹا کہ کیا وہ تیرے منہ میں اپنا ہاتھ دیئے رہتا کہ تو اس کو سانڈ کی طرح چباتا رہتا؟

[۴۴۱۷-] حدثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءً يُخْبِرُ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ صَفْوَانُ بْنُ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْعُسْرَةَ، قَالَ: كَانَ يَعْلَى يَقُوْلُ: تِلْكَ الْغَزْوَةُ أَوْثَقُ أَعْمَالِىْ عِنْدِىْ، قَالَ عَطَاءٌ: فَقَالَ

صَفْوَانُ: قَالَ يَعْلَى: فَكَانَ لِيْ أَجِيْرٌ فَقَاتَلَ إِنْسَانًا فَعَضَّ أَحَدُهُمَا يَدَ الآخَرِ، قَالَ عَطَاءٌ: فَلَقَدْ أَخْبَرَنِيْ صَفْوَانُ أَيُّهُمَا عَضَّ الآخَرَ، فَنَسِيْتُهُ، قَالَ: فَانْتَزَعَ الْمَعْضُوْضُ يَدَهُ مِنْ فِي الْعَاضِّ، فَانْتَزَعَ إِحْدَى ثَنِيَّتَيْهِ، فَأَتَيَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَهْدَرَ ثَنِيَّتَهُ، قَالَ عَطَاءٌ: وَحَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَفَيَدَعُ يَدَهُ فِيْ فِيْكَ تَقْضَمُهَا كَأَنَّهَا فِيْ فِي فَحْلٍ يَقْضُمُهَا؟"[راجع:۱۸۴۷]

ترجمہ: حضرت یعلیٰؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ تنگی کا غزوہ کیا یعنی غزوۂ تبوک میں گیا، یعلیٰؓ کہا کرتے تھے کہ وہ غزوہ میرے نزدیک میرے اعمال میں سب سے مضبوط (اہم) غزوہ ہے، یعلیٰؓ کہتے ہیں: میرا ایک مزدور تھا وہ ایک انسان سے لڑ پڑا، پس دونوں میں سے ایک نے دوسرے کا ہاتھ کاٹا، عطاء بن ابی رباحؒ کہتے ہیں: مجھے حضرت صفوانؒ نے بتلایا تھا کہ دونوں میں سے کس نے کس کا ہاتھ کاٹا تھا، مگر میں اس کو بھول گیا (مسلم شریف (حدیث ۱۶۷۴) میں ہے کہ کاٹنے والا حضرت یعلیٰؓ کا نوکر تھا) حضرت صفوانؒ کہتے ہیں: پس کھینچ دیا اس مزدور نے جس کا ہاتھ کاٹا گیا تھا، اپنے ہاتھ کو کاٹنے والے کے منہ سے، پس اس کے اوپر کے دو دانتوں میں سے ایک دانت ٹوٹ گیا، پس دونوں نبی ﷺ کے پاس پہنچے، آپؐ نے اس کے دانت کو رائگاں کیا، حضرت عطاءؒ کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ حضرت صفوانؒ نے کہا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "کیا چھوڑے رہتا وہ اپنا ہاتھ تیرے منہ میں، چباتا رہتا تو اس کو گویا وہ ہاتھ مذکر اونٹ کے منہ میں ہے، چباتا ہے وہ اونٹ اس ہاتھ کو"

لغت: الثَّنِيَّة: سامنے والے چار دانتوں میں سے ایک (دو اوپر ہوتے ہیں اور دو نیچے)

بَابُ حَدِيْثِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کا واقعہ

کعب بن مالک انصاری، سَلمی، خزرجی، اکابر صحابہ میں سے اور بڑے شعراء میں سے ہیں، وہ نبی ﷺ کے شاعر تھے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ہنگامہ میں ان کے مددگار رہے، شہادت عثمان کے بعد گھر میں بیٹھ گئے، آخر عمر میں نابینا ہوگئے، ۷۷ سال کی زندگی پائی اور سن ۵۰ ہجری میں وفات ہوئی۔

تبوک کی جنگ میں شریک نہ ہونے والے تین قسم کے لوگ تھے: ایک: منافقین تھے جو از راہ شک ونفاق پیچھے رہے تھے، دوم: وہ مؤمنین تھے جو سستی اور تن آسانی کی وجہ سے شریک نہیں ہوئے تھے، ان کی پھر دو قسمیں تھیں: اول: جنھوں نے نبی ﷺ کی واپسی کی اطلاع پا کر خود کو مسجد کے ستونوں سے باندھ دیا تھا، جیسے حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ اور ان کے چند ساتھی ان کے حق میں جب سورۃ التوبہ کی آیت ۱۰۲ نازل ہوئی تو آپؐ نے ان کو کھول دیا اور قبولِ توبہ کی بشارت سنائی، دوم: تین شخص ایسے تھے جنھوں نے خود کو نہ ستون سے بندھوایا تھا نہ کوئی عذر تراشا تھا، صاف اپنی کوتاہی کا اقرار کیا تھا، ان کے حق

میں سورۃ التوبہ کی آیت ۱۰۶ نازل ہوئی: ﴿وَآخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللّٰهِ إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَإِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ، وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ﴾: اور کچھ دوسرے لوگ وہ ہیں جن کا معاملہ اللہ کے حکم سے ڈھیل میں ڈالا گیا ہے، اللہ یا ان کو سزا دیں گے اور یا ان کو معاف کریں گے، اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والے حکمت والے ہیں، اور نبی ﷺ نے ان کے حق میں حکم الٰہی کے نزول تک تادیب کے طور پر مسلمانوں کو حکم دیا کہ ان کا بائکاٹ کیا جائے، پچاس دن تک بائکاٹ چلا، پھر ان کی توبہ نازل ہوئی، یہ تین حضرات: کعب بن مالک، مرارۃ بن الربیع، اور ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہم تھے، ان میں سے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے اپنا واقعہ بسط کے ساتھ اور مؤثر انداز میں بیان کیا ہے:

فرماتے ہیں: تبوک کی مہم چونکہ بہت سخت تھی، اور نبی ﷺ نے صحابہ کو تیاری کا عام حکم دیا تھا، اور لوگ حسب استطاعت سامان سفر مہیا کرنے میں مشغول تھے، مگر میں بے فکر تھا کہ جب چاہوں گا تیار ہو کر نکل جاؤں گا، اس وقت مجھے ہر طرح کا سامان میسر تھا، ایک نہیں دو سواریاں میرے پاس موجود تھیں، میں غفلت کے نشہ میں رہا، اور نبی ﷺ نے تیس ہزار مجاہدین کے ساتھ کوچ کیا، اب مجھے خیال آیا کہ میں رہ گیا، مگر میں نے سوچا کہ میں تیار ہو کر اگلی منزل میں آپؐ سے جاملوں گا، میں اسی امروز وفردا میں رہا کہ نبی ﷺ تبوک پہنچ گئے، وہاں ایک مجلس میں آپؐ نے فرمایا: کعب بن مالکؓ کو کیا ہوا؟ بنوسلمہ کے ایک شخص نے کہا: یارسول اللہ! اس کی عیش پسندی اور اعجاب (خود پسندی) نے اس کو نکلنے کی اجازت نہیں دی، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اس کی تردید کی اور کہا: تم نے بری بات کہی، خدا کی قسم! ہم نے اس میں بھلائی کے سوا کچھ نہیں دیکھا، نبی ﷺ سن کر خاموش رہے۔

کعبؓ کہتے ہیں: آپؐ کی تشریف بری کے بعد مجھے سب سے زیادہ وحشت اس بات سے ہوتی تھی کہ مدینہ میں پکے منافقوں یا معذوروں کے سوا مجھے کوئی مرد نظر نہیں آتا تھا، پھر جب نبی ﷺ کی واپسی کی خبریں سنیں تو دل طرح طرح کے بہانے تراشنے لگا کہ واپسی پر یہ عذر کروں گا، وہ عذر کروں گا، مگر جب آپؐ بخیریت واپس آگئے، تو دل سے سارے جھوٹ محو ہو گئے، اور طے کرلیا کہ سچ کے علاوہ کوئی بات نجات دلانے والی نہیں۔

نبی ﷺ مسجد میں رونق افروز ہوئے، صحابہ کا مجمع تھا، منافقین جھوٹے بہانے بنا کر ظاہری گرفت سے بچ رہے تھے، میں اس حال میں آپؐ کے سامنے آیا، میرے سلام کرنے پر آپؐ نے غضب آمیز تبسم فرمایا، اور غیر حاضری کی وجہ دریافت کی، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر آج میں کسی دوسرے کے سامنے ہوتا تو زبان زوری سے جھوٹے بہانے بنا کر خود کو بچالیتا، مگر آپؐ کے سامنے اگر میں جھوٹ بول کر آپؐ کو راضی بھی کرلوں تو کچھ وقت کے بعد اللہ تعالیٰ آپؐ کو سچی بات بتا کر مجھ سے ناراض کردیں گے، اور اگر میں تھوڑی دیر کے لئے آپؐ کی خفگی برداشت کرلوں تو مجھے امید ہے کہ اس کا انجام بہتر ہوگا، یارسول اللہ! واقعہ یہ ہے کہ میرے پاس غیر حاضری کا کوئی عذر نہیں، میرے پاس تبوک کی روانگی کے وقت اتنی فراخی اور مقدرت حاصل تھی جو مجھے کبھی حاصل نہیں ہوئی، میں مجرم ہوں آپؐ میرے بارے میں جو چاہیں فیصلہ فرمائیں، آپؐ نے

فرمایا: یہ شخص ہے جس نے سچی بات کہی ہے، جاؤ اور خدائی فیصلہ کا انتظار کرو۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے تحقیق کی کہ اور کسی کے ساتھ میرے جیسا معاملہ پیش آیا ہے؟ معلوم ہوا کہ حضرت ہلال بن امیہ اور مرارۃ بن الربیع رضی اللہ عنہما کے ساتھ بھی ایسا ہی معاملہ پیش آیا ہے، ہم تینوں کے بارے میں نبی ﷺ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ کوئی ہم سے بات نہ کرے، چنانچہ کوئی مسلمان ہم سے بات نہیں کرتا تھا، نہ سلام کا جواب دیتا تھا، میرے دو ساتھی تو خانہ نشیں ہوگئے، رات دن گھر میں روتے رہتے تھے، مگر میں مضبوط آدمی تھا، مسجد میں نماز کے لئے جاتا، نبی ﷺ کو سلام کرتا اور دیکھتا کہ جواب میں ہونٹ ہلے یا نہیں؟ جب میں حضور ﷺ کی طرف دیکھتا تو آپؐ میری طرف سے نظر پھیر لیتے۔

اسی اثناء میں ایک دن ایک شخص نے غسان کے بادشاہ کا خط مجھے دیا جس میں میری مصیبت پر اظہارِ ہمدردی کے بعد دعوت دی تھی کہ میں اس کے ملک میں چلا جاؤں، وہاں میری بہت آؤ بھگت ہوگی، میں نے خط پڑھ کر کہا: یہ نیا امتحان آ گیا، پھر میں نے وہ خط چولھے میں جھونک دیا۔

چالیس دن کے بعد نیا حکم یہ پہنچا کہ میں اپنی بیوی سے علاحدہ رہوں، چنانچہ میں نے اپنی بیوی سے کہہ دیا: اپنے میکہ چلی جاؤ، اور جب تک اللہ کے یہاں سے میرے حق میں کوئی فیصلہ نہ آئے وہیں رہو، پچاس دن اس حالت میں گذرے کہ اللہ کی زمین مجھ پر باوجود فراخی کے تنگ ہوگئی، زندگی موت سے زیادہ دشوار معلوم ہوتی تھی کہ ایک صبح جبل سَلع سے آواز آئی: اے کعب بن مالک! خوشخبری سن لو، میں سنتے ہی سجدہ میں گر پڑا، آخر شب میں نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اطلاع ملی کہ ہماری توبہ قبول ہوگئی، آپؐ نے فجر کی نماز کے بعد صحابہ کو مطلع کیا، ایک سوار میری طرف دوڑتا ہوا آیا، مگر دوسرے نے پہاڑ پر چڑھ کر زور سے پکارا، اس کی آواز سوار سے پہلے پہنچ گئی، اور میں نے اپنے بدن کے کپڑے اتار کر پکارنے والے کو دیدیئے۔

پھر میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، لوگ جوق جوق آتے تھے اور مجھے مبارک باد دیتے تھے، مہاجرین میں سے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہوکر مصافحہ کیا، نبی ﷺ کا چہرہ چاند کی طرح چمک رہا تھا، آپؐ نے فرمایا: اللہ نے تمہاری توبہ قبول فرمائی، حضرت کعبؓ نے کہا: اس توبہ کا تتمہ یہ ہے کہ میں اپنا کل مال اللہ کی راہ میں صدقہ کرتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: سب نہیں، کچھ اپنے لئے روک لو، چنانچہ میں نے خیبر کی جائداد روک لی اور باقی مال صدقہ کردیا۔

ان تین حضرات کی توبہ میں جن کا معاملہ پیچھے رکھا گیا تھا یہ آیت نازل ہوئی: ﴿وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا حَتّٰى إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْا أَنْ لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ، ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا إِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ﴾: اور (اللہ تعالیٰ مہربان ہوئے) ان تین شخصوں پر جن کو پیچھے رکھا گیا تھا، یہاں تک کہ جب ان پر زمین کشادہ ہونے کے باوجود تنگ ہوگئی، اور ان کی جانیں عاجز آگئیں، اور وہ سمجھ گئے کہ کہیں پناہ نہیں اللہ

سے مگر اسی کی طرف، پھر اللہ تعالیٰ ان پر مہربان ہوئے تاکہ وہ پھر آئیں، بیشک اللہ تعالیٰ بڑے مہربان رحم فرمانے والے ہیں۔

[۸۰-] بَابُ حَدِيْثِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ

وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَعَلَى الثَّلاَثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا﴾[التوبة: ۱۱۸]

[۴۴۱۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ - وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيْهِ حِيْنَ عَمِيَ - قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ قِصَّةِ تَبُوْكَ، قَالَ كَعْبٌ: لَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا إِلَّا فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، غَيْرَ أَنِّيْ كُنْتُ تَخَلَّفْتُ فِيْ غَزْوَةِ بَدْرٍ، وَلَمْ يُعَاتِبْ أَحَدًا تَخَلَّفَ عَنْهَا، إِنَّمَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُرِيْدُ عِيْرَ قُرَيْشٍ حَتَّى جَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ عَدُوِّهِمْ عَلٰى غَيْرِ مِيْعَادٍ، وَلَقَدْ شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ حِيْنَ تَوَاثَقْنَا عَلَى الإِسْلاَمِ، وَمَا أُحِبُّ أَنَّ لِيْ بِهَا مَشْهَدَ بَدْرٍ، وَإِنْ كَانَتْ بَدْرٌ أَذْكَرَ فِي النَّاسِ مِنْهَا.

ترجمہ: (حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے چار لڑکے تھے، جن کے نام حاشیہ میں ہیں، ان میں سے عبداللہ اندھے کی لاٹھی تھے، وہ نابینا ہوگئے تھے) عبداللہؒ کہتے ہیں: میں نے کعب بن مالکؓ کو تبوک کا واقعہ بیان کرتے ہوئے سنا، جب وہ پیچھے رہ گئے، یعنی وہ اپنے پیچھے رہنے کا واقعہ بیان کیا کرتے تھے، کعبؓ نے کہا: نہیں پیچھے رہا میں نبی ﷺ سے کسی بھی ایسے جہاد میں جو آپؐ نے کیا مگر تبوک کے جہاد میں، البتہ میں پیچھے رہ گیا تھا بدر کے جہاد میں، اور نہیں سرزنش کی آپؐ نے کسی کو جو غزوۂ بدر سے پیچھے رہا تھا (کیونکہ) نبی ﷺ نکلے تھے قریش کے تجارتی قافلہ کا ارادہ کرکے یہاں تک کہ اکٹھا کردیا اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے درمیان اور ان کے دشمنوں کے درمیان کسی سابق پروگرام کے بغیر اور میں نبی ﷺ کے ساتھ لیلۃ العقبہ میں حاضر ہوا ہوں، جب ہم نے عہد و پیمان کیا مسلمان ہونے پر اور نہیں پسند کرتا میں کہ ہو میرے لئے لیلۃ العقبہ کے بدل غزوۂ بدر یعنی میرے نزدیک غزوۂ بدر سے زیادہ اہمیت لیلۃ العقبہ کی ہے، اگرچہ لوگوں میں لیلۃ العقبہ سے زیادہ شہرت غزوۂ بدر کی ہے (یہ حضرت کعبؓ کی رائے ہے اور دیگر صحابہ و تابعین اور علماء کی رائے یہ ہے کہ بدر کا مقام و مرتبہ لیلۃ العقبہ سے بلند ہے، احادیث سے بھی بدر کی اور شرکاءِ بدر کی فضیلت زیادہ معلوم ہوتی ہے)

كَانَ مِنْ خَبَرِيْ: أَنِّيْ لَمْ أَكُنْ قَطُّ أَقْوَى وَلاَ أَيْسَرَ حِيْنَ تَخَلَّفْتُ عَنْهُ فِيْ تِلْكَ الْغَزَاةِ، وَاللّٰهِ! مَا اجْتَمَعَتْ عِنْدِيْ قَبْلَهُ رَاحِلَتَانِ قَطُّ حَتَّى جَمَعْتُهُمَا فِيْ تِلْكَ الْغَزْوَةِ، وَلَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُرِيْدُ غَزْوَةً إِلَّا وَرَّى بِغَيْرِهَا حَتَّى كَانَتْ تِلْكَ الْغَزْوَةُ، غَزَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَرٍّ شَدِيْدٍ وَاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِيْدًا وَمَفَازًا وَعَدُوًّا كَثِيْرًا، فَجَلَّى لِلْمُسْلِمِيْنَ أَمْرَهُمْ لِيَتَأَهَّبُوْا أُهْبَةَ

غَزْوِهِمْ، فَأَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِ الَّذِیْ یُرِیْدُ، وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم کَثِیْرٌ وَلَایَجْمَعُهُمْ کِتَابٌ حَافِظٌ - یُرِیْدُ الدِّیْوَانَ - قَالَ کَعْبٌ: فَمَا رَجُلٌ یُرِیْدُ أَنْ یَتَغَیَّبَ إِلَّا ظَنَّ أَنْ سَیُخْفٰی لَهُ مَالَمْ یُنْزَلْ فِیْهِ وَحْیُ اللّٰهِ، وَغَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم تِلْكَ الْغَزْوَةَ حِیْنَ طَابَتِ الثِّمَارُ وَالظِّلَالُ، وَتَجَهَّزَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهُ، فَطَفِقْتُ أَغْدُوْ لِکَیْ أَتَجَهَّزَ مَعَهُمْ، فَأَرْجِعُ وَلَمْ أَقْضِ شَیْئًا، فَأَقُوْلُ فِیْ نَفْسِیْ: وَأَنَا قَادِرٌ عَلَیْهِ، فَلَمْ یَزَلْ یَتَمَادَی بِیْ حَتَّی اشْتَدَّ بِالنَّاسِ الْجِدُّ، فَأَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهُ وَلَمْ أَقْضِ مِنْ جَهَازِیْ شَیْئًا، فَقُلْتُ: أَتَجَهَّزُ بَعْدَهُ بِیَوْمٍ أَوْ یَوْمَیْنِ ثُمَّ أَلْحَقُهُمْ، فَغَدَوْتُ بَعْدَ أَنْ فَصَلُوْا لِأَتَجَهَّزَ فَرَجَعْتُ وَلَمْ أَقْضِ شَیْئًا، ثُمَّ غَدَوْتُ فَرَجَعْتُ وَلَمْ أَقْضِ شَیْئًا، فَلَمْ یَزَلْ بِیْ حَتَّی أَسْرَعُوْا وَتَفَارَطَ الْغَزْوُ، وَهَمَمْتُ أَنْ أَرْتَحِلَ فَأُدْرِکَهُمْ وَلَیْتَنِیْ فَعَلْتُ، فَلَمْ یُقَدَّرْ لِیْ ذٰلِكَ، فَکُنْتُ إِذَا خَرَجْتُ فِی النَّاسِ بَعْدَ خُرُوْجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَطُفْتُ فِیْهِمْ أَحْزَنَنِیْ أَنِّیْ لَا أَرَی إِلَّا رَجُلًا مَغْمُوْصًا عَلَیْهِ النِّفَاقُ أَوْ رَجُلًا مِمَّنْ عَذَرَ اللّٰهُ مِنَ الضُّعَفَاءِ، وَلَمْ یَذْکُرْنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حَتَّی بَلَغَ تَبُوْكَ، فَقَالَ وَهُوَ جَالِسٌ فِی الْقَوْمِ بِتَبُوْكَ: " مَا فَعَلَ کَعْبٌ؟" فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ سَلِمَةَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! حَبَسَهُ بُرْدَاهُ وَنَظَرُهُ فِیْ عِطْفَیْهِ فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: بِئْسَ مَا قُلْتَ، وَاللّٰهِ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا عَلِمْنَا عَلَیْهِ إِلَّا خَیْرًا، فَسَکَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم.

ترجمہ: اور میرا کچھ واقعہ یہ ہے کہ میں نہیں تھا کبھی بھی زیادہ طاقت ور اور زیادہ مالدار جس وقت پیچھے رہا میں نبی ﷺ سے اس جہاد میں، بخدا! نہیں اکٹھا ہوئیں میرے پاس اس سے پہلے دوسواریاں کبھی بھی، یہاں تک کہ جمع کیا میں نے دونوں کو اس جہاد میں، اور نبی ﷺ نہیں ارادہ کرتے تھے کسی غزوہ کا مگر توریہ کرتے تھے اس کے علاوہ کے ساتھ، یہاں تک کہ ہوا یہ غزوہ، اس کو رسول اللہ ﷺ نے کیا سخت گرمی میں، پس سامنا کیا آپؐ نے دور دراز سفر کا اور جنگلات کا، اور دشمنوں کی بہت بڑی تعداد کا، پس کھولا مسلمانوں کے لئے ان کا معاملہ تاکہ تیاری کرلیں وہ اپنے جہاد کی پوری تیاری، پس اطلاع دی آپؐ نے ان کو اپنے اس رخ کی جس کا ارادہ تھا اور مسلمان نبی ﷺ کے پاس بڑی تعداد میں تھے، اور نہیں جمع کرتا تھا ان کو کوئی رجسٹر —— امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: کتاب سے مراد دفتر ہے —— حضرت کعبؓ کہتے ہیں: پس نہیں تھا کوئی شخص جو چاہتا کہ غیر حاضر رہے مگر خیال کرتا تھا وہ کہ وہ نبی ﷺ کے لئے پوشیدہ رہ جائے گا جب تک نہ اتاری جائے گی اس کے حق میں اللہ کی وحی۔ اور غزوہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے وہ غزوہ جب پھل اور سایے اچھے ہوگئے، اور تیاری کی نبی ﷺ نے، آپؐ کے ساتھ مسلمانوں نے، پس صبح کرتا تھا میں کہ تیاری کروں، پس لوٹتا تھا میں اور میں نے کوئی تیاری نہیں کی ہوتی تھی، اور میں اپنے دل میں سوچتا تھا کہ میں قادر ہوں تیاری کرنے پر، پس برابر لیت ولعل ہوتی رہی میرے ساتھ یہاں تک

کہ لوگ بہت تیزی سے منزل کی طرف بڑھنے لگے، پس نبی ﷺ نے صبح کی اور مسلمانوں نے آپؐ کے ساتھ، اور میں اپنے سامان میں سے کچھ بھی تیار نہ کرسکا، میں نے سوچا: ایک یا دو دن کے بعد سامان تیار کرلوں گا، پھر ان سے جاملوں گا، پس صبح کی میں نے ان حضرات کے روانہ ہونے کے بعد کہ تیاری کروں میں، پس لوٹا میں اور میں نے کچھ بھی تیاری نہیں کی، پھر صبح کی میں نے پس لوٹا میں اور میں نے کچھ بھی تیاری نہیں کی، میرا یہی حال رہا، یہاں تک کہ فوج تیزی سے آگے نکل گئی، اور میرے ہاتھ سے جہاد نکل گیا، اور میں نے ارادہ کیا کہ میں کوچ کروں گا اور ان کو پالوں گا اور کاش میں نے ایسا کیا ہوتا، پس نہیں مقدر کی گئی میرے لئے یہ بات، پس جب میں نکلتا تھا لوگوں میں نبی ﷺ کی تشریف بری کے بعد اور میں لوگوں میں گھومتا تھا تو غمگین کرتی تھی مجھے یہ بات کہ نہیں دیکھتا تھا میں مگر ایسے آدمی کو جو نفاق کے ساتھ مطعون تھا یا ایسے معذور کو جس کو اللہ تعالیٰ نے معافی دیدی تھی، اور نہیں تذکرہ کیا میرا نبی ﷺ نے یہاں تک کہ آپؐ تبوک پہنچے، پس آپؐ نے فرمایا: درانحالیکہ آپؐ تبوک میں تشریف فرما تھے: کعبؓ نے کیا کیا؟ پس بنوسلمہ کے ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! روک دیا اس کو اس کی چادر نے اور اس کے دیکھنے نے اس کے دونوں پلوں میں یعنی خود پسندی نے، پس حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: تم نے بری بات کہی، بخدا! یا رسول اللہ! نہیں جانتے ہم ان کے بارے میں مگر اچھی بات، پس نبی ﷺ خاموش رہے۔

قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ: فَلَمَّا بَلَغَنِيْ أَنَّـهُ تَوَجَّهَ قَافِلاً حَضَرَنِيْ هَمِّيْ، وَطَفِقْتُ أَتَذَكَّرُ الْكَذِبَ، وَأَقُوْلُ: بِمَاذَا أَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهِ غَدًا؟ وَاسْتَعَنْتُ عَلٰى ذٰلِكَ بِكُلِّ ذِيْ رَأْيٍ مِنْ أَهْلِيْ، فَلَمَّا قِيْلَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ أَظَلَّ قَادِمًا زَاحَ عَنِّي الْبَاطِلُ، وَعَرَفْتُ أَنِّي لَنْ أَخْرُجَ مِنْهُ أَبَدًا بِشَيْئٍ فِيْهِ كَذِبٌ، فَأَجْمَعْتُ صِدْقَهُ، وَأَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَادِمًا وَكَانَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ فَيَرْكَعُ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ جَلَسَ لِلنَّاسِ، فَلَمَّا فَعَلَ ذٰلِكَ جَاءَهُ الْمُخَلَّفُوْنَ، فَطَفِقُوْا يَعْتَذِرُوْنَ إِلَيْهِ، وَيَحْلِفُوْنَ لَهُ، وَكَانُوْا بِضْعَةً وَثَمَانِيْنَ رَجُلاً، فَقَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَانِيَتَهُمْ وَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَوَكَلَ سَرَائِرَهُمْ إِلَى اللّٰهِ، فَجِئْتُهُ فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ تَبَسَّمَ تَبَسُّمَ الْمُغْضَبِ، ثُمَّ قَالَ: "تَعَالَ" فَجِئْتُ أَمْشِيْ حَتّٰى جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ لِيْ: "مَا خَلَّفَكَ؟ أَلَمْ تَكُنْ قَدِ ابْتَعْتَ ظَهْرَكَ؟" فَقُلْتُ: بَلٰى، إِنِّيْ وَاللّٰهِ لَوْ جَلَسْتُ عِنْدَ غَيْرِكَ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا لَرَأَيْتُ أَنْ سَأَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهِ بِعُذْرٍ، وَاللّٰهِ لَقَدْ أُعْطِيْتُ جَدَلاً، وَلٰكِنِّيْ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَئِنْ حَدَّثْتُكَ الْيَوْمَ حَدِيْثَ كَذِبٍ تَرْضَى بِهِ عَنِّي لَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ أَنْ يُسْخِطَكَ عَلَيَّ، وَلَئِنْ حَدَّثْتُكَ حَدِيْثَ صِدْقٍ تَجِدُ عَلَيَّ فِيْهِ، إِنِّيْ لَأَرْجُوْ فِيْهِ عَفْوَ اللّٰهِ، لَا وَاللّٰهِ مَا كَانَ لِيْ مِنْ عُذْرٍ، وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ أَقْوٰى وَلَا أَيْسَرَ مِنِّيْ حِيْنَ تَخَلَّفْتُ عَنْكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَمَّا هٰذَا فَقَدْ صَدَقَ فَقُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ فِيْكَ"

ترجمہ: کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس جب مجھے اطلاع ملی کہ آپؐ مراجعت فرما ہو گئے ہیں تو مجھے بڑی فکر لاحق ہوئی، اور میں نے جھوٹی باتیں یاد کرنی شروع کیں، اور میں نے سوچنا شروع کیا کہ کس طرح نکلوں گا میں آپ ﷺ کی ناراضگی سے آئندہ کل، اور مدد حاصل کی میں نے اس بارے میں میری فیملی کے ہر سمجھ دار سے، پھر جب کہا گیا کہ رسول اللہ ﷺ آنے ہی والے ہیں تو دور ہو گیا مجھ سے باطل اور پہچان لیا میں نے کہ ہرگز نہیں نکل سکتا میں آپؐ کی ناراضگی سے کبھی بھی کسی چیز کے ذریعہ جس میں جھوٹ ہو، پس پختہ ارادہ کیا میں نے آپؐ سے سچ کہنے کا۔

اور صبح کے وقت نبی ﷺ تشریف لے آئے، جب آپؐ کسی سفر سے تشریف لاتے تو مسجد سے ابتداء کرتے، مسجد میں دو رکعتیں پڑھتے، پھر لوگوں سے ملنے کے لئے بیٹھ جاتے، جب نبی ﷺ نے یہ کیا تو آپؐ کے پاس پیچھے رہنے والے آئے اور انھوں نے آپؐ کے سامنے اعذار پیش کرنے شروع کئے اور آپؐ کے سامنے قسمیں کھانی شروع کیں، اور وہ اسّی سے کچھ زیادہ آدمی تھے، پس نبی ﷺ نے ان کے ظاہر کو ان سے قبول کر لیا اور ان کو بیعت کر لیا، اور ان کے لئے استغفار کیا اور ان کے باطن کو اللہ کے حوالے کر دیا، پس میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا جب میں نے آپؐ کو سلام کیا تو آپؐ مسکرائے غضب ناک کے مسکرانے کی طرح، پھر آپؐ نے فرمایا: آجا، پس میں چلا یہاں تک کہ میں آپؐ کے سامنے بیٹھ گیا، آپؐ نے مجھ سے پوچھا: کس چیز نے تمہیں پیچھے رکھا، کیا تم نے اپنی سواری نہیں خریدی تھی؟ میں نے کہا: کیوں نہیں، بیشک میں بخدا! اگر بیٹھتا آپ کے علاوہ کے سامنے دنیاداروں میں سے تو دیکھتا میں کہ عنقریب نکل جاتا میں اس کی ناراضگی سے بہانہ بنا کر، اور بخدا! دیا گیا ہوں میں زور کلام، مگر میں بخدا! یقیناً جانتا ہوں کہ اگر بیان کروں میں آپؐ سے آج ایسی جھوٹی بات جس کے ذریعہ آپؐ مجھ سے راضی ہو جائیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ آپؐ کو ناراض کر دیں مجھ سے اور بخدا! اگر بیان کروں میں آپؐ سے سچی بات تو ناراض ہونگے آپؐ مجھ پر اس بات کی وجہ سے مگر میں امید کرتا ہوں سچی بات سے اللہ تعالیٰ کی معافی کی نہیں بخدا! نہیں تھا میرے لئے کوئی عذر، بخدا! نہیں تھا میں زیادہ طاقت ور اور نہ زیادہ مالدار مجھ سے جب پیچھے رہا میں آپؐ سے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: رہا یہ شخص تو اس نے یقیناً سچ کہا، اٹھ جاؤ، یہاں تک کہ فیصلہ کریں اللہ تعالیٰ تمہارے حق میں۔

فَقُمْتُ وَسَارَ رِجَالٌ مِنْ بَنِیْ سَلِمَةَ فَاتَّبَعُوْنِیْ، فَقَالُوْا لِیْ: وَاللّٰهِ مَا عَلِمْنَاكَ كُنْتَ أَذْنَبْتَ ذَنْبًا قَبْلَ هٰذَا، وَلَقَدْ عَجَزْتَ أَنْ لَا تَكُوْنَ اعْتَذَرْتَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمَا اعْتَذَرَ إِلَيْهِ الْمُتَخَلِّفُوْنَ، قَدْ كَانَ كَافِيْكَ ذَنْبَكَ اسْتِغْفَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَكَ، فَوَ اللّٰهِ مَا زَالُوْا يُؤَنِّبُوْنِّیْ حَتّٰى أَرَدْتُ أَنْ أَرْجِعَ فَأُكَذِّبَ نَفْسِیْ، ثُمَّ قُلْتُ لَهُمْ: هَلْ لَقِیَ هٰذَا مَعِیْ أَحَدٌ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، رَجُلَانِ قَالَا مِثْلَ مَا قُلْتَ، فَقِيْلَ لَهُمَا مِثْلَ مَا قِيْلَ لَكَ، فَقُلْتُ: مَنْ هُمَا؟ قَالُوْا: مُرَارَةُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْعَمْرِیُّ وَهِلَالُ بْنُ أُمَيَّةَ الْوَاقِفِیُّ، فَذَكَرُوْا لِیْ رَجُلَيْنِ صَالِحَيْنِ قَدْ شَهِدَا بَدْرًا لِیْ فِيْهِمَا أُسْوَةٌ، فَمَضَيْتُ حِيْنَ ذَكَرُوْهُمَا لِیْ.

ترجمہ: پس میں اٹھا اور بنوسلمہ کے کچھ لوگ چلے، وہ میرے پیچھے آئے، انھوں نے مجھ سے کہا: بخدا! نہیں جانتے ہم کہ تم نے اس سے پہلے کوئی گناہ کیا ہو، اور عاجز رہ گئے تم اس سے کہ کوئی عذر پیش کرتے نبی ﷺ کے سامنے جس طرح آپؐ کے سامنے عذر پیش کیا پیچھے رہنے والوں نے، اور آپ کے گناہ کے لئے کافی تھا نبی ﷺ کا آپ کے لئے استغفار کرنا، پس بخدا! برابر وہ مجھے سرزنش کرتے رہے، یہاں تک کہ ارادہ کیا میں نے کہ لوٹوں اور اپنے آپ کو جھٹلاؤں، پھر میں نے ان سے پوچھا: کیا اس بات سے ملاقات کی میرے ساتھ کسی نے؟ یعنی کسی اور کے ساتھ بھی ایسا معاملہ پیش آیا ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں، دو آدمیوں نے کہا ہے آپ کے کہنے کی طرح، پس ان دونوں سے کہہ دی گئی ویسی ہی بات جیسی آپ سے کہی گئی، میں نے پوچھا: وہ دونوں کون ہیں؟ انھوں نے کہا: مرارۃ بن الربیع عمری اور ہلال بن امیہ واقفی، پس تذکرہ کیا انھوں نے میرے لئے ایسے دو نیک آدمیوں کا جو دونوں بدر میں شریک ہوئے ہیں (ابن عبدالبر، ابن الاثیر اور ابن حجر رحمہم اللہ نے دونوں کو بدری صحابہ میں شمار کیا ہے) ان دونوں میں نمونۂ عمل ہے پس چلتا رہا میں جب تذکرہ کیا انھوں نے ان دونوں کا میرے سامنے۔

وَنَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ كَلاَمِنَا أَيُّهَا الثَّلاَثَةُ مِنْ بَيْنِ مَنْ تَخَلَّفَ عَنْهُ، فَاجْتَنَبَنَا النَّاسُ وَتَغَيَّرُوْا لَنَا حَتَّى تَنَكَّرَتْ فِيْ نَفْسِي الْأَرْضُ، فَمَا هِيَ الَّتِيْ أَعْرِفُ، فَلَبِثْنَا عَلٰى ذٰلِكَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً، فَأَمَّا صَاحِبَايَ فَاسْتَكَانَا وَقَعَدَا فِيْ بُيُوْتِهِمَا يَبْكِيَانِ، وَأَمَّا أَنَا فَكُنْتُ أَشَبَّ الْقَوْمِ وَأَجْلَدَهُمْ فَكُنْتُ أَخْرُجُ فَأَشْهَدُ الصَّلاَةَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَأَطُوْفُ فِي الْأَسْوَاقِ وَلاَ يُكَلِّمُنِيْ أَحَدٌ، وَآتِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأُسَلِّمُ عَلَيْهِ وَهُوَ فِيْ مَجْلِسِهِ بَعْدَ الصَّلاَةِ، فَأَقُوْلُ فِيْ نَفْسِيْ: هَلْ حَرَّكَ شَفَتَيْهِ بِرَدِّ السَّلاَمِ عَلَيَّ أَمْ لاَ؟ ثُمَّ أُصَلِّيْ قَرِيْبًا مِنْهُ فَأُسَارِقُهُ النَّظَرَ فَإِذَا أَقْبَلْتُ عَلٰى صَلاَتِيْ أَقْبَلَ إِلَيَّ، وَإِذَا الْتَفَتُّ نَحْوَهُ أَعْرَضَ عَنِّيْ.

ترجمہ: اور نبی ﷺ نے مسلمانوں کو منع کر دیا ہمارے ساتھ گفتگو کرنے سے یعنی ہم تینوں کے ساتھ ان لوگوں کے درمیان سے جو نبی ﷺ سے پیچھے رہ گئے تھے، پس باز رہے ہم سے لوگ اور بدل گئے وہ ہمارے لئے یہاں تک کہ انجانی ہوگئی میرے لئے زمین، نہیں تھی وہ زمین جس کو میں پہچانتا تھا، پس ٹھہرے رہے ہم اس حال میں پچاس راتیں، رہے میرے دو ساتھی تو ان دونوں نے ہمت ہار دی اور وہ دونوں اپنے گھروں میں بیٹھ گئے، رو رہے ہیں دونوں، اور رہا میں تو میں ان میں جوان اور مضبوط تھا، پس میں نکلتا تھا مسلمانوں کے ساتھ، جماعت میں شریک ہوتا تھا، بازاروں میں گھومتا تھا، اور مجھ سے کوئی بولتا نہیں تھا، اور میں نبی ﷺ کی مجلس میں حاضر ہوتا تھا، آپؐ کو سلام کرتا تھا درانحالیکہ آپؐ نماز کے بعد اپنی مجلس میں ہوتے تھے، پس میں دل میں سوچتا کہ سلام کا جواب دینے کے لئے آپؐ نے ہونٹ ہلائے یا نہیں؟ پھر میں آپؐ

کے قریب نماز پڑھتا، اور میں چپکے سے نبی ﷺ کو دیکھتا، جب میں اپنی نماز کی طرف متوجہ ہوتا تو آپؐ میری طرف متوجہ ہوتے، اور جب میں آپؐ کی طرف متوجہ ہوتا تو آپؐ مجھ سے روگردانی کر لیتے۔

حَتَّى إِذَا طَالَ عَلَيَّ ذٰلِكَ مِنْ جَفْوَةِ النَّاسِ، مَشَيْتُ حَتَّى تَسَوَّرْتُ جِدَارَ حَائِطِ أَبِي قَتَادَةَ– وَهُوَ ابْنُ عَمِّيْ وَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ– فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَوَ اللّٰهِ مَا رَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا قَتَادَةَ! أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُنِيْ أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ؟ فَسَكَتَ، فَعُدْتُ لَهُ فَنَشَدْتُهُ فَسَكَتَ، فَعُدْتُ لَهُ فَنَشَدْتُهُ، فَقَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. فَفَاضَتْ عَيْنَايَ وَتَوَلَّيْتُ حَتَّى تَسَوَّرْتُ الْجِدَارَ، قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِيْ بِسُوْقِ الْمَدِيْنَةِ إِذَا نَبَطِيٌّ مِنْ أَنْبَاطِ أَهْلِ الشَّامِ، مِمَّنْ قَدِمَ بِالطَّعَامِ يَبِيْعُهُ بِالْمَدِيْنَةِ، يَقُوْلُ: مَنْ يَدُلُّ عَلٰى كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ؟ فَطَفِقَ النَّاسُ يُشِيْرُوْنَ لَهُ، حَتَّى إِذَا جَاءَ نِيْ دَفَعَ إِلَيَّ كِتَابًا مِنْ مَلِكِ غَسَّانَ، فَإِذَا فِيْهِ: أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِيْ أَنَّ صَاحِبَكَ قَدْ جَفَاكَ، وَلَمْ يَجْعَلْكَ اللّٰهُ بِدَارِ هَوَانٍ وَلَا مَضْيَعَةٍ فَالْحَقْ بِنَا نُوَاسِكَ، فَقُلْتُ لَمَّا قَرَأْتُهَا: وَهٰذَا أَيْضًا مِنَ الْبَلَاءِ، فَتَيَمَّمْتُ بِهَا التَّنُّوْرَ فَسَجَرْتُهُ بِهَا حَتَّى إِذَا مَضَتْ أَرْبَعُوْنَ لَيْلَةً مِنَ الْخَمْسِيْنَ إِذَا رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْتِيْنِيْ فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْمُرُكَ أَنْ تَعْتَزِلَ امْرَأَتَكَ، فَقُلْتُ: أُطَلِّقُهَا أَمْ مَاذَا أَفْعَلُ؟ قَالَ: لَا بَلِ اعْتَزِلْهَا وَلَا تَقْرَبْهَا، وَأَرْسَلَ إِلٰى صَاحِبَيَّ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقُلْتُ لِامْرَأَتِيْ: الْحَقِيْ بِأَهْلِكِ فَتَكُوْنِيْ عِنْدَهُمْ حَتَّى يَقْضِيَ اللّٰهُ فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ.

ترجمہ: یہاں تک کہ جب لمبی ہوگئی مجھ پر یہ صورت حال یعنی لوگوں کی بے التفاتی تو چلا میں یہاں تک کہ میں نے ابو قتادہؓ کے باغ کی دیوار پھاندی —— اور وہ میرے چچازاد بھائی تھے اور لوگوں میں مجھے سب سے زیادہ محبوب تھے —— میں نے سلام کیا، بخدا! انھوں نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا، میں نے پوچھا: ابوقتادہ! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا جانتے ہیں آپؓ کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں؟ وہ خاموش رہے، میں نے دوبارہ پوچھا: اور ان کو قسم دی، وہ خاموش رہے، پھر میں نے ان سے سہ بارہ پوچھا اور ان کو قسم دی تو انھوں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں (یہ کلام کرنا نہیں بلکہ اپنے اعتقاد کا اظہار ہے، حاشیہ میں مسئلہ لکھا ہے کہ کوئی قسم کھائے کہ وہ فلاں سے بات نہیں کرے گا اور فلاں اس سے کوئی بات دریافت کرے اور وہ اللہ أعلم کہے اور اس کو جواب دینے کا اور سنانے کا ارادہ نہ کرے تو قسم نہیں ٹوٹے گی) پس بہہ پڑیں میری دونوں آنکھیں اور پیٹھ پھیری میں نے، یہاں تک کہ میں نے (باغ سے باہر آنے کے لئے) دیوار پھاندی۔

کعبؓ کہتے ہیں: پس دریں اثناء کہ میں مدینہ کے بازار میں چل رہا تھا، اچانک شام کے نبطیوں میں سے ایک نبطی ان لوگوں میں سے جو غلہ لے کر آتے تھے، مدینہ میں اس کو بیچتے تھے بولا: کون راہنمائی کرے گا میری کعب بن مالکؓ کی طرف؟ پس لوگوں نے اس کو اشارہ کرنا شروع کیا، یہاں تک کہ جب وہ میرے پاس آیا تو اس نے ایک خط دیا، قبیلہ غسّان

کے بادشاہ کی طرف سے، پس اچانک اس میں تھا: تمہید کے بعد! بیشک شان یہ ہے کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ تمہارے حضرت نے تمہارے ساتھ جفا (ظلم وزیادتی) کی ہے اور نہیں گردانا ہے تمہیں اللہ نے رسوائی کی جگہ میں اور نہ ضائع ہونے کی جگہ میں، پس مل جاؤ تم ہمارے ساتھ، غم خواری کریں گے ہم آپ کی پس جب میں نے خط پڑھا تو کہا: یہ نئی آزمائش ہے! پس قصد کیا میں نے خط کے ساتھ چولھے کا، اور جھونک دیا میں نے اس کو اس میں۔

یہاں تک کہ جب پچاس میں سے چالیس راتیں گذر گئیں اچانک رسول اللہ ﷺ کا قاصد میرے پاس آیا اس نے کہا: رسول اللہ ﷺ آپ کو حکم دیتے ہیں کہ آپ اپنی بیوی سے علاحدہ رہیں، میں نے پوچھا: طلاق دیدوں اس کو یا کیا کروں؟ اس نے کہا: نہیں، بلکہ علاحدہ رہیں اس سے اور اس سے صحبت نہ کریں، اور بھیجا میرے دونوں ساتھیوں کے پاس ایسا ہی پیغام پس میں نے اپنی بیوی سے کہا: اپنے میکے چلی جاؤ اور وہیں رہو، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس معاملہ میں فیصلہ کریں۔

قَالَ كَعْبٌ: فَجَاءَ تِ امْرَأَةُ هِلاَلِ بْنِ أُمَيَّةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ هِلاَلَ بْنَ أُمَيَّةَ شَيْخٌ ضَائِعٌ لَيْسَ لَهُ خَادِمٌ فَهَلْ تَكْرَهُ أَنْ أَخْدُمَهُ؟ قَالَ:" لاَ وَلٰكِنْ لاَ يَقْرَبْكِ" قَالَتْ: إِنَّهُ وَاللّٰهِ مَابِهِ حَرَكَةٌ إِلٰى شَيْئٍ، وَاللّٰهِ مَازَالَ يَبْكِيْ مُنْذُ كَانَ مِنْ أَمْرِهِ مَاكَانَ إِلٰى يَوْمِهِ هٰذَا، فَقَالَ لِيْ بَعْضُ أَهْلِيْ: لَوِ اسْتَأْذَنْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ امْرَأَتِكَ كَمَا أَذِنَ لِامْرَأَةِ هِلاَلِ بْنِ أُمَيَّةَ أَنْ تَخْدُمَهُ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لاَ أَسْتَأْذِنُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَا يُدْرِيْنِيْ مَا يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا اسْتَأْذَنْتُهُ فِيْهَا، وَأَنَا رَجُلٌ شَابٌّ؟ فَلَبِثْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَشْرَ لَيَالٍ حَتّٰى كَمُلَتْ لَنَا خَمْسُوْنَ لَيْلَةً مِنْ حِيْنَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ كَلاَمِنَا، فَلَمَّا صَلَّيْتُ صَلاَةَ الْفَجْرِ صُبْحَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً وَأَنَا عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِنَا، فَبَيْنَا أَنَا جَالِسٌ عَلٰى الْحَالِ الَّذِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ قَدْ ضَاقَتْ عَلَيَّ نَفْسِيْ وَضَاقَتْ عَلَيَّ الأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ، سَمِعْتُ صَوْتَ صَارِخٍ فَأَوْفٰى عَلٰى جَبَلِ سَلْعٍ بِأَعْلٰى صَوْتِهِ: يَا كَعْبُ بْنَ مَالِكٍ! أَبْشِرْ. قَالَ: فَخَرَرْتُ سَاجِدًا، وَقَدْ عَرَفْتُ أَنْ قَدْ جَاءَ فَرَجٌ، وَآذَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِتَوْبَةِ اللّٰهِ عَلَيْنَا حِيْنَ صَلّٰى صَلاَةَ الْفَجْرِ، فَذَهَبَ النَّاسُ يُبَشِّرُوْنَنَا، وَذَهَبَ قِبَلَ صَاحِبَيَّ مُبَشِّرُوْنَ، وَرَكَضَ إِلَيَّ رَجُلٌ فَرَسًا وَسَعٰى سَاعٍ مِنْ أَسْلَمَ، فَأَوْفٰى عَلٰى الْجَبَلِ وَكَانَ الصَّوْتُ أَسْرَعَ مِنَ الْفَرَسِ، فَلَمَّا جَاءَ نِيْ الَّذِيْ سَمِعْتُ صَوْتَهُ يُبَشِّرُنِيْ نَزَعْتُ لَهُ ثَوْبَيَّ فَكَسَوْتُهُ إِيَّاهُمَا بِبُشْرَاهُ، وَاللّٰهِ مَا أَمْلِكُ غَيْرَهُمَا يَوْمَئِذٍ، وَاسْتَعَرْتُ ثَوْبَيْنِ فَلَبِسْتُهُمَا، وَانْطَلَقْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَيَتَلَقَّانِيْ النَّاسُ فَوْجًا فَوْجًا، يُهَنِّئُوْنِّيْ بِالتَّوْبَةِ يَقُوْلُوْنَ: لِتَهْنِكَ تَوْبَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ!

ترجمہ: کعبؓ نے کہا: پس ہلال بن امیہؓ کی بیوی رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں، اور انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہلال بن امیہؓ بہت کمزور بوڑھے ہیں، ان کا کوئی خادم نہیں، پس کیا آپؐ ناپسند کرتے ہیں کہ میں ان کی خدمت

کروں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، مگر وہ آپ سے صحبت نہ کریں، انھوں نے کہا: بخدا! نہیں ہے ان میں کسی چیز کی طرف کوئی حرکت، بخدا! وہ رو رہے ہیں آج تک جب سے ہوا ہے ان کے معاملہ میں جو ہوا ہے، پس مجھ سے میری فیملی کے کچھ لوگوں نے کہا: اگر آپ اجازت لے لیں رسول اللہ ﷺ سے اپنی بیوی کے معاملہ میں جیسا اجازت دی ہلال بن امیہؓ کی بیوی کو کہ وہ ان کی خدمت کرے، میں نے جواب دیا: بخدا! نہیں اجازت لوں گا میں بیوی کے معاملہ میں نبی ﷺ سے اور میں نہیں جانتا کہ کیا فرمائیں گے نبی ﷺ جب ان سے میں اجازت طلب کروں گا بیوی کے معاملہ میں جبکہ میں جوان ہوں؟ پس ٹھہرا رہا میں اس کے بعد دس راتیں یہاں تک کہ پوری ہوگئیں ہمارے لئے پچاس راتیں، جب سے منع کیا رسول اللہ ﷺ نے ہمارے ساتھ گفتگو کرنے سے، پھر جب پچاسویں رات کی صبح ہوئی اور میں نے فجر کی نماز پڑھی درانحالیکہ میں ہمارے گھروں میں سے ایک گھر کی چھت پر تھا، پس دریں اثناء کہ میں بیٹھا ہوا تھا اس حالت میں جس کا اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا ہے کہ تنگ آچکا تھا مجھ پر میرا دل اور تنگ ہوگئی تھی مجھ پر زمین کشادگی کے باوجود، پس سنی میں نے ایک پکارنے والے کی آواز جو جبل سلع پر چڑھا تھا، اپنی بلند آواز کے ساتھ کہہ رہا تھا، اے کعب بن مالکؓ! خوشخبری سن لو، کعبؓ کہتے ہیں: پس میں سجدہ میں گر پڑا، اور میں سمجھ گیا کہ کشادگی آگئی، اور رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے متوجہ ہونے کو بتلایا ان تین پر، جب آپؐ نے فجر کی نماز پڑھی، پس لوگ آنے لگے، خوشخبری دے رہے تھے وہ ہمیں، اور گئے میرے دو ساتھیوں کی طرف خوشخبری دینے والے اور گھوڑے کو ایڑ کی ایک آدمی نے میری طرف آنے کے لئے اور قبیلہ اسلم کا ایک دوڑنے والا دوڑا، پس وہ پہاڑ پر چڑھا اور تھی آواز زیادہ جلدی پہنچنے والی گھوڑے سے، پس جب آیا میرے پاس وہ شخص جس کی آواز میں نے سنی تھی جو مجھے خوشخبری دے رہا تھا تو نکالے میں نے اس کے لئے اپنے دونوں کپڑے، پس پہنائے میں نے اس کو وہ دونوں کپڑے اس کے خوشخبری سنانے کی وجہ سے، بخدا! نہیں مالک تھا میں ان کپڑوں کے علاوہ کا اس دن، اور عاریت پر مانگے میں نے دو کپڑے، پس پہنا میں نے ان دونوں کو اور میں نبی ﷺ کی طرف چلا پس لوگ مجھ سے ملاقات کرتے تھے فوج فوج، مبارک باد دیتے تھے وہ مجھے توبہ کی، کہتے تھے: مبارک ہو! اللہ تعالیٰ کا متوجہ ہونا آپ پر۔

قَالَ كَعْبٌ: حَتَّى دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ حَوْلَهُ النَّاسُ، فَقَامَ إِلَيَّ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ يُهَرْوِلُ حَتَّى صَافَحَنِيْ وَهَنَّأَنِيْ، وَاللّٰهِ مَا قَامَ إِلَيَّ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ غَيْرُهُ، وَلاَ أَنْسَاهَا لِطَلْحَةَ، قَالَ كَعْبٌ: فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَبْرُقُ وَجْهُهُ مِنَ السُّرُوْرِ: "أَبْشِرْ بِخَيْرِ يَوْمٍ مَرَّ عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ أُمُّكَ" قَالَ: قُلْتُ: أَمِنْ عِنْدِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَمْ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: "لَا، بَلْ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ" وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا سُرَّ اسْتَنَارَ وَجْهُهُ حَتَّى كَأَنَّهُ قِطْعَةُ قَمَرٍ، وَكُنَّا نَعْرِفُ ذٰلِكَ مِنْهُ، فَلَمَّا جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَإِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، قَالَ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ" قُلْتُ: فَإِنِّيْ أُمْسِكُ سَهْمِيْ الَّذِيْ بِخَيْبَرَ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ إِنَّمَا نَجَّانِيْ بِالصِّدْقِ، وَإِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ أَنْ لاَ أُحَدِّثَ إِلَّا صِدْقًا مَا بَقِيْتُ، فَوَ اللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ أَبْلاَهُ اللّٰهُ فِيْ صِدْقِ الْحَدِيْثِ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِلٰى يَوْمِيْ هٰذَا أَحْسَنَ مِمَّا أَبْلَانِيْ، وَمَا تَعَمَّدْتُ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِلٰى يَوْمِيْ هٰذَا كَذِبًا، وَإِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ يَحْفَظَنِيَ اللّٰهُ فِيْمَا بَقِيْتُ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ﴿لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾ فَوَ اللّٰهِ مَا أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ نِعْمَةٍ قَطُّ بَعْدَ أَنْ هَدَانِيْ لِلإِسْلاَمِ أَعْظَمَ فِيْ نَفْسِيْ مِنْ صِدْقِيْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ لاَ أَكُوْنَ كَذَبْتُهُ، فَأَهْلِكَ كَمَا هَلَكَ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا، فَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِلَّذِيْنَ كَذَبُوْا حِيْنَ أُنْزِلَ الْوَحْيُ شَرَّ مَاقَالَ لِأَحَدٍ، فَقَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: ﴿سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ فَإِنَّ اللّٰهَ لاَ يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ﴾ قَالَ كَعْبٌ: وَكُنَّا تُخُلِّفْنَا أَيُّهَا الثَّلاَثَةُ عَنْ أَمْرِ أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ قَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حِيْنَ حَلَفُوْا لَهُ، فَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَأَرْجَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَمْرَنَا حَتّٰى قَضَى اللّٰهُ فِيْهِ، فَبِذٰلِكَ قَالَ اللّٰهُ:﴿وَعَلَى الثَّلاَثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا﴾ وَلَيْسَ لِلَّذِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ مِمَّا خُلِّفْنَا عَنِ الْغَزْوِ، وَإِنَّمَا هُوَ تَخْلِيْفُهُ إِيَّانَا وَإِرْجَاؤُهُ أَمْرَنَا عَمَّنْ حَلَفَ لَهُ وَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ فَقَبِلَ مِنْهُ.[راجع: ۲۷۵۷]

ترجمہ: کعبؓ نے کہا: جب میں مسجد میں داخل ہوا تو نبی ﷺ بیٹھے ہوئے تھے آپؐ کے گرد لوگ تھے، پس میری طرف لپکے حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ، یہاں تک کہ مصافحہ کیا انھوں نے مجھ سے اور مبارک باد دی انھوں نے مجھے، بخدا! نہیں اٹھا میری طرف مہاجرین میں سے کوئی ان کے علاوہ اور نہیں بھولتا میں حضرت طلحہؓ کی اس بات کو۔

کعبؓ نے کہا: جب میں نے نبی ﷺ کو سلام کیا تو آپؐ نے فرمایا درانحالیکہ آپؐ کا چہرہ خوشی سے چمک رہا تھا: ''خوشخبری سن لے بہتر دن کی جو گذرا تجھ پر جب سے جنا تجھ کو تیری ماں نے'' کعبؓ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: کیا آپؐ کی طرف سے ہے اے اللہ کے رسول یا اللہ کی طرف سے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، بلکہ اللہ کے پاس سے ہے، اور نبی ﷺ جب خوش ہوتے تھے تو آپؐ کا چہرہ روشن ہو جاتا تھا، یہاں تک کہ گویا وہ چاند کا ٹکڑا ہے، اور ہم آپؐ کی یہ بات پہچانتے تھے، پس جب میں آپؐ کے سامنے بیٹھا تو میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میری توبہ میں یہ بات ہے کہ نکل جاؤں میں میرے مال سے بطور خیرات کے اللہ کی بارگاہ میں اور اللہ کے رسول کی خدمت میں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اپنے پاس روک لو اپنا کچھ مال، یہ تمہارے لئے بہتر ہے'' میں نے کہا: میں روکتا ہوں اپنا وہ حصہ جو خیبر میں ہے، پھر میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے سچ بولنے ہی کی وجہ سے نجات بخشی ہے، اور میری توبہ میں سے یہ بات بھی ہے کہ نہیں بولوں

گا میں مگر سچ، جب تک زندہ رہوں گا، پس بخدا! نہیں جانتا میں کسی کو مسلمانوں میں سے کہ آزمایا ہو اس کو اللہ تعالیٰ نے سچ بولنے کے معاملہ میں، جب سے ذکر کی میں نے یہ بات نبی ﷺ کے سامنے میرے آج کے دن تک، زیادہ بہتر اس سے جو آزمایا اللہ نے مجھے یعنی بڑے سخت حالات پیش آئے، مگر میں نے ہر مرتبہ سچ ہی بولا، اور نہیں ارادہ کیا میں نے جب سے ذکر کی میں نے یہ بات نبی ﷺ کے سامنے میرے آج کے دن تک کسی جھوٹ کا، یعنی اس دن کے بعد میں نے کبھی کوئی جھوٹ نہیں بولا، بیشک میں البتہ امید رکھتا ہوں کہ حفاظت فرمائیں گے اللہ تعالیٰ میری میری باقی زندگی میں اور اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ پر سورۃ التوبہ کی آیت ۱۱۷-۱۱۹ اتاریں۔ پس بخدا! اللہ تعالیٰ نے مجھے کبھی کوئی نعمت نہیں بخشی، اسلام کی ہدایت دینے کے بعد، زیادہ بڑی میرے نزدیک میرے سچ بولنے سے نبی ﷺ کے سامنے کہ نہیں جھوٹ بولا میں نے آپؐ سے، پس میں ہلاک ہو جاتا جیسا ہلاک ہو گئے وہ لوگ جنھوں نے جھوٹ بولا، اور بیشک اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان لوگوں کے حق میں جنھوں نے جھوٹ بولا، جب اتاری گئی وحی سخت سے سخت بات جو اللہ نے کسی کے لئے فرمائی، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ التوبہ کی آیات ۹۵و۹۶ نازل کیں ﴿سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ﴾ کعبؓ نے فرمایا: ہم پیچھے کر دیئے گئے تھے یعنی تینوں حضرات ان لوگوں کے معاملہ سے جن کی طرف سے نبی ﷺ نے معذرت قبول کر لی تھی جب انھوں نے قسم کھائی تھی آپؐ کے سامنے پس آپؐ نے ان کو بیعت کر لیا تھا اور ان کے لئے استغفار کیا تھا، اور مؤخر کیا تھا نبی ﷺ نے ہمارے معاملہ کو اللہ تعالیٰ کے فیصلہ تک اس معاملہ میں، چنانچہ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا﴾: (اور اللہ تعالیٰ نے توجہ فرمائی) ان تین شخصوں پر جو پیچھے کئے گئے یعنی ان کے معاملہ کو پیچھے ڈالا گیا، فوراً ان کی توبہ قبول نہیں کی گئی، اور اس ارشاد پاک کا جس کو اللہ نے ذکر کیا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم جہاد سے پیچھے رہ گئے، بلکہ اس کا مطلب نبی ﷺ کا ہم کو پیچھے کرنا ہے اور حضور ﷺ کا مؤخر کرنا ہے ہمارے معاملہ کو ان لوگوں سے جنھوں نے آپؐ کے سامنے قسمیں کھائیں، اور آپؐ سے معذرت طلب کی، پس آپؐ نے ان کی طرف سے قبول کر لیا۔

آیات ۹۵ و ۹۶: ﴿سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ، فَأَعْرِضُوْا عَنْهُمْ، إِنَّهُمْ رِجْسٌ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ، جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ، يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ، فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضَى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ﴾:

ترجمہ: اب تمہارے سامنے منافقین اللہ کی قسمیں کھائیں گے (کہ ہم معذور تھے) جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے تاکہ تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو، سو تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو، وہ بالکل گندے لوگ ہیں، اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے ان کاموں کے بدلہ میں جو وہ کیا کرتے تھے، یہ لوگ اس لئے قسمیں کھائیں گے کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، پس اگر تم ان سے راضی ہو گئے تو (ان کو کیا نفع ہو گا؟ کیونکہ) اللہ تعالیٰ تو ایسے شریر لوگوں سے راضی نہیں ہوتے۔

قولہ: ولیس للذی ذکر اللہ إلخ: اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ آیت میں خُلِّفُوْا کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ غزوہ

سے پیچھے رہ گئے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کا معاملہ پیچھے کردیا گیا، فوراً ان کی توبہ قبول نہیں کی گئی، پچاس دنوں کے بعد ان کی توبہ قبول ہوئی۔

سورۃ التوبہ کی آیات ۱۱۷-۱۱۹

﴿لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ، إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا حَتّٰى إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْا أَنْ لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ، ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا، إِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾

ترجمہ: البتہ واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے توجہ فرمائی نبی ﷺ پر اور مہاجرین وانصار پر جنھوں نے تنگی کے وقت میں پیغمبر کا ساتھ دیا، اس کے بعد کہ ان میں سے ایک گروہ کے دل کج ہونے کو ہورہے تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے حال پر توجہ فرمائی، بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان پر بہت ہی شفیق ومہربان ہیں، اور ان تین شخصوں کے حال پر بھی توجہ فرمائی جن کا معاملہ ملتوی کردیا گیا تھا، یہاں تک کہ جب ان پر زمین اپنی فراخی کے باوجود تنگ ہوگئی اور وہ خود اپنی جانوں سے تنگ آگئے اور انھوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے پناہ نہیں مل سکتی مگر اسی کی طرف تب اللہ تعالیٰ نے ان کے حال پر توجہ فرمائی تاکہ وہ آئندہ رجوع رہا کریں، بیشک اللہ تعالیٰ بہت توجہ فرمانے والے، بڑے رحم کرنے والے ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، اور سچوں کے ساتھی بنو، یعنی تمہیں پیچھے نہیں رہنا چاہئے تھا، نبی ﷺ کے ساتھ جانا چاہئے تھا۔

بلاغت: تین پیچھے رہنے والوں کی توبہ نازل ہوئی تو تمہید میں نبی ﷺ اور مہاجرین وانصار پر مہربانی فرمانے کا ذکر کیا، اس طرح ان پیچھے رہنے والوں کو ان برگزیدہ لوگوں کے زمرہ میں شامل کرلیا، اور آخری آیت میں تنبیہ کی کہ آئندہ ایسی صورت پیش نہ آئے۔

مسئلہ: کسی شخص کو خلاف شرع امر کے ارتکاب کی وجہ سے یہ سزا دینا کہ لوگ اس سے ترک سلام وکلام کردیں جائز ہے اور حدیثوں میں جو ممانعت آئی ہے کہ تین روز سے زیادہ ترک کلام نہ کیا جائے اس سے مراد وہ امر ہے جس کا سبب کوئی دنیوی رنج ہو (تھانوی رحمہ اللہ)

بَابُ نُزُوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْحِجْرَ

تبوک کی راہ میں نبی ﷺ دیارِ ثمود سے گذرے

تبوک کی راہ میں لشکر کا گذر حِجر یعنی دیارِ ثمود سے ہوا، ثمود وہ قوم تھی جس نے وادی القری میں چٹانیں تراش کر مکانات بنائے تھے، فوج جب ان کے علاقہ میں پہنچی تو آپؐ نے ہدایت دی کہ یہاں کے کنویں کا پانی نہ پینا، وضو نہ کرنا، اور

اگر آٹا پانی سے گوندھ لیا ہے تو اونٹوں کو کھلا دینا، خود نہ کھانا، ہاں جس کنویں سے صالح کی اونٹنی پانی پیتی تھی اس کنویں سے پانی لے سکتے ہیں۔

اور باب کی دونوں حدیثوں میں ہے کہ جب نبی ﷺ حِجْر (دیارِ ثمود) سے گذرے تو فرمایا: ان ظالموں کے علاقہ میں داخل نہیں ہونا چاہئے، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم پر بھی وہ عذاب آپڑے جو ان پر آیا تھا، البتہ اگر روتے ہوئے گذرو تو گنجائش ہے، پھر آپؐ نے اپنا سر ڈھکا اور تیزی سے وادی پار کر گئے، آگے راستہ میں لشکر کو پانی کی سخت ضرورت پڑی آپؐ نے دعا فرمائی، اللہ تعالیٰ نے بادل بھیج دیا، بارش ہوئی اور لوگوں نے خوب سیر ہو کر پانی پیا اور ضرورت کا پانی ساتھ بھی لے لیا۔

پھر جب تبوک کے قریب پہنچے تو آپؐ نے فرمایا کل ان شاء اللہ تم لوگ تبوک کے چشمہ پر پہنچ جاؤ گے، لیکن چاشت سے پہلے نہیں پہنچ سکو گے، پس جو شخص وہاں پہنچے وہ میرے آنے تک پانی کو ہاتھ نہ لگائے، لوگ وہاں پہنچے تو چشمہ سے تھوڑا تھوڑا پانی آرہا تھا، دو شخصوں نے اس سے پانی لیا، پھر نبی ﷺ پہنچے اور پوچھا: کیا کسی نے اس پانی کو ہاتھ لگایا ہے؟ دو شخصوں نے کہا: ہاں، آپؐ نے دونوں کی سرزنش کی، پھر چشمہ سے چلو کے ذریعہ تھوڑا پانی جمع کیا اور اس میں اپنا چہرہ اور ہاتھ دھویا، پھر اسے چشمہ میں ڈال دیا، اب چشمہ سے خوب پانی آنے لگا، صحابہ نے سیر ہو کر پیا، پھر آپؐ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر تمہاری زندگی دراز ہوئی تو تم اس جگہ کو باغات سے ہرا بھرا دیکھو گے (مسلم شریف)

[۸۱-] بَابُ نُزُوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْحِجْرَ

[٤٤١٩-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَمَّا مَرَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْحِجْرِ، قَالَ: "لَاتَدْخُلُوْا مَسَاكِيْنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ، أَنْ يُصِيْبَكُمْ مَا أَصَابَهُمْ، إِلَّا أَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ" ثُمَّ قَنَّعَ رَأْسَهُ وَأَسْرَعَ السَّيْرَ حَتَّى جَازَ الْوَادِيَ. [راجع: ٤٣٣]

[٤٤٢٠-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لِأَصْحَابِ الْحِجْرِ: "لَا تَدْخُلُوْا عَلَى هٰؤُلَاءِ الْمُعَذَّبِيْنَ إِلَّا أَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ، أَنْ يُصِيْبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَهُمْ" [راجع: ٤٣٣]

حدیث (۱): جب نبی ﷺ غزوۂ تبوک میں حجر سے یعنی دیارِ ثمود سے گذرے تو صحابہ سے فرمایا: نہ داخل ہوؤ تم ان لوگوں کے گھروں میں جنھوں نے اپنی ذاتوں پر کفر کر کے ظلم کیا ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم کو پہنچے وہ عذاب جو ان کو پہنچا، مگر یہ کہ ہوؤ تم رونے والے، یعنی یہ ایک صورت مستثنیٰ ہے، ورنہ ان کی بستیوں میں داخل نہیں ہونا چاہئے، پھر آپؐ نے اپنے سر پر کپڑا ڈالا، اور رفتار تیز کر دی، یہاں تک کہ میدان پار کر گئے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے حجر والوں کے حق میں فرمایا (لام بمعنی عن ہے) نہ داخل ہوؤتم ان عذاب سے ہلاک کئے ہوؤں پر مگر یہ کہ ہوؤتم رونے والے، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم پر آن پڑے ویسا عذاب جیسا ان پر آیا۔

تشریح: متبرک مقامات جیسے مسجدِ حرام، مسجدِ نبوی اور مسجدِ اقصیٰ وغیرہ جو ہر وقت طاعت وبندگی سے معمور رہتے ہیں، وہاں جانا، وہاں ٹھہرنا، عین قربت وعبادت اور موجب خیر وبرکت اور باعث نزول رحمت ہے، اس کے برعکس ان مقامات میں قصداً داخل ہونا جو عرصہ تک اللہ کی نافرمانی کا مرکز رہے ہیں اور جہاں اللہ کا قہر وعذاب نازل ہوا ہے، نہایت خطرناک ہے، اور جس طرح بابرکت مقامات کے دیکھنے سے دل کی ظلمتیں اور کدورتیں دور ہوتی ہیں، اسی طرح جس جگہ عذاب نازل ہوا ہے وہاں کی آب وہوا مسموم ہوجاتی ہے، اور وہاں کے زہریلے جراثیم روح وقلب کے لئے مضر ہوجاتے ہیں، چنانچہ آپؐ نے دیارِ ثمود کا پانی استعمال کرنے سے منع کیا اور گوندھے ہوئے آٹے کے متعلق حکم دیا کہ اونٹوں کو کھلا دیا جائے، جانوروں کو اس سے کوئی مضرت نہیں پہنچے گی، مگر وہ انسانوں کے لئے مناسب نہیں، البتہ مجبوری کا حکم الگ ہے، تبوک جانے کے لئے دیارِ ثمود ہی کا راستہ تھا اس لئے آپؐ نے حکم دیا کہ لوگ روتے ہوئے گذریں، اور خود بھی سر ڈھانک کر اونٹنی کو تیز کردیا اور جلدی سے اس علاقہ کو پار کرلیا، کیونکہ تخشع وزاری اور گناہوں پر ندامت وشرمساری اس مقام کی زہریلی آب وہوا سے بچنے کے لئے تریاق اور اکسیر کا کام دیتی ہے، جیسے وبائی امراض میں انجکشن لے لیا جائے تو مضر اثرات سے حفاظت ہوجاتی ہے۔

(ماخوذ از سیرۃ المصطفیٰ ۳: ۹۰)

بَابٌ

غزوۂ تبوک کے سلسلہ کی متفرق روایات

[۸۲-] بَابٌ

[۴۴۲۱-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ أَبِيْهِ: مُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، قَالَ: ذَهَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِبَعْضِ حَاجَتِهِ، فَقُمْتُ أَسْكُبُ عَلَيْهِ الْمَاءَ - لاَ أَعْلَمُهُ إِلاَّ قَالَ: فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكٍ - فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَذَهَبَ يَغْسِلُ ذِرَاعَيْهِ، فَضَاقَ عَلَيْهِ كُمُّ الْجُبَّةِ، فَأَخْرَجَهُمَا مِنْ تَحْتِ جُبَّتِهِ، فَغَسَلَهُمَا ثُمَّ مَسَحَ عَلىٰ خُفَّيْهِ.[راجع: ۱۸۲]

۱- غزوۂ تبوک میں نبی ﷺ نے خفین پر مسح کیا

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنی بعض ضرورت کے لئے یعنی بڑے استنجے کے لئے تشریف لے گئے (جب فارغ ہوکر آئے) تو میں کھڑا ہوا، آپؐ پر (وضو کے لئے) پانی ڈالنے لگا ــــ راوی کہتا ہے: جہاں تک میں

جانتا ہوں حضرت مغیرہؓ نے فِی غزوۃ تبوك بھی فرمایا ہے، یعنی یہ غزوۂ تبوک کا واقعہ ہے — پس آپؐ نے اپنا چہرہ دھویا اور اپنے دونوں ہاتھ دھونے کا ارادہ کیا تو آپؐ پر جبہ کی آستین تنگ ہوگئی، پس آپؐ نے دونوں ہاتھ جبہ کے نیچے سے نکال لئے اور ان کو دھویا پھر آپ نے موزوں پر مسح کیا۔

[۴۴۲۲-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ يَحْيىَ، عَنْ عَبَّاسِ ابْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ، قَالَ: أَقْبَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ حَتَّى إِذَا أَشْرَفْنَا عَلَى الْمَدِيْنَةِ قَالَ: " هٰذِهِ طَابَةُ وَهٰذَا أُحُدٌ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ"[راجع: ۱۴۸۱]

۲- مدینہ اور مدینہ کی چیزوں سے محبت

حدیث: حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم لوٹے نبی ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک سے، یہاں تک کہ جب ہمیں مدینہ منورہ نظر آنے لگا تو آپؐ نے فرمایا: یہ طابہ ہے (طابة اور طَيِّبَة کے ایک معنی ہیں) اور یہ احد پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے، اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

[۴۴۲۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجَعَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَدَنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ: " إِنَّ بِالْمَدِيْنَةِ أَقْوَامًا مَا سِرْتُمْ مَسِيْرًا وَلاَ قَطَعْتُمْ وَادِيًا إِلَّا كَانُوْا مَعَكُمْ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ؟ قَالَ: " وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ"[راجع: ۲۸۳۸]

۳- عذر کی وجہ سے جہاد میں شرکت نہ کر سکے تو بھی ثواب ملتا ہے

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم غزوۂ تبوک سے لوٹے، جب ہم مدینہ کے قریب آگئے تو آپؐ نے فرمایا: مدینہ میں کچھ لوگ ہیں: نہیں چلے ہو تم کوئی مسافت اور نہیں طے کی ہے تم نے کوئی وادی مگر وہ تمہارے ساتھ تھے، لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! مدینہ میں رہتے ہوئے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں مدینہ میں رہتے ہوئے، ان کو عذر نے روک دیا ہے۔

تشریح: معذوروں کے لئے شریعت نے ہر باب میں سہولتیں رکھی ہیں، جو شخص تہجد کا پابند ہے اور بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے تہجد نہیں پڑھ سکتا تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دیتے ہیں کہ اس کے نامہ اعمال میں تہجد کا ثواب لکھتے رہو، اسی طرح جو لوگ معذور ہیں اور جہاد میں شرکت نہیں کر سکتے ان کے لئے بھی شریعت نے سہولت رکھی ہے، ان کو جہاد میں شرکت کے بغیر بھی جہاد کا ثواب ملتا ہے مگر اصلی اور فضلی کا فرق رہے گا، مجاہدین کا اصلی ثواب اور معذوروں کا ثواب برابر ہوگا اور مجاہدین کو جہاد کرنے کی وجہ سے جو فضلی (انعامی) ثواب ملے گا وہ تو کہیں زیادہ ہوگا اس میں معذور مجاہدین کے برابر نہیں ہو سکتے۔

(غزوۂ تبوک کا بیان پورا ہوا)

كِتَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى كِسْرَى وَقَيْصَرَ

کسری اور قیصر کے نام دعوتِ اسلام کے خطوط

صلح حدیبیہ کے بعد کچھ سانس لینے کی فرصت ملی تو نبی ﷺ نے شاہانِ عالم اور عرب قبائل کے سرداروں کے نام دعوت اسلام کے خطوط لکھنے کا قصد کیا، صحابہ کو جمع کیا اور خطبہ دیا:

''لوگو! میں تمام عالم کے لئے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں، تمام دنیا کو یہ پیغام پہنچا دو، اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے، عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی طرح نہ ہو جاؤ کہ اگر قریب بھیجنے کو کہا تو راضی ہو گئے، اور دور جانے کا حکم دیا تو بوجھل ہو کر زمین سے لگ گئے!''

صحابہ دل وجان سے تعمیل حکم کے لئے تیار ہو گئے، اور یہ مشورہ دیا کہ ملوک وسلاطین جس خط پر مہر نہیں ہوتی اس کو قابل اعتماد نہیں سمجھتے، ایسے خطوط کو وہ پڑھتے ہی نہیں، چنانچہ نبی ﷺ نے چاندی کی ایک مہر بنوائی، سب سے نیچے لفظ محمد، درمیان میں رسول اور اوپر لفظ اللہ لکھا، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ بیان بہت مختصر لکھا ہے، صرف کسری اور قیصر کے نام والا ناموں کے بھیجنے کا تذکرہ کیا ہے، باقی روایتیں بخاری میں لانے کے قابل نہیں تھیں اس لئے ان کا تذکرہ چھوڑ دیا۔

۱- کسری خسرو پرویز شاہ ایران کے نام نامۂ مبارک

نبی ﷺ نے حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ کو والا نامہ دے کر روانہ فرمایا، اور ان کو حکم دیا کہ بحرین کے گورنر منذر بن ساوی کو خط پہنچائیں، وہ کسری کو پہنچائے گا، کسری نے والا نامہ دیکھا تو آگ بگولہ ہو گیا اور خط کو چاک کر ڈالا، اور کہا: یہ شخص مجھ کو خط لکھتا ہے کہ مجھ پر ایمان لاؤ، حالانکہ وہ شخص میرا غلام ہے، عبداللہ بن حذافہؓ نے واپس آکر واقعہ بیان کیا آپؐ نے فرمایا کسری کا ملک پارہ پارہ ہو گیا۔

پھر کسری نے یمن کے گورنر باذان کو لکھا کہ دو مضبوط آدمی حجاز روانہ کرو، جو اس شخص کو جس نے ہم کو خط لکھا ہے گرفتار کر کے ہمارے سامنے پیش کریں، باذان نے دو آدمیوں کو ایک خط دے کر مدینہ روانہ کیا، جب وہ بارگاہِ نبوت میں پہنچے تو آپؐ کی خداداد عظمت وہیبت سے تھر تھر کانپنے لگے، دونوں نے باذان کا خط آپؐ کی خدمت میں پیش کیا، آپؐ خط سن کر مسکرائے اور دونوں کو اسلام کی دعوت دی اور فرمایا: کل میرے پاس آنا، جب اگلے دن وہ حاضر خدمت ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: آج رات فلاں وقت اللہ تعالیٰ نے کسری پر اس کے بیٹے شیرویہ کو مسلط کر دیا، اور اس نے کسری کو قتل کر دیا، یہ شبِ سہ شنبہ تھی اور ماہِ

جمادی الاولیٰ سن ۷ ہجری کی دس راتیں گذر چکی تھیں، وہ دونوں باذان کے پاس واپس لوٹے اور یہ بات اس سے بیان کی، باذان نے کہا: یہ بات بادشاہوں کی باتوں جیسی نہیں ہے، اگر یہ خبر صحیح ہے تو وہ بخدا! اللہ کے نبی ہیں، پھر جب اس خبر کی تصدیق ہوگئی تو باذان اپنے خاندان اور اپنے احباب کے ساتھ مشرف باسلام ہوگئے، اور اپنے اسلام سے نبی ﷺ کو مطلع کیا۔

[۸۳-] كِتَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى كِسْرٰى وَقَيْصَرَ

[٤٤٢٤-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ بِكِتَابِهِ إِلٰى كِسْرٰى مَعَ عَبْدِ اللهِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَدْفَعَهُ إِلٰى عَظِيْمِ الْبَحْرَيْنِ، فَدَفَعَهُ عَظِيْمُ الْبَحْرَيْنِ إِلٰى كِسْرٰى، فَلَمَّا قَرَأَهُ مَزَّقَهُ، فَحَسِبْتُ أَنَّ ابْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ: فَدَعَا عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُمَزَّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ. [راجع: ٦٤]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنا خط بھیجا کسری کی طرف عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ کے ہاتھ، اور ان کو حکم دیا کہ وہ خط بحرین کے گورنر کو دیں، پس وہ خط بحرین کے گورنر نے کسری کو دیا، جب اس کو کسری نے پڑھا تو اس کو پھاڑ دیا (یہاں تک عبیداللہ کی روایت ہے) —— زہریؒ کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ حضرت ابن المسیبؒ نے فرمایا: پس بددعا کی ان کے حق میں رسول اللہ ﷺ نے کہ وہ پارہ پارہ کردیئے جائیں، پوری طرح پارہ پارہ کردیا جانا (یہ سعید بن المسیب نے روایت میں اضافہ کیا ہے)

تشریح: جس وقت کسری کو نامہ مبارک پہنچا تھا وہ بوکھلایا ہوا تھا، اس نے خواب دیکھا تھا کہ اس کے محل کی چودہ برجیاں گرگئی ہیں، اس کی تعبیر واضح تھی کہ چودہ بادشاہوں کے بعد اس کی حکومت ختم ہوجائے گی، اور مجوسیوں کے سب سے بڑے مذہبی پیشوا موبذان نے خط کے ذریعہ اطلاع دی تھی کہ مندر میں جو آگ ایک ہزار سال سے مسلسل جل رہی تھی وہ اچانک بجھ گئی، اور کسری کے وزیر نے خواب دیکھا تھا کہ ایران کے گھوڑوں اور عرب کے اونٹوں میں مقابلہ ہوا، عرب کے اونٹ گھوڑوں کو دباتے ہوئے ایران میں گھس آئے، یہ تینوں باتیں ایک ہی زمانہ میں پیش آئی تھیں، اور سب کی تعبیر واضح تھی کہ ایران کی حکومت ختم ہوجائے گی، اور عرب کا غلبہ ہوگا، ایسے میں نامۂ مبارک پہنچا تو اس نے غصہ میں اس کو پھاڑ دیا، چنانچہ جلدی جلدی حکومتیں بدلتی رہیں، چودھویں بادشاہ کے زمانہ میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں ایران صفحۂ ہستی سے مٹ گیا (تحفۃ القاری ۱: ۳۲۸)

۲- عورتوں کی سربراہی کامیابی کا راستہ نہیں

یہ حدیث گذشتہ حدیث کا تتمہ ہے، خسرو پرویز کے بعد ایران کا بادشاہ شیرویہ بنا تھا مگر وہ چھ ماہ کے بعد زہر کھا کر مرگیا تو

اس کی بیٹی بوران بادشاہ بنی، کیونکہ شیرویہ کا کوئی بیٹا نہیں تھا اور بھائیوں کو وہ پہلے ہی موت کی گھاٹ اتار چکا تھا، جب نبی ﷺ کو اطلاع ملی کہ ایران والوں نے ملک کا سربراہ ایک عورت کو بنایا ہے تو آپؐ نے فرمایا: لَنْ یُفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا أَمْرَھُمُ امْرَأَۃً: وہ قوم ہرگز کامیاب نہیں ہوسکتی جس نے اپنے معاملہ کا ذمہ دار ایک عورت کو بنایا۔

پھر جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ پیش آیا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مکہ مکرمہ حج کے لئے گئی ہوئی تھیں، حضرت زبیر اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہما مکہ گئے اور ان کو آمادہ کیا کہ وہ قصاص کا مطالبہ لے کر اٹھیں، ادھر حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ بنتے ہی کوفہ منتقل ہوگئے، اس لئے حضرت عائشہؓ اور ان کے ساتھی بصرہ گئے، وہاں ان کے ساتھ اجتماعیت ہوگئی اور وہ قصاص کا مطالبہ لے کر کوفہ گئے، وہاں جنگِ جمل ہوئی، حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ مذکورہ حدیث کی وجہ سے جنگ میں شریک نہیں ہوئے اور بھی متعدد صحابہ اس جنگ میں شریک نہیں ہوئے۔

[۴۴۲۵-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ الْھَیْثَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِیْ بَکْرَۃَ، قَالَ: لَقَدْ نَفَعَنِي اللّٰہُ بِکَلِمَۃٍ سَمِعْتُھَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم أَیَّامَ الْجَمَلِ، بَعْدَمَا کِدْتُ أَنْ أَلْحَقَ بِأَصْحَابِ الْجَمَلِ فَأُقَاتِلَ مَعَھُمْ، قَالَ: لَمَّا بَلَغَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّ أَھْلَ فَارِسَ قَدْ مَلَّکُوْا عَلَیْھِمْ بِنْتَ کِسْرَی، قَالَ: "لَنْ یُفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا أَمْرَھُمُ امْرَأَۃً"[انظر: ۷۰۹۹]

ترجمہ: حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ جنگِ جمل کے موقعہ پر نفع پہنچایا مجھے اللہ تعالیٰ نے ایک بات سے جس کو میں نے نبی ﷺ سے سنا تھا اس کے بعد کہ قریب تھا میں کہ مل جاتا اصحابِ جمل کے ساتھ، پس جنگ کرتا میں ان کے ساتھ، پھر ابوبکرہؓ نے اس بات کی وضاحت فرمائی کہ جب نبی ﷺ کو خبر پہنچی کہ فارس کے لوگوں نے کسریٰ کی بیٹی کو اپنا بادشاہ بنالیا ہے تو نبی ﷺ نے فرمایا: ہرگز کامیاب نہیں ہوگی وہ قوم جس نے اپنے معاملہ کا ایک عورت کو ذمہ دار بنایا۔

تشریح: عورت کی سربراہی کامیابی کی راہ نہیں، رہی یہ بات کہ عورت کو سربراہ بنانا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، جمہور کے نزدیک عورت نہ امیرۃ المؤمنین بن سکتی ہے نہ قاضیہ، اور طبری رحمہ اللہ کے نزدیک جائز ہے، امام مالک رحمہ اللہ سے بھی ایک روایت یہی ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک جن معاملات میں عورت گواہ بن سکتی ہے امیر بھی بن سکتی ہے، اور حضرت تھانوی قدس سرہ نے امداد الفتاوی (۹۹:۵) میں فرمایا ہے کہ جمہوری سلطنت اس حدیث کے تحت نہیں آتی، حضرت کی مراد یہ ہے کہ جمہوری حکومت جس میں سربراہ کی حیثیت صرف ایک رکن شوری کی ہو، وزیر اعظم خود مختار نہ ہو تو عورت کی سربراہی کے لئے جواز کی گنجائش نکل سکتی ہے، راز اس میں یہ ہے کہ حقیقت اس حکومت کی محض مشورہ ہے، اور عورت مشورہ دینے کی اہل ہے، اور حضرت نے بیان القرآن میں واقعہ بلقیس کے ذیل میں جو لکھا ہے کہ ہماری شریعت میں عورت کو بادشاہ بنانے کی ممانعت ہے اس کا مصداق وہ صورت ہے جب سربراہ مختارِ کل ہو (حضرت کی بات پوری ہوئی) مگر

جمہوری حکومتوں کا مطالعہ بتاتا ہے کہ وزیراعظم مختارِکل جیسا ہوتا ہے۔ رہی استیلاء اور تغلّب کی صورت تو اس میں بالا جماع عورت کی امامت درست ہے، اس کے احکام نافذ ہونگے، اور الیکشن، پارٹی، ووٹ اور اکثریت تغلّب ہی کی صورت ہے۔

[٤٤٢٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، يَقُوْلُ: أَذْكُرُ أَنِّيْ خَرَجْتُ مَعَ الغِلْمَانِ إِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ، نَتَلَقَّى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: مَعَ الصِّبْيَانِ. [راجع: ٣٠٨٣]

[٤٤٢٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ: أَذْكُرُ أَنِّيْ خَرَجْتُ مَعَ الصِّبْيَانِ نَتَلَقَّى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ مَقْدَمَهُ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكٍ. [راجع: ٣٠٨٣]

۳- شہنشاہ روم کے نام دعوتی والا نامہ

نبی ﷺ نے ایک والا نامہ حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کی معرفت اس وقت کے سب سے بڑے سپر پاور روم کے بادشاہ قیصر کے نام بھی روانہ فرمایا تھا، قیصر لقب ہے، روم کا ہر بادشاہ قیصر کہلاتا تھا، جیسے ایران کا ہر بادشاہ کسریٰ کہلاتا تھا، قیصر اس وقت فارس پر فتح یابی کے شکریہ میں دارالسلطنت سے پیدل چل کر بیت المقدس آیا ہوا تھا، حضرت دحیہ کلبیؓ نے امیر بُصریٰ کے توسط سے وہ والا نامہ قیصر کے دربار میں پہنچایا، قیصر نے حکم دیا کہ عرب کے جو لوگ ہمارے ملک میں آئے ہوئے ہیں، ان کو حاضر کیا جائے، اتفاق سے ابوسفیانؓ قریش کے قافلہ کے ساتھ تجارت کے لئے ملک شام گئے ہوئے تھے، وہ اور ان کے ساتھی قیصر کے دربار میں حاضر کئے گئے، پھر جو سوال وجواب ہوئے وہ تفصیل سے تحفۃ القاری (۱:۱۵۶-۱۷۲) میں ہیں، پھر قیصر نے نامہ مبارک لیا، چوما، سر پر رکھا اور پڑھوا کر سنا، خط کا سنانا تھا کہ ایک شور برپا ہوگیا، چنانچہ مجلس برخاست کردی گئی، تفصیلات کتاب کے شروع میں گذر چکی ہیں، یہاں حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے دو حدیثیں پیش کی ہیں:

پہلی حدیث: سائب بن یزیدؓ کہتے ہیں: مجھے یاد ہے: میں لڑکوں کے ساتھ نکلا تھا، مہمانوں کو رخصت کرنے کے نکڑ کی طرف، استقبال کررہے تھے ہم نبی ﷺ کا، سفیان بن عیینہؒ نے کبھی **مع الغلمان** کے بجائے **مع الصبیان** کہا، جیسا کہ دوسری حدیث میں ہے۔

دوسری حدیث: سائب بن یزیدؓ کہتے ہیں: مجھے یاد ہے: میں ثنیۃ الوداع تک نکلا تھا بچوں کے ساتھ، استقبال کررہے تھے ہم نبی ﷺ کا غزوۂ تبوک سے واپسی کے موقعہ پر۔

تطبیق: ان حدیثوں کی باب سے تطبیق یہ ہے کہ غزوۂ تبوک میں رومن امپائر پر فوج کشی کی گئی تھی، اور فوج کشی کا جواز دعوت کے بعد ہے، پس اشارۃ النص سے نکلا کہ آپؐ نے شہنشاہ روم کی طرف بھی دعوت اسلام کا والا نامہ بھیجا ہے۔

بَابُ مَرَضِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَوَفَاتِہِ

نبی ﷺ کی بیماری اور دنیا سے تشریف بری

حجۃ الوداع میں عرفات کے میدان میں سورۃ المائدہ کی آیت ۳ نازل ہوئی: ﴿اَلْیَوْمَ أَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الإِسْلَامَ دِیْنًا﴾: آج میں نے تمہارے لئے تمہارے دین کو مکمل کردیا، اور میں نے تم پر اپنا انعام تام کردیا، اور میں نے اسلام کو تمہارا دین بننے کے لئے پسند کرلیا، یعنی اب قیامت تک تمہارا دین یہی رہے گا، اس کو منسوخ کرکے دوسرا دین تجویز نہیں کیا جائے گا۔

پھر حجۃ الوداع میں ایامِ تشریق میں سورۃ النصر نازل ہوئی اور اشارۃً آپؐ کو وفات کی اطلاع دی گئی، فرمایا: ﴿فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْہُ﴾: آپؐ تسبیح واستغفار کی طرف متوجہ ہوجائیں، چنانچہ رسول اللہ ﷺ کے گفتار وکردار سے ایسی علامتیں ظاہر ہونی شروع ہوگئیں جن سے معلوم ہوتا تھا کہ اب آپؐ اس جہانِ فانی کو الوداع کہنے والے ہیں، چنانچہ:

(الف) حجۃ الوداع کے خطبہ میں آپؐ نے فرمایا: ''مجھے معلوم نہیں کہ میں اس سال کے بعد اپنے اس مقام میں تم لوگوں سے مل سکوں گا یا نہیں!''

(ب) پھر جمرۂ عقبہ کے پاس فرمایا: ''مجھ سے حج کے اعمال سیکھ لو، کیونکہ میں اس سال کے بعد غالباً حج نہ کرسکوں گا!''

(ج) پھر آپؐ نے رمضان سن ۱۰ ہجری میں بیس دن کا اعتکاف کیا، جبکہ آپؐ ہمیشہ دس دن کا اعتکاف کیا کرتے تھے۔

(د) پھر اسی رمضان میں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ کو دومرتبہ قرآن کا دور کرایا جبکہ ہر سال ایک مرتبہ دور کرایا کرتے تھے۔

(ہ) اوائل صفر سن ۱۱ ہجری میں آپؐ میدانِ احد میں تشریف لے گئے، اور شہداء کے لئے اس طرح دعا فرمائی گویا زندوں اور مردوں کو رخصت کررہے ہیں، پھر واپس آکر منبر سے خطاب فرمایا کہ میں تمہارا پیش رَو ہوں اور تمہارے لئے گواہی دوں گا، بخدا! میں اس وقت اپنا حوض دیکھ رہا ہوں، مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں دی گئیں، اور بخدا! مجھے یہ خوف نہیں کہ تم میرے بعد شرک کروگے، البتہ اس کا اندیشہ ہے کہ تم دنیا کی ریس کروگے۔

مرض کا آغاز: ۲۹ صفر ۱۱ ہجری بروز دوشنبہ نبی ﷺ ایک جنازہ میں بقیع تشریف لے گئے، واپسی میں راستہ ہی سے دردسر شروع ہوگیا، یہ آپؐ کے مرض الموت کی ابتدا تھی، آپؐ نے اسی حالت میں گیارہ دن نماز پڑھائی، مرض کی کل مدت تیرہ

یا چودہ دن ہے۔

آخری ہفتہ: نبی ﷺ کی طبیعت دن بہ دن گرتی جارہی تھی، مگر آپؐ باری باری ازواج مطہرات کے یہاں جاتے تھے اور ہر دن پوچھتے تھے: میں کل کہاں ہوں گا، ازواجِ مطہرات سمجھ گئیں، سب نے اجازت دیدی کہ آپؐ جہاں چاہیں رہیں، چنانچہ آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں منتقل ہوگئے، اور حیاتِ مبارک کا آخری ہفتہ وہیں گذارا۔

وفات سے پانچ دن پہلے: بدھ کے دن حرارت میں اضافہ ہوگیا اور غشی طاری ہوگئی، آپؐ نے فرمایا: مجھ پر مختلف کنوؤں کے سات مشکیزے ڈالو، آپؐ کو ایک لگن میں بٹھادیا گیا اور آپؐ پر اتنا پانی ڈالا گیا کہ آپؐ بس بس کہنے لگے، پھر آپؐ مسجد میں تشریف لے گئے، منبر سے خطاب فرمایا کہ یہود ونصاری پر اللہ کی لعنت! انھوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مساجد بنالیا، تم لوگ میری قبر کو بت مت بنانا کہ اس کی پوجا کرنے لگو، پھر ظہر کی نماز پڑھائی، پھر دوبارہ خطبہ دیا، فرمایا: میں تمہیں انصار کے بارے میں وصیت کرتا ہوں وہ میری 'اوجھ' ہیں انھوں نے اپنی ذمہ داری پوری کردی ہے، مگر ان کے حقوق باقی رہ گئے ہیں، لہٰذا ان کے نیکوکاروں سے قبول کرنا اور ان کے بدکاروں سے درگذر کرنا اور یہ بھی فرمایا کہ لوگ بڑھتے جائیں گے اور انصار گھٹتے جائیں گے، یہاں تک کہ کھانے میں نمک کے برابر رہ جائیں گے، پس جو شخص کسی نفع ونقصان پہنچانے والے کام کا ذمہ دار بنے وہ ان کے نیکوکاروں سے قبول کرے اور ان کے بدکاروں سے درگذر کرے۔

پھر ارشاد فرمایا کہ ایک بندہ کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا کہ وہ چاہے تو دنیا میں رہے اور چاہے تو اللہ کے پاس جو کچھ ہے اسے اختیار کرے، پس اس بندہ نے اللہ کے پاس کی چیزوں کو اختیار کیا، یہ بات سن کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رونے لگے، اور کہا: ہم اپنے ماں باپ کو آپؐ پر قربان کرتے ہیں، یعنی جو مصیبت آپؐ پر آنی ہے وہ آپؐ پر نہ آئے، ہمارے ماں باپ پر آئے، لوگوں کو حیرت ہوئی کہ نبی ﷺ ایک بندہ کے بارے میں فرمارہے ہیں اور یہ حضرت اپنے ماں باپ کو آپؐ پر قربان کررہے ہیں، مگر چند دن کے بعد واضح ہوا کہ جس بندہ کو اختیار دیا گیا تھا وہ خود نبی ﷺ تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں میں سب سے زیادہ جاننے والے تھے۔

جب نبی ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو روتے ہوئے دیکھا تو ان کے بارے میں چند باتیں فرمائیں: (۱) ساتھ رہنے اور مال کے سلسلہ میں مجھ پر سب سے زیادہ احسان ابوبکر کا ہے (۲) اور اگر میں اللہ کے علاوہ کسی کو جگری دوست بناتا تو ابوبکرؓ کو بناتا، مگر ان کے ساتھ اسلامی اخوت ومحبت کا تعلق ہے (۳) مسجد میں کوئی کھڑکی باقی نہ چھوڑی جائے اسے لازماً بند کردیا جائے ابوبکرؓ کے دریچے کے علاوہ۔

واقعۂ قرطاس: وفات سے چار دن پہلے جمعرات کے دن آپؐ کو سخت تکلیف تھی، آپؐ نے فرمایا: لاؤ میں تمہیں ایک تحریر لکھ دوں جس کے بعد تم کبھی گمراہ نہ ہوؤ، اس وقت گھر میں کئی آدمی تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے، انھوں نے کہا: آپؐ پر تکلیف کا غلبہ ہے اور ہمارے پاس قرآنِ کریم ہے جو ہمارے لئے کافی ہے، اس پر گھر میں موجود لوگوں میں اختلاف

ہوا، کوئی کہہ رہا تھا کہ کاغذ قلم لاؤ اور لکھوالو، اور کوئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی موافقت کر رہا تھا، جب شور وشغب زیادہ ہوا تو آپؐ نے فرمایا: میرے پاس سے اٹھ جاؤ۔

پھر اس دن آپؐ نے تین باتوں کی وصیت فرمائی، ایک: یہود ونصاریٰ اور مشرکین کو جزیرۃ العرب سے نکال دینا، دوسرے: وفود کو اسی طرح نوازنا جس طرح میں نوازا کرتا تھا، تیسری بات راوی بھول گیا، شاید کتاب وسنت کو مضبوطی سے پکڑے رہنے کی وصیت تھی یا لشکر اسامہؓ کو روانہ کرنے کی وصیت تھی یا نماز اور غلاموں کے بارے میں وصیت تھی۔

مرض کی شدت کے باوجود وفات سے چار دن پہلے تک تمام نمازیں نبی ﷺ ہی نے پڑھائیں، آخری دن مغرب کی نماز میں سورۃ المرسلات پڑھی، پھر عشاء کے وقت مسجد میں جانے کی طاقت نہ رہی، آپؐ نے دریافت کیا: کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی؟ گھر والوں نے بتایا: نہیں، لوگ آپؐ کا انتظار کر رہے ہیں، آپؐ نے فرمایا: میرے لئے لگن میں پانی رکھو، آپؐ نے غسل فرمایا، اس کے بعد اٹھنا چاہا مگر آپؐ پر غشی طاری ہوگئی، پھر جب افاقہ ہوا تو دریافت کیا: کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی؟ جواب دیا گیا: لوگ آپؐ کا انتظار کر رہے ہیں، آپؐ نے دوبارہ، سہ بارہ غسل فرمایا اور جب اٹھنا چاہا تو آپؐ پر غشی طاری ہوگئی، جب ہوش آیا تو آپؐ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کہلوایا کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں، اب ابوبکرؓ نمازیں پڑھاتے رہے، نبی ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں انھوں نے سترہ نمازیں پڑھائیں، اس موقعہ پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تین چار بار عرض کیا کہ امامت کا کام کسی اور کو سونپیں (تاکہ لوگ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو منحوس نہ سمجھیں) لیکن نبی ﷺ نے ہر بار انکار کیا اور آخر میں فرمایا: ''تم یوسف علیہ السلام والی عورتیں ہو! ابوبکرؓ کو حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں''

ایک دن یا دو دن پہلے: سنیچر یا اتوار کو نبی ﷺ نے طبیعت میں تخفیف محسوس کی، چنانچہ نماز شروع ہونے کے بعد آپؐ دو آدمیوں کے سہارے نماز کے لئے تشریف لائے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹنے لگے، آپؐ نے اشارہ کیا کہ پیچھے نہ ہٹیں، اور لانے والوں سے فرمایا: مجھے ان کے پہلو میں بٹھادو، چنانچہ آپؐ کو ابوبکرؓ کی بائیں جانب بٹھادیا گیا اور آپؐ نے خلیفہ بن کر نماز پڑھانی شروع کی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تکبیریں زور سے کہتے تھے۔

حیاتِ مبارکہ کا آخری دن: لوگ فجر کی نماز میں مصروف تھے، نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کا پردہ ہٹایا، صحابہ کو نماز میں مصروف دیکھ کر تبسم فرمایا، مسلمان اس قدر خوش ہوئے کہ قریب تھا کہ نماز توڑ دیں، لیکن نبی ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ اپنی نماز پوری کرو، پھر پردہ ڈال دیا، اس کے بعد نبی ﷺ پر کسی دوسری نماز کا وقت نہیں آیا۔

چاشت کے وقت صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور ان سے کچھ سرگوشی کی، وہ رونے لگیں، آپؐ نے انہیں پھر بلایا اور کچھ سرگوشی کی، وہ ہنسنے لگیں، بعد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے دریافت کرنے پر انھوں نے بتایا کہ پہلی مرتبہ آپؐ نے یہ فرمایا تھا کہ میری اسی مرض میں وفات ہوگی، پس میں روئی، پھر دوسری مرتبہ بتایا کہ میرے اہل وعیال میں تم سب سے پہلے مجھ سے ملوگی، اس پر میں ہنسی۔

ادھر لحظہ بہ لحظہ تکلیف بڑھتی جارہی تھی اوراس زہر کا اثر بھی ظاہر ہونا شروع ہوگیا تھا جو آپؐ کو خیبر میں دیا گیا تھا، آپؐ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: خیبر میں جو کھانا میں نے کھایا تھا اس کی تکلیف برابر محسوس کررہا ہوں، اس زہر کے اثر سے میری رگِ جاں کٹی جارہی ہے۔

نزع رَواں: پھر نزع کی حالت شروع ہوگئی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ کو اپنے سینہ سے سہارا دے کر بٹھالیا، اچانک عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کمرے میں داخل ہوئے ان کے ہاتھ میں تازہ مسواک تھی، آپؐ نے مسواک کی طرف دیکھا، حضرت عائشہؓ سمجھ گئیں، ان سے مسواک لے کر چبا کر ریشے بنائے، پھر آپؐ کو مسواک دی، آپؐ نے خوب اچھی طرح مسواک کی، پھر ہاتھ یا انگلی اٹھائی، نگاہ چھت کی طرف بلند کی اور ہونٹوں پر کچھ حرکت ہوئی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کان لگایا تو آپؐ فرمارہے تھے: ''انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ساتھ، جن پر آپؐ نے انعام کیا، اے اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، اور مجھے عالم بالا کے ساتھیوں میں شامل فرما!'' آخری جملہ تین بار دوہرایا، اور ہاتھ جھک گیا اور آپؐ رفیقِ اعلیٰ سے جاملے۔ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

تاریخ وفات: یہ جاں گداز اور روح فرسا واقعہ ربیع الاول سن ۱۱ ہجری کی کس تاریخ میں اور کس وقت میں پیش آیا؟ اس میں اختلاف ہے، سیرت کی بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ زوال کے وقت وصال ہوا، دوسرا قول چاشت کے وقت کا ہے، یہ معمولی اختلاف ہے، زوال اور چاشت میں کچھ زیادہ فصل نہیں، البتہ تاریخ وفات میں اختلاف شدید ہے، مشہور قول ۱۲ ربیع الاول کا ہے اور موسیٰ بن عقبہ وغیرہ نے یکم ربیع الاول تاریخِ وفات بتلائی ہے اور کلبیؒ وغیرہ نے دوم ربیع الاول کو اور علامہ سہیلیؒ نے الروض الانف میں اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے شرح بخاری میں اسی قول کو راجح قرار دیا ہے (سیرۃ المصطفیٰ ۳:۱۷۲)

اور مشہور قول صحیح نہیں ہوسکتا، کیونکہ حجۃ الوداع میں ۹ ذی الحجہ کو جمعہ تھا، اب ذی الحجہ، محرم اور صفر تینوں مہینے خواہ تیس کے مانے جائیں یا انتیس کے یا بعض تیس کے اور بعض انتیس کے، کسی صورت میں ۱۲ ربیع الاول کو پیر کا دن نہیں پڑتا، جبکہ روایات اس بات پر متفق ہیں کہ وفات پیر کے دن ہوئی ہے۔

اہل مدینہ پر غم کا پہاڑ ٹوٹا: اس حادثۂ دل فگار کی خبر فوراً مدینہ میں پھیل گئی، اور لوگوں پر غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا، حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جس دن نبی ﷺ کی مدینہ میں تشریف آوری ہوئی اس سے بہتر اور تابناک دن میں نے کوئی نہیں دیکھا، اور جس دن آپؐ کی وفات ہوئی اس سے تاریک دن بھی میں نے کبھی نہیں دیکھا، آپؐ کی وفات پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرطِ غم سے فرمایا: ہائے ابا جان! جنھوں نے پروردگار کی پکار پر لبیک کہا، ہائے ابا جان! جن کا ٹھکانہ جنت الفردوس بنا، ہائے ابا جان! ہم جبرئیل علیہ السلام کو آپؐ کی موت کی خبر دیتے ہیں، اور وفات کی خبر سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہوش اڑ گئے، وہ تلوار سونت کر مسجدِ نبوی میں کھڑے ہوگئے اور یہ کہنا شروع کیا کہ آپؐ کا انتقال نہیں ہوا، آپؐ اللہ کے پاس تشریف لے گئے ہیں، جیسے موسیٰ علیہ السلام طور پر جاکر واپس تشریف لائے تھے، نبی ﷺ بھی ضرور پلٹ کر

آئیں گے اور اُن منافقین کے ہاتھ پاؤں کاٹیں گے جو سمجھتے ہیں کہ آپ کی موت واقع ہوچکی ہے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے امت کو سنبھالا: وفاتِ نبوی ﷺ کے وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سُنح نامی گاؤں میں اپنے گھر تشریف لے گئے تھے، وہاں سے گھوڑے پر سوار ہو کر آئے، مسجدِ نبوی میں داخل ہوئے، کسی سے بات نہیں کی، سیدھے حجرۂ عائشہ میں پہنچے، آپ کا جسدِ مبارک دھاری دار یمنی چادر سے ڈھانک دیا گیا تھا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے رخ انور سے چادر ہٹائی، غور سے دیکھا، پھر ماتھا چوما اور رو پڑے، اور فرمایا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! اللہ آپ پر دو موتیں جمع نہیں کرے گا، جو موت آپ کے لئے لکھ دی گئی تھی وہ آپ کو آچکی۔

پھر آپؓ مسجد میں تشریف لائے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: بیٹھ جاؤ، حضرت عمرؓ نہیں بیٹھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو چھوڑ کر لوگوں سے خطاب شروع کیا، فرمایا:

أما بعد! تم میں سے جو شخص محمد ﷺ کی پوجا کرتا ہے وہ جان لے کہ محمد ﷺ کی وفات ہوچکی، اور تم میں سے جو شخص اللہ کی عبادت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ہمیشہ زندہ رہنے والے ہیں، ان کو کبھی موت نہیں آئے گی۔ اللہ پاک کا ارشاد ہے: ''محمد (ﷺ) نہیں ہیں مگر رسول! ان سے پہلے بھی بہت سے رسول گذر چکے ہیں پس اگر ان کو موت آجائے یا وہ قتل کردیئے جائیں تو کیا تم اپنی ایڑیوں کے بل پلٹ جاؤ گے؟ جو شخص اپنی ایڑیوں کے بل پلٹ گیا وہ اللہ کو کچھ نقصان نہیں پہنچائے گا، اور عنقریب اللہ تعالیٰ شکر گذاروں کو اچھا بدلہ دیں گے''

صحابہ کرام جو فرطِ غم سے حیران تھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا خطاب سن کر جان گئے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی، ابن عباسؓ کا بیان ہے: بخدا! ایسا لگتا تھا کہ گویا لوگوں نے جانا ہی نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری ہے، یہاں تک کہ ابوبکر رضی اللہ نے اس کی تلاوت کی، پس سب لوگوں نے ان سے یہ آیت اخذ کی، اور میں جس کسی کو سنتا وہ یہی آیت تلاوت کرتا تھا۔

اور حضرت سعید بن المسیبؒ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: بخدا! میں نے جونہی ابوبکر رضی اللہ عنہ کو یہ آیت تلاوت کرتے ہوئے سنا تو میں خاک آلود ہو کر رہ گیا (یا میری پیٹھ ٹوٹ گئی) میں اپنا پاؤں اٹھا نہیں سکتا تھا، ابوبکرؓ کو اس آیت کی تلاوت کرتے ہوئے سن کر میں زمین کی طرف لڑھک گیا، کیونکہ میں جان گیا کہ واقعی نبی ﷺ کی موت ہوچکی۔

تجہیز و تکفین اور تدفین: تجہیز و تکفین سے پہلے ہی آپ کی جانشینی کے معاملہ میں اختلاف پڑ گیا، سقیفہ بنی ساعدہ میں اجتماع ہوا، بالآخر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت پر اتفاق ہوا، اس مجلس میں لوگوں نے آپ سے بیعت کی پھر مسجد میں عام بیعت کی، اس کام میں پیر کا دن گذر گیا، رات آگئی، منگل کی صبح تک جسدِ مبارک دھاری دار یمنی چادر میں ڈھکا رہا، گھر کے لوگوں نے باہر سے دروازہ بند کردیا تھا، منگل کے دن آپ کو کپڑے اتارے بغیر غسل دیا گیا، پھر تین سفید یمنی چادروں میں کفنایا گیا، پھر آخری آرام گاہ کے بارے میں اختلاف ہوا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ سے

سنا ہے کہ ہر نبی کو جہاں دفن ہونا پسند ہوتا ہے وہیں اس کی روح قبض کی جاتی ہے، چنانچہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ٹھیک آپؐ کی چارپائی کے نیچے بغلی قبر کھودی، پھر باری باری دس دس صحابہ حجرہ میں جاتے تھے اور تنہا تنہا نماز جنازہ پڑھتے تھے، کوئی امام نہیں تھا، سب سے پہلے آپؐ کے خانوادہ بنو ہاشم نے نماز پڑھی، پھر مہاجرین نے پھر انصار نے پھر مردوں کے بعد عورتوں نے پھر ان کے بعد بچوں نے اور سب سے آخر میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جنازہ پڑھا، نمازِ جنازہ پڑھنے میں منگل کا پورا دن گذر گیا، اور بدھ کی رات آگئی، رات میں آپؐ کے جسدِ مبارک کو سپرد خاک کیا گیا، صدیقہؓ فرماتی ہیں: ہمیں رسول اللہ ﷺ کی تدفین کا علم اس وقت ہوا جب ہم نے منگل اور بدھ کی درمیانی رات میں پھاوڑوں کی آواز سنی۔

۱- ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے

سورۃ الزمر کی آیات ۳۰و۳۱ ہیں: ﴿إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ، ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ﴾: بیشک آپؐ کو بھی موت آنے والی ہے اور ان (مخالفین) کو بھی موت آنے والی ہے، پھر بیشک تم قیامت کے دن اپنے پروردگار کے سامنے اپنے مقدمات پیش کروگے (اور عملی فیصلہ ہوگا)

تفسیر: مَيِّتٌ: اسم صفت بمعنی اسم فاعل ہے، اور اسم فاعل مضارع سے بنتا ہے، اور اس میں مضارع کی طرح حال یا استقبال کے معنی ہوتے ہیں، آیتِ کریمہ میں استقبال کے معنی ہیں، یعنی ایک دن نبی ﷺ کو بھی موت آنے والی ہے، اور مخالفین بھی مرنے والے ہیں، پھر جب دنیا دوبارہ قائم ہوگی تو مقدمات بارگاہِ الٰہی میں پیش ہونگے اور آخری مرتبہ فیصلہ ہوگا، اس آیت میں صراحت ہے کہ وفات سے سید کائنات ﷺ کو بھی دوچار ہونا ہوگا ﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ﴾: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبہ میں مذکورہ آیت بھی پڑھی تھی، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی سب سے پہلے یہی آیت لکھی ہے۔

۲- زہر کا اثر ظاہر ہوا

نبی ﷺ کو خیبر میں زینب نامی یہودی عورت نے بکری کے گوشت میں زہر ملا کر پیش کیا تھا، اس کا ایک لقمہ نبی ﷺ نے منہ میں رکھا، اس لقمہ نے فوراً بتادیا کہ وہ زہر آلود ہے، چنانچہ آپؐ نے وہ لقمہ تھوک دیا، مگر شرائین (باریک رگوں) کے ذریعہ اس کا اثر جسم اطہر میں پہنچ گیا، وفات کے وقت وہ اثر ظاہر ہوا، صدیقہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ اپنی اس بیماری میں جس میں آپؐ کی وفات ہوئی فرمایا کرتے تھے: اے عائشہ! برابر پاتا ہوں میں اس گوشت کی تکلیف جو میں نے خیبر میں کھایا تھا، پس یہ اس زہر سے رگِ جاں کے کٹنے کو پانے کا وقت ہے یعنی میں محسوس کرتا ہوں کہ میری رگِ جاں کٹی جارہی ہے، اور یہ اس زہر کا اثر ہے جو مجھے خیبر میں دیا گیا تھا۔

[٨٤-] بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَوَفَاتِهِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالىٰ: ﴿إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ، ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ﴾

[٤٤٢٨-] وَقَالَ يُوْنُسُ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ عُرْوَةُ: وَقَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ: يَا عَائِشَةُ! مَا أَزَالُ أَجِدُ أَلَمَ الطَّعَامِ الَّذِيْ أَكَلْتُ بِخَيْبَرَ، فَهٰذَا أَوَانُ وَجَدتُّ انْقِطَاعَ أَبْهَرِيْ مِنْ ذٰلِكَ السَّمِّ.

لغت: أَبْهَر: شاہ رگ، سر سے پاؤں تک کی سب رگیں ایک رگ سے ملی ہوئی ہیں، اور وہ رگ دل کے اندر جاتی ہے، اس کے کٹنے سے آدمی مرجاتا ہے، اس کو شہ رگ کہتے ہیں۔

[٤٤٢٩-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالْمُرْسَلاَتِ عُرْفًا، ثُمَّ مَا صَلّٰى لَنَا بَعْدَهَا حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ. [راجع: ٧٦٣]

۳- نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری نماز مغرب کی پڑھائی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرض کی شدت کے باوجود وفات سے چار دن پہلے (جمعرات) تک تمام نمازیں خود ہی پڑھاتے تھے، جمعرات کو بھی مغرب کی نماز آپؐ ہی نے پڑھائی اور اس میں سورۃ والمرسلات پڑھی، پھر عشاء کے وقت بیماری بڑھ گئی، مسجد میں جانے کی طاقت نہ رہی، چنانچہ عشاء حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پڑھوائی۔

۴- سورۃ النصر کے ذریعہ آپؐ کو قربِ وفات کی اطلاع دی گئی

سورۃ النصر میں ارشادِ پاک ہے: ''جب اللہ کی مدد اور مکہ کی فتح آجائے یعنی واقع ہوجائے اور آپؐ لوگوں کو دیکھیں کہ وہ اللہ کے دین میں جوق جوق داخل ہورہے ہیں تو آپؐ اپنے پروردگار کی تسبیح وتحمید کریں اور درخواست کریں کہ وہ آپؐ کو اپنی رحمت میں ڈھانک لیں، بیشک وہ بڑے توبہ قبول کرنے والے ہیں''

تفسیر: مکہ مکرمہ کی فتح بڑی فیصلہ کن چیز تھی، سب قبائل کی نظریں اس پر لگی ہوئی تھیں، چنانچہ فتح مکہ کے بعد لوگ تیزی سے اسلام میں داخل ہونے لگے، پس اس سورت کے ذریعہ آپ کو اطلاع دی گئی کہ سفر آخرت درپیش ہے، کیونکہ دنیا میں رہنے کا اور بعثت کا مقصد پورا ہوگیا، اکابر صحابہ اس سورت کے نزول کا یہی مقصد سمجھتے تھے، صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ تو یہ سورت سن کر رو پڑے اور انھوں نے اپنے ماں باپ کو آپؐ پر قربان کیا، لوگوں کو اس پر حیرت بھی ہوئی مگر جب اس سورت کے نزول

کے چند ماہ کے بعد آپؐ کی وفات ہوئی تو صحابہ نے کہا: ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم سے زیادہ علم رکھتے تھے۔

[٤٤٣٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يُدْنِیْ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: إِنَّ لَنَا أَبْنَاءً مِثْلَهُ، فَقَالَ: إِنَّـهُ مِنْ حَيْثُ تَعْلَمُ، فَسَأَلَ عُمَرُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾ فَقَالَ: أَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أَعْلَمَهُ إِيَّاهُ، فَقَالَ: مَا أَعْلَمُ مِنْهَا إِلَّا مَا تَعْلَمُ. [راجع: ٣٦٢٧]

ترجمہ: سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کو قریب کیا کرتے تھے، یعنی اکابر صحابہ کے ساتھ مجلس میں شریک کیا کرتے تھے، پس ان سے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا: بیشک ہمارے بھی بیٹے ہیں ان جیسے یعنی آپؓ ان کو مجلس میں شریک نہیں کرتے ابن عباسؓ کو کیوں کرتے ہیں؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا: بیشک وہ ایسے (علمی) مقام میں ہے جس کو آپ جانتے ہیں، پھر حضرت عمرؓ نے ابن عباسؓ سے اس آیت کے بارے میں پوچھا: ﴿إِذَاجَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾: ابن عباسؓ نے کہا: نبی ﷺ کی موت کا وقت ہے، بتلایا اللہ تعالیٰ نے وہ آپؐ کو، پس حضرت عمرؓ نے کہا: نہیں جانتا میں آیت سے مگر جو آپ جانتے ہیں، یعنی میرے نزدیک بھی اس سورت کا یہی منشا ہے۔

وضاحت: حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو اکابر صحابہ کی مجلس میں اپنے قریب رکھتے تھے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: ہمارے بھی اس عمر کے لڑکے ہیں، آپ ان کو قریب نہیں کرتے، عبداللہؓ کو کیوں قریب کرتے ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: عبداللہؓ کا علمی مقام وہ ہے جو آپ جانتے ہیں، پھر ایک دن اہل مجلس سے آپؓ نے سوال کیا کہ سورۃ النصر کا کیا مقصد ہے؟ سب نے کہا: یہ سورت ایک مژدہ ہے کہ اسلام کا بول بالا ہوگا، تمام عرب حلقہ بگوشِ اسلام ہوگا اور جہاد کی طویل محنت کا ثمرہ برآمد ہوگا، آخر میں حضرت عمرؓ نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا: کیا اس سورت کا مقصدِ نزول یہی ہے؟ ابن عباسؓ نے کہا: نہیں، اس سورت کے ذریعہ نبی ﷺ کو دنیا کی زندگی پوری ہونے کی خبر دی گئی ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں بھی اس سورت کا یہی مقصد سمجھتا ہوں، پس ابن عباسؓ کا علمی مقام اکابر صحابہ کو معلوم ہوگیا، اور اس سورت کے نزول کے بعد آپؐ کی وفات وحی کی صداقت کی دلیل بنی (تحفۃ القاری ۷:۱۶۸)

۵-واقعۂ قرطاس

وفات سے چار دن پہلے جمعرات کے دن جب مرض میں شدت ہوئی اور عشاء کی نماز پڑھانے کے لئے آپؐ نہیں جاسکے اور صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ سے نماز پڑھوائی تو نماز کے بعد عیادت کے لئے خواص حضور ﷺ کے پاس جمع ہوگئے، آپؐ نے ان سے فرمایا: ''قلم دوات لاؤ، میں تمہیں ایک بات لکھوادوں تاکہ تم گمراہ نہ ہوؤ'' اہل مجلس میں اختلاف ہوا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آج آپؐ کو تکلیف بہت زیادہ ہے، ایسی حالت میں تکلیف دینا مناسب نہیں، اللہ کی کتاب

ہمارے پاس موجود ہے جو گمراہی سے بچانے کے لئے کافی ہے، بعض لوگوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تائید کی اور بعض نے کہا: قلم دوات لاؤ، اور جو کچھ آپؐ لکھوانا چاہتے ہیں لکھوالو، اور بعض نے کہا: کیا نبی ﷺ نے بے خبری میں یہ بات فرمائی ہے، آپؐ سے دریافت کرلو، چنانچہ لوگوں نے دریافت کیا، اس طرح مجلس میں شور ہوا، آپؐ نے فرمایا: ''میرے پاس سے چلے جاؤ، میں جس حال میں ہوں وہ بہتر ہے اس سے جس کی طرف تم مجھے بلا رہے ہو'' پھر آپؐ نے تین وصیتیں فرمائیں: (۱) یہود ونصاریٰ اور مشرکین کو جزیرۃ العرب سے نکال دینا (۲) وفود کو اسی طرح نوازنا جس طرح میں ان کو نوازا کرتا تھا، تیسری بات: راوی بھول گیا یا آپؐ نے نہیں فرمائی، یہ دو حدیثوں کا خلاصہ ہے پہلے دونوں حدیثیں پڑھ لیں، پھر کچھ عرض کرونگا۔

[٤٤٣١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يَوْمُ الْخَمِيْسِ! وَمَا يَوْمُ الْخَمِيْسِ؟ اشْتَدَّ بِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَجَعُهُ، فَقَالَ: ''ائْتُوْنِيْ أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ أَبَدًا'' فَتَنَازَعُوْا وَلَا يَنْبَغِيْ عِنْدَ نَبِيٍّ تَنَازُعٌ، فَقَالُوْا: مَا شَأْنُهُ؟ أَهَجَرَ؟ اسْتَفْهِمُوْهُ؟ فَذَهَبُوْا يَرُدُّوْنَ عَنْهُ، فَقَالَ: '' دَعُوْنِيْ فَالَّذِيْ أَنَا فِيْهِ خَيْرٌ مِمَّا تَدْعُوْنَنِيْ إِلَيْهِ'' وَأَوْصَاهُمْ بِثَلَاثٍ، قَالَ: '' أَخْرِجُوْا الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَأَجِيْزُوْا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيْزُهُمْ'' وَسَكَتَ عَنِ الثَّالِثَةِ أَوْ قَالَ: فَنَسِيْتُهَا. [راجع: ١١٤]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے (طلبہ سے) فرمایا: جمعرات کا دن! اور جمعرات کا دن کیا ہے؟ نبی ﷺ کی تکلیف (جمعرات کے دن) بڑھ گئی، پس آپؐ نے فرمایا: ''لاؤ تم میرے پاس، لکھوں میں تمہارے لئے ایک تحریر، گمراہ نہ ہوؤ تم اس کے بعد کبھی بھی'' پس لوگوں نے اختلاف کیا اور کسی بھی نبی کے پاس اختلاف مناسب نہیں، پس لوگوں نے کہا: آپؐ کا کیا حال ہے؟ کیا بے خبری میں فرمایا ہے؟ دریافت کرو تم آپؐ سے؟ پس لوگ پوچھنے لگے آپؐ سے (گیلری میں عنه کی جگہ علیه ہے اور وہی صحیح ہے، یعنی لوگوں نے آپؐ سے دریافت کرنا شروع کیا کہ آپؐ نے یہ بات ہوش میں فرمائی ہے یا بے خبری میں؟) آپؐ نے فرمایا: مجھے رہنے دو، میں جس حالت میں ہوں وہ بہتر ہے، اس حالت سے جس کی طرف تم مجھے بلا رہے ہو، اور ان کو تین باتوں کی وصیت کی، فرمایا: مشرکین کو جزیرۃ العرب سے نکال دو، اور وفود کو انعام دو جس طرح میں ان کو انعام دیا کرتا تھا، اور آپؐ تیسری بات سے خاموش رہے یا راوی نے کہا: میں اس ک بھول گیا۔

[٤٤٣٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا حُضِرَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَفِي الْبَيْتِ رِجَالٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' هَلُمُّوْا أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَاتَضِلُّوْا بَعْدَهُ'' فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ غَلَبَهُ الْوَجَعُ وَعِنْدَكُمُ الْقُرْآنُ، حَسْبُنَا كِتَابُ اللّٰهِ، فَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْبَيْتِ فَاخْتَصَمُوْا، فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ: قَرِّبُوْا يَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَاتَضِلُّوْا بَعْدَهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ غَيْرَ ذٰلِكَ، فَلَمَّا أَكْثَرُوا اللَّغْوَ وَالِاخْتِلَافَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قُوْمُوْا" قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَكَانَ يَقُوْلُ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّ الرَّزِيَّةَ كُلَّ الرَّزِيَّةِ مَا حَالَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبَيْنَ أَنْ يَكْتُبَ لَهُمْ ذٰلِكَ الْكِتَابَ لِاخْتِلَافِهِمْ وَلَغَطِهِمْ. [راجع: ۱۱۴]

ترجمہ: ابن عباسؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کی وفات کا وقت قریب آیا اور گھر میں کئی آدمی تھے تو نبی ﷺ نے فرمایا: آؤ لکھوں میں تمہارے لئے ایک تحریر نہ گمراہ ہوؤ تم اس کے بعد، بعض نے کہا: نبی ﷺ پر تکلیف کا غلبہ ہے، اور تمہارے پاس قرآن ہے، تمہارے لئے اللہ کی کتاب کافی ہے، پس گھر میں موجود لوگوں میں اختلاف ہوا، وہ آپس میں جھگڑنے لگے ان میں سے کوئی کہتا تھا: نزدیک کرو، یعنی قلم دوات لاؤ، لکھیں آپؐ ہمارے لئے کوئی تحریر، نہ گمراہ ہوؤ تم اس کے بعد، اور ان میں سے کوئی اس کے علاوہ بات کہتا تھا، پس جب لوگوں نے شور اور اختلاف زیادہ کیا تو آپؐ نے فرمایا: اٹھ جاؤ، عبیداللہ (راوی) کہتے ہیں: پس ابن عباسؓ فرمایا کرتے تھے: بیشک مصیبت بالائے مصیبت یہ ہوئی کہ لوگ آڑ بن گئے رسول اللہ ﷺ کے درمیان اور لوگوں کے لئے تحریر لکھنے کے درمیان اختلاف اور شور کرنے کی وجہ سے، یعنی اختلاف اور شور سبب بنا اور آپؐ نے وہ تحریر نہیں لکھوائی، یہ مصیبت بالائے مصیبت بن گئی، ایک مصیبت تو آپؐ کی بیماری تھی اور دوسری مصیبت تحریر وجود میں نہیں آئی۔ اور شیعوں کو یہ کہنے کا موقع مل گیا کہ نبی ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت بلا فصل لکھوانا چاہتے تھے، اس طرح اسلام کے متوازی شیعی مذہب وجود میں آ گیا، اگر تحریر لکھوالی جاتی تو شیعوں کے ایمان کی حفاظت ہوجاتی۔

تشریح:

۱- نبی ﷺ کیا لکھوانا چاہتے تھے؟ اس سلسلہ میں قیاس آرائیوں سے کوئی فائدہ نہیں، آپؐ نے نہ لکھوایا نہ بتلایا، اب کوئی شخص قطعیت کے ساتھ یہ بات کیسے بتلا سکتا ہے؟ البتہ ایک ظاہری احتمال یہ ہے کہ آپؐ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کی صراحت کرنا چاہتے تھے، آپؐ نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے عشا کی نماز پڑھوا کر ان کی خلافت کی طرف اشارہ کیا تھا، مگر احتمال تھا کہ کوئی یہ اشارہ نہ سمجھے، اس لئے آپؐ اس کی صراحت کرنا چاہتے تھے، اور آگے (حدیث ۷۲۱۷) آرہا ہے کہ نبی ﷺ نے بیماری کے زمانہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا: میرا ارادہ ہوتا ہے کہ ابوبکرؓ اور ان کے فرزند عبدالرحمٰنؓ کو بلاؤں، اور ان کو وصیت کروں اور ان کو ولی عہد بناؤں تا کہ کہنے والا کچھ نہ کہے اور تمنا کرنے والا تمنا نہ کرے، پھر میں نے سوچا: اللہ تعالیٰ ابوبکرؓ کے علاوہ کسی اور کی خلافت پر راضی نہ ہوں گے اور مسلمان بھی سوائے ابوبکرؓ کے کسی اور کی

خلافت قبول نہ کریں گے، یہ ارشاد پاک اور عشا کی نماز حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پڑھوانا واضح قرائن ہیں کہ آپؐ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے بارے میں لکھوانا چاہتے تھے۔

۲- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مسجد سے سبق پڑھا کر جب نکلے تو اظہارِ تأسف کرتے ہوئے فرمایا: کاش لوگ مانع نہ بنتے، اور تحریر لکھوا لیتے تو امت گمراہ نہ ہوتی، آج شیعہ پروپیگنڈہ کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ بلافصل ہیں اور نبی ﷺ یہی بات لکھوانا چاہتے تھے، یہ پروپیگنڈہ ختم ہوجاتا، اب تو قیامت تک ان کا منہ کون پکڑ سکتا ہے؟

۳- هَجَرَ الْمَرِيْضُ: بیمار کا بہکی بہکی باتیں کرنا .... اسْتَفْهِمُوْهُ: (فعل امر) کسی سے سمجھانے کی درخواست کرنا، یہ معلوم کرنا کہ آپؐ نے جو فرمایا اس کا کیا مطلب ہے؟ .... میں نے هَجَر کا ترجمہ کیا ہے: ''کیا بے خبری میں فرمایا ہے؟'' یہ ترجمہ نبی ﷺ کے شایانِ شان ہے جیسے سورۃ الضحیٰ میں ﴿ضَالًّا﴾: کا ترجمہ حضرت تھانوی قدس سرہ نے ''شریعت سے بے خبر'' کیا ہے یہ بہت شاندار ترجمہ ہے .... رَدَّ عليه: جواب دینا، يَرُدُّوْنَ عنه: فرمائی ہوئی بات کے بارے میں پوچھنے لگے، يَرُدُّوْنَ عليه کا بھی یہی مطلب ہے .... الذی أنا فيه: میں جس حال میں ہوں، وہ کیا حال تھا؟ معلوم نہیں، بظاہر مشغولیت حق مراد ہے .... سَكَتَ عَنِ الثَّالِثَةِ: میں دو احتمال ہیں، تیسری بات نبی ﷺ نے بیان نہیں فرمائی، یا ابن عباسؓ نے بیان نہیں کی .... فَنَسِيْتُهَا: پس میں اس کو بھول گیا، کون بھول گیا؟ سعید بن جبیرؒ بھول گئے یا سلیمان احولؒ بھول گئے یا سفیان بن عیینہؒ بھول گئے؟ سب احتمال ہیں .... اگر تیسری بات نبی ﷺ نے بیان نہیں فرمائی تو کوئی بات نہیں اور اگر بیان فرمائی تھی اور روات میں سے کوئی بھول گیا تو وہ تیسری بات کیا ہوسکتی ہے؟ کسی نے کہا: جیش اسامہ کی روانگی کا حکم دیا تھا، کسی نے کہا: نماز اور غلاموں کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کی تھی، اور کسی نے کہا: قبر اطہر کو بت بنانے کی ممانعت کی تھی۔ واللہ اعلم

حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر شیعوں کے چار اعتراضات اور ان کے جوابات:

۱- نبی ﷺ کا قول وحی ہے اور وحی کو رد کرنا کفر ہے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ وحی کی مخالفت کرکے کافر ہوگئے؟

۲- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کے بارے میں کہا: أَهَجَرَ اسْتَفْهِمُوْهُ: کیا آپؐ نے بکواس کی ہے؟ آپؐ سے پوچھ لو، معاذ اللہ! نبی ﷺ بے تکی بات کیسے کرسکتے ہیں، آپؐ کے شان میں فرمایا گیا ہے: ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوىٰ، إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوْحىٰ﴾: گفتۂ او گفتۂ اللہ بود، گرچہ از حلقوم عبد اللہ بود!

۳- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے بلند آواز میں گفتگو کی جب کہ سورۃ الحجرات میں اس کی ممانعت آئی ہے، اسی لئے آپؐ نے حضرت عمرؓ کو مجلس سے باہر کردیا۔

۴- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے امت کی حق تلفی کی، اگر تحریر سامنے آجاتی تو اختلافات ختم ہوجاتے۔

اجمالی جواب: اس پورے واقعہ کے تنہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ ذمہ دار نہیں تھے، اِیْتُوْنِیْ بِکِتَابٍ: کاغذ اور قلم لاؤ، یہ حکم سب کو دیا تھا، تنہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نہیں دیا تھا، اسی طرح تجویز پیش کرنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا کام تھا، اس سے اختلاف کرنا پھر شور مچانا ایسی چیزیں تھیں جن میں سب شریک تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی ان میں شامل تھے۔

تفصیلی جوابات:

۱- پیغمبر ﷺ کی ہر بولی ہوئی بات وحی نہیں ہوتی، کھجوروں کو گابھا دینے کے مسئلہ میں آپؐ نے ارشاد فرمایا ہے: أَنْتُمْ أَعْلَمُ بِأُمُوْرِ دُنْيَاكُمْ: یعنی دنیوی معاملات میں اگر میں کوئی مشورہ دوں تو اس کا ماننا ضروری نہیں، معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کا ہر فرمان وحی نہیں، اور آیت: ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَى﴾: قرآنِ کریم کے بارے میں ہے، یعنی آپؐ جو قرآن پیش کر رہے ہیں وہ اللہ کا کلام ہے، نبی ﷺ کا اس میں کوئی دخل نہیں، اور حدیبیہ کے قصہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لفظ رسول اللہ نہیں مٹایا تھا، معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کی ہر بات وحی نہیں۔

۲- روایت میں اس کی صراحت نہیں ہے کہ ھَجَرَ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول تھا، بلکہ یہ بات تو ان لوگوں نے کہی تھی جو حضرت عمرؓ کی تجویز کی مخالفت کر رہے تھے، حضرت عمرؓ نے تو آپؐ کی بات کو سنجیدگی سے لیا تھا، اور کہا تھا کہ ایسی سخت تکلیف میں تحریر لکھوانے کی تکلیف دینا مناسب نہیں، دوسروں نے کہا: نہیں لکھوانا چاہئے، تیسروں نے کہا: آپؐ یہ بات بے خبری میں تو نہیں فرما رہے؟ پوچھ لو، سنجیدگی سے فرما رہے ہوں تو لکھوا لو ورنہ جانے دو۔

۳- نبی ﷺ کی مجلس میں زور سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہی نہیں بولے تھے، شور اس وقت ہوتا ہے جب کئی آدمی زور سے بولیں، پھر حدیث میں لا ینبغی ہے اس سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کے سامنے زور سے بولنا خلافِ اولیٰ ہے حرام اور کبیرہ گناہ نہیں۔

۴- تحریر نہ لکھے جانے سے امت کی کیا حق تلفی ہوئی؟ دین مکمل ہو چکا تھا، علاوہ ازیں اس واقعہ کے بعد آپؐ چار دن حیات رہے، اگر لکھوانا ایسا ہی ضروری تھا تو بعد میں لکھواتے، مگر نہیں لکھوائی، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ تحریر کوئی بہت زیادہ ضروری نہیں تھی۔

[۴۴۳۳و۴۴۳۴-] حدثنا يَسَرَةُ بْنُ صَفْوَانَ بْنِ جَمِيلٍ اللَّخْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاطِمَةَ فِيْ شَكْوَاهُ الَّذِيْ قُبِضَ فِيْهِ، فَسَارَّهَا بِشَيْئٍ فَبَكَتْ، ثُمَّ دَعَاهَا فَسَارَّهَا بِشَيْئٍ فَضَحِكَتْ، فَسَأَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ: سَارَّنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ يُقْبَضُ فِيْ وَجَعِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ فَبَكَيْتُ، ثُمَّ سَارَّنِيْ فَأَخْبَرَنِيْ أَنِّيْ أَوَّلُ أَهْلِهِ يَتْبَعُهُ فَضَحِكْتُ. [راجع: ۳۶۲۳، ۳۶۲۴]

۶- حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کا رونا اور ہنسنا

آپؐ نے اپنی بیماری کے آخری دن حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور سرگوشی کی، یعنی آہستہ سے کوئی بات کہی، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا رو پڑیں، تھوڑی دیر کے بعد دوبارہ سرگوشی کی تو ہنس دیں، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے وجہ دریافت کی تو نہیں بتائی، حضرت عائشہؓ کو حیرت ہوئی کہ ابھی تو رو رہی تھیں ابھی ہنس پڑیں! پھر وفاتِ نبوی کے بعد پوچھا تو بتلایا کہ وہ بات اس وقت ایک راز تھی، میں اس کو کھولنا نہیں چاہتی تھی، اب بتلانے میں کوئی حرج نہیں، نبی ﷺ نے پہلے مجھ سے فرمایا: جبرئیل علیہ السلام ہر سال رمضان میں میرے ساتھ قرآن کا ایک دور کیا کرتے تھے، اس سال دو دور کئے ہیں، اس سے میں سمجھتا ہوں کہ اس بیماری میں میری وفات ہوگی، یہ سن کر میں رو پڑی، دوسری مرتبہ آپؐ نے فرمایا: میرے گھر والوں میں تم سب سے پہلے مجھ سے آکر ملوگی، اور تم جنت کی عورتوں کی سردار ہووگی، یہ سن کر میں ہنس پڑی، چنانچہ آپؐ کی وفات کے چھ ماہ بعد حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی اس عالم سے رحلت فرما گئیں۔

ملحوظہ: اس حدیث پر دو نمبر لگائے ہیں اس لئے کہ آدھی حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے اور آدھی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی، اور پہلے (تحفۃ القاری ۷:۱۶۶) حدیث کے دو حصے کر کے دو نمبر لگائے ہیں، اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا جنت کی عورتوں کی سردار ہونگی: یہ بات یہاں حدیث میں نہیں ہے، پہلے آئی ہے، اور پہلی بات نبی ﷺ نے ازواجِ مطہرات کو اس لئے نہیں بتائی کہ وہ بے قرار ہوجائیں گی، اور حضرت فاطمہؓ کو اس لئے بتائی کہ بعد میں تسلی کی بات ان کو بتانے کے لئے تھی۔

[۴۴۳۵-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَسْمَعُ أَنَّهُ لَايَمُوْتُ نَبِيٌّ حَتَّى يُخَيَّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، وَأَخَذَتْهُ بُحَّةٌ، يَقُوْلُ: ﴿مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللهُ عَلَيْهِمْ﴾ الآيَةَ، فَظَنَنْتُ أَنَّهُ خُيِّرَ. [انظر: ۴۴۳۶، ۴۴۳۷، ۴۴۶۳، ۴۵۸۶، ۶۳۴۸، ۶۵۰۹]

[۴۴۳۶-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: "لَمَّا مَرِضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَرَضَ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، جَعَلَ يَقُوْلُ: "فِي الرَّفِيْقِ الْأَعْلىٰ" [راجع: ۴۴۳۵]

۷- انبیاء علیہم السلام کو موت سے پہلے اختیار دیا جاتا ہے

صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: وہ نبی ﷺ سے یہ بات سنا کرتی تھیں کہ کسی نبی کو موت نہیں آتی، یہاں تک کہ اسے دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار دیا جاتا ہے، پھر جب وہ آخرت کو اختیار کرتا ہے تو اس کی روح قبض کی جاتی ہے، چنانچہ نبی

ﷺ کو بھی اختیار دیا گیا، آپؐ نے متعدد مواقع میں آخرت کو اختیار کرنے کا تذکرہ فرمایا ہے، پہلے آپؐ کی تقریر آئی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک بندہ کو اختیار دیا کہ وہ چاہے تو دنیا کی نعمتوں میں رہے اور چاہے تو اللہ کے یہاں کی نعمتیں اختیار کرے، چنانچہ اس بندے نے آخرت کی نعمتیں اختیار کیں، یہ سن کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رونے لگے، اور اپنے ماں باپ کو آپؐ پر قربان کیا، لوگوں کو حیرت ہوئی، مگر جب بہت جلد آپؐ کا انتقال ہوگیا تو لوگوں کی سمجھ میں آیا کہ وہ اختیار دیئے ہوئے بندے آپؐ ہی تھے۔

اور یہاں پہلی روایت میں صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ اپنی اس بیماری میں جس میں آپؐ کی وفات ہوئی فرمایا کرتے تھے درانحالیکہ آپ کا گلا بیٹھا ہوا تھا: ﴿مَعَ الَّذِیْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ﴾: یہ سورۃ النساء کی آیت ۶۹ ہے، یعنی ان لوگوں کے ساتھ جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا، صدیقہؓ کہتی ہیں: یہ بات سن کر میں نے گمان کیا کہ آپؐ کو اختیار دیا گیا، اور آپؐ نے آخرت کو اختیار کیا۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ آپؐ مرض موت میں کہا کرتے تھے: في الرفيق الأعلى: اعلیٰ درجہ کے ساتھیوں میں، یعنی فرشتوں کے ساتھ یا سورۃ النساء کی آیت ۶۹ میں جن لوگوں کا ذکر ہے ان کے ساتھ یعنی نبیوں، صدیقوں، شہداء اور صالحین کے ساتھ، اور ان حضرات کی مرافقت آخرت میں جنت میں نصیب ہوگی، اور ایک احتمال حاشیہ میں یہ لکھا ہے کہ الرفيق الأعلى سے مراد اللہ پاک ہیں، یہ اللہ پاک کے ناموں میں سے ایک نام ہے، بہرحال آپؐ نے دنیا پر آخرت کو ترجیح دی، اس کے بعد آپؐ کی وفات ہوئی۔

لغت: البُحَّة: آواز کا بھاری پن، گلے کا بیٹھا ہوا ہونا۔

[٤٤٣٧-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ صَحِيْحٌ يَقُوْلُ:" إِنَّهُ لَمْ يُقْبَضْ نَبِيٌّ قَطُّ حَتّٰى يُرٰى مَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُحَيَّا أَوْ: يُخَيَّرَ" فَلَمَّا اشْتَكٰى وَحَضَرَهُ الْقَبْضُ، وَرَأْسُهُ عَلٰى فَخِذِ عَائِشَةَ، غُشِيَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا أَفَاقَ شَخَصَ بَصَرُهُ نَحْوَ سَقْفِ الْبَيْتِ ثُمَّ قَالَ:" اللّٰهُمَّ فِي الرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى" فَقُلْتُ: إِذًا لَا يُجَاوِرُنَا، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ حَدِيْثُهُ الَّذِيْ كَانَ يُحَدِّثُنَا وَهُوَ صَحِيْحٌ.[راجع: ٤٤٣٥]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کہا کرتے تھے جب آپؐ تندرست تھے کہ روح قبض نہیں کی گئی کسی نبی کی کبھی بھی یہاں تک کہ دکھلایا جاتا ہے وہ جنت میں اس کا ٹھکانہ، پھر وہ زندہ کیا جاتا ہے یا فرمایا: اختیار دیا جاتا ہے (یہ دوسرا لفظ صحیح ہے) پھر جب آپؐ بیمار پڑے اور قبض روح کا وقت آیا اور آپؐ کا سر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی ران پر تھا تو آپ بیہوش ہوگئے، پھر جب آپؐ کو ہوش آیا تو آپؐ نے اپنی نگاہ گھر کی چھت کی طرف اٹھائی اور فرمایا: اللّٰهُمَّ فِي الرَّفِيْقِ

الْأَعْلٰی: اے اللہ! عالم بالا کے ساتھیوں میں (شامل فرما) (صدیقہؓ کہتی ہیں) پس میں نے کہا: اب آپؐ ہمارے ساتھ نہیں رہیں گے، اور میں نے سمجھ لیا کہ یہ آپؐ کی وہ بات ہے جو آپؐ ہم سے تندرستی کے زمانہ میں بیان کیا کرتے تھے، غرض جب روح قبض کرنے کا وقت آیا تب بھی اختیار دیا گیا، جب آپؐ نے آخرت کو اختیار کیا تب آپؐ کی روح قبض کی گئی۔

[٤٤٣٨-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، عَنْ صَخْرِ بْنِ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِیْ بَكْرٍ عَلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَأَنَا مُسْنِدَتُهُ إِلٰی صَدْرِیْ، وَمَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ سِوَاكٌ رَطْبٌ يَسْتَنُّ بِهِ، فَأَبَدَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَصَرَهُ، فَأَخَذْتُ السِّوَاكَ فَقَضَمْتُهُ وَنَفَضْتُهُ وَطَيَّبْتُهُ، ثُمَّ دَفَعْتُهُ إِلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَاسْتَنَّ بِهِ، فَمَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اسْتَنَّ اسْتِنَانًا قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهُ، فَمَا عَدَا أَنْ فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم رَفَعَ يَدَهُ أَوْ: إِصْبَعَهُ، ثُمَّ قَالَ: "فِی الرَّفِيْقِ الْأَعْلٰی" ثَلاَثًا، ثُمَّ قَضَى. وَكَانَتْ تَقُوْلُ: مَاتَ وَرَأْسُهُ بَيْنَ حَاقِنَتِیْ وَذَاقِنَتِیْ. [راجع: ٨٩٠]

۸- وفات سے پہلے نبی ﷺ کا مسواک کرنا

صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ان کے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کے کمرہ میں داخل ہوئے، اور وہ آپؐ کو سینہ سے لگا کر بیٹھی تھیں، اور عبدالرحمٰنؓ کے پاس تازہ مسواک تھی، وہ اس سے مسواک کر رہے تھے، یعنی مسواک بنانے کے لئے لکڑی لائے تھے، ابھی مسواک بنائی نہیں تھی، پس نبیؐ نے اس کی طرف اپنی نگاہ لمبی کی، میں نے ان سے مسواک لی، اس کو چبایا، اور میں نے اس کو جھاڑا، اور میں نے اس کو عمدہ بنایا، اور ایک نسخہ میں قاف کے ساتھ نَقَضْتُه ہے یعنی میں نے اس کو توڑا، دانتوں سے چبایا اور اس کو خوب عمدہ بنایا، یعنی باریک ریشے بنائے، پھر میں نے وہ مسواک نبی ﷺ کو دی، آپؐ نے اس سے مسواک کی، پس نہیں دیکھا میں نے نبی ﷺ کو کہ مسواک کی ہو آپؐ نے مسواک کرنا کبھی بھی اس سے بہتر! یعنی بہت اچھی طرح مسواک کی، پس نہیں بڑھے مسواک سے فارغ ہونے سے کہ اٹھایا ہاتھ یا کہا: انگلی، پھر تین مرتبہ فرمایا: فی الرفیق الأعلی: پھر آپؐ کی وفات ہوگئی، یعنی مسواک سے فارغ ہونے میں اور روح قبض ہونے میں فصل نہیں تھا، اور صدیقہؓ فرمایا کرتی تھیں: نبی ﷺ کی وفات میرے سینہ کے گڑھے اور میرے ٹیٹوے کے درمیان ہوئی۔

لغات: أَبَدَّ يَدَهُ إِلَيْهِ: ہاتھ بڑھانا، أَبَدَّ: أَیْ مَدَّ نَظَرَه إِلَيْهِ.......... الحَاقِنَةُ: سینہ کے بالائی حصہ میں ہنسلی کے درمیان کا گڑھا.......... الذَّاقِنَةُ: ٹیٹوا، ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ.......... الذَّقَن: ٹھوڑی.......... فَمَا عَدَا أَنْ فَرَغ: أَیْ مَا عَدَا الفَرَاغ مِنَ السِّوَاكِ (عمدہ): مسواک سے فارغ ہونے سے آگے نہیں بڑھے یعنی مسواک سے فارغ ہوتے ہی روح قبض ہوگئی۔

[٤٤٣٩-] حَدَّثَنِیْ حِبَّانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم كَانَ إِذَا اشْتَكٰی نَفَثَ عَلٰی نَفْسِهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ، وَمَسَحَ عَنْهُ بِیَدِهِ، فَلَمَّا اشْتَكٰی وَجَعَهُ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْهِ طَفِقْتُ أَنْفُثُ عَلٰی نَفْسِهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِیْ كَانَ یَنْفُثُ، وَأَمْسَحُ بِیَدِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم عَنْهُ.[انظر: ٥٠١٦، ٥٧٣٥، ٥٧٥١]

۹-صدیقہ رضی اللہ عنہا مرضِ وفات میں دعائیں پڑھ کر آپؐ پر دم کرتی تھیں

حضرت صدیقہؓ نے اپنے بھانجے حضرت عروہؓ کو بتلایا کہ نبی ﷺ جب بھی بیمار پڑتے معوّذات پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرتے تھے اور اپنے اوپر اپنا ہاتھ پھیرا کرتے تھے، پھر جب آپؐ کو وہ بیماری ہوئی جس میں آپؐ کی وفات ہوئی تو میں وہ معوذات پڑھ کر آپؐ پر دم کیا کرتی تھی، جن معوذات سے آپؐ دم کیا کرتے تھے، اور میں نبی ﷺ کا ہاتھ آپؐ کے بدن پر پھیرا کرتی تھی۔

لغات: اَلْمُعَوِّذَة: (واؤ پر تشدید اور کسرہ اسم فاعل واحد مؤنث) پناہ دینے والی دعائیں جیسے چار قل اور آیت الکرسی وغیرہ.........نَفَثَ: ایسا پھونکنا جس کے ساتھ تھوک کے ہلکے ہلکے ذرے جائیں اور نَفْخ وہ پھونکنا جس میں صرف ہوا نکلے اور تَفْل وہ پھونکنا جس کے ساتھ تھوک جائے (حاشیہ) دعا پڑھ کر دم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ تین مرتبہ پھونکا جائے اور ہوا کے ساتھ تھوک کے ہلکے ذرے بھی جانے چاہئیں، تب پورا فائدہ ہوگا، صرف ہوا نکلنے سے پورا فائدہ نہیں ہوگا۔

تشریح: جاننا چاہئے کہ دعا پڑھ کر دم کرنے کا فائدہ علاحدہ ہے اور متبرک ہاتھ پھیرنے کا فائدہ الگ ہے، روایت میں ہے: بیماروں کے لئے لوگ پانی لے کر فجر کی نماز میں آتے تھے، فجر کے بعد اس دروازہ پر کھڑے ہوجاتے تھے، جہاں سے حضور ﷺ نکلتے تھے، جب نبی ﷺ لوٹتے تو ہر ایک کے پانی میں ہاتھ ڈوباتے، حالانکہ سخت سردی ہوتی تھی، اس روایت میں کچھ پڑھنے کا ذکر نہیں، پس کچھ پڑھ کر دم کرنا اور ہاتھ نہ لگانا بھی مفید ہے اور دم کرنے کے ساتھ تکلیف کی جگہ ہاتھ پھیرنا زیادہ مفید ہے، اور صرف ہاتھ پھیرنا بھی مفید ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا دعائیں تو خود پڑھتی تھیں، اور نبی ﷺ پر دم کرتی تھیں، پھر نبی ﷺ کا ہاتھ تکلیف کی جگہ پھیرتی تھیں، اس سے دوہرا فائدہ مقصود تھا، جو آپؐ کے ہاتھ ہی سے حاصل ہوسکتا تھا، میرے پاس بچے لائے جاتے ہیں جن کو نظر لگی ہوتی ہے، میں دعا پڑھ کر دم کرتا ہوں، پھر منہ پر ہاتھ پھیرتا ہوں، جب دونوں چیزیں جمع کرتا ہوں تو زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

[٤٤٤٠-] حدثنا مُعَلَّی بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُخْتَارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَیْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم وَأَصْغَتْ إِلَیْهِ قَبْلَ أَنْ یَمُوْتَ، وَهُوَ مُسْنِدٌ إِلَیَّ ظَهْرَهُ، یَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَأَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ"[انظر: ٥٦٧٤]

۱۰- آخری لمحات میں نبی ﷺ کا دعا کرنا

صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے نبی ﷺ سے سنا درانحالیکہ میں نے وفات سے پہلے آپؐ کی طرف کان لگایا، درانحالیکہ آپؐ اپنی پیٹھ میرے ساتھ لگائے ہوئے تھے، فرمارہے تھے: اللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَأَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ: اے اللہ! میری بخشش فرما، مجھ پر مہربانی فرما، اور مجھے اپنا وصل نصیب فرما۔

تشریح: زندگی کے آخری لمحات قبولیت دعا کے اوقات ہیں، شکستہ دل کی دعا اللہ تعالیٰ قبول فرماتے ہیں، لہٰذا جب آخری وقت آئے تو دعا کرنا نہ بھولے۔

[٤٤٤١-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ لَمْ يَقُمْ مِنْهُ: "لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ" قَالَتْ عَائِشَةُ: لَوْلَا ذَاكَ لَأُبْرِزُ قَبْرُهُ، خُشِيَ أَنْ يُتَّخَذَ مَسْجِدًا.
[راجع: ٤٣٥]

۱۱- عمارت میں قبر بنانے کی وجہ

ایک دن نبی ﷺ مرضِ وفات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرے میں چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے تھے، سب ازواج جمع تھیں، حضرت ام سلمہ اور حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہما نے ایک گرجے کا تذکرہ کیا، جو انھوں نے حبشہ میں دیکھا تھا، جس کا نام ماریہ تھا، اور یہ بات بھی ذکر کی کہ اس میں تصویریں تھیں، یہود و نصاریٰ کا طریقہ یہ تھا کہ جب کوئی نیک آدمی مرتا تو اس کی قبر کے پاس مسجد بناتے اور دیوار پر صاحب قبر کا فوٹو لگاتے، نبی ﷺ نے چہرہ سے چادر ہٹائی اور فرمایا: یہود پر اللہ کی لعنت! انھوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا، یعنی انبیاء اور اولیاء کی قبروں کو سجدے نہ کئے جائیں، جیسے جاہل مسلمان کرتے ہیں یا ان کی قبروں پر مسجد تعمیر نہ کی جائے، دونوں کام موجب لعنت ہیں۔

اس کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی ﷺ کی قبر جو کمرے میں بنائی گئی ہے یہ آپؐ کی خصوصیت ہے، اگر قبر اطہر گورغریباں میں بنائی جاتی تو لوگ اس کو سجدہ کرتے، وہاں کنٹرول کرنا مشکل ہوتا، اس لئے قبر مبارک کمرے میں بنی تاکہ وہاں خرافات نہ ہوں۔

آخری عبارت کا ترجمہ: اگر نہ ہوتی وہ بات یعنی یہ اندیشہ کہ لوگ قبر اطہر کو سجدہ گاہ بنالیں گے تو آپؐ کی قبر ظاہر کی جاتی، یعنی آپؐ کی قبر گورغریباں میں بنتی، ڈرا گیا کہ قبر مسجد گاہ بنالی جائے گی، اور حدیث ۱۳۳۰ میں گذرا ہے کہ میں ڈرتی ہوں کہ لوگ قبر اطہر کو سجدہ بنالیں گے، اس لئے دروازہ بند رکھتی ہوں (تحفۃ القاری ۴: ۸۷)

[٤٤٤٢-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَاشْتَدَّ بِهِ وَجَعُهُ اسْتَأْذَنَ أَزْوَاجَهُ أَنْ يُمَرَّضَ فِي بَيْتِي فَأَذِنَّ لَهُ، فَخَرَجَ وَهُوَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ تَخُطُّ رِجْلَاهُ فِي الْأَرْضِ بَيْنَ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَبَيْنَ رَجُلٍ آخَرَ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَأَخْبَرْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بِالَّذِيْ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقَالَ لِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ: هَلْ تَدْرِيْ مَنِ الرَّجُلُ الْآخَرُ الَّذِيْ لَمْ تُسَمِّ عَائِشَةُ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هُوَ عَلِيٌّ، فَكَانَتْ عَائِشَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم تُحَدِّثُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ عليه السلام لَمَّا دَخَلَ بَيْتِيْ وَاشْتَدَّ بِهِ وَجَعُهُ قَالَ:" هَرِيْقُوْا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَمْ تُحْلَلْ أَوْكِيَتُهُنَّ لَعَلِّي أَعْهَدُ إِلَى النَّاسِ" فَأَجْلَسْنَاهُ فِيْ مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ طَفِقْنَا نَصُبُّ عَلَيْهِ مِنْ تِلْكَ الْقِرَبِ حَتَّى طَفِقَ يُشِيْرُ إِلَيْنَا بِيَدِهِ أَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ. قَالَتْ: ثُمَّ خَرَجَ إِلَى النَّاسِ فَصَلَّى بِهِمْ وَخَطَبَهُمْ. [راجع: ١٩٨]

۱۲- بیماری کا آخری ہفتہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر گذارا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت دن بہ دن گرتی جارہی تھی، آپؐ ہر دن پوچھتے تھے کہ میں کل کہاں ہوں گا؟ ازواجِ مطہرات آپؐ کا منشا سمجھ گئیں، چنانچہ سب نے مل کر اجازت دیدی کہ آپؐ جہاں چاہیں رہیں، اس کے بعد آپؐ حضرت عائشہؓ کے گھر میں منتقل ہوگئے، منتقلی کے وقت حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما لے کر چل رہے تھے، پاؤں زمین میں گھسٹ رہے تھے، اس کیفیت کے ساتھ حضرت عائشہؓ کے مکان میں تشریف لے گئے، پھر آخری ہفتہ وہیں گذارا۔

۱۳- وفات سے پانچ دن پہلے غسل فرمایا اور تقریر فرمائی

بدھ کے دن حرارت زیادہ ہوگئی، تکلیف بڑھ گئی، اور غشی طاری ہوگئی، آپؐ نے فرمایا: مجھ پر مختلف کنووں کے سات مشکیزے جن کے تسمے نہ کھولے گئے ہوں بہاؤ تاکہ میں لوگوں کے پاس جاکر وصیت کروں، آپؐ کو ایک لگن میں بٹھایا گیا، اور آپؐ پر اتنا پانی ڈالا گیا کہ آپؐ بس بس کہنے لگے، پھر آپؐ نے کچھ تخفیف محسوس کی تو مسجد میں تشریف لے گئے، نماز پڑھائی اور اس کے بعد تقریر فرمائی۔

تشریح: عرب کا علاقہ گرم خشک ہے ایسی جگہوں میں ٹھنڈا پانی بخار کا علاج ہے اور سات مشکوں کی قید اور تسمے نہ کھولے جانے کی قید کیوں تھی؟ طبّی تدابیر اور عملیات میں ایسی باتوں کا اثر ہوتا ہے، اطباء اور عامل ایسی شرطیں لگاتے ہیں اور بالاجمال سبھی جانتے ہیں کہ اس طرح کی قیدوں کی تاثیر ہے اور بالتفصیل حکماء اور عاملین بھی نہیں جانتے (تحفۃ القاری ۱:۵۳۴)

سوال: صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا نام تو لیا مگر دوسری طرف کے آدمی کا نام نہیں لیا، اس کی کیا وجہ تھی؟

جواب: ایک جانب ہمیشہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ رہتے تھے، اور دوسری جانب آدمی بدلتا رہتا تھا، کبھی حضرت علی رضی اللہ عنہ ہوتے تھے، کبھی حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ، اس لئے اس جانب کے آدمی کو نامزد نہیں کیا، کوئی ناراضگی اس کی وجہ نہیں تھی (یہ بات حاشیہ میں ہے)

[۴۴۴۳و۴۴۴۴-] وَأَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُتْبَۃَ، أَنَّ عَائِشَۃَ وَعَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَبَّاسٍ، قَالَا: لَمَّا نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم طَفِقَ یَطْرَحُ خَمِیْصَۃً لَہُ عَلٰی وَجْہِہِ، فَإِذَا اغْتَمَّ کَشَفَھَا عَنْ وَجْہِہِ، فَقَالَ: وَھُوَ کَذٰلِکَ "لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الْیَھُوْدِ وَالنَّصَارٰی اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِیَائِھِمْ مَسَاجِدَا" یُحَذِّرُ مَاصَنَعُوْا. [راجع: ۴۳۵، ۴۳۶]

۱۴- مرض وفات میں یہود و نصاریٰ پر لعنت بھیجنا امت کے لئے تنبیہ تھی

حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ کی بیماری شروع ہوئی تو آپؐ اپنی کالی کملی اپنے چہرے پر ڈالتے تھے، پھر جب گھٹن ہوتی تو اس کو چہرے سے ہٹا دیتے تھے، آپؐ نے اسی حال میں فرمایا: یہود و نصاریٰ پر اللہ کی لعنت! انھوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو مسجدیں بنالیا، آپؐ ڈرا رہے تھے، اس سے جو انھوں نے کیا یعنی آپؐ کی امت آپؐ کی قبر کے ساتھ یہ حرکت نہ کرے۔

تشریح: یُحَذِّرُ مَاصَنَعُوْا کے ذریعہ نبی ﷺ نے امت کو ڈرایا ہے کہ قبر اطہر کے ساتھ اور صالحین کی قبروں کے ساتھ وہ معاملہ نہ کیا جائے جو یہود و نصاریٰ نے اپنے صلحاء اور انبیاء کی قبروں کے ساتھ کیا۔

۱۵- مرض موت میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امام بنایا

سب سے آخری نماز جو نبی ﷺ نے پڑھائی وہ جمعرات کی مغرب کی نماز تھی، جس کے چار روز کے بعد پیر کے دن آپؐ کا وصال ہوا، جب عشاء کا وقت آیا تو دریافت فرمایا: لوگوں نے نماز پڑھ لی؟ عرض کیا گیا: نہیں، لوگ آپؐ کے انتظار میں ہیں، آپؐ نے کئی بار اٹھنے کا ارادہ کیا مگر شدتِ مرض سے بیہوش ہو گئے، آخر میں فرمایا: ابوبکرؓ سے کہو کہ نماز پڑھائیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ابوبکرؓ نرم دل کے آدمی ہیں، جب آپؐ کی جگہ کھڑے ہونگے تو ان پر رقت طاری ہو جائے گی، اور وہ لوگوں کو نماز نہیں پڑھا سکیں گے، لہٰذا آپؐ عمرؓ کو حکم دیں کہ وہ نماز پڑھائیں، پھر آپؐ پر غشی طاری ہوگئی، جب ہوش آیا تو دریافت کیا کہ لوگوں نے نماز پڑھ لی؟ عرض کیا گیا: نہیں، لوگ آپؐ کا انتظار کر رہے ہیں،

حضرت عائشہؓ نے نبی ﷺ سے تین یا چار مرتبہ عرض کیا کہ امامت کا کام حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بجائے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے لیا جائے، حضرت عائشہؓ کا منشا یہ تھا کہ لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارے میں بدشگون نہ ہوں، لیکن نبی ﷺ نے ہر بار انکار فرمایا، اور فرمایا: ''تم یوسف علیہ السلام والی عورتیں ہو، ابوبکرؓ کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں'' چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عشاء سے نماز پڑھانی شروع کی اور نبی ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں سترہ نمازیں پڑھائیں (تفصیل کے لئے دیکھیں: تحفۃ القاری ۲: ۵۴۰)

[۴۴۴۵-] أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَقَدْ رَاجَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ ذٰلِكَ، وَمَا حَمَلَنِيْ عَلٰى كَثْرَةِ مُرَاجَعَتِهِ إِلَّا أَنَّـهُ لَمْ يَقَعْ فِيْ قَلْبِيْ أَنْ يُحِبَّ النَّاسُ بَعْدَهُ رَجُلًا قَامَ مَقَامَهُ أَبَدًا، وَإِلَّا كُنْتُ أَرٰى أَنَّـهُ لَنْ يَقُوْمَ أَحَدٌ مَقَامَهُ إِلَّا تَشَاءَ مَ النَّاسُ بِهِ، فَأَرَدْتُ أَنْ يَعْدِلَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: رَوَاهُ ابْنُ عُمَرَ، وَأَبُوْ مُوْسٰى وَابْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۱۹۸]

ترجمہ: صدیقہؓ فرماتی ہیں: بخدا! میں نے بار بار نبی ﷺ سے عرض کیا اس (امامت) کے معاملہ میں اور نہیں ابھارا مجھے آپؐ سے بار بار عرض کرنے پر مگر (۱) اس بات نے کہ میرے دل میں یہ بات واقع نہیں ہوئی یعنی میرے دل نے یہ بات قبول نہیں کی کہ لوگ کبھی بھی محبت کریں گے آپؐ کے بعد اس شخص سے جو آپؐ کی جگہ کھڑا ہوگا۔ (۲) اور مگر میں سمجھتی تھی کہ ہرگز نہیں کھڑا ہوگا کوئی شخص آپؐ کی جگہ مگر لوگ اس کو منحوس خیال کریں گے، اس لئے میں نے چاہا کہ نبی ﷺ اس (امامت) کو ابوبکرؓ سے ہٹائیں۔

تشریح: یہ بات کہ نبی ﷺ نے امامت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سونپی: حضرات ابن عمر، ابوموسیٰ اشعری اور ابن عباس رضی اللہ عنہم سے مرفوعاً مروی ہے، ابن عمرؓ کی روایت پہلے (حدیث ۶۸۲) اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی روایت پہلے (حدیث ۶۷۸ اور ۳۳۸۵) اور حضرت ابن عباسؓ کی روایت پہلے (حدیث ۴۴۳۱) آئی ہیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی بات ذرا پیچیدہ ہے، ان کے قول میں نفی اثبات برائے حصر ہیں، یعنی بار بار عرض کرنے کی یہی وجہ تھی، دوسری کوئی وجہ نہیں تھی، اور اثبات کے لئے إلاّ مکرر لائی ہیں، مگر دونوں کا حاصل ایک ہے، ان کا دل تو یہی چاہتا تھا کہ امامت کی فضیلت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ملے تاکہ اس سے آگے امامت کبریٰ کا مسئلہ حل ہوجائے، مگر وہ ڈر بھی رہی تھیں کہ اگر خدانخواستہ آپؐ کی اس مرض میں وفات ہوگئی تو لوگ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو منحوس خیال کریں گے، اور آگے کا مرحلہ کٹھائی میں پڑ جائے گا، اس لئے انھوں نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہا کا نام پیش کروایا، حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نہ سمجھ سکیں، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہا کا نام پیش کردیا، اس پر آپؐ نے فرمایا: ''تم یوسفؑ والی عورتیں ہو'' یعنی دل میں کچھ ہے

اور ظاہر کچھ کر رہی ہو، دل سے تو چاہتی ہو کہ ابوبکرؓ امام بنیں تا کہ امامت کبری کا مسئلہ حل ہو جائے، مگر عمرؓ کا نام پیش کرتی ہو تا کہ لوگ ابوبکرؓ کو منحوس خیال نہ کریں، اور امامتِ کبری کا مسئلہ طے ہونے میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔

سوال: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا مشورہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حق میں بدخواہی تھی جو مؤمن کی شان کے خلاف ہے؟

جواب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بلافصل نمبر نہیں تھا، نبی ﷺ کی حیات میں بھی لوگ فضیلت میں پہلا نمبر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیتے تھے، پھر عمر رضی اللہ عنہ کو، اس لئے ان کا نمبر آنے تک بات بھولی بسری ہو جائے گی۔

[٤٤٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَاتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَإِنَّهُ لَبَيْنَ حَاقِنَتِيْ وَذَاقِنَتِيْ، فَلَا أَكْرَهُ شِدَّةَ الْمَوْتِ لِأَحَدٍ أَبَدًا بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٨٩٠]

۱۶-سکرات کی تکلیف

حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ آپؐ میرے سینہ کے گڑھے اور میرے ٹیٹوے کے درمیان تھے، یعنی انھوں نے نبی ﷺ کی سکرات کی تکلیف قریب سے دیکھی ہے، چنانچہ میں موت کی سختی کو ناپسند نہیں کرتی کسی کے لئے کبھی بھی نبی ﷺ کے بعد۔

تشریح: الْحَاقِنَة: گلے کے نیچے، سینے کے بالائی حصہ میں ہنسلی کے درمیان کا گھڑا ...... الذَّاقِنَة: ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ، ٹیٹوا ...... نزع میں سختی یا آسانی قبولیت اور عدم قبولیت کی دلیل نہیں، سید کائنات محبوب رب العالمین ﷺ کو سکرات میں سخت تکلیف تھی، آپؐ بار بار اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے تھے؟ الٰہی! سکرات کی کٹھنائیوں میں میری مدد فرما، یہ منظر دیکھ کر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی سمجھ میں آ گیا کہ سکرات کی سختیاں آدمی کے برا ہونے کی دلیل نہیں، اس لئے فرماتی ہیں: میں کسی کے لئے بھی سکرات کی سختیوں کو ناپسند نہیں کرتی۔

۱۷-موت کا سنبھالا

آخری دن (پیر کے دن) جب فجر کی نماز شروع ہوگئی تو نبی ﷺ نے کمرے کا پردہ ہٹایا اور دیر تک کھڑے رہے، اور نماز کا منظر دیکھتے رہے، پھر پردہ ڈال دیا، نماز کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کمرے میں گئے، آج آپؐ کی طبیعت سنبھلی ہوئی تھی، اور یہ موت کا سنبھالا تھا، جب حضرت علیؓ باہر نکلے تو لوگوں نے پوچھا: آج نبی ﷺ کا مزاج کیسا ہے؟ انھوں نے کہا: آج اللہ کے فضل سے آپؐ چنگے (تندرست) ہیں، لوگ مطمئن ہو کر گھر چلے گئے، پھر آٹھ نو بجے تکلیف شروع ہوئی،

اور زوال سے پہلے وصال ہوگیا۔

۱۸-حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دانشمندانہ جواب

جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو اطلاع دی کہ آج نبی ﷺ بالکل ٹھیک ہیں تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان کا ہاتھ پکڑا اور کہا: بخدا! تمتین دن کے بعد ڈنڈے کے غلام ہوگے، یعنی دوسروں کے تابع ہوگے، اور میں بخدا! گمان کرتا ہوں کہ نبی ﷺ عنقریب وفات پائیں گے اپنی اس تکلیف میں یعنی آج جو صورتِ حال ہے وہ موت کا سنبھالا ہے، بیشک میں موت کے وقت عبدالمطلب کے خاندان کے چہروں کو پہچانتا ہوں یعنی نبی ﷺ کے چہرے میں موت کی علامتیں ظاہر ہوچکی ہیں، پس آؤ، ہم نبی ﷺ کے پاس چلیں، اور آپؐ سے دریافت کریں کہ آپؐ کے بعد حکومت کس کو ملے گی؟ اگر ہمیں ملنی ہے تو ہمارے علم میں یہ بات آجائے گی، اور اگر کسی اور کو ملنی ہے تو بھی ہم اس کو جان لیں گے، اور آپؐ ہمارے بارے میں وصیت کریں گے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: بخدا! ہم اگر نبی ﷺ سے خلافت کے بارے میں پوچھیں گے اور آپؐ انکار کردیں گے تو لوگ آپؐ کے بعد ہمیں خلافت نہیں دیں گے، اس لئے بخدا! میں نبی ﷺ سے یہ بات نہیں پوچھوں گا۔

[٤٤٤٧-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ شُعَیْبِ بْنِ أَبِیْ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِیُّ- وَكَانَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ أَحَدَ الثَّلَاثَةِ الَّذِیْنَ تِیْبَ عَلَیْهِمْ - أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَلِیَّ ابْنَ أَبِیْ طَالِبٍ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ وَجَعِهِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْهِ، فَقَالَ النَّاسُ: یَا أَبَا الْحَسَنِ! كَیْفَ أَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم؟ فَقَالَ: أَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰهِ بَارِئًا.

فَأَخَذَ بِیَدِهِ عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ لَهُ: أَنْتَ وَاللّٰهِ بَعْدَ ثَلَاثٍ عَبْدُ الْعَصَا، وَإِنِّیْ وَاللّٰهِ لَأُرَی رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم سَوْفَ یُتَوَفَّی مِنْ وَجَعِهِ هٰذَا، إِنِّیْ لَأَعْرِفُ وُجُوْهَ بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلَبِ عِنْدَ الْمَوْتِ، اذْهَبْ بِنَا إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَلْنَسْأَلْهُ فِیْمَنْ هٰذَا الْأَمْرُ؟ إِنْ كَانَ فِیْنَا عَلِمْنَا ذٰلِكَ، وَإِنْ كَانَ فِیْ غَیْرِنَا عَلِمْنَاهُ، فَأَوْصَی بِنَا، فَقَالَ عَلِیٌّ: إِنَّا وَاللّٰهِ لَئِنْ سَأَلْنَاهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَمَنَعْنَاهَا لَا یُعْطِیْنَاهَا النَّاسُ بَعْدَهُ، وَإِنِّیْ وَاللّٰهِ لَا أَسْأَلُهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم.[انظر: ٦٢٦٦]

ترجمہ: امام زہریؒ (تابعی) کہتے ہیں: مجھے عبداللہ بن کعب بن مالک انصاریؒ (تابعی) نے بتلایا —— اور حضرت کعبؓ ان تین صحابہ میں سے تھے جن کی توبہ آسمان سے نازل ہوئی ہے —— کہ ابن عباسؓ (صحابی) نے ان کو بتلایا کہ حضرت

علیؓ (صحابی) نبی ﷺ کے پاس سے نکلے (حاشیہ میں ہے کہ یہ وفات کے دن کا واقعہ ہے) آپؐ کی اس بیماری میں جس میں آپؐ کی وفات ہوئی، پس لوگوں نے پوچھا: ابوالحسن! آج رسول اللہ ﷺ کا کیا حال ہے؟ انھوں نے کہا: آج اللہ کے فضل سے بھلے چنگے ہیں۔

پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان کا ہاتھ پکڑا اور ان سے کہا: آپؓ بخدا! تین دن کے بعد لاٹھی کے غلام ہونگے، اور بیشک میں بخدا! گمان کرتا ہوں کہ نبی ﷺ عنقریب وفات پا جائیں گے، اپنی اس بیماری میں، بیشک میں البتہ پہچانتا ہوں موت کے وقت عبدالمطلب کے خاندان کے چہروں کو، آؤ نبی ﷺ کے پاس چلیں، آپؐ سے پوچھیں: کن لوگوں میں ہوگا یہ معاملہ (حکومت) اگر ہمارے اندر ہوگا تو ہم اس کو جان لیں گے اور اگر ہمارے علاوہ میں ہوگا تو بھی ہم اس کو جان لیں گے، پس آپؐ ہمارے بارے میں (بننے والے خلیفہ کو) تاکید کریں گے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: بیشک ہم بخدا! اگر پوچھیں گے آپؐ سے اس معاملہ میں پس منع کر دیا آپؐ نے ہم کو اس سے تو نہیں دیں گے آپؐ کے بعد لوگ ہمیں وہ خلافت، اور بیشک میں بخدا! نہیں پوچھوں گا رسول اللہ ﷺ سے (یہ بات، یہ حضرت علیؓ کا بہت دانشمندانہ جواب ہے)

لغت: بَرِئَ (س) بَرْءًا وَبُرْءًا: صحت یاب ہونا، صفت: بَارِئٌ اور بَارِیٌ ہمزہ کے ساتھ اور یا کے ساتھ۔

۱۹- نبی ﷺ نے آخری دن فجر کی نماز کا منظر دیکھا

پیر کے دن لوگ نمازِ فجر میں مشغول تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز پڑھا رہے تھے، اچانک نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کا پردہ ہٹایا اور صحابہ پر جو صفیں باندھے نماز میں مشغول تھے نظر ڈالی، پھر مسکرائے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ الٹے پاؤں صف سے جا ملے، انھوں نے سمجھا کہ نبی ﷺ نماز کے لئے تشریف لا رہے ہیں، اور زیارت سے مسلمان اس قدر خوش ہوئے کہ قریب تھے کہ نماز توڑ بیٹھیں، مگر رسول اللہ ﷺ نے اشارہ کیا کہ اپنی نماز پوری کرلو، پھر پردہ چھوڑ دیا اور حجرہ میں تشریف لے گئے۔

[٤٤٤٨-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ الْمُسْلِمِيْنَ بَيْنَاهُمْ فِي صَلاَةِ الْفَجْرِ مِنْ يَوْمِ الإِثْنَيْنِ، وَأَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّي لَهُمْ، لَمْ يَفْجَأْهُمْ إِلاَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَدْ كَشَفَ سِتْرَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، فَنَظَرَ إِلَيْهِمْ وَهُمْ فِي صُفُوْفِ الصَّلاَةِ، ثُمَّ تَبَسَّمَ يَضْحَكُ، فَنَكَصَ أَبُوْ بَكْرٍ عَلٰى عَقِبَيْهِ لِيَصِلَ الصَّفَّ، وَظَنَّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُرِيْدُ أَنْ يَخْرُجَ إِلَى الصَّلاَةِ، فَقَالَ أَنَسٌ: وَهَمَّ الْمُسْلِمُوْنَ أَنْ يَفْتَتِنُوْا فِي صَلاَتِهِمْ فَرَحًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَشَارَ إِلَيْهِمْ بِيَدِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَتِمُّوْا صَلاَتَكُمْ ثُمَّ دَخَلَ الْحُجْرَةَ وَأَرْخَى السِّتْرَ. [راجع: ٦٨٠]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثناء کہ پیر کے دن مسلمان فجر کی نماز میں تھے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کو نماز پڑھا رہے تھے، غیر متوقع طور پر ان کے سامنے نہیں آئے مگر نبی ﷺ، آپؐ نے عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کا پردہ کھولا اور لوگوں کی طرف دیکھا درانحالیکہ وہ نماز کی صفوں میں تھے، پس مسکرائے، ہنسے، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ لوٹے اپنی ایڑیوں پر تا کہ وہ صف سے مل جائیں، اور گمان کیا انھوں نے کہ نبی ﷺ نماز کے لئے نکلنا چاہتے ہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور ارادہ کیا مسلمانوں نے کہ فتنہ میں مبتلا ہوجائیں وہ اپنی نماز میں یعنی نماز توڑ دیں خوشی سے نبی ﷺ (کی زیارت) کے لئے، پس ان کی طرف نبی ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ اپنی نماز پوری کرو، پھر آپ حجرہ میں چلے گئے اور پردہ چھوڑ دیا۔

[٤٤٤٩-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ: أَخْبَرَنِیْ ابْنُ أَبِیْ مُلَيْكَةَ: أَنَّ أَبَا عَمْرٍو ذَكْوَانَ مَوْلٰى عَائِشَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَقُوْلُ: إِنَّ مِنْ نِعَمِ اللّٰهِ عَلَیَّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تُوُفِّیَ فِیْ بَيْتِیْ وَفِیْ يَوْمِیْ، وَبَيْنَ سَحْرِیْ وَنَحْرِیْ، وَأَنَّ اللّٰهَ جَمَعَ بَيْنَ رِيْقِیْ وَرِيْقِهِ عِنْدَ مَوْتِهِ: دَخَلَ عَلَیَّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَبِيَدِهِ السِّوَاكُ وَأَنَا مُسْنِدَةٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَرَأَيْتُهُ يَنْظُرُ إِلَيْهِ وَعَرَفْتُ أَنَّهُ يُحِبُّ السِّوَاكَ، فَقُلْتُ: آخُذُهُ لَكَ؟ فَأَشَارَ بِرَأْسِهِ أَنْ نَعَمْ. فَتَنَاوَلْتُهُ فَاشْتَدَّ عَلَيْهِ، وَقُلْتُ: أُلَيِّنُهُ لَكَ؟ فَأَشَارَ بِرَأْسِهِ أَنْ نَعَمْ، فَلَيَّنْتُهُ فَأَمَرَّهُ وَبَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ أَوْ عُلْبَةٌ - يَشُكُّ عُمَرُ - فِيْهَا مَاءٌ، فَجَعَلَ يُدْخِلُ يَدَيْهِ فِی الْمَاءِ فَيَمْسَحُ بِهِمَا وَجْهَهُ، يَقُوْلُ:" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ! إِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ"، ثُمَّ نَصَبَ يَدَهُ فَجَعَلَ يَقُوْلُ:" فِی الرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى" حَتّٰى قُبِضَ وَمَالَتْ يَدُهُ.[راجع: ٨٩٠]

۲۰-موت کی سختیاں

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ ذکوانؒ کہتے ہیں: حضرت عائشہؓ فرمایا کرتی تھیں: بیشک اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے مجھ پر یہ ہے کہ (۱) رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی میرے گھر میں اور میری باری میں، یعنی اگر آپ باری سے گھومتے تو وفات کے دن میری باری تھی (۲) اور میرے پھیپھڑے اور میرے سینہ کے درمیان (نبی ﷺ سر مبارک حضرت عائشہؓ کے سینہ سے لگائے ہوئے تھے، اسی حالت میں وفات ہوئی) (۳) اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی موت کے وقت میرے تھوک اور آپؐ کے تھوک کو جمع کیا (اس کی تفصیل یہ ہے:) میرے پاس عبدالرحمٰنؓ آئے، ان کے ہاتھ میں مسواک تھی، اور میں نبی ﷺ کو ٹیک لگائے ہوئے تھی، پس میں نے آپؐ کو دیکھا کہ آپؐ مسواک کی طرف دیکھ رہے ہیں، میں سمجھ گئی کہ آپؐ مسواک کرنا چاہتے ہیں، میں نے پوچھا: میں اس کو آپؐ کے لئے لوں؟ آپؐ نے سر سے اشارہ کیا کہ ہاں، پس میں نے اس کو لیا، وہ آپؐ کو سخت محسوس ہوئی یعنی وہ لکڑی چب نہ سکی، میں نے کہا: میں آپؐ کے لئے اس کو نرم

کروں؟ آپؐ نے سر کے اشارہ سے فرمایا: ہاں، میں نے اس کو نرم کیا، پس آپؐ نے اس کو دانتوں پر پھیرا، اور آپؐ کے سامنے چمڑے کا برتن یا لکڑی کا بڑا پیالہ تھا ـــــ عمر بن سعیدؒ کو شک ہے ـــــ اس میں پانی تھا پس آپؐ پانی میں اپنے دونوں ہاتھ داخل کرتے اور ان دونوں سے اپنے چہرے کو پونچھتے اور فرماتے: لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ إِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، بیشک موت کے لئے سختیاں ہیں، پھر آپ نے اپنا ہاتھ اٹھایا، اور فرمانے لگے: في الرفيق الأعلى، یہاں تک کہ روح قبض ہوگئی، اور آپ کا ہاتھ لڑھک گیا۔

[٤٤٥٠-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَسْأَلُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ يَقُوْلُ: " أَيْنَ أَنَا غَدًا؟ أَيْنَ أَنَا غَدًا؟" يُرِيْدُ يَوْمَ عَائِشَةَ، فَأَذِنَّ لَهُ أَزْوَاجُهُ يَكُوْنُ حَيْثُ شَاءَ، فَكَانَ فِيْ بَيْتِ عَائِشَةَ حَتّٰى مَاتَ عِنْدَهَا، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَاتَ فِي الْيَوْمِ الَّذِيْ كَانَ يَدُوْرُ عَلَيَّ فِيْهِ فِيْ بَيْتِيْ، فَقَبَضَهُ اللّٰهُ وَإِنَّ رَأْسَهُ لَبَيْنَ نَحْرِيْ وَسَحْرِيْ، وَخَالَطَ رِيْقُهُ رِيْقِيْ، ثُمَّ قَالَتْ: دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ وَمَعَهُ سِوَاكٌ يَسْتَنُّ بِهِ فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ لَهُ: أَعْطِنِيْ هٰذَا السِّوَاكَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ! فَأَعْطَانِيْهِ فَقَضِمْتُهُ ثُمَّ مَضَغْتُهُ فَأَعْطَيْتُهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَنَّ بِهِ وَهُوَ مُسْتَنِدٌ إِلٰى صَدْرِيْ. [راجع: ٨٩٠]

۲۱- آپؐ کا وصال حضرت عائشہؓ کی باری کے دن ہوا

صدیقہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ اپنی اس بیماری میں جس میں آپؐ کی وفات ہوئی پوچھا کرتے تھے: میں کل کہاں ہوں گا، میں کل کہاں ہوں گا، آپؐ عائشہؓ کا دن چاہتے تھے، پس اجازت دی آپؐ کو آپؐ کی ازواج نے کہ آپؐ جہاں چاہیں رہیں، پس آپؐ حضرت عائشہؓ کے کمرے میں رہے یہاں تک کہ ان کے پاس وفات پائی، صدیقہؓ کہتی ہیں: پس وفات پائی آپؐ نے میرے گھر میں اس دن میں جو میری باری کا دن تھا، پس آپؐ کو اللہ تعالیٰ نے وصول کیا درانحالیکہ آپؐ کا سر میرے سینہ اور میرے پھیپھڑے کے درمیان تھا، اور آپؐ کا تھوک اور میرا تھوک اکٹھا ہوا، پھر اس کی تفصیل سنائی کہ عبدالرحمٰنؓ آئے ان کے پاس مسواک تھی، مسواک کر رہے تھے وہ اس کے ذریعہ، پس ان کی طرف نبی ﷺ نے دیکھا، میں نے عبد الرحمٰنؓ سے کہا: مجھے یہ مسواک دے اے عبدالرحمٰن! پس دی اس نے مجھے وہ مسواک، پس میں نے اس کو دانتوں سے توڑا، پھر میں نے اس کو چبایا، پھر میں نے وہ مسواک نبی ﷺ کو دی، درانحالیکہ آپؐ میرے سینہ سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔

تشریح: آپؐ کو حضرت عائشہؓ کی باری کا انتظار کیوں تھا؟ عام طور پر یہ سمجھا گیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے محبت تھی، اس لئے آپ بیماری کے دن ان کے پاس گذارنا چاہتے تھے، مگر اصل وجہ یہ تھی کہ آپؐ کو ان کے کمرے میں دفن

ہونا پسند تھا، اور یہ بات اسی وقت ممکن تھی کہ ان کے کمرے میں وفات ہو، کیونکہ انبیاء کی تدفین اسی جگہ ہوتی ہے جہاں ان کی وفات ہوتی ہے، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرہ میں وفات اسی صورت میں ممکن تھی کہ ان کی باری کا دن ہو، اس لئے آپؐ کو ان کی باری کا انتظار تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے مقدر یہ کیا تھا کہ اگر آپ حسب معمول باری میں چلتے رہتے تو بھی وفات حضرت عائشہؓ کے کمرہ میں ہوتی، کیونکہ وفات کا دن ان کی باری کا دن تھا۔

[۴۴۵۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِيْ وَفِيْ يَوْمِيْ، وَبَيْنَ سَحْرِيْ وَنَحْرِيْ، وَكَانَ أَحَدُنَا يُعَوِّذُهُ بِدُعَاءٍ إِذَا مَرِضَ، فَذَهَبْتُ أُعَوِّذُهُ فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ، وَقَالَ:" فِي الرَّفِيْقِ الْأَعْلَى! فِي الرَّفِيْقِ الْأَعْلَى!" وَمَرَّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ وَفِيْ يَدِهِ جَرِيْدَةٌ رَطْبَةٌ فَنَظَرَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَظَنَنْتُ أَنَّ لَهُ بِهَا حَاجَةً فَأَخَذْتُهَا فَمَضَغْتُ رَأْسَهَا وَنَفَضْتُهَا فَدَفَعْتُهَا إِلَيْهِ فَاسْتَنَّ بِهَا كَأَحْسَنِ مَاكَانَ مُسْتَنًّا، ثُمَّ نَاوَلَنِيْهَا فَسَقَطَتْ يَدُهُ أَوْ: سَقَطَتْ مِنْ يَدِهِ فَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَ رِيْقِيْ وَرِيْقِهِ فِي آخِرِ يَوْمٍ مِنَ الدُّنْيَا وَأَوَّلِ يَوْمٍ مِنَ الآخِرَةِ. [راجع: ۸۹۰]

ترجمہ: صدیقہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی میرے کمرے میں اور میری باری میں اور میرے پھیپھڑے اور میرے سینہ کے بالائی حصہ کے درمیان اور ہم میں سے ایک آپؐ کو جھاڑا کرتا تھا دعا کے ذریعہ جب آپؐ (آخری مرتبہ) بیمار ہوئے، پس میں نے آپؐ کو جھاڑنے کا ارادہ کیا، آپؐ نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا اور فرمایا: في الرفيق الأعلى! في الرفيق الأعلى! اور عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ گذرے درانحالیکہ ان کے ہاتھ میں تازہ ٹہنی تھی، پس اس کی طرف نبی ﷺ نے دیکھا، میں نے گمان کیا کہ آپؐ کو اس ٹہنی کی ضرورت ہے، پس میں نے اس کو لیا اور اس کے سرے کو چبایا اور میں نے اس کو جھاڑا، پس میں نے وہ نبی ﷺ کو دیا، آپؐ نے اس سے سواک کی بہترین طریقہ پر جس طرح آپؐ مسواک کیا کرتے تھے، پھر آپؐ نے وہ مسواک مجھے عنایت فرمائی، پس آپؐ کا ہاتھ گر گیا، یا کہا: مسواک آپؐ کے ہاتھ سے گر گئی، پس اکٹھا کیا اللہ نے میرے اور آپؐ کے تھوک کے درمیان دنیا کے آخری دن میں اور آخرت کے پہلے دن میں۔

تشریح: اس حدیث میں صراحت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ کے ہاتھ میں تازہ ٹہنی تھی، وہ درخت سے توڑ کر لائے تھے، ابھی اس کی مسواک نہیں بنائی تھی، حضرت عائشہؓ نے اس کا سرا چبا کر مسواک بنائی، اور پہلے جو روایت آئی ہے کہ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ مسواک کرتے ہوئے کمرے میں داخل ہوئے وہ مجاز تھا، یعنی آئندہ کی حالت کے اعتبار سے کہا تھا۔

[۴۴۵۲و۴۴۵۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ أَقْبَلَ عَلَى فَرَسٍ مِنْ مَسْكَنِهِ بِالسُّنْحِ حَتَّى نَزَلَ

فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَلَمْ يُكَلِّمِ النَّاسَ حَتَّى دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ فَتَيَمَّمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُغَشًّى بِثَوْبِ حِبَرَةٍ، فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ ثُمَّ أَكَبَّ عَلَيْهِ فَقَبَّلَهُ وَبَكٰى، ثُمَّ قَالَ: بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! وَاللّٰهِ لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ عَلَيْكَ مَوْتَتَيْنِ، أَمَّا الْمَوْتَةُ الَّتِيْ كُتِبَتْ عَلَيْكَ فَقَدْ مُتَّهَا. [راجع: ۱۲۴۱، ۱۲۴۲]

۲۲- حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی موت کی تصدیق کی

ترجمہ: صدیقہؓ فرماتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے، گھوڑے پر بیٹھ کر سُنح گاؤں میں اپنے گھر سے، یہاں تک کہ (مسجد پر) اترے اور مسجد میں داخل ہوئے، پس لوگوں سے کوئی بات نہیں کی، یہاں تک کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرے میں گئے، اور رسول اللہ ﷺ کا قصد کیا درانحالیکہ آپؐ ڈھکے ہوئے تھے یمنی چادر میں، پس انھوں نے رخ انور کو کھولا، پھر اس پر جھکے اور اس کو چوما اور روئے، پھر کہا: میرے ابا اور میری امی آپؐ پر قربان! بخدا! نہیں اکٹھا کریں گے اللہ تعالیٰ آپؐ پر دو موتیں، رہی وہ موت جو آپؐ کے لئے مقدر تھی وہ آپؐ کو آچکی۔

تشریح: دو موتوں سے اشارہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قول کی طرف تھا انھوں نے کہا تھا کہ نبی ﷺ آخری موت نہیں مرے، اللہ کے یہاں گئے ہیں، جیسے موسیٰ علیہ السلام طور پر گئے تھے، آپؐ واپس آئیں گے اور منافقین کو سزا دیں گے پھر آخری موت آئے گی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کی تردید کی کہ اللہ تعالیٰ آپؐ پر دو موتیں جمع نہیں کریں گے۔

[۴۴۵۴-] قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَحَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ خَرَجَ وَعُمَرُ يُكَلِّمُ النَّاسَ، فَقَالَ: اجْلِسْ يَا عُمَرُ، فَأَبٰى عُمَرُ أَنْ يَجْلِسَ، فَأَقْبَلَ النَّاسُ إِلَيْهِ وَتَرَكُوْا عُمَرَ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَمَّا بَعْدُ، مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم فَإِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ، وَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ اللّٰهَ فَإِنَّ اللّٰهَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿الشَّاكِرِيْنَ﴾

وَقَالَ: وَاللّٰهِ لَكَأَنَّ النَّاسَ لَمْ يَعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ هٰذِهِ الْآيَةَ حَتّٰى تَلَاهَا أَبُوْ بَكْرٍ، فَتَلَقَّاهَا مِنْهُ النَّاسُ كُلُّهُمْ، فَمَا أَسْمَعُ بَشَرًا مِنَ النَّاسِ إِلَّا يَتْلُوْهَا.

فَأَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ عُمَرَ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ تَلَاهَا فَعَقِرْتُ حَتّٰى مَا تُقِلُّنِيْ رِجْلَايَ وَحَتّٰى أَهْوَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ حِيْنَ سَمِعْتُهُ تَلَاهَا أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَدْ مَاتَ.

[راجع: ۱۲۴۲]

۲۳- حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا خطاب سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نڈھال ہوگئے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرہ سے)

نکلے درانحالیکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ لوگوں سے خطاب کررہے تھے، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمرؓ! بیٹھ جاؤ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیٹھنے سے انکار کیا، پس لوگ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوگئے اور عمرؓ کو چھوڑ دیا، حضرت ابوبکرؓ نے کہا: حمد وثنا کے بعد! جو شخص تم میں سے محمد ﷺ کی عبادت کرتا تھا تو بیشک نبی ﷺ کی وفات ہوگئی، اور جو شخص تم میں سے اللہ کی عبادت کرتا ہے تو بیشک اللہ تعالیٰ زندہ ہیں، مریں گے نہیں! اللہ تعالیٰ نے سورۂ آلِ عمران (آیت ۱۴۴) میں فرمایا ہے: ''اور محمد (ﷺ) صرف رسول ہی ہیں، آپؐ سے پہلے بہت سے رسول گذر چکے ہیں، پس اگر آپؐ کا انتقال ہوجائے یا آپؐ شہید کردیئے جائیں تو کیا تم اپنی ایڑیوں پر پلٹ جاؤ گے؟ اور جو شخص اپنی ایڑیوں پر پلٹے گا وہ اللہ کا کچھ نقصان نہیں کرے گا اور اللہ تعالیٰ عنقریب حق شناس لوگوں کو بدلہ دیں گے''

ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: بخدا! گویا لوگوں نے نہیں جانا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ہے، یہاں تک کہ تلاوت کیا اس کو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے، پس لیا آیت کو ابوبکرؓ سے سبھی لوگوں نے، پس نہیں سنتا تھا میں کسی انسان کو مگر وہ اس کو پڑھ رہا تھا۔

امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھے سعید بن المسیبؒ نے بتلایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا! نہیں تھا وہ مگر یہ کہ سنا میں نے ابوبکرؓ کو تلاوت کی انھوں نے اس آیت کی، پس حیران وششدر کھڑا رہ گیا میں، یہاں تک کہ مجھے میرے دونوں پیر اٹھا نہیں رہے تھے، یعنی پیر نروس (بے طاقت) ہوگئے تھے، اور یہاں تک کہ ڈھیر ہوگیا میں زمین پر جب سنا میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کہ تلاوت کی انھوں نے یہ آیت (پس جانا میں نے کہ) نبی ﷺ کا بالیقین انتقال ہوگیا۔

تشریح: حاشیہ میں ہے کہ وفاتِ نبوی کی خبر سن کر منافقین نے خوشی کا اظہار کیا، اور انھوں نے سر ابھارا پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ بات کہی کہ آپؐ کی آخری موت نہیں آئی، آپؐ اللہ کے یہاں گئے ہیں، واپس لوٹیں گے، اور منافقین کو قتل کریں گے، پھر جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تقریر کی تو مسلمان خوش ہوئے اور منافقین پر حزن وملال چھا گیا، ان کے چہرے پژمردہ ہوگئے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ بات بناوٹ کے طور پر نہیں کہی تھی بلکہ وہ ایسا ہی سمجھ رہے تھے کہ آپؐ کی آخری موت نہیں آئی، مگر آیت کریمہ سن کر موت کا یقین آگیا۔

لغات: عَقِرَ (س) الرجلُ عَقَرًا: حیران وششدر ہوکر کھڑے رہ جانا، اپنی جگہ سے نہ ہلنا............ قَلَّ (ض) الشیئَ قُلًّا: اٹھانا، بلند کرنا............ أَھْوَی الشیئَ: گرنا۔

[۴۴۵۵و۴۴۵۶و۴۴۵۷-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ مُوْسَی بْنِ أَبِیْ عَائِشَةَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَبَّلَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم بَعْدَ مَوْتِهِ. [راجع: ۱۲۴۱، ۱۲۴۲، وانظر: ۵۷۰۹]

۲۴-حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے وفات کے بعد نبی ﷺ کو چوما

وفات کے بعد ماتھا، ہاتھ وغیرہ چومنا جائز ہے، موت سے نجاست حکمی پیدا ہوتی ہے، ظاہر بدن پر ناپا کی نہیں ہوتی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے رخ انور سے کپڑا ہٹایا، غور سے دیکھا، پھر محبت سے چوما، اور رونے لگے، ہمارے یہاں موت کے بعد چومنے کا رواج نہیں، کیونکہ ہم زندگی میں نہیں چومتے، بچوں کو چومتے ہیں، بڑوں کو — بیوی کے علاوہ — نہیں چومتے، ہاں بدعتی بزرگوں کے ہاتھ پاؤں چومتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں، اور جاہل پیر چومتے ہیں یہ جائز نہیں۔

نوٹ: اس حدیث پر تین نمبر لگائے ہیں، یہ تین صحابہ: حضرات عائشہ، ابن عباس اور ابوبکر رضی اللہ عنہم ہیں۔

۲۵-مرضِ موت میں گھر والوں نے منع کرنے کے باوجود لدود کیا تو آپؐ نے سب کا لدود کروایا

لَدَّ(ن) المریضَ لَدًّا وَلُدُوْدًا: بیمار کی زبان ایک طرف کر کے دوسری طرف دوا ڈالنا، اللَّدود: (لام کا زبر) منہ کے ایک گوشہ سے ڈالنے کی دوا .... الخَاصِرۃ: کوکھ کا درد .... ذات الجنب: نمونیا، وہ بیماری جس سے پھیپھڑے خراب ہوجاتے ہیں .... عودِ ہندی: ایک درخت کی لکڑی۔

نبی ﷺ کے پہلو میں کبھی درد ہوتا تھا، گھر والوں نے نمونیا سمجھا، انھوں نے عود ہندی کو زیتون کے تیل میں گھسا اور نبی ﷺ کی زبان ایک طرف کر کے جس طرف درد تھا اس طرف کے منہ کے گوشہ میں دوا ڈالی، اس وقت آپؐ بیہوش تھے، آپؐ نے بیہوشی سے پہلے لوگوں کو منع کیا تھا کہ مجھے یہ تکلیف نہیں ہے، لدود مت کرو، مگر لوگوں نے سمجھا کہ بیمار کو دوا ناگوار ہوتی ہے، چنانچہ جب آپؐ کو ہوش آیا اور آپؐ نے دیکھا کہ آپؐ کو لدود کیا گیا تو آپؐ سخت ناراض ہوئے اور فرمایا: گھر میں جتنے لوگ ہیں، میرے سامنے سب کا لدود کرو، علاوہ عباسؓ بن عبد المطلب کے اس لئے کہ وہ لدود میں شریک نہیں تھے، چنانچہ ہر ایک کا لدود کیا گیا، حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا روزہ سے تھیں ان کا بھی لدود کیا گیا۔

تشریح: اگر بزرگوں کی توہین کی جائے یا ان کے ساتھ نامناسب معاملہ کیا جائے یا ان کی مرضی کے خلاف ان کے ساتھ کوئی معاملہ کیا جائے اور اس سے بزرگ کو تکلیف پہنچے اور وہ ناراض ہوجائیں تو سنتِ الٰہی یہ ہے کہ ان کو دنیا یا آخرت میں سزا دی جاتی ہے، البتہ اگر بزرگ خود سزا دیدیں تو وہ اللہ کی گرفت سے بچ جاتے ہیں، چنانچہ منع کرنے کے باوجود لدود کرنے سے نبی ﷺ کو سخت ناگواری ہوئی، اس لئے آپؐ نے خود سزا دی تا کہ گھر والے اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بچ جائیں، اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا استثناء اس لئے کیا کہ وہ لدود کے وقت موجود نہیں تھے، اور حاشیہ میں ابن اسحاقؒ کی مغازی سے نقل کیا ہے کہ حضرت عباسؓ ہی نے لدود کرنے کا حکم دیا تھا، اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ بخاری کی روایت مقدم ہے، دوسرا جواب یہ ہے کہ حکم دینا اور لدود کے وقت موجود ہونا دو الگ الگ باتیں ہیں۔

[۴۴۵۸-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحيىَ، وَزَادَ: وَقَالَتْ عَائِشَةُ: لَدَدْنَاهُ فِي مَرَضِهِ، فَجَعَلَ يُشِيرُ إِلَيْنَا أَنْ لَا تَلُدُّوْنِيْ، فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةُ الْمَرِيْضِ لِلدَّوَاءِ، فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ: "أَلَمْ أَنْهَكُمْ أَنْ تَلُدُّوْنِيْ؟" قُلْنَا: كَرَاهِيَةُ الْمَرِيْضِ لِلدَّوَاءِ، فَقَالَ: "لَايَبْقَى أَحَدٌ فِي الْبَيْتِ إِلَّا لُدَّ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَّا الْعَبَّاسَ، فَإِنَّهُ لَمْ يَشْهَدْكُمْ" رَوَاهُ ابنُ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[انظر: ۵۷۱۲، ۶۸۸۶، ۶۸۹۷]

ترجمہ: گذشتہ حدیث موسیٰ بن ابی شیبہؒ کی تھی، وہ یحییٰ بن سعید قطانؒ سے روایت کرتے تھے، اور یحییٰ سے علی بن المدینی بھی روایت کرتے ہیں اس میں یہ اضافہ ہے، صدیقہؓ نے فرمایا: ہم نے نبی ﷺ کا لدود کیا، آپؐ کی بیماری میں، پس آپؐ ہمیں اشارہ سے منع کرنے لگے کہ مجھے لدود مت کرو، پس ہم نے کہا: بیمار کو دوا ناپسند ہوتی ہے (اس وجہ سے آپؐ منع کررہے ہیں) پھر جب آپؐ کو ہوش آیا تو آپؐ نے فرمایا: کیا میں نے تمہیں لدود کرنے سے منع نہیں کیا تھا؟ ہم نے عرض کیا: بیمار دوا کو ناپسند کیا کرتا ہے، آپؐ نے فرمایا: گھر میں کوئی باقی نہ رہے، مگر اس کا لدود کیا جائے درانحالیکہ میں دیکھ رہا ہوں، البتہ عباسؓ مستثنیٰ ہیں، اس لئے کہ وہ تمہارے ساتھ لدود کرنے میں حاضر نہیں تھے، پھر حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے عبد الرحمٰن بن ابی الزنادؒ کی شاہد روایت پیش کی ہے وہ بھی ہشام سے یہ زائد مضمون روایت کرتے ہیں۔

[۴۴۵۹-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَزْهَرُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: ذُكِرَ عِنْدَ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَوْصَى إِلَى عَلِيٍّ، فَقَالَتْ: مَنْ قَالَهُ؟ لَقَدْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَإِنِّيْ لَمُسْنِدَتُهُ إِلَى صَدْرِيْ، فَدَعَا بِالطَّسْتِ فَانْخَنَثَ فَمَاتَ وَمَا شَعَرْتُ، فَكَيْفَ أَوْصَى إِلَى عَلِيٍّ؟[راجع: ۲۷۴۱]

[۴۴۶۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ طَلْحَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِيْ أَوْفَى: أَوْصَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: لَا، فَقُلْتُ: كَيْفَ كُتِبَ عَلَى النَّاسِ الْوَصِيَّةُ، أَوْ: أُمِرُوْا بِهَا؟ قَالَ: أَوْصَى بِكِتَابِ اللهِ.[راجع: ۲۷۴۰]

۲۶- نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کوئی وصیت نہیں کی

حدیث (۱): اسود بن یزیدؒ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے ذکر کیا گیا کہ نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو (خلافتِ بلافصل کی) وصیت کی ہے، صدیقہؓ نے فرمایا: یہ بات کون کہتا ہے؟ یعنی یہ بات غلط ہے، بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں نے نبی ﷺ کو دیکھا درانحالیکہ میں آپؐ کو اپنے سینہ سے لگائے ہوئے تھی، پس آپؐ نے (تھوکنے کے

لئے) سلفچی منگوائی، پس آپؐ کی گردن ترچھی ہوگئی، اور آپؐ کی وفات ہوگئی اور مجھے پتہ ہی نہیں چلا، پھر آپؐ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو وصیت کیسے کی؟ (اِنْخَنَثَ العُنُقُ: گردن ترچھی ہوجانا، مادہ خَنَثَ)

حدیث (۲): طلحہ بن مصرّفؒ نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے وصیت کی؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا: نہیں، طلحہ نے کہا: پھر وصیت لوگوں پر کیسے فرض کی گئی؟ یا کہا: لوگوں کو وصیت کا حکم کیسے دیا گیا؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا: آپؐ نے کتاب اللہ کی وصیت کی ہے۔

تشریح: شیعوں نے یہ بات چلائی تھی کہ نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے بعد متصل خلیفہ ہونے کی وصیت کی تھی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے ان کی یہ بات ذکر کی گئی تو انھوں نے پرزور تردید کی کہ نبی ﷺ نے بیماری کے دن میرے گھر میں گذارے ہیں، میں ہر وقت ساتھ رہتی تھی، اور وفات بھی میری گود میں ہوئی ہے، اگر نبی ﷺ نے حضرت علیؓ کو کوئی وصیت کی ہوتی تو وہ میرے علم میں ہوتی، پس شیعوں کا پروپیگنڈہ غلط ہے۔

اور اگر کوئی کہے کہ وفات سے متصل وصیت نہیں کی ہوگی، پہلے کی ہوگی تو اس کا جواب وہ روایت ہے جو ابھی گذری کہ حضرت عباسؓ نے حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑا اور کہا: آؤ نبی ﷺ سے پوچھیں آپؐ کے بعد خلافت کس کو ملے گی؟ حضرت علیؓ نے انکار کیا کہ میں یہ بات آپؐ سے نہیں پوچھتا، اس سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ نے ان کو کوئی وصیت نہیں کی تھی۔

اور داؤد ظاہری کی طرح طلحہ بن مصرف بھی وصیت کو واجب کہتے تھے، وہ شیعوں کے پروپیگنڈہ سے متاثر تھے، چنانچہ انھوں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے وصیت کی؟ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: نہیں، طلحہ نے کہا: وصیت کرنا تو لوگوں پر فرض ہے، پھر آپؐ نے وصیت کیوں نہیں کی؟ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: وصیت تو کی، قرآنِ کریم کو مضبوط تھامنے کی تاکید کی، فرمایا: میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جارہا ہوں، جب تک تم ان کو مضبوط پکڑے رہوگے گمراہ نہیں ہوؤگے، ایک: اللہ کی کتاب دوسری: میری سنت، پس قرآنِ کریم کے حکم پر عمل ہوگیا۔

بہ الفاظ دیگر: بیماری کا علاج کرنا سنت ہے مگر کوئی معین علاج کرنا سنت نہیں، مثلاً قلب کا مریض ہے پس علاج ضروری ہے، مگر بائی پاس کرانا ضروری نہیں، اور بھی علاج ہیں، ان سے کام چل سکتا ہو تو ان پر اکتفا کرنا جائز ہے اور وہ بھی سنت ہے، اسی طرح مان لو کہ وصیت کرنا فرض ہے مگر کوئی معین وصیت کرنا فرض نہیں، کوئی بھی وصیت کرے تو فرض پر عمل ہوجائے گا، آپؐ نے قرآن کو مضبوط پکڑنے کی وصیت کی پس حکم پر عمل ہوگیا، خلافت بلافصل کی وصیت کرنا کیا ضروری ہے؟

[٤٤٦١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا وَلَا عَبْدًا وَلَا أَمَةً إِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ الَّتِىْ كَانَ يَرْكَبُهَا وَسِلَاحَهُ وَأَرْضًا جَعَلَهَا لِابْنِ السَّبِيْلِ صَدَقَةً. [راجع: ٢٧٣٩]

۲۷- نبی ﷺ نے ترکہ نہیں چھوڑا اور جو کچھ چھوڑا وہ صدقہ تھا

ترجمہ: نبی ﷺ کے برادر نسبتی حضرت جویریہؓ کے بھائی عمرو بن الحارثؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے وفات کے وقت نہ درہم چھوڑے نہ دینار، نہ غلام نہ باندی، علاوہ اپنے سفید خچر کے جس پر آپؐ سواری کیا کرتے تھے اور اپنے ہتھیاروں کے یا ایسی زمین کے جس کو آپؐ نے مسافروں پر صدقہ کر دیا تھا۔

تشریح: اس حدیث کا گذشتہ دو حدیثوں سے بھی گونہ تعلق ہے، جب نبی ﷺ کے پاس کوئی مال ہی نہیں تھا تو وصیت کس چیز کی کرتے؟ البتہ کچھ متفرقات تھے جو تبرکات میں تقسیم کر دیئے گئے، اور جو جائدادیں آپؐ کی تحویل میں تھیں وہ مسلمانوں پر خیرات تھیں، چنانچہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ انبیاء کا ترکہ تقسیم نہیں ہوتا، وہ جو کچھ چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

[٤٤٦٢-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا ثَقُلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم جَعَلَ يَتَغَشَّاهُ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: وَاكَرْبَ أَبَاهُ! فَقَالَ لَهَا: " لَيْسَ عَلٰى أَبِيْكِ كَرْبٌ بَعْدَ الْيَوْمِ" فَلَمَّا مَاتَ قَالَتْ: يَا أَبَتَاهُ! أَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ، يَا أَبَتَاهُ! مَنْ جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَأْوَاهُ، يَا أَبَتَاهُ! إِلٰى جِبْرَئِيْلَ نَنْعَاهُ. فَلَمَّا دُفِنَ قَالَتْ فَاطِمَةُ: يَا أَنَسُ! أَطَابَتْ أَنْفُسُكُمْ أَنْ تَحْثُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم التُّرَابَ؟

۲۸- غم ہائے بیکراں

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ بوجھل ہوگئے یعنی بیماری سخت ہوگئی تو آپؐ بار بار بیہوش ہوتے تھے، پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: ہائے میرے ابا کی بے چینی! آپؐ نے ان سے فرمایا: تمہارے ابا پر آج کے بعد کوئی بے چینی نہیں ہوگی، یعنی بس آج آج کی بات ہے کل آئندہ کوئی تکلیف نہیں ہوگی، پھر جب آپؐ کی وفات ہوگئی تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرطِ غم سے کہا: ہائے ابا جان! جنھوں نے پروردگار کی پکار پر لبیک کہا، ہائے ابا جان! جن کا ٹھکانہ جنت الفردوس ہے، ہائے ابا جان! ہم جبرئیل علیہ السلام کو آپؐ کی موت کی خبر دیتے ہیں، پس جب آپؐ کی تدفین عمل میں آئی تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کے خادم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا: انسؓ! تمہارے دلوں نے نبی ﷺ پر مٹی ڈالنا کیسے گوارہ کرلیا؟!

تشریح: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی باتیں نوحہ ماتم نہیں تھیں، بلکہ غم ہائے بیکراں کی ترجمانی تھیں، اور احکام شرع کی پابندی اس وقت بھی کرنی پڑتی ہے جب غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑے، چنانچہ صحابہ کرام نے دلوں پر پتھر رکھ کر آپؐ کو سپرد خاک کیا!

يَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا ۞ عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمْ

[٨٥-] بَابُ آخِرِ مَا تَكَلَّمَ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم

[٤٤٦٣-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ يُوْنُسُ: قَالَ الزُّهْرِيُّ، أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فِيْ رِجَالٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ وَهُوَ صَحِيْحٌ: "إِنَّهُ لَمْ يُقْبَضْ نَبِيٌّ حَتَّى يَرَى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخَيَّرُ" فَلَمَّا نَزَلَ بِهِ وَرَأْسُهُ عَلٰى فَخِذِيْ غُشِيَ عَلَيْهِ ثُمَّ أَفَاقَ، فَأَشْخَصَ بَصَرَهُ إِلٰى سَقْفِ الْبَيْتِ ثُمَّ قَالَ: "اللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْأَعْلٰى" فَقُلْتُ: إِذًا لَا يَخْتَارُنَا، وَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَدِيْثُ الَّذِيْ كَانَ يُحَدِّثُنَا وَهُوَ صَحِيْحٌ، قَالَتْ: وَكَانَتْ آخِرَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا: "اللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْأَعْلٰى"[راجع: ٤٤٣٥]

آخری بات جو زبانِ مبارک سے نکلی

امام زہریؒ کہتے ہیں: مجھے سعید بن المسیبؒ نے بتلایا اہل علم مردوں میں یعنی سعید کے علاوہ اور اہل علموں نے بھی یہ بات مجھے بتائی کہ عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا: نبی ﷺ کہا کرتے تھے، درانحالیکہ آپؐ تندرست تھے کہ کسی نبی کی روح قبض نہیں کی جاتی، یہاں تک کہ وہ جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھتا ہے، پھر (دنیا اور آخرت میں) اختیار دیا جاتا ہے، پھر جب نبی ﷺ کی بیماری سخت ہوئی اور سر مبارک میری ران پر تھا تو آپؐ پر بیہوشی طاری ہوئی، پھر آپؐ کو ہوش آیا تو آپؐ نے اپنی نگاہ گھر کی چھت کی طرف اٹھائی اور فرمایا: اللّٰهم الرفيقَ الأعلى: اے اللہ! میں عالم بالا کے ساتھی کو اختیار کرتا ہوں (الرفيقَ: أَختارُ کا مفعول ہے) (صدیقہؓ کہتی ہیں) پس میں نے کہا: اب آپ ہمیں اختیار نہیں کریں گے، یعنی جب آپؐ نے رفیق اعلی کو اختیار کر لیا تو اب دنیا کو اختیار کرنے کا کوئی سوال نہیں، اور میں نے جان لیا کہ یہ وہ بات ہے جو آپؐ ہم سے بیان کیا کرتے تھے، جبکہ آپؐ تندرست تھے، صدیقہؓ کہتی ہیں: اور آخری بات جو زبانِ مبارک سے نکلی وہ: اللّٰهم الرفيق الأعلى تھی۔

[٨٦-] بَابُ وَفَاةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[٤٤٦٤و٤٤٦٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَبِثَ بِمَكَّةَ عَشَرَ سِنِيْنَ يُنْزَلُ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ، وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرًا.

[انظر: ٤٩٧٨]

[٤٤٦٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ مِثْلَهُ.[راجع: ٣٥٣٦]

بوقتِ وفات عمر مبارک

حضرات عائشہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ مکہ میں دس سال قیام پذیر رہے (کسر چھوڑ دی) اتارا جاتا تھا آپؐ پر قرآن اور مدینہ میں دس سال قیام رہا، اور دوسری روایت میں صدیقہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی درانحالیکہ آپؐ تریسٹھ سال کے تھے، یہ بات امام زہریؒ نے حضرت عروہؒ کے علاوہ حضرت سعید بن المسیبؒ سے بھی سنی ہے۔

تشریح: بوقتِ وفات عمر مبارک کی روایات مختلف ہیں، صحیح ترین روایت یہ آخری روایت ہے، چالیس سال چند ماہ پر آپؐ نبوت سے سرفراز کئے گئے، پھر تیرہ سال مکہ میں رہے اور دس سال مدینہ منورہ میں، کل تریسٹھ سال ہوئے، اور جس روایت میں ساٹھ سال آیا ہے، اس میں کسر چھوڑ دی ہے، اور جس روایت میں پینسٹھ سال آیا ہے اس میں ولادت ووفات کے سالوں کو پورا گن لیا ہے۔

[۸۷-] بَابٌ

[٤٤٦٧-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَدِرْعُهُ مَرْهُوْنَةٌ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ بِثَلاَثِيْنَ صَاعًا. [راجع: ٢٠٦٨]

۲۹- بوقتِ وفات معاشی حالت

صدیقہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ دنیا سے گذر گئے درانحالیکہ آپؐ کی زرہ ایک یہودی دکان دار کے پاس گروی تھی، تیس صاع (جو) کے بدلہ میں۔

تشریح: ابھی حدیث (نمبر ۴۴۶۱) گذری ہے کہ نبی ﷺ نے وفات کے وقت نہ درہم چھوڑے نہ دینار، نہ غلام چھوڑے نہ باندیاں، صرف سفید خچر اور ہتھیار چھوڑے، بلکہ آپؐ دنیا سے مقروض گذرے، آپؐ نے گھر کی ضرورت کے لئے ایک یہودی کی دکان سے تیس صاع جو خریدے تھے اور زرہ گروی رکھی تھی، مگر چونکہ متعلقین قابل اعتماد تھے، نیز زرہ میں قرضہ کی بھرپائی بھی تھی، اس لئے حکماً یہ مقروض مرنا نہیں۔

بَابُ بَعْثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فِي مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ

آخری لشکر جو نبی ﷺ نے مرض موت میں روانہ کیا (جیشِ اسامہؓ)

گذشتہ باب وفات کے بعد کی متصل حالت کے بیان میں تھا، یہ باب بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے، آخری فوج (جیشِ

اسامہؓ) کو مرضِ موت میں روانگی کا حکم دیا، مگر وہ آپؐ کی بیماری کی وجہ سے روانہ نہیں ہوئی تھی، اس کو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے آپؐ کی وفات کے بعد روانہ کیا، پس یہ بھی آپؐ کی وفات کے بعد کی متصل حالت ہے۔

جیشِ اسامہؓ:

۲۶؍صفر المظفر دوشنبہ سن ۱۱ہجری کو آپؐ نے رومیوں کے مقابلہ کے لئے مقام اُبنہ تک لشکر کشی کا حکم دیا، یہ وہ مقام ہے جہاں غزوۂ موتہ واقع ہوا ہے، اور جس میں حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے والد حضرت زید بن حارثہ اور حضرت جعفر طیار اور حضرت عبداللہ بن رواحہ وغیرہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے ہیں، یہ آخری سریہ تھا، اس کا امیر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا اور اس لشکر میں مہاجرین اولین اور بڑے بڑے صحابہ کو روانگی کا حکم ملا، پھر چہار شنبہ سے آپؐ کی علالت شروع ہوگئی، پنج شنبہ کے دن علالت کے باوجود اپنے دست مبارک سے نشان باندھ کر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو عنایت فرمایا اور ارشاد فرمایا: ''اللہ کے نام پر اللہ کی راہ میں جہاد کرو، اور اللہ کا انکار کرنے والوں سے مقابلہ اور مقاتلہ کرو'' حضرت اسامہؓ نے فوج کو مقام جُرف میں جمع کرنا شروع کیا، تمام جلیل القدر صحابہ تیزی کے ساتھ وہاں پہنچ کر جمع ہوگئے، حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما آپؐ کی تیمارداری کے لئے مدینہ واپس آگئے، اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما حضرت اسامہؓ سے اجازت لے کر آپؐ کو دیکھنے آتے تھے، پھر جب مرض میں شدت ہوئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھانے کا حکم ملا، اب وہ مستقل مدینہ واپس آگئے، فوج جُرف مقام میں رُکی رہی جو مدینہ سے ایک کوس کے فاصلہ پر تھا، پیر کے دن جب آپؐ کو سکون ہوگیا تو حضرت اسامہؓ نے روانگی کا ارادہ کیا، ابھی وہ روانہ نہیں ہوئے تھے کہ حضرت اسامہؓ کی والدہ ام ایمن رضی اللہ عنہا نے آدمی بھیجا کہ آپؐ حالتِ نزع میں ہیں، پھر کچھ ہی وقت گذرا تھا کہ یہ خبر قیامت اثر کانوں میں پڑی کہ آپؐ کی وفات ہوگئی، تمام مدینہ میں کہرام مچ گیا، فوج افتاں خیزاں مدینہ واپس آگئی، پھر جب آپؐ کی وفات کے بعد صدیق اکبر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو آپؓ نے پہلا کام یہ کیا کہ اکابر صحابہ کی مخالفت کے باوجود جیش اسامہؓ کو روانہ کیا اور جُرف تک خود مشایعت کے لئے گئے، البتہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو درخواست کر کے روک لیا، جیش اسامہ چالیس دن کے بعد مظفر ومنصور واپس آیا، جو بھی مقابلہ میں آیا اس کو تہ تیغ کیا اور اپنے باپ کے قاتل کو قتل کیا، واپسی میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مدینہ سے باہر نکل کر فوج کا استقبال کیا۔

[۸۸-] بَابُ بَعْثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فِي مَرَضِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيْهِ

[۴۴۶۸-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ: اسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أُسَامَةَ فَقَالُوْا فِيْهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' قَدْ بَلَغَنِي أَنَّكُمْ قُلْتُمْ فِي أُسَامَةَ، وَإِنَّهُ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ'' [راجع: ۳۷۳۰]

[۴۴۶۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَعَثَ بَعْثًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، فَطَعَنَ النَّاسُ فِيْ إِمَارَتِهِ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: "إِنْ تَطْعَنُوْا فِيْ إِمَارَتِهِ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِيْ إِمَارَةِ أَبِيْهِ مِنْ قَبْلُ، وَأَيْمُ اللّٰهِ! إِنْ كَانَ لَخَلِيْقًا لِلإِمَارَةِ، وَإِنْ كَانَ لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ، وَإِنَّ هٰذَا لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ بَعْدَهُ"[راجع: ۳۷۳۰]

حدیث(۱): نبی ﷺ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا، کچھ لوگوں نے ان کی امارت پر اعتراض کیا، نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ آپ لوگ اسامہؓ کی سپہ سالاری پر اعتراض کرتے ہو اور بیشک وہ میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے ہیں۔

حدیث(۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے (اُبنیٰ کی طرف) ایک لشکر بھیجا اور ان پر حضرت اسامہؓ کو امیر بنایا، کچھ لوگوں نے ان کی امامت پر اعتراض کیا، نبی ﷺ نے (مرضِ وفات میں) تقریر کی اور فرمایا: اگر تم ان کی سپہ سالاری پر اعتراض کرتے ہو تو ان سے پہلے ان کے والد کی سپہ سالاری پر بھی اعتراض کر چکے ہو اور اللہ کی قسم! وہ سپہ سالاری کے لائق تھے، اور وہ میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے تھے، اور یہ بھی ان کے بعد میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے ہے۔

بَابٌ

مسافروں نے وفات کی خبر پھیلائی

یہ باب بھی وفات کے بعد کے حالات کے سلسلہ کا تیسرا اور آخری باب ہے، نبی ﷺ کے زمانہ میں ذرائع ابلاغ نہیں تھے، اخبار، ریڈیو، ٹیلی فون، موبائل، انٹرنیٹ وغیرہ وجود میں نہیں آئے تھے، اس وقت خبریں مسافروں کے ذریعہ پھیلتی تھیں، سارَتْ بِهِ الرُّكْبَانُ: محاورہ تھا یعنی خبر کے ساتھ مسافر چلے۔

[۸۹-] بَابٌ

[۴۴۷۰-] حدثنا أَصْبَغُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، عَنِ ابْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، أَنَّهُ قَالَ لَهُ: مَتَى هَاجَرْتَ؟ قَالَ: خَرَجْنَا مِنَ الْيَمَنِ مُهَاجِرِيْنَ فَقَدِمْنَا الْجُحْفَةَ، فَأَقْبَلَ رَاكِبٌ فَقُلْتُ لَهُ: الْخَبَرَ الْخَبَرَ؟ فَقَالَ: دَفَنَّا النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم مُنْذُ خَمْسٍ، قُلْتُ: هَلْ سَمِعْتَ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، أَخْبَرَنِيْ بِلَالٌ مُؤَذِّنُ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّهُ فِيْ السَّبْعِ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ.

ترجمہ: ابوالخیر مرثد بن عبداللہ نے عبدالرحمٰن بن عُسیلہ صنابحی سے پوچھا: آپؐ نے کب ہجرت کی؟ انھوں نے کہا: ہم یمن سے ہجرت کے ارادہ سے نکلے، جب ہم جحفہ میں پہنچے (یہ شام والوں کی میقات ہے) تو ایک سوار آتا ہوا ملا، ہم نے اس سے کہا: خبر سناؤ، خبر سناؤ، اس نے کہا: نبی ﷺ کو دفن کئے ہوئے پانچ راتیں گذر گئیں، ابوالخیر کہتے ہیں: میں نے پوچھا: آپ نے شب قدر کے بارے میں کچھ سنا ہے؟ اس نے کہا: ہاں، مجھے نبی ﷺ کے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتلایا کہ شب قدر آخری دس راتوں کی ساتویں رات میں ہے، یعنی ۲۳ ویں یا ۲۷ ویں رات میں ہے، اگر آخر سے گنیں گے تو تئیس ساتویں رات ہوگی اور اکیس سے گنیں گے تو ستائیس ساتویں رات ہوگی۔

بَابٌ: كَمْ غَزَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟

نبی ﷺ کے غزوات کی تعداد

یہ باب کتاب المغازی کا خلاصہ اور آخری باب ہے، غزوات کی تعداد میں اصحابِ سیر کے مختلف اقوال ہیں: ۲۷، ۲۶، ۲۴، ۲۱، ۱۹، ۱۱ اور ۱۶، مشہور قول ۲۷ کا ہے، اور اختلاف کی دو وجہیں ہیں:

پہلی وجہ: بعض حضرات نے قریب الوقوع یا ایک سفر میں واقع ہونے والے غزوات کو ایک شمار کیا ہے، جیسے غزوۂ احزاب اور غزوۂ بنی قریظہ کو موسیٰ بن عقبہ نے ایک شمار کیا ہے اور حنین اور طائف کو بعض اہل سیر نے ایک شمار کیا ہے، اور غزوۂ خیبر اور غزوۂ وادی القری کو ایک سفر میں واقع ہونے کی وجہ سے بعض نے ایک شمار کیا ہے۔

دوسری وجہ: غزوہ وہ جہاد کہلاتا ہے جس میں نبی ﷺ کی شرکت ہو مگر بعض بڑے سرایا کو بھی غزوہ کہہ دیتے ہیں، جیسے غزوۂ موتہ، اس لئے بھی غزوات کی تعداد میں اختلاف ہوا ہے۔

[۹۰-] بَابٌ: كَمْ غَزَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟

[٤٤٧١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ: كَمْ غَزَوْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: سَبْعَ عَشْرَةَ، قُلْتُ: كَمْ غَزَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ. [راجع: ٣٩٤٩]

[٤٤٧٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خَمْسَ عَشْرَةَ.

[٤٤٧٣-] حَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلِ بْنِ هَلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ كَهْمَسٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سِتَّ عَشْرَةَ غَزْوَةً.

حدیث(۱): ابو اسحاق سبیعیؒ نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ نے نبی ﷺ کے ساتھ کتنے غزوے کئے؟ انھوں نے کہا: سترہ، ابواسحاق نے پوچھا: نبی ﷺ نے کتنے غزوے کئے؟ حضرت زیدؓ نے کہا: انیس (یہ روایت کتاب المغازی کے شروع میں بھی گذری ہے)

حدیث(۲): ابو اسحاق سبیعیؒ کہتے ہیں: ہم سے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی ﷺ کے ساتھ پندرہ غزوے کئے ہیں۔

حدیث(۳): امام بخاری رحمہ اللہ اپنے استاذ احمد بن الحسنؒ سے، اور وہ امام احمد رحمہ اللہ سے ان کی سند سے حضرت بریدۃ بن الحصیبؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے نبی ﷺ کے ساتھ سولہ غزوے کئے ہیں۔

حدیثی فائدہ: حضرت امام بخاری رحمہ اللہ: حضرت امام احمد رحمہ اللہ کے خاص شاگرد ہیں، مگر بخاری شریف میں ان سے کوئی روایت نہیں لائے، بس یہ ایک روایت لائے ہیں اور وہ بھی بالواسطہ، اس کی وجہ یہ ہے کہ اکابر محدثین جو صاحب تصانیف ہیں: صحاحِ ستہ کے مصنّفین ان کی سند سے روایتیں نہیں لاتے، کیونکہ ان کی سندیں ان کی کتابوں میں مذکور ہیں، پس اگر ان کی سندوں سے حدیث کی تخریج کریں گے تو تکرار ہو جائے گی، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ امام احمد رحمہ اللہ کی یہ ایک ہی روایت لائے ہیں، اور وہ بھی بالواسطہ لائے ہیں تاکہ افادہ مزید ہو جائے، جیسے امام ترمذی رحمہ اللہ امام بخاری رحمہ اللہ کے خاص شاگرد ہیں مگر امام بخاری رحمہ اللہ کی سند سے ترمذی شریف میں صرف دو روایتیں لائے ہیں اس کی وجہ بھی یہی ہے۔

الحمد للہ! بروز پیر ۲۸ شعبان ۱۴۳۴ ہجری کو کتاب المغازی کی شرح مکمل ہوئی، اس کے بعد مغازی کا خلاصہ مرتب کے قلم سے ہے، بخاری شریف میں غزوات کا بیان بہت پھیلا ہوا ہے، خلاصہ نکالنا بعض مرتبہ دشوار ہو جاتا ہے، نیز یہ خلاصہ طلباء کے لئے بھی مفید ہے، آئندہ نویں جلد سے کتاب التفسیر شروع ہوگی۔ ان شاء اللہ



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہم غزوات کا خلاصہ

مرتب کے قلم سے

نبی پاک ﷺ نے کم وبیش ستائیس غزوے فرمائے ہیں، مگر جنگ کی نوبت صرف نو غزوات میں آئی ہے: بدر، احد، احزاب، بنو قریظہ، بنو مصطلق، خیبر، فتح مکہ، حنین اور طائف۔ اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے جنگ بدر کا واقعہ غزوۂ عُشیرۃ سے شروع کیا ہے، کیونکہ وہ غزوہ بدر کی تمہید تھا۔

غزوۂ عشیرۃ:

اس غزوہ کا مقصد ابوسفیان کے اس تجارتی قافلہ پر قبضہ کرنا تھا جو بظاہر تجارتی قافلہ تھا، مگر حقیقت میں وہ ملک شام سے ہتھیار خریدنے جا رہا تھا، نبی ﷺ عشیرۃ مقام تک ابوسفیان کے اسی قافلہ کے تعاقب میں گئے، مگر وہ قافلہ بچ کر نکل گیا، پھر جب وہ قافلہ شام سے لوٹا تو دوبارہ اس پر قبضہ کرنے کے لئے آپؐ نے سفر کیا اور بدر تک پہنچے، مگر قافلہ راستہ بدل کر نکل گیا اور اس کو بچانے کے لئے مکہ سے جو لشکر آرہا تھا وہ بدر میں پہنچ گیا، اس طرح جنگ بدر پیش آئی۔

غزوۂ بدر:

شام سے لوٹنے والے قریش کے کاروان کے تعاقب میں رمضان ۲ ہجری کی بارہ تاریخ کو نبی ﷺ مختصر جمعیت (کم وبیش تین سو تیرہ صحابہ) کو لے کر مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے، چونکہ کسی مسلح فوج سے لڑنا پیش نظر نہیں تھا، اس لئے جو لوگ بروقت جمع ہو گئے ان کو ساتھ لے لیا، سامانِ جنگ بھی کوئی خاص نہیں تھا، دو گھوڑے اور ستر اونٹ تھے، جن پر باری باری سوار ہوتے تھے، مدینہ منورہ سے ایک میل کے فاصلہ پر بیر أَبِیْ عِنَبَۃ پر پہنچ کر لشکر کا جائزہ لیا، کمسنوں کو واپس کیا اور ابولبابہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ کا حاکم بنا کر واپس کیا، پھر مقام صفراء کے قریب پہنچ کر بسبس بن عمرو جهنی اور عدی بن أَبی الزُّغباء رضی اللہ عنہما کو ابوسفیان کے قافلہ کے تجسس کے لئے آگے روانہ کیا۔

ادھر سفیان بھی چوکنا تھا، اسے اطلاع مل چکی تھی کہ مسلمان اس کے تعاقب میں نکلے ہیں، اس لئے ضمضم غفاری کو اجرت دے کر قریش کو اطلاع دینے کے لئے روانہ کیا اور خود راستہ تبدیل کر کے ساحل سمندر کا راستہ اختیار کیا، اس خبر کا

پہنچنا تھا کہ تمام مکہ میں شور برپا ہوگیا، کیونکہ مکہ کے ہر فرد نے تقریباً اپنی پوری پونجی اس قافلہ میں لگا رکھی تھی، چنانچہ فوراً مشہور بہادروں اور جنگجو نوجوانوں پر مشتمل ایک ہزار کا لشکر جرار تیار ہوگیا، اس لشکر کا کمانڈر ابوجہل تھا، لشکر کروفر، سامانِ عیش وطرب کے ساتھ سو گھوڑوں، سات سو اونٹوں اور گانے بجانے والی عورتوں اور طبلوں کے ساتھ اکڑتا ہوا اور اتراتا ہوا روانہ ہوا، جب ابوسفیان ساحل کے راستہ سے قافلہ کو بچا کر مسلمانوں کی زد سے نکال لے گیا تو اس نے قریش کو پیغام بھیجا کہ تم صرف قافلہ کو، اپنے لوگوں کو اور اپنے اموال کو بچانے کے لئے نکلے تھے، اللہ نے سب کو بچالیا ہے، لہٰذا تم مکہ واپس لوٹ جاؤ، مگر ابوجہل نہ مانا، کہنے لگا: جب تک ہم بدر میں پہنچ کر تین دن تک کھاپی کر خوب مزے نہیں اڑالیں گے ہرگز واپس نہیں ہونگے۔

جب آپ مقامِ صفراء میں پہنچے تو قاصدوں نے اطلاع دی کہ ابوسفیان کا قافلہ بچ کر نکل گیا ہے اور مکہ سے لشکر جرار بڑھتا چلا آرہا ہے، آپؐ نے مہاجرین وانصار سے مشورہ کیا، حضرات شیخین رضی اللہ عنہما نے جاں نثاری کا اظہار کیا، حضرت مقداد بن الاسود اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہما کی فدایانہ تقریر سے چہرۂ مبارک فرطِ مسرت سے کھل گیا، اور آپؐ نے ابوجہل اور سفیان کی دو جماعتوں میں سے کسی ایک پر فتح کی بشارت سنائی، پھر فوج شاداں فرحاں بدر کی طرف روانہ ہوئی، قریش کا لشکر بدر میں پہلے پہنچ گیا، اور اس نے پانی کے چشمہ پر قبضہ کرلیا اور مناسب جگہوں کو اپنے لئے چھانٹ لیا، جب مسلمان بدر میں پہنچے تو ان کو نہ پانی ملا نہ مناسب جگہ، ریتلا میدان تھا، جہاں چلنا بھی دشوار تھا، پیر ریت میں دھنس جاتے تھے، اللہ تعالیٰ نے بارانِ رحمت برسایا، جس سے ریت جم گئی اور مسلمانوں نے چھوٹے چھوٹے حوض بنا کر پانی جمع کرلیا۔

۱۷ رمضان ۲ ہجری جمعہ کی صبح کو میدانِ بدر میں کفر واسلام کی صفیں آمنے سامنے آراستہ ہوئیں، پہلے انفرادی مقابلہ ہوا، عتبہ اپنے بھائی شیبہ اور اپنے بیٹے ولید کو لے کر میدان میں اترا اور للکار کر مقابل طلب کیا، لشکر اسلام میں سے حضرات علی، حمزہ اور عبیدۃ بن الحارث رضی اللہ عنہم نکلے، حضرت عبیدہؓ عتبہ کے مقابل ہوئے، حضرت حمزہؓ شیبہ کے اور حضرت علیؓ ولید کے، حضرت علیؓ اور حضرت حمزہؓ نے اپنے اپنے مقابل کا ایک ہی وار میں کام تمام کردیا، اور حضرت عبیدہؓ نے اپنے مقابل کو زخمی کیا اور خود بھی زخمی ہوئے، ان کا پیر کٹ گیا، حضرت علیؓ اور حضرت حمزہؓ اپنے اپنے مقابل سے فارغ ہوکر حضرت عبیدہؓ کی امداد کو پہنچے اور عتبہ کا کام تمام کردیا اور حضرت عبیدہؓ کو اٹھا کر نبی ﷺ کی خدمت میں لائے، اس کے بعد گھمسان کا رن پڑا، نبی ﷺ نے ایک مٹھی مٹی لے کر مشرکین کی طرف پھینکی اور صحابہ کو حملہ کرنے کا حکم دیا، مشت خاک کا پھینکنا تھا کہ کفار کا تمام لشکر سراسیمہ ہوگیا، اور بڑے بڑے بہادر اور جاں باز قتل ہونے لگے، اور ابھی سورج غروب نہیں ہوا تھا کہ میدانِ کارزار کا فیصلہ ہوگیا، ستر کافر مارے گئے اور ستر ہی گرفتار ہوئے، چودہ مسلمان شہادت سے سرفراز ہوئے، واپسی میں مقام صفراء میں نضر بن الحارث کے قتل کا اور عرق الظّبیۃ میں عقبہ بن ابی معیط کے قتل کا حکم دیا، یہ دونوں نبی ﷺ کے شدید ترین دشمن، بدزبان اور دریدہ دہن تھے، باقی اسیرانِ جنگ کو فدیہ لے کر چھوڑ دیا گیا۔

غزوۂ بنی نضیر:

حضرت عروہ رحمہ اللہ کے نزدیک یہ غزوہ بدر کے چھ ماہ بعد غزوۂ احد سے پہلے پیش آیا ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے اس غزوہ کا تذکرہ غزوۂ بدر کے بعد کیا ہے، مگر محمد بن اسحاق رحمہ اللہ کے نزدیک بیر معونہ اور غزوۂ احد کے بعد ۴ ہجری میں پیش آیا ہے، اور اربابِ سیر کے نزدیک یہی قول راجح ہے۔

اس غزوہ کا سبب یہ بنا کہ بنوکلاب کے دو شخصوں کو عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ نے غلطی سے قتل کیا تھا، ان کی دیت کے سلسلہ میں تعاون حاصل کرنے کے لئے نبی ﷺ چند اصحاب کے ساتھ بنونضیر کی بستی میں تشریف لے گئے، معاہدہ کی رو سے ان پر تعاون کرنا لازم تھا، انھوں نے بظاہر نہایت خندہ پیشانی سے استقبال کیا، اور خون بہا میں شرکت اور اعانت کا وعدہ کیا، مگر اندرونی طور پر مشورہ کیا کہ ایک شخص چھت پر چڑھ کر اوپر سے بھاری پتھر گرادے تاکہ نصیب دشمناں آپؐ دب کر مرجائیں، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فوراً آکر آپؐ کو ان کے ارادہ سے آگاہ کیا، آپؐ فوراً وہاں سے اٹھ کر مدینہ کی طرف چل دیئے اور یہود کے ناپاک ارادہ سے صحابہ کو مطلع کیا، بنونضیر اس سے پہلے بھی متعدد بار غداری کر چکے تھے، اور نبی ﷺ کو قتل کرنے کی سازش کر چکے تھے، ان کی مکہ والوں کے ساتھ بھی ساز باز تھی، دونوں ایک دوسرے کے ہمنوا اور مددگار تھے، چنانچہ نبی ﷺ نے حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ کا عامل مقرر فرمایا اور بنونضیر پر فوج کشی کا حکم دیا، جب بنونضیر کے قلعہ کا محاصرہ کیا تو وہ قلعہ بند ہوگئے، باہر نکل کر دوبدو جنگ نہیں لڑتے تھے، اور ان کے قلعہ کو ان کے بُویرہ نامی نخلستان نے گھیر رکھا تھا، نبی ﷺ نے درختوں کو کاٹنے اور جلانے کا حکم دیا تاکہ وہ اپنے باغات کو بچانے کے لئے نکلیں، اور فیصلہ کن جنگ ہو، بالآخر وہ مرعوب وخوفزدہ ہوگئے، انھوں نے گھبرا کر صلح کی التجا کی، آخر یہ قرار پایا کہ وہ دس دن کے اندر مدینہ خالی کردیں، ان کی جانوں سے تعرض نہیں کیا جائے گا، اور جو مال واسباب سامانِ حرب کے علاوہ اٹھا کر لے جاسکتے ہیں لے جائیں، یہود نے مال کی حرص اور طمع میں مکانوں کے دروازے اور چوکھٹ تک اکھاڑ لئے، اور جہاں تک بن پڑا اونٹوں پر لاد کر لے گئے، اکثر ان میں سے خیبر میں جابسے اور بعض شام چلے گئے، ان کے سردار حیی بن اخطب، کنانۃ بن الربیع اور سلام بن ابی الحقیق نے خیبر میں بود وباش اختیار کرلی، اس غزوہ میں سورۂ حشر نازل ہوئی، اسی لئے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اس سورت کو سورہ بنی نضیر کہا کرتے تھے، اس سورت میں اللہ عزوجل نے اموالِ بنی نضیر کو مالِ فئے قرار دیا اور فئے کے احکام ومصارف بیان فرمائے، چنانچہ نبی ﷺ نے اکثر اراضی مہاجرین پر تقسیم فرمائیں اس طرح انصار پر سے ان کا خرچ ہلکا ہوا اور مہاجرین وانصار دونوں کو فائدہ پہنچا، انصار میں سے صرف ابودجانہ اور سہل بن حنیف رضی اللہ عنہما کو بوجہ تنگدستی اس میں سے حصہ عطا فرمایا، نیز نبی ﷺ اپنے گھر کا اور وارد وصادر کا سالانہ خرچہ اسی سے لیتے تھے اور جو بچ رہتا اللہ کے راستہ میں خرچ کرتے، اس غزوہ میں بنونضیر میں سے صرف دو شخص مسلمان ہوئے یامین بن عُمیر اور ابوسعید بن وہب رضی اللہ عنہما، ان کے مال واسباب سے کچھ تعارض نہیں کیا گیا، وہ بدستور اپنی املاک پر قابض رہے۔

کعب بن اشرف کا قتل:

کعب بن اشرف عرب یہودی تھا، بنونضیر کا سردار تھا، اور نبی ﷺ کا اور مسلمانوں کا سخت ترین دشمن تھا، رسول اللہ ﷺ کی ہجو میں اشعار کہتا تھا، اپنے قصائد میں مسلمان خواتین کی تشبیب کرتا تھا، اس طرح مسلمانوں کے دلوں کو دکھاتا تھا، جنگِ بدر کے بعد مقتولین بدر کی تعزیت کے لئے مکہ گیا اور مکہ کے جو سردار بدر کے گندے کنویں میں ڈالے گئے تھے ان کا مرثیہ کہہ کر لوگوں کو سناتا تھا، خود بھی روتا تھا، دوسروں کو بھی رلاتا تھا، اور لوگوں کو جوش دلا کر آمادۂ جنگ کرتا تھا، یہاں تک کہ ایک دن عمائدین قریش کو حرم میں لے کر آیا اور سب نے بیت اللہ کا پردہ پکڑ کر مسلمانوں سے قتال کرنے کا حلف اٹھایا جس کے نتیجہ میں جنگ احد پیش آئی، ایک مرتبہ اس نے نبی ﷺ کو دعوت کے بہانے بلایا اور اندرخانہ قتل کا پلان بنایا، جب آپؐ آکر بیٹھے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ کو اطلاع دی، آپؐ تیزی سے اٹھ کر چل دیئے اور واپسی کے بعد اس کے قتل کا حکم دیا، چنانچہ وہ جنگِ احد سے پہلے ۳ ہجری میں ربیع الاول کی چودھویں رات میں قتل کیا گیا، روایات میں قتل کا واقعہ اس طرح آیا ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کعب بن اشرف کے قتل کے لئے کون تیار ہے، اس نے اللہ اور اس کے رسول کو بہت ستایا ہے؟ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس کام کا بیڑا اٹھایا اور عرض کیا: یارسول اللہ! اس کے سامنے کچھ نہ کچھ کہنا پڑے گا، آپؐ نے فرمایا: جو مناسب سمجھو کہنا، چنانچہ محمد بن مسلمہؓ اپنے چند رفقاء کے ساتھ کعب بن اشرف سے ملنے گئے اور دورانِ گفتگو اس سے کہا یہ شخص ہم سے صدقہ اور زکوٰۃ مانگتا رہتا ہے، اس نے ہم کو پریشان کردیا ہے، اس لئے ہم آپ کے پاس غلہ قرض لینے آئے ہیں، کعب نے کہا: ابھی کیا ہے؟ آگے دیکھنا ہوتا کیا ہے؟ آگے تم اور بھی اس سے اکتا جاؤ گے، محمد بن مسلمہؓ نے کہا: اب تو ہم اس کی پیروی کرچکے ہیں، اس لئے فوراً اس کو چھوڑنا نہیں چاہتے، انجام کے منتظر ہیں کہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے؟ اس وقت تو ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں غلہ قرض دیں، کعب نے بطور گروی عورتوں کو طلب کیا، ان لوگوں نے کہا: اپنی عورتوں کو کیسے گروی رکھ سکتے ہیں؟ اول تو غیرت اور حمیت گوارا نہیں کرتی، پھر آپ نہایت حسین وجمیل اور نوجوان ہیں، کعب نے کہا: پھر تم اپنے لڑکوں کو گروی رکھو، انھوں نے کہا: یہ بات زندگی بھر ہماری اولاد کے لئے طعنہ کا سبب بن جائے گی کہ تم وہی ہو جو دودھڑی دودھڑی غلہ کے عوض میں رہن رکھے گئے تھے! ہاں ہم اپنے ہتھیار آپ کے پاس گروی رکھ سکتے ہیں، کعب نے اس کو منظور کرلیا، پھر حسب وعدہ محمد بن مسلمہؓ اپنے ساتھیوں کے ساتھ ہتھیار لے کر رات کے وقت کعب کے قلعہ پر پہنچے اور اس کو آواز دی، کعب اترنے کے لئے تیار ہوگیا، اس کو بیوی نے روکا مگر کعب نے کہا: محمد بن مسلمہ اور میرا دودھ شریک بھائی ابونائلہ ہیں، کوئی غیر نہیں، تم فکر مت کرو، بیوی نے کہا: مجھے آواز سے خون ٹپکتا ہوا نظر آرہا ہے، کعب نے کہا: شریف آدمی اگر رات کے وقت نیزہ مارنے کے لئے بلایا جائے تو بھی اس کو ضرور جانا چاہئے، جب کعب آیا تو خوشبو میں بسا ہوا تھا، محمد بن مسلمہؓ نے خوشبو کی تعریف کی اور سر سونگھنے کی اجازت مانگی کعب نے اجازت دیدی، محمد بن مسلمہؓ نے سر سونگھا اور اپنے ساتھیوں کو بھی سنگھایا، کچھ دیر کے بعد دوبارہ سر سونگھنے کی اجازت مانگی اور سر سونگھنے میں مشغول ہوگئے،

جب سر کے بال مضبوط پکڑ لئے تو ساتھیوں کو اشارہ کیا، انھوں نے فوراً اس کا سر قلم کر دیا۔

ابورافع کا قتل:

ابورافع یہودی: حجاز کا بڑا تاجر تھا، خیبر کے قریب ایک گڑھی میں رہتا تھا، مشرکین کو مسلمانوں کے خلاف ورغلانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا تھا اور رسول اللہ ﷺ کو طرح طرح سے ستاتا تھا، غزوۂ احزاب میں مختلف قبائل کو مدینہ پر چڑھا لایا تھا، اور مال وسامان سے ان کی خوب امداد کی تھی، جب قبیلہ اوس نے کعب بن اشرف کو نمٹایا جو نبی ﷺ کا جانی دشمن اور بارگاہِ رسالت کا گستاخ اور دریدہ دہن مجرم تھا تو قبیلہ خزرج کو خیال آیا کہ ہم دوسرے گستاخ اور دریدہ دہن ابورافع کو نمٹا دیں تاکہ یہ ہمارے لئے قابل فخر کارنامہ بنے، چنانچہ پانچ حضرات تیار ہوئے، اور غروبِ آفتاب کے بعد خیبر پہنچے، ابورافع کا قلعہ جب قریب آیا تو عبداللہؓ نے اپنے ساتھیوں سے کہا: آپ حضرات یہیں ٹھہریں، میں قلعہ میں گھسنے کی کوئی تدبیر کرتا ہوں، جب وہ بالکل دروازہ کے قریب پہنچ گئے تو کپڑا اوڑھ کر ایک جگہ اس طرح بیٹھ گئے جیسے کوئی قضائے حاجت کے لئے بیٹھتا ہے، دربان نے اپنا آدمی سمجھ کر پکارا: او بندۂ خدا! اگر اندر آنا ہے آجا ورنہ میں دروازہ بند کرتا ہوں، عبداللہؓ قلعہ میں داخل ہوگئے اور گدھوں کے اصطبل میں چھپ گئے، ابورافع بالاخانہ میں رہتا تھا، رات کو اس کے پاس قصہ گوئی ہوتی تھی، جب لوگ اپنے گھر واپس لوٹ گئے تو عبداللہؓ نے چابی لے کر پہلے دروازہ کھول دیا، پھر بالاخانہ پر پہنچے اور جو بھی دروازہ کھولتے اس کو اندر سے بند کر دیتے، ابورافع اپنے اہل وعیال کے درمیان سویا ہوا تھا، اور وہاں اندھیرا تھا، عبداللہؓ نے آواز دی، ابورافع نے پوچھا: کون ہے؟ عبداللہؓ آواز کی جانب بڑھے اور تلوار کا وار کیا، مگر وار پوری طرح کارگر نہ ہوا، عبداللہؓ کمرے سے باہر نکل آئے، تھوڑی دیر کے بعد پھر داخل ہوئے اور ہمدردانہ لہجہ میں ابورافع سے چیخنے کی وجہ پوچھی، ابورافع نے کہا: ابھی کسی شخص نے مجھ پر تلوار سے حملہ کیا ہے، عبداللہؓ آواز کی طرف بڑھے اور دوسرا وار کیا جس سے کاری زخم آیا، پھر انھوں نے تلوار کی دھار پیٹ پر رکھ کر اس زور سے دبائی کہ پشت تک پہنچ گئی، ابورافع کا کام تمام کر کے عبداللہؓ واپس پلٹے، سیڑھی سے اترتے ہوئے گر پڑے اور پیر میں موچ آگئی، پگڑی کھول کر ٹانگ باندھی اور اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچے، رسول اللہ ﷺ کو خوش خبری سنانے کے لئے ان کو روانہ کیا اور خود وہیں رک گئے، صبح میں قلعہ کی فصیل سے ابورافع کی موت کا اعلان ہوا، اس کو سن کر عبداللہؓ روانہ ہوئے اور ساتھیوں سے جا ملے، پھر نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچ کر سارا واقعہ بیان کیا اور پیر کی موچ کا بھی ذکر کیا، آپؐ نے اس پر دستِ مبارک پھیرا، ٹانگ ایسی ہوگئی جیسے اس کو کچھ ہوا ہی نہیں تھا، یہ صحیح بخاری کی روایت ہے اور ابن اسحاق کی روایت یہ ہے کہ ابورافع کے گھر میں پانچوں حضرات گھسے اور سب نے اس کے قتل میں حصہ لیا اور جس صحابی نے اس کے اوپر تلوار کا بوجھ ڈال کر قتل کیا تھا وہ عبداللہ بن اُنیس رضی اللہ عنہ تھے، اور اس روایت میں یہ بھی ہے کہ جب حضرت عبداللہؓ کی پنڈلی ٹوٹ گئی تو ساتھی ان کو اٹھا کر لائے اور قلعہ کی دیوار کے پاس ایک جگہ چشمہ کی نہر چل رہی تھی اس میں گھس گئے، یہود نے آگ جلا کر ہر طرف دوڑ دھوپ کی مگر کوئی ہاتھ نہیں آیا تو وہ مایوس ہو کر مقتول کے پاس

آ گئے، اور صحابہ کرام حضرات عبداللہؓ کو اٹھا کر خدمتِ نبوی میں لائے۔

اس سریہ کی تاریخ میں اختلاف ہے، ایک قول یہ ہے کہ جمادی الثانیہ ۳ ہجری میں یہ سریہ روانہ کیا گیا، دوسرا قول یہ ہے کہ ۵ ہجری میں یہ مہم مرتب کی گئی، مگر اتنی بات طے ہے کہ ابو رافع کا قتل کعب بن اشرف کے قتل کے بعد ہوا ہے،

غزوۂ احد:

جنگِ بدر میں شکست سے اور اشرافِ قریش کے قتل سے اہل مکہ کو جو صدمہ پہنچا تھا وہ بھلایا نہیں جاسکتا تھا، بدر کی اس بری طرح ہزیمت اور ذلت آمیز شکست کا زخم یوں تو ہر شخص کے دل میں تھا، لیکن جن لوگوں کے باپ، بیٹے، بھائی اور خویش و اقارب بدر میں مارے گئے تھے ان کو رہ رہ کر جوش آتا تھا، جذبہ انتقام سے ہر شخص کا سینہ لبریز تھا کہ جمادی الاخری ۳ ہجری میں سریہ زید بن حارثہ بھیجا گیا، قریش کا ایک تجارتی کارواں صفوان بن امیہ کی قیادت میں عراق کے راستہ شام جارہا تھا، نبی ﷺ نے سو سواروں کا ایک رسالہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی کمان میں روانہ کیا، حضرت زیدؓ نے نہایت تیزی سے راستہ طے کیا اور قریش کے کارواں کو جالیا، اور پورے قافلہ پر قبضہ کرلیا، اس قافلہ سے بڑی مقدار میں مالِ غنیمت حاصل ہوا، بدر کے بعد قریش کے لئے یہ سب سے الم ناک نکبت تھی، جس سے ان کے قلق و اضطراب میں اضافہ ہوگیا، اور قریش کا جوش انتقام اور بڑھ گیا۔

چنانچہ عمائدین قریش دار الندوہ میں جمع ہوئے اور شام سے لوٹنے والے قافلۂ تجارت کے تمام منافع کو مسلمانوں کے خلاف جنگ میں صرف کرنے کا فیصلہ کیا، سب نے نہایت طیب خاطر سے اس کو قبول کیا اور زر منافع جس کی مقدار ایک ہزار اونٹ اور پچاس ہزار دینار تھی، جنگ کی تیاری کے لئے روک لیا اور رضا کارانہ جنگی خدمت کا دروازہ کھول دیا، احابیش، کنانہ اور اہل تہامہ کو مسلمانوں کے خلاف جنگ میں شرکت کی دعوت دی اور ترغیب و تحریض کی مختلف صورتیں اختیار کیں، ابوعزّہ شاعر جو جنگِ بدر میں قید ہوا تھا اور جس کو بلا فدیہ یہ عہد لے کر چھوڑ دیا گیا تھا کہ وہ نبی ﷺ کے خلاف کسی کا تعاون نہیں کرے گا: اس نے عہد و پیمان کو پس پشت ڈال کر جذبات غیرت و حمیت کو شعلہ زن کرنے والے اشعار کے ذریعہ قبائل کو بھڑکانا شروع کیا، مُسافع بن عبد مناف جمحی شاعر نے بھی مسلمانوں کے خلاف خوب جذبات بھڑکائے، غرض قریش نے خوب تیاری کی اور عورتوں کو بھی ہمراہ لیا تاکہ وہ رجزیہ اشعار سے لڑنے والوں کی ہمت بڑھائیں اور بھاگنے والوں کو غیرت دلائیں، نیز لڑنے والے عورتوں کی بے حرمتی کے خیال سے دل کھول کر اور سینہ ٹھوک کر لڑیں، پیچھے ہٹنے کا نام نہ لیں، اور قبائل میں قاصد دوڑائے کہ اس جنگ میں شریک ہوکر دادِ شجاعت دیں، اس طرح تین ہزار آدمیوں کا لشکر جمع ہوگیا، جن میں سات سو زرہ پوش تھے، دو سو گھوڑے، تین ہزار اونٹ اور پندرہ عورتیں ہمراہ تھیں، یہ تین ہزار کا لشکر جرار نہایت کر و فر سے روانہ ہوا، ابوسفیان پورے لشکر کا سپہ سالار مقرر کیا گیا، رسالہ (گھڑسواروں) کی کمان خالد بن الولید کو دی گئی، اور عکرمہ بن ابی جہل کو ان کا معاون بنایا گیا، پرچم دستور کے مطابق قبیلہ بنی عبد الدار کے ہاتھ میں دیا گیا، اس طرح پوری تیاری کرکے مکی لشکر مدینہ کی

طرف روانہ ہوا اور احد پہاڑ کے قریب عینین نامی مقام پر جو مدینہ کے شمال میں وادی قناۃ کے کنارے ایک بیکار زمین تھی وہاں پڑاؤ ڈالا، یہ جمعہ ٦ شوال ۳ ہجری کا واقعہ ہے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے قریش کی ساری نقل وحرکت اور جنگی تیاری کی تفصیلات پر مشتمل ایک نامہ نبی ﷺ کی خدمت میں روانہ کیا، قاصد پھرتیلا ثابت ہوا، وہ صرف تین دن میں مدینہ پہنچ گیا، یہ خبر پاتے ہی آپؐ نے دو صحابہ کو قریش کی خبر لینے کے لئے روانہ فرمایا، انھوں نے آکر اطلاع دی کہ قریش کا لشکر مدینہ کے بالکل قریب آپہنچا ہے، آپؐ نے حسب معمول صحابہ سے مشورہ کیا، نبی ﷺ کی رائے یہ تھی کہ مدینہ میں رہ کر مقابلہ کیا جائے، عبداللہ بن ابی کی بھی یہی رائے تھی، مگر نوجوانوں نے اور فضلائے صحابہ کی ایک جماعت نے جو بدر میں شرکت سے رہ گئے تھے، مشورہ دیا کہ باہر نکل کر مقابلہ کیا جائے، اور انھوں نے اپنی اس رائے پر اصرار کیا، چنانچہ نبی ﷺ نے اکثریت کے اصرار پر اپنی رائے ترک فرمادی اور آخری فیصلہ یہی ہوا کہ مدینہ سے باہر نکل کر کھلے میدان میں مقابلہ کیا جائے، چنانچہ ۱۱ شوال ۳ ہجری بروز جمعہ بعد نماز عصر آپؐ ایک ہزار افراد پر مشتمل جمعیت لے کر احد کی طرف روانہ ہوئے، راستہ میں شیخان نامی جگہ میں رات گذاری، لشکر کا جائزہ لیا، اور جو بچے جنگ کے قابل نہیں تھے ان کو واپس کیا، ہفتہ کی صبح جب آپؐ احد کی طرف روانہ ہوئے تو عبداللہ بن ابی یہ بہانہ بنا کر کہ اس کا مشورہ نہیں مانا گیا اپنے تین سو آدمیوں کے ساتھ واپس ہوگیا، اب اسلامی لشکر میں سات سو صحابہ رہ گئے، جن میں سے سو زرہ پوش تھے اور لشکر میں صرف دو گھوڑے تھے۔

نبی ﷺ نے احد پہاڑ کو پشت پر رکھ کر صف آرائی کی اور پچاس تیر اندازوں کا ایک دستہ عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کی امارت میں احد کی ایک گھاٹی پر ممکنہ حملہ سے بچاؤ کے لئے اس تاکید کے ساتھ متعین کیا کہ خواہ فتح ہو یا شکست وہ اپنی جگہ سے نہ ہٹیں، پھر انفرادی مقابلہ میں کفار کو شکست ہوئی اس کے بعد عام جنگ شروع ہوئی، حضرات حمزہ، علی، اور ابودجانہ رضی اللہ عنہم دشمن پر اس طرح ٹوٹے کہ صفیں کی صفیں صاف کردیں، کفار کے قدم اکھڑنے لگے، وہ گھاٹیوں کی طرف بھاگے اور مسلمان غنیمت جمع کرنے لگے، پہاڑی پر جو تیر انداز مقرر کئے گئے تھے وہ بھی غنیمت جمع کرنے کے لئے چل دیئے، امیر نے روکا بھی مگر انھوں نے کہا: مطلع صاف ہے اور فیصلہ ہوچکا ہے اب یہاں رہنے کی ضرورت نہیں، صرف دس آدمی حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہ گئے، خالد بن الولید نے گھاٹی خالی دیکھ کر چار سو افراد کے ساتھ اس طرف سے حملہ کردیا اور وہاں موجود صحابہ کو شہید کردیا، اور پشت سے مسلمانوں پر حملہ کردیا، اس ناگہانی حملہ سے جنگ کی صورت حال بدل گئی، آگے کی جانب سے پسپا ہونے والا کفار کا لشکر بھی پلٹ گیا، اب اسلامی لشکر دونوں طرف سے نرغہ میں تھا، گھمسان کی لڑائی ہوئی، اپنے پرائے کا امتیاز ختم ہوگیا، اور بے خبری میں مسلمانوں کی تلواریں مسلمانوں کے خون سے رنگین ہونے لگیں، اسی دوران کسی نے نبی ﷺ کی شہادت کی بے بنیاد خبر اڑادی، صحابہ کے دل بیٹھ گئے، بعض نے ہتھیار پھینک دیئے، بعض میدان سے ہٹ گئے، بعض بے جگری سے لڑنے لگے کہ آپؐ کے بعد زندگی کا لطف ہی کیا رہا؟ مگر افراتفری کے اس عالم

میں کچھ جان باز صحابہ آپؐ کے ساتھ رہے، حضرات علی، ابوطلحہ، سعد بن ابی وقاص، اور ابودجانہ رضی اللہ عنہم انہی جاں بازوں میں سے تھے، کفار کے پے بہ پے حملوں سے نبی ﷺ کے دانت کا ایک حصہ شہید ہوگیا، ہونٹ زخمی ہوگیا، ماتھے میں خود کا حلقہ گڑ گیا، پیشانی مبارک خون آلود ہوگئی، ستر کے قریب مسلمان شہید ہوئے اور کفار کے ۲۳ آدمی مارے گئے۔

غزوۂ حمراء الاسد:

جنگ ختم ہونے کے بعد نبی ﷺ کو اندیشہ لاحق ہوا کہ اگر مشرکین نے سوچا کہ جنگ میں اپنا پلہ بھاری ہوتے ہوئے بھی ہم نے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا تو انہیں یقیناً ندامت ہوگی اور وہ پلٹ کر مدینہ پر حملہ کریں گے اس لئے آپؐ نے مکی لشکر کے تعاقب کا فیصلہ کیا، چنانچہ معرکہ احد کے دوسرے دن یعنی یکشنبہ ۱۶ شوال ۳ ہجری کو علی الصباح اعلان فرمایا کہ دشمنوں کے تعاقب کے لئے چلنا ہے، اور صرف وہی چلے جو معرکہ احد میں شریک تھا، عبداللہ بن ابی نے ساتھ چلنے کی اجازت چاہی مگر آپؐ نے اجازت نہیں دی، مسلمان سب زخموں سے چور، غم سے نڈھال اور خوف سے دوچار تھے، مگر سب بلاتردد تیار ہوگئے، چنانچہ نبی ﷺ مسلمانوں کو ہمراہ لے کر روانہ ہوئے اور مدینہ سے آٹھ میل پر حمراء الاسد میں خیمہ زن ہوئے، وہاں قبیلہ خزاعہ کا سردار معبد بن ابی معبد خزاعی احد کی شکست کی خبر سن کر بغرض تعزیت آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: آپؐ مجھ سے کوئی خدمت لینا چاہیں تو لیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ابوسفیان کے پاس جاؤ اور اس کی حوصلہ شکنی کرو۔

ادھر نبی ﷺ کو جو اندیشہ لاحق ہوا تھا وہ واقعہ بنا، ابوسفیان مدینہ سے چھتیس میل دور مقام روحاء میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھا کہ لوگ ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے کہ تم لوگوں نے کچھ نہیں کیا، مسلمانوں کی شوکت وقوت توڑ کر انہیں یونہی چھوڑ دیا، وہ پھر تمہارے لئے دردسر بن سکتے ہیں، پس واپس چلو اور انہیں جڑ سے اکھاڑ دو، صفوان بن امیہ نے اس کی مخالفت کی اور کہا: مجھے خطرہ ہے کہ جو مسلمان غزوہ میں شریک نہیں ہوئے تھے وہ بھی اب تمہارے خلاف جمع ہوجائیں گے، لہٰذا واپس چلو، فتح تمہاری ہے، مدینہ پر پھر چڑھائی کروگے تو گردش میں آجاؤگے، مگر بھاری اکثریت نے اس رائے کو قبول نہیں کیا اور مدینہ پر دوبارہ چڑھائی کا فیصلہ کیا، ابھی کفار یہ سوچ ہی رہے تھے کہ معبد خزاعی وہاں پہنچ گیا، ابوسفیان نے اس کے سامنے اپنا خیال ظاہر کیا کہ میرا ارادہ یہ ہے کہ دوبارہ مدینہ پر حملہ کیا جائے، معبد نے کہا: محمد (ﷺ) تو بڑی عظیم جمعیت لے کر تمہارے مقابلہ اور تعاقب کے لئے نکلے ہیں اور تم کوچ کرنے سے پہلے گھوڑوں کی پیشانیاں دیکھ لوگے اور لشکر کا ہراول دستہ ٹیلہ کے پیچھے سے نمودار ہوجائے گا، یہ باتیں سن کر مکی لشکر کے حوصلے ٹوٹ گئے اور ان پر رعب طاری ہوگیا اور انہیں اسی میں عافیت نظر آئی کہ مکہ کی جانب سفر جاری رکھیں، رسول اللہ ﷺ حمراء الاسد میں تین دن قیام فرما کر مدینہ واپس تشریف لائے۔

رجیع کا حادثہ اور بیر معونہ کا المیہ:

غزوۂ احد کے چند ماہ کے بعد صفر ۴ ہجری میں دو حادثے تقریباً ایک ساتھ پیش آئے، ایک: رجیع کا حادثہ دوسرا: بیر معونہ

کا المیہ۔

غزوۂ رجیع: صفر سن ۴ ہجری میں قبیلہ عضل اور قارہ کے کچھ لوگ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ہمارے قبیلہ نے اسلام قبول کرلیا ہے، لہٰذا چند آدمی ہمارے ساتھ بھیجئے جو ہمیں قرآن پڑھائیں اور احکام اسلام سکھلائیں، آپؐ نے دس آدمی ان کے ہمراہ کر دیئے اور ان کا امیر عاصم بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کو بنایا، جب یہ لوگ مقام رجیع پر پہنچے جو مکہ اور عسفان کے درمیان ہے تو ان غداروں نے بنولحیان کو اشارہ کیا، ان کے دو سو آدمی آئے جن میں سے سو تیر انداز تھے، حضرت عاصمؓ اپنے رفقاء کے ساتھ ایک ٹیلہ پر چڑھ گئے، بنولحیان نے نیچے اترنے کے لئے کہا اور پناہ دینے کا وعدہ کیا، حضرت عاصمؓ نے اترنے سے انکار کیا، چنانچہ سات ساتھیوں کو کافروں نے شہید کر دیا، تین ٹیلے سے نیچے اترے اور قیدی بن گئے، ان لوگوں نے ان کی مشکیں باندھنی شروع کیں، ان میں سے ایک (عبداللہ بن طارق رضی اللہ عنہ) نے کہا: یہ پہلی بے وفائی ہے اور ساتھ چلنے سے انکار کر دیا، مشرکین نے ان کو شہید کر دیا، اور حضرت خُبیب اور زید بن دثنہ رضی اللہ عنہما کو لے کر مکہ پہنچے اور دونوں کو فروخت کر دیا، حضرت زید رضی اللہ عنہ کو صفوان نے خرید کر اپنے باپ کے قصاص میں فوراً قتل کر دیا حضرت زیدؓ نے امیہ بن خلف کو بدر میں قتل کیا تھا، اور حضرت خبیبؓ نے بدر میں حارث بن عامر کو قتل کیا تھا، ان کو اس کے لڑکوں نے خریدا اور اشہر حرام گذرنے کے بعد تنعیم میں لے جا کر سولی دی، اس وقت انھوں نے دو نفلیں پڑھیں اور دو شعر پڑھے پھر شہید ہو گئے۔

بیر معونہ کا واقعہ: ماہ صفر سن ۴ ہجری میں عامر بن مالک ابو براء نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ہدیہ پیش کیا، آپؐ نے قبول نہیں کیا، اور اس کو اسلام کی دعوت دی، ابو براء نے اسلام قبول نہیں کیا اور نہ رد کیا بلکہ عرض کیا: آپؐ اپنے چند صحابہ کو اہل نجد کی طرف دعوت اسلام کی غرض سے روانہ فرمائیں، میں امید کرتا ہوں کہ وہ اس دعوت کو قبول کرلیں گے، آپؐ نے اہل نجد کی طرف سے اندیشہ کا اظہار کیا، ابو براء ضامن بنا تو رسول اللہ ﷺ نے ستر صحابہ کو جو قراء کہلاتے تھے اور جو نہایت مقدس اور پاکیزہ لوگ تھے اس کے ہمراہ روانہ کر دیا، اور منذر بن عمرو ساعدی رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر فرمایا، یہ لوگ چل کر بیر معونہ پر ٹھہرے، نبی ﷺ نے ایک خط عامر بن طفیل کے نام جو بنی عامر کے سردار ابو براء عامر بن مالک کا بھتیجہ تھا لکھوا کر حضرت حرام بن ملحان رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا تھا، جب یہ لوگ بیر معونہ پر پہنچے تو حرام بن ملحانؓ آپؐ کا والا نامہ لے کر عامر بن طفیل کے پاس گئے، اس نے خط دیکھنے سے پہلے ہی ایک شخص کو اشارہ کیا، اس نے پیچھے سے نیزہ مارا اور آپ نے جامِ شہادت نوش فرمایا، اس کے بعد بنی عامر کو بقیہ صحابہ کے قتل پر ابھارا، لیکن ابو براء کے پناہ دینے کی وجہ سے بنی عامر نے ساتھ دینے سے انکار کیا، عامر بن طفیل نے بنی سُلیم سے امداد چاہی، عُصَیَّۃ، رعل اور ذکوان قبائل اس کی مدد کے لئے تیار ہو گئے، اور سب نے مل کر تمام صحابہ کو شہید کر ڈالا، صرف کعب بن زید انصاری رضی اللہ عنہ کو مردہ سمجھ کر چھوڑ دیا، وہ بعد میں مدت تک زندہ رہے اور غزوۂ خندق میں شہید ہوئے، ان کے علاوہ دو شخص اور بھی بچ گئے، ان کے نام منذر بن محمد اور عمرو بن

امیہ ضمری رضی اللہ عنہما ہیں، یہ دونوں مویشی چرانے جنگل گئے تھے، نبی ﷺ کو اس واقعہ سے سخت صدمہ ہوا اور آپؐ نے ایک ماہ تک ان قبائل کے حق میں بددعا کی، پھر جب آیت: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾: نازل ہوئی تو بددعا بند کردی۔

غزوۂ خندق:

غزوۂ احد سے واپسی کے وقت ابوسفیان نے آئندہ سال بدر میں پھر جنگ لڑنے کا اعلان کیا تھا، چنانچہ اگلے سال نبی ﷺ نے جنگ کی تیاری کی اور شعبان ۴ ہجری میں بدر کا رخ کیا، آپؐ کے ساتھ ڈیڑھ ہزار فوج تھی اور دس گھوڑے تھے، آپؐ بدر پہنچ کر مشرکین کے انتظار میں خیمہ زن ہوگئے، دوسری طرف ابوسفیان بھی پچاس سواروں سمیت دو ہزار مشرکین کی جمعیت لے کر نکلا اور وادی مر الظہران پہنچ کر مَجِنَّة نامی چشمہ پر خیمہ زن ہوا، مگر وہ مکہ سے بوجھل اور بددل نکلا تھا، مر الظہران میں اس کی ہمت جواب دے گئی، وہ قحط سالی کا بہانہ بنا کر وہیں سے لوٹ گیا، احد میں آخر میں پلڑا بھاری ہونے کے باوجود قریش مسلمانوں کا استیصال نہیں کرسکے تھے اس کا ان کو شدید افسوس تھا، وہ چاہتے تھے کہ مدینہ والوں کے ساتھ ایک فیصلہ کن جنگ لڑیں اور مسلمانوں کی جڑ کاٹ دیں، نیز یہود بنی نضیر جو مدینہ سے نکالے گئے تھے اور خیبر میں جا کر آباد ہوگئے تھے ان کے دلوں کا غصہ بھی ٹھنڈا نہیں ہوا تھا، انھوں نے سازش شروع کی اور مسلمانوں پر ایک ایسی آخری ضرب لگانے کی تیاری کی جس کے نتیجہ میں مسلمانوں کا چراغ گل ہوجائے، بنونضیر کے بیس سردار قریش کے پاس گئے اور انہیں مسلمانوں کے خلاف آمادۂ جنگ کرنے کے لئے اپنی مدد کا پورا یقین دلایا، پھر یہ وفد بنوغطفان کے پاس گیا اور قریش ہی کی طرح انہیں بھی آمادۂ جنگ کیا، پھر اس وفد نے باقی قبائل میں گھوم کر لوگوں کو جنگ کی ترغیب دی، اس طرح یہودی بازی گروں نے کامیابی کے ساتھ کفر کے بڑے بڑے گروہوں اور جتھوں کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکا کر جنگ کے لئے تیار کرلیا، چنانچہ شوال ۵ ہجری میں قریش، کنانہ اور تہامہ میں آباد دوسرے حلیف قبائل نے مدینہ کی جانب کوچ کیا، ان کا سپہ سالار ابوسفیان تھا اور ان کی تعداد چار ہزار تھی، جب یہ لشکر مر الظہران پہنچا تو بنوسلیم بھی اس میں شامل ہوگئے، اور مشرق کی طرف سے غطفانی قبائل: فزارہ، مرّہ اور اشجع نے کوچ کیا، ان تمام قبائل نے مقررہ وقت اور مقررہ پروگرام کے مطابق مدینہ کا رخ کیا، ان کی مجموعی تعداد دس ہزار تھی، جو مدینہ کی پوری آبادی سے بھی زیادہ تھی، یہ سب عزم مصمم لے کر چلے تھے کہ اس مرتبہ مسلمانوں کا استیصال کرکے ہی لوٹیں گے۔

نبی ﷺ کو جب ان کی روانگی کی اطلاع ملی تو آپؐ نے صحابہ سے مشورہ کیا، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے خندق کھودنے کا مشورہ دیا، انھوں نے کہا: فارس میں جب زبردست لشکر حملہ آور ہوتا ہے تو خندق کھود کر دشمن کا مقابلہ کیا جاتا ہے، سب نے اس رائے کو پسند کیا، چنانچہ کوہ سلع کے قریب خندق کھودی گئی، رسول اللہ ﷺ نے خود اس کے حدود قائم فرمائے اور خط کھینچ کر دس دس آدمیوں پر دس دس گز زمین تقسیم فرمائی، خندق اس قدر گہری کھودی گئی کہ تری نکل آئی، یہ قحط کا

زمانہ تھا، سردی کا موسم تھا، راتیں ٹھنڈی تھیں، ٹھنڈی ہواؤں کے جھکڑ چل رہے تھے، صحابہ پیٹ پر پتھر باندھے ہوئے تھے، تین ہزار صحابہ ذوق وشوق سے خندق کھودنے میں جُتے ہوئے تھے، جذبۂ ایمانی پر جوش تھا، سب مل کر نغمہ زن تھے، سرکارِ مدینہ ﷺ بذاتِ خود شریک کار تھے، شکم مبارک غبار سے اٹ گیا تھا، اور زبان پر حمد وشکر کا ترانہ تھا، چھ دن میں خندق کی کھدائی مکمل ہوئی اور لشکر اسلام وہاں خیمہ زن ہوا، کفار کا لشکر مدینہ پہنچا تو خندق نے ان کا استقبال کیا، وہ حیران رہ گئے، یہ صورت حال ان کے لئے نئی تھی اور پریشان کن بھی، خندق عبور کرنے کی کوئی صورت نہیں تھی، طرفین سے تیر اندازی شروع ہوگئی، بیس دن یا ایک ماہ تک یہ سلسلہ جاری رہا، مشرکین خندق پار کرنے کی پوری کوشش کرتے تھے، لیکن مسلمان تیروں سے ان کا استقبال کرتے تھے، اور ایسی پامردی سے ان کا مقابلہ کرتے تھے کہ ان کی ہر کوشش ناکام ہوجاتی تھی، ان پرزور مقابلوں میں نبی ﷺ اور صحابہ کرامؓ کی بعض نمازیں بھی فوت ہوگئیں، جو بعد میں قضا کی گئیں، اور اسی تیر اندازی کے دوران حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو ایک تیر لگا جس سے ان کے بازو کی شہ رگ کٹ گئی اور وہی بالآخر ان کی موت کا سبب بنی، ایک جماعت نے جن میں عمرو بن ودّ، عکرمہ بن ابی جہل اور ضرار بن خطاب وغیرہ تھے ایک تنگ مقام سے خندق پار کرلی اور مسلمانوں کو مقابلہ کے لئے للکارا، حضرت علی رضی اللہ عنہ چند مسلمانوں کے ہمراہ نکلے اور عمرو بن ودّ کے مقابل ہوئے، دونوں میں پرزور ٹکر ہوئی، ہر ایک نے دوسرے پر بڑھ چڑھ کر وار کئے بالآخر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کا کام تمام کردیا، باقی مشرکین بھاگ کر خندق پار چلے گئے، وہ اس قدر حواس باختہ تھے کہ عکرمہ بھاگتے ہوئے اپنا نیزہ بھی چھوڑ گیا۔

ایک طرف مسلمان محاذ جنگ پر مشکلات سے دوچار تھے دوسری طرف خیبر کے یہودی اس کوشش میں تھے کہ مسلمانوں سے آخری بدلہ لے لیں، چنانچہ بنونضیر کے سردار حیی بن اخطب نے بنوقریظہ کے سردار کعب بن اسد کو ورغلانا شروع کیا، کعب نے نبی ﷺ سے معاہدہ کیا تھا کہ جنگ کے وقت اس کا قبیلہ آپؐ کی مدد کرے گا، حیی نے طرح طرح کی باتیں کرکے اور سبز باغ دکھا کر اس کو نقض عہد پر راضی کرلیا، اور بنوقریظہ عملی طور پر جنگی کاروائیوں میں شریک ہوگئے، اور مشرکین کے ساتھ اپنے اتحاد کا عملی ثبوت پیش کرنے کے لئے رسد رسانی بھی شروع کردی۔ جب نبی ﷺ کو بنوقریظہ کی بدعہدی کی اطلاع ملی تو آپؐ نے تحقیق حال کے لئے حضرت سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما کو بھیجا، انھوں نے بنو قریظہ کو انتہائی خباثت پر آمادہ پایا، انھوں نے علانیہ گالیاں بکیں، اور رسول اللہ ﷺ کی اہانت کی، منافقین نے بھی سر ابھارا وہ کہنے لگے: محمد (ﷺ) ہم سے وعدہ کرتے تھے کہ ہم قیصر وکسری کے خزانے لوٹیں گے، جبکہ یہاں حالت یہ ہے کہ استنجے جانا بھی خطرہ سے خالی نہیں، اور بعض منافقین یہ کہہ کر کہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں گھروں کو لوٹ گئے، ایک طرف لشکر کا یہ حال تھا دوسری طرف رسول اللہ ﷺ کی یہ حالت تھی کہ آپؐ بنوقریظہ کی بدعہدی کی خبر سن کر اپنا سر اور چہرہ کپڑے سے ڈھانک کر چت لیٹ گئے اور دیر تک لیٹے رہے، اس سے صحابہ کا اضطراب بڑھ گیا مگر جلد ہی آپؐ پر امید غالب آگئی، آپؐ نے اللہ کی مدد اور فتح کی خوشخبری سنائی اور پیش آمدہ حالات سے نمٹنے کی صورتوں پر غور شروع کیا، چنانچہ مدینہ کی حفاظت کے

لئے فوج کا ایک حصہ روانہ فرمایا تاکہ یہود کے ممکنہ حملہ سے عورتیں اور بچے محفوظ رہیں، اور دشمن کے مختلف گروہوں میں پھوٹ ڈالنے کے مقصد سے بنوغطفان کے دونوں سرداروں عیینہ بن حصن اور حارث بن عوف سے مدینہ کی ایک تہائی پیداوار پر مصالحت کرنے کا ارادہ فرمایا، مگر اوس وخزرج کے دونوں سردار حضرت سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما نے بیک زبان عرض کیا: یارسول اللہ! اگر یہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے تو سر آنکھوں پر! اور اگر آپؐ محض ہماری خاطر ایسا کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اس کی ضرورت نہیں، ہم جب مشرک تھے تب وہ لوگ میزبانی یا خرید وفروخت کے سوا ایک دانہ کی بھی طمع نہیں کر سکتے تھے، اب جبکہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو دولت اسلام سے نوازا اور آپؐ کے ذریعہ عزت بخشی، ہم اپنا مال ان کو کیسے دے سکتے ہیں؟ اب تو ہم ان کو اپنی تلواریں دیں گے، آپؐ نے فرمایا: جب میں نے دیکھا کہ سارا عرب تم پر پل پڑا ہے اور ایک کمان سے وار کیا ہے تو تمہاری خاطر میں نے یہ کام کرنا چاہا تھا، پھر مدد خداوندی آئی، دشمن میں پھوٹ پڑگئی اور ان کی دھار کند ہوگئی، ہوا یہ کہ غطفان کے ایک صاحب جن کا نام نُعیم بن مسعود بن عامر اشجعی تھا، رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر حلقہ بگوش اسلام ہوئے اور عرض کیا کہ ابھی لوگوں کو میرے اسلام کا علم نہیں، آپؐ مجھے کوئی حکم دیں میں اس کی تعمیل کروں گا، آپؐ نے ان سے دشمن میں پھوٹ ڈالنے اور ان کی حوصلہ شکنی کرنے کے لئے فرمایا، چنانچہ حضرت نعیم رضی اللہ عنہ فوراً بنوقریظہ کے پاس پہنچے، زمانۂ جاہلیت سے ان کا ان کے ساتھ بڑا میل جول تھا، اور ان سے کہا: قریش کا معاملہ آپ لوگوں سے مختلف ہے، آپ لوگ یہاں کے ہیں، آپ لوگوں کا گھر بار یہاں ہے، مال ودولت اور کاروبار یہاں ہے، آپ لوگ اسے چھوڑ کر کہیں نہیں جا سکتے اور قریش وغطفان باہر کے ہیں، وہ محمد (ﷺ) سے جنگ کرنے آئے تو آپ لوگوں نے ان کا ساتھ دیا، کل کو اگر وہ بوریا بستر باندھ کر چل دیئے تو آپ لوگ ہونگے اور محمد (ﷺ) وہ جس طرح چاہیں گے آپ لوگوں سے انتقام لیں گے، اس پر بنوقریظہ چونکے، انھوں نے کہا: بتایئے اب کیا کیا جائے؟ حضرت نعیمؓ نے کہا: قریش جب تک آپ لوگوں کو اپنے آدمی یرغمال کے طور پر نہ دیں، آپ ان کے ساتھ جنگ میں شریک نہ ہوں، بنوقریظہ نے اس رائے کو پسند کیا، پھر حضرت نعیمؓ قریش کے پاس گئے اور ان سے کہا: بنوقریظہ نے محمد (ﷺ) کے ساتھ جو عہد شکنی کی ہے وہ اس پر نادم ہیں اور انھوں نے طے کیا ہے کہ آپ لوگوں سے کچھ یرغمال حاصل کر کے محمد (ﷺ) کے حوالہ کردیں، اور اس طرح محمد (ﷺ) سے اپنا معاملہ استوار کرلیں، لہٰذا اگر وہ یرغمال طلب کریں تو آپ لوگ ہرگز اپنے آدمی نہ دیں، پھر غطفان کے پاس جاکر بھی یہی بات کہی، اس طرح ان کے بھی کان کھڑے کردیئے۔

اس کے بعد جمعہ اور ہار کی درمیانی رات میں قریش نے یہود کے پاس پیغام بھیجا کہ ہمارا قیام کسی سازگار اور موزوں جگہ نہیں ہے، گھوڑے اور اونٹ مر رہے ہیں، اس لئے اِدھر سے ہم اور اُدھر سے آپ لوگ اٹھیں اور ایک ساتھ محمد (ﷺ) پر حملہ کردیں، یہود نے جواب دیا: آج ہار کا دن ہے، آج ہم کچھ نہیں کر سکتے، علاوہ ازیں جب تک آپ لوگ اپنے کچھ آدمی یرغمال کے طور پر نہیں دوگے ہم لڑائی میں شریک نہیں ہونگے، یہ جواب سن کر قریش اور غطفان نے نعیم کو سچا خیال کیا اور یہود

کو کہلا بھیجا کہ ہم آپ کو کوئی آدمی نہیں دیں گے، بغیر کسی ضمانت کے آپ لوگ ہمارے ساتھ مل کر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے لڑیں، قریش وغطفان کا یہ جواب پا کر بنوقریظہ نے بھی نعیم کی تصدیق کی۔

اس طرح دونوں فریقوں کا اعتماد ایک دوسرے سے اٹھ گیا اور ان کی صفوں میں پھوٹ پڑ گئی، اور ان کے حوصلے ٹوٹ گئے، ادھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمان دعاؤں میں مصروف تھے، اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمائی اور قریش وغطفان پر ایک سخت ہوا مسلط کی جس نے کفار کے خیمے اکھاڑ دیئے، ہانڈیاں پلٹ دیں، طنابیں اکھاڑ دیں، کسی چیز کو قرار نہ رہا، جس سے کفار کا تمام لشکر سراسیمہ ہو گیا اور صبح کی پو پھٹنے سے پہلے ہی بدحواسی کے عالم میں واپس مکہ روانہ ہو گیا۔

اس غزوہ کے وقوع میں اختلاف ہے، موسیٰ بن عقبہؒ کے نزدیک یہ غزوہ شوال ۴ ہجری میں ہوا ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی رائے کو اختیار کیا ہے، مگر جمہور ائمہ مغازی کے نزدیک یہ غزوہ ۵ ہجری میں ہوا ہے، اس غزوہ میں تمام قبائل کی مجموعی تعداد دس ہزار تھی اور سامان جنگ بھی بدر واحد سے زیادہ تھا، اور اسلامی لشکر کی تعداد کل تین ہزار تھی اور چھتیس گھوڑے تھے، کفار کا محاصرہ تقریباً ایک ماہ رہا، چونکہ دونوں فوجوں کے درمیان خندق حائل تھی اس لئے دست بدست اور خوں ریز جنگ کی نوبت نہیں آئی، صرف تیراندازی ہوتی رہی، فریقین کے چند افراد مارے گئے، چھ مسلمان شہید ہوئے اور دس مشرک جہنم رسید ہوئے۔

غزوۂ بنوقریظہ:

چونکہ یہود بنی قریظہ نے غزوۂ خندق میں کفار کا ساتھ دے کر مسلمانوں کے ساتھ معاہدہ کی صریح خلاف ورزی کی تھی، اس لئے مسلمانوں نے غزوۂ خندق سے فارغ ہو کر مدینہ پہنچ کر ابھی ہتھیار رکھے ہی تھے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں غسل کی تیاری کر رہے تھے، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا: کیا آپؐ نے ہتھیار رکھ دیئے، فرشتوں نے ابھی ہتھیار نہیں رکھے! آپؐ نے پوچھا: اللہ کا کیا حکم ہے؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بنوقریظہ کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: میں فرشتوں کے ساتھ بنوقریظہ کی طرف جا رہا ہوں، ان کے قلعوں میں زلزلہ برپا کر دوں گا اور ان کے دلوں میں رعب ڈالوں گا، چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منادی کرائی کہ جو شخص سمع وطاعت پر قائم ہے وہ ظہر یا عصر بنو قریظہ میں پڑھے، صحابہ تیاری کر کے فوراً روانہ ہو گئے، اور بنوقریظہ کے قلعوں کا محاصرہ کر لیا، بنوقریظہ قلعہ بند ہو گئے ان کے پاس رسد کافی مقدار میں تھی، لیکن جب محاصرہ طویل ہوا تو وہ پریشان ہو گئے، ان کے سردار کعب بن اسد نے قوم کے سامنے تین باتیں پیش کیں: (۱) سب مسلمان ہو جاؤ (۲) بیوی بچوں کو اپنے ہاتھ سے قتل کر دو پھر پوری قوت کے ساتھ اسلامی افواج سے ٹکرا جاؤ (۳) یا آئندہ کل سنیچر کا دن ہے، مسلمان غافل ہونگے، اچانک ان پر ٹوٹ پڑو، یہود نے ان میں سے کوئی تجویز منظور نہیں کی، اب ان کے لئے صرف ایک ہی راستہ تھا کہ ہتھیار ڈال دیں اور اپنی قسمت کا فیصلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ کر دیں،

چنانچہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے فیصلے پر راضی ہوکر بنوقریظہ قلعوں سے اتر آئے، حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فیصلہ کیا کہ تمام بالغ مردوں کو قتل کردیا جائے، عورتوں اور بچوں کو قیدی بنالیا جائے اوران کے اموال تقسیم کردیئے جائیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''سعدؓ نے وہی فیصلہ کیا جو سات آسمانوں کے اوپر سے اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے'' چنانچہ فیصلہ کے مطابق بنوقریظہ کے بالغ مرد قتل کئے گئے جن کی تعداد چارسوتھی، چند حضرات فیصلہ سے پہلے مسلمان ہوگئے اوران کی جان اور مال محفوظ رہا، اور بنونضیر کا سردار حیی بن اخطب اپنے وعدہ کے مطابق بنوقریظہ کے پاس قلعہ میں آگیا تھا اس کی بھی گردن ماردی گئی۔

غزوۂ ذات الرقاع:

اس غزوہ کو ذات الرقاع کیوں کہتے ہیں؟ اس میں مختلف اقوال ہیں، مشہور قول یہ ہے کہ اس غزوہ میں صحابہ کے پاس جوتے چپل نہیں تھے، اور زمین پتھریلی تھی، اس لئے ننگے پیر چلنے کی وجہ سے پاؤں زخمی ہوگئے تھے، اور صحابہ نے پاؤں پر چیتھڑے لپیٹے تھے، اس لئے اس غزوہ کا نام ذات الرقاع (چیتھڑوں والا) پڑا۔

نبی ﷺ کو اطلاع ملی کہ غطفان کے دو قبیلے محارب وثعلبہ مسلمانوں کے خلاف منظّم ہورہے ہیں، چنانچہ آپؐ نے چارسو یا سات سو صحابہ کے ساتھ بلادنجد کا رخ کیا اور مدینہ سے دو دن کی مسافت پر مقام نخل میں پڑاؤ ڈالا، بنوغطفان کی ایک جمعیت سے آمنا سامنا ہوا، مگر جنگ نہیں ہوئی، البتہ اس جنگ میں چند واقعات پیش آئے، اور اس جنگ میں 'نمازِ خوف' پڑھی گئی، اس لئے اس غزوہ کو اہمیت حاصل ہوگئی۔

امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے میں یہ غزوہ: غزوۂ خیبر کے بعد پیش آیا ہے کیونکہ اس غزوہ میں حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما شریک تھے، اور یہ دونوں حضرات غزوۂ خیبر کے بعد خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے ہیں، دیگر ائمہ مغازی کے نزدیک یہ غزوہ: غزوۂ احزاب وقریظہ کے بعد غزوۂ خیبر سے پہلے پیش آیا ہے۔

غزوۂ بنی المصطلق یا غزوۂ مریسیع:

بنوالمصطلق قبیلہ خزاعہ کا بطن ہے اور خزاعہ قحطانی قبیلہ ہے، مُصطلق: جزیمہ بن سعد کا لقب ہے، اور مُرَیْسِیع: اس قبیلہ کے چشمہ کا نام ہے اس غزوہ کی تاریخ میں اختلاف ہے، بقول محمد بن اسحاق رحمہ اللہ یہ غزوہ شعبان ۶ ہجری میں اور بقول موسیٰ بن عقبہؒ سنہ ۵ ہجری میں پیش آیا ہے، نبی ﷺ کو اطلاع ملی کہ بنوالمصطلق کا سردار حارث بن ابی الضرار جنگ کے لئے اپنے قبیلہ کو اور کچھ دوسرے لوگوں کو لے کر مدینہ آرہا ہے، آپؐ نے بُریدۃ بن الحصیب اسلمی رضی اللہ عنہ کو تحقیق حال کے لئے بھیجا، بریدہؓ نے آکر تصدیق کی، چنانچہ آپؐ نے صحابہ کو تیاری کا حکم دیا، اس غزوہ میں منافقین بھی ساتھ تھے، جو اس سے پہلے کبھی نہیں نکلے تھے، حارث نے اسلامی لشکر کی خبر لانے کے لئے ایک جاسوس بھیجا، مسلمانوں نے اسے گرفتار کرکے قتل

کردیا، جب حارث کو نبی ﷺ کی روانگی کا اور اپنے جاسوس کے قتل ہوجانے کا علم ہوا تو وہ سخت خوفزدہ ہوا اور جو عرب قبائل اس کے ساتھ تھے وہ سب بکھر گئے، نبی ﷺ چشمہ مریسیع تک پہنچے بنو مصطلق آمادۂ جنگ تھے، فریقین نے صف بندی کی اور کچھ دیر تیروں کا تبادلہ ہوا پھر صحابہ نے یکبارگی حملہ کردیا اور فتح یاب ہوئے، مشرکین نے شکست کھائی، کچھ مارے گئے، عورتوں اور بچوں کو قید کیا گیا، قیدیوں میں حضرت جُویریہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں جو بنی المصطلق کے سردار حارث کی بیٹی تھیں وہ ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے حصہ میں آئیں، انھوں نے ثابت سے کتابت کا معاملہ کیا اور تعاون حاصل کرنے کی غرض سے نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ نبی ﷺ نے بدل کتابت ادا کرکے ان کو آزاد کیا اور ان سے نکاح کرلیا، اس نکاح کی برکت سے مسلمانوں نے بنوالمصطلق کے سوگھرانوں کو جو مسلمان ہوچکے تھے آزاد کردیا کیونکہ وہ نبی ﷺ کے سسرالی بن گئے تھے، اس غزوہ میں تیمّم کی آیت نازل ہوئی، اور اسی غزوہ سے واپسی میں افک کا واقعہ پیش آیا اور اسی غزوہ میں رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی نے وہ دو باتیں کہیں جو سورۃ المنافقین آیات ۷و۸ میں آئی ہیں۔

غزوۂ انمار:

بعض لوگ غزوہ بنی انمار کہتے ہیں، انمار قبیلہ بجیلہ کا بطن ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ غطفان کا دوسرا نام انمار ہے، اس لئے ارباب سیر کی دو رائیں ہیں: ایک رائے یہ ہے کہ غزوہ ذات الرقاع اور غزوہ انمار ایک ہیں، دوسری رائے یہ ہے کہ دونوں الگ الگ ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ کی پہلی رائے ہے مگر چونکہ ایک رائے غزوہ انمار کے مستقل غزوہ ہونے کی بھی ہے اس لئے اس کے لئے الگ باب لائے ہیں۔

غزوۂ حدیبیہ:

حدیبیہ ایک کنویں کا نام ہے، اس کے پاس ایک گاؤں آباد ہے وہ بھی حدیبیہ کہلاتا ہے، یہ گاؤں مکہ معظّمہ سے نو میل کے فاصلہ پر ہے، اس کا اکثر حصہ حرم میں ہے، اور کچھ حصہ حل میں ہے، یہ غزوہ ذی قعدہ سن ۶ ہجری میں پیش آیا، نبی ﷺ نے غزوۂ احزاب کے بعد خواب دیکھا کہ آپ صحابہ کے ساتھ عمرہ کے لئے مکہ تشریف لے گئے، اور باطمینان عمرہ ادا کیا، اور عمرہ کرکے بعض اصحاب نے سر منڈایا اور بعض نے بال کتروائے، یہ خواب سن کر صحابہ کے دلوں میں جو بیت اللہ کی محبت کی چنگاری دبی ہوئی تھی وہ بھڑک اٹھی اور زیارت بیت اللہ کے شوق نے سب کو بے چین اور بے تاب کردیا، چنانچہ یوم دوشنبہ یکم ذی قعدہ سن ۶ ہجری کو رسول اللہ ﷺ پندرہ سو صحابہ کے ساتھ ذوالحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھ کر اور قربانی کے اونٹ ساتھ لے کر مکہ کی طرف روانہ ہوئے، چونکہ جنگ کا کوئی ارادہ نہیں تھا، اس لئے نہ خبروں کو چھپانے کا اہتمام کیا اور نہ کسی قسم کا سامان حرب اور سلاح جنگ ساتھ لیا، صرف ضروری ہتھیار ساتھ لئے اور انہیں بھی نیام میں رکھا، جب مکہ والوں کو یہ خبر پہنچی کہ مسلمان عمرہ کرنے آرہے ہیں تو انھوں نے طے کیا کہ کسی قیمت پر مسلمانوں کو مکہ نہیں آنے دیا جائے گا، چنانچہ جب نبی

ﷺ اور صحابہ مکہ سے تین مرحلوں پر رہ گئے تو آپؐ کو اطلاع ملی کہ قریش کا ہراول دستہ خالد بن الولید کی سرکردگی میں کُراع الغمیم میں پہنچ گیا ہے، اس لئے آپؐ نے ذوطوی کا راستہ چھوڑ کر دوسرے راستہ سے مکہ میں داخل ہونے کا ارادہ کیا، ایک راہبر دشوار گذار راستہ سے آپؐ کو لے کر چلا، اس طرح آپؐ حدیبیہ میں پہنچ گئے، ورنہ عام طور پر جو لوگ مدینہ سے آتے ہیں وہ حدیبیہ سے نہیں گذرتے، حدیبیہ میں جب آپؐ نے اپنی اونٹنی کو مکہ کی طرف موڑنا چاہا تو اونٹنی بیٹھ گئی، لوگوں نے ہر چند اونٹنی کو اٹھانا چاہا، مگر اونٹنی اپنی جگہ سے نہ اٹھی، لوگوں نے کہا: قصواء اڑ گئی، آپؐ نے فرمایا: قصواء اڑی نہیں، نہ یہ اس کی عادت ہے بلکہ اس کو روک لیا ہے ہاتھی کو روکنے والے نے، پھر آپؐ نے یہ عہد کیا کہ قریش مجھ سے جس بات کا بھی مطالبہ کریں گے جس میں شعائر اللہ کی تعظیم ہوگی میں ان کا مطالبہ مان لوں گا، پھر آپؐ نے اونٹنی کو جھڑکا وہ فوراً کھڑی ہوگئی، چنانچہ آپؐ نے مکہ کا ارادہ چھوڑ دیا اور حدیبیہ کے آخر میں قیام فرمایا، اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو مکہ بھیجا تاکہ وہ انہیں بتائیں کہ ہم لڑنے نہیں آئے، عمرہ کرنے آئے ہیں، اور کعبہ شریف پر سب کا حق ہے، لہٰذا ہمیں عمرہ کرنے کا موقع دیا جائے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو یہ کہہ کر کہ ہم مشورہ کر کے جواب دیتے ہیں، مکہ والوں نے روک لیا، جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے آنے میں تاخیر ہوئی تو افواہ اڑی کہ ان کو قتل کر دیا گیا، اب جنگ ناگزیر ہوگئی، چنانچہ آپؐ نے ایک کیکر کے درخت کے نیچے صحابہ سے بیعت لی، جب اس بیعت کی اطلاع مکہ والوں کو ہوئی تو انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جلدی سے بھیج دیا، پھر سفارتوں کا سلسلہ شروع ہوا، سب سے آخر میں مصالحتی گفتگو کرنے کے لئے قریش نے سہیل بن عمرو کو بھیجا، اس کو دیکھ کر نبی ﷺ نے نیک فال لیا کہ اب معاملہ آسان ہو جائے گا، چنانچہ چند شرائط پر دس سال کے لئے صلح ہوئی اور باہم طے پایا کہ اس سال مسلمان مکہ میں داخل ہوئے بغیر واپس جائیں، اگلے سال عمرہ کرنے آئیں اور تین دن مکہ میں قیام کریں، اور ہتھیار لے کر نہ آئیں، صرف تلوار ساتھ لائیں جو میان میں اور خرجی میں ہو، جب صلح نامہ لکھا جا چکا تو نبی ﷺ نے اور صحابہ نے سر منڈا کر اور جانور ذبح کر کے احرام کھول دیا، پھر چند دن حدیبیہ میں قیام کر کے مدینہ کی جانب مراجعت فرما ہوئے، راستہ میں سورۃ الفتح نازل ہوئی اور صلح حدیبیہ کو فتح مبین (واضح کامیابی) قرار دیا گیا۔

غزوۂ ذی قرد:

قَرَد: ایک چشمہ کا نام ہے جو بلاد غطفان کے قریب ہے، امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک یہ غزوہ ۷ ہجری میں غزوۂ خیبر سے تین دن پہلے ہوا ہے، دیگر ارباب سیر کے نزدیک ۶ ہجری میں حدیبیہ سے پہلے ہوا ہے، ذوقرد نبی ﷺ کی اونٹنیوں کی چراگاہ تھی، عیینہ بن حصن فزاری نے چالیس سواروں کے ساتھ اس پر ڈاکہ ڈالا اور بیس اونٹنیاں پکڑ کر لے گیا، اور حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کو جو اونٹنیوں کی حفاظت پر مامور تھے قتل کر ڈالا، حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ فجر کی اذان کے وقت اپنے کھیت (غابہ) میں جا رہے تھے، مدینہ کے باہر ان کو حادثہ کی اطلاع ملی، انھوں نے ایک ٹیلہ پر چڑھ کر

تین نعرے لگائے: ہائے صبح کے وقت آنے والی مصیبت! اس نعرہ کی آواز مدینہ کے ہر گھر میں پہنچ گئی، پھر حضرت سلمہؓ نے ڈاکوؤں کا پیچھا کیا، حضرت سلمہؓ بڑے تیرانداز تھے، تیر برساتے تھے اور رجز پڑھتے تھے، انھوں نے تمام اونٹنیاں چھڑالیں اور تیس یمنی چادریں بھی ان سے چھین لیں، نبی ﷺ پانچ یا سات سو آدمی لے کر روانہ ہوئے اور تیزی سے مسافت طے کر کے دشمن کو پکڑ لیا، دو آدمی مشرکین کے مارے گئے اور حضرت محرز بن نضرہ رضی اللہ عنہ شہید ہوئے، آپؐ نے یک شبانہ روز وہاں قیام فرمایا، وہاں نمازِ خوف پڑھی اور پانچ دن کے بعد واپسی ہوئی۔

غزوۂ خیبر:

خیبر: مدینہ کے شمال میں شام کی جانب آٹھ برید پر ایک بڑا شہر ہے اس کی آبادی یہودیوں پر مشتمل تھی، کچھ وہاں کے اصل باشندے تھے اور کچھ مدینہ سے جلاوطن ہو کر پہنچے تھے، خیبر سازشوں کا گڑھ اور جنگ کی آگ بھڑکانے کا شعلہ تھا، اہل خیبر ہی جنگ خندق میں مشرکین کے تمام گروہوں کو مسلمانوں پر چڑھا لائے تھے اور بنوقریظہ کو نقض عہد پر آمادہ کیا تھا، ان کا منافقین کے ساتھ اور بنوغطفان اور بدوؤں کے ساتھ پیہم رابطہ قائم رہتا تھا، وہ خود بھی جنگی تیاریوں میں مصروف رہتے تھے، انھوں نے اپنی کاروائیوں سے مسلمانوں کو آزمائش میں ڈال رکھا تھا، یہاں تک کہ انھوں نے نبی ﷺ کو قتل کرنے کا پروگرام بھی بنایا تھا، مگر اللہ نے اپنے رسول کی حفاظت کی اور وہ ناکام ونامراد ہوئے، ان حالات سے مجبور ہو کر مسلمانوں کو ہر طرف بار بار فوجی مہمیں بھیجنی پڑیں، اس لئے ان کی طاقت کا خاتمہ ضروری تھا، چنانچہ محرم الحرام سنہ ۷ ہجری کے آخر میں نبی ﷺ پندرہ سو صحابہ کے ساتھ خیبر کی طرف روانہ ہوئے، اس غزوہ میں صرف اسی کو شرکت کی اجازت تھی جس نے حدیبیہ میں بیعتِ رِضوان کی تھی جب منافقین کو اس غزوہ میں شریک نہیں کیا گیا تو ان کے لیڈر عبداللہ بن ابی نے یہود خیبر کو پیغام بھیجا کہ اب محمد (ﷺ) نے تمہارا رخ کیا ہے، چوکنا ہو جاؤ، تیاری کر لو اور ڈرنا نہیں، تمہاری تعداد اور تمہارا ساز وسامان زیادہ ہے، اور محمد (ﷺ) کے ساتھی تھوڑے اور تہی دست ہیں، ان کے پاس ہتھیار بھی برائے نام ہیں، جب خیبر والوں کو صورتِ حال کا علم ہوا تو انھوں نے کنانہ بن ابی الحقیق اور ہَوذہ بن قیس کو حصول مدد کے لئے بنوغطفان کے پاس بھیجا، وہ خیبر کے یہودیوں کے حلیف اور مسلمانوں کے خلاف ان کے مددگار تھے، یہود نے یہ پیشکش بھی کی کہ اگر انہیں مسلمانوں پر غلبہ حاصل ہو گیا تو خیبر کی نصف پیداوار بنوغطفان کو دی جائے گی، نبی ﷺ نے وادی صہباء سے گذر کر رجیع نامی وادی میں قیام فرمایا جو بنوغطفان کی آبادی سے صرف ایک شبانہ روز دوری پر واقع تھی، بنوغطفان تیار ہو کر یہود کی امداد کے لئے چل پڑے تھے کہ اثناءِ راہ میں اچانک انہیں اپنے پیچھے کچھ شور سنائی دیا، انھوں نے سمجھا کہ مسلمانوں نے ان کے بال بچوں پر حملہ کر دیا، اس لئے وہ واپس پلٹ گئے اور اس طرح بنوغطفان کی مدد سے یہود محروم ہو گئے۔

نبی ﷺ خیبر کے پاس رات میں پہنچے، صبح اندھیرے میں فجر کی نماز ادا فرمائی، پھر فوجی مشق شروع ہوئی، جب خیبر

کے لوگ پھاوڑے، کدال اور بورے لے کر اپنی کھیتی باڑی کی طرف نکلے تو اچانک لشکر دیکھ کر حیران رہ گئے، اور چیختے ہوئے شہر کی طرف بھاگے کہ محمد (ﷺ) بہت بڑا لشکر لے کر آ گئے، ان کی حواس باختگی دیکھ کر نبی ﷺ نے نعرہ لگایا: اللہ اکبر! خیبر تباہ ہوا، اللہ اکبر! خیبر تباہ ہوا!! خیبر کی آبادی دو منقطوں میں تقسیم تھی، پہلے منطقہ میں پانچ قلعے اور دوسرے منطقہ میں تین قلعے تھے، ان آٹھ قلعوں کے علاوہ خیبر میں مزید قلعے اور گھڑیاں بھی تھیں مگر وہ چھوٹی تھیں، قوت وحفاظت میں ان قلعوں کے ہم پلہ نہیں تھیں، چنانچہ یکے بعد دیگرے ان قلعوں پر جنگ ہوئی اور سارے قلعے فتح ہو گئے۔

غزوۂ موتہ:

موتہ: اردن میں بلقاء کے قریب ایک مقام کا نام ہے، رسول اللہ ﷺ نے جب سلاطین وامراء کے نام دعوت اسلام کے خطوط روانہ کئے تو حارث بن عُمیر ازدی رضی اللہ عنہ کو خط دے کر حاکم بُصری شرحبیل بن عمرو غسّانی کے پاس بھیجا، شرحبیل قیصر روم کی طرف سے بلقاء کا گورنر تھا، اس نے قاصد کو قتل کر ڈالا، جب نبی ﷺ کو اس واقعہ کی اطلاع ملی تو یہ بات آپؐ پر سخت گراں گذری، اس وجہ سے آپؐ نے تین ہزار کا لشکر ماہ جمادی الاولیٰ سنہ ۸ ہجری میں موتہ کی طرف روانہ فرمایا، اور زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو امیر لشکر مقرر فرمایا، اور ارشاد فرمایا کہ اگر زیدؓ شہید ہو جائیں تو جعفر بن ابی طالبؓ، جعفرؓ شہید ہو جائیں تو عبد اللہ بن رواحہؓ امیر ہونگے، اور ابن رواحہ بھی شہید ہو جائیں تو پھر مسلمان جس پر اتفاق کر لیں وہ امیر ہوگا، شرحبیل کو جب اس لشکر کی روانگی علم ہوا تو اس نے مقابلہ کے لئے ایک لاکھ آدمیوں سے زیادہ لشکر جمع کیا اور اس کی مدد کے لئے شاہ روم ہرقل خود ایک لاکھ فوج لے کر بلقاء میں پہنچ گیا، موتہ کے میدان میں دو غیر متوازن طاقتیں آمنے سامنے تھیں، دو لاکھ کا ٹڈی دل لشکر کفار تھا، اور صرف تین ہزار مجاہدین اسلام تھے، جنگ شروع ہوئی، حضرت زید، حضرت جعفر اور حضرت عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم بالترتیب شہید ہوئے، مسلمانوں نے حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو امیر بنایا، وہ پرچم اسلام لے کر آگے بڑھے اور نہایت شجاعت اور مردانگی سے دشمنوں کا مقابلہ کیا، لڑتے لڑتے نو تلواریں ان کے ہاتھ سے ٹوٹ گئیں، دوسرے دن حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے لشکر کی ترتیب میں تبدیلی کی جس سے دشمن کو نئی کمک پہنچنے کا تأثر ملا، اس سے مرعوب ہو کر دشمن میدان چھوڑنے لگا اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح نصیب فرمائی، رومیوں کی پسپائی کے بعد حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے تعاقب مناسب نہیں سمجھا، اس غزوہ میں بارہ مسلمان شہید ہوئے، اس غزوہ میں نبی ﷺ کے لئے میدان کارزار منکشف کیا گیا، آپؐ نے مدینہ میں منبر نبوی پر بیٹھ کر جنگ کا آنکھوں دیکھا حال صحابہ کو سنایا، اس معرکہ سے مسلمانوں کی ساکھ اور شہرت میں بڑا اضافہ ہوا، چنانچہ ضدی قبائل جو مسلمانوں سے مسلسل برسرِ پیکار رہتے تھے اس معرکہ کے بعد اسلام کی طرف مائل ہوئے، اور اسی معرکہ سے رومیوں کے ساتھ مہمات کی داغ بیل پڑ گئی، جو آگے چل کر فتوحات اور دور دراز علاقوں پر مسلمانوں کی اقتدار کا پیش خیمہ ثابت ہوئی۔

فتح مکہ:

صلح حدیبیہ میں جو دفعات طے ہوئی تھیں ان میں ایک دفعہ یہ تھی کہ فریقین دس سال تک جنگ بند رکھیں گے، اور دیگر قبائل کو اختیار ہوگا کہ جس کے ساتھ عہد و پیمان میں چاہیں شامل ہو جائیں، اور حلیف قبائل اگر آپس میں لڑیں تو فریقین ان کا کوئی تعاون نہ کریں، چنانچہ بنوخزاعہ رسول اللہ ﷺ کے عہد و پیمان میں اور بنوبکر قریش کے عہد و پیمان میں داخل ہوئے، ان قبائل میں زمانۂ جاہلیت سے عداوت چلی آرہی تھی، دونوں قبیلے وقتاً فوقتاً لڑتے رہتے تھے، مگر جب اسلام کا دور شروع ہوا تو دونوں قبیلوں کی توجہ اسلام کے خلاف ہوگئی اور باہم جنگ بند ہوگئی، پھر جب حدیبیہ میں ناجنگ معاہدہ ہو گیا تو دونوں ایک دوسرے کے خلاف برسرِ پیکار ہوگئے، چنانچہ نوفل بن معاویہ نے بنوبکر کی ایک جماعت کو ساتھ لے کر شعبان ۸ ہجری میں بنوخزاعہ پر رات کی تاریکی میں حملہ کر دیا، اس وقت بنوخزاعہ وتیر نامی چشمہ پر خیمہ زن تھے، بنوخزاعہ کے متعدد افراد مارے گئے، قریش نے اس حملہ میں ہتھیاروں سے بنوبکر کی مدد کی بلکہ ان کے کچھ آدمی بھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر لڑائی میں شریک ہوئے، اس واقعہ کے بعد عمرو بن سالم خُزاعی چالیس آدمیوں کا وفد لے کر مدینہ منورہ آیا، اس وقت نبی ﷺ مسجد میں صحابہ کرام کے ساتھ تشریف فرما تھے، وفد رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑا ہو گیا اور عمرو نے اپنا قصیدہ پڑھا اور قریش کے معاہدۂ صلح کی خلاف ورزی کی شکایت کی، اور مدد طلب کی، نبی ﷺ نے ایک قاصد قریش کے پاس روانہ کیا کہ تین باتوں میں سے ایک بات اختیار کرو: (۱) مقتولین خزاعہ کی دیت دو (۲) یا بنونفاثہ سے عہد و پیمان توڑ لو (۳) یا معاہدۂ حدیبیہ کے فسخ کا اعلان کردو، قریش نے جواب دیا: ہم نہ مقتولین کی دیت دیں گے نہ بنونفاثہ سے تعلقات توڑیں گے، ہاں ہم معاہدہ حدیبیہ کے فسخ پر راضی ہیں، جب قاصد جواب لے کر لوٹ گیا تو قریش کو ندامت ہوئی، انھوں نے فوراً ابوسفیان کو تجدید عہد کے لئے روانہ کیا، لیکن کوشش بارآور نہ ہوئی۔

۱۰ رمضان المبارک ۸ ہجری کو نبی ﷺ دس ہزار کا لشکر لے کر مکہ کی طرف روانہ ہوئے، ازواجِ مطہرات میں سے حضرت ام سلمہ اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہما آپؐ کے ہمراہ تھیں، جب مرالظہران پہنچے تو لوگوں کو حکم دیا کہ الگ الگ آگ جلائیں، اس طرح دس ہزار چولھوں میں آگ جلائی گئی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو پہرے پر مقرر کیا، مرالظہران میں جو سردارانِ قریش: ابوسفیان، بدیل بن ورقاء اور حکیم بن حزام تحقیق حال کے لئے مکہ سے نکلے تھے وہ پکڑے گئے، ان میں سے ابوسفیان خدمتِ نبوی میں حاضر ہوکر مشرف باسلام ہوئے۔ ۱۷ رمضان المبارک ۸ ہجری منگل کی صبح نبی ﷺ مرالظہران سے روانہ ہوئے اور بالائی حصہ سے مکہ میں داخل ہوئے، اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ زیریں حصہ سے داخل ہوئے، نبی ﷺ کے راستہ میں تو کوئی مزاحمت پیش نہیں آئی، لیکن حضرت خالد رضی اللہ عنہ سے کچھ لوگ مزاحم ہوئے اور معمولی جھڑپ میں بارہ مشرک مارے گئے اور صحابہ میں سے کرز بن جابر فہری اور خُنیس بن خالد رضی اللہ عنہما نے جامِ شہادت

نوش کیا، فتح مکہ کے بعد امن وامان کا دور شروع ہوا، لوگ کھل کر ایک دوسرے سے باتیں کرنے لگے، جو لوگ درپردہ مسلمان تھے ان کو بھی اظہارِ ایمان کی ہمت ہوگئی اور بہت سے نئے لوگ بھی حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے۔

غزوۂ حنین:

حنین: مکہ اور طائف کے درمیان ایک وادی ہے، جہاں قبائل ہوازن وثقیف آباد تھے، یہ جنگجو اور ماہر تیر انداز قبائل تھے، مکہ کی فتح چونکہ چشم زدن میں ہوگئی تھی، اس لئے یہ قبائل ششدر رہ گئے تھے، انھوں نے اس کو قریش کی بزدلی کا نتیجہ قرار دیا، پھر انہیں یہ بھی اندیشہ ہوا کہ مسلمان فتح مکہ کے بعد ان کی طرف متوجہ ہونگے اس لئے انھوں نے مکہ پر چڑھائی کا ارادہ کیا، ان کا لیڈر مالک بن عوف نصری تھا اور ان کا ماہر مشیر جنگ دُرید بن صمّہ تھا، جس کی عمر سو سال سے زائد ہوگئی تھی، آپؐ کو ان کے ارادے کی اطلاع ملی تو حضرت ابو حدرد اسلمی رضی اللہ عنہ کو تحقیق حال کے لئے بھیجا، انھوں نے آکر خبر کی تصدیق کی تو آپؐ نے فیصلہ کیا کہ ان کی طرف پیش قدمی کی جائے، تاکہ حرم میں جنگ نہ ہو، چنانچہ آپؐ بروز سنیچر ۶ شوال سن ۸ ہجری کو ان کی طرف روانہ ہوئے، آپؐ کے ساتھ بارہ ہزار کا لشکر تھا، اتنی بڑی فوج دیکھ کر کچھ لوگوں کی زبان سے نکل گیا: آج ہم ہرگز مغلوب نہیں ہونگے، یہ بڑا بول اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں آیا، چنانچہ غزوہ حنین کی ابتداء میں فوج بری طرح شکست سے دوچار ہوئی، اسلامی لشکر منگل اور بدھ کی درمیانی رات میں ۱۰ شوال کو حنین پہنچا تھا، دشمن نے پہلے سے تیر اندازوں کو گھات میں بٹھا دیا تھا، سحر کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لشکر کی ترتیب وتنظیم قائم کی، لشکر نے آگے بڑھ کر وادی حنین میں قدم رکھا، وہ گھات میں بیٹھے ہوئے دشمنوں سے بالکل بے خبر تھے، انہیں علم نہیں تھا کہ وادی کے تنگ دروں میں جیالے ان کی تاک میں بیٹھے ہوئے ہیں، چنانچہ وہ بے خبری کے عالم میں اطمینان کے ساتھ آگے بڑھنے لگے، اچانک ان پر تیروں کی بارش شروع ہوگئی، پھر فوراً ہی دشمن کے پرے کے پرے فرد واحد کی طرح ان پر ٹوٹ پڑے اس اچانک حملہ سے مسلمان سنبھل نہ سکے، اور ان میں ایسی بھگدڑ مچی کہ کوئی پیچھے مڑ کر نہیں دیکھ رہا تھا، مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم میدان میں ڈٹے ہوئے تھے، اس وقت آپؐ کے پاس چند مہاجرین اور چند اہل خاندان کے سوا کوئی نہیں رہا تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ صحابہ کو پکاریں، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے پکارا: او درخت والو! او بیعت رضوان والو! کہاں ہو، لوگ ان کی آواز سن کر اس طرح مڑے جیسے گائے اپنے بچے کی طرف مڑتی ہے، جب آپؐ کے پاس سو آدمی جمع ہوگئے تو آپؐ خچر سے اترے اور ترتیب وتنظیم قائم کی، لڑنے والوں کی صفیں بنائیں اور مٹھی مٹی لے کر شاھت الوجوہ کہہ کر دشمن کی طرف پھینکی، مٹی پھینکنے کے چند ہی لمحات کے بعد دشمن کو شکست فاش ہوئی، ثقیف کے تقریباً ستر آدمی مارے گئے، اور ان کے پاس جو کچھ مال، ہتھیار، عورتیں اور بچے تھے وہ سب مسلمانوں کے ہاتھ آئے، چھ ہزار کے قریب قیدی، چوبیس ہزار اونٹ، چالیس ہزار بکریاں اور چار ہزار اوقیہ چاندی مالِ غنیمت میں ملی، چار مسلمانوں نے شہادت پائی، حنین کی شکست خوردہ فوج کا ایک حصہ اوطاس کی

طرف اور ایک حصہ طائف کی طرف بھاگ گیا، جب نبی ﷺ طائف کا محاصرہ اٹھا کر جعرانہ پہنچے جہاں حنین کے قیدی اور مالِ غنیمت جمع تھا تو دس دن سے زیادہ آپؐ نے انتظار کیا کہ شاید ہوازن وثقیف تائب ہو کر حاضر خدمت ہو جائیں تاکہ انھوں نے جو کچھ کھویا ہے وہ ان کو پھیر دیا جائے، مگر تاخیر کے باوجود وہ لوگ نہیں آئے، پس آپؐ نے غنیمت تقسیم کردی، تقسیم غنائم کے بعد ہوازن کا وفد مسلمان ہو کر آگیا اور انھوں نے اپنے قیدی اور مال کی واپسی کا مطالبہ کیا، نبی ﷺ نے صحابہ سے ان کے قیدی واپس کرنے کی سفارش کی، تمام صحابہ نے قیدیوں کو بیک وقت آزاد کردیا۔

غزوۂ اوطاس:

اوطاس: حنین کے پاس ایک وادی ہے، اور غزوۂ اوطاس: غزوۂ حنین کا امتداد ہے، حنین میں ہوازن وثقیف نے جب شکست کھائی تو ان کا سپہ سالار مالک بن عوف نُصری ایک جماعت کے ساتھ بھاگا اور طائف میں جا کر دم لیا، اور دُرید بن الصمہ کچھ لوگوں کے ساتھ بھاگا، اور مقام اوطاس میں پناہ لی، نبی ﷺ نے ابو عامر اشعری رضی اللہ عنہ کو تھوڑی سی فوج کے ساتھ اوطاس کی طرف روانہ کیا، جب مقابلہ ہوا تو دُرید: ربیعۃ بن رُفیع رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے مارا گیا، البتہ سلمۃ بن درید نے ابو عامر اشجعی رضی اللہ عنہ کے گھٹنے میں تیر مارا جس سے وہ شہید ہو گئے، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے پرچم سنبھالا اور بہادری سے مقابلہ کیا اور اپنے چچا کے قاتل کو قتل کیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح دی۔

غزوۂ طائف:

یہ غزوہ بھی غزوۂ حنین کا امتداد ہے، ہوازن وثقیف کے شکست خوردہ لوگوں کی بڑی تعداد اپنے کمانڈر مالک بن عوف نصری کے ساتھ بھاگ کر طائف میں پناہ گزیں ہوگئی تھی، چنانچہ نبی ﷺ شوال ۸ ہجری میں طائف تشریف لے گئے اور اس کا محاصرہ کرلیا، اور منجنیق کے ذریعہ ان پر پتھر برسائے، انھوں نے قلعہ کی فصیل سے تیر اندازی کی جس سے بہت سے مسلمان زخمی ہوئے اور بارہ آدمی شہید ہوئے، ان کو دست بدست مقابلہ کی دعوت دی گئی، مگر انھوں نے جواب دیا: ہمیں اترنے کی ضرورت نہیں، سال بھر کا غلہ ہمارے پاس موجود ہے، جب غلہ ختم ہو جائے گا تو تلواریں لے کر اتریں گے، مسلمانوں نے ان کے انگور کے باغات کاٹنے شروع کئے، انھوں نے اللہ کا اور قرابتوں کا واسطہ دیا، چنانچہ باغات کی کٹائی بند کردی گئی، پھر نبی ﷺ نے خواب دیکھا اور نوفل سے مشورہ کیا اور محاصرہ اٹھانے اور کوچ کا حکم دیا اور چلتے وقت یہ دعا کی: اے اللہ! ثقیف کو ہدایت دے اور ان کو میرے پاس لے آ، چنانچہ سب مسلمان ہو گئے، مالک بن عوف نصریؓ خود حاضر خدمت ہو کر مشرف باسلام ہوئے، اور قلعہ خود بخود فتح ہو گیا۔

غزوۂ تبوک:

تبوک: مدینہ منورہ سے شمال کی جانب جزیرۃ العرب کی سرحد پر ایک شہر ہے، اس غزوہ میں نبی ﷺ تبوک مقام تک

تشریف لے گئے تھے، اس لئے اس غزوہ کا نام غزوۂ تبوک پڑا اور دوسرا نام **غزوۃ العُسرۃ** (تنگی کا غزوہ) ہے، اس غزوہ میں اسلامی لشکر طرح طرح کی مشکلات سے دوچار تھا، اس لئے یہ نام پڑا، جنگ موتہ میں رومیوں کے ساتھ خوفناک ٹکر ہوئی تھی، وہ لشکر اگرچہ پوری طرح انتقام نہیں لے سکا تھا، مگر سرحد پر بسے ہوئے عربوں پر اس کے اچھے اثرات مرتب ہوئے تھے، قیصر روم ان اثرات سے غافل نہیں تھا وہ جانتا تھا کہ عرب قبائل مسلمانوں کی طرف مائل ہوگئے اور روم سے ان کا رابطہ کٹ گیا تو اس کی حکومت کو بڑا خطرہ لاحق ہوگا، اس لئے اس نے مسلمانوں کی قوت کو ناقابل شکست صورت اختیار کرلے اس سے پہلے ہی کچلنے کا ارادہ کیا، چنانچہ جنگ موتہ پر ابھی ایک سال بھی نہیں گذرا تھا کہ قیصر روم نے رومی باشندوں اور اپنے ماتحت عربوں: لخم، جذام، عاملہ اور غسّان پر مشتمل فوج کی فراہمی شروع کردی اور فیصلہ کن معرکہ کی تیاری میں لگ گیا، شام کے نبطی سوداگر زیتون کا تیل فروخت کرنے مدینہ آیا کرتے تھے، ان کے ذریعہ یہ خبر معلوم ہوئی کہ ہرقل نے چالیس ہزار سپاہیوں کا لشکر جرار آپؐ کے مقابلہ کے لئے تیار کیا ہے، جس میں عرب عیسائی قبائل لخم وجذام وغیرہ کو بھی شامل کیا ہے، اور ان کا ہراول دستہ بلقاء تک پہنچ گیا ہے، قیصر نے فوج کو ایک سال کی تنخواہیں بھی دیدی ہیں، اس طرح ایک بڑا خطرہ مسلمانوں کے سروں پر منڈلانے لگا۔

ادھر صورتِ حال یہ تھی کہ زمانہ سخت گرمی کا تھا، لوگ قحط سالی سے دوچار تھے، سفر دور دراز کا تھا اور سواریاں کم تھیں، تاہم نبی ﷺ نے ایک انقلابی فیصلہ کیا کہ مسلمان رومی حکومت کی طرف پیش قدمی کریں اور ان کی حدود میں گھس کر ان کے ساتھ ایک فیصلہ کن جنگ لڑیں، چنانچہ آپؐ نے فوراً جنگ کی تیاری کرنے کا اعلان فرمایا اور قبائل عرب اور اہل مکہ کو بھی پیغام بھیجا کہ جنگ کے لئے اٹھ کھڑے ہوں، اس غزوہ میں آپؐ نے توریہ نہیں کیا بلکہ صاف اعلان کردیا کہ رومیوں سے جنگ کا ارادہ ہے تاکہ لوگ مکمل تیاری کرلیں، آپؐ نے چندہ شروع کیا، مؤمنین مخلصین نے ایک دوسرے سے بڑھ کر مال حاضر کیا، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کل مال لے کر حاضر ہوئے، جس کی مقدار چار ہزار درہم تھی، فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ آدھا مال لے آئے، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے دوسو اوقیہ چاندی پیش کی، عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ نے ستر وسق کھجوریں پیش کیں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے تین سو اونٹ مع ساز وسامان اور ایک ہزار دینار پیش کئے، جب تیاری مکمل ہوگئی تو رجب ۹ ہجری بروز جمعرات نبی ﷺ تیس ہزار مردان جنگی کو لے کر دشمن کی طرف چلے، پندرہ دن چل کر اسلامی لشکر تبوک میں خیمہ زن ہوا، روم اور اس کے حلیفوں میں اسلامی لشکر کی آمد کی خبر سن کر خوف وہراس کی لہر دوڑ گئی، ان میں آگے بڑھنے کی اور ٹکر لینے کی ہمت نہ رہی، وہ مختلف شہروں میں بکھر گئے، آپؐ نے بیس دن تبوک میں قیام فرمایا اور ارد گرد کے قبائل کو رام کیا، پھر اسلامی لشکر مظفر ومنصور واپس لوٹا۔

یہ غزوہ جزیرۃ العرب میں مسلمانوں کا اثر پھیلانے میں بڑا مؤثر ثابت ہوا، عربوں کے سامنے یہ بات واضح ہوگئی کہ اب جزیرۃ العرب میں اسلام کی طاقت کے علاوہ اور کوئی طاقت ٹھہر نہیں سکتی، اس طرح وہ سپر ڈالنے پر مجبور ہوگئے اور

رومیوں کے ساتھ مہمات کا آغاز بھی ہوگیا، جس کی تکمیل خلفائے راشدین کے زمانہ میں ہوئی۔

جیشِ اسامہؓ:

۲۶ صفر المظفر دوشنبہ ۱۱ ہجری کو نبی ﷺ نے رومیوں کے مقابلہ کے لئے مقام اُبنہ تک لشکر کشی کا حکم دیا، یہ وہ مقام ہے جہاں غزوۂ موتہ واقع ہوا ہے اور جس میں حضرات زید بن حارثہؓ، جعفر طیار اور عبداللہ بن رواحہ وغیرہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے ہیں، یہ آخری سریہ تھا، اس کا امیر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا اور اس لشکر میں مہاجرین اولین اور بڑے بڑے صحابہ کو روانگی کا حکم دیا، پھر چہار شنبہ سے آپؐ کی علالت شروع ہوگئی، پنج شنبہ کے دن علالت کے باوجود اپنے دست مبارک سے نشان باندھ کر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو عنایت فرمایا، حضرت اسامہؓ نے فوج کو مقام جُرف میں جمع کرنا شروع کیا، تمام جلیل القدر صحابہ تیزی کے ساتھ وہاں پہنچ کر جمع ہوگئے، حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما آپؐ کی تیمارداری کے لئے مدینہ واپس آگئے، حضرات شیخین رضی اللہ عنہما حضرت اسامہؓ سے اجازت لے کر بیمار پرسی کے لئے مدینہ آتے رہے، پیر کے دن جب آپؐ کو سکون ہوگیا تو حضرت اسامہؓ نے روانگی کا ارادہ کیا، ابھی فوج روانہ نہیں ہوئی تھی کہ یہ خبر قیامت اثر کانوں میں پڑی کہ آپؐ کی وفات ہوگئی، تمام مدینہ میں کہرام مچ گیا، فوج افتاں خیزاں مدینہ واپس آگئی، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے خلیفہ بنتے ہی پہلا کام یہ کیا کہ اکابر صحابہ کی مخالفت کے باوجود جیش اسامہؓ کو روانہ کیا اور جُرف تک خود مشایعت کے لئے گئے، البتہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو درخواست کر کے روک لیا، جیش اسامہ چالیس دن کے بعد مظفر و منصور واپس آیا، جو بھی مقابلہ میں آیا اس کو تہہ تیغ کیا اور اپنے باپ کے قاتل کو قتل کیا، واپسی میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ سے باہر نکل کر فوج کا استقبال کیا۔

(غزوات کا خلاصہ پورا ہوا اور اس پر تحفۃ القاری کی آٹھویں جلد مکمل ہوئی، نویں جلد ان شاء اللہ کتاب التفسیر سے شروع ہوگی)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب التفسیر

ربط: بخاری شریف جلد اول میں کتاب المناقب آئی ہے، اس میں نبی ﷺ کے اوصاف وکمالات کا بیان تھا، اُس کتاب میں ایک طویل باب ہے: بابُ علاماتِ النبوۃِ فی الإسلام: اُس میں نبی ﷺ کے معجزات کا بیان تھا، مگر نبی ﷺ کے سب سے بڑے معجزے: قرآنِ کریم کا تذکرہ چھوڑ دیا تھا، اب کتاب التفسیر اور کتاب فضائل القرآن میں اسی معجزہ کا بیان ہے۔

قرآنِ کریم زندۂ جاوید معجزہ:

حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے دعوتِ حق پر مامور ہوتے ہیں، ان کو اثباتِ دعوی کے لئے اور امت کو مائل وقائل کرنے کے لئے بطور حجت معجزات عطا کئے جاتے ہیں، پس دعوت وحجت دو علاحدہ علاحدہ چیزیں ہیں۔

پھر ہر پیغمبر کو اس کے زمانہ کے تقاضوں کے مطابق معجزات عطا کئے جاتے ہیں، موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں جادو کا زور تھا تو ان کو عصا اور ید بیضاء کے معجزات عطا ہوئے، اور عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ طب وحکمت کا زمانہ تھا تو ان کو اکمہ (مادر زاد نابینا) کو بینا کرنے اور ابرص (کوڑھی) کو چنگا کرنے کے معجزات دیئے گئے، اور ساتھ ہی اللہ کی کتابیں (تورات وانجیل) بھی دی گئیں، جو دعوت پر مشتمل تھیں، وہ اللہ تعالیٰ کی کتابیں تھیں، کلام نہیں تھیں، چنانچہ ان میں تحریف وتبدیلی ممکن ہوئی، حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہ نے براہینِ قاسمیہ (جواب ترکی بہ ترکی) میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ تورات وانجیل وغیرہ کتب من جانب اللہ ہونے کے باوجود قرآنِ کریم کی طرح فصیح وبلیغ کیوں نہیں؟ فرماتے ہیں:

"ہاں خدا کی کتاب مثل تورات وانجیل اور زبانوں میں بھی نازل ہوئیں، مگر ظاہر ہے کہ کسی کی کوئی کتاب ہو تو یہ لازم نہیں کہ اس کا کلام بھی ہو، کیونکہ عربی زبان میں کتاب خط کو کہتے ہیں، اور خط اوروں سے بھی لکھوا سکتے ہیں، سو اگر مضمون الہامی ہو، اور عبارت ملائکہ کی ہو، یا فرض کرو کہ عبارت انبیاء کی ہو، جیسے اہلِ کتاب کا بہ نسبت تورات وانجیل خیال ہے تو تورات وانجیل کتاب اللہ تو ہونگی، پر کلام اللہ نہ ہونگی۔

شاید یہی وجہ ہے کہ قرآنِ کریم میں جہاں تورات وانجیل کا ذکر ہے وہاں ان کو کتاب اللہ کہا ہے، کلام اللہ نہیں کہا، اور ایک

آدھ جگہ (سورۃ البقرۃ آیت ۷۵) سوائے قرآن اور کلام کو کلام اللہ کہا ہے تو وہاں نہ تورات کا ذکر ہے نہ انجیل کا، بلکہ بدلالتِ قرآن اس کلام کا ذکر معلوم ہوتا ہے جو ہم راہیانِ موسیٰ علیہ السلام نے سنا تھا، اور پھر یہ کہا تھا: ﴿لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً﴾ (سورۃ البقرۃ آیت ۵۵) یعنی فقط کلام سن کر ایمان نہ لائیں گے، خدا کو دیکھ لیں گے تو ایمان لائیں گے۔ اور یہی وجہ معلوم ہوتی ہے کہ اور کتابوں کے اعجاز بلاغت وفصاحت کا دعویٰ نہیں کیا گیا، یعنی خدا کا کلام ہوتیں تو وہ بھی معجزہ ہوتیں، کیونکہ ایک آدمی کے کلام کا ایک انداز ہوتا ہے' الیٰ آخرہ (براہین قاسمیہ ص:۱۱۵)

پھر جب ہمارے نبی ﷺ کا دور آیا تو آپ کو معجزہ کے طور پر قرآنِ کریم عطا ہوا، کیونکہ عربوں میں فصاحت وبلاغت کا زور تھا، اور قرآن کے شروع ہی میں (سورۃ البقرۃ آیات ۲۳و۲۴ میں) چیلنج دیا گیا کہ ہمیں چوگاں ہمیں میداں، یہی مقابلہ کی جگہ ہے یہیں آزمائش ہوجائے، اگر تمہیں کچھ خلجان ہو اُس کتاب کی نسبت جو ہم نے اپنے خاص بندے پر نازل کی ہے تو تم بنالاؤ ایک چھوٹا سا ٹکڑا جو اس کا ہم پلّہ ہو، اور اپنے ان حمایتوں کو بھی بلالو جو تم نے اللہ سے ورے تجویز کررکھے ہیں، اگر تم (تکذیب میں) سچے ہو، لیکن اگر تم یہ کام نہ کرسکو، اور ہرگز نہیں کرسکوگے، تو پھر اُس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں، جو کافروں کے لئے تیار کی ہوئی ہے (یہ سن کر کیسا کچھ جوش وخروش اور پیچ وتاب نہ آیا ہوگا، اور کوئی دقیقہ سعی کا کیوں اٹھا رکھا ہوگا؟ پھر عاجز ہوکر اپنا سا منہ لے کر بیٹھ رہنا قطعی دلیل ہے کہ قرآنِ مجید معجزہ ہے ۱۲ تھانوی قدس سرہ)

اور قرآنِ کریم میں دعوت وحجت دونوں جمع ہیں، وہ معنی کے لحاظ سے دعوت ہے، اور بلاغت وفصاحت کے لحاظ سے حجت ہے، یعنی اس کی حجیت اس کی ذات میں مضمر ہے، وہ اللہ کا کلام ہے، نہ اس کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے نہ اس میں تبدیلی ممکن ہے، وہ نبی ﷺ کا زندۂ جاوید (ہمیشہ ہمیش کے لئے) معجزہ ہے، اور وجوہ اعجاز بے شمار ہیں جو بڑی کتابوں میں مذکور ہیں، اور حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ کی کتاب علوم القرآن میں اس پر مفصل بحث ہے جو قابل مراجعت ہے۔

تفسیر وتاویل:

۱- فَسَّرَ الشَّيْءَ کے معنی ہیں: اچھی طرح ظاہر کرنا، کھول کر بیان کرنا، مجرد: فَسَرَ الشَّيْءَ (ن) فَسْرًا کے بھی یہی معنی ہیں، اور لفظ تفسیر قرآنِ کریم میں صرف ایک جگہ آیا ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَلَا يَأْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيْرًا﴾: اور وہ لوگ کیسا ہی عجیب سوال آپ کے سامنے پیش کریں مگر ہم اس کا ٹھیک اور وضاحت میں بڑھا ہوا جواب آپ کو عنایت فرمادیتے ہیں (الفرقان آیت ۳۳)

۲- أَوَّلَ الْكَلَامَ تَأْوِيْلًا کے معنی ہیں: کلام کا مطلب بیان کرنا، اور قرآنِ کریم میں لفظ تاویل سترہ جگہ آیا ہے، حضرت تھانوی قدس سرہ نے ترجمہ کیا ہے: خوش تر انجام، اچھا انجام اور اخیر نتیجہ، اور حضرت شاہ عبدالقادر صاحب قدس سرہ نے ترجمہ کیا ہے: کل بٹھانی کل: مشین کا پرزہ، اُس کو مشین میں صحیح جگہ لگانا یعنی صحیح مراد کا پتہ لگانا، معاملہ کی تہہ تک پہنچنا۔

۳- متقدمین تاویل وتفسیر کو مترادف کہتے ہیں، دوسرے حضرات کہتے ہیں: التفسير: بيانُ المراد باللفظ، والتأويل:

بیان المراد بالمعنی: نص قرآنی کے الفاظ کو سمجھانا تفسیر ہے، جیسے امام بخاری رحمہ اللہ کتاب التفسیر میں الفاظ کے معانی بیان کرتے ہیں: یہ تفسیر ہے، اور نص کی مراد سمجھانا تاویل ہے، جیسے جیل میں یوسف علیہ السلام کے دو ساتھیوں نے خواب دیکھے کہ ایک شراب نچوڑ رہا ہے، دوسرا روٹیوں کا ٹوکرا اٹھائے ہوئے ہے جس میں سے پرندے کھا رہے ہیں، دونوں نے یوسف علیہ السلام سے کہا: ﴿نَبِّئْنَا بِتَأْوِيْلِهِ﴾: ہمارے خوابوں کی مراد سمجھائیں، یوسف علیہ السلام نے سمجھائی کہ ایک الزام سے بری ہوکر اپنی پوسٹ پر بحال ہوجائے گا، اور دوسرا مجرم ثابت ہوکر پھانسی دیا جائے گا اور جانور اس کے سر میں سے کھائیں گے، یہ ہے خوابوں کی تاویل (تعبیر) اس میں غلطی کا امکان ہے، کیونکہ وہ اٹکل سے ہوتی ہے، تفسیر میں اس کا امکان نہیں۔

دوسری مثال: قرآنِ کریم میں عیسی علیہ السلام کو رُوْحُ اللہ اور کَلِمَۃُ اللہ کہا گیا ہے، نصاری نجران نے ان سے ابنیتِ مسیح علیہ السلام پر استدلال کیا، تو سورۂ آلِ عمران کے شروع میں فرمایا کہ یہ مشتبہ المراد الفاظ ہیں: ﴿وَمَا يَعْلَمُ تَاوِيْلَهُ إِلَّا اللّٰهُ﴾: اور اللہ تعالیٰ کے سوا ان کی کل بٹھانی کوئی نہیں جانتا یعنی ان کا صحیح مطلب اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، اور جو مضبوط علم والے ہیں وہ کہتے ہیں: ہم اس پر یقین رکھتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں، سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے یعنی عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں یہ دونوں باتیں اللہ تعالیٰ کی فرمائی ہوئی ہیں، اس لئے ہم ان کو مانتے ہیں، مگر ان کی مراد کماحقہ ہم نہیں جانتے، یہی حال اللہ تعالیٰ کی صفات وافعال کا ہے، ان کو ہم مانتے ہیں، مگر ان کی تاویل (واقعی مطلب ومراد) ہم نہیں جانتے، اپنی صفات کا حال اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں، چنانچہ: ﴿الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى﴾: سے جو لوگ استیلاء مراد لیتے ہیں، وہ اس کو تاویل کہتے ہیں، آیت کی تفسیر نہیں کہتے۔

خلاصہ: یہ ہے کہ قرآن کے لفظوں کے معانی بیان کرنا تفسیر ہے اور ان کی واقعی مراد بیان کرنا تاویل ہے، اور عام طور پر دونوں ساتھ ہوتے ہیں، جو لفظوں کے معنی ہوتے ہیں وہی مراد ہوتے ہیں، تمام محکم آیات کا یہی حال ہے، البتہ کہیں کہیں دونوں جدا ہوجاتے ہیں، جیسے یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں بادشاہ نے خواب دیکھا کہ سات موٹی گایوں کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات ہری بالیاں اور سات خشک بالیاں ہیں، اس خواب کی تاویل (تعبیر) یوسف علیہ السلام نے یہ بتلائی کہ شروع کے سات سال خوش حالی کے ہونگے اور بعد میں سات سال خشک سالی کے آئیں گے، خوش حالی کے زمانہ کی پیداوار محفوظ رکھی جائے، تاکہ خشک سالی میں اس سے استفادہ کیا جائے، یہ حضرت یوسف علیہ السلام نے خواب کی کل بٹھائی، یہی تاویل ہے۔

ترجمہ کی دشواری:

کسی بھی زبان کا دوسری زبان میں ترجمہ کیا جائے تو بعض مرتبہ دشواری پیش آتی ہے، کیونکہ ہر زبان میں کچھ ایسے الفاظ اور محاورات ہوتے ہیں جن کا دوسری زبان میں ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہوتا، اور عربی کا عربی میں ترجمہ کیا جائے تو اور بھی دشواری پیش آتی ہے، کیونکہ عربی زبان میں ترادفِ حقیقی نہیں، کوئی دو لفظ بالکل ہم معنی نہیں، کچھ نہ کچھ فرق ضرور ہوتا ہے، نیز عربی

میں الفاظ کے معنی ہی نہیں ہوتے، بلکہ حروف ہجا کے مقابل بھی حقائق ہوتے ہیں، پس حروف ہجا میں تفاوت ہوگا تو معنی ضرور مختلف ہونگے، اس لئے عربی سے عربی میں ترجمہ کرنے میں اور بھی دشواری ہے، چنانچہ مجرد کا مشتق سے اور اس کے برعکس ترجمہ کرتے ہیں، اور کبھی لازمی معنی کے ذریعہ مفہوم ادا کرتے ہیں، کتاب التفسیر میں مفردات کے ترجمہ میں اس بات کو پیش نظر رکھنا چاہئے۔

غریب الفاظ کی تشریح:

جس لفظ کے معنی قلتِ استعمال کی وجہ سے مخفی ہوگئے ہوں: اس کو 'غریب' کہتے ہیں، نزولِ قرآن کے وقت کوئی لفظ غریب نہیں تھا، بعد میں جب عجم وعرب کے اختلاط کی وجہ سے اصل عربی میں تبدیلی آئی تو قرآنِ کریم کے بعض الفاظ کے معانی مخفی ہوگئے، اس خفا کو دور کرنے کے لئے غریب الفاظ کی تشریح وتوضیح ضروری ہوئی، امام بخاری رحمہ اللہ نے کتاب التفسیر میں یہ کام کیا ہے، انھوں نے ترجمان القرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے علی بن ابی طلحہؒ کے واسطہ سے منقول معانی بیان کئے ہیں، اور عام طور پر اپنی صحیح میں اسی پر اعتماد کیا ہے، علاوہ ازیں: دیگر ائمہ تفسیر سے مثلاً: مجاہد، حسن بصری، اور قتادہ رحمہم اللہ وغیرہ سے بھی تشریحات نقل کی ہیں۔

رحمان ورحیم:

بسملہ میں اور سورہ فاتحہ کی دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ کی دو صفتیں: رحمان ورحیم آئی ہیں: رَحْمَان بروزن فَعْلَان: اسم مبالغہ ہے، خوب پیٹ بھرے کو شبعان کہتے ہیں، اور رحیم بروزن فعیل بھی اسم مبالغہ یا صفت مشبہ بمعنی اسم فاعل ہے، اسم مفعول (مرحوم) کے معنی میں نہیں ہے، جیسے عَلِیْمٌ بمعنی عَالِمٌ ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دونوں رَحْمَة سے مشتق ہیں، اور رحمت کے معنی ہیں: رقّتِ قلب، دل کا پتلا ہونا، مصیبت زدہ کو دیکھ کر دل کا پسیجنا، جس کا نتیجہ مہربانی اور انعام ہے، اور صفاتِ متشابہات میں غایات مراد لی جاتی ہیں، ابتدائی معنی مراد نہیں لئے جاتے، اور رحیم اور راحم ہم معنی ہیں، یعنی رحیم اسم فاعل کے معنی میں ہے، رحم کیا ہوا، اس کے معنی نہیں ہیں۔

فائدہ: حروفِ ہجا کی زیادتی معنی کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے، رحمان میں پانچ حروف ہیں، اور رحیم میں چار، اس لئے رحمان میں معنی زائد ہیں، اور مراد رحمان الدنیا ہے، دنیا میں اللہ تعالیٰ کی مہربانی کا مورد مؤمن وکافر سب ہیں، اور رحیم خاص ہے، اور مراد رحیم الآخرۃ ہے، آخرت میں مہربانی کا مورد صرف مؤمنین ہونگے، اس لئے عام کے بعد خاص صفت لائی گئی ہے۔

الدین:

سورہ فاتحہ کی تیسری آیت ہے: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾: روز جزا کا مالک، الدین: دَانَ يَدِيْن (ض) دِيْنًا وَدِيَانَةً: کا

مصدر بھی ہے اور اسم بھی، اور اس کے بہت معانی ہیں، مذہب وملت کو بھی 'دین' کہتے ہیں، اور آیت کریمہ میں معنی: جزا اور بدلہ کے ہیں، خواہ جزائے خیر ہو یا شر یعنی ثواب وعقاب دونوں کے لئے یہ لفظ مستعمل ہے، اور ایک ضعیف حدیث میں ہے: کَمَا تَدِیْنُ تُدَانُ: جیسی کرنی ویسی بھرنی! تم جیسا ہمارے ساتھ کروگے ویسا ہی بدلہ دیئے جاؤگے، کیونکہ دنیا گنبد کی صدا ہے، جیسا کہے ویسا سنے!

اور سورۃ الماعون کی پہلی آیت ہے: ﴿أَرَأَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ﴾: کیا تو نے اس شخص کو دیکھا جو روز جزاء کو جھٹلاتا ہے؟ مجاہد رحمہ اللہ نے بالدین کا ترجمہ بالحساب کیا ہے یعنی حساب کے دن کو جھٹلاتا ہے —— اور سورۃ الواقعہ (آیت ۸۶) میں ہے: ﴿فَلَوْلَا إِنْ کُنْتُمْ غَیْرَ مَدِیْنِیْنَ﴾: پس اگر تمہارا حساب کتاب ہونے والا نہیں، مَدِیْن: اسم مفعول، مدینین: اسم مفعول جمع مذکر مجرور بمعنی مُحَاسَبِیْن (س پر زبر) اسم مفعول ہے —— اور سورۃ الصافات (آیت ۵۲) میں ہے: ﴿ءَ إِذَا مِتْنَا وَکُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا ءَ إِنَّا لَمَدِیْنُوْنَ﴾: کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجائیں گے تو ہم جزاء وسزا دیئے جائیں گے؟ یہاں مَدِیْنُوْن: حالت رفعی میں ہے، معنی وہی ہیں۔

سورۂ فاتحہ کی وجہ تسمیہ:

سورۂ فاتحہ کے دس سے زیادہ نام ہیں، جب کسی چیز میں متعدد خوبیاں ہوتی ہیں، اور لغت میں سب خوبیوں کو ظاہر کرنے والا کوئی لفظ نہیں ہوتا تو متعدد الفاظ کے ذریعہ ان خوبیوں کو ظاہر کیا جاتا ہے، جیسے اللہ تعالیٰ مجمع الکمالات ہیں، اور کوئی ایک لفظ تمام کمالات کی ترجمانی کرنے والا نہیں، اس لئے بے شمار اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے کمالات کی وضاحت کی جاتی ہے، یا جیسے ایک شخص مولوی (اللہ والا) مولانا (بڑا عالم) قاری، قاضی، حاجی اور مفتی ہے تو یہ سب خوبیاں کسی ایک لفظ سے واضح نہیں کی جاسکتیں، اس لئے متعدد الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں، تاکہ سب خوبیاں آشکارہ ہوجائیں۔

قرآنِ کریم کی پہلی سورت کا ایک نام 'ام الکتاب' ہے یعنی قرآن کی اصل، اس کی وجہ تسمیہ آگے آرہی ہے، دوسرا نام: فاتحۃ الکتاب ہے، فَتَحَ کے معنی ہیں: کھولنا، اور فاتحہ کے معنی ہیں: ہر چیز کا آغاز، دیباچہ، پیش لفظ، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قرآنِ کریم کی پہلی سورت کا نام فاتحۃ الکتاب: دو وجہ سے ہے: ایک: یہ سورت قرآن میں سب سے پہلے لکھی گئی ہے، دوم: نماز میں قراءت اسی سورت سے شروع کی جاتی ہے —— غرض: فاتحۃ الکتاب قرآنِ کریم کا پیش لفظ اور مقدمہ ہے، اس لئے اس کو کسی پارے میں شامل نہیں کیا، پہلا پارہ الٓمّ سے یعنی سورہ بقرہ سے شروع ہوتا ہے، اگر فاتحہ کو پہلے پارے میں شامل کرتے تو وہ اسی کا پیش لفظ ہوکر رہ جاتا، حالانکہ وہ پورے قرآن کا پیش لفظ ہے۔

ام الکتاب نام کی وجہ تسمیہ:

امام بخاری رحمہ اللہ نے سورۃ الفاتحہ کا ایک نام 'ام الکتاب' بھی ذکر کیا ہے، مگر اس کی وجہ تسمیہ بیان نہیں کی، پس جاننا

چاہئے کہ ہر چیز کی اصل ام (ماں) کہلاتی ہے، اور سورۃ الفاتحہ ام الکتاب اس لئے ہے کہ جو مضامین پورے قرآن میں پھیلے ہوئے ہیں وہ سورہ فاتحہ میں جمع ہیں، یا یہ کہیں کہ جو باتیں سورۂ فاتحہ میں ہیں ان کو پورے قرآن میں پھیلایا گیا ہے، تفصیل درج ذیل ہے:

پہلی آیت: ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾: تمام تعریفیں جہانوں کے پالنہار کے لئے ہیں:

اس آیت میں توحید الوہیت اور توحید ربوبیت کا بیان ہے، توحید الوہیت یعنی معبود صرف اللہ تعالیٰ ہیں، ان کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ اور توحید ربوبیت یعنی وہی تمام جہانوں کے اور ساری کائنات کے پروردگار ہیں، اور دونوں توحیدیں لازم ملزوم ہیں، ان میں چولی دامن کا ساتھ ہے، دونوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوسکتیں، معبود کی ذمہ داری ہے بندوں کو پالنا، اور جو بندوں کو پالتا ہے وہی معبود ہوتا ہے، کوئی دوسرا معبود نہیں ہوسکتا —— اور توحید ادیانِ سماوی کا بنیادی مسئلہ ہے، قرآنِ کریم اس کی تفصیلات سے بھرا پڑا ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ الْحَمْدُ لِلّٰهِ میں ال استغراقی ہے یعنی ساری خوبیوں کے مالک اللہ تعالیٰ ہیں، دوسرا کوئی کسی خوبی کا مالک نہیں، اور یہ آدھا مضمون ہے، اس کا دوسرا آدھا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ہے یعنی اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہیں، ان میں کوئی کمی نہیں، اور جس ہستی میں یہ دونوں باتیں جمع ہوں وہ معبود ہوتا ہے، کیونکہ معبود ہونا سب سے بڑا کمال ہے، اگر اللہ تعالیٰ میں یہ کمال نہیں تو وہ تمام خوبیوں کے جامع نہیں، نہ وہ ہر عیب سے پاک ہوئے —— پس الْحَمْدُ لِلّٰهِ میں توحید الوہیت کا بیان ہے۔

اور رَبِّ الْعَالَمِيْنَ میں توحید ربوبیت کا بیان ہے یعنی اللہ تعالیٰ ہی تمام جہانوں کے پروردگار اور پالنہار ہیں، اور کوئی جہانوں کا رب نہیں۔ رَبّ: وہ ہستی کہلاتی ہے جس میں تین باتیں ہوں: اول: کسی چیز کو نیست سے ہست کرے، عدم سے وجود میں لائے، یعنی وہ خالق ہو، دوم: جو مخلوق وجود میں آئے اس کے بقاء کا سامان کرے تاکہ وہ معدوم نہ ہوجائے، انسان کا بچہ پیدا ہوتا ہے تو دودھ کی دو نہریں ماں کی چھاتی میں رواں ہوجاتی ہیں، تاکہ بچہ اس کے سہارے زندہ رہ سکے، یہ بقاء کا سامان کیا۔ سوم: جس مخلوق کو وجود بخشا ہے اس کو بتدریج (آہستہ آہستہ) ترقی دے کر منتہائے کمال (لاسٹ پوئنٹ) تک لے جائے، جیسے زمین وآسمان کو چھ دنوں میں (چھ ادوار میں) موجودہ شکل تک پہنچایا، یکدم آسمان وزمین کو بنا کر کھڑا نہیں کردیا، یہ بات ربوبیت کی شان کے خلاف ہے —— یہ تین باتیں جو ربوبیت کے مفہوم میں داخل ہیں، اللہ تعالیٰ کے علاوہ کون ہے جس میں یہ باتیں پائی جاتی ہوں؟ کوئی نہیں! پس رب العالمین میں توحید ربوبیت کا بیان ہے۔

دوسری آیت: ﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ نہایت مہربان بے حد رحم فرمانے والے

یہ آیت پہلی آیت کا تتمہ اور تیسری آیت کی تمہید ہے، مہربانی ربوبیت کا لازمی تقاضا ہے، اسی صفت کے سہارے کائنات برقرار ہے، حدیث میں ہے: سَبَقَتْ رَحْمَتِيْ غَضَبِيْ: میری مہربانی میری ناراضگی سے آگے ہے، یہ اس دنیا کے

تعلق سے ہے، اور سورۃ الفاطر کے آخر میں ہے: ﴿وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا﴾ الآیۃ: اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کی ان کے اعمال کے سبب داروگیر فرماتے تو روئے زمین پر کسی متنفس کو نہ چھوڑتے، کون ہے جو خطا سے پاک ہے؟ یہ اللہ کی مہربانی ہی ہے کہ ہر خطا پر فوراً نہیں پکڑتے، ڈھیل دیتے ہیں کہ شاید سنبھل جائے، پھر رحمان کا تعلق دنیا سے ہے، اس میں معنی کی زیادتی ہے، مؤمن و کافر ہر ایک اس کی رحمت سے بہرہ ور ہے —— اور رحیم کا تعلق آخرت سے ہے، آخرت میں مؤمنین ہی اللہ کی رحمت سے بہرہ ور ہونگے، سورۃ الاعراف (آیت ۳۲) میں ہے: ﴿قُلْ: هِيَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾: بتادو، اللہ کی پیدا کی ہوئی زینت دنیوی زندگی میں مؤمنین کے لئے بھی ہے (ان کے لئے حرام نہیں ہے) اور قیامت کے دن وہ خالص اہل ایمان کے لئے ہوگی۔

جیسے کھیت بوتے ہیں تو کٹنے تک خش وخاشاک کو بھی سیراب کرتے ہیں، پھر کھیت کٹنے کے بعد دانہ گھر میں پہنچا دیا جاتا ہے اور گھاس بھوس باڑے میں ڈال دیا جاتا ہے، اسی طرح دنیا میں مؤمنین وکافر سب کی پرورش کی جاتی ہے، سب مہربانی سے حصہ پاتے ہیں، پھر قیامت کے دن چھٹائی ہوگی، حکم ہوگا: ﴿وَامْتَازُوْا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ﴾: آج اے بدکارو (اہل ایمان سے) الگ ہوجاؤ، کیونکہ اہل ایمان کو جنت میں بھیجنا ہے اور کافروں کو دوزخ میں! —— رحیم کا تعلق اس حالت سے ہے، پس وہ اگلی آیت کی تمہید بھی ہے۔

تیسری آیت: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾ روز جزاء کا مالک:

جزا کا دن اس لئے ہے کہ رحمت کی تکمیل اس پر موقوف ہے، قیامت کے دن اچھے برے کو چھانٹ دیا جائے گا، اور اس دن کسی کو دم مارنے کی مجال نہ ہوگی، سب کچھ مالک کی مرضی کے مطابق ہوگا، قیامت کے دن سفارشیں ضرور ہونگی، مگر وہ بھی اللہ تعالیٰ کے اذن سے ہونگی —— اس آیت میں مجازات کا بیان تو صراحۃً ہے اور رسالت اور تکلیف کی طرف اشارہ ہے، اللہ تعالیٰ بندوں کو رسولوں کی معرفت اپنی مرضی (پسندیدہ باتیں) بتائیں گے، اور ان پر عمل پیرا ہونے کا حکم دیں گے، تبھی مجازات کا نمبر آئے گا۔

پس ان تین آیتوں میں تین بنیادی عقائد کا بیان ہے: توحید، رسالت اور آخرت، یہی عقائد قرآنِ کریم میں بار بار مختلف انداز سے بیان کئے گئے ہیں، نیز مامورات ومنہیات کی تفصیل بھی کی گئی ہے۔

چوتھی آیت: ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ﴾: ہم آپ ہی کی بندگی کرتے ہیں، اور آپ ہی سے مدد کے خواستگار ہیں

عبادت: کسی کے سامنے خود کو اختیار ومرضی سے آخری حد تک جھکانا، اور اس کی رضا جوئی کے لئے اس کے احکام کی اطاعت کرنا، اور استعانت کے معنی ہیں: مدد طلب کرنا، پھر عبادت تو غیر اللہ کی شرک ہے، اور استعانت بھی امور غیر عادیہ میں حرام ہے، اور امور عادیہ میں جائز ہے، عادیہ: روزمرہ کے کام: معمولی کام، غیر عادیہ: وہ کام جس کے اسباب خفی ہوں، جیسے بیماری کا علاج کرانا امور عادیہ میں سے ہے اور کسی بزرگ سے اولاد مانگنا امور غیر عادیہ میں سے ہے اور حرام ہے۔

یہ مؤمن بندوں نے اپنے مالک ومولیٰ سے انقیاد وارتباط کا اظہار کیا ہے کہ ہم بہمہ وجوہ آپ کے ہیں، بندگی بھی آپ کی کرتے ہیں اور لَو بھی آپ سے لگائے ہوئے ہیں، اور جمع کے صیغے اجتماعیت کا تصور قائم کرنے کے لئے ہیں، اور باقی تین آیتوں میں بندوں نے ہدایت کی درخواست کی ہے، کیونکہ یہ بندوں کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔

پانچویں آیت: ﴿إِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ﴾ (الٰہی!) ہمیں سیدھا راستہ دکھا!

ہدایت کی درخواست: استعانت کا مظہر ہے، کیونکہ ہدایت یابی اللہ کی اعانت اور دست گیری کے بغیر ممکن نہیں، ہدایت کے دو مرحلے ہیں: (۱) إِرَاءَ ةُ الطَّرِيْقِ: راستہ دکھانا۔ (۲) إِيْصَال إِلَى الْمَطْلُوْب: منزل تک پہنچانا، پہلا کام اللہ تعالیٰ کے علاوہ قرآن اور رسول بھی کرتے ہیں، اور دوسرا کام صرف اللہ تعالیٰ کرتے ہیں، جب بندہ کسب کرتا ہے یعنی اس میں اللہ کے راستہ پر پڑنے کا جذبہ ابھرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو منزل تک پہنچا دیتے ہیں، ارشاد پاک ہے: ﴿إِنَّكَ لاَ تَهْدِيْ مَنْ أَحْبَبْتَ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ﴾: نبی ﷺ جس کو چاہیں منزل پر نہیں پہنچا سکتے، اللہ تعالیٰ ہی منزل سے ہمکنار کرتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ہدایت ایک معنوی چیز ہے، قرآنِ کریم اس کی تفصیلات سے بھرا پڑا ہے، مگر ہر کس وناکس کے لئے اس کی معرفت ذرا دشوار ہے، چنانچہ اگلی دو آیتوں میں مثبت ومنفی پہلوؤں سے راہ ہدایت کو مشخص کیا گیا ہے۔

چھٹی آیت: ﴿صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ﴾: ان لوگوں کی راہ جن پر آپ نے انعام فرمایا

انعام سے دینی انعام مراد ہے، اور وہ حضرات جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا: چار ہیں: انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین، جو شخص راہِ ہدایت پر پڑ گیا وہ ان حضرات کو اسوہ (نمونۂ عمل) بنائے، اور ان میں سے جو حیات ہیں ان کی رفاقت اختیار کرے۔ سورۃ التوبہ (آیت ۱۱۹) ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾: اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو، اور (ایمان میں) کھروں کے ساتھی بنو، ایمان کی راہ پر گامزن رہنے کا یہی فارمولہ ہے، جو اچھے لوگوں کے قافلے میں شامل ہوگا وہ منزل پر پہنچے گا —— یہ مثبت پہلو سے صراطِ مستقیم کی نشاندہی کی ہے۔

ساتویں آیت: ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلاَ الضَّالِّيْنَ﴾: نہ ان لوگوں کا راستہ جن پر آپ غضبناک ہوئے اور نہ گمراہ لوگوں کا راستہ

برے لوگ دو قسم کے ہیں: معمولی برے اور پرلے درجہ کے برے، اول: راہ راست سے ہٹے ہوئے ہیں اور ثانی: پرلے درجہ کے بے راہ رو ہیں، حدیث میں بطور مثال مغضوب علیھم کا مصداق یہود کو اور ضالین کا مصداق نصاریٰ کو قرار دیا ہے، کیونکہ نزولِ قرآن کے وقت مسلمانوں میں اس کی مثالیں نہیں تھیں، اب امت میں گمراہ فرقے وجود میں آگئے ہیں، جو فرقے دائرہ اسلام سے خارج ہیں وہ مغضوب علیھم ہیں، اور جو فرقے اہل السنہ والجماعہ کی راہ سے ہٹے ہوئے ہیں وہ ضالین ہیں، ان دونوں قسم کے فرقوں کی راہ سے محفوظ رہنے کی دعا کی گئی ہے —— یہ منفی پہلو سے راہِ ہدایت کی نشاندہی کی ہے۔

اورقرآنِ کریم میں انبیاء اوران کی امتوں کا اوران کے مخالفین کا تذکرہ بکثرت آیا ہے، وہ تذکرہ ان دونوں آیتوں کی تفسیر ہے —— غرض: جو باتیں سورۃ الفاتحہ میں اجمالاً ہیں ان کا تفصیلی تذکرہ قرآنِ کریم میں ہے، پس سورۃ الفاتحہ پورے قرآن کریم کے مضامین کا خلاصہ ہے، اس لئے اس سورت کا نام 'ام الکتاب' اور 'ام القرآن' بھی ہے۔

بَابٌ

سورۂ فاتحہ کی فضیلت

سورۃ الفاتحہ وہ بیش بہا دولت ہے جو اس امت کے علاوہ کسی امت کو نہیں ملی، مسلمان اس کی جتنی بھی قدر کریں کم ہے، اوراس کے فضائل میں متعدد حدیثیں ہیں، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک حدیث روایت کی ہے، جس کا تعلق سورۃ الحجر کی آیت ۸۷ سے ہے، پہلے وہ آیت پڑھ لیں:

ارشادِ پاک ہے: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ﴾: اور ہم نے آپؐ کو سات آیتیں دیں، جو (نماز میں) مکرر پڑھی جاتی ہیں، اور قرآن عظیم دیا (تھانوی رحمہ اللہ)

تفسیر: سبعا: أی سبع آیات: سات آیتیں۔ مراد: سورہ فاتحہ ہے جو سات آیات پر مشتمل ہے —— المثانی: مَثْنٰی کی جمع، مصدر ثَنْیٌ: دوہرا کرنا، تکرار کرنا، اعادہ کرنا، چونکہ سورہ فاتحہ نماز میں بار بار پڑھی جاتی ہے، اس لئے اس کو مثانی کہا ہے —— اور مِنْ بیانیہ ہے یعنی المثانی: سبعاً کا بیان ہے —— اور القرآن العظیم سے مراد بھی سورہ فاتحہ ہے، اور کسی چیز کے دو وصفوں میں سے ایک وصف کا دوسرے پر عطف ہے أی لَقَدْ آتَيْنَاكَ مَا يُقَالُ لَهُ السَّبْعُ الْمُثَانِيْ وَالقرآنُ العظيمُ —— اور باب میں حضرت ابوسعید بن المعلّٰی انصاری کی حدیث ہے، اس سے بھی اس تفسیر کی تائید ہوتی ہے۔

حدیث: حضرت ابوسعید بن المعلّٰی انصاری رضی اللہ عنہ مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے، نبی ﷺ نے ان کو پکارا، انھوں نے جواب نہیں دیا، نماز سے فارغ ہونے کے بعد انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نماز پڑھ رہا تھا، آپؐ نے فرمایا: تمہیں اللہ کا یہ ارشاد معلوم نہیں: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ إِذَا دَعَاكُمْ﴾: اے ایمان والو! تم اللہ ورسول کی بات پر لبیک کہو جب وہ تمہیں پکاریں؟ پھر آپؐ نے فرمایا: "میں تمہیں ضرور ایک سورت سکھلاؤں گا جو قرآن کی سورتوں میں سب سے بڑی سورت ہے، تمہارے مسجد سے نکلنے سے پہلے" پھر آپؐ نے ان کا ہاتھ پکڑا، پھر جب آپؐ نے مسجد سے نکلنے کا ارادہ کیا تو انھوں نے یاد دلایا کہ آپؐ نے یہ فرمایا تھا، آپؐ نے فرمایا: وہ سورت الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ہے یعنی سورہ فاتحہ ہے، وہ بار بار پڑھی جانے والی سات آیتیں ہیں، اور وہ قرآنِ عظیم ہے جو مجھے عنایت فرمایا گیا ہے۔

تشریح: آیت کریمہ اور حدیث شریف سے سورہ فاتحہ کی فضیلت دو طرح نکلتی ہے: اول: سورہ فاتحہ نماز میں بار بار دوہرائی جاتی ہے، یہ بات اس سورت کی کسی خاص اہمیت کی وجہ سے ہے۔ دوم: سورہ فاتحہ کو قرآن عظیم کہا گیا ہے، کیونکہ

قرآن کے سارے مضامین سورہ فاتحہ میں سمیٹ لئے گئے ہیں، یا یہ کہیں کہ سورہ فاتحہ میں جو مضامین ہیں وہی پورے قرآن میں پھیلائے گئے ہیں، اس طرح سورہ فاتحہ قرآنِ عظیم ہے، اس سے فاتحہ کی اہمیت عیاں ہے۔

ملحوظہ: آیت اور حدیث کی ایک دوسری تفسیر بھی ہے۔ سَبْعًا سے سورۂ فاتحہ مراد ہے، اور مَثَانی سے قرآنِ کریم مراد ہے، سورۃ الزمر (آیت ۲۳) میں ہے: ﴿اللّٰهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتَابًا مُتَشَابِهًا مَثَانِيَ﴾: اللہ تعالیٰ نے بڑا عمدہ کلام (قرآن) نازل فرمایا ہے، وہ ایسی کتاب ہے جو باہم ملتی جلتی ہے، بار بار دوہرائی جانے والی ہے۔ اس آیت میں مثانی قرآن کو کہا گیا ہے، اور من تبعیضیہ ہے اور القرآن العظیم: عام کا خاص پر عطف ہے، اب سورۃ الحجر کی آیت کا ترجمہ یہ ہوگا: ''ہم نے آپ ﷺ کو بار بار دوہرائی جانے والی کتاب کی سات آیتیں دیں یعنی سورہ فاتحہ دی اور قرآنِ عظیم عطا فرمایا'' اس صورت میں آیت اور حدیث سے صرف پہلی فضیلت نکلے گی کہ جب قرآن بار بار پڑھنے کی کتاب ہے، تو فاتحہ بھی بار بار پڑھنے کی سورت ہے، چنانچہ نماز کی ہر رکعت میں اس کے پڑھنے کا حکم ہے، اور یہ بات اس کی خاص اہمیت کی وجہ سے ہے، یہی اس سورت کی فضیلت ہے (اس دوسری تفسیر کی تفصیل میری تفسیر ہدایت القرآن میں ہے)

ختمِ فاتحہ پر آمین کہنا

اگلا باب ہے کہ جب بھی سورہ فاتحہ پڑھی جائے، خواہ نماز میں پڑھی جائے یا خارج نماز، جماعت سے پڑھی جائے یا تنہا، سری نماز ہو یا جہری، جب فاتحہ پوری ہو تو آمین کہنا چاہئے، آمین کے معنی ہیں: اے اللہ! میری دعا قبول فرما! اس سے سورہ فاتحہ میں جو ہدایت طلبی کی دعا ہے اس کی اہمیت آشکارہ ہوتی ہے۔

اور حدیث پہلے آئی ہے کہ جہری نماز میں جب امام سورہ فاتحہ ختم کرے تو سب مقتدی امام کے ساتھ آمین کہیں، غافل نہ ہوں، کیونکہ جس کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے ساتھ موافق ہوگا اس کی سابقہ خطائیں بخش دی جائیں گی، یہ سورہ فاتحہ کے ختم پر آمین کہنا اس سورت کی اہمیت سے تعلق رکھتا ہے، پس یہ باب بھی گویا فاتحہ کی فضیلت کا باب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٦٥- كِتَابُ التَّفْسِيْرِ

[(١) بَابُ سُوْرَةِ الْفَاتِحَةِ]

﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ اسْمَانِ مِنَ الرَّحْمَةِ. الرَّحِيْمِ وَالرَّاحِمِ بِمَعْنًى وَاحِدٍ، كَالْعَلِيْمِ وَالْعَالِمِ.

[١-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

[١-] وَسُمِّيَتْ أُمَّ الْكِتَابِ: لِأَنَّهُ يُبْدَأُ بِكِتَابَتِهَا فِي الْمَصَاحِفِ، وَيُبْدَأُ بِقِرَاءَ تِهَا فِي الصَّلَاةِ.

[۲-] و﴿الدِّيْنِ﴾: الْجَزَاءُ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ، كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ. وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿بِالدِّيْنِ﴾: بِالْحِسَابِ ﴿مَدِيْنِيْنَ﴾: مُحَاسَبِيْنَ.

[٤٤٧٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ حَدَّثَنَا يَحيى، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلّٰى، قَالَ: كُنْتُ أُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ فَدَعَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ أُجِبْهُ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ كُنْتُ أُصَلِّيْ فَقَالَ:" أَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ: ﴿اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ إِذَا دَعَاكُمْ﴾ ثُمَّ قَالَ لِيْ:" لَأُعَلِّمَنَّكَ سُوْرَةً هِيَ أَعْظَمُ السُّوَرِ فِي الْقُرْآنِ قَبْلَ أَنْ تَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ"، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِيْ، فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ قُلْتُ لَهُ: أَلَمْ تَقُلْ:" لَأُعَلِّمَنَّكَ سُوْرَةً هِيَ أَعْظَمُ سُوْرَةٍ فِي الْقُرْآنِ؟" قَالَ:" ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْآنُ الْعَظِيْمُ الَّذِيْ أُوْتِيْتُهُ"

[انظر: ٤٦٤٧، ٤٧٠٣، ٥٠٠٦]

[۲-] بَابُ ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ﴾

[٤٤٧٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا قَالَ الإِمَامُ: ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ﴾ فَقُوْلُوْا: آمِيْنَ، فَمَنْ وَافَقَ قَوْلُهُ قَوْلَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"

[راجع: ٧٨٢]

ترجمہ اور وضاحت: حاشیہ میں تفسیر کی تعریف کی ہے: التكشيف عن مدلولات نظم القرآن: قرآنِ کریم کے الفاظ کے معانی کی وضاحت کرنا —— رحمان اور رحیم: دونوں اسم ہیں، رحمة سے ماخوذ ہیں یعنی رحمان عجمی لفظ نہیں ہے جیسا کہ کہا گیا ہے —— اور رحیم اور راحم: ہم معنی ہیں، جیسے علیم اور عالم یعنی رحیم: اسم مفعول کے معنی میں نہیں ہے، اسم فاعل کے معنی میں ہے، اور صفتِ مشبہ اور اسم فاعل کے معنی میں جو فرق ہے وہ بیان کرنا مقصود نہیں —— وہ روایت جو سورۂ فاتحہ کی فضیلت میں وارد ہوئی ہے —— اور سورۂ فاتحہ کا ام الکتاب بھی نام رکھا گیا ہے، اس لئے کہ قرآنوں میں سب سے پہلے سورۂ فاتحہ لکھی جاتی ہے، اور نماز میں قراءت سورہ فاتحہ سے شروع کی جاتی ہے (یہ فاتحۃ الکتاب کی وجہ تسمیہ ہے، ام الکتاب کی وجہ تسمیہ نہیں) —— اور الدین کے معنی ہیں: بدلہ، خواہ اچھا ہو یا برا (کہا گیا ہے) جیسا تمہارا عمل ہوگا ویسا ہی تم بدلہ دیئے جاؤ گے —— اور سورۃ الماعون کی پہلی آیت میں بھی مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ دین کے معنی حساب کے ہیں —— اور سورۃ الواقعہ (آیت ۸۱) میں مدینین کے معنی بھی محاسَبین (س پر زبر، اسم مفعول) ہیں یعنی حساب کئے گئے۔ (پھر سورہ فاتحہ کی فضیلت کی حدیث ہے)

سورۃ البقرۃ کی تفسیر

حضرت تھانوی قدس سرہ نے البقرۃ کے معنی 'بیل' کے کئے ہیں، اور عام طور پر مفسرین کرام اس کا ترجمہ'' گائے'' کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام چیزوں کے نام سکھلائے

اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو ہر چیز کا نام، اس کی حقیقت وخاصیت اور اس کا نفع ونقصان سکھلایا، اور یہ علم ان کے دل میں بلاواسطۂ کلام القا کر دیا، کیونکہ کمال علمی کے بغیر خلافت (دنیا پر حکومت) ممکن نہیں، پھر فرشتوں کو اس حکمت سے مطلع کرنے کے لیے سوال کیا کہ اگر تم اپنی بات میں سچے ہو کہ تم کارِخلافت انجام دے سکتے ہو تو ان چیزوں کے نام اور احوال بتاؤ، انھوں نے اپنے عجز وقصور کا اعتراف کیا اور وہ سمجھ گئے کہ وہ کارِخلافت انجام نہیں دے سکتے، کیونکہ جو علم کی قلیل مقدار ان کو حاصل ہے وہ کارِخلافت انجام دینے کے لیے کافی نہیں، پھر آدم علیہ السلام سے اشیائے عالم کی بہ نسبت سوال ہوا، انھوں نے فر فر سب امور فرشتوں کو بتلا دیئے، وہ دنگ رہ گئے، اور حضرت آدم علیہ السلام کے احاطۂ علمی پر عش عش کرنے لگے، تب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا: '' کہو، ہم نہ کہتے تھے کہ ہم آسمان اور زمین کی سب پوشیدہ باتوں کو جانتے ہیں، اور تمہارے دلوں میں جو باتیں مکنون ہیں ان کو بھی جانتے ہیں؟''

فائدہ: اس سے علم کی فضیلت عبادت پر ثابت ہوئی، عبادت میں ملائکہ بڑھے ہوئے ہیں، مگر علم میں انسان سے کم ہیں، اس لیے مرتبۂ خلافت انسان ہی کو عطا ہوا، اور برتری کی وجہ یہ ہے کہ عبادت مخلوقات کا خاصہ ہے، اللہ تعالیٰ کی صفت نہیں ہے، اور علم اللہ تعالیٰ کی سب سے اہم صفت ہے، اس لئے قابل خلافت انسان ہوئے، کیونکہ خلیفہ میں مستخلف عنہ کا کمال ہونا ضروری ہے (ماخوذ از فوائد شیخ الہندؒ)

اس کے بعد شفاعتِ کبری کی حدیث ہے، اس میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام چیزوں کے نام سکھائے، اس مناسبت سے حدیث لائے ہیں، اور یہ حدیث یہاں پہلی مرتبہ آئی ہے، آگے چھ مرتبہ آئے گی، یہ حدیث پہلے نہیں آئی، اور حدیث کے آخر میں جو حوالہ ہے وہ امام مزی رحمہ اللہ کا تسامح ہے (فتح) پہلے اس حدیث کی صرف سند آئی ہے، مضمون نہیں آیا، پس حدیث کا ترجمہ اور تشریح بعد میں ہے۔

[۲] سورۃ البقرۃ

[۱-] بَابٌ: ﴿وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا﴾

[٤٤٧٦-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه

وسلم ح: قَالَ وَقَالَ لِیْ خَلِیْفَةُ: حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ، قَالَ حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "یَجْتَمِعُ الْمُؤْمِنُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فَیَقُوْلُوْنَ: لَوِ اسْتَشْفَعْنَا إِلٰی رَبِّنَا! فَیَأْتُوْنَ آدَمَ فَیَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ أَبُوْ النَّاسِ، خَلَقَكَ اللّٰهُ بِیَدِهِ، وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ، وَعَلَّمَكَ أَسْمَاءَ كُلِّ شَیْءٍ، فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّكَ، حَتّٰی یُرِیْحَنَا مِنْ مَكَانِنَا هٰذَا، فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَیَذْكُرُ ذَنْبَهُ فَیَسْتَحِیْ، ائْتُوْا نُوْحًا فَإِنَّهُ أَوَّلُ رَسُوْلٍ بَعَثَهُ اللّٰهُ إِلٰی أَهْلِ الْأَرْضِ، فَیَأْتُوْنَهُ فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَیَذْكُرُ سُؤَالَهُ رَبَّهُ مَا لَیْسَ لَهُ بِهِ عِلْمٌ فَیَسْتَحِیْ، فَیَقُوْلُ: ائْتُوْا خَلِیْلَ الرَّحْمٰنِ، فَیَأْتُوْنَهُ فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، ائْتُوْا مُوْسَی عَبْدًا كَلَّمَهُ اللّٰهُ، وَأَعْطَاهُ التَّوْرَاةَ، فَیَأْتُوْنَهُ فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَیَذْكُرُ قَتْلَ النَّفْسِ بِغَیْرِ نَفْسٍ فَیَسْتَحِیْ مِنْ رَبِّهِ، فَیَقُوْلُ: ائْتُوْا عِیْسَی عَبْدَ اللّٰهِ وَرَسُوْلَهُ وَكَلِمَةَ اللّٰهِ وَرُوْحَهُ، فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، ائْتُوْا مُحَمَّدًا، عَبْدًا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، فَیَأْتُوْنِّیْ فَأَنْطَلِقُ حَتّٰی اسْتَأْذِنَ عَلٰی رَبِّیْ فَیُؤْذَنُ، فَإِذَا رَأَیْتُ رَبِّیْ وَقَعْتُ سَاجِدًا فَیَدَعُنِیْ مَاشَاءَ ثُمَّ، یُقَالُ: ارْفَعْ رَأْسَكَ وَسَلْ تُعْطَهْ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَرْفَعُ رَأْسِیْ فَأَحْمَدُهُ بِتَحْمِیْدٍ یُعَلِّمُنِیْهِ.

ثُمَّ أَشْفَعُ فَیَحُدُّ لِیْ حَدًّا فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ أَعُوْدُ إِلَیْهِ فَإِذَا رَأَیْتُ رَبِّیْ، مِثْلَهُ، ثُمَّ أَشْفَعُ فَیَحُدُّ لِیْ حَدًّا فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ [ثُمَّ أَعُوْدُ الثَّالِثَةَ] ثُمَّ أَعُوْدُ الرَّابِعَةَ فَأَقُوْلُ: مَا بَقِیَ فِی النَّارِ إِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْآنُ وَوَجَبَ عَلَیْهِ الْخُلُوْدُ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: إِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْآنُ: یَعْنِیْ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ! ﴿خَالِدِیْنَ فِیْهَا﴾[راجع: ٤٤]

شفاعتِ کبریٰ کی حدیث

نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن مؤمنین اکٹھا ہونگے، وہ کہیں گے: کاش ہم سفارش کرائیں اپنے پروردگار کے پاس! پس وہ آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے، اور کہیں گے: آپؑ تمام لوگوں کے ابا ہیں، آپؑ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے بنایا، اور آپؑ کے لئے اپنے فرشتوں سے سجدہ کرایا، اور آپؑ کو تمام چیزوں کے نام سکھلائے (یہاں باب ہے) پس آپؐ ہمارے لئے اپنے پروردگار کے پاس سفارش کریں، تاکہ وہ ہمیں آرام پہنچائیں ہماری اس جگہ سے یعنی میدانِ محشر سے آگے بڑھائیں اور جنت میں پہنچائیں —— پس آدم علیہ السلام جواب دیں گے: نہیں ہوں میں وہاں یعنی میں اس مقصد سے بارگاہِ خداوندی میں حاضر نہیں ہوسکتا، اور وہ اپنے گناہ کو یاد کریں گے، پس وہ جھجکیں گے، تم نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ، کیونکہ وہ پہلے رسول ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے زمین والوں کی طرف بھیجا ہے —— چنانچہ وہ نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے، وہ کہیں گے: نہیں ہوں میں وہاں! اور وہ اپنا وہ سوال یاد کریں گے جو انھوں نے اپنے پروردگار سے کیا تھا،

جس کے بارے میں ان کو کوئی علم نہیں تھا یعنی وہ اپنے کافر بیٹے کی نجات کے سوال کو یاد کریں گے، اور وہ جھجکیں گے اور کہیں گے: تم خلیل الرحمٰن (حضرت ابراہیم علیہ السلام) کے پاس جاؤ، وہ کہیں گے: نہیں ہوں میں وہاں! تم موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ، وہ ایسے بندے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے ہم کلامی کی ہے، اور ان کو تورات دی ہے —— پس لوگ ان کے پاس جائیں گے، وہ کہیں گے: نہیں ہوں میں وہاں! اور وہ یاد کریں گے ایک شخص کے ناحق قتل کرنے کو، پس وہ اللہ کے پاس جانے سے جھجکیں گے، اور وہ مشورہ دیں گے کہ تم عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ، وہ اللہ کے بندے، اس کے رسول، اس کا ایک بول اور اس کی روح ہیں، پس وہ کہیں گے: نہیں ہوں میں وہاں! تم محمد ﷺ کے پاس جاؤ، وہ ایسے بندے ہیں جن کی اگلی پچھلی سب کوتاہیاں اللہ تعالیٰ نے معاف کردی ہیں —— پس وہ میرے پاس آئیں گے، میں چلونگا، اور اپنے پروردگار کے پاس جانے کی اجازت طلب کروں گا، مجھے اجازت دی جائے گی، پس جب میں میرے پروردگار کو دیکھونگا تو سجدہ میں گر پڑوں گا، وہ مجھے جتنا چاہیں گے سجدہ میں چھوڑے رکھیں گے، پھر کہا جائے گا: اپنا سر اٹھایئے اور مانگئے آپؐ دیئے جائیں گے، اور کہئے آپؐ کی بات سنی جائے گی، اور سفارش کیجئے آپؐ کی سفارش قبول کی جائے گی، پس میں اپنا سر اٹھاؤنگا، اور اللہ کی تعریف کرونگا ایسی تعریف جو اللہ تعالیٰ مجھے (اس وقت) سکھلائیں گے (یہاں تک شفاعتِ کبری کا بیان ہے)

(دوسری چھوٹی سفارشیں:) پھر میں سفارش کرونگا، پس میرے لئے ایک حد مقرر کی جائے گی (مثلاً کہا جائے گا کہ آپؐ بے نمازیوں کے لئے سفارش کریں) پس میں ان کو جنت میں داخل کرونگا، پھر میں اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹونگا، پس جب میں میرے پروردگار کو دیکھونگا تو اسی طرح کرونگا، یعنی سجدہ میں گر پڑونگا اور خوب تعریف کرونگا، پھر میں سفارش کرونگا، پس میرے لیے ایک حد متعین کی جائے گی (مثلاً: آپؐ زنا کاروں کے لئے سفارش کریں) پس میں ان کو جنت میں داخل کرونگا، پھر تیسری مرتبہ لوٹونگا، پھر چوتھی مرتبہ لوٹونگا، پس کہونگا میں کہ اب نہیں باقی رہا دوزخ میں مگر وہ شخص جس کو قرآن نے روک لیا ہے، اور اس کے لئے ہمیشہ ہمیش کے لئے جہنم میں رہنا واجب ہوگیا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حَبَسَهُ القرآن سے مراد اللہ تعالیٰ کا ارشاد خَالِدِيْنَ فِيْهَا ہے یعنی جن لوگوں کے حق میں قرآنِ کریم میں ﴿خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَدًا﴾ آیا ہے وہی آخر میں جہنم میں رہ جائیں گے، باقی تمام لوگ چھوٹی سفارشوں کے ذریعہ جہنم سے نکال لئے جائیں گے۔

وضاحتیں:

۱- شفاعتِ کبری کی حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث پہلے نہیں آئی، آگے چھ جگہ آئے گی، حوالے حدیث ۴۴ کے آخر میں ہیں، اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث پہلے دو جگہ (حدیث ۳۳۴۰ و ۳۳۶۱) آئی ہے، اور آگے (حدیث ۴۷۱۲) بھی آئے گی۔

۲- شفاعت کبری کی دونوں حدیثوں میں آخری مضمون راویوں نے چھوڑ دیا ہے، وہ مضمون صور کی طویل حدیث میں

ہے، جس کو ابو یعلی نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے، اور علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے نہایۃ البدایہ (۱:۲۴۸) میں نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کی سفارش قبول فرمائیں گے، اور اللہ تعالیٰ بادلوں کے سائبان میں زمین پر اتریں گے، اور فرشتے بھی اتریں گے، اور عرش الٰہی کو آٹھ فرشتے اٹھا کر زمین پر رکھیں گے، پھر حساب کتاب شروع ہوگا۔

۳- شفاعتِ کبری کی ان دونوں حدیثوں میں آخر میں دوسری چھوٹی شفاعتوں کا ذکر ہے، اور روایوں نے خاص طور پر ان شفاعتوں کا ذکر اس لئے کیا ہے کہ خوارج وغیرہ شفاعت کا انکار کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ جہنم میں جانے کے بعد کوئی نہیں نکلے گا، اس لئے ان کی تردید میں رواۃ اس حدیث میں خاص طور پر امت کے لئے نبی ﷺ کی شفاعت کا ذکر کرتے ہیں (مزید تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی ۶:۲۰۸ دیکھیں)

لغات: هُنَا: اسم اشارہ قریب کے لئے ہے، اور ھا بڑھا کر ھھنا بھی کہتے ہیں، اور آخر میں مخاطب کے اعتبار سے کاف خطاب بھی بڑھاتے ہیں......... یَسْتَحِیْ میں ایک یاء محذوف ہے، اصل یَسْتَحْیِیْ ہے، اِسْتَحْیَا: کسی سے شرمانا، جھجکنا۔

[۲-] بَابٌ

[۱-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿إِلٰى شَيَاطِيْنِهِمْ﴾: أَصْحَابِهِمْ مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ. [۲-] ﴿مُحِيْطٌ بِالْكَافِرِيْنَ﴾: اللّٰهُ جَامِعُهُمْ. [۳-] ﴿عَلَى الْخَاشِعِيْنَ﴾: عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَقًّا. [٤-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿بِقُوَّةٍ﴾: بِعَمَلٍ بِمَا فِيْهِ. [٥-] قَالَ أَبُوْ الْعَالِيَةِ: ﴿مَرَضٌ﴾: شَكٌّ. [٦-] ﴿صِبْغَةَ﴾: دِيْنَ. [٧-] ﴿وَمَا خَلْفَهَا﴾: عِبْرَةٌ لِمَنْ بَقِيَ. [٨-] ﴿لَاشِيَةَ﴾: لَابَيَاضَ.

بَابٌ

مشکل الفاظ کی تشریح

۱- سورۃ البقرہ آیت ۱۴ میں منافقین کے تذکرہ میں ہے: ﴿وَإِذَا خَلَوْا إِلٰى شَيَاطِيْنِهِمْ قَالُوْا: إِنَّا مَعَكُمْ، إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ﴾: اور جب وہ لوگ (منافقین) اپنے شریر سرداروں کے پاس تنہائی میں ہوتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم تمہارے ساتھ ہیں، اور مؤمنین کے سامنے ہم نے ایمان کا اقرار بس یونہی کیا تھا، یعنی ان کو بے وقوف بنایا تھا، مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: شیاطین سے ان کے منافق اور مشرک ساتھی مراد ہیں، کیونکہ الشیطان: اسم ہے اور شَیْطَنَ کے معنی ہیں، شرارت کرنا، پس ہر مفسد اور سرکش انسان اور جن کو شیطان کہہ سکتے ہیں۔

۲- سورۃ البقرہ آیت ۱۹ میں ہے: ﴿وَاللّٰهُ مُحِيْطٌ بِالْكَافِرِيْنَ﴾: اور اللہ تعالیٰ کافروں کو گھیرنے والے ہیں، احاطہ کئے

ہوئے ہیں یعنی قیامت کے دن ان کو (میدانِ حشر میں) جمع کریں گے، یہاں حسّی احاطہ مراد نہیں، معنوی احاطہ مراد ہے کہ تمام کفار اللہ تعالیٰ کی قدرت میں ہیں، کوئی ان میں سے چھٹک نہیں سکتا۔

۳-سورۃ البقرہ آیت ۴۵ میں ہے: ﴿وَإِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ﴾: بے شک نماز دشوار (بھاری) ہے، مگر خاشعین پر (بھاری نہیں) یعنی سچے اور کھرے مؤمنین پر کچھ دشوار نہیں، خَشَعَ (ف) خُشُوْعًا کے معنی ہیں: عاجزی اور انکساری کرنا، خاشع: اسم فاعل: عاجزی دکھانے والا، آیت میں: اللہ سے ڈرنے والے، اللہ کے سامنے جھکنے والے اور گڑگڑانے والے مراد ہیں۔

۴-سورۃ البقرۃ آیت ۶۳ میں ہے: ﴿خُذُوْا مَا آتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ﴾: (یہود کے سروں پر پہاڑ معلق کر کے کہا گیا:) مضبوط پکڑو اس کتاب کو جو ہم نے تم کو دی، یہاں بھی حسّی پکڑنا مراد نہیں معنوی پکڑنا مراد ہے، یعنی جو احکام تورات میں ہیں ان پر پوری طرح عمل کرو۔

۵-سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۰ میں ہے: ﴿فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَرَضٌ﴾: منافقین کے دلوں میں بڑا روگ ہے، ابو العالیہ رفیع بن مہران ریاحی رحمہ اللہ کہتے ہیں: یہاں بھی معنوی روگ شک وشبہ مراد ہے، حسی بیماری مراد نہیں۔

٦-سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۳۸ ہے: ﴿صِبْغَةَ اللّٰهِ، وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ! وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُوْنَ﴾: (لیا ہم نے یعنی قبول کیا ہم نے) اللہ کا رنگ یعنی ہم نے دین اسلام قبول کیا، اور کون اللہ سے بہتر ہے رنگنے کے اعتبار سے! اور ہم اسی کی بندگی کرنے والے ہیں —— صبغة: اسم مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: رنگ اور رنگ کی ہیئت وکیفیت، اور آیت میں صبغة سے مراد اللہ کا دین ہے، اور اس کو صبغة سے تعبیر نصاری پر رد کرنے کے لیے کیا ہے، عیسائیوں کے یہاں ایک رسم بپتسما ہے، وہ عیسائیت قبول کرنے والے کو زرد پانی میں ڈوباتے ہیں، جس کا نام ماءِ معمودیہ ہے، ان کے نزدیک اس عمل سے وہ پکا عیسائی بن جاتا ہے، پس آیت کریمہ میں کہا گیا کہ ہم نے اللہ کا دین اپنایا ہے، ہم اس سے رنگین ہوگئے ہیں، اور یہی سب سے بہتر رنگ ہے۔

عیسائی مسلمانوں کے سامنے شیخی بگارتے تھے کہ ہمارے پاس ایک رنگ ہے جو تمہارے پاس نہیں ہے، انھوں نے ایک زرد پانی بنا رکھا تھا، جب کوئی بچہ پیدا ہوتا یا کوئی ان کے دین میں داخل ہوتا تو وہ اس کو اس رنگ میں غوطہ دیتے اور کہتے: اب پکا عیسائی بن گیا، ہر گناہ سے پاک ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے مسلمانو! کہو ہم نے خدا کا رنگ یعنی دین اسلام قبول کیا اور اس دین کو جو قبول کر لیتا ہے وہ ہر طرح کی ناپاکی سے پاک ہو جاتا ہے، پس ہمیں نیلے پیلے رنگ کی ضرورت نہیں۔

اور عیسائیوں کے یہاں ایک اسطورۃ (مذہبی جھوٹی داستان) ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو پیدائش کے وقت جو نہلایا گیا تھا وہ دھوون محفوظ کر لی گئی تھی، ماءِ معمودیہ وہی پانی ہے، اس میں دوسرا پانی ملا کر آج تک بڑھایا جاتا ہے، اور اس میں بپتسمہ دیا جاتا ہے، اس غیر معمولی تعظیم کی وجہ سے عیسائیوں کے یہاں الوہیتِ مسیح کا عقیدہ پیدا ہوا، اور ہم نے اللہ کا رنگ اپنایا، کسی مخلوق

کارنگ نہیں اپنایا، اس لئے ہم اللہ ہی کی عبادت کرتے ہیں، اپنے رسول کو الوہیت کی حدود میں داخل نہیں کرتے۔

۷-سورۃ البقرۃ کی آیت ٦٦ میں ہے: ﴿فَجَعَلْنَاهَا نَكَالاً لِمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا﴾: (جن لوگوں نے ہفتہ (بار) کے احکام میں تجاوز کیا ان کو ذلیل بندر بنایا گیا) پھر ہم نے اس کو عبرت انگیز واقعہ بنایا، ان بستیوں کے لئے جو اس بستی کے آگے اور اس کے پیچھے آباد تھیں یعنی چاروں طرف کی بستیوں کے لئے وہ واقعہ داستانِ عبرت بن گیا، عبرةٌ لمن بَقِي (سبق ان لوگوں کے لیے جو باقی رہ گئے) کا یہی مطلب ہے۔

اور دوسری تفسیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس عقوبت کو باعث خوف و عبرت بنایا اگلے اور پچھلے لوگوں کے لئے یعنی جنھوں نے اس عذاب کا مشاہدہ کیا، اور جو آئندہ پیدا ہونگے، اب آیت کا ترجمہ ہوگا: ''ان لوگوں کے لئے جو اس واقعہ کے معاصر تھے، اور ان کے لئے بھی جو مابعد زمانہ میں آئیں گے'' (تھانویؒ)

۸-سورۃ البقرۃ آیت ۷۱ میں ہے: ﴿لاَشِيَةَ فِيْهَا﴾: اس بیل میں کوئی داغ نہ ہو، شية: جانور جس رنگ کا ہو اس کے علاوہ دوسرے رنگ کا دھبہ، وہ بیل زرد رنگ کا تھا جس کی زردی تیز تھی، اب قید لگائی کہ اس میں کوئی دوسرا رنگ نہ ہو، جو دھبہ محسوس ہو، بیاض (سفید) اس لفظ کا ترجمہ نہیں، شِيَةٌ اصل میں وَشِيَةٌ تھا، عِدَةٌ اور زِنَةٌ کی طرح، اس کی ھ واؤ محذوف کے عوض میں ہے، اس کی جمع شِيَات ہے، فعل: وَشٰى يَشِيْ وَشْيًا وَشِيَةً ہے، وَشٰى فلان الثوب: کپڑے پر بیل بوٹے بنانا، کڑھائی کرنا، مزین کرنا۔

[٩-] وَقَالَ غَيْره: ﴿يَسُوْمُوْنَكُمْ﴾: يُوْلُوْنَكُم ﴿الوَلاَية﴾ -مَفْتُوْحَةً - مَصْدَرُ الْوَلاَءِ، وَهِيَ الرُّبُوْبِيَّةُ، وَإِذَا كُسِرَتِ الْوَاوُ فَهِيَ الإِمَارَةُ [١٠-]وَقَالَ بَعْضُهُمْ: الْحبوب التي تُؤْكَلُ كُلُّهَا: ﴿فُوْم﴾ [١١-] ﴿فادارأتم﴾اختلفتم. [١٢-]وَقَالَ قَتَادَةُ:﴿فبَاؤُا﴾:انْقَلَبُوْا. [١٣-] ﴿يستفتحون﴾: يَسْتَنْصُرُوْنَ. [١٤-] ﴿شَروا﴾ باعوا [١٥-] ﴿راعنا﴾: من الرُّعُوْنَةِ، إِذَا أَرَادُوْا أَنْ يُحَمِّقُوْا إِنْسَانًا قَالوا: راعنا. [١٦-] ﴿ لاَ تَجْزِىْ﴾ لا تغنى .[١٧-] ﴿ابتَلٰى﴾: اخْتبَرَ. [١٨-]﴿خُطوات﴾: من الْخَطْوِ، والمعنى: آثاره.

۹-سورۃ البقرۃ آیت ۴۹ میں ہے: ﴿وَإِذْ أَنْجَيْنَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ، يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْءَ الْعَذَابِ﴾: (پہلا ترجمہ) اور (وہ زمانہ یاد کرو) جبکہ رہائی دی ہم نے تم کو متعلقین فرعون سے، جو فکر میں لگے رہتے تھے تمہاری سخت آزاری کے (تھانویؒ) (دوسرا ترجمہ) اور یاد کرو اس وقت کو جبکہ رہائی دی ہم نے تم کو فرعون کے لوگوں سے جو کرتے تھے تم پر (دیتے تھے تم کو) بڑا عذاب (شیخ الہند و شاہ عبد القادر صاحب رحمہما اللہ)

يَسُوْمُوْن (مضارع، صیغہ جمع مذکر غائب) سَامَ يسوم (ن) سَوْمًا الإنسانَ: ذلت و حقارت کا برتاؤ کرنا، تکلیف

دینا، مجبور کرنا اور سَامَ البائعُ کے معنی ہیں: سامان دکھا کر اس کا بھاؤ بتانا، اور سام المشتری کے معنی ہیں: گاہک کا سودا لینے کے لیے بھاؤ تاؤ کرنا، سَاوَم (مفاعلہ) کے بھی یہی معنی ہیں —— اور ابوعبید قاسم بن سلاّم رحمہ اللہ نے یسومون کا ترجمہ یُوْلُوْنکم کیا ہے یعنی فرعونی تمہارے ساتھ برا معاملہ کرتے ہیں، أَوْلیٰ معروفًا کے معنی ہیں: کسی کے ساتھ بھلائی کرنا، احسان کرنا، اور أولی فلانا شرًا کے معنی ہیں: کسی کے ساتھ برا برتاؤ کرنا، چونکہ آیت کریمہ میں سوء العذاب ہے، اس لئے ترجمہ ہوگا: فرعونی تمہارے ساتھ سخت عذاب کا معاملہ کرتے ہیں۔

اور یُوْلُوْن کی اصل یُوْلِیُوْن (مضارع، صیغہ جمع مذکر غائب،) ہے، یَرْمُوْنَ کے قاعدے سے ی حذف ہوئی، یَرْمُوْن کی اصل یَرْمِیُوْنَ ہے، ی کسرہ کے بعد واو سے پہلے واقع ہوئی، اس لیے اس کا ضمہ ماقبل کو دے کر اس کو حذف کر دیا۔

اور بعض حضرات یسومونکم کا ترجمہ یذیقونکم کرتے ہیں، یعنی فرعونی تمہیں سخت عذاب چکھاتے ہیں، اور ایک ترجمہ یُوْرِدُوْنَکُمْ بھی کیا گیا ہے، أورد إیرادًا کے معنی ہیں: واقع کرنا، وارد کرنا، اتارنا، یعنی فرعونی تمہیں سخت عذاب میں اتارتے ہیں یعنی دوچار کرتے ہیں، عربی کے یہ تینوں ترجمے ایک ہی مفہوم ادا کرتے ہیں، اس لئے علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے تینوں لفظوں کو ترجمہ میں جمع کیا ہے۔

پھر یُوْلُوْنکم کی مناسبت سے الوَلَایۃ کے معنی بیان کئے ہیں، یہ کلمہ سورۃ الکہف آیت ۴۴ میں ہے: ﴿هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ﴾: وہاں مدد کرنا اللہ برحق ہی کا کام ہے، وَلایت: (واؤ کے زبر کے ساتھ) کے معنی ہیں: نصرت، مدد اور پرورش کرنا۔ اور وِلایت (واؤ کے زیر کے ساتھ) بمعنی حکومت، اقتدار اور ملک ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: الوَلاء (اسم) سے فعل وَلِیَ یَلِیْ وَلْیًا بنا ہے، جس کے معنی ہیں: قریب ہونا، نزدیک ہونا، اور وَلِیَ الشیئَ وَلایۃ (واؤ کا زبر) کے معنی ہیں: انتظام وانصرام کرنا، وَلِیَ الْبَلَدَ: کسی شہر یا ملک پر اقتدار حاصل کرنا، حاکم بننا، اور وَلِیَ فلانا کے معنی ہیں: مدد کرنا، محبت وتعلق کا اظہار کرنا۔

امام بخاری رحمہ اللہ کی عبارت کا ترجمہ: الوَلایۃ (واو کے زبر کے ساتھ) الوَلاء (اسم سے جو فعل بنا ہے اس کا) مصدر ہے، جس کے معنی ہیں ربوبیت (پرورش کرنا) اور جب واو کو زیر دیا جائے تو وِلایت کے معنی حکومت کے ہیں۔

غرض یسومونکم کا جو ترجمہ قاسم بن سلاّم نے یولونکم کیا ہے وہ الولایۃ بفتح الواو سے ہے، اور چونکہ آیت میں سوءَ العذاب ہے، اس لیے اس کا ترجمہ ہوگا: برا برتاؤ کرنا۔

۱۰- سورۃ البقرۃ آیت ۶۱ میں لفظ 'فوم' آیا ہے، بنی اسرائیل نے وادی تیہ میں اسارت کے زمانہ میں موسیٰ علیہ السلام سے کہا: ہم ایک ہی قسم کے کھانے (منّ وسلوی) پر ہرگز صبر نہیں کریں گے، پس آپ اپنے پروردگار سے دعا کریں کہ وہ ہمارے لئے زمین سے اگائیں: ساگ ترکاری، ککڑی، فوم، مسور اور پیاز —— فوم کے کیا معنی ہیں؟ (۱) ابن عباس اور مجاہد رحمہما اللہ 'گیہوں' ترجمہ کرتے ہیں، اسی کو عام طور پر مفسرین نے اختیار کیا ہے (۲) ابن مسعودؓ کی قراءت میں الفوم کی جگہ

الثوم ہے یعنی لہسن (۳) عطاء اور قتادہ رحمہما اللہ 'غلہ' اس کا ترجمہ کرتے ہیں، اسی کو امام بخاری رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہے، فرماتے ہیں: تمام دانے غلے جو کھائے جاتے ہیں 'فوم' ہیں۔

۱۱- سورۃ البقرۃ آیت ۷۲ میں ہے: ﴿وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْ تُمْ فِيْهَا﴾: اور جب تم نے ایک آدمی کا خون کیا، پھر ایک دوسرے پر اس کو ڈالنے لگے، ادّار أتم: ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر ہے، اختلفتم: اختلاف کیا تم نے اِدَّارَءَ کی اصل تَدَارَءَ ہے ت کو دال بنا کر ادغام کیا، پھر ابتداء بالسکون کی دشواری کی وجہ سے ہمزۂ وصل بڑھایا۔

۱۲- سورۃ البقرۃ آیت ۹۰ میں ہے: ﴿فَبَاءُ وْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ﴾: پس لوٹے وہ غصہ پر غصہ لئے ہوئے، بَاءَ بالشیئ بَوْءً ا: لوٹنا، قتادہ رحمہ اللہ نے یہی معنی کئے ہیں اور آیت میں مضمون یہ ہے کہ غیر یہود کو نبوت کیوں ملی؟ اس ضد میں وہ ایمان نہیں لائے، پس وہ لوگ غضب بالائے غضب کے مستحق ہوگئے۔

۱۳- سورۃ البقرۃ آیت ۸۹ میں ہے: ﴿وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾: اور وہ (مدینہ کے یہود) پہلے سے فتح مانگتے تھے کافروں پر۔ قرآن کے اترنے سے پہلے جب مدینہ کے یہود مشرکوں سے لڑتے تھے تو دعا مانگتے تھے: ''اے اللہ! ہم کو نبی آخر الزماں اور جو کتاب ان پر نازل ہوگی ان کے طفیل کافروں پر فتح نصیب فرما'' استفتاح: فتح کی دعا کرنا، مدد طلب کرنا۔

۱۴- سورۃ البقرۃ آیت ۱۰۲ میں ہے: ﴿لَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖ أَنْفُسَهُمْ﴾: یقیناً بری ہے وہ چیز (سحر، جادو) جس کے بدل انھوں نے اپنی ذاتوں کو بیچا، یعنی جادو سیکھ کر کافر ہوئے، جہنم میں جائیں! شَرىٰ يَشْرِىْ (ض) شَرْيًا: بیچنا خریدنا، باع کی طرح اضداد میں سے ہے (مگر بیشتر اس کا استعمال بیچنے کے معنی میں ہوتا ہے)

۱۵- سورۃ البقرۃ آیت ۱۰۴ میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوْا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا﴾: اے ایمان والو! (لفظ) راعنا مت استعمال کیا کرو، بلکہ انظرنا کہا کرو، اور (اچھی طرح) سنا کرو (تاکہ انظرنا کہنے کی بھی ضرورت پیش نہ آئے)

راعنا میں دو قراءتیں:

۱- جمہور کی قراءت ہے: رَاعِنَا: مراعاۃ سے رَاعِ امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر ہے، اور نا ضمیر جمع متکلم ہے، معنی: ہماری رعایت کیجئے، مجلس میں جب میر مجلس کوئی بات کہتا ہے، اور وہ ٹھیک سے سمجھ میں نہیں آتی تو تحقیق کے لئے کہتے ہیں: راعنا: ہماری طرف متوجہ ہوں، یہود زبان مروڑ کر رَاعِيْنَا کہتے تھے یعنی ہمارے چرواہے، اس لئے مسلمانوں کو اس لفظ کے استعمال سے روک دیا، تاکہ یہود شرارت نہ کرسکیں۔

۲- رَاعِنًا: (تنوین کے ساتھ) یہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کی قراءت ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی قراءت کے معنی بیان کئے ہیں، فرماتے ہیں: رَاعِنٌ: رُعُوْنَة سے ہے، جس کے معنی ہیں: اوچھا پن، ناسمجھی، جب کسی شخص کو بے وقوف

بنانا ہوتا ہے تو راعنًا کہتے ہیں۔

نوٹ: پہلی قراءت ہی صحیح ہے، اس لیے کہ سورۃ النساء آیت ۴۶ میں ہے: ﴿رَاعِنَا لَیًّا بِأَلْسِنَتِهِمْ﴾: یہود اپنی زبانیں مروڑ کر راعنا کہتے تھے، اگر رعونۃ سے رَاعِنًا تھا تو زبان مروڑنے کی ضرورت نہیں تھی۔

۱۶- سورۃ البقرۃ آیات ۴۸ و ۱۲۳ میں ہے: ﴿لَاتَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَیْئًا﴾: (قیامت کے دن) کوئی شخص کسی شخص کی طرف سے کوئی واجب مطالبہ ادا نہیں کر سکے گا، جَزَی الشیئَ (ض) جَزَاءً: کافی ہونا، فائدہ پہنچانا...... أَغْنَی الشیئُ: کوئی چیز کافی ہونا، أَغْنَی الرجلُ عن فلان: کسی شخص کا کسی کے لئے کافی ہونا، ما یُغنی عنك هذا: یہ چیز تمہارے لئے نفع رساں نہ ہوگی، اس سے تم کو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

۱۷- سورۃ البقرۃ آیت ۱۲۴ میں ہے: ﴿وَإِذِ ابْتَلٰی إِبْرَاهِیْمَ رَبُّهٗ﴾: اور جس وقت امتحان کیا ابراہیمؑ کا ان کے پروردگار نے ابْتَلاہ: آزمانا، بَلَاہ (ن) بَلَاءً: آزمانا، گرفتار مصیبت کرنا........... اختبر الشیئَ: جانچنا، آزمانا، تجربہ کرنا۔

۱۸- سورۃ البقرۃ آیت ۱۶۸ میں ہے: ﴿وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ﴾: اور شیطان کے قدم بہ قدم مت چلو، خطوات: خُطوۃ کی جمع ہے: قدم، ڈگ، خَطَا (ن) خَطْوًا: چلنا، قدم اٹھانا، ڈگ بھرنا، اور قدم سے حسّی قدم مراد نہیں، بلکہ شیطان کے آثار مراد ہیں، اس کی چلائی ہوئی راہیں اور طریقے مراد ہیں۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰی: ﴿فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ أَنْدَادًا وَأَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾

[٤٤٧٧-] حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو ابْنِ شُرَحْبِیْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم: أَیُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ" قُلْتُ: إِنَّ ذٰلِكَ لَعَظِیْمٌ! قُلْتُ: ثُمَّ أَیٌّ؟ قَالَ: "وَأَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ، تَخَافُ أَنْ یَطْعَمَ مَعَكَ" قُلْتُ: ثُمَّ أَیٌّ؟ قَالَ: "أَنْ تُزَانِیَ حَلِیْلَةَ جَارِكَ"

[أطرافه: ٤٧٦١، ٦٠٠١، ٦٨١١، ٦٨٦١، ٧٥٢٠، ٧٥٣٢]

کسی کو اللہ تعالیٰ کا ہم سر بنانا سب سے بڑا ظلم ہے

الله أکبر: اللہ تعالیٰ سب سے برتر وبالا ہیں، لا إلٰه إلا الله: اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وَلَمْ یَكُنْ لَهٗ كُفُوًا أَحَدٌ: اور کوئی اللہ تعالیٰ کے برابر نہیں، پس ان کا ہم سر، مثل اور مانند تجویز کرنا سب سے بڑا ناقابل عفو گناہ ہے۔

سورۃ البقرۃ آیت ۲۲ کے آخر میں ہے: ﴿فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ أَنْدَادًا، وَأَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾: پس مت بناؤ تم اللہ تعالیٰ کا ہم سر درانحالیکہ تم جانتے ہو ــــ أنداد: ندّ کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: ہم پلّہ، ہم رتبہ، ہم سر، مثل، نظیر اور مانند۔

تفسیر: یہ آیت اور اس سے پہلی آیت ۲۱ کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو اور تم سے پہلوں کو سب کو پیدا کیا، اور

تمہاری ضروریات اور کل منافع کو بنایا، پھر اس کو چھوڑ کر کسی دوسرے کو معبود بنانا، جو تم کو نہ نفع پہنچا سکے نہ ضرر، جیسے بت، کس قدر حماقت وجہالت ہے! حالانکہ تم یہ بھی جانتے ہو کہ اس جیسا کوئی نہیں (فوائد شیخ الہند رحمہ اللہ)

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے پوچھا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ کونسا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: (سب سے بڑا گناہ) یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے لئے ہم سر بناؤ، درانحالیکہ انھوں نے تم کو پیدا کیا ہے'' یعنی خالق بس اللہ تعالیٰ ہیں، کوئی دوسرا خالق نہیں، نہ ہو سکتا ہے، پھر کوئی اللہ تعالیٰ کے برابر کیسے ہو سکتا ہے؟ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: بے شک یہ بڑا بھاری گناہ ہے! (اس سے بڑا کوئی گناہ نہیں ہو سکتا) پھر انھوں نے پوچھا: اس کے بعد کونسا گناہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اور (اس کے بعد) یہ گناہ ہے کہ تم اپنی اولاد کو مار ڈالو، اس بات سے ڈرتے ہوئے کہ وہ تمہارے ساتھ کھائے گی'' ابن مسعودؓ نے پوچھا: پھر کونسا گناہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: (اس کے بعد) یہ گناہ ہے کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کرو۔

تشریح: یہ حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے، اس میں تین گناہوں کا تذکرہ ہے:

سب سے بڑا گناہ: جو کسی حال میں معاف نہیں کیا جائے گا: شرک ہے، شرک یہ ہے کہ کسی کو اللہ تعالیٰ کی ذات یا صفات میں برابر مانا جائے، جیسے مشرکین بتوں کو ذات میں اللہ تعالیٰ کے برابر قرار دیتے ہیں، سورۃ البقرۃ آیت ۱۶۵ میں ہے: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللهِ أَنْدَادًا، يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللهِ﴾: بعض لوگ وہ ہیں جنھوں نے اللہ تعالیٰ کے علاوہ کو اللہ تعالیٰ کا ہم سر بنایا، وہ ان سے محبت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے کی طرح، چنانچہ وہ ان کی پوجا کرتے ہیں، اور کچھ جاہل مسلمان نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ کے ہم پلہ قرار دیتے ہیں صفتِ علم میں، وہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جمیع ما کان وما یکون کو جانتے ہیں، فرق صرف ذاتی اور عطائی کا ہے، یہ شرک صریح ہے۔

دوسرے درجہ کا گناہ: روزی کے ڈر سے اولاد کو قتل کرنا ہے، یعنی یہ خیال کرنا کہ اولاد ہوگی تو کہاں سے کھلائیں گے؟ اس لئے پیدا ہونے کے بعد اولاد کو مار ڈالنا، یا جان پڑنے کے بعد یا پہلے حمل گرا دینا، یا شدید مجبوری کے بغیر عمل جراحی کرانا کبیرہ گناہ ہیں —— اور ''روزی کے ڈر سے'': یہ بطور مثال ایک سبب کا بیان ہے، کسی اور سبب سے مثلاً زنا کا حمل ہے، پس بدنامی کے ڈر سے حمل گرانا یا پیدا ہونے کے بعد بچے کو مار ڈالنا بھی اسی حکم میں ہے۔

تیسرے درجہ کا کبیرہ گناہ: اپنے پڑوسی کی بیوی سے ناجائز تعلق قائم کرنا ہے، یہ زنا کے علاوہ پڑوسی کے حقوق کی پامالی بھی ہے، اس لئے یہ عام زنا سے بھاری گناہ ہے۔

[٤-] بَابٌ

وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى، كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ، وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ﴾ وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْمَنُّ: صَمْغَةٌ، وَالسَّلْوٰى: الطَّيْرُ.

[٤٤٧٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شَفَاءٌ لِلْعَيْنِ"

[طرفاه: ٤٦٣٩، ٥٧٠٨]

اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے لئے منّ وسلوی اتارا

سورۃ البقرۃ آیت ۵۷ میں منّ وسلوی کا ذکر ہے، مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: منّ: گوند ہے، اور سلوی پرندہ —— اور حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مَنّ: ایک چیز تھی شیریں، دھنیے کے سے دانے، ترنجبین کے مشابہ، رات کو اوس میں برستے، لشکر کے گرد ڈھیر لگ جاتے، صبح کو ہر ایک اپنی حاجت کے موافق اٹھالیتا۔ اور سَلْوی: ایک پرندہ ہے جس کو بٹیر کہتے ہیں، شام کو لشکر کے گرد ہزاروں جمع ہوجاتے، اندھیرا ہوئے بعد پکڑلاتے، کباب کر کے کھاتے، مدتوں تک یہی کھایا کئے اھ۔

تُرنجبین: ایک قسم کی قدرتی شکر جو اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے، اور لیموں کے شربت کو بھی ترنجبین کہتے ہیں، حضرت شیخ الہند کے کلام میں پہلے معنی ہیں —— اونٹ کٹارا: ایک خاردار جھاڑی جو زمین پر پھیلتی ہے، اسے اونٹ بڑے شوق سے کھاتا ہے (فیروز اللغات)

جب بنی اسرائیل دریا سے پار ہوگئے، اور پیچھے فرعون مع لشکر غرقاب ہوگیا تو حکم الٰہی پہنچا کہ بیت المقدس جاؤ، اور عمالقہ سے جہاد کرو، اور وہاں بس جاؤ (عمالقہ: عملاق بن لاوذ بن ارم بن سام بن نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک قوم) وہ لوگ بڑے طاقتور تھے، ان کا حال جان کر بنی اسرائیل بزدل ہوگئے، اور جہاد سے انکار کردیا تو ان کو میدانِ تیہ میں چالیس سال کے لئے محصور کردیا گیا (یہ واقعہ سورۃ المائدۃ آیات ۲۱-۲۶ میں ہے)

اس اسارت کے زمانہ میں چونکہ لوگوں کے پاس نہ گھر تھے نہ خیمے، ان لئے وہ دھوپ سے پریشان ہوئے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بادل بھیج دیا جو دن بھران پر سایہ فگن رہتا تھا، اور کھانا میسر نہیں تھا تو اللہ تعالیٰ نے منّ وسلوی نازل فرمایا اور حکم دیا کہ یہ لطیف ولذیذ غذا کھاؤ، مگر آگے کے لئے جمع کر کے مت رکھو، مگر بنی اسرائیل نے نافرمانی کی اور ذخیرہ کرنا شروع کردیا، پس گوشت سڑنا شروع ہوگیا، یہ انھوں نے اپنا نقصان کیا، اللہ تعالیٰ کا کچھ نقصان نہیں ہوا۔

آیت کا ترجمہ: اور ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا، اور ہم نے تم پر منّ وسلوی اتارا، کھاؤ پاکیزہ چیزیں جو ہم نے تم کو دیں، اور انھوں نے ہمارا کچھ نقصان نہیں کیا، بلکہ وہ اپنا ہی نقصان کرنے والے تھے۔

حدیث: الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ: کھمبی منّ سے ہے، اور اس کا پانی آنکھ کے لئے مفید ہے (کھمبی: ایک قسم کی سفید نبات، جو اکثر برسات میں پیدا ہوتی ہے، اور خودرو ہے، اس کی سبزی بھی پکاتے ہیں اور تل کر بھی کھاتے ہیں، اس کو سانپ کی چھتری بھی کہتے ہیں، اگر وہ سیاہ یا سرخی مائل ہو تو آنکھ کے لئے مضر ہے اور بالکل سفید ہو تو مفید ہے، اس کو مل

کر آنکھ میں پانی ڈالنا بھی مفید ہے اور اس کا پانی نکال کر اس میں سرمہ کھرل کرنا بھی مفید ہے)

تشریح: کھمبی منّ سے ہے: اس کے دو مطلب ہوسکتے ہیں:

۱- یہ **تمثیل** (پیرایۂ بیان) ہے، پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ کھمبی مفت حاصل ہونے والی نعمت ہے، جیسے منّ بنی اسرائیل کو مفت ملتا تھا، کھمبی خودرو نبات ہے۔

۲- یہ بیان واقعہ ہے، پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ بنی اسرائیل پر جو منّ اترتا تھا اس کا اثر زمین میں باقی رہ گیا ہے، جو کبھی کبھی کھمبی کی شکل میں نمودار ہوتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا تجربہ: انھوں نے تین، پانچ یا سات کھمبیاں لیں، اور ان کو نچوڑا، اور ان کا پانی ایک شیشی میں بھرلیا، پھر ان کی ایک چندھیا باندی تھی اس کی آنکھ میں ڈالا تو وہ اچھی ہوگئی۔ رواہ الترمذی (تحفۃ الالمعی ۵: ۴۰۸)

چندھا: وہ جس کی آنکھیں روشنی کی تاب نہ لاسکیں، دن کو اندھارات میں بینا۔

[٥-] بَابٌ

﴿وَإِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَادْخُلُوْا الْبَابَ سُجَّدًا، وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ، نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ رَغَدًا: وَاسِعٌ كَثِيْرٌ.

[٤٤٧٩-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "قِيْلَ لِبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ: ﴿ادْخُلُوْا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ﴾ فَدَخَلُوْا يَزْحَفُوْنَ عَلٰى أَسْتَاهِهِمْ، فَبَدَّلُوْا، وَقَالُوْا: حِطَّةٌ، حَبَّةٌ فِيْ شَعَرَةٍ.

[راجع: ٣٤٠٣]

بنی اسرائیل کی حدود اسارت میں توسیع کی گئی

سورۃ البقرۃ کی آیت ۵۸ ہے: "اور جب حکم دیا ہم نے کہ داخل ہوؤ (اریحا) بستی میں، پس کھاؤ تم اس سے جہاں سے چاہو آسودہ ہوکر، اور دروازے میں داخل ہوؤ جھکے جھکے، اور کہو: توبہ توبہ! بخشیں گے ہم تمہاری تقصیریں، اور زیادہ دیں گے ہم نیکوکاروں کو۔

تفسیر: بنی اسرائیل کو دریا سے پار ہونے کے بعد عمالقہ سے جہاد کرنے کا اور بیت المقدس کو فتح کرنے کا حکم ملا، انھوں نے جہاد کرنے سے انکار کیا، پس ان کو سزا ملی، وہ چالیس سال کے لئے میدانِ تیہ میں محصور کردیئے گئے، اور بیت المقدس کو اتنی مدت کے لئے ان پر حرام کردیا گیا، پھر جب وہ لوگ اس جنگل میں پھرتے پھرتے تنگ آگئے، اور ایک ہی کھانا (منّ وسلوی) کھاتے کھاتے اکتا گئے تو انھوں نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا: ہم ایک ہی طرح کے کھانے پر ہرگز صبر نہیں کریں

گے، آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ ہمارے لئے زمین سے سبزی ترکاری، ککڑی، گیہوں، مسور اور پیاز اگائیں، موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی، چنانچہ ان کی حدود اسارت میں ایکس ٹینشن (Extension توسیع) کیا گیا، اور اریحا بستی میں داخلہ کی اجازت مل گئی، مگر کہا گیا کہ بستی میں سجدہ کرتے ہوئے یعنی جھکے جھکے عاجزی سے داخل ہونا، اور زبان سے حِطَّۃٌ کہتے ہوئے یعنی گناہ کی معافی مانگتے ہوئے داخل ہونا، مگر وہ جھکنے کے بجائے سُرینوں پر پھسلتے ہوئے، اور حِطَّۃٌ کے بجائے حِنْطَۃٌ کہتے ہوئے داخل ہوئے یعنی ہمیں گون بھر کر غلہ دے! چنانچہ جب وہ بستی میں داخل ہوئے تو ان پر طاعون پڑا، اور ایک دن میں ستّر ہزار یہودی مر گئے۔

لغت: رغد: آسودہ، حضرت رحمہ اللہ نے ترجمہ کیا ہے: وسیع کثیر، رَغَدَ الْعَیْشُ (س،ک) رَغَدًا: زندگی کا خوش گوار ہونا، آسودہ اور فراخ ہونا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل کو حکم دیا گیا کہ دروازے میں داخل ہو، سجدہ کرتے ہوئے اور کہو: (الٰہی) گناہ معاف فرما، پس وہ سُرینوں پر سرکتے ہوئے داخل ہوئے، اور انھوں نے بدل دیا، حِطَّۃٌ کے بجائے حَبَّۃٌ فِیْ شَعْرَۃٍ: کہا یعنی بالی میں (گون میں) غلہ! شیخ پٹنی کہتے ہیں: یہ مہمل کلام ہے، اور حدیث پہلے جلد ۶ کے آخر میں گذری ہے۔

فائدہ: بنی اسرائیل پر چالیس سال تک کے لئے بیت المقدس حرام کیا گیا تھا، دوسری بستیاں بایں معنی تو حرام تھیں کہ وہ حدود اسارت (میدانِ تیہ) سے خارج تھیں، مگر مطلقاً حرام نہیں تھیں، چنانچہ جب بنی اسرائیل نے زمین کی پیداوار مانگی تو ان کی حدود اسارت میں توسیع کی گئی، اور اریحا بستی کو میدانِ تیہ کے ساتھ لاحق کیا گیا، پس وہ اس بستی میں داخل ہونے کے بعد بھی محصور ہی رہے۔

[۶-] بَابٌ

قَوْلُهُ: ﴿مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ﴾ وَقَالَ عِكْرِمَةُ: جَبْرَ، وَمِيْكَ، وَسَرَافِ: عَبْدٌ، إِيْلِ: اللّٰهُ.

[۴۴۸۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ: سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سَمِعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ بِقُدُوْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِي أَرْضٍ يَخْتَرِفُ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: إِنِّيْ سَائِلُكَ عَنْ ثَلَاثٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا نَبِيٌّ: فَمَا أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ؟ وَمَا أَوَّلُ طَعَامِ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟ وَمَا يَنْزِعُ الْوَلَدَ إِلَى أَبِيْهِ أَوْ إِلَى أُمِّهِ؟ قَالَ: "أَخْبَرَنِيْ بِهِنَّ جِبْرَئِيْلُ آنِفًا" قَالَ: جِبْرَئِيْلُ؟ قَالَ: "نَعَمْ" قَالَ: ذَاكَ عَدُوُّ الْيَهُوْدِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ. فَقَرَأَ هٰذِهِ الْآيَةَ: ﴿مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلٰى قَلْبِكَ﴾ [البقرة: ۹۷] أَمَّا أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ الْمَشْرِقِ إِلَى الْمَغْرِبِ، وَأَمَّا أَوَّلُ طَعَامٍ يَأْكُلُهُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ حُوْتٍ، وَإِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْأَةِ نَزَعَ

الْوَلَدَ، وَإِذَا سَبَقَ مَاءُ الْمَرْأَةِ نَزَعَتْ" قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الْيَهُوْدَ قَوْمٌ بُهُتٌ، وَإِنَّهُمْ إِنْ يَعْلَمُوْا بِإِسْلَامِيْ قَبْلَ أَنْ تَسْأَلَهُمْ يَبْهَتُوْنِيْ، فَجَاءَ تِ الْيَهُوْدُ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَيُّ رَجُلٍ عَبْدُ اللّٰهِ فِيْكُمْ؟" قَالُوْا: خَيْرُنَا وَابْنُ خَيْرِنَا، وَسَيِّدُنَا وَابْنُ سَيِّدِنَا. قَالَ: "أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَسْلَمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ" فَقَالُوْا: أَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ، فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالُوْا: شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا، فَانْتَقَصُوْهُ قَالَ: فَهٰذَا الَّذِيْ كُنْتُ أَخَافُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ. [راجع: ٣٣٢٩]

یہود کی جبرئیل دشمنی

سورۃ البقرۃ کی آیات ۹۷و۹۸ ہیں: ﴿قُلْ: مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلٰى قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِلّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكَالَ فَإِنَّ اللّٰهَ عُدُوٌّ لِلْكَافِرِيْنَ﴾

ترجمہ: آپؐ (یہود سے) کہیں: جو شخص جبرئیل علیہ السلام کا دشمن ہے (وہ جان لے کہ) بے شک انھوں نے قرآن اتارا ہے آپؐ کے دل پر اللہ کے حکم سے جو تصدیق کرنے والا ہے اپنے سے پہلے والی کتابوں کی، اور مؤمنین کے لئے راہ نمائی اور خوش خبری ہے، جو شخص اللہ کا، اس کے فرشتوں کا، اس کے رسولوں کا، اور جبرئیل ومیکائیل کا دشمن ہے (وہ جان لے کہ) بے شک اللہ تعالیٰ ایسے کافروں کے دشمن ہیں۔

تفسیر: شانِ نزول کی روایت میں ہے کہ یہودی عالم عبداللہ بن صوریا اپنے رفقاء کے ساتھ نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، اور چند سوالات پوچھے، آپؐ نے پوچھا: اگر میں تمہارے سوالوں کے جوابات دیدوں تو؟ انھوں نے کہا: ہم مسلمان ہوجائیں گے! آپؐ نے ان سے پکا عہد وپیمان لیا، پھر انھوں نے چار سوالات کئے، آپؐ نے سب کے جوابات دیئے، وہ لاجواب ہوگئے، تو انھوں نے کہا: اچھا بتاؤ، آپؐ کے پاس کونسا فرشتہ وحی لے کر آتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جبرئیل علیہ السلام، انھوں نے کہا: یہ فرشتہ تو ہماری قوم کا دشمن ہے، اس نے تو ہمارے اسلاف پر عذاب نازل کیا ہے، بھلا ہم اس کے لائے ہوئے کلام پر کیسے ایمان لاسکتے ہیں؟ (جلالین) اگر میکائیل وحی لاتے تو ہم ایمان لے آتے، وہ خیرات وبرکات، بارش اور خوش حالی کے فرشتے ہیں، ان کو مذکورہ آیتوں میں جواب دیا گیا کہ فرشتے جو کچھ کرتے ہیں وہ اللہ کے حکم سے کرتے ہیں، اپنی طرف سے کچھ نہیں کرتے، اور جو شخص اللہ کے نیک بندوں کا دشمن ہوتا ہے اس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں، حدیث قدسی میں ہے: من آذى لي وليا آذنته بالحرب: جو میرے نیک بندوں کو ستاتا ہے (اور دشمنی رکھنا بھی ستانا ہے) میں ان کو جنگ کا الٹی میٹم دیتا ہوں، آئے میرے مقابلہ میں: میں اس کو دیکھ لونگا۔

حدیث: پہلے آئی ہے، تحفۃ القاری (٦: ٥٤٣) میں ترجمہ ہے، پھر تحفۃ القاری (٧: ٣٧٦) میں آئی ہے، وہاں بھی ترجمہ

ہے، پھر تحفۃ القاری (۷:۳۹۳) میں آئی ہے، وہاں حدیث کا خلاصہ ہے، اب آخری بار آئی ہے ـــــ عکرمہ (تلمیذ ابن عباسؓ) کہتے ہیں: جبر، میک اور سراف کے معنی ہیں: بندہ اور ایل کے معنی ہیں: اللہ، پس جبرئیل کے معنی ہیں: عبداللہ: اللہ کا بندہ، یہی معنی میکائیل اور اسرافیل کے ہیں .... **یَخْتَرِف**: پکے پھل چن رہے تھے یعنی درخت پر چڑھے ہوئے تھے .... **اشراط**: قیامت کی چھوٹی نشانیاں .... حضرت عبداللہ بن سلام نے کہا: وہ فرشتوں میں یہود کے دشمن ہیں (یہاں باب ہے) .... **فقرأ هذه الآية**: قرأ کا فاعل کون ہے؟ کس نے اس موقع پر یہ آیت پڑھی؟ تین احتمال ہیں: (۱) نبی ﷺ نے پڑھی (۲) ابن سلام نے پڑھی (۳) کسی راوی نے پڑھی .... **زيادة كبد حوت**: مچھلی کی کلیجی کا بڑھا ہوا حصہ، کلیجی کا ایک زائد حصہ ہوتا ہے، جو علاحدہ بھی ہوتا ہے، اور جڑا ہوا بھی ہوتا ہے، وہ بہت لذیذ اور مزے دار ہوتا ہے۔

نسخ فی الشرائع اور نسخ فی الشریعۃ

نسخ کے لغوی معنی ہیں: زائل کرنا، ہٹانا، مٹانا، کہا جاتا ہے: **نَسَخَتِ الشَّمْسُ الظِّلَّ**: دھوپ نے سایہ ہٹا دیا، **نَسَخَتِ الريحُ آثارَ الأقدام**: ہوا نے قدموں کے نشانات مٹا دیئے۔ اور اصطلاح میں نسخ کے معنی ہیں: کسی حکم شرعی کی انتہا کو بیان کرنا، خواہ وہ حکم مقدم شریعت کا ہو یا اسی شریعت کا ہو۔

پھر نسخ کی دو قسمیں ہیں: نسخ فی الشرائع اور نسخ فی الشریعۃ۔

پہلی قسم: نسخ فی الشرائع ہے یعنی مقدم شریعت کو یا اس کے کسی حکم کو مؤخر شریعت کے ذریعہ منسوخ کرنا، یہود اس نسخ کا انکار کرتے ہیں، ان کے نزدیک جو شریعت یا جو حکم اللہ تعالیٰ نے ایک مرتبہ نازل کر دیا وہ منسوخ نہیں ہوسکتا، وہ اس طرح اپنے مذہب یہودیت کی ابدیت ثابت کرتے ہیں، حالانکہ وہ آدم علیہ السلام کی شریعت کو نوح علیہ السلام کی شریعت سے منسوخ مانتے ہیں، اور نوح علیہ السلام کی شریعت کو ابراہیم علیہ السلام کی شریعت سے منسوخ مانتے ہیں، اور ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کو موسیٰ علیہ السلام کی شریعت سے منسوخ مانتے ہیں، مگر موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کو نبی ﷺ کی شریعت سے منسوخ نہیں مانتے (عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کا ضمیمہ تھی، وہ مستقل شریعت نہیں تھی)

علاوہ ازیں: وہ یہودیت کو ایک نسلی مذہب مانتے ہیں، کوئی غیر اسرائیلی یہودی مذہب میں داخل نہیں ہوسکتا، پس کیا ساری انسانیت قیامت تک کے لئے اللہ کے دین سے محروم رہے گی؟ اور کیا یہودیت نے سابقہ شریعتوں کو منسوخ نہیں کیا؟

دوسری قسم: نسخ فی الشریعہ ہے یعنی شریعت اسلامیہ کے ایک حکم کو دوسرے حکم سے منسوخ کرنا، پھر اس کی دو صورتیں ہیں:

۱- قرآنِ کریم کا حکم حدیث شریف کے ذریعہ منسوخ کیا جائے، یہ جائز نہیں، حدیث میں ہے: ''میرا کلام اللہ کے کلام کو منسوخ نہیں کرتا''

۲- حدیث سے ثابت حکم کو قرآنِ کریم کے ذریعہ منسوخ کرنا، یہ جائز ہے، حدیث میں ہے: ''اللہ کا کلام میرے کلام کو

منسوخ کرتا ہے''

نوٹ: یہ حدیث مشکوٰۃ میں ہے اور نہایت ضعیف ہے، مگر مسئلہ اجماعی ہے، اس لئے قطعی ہے۔

غرض: یہود کا یہ کہنا تھا کہ یہودیت اللہ کا آخری دین ہے یعنی اس کے بعد کوئی شریعت نازل نہیں ہوسکتی، اور مشرکین کا اعتراض نسخ فی الشریعہ پر تھا کہ یہ کیا بات ہے کہ اللہ تعالیٰ آج ایک حکم دیتے ہیں، پھر کل اس کو بدل دیتے ہیں، کیا اللہ کو بھی بداواقع ہوتا ہے؟ یعنی بعد میں سمجھ میں آتا ہے کہ حکم غلط چلا گیا اس لئے دوسرا حکم بھیجتے ہیں! ان دونوں اعتراضوں کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی: ﴿مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنْسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِنْهَا أَوْ مِثْلِهَا، أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ﴾: نہیں منسوخ کرتے ہم کوئی آیت یا نہیں بھلاتے ہم اس کو مگر لاتے ہیں ہم اس حکم سے بہتر یا اس کے مانند، کیا تجھے پتہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں؟

آیت کا لفظ عام ہے، اللہ کی کتاب کی آیت کو اور اللہ کے حکم کو بھی آیت کہتے ہیں، پھر وہ خواہ قرآن کی آیت یا حکم ہو یا کتب سابقہ کی آیت یا حکم، سب کو 'آیت' کہا جاتا ہے۔

پس مذکورہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ خواہ کوئی آیت ہو، قرآن کی آیت ہو یا کتبِ سابقہ کی —— اور جو حکم ایک آیت کا ہے وہی حکم ساری شریعت کا ہے —— باقی رکھی جائے یا اس کو منسوخ کیا جائے (اور آیت یاد رہے) یا آیت بھلادی جائے یعنی سابقہ پوری شریعت یا اس کا کوئی حکم مندرس ہوجائے، لوگ اس کو بالکل بھول جائیں، یا قرآن کی کوئی آیت لوگوں کے ذہن سے محو کردی جائے حتی کہ رسول اللہ ﷺ بھی اس کو بھول جائیں، جیسے ارشاد پاک ہے: ﴿سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى، إِلَّا مَاشَاءَ اللّٰهُ﴾: عنقریب پڑھائیں گے ہم آپ کو، پھر آپؐ اس میں سے کوئی جزء نہیں بھولیں گے، مگر جس قدر بھلانا اللہ تعالیٰ کو منظور ہو (کیونکہ نسخ کا یہ بھی ایک طریقہ ہے) تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرا حکم لاتے ہیں، جو پہلے حکم سے بہتر ہوتا ہے یا اس کے مانند ہوتا ہے —— بہتر ہونے کا تعلق نسخ فی الشرائع سے ہے یعنی نئی شریعت کے ذریعہ پرانی شریعت منسوخ کی جاتی ہے تو اس کی وجہ ادنی سے اعلی کی طرف ترقی ہوتی ہے، اور کون عقلمند ہے جو بہہ سے بہتر کو پسند نہیں کرتا؟ اور مانند ہونے کا تعلق نسخ فی الشرائعۃ سے ہے یعنی جب مصلحت بدلتی ہے تو حکم بدلتا ہے، جیسے حکیم مریض کے احوال کی رعایت سے ایک نسخہ لکھتا ہے، پھر جب مریض کا حال بدلتا ہے تو حکیم نسخہ بدلتا ہے اور یہ نسخہ بھی اول ہی کی طرح مفید ہوتا ہے —— کیا معترضین نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہیں، وہ جو چاہیں کریں، ان کا ہاتھ کون پکڑ سکتا ہے؟

[۷-] بَابٌ

قَوْلُهُ: ﴿مَانَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنْسِهَا﴾

[۴۴۸۱-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ

ابْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ عُمَرُ: أَقْرَؤُنَا أُبَيٌّ، وَأَقْضَانَا عَلِيٌّ، وَإِنَّا لَنَدَعُ مِنْ قَوْلِ أُبَيٍّ، وَذَاكَ أَنَّ أُبَيًّا يَقُوْلُ: لاَ أَدَعُ شَيْئًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنْسِهَا﴾ [طرفه: ۵۰۰۵]

باب میں مذکور آیت کا تعلق سابقہ دو آیتوں سے ہے، ان کو بھی سمجھ لینا چاہئے:

آیت ۱۰۴ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوْا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا، وَلِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾: اے ایماندارو! تم راعنا مت کہو، بلکہ انظرنا کہو، اور سنو (تا کہ انظرنا کہنے کی ضرورت پیش نہ آئے) اور حکم نہ ماننے والوں کے لئے دکھ کی مار ہے —— اس آیت میں نسخ فی الشریعہ کا مسئلہ ہے، پہلے راعنا کہنا مباح (جائز) تھا، اور 'اباحت' شریعت کے احکام خمسہ میں سے ایک حکم ہے، حجۃ اللہ البالغہ وغیرہ اصول فقہ کی کتابوں میں اس کی صراحت ہے، سابقہ حکم منسوخ کر کے دوسرا حکم (انظرنا کہنے کا) دیا۔

اور آیت ۱۰۵ ہے: ﴿مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَلاَ الْمُشْرِكِيْنَ أَنْ يُنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَبِّكُمْ، وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَّشَاءُ، وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ﴾: دل نہیں چاہتا ان لوگوں کا جو (آپ کی رسالت کے) منکر ہیں، اہل کتاب میں سے اور مشرکین میں سے کہ اتاری جائے کوئی خیر تمہارے رب کی طرف سے یعنی آپ کو نبوت ملے اور آپ پر وحی نازل ہو، اور اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی (نبوت) کے ساتھ جس کو چاہتے ہیں خاص کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں —— اس آیت میں نسخ فی الشرائع کا مسئلہ ہے، یہود نہیں چاہتے تھے کہ کسی غیر اسرائیلی کو نبوت ملے، مگر اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں نبوت سے سرفراز فرماتے ہیں یہود کا اس میں کیا دخل ہے؟ —— پھر آیت ۱۰۶ میں جو باب میں ہے دونوں اعتراضوں کا جواب ہے، جس کی تفصیل اوپر آچکی۔

ترکیب: مَا موصولہ متضمن معنی شرط .... نَنْسَخْ: مضارع مجزوم، جمع متکلم، نَسْخ: مصدر (فتح) .... مِن: بیانیہ، ما کا بیان .... نُنْسِ: مضارع، جمع متکلم، إِنْسَاءٌ: مصدر: بھلانا، نُنْسِ کی اصل نُنْسِيْ، ی جزم کی وجہ سے گری .... نَأْتِ: جوابِ شرط، أتی بہ: لانا۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم میں سب سے بہتر قاری ابیؓ ہیں، اور ہم میں قضا کے ماہر علیؓ ہیں، (ان دونوں صحابہ کی یہ فضیلتیں مرفوع حدیث میں بھی آئی ہیں) اور ہم چھوڑتے ہیں ابیؓ کے بعض قول (قراءت) کو، اس وجہ سے کہ ابیؓ کہتے ہیں: میں نہیں چھوڑونگا کوئی چیز جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے یعنی وہ منسوخ آیتوں کو بھی پڑھتے ہیں، حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنْسِهَا﴾

تشریح: یہ حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے، آگے ایک مرتبہ اور آئے گی، منسوخ آیتیں جو بھلادی گئیں، ان کو پڑھنے کا سوال ہی نہیں، البتہ بعض منسوخ آیتیں یاد تھیں، جیسے الشیخ و الشیخۃ: حضرت ابی رضی اللہ عنہ ان کو بھی ان کی

جگہ پڑھتے تھے، حالانکہ جب وہ منسوخ ہوگئیں تو ان کو پڑھنے کا کوئی مطلب نہیں، اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم ان کی پڑھی ہوئی بعض آیتوں کو چھوڑتے ہیں۔

اولاد ماننا اللہ تعالیٰ کے لئے گالی ہے

خیبر کے یہودی حضرت عزیر علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مانتے تھے، اور عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مانتے ہیں، اور مشرکین اپنے دیوی دیوتاؤں کو اللہ کے بیٹے بیٹیاں مانتے ہیں، جبکہ یہ بات اللہ تعالیٰ کے شایانِ شان نہیں، کیونکہ اگر ان کی اولاد ہوگی تو دو حال سے خالی نہیں ہوگی: وہ معبود ہوگی یا نہیں، اگر وہ بھی معبود ہے تو خدا ایک کہاں رہا! اور اگر معبود نہیں تو وہ ناجنس اولاد ہوئی، جیسے انسان کے گھر میں کتا پیدا ہو جائے، یہ بات اس کے لئے ڈوب مرنے کی ہے، پس اللہ تعالیٰ کے لئے اس سے بڑی گالی کیا ہو سکتی ہے؟

اور ابتداء آفرینش کے تمام مشرکین قائل ہیں، سب مانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کیا ہے، مگر وہ مرنے کے بعد دوبارہ پیدا ہونے کو نہیں مانتے، یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا انکار ہے، جس قادر مطلق نے پہلی مرتبہ پیدا کیا، وہ دوسری مرتبہ ضرور پیدا کر سکتا ہے۔

[۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَقَالُوْا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهُ﴾

[۴۴۸۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ ابْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "قَالَ اللّٰهُ: كَذَّبَنِيْ ابْنُ آدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ، وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ، فَأَمَّا تَكْذِيْبُهُ إِيَّايَ فَيَزْعُمُ أَنِّيْ لَا أَقْدِرُ أَنْ أُعِيْدَهُ كَمَا كَانَ، وَأَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ، لِيْ وَلَدٌ، فَسُبْحَانِيْ أَنْ أَتَّخِذَ صَاحِبَةً أَوْ وَلَدًا"

سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۱۶ ہے: ﴿وَقَالُوْا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهُ، بَلْ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، كُلٌّ لَّهُ قَانِتُوْنَ﴾: اور لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے، ان کی ذات (اولاد سے) پاک ہے، بلکہ انہی کے مملوک ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں، سب ان کے محکوم ہیں (اور اولاد مملوک اور محکوم نہیں ہو سکتی، معلوم ہوا ان کی کوئی اولاد نہیں)

اور سورۃ مریم آیات ۸۸-۹۵ میں ہے: "اور لوگ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے، واقعہ یہ ہے کہ تم نے (یہ کہہ کر) بھاری گناہ کا ارتکاب کیا، قریب ہیں کہ آسمان پھٹ پڑیں اس بات سے، اور زمین ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے اور پہاڑ ڈھ پڑیں! اس بات سے کہ وہ مہربان اللہ کے لئے اولاد مانتے ہیں، اور مہربان اللہ کے شایانِ شان نہیں کہ وہ اولاد رکھیں، (کیونکہ) آسمان وزمین میں کوئی نہیں جو نہ آوے مہربان اللہ کا بندہ ہو کر، اللہ تعالیٰ نے سب کو شمار کر رکھا ہے اور سب کو گن رکھا ہے، اور ان میں سے ہر ایک آئے گا ان کے پاس قیامت کے دن اکیلا (اگر اللہ کی کوئی اولاد ہوتی تو ایسی بے بس اور لاچار کیوں ہوتی؟)

حدیث قدسی: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: مجھے انسان جھٹلاتا ہے، اور اس کو زیبا نہیں کہ مجھے جھٹلائے، اور مجھے گالی دیتا ہے اور اس کو زیبا نہیں کہ مجھے گالی دے، رہا اس کا مجھے جھٹلانا تو اس کا یہ گمان کرنا ہے کہ میں اس کو لوٹانے پر قادر نہیں، جیسا وہ (پہلے) تھا اور رہا اس کا مجھے گالی دینا تو اس کا یہ کہنا ہے کہ میری اولاد ہے، حالانکہ میری ذات پاک ہے اس بات سے کہ میں بیوی یا اولاد اپناؤں۔

تشریح: یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی ہے، اور اسی جگہ ہے، اور اس کی روایت میں امام بخاری رحمہ اللہ متفرد ہیں، امام مسلم وغیرہ نے اس کو روایت نہیں کیا، البتہ اس حدیث کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی روایت کرتے ہیں، اور وہ پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۶۷) آچکی ہے۔

طواف کا دوگانہ مقامِ ابراہیمؑ پر پڑھنا

مقامِ ابراہیمؑ: وہ پتھر ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خانۂ کعبہ تعمیر کیا تھا، اس میں آپؑ کے قدم کا نشان ہے، وہ کعبہ شریف سے چند گز کے فاصلہ پر رکھا ہوا ہے، اور اس پر گلاس کا قبہ چڑھایا ہوا ہے، اس لئے صاف نظر آتا ہے، مگر اس پر چاندی کا کور چڑھایا گیا ہے اس لئے اصلی حالت میں نظر نہیں آتا، کہتے ہیں: اسی پتھر پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے لوگوں کو حج کی دعوت دی تھی، اور وہ جنت سے لایا گیا تھا جیسے حجر اسود (ترمذی حدیث ۸۶۶) اس پتھر کے پاس طواف کا واجب دوگانہ پڑھنے کا حکم ہے اور یہ حکم استحبابی ہے۔

[۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾

﴿مَثَابَةً﴾: يَثُوْبُوْنَ يَرْجِعُوْنَ.

[٤٤٨٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ عُمَرُ: وَافَقْتُ اللّٰهَ فِيْ ثَلَاثٍ أَوْ: وَافَقَنِيْ رَبِّيْ فِيْ ثَلَاثٍ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوِ اتَّخَذْتَ مَقَامَ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ وَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! يَدْخُلُ عَلَيْكَ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ، فَلَوْ أَمَرْتَ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِالْحِجَابِ! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ الْحِجَابِ، قَالَ: وَبَلَغَنِيْ مُعَاتَبَةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَعْضَ نِسَائِهِ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِنَّ قُلْتُ: إِنِ انْتَهَيْتُنَّ أَوْ لَيُبَدِّلَنَّ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ خَيْرًا مِنْكُنَّ! حَتَّى أَتَيْتُ إِحْدَى نِسَائِهِ، قَالَتْ: يَا عُمَرُ، أَمَا فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَا يَعِظُ نِسَاءَهُ حَتَّى تَعِظَهُنَّ أَنْتَ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿عَسٰى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ﴾ الآية.

[التحريم: ٥] [راجع: ٤٠٢]

وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ: أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ، سَمِعْتُ أَنَسًا، عَنْ عُمَرَ.

سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۲۵ ہے: ﴿وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِلنَّاسِ وَأَمْنًا، وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾: اور یاد کرو جب ہم نے کعبہ کو لوگوں کے لوٹنے کی جگہ (معبد) اور امن بنایا، اور مقامِ ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بناؤ۔

مثابة: ظرف مکان، از ثاب (ن) ثوبا: لوٹنا یعنی جہاں سے گیا تھا وہیں لوٹ آنا، اس کے مفہوم میں رجوع کے معنی ہیں، آدمی پہلے سوچتا ہے پھر کام شروع کرتا ہے، پھر جب کام ختم ہوجاتا ہے تو سوچی ہوئی غرض کا حصول سامنے آجاتا ہے، اسی سوچی ہوئی غرض کے ظہور کو ثوب اور مثوبة کہتے ہیں، کعبہ شریف اسی غرض سے تعمیر کیا گیا ہے کہ وہ معبد (عبادت گاہ) بنے، اس لئے کعبہ مثابہ ہے، عبادت گذار بندے بار باراس کی طرف رجوع کرتے ہیں —— أمنا: مصدر، أَمِنَ (س) أَمْنًا: مطمئن ہونا، بےخوف ہونا، سورہ آل عمران (آیت ۹۷) میں ہے: ﴿وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا﴾: اور جو اس میں داخل ہوگیا وہ امن والا ہوگیا، ہمیشہ سے وہاں داخل ہونے والے کو مامون سمجھا جاتا رہا ہے۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے تین باتوں میں اپنے پروردگار کی موافقت کی، یا کہا: میرے پروردگار نے میری تین باتوں میں موافقت کی یعنی میری رائے کے مطابق وحی نازل فرمائی (پہلی تعبیر تعظیما ہے اور دوسری تعبیر حقیقی ہے، مگر اس میں ذرا بےادبی کا پہلو ہے، اس لئے حضرت عمرؓ نے پہلی تعبیر اختیار کی، اور موافقت کرنے کا مطلب یہ ہے کہ میں نے یہ تین باتیں سوچیں، انہی کے مطابق وحی نازل ہوئی) —— (۱) میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کاش آپؐ مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بناتے! پس یہ آیت اتری کہ تم مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بناؤ —— (۲) اور میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ کے پاس نیک اور بد سب آتے ہیں، پس کاش آپؐ امہات المؤمنین کو پردے کا حکم دیتے! پس اللہ تعالیٰ نے پردے کی آیت نازل کی —— (۳) حضرت عمرؓ کہتے ہیں: اور مجھے خبر پہنچی کہ نبی ﷺ اپنی بعض ازواج سے ناراض ہوگئے ہیں (معاتبة: ناراضگی) پس میں ان کے پاس گیا: میں نے کہا: یا تو تم (نبی ﷺ کو ستانے سے) باز آجاؤ، یا ضرور بدل کردیں گے اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو تم سے بہتر بیویاں —— یہاں تک کہ میں آپؐ کی ایک بیوی (حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا) کے پاس پہنچا، انھوں نے کہا: اے عمر، کیا نہیں ہے اللہ کے رسول میں کہ نصیحت کریں آپؐ اپنی بیویوں کو، یہاں تک کہ آپ ان کو نصیحت کررہے ہیں؟ یعنی نبی ﷺ خود اپنی ازواج کو نصیحت کرسکتے ہیں تم بیچ میں کیوں کود رہے ہو؟ —— پس اللہ تعالیٰ نے اتاری سورۃ التحریم کی آیت پانچ (جس میں یہی مضمون ہے) —— یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۲۴۱) میں گذری ہے، وہاں تفصیل ہے، اور ابن ابی مریم کی سند سماعت کی صراحت کے لئے لائے ہیں۔

موجودہ کعبہ شریف حضرات ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کی تعمیر ہے

کعبہ شریف کا اول بانی کون ہے؟ یعنی کعبہ شریف کب سے ہے؟ اس سلسلہ میں کوئی قطعی بات نہیں کہی جاسکتی، سورہ آل عمران آیت ۹۶ میں ہے: ﴿إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ﴾: سب سے پہلا گھر جو لوگوں (کی عبادت) کے لئے مقرر کیا گیا وہ البتہ وہ گھر ہے جو مکہ میں ہے، اس میں للناس ہے یعنی انسانوں کے لئے، اور بعض روایات میں ہے

کہ سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے بیت اللہ کی تعمیر کی —— مگر قبل ازیں کیا صورت تھی؟ زمین پر انسانوں سے پہلے جنات آباد تھے، اور ان سے پہلے ملأ سافل (زمینی فرشتے) آباد تھے، اس وقت کعبہ شریف تھا یا نہیں؟ تاریخی روایات میں ہے کہ اس وقت بھی کعبہ شریف تھا، پس ملائکہ نے سب سے پہلے کعبہ آباد کیا، مگر تعمیر کی یا نہیں؟ یہ بات یقین سے نہیں بتائی جاسکتی —— آدم علیہ السلام کی تعمیر طوفانِ نوح تک رہی، پھر وہ طوفانِ نوح کی نذر ہوگئی، البتہ زمین میں اس کی بنیادیں باقی تھیں، انہی بنیادوں پر حضرات ابراہیم واسماعیل علیہما السلام نے موجودہ بیت اللہ تعمیر کیا، یہ تعمیر مسلسل چلی آرہی ہے، جب عمارت بوسیدہ ہوجاتی ہے تو جدید تعمیر کی جاتی ہے۔

[۱۰-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿ وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴾[البقرة: ۱۲۷]

الْقَوَاعِدُ: أَسَاسُهُ، وَاحِدَتُهَا قَاعِدَةٌ، ﴿وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاءِ﴾[النور: ٦٠]: وَاحِدُهَا قَاعِدٌ.

[٤٤٨٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، أَخْبَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَلَمْ تَرَىْ أَنَّ قَوْمَكِ بَنَوُا الْكَعْبَةَ وَاقْتَصَرُوْا عَنْ قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيْمَ" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا تَرُدُّهَا عَلٰى قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيْمَ؟ قَالَ: "لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ" فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: لَئِنْ كَانَتْ عَائِشَةُ سَمِعَتْ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَا أُرَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَرَكَ اسْتِلَامَ الرُّكْنَيْنِ اللَّذَيْنِ يَلِيَانِ الْحِجْرَ، إِلَّا أَنَّ الْبَيْتَ لَمْ يُتَمَّمْ عَلٰى قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيْمَ.[راجع: ١٢٦]

سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۲۷ ہے: "اور یاد کرو، جب اٹھا رہے تھے ابراہیمؑ خانۂ کعبہ کی بنیادیں اور اسماعیل (آپؑ پتھر اور گارا دیتے تھے) اور دونوں کہہ رہے تھے: اے ہمارے پروردگار! ہمارا یہ عمل قبول فرما، بےشک آپ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں۔

لغت: القواعد: کا مفرد: اگر القاعدة ہے تو اس کے معنی ہیں: بنیادیں یعنی دیوار کا وہ ابتدائی حصہ جو سطح زمین سے کچھ اوپر آجاتا ہے، جس پر پوری عمارت قائم ہوتی ہے، مذکورہ آیت میں یہی لفظ ہے —— اور اگر اس کا مفرد القاعد (تاء تانیث کے بغیر) ہے تو اس کے معنی ہیں: بڑی بوڑھی عورتیں جو نکاح حمل اور حیض کے قابل نہ رہی ہوں، سورۃ النور آیت: ۶۰ میں جو القواعد ہے وہ اسی معنی میں ہے۔

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۳۶۵) گذری ہے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پوتے عبداللہ بن محمد نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو حدیث سنائی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "کیا نہیں دیکھتی

تم کہ تمہاری قوم (قریش) نے کعبہ شریف کی تعمیر کی، اور کوتاہ کیا انھوں نے یعنی چھوٹا بنایا انھوں نے ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں سے!'' حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا نہیں لوٹاتے آپؐ اس کو ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں پر؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر تمہاری قوم نئی نئی کفر سے نہ نکلی ہوتی تو میں ایسا کرتا'' (حدیث ۱۵۸۳ میں لَفَعَلْتُ بھی ہے) —— پس ابن عمرؓ نے فرمایا: اگر حضرت عائشہؓ نے یہ حدیث نبی ﷺ سے سنی ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ حطیم سے متصل جو کعبہ کے دو کونے ہیں: ان کا استلام نبی ﷺ اس لئے نہیں کیا کرتے تھے کہ وہ بنائے ابراہیمی پر نہیں ہیں۔

[۱۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿قُوْلُوْا آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا﴾

[۴۴۸۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَقْرَءُ وْنَ التَّوْرَاةَ بِالْعِبْرَانِيَّةِ، وَيُفَسِّرُوْنَهَا بِالْعَرَبِيَّةِ لِأَهْلِ الإِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَا تُصَدِّقُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ وَلَا تُكَذِّبُوْهُمْ، وَقُوْلُوْا: ﴿آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ﴾ الآيَة. [طرفاه: ۷۳۶۲، ۷۵۴۲]

اہل کتاب کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب

سورۃ البقرۃ (آیات ۱۳۵-۱۳۷) میں ایک مضمون ہے: ﴿وَقَالُوْا: كُوْنُوْا هُوْدًا أَوْ نَصَارَى تَهْتَدُوْا﴾: اور وہ (یہودی اور نصرانی مسلمانوں سے) کہتے ہیں: تم لوگ یہودی ہوجاؤ یا نصرانی ہوجاؤ راہ پر پڑ جاؤ گے ﴿قُلْ: بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا، وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾: آپ کہیں: ہم تو ملتِ ابراہیمی پر ہیں، جس میں کجی کا نام نہیں، اور ابراہیمؑ مشرک بھی نہیں تھے ﴿قُوْلُوْا: آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا﴾ الآية: کہو: ہم ایمان رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ پر اور اس وحی (قرآن) پر جو ہماری طرف اتاری گئی، اور اس پر جو ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب اور اولادِ یعقوب کی طرف اتاری گئی، اور اس پر جو موسیٰ اور عیسیٰ دیئے گئے اور اس پر جو اور انبیاء دیئے گئے، ان کے پروردگار کی طرف سے، ہم ان میں سے کسی میں تفریق نہیں کرتے، اور ہم اللہ تعالیٰ کے مطیع ہیں: ﴿فَإِنْ آمَنُوْا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ﴾ الآية: پس اگر وہ اس طرح ایمان لائیں جس طرح تم اس پر ایمان لائے ہو تو وہ بھی راہ پر لگ جائیں گے، اور اگر وہ (اس طرح ایمان لانے سے) روگردانی کریں تو وہی لوگ برسرِ مخالفت ہیں، پس اللہ تعالیٰ تمہاری طرف سے عنقریب ان سے نبٹ لیں گے، اور وہ خوب سننے والے جاننے والے ہیں۔

تفسیر: یہودی مسلمانوں سے کہتے تھے: یہودی ہوجاؤ، اور نصرانی کہتے تھے: نصرانی ہوجاؤ، تم کو ہدایت نصیب ہوگی، ان کو جواب دو: یہ بات ہمیں ہرگز منظور نہیں، ہم ملتِ ابراہیمی پر ہیں، اور ابراہیم سب باطل مذاہب سے یکسو ہونے والے تھے، اس میں اشارہ ہے کہ تمہاری ملتیں کجی کا شکار ہوگئی ہیں، اس لئے وہ ابراہیم علیہ السلام کی ملتیں نہیں رہیں، اور ابراہیم علیہ السلام مشرک بھی نہیں تھے، مشرکین عرب بھی ملت ابراہیمی کے مدعی تھے، پس ان پر بھی رد ہوگیا، اب صرف اہل اسلام ملتِ

ابراہیمی پر ہیں —— اور کہو: ہم سب رسولوں اور سب کتابوں پر ایمان لاتے ہیں، سب کو حق سمجھتے ہیں، سب اپنے اپنے زمانہ میں واجب الاتباع تھے، ہم بعض انبیاء اور بعض کتابوں کو مانیں اور بعض کا انکار کریں: ایسا نہیں کرتے، جیسے یہودی: عیسیٰ علیہ السلام کو، انجیل کو، محمد ﷺ کو اور قرآنِ کریم کو نہیں مانتے اور عیسائی: نبی ﷺ کو اور قرآنِ کریم کو نہیں مانتے: ہم ایسی تفریق نہیں کرتے، ہم سب سچے نبیوں کو اور ان پر نازل شدہ وحیوں کو مانتے ہیں، البتہ پیروی اس نبی کی کرتے ہیں جس کا پریڈ (دور) ہے اور اس پر جو وحی اتاری گئی ہے یعنی قرآنِ کریم کی پیروی کرتے ہیں —— پھر مسلمانوں سے کہا گیا کہ تم یہود و نصاریٰ کی دشمنی اور ضد سے خوف مت کرو، اللہ تعالیٰ ان کے شر سے تمہاری حفاظت کریں گے، وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے، اور اللہ تعالیٰ سب باتوں کو سن رہے ہیں، تمام امور سے باخبر ہیں۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اہل کتاب (یہود) تورات عبرانی زبان میں پڑھتے تھے اور مسلمانوں کے سامنے عربی میں اس کی تفسیر کرتے تھے (جیسے ہم عربی میں قرآن پڑھتے ہیں، اور اردو میں لوگوں کو سمجھاتے ہیں) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اہل کتاب کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب، اور کہو: ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس وحی پر جو ہماری طرف اتاری گئی ہے (اور اس وحی پر جو ابراہیم واسماعیل واسحاق ویعقوب وآل یعقوب کی طرف اتاری گئی ہے آخر آیت تک)

تشریح: یہ حدیث پہلی مرتبہ شانِ ورود کے ساتھ آئی ہے، اور آگے دو مرتبہ آئے گی، البتہ شانِ ورود کے بغیر ترجمۃ الباب میں تعلیقاً پہلے (تحفۃ القاری ۸۲:۶) آئی ہے —— تورات حبرو (عبرانی زبان) میں تھی، مسلمان اس کو نہیں سمجھتے تھے، اس لئے یہودی عبرانی میں پڑھ کر عربی میں اس کو سمجھاتے تھے، اور اللہ جانے صحیح تشریح کرتے تھے یا اس میں کچھ ہیر پھیر کرتے تھے: اس کا علم نہیں ہوسکتا تھا، پھر تورات میں وہ تحریف بھی کر چکے تھے، اس لئے آنکھ بند کر کے ہر بات کی تصدیق نہیں کی جاسکتی تھی، اور اس کا امکان تھا کہ وہ صحیح بات ہو، اس لئے تکذیب بھی نہیں کرسکتے تھے، چنانچہ مذکورہ حدیث میں حکم دیا کہ بالاجمال تصدیق کرو کہ جو کچھ گذشتہ انبیاء پر نازل کیا گیا ہے: ہم اس کو سچ مانتے ہیں، اور تم جو معین بات بیان کرتے ہو: اس کی ہم نہ تصدیق کرتے ہیں نہ تکذیب یہی احتیاط کی بات ہے —— اور اس حدیث کی مزید وضاحت محولہ بالا مقام میں ہے، اور وہاں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی دو قیمتیں باتیں بھی ہیں، ان کی مراجعت کی جائے۔

تحویلِ قبلہ پر اعتراض کا حاکمانہ جواب

شش جہات کے مالک اللہ تعالیٰ ہیں، جس جہت کو چاہیں قبلہ مقرر کریں

ہجرت سے پہلے قبلہ بیت اللہ تھا، پھر جب نبی ﷺ مکہ سے مدینہ تشریف لائے تو آپؐ نے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا حکم دیا (یہ حکم وحی غیر متلو سے دیا تھا) چنانچہ مسلمان سولہ سترہ مہینے تک بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے رہے، اس کے بعد کعبہ شریف کی طرف منہ کرنے کا حکم آیا (یہ حکم وحی متلو سے آیا تھا) پس یہود نے اعتراض کیا کہ

اب بیت المقدس میں کیا خرابی آگئی جو اس سے منہ پھیرلیا؟ یہ محض مذہبی تعصب ہے، بیت المقدس انبیاء کا قبلہ ہے، اس کو چھوڑنا بھی محض ہماری (یہود کی) عداوت وحسد کی وجہ سے ہے، حالانکہ ایسا نہیں تھا، ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کا قبلہ بیت اللہ تھا، اور نبی ﷺ ملت ابراہیمی اسماعیلی پر مبعوث فرمائے گئے تھے، اس لئے آپؐ کی امت کا قبلہ بیت اللہ تھا، اور بیت المقدس کو عارضی طور پر قبلہ بنایا گیا تھا، اور اس میں ایک مصلحت تھی جس کا تذکرہ اگلے عنوان کے تحت آرہا ہے، مگر اعتراض کرنے والوں کو تو اعتراض سے مطلب تھا، چنانچہ وہ کیا گیا، پس اللہ تعالیٰ نے سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۴۲ میں اس کا حاکمانہ جواب دیا، فرمایا: ''ابھی بے وقوف لوگ کہیں گے کہ کس چیز نے مسلمانوں کو ان کے اس قبلہ سے پھیر دیا جس پر وہ تھے؟ آپؐ کہیں: مشرق ومغرب یعنی ساری جہات اللہ کے لئے ہیں، وہ جس کو چاہتے ہیں سیدھی راہ دکھاتے ہیں''

یہ حاکمانہ جواب ہے کہ شش جہات اللہ تعالیٰ کی ملک ہیں، اور ان کو مالکانہ اختیار ہے کہ جس سمت کو چاہیں قبلہ مقرر کریں، کسی کو اعتراض کا کیا حق ہے؟ اور وہ جس کو چاہتے ہیں سیدھی راہ دکھاتے ہیں اس میں بیت اللہ کی افضلیت کی طرف اشارہ ہے۔

[۱۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿سَيَقُوْلُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِىْ كَانُوْا عَلَيْهَا قُلْ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ يَهْدِىْ مَنْ يَشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ﴾[البقرة: ١٤٢]

[٤٤٨٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، سَمِعَ زُهَيْرًا، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ: أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى إِلٰى بَيْتِ الْمُقَدَّسِ سِتَّةَ عَشَرَ أَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا، وَكَانَ يُعْجِبُهُ أَنْ تَكُوْنَ قِبْلَتُهُ قِبَلَ الْبَيْتِ، وَإِنَّهُ صَلَّى أَوْ: صَلَّاهَا صَلَاةَ الْعَصْرِ، وَصَلَّى مَعَهُ قَوْمٌ، فَخَرَجَ رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ صَلَّى مَعَهُ، فَمَرَّ عَلٰى أَهْلِ الْمَسْجِدِ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ، قَالَ: أَشْهَدُ بِاللّٰهِ لَقَدْ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم قِبَلَ مَكَّةَ، فَدَارُوْا كَمَاهُمْ قِبَلَ الْبَيْتِ، وَكَانَ الَّذِىْ مَاتَ عَلَى الْقِبْلَةِ قَبْلَ أَنْ تُحَوَّلَ قِبَلَ الْبَيْتِ رِجَالٌ، قُتِلُوْا، لَمْ نَدْرِ مَا نَقُوْلُ فِيْهِمْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَحِيْمٌ﴾[البقرة: ١٤٣] [راجع: ٤٠]

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۱:۲۶۵) آئی ہے: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ مدینہ تشریف لائے تو آپؐ نے سولہ یا سترہ مہینے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھی، اور آپؐ کو یہ بات پسند تھی کہ آپؐ کا قبلہ کعبہ شریف ہو، اور پہلی نماز جو آپؐ نے کعبہ شریف کی طرف پڑھی عصر کی نماز تھی، اور آپؐ کے ساتھ ایک جماعت نے نماز پڑھی، پس ایک شخص آپؐ کے ساتھ عصر پڑھ کر نکلا، اور وہ ایک مسجد سے (مسجد بنی حارثہ سے) گذرا درانحالیکہ وہ لوگ رکوع میں تھے (اور ان کا رخ بیت المقدس کی طرف تھا) اس نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کعبہ شریف کی طرف

نماز پڑھی ہے، پس وہ لوگ نماز ہی میں کعبہ شریف کی طرف گھوم گئے، اور کچھ لوگ وفات پا گئے تھے سابقہ قبلہ کی طرف نماز پڑھتے ہوئے، اس سے پہلے کہ بیت اللہ کی طرف تحویل ہو، وہ شہید کئے گئے تھے، پس ہم نہ سمجھ سکے کہ ان کے متعلق کیا کہیں، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری کہ اللہ تعالیٰ ایسے نہیں کہ تمہارا ایمان ضائع کردیں! یعنی جنت دراصل ایمان کا صلہ ہے، پس ان کو ضرور جنت ملے گی (حدیث کی شرح محولا بالا جگہ میں ہے، یہاں تحویلِ قبلہ کے مضمون سے آیت کی تفسیر کرنی ہے)

نوٹ: سمع زُھیرًا ہمارے نسخہ میں زھیر مرفوع ہے، تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے۔

تحویل قبلہ پر اعتراض کے حکیمانہ جوابات

پہلی حکمت: بیت المقدس کو عارضی قبلہ اس لئے بنایا گیا تھا کہ اس امت کے مزاج میں اعتدال پیدا ہو

اس امت کا اصل قبلہ بیت اللہ ہے، مگر ہجرت کے بعد عارضی طور پر بیت المقدس کو قبلہ بنایا، تاکہ اس امت کے مزاج میں 'اعتدال' پیدا ہو، تعصب و دشمنی دلوں سے نکل جائے، تاکہ وہ قیامت کے دن انبیاء کے حق میں اور ان کی امتوں کے خلاف گواہی دے سکیں —— اس کی تفصیل یہ ہے کہ انبیاء کی بڑی تعداد بنی اسرائیل میں سے ہے، جن کا قبلہ بیت المقدس تھا، پس جب اس امت کے لئے عارضی طور پر بیت المقدس کو قبلہ بنایا تو اس امت کو بالیقین بیت المقدس سے لگاؤ ہو گیا، اور اس کے واسطہ سے بنی اسرائیل کے انبیاء کے ساتھ اور ان کی امتوں کے ساتھ بھی لگاؤ ہو گیا، ان کے ساتھ مذہبی تعصب اور دشمنی باقی نہیں رہی، جیسی دشمنی یہود و نصاریٰ کو نبی ﷺ سے ہے، کیونکہ آپؐ اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں، یہ بات اس امت میں انبیاء بنی اسرائیل اور ان کی امتوں کے تعلق سے نہیں ہوگی۔

اور اس امت کے مزاج میں اعتدال پیدا کرنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے دربار میں نبیوں کے اور ان کی امتوں کے مقدمات پیش ہونگے، اور یہ امت انبیاء کے حق میں اور ان کی امت دعوت کے خلاف گواہی دے گی، اور گواہوں کے لئے شرط ہے کہ مدعی سے اس کا غایت درجہ محبت کا تعلق نہ ہو، چنانچہ باپ کے حق میں بیٹے کی گواہی معتبر نہیں، اور یہ بھی شرط ہے کہ مدعی علیہ سے بغض و عداوت بھی نہ ہو، چنانچہ اگر گواہ کے بارے میں مدعی علیہ ثابت کردے کہ اس کے اور گواہ کے درمیان بغض و عداوت چلی آرہی ہے تو اس مدعی علیہ کے خلاف اس گواہ کی گواہی معتبر نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس امت کو غایت درجہ محبت تو اپنے نبی سے ہے، اور دیگر انبیاء سے محض محبت و تعلق ہے، اس لئے ان کے حق میں اس امت کی گواہی معتبر ہوگی، اور ان کی امتوں سے بھی عداوت اور دشمنی نہیں، کیونکہ ان کے انبیاء کے ساتھ تعلق ہے، اس لئے ان کے خلاف بھی اس امت کی گواہی معتبر ہوگی، چنانچہ میدانِ قیامت میں امتیں جو گواہوں پر جرح کریں گی تو یہ کریں گی کہ یہ لوگ ہمارے زمانہ کے نہیں، ان کو ہمارے احوال کی کیا خبر؟ یہ نہیں کہیں گی کہ یہ امت ہماری دشمن ہے، اس لئے ان کی گواہی معتبر نہیں —— یہ وہ حکمت ہے جس کے پیش نظر بیت المقدس کو عارضی طور پر قبلہ بنایا گیا تھا۔

سورۃ البقرۃ آیت ۱۴۳ میں ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا، لِتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ، وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا﴾: اور اس طرح یعنی بیت المقدس کی طرف نماز پڑھوا کر ہم نے تم کو معتدل امت بنایا، تاکہ تم لوگوں پر (انبیاء کی امتِ دعوت پر) گواہ بنو، اور رسول اللہ ﷺ تمہارے حق میں گواہی دیں (جس کی تفصیل حدیث میں ہے)

[۱۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا﴾

[۴۴۸۷-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، وَأَبُوْ أُسَامَةَ - وَاللَّفْظُ لِجَرِيْرٍ - عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، وَقَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يُدْعَى نُوْحٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَقُوْلُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ: هَلْ بَلَّغْتَ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيُقَالُ لِأُمَّتِهِ: هَلْ بَلَّغَكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: مَا أَتَانَا مِنْ نَذِيْرٍ، فَيَقُوْلُ: مَنْ يَشْهَدُ لَكَ؟ فَيَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ، فَيَشْهَدُوْنَ أَنَّهُ قَدْ بَلَّغَ، وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا﴾ وَالْوَسَطُ: الْعَدْلُ. [راجع: ۳۳۳۹]

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۵۰) گذری ہے: نوح علیہ السلام قیامت کے دن بلائے جائیں گے، وہ جواب دیں گے: میں حاضر ہوں اور حاضر ہونا میرے لئے سعادت کی بات ہے اے میرے پروردگار! پس اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: کیا تم نے میرا پیغام پہنچایا؟ وہ جواب دیں گے: ہاں! پس ان کی امت سے پوچھا جائے گا: کیا نوح نے تم کو میرا پیغام پہنچایا؟ وہ جواب دیں گے: ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا (نوح علیہ السلام مدعی ہیں، اور ان کی قوم منکر، چنانچہ نوح علیہ السلام سے گواہ طلب کئے جائیں گے) اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آپ کے لئے کون گواہی دے گا؟ نوح علیہ السلام کہیں گے: محمد ﷺ اور ان کی امت گواہی دے گی، پس وہ گواہی دیں گے کہ نوح علیہ السلام نے پیغام پہنچایا (اس پر امتیں جرح کریں گی کہ یہ گواہ ہمارے زمانہ کے لوگ نہیں ہیں، ان کو ہمارے احوال کی کیا خبر؟ اس جرح کا جواب امتِ محمدیہ سے طلب کیا جائے گا، وہ کہیں گے کہ ہمیں یہ باتیں ہمارے پیغمبر ﷺ نے بتائی ہیں، چنانچہ نبی ﷺ کو بلایا جائے گا، آپؐ امت کی تصدیق کریں گے کہ میں نے اپنی امت کو یہ باتیں وحی سے بتائی ہیں) اور ہونگے رسول اللہ ﷺ تمہارے حق میں گواہ، پس یہی ہے اللہ پاک کا ارشاد یعنی اس آیت میں یہی مضمون ہے —— اور وسط (سین کے زبر کے ساتھ) کے معنی ہیں: معتدل۔

دوسری حکمت: بیت المقدس کو عارضی قبلہ بنانے میں مؤمنین کا امتحان مقصود تھا

اس امت کا اصل قبلہ کعبہ شریف تھا، اور ہجرت کے بعد چند روز کے لئے جو بیت المقدس کو قبلہ مقرر کیا گیا وہ امتحان کے

لئے تھا کہ کون تابعداری پر قائم رہتا ہے اور کون الٹے پاؤں پھرتا ہے، چنانچہ سورۃ البقرۃ (آیت ۱۴۳) میں فرمایا: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ﴾: اور نہیں مقرر کیا ہم نے اس قبلہ کو جس پر آپ (تحویل سے) پہلے تھے یعنی بیت المقدس کو، مگر اس واسطے کہ اللہ تعالیٰ جان لیں اس کو جو رسول کی پیروی کرتا ہے جدا کر کے اس سے جو الٹے پاؤں پھر جاتا ہے —— اور سب جانتے ہیں کہ امتحان اس چیز میں ہوتا ہے جو نفس پر دشوار ہو، چنانچہ فرمایا: ﴿وَإِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ﴾: اور بے شک شان یہ ہے کہ تحویل یقیناً بھاری تھی، مگران پر جن کو اللہ تعالیٰ نے راہ دکھائی، روایات میں ہے کہ بعض لوگ مرتد ہو گئے، انھوں نے کہا: عربی نبی اور قبلہ یہود کا یہ کیا بات ہوئی؟ اور یہود نے پروپیگنڈہ شروع کیا کہ محمد (ﷺ) ہمارے دین کے قریب آرہے ہیں، وہ جلد یہودیت قبول کرلیں گے، اس سے بیت المقدس کی طرف مسلمانوں کے لئے نماز پڑھنا دشوار ہوا، مگر مسلمانوں کی اکثریت سمعاً وطاعۃً کہہ کر بخوشی بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتی رہی —— البتہ ان لوگوں کے بارے میں ذہنوں میں سوال پیدا ہوا جو بیت المقدس کے قبلہ مقرر کرنے کے بعد مسلمان ہوئے، اور تحویل قبلہ سے پہلے وفات پا گئے یا شہید کردیئے گئے، اور انھوں نے ایک نماز بھی بیت اللہ کی طرف نہیں پڑھی: ان کا کیا انجام ہوگا؟ اور یہود نے کہنا شروع کیا کہ تمہارا اصلی قبلہ تو کعبہ تھا، پس ان بندوں نے جو نماز بیت المقدس کی طرف پڑھی وہ ضائع ہوئی، اس لئے آگے فرمایا: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ، إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾: اور اللہ تعالیٰ ایسے نہیں کہ تمہارا ایمان ضائع کریں، بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں پر بہت شفیق نہایت مہربان ہیں، یعنی جنت درحقیقت ایمان کا صلہ ہے، نماز وغیرہ طاعات پر جنت میں جانا موقوف نہیں، پس اول تو ان کی بیت المقدس کی طرف نمازیں محفوظ ہیں، اور یہود کی بکواس مان لی جائے تو ان کے ایمان پر تو کوئی حرف نہیں آیا، اس لئے وہ جنتی ہونگے۔

نوٹ: حکم کی علت ایک ہوتی ہے اور حکمتیں متعدد ہوسکتی ہیں، پس یہ تحویل قبلہ کی دوسری حکمت کا بیان ہے۔

[۱۴-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَإِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾ [البقرة: ۱۴۳]

[۴۴۸۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: بَيْنَا النَّاسُ يُصَلُّوْنَ الصُّبْحَ فِيْ مَسْجِدِ قُبَاءٍ إِذْ جَاءَ جَاءٍ فَقَالَ: أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قُرْآنًا أَنْ يَسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوْهَا فَتَوَجَّهُوْا إِلَى الْكَعْبَةِ. [راجع: ۴۰۳]

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۲۴۲) مع شرح گذری ہے، ضرورت ہو تو وہاں دیکھ لی جائے۔

تیسری حکمت: تحویلِ قبلہ میں نبی ﷺ کی مرضی کا لحاظ کیا گیا

اس امت کا اصل قبلہ کعبہ شریف ہے، اور بیت المقدس کو عارضی مصالح سے قبلہ بنایا گیا تھا، اس لئے نبی ﷺ چاہتے تھے کہ اصل قبلہ کی طرف تحویل ہو جائے، چنانچہ آپؐ شوق سے بار بار آسمان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھتے تھے، اس پر یہ آیت اتری اور استقبالِ کعبہ کا حکم دیا، ارشاد پاک ہے: ﴿قَدْ نَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ﴾: ہم دیکھ رہے ہیں آپؐ کے بار بار چہرہ پھیرنے کو آسمان کی طرف یعنی جس زمانہ میں آپؐ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے تھے: آپؐ کا دل یہی چاہتا تھا کہ کعبہ کی طرف منہ کرنے کا حکم آئے، اور اس شوق میں آپ بار بار آسمان کی طرف دیکھتے تھے کہ شاید فرشتہ حکم لاتا ہو: ﴿فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا﴾: پس یقیناً پھیریں گے ہم آپؐ کو اس قبلہ کی طرف جس کو آپؐ پسند کرتے ہیں یعنی ہمیں آپؐ کی خوشی منظور ہے، اور آپؐ کی خوشی کعبہ کے قبلہ مقرر ہونے میں ہے، پس ہم اسی کو قبلہ مقرر کر دیتے ہیں: ﴿فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾: پس آپؐ اپنا رخ مسجدِ حرام کی طرف کرلیں یعنی کعبہ کی طرف، کعبہ ہی درحقیقت مسجد حرام ہے، پہلے کعبہ کے اندر ہی نماز پڑھی جاتی تھی، پھر قریش نے اپنی اجارہ داری قائم کرنے کے لئے کعبہ کا ایک دروازہ کر دیا، اور اس کو بھی دو میٹر اونچا کر دیا پس لوگ باہر نماز پڑھنے لگے —— جب تحویل قبلہ کا یہ حکم نازل ہوا تو آپ مسجدِ بنی سلمہ میں ظہر کی نماز پڑھا رہے تھے، دو رکعتیں بیت المقدس کی طرف پڑھ چکے تھے، حکم آتے ہی نماز ہی میں آپؐ نے اور سب مقتدیوں نے کعبہ کی طرف منہ کرلیا، اور باقی دو رکعتیں کعبہ شریف کی طرف پڑھیں: ﴿وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهُ﴾: اور تم جہاں کہیں ہو اس کی طرف منہ پھیرا کرو یعنی حضر میں یا سفر میں، مدینہ میں یا دوسرے شہر میں، جنگل میں یا دریا میں یا خود بیت المقدس میں، جہاں کہیں ہو کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے نماز پڑھا کرو۔

پھر آخر آیت میں ہے: ﴿وَإِنَّ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ، وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْلَمُوْنَ﴾: اور جو لوگ آسمانی کتاب (تورات) دیئے گئے ہیں وہ بالیقین جانتے ہیں کہ یہ ہی (قبلہ) برحق ہے ان کے رب کی طرف سے، اور اللہ تعالیٰ بے خبر نہیں ان کاموں سے جو وہ کرتے ہیں —— یعنی اہل کتاب تحویل قبلہ پر اعتراض کریں تو کرنے دو، وہ خوب جانتے ہیں، ان کی کتابوں میں یہ بات لکھی ہوئی ہے کہ نبی آخر الزماں ﷺ بیت المقدس کی طرف کچھ دنوں کے لئے نماز پڑھیں گے، اور آخر کو کعبہ کی طرف منہ کریں گے۔ اور یہ بھی ان کو معلوم ہے کہ اصلی اور دائمی قبلہ ان کا ملتِ ابراہیمی کے موافق ہوگا، اس لئے وہ اس تحویل کو حق سمجھتے ہیں، مگر حسد سے باتیں چھانٹتے ہیں، سو حق تعالیٰ ان کی باتوں کو خوب جانتے ہیں، جس کا نتیجہ ایک دن ان کو معلوم ہو جائے گا۔

[۱۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قَدْ نَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ﴾ إِلٰى ﴿عَمَّا تَعْمَلُوْنَ﴾

[۴۴۸۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمْ يَبْقَ مِمَّنْ صَلَّى الْقِبْلَتَيْنِ غَيْرِيْ.

حدیث: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ (خادم رسول اللہ ﷺ) نے طویل عمر پائی ہے، ہجرت سے دس سال پہلے پیدا ہوئے، اور سنہ ۹۳ ہجری میں بصرہ میں وفات پائی، انھوں نے آخر عمر میں فرمایا: دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھنے والا میرے علاوہ اب کوئی باقی نہیں رہا۔

چوتھی حکمت: برابر کا ردعمل

جب یہود مسلمانوں کا قبلہ اپنانے کے لئے تیار نہیں تو ان کا قبلہ کیوں اپنایا جائے؟ ارشاد پاک ہے: ﴿وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ﴾: اور اگر آپؐ اہل کتاب (یہود) کے سامنے دنیا بھر کی دلیلیں پیش کردیں تو بھی وہ آپؐ کے قبلہ کو قبول نہیں کریں گے ــــ پس آپؐ ان کے قبلہ پر کیوں رہیں؟ ارشاد پاک ہے: ﴿وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ﴾: اور آپؐ ان کے قبلہ کو قبول نہیں کرسکتے ــــ یعنی اب استقبالِ کعبہ کا حکم قیامت تک منسوخ نہیں ہوگا ــــ اور یہ برابر کا ردعمل ہے!

آگے ارشاد پاک ہے: ﴿وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ﴾: اور ان کا ایک فریق دوسرے فریق کے قبلہ کو قبول نہیں کرتا یعنی تم پہلے اپنے گھر میں تو قبلہ پر اتفاق کرلو، یہود کا قبلہ 'صخرہ' ہے اور نصاری کا قبلہ بیت لحم، اور تمہارا ایک فریق دوسرے فریق کے قبلہ کو قبول نہیں کرتا، حالانکہ تم دونوں اہل کتاب ہو، اور دونوں بنی اسرائیل ہو، پھر تم کیسے امید کرتے ہو کہ مسلمان تمہارے قبلہ کو اپنالیں؟ لہٰذا دوٹوک ارشاد سن لو: ﴿وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَ هُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَ كَ مِنَ الْعِلْمِ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِيْنَ﴾: اور اگر آپؐ ان کی خواہشات کی پیروی کریں، اس کے بعد کہ آپؐ کے پاس علم (وحی) آچکا تو آپؐ یقیناً اپنے پیروں پر کلہاڑی ماریں گے! یعنی قبلہ اہل کتاب کی پیروی آپؐ سے ہرگز ممکن نہیں کہ سراسر علم کے خلاف یعنی جہل و گمراہی ہے۔

[۱۶-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ﴾

إِلَى قَوْلِهِ: ﴿إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِيْنَ﴾[البقرة: ۱٤٥]

[٤٤٩٠-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: بَيْنَمَا النَّاسُ فِي الصُّبْحِ بِقُبَاءٍ جَاءَ هُمْ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ قُرْآنٌ، وَأُمِرَ أَنْ يَسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ، أَلاَ فَاسْتَقْبِلُوْهَا وَكَانَ وَجْهُ النَّاسِ إِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَرُوْا بِوُجُوْهِهِمْ إِلَى الْكَعْبَةِ.[راجع: ٤٠٣]

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۲:۲۴۲) آئی ہے: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ دریں اثنا کہ لوگ قباء میں

صبح کی نماز میں تھے اچانک ان کے پاس ایک آنے والا آیا، پس اس نے کہا: بیشک رسول اللہ ﷺ پر رات قرآن نازل کیا گیا ہے، اور آپؐ کو کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، سنو! پس تم بھی قبلہ کی طرف رخ کرلو، اور لوگوں کے چہرے شام (بیت المقدس) کی طرف تھے، پس وہ کعبہ کی طرف گھوم گئے (تشریح محولہ بالا جگہ میں ہے)

پانچویں حکمت: تحویلِ قبلہ سابقہ کتابوں کی پیشین گوئی کے مطابق ہوئی ہے

گذشتہ کتابوں میں خبر دی گئی تھی کہ آخری نبی اور آخری امت کا قبلہ بیت اللہ ہوگا، اور یہود کو اپنی کتابوں سے اس بات کا علم تھا، پس اگر تحویل نہ ہوتی تو پیشین گوئی غلط ہوجاتی، اور یہ بات ممکن نہیں، پس تحویل برحق ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿الَّذِيْنَ آتَيْنٰهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ أَبْنَاءَ هُمْ﴾: جن لوگوں کو ہم نے کتاب (تورات وانجیل) دی: وہ نبی ﷺ کو ایسا پہچانتے ہیں جیسا اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں —— اہل کتاب کو نبی ﷺ کا پورا پورا علم تھا، آپؐ کے نسب وقبیلہ، مولد ومسکن، صورت وشکل اور اوصاف واحوال کو جانتے تھے، جس کی وجہ سے ان کو آپؐ کا علم اور آپؐ کے نبی موعود ہونے کا ایسا یقین تھا جیسا بہت سے لڑکوں میں اپنے بیٹوں کو فوراً پہچان لیتے ہیں، مگر اس بات کو بعض تو ظاہر کرتے تھے اور بعض جان بوجھ کر امرِ حق کو چھپاتے تھے، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَإِنَّ فَرِيْقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ﴾: اور ان کی ایک جماعت امر واقعی کو جانتے ہوئے چھپاتی ہے —— مگر ان کے چھپانے سے کیا ہوتا ہے؟ حق بات وہی ہے جو اللہ کی طرف سے ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿اَلْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ فَلَاتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ﴾: (بیت اللہ کا قبلہ ہونا) تیرے پروردگار کی طرف سے برحق ہے، پس تو ہرگز شک کرنے والوں میں سے مت ہو —— یہ ان مسلمانوں کو سنایا ہے جن کو یہود کی باتوں سے کچھ تردد تھا، وہ سوچتے تھے: کاش کعبہ کا مسلمانوں کے لئے قبلہ ہونا کسی طرح اہل کتاب تسلیم کرلیں تا کہ وہ دوسرے لوگوں کو شبہ میں ڈالتے نہ پھریں، ان سے کہا گیا کہ حق بات وہی ہے جو اللہ کی طرف سے ہے، اہل کتاب مانیں یا نہ مانیں، ان کی مخالفت سے کسی قسم کا تردد نہ کرو۔

[۱۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿الَّذِيْنَ آتَيْنٰهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ أَبْنَاءَ هُمْ وَإِنَّ فَرِيْقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ﴾ [البقرة: ۱۴۶-۱۴۷]

[۴۴۹۱-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَيْنَا النَّاسُ بِقُبَاءٍ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ إِذْ جَاءَ هُمْ آتٍ فَقَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَدْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ قُرْآنٌ، وَقَدْ أُمِرَ أَنْ يَسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوْهَا، وَكَانَتْ وُجُوْهُهُمْ إِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا إِلَى الْكَعْبَةِ.

[راجع: ۴۰۳]

چھٹی حکمت: مستقل امت کا مستقل قبلہ

بنی اسرائیل کی طرح بنی اسماعیل مستقل امت ہیں، اس لئے ان کا قبلہ علاحدہ ہونا چاہئے، اور یہ بات منافقین اور کمزور ایمان والوں کو سنائی جارہی ہے، جن کا خیال تھا کہ بیت المقدس ہی قبلہ رہنا چاہئے، تاکہ اہل کتاب کے ساتھ موافقت (ہم آہنگی) باقی رہے، ان کو بتایا گیا کہ قبلہ کا معاملہ قربانی کی طرح ہے، اسلام نے قربانی کا ایک خاص منہاج مقرر کیا ہے، جس میں ابراہیم علیہ السلام کا اسوہ پیش نظر رکھا ہے، اور اہل کتاب کے یہاں 'سوختنی قربانی' کا رواج تھا، اور ہندوؤں کے یہاں دیوتاؤں کی بلی کا رواج ہے، سورۃ الحج آیت ۳۴ میں اس کا ذکر ہے: ﴿وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا﴾: اور ہم نے ہر امت کے لئے قربانی تجویز کی ہے ﴿لِيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِنْ بَهِيْمَةِ الْأَنْعَامِ﴾: تاکہ وہ ان پالتو چوپایوں پر جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمائے ہیں: اللہ کا نام لیں، یعنی قربانی کے ذریعہ اللہ کی نزدیکی حاصل کرنے کا حکم کسی نہ کسی صورت میں ہر شریعت میں رہا ہے، یہی حال قبلہ کا ہے۔

دوسری نظیر: بنی اسماعیل مستقل امت تھے، اس لئے ان میں مستقل نبی انہی میں سے بھیجا گیا، جیسا کہ آیات ۱۵۱ و ۱۵۲ میں یہ بات بیان کی گئی ہے، یہی حال قبلہ کا ہے۔ ارشادِ پاک ہے: ﴿وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ﴾: اور ہر ذی مذہب کے لئے ایک قبلہ رہا ہے، جس کی طرف وہ (عبادت میں) منہ کرتا ہے، سو تم نیک کاموں میں تگاپو کرو یعنی قبلہ کے معاملہ میں جھگڑنا فضول ہے، اور اپنے قبلہ پر ضد کرنا عبث ہے، بنی اسماعیل کا قبلہ بیت المقدس نہیں، بیت اللہ ہے، پس تم اسی قبلہ کی طرف منہ کرکے عبادت کرو، اور عبادت میں خوب محنت کرو: ﴿أَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا﴾: تم خواہ کہیں ہو، اللہ تعالیٰ تم سب کو حاضر کریں گے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾: بالیقین اللہ تعالیٰ ہر امر پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں، یعنی جس قبلہ اور جس سمت کی طرف تم بہ حکم الٰہی عبادت کروگے وہ قبول کی جائے گی، اللہ تعالیٰ تم کو میدانِ حشر میں جمع کریں گے، اور تمہاری نمازیں ایسی سمجھی جائیں گی گویا ایک ہی جہت کی طرف ہوئی ہیں، پس قبلہ کے معاملہ میں موافقتِ اہل کتاب کی تمنامت کرو۔

[۱۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ أَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا، إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾ [البقرة: ۱٤۸]

[٤٤٩٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ أَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا، ثُمَّ صَرَفَهُ نَحْوَ الْقِبْلَةِ. [راجع: ٤٠]

استقبالِ قبلہ کا حکم ہر جگہ ہے (آیت سابقہ کا تتمہ)

آگے ارشادِ پاک ہے: ﴿وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾: اور جس جگہ سے بھی آپؐ (سفر میں) نکلیں تو (نماز میں) اپنا چہرہ مسجد حرام (کعبہ) کی طرف رکھا کریں یعنی یہ حکم حضر کے ساتھ خاص نہیں، سفر کے لئے بھی ہے، ﴿وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ﴾: اور بے شک یہ حکم یعنی ہر جگہ قبلہ کی طرف منہ کرنے کا حکم بالکل برحق ہے آپؐ کے پروردگار کی طرف سے: ﴿وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ﴾: اور اللہ تعالیٰ ان کاموں سے جوتم کرتے ہو بے خبر نہیں —— یہ آیت آیت سابقہ کا تتمہ ہے، آیتِ سابقہ میں اصول بیان کیا تھا کہ ہر مستقل امت کا قبلہ الگ ہوتا ہے، پس بنی اسماعیل کا قبلہ کیا ہے؟ اس آیت میں بیان کیا کہ ان کا قبلہ بیت اللہ ہے، حضر میں بھی اور سفر میں بھی۔

[١٩-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ﴾[البقرة: ١٤٩]

شَطْرَهُ: تِلْقَاءَهُ.

[٤٤٩٣-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: بَيْنَا النَّاسُ فِي الصُّبْحِ بِقُبَاءٍ إِذْ جَاءَهُمْ رَجُلٌ، فَقَالَ: أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ قُرْآنٌ، فَأُمِرَ أَنْ يَسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ، فَاسْتَقْبِلُوْهَا وَاسْتَدْبَرُوْهَا كَهَيْئَتِهِمْ، فَتَوَجَّهُوْا إِلَى الْكَعْبَةِ، وَكَانَ وَجْهُ النَّاسِ إِلَى الشَّامِ. [راجع: ٤٠٣]

لغت: شَطْر: دو معنی کے لئے اسم مشترک ہے: ایک: بمعنی نصف، دوم: بمعنی طرف، سامنے، سمت، آیت میں ثانی معنی ہیں.......... تلقاء: طرف، لقاء سے ہے، جس کے معنی ہیں: ملاقات کرنا پھر آمنے سامنے ہونے کی جگہ کو تلقاء کہنے لگے، اوراسی اعتبار سے طرف اور جہت کے معنی میں مستعمل ہونے لگا۔

ساتویں حکمت: تحویل کے بعد یہود ومشرکین کے لئے اعتراض کا منہ نہیں رہا!

تورات میں مذکور ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قبلہ بیت اللہ ہے، اور نبی آخر الزماں کا قبلہ بھی وہی ہے، پس اگر تحویل کا حکم نہ ہوتا تو یہود ضرور الزام لگاتے، اور مشرکین بھی کہتے کہ ملتِ ابراہیمی کا دعوی اور قبلہ میں خلاف! اب دونوں کو حجت کرنے کا حق نہ رہا، مگر ظالموں (ناانصافوں) کا منہ کوئی بند نہیں کرسکتا، یہود کہیں گے: ہمارے قبلہ کی حقانیت ظاہر ہونے کے بعد محض حسد سے ہمارا قبلہ چھوڑ دیا، اور مشرکین کہیں گے: ان کو ہمارے قبلہ کا حق ہونا اب معلوم ہوا، اسی طرح ہماری (مشرکین کی) اور باتیں بھی رفتہ رفتہ منظور کرلیں گے، فرمایا: ایسے بے انصافوں کے اعتراض کی کچھ پرواہ مت کرو، اور

ہمارے حکم کے تابع رہو، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهُ﴾: اور جس جگہ سے بھی آپ (سفر میں) نکلیں تو (نماز میں) اپنا چہرہ مسجد حرام (کعبہ) کی طرف کریں، اور آپ لوگ جہاں کہیں ہوں اپنا چہرہ اسی کی طرف رکھا کریں (یہ آگے کی تمہید ہے) ﴿لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ﴾: تاکہ مخالف لوگوں کو تمہارے مقابلہ میں گفتگو کی مجال نہ رہے: ﴿إِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ﴾: مگر ان میں سے جو بے انصاف ہیں (وہ اعتراض سے باز نہیں آئیں گے، وہ مرغ کی ایک ہی ٹانگ گاتے رہیں گے) ﴿فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ﴾: سو تم ایسے لوگوں (کے اعتراض) سے مت ڈرو، اور مجھ سے ڈرتے رہو ﴿وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ﴾: اور تاکہ میں تم پر اپنا انعام تام کردوں، اور تاکہ تم راہِ حق پاؤ یعنی یہ قبلہ ہم نے تمہارے لئے اس لئے مقرر کیا ہے کہ تم دشمنوں کے طعن سے بچو، اور ہمارے انعام واکرام اور برکات وانوار اور ہدایت کے پورے مستحق بنو۔

[۲۰-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ﴾ [البقرة: ۱۵۰]

[۴۴۹۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّاسُ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ بِقُبَاءٍ إِذْ جَاءَ هُمْ آتٍ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ، وَقَدْ أُمِرَ أَنْ يَسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ، فَاسْتَقْبَلُوْهَا، وَكَانَتْ وُجُوْهُهُمْ إِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا إِلَى الْقِبْلَةِ. [راجع: ۴۰۳]

سوال: تحویل قبلہ کا حکم مکرّر سہ کرّر کیوں بیان کیا ہے؟

جواب: مقاصد مختلف تھے، اس لئے ہر مقصد کے بیان کے وقت اس حکم کا اعادہ کیا گیا ﴿قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ﴾: میں یہ بیان کرنا مقصود تھا کہ تحویل قبلہ کا حکم رسول اللہ ﷺ کی رضاجوئی اور اظہار تکریم کے لئے ہے، اور ﴿لِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا﴾: سے یہ بیان کرنا مقصود تھا کہ عادتُ اللہ یہ جاری ہے کہ ہر ایک ملت اور ہر ایک رسول صاحب شریعت مستقل کے لئے اس کے مناسب ایک قبلہ مقرر ہونا چاہئے، اور ﴿لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ﴾ سے یہ بیان کرنا مقصود تھا کہ تحویل قبلہ پر مخالفین کا الزام عائد نہیں ہوسکتا —— اور یہ قرآنِ کریم کا اسلوب ہے، ہر مقصد کے بیان کے وقت تمہیدی مضمون مکرر لایا جاتا ہے، جیسے سورۃ العنکبوت کی آیت ۵۳ ہے: ﴿وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ، وَلَوْلَا أَجَلٌ مُسَمًّى لَجَاءَ هُمُ الْعَذَابُ، وَلَيَأْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ﴾: اور وہ لوگ آپ سے عذاب کا تقاضا کرتے ہیں، اور اگر میعاد معین نہ ہوتی تو ان پر عذاب آچکا ہوتا، اور وہ عذاب ان پر دفعۃً آپہنچے گا اور ان کو خبر بھی نہ ہوگی —— پھر آیت ۵۴ میں دوسری بات کہی گئی تو تمہید مکرر لائی گئی، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ، وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكَافِرِيْنَ﴾: اور وہ لوگ آپ سے عذاب کا تقاضا کرتے ہیں، اور بے شک جہنم کافروں کو گھیرے ہوئے ہے (الی آخرہ)

—— اسی طرح تحویلِ قبلہ کے تین مقاصد بیان کرنے تھے اس لئے تمہید میں تحویل کا حکم مکرر سہ کرر لایا گیا۔

اس کی نظیر: قرآنِ کریم ڈبل استثناء نہیں کرتا، اس سے کلام میں تعقید پیدا ہوجاتی ہے اور کلام فصاحت سے گر جاتا ہے، حجۃ اللہ البالغہ میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے ایک جگہ ڈبل استثناء کیا ہے تو عبارت پیچیدہ ہوگئی ہے، عرصہ تک اسے کوئی نہیں سمجھا، اسی طرح کافیہ میں عدل کے بیان میں ابن حاجب رحمہ اللہ نے ڈبل استثناء کیا ہے، وہ عبارت بھی پیچیدہ ہوگئی ہے، چنانچہ قرآنِ کریم کو جب ڈبل استثناء کرنا ہوتا ہے تو مستثنیٰ منہ مکرر لاتا ہے جیسے سورۃ النور کی آیت (۳۱) میں ہے: ﴿وَلاَ يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ إِلاَّ مَا ظَهَرَ مِنْهَا﴾: عورت صرف اپنے وہ اعضاء ظاہر کرے جو عام طور پر کھلے رہتے ہیں یعنی چہرہ، ہتھیلیاں اور دونوں پاؤں ٹخنوں سے نیچے، پھر دوسرا استثناء کیا ہے ﴿وَلاَ يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ إِلاَّ لِبُعُوْلَتِهِنَّ﴾ الآية: عورت مذکورہ اعضاء محارم کے سامنے اور محارم جیسوں کے سامنے کھلے رکھ سکتی ہے، پھر بارہ شخصوں کا تذکرہ ہے جو معاشرہ میں عام طور پر ساتھ رہتے ہیں ان کے سامنے عورت چہرہ اور ہتھیلیاں کھول سکتی ہے، باقی بدن نہ کھولے، سینہ پر بھی اوڑھنی ڈالے رہے، پیر بھی زمین پر نہ پٹخے کہ کپڑے میں چھپا ہوا زیور بجے، اور اس کا پتہ چل جائے، پس اس آیت کا تعلق اصلاحِ معاشرہ سے ہے اگر عورت اپنے محارم وغیرہ کے درمیان اس طرح سلیقہ سے رہے گی تو معاشرہ میں فساد پیدا نہیں ہوگا۔ غرض یہ حجاب کی آیت نہیں ہے حجاب کی آیات سورۃ الاحزاب میں ہیں (آیات ۵۳-۶۰)

اسی طرح جب ایک سلسلہ میں دو یا زیادہ باتیں بیان کرنی ہوں تو قرآن مسلسل بیان نہیں کرتا بلکہ تمہید میں اس چیز کو مکرر لاتا ہے، چنانچہ ﴿وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ﴾: تمہید میں مکرر لایا گیا، پس یہ تکرار نہیں۔

چھٹی حکمت کی نظیر مستقل ملت کے لئے مستقل قبلہ جیسے مستقل ملت کے لئے مستقل نبی

امام بخاری رحمہ اللہ نے تحویلِ قبلہ کی تمام آیات پر ابواب قائم کئے ہیں، مگر آخری دو آیتوں پر باب قائم نہیں کیا، ان آیتوں میں یہ مضمون ہے کہ مستقل امت کے لئے مستقل قبلہ کی نظیر مستقل امت کے لئے مستقل نبی کا ہونا ہے، بنو اسرائیل ایک علاحدہ امت تھے، اس لئے ان میں بہت سے انبیاء مبعوث کئے گئے، اور بنو اسماعیل مستقل امت تھے اس لئے تو ان کو بنو اسرائیل کے انبیاء کے تابع نہیں کیا، بلکہ ان میں انہی میں سے خاتم الانبیاء ﷺ کو مبعوث فرمایا، ارشادِ پاک ہے: ﴿كَمَا أَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلاً مِنْكُمْ﴾: جس طرح بھیجا ہم نے تم میں عظیم رسول تمہی میں سے —— یہ نظیر کا بیان ہے، پھر اس عظیم رسول کے کاموں کا تذکرہ ہے: ﴿يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا، وَيُزَكِّيْكُمْ، وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ، وَيُعَلِّمُكُمْ مَالَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ﴾: جو تمہیں ہماری آیتیں پڑھ کر سناتا ہے، اور تمہیں (اخلاق رذیلہ سے) پاک کرتا ہے، اور وہ تمہیں اللہ کی کتاب (قرآن) اور اسرار سکھاتا ہے، اور وہ تمہیں وہ باتیں سکھاتا ہے جو تم نہیں جانتے تھے —— پھر آخری آیت ہے جس پر تحویلِ قبلہ کی بحث ختم کی جارہی ہے: ﴿فَاذْكُرُوْنِيْ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلاَ تَكْفُرُوْنِ﴾: پس تم مجھ کو یاد رکھو

میں تمہیں یاد رکھوں گا، اور تم میرا احسان مانو، اور تم میری ناشکری مت کرو یعنی تم کسی کی مت سنو، بیت اللہ کی طرف نماز پڑھو میں تمہیں یاد رکھوں گا، نئی نئی رحمتیں اور عنایتیں تم پر نازل کرونگا اور میرا احسان مانو کہ تمہارے لئے افضل قبلہ تجویز کیا، اس قبلہ کا انکار کرکے میری ناشکری مت کرو۔

حج اور عمرہ میں سعی واجب ہے، پھر لا جناح کی تعبیر کیوں ہے؟

سورۃ البقرہ کی آیت ۱۵۸ ہے: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا، وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ﴾: بے شک صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں، پس جو شخص بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے اس پر ان دونوں کا طواف کرنے میں کچھ گناہ نہیں، اور جو شخص خوشی سے کوئی امر خیر کرے تو اللہ تعالیٰ قدردانی کرنے والے خوب جاننے والے ہیں۔

لغات: شعائر: شَعِيرة یا شِعَارة کی جمع ہے (گیلری میں جو نسخہ ہے وہ صحیح ہے) اس کے معنی ہیں: علامت، نشانی، شَعَرَ به شُعُوْرًا: جاننا، محسوس کرنا، اور اصطلاح میں شعیرۃ وہ نشانی ہے جو اس چیز کو بتاتی ہے جس کے لئے وہ مقرر کی گئی ہے، جیسے منارہ مسجد کی علامت ہے، اسی طرح وہ اعمال، اماکن اور احکام جو دین اسلام کی علامتیں اور پہچان ہیں وہ سب شعائر اللہ ہیں، تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۲:۷۰۴) میں ہے۔

الصَّفَاة: چوڑا اور چکنا پتھر جمع صَفًا (آیت میں جمع ہے) یہی معنی الصَّفْوان کے ہیں، یہ لفظ سورۃ البقرۃ (آیت ۲۶۴) میں ہے: ﴿كَمَثَلِ صَفْوَانٍ﴾: جیسے ایک چکنا پتھر، اس کا مفرد صفوانۃ ہے، اور المُلْس: مَلْسَاء کی جمع ہے، مَلِسَ (س) مَلَسًا: نرم و چکنا ہونا، ایسا پتھر بنجر ہوتا ہے، اس پر کوئی چیز اگتی نہیں۔

نوٹ: صفا اور صفوان ایک لفظ ہیں، صفا کا الف واو سے بدلا ہوا ہے، اصل صفو ہے اور صفوان کے آخر میں الف نون زائدتان ہیں۔

ترجمہ: شعائر کے معنی ہیں: علامتیں، اس کا مفرد شعرۃ ہے (یہ صحیح نہیں) اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: الصفوان کے معنی ہیں: پتھر، اور کہا گیا: چکنا پتھر جو کوئی چیز نہ اگائے، اور مفرد صفوانۃ ہے اور وہ صفا کا ہم معنی ہے اور صفا جمع ہے (اس کا مفرد الصفاۃ ہے)

مسئلہ: سعی امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک سنتِ مستحبہ ہے (اور تحفۃ القاری ۴:۴۹۸ میں جو ائمہ ثلاثہ کا مذہب بیان کیا ہے: وہ صحیح نہیں) اور امام مالک و امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک فرض ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک واجب ہے کہ ترک سے ایک بکری ذبح کرنا پڑتی ہے۔

حدیث: حضرت عروہ رحمہ اللہ نے جو مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں: اپنی خالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے

پوچھا: اللہ تعالیٰ نے سورۃ البقرہ (آیت ۱۵۸) میں فرمایا ہے: ''جو شخص حج یا عمرہ کرے اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ صفا مروہ کے درمیان سعی کرے'' اس آیت سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ حج اور عمرہ میں سعی واجب نہیں، حالانکہ سعی ضروری ہے؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: تم آیت کا مطلب صحیح نہیں سمجھے، اگر سعی جائز ہوتی، ضروری نہ ہوتی تو تعبیر یوں ہوتی: فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَّا يَطَّوَّفَ بِهِمَا: حج اور عمرہ کرنے والے پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ صفا مروہ کے درمیان سعی نہ کرے۔

پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو وجہ سمجھائی کہ قرآن میں یہ تعبیر کیوں ہے؟ فرمایا: انصار زمانۂ جاہلیت میں جب حج یا عمرہ کرتے تھے تو صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے، کیونکہ ان پہاڑیوں پر دو بت رکھے ہوئے تھے، وہ ان کو خدا نہیں مانتے تھے، بلکہ وہ منات کی عبادت کرتے تھے، منات: عربوں کی ایک بڑی مورتی تھی، جیسے لات اور عزی بڑی مورتیاں تھیں، منات کی مورتی مشلّل مقام پر رکھی ہوئی تھی، انصار اس کی عبادت کرتے تھے، اور اسی کے نام سے احرام باندھتے تھے، اور صفا اور مروہ پر اساف اور نائلہ نامی دو بت رکھے تھے ان کو انصار خدا نہیں مانتے تھے، اس لئے وہ صفا مروہ کی سعی نہیں کرتے تھے، پھر جب اسلام کا زمانہ آیا، اور وہ بت وہاں سے ہٹادیئے گئے تب بھی انصار کو سعی کرنے میں حرج محسوس ہوا تو یہ آیت نازل ہوئی اور ان کو سمجھایا گیا کہ صفا مروہ کے درمیان سعی ان بتوں کی وجہ سے نہیں کی جاتی، اس کی وجہ کچھ اور ہے، پس بے تکلف سعی کرو، کوئی خیال دل میں مت لاؤ، لاجناح کی تعبیر اسی لئے ہے، یہ اباحت کی تعبیر نہیں ہے (مزید تفصیل کے لئے تحفۃ القاری ۳:۴۱۳ و ۴:۴۱۰ دیکھیں)

[۲۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ﴾[البقرة:۱۵۸]

شَعَائِرُ: عَلاَمَاتٌ، وَاحِدُهَا شَعْرَةٌ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الصَّفْوَانُ: الْحَجَرُ، وَيُقَالُ: الْحِجَارَةُ الْمُلْسُ الَّتِيْ لاَ تُنْبِتُ شَيْئًا، وَالْوَاحِدَةُ صَفْوَانَةٌ، بِمَعْنَى الصَّفَا، وَالصَّفَا لِلْجَمِيْعِ.

[٤٤٩٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا يَوْمَئِذٍ حَدِيْثُ السِّنِّ: أَرَأَيْتِ قَوْلَ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا﴾ فَمَا أُرَى عَلٰى أَحَدٍ شَيْئًا أَنْ لاَ يَطَّوَّفَ بِهِمَا، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: كَلَّا، لَوْ كَانَتْ كَمَا تَقُوْلُ كَانَتْ "فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لاَيَطَّوَّفَ بِهِمَا" إِنَّمَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِي الأَنْصَارِ، كَانُوْا يُهِلُّوْنَ لِمَنَاةَ وَكَانَتْ مَنَاةُ حَذْوَ قُدَيْدٍ، وَكَانُوْا يَتَحَرَّجُوْنَ أَنْ يَطَّوَّفُوْا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَلَمَّا جَاءَ الإِسْلاَمُ سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ

اعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا﴾[راجع: ١٦٤٣]

[٤٤٩٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ؟ فَقَالَ: كُنَّا نُرَى أَنَّهُمَا مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا كَانَ الإِسْلاَمُ أَمْسَكْنَا عَنْهُمَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا﴾[راجع: ١٦٤٨]

اللہ تعالیٰ کا برابر (ہم سر) قرار دینا

سورۃ البقرۃ (آیت ۱۶۵) میں ہے: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ أَنْدَادًا﴾: اور بعض لوگ وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کو برابر کا شریک قرار دیتے ہیں ـــــ أنداد: نِدّ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: ضد، مقابل، برابر، اور ندّ اور مِثل میں فرق یہ ہے کہ مثل کا استعمال ہر قسم کی شرکت میں ہوتا ہے اور نِدّ کا استعمال صرف ذات اور جوہر میں شریک کے لئے ہوتا ہے (لغات القرآن) ـــــ قرآنِ کریم میں دو جگہ (النساء ۴۸ و ۱۱۶) ارشادِ پاک ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لاَ يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾: بے شک اللہ تعالیٰ اس بات کو نہیں بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو (ذات یا صفات میں) شریک قرار دیا جائے، اور اس کے علاوہ جو گناہ ہیں جس کے لئے منظور ہوگا وہ گناہ بخش دیں گے ـــــ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ شرک اللہ تعالیٰ سے بغاوت ہے، اور بغاوت نا قابل معافی جرم ہے، ایک شخص حکومت کو تسلیم کرتا ہے مگر گناہ کرتا ہے تو اس کو معاف کیا جاسکتا ہے نیز کچھ سزا دے کر چھوڑا جاسکتا ہے، اور جو حکومت کو تسلیم نہیں کرتا، بغاوت پر کمر بستہ ہے، وہ خواہ کیسا ہی بھلا آدمی ہو: قابل گردن زدنی ہے۔

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۳:۵۵۸) گذری ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو اس حال میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا ہے وہ (ہمیشہ کے لئے) جہنم میں جائے گا ـــــ یہ آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بڑھایا کہ جو اس حال میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا تو وہ (دیر سویر) جنت میں جائے گا ـــــ یہ دوسرا آدھا ہی ہے جو ﴿وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾ میں ہے۔

[٢٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ أَنْدَادًا﴾[البقرة: ١٦٥]

أَضْدَادًا: وَاحِدُهَا نِدٌّ.

[٤٤٩٧-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم كَلِمَةً وَقُلْتُ أُخْرَى، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ مَاتَ وَهُوَ يَدْعُوْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ نِدًّا دَخَلَ النَّارَ'' وَقُلْتُ أَنَا: مَنْ مَاتَ وَهُوَ لاَ يَدْعُوْ لِلّٰهِ نِدًا دَخَلَ الْجَنَّةَ.[راجع: ١٢٣٨]

آیتِ قصاص کی تفسیر

سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۷۸ ہے: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا! کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰی، اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ، وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ، وَالْأُنْثٰی بِالْأُنْثٰی، فَمَنْ عُفِیَ لَهُ مِنْ أَخِیْهِ شَیْئٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَأَدَاءٌ إِلَیْهِ بِإِحْسَانٍ، ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِنْ رَبِّکُمْ وَرَحْمَةٌ، فَمَنِ اعْتَدٰی بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِیْمٌ﴾

ترجمہ: اے ایمان والو! تم پر مقتولین میں برابری کرنا فرض کیا گیا: آزاد آزاد کے بدلے، غلام غلام کے بدلے اور عورت عورت کے بدلے، پس جس کے لئے معاف کیا گیا اس کے بھائی کی طرف سے کچھ، تو معقول طور پر مطالبہ کرنا ہے، اور خوبی کے ساتھ اس (وارث) کے پاس (خون بہا) پہنچا دینا ہے، یہ (معاف کرنا) آسانی ہے تمہارے پروردگار کی طرف سے اور مہربانی، پس جو زیادتی کرے اس (معاف کرنے) کے بعد تو اس کے لئے دردناک سزا ہے۔

تفسیر: کُتِبَ (ماضی مجہول) لکھ دیا گیا، فرض کیا گیا، لازم کیا گیا .... القِصاص: بدلہ، قتل اور زخموں کا بدلہ .... القتلی: القتیل کی جمع، بمعنی مقتول۔

شانِ نزول: زمانۂ جاہلیت کا یہ دستور تھا کہ شریف کے غلام کے بدلے رذیل کے آزاد کو، اور عورت کے بدلے مرد کو، اور ایک آزاد کے بدلے دو کو قصاص میں قتل کرتے تھے، پس آیت نے نازل ہو کر مقتولین میں برابری فرض کردی، لغت میں قصاص کے معنی برابری کے ہیں یعنی جاہلیت میں جو شریف اور رذیل میں امتیاز کرتے تھے وہ لغو ہے، جانیں سب برابر ہیں، غریب ہو یا امیر، شریف ہو یا رذیل، عالم فاضل ہو یا جاہل، جوان ہو یا بوڑھا اور بچہ، تندرست ہو یا بیمار اور قریب المرگ، صحیح الاعضاء ہو یا اندھا لولا لنگڑا: سب جانیں برابر ہیں —— پھر اس برابری کی توضیح کی کہ ہر آزاد مرد کے بدلے میں صرف وہی ایک آزاد مرد قتل کیا جائے جو اس کا قاتل ہے، یہ نہیں کہ ایک مقتول کے بدل قاتل کے قبیلہ سے کیف ما اتفق دو کو یا زیادہ کو قتل کرنے لگو —— اسی طرح غلام کے بدلے وہی غلام قتل کیا جائے جو قاتل ہے یہ نہ ہو کہ شریف کے غلام کے بدلے قاتل غلام کو چھوڑ کر رذیل لوگوں میں سے کسی آزاد کو قتل کیا جائے —— اسی طرح عورت کے قصاص میں وہی عورت قتل کی جائے جو قاتل ہے، یہ نہ ہو کہ شریف عورت کے قصاص میں رذیل قبیلہ کے کسی مرد کو قتل کر دیا جائے، باقی رہا یہ امر کہ آزاد کسی کے غلام کو یا مرد کسی عورت کو قتل کرے تو قصاص لیا جائے گا یا نہیں؟ آیت کریمہ اس سے ساکت ہے، اور ائمہ کا اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک ہر دو صورت میں قصاص لیا جائے گا۔

قولہ: فمن عفی لہ: اگر مقتول کے تمام ورثاء نے یا بعض نے قصاص معاف کر دیا تو اب قاتل کو قصاص میں قتل نہیں کر سکتے، پھر اگر سب نے یا بعض نے بلا معاوضۂ مالی —— محض ثواب کی غرض سے —— معاف کیا ہے تو قاتل وارثوں کے مطالبہ سے بالکل سبکدوش ہو جائے گا —— اور اگر دیتِ شرعی یا بطور مصالحت کسی مقدارِ مال پر راضی ہو کر قصاص معاف کیا

ہے تو ورثاء معقول طریقہ سے مال کا مطالبہ کریں، یہ نہیں کہ فوری ادائیگی کا مطالبہ کریں —— اور قاتل کو بھی چاہئے کہ معاوضہ اچھی طرح ممنونیت اور خوش دلی کے ساتھ ادا کرے۔

قولہ: ذلك: یہ اجازت کہ قتل عمد میں چاہو قصاص لو، چاہو دیت لو، چاہو معاف کردو: اللہ کی طرف سے سہولت اور مہربانی ہے، کیونکہ قصاص حدّ نہیں، حدود چار ہیں: زنا کی سزا، چوری کی سزا، تہمتِ زنا کی سزا اور شراب پینے کی سزا۔ ان کو معاف نہیں کیا جاسکتا، وہ حق اللہ ہیں، اور قصاص حق العبد ہے، چنانچہ مقتول کے ورثاء اس کو بغیر بدل کے یا بدل کے عوض معاف کرسکتے ہیں۔

قولہ: فمن اعتدی: اگر بلا معاوضہ یا بالمعاوضہ قصاص معاف کرنے کے بعد کوئی وارث قاتل کو قتل کردے تو اس کے لئے آخرت میں سخت عذاب ہے، رہا دنیا کا حکم تو وہ بیان نہیں کیا۔

[۲۳-] بَابٌ: ﴿يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى، الْحُرُّ بِالْحُرِّ، وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾[البقرة: ۱۷۸]

﴿عُفِيَ﴾: تُرِكَ.

[۴۴۹۸-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: كَانَ فِيْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْقِصَاصُ، وَلَمْ تَكُنْ فِيْهِمُ الدِّيَةُ، فَقَالَ اللّٰهُ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ: ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى، الْحُرُّ بِالْحُرِّ، وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ، وَالْأُنْثٰى بِالْأُنْثٰى، فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيْهِ شَيْئٌ﴾ فَالْعَفْوُ أَنْ يَقْبَلَ الدِّيَةَ فِي الْعَمْدِ، ﴿فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَأَدَاءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ﴾ يَتَّبِعُ بِالْمَعْرُوْفِ وَيُؤَدِّيْ بِإِحْسَانٍ، ﴿ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ﴾ مِمَّا كُتِبَ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، ﴿فَمَنِ اعْتَدَى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾ قَتَلَ بَعْدَ قَبُوْلِ الدِّيَةِ. [طرفه: ۶۸۸۱]

عُفی: معاف کیا گیا یعنی قصاص کا مطالبہ چھوڑ دیا گیا —— اور حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: بنی اسرائیل (یہود) میں قصاص تھا، اور ان میں دیت نہیں تھی یعنی قتل عمد میں قصاص لینا ضروری تھا، قصاص معاف کرکے دیت نہیں لے سکتے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے اس امت کے لئے فرمایا: فَمَنْ عُفِيَ: پس معاف کرنا یہ ہے کہ قتل عمد میں دیت لی جائے، فاتباع: مقتول کا وارث معقول طریقہ پر قاتل سے مطالبہ کرے اور قاتل خوش دلی کے ساتھ ادا کرے، یہ تخفیف ہے اس حکم کی بہ نسبت جو تم سے پہلوں پر مقرر کیا گیا تھا، فمن اعتدی: یعنی دیت قبول کرنے کے بعد قتل کرے گا تو اس کے لئے (آخرت میں) دردناک سزا ہے۔

[۴۴۹۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ: أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ عَنِ النَّبِيِّ

صلى الله عليه وسلم قَالَ: " كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ "[راجع: ۲۷۰۳]

[۴۵۰۰-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بَكْرٍ السَّهْمِيَّ قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ الرُّبَيِّعَ عَمَّتَهُ كَسَرَتْ ثَنِيَّةَ جَارِيَةٍ، فَطَلَبُوْا إِلَيْهَا الْعَفْوَ فَأَبَوْا، فَعَرَضُوْا الْأَرْشَ، فَأَبَوْا، فَأَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبَوْا إِلَّا الْقِصَاصَ، فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْقِصَاصِ، فَقَالَ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتُكْسَرُ ثَنِيَّةُ الرُّبَيِّعِ؟ لَا وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يا أَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ " فَرَضِيَ الْقَوْمُ فَعَفَوْا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ "[راجع: ۲۷۰۳]

پہلی حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پوتے کے پوتے محمد کی ہے جو امام بخاریؒ کے استاذ ہیں، ان کا نسب نامہ حاشیہ میں ہے، وہ حُمید طویل سے روایت کرتے ہیں وہ حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہیں، اور یہ سولہویں ثلاثی روایت ہے، اور نبی ﷺ کا ارشاد: ''قرآن کا حکم قصاص ہے'' یہ ارشاد دوسری حدیث میں جو واقعہ ہے: اس واقعہ میں فرمایا ہے۔

دوسری حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۶:۹۷) آئی ہے: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی پھوپھی رُبَیِّع رضی اللہ عنہا نے ایک جوان لڑکی کا سامنے کا دانت توڑ دیا، ربیع کے خاندان والوں نے لڑکی کے ورثاء سے کہا: قصاص معاف کردو، اور دیت لے لو، انھوں نے انکار کیا، پس فریقین نبی ﷺ کے پاس آئے، آپؐ نے قصاص کا فیصلہ کیا، پس ربیع کے بھائی حضرت انس بن النضرؓ نے کہا: یارسول اللہ! میری بہن کا دانت توڑا جائے گا؟ ایسا نہیں ہوسکتا! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! ربیع کا دانت نہیں توڑا جائے گا! نبی ﷺ نے فرمایا: انس! قرآن کا حکم قصاص ہے، پھر لڑکی کے ورثاء راضی ہوگئے، اور انھوں نے قصاص معاف کردیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے سامنے اڑ جائیں اور قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو ضرور نیک بنائیں یعنی اللہ تعالیٰ ان کی لاج رکھ لیتے ہیں۔

جب رمضان کے روزے فرض کئے گئے تو عاشوراء کے روزے کی فرضیت ختم کردی

سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۸۳ ہے: ﴿يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ﴾: اے ایمان والو! تم پر روزہ فرض کیا گیا جس طرح تم سے اگلوں پر فرض کیا گیا تا کہ تم پرہیزگار بنو ـــــ یعنی روزوں کا حکم آدم علیہ السلام کے زمانہ سے اب تک برابر رہا ہے، روزوں سے نفس کو اس کی مرغوبات سے روکنے کی عادت پڑتی ہے، پھر اس کو حرام سے روکنا آسان ہوجاتا ہے، اور روزوں سے نفس کی قوت وشہوت میں بھی ضعف آتا ہے، یہ روزوں کی بڑی حکمت ہے، ان سے نفس سرکش کی اصلاح ہوتی ہے، یہی متقی بننا ہے۔

فائدہ: جب اللہ تعالیٰ نے روزے فرض کئے تو اولاً سات طرح سے ذہن سازی کی۔ اس آیت میں چار طرح سے

ذہن بنایا گیا ہے، فرمایا: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اس خطاب میں ذہن سازی ہے، اچھے برے خطاب کا طبیعتوں پر اثر پڑتا ہے، اگر طالب علم سے کہا جائے: پیارے پانی لا، تو وہ خوشی سے لائے گا، اور کہا جائے: او نالائق پانی لا، تو لائے گا مگر شوق سے نہیں لائے گا —— پھر فرمایا: تم پر روزے لکھ دیئے گئے، یہ دوسری مرتبہ ذہن سازی کی ہے، آدمی سوچے گا: جب روزے لکھ دیئے گئے تو کوئی تبدیلی ممکن نہیں، اب روزے رکھنے ہی پڑیں گے، مرتے کیا نہ کرتے! —— پھر فرمایا: روزے تم سے اگلوں پر بھی فرض کئے گئے ہیں، یہ تیسری مرتبہ ذہن سازی ہے، مرگ انبوہ جشنے دارد! دس بیس جنازے ایک ساتھ اٹھیں تو جشن معلوم ہونگے، اس طرح روزوں کا بوجھ ہلکا کیا —— پھر روزوں کا فائدہ بیان کیا کہ روزوں سے تمہیں تقوی کی دولت حاصل ہوگی، یہ چوتھی مرتبہ ذہن سازی ہے، پرہیزگار بننا مؤمن کی آخری آرزو ہے، اور یہ مقصد روزوں سے حاصل ہوتا ہے، پس ہر شخص روزہ رکھنے کے لئے تیار ہو جائے گا، باقی تین مرتبہ ذہن سازی کا بیان اگلی آیت میں ہے۔

[۲۴-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ﴾

[۴۵۰۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ عَاشُوْرَاءُ يَصُوْمُهُ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ قَالَ: "مَنْ شَاءَ صَامَهُ، وَمَنْ شَاءَ لَمْ يَصُمْهُ"

[راجع: ۱۸۹۲]

[۴۵۰۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ عَاشُوْرَاءُ يُصَامُ قَبْلَ رَمَضَانَ، فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ قَالَ: "مَنْ شَاءَ صَامَ، وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَ"

[راجع: ۱۵۹۲]

[۴۵۰۳-] حَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيْهِ الْأَشْعَثُ وَهُوَ يَطْعَمُ، فَقَالَ: الْيَوْمُ عَاشُوْرَاءُ، فَقَالَ: كَانَ يُصَامُ قَبْلَ أَنْ يُنْزَلَ رَمَضَانُ، فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ تُرِكَ، فَادْنُ فَكُلْ.

[۴۵۰۴-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ تَصُوْمُهُ قُرَيْشٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُهُ، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ صَامَهُ وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ، فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ كَانَ رَمَضَانُ الْفَرِيْضَةَ، وَتُرِكَ عَاشُوْرَاءُ، فَكَانَ مَنْ شَاءَ صَامَهُ، وَمَنْ شَاءَ لَمْ يَصُمْهُ. [راجع: ۱۵۹۲]

حدیث (۱و۲و۴) پہلے گذری ہیں، ان کا حاصل یہ ہے کہ رمضان کی فرضیت سے پہلے عاشوراء کا روزہ فرض تھا، پھر جب

رمضان کی فرضیت نازل ہوئی تو عاشوراء کے روزے کی فرضیت ختم کردی گئی، کیونکہ ڈبل روزے فرض کرنے میں امت کے لئے دشواری تھی، اور جو حکم تخفیفاً منسوخ ہوتا ہے اس کا استحباب باقی رہتا ہے، اس لئے عاشوراء کا روزہ اب مستحب ہے۔

حدیث (۳): نئی ہے اور اسی جگہ ہے: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کھانا کھا رہے تھے، اشعث بن قیس کندی رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے، انھوں نے کہا: آج دس محرم ہے یعنی آپؓ نے آج روزہ کیوں نہیں رکھا؟ ابن مسعودؓ نے کہا: رمضان کی فرضیت نازل ہونے سے پہلے دس محرم کا روزہ رکھا جاتا تھا، پھر جب رمضان نازل ہوا تو عاشوراء کا روزہ (وجوباً) چھوڑ دیا گیا، پس قریب آیئے اور کھایئے۔

جب روزے فرض کئے گئے تو پہلے ذہن سازی کی گئی

سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۸۴) ہے: ﴿أَيَّامًا مَعْدُوْدَاتٍ، فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْعَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ، وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ، فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ، وَأَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾: (روزے رکھو) گنتی کے چند دنوں کے، پس جو شخص تم میں سے بیمار ہے، یا سفر میں ہے تو شمار کرنا ہے دوسرے دنوں سے، اور جن لوگوں پر روزہ بہت بھاری ہے وہ (روزوں کا) بدلہ دیں: ایک غریب کا کھانا، اور جو نفلی طور پر خیر کا کام کرے تو وہ اس کے لئے بہتر ہے، اور روزہ رکھنا تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم (روزے کا فائدہ) جانو!

تفسیر: اس آیت میں اور تین طرح سے ذہن سازی کی گئی ہے: فرمایا: (روزے رکھو) گنتی کے چند دن، یہ پانچویں مرتبہ ذہن سازی ہے، روزے اگر بہت زیادہ ہوتے تو مشکل ہوتے، گنتی کے چند روزے رکھنے میں کیا دشواری ہے؟ اور یاد رکھنا چاہئے کہ کتنے بھی دن ہوں: گنتی کے چند ہی دن ہوتے ہیں! —— پھر دو خلجان ہیں: ایک واقعی دوسرا ہوا۔ واقعی بات تو یہ ہے کہ عرب گرم ملک ہے، اور لوگوں کی معیشت سفر سے وابستہ تھی، کیونکہ جزیرۃ العرب میں کوئی معیشت نہیں تھی، لوگ شام وغیرہ جاتے تھے اور وہاں سے اشیاء خرید کر لاتے تھے اور بیچتے تھے، یہی ان کی معیشت تھی، اور بیماری تندرستی ہر ایک کے ساتھ لگی ہوئی ہے اس لئے ذہن پر بوجھ پڑ سکتا تھا کہ سفر میں اور بیماری میں روزے کیسے رکھیں گے؟ اس لئے فرمایا کہ سفر میں اور بیماری میں روزے نہ رکھنے کی اجازت ہے، وہ روزے بعد میں رکھ لئے جائیں، اور جتنے گئے ہیں اتنے ہی رکھنے ہونگے زائد نہیں، پس یہ چھٹی مرتبہ ذہن سازی ہے —— اور محض ہوا یہ تھا کہ چونکہ روزے کبھی نہیں رکھے اس لئے آدمی سوچے گا کہ روزے کیسے رکھیں گے؟ بغیر کھائے پیئے دن کیسے کٹے گا؟ پس فرمایا: جس کو روزہ بہت بھاری معلوم ہو وہ روزے کی جگہ فدیہ دے سکتا ہے، یہ ساتویں اور آخری مرتبہ ذہن سازی ہے —— اور ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا کہ فدیہ صرف ایک غریب کا کھانا ہے، کچھ بہت زیادہ نہیں، البتہ اگر کوئی رضا کارانہ زیادہ دے تو وہ بہتر ہے اور اس سے بھی بہتر یہ ہے کہ ہمت کر کے روزے رکھے، اگر تم صدقہ اور روزہ کے فوائد جان سکو تو یہ بات بوجھ سکتے ہو کہ صدقہ سے بخل کا ازالہ ہوتا ہے اور روزہ سے تقوی

حاصل ہوتا ہے، پس روزہ کی مزیّت ہر کوئی سمجھ سکتا ہے —— پھر جب روزے رکھنے شروع کئے تو اندازہ ہوا کہ روزہ رکھنا کچھ دشوار نہیں، چنانچہ فَمَنْ شَهِدَ سے یہ رخصت ختم کردی گئی، البتہ شیخ فانی کے لئے رخصت باقی رہی، کیونکہ اس کے لئے روزہ رکھنا واقعی بھاری ہے، اور وہ جو واقعی اعذار تھے یعنی سفر اور بیماری میں روزہ نہ رکھنا: اس رخصت کو باقی رکھا، اور وہ آیت دوبارہ لائی گئی۔

[۲۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَيَّامًا مَعْدُوْدَاتٍ، فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْعَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ، وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ، فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ، وَأَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾[البقرة: ۱۸۴]

[۱-] وَقَالَ عَطَاءٌ: يُفْطِرُ مِنَ الْمَرَضِ كُلِّهِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ.

[۲-] وَقَالَ الْحَسَنُ وَإِبْرَاهِيْمُ فِي الْمُرْضِعِ وَالْحَامِلِ إِذَا خَافَتَا عَلٰى أَنْفُسِهِمَا أَوْ وَلَدِهِمَا: تُفْطِرَانِ ثُمَّ تَقْضِيَانِ.

[۳-] وَأَمَّا الشَّيْخُ الْكَبِيْرُ إِذَا لَمْ يُطِقِ الصِّيَامَ، فَقَدْ أَطْعَمَ أَنَسٌ بَعْدَ مَا كَبِرَ عَامًا أَوْ عَامَيْنِ، كُلَّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا خُبْزًا وَلَحْمًا وَأَفْطَرَ.

[٤-] قِرَاءَةُ الْعَامَّةِ ﴿يُطِيْقُوْنَهُ﴾ وَهُوَ أَكْثَرُ.

[٤٥٠٥-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ: سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ: ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطَوَّقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَيْسَتْ بِمَنْسُوْخَةٍ، هُوَ لِلشَّيْخِ الْكَبِيْرِ وَالْمَرْأَةِ الْكَبِيْرَةِ، لَا يَسْتَطِيْعَانِ أَنْ يَصُوْمَا، فَلْيُطْعِمَانِ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا.

۱- حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہر بیماری میں رمضان کا روزہ نہ رکھنے کی گنجائش ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے (مریضًا مطلق) فرمایا ہے، مگر جمہور کے نزدیک صرف اس بیماری میں روزہ نہ رکھنے کی گنجائش ہے جس میں روزہ نقصان کرتا ہو (حاشیہ)

۲- حضرات حسن بصری اور ابراہیم نخعی رحمہما اللہ فرماتے ہیں: حاملہ عورت اور دودھ پلانے والی عورت کو جب اپنی جان کا یا بچہ کی جان کا ڈر ہو تو روزہ نہ رکھے، پھر قضا رکھ لیوے۔

۳- اتنا بوڑھا یا بوڑھی جس کو روزہ رکھنے کی طاقت نہیں: وہ روزہ نہ رکھے، فدیہ دے، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے آخر کے سال دو سال کے روزے نہیں رکھے، فدیہ دیا، ہر دن ایک غریب کو روٹی گوشت کھلاتے تھے اور روزہ نہیں رکھتے تھے۔

۴- جمہور کی قراءت ﴿یُطِیْقُوْنَهُ﴾ ہے، أطاق إطاقة (افعال) کے معنی ہیں: کسی کام کو بہ مشقتِ تمام کرنا، مثلاً ایک بھاری پتھر ہے، کوئی اس کو اٹھانے کی ہمت نہیں کرتا، ایک شخص کہتا ہے: إِنِّیْ أطیق رفع هذا الحجر: میں اس پتھر کو اٹھا سکتا ہوں، یہ استعمال صحیح ہے، کیونکہ جب وہ پتھر اٹھائے گا تو اس کی ٹانگیں ہل جائیں گی، مگر وہ اٹھالے گا، اور اگر کوئی کہے: إنی أطیق رفع هذا القلم: تو یہ استعمال صحیح نہیں، کیونکہ قلم کے اٹھانے میں کچھ مشقت نہیں، غرض جو کام نہایت مشکل ہو وہاں باب افعال استعمال کر سکتے ہیں، اور جو کام آسانی سے کیا جاسکتا ہے وہاں اس فعل کا استعمال درست نہیں۔

ترکیب: وعلى الذين يطيقونه: خبر مقدم ہے، اور ضمیر کا مرجع صوم ہے اور فدية مبتدا مؤخر ہے، اور طعام مسكين سے پہلے هي محذوف ہے۔

دوسری قراءت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی قراءت یُطَوَّقُوْنَه ہے، طَوَّقه کے معنی ہیں: طوق پہنانا، مالا پہنانا، سورۃ آل عمران (آیت ۱۸۰) میں یہ لفظ آیا ہے: ﴿سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾: وہ قیامت کے دن طوق پہنائے جائیں گے اس مال کے جس میں انھوں نے بخیلی کی ہے (اور زکات ادا نہیں کی ہے) اور روزے کی مالا پہنانے کا مطلب ہے: روزہ ان پر لادا گیا ہے، بہت بھاری ہے، جیسے طوق بھاری ہوتا ہے۔

اثر: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: آیت کریمہ اپنے بعض مواد میں منسوخ نہیں، صرف وہ لوگ جن کے لئے روزہ ہوّا تھا ان کے حق میں آیت منسوخ ہے، اور شیخ فانی جس کے لئے روزہ رکھنا واقعی دشوار ہے، اس کے حق میں حکم باقی ہے۔

﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾

کا ناسخ

﴿فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ﴾

جب رمضان کے روزے فرض کئے گئے تو وہ بعض لوگوں کے لئے ہوّا (خواہ مخواہ کا خوف) تھے، البتہ بہت بوڑھوں کے لئے واقعی بہت بھاری تھے، چنانچہ دونوں کے حق میں آیت نازل ہوئی کہ جن لوگوں پر روزے بہت بھاری ہیں وہ فدیہ دیدیں یعنی ایک غریب کو دو وقت کھانا کھلائیں، پھر جن لوگوں پر روزے خواہ مخواہ کا بوجھ تھے: انھوں نے جب روزے رکھنے شروع کئے تو ان کو اندازہ ہوا کہ روزے کچھ بھی بھاری نہیں، پس دوسری آیت نازل ہوئی کہ تم میں سے جو ماہِ رمضان کو دیکھے وہ روزے رکھے، فدیہ کی سہولت ختم! البتہ شیخ فانی کے لئے یہ سہولت اب بھی باقی ہے، اس لئے آیت کی تلاوت باقی ہے، غرض آیت اپنے بعض مواد میں منسوخ ہے اور یہ بات حضرت ابن عمر وسلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہما نے بیان کی ہے، اور شیخ فانی کے لئے فدیہ کا حکم باقی ہے: یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کی ہے۔

[۲٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَمَنْ شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ﴾[البقرة: ۱۸۵]

[٤٥٠٦-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّـهُ قَرَأَ: ﴿فِدْيَةُ طَعَامِ مَسَاكِيْنَ﴾ قَالَ: هِىَ مَنْسُوْخَةٌ. [راجع: ۱۹٤۹]

[٤٥٠٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾ كَانَ مَنْ أَرَادَ أَنْ يُفْطِرَ وَيَفْتَدِىَ، حَتَّى نَزَلَتِ الآيَةُ الَّتِىْ بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: مَاتَ بُكَيْرٌ قَبْلَ يَزِيْدَ.

حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُجَاهِدٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّـهُ كَانَ يَقْرَأُ: ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطَوَّقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾ يَقُوْلُ: وَعَلَى الَّذِيْنَ يُحَمَّلُوْنَهُ، قَالَ: هُوَ الشَّيْخُ الْكَبِيْرُ الَّذِىْ لاَ يُطِيْقُ الصَّوْمَ أُمِرَ أَنْ يُطْعِمَ كُلَّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا، قَالَ: وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا يَقُوْلُ: وَمَنْ زَادَ أَطْعَمَ أَكْثَرَ مِنْ مِسْكِيْنٍ فَهُوَ خَيْرٌ.

پہلی حدیث: میں نافع رحمہ اللہ کی قراءت میں: فِدیۃُ طعامِ کی طرف مضاف ہے، اور مساکین جمع ہے۔

دوسری حدیث: میں ویفتدی کے بعد فَعَلَ مقدر ہے۔

تیسری حدیث: مصری نسخہ میں اور عمدہ وفتح کے نسخوں میں نہیں ہے، ہمارے نسخہ میں ہے اس لئے ترقیم میں ان کو نہیں لیا اور یہ حدیث ابھی گذشتہ باب کے آخر میں آئی ہے، مگر یہ نئی سند سے ہے، محض تکرار نہیں۔

رمضان کی راتوں میں بیوی سے زن وشوئی کا معاملہ کرنا

شروع اسلام میں یہ حکم تھا کہ رات کو جب نیند آجائے تو آنکھ کھلنے کے بعد کھانا پینا اور بیوی سے مقاربت کرنا حرام تھا۔ یعنی اگلا روزہ شروع ہوگیا، بعض صحابہ سے غلبہ میں اس حکم کے امتثال میں کوتاہی ہوگئی، انھوں نے نادم ہوکر نبی ﷺ کو اپنے فعل کی اطلاع دی، ان کی ندامت اور توبہ پر اللہ تعالیٰ نے مہربانی فرمائی، اور اس حکم کو منسوخ کردیا، اور سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۸۷ نازل ہوئی: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلٰى نِسَاءِ كُمْ﴾: تمہارے فائدے کے لئے روزے کی شب میں یعنی رمضان کی راتوں میں تمہاری عورتوں کے ساتھ زن وشوئی کا معاملہ کرنا حلال کیا گیا —— یہی حکم کھانے پینے کا بھی ہے —— اور وجہ حکم یہ ہے: ﴿هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ﴾: وہ تمہارا پہناوا ہیں اور تم ان کا پہناوا ہو یعنی تم رات میں لپٹ کر لیٹتے ہو: ﴿عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ﴾: اللہ تعالیٰ نے جانا کہ تم اپنی جانوں کے ساتھ خیانت کرتے ہو یعنی بیدار ہونے کے بعد مقاربت کرلیتے ہو، اس لئے اللہ تعالیٰ نے تم پر مہربانی کی نظر

فرمائی اور تمہارا گناہ معاف کردیا یعنی مضیٰ ما مضیٰ: جو کچھ ہوگیا معاف ہے، اب اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے دوسرا حکم بھیج رہے ہیں: ﴿فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ﴾: پس اب ان عورتوں کے ساتھ بے پردہ اپنا بدن لگاؤ یعنی کپڑے نکال کر ساتھ لیٹو، اور تم چاہو جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے مقدر کیا ہے یعنی صحبت بھی کرسکتے ہو، مگر مباشرت سے مطلوب اولاد ہونی چاہئے، محض شہوت رانی مقصود نہیں ہونی چاہئے، پس اس میں عزل کی کراہیت اور اغلام کی حرمت کی طرف اشارہ ہے۔

[۲۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلٰى نِسَاءِ كُمْ، هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ، عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ، فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ﴾[البقرة: ۱۸۷]

[۴۵۰۸-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ. ح: وَحَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَ صَوْمُ رَمَضَانَ كَانُوْا لاَ يَقْرَبُوْنَ النِّسَاءَ رَمَضَانَ كُلَّهُ، وَكَانَ رِجَالٌ يَخُوْنُوْنَ أَنْفُسَهُمْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ﴾ الآيَةَ.[راجع: ۱۹۱۵]

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ آنکھ لگ جانے کے بعد کھانا پینا جائز نہیں تھا، اس سے پہلے کھا پی سکتے تھے (یہ روایت کتاب الصوم میں گذری ہے) اور بیوی سے مقاربت پورے رمضان میں نہیں کرسکتے تھے، مگر حاشیہ میں ہے کہ دیگر احادیث میں ایسا فرق نہیں کیا گیا، کھانا پینا اور صحبت کرنا: تینوں کا حکم ایک تھا کہ آنکھ لگ جانے کے بعد یہ کام جائز نہیں تھے، پہلے جائز تھے۔

روزے کا وقت: صبح صادق سے غروب آفتاب تک ہے

سابقہ حکم کے بعد اب روزے کا وقت بیان کرتے ہیں کہ وہ صبح صادق سے غروب آفتاب تک ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ﴾: اور کھاؤ پیؤ یہاں تک کہ صاف نظر آئے صبح کی سفید دھاری (رات کی) سیاہ دھاری سے (جدا ہوکر) — یہی حکم مجامعت کا بھی ہے — ﴿ثُمَّ أَتِمُّوْا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ﴾: پھر روزہ پورا کرو رات تک — یہی روزے کا وقت ہے۔

اعتکاف کا استثناء

﴿وَلاَ تُبَاشِرُوْهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ﴾: اور عورتوں کے بدن سے شہوت کے ساتھ بدن مت لگاؤ جب تم مسجدوں میں اعتکاف میں ہوؤ، یعنی روزے میں تو رات میں مباشرت (جماع اور دواعی جماع) جائز ہے مگر اعتکاف

میں رات میں بھی دواعی جماع جائز نہیں، پس جماع تو بدرجہ اولیٰ جائز نہیں، دونوں سے اعتکاف باطل ہوجائے گا: ﴿تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا﴾: یہ احکام اللہ کی سرحدیں ہیں، پس تم ان کے نزدیک بھی مت جاؤ، ان سے باہر نکلنا تو درکنار! ﴿كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ﴾: اسی طرح اللہ تعالیٰ لوگوں کے لئے اپنے احکام بیان کرتے ہیں، تاکہ لوگ (ان پر عمل کرکے) پرہیزگار بنیں۔

[۲۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ، ثُمَّ أَتِمُّوْا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿يَتَّقُوْنَ﴾[البقرة: ۱۸۷]

الْعَاكِفُ: الْمُقِيْم.

[۴۵۰۹-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيٍّ قَالَ: أَخَذَ عَدِيٌّ عِقَالاً أَبْيَضَ وَعِقَالاً أَسْوَدَ حَتَّى كَانَ بَعْضُ اللَّيْلِ نَظَرَ فَلَمْ يَسْتَبِيْنَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! جَعَلْتُ تَحْتَ وِسَادَتِي. قَالَ: "إِنَّ وِسَادَتَكَ إِذًا لَعَرِيْضٌ أَنْ كَانَ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ وَالْأَسْوَدُ تَحْتَ وِسَادَتِكَ"[راجع: ۱۹۱۶]

لغت: عاکفون: العاکف کی جمع ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: ٹھہرنے والا، مراد اعتکاف کرنے والے ہیں۔

حدیث: جب آیت: ﴿حَتّٰى يَتَبَيَّنَ﴾: نازل ہوئی تو حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے سفید اور سیاہ عقال لئے ـــــ عقال: اونٹ کے پیر میں باندھنے کی رسّی کو کہتے ہیں ـــــ یہاں تک کہ جب کچھ رات تھی تو دیکھا، پس دونوں ایک دوسرے سے واضح نہیں ہوئے، پھر جب انھوں نے صبح کی تو عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے میرے تکیہ کے نیچے رکھا، آپؐ نے فرمایا: "بے شک تمہارا تکیہ تب تو بڑا چوڑا ہے کہ سفید اور سیاہ دھاگے تمہارے تکیہ کے نیچے آگئے، پھر ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ نازل ہوا (تفصیل تحفۃ القاری ۴: ۵۸۷ میں ہے)

[۴۵۱۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ؟ أَهُمَا الْخَيْطَانِ؟ قَالَ: "إِنَّكَ لَعَرِيْضُ الْقَفَا إِنْ أَبْصَرْتَ الْخَيْطَيْنِ" ثُمَّ قَالَ: "لَا بَلْ هُوَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَبَيَاضُ النَّهَارِ"[راجع: ۱۹۱۶]

ترجمہ: حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: سفید دھاگے کے سیاہ دھاگے سے جدا ہونے کا کیا مطلب ہے؟ کیا وہ (سوت کے) دو دھاگے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: بے شک تم چوڑی گدی والے ہو کہ دیکھ لیا تم نے دونوں دھاگوں کو! پھر فرمایا:

نہیں بلکہ وہ رات کی سیاہی اور دن کی سفیدی ہے (کہتے ہیں: جس کی گدی چوڑی ہوتی ہے اس کا تکیہ چوڑا ہوتا ہے، مگر اتنا چوڑا تھوڑے ہوتا ہے کہ رات اور دن دونوں اس کے نیچے آجائیں!)

[۴۵۱۱-] حدثنا ابْنُ أَبِی مَرْیَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی أَبُوْحَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: أُنْزِلَتْ: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ﴾ وَلَمْ تُنْزَلْ: ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ وَكَانَ رِجَالٌ إِذَا أَرَادُوْا الصَّوْمَ رَبَطَ أَحَدُهُمْ فِی رِجْلَيْهِ الْخَيْطَ الْأَبْيَضَ وَالْخَيْطَ الْأَسْوَدَ، وَلَا يَزَالُ يَأْكُلُ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُ رُؤْيَتُهُمَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ بَعْدَهُ: ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ فَعَلِمُوْا أَنَّمَا يَعْنِی اللَّيْلَ مِنَ النَّهَارِ. [راجع: ۱۹۱۷]

ترجمہ: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آیت: ﴿وَكُلُوْا ...... مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ﴾ تک نازل کی گئی، اور ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ نازل نہیں کیا گیا، اور کچھ لوگ جب وہ روزہ رکھنے کا ارادہ کرتے تو ان میں سے ایک اپنے دونوں پیروں میں سفید اور سیاہ دھاگے باندھ لیتا اور برابر کھاتا رہتا، یہاں تک کہ دونوں خوب واضح طور پر نظر آجاتے، پس اللہ تعالیٰ نے بعد میں ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ نازل کیا، پس لوگوں نے جانا کہ رات کا دن سے واضح ہونا مراد ہے۔

نوٹ: آیت کا بعض حصہ روک لینے کی وجہ تحفۃ القاری (۵۸۸:۴) میں ہے۔

﴿وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ أَبْوَابِهَا﴾ کا شانِ نزول

جاہلیت کا طریقہ تھا کہ جب حج کا احرام باندھتے اور گھر میں جانے کی کوئی ضرورت پیش آتی تو دروازے سے نہیں جاتے تھے، عقب سے چھت پر چڑھ کر گھر کے اندر اترتے اور اس کو "نیکی کا کام" سمجھتے، پس سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۸۹ نازل ہوئی، اور اس طریقہ کو غلط قرار دیا: ﴿وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا، وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى، وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ أَبْوَابِهَا، وَاتَّقُوْا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾: اور نیکی یہ نہیں ہے کہ گھروں میں ان کی پشت کی طرف سے آؤ، بلکہ حرام چیزوں سے بچنا فضیلت کی بات ہے، اور گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ، اور اللہ تعالیٰ (کے احکام کی خلاف ورزی) سے ڈرو تاکہ تم کامیاب ہوؤ ـــــ اسی سے یہ ضابطہ بنا کہ شرعاً مباح چیز کو طاعت وعبادت اعتقاد کر لینا یا اس کو معصیت اور محل ملامت اعتقاد کر لینا شرعاً مذموم ہے اور داخل بدعت ہے۔

[۲۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا، وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى، وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ أَبْوَابِهَا، وَاتَّقُوْا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾ [البقرة: ۱۸۹]

[۴۵۱۲-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كَانُوْا إِذَا

أَحْرَمُوْا فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَتَوُا الْبَيْتَ مِنْ ظَهْرِهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوْا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا، وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَى، وَأْتُوْا الْبُيُوْتَ مِنْ أَبْوَابِهَا﴾[راجع: ۱۸۰۳]

ملحوظہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ کی یہ روایت پہلے (تحفۃ القاری ۴:۵۰۱) بھی آئی ہے مگر اُس کا سیاق یہاں سے مختلف ہے۔

﴿وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ﴾ میں فتنہ سے شرک وکفر مراد ہے، خانہ جنگی مراد نہیں

لغت میں فَتَن کے معنی ہیں: سونے کو آگ میں تپا کر کھرا کھوٹا معلوم کرنا (تاج) قرآنِ کریم میں لفظ فتنہ اوراس کے مشتقات گیارہ معانی کے لئے مستعمل ہیں (لغات القرآن) سورۃ لبقرۃ کی آیت ۱۹۳ میں خوارج نے فتنہ سے خانہ جنگی (ملک کے لئے لڑائی) مراد لی، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو الزام دیا کہ آپ الگ تھلگ کیوں ہیں؟ آپ نے ان کو سمجھایا کہ اس آیت میں فتنہ سے مراد 'کفر وشرک' ہے، اور ہم نے اس فتنہ کوفرو کرنے کے لئے جہاد کیا ہے، مسلمانوں کی باہمی لڑائی اس کا مصداق نہیں، پھر دوسری روایت میں ایک شخص نے سورۃ الحجرات کی آیت ۹ سے الزام دیا تو حضرت ابن عمرؓ نے اس کا کچھ جواب نہیں دیا، کیونکہ کونسا فریق حق پر تھا؟ یہ بات اس وقت واضح نہیں تھی، پھر کس کا ساتھ دیتے؟

[۳۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ، فَإِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ إِلَّا عَلَى الظَّالِمِيْنَ﴾[البقرة: ۱۹۳]

[۴۵۱۳-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَتَاهُ رَجُلَانِ فِي فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ فَقَالَا: إِنَّ النَّاسَ ضُيِّعُوْا، وَأَنْتَ ابْنُ عُمَرَ وَصَاحِبُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَمَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَخْرُجَ؟ فَقَالَ: يَمْنَعُنِيْ أَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ دَمَ أَخِيْ، قَالَا: أَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ: ﴿فَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ﴾ فَقَالَ: قَاتَلْنَاهُمْ حَتَّى لَمْ تَكُنْ فِتْنَةٌ، وَكَانَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ، فَأَنْتُمْ تُرِيْدُوْنَ أَنْ تُقَاتِلُوْا حَتَّى تَكُوْنَ فِتْنَةٌ، وَيَكُوْنُ الدِّيْنُ لِغَيْرِ اللّٰهِ![راجع: ۳۱۳۰]

آیت کریمہ: اورلڑوتم ان (مشرکین) سے، یہاں تک کہ نہ باقی رہے فتنہ (مشرکوں کی شرارتیں) اور ہو جائے دین اللہ کے لئے، پس اگر باز آجائیں وہ یعنی کفر وشرک سے توبہ کرلیں تو زیادتی نہیں ہے مگر ظالموں پر۔

تفسیر: کافروں سے لڑائی اسی لئے ہے کہ ان کا ظلم موقوف ہو، وہ مسلمانوں کو نہ ستائیں، اور زمین میں حکم صرف اللہ تعالیٰ ہی کا جاری رہے یعنی مسلمان بہ اطمینان دین پر عمل کرسکیں، پھر اگر وہ کفر وشرک سے یا شرارتوں اور مسلمانوں پر زیادتیوں سے باز آجائیں تو اب ان سے مت لڑو، لڑو گے تو وہ تمہاری طرف سے زیادتی ہوگی، اور تم موردِ الزام ٹھہرو گے۔

حدیث: پہلی مرتبہ آئی ہے، پہلے اس کی صرف سند آئی ہے، مضمون نہیں آیا: نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: دو (خارجی) آدمی

حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ کی آزمائش میں یعنی ۷۳ ہجری میں جب حجاج نے مکہ مکرمہ میں ابن الزبیرؓ کا محاصرہ کیا تو دو آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آئے، انھوں نے کہا: بالیقین لوگ ہلاک کردیئے گئے، اور آپ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے اور نبی ﷺ کے صحابی ہیں، پس آپ کو (ابن الزبیر کی مدد کے لئے) نکلنے سے کیا چیز روکتی ہے؟ ابن عمرؓ نے جواب دیا: مجھے یہ بات روکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے (مسلمان) بھائی کا خون حرام کیا ہے یعنی حجاج کی طرف جو لوگ ہیں وہ بھی مسلمان ہیں، اور مسلمان کا خون حرام ہے! ان دونوں نے کہا: کیا اللہ تعالیٰ نے نہیں فرمایا کہ ''ان سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ ختم ہوجائے؟'' ابن عمرؓ نے جواب دیا: ہم ان (مشرکین) کے ساتھ لڑے یہاں تک کہ فتنہ باقی نہیں رہا اور دین اللہ کے لئے ہوگیا، اب تم چاہتے ہو کہ آپس میں لڑو تاکہ فتنہ بپا ہو، اور دین غیر اللہ کے لئے ہوجائے!

[٤٥١٤-] وَزَادَ عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ فُلاَنٌ وَحَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو الْمَعَافِرِيِّ، أَنَّ بُكَيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَهُ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! مَا حَمَلَكَ عَلٰى أَنْ تَحُجَّ عَامًا وَتَعْتَمِرَ عَامًا، وَتَتْرُكَ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، قَدْ عَلِمْتَ مَا رَغَّبَ اللّٰهُ فِيْهِ؟ قَالَ: يَا ابْنَ أَخِيْ! بُنِيَ الإِسْلاَمُ عَلٰى خَمْسٍ: إِيْمَانٍ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَالصَّلاَةِ الْخَمْسِ، وَصِيَامِ رَمَضَانَ، وَأَدَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ. قَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! أَلاَ تَسْمَعُ مَا ذَكَرَ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهِ: ﴿وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا﴾ إِلٰى ﴿أَمْرِ اللّٰهِ﴾ [الحجرات:٩] ﴿وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لاَتَكُوْنَ فِتْنَةٌ﴾ [البقرة: ١٩٣]؟ قَالَ: فَعَلْنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَكَانَ الإِسْلاَمُ قَلِيْلاً، فَكَانَ الرَّجُلُ يُفْتَنُ فِيْ دِيْنِهِ إِمَّا قَتَلُوْهُ وَإِمَّا يُعَذِّبُوْهُ، حَتّٰى كَثُرَ الإِسْلاَمُ فَلَمْ تَكُنْ فِتْنَةٌ. [راجع: ٣١٣٠]

ترجمہ: نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: ایک شخص ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا، اس نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن (ابن عمر کی دوسری کنیت) کس چیز نے آپ کو ابھارا کہ آپ ایک سال حج کرتے ہیں اور ایک سال عمرہ کرتے ہیں، اور راہِ خدا میں جہاد نہیں کرتے، حالانکہ آپ اس ترغیب کو جانتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے جہاد کے سلسلہ میں دی ہے؟ ابن عمرؓ نے جواب دیا: بھتیجے! اسلام کی بنیاد پانچ باتوں پر ہے: اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا، اور پانچ نمازیں، اور رمضان کے روزے، اور زکات کی ادائیگی اور خانہ کعبہ کا حج ــــ اس شخص نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا نہیں سنتے آپ وہ بات جو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں (سورۃ الحجرات آیت ۹ میں) ذکر فرمائی ہے کہ اگر مؤمنین کی دو جماعتیں باہم لڑیں تو ان میں مصالحت کراؤ، پھر اگر ان میں سے ایک گروہ دوسرے پر زیادتی کرے تو اس گروہ سے لڑو جو زیادتی کرتا ہے، یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئے ــــ اور سورۃ البقرۃ آیت ۱۹۳ میں فرمایا ہے: اور ان سے لڑو تا آنکہ فتنہ باقی نہ رہے؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: ہم نے یہ کام نبی ﷺ کے زمانہ میں کیا جبکہ اسلام تھوڑا تھا یعنی مسلمان کم تھے، پس ایک آدمی آزمائش میں مبتلا کیا جاتا تھا اس کے دین

میں یعنی دینِ اسلام قبول کرنے کی وجہ سے یا اس پر عمل کرنے کی وجہ سے وہ ستایا جاتا تھا: وہ اس کو قتل کردیتے تھے یا اس کو تکلیف پہنچاتے تھے، یہاں تک کہ اسلام پھیل گیا اور کوئی آزمائش باقی نہ رہی (یہ سورۃ البقرۃ کی آیت کا جواب دیا، اور سورۃ الحجرات کی آیت کا جواب نہیں دیا)

[٤٥١٥-] قَالَ: فَمَا قَوْلُكَ فِي عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ؟ قَالَ: أَمَّا عُثْمَانُ فَكَأَنَّ اللّٰهَ عَفَا عَنْهُ، وَأَمَّا أَنْتُمْ فَكَرِهْتُمْ أَنْ يَعْفُوَ عَنْهُ، وَأَمَّا عَلِيٌّ فَابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَخَتَنُهُ. وَأَشَارَ بِيَدِهِ فَقَالَ: هٰذَا بَيْتُهُ حَيْثُ تَرَوْنَ.

ترجمہ: اس (خارجی) نے کہا: پس آپؓ علیؓ اور عثمانؓ کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ (خوارج شیخین سے محبت رکھتے ہیں اور ختنین سے بغض رکھتے ہیں) ابن عمرؓ نے فرمایا: رہے عثمانؓ تو اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کردیا (جیسا کہ سورہ آل عمران میں ہے) اور رہے تم تو تم ناپسند کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ ان سے درگذر کریں! اور رہے علیؓ تو وہ نبی ﷺ کے چچازاد بھائی اور داماد ہیں، اور آپؓ نے اشارہ کیا اور فرمایا: یہ ان کا گھر ہے جہاں تم دیکھتے ہو! یعنی نبی ﷺ کے گھروں کے ساتھ ان کا گھر ہے!

اپنے ہاتھوں ہلاکت میں مت پڑو: کا مطلب

سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۹۵ ہے: ﴿وَأَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَلَا تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ، وَأَحْسِنُوْا، إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾: اور تم اللہ کی راہ میں (جہاد میں) خرچ کرو، اور اپنے ہاتھوں ہلاکت میں مت پڑو، اور اچھے کام کرو، بے شک اللہ تعالیٰ اچھے کام کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں۔

لغت: التهلكة: مصدر ہے، هلك (ض ف) هَلَاكًا و تهلكةً: مرجانا، ہلاک ہونا، تباہ ہونا۔

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آیت: وَأنفقوا: (جہاد میں) خرچ کرنے کے بارے میں نازل ہوئی ہے —— اس کی تفصیل ترمذی (تحفۃ الالمعی ۷: ۱۳۰) میں ہے: روم کے شہر (قسطنطينية) پر جنگ ہورہی تھی، ایک مسلمان نے رومیوں کے لشکر پر حملہ کیا، اور وہ ان کی صفوں میں گھس گیا، لوگ چلائے: ارے! اپنے ہاتھ ہلاکت میں کیوں ڈال رہا ہے! پس حضرت ابوایوب انصاریؓ کھڑے ہوئے، اور انھوں نے فرمایا: ''لوگو! تم اس آیت کا یہ مطلب سمجھتے ہو کہ بہادری کا مظاہرہ کرنا خود کو ہلاکت میں ڈالنا ہے حالانکہ یہ آیت ہم انصار کے حق میں نازل ہوئی ہے، جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت بخشی، اور اس کے مددگار بہت ہوگئے، تو ہمارے بعض نے بعض سے —— نبی ﷺ سے چھپا کر —— کہا: ہمارے کاروبار ضائع ہوگئے، اور اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت بخش دی ہے اور اس کے مددگار بہت ہوگئے ہیں، پس کاش ہم اپنے کاروبار میں ٹھہرتے! اور اس میں سے جو برباد ہوگیا ہے اس کو سنوارتے! پس اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ پر یہ آیت نازل کی، اور اس کے ذریعہ اس بات کی تردید کی جو ہم نے کہی تھی، فرمایا: ''اللہ کے راستہ میں خرچ کرو، اور خود اپنے ہاتھوں تباہی

میں مت پڑو" پس تباہی اموال میں ٹھہرنا، ان کو سنوارنا اور جہاد چھوڑنا ہے، چنانچہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ برابر راہِ خدا میں حاضر رہے یہاں تک کہ روم کی زمین ہی میں دفن کئے گئے (ترمذی حدیث ۲۹۹۴ تحفۃ الألمعی ۷:۱۳۰)

تشریح: اس حدیث کی روشنی میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ارشاد کا مطلب یہ ہوا کہ مسلمانوں کی عزت راہِ خدا میں مال خرچ کرنے میں اور جہاد کرنے میں ہے، اگر مسلمان ایسا نہیں کریں گے تو وہ تباہ ہونگے، رہی یہ بات کہ جنگ میں کوئی بہادری کا مظاہرہ کرے اور دشمن پر رعب طاری کردے اور فوج کو بہادری پر ابھارے تو یہ بھی صحیح مقصد ہے، یہ اپنے ہاتھوں ہلاکت میں پڑنا نہیں۔

[۳۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلاَ تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ وَأَحْسِنُوْا إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾[البقرة: ۱۹۵]

التَّهْلُكَةُ وَالْهَلاَكُ وَاحِدٌ.

[۴۵۱۶-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا النَّضْرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ: ﴿وَأَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلاَ تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ﴾ قَالَ: نَزَلَتْ فِي النَّفَقَةِ.

مجبوری میں ممنوعاتِ احرام کا ارتکاب کرے تو فدیہ واجب ہے

کبھی مجبوری میں ممنوعاتِ احرام کا ارتکاب کرنا پڑتا ہے، سر میں آپریشن کرانا ہے تو بال مونڈنے پڑتے ہیں، پس ایسی صورت میں فدیہ واجب ہوتا ہے، اور فدیہ تین چیزیں ہیں: تین روزے رکھے یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلائے یا جانور ذبح کرے اور ان تینوں میں اختیار ہے۔ اور بغیر عذر کے ممنوعاتِ احرام کا ارتکاب کرے تو دم واجب ہوگا۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴:۵۱۳) گذری ہے۔

[۳۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَّأْسِهِ﴾[البقرة: ۱۹۶]

[۴۵۱۷-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَعْقِلٍ، قَالَ: قَعَدْتُ إِلَى كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ فِي هٰذَا الْمَسْجِدِ - يَعْنِيْ مَسْجِدَ الْكُوْفَةِ - فَسَأَلْتُهُ عَنْ: "فِدْيَةٍ مِنْ صِيَامٍ" فَقَالَ: حُمِلْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلَى وَجْهِيْ، فَقَالَ: "مَا كُنْتُ أُرَى أَنَّ الْجَهْدَ بَلَغَ بِكَ هٰذَا، أَمَا تَجِدُ شَاةً؟" قُلْتُ: لاَ. قَالَ: "صُمْ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ، أَوْ أَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ، لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ نِصْفُ صَاعٍ مِنْ طَعَامٍ، وَاحْلِقْ رَأْسَكَ" فَنَزَلَتْ فِيَّ خَاصَّةً وَهِيَ لَكُمْ عَامَّةً.[راجع: ۱۸۱۴]

ترجمہ: عبداللہ بن معقل کہتے ہیں: میں اس مسجد میں یعنی کوفہ کی مسجد میں حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا،

میں نے ان سے فدیة من صیام کا شانِ نزول پوچھا، انھوں نے کہا: میں نبی ﷺ کے پاس لے جایا گیا درانحالیکہ جوئیں میرے چہرے پر جھڑ رہی تھیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہیں دیکھتا تھا میں کہ تکلیف پہنچی ہے آپ کو اس درجہ تک! کیا نہیں پاتے آپ بکری؟ میں نے کہا نہیں: آپؐ نے فرمایا: تین روزے رکھو یا چھ غریبوں کو کھانا کھلاؤ، ہر غریب کو گیوں کا آدھا صاع دو اور اپنا سر منڈوادو ـــــ پس آیت میرے حق میں خاص طور پر نازل ہوئی ہے، اور وہ آپ سب کے لئے ہے (اعتبار نص کے الفاظ کے عموم کا ہے، شانِ نزول کی خصوصیت کا اعتبار نہیں)

حج تمتع اور قران جائز ہیں، قرآن وسنت سے ثابت ہیں

سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۹۶ میں ہے: ﴿فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ﴾: پس جو شخص فائدہ اٹھائے عمرہ سے حج کے ساتھ تو جو کچھ قربانی میسر ہو (وہ ذبح کرے) اور جو شخص قربانی نہ پائے تو وہ حج میں تین روزے رکھے، اور سات روزے رکھو جب تم لوٹو، یہ دس روزے کامل ہیں)

حج تمتع: میقات سے صرف عمرہ کا احرام باندھے، پھر مکہ پہنچ کر افعالِ عمرہ کر کے احرام کھول دے، پھر حج کا احرام مکہ سے باندھے اور حج کرے: یہ تمتع ہے، اور اس پر قربانی واجب ہے، اور قربانی میسر نہ ہو تو دس روزے رکھے، جیسا کہ آیت میں ہے۔

حج قران: میقات سے حج اور عمرہ کا ایک ساتھ احرام باندھے، پھر مکہ پہنچ کر افعالِ عمرہ کرے اور احرام نہ کھولے، بلکہ اسی احرام سے حج کرے، پھر دونوں احرام ایک ساتھ کھولے، اس پر بھی قربانی واجب ہے، ورنہ دس روزے رکھے۔

حج افراد: میقات سے صرف حج کا احرام باندھے، اور حج کر کے احرام کھولے، اس پر قربانی واجب نہیں، تینوں طرح سے حج کرنا جائز ہے ـــــ مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کعبہ شریف کو سال بھر آباد کرنے کی مصلحت سے لوگوں کو حج کے ساتھ عمرہ کرنے سے منع کیا تھا، پھر حضرت عثمان اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما نے مسئلہ کے طور پر منع کیا تو صحابہ نے مخالفت کی کہ قرآن وسنت سے تمتع اور قران جائز ہیں، جیسا کہ باب کی حدیث میں ہے۔

[۳۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ﴾ [البقرة: ۱۹۶]

[۴۵۱۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عِمْرَانَ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: أُنْزِلَتْ آيَةُ الْمُتْعَةِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَفَعَلْنَاهَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يُنْزَلْ قُرْآنٌ يُحَرِّمُهُ، وَلَمْ يُنْهَ عَنْهَا حَتَّى مَاتَ، قَالَ رَجُلٌ بِرَأْيِهِ مَاشَاءَ. [راجع: ۱۵۷۱]

ترجمہ: حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: قرآن میں فائدہ اٹھانے کی یعنی تمتع اور قران کی آیت نازل کی گئی، پس ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ تمتع اور قران کیا، اور قرآن میں ایسی کوئی آیت نہیں اتاری گئی جو اس کی ممانعت کرتی ہو، اور نہ نبی

ﷺ نے تاوفات اس سے روکا، اور کہا ایک شخص نے یعنی حضرت عثمانؓ یا حضرت معاویہؓ نے اپنی رائے سے جو چاہا یعنی ممانعت کی، پس اس کا اعتبار نہیں۔

حج کے سیزن میں تجارت جائز ہے

جاہلیت میں پانچ میلے یکے بعد دیگرے لگتے تھے: عُکاظ، ذوالمجاز اور مجنّہ: مرالظہر ان کے قریب لگتے تھے، اور حُباشہ: یمن کی جانب میں مکہ سے چھ منزل کے فاصلہ پر لگتا تھا، پھر خاص حج کے دنوں میں 'مینا بازار' لگتا تھا، ان میلوں میں لوگ خریداری اور کاروبار کرتے تھے، جب اسلام کا زمانہ آیا تو کچھ لوگوں نے اس کو ناپسند کیا، کیونکہ حج کا سفر ایک عبادت کا سفر ہے، پس اس کو تجارت کا وسیلہ نہیں بنانا چاہئے، چنانچہ سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۹۸ نازل ہوئی کہ تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اپنے رب کی روزی تلاش کرو، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس آیت کی تفسیر میں **فی مواسم الحج** بڑھاتے تھے یعنی حج کے سیزن میں تجارت اور خرید وفروخت کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں، البتہ ضروری ہے کہ نیت حج کی ہو اور تجارت ضمناً ہو، اور دلوں کا حال اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴:۴۸۱) گذری ہے۔

[۳۴-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلاً مِنْ رَبِّكُمْ﴾[البقرة: ۱۹۸]

[۴۵۱۹-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَتْ عُكَاظُ، وَمَجَنَّةُ، وَذُو الْمَجَازِ أَسْوَاقَ الْجَاهِلِيَّةِ، فَتَأَثَّمُوْا أَنْ يَتَّجِرُوْا فِي الْمَوَاسِمِ، فَنَزَلَتْ: ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلاً مِنْ رَبِّكُمْ﴾ فِيْ مَوَاسِمِ الْحَجِّ. [راجع: ۱۷۷۰]

وقوفِ عرفہ ہر حاجی پر فرض ہے، کوئی اس سے مستثنیٰ نہیں

جاہلیت میں مکہ کے لوگ عرفات نہیں جاتے تھے، عرفات حرم سے باہر ہے، وہ مزدلفہ میں ٹھہر جاتے تھے، اور قریش کے سوا دوسرے حاجی عرفات تک جاتے تھے، پھر وہاں سے طوافِ زیارت کے لئے مکہ مکرمہ کو واپس آتے تھے، پس سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۹۹ نازل ہوئی: ﴿ثُمَّ أَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ، وَاسْتَغْفِرُوْا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾: پھر طوافِ زیارت کے لئے پھرو جہاں سے سب لوگ پھریں، اور اللہ سے مغفرت چاہو، بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والے مہربان ہیں —— یہ خاص مکہ والوں سے خطاب ہے کہ جہاں سے سب لوگ طواف کو آئیں تم بھی وہیں جا کر لوٹو یعنی عرفات سے اور گذشتہ تقصیر پر ندامت کے آنسو بہاؤ، اللہ تعالیٰ معاف کردیں گے۔

[۳۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ثُمَّ أَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ﴾[البقرة: ۱۹۹]

[۴۵۲۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ

عَائِشَةَ: كَانَتْ قُرَيْشٌ وَمَنْ دَانَ دِيْنَهَا يَقِفُوْنَ بِالْمُزْدَلِفَةِ، وَكَانُوْا يُسَمَّوْنَ الْحُمْسَ، وَكَانَ سَائِرُ الْعَرَبِ يَقِفُوْنَ بِعَرَفَاتٍ، فَلَمَّا جَاءَ الإِسْلَامُ أَمَرَ اللّٰهُ نَبِيَّهُ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَأْتِيَ عَرَفَاتٍ، ثُمَّ يَقِفُ بِهَا، ثُمَّ يُفِيْضَ مِنْهَا، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿ثُمَّ أَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ﴾[البقرة: ۱۹۹] [راجع: ۱٦٦٥]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: قریش اور وہ لوگ جو ان کے دھرم پر تھے یعنی جن مورتیوں کی قریش پوجا کرتے تھے ان کی وہ لوگ بھی پوجا کرتے تھے: مزدلفہ میں رک جاتے تھے، اور وہ حُمس نام رکھے جاتے تھے — حُمس کے لغوی معنی ہیں: دین میں ٹھوس، مضبوط — اور باقی عرب عرفات میں ٹھہرتے تھے، پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو حکم دیا کہ آپ عرفات جائیں، پھر وہاں وقوف فرمائیں، پھر وہاں سے طوافِ زیارت کے لئے لوٹیں، پس یہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''پھر طوافِ زیارت کے لئے لوٹو جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں یعنی عرفات سے'' (أفاض إفاضة کے معنی ہیں: عرفات سے طوافِ زیارت کے لئے لوٹنا)

[۴۵۲۱-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ كُرَيْبٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: يَطُوْفُ الرَّجُلُ بِالْبَيْتِ مَاكَانَ حَلاَلاً حَتَّى يُهِلَّ بِالْحَجِّ، فَإِذَا رَكِبَ إِلٰى عَرَفَةَ فَمَنْ تَيَسَّرَ لَهُ هَدْيُهُ مِنَ الإِبِلِ أَوِ الْبَقَرِ أَوِ الْغَنَمِ، مَا تَيَسَّرَ لَهُ مِنْ ذٰلِكَ أَيَّ ذٰلِكَ شَاءَ، غَيْرَ إِنْ لَمْ يَتَيَسَّرْ لَهُ فَعَلَيْهِ ثَلاَ ثَةُ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ، وَذٰلِكَ قَبْلَ يَوْمِ عَرَفَةَ، فَإِنْ كَانَ آخِرُ يَوْمٍ مِنَ الأَيَّامِ الثَّلاَ ثَةِ يَوْمَ عَرَفَةَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ، ثُمَّ لِيَنْطَلِقْ حَتَّى يَقِفَ بِعَرَفَاتٍ مِنْ صَلاَ ةِ الْعَصْرِ إِلٰى أَنْ يَكُوْنَ الظَّلاَمُ، ثُمَّ لِيَدْفَعُوْا مِنْ عَرَفَاتٍ إِذَا أَفَاضُوْا مِنْهَا حَتَّى يَبْلُغُوْا جَمْعًا الَّذِيْ يُتَبَرَّرُ بِهِ، ثُمَّ لِيَذْكُرُوْا اللّٰهَ كَثِيْرًا، أَوْ: أَكْثِرُوْا التَّكْبِيْرَ وَالتَّهْلِيْلَ قَبْلَ أَنْ تُصْبِحُوْا ثُمَّ أَفِيْضُوْا، فَإِنَّ النَّاسَ كَانُوْا يُفِيْضُوْنَ، وَقَالَ اللّٰهُ: ﴿ثُمَّ أَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوْا اللّٰهَ، إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾[البقرة: ۱۹۹] حَتَّى تَرْمُوْا الْجَمْرَةَ.

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: آدمی بیت اللہ کا طواف کرے جب تک وہ حلال (بے احرام) ہے یعنی عمرہ سے حلال ہونے کے بعد بیت اللہ کا نفلی طواف کرتا رہے، یہاں تک کہ (مکہ سے) حج کا احرام باندھے، پھر جب سوار ہو کر عرفہ کی طرف نکلے تو قربانی اس کو میسر ہو اونٹ یا گائے یا بکری سے، جو آسان ہو اس کے لئے ان میں سے جونسی چاہے (پیش کرے، کیونکہ متمتع پر قربانی واجب ہے) البتہ اگر اس کو قربانی میسر نہ ہو تو اس پر حج میں تین روزے لازم ہیں، اور وہ روزے عرفہ کے دن سے پہلے رکھ لے (تاکہ عرفہ کے دن روزہ رکھنے کی وجہ سے کوئی پریشانی نہ ہو) پس اگر ان تین دنوں میں سے آخری دن عرفہ کا دن ہو تو اس میں بھی کوئی گناہ نہیں (متمتع کو اگر ہدی میسر نہ ہو تو وہ حج کا احرام جلدی باندھے اور ۸ ذی الحجہ تک تین روزے رکھ لے، لیکن اگر تیسرا روزہ ۹ ذی الحجہ کو رکھے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں) پھر چاہئے کہ وہ چلے یہاں تک

کہ عرفہ میں ٹھہرے عصر کی نماز سے یہاں تک کہ اندھیرا چھا جائے یعنی آفتاب غروب ہوجائے، وقوفِ عرفہ میں رات کا کچھ حصہ ملانا ضروری ہے، پھر چاہئے کہ وہ عرفہ سے لوٹے جب لوگ عرفہ سے لوٹیں، یہاں تک کہ وہ مزدلفہ پہنچیں، وہ مزدلفہ جس میں وہ نیکی کا کام کرے (مزدلفہ میں رات گذارنا سنت ہے) پھر چاہئے کہ لوگ اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ ذکر کریں یا فرمایا: زیادہ کریں تکبیر وتہلیل صبح کرنے سے پہلے (پھر صبح صادق کے بعد غیر معذور کے لئے وقوفِ مزدلفہ واجب ہے) پھر لوگ لوٹیں اس لئے کہ لوگ اس وقت لوٹا کرتے تھے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے، یہاں تک کہ منیٰ میں پہنچ کر جمرۂ عقبہ کی رمی کریں۔

ایک قرآنی دعا جو ہمیشہ مانگنی چاہئے

حج کے احکام کے ضمن میں سورۃ البقرۃ آیت ۲۰۱ میں ایک قیمتی دعا آئی ہے، نبی ﷺ وہ دعا ہمیشہ مانگتے تھے، پس ہمیں بھی وہ دعا ہمیشہ مانگنی چاہئے، وہ دعا یہ ہے: ﴿رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾: اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں خوبی اور آخرت میں خوبی عطا فرما، اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا! —— اور باب کی حدیث میں کان یقول ہے یعنی نبی ﷺ ہمیشہ یہ دعا مانگتے تھے، میں بھی جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے برابر یہ دعا مانگتا ہوں، فالحمد للہ!

[٣٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ رَبَّنَا ءَ اتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾ [البقرة: ٢٠١]

[٤٥٢٢-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ "

[طرفه: ٦٣٨٩]

سخت جھگڑالو آدمی اللہ تعالیٰ کو بہت ناپسند ہے

سورۃ البقرۃ آیات ۲۰۴-۲۰۶ میں اخنس بن شریق کی حالت کی طرف تلمیح (اشارہ) ہے، یہ شخص منافق تھا، اور بڑا فصیح وبلیغ تھا، خدمتِ نبوی میں حاضر ہوتا اور قسمیں کھا کر دعوئے اسلام کرتا، آپؐ اس کی باتوں سے متأثر ہوکر قریب بٹھاتے، پھر جب مجلسِ نبوی سے اٹھ کر جاتا تو فساد وشرارت اور مخلوق کو ستانے میں لگ جاتا، اس منافق کے بارے میں مذکورہ آیات نازل ہوئیں، فرمایا: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا﴾: اور بعضا آدمی ایسا ہے کہ پسند آتی ہے آپؐ کو اس کی بات دنیا کی زندگانی کے بارے میں یعنی میٹھی میٹھی چکنی چپڑی باتیں کرتا ہے: ﴿وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا قَلْبِهِ﴾: اور اللہ تعالیٰ کو گواہ بناتا ہے اپنے دل کی بات پر یعنی قسم کھا کر کہتا ہے کہ وہ اپنے دعوئے ایمان میں سچا ہے، اور اس کے دل میں اسلام کی محبت ہے

﴿وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ﴾: حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے یعنی جب جھگڑتا ہے تو کچھ کمی نہیں چھوڑتا، جبکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ سخت جھگڑالو آدمی اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے ﴿وَإِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْأَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ﴾: اور جب (مجلس نبوی سے) پھرتا ہے تو زمین میں چلتا ہے، تاکہ زمین میں فساد کرے، اور کھیتی اور مویشی کو تلف کرے ﴿وَاللّٰهُ لَايُحِبُّ الْفَسَادَ﴾: اور اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں فرماتے: ﴿وَإِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالإِثْمِ﴾: اور جب اس سے کہا جاتا ہے: اللہ کا خوف کر! تو اُس کو نخوت (گھمنڈ، غرور) گناہ کرنے پر ابھارتی ہے یعنی منع کرنے سے اس کو زیادہ ضد چڑھتی ہے ﴿فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ، وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ﴾: سو اس کے لئے دوزخ کافی ہے، اور وہ بہت ہی بری آرام گاہ ہے۔

لغات: أَلَدّ: سخت جھگڑالو، لَدّ سے اسم تفضیل یا صفت مشبہ اور **خصام**: یا تو مصدر ہے یا خَصْم کی جمع ہے، اس کے معنی بھی ہیں: جھگڑا کرنا، اور اضافت بمعنی فی ہے أی **أَلَدُّ فی الخصام**: جھگڑا کرنے میں سخت۔

قاعدہ: جب مضاف اور مضاف الیہ ہم معنی ہوں تو مضاف میں تجرید کی جاتی ہے، پس ألد کے معنی ہونگے: سخت .... اور النَّسْل کے معنی ہیں: اولاد، اور آیت میں شانِ نزول کے قرینہ سے مویشی (گدھے) مراد ہیں۔

[٣٧-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ﴾ [البقرة: ٢٠٤]

وَقَالَ عَطَاءٌ: النَّسْلُ: الْحَيَوَانُ.

[٤٥٢٣-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ تَرْفَعُهُ قَالَ: "أَبْغَضُ الرِّجَالِ إِلَى اللّٰهِ الأَلَدُّ الْخَصِمُ" [راجع: ٢٤٥٧]

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنِ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

قولہ: ترفعه: ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حدیث کو مرفوع کرتی تھیں یعنی **أبغض الرجال**: نبی ﷺ کا ارشاد ہے، اور اس لفظ سے حدیث حکماً مرفوع ہوتی ہے، اس لئے عبداللہ بن الولید عدنی کی سند لائے، اس میں حدیث صراحۃً مرفوع ہے۔

حضرت ابن عباسؓ نے سورۂ یوسف کی آیت کی تفسیر سورۃ البقرۃ کی آیت سے کی ہے

سورۃ یوسف کی آیت ۱۱۰ ہے: ﴿حَتّٰی إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَاءَ هُمْ نَصْرُنَا، فَنُجِّیَ مَنْ نَشَاءُ، وَلَا يُرَدُّ بَأْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ﴾: (رسولوں کو مدد پہنچنے میں دیر ہوئی) یہاں تک کہ جب رسول (مدد سے) ناامید ہوگئے اور انھوں نے گمان کیا کہ وہ وعدہ خلافی کئے گئے تو ان کو ہماری مدد پہنچی، پھر جس کو ہم نے چاہا بچالیا، اور مجرم لوگوں سے ہمارا عذاب پھیرا نہیں جاتا۔

تفسیر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کُذِبُوْا تخفیف کے ساتھ یعنی ذال کی تشدید کے بغیر پڑھا ہے، جو ماضی مجہول جمع مذکر غائب کا صیغہ ہے، مصدر کِذْب ہے، جس کے معنی ہیں: وہ جھوٹ کہے گئے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب آنے کی جو بات انھوں نے قوموں سے کہی تھی وہ سچی نہ نکلی، أُخْلِفُوْا: وہ وعدہ خلافی کئے گئے (درمنثور)

مگر اس پر اشکال ہوتا ہے کہ پیغامبر اپنے پروردگار کے بارے میں ایسا گمان کیسے کرسکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے جھوٹا وعدہ کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ بہ مقتضائے بشریت انتہائی پریشانی کی حالت میں مایوسی کے کلمات زبان سے نکل گئے، جیسے سورۃ البقرۃ آیت ۲۱۴ میں ارشادِ پاک ہے: ﴿أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ، مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَالضَّرَّاءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا مَعَهُ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ! أَلَا إِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ﴾: کیا تم گمان کرتے ہو کہ جنت میں پہنچ جاؤ گے، حالانکہ اب تک تمہیں نہیں پہنچے ہیں ان لوگوں جیسے احوال جو تم سے پہلے گذرے ہیں؟ چھویا ان کو تنگی اور سختی نے اور جنبش دیئے گئے وہ یہاں تک کہ رسول اور جو لوگ ان پر ایمان لائے تھے بول اٹھے: اللہ تعالیٰ کی مدد کب آئے گی؟! سنو! بے شک اللہ تعالیٰ کی مدد آیا ہی چاہتی ہے! — یعنی بہ مقتضائے بشریت پریشانی کی حالت میں مایوسانہ کلمات منہ سے سرزد ہونے لگے، اور یہ ایک فطری بات ہے، جب نوبت یہاں تک پہنچی تو رحمتِ حق متوجہ ہوئی اور وحی آئی کہ گھبراؤ نہیں مدد آہی رہی ہے۔

اور اس کی نظیر: حضرت لوط علیہ السلام کا واقعہ ہے، آپؑ نے انتہائی پریشانی میں کہا تھا: ﴿أَوْ آوِيْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ﴾: یا میں کسی مضبوط جتھہ (خاندان) کی پناہ پکڑے ہوئے ہوتا! (ہود ۸۰) حالانکہ آپؑ کو مضبوط جتھہ کی یعنی اللہ تعالیٰ کی پناہ حاصل تھی، مگر انتہائی پریشانی میں اُدھر خیال نہ گیا۔

دوسری نظیر: بدر کے دن الحاح وزاری کرتے ہوئے نبی ﷺ کی زبانِ مبارک سے نکلا: اللّٰھم! إن شِئْتَ لم تُعبد بعدَ الیوم أبدا: اگر آج یہ مٹھی بھر مسلمان ہلاک ہوگئے تو زمین میں آپ کی عبادت کبھی نہیں کی جائے گی! یہ ارشاد بھی آخری درجہ کی پریشانی کی غمازی کرتا ہے، چنانچہ فوراً وحی آئی، آپ کو تسلی دی گئی کہ ہم فرشتوں کی کمک بھیج رہے ہیں، اور آپ پُر امید ہوکر یہ فرماتے ہوئے باہر تشریف لائے کہ عنقریب جتھہ شکست کھائے گا اور دم دبا کر بھاگے گا!

[۳۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ، مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَالضَّرَّآءُ﴾ إِلٰى ﴿قَرِيْبٌ﴾ [البقرة: ٢١٤]

[٤٥٢٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿حَتّٰى إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا﴾ خَفِيْفَةً، ذَهَبَ بِهَا هُنَاكَ، وَتَلَا: ﴿حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا مَعَهُ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ أَلَا إِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ﴾

ترجمہ: ابن عباسؓ نے فرمایا: قَدْ کُذِبُوْا: ذال کی تشدید کے بغیر ہے، ابن عباسؓ اس آیت کے ساتھ گئے وہاں یعنی سورۃ البقرہ کی طرف اور تلاوت کی حتی یقول الآیۃ یعنی سورۃ یوسف کی آیت کی تفسیر سورۃ بقرۃ کی آیت سے کی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سورۃ یوسف کی آیت میں کُذِّبُوْا پڑھا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے سورۂ یوسف کی آیت کی تفسیر کی تھی کہ اللہ کی مدد پہنچنے میں تاخیر ہوگئی، یہاں تک کہ رسول مددِ الٰہی سے مایوس ہوگئے اور انہیں یہ خیال آنے لگا کہ وہ وعدہ خلافی کئے گئے یعنی ان سے جو نصرت کے وعدے کئے گئے تھے وہ صحیح ثابت نہ ہوئے، تب اللہ کی مدد آئی —— عبداللہ بن ابی ملیکہ رحمہ اللہ نے یہ تفسیر عروہ رحمہ اللہ سے ذکر کی، انھوں نے کہا: عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس تفسیر کی تردید کی ہے، اور وہ کُذِبُوا کے بجائے کُذِّبُوْا پڑھتی تھیں، انھوں نے فرمایا: توبہ توبہ! انبیاء اپنے پروردگار کے بارے میں ایسا گمان کیسے کرسکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے جھوٹا وعدہ کیا؟ بخدا! نہیں وعدہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول سے کبھی بھی کسی بات کا، مگر رسول جانتے تھے کہ وہ بات ان کی وفات سے پہلے ضرور پوری ہوگی، بلکہ آیت میں کُذِّبوا (ذال کی تشدید کے ساتھ) ہے، اور تکذیب کے معنی ہیں جھٹلانا، یعنی انبیاء برابر آزمائشوں سے دوچار رہے یہاں تک کہ ان کو اندیشہ ہوا کہ جو لوگ ان کے ساتھ ہیں یعنی مؤمنین ان کو جھٹلائیں گے، چنانچہ وہ پڑھتی تھیں: ﴿وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِّبُوْا﴾: اور انبیاء نے گمان کیا کہ وہ بالیقین جھٹلائے گئے یعنی مؤمنین نے ان کو جھٹلایا۔

یہ حدیث پہلے (نمبر ۳۳۸۹ تحفۃ القاری ۶: ۵۹۱ میں) آئی ہے، وہاں الفاظ یہ ہیں: وأما هذه الآية: قالت: هم أتباعُ الرسل الذين آمنوا بربهم وصدَّقوهم، وطال عليهم البلاء، واستأخر عنهم النصر، حتى إذا استيأست ممن كذبهم من قومهم، وظنوا أن أتباعهم كذبوهم جاء هم نصرنا: اور رہی یہ آیت یعنی سورہ یوسف کی آیت: صدیقہؓ نے فرمایا: وہ رسولوں کے متبعین ہیں، جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور انھوں نے انبیاء کی تصدیق کی، لمبی ہوگئی ان کی آزمائش اور ان کو مدد پہنچنے میں دیر ہوئی، یہاں تک کہ جب رسول مایوس ہوگئے ان لوگوں کے ایمان سے جنھوں نے ان کو جھٹلایا ان کی قوم سے اور انھوں نے گمان کیا کہ ان کے پیروی کرنے والوں نے یعنی مؤمنین نے ان کو جھٹلایا اور ان کی تکذیب کی تو انبیاء کو ہماری مدد پہنچی۔

فائدہ: حاشیہ میں ہے کہ نافع، ابن کثیر، ابوعمرو اور ابن عامر کُذِّبوا (مشدد) پڑھتے ہیں، اور عاصم، حمزہ اور کسائی کُذِبُوا (مخفف) پڑھتے ہیں، پس دو قراءتیں ہیں اور دو تفسیریں ہیں۔

[۴۵۲۵-] فَلَقِيْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، فَذَكَرْتُ لَهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: مَعَاذَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ مَا وَعَدَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ مِنْ شَيْئٍ قَطُّ إِلَّا عَلِمَ أَنَّـهُ كَائِنٌ قَبْلَ أَنْ يَمُوْتَ، وَلٰكِنْ لَمْ تَزَلِ الْبَلَايَا بِالرُّسُلِ حَتّٰى خَافُوْا أَنْ يَكُوْنَ مَنْ مَعَهُمْ يُكَذِّبُوْنَهُمْ، فَكَانَتْ تَقْرَؤُهَا ﴿فَظَنُّوْا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِّبُوْا﴾ مُثَقَّلَةً. [راجع: ۳۳۸۹]

تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں، پس اپنی کھیتی میں جدھر سے چاہو آؤ

سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۲۳ ہے: ﴿نِسَاءُ كُمْ حَرْثٌ لَكُمْ، فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ، وَقَدِّمُوْا لِأَنْفُسِكُمْ﴾: تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں، پس اپنی کھیتی میں جدھر سے چاہو آؤ، اور آئندہ کے واسطے اپنے لئے کچھ کرتے رہو (رات بھر رنگ رلیاں مت مناؤ)

تفسیر: باب کی آخری حدیث میں آیت کا شانِ نزول ہے کہ یہود عورت کی پشت کی طرف سے وطی کرنے کو ممنوع کہتے تھے، وہ کہتے تھے کہ اس سے بچہ بھینگا پیدا ہوتا ہے، آیت نے یہود کے خیال کی تردید کی اور بتایا کہ عورتیں تمہارے لئے بہ منزلہ کھیتی کے ہیں، نطفہ تخم ہے اور اولاد پیداوار ہے، سوتم کو اختیار ہے: آگے سے، یا کروٹ سے، یا پس پشت پڑ کر یا بیٹھ کر جس طرح چاہو مجامعت کرو، مگر یہ ضروری ہے کہ تخم ریزی اس کی جگہ میں ہو، جہاں پیداوار کی امید ہے، پس أنی بمعنی کیف ہے، بمعنی أین نہیں ہے، کیونکہ دوسری جگہ گندگی کی جگہ ہے!

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ایک شاذ رائے جس کو امت نے نہیں لیا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ بیوی سے اغلام جائز ہے، اور مذکورہ آیت اسی سلسلہ میں نازل ہوئی ہے، وہ أنی کو أین کے معنی میں لیتے تھے، اور محل جماع میں تعمیم کرتے تھے، باب میں دو حدیثیں ہیں، جن میں یہ بات ہے (کاش امام بخاری رحمہ اللہ یہ روایتیں صحیح میں نہ لاتے کیونکہ یہ حدیث مرفوع نہیں ہے قولِ صحابی ہے) حضرت ابن عمرؓ کی یہ رائے قرآن کے اشارے اور صریح حدیثوں کے خلاف ہے، اور ضابطہ طے شدہ ہے کہ صحابی کی رائے اگر مرفوع حدیث کے خلاف ہو تو اس کو نہیں لیا جاتا، اس کو اس پر محمول کیا جاتا ہے کہ صحابی کو حدیث نہیں پہنچی ہوگی، اس لئے انھوں نے یہ رائے اختیار کی، چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کو حضرت ابن عمرؓ کا وہم قرار دیا ہے (رواہ ابوداؤد) اور امت نے بھی اس کو قبول نہیں کیا، امت کا اجماع ہے کہ بیوی سے بھی پچھلی راہ سے انتفاع حرام ہے۔

قرآن کا اشارہ: قرآنِ کریم میں حرث (پیداوار کی جگہ) میں صحبت کی اجازت دی ہے، حرث قُبل (آگے کی راہ) ہے، پچھلی راہ تو محل فرث (گندگی کی جگہ) ہے، اس میں جانے کا کیا سوال ہے؟ اگلی راہ سے جس طرح چاہے انتفاع کرسکتا ہے۔

مرفوع حدیثیں: تین ہیں، جن سے بیوی سے بھی اغلام کا عدم جواز ثابت ہوتا ہے:

پہلی حدیث: من أتی حائضا أو امرأۃً فی دبرھا أو کاھنا: فقد کفر بما أُنزل علی محمد: جس نے حائضہ سے صحبت کی یا بیوی کی پچھلی راہ میں اپنی ضرورت پوری کی یا کاہن یعنی غیب کی باتیں بتانے والے کے پاس گیا تو اس نے اس دین کا (عملی طور پر) انکار کردیا جو محمد (ﷺ) پر اُتارا گیا ہے (ترمذی حدیث ۱۳۶ تحفۃ الالمعی ۱: ۴۱۸ یہ حدیث ضعیف ہے)

دوسری حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے آیت: ﴿نَسَاءُ كُمْ حَرْثٌ لَكُمْ﴾: کی تفسیر میں مرفوع حدیث

مروی ہے: یعنی صِمَامًا واحدًا: یعنی معین سوراخ میں صحبت کی جائے (ترمذی حدیث ۳۰۰۱ تحفۃ الالمعی ۷: ۱۳۶ یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے) پس أنی بمعنی کیف ہے یعنی صحبت کا طریقہ جو بھی ہو، مگر محل صحبت متعین ہونا چاہئے۔

تیسری حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں تباہ ہوگیا! آپؐ نے پوچھا: کس چیز نے تم کو تباہ کردیا؟ انھوں نے کہا: آج رات میں نے اپنی سواری گھمادی یعنی پیچھے سے آگے کی راہ میں صحبت کی، راوی کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ان کو کچھ جواب نہ دیا، پھر نبی ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی: ﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ، فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ﴾: پس آپؐ نے فرمایا: أَقْبِلْ وَأَدْبِرْ، وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحِيْضَةَ: خواہ سامنے رہ کر صحبت کرو خواہ پیچھے رہ کر (دونوں صورتیں جائز ہیں) البتہ پچھلی راہ سے اور حالتِ حیض سے بچو (ترمذی حدیث ۳۰۰۲ تحفۃ الالمعی ۷: ۱۳۶ یہ حدیث ابوداؤد اور ابن ماجہ میں بھی ہے اور سند میں تھوڑی کمزوری ہے)

[۳۹-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ وَقَدِّمُوْا لِأَنْفُسِكُمْ﴾ الآية

[۴۵۲۶-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا قَرَأَ الْقُرْآنَ لَمْ يَتَكَلَّمْ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهُ، فَأَخَذْتُ عَلَيْهِ يَوْمًا، فَقَرَأَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ حَتّٰى انْتَهٰى إِلٰى مَكَانٍ، قَالَ: تَدْرِيْ فِيْمَا أُنْزِلَتْ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: نَزَلَتْ فِيْ كَذَا وَكَذَا، ثُمَّ مَضٰى.

[طرفه: ۴۵۲۷]

[۴۵۲۷-] وَعَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: ﴿فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ﴾ قَالَ: يَأْتِيْهَا فِيْ.......

رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ. [راجع: ۴۵۲۶]

[۴۵۲۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، قَالَ: كَانَتِ الْيَهُوْدُ تَقُوْلُ: إِذَا جَامَعَهَا مِنْ وَرَائِهَا جَاءَ الْوَلَدُ أَحْوَلَ، فَنَزَلَتْ: ﴿نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ﴾

پہلی روایت: امام بخاری رحمہ اللہ اپنے استاذ حضرت اسحاق بن راہویہؒ سے روایت کرتے ہیں: نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمرؓ جب قرآن پڑھتے تو کسی سے بات نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ پڑھ کر فارغ ہوجاتے (یہی قرآن پڑھنے کا ادب ہے) پس میں نے (قرآن) لیا ان پر ایک دن یعنی میں ایک دن قرآن لے کر ان کا پارہ سننے لگا، انھوں نے سورہ بقرہ پڑھی، یہاں تک کہ آپؓ ایک جگہ پہنچے یعنی آیت: ﴿نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ﴾: پر پہنچے، تو (خلافِ معمول) پوچھا: جانتے ہو

یہ آیت کس مسئلہ میں نازل ہوئی ہے؟ میں نے کہا: نہیں، فرمایا: اس اس مسئلہ میں اتری ہے (امام بخاری رحمہ اللہ نے روایت کے الفاظ حذف کردیئے ہیں، اور کنائی الفاظ رکھ دیئے ہیں اور مسند ابن راہویہ میں صراحت ہے: فی إتیان النساء فی أدبارھن: بیوی سے اغلام کے جواز کے سلسلہ میں یہ آیت اتری ہے) پھر وہ آگے پڑھنے لگے۔

دوسری روایت: ابن عمرؓ نے ﴿فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ﴾ کی تفسیر میں فرمایا: یأتیھا فی الدبر: بیوی سے پچھلی راہ میں صحبت کرنا جائز ہے (یہاں بھی امام بخاری رحمہ اللہ نے لفظ الدبر چھوڑ دیا ہے، اس کو اوپرا سمجھتے ہوئے)

تیسری روایت: میں آیت کا شانِ نزول ہے۔

اولیاء کو نصیحت کہ وہ مطلقہ عورتوں کو طلاق دینے والے شوہر سے نکاح کرنے سے نہ روکیں

اگر شوہر نے بیوی کو ایک یا دو رجعی طلاقیں دی ہیں تو وہ عدت میں رجوع کرسکتا ہے یعنی بیوی کو نکاح میں واپس لے سکتا ہے، نہ بیوی انکار کرسکتی ہے نہ ولی —— اور اگر ایک یا دو بائنہ طلاقیں دی ہیں تو نیا نکاح کرسکتے ہیں: عدت میں بھی اور عدت کے بعد بھی، اور اس میں عورت اور ولی کی رضامندی ضروری ہے —— اور اگر تین طلاقیں دی ہیں تو عورت مغلظہ ہوگئی، اب شوہر کے لئے حلال نہیں رہی، تا آنکہ دوسرے شوہر سے نکاح کرے، اور وہ صحبت کرنے کے بعد طلاق دے یا مرجائے تو عدت کے بعد پہلے شوہر سے نکاح ہوسکتا ہے (سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۰) اور دوسری اور تیسری صورت میں عورت اگر اپنے پہلے شوہر سے نکاح کرنا چاہے تو نکاح پر اس کی رضامندی ضروری ہے، اور اولیاء کو نصیحت کی گئی ہے کہ وہ مطلقہ عورت کو اگر وہ طلاق دینے والے شوہر سے نکاح کرنا چاہے تو نہ روکیں، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ﴾: اور جب تم عورتوں کو طلاق دو، پس وہ اپنی میعاد (عدت) پوری کرلیں، پس تم ان کو اس بات سے مت روکو کہ وہ اپنے (سابق) شوہروں سے نکاح کریں جبکہ وہ باہم معروف طریقہ پر رضامند ہوجائیں، اس بات کے ذریعہ اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو تم میں سے اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، یہ بات تمہارے لئے زیادہ صفائی کی اور زیادہ پاکیزگی کی ہے، اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے —— اس آیت کا شانِ نزول درج ذیل واقعہ ہے:

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ نے عہد نبوی میں اپنی بہن کا نکاح ایک مسلمان سے کردیا، وہ اس کے پاس رہی جب تک رہی، پھر اس نے اس کو ایک طلاق دیدی، اور اس کو نکاح میں واپس نہیں لیا، یہاں تک کہ عدت گذر گئی، پھر اس نے اس عورت کو چاہا اور عورت نے بھی اس مرد کو چاہا، پس اس شخص نے منگنی بھیجنے والوں کے ساتھ منگنی بھیجی، حضرت معقلؓ نے کہا: او کمینے! میں نے تجھے اس عورت کے ذریعہ عزت بخشی، میں نے تیرا اس سے نکاح کیا، پھر تو نے اس کو طلاق دیدی، بخدا! اب وہ تیری طرف کبھی نہیں لوٹے گی، تیری زندگی کے آخری سانس تک! پھر مذکورہ آیت نازل ہوئی تو انھوں نے اس شوہر کو بلایا اور کہا: میں تیرا اپنی بہن سے نکاح کرتا ہوں اور میں تیری عزت بڑھاتا ہوں (ترمذی حدیث ۳۰۰۳ تحفۃ الالمعی ۷: ۱۳۸)

[٤٠-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَلَبَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلاَ تَعْضُلُوْهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ﴾ [البقرة: ٢٣٢]

[٤٥٢٩-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَعْقِلُ بْنُ يَسَارٍ، قَالَ: كَانَتْ لِيْ أُخْتٌ تُخْطَبُ إِلَيَّ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِيْ مَعْقِلُ بْنُ يَسَارٍ، قَالَ......

ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ: أَنَّ أُخْتَ مَعْقِلِ ابْنِ يَسَارٍ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا، فَتَرَكَهَا حَتَّى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا، فَخَطَبَهَا فَأَبَى مَعْقِلٌ، فَنَزَلَتْ: ﴿فَلاَ تَعْضُلُوْهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ﴾ [أطرافه: ٥١٣٠، ٥٣٣٠، ٥٣٣١]

وضاحت: حدیث تین سندوں سے ذکر کی ہے، دوسری سند معلق ہے، ابوعبداللہ: امام بخاری رحمہ اللہ ہیں، اور ابراہیم: ابن طہمان ہیں، پہلی دوسندوں سے حسن بصری رحمہ اللہ حضرت معقل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، اور تیسری سند سے حسنؒ روایت نہیں کرتے بلکہ واقعہ بیان کرتے ہیں۔

تین آیتیں اور تین باتیں

پہلی آیت: سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۳۴ ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا، فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْ أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ، وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ﴾: اور جولوگ تم میں سے مرجائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ اپنے آپ کو انتظار میں رکھیں چار مہینے اور دس دن، پھر جب وہ اپنی عدت پوری کر چکیں تو تم پر کچھ گناہ نہیں اس بات میں جو وہ اپنے حق میں قاعدہ کے موافق کریں، اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب کاموں کی خبر ہے۔

تفسیر: طلاق کی عدت تین حیض یا تین ماہ ہے، اور موت کی عدت چار ماہ دس دن، اگر اس مدت میں معلوم ہو گیا کہ عورت کو حمل نہیں تو وہ دوسرا نکاح کر سکتی ہے، اور حمل ظاہر ہوا تو عدت وضع حمل ہے، طلاق میں بھی اور وفات میں بھی۔

دوسری آیت: سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۴۰ ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا وَّصِيَّةً لِّأَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ، فَإِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْ أَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَعْرُوْفٍ، وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ﴾: اور جولوگ تم میں سے مرجائیں، اور بیویاں چھوڑ جائیں: وہ وصیت کریں (عامل فَلْيُوْصُوْا محذوف ہے) اپنی بیویوں کے لئے ایک سال تک کی گھر سے نکالے بغیر سامانِ معاش کے طور پر، پھر اگر وہ عورتیں خود نکل جائیں تو تم پر کچھ گناہ نہیں اس بات میں جو وہ اپنے حق میں قاعدہ کے موافق کریں، اور اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والے ہیں۔

تیسری آیت: سورۃ الطلاق آیت ۴ میں ہے: ﴿وَاللَّائِيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِسَاءِ كُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلاَثَةُ أَشْهُرٍ وَاللَّائِيْ لَمْ يَحِضْنَ، وَأُوْلاَتُ الأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ، وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا﴾: اورتمہاری (مطلقہ) بیویوں میں سے جو حیض سے مایوس ہوچکی ہیں، اگر تم کو (ان کی عدت کی تعیین میں) شبہ ہوتو ان کی عدت تین مہینے ہے اوران عورتوں کی بھی جن کو (کم عمری کی وجہ سے) حیض نہیں آیا، اور حاملہ عورتوں کی عدت ان کے حمل کا پیدا ہوجانا ہے (خواہ بچہ کامل پیدا ہو یا ناقص، بشرطیکہ کوئی عضو بن گیا ہو، گو ایک انگلی ہی سہی)

۱- حاملہ متوفّٰی عنہا زوجہا کی عدت وضع حمل ہے

پہلی بات: پہلی آیت اپنے عموم سے متوفّٰی عنہا زوجُہا حاملہ کو بھی شامل ہے، اس کی عدت بھی چار ماہ دس دن ہونی چاہئے، اگرچہ بچہ ابھی پیدا نہ ہوا ہو —— اور تیسری آیت بھی اپنے عموم سے متوفی عنہا زوجہا کو بھی شامل ہے، اس کی عدت بھی ولادت ہونی چاہئے، اگرچہ چار ماہ دس دن سے زیادہ وقت لگ جائے —— پس ان دونوں آیتوں میں ترتیب کس طرح قائم کی جائے؟ یعنی مقدم (منسوخ) کون ہوگی اور مؤخر (ناسخ) کون؟ دور اول میں اس سلسلہ میں الجھن پائی جاتی تھی، حضرات علی وابن عباس رضی اللہ عنہما أبعدُ الأجلَین کے قائل تھے یعنی انھوں نے دونوں آیتوں کو جمع کیا، ان کے نزدیک جو لمبی مدت ہے وہ عدت ہے —— اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ پوری قوت سے کہتے تھے کہ پہلی آیت مقدم ہے اور تیسری آیت مؤخر، وہ یہ بھی فرماتے تھے کہ میں اس بات پر مباہلہ کرنے کے لئے تیار ہوں، مگر بعد میں یہ اختلاف مضمحل (پاش پاش) ہوگیا، اور سب ابن مسعودؓ کی بات پر متفق ہوگئے، جب حضرت سبیعہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سامنے آئی ان کے شوہر سعد بن خَولی رضی اللہ عنہ کا فتح مکہ میں یا حجۃ الوداع میں مکہ مکرمہ میں انتقال ہوا، اس وقت سُبیعہ حاملہ تھیں، ۲۳ یا ۲۵ دن کے بعد بچہ پیدا ہوا، جب ان کا نفاس بند ہوا تو انھوں نے نکاح کی تیاری شروع کی، ابوالسنابل نے جو انہی کے خاندان کے تھے اعتراض کیا، سبیعہ ازواجِ مطہرات کے پاس گئیں اور مسئلہ پوچھا، نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ نکاح کرسکتی ہیں، ان کی عدت پوری ہوگئی'' جب یہ حدیث لوگوں کے سامنے آئی تو اختلاف ختم ہوگیا، اب اتفاق ہے کہ حاملہ متوفی عنہا زوجہا کی عدت وضع حمل ہے (تحفۃ الالمعی ۴:۸۸)

۲- حائلہ متوفّٰی عنہا زوجہا کی عدت چار ماہ دس دن ہے

دوسری بات: جاہلیت میں عدتِ وفات ایک سال تھی، ترمذی میں روایت ہے: ایک عورت نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا کہ اس کے داماد کا انتقال ہوگیا ہے، اور اس کی بیٹی کی آنکھیں دکھتی ہیں تو کیا اس کو سرمہ لگا سکتے ہیں؟ آپؐ نے تین بار منع کیا، پھر آخری مرتبہ ارشاد فرمایا: ''عدت کے چار ماہ دس دن ہی تو ہیں؟'' —— یعنی اتنے دن بھی تم صبر نہیں کرسکتیں؟ —— ''اور زمانہ جاہلیت میں تم میں سے ایک: سال پورا ہونے پر مینگنیاں پھینکتی تھی!'' —— یعنی وہ دن بھول گئیں! (تحفۃ الالمعی ۴:۹۱)

چنانچہ عام طور پر ایسا سمجھا گیا کہ دوسری آیت میں ایک سال عدتِ وفات کا ذکر ہے، پھر اس کو پہلی آیت نے منسوخ کیا، اور اسلام میں عدتِ وفات چار ماہ دس دن مقرر ہوئی — مگر ناسخ آیت پہلے ہے اور منسوخ بعد میں، جبکہ ترتیب اس کے برعکس ہونی چاہئے، بلکہ منسوخ آیت مصحف میں نہیں ہونی چاہئے، چنانچہ عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما نے — جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں مصاحف تیار کرنے والی کمیٹی کے رکن تھے — حضرت عثمانؓ سے عرض کیا کہ آپ دوسری آیت کو جو منسوخ ہے: مصحف میں کیوں لکھتے ہیں، اس کو چھوڑ کیوں نہیں دیتے؟ حضرت عثمانؓ نے جواب دیا: لاَ أَغير شيئا منه من مكانه: میں قرآن کی کسی آیت کو اس کی جگہ سے بدل نہیں سکتا (کیونکہ آیات کی ترتیب توقیفی ہے)

۳- متوفّٰی عنہا زوجہا نادار ہو تو اس کے لئے سال بھر مکان میں رہنے کی وصیت کرنا

تیسری بات: دوسری آیت منسوخ نہیں ہے، کیونکہ اسلام میں عدتِ وفات ایک سال کبھی نہیں رہی، بلکہ دوسری آیت میں ایک مستقل مسئلہ ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ عدتِ طلاق میں مطلقہ کا نفقہ اور سکنی شوہر پر واجب ہے، کیونکہ عورت اس کے حق میں محبوس ہے، اور عدتِ وفات میں معتدہ کے لئے نہ نفقہ ہے نہ سکنی، کیونکہ اس کو کس پر واجب کریں گے؟ شوہر کا ذمہ تو موت کے بعد وجوب کی صلاحیت نہیں رکھتا، اور اس کا ترکہ میراث بن گیا، اور میت کے ورثاء پر بھی نفقہ اور سکنی واجب نہیں کر سکتے، کیونکہ وہ نکاح سے اجنبی ہیں، ہاں میراث میں بیوی کا حصہ ہے، پس وہ اپنے حصۂ میراث میں سے خرچ کرے، مگر کبھی صورتِ حال نازک ہوتی ہے، شوہر نادار مرتا ہے اور عورت کے لئے کوئی ٹھکانہ (میکہ وغیرہ) نہیں ہوتا، ایسی صورت کے لئے دوسری آیت ہے، شوہر کو چاہئے کہ وہ ورثاء کو وصیت کرے کہ وہ اس کی بیوی کو سال بھر اس کے مکان سے منتفع ہونے دیں، وہ اس مکان میں عدت گذارے، پھر دوسرا نکاح کر کے چلی جائے، ایک سال تک وہ شوہر کے مکان میں رہنے کی پابند نہیں، یہ دوسری آیت کا مطلب ہے۔

فائدہ: قرآنِ کریم نے لفظ سکنی استعمال نہیں کیا، لفظ متاع استعمال کیا ہے، متاع کے معنی ہیں: اسبابِ زندگی، پس اس کے مفہوم میں نفقہ بھی ہے، میت کے ورثاء ایک سال تک رضا کارانہ بیوی کا نفقہ بھی دیں اور اگر وہ نہ دیں تو معتدہ اپنے جیب سے خرچ کرے اور غریب ہو تو دن میں کام کاج کے لئے نکلے اور کما کر گذارہ کرے یا مسلمانوں کا صالح معاشرہ اس کا تعاون کرے۔

ضمنی مسئلہ: شوہر کے انتقال کے بعد عورت کو چاہئے کہ وہ اسی گھر میں عدت گذارے جس میں وہ شوہر کے ساتھ رہا کرتی تھی، شدید ضرورت کے بغیر کسی اور جگہ (میکہ وغیرہ میں) جا کر عدت گذارنا درست نہیں البتہ حضرت عطاء اور حضرت مجاہد رحمہما اللہ کے نزدیک جہاں چاہے عدت گذار سکتی ہے۔

[٤١-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا﴾ إِلَى ﴿بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ﴾ ﴿يَعْفُوْنَ﴾: يَهَبْنَ.

[٤٥٣٠-] حَدَّثَنِیْ أُمَیَّةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ، عَنْ حَبِیْبٍ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ مُلَیْكَةَ، قَالَ ابْنُ الزُّبَیْرِ: قُلْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ: ﴿وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَیَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا﴾ قَالَ: قَدْ نَسَخَتْهَا الآیَةُ الْأُخْرَى، فَلِمَ تَكْتُبُهَا أَوْ: تَدَعُهَا؟ قَالَ: یَا ابْنَ أَخِیْ! لاَ أُغَیِّرُ شَیْئًا مِنْهُ مِنْ مَكَانِهِ. [طرفه: ٤٥٣٦]

لغت: یَعْفُوْنَ: عورتیں بخش دیں، درگذر کریں، چھوڑ دیں، سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۷ میں یہ لفظ آیا ہے۔ اگر نکاح کے وقت مہر مقرر ہو چکا تھا اور خلوت سے پہلے طلاق ہوگئی تو آدھا مہر دینا لازم ہے، مگر عورت یا مرد جس کے اختیار میں نکاح قائم رکھنا یا توڑنا ہے وہ اپنے حق سے درگذر کریں تو بہتر ہے، عورت کا درگذر کرنا یہ ہے کہ آدھا بھی معاف کردے، اور مرد کا درگذر کرنا یہ ہے کہ پورا مہر دیدے یا پورا دے چکا ہے تو آدھا واپس نہ لے۔

روایت: حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۴۰ کو دوسری آیت (۲۳۴) نے منسوخ کردیا ہے، پھر آپ منسوخ آیت کو (مصحف میں) کیوں لکھتے ہیں یا کہا: اس کو کیوں چھوڑتے ہیں یعنی رہنے دیتے ہیں؟ حضرت عثمانؓ نے جواب دیا: بھتیجے! میں نہیں بدلونگا کسی چیز کو قرآن سے اس کی جگہ سے (حضرت ابن الزبیرؓ کا یہ خیال کہ آیت ۲۴۰ منسوخ ہے: یہ ایک عام خیال تھا، مگر حقیقت میں وہ منسوخ نہیں، بلکہ وہ ایک اور مسئلہ سے متعلق ہے، جیسا کہ ابھی گذرا)

[٤٥٣١-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شِبْلٌ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ نَجِیْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ: ﴿وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا﴾ [البقرة: ٢٣٤] قَالَ: كَانَتْ هٰذِهِ الْعِدَّةُ تَعْتَدُّ عِنْدَ أَهْلِ زَوْجِهَا وَاجِبًا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا وَصِیَّةً لِّأَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَیْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فِیْ مَا فَعَلْنَ فِیْ أَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَعْرُوْفٍ﴾ [البقرة: ٢٤٠] قَالَ: جَعَلَ اللّٰهُ لَهَا تَمَامَ السَّنَةِ سَبْعَةَ أَشْهُرٍ وَعِشْرِیْنَ لَیْلَةً وَصِیَّةً، إِنْ شَاءَ تْ سَكَنَتْ فِیْ وَصِیَّتِهَا، وَإِنْ شَاءَ تْ خَرَجَتْ، وَهُوَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿غَیْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْكُمْ﴾ فَالْعِدَّةُ كَمَا هِیَ وَاجِبٌ عَلَیْهَا، زَعَمَ ذٰلِكَ عَنْ مُجَاهِدٍ. [طرفه: ٥٣٤٤]

ترجمہ: مجاہد رحمہ اللہ سے سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۳۴ کی تفسیر میں مروی ہے: انھوں نے کہا: یہ عدت یعنی چار ماہ دس دن واجب تھی، عورت وہ عدت گذارے اپنے شوہر کے گھر والوں کے پاس —— یعنی عورت شوہر کے ساتھ جہاں رہتی تھی وہاں یہ عدت گذارے —— پھر اللہ تعالیٰ نے سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۴۰ نازل کی، مجاہد رحمہ اللہ نے کہا: گردانا اللہ تعالیٰ نے عورت کے لئے باقی سال کو یعنی سات ماہ بیس دن کو وصیت کے طور پر —— یعنی یہ مدت واجب عدت کے علاوہ ہے، یہ مدت عدت میں شامل نہیں —— پس اگر عورت چاہے تو اپنی وصیت میں رہے اور اگر چاہے تو نکل جائے، اور یہی مطلب اللہ

تعالیٰ کے اس ارشاد کا ہے: ﴿غَيْرَ إِخْرَاجٍ، فَإِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ﴾: یعنی شوہر کے ورثاء تو عورت کو نہ نکالیں، لیکن اگر عورت خود نکل جائے تو اس کی مرضی، پس عدت جس طرح کہ وہ ہے عورت پر واجب ہے، یعنی چار ماہ دس دن تک تو عدت واجب ہے، شبل کہتے ہیں: ابن ابی نجیح یہ بات مجاہدؒ سے نقل کرتے ہیں۔

تشریح: تیسری بات جو میں نے بیان کی ہے: وہ مجاہد رحمہ اللہ کی یہی بات ہے۔ حافظ رحمہ اللہ لکھتے ہیں: على أن من السلف من ذهب إلى أنها ليست منسوخة،وإنما خص من الحول بعضه وبقي البعض وصية لها،إن شاء ت أقامت، كما في الباب عن مجاهد (فتح ۸:۱۹۴) ترجمہ: سلف میں سے بعض حضرات اس طرف گئے ہیں کہ آیت ۲۴۰ منسوخ نہیں ہے، بلکہ سال میں سے کچھ حصہ کو عورت کے لئے خاص کیا ہے، اور کچھ حصہ کو وصیت کے طور پر باقی رکھا ہے، اگر عورت چاہے تو ٹھہرے، جیسا کہ باب میں مجاہدؒ سے مروی ہے۔

وَقَالَ عَطَاءٌ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نَسَخَتْ هٰذِهِ الآيَةُ عِدَّتَهَا عِنْدَ أَهْلِهَا، فَتَعْتَدُّ حَيْثُ شَاءَ تْ، لِقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿غَيْرَ إِخْرَاجٍ﴾

وَقَالَ عَطَاءٌ: إِنْ شَاءَ تْ اعْتَدَّتْ عِنْدَ أَهْلِهِ وَسَكَنَتْ فِيْ وَصِيَّتِهَا، وَإِنْ شَاءَ تْ خَرَجَتْ لِقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ﴾

قَالَ عَطَاءٌ: ثُمَّ جَاءَ الْمِيْرَاثُ، فَنَسَخَ السُّكْنَى، فَتَعْتَدُّ حَيْثُ شَاءَ تْ، وَلاَ سُكْنَى لَهَا.

[طرفه: ٥٣٤٤]

وَعَنْ مَحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ بِهٰذَا.

وَعَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَسَخَتْ هٰذِهِ الآيَةُ عِدَّتَهَا فِيْ أَهْلِهَا، فَتَعْتَدُّ حَيْثُ شَاءَ تْ لِقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿غَيْرَ إِخْرَاجٍ﴾ نَحْوَهُ.

وضاحت: اس عبارت میں وہ ضمنی مسئلہ ہے جو اوپر میں نے بیان کیا ہے، جمہور (ابوحنیفہ، مالک اور شافعی رحمہم اللہ) کے نزدیک عدتِ وفات اسی جگہ گذارنا ضروری ہے جہاں عورت شوہر کے ساتھ رہتی تھی، مجبوری کے بغیر دوسری جگہ منتقل ہونا جائز نہیں، اور دلیل حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی بہن فُرَیعہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے، ان کے شوہر کو ان کے غلاموں نے جنگل میں قتل کر دیا تھا، اور وہ انصار کے عاریت کے گھر میں شوہر کے ساتھ رہتی تھیں، انھوں نے نبی ﷺ سے پوچھا کہ وہ اپنے میکے میں عدت گذار سکتی ہے؟ آپؐ نے پہلے اجازت دی، پھر بلا کر دوبارہ صورتِ حال معلوم کی اور فرمایا: أمكثي في بيتكِ حتى يبلغَ الكتابُ أجلَه: اپنے گھر میں ٹھہری رہو تا آنکہ عدت پوری ہو جائے، چنانچہ انھوں نے اسی گھر میں چار ماہ دس دن گذارے —— وہ کہتی ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں مجھے بلایا، اور میرا واقعہ معلوم کیا اور اس کے مطابق فیصلہ کیا (ابوداؤد حدیث ۲۳۰۰)

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور عطاء و مجاہد رحمہما اللہ کی رائے یہ تھی کہ شوہر کے گھر میں عدت گذارنا ضروری نہیں، جہاں چاہے عدت گذار سکتی ہے، یہ حضرات سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۴۰ سے استدلال کرتے تھے، اس میں ہے:﴿فَإِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ﴾: معتدہ عورتیں اگر شوہر کے گھر سے نکلیں تو تم پر کچھ گناہ نہیں —— اس استدلال کی حقیقت ترجمہ کے بعد واضح کی جائے گی —— یہ روایتیں جو امام بخاری رحمہ اللہ نے تعلیقاً ذکر کی ہیں: امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے سند کے ساتھ ذکر کی ہیں (حدیث ۲۳۰۱) اور ان روایات پر باب قائم کیا ہے: باب من رأى التحول: ایک رائے یہ ہے کہ متوفی عنہا زوجہا جگہ بدل سکتی ہے، دسری جگہ عدت گذارنے کے لئے منتقل ہوسکتی ہے، اور قبل ازیں فریعہؓ کی روایت لائے ہیں جو جمہور کی دلیل ہے (حدیث ۲۳۰۰)

ترجمہ: (۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۴۰ نے (شوہر کے) گھر والوں کے پاس عورت کے عدت گذارنے کو منسوخ کردیا ہے (عند أهلها میں مجاز بالحذف ہے، تقدیر عبارت: عند أهل زوجها ہے) پس وہ جہاں چاہے عدت گذار سکتی ہے، کیونکہ اللہ پاک کا ارشاد ہے:﴿غَيْرَ إِخْرَاجٍ﴾۔

تشریح: استدلال صرف ﴿غَيْرَ إِخْرَاجٍ﴾ سے نہیں ہے، بلکہ آگے ہے:﴿فَإِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ﴾ الآیة یعنی شوہر کے ورثاء تو عورت کو نہ نکالیں، مگر عورت خود نکل سکتی ہے، معلوم ہوا کہ شوہر کے گھر میں عدت گذارنا ضروری نہیں، اگلے نمبر پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کی یہی وضاحت ان کے شاگرد حضرت عطاء رحمہ اللہ نے کی ہے۔

(۲) حضرت عطاءؒ نے کہا: اگر عورت چاہے تو شوہر کے ورثاء کے پاس عدت گذارے، اور وہ اپنی وصیت (کے گھر) میں رہے اور اگر چاہے تو نکلے یعنی دوسری جگہ جا کر عدت گذار سکتی ہے، کیونکہ اللہ پاک کا ارشاد ہے:﴿فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ﴾: استدلال آیت کے اس حصہ سے ہے، یہ ابن عباسؓ کے قول کی وضاحت ہے۔

(۳) حضرت عطاءؒ نے فرمایا: پھر میراث کا حکم آیا تو سکنی منسوخ ہوگیا، پس عورت جہاں چاہے عدت گذارے اور اس کے لئے سکنی نہیں۔

ملحوظہ: یہاں تک روایات ابوداؤد میں ہیں، پھر آگے (حدیث ۵۳۴۴) ہے، باقی دو روایتیں نہیں ہیں۔

(۴) ابن ابی نجیح: حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے بھی اسی طرح کی بات روایت کرتے ہیں۔

(۵) یہ روایت مکرر ہے، یہ پہلی روایت کے ہم معنی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے استدلال کی حقیقت:

ارشادِ پاک:﴿فَإِنْ خَرَجْنَ﴾ کا تعلق سال بھر سے ہے یا مدت عدت کے بعد بچے ہوئے دنوں سے یعنی سات ماہ بیس دن سے؟ دونوں احتمال ہیں، حضرت ابن عباسؓ نے پہلا احتمال لیا ہے، اور فرمایا ہے کہ عورت جہاں چاہے عدت گذار سکتی ہے۔ مگر حضرت فریعہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ اور اس کے مطابق حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا فیصلہ دلیل ہے کہ دوسرا احتمال صحیح

ہے، حدیث (نمبر ۴۵۳۱) میں حضرت مجاہدؒ نے بھی یہی فرمایا ہے کہ سال کے باقی دنوں میں یعنی سات ماہ بیس دن میں عورت نکل سکتی ہے، عدت کے چار ماہ دس دن تو شوہر کے گھر میں گذارے گی، پھر شادی ہوجائے تو شوہر ثانی کے یہاں جاسکتی ہے، وصیت کے مطابق سال بھر شوہر کی وصیت میں رہنا ضروری نہیں۔

[٤٥٣٢-] حَدَّثَنِیْ حِبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلٰى مَجْلِسٍ فِيْهِ عُظْمٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَفِيْهِمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِیْ لَيْلٰى، فَذَكَرْتُ حَدِيْثَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ فِیْ شَأْنِ سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: وَلٰكِنَّ عَمَّهُ كَانَ لاَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ، فَقُلْتُ: إِنِّیْ لَجَرِیْءٌ إِنْ كَذَبْتُ عَلٰى رَجُلٍ فِی جَانِبِ الْكُوْفَةِ، وَرَفَعَ صَوْتَهُ، قَالَ: ثُمَّ خَرَجْتُ فَلَقِيْتُ مَالِكَ بْنَ عَامِرٍ أَوْ: مَالِكَ بْنَ عَوْفٍ، قُلْتُ: كَيْفَ كَانَ قَوْلُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فِی الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِیَ حَامِلٌ؟ فَقَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: أَتَجْعَلُوْنَ عَلَيْهَا التَّغْلِيْظَ، وَلاَ تَجْعَلُوْنَ لَهَا الرُّخْصَةَ؟ لَنَزَلَتْ سُوْرَةُ النِّسَاءِ الْقُصْرٰى بَعْدَ الطُّوْلٰى.

وَقَالَ أَيُّوْبُ: عَنْ مُحَمَّدٍ: لَقِيْتُ أَبَا عَطِيَّةَ مَالِكَ بْنَ عَامِرٍ. [طرفه: ٤٩١٠]

وضاحت: حضرت عبدالرحمٰنؒ بن ابی لیلیٰ: صحابی صغیر ہیں، ان کی رائے حضرات علی، وابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرح یہ تھی کہ متوفی عنہا زوجہا حاملہ کی عدت **أبعد الأجلین** ہے، حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ نے ان کو سُبیعہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سنائی تو ان کے کسی شاگرد نے ابن سیرینؒ کو یہ کہہ کر خاموش کیا کہ ابن مسعودؓ کی رائے سبیعہ کی حدیث کے مطابق نہیں تھی، پس ان کے بھتیجے عبداللہ بن عتبہ کی ان سے روایت صحیح نہیں، اس پر ابن سیرینؒ کو غصہ آیا، اور انھوں نے بلند آواز سے کہا: اس کا مطلب یہ ہے کہ میں نے عبداللہ بن عتبہ کے نام سے غلط بیانی کی ہے، حالانکہ وہ حیات ہیں اور کوفہ میں سکونت پذیر ہیں، کوئی بھی ان سے تحقیق کرسکتا ہے —— پھر ابن سیرینؒ کی حضرت ابن مسعودؓ کے ایک دوسرے شاگرد ابوعطیہ سے ملاقات ہوئی، ابن سیرینؒ نے ان سے ابن مسعودؓ کی رائے معلوم کی، انھوں نے کہا: ابن مسعودؓ نے فرمایا: سورۃ البقرۃ کی چار ماہ دس دن عدت کی آیت مقدم ہے اور وہ اپنے عموم سے حاملہ کو بھی شامل ہے اور سورۃ الطلاق کی آیت مؤخر ہے۔ اس نے سابقہ آیت کے عموم میں تخصیص کی ہے، اب حاملہ کی عدت وضع حمل ہے، خواہ بچہ جب بھی پیدا ہو، چار ماہ دس دن سے پہلے یا بعد میں، معلوم ہوا کہ ان کی رائے سبیعہ کی حدیث کے موافق تھی۔

ترجمہ: ابن سیرینؒ کہتے ہیں: میں ایک ایسی مجلس میں تھا جس میں انصار کے بڑے لوگ تھے، اور ان میں عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ بھی تھے، پس میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بھتیجے عبداللہ بن عتبہؒ کی روایت سبیعہؓ کے معاملہ میں ذکر کی، پس ابن ابی لیلیٰ نے کہا: مگر ان کے چچا اس کے قائل نہیں تھے، پس میں نے کہا: بے شک میں یقیناً نڈر ہوں اگر میں نے جھوٹ بولا ایک آدمی پر جو کوفہ کی ایک جانب میں موجود ہیں، اور ابن سیرینؒ نے اپنی آواز بلند کی، ابن

سیرینؒ کہتے ہیں: پھر میں نکلا، پس میری ملاقات ابوعطیہ مالک بن عامرؒ — یا کہا: مالک بن عوف — سے ہوئی (یہ بھی ابن مسعودؓ کے شاگرد ہیں ان کے باپ کے نام میں اختلاف ہے) میں نے پوچھا: ابن مسعودؓ کی رائے کیا تھی متوفی عنہا زوجہا حاملہ کے بارے میں؟ انھوں نے کہا: ابن مسعودؓ نے فرمایا: کیا گردانتے ہوتم اس پر بھاری حکم کو، اور نہیں گردانتے تم اس پر ہلکے حکم کو؟ (یعنی اگر ولادت میں چار ماہ دس دن سے زیادہ لگ جائیں تو تم وضع حمل تک عدت کو ضروری قرار دیتے ہو، اور اگر چار ماہ دس دن سے پہلے ولادت ہوجائے تو عدت کو پوری نہیں کہتے، اور أبعد الأجلین کو عدت قرار دیتے ہو، حالانکہ قاعدہ ہے: الغُنْم بالغُرم: جس نے تاوان بھرا وہ نفع بھی اٹھائے! پھر فرمایا:) یقیناً چھوٹی سورۃ النساء یعنی سورۃ الطلاق اتری ہے لمبی سورۃ النساء یعنی سورۃ البقرۃ کے بعد (پس سورۃ الطلاق نے سورۃ البقرۃ کے عموم میں تخصیص کی ہے، اور حاملہ کی عدت وضع حمل قرار دی ہے، جب بھی بچہ پیدا ہوجائے)

یہ حدیث ابن سیرینؒ سے عبداللہ بن عونؒ کے علاوہ ایوب سختیانیؒ بھی روایت کرتے ہیں، ان کی روایت میں ابوعطیہ مالکؒ کے والد کے نام میں شک نہیں ہے، والد کا نام عامر مذکور ہے (یہ روایت آگے ۴۹۱۰ پر آرہی ہے)

عصر کی نماز درمیانی نماز ہے

سورۂ بقرہ کی آیت ۲۳۸ ہے: ﴿حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطىٰ﴾: پانچوں نمازوں کی حفاظت کرو، خاص طور پر درمیانی نماز کی، اس آیت کی تفسیر میں علماء کے بہت سے اقوال ہیں، ان میں سے راجح قول یہ ہے کہ صلاۃ وسطی سے مراد عصر کی نماز ہے، اس سے پہلے دن کی دو نمازیں فجر وظہر ہیں، اور اس کے بعد رات کی دو نمازیں مغرب اور عشاء ہیں، اس لئے یہ درمیانی نماز ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ القاری ۳: ۲۶۳)

حدیث: غزوۂ احزاب میں جب آپؐ کی عصر کی نماز قضا ہوئی تو آپؐ نے مشرکین کے لئے بددعا کی: ''اے اللہ! ان کے گھروں کو اور ان کی قبروں کو (یا فرمایا: ان کے پیٹوں کو) آگ سے بھر دے، انھوں نے ہمیں درمیانی نماز نہیں پڑھنے دی، یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا۔

[۴۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطىٰ﴾ [البقرة: ۲۳۸]

[۴۵۳۳-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:

ح: وَحَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ هِشَامٌ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: "حَبَسُوْنَا عَنْ صَلَاةِ الْوُسْطَى حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ، مَلَأَ اللهُ قُبُوْرَهُمْ وَبُيُوْتَهُمْ أَوْ: أَجْوَافَهُمْ — شَكَّ يَحْيَى — نَارًا" [راجع: ۲۹۳۱]

نماز میں بات چیت کی ممانعت

احناف اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک نماز میں کلام کی مطلق گنجائش نہیں، پہلے ضروری بات چیت کر سکتے تھے، پھر جب سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۳۸: ﴿قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ﴾: نازل ہوئی تو لوگوں کو نماز میں خاموش رہنے کا حکم دیا گیا، پس تمام وہ حدیثیں جن میں نماز میں کلام کا ذکر ہے: منسوخ ہیں (یہ مسئلہ تحفۃ القاری ۳: ۵۲۰ میں گذرا ہے)

لغت: قَنَتَ (ن) قُنوتا کے معنی ہیں: خدا کا فرمان بردار ہونا، کمال انکساری کے ساتھ اظہار بندگی کرنا، خاموشی اس کا لازمی تقاضا ہے، اس لئے کلام فی الصلاۃ کی ممانعت کردی گئی (تفصیل تحفۃ القاری ۳: ۲۶۳ میں ہے)

[۴۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ﴾ مُطِيْعِيْنَ

[۴۵۳۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ شُبَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: كُنَّا نَتَكَلَّمُ فِي الصَّلاَةِ، يُكَلِّمُ أَحَدُنَا أَخَاهُ فِي حَاجَتِهِ حَتّٰى نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ﴾ فَأُمِرْنَا بِالسُّكُوْتِ.

[راجع: ۱۲۰۰]

خوف شدید ہو اور صلوٰۃ الخوف پڑھنے کی کوئی صورت نہ ہو تو نماز کیسے پڑھیں؟

اگر دشمن کا یا درندہ وغیرہ کا ڈر ہو، اور زمین پر اتر کر جماعت کرنا اور صلوٰۃ الخوف پڑھنا مشکل ہو تو پھر ہر شخص تنہا تنہا نماز پڑھے، سوار سواری پر اور پیادہ زمین پر، حنفیہ اسی کے قائل ہیں کہ اگر جنگ ہو رہی ہو یا جنگ تو نہیں ہو رہی مگر خطرہ شدید ہے تو ہر شخص تنہا نماز پڑھے، لیکن نماز رک کر پڑھنا ضروری ہے، چل بھی رہا ہو اور نماز بھی پڑھ رہا ہو یا سواری چل رہی ہو اور نماز پڑھ رہا ہو یہ صحیح نہیں، نماز نہیں ہوگی۔ یہ مسئلہ سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۹ میں ہے: ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ﴾ الآیۃ: پھر اگر تم کو اندیشہ ہو تو کھڑے کھڑے یا سواری پر چڑھے ہوئے نماز پڑھ لیا کرو، پھر جب تم کو اطمینان ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کو اس طرح یاد کرو یعنی نماز پڑھو جس طرح تم کو سکھلایا ہے وہ طریقہ جو تم نہیں جانتے تھے۔

حدیث: نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: جب حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نمازِ خوف پڑھنے کا طریقہ پوچھا جاتا تو وہ فرماتے: امام آگے بڑھے اور لوگوں کی ایک جماعت بھی، پس امام ان کو ایک رکعت پڑھائے، اور ان کی دوسری جماعت نمازیوں کے درمیان اور دشمن کے درمیان رہے، وہ ابھی نماز میں شامل نہیں ہوئی، پھر جب وہ لوگ جو امام کے ساتھ ہیں ایک رکعت پڑھ چکیں تو پیچھے چلے جائیں، ان لوگوں کی جگہ جو نماز میں شامل نہیں ہوئے اور وہ سلام نہ پھیریں، اور آگے آئیں وہ لوگ جو نماز میں شامل نہیں ہوئے پس وہ امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھیں، پھر امام لوٹ جائے درانحالیکہ اس

نے دو رکعتیں پڑھ لیں یعنی وہ سلام پھیر لے، پھر دونوں جماعتوں میں سے ہر ایک کھڑی ہو اور اپنی ایک ایک رکعت پڑھ لے امام کے سلام پھیرنے کے بعد، پس دونوں جماعتوں میں سے ہر ایک کی دو رکعتیں ہوگئیں ــــــ پس اگر اندیشہ اس سے زیادہ ہو تو لوگ نماز پڑھیں پیادہ اپنے پیروں پر کھڑے ہوئے یا سوار ہوکر، خواہ قبلہ کی طرف منہ ہو یا نہ ہو ــــــ امام مالک رحمہ اللہ کہتے ہیں: میرے خیال میں ابن عمر رضی اللہ عنہما یہ بات نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں یعنی حقیقت میں یہ حدیث مرفوع ہے۔

[٤٤-] بَابُ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالاً أَوْ رُكْبَانًا فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوْا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَالَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ﴾[البقرة: ٢٣٩]

[٤٥٣٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ إِذَا سُئِلَ عَنْ صَلاَةِ الْخُوْفِ، قَالَ: يَتَقَدَّمُ الإِمَامُ وَطَائِفَةٌ مِنَ النَّاسِ فَيُصَلِّىْ بِهِمِ الإِمَامُ رَكْعَةً، وَتَكُوْنُ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْعَدُوِّ لَمْ يُصَلُّوْا، فَإِذَا صَلَّى الَّذِيْنَ مَعَهُ رَكْعَةً اسْتَأْخَرُوْا مَكَانَ الَّذِيْنَ لَمْ يُصَلُّوْا، وَلاَ يُسَلِّمُوْنَ، وَيَتَقَدَّمُ الَّذِيْنَ لَمْ يُصَلُّوْا فَيُصَلُّوْنَ مَعَهُ رَكْعَةً، ثُمَّ يَنْصَرِفُ الإِمَامُ وَقَدْ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَيَقُوْمُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَ الطَّائِفَتَيْنِ فَيُصَلُّوْنَ لِأَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً بَعْدَ أَنْ يَنْصَرِفَ الإِمَامُ، فَيَكُوْنُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَ الطَّائِفَتَيْنِ قَدْ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ.

فَإِنْ كَانَ خَوْفٌ هُوَ أَشَدُّ مِنْ ذٰلِكَ صَلَّوْا رِجَالاً قِيَامًا عَلٰى أَقْدَامِهِمْ، أَوْ رُكْبَانًا مُسْتَقْبِلِىْ الْقِبْلَةِ أَوْ غَيْرَ مُسْتَقْبِلِيْهَا.

قَالَ مَالِكٌ: قَالَ نَافِعٌ: لاَ أُرَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ ذَكَرَ ذٰلِكَ إِلاَّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٩٤٢]

ملحوظہ: ہمارے نسخہ میں باب اور حدیث کے درمیان میں مشکل الفاظ کے معانی ہیں اور عمدۃ القاری میں حدیث باب کے ساتھ ہے اور مفردات کے معانی بعد میں ہیں، میں نے عمدہ کے نسخہ کے مطابق حدیث باب کے ساتھ رکھی ہے اور غریب الفاظ کی وضاحت بعد میں کی ہے۔

[١-] وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ: ﴿كُرْسِيُّهُ﴾ عِلْمُهُ. [٢-] يُقَالُ: ﴿بَسْطَةً﴾ زِيَادَةً وَفَضْلاً. [٣-] ﴿أَفْرِغْ﴾ أَنْزِلْ. [٤-] ﴿يَئُوْدُهُ﴾: يُثْقِلُهُ، آدَنِىْ: أَثْقَلَنِىْ، وَالآدُ وَالأَيْدُ: الْقُوَّةُ. [٥-] ﴿فَبُهِتَ﴾: ذَهَبَتْ حُجَّتُهُ. [٦-] ﴿خَاوِيَةٌ﴾: لاَ أَنِيْسَ فِيْهَا. [٧-] ﴿عُرُوْشِهَا﴾: أَبْنِيَتِهَا. [٨-] السِّنَةُ: النُّعَاسُ. [٩-] ﴿نُنْشِزُهَا﴾:

نُخْرِجُهَا. [-۱۰] ﴿إِعْصَارٌ﴾: رِيْحٌ عَاصِفٌ تَهُبُّ مِنَ الْأَرْضِ إِلَى السَّمَاءِ كَعَمُوْدٍ، فِيْهِ نَارٌ. [-۱۱] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿صَلْدًا﴾ لَيْسَ عَلَيْهِ شَيْئٌ. [-۱۲] وَقَالَ عِكْرِمَةُ: ﴿وَابِلٌ﴾ مَطَرٌ شَدِيْدٌ، الطَّلُّ: النَّدَى، وَهٰذَا مَثَلُ عَمَلِ الْمُؤْمِنِ. [-۱۳] ﴿يَتَسَنَّهْ﴾: يَتَغَيَّرْ.

مفردات کے معانی

۱-آیت الکرسی (سورۃ البقرۃ آیت ۲۵۵) میں ہے: ﴿وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ﴾: اللہ تعالیٰ کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے —— کرسی کے معنی ہیں: تخت، حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے نزدیک: عرش اور کرسی ایک چیز ہیں، تخت نشینی اور چیر مینی کا ایک مطلب ہے —— دوسرے حضرات کہتے ہیں: کرسی ایک مخلوق ہے، عرش سے چھوٹی اور آسمانوں سے بڑی —— پھر اصحاب ظواہر (سلفی) کہتے ہیں: کرسی کے حقیقی معنی مراد ہیں، یعنی بیٹھنے کی کرسی، مگر اس کی نوعیت مجہول (انجانی) ہے —— اور حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ (تابعی) نے اس کی تاویل علم الٰہی سے کی ہے، اور وہ یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت بھی کرتے ہیں۔

۲-طالوت کو بادشاہ مقرر کیا گیا، لوگوں نے اعتراض کیا کہ وہ بادشاہ کیسے ہو سکتے ہیں: ان کو مالی وسعت حاصل نہیں؟ سورۃ البقرۃ آیت ۲۴۷ میں پیغمبر وقت نے ان کو جواب دیا: ﴿إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَاهُ، وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ﴾: اللہ تعالیٰ نے ان کو تم میں سے منتخب فرمایا ہے، اور ان کو علم و جسامت میں زیادتی دی ہے —— بسطة (مصدر) کے معنی ہیں: زیادتی، فضل، وسعت اور گنجائش۔

۳-جب طالوت کا لشکر جالوت کے مقابل ہوا تو فوجیوں نے دعا کی: ﴿رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا﴾: اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر (استقلال) نازل فرما (سورۃ البقرۃ آیت ۲۵۰) —— أفرغ کے معنی ہیں: انڈیلنا، ریڑھنا، برتن وغیرہ سے کوئی چیز نکال کر ڈالنا، اور أفرغ علیه الصبر کے معنی ہیں: کسی کو صبر دینا، قوت برداشت عطا کرنا۔

۴-آیت الکرسی (سورۃ البقرۃ آیت ۲۵۵) میں ہے: ﴿وَلَا يَئُوْدُهُ حِفْظُهُمَا﴾: اور اللہ تعالیٰ پر آسمانوں اور زمین کی حفاظت کچھ گراں نہیں —— آدَ (بروزن قال) يَئُوْدُ (بروزن یقول) أَوْد (بروزن قول) مصدر باب نصر، آدَ الشيئُ حامِلَه: بوجھل بنا دینا، تھکا دینا، بوجھ کی وجہ سے جھکا دینا —— اسم الآد اور الأید: قوت وطاقت، سورہ صٓ (آیت ۱۷) میں ہے: ﴿وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُدَ ذَا الْأَيْدِ﴾: اور ہمارے بندے داؤد کو یاد کرو جو بڑی قوت اور ہمت والے تھے۔

۵-سورۃ البقرۃ (آیت ۲۵۸) میں ابراہیم علیہ السلام کا نمرود (بروزن امرود) کے ساتھ مناظرہ ہوا، جب ابراہیم علیہ السلام نے کہا: اللہ تعالیٰ ہر روز مشرق سے سورج نکالتے ہیں پس اگر تو خدا ہے تو (ایک ہی دن) مغرب سے نکال دے: ﴿فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ﴾: پس کافر ہکا بکا رہ گیا، کچھ جواب بن نہ آیا —— بُهِت (س) بَهْتًا: حیرت میں ڈالنا، متحیر ہو کر

خاموش ہوجانا، دلیل سے مغلوب ہوکر رنگ پھیکا پڑ جانا۔

۷۔ سورۃ البقرۃ (آیت ۲۵۹) میں ایک مثال بیان ہوئی ہے: نمرود نے ایک پھانسی کے مجرم کو آزاد کردیا، اور کہا: دیکھو، میں نے مردے کو زندہ کردیا، اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں: مردے کو زندہ کرنا یہ ہے یا جیسے وہ شخص (عزیر علیہ السلام) جو ایک بستی (بیت المقدس) سے گذرا، درانحالیکہ وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی تھی الی آخرہ: ﴿أَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا﴾ خاویة: (اسم فاعل): گری ہوئی، خَوَی المکانُ (ض) خَوَاء: کسی جگہ یا مکان کا اپنے مکینوں سے یا دوسری اندر کی چیزوں سے خالی ہوجانا، لاأنیس فیھا: اس بستی میں انسان نام کی کوئی مخلوق نہیں تھی —— اور عروش: عرش کی جمع ہے: چھت، مراد: مکانات ہیں.......... أبنیة: بناء کی جمع ہے، مکانات۔

۸۔ آیت الکرسی میں ہے: ﴿لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ﴾: اللہ تعالیٰ کو نہ اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند —— سِنَة کے معنی ہیں: نیند کی جھپکی، غنودگی۔

۹۔ سورۃ البقرۃ (آیت ۲۵۹) میں جو مثال بیان ہوئی ہے، اس میں ہے: ﴿وَانْظُرْ إِلَى الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا﴾: اور (گدھے کی) ہڈیوں کی طرف دیکھ: ہم کس طرح ان کو ان کی جگہ سے نکالتے ہیں؟ —— نَشَزَ (ن ض) نَشْزًا: اٹھنا، بلند ہونا، أَنْشَزَ (افعال): کسی چیز کو اس کی جگہ سے ہٹانا، أَنْشَزَ اللہ عظامَ المیت: مردے کی ہڈیوں کو اکٹھا کرکے ان کی جگہ پر جوڑ دینا۔

۱۰۔ صدقہ کرکے احسان جتلانا یا آزار پہنچانا: صدقہ کو باطل کردیتا ہے، سورۃ البقرۃ آیت ۲۶۶ میں اس کی سنگینی کو ایک مثال سے سمجھایا ہے: کسی کا کھجور کا یا انگور کا باغ ہو، جس میں نہریں رواں ہوں، اور مالک کا بڑھاپا آگیا ہو، اور اس کی ناتواں اولاد ہو، پس کیا کسی کو یہ بات پسند ہے کہ اس باغ پر بگولا آئے، جس میں آگ ہو، پس وہ جل کر راکھ ہوجائے؟ ظاہر ہے یہ بات کسی کو پسند نہیں، پھر وہ اپنے صدقات کے باغ کو احسان جتلا کر یا تکلیف پہنچا کر کیوں خاکستر کردیتا ہے؟ (ماخوذ از فوائد شیخ الہند) —— اس مثال میں لفظ إعصار آیا ہے، اس کی جمع أعاصر اور أعاصیر ہیں، اور معنی ہیں: بولا، ہوا کا چکر، جو زمین سے اوپر کو ستون کی طرح اٹھتا ہے، اس میں کبھی آگ (تیز گرمی) بھی ہوتی ہے۔

۱۱۔ سورۃ البقرۃ (آیت ۲۶۴) میں اس شخص کی مثال آئی ہے جو احسان جتلا کر یا ایذاء پہنچا کر صدقہ باطل کرتا ہے کہ ایک چکنا پتھر ہے، جس پر کچھ مٹی آگئی، پھر اس پر زور کی بارش پڑ جائے تو وہ مٹی کو بالکل صاف کردے گی، اسی طرح احسان جتلانے والوں کو اور ایذاء پہنچانے والوں کو اپنی کمائی ذرا بھی ہاتھ نہیں آئے گی —— اس مثال میں لفظ صَلْد آیا ہے، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس کے معنی کئے ہیں: اس پر کچھ بھی باقی نہیں رہے گا، صَلْد کے لغوی معنی ہیں: سپاٹ۔

۱۲۔ سورۃ البقرۃ (آیت ۲۶۴) میں اس مؤمن کی مثال بیان ہوئی ہے جو اللہ کی رضا جوئی کے لئے اور اپنے نفس میں پختگی پیدا کرنے کے لئے خرچ کرتا ہے: جیسے ٹیلے (بلندی) پر کوئی باغ ہو، اس پر زور کی بارش برسے تو باغ دونا پھل دے گا،

اور اگر زور کا مینہ نہ برسے تو ہلکی پھوار بھی اس کے لئے کافی ہوجائے گی ــــــ اس مثال میں لفظ وابل آیا ہے، حضرت عکرمہ رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ 'زور کی بارش' کیا ہے، اور طلّ کا ترجمہ شبنم کیا ہے (شبنم ہلکی پھوار ہوتی ہے)

۱۳- سورۃ البقرۃ (آیت ۲۵۹) میں حضرت عزیر علیہ السلام کی جو مثال بیان ہوئی ہے: اس میں ہے: ﴿فَانْظُرْ إِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ﴾: پس آپ اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھیں: وہ سڑی گلی نہیں، اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ــــــ سَنِهَ (س) الطعام أو الشراب: خراب ہوجانا، بگڑ جانا، تَسَنَّهَ (تفعل) کے بھی یہی معنی ہیں: سڑ جانا، خراب ہوجانا، بدبودار ہوجانا ــــــ لم يتسنه: مضارع مجزوم ہے۔

نئی سند سے حدیث کی تخریج کرنے کے لئے باب مکرر لائے

ابھی (حدیث ۴۵۳۰) یہ باب اور حدیث گذری ہے، چونکہ وہی حدیث دوسری سند سے لانی تھی اس لئے باب مکرر لائے، اور امام بخاریؒ کے استاذ الاستاذ حمید کی روایت کے آخر میں أو نحو هذا ہے، یزید کی روایت میں یہ جملہ نہیں ہے۔

[٤٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا﴾ [البقرة: ٢٤٠]

[٤٥٣٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الْأَسْوَدِ، وَيَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَا: حَدَّثَنَا حَبِيْبُ بْنُ الشَّهِيْدِ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ: قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ: قُلْتُ لِعُثْمَانَ: هٰذِهِ الْآيَةُ الَّتِي فِي الْبَقَرَةِ: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿غَيْرَ إِخْرَاجٍ﴾ قَدْ نَسَخَتْهَا الْأُخْرَى، فَلِمَ تَكْتُبُهَا؟ قَالَ: نَدَعُهَا، يَا ابْنَ أَخِي لَا أُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْهُ مِنْ مَكَانِهِ قَالَ حُمَيْدٌ: أَوْ نَحْوَ هٰذَا.

[راجع: ٤٥٣٠]

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی احیائے موتی کے مشاہدہ کی درخواست شک کی وجہ سے نہیں تھی

نمرود نے ایک بے گناہ کو قتل کر کے اور ایک پھانسی کے مجرم کو معاف کر کے کہا تھا: میں بھی مارتا جلاتا ہوں، پھر ابراہیم! تیرے رب کی کیا خصوصیت رہی! ابراہیم علیہ السلام نے اس کا کچھ جواب نہیں دیا، کیونکہ وہ مارنے جلانے کی حقیقت ہی نہیں سمجھ رہا تھا، بلکہ دوسری دلیل پیش کی جس کا وہ کوئی جواب نہ دے سکا ــــــ مگر قارئ قرآن کو جواب چاہئے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے دو مثالیں بیان کیں اور بتایا کہ مارنا جلانا یہ ہے، نہ کہ وہ جو نمرود نے کیا تھا ــــــ ایک مثال: عزیز علیہ السلام کی بیان کی، اللہ تعالیٰ نے ان کو سو سال تک مردہ رکھا، پھر زندہ کر کے اٹھایا، اور ان کے سواری کے گدھے کو بھی میرے پیچھے ان کی نظروں کے سامنے زندہ کیا ــــــ دوسری مثال: ابراہیم علیہ السلام کی بیان کی، انھوں نے درخواست کی کہ ان کو احیاء موتی کی کیفیت دکھائی جائے، پس حکم ملا چار پرندے لے لو، ان کو اپنے سے مانوس کرلو، پھر ذبح کر کے ان کے ٹکڑے ٹکڑے کردو،

اور ہر پہاڑ پر ان میں کا ایک حصہ رکھ دو، پھر ان کو آواز دو، وہ دوڑتے ہوئے چلے آئیں گے، یہ ہے مارنا جلانا، نہ کہ وہ جو نمرود نے کیا۔

اور ابراہیم علیہ السلام نے درخواست اللہ کی اس صفت میں شک کی بنا پر نہیں کی تھی، نبی ﷺ نے فرمایا: ایسا شک تو ہم بدرجۂ اولیٰ کر سکتے ہیں، کیونکہ علم کے دو درجے ہیں: علم الیقین اور حق الیقین (عین الیقین) کسی بات کو قطعی طور پر جان لینا علم الیقین ہے، پھر اس کا آنکھ سے مشاہدہ کرنا حق الیقین ہے، پس اگر کوئی علم الیقین کو ترقی دینے کے لئے مشاہدہ کی درخواست کرے تو اس میں کچھ حرج نہیں، چنانچہ جب اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام سے پوچھا: ﴿أَوَلَمْ تُؤْمِنْ؟﴾: تو انھوں نے قوت سے جواب دیا: ﴿بَلٰى﴾: کیوں نہیں! معلوم ہوا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو احیائے موتی کی صفت میں شک نہیں تھا، بلکہ وہ علم الیقین کو ترقی دے کر حق الیقین بنانا چاہتے تھے، اور ایسی خواہش تو ہر مؤمن کی ہوتی ہے (تحفۃ القاری ۶: ۵۸۱)

[۴۶-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ رَبِّ أَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمُوْتٰى﴾ [البقرة: ۲۶۰]

[۴۵۳۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَسَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " نَحْنُ أَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ إِبْرَاهِيْمَ، إِذْ قَالَ: ﴿رَبِّ أَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمُوْتٰى قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ﴾ [راجع: ۳۳۷۲] ﴿فَصُرْهُنَّ﴾: قَطِّعْهُنَّ.

لغت: مذکورہ آیت میں: ﴿فَصُرْهُنَّ﴾ آیا ہے، صُرْ (صاد کے پیش کے ساتھ فعل امر ہے) از صار یصور صَوْرًا (بروزن قَال یقول قولاً: از باب نصر) صار الشیئَ إلیه کے معنی ہیں: جھکانا، مائل کرنا، نزدیک کرنا —— اور صِرْ (صاد کے زیر کے ساتھ بھی فعل امر ہے) از صار یصیر صَیرا (بروزن باع یبیع بَیعا: آیت میں دونوں قراءتیں ہیں، پھر کہا گیا کہ باب نصر کے معنی: ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے ہیں، اور باب ضرب کے معنی: مائل کرنے کے ہیں، اور کہا گیا کہ دونوں باب دونوں معنی میں مشترک ہیں، مگر إلیك قرینہ ہے کہ 'ہلانے' کے معنی بہتر ہیں، اردو مترجمین بھی یہی ترجمہ کرتے ہیں۔

محسوس مثال سے سمجھایا کہ منّ واذی صدقہ کو باطل کر دیتے ہیں

سورۃ البقرۃ (آیت ۲۶۴) میں نظیر پیش کر کے سمجھایا تھا کہ منّ واذی صدقہ کو بے کار کر دیتے ہیں، فرمایا تھا کہ خیرات کر کے احسان جتلانا یا ایذاء پہنچانا ایسا ہے جیسا لوگوں کو دکھلانے کے لئے خرچ کرنا، دونوں عمل بے گری کی مونگ پھلی ہیں، بظاہر صدقہ ہیں مگر بے نتیجہ ہیں —— اب آیت ۲۶۶ میں اس بات کو ایک محسوس مثال سے سمجھاتے ہیں، ارشاد پاک ہے:

﴿أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ أَنْ تَكُوْنَ لَهُ جَنَّةٌ مِنْ نَخِيْلٍ وَأَعْنَابٍ، تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ، لَهُ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ، وَأَصَابَهُ الْكِبَرُ، وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ، فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ، كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ

تَتَفَكَّرُوْنَ﴾: کیاتم میں سے کسی کو یہ بات پسند ہے کہ اس کے لئے کھجوروں اور انگوروں کا باغ ہو، اس کے نیچے نہریں بہتی ہوں یعنی اس کی سرسبزی کا سامان موجود ہو، اس کے لئے اس باغ میں ہر طرح کے میوے ہوں یعنی اس میں کھجور اور انگور کے علاوہ اور بھی پھل دار درخت ہوں، اور اس کو بڑھاپا آ گیا ہو، یعنی وہ دوسرا باغ تیار کرنے کی پوزیشن میں نہ رہا ہو، اور اس کے کمزور اہل وعیال ہوں یعنی خرچ کی اس پر دوہری ذمہ داری ہو، پس اس باغ کو ایک ایسا بگولا پہنچے جس میں آگ ہو، پس وہ خاکستر ہو جائے؟ (ظاہر ہے یہ بات کوئی پسند نہیں کرتا، پھر وہ منّ واذی کے ذریعہ اپنے صدقہ کے ابطال کو کیسے گوارا کر لیتا ہے؟) اسی طرح اللہ تعالیٰ تمہارے لئے محسوس مثالیں بیان کرتے ہیں تاکہ تم سوچو (اور صدقہ کو ضائع نہ کرو)

حدیث: کی سند میں درمیان سے اوپر کی طرف تحویل ہے: ابن جریج کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن ابی ملیکہ کو ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہوئے سنا (دوسری سند) اور ابن جریج نے کہا: اور میں نے عبداللہ کے بھائی ابوبکر بن ابی ملیکہ کو عبید بن عمیر سے روایت کرتے ہوئے سنا۔ عبید کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دن نبی ﷺ کے صحابہ سے پوچھا: آیت کریمہ: ﴿أَيَوَدُّ﴾: تمہارے گمان میں کس معاملہ میں نازل ہوئی ہے؟ یعنی مقصد کلام کیا ہے؟ صحابہ نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں! اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو غصہ آیا، اور فرمایا: کہو: ہم جانتے ہیں یا نہیں جانتے یعنی تمہارا یہ جواب صحیح نہیں (جیسا کہ تشریح میں آ رہا ہے) پس ابن عباسؓ نے کہا: میرے دل میں اس آیت سے متعلق کچھ ہے اے امیر المؤمنین! یعنی میں آیت کا ایک مطلب سمجھتا ہوں، حضرت عمرؓ نے کہا: بھتیجے! کہو، اور اپنے کو معمولی مت سمجھو (اس کی وضاحت بھی تشریح میں آ رہی ہے) ابن عباسؓ نے کہا: ایک عمل کی مثال بیان کی گئی ہے، حضرت عمرؓ نے پوچھا: کس عمل کی؟ ابن عباسؓ نے کہا: ایک خاص عمل کی (اس سے زیادہ وہ وضاحت نہ کر سکے یا حضرت عمرؓ کا جلال مانع ہوا) تو حضرت عمرؓ نے بات پوری کی، فرمایا: ایک مالدار آدمی کے عمل کی (مثال بیان کی ہے) جو اللہ کی فرماں برداری والا کام کرتا ہے یعنی صدقہ خیرات کرتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ اس کے لئے شیطان کو بھیجتے ہیں (وہ آ کر ورغلاتا ہے) پس وہ گناہ کے کام کرتا ہے (احسان جتلاتا ہے یا آزار پہنچاتا ہے) یہاں تک کہ وہ اس کے اعمالِ صالحہ (خیرات) کو ڈوبا دیتا ہے یعنی ناکارہ کر دیتا ہے۔

تشریحات:

۱- نبی ﷺ جب صحابہ سے کوئی سوال کرتے تھے تو وہ اللہ ورسولہ أعلم کہتے تھے، اور وہ جواب مناسب تھا، کیونکہ وحی کا سلسلہ جاری تھا، اگر معروف جواب کے علاوہ کوئی جواب ہوگا تو وہ وحی سے معلوم ہو جائے گا، پس دخل در معقولات ٹھیک نہیں تھا، جیسے حجۃ الوداع میں آپؐ نے لوگوں سے تین سوال کئے: یہ کونسا مہینہ ہے؟ یہ کونسا دن ہے؟ یہ کونسا شہر ہے؟ سب کا جواب صحابہ نے دیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، اور اس کی وجہ بیان کی: **ظننا أنه سَيُسَمِّيْه بغير اسمه**: ہم نے گمان کیا کہ آپؐ ان کا معروف ناموں کے علاوہ کوئی اور نام رکھیں گے (بخاری حدیث ۱۷۴۱) ــــ مگر آپؐ کے بعد وحی بند ہو گئی، پس اب یہ جواب صحیح نہیں، بے شک اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں، مگر اس کا علم کیسے ہوگا؟ اب جواب أعلم یا لا

أعلم ہونا چاہئے۔

۲- اگر کسی سوال کا جواب ذہن میں آئے تو بے تکلف بتا دینا چاہئے، یہ نہیں سوچنا چاہئے کہ چھوٹا منہ بڑی بات ہوگی، ایک مجلس میں نبی ﷺ نے صحابہ سے پوچھا: بتاؤ، وہ کونسا درخت ہے جو مؤمن کی مثال ہے؟ کسی نے جواب نہ دیا تو آپؐ نے بتلایا وہ کھجور کا درخت ہے، مجلس کے بعد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ابا سے کہا: میرے ذہن میں جواب آیا تھا، مگر میں چھوٹا تھا اس لئے خاموش رہا، حضرت عمرؓ نے کہا: تم بولتے تو میرے لئے سرخ اونٹوں سے زیادہ بہتر ہوتا! حضرت عمرؓ نے بھی ابن عباسؓ سے یہی بات کہی ہے کہ بولو، خود کو معمولی مت سمجھو۔

۳- اس آیت کو گذشتہ آیات کے تناظر میں سمجھنا چاہئے، فوائد شیخ الہند اور بیان القرآن میں مقصد کلام کو صحیح بیان کیا ہے، عام طور پر آیت کا جو مطلب بیان کیا جاتا ہے وہ موزوں نہیں، ان تفسیروں میں آیت کا ماسبق سے ربط باقی نہیں رہتا۔

[٤٧-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ أَنْ تَكُوْنَ لَهُ جَنَّةٌ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿تَتَفَكَّرُوْنَ﴾

[٤٥٣٨-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِيْ مُلَيْكَةَ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ح: وَسَمِعْتُ أَخَاهُ أَبَا بَكْرِ بْنَ أَبِيْ مُلَيْكَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ يَوْمًا لِأَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: فِيْمَ تَرَوْنَ هٰذِهِ الآيَةَ نَزَلَتْ: ﴿أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ أَنْ تَكُوْنَ لَهُ جَنَّةٌ﴾؟ قَالُوْا: اللهُ أَعْلَمُ، فَغَضِبَ عُمَرُ فَقَالَ: قُوْلُوْا: نَعْلَمُ أَوْلاَ نَعْلَمُ! فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فِيْ نَفْسِيْ مِنْهَا شَيْئٌ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! قَالَ عُمَرُ: يَا ابْنَ أَخِيْ! قُلْ وَلاَ تَحْقِرْ نَفْسَكَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ضُرِبَتْ مَثَلاً لِعَمَلٍ، قَالَ عُمَرُ: أَيُّ عَمَلٍ؟ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لِعَمَلٍ، قَالَ عُمَرُ: لِرَجُلٍ غَنِيٍّ يَعْمَلُ بِطَاعَةِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ، ثُمَّ بَعَثَ اللهُ لَهُ الشَّيْطَانَ، فَعَمِلَ بِالْمَعَاصِيْ حَتَّى أَغْرَقَ أَعْمَالَهُ.

غریب لگ لپٹ کر نہ مانگے!

سورۃ البقرۃ (آیت ۲۷۳) میں ضمناً آیا ہے: ﴿لَا يَسْأَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾: اصحابِ صفّہ کسی سے لگ لپٹ کر نہیں مانگتے، البتہ ان کے چہروں سے ان کی فلاکت (غریبی) کا اندازہ ہوجاتا ہے، ایسوں کو دینے میں زیادہ ثواب ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''مسکین وہ نہیں جو کھجور دو کھجور کے لئے اور لقمہ دو لقمہ کے لئے دربدر گھومتا ہے، بلکہ مسکین وہ ہے جو مانگنے سے بچتا ہے، اور پڑھو تم اگر چاہو: ﴿لَا يَسْأَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾: وہ (اصحابِ صفہ) لوگوں سے لگ لپٹ کر نہیں مانگتے۔

تشریح: جس شخص کا پیشہ مانگنا ہے وہ کامل مسکین نہیں، اس کو گذارہ کے بقدر مل ہی جاتا ہے، بلکہ کامل مسکین وہ ہے جس کے پاس بقدر ضرورت نہیں ہے، اور سوال بھی نہیں کرتا، شرم مانع بنتی ہے، اور مجبوری میں مانگتا ہے تو اصرار نہیں کرتا، ایسے شخص

کی مدد کرنا اور اس پر خرچ کرنا بڑا کارِ ثواب ہے (تحفۃ القاری ۴:۲۵۸)

لغت: الحاف، الحاح اور احفاء کے ایک معنی ہیں، أَلْحَفَ عَلَيَّ السائلُ: اصرار کے ساتھ مانگنا، ضد کرکے مانگنا ـــــ أَلَحَّ فلان علی الشیئ: کسی چیز پر مصر ہونا، اڑنا، أَلَحَّ علیه بالمسألة: اصرار کے ساتھ مانگنا، مانگنے میں ضد کرنا، پیچھے پڑ کر مانگنا، سر ہوجانا ـــــ أَحْفَی فلانا: بار بار سوال کرکے پریشان کرنا، أحْفَی السؤال: بار بار سوال کرنا، حد سے بڑھ جانا، سورہ محمد (آیت ۳۷) میں ہے: ﴿إِنْ یَسْأَلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا﴾: اگر اللہ تعالیٰ تم سے تمہارے مال طلب کریں، اور انتہائی درجہ تک تم سے طلب کریں تو تم بخل کرنے لگو گے ـــــ أَجْهَدَ فلانا: مشقت میں ڈالنا، تھکا دینا۔

[۴۸-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿لَايَسْئَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾ [البقرة: ۲۷۳]

يُقَالُ: أَلْحَفَ عَلَيَّ، وَأَلَحَّ عَلَيَّ، وَأَحْفَانِيْ بِالْمَسْأَلَةِ ﴿فَيُحْفِكُمْ﴾ يُجْهِدُكُمْ.

[۴۵۳۹-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ شَرِيْكُ بْنُ أَبِيْ نَمِرٍ، أَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِيْ عَمْرَةَ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَا: سَمِعْنَا أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ الَّذِيْ تَرُدُّهُ التَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ وَلَا اللُّقْمَةُ وَلَا اللُّقْمَتَانِ، إِنَّمَا الْمِسْكِيْنُ الَّذِيْ يَتَعَفَّفُ، وَاقْرَءُوْا إِنْ شِئْتُمْ - يَعْنِيْ - قَوْلَهُ: ﴿لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾

[راجع: ۱۴۷۶]

اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال اور سود کو حرام کیا ہے

سورۃ البقرۃ (آیت ۲۷۵) میں ہے کہ جو لوگ سود کھاتے ہیں، وہ (قیامت کے دن قبروں سے) نہیں کھڑے ہونگے مگر جس طرح کھڑا ہوتا ہے وہ شخص جس کو شیطان (جنّ) نے خبطی بنا دیا ہو لپٹ کر یعنی حیران و مدہوش کھڑے ہونگے، اس لئے کہ انھوں نے کہا: بیع سود کے مانند ہی ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام کیا ہے۔

تفسیر: کفار نے کہا: بیع سود کے مانند ہی ہے یعنی دونوں کا مقصد نفع کمانا ہے، پھر بیع جائز اور سود ناجائز ایسا کیوں؟ ان کو جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام کیا ہے، اور دونوں کا فرق وصف عنوانی میں رکھ دیا ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۵:۲۵) میں ہے، اور سود کھانے والے قیامت کے دن قبروں سے ایسے اٹھیں گے جیسے آسیب زدہ اور مجنون دنیا میں حواس باختہ کھڑا ہوتا ہے، اور حاشیہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے: آکل الربوا یُبعث یومَ القیامة مجنونا: سود خور قیامت کے دن پاگل اٹھایا جائے گا، اس حدیث کی وجہ سے المسّ کا ترجمہ 'جنون' کیا ہے۔

لغت: الْمَسّ مصدر ہے، مَسَّ يَمَسُّ مَسًّا: چھونا، ہاتھ لگانا، سورۃ الواقعہ میں ہے: ﴿لَايَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾: لوح محفوظ کو ہاتھ نہیں لگاتے مگر نہایت پاکیزہ بندے یعنی فرشتے، وہاں تک شیاطین کی پہنچ نہیں، پس وہ لوح محفوظ میں کیا گڑ

بڑھ کر سکتے ہیں؟

حدیث: پہلے گذری ہے: جب سورۃ البقرۃ کی آخری آیات نازل ہوئیں جو سود کی حرمت کے سلسلہ میں ہیں تو نبی ﷺ نے وہ لوگوں کو سنائیں، اس وقت شراب کی خرید وفروخت کی حرمت کا بھی اعلان کیا، کیونکہ دونوں قطعی حرام ہیں، اس لئے دونوں کا لین دین بھی حرام ہے۔

[٤٩-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَأَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا﴾ ﴿الْمَسُّ﴾: الْجُنُوْنُ.

[٤٥٤٠-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَتِ الآيَاتُ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِي الرِّبَا، وَقَرَأَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى النَّاسِ، ثُمَّ حَرَّمَ التِّجَارَةَ فِي الْخَمْرِ. [راجع: ٤٥٩]

اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں اور خیرات کو بڑھاتے ہیں

سود کی کمائی ایک نہ ایک دن ختم ہوجاتی ہے، تیسری پشت تک ضرور تباہی آتی ہے، سود سے بظاہر مال میں اضافہ ہوتا ہے مگر اللہ تعالیٰ اس کو دیر سویر ضرور مٹادیتے ہیں، اور خیرات کو بڑھاتے ہیں، اس سے مال میں برکت ہوتی ہے، اور دارین میں نیک نامی کا باعث بنتی ہے، اور حدیث وہی ہے جو گذشتہ باب میں آئی ہے، اس کو نئی سند سے لانے کے لئے نیا عنوان قائم کیا ہے۔

[٥٠-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا﴾ [البقرة: ٢٧٦]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: يُذْهِبُهُ.

[٤٥٤١-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الضُّحَى يُحَدِّثُ عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: لَمَّا أُنْزِلَتِ الآيَاتُ الأَوَاخِرُ مِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَتَلاَهُنَّ عَلَيْهِمْ فِي الْمَسْجِدِ، فَحَرَّمَ التِّجَارَةَ فِي الْخَمْرِ. [راجع: ٤٥٩]

سود خوروں کو جہاد کا الٹی میٹم!

سورۃ البقرۃ (آیات ۲۷۸و۲۷۹) میں ہے: ''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، اور جو بقایا سود ہے اس کو چھوڑ و، اگر تم ایمان والے ہو، پس اگر تم اس پر عمل نہ کرو تو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے جنگ کا الٹی میٹم سن لو!'' یعنی تمہارے ساتھ جہاد ہوگا اور بزور شمشیر تم سے سود خوری چھڑائی جائے گی —— ائذنوا: باب سمع سے فعل امر، صیغہ جمع مذکر حاضر ہے: جان لو تم، آگاہ ہوجاؤ تم أَذِنَ بِه إِذْنًا: جاننا —— اور حدیث وہی ہے جو ابھی آئی ہے، سود چونکہ قطعی حرام ہے، اس لئے اگر اجتماعی طور پر اس

کی خلاف ورزی کی جائے تو اسلامی حکومت ان لوگوں سے جہاد کرے، اس حرام کاروبار کو قطعاً گوارانہ کرے۔

[۵۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَإِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَأْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ﴾ فَاعْلَمُوْا

[۴۵۴۲-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَتِ الآيَاتُ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ، قَرَأَهُنَّ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَيْهِمْ فِي الْمَسْجِدِ، وَحَرَّمَ التِّجَارَةَ فِي الْخَمْرِ. [راجع: ۴۵۹]

مقروض کو مہلت دینی چاہئے، اور قرضہ معاف کردے تو اور بھی بہتر ہے

جب سود کی حرمت نازل ہوئی تو سورۃ البقرۃ (آیت ۲۷۵) میں کہا گیا کہ نزولِ حرمت سے پہلے جو سود لے چکے لے چکے، اس کو واپس کرنا ضروری نہیں: ﴿فَلَهُ مَاسَلَفَ﴾: —— پھر (آیت ۲۷۸ میں) حکم دیا کہ جو سود باقی ہے اس کو چھوڑ دو، اب اس کو نہیں لے سکتے: ﴿وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوا﴾ —— پھر (آیت ۲۷۹ میں) فرمایا کہ اگر تم سود لینے سے توبہ کرلو تو تم کو تمہارے اصل اموال مل جائیں گے: ﴿وَإِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ أَمْوَالِكُمْ﴾ —— پھر (آیت ۲۸۰ میں) فرمایا: اور اگر تنگ دست پاؤ یعنی مقروض اصل قرض بھی فوری طور پر واپس نہ کرسکتا ہو تو آسودگی تک مہلت دینا واجب ہے، اور یہ بات کہ تم قرضہ معاف ہی کردو اور بھی بہتر ہے، اگر تم (اس کے ثواب کو) جانو: ﴿وَإِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلٰى مَيْسَرَةٍ، وَأَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾ کان تامہ بمعنی وجد ہے —— اور حدیث وہی ہے جو ابھی گذری، نئی سند سے حدیث لانے کے لئے ابواب قائم کئے ہیں، اور 'خیر جاری' میں ہے کہ تکرار سے مقصود: ان آیات کے سنانے کا موقعہ، جگہ اور اسی موقعہ پر شراب کی تجارت کی حرمت بیان کرنا ہے (حاشیہ)

[۵۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلٰى مَيْسَرَةٍ، وَأَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾ [البقرۃ: ۲۸۰]

[۴۵۴۳-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ: عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ وَالأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا أُنْزِلَتِ الآيَاتُ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَرَأَهُنَّ عَلَيْنَا، ثُمَّ حَرَّمَ التِّجَارَةَ فِي الْخَمْرِ. [راجع: ۴۵۹]

سود کے سلسلہ کی آخری آیت

سود کے سلسلہ کی آخری آیت ہے: ﴿وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ إِلَى اللّٰهِ، ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ

﴿وَهُمْ لاَ يُظْلَمُوْنَ﴾: اوراس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی پیشی میں لائے جاؤ گے، پھر ہر شخص کو اس کے کئے کا پورا بدلہ ملے گا، اوران پر کسی قسم کا ظلم نہ ہوگا، یعنی مہلت دینے کا یا قرضہ معاف کرنے کا قیامت کے دن پورا صلہ ملے گا۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ پر جو آخری آیت نازل ہوئی وہ سود کی آیت ہے (اور حاشیہ میں طبری کے حوالہ سے روایت کے الفاظ یہ ہیں: آخر آية أُنزلت على النبی صلی الله علیه وسلم: ﴿وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ إِلَى اللّٰهِ﴾: یعنی سود کے سلسلہ میں جو آخری آیت نازل ہوئی ہے وہ یہ ہے پس اس آیت پر سود کا بیان پورا ہوا۔

[۵۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ إِلَى اللّٰهِ﴾[البقرة: ۲۸۱]

[٤٥٤٤-] حدثنا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: آخِرُ آيَةٍ نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم آيَةُ الرِّبَا.

دل کی کن باتوں پر مؤاخذہ ہوگا اور کن باتوں پر مؤاخذہ نہیں ہوگا؟

دل میں جو باتیں آتی ہیں وہ تین طرح کی ہوتی ہیں:

اول: وہ خیالات جن کا دل ہی سے تعلق ہوتا ہے، قول وفعل سے اس کا کچھ تعلق نہیں ہوتا، جیسے عقائد صحیحہ اور فاسدہ —— یہ باتیں اگر وسوسہ کے درجہ میں ہیں یعنی وہ خیالات دل میں جمے نہیں ہیں تو ان پر کوئی مواخذہ نہیں، ہاں جب وہ عزم کے درجہ میں پہنچ جائیں تو ان پر جزاؤ سزا مرتب ہوگی (تفصیل کے لئے دیکھیں معارف الحدیث ۱:۱۶۰)

دوم: وہ خیالات جن کا تعلق اقوال سے ہے، جیسے دل میں بیوی کو طلاق دینے کا خیال آیا، یا قسم کھانے کا، یا غلام آزاد کرنے کا، یا مطلقہ بیوی کو نکاح میں واپس لینے کا ارادہ ہوا تو جب تک زبان سے ان باتوں کا تکلم نہیں کرے گا: احکام مرتب نہیں ہونگے۔

سوم: وہ خیالات جن کا تعلق 'عمل' سے ہے، جیسے زنا کرنا، قتل کرنا، چوری کرنا وغیرہ۔ ان پر مؤاخذہ اس وقت ہوگا جب ان افعال کا صدور ہوجائے، پس اگر کسی نے دل میں ٹھانا کہ زنا کرنا ہے یا قتل کرنا ہے تو جب تک یہ افعال صادر نہ ہوں دنیا وآخرت میں اس پر کوئی مؤاخذہ نہیں —— البتہ گناہ کا صدور نیت صحیح ہونے کے باوجود کسی مانع کی وجہ سے نہ ہو تو اس پر آخرت میں مؤاخذہ ہوگا، جیسے دو شخص تلواریں لے کر بھڑے، پھر ایک نے دوسرے کو قتل کردیا تو دونوں جہنم میں جائیں گے، آخرت میں دونوں ہی قاتل ٹھہریں گے، کیونکہ جو مارا گیا وہ مرنے کے لئے نہیں آیا تھا، بلکہ وہ اپنے بھائی کو مارنے کے لئے آیا تھا، مگر اتفاق کہ وہ مار نہ سکا، مر گیا، اس لئے اللہ کے یہاں وہ بھی قاتل لکھا جائے گا (تحفۃ الالمعی ۷:۱۴۶)

آیتِ کریمہ: سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۸۴ ہے: ﴿لِلّٰهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ، وَإِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ

أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ، فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ، وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾: اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہے وہ سب کچھ جو آسمانوں میں ہے اور وہ سب کچھ جو زمین میں ہے، اور جو باتیں تمہارے دلوں میں ہیں ان کو اگر تم ظاہر کرو یا پوشیدہ رکھو: اللہ تعالیٰ تم سے اس کا حساب لیں گے، پھر جس کے لئے منظور ہوگا بخش دیں گے اور جس کے لئے منظور ہوگا سزا دیں گے، اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔

تفسیر: جو باتیں تمہارے دلوں میں ہیں: یہ ارشاد عام ہے، اس کے عموم کی وجہ سے صحابہ ڈر گئے، کیونکہ بعض اوقات دل میں بڑے گندے خیالات آتے ہیں، کبھی منکرانہ اور ملحدانہ خیالات دل ودماغ کو پریشان کرتے ہیں، پس آیت ۲۸۶ نازل ہوئی: ﴿لَايُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا﴾: اللہ تعالیٰ کسی شخص کو مکلّف نہیں بناتے، مگر اس کا جو اس کے اختیار میں ہے، اب بات واضح ہوگئی کہ ما في أنفسكم سے مراد: امور قلبیہ اختیاریہ ہیں، اور حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے میری امت سے دل کے برے خیالات اور وسوسوں کو معاف کر دیا ہے، ان پر کوئی مؤاخذہ نہ ہوگا، جب تک ان پر عمل نہ ہو، اور جب تک ان کو زبان سے نہ بولے (متفق علیہ)

حدیث: مروان الاصفر ایک صحابی سے روایت کرتے ہیں، ان کا خیال ہے کہ وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہیں (جیسا کہ اگلی حدیث میں آرہا ہے) —— اور ترمذی (حدیث ۳۰۱۳) میں سدّی کبیر مجہول استاذ کے واسطہ سے یہی بات حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں —— ابن عمرؓ کہتے ہیں: آیت وإن تبدوا منسوخ کی گئی ہے (اور ناسخ لایکلف اللہ ہے) —— متقدمین عام میں تخصیص کو اور مجمل کی وضاحت کو بھی نسخ کہتے تھے، جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے الفوز الکبیر کی فصل ناسخ ومنسوخ میں بیان کیا ہے، یہ اس کی ایک مثال ہے)

[٥٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾[البقرة: ٢٨٤]

[٤٥٤٥-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْكِيْنٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ مَرْوَانَ الْأَصْفَرِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم- وَهُوَ ابْنُ عُمَرَ-: أَنَّهَا قَدْ نُسِخَتْ: ﴿وَإِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ﴾ الآيَةَ.[طرفه: ٤٥٤٦]

وضاحت: أنها کی ضمیر کا مرجع آیت وإن تبدوا ہے یعنی یہ آیت منسوخ کی گئی ہے۔

سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیتیں

سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیتوں کے احادیث میں بڑے فضائل آئے ہیں، جو شخص رات میں یہ دو آیتیں پڑھ لے تو یہ

اس کے لئے کافی ہیں، حسب ارشادِ نبوی: یہ دو آیتیں جنت کے خزائن میں سے نازل فرمائی گئی ہیں۔

شانِ نزول: جب آیت کریمہ: ﴿وَإِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ﴾: نازل ہوئی تو چونکہ الفاظ عام تھے، اس لئے صحابہ نے سمجھا کہ غیر اختیاری خیالات کا بھی حساب ہوگا، انھوں نے اپنی یہ الجھن خدمتِ نبوی میں پیش کی، آپؐ نے فرمایا: اللہ کی طرف سے جو حکم آئے بے تأمل مان لو، اور کہو: سمعنا و أطعنا: ہم نے حکم سنا، اور ہم اس پر عمل کریں گے، چنانچہ صحابہ نے یہ کہا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی: ﴿آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ﴾ الأية: اللہ کے رسول ایمان لائے اس چیز پر جو ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے نازل کی گئی، اور مؤمنین بھی، سب یقین رکھتے ہیں اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اور اس کے رسولوں پر (اور وہ کہتے ہیں:) ہم اس کے پیغمبروں میں تفریق نہیں کرتے (کہ کسی کو مانیں اور کسی کو نہ مانیں ایسا نہیں کرتے) انھوں نے کہا: ہم نے آپ کا ارشاد سنا اور اس کو بخوشی مانا، ہم آپ کی بخشش چاہتے ہیں، اے ہمارے پروردگار! اور آپ ہی کی طرف ہم سب کو لوٹنا ہے۔

لغت: اس آیت میں ﴿غفرانك﴾ آیا ہے، غفران: مغفرة کی طرح مصدر ہے اور مفعول مطلق ہے، اور عامل وجوبا محذوف ہے، أى نطلب غفرانك یا اِغْفِرْ لنا: ہمارے گناہ بخش دے!

پھر دوسری آیت میں صحابہ کا ایک خلجان دور کیا گیا ہے کہ جب ہر خیال پر مؤاخذہ ہوگا تو عذاب سے کون بچے گا؟ فرمایا: ﴿لاَ يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلاَّ وُسْعَهَا، لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ، رَبَّنَا لاَ تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَّسِيْنَا أَوْ أَخْطَأْنَا﴾: اللہ تعالیٰ کسی کو مکلّف نہیں بناتے مگر اس کا جو اس کے اختیار میں ہو، اس کو ثواب بھی اسی کا ملتا ہے جو وہ ارادہ سے کرتا ہے، اور اس پر عذاب بھی اسی کا ہوتا ہے جس کا وہ ارادہ کرے، اے ہمارے پروردگار! ہماری دارو گیر نہ فرما اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں —— اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قد فعلتُ: میں ان امور میں تمہاری دارو گیر نہیں کروں گا، اور حدیث میں فرمایا: رُفع عن أمتى الخطأ و النسيان: میری امت سے چوک اور بھول اٹھادی گئی! یعنی ان کا گناہ نہیں ہوگا —— ﴿رَبَّنَا وَلاَ تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا﴾: اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر کوئی سخت حکم نہ بھیجیں، جس طرح ہم سے پہلے والوں پر آپ نے احکام بھیجے —— اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قد فعلتُ: میں ایسے بھاری احکام تم پر نازل نہیں کرونگا، چنانچہ دین آسان کرکے نازل فرمایا ﴿رَبَّنَا وَلاَ تُحَمِّلْنَا مَالاَ طَاقَةَ لَنَا بِهِ، وَاعْفُ عَنَّا، وَاغْفِرْلَنَا، وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلاَنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ﴾: اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر کوئی ایسا بار نہ ڈالیں جس کو ہم سہار نہ سکیں، اور ہم سے درگذر فرما! اور ہماری بخشش فرما! اور ہم پر مہربانی فرما! آپ ہمارے کارساز ہیں، پس آپ ہم کو کافروں پر غالب فرمائیں —— اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قد فعلتُ: میں تمہاری یہ سب خواہشیں پوری کرونگا (ترمذی حدیث ۳۰۱۵)

لغت: إِصْر کے معنی ہیں: بھاری بوجھ، سورۃ الاعراف (آیت ۱۵۷) میں ہے: ﴿وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلاَلَ

الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ﴾: اور نبی ﷺ ان لوگوں پر جو بوجھ اور طوق تھے ان کو دور کرتے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کا ترجمہ کیا ہے: عہد و پیمان، یہ لازمی معنی ہیں، کیونکہ امانت (تکلیف شرعی) کی کما حقہ بجا آوری ایک بھاری ذمہ داری ہے۔

حدیث: وہی ہے جو گذشتہ باب میں آئی ہے، ابن عمرؓ فرماتے ہیں: آیت ﴿وَإِنْ تُبْدُوْا﴾ منسوخ ہے، اور آیت: ﴿لاَ يُكَلِّفُ اللّٰهُ﴾ ناسخ ہے، یا کہیں کہ دوسری آیت نے پہلی آیت کے عموم میں تخصیص کی ہے یا یہ کہیں کہ دوسری آیت نے پہلی آیت کے اجمال کی وضاحت کی ہے، بات ایک ہے۔

[٥٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ءٰامَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ﴾ [البقرة: ٢٨٥]

[١-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿إِصْرًا﴾: عَهْدًا.

[٢-] وَيُقَالُ: ﴿غُفْرَانَكَ﴾: مَغْفِرَتَكَ، فَاغْفِرْ لَنَا.

[٤٥٤٦-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مَرْوَانَ الْأَصْفَرِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم- قَالَ: أَحْسِبُهُ ابْنَ عُمَرَ-: ﴿وَإِنْ تُبْدُوأ مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ﴾ قَالَ: نَسَخَتْهَا الآيَةُ الَّتِيْ بَعْدَهَا. [راجع: ٤٥٤٥]

(الحمد للہ! سورۃ البقرۃ کی تفسیر پوری ہوئی)



تفسیر سورۃ آلِ عمران

[۳] سورۃ آلِ عِمْرَانَ

[۱-] ﴿تُقَاةٌ﴾ وَتَقِيَّةٌ وَاحِدَةٌ. [۲-] ﴿صِرٌّ﴾: بَرْدٌ. [۳-] ﴿شَفَا حُفْرَةٍ﴾: مِثْلُ شَفَا الرَّكِيَّةِ، وَهُوَ حَرْفُهَا. [٤-] ﴿تُبَوِّئُ﴾: تَتَّخِذُ مُعَسْكَرًا. [٥-] وَالْمُسَوِّمُ: الَّذِيْ لَهُ سِيْمَاءٌ بِعَلَامَةٍ أَوْ بِصُوْفَةٍ أَوْ مَا كَانَ. [٦-] ﴿رِبِّيُّوْنَ﴾: الْجَمِيْعُ، وَالْوَاحِدُ رِبِّيٌّ. [٧-] ﴿تَحُسُّوْنَهُمْ﴾: تَسْتَأْصِلُوْنَهُمْ قَتْلاً. [٨-] ﴿غُزًّى﴾: وَاحِدُهَا غَازٍ. [٩-] ﴿سَنَكْتُبُ﴾: سَنَحْفَظُ. [١٠-] ﴿نُزُلاً﴾: ثَوَابًا، وَيَجُوْزُ: وَمُنْزَلٌ مِنْ عِنْدِ اللهِ، كَقَوْلِكَ: أَنْزَلْتُهُ. [١١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ﴾: الْمُطَهَّمَةُ الْحِسَانُ. [١٢-] وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ: ﴿وَحَصُوْرًا﴾: لاَ يَأْتِي النِّسَاءَ. [١٣-] وَقَالَ عِكْرِمَةُ: ﴿مِنْ فَوْرِهِمْ﴾: مِنْ غَضَبِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ. [١٤-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿تُخْرِجُ الْحَيَّ﴾: النُّطْفَةُ تَخْرُجُ مَيِّتَةً، وَيُخْرِجُ مِنْهَا الْحَيُّ. [١٥-] ﴿الإِبْكَارِ﴾: أَوَّلُ الْفَجْرِ. [١٦-] ﴿وَالْعَشِيِّ﴾: مَيْلُ الشَّمْسِ إِلَى أَنْ أُرَاهُ تَغْرُبُ.

مفردات کے معانی

۱-سورۃ آل عمران (آیت ۲۸) میں ہے: مسلمانوں کو چاہئے کہ کفار کو دوست (کارساز) نہ بنائیں، اگر کوئی ایسا کرے گا تو اس کا اللہ تعالیٰ سے کچھ تعلق نہیں: ﴿إِلاَّ أَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقَاةً﴾: مگر ایسی صورت ہو کہ تم کو ان سے قوی اندیشہ ہو ـــــ تُقَاة: مصدر ہے، اور ایک قراءت میں تَقِيَّة (بروزن مَطِيَّة) ہے، دونوں تَقٰی یَتْقِیْ (جیسے قضی یقضی) کے مصادر ہیں، جن کے معنی ہیں: اندیشہ، ڈر، خوف۔

۲-سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۱۷) میں ہے: دنیوی مقصد سے مال خرچ کرنا ایسا ہے جیسے کوئی ہوا ہو، اس میں تیز سردی ہو، جو ظالموں کی کھیتی کو پہنچے اور اس کو تباہ کردے: ﴿كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ﴾: صِرّ: پالا، سخت سردی، صُرَّ النبات: پودوں پر پالا پڑ جانا، سردی سے ٹھٹھر جانا۔

۳-سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۰۳) میں ہے: ﴿وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ﴾: اور تم دوزخ کے گھڑے کے کنارے پر تھے، پس اللہ تعالیٰ نے (اسلام کی توفیق دے کر دوزخ سے) تمہاری جان بچالی ـــــ شَفَا: ہر چیز

کا کنارہ، جیسے شَفَا الرَّکِیَّۃ: کنویں کا کنارہ (حرف: کنارہ، الرکیۃ کی جمع رَکَایا)

۴-سورۃ آلِ عمران (۱۲۱) میں ہے: ﴿وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ أَھْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِیْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ﴾: اور جب آپؐ (غزوۂ احد کے لئے) اپنے گھر سے نکلے، جنگ کے لئے مسلمانوں کو ٹھکانوں میں جما رہے تھے —— بَوَّأَ منزلاً: جگہ میں ٹھیرانا ....تبَوَّأَ المکانَ وبہ: ٹھہرنا، جگہ بنانا، مقیم ہونا —— غَدیٰ بمعنی صار (فعل ناقص) ہے (تحفۃ القاری ۸:۱۳۲) معسکر: چھاؤنی یعنی آپؐ لشکر کی ترتیب قائم کر رہے تھے۔

۵-سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۲۵) میں بدر میں اترنے والی فرشتوں کی کمک کے بارے میں: ﴿مُسَوِّمِیْنَ﴾: آیا ہے، یہ مسوِّم (اسم فاعل) کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: خاص وضع بنانے والے، تسویم: اپنے اوپر یا کسی پر کوئی خاص نشان لگانا، سیماء: خاص علامت، صوفۃ: اون کا ایک ٹکڑا، ماکان: جو بھی ہو۔ ترجمہ: المسوِّم: وہ ہے جس کے لئے کوئی خاص علامت ہو، خواہ کوئی نشانی لگا ہوا ہو، یا اون کا کوئی ٹکڑا بندھا ہوا ہو، یا جو بھی ہو۔

۶-سورۃ آلِ عمران (۱۴۶) میں ہے: ﴿وَکَأَیِّنْ مِنْ نَبِیٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّیُّوْنَ کَثِیْرٌ﴾: اور بہت سے نبی ہوئے ہیں جن کے ساتھ ہو کر بہت سے اللہ والے لڑے ہیں —— ربیون: جمع ہے، مفرد رِبِّیّ ہے، رب کی طرف نسبت: اللہ والے، پرہیزگار۔

۷-سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۵۲) میں ہے: ﴿وَلَقَدْ صَدَقَکُمُ اللّٰهُ وَعْدَہٗ إِذْ تَحُسُّوْنَھُمْ بِإِذْنِهٖ﴾: اور اللہ نے تم سے اپنا وعدہ یقیناً سچا کر دکھایا، جب تم کفار کو (میدانِ احد میں شروع میں) بہ حکم الٰہی جڑ سے اکھیڑ رہے تھے —— حَسَّ (ن) الشیئَ حَسًّا: جڑ سے اکھیڑنا، سرقلم کرنا، مار ڈالنا —— اسْتَأْصَلَ الشیئَ: بیخ کنی کرنا، کسی چیز کو جڑ سے اکھاڑنا۔

۸-سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۵۸) میں ہے کہ منافقین اپنے برادروں سے کہتے ہیں جب وہ سفر میں کسی حادثہ کا شکار ہو جاتے ہیں یا جہاد کے لئے نکلتے ہیں اور مارے جاتے ہیں کہ اگر وہ ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے نہ مارے جاتے! مسلمانوں کو ایسے اقوال وافعال سے روکا گیا ہے —— غُزًّی: غازٍ کی جمع ہے، اس کی اصل غازی (بروزن قاضی) ہے، جس کے معنی ہیں: مجاہد، جنگ کرنے والا۔

۹-سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۸۱) میں یہود کا قول ہے کہ اللہ غریب ہیں اور ہم مالدار ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿سَنَکْتُبُ مَاقَالُوْا﴾: ابھی ہم ان کی کہی ہوئی بات لکھ لیتے ہیں یعنی ریکارڈ کر لیتے ہیں، تا کہ وہ ان پر حجت ہو۔

۱۰-سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۹۸) میں ہے کہ اللہ سے ڈرنے والوں کو آخرت میں ہمیشہ رہنے کے لئے سدا بہار باغات ملیں گے ﴿نُزُلًا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ﴾: جو اللہ کی طرف سے 'مہمانی' ہونگے —— نُزُل (بضمتین) کے معنی ثواب کئے ہیں، یہ لازمی معنی ہیں، اور أنزلتُه سے منزل (اسم مفعول) کے معنی میں بھی ہو سکتا ہے یعنی اللہ کا عطیہ، مگر عام طور پر 'طعام ضیافت' ترجمہ کیا جاتا ہے۔

۱۱-سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۴) میں ہے کہ لوگوں کو چند چیزوں سے دلچسپی ہوتی ہے: عورتوں سے، بیٹوں سے، سونے

چاندی کے ڈھیروں سے، موٹے تازے خوبصورت گھوڑوں سے، مویشی سے اور کھیتی سے، مگر ہیں یہ سب اسباب معاش (متاع: زندگی میں برتنے کی چیزیں) اور انجام کی خوبی اللہ ہی کے پاس ہے (پس دلچسپی اسی سے ہونی چاہئے) —— المسومة (اسم مفعول) حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: موٹا تازہ خوبصورت گھوڑا (علامت لگی ہوئی ہونی ضروری نہیں) —— المطهمة: اسم مفعول: انتہائی حسین چیز، طَهَّمَ الشيئُ: بڑا اور بھاری بھر کم ہونا۔

۱۲-سورۃ آلِ عمران (آیت ۳۹) میں حضرت یحییٰ علیہ السلام کی شان میں: ﴿حَصُوْرًا﴾: آیا ہے، جس کے معنی ہیں: نکاح نہ کرنے والا، اصل معنی ہیں: نفس کو لذت سے بہت روکنے والا، جس کے عموم میں نکاح نہ کرنا بھی آتا ہے۔

۱۳-سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۲۵) میں: ﴿مِنْ فَوْرِهِمْ﴾: آیا ہے، یعنی اگر بدر میں مکہ والے ایک دم سے آپہنچیں گے تو ہم پانچ ہزار فرشتوں کی کمک بھیج دیں گے —— فور کا ترجمہ حضرت عکرمہ رحمہ اللہ نے غضب (غصہ) کیا ہے، جب کسی پر غصہ آتا ہے تو فوراً آدمی انتقام کے لئے دوڑتا ہے۔ یہ لفظ اردو میں بھی مستعمل ہے: فی الفور، علی الفور، فوراً یعنی ابھی ہاتھ کے ہاتھ جلد ہی، ابھی ابھی، فوراً۔

۱۴-سورۃ آلِ عمران (آیت ۲۷) میں ہے: ﴿تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ، وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ﴾: آپ جاندار کو بے جان سے نکالتے ہیں (جیسے بیضہ سے بچہ) اور بے جان کو جاندار سے نکالتے ہیں (جیسے پرندے سے بیضہ) —— اور مجاہد رحمہ اللہ نے مثال دی ہے: نطفہ: بے جان نکلتا ہے، پھر اس سے جاندار مخلوق پیدا ہوتی ہے۔

۱۵و۱۶-سورۃ آلِ عمران (آیت ۴۱) میں حضرت زکریا علیہ السلام کو حکم دیا گیا تھا: ﴿وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالإِبْكَارِ﴾: اور آپ اللہ کی پاکی بیان کریں دن ڈھلے اور صبح —— الإبکار (مفرد) تڑکا، سویرا (سورج نکلنے سے پہلے کا وقت) —— العشی: زوالِ آفتاب سے غروب تک کا وقت، ترجمہ: سورج کا ڈھلنا، یہاں تک کہ گمان کروں میں اس کو کہ ڈوب رہا ہے۔

محکم اور متشابہ کی تفسیر

سورۃ آلِ عمران کی آیت ۷ ہے: ﴿هُوَ الَّذِيْ أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ، مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ، وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٍ، فَأَمَّا الَّذِيْنَ فِي قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيْلِهِ، وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيْلَهُ إِلَّا اللّٰهُ، وَالرَّاسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ: آمَنَّا بِهِ، كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا، وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُوْلُوْا الْأَلْبَابِ﴾:

ترجمہ: اللہ تعالیٰ وہ ہیں جنھوں نے آپؐ پر کتاب نازل کی، جس کی بعض آیتیں محکم ہیں، اور وہی کتاب کی بنیادی آیتیں ہیں، اور دوسری متشابہات ہیں، پس جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ کتاب کے اس حصہ کے پیچھے پڑتے ہیں جس کی مراد غیر واضح ہے، فتنہ پیدا کرنے کی غرض سے، اور اس کا مطلب جاننے کی نیت سے، حالانکہ اس کا مطلب اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور علم میں جماؤ رکھنے والے کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لاتے ہیں، سب (آیتیں) ہمارے پروردگار کی

طرف سے ہیں، اور نصیحت وہی قبول کرتے ہیں جو خالص عقل رکھتے ہیں۔

لغات: **مُحْکَمَۃٌ** (اسم مفعول، واحد مؤنث) مضبوط کی ہوئی، فیصلہ کی ہوئی، یعنی وہ آیتیں جن کی مراد بالکل واضح ہے، **حَکَمَ بِالْأَمْرِ** (ن) **حُکْمًا**: فیصلہ کرنا، اور **حَکَمَ الشیئَ**: مضبوط کرنا............**اَلْمُتَشَابِھَۃ**: (اسم فاعل، واحد مؤنث) یکساں، ہم شکل، **تَشَابَہَ الأمران**: دو چیزوں میں فرق نہ رہنا، یکساں اور ہم شکل ہوجانا، قرآنِ پاک میں ہے: ﴿**إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَہَ عَلَیْنَا**﴾: بے شک بیل ہم پر مشتبہ ہوگیا۔

آیت کا شانِ نزول:

سنہ ۹ ہجری میں یمن سے عیسائیوں کے مذہبی لوگوں کا ایک وفد مدینہ آیا، انھوں نے نبی ﷺ سے عیسیٰ علیہ السلام کی 'ابنیت' کے موضوع پر گفتگو کی، اس موقعہ پر سورہ آلِ عمران کی ابتدائی ۹۰ آیتیں نازل ہوئیں، اور ان کو سمجھایا کہ تمام آسمانی کتابوں میں دوطرح کی آیتیں نازل کی جاتی ہیں، بعض کی مراد واضح ہوتی ہے اور ان پر نبی کی تعلیم کا مدار ہوتا ہے، اور بعض آیتیں مشتبہ المراد ہوتی ہیں، جیسے انجیل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو 'بیٹا' کہہ کر خطاب کیا گیا، اور اللہ تعالیٰ کے لئے 'باپ' استعمال کیا گیا، یہ مشتبہ المراد الفاظ ہیں، کیونکہ باپ بیٹا نسبی بھی ہوتا ہے، اور پیار کے لئے بھی یہ الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں، اس قسم کی مشتبہ آیتوں پر دین کی بنیاد نہیں ہوتی، ان کو محکم آیتوں کی طرف لوٹانا ضروری ہوتا ہے، جب انجیل میں یہ بات واضح کردی گئی کہ اللہ کا کوئی ہم سر نہیں، ان کی کوئی بیوی نہیں، اور ان کی کوئی اولاد نہیں: تو پھر باپ بیٹے نسبی کیسے ہوسکتے ہیں؟ مگر کج فطرت لوگ ان متشابہ آیات کے پیچھے پڑتے ہیں، ان کا مقصد کبھی فتنہ پیدا کرنا ہوتا ہے اور کبھی ان کی مراد تک پہنچنا ہوتا ہے، حالانکہ ان کی حقیقی مراد اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، رہے علم میں پختہ لوگ تو وہ ان پر ایمان لاتے ہیں، ان آیات کو بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھتے ہیں، اور ان سے جتنی بات سمجھ میں آتی ہے اس پر اکتفا کرتے ہیں، اور زیادہ غور وخوض نہیں کرتے، مگر نصیحت وہی قبول کرتے ہیں جن کی عقلیں شوائب سے پاک ہوتی ہیں، ان پر رنگ چڑھے ہوئے نہیں ہوتے۔

محکم کا مطلب:

محکم: وہ کلام ہے جس سے زبان کا جاننے والا ایک ہی معنی سمجھتا ہے، جیسے: ﴿**حُرِّمَتْ عَلَیْکُمْ أُمَّھَاتُکُمْ وَبَنَاتُکُمْ وَأَخَوَاتُکُمْ**﴾: تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں حرام کی گئیں، مگر اعتبار پہلے زمانہ کے عربوں کا ہے، ہمارے زمانہ کے محققین جو بال کی کھال نکالتے ہیں: ان کی سمجھ کا اعتبار نہیں، کیونکہ فضول تحقیق ایک لاعلاج بیماری ہے، وہ محکم کو مبہم اور معلوم کو مشتبہ بنادیتی ہے (الفوز الکبیر)

متشابہ کا مطلب:

متشابہ: وہ کلام ہے جو چند معنی کا احتمال رکھتا ہو، جیسے 'اللہ کا ہاتھ' مخلوق کے ہاتھ جیسا بھی ہوسکتا ہے، اور کوئی اور نوعیت بھی ہوسکتی ہے، اور جیسے الٓمٓ: اس کا کچھ مطلب سمجھ میں نہیں آتا، پس متشابہ کی دو قسمیں ہوئیں:

۱- کامل متشابہ: جس کے کوئی معنی ذہن میں نہیں آتے، ایسے متشابہات حروف مقطعات ہیں جو سورتوں کے شروع میں ہیں۔

۲- من وجہٍ متشابہ: ایسی باتیں جن کو ایک حد تک سمجھا جاسکتا ہے، آخر تک نہیں سمجھا جاسکتا، یہ اللہ تعالیٰ کی صفات اور امور آخرت ہیں، ان حقائق کو بیان کرنے کے لئے جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں وہ ہماری زبان کے ہیں، اور ہماری زبان کے الفاظ ہمارے مشاہدہ میں آنے والی چیزوں کے لئے وضع کئے گئے ہیں، جیسے لفظ ہاتھ ہمارے ہاتھ کے لئے اور لفظ انگور ہمارے باغ میں پیدا ہونے والے پھل کے لئے وضع کئے گئے ہیں، اور اللہ کی صفات ہمارے مشاہدہ سے ماوراء ہیں، اسی طرح امور آخرت: جنت وجہنم، ان کی نعمتیں اور عذاب، فرشتے اور حور وقصور وغیرہ ہماری نگاہوں سے اوجھل ہیں، اس لئے ہم قرآن وحدیث میں استعمال کئے ہوئے الفاظ کو موضوع لہ کے دائرہ تک ہی سمجھ سکتے ہیں، ان کی پوری حقیقت کا ہم ادراک نہیں کرسکتے۔

جیسے انجیل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے بیٹا اور اللہ تعالیٰ کے لئے باپ کے الفاظ استعمال کئے گئے، ظاہر ہے ان دونوں لفظوں کی حقیقت ہمارے درمیان 'توالد وتناسل' ہے، مگر اللہ تعالیٰ کی شان: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْئٌ﴾: ہے، اس لئے ہم ان لفظوں کی حقیقت ایک حد تک ہی سمجھ سکتے ہیں، آخر تک نہیں سمجھ سکتے، پس ہم کہیں گے کہ ابوت وبنوت سے مراد: گہرا تعلق ہے، حقیقۃً باپ بیٹا ہونا مراد نہیں۔

آیاتِ متشابہات میں غور وخوض جائز نہیں:

حدیث: عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ نے آیت: ﴿هُوَ الَّذِىْ أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ﴾: پوری پڑھی، اور فرمایا: ''جب تم دیکھو ان لوگوں کو جو قرآن کی آیات متشابہات کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں تو وہی وہ لوگ ہیں جن کا اللہ تعالیٰ نے تذکرہ کیا ہے، پس ان سے دور رہو''

تشریح: جس طرح عیسائی: انجیل کے متشابہات کی وجہ سے گمراہ ہوئے، اسی طرح اس امت میں بھی ایسے لوگ پیدا ہونگے جو قرآن کے متشابہات کے پیچھے پڑیں گے، چنانچہ اس امت میں بھی پہلی گمراہی صفاتِ متشابہات میں غور کرنے کی وجہ سے پیدا ہوئی، مُعَطِّلَة، مُجَسِّمَة، مُؤَوِّلَة اور مُشَبِّهَه فرقے: صفات میں انتہائی غور وخوض کرنے کی وجہ سے پیدا ہوئے، اس حدیث میں یہ حکم دیا گیا کہ ایسے لوگوں کے سایے سے بھی دور رہا جائے، تاکہ آدمی ان کے فتنہ سے محفوظ رہے۔

[۱-] بَابٌ

﴿مِنْهُ آيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ﴾: وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْحَلَالُ وَالْحَرَامُ. ﴿وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ﴾: يُصَدِّقُ بَعْضُهُ بَعْضًا، كَقَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفَاسِقِيْنَ﴾ وَكَقَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ﴾ وَكَقَوْلِهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى﴾

﴿زَيْغٌ﴾: شَكٌّ، ﴿ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ﴾: الْمُشْتَبِهَاتِ، ﴿وَالرَّاسِخُوْنَ﴾ يَعْلَمُوْنَ ﴿يَقُوْلُوْنَ آمَنَّا بِهِ﴾

وضاحت: سورۃ آلِ عمران کی آیت ۷ کی یہ تفسیر مجاہد رحمہ اللہ نے کی ہے، جو اختصار کی وجہ سے چیستاں بن گئی ہے، چنانچہ علامہ عینی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: **إنی لم أر أحدا من الشراح أتی ساحل هذا، فضلاً أن یغوص فیه**: کوئی شارح اس عبارت کے ساحل پر بھی نہیں آیا، اس میں گھسنا تو درکنار! ـــــ سورۃ الزمر (آیت ۲۳) میں ہے: ﴿اللّٰهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِیْثِ كِتَابًا مُتَشَابِهًا مَثَانِیَ﴾: اللہ تعالیٰ نے بڑا عمدہ کلام (قرآن) نازل فرمایا، جو ایسی کتاب ہے جو باہم ملتی جلتی ہے، بار بار دہرائی گئی ہے۔ اس آیت میں جو متشابہ کے معنی ہیں وہی معنی مجاہد رحمہ اللہ نے سورہ آلِ عمران کی آیت ۷ میں کئے ہیں، یعنی جو مضمون قرآنِ کریم میں مختلف جگہ مختلف انداز سے آیا ہے وہ متشابہ (ملتا جلتا) ہے، ظاہر ہے بڑے علماء اس کو جانتے ہیں، کیونکہ قرآن: بعض بعض کی تفسیر کرتا ہے، چنانچہ انھوں نے **یعلمون** بڑھایا یعنی **والراسخون** میں واو کو عاطفہ مانا، مستأنفہ نہیں مانا۔

اور محکم صرف آیات احکام کو قرار دیا ہے، عبد بن حمید کی روایت کے الفاظ ہیں: **قَال: ما فیه من الحلال والحرام، وماسوی ذٰلك منه متشابه، یصدق بعضُه بعضًا** ـــــ اور زیغ کے معنی شک کے کئے ہیں ـــــ اور فتنہ سے مراد متشابہات کو لیا ہے، مگر یہ دونوں باتیں فٹ نہیں بیٹھتیں، پھر حدیث کی تطبیق تو اور بھی دشوار ہو جائے گی، کیونکہ حدیث میں متشابہات میں غور و خوض کرنے والوں سے دور رہنے کی تلقین کی گئی ہے، جبکہ مجاہدؒ نے جو متشابہات کے معنی کئے ہیں ان کو تو بڑے علماء جانتے ہیں، پس وہ ان کو بیان کریں گے اور لوگ ان کو سنیں گے۔

ترجمہ: ﴿مِنْهُ آیَاتٌ مُحْكَمَاتٌ﴾ اور مجاہدؒ نے کہا: حلال وحرام یعنی حلال وحرام (احکام) کی جو آیتیں ہیں وہ محکمات ہیں ﴿وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ﴾: اور دوسری ملتی جلتی آیات ہیں، بعض بعض کی تصدیق کرتی ہیں، جیسے (سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۶ میں) ارشادِ پاک ہے: ''اور نہیں گمراہ کرتے اللہ تعالیٰ اس (مثال) سے مگر حکم عدولی کرنے والوں کو'' اور (سورۃ یونس آیت ۱۰۰) میں ارشادِ پاک ہے: ''اور اللہ تعالیٰ (کفر کی) گندگی بے عقلوں ہی پر واقع کرتے ہیں (ان دونوں آیتوں کا مضمون ایک ہے کہ گمراہی حکم عدولی کرنے والوں کا اور بے عقلوں کا نصیب ہے!) اور (سورۃ محمد آیت ۱۷ میں) ارشادِ پاک ہے: ''اور جو لوگ راہ راست پر ہیں اللہ تعالیٰ ان کو اور زیادہ ہدایت دیتے ہیں (اس آیت کے مضمون میں اور پہلی دو آیتوں کے مضمون میں تقابل تضاد ہے، پس یہ بھی ان سے ملتی جلتی ہے) ـــــ اور زیغ کے معنی ہیں: شک ـــــ اور فتنہ سے متشابہات مراد ہیں ـــــ اور علم میں پختہ حضرات جانتے ہیں (اور) کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لاتے ہیں۔

[٤٥٤٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ التُّسْتَرِیُّ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ مُلَیْكَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تَلاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم هٰذِهِ الآیَةَ: ﴿هُوَ الَّذِیْ أَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آیَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ، فَأَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ

فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَأْوِيْلِهِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿أُوْلُوْا الْأَلْبَابِ﴾ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ، فَأُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ سَمَّى اللّٰهُ، فَاحْذَرُوْهُمْ"

وہ دعا جونومولود کو شیطانی اثرات سے محفوظ رکھتی ہے

دعا آفتوں کو پھیرتی ہے، اگر کوئی نیک بندہ دعا دے تو بچہ شیطانی اثرات سے محفوظ رہتا ہے، حاشیہ میں حدیث ہے: نبی ﷺ نے حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما کو بوقتِ نکاح دعا دی: اللّٰهُمَّ! إني أُعيذها بك وذريتها من الشيطان الرجيم: اور مقاربت کی دعا سکھلائی: بسم الله، اللّٰهم جنبنا الشيطان وجنب ما رزقتنا من الشيطان: اس دعا سے بچہ شیطانی اثرات سے محفوظ رہتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو بھی بچہ جنا جاتا ہے: شیطان اس کو ٹچ کرتا ہے، جبکہ وہ جنا جاتا ہے، پس وہ شیطان کے چھونے سے چلانے لگتا ہے، علاوہ مریم اور ان کے بیٹے کے" —— پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اور پڑھو اگر چاہو: "اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو (اگر کبھی ہو) شیطان مردود سے آپ کی پناہ میں دیتی ہوں" چنانچہ اس دعا کی برکت سے دونوں شیطانی اثرات سے محفوظ رہے۔

تشریح: حدیث میں حصر ادّعائی ہے، حقیقی نہیں، اور شیطان کا چھونا ایک تعبیر ہے اور مراد کسی بھی طرح اثر انداز ہونا ہے، اور بچوں کی بیماری ام الصبیان شیطان کا اثر ہوتی ہے، اگر دعا پڑھ کر بیوی سے ملے گا تو بچہ اس قسم کے اثرات سے محفوظ رہے گا۔

[۲-] بَابٌ ﴿وَإِنِّيْ أُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ﴾ [آلِ عمران: ۳۶]

[۴۵۴۸-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ إِلَّا وَالشَّيْطَانُ يَمَسُّهُ حِيْنَ يُوْلَدُ، فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ مَسِّ الشَّيْطَانِ إِيَّاهُ، إِلَّا مَرْيَمَ وَابْنَهَا" ثُمَّ يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَاقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ ﴿وَإِنِّيْ أُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ﴾ [راجع: ۳۲۸۶]

عدالت میں جھوٹی قسم کھانے کا وبال

جھوٹی قسم کھانا کبیرہ گناہ ہے، اور عدالت میں جھوٹی قسم کھانا وبال ڈھاتا ہے، عدالت میں جب مقدمہ چلتا ہے تو قاضی مدعی سے گواہ طلب کرتا ہے، وہ گواہ پیش نہ کر سکے تو مدعی علیہ سے قسم لی جاتی ہے، اور اس پر فیصلہ کیا جاتا ہے، اس قسم کو یمینُ صَبْرٍ: روکی ہوئی قسم کہتے ہیں، یہ قسم اگر مدعی علیہ جانتے ہوئے جھوٹی کھائے تو وہ دنیا میں بھی تباہی لاتی ہے، اور آخرت میں بھی عذاب الیم کا حقدار بناتی ہے۔

سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۷۷) ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً: أُوْلٰئِكَ لاَ خَلاَقَ لَهُمْ فِي الآخِرَةِ وَلاَ يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلاَ يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلاَ يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾: جو لوگ حقیر معاوضہ لیتے ہیں اس عہد و پیمان کے بدلے میں جو انھوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہے اور اپنی قسموں کے عوض میں: ان لوگوں کے لئے آخرت میں کچھ حصہ نہیں، نہ اللہ تعالیٰ ان سے کلام فرمائیں گے، اور نہ ان کی طرف قیامت کے دن دیکھیں گے، اور نہ ان کو پاک صاف کریں گے، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے: حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ کا جو حضر موت کے باشندے تھے: ایک یہودی سے زمین کا جھگڑا ہوا، وہ زمین اشعث کے دادا سے اس یہودی کے دادا نے غصب کی تھی، اشعث اس کا مقدمہ لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، آپؐ نے اشعث سے گواہ طلب کئے، کیونکہ وہ مدعی تھے، وہ گواہ پیش نہ کر سکے، کیونکہ اس معاملہ کا دیکھنے والا کوئی شخص زندہ نہیں تھا، پس آپؐ نے یہودی کو قسم کھلانی چاہی، حضرت اشعثؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ یہودی ہے، جھوٹی قسم کھا کر میرا مال ہڑپ کر جائے گا، اس پر مذکورہ آیت نازل ہوئی۔

لغات: الخلاق (خیر و بھلائی کا) حصہ، نصیب، فلان لاخلاق له: اس کو بھلائی سے کوئی دلچسپی نہیں .... أليم: أَلَم سے ہے (بروزن فَعيل) اور اسم فاعل مُؤْلِم (بروزن مُفْعِل) کے معنی میں ہے یعنی دردناک، موجع: دکھ دینے والا .... فی موضع مُفعل کا مطلب ہے: مؤلم بروزن مُفعل ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً: أُوْلٰئِكَ لاَ خَلاَقَ﴾: لاَخَيْرَ

﴿أَلِيْمٌ﴾: مُؤْلِمٌ، مُوْجِعٌ مِنَ الأَلَمِ، وَهُوَ فِي مَوْضِعِ مُفْعِلٍ.

[۴۵۴۹-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ حَلَفَ بِيَمِيْنِ صَبْرٍ لِيَقْطَعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً أُوْلٰئِكَ لاَ خَلاَقَ لَهُمْ فِي الآخِرَةِ﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ. [راجع: ۲۳۵۶]

[۴۵۵۰-] قَالَ: فَدَخَلَ الأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ، وَقَالَ: مَا يُحَدِّثُكُمْ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ قُلْنَا: كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فِيَّ أُنْزِلَتْ، كَانَتْ لِيْ بِئْرٌ فِيْ أَرْضِ ابْنِ عَمٍّ لِيْ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " بَيِّنَتُكَ أَوْ يَمِيْنُهُ" قُلْتُ: إِذًا يَحْلِفَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ يَقْطَعُ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" [راجع: ۲۳۵۷]

ملحوظہ: حدیث کا ترجمہ اور تشریح تحفۃ القاری (۵:۳۹۷) میں ہے۔

[٤٥٥١-] حدثنا عَلِيٌّ- هُوَ ابْنُ أَبِيْ هَاشِمٍ - سَمِعَ هُشَيْمًا، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفَى: أَنَّ رَجُلاً أَقَامَ سِلْعَةً فِي السُّوْقِ فَحَلَفَ بِهَا لَقَدْ أُعْطِيَ بِهَا مَا لَمْ يُعْطَهُ، لِيُوْقِعَ فِيْهَا رَجُلاً مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَنَزَلَتْ: ﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ.[راجع: ٢٠٨٨]

ملحوظہ: حدیث کا ترجمہ تحفۃ القاری (۵:۱۶۰) میں ہے، اور یہ احتمالی شانِ نزول ہے، صحابہ ہر اس صورت کے لئے جو آیت کا مصداق ہوسکتی ہو: أنزلت فی کذا کہہ دیتے تھے۔

[٤٥٥٢-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: أَنَّ امْرَأَتَيْنِ كَانَتَا تَخْرُزَانِ فِي الْبَيْتِ أَوْ: فِي الْحُجْرَةِ، فَخَرَجَتْ إِحْدَاهُمَا وَقَدْ أُنْفِذَ بِإِشْفًا فِيْ كَفِّهَا، فَادَّعَتْ عَلَى الأُخْرَى، فَرُفِعَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَذَهَبَ دِمَاءُ قَوْمٍ وَأَمْوَالُهُمْ" ذَكِّرُوْهَا بِاللّٰهِ، وَاقْرَءُ وْا عَلَيْهَا: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ﴾ فَذَكَّرُوْهَا فَاعْتَرَفَتْ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعَى عَلَيْهِ"[راجع: ٢٥١٤]

لغات: خَرَزَ (ن ض) الجلدَ خَرْزًا: چمڑے کو سُتاری سے سینا، سینے کے لئے چمڑے میں سوراخ کرنا............ **نفذ فيه**: آر پار ہوجانا، چیر کر دوسری طرف نکل جانا، أنفذ (افعال): آر پار کردینا............ **الإشفٰی**: موچی کی سُتاری (چمڑا چھیدنے کا آلہ جو موچیوں کے پاس ہوتا ہے)

ترجمہ: عبداللہ بن ابی ملیکہؒ کہتے ہیں: دو عورتیں ایک گھر میں یا کہا حجرے میں سُتاری سے چمڑا سی رہی تھیں (وہاں اور کوئی نہیں تھا) پس ان میں سے ایک حجرہ سے نکلی درانحالیکہ سُتاری اس کی ہتھیلی میں آر پار کردی گئی تھی، پس اس نے دوسری عورت پر دعوی کیا (کہ اس نے یہ کیا ہے) پس یہ مقدمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی کورٹ میں آیا، آپؓ نے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "اگر لوگ دیئے جائیں ان کے دعوی کی وجہ سے یعنی صرف دعوی ثبوتِ حق کے لئے کافی مان لیا جائے تو لے جائے گا (مدعی) لوگوں کا خون اور ان کا مال!" پس (مدعیہ) کو اللہ یاد دلاؤ، اور اس کو یہ آیت: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ﴾: سناؤ (یہاں باب ہے) چنانچہ اس کو نصیحت کی گئی پس اس نے اعتراف کیا (کہ اسی کے ہاتھ سے ستاری آر پار ہوئی ہے) پس ابن عباسؓ نے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے: قسم مدعیٰ علیہ پر ہے" یعنی مدعی پر قسم نہیں ہے، اس کو تو گواہ پیش کرنے ہونگے، اور صورت واقعہ میں کوئی گواہ نہیں تھا، کیونکہ اس گھر میں یہی دو عورتیں تھیں۔

مسلمانوں اور اہل کتاب کے درمیان ایک مشترک نقطہ ہے

سورہ آلِ عمران کی شروع کی ۹۰ آیتیں نصاری نجران کے وفد کی آمد کے موقعہ پر نازل ہوئی ہیں، آیت ۶۴ میں ان کو دعوت دی گئی کہ ہمارے اور تمہارے درمیان ایک مشترک نقطہ ہے، جسے ہم بھی تسلیم کرتے ہیں اور تم بھی، مگر اب تم اس کے تقاضوں سے ہٹ گئے ہو، اگر تم پلٹ کر اسی نقطہ پر آجاؤ تو ہمارا تمہارا اختلاف ختم ہوجائے، اور نہیں آؤ گے تو اختلاف برقرار رہے گا، وہ آیت یہ ہے:

﴿قُلْ: يَا أَهْلَ الْكِتَابِ! تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ: أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ، وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوْا اشْهَدُوْا بِأَنَّا مُسْلِمُوْنَ﴾: آپؐ کہیں: اے اہل کتاب! ایک ایسی بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر (مسلّم) ہے کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں، اور اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں، اور ہم میں سے بعض بعض کو اللہ سے ورے ربّ نہ قرار دیں، پھر اگر وہ لوگ اعراض کریں تو تم کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم ماننے والے ہیں!

تفسیر: ہر مذہب والا کسی نہ کسی رنگ میں اوپر جا کر اقرار کرتا ہے کہ 'بڑا خدا' ایک ہی ہے، پھر باطل مذاہب والے آگے چل کر توحید کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتے، چنانچہ عیسائیوں کے بھی دو عقیدے توحید کے خلاف تھے:

ایک: ابنیتِ مسیح علیہ السلام کا عقیدہ: معبود کا بیٹا بھی معبود ہوتا ہے، پھر معبود ایک کہاں رہا؟ اور اگر بیٹا معبود نہیں تو وہ ناجنس اولاد ہوئی، اس سے بڑا عیب اللہ تعالیٰ کے لئے کیا ہوسکتا ہے؟ اس لئے فرمایا: ﴿وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا﴾: ہم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں، جبھی حقیقی توحید پر عمل ہوسکے گا۔

دوم: علماء و مشائخ کو تشریع (قانون بنانے) کا اختیار دینا، عیسائیوں نے احبار و رہبان کو خدا کا منصب دے رکھا تھا، وہ جس چیز کو حلال یا حرام کہہ دیتے، اس کو خدائی حکم تسلیم کرلیا جاتا، یہ بھی توحید کے منافی ہے، جیسا کہ سورۃ التوبہ (آیت ۳۱) میں ہے، اس لئے فرمایا: ﴿وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾: ہمارا بعض بعض کو اللہ سے نیچے ربّ نہ قرار دے۔

اور حدیث: وہی ہے جو کتاب کے شروع میں گذری ہے، ترجمہ اور تفصیل وہاں دیکھی جائے، اور یہاں باب سے مناسبت یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ہرقل کو جو دعوتی والا نامہ لکھا تھا اس میں یہ آیت لکھی تھی، کیونکہ ہرقل اور روم کے باشندے عیسائی تھے۔

[٤-] بَابٌ ﴿قُلْ يٰأَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ﴾ [آل عمران: ٦٤]

﴿سَوَاءٍ﴾: قَصْدًا.

[٤٥٥٣-] حَدَّثَنِىْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مَعْمَرٍ. ح: وَحَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبُوْ سُفْيَانَ مِنْ فِيْهِ إِلٰى فِىَّ، قَالَ: انْطَلَقْتُ فِى الْمُدَّةِ الَّتِىْ كَانَتْ بَيْنِىْ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا بِالشَّامِ إِذْ جِيْءَ بِكِتَابٍ مِنَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى هِرَقْلَ، قَالَ: وَكَانَ دِحْيَةُ الْكَلْبِىُّ جَاءَ بِهِ فَدَفَعَهُ إِلٰى عَظِيْمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ عَظِيْمُ بُصْرَى إِلٰى هِرَقْلَ، قَالَ: فَقَالَ هِرَقْلُ: هَلْ هَا هُنَا أَحَدٌ مِنْ قَوْمِ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِىْ يَزْعُمُ أَنَّـهُ نَبِىٌّ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَدُعِيْتُ فِى نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَدَخَلْنَا عَلٰى هِرَقْلَ، فَأُجْلِسْنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِىْ يَزْعُمُ أَنَّـهُ نَبِىٌّ؟ فَقَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: فَقُلْتُ: أَنَا، فَأَجْلَسُوْنِى بَيْنَ يَدَيْهِ، وَأَجْلَسُوْا أَصْحَابِىْ خَلْفِىْ، ثُمَّ دَعَا بِتُرْجُمَانِهِ، فَقَالَ: قُلْ لَهُمْ: إِنِّىْ سَائِلٌ هٰذَا عَنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِىْ يَزْعُمُ أَنَّـهُ نَبِىٌّ، فَإِنْ كَذَبَنِىْ فَكَذِّبُوْهُ، قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: وَأَيْمُ اللّٰهِ! لَوْلَا أَنْ يُؤْثِرُوْا عَلَىَّ الْكَذِبَ لَكَذَبْتُ، ثُمَّ قَالَ لِتُرْجُمَانِهِ: سَلْهُ كَيْفَ حَسَبُهُ فِيْكُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ هُوَ فِيْنَا ذُوْ حَسَبٍ، قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ مَا قَالَ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: أَيَتَّبِعُهُ أَشْرَافُ النَّاسِ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ، قَالَ: يَزِيْدُوْنَ أَوْ يَنْقُصُوْنَ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، بَلْ يَزِيْدُوْنَ، قَالَ: هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيْهِ سُخْطَةً لَهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: تَكُوْنُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالًا، يُصِيْبُ مِنَّا وَنُصِيْبُ مِنْهُ، قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، وَنَحْنُ مِنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمُدَّةِ لَا نَدْرِىْ مَا هُوَ صَانِعٌ فِيْهَا. قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَمْكَنَنِىْ مِنْ كَلِمَةٍ أُدْخِلُ فِيْهَا شَيْئًا غَيْرَ هٰذِهِ. قَالَ: فَهَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ؟ قُلْتُ لَا.

ثُمَّ قَالَ: لِتُرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُ: إِنِّىْ سَأَلْتُكَ عَنْ حَسَبِهِ فِيْكُمْ، فَزَعَمْتَ أَنَّـهُ فِيْكُمْ ذُوْ حَسَبٍ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِى أَحْسَابِ قَوْمِهَا، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ فِى آبَائِهِ مَلِكٌ، فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ: رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَأَلْتُكَ عَنْ أَتْبَاعِهِ أَضُعَفَاؤُهُمْ أَمْ أَشْرَافُهُمْ، فَقُلْتَ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ، وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ مَا قَالَ، فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَعَرَفْتُ أَنَّـهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ يَذْهَبَ فَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيْهِ سَخْطَةً لَهُ، فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذٰلِكَ الإِيْمَانُ إِذَا خَالَطَ بَشَاشَةَ الْقُلُوْبِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيْدُوْنَ أَوْ يَنْقُصُوْنَ، فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيْدُوْنَ، وَكَذٰلِكَ الإِيْمَانُ، حَتَّى يَتِمَّ،

وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ فَزَعَمْتَ أَنَّكُمْ قَاتَلْتُمُوْهُ فَتَكُوْنُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالاً، يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُوْنَ مِنْهُ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى، ثُمَّ تَكُوْنُ لَهَا الْعَاقِبَةُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ، فَزَعَمْتَ أَنَّهُ لاَ يَغْدِرُ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ لاَ تَغْدِرُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَالَ أَحَدٌ هٰذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ، فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ، قُلْتُ: رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيْلَ قَبْلَهُ.

قَالَ: ثُمَّ قَالَ: بِمَا يَأْمُرُكُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ يَأْمُرُنَا بِالصَّلاَةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ، قَالَ: إِنْ يَكُ مَا تَقُوْلُ فِيْهِ حَقًّا فَإِنَّهُ نَبِيٌّ وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، وَلَمْ أَكُ أَظُنُّهُ مِنْكُمْ، وَلَوْ أَنِّيْ أَعْلَمُ أَنِّيْ أَخْلُصُ إِلَيْهِ لَأَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ، وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ، وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ.

قَالَ: ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَرَأَهُ، فَإِذَا فِيْهِ: "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ، إِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ، سَلاَمٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّيْ أَدْعُوْكَ بِدِعَايَةِ الإِسْلاَمِ، أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الأَرِيْسِيِّيْنَ، و﴿يٰأَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلاَّ نَعْبُدَ إِلاَّ اللّٰهَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَاشْهَدُوْا بِأَنَّا مُسْلِمُوْنَ﴾

فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الأَصْوَاتُ عِنْدَهُ، وَكَثُرَ اللَّغَطُ، وَأُمِرَ بِنَا فَأُخْرِجْنَا، قَالَ: فَقُلْتُ لِأَصْحَابِيْ حِيْنَ خَرَجْنَا: لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِيْ كَبْشَةَ، إِنَّهُ لَيَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الأَصْفَرِ، فَمَا زِلْتُ مُوْقِنًا بِأَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الإِسْلاَمَ.

قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَدَعَا هِرَقْلُ عُظَمَاءَ الرُّوْمِ فَجَمَعَهُمْ فِيْ دَارٍ لَهُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّوْمِ، هَلْ لَكُمْ فِي الْفَلاَحِ وَالرُّشْدِ آخِرَ الأَبَدِ، وَأَنْ يَثْبُتَ لَكُمْ مُلْكُكُمْ؟ قَالَ: فَحَاصُوْا حَيْصَةَ حُمُرِ الْوَحْشِ إِلٰى الأَبْوَابِ، فَوَجَدُوْهَا قَدْ غُلِّقَتْ، فَقَالَ: عَلَيَّ بِهِمْ، فَدَعَا بِهِمْ، فَقَالَ: إِنِّيْ إِنَّمَا اخْتَبَرْتُ شِدَّتَكُمْ عَلٰى دِيْنِكُمْ، فَقَدْ رَأَيْتُ مِنْكُمُ الَّذِيْ أَحْبَبْتُ. فَسَجَدُوْا لَهُ وَرَضُوْا عَنْهُ. [راجع: ۷]

لغت: سَوَاء: برابر .... قَصْد: معتدل .... سواء السبيل: سیدھا راستہ .... ﴿وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ﴾: اور سیدھا راستہ اللہ تک پہنچتا ہے (النحل آیت ۹)

نیکی میں کمال اس وقت حاصل ہوتا ہے جب اپنی پیاری چیز خرچ کرے

سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۹۲) ہے: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ، وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَإِنَّ اللّٰهَ بِهِ عَلِيْمٌ﴾: ہرگز نیکی (میں کمال) حاصل نہیں کرسکو گے جب تک اپنی پیاری چیز میں سے کچھ خرچ نہ کرو، اور جو بھی چیز

تم خرچ کروگے وہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے!

تفسیر: اگر کوئی اعلیٰ درجہ کی نیکی حاصل کرنا چاہے تو اپنی محبوب چیزوں میں سے کچھ راہِ خدا میں نکالے، جس چیز سے دل بہت لگا ہوا اس کے خرچ کرنے کا بڑا ثواب ہے، یوں ثواب ہر چیز میں ہے —— اور کیسی چیز خرچ کی، کہاں خرچ کی اور کس پر خرچ کی وہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے، جس مصرف میں جس قدر اخلاص وحسن نیت سے خرچ کرے گا اسی کے موافق ثواب ملے گا۔

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۲۳۸) گذری ہے، نزولِ آیت کے وقت حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنا بَیْرُحاء نامی باغ صدقہ کیا، کیونکہ وہ ان کو بہت پسند تھا، نبی ﷺ نے فرمایا: ''واہ واہ! یہ تو نفع بخش مال ہے!'' پھر مشورہ دیا کہ وہ باغ رشتہ داروں میں بانٹ دیں، چنانچہ انھوں نے اس میں سے حضرات حسان اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہما کو دیا، کیونکہ ان کا نسب ابوطلحہؓ سے قریب تھا، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کو نہیں دیا، کیونکہ ان کا نسب بعید تھا، اگرچہ وہ سوتیلے بیٹے ہونے کی وجہ سے قریب تھے، مگر اس کا لحاظ نہیں کیا (حضرات حسان، ابی اور طلحہ رضی اللہ عنہم کے نسب نامے تحفۃ القاری ۶: ۱۵۷ میں ہیں)

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ إِلٰى ﴿بِهِ عَلِيْمٌ﴾

[٤٥٥٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِى مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَكْثَرَ أَنْصَارِيٍّ بِالْمَدِيْنَةِ نَخْلاً، وَكَانَ أَحَبُّ أَمْوَالِهِ إِلَيْهِ بَيْرُحَاءَ، وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ، فَلَمَّا أُنْزِلَتْ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ قَامَ أَبُوْ طَلْحَةَ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ وَإِنَّ أَحَبَّ أَمْوَالِىْ إِلَيَّ بَيْرُحَاءُ وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ، أَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ، فَضَعْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ أَرَاكَ اللّٰهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " بَخْ، ذٰلِكَ مَالٌ رَايِحٌ، ذٰلِكَ مَالٌ رَايِحٌ! وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ، وَإِنِّىْ أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا فِى الْأَقْرَبِيْنَ" قَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: أَفْعَلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَسَمَهَا أَبُوْ طَلْحَةَ فِىْ أَقَارِبِهِ وَفِىْ بَنِىْ عَمِّهِ.

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، وَرَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ: " ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ" حَدَّثَنِى يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ: " مَالٌ رَايِحٌ"[راجع: ١٤٦١]

[٤٥٥٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبِىْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: فَجَعَلَهَا لِحَسَّانٍ وَأُبَيٍّ، وَأَنَا أَقْرَبُ إِلَيْهِ، وَلَمْ يَجْعَلْ لِىْ مِنْهَا شَيْئًا. [راجع: ١٤٦١]

رواۃ کا اختلاف: اسماعیل بن ابی اویس اور یحییٰ بن یحییٰ کی روایتوں میں رایح (یاء کے ساتھ) ہے اس کے معنی ہیں: آخرت میں اس کا بڑا ثواب ہے .... اور عبداللہ بن یوسف اور روح بن عبادۃ کی روایت میں رابح (باء کے

ساتھ) ہے،اس کے معنی ہیں: نفع بخش مال (اور یہ سب امام مالکؒ کے تلامذہ ہیں)............**قوله: وأنا أقرب إليه** کی توجیہ حاشیہ میں یہ ہے کہ سوتیلا بیٹا ہونے کی وجہ سے قریب تھا۔

اہل کتاب پر ان کی کتاب سے حجت قائم کرنا

یہود: مسلمانوں کو الزام دیتے تھے کہ تم خود کو ملتِ ابراہیمی پر بتلاتے ہو، اور اونٹ کا گوشت اور دودھ استعمال کرتے ہو، جبکہ یہ دونوں چیزیں ابراہیم علیہ السلام کے گھرانے پر حرام کی گئی تھیں، پس سورۃ آلِ عمران کی آیت ۹۳ نازل ہوئی: ﴿كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلاًّ لِبَنِىْ إِسْرَائِيْلَ إِلَّا مَاحَرَّمَ إِسْرَائِيْلُ عَلٰى نَفْسِهِ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرَاةُ، قُلْ: فَأْتُوْا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوْهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ﴾: کھانے کی سب چیزیں بنی اسرائیل کے لئے حلال تھیں، مگر جو اسرائیل (یعقوبؑ) نے نزولِ تورات سے پہلے اپنے اوپر حرام کی تھیں، آپؐ کہیں: تورات لاؤ اور اس کو پڑھو اگر تم سچے ہو (کہ یہ دونوں چیزیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے گھرانے پر حرام کی گئی تھیں، یہود نے یہ چیلنج قبول نہیں کیا، وہ تورات سے یہ بات ثابت نہیں کر سکے)

تفسیر: حضرت یعقوب علیہ السلام کو چڈّوں کے درد (عرق النسا) کی شکایت ہوگئی تھی، انھوں نے منت مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ ان کو اس بیماری سے شفا عطا فرمائیں تو وہ اپنی مرغوب غذا چھوڑ دیں گے، چنانچہ شفا ہوگئی، ان کو سب سے زیادہ پسند اونٹ کا گوشت اور دودھ تھا، انھوں نے نذر کے سبب ان کو چھوڑ دیا، پھر تورات میں ان کی اولاد (بنی اسرائیل) کے لئے بھی یہ دونوں چیزیں حرام کر دی گئیں، ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے یہ چیزیں حرام نہیں تھیں۔

حدیث: میں ایک واقعہ ہے، اس میں بھی یہود پر تورات کے ذریعہ حجت قائم کی گئی ہے، یہ واقعہ پہلے (حدیث ۳۶۳۵ تحفۃ القاری ۷:۱۷۳) گذرا ہے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قُلْ فَأْتُوْا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوْهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ﴾ [آلِ عمران:۹۳]

[٤٥٥٦-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ الْيَهُوْدَ جَاءُ وْا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِرَجُلٍ مِنْهُمْ وَامْرَأَةٍ زَنَيَا، فَقَالَ لَهُمْ: "كَيْفَ تَفْعَلُوْنَ بِمَنْ زَنَى مِنْكُمْ؟" قَالُوْا: نُحَمِّمُهُمَا وَنَضْرِبُهُمَا. فَقَالَ: "لَاتَجِدُوْنَ فِي التَّوْرَاةِ الرَّجْمَ؟" فَقَالُوْا: لَا نَجِدُ فِيْهَا شَيْئًا، فَقَالَ: لَهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: كَذَبْتُمْ ﴿فَأْتُوْا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوْهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ﴾ فَوَضَعَ مِدْرَاسُهَا الَّذِىْ يُدَرِّسُهَا مِنْهُمْ كَفَّهُ عَلٰى آيَةِ الرَّجْمِ، فَطَفِقَ يَقْرَأُ مَا دُوْنَ يَدِهِ وَمَا وَرَاءَ هَا، وَلَا يَقْرَأُ آيَةَ الرَّجْمِ، فَنَزَعَ يَدَهُ عَنْ آيَةِ الرَّجْمِ، فَقَالَ: مَا هٰذِهِ؟ فَلَمَّا رَأَوْا ذٰلِكَ قَالُوْا: هِيَ آيَةُ الرَّجْمِ، فَأَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا، قَرِيْبٌ مِنْ حَيْثُ مَوْضِعُ الْجَنَائِزِ عِنْدَ الْمَسْجِدِ، فَرَأَيْتُ صَاحِبَهَا يَحْنِىْ عَلَيْهَا يَقِيْهَا الْحِجَارَةَ. [راجع: ۱۳۲۹]

لغات: حَمَّمَ الرجلَ: کوئلہ سے منہ کالا کرنا.........المِدْرَاس: یہودیوں کی کتاب پڑھنے والا، اس کا نام عبداللہ بن صوریا تھا (بائبل کی تعلیم گاہ کو بھی مِدْرَاس کہتے ہیں).........قریب: گیلری میں قریبًا ہے، وہ واضح ہے......... موضع: مرفوع ہے، حیث مابعد کی طرف اس وقت مضاف ہوتا ہے جب وہ جملہ ہو (حاشیہ).........حَنٰی یحنی حَنْیًا: جھکنا.........وَقٰی یَقِیْ وَقْیًا: تکلیف سے بچانا۔

بہترین امت اور اس کے کام

سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۱۰) میں ہے: ﴿کُنْتُمْ خَیْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ، تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ﴾: تم بہترین امت (جماعت) ہو، لوگوں کی نفع رسانی کے لئے وجود میں لائی گئی ہو، تم نیک کاموں کا حکم دیتے ہو، بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو۔

تفسیر: علی الاطلاق بہترین امت صحابہ کی جماعت تھی، ان کا ہر فرد آیت کا مصداق تھا، اور بعد کے لوگوں میں سے جو صحابہ کے عقائد واعمال پر ہیں وہی آیت کا مصداق ہیں، اور یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے، اس کی تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۱: ۵۲) میں ہے ــــ اور امت کی یہ خیریت لذاتہ نہیں، بلکہ ان کے عقائد واعمال کی وجہ سے ہے یعنی ایمان صحیح ہو اور وہ لوگوں کو نفع پہنچانے والے کام کرے، بھلائی کا حکم دے اور برائی سے روکے، اور باب کی حدیث میں 'جہاد' کو بھی نفع رسانی کے کاموں میں لیا ہے۔ فرمایا: خیر الناس للناس أی خیر للناس: لوگوں میں بہترین وہ ہے جو لوگوں کے لئے بہترین ہے، دوسری جگہ حدیث کے الفاظ ہیں: خیر الناس أنفعهم للناس (کنز العمال حدیث ۴۳۰۶۵) (مثلاً: جہاد کرنا لوگوں کو فائدہ پہنچانا ہے) مجاہدین کفار کو لاتے ہیں ان کی گردنوں میں زنجیریں ڈال کر، یہاں تک کہ داخل کرتے ہیں وہ اس کو اسلام میں یعنی قیدی بنا کر لاتے ہیں، پھر وہ غلام بنائے جاتے ہیں، پھر جب وہ اسلامی معاشرہ کو قریب سے دیکھتے ہیں تو مسلمان ہو جاتے ہیں: یہ ان کو نفع پہنچانا ہے۔

[۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ [آل عمران: ۱۱۰]

[۴۵۵۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ قَالَ: خَيْرُ النَّاسِ لِلنَّاسِ، يَأْتُوْنَ بِهِمْ فِي السَّلَاسِلِ فِيْ أَعْنَاقِهِمْ، حَتَّى يَدْخُلُوْا فِي الإِسْلَامِ. [راجع: ۳۰۱۰]

جنگِ احد میں دو قبیلے پھسلتے پھسلتے رہ گئے

غزوۂ احد میں خزرج کے قبیلہ بنوسلمہ نے اور اوس کے قبیلے بنوحارثہ نے عبداللہ بن ابی (رئیس المنافقین) کی طرح واپسی کا کچھ ارادہ کر لیا تھا، یہ دونوں قبیلے لشکر کی دونوں جانبوں میں تھے، اگر خدانخواستہ یہ قبیلے پلٹ جاتے تو لشکر بے بازو ہو جاتا، مگر

توفیق خداوندی نے دونوں قبیلوں کی دستگیری کی، اور ان کو واپسی سے بچالیا، ان کے بارے میں سورہ آلِ عمران کی آیت ۱۲۲ نازل ہوئی: ''یاد کرو جب تم میں سے دو جماعتوں نے دل میں خیال کیا کہ وہ ہمت ہار دیں، اور اللہ تعالیٰ دونوں جماعتوں کے مددگار تھے، اور مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہئے'' —— اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۱۴۶) گذری ہے۔

[۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِذْ هَمَّتْ طَّائِفَتَانِ مِنكُمْ أَنْ تَفْشَلاَ﴾ [آل عمران: ۱۲۲]

[۴۵۵۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: فِيْنَا نَزَلَتْ: ﴿إِذْ هَمَّتْ طَّائِفَتَانِ مِنكُمْ أَنْ تَفْشَلاَ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُما﴾ قَالَ: نَحْنُ الطَّائِفَتَانِ: بَنُوْ حَارِثَةَ وَبَنُوْ سَلِمَةَ، وَمَا نُحِبُّ — وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: وَمَا يَسُرُّنِيْ — أَنَّهَا لَمْ تُنْزَلْ؛ لِقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا﴾

[راجع: ۴۰۵۱]

نبی ﷺ کو دشمنوں کے لئے بددعا کرنے سے روک دیا گیا: اس میں مدعوعلیہم کی مصلحت تھی

حضرت نوح علیہ السلام نے قوم کے لئے بددعا کی: ﴿رَبِّ لاَ تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِيْنَ دَيَّارًا﴾: اے میرے پروردگار! نہ چھوڑیں آپ زمین پر کافروں میں سے ایک بھی گھروں میں رہنے والا! جواب آیا: ﴿لَنْ يُؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ إِلاَّ مَنْ قَدْ آمَنَ، فَلاَ تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ﴾: ہرگز ایمان نہیں لائیں گے آپ کی قوم میں سے مگر جو ایمان لاچکے، پس آپ غم نہ کریں ان حرکتوں (ایذا و استہزاء) کا جو وہ کررہے ہیں —— اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعونیوں کے لئے بددعا کی: ﴿رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰى أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلاَ يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيْمَ﴾: اے ہمارے پروردگار! ان کے مالوں کو نیست و نابود کردیں اور ان کے دلوں کو سخت کردیں، پس وہ ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب دیکھ لیں! جواب آیا: ﴿قَدْ أُجِيْبَتْ دَعْوَتُكُمَا﴾: تم دونوں کی دعا قبول کرلی گئی! —— اور نبی ﷺ کی زبانِ مبارک سے جب بھی کوئی ایسی بات نکلی جو جانی دشمنوں کی ہلاکت کا باعث ہوسکتی تھی تو آپؐ کو روک دیا گیا کہ آپؐ کا کچھ اختیار نہیں، اللہ تعالیٰ جو چاہیں کریں، اور سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۱۲۸) نازل ہوئی: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ: أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾: آپؐ کا کوئی دخل نہیں! یا تو اللہ تعالیٰ ان پر متوجہ ہوں (اور دولتِ ایمان سے ان کو نوازدیں) یا ان کو سزا دیں، کیونکہ وہ ظالم ہیں —— اس میں اشارہ ہے کہ آپؐ کو بددعا سے روکنے میں مدعوعلیہم کی مصلحت پیش نظر تھی، وہ سب دشمن دیر سویر مسلمان ہوگئے اور اسلام کے جانباز سپاہی بن گئے۔

سوال: یہ آیت کس واقعہ میں نازل ہوئی ہے؟ روایات میں اختلاف ہے: کسی روایت میں ہے کہ جب نبی ﷺ غزوۂ احد میں زخمی ہوئے تو زبانِ مبارک سے نکلا: وہ قوم کیسے فلاح پائے گی، جس نے اپنے نبی کا چہرہ زخمی کردیا، جو ان کو اللہ کی طرف بلارہا ہے؟! پس یہ آیت نازل ہوئی —— اور کسی روایت میں ہے کہ جب بیر معونہ کے واقعہ میں کفار نے ستر

قراء کو شہید کیا تو آپ ؐ نے ایک ماہ تک قنوت نازلہ پڑھا، پھر یہ آیت نازل ہوئی تو آپ ؐ نے بددعا بند کردی —— اور پہلے روایت آئی ہے کہ آپ ؐ نے تین شخصوں کے لئے بددعا کی تو یہ آیت نازل ہوئی (حدیث ۴۰۷۰ تحفۃ القاری ۸:۱۶۱) —— پس آیت کا حقیقی شانِ نزول کیا ہے؟

جواب: یہ اختلاف کچھ زیادہ اہمیت نہیں رکھتا، کیونکہ صحابہ ہر احتمالی صورت کے لئے أُنزلت فی کذا استعمال کرتے تھے، البتہ حقیقی شانِ نزول غزوۂ احد ہے، کیونکہ سورہ آلِ عمران میں یہ آیت اسی غزوہ کے غضون (درمیان) میں آئی ہے۔

[۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾ [آلِ عمران: ۱۲۸]

[۴۵۵۹-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمٌ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّـهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ فِي الرَّكْعَةِ الآخِرَةِ مِنَ الْفَجْرِ يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلاَنًا وَفُلاَنًا وَفُلاَنًا" بَعْدَ مَا يَقُوْلُ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾ رَوَاهُ إِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ. [راجع: ۴۰۶۹]

ملحوظہ: یہ روایت پہلے (تحفۃ القاری ۸:۱۶۱ حدیث ۴۰۶۹) گذری ہے اور اسحاق بن راشد حرانی کی روایت طبرانی کی معجم کبیر میں ہے۔

[۴۵۶۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَدْعُوَ عَلٰى أَحَدٍ أَوْ يَدْعُوَ لِأَحَدٍ قَنَتَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ، فَرُبَّمَا قَالَ: إِذْ قَالَ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، وَعَيَّاشَ بْنَ أَبِيْ رَبِيْعَةَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ، وَاجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ" يَجْهَرُ بِذٰلِكَ، وَكَانَ يَقُوْلُ فِيْ بَعْضِ صَلاَتِهِ فِي صَلاَةِ الْفَجْرِ: "اللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلاَنًا وَفُلاَنًا" لِأَحْيَاءٍ مِنَ الْعَرَبِ، حَتَّى أَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾ الآيَةَ. [راجع: ۷۹۷]

ملحوظہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳:۱۲۹ حدیث ۸۰۴) گذری ہے۔

غزوۂ احد میں صحابہ منتشر ہوگئے تو نبی ﷺ نے ان کو پکارا

غزوۂ احد میں پہلے انفرادی مقابلہ شروع ہوا، کفار کے سات علم بردار یکے بعد دیگرے جہنم رسید ہوئے، پھر عام جنگ

شروع ہوئی، حضرات حمزہ، علی اور ابودُجانہ رضی اللہ عنہم دشمن پر اس طرح ٹوٹے کہ صفیں کی صفیں صاف کردیں، کفار کے قدم اکھڑنے لگے، وہ گھاٹیوں کی طرف بھاگے، اور مسلمان غنیمت جمع کرنے لگے —— نبی ﷺ نے پچاس تیراندازوں کا ایک دستہ حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ایک پہاڑی پر ممکنہ حملہ سے بچاؤ کے لئے متعین کیا تھا، اور اس کو تاکید کی تھی کہ خواہ فتح ہو یا شکست وہ اپنی جگہ سے نہ ہٹیں، مگر جب فتح ہوگئی تو پہاڑی پر جو تیرانداز تھے وہ غنیمت جمع کرنے کے لئے چل دیئے، امیر نے ہر چندروکا مگر وہ نہ مانے، اس طرح مسلمانوں کی پشت ننگی ہوگئی۔

اُدھر خالد بن الولید جو اس سے پہلے تین بار اس مورچہ کو سر کرنے کی کوشش کرچکے تھے: اس زریں موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے تیزی سے چکر کاٹ کر اسلامی لشکر کی پشت پر پہنچے، اور چند لمحوں میں عبداللہ بن جبیر اور ان کے ساتھیوں کو شہید کردیا، اور مسلمانوں پر پیچھے سے ٹوٹ پڑے، اور انھوں نے ایک نعرہ لگایا جس سے شکست خوردہ مشرکین کو صورتِ حال کی تبدیلی کا علم ہوگیا، وہ بھی پلٹ گئے، اور مسلمان نرغے میں آگئے، وہ گھبراہٹ میں بھاگے جارہے تھے، مڑکر کسی کو نہیں دیکھ رہے تھے، مگر نبی ﷺ جم کر میدان میں ڈٹے ہوئے تھے، آپ صحابہ کو پکاررہے تھے، مگر لوگ تشویش واضطراب میں تھے، کہاں سن رہے تھے؟ آخر کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے زور سے آواز لگائی، تب لوگوں نے سنی، اور واپس آکر نبی ﷺ کے گرد جمع ہوگئے، اس طرح ہاری ہوئی جنگ کسی درجہ میں جیت لی گئی —— مگر مسلمانوں کا کیا نقصان ہوا؟ چت بھی ان کی پٹ بھی ان کی! سورۃ التوبہ (آیت ۵۲) میں ہے: ﴿قُلْ: هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَا إِلَّا إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ﴾: کہہ دیں: تم ہمارے حق میں دو بہتریوں میں سے ایک بہتری کے منتظر ہو: یا ہم کامیاب ہونگے یا شہید ہونگے: دونوں باتیں ہمارے حق میں بہتر ہیں، احد میں پہلے فتح نصیب ہوئی، اور آخر میں سترّ صحابہ شہید ہوئے: بتاؤ، ہمارا کیا نقصان ہوا؟ —— أخرى: آخِر کا مؤنث ہے —— اور حدیث تحفۃ القاری (۸: ۱۵۷) میں گذری ہے۔

[۱۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْ أُخْرَاكُمْ﴾ [آل عمران: ۱۵۳]

وَهُوَ تَأْنِيْثُ آخِرِكُمْ.

وَقَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ﴾: فَتْحًا أَوْ شَهَادَةً.

[۴۵۶۱-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى الرَّجَّالَةِ يَوْمَ أُحُدٍ عَبْدَ اللهِ بْنَ جُبَيْرٍ، فَأَقْبَلُوْا مُنْهَزِمِيْنَ، فَذَاكَ إِذْ يَدْعُوْهُمُ الرَّسُوْلُ فِيْ أُخْرَاهُمْ، وَلَمْ يَبْقَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرُ اثْنَا عَشَرَ رَجُلاً. [راجع: ۳۰۳۹]

لغت: الرَّجَّالَة: پیدل رَجِلَ (س) رَجَلاً: پیدل چلنا۔ الفارس: شہ سوار، گھڑسوار۔

اونگھ چین بن کراتری تو بے چینی دور ہوئی

سورۃ آلِ عمران کی آیت ۱۵۴ ہے: ﴿ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشَى طَائِفَةً مِنْكُمْ﴾: پھر اللہ تعالیٰ نے اس بے چینی کے بعد تم پر چین بھیجا یعنی اونگھ، جو تم میں سے ایک جماعت پر چھائی جارہی تھی۔

تفسیر: جنگ احد میں جن کو شہید ہونا تھا: ہوگئے، اور جن کو میدان سے ہٹنا تھا ہٹ گئے، اور جو میدان میں باقی رہے ان میں سے مخلص مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ نے یکدم غنودگی طاری کردی، لوگ کھڑے کھڑے اونگھنے لگے، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے کئی مرتبہ تلوار زمین پر گری، یہ حسی اثر تھا اس باطنی سکون کا جو اس ہنگامۂ رُست خیز میں مؤمنین کے دلوں پر نازل ہوا، اس سے خوف وہراس کافور ہوگیا، یہ کیفیت ٹھیک اس وقت پیش آئی جب لشکر اسلام میں نظم وضبط قائم نہیں رہا تھا، بیسیوں لاشیں خاک وخون میں تڑپ رہی تھیں، سپاہی زخموں سے چور تھے، نبی ﷺ کے قتل کی افواہ سے رہے سہے ہوش گم ہوگئے تھے، پس یہ نیند بیدار ہونے کا پیام تھی، اللہ تعالیٰ نے غنودگی طاری کرکے صحابہ کی ساری تھکن دور کردی، اور ان کو متنبہ کردیا کہ خوف وہراس اور تشویش واضطراب کا وقت بیت گیا، اب مامون ومطمئن ہوکر اپنا فرض انجام دو، چنانچہ فوراً صحابہ نے نبی ﷺ کے گرد جمع ہوکر لڑائی کا محاذ قائم کرلیا، تھوڑی دیر کے بعد مطلع صاف تھا اور دشمن سامنے سے بھاگتا نظر آیا۔ اور حدیث پہلے گذری ہے (تحفۃ القاری ۸: ۱۵۷)

[۱۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَمَنَةً نُّعَاسًا﴾ [آل عمران: ۱۵۴]

[۴۵۶۲-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَبُوْ يَعْقُوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ: أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ قَالَ: غَشِيَنَا النُّعَاسُ وَنَحْنُ فِي مَصَافِّنَا يَوْمَ أُحُدٍ، قَالَ: فَجَعَلَ سَيْفِي يَسْقُطُ مِنْ يَدِيْ وَآخُذُهُ، وَيَسْقُطُ وَآخُذُهُ. [راجع: ۴۰۶۸]

غزوہ حمراء الاسد کا تذکرہ

دو باب ساتھ ہیں، دونوں میں غزوہ حمراء الاسد سے متعلقہ آیات ہیں۔ جب قریش میدان احد سے مکہ کو واپس ہوئے تو انھوں نے مقام روحاء میں پہنچ کر — جو مدینہ سے ۴۵ میل ہے — سوچا کہ ہم جنگ احد میں غالب آجانے کے باوجود لوٹ آئے، اور مسلمانوں کا صفایا نہیں کیا، ہمیں لوٹ کر ان کا استیصال کردینا چاہئے — نبی ﷺ کو وحی سے یہ بات معلوم ہوئی، آپؐ نے ان کے تعاقب کا فیصلہ کیا، صحابہ زخموں سے چور تھے، آپؐ بھی زخمی تھے، مگر سب نے لبیک کہا، اور حمراء الاسد تک — جو مدینہ سے آٹھ میل ہے — تشریف لے گئے، اللہ تعالیٰ نے کفار کے دلوں میں رعب ڈال دیا، وہ مکہ ہی کی طرف ہو لئے، اور بعض راہ گیروں سے کہتے گئے کہ مسلمانوں کے دلوں میں ہمارا رعب ڈال دینا، مسلمانوں نے ان کی

باتوں کے جواب میں کہا: ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾: اللہ تعالیٰ ہمارے لئے کافی ہیں، اور وہی بہترین کارساز ہیں!

آپؐ حمراء الاسد میں تین دن قیام فرما کر صحیح سالم لوٹ آئے، اور کوئی ناگواری کی بات پیش نہیں آئی (تفصیل تحفۃ القاری ۱۶۸:۸ میں ہے) اس واقعہ میں سورۃ آلِ عمران کی آیات ۱۷۲-۱۷۵ نازل ہوئیں: ﴿الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ: لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا أَجْرٌ عَظِيْمٌ ○ الَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ: إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ، فَزَادَهُمْ إِيْمَانًا، وَقَالُوْا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ○ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ، لَمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْءٌ، وَاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ○ إِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ أَوْلِيَاءَهُ، فَلَا تَخَافُوْهُمْ، وَخَافُوْنِ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ﴾: جن لوگوں نے اللہ ورسول کے کہنے کو قبول کیا، اس کے بعد کے ان کو زخم پہنچا: ان میں سے جو نیک اور متقی ہیں، ان کے لئے ثوابِ عظیم ہے، یہ ایسے لوگ ہیں کہ ان لوگوں سے (راہ گیروں نے) کہا: کفار نے تمہارے لئے فوج جمع کی ہے، سو تم ان سے ڈرو! پس اس بات نے ان کے ایمان میں اضافہ کیا (کیونکہ اس سے رسول کی خبر کی تصدیق ہوگئی) اور انھوں نے کہا: اللہ تعالیٰ ہمارے لئے کافی ہیں، اور وہ بہترین کارساز ہیں، پس وہ اللہ کی نعمت اور فضل کے ساتھ لوٹے، درانحالیکہ ذرا بھی ناگواری کی بات پیش نہیں آئی، اور وہ لوگ اللہ کی خوشنودی کے تابع رہے، اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں، وہ شیطان ہی تھا جو اپنے دوستوں سے ڈراتا تھا تم ان سے مت ڈرو، اور مجھ ہی سے ڈرو، اگر تم ایمان والے ہو۔

لغات: القرح: زخم، قَرِحَ (س) قَرَحًا: جسم پر زخم ظاہر ہونا......... أجاب فلانًا (افعال) اور استَجابه (استفعال) ہم معنی ہیں: جواب دینا، سورۃ شوریٰ آیت ۲۶ میں بھی باب استفعال: باب افعال کے معنی میں آیا ہے۔

سوال: پہلے باب میں حدیث کیوں ذکر نہیں کی؟ **جواب:** یہ مستقل باب نہیں ہے، اگلا باب اس کا تتمہ ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جب ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تو انھوں نے کہا: ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾: اور نبی ﷺ نے بھی جب راہ گیروں نے کفار سے ڈرایا تو کہا: ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾: (پس ہمیں بھی آڑے وقت میں یہی کہنا چاہئے اور بار بار کہنا چاہئے)

[۱۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا أَجْرٌ عَظِيْمٌ﴾ [آل عمران: ۱۷۲]

﴿الْقَرْحُ﴾: الْجِرَاحُ، ﴿اسْتَجَابُوْا﴾: أَجَابُوْا، ﴿يَسْتَجِيْبُ﴾: يُجِيْبُ.

[۱۳-] بَابٌ: ﴿إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ﴾ الآيَةَ [آل عمران: ۱۷۳]

[۴۵۶۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، أُرَاهُ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾ قَالَهَا إِبْرَاهِيْمُ حِيْنَ أُلْقِيَ فِي النَّارِ، وَقَالَهَا مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَالُوْا: ﴿إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيْمَانًا وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾[طرفه: ٤٥٦٤]

[٤٥٦٤-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ آخِرَ قَوْلِ إِبْرَاهِيْمَ حِيْنَ أُلْقِيَ فِي النَّارِ: حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ.

[راجع: ٤٥٦٣]

جس مال کی زکات ادانہیں کی گئی قیامت کے دن اس مال کی مالا پہنائی جائے گی

جو مالدار مال سینت کر رکھتا ہے، اور مال کا حق یعنی زکات ادانہیں کرتا، اس کو آخرت میں مختلف سزائیں دی جائیں گی، ایک سزا کا ذکر سورۃ آلِ عمران آیت ۱۸۰ میں ہے: ﴿وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ هُوَ خَيْرٌ لَّهُمْ، بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ، سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾: اور نہ گمان کریں وہ لوگ جو بخیلی کرتے ہیں اس مال میں جو ان کو اللہ نے اپنے فضل سے دیا ہے کہ وہ بخیلی ان کے حق میں بہتر ہے، بلکہ وہ بخیلی ان کے حق میں بری ہے، عنقریب وہ مال جس میں وہ بخیلی کیا کرتے تھے قیامت کے دن ان کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا!

تفسیر: مال کس طرح گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا؟ باب کی حدیث میں اس کی صورت یہ بیان کی گئی ہے کہ وہ دولت زہریلے سانپ کی شکل میں نمودار ہوگی، اور بڑی عمر ہونے کی وجہ سے اور انتہائی زہریلے ہونے کی وجہ سے اس کے سر کے بال جھڑ گئے ہونگے، اس کی آنکھوں پر دو سیاہ نقطے ہونگے، وہ سانپ اس کے گلے کا ہار بن جائے گا، وہ اس کی دونوں باچھوں کو کاٹے گا، اور کہے گا: میں تیرا مال ہوں! میں تیری دولت ہوں! (پس اب چکھ اپنے مال کا مزہ) اور حدیث تحفۃ القاری ۴: ۷۴۱ میں آچکی ہے۔

[١٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ﴾ الآية.

﴿سَيُطَوَّقُوْنَ﴾ كَقَوْلِكَ: طَوَّقْتُهُ بِطَوْقٍ.

[٤٥٦٥-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ أَبَا النَّضْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ: مُثِّلَ لَهُ مَالُهُ شُجَاعًا أَقْرَعَ، لَهُ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يَأْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِيْ شِدْقَيْهِ، يَقُوْلُ: أَنَا مَالُكَ أَنَا كَنْزُكَ" ثُمَّ تَلاَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ. [راجع: ١٤٠٣]

لغات: طَوَّقه بطَوْق: گلے میں طوق یا مالا ڈالنا، يُطَوَّق (فعل مجہول) طوق یا مالا بنادیا جائے گا .... مَثَّلَ الشیئَ له: کسی کے لئے کسی چیز کی تصویر کھینچنا یعنی اس طرح وضاحت کرنا جیسے وہ اسے دیکھ رہا ہے: پیکر محسوس اختیار کرنا .... الشُّجاع: سانپ (اسی لفظ کے معنی 'بہادر' بھی ہیں) .... الأقْرع: گنجا .... الزَّبِيْبة: سانپ کی آنکھ کے اوپر کا سیاہ نقطہ .... اللِّهْزِمَة: جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی، یہ دو ہوتی ہیں .... الشِّدْق: گوشہ دہن، باچھ، جبڑا۔

دل آزاری کی باتیں سن کر صبر وتحمل سے کام لینا اولوالعزمی کا کام ہے

سورۃ آلِ عمران آیت ۱۸۶ میں ہے: ﴿وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا أَذًى كَثِيْرًا، وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ﴾: اور ضرور سنوگے تم دل آزاری کی بہت سی باتیں ان لوگوں سے جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے اور مشرکین سے، اور اگر صبر کرو اور پرہیز (احتیاط) رکھو تو وہ ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

تفسیر: مسلمانوں کو وقتاً فوقتاً یہود ونصاری اور مشرکین سے جگر خراش اور دل آزار باتیں سننی پڑتی ہیں، کبھی وہ پیغمبر اسلام ﷺ پر کیچڑ اچھالتے ہیں، جس کو سن کر دل چھلنی ہوجاتا ہے، کبھی تعلیماتِ اسلام پر اعتراض کرتے ہیں، اور مختلف طرح سے اسلام کو بدنام کرنے کی کوشش کرتے ہیں: ان سب کا علاج صبر وتحمل سے کام لینا ہے، اور کافروں کی چالوں سے واقف رہنا ہے، مگر ہے یہ ہمت اور اولوالعزمی کا کام، اس کا مقابلہ کرنے کے لئے بڑے دل گردے کی ضرورت ہے، ایسے مواقع میں اوچھاپن کبھی شماتتِ اعداء کا سبب بن جاتا ہے۔

اور حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے، پہلے صرف ابتدائی حصہ آیا ہے، اور حدیث میں مذکور واقعہ دل آزار باتوں سے درگذر کرنے کی ایک مثال ہے، اور حدیث کا ترجمہ عبارت کے بعد ہے۔

[١٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا أَذًى كَثِيْرًا﴾ [آل عمران: ١٨٦]

[٤٥٦٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ: أَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَكِبَ عَلٰى حِمَارٍ عَلٰى قَطِيْفَةٍ فَدَكِيَّةٍ، وَأَرْدَفَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَرَاءَ هُ، يَعُوْدُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فِي بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ، قَالَ: حَتّٰى مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ، وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ، فَإِذَا فِي الْمَجْلِسِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَعَبَدَةِ الْأَوْثَانِ وَالْيَهُوْدِ وَالْمُسْلِمِيْنَ، وَفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ خَمَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ أَنْفَهُ بِرِدَائِهِ، ثُمَّ قَالَ: لَا تُغَبِّرُوْا عَلَيْنَا. فَسَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَيْهِمْ ثُمَّ وَقَفَ فَنَزَلَ فَدَعَاهُمْ إِلَى اللّٰهِ، وَقَرَأَ

عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ: أَيُّهَا الْمَرْءُ! إِنَّهُ لاَ أَحْسَنَ مِمَّا تَقُوْلُ إِنْ كَانَ حَقًّا، فَلَا تُؤْذِيْنَا بِهِ فِي مَجَالِسِنَا، ارْجِعْ إِلٰى رَحْلِكَ، فَمَنْ جَاءَ كَ فَاقْصُصْ عَلَيْهِ. فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَاغْشَنَا بِهِ فِي مَجَالِسِنَا، فَإِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ، فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْيَهُوْدُ حَتّٰى كَادُوْا يَتَثَاوَرُوْنَ فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَنُوْا.

ثُمَّ رَكِبَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم دَابَّتَهُ، فَسَارَ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "يَا سَعْدُ! أَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالَ أَبُوْ حُبَابٍ؟" يُرِيْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ، "قَالَ كَذَا وَكَذَا" قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اعْفُ عَنْهُ وَاصْفَحْ عَنْهُ، فَوَ الَّذِيْ أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ! لَقَدْ جَاءَ اللّٰهُ بِالْحَقِّ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلَيْكَ، وَلَقَدِ اصْطَلَحَ أَهْلُ هٰذِهِ الْبُحَيْرَةِ عَلٰى أَنْ يُتَوِّجُوْهُ، فَيُعَصِّبُوْنَهُ بِالْعِصَابَةِ، فَلَمَّا أَبَى اللّٰهُ ذٰلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِيْ أَعْطَاكَ اللّٰهُ شَرِقَ بِذٰلِكَ، فَذٰلِكَ فَعَلَ بِهِ مَا رَأَيْتَ، فَعَفَا عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم.

وَكَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَصْحَابُهُ يَعْفُوْنَ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَهْلِ الْكِتَابِ كَمَا أَمَرَهُمُ اللّٰهُ، وَيَصْبِرُوْنَ عَلَى الْأَذٰى، قَالَ اللّٰهُ: ﴿وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا أَذًى كَثِيْرًا﴾ وَقَالَ اللّٰهُ: ﴿وَدَّ كَثِيْرٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِنْ بَعْدِ إِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا حَسَدًا مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ﴾ إِلٰى آخِرِ الْآيَةِ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَتَأَوَّلُ فِي الْعَفْوِ مَا أَمَرَهُ اللّٰهُ بِهِ، حَتّٰى أَذِنَ اللّٰهُ فِيْهِمْ.

فَلَمَّا غَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَدْرًا، فَقَتَلَ اللّٰهُ بِهِ صَنَادِيْدَ كُفَّارِ قُرَيْشٍ، قَالَ ابْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَعَبَدَةِ الْأَوْثَانِ: هٰذَا أَمْرٌ قَدْ تَوَجَّهَ، فَبَايَعُوا الرَّسُوْلَ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَى الْإِسْلَامِ فَأَسْلَمُوْا. [راجع: ۲۹۸۷]

ترجمہ: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ گدھے پر سوار ہوئے، فدک کی بنی ہوئی جھالردار چادر بچھا کر، اور حضرت اسامہؓ کو اپنے پیچھے بٹھایا، آپؐ قبیلہ بنوالحارث میں حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے جارہے تھے، یہ واقعہ جنگ بدر سے پہلے کا ہے۔ حضرت اسامہؓ کہتے ہیں: یہاں تک کہ آپؐ ایک ایسی مجلس سے گذرے، جس میں عبداللہ بن ابی ابن سلول تھا، اور یہ واقعہ عبداللہ کے (منافقانہ) مسلمان ہونے سے پہلے کا ہے، پس اچانک مجلس میں مسلمان، مشرک، مورتیوں کے پجاری اور مسلمان (مکرر) ملے جلے تھے، اور مجلس میں عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، پس جب محفل کو چوپایے کے غبار نے ڈھانکا تو عبداللہ نے اپنی چادر سے اپنی ناک ڈھانکی، پھر اس نے کہا: تم لوگ ہمیں گرد آلود مت کرو، پس نبی ﷺ نے ان کو (مسلمانوں کی نیت سے) سلام کیا، پھر آپؐ رکے اور اترے، اور ان

کو اللہ کی طرف بلایا، اور ان کو قرآن پڑھ کر سنایا۔ عبداللہ بن ابی نے کہا: او آدمی! بے شک شان یہ ہے کہ تم جو بات کہہ رہے ہو اس سے بہتر کوئی بات نہیں، اگر وہ بات سچی ہے، پس آپ ہم کو تکلیف نہ پہنچائیں اس سے ہماری محفلوں میں، آپ اپنے کجاوے (گھر) کی طرف لوٹ جائیں، پس جو شخص آپ کے پاس آئے اس کے سامنے (یہ باتیں) بیان کریں، پس عبد اللہ بن رواحہؓ نے کہا: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں ڈھانکیں اس بات کے ساتھ ہماری محفلوں میں، پس بے شک ہم اس کو پسند کرتے ہیں، پس مسلمان، مشرک اور یہود ایک دوسرے کو گالی دینے لگے، یہاں تک کہ قریب تھے کہ وہ ایک دوسرے پر حملہ کردیں، پس نبی ﷺ برابر ان کو خاموش کرتے رہے یہاں تک کہ وہ پُرسکون ہوگئے۔

پھر نبی ﷺ اپنی سواری پر سوار ہوئے اور چلے، یہاں تک کہ آپ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے، پس نبی ﷺ نے حضرت سعدؓ سے کہا: ''اے سعد! کیا نہیں سنی آپ نے وہ بات جو ابو حباب نے کہی؟'' ـــــ آپ عبداللہ بن ابی کو مراد لے رہے تھے ـــــ ''اس نے یہ اور یہ کہا!'' حضرت سعدؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! اس کو معاف کردیں اور اس سے درگذر کریں، پس قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ پر قرآن اتارا ہے! بخدا! واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس دین حق کو لائے جو اللہ نے آپ پر اتارا ہے درانحالیکہ اتفاق کرلیا تھا اس شہر والوں نے اس بات پر کہ وہ تاج پہنائیں اس کو، اور پگڑی باندھیں وہ اس کے سر پر، پس جب اللہ تعالیٰ نے اس بات کا انکار کیا اس دین حق کی وجہ سے جو اللہ نے آپ کو دیا تو اس کی وجہ سے اس کو اچھولگ گیا، پس وہ کیا اس نے آپ کے ساتھ جو آپ نے دیکھا، پس نبی ﷺ نے اس کو معاف کردیا۔

اور نبی ﷺ اور آپ کے صحابہ مشرکین اور اہل کتاب کو معاف کیا کرتے تھے جیسا اللہ تعالیٰ نے ان کو حکم دیا تھا، اور ایذا رسانیوں پر صبر کیا کرتے تھے، اللہ تعالیٰ نے (سورۃ آلِ عمران آیت ۱۶۸ میں) ارشاد فرمایا: ''اور ضرور سنو گے تم دل آزاری کی بہت سی باتیں ان لوگوں سے جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے اور مشرکین سے'' آخر آیت تک (پڑھیں) اور (سورۃ البقرہ آیت ۱۰۹ میں) ارشاد فرمایا: ''بہت سے اہل کتاب (یہود) کا دل چاہتا ہے کہ تم کو تمہارے ایمان لائے پیچھے پھر کافر کر ڈالیں اپنے دلی حسد کے سبب'' آخر آیت تک (پڑھیں) اور نبی ﷺ کل بٹھایا کرتے تھے درگذر کرنے میں اس بات کی جس کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا تھا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں (جہاد کی) اجازت دیدی۔

پس جب نبی ﷺ نے بدر کی جنگ لڑی، اور اللہ نے اس جنگ میں کفارِ قریش کے سرغنوں کو قتل کیا تو عبداللہ بن ابی نے اور مشرکین نے جو اس کے ساتھ تھے اور مورتیوں کے پجاریوں نے کہا: یہ معاملہ (اسلام) یقیناً تمہاری طرف متوجہ ہوا ہے، پس اسلام پر رسول اللہ ﷺ سے بیعت کرلو، چنانچہ وہ مسلمان ہوگئے۔

لغات: قطیفۃ: جھالردار چادر .... أخلاط: ملے جلے .... عَجَاجۃ: غبار .... خمَّر: ڈھانکا .... غبَّرہ: گرد آلود کرنا .... استباب: ایک دوسرے کو گالی دینا .... تثاوُرٌ (تفاعل) ایک دوسرے پر حملہ کرنا .... شَرِقَ فلان بالماء: حلق میں پانی اٹک جانا، اچھولگ جانا .... تأوَّل الکلامَ: کل بٹھانا یعنی مراد خداوندی پر

عمل کرنا............ تَوَجَّهَ إليه: کسی کی طرف رخ کرنا، متوجہ ہونا۔

فائدہ: صبر کرنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ تدبیر نہ کرے، یا مواقع انتقام میں انتقام نہ لے، یا مواقع قتال میں قتال نہ کرے، بلکہ حوادث سے دل تنگ نہ ہو، کیونکہ اس میں تمہارے لئے منافع ومصالح ہیں، اور تقوی یہ کہ خلافِ شرع امور سے بچے، گو تدبیر بھی کرے (بیان القرآن)

یہود اپنے کئے پر خوش ہوتے تھے اور نہ کئے پر تعریف کے خواہاں ہوتے تھے

سورۃ آلِ عمران کی (آیات ۱۸۷ و ۱۸۸) ہیں: ﴿وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهُ، فَنَبَذُوْهُمْ وَرَاءَ ظُهُوْرِهِمْ، وَاشْتَرَوْا بِهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا، فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ○ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَا أَتَوْا وَيُحِبُّوْنَ أَنْ يُحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِنَ الْعَذَابِ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾: اور (یاد کرو) جب اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب سے عہد و پیمان لیا کہ وہ اپنی کتاب کو عام لوگوں کے سامنے ظاہر کریں، اور اس کو چھپائیں نہیں، پس ان لوگوں نے اس حکم کو اپنی پیٹھ کے پیچھے ڈال دیا، اور اس کے عوض میں حقیر معاوضہ لے لیا، پس بری ہے وہ چیز جس کو وہ لے رہے ہیں ○ آپ ہرگز گمان نہ کریں ان لوگوں کو جو اپنے کردار پر خوش ہوتے ہیں، اور چاہتے ہیں کہ ان کی تعریف کی جائے اس کام پر جو انھوں نے نہیں کیا، ایسے لوگوں کو آپ عذاب سے بچا ہوا خیال نہ کریں، ان کو دردناک سزا ہوگی۔

آیت کا شانِ نزول اور مصداق

۱- شانِ نزول کے سلسلہ میں امام بخاری رحمہ اللہ نے دو روایتیں ذکر کی ہیں: ابوسعید خدریؓ کی اور ابن عباسؓ کی:

(الف) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: عہد نبوی میں منافقین میں سے چند لوگوں کا طریقہ یہ تھا کہ جب نبی ﷺ کسی غزوہ کے لئے تشریف لے جاتے تو وہ لوگ آپؐ سے پیچھے رہ جاتے، اور رسول اللہ ﷺ کے جانے کے بعد وہ اپنے پیچھے رہنے پر خوش ہوتے، پھر جب آپؐ واپس آتے تو وہ آپؐ کے سامنے بہانے بناتے اور قسمیں کھاتے، اور وہ پسند کرتے کہ ان کی ایسے کام پر تعریف کی جائے جو انھوں نے نہیں کیا، یعنی جہاد میں شرکت نہ کرنے پر بھی ان کی تعریف کی جائے، اس پر آیتِ پاک: ﴿لَاتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَا أَتَوْا﴾: نازل ہوئی۔

(ب) مروان بن الحکم نے (جب وہ حضرت معاویہؓ کی طرف سے مدینہ کا گورنر تھا) حضرت ابن عباسؓ کے پاس آدمی بھیجا اور ان سے پوچھا: اگر ہر وہ شخص سزا دیا جائے گا جو خوش ہوتا ہے اس چیز پر جو وہ دیا گیا ہے، اور وہ پسند کرتا ہے کہ اس کی تعریف کی جائے اس بات پر جو اس نے نہیں کی تو ہم سب بخدا ضرور سزا دیئے جائیں گے! کیونکہ ہم میں سے ہر شخص میں یہ دو باتیں پائی جاتی ہیں، ہر شخص اس بات سے خوش ہوتا ہے جو وہ دیا گیا ہے، اور ہر شخص نا کردہ نیک عمل پر تعریف کا خواہاں رہتا ہے۔

حضرت ابن عباسؓ نے جواب دیا: تمہارا اس آیت سے کیا تعلق ہے؟ یہ آیت تو اہل کتاب کے حق میں نازل ہوئی ہے،

پھر حضرت ابن عباسؓ نے اس آیت سے اوپر والی آیت پڑھی، اور بتایا کہ یہ آیت سابقہ آیت سے جڑی ہوئی ہے، جس کی تفصیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اہل کتاب سے ایک بات پوچھی، انھوں نے اس کو چھپایا، اور انھوں نے آپؐ کو اس کے علاوہ بات بتائی، پھر وہ رخصت ہوگئے اور انھوں نے آپؐ کو ایسا دکھلایا کہ انھوں نے آپؐ کو وہ بات بتلادی جو آپؐ نے دریافت کی تھی، اور وہ آپؐ سے تعریف کے خواہاں ہوئے اس (غیر مسئول) بات کے بتانے کی وجہ سے، اور وہ خوش ہوئے اپنی کتاب (تورات) پر جو وہ دیئے گئے ہیں، اور اس بات پر جو آپؐ نے ان سے پوچھی تھی (ترمذی حدیث ۳۰۳۸ تحفۃ الالمعی ۷:۱۷۳)

تشریح: نبی ﷺ نے ان سے جو بات پوچھی تھی وہ بات انھوں نے چھپائی تھی، اور انھوں نے آپؐ کو اس کے علاوہ بات بتائی تھی یعنی جو خاص علامت ان سے پوچھی گئی تھی وہ تو نہیں بتلائی، اور دوسری بات بتلائی جو مطلوب نہیں تھی، اور انھوں نے ایسا مظاہرہ (دکھاوا) کیا کہ گویا انھوں نے آپؐ کو وہ بات بتلادی جو آپؐ نے ان سے پوچھی تھی، اور وہ اس پر تعریف کے خواہاں ہوئے یعنی انھوں نے چاہا کہ نبی ﷺ ان کا شکریہ ادا کریں ـــــ اور وہ لوگ اس بات پر خوش ہوئے کہ ان کے پاس تورات ہے اور نبی آخر الزماں ﷺ بھی ان کی باتوں کے محتاج ہیں (ترمذی میں من کتابھم ہے یا وہ اس پر خوش ہوئے کہ انھوں نے وہ بات چھپائی جو نبی ﷺ نے ان سے دریافت کی تھی، بخاری میں من کتمانھم ہے) ـــــ بہرحال حضرت ابن عباسؓ نے جواب دیا کہ آیت کا تعلق مسلمانوں سے نہیں ہے، بلکہ اہل کتاب سے ہے۔

فائدہ: اور آیت کا مصداق یہود اور منافقین تو ہیں ہی: مسلمان بھی بوجہ عموم الفاظ کے مصداق ہوسکتے ہیں، فوائد عثمانی میں ہے: تنبیہ: آیت میں گو تذکرہ یہود یا منافقین کا ہے، لیکن مسلمانوں کو بھی سنانا ہے کہ برا کام کرکے خوش نہ ہوں، بھلا کرکے اترائیں نہیں، اور جو اچھا کام کیا نہیں اُس پر تعریف کے امیدوار نہ رہیں، بلکہ کرنے کے بعد بھی مدح سرائی کی ہوس نہ رکھیں (انتہی)

[۱۶-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَاتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَا أَتَوْا﴾[آل عمران: ۱۸۸]

[۴۵۶۷-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ رِجَالاً مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، كَانَ إِذَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْغَزْوِ وَتَخَلَّفُوْا عَنْهُ، وَفَرِحُوْا بِمَقْعَدِهِمْ خِلَافَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اعْتَذَرُوْا إِلَيْهِ وَحَلَفُوْا، وَأَحَبُّوْا أَنْ يُحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا، فَنَزَلَتْ: ﴿لَاتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ﴾ الآيَة.

تصحیح: کان إذا خرج: جامع الاصول (۲:۱۵۷ حدیث ۵۴۸) میں کانوا إذا خرج ہے، اور یہی صحیح ہے ....
و تخلفوا: جامع الاصول میں واو نہیں ہے، اور گیلری میں بھی یہ نسخہ ہے، یہاں بھی واو صحیح نہیں، کانوا اسی پر داخل ہوگا

..........مقعد: مصدر ہےاور حدیث کا ترجمہ اوپر آ گیا۔

[٤٥٦٨-] حَدَّثَنِی إِبْرَاهِیمُ بْنُ مُوْسَی، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ: أَنَّ ابْنَ جُرَیْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِی ابْنُ أَبِی مُلَیْكَةَ: أَنَّ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ مَرْوَانَ قَالَ لِبَوَّابِهِ: اذْهَبْ یَا رَافِعُ إِلَی ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْ لَئِنْ كَانَ كُلُّ امْرِئٍ فَرِحَ بِمَا أُوْتِیَ، وَأَحَبَّ أَنْ یُحْمَدَ بِمَا لَمْ یَفْعَلْ: مُعَذَّبًا، لَیُعَذَّبُنَّ أَجْمَعُوْنَ. فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَمَالَكُمْ وَلِهٰذِهِ؟ إِنَّمَا دَعَا النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم یَهُوْدًا فَسَأَلَهُمْ عَنْ شَیْئٍ، فَكَتَمُوْهُ إِیَّاهُ، وَأَخْبَرُوْهُ بِغَیْرِهِ، فَأَرَوْهُ أَنْ قَدِ اسْتَحْمَدُوْا إِلَیْهِ بِمَا أَخْبَرُوْهُ عَنْهُ فِیْمَا سَأَلَهُمْ، وَفَرِحُوْا بِمَا أُوْتُوْا مِنْ كِتْمَانِهِمْ، ثُمَّ قَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ الَّذِیْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ﴾ كَذٰلِكَ حَتّٰی قَوْلِهِ: ﴿یَفْرَحُوْنَ بِمَا أُوْتُوْا وَیُحِبُّوْنَ أَنْ یُحْمَدُوْا بِمَا لَمْ یَفْعَلُوْا﴾ تابَعَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ.

حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِی ابْنُ أَبِی مُلَیْكَةَ، عَنْ حُمَیْدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ: أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ مَرْوَانَ بِهٰذَا.

وضاحتیں: یہ روایت علقمہ بن وقاصؒ کی ہے جو جلیل القدر تابعی ہیں..........مروان کا قول: فَرِحَ بما أوتی: خوش ہوتا ہے اس چیز پر جو وہ دیا گیا یعنی اللہ کی نعمت پر: یہ بات صحیح نہیں، آیت کریمہ میں: ﴿یَفْرَحُوْنَ بِمَا أَتَوْا﴾ ہے یعنی اپنے کردار پر خوش ہوتے ہیں، اور روایت میں تصحیف بھی سمجھ میں نہیں آتی، ترمذی (حدیث ۳۰۲۸) میں بھی یہی ہے، پس ممکن ہے مروان آیت کو صحیح نہ سمجھا ہو، یا بما أتوا کی جگہ بما أوتی کوئی قراءت ہو..........تابعه: عبدالرزاق صنعانی: ہشام بن یوسف صنعانی کے متابع ہیں..........پھر دوسری متابعت لائے ہیں، علقمہ کی طرح حُمید بھی یہ واقعہ بیان کرتے ہیں، اور حمید کی روایت مسلم شریف میں ہے (حدیث ۲۷۷۸) مگر ان متابعات سے اسماعیلی کے اعتراض کا جواب نہیں بنتا، وہ کہتے ہیں: مروان کا دربان مجہول راوی ہے، صرف نام معلوم ہونے سے کیا ہوتا ہے؟ پس یہ روایت بخاری میں لانے کے قابل نہیں، جیسے مسّ ذکر کی روایت میں مروان کا چوکیدار مجہول راوی ہے۔ چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ اس روایت کو بخاری شریف میں نہیں لائے، اس روایت کا حال بھی ویسا ہی ہے۔ اور حدیث کا ترجمہ اوپر آ گیا۔

کائنات میں عقلمندوں کے لئے توحید کی نشانیاں ہیں

سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۹۰) میں ہے: ﴿إِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَآیَاتٍ لِّأُوْلِی الْأَلْبَابِ﴾: آسمانوں اور زمین کے بنانے میں اور رات اور دن کے آنے جانے میں خالص عقل والوں کے لئے یقیناً (توحید کی) نشانیاں ہیں۔

تفسیر: عقل مند آدمی جب آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور کرتا ہے تو اس کے عجیب وغریب احوال سامنے آتے

ہیں، اسی طرح دن رات کے مضبوط و مستحکم نظام میں غور کرتا ہے تو ماننا پڑتا ہے کہ کوئی قادر مطلق ہے جو اس پورے نظام پر کنٹرول کر رہا ہے، ورنہ یہ محکم نظام ہرگز قائم نہ رہ سکتا۔

اور حدیث پہلے بار بار گذری ہے (تحفۃ القاری ۱:۴۱۳) اور باب سے اس کی مناسبت یہ ہے کہ جب نبی ﷺ تہجد کے لئے بیدار ہوتے تھے تو سورۃ آلِ عمران کی آخری گیارہ آیتیں پڑھتے تھے، یہ ان آیات کی اہمیت پر دلالت کرتا ہے۔ اور سورت کے آخر تک ہر باب میں یہی حدیث آئے گی، سب جگہ یہی مناسبت ہے۔

[۱۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾ الآيَةَ [آل عمران: ۱۹۰]

[۴۵۶۹-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بِتُّ عِنْدَ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ، فَتَحَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَعَ أَهْلِهِ سَاعَةً ثُمَّ رَقَدَ، فَلَمَّا كَانَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الآخِرُ، قَعَدَ فَنَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: ﴿إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُوْلِي الْأَلْبَابِ﴾ ثُمَّ قَامَ فَتَوَضَّأَ وَاسْتَنَّ، فَصَلَّى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، ثُمَّ أَذَّنَ بِلَالٌ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ. [راجع: ۱۱۷]

اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کا کارخانہ عبث نہیں بنایا

مؤمن بندے ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں، ہر وقت ان کے دل میں اللہ کی یاد بسی رہتی ہے اور زبان پر ان کا ذکر جاری رہتا ہے، اور جب وہ آسمان وزمین میں غور کرتے ہیں تو بے ساختہ ان کی زبان سے نکلتا ہے: یہ عظیم الشان کارخانہ اللہ تعالیٰ نے بیکار نہیں بنایا، ضرور اس کا کوئی مقصد ہے، یہاں سے ان کا ذہن آخرت کی طرف منتقل ہوتا ہے جو موجودہ زندگی کا آخری نتیجہ ہے، پس وہ دوزخ کے عذاب سے محفوظ رہنے کی دعا کرتے ہیں، اور اس کے لئے جتن بھی کرتے ہیں۔

فائدہ: آسمان وزمین اور دیگر مصنوعات الٰہیہ میں غور وفکر کرنا وہی محمود ہوسکتا ہے جس کا نتیجہ خدا کی یاد اور آخرت کی طرف توجہ ہو، باقی جو مادہ پرست ان مصنوعات کے تاروں میں الجھ کر رہ جائیں اور صانع کی صحیح معرفت تک نہ پہنچ سکیں، خواہ دنیا انہیں محقق اور سائنس داں کہا کرے، مگر قرآن کی زبان میں وہ اولوا الالباب نہیں ہوسکتے، بلکہ پرلے درجہ کے جاہل اور احمق ہیں (فوائد عثمانی)

[۱۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَقُعُوْدًا وَعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾ [آل عمران: ۱۹۱]

[۴۵۷۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ

مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بِتُّ عِنْدَ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ، فَقُلْتُ: لَأَنْظُرَنَّ إِلٰى صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَطُرِحَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وِسَادَةٌ، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ طُوْلِهَا، فَجَعَلَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهِ، ثُمَّ قَرَأَ الآيَاتِ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ آلِ عِمْرَانَ حَتَّى خَتَمَ، ثُمَّ أَتَى شَنًّا مُعَلَّقًا، فَأَخَذَهُ فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ فَقُمْتُ فَصَنَعْتُ مِثْلَ مَا صَنَعَ ثُمَّ جِئْتُ فَقُمْتُ إِلٰى جَنْبِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى رَأْسِيْ، ثُمَّ أَخَذَ بِأُذُنِيْ، فَجَعَلَ يَفْتِلُهَا، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَوْتَرَ.

[راجع: ۱۱۷]

وضاحت: یہ گیارہ آیتیں ہیں، کسر چھوڑ کر دس آیتیں کہا ہے .... فَتَلَ الْأُذُنَ: کان بٹنا، موڑنا۔

دوزخ رسوائی کا گھر ہے، اس سے بچنے کا سامان کیا جائے

سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۹۲) میں مؤمنین کی دعا ہے: ﴿رَبَّنَا إِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ، وَمَا لِلظَّالِمِيْنَ مِنْ أَنْصَارٍ﴾: اے ہمارے پروردگار! آپ جس کو دوزخ میں ڈالیں تو یقیناً آپ نے اس کو رسوا کیا، اور ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں! —— دوزخ رسوائی کا گھر ہے اور جو جس قدر دوزخ میں رہے گا، اسی قدر اس کے لئے رسوائی ہوگی، پس دائمی رسوائی صرف کفار کے لئے ہوگی، اور عصاتِ مؤمنین جب دوزخ سے نجات پائیں گے تو ان کی رسوائی دُھل جائے گی —— اور جس کے لئے اللہ کا فیصلہ دوزخ میں ڈالنے کا ہوگا اس کو کوئی حمایت کرکے بچا نہیں سکتا، ہاں بہ اذنِ الٰہی سفارش کرکے شفعاء بخشوائیں گے۔

[۱۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿رَبَّنَا إِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ وَمَا لِلظَّالِمِيْنَ من أَنْصَارٍ﴾

[۴۵۷۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ مُوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ بَاتَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهِيَ خَالَتُهُ، فَاضْطَجَعْتُ فِيْ عَرْضِ الْوِسَادَةِ، وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَهْلُهُ فِيْ طُوْلِهَا، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى انْتَصَفَ اللَّيْلُ، أَوْ قَبْلَهُ بِقَلِيْلٍ، أَوْ بَعْدَهُ بِقَلِيْلٍ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَجَعَلَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهِ بِيَدَيْهِ، ثُمَّ قَرَأَ الْعَشْرَ الآيَاتِ الْخَوَاتِمَ مِنْ سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ، ثُمَّ قَامَ إِلٰى شَنٍّ مُعَلَّقَةٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهَا، فَأَحْسَنَ وُضُوْءَهُ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ، فَصَنَعْتُ مِثْلَ مَا صَنَعَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقُمْتُ إِلٰى جَنْبِهِ، فَوَضَعَ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَدَهُ الْيُمْنَى عَلٰى رَأْسِيْ، وَأَخَذَ بِأُذُنِي الْيُمْنَى يَفْتِلُهَا، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَوْتَرَ، ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتَّى جَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ، فَقَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ. [راجع: ۱۱۷]

ایمان وعمل صالح ہی آخرت کی رسوائی سے بچائے گا

سورۃ آلِ عمران (آیت۱۹۳) میں مؤمنین کی ایک دعا ہے: ﴿رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِيْ لِلإِيْمَانِ: أَنْ آمِنُوْا بِرَبِّكُمْ، فَآمَنَّا، رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الأَبْرَارِ﴾: اے ہمارے پروردگار! ہم نے ایک پکارنے والے (رسول یا قرآن) کو سنا جو پکار رہا ہے کہ ''اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ'' سو ہم ایمان لے آئے، اے ہمارے پروردگار! پس ہمارے گناہ بخش دے، اور ہماری برائیاں مٹادے، اور ہمیں نیک بندوں کے ساتھ موت دے!

[۲۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِيْ لِلإِيْمَانِ﴾ الآيَةَ

[۴۵۷۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ بَاتَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم وَهِيَ خَالَتُهُ، قَالَ: فَاضْطَجَعْتُ فِيْ عَرْضِ الْوِسَادَةِ، وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَأَهْلُهُ فِيْ طُوْلِهَا، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم حَتَّى إِذَا انْتَصَفَ اللَّيْلُ، أَوْ قَبْلَهُ بِقَلِيْلٍ، أَوْ بَعْدَهُ بِقَلِيْلٍ، اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم مِنْ مَنَامِهِ فَجَلَسَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهِ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَرَأَ الْعَشْرَ الآيَاتِ الْخَوَاتِيْمَ مِنْ سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ، ثُمَّ قَامَ إِلٰى شَنٍّ مُعَلَّقَةٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهَا، فَأَحْسَنَ وُضُوْءَهُ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَقُمْتُ فَصَنَعْتُ مِثْلَ مَا صَنَعَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقُمْتُ إِلٰى جَنْبِهِ، فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَدَهُ الْيُمْنَى عَلٰى رَأْسِيْ، وَأَخَذَ بِأُذُنِي الْيُمْنَى يَفْتِلُهَا، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَوْتَرَ، ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتَّى جَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ، فَقَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ. [راجع: ۱۱۷]

﴿الحمد للہ! سورۃ آل عمران کی تفسیر پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وقفۂ علالت

۹ ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۵ اکتوبر ۲۰۱۳ء کو میں نے سورۃ آل عمران کی تفسیر مکمل کی، پھر دو ماہ علالت کی وجہ سے کام بند رہا، اب ۲۷ جنوری ۲۰۱۴ء سے پھر کام شروع کر رہا ہوں۔

علالت کی تفصیل:

میں نے ۲۰۰۵ء میں سینہ میں ہلکا سا درد محسوس کیا تھا، مقامی ڈاکٹر سے رجوع کیا، اس نے اے سی جی کی اور مشورہ دیا کہ این جوگرافی کراؤ، صحیح صورتِ حال اسی سے معلوم ہوگی، چنانچہ میرٹھ میں این جوگرافی کرائی، رپورٹ آئی کہ تین رگیں بند ہیں، اس لئے بائے پاس ضروری ہے، بمبئی کے میرے احباب نے اور حضرت مولانا حکیم محمد سعود صاحب اجمیری رحمہ اللہ نے مجھے بمبئی بلایا، میں بمبئی گیا، حکیم صاحب نے علاج شروع کیا، اور مشورہ دیا کہ ڈاکٹر جوالے کا بھی علاج کیا جائے، اس لئے یونانی اور انگریزی دونوں علاج شروع کئے اور بائی پاس کی رائے نہیں ہوئی۔

سال بھر دوائیاں کھائیں، اس دوران کوئی تکلیف نہیں ہوئی، درس وتصنیف کا کام حسب معمول چلتا رہا، پھر ایک سال کے بعد بمبئی میں دوبارہ این جوگرافی کرائی، خیال تھا کہ اب رگیں کھل گئی ہونگی، مگر رپورٹ خلافِ توقع آئی، جو رگ ۸۰٪ بند تھی وہ ۹۰٪ بند ہوگئی تھی، جو ۷۰٪ بند تھی وہ ۸۵٪ بند ہوگئی تھی، اور جو ۲۰٪ بند تھی وہ ۶۰٪ بند ہوگئی تھی، صرف ایک رگ کام کر رہی تھی، اس لئے ڈاکٹر نے فوری بائے پاس کا مشورہ دیا، مگر مجھے کوئی تکلیف نہیں تھی، اس لئے میں نے اقدام نہیں کیا۔

پھر ایک سال پہلے صحت میں تبدیلی آئی، میں مدرسہ تک پیدل نہیں جاسکتا تھا، راستہ میں سانس پھول جاتا تھا، جبکہ مدرسہ کا فاصلہ دس منٹ کا تھا، چنانچہ میں رکشا سے جانے لگا، سبق پڑھاتا رہا اور تصنیف کا کام بھی چلتا رہا۔

اکتوبر ۲۰۱۳ء کے شروع میں میرے دوست، دینی بھائی اور سمدھی جناب محمد حنیف صاحب کھڑوڈیہ زید مجدہم (مہتمم جامعہ نور العلوم گٹھامن، گجرات) دیوبند تشریف لائے، میں نے ان سے اپنا حال بیان کیا، انھوں نے مشورہ دیا کہ عید الاضحیٰ کی تعطیلات آنے والی ہیں، بمبئی آجاؤ، ایک مرتبہ اور این جوگرافی کرالیں، صورتِ حال کا اندازہ ہو جائے گا، پھر اس کے مطابق عمل کیا جائے گا۔

چنانچہ میں عید الاضحیٰ کے دوسرے دن ۱۷/ اکتوبر ۲۰۱۳ء کو برخودار جناب مولانا حسین احمد سلمہ پالن پوری کے ساتھ بمبئی

گیا، وہاں این جوگرافی کرائی، رپورٹ آئی کہ دل سے جو مین رگ نکلتی ہے وہ بند ہوگئی ہے، ڈاکٹر جوالے صاحب نے بھی سی ڈی دیکھ کر صورتِ حال کو خطرناک قرار دیا، اور فوری بائے پاس کرانے کا مشورہ دیا، ڈاکٹر 'پانڈے' نے بھی یہی مشورہ دیا چنانچہ ناناوٹی ہاسپٹل میں ڈاکٹر 'پارتھے' سے آپریشن کرانا طے کردیا گیا، اور میں ایک دن پہلے شفاخانہ میں داخل ہوگیا، ۲۸/اکتوبر پیر کا دن عملِ جراحی کے لئے طے کیا، مگر ۲۷/اکتوبر بروز اتوار دوپہر کے وقت سخت اٹیک آیا، اور میں بے ہوش ہوگیا، ساتھیوں نے فوراً ڈاکٹر کو فون کیا، ڈاکٹر مع عملہ اتفاقاً شفاخانہ میں موجود تھا، انھوں نے مجھے فوراً آپریشن کے لئے اٹھایا، اور خبر آناً فاناً ملک اور بیرون ملک پھیل گئی، اور ہر جگہ دعائیں شروع ہوگئیں، بعض جگہ ختم پڑھے گئے اور مکہ مکرمہ میں بعض حضرات طواف اور دعا میں لگ گئے:

ملک الموت اڑے ہیں، جان لے کے جائیں گے ❁ سر بہ سجدہ ہے مسیحا کہ میری بات رہے!

چنانچہ دوستوں اور بزرگوں کی دعاؤں کی اللہ تعالیٰ نے لاج رکھ لی، اور ۲۷/اکتوبر ۲۰۱۳ء کو ڈاکٹروں نے کامیاب آپریشن کردیا، مجھے اس وقت ہوش آیا جب میں دوسرے دن آئی سی یو میں تھا، ۲۵ دن کے بعد ۲۰/نومبر ۲۰۱۳ء کو میں شفایاب ہوکر دیوبند آگیا، اور ایک ہفتہ آرام کرکے سبق شروع کردیا، مگر تین دن کے بعد ملیریا کا بخار شروع ہوگیا، اور وہ ایسا سخت حملہ تھا کہ گردے بھی متأثر ہوگئے، چنانچہ بمبئی سے احباب (بھائی عمار بن عبدالرحیم اور بھائی عمران روشن) آئے اور مجھے دوبارہ بمبئی لے گئے، اس مرتبہ ہم سفر برخوردار جناب مولوی حسن احمد پالن پوری سلمہ تھے، وہاں ملت ہاسپٹل میں مجھے داخل کیا گیا، میں ایک ہفتہ میں شفایاب ہوگیا، مگر احباب کا اصرار رہا کہ سبق جلدی شروع نہ کیا جائے، چنانچہ میں آرام کے لئے بمبئی رک گیا۔

اِدھر دارالعلوم دیوبند کی مجلسِ شوریٰ نے میرے ایماء پر بخاری شریف کا درس عارضی طور پر حضرت مہتمم صاحب (حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب) کے حوالے کیا، آپ نے اپنا ترمذی شریف کا سبق موقوف کرکے روزانہ دو وقت بخاری شریف پڑھانا شروع کیا تو مجھے گونہ اطمینان ہوگیا۔

پھر خیال آیا کہ بمبئی میں وقت بیکار گذر رہا ہے، کیوں نہ دیوبند لوٹ کر تحفۃ القاری لکھوں! چنانچہ میں ۲۴/دسمبر ۲۰۱۳ء مطابق ۲۰/صفر ۱۴۳۵ھ کو دیوبند آگیا، مگر سر منڈاتے ہی اولے پڑے، ابھی چند ہی روز گذرے تھے کہ حضرت مہتمم صاحب بیمار پڑ گئے، ان کے منہ سے خون آنے لگا اور ان کو دہلی ہاسپٹل میں داخل ہونا پڑا، اس لئے ماہ جنوری ۲۰۱۴ء سے میں نے سبق پڑھانا شروع کیا۔ ۲۵/جنوری ۲۰۱۴ء تک میں صرف سبق پڑھاتا رہا، روزانہ دو وقت پڑھاتا تھا، اب ششماہی امتحان شروع ہوا ہے اور اسباق بند ہوگئے ہیں، اس لئے تحفۃ القاری لے کر بیٹھا ہوں، ۵/فروری ۲۰۱۴ء تک امتحان چلیں گے، پھر سبق شروع ہوگا، میں امید کرتا ہوں کہ سبق کے ساتھ تحفۃ القاری کا سلسلہ بھی چلتا رہے گا، **وما ذلك على الله بعزيز، وهو ولي الأمور!**

[٤] سورة النساء

[١-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿يَسْتَنْكِفْ﴾: يَسْتَكْبِرْ. [٢-] قِوَامًا: قِوَامُكُمْ مِنْ مَعَايِشِكُمْ. [٣-] ﴿لَهُنَّ سَبِيْلاً﴾: يَعْنِى الرَّجْمَ لِلثَّيِّبِ وَالْجَلْدَ لِلْبِكْرِ. [٤-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ﴾: يَعْنِى اثْنَيْنِ وَثَلاَثَ وَأَرْبَعَ، وَلاَ تُجَاوِزُ الْعَرَبُ رُبَاعَ.

تفسیر سورۃ النساء

الفاظ کے معانی

۱- سورۃ النساء کی آیت ۱۷۲ ہے: ﴿لَنْ يَسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ أَنْ يَكُوْنَ عَبْدًا لِلّٰهِ وَلاَ الْمَلاَئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ وَمَنْ يَسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيْعًا﴾: مسیح ہرگز اللہ کے بندے بننے سے عار نہیں کرتے، اور نہ مقرب فرشتے (عار کرتے ہیں) اور جو شخص اللہ کی بندگی سے عار کرے گا اور تکبر کرے گا: اللہ تعالیٰ ضرور سب کو اپنے پاس جمع کریں گے۔

تفسیر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: آیت میں یستنکف اور یستکبر ہم معنی ہیں، اور عطف تفسیری ہے، اور دونوں فعل مَن موصولہ متضمن معنی شرط کی وجہ سے مجزوم ہیں .... استنکاف (استفعال): ناک چڑھانا، بڑائی کی وجہ سے کسی چیز کو اختیار کرنے میں عار محسوس کرنا .... استکبار: تکبر کی وجہ سے حق بات کو نہ ماننا۔

۲- سورۃ النساء آیت ۵ میں ہے: ﴿وَلاَ تُؤْتُوْا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِىْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيَامًا﴾: اور کم عقلوں کو اپنے وہ مال مت دو جن کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے بقاء کا ذریعہ بنایا ہے۔

تفسیر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے قیامًا کی تفسیر قوامًا سے کی ہے، حاشیہ میں ہے کہ جس لفظ کی تفسیر کرنی تھی اس کو امام بخاری رحمہ اللہ نے حذف کیا ہے، صرف تفسیر قواما ذکر کی ہے، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ وہ واو کے ساتھ قوامًا پڑھتے تھے، (حاشیہ ختم ہوا) القِوام: کسی چیز کے وجود وبقاء کا سامان، روزی جو بقاء حیات کے لئے ضروری ہے، مایۂ زندگانی یعنی زندگی کی پونجی جو سہارا بنتی ہے .... هذا قِوَامُ أمرِك وقيامُه: أى ما يقوم به أمرك: وہ چیز جس کے ذریعہ تمہارا معاملہ درست ہو۔

فائدہ: قرآنِ کریم نے دو ہی چیزوں کو قیاما للناس کہا ہے، ایک مال کو دوسرے کعبہ شریف کو، ارشاد فرمایا: ﴿جَعَلَ

اللّٰہُ الْکَعْبَۃَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ قِیَامًا لِلنَّاسِ﴾: اللہ تعالیٰ نے کعبہ شریف کو جو کہ محترم گھر ہے، لوگوں کے قائم رہنے کا سبب بنایا ہے (مائدہ ۹۷) یعنی جب تک کعبہ شریف باقی ہے دنیا باقی ہے، اور جب کفار اس کو منہدم کر دیں گے تو جلد قیامت آجائے گی۔

غرض اس تعبیر سے جس طرح کعبہ شریف کی اہمیت آشکارہ ہوتی ہے، مال کی اہمیت بھی آشکارہ ہوتی ہے، مال لوگوں کے لئے سہارا ہے مایۂ زندگانی ہے، اس لئے جائز راہوں سے مال کمانا چاہئے، خرچ کرنا چاہئے اور کچھ جمع بھی رکھنا چاہئے، بالکل خالی ہاتھ نہیں ہوجانا چاہئے، اندوختہ ہوتو آدمی باہمت رہتا ہے، ورنہ کمر ٹوٹ جاتی ہے۔

۳-سورۃ النساء کی آیت ۱۵ ہے: ﴿وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَۃَ مِنْ نِسَاءِ کُمْ﴾: الآیۃ: اور تمہاری عورتوں میں سے جو بے حیائی کا کام کریں: ان پر اپنے آدمیوں میں سے چار کو گواہ بنالو، پس اگر وہ گواہی دیں تو تم ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو، یہاں تک کہ موت ان کا خاتمہ کردے، یا اللہ تعالیٰ ان کے لئے کوئی راہ تجویز فرمادیں۔

تفسیر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ سبیل (راہ) بعد میں قرآن وحدیث میں متعین کردی گئی، غیر شادی شدہ کو سو دُرّے مارے جائیں، اور شادی شدہ کو سنگسار کیا جائے۔

فائدہ: اب اس آیت کا حکم اسلامی حکومت میں منسوخ ہے، مقررہ سزادے کر معاملہ ایک طرف کردیا جائے، البتہ غیر اسلامی حکومت میں اس پر عمل کرنا چاہئے، اس لئے تلاوت باقی رکھی گئی ہے۔

۴-قرآنِ کریم میں ﴿مَثْنٰی وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ﴾ دو جگہ آیا ہے:

پہلی جگہ: سورۃ النساء آیت ۳ میں ہے: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتَامٰی فَانْکِحُوْا مَاطَابَ لَکُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰی وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ﴾: اور اگر تم کو اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے حق میں انصاف نہیں کرسکو گے تو دوسری عورتوں سے جو تم کو پسند ہوں دو دو سے تین تین سے اور چار چار سے نکاح کرو۔

دوسری جگہ: سورۃ الفاطر کی پہلی آیت ہے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَاعِلِ الْمَلَائِکَۃِ رُسُلًا أُوْلِیْ أَجْنِحَۃٍ مَّثْنٰی وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ، یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَایَشَاءُ﴾: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے ہیں، جو فرشتوں کو پیغام رسانی کے لئے مقرر کرنے والے ہیں، جو دو دو، تین تین اور چار چار بازو والے ہیں، وہ بناوٹ میں جو چاہیں زیادتی کرتے ہیں، یعنی بعض فرشتوں کے اس سے زیادہ بھی بازو ہیں۔

تفسیر: امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کلمات (مثنی وثلاث ورباع) کے بارے میں دو باتیں بیان کی ہیں:

پہلی بات: ابو عبیدہؒ کا قول لکھا ہے کہ وہ ان لفظوں کو سادہ فورم (Form وضع شکل) میں قرار دیتے تھے یعنی ان کے معانی میں تکرار نہیں مانتے تھے، پس ان کے معنی ہیں: دو، تین اور چار، مگر اس صورت میں یہ کلمات منصرف ہونگے، چنانچہ گیلری میں ثلاثاً وأربعاً ہے، اور جمہور نحات کے نزدیک یہ کلمات معدول (اصل سے پھیرے ہوئے) اور غیر منصرف

ہیں، اوران کے معانی میں تکرار ہے یعنی دو دو، تین تین اور چار چار۔

دوسری بات: ان کلمات میں قیاس جاری ہوتا ہے یا نہیں؟ یعنی فُعال اور مَفْعل کے وزن پر خُماس اور مَخْمس وغیرہ کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک قیاس جاری نہیں ہوتا، فرمایا: عرب رُباع سے آگے نہیں بڑھتے، مزید تفصیل حاشیہ میں ہے۔

فائدہ: چونکہ فرشتوں کے بازو چار سے زیادہ بھی ہوتے ہیں، اس لئے رباع کے بعد ﴿یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَایَشَاءُ﴾ فرمایا، اور نکاح بیک وقت چار ہی عورتوں سے ہوسکتا ہے، اس لئے رُباع پر کلام روک دیا، آگے کچھ نہیں فرمایا، پس غیر مقلدین کی بات نص اور اجماع کے خلاف ہے کہ نکاح چار میں منحصر نہیں، جتنے چاہیں بیک وقت نکاح کر سکتے ہیں۔

یتیم لڑکی کے ساتھ ناانصافی کا اندیشہ ہوتو اس سے نکاح نہ کیا جائے

کبھی یتیم لڑکی کا سرپرست لڑکی کے مال میں رغبت رکھتا ہے، اس لئے وہ خود اس سے نکاح کرتا ہے، مگر مہر میں انصاف نہیں کرتا، کم مہر دیتا ہے، چنانچہ قرآنِ کریم نے سورۃ النساء کی آیت ۳ میں فرمایا: ایسا مت کرو، اگر تمہیں یتیم لڑکیوں کے حق میں اندیشہ ہو کہ ان کے ساتھ انصاف نہیں کروگے، مناسب مہر نہیں دوگے یا ان کے حقوق ادا نہیں کروگے تو ان سے نکاح مت کرو، دوسری عورتوں سے جو تمہیں پسند ہوں نکاح کرو، دو دو سے، تین تین سے اور چار چار سے —— اور پہلی حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے اور دوسری حدیث پہلے (حدیث ۲۴۹۴ تحفۃ القاری ۵:۵۱۰) آچکی ہے۔

[۱-] بَابٌ: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ﴾

[٤٥٧٣-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَجُلاً كَانَتْ لَهُ يَتِيْمَةٌ فَنَكَحَهَا، وَكَانَ لَهَا عَذْقٌ، وَكَانَ يُمْسِكُهَا عَلَيْهِ، وَلَمْ يَكُنْ لَهَا مِنْ نَفْسِهِ شَيْئٌ فَنَزَلَتْ فِيْهِ: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى﴾ أَحْسِبُهُ قَالَ: كَانَتْ شَرِيْكَتَهُ فِي ذٰلِكَ الْعَذْقِ وَفِي مَالِهِ. [راجع: ٢٤٩٤]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک شخص کے پاس یعنی زیر پرورش ایک یتیم لڑکی تھی، پس اس نے اس سے نکاح کرلیا، اور اس لڑکی کے لئے کھجور کا پھل دار درخت تھا، اور وہ اس لڑکی کو روکتا تھا یعنی دوسری جگہ اس کا نکاح نہیں کرتا تھا اس پھل دار کھجور کے درخت کی وجہ سے، اور نہیں تھا اس لڑکی کے لئے اس سرپرست سے کچھ یعنی نکاح کر لینے کے بعد وہ اس کی طرف جنسی رغبت نہیں رکھتا تھا، پس اس کے حق میں سورۃ النساء کی آیت ۳ نازل ہوئی —— (ہشام کہتے ہیں:) میں عروہؒ کو گمان کرتا ہوں کہ انھوں نے کہا: وہ یتیم لڑکی اس سرپرست کے ساتھ شریک تھی، اس کھجور کے پھل دار درخت میں یعنی کھجور کے باغ میں اور اس کے (دوسرے) مال میں۔

تشریح: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ نہیں بیان کیا کہ وہ کھجور کا پھل دار درخت تنہا اس یتیم لڑکی کا تھا یا سرپرست کی اس میں بھاگی داری تھی؟ حضرت عروہؒ نے واضح کیا کہ اس باغ میں اور سرپرست کے دوسرے مال میں اس کی بھاگی داری تھی، پس اگر وہ اس کا دوسری جگہ نکاح کرتا تو اس کا حصہ بانٹ کر دینا پڑتا، اس لئے مال کی لالچ میں خود نکاح کیا، مگر بیوی کے حقوق ادا نہیں کرتا تھا، چنانچہ آیت نے اس قسم کے نکاح سے روک دیا۔

[٤٥٧٤-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ: أَنَّـهُ سَأَلَ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى﴾ فَقَالَتْ: يَا ابْنَ أُخْتِيْ! هٰذِهِ الْيَتِيْمَةُ تَكُوْنُ فِيْ حَجْرِ وَلِيِّهَا، تَشْرَكُهُ فِيْ مَالِهِ وَيُعْجِبُهُ مَالُهَا وَجَمَالُهَا، فَيُرِيْدُ وَلِيُّهَا أَنْ يَتَزَوَّجَهَا، بِغَيْرِ أَنْ يُقْسِطَ فِيْ صَدَاقِهَا، فَيُعْطِيَهَا مِثْلَ مَا يُعْطِيْهَا غَيْرُهُ، فَنُهُوْا عَنْ أَنْ يَنْكِحُوْهُنَّ إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا لَهُنَّ، وَيُبَلِّغُوْ لَهُنَّ أَعْلٰى سُنَّتِهِنَّ فِي الصَّدَاقِ، فَأُمِرُوْا أَنْ يَنْكِحُوْا مَاطَابَ لَهُمْ مِنَ النِّسَاءِ سِوَاهُنَّ.

قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: وَإِنَّ النَّاسَ اسْتَفْتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ هٰذِهِ الآيَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ﴾ قَالَتْ عَائِشَةُ: وَقَوْلُ اللّٰهِ فِيْ آيَةٍ أُخْرٰى: ﴿وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ﴾: رَغْبَةُ أَحَدِكُمْ عَنْ يَتِيْمَتِهِ، حِيْنَ تَكُوْنُ قَلِيْلَةَ الْمَالِ وَالْجَمَالِ، قَالَتْ: فَنُهُوْا أَنْ يَنْكِحُوْا عَنْ مَنْ رَغِبُوْا فِيْ مَالِهِ وَجَمَالِهِ فِيْ يَتَامَى النِّسَاءِ إِلَّا بِالْقِسْطِ، مِنْ أَجْلِ رَغْبَتِهِمْ عَنْهُنَّ إِذَا كُنَّ قَلِيْلَاتِ الْمَالِ وَالْجَمَالِ.

[راجع: ٢٤٩٤]

ترجمہ: عروہ رحمہ اللہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سورۃ النساء آیت ۳ کی تفسیر پوچھی، پس صدیقہؓ نے فرمایا: اے میرے بھانجے! یہ یتیم لڑکی ہے جو اپنے ولی کی پرورش میں ہے، وہ اس کے ساتھ اس کے مال میں شریک ہوتی ہے، اور پسند آتا ہے ولی کو اس کا مال اور اس کی خوبصورتی، پس ولی چاہتا ہے کہ اس سے نکاح کرے بغیر اس کے کہ اس کے مہر میں انصاف کرے، پس دے وہ اس کو اتنا جتنا اس کو کوئی اور دیتا ہے، پس وہ روکے گئے اس سے کہ وہ ان یتیم لڑکیوں سے نکاح کریں، مگر یہ کہ انصاف کریں ان کے ساتھ، اور پہنچائیں وہ ان کو ان کے مہر کے اعلی مرتبہ تک، اور حکم دیئے گئے وہ کہ نکاح کریں ان کے علاوہ عورتوں سے جو ان کو پسند ہوں۔

عروہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: پھر لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کے بعد عورتوں کے (دیگر) مسائل پوچھے، پس سورۃ النساء کی چند آیات نازل ہوئیں، جو ﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ﴾ سے شروع ہوتی ہیں، صدیقہؓ نے فرمایا: اس دوسری آیت میں ایک بات زائد ہے: ﴿وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ﴾ (اس کا مطلب ہے:)

ان میں سے ایک کا اعراض کرنا اپنی زیر پرورش یتیم لڑکی سے جب اس کے پاس مال تھوڑا ہو اور خوبصورتی بھی کم ہو، صدیقہؓ نے فرمایا: پس لوگ روکے گئے اس بات سے کہ وہ نکاح کریں ان یتیم لڑکیوں سے جن کے مال میں اور خوبصورتی میں وہ رغبت رکھتے ہیں، البتہ (مہر وغیرہ میں) انصاف کرنے کے ساتھ (نکاح کر سکتے ہیں) ان کی بے رغبتی کی وجہ سے ان لڑکیوں میں جبکہ ان کے پاس مال اور خوبصورتی کم ہو، یعنی نادار ناقبول صورت کو تم پسند نہیں کرتے، اس کا نکاح دوسری جگہ کرتے ہو، اور مالدار قبول صورت سے مہر میں انصاف کئے بغیر نکاح کرنا چاہتے ہو پس ہم اس کی اجازت نہیں دیتے، البتہ مہر وغیرہ میں انصاف کرنے کے ساتھ ان سے نکاح کر سکتے ہو۔

یتیم کا سرپرست یتیم کے مال میں سے بوقت حاجت کھا سکتا ہے

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب کے شروع میں دو لفظوں کے معانی بیان کئے ہیں:

پہلا لفظ: بِدَارًا ہے، سورۃ النساء آیت ۶ میں ہے: ﴿وَلاَ تَأْكُلُوْا إِسْرَافًا وَبِدَارًا أَنْ يَكْبَرُوْا﴾: یتامی کے اموال ضرورت سے زیادہ اٹھا کر اور جلدی جلدی مت کھاؤ اس خیال سے کہ وہ بڑے ہو جائیں گے —— بداراً مصدر ہے اس کی تفسیر مبادرۃ سے کی ہے، یہ بھی مصدر ہے اور دونوں کے ایک معنی ہیں بادر إليه مبادرة وبدارًا: جلدی کرنا، سبقت کرنا، أَبْدَرَ الوصيُّ في مال اليتيم: یتیم کے بالغ ہونے سے پہلے اس کا مال کھالینا۔

دوسرا لفظ: أعتدنا ہے، سورۃ النساء آیت ۱۸ میں ہے: ﴿أُولٰئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيْمًا﴾: ان لوگوں کے لئے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے —— اعتدنا (باب افتعال) کا ترجمہ أَعْدَدْنَا (باب افعال) سے کیا ہے، أفعلنا یعنی أعددنا باب افعال سے ہے اور یہ فعل عَتَاد سے بنا ہے، جس کے معنی ہیں: کسی خاص مقصد کے لئے تیار کیا ہوا سامان، اور تیاری۔

باب کی آیت: سورۃ النساء کی آیت ۶ میں ہے: ﴿وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ، وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ فَإِذَا دَفَعْتُمْ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ﴾: اور جو شخص مستغنی ہو وہ تو خود کو بالکل ہی بچائے، اور جو شخص حاجت مند ہو وہ عرف کے مطابق کھائے، پھر جب ان کے اموال ان کے حوالے کرنے لگو تو ان پر گواہ بنالو۔

تفسیر: یتیم کا مال ولی اپنے خرچ میں نہ لائے، البتہ اگر یتیم کی پرورش کرنے والا محتاج ہو تو اپنی خدمت کے بقدر یتیم کے مال میں سے لے سکتا ہے، مثلاً: یتیم کا کھیت یا دکان ہے، اس کو ولی بوتا ہے یا وہی دکان چلاتا ہے، اور وہ بے نیاز ہے، اس کے پاس گذارے کے بقدر ہے تو کھیت کی پیداوار سے اور دکان کی آمدنی سے اپنی محنت کے بقدر بھی لینا جائز نہیں، البتہ اگر ولی کا اور کوئی کاروبار نہیں اور وہ حاجت مند ہے تو معروف طریقہ پر محنت کے بقدر یتیم کے مال میں سے تنخواہ لے سکتا ہے۔

اور جب کسی بچہ کا باپ مرجائے تو اس کا ترکہ چند مسلمانوں کے روبرو لکھ کر محفوظ کر لیا جائے، پھر جب یتیم ہوشیار ہو جائے، تو پھر شاہدوں کے سامنے باقی مال یتیم کو سونپ دیا جائے اور جو کچھ خرچ ہو گیا ہے وہ اس کو سمجھا دیا جائے، شاید کسی

وقت اختلاف ہوتو گواہوں کے ذریعہ بہ سہولت معاملہ نمٹایا جاسکے —— اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ، فَإِذَا دَفَعْتُمْ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ﴾ الآيَةَ

[۱-] ﴿وَبِدَارًا﴾: مُبَادَرَةً: [۲-] ﴿أَعْتَدْنَا﴾: أَعْدَدْنَا، أَفْعَلْنَا مِنَ الْعَتَادِ.

[۴۵۷۵-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ، وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ﴾: أَنَّهَا نَزَلَتْ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ إِذَا كَانَ فَقِيْرًا: أَنَّـهُ يَأْكُلُ مِنْهُ مَكَانَ قِيَامِهِ عَلَيْهِ بِمَعْرُوْفٍ. [راجع: ۲۲۱۲]

تقسیم میراث کے وقت غیر وارث رشتہ دار وغیرہ آجائیں توان کوبھی کچھ دیا جائے

سورۃ النساء کی آیت ۸ ہے: ﴿وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُوْلُوْا الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِنْهُ، وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلاً مَعْرُوْفًا﴾: اور جب تقسیم ترکہ کے وقت آموجود ہوں (دور کے) رشتہ دار اور یتیم اور غریب لوگ، پس ان کوترکہ میں سے کچھ دواوران کے ساتھ خوبی سے بات کرو —— جب سب ورثاء عاقل بالغ ہوں تو باہمی رضامندی سے کچھ دینا چاہئے، نابالغ کے حصہ میں سے نہیں دے سکتے، اور نہ دینا ہو توان کے ساتھ خوبی سے بات کرو، ان کا دل مت توڑو، ان سے کہو کہ معاف کرو، ورثاء کچھ دینے پر راضی نہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ آیت منسوخ نہیں، محکم (معمول بہا) ہے، مگر لوگ اس پر عمل کرنے میں سستی کرتے ہیں، تفصیل تحفۃ القاری ۶:۱۶۵ میں ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُوْلُوْا الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنُ﴾ الآيَةَ

[۴۵۷۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الأَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُوْلُوْا الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنُ﴾ قَالَ: هِيَ مُحْكَمَةٌ وَلَيْسَتْ بِمَنْسُوْخَةٍ، تَابَعَهُ سَعِيْدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ. [راجع: ۲۷۵۹]

﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ أَوْلَادِكُمْ﴾ کا شانِ نزول

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت سعد بن الربیع رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی دو بیٹیوں کو لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں آئیں، اور عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ سعد بن الربیع کی بیٹیاں ہیں، ان کے ابا آپؐ کے ساتھ جنگ احد میں شہید ہو گئے ہیں، اور ان کے چچا نے سارا مال لے لیا ہے، پس دونوں کے لئے کوئی مال نہیں

رہا، اوران دونوں کی شادی اسی صورت میں ہوسکتی ہے جب ان کے پاس کچھ مال ہو، نبی ﷺ نے فرمایا: اس معاملہ میں اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائیں گے، پس میراث کی آیتیں نازل ہوئیں، آپؐ نے لڑکیوں کے چچا کو بلایا اور فرمایا: سعد کی دونوں بیٹیوں کو دوتہائی دو، اوران کی ماں کو آٹھواں حصہ دو، اور باقی آپ کا ہے عصبہ ہونے کی وجہ سے (ترمذی حدیث ۲۰۹۲ تحفۃ الالمعی ۴۲۹:۵) مذکورہ آیت کا شانِ نزول یہی واقعہ ہے، اور میراث کی آیتوں کا مصداق سورۃ النساء کی آیات ۱۱ و ۱۲ ہیں۔

دوسری حدیث: (جو باب میں ہے اور ابن جریج کی روایت ہے) حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں بیمار پڑا، نبی ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیدل میری عیادت کے لئے تشریف لائے، پس نبی ﷺ نے مجھ کو پایا کہ میں کچھ نہیں سمجھ رہا یعنی مجھ پر بے ہوشی طاری ہے، آپؐ نے پانی منگوایا اور اس سے وضوء فرمایا اور مجھے چھینٹا دیا تو مجھے ہوش آ گیا، میں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! آپؐ مجھے کیا حکم دیتے ہیں کہ کروں میں اپنے مال میں؟ پس آیت ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ أَوْلَادِكُمْ﴾ نازل ہوئی۔

تشریح: یہ روایت صحیح نہیں، حضرت جابرؓ نے کلالہ کا مسئلہ دریافت کیا تھا، پس سورۃ النساء کی آخری آیت نازل ہوئی تھی، اسی میں کلالہ کا حکم ہے اور یہ روایت بخاری شریف میں سات آٹھ جگہ آئی ہے، دو جگہ ابن جریج کی سند سے آئی ہے (یہاں اور حدیث ۷۷ ۴۵) اسی میں: فَنَزَلَتْ: ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ أَوْلَادِكُمْ﴾ ہے اور تین جگہ شعبہؒ کی سند سے اور تین جگہ سفیان ثوریؒ کی سند سے ہے، ان میں ہے: حتى نزلت آية الميراث، اور یہی صحیح ہے اور آیت المیراث سے مراد سورۃ النساء کی آخری آیت ہے اور ابن جریج کی روایت میں تسامح ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ أَوْلَادِكُمْ﴾ [النساء: ١١]

[٤٥٧٧-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ مُنْكَدِرٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: عَادَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ مَاشِيَيْنِ، فَوَجَدَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لاَ أَعْقِلُ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهُ، ثُمَّ رَشَّ عَلَيَّ، فَأَفَقْتُ، فَقُلْتُ: مَا تَأْمُرُنِيْ أَنْ أَصْنَعَ فِي مَالِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَنَزَلَتْ: ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ أَوْلَادِكُمْ﴾ [راجع: ١٩٤]

والدین اوراقرباء کے لئے وصیت کا جو حکم تھا وہ میراث کی آیتوں سے منسوخ ہوگیا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں سارا ترکہ اولا دلیتی تھی، ماں باپ اور دوسرے ورثاء کا کوئی حق نہیں تھا، پھر اسلام کا دور آیا تو پہلے یہ حکم نازل ہوا: ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرَا نِالْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنَ وَالْأَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ، حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ﴾: تم پر فرض کیا جاتا ہے: جب کسی کو موت نزدیک معلوم ہونے لگے، اگر اس نے ترکہ میں کچھ مال چھوڑا ہے: والدین اور رشتہ داروں کے لئے عرف کے مطابق وصیت کرنا یہ

کام پرہیزگاروں پرلازم ہے (سورۃ البقرہ آیت ۱۸۰) پھر آخری حکم نازل ہوا: ﴿یُوْصِیْکُمُ اللّٰهُ فِیْ أَوْلَادِکُمْ﴾ الآیات: ان آیات میں تمام ورثاء کے حصے مقرر کردیئے، اب کسی کا کوئی اختیار نہیں رہا، پس ایک زمانہ تک والدین اور اقرباء کے لئے جو وصیت کا حکم تھا وہ منسوخ ہوگیا ـــــ اور حدیث بعینہ اسی سند سے پہلے (حدیث ۲۷۴۷) آچکی ہے (تحفۃ القاری ۱۴۸:۶)

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَكُمْ نِصْفُ مَاتَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ﴾ [النساء: ١٢]

[٤٥٧٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ وَرْقَاءَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ الْمَالُ لِلْوَلَدِ، وَكَانَتِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ، فَنَسَخَ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ مَا أَحَبَّ، فَجَعَلَ لِلذَّكَرِ مِثْلَ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ، وَجَعَلَ لِلْأَبَوَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسَ وَالثُّلُثَ، وَجَعَلَ لِلْمَرْأَةِ الثُّمُنَ وَالرُّبُعَ، وَلِلزَّوْجِ الشَّطْرَ وَالرُّبُعَ. [راجع: ٢٧٤٧]

میت کی بیوی میت کا ترکہ (میراث) نہیں

سورۃ النساء کی آیت ۱۹ ہے: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا! لَایَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوْا النِّسَاءَ كَرْهًا، وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَا آتَیْتُمُوْهُنَّ، إِلَّا أَنْ یَّأْتِیْنَ بِفَاحِشَةٍ مُبَیِّنَةٍ﴾: اے ایمان والو! تمہارے لئے حلال نہیں کہ عورتوں کے زبردستی مالک بن جاؤ، اور ان کو روکے مت رکھو، تاکہ جو کچھ تم نے ان کو دیا ہے اس میں سے کچھ لیلو، مگر یہ کہ وہ کھلی بے حیائی (نشوز) کا ارتکاب کریں۔

تفسیر: زمانۂ جاہلیت میں عورتوں پر ظلم کی ایک صورت یہ تھی کہ جب کوئی مرتا تو اس کی بیوی میراث قرار پاتی، میت کا سوتیلا بیٹا، بھائی یا کوئی اور وارث اس کو لے لیتا، پھر چاہتا تو اس سے نکاح کرلیتا، یا بغیر نکاح کے گھر میں رکھتا، یا کسی دوسرے سے نکاح کرتا اور مہر (کل یا بعض) خود وصول کرتا، یا ساری عمر اپنی قید میں رکھتا، پھر اس کے مرنے کے بعد اس کے مال کا وارث بنتا، اس آیت میں ایسے مظالم کا انسداد کیا گیا ہے ـــــ اور 'زبردستی' کا مطلب یہ ہے کہ اگر میت کا وارث یا غیر وارث (مثلاً بھائی) مرحوم کی عورت سے اس کی رضامندی سے نکاح کرے تو کچھ حرج نہیں ـــــ اور **ولا تعضلوھن** کا حکم شوہر کو بھی شامل ہے، اور کھلی بے حیائی سے مراد نشوز (نافرمانی) ہے، کبھی شوہر کو بیوی پسند نہیں ہوتی اس لئے شوہر اس کے حقوق زوجیت ادا نہیں کرتا، مگر طلاق دے کر چھوڑتا بھی نہیں، تاکہ عورت تنگ آکر مہر زیور وغیرہ واپس کرے، یہ بھی ایک طرح کی زیادتی ہے، البتہ اگر عورت نافرمان ہو یعنی قصور اس کا ہو تو خلع کیا جاسکتا ہے، اور بعض مہر یا کل مہر واپس لیا جاسکتا ہے۔

چار لفظوں کے معانی:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے چار لفظوں کے معانی مروی ہیں:

۱- لاتعضلوھن کا ترجمہ ہے: **لاتقھروھن، عَضَلَ (ن) المرأۃَ**: عورت کو ظلماً شادی سے روکنا۔ **قَھَرَہُ (ف) قَھْرًا:**

کسی پر غالب ہونا، زیر کرنا، مجبور کرنا۔

۲-سورۃ النساء آیت۲ میں ہے: ﴿إِنَّهُ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا﴾: بے شک وہ (یتیموں کا مال کھانا) بڑا گناہ ہے —— الحُوب (حاء کا پیش) اسم ہے: گناہ، اور حاء کے زبر کے ساتھ مصدر ہے حاب (ن) حوبا: گناہ گار ہونا۔

۳-سورۃ النساء آیت۳ میں ہے: ﴿ذٰلِكَ أَدْنٰى أَلَّا تَعُوْلُوْا﴾: وہ (ایک بیوی یا باندی پر اکتفا کرنا) قریب تر ہے اس سے کہ ایک طرف جھک نہ پڑو، عَالَ المیزان (ن) عَوْلاً: دونوں پلڑوں کا برابر نہ ہونا، ایک پلڑے کا جھک جانا —— یہ ترجمہ شیخ الہندؒ نے کیا ہے اور حضرت تھانویؒ نے ترجمہ کیا ہے: زیادتی نہ ہونے پائے، عَالَ الْحَكَمُ: ثالث کا کسی ایک کے ساتھ ناانصافی کرنا، اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے ترجمہ کیا ہے: فیملی بڑی نہ ہو جائے، مگر اس پر اشکال ہے کہ یہ ترجمہ باب افعال (أعال الرجلُ) کا ہے، مجرد کا یہ ترجمہ نہیں۔

۴-سورۃ النساء آیت۴ میں ہے: ﴿وَآتُوْا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً﴾: اور تم بیویوں کو ان کے مہر خوش دلی سے دیدیا کرو۔ صَدُقَات: صَدُقة کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں مہر، أَصْدَقَ المرأةَ: مہر دینا، اور النِّحْل اور النِّحْلَة کے معنی ہیں: عطیہ بخشش، تحفہ، حضرت ابن عباسؓ نے اس کی تفسیر 'مہر' سے کرکے بتایا کہ بطور تحفہ مہر ہی دینا ہے، کوئی اور عطیہ نہیں دینا۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَايَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوْا النِّسَاءَ كَرْهًا﴾ الآيَةَ.

وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: [١-] ﴿لَا تَعْضُلُوْهُنَّ﴾: لَا تَقْهَرُوْهُنَّ. [٢-] ﴿حُوْبًا﴾: إِثْمًا. [٣-] ﴿تَعُوْلُوْا﴾: تَمِيْلُوْا. [٤-] ﴿نِحْلَةً﴾: فَالنِّحْلَةُ الْمَهْرُ.

[٤٥٧٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ- قَالَ الشَّيْبَانِيُّ: وَذَكَرَهُ أَبُو الْحَسَنِ السُّوَائِيُّ، وَلَا أَظُنُّهُ ذَكَرَهُ إِلَّا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ -﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَايَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوْا النِّسَاءَ كَرْهًا وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوْهُنَّ﴾ قَالَ: كَانُوْا إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ كَانَ أَوْلِيَاؤُهُ أَحَقَّ بِامْرَأَتِهِ، إِنْ شَاءَ بَعْضُهُمْ تَزَوَّجَهَا، وَإِنْ شَاءُوْا زَوَّجُوْهَا، وَإِنْ شَاءُوْا لَمْ يُزَوِّجُوْهَا، فَهُمْ أَحَقُّ بِهَا مِنْ أَهْلِهَا، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِيْ ذٰلِكَ.

[طرفه: ٦٩٤٨]

سند: ابو اسحاق سلیمان بن فیروز شیبانی کے پاس اس حدیث کی دو سندیں ہیں، ایک بالیقین موصول ہے اور دوسری کے موصول ہونے میں شک ہے: پہلی سند: شیبانی عن عکرمہ عن ابن عباس ہے۔ دوسری سند: شیبانی عن ابی الحسن السوائی عن ابن عباس ہے۔ (شیبانی کا خیال ہے کہ سوائی: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں)

حدیث: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: تھے وہ لوگ یعنی جاہلیت کے لوگ: جب آدمی مر جاتا تو اس کے رشتہ دار اس کی

بیوی کے زیادہ حقدار ہوتے، اگر ان میں سے کوئی چاہتا تو اس سے (خود) نکاح کر لیتا، اور اگر وہ چاہتے تو اس کا (دوسری جگہ) نکاح کر دیتے، اور اگر وہ چاہتے تو اس کا نکاح نہیں کرتے تھے (ویسے ہی مقید رکھتے تھے) پس وہ رشتہ دار اس عورت کے زیادہ حقدار ہوتے تھے اس کے میکہ والوں سے، پس اس سلسلہ میں یہ آیت نازل ہوئی (اور اس ظلم کا انسداد کر دیا)

مولی الموالات کا حصہ آخر میں منسوخ ہو گیا

والی فلاناً موالاةً: کسی سے محبت کرنا، مدد کرنا، ساتھ دینا، عقدِ موالات (دوستی کا معاہدہ) یہ ہے کہ کسی کا کوئی وارث نہیں، وہ دوسرے کے ساتھ اس طرح معاملہ کرے کہ اگر میں کوئی جنانت کروں تو آپ اس کی دیت دیں، اور آپ جنانت کریں تو میں دیت دونگا، اور میں مروں تو میراث آپ کو ملے گی، اور آپ مریں تو آپ کی میراث میں پاؤنگا۔ زمانۂ جاہلیت میں لوگ ایسی دوستی کیا کرتے تھے، اور اس کو 'عقدِ موالات' کہتے تھے، زمانۂ جاہلیت میں اس موالات کی وجہ سے میراث ملتی تھی اور دیت دینی پڑتی تھی، اور وہ مولی الموالات کہلاتے تھے۔

پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو ہجرت کے بعد مہاجرین وانصار میں 'مواخات' کرائی، یہی موالات ہے، اس کی بنیاد پر ایک دوسرے کو میراث ملتی تھی، پھر جب مہاجرین کے ورثاء مسلمان ہو گئے تو اس حکم میں تبدیلی آئی، اور سورۃ النساء کی آیت ۳۳ نازل ہوئی، ارشاد فرمایا: ''اور ہر ایسے مال کے لئے جس کو والدین اور رشتہ دار چھوڑ جائیں ہم نے وارث مقرر کر دیئے ہیں'' —— حضرت ابن عباسؓ نے موالی کا ترجمہ 'ورثہ' کیا ہے —— اور جن لوگوں سے تمہارے عہد بندھے ہوئے ہیں ان کو ان کا حصہ (سدس) دیدو، (باقی ترکہ ورثاء کو ملے گا) —— نصیب سے احناف کے نزدیک چھٹا حصہ مراد ہے، اور حضرت ابن عباسؓ نے مدد، تعاون، خیر خواہی اور وصیت کرنا مراد لیا ہے یعنی اب مولی الموالات کا میراث میں کوئی حصہ نہیں —— پھر جب سورۃ الانفال کی آخری آیت: ﴿وَأُولُوا الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ﴾: نازل ہوئی تو مولی الموالات کا جو سدس تھا وہ بھی ختم ہو گیا —— اور یہ اجماعی مسئلہ ہے کہ دوسرے ورثاء کی موجودگی میں —— خواہ وہ ذوی الفروض نسبیہ ہوں یا عصبہ ہوں یا ذوی الارحام ہوں —— مولی الموالات کو میراث نہیں ملے گی، لیکن جب کوئی وارث نہ ہو اور مولی الموالات ہو تو حنفیہ کے نزدیک اس کو کل میراث ملے گی (بیان القرآن) —— اور حدیث پہلے (نمبر ۲۲۹۲) تحفۃ القاری (۵: ۳۳۷) میں آچکی ہے۔

[۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُوْنَ﴾ الآيَةَ

[۱-] ﴿مَوَالِيَ﴾ أَوْلِيَاءَ وَرَثَةً. [۲-] ﴿عَاقَدَتْ﴾ هُوَ مَوْلَى الْيَمِيْنِ، وَهُوَ الْحَلِيْفُ. [۳-] وَالْمَوْلَى أَيْضًا: ابْنُ الْعَمِّ، وَالْمَوْلَى: الْمُنْعِمُ الْمُعْتِقُ، وَالْمَوْلَى: الْمُعْتَقُ، وَالْمَوْلَى: الْمَلِيْكُ، وَالْمَوْلَى: مَوْلًى فِي الدِّيْنِ.

[۴۵۸۰-] حَدَّثَنِي الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ إِدْرِيْسَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ،

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ﴾ قَالَ: وَرَثَةً، ﴿وَالَّذِيْنَ عَاقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ كَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ لَمَّا قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ يَرِثُ الْمُهَاجِرِيُّ الْأَنْصَارِيَّ دُوْنَ ذَوِى رَحِمِهِ لِلْأُخُوَّةِ الَّتِىْ آخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُمْ، فَلَمَّا نَزَلَتْ: ﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ﴾ نُسِخَتْ، ثُمَّ قَالَ: ﴿وَالَّذِيْنَ عَاقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ مِنَ النَّصْرِ وَالرِّفَادَةِ وَالنَّصِيْحَةِ، وَقَدْ ذَهَبَ الْمِيْرَاثُ، وَيُوْصِىْ لَهُ. سَمِعَ أَبُوْ أُسَامَةَ إِدْرِيْسَ، وَسَمِعَ إِدْرِيْسُ طَلْحَةَ. [راجع: ۲۲۹۲]

باب کے شروع میں تین لفظوں کے معانی بیان کئے ہیں:

۱- موالی: مولی کی جمع ہے، لفظ مولی چند معانی میں مشترک ہے، آیت میں وُرثاء مراد ہیں، وہی اولیاء (رشتہ دار) ہیں۔

۲- عاقدہ کے معنی ہیں: کسی سے معاہدہ کرنا، عاقدت أیمانکم: تم نے قسمیں کھا کر عہد و پیمان کیا ہو، اور مولی الموالات کو مولی الیمین اور حلیف بھی کہتے ہیں۔

۳- لفظ مولی چند معانی میں مشترک ہے، اس کے چند معانی یہ ہیں: (۱) چچازاد بھائی (۲) انعام کرنے والا یعنی آزاد کرنے والا (۳) آزاد شدہ (۴) بادشاہ (۵) دینی دوست (بھائی)

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ذرّہ بھر ظلم نہیں کریں گے

سورۃ النساء آیت ۴۰ میں ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ﴾: بے شک اللہ تعالیٰ ذرّہ بھر ظلم نہیں کریں گے —— اس آیت کا تعلق آخرت سے ہے، آخرت میں کافروں پر جو عذاب ہوگا وہ عین انصاف ہوگا، اور ان کی بداعمالیوں کا نتیجہ ہوگا، اس دن ان پر ذرہ برابر ظلم نہ ہوگا، اور اسی مناسبت سے آخرت میں کفار کو جہنم میں داخل کرنے کی حدیث لائے ہیں۔

[۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ﴾ [النساء: ٤٠]

يَعْنِىْ زِنَةَ ذَرَّةٍ.

[٤٥٨١-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عُمَرَ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ أُنَاسًا فِىْ زَمَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "نَعَمْ، هَلْ تُضَارُّوْنَ فِىْ رُؤْيَةِ الشَّمْسِ بِالظَّهِيْرَةِ، ضَوْءٌ لَيْسَ فِيْهَا سَحَابٌ؟ قَالُوْا: لَا. قَالَ: "فَهَلْ تُضَارُّوْنَ فِىْ رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، ضَوْءٌ لَيْسَ فِيْهَا سَحَابٌ؟" قَالُوْا: لَا. قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَاتُضَارُّوْنَ فِىْ رُؤْيَةِ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا كَمَا تُضَارُّوْنَ فِىْ رُؤْيَةِ أَحَدِهِمَا.

إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ يَتْبَعُ كُلُّ أُمَّةٍ مَاكَانَتْ تَعْبُدُ، فَلَا يَبْقَى مَنْ كَانَ يَعْبُدُ غَيْرَ اللّٰهِ مِنَ

الْأَصْنَامِ وَالْأَنْصَابِ إِلَّا يَتَسَاقَطُوْنَ فِي النَّارِ، حَتَّى إِذَا لَمْ يَبْقَ إِلَّا مَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ، بَرٌّ أَوْ فَاجِرٌ وَغُبَّرَاتُ أَهْلِ الْكِتَابِ، فَتُدْعَى الْيَهُوْدُ، فَيُقَالُ لَهُمْ: مَنْ كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ؟ قَالُوْا: كُنَّا نَعْبُدُ عُزَيْرَ ابْنَ اللّٰهِ. فَيُقَالُ لَهُمْ: كَذَبْتُمْ، مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ صَاحِبَةٍ وَلَاوَلَدٍ، فَمَاذَا تَبْغُوْنَ؟ قَالُوْا: عَطِشْنَا رَبَّنَا فَاسْقِنَا، فَيُشَارُ أَلَا تَرِدُوْنَ، فَيُحْشَرُوْنَ إِلَى النَّارِ كَأَنَّهَا سَرَابٌ، يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا، فَيَتَسَاقَطُوْنَ فِي النَّارِ، ثُمَّ يُدْعَى النَّصَارَى، فَيُقَالُ لَهُمْ: مَنْ كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ؟ قَالُوْا: كُنَّا نَعْبُدُ الْمَسِيْحَ ابْنَ اللّٰهِ. فَيُقَالُ لَهُمْ: كَذَبْتُمْ، مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ صَاحِبَةٍ وَلَا وَلَدٍ، فَيُقَالُ لَهُمْ: مَا تَبْغُوْنَ؟ فَكَذٰلِكَ مِثْلَ الْأَوَّلِ، حَتَّى إِذَا لَمْ يَبْقَ إِلَّا مَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ مِنْ بَرٍّ أَوْ فَاجِرٍ، أَتَاهُمْ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ فِي أَدْنَى صُوْرَةٍ مِنَ الَّتِي رَأَوْهُ فِيْهَا، فَيُقَالُ: مَاذَا تَنْتَظِرُوْنَ؟ تَتْبَعُ كُلُّ أُمَّةٍ مَاكَانَتْ تَعْبُدُ، قَالُوْا: فَارَقْنَا النَّاسَ فِي الدُّنْيَا عَلَى أَفْقَرِ مَا كُنَّا إِلَيْهِمْ، وَلَمْ نُصَاحِبْهُمْ، وَنَحْنُ نَنْتَظِرُ رَبَّنَا الَّذِي كُنَّا نَعْبُدُ. فَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَا نُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا" مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا. [راجع: ۲۲]

لغات: مثقال: جمع مثاقیل: ہم وزن، برابر، مادہ ثِقْل، ثَقُل (ک) بھاری ہونا .... زِنَة: مصدر وَزَنَ: تولنا .... ذَرَّة: جمع ذَرَّات: ریزہ، خاک کا ذرہ، سورج کی شعاع میں نظر آنے والے ذرات، چھوٹی چیونٹی .... تُضَارُّون: نقصان پہنچاتے ہو تم، ضَارَّهُ مُضَارَّة وضِرَارًا: نقصان پہنچانا .... ضَوْء: روشنی، مبتدا محذوف کی خبر ہے: أی ھی ضوء اور مجرور ہے تو القمر سے بدل ہے، اور مسلم شریف میں صَحْو ہے، یعنی صاف، بے بادل .... غُبَّرَات: باقی ماندہ، غبر کی جمع اور وہ غابر کی جمع۔

ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: کچھ لوگوں نے نبی ﷺ کے زمانہ میں پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا ہم قیامت کے دن اپنے پروردگار کو دیکھیں گے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں! کیا تم ایک دوسرے کو ضرر پہنچاتے ہو (بھیڑ کرتے ہو) دوپہر کے وقت سورج کو دیکھنے میں، جبکہ وہ روشن ہو، آسمان میں کوئی بادل نہ ہو؟ صحابہ نے جواب دیا: نہیں! آپؐ نے پوچھا: کیا تم ایک دوسرے کو نقصان پہنچاتے ہو چاند کے دیکھنے میں چودہویں رات میں، جبکہ وہ روشن ہو، آسمان میں کوئی بادل نہ ہو؟ صحابہ نے جواب دیا: نہیں! آپؐ نے فرمایا: تم ایک دوسرے کو ضرر نہیں پہنچاؤ گے قیامت کے دن اللہ کے دیکھنے میں مگر جیسا ضرر پہنچاتے ہو تم دونوں (سورج اور چاند) میں سے ایک کے دیکھنے میں، یعنی جس طرح سورج اور چاند کو دیکھنے میں بھیڑ اور دھکا مکّی نہیں ہوتی رویت باری میں بھی زحمت یا مزاحمت نہیں ہوگی —— جب قیامت کا دن ہوگا تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا: پیروی کرے ہر امت اس کی جس کی وہ پوجا کرتی تھی یعنی اس کے ساتھ جائے، پس نہیں باقی رہے گا وہ شخص جو غیر اللہ کی عبادت کیا کرتا تھا مورتیوں اور استھانوں میں سے مگر گر پڑیں گے وہ دوزخ میں —— یہاں تک کہ جب نہیں باقی رہیں گے مگر وہ جو اللہ کی عبادت کیا کرتے تھے، خواہ نیک ہوں یا بد، اور اہل کتاب کے باقی

ماندہ لوگ تو یہود بلائے جائیں گے، اور ان سے پوچھا جائے گا: تم کس کی عبادت کیا کرتے تھے؟ وہ جواب دیں گے: ہم اللہ کے بیٹے عزیر کی عبادت کیا کرتے تھے، پس ان سے کہا جائے گا: تم جھوٹ کہتے ہو، اللہ نے نہ کوئی بیوی بنائی نہ اولاد! پس تم کیا چاہتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہم پیاسے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں پانی پلائیں، پس اشارہ کیا جائے گا: کیا تم پانی کی گھاٹ پر اترتے نہیں؟ پس وہ جمع کئے جائیں گے دوزخ کی طرف گویا وہ چمکتی ریت ہے، توڑ رہا ہوگا جہنم کا بعض بعض کو، پس وہ دوزخ میں گر پڑیں گے —— پھر عیسائی بلائے جائیں گے، ان سے پوچھا جائے گا: تم کس کی عبادت کیا کرتے تھے؟ وہ کہیں گے: ہم اللہ کے بیٹے مسیح کی عبادت کیا کرتے تھے، پس ان سے کہا جائے گا: تم جھوٹ کہتے ہو، اللہ تعالیٰ نے نہ کوئی بیوی بنائی نہ اولاد! پس ان سے پوچھا جائے گا: تم کیا چاہتے ہو؟ پس اسی طرح اول کے مانند —— یہاں تک کہ جب نہیں باقی رہیں گے مگر وہ لوگ جو اللہ کی عبادت کیا کرتے تھے، خواہ نیک ہوں یا بد، تو ان کے پاس رب العالمین آئیں گے کم تر صورت میں اس صورت سے جس میں انھوں نے اللہ کو دیکھا ہے یعنی پہچانا ہے یعنی انجانی صورت میں اللہ تعالیٰ تجلی فرمائیں گے، پس کہا جائے گا: کس چیز کا انتظار کرتے ہو تم، پیروی کی ہر امت نے اس کی جس کی وہ عبادت کیا کرتی تھی؟ پس تم اپنے معبود کے ساتھ کیوں نہیں گئے؟ وہ کہیں گے: جدا رہے ہم دنیا میں لوگوں سے جبکہ ہم ان کے زیادہ سے زیادہ محتاج تھے، اور ہم نے ان کی رفاقت اختیار نہیں کی، اور ہم اپنے پروردگار کا انتظار کر رہے ہیں جن کی ہم عبادت کیا کرتے تھے، پس اللہ تعالیٰ کہیں گے: میں تمہارا پروردگار ہوں، پس وہ کہیں گے: ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے، دو مرتبہ یا تین مرتبہ وہ یہ بات کہیں گے۔

تشریح: یہ لمبی حدیث ہے، باقی حدیث آگے (حدیث ۶۵۷۳) آرہی ہے، مسلم شریف (حدیث ۱۸۳) میں مفصل ہے، یہاں حدیث کا صرف ابتدائی حصہ لائے ہیں جس میں کفار کو جہنم رسید کرنے کا تذکرہ ہے —— **قولہ: یتساقطون فی النار**: اصنام وانصاب کے پجاری اپنے معبودوں کے ساتھ جائیں گے اور سب جہنم میں گر پڑیں گے —— **قولہ: غُبَّرَاتُ أهل الكتاب**: یہود ونصاری کے باقی ماندہ لوگ یعنی جو صحیح اہل کتاب تھے وہ تو جنت میں جائیں گے اور بعد میں جو لوگ گمراہ ہوئے اور شرک میں مبتلا ہوئے وہ جہنم رسید ہونگے، مگر ان کے ساتھ ان کے معبود (عزیر وعیسیٰ علیہما السلام) جہنم میں نہیں جائیں گے، وہ تو اللہ کے نیک بندے ہیں، وہ اکیلے ہی پانی پینے کے لئے گھاٹ پر جائیں گے، مگر وہ چمکتی ریت ہوگی، اس طرح وہ جہنم میں پہنچ جائیں گے، جس کی لپٹیں ایک دوسرے کو کھا رہی ہونگی یعنی وہ سخت بھڑکتی آگ ہوگی۔

قولہ: فی أدنی صورة من التی رأوه فیها: کم ترین صورت میں اس صورت سے جس میں انھوں نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے، حاشیہ میں ہے کہ صورت سے مراد صفت (حالت) ہے، اور دیکھنے سے مراد علمی طور پر جاننا ہے یعنی مؤمنین کے لئے انجانی صورت میں اللہ تعالیٰ تجلی فرمائیں گے، آگے (حدیث ۶۵۷۳) میں یہ جملہ اس طرح ہے: **فی غیر الصورة التی یعرفون**۔ اور انجانی صورت میں جلوہ امتحان کے لئے ہوگا۔

قیامت کے دن ہر امت اور ہر قوم میں سے گواہ اٹھائے جائیں گے

سورۃ النساء کی آیت ۴۱ ہے: ﴿فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ، وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلآءِ شَهِيْدًا﴾: پس کیا حال ہوگا جب لائیں گے ہم ہر امت میں سے گواہ (لوگوں کے احوال بیان کرنے والا) اور لائیں گے ہم آپ کو ان لوگوں پر گواہ یعنی اس وقت کافروں کا کیسا برا حال ہوگا؟ —— مراد ہر امت کا نبی اور ہر عہد کے صالح اور معتبر لوگ ہیں کہ وہ قیامت کو نافرمانوں کی نافرمانی اور فرماں برداروں کی فرماں برداری بیان کریں گے، اور سب کے حالات کی گواہی دیں گے، اس دن نبی ﷺ کو بھی دیگر انبیاء کی طرح اپنی امت پر گواہ (احوال بتانے والا) بنا کر لائیں گے۔

[٩-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَابِكَ عَلٰى هٰؤُلآءِ شَهِيْدًا﴾ الآيَة

[١-] الْمُخْتَالُ وَالْخَتَّالُ وَاحِدٌ. [٢-] ﴿نَطْمِسَ﴾: نُسَوِّيْهَا حَتَّى تَعُوْدَ كَأَقْفَائِهِمْ، طَمَسَ الْكِتَابَ مَحَاهُ. [٣-] ﴿سَعِيْرًا﴾: وُقُوْدًا.

[٤٥٨٢-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ - قَالَ يَحْيىَ: بَعْضُ الْحَدِيْثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ - قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اقْرَأْ عَلَيَّ" قُلْتُ: آقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ؟! قَالَ: "فَإِنِّيْ أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِيْ" فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ سُوْرَةَ النِّسَاءِ حَتَّى بَلَغْتُ: ﴿فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلآءِ شَهِيْدًا﴾ قَالَ: "أَمْسِكْ" فَإِذَا عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ. [أطرافه: ٥٠٤٩، ٥٠٥٠، ٥٠٥٥، ٥٠٥٦]

١- سورۃ النساء آیت ٣٦ میں ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لاَيُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالاً فَخُوْرًا﴾: بے شک اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے اس کو جو گھمنڈی شیخی بگھارنے والا ہے —— امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مُخْتال اور خَتَّال ایک ہیں، مگر اس پر اشکال ہے کہ دونوں ایک نہیں، مُخْتَال (اسم فاعل) اختیال (افتعال) سے ہے، جس کے معنی ہیں: مغرور، متکبر، مادہ خَیْل (گھوڑا) ہے اور خَتَّال کے معنی ہیں: بڑا دھوکہ باز ختله (ن) ختلاً: فریب دینا —— حاشیہ میں یہ تاویل ہے کہ یہ خَال ہوگا، جس کے معنی ہیں: مغرور رجلٌ خالٌ: مغرور آدمی۔

٢- سورۃ النساء کی آیت ٤٧ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ! آمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ، مِنْ قَبْلِ أَنْ نَطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰى أَدْبَارِهَا، أَوْنَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ، وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلاً﴾: اے وہ لوگو جو آسمانی کتابیں دیئے گئے! ایمان لاؤ اس وحی (قرآن) پر جو ہم نے نازل کی ہے، درانحالیکہ وہ تصدیق کرنے والی ہے ان کتابوں کی جو تمہارے پاس ہیں: قبل ازیں کہ ہم چہروں کو مٹادیں، پس ہم ان کو ان کی الٹی جانب کی طرح بنادیں، یا ان پر پھٹکار بھیجیں جیسی پھٹکار بھیجی ہم نے ہفتہ والوں پر یعنی ان کو بندر اور سور بنادیں، اور اللہ کا حکم ہوکر رہنے والا ہے ——

طمس (ض) **طمسا**: مٹانا، **طَمَسَ الکتاب**: تحریر مٹادی، اور طمسِ وجوہ کے معنی ہیں: برابر کردیں ہم چہروں کو یہاں تک کہ ہوجائیں وہ ان کی گدیوں کی طرح یعنی آنکھ، کان، ناک سب مٹاڈالیں اور گدی کی طرح چہرہ سپاٹ کردیں (یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر ہے)

۳- سورۃ النساء آیت ۵۵ میں ہے: ﴿وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا﴾: اور دوزخ آتش سوزان کافی ہے —— **سعیر**: بروزن فعیل بمعنی مفعول، سَعْر سے جس کے معنی آگ بھڑکانے کے ہیں۔ **وُقُود**: ایندھن جس سے آگ جلائی جاتی ہے، دوسرے معنی ہیں: بھڑکنا۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے قرآن سناؤ، میں نے عرض کیا: میں آپؐ کو قرآن سناؤں حالانکہ قرآن آپؐ پر اترا ہے! آپؐ نے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ اپنے علاوہ سے سنوں، پس میں نے آپؐ کے سامنے سورۃ النساء پڑھی، جب میں ﴿وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَآءِ شَهِيْدًا﴾ پر پہنچا تو آپؐ نے فرمایا: بس کرو، پس اچانک آپؐ کی دونوں آنکھیں آنسو بہارہی تھیں (اس حدیث کا آیت کی تفسیر سے کچھ تعلق نہیں)

سند: یحییٰ قطانؒ یہ حدیث سفیان ثوریؒ سے، وہ سلیمان اعمشؒ سے، وہ ابراہیم نخعیؒ سے، وہ عبیدۃ سلمانیؒ سے، اور وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں۔ قطان کہتے ہیں: یہ حدیث اعمشؒ نے ابراہیم نخعیؒ سے سنی ہے اور اس کا کچھ حصہ عمرو بن مرۃؒ کے واسطہ سے نخعیؒ سے سنا ہے۔

آیت تیمّم کا شانِ نزول

غزوۂ ذات الرقاع سے واپسی میں مدینہ منورہ کے قریب ذات الجیش نامی جگہ میں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہار گم ہوگیا جو وہ اپنی بہن حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے مستعار لائی تھیں، اس کو تلاش کرنے کے لئے چند حضرات کو پیچھے بھیجا گیا، فجر کا وقت ہوگیا، پانی نہیں تھا، چنانچہ انھوں نے بے وضوء نماز پڑھی، ادھر جہاں قافلہ ٹھہرا ہوا تھا وہاں بھی پانی نہیں تھا، پس آیت تیمّم نازل ہوئی اور حدیث پہلے مفصل گذری ہے۔

[۱۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضٰى أَوْ عَلٰى سَفَرٍ أَوْجَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ﴾

﴿صَعِيْدًا﴾: وَجْهُ الْأَرْضِ.

وَقَالَ جَابِرٌ: كَانَتِ الطَّوَاغِيْتُ الَّتِيْ يَتَحَاكَمُوْنَ إِلَيْهَا فِي جُهَيْنَةَ وَاحِدٌ، وَفِيْ أَسْلَمَ وَاحِدٌ، وَفِيْ كُلِّ حَيٍّ وَاحِدٌ، كُهَّانٌ يَنْزِلُ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ.

وَقَالَ عُمَرُ: الْجِبْتُ: السِّحْرُ، وَالطَّاغُوْتُ: الشَّيْطَانُ. وَقَالَ عِكْرِمَةُ: الْجِبْتُ بِلِسَانِ الْحَبَشَةِ: الشَّيْطَانُ، وَالطَّاغُوْتُ: الْكَاهِنُ.

[٤٥٨٣-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: هَلَكَتْ قِلَادَةٌ لِأَسْمَاءَ، فَبَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ طَلَبِهَا رِجَالًا، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ وَلَيْسُوْا عَلٰى وُضُوْءٍ، وَلَمْ يَجِدُوْا مَاءً، فَصَلَّوْا وَهُمْ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ التَّيَمُّمَ. [راجع: ٣٣٤]

جبت اور طاغوت کے معنی

سورۃ النساء آیت ۵۱ میں ہے: ﴿أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ أُوْتُوْا نَصِيْبًا مِنَ الْكِتَابِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ!﴾: کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب (تورات) کا ایک حصہ ملا ہے (پھر بھی) وہ بت اور شیطان کو مانتے ہیں!

۱- جبت کے معنی میں اختلاف ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے معنی 'جادو' بتائے ہیں اور عکرمہ رحمہ اللہ کا قول ہے کہ جبت حبشی زبان میں شیطان کو کہتے ہیں، اور مفسر طبری نے حضرت ابن عباسؓ سے بت کے معنی نقل کئے ہیں، ابوعبیدۃ کہتے ہیں: ہر وہ معبود جس کی اللہ کے سوا عبادت کی جائے وہ جبت ہے۔

۲- طاغوت کے معنی میں بھی اختلاف ہے، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے اس کے معنی کاہن (غیب کی باتیں بتانے والا) کئے ہیں، فرماتے ہیں: ہر قبیلہ میں طاغوت (کاہن) تھے، جن سے لوگ جھگڑوں کے فیصلے کراتے تھے، قبیلہ جہینہ کا طاغوت (کاہن) الگ تھا، قبیلۂ اسلم کا الگ، اسی طرح ہر قبیلہ کے طاغوت تھے اور وہ کاہن تھے جن کے تابع شیطان (جنّ) ہوتا تھا، یہی معنی عکرمہؒ نے بیان کئے ہیں، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے معنی شیطان کے کئے ہیں اور امام رازیؒ نے مفسرین کے پانچ اقوال نقل کئے ہیں: شیطان، کاہن، جادوگر، مورتیاں اور سرکش جنّ اور انسان اور ہر وہ شخص جو حد سے گذر جائے، پھر امام رازیؒ نے فرمایا کہ یہ سب چیزیں تمثیل ہیں، تعیین نہیں، اور حقیقت میں طاغوت ہر وہ سرکش طاقت ہے جو خیر کے راستے سے روکے، خواہ وہ جادوگر ہو، کاہن ہو، سرکش جنّ ہو، یا خیر سے روکنے والا مذہبی پیشوا ہو، سب کو طاغوت سے موسوم کیا جاسکتا ہے۔

اولوا الامر سے حکام مراد ہیں

سورۃ النساء آیت ۵۹ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا أَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ وَأُوْلِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ، فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، ذٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيْلًا﴾: اے ایمان والو! کہنا مانو اللہ کا اور کہنا مانو اللہ کے رسول کا، اور ان کا جو تم میں سے اہل حکومت ہیں، پھر اگر اختلاف کرو تم کسی بات میں تو اس کو پھیر و اللہ کی طرف اور اس کے رسول کی طرف، اگر تم اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو، یہ باتیں بہتر ہیں اور انجام کے اعتبار سے خوش تر ہیں۔

شانِ نزول: نبی ﷺ کو کسی مہم پر سریہ بھیجنا تھا، مگر امیر بنانے کے لئے کوئی موزون نام سمجھ میں نہیں آرہا تھا، چنانچہ

افراد منتخب کرکے سریہ روانہ کردیا اوران کو ہدایت کی کہ فلاں راستہ پر روانہ ہوجاؤ، میں پیچھے سے کسی کوامیر بنا کر بھیجونگا، سریہ روانہ ہوگیا، آپؐ نے پیچھے سے حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کوامیر بنا کر بھیجا اوران کوایک تحریر لکھ کردی کہ عبداللہ بن حذافہؓ تمہارے امیر ہیں ان کا حکم مانو، وہ تحریر لے کر روانہ ہوئے اور قافلہ سے جاملے، جب سریہ کے لوگوں نے تحریر دیکھی تو ان کوامیر مان لیا —— باب کی روایت میں یہی بات حضرت ابن عباسؓ نے بیان کی ہے، پس یہ واقعہ آیت کا احتمالی شانِ نزول ہے، اوراولوا الامر سے مراد: حاکم اسلام: بادشاہ، اس کا صوبہ دار، قاضی، سردارلشکر اور ہر وہ شخص ہے جوحکومت کی طرف سے کسی کام پر مقرر ہو۔

لغت: أولوا: والے، جمع ہے، اس کا واحد نہیں، اور بعض ذو کواس کا واحد کہتے ہیں، جس کی جمع ذوی ہے۔

[۱۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأُوْلِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ﴾ ذَوِي الْأَمْرِ

[٤٥٨٤-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿أَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ وَأُوْلِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ﴾ قَالَ: نَزَلَتْ فِي عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ قَيْسِ بْنِ عَدِيٍّ، إِذْ بَعَثَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَرِيَّةٍ.

سچا مسلمان اس وقت تک نہیں ہوا جاسکتا جب تک شریعت کے فیصلوں کے سامنے سر نہ جھکادے

سورۃ النساء کی آیت ۶۵ ہے: ﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَايُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ، ثُمَّ لَايَجِدُوْنَ فِيْ أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾: پس آپؐ کے پروردگار کی قسم! وہ لوگ ایماندار نہ ہونگے یہاں تک کہ حکم (ثالث) بنائیں وہ آپ کوان نزاعات میں جوان کے درمیان پیدا ہوں، پھر نہ پائیں وہ اپنے دلوں میں کچھ تنگی اس فیصلہ سے جو آپؐ فرمائیں اور تسلیم کرلیں وہ (اس کو) دل وجان سے! —— اس آیت کے شانِ نزول کا واقعہ باب کی حدیث میں ہے، اور حدیث کا ترجمہ پہلے تحفۃ القاری (۵:۴۰۰) میں ہے، حاشیہ میں ایک احتمال یہ ہے کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا ایک منافق کے ساتھ حرّہ کی بولوں کے بارے میں جھگڑا ہوا، آیت میں ان سے کہا گیا کہ تم کس بیہودہ خیال میں ہو، ہم قسم کھا کر کہتے ہیں کہ جب تک تم لوگ اپنے نزاعات میں اللہ کے رسول کو منصف اور حاکم نہیں بناؤ گے، پھر آپؐ کے فیصلہ کو جی جان سے قبول نہیں کروگے: تمہیں ایمان نصیب نہیں ہوسکتا۔

فائدہ: فَلَا میں لا وہی ہے جوآگے لایؤمنون پرآرہا ہے، اور یہ قرآن کا خاص اسلوب ہے۔

[۱۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾

[٤٥٨٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

عَنْ عُرْوَةَ قَالَ: خَاصَمَ الزُّبَيْرُ رَجُلاً مِنَ الأَنْصَارِ فِيْ شَرِيْجٍ مِنَ الْحَرَّةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ أَرْسِلِ الْمَاءَ إِلَى جَارِكَ" فَقَالَ الأَنْصَارِيُّ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ؟ فَتَلَوَّنَ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ:" اسْقِ يَا زُبَيْرُ، ثُمَّ احْبِسِ الْمَاءَ حَتّٰى يَرْجِعَ إِلَى الْجَدْرِ، ثُمَّ أَرْسِلِ الْمَاءَ إِلٰى جَارِكَ" وَاسْتَوْعَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِلزُّبَيْرِ حَقَّهُ فِيْ صَرِيْحِ الْحُكْمِ حِيْنَ أَحْفَظَهُ الأَنْصَارِيُّ، كَانَ أَشَارَ عَلَيْهِمَا بِأَمْرٍ لَهُمَا فِيْهِ سَعَةٌ. قَالَ الزُّبَيْرُ: فَمَا أَحْسِبُ هٰذِهِ الآيَاتِ إِلَّا نَزَلَتْ فِيْ ذٰلِكَ: ﴿فَلاَ وَرَبِّكَ لاَ يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾[راجع: ۲۳۶۰]

لغات: الشَّرْج والشَّرِيْج: بول، اوپر سے بہہ کر آنے والا نالہ .... حَرَّة: جگہ کا نام .... الجَدْر والجدار: دیوار، گھیرا، کھیت کی مینڈ .... استوعی الشیئَ: سب کا سب لینا .... صریح الحکم: دوٹوک فیصلہ .... أحفظه: ناراض کرنا۔

منعم علیہم چار قسم کے لوگ ہیں

منعم علیہم: یعنی وہ بندے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام وفضل فرمایا: وہ چار ہیں: نبی، صدیق، شہید اور صالح۔ **نبی**: جس پر اللہ تعالیٰ کی جانب سے وحی آتی ہے، اور اس کو بندوں کی اصلاح کا کام سپرد کیا جاتا ہے۔ **صدیق**: نبی کی دعوت کی جی جان سے گواہی دینے والا، دلیل طلب کئے بغیر اس کی تصدیق کرنے والا۔ **شہید**: دین کے لئے جان کا نذرانہ پیش کرنے والا۔ **صالح**: نیک پرہیز گار، طاعات پر کمر بستہ اور مناہی سے کنارہ کش —— یہ چار قسم کے لوگ امت کے باقی افراد سے افضل ہیں یعنی ان کے علاوہ جو مسلمان ہیں وہ درجہ میں ان کے برابر نہیں، اور یہ مقامات اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت سے حاصل ہوتے ہیں، پس ہر مسلمان کو اطاعت میں کمال پیدا کرنا چاہئے، تاکہ ان بندوں کے زمرہ میں شامل ہو، ان کی رفاقت نصیب ہو، ان سے بہتر کوئی کمپنی نہیں۔ سورۃ النساء کی آیت ۶۹ ہے: ﴿وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَأُوْلٰئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ، وَحَسُنَ أُوْلٰئِكَ رَفِيْقًا﴾: اور جو شخص اللہ کا اور اس کے رسول کا کہنا مانے تو ایسے لوگ ان لوگوں کے ساتھ ہونگے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا یعنی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صلحاء، اور یہ حضرات بہت اچھے رفیق ہیں۔

حدیث: صدیقہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ فرمایا کرتے تھے: جو بھی نبی بیمار ہوتا ہے یعنی جب مرض موت شروع ہوتا ہے تو اس کو دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار دیا جاتا ہے، اور نبی ﷺ کو اپنی اس بیماری میں جس میں آپؐ کی وفات ہوئی: پکڑ لیا سخت گلا بیٹھنے نے، پس میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا: ﴿مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ﴾ الآية: ان لوگوں کے ساتھ جن پر اللہ نے انعام فرمایا، پس میں سمجھ گئی کہ آپؐ کو اختیار دیا گیا (اور آپؐ نے آخرت کو اختیار کیا)

[۱۳-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿فَأُوْلٰئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّيْنَ﴾

[٤٥٨٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: "مَا مِنْ نَبِيٍّ يَمْرَضُ إِلَّا خُيِّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ" وَكَانَ فِيْ شَكْوَاهُ الَّذِيْ قُبِضَ فِيْهِ أَخَذَتْهُ بُحَّةٌ شَدِيْدَةٌ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: ﴿مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ﴾ فَعَلِمْتُ أَنَّهُ خُيِّرَ. [راجع: ٤٤٣٥]

مظلوم اور کمزور مسلمانوں کی خاطر جہاد کرنا

سورۃ النساء کی آیت ۷۵ ہے: ﴿وَمَا لَكُمْ لَاتُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا﴾: اور تمہارے پاس کیا عذر ہے کہ تم جہاد نہیں کرتے اللہ کی راہ میں مردوں اور عورتوں اور بچوں میں سے کمزوروں کی خاطر، جو دعا کر رہے ہیں: اے ہمارے پروردگار! ہم کو اس بستی سے نکال جس کے رہنے والے سخت ظالم ہیں۔

ترکیب: المستضعفین کا عطف سبیل اللہ پر ہے أی فی تخلیصھم: ان کی رستگاری کے لئے —— اور و مالکم میں استفہام توبیخ (اظہارِ ناراضگی) کے لئے ہے۔

تفسیر: جہاد کی مشروعیت مختلف مقاصد سے ہے، ایک مقصد: کمزور مظلوم مسلمانوں کی مدد کرنا ہے، اگر مسلمان دارالکفر میں آباد ہوں اور کفار ان کو پریشان کریں، ان پر ظلم ڈھائیں تو اسلامی حکومت پر ان کی مدد کرنا فرض ہے، ایسے ملک کے باشندوں کے ساتھ مسلمان جہاد کریں اور بے کس اور مظلوم مسلمانوں کو ظلم سے نجات دلائیں، جیسے ہجرت کے بعد کچھ مرد، عورتیں اور بچے مکہ میں رہ گئے تھے، وہ اسباب نہ ہونے کی وجہ سے ہجرت نہیں کر سکتے تھے یا ان کے اقرباء ان کو ہجرت نہیں کرنے دیتے تھے تاکہ ان پر مشق ستم کریں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں اور میری امی ام الفضل انہی کمزور مسلمانوں میں سے تھے، ہم ہجرت نہیں کر سکتے تھے، مذکورہ آیت میں ایسے کمزوروں کی خاطر جہاد کرنا فرض کیا ہے۔

[۱٤-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَمَا لَكُمْ لَاتُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ﴾ إِلٰى ﴿الظَّالِمِ أَهْلُهَا﴾

[٤٥٨٧-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَأُمِّيْ مِنَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ. [راجع: ١٣٥٧]

[٤٥٨٨-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ:

أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ تَلاَ: ﴿إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ﴾ قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَأُمِّيْ مِمَّنْ عَذَرَ اللّٰهُ.[راجع: ١٣٥٧]

وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: [١-] ﴿حَصِرَتْ﴾: ضَاقَتْ. [٢-] ﴿تَلْوُا﴾: أَلْسِنَتَكُمْ بِالشَّهَادَةِ. وَقَالَ غَيْرُهُ: [٣-] الْمُرَاغَمُ: الْمُهَاجَرُ، رَاغَمْتُ: هَاجَرْتُ قَوْمِيْ. [٤-] ﴿مَوْقُوْتًا﴾: مُوَقَّتًا، وَقَّتَهُ عَلَيْهِمْ.

لغات: عَذَرَہُ: معذور سمجھنا، عذر قبول کرنا، معاف کرنا.........سورۃ النساء آیت ۹۰ میں لفظ حَصِرَتْ آیا ہے، اس کے معنی ہیں: ضاقت: تنگ ہونا.........سورۃ النساء آیت ۱۳۵ میں ہے: ﴿وَإِنْ تَلْوُا أَوْ تُعْرِضُوْا﴾: اگر تم کج بیانی کرو یا پہلوتہی کرو، لَوَی الشیئَ (ض) لَیًّا: موڑنا، تم اپنی زبانوں کو گواہی کے ساتھ موڑو یعنی کج بیانی کرو، صحیح گواہی نہ دو.........سورۃ النساء آیت ۱۰۰ میں مراغما آیا ہے ابوعبیدہؒ نے اس کا ترجمہ مُهَاجَر: ہجرت کی جگہ، جانے کی جگہ کیا ہے، مراغم: ظرف مکان ہے، رَاغَمْتُ قومی: میں نے اپنی قوم کو ناراض ہوکر چھوڑ دیا، جب کوئی ناراض ہوکر ہٹ جائے گا تو کسی دوسری جگہ چلا جائے گا، پس مراغما سے مراد ہوا: کہیں چلے جانے کا مقام، ہٹ جانے کی جگہ، ہجرت کا مقام.........سورۃ النساء آیت ۱۰۳ میں موقوتا آیا ہے، یہ اسم مفعول ہے، وَقْتٌ: باب ضرب کا مصدر: وقت مقرر کیا ہوا، موقوتا کا ترجمہ: نمازیں متعین اوقات میں فرض کی گئی ہیں، یعنی نمازیں وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہیں۔

منافقوں کے حق میں نرم گوشہ مت رکھو

سورۃ النساء آیت ۸۸ میں ہے: ﴿فَمَالَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ أَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا﴾: تم کو کیا ہوا کہ ان منافقوں کے باب میں دو گروہ ہوگئے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو الٹا پھیر دیا ہے ان کے کرتوتوں کی وجہ سے —— أرکس اللّٰه العدوَّ کے معنی ہیں: اللہ نے دشمن کو پلٹ دیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کا ترجمہ کیا ہے: بَدَّدَهم: ان کو برباد کردیا (بَدَّد کے دوسرے معنی ہیں: بکھیرنا، منتشر کرنا)

حدیث: غزوۂ احد میں رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی اپنی تین سو آدمیوں کی جمعیت لے کر راستہ سے واپس لوٹ گیا، ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی، ان کے بارے میں مخلص صحابہ دو فرقوں میں بٹ گئے تھے، ایک جماعت نے کہا: ہم ان سے لڑیں گے، اور دوسری جماعت نے لڑنے سے انکار کیا، پس مذکورہ آیت نازل ہوئی، اور مسلمانوں کو سمجھایا کہ منافقوں کے حق میں یہ نرم گوشہ کیسا؟ اللہ تعالیٰ نے تو ان کی جہاد میں شرکت کو پسند نہیں کیا، ان کے نفاق کی وجہ سے ان کو الٹے پاؤں پھیر دیا، پھر تم ان کے حق میں نرم گوشہ کیوں رکھتے ہو؟ اور (اسی موقعہ پر یا کسی دوسرے موقعہ پر) نبی ﷺ نے فرمایا: ''مدینہ پاکیزہ شہر ہے، میل کو دور کرتا ہے جس طرح آگ چاندی کے میل کو دور کرتی ہے'' یعنی نہ اللہ تعالیٰ نے منافقوں کی رعایت کی نہ مدینہ منورہ ان کی رعایت کرتا ہے، پھر تم ان کی رعایت کیوں کرتے ہو؟

[١٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَمَالَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ أَرْكَسَهُمْ﴾

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: بَدَّدَهُمْ، فِئَةٌ: جَمَاعَةٌ.

[٤٥٨٩-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالاَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: ﴿فَمَالَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ﴾ رَجَعَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أُحُدٍ، وَكَانَ النَّاسُ فِيْهِمْ فِرْقَتَيْنِ: فَرِيْقٌ يَقُوْلُ: اقْتُلْهُمْ، وَفَرِيْقٌ يَقُوْلُ: لاَ، فَنَزَلَتْ: ﴿فَمَالَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ﴾ وَقَالَ: "إِنَّهَا طَيْبَةُ تَنْفِيْ الْخَبَثَ كَمَا تَنْفِي النَّارُ خَبَثَ الْفِضَّةِ"

[راجع: ١٨٨٤]

بے تحقیق خبریں پھیلانا برا ہے

سورۃ النساء آیت ۸۳ میں ہے: ﴿وَإِذَا جَاءَ هُمْ أَمْرٌ مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوْا بِهِ﴾: اور جب پہنچتی ہے ان (منافقین) کو کوئی خبر امن کی یعنی فتح ونصرت کی یا ڈر کی یعنی ہزیمت وشکست کی تو وہ اس کو مشہور کردیتے ہیں (حالانکہ چاہئے تھا کہ پہلے اس خبر کو سربراہ یا اس کے نائبوں کے پاس لے جاتے، پھر تحقیق کے بعد نقل کرتے اور اس پر عمل کرتے، کیونکہ بے تحقیق بات اکثر جھوٹی نکلتی ہے، پھر پشیمانی ہوتی ہے) —— أذاعه وبه: شائع کرنا، نشر کرنا، پھیلانا، ذاع الخبر: شائع ہونا —— أفشاه: پھیلانا، شائع کرنا، عام کرنا —— اس باب میں حضرت امام بخاری قدس سرہ نے کوئی حدیث نہیں لکھی، حاشیہ میں ایک حدیث لکھی ہے۔

مفردات کے معانی

۱- مذکورہ آیت کے بعد ہے: ﴿وَلَوْ رَدُّوْهُ إِلَى الرَّسُوْلِ وَإِلٰى أُوْلِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْبِطُوْنَهُ مِنْهُمْ﴾: اور اگر پھیرتے وہ اس خبر کو اللہ کے رسول کی طرف اور اپنے حاکموں کی طرف تو اس کو سمجھتے وہ لوگ جو ان میں سے اس کی تحقیق کرنے والے ہیں —— استنبط فلان: استنباط واستخراج کرنا، صحیح غلط کی تحقیق کرنا، مجرد نَبَطَ (ض) الشيئُ: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا۔

۲- سورۃ النساء آیت ۸۶ کے آخر میں ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ حَسِيْبًا﴾: بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا حساب لینے کے لئے کافی ہیں۔ حسیب: فعیل بمعنی حاسب، اوپر حکم یہ ہے کہ جب کوئی سلام کرے تو تم اس کا اچھے الفاظ میں جواب دو یا جواب میں وہی الفاظ کہہ دو، سلام سنت ہے اور اس کا جواب دینا واجب ہے، نہیں دے گا تو اس کا حساب ہوگا۔

۳- سورۃ النساء آیت ۱۱۷ میں ہے: ﴿إِنْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ إِلَّا إِنَاثًا﴾: نہیں عبادت کرتے وہ (مشرکین) اللہ کو چھوڑ

کرمگر زنانی چیزوں کی —— إناث: أنثی کی جمع ہے جس کے معنی عورت کے ہیں، حضرت حسن بصریؒ کہتے ہیں: ہر بے جان چیز خواہ پتھر ہو یا مٹی کا ڈھیلا اور اس جیسی چیزیں إناث میں داخل ہیں —— جمادات: منفعل غیر فاعل ہیں یعنی ان میں محض اثر پذیری کی صلاحیت ہے، مؤثر ہونے کی صلاحیت نہیں، اس لئے قرآنِ کریم نے ان کو إناث قرار دیا، اور اس لفظ کے ذریعہ مشرکین کو تنبیہ کی کہ تم نے جن کو اپنا معبود بنا رکھا ہے ان میں نہ عقل ہے نہ سمجھ، نہ وہ سن سکتے ہیں نہ دیکھ سکتے ہیں، وہ عورتوں کی طرح کمزور اور عاجز ہیں، ان میں کسی کام کے کرنے کی قدرت نہیں، ایسی بے حیثیت چیزوں کو تم پوجتے ہو؟

۴- پھر آگے ہے: ﴿وَإِنْ يَدْعُوْنَ إِلَّا شَيْطَانًا مَرِيْدًا﴾: اور نہیں عبادت کرتے وہ مگر سرکش شیطان کی —— مرید (فعیل) بمعنی فاعل یعنی متمرد، سرکش۔

۵- پھر آگے ہے: ﴿وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ﴾: (شیطان نے کہا:) اور میں ضرور ان کو گمراہ کرونگا، اور میں ضرور ان کو ہوسیں دلاؤنگا، اور میں ضرور ان کو حکم دونگا، پس وہ ضرور پالتو چوپایوں کے کانوں کو تراشیں گے —— يُبَتِّكُنَّ: مضارع جمع مذکر غائب با نون تاکید ثقیلہ، مجرد بتکہ (ض،س): کاٹنا، تَبْتِيك (باب تفعیل) خوب کاٹنا۔

۶- سورۃ النساء آیت ۱۲۲ میں ہے: ﴿وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا﴾: اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کس کا کہنا صحیح ہوگا؟ —— قیلاً: اسم مصدر، قول کا ہم معنی ہے، بعض لوگوں نے قول اور قیل میں فرق کیا ہے، مگر قرآنی استعمال کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں۔

۷- سورۃ النساء آیت ۱۵۵ میں ہے: ﴿بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ﴾: بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی (بند لگادیا) ان کے کفر کی وجہ سے —— طَبَعَ الشيئَ وعليه: مہر لگانا، سربمہر کرنا، بند کرنا یعنی یہود کے دلوں کو اس طرح بند کردیا ہے کہ ان تک خیر نہیں پہنچتی۔

[۱۵-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوْا بِهِ﴾ أَفْشَوْهُ

[۱-] ﴿يَسْتَنْبِطُوْنَهُ﴾: يَسْتَخْرِجُوْنَهُ. [۲-] ﴿حَسِيْبًا﴾: كَافِيًا. [۳-] ﴿إِلَّا إِنَاثًا﴾: الْمَوَاتُ حَجَرًا أَوْ مَدَرًا وَمَا أَشْبَهَهُ. [٤-] ﴿مَرِيْدًا﴾: مُتَمَرِّدًا. [٥-] ﴿فَلَيُبَتِّكُنَّ﴾: بَتَكَهُ: قَطَعَهُ. [٦-] ﴿قِيْلًا﴾: وَقَوْلًا وَاحِدٌ. [٧-] ﴿طَبَعَ﴾: خُتِمَ.

مؤمن کے قتل عمد کی اصل سزا

سورۃ النساء آیت ۹۳ میں ہے: ﴿وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيْمًا﴾: اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کی (اصلی) سزا جہنم ہے، جس میں وہ ہمیشہ رہے گا، اور اس پر اللہ تعالیٰ غضبناک ہونگے، اور اس کو اپنی رحمت سے دور کردیں گے، اور تیار کیا ہے اس کے لئے بڑا

عذاب ـــــ لیکن اللہ تعالیٰ کا فضل ہوگا تو یہ اصلی سزا جاری نہ ہوگی، بلکہ ایمان کی برکت سے آخر کو نجات ہوجاوے گی، تمام اہل حق متفق ہیں کہ بجز کفر وشرک کے کوئی امر موجب خلود فی النار نہیں (تھانوی رحمہ اللہ) اور فوائد عثانی میں ہے: جمہور علماء کے نزدیک خلود اس کے لئے ہے جو مسلمان کے قتل کو حلال سمجھے، کیونکہ اس کے کفر میں شک نہیں یا خلود سے مراد یہ ہے کہ مدت دراز تک جہنم میں رہے گا، یا وہ شخص مستحق تو اسی سزا کا ہے، آگے اللہ مالک ہے جو چاہے کرے۔ واللہ اعلم

تشریح: کوفہ کے بعض حضرات کی رائے یہ تھی کہ سورۃ الفرقان کی آیت ۶۸ میں ہے: رحمان کے خاص بندے اس شخص کو قتل نہیں کرتے جس کا قتل اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے، پھر آیت ۷۰ میں استثناء ہے کہ جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک کام کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیں گے ـــــ اور سورۃ النساء کی اس آیت میں ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے (الی آخرہ) دونوں آیتیں چونکہ قتل عمد سے متعلق ہیں اس لئے پہلی آیات میں جو استثناء ہے وہ دوسری آیت میں بھی بڑھا جائے گا، پس یہ دوسری آیت منسوخ ہوگی ـــــ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: یہ آیت منسوخ نہیں، یعنی وہ استثناء یہاں نہیں لایا جائے گا، کیونکہ دونوں آیتیں حادثہ واحدہ میں نہیں ہیں، دونوں کا مصداق الگ الگ ہے، تفصیل تحفۃ القاری ۷: ۳۲۴ میں ہے۔

[۱۶-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهُ جَهَنَّمُ﴾

[۴۵۹۰-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، قَالَ: اخْتَلَفَ فِيْهَا أَهْلُ الْكُوْفَةِ، فَرَحَلْتُ فِيْهَا إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَسَأَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهُ جَهَنَّمُ﴾ هِيَ آخِرُ مَانَزَلَ وَمَا نَسَخَهَا شَيْئٌ.

[راجع: ۳۸۵۵]

جس کے مسلمان ہونے کا احتمال ہو اس کو قتل نہ کیا جائے

سورۃ النساء آیت ۹۴ میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا، وَلاَ تَقُوْلُوْا لِمَنْ أَلْقٰى إِلَيْكُمُ السَّلاَمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا، تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ﴾: اے ایمان والو! جب تم راہِ خدا میں یعنی جہاد کے لئے سفر کرو تو خوب تحقیق کرلیا کرو، اور مت کہو تم اس شخص کو جو تمہیں سلام کرے کہ تو مسلمان نہیں، چاہتے ہو تم دنیوی زندگی کا سامان، پس اللہ کے پاس بہت غنیمتیں ہیں۔

شانِ نزول: ابن عباسؓ کہتے ہیں: ایک شخص اپنی تھوڑی سی بکریوں میں تھا، پس مسلمان (مجاہدین) اس سے جا ملے، اس نے سلام کیا (مگر مجاہدین نے اس کو مسلمان نہیں سمجھا، یہ سمجھا کہ وہ اپنی بکریاں بچانے کے لئے سلام کررہا ہے) پس انھوں نے اس کو قتل کردیا، اور اس کی تھوڑی سی بکریاں لے لیں، اس سلسلہ میں یہ آیت نازل ہوئی، اور دنیوی زندگی کے

سامان سے مراد وہ بکریاں ہیں۔

قراءت: آیت میں لفظ سلام چار طرح پڑھا گیا ہے: السِلم (سین کا زبر اور زیر اور لام ساکن) السَّلَم (سین اور لام پر زبر) السَّلام (یہ ابن عباسؓ کی قراءت ہے اور معنی سب کے ایک ہیں)

[۱۷-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَلَاتَقُوْلُوْا لِمَنْ أَلْقٰى إِلَيْكُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا﴾

السِّلْمُ وَالسَّلَمُ وَالسَّلَامُ وَاحِدٌ.

[٤٥٩١-] حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ أَلْقٰى إِلَيْكُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا﴾ قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَانَ رَجُلٌ فِيْ غُنَيْمَةٍ لَهُ، فَلَحِقَهُ الْمُسْلِمُوْنَ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَتَلُوْهُ وَأَخَذُوْا غُنَيْمَتَهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا﴾: تِلْكَ الْغُنَيْمَةُ. قَالَ: قَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿السَّلَامَ﴾

مجاہدین اور غیر مجاہدین کے تفاوتِ درجات میں معذور شامل نہیں

کتاب الجہاد میں (تحفۃ القاری ۶: ۲۲۸) باب آیا ہے کہ جہاد نہ کرنے والے مؤمنین اور اپنی جان و مال سے راہِ خدا میں جہاد کرنے والے مؤمنین برابر نہیں، یہ بات سورۃ النساء آیت ۹۵ و ۹۶ میں ہے، مگر معذور اس سے مستثنیٰ ہیں، اور باب کی شروع کی تین روایتوں میں ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ کا شانِ نزول بیان کیا ہے، یہ روایات پہلے آچکی ہیں، اور ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ کو روکنے کی حکمت بھی آچکی ہے ـــــ اور آخری روایت میں حضرت ابن عباسؓ نے آیت کا مصداق بدریوں کو بتایا ہے، یہ روایت بھی پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۵۳) آئی ہے۔

[۱۸-] بَابُ ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾

[٤٥٩٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ: أَنَّهُ رَأَى مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ فِي الْمَسْجِدِ، فَأَقْبَلْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ إِلٰى جَنْبِهِ، فَأَخْبَرَنَا أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَمْلَى عَلَيْهِ: ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ فَجَاءَهُ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ وَهُوَ يُمِلُّهَا عَلَيَّ، قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ لَوْ أَسْتَطِيْعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُ، وَكَانَ أَعْمٰى فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ، وَفَخِذُهُ عَلٰى فَخِذِيْ، فَثَقُلَتْ عَلَيَّ حَتّٰى خِفْتُ أَنْ تُرَضَّ فَخِذِيْ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ [راجع: ۲۸۳۲]

ترجمہ: سہل بن سعد ساعدیؓ (صحابی) نے مروان بن الحکم (تابعی) کو مسجدِ نبوی میں دیکھا، تو میں متوجہ ہوا یہاں تک کہ میں اس کے پہلو میں بیٹھا، پس اس نے ہمیں بتلایا کہ حضرت زید بن ثابتؓ نے اس کو بتایا کہ نبی ﷺ ان کو لکھوا رہے تھے: ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ پس آپؐ کے پاس عبداللہ بن ام مکتومؓ آئے درانحالیکہ آپؐ مجھے لکھوا رہے تھے، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! بخدا اگر میرے بس میں جہاد ہوتا تو میں ضرور جہاد کرتا، اور وہ نابینا تھے، پس اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر اتارا درانحالیکہ آپؐ کی ران میری ران پر تھی، پس بھاری ہوئی وہ مجھ پر یہاں تک کہ ڈرا میں کہ میری ران کچل جائے گی، پھر وہ کیفیت آپؐ سے دور کی گئی، پس اللہ نے اتارا: ﴿غَيْرُ أُوْلِى الضَّرَرِ﴾

[٤٥٩٣-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ الآيَةُ: ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم زَيْدًا فَكَتَبَهَا، فَجَاءَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ فَشَكَا ضَرَارَتَهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿غَيْرُ أُوْلِى الضَّرَرِ﴾[راجع: ٢٨٣١]

[٤٥٩٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "ادْعُوْا فُلَانًا" فَجَاءَهُ وَمَعَهُ الدَّوَاةُ وَاللَّوْحُ وَالْكَتِفُ، فَقَالَ: "اكْتُبْ: ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ وَخَلْفَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنَا ضَرِيْرٌ، فَنَزَلَتْ مَكَانَهَا ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِى الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾[راجع: ٢٨٣١]

لغت: الضَّرَارَة: اندھاپن، نابینا ہونا، الضریر: نابینا، اندھا .... فلانا: یعنی زید بن ثابتؓ کو .... الکتف: اونٹ کے شانے کی ہڈی .... فنزلت مكانها: پہلی آیت کی جگہ ﴿غَيْرُ أُوْلِى الضَّرَرِ﴾ کے اضافہ کے ساتھ آیت اتری۔

[٤٥٩٥-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، ح: قَالَ وَحَدَّثَنِىْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عَبْدُ الْكَرِيْمِ: أَنَّ مِقْسَمًا مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: ﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ عَنْ بَدْرٍ وَالْخَارِجُوْنَ إِلٰى بَدْرٍ. [راجع: ٣٩٥٤]

جس ملک میں مسلمان آزادی سے دین پر عمل نہ کرسکیں وہاں سے ہجرت فرض ہے

جس جگہ آدمی دین پر کھل کر عمل نہ کرسکے، وہاں سے ہجرت کرنا فرض ہے، البتہ ضعیف لوگ، عورتیں اور بچے قابل معافی ہیں، جیسا کہ آگے باب میں آرہا ہے، چنانچہ مکی دور میں صحابہ نے دومرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی، پھر اللہ تعالیٰ نے مدینہ کا راستہ کھول دیا تو سب مسلمان ہجرت کرکے مدینہ آگئے، مگر کچھ لوگ مکہ ہی میں رہے، انھوں نے ہجرت نہیں کی، جبکہ وہ

ہجرت کر سکتے تھے، بلکہ جنگِ بدر میں وہ کفار کے لشکر میں نکلے، اور ان کی نفری بڑھائی، پھر وہ لوگ میدانِ بدر میں لقمۂ اجل بنے، ان کے حق میں سورۃ النساء کی آیت ۹۷ نازل ہوئی: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلاَئِكَةُ ظَالِمِيْ أَنْفُسِهِمْ، قَالُوْا: فِيْمَ كُنْتُمْ؟ قَالُوْا: كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْأَرْضِ! قَالُوْا: أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا؟ فَأُولٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ، وَسَاءَتْ مَصِيْرًا﴾: وہ لوگ جو اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنے والے ہیں: جب فرشتے ان کی جان قبض کرتے ہیں تو پوچھتے ہیں: تمہارے احوال کیا تھے؟ وہ کہتے ہیں: ہم سرزمین (مکہ) میں بے بس تھے! فرشتے کہتے ہیں: کیا اللہ کی زمین کشادہ نہیں تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے! سوایسوں کا ٹھکانہ جہنم ہے، اور وہ لوٹنے کی بری جگہ ہے (ظالمی: توفاهم کی ضمیر مفعول سے حال ہے اور إن کی خبر محذوف ہے، اپنے اوپر ظلم کرنا: اپنا نقصان کرنا، دارالحرب میں پھنسے رہے دین پر عمل نہ کیا، نہ ہجرت کی: یہ اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنا ہے)

[۱۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلاَئِكَةُ ظَالِمِيْ أَنْفُسِهِمْ، قَالُوْا: فِيْمَ كُنْتُمْ؟ قَالُوْا: كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْأَرْضِ! قَالُوْا: أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا﴾ الآية

[٤٥٩٦-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ وَغَيْرُهُ، قَالاَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَبُوْ الْأَسْوَدِ، قَالَ: قُطِعَ عَلٰى أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ بَعْثٌ، فَاكْتُتِبْتُ فِيْهِ، فَلَقِيْتُ عِكْرِمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَنَهَانِيْ عَنْ ذٰلِكَ أَشَدَّ النَّهْيِ، ثُمَّ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ نَاسًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ كَانُوْا مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ يُكَثِّرُوْنَ سَوَادَ الْمُشْرِكِيْنَ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَأْتِي السَّهْمُ يُرْمَى بِهِ، فَيُصِيْبُ أَحَدَهُمْ فَيَقْتُلُهُ أَوْ يُضْرَبُ فَيُقْتَلُ، فَأَنْزَلَ اللهُ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلاَئِكَةُ ظَالِمِيْ أَنْفُسِهِمْ﴾ الآيَةَ. رَوَاهُ اللَّيْثُ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ. [طرفه: ۷۰۸۵]

ترجمہ: ابوالاسود محمد بن عبدالرحمٰنؒ کہتے ہیں: مدینہ والوں کی مرضی کے خلاف (شام والوں سے لڑنے کے لئے) ایک لشکر کاٹا گیا، پس میرا بھی نام اس لسٹ میں لکھا گیا، پس میری ملاقات حضرت ابن عباسؓ کے آزاد کردہ عکرمہؒ سے ہوئی، میں نے ان کو یہ بات بتائی، انھوں نے مجھے سختی سے روکا، اور کہا: مجھے ابن عباسؓ نے بتایا ہے کہ کچھ مسلمان مشرکین کے ساتھ تھے (ان کے نام حاشیہ میں ہیں) وہ مشرکین کی نفری بڑھا رہے تھے رسول اللہ ﷺ کے خلاف، تیر آتا جو چلایا جاتا، پس وہ ان میں سے ایک کو لگتا اور اس کا کام تمام کر دیتا یا تلوار مارا جاتا پس وہ ختم کر دیا جاتا، پس اللہ تعالیٰ نے سورۃ النساء کی آیت ۹۷ نازل فرمائی (حیوۃ وغیرہ: حدثنا محمد کہتے ہیں، اور لیثؒ عن سے روایت کرتے ہیں)

تشریح: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد ملک شام کے لوگوں نے یزید کے ہاتھ پر تجدید بیعت کی، مگر حجاز والوں نے بیعت نہیں کی، انھوں نے حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کے ہاتھ پر بیعت کی، اس طرح اسلامی ملک دو

حصوں میں تقسیم ہوگیا، دوتہائی ملک حضرت عبداللہؓ کے قبضہ میں تھا اور ایک تہائی یزید کے ہاتھ میں، حضرت عبداللہؓ نے مکہ کو دارالحکومت بنالیا، ان کے حکم سے مدینہ کے لوگوں کا ایک لشکر تیار کیا گیا جو شام جا کر یزید کو مجبور کرے کہ وہ خلافت سے دست بردار ہوجائے، اور حضرت عبداللہؓ کے ہاتھ پر بیعت کرلے، یہ لشکر تو شاید شام نہیں گیا، البتہ یزید نے جوابی کاروائی کی، لشکر بھیجا جس نے مدینہ پر چڑھائی کی، اور ۶۳ ہجری میں حرّہ کا مشہور واقعہ پیش آیا، جس میں کشتوں کے پشتے لگ گئے، اس طرح خانہ جنگی شروع ہوئی، ابوالاسود محمد کا نام مدینہ کے لشکر میں لکھا گیا، انھوں نے حضرت عکرمہ رحمہ اللہ سے اس کا تذکرہ کیا، انھوں نے لشکر میں نکلنے سے سختی سے منع کیا، کیونکہ آدمی چاہے بددلی سے کسی لشکر میں نکلے: اس کی نفری بڑھے گی، اور حدیث میں ہے: من كثّر سوادَ قوم فهو منهم: جو کسی قوم کی نفری بڑھاتا ہے اس کا شمار اسی قوم میں ہوتا ہے، پھر حضرت عکرمہؒ نے بروایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ان لوگوں کا واقعہ سنایا جو مکہ میں رہ گئے تھے، انھوں نے ہجرت نہیں کی تھی، پھر وہ بدر کی جنگ میں مشرکین کے ساتھ نکلے، اور لقمۂ اجل بن گئے، ان کے حق میں سورۃ النساء کی باب کی آیت نازل ہوئی، اور ان کے انجام سے امت کو آگاہ کیا۔

ضعیف لوگ، عورتیں اور بچے قابل معافی ہیں

پھر اگلی آیت میں ارشاد فرمایا: ﴿إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَايَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا﴾: لیکن جو مرد اور عورتیں اور بچے ایسے ہیں کہ وہ کوئی تدبیر نہیں کرسکتے، نہ وہ راستہ سے واقف ہیں۔

تفسیر: ابتدائے اسلام میں ہجرت فرض تھی، لیکن حالت عذر میں اس کی فرضیت ساقط تھی، کمزور مرد، عورتیں اور بچے مستثنیٰ تھے، حضرت ابن عباسؓ کی حدیث ابھی گذری ہے کہ میں اور میری امی معذورین میں سے تھے۔

[۲۰-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَايَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا﴾: [النساء: ۹۸]

[۴۵۹۷-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ﴾ قَالَ: كَانَتْ أُمِّيْ مِمَّنْ عَذَرَ اللّٰهُ. [راجع: ۱۳۵۷]

لغت: عَذَرَ الله فلانا: معذور قرار دینا، کسی کو اس کے فعل پر ملامت نہ کرنا۔

معذوروں کے لئے نبی ﷺ نے دعا فرمائی

پھر اگلی آیت ہے: ﴿فَأُوْلٰئِكَ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَعْفُوَ عَنْهُمْ، وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَحِيْمًا﴾: پس یہ لوگ: امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو معاف کردیں، اور اللہ تعالیٰ بڑے معاف فرمانے والے بڑے مغفرت کرنے والے ہیں —— اور نبی

ﷺ نے عشاء کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھا، جس میں ابوجہل کے اخیافی بھائی حضرت عیاش رضی اللہ عنہ کے لئے، اور اس کے حقیقی بھائی حضرت سلمۃ بن ہشامؓ کے لئے اور حضرت خالد بن الولیدؓ کے بھائی ولید بن ولیدؓ کے لئے، اور تمام کمزور مؤمنین کے لئے دعا فرمائی، یہ حضرات قریش کے ستم کا تختۂ مشق بنے ہوئے تھے، وہ ان کو ہجرت نہیں کرنے دے رہے تھے، نبی ﷺ کی دعا کی برکت سے ان کو نجات ملی اور انھوں نے ہجرت کی، اور مضر قبیلہ کے لئے بددعا کی: الٰہی! اپنا روندنا (پکڑ) سخت کریں قبیلہ مضر پر، اور اس پکڑ کو یوسف علیہ السلام کے زمانہ جیسی قحط سالیاں بنائیں۔

[۲۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَأُوْلٰئِكَ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا﴾[النساء: ۹۹]

[۴۵۹۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّى الْعِشَاءَ إِذْ قَالَ: " سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" ثُمَّ قَالَ قَبْلَ أَنْ يَسْجُدَ: "اللّٰهُمَّ نَجِّ عَيَّاشَ بْنَ أَبِيْ رَبِيْعَةَ، اللّٰهُمَّ نَجِّ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، اللّٰهُمَّ نَجِّ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، اللّٰهُمَّ نَجِّ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ"[راجع: ۷۹۷]

نوٹ: باب میں فعسی اللہ تھا ابوذر کے نسخہ سے تصحیح کی ہے۔

صلاۃ الخوف ہتھیار باندھ کر پڑھنی چاہئے، اگر عذر ہو تو ہتھیار رکھ سکتے ہیں

سورۃ النساء کی آیت ۱۰۲ میں نماز خوف پڑھنے کا طریقہ ہے، اس میں ہے: ﴿وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّنْ مَطَرٍ أَوْ كُنْتُمْ مَرْضٰى أَنْ تَضَعُوْا أَسْلِحَتَكُمْ﴾: اور تم پر کچھ گناہ نہیں اگر تم کو بارش کی وجہ سے تکلیف ہو، یا تم بیمار ہو تو اپنے ہتھیار اتار رکھو (اور اپنا بچاؤ کر لو) حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: ایک جنگ میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ زخمی تھے (یہ بیمار کی مثال ہے)

[۲۲-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى مِنْ مَطَرٍ أَوْ كُنْتُمْ مَرْضٰى أَنْ تَضَعُوْا أَسْلِحَتَكُمْ﴾

[۴۵۹۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يَعْلَى، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّنْ مَّطَرٍ أَوْ كُنْتُمْ مَرْضٰى﴾ قَالَ: عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، كَانَ جَرِيْحًا.

﴿إِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى﴾ کی تفسیر

سورۃ النساء آیت ۳ میں ہے کہ اگر تم کو اس بات کا ڈر ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہیں کرسکو گے تو دوسری

عورتوں سے جوتم کو پسند ہوں نکاح کرو ــــــ انصاف نہ کرسکنے کا کیا مطلب ہے؟ اس کی وضاحت سورۃ النساء آیت ۱۲۷ میں ہے، ارشادفرمایا:﴿وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ فِيْ يَتَامٰى النِّسَاءِ الّٰتِيْ لاَتُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ﴾: اور وہ آیت بھی جو قرآن میں تم کو پڑھ کر سنائی جاتی ہے یعنی سورۃ النساء کی آیت ۳ بھی جوان یتیم عورتوں کے سلسلہ میں ہے جن کو جوان کا حق مقرر ہے نہیں دیتے، اور ان کے ساتھ نکاح کی خواہش رکھتے ہو ــــــ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ایک آدمی کی پرورش میں ایک یتیم لڑکی ہے، وہ اس کا سرپرست بھی ہے اور اس کا وارث بھی، مثلاً: کسی لڑکی کے والدین کا انتقال ہوگیا، نہ اس کا باپ ہے نہ دادا، نہ بھائی نہ چچا، البتہ چچازاد بھائی ہے، پس نصف میراث یتیم لڑکی کو ملے گی، اور نصف عصبہ ہونے کی وجہ سے میت کے بھتیجے کو جو یتیم لڑکی کا سرپرست بھی ہے، پھر جب یتیم لڑکی کا انتقال ہوگا تو یہ چچازاد بھائی وارث ہوگا، یہ مطلب ہے سرپرست اور وارث ہونے کا، پس لڑکی نے اس سرپرست کو اپنے مال میں بھاگی دار بنالیا یہاں تک کہ کھجور کے باغ میں بھی، اب سرپرست اس لڑکی سے نکاح کرنا چاہتا ہے، کسی دوسرے مرد سے اس کا نکاح کرنا پسند نہیں کرتا، کیونکہ وہ دوسرا مرد سرپرست کے ساتھ اس کے مال میں بھاگی دار بن جائے گا، اس وجہ سے کہ یتیم لڑکی اس کے ساتھ بھاگی دار ہے، چنانچہ وہ یتیم لڑکی کو دوسری جگہ نکاح کرنے سے روکتا ہے، پس یہ آیت نازل ہوئی۔

یہاں یہ روایت مختصر ہے، پہلے (حدیث ۲۴۹۴ تحفۃ القاری ۵:۵۱۱) مفصل آئی ہے، اس کی روشنی میں اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ سرپرست اعراض کرتا تھا اس یتیم لڑکی سے جو اس کی پرورش میں ہوتی تھی جبکہ اس کے پاس مال نہیں ہوتا تھا اور وہ خوبصورت بھی نہیں ہوتی تھی، پس لوگ روکے گئے اس سے کہ نکاح کریں وہ ان یتیم لڑکیوں سے جن کے مال میں وہ رغبت رکھتے ہیں، ہاں مہر وغیرہ میں انصاف کے ساتھ نکاح کرسکتے ہیں ــــــ پس ڈر کا یہ مطلب ہے کہ یتیم لڑکی سے مال یا جمال کی وجہ سے نکاح تو کرتا ہے، مگر ڈر ہے کہ مہر اور شب باشی وغیرہ میں انصاف نہیں کرسکے گا تو وہ یتیم لڑکی سے نکاح نہ کرے، دوسری عورتیں جو پسند ہوں ان سے نکاح کرے، ایک چھوڑ چار سے نکاح کرے۔

[۲۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ فِيْ يَتَامَى النِّسَاءِ﴾[النساء: ۱۲۷]

[۴۶۰۰-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ أَخْبَرَنِيْ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ:﴿ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ، قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ﴾ قَالَتْ عَائِشَةُ: هُوَ الرَّجُلُ تَكُوْنُ عِنْدَهُ الْيَتِيْمَةُ، هُوَ وَلِيُّهَا وَوَارِثُهَا، فَأَشْرَكَتْهُ فِيْ مَالِهِ حَتّٰى فِي الْعَذْقِ، فَيَرْغَبُ أَنْ يَنْكِحَهَا، وَيَكْرَهُ أَنْ يُزَوِّجَهَا رَجُلاً، فَيَشْرَكُهُ فِيْ مَالِهِ بِمَا شَرِكَتْهُ فَيَعْضُلُهَا فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ.

[راجع: ۲۴۹۴]

زوجین میں مصالحت اور موافقت بہت اچھی بات ہے

سورۃ النساء کی آیت ۱۲۸ ہے: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا، وَالصُّلْحُ خَيْرٌ، وَأُحْضِرَتِ الأَنْفُسُ الشُّحَّ، وَإِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا﴾: اور اگر کسی عورت کو ڈر ہو اپنے شوہر کی طرف سے بد دماغی کا یا لاپرواہی کا تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ کرلیں آپس میں کسی طرح صلح، اور صلح بہتر ہے، اور نفوس کا حرص کے ساتھ اقتران ہے، اور اگر تم اچھا برتاؤ کرو اور پرہیزگاری سے کام لو تو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری طرح خبر رکھتے ہیں۔

لغات: (۱) سورۃ النساء آیت ۳۵ میں لفظ شقاق آیا ہے، حضرت ابن عباسؓ نے اس کا ترجمہ **تَفَاسُد** کیا ہے، **تفاسد القومُ**: باہم قطع تعلق کرنا، ایک دوسرے کے خلاف ہونا، حضرت تھانویؒ نے ترجمہ 'کشاکش' کیا ہے............(۲) **الشُّح**: مصدر ہے، اس کا فعل باب سمع، ضرب اور نصر تینوں سے آتا ہے، حضرت ابن عباسؓ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: کسی چیز کی خواہش، حرص کرنا یعنی وہ بخل جس میں حرص ہو اور وہ عادت بن گیا ہو، اردو میں اس کا ترجمہ 'خود غرضی' کرتے ہیں............ (۳) **معلقة**: لٹکائی ہوئی، نہ اس کے حقوق ادا کئے جاتے ہیں کہ خاوند والی سمجھی جائے، اور نہ اس کو طلاق دی جاتی ہے کہ بے خاوند والی کہی جائے............(۴) نشوز کے معنی ابن عباسؓ نے بغض و نفرت کئے ہیں۔

تفسیر: اگر کوئی عورت خاوند کا دل اپنے سے پھرا دیکھے، اور اس کو خوش اور متوجہ کرنے کے لئے اپنے مہر یا نفقہ وغیرہ میں سے کچھ چھوڑ کر اس کو راضی کرلے تو اس مصالحت میں کسی کے ذمہ کچھ گناہ نہیں، کیونکہ مال کی حرص ہر ایک کے جی میں گھسی ہوئی ہے، پس اگر عورت مرد کو کچھ نفع پہنچائے گی تو مرد خوش ہوجائے گا۔ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہی تفسیر کی ہے اور حدیث پہلے (نمبر ۲۴۵۰ تحفۃ القاری ۵:۱۷۴ میں) آگئی ہے۔

[۲۴-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا﴾

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿شِقَاقَ﴾: تَفَاسُدٌ. [۲-] ﴿وَأُحْضِرَتِ الأَنْفُسُ الشُّحَّ﴾: هَوَاهُ فِي الشَّيْئِ يَحْرِصُ. [۳-] ﴿كَالْمُعَلَّقَةِ﴾: لاَهِيَ أَيِّمٌ وَلاَ ذَاتُ زَوْجٍ. [۴-] ﴿نُشُوْزًا﴾: الْبُغْضُ.

[۴۶۰۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا﴾ قَالَتْ: الرَّجُلُ تَكُوْنُ عِنْدَهُ الْمَرْأَةُ لَيْسَ بِمُسْتَكْثِرٍ مِنْهَا، يُرِيْدُ أَنْ يُفَارِقَهَا، فَتَقُوْلُ: أَجْعَلُكَ مِنْ شَأْنِي فِي حِلٍّ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِي ذٰلِكَ. [راجع: ۲۴۵۰]

اعتقادی نفاق انسان کی بدترین حالت ہے، اس لئے اس کی سزا سخت ترین ہے، مگر توبہ کا دروازہ کھلا ہے

سورۃ النساء کی آیات ۱۴۵ و ۱۴۶ ہیں: ﴿إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ، وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۝

إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَأَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَأُوْلٰئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ أَجْرًا عَظِيْمًا﴾: منافقین یقیناً دوزخ کے سب سے نچلے طبقہ میں ہونگے، اور تم ہرگز ان کا کوئی مددگار نہ پاؤ گے، مگر جنھوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کی، اور اللہ تعالیٰ کو مضبوط تھاما، اور خالص کیا اپنے دین کو اللہ کے لئے: وہ مؤمنین کے ساتھ ہونگے، اور اللہ تعالیٰ مؤمنین کو اجر عظیم عطا فرمائیں گے۔

تفسیر: درکة: جمع درکات: طبقہ، درجة: جمع درجات کے بھی یہی معنی ہیں، مگر درکات کا استعمال جہنم کے طبقات کے لئے ہوتا ہے، اور درجات کا استعمال جنت کے طبقات کے لئے، دونوں کے سات سات طبقات ہیں، مگر فرق یہ ہے کہ جنت کے درجات خوبی اور عمدگی میں نیچے سے اوپر کو چڑھتے ہیں، جنت کا سب سے اعلیٰ درجہ فردوس (بہشت بریں) ہے، جو سب سے اوپر کا ساتواں درجہ ہے، اور جہنم کے طبقات عذاب کی شدت میں اوپر سے نیچے کو اترتے ہیں، سب سے تیز آگ ساتویں طبقہ میں ہے جو سب سے نچلا طبقہ ہے، حضرت ابن عباسؓ نے الدرك الأسفل کی یہی تفسیر کی ہے، فرمایا: أسفلَ النار: دوزخ کا سب سے نیچے کا طبقہ، پھر سورۃ الانعام آیت ۳۵ میں جو نفقًا آیا ہے، اس کے معنی بیان کئے ہیں، کیونکہ نفاق اور نفق کا مادہ ایک ہے، نفق کے معنی ہیں: سرنگ۔

حدیث: اسود بن یزید نخعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے حلقۂ درس میں تھے کہ حضرت حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ عنہ آئے، اور ہمارے پاس کھڑے ہوئے، اور سلام کیا، پھر فرمایا: بخدا! نفاق اتارا گیا تم سے بہتر قوم پر، اسود نے کہا: سبحان اللہ! (عجیب بات!) اللہ پاک کا ارشاد ہے: ”منافقین یقیناً دوزخ کے سب سے نیچے کے طبقہ میں ہونگے“ پس ابن مسعودؓ مسکرائے، اور حضرت حذیفہؓ مسجد کے کونے میں بیٹھ گئے، پھر ابن مسعودؓ اٹھے تو ان کے تلامذہ منتشر ہوگئے، پس حضرت حذیفہؓ نے مجھے کنکری ماری، میں ان کے پاس گیا، انھوں نے کہا: مجھے ابن مسعودؓ کے ہنسنے پر حیرت ہوئی، حالانکہ وہ بالیقین وہ بات جانتے ہیں جو میں نے کہی ہے، بخدا! واقعہ یہ ہے کہ نفاق اتارا گیا ایسے لوگوں پر جو تم سے بہتر تھے، پھر انھوں نے توبہ کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول کی۔

تشریح: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے تلامذہ طبقۂ تابعین سے تھے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اعتقادی نفاق طبقۂ صحابہ میں بھی تھا جو تم سے بہتر تھے، نفاق اتارنے کا یہی مطلب ہے، پس بعد کے طبقہ میں بہ درجۂ اولیٰ ہوسکتا ہے، پس ہر شخص کو اس سے ڈرنا چاہئے اور اپنے ایمان کا جائزہ لیتے رہنا چاہئے، اس پر اسود نے کہا: قرآنِ کریم میں منافقین کی سخت سزا آئی ہے، پھر کوئی اعتقادی منافق کیسے ہوسکتا ہے؟ اس پر ابن مسعودؓ مسکرائے، ان کو اسود کی اس بات پر حیرت ہوئی کہ اب طبقۂ تابعین میں اعتقادی نفاق کیوں نہیں ہوسکتا، جبکہ وہ طبقۂ صحابہ میں تھا —— مکی دور میں تو منافقین کا کوئی تذکرہ نہیں آتا مگر مدنی دور میں منافقین تھے، اور ان کا ذکر قرآنِ کریم میں جگہ جگہ آیا ہے، مگر وہ سب بعد میں تائب ہوگئے تھے، صرف بارہ اشخاص باقی رہ گئے تھے جنھوں نے آخر تک توبہ نہیں کی، ان کے نام نبی ﷺ نے حضرت حذیفہ

رضی اللہ عنہ کو بتادیئے تھے مگران کو نام ظاہر کرنے کی اجازت نہیں تھی، اس لئے حضرت حذیفہؓ 'راز دار رسول' کہلاتے ہیں ــــ بہر حال اعتقادی نفاق ہر دور میں پایا جا سکتا ہے، مگر اب اس کا پتہ نہیں چل سکتا، پس ہر شخص کو اپنے ایمان کا جائزہ لیتے رہنا چاہئے۔ پہلے (تحفۃ القاری ۱:۲۸۵) ابن ابی ملیکہؒ کا قول گذرا ہے کہ میں تیس صحابہ سے ملا ہوں وہ سب اپنے بارے میں نفاق سے ڈرتے تھے، پس ماوشما کس شمار میں ہیں!

[۲۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ﴾

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: [۱-] أَسْفَلَ النَّارِ. [۲-] ﴿نَفَقًا﴾: سَرَبًا.

[٤٦٠٢-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: كُنَّا فِيْ حَلْقَةِ عَبْدِ اللّٰهِ، فَجَاءَ حُذَيْفَةُ، حَتَّى قَامَ عَلَيْنَا، فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ أُنْزِلَ النِّفَاقُ عَلٰى قَوْمٍ خَيْرٍ مِنْكُمْ، قَالَ الْأَسْوَدُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: ﴿إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ﴾ فَتَبَسَّمَ عَبْدُ اللّٰهِ، وَجَلَسَ حُذَيْفَةُ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ فَتَفَرَّقَ أَصْحَابُهُ، فَرَمَانِيْ بِالْحَصَا، فَأَتَيْتُهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: عَجِبْتُ مِنْ ضِحْكِهِ، وَقَدْ عَرَفَ مَا قُلْتُ، لَقَدْ أُنْزِلَ النِّفَاقُ عَلٰى قَوْمٍ كَانُوْا خَيْرًا مِنْكُمْ، ثُمَّ تَابُوْا فَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ.

انبیاء سب صاحبِ وحی ہیں ان میں تفاضل نہ چاہئے

سورۃ النساء آیت ۱۶۳ میں ہے: "ہم نے آپؐ کے پاس وحی بھیجی جس طرح نوحؑ کے پاس وحی بھیجی، اور ان کے بعد اور پیغمبروں کے پاس، اور ہم نے وحی بھیجی ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ اور اولادِ یعقوبؑ اور عیسیٰؑ اور ایوبؑ اور یونسؑ اور ہارونؑ اور سلیمانؑ کے پاس۔

تفسیر: تمام انبیاء ایک سلسلہ (زنجیر) کی کڑیاں ہیں، سب کے پاس ایک ہی سرچشمہ سے وحیاں آئی ہیں، پس بعض کو ماننا اور بعض کو نہ ماننا ایمان کے منافی ہے، سب پر ایمان لانا ضروری ہے ــــ اور انبیاء میں اس طرح تفاضل کرنا کہ بعض کی تنقیص لازم آئے: نہ چاہئے، اور حدیث پہلے آئی ہے، اگر کوئی نبی ﷺ کو بایں وجہ حضرت یونس علیہ السلام سے افضل قرار دے کہ وہ اجازت کے بغیر نینوی سے چل دیئے تھے، اور ہمارے نبی ﷺ مکہ میں ڈٹے رہے تھے جب تک اجازت نہیں ملی قدم نہیں ہٹایا، انبیاء میں اس طرح تفاضل نہیں کرنا چاہئے، ہاں تقابل کے بغیر آپ ﷺ کے فضائل بیان کئے جا سکتے ہیں۔

[۲۶-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَيُوْنُسَ وَهَارُوْنَ وَسُلَيْمَانَ﴾

[٤٦٠٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ

عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: "مَا یَنْبَغِیْ لِأَحَدٍ أَنْ یَقُوْلَ: أَنَا خَیْرٌ مِنْ یُوْنُسَ بْنِ مَتَّی"
[راجع: ٣٤١٢]

[٤٦٠٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَیْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلَالٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "مَنْ قَالَ أَنَا خَیْرٌ مِنْ یُوْنُسَ بْنِ مَتَّی فَقَدْ كَذَبَ"
[راجع: ٣٤١٥]

احکامِ میراث کی آخری آیت

باب کی حدیث میں حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: سورۃ براءت سب سے آخر میں نازل ہوئی ہے، اور کلالہ کی میراث کی آیت یعنی سورۃ النساء کی آخری آیت سب سے آخر میں نازل ہوئی ہے، اور پہلے (حدیث ۴۵۴۴) حضرت ابن عباس ؓ کا قول گذرا ہے کہ سب سے آخر میں حرمتِ ربا کی آیت نازل ہوئی ہے، پس تطبیق یہ ہے کہ احکامِ میراث کی آخری آیت سورۃ النساء کی آخری آیت ہے اور مطلق احکام میں سب سے آخر میں حرمتِ ربا کی آیت نازل ہوئی ہے۔

کلالہ: وہ میت ہے جس کے نہ مذکر اصول (باپ دادا) ہوں نہ فروع (بیٹا پوتا) اور کلالہ: مصدر ہے تَكَلَّلَه النسب سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں: نسب سے کنارہ پر آگیا، ایک طرف ہوگیا —— اور آیت کا ترجمہ یہ ہے: "لوگ آپ ؐ سے مسئلہ دریافت کرتے ہیں: آپ ؐ بتادیں کہ اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے باب میں حکم دیتے ہیں: اگر کوئی شخص مرجائے جس کی اولاد (بیٹا پوتا) نہ ہو (اور باپ دادا بھی نہ ہوں) اور اس کی ایک (عینی یا علاتی) بہن ہو تو اس کو میت کے ترکہ کا آدھا ملے گا، اور وہ شخص اپنی بہن کا وارث ہوگا اگر اس کی اولاد (بیٹا پوتا) نہ ہو (الی آخرہ)

[٢٧-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿یَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْكُمْ فِی الْكَلَالَةِ إِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَیْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَاتَرَكَ وَهُوَ یَرِثُهَا إِنْ لَمْ یَكُنْ لَهَا وَلَدٌ﴾[النساء: ١٧٦]

وَالْكَلَالَةُ: مَنْ لَمْ یَرِثْهُ أَبٌ أَوِ ابْنٌ، وَهُوَ مُصْدَرٌ مِنْ تَكَلَّلَهُ النَّسَبُ.

[٤٦٠٥-] حدثنا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، قَالَ: آخِرُ سُوْرَةٍ نَزَلَتْ بَرَاءَ ةٌ، وَآخِرُ آیَةٍ نَزَلَتْ: ﴿یَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْكُمْ فِی الْكَلَالَةِ﴾[راجع: ٤٣٦٤]

﴿اللہ کے فضل وکرم سے سورۃ النساء کی تفسیر مکمل ہوئی﴾

بسم الله الرحمن الرحيم

[٥] سورة المائدة

[١- بَابٌ]

[١-] ﴿حُرُمٌ﴾: وَاحِدُهَا حَرَامٌ. [٢-] ﴿فَبِمَا نَقْضِهِمْ﴾: بِنَقْضِهِمْ. [٣-] ﴿الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ﴾: الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ. [٤-] ﴿تَبُوْأَ﴾: تَحْمِلُ. [٥-] وَقَالَ غَيْرُهُ:الإِغْرَاءُ: التَّسْلِيْطُ. [٦-] ﴿دَائِرَةٌ﴾: دَوْلَةٌ. [٧-] ﴿أُجُوْرَهُنَّ﴾: مُهُوْرَهُنَّ. [٨-] ﴿مَخْمَصَةٌ﴾: مَجَاعَةٌ. [٩-] قَالَ سُفْيَانُ: مَا فِي الْقُرْآنِ آيَةٌ أَشَدُّ عَلَيَّ مِنْ:﴿لَسْتُمْ عَلٰى شَيْئٍ حَتّٰى تُقِيْمُوْا التَّوْرَاةَ وَالإِنْجِيْلَ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ﴾ [١٠-] ﴿وَمَنْ أَحْيَاهَا﴾: يَعْنِي مَنْ حَرَّمَ قَتْلَهَا إِلَّا بِحَقٍّ، أَحْيَا النَّاسَ مِنْهُ جَمِيْعًا.[١١-] ﴿شِرْعَةً وَمِنْهَا جًا﴾: سَبِيْلاً وَسُنَّةً. [١٢-] الْمُهَيْمِنُ: الأَمِيْنُ، الْقُرْآنُ أَمِيْنٌ عَلٰى كُلِّ كِتَابٍ قَبْلَهُ.

سورۃ المائدہ کی تفسیر

غریب القرآن کے معانی

۱- سورۃ المائدہ کی پہلی آیت میں ہے:﴿وَأَنْتُمْ حُرُمٌ﴾: درانحالیکہ تم احرام میں ہو یعنی اس حالت میں شکار کرنا حلال نہیں، حُرُم کا مفرد حَرَام ہے بمعنی مُحْرِم۔

۲- سورۃ المائدۃ آیت ۱۳ میں ہے:﴿فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيْثَاقَهُمْ﴾: پس ان کی عہد شکنی کی وجہ سے ـــــ اس میں ما زائدہ ہے۔

۳- سورۃ المائدۃ آیت ۲۱ میں ہے:﴿الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ﴾: وہ سرزمین (بیت المقدس) جس کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے لکھ دیا ہے یعنی تمہارے لئے گردانا ہے، تجویز کیا ہے۔

۴- سورۃ المائدۃ آیت ۲۹ میں ہے:﴿إِنِّيْ أُرِيْدُ أَنْ تَبُوْءَ بِإِثْمِيْ وَإِثْمِكَ﴾: بے شک میں چاہتا ہوں کہ تو میرے گناہ اور اپنے گناہ سب اپنے سر رکھ لے ـــــ تَبُوْء: مضارع، صیغہ واحد مذکر حاضر، مصدر بَوْءٌ (باب نصر) معنی اٹھانا۔

۵- سورۃ المائدۃ آیت ۱۴ میں ہے:﴿فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ﴾: پس ہم نے ان میں باہم قیامت تک کے لئے بغض وعداوت ڈال دی ـــــ أغرينا: إغراء سے، جس کے معنی ہیں: مسلط کرنا، ڈال دینا،

سَلَّطه علیه: مسلط کرنا۔

۶-سورۃ المائدۃ آیت ۵۲ میں ہے: ﴿نَخْشٰى أَنْ تُصِيْبَنَا دَائِرَةٌ﴾: ہمیں اندیشہ ہے کہ ہم پر کوئی حادثہ پڑ جائے دائرۃ: گردش، مصیبت، دَوْر سے جس کے معنی پھرنے کے ہیں، دراصل دائرہ خط محیط کو کہتے ہیں، پھر اس کا استعمال گردش، مصیبت اور چکّر کے معنی میں ہونے لگا۔ سدّی نے اس کا ترجمہ دولۃ کیا ہے، جس کے معنی ہیں: دست گرداں، جو چیز گردش کرتی رہے، جیسے حکومت۔ اور حاشیہ میں بیضاوی کے حوالے سے پہلے معنی لکھے ہیں۔

۷-سورۃ المائدۃ آیت ۵ میں ہے: ﴿إِذَا آتَيْتُمُوْهُنَّ أُجُوْرَهُنَّ﴾: جب دیدو تم ان کو ان کا معاوضہ یعنی ان کے مہر۔

۸-سورۃ المائدۃ آیت ۳ میں ہے: ﴿فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ﴾: پس جو شخص بھوک کی شدت میں بے تاب ہو جائے، المَجَاعة: قحط سالی، بھوک مری، الجُوْع: بھوک۔

۹-سورۃ المائدۃ کی آیت ۶۸ میں ہے: ﴿قُلْ يٰأَهْلَ الْكِتَابِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْئٍ حَتّٰى تُقِيْمُوْا التَّوْرَاةَ وَالإِنْجِيْلَ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ﴾: آپؐ کہہ دیجئے: اے اہل کتاب تم کسی راہ پر نہیں (غیر مقبول راہ پر ہونا مثل بے راہی کے ہے) یہاں تک کہ پوری پابندی کرو تم تورات وانجیل کی اور اس کتاب کی جو تمہاری طرف اتاری گئی ہے تمہارے پروردگار کی طرف سے —— سفیان ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا: قرآنِ کریم میں مجھ پر اس سے زیادہ بھاری آیت کوئی نہیں، کیونکہ اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ راہِ ہدایت پر وہی ہے جو قرآنِ کریم کی پوری ابندی کرے، اس سے سر مو انحراف نہ کرے، اور یہ بات کتنی مشکل ہے؟ وہ ظاہر ہے، اور اس کی نظیر سورۃ ہود کی آیت ۱۱۲ ہے: ﴿فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ﴾: پس جس طرح آپؐ کو حکم ہوا ہے آپؐ دین پر مستقیم رہیے، نبی ﷺ نے فرمایا: "اس آیت نے مجھے بوڑھا کر دیا!"

۱۰-سورۃ المائدۃ آیت ۳۲ میں ہے: ﴿وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاس جَمِيْعًا﴾: اور جو شخص کسی شخص کو بچالے تو گویا اس نے تمام آدمیوں کو بچالیا —— یعنی اس شخص کو بچالے جس کا ناحق قتل حرام ہے پس اس نے گویا سبھی انسانوں کو بچالیا۔

۱۱-سورۃ المائدۃ آیت ۴۸ میں ہے: ﴿لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَا جًا﴾: تم میں سے ہر ایک (امت) کے لئے ہم نے خاص شریعت اور خاص راہ تجویز کی ہے —— حضرت ابن عباسؓ نے شرعة کی تفسیر سنة (بڑے راستہ) سے کی ہے اور منهاجا کی تفسیر سبیلا (چھوٹے راستہ) سے، پس عبارت میں لف ونشر غیر مرتب ہے اور بڑے راستہ سے عقائد مراد ہیں، اور چھوٹے راستہ سے اعمال یعنی تمام انبیاء کا دین ایک ہے اور شریعتیں مختلف (تحفۃ القاری ۱:۱۹۹)

۱۲-سورۃ المائدۃ کی اسی آیت میں ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ﴾: اور ہم نے آپؐ کی طرف یہ کتاب اتاری جو دین حق پر مشتمل ہے، جو تصدیق کرنے والی ہے ان کتابوں کی جو اس سے پہلے آئی ہیں، اور وہ ان کتابوں کی محافظ ہے —— المهيمن: اسم فاعل، مصدر هيمنة: نگران، هَيْمَنَ على كذا: نگرانی اور حفاظت کرنا، یہ اللہ تعالیٰ کی صفت بھی ہے یعنی ہر چیز پر حاوی وقابض اور اس کا محافظ ونگران —— اور یہ قرآنِ

کریم کی صفت بھی ہے، کیونکہ قرآنِ کریم امین (امانت دار) ہے سابقہ کتابوں کا، ان کے ضروری مضامین قرآنِ کریم میں لے لئے گئے ہیں۔

آیت: ﴿اَلْیَوْمَ أَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ﴾ دائمی فنکشن کے دن نازل ہوئی ہے

ایک یہودی نے حضرت عمرؓ سے کہا: تمہاری کتاب میں ایک آیت ہے جس کو تم پڑھتے ہو مگر تمہیں اس کی قدر معلوم نہیں، اگر وہ آیت ہم پر اترتی تو ہم اس دن جشن منایا کرتے، پھر اس نے سورۃ المائدہ کی مذکورہ آیت ۳ پڑھی: ''آج کے دن تمہارے لئے تمہارے دین کو میں نے کامل کر دیا، اور میں نے تم پر اپنا انعام تام کر دیا، اور میں نے اسلام کو تمہارا دین بننے کے لئے پسند کر لیا'' حضرت عمرؓ نے فرمایا: ہم اس دن اور اس جگہ کو جہاں نبی ﷺ پر یہ آیت اتری ہے خوب جانتے ہیں، جب یہ آیت اتری تو آپ وقوفِ عرفہ کئے ہوئے تھے، اور وہ جمعہ کا دن تھا، پھر جمعہ کا دن تو ہمیشہ اس معین تاریخ میں نہیں آتا، مگر عرفہ کا دن اس وقت سے آج تک ہمیشہ اسی معین تاریخ میں آتا ہے، اور اس دن اتنا بڑا اجتماع ہوتا ہے کہ دنیا میں اتنا بڑا اجتماع ممکن نہیں، پھر ہمیں الگ سے فنکشن منانے کی کیا ضرورت ہے! اور حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۱:۴۷۴) آچکی ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿اَلْیَوْمَ أَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ﴾

[٤٦٠٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ قَیْسٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَتِ الْیَهُوْدُ لِعُمَرَ: إِنَّکُمْ تَقْرَءُ وْنَ آیَةً لَوْ نَزَلَتْ فِیْنَا لَاتَّخَذْنَاهَا عِیْدًا، فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّیْ لَأَعْلَمُ حَیْثُ أُنْزِلَتْ، وَأَیْنَ أُنْزِلَتْ، وَأَیْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم حِیْنَ أُنْزِلَتْ یَوْمُ عَرَفَةَ، وَإِنَّا وَاللّٰهِ بِعَرَفَةَ - قَالَ سُفْیَانُ: وَأَشُكُّ کَانَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ أَمْ لَا - ﴿اَلْیَوْمَ أَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ﴾ [راجع: ٤٥]

سفیان ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا: مجھے شک ہے کہ عرفہ کا وہ دن جمعہ کا دن تھا یا نہیں (یہ بات حضرت نے اس بنیاد پر فرمائی ہے کہ مشہور ہے کہ آپؐ کی وفات ۱۲؍ربیع الاول کو ہوئی اور وہ پیر کا دن تھا، پس ۹؍ذی الحجہ کو جمعہ نہیں ہوسکتا، مگر یہ مشہور بات صحیح نہیں، اور ۹؍ذی الحجہ کو جمعہ کا دن تھا: یہ بات صحیح روایات سے ثابت ہے۔

آیت تیمّم کا شانِ نزول

تیمّم کا حکم سورۃ المائدہ آیت ۶ میں بھی ہے اور سورۃ النساء آیت ۴۳ میں بھی، ان میں اصل آیت کونسی ہے اور مکرر کونسی؟ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک سورۃ المائدہ کی آیت اصل ہے اور سورۃ النساء کی آیت مکرر، دلیل تحفۃ القاری (۱۳۹:۲) میں ہے۔ اور پہلی حدیث بھی وہاں آئی ہے اور دوسری حدیث اس کے ہم معنی ہے، اس لئے ترجمہ نہیں کیا۔

اور تَیَمَّمُوْا: امر کا صیغہ ہے، تَیَمَّم تَیَمُّمًا کے لغوی معنی ہیں: مطلق قصد کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: بہ نیت طہارت

خاص طریقہ پر پاک مٹی کا قصد کرنا............اور سورۃ المائدہ آیت ۲ میں ہے:﴿وَلاَ آمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ﴾:اور بے حرمتی مت کرو ان لوگوں کی جو بیت اللہ کے قصد سے جارہے ہیں، آمِّيْن: أَمٌّ سے اسم فاعل ہے،اس کے معنی بھی قصد کرنے کے ہیں،أَمَّ الشيئَ أَمًّا اور تيَمَّمَ الشيئَ تَيَمُّمًا کے ایک معنی ہیں۔

چار الفاظ اور تعبیرات ہم معنی ہیں:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہمانے فرمایا: چار الفاظ اور تعبیرات ہم معنی ہیں، سب کے معنی ہیں صحبت کرنا۔

۱-سورۃ النساء آیت ۴۳ وسورۃ المائدہ آیت ۶ میں ہے:﴿أَوْلاَ مَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾:یا تم نے بیویوں سے قربت کی ہو، ملامسۃ: باب مفاعلہ ہے، مادہ لَمْس ہے جس کے معنی ہیں: چھونا، اور بابِ مفاعلہ میں اشتراک ہوتا ہے یعنی ایک کام کے کرنے میں دو شخص شریک ہوتے ہیں، پس ﴿لاَمَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾ کے معنی ہیں: تم نے بیویوں کو چھویا یعنی پکڑا، یہ آدھا مضمون ہے، باقی آدھا ہے: اور بیویوں نے تم کو چھویا یعنی پکڑا، اور میاں بیوی ایک دوسرے کو اس وقت پکڑتے ہیں جب صحبت کرتے ہوئے انزال کا وقت آتا ہے، پس ﴿لاَمَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾ میں نواقض غسل کا بیان ہے۔

۲-سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۶ میں ہے:﴿مَالَمْ تَمَسُّوْهُنَّ﴾: جب تک تم نے ان کو ہاتھ نہ لگایا ہو، یعنی صحبت کرنے سے پہلے طلاق دیدی ہو۔

۳-سورۃ النساء آیت ۲۳ میں ہے:﴿مِنْ نِسَائِكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ﴾: جو بیٹیاں تمہاری پرورش میں ہیں تمہاری ان بیویوں سے جن کے ساتھ تم نے صحبت کی ہے، دخل بها کے معنی ہیں: صحبت کرنا۔

۴-سورۃ النساء آیت ۲۱ میں ہے:﴿قَدْ أَفْضٰى بَعْضُكُمْ إِلٰى بَعْضٍ﴾: تم باہم ایک دوسرے سے بے حجابانہ مل چکے ہو یعنی صحبت کر چکے ہو — ان چاروں لفظوں اور تعبیروں کے معنی ہیں: صحبت کرنا۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ:﴿ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا﴾

[۱-] ﴿تَيَمَّمُوْا﴾: تَعَمَّدُوْا.﴿ءَ امِّيْنَ﴾: عَامِدِيْنَ أَمَّمْتُ وَتَيَمَّمْتُ وَاحِدٌ. [۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لاَمَسْتُمْ﴾ و﴿تَمَسُّوْهُنَّ﴾ و﴿الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ﴾ وَالإِفْضَاءُ: النِّكَاحُ.

[۴٦٠٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِالْبَيْدَاءِ أَوْ بِذَاتِ الْجَيْشِ انْقَطَعَ عِقْدٌ لِیْ، فَأَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْتِمَاسِهِ، وَأَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ، وَلَيْسُوْا عَلٰى مَاءٍ، وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَأَتَى النَّاسُ إِلٰى أَبِیْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، فَقَالُوْا: أَلاَ تَرٰى مَا صَنَعَتْ عَائِشَةُ؟! أَقَامَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبِالنَّاسِ، وَلَيْسُوْا عَلٰى

مَاءٍ، وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَاضِعٌ رَأْسَهُ عَلٰى فَخِذِىْ قَدْ نَامَ، وَقَالَ: حَبَسْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالنَّاسَ، وَلَيْسُوْا عَلٰى مَاءٍ، وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَعَاتَبَنِي أَبُوْ بَكْرٍ، وَقَالَ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ، وَجَعَلَ يَطْعَنُنِىْ بِيَدِهِ فِىْ خَاصِرَتِىْ، وَلَا يَمْنَعُنِىْ مِنَ التَّحَرُّكِ إِلَّا مَكَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى فَخِذِىْ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ أَصْبَحَ عَلٰى غَيْرِ مَاءٍ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ التَّيَمُّمِ فَتَيَمَّمُوْا، فَقَالَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ: مَاهِىَ بِأَوَّلِ بَرَكَتِكُمْ يَا آلَ أَبِىْ بَكْرٍ، قَالَتْ: فَبَعَثْنَا الْبَعِيْرَ الَّذِىْ كُنْتُ عَلَيْهِ فَإِذَا الْعِقْدُ تَحْتَهُ.[راجع: ٣٣٤]

وضاحت: بیداء اور ذات الجیش: قریب قریب جگہیں ہیں اور مدینہ کے قریب ہیں، قافلے جب لوٹتے تھے تو یہاں قیام کرتے تھے .... **عاتبنی:** مجھے ملامت کی، اظہار ناراضگی کیا .... **وجعل یطعننی:** اور مجھے چوکا دینے لگے **الخاصرة:** کوکھ، کمر، آل أبی بکر میں لفظ آل زائد ہے، مراد صرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہیں۔ **النکاح:** صحبت کرنا۔

[٤٦٠٨-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عَمْرٌو: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَقَطَتْ قِلَادَةٌ لِىْ بِالْبَيْدَاءِ وَنَحْنُ دَاخِلُوْنَ الْمَدِيْنَةَ، فَأَنَاخَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم وَنَزَلَ، فَثَنىٰ رَأْسَهُ فِىْ حَجْرِىْ رَاقِدًا، أَقْبَلَ أَبُوْ بَكْرٍ فَلَكَزَنِىْ لَكْزَةً شَدِيْدَةً، وَقَالَ: حَبَسْتِ النَّاسَ فِىْ قِلَادَةٍ؟ فَبِى الْمَوْتُ لِمَكَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ أَوْجَعَنِىْ، ثُمَّ إِنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم اسْتَيْقَظَ وَحَضَرَتِ الصُّبْحُ، فَالْتُمِسَ الْمَاءُ فَلَمْ يُوْجَدْ فَنَزَلَتْ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ﴾ الآيَةَ. فَقَالَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ: لَقَدْ بَارَكَ اللّٰهُ لِلنَّاسِ فِيْكُمْ يَا آلَ أَبِىْ بَكْرٍ، مَا أَنْتُمْ إِلَّا بَرَكَةٌ لَهُمْ.[راجع: ٣٣٤]

وضاحت: ثَنىَ الشيئَ (ض) ثَنْيًا: موڑنا، نبی ﷺ میری گود میں سر رکھ کر سو گئے .... لَكَزَه (ن) لَكْزًا: مکا مارنا، گھونسا مارنا .... **قوله: فَبِی الموت إلخ:** پس میرے ساتھ موت تھی، رسول اللہ ﷺ کے مقام (احترام) کی وجہ سے درانحالیکہ انھوں نے مجھے درد و تکلیف میں مبتلا کیا تھا یعنی میری شامت آگئی، ایک طرف نبی ﷺ کا احترام ملنے سے روکتا تھا دوسری طرف ابا پہلو میں چوکے مار رہے تھے۔

ببیں تفاوتِ راہ: از کجا است تا بکجا!

فرعون کے غرقاب ہونے کے بعد موسیٰ علیہ السلام کو حکم پہنچا کہ بنی اسرائیل کو لے کر عمالقہ سے جہاد کریں، اور ملک شام فتح کریں، اب یہ ملک ہمیشہ کے لئے تمہارا ہے، بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام کو جو جواب دیا وہ سورۃ المائدۃ آیت ۲۴ میں ہے، انھوں نے کہا: ﴿اِذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ﴾: آپ اور آپ کے اللہ میاں جائیے اور دونوں

لڑیے، ہم تو یہاں سے سرکنے والے نہیں! یہ جواب اس قوم کا تھا جس کا دعوی تھا کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے چہیتے ہیں (المائدہ آیت ۱۸) —— اس جواب کا موازنہ ان جاں نثارانہ تقریروں سے کریں جو جنگ بدر کے موقعہ پر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے کی تھیں، اندازہ ہو جائے گا کہ تفاوت راہ از کجا است تا بکجا!

حدیث: ابھی گذری ہے (حدیث ۳۹۵۲) حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں: حضرت مقداد بن الاسودؓ نے جنگ بدر کے موقعہ پر کہا: اے اللہ کے رسول! ہم آپؐ سے نہیں کہیں گے وہ بات جو بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے کہی تھی کہ آپ اور آپ کے رب جایئے، پس دونوں لڑیے، ہم تو یہاں سے سرکنے والے نہیں، بلکہ ہم کہیں گے: آپ بڑھیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں، پس گویا نبی ﷺ کا چہرہ کھل گیا، اور سب فکر زائل ہو گیا (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ القاری ۸: ۵۰)

[٤-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ إِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ﴾

[٤٦٠٩-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ مُخَارِقٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: شَهِدْتُ مِنَ الْمِقْدَادِ، ح: وَحَدَّثَنِيْ حَمْدَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ النَّضْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُخَارِقٍ، عَنْ طَارِقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ الْمِقْدَادُ يَوْمَ بَدْرٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا لَانَقُوْلُ لَكَ كَمَا قَالَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ لِمُوْسَى: ﴿اذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ إِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ﴾ وَلٰكِنِ امْضِ وَنَحْنُ مَعَكَ، فَكَأَنَّهُ سُرِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَاهُ وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُخَارِقٍ، عَنْ طَارِقٍ: أَنَّ الْمِقْدَادَ قَالَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٣٩٥٢]

راہ زنی کی سزائیں

سورۃ المائدہ آیت ۳۳ میں ہے: ’’جو لوگ اللہ سے اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں، اور ملک میں فساد (بدامنی) پھیلاتے ہیں: ان کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کئے جائیں یا سولی دیئے جائیں، یا ان کے ہاتھ اور ان کے پیر مخالف جانب سے کاٹ دیئے جائیں، یا وہ زمین سے دور کر دیئے جائیں یعنی قید کر دیئے جائیں، یہ سزا ان کے لئے دنیا میں سخت رسوائی ہے، اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب ہے‘‘

اللہ سے لڑنے کا مطلب: اللہ تعالیٰ سے کون لڑ سکتا ہے؟ اور اللہ کے رسول اب رہے نہیں، پھر ان سے لڑنے کی کیا صورت ہو سکتی ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے کہ اللہ سے لڑنے کا مطلب ہے: اللہ کا انکار کرنا، یہی مطلب اللہ کے رسول سے لڑنے کا ہے —— اور حاشیہ میں دوسرا قول یہ ہے کہ آیت میں مجاز بالحذف ہے یعنی مضاف محذوف ہے أی یحاربون أولیاءَ اللّٰہ ورسولہ: اللہ اور اس کے رسول کے دوستوں سے لڑتے ہیں یعنی

مسلمانوں سے لڑتے ہیں، یہ توجیہ زیادہ بہتر ہے۔

حدیث: پہلے (حدیث ۴۱۹۳ تحفۃ القاری ۸: ۲۹۳) مختصر آئی ہے، یہاں اس سے مفصل ہے، اوراس سے زیادہ مفصل کتاب الدیات (حدیث ۶۸۹۹) میں ہے، جاننا چاہئے کہ بابِ قسامہ میں تین مسئلوں میں اختلاف ہے۔

پہلا مسئلہ: قسامہ کے لئے لوث (قتل کا غیر واضح ثبوت، شبہ) ضروری ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک ضروری نہیں، صرف اتنی بات کافی ہے کہ موت حادثاتی ہو، طبعی نہ ہو، معین شخص یا معین لوگوں پر شبہ ہونا ضروری نہیں —— اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک قسمیں کھلانے کے لئے لوث ضروری ہے یعنی کسی معین شخص پر یا معین لوگوں پر شبہ ہو کہ انھوں نے قتل کیا ہے تب ان کو قسمیں کھلائی جائیں گی۔

دوسرا مسئلہ: قسامہ سے قصاص ثابت ہوتا ہے یا نہیں؟ امام مالکؒ کے نزدیک قصاص ثابت ہوتا ہے، جب مقتول کے ورثاء کسی معین آدمی کے بارے میں پچاس قسمیں کھائیں کہ اس نے عمداً قتل کیا ہے تو اس کو قصاصاً قتل کیا جائے گا —— اور باقی تمام فقہاء کے نزدیک قسامہ سے قصاص ثابت نہیں ہوسکتا، قسامہ سے دیت ہی ثابت ہوتی ہے۔

تیسرا مسئلہ: قسامہ سے پہلے مقتول کے ورثاء پچاس قسمیں کھائیں گے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک مقتول کے ورثاء پر قسمیں نہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک پہلے مقتول کے ورثاء پچاس قسمیں کھائیں گے، اگر وہ کسی معین آدمی کے بارے میں عمداً قتل کرنے کی پچاس قسمیں کھالیں تو دیت مغلظہ واجب ہوگی، اور قتل خطا کی قسمیں کھائیں تو دیت مخففہ واجب ہوگی، اور اگر مقتول کے ورثا قسمیں کھانے سے انکار کریں تو مدعیٰ علیہ یا جہاں لاش ملی ہے وہاں کے لوگ پچاس قسمیں کھائیں، اور ان پر دیت مخففہ واجب ہوگی (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ الالمعی ۴: ۳۴۹)

حدیث کا خلاصہ: حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے لوگوں سے قسامہ کے بارے میں دریافت کیا کہ اس کا کیا حکم ہے؟ لوگوں میں اختلاف ہوا، کوئی کہتا تھا کہ قصاص واجب ہوسکتا ہے، جیسا کہ امام مالک رحمہ اللہ کی رائے ہے، پس حضرت عمر رحمہ اللہ نے ابوقلابہ سے پوچھا جو ان کی چارپائی کے پیچھے بیٹھے تھے، انھوں نے کہا: قسامہ سے قصاص واجب نہیں ہوسکتا، کیونکہ قسمیں کھانے والوں نے قتل کا مشاہدہ نہیں کیا اور اسلام میں قتل صرف تین صورتوں میں جائز ہے، اس پر عنبسہ نے عرینہ والوں کی حدیث ذکر کی، ابوقلابہ نے کہا: مجھ سے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی ہے، ان لوگوں کو ڈاکہ زنی کی سزا دی گئی تھی (حدیث کا ترجمہ بعد میں ہے)

[۵-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿إِنَّمَا جَزَآؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُّقَتَّلُوْا أَوْ يُصَلَّبُوْا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ﴾[المائدة: ۳۳]

الْمُحَارَبَةُ لِلّٰهِ: الْكُفْرُ بِهِ.

[٤٦١٠-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ رَجَاءٍ مَوْلَى أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ: أَنَّـهُ كَانَ جَالِسًا خَلْفَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِالْعَزِيْزِ، فَذَكَرُوْا وَذَكَرُوْا، فَقَالُوْا وَقَالُوْا: قَدْ أَقَادَتْ بِهَا الْخُلَفَاءُ، فَالْتَفَتَ إِلٰى أَبِيْ قِلَابَةَ وَهُوَ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَقَالَ: مَاتَقُوْلُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدٍ، أَوْ قَالَ: مَاتَقُوْلُ يَا أَبَا قِلَابَةَ؟ قُلْتُ: مَا عَلِمْتُ نَفْسًا حَلَّ قَتْلُهَا فِي الإِسْلَامِ إِلَّا رَجُلٌ زَنٰى بَعْدَ إِحْصَانٍ، أَوْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ، أَوْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ صلى الله عليه وسلم. فَقَالَ عَنْبَسَةُ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ بِكَذَا وَكَذَا. قُلْتُ: إِيَّايَ حَدَّثَ أَنَسٌ، قَالَ: قَدِمَ قَوْمٌ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَكَلَّمُوْهُ فَقَالُوْا: قَدِ اسْتَوْخَمْنَا هٰذِهِ الْأَرْضَ، فَقَالَ: "هٰذِهِ نَعَمٌ لَنَا تَخْرُجُ، فَاخْرُجُوْا فِيْهَا، فَاشْرَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا" فَخَرَجُوْا فِيْهَا فَشَرِبُوْا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا وَاسْتَصَحُّوْا، وَمَالُوْا عَلَى الرَّاعِي فَقَتَلُوْهُ، وَاطَّرَدُوْا النَّعَمَ، فَمَا يُسْتَبْطَأُ مِنْ هٰؤُلَآءِ قَتَلُوْا النَّفْسَ وَحَارَبُوْا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَخَوَّفُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! فَقُلْتُ تَتَّهِمُنِي؟ قَالَ: حَدَّثَنَا بِهٰذَا أَنَسٌ، قَالَ: وَقَالَ: يَا أَهْلَ كَذَا إِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوْا بِخَيْرٍ مَا أُبْقِيَ هٰذَا فِيْكُمْ وَمِثْلُ هٰذَا.[راجع: ۲۳۳]

ترجمہ: سلمان ابورجاءؒ نے جو ابوقلابہؒ کے آزاد کردہ ہیں، ابن عونؒ سے بیان کیا کہ ابوقلابہؒ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے، پس لوگوں نے ذکر کیا اور ذکر کیا یعنی ان میں اختلاف ہوا، پس انھوں نے کہا: اور انھوں نے کہا: قسامہ کے ذریعہ خلفاء (بادشاہوں) نے قصاص لیا ہے، پس عمر بن عبدالعزیزؒ ابوقلابہؒ کی طرف متوجہ ہوئے اور وہ ان کی پیٹھ کے پیچھے تھے، انھوں نے پوچھا: اے عبداللہ بن زید آپ کیا کہتے ہیں؟ یا کہا: اے ابوقلابہ آپ کیا کہتے ہیں؟ میں نے یعنی ابو قلابہؒ نے کہا: میں نہیں جانتا کسی شخص کو جس کا قتل اسلام میں جائز ہو، مگر (تین شخصوں کا) (۱) وہ شخص جس نے شادی کرنے کے بعد زنا کیا (۲) یا کسی نفس کو بغیر کسی نفس کے قتل کیا یعنی عمداً قتل کیا (۳) یا وہ اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ لڑا یعنی ڈاکہ زنی کی (ان ہی تین کا قتل اسلام میں جائز ہے، اس لئے قسامہ میں قصاصاً قتل نہیں کرسکتے) پس عنبسہ نے کہا: ہم سے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اس طرح حدیث بیان کی یعنی عنبسہ نے عرینہ والوں کا واقعہ ذکر کیا کہ ان کو نبی ﷺ نے قتل کیا، میں نے یعنی ابوقلابہ نے کہا: مجھ ہی سے حضرت انسؓ نے (عرینہ والوں کی) حدیث بیان کی ہے، حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ کچھ لوگ نبی ﷺ کے پاس آئے، انھوں نے آپؐ سے بات کی، یعنی عرض کیا: پس انھوں نے کہا: ہم نے بالیقین اس سرزمین (مدینہ) کو ناخوش گوار پایا، پس آپؐ نے فرمایا: یہ ہمارے پالتو جانور (اونٹ) ہیں جو (چرنے کے لئے) جارہے ہیں، پس تم ان کے ساتھ نکلو اور ان کا دودھ اور پیشاب پیو، پس وہ ان میں نکلے اور ان کا دودھ اور پیشاب پیا اور وہ تندرست ہوگئے اور چرواہے کی طرف مائل ہوئے اور اس کو قتل کردیا، اور پالتو جانوروں کو ہانک لے گئے، پس کیا چیز سست پائی جائے گی ان لوگوں سے! یعنی ان لوگوں نے کیا کسر باقی چھوڑی تھی، چرواہے کو قتل کیا، اور اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ

سے لڑے یعنی مرتد ہوگئے اور اللہ کے رسول ﷺ کو خوف زدہ کیا، یعنی پریشانی میں مبتلا کیا (پس اسی ڈاکہ زنی کی سزا میں ان کو قتل کیا گیا) پس عنبسہ نے کہا: سبحان اللہ! (عجیب بات!) پس میں نے کہا: کیا آپ مجھ پر بدگمانی کرتے ہیں؟ عنبسہ نے کہا: (نہیں) ہم سے بھی حضرت انسؓ نے یہ حدیث بیان کی ہے۔ راوی کہتا ہے: اور عنبسہ نے کہا: اے فلاں جگہ کے لوگو! یعنی ملک شام والو! تم برابر خیر میں رہو گے جب تک تمہارے اندر یہ (ابوقلابہ) یا ان کے مانند (علماء) موجود رہیں گے (عرینہ والوں کا واقعہ پہلے حدیث ۲۳۳ میں بھی گذرا ہے)

ملحوظہ: عنبسہ نے عرینہ والوں کی حدیث شاید اس لئے ذکر کی کہ وہ ان کے نزدیک تین قسموں کے علاوہ چوتھی قسم کا قتل تھا، حضرت ابوقلابہؒ نے اس کو سمجھایا کہ وہ چوتھی قسم کا قتل نہیں تھا، تیسری قسم ہی تھی، ان کو ڈاکہ زنی کی سزا دی گئی تھی۔

قوله: قال: وقال: يا أهل كذا: أى قال الراوى: وقال عنبسة: يا أهل الشام! لن تزالوا بخير ما أبقى هذا — وأشار إلى قلابة—فيكم.......... **قوله**: قال حدثنا بهذا: أى لا اتهمك، بل جئتَ بالحديث على وجهه.

جن زخموں میں برابری ممکن ہے ان میں قصاص واجب ہے

سورۃ المائدہ آیت ۴۵ میں پہلے چار اعضاء میں قصاص کا ذکر ہے: آنکھ، ناک، کان اور دانت میں، پھر قاعدہ کلیہ ذکر کیا: ﴿وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ﴾: اور (خاص) زخموں میں بھی بدلہ ہے، یعنی ہر وہ زخم جس میں برابری ممکن ہے قصاص واجب ہے، جیسے ہاتھ اور پاؤں کاٹا ہو تو برابری ممکن ہے اور جس زخم میں برابری ممکن نہ ہو، جیسے کوئی ہڈی توڑی یا پیٹ میں زخم لگایا تو قصاص میں ہلاکت کا اندیشہ ہے، اس لئے ایسے زخموں میں دیت اور حکومتِ عدل ہے یعنی ماہرین جو نقصان تجویز کریں وہ دینا ہوگا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۹۸) آئی ہے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ﴾ [المائدة: ٤٥]

[٤٦١١-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْفَزَارِیُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَسَرَتِ الرُّبَيِّعُ — وَهِیَ عَمَّةُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ— ثَنِيَّةَ جَارِيَةٍ مِنَ الأَنْصَارِ، فَطَلَبَ الْقَوْمُ الْقِصَاصَ، فَأَتَوُا النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم فَأَمَرَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم بِالْقِصَاصِ. فَقَالَ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ عَمُّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: لَا وَاللّٰهِ! لَا تُكْسَرْ ثَنِيَّتُهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَا أَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ" فَرَضِیَ الْقَوْمُ وَقَبِلُوْا الأَرْشَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ" [راجع: ٢٧٠٣]

نبی نہ وحی کو چھپاتا ہے نہ اس کے ساتھ کسی کو خاص کرتا ہے

شیعہ یہ پروپیگنڈہ کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ساری وحی امت کو نہیں پہنچائی، کچھ باتوں کے ساتھ اپنے خاندان کو

خاص کیا ہے، یہاں تک کہ ان کے بے لگام کہتے ہیں: نبی ﷺ نے سارا قرآن بھی امت کو نہیں دیا، تیس پاروں کے علاوہ دس پارے خاص اپنے خاندان کو دیئے ہیں جو امام غائب کے پاس ہیں، حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ نرا جھوٹ ہے، جو شخص کہتا ہے کہ نبی ﷺ نے اس وحی میں سے کچھ چھپایا ہے جو آپؐ پر اتاری گئی تھی تو لپاڑیا (دروغ گو) ہے، درانحالیکہ اللہ تعالیٰ سورۃ المائدہ کی آیت ۶۷ میں فرماتے ہیں: ﴿یٰاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ، وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ﴾: اے پیغمبر! جو کچھ آپؐ کے رب کی طرف سے آپؐ پر نازل کیا گیا ہے: اس کو پہنچادیجئے، اور اگر آپؐ ایسا نہ کریں گے تو آپؐ نے اللہ کے پیغام رسانی کے منصب کا کچھ بھی حق ادا نہ کیا ـــــ پس شیعوں کی بات آپؐ پر الزام ہے!

[۷-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿یٰاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ﴾ [المائدة: ٦٧]

[٤٦١٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَنْ حَدَّثَكَ أَنَّ مُحَمَّدًا صلی الله علیه وسلم کَتَمَ شَیْئًا مِمَّا أُنْزِلَ عَلَیْهِ فَقَدْ کَذَبَ، وَاللّٰهُ یَقُوْلُ: ﴿یٰاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْكَ﴾ الآیَةَ.

یمین لغو کیا ہے؟ اور مصلحت ہو تو یمین منعقدہ توڑ سکتے ہیں

لغو: کے معنی ہیں: ساقط الاعتبار یعنی نہ دنیا میں کفارہ نہ آخرت میں گناہ۔ اور یمین لغو کیا ہے؟ اس کی مختلف تعریفیں کی گئی ہیں، فوائد عثمانی میں ہے: یمین لغو وہ قسم ہے جو منہ سے عادت اور عرف کے موافق بے ساختہ اور ناخواستہ نکل جائے، اوروں کو خبر تک نہ ہو (سورۃ المائدہ آیت ۸۹ کی تفسیر) اور باب کی پہلی حدیث میں صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: گفتگو میں نہیں بخدا! اور ہاں بخدا! یمین لغو ہے۔

اور یمین منعقدہ: وہ قسم ہے جس کو مضبوط باندھا گیا ہو یعنی آئندہ کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے پر قسم کھائی ہو، تو حتی الامکان اس کی حفاظت کرنی چاہئے، تاکہ اللہ کے نام کی بے حرمتی نہ ہو، اور خدانخواستہ ٹوٹ جائے تو کفارہ واجب ہے، البتہ اگر مصلحت ہو تو اس کو توڑ سکتے ہیں، مگر کفارہ دینا ہوگا ـــــ باب کی دوسری حدیث میں صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ان کے ابا (حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ) قسم کھانے کے بعد اس کو توڑا نہیں کرتے تھے یعنی اس کی حفاظت اور رعایت کرتے تھے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے قسم کا کفارہ نازل کیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں دیکھوں گا میں کسی قسم کو، گمان کرونگا میں اس کے علاوہ کو اس سے بہتر تو میں اللہ کی رخصت کو قبول کرونگا، اور میں وہ کام کرونگا جو کہ وہ بہتر ہے یعنی مصلحت ہوگی تو قسم توڑ دونگا اور اس کا کفارہ دونگا۔ حدیث میں بھی یہی ہے: إذا حلفتَ علی یمین فرأیت غیرها خیرا منها فأْت الذی هو خیر ولتکفر عن یمینك: جب تم کوئی قسم کھاؤ، پھر اس کے علاوہ میں خیر دیکھو تو وہ کام کرو جو بہتر

ہے اور قسم کا کفارہ دیدو (ترمذی حدیث ۱۵۱۷ تحفۃ الالمعی ۴:۴۶۲)

آیتِ کریمہ: سورۃ المائدہ آیت ۸۹ میں ہے: ﴿لَايُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ، وَلٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْأَيْمَانَ، فَكَفَّارَتُهُ﴾ الآية: اللہ تعالیٰ تمہارا مؤاخذہ نہیں فرماتے تمہاری لغو قسموں میں، البتہ مؤاخذہ فرماتے ہیں ان قسموں پر جن کو تم مستحکم کردو، سو اس کا کفارہ (الی آخرہ)

[٨-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ﴾ [المائدة: ٨٩]

[٤٦١٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿لَايُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ﴾ فِيْ قَوْلِ الرَّجُلِ: لَا وَاللّٰهِ، وَبَلٰى وَاللّٰهِ. [طرفه: ٦٦٦٣]

[٤٦١٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا النَّضْرُ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَبَاهَا كَانَ لَا يَحْنَثُ فِي يَمِيْنٍ، حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ كَفَّارَةَ الْيَمِيْنِ. قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: لَا أَرٰى يَمِيْنًا أُرٰى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، إِلَّا قَبِلْتُ رُخْصَةَ اللّٰهِ، وَفَعَلْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ. [طرفه: ٦٦٢١]

حلال چیزوں کو اپنے اوپر حرام مت کرو

سورۃ المائدۃ کی آیات ۸۷و۸۸ ہیں: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ، وَلَا تَعْتَدُوْا، إِنَّ اللّٰهَ لَايُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ○ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلَالًا طَيِّبًا، وَاتَّقُوْا اللّٰهَ الَّذِيْ أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُوْنَ﴾: اے ایمان والو! حرام مت کرو ان ستھری چیزوں کو جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کی ہیں، اور حدود سے مت نکلو، بے شک اللہ تعالیٰ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے ○ اور کھاؤ ان چیزوں سے جو اللہ نے تم کو دی ہیں درانحالیکہ وہ حلال وطیب ہیں، اور اللہ سے ڈرو، جن پر تم ایمان رکھتے ہو۔

تفسیر: ان آیتوں میں مثبت ومنفی پہلو سے ایک ہی حکم ہے کہ حلال وطیب چیزوں کو استعمال کرو، خواہ وہ مطعومات کے قبیل سے ہوں یا ملبوسات کے یا منکوحات کے، اور حرام کی طرف مت بڑھو، جن کو تقوی کا ہیضہ ہوتا ہے وہ حلال کو حرام کر لیتے ہیں، جیسے عیسائیوں کے راہبوں کا حال تھا، اور جو بددین ہوتے ہیں ان کو حرام کے ارتکاب میں بھی باک نہیں ہوتا۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ جہاد کرتے تھے، اور ہمارے ساتھ عورتیں نہیں ہوتی تھیں، پس ہم نے سوچا: کیا ہم خصی نہ ہوجائیں! پس آپؐ نے ہم کو اس سے روکا، پھر ہمیں اس کے بعد اجازت دی کہ ہم عورت سے نکاح کریں کپڑے کے عوض، پھر ابن مسعودؓ نے مذکورہ آیت پڑھی (یعنی متعہ کو حلال قرار دیا)

تشریح: متعہ: یعنی کچھ مدت کے لئے نکاح کرنا، اب پوری امت متفق ہے کہ حرام ہے، اس میں کسی کا اختلاف نہیں،

البتہ اثنا عشری شیعہ اختلاف کرتے ہیں، ان کے یہاں متعہ نہ صرف جائز ہے بلکہ بعض راتوں میں بڑا کارِثواب ہے۔متعہ کا رواج زمانۂ جاہلیت سے چلا آرہا تھا، اسلام کے دورِاول میں ضرورت کی بنا پر اس کو جائز قرار دیا گیا تھا، پھر غزوۂ خیبر کے موقعہ پر اس کی حرمت کا اعلان کیا گیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک زمانہ تک متعہ کو جائز کہتے تھے، پھر جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کو حدیث سنائی کہ جنگ خیبر کے موقعہ پر نبی ﷺ نے میرے ذریعہ متعہ کی حرمت کا اعلان کرایا ہے تو ابن عباسؓ نے اپنے قول سے رجوع کرلیا، رجوع کی روایت ترمذی میں ہے (حدیث ۱۱۰۴ تحفۃ الالمعی ۳: ۵۵۳) اور باب کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ بھی متعہ کے جواز کے قائل تھے، مگر حاشیہ میں نوویؒ کے حوالہ سے ہے کہ بعد میں آپ نے رجوع کرلیا تھا۔

[۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ﴾

[٤٦١٥-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَيْسَ مَعَنَا نِسَاءٌ، فَقُلْنَا: أَلاَ نَخْتَصِي؟ فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ، فَرَخَّصَ لَنَا بَعْدَ ذٰلِكَ أَنْ نَتَزَوَّجَ الْمَرْأَةَ بِالثَّوْبِ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ﴾ [طرفاه: ٥٠٧١، ٥٠٧٥]

انگوری شراب، جُوا، جانور ذبح کرنے کے اَستھان اور فال کے تیر گندگی اور شیطان کا چرخہ ہیں

سورۃ المائدہ کی آیت ۹۰ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾: اے ایمان والو! انگوری شراب اور جُوا اور جانور ذبح کرنے کے اَستھان اور فال کے تیر گندی چیزیں اور شیطانی کام ہیں، پس اس شیطانی کام سے بچو تاکہ تم کامیاب ہوؤ۔

۱-خمر: انگوری شراب، انگور کا کچا شیرہ جب نشہ آور ہوجائے، مگر مجازاً ہر نشیلی شراب کو خمر کہہ دیتے ہیں، تاج العروس میں ہے: اور یہ جان لینا چاہئے کہ باتفاق ائمۂ لغت انگور کے کچے پانی کا جبکہ وہ نشہ آور ہو: خمر نام ہونا حقیقت ہے، حتی کہ خمر کا استعمال اس میں مشہور ہے، دوسری شرابوں میں جو مختلف ناموں سے موسوم ہیں اس کا استعمال مجازاً ہے (لغات القرآن لفظ خمر)

۲-الْمَيْسِر: اسم ومصدر، جُوا، سٹہ اور جُوا کھیلنا، یُسْر سے، چونکہ جُوا کھیلنے میں آسانی سے مال ہاتھ آجاتا ہے اس لئے اس کو میسر کہتے ہیں۔

۳-أنصاب: نُصُب کی جمع: تمام وہ چیزیں جو عبادت کے لئے نصب کی جائیں، خواہ مورتی ہو یا پتھر یا کچھ اور ——— اور مجاہدؒ وغیرہ سے مروی ہے کہ نُصُب وہ پتھر ہیں جو عبادت کے لئے نصب کئے گئے تھے، مشرکین ان پتھروں کی پوجا کرتے تھے اور ان کے پاس جانور بھی ذبح کرتے تھے ——— اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نُصُب: غیر اللہ کی عبادت کے لئے کھڑا کیا

ہوا پتھر ہے، جس پر زمانۂ جاہلیت میں جانور ذبح کئے جاتے تھے۔

۴-أزلام: زَلَم کی جمع ہے: وہ تیر جن میں پر لگے ہوئے نہیں ہوتے، زمانۂ جاہلیت کے عرب تیروں سے اپنی قسمت معلوم کیا کرتے تھے، اور سورۃ المائدہ آیت ۳ میں ہے: ﴿وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْأَزْلَامِ﴾: اور یہ کہ تقسیم کرو قرعہ کے تیروں کے ذریعہ، الاستقسام: تیروں کے ذریعہ قسمت شناسی، انہی تیروں کے ذریعہ مشترک چیزیں بانٹا بھی کرتے تھے، اور اہم کاموں میں مشورہ بھی لیا کرتے تھے، اس طرح کہ کسی تیر پر اجازت لکھی ہوتی تھی اور کسی پر ممانعت اور کسی پر کچھ لکھا ہوا نہیں ہوتا تھا، یہ تیر ایک تھیلے میں رہتے تھے، تھیلا ہلا کر ہاتھ ڈال کر ایک تیر نکالتے، اگر اجازت والا تیر نکلتا تو کام کرتے، اور ممانعت والا نکلتا تو کام کرنے سے باز رہتے، اور بے نشان تیر نکلتا تو پھر فال نکالتے، یہ محض اتفاق ہوتا تھا، اور اللہ تعالیٰ پر افتراء بھی، اس لئے قرآن نے اس کو حرام کیا۔

[۱۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ﴾

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الْأَزْلَامُ﴾: الْقِدَاحُ، يَقْتَسِمُوْنَ بِهَا فِي الْأُمُوْرِ. النُّصُبُ: أَنْصَابٌ، يَذْبَحُوْنَ عَلَيْهَا.

وَقَالَ غَيْرُهُ: الزَّلَمُ: الْقِدْحُ، لَارِيْشَ لَهُ، وَهُوَ وَاحِدُ الْأَزْلَامِ، وَالْإِسْتِقْسَامُ: أَنْ يُجِيْلَ الْقِدَاحَ، فَإِنْ نَهَتْهُ انْتَهَى، وَإِنْ أَمَرَتْهُ فَعَلَ مَا تَأْمُرُهُ، وَقَدْ أَعْلَمُوْا الْقِدَاحَ أَعْلَامًا بِضُرُوْبٍ يَسْتَقْسِمُوْنَ بِهَا، وَفَعَلْتُ مِنْهُ قَسَمْتُ، وَالْقُسُوْمُ مِنْهُ الْمَصْدَرُ.

ترجمہ: اور ابن عباسؓ نے فرمایا: الأزلام کے معنی ہیں: القِداح: بے پر اور بغیر پھل کا تیر، بانٹتے تھے عرب ان کے ذریعہ مشترک چیزوں کو.........اور نُصُب کی جمع أنصاب ہے، (پرستش کے) ان (پتھروں وغیرہ) پر جانور ذبح کیا کرتے تھے، اور ابن عباسؓ کے علاوہ نے کہا: زَلَم: کے معنی ہیں: قِدْح: فال کے وہ تیر جن میں پَر لگا ہوا نہیں ہوتا تھا، اور زَلَم: أزلام کا مفرد ہے.........اور استقسام: قسمت شناسی کا طریقہ یہ تھا کہ بے پَر کے تیروں کو (کعبہ کا مجاور) گھماتا تھا، پس اگر تیر اس کو منع کرتا تو کام سے رک جاتے اور اگر اس کو حکم دیتا تو وہ کام کرتے جس کا اس نے حکم دیا، اور عربوں نے بے پَر کے تیروں پر مختلف قسم کے نشان لگا رکھے تھے، ان کے ذریعہ قسمت آزمایا کرتے تھے اور استقسام کا مجرد قَسَم ہے اور اس کا مصدر قُسُوم ہے۔

[۴۶۱۶-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ، وَإِنَّ بِالْمَدِيْنَةِ يَوْمَئِذٍ لَخَمْسَةَ أَشْرِبَةٍ، مَا فِيْهَا شَرَابُ الْعِنَبِ. [طرفه: ۵۵۷۹]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: خمر (انگوری شراب) کی حرمت نازل ہوئی، اور بے شک مدینہ میں اس

وقت پانچ شرابیں رائج تھیں، ان میں انگور کی شراب نہیں تھی، یعنی شراب کی حرمت اگرچہ لفظ خمر سے نازل ہوئی ہے، مگر حکم تمام نشہ آور شرابوں کو عام ہے، جو پانچ شرابیں مدینہ میں پی جاتی تھیں وہ سب حرام ہیں۔

[٤٦١٧-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: مَاكَانَ لَنَا خَمْرٌ غَيْرُ فَضِيْخِكُمْ هٰذَا الَّذِىْ تُسَمُّوْنَهُ الفَضِيْخَ فَإِنِّىْ لَقَائِمٌ أَسْقِى أَبَا طَلْحَةَ وَفُلاَنًا وَفُلاَنًا، إِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: وَهَلْ بَلَغَكُمُ الْخبرُ؟ فَقَالُوْا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، قَالُوْا: أَهْرِقْ هٰذِهِ القِلاَلَ يَا أَنَسُ، قَالَ: فَمَا سَأَلُوْا عَنْهَا وَلاَ رَاجَعُوْهَا بَعْدَ خَبَرِ الرَّجُلِ. [راجع: ٢٤٦٤]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نہیں تھی ہمارے لئے خمر (انگوری شراب یعنی اس کا رواج نہیں تھا) تمہاری اس کچی کھجور کی شراب کے علاوہ، جس کو تم فَضِیْخ کہتے ہو، پس بے شک میں کھڑا تھا اور ابوطلحہ اور فلاں فلاں کو شراب پلا رہا تھا یعنی شراب کی محفل جمی ہوئی تھی کہ اچانک ایک آدمی آیا، اور اس نے کہا: آپ لوگوں کو اطلاع ملی؟ انھوں نے پوچھا: کس بات کی؟ اس نے کہا: خمر حرام کردی گئی، ان حضرات نے کہا: انس! یہ مٹکے ریڑھ دے، انسؓ نے کہا: پس نہیں پوچھا انھوں نے حرمت کے بارے میں اور نہ اس کی حرمت کی تحقیق کی اس آدمی کی اطلاع دہی کے بعد۔

تشریح: اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوئیں:

۱- شراب کی حرمت اگرچہ لفظ خمر سے نازل ہوئی ہے، مگر حکم تمام شرابوں کو عام ہے، چنانچہ شراب کی محفل میں 'فضیخ' پی جارہی تھی، فضیخ: کچی کھجور کی شراب کو کہتے ہیں جسے پکایا نہ گیا ہو، اہل محفل نے اس کو بھی خمر کا مصداق سمجھا اور اس کو پھینکوادیا۔

۲- ایک آدمی کی خبر جب قرائن سے گھری ہوئی ہو تو مفید علم ہوتی ہے، چونکہ شرابوں کے سلسلہ میں معلوم تھا کہ کسی دن اس کی حرمت نازل ہوگی، اس لئے جب ایک آدمی نے خبر دی تو یقین آ گیا، اور مزید تحقیق کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔

[٤٦١٨-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: صَبَّحَ أُنَاسٌ غَدَاةَ أُحُدٍ الْخَمْرَ، فَقُتِلُوْا مِنْ يَوْمِهِمْ جَمِيْعًا شُهَدَاءَ، وَذٰلِكَ قَبْلَ تَحْرِيْمِهَا. [راجع: ٢٨١٥]

ترجمہ: کچھ لوگوں نے جنگ احد کے موقعہ پر صبح کے وقت شراب پی، پھر وہ سب اسی دن شہید کئے گئے، اور یہ بات خمر کی حرمت سے پہلے کی ہے (یہ حدیث پہلے آچکی ہے)

[٤٦١٩-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، حَدَّثَنَا عِيْسَى، وَابْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ أَبِىْ حَيَّانَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ عَلٰى مِنْبَرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: أَمَّا بَعْدُ! أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ وَهِىَ مِنْ خَمْسَةٍ: مِنَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْعَسَلِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ، وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ. [طرفه: ٥٥٨١، ٥٥٨٨، ٥٥٨٩، ٧٣٣٧]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منبر نبوی سے خطاب فرمایا: لوگو! جب خمر کی حرمت نازل ہوئی تو پانچ چیزوں کی شراب رائج تھی: انگور کی، چھوہاروں کی، شہد کی، گیہوں کی اور جَو کی، اور خمر: وہ ہے جو عقل کو چھپائے۔

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو یہ بات سمجھائی کہ شراب کی حرمت اگرچہ لفظ خمر سے نازل ہوئی ہے مگر حکم عام ہے، ہر نشہ آور چیز حرام ہے، معلوم ہوا کہ خمر درحقیقت انگوری شراب ہے، مگر اشتراک علت کی وجہ سے حکم تمام شرابوں کو عام ہے، مگر تخصیص کی وجہ بھی کوئی ہونی چاہئے، اور احکام مرتب کرتے وقت اس کا لحاظ کرنا چاہئے، حنفیہ نے اس کا لحاظ کیا ہے۔ یہ بحث مفصل تحفۃ الالمعی (۵: ۲۰۱-۲۱۰) میں ہے، اس کی مراجعت کی جائے۔

حلال چیز کھانے پینے میں کوئی گناہ نہیں، جبکہ مدارج ایمان وتقوی میں ترقی کرتا رہے

سورۃ المائدہ کی آیت ۹۳ ہے: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا إِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَآمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَأَحْسَنُوْا، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾: ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کئے کوئی گناہ نہیں اس چیز میں جو انھوں نے کھائی، جبکہ (آئندہ کو) ڈریں، ایمان رکھیں، اور نیک عمل کریں، پھر ڈرتے رہیں اور ایماندار رہیں، پھر ڈرتے رہیں اور نیکوکار رہیں یعنی پوری زندگی ایسی ہی گذاریں، اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتے ہیں۔

تفسیر: یہ آیت تحریم خمر کی آیات کے بعد ہے، جب تحریم خمر کی آیات نازل ہوئیں تو صحابہ نے پوچھا: ان مسلمانوں کا کیا حال ہوگا جنھوں نے حرمت خمر نازل ہونے سے پہلے شراب پی، پھر اسی حالت میں وہ انتقال کرگئے، جیسے جنگ احد میں بعض صحابہ شراب پی کر میدان میں اترے اور اسی دن شہید ہوگئے: ان کے بارے میں سوال ہوا تو یہ آیت اتری کہ جب انھوں نے شراب حلال ہونے کے زمانہ میں پی تھی تو اس میں کیا گناہ ہے؟ جب وہ ایماندار اور نیکوکار تھے تو کسی بھی حلال چیز کے کھانے پینے میں کوئی گناہ نہیں۔

اس آیت میں ایک دوسرا مضمون بھی ساتھ ساتھ بیان ہوا ہے، جس کی وجہ سے آیت ذرا مشکل ہوگئی ہے، اس مضمون کا خلاصہ یہ ہے کہ نیکی اور تقوی میں استمرار ودوام ضروری ہے، اور اس کی آخری منزل مرتبہ احسان ہے —— اس کی تفصیل یہ ہے کہ پہلے ﴿آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ﴾ کا تعلق شراب پینے کے زمانہ سے ہے جبکہ وہ حلال تھی، اور دوسرے ﴿اتَّقَوْا وَآمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ﴾ کا تعلق شراب حرام ہونے کے بعد کے زمانہ سے ہے یعنی جب شراب حرام ہوگئی تو انھوں نے اس کو ہاتھ نہیں لگایا، تقوی، ایمان (یقین) اور نیک عمل کرتے رہے، اور تیسرے ﴿اتَّقَوْا وَآمَنُوْا﴾ میں استمرار ودوام کا بیان ہے یعنی ان کی یہ حالت مستمر رہی، اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، اور آخری ﴿اتَّقَوْا وَأَحْسَنُوْا﴾ کا تعلق مرتبہ احسان سے ہے یعنی وہ تقوی، ایمان اور عمل صالح پر ایسے جمے کہ مرتبۂ احسان تک پہنچ گئے اور کامیاب ہوگئے، ایسے ہی بندوں کو اللہ

تعالیٰ دوست رکھتے ہیں (اور حدیث ابھی گذری ہے)

[۱۱-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾[المائدة: ۹۳]

[۴۶۲۰-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ الْخَمْرَ الَّتِيْ أُهْرِيْقَتِ الْفَضِيْخُ.

وَزَادَنِيْ مُحَمَّدٌ عَنْ أَبِيْ النُّعْمَانِ قَالَ: كُنْتُ سَاقِيَ الْقَوْمِ فِي مَنْزِلِ أَبِيْ طَلْحَةَ، فَنَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ، فَأَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى، فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: فَاخْرُجْ فَانْظُرْ مَا هٰذَا الصَّوْتُ؟ قَالَ: فَخَرَجْتُ فَقُلْتُ: هٰذَا مُنَادٍ يُنَادِيْ: أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ. فَقَالَ لِيْ: اذْهَبْ فَأَهْرِقْهَا. قَالَ: فَجَرَتْ فِيْ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ. قَالَ: وَكَانَتْ خَمْرُهُمْ يَوْمَئِذٍ الْفَضِيْخَ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: قُتِلَ قَوْمٌ وَهِيَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ، قَالَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا﴾[راجع: ۲۴۶۴]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ خمر جو پھینک دی گئی تھی: فضیخ (کچی کھجور کی شراب) تھی —— اتنی بات امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنے استاذ ابوالنعمان سے براہ راست سنی ہے، باقی روایت محمد بن سلام کے واسطہ سے سنی ہے، انسؓ کہتے ہیں: میں ابوطلحہؓ کے گھر میں لوگوں کو شراب پلا رہا تھا، پس خمر کی حرمت نازل ہوئی، نبی ﷺ نے ایک اعلان کرنے والے کو حکم دیا، اس نے اعلان کیا، ابوطلحہؓ نے کہا: باہر جا اور دیکھ کیا اعلان ہو رہا ہے؟ انسؓ نے کہا: میں باہر نکلا اور آ کر کہا: یہ ایک اعلان کرنے والا ہے جو اعلان کر رہا ہے: سنو! بے شک خمر حرام کر دی گئی! پس ابوطلحہؓ نے مجھ سے کہا: جا اور شراب کو پھینک دے، انسؓ کہتے ہیں: پس شراب مدینہ کی گلیوں میں بہی، انسؓ نے کہا: اور لوگوں کی شراب اس زمانہ میں فضیخ تھی، پس بعض لوگوں نے کہا: کچھ لوگ مارے گئے درانحالیکہ شراب ان کے پیٹوں میں تھی، انسؓ نے کہا: پس اللہ تعالیٰ نے سورۃ المائدہ کی آیت ۹۳ اتاری۔

فضول باتیں پوچھنے کی ممانعت

سورۃ المائدہ کی آیت ۱۰۱ ہے: ﴿يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَسْأَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ، وَإِنْ تَسْأَلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ، عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا، وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ﴾: اے ایمان والو! ایسی چیزوں کے بارے میں مت پوچھو کہ اگر وہ تم پر کھول دی جائیں تو تم کو بری لگیں، اور اگر پوچھو گے تم ایسی باتیں جبکہ قرآن نازل ہو رہا ہے تو وہ تم پر کھول دی جائیں گی، اللہ تعالیٰ نے سوالاتِ گذشتہ سے درگذر کیا اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے بُردبار ہیں۔

شانِ نزول: امام بخاری رحمہ اللہ نے آیت کے شانِ نزول میں دو روایتیں ذکر کی ہیں:

پہلی روایت: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تقریر فرمائی، میں نے ایسی تقریر کبھی نہیں سنی تھی، فرمایا: ''اگر تم جانتے وہ جو میں جانتا ہوں تو تم بہت کم ہنستے، اور بہت زیادہ روتے!'' انسؓ نے کہا: پس صحابہ نے اپنے چہرے ڈھانک لئے، ان کے لئے آواز تھی یعنی وہ آواز سے رونے لگے۔ پس ایک آدمی نے پوچھا: میرا باپ کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: فلاں، پس یہ آیت نازل ہوئی۔

دوسری روایت: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: کچھ لوگ ہنسی کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھتے تھے، ایک آدمی پوچھتا میرا باپ کون ہے؟ دوسرا جس کی اونٹنی گم ہوگئی تھی: پوچھتا: میری اونٹنی کہاں ہے؟ پس اللہ تعالیٰ نے ان کے حق میں سورۃ المائدۃ کی آیت ۱۰۱ اتاری.......... یہاں تک کہ فارغ ہوئے ساری آیت سے یعنی پوری آیت نازل ہوئی۔

تشریح: یہ دونوں روایتیں ایک ہیں، کسی سفر میں کسی صحابی کا اونٹ گم ہوگیا، اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا، آپؐ نے لاعلمی کا اظہار کیا، اس پر چند منافقین نے ایک جگہ بیٹھ کر تبصرہ کیا کہ آسمان کی خبریں تو دیتے ہیں، اور اونٹ کہاں ہے اس کی خبر نہیں! آپؐ کو یہ بات وحی سے بتائی گئی، آپؐ نے ان لوگوں کو طلب کیا، اور پوچھا: تم نے یہ کہا؟ انھوں نے کہا: ہم ہنسی دل لگی کر رہے تھے، پس آپؐ نے تقریر فرمائی، جس کے بارے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے ایسی تقریر کبھی نہیں سنی، اس تقریر میں آپؐ نے فرمایا: ''اگر تم جانتے وہ جو میں جانتا ہوں تو تم بہت کم ہنستے اور بہت زیادہ روتے!'' یہ بات آپؐ نے ان منافقین کے تعلق سے فرمائی تھی کہ اگر تمہیں آخرت کے احوال کا علم ہو جاتا تو تمہاری ہنسی دل لگی فرو ہو جاتی پھر فرمایا: میں وہی باتیں جانتا ہوں جو وحی سے بتلائی جاتی ہیں، اونٹ فلاں جگہ کھڑا ہے، اس کی نکیل درخت کی شاخوں میں اٹک گئی ہے، چنانچہ وہ اونٹ اسی جگہ ملا، پھر فرمایا: میں جب تک یہاں کھڑا ہوں جو بات پوچھو گے جواب دونگا، دو صحابہ موقعہ کی نزاکت نہیں سمجھے، اور انھوں نے پوچھا کہ ان کا باپ کون ہے؟ ان کے نسب میں طعن کیا جاتا تھا، آپؐ نے بتلایا: تمہارے باپ فلاں فلاں ہیں، یہ فضول باتیں تھیں۔

اس قسم کی باتوں کے بارے میں مذکورہ آیت نازل ہوئی، صحابہ آپؐ کی ناراضگی کو سمجھ رہے تھے، وہ سر چھپا کر آواز سے رونے لگے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بار بار کہا: ہم اللہ کے رب ہونے پر، آپؐ کے رسول ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر خوش ہیں: تب آپؐ کی ناراضگی دور ہوئی۔

[۱۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَاتَسْئَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾

[۴۶۲۱-] حدثنا مُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَارُوْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خُطْبَةً مَا سَمِعْتُ مِثْلَهَا قَطُّ، قَالَ: '' لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا'' قَالَ: فَغَطَّى أَصْحَابُ رَسُوْلِ

اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وُجُوْهَهُمْ، لَهُمْ حَنِيْنٌ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَنْ أَبِیْ؟ قَالَ: فُلَانٌ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿لاتَسْئَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ رَوَاهُ النَّضْرُ، وَرَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ شُعْبَةَ.[راجع: ۹۳]

[۴۶۲۲-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ النَّضْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْجُوَيْرِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ قَوْمٌ يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اسْتِهْزَاءً، فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ: مَنْ أَبِیْ؟ وَيَقُوْلُ الرَّجُلُ تَضِلُّ نَاقَتُهُ: أَيْنَ نَاقَتِیْ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِمْ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاتَسْئَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ حَتّٰى فَرَغَ مِنَ الآيَةِ كُلِّهَا.

بحیرۃ،سائبہ،وصیلہ اور حامی کواللہ تعالیٰ نے مشروع نہیں کیا، یہ مشرکین کا اللہ تعالیٰ پر افتراء ہے

سورۃ المائدہ کی آیت ۱۰۳ ہے:﴿مَاجَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَلَا سَائِبَةٍ وَلَا وَصِيْلَةٍ وَلَا حَامٍ، وَلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ، وَأَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ﴾:نہیں مشروع کیا اللہ تعالیٰ نے بحیرہ کواور نہ سائبہ کواور نہ وصیلہ کواور نہ حامی کو،لیکن جولوگ کافر ہیں وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ لگاتے ہیں،اوراکثر کافر عقل نہیں رکھتے۔

۱-بحیرۃ:وہ جانور ہے جس کا دودھ بتوں کے نام پر روک لیتے تھے،اس کوکوئی دوہتانہیں تھا۔

۲-سائبہ:وہ جانور ہے جس کو بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے،اس سے کوئی کام نہیں لیتے تھے،جیسے ہمارے ملک میں لوگ سانڈ چھوڑ دیتے ہیں،اسی طرح عرب اونٹ چھوڑ دیتے تھے،اوراس کا رواج عمرو بن لُحی نے ڈالا تھا،جیسا کہ حدیثِ مرفوع میں ہے۔

۳-وصیلہ:وہ اونٹنی ہے جوپہلی بار مادہ بچہ جنے،پھر دوسری بار بھی مادہ بچہ جنے،درمیان میں نر بچہ نہ جنے:اس کوبھی بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے۔

۴-حامی:وہ نر اونٹ ہے جو خاص شمار سے جفتی کر چکا ہوتا تھا،اس کوبھی بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے(حام:میں شاید ترخیم ہے آخر سے ی حذف کردی ہے)

اور باب کے شروع میں تین باتیں بیان کی ہیں:

پہلی بات:سورۃ المائدۃ آیت ۱۰۹ میں ہے:قیامت کے دن تمام رسولوں سے ان کی امتوں کے سامنے سوال وجواب ہونگے،پھر آیت ۱۱۶ سے آخر تک عیسیٰ علیہ السلام سے سوال وجواب کا ذکر ہے۔

سوال:کیاتم نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اورمیری ماں کوبھی اللہ تعالیٰ کے سوامعبود بنالینا؟

جواب:سبحان اللہ!میں ایسی بات کیسے کہہ سکتا ہوں جومیرے لائق نہیں(الی آخرہ)

پھر آخر میں ارشاد ہے:﴿قَالَ اللّٰهُ: هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصَّادِقِيْنَ صِدْقُهُمْ﴾:اللہ تعالیٰ نے فرمایا:آج سچوں(ہی) کو ان کا سچ نفع پہنچائے گا۔

سوال: عیسیٰ علیہ السلام سے یہ سوال وجواب قیامت کے دن ہونگے یا ان کے رفع سماوی سے پہلے ہو چکے؟

جواب: اس میں اختلاف ہے۔ ایک رائے یہ ہے کہ یہ سوال وجواب ہو چکے، کیونکہ آیت ۱۱۶ میں ہے: ﴿وَإِذْ قَالَ اللّٰهُ: يَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ! ءَ أَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ﴾ الآیة: اس میں قال فعل ماضی ہے اور إذ بھی ماضی کے لئے آتا ہے، مگر یہ رائے صحیح نہیں، دوسری رائے یہ ہے کہ یہ سوال وجواب قیامت کے دن ہونگے، اور قال (ماضی) یقول (مضارع) کے معنی میں ہے، اور تحقق وقوع کی طرف اشارہ کرنے کے لئے آئندہ ہونے والی بات کو فعل ماضی سے تعبیر کیا ہے، اور إذ صلہ (زائد) ہے، یہ ابوعبیدۃ کی تفسیر ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو بعینہٖ نقل کیا ہے، اور انھوں نے دلیل میں آیت ۱۱۹ پیش کی ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ﴾ الآیة: اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آج کا دن (الی آخرہ)

یہ قال بالیقین یقول کے معنی میں ہے، اور قرینہ هذا یوم ہے یعنی قیامت کا دن —— اور ابوعبیدۃؒ نے إذ کو جو زائدہ کہا ہے: اس کی ضرورت نہیں، إذ صورتِ واقعہ کے استحضار کے لئے بھی آتا ہے، إذ: ظرف زمان ہے اور مفسرین اس سے پہلے اذکر پوشیدہ مانتے ہیں، یعنی وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جبکہ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے (تھانویؒ)

نوٹ: اس دوسری تفسیر کی تائید ایک مرفوع حدیث سے بھی ہوتی ہے، جو ترمذی (حدیث ۳۰۸۶) میں ہے، دیکھیں تحفۃ الالمعی (۷: ۲۳۳)

دوسری بات: مائدۃ: اگرچہ اسم فاعل واحد مؤنث ہے، مگر وہ اسم مفعول کے معنی میں ہے (یہ بھی ابوعبیدۃؒ اور بصری ادباء کی رائے ہے) جیسے: عیشة راضیة (القارعۃ آیت ۷) اس میں راضیة: مرضیة (اسم مفعول) کے معنی میں ہے، یعنی خاطر خواہ آرام —— اور تطلیقة بائنة: جدا کرنے والی طلاق، اس میں بھی بائنة: اسم مفعول کے معنی میں ہے (مگر حاشیہ میں اس پر اعتراض ہے کہ بائنۃ کے معنی ہیں: جدا کرنے والی یعنی نکاح کو ختم کرنے والی، پس یہ اسم فاعل کے معنی میں ہے) اور مائدہ کے معنی ہیں: کھانا لگا ہوا دستر خوان جو کسی کے لئے مہیا کیا جائے، اور اس کا فعل باب ضرب سے ماد الشیئُ یمید میدًا آتا ہے، اس کے معنی ہیں: ہلنا، ڈگمگانا۔

تیسری بات: سورۃ آلِ عمران آیت ۵۵ میں ہے: ﴿إِذْ قَالَ اللّٰهُ: يَا عِيْسَى إِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾: یاد کرو وہ وقت جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے عیسیٰ! میں تم کو وفات دینے والا ہوں، اور (فی الحال) میں تم کو اپنی طرف اٹھانے والا ہوں اور تمہیں ان لوگوں سے پاک کرنے والا (بچانے والا) ہوں جو تمہارا انکار کرتے ہیں یعنی تم کو پیغمبر نہیں مانتے یعنی یہود بے بہبود سے —— متوفی: اسم فاعل واحد مذکر مضاف، ك ضمیر واحد مذکر مضاف الیہ: تجھے وفات دینے والا ہوں، یہ ترجمہ حضرت ابن عباسؓ نے کیا ہے، اور اس میں اس وفات کا تذکرہ ہے جو قیامت سے پہلے آسمان سے نزول کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کو آئے گی، اور اس کی تقدیم عیسائیوں کا شبہ رفع کرنے کے لئے ہے، رفع عیسیٰ سے عیسائیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کی الوہیت وابنیت پر استدلال کیا ہے کہ ان کو آسمان پر اٹھا لیا گیا، ان کو موت نہیں آئی، یہ دلیل

ہے کہ وہ محض بشر نہیں تھے، ان کو بتلایا کہ ٹھیک ہے ابھی موت نہیں آئی، مگر کسی دن ان کو بھی موت آئے گی، پس ان میں الوہیت کی شان کیسے ہوسکتی ہے؟ غرض پہلے ہی عیسائیوں کے استدلال کی جڑ کاٹ دی، پھر فرمایا: (فی الحال) میں تم کو اپنی طرف اٹھانے والا ہوں (الی آخرہ)

سوال: اس لفظ کے معنی تو سورۃ آلِ عمران میں بیان کرنے چاہئے تھے، یہاں کیوں بیان کئے؟

جواب: اس سورت میں آیت ۱۱۷ میں ﴿تَوَفَّيْتَنِىْ﴾ آیا ہے، اس لئے مادہ مشترک ہونے کی وجہ سے ﴿مُتَوَفِّيْكُمْ﴾ کے معنی بیان کئے ہیں۔

[۱۳-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿مَاجَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَلَا سَائِبَةٍ وَلَا وَصِيْلَةٍ وَلَا حَامٍ﴾

[۱-] ﴿وَإِذْ قَالَ اللّٰهُ﴾: يَقُوْلُ ﴿قَالَ اللّٰهُ﴾ وَ﴿إِذْ﴾ هَاهُنَا صِلَةٌ. [۲-] الْمَائِدَةُ: أَصْلُهَا مَفْعُوْلَةٌ، كَعِيْشَةٍ رَاضِيَةٍ، وَتَطْلِيْقَةٍ بَائِنَةٍ، وَالْمَعْنَى: مِيْدَ بِهَا صَاحِبُهَا مِنْ خَيْرٍ، يُقَالُ: مَا دَنِىْ يَمِيْدُنِىْ.

[۳-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿مُتَوَفِّيْكَ﴾ مُمِيْتُكَ.

ترجمہ مع وضاحت: (۱) ﴿وَإِذْ قَالَ اللّٰهُ﴾ میں قال بمعنی یقول ہے (یعنی فعل ماضی: مضارع کے معنی میں ہے، اور دلیل) ﴿قَالَ اللّٰهُ﴾ ہے (جو آیت ۱۱۹ میں ہے، وہ بالیقین مضارع کے معنی میں ہے، اور واقعہ ایک ہے، پس پہلا قال بھی مضارع کے معنی میں ہے) اور ﴿إِذْ﴾ صلہ (زائدہ) ہے —— (۲) المائدۃ (الفاعلۃ) کی اصل مفعولۃ ہے یعنی یہ اسم فاعل بمعنی اسم مفعول ہے، جیسے عیشۃ راضیۃ اور تطلیقۃ بائنۃ میں اسم فاعل بمعنی اسم مفعول ہے۔ اور المائدۃ کے معنی ہیں: اچھی خوراک مہیا کیا گیا اس کے ذریعہ صاحبِ مائدۃ یعنی لذیذ کھانا چنا ہوا دسترخوان جو کسی کے سامنے پیش کیا جائے، کہا جاتا ہے ماد یمید یعنی اس کا فعل باب ضرب سے آتا ہے۔ (۳) اور ابن عباسؓ نے فرمایا: متوفیك کے معنی ہیں: ممیتك یعنی میں تم کو (آئندہ) موت دینے والا ہوں (جاننا چاہئے کہ اسم فاعل: مضارع سے بنتا ہے، اس لئے اس میں بھی مضارع کی طرح دونوں زمانے (حال اور استقبال) ہوتے ہیں، مگر دونوں ساتھ مراد نہیں ہوتے، ایک وقت میں ایک ہی زمانہ مراد ہوتا ہے، پس متوفی اور ممیت میں زمانہ مستقبل مراد ہے)

[۴۶۲۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ:

[۱-] الْبَحِيْرَةُ الَّتِىْ يُمْنَعُ دَرُّهَا لِلطَّوَاغِيْتِ فَلَا يَحْلُبُهَا أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ.

[۲-] وَالسَّائِبَةُ الَّتِىْ كَانُوْا يُسَيِّبُوْنَهَا لِآلِهَتِهِمْ لَا يُحْمَلُ عَلَيْهَا شَيْئٌ. قَالَ: وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "رَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ عَامِرٍ الْخُزَاعِىَّ يَجُرُّ قُصْبَهُ فِى النَّارِ، كَانَ أَوَّلَ مَنْ

سَيَّبَ السَّوَائِبَ"

[٣-] وَالْوَصِيْلَةُ: النَّاقَةُ الْبِكْرُ تُبْكِرُ فِي أَوَّلِ نِتَاجِ الإِبِلِ، ثُمَّ تُثَنِّى بَعْدُ بِأُنْثَى وَكَانُوْا يُسَيِّبُوْنَهَا لِطَوَاغِيْتِهِمْ أَنْ وَصَلَتْ إِحْدَاهُمَا بِالأُخْرَى لَيْسَ بَيْنَهُمَا ذَكَرٌ.

[٤-] وَالْحَامُ: فَحْلُ الإِبِلِ يَضْرِبُ الضِّرَابَ الْمَعْدُوْدَ، فَإِذَا قَضَى ضِرَابَهُ وَدَعُوْهُ لِلطَّوَاغِيْتِ وَأَعْفَوْهُ مِنَ الْحَمْلِ فَلَمْ يُحْمَلْ عَلَيْهِ شَيْئٌ وَسَمَّوْهُ الْحَامِ.

وَقَالَ لِي أَبُوْ الْيَمَانِ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدًا، قَالَ: يُخْبِرُهُ بِهٰذَا، قَالَ: وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ. وَرَوَاهُ ابْنُ الْهَادِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٣٥٢١]

ترجمہ مع وضاحت: صالح بن کیسان: ابن شہاب زہریؒ سے، اور وہ سعید بن المسیبؒ سے بصیغۂ عن روایت کرتے ہیں، سعیدؒ نے کہا:

(۱) بحیرۃ: وہ اونٹنی ہے جس کا دودھ مورتیوں کے لئے روکا جاتا تھا، پس اس کو کوئی نہیں دوہتا تھا۔

(۲) اور سائبہ: وہ اونٹنی ہے جس کو عرب اپنے معبودوں (کی خوشنودی) کے لئے آزاد چھوڑا کرتے تھے، اس پر کچھ لادا نہیں جاتا تھا، یعنی اس سے کام نہیں لیا جاتا تھا۔ حضرت سعیدؒ نے کہا: اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے عمرو بن عامر خزاعی یعنی ابن لحی کو دیکھا: وہ اپنی آنتیں دوزخ میں گھسیٹ رہا ہے، وہ پہلا شخص ہے جس نے سائبہ جانوروں کو بتوں کے نام پر چھوڑا (اسی مناسبت سے حضرت سعیدؒ نے یہ حدیث اس جگہ بیان کی ہے)

(۳) اور وصیلہ: وہ جوان اونٹنی ہے جو اول وقت کرے اونٹوں کو جننے کی ابتداء میں، پھر ملائے اس کے بعد مادہ بچہ یعنی پہلے دو بچے مسلسل مادہ جنے، اور عرب اس اونٹنی کو چھوڑا کرتے تھے اپنی مورتیوں کے لئے، بایں وجہ کہ ملایا ہے اس نے ایک کو دوسرے کے ساتھ، نہیں ہے دونوں کے درمیان نر بچہ یعنی اس کی اس خوبی کی وجہ سے اس کو آزاد کر دیتے تھے، بکر (ن) بُکورا: اول وقت کوئی کام کرنا.......... ثَنَّى العمل: کام کے ساتھ دوسرا کام ملانا۔

(۴) اور حام: مذکر اونٹ ہے، جفتی کرتا تھا وہ متعین تعداد سے، پس جب وہ اپنی جفتی کی تعداد پوری کر لیتا تو عرب اس کو مورتیوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے، اور اس کو بوجھ لادنے سے معاف کر دیا کرتے تھے، چنانچہ اس پر لادتے نہیں تھے اور وہ لوگ اس کو حام کہتے تھے۔

ملحوظہ: سندوں کی تفصیل عمدۃ القاری میں ہے۔

[٤٦٢٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي يَعْقُوْبَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْكَرْمَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

"رَأَيْتُ جَهَنَّمَ يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا، وَرَأَيْتُ عَمْرًا يَجُرُّ قُصْبَهُ، وَهُوَ أَوَّلُ مَنْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ"

[راجع: ١٠٤٤]

نوٹ: حالت نصبی میں عمرو کا واو نہیں لکھتے، کیونکہ الف کی وجہ سے عمر سے اشتباہ ختم ہوجاتا ہے۔

دنیا سے تشریف بری کے بعد انبیاء کو امت کے احوال کی خبر نہیں ہوتی

سورۃ المائدہ آیت ۱۱۷ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قول ہے: ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ، فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ، وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ﴾: اور میں ان پر مطلع رہا جب تک ان میں رہا، پھر جب آپ نے مجھے اٹھالیا تو آپ ان پر مطلع رہے، اور آپ ہر چیز کی پوری خبر رکھتے ہیں (تھانویؒ)

تفسیر: انبیاء علیہم السلام عالم الغیب نہیں، جب تک وہ دنیا میں رہتے ہیں امت کے احوال سے واقف رہتے ہیں، اسی لئے قیامت کے دن وہ اپنے زمانہ کے لوگوں پر گواہ بنیں گے، پھر جب وہ دنیا سے گذر جاتے ہیں تو امت کن احوال سے گذرتی ہے: اس کا انبیاء کو علم نہیں ہوتا ـــــ رہا عرضِ اعمال تو وہ اجمالاً ہوتا ہے، ہر ہر امتی کے احوال تفصیل سے نہیں بتائے جاتے ـــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی یہی عرض کریں گے کہ میں جب تک ان میں رہا ان کے احوال سے واقف رہا، پھر جب آپ نے مجھے اٹھالیا تو مجھے پیچھے کی کچھ خبر نہیں ـــــ اور حدیث میں ہے کہ فرشتے نبی ﷺ سے عرض کریں گے: یہ لوگ برابر اپنی ایڑیوں پر پلٹے رہے جب سے آپ ان سے جدا ہوئے، پس نبی ﷺ وہی بات کہیں گے جو عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے، اور حدیث تحفۃ القاری (۵۶۴:۶) میں گذر چکی ہے۔

[١٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ﴾

[٤٦٢٥-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ إِلَى اللّٰهِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا- ثُمَّ قَالَ: ﴿كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ - ثُمَّ قَالَ: أَلَا وَإِنَّ أَوَّلَ الْخَلَائِقِ يُكْسٰى يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِبْرَاهِيْمُ، أَلَا وَإِنَّهُ يُجَاءُ بِرِجَالٍ مِنْ أُمَّتِيْ فَيُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ، فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ! أُصَيْحَابِيْ، فَيُقَالُ: إِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ، فَأَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ: ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ﴾ فَيُقَالُ: إِنَّ هٰؤُلَاءِ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلٰى أَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ" [راجع: ٣٣٤٩]

انبیاء قیامت کے دن کافروں کے حق میں کلمۂ خیر کہیں گے

سورۃ المائدہ آیت ۱۱۸ میں ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کفار کے حق میں عرض کریں گے: ﴿إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ، وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾: اگر آپ ان کو سزا دیں تو یہ آپ کے بندے ہیں یعنی آپ کو سزا دینے کا حق ہے، اور اگر آپ ان کو معاف کردیں تو آپ زبردست حکمت والے ہیں، یہ کلمۂ خیر ہے، نبی ﷺ بھی اپنی امت کے کفار کے حق میں یہ کلمۂ خیر کہیں گے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ کفار بھی انبیاء کی امتِ دعوت ہیں، اس لئے انبیاء ان کے حق میں دنیا میں ہدایت کی دعا کرتے ہیں اور آخرت میں کلمۂ خیر کہیں گے، مگر وہ ان کے حق میں مفید نہیں ہوگا۔

[۱۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنْ تُعَذِّبْهِمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾

[٤٦٢٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ، وَإِنَّ نَاسًا يُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ، فَأَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ: ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾ [راجع: ٣٣٤٩]

﴿الحمدللہ! سورۃ المائدۃ کی تفسیر پوری ہوئی﴾

سورۃ الانعام کی تفسیر

[٦] سورة الأنعام

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ:

[١-] ﴿فِتْنَتُهُمْ﴾: مَعْذِرَتُهُمْ. [٢-] ﴿مَعْرُوْشَاتٍ﴾: مَا يُعْرَشُ مِنَ الْكَرْمِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ. [٣-] ﴿لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ﴾ يَعْنِي أَهْلَ مَكَّةَ. [٤-] ﴿حَمُوْلَةً﴾: مَا يُحْمَلُ عَلَيْهَا. [٥-] ﴿وَلَلَبَسْنَا﴾: لَشَبَّهْنَا. [٦-] ﴿يَنْئَوْنَ﴾: يَتَبَاعَدُوْنَ. [٧-] ﴿تُبْسَلَ﴾: تُفْضَحَ. ﴿أُبْسِلُوْا﴾: فُضِحُوْا. [٨-] ﴿بَاسِطُوْا أَيْدِيْهِمْ﴾: الْبَسْطُ: الضَّرْبُ.

غریب القرآن کے معانی

۱- لفظ فتنہ متعدد معانی میں مستعمل ہے، سورۃ الانعام آیت ۲۳ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فتنہ کا ترجمہ 'معذرت' کیا ہے یعنی فریب، بہانہ۔ پہلے آیت ۲۲ ہے: ''جس دن اللہ تمام خلائق کو جمع کریں گے یعنی قیامت کے دن

مشرکوں سے پوچھیں گے: تمہارے وہ شرکاء جن کے معبود ہونے کا تم دعوی کرتے تھے: کہاں ہیں؟ تمہاری مدد کے لئے کیوں نہیں آتے؟ ﴿ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ إِلَّآ أَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ﴾: پھر نہیں ہوگا ان کا بہانہ مگر یہ کہ کہیں گے: ہمارے رب اللہ کی قسم! ہم مشرک نہیں تھے، یہ محض فریب اور جھوٹا بہانہ ہوگا، ارشادِ پاک ہے: ﴿أُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ، وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ﴾: دیکھ! کس طرح جھوٹ بولا انھوں نے اپنی جانوں پر، اور غائب ہوگئے وہ سب معبود جن کو وہ جھوٹ موٹ تراشا کرتے تھے۔

۲- سورۃ الانعام آیت ۱۴۱ میں لفظ معروشات آیا ہے، ابن عباسؓ نے اس کے معنی کئے ہیں: انگور وغیرہ کی بیلیں جو ٹٹیوں (چھتریوں) پر چڑھائی جاتی ہیں: ﴿هُوَ الَّذِیْ أَنْشَأَ جَنَّاتٍ مَعْرُوْشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوْشَاتٍ﴾ اور اللہ وہ ہیں جنھوں نے باغات پیدا کئے جو ٹٹیوں پر چڑھائے جاتے ہیں (جیسے انگور) اور جو ٹٹیوں پر نہیں چڑھائے جاتے (جیسے خربوز تربوز) عَرَش (ن،ض) الکرمَ عرشا وعروشا: لکڑی یا بانس کے چھپّر پر انگور وغیرہ کی بیل چڑھانا، اسی سے عرش: شاہی تخت اور عریش: جھونپڑا، چھپّر ہیں۔

۳- سورۃ الانعام آیت ۱۹ میں ہے: ﴿وَأُوْحِيَ إِلَيَّ هٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ وَمَنْ بَلَغَ﴾: اور میرے پاس یہ قرآن بطور وحی بھیجا گیا ہے تاکہ میں اس کے ذریعہ تم کو یعنی مکہ والوں کو اور جس جس کو یہ قرآن پہنچے: سب کو ڈراؤں، ابن عباسؓ نے فرمایا: کم کے مخاطب اہل مکہ ہیں ـــــ اور یہ آیت عموم بعثت کی دلیل ہے۔

۴- سورۃ الانعام آیت ۱۴۲ میں حَمولۃ اور فرش آئے ہیں، ابن عباسؓ نے حمولۃ کے معنی کئے ہیں: وہ جانور جس پر بوجھ لادا جاتا ہے جیسے اونٹ یعنی اونچے قد کے جانور، پس فرش کے معنی ہونگے: چھوٹے قد کے جانور جیسے بھیڑ، بکری، جن پر بوجھ نہیں لادا جاتا۔

۵- سورۃ الانعام کی آیت ۹ ہے: ﴿وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنَاهُ رَجُلاً وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَا يَلْبِسُوْنَ﴾: اور اگر ہم اس (رسول) کو فرشتہ تجویز کرتے تو ہم اس کو آدمی بناتے یعنی وہ انسانی شکل میں انسانوں کے سامنے آتا، اور ہم ضرور مشتبہ کر دیتے ان پر جو اب ان کو شبہ ہو رہا ہے یعنی وہ اس فرشتہ کو بھی انسان سمجھتے اور اعتراض کرتے کہ انسان رسول کیسا؟ لَبَسَ (ض) علیه الأَمْرَ لَبْسًا: کسی پر کوئی چیز مشتبہ اور پیچیدہ بنانا، خلط ملط کرنا کہ اس کی حقیقت نہ پہچانی جاسکے .... شَبَّهَ علیه الأمر: کسی کے لئے کسی بات کو ناقابل فہم یا ناقابل حل بنانا، مبہم و مشتبہ کر دینا کہ دوسری باتوں سے مل جانے کی وجہ سے اس کی اصلیت تک پہنچنا مشکل ہو جائے۔

۶- سورۃ الانعام آیت ۲۶ میں ہے: ﴿وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْئَوْنَ عَنْهُ﴾: اور وہ لوگ یعنی کفار اس سے یعنی دین اسلام سے اوروں کو بھی روکتے ہیں، اور خود بھی اس سے دور رہتے ہیں ـــــ يَنْئَوْنَ: فعل مضارع، صیغہ جمع مذکر غائب، نَأَى عنه (ف) نَأْيًا: دور ہونا۔

۷-سورۃ الانعام آیت ۷۰ میں تُبْسَلَ اور أُبْسِلُوْا آئے ہیں، حضرت ابن عباسؓ نے ان کا ترجمہ رسوا کرنا کیا ہے، فرمایا: ﴿وَذَكِّرْ بِهِ أَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ﴾: اور قرآن کے ذریعہ نصیحت کیا کریں، تاکہ کوئی شخص اپنے کردار کے سبب (قیامت کے دن) پھنس نہ جائے اور رسوا نہ ہوجائے، پھر فرمایا: ﴿أُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ أُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا﴾: یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے کردار کے سبب پھنس گئے اور رسوا ہوگئے .... إِبْسَال: قہر وغلبہ سے گرفتار کرنا اور محروم کرنا، تُبْسَلَ: إبسال سے مضارع مجہول، صیغہ واحد مؤنث غائب ہے۔

۸-سورۃ الانعام آیت ۹۳ میں ہے: ﴿وَلَوْ تَرَى إِذِ الظَّالِمُوْنَ فِيْ غَمَرَاتِ الْمَوْتِ، وَالْمَلاَئِكَةُ بَاسِطُوْا أَيْدِيْهِمْ: أَخْرِجُوْا أَنْفُسَكُمْ﴾: اور اگر آپ اس وقت کو دیکھیں جبکہ یہ ظالم لوگ موت کی سختیوں میں ہونگے، اور فرشتے اپنے ہاتھ بڑھا رہے ہونگے: اپنی جانیں نکالو یعنی ہمارے حوالے کرو، حضرت ابن عباسؓ نے بَسْط کا ترجمہ ضرب کیا ہے یعنی ہاتھ مار رہے ہونگے، ناگواری کے ساتھ ہاتھ بڑھا رہے ہونگے۔

[۹-] ﴿أَسْتَكْثَرْتُمْ﴾: أَضْلَلْتُمْ كَثِيْرًا. [۱۰-] ﴿ذَرأَ مِنَ الْحَرْثِ﴾: جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِنْ ثَمَرَاتِهِمْ وَمَالِهِمْ نَصِيْبًا، وَلِلشَّيْطَانِ وَالْأَوْثَانِ نَصِيْبًا. [۱۱-] ﴿ أَمَّا اشْتَمَلَتْ﴾: يَعْنِيْ هَلْ تَشْتَمِلُ إِلَّا عَلٰى ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى! فَلِمَ تُحَرِّمُوْنَ بَعْضًا وَتُحِلُّوْنَ بَعْضًا؟ [۱۲-] ﴿مَسْفُوْحًا﴾: مُهْرَاقًا. [۱۳-] ﴿ صَدَفَ﴾: أَعْرَضَ. [۱٤-] ﴿ أُبْلِسُوْا﴾ أُوْيِسُوْا، وَ﴿أُبْسِلُوْا﴾ أُسْلِمُوْا. [۱٥-] ﴿سَرْمَدًا﴾ دَائِمًا. [۱٦-] ﴿اسْتَهْوَتْهُ﴾: أَضَلَّتْهُ. [۱۷-] ﴿تَمْتَرُوْنَ﴾: تَشُكُّوْنَ. [۱۸-] ﴿وَقْرٌ﴾: صَمَمٌ، وَأَمَّا الْوِقْرُ: فَإِنَّهُ الْحِمْلُ. [۱۹-] ﴿أَسَاطِيْرُ﴾: وَاحِدُهَا أُسْطُوْرَةٌ وَإِسْطَارَةٌ، وَهِيَ التُّرَّهَاتُ.

۹-سورۃ الانعام آیت ۱۲۸ میں ہے: ﴿وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا: يَامَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِنَ الإِنْسِ﴾: اور جس دن اللہ تعالیٰ تمام خلائق کو جمع کریں گے (کہیں گے) اے جنات کی جماعت! تم نے انسانوں کے (گمراہ کرنے میں) بڑا حصہ لیا! یعنی بہت سوں کو گمراہ کیا۔ استکثار: کسی کام کو بہت زیادہ کرنا۔

۱۰-سورۃ الانعام آیت ۱۳۶ میں ہے: ﴿وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرأَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْأَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا: هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَائِنَا﴾: اور اللہ تعالیٰ نے جو کھیتی اور مواشی پیدا کئے ہیں ان لوگوں نے ان میں سے کچھ حصہ اللہ کا مقرر کیا، اور بہ زعم خود کہا: یہ اللہ کا ہے، اور یہ ہمارے معبودوں کا ہے، حضرت ابن عباسؓ نے تفسیر کی: گردانا انھوں نے اللہ کے لئے اپنے پھلوں اور اپنے مالوں میں سے ایک حصہ، اور شیطان اور مورتیوں کے لئے دوسرا حصہ (پھر جو ان کے معبودوں کا حصہ ہے وہ تو اللہ تک نہیں پہنچتا بلکہ مجاوروں کو دیدیتے ہیں اور جو اللہ کا حصہ ہے وہ ان کے معبودوں تک پہنچ جاتا ہے یعنی وہ بھی مجاوروں کو دیدیتے ہیں دیکھو! کیسی الٹی گنگا بہا رہے ہیں؟)

۱۱-سورۃ الانعام آیت ۱۴۳ میں ہے: ﴿ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ، مِنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ، قُلْ آلذَّكَرَيْنِ

حَرَّمَ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ﴾: آٹھ نرومادہ (پیدا کئے) بھیڑ میں سے دو اور بکری میں سے دو، آپ پوچھئے: کیا اللہ نے دونوں نر حرام کئے ہیں یا دونوں مادائیں یا وہ بچہ جس پر دونوں ماداؤں کی بچہ دانیاں مشتمل ہیں؟ —— أَمَّا: دو حرف ہیں: أم: عاطفہ، اور ما موصولہ، پہلا میم ساکن تھا، اس لئے ادغام کیا؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: بچہ دانی میں نر بچہ ہوتا ہے یا مادہ، پھر تم کسی کو حلال اور کسی کو حرام کیوں کہتے ہو؟ آخر اس کی دلیل کیا ہے؟ پس یہ نئی صورت نہیں ہے، یہ تیسری صورت پہلی دو صورتوں پر مشتمل ہے۔

۱۲- سورۃ الانعام آیت ۱۴۵ میں دم مسفوح کی حرمت کا ذکر ہے، مسفوح کے معنی ہیں: بہایا ہوا یعنی ذبح کرتے وقت جو خون نکلتا ہے وہ حرام ہے۔

۱۳- سورۃ الانعام کی آیت ۱۵۷ میں ﴿صَدَفَ عَنْهَا﴾ ہے، اس کے معنی ہیں: اور اس سے یعنی اللہ کی آیتوں سے رکا یعنی اعراض کیا۔

۱۴- سورۃ الانعام آیت ۷۰ میں أبلسوا ہے، جس کے معنی ابھی (نمبر ۷ میں) بیان کئے، ابوعبیدہؒ نے إبسال اور إبلاس میں فرق کیا ہے، إبلاس کے معنی ہیں: مایوس ہونا، اور إبسال کے معنی ہیں: پھنس جانا، خود کو ہلاکت میں ڈالنا۔

۱۵- سورۃ القصص آیت ۷۱ میں لفظ سرمد آیا ہے، اس کے معنی ہیں: ہمیشہ (سورۃ الانعام میں یہ لفظ نہیں)

۱۶- سورۃ الانعام آیت ۷۱ میں ہے: ﴿كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيَاطِيْنُ فِي الْأَرْضِ حَيْرَانَ﴾: جیسے وہ شخص جس کو شیاطین نے جنگل میں بے راہ کردیا ہو، اور وہ بھٹکتا پھرتا ہو —— اسْتِهْوَاء: راستہ بھلا دینا۔

۱۷- سورۃ الانعام آیت ۲ میں ہے: ﴿ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ﴾: پھر تم شک کرتے ہو —— إِمْتِرَاء: کسی ایسی چیز کی بابت جھگڑنا جس میں شک وشبہ اور تردد ہو۔

۱۸- سورۃ الانعام آیت ۲۵ میں ہے: ﴿وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا﴾: اور ان کے کانوں میں بہرہ پن ہے۔ یہ وَقْر (بالفتح) کے معنی ہیں اور وِقْر (بالکسر) کے معنی ہیں: بوجھ، یہ لفظ سورۃ الذاریات آیت ۲ میں آیا ہے۔

۱۹- سورۃ الانعام آیت ۲۵ میں ہے: ﴿إِنْ هٰذَا إِلَّا أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ﴾: نہیں ہے یہ مگر اگلوں کی مذہبی جھوٹی داستانیں، اس کے مفرد: أُسطورۃ اور إسطارۃ ہیں، التُّرَّهات: لغویات، مفرد التُّرَّهة: باطل اور لغو کام۔

[۲۰-] ﴿الْبَأْسَاءِ﴾: مِنَ الْبَأْسِ، وَتَكُوْنُ مِنَ الْبُؤْسِ. [۲۱-]﴿ جَهْرَةً﴾: مُعَايَنَةً. [۲۲-]الصُّوَرُ: جَمَاعَةُ صُوْرَةٍ، كَقَوْلِهِ: سُوْرَةٌ وَسُوَرٌ. [۲۳-]﴿ مَلَكُوْتَ﴾: مُلْكٌ، مِثْلُ رَهَبُوْتٌ خَيْرٌ مِنْ رَحَمُوْتٍ، وَتَقُوْلُ: تُرْهَبُ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تُرْحَمَ. [۲٤-]﴿جَنَّ﴾: أَظْلَمَ. [۲٥-]يُقَالُ: عَلَى اللهِ حُسْبَانُهُ أَيْ: حِسَابُهُ، وَيُقَالُ: حُسْبَانًا: مَرَامِيَ، وَرُجُوْمًا لِلشَّيَاطِيْنِ. [۲٦-]﴿مُسْتَقَرٌّ﴾: فِي الصُّلْبِ، وَ﴿وَمُسْتَوْدَعٌ﴾: فِي الرَّحِمِ. [۲۷-]الْقِنْوُ: الْعِذْقُ، وَالاِثْنَانِ قِنْوَانِ، وَالْجَمَاعَةُ أَيْضًا: قِنْوَانٌ، مِثْلُ صِنْوٍ وَصِنْوَانٌ.

۲۰- سورۃ الانعام آیت ۴۲ میں البأساء ہے، فرمایا: ﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلٰى أُمَمٍ مِنْ قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُمْ بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ﴾: اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ ہم نے پیغمبر بھیجے ان امتوں کی طرف جو آپ سے پہلے ہو چکی ہیں، پس ہم نے ان کو سختی (تنگ دستی) اور بیماری میں مبتلا کیا تاکہ وہ ڈھیلے پڑیں —— البأساء: اسم ہے، صیغۂ صفت نہیں ہے اور اس کے معنی سختی، تنگ دستی اور فقر و محتاجگی کے ہیں، خواہ وہ بأس (جنگ) سے مشتق ہو، یا بؤس (تنگی) سے۔

۲۱- سورۃ الانعام آیت ۴۷ میں جَهْرَةً ہے: ﴿إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً أَوْ جَهْرَةً﴾: اگر پہنچے تمہیں عذاب اچانک (بے خبری) میں یا مشاہدہ کرتے ہوئے —— معاينة: آنکھوں سے دیکھتے، مشاہدہ کرتے۔

۲۲- سورۃ الانعام آیت ۷۳ میں ہے: ﴿وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ﴾: اور انہی کی حکومت ہوگی جس دن نرسنگے میں پھونکا جائے گا —— قرآنِ کریم الصور: واو کے سکون کے ساتھ ہے، جس کے معنی ہیں: نرسنگا، بڑا سینگ، سینگ نما ایک آلہ جس میں حضرت اسرافیل علیہ السلام مخلوق کو مارنے کے لئے اور جلانے کے لئے پھونکیں گے، ترمذی وغیرہ کی حدیث میں یہی تفسیر آئی ہے، فرمایا: الصُّور: القرن، ينفخ فيه: صور: نرسنگا ہے، جس میں پھونکا جائے گا —— اور حسن بصری رحمہ اللہ نے الصُّوَر: واو کے زبر کے ساتھ پڑھا ہے، ابوعبیدہؒ کہتے ہیں: صُوَر: صورة کی جمع ہے، جیسے سُوَر: سورة کی جمع ہے، اور مراد پیکر اور پتلے ہیں یعنی مُردوں کے پُتلوں میں روحیں پھونکی جائیں گی، مگر یہ قول صحیح نہیں۔

نوٹ: الصُّوَر (واو کے زبر کے ساتھ) قرآن میں نہیں ہے، اس لئے اس لفظ کو دو پھولوں کے درمیان نہیں رکھا۔

۲۳- سورۃ الانعام آیت ۷۵ میں ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ نُرِيْ إِبْرَاهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾: اور یوں ہم ابراہیمؑ کو آسمانوں اور زمین کا اقتدار کامل دکھلاتے ہیں —— ملكوت: مصدر ہے، فعل مَلَك ہے، مبالغہ کے لئے ت بڑھائی ہے، جیسے رهبوت (ڈر) اور رحموت (رحم، مہربانی) محاورہ ہے: رهبوت خير من رحموت: تم کو ڈرایا جانا رحم کئے جانے سے بہتر ہے، اور اس طرح بھی کہہ سکتے ہیں: ترهب خير من أن ترهب: تو ڈرایا جائے یہ بہتر ہے اس سے کہ تو مہربانی کیا جائے یعنی کبھی تربیت کے لئے سختی مفید ہوتی ہے۔ شیخ سعدیؒ نے گلستاں میں کہا ہے: کبھی ایک اندرائن وہ کام کرتی ہے جو مصری کی سوڈلیاں نہیں کرتیں۔

۲۴- سورۃ الانعام آیت ۷۶ میں ہے: ﴿فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ﴾: پھر جب ان پر رات کا اندھیرا سخت ہو گیا —— جَنَّ الظلام: اندھیرا سخت ہو گیا، جَنَّ الشيئَ: چھپانا۔

۲۵- سورۃ الانعام آیت ۹۶ میں حُسْبَانا ہے: ﴿وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا، وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا﴾: اور اللہ نے رات کو راحت کی چیز بنایا، اور سورج اور چاند کو حساب سے رکھا یعنی ان کی رفتار منضبط ہے، جس سے اوقات کے انضباط میں سہولت ہوتی ہے —— حُسْبان: کے دو معنی ہیں:

(۱) حساب، شمار، اندازہ، اس آیت میں یہی معنی ہیں، اس طرح کہا جاتا ہے: على الله حسبانه: اس سے اللہ تعالیٰ

حساب لیں گے۔

(۲) مارنے کا ذریعہ، میزائل، مَرْمیٰ: تیر پھینکنے کی جگہ، نشانہ باندھنے کی جگہ، جمع مَرَامٍ، کہتے ہیں: **هذا كلامٌ بعيد المرامی**: بلند مقصد کلام، دوررس کلام، سورۃ الکہف آیت ۴۰ میں ہے: ﴿وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِنَ السَّمَآءِ﴾: اور اس (باغ) پر کوئی تقدیری آفت (آگ کا بھبوکا) آسمان سے بھیج دے، اسی طرح شیاطین پر جو گولہ داغا جاتا ہے، اس کو بھی حسبان کہیں گے۔

۲۶- سورۃ الانعام آیت ۹۸ میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِىْ أَنْشَأَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ﴾: اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تم کو ایک نفس سے پیدا کیا، پھر ایک جگہ زیادہ رہنے کی ہے اور ایک جگہ کچھ دن رہنے کی، اور سورۃ ہود آیت ۶ میں ہے: ﴿وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا، وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا﴾: اور زمین میں کوئی رینگنے والا جانور نہیں مگر اللہ کے ذمہ ہے اس کی روزی، اور وہ ہر ایک کی زیادہ رہنے کی جگہ اور چند دن رہنے کی جگہ جانتے ہیں (اور وہیں اس کو رزق پہنچاتے ہیں) —— اور بہت سے سلف نے مستقر سے مرد کی پیٹھ اور مستودع سے عورت کی بچہ دانی مراد لی ہے، یہ معنی بھی صحیح ہیں، پیٹھ میں زیادہ رہنا ہوتا ہے اور بچہ دانی میں چند دن۔

۲۷- سورۃ الانعام آیت ۹۹ میں ہے: ﴿قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ﴾: کھجور کے خوشے جو (بوجھ کی وجہ سے) نیچے کو لٹکے ہوئے ہیں —— قنوانٌ جمع ہے، اس کا تثنیہ بھی قنوانِ ہے (نون تثنیہ کا زیر) اور مفرد قِنْوٌ ہے، عِذْق: کھجور کا خوشہ (یہ بات پہلے بھی آئی ہے)

غیب کی چابیاں (خزانے) اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں، وہی اس کو جانتے ہیں

سورۃ الانعام آیت ۵۹ میں ہے: ﴿وَعِنْدَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَايَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ﴾: اور اسی کے پاس کنجیاں ہیں غیب کی، ان کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا —— مفاتح: مَفتح (بفتح المیم) کی جمع ہے تو اس کے معنی ہیں: خزانے اور مِفتح (بکسر المیم) کی جمع ہے تو اس کے معنی ہیں: کنجیاں، مطلب یہ ہے کہ غیب کے خزانے اور ان کی کنجیاں صرف اللہ کے پاس ہیں، وہی ان کو جانتے اور کھولتے ہیں، انسان اپنے حواس وعقل سے ان کو نہیں پاسکتا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۳۶۳ میں) اپنی تمام تفصیلات کے ساتھ گذر چکی ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَعِنْدَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ﴾

[۴۶۲۷-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَفَاتِحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ بِأَىِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ﴾ [لقمان: ۳۴]" [راجع: ۱۰۳۹]

عذاب کی شکلیں اوراس کی آسان شکل

سورۃ الانعام کی آیت ٦٥ ہے: ﴿قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ، أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ، أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا، وَيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ﴾: کہیں: ان کوقدرت ہے اسپر کہ تمہارے اوپر سے عذاب بھیجیں، یاتمہارے نیچے سے، یاتمہیں مختلف فرقے بنا کر بھڑادیں اور بعض کوبعض کی سختی چکھائیں —— اس آیت میں عذاب کی تین صورتیں بیان کی گئی ہیں:

ایک: عذاب اوپر سے آئے، جیسے نوح علیہ السلام کی قوم پر پانی برسا، اوراس نے سیلاب کی شکل اختیار کی، اوروہ سب کو لے ڈوبا، اور جیسے قوم لوط علیہ السلام پر پتھروں کی بارش ہوئی، جس نے پوری قوم کو ہلاک کردیا، یا جیسے ہاتھی والوں پر ابابیل نے کنکریاں برسائیں، جس سے سب کا بھرتا بن گیا۔

دوم: عذاب نیچے سے آئے، جیسے فرعونیوں کو دریا میں ڈبویا، اور جیسے قارون کو زمین میں دھنسایا۔

سوم: لوگوں میں پارٹی بندی ہو، پھر جنگ وجدال اور خون ریزی ہو، اورایک فریق غالب اور دوسرا مغلوب ہو، عذاب کی یہ تیسری صورت اہون ہے، کیونکہ پہلی دوصورتوں میں سب کچھ تہس نہس ہوجاتا ہے، اور تیسری صورت میں لوگ باقی رہتے ہیں، باب کی حدیث میں اس کی طرف اشارہ ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی کہ کہیں: ان کوقدرت ہے اس پر کہ تمہارے اوپر سے عذاب بھیجیں تو نبی ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کے چہرے کے طفیل پناہ چاہتا ہوں یعنی یہ عذاب نہ آئے (آگے) اللہ نے فرمایا: یاتمہارے نیچے سے، تو نبی ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کے چہرے کے طفیل پناہ چاہتا ہوں یعنی یہ عذاب بھی نہ آئے (پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا:) یاتمہیں مختلف فرقے بنا کر بھڑادیں، اور بعض کوبعض کی سختی چکھائیں، تو آپؐ نے فرمایا: یہ اہون ہے یا فرمایا؟ یہ آسان ہے!

لغات: اس آیت میں یلبسکم ہے یعنی یخلطکم: تمہیں بھڑادیں، ملادیں، التبس الظلامُ: تاریکی کامخلوط ہونا، اوراسی سورت کی آیت ۸۲ میں ہے: ﴿وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾: اورانھوں نے اپنے ایمان کوظلم (شرک) کے ساتھ نہیں ملایا............ اور شِیَع: شیعة کی جمع ہے: فرقے، گروہ۔

تشریح: جب کفارمکہ کوقرآن عذاب کی خبر سناتا تو وہ کہتے: یہ سب جھوٹی دھمکیاں ہیں، عذاب وذاب کچھ نہیں آنا، اس آیت میں ان سے کہا گیا کہ عذاب ان تین صورتوں میں سے کسی بھی صورت میں آسکتا ہے، مگر نبی ﷺ نے پہلی دو صورتوں سے پناہ چاہی تو کفارِ مکہ پر تیسری صورت میں عذاب آیا، کفار اور مؤمنین دو الگ الگ گروہ بن گئے، اور پہلی مرتبہ بدر کے میدان میں بھڑے، اور کفار نے اپنے کفر کا خوب مزہ چکھا۔

فائدہ: یہ آیت دراصل کفار مکہ کے تعلق سے ہے، مگر اعتبار الفاظ کے عموم کا ہے، پس امت محمد یہ پر بھی پہلی دوصورتوں میں عذاب نہیں آئے گا، کیونکہ نبی ﷺ نے ان سے پناہ چاہی ہے، ہاں تیسری صورت میں عذاب آسکتا ہے اور آتا رہتا ہے۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ﴾ الآيَة

﴿يَلْبِسَكُمْ﴾: يَخْلِطَكُمْ مِنَ الالْتِبَاسِ. ﴿يَلْبِسُوْا﴾: يَخْلِطُوْا. ﴿شِيَعًا﴾: فِرَقًا.

[٤٦٢٨-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَعُوْذُ بِوَجْهِكَ" قَالَ: ﴿أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ﴾ قَالَ: "أَعُوْذُ بِوَجْهِكَ" ﴿أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هٰذَا أَهْوَنُ" أَوْ قَالَ: "هٰذَا أَيْسَرُ"

[طرفاه: ٧٣١٣، ٧٤٠٦]

سب سے بڑا ظلم شرک ہے

سورۃ الانعام کی آیت ۸۲ ہے: ﴿الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُوْلٰئِكَ لَهُمُ الأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُوْنَ﴾: وہ بندے جو ایمان لائے اور انھوں نے اپنے ایمان کو ظلم کے ساتھ نہیں ملایا وہی بندے قیامت کے دن مامون ہونگے اور وہی دنیا میں راہ یاب ہیں۔

تفسیر: ظلم کے معنی ہیں: کسی کی حق تلفی کرنا، اور سب سے بڑا ظلم اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی حق تلفی ہے بندگی صرف اللہ کا حق ہے، پس جو شخص عبادت میں غیر اللہ کو شریک کرتا ہے یا صرف غیر اللہ کی بندگی کرتا ہے وہ اللہ کا حق مارتا ہے، اس سے بڑا ظالم کوئی نہیں ہوسکتا، اور حدیث میں ظلم کی تفسیر شرک سے کی ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۲۵۰) گذری ہے۔

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ [الأنعام: ٨٢]

[٤٦٢٩-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ قَالَ: أَصْحَابُهُ: وَأَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ؟ فَنَزَلَتْ: ﴿إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾ [لقمان: ١٣] [راجع: ٣٢]

ہر پیغمبر اپنے زمانہ کے لوگوں سے افضل ہوتا ہے

سورۃ الانعام آیات ۸۳-۸۶ میں ۱۸ رسولوں کا ذکر ہے، آخر میں یونس اور لوط علیہما السلام کا ذکر ہے، پھر فرمایا: ﴿وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِيْنَ﴾: اور سب کو ہم نے سارے جہاں والوں پر بزرگی دی، پس ہر پیغمبر کو اس کے زمانہ کے لوگوں سے

افضل ماننا ضروری ہے —— اسی طرح انبیاء میں بھی تفاضل ہے، سورۃ البقرۃ آیت ۲۵۳ میں ہے: ﴿تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ﴾: یہ رسول: ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی، یہ فضیلت جزوی ہے، جس کی تفصیل آیت میں بعد میں ہے، اور فضیلت کلی خاتم النّبیین ﷺ کو حاصل ہے، تاہم آپ کا کسی نبی کے ساتھ اس طرح موازنہ کرنا کہ اس نبی کی تنقیص لازم آئے جائز نہیں، حدیث میں یہی مضمون ہے اور حدیثیں پہلے آچکی ہیں۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا، وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِيْنَ﴾

[٤٦٣٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ عَمِّ نَبِيِّكُمْ صلى الله عليه وسلم، يَعْنِيْ ابْنَ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَا يَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ أَنْ يَقُوْلَ: أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى" [راجع: ٣٣٩٥]

[٤٦٣١-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: ثَنَا سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَا يَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ أَنْ يَقُوْلَ: أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى" [راجع: ٣٤١٥]

نبی ﷺ کو گذشتہ انبیاء کی پیروی کا حکم دیا گیا

سورۃ الانعام آیت ۹۰ میں ۱۸ انبیاء کا تذکرہ کرنے کے بعد فرمایا: ﴿أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾: یہ وہ انبیاء ہیں جن کی اللہ تعالیٰ نے راہ نمائی کی، پس آپ ان کے طریقہ کی پیروی کریں —— تمام انبیاء اصول میں متحد ہیں، سب کا دستور اساسی ایک ہے، پس آپ کا راستہ بھی گذشتہ انبیاء کے راستہ سے جدا نہیں، البتہ فروع (شریعتوں) میں اختلاف ہے، اور یہ کوئی خاص بات نہیں، یہ زمانوں کے اختلاف کا تقاضہ ہے —— اور اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نبی ﷺ اگر کسی سابق شریعت کے حکم پر عمل کریں تو اس امت کو بھی اس پر عمل کرنا چاہئے، وہ حکم ہمارے لئے بھی ہے، حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا گیا: سورہ صٓ میں سجدہ ہے؟ آپؓ نے فرمایا: ہے! اور دلیل یہ پیش کی کہ نبی ﷺ نے وہاں سجدہ کیا ہے، پھر اس کی وجہ سمجھائی ہے کہ نبی ﷺ نے وہاں سجدہ کیوں کیا ہے، وہاں تو داؤد علیہ السلام کے سجدہ کا ذکر ہے، ہمیں وہاں سجدہ کرنے کا حکم نہیں دیا؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: سورۃ الانعام آیت ۹۰ میں نبی ﷺ کو گذشتہ انبیاء کی پیروی کا حکم دیا ہے، چنانچہ آپؐ نے سورہ صٓ میں سجدہ کیا، پس ہمیں بھی ہمارے نبی ﷺ کی پیروی میں وہاں سجدہ کرنا چاہئے، اور حدیث پہلے گذر چکی ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾

[٤٦٣٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ: أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سُلَيْمَانُ

الْأَحْوَلُ: أَنَّ مُجَاهِدًا أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ: أَفِيْ "صاد" سَجْدَةٌ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، ثُمَّ تَلاَ: ﴿وَوَهَبْنَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾ [الأنعام: ٨٤-٩٠] ثُمَّ قَالَ: هُوَ مِنْهُمْ.

زَادَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَسَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنِ الْعَوَّامِ، عَنْ مُجَاهِدٍ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: نَبِيُّكُمْ مِمَّنْ أُمِرَ أَنْ يَقْتَدِيَ بِهِمْ. [راجع: ٣٤٢١]

قولہ: هو منهم: یعنی پہلے جن ۱۸ نبیوں کا تذکرہ ہے ان میں داؤد علیہ السلام کا بھی ذکر ہے، اور دوسری روایت میں ہے: تمہارے نبی ان لوگوں میں سے ہیں جو حکم دیئے گئے ہیں کہ گذشتہ انبیاء کی پیروی کریں (چنانچہ آپ ؐ نے داؤد علیہ السلام کی پیروی میں وہاں سجدہ کیا)

حرام کے ارتکاب کے لئے حیلے کرنا یہود کا شیوہ ہے

سورۃ الانعام کی آیت ۱۴۶ ہے: ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ، وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَا إِلَّا مَاحَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ، ذٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِبَغْيِهِمْ، وَإِنَّا لَصَادِقُوْنَ﴾: اور یہود پر ہم نے حرام کیا ہر ناخن والا جانور، اور گائے اور بکری میں سے: حرام کی ہم نے ان پر ان کی چربی، مگر جو لگی ہو پشت سے یا انتڑیوں سے یا جو ہڈی کے ساتھ ملی ہوئی ہو، یہ ہم نے ان کو ان کی شرارت کی سزا دی، اور ہم سچ کہتے ہیں۔

تفسیر: پہلے آیت ۱۴۵ میں چار چیزوں کی حرمت کا بیان ہے: (۱) مردار (۲) بوقت ذبح بہنے والا خون (۳) سور کا گوشت (۴) غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا ہوا جانور —— یہ چیزیں تو اصلی اور دائمی حرام ہیں۔ پھر آیت ۱۴۶ میں ہے کہ وقتی مصلحت سے بعض چیزیں عارضی طور پر بعض اقوام پر حرام کی گئی تھیں، مثلاً: یہود پر ان کی شرارتوں کی سزا میں دو چیزیں حرام کی گئی تھیں: (۱) ہر ناخن (کھر) والا جانور، جس کی انگلیاں پھٹی ہوئی نہ ہوں، جیسے اونٹ، شتر مرغ، بطخ وغیرہ (۲) گائے بکری کی خالص چربی جو پیٹ میں سے نکلتی ہے —— البتہ جو چربی پشت پر یا انتڑیوں پر یا ہڈیوں پر لگی ہو: وہ حلال تھی۔

لغات: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ہر ناخن والا جانور (جس کی انگلیاں پھٹی ہوئی نہ ہوں) اونٹ اور شتر مرغ ہیں (یہ مثالیں ہیں)..........اور حَوَایَا: آنتیں، حَوِیَّة کی جمع ہے، الْمَبْعَر: مینگنی کی جگہ —— اور ابن عباسؓ کے علاوہ نے کہا: هَادَ (ن) هودًا فلانٌ کے معنی ہیں: یہودی ہونا (یہودی قوم میں پیدا ہونا یا یہودی مذہب اختیار کرنا) اس آیت میں هادوا کے یہی معنی ہیں —— اور هَادَ (ن) هُوْدًا کے دوسرے معنی ہیں: تائب ہو کر حق کی طرف لوٹنا، سورۃ الاعراف آیت ۱۵۶ میں یہ معنی ہیں، اس سے اسم فاعل هائد ہے جس کی جمع هُود ہے۔

اور حدیث میں یہ بیان ہے کہ جو چربی یہود پر حرام کی گئی تھی: یہود اس کو پگھال کر گھی بناتے تھے، پھر اس کو بیچ کر رقم کھاتے تھے، نبی ﷺ نے ان کو بددعا دی اور ان کی اس حرکت پر نکیر کی۔ حدیث پہلے آچکی ہے، اس حدیث سے معلوم ہوا

کہ حرام کے ارتکاب کے لئے حیلے کرنا یہود کا شیوہ ہے، مسلمانوں کو ایسی حرکتوں سے بچنا چاہئے، مثلاً: زکات سے بچنے کے لئے سال پورا ہونے سے پہلے مال بیوی کو ہبہ کردینا، پھر اسی طرح بیوی شوہر کو ہبہ کرے تو کسی پر زکات واجب نہ ہوگی، یا سود کھانے کے لئے فارم بیچنے کا حیلہ کرنا وغیرہ۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ، وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَا﴾ الآيَةَ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ﴾: الْبَعِيْرُ وَالنَّعَامَةُ. و﴿الْحَوَايَا﴾: الْمِبْعَرُ.

وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿هَادُوْا﴾: صَارُوْا يَهُوْدًا، وَأَمَّا قَوْلُهُ تَعَالَى: ﴿هُدْنَا﴾[الأعراف: ١٥٦]:تُبْنَا، هَائِدٌ: تَائِبٌ.

[٤٦٣٣-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ: قَالَ عَطَاءٌ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ! لَمَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهَا جَمَلُوْهُ ثُمَّ بَاعُوْهُ فَأَكَلُوْهَا" [راجع: ٢٢٣٦]

وَقَالَ أَبُوْ عَاصِمٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ كَتَبَ إِلَيَّ عَطَاءٌ: سَمِعْتُ جَابِرًا عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

بے حیائی کے کاموں کی حرمت غیرتِ خداوندی کا تقاضہ ہے

سورۃ الانعام آیت ۱۵۱ میں ہے: ﴿وَلاَ تَقْرَبُوْا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَابَطَنَ﴾: اور بے حیائی کے کاموں کے پاس مت جاؤ، خواہ ظاہر ہوں یا پوشیدہ۔

تفسیر: فواحش: فاحشۃ کی جمع ہے: قابل نفرت قول وفعل، گندی بات، بدکاری —— اور نزدیک نہ جانا: یعنی فاحشہ کے مبادی ووسائل سے بھی بچنا —— اور ظاہر وباطن کا مطلب ہے: خواہ وہ کام برملا کیا جائے یا چھپ کر کیا جائے، دونوں حرام ہیں، کیونکہ آدمی لوگوں سے تو چھپ سکتا ہے: اللہ تعالیٰ سے نہیں چھپ سکتا —— اور فواحش کو اللہ تعالیٰ نے اس لئے حرام کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت زیادہ غیرت مند ہیں، جب کوئی شخص کسی بے حیائی کے کام کا ارتکاب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو غصہ آتا ہے، پس فواحش کی حرمت اللہ تعالیٰ کی غیرت کے تقاضہ سے ہے۔

[٧-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلاَ تَقْرَبُوْا الْفَوَاحِشَ مَاظَهَرَ مِنْهَا وَمَابَطَنَ﴾

[٤٦٣٤-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: "لاَ أَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ، وَلِذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَلاَ شَيْئَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ

اللّٰهِ، وَلِذٰلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ" قُلْتُ: سَمِعْتَهُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: وَرَفَعَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ.
[أطرافه: ٤٦٣٧، ٥٢٢٠، ٧٤٠٣]

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بے حیائی والے کام حرام کئے، خواہ برملا کئے جائیں یا چھپ کر، اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کسی کو اپنی تعریف پسند نہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے خود اپنی تعریف کی ـــــ عمرو بن مرۃؒ نے ابووائلؒ سے پوچھا: آپ نے یہ حدیث ابن مسعودؓ سے سنی ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں! اور انھوں نے پوچھا: کیا ابن مسعودؓ نے اس حدیث کو مرفوع کیا ہے؟ ابووائلؒ نے کہا: ہاں یعنی یہ ابن مسعودؓ کا قول نہیں، بلکہ مرفوع حدیث ہے اور متفق علیہ ہے۔

تشریح: ساری خلقت اللہ کا کنبہ ہے، پس اللہ تعالیٰ اپنے کنبہ میں دست درازی کو سخت ناپسند کرتے ہیں، اور عالم اللہ کی صفات کا پرتو ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفتِ غیرت کے تقاضے سے تمام بے حیائی والے کاموں کو جیسے زنا، اغلام وغیرہ کو مطلقاً حرام کیا، خواہ برملا کئے جائیں یا چھپ کر، ہر حال میں حرام ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ کو اپنی تعریف بے حد پسند ہے، مگر اس میں اللہ کا کچھ نفع نہیں، اللہ کی تعریف سے اللہ کی عزت میں کچھ اضافہ نہیں ہوتا، بلکہ یہ پسندیدگی بندوں کے نفع کی خاطر ہے، بندے تعریف کر کے اللہ کو خوش کرتے ہیں تو وہ ثواب کے مستحق ہوتے ہیں (تحفۃ الالمعی ۸:۱۸۵)

[٨- بَابٌ]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: [١-] ﴿وَكِيْلٌ﴾: حَفِيْظٌ وَمُحِيْطٌ بِهِ. [٢-] ﴿قُبُلاً﴾: جَمْعُ قَبِيْلٍ، وَالْمَعْنَى: أَنَّهُ ضُرُوْبٌ لِلْعَذَابِ، كُلُّ ضَرْبٍ مِنْهَا قَبِيْلٌ. [٣-] ﴿زُخْرُفَ﴾: كُلُّ شَيْءٍ حَسَّنْتَهُ وَوَشَّيْتَهُ وَهُوَ بَاطِلٌ فَهُوَ زُخْرُفٌ. [٤-] ﴿وَحَرْثٌ حِجْرٌ﴾: حَرَامٌ، وَكُلُّ مَمْنُوْعٍ فَهُوَ حِجْرٌ مَحْجُوْرٌ، وَالْحِجْرُ كُلُّ بِنَاءٍ بَنَيْتَهُ، وَيُقَالُ لِلْأُنْثَى مِنَ الْخَيْلِ: حِجْرٌ، وَيُقَالُ لِلْعَقْلِ: حِجْرٌ وَحِجًى. وَأَمَّا الْحِجْرُ، فَمَوْضِعُ ثَمُوْدَ، وَمَا حَجَّرْتَ عَلَيْهِ مِنَ الْأَرْضِ فَهُوَ حِجْرٌ، وَمِنْهُ سُمِّيَ حَطِيْمُ الْبَيْتِ حِجْرًا، كَأَنَّهُ مُشْتَقٌّ مِنْ مَحْطُوْمٍ، مِثْلُ: قَتِيْلٍ مِنْ مَقْتُوْلٍ، وَأَمَّا حَجْرُ الْيَمَامَةِ فَهُوَ مَنْزِلٌ.

غریب القرآن کے معانی

۱- سورۃ الانعام آیت ۱۰۲ میں اللہ کی صفت 'وکیل' آئی ہے: ﴿وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَكِيْلٌ﴾: اور وہ ہر چیز کے 'کارساز' ہیں، امام بخاریؒ کہتے ہیں: وکیل کے معنی حفیظ (نگہبان) اور کسی چیز کا احاطہ کرنے والے کے ہیں (یہ معنی ابوعبیدۃؒ نے بیان کئے ہیں، وکیل: صفت مشبہ ہے وَكْلٌ سے، وَكَلَ (ض) إليه الأمر کے معنی ہیں: کسی کو کوئی معاملہ سونپ کر

بے فکر ہو جانا، کسی معاملہ میں کسی کو مختار بنا دینا، اس لئے کارساز معنی زیادہ بہتر ہیں)

۲- سورۃ الانعام آیت ۱۱۱ میں لفظ قُبُل آیا ہے: ﴿وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا﴾: اگر ہم اتاریں ان پر فرشتے، اور باتیں کریں ان سے مُردے، اور جمع کریں ہم ان کے سامنے ہر چیز کو (ان کے رُوبرو، ہر چیز کو) پھر بھی وہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ چاہیں، لیکن ان میں سے اکثر جاہل ہیں۔

تفسیر: اگر کفار مکہ کی فرمائش سے بڑھ کر آسمان سے فرشتے اتر کر آپ کی تصدیق کریں، اور مُردے قبروں سے اٹھ کر ان سے باتیں کریں یعنی آپ کی تصدیق کریں، اور گذشتہ تمام امتوں کو زندہ کر کے اُن کے سامنے لا کھڑا کیا جائے اور وہ بھی آپ کی تصدیق کریں: پھر بھی وہ لوگ حق کو ماننے والے نہیں، ہاں اللہ چاہیں تو اور بات ہے! مگر یہ بات تکوینی نظام کے خلاف ہے، جس کو ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے، کیونکہ وہ جاہل ہیں۔

اس آیت میں قُبُل کیا لفظ ہے اور اس کے کیا معنی ہیں اور کُلَّ شیءٍ سے کیا مراد ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قُبُل: قَبِيْل کی جمع ہے، اور اس کے معنی ہیں ضُرُوب یعنی قسمیں، صنفیں اور کل شیئ سے مراد: عذاب ہے، عذاب کی ہر قسم ایک قَبِیل ہے، پس آیت کے معنی ہونگے: کفار مکہ عذاب کا مطالبہ کرتے ہیں پس اگر ہم ان پر عذاب کی تمام قسمیں جمع کر دیں، یعنی ہر قسم کا عذاب ان کو دکھا دیں تو بھی وہ ایمان نہیں لائیں گے۔

دوسرے مفسرین کہتے ہیں: قُبُل (مفرد) اور قبیل کی جمع قُبُل الگ الگ لفظ ہیں، مفرد قُبُل کے معنی ہیں: سامنے، روبرو، یوسف علیہ السلام کے واقعہ میں ہے: ﴿إِنْ كَانَ قَمِيْصُهُ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ﴾: اگر ان کا کرتہ سامنے سے پھٹا ہوا ہے تو اس عورت نے سچ کہا، سورۃ الانعام کی اس آیت میں بھی یہی معنی ہیں، اسی طرح سورۃ الکہف (آیت ۵۵) میں بھی یہی معنی ہیں: ﴿أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا﴾: یا عذاب ان کے سامنے رودررو آ کھڑا ہو ــــ اور سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۹۲) میں قبیل کے بھی یہی معنی ہیں: ﴿أَوْ تَأْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيْلًا﴾: یا آپ اللہ کو اور فرشتوں کو ہمارے سامنے لا کھڑا کریں ــــ البتہ سورۃ الاعراف آیت ۲۷ میں قبیل کے معنی: گروہ اور جماعت کے ہیں: ﴿إِنَّهُ يَرَاكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهُ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ﴾: شیطان اور اس کی جماعت تم کو ایسے طور پر دیکھتی ہے کہ تم ان کو نہیں دیکھتے ــــ غرض: قرآن میں کسی بھی جگہ قُبُل بمعنی ضُرُوب: نہیں آیا۔

۳- سورۃ الانعام آیت ۱۱۲ میں لفظ زخرف آیا ہے: ﴿يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا﴾: (شیاطین الانس والجنّ) ایک دوسرے کی طرف چکنی چپڑی باتوں کا وسوسہ ڈالتے ہیں، تاکہ ان کو دھوکہ میں مبتلا کریں ــــ الزخرف: کے اصل معنی ہیں: سونا، پھر زینت، سجاوٹ اور زیبائش کو زخرف کہنے لگے، زخرف القول کے معنی ہیں: باطل اور بے حقیقت بات۔ ترجمہ: ہر چیز جس کو آپ عمدہ کریں اور اس کو مزین کریں درانحالیکہ وہ باطل ہو (زخرف القول ہے)

۴- سورۃ الانعام آیت ۱۳۸ میں لفظ حِجر آیا ہے: ﴿وَقَالُوْا: هٰذِهٖ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ﴾: اور وہ کہتے ہیں: یہ

مواشی اور کھیت ہیں، جن کا استعمال ہر شخص کو جائز نہیں، حِجْر کے معنی ہیں حَرَامٌ، اور اس لفظ کے اور کیا معنی ہیں؟ یہ بات تحفۃ القاری (۵۸۶:۶) میں ہے۔

ترجمہ: حرث حجر میں حجر کے معنی ہیں: حرام، اور ہر ممنوع چیز حجر محجور ہے، اور حجر: ہر عمارت ہے جس کو آپ بنائیں، اور گھوڑی کو بھی حجر کہتے ہیں، اور عقل کو حِجْر اور حِجیٰ کہتے ہیں، اور حجر دیار ثمود کو بھی کہتے ہیں، اور وہ زمین جس کے گرد آپ پتھر کی دیوار بنادیں اس کو بھی حجر کہتے ہیں، اور اسی سے بیت اللہ کا چھوڑا ہوا حصہ حطیم کہلاتا ہے، گویا وہ محطوم سے مشتق ہے یعنی اس کے معنی میں ہے، جیسے قتیل: مقتول کے معنی میں ہے، اور حجر الیمامۃ ایک جگہ کا نام ہے۔

[۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿هَلُمَّ شُهَدَاءَ كُمْ﴾[الأنعام: ۱۵۰]

لُغَةُ أَهْلِ الْحِجَازِ: هَلُمَّ لِلْوَاحِدِ وَالِاثْنَيْنِ وَالْجَمِيْعِ.

هَلُمَّ کی تحقیق

سورۃ الانعام آیت ۱۵۰ میں ہے: ﴿قُلْ: هَلُمَّ شُهَدَاءَ كُمْ﴾: آپ کہیں اپنے گواہوں کو لاؤ ـــــ هَلُمَّ: اسم فعل بمعنی امر ہے، واحد، تثنیہ، جمع سب کے لئے آتا ہے، اہل حجاز کے نزدیک اس کی گردان نہیں آتی ـــــ اور بنوتمیم کے محاورہ میں فعل ہے، مذکر، مؤنث، اور واحد تثنیہ اور جمع کے لئے الگ الگ صیغے آتے ہیں۔

جب سورج مغرب سے نکلے گا تو ایمان لانا مفید نہ ہوگا

سورۃ الانعام کی آیت ۱۵۸ ہے: ﴿فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ، أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ، أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ؟ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ، أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا﴾: نہیں راہ دیکھتے لوگ (کفارِ مکہ) مگر اس کی کہ آئیں ان کے پاس فرشتے (روح قبض کرنے کے لئے) یا آئیں تیرے رب یعنی ان کا عذاب (مضاف پوشیدہ ہے) یا آئے تیرے رب کی کوئی نشانی، جس دن آئے گی تیرے رب کی کوئی نشانی یعنی سورج کا مغرب سے نکلنا، تو نہیں مفید ہوگا کسی شخص کے لئے اس کا ایمان لانا جو اس سے پہلے ایمان نہیں لایا، یا اس نے نہیں کمائی اپنے ایمان میں کوئی نیکی (أو کسبت کا آمنت پر عطف ہے، پس لم تکن یہاں بھی آئے گا)

تفسیر: اس آیت میں کفار مکہ سے کہا گیا ہے کہ ہدایت کی تمام حدیں آ گئی ہیں، مگر تم ایمان نہیں لاتے تو کاہے کی راہ دیکھ رہے ہو؟ کیا روح قبض کرنے والے فرشتوں کے منتظر ہو؟ اس وقت ایمان لانا کیا مفید ہوگا، یا عذاب الٰہی کے منتظر ہو؟ اس وقت بھی ایمان لانا مفید نہیں ہوگا، عذاب ٹلے گا نہیں، یا پھر قیامت کی بڑی نشانی کا انتظار ہے؟ یعنی سورج مغرب سے

نکلے: اس کا انتظار ہے۔ جب یہ نشانی پائی جائے گی تو نہ ایمان لانا مفید ہوگا، نہ اعمال کی تلافی ممکن ہوگی، یعنی نہ کافر کا ایمان لانا معتبر ہوگا نہ عاصی کی توبہ، آج ایمان لانے کا وقت ہے اور اعمال کی تلافی کا بھی، پس وقت سے فائدہ اٹھالو اور ایمان لے آؤ۔ اور باب کی حدیث میں ہے کہ وہ نشانی آفتاب کا مغرب سے طلوع ہونا ہے۔

[١٠-] بَابٌ ﴿لاَيَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا﴾[الأنعام: ١٥٨]

[٤٦٣٥-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ زُرْعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَإِذَا رَآهَا النَّاسُ آمَنَ مَنْ عَلَيْهَا، فَذَاكَ حِيْنَ :﴿لاَيَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ﴾"[راجع: ٨٥]

[٤٦٣٦-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَإِذَا طَلَعَتْ وَرَآهَا النَّاسُ آمَنُوْا أَجْمَعُوْنَ، وَذٰلِكَ حِيْنَ لاَ يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا" ثُمَّ قَرَأَ الآيَةَ.[راجع: ٨٥]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "قیامت برپا نہیں ہوگی یہاں تک کہ سورج نکل آئے اس کے ڈوبنے کی جگہ سے، پس جب دیکھیں گے لوگ اس کو تو ایمان لے آئیں گے جو زمین پر ہیں، یعنی زندہ ہیں، پس یہ وہ وقت ہے جب کسی شخص کو اس کا ایمان لانا مفید نہیں ہوگا، جو اس سے پہلے ایمان نہیں لایا۔

﴿الحمدللہ! سورۃ الانعام کی تفسیر پوری ہوئی﴾

تفسیر سورۃ الاعراف

[٧] سورة الأعراف

بسم الله الرحمن الرحيم

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: [١-] وَرِيَاشًا: الْمَالُ. [٢-] ﴿ إِنَّـهُ لاَيُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ﴾: فِي الدُّعَاءِ، وَفِيْ غَيْرِهِ. [٣-] ﴿عَفَوْا﴾: كَثُرُوْا وَكَثُرَتْ أَمْوَالُهُم. [٤-] ﴿ الْفَتَّاحُ﴾: الْقَاضِيْ.﴿ افْتَحْ بَيْنَنَا﴾: اقْضِ بَيْنَنَا. [٥-] ﴿نَتَقْنَا الْجَبَلَ﴾: رَفَعْنَا.[٦-]﴿انْبَجَسَتْ﴾: انْفَجَرَتْ.[٧-]﴿مُتَبَّرٌ﴾: خُسْرَانٌ. [٨-] ﴿ ءَ اسَىٰ﴾: أَحْزَنُ.﴿تَأْسَ﴾: تَحْزَنُ.

مشکل الفاظ کے معانی

۱-سورۃ الاعراف آیت ۲۶ میں ہے:﴿یَا بَنِیْ آدَمَ قَدْ أَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُوَارِیْ سَوْآتِکُمْ وَرِیْشًا، وَلِبَاسُ التَّقْوٰی، ذٰلِکَ خَیْرٌ﴾:اے انسانو! ہم نے تمہارے لئے لباس پیدا کیا ہے جو تمہاری شرمگاہوں کو چھپاتا ہے، اور زینت کا لباس، اور پرہیزگاری کا لباس، یہ سب سے بہتر لباس ہے —— ریشا: مفرد ہے، اس کی جمع رِیَاشًا ہے، ہماری قراءت میں مفرد ہے، دوسری قراءت میں جمع ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کا ترجمہ 'مال' کیا ہے، دوسرا ترجمہ پَر ہے پَر پرندوں کے لئے زینت ہوتے ہیں، اس لئے اس کا ترجمہ 'زینت' بھی کیا جاتا ہے۔

تفسیر: اس آیت سے پہلے یہ مضمون ہے کہ شیطان نے جنت میں دادا دادی کے کپڑے اتروادیئے، انھوں نے درخت کے پتّے لپیٹ کر ستر چھپایا، اب اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ہم نے دنیا میں تمہارے لئے لباس پیدا کیا ہے، جس کا پہلا درجہ وہ ہے جو تمہاری شرمگاہوں کو چھپاتا ہے یہ فرضِ عین ہے، ننگا رہنا حرام ہے، دوسرا درجہ: وہ لباس ہے جو آدمی کے لئے زینت وزیبائش ہے، یہ وہ لباس ہے جو پورے بدن کو چھپاتا ہے، سر پر بھی کپڑا ہوتا ہے، کیونکہ پرندوں کے سروں پر بھی پَر ہوتے ہیں، اور اگر فیشن میں سر کھلا رہتا ہے تو جو لباس نیک لوگ پہنتے ہیں اس میں تو عمامہ یا ٹوپی ضرور ہوتی ہے، یہی بہتر لباس ہے، اس سے دل میں تقوی پیدا ہوتا ہے، چنانچہ لباس المتقین کہنے کے بجائے لباس التقوی کہا، اور صالحین کے لباس کے فائدے کی طرف اشارہ کیا۔

۲-سورۃ الاعراف کی آیت ۵۵ ہے:﴿اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً، إِنَّهُ لَایُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ﴾: پکارو اپنے رب کو عاجزی ظاہر کرتے ہوئے اور چپکے سے، بیشک اللہ تعالیٰ حد سے نکل جانے والوں کو ناپسند کرتے ہیں —— ابن عباسؓ نے فرمایا: دعا وغیرہ میں جو لوگ حد سے نکل جاتے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے —— مثلاً: محالاتِ عقلیہ یا محالاتِ شرعیہ یا مستبعدات عادیہ یا معاصی یا بیکار چیزیں مانگنے لگیں، یا دعا میں جہر مفرط سے کام لیں، چلا کر دعا کریں تو یہ سب ممنوع ہیں۔

۳-سورۃ الاعراف آیت ۹۵ میں ہے:﴿ثُمَّ بَدَّلْنَا مَکَانَ السَّیِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰی عَفَوْا﴾: پھر ہم نے بدحالی کو خوش حالی سے بدل دیا یہاں تک کہ ان کو خوب ترقی ہوئی —— ابن عباسؓ نے فرمایا: ان کی تعداد بڑھ گئی اور ان کے اموال بڑھ گئے —— عَفَوْا: عَفْوٌ (باب نصر) سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ہے، اور یہ اضداد میں سے ہے، بڑھنا اور گھٹنا دونوں معنی ہیں، آیت میں بڑھنے اور ترقی کرنے کے معنی ہیں۔

۴-سورۃ الاعراف آیت ۸۹ میں شعیب علیہ السلام کی دعا ہے:﴿رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ﴾: اے ہمارے ربّ! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان برحق فیصلہ کردیجئے —— فَتَحَ (ف) بین الخصمین کے معنی ہیں: فریقین کے درمیان فیصلہ کرنا، اسی سے سورۃ سبأ آیت ۲۶ میں اللہ تعالیٰ کی صفت فَتَّاح آئی ہے یعنی فیصلے کرنے والا —— اس لفظ کے

معنی کھولنے کے بھی ہیں، پس اللہ تعالیٰ ہی رزق ورحمت کے دروازے بندوں کے لئے کھولتے ہیں، اس لئے بھی وہ فتاح ہیں۔

۵-سورۃ الاعراف آیت ۱۷۱ میں ہے: ﴿وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ﴾: اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب ہم نے پہاڑ کو اٹھا کر سائبان کی طرح ان پر معلق کیا —— نتق (ن،ض) نتقا: کسی چیز کو پھینکنے کے لئے اٹھانا۔

۶-سورۃ الاعراف آیت ۱۶۰ میں ہے: ﴿فَانْبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا﴾: پس (پتھر پر لاٹھی مارنے سے) بارہ چشمے اس سے پھوٹ نکلے —— انبجس: پانی کا جاری ہونا، بَجَسَ الماءُ (ن) بجوسا: پانی کا جاری ہونا، زمین پھٹ کر پانی نکلنا۔

۷-سورۃ الاعراف آیت ۱۳۹ میں ہے: ﴿إِنَّ هٰؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَاهُمْ فِيْهِ﴾: بے شک یہ لوگ تباہ کی جائے گی وہ چیز جس میں وہ ہیں یعنی ان کی مورتیوں کا انجام تباہی ہے —— مُتَبَّرٌ: اسم مفعول، تَتْبِيْرٌ (باب تفعیل) مصدر، تَبَّرَ الشيئَ: ہلاک کرنا، برباد کرنا، مجرد تبَرَ (ن) الشيئُ تَبْرًا: ہلاک ہونا، تبَرَ الشيئَ: ہلاک کرنا.......... خسران: گھاٹا، تباہی۔

۸-سورۃ الاعراف آیت ۹۳ میں ہے: ﴿فَكَيْفَ آسٰى عَلٰى قَوْمٍ كَافِرِيْنَ﴾: پھر میں ان کافر لوگوں پر کیوں رنج کروں، ان کا غم کیوں کھاؤں —— آسٰی: مضارع، صیغہ واحد متکلم، اور سورۃ الاعراف آیات ۲۶ و ۶۸ میں تَأْسَ ہے، اس کے بھی یہی معنی ہیں، تَأْسَ: مضارع، صیغہ واحد مذکر حاضر ہے، اصل تَأْسٰی تھا، لانہی کی وجہ سے آخر سے ی حذف ہوئی۔

نوٹ: یہاں تک سب معانی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کئے ہیں۔

وَقَالَ غَيْرُهُ: [۹-] ﴿أَلَّا تَسْجُدَ﴾: أَنْ تَسْجُدَ. [۱۰-] ﴿يَخْصِفَانِ﴾: أَخَذَا الْخِصَافَ مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ، يُؤَلِّفَانِ الْوَرَقَ، وَيَخْصِفَانِ الْوَرَقَ بَعْضَهُ إِلٰى بَعْضٍ. [۱۱-] ﴿سَوْءٰتِهِمَا﴾: كِنَايَةٌ عَنْ فَرْجَيْهِمَا. [۱۲-] ﴿وَمَتَاعٌ إِلٰى حِيْنٍ﴾: [مِنْ] هَاهُنَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَالْحِيْنُ عِنْدَ الْعَرَبِ مِنْ سَاعَةٍ إِلٰى مَالَا يُحْصَى عَدَدُهَا. [۱۳-] الرِّيَاشُ وَالرِّيْشُ وَاحِدٌ، وَهُوَ مَا ظَهَرَ مِنَ اللِّبَاسِ. [۱۴-] ﴿وَقَبِيْلُهُ﴾: جِيْلُهُ الَّذِيْ هُوَ مِنْهُمْ. [۱۵-] ﴿ادَّارَكُوْا﴾: اجْتَمَعُوْا. [۱۶-] وَمَشَاقُّ الإِنْسَانِ وَالدَّابَّةِ كُلُّهُمْ تُسَمَّى سُمُوْمًا وَاحِدُهَا سُمٌّ، وَهِيَ عَيْنَاهُ وَمَنْخِرَاهُ وَفَمُهُ وَأُذُنَاهُ وَدُبُرُهُ وَإِحْلِيْلُهُ.

۹-سورۃ الاعراف آیت ۱۲ میں ہے: ﴿مَامَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ﴾: (پہلا ترجمہ) تجھ کو کس چیز نے روکا سجدہ کرنے سے جبکہ میں نے حکم دیا؟ (دوسرا ترجمہ) تجھ کو کس چیز نے روکا کہ تو نے سجدہ نہیں کیا جبکہ میں نے حکم دیا؟ —— أَلّا: أن اور لا ہیں، نون کا لام میں ادغام ہوا ہے —— اگر أن مصدریہ ہے تو لا زائدہ ہے، تقدیر عبارت من السجود ہے، اس صورت میں پہلا ترجمہ ہوگا، اور أن مفسرہ ہے تو لا کو زائدہ ماننے کی ضرورت نہیں، اس صورت میں دوسرا ترجمہ ہوگا، اور 'کہ' أن مفسرہ کا ترجمہ ہے۔

۱۰- سورۃ الاعراف آیت ۲۲ میں ہے: ﴿وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ﴾: اور دونوں اپنے اوپر جنت کے پتّے جوڑ کر رکھنے لگے ـــــ خَصَفَ (ض) الشيئَ إلى الشيئ: ملانا، ضم کرنا ـــــ الخِصَاف: الْخَصَفَة کی جمع: انتہائی موٹی اور گاڑھی چیز، کپڑا وغیرہ، ترجمہ: يخصفان: لئے دونوں نے جنت کے پتّوں میں سے گاڑھے پتّے، ملانے لگے دونوں پتوں کو یعنی پتوں کو ایک دوسرے سے ملا کر ستر چھپانے لگے۔

۱۱- سورۃ الاعراف آیات ۲۰ و ۲۲ میں ہے: ﴿سَوْآتِهِمَا﴾: دونوں کا پردے کا بدن، ستر، ننگا پا ـــــ سو آت: سوء ة کی جمع ہے، سَاءَ يسوء سوء اً: برا لگنا، چونکہ سبیلین کا کھلنا عام حالات میں خود کو بھی برا لگتا ہے اور دوسروں کو بھی، اس لئے فرجین سے کنایہ کیا ہے۔

۱۲- سورۃ الاعراف آیت ۲۴ میں ہے: ﴿وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِيْنٍ﴾: تمہارے لئے زمین میں رہنے کی جگہ ہے، اور نفع حاصل کرنا ہے ایک مدت تک ـــــ یعنی جس وقت یہ ارشاد فرمایا اس وقت سے قیامت کے دن تک ـــــ حین: عربوں کے نزدیک: وقتِ تکلم سے غیر متناہی زمانہ تک کے لئے ہے۔

۱۳- ریاش اور ریش ایک ہیں، اوپر کا لباس ریش اور ریاش کہلاتا ہے، ابھی نمبر ایک میں اس کی تحقیق گذر چکی ہے۔

۱۴- سورۃ الاعراف آیت ۲۷ میں قبیل ہے: ﴿إِنَّهُ يَرَاكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهُ مِنْ حَيْثُ لَاتَرَوْنَهُمْ﴾: بے شک شیطان اور اس کی جماعت تم کو دیکھتی ہے جہاں سے تم ان کو نہیں دیکھتے ـــــ جِيْل: بڑی جماعت یعنی جنات جن کا ایک فرد شیطان ہے۔

۱۵- سورۃ الاعراف آیت ۳۸ میں ہے: ﴿حَتّٰى إِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا﴾: یہاں تک کہ جب سب اس میں جمع ہوجائیں گے، ادّارکوا: تَدَارُك سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ہے، اصل میں تدارکوا تھا، اس کے معنی ہیں: ایک کا دوسرے سے ملنا یعنی جب سب اگلے پچھلے جہنم میں جمع ہوجائیں گے۔

۱۶- سورۃ الاعراف آیت ۴۰ میں ہے: ﴿لَايَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ﴾: وہ لوگ (تکذیب کرنے والے) کبھی جنت میں نہ جائیں گے یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں سے ہوکر نکل جائے ـــــ اور یہ محال ہے، پس معلق بالمحال بھی ہمیشہ کے لئے منفی ہے ـــــ سم (سین پر تینوں حرکتیں) ہر باریک سوراخ، جیسے سوئی کا ناکا، کان اور ناک کے سوراخ مشاق یعنی مَسَام، ترجمہ: انسان اور تمام حیوانات کے تنگ سوراخ سُموم کہلاتے ہیں، اس کا مفرد سم ہے، اور وہ تنگ سوراخ: اس کی دونوں آنکھیں، اس کے دونوں نتھنے، اس کا منہ، اس کے دونوں کان، اس کی گانڈ اور اس کا پیشاب کا سوراخ ہیں (زہر بھی اسی لفظ کے معنی ہے، اور خیاط اسم ہے: سوئی)

[۱۷-] ﴿غَوَاشٍ﴾: مَا غُشُوْا بِهِ. [۱۸-] ﴿نُشُرًا﴾: مُتَفَرِّقَةً. [۱۹-] ﴿نَكِدًا﴾: قَلِيْلًا. [۲۰-] ﴿يَغْنَوْا﴾ يَعِيْشُوْا. [۲۱-] ﴿حَقِيْقٌ﴾: حَقٌّ. [۲۲-] ﴿اسْتَرْهَبُوْهُمْ﴾: مِنَ الرَّهْبَةِ. [۲۳-] ﴿تَلْقَفُ﴾: تَلْقَمُ. [۲۴-] ﴿طَائِرُهُمْ﴾: حَظُّهُمْ.

۱۷-سورۃ الاعراف آیت ۴۱ میں ہے: ﴿لَهُم مِّن جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَمِن فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ﴾: ان کے لئے آتش دوزخ کا بچھونا ہوگا، اور ان کے اوپر اسی کا اوڑھنا ہوگا ـــــ غواش: غاشية کی جمع ہے، ہر طرف سے ڈھانک لینے والی چیز، اصل میں غَوَاشِیٌ تھا، حالت رفعی میں ہے اس لئے ی کو ساقط کر دیا، جیسے قَاضٍ۔

۱۸-سورۃ الاعراف آیت ۵۷ میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ﴾: اور وہ (اللہ) ایسے ہیں کہ بارانِ رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتے ہیں جو خوش خبری سناتی ہیں ـــــ بُشرًا: نُشرًا بھی پڑھا گیا ہے، اس کے معنی ہیں: بکھیرنے والی، اب ترجمہ ہوگا: ہواؤں کو بھیجتے ہیں درانحالیکہ وہ بادلوں کو بکھیرنے والی ہیں۔

۱۹-سورۃ الاعراف آیت ۵۸ میں ہے: ﴿وَالَّذِي خَبُثَ لَا يَخْرُجُ إِلَّا نَكِدًا﴾: اور جو زمین خراب ہوتی ہے اس کی پیداوار بہت کم نکلتی ہے ـــــ نَکِد: اسم صفت ہے اس کے معنی ہیں: بہت تھوڑا، برائے نام۔

۲۰-سورۃ الاعراف آیت ۹۲ میں ہے: ﴿الَّذِينَ كَذَّبُوا شُعَيْبًا كَأَن لَّمْ يَغْنَوْا فِيهَا﴾: جن لوگوں نے شعیبؑ کی تکذیب کی: گویا وہ ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہیں ـــــ یغنوا: مضارع مجزوم، صیغہ جمع مذکر غائب غَنِيَ بالمکان: جگہ میں ٹھہرا، مَغْنٰی: فرودگاہ، ٹھہرنے کی جگہ ـــــ لَمْ یعیشوا فیھا: زندگی نہیں گذاری ان گھروں میں یعنی ان کی دنیا کی زندگی خواب ہو کر رہ گئی۔

۲۱-سورۃ الاعراف آیت ۱۰۵ میں ہے: ﴿حَقِيقٌ عَلَىٰ أَن لَّا أَقُولَ عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ﴾: میرے شایانِ شان یہ ہے کہ میں بجز سچ کے اللہ کی طرف کوئی بات منسوب نہ کروں ـــــ حقیق: بروزن فعیل صفت مشبہ کا صیغہ بمعنی حقّ ہے۔

۲۲-سورۃ الاعراف آیت ۱۱۶ میں ہے: ﴿فَلَمَّا أَلْقَوْا سَحَرُوا أَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ﴾: پس جب انھوں نے ڈالا تو لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور ان کو ڈرا دیا یعنی جادو کے زور سے نظر بندی کر کے مجمع پر چھا گئے اور لوگوں کو مرعوب کر لیا ـــــ استرھبوا: استرھاب سے بمعنی ڈرانا ـــــ رَهِبَه (س) رَهْبًا و رهبةً: ڈرنا۔

۲۳-سورۃ الاعراف آیت ۱۱۷ میں ہے: ﴿فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ﴾: پس اچانک نگل لیا عصا نے ان کا بنایا ہوا کھیل ـــــ تلقف لقف (س) کے معنی ہیں: کسی چیز کو پھرتی سے لے لینا اور جھٹ اتار لینا، خواہ منہ سے نگلنا ہو یا ہاتھ سے لینا ـــــ لَقِم (س) الشیئَ لقما: تیزی سے کھانا، جلدی جلدی کھانا، ہڑپ کر جانا۔

۲۴-سورۃ الاعراف آیت ۱۳۱ میں ہے: ﴿أَلَا إِنَّمَا طَائِرُهُمْ عِندَ اللَّهِ﴾: سنو! ان کی نحوست اللہ کے پاس ہی سے ہے یعنی ان کے اعمالِ کفریہ کی سزا ہے، انبیاء کی وجہ سے نہیں ـــــ طائر کے ایک معنی حصہ اور نصیب کے ہیں خواہ بھلا ہو یا برا، پھر شر میں اس کا استعمال غالب ہو گیا اور شگون بد، نحوست اور فال بد کے معنی ہونے لگے۔

[۲۵-] طُوْفَانٌ مِنَ السَّيْلِ، وَيُقَالُ لِلْمَوْتِ الْكَثِيْرِ: الطُّوْفَانُ. [۲۶-] ﴿الْقُمَّلَ﴾: الْحُمْنَانُ، تُشْبِهُ صِغَارَ الْحَلَمِ. [۲۷-] عُرُوْشٌ عَرِيْشٌ: بِنَاءٌ. [۲۸-] ﴿سُقِطَ﴾: كُلُّ مَنْ نَدِمَ فَقَدْ سُقِطَ فِيْ يَدِهِ.

[۲۹-] الأَسْبَاطُ: قَبَائِلُ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ. [۳۰-] ﴿يَعْدُوْنَ فِى السَّبْتِ﴾: يَتَعَدَّوْنَ، يُجَاوِزُوْنَ تَعَدّٰى: تَجَاوَزَ. [۳۱-] ﴿شُرَّعًا﴾: شَوَارِعَ. [۳۲-] ﴿بَئِيْسٍ﴾: شَدِيْدٍ. [۳۳-] ﴿أَخْلَدَ﴾: قَعَدَ وَتَقَاعَسَ. [۳۴-] ﴿سَنَسْتَدْرِجُهُمْ﴾ نَأْتِيْهِمْ مِنْ مَأْمَنِهِ، كَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿فَأَتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا﴾. [۳۵-] ﴿مِنْ جِنَّةٍ﴾: مِنْ جُنُوْنٍ.

۲۵- سورۃ الاعراف کی آیت ۱۳۳ ہے: ﴿فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ مُفَصَّلَاتٍ﴾: پھر ہم نے ان پر طوفان بھیجا اور ٹڈیاں اور چیچڑیاں اور مینڈک اور خون: یہ سب کھلے ہوئے معجزات تھے۔ طوفان کے دو معنی ہیں: (۱) پانی کا سیلاب جو لوگوں کو اور ان کے مکانات اور کھیتوں کو ڈھانپ لے (۲) قتل عام اور موت کی گرم بازاری (یہ معنی یقال سے بیان کئے ہیں)

۲۶- مذکورہ آیت میں الْقُمَّل آیا ہے، اس کے معنی ہیں: چیچڑی جو لاغر جانور کو چمٹتی ہے، حَمْنَان اور حَلَم کے بھی یہی معنی ہیں، جوں بھی اس کا ترجمہ کیا جاتا ہے، وہ بھی چھوٹی چیچڑی ہے۔

۲۷- سورۃ الاعراف آیت ۱۳۷ میں ہے: ﴿وَدَمَّرْنَا مَاكَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهُ وَمَاكَانُوْا يَعْرِشُوْنَ﴾: اور تباہ کر دیا ہم نے جو کچھ بنایا فرعون اور اس کی قوم نے اور جو اونچی اونچی عمارتیں وہ بناتے تھے ـــــ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یعرشون کا ترجمہ یبنون کیا ہے ـــــ اور حضرت امام بخاریؒ نے جو عروش اور عریش کے معنی عمارت کے کئے ہیں اس پر شارحین نے اعتراض کیا ہے کہ یہ الفاظ سورت الاعراف میں نہیں آئے، پھر عُرُوش: عرش کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: تخت شاہی اور عریش کے معنی ہیں: جھونپڑا، جس سے سایہ حاصل کیا جائے، عمارت ان لفظوں کے معنی نہیں ہیں۔

۲۸- سورۃ الاعراف آیت ۱۴۹ میں ایک محاورہ ہے: ﴿وَلَمَّا سُقِطَ فِيْ أَيْدِيْهِمْ﴾: اور جب گرائے گئے وہ اپنے ہاتھوں میں یعنی نادم ہوئے، جو بھی اپنی کسی حرکت پر نادم ہوتا ہے اس کے لئے یہ محاورہ استعمال کرتے ہیں۔

۲۹- سورۃ الاعراف آیت ۱۶۰ میں 'اسباط' ہے، یہ سِبْط کی جمع ہے، قبیلہ، ایک دادا کی اولاد، اور آیت میں بنی اسرائیل کے بارہ قبائل مراد ہیں، درحقیقت سبط پوتے اور نواسے دونوں کے لئے ہے، پھر نواسے میں اس کا استعمال غالب ہوگیا۔

۳۰- سورۃ الاعراف آیت ۱۶۳ میں ہے: ﴿إِذْ يَعْدُوْنَ فِى السَّبْتِ﴾: جب وہ ہفتہ (بارے احکام) میں حد سے نکل رہے تھے ـــــ یعدون: مضارع، صیغہ جمع مذکر غائب، عُدوان مصدر باب نصر: وہ زیادتی کر رہے تھے، وہ حد شرعی سے تجاوز کر رہے تھے، تَعَدّٰی تعدیا: تعدی کرنا جاوز مجاوزۃ: حد سے آگے بڑھنا (یہاں عبارت میں خلل تھا، فتح اور عمدہ سے تصحیح کی ہے)

۳۱- مذکورہ آیت میں ہے: ﴿إِذْ تَأْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا﴾: جبکہ آتی تھیں ان کے پاس ان کی مچھلیاں ان کے ہفتہ کے دن میں ظاہر ہو کر ـــــ شُرَّعًا: اسم فاعل شَارِع کی جمع ہے، شَرْع: ظاہر ہونا ـــــ شَوَارِع: شارع کی

جمع ہے: بڑی سڑک، عام راستہ ظاہر ہوتا ہے۔

۳۲- پھر آیت ۱۶۵ میں ہے: ﴿بِعَذَابٍ بَئِيْسٍ﴾: سخت عذاب میں —— بَئِیس: بروزن فعیل، صفت مشبہ، از بأس اور بؤس: سخت۔

۳۳- پھر آیت ۱۷۶ میں ہے: ﴿وَلٰكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ﴾: لیکن وہ دنیا کی طرف مائل ہو گیا —— أخلد: إخلاد سے جس کے معنی ہیں: ہمیشہ رہنا .... قعد: بیٹھ گیا .... تَقَاعَسَ عن الأمر: کسی کام سے پیچھے ہٹنا، ہمت نہ کرنا۔

۳۴- پھر آیت ۱۸۲ میں ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِآيَاتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَايَعْلَمُوْنَ﴾: اور جو لوگ ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں، ہم عنقریب ان کے پاس ان کی امن کی جگہوں میں پہنچیں گے، ایسے طور سے کہ ان کو خبر بھی نہ ہوگی —— نستدرج: مضارع جمع متکلم، استدراج مصدر: مخفی طریقہ سے آہستہ آہستہ کسی چیز کی طرف چلنا .... أتاہ: اس کے پاس آیا .... المأمن: امن کی جگہ، محفوظ و مامون مقام .... جیسے سورۃ الحشر آیت ۲ میں ہے: ﴿فَأَتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا﴾: پس آئے ان کے پاس اللہ تعالیٰ ایسی جگہ سے جس کا ان کو خیال بھی نہیں تھا .... یہی استدراج: ڈھیل دینا ہے، اس لئے اس کا ترجمہ 'بہ تدریج' بھی کیا جاتا ہے۔

۳۵- پھر آیت ۱۸۴ میں ہے: ﴿مَابِصَاحِبِهِمْ مِنْ جِنَّةٍ﴾: ان کے ساتھی کو ذرا بھی جنون نہیں —— جُنَّة: سپر، ڈھال، جَنَّة: بہشت، جنت جِنَّة: جنون، سودا، دیوانگی، تینوں جَنٌّ سے مشتق ہیں: جس کے معنی ہیں: چھپانا، ڈھال بدن کو چھپاتی ہے، باغ کے درخت زمین کو چھپاتے ہیں اور جنون عقل کو چھپاتا ہے اس لئے اسے جِنَّة کہتے ہیں۔

[٣٦-] ﴿فَمَرَّتْ بِهِ﴾: اسْتَمَرَّ بِهَا الْحَمْلُ فَأَتَمَّتْهُ. [٣٧-] ﴿يَنْزَغَنَّكَ﴾: يَسْتَخِفَّنَّكَ. [٣٨-] ﴿طَيْفٌ﴾: مُلِمٌّ، بِهِ لَمَمٌ، وَيُقَالُ: ﴿طَائِفٌ﴾ وَهُوَ وَاحِدٌ. [٣٩-] ﴿يَمُدُّوْنَهُمْ﴾: يُزَيِّنُوْنَ. [٤٠-] ﴿وَخِيْفَةً﴾: وَخَوْفًا ﴿وَخُفْيَةً﴾ مِنَ الإِخْفَاءِ. [٤١-] ﴿وَالآصَالِ﴾: وَاحِدُهَا أَصِيْلٌ، وَهُوَ مَا بَيْنَ الْعَصْرِ إِلَى الْمَغْرِبِ كَقَوْلِهِ: ﴿بُكْرَةً وَأَصِيْلاً﴾

۳۶- سورۃ الاعراف آیت ۱۸۹ میں ہے: اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک نفس (نفس ناطقہ) سے پیدا کیا، اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا یعنی عورت بھی انسان ہی ہے، تاکہ آدمی اپنے جوڑے سے انس حاصل کرے، پھر جب میاں نے بیوی سے قربت کی تو بیوی کو ہلکا سا حمل رہ گیا: ﴿فَمَرَّتْ بِهِ﴾: پس وہ اس کو لئے ہوئے چلتی رہی یعنی شروع میں حمل کا کوئی احساس نہیں ہوا حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: مدت حمل پوری ہونے تک وہ حمل کو لئے رہی —— جاننا چاہئے کہ اس آیت میں عام انسان کا تذکرہ ہے، دادا دادی کا ذکر نہیں، اور ایک نفس سے انسان کا نفس ناطقہ مراد ہے، مرد وزن اس کی دو صنفیں ہیں۔

۳۷- پھر آیت ۲۰۰ میں ہے: ﴿وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ﴾: اور اگر آپ کو کوئی وسوسہ

شیطان کی طرف سے آئے تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کیجئے ــــ ینزغن: مضارع بانون تاکید، صیغہ واحد مذکر غائب، نَزْغ: مصدر: وسوسہ ڈالنا، ورغلانا، آپس میں پھوٹ ڈالنا.......... یستخفنك: استخفاف: اوچھا بنادے، سریع الغضب کردے۔

۳۸- پھر آیت ۲۰۱ میں ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوْا فَإِذَا هُمْ مُبْصِرُوْنَ﴾: جو لوگ خدا ترس ہیں جب ان کو شیطان کی طرف سے کوئی خیال آتا ہے تو وہ یادِ الٰہی میں لگ جاتے ہیں، پس اچانک ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں ــــ اس میں دو قراءتیں: طائف اور طِیف ہیں اور دونوں ہم معنی ہیں: وہ خیال وتصور جو سرسری طور پر آئے ــــ مُلِمّ: اسم فاعل: أَلَمَّ الشيئَ: نزدیک ہونا.......... اللَّمَم: دیوانگی، جنونی کیفیت .... ترجمہ: قریب ہوجائے اس سے دیوانگی یعنی شیطانی وسوسہ آئے۔

۳۹- پھر آیت ۲۰۲ ہے: ﴿وَإِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ﴾: اور ان کے برادران کو کھینچتے ہیں گمراہی میں، پس وہ ذرا کمی نہیں چھوڑتے ــــ مَدَّ یمد: کھینچنا، مراد معنوی کھینچنا ہے یعنی مزین کرتے ہیں۔

۴۰- پھر آیت ۲۰۵ میں ہے: ﴿وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيْفَةً﴾: اور یاد کر اپنے ربّ کو اپنے دل میں عاجزی اور خوف سے ــــ خیفة: خاف یخاف کا مصدر ہے: خوف، ڈر ــــ اور سورۃ الاعراف آیت ۵۵ میں ہے: ﴿أُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وخُفْيَةً﴾: دعا کرو اپنے پروردگار سے عاجزی اور چپکے سے ــــ یہ خُفْيَة: إخفاء سے ہے یعنی پوشیدہ، چپکے سے۔

۴۱- پھر آیت ۲۰۵ ہی میں ہے: ﴿بِالْغُدُوِّ وَالآصَالِ﴾: صبح وشام یعنی علی الدوام ــــ آصال کا مفرد أصیل ہے، سورۃ الدہر آیت ۲۵ میں ہے: ﴿وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيْلاً﴾: اور نام لے اپنے ربّ کا صبح وشام ــــ أصیل: شام، عصر ومغرب کا درمیانی وقت۔

فواحش حرام ہیں: خواہ کھلے کئے جائیں یا پوشیدہ

سورۃ الاعراف آیت ۳۳ میں ہے: ﴿قُلْ: إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ﴾: کہہ دیں: بالتحقیق میرے رب نے حرام کئے ہیں بے حیائی کے کام، خواہ علانیہ کئے جائیں یا پوشیدہ ــــ اور یہ تحریم غیرتِ خداوندی کا تقاضہ ہے، جیسا کہ حدیث میں ہے اور حدیث کا ترجمہ اور شرح ابھی گذری۔

[۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَابَطَنَ﴾

[٤٦٣٧-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قُلْتُ: أَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَرَفَعَهُ. قَالَ: " لاَ أَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ، فَلِذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَلاَ أَحَدَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمِدْحَةُ مِنَ اللّٰهِ، فَلِذٰلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ" [راجع: ٤٦٣٤]

موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ہم کلامی کا شرف بخشا

ہمارے نبی ﷺ کو بھی اللہ تعالیٰ نے ہم کلامی کا شرف بخشا ہے، مگر فوق السماوات اور دنیا میں صرف موسیٰ علیہ السلام کو یہ شرف حاصل ہوا ہے، اس لئے وہ 'کلیم اللہ' کہلاتے ہیں، اور یہ ان کی جزوی فضیلت ہے، جس کا تذکرہ سورۃ الاعراف آیت ۱۴۳ میں ہے:

﴿وَلَمَّا جَاءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهُ رَبُّهُ قَالَ رَبِّ أَرِنِىْ أَنْظُرْ إِلَيْكَ، قَالَ لَنْ تَرَانِىْ وَلٰكِنِ انْظُرْ إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِىْ، فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا، فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾

ترجمہ: اور جب موسیٰ ہمارے (مقرر کردہ) وقت پر آئے، اور ان سے ان کے رب نے باتیں کیں (تو) انھوں نے عرض کیا: اے میرے رب! آپ مجھے دکھائیں میں دیکھوں آپ کو، فرمایا: تم مجھ کو ہرگز نہیں دیکھ سکتے، البتہ تم دیکھتے رہو پہاڑ کی طرف، اگر وہ اپنی جگہ برقرار رہا تو مجھے دیکھ لوگے، پھر جب ان کے ربّ نے تجلی کی پہاڑ پر تو اس کے پرخچے اڑادیئے، اور موسیٰ بے ہوش ہوکر گر پڑے، پھر جب وہ ہوش میں آئے تو کہا: آپ کی ذات پاک ہے! میں آپ کی جناب میں معذرت خواہ ہوں، اور میں سب سے پہلے (اس کا) یقین کرنے والا ہوں (کہ اس دنیا میں آپ کی رویت شرعاً ممتنع ہے)

اس آیت میں أرنی اور أنظر: دوہم معنی فعل جمع ہوئے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرق کیا ہے أرنی کا ترجمہ أعطنی کیا ہے، یعنی مجھے اپنی رویت دیجئے، رخ انور بے حجاب میرے سامنے کردیجئے کہ میں ایک نظر آپ کو دیکھوں۔
اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۴۳۸) گذری ہے، اور وہاں یہ بات تفصیل سے بیان کی گئی ہے کہ فضیلت کی دو قسمیں ہیں: کلی اور جزوی، اور جزوی فضائل میں انبیاء کے درمیان تفاضل ہے، مگر یہ جزوی فضیلت اس طرح بیان کرنا کہ دوسرے نبی کی تنقیص لازم آئے: درست نہیں، ہاں فضیلتِ کلی ہمارے آقا ﷺ کو حاصل ہے، مگر اس کو بھی اس طرح بیان کرنا کہ دوسرے انبیاء کی تنقیص لازم آئے: ممنوع ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَلَمَّا جَاءَ مُوْسٰي لِمِيْقَاتِنَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾
قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿أَرِنِىْ﴾ أَعْطِنِىْ.

[٤٦٣٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُوْدِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ لُطِمَ وَجْهُهُ، وَقَالَ: يَامُحَمَّدُ إِنَّ رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِكَ مِنَ الْأَنْصَارِ لَطَمَ فِىْ وَجْهِىْ، قَالَ: "ادْعُوْهُ" فَدَعَوْهُ، قَالَ: "لِمَ لَطَمْتَ وَجْهَهُ؟" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّىْ مَرَرْتُ بِالْيَهُوْدِيِّ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: وَالَّذِىْ اصْطَفَى مُوْسَى

عَلَى الْبَشَرِ! فَقُلْتُ: وَعَلَى مُحَمَّدٍ؟! فَأَخَذَتْنِي غَضْبَةٌ فَلَطَمْتُهُ، قَالَ:" لَا تُخَيِّرُوْنِي مِنْ بَيْنِ الْأَنْبِيَاءِ، فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يُفِيْقُ، قَالَ: فَإِذَا أَنَا بِمُوْسَى آخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ، فَلَا أَدْرِيْ أَفَاقَ قَبْلِي أَمْ جُزِيَ بِصَعْقَةِ الطُّوْرِ"[راجع: ٢٤١٢]

کھمبی کا پانی آنکھوں کے لئے مفید ہے

سورۃ الاعراف آیت ۱۶۰ میں ہے:﴿وَأَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى﴾: ہم نے بنی اسرائیل کے لئے ترنجبیں اور بٹیریں مہیا کیں۔ترنجبیں: ایک قسم کی قدرتی شکر ہے جو شبنم کی طرح گر کر پودوں پر جم جاتی ہے، اور حدیث ابھی اسی جلد میں گذری ہے کہ کھمبی (کا پانی) بیمار آنکھوں کے لئے مفید ہے۔ کھمبی: ایک قسم کی سفید نبات ہے جو برسات کے زمانہ میں ازخود پیدا ہو جاتی ہے اور اسے تل کر کھاتے ہیں، اس کو سانپ کی چھتری بھی کہتے ہیں، بالکل سفید مفید ہے، اس کا پانی نچوڑ کر آنکھ میں ڈالا جائے یا سرمہ اس میں تیار کیا جائے تو مفید ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ:﴿الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى﴾

[٤٦٣٩-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ"[راجع: ٤٤٧٨]

نبی ﷺ کی بعثت تمام جہاں کے لئے ہے

سورۃ الاعراف کی آیت ۱۸۵ ہے:﴿قُلْ يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنِّيْ رَسُوْلُ اللهِ إِلَيْكُمْ جَمِيْعًا الَّذِيْ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ، فَآمِنُوْا بِاللهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ﴾:

ترجمہ: آپ کہہ دیں: اے لوگو! میں اللہ کا رسول ہوں تم سب کی طرف، جس کی حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں، ان کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہی جلاتا ہے اور مارتا ہے، پس تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے بھیجے ہوئے امی نبی پر جو یقین رکھتا ہے اللہ پر اور اس کے کلاموں پر، اور ان کی پیروی کرو تاکہ تم راہ پاؤ!

تفسیر: نبی ﷺ کی بعثت تمام دنیا کے لوگوں کو عام ہے، عرب کے امیوں اور یہود ونصاری تک محدود نہیں، جس طرح اللہ تعالیٰ شہنشاہ مطلق ہیں آپ اس کے رسول مطلق ہیں، اب کامیابی کی صورت اس کے سوا کچھ نہیں کہ آپ کی پیروی کی جائے۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۱۹۲) گذری ہے، اس میں یہ جملہ ہے: إني قلت: يا أيها الناس! إني رسول الله إليكم جميعا: اس جملہ کی مناسبت سے حدیث اس باب میں لائے ہیں یعنی عموم بعثت قرآن کے علاوہ حدیثوں سے

بھی ثابت ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿قُلْ يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَيْكُمْ جَمِيْعًا الَّذِىْ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآ إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ، فَآمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِىْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ﴾

[٤٦٤٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَمُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ، قَالاَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِىُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، يَقُوْلُ: كَانَتْ بَيْنَ أَبِىْ بَكْرٍ وَعُمَرَ مُحَاوَرَةٌ، فَأَغْضَبَ أَبُوْ بَكْرٍ عُمَرَ، فَانْصَرَفَ عُمَرُ عَنْهُ مُغْضَبًا. فَاتَّبَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ يَسْأَلُهُ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لَهُ، فَلَمْ يَفْعَلْ حَتّٰى أَغْلَقَ بَابَهُ فِىْ وَجْهِهِ، فَأَقْبَلَ أَبُوْ بَكْرٍ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ: وَنَحْنُ عِنْدَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَمَّا صَاحِبُكُمْ هٰذَا فَقَدْ غَامَرَ" قَالَ: وَنَدِمَ عُمَرُ عَلٰى مَا كَانَ مِنْهُ، فَأَقْبَلَ حَتّٰى سَلَّمَ وَجَلَسَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَصَّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْخَبَرَ، قَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ: وَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَجَعَلَ أَبُوْبَكْرٍ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَأَنَا كُنْتُ أَظْلَمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هَلْ أَنْتُمْ تَارِكُوْ لِىْ صَاحِبِىْ؟ هَلْ أَنْتُمْ تَارِكُوْلِىْ صَاحِبِىْ؟إِنِّىْ قُلْتُ:يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَيْكُمْ جَمِيْعًا،فَقُلْتُمْ:كَذَبْتَ،وَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: صَدَقْتَ" [راجع: ٣٦٦١] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ:"غَامَرَ" سَابَقَ بِالْخَيْرِ.

قوله: مُحَاورة: باہمی بات چیت .... أغلق بابه في وجهه: بند کردیا اپنا دروازہ ان کے منہ میں یعنی ابوبکرؓ پیچھے معافی مانگتے ہوئے گئے، مگر عمرؓ نے گھر میں جا کر دروازہ بند کردیا .... غَامَرَ فلانا: جان کی پرواہ کئے بغیر لڑنا، یعنی سخت لڑنا، حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے، نیکی کے کام میں سبقت لے گئے، کیونکہ معافی مانگنا: معاف کرنے سے بہتر ہے .... تارکولی صاحبی: تارکو میں سے جمع کا نون حذف کیا ہے، کیونکہ وہ صاحبی کی طرف مضاف ہے، اور فصل کے ساتھ بھی اضافت جائز ہے (حاشیہ)

جب پہاڑ پر تجلی فرمائی تو موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے

سورۃ الاعراف آیت ۱۴۳ میں ہے: ﴿وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا﴾: اور گر پڑے موسیٰ بے ہوش ہو کر ـــــ محل تجلی (پہاڑ) کے ساتھ ایک گونہ تلبس وتعلق ہونے سے یہ بے ہوشی ہوئی (تھانویؒ) اور اس باب میں دو حدیثیں لکھی جا سکتی ہیں:

(۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث جو پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۶۱۲ حدیث ۳۴۰۸) آئی ہے۔ (۲) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث جو پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۴۳۷ حدیث ۲۴۱۲) آئی ہے، دونوں میں یہ جملہ ہے: فلا أدری أکان فیمن صعق —— اور فتح اور عمدہ کے نسخوں میں یہ باب نہیں ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا﴾ [الأعراف: ۱۴۳]

فِيْهِ أَبُوْ سَعِيْدٍ وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

کتّے کی دُم ٹیڑھی!

سورۃ الاعراف ۱۶۱ میں ہے کہ بنی اسرائیل کو حکم دیا گیا کہ توبہ توبہ! کہتے ہوئے عاجزی سے بستی میں داخل ہوو، پس انھوں نے اس حکم کی خلاف ورزی کی، وہ سرینوں کے بل گھسٹتے ہوئے داخل ہوئے، اور انھوں نے کہا: حبة فی شعرة! یہ مہمل جملہ ہے، وہ کہنا چاہتے تھے کہ گون بھر کر غلہ دے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۶۰۸ حدیث ۳۴۰۳) آچکی ہے۔

[۴-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ﴾ [الأعراف: ۱۶۱]

[۴۶۴۱-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "قِيْلَ لِبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ: ﴿وَادْخُلُوْا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ﴾ [البقرة: ۵۸] فَبَدَّلُوْا فَدَخَلُوْا يَزْحَفُوْنَ عَلٰى أَسْتَاهِهِمْ وَقَالُوْا: حَبَّةٌ فِيْ شَعْرَةٍ" [راجع ۳۴۰۳]

مکارم اخلاق کی جامع آیت

سورۃ الاعراف کی آیت ۱۹۹ ہے: ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ﴾: درگذر کی عادت ڈال، اور نیک کام کا حکم کر، اور نادانوں سے روگردانی کر —— حاشیہ میں حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ کا قول لکھا ہے کہ یہ مکارم اخلاق کی جامع آیت ہے، آدمی عفو ودرگذر کی عادت بنالے، لوگوں کو نیک کاموں کا حکم دے اور جاہلوں کی جہالت آمیز باتوں کو نظر انداز کردے تو ہمیشہ آسائش میں رہے گا —— العفو: عفا یعفو کا مصدر ہے، متعلق کے اعتبار سے اس کے مختلف معانی ہوتے ہیں، عفا عنه ذنبه کے معنی ہیں: گناہ اور جرم کو معاف کرنا، درگذر کرنا —— اور العُرْف: اسم بمعنی معروف ہے: ہر پسندیدہ کام، نیک کام —— اور باب میں تین حدیثیں ہیں، اور تینوں نئی ہیں۔ پہلی حدیث میں جاہلوں کی جہالت آمیز باتوں کی ایک مثال ہے۔

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں: عیینہ بن حصن فزاری (مدینہ) آیا، اور اپنے بھتیجے حرّ بن قیس کا مہمان بنا، اور حرّان

لوگوں میں سے تھے جن کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے قریب کرتے تھے، اور قراء (علماء) حضرت عمرؓ کے ہم مجلس اور ہم مشورہ ہوتے تھے، خواہ ادھیڑ ہوں یا جوان، پس عیینہ نے اپنے بھتیجے سے کہا: بھتیجے! تیرا ایک مقام ہے اس امیر کے نزدیک، پس تو میرے لئے اس سے ملنے کی اجازت لے، حرّ نے کہا: میں عنقریب آپ کے لئے ان سے ملنے کی اجازت لونگا۔

ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس حرّ نے عیینہ کے لئے اجازت طلب کی، حضرت عمرؓ نے اس کو اجازت دیدی، پس جب وہ ان کے پاس پہنچا تو کہا: ہائے خطاب کے لڑکے! بخدا! تو ہم کو بہت سارا مال نہیں دیتا، اور تو ہمارے درمیان انصاف سے حکومت نہیں کرتا، پس حضرت عمرؓ غضبناک ہوئے، یہاں تک کہ آپؓ نے اس کو سزا دینے کا ارادہ کیا، پس ان سے حرّ نے کہا: اے امیر المؤمنین! اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو حکم دیا ہے کہ درگذر کی عادت ڈالیں، اور بھلی بات کا حکم دیں اور نادانوں سے روگردانی کریں، اور بے شک یہ شخص نادانوں میں سے ہے! پس بخدا! حضرت عمرؓ اس آیت سے آگے نہیں بڑھے جب حرّ نے وہ آیت آپؓ کے سامنے پڑھی، اور حضرت عمرؓ کتاب اللہ کے پاس بہت زیادہ ٹھہر جانے والے تھے۔

اور دوسری حدیث میں حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ آیت خذ العفو و أمر بالعرف لوگوں کے اخلاق ہی کے سلسلہ میں نازل ہوئی ہے —— اور اس کی شرح تیسری روایت میں ہے: فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو حکم دیا ہے کہ درگذر کیا کریں لوگوں کی بداخلاقی سے یعنی کوئی بداخلاقی سے پیش آئے تو اس کو معاف کردیں۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ﴾

الْعُرْفُ: الْمَعْرُوْفُ.

[٤٦٤٢-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنِ بْنِ حُذَيْفَةَ، فَنَزَلَ عَلٰى ابْنِ أَخِيْهِ الْحُرِّ بْنِ قَيْسٍ، وَكَانَ مِنَ النَّفَرِ الَّذِيْنَ يُدْنِيْهِمْ عُمَرُ، وَكَانَ الْقُرَّاءُ أَصْحَابَ مَجَالِسِ عُمَرَ وَمُشَاوَرَتِهِ كُهُوْلاً كَانُوْا أَوْ شُبَّانًا. فَقَالَ عُيَيْنَةُ لِابْنِ أَخِيْهِ: يَا ابْنَ أَخِيْ، لَكَ وَجْهٌ عِنْدَ هٰذَا الأَمِيْرِ فَاسْتَأْذِنْ لِيْ عَلَيْهِ. قَالَ: سَأَسْتَأْذِنُ لَكَ عَلَيْهِ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَاسْتَأْذَنَ الْحُرُّ لِعُيَيْنَةَ فَأَذِنَ لَهُ عُمَرُ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ: هِيْ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، فَوَ اللّٰهِ مَا تُعْطِيْنَا الْجَزْلَ، وَلاَ تَحْكُمُ بَيْنَنَا بِالْعَدْلِ، فَغَضِبَ عُمَرُ حَتّٰى هَمَّ أَنْ يُوْقِعَ بِهِ، فَقَالَ لَهُ الْحُرُّ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ لِنَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ﴾ وَإِنَّ هٰذَا مِنَ الْجَاهِلِيْنَ، وَاللّٰهِ مَاجَاوَزَهَا عُمَرُ حِيْنَ تَلاَهَا عَلَيْهِ، وَكَانَ وَقَّافًا عِنْدَ كِتَابِ اللّٰهِ. [طرفه: ٧٢٨٦]

[٤٦٤٣-] حدثنا يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ: ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ﴾ قَالَ: مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ إِلاَّ فِيْ أَخْلاَقِ النَّاسِ. [طرفه: ٤٦٤٤]

[٤٦٤٤-] وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَرَّادٍ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: هِشَامٌ أَخْبَرَنِيْ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: أَمَرَ اللّٰهُ نَبِيَّهُ أَنْ يَأْخُذَ الْعَفْوَ مِنْ أَخْلَاقِ النَّاسِ، أَوْ كَمَا قَالَ.[طرفه: ٤٦٤٣]

قولہ: هِيْ (ہ کا کسرہ اور ی ساکن) دھمکی کے لئے ہے (حاشیہ) میں نے اس کا ترجمہ 'ہائے' کیا ہے۔ ہائے ظالم! اردو میں ہائے کی جگہ ہَے بھی مستعمل ہے۔

﴿الحمدللہ! سورۃ الاعراف کی تفسیر پوری ہوئی﴾

بسم الله الرحمن الرحيم

[٨] سورة الأنفال

[١-] وَقَوْلُهُ: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ، قُلِ الْأَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ فَاتَّقُوْا اللّٰهَ وَأَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ﴾

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الْأَنْفَالُ: الْمَغَانِمُ. وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿رِيْحُكُمْ﴾: الْحَرْبُ، يُقَالُ: نَافِلَةٌ: عَطِيَّةٌ.

[٤٦٤٥-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: سُوْرَةُ الْأَنْفَالِ؟ قَالَ: نَزَلَتْ فِيْ بَدْرٍ.

سورۃ الانفال کی تفسیر

سورۃ الانفال کی پہلی آیت ہے: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ، قُلِ الْأَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ، فَاتَّقُوْا اللّٰهَ وَأَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ﴾: لوگ آپؐ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں: غنیمتیں اللہ کی اور اس کے رسول کی ہیں، پس تم اللہ سے ڈرو، اور اپنے باہمی تعلقات کو سنوارو!

حدیث: سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سورۃ الانفال کے بارے میں پوچھا کہ یہ سورت کب اور کہاں نازل ہوئی؟ ابن عباسؓ نے کہا: یہ سورت جنگِ بدر کے بعد نازل ہوئی ہے۔

تشریح: ہجرت کے بعد لائحہ عمل یہ رہا کہ مشرکین مکہ کے تجارتی قافلوں سے تعرض کیا جائے، اور ان کی اقتصادی حالت کمزور کی جائے، اور مسلمانوں کی مالی حالت مضبوط کی جائے، چنانچہ ہجرت کے پہلے سال ابواء، بواط اور عشیرہ وغیرہ کی مہمات پیش آئیں، پھر ۲ ہجری میں معلوم ہوا کہ ایک بھاری تجارتی قافلہ ابوسفیان کی سرکردگی میں شام کو روانہ ہوا ہے، جس

میں ساٹھ آدمی، ایک ہزار اونٹ اور پچاس ہزار دینار کا مال ہے، شام کی طرف جاتے ہوئے اس قافلہ سے تعرض کیا گیا مگر وہ بچ کر نکل گیا، پھر جب قافلہ واپس لوٹا تو اس پر چڑھائی کی گئی، ابوسفیان کو اس مہم کی بھنک پڑ گئی، اس نے مکہ آدمی بھیجا کہ اپنے قافلہ کو بچانے کے لئے آؤ، وہاں سے ایک ہزار مردانِ جنگی نکلے، ان میں قریش کے سرغنہ پورے ساز و سامان کے ساتھ موجود تھے، اللہ کا کرنا کہ قافلہ تو بچ کر نکل گیا اور مکہ کے ائمۃ الکفر سے بدر میں مڈبھیڑ ہوگئی، اللہ تعالیٰ نے حسب وعدہ مسلمانوں کو فتح عظیم نصیب فرمائی، کافروں کے ستر بڑے سردار مارے گئے اور ستر قید ہوگئے، اس طرح کفر کا زور ٹوٹا۔ پس جنگ بدر کے بعد یہ سورت نازل ہوئی، اس سورت میں اسی واقعہ کے متعلقات کا بیان ہے۔

بدر میں جو مالِ غنیمت ہاتھ آیا تھا، اس کے متعلق نزاع کی صورت پیدا ہوگئی، نوجوان آگے بڑھ کر لڑے تھے، وہ مالِ غنیمت کو اپنا حق سمجھتے تھے، بڑی عمر کے لوگ جوانوں کی پشت پر تھے: وہ بھی مالِ غنیمت میں اپنا حق جتلاتے تھے، اور جنھوں نے دورانِ جنگ نبی ﷺ کی حفاظت کی تھی وہ بھی دعوے دار تھے، پس مذکورہ آیت نازل ہوئی اور کہا گیا کہ مالِ غنیمت اللہ تعالیٰ کا اور اس رسول کا ہے جو اللہ کے نائب ہیں، وہ حسب حکم خداوندی اس کو تقسیم کریں گے، مسلمانوں کو اللہ سے ڈرنا چاہئے، نزاع نہیں کرنا چاہئے، سب آپس میں صلح وآشتی سے رہیں۔ اسی سورت کی آیت ۴۶ میں ہے کہ اگر آپس میں لڑوگے تو تم کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی، اتحاد واتفاق اور صبر و ہمت ہی سے کشتی کنارہ پر لگتی ہے۔

لغات: أنفال: نَفْل کی جمع ہے اس کے اصل معنی زیادتی کے ہیں، نفل نماز کو نافلۃ اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ فرضوں سے زائد ہے، اور اسی اعتبار سے اولاد کی اولاد کو نافلۃ کہتے ہیں، پھر یہ لفظ عطیہ اور بخشش کے معنی میں مستعمل ہونے لگا، اسی طرح جنگ میں حوصلہ افزائی کے لئے جو انعام کا اعلان کیا جاتا تھا اس کو بھی نفل کہتے ہیں، کیونکہ وہ حصۂ غنیمت سے زائد ہوتا ہے، اور ابن عباسؓ نے فرمایا کہ مذکورہ آیت میں انفال سے اموالِ غنیمت مراد ہیں، کیونکہ وہ جہاد کے اصل مقصد سے زیادہ ہے۔ اور آیت ۴۶ میں لفظ ریح ہے، اس کے معنی ہیں: ہوا، قتادہؒ نے کہا: ہوا سے جنگ مراد ہے، ہوا اکھڑ جائے گی یعنی جنگ میں ناکامی ہوگی۔

[۱-] ﴿الشَّوْكَةُ﴾: الْحَدُّ. [۲-] ﴿مُرْدِفِيْنَ﴾: فَوْجًا بَعْدَ فَوْجٍ، رَدِفَنِيْ وَأَرْدَفَنِيْ أَيْ: جَاءَ بَعْدِيْ. [۳-] ﴿ذُوْقُوْا﴾: بَاشِرُوْا وَجَرِّبُوْا، وَلَيْسَ هٰذَا مِنْ ذَوْقِ الْفَمِ. [۴-] ﴿فَيَرْكُمَهُ﴾: يَجْمَعُهُ. [۵-] ﴿شَرِّدْ﴾: فَرِّقْ. [۶-] ﴿وَإِنْ جَنَحُوْا﴾: طَلَبُوْا السِّلْمَ وَالسَّلْمُ وَالسَّلَامُ وَاحِدٌ. [۷-] ﴿يُثْخِنَ﴾: يَغْلِبَ [۸-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مُكَآءً﴾: إِدْخَالُ أَصَابِعِهِمْ فِيْ أَفْوَاهِهِمْ، ﴿وَتَصْدِيَةً﴾: الصَّفِيْرُ. [۹-] ﴿لِيُثْبِتُوْكَ﴾: لِيَحْبِسُوْكَ.

الفاظ کی تشریح

۱- سورۃ الانفال آیت ۷ میں ہے: ﴿وَتَوَدُّوْنَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ﴾: اور تم تمنا کرتے تھے کہ غیر مسلح جماعت یعنی قافلہ تمہارے ہاتھ آجائے —— الشوكة: دھار، اسی لفظ کے معنی کاٹنے کے ہیں، مجازاً ہتھیار کے لئے

استعمال ہوتا ہے۔

۲- آیت ۹ ہے: ﴿إِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِنَ الْمَلائِكَةِ مُرْدِفِيْنَ﴾: جب تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے تمہاری سن لی کہ میں تمہاری ایک ہزار فرشتوں سے مدد کرونگا، جو سلسلہ وار آئیں گے —— فوج در فوج کا بھی یہی مطلب ہے —— رَدَفه (ن) رَدفا: کسی کے پیچھے چلنا، یہی معنی أردف کے ہیں۔

۳- آیت ۵۰ میں ہے: ﴿وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ﴾: اور چکھو آگ کی سزا! —— منہ سے چکھنا مراد نہیں، مجازاً جھیلنا مراد ہے، باشروا: کسی کام کو خود کرنا، جربوا: تجربہ کرو۔

۴- آیت ۳۷ ہے: ﴿لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ، وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهُ عَلٰى بَعْضٍ، فَيَرْكُمَهُ جَمِيْعًا، فَيَجْعَلَهُ فِيْ جَهَنَّمَ﴾: تا کہ اللہ تعالیٰ ناپاک کو پاک سے الگ کردیں، اور ناپاکوں کو ایک دوسرے سے ملادیں، پس سب کو متصل کردیں، پھر سب کو جہنم میں ڈال دیں —— رَكَمَهُ (ن) رَكْما: جمع کرنا، ڈھیر لگانا، اکٹھا کرنا، تہ بہ تہ لگانا۔

۵- آیت ۵۷ ہے: ﴿فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ﴾: پس اگر آپ لڑائی میں ان پر قابو پائیں تو ان کے ذریعہ دوسرے لوگوں کو منتشر کردیں، شاید وہ لوگ سمجھ جائیں —— شَرِّدْ: تشرید سے امر کا صیغہ ہے: ایسی سزا دو کہ دوسرے دیکھ کر بھاگ جائیں، منتشر ہوجائیں۔

۶- آیت ۶۱ ہے: ﴿وَإِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ﴾: اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو آپ بھی اس کی طرف جھک جائیں اور اللہ پر بھروسہ کریں —— جھکنا یعنی طلب کرنا، اور سَلم (سین کا زبر) اور سِلم (سین کا زیر) اور سلام کے معنی ہیں: صلح مصالحت۔

۷- آیت ۶۷ میں ہے: ﴿مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُوْنَ لَهُ أَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ﴾: نبی کے شایانِ شان نہیں کہ اس کے لئے قیدی ہوں، یہاں تک کہ وہ زمین میں غالب آجائے —— غالب آنا: مرادی ترجمہ ہے، لفظ کے اصل معنی ہیں: خونریزی کرنا، إثخان: کثرت سے خون بہانا۔

۸- آیت ۳۵ میں ہے: ﴿وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَتَصْدِيَةً﴾: اور نہیں تھی ان کی نماز خانۂ کعبہ کے پاس مگر سیٹیاں اور تالیاں! —— سیٹی: دو انگلیاں منہ میں ڈال کر بجائی جاتی ہے، انگلیوں سے چٹکی بجانا بھی اس کا ترجمہ ہے، اور تصدية: باب تفعیل کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: تالی بجانا، یہ ترجمہ ابوعبیدہؒ نے کیا ہے اور مجاہدؒ نے ترجمہ الصفير کیا ہے، یعنی سیٹی بجانا۔

۹- آیت ۳۰ ہے: ﴿وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ أَوْ يُخْرِجُوْكَ﴾: اور جب کافر لوگ آپ کے بارے میں تدبیریں کر رہے تھے کہ یا تو آپ کو قید کردیں یا قتل کردیں یا جلاوطن کردیں —— إثبات: قید کرنا، باندھ لینا، گرفتار کرلینا۔

وہ بدترین خلائق ہے جو حق کی بات نہ سنتا ہے نہ بولتا ہے نہ سمجھتا ہے

سورۃ الانفال کی آیت ۲۲ ہے: ﴿إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لاَيَعْقِلُوْنَ﴾: بے شک بدترین خلائق اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جو بہرے گونگے ہیں جو ذرا نہیں سمجھتے! —— قریش کا علم بردار قبیلہ بنو عبد الدار تھا، وہ اسلام کا سخت مخالف تھا، وہ لوگ کہتے تھے: ہم بہرے گونگے ہیں، محمد (ﷺ) کی باتیں نہ سنتے ہیں نہ سمجھتے ہیں، ابن عباسؓ کہتے ہیں: اسی قبیلہ کے افراد کا اس آیت میں تذکرہ ہے، اس قبیلہ کے تمام علم بردار جنگِ احد میں مارے گئے۔

[۱-] بَابٌ: ﴿إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لاَيَعْقِلُوْنَ﴾

قَالَ: هُمْ نَفَرٌ مِنْ بَنِىْ عَبْدِ الدَّارِ.

[٤٦٤٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لاَيَعْقِلُوْنَ﴾ قَالَ: هُمْ نَفَرٌ مِنْ بَنِىْ عَبْدِ الدَّارِ.

مؤمنین کو چاہئے کہ اللہ ورسول کے بلانے پر فوراً لبیک کہیں

سورۃ الانفال کی آیت ۲۴ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ، وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ، وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ﴾: ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ ورسول کا حکم مانو، جب وہ (رسول) تمہیں بلائیں اس کام کے لئے جس میں تمہاری زندگی ہے، اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ آڑ بن جاتے ہیں آدمی اور اس کے دل کے درمیان، اور یہ کہ اسی کے پاس تم جمع کئے جاؤ گے۔

لغت: استجیبوا میں سین تاء زائد ہیں (جمل) أی أجیبوا: جواب دو، حکم مانو ……… لِمَا: مرکب لفظ ہے، لام جارہ ہے اور ما موصولہ أی للذی، اور جار مجرور دعاکم سے متعلق ہیں ……… یُحْیِیکم: وہ (کام) تمہیں زندگی دے گا، مصدر إحیاء ہے۔

تفسیر: اللہ ورسول ﷺ جس کام کے لئے بلائیں فوراً لبیک کہنا چاہئے، کیونکہ اللہ کا رسول ایسے ہی کام کے لئے بلاتا ہے جس میں تمہاری زندگانی ہے، از سرتا پا تمہاری بھلائی ہے، وہ تمہیں سنوارنا چاہتے ہیں —— اور لبیک کہنے میں دیر نہیں کرنی چاہئے، شاید تھوڑی دیر کے بعد دل ایسا نہ رہے، دل پر آدمی کا قبضہ نہیں، وہ الٹتا پلٹتا رہتا ہے، بلکہ دل اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ جدھر چاہے پھیر دے، آڑ بن جانے کا یہی مطلب ہے۔

حدیث: ابھی اسی جلد میں سورۂ فاتحہ کی تفسیر میں گذری ہے، حضرت ابو سعید بن المعلی رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے پکارا، وہ نماز میں تھے، اس لئے فوراً جواب نہ دے سکے، پھر جب نماز سے فارغ ہو کر حاضر ہوئے تو آپؐ نے ان کو یہ آیت

یاددلائی، معلوم ہوا کہ آیت اپنے اطلاق سے اس صورت کو بھی شامل ہے کہ اگر کوئی شخص نماز میں مشغول ہو، اور اللہ کے رسول آواز دیں تو نماز ہی میں جواب دینا واجب ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ فوراً جواب نہ دینے سے نبی ﷺ کے دل میں میل آجائے، اور مدعو کے ایمان کا بیڑا غرق ہوجائے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ، وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ، وَأَنَّـهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ﴾

﴿اسْتَجِيْبُوْا﴾: أَجِيْبُوْا. ﴿لِمَا يُحْيِيْكُمْ﴾: يُصْلِحُكُمْ.

[٤٦٤٧-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ حَفْصَ بْنَ عَاصِمٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلَّى، قَالَ: كُنْتُ أُصَلِّيْ، فَمَرَّ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَدَعَانِيْ، فَلَمْ آتِهِ حَتّٰى صَلَّيْتُ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ: "مَا مَنَعَكَ أَنْ تَأْتِيَ، أَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ: ﴿يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ إِذَا دَعَاكُمْ؟﴾" ثُمَّ قَالَ: "لَأُعَلِّمَنَّكَ أَعْظَمَ سُوْرَةٍ فِي الْقُرْآنِ قَبْلَ أَنْ أَخْرُجَ، فَذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِيَخْرُجَ فَذَكَرْتُ لَهُ. [راجع: ٤٤٧٤]

وَقَالَ مُعَاذٌ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبٍ، سَمِعَ حَفْصًا، سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا، وَقَالَ هِيَ ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ.

وضاحت: رجلا من أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم: یعنی اس حدیث کے راوی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نہیں ہیں، بلکہ دوسرے ابوسعید ہیں۔

جنگِ بدر کے لئے نکلتے وقت ابوجہل وغیرہ نے عذاب کی دعا مانگی!

سورۃ الانفال کی آیت ۳۲ ہے: ﴿وَإِذْ قَالُوْا اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ﴾: ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کرو) جب انھوں نے کہا: اے اللہ! اگر یہی آپ کے پاس سے آیا ہوا برحق دین ہے تو آپ ہم پر آسمان سے پتھروں کی بارش برسا دیں یا کوئی اور دردناک عذاب واقع کردیں۔

کہتے ہیں: یہ دعا ابوجہل وغیرہ نے مکہ سے بدر کے لئے نکلتے وقت کعبہ شریف کے سامنے کی تھی، آخر جو کچھ مانگا تھا اس کا ایک نمونہ بدر میں دیکھ لیا، ان کے ستّر سورما مارے گئے، خود ابوجہل بھی جہنم رسید ہوا اور ستر سردار اسیری کی ذلت میں گرفتار ہوئے۔

ایک نکتہ: سفیان بن عیینہؒ نے فرمایا: قرآنِ کریم میں مطر کا استعمال عذاب کی بارش کے لئے کیا گیا ہے، اور خیر کی بارش کو غیث فرمایا ہے، جیسا کہ سورۃ الشوریٰ آیت ۲۸ میں ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں کے ناامید ہوجانے کے بعد مینہ برساتے

ہیں ـــــ مگر یہ قاعدہ عمومی ہے، کلی نہیں، کیونکہ سورۃ النساء آیت ۱۰۲ میں ہے: ﴿إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى مِنْ مَطَرٍ﴾: اور اگر تم کو بارش کی وجہ سے تکلیف ہو ـــــ یہاں عذاب کی بارش مراد نہیں۔

عذاب آنے میں دو رکاوٹیں

پھر آیت ۳۳ ہے: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيْهِمْ، وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ﴾: اور اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کریں گے کہ آپؐ ان میں موجود ہوں اور ان کو عذاب میں مبتلا کردیں، اور نہ اللہ تعالیٰ ان کو عذاب میں مبتلا کریں گے درانحالیکہ وہ استغفار کرتے ہوں ـــــ یعنی نزولِ عذاب میں دو چیزیں مانع ہیں: ایک: ان کے درمیان پیغمبر کا موجود رہنا۔ دوسرے: قوم کا توبہ واستغفار کرنا ـــــ جب کسی قوم پر تکذیب انبیاء کی وجہ سے اللہ تعالیٰ عذاب نازل کرتے ہیں تو پہلے پیغمبر اور مؤمنین کو ان سے علاحدہ کرلیتے ہیں، اور دوسرا مانع: قوم کا کفر وشرک سے توبہ کرنا ہے، جیسے یونس علیہ السلام کی قوم نے توبہ کی تو عذاب ٹل گیا۔

مکہ والوں کے حق میں عذاب کے دونوں موانع مرتفع ہیں اور موجب عذاب موجود ہے

پھر آیت ۳۴ ہے: ﴿وَمَا لَهُمْ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْا أَوْلِيَاءَهُ، إِنْ أَوْلِيَاؤُهُ إِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ﴾: اور ان میں کیا سرخاب کا پر لگ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو سزا نہ دیں، حالانکہ وہ (مسلمانوں کو) مسجد حرام سے روکتے ہیں، اور وہ اس مسجد کے متولی بننے کے لائق نہیں، اس کے متولی تو صرف پرہیزگار ہی بن سکتے ہیں، مگر اکثر لوگ (اپنی نالائقی کا) علم نہیں رکھتے ـــــ یعنی کفارِ مکہ کے حق میں عذاب کے دونوں موانع مرتفع ہوچکے ہیں، نبی ﷺ ہجرت کرکے ان میں سے نکل گئے ہیں، اور وہ اب بھی کفر وشرک سے توبہ نہیں کررہے، پھر ان پر عذاب کیوں نہیں آسکتا؟ بلکہ موجب عذاب موجود ہے، وہ مسجد حرام پر ایسے قابض ہوگئے ہیں کہ مسلمانوں کو وہاں نماز تک نہیں پڑھنے دیتے، وہ خود کو کعبہ شریف کا متولی تصور کرتے ہیں، اور جس کو چاہیں روکنے کا خود کو حقدار سمجھتے ہیں، حالانکہ مسجد حرام کے متولی تو پرہیزگار ہی بن سکتے ہیں، مگر ان کوڑ مغزوں کو سمجھ کہاں ہے، غرض: یہ موجب عذاب بھی پایا جاتا ہے کہ انھوں نے مسجدِ حرام پر ناجائز قبضہ کررکھا ہے۔

ایک سوالِ مقدر کا جواب

پھر آیت ۳۵ ہے: ﴿وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَتَصْدِيَةً، فَذُوْقُوْا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ﴾: اور ان کی نماز کعبہ شریف کے پاس سیٹیوں اور تالیوں کے سوا کیا ہے؟ پس اپنے کفر کے سبب عذاب کا مزہ چکھو! ـــــ یعنی اگر وہ کہیں کہ ہم کعبہ شریف کے پاس نمازیں پڑھتے ہیں، پھر ہم متولی بننے کا حق کیوں نہیں رکھتے؟ تو جواب یہ

ہے کہ تمہاری نمازیں نامعقول حرکتوں کے سوا کیا ہیں؟ —— پس اب عذاب کا وقت آن پہنچا ہے، چنانچہ ابوجہل وغیرہ یہ دعا کر کے بدر میں پہنچے اور وہاں ان کا بھرتا بن گیا!

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِذْ قَالُوْا اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ﴾

قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: مَا سَمَّى اللّٰهُ مَطَرًا فِي الْقُرْآنِ إِلَّا عَذَابًا وَتُسَمِّيْهِ الْعَرَبُ الْغَيْثَ، وَهُوَ قَوْلُهُ: ﴿يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا﴾

[٤٦٤٨-] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ - وَهُوَ ابْنُ كُرْدِيْدٍ صَاحِبُ الزِّيَادِيِّ - سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: قَالَ أَبُوْجَهْلٍ: ﴿اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ﴾ فَنَزَلَتْ: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيْهِمْ، وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ٥وَمَالَهُمْ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ الآيَةَ. [طرفه: ٤٦٤٩]

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيْهِمْ، وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ﴾

[٤٦٤٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ صَاحِبِ الزِّيَادِيِّ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ جَهْلٍ: ﴿اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ﴾ فَنَزَلَتْ: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيْهِمْ، وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ٥وَمَالَهُمْ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ الآيَةَ. [راجع: ٤٦٤٨]

فتنہ ختم ہونے تک لڑنے کا مصداق خانہ جنگی نہیں

سورۃ الانفال کی آیت ۳۹ ہے: ﴿وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهُ لِلّٰهِ﴾: اور تم کفار سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے، اور دین سارا اللہ کا ہو جائے —— یعنی جہاد کا مقصد کفر کی شوکت کو توڑنا ہے، باطل مذاہب کو ختم کرنا اس کا مقصد نہیں، اور فتنہ سے مراد کفار کی شرارت ہے، اگر وہ اپنی شرارتوں سے باز آجائیں اور مسلمانوں کو پریشان کرنا چھوڑ دیں تو ان سے قتال کا حکم نہیں —— بہر حال مسلمانوں کی باہمی لڑائیاں آیت کا مصداق نہیں۔

اور حدیث ابھی اسی جلد میں سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۹۳ کی تفسیر میں گذری ہے (حدیث ۴۵۱۳-۴۵۱۵)

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهُ لِلّٰهِ﴾

[٤٦٥٠-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَيْوَةُ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلاً جَاءَ ہُ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَلاَ تَسْمَعُ مَا ذَكَرَ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهِ: ﴿وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ [الحجرات:٩] فَمَا يَمْنَعُكَ أَنْ لاَ تُقَاتِلَ كَمَا ذَكَرَ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهِ؟ فَقَالَ: يَا ابْنَ أَخِيْ أَغْتَرُّ بِهٰذِهِ الآيَةِ وَلاَ أُقَاتِلُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَغْتَرَّ بِهٰذِهِ الآيَةِ الَّتِيْ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا﴾ [النساء: ٩٣] إِلٰى آخِرِهَا.

قَالَ: فَإِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: ﴿وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ﴾ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَدْ فَعَلْنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذْ كَانَ الإِسْلاَمُ قَلِيْلاً، فَكَانَ الرَّجُلُ يُفْتَنُ فِيْ دِيْنِهِ، إِمَّا يَقْتُلُوْهُ وَإِمَّا يُوْثِقُوْهُ، حَتّٰى كَثُرَ الإِسْلاَمُ، فَلَمْ تَكُنْ فِتْنَةٌ.

فَلَمَّا رَأَى أَنَّهُ لاَ يُوَافِقُهُ فِيْمَا يُرِيْدُ قَالَ: فَمَا قَوْلُكَ فِي عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ؟ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَا قَوْلِيْ فِيْ عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ؟! أَمَّا عُثْمَانُ فَكَانَ اللّٰهُ قَدْ عَفَا عَنْهُ، فَكَرِهْتُمْ أَنْ تَعْفُوْا عَنْهُ، وَأَمَّا عَلِيٌّ فَابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَخَتَنُهُ. وَأَشَارَ بِيَدِهِ وَهٰذِهِ ابْنَتُهُ أَوْ: بِنْتُهُ حَيْثُ تَرَوْنَ. [راجع: ٤٥١٣ و ٤٥١٤]

[٤٦٥١-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَيَانٌ، أَنَّ وَبْرَةَ حَدَّثَهُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا أَوْ: إِلَيْنَا ابْنُ عُمَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ: كَيْفَ تَرَى فِي قِتَالِ الْفِتْنَةِ؟ قَالَ: وَهَلْ تَدْرِيْ مَا الْفِتْنَةُ؟ كَانَ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم يُقَاتِلُ الْمُشْرِكِيْنَ، وَكَانَ الدُّخُوْلُ عَلَيْهِمْ فِتْنَةً، وَلَيْسَ كَقِتَالِكُمْ عَلَى الْمُلْكِ. [راجع: ٤٥١٣]

پہلی حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جمل، صفین اور ابن الزبیر کے زمانہ کی جنگوں میں شریک نہیں ہوئے، الگ رہے، پس ایک خارجی ابن عمرؓ کے پاس آیا، اور اس نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن (ابن عمرؓ کی دوسری کنیت) کیا آپ نہیں سنتے وہ بات جو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر کی ہے کہ اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں باہم لڑیں (آخر آیت تک) پس کیا چیز آپ کو روکتی ہے کہ آپ نہیں لڑتے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے؟ ابن عمرؓ نے کہا: بھتیجے! میں اس آیت سے دھوکہ کھاؤں اور نہ لڑوں یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں دھوکہ کھاؤں اس آیت سے جس میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرے (آخر آیت تک) (یہ أَغْتَرُّ کا ترجمہ ہے، اور دوسرے نسخہ میں أُعَيَّرُ ہے یعنی میں اس آیت سے شرم دلایا جاؤں اور نہ لڑوں یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں شرم دلایا جاؤں اس آیت سے جس میں قتل عمد

پر سخت وعید آئی ہے یعنی دونوں آیتوں پر بیک وقت عمل نہیں کیا جاسکتا، ایک کو ضرور چھوڑنا پڑے گا، پس سورۃ الحجرات کی آیت پر عمل نہ کروں اور سورۃ النساء کی آیت پر عمل کروں یہ مجھے زیادہ پسند ہے، چنانچہ میں مسلمانوں کی خانہ جنگی میں شریک نہیں ہوتا، تاکہ مسلمان کا متعمداً قتل کرنا لازم نہ آئے)

خارجی نے کہا: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''اور تم ان سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ نہ رہے'' یعنی اس آیت کی رو سے مسلمانوں کی باہمی جنگ میں شرکت ضروری ہے۔ ابن عمرؓ نے کہا: بالتحقیق ہم نے (یہ کام) کیا عہد نبوی میں جبکہ اسلام تھوڑا تھا، اور مسلمان آزمائش میں مبتلا کیا جاتا تھا اس کے دین کی وجہ سے یا تو کفار اس کو مار ڈالتے تھے یا قید کر دیتے تھے، یہاں تک کہ اسلام زیادہ ہوگیا، پس فتنہ (آزمائش) نہ رہا۔

پس جب خارجی نے دیکھا کہ ابن عمرؓ اس کی موافقت نہیں کر رہے اس بات میں جو وہ چاہتا ہے تو اس نے کہا: آپ علی اور عثمان رضی اللہ عنہما کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ ابن عمرؓ نے کہا: میں علیؓ اور عثمانؓ کے بارے میں کیا کہوں؟ رہے عثمانؓ تو اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کر دیا، مگر تم ناپسند کرتے ہو کہ ان کو معاف کیا جائے، اور رہے علیؓ تو وہ نبی ﷺ کے چچازاد بھائی اور آپؐ کے داماد تھے، اور اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا: اور یہ آپؐ کی بیٹی ہے (راوی کو ابنة اور بنت میں شک ہے، مطلب دونوں کا ایک ہے، اور یہ راوی کا وہم ہے، صحیح روایت پہلے گذری ہے، فقال: هذا بيته حيث ترون: اور یہ ان کا گھر ہے، جہاں تم دیکھ رہے ہے، حدیث ۴۵۱۵)

دوسری حدیث: سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں: ابن عمرؓ ہمارے پاس (سبق پڑھانے کے لئے) تشریف لائے، پس ایک آدمی نے پوچھا: آپ کی کیا رائے ہے فتنہ (خانہ جنگی) کی جنگ کے بارے میں؟ ابن عمرؓ نے کہا: اور کیا تو جانتا ہے فتنہ کیا ہے؟ نبی ﷺ مشرکین سے لڑتے تھے اور ان کے علاقہ میں جانا فتنہ تھا، اور وہ تمہارے ملک کے لئے لڑنے کی طرح نہیں تھا۔

دس گنا سے مقابلہ عزیمت ہے اور دو گنا سے رخصت

سورۃ الانفال کی آیت ۶۵ ہے: ''اے نبی! آپؐ مؤمنین کو جہاد کی ترغیب دیجئے، اگر تم میں سے بیس آدمی ثابت قدم رہنے والے ہونگے تو دوسو پر غالب آئیں گے، اور اگر تم میں سے سو آدمی ہونگے تو ایک ہزار کفار پر غالب آئیں گے، بایں وجہ کہ وہ لوگ کچھ سمجھتے نہیں'' —— پھر عرصہ بعد آیت ۶۶ نازل ہوئی: ''اب اللہ تعالیٰ نے تم پر سے بوجھ ہلکا کر دیا اور جانا کہ تمہارے اندر کمزوری ہے، پس اگر تم میں سے سو آدمی ثابت قدم رہنے والے ہونگے تو دوسو پر غالب آئیں گے، اور اگر تم میں سے ہزار ہونگے تو دو ہزار پر بہ حکم الٰہی غالب آئیں گے، اور اللہ تعالیٰ صابرین کے ساتھ ہیں''

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جب پہلی آیت نازل ہوئی تو لوگوں پر فرض کیا گیا کہ ایک شخص دس کے مقابلہ سے نہ بھاگے —— اور ابن عیینہؒ نے ایک سے زیادہ مرتبہ کہا کہ بیس آدمی دوسو کے مقابلہ سے نہ بھاگیں ——

پھر دوسری آیت نازل ہوئی تو فرض کیا گیا کہ سو: دوسو کے مقابلہ سے نہ بھاگیں —— اور سفیانؒ نے ایک مرتبہ آگے کا مضمون بڑھایا کہ آیت ﴿حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ﴾ نازل ہوئی —— اور سفیانؒ نے کہا کہ کوفہ کے قاضی ابن شبرمہ نے کہا: اور میں گمان کرتا ہوں کہ بھلائی کا حکم دینا اور ناجائز کاموں سے روکنا اس کے مانند ہے یعنی حکم مذکور جہاد کے ساتھ خاص نہیں، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا بھی یہی حکم ہے۔

دوسرے باب کی روایت: ابن عباسؓ نے کہا: جب پہلی آیت نازل ہوئی تو وہ (دس گنا سے مقابلہ) مسلمانوں پر بھاری ہوا، جب کہ ان پر فرض کیا گیا کہ ایک: دس کے مقابلہ سے نہ بھاگے، پس تخفیف آئی اور دوسری آیت نازل ہوئی —— ابن عباسؓ نے کہا: پس جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے تعداد کم کردی تو صبر گھٹ گیا اس کے بقدر جوان سے ہلکا کیا گیا۔

تشریح: ایک رائے یہ ہے کہ یہ آیتیں ناسخ منسوخ ہیں، پہلے دس گنا سے مقابلہ ضروری تھا اب دوگنا سے، دوسری رائے یہ ہے کہ دونوں آیتیں معمول بہا ہیں اور حالات کے تابع ہیں، اگر مسلمان کم ہوں تو دس گنا سے مقابلہ ضروری ہے، اور مسلمانوں کی تعداد زیادہ ہو تو دوگنا کا مقابلہ ضروری ہے، اور اسی کے قریب یہ رائے ہے کہ دس گنا سے مقابلہ کرنا عزیمت ہے اور دوگنا سے رخصت، پس دونوں حکم معمول بہ ہیں، اسی وجہ سے دونوں آیتیں تلاوت میں باقی ہیں۔

[٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿یٰأَیُّهَا النَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَی الْقِتَالِ، إِنْ یَکُنْ مِنکُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ یَغْلِبُوْا مِأَتَیْنِ، وَإِنْ یَکُنْ مِنکُمْ مِائَةٌ یَغْلِبُوْا أَلْفًا مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا یَفْقَهُوْنَ﴾

[٤٦٥٢-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿إِنْ یَکُنْ مِنْکُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ یَغْلِبُوْا مِأَتَیْنِ﴾ فَکُتِبَ عَلَیْهِمْ أَنْ لَا یَفِرَّ وَاحِدٌ مِنْ عَشَرَةٍ — فَقَالَ سُفْیَانُ غَیْرَ مَرَّةٍ: أَنْ لَا یَفِرَّ عِشْرُوْنَ مِنْ مِائَتَیْنِ — ثُمَّ نَزَلَتِ: ﴿الْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْکُمْ﴾ الآیَةَ، فَکَتَبَ أَنْ لَا یَفِرَّ مِائَةٌ مِنْ مِائَتَیْنِ—وَزَادَ سُفْیَانُ: مَرَّةً: نَزَلَتْ: ﴿حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَی الْقِتَالِ، إِنْ یَکُنْ مِنْکُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ﴾

قَالَ سُفْیَانُ: وَقَالَ ابْنُ شُبْرُمَةَ: وَأُرَی الأَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْیَ عَنِ الْمُنْکَرِ مِثْلَ هٰذَا.

[طرفه: ٤٦٥٣]

[٧-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْکُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِیْکُمْ ضَعْفًا﴾ إِلٰی قَوْلِهِ: ﴿وَاللّٰهُ مَعَ الصَّابِرِیْنَ﴾

[٤٦٥٣-] حدثنا یَحْیَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السُّلَمِیُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِی الزُّبَیْرُ بْنُ خُرِّیْتٍ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿إِنْ

يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ﴾ شَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ حِيْنَ فُرِضَ عَلَيْهِمْ أَنْ لاَ يَفِرَّ وَاحِدٌ مِنْ عَشَرَةٍ، فَجَاءَ التَّخْفِيْفُ فَقَالَ: ﴿آلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا، فَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ﴾ قَالَ: فَلَمَّا خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مِنَ الْعِدَّةِ نُقِصَ مِنَ الصَّبْرِ بِقَدْرِ مَا خُفِّفَ عَنْهُمْ. [راجع: ٤٦٥٢]

﴿الحمدللہ! سورۃ الانفال کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[٩] سورة براء ة

[١-] ﴿وَلِيْجَةً﴾: كُلُّ شَيْئٍ أَدْخَلْتَهُ فِيْ شَيْئٍ. [٢-] ﴿الشُّقَّةُ﴾: السَّفَرُ. [٣-] الْخَبَالُ: الْفَسَادُ، وَالْخَبَالُ: الْمَوْتُ. [٤-] ﴿وَلاَ تَفْتِنِّيْ﴾: لاَ تُوَبِّخْنِيْ. [٥-] ﴿كَرْهًا﴾ و ﴿كُرْهًا﴾: وَاحِدٌ. [٦-] ﴿مُدَّخَلاً﴾: يَدْخُلُوْنَ فِيْهِ. ﴿يَجْمَحُوْنَ﴾: يُسْرِعُوْنَ. [٧-] ﴿وَالْمُؤْتَفِكَاتُ﴾: ائْتَفَكَتْ: انْقَلَبَتْ بِهَا الْأَرْضُ ﴿أَهْوٰى﴾: أَلْقَاهُ فِيْ هُوَّةٍ. [٨-] ﴿عَدْنٍ﴾: خُلْدٍ، عَدَنْتُ بِأَرْضٍ أَيْ أَقَمْتُ، وَمِنْهُ: مَعْدِنٌ وَيُقَالُ: فِيْ مَعْدِنِ صِدْقٍ: فِيْ مَنْبَتِ صِدْقٍ.

سورہ براءۃ کی تفسیر

الفاظ کی تشریح

١- سورۃ التوبہ آیت ١٦ میں ولیجۃ آیا ہے، جس کے معنی ہیں: جگری دوست، گہرا دوست، فرمایا: ﴿وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلاَ رَسُوْلِهِ وَلاَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً﴾: اور نہیں بنایا انھوں نے اللہ کے علاوہ کو، اور نہ رسول کے علاوہ کو اور نہ مؤمنین کے علاوہ کو گہرا دوست —— ولیجۃ: وُلوج سے اسم ہے جس کے معنی ہیں: داخل ہونا، پس ہر وہ چیز جس کو آپ دوسری چیز میں داخل کریں ولیجۃ ہے۔

٢- آیت ٤٢ میں الشُّقَّۃ ہے، اس کے معنی ہیں: مسافتِ سفر، فرمایا: ﴿وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ﴾: لیکن ان کو تو مسافت ہی دور دراز معلوم ہونے لگی۔

٣- پھر آیت ٤٧ میں خبالاً آیا ہے، خَبال، خَبَلَ (ن) کا مصدر یا اسم ہے: وہ خرابی یا فساد جس کے لاحق ہونے سے بے چینی پیدا ہو، جیسے جنون یا ایسی بیماری جو فکر پر اثر انداز ہو، فرمایا: ﴿لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَا زَادُوْكُمْ إِلاَّ خَبَالاً﴾: اگر وہ لوگ (منافقین) تمہارے ساتھ نکلتے تو فساد پیدا کرنے کے علاوہ کیا ہوتا! —— اور خبال کے معنی موت کے بھی آتے ہیں۔

۴- پھر آیت ۴۹ میں لاتفتنی آیا ہے، یہ فعل نہی، صیغہ واحد مذکر حاضر ہے، فُتُون سے باب ضرب ہے، اس کے معنی ہیں: فتنہ میں ڈالنا، گمراہ کرنا، فرمایا: ﴿وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ ائْذَنْ لِيْ وَلاَتَفْتِنِّيْ﴾: اور منافقین میں سے بعضا کہتا ہے: مجھے (پیچھے رہنے کی) اجازت دیں، اور مجھے خرابی میں نہ ڈالیں یعنی میں رومیوں کی گوری عورتوں کو دیکھ کر بے قابو ہوجاؤں گا۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ لاتوبخنی کیا ہے یعنی میرے پیچھے رہنے پر اظہارِ ناراضگی نہ کریں، ملامت نہ کریں، وَبَّخَه: ملامت کرنا، سخت سست کہنا۔

۵- پھر آیت ۵۳ میں کَرھا (بالفتح) آیا ہے، فرمایا: ﴿قُلْ: أَنْفِقُوْا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا﴾: کہہ دیں: خواہ خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے۔ اور سورۃ الاحقاف آیت ۱۵ میں کُرھا (بالضم) آیا ہے، فرمایا: ﴿حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا﴾: اس کو اس کی ماں نے بڑی مشقت کے ساتھ پیٹ میں رکھا اور بڑی مشقت کے ساتھ اس کو جنا —— امام بخاریؒ فرماتے ہیں: دونوں ایک ہیں یعنی ہم معنی ہیں —— مگر بعض نے فرق کیا ہے، جو ناگواری اور ناخوشی طبیعت کا تقاضہ ہو وہ کُرہ (بالضم) ہے، ماں طبیعت کے تقاضے سے حمل کی مشقت برداشت کرتی ہے، چنانچہ نفاس سے پاک ہوتے ہی اگلے حمل کے لئے تیار ہوجاتی ہے —— اور جو ناخوشی طبیعت کا تقاضہ نہ ہو وہ کَرہ (بالفتح) ہے یعنی زبردستی کوئی کام کرنا۔ منافقین دکھاوے کے لئے مجبوراً خرچ کرتے تھے اس لئے کَرْھا فرمایا، اسی طرح سورۃ حٰمٓ السجدۃ آیت ۱۱ میں ہے: ﴿فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا﴾: پس اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حکم دیا کہ خواہ تم دونوں خوشی سے آؤ یا ناخوشی سے یعنی ہمارے احکام تکوینیہ جو تم دونوں سے متعلق ہیں ان کو خواہ خوشی سے بجالاؤ یا ناخوشی سے، بہر حال بجالانا ہوگا، یہ تعمیل حکم طبیعت کا تقاضہ نہیں تھا، اس لئے کرھا (بالفتح) ہے۔

۶- پھر آیت ۵۷ میں مُدَّخَلاً اور یجمحون آئے ہیں، مُدَّخلا: اصل میں مُدْتَخَلاً تھا، تاء کو دال سے بدل کر دال کو دال میں مدغم کردیا۔ اور یجمحون: مضارع، جمع مذکر غائب ہے: سرپٹ دوڑتے ہوئے، بھاگتے ہوئے مادہ جَمْح اور باب فتح ہے۔ فرمایا: ﴿لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَأً أَوْ مَغَارَاتٍ أَوْ مُدَّخَلاً لَّوَلَّوْا إِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ﴾: اگر ان (منافقین) کو کوئی پناہ کی جگہ مل جاتی یا غار یا گھس بیٹھنے کی جگہ (مل جاتی) تو وہ ضرور منہ اٹھا کر اُدھر کو چل دیتے۔

۷- پھر آیت ۷۰ میں المؤتفکات ہے، یہ المؤتفکۃ کی جمع ہے، ایتفاك مصدر باب افتعال، إفك مادہ ہے، الٹی ہوئی بستیاں یعنی حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کی بستیاں جو بحیرۂ مردار کی جگہ واقع تھیں۔ ائتفکت کے معنی ہیں: ان بستیوں کے ساتھ زمین الٹ دی گئی —— اور سورۃ النجم آیت ۵۳ میں انہی بستیوں کے بارے میں ہے: ﴿وَالْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوَى﴾: اور الٹی ہوئی بستیوں کو بھی پھینک مارا —— الْهُوَّة: گہرا کھڈ، ترجمہ: ڈالا اس کو گہرے کھڈ میں۔

۸- پھر آیت ۷۲ میں لفظ عَدْن آیا ہے: ﴿فِيْ جَنَّاتِ عَدْنٍ﴾: ہمیشہ رہنے کے باغوں میں، خُلْد: ہمیشہ رہنا، عدنتُ بأرض: میں ٹھہرا۔ مَعْدِن: کھان اسی سے ہے، اور معدنِ صدق کے معنی ہیں: شریف النسل۔

[۹-] ﴿الْخَوَالِفِ﴾: الْخَالِفُ الَّذِیْ خَلَفَنِیْ فَقَعَدَ بَعْدِیْ، وَمِنْهُ یَخْلُفُهُ فِی الْغَابِرِیْنَ، وَیَجُوْزُ أَنْ یَكُوْنَ النِّسَاءُ مِنَ الْخَالِفَةِ، وَإِنْ كَانَ جَمْعَ الذُّكُوْرِ فَإِنَّهُ لَمْ یُوْجَدْ عَلٰی تَقْدِیْرِ جَمْعِهِ إِلَّا حَرْفَانِ: فَارِسٌ وَفَوَارِسُ، وَهَالِكٌ وَهَوَالِكُ [۱۰-] ﴿الْخَیْرَاتِ﴾: وَاحِدَتُهَا خَیْرَةٌ، وَهِیَ الْفَوَاضِلُ. [۱۱-] ﴿مُرْجَوْنَ﴾: مُؤَخَّرُوْنَ. [۱۲-] الشَّفَا: شَفِیْرٌ، وَهُوَ حَدُّهُ، وَالْجُرُفُ مَا تَجَرَّفَ مِنَ السُّیُوْلِ وَالْأَوْدِیَةِ. ﴿هَارٍ﴾: هَائِرٍ، یُقَالُ: تَهَوَّرَتِ الْبِئْرُ إِذَا انْهَدَمَتْ وَانْهَارَتْ مِثْلُهُ. [۱۳-] ﴿لَأَوَّاهٌ﴾: شَفَقًا وَفَرَقًا، وَقَالَ الشَّاعِرُ:

إِذَا مَا قُمْتُ أَرْحَلُهَا بِلَیْلٍ ۞ تَأَوَّهُ آهَةَ الرَّجُلِ الْحَزِیْنِ

۹-سورۃ التوبہ آیت ۸۷ میں الخوالف آیا ہے، یہ خالفة کی جمع ہے: پیچھے رہنے والی، فرمایا: ﴿رَضُوْا بِأَنْ یَكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ﴾: وہ (منافقین) راضی ہوگئے خانہ نشیں عورتوں کے ساتھ رہنے پر —— مگر امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ خالف کی جمع ہے، خالف: وہ شخص ہے جو میرے پیچھے رہے پس میرے بعد بیٹھا رہے، اسی سے میت کے پسماندگان کو دعا دیتے ہیں: یخلفه فی الغابرین: وہ پسماندگان میں میت کی نیابت کرے —— پھر فرماتے ہیں کہ خوالف: خالفة کی جمع بھی ہوسکتی ہے، اور مراد پیچھے رہنے والی عورتیں ہوں، اگرچہ خوالف جمع مذکر ہے، تاہم اس سے خانہ نشیں عورتیں مراد لی جاسکتی ہیں، اور خوالف کو خالف کی جمع ماننے کی صورت میں اس کی دو ہی نظیریں ہیں: (۱) فارس کی جمع فوارس. (۲) هالك کی جمع هوالك۔

تنبیہ: اس میں دو باتیں قابل غور ہیں: ایک: جمع مذکر واو نون اور یا نون سے آتی ہے، پس خالف کی جمع خالفون اور خالفین آئے گی نہ کہ خوالف، اس لئے صحیح یہ ہے کہ خوالف: خالفة کی جمع ہے (۲) اور اس جمع کی نظیریں صرف دو ہی ہیں یہ بات بھی صحیح نہیں، عمدۃ القاری میں سات الفاظ اور بھی ذکر کئے ہیں، جیسے سابق کی جمع سوابق۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اگر خوالف: خالفة کی جمع ہے تو آیت کا ترجمہ وہ ہوگا جو اوپر آیا، اور خالف کی جمع ہے تو ترجمہ ہوگا: وہ (منافقین) راضی ہوگئے کہ پیچھے رہنے والوں کے ساتھ رہیں۔

۱۰- پھر آیت ۸۸ میں خیرات آیا ہے، یہ خَیْرَة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں خوبیاں، فرمایا: ﴿وَأُوْلٰئِكَ لَهُمُ الْخَیْرَاتُ﴾: اور انہی کے لئے ساری خوبیاں ہیں —— الفواضل: الفاضلة کی جمع ہے، جو الفاضل کا مؤنث ہے، صاحب فضل وکمال، خوبیوں والا، بلند کردار۔

۱۱- پھر آیت ۱۰٦ میں مُرْجَوْنَ ہے، یہ اسم مفعول جمع مذکر ہے، مفرد مُرْجیٰ اور مصدر إرجاء ہے: وہ لوگ جن کا معاملہ مؤخر کردیا گیا، فرمایا: ﴿وَآخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللّٰهِ﴾: اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا معاملہ اللہ کا حکم آنے تک ملتوی ہے۔

۱۲- پھر آیت ۱۰۹ میں تین لفظ آئے ہیں: شَفَا، جُرُف اور هَارٍ، شفا کے معنی ہیں شفیر: کنارہ —— اور جُرُف کے

معنی ہیں: کھائیاں، نالہ اور نہر کا وہ کنارہ جس کو پانی کے بہاؤ نے کاٹ کر رکھ دیا ہو، اور وہ گرنے کے قریب ہو —— تَجرَّف: پانی کا کسی چیز کو بہالے جانا —— اور ھَارٍ: اسم فاعل مجرور ہے، ھَوْر مادہ ہے، جس کے معنی ہیں: گرنے کے قریب، ھَارٍ کی اصل ھاور یا ھائر ہے، تَھَوَّرَتِ البئر کے معنی ہیں: کنواں ڈھ گیا، اور انھارت کے بھی یہی معنی ہیں۔ فرمایا: ﴿أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ﴾ الآية: کیا پس وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ سے ڈرنے پر اور اس کی خوشنودی پر رکھی بہتر ہے یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد کسی گھاٹی کے کنارے پر رکھی جو گرنے کو ہو رہی ہے، پس وہ اس کو لے کر آتش دوزخ میں گر پڑے؟

۱۳- پھر آیت ۱۱۴ میں لفظ أَوَّاہ آیا ہے، یہ مبالغہ کا صیغہ ہے، اس کے معنی ہیں: نرم دل، بہت آہ کرنے والا یعنی اللہ سے ڈرنے والا، فرمایا: ﴿إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ﴾: بے شک ابراہیم بڑے نرم دل حلیم الطبع تھے —— آہَ (ن) أَوْهًا: آہ آہ کرنا، شفقا: ڈرتے ہوئے، فَرَقًا کے بھی یہی معنی ہیں، شاعر نے لفظ تأَوَّہ استعمال کیا ہے، جس کے معنی ہیں: آہ آہ کرنا!

جب میں کھڑا ہوتا ہوں اور رات میں اونٹنی پر کجاوہ باندھتا ہوں ❁ تو وہ کراہتی ہے غمگین آدمی کے کراہنے کی طرح

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿بَرَآءَةٌ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ إِلَى الَّذِيْنَ عَاهَدْتُمْ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: [۱٤-] ﴿أُذُنٌ﴾: يُصَدِّقُ. [۱٥-] ﴿تُطَهِّرُهُمْ بِهَا وَتُزَكِّيْهِمْ﴾: وَنَحْوُهَا كَثِيْرٌ، وَالزَّكَاةُ: الطَّاعَةُ وَالإِخْلَاصُ. ﴿لَايُؤْتُوْنَ الزَّكَاةَ﴾: لَايَشْهَدُوْنَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. [۱٦-] ﴿يُضَاهِئُوْنَ﴾: يُشَبِّهُوْنَ.

[٤٦٥٤-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ: آخِرُ آيَةٍ نَزَلَتْ: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلَالَةِ﴾ وَآخِرُ سُوْرَةٍ نَزَلَتْ بَرَاءَةٌ. [راجع: ٤٣٦٤]

۱۴- سورۃ التوبہ آیت ۶۱ میں ہے: ﴿وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ أُذُنٌ﴾: اور ان (منافقین) میں بعض وہ لوگ ہیں جو نبی ﷺ کو ستاتے ہیں کہتے ہیں: وہ کان ہے یعنی ہر بات کان دے کر سن لیتا ہے اور مان لیتا ہے۔

۱۵- پھر آیت ۱۰۳ میں: ﴿تُزَكِّيْهِمْ﴾: ہے، اور زکات کا مادہ قرآن میں بہ کثرت استعمال ہوا ہے، اور یہاں زکات کے معنی ہیں: فرماں برداری اور ایمان میں اخلاص (کھرا پن) جیسے سورہ حمٓ السجدة آیت ۷ میں جو ﴿لَايُؤْتُوْنَ الزَّكَاةَ﴾ ہے، اس کے معنی ہیں: وہ توحید کی گواہی نہیں دیتے، فرمایا: ﴿خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا﴾: آپ ان کے اموال میں سے کچھ خیرات لیں، پاک کریں آپ ان کو اور مخلص (مطیع) بنائیں آپ ان کو اس خیرات کے ذریعہ۔

تفسیر: یہ اور اس سے پہلے کی آیت حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے، جنھوں نے خود کو غزوۂ تبوک میں بغیر عذر پیچھے رہنے کی وجہ سے مسجد نبوی کے ستونوں سے باندھ لیا تھا، جب ان کی توبہ نازل ہوئی تو وہ تکمیل توبہ کے طور پر کچھ مال لے کر حاضر ہوئے، پس مذکورہ آیت نازل ہوئی کہ ان کی خیرات لے لیں، اس سے

ان کو دو فائدے حاصل ہونگے: (۱) توبہ سے گناہ تو معاف ہوگیا، مگر اس کی ظلمت و کدورت کا جو اثر باقی ہے وہ صدقہ سے ڈھل جائے گا۔ تطھرھم کا یہ مطلب ہے۔ (۲) ان کے ایمان میں کھرا پن پیدا ہوگا، کیونکہ اعمالِ صالحہ سے عموماً اور خاص طور پر اس عمل سے جو نفس پر شاق ہو ایمان کو جلا ملتی ہے، خیرات کرنا ایسا ہی عمل صالح ہے، اس سے ایمان میں کھرا پن پیدا ہوتا ہے اور فرمان برداری کا جذبہ ابھرتا ہے۔ تزکیھم کا یہ مطلب ہے۔

۱۶- سورۃ التوبہ آیت ۳۰ میں ﴿يُضَاهِئُوْنَ﴾ ہے، یہ مضارع جمع مذکر غائب ہے، مُضاھاۃ: مصدر باب مفاعلہ ہے، معنی: وہ مشابہت پیدا کررہے ہیں، فرمایا: یہود عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا اور نصاری عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہتے ہیں، یہ ان کی منہ سے کہی ہوئی باتیں ہیں، جس کا واقع میں کہیں نام و نشان نہیں: ﴿يُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ﴾: وہ ان لوگوں سی باتیں کرنے لگے ہیں جو ان سے پہلے کافر ہو چکے ہیں، یعنی مشرکین عرب فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے، یہ بھی ان کی طرح اولاد تجویز کرنے لگے۔

سورۃ براءت نزول کے اعتبار سے آخری سورت ہے

یہ بات حضرت براء رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے کہ آیات میں نزول کے اعتبار سے سب سے آخری آیت سورۃ المائدۃ کی آخری آیت ہے، جس میں کلالہ کی میراث کا بیان ہے، اور سورتوں میں نزول کے اعتبار سے آخری سورت: سورۃ البراءۃ ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۴۵۷) آچکی ہے۔

جن قبائل کے ساتھ غیر میعادی ناجنگ معاہدہ تھا ان کو چار ماہ کا الٹی میٹم دیا

فتح مکہ کے بعد جن مشرکین کے ساتھ غیر میعادی ناجنگ معاہدہ تھا ان کو اطلاع کردی گئی کہ ہم آئندہ معاہدہ رکھنا نہیں چاہتے، چار ماہ کی تم کو مہلت دی جاتی ہے، اس مدت میں یا تو اسلامی برادری میں شامل ہو جاؤ یا مرکز توحید و ایمان کو اپنے وجود سے پاک کردو یا جنگی مقابلہ کے لئے تیار ہو جاؤ، مگر خوب سمجھ لو کہ اللہ کی مشیت کو تم روک نہیں سکتے، اگر مسلمان نہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ تم کو دنیا و آخرت میں رسوا کرنے والے ہیں، یہ اعلان سنہ ۹ ہجری میں حج کے موقع پر تمام قبائل عرب کے سامنے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیا۔

یہ اعلان سورۃ براءت کی شروع کی تین آیتوں میں ہے، فرمایا: "اللہ اور اس کے رسول کی جانب سے صاف جواب ہے ان مشرکوں کو جن سے تمہارا معاہدہ ہوا ہے، پس چلو پھرو تم سرزمین عرب میں چار ماہ، اور جان لو کہ تم اللہ تعالیٰ کو عاجز نہیں کرسکتے، اور یہ بھی جان لو کہ اللہ تعالیٰ کافروں کو رسوا کرنے والے ہیں، اور اللہ اور اس کے رسول کی جانب سے بڑے حج کے دن عام لوگوں کے سامنے اعلان کیا جاتا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول دست بردار ہوتے ہیں مشرکین سے، پس اگر تم توبہ کرلو تو تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر تم نے اعراض کیا تو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کرسکوگے، اور کافروں کو ایک دردناک عذاب کی

خوش خبری سنادیجئے''

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲:۱۹۵) آچکی ہے ـــــ سِیْحوا کے معنی سِیْرُوْا ہیں یعنی آزادانہ چلو پھرو ـــــ اور حدیث میں فآذن ہے اس کے معنی ہیں: أعلمهم: ان کو مطلع کردیا۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَسِيْحُوْا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَاعْلَمُوْا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ وَأَنَّ اللّٰهَ مُخْزِى الْكَافِرِيْنَ﴾سِيْحُوْا: سِيْرُوْا.

[٤٦٥٥-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِى اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِى عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، وَأَخْبَرَنِى حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: بَعَثَنِى أَبُوْ بَكْرٍ فِى تِلْكَ الْحَجَّةِ فِى مُؤَذِّنِيْنَ، بَعَثَهُمْ يَوْمَ النَّحْرِ يُؤَذِّنُوْنَ بِمِنًى: أَنْ لاَ يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلاَ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ. قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: ثُمَّ أَرْدَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِعَلِيِّ بْنِ أَبِى طَالِبٍ، وَأَمَرَهُ أَنْ يُؤَذِّنَ بِبَرَاءَةٍ.

قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَأَذَّنَ مَعَنَا عَلِيٌّ يَوْمَ النَّحْرِ فِىْ أَهْلِ مِنًى بِبَرَاءَةٍ، وَأَنْ لاَ يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلاَ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: آذَنَهُمْ: أَعْلَمَهُمْ. [راجع: ٣٦٩]

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأَذَانٌ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللّٰهَ بَرِيْءٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُوْلُهُ، فَإِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ، وَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ﴾

[٤٦٥٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِى عُقَيْلٌ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِى حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: بَعَثَنِى أَبُوْ بَكْرٍ فِى تِلْكَ الْحَجَّةِ فِى الْمُؤَذِّنِيْنَ، بَعَثَهُمْ يَوْمَ النَّحْرِ يُؤَذِّنُوْنَ بِمِنًى: أَلَّا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلاَ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ. قَالَ حُمَيْدٌ: ثُمَّ أَرْدَفَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم بِعَلِيِّ بْنِ أَبِىْ طَالِبٍ، فَأَمَرَهُ أَنْ يُؤَذِّنَ بِبَرَاءَةٍ. قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَأَذَّنَ مَعَنَا عَلِيٌّ فِى أَهْلِ مِنًى يَوْمَ النَّحْرِ بِبَرَاءَةٍ، وَأَنْ لاَ يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلاَ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ. [راجع: ٣٦٩]

جن قبائل کے ساتھ میعادی معاہدہ تھا اس کو اس کی مدت تک باقی رکھا گیا

کچھ قبائل کے ساتھ میعادی معاہدہ تھا، اور وہ اس پر برابر قائم رہے، انھوں نے ایفائے عہد میں کوئی کوتاہی نہیں کی، نہ دوسرے بدعہدوں کو مدد پہنچائی، جیسے بنوضمرۃ اور بنومدلج، ان کے متعلق آیت ۴ میں اعلان کیا گیا کہ میعاد ختم ہونے تک وہ معاہدہ برقرار رہے گا، مگر اس کی تجدید نہیں ہوگی، پھر ان کے لئے بھی وہی راستہ ہوگا جو اوروں کے لئے ہوگا۔ اور اس کا اعلان

بھی حج کے موقعہ پر دس ذی الحجہ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیا، اور حج اکبر کے دن سے مراد دس ذی الحجہ ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِلَّا الَّذِيْنَ عَاهَدْتُمْ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾

[٤٦٥٧-] حدثنا إِسْحَاقُ قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَنَّ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ بَعَثَهُ فِي الْحَجَّةِ الَّتِيْ أَمَّرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَيْهَا قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فِي رَهْطٍ يُؤَذِّنُ فِي النَّاسِ أَنْ لَا يَحُجَّنَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ.

فَكَانَ حُمَيْدٌ يَقُوْلُ: يَوْمُ النَّحْرِ يَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ، مِنْ أَجْلِ حَدِيْثِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ. [راجع: ٣٦٩]

آیت کا ترجمہ: مگر (دست برداری سے) وہ مشرکین مستثنیٰ ہیں جن سے تم نے صلح کا معاہدہ کیا ہے، پھر انھوں نے معاہدہ پر قائم رہنے میں کوئی کمی نہیں کی، اور نہ تمہارے مقابلہ میں (تمہارے) کسی (دشمن) کی مدد کی تو تم ان کے معاہدہ کو اس کی مدت تک پورا کرو (اور بدعہدی مت کرو) واقعی اللہ تعالیٰ (بدعہدی سے) احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتے ہیں —— اس آیت کی رو سے بنو ضَمُرۃ اور بنو مُدْلِج کو نوماہ کی مہلت مل گئی، کیونکہ ان کے معاہدہ کی اتنی ہی مدت باقی رہ گئی تھی۔

اگر نقضِ عہد کفار کی طرف سے ہو تو مسلمان بھی معاہدہ کے پابند نہیں

گذشتہ آیات میں غیر میعادی معاہدہ کی صورت میں چار ماہ کی ڈھیل دی گئی ہے، اور میعادی معاہدہ کی صورت میں تا میعاد مہلت دی گئی ہے، لیکن اگر کفار کی طرف سے نقضِ عہد پایا جائے اور وہ آمادۂ پیکار ہو جائیں تو پھر مسلمان بھی معاہدہ کے پابند نہیں رہیں گے، اس سلسلہ میں آیت ۱۲ نازل ہوئی، اس میں مسلمانوں کو حکم دیا گیا کہ کفر کے ان سرغنوں سے لڑو، فرمایا: ﴿وَإِنْ نَّكَثُوْا أَيْمَانَهُمْ مِنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ﴾: اور اگر وہ لوگ (کفار) عہد کرنے کے بعد اپنی قسموں (قول وقرار) کو توڑ بیٹھیں اور تمہارے دین کو زد پہنچائیں تو تم (بھی) کفر کے سرغنوں سے لڑو، بے شک ان کی قسمیں کچھ نہیں، تاکہ وہ باز آجائیں —— اور حدیث جو امام بخاری رحمہ اللہ نے ذکر کی ہے اس کا آیت سے کچھ تعلق نہیں، اس کا ترجمہ اور مطلب عبارت کے بعد ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿فَقَاتِلُوْا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ﴾

[٤٦٥٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَقَالَ: مَابَقِيَ مِنْ أَصْحَابِ هٰذِهِ الْآيَةِ إِلَّا ثَلَاثَةٌ، وَلَا مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ إِلَّا أَرْبَعَةٌ. فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: إِنَّكُمْ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم تُخَبِّرُوْنَا لَا نَدْرِيْ، فَمَا بَالُ هٰؤُلَاءِ

الَّذِيْنَ يَنْقُرُوْنَ بُيُوْتَنَا وَيَسْرِقُوْنَ أَعْلَاقَنَا قَالَ: أُوْلٰئِكَ الْفُسَّاقُ، أَجَلْ لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ إِلَّا أَرْبَعَةٌ، أَحَدُهُمْ شَيْخٌ كَبِيْرٌ لَوْ شَرِبَ الْمَاءَ الْبَارِدَ لَمَا وَجَدَ بَرْدَهُ.

ترجمہ: زید بن وہب کہتے ہیں: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، پس انھوں نے کہا: نہیں باقی رہے اس آیت والوں میں سے مگر تین شخص (آیت سے کونسی آیت مراد ہے یہ متعین نہیں اور وہ تین شخص کون ہیں، یہ بھی معلوم نہیں) اور منافقین میں سے صرف چار شخص باقی رہ گئے ہیں (ان کے بھی نام معلوم نہیں) پس ایک بدّو نے کہا: آپ لوگ یعنی نبی ﷺ کے صحابہ ایسی باتیں بتاتے ہو جو ہماری سمجھ میں نہیں آتیں، پس ان لوگوں کا کیا حال ہے جو ہمارے گھروں میں نقب لگاتے ہیں، اور ہماری نفیس چیزیں چرا لیتے ہیں؟ یعنی یہی تو منافقین ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ صرف چار منافق رہ گئے ہیں! حضرت حذیفہؓ نے کہا: وہ فساق (بدکار) ہیں یعنی وہ عملی منافق ہیں، اور میں نے اعتقادی منافقوں کے بارے میں بتلایا ہے کہ ان میں سے صرف چار زندہ ہیں، ان میں سے ایک بہت بوڑھا ہے، اگر وہ ٹھنڈا پانی پیتا ہے تو اس کو پانی کی برودت کا احساس نہیں ہوتا، یعنی وہ بے حس ہو چکا ہے۔

تشریح: امام بخاری رحمہ اللہ اس حدیث سے أئمة الكفر (کفر کے سرداروں) کی تعیین کرنا چاہتے ہیں، مگر حدیث سے یہ بات حاصل نہیں ہوتی، کیونکہ 'اس آیت' کا مصداق متعین نہیں، اور اس کی تعیین کی ضرورت بھی نہیں، ان کو ہر شخص ہر زمانہ میں جانتا ہے۔

جس مال کی زکات نہ نکالی جائے وہ مال آخرت میں وبال بن جائے گا

سورۃ البراءۃ کی آیات ۳۴ و ۳۵ ایک ہی مسئلہ سے متعلق ہیں، امام صاحبؒ نے ان کو دو بابوں میں لکھا ہے، ان کا ترجمہ یہ ہے: ''اور جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں، اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انہیں دردناک سزا کی خوش خبری سنا دیجئے، جس روز جہنم کی بھٹی میں اس سونے اور چاندی پر آگ دہکائی جائے گی، پھر اس سے ان لوگوں کی پیشانیاں، پہلو اور پیٹھوں کو داغا جائے گا (اور کہا جائے گا:) یہ ہے وہ دولت جو تم نے اپنے واسطے جمع کر رکھی تھی، پس لو اب اپنی سمیٹی ہوئی دولت کا مزہ چکھو!''

اور پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۷۳) مفصل آئی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن تم میں سے ایک کا خزانہ گنجا سانپ بنے گا (یکون: پیکر محسوس اختیار کرے گا) اور دوسری حدیث بھی پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۷۶) مفصل آئی ہے۔ اور دوسرے باب کی حدیث بھی پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۷۵) تفصیل سے آچکی ہے۔ اس میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہے کہ جس نے مال جمع کیا اور اس کی زکات نہیں نکالی وہ مال اس کے لئے ہلاکت کا سامان بنے گا، یہ بات زکات کا حکم نازل ہونے سے پہلے تھی، پھر جب زکات کا حکم نازل ہوا تو اللہ تعالیٰ نے مال کو زکات کے ذریعہ پاک کر دیا (اب وہ کنز

نہیں رہا نہ وہ آیت کا مصداق ہے)

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلاَ يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ﴾

[٤٦٥٩-] حدثنا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَكُوْنُ كَنْزُ أَحَدِكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ" [راجع: ١٤٠٣]

[٤٦٦٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: مَرَرْتُ عَلَى أَبِيْ ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ قُلْتُ: مَا أَنْزَلَكَ بِهٰذِهِ الْأَرْضِ؟ قَالَ: كُنَّا بِالشَّامِ فَقَرَأْتُ: ﴿وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلاَ يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ﴾ قَالَ مُعَاوِيَةُ: مَا هٰذِهِ فِيْنَا، مَا هٰذِهِ إِلَّا فِيْ أَهْلِ الْكِتَابِ. قَالَ: قُلْتُ: إِنَّهَا لَفِيْنَا وَفِيْهِمْ. [راجع: ١٤٠٦]

[٧-] بَابُ قَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿يَوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ، هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ﴾

[٤٦٦١-] وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَسْلَمَ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: هٰذَا قَبْلَ أَنْ تُنْزَلَ الزَّكَاةُ، فَلَمَّا أُنْزِلَتْ جَعَلَهَا اللهُ طُهْرًا لِلْأَمْوَالِ. [راجع: ١٤٠٤]

سال بارہ مہینے کا ہے، ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں

سورۃ التوبہ آیت ۳۶ میں ہے: "مہینوں کی تعداد اللہ کے نزدیک نوشتۂ الٰہی میں جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین بنائے بارہ ہی ہے یعنی لوند کا مہینہ بڑھا کر تیرہ مہینوں کا سال کرنا لوگوں کی ایجاد ہے، جن میں سے چار مہینے محترم ہیں (اور وہ متعین ہیں، ان میں تبدیلی کرنے کا کسی کو کوئی حق نہیں) یہی صحیح دین ہے (اور جس کو تم ملتِ ابراہیمی سمجھے بیٹھے ہو وہ تمہاری تراشیدہ ملت ہے) —— القیم: صفت کا صیغہ ہے، اس کے معنی ہیں: قائم یعنی مستقیم: سیدھا، ٹھیک، درست۔

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "زمانہ گھوم کر پہلی جگہ آگیا ہے، جیسا وہ تخلیقِ ارض وسماء کے وقت تھا، سال بارہ ماہ کا ہے، ان میں سے چار محترم مہینے ہیں، تین مسلسل ہیں: ذوالقعدہ، ذوالحجہ اور محرم (اور چوتھا) مضر کا رجب ہے جو جمادی الاخری اور شعبان کے درمیان ہے (مضر قبیلہ اس مہینے کی تعظیم کرتا تھا اس لئے اس کی طرف اس مہینے کی نسبت کی گئی ہے) اِسْتَدَارَ:

گھوم کر پہلی جگہ لوٹنا۔

[۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ﴾ ﴿الْقَيِّمُ﴾ هُوَ الْقَائِمُ.

[٤٦٦٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ، السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ، ثَلَاثٌ مُتَوَالِيَاتٌ: ذُوالْقَعْدَةِ وَذُوالْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِيْ بَيْنَ جُمَادَى وَشَعْبَانَ" [راجع: ٦٧]

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ غارِ ثور میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے

سورۃ التوبہ آیت ۴۰ میں ہے: ﴿إِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْهُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهِ: لَاتَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهُ عَلَيْهِ﴾: اگر تم رسول اللہ کی مدد نہیں کروگے تو اللہ تعالیٰ یقیناً اس وقت ان کی مدد کر چکا ہے جب کافروں نے ان کو (مکہ سے) نکال دیا تھا، جبکہ وہ دو میں کا دوسرا تھا، جس وقت دونوں غار میں تھے، جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہے تھے: غم مت کر اللہ تعالیٰ یقیناً ہمارے ساتھ ہیں، پھر اللہ نے اس (ساتھی) پر اپنی خاص تسلی نازل فرمائی —— اس آیت سے قطعی طور پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا غارِ ثور میں نبی ﷺ کے ساتھ ہونا ثابت ہوتا ہے اور "اللہ ہمارے ساتھ ہیں" یعنی ہمارے مددگار ہیں —— اور سکینة: سکون سے بروزن فعیلة مصدر ہے جو اسم کی جگہ استعمال ہوا ہے یعنی سکون واطمینان —— اور ثانی اثنین: أخرجه کی ضمیر مفعول سے حال ہے۔ اور باب کی حدیث میں بھی یہی مضمون ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ یارِ غار تھے، اور حدیثیں ایک کے علاوہ سب نئی ہیں، اس لئے ان کا ترجمہ ومطلب بعد میں ہے۔

[۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْهُمَا فِي الْغَارِ﴾

﴿مَعَنَا﴾: نَاصِرُنَا، السَّكِيْنَةُ: فَعِيْلَةٌ مِنَ السُّكُوْنِ.

[٤٦٦٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْغَارِ، فَرَأَيْتُ آثَارَ الْمُشْرِكِيْنَ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ رَفَعَ قَدَمَهُ رَآنَا. قَالَ: "مَا ظَنُّكَ بِاثْنَيْنِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا؟"

[راجع: ٣٦٥٣]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۸۶) آئی ہے، اس سے معلوم ہوا کہ سفرِ ہجرت میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے ساتھ تھے، غار میں بھی اور مکہ سے مدینہ تک سفر میں بھی۔

[۴۶۶۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّـهُ قَالَ حِيْنَ وَقَعَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ ابْنِ الزُّبَيْرِ: قُلْتُ: أَبُوْهُ الزُّبَيْرُ، وَأُمُّهُ أَسْمَاءُ، وَخَالَتُهُ عَائِشَةُ، وَجَدُّهُ أَبُوْ بَكْرٍ، وَجَدَّتُه صَفِيَّةُ.

فَقُلْتُ لِسُفْيَانَ: إِسْنَادُهُ؟ فَقَالَ: حَدَّثَنَا، فَشَغَلَهُ إِنْسَانٌ: وَلَمْ يَقُلْ: ابْنُ جُرَيْجٍ. [طرفاہ: ۴۶۶۵، ۴۶۶۶]

ترجمہ: جب ابن عباسؓ اور ابن الزبیرؓ کے درمیان اختلاف ہوا تب بھی ابن عباسؓ نے ابن الزبیرؓ کے فضائل بیان کئے، فرمایا: ان کے ابا حضرت زبیرؓ ہیں (جو نبی ﷺ کے حواری (خاص مددگار) ہیں) اور ان کی والدہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ہیں (جو دونطاق والی ہیں) اور ان کی خالہ صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا ہیں، اور ان کے نانا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں (جو یارِ غار تھے، جیسا کہ اگلی حدیث میں آرہا ہے) اور ان کی دادی صفیہ رضی اللہ عنہا ہیں (جو نبی ﷺ کی پھوپی ہیں) —— امام بخاریؒ کے استاذ عبداللہ مسندی نے اپنے استاذ سفیان بن عیینہؒ سے کہا: اس کی سند؟ پس انھوں نے کہا: ہم سے یہ حدیث بیان کی، پھر ان کو کسی شخص نے مشغول کر دیا اور انھوں نے 'ابن جریج' نہیں کہا (اس لئے امام بخاریؒ یہی حدیث عبداللہ مسندی کی دوسری سند سے اگلے نمبر پر لائے ہیں)

[۴۶۶۵-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: قَالَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: وَكَانَ بَيْنَهُمَا شَيْءٌ فَغَدَوْتُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ: أَتُرِيْدُ أَنْ تُقَاتِلَ ابْنَ الزُّبَيْرِ، فَتُحِلَّ حَرَمَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: مَعَاذَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ ابْنَ الزُّبَيْرِ وَبَنِيْ أُمَيَّةَ مُحِلِّيْنَ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لاَ أُحِلُّهُ أَبَدًا.

قَالَ: قَالَ النَّاسُ: بَايِعْ لِابْنِ الزُّبَيْرِ. فَقُلْتُ: وَأَيْنَ بِهٰذَا الْأَمْرِ عَنْهُ؟ أَمَّا أَبُوْهُ فَحَوَارِيُّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يُرِيْدُ الزُّبَيْرَ، وَأَمَّا جَدُّهُ فَصَاحِبُ الْغَارِ، يُرِيْدُ أَبَا بَكْرٍ، وَأُمُّـهُ فَذَاتُ النِّطَاقِ، يُرِيْدُ أَسْمَاءَ، وَأَمَّا خَالَتُهُ فَـأُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ، يُرِيْدُ عَائِشَةَ، وَأَمَّا عَمَّتُه فَزَوْجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يُرِيْدُ خَدِيْجَةَ، وَأَمَّا عَمَّةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَجَدَّتُهُ، يُرِيْدُ صَفِيَّةَ، ثُمَّ عَفِيْفٌ فِي الْإِسْلَامِ، قَارِئٌ لِلْقُرْآنِ!

وَاللّٰهِ إِنْ وَصَلُوْنِيْ وَصَلُوْنِيْ مِنْ قَرِيْبٍ، وَإِنْ رَبُّوْنِيْ رَبَّنِيْ أَكْفَاءٌ كِرَامٌ، فَـآثَرَ التُّوَيْتَاتِ وَالْأُسَامَاتِ وَالْحُمَيْدَاتِ، يُرِيْدُ أَبْطُنًا مِنْ بَنِيْ أَسَدٍ: بَنِيْ تُوَيْتٍ وَبَنِيْ أُسَامَةَ وَبَنِيْ أَسَدٍ، إِنَّ ابْنَ أَبِي الْعَاصِ بَرَزَ يَمْشِي الْقُدَمِيَّةَ، يَعْنِيْ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ، وَإِنَّـهُ لَوَّى ذَنَبَهُ، يَعْنِي ابْنَ الزُّبَيْرِ. [راجع: ۴۶۶۴]

روایت کا پس منظر: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ نے یزید کے ہاتھ پر بیعت

نہیں کی، پھر جب یزید کا انتقال ہوگیا تو ابن الزبیرؓ نے اپنے لئے بیعت لی، اور اسلامی مملکت کا دو تہائی حصہ ان کے کنٹرول میں آ گیا، پھر مروان کا دور آیا، اس نے ضحاک بن قیس کو قتل کر دیا، جو ابن الزبیرؓ کی طرف سے شام کا گورنر تھا، اس وقت ابن عباس اور ابن الحنفیہ مکہ مکرمہ میں تھے، ابن الزبیرؓ نے ان سے بیعت کا مطالبہ کیا، انھوں نے انکار کیا، اور کہا: ہم اس وقت بیعت کریں گے جب سب لوگ کسی ایک خلیفہ پر متفق ہو جائیں گے، اور بھی لوگ اس رائے کے تھے، ابن الزبیرؓ نے ان پر سختی کی اور ان کو قید کر دیا، مختار ثقفی کو اس کی اطلاع ہوئی، وہ لشکر جرار لے کر آیا، اور ان دونوں کو رہائی دلائی، پھر اس نے ابن الزبیرؓ سے لڑنے کی ان سے اجازت طلب کی، دونوں نے اس کی ہم نوائی نہیں کی، اور دونوں طائف چلے گئے (حاشیہ)

روایت: ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں: ابن عباس اور ابن الزبیر رضی اللہ عنہما کے درمیان کچھ اختلاف ہوا، پس میں صبح کو ابن عباسؓ کے پاس گیا، میں نے کہا: کیا آپ ابن الزبیر سے لڑنا چاہتے ہیں، پس آپ حرم کی حرمت کو پامال کریں گے؟ ابن عباسؓ نے کہا: توبہ توبہ! اللہ تعالیٰ نے ابن الزبیر اور بنو امیہ کے مقدر میں حرم کی حرمت کی پامالی لکھ دی ہے، یعنی وہ دونوں حرم میں لڑیں گے، اور میں بخدا! کبھی حرم کی حرمت کو پامال نہیں کرونگا۔

ابن ابی ملیکہؒ کہتے ہیں: لوگوں نے (جو ابن الزبیرؓ کے حمایتی تھے ابن عباسؓ سے) کہا: آپ ابن الزبیر کے ہاتھ پر بیعت کرلیں، پس میں نے (ابن عباسؓ نے) کہا: اور کہاں ہے اس امر کے ساتھ ان سے! یعنی ابن الزبیر کے علاوہ خلافت کا حقدار کون ہے؟ وہی حقدار ہیں! (أراد بالأمر الخلافة يعني ليست بعيدةً عنه لما له من الشرف ۱۲ عمدة القاری) (پھر ابن عباسؓ نے ابن الزبیر کے فضائل بیان کئے، فرمایا: رہے ان کے ابا تو وہ نبی ﷺ کے خاص مددگار ہیں، ان کی مراد حضرت زبیرؓ ہیں، اور رہے ان کے نانا تو وہ نبی ﷺ کے غار کے ساتھی ہیں، ان کی مراد حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں (یہاں باب ہے) اور ان کی والدہ دو پٹکوں والی خاتون ہیں، ان کی مراد حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ہیں، اور رہی ان کی خالہ تو وہ مسلمانوں کی ماں ہیں، ان کی مراد حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ہیں، اور رہی ان کی پھوپی تو وہ نبی ﷺ کی اہلیہ ہیں، ان کی مراد حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ہیں، (حضرت خدیجہؓ حضرت زبیرؓ کی پھوپی ہیں، پس ان کے صاحبزادے عبداللہ کی بھی پھوپی ہوئیں) اور رہی نبی ﷺ کی پھوپی تو وہ ان کی دادی ہیں، ان کی مراد حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا ہیں، پھر وہ بذاتِ خود ناپسندیدہ اقوال وافعال سے بچنے والے مسلمان ہیں، وہ قرآنِ کریم کے قاری یعنی بڑے عالم ہیں (پس ان کے علاوہ خلافت کا حقدار کون ہوسکتا ہے؟!)

(سوال: جب ابن الزبیرؓ کے یہ اور یہ فضائل ہیں تو آپ ان کے ہاتھ پر بیعت کیوں نہیں کرتے؟ جواب: تین باتوں کی وجہ سے: اول: بنو امیہ سے میرا قریبی نسبی تعلق ہے، ابن الزبیر سے دور کا تعلق ہے۔ دوم: ابن الزبیر میں اقرباء نوازی ہے، وہ اپنے خاندان کو ترجیح دیتے ہیں۔ سوم: ابن الزبیر کا سیاسی مستقبل تابناک نہیں)

(۱) بخدا اگر تعلق رکھتے ہیں وہ (بنو امیہ مجھ سے) تو وہ قریب سے تعلق رکھتے ہیں یعنی میرا نسبی تعلق بنو امیہ سے قریب

ہے بہ نسبت ابن الزبیر کے، اور اگر وہ میری پرورش کرتے ہیں یعنی مجھے انعامات سے نوازتے ہیں تو میری پرورش کرتا ہے برابر کا شریف آدمی پس اپنوں کا احسان مند رہنا پرایوں کے احسان مند رہنے سے بہتر ہے۔(۲) پس ابن الزبیرؓ نے بنو تویت، بنو اسامہ اور بنو حمید کو ترجیح دی، مراد قبیلہ بنو اسد کے خاندان ہیں (حضرت ابن الزبیرؓ اسدی ہیں، وہ بنو اسد کے خاندانوں کو بنو ہاشم پر ترجیح دیتے ہیں، ابن عباسؓ ہاشمی ہیں)(۳) بے شک ابوالعاص کا لڑکا یعنی عبدالملک (جو ابن الزبیر کا حریف تھا) میدان میں اترا ہے وہ اکڑ والی چال چل رہا ہے، ان کی مراد عبدالملک بن مروان ہے، اور بے شک انھوں نے اپنی دُم موڑی ہے ان کی مراد ابن الزبیر ہیں یعنی وہ دم دبا کر بیٹھ گئے ہیں (ان وجوہ سے میں ان سے بیعت نہیں کر رہا)

[٤٦٦٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: أَلاَ تَعْجَبُوْنَ لِابْنِ الزُّبَيْرِ، قَامَ فِي أَمْرِهِ هٰذَا، فَقُلْتُ: لَأُحَاسِبَنَّ نَفْسِي لَهُ مَا حَاسَبْتُهَا لِأَبِي بَكْرٍ وَلاَ لِعُمَرَ، وَلَهُمَا كَانَا أَوْلَى بِكُلِّ خَيْرٍ مِنْهُ، وَقُلْتُ: ابْنُ عَمَّةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَابْنُ الزُّبَيْرِ، وَابْنُ أَبِي بَكْرٍ، وَابْنُ أَخِي خَدِيْجَةَ، وَابْنُ أُخْتِ عَائِشَةَ، فَإِذَا هُوَ يَتَعَلَّى عَنِّي وَلاَ يُرِيْدُ ذٰلِكَ، فَقُلْتُ: مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنِّي أَعْرِضُ هٰذَا مِنْ نَفْسِي، فَيَدَعُهُ، وَمَا أُرَاهُ يُرِيْدُ خَيْرًا، وَإِنْ كَانَ لاَبُدَّ لَأَنْ يَرُبَّنِي بَنُو عَمِّي أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَرُبَّنِي غَيْرُهُمْ.
[راجع: ٤٦٦٤]

ترجمہ: یہ گذشتہ روایت ہی ہے جو دوسری سند سے لائی گئی ہے، اس روایت میں بیعت نہ کرنے کی ایک اور وجہ بھی بیان کی ہے کہ میں نے تو ان کی ہر طرح مدد کرنے کی ٹھان لی تھی، مگر انھوں نے مجھے نظر انداز کر دیا، قریب ہی نہیں لگایا۔ ابن ابی ملیکہؒ کہتے ہیں: ہم ابن عباسؓ کے پاس گئے، پس انھوں نے کہا: کیا تمھیں ابن الزبیرؓ پر حیرت نہیں ہوتی، اٹھے ہیں وہ اس خلافت کے لئے، پس میں نے سوچا: میں ضرور ان کے لئے اپنے نفس سے ایسا حساب کتاب کرونگا جیسا حساب کتاب میں نے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے لئے نہیں کیا یعنی ان کی مدد کے لئے ہر ممکن سعی کرونگا، اور یقیناً ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما زیادہ حقدار تھے ہر خیر کے ابن الزبیر سے، اور میں نے سوچا: نبی ﷺ کی پھوپی کے لڑکے ہیں، زبیرؓ کے صاحبزادے ہیں، حضرت ابوبکرؓ کے نواسے ہیں، اور حضرت خدیجہؓ کے بھتیجے ہیں، اور حضرت عائشہؓ کے بھانجے ہیں (اس لئے ان کی ہر طرح مدد کرنی چاہئے) پس اچانک وہ مجھ پر بڑائی جتانے لگے، یعنی مجھے نظر انداز کر دیا، اور نہیں چاہتے تھے وہ یہ بات یعنی مجھے قریب کرنا نہیں چاہتے تھے، پس میں نے سوچا: نہیں گمان کرتا تھا میں کہ پیش کروں یہ بات اپنی طرف سے، پس وہ مجھے نظر انداز کرنا چھوڑ دیں، اور نہیں گمان کرتا ہوں میں کہ وہ خیر چاہتے ہیں یعنی مجھے نظر انداز کرنا ان کے لئے مفید نہیں ہوگا ـــــ اور اگر بیعت کرنا ضروری ہے تو البتہ یہ بات کہ میری پرورش کریں میرے چچا زاد بھائی (بنو امیہ) مجھے زیادہ پسند ہے

اس سے کہ میری پرورش کرے ان کے علاوہ یعنی بنواسد (یہ وجہ ہے ابن الزبیر سے بیعت نہ کرنے کی)

جن لوگوں کی دل جوئی مقصود ہو وہ بھی زکات کا ایک مصرف ہیں

سورۃ التوبہ آیت ۶۰ میں زکات وصدقات کے آٹھ مصارف کا بیان ہے، ان میں ایک مصرف مؤلفۃ القلوب ہیں یعنی جن کی دل جوئی مقصود ہو ان کو بھی زکات وصدقات میں سے دے سکتے ہیں، اگرچہ وہ مالدار ہوں، مگر بعد میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ مصرف موقوف کردیا۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۵۵۶) آچکی ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یمن سے تھوڑا سونا بھیجا تھا، نبی ﷺ نے وہ سونا قبائل کے چار سرداروں کو تالیف قلب کے لئے بانٹ دیا، پس ذوالخویصرۃ نے ناانصافی کی پھبتی کسی، اس پر آپؐ نے فرمایا: ''اس کی نسل سے ایک قوم نکلے گی جو دین ہی سے نکل جائے گی!''

[۱۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ﴾

وَقَالَ مُجَاهِدٌ: يَتَأَلَّفُهُمْ بِالْعَطِيَّةِ.

[۴۶۶۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نُعْمٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: بُعِثَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِشَيْئٍ، فَقَسَمَهُ بَيْنَ أَرْبَعَةٍ وَقَالَ: "أَتَأَلَّفُهُمْ" فَقَالَ رَجُلٌ: مَاعَدَلْتَ. فَقَالَ: "يَخْرُجُ مِنْ ضِئْضِئِ هٰذَا قَوْمٌ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ" [راجع: ۳۳۴۴]

منافقوں کی زبان سے نہ تھوڑا دینے والا بچا نہ زیادہ خرچ کرنے والا

سورۃ التوبہ آیت ۷۹ میں ہے: ﴿الَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقَاتِ، وَالَّذِيْنَ لَايَجِدُوْنَ إِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ﴾: وہ منافقین جو طعن کرتے ہیں تبرع کرنے والے مؤمنین کی مالی قربانیوں پر، اور وہ لوگ جو نہیں پاتے مگر اپنی محنت کی کمائی، پس وہ ان کا مذاق اڑاتے ہیں —— لَمَزَه (ن،ض) لَمْزًا: کسی میں عیب نکالنا، برائی کرنا —— جَهْد (جیم کا زبر) اور جُهْد (جیم کا پیش) کے معنی ہیں: محنت، مشقت، کوشش، طاقت۔

حدیث (۱): ابومسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ہمیں خیرات کرنے کا حکم دیا جاتا تو ہم مزدوری کیا کرتے تھے، پس ابوعقیل حبحاب رضی اللہ عنہ آدھا صاع لائے، اور ایک دوسرا شخص اس سے زیادہ لایا، پس منافقوں نے کہا: اللہ تعالیٰ اس شخص کی اس خیرات سے بے نیاز ہیں (مراد پہلا شخص ہے) اور اس دوسرے نے نہیں کیا یہ کام مگر دکھلانے کے لئے، پس مذکورہ آیت نازل ہوئی (حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴:۱۹۰) گذری ہے۔

حدیث (۲): ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ہمیں خیرات کرنے کا حکم دیا کرتے تھے، پس محنت کرتا تھا ہم میں سے ایک یہاں تک کہ وہ ایک مد (چوتھائی صاع) لاتا تھا، اور بے شک ان میں سے ایک کے لئے آج ایک

لاکھ ہیں، گویا وہ اپنی ذات کی طرف اشارہ کررہے ہیں یعنی انھوں نے خود اپنا حال بیان کیا ہے۔

[۱۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿الَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾

﴿يَلْمِزُوْنَ﴾ يَعِيْبُوْنَ، جُهْدَهُمْ وَجَهْدَهُمْ: طَاقَتَهُمْ.

[٤٦٦٨-] حَدَّثَنِيْ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَبُوْ مُحَمَّدٍ، قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: لَمَّا أُمِرْنَا بِالصَّدَقَةِ كُنَّا نَتَحَامَلُ، فَجَاءَ أَبُوْ عَقِيْلٍ بِنِصْفِ صَاعٍ، وَجَاءَ إِنْسَانٌ بِأَكْثَرَ مِنْهُ، فَقَالَ الْمُنَافِقُوْنَ: إِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنْ صَدَقَةِ هٰذَا، وَمَا فَعَلَ هٰذَا الآخَرُ إِلَّا رِيَاءً. فَنَزَلَتْ: ﴿الَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقَاتِ، وَالَّذِيْنَ لَايَجِدُوْنَ إِلَّا جُهْدَهُمْ﴾

[راجع: ١٤١٥]

[٤٦٦٩-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِيْ أُسَامَةَ: أَحَدَّثَكُمْ زَائِدَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْمُرُنَا بِالصَّدَقَةِ، فَيَحْتَالُ أَحَدُنَا حَتَّى يَجِيْءَ بِالْمُدِّ، وَإِنَّ لِأَحَدِهِمُ الْيَوْمَ مِائَةَ أَلْفٍ. كَأَنَّهُ يُعَرِّضُ بِنَفْسِهِ. [راجع: ١٤١٥]

لغت: تَحَامل: بوجھ اٹھانے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا یعنی مزدوری کرنا .... احتیال: مقصد برآری کے لئے کوئی کام کرنا۔

نبی ﷺ کا استغفار بھی منافقین کے لئے بے سود ہے

سورۃ التوبہ آیت ۸۰ میں ہے: ﴿اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ، إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ﴾: خواہ آپؐ ان کے لئے بخشش کی دعا کریں یا نہ کریں، اگر آپ ستر بار بھی ان کے لئے بخشش کی دعا کریں گے تو بھی اللہ تعالیٰ ان کو بخشنے والے نہیں —— کیونکہ منافق اعتقادی حقیقت میں کافر ہوتا ہے اور کافر ومشرک کی بخشش ہرگز نہیں ہوگی۔ اور پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵۸۹:۳) آچکی ہے، اور دوسری حدیث بھی پہلے (تحفۃ القاری ۱۲۹:۴) آچکی ہے۔

[۱۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ، إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً﴾

[٤٦٧٠-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ جَاءَ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ قَمِيْصَهُ يُكَفِّنُ فِيْهِ أَبَاهُ فَأَعْطَاهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِيُصَلِّيَ، فَقَامَ عُمَرُ فَأَخَذَ بِثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تُصَلِّيْ

عَلَيْهِ وَقَدْ نَهَاكَ رَبُّكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ؟! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّمَا خَيَّرَنِي اللّٰهُ، فَقَالَ: ﴿اِسْتَغْفِرْلَهُمْ أَوْلاَ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ،إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً ﴾وَسَأَزِيْدُهُ عَلَى السَّبْعِيْنَ" قَالَ: إِنَّهُ مُنَافِقٌ! قَالَ: فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَلاَ تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ أَبَدًا وَلاَتَقُمْ عَلٰى قَبْرِهِ﴾[راجع: ۱۲۶۹]

[۴۶۷۱-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، ح: وَقَالَ غَيْرُهُ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ،عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّهُ قَالَ: لَمَّا مَاتَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيِّ ابْنُ سَلُوْلَ دُعِيَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَثَبْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتُصَلِّي عَلَى ابْنِ أُبَيٍّ وَقَدْ قَالَ يَوْمَ كَذَا: كَذَا وَكَذَا؟- قَالَ: أَعُدُّ عَلَيْهِ قَوْلَهُ – فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ:" أَخِّرْ عَنِّي يَا عُمَرُ" فَلَمَّا أَكْثَرْتُ عَلَيْهِ، قَالَ:" إِنِّي خُيِّرْتُ فَاخْتَرْتُ، لَوْ أَعْلَمُ أَنِّي إِنْ زِدْتُ عَلَى السَّبْعِيْنَ فَغُفِرَ لَهُ لَزِدْتُ عَلَيْهَا" قَالَ: فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ انْصَرَفَ، فَلَمْ يَمْكُثْ إِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى نَزَلَتِ الآيَتَانِ مِنْ بَرَاءَةٍ: ﴿وَلاَتُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿وَهُمْ فَاسِقُوْنَ﴾ قَالَ: فَعَجِبْتُ بَعْدُ مِنْ جُرْأَتِي عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! [راجع:۱۳۶۶]

نبی ﷺ کو منافقین کا جنازہ پڑھنے سے اور کفن دفن میں شرکت سے روک دیا گیا

سورۃ التوبہ کی آیت ۸۴ ہے:﴿وَلاَ تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ أَبَدًا وَلاَتَقُمْ عَلٰى قَبْرِهِ﴾:اور آپ ان میں سے کسی کا کبھی بھی جنازہ نہ پڑھیں جو مر گیا، اور نہ (دفن کے لئے) اس کی قبر پر کھڑے ہوں ـــــ پہلے آیت ۸۰ میں استغفار وعدم استغفار کے درمیان نبی ﷺ کو اختیار دیا گیا تھا، مگر ساتھ ہی استغفار کا بے سود ہونا بھی بتلا دیا تھا، پھر جب نبی ﷺ نے رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کا جنازہ پڑھا تو آیت ۸۴ نازل ہوئی، اس آیت کے نزول کے بعد منافقین کا جنازہ پڑھنا قطعاً حرام ہوگیا ـــــ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳:۵۸۸) آچکی ہے۔

[۱۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلاَ تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ أَبَدًا وَلاَتَقُمْ عَلٰى قَبْرِهِ﴾

[۴۶۷۲-] حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ:لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ، جَاءَ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَعْطَاهُ قَمِيْصَهُ وَأَمَرَهُ أَنْ يُكَفِّنَهُ فِيْهِ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي عَلَيْهِ، فَأَخَذَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِثَوْبِهِ، فَقَالَ: تُصَلِّي عَلَيْهِ وَهُوَ مُنَافِقٌ وَقَدْ نَهَاكَ اللّٰهُ أَنْ تَسْتَغْفِرَ لَهُمْ؟ قَالَ:" إِنَّمَا خَيَّرَنِي اللّٰهُ – أَوْ: أَخْبَرَنِي اللّٰهُ – فَقَالَ:

﴿اِسْتَغْفِرْلَهُمْ أَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ،إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ﴾ فَقَالَ: سَأَزِيْدُهُ عَلٰى سَبْعِيْنَ" قَالَ: فَصَلّٰى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَصَلَّيْنَا مَعَهُ، ثُمَّ أُنْزِلَ عَلَيْهِ: ﴿وَلَا تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ أَبَدًا وَلَاتَقُمْ عَلٰى قَبْرِهِ إِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَمَاتُوْا وَهُمْ فَاسِقُوْنَ﴾ [راجع: ۱۲۶۹]

مسلمانوں کو منافقین سے صرفِ نظر کر لینے کی ہدایت

جب نبی ﷺ اور صحابہ غزوۂ تبوک سے واپس لوٹے تو پیچھے رہنے والے منافقین نے اعذار تصنیف کرنے شروع کئے، اور جھوٹی قسمیں کھا کر مسلمانوں کو اپنی معذوری کا یقین دلانا چاہا، تاکہ مسلمان ان سے صرفِ نظر کر لیں اور ان کو کوئی سزا نہ دیں، چنانچہ سورۃ التوبہ کی آیت ۹۵ نازل ہوئی کہ جب تم ان کی طرف پلٹو گے تو وہ تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں گے ــــــ اور تمہیں یقین دلانے کی کوشش کریں گے کہ ہم واقعی مجبوریوں کی وجہ سے گھر رہے ہیں ــــــ تاکہ تم ان سے صرفِ نظر کر لو ــــــ اور ان کی جہاد کی غیر حاضری کو معاف کر دو اور ان کو کوئی سزا نہ دو ــــــ سو تم انہیں نظر انداز کر دو ــــــ ان سے کسی قسم کا واسطہ نہ رکھو ــــــ کیونکہ وہ پلید ہیں ــــــ اور پلیدی کی پوٹ کو دور پھینک دینا اور اس سے علاحدہ رہنا ہی بہتر ہے ــــــ اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے ان کاموں کی پاداش میں جو وہ کماتے رہے ہیں۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۵۲۱) آئی ہے، حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ گئے تھے، فرماتے ہیں: بخدا! اللہ تعالیٰ نے مجھے کوئی نعمت نہیں بخشی اسلام کی توفیق دینے کے بعد زیادہ بڑی میرے سچ بولنے سے نبی ﷺ کے سامنے کہ نہیں جھوٹ بولا میں نے آپؐ کے سامنے پس میں ہلاک ہو جاتا جیسا ہلاک ہو گئے وہ لوگ جنھوں نے جھوٹ بولا، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے حق میں مذکورہ آیت اور اس کے بعد کی آیت نازل فرمائی۔

[۱۴-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ فَأَعْرِضُوْا عَنْهُمْ، إِنَّهُمْ رِجْسٌ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ، جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴾

[۴۶۷۳-] حدثنا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ تَبُوْكَ: وَاللّٰهِ مَا أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ نِعْمَةٍ بَعْدَ إِذْ هَدَانِيَ اللّٰهُ أَعْظَمَ مِنْ صِدْقِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ لَا أَكُوْنَ كَذَبْتُهُ فَأَهْلِكَ كَمَا هَلَكَ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا حِيْنَ أُنْزِلَ الْوَحْيُ: ﴿سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ﴾ إِلٰى ﴿الْفَاسِقِيْنَ﴾ [راجع: ۲۷۵۷]

مسلمان منافقین سے اگرچہ راضی ہو جائیں مگر اللہ تعالیٰ ان سے راضی نہیں ہونگے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ اسّی منافقین کے بارے میں نبی ﷺ نے صحابہ کو ہدایت دی تھی کہ

ان کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا موقوف کر دیا جائے اور بول چال بند کر دی جائے، جس سے ان کی بری حالت ہوگئی، اور انہیں یقین ہوگیا کہ مسلمانوں نے ان کی غلطی سے درگذر کرنے کے بجائے انہیں نظر انداز کر دیا، پس ان کی مشکل سوا ہوگئی اور لگے جھوٹی قسمیں کھانے کہ کسی طرح مسلمانوں کو خوش کرلیں، پس آیت ۹۶ نازل ہوئی کہ وہ لوگ تمہارے سامنے جھوٹی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے خوش ہو جاؤ ـــــ اور انہیں گلے لگالو ـــــ پس اگر تم ان سے خوش (بھی) ہوگئے تو (کیا حاصل) اللہ تعالیٰ تو ایسے بدکردار لوگوں سے ہرگز راضی ہونے والے نہیں (پھر تمہیں خوش کرنے سے ان کا کیا بھلا ہوگا!)

[۱۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ، فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لاَ يَرْضَى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ﴾

جن لوگوں نے اچھے برے ہر طرح کے اعمال کئے ہیں اگر وہ توبہ کرلیں تو ان کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے

کچھ مسلمان مخلص تھے مگر سستی اور کاہلی کی وجہ سے غزوۂ تبوک میں شرکت نہ کر سکے ایسے حضرات کل دس تھے، ان میں سے سات نے خود کو مسجدِ نبوی کے ستونوں سے باندھ لیا، اور عہد کیا کہ جب تک خود نبی ﷺ ان کو نہیں کھولیں گے وہ اسی طرح بندھے رہیں گے، ان کے حق میں سورۃ التوبہ کی آیت ۱۰۲ نازل ہوئی: ''اور دوسرے لوگ جنھوں نے اپنے قصوروں کا اعتراف کرلیا انھوں نے نیک اعمال (ایک گناہ کے ساتھ) رلا دیئے، اور دوسرے بدعمل کو (توبہ کے ساتھ آمیز کرلیا) امید ہے اللہ تعالیٰ ان پر مہربان ہو جائیں، بے شک اللہ تعالیٰ بہت درگذر کرنے والے بے حد مہربانی کرنے والے ہیں'' ـــــ پس ہر وہ مسلمان جس کے اعمالِ صالحہ میں کچھ گناہوں کی آمیزش ہو جائے، اگر وہ توبہ کرلے تو امید ہے اللہ تعالیٰ اس کی کوتاہیوں پر قلم عفو پھیر دیں گے۔ اور حدیث پہلے کئی جگہ آئی ہے، تفصیل سے تحفۃ القاری (۱۴۸:۴) میں آئی ہے، مگر یہ مضمون پہلے نہیں آیا، اس لئے ترجمہ بعد میں کیا ہے۔

وَقَوْلِهِ: ﴿وَآخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلاً صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا، عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾

[٤٦٧٤-] حدثنا مُؤَمَّلٌ- هُوَ ابْنُ هِشَامٍ- قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَنَا: ''أَتَانِى اللَّيْلَةَ آتِيَانِ فَابْتَعَثَانِىْ، فَانْتَهَيْنَا إِلَى مَدِيْنَةٍ مَبْنِيَّةٍ بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَلَبِنِ فِضَّةٍ، فَتَلَقَّانَا رِجَالٌ: شَطْرٌ مِنْ خَلْقِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، وَشَطْرٌ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، قَالاَ لَهُمْ: اذْهَبُوْا فَقَعُوْا فِى ذٰلِكَ النَّهْرِ، فَوَقَعُوْا

فِيهِ، ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَيْنَا قَدْ ذَهَبَ ذٰلِكَ السُّوْءُ عَنْهُمْ، فَصَارُوْا فِي أَحْسَنِ صُوْرَةٍ، قَالاَ لِيْ: هٰذِهِ جَنَّةُ عَدْنٍ، وَهَذَاكَ مَنْزِلُكَ، قَالاَ: أَمَّا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَانُوْا شَطْرٌ مِنْهُمْ حَسَنٌ وَشَطْرٌ مِنْهُمْ قَبِيْحٌ، فَإِنَّهُمْ خَلَطُوْا عَمَلاً صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا تَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُمْ"[راجع: ٨٤٥]

ترجمہ: حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ہم سے فرمایا: آج رات میرے پاس دو آدمی آئے، انھوں نے مجھے نیند سے بیدار کیا، پس ہم ایک ایسے شہر میں پہنچے جو سونے کی اینٹ اور چاندی کی اینٹ سے تعمیر کیا ہوا تھا، پس ہمارے سامنے کچھ لوگ آئے، جن کا آدھا بدن زیادہ سے زیادہ خوبصورت تھا جو تم نے کبھی دیکھا ہو، اور دوسرا آدھا انتہائی بدصورت تھا جو تم نے کبھی دیکھا ہو، ان دو شخصوں نے ان لوگوں سے کہا: جاؤ اور اس نہر میں گرو، چنانچہ وہ اس میں گرے پھر ہماری طرف لوٹے تو ان کی وہ بدصورتی ختم ہوگئی تھی، اور وہ بہترین صورت میں ہوگئے تھے ـــــ ان دو شخصوں نے مجھ سے کہا: یہ (شہر) جنت عدن (ہمیشہ رہنے کا باغ) ہے، اور یہ آپ کی منزل ہے، (پھر) ان دونوں نے کہا: رہے وہ لوگ جن کا آدھا بدن خوبصورت اور آدھا بدن بدصورت تھا وہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے نیک اعمال کو (برے عمل سے) ملایا ہے اور دوسرے برے کو (بھی توبہ کے ساتھ ملایا) اللہ تعالیٰ ان سے درگذر فرمائیں گے۔

نوٹ: آیت کی تفسیر اور ترکیب ہدایت القرآن میں ہے۔

جو کفر پر مرا اس کے لئے استغفار جائز نہیں

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے کافر باپ کے لئے دعائے مغفرت کی تھی، اور نبی ﷺ اور مسلمان بھی اپنے کافر رشتہ داروں کے لئے دعائے مغفرت کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے، باب کی حدیث میں ہے: ''مجھے جب تک اللہ تعالیٰ منع نہیں کریں گے میں برابر آپ کے لئے (ابوطالب کے لئے) دعائے مغفرت کرتا رہوں گا'' ـــــ پھر جب سورۃ التوبہ کی آیت ۱۱۳ نازل ہوئی تو صحابہ ان رشتہ داروں کے لئے جو کفر کی حالت میں مرے دعائے مغفرت کرنے سے رک گئے ـــــ اور آیت کریمہ کا ترجمہ یہ ہے: ''نبی اور مؤمنوں کے لئے زیبا نہیں کہ وہ مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت کریں، چاہے وہ ان کے رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں، ان پر یہ بات کھل جانے کے بعد کہ وہ لوگ دوزخی ہیں!'' ـــــ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۲۱) آئی ہے۔

[١٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿مَاكَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْ يَسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ﴾

[٤٦٧٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبٍ الْوَفَاةُ دَخَلَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَعِنْدَهُ أَبُوْ جَهْلٍ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَيْ عَمِّ قُلْ: لاَ إِلٰهَ

إِلَّا اللّٰهُ، أُحَاجَّ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ" فَقَالَ أَبُوْ جَهْلٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ أُمَيَّةَ: يَا أَبَا طَالِبٍ! أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَالَمْ أُنْهَ عَنْكَ" فَنَزَلَتْ: ﴿مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْ يَسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْا أُوْلِيْ قُرْبٰى مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ﴾ [راجع: ١٣٦٠]

اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر مہربان ہوئے جن کے دل ڈگمگانے کے قریب ہوگئے تھے

غزوۂ تبوک کے موقعہ پر کچھ حضرات شروع میں متردد رہے، پھر سنبھل گئے، اور سب کے ساتھ جہاد میں شریک ہوگئے، ان کی توبہ کی قبولیت کا اعلان سورۃ التوبہ آیت ۱۱۷ میں کیا گیا، اور ان کا دل خوش کرنے کے لئے شروع میں نبی ﷺ اور مہاجرین وانصار کا تذکرہ کیا تا کہ وہ حضرات یہ خیال نہ کریں کہ ہم معاف تو بے شک کردیئے گئے، لیکن چونکہ ہمارا ریکارڈ خراب ہوگیا ہے اس لئے ہمارا مقام ومرتبہ کم ہوگیا ہوگا؟ اس اندیشہ کو زائل کرنے کے لئے شروع میں نبی ﷺ اور مہاجرین وانصار کا ذکر کیا کہ یہ سب ایک لڑی کے موتی ہیں۔

آیت کا ترجمہ: اللہ تعالیٰ یقیناً مہربان ہوئے نبی پر، اور ان مہاجرین وانصار پر جنھوں نے تنگی کے وقت میں نبی کی پیروی کی (اور ان حضرات کا یہ پیروی کرنا) اس کے بعد (تھا) کہ ان میں سے کچھ لوگوں کے دل ڈگمگانے کے قریب ہوگئے تھے (لیکن وہ سنبھل گئے اور جہاد میں شریک ہوگئے) پھر اللہ تعالیٰ ان پر مہربان ہوگئے، واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر شفقت ومہربانی فرمانے والے ہیں۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۱۶۴) آچکی ہے۔

[١٧-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾

[٤٦٧٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ. ح: قَالَ أَحْمَدُ: وَحَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ كَعْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبٍ- وَكَانَ قَاعِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيْهِ حِيْنَ عَمِيَ - قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ فِيْ حَدِيْثِهِ: ﴿وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا﴾ قَالَ فِيْ آخِرِ حَدِيْثِهِ: إِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَمْسِكْ بَعْضَ مَالِكَ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ" [راجع: ٢٧٥٧]

ان تین کی بھی توبہ قبول ہوگئی جن کا معاملہ پیچھے کردیا گیا تھا

غزوۂ تبوک کے موقعہ پر تین حضرات (کعب بن مالک، ہلال بن امیہ اور مرارۃ بن الربیع رضی اللہ عنہم) بغیر عذر کے

پیچھے رہ گئے تھے، پھر انھوں نے کوئی عذر بھی نہیں تراشا، چنانچہ ان کا معاملہ ڈھیل میں چھوڑ دیا گیا، مسلمانوں کو حکم دیدیا گیا کہ جب تک اللہ پاک کا حکم نہ آئے ان سے کسی قسم کا معاشرتی تعلق نہ رکھا جائے، ان کے ساتھ سلام وکلام نہ کیا جائے، اسی حال میں پچاس دن گذر گئے، تب سورۃ التوبہ کی آیت ۱۱۸ نازل ہوئی، اوران کی بھی توبہ قبول کرلی گئی۔

آیت کا ترجمہ: اوران تین کی طرف (بھی اللہ نے توجہ فرمائی) جن کا معاملہ پیچھے کیا گیا تھا، یہاں تک کہ جب ان پر زمین باوجود کشادگی کے تنگ ہوگئی اوران پر ان کی جانیں بھی تنگ ہوگئیں اوروہ سمجھ گئے کہ اللہ سے بھاگ کر کوئی جائے پناہ نہیں مگراسی کی طرف، پھراللہ نے ان پرتوجہ فرمائی تا کہ وہ اللہ کی طرف لوٹیں، بے شک اللہ تعالیٰ بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والے، نہایت مہربان ہیں! اورحدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۵۱۳) آچکی ہے، باب حديث كعب بن مالك (تحفہ ۸:۵۱۰)

[۱۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَعَلَى الثَّلاَثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا، حَتّٰى إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْا أَنْ لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ، ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا إِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ﴾

[۴۶۷۷-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ أَعْيَنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ: أَنَّ الزُّهْرِيَّ حَدَّثَهُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ، وَهُوَ أَحَدُ الثَّلاَثَةِ الَّذِيْنَ تِيْبَ عَلَيْهِمْ: أَنَّهُ لَمْ يَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا قَطُّ غَيْرَ غَزْوَتَيْنِ: غَزْوَةِ الْعُسْرَةِ وَغَزْوَةِ بَدْرٍ. قَالَ: فَأَجْمَعْتُ صِدْقَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضُحًى، وَكَانَ قَلَّمَا يَقْدَمُ مِنْ سَفَرٍ سَافَرَهُ إِلَّا ضُحًى، وَكَانَ يَبْدَأُ بِالْمَسْجِدِ، فَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ، وَنَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ كَلاَمِيْ وَكَلاَمِ صَاحِبَيَّ، وَلَمْ يَنْهَ عَنْ كَلاَمِ أَحَدٍ مِنَ الْمُتَخَلِّفِيْنَ غَيْرِنَا، فَاجْتَنَبَ النَّاسُ كَلاَمَنَا، فَلَبِثْتُ كَذٰلِكَ حَتَّى طَالَ عَلَيَّ الأَمْرُ، وَمَا مِنْ شَيْئٍ أَهَمَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَمُوْتَ فَلاَ يُصَلِّيْ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، أَوْ يَمُوْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَكُوْنَ مِنَ النَّاسِ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ، فَلاَ يُكَلِّمُنِيْ أَحَدٌ مِنْهُمْ، وَلاَ يُصَلِّيْ عَلَيَّ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَوْبَتَنَا عَلٰى نَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى بَقِيَ الثُّلُثُ الآخِرُ مِنَ اللَّيْلِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ أُمِّ سَلَمَةَ، وَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ مُحْسِنَةً فِيْ شَأْنِيْ مَعْنِيَّةً فِيْ أَمْرِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَا أُمَّ سَلَمَةَ تِيْبَ عَلٰى كَعْبٍ" قَالَتْ: أَفَلاَ أُرْسِلُ إِلَيْهِ فَأُبَشِّرَهُ، قَالَ: "إِذًا يَحْطِمُكُمُ النَّاسُ فَيَمْنَعُوْنَكُمُ النَّوْمَ سَائِرَ اللَّيْلَةِ" حَتّٰى إِذَا صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلاَةَ الْفَجْرِ آذَنَ بِتَوْبَةِ اللّٰهِ عَلَيْنَا، وَكَانَ إِذَا اسْتَبْشَرَ اسْتَنَارَ وَجْهُهُ حَتَّى كَأَنَّهُ قِطْعَةٌ مِنَ الْقَمَرِ، وَكُنَّا أَيُّهَا

الثَّلَاثَةُ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا خُلِّفْنَا عَنِ الْأَمْرِ الَّذِىْ قُبِلَ مِنْ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اعْتَذَرُوْا حِيْنَ أَنْزَلَ اللّٰهُ لَنَا التَّوْبَةَ، فَلَمَّا ذُكِرَ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْمُتَخَلِّفِيْنَ، وَاعْتَذَرُوْا بِالْبَاطِلِ، ذُكِرُوْا بِشَرٍّ مَا ذُكِرَ بِهِ أَحَدٌ، قَالَ اللّٰهُ: ﴿يَعْتَذِرُوْنَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللّٰهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهُ﴾ الآيَةَ. [التوبة: ۹۴] [راجع: ۲۷۵۷]

اللہ سے ڈرواور سچوں کے ساتھی بنو

تلبس (تعلق) اپنا اثر دکھاتا ہے، لباس کا آدمی سے تلبس ہوتا ہے، اس لئے فیشن والا لباس مزاج میں فسق وفجور کے جذبات ابھارتا ہے، اور پرہیزگاروں کا لباس دل میں تقوی پیدا کرتا ہے، اسی طرح اچھی بری کمپنی (صحبت) کے بھی اثرات ہوتے ہیں، کہتے ہیں: صحبتِ صالح ترا صالح کند اور صحبت طالح (بدکار) ترا طالح کند، اور کہتے ہیں:

أُحِبُّ الصالحين ولستُ منهم ۞ لعل الله أن يرزقني صلاحا

نیکیوں سے مجھے محبت ہے گو میں نیک نہیں ۞ شاید اللہ ان کی صحبت سے مجھے نیک بنادیں

سورۃ التوبہ کی آیت ۱۱۹ گذشتہ سے پیوستہ ہے، ان تین حضرات کو نصیحت کی گئی جن کا معاملہ التواء میں ڈالا گیا تھا کہ تمہیں منافقین کے ساتھ پیچھے نہیں رہنا چاہئے تھا، صحابہ کے ساتھ غزوہ میں نکلنا چاہئے تھا، تم نے جو بروں کا ساتھ دیا تو تمہارا کیا حشر بنا! اگر تم صحابہ کے ساتھ نکلتے تو یہ صورت کاہے کو پیش آتی! اور باب کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۵۱) آئی ہے۔

[۱۹-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾

[۴۶۷۸-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ - وَكَانَ قَائِدَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ - قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ قِصَّةِ تَبُوْكَ: فَوَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَبْلَاهُ اللّٰهُ فِى صِدْقِ الْحَدِيْثِ أَحْسَنَ مِمَّا أَبْلَانِىْ، مَا تَعَمَّدْتُ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى يَوْمِىْ هٰذَا كَذِبًا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾ [راجع: ۲۷۵۷]

جب قرآن سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا تو سورۃ توبہ کی آخری دو آیتوں کی اصل تحریر نہیں آئی

جمع قرآن کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں قرآن جمع نہیں تھا، صحابہ نے اس کو جمع کیا، ایسا سمجھنا واقعات کی روشنی میں صحیح نہیں، پورے قرآن کے حفاظ موجود تھے، فَمِی بشوق والی منزلیں صحابہ میں معروف تھیں، حضرت جبرئیل علیہ السلام ہر سال نبی ﷺ کے ساتھ رمضان میں دور کرتے تھے، اور وفات والے سال تو دو مرتبہ دور کیا تھا۔

بلکہ جمع قرآن کا مطلب ہے: قرآن کو سرکاری ریکارڈ میں لینا۔ صورت یہ تھی کہ نبی ﷺ نے کاتبینِ وحی سے قرآن لکھوا کر اپنے گھر میں نہیں رکھا تھا، جب کوئی سورت مکمل ہوتی تو جو صحابی اس کو مانگتے ان کو دیدی جاتی، دوسرے لوگ ان سے نقلیں لیتے تھے، چونکہ قرآنِ کریم بواسطہ رسول اللہ ﷺ لوگوں کی طرف اتارا گیا ہے (سورۃ النحل آیت ۴۴) اس لئے لوگوں ہی کو اس کی حفاظت کی ذمہ داری سونپی گئی تھی۔

پھر دورِ صدیقی میں جنگِ یمامہ پیش آئی، جس میں کافی حفاظ شہید ہوگئے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خطرہ محسوس ہوا اور انھوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا کہ قرآن کو سرکاری ریکارڈ میں لے لیا جائے تاکہ پوری طرح اس کی حفاظت ہوجائے، پس یہ کام حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو سونپا گیا، انھوں نے اصل تحریریں جو نبی ﷺ کے ملاحظہ سے گذر چکی تھیں: لوگوں سے طلب کیں، اور اس کے اصل تحریر ہونے کے دو گواہ بھی طلب کئے، اس موقعہ پر سورۃ التوبہ کی آخری دو آیتیں نہیں آئیں جب دوبارہ اعلان کیا گیا تو وہ آیتیں حضرت ابوخذیمہ بن اوس لائے، اور کہا: میں دوسرا گواہ تلاش کررہا تھا مگر وہ اب تک نہیں ملا، اس لئے تاخیر ہوئی، وہ آیتیں حضرت زید رضی اللہ عنہ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تھیں، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اس کو پہچانا کہ وہ اصل تحریر ہے، اس لئے وہ لے لی گئی، پھر حفاظ کے حفظ سے ان تحریروں کا مقابلہ کیا گیا، جب ہر طرح اطمینان ہوگیا تو مختلف چیزوں پر ان کی نقل کرلی گئی، اور ان کو ایک تھیلہ میں بھر کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سونپ دیا، انھوں نے وہ تھیلا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس رکھوادیا، مگر اس تھیلے کو کھولنے کی نوبت کبھی نہیں آئی، کیونکہ بعد کی جنگوں میں حفاظ بکثرت شہید نہیں ہوئے، اور بچوں نے بھی حفظ شروع کردیا، اس لئے دس حافظ شہید ہوتے تھے تو سو نئے حافظ تیار ہوجاتے تھے۔

پھر دورِ عثمانی میں حضرت عثمانؓ نے دو کام کئے: ایک: جو قرآن سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا تھا اس کو سرکاری ریکارڈ سے نکال کر مسلمانوں کو سونپ دیا، قرآن کے متعدد نسخے تیار کرا کر مختلف شہروں میں بھیج دیئے، اور حکم دیا کہ مسلمان اسی نسخہ سے نقلیں لیں، اس موقعہ پر پھر لوگوں سے اصلی تحریریں طلب کی گئیں، اس مرتبہ سورۃ الاحزاب کی ایک آیت نہیں آئی پس دوبارہ اعلان کیا گیا تو وہ آیت حضرت خزیمۃ بن ثابت انصاریؓ (ذوالشہادتین) لائے، اور انھوں نے کہا اس کا دوسرا گواہ وفات پاچکا ہے، میں کوئی اور گواہ تلاش کررہا تھا اس وجہ سے تاخیر ہوئی، لوگوں نے کہا: خزیمہ کی تنہا گواہی دو کے قائم مقام ہے، چنانچہ وہ آیت لے لی گئی۔ دوم: مختلف طرح سے قرآن پڑھنے کی جو سہولت دی گئی تھی اس کو موقوف کردیا، اور امت کو لغتِ قریش پر جمع کردیا، پس وہ جامع الناس علی هذا القرآن ہیں (جمع قرآن کی مزید تفصیل تحفۃ الالمعی کے مقدمہ میں ہے)

سورۃ التوبہ کی آخری دو آیتوں کا ترجمہ: بلاشبہ تمہارے پاس تم ہی میں سے عظیم المرتبت رسول آئے ہیں، جن کو تمہارا دشواری میں پڑنا شاق گذرتا ہے، جو تمہاری فلاح کے بڑے خواہش مند ہیں، جو مسلمانوں پر بے حد شفیق نہایت مہربان ہیں، پس اگر لوگ منہ پھیریں تو آپ کہہ دیں: میرے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہیں، ان کے سوا کوئی معبود نہیں، انہی پر میں نے بھروسہ

کیا اور وہ عرش بزرگ کے مالک ہیں۔

فائدہ: پہلی آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی دو صفتیں اپنے حبیب ﷺ کے لئے جمع کی ہیں: (۱) رؤف: یہ رأفة سے ہے، جس کے معنی ہیں: بے حد شفیق، اس میں رحیم سے زیادہ معنی ہیں۔ (۲) رحیم: نہایت مہربان۔

[۲۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُ وْفٌ رَّحِيْمٌ﴾ مِنَ الرَّأْفَةِ.

[٤٦٧٩-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ السَّبَّاقِ: أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيَّ- وَكَانَ مِمَّنْ يَكْتُبُ الْوَحْيَ - قَالَ: أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُوْ بَكْرٍ مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ وَعِنْدَهُ عُمَرُ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ عُمَرَ أَتَانِيْ فَقَالَ: إِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِالنَّاسِ، وَإِنِّيْ أَخْشَى أَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ فِي الْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبَ كَثِيْرٌ مِنَ الْقُرْآنِ، إِلَّا أَنْ تَجْمَعُوْهُ، وَإِنِّيْ لَأَرَى يُجْمَعُ الْقُرْآنُ. قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: قُلْتُ لِعُمَرَ: كَيْفَ أَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ يُرَاجِعُنِيْ فِيْهِ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ لِذٰلِكَ صَدْرِيْ، وَرَأَيْتُ الَّذِيْ رَأَى عُمَرُ- قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: وَعُمَرُ عِنْدَهُ جَالِسٌ لَايَتَكَلَّمُ- فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: إِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ وَلَا نَتَّهِمُكَ، كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، فَوَ اللّٰهِ لَوْ كَلَّفَنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَاكَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا أَمَرَنِيْ بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ. قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلَانِ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ أَزَلْ أُرَاجِعُهُ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ اللّٰهُ لَهُ صَدْرَ أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَقُمْتُ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ أَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْأَكْتَافِ وَالْعُسُبِ، وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ، حَتّٰى وَجَدْتُ مِنْ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ آيَتَيْنِ مَعَ خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ، لَمْ أَجِدْهُمَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ: ﴿لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ﴾ إِلٰى آخِرِهَا. وَكَانَتِ الصُّحُفُ الَّتِيْ جُمِعَ فِيْهَا الْقُرْآنُ عِنْدَ أَبِيْ بَكْرٍ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ. تَابَعَهُ عُثْمَانُ بْنُ عَمْرٍو، وَاللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ.

وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، وَقَالَ: مَعَ أَبِيْ خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ.

وَقَالَ مُوْسٰى، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ: مَعَ أَبِيْ خُزَيْمَةَ، وَتَابَعَهُ يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ أَبِيْهِ. وَقَالَ أَبُوْ ثَابِتٍ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ وَقَالَ: مَعَ خُزَيْمَةَ، أَوْ أَبِيْ خُزَيْمَةَ. ﴿فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾ [راجع: ٢٨٠٧]

ترجمہ: ابن السبّاق نے امام زہریؒ کو بتایا کہ زید بن ثابت انصاریؓ نے ــــ اور وہ کاتبینِ وحی میں سے تھے ــــ فرمایا: مجھے ابوبکرؓ نے جنگِ یمامہ کے سال بلوایا، اور ان کے پاس عمرؓ تھے، ابوبکرؓ نے کہا: عمر میرے پاس عمر آئے، اور انھوں نے کہا کہ جنگِ یمامہ میں لوگوں کی سخت خوں ریزی ہوئی ہے، اور مجھے اندیشہ ہے کہ دوسری جنگوں میں بھی حفاظ قرآن کی سخت خوں ریزی ہو، پس بہت سارا قرآن ضائع ہوجائے، مگر یہ کہ آپ لوگ اس کو جمع کردیں یعنی سرکاری ریکارڈ میں لے لیں، اور میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ قرآن جمع کرلیا جائے یعنی سرکاری ریکارڈ میں لے لیا جائے ــــ ابوبکرؓ نے کہا: میں نے عمرؓ سے کہا: میں وہ کام کیسے کروں جو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ پس عمرؓ نے کہا: بخدا! وہ کام بہتر ہے! پھر عمرؓ برابر مجھ سے اس معاملہ میں گفتگو کرتے رہے، یہاں تک کہ اللہ نے میرا سینہ کھول دیا اس کام کے لئے جس کے لئے عمرؓ کا سینہ کھول دیا تھا، اور میں نے بھی وہ بات مناسب سمجھی جو عمرؓ نے مناسب سمجھی تھی ــــ زیدؓ نے کہا: اور عمرؓ ان کے پاس خاموش بیٹھے تھے ــــ پس ابوبکرؓ نے کہا: آپ جوان عقلمند آدمی ہیں، اور ہم آپ پر بدگمانی نہیں کرتے، آپ رسول اللہ ﷺ کے لئے وحی لکھا کرتے تھے، پس قرآن کو تلاش کرو یعنی اس کی اصلی تحریریں حاصل کرو، پس ان کو جمع کرو یعنی سرکاری ریکارڈ میں لے لو ــــ پس بخدا! اگر وہ مجھے حکم دیتے کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کا تو وہ مجھ پر زیادہ بھاری نہ ہوتا اس کام سے جس کا انھوں نے مجھ کو حکم دیا ــــ میں نے کہا: آپ دونوں وہ کام کیسے کرتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ ابوبکرؓ نے کہا: بخدا! وہ اچھا کام ہے، پس میں برابر ابوبکرؓ سے تبادلۂ خیال کرتا رہا یہاں تک کہ اللہ نے میرا سینہ کھول دیا اس کام کے لئے جس کے لئے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے سینے کھول دیئے تھے، پس میں تیار ہوگیا، اور میں نے قرآن تلاش کیا، جمع کرتا تھا میں اس کو پرچوں سے، شانوں کی ہڈیوں سے، پتے توڑی ہوئی کھجور کی شاخوں سے اور مردوں کے سینوں سے یعنی حافظوں کے حفظ سے مقابلہ بھی کرتا تھا، یہاں تک کہ پائی میں نے سورۃ التوبہ کی آخری دوآیتیں خزیمہ انصاریؓ کے پاس (یہ وہم ہے یہ آیتیں ابوخزیمہ بن اوس انصاریؓ کے پاس ملی تھیں) نہیں پایا میں نے ان کو ان کے علاوہ کسی کے پاس یعنی ﴿لَقَدْ جَاءَ كُمْ﴾ آخر تک، اور وہ صحیفے جن میں قرآن جمع کیا گیا تھا ابوبکرؓ کے پاس تھے، یہاں تک کہ ان کی وفات ہوگئی، پھر عمرؓ کے پاس رہے، یہاں تک کہ ان کی وفات ہوگئی، پھر حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما کے پاس رہے۔

اس کے بعد حدیث کی مختلف سندیں ذکر کی ہیں، ان میں یہ اختلاف ہے کہ سورۃ التوبہ کی آخری دوآیتیں حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری (ذوالشہادتین) کے پاس سے ملی تھیں یا ابوخزیمہ بن اوس انصاریؓ کے پاس سے؟ صحیح یہ ہے کہ سورۃ توبہ کی آیتیں ابوخزیمہ کے پاس سے ملی تھیں اور سورہ احزاب کی آیت خزیمہؓ کے پاس سے ملی تھی۔

﴿الحمدللہ! سورۃ التوبہ کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[۱۰] سورة یونس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۱- بَابٌ]

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ:[۱-] ﴿فَاخْتَلَطَ﴾:فَنبتَ بِالْمَاءِ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ. [۲-] وَ﴿قَالُوْا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ هُوَ الْغَنِيُّ﴾وَقَالَ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ: [۳-] ﴿أَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ﴾: مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: خَيْرٌ. [٤-] يُقَالُ:﴿تِلْكَ آيَاتُ﴾:يَعْنِيْ هٰذِهِ أَعْلَامُ الْقُرْآنِ، وَمِثْلُهُ:﴿حَتّٰى إِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِمْ﴾: الْمَعْنَى: بِكُمْ. [٥-] ﴿دَعْوَاهُمْ﴾: دُعَاؤُهُمْ. [٦-] ﴿أُحِيْطَ بِهِمْ﴾: دَنَوْا مِنَ الْهَلَكَةِ ﴿وَأَحَاطَتْ بِهِ خَطِيْئَتُهُ﴾ [٧-] فَاتَّبَعَهُمْ وَأَتْبَعَهُمْ وَاحِدٌ. ﴿عَدْوًا﴾ مِنَ الْعُدْوَانِ.

سورۂ یونسؑ کی تفسیر

الفاظ کی تشریح

۱-سورۂ یونس آیت ۲۴ میں دنیا کی حالت بیان کی ہے، اس میں لفظ اختلط آیا ہے، یہ خلط سے ہے: دو یا زیادہ چیزوں کو باہم ملانا، فرمایا: ''دنیا کی زندگی کی مثال ایسی ہے جیسے ہم نے بادل سے پانی برسایا، پھر اس کی وجہ سے زمین کا وہ سبزہ رَلا ملا نکلا جسے آدمی اور جانور کھاتے ہیں'' (الی آخرہ) یعنی ہر طرح کا سبزہ اچھا برا، انسانوں کے کام کا یا جانوروں کے کھانے کا ایک ساتھ ایک ہی جگہ اگ آیا، اور باہم مل کر بڑھنے لگا، اور ایک دوسرے کے ساتھ گتھ کر گنجان سبزہ زار تیار ہو گیا —— لون: رنگ یعنی نوع، قسم۔

۲-سورۂ یونس آیت ٦٨ میں ہے:﴿قَالُوْا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ، هُوَ الْغَنِيُّ﴾:ان (مشرکین) نے کہا: اللہ تعالیٰ نے اولاد بنائی، سبحان اللہ! (اللہ اولاد سے پاک ہیں) وہ بے نیاز ہیں (کسی کے محتاج نہیں، سب ان کے محتاج ہیں، پس انہیں اولاد کی کیا حاجت ہے؟) امام بخاری رحمہ اللہ نے آیت لکھی ہے، مگر اس کے بارے میں کچھ نہیں لکھا۔ شارحین کہتے ہیں: یہ پہلے باب کی پیشانی ہے، پھر حدیث ذکر کرنے کا موقع نہیں ملا۔

۳-سورۂ یونس آیت ۲ میں ﴿قَدَمَ صِدْقٍ﴾: ہے، یہ موصوف کی صفت کی طرف اضافت ہے، جیسے مَقْعَد صدقٍ، مَدْخَلَ صدق، اور مَخْرَج صدق أی محققة مقررة، قدم کے اصلی معنی تو پاؤں کے ہیں، مگر سعی و عمل کا ذریعہ چونکہ

قدم ہے اس لئے مجازاً 'بلند مرتبہ' کو بھی قَدَم کہہ دیا جاتا ہے، پھر اس کی اضافت صدق کی طرف کر کے بتلایا کہ یہ بلند مرتبہ جو مؤمنین کو ملنے والا ہے وہ پکا، سچا اور لازوال ہے، دنیا کے عہدوں کی طرح ڈھلتی چھاؤں نہیں ہے —— زید بن اسلمؒ نے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مولی زادہ ہیں: اس کا مصداق نبی ﷺ کو قرار دیا ہے، اور مجاہدؒ نے 'خیر' ترجمہ کیا ہے، یہ دوسری تفسیر زیادہ بہتر ہے۔

۴-سورۂ یونس کی پہلی آیت ہے: ﴿تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيْمِ﴾: یہ حکمت سے لبریز کتاب کے اہم مضامین ہیں، اس میں تلك (اسم اشارہ بعید) هذه (اسم اشارہ قریب) کے معنی میں ہے، جیسے آیت ۲۲ میں ہے: ﴿وَجَرَيْنَ بِهِمْ﴾: اور کشتیاں ان کو لے کر چلیں یعنی تمہیں لے کر چلیں، اس میں بهم: بكم کے معنی میں ہے —— اور آیات: آية کی جمع ہے: نشانیاں یعنی قرآن کے اہم مضامین، أعلام: علَم کی جمع ہے، بلند نشانی۔

۵-سورۂ یونس آیت ۱۰ میں ہے: ﴿دَعْوَاهُمْ﴾: یعنی ان کی 'صدا': جنت میں مؤمنین کی صدا ہوگی: ''خدایا! آپ تمام نقائص سے ہر طرح پاک ہیں!'' .... اور ان کی گفتگو کا آخر ہوگا: ''تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کے پالن ہار ہیں!''

۶-سورۂ یونس آیت ۲۲ میں ہے: ﴿وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ أُحِيْطَ بِهِمْ﴾: مسافر گمان کرتے ہیں کہ وہ طوفان میں گھر گئے! وہ ہلاکت سے قریب ہو گئے، ان کے ڈوبنے کا وقت آ گیا، أحاط به: اس کو گھیر لیا: یہ محاورہ ہے، اور یہ محاورہ سورۃ البقرۃ آیت ۸۱ میں بھی آیا ہے: ﴿مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَأَحَاطَتْ بِهِ خَطِيْئَتُهُ﴾: جس نے برائی کمائی، اور قصور نے اس کا احاطہ کر لیا، اس طرح گھیر لیا کہ کہیں نیکی کا نام ونشان باقی نہیں رہا۔

۷-سورۂ یونس آیت ۹۰ میں ہے: ﴿وَجَاوَزْنَا بِبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهُ بَغْيًا وَّعَدْوًا﴾: اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اتار دیا، پھر فرعون اور اس کے لشکر نے شرارت اور زیادتی کے ارادے سے ان کا پیچھا کیا —— اتَّبَعَ (باب افتعال) اور أَتْبَعَ (باب افعال) کے ایک معنی ہیں: پیچھا کرنا —— اور عَدْوٌ: عُدوان سے ہے جس کے معنی ہیں: زیادتی کرنا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ: [۸-] ﴿وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ﴾: قَوْلُ الإِنْسَانِ لِوَلَدِهِ وَمَالِهِ إِذَا غَضِبَ: اللّٰهُمَّ لاَ تُبَارِكْ لَهُ فِيْهِ وَالْعَنْهُ، ﴿لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ﴾: لَأُهْلِكَ مَنْ دُعِيَ عَلَيْهِ وَلَأَمَاتَهُ. [۹-] ﴿أَحْسَنُوْا الْحُسْنٰى﴾: مِثْلُهَا حُسْنَى، ﴿وَزِيَادَةٌ﴾: مَغْفِرَةٌ، وَقَالَ غَيْرُهُ: النَّظْرُ إِلٰى وَجْهِهِ. [۱۰-] ﴿الْكِبْرِيَاءُ﴾: الْمُلْكُ.

۸-سورۂ یونس کی آیت ۱۱ ہے: ﴿وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ﴾:

اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں (کے جلدی مچانے پر) نقصان پہنچانے میں اتنی جلدی کرتے جتنی لوگ بھلائی مانگنے میں جلدی کرتے ہیں تو ان کا وقت کبھی کا پورا ہو چکا ہوتا! —— منکرین کو جب عذاب آخرت کی خبر دی جاتی ہے تو وہ کہتے ہیں: تم جس عذاب کی دھمکیاں دے رہے ہو وہ آخر آ کیوں نہیں جاتا؟ حشر کے دن کے لئے وہ سزا کیوں اٹھا رکھی ہے؟ آیت میں ان کو جواب دیا گیا کہ اللہ تعالیٰ رحم وکرم فرمانے میں تو جلدی کرتے ہیں، مگر سزا دینے میں جلدی نہیں کرتے، اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ لوگ کسی طرح سنبھل جائیں —— اور جس طرح منکرین نبی کو نیچا دکھانے کے لئے عذاب مانگ رہے ہیں اسی طرح کچھ لوگ رنج وغم یا دل تنگی کی حالت میں اپنے لئے یا اپنی اولاد کے لئے یا اپنے مال ودولت کی تباہی کے لئے بددعا کرتے ہیں، اور لعنت تک کے الفاظ بول دیتے ہیں: یہ صحیح نہیں، غور کریں! اگر اللہ تعالیٰ بددعاؤں کو بھی نیک دعاؤں کی طرح فوراً قبول کرلیں تو لوگ کے دن پنپ سکیں گے؟ جن کے لئے بددعا کی ہے اس کو ہلاک کردیں گے اور تباہ کردیں گے (یہ تفسیر مجاہد رحمہ اللہ نے کی ہے)

۹- سورۃ یونس آیت ۲۶ میں ہے: ﴿لِلَّذِیْنَ أَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَةٌ﴾: جن لوگوں نے نیک کام کئے انہی کے لئے بھلائی ہے اور کچھ زائد بھی —— آخرت میں ایمان کے ساتھ نیکی کا دس گنا سے سات سوگنا تک بدلہ ملے گا، اور مزید دیدار خداوندی بھی نصیب ہوگا —— مجاہد رحمہ اللہ نے فرمایا: جنھوں نے نیکی کی تو اس کے مانند نیکی ملے گی اور مزید یعنی مغفرت کی جائے گی، اور مجاہدؒ کے علاوہ نے زیادۃ کی تفسیر 'دیدارِ خداوندی' سے کی ہے، اور یہی تفسیر صحیح ہے۔

۱۰- سورۃ یونس آیت ۷۸ میں ﴿الْکِبْرِیَاءُ﴾ ہے، اس کے معنی ہیں: بڑائی اور مراد ہے حکومت، موسیٰ اور ہارون علیہما السلام سے فرعونیوں نے کہا: تم دونوں ہمیں ہمارے بزرگوں کی راہ سے پھیر دینا چاہتے ہو ﴿وَتَکُوْنَ لَکُمَا الْکِبْرِیَاءُ فِی الْأَرْضِ﴾: اور تم دونوں کو سرزمین مصر میں بڑائی حاصل ہوجائے یعنی ہمارے ملک میں اپنی حکومت اور سرداری کا سکّہ جمانا چاہتے ہو، ہم ایسا کبھی نہیں ہونے دیں گے۔

موسیٰ علیہ السلام پر انعام اس امت پر بھی انعام ہے

سورۃ یونس کی آیات ۹۰-۹۲ ہیں: اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اتار دیا، پھر فرعون اور اس کے لشکر نے شرارت اور زیادتی کے ارادے سے ان کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ جب وہ ڈوبنے لگا تو بولا: میں یقین کرتا ہوں کہ اس ہستی کے سوا کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان رکھتے ہیں، اور میں فرماں برداروں میں شامل ہوتا ہوں! کیا اب؟ حالانکہ پہلے تو نے برابر نافرمانی کی اور بالیقین فسادیوں میں سے تھا، پس آج ہم تیری لاش کو نجات دیں گے —— جیسا ایمان ویسا فائدہ! —— تاکہ تو اپنے پیچھے والوں کے لئے نشانی بنے —— یعنی تجھے رب اعلی مان کر جو پوجتے تھے وہ تیرا انجام دیکھ لیں —— اور بے شک بہت سے لوگ ہماری نشانیوں سے قطعاً غافل ہیں —— نَجَّی الشیئَ: کوئی چیز بلند جگہ چھوڑنا، النجوۃ من الأرض:

اونچی جگہ، اس کے لئے دوسرا لفظ النشز ہے یعنی اونچی جگہ۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۹۳) گذری ہے، اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم پر انعام واحسان فرمایا، ان کو جانی دشمن سے نجات دی، جس کے شکریہ میں موسیٰ علیہ السلام نے روزہ رکھا، نبی ﷺ نے فرمایا: ''موسیٰ کی سنت پر عمل کرنے کے زیادہ حقدار ہم ہیں!'' ہم سب ایک برادری کے ہیں، اور برادری کے ایک فرد پر احسان سب پر احسان ہوتا ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيْلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهُ بَغْيًا وَعَدْوًا، حَتّٰى إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ آمَنتُ أَنَّهُ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ الَّذِي آمَنَتْ بِهِ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ﴾

﴿نُنَجِّيْكَ﴾: نُلْقِيْكَ عَلٰى نَجْوَةٍ مِنَ الأَرْضِ، وَهُوَ النَّشْزُ: الْمَكَانُ الْمُرْتَفِعُ.

[۴۶۸۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ وَالْيَهُوْدُ تَصُوْمُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، فَقَالُوْا: هٰذَا يَوْمٌ ظَهَرَ فِيْهِ مُوْسَى عَلٰى فِرْعَوْنَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَصْحَابِهِ: ''أَنْتُمْ أَحَقُّ بِمُوْسَى مِنْهُمْ، فَصُوْمُوْا'' [راجع: ۲۰۰۴]

﴿الحمد للہ! سورۂ یونس علیہ السلام کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[۱۱] سورة هود

بسم الله الرحمن الرحيم

وَقَالَ أَبُوْ مَيْسَرَةَ: [۱-] الأَوَّاهُ: الرَّحِيْمُ بِالْحَبَشِيَّةِ. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: [۲-] ﴿بَادِيَ الرَّأْيِ﴾: مَا ظَهَرَ لَنَا. وَقَالَ مُجَاهِدٌ: [۳-] ﴿الْجُوْدِيِّ﴾: جَبَلٌ بِالْجَزِيْرَةِ. وَقَالَ الْحَسَنُ: [۴-] ﴿إِنَّكَ لَأَنْتَ الْحَلِيْمُ﴾: يَسْتَهْزِئُوْنَ بِهِ. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: [۵-] ﴿أَقْلِعِيْ﴾: أَمْسِكِيْ. [۶-] ﴿عَصِيْبٌ﴾: شَدِيْدٌ. [۷-] ﴿لاَجَرَمَ﴾: بَلٰى. [۸-] ﴿وَفَارَ التَّنُّوْرُ﴾: نَبَعَ الْمَاءُ. وَقَالَ عِكْرِمَةُ: وَجْهُ الأَرْضِ.

سورۂ ہود علیہ السلام کی تفسیر

الفاظ کی تشریح

۱- پہلے (تحفۃ القاری ۶:۵۶۲) أَوَّاہ کے معنی آچکے ہیں، سورہ ہودؑ آیت ۷۵ میں ہے: ﴿إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ لَحَلِيْمٌ أَوَّاهٌ

مُنِيبٌ﴾: بے شک ابراہیم حلیم الطبع، (رحیم المزاج) اور رقیق القلب تھے، ابو میسرہ عمرو بن شرحبیل ہمدانی کوفی نے یہ معنی کئے ہیں کہ أَوَّاہ حبشی زبان کا لفظ ہے، اور اس کے معنی ہیں: مہربان —— اس لفظ کے اور بھی معنی کئے گئے ہیں، سب سے بہتر معنی ہیں: بہت زیادہ دعا کرنے والا۔

۲-سورۂ ہود آیت ۲۷ میں بَادِیَ الرَّأْیِ ہے، یہ مرکب اضافی ہے، اور بَادِیْ: بُدُوّ سے اسم فاعل ہے، جس کے معنی ہیں: ظاہر، کھلا، پس بادی الرأی کے معنی ہیں: سرسری رائے، جو ہر کوئی قائم کرسکتا ہے، قوم نے نوح علیہ السلام سے کہا: پنچ قوم نے تمہاری پیروی کی ہے، اور وہ بھی سرسری رائے سے یعنی بے سوچے سمجھے تمہاری اندھی تقلید کی ہے۔

۳-سورۂ ہود آیت ۴۴ میں ہے: نوح علیہ السلام کی کشتی جُودی پہاڑ پر ٹھہری —— جُودی پہاڑ کردستان میں واقع ہے، اور آج بھی اسی نام سے مشہور ہے، یہ پہاڑ حضرت نوح علیہ السلام کے وطن موصل (عراق) کے شمال میں جزیرۃ ابن عمر کے قریب آرمینیہ کی سرحد پر واقع ہے۔

۴-قوم نے شعیب علیہ السلام سے کہا: ﴿إِنَّكَ لَأَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ﴾: واقعی تم عالی ظرف راست باز ہو (ہود ۸۷) حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ قوم نے شعیب علیہ السلام کا مذاق اڑایا ہے۔

۵-سورہ ہود آیت ۴۴ میں ہے: ﴿یَاسَمَاءُ أَقْلِعِیْ﴾: اے آسمان تھم جا —— یہ إقلاع سے فعل امر، صیغہ واحد مؤنث حاضر ہے، جس کے معنی ہیں: باز رہنا، رک جانا۔

۶-لوط علیہ السلام نے کہا: ﴿هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ﴾: یہ سخت دن ہے —— عَصِیْب: صفت مشبہ ہے عَصَبَ (ن) عصبا: سخت کسنا، باندھنا۔

۷-سورۂ ہود آیت ۲۲ میں ہے: ﴿لَاجَرَمَ أَنَّهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُوْنَ﴾: اس میں کوئی شک نہیں کہ آخرت میں وہی سب سے زیادہ گھاٹے میں رہنے والے ہیں —— لاجرم: بلی: کیوں نہیں یعنی یقیناً وحقاً، اصل معنی اس کے لامحالہ ہیں۔

۸-سورۂ ہود آیت ۴۰ میں ہے: ﴿وَفَارَ التَّنُّوْرُ﴾: جب پانی تندور سے ابلنے لگے، تندور: جس میں روٹی پکائی جاتی ہے، ایک خاص تندور کو علامت مقرر کیا گیا تھا کہ جب اس میں پانی ابلنے لگے تو کشتی میں سوار ہوجانا، اور عکرمہؒ نے سطح زمین مراد لی ہے یعنی پانی سطح زمین سے ابلتا ہوا دیکھو تو کشتی میں سوار ہوجانا۔

[۱-] بَابٌ: ﴿أَلَا إِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ أَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ، يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ، إِنَّهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴾[هود: ۵]

وَقَالَ غَيْرُهُ: [۹-] ﴿وَحَاقَ﴾: نَزَلَ، ﴿يَحِيْقُ﴾: يَنْزِلُ. [۱۰-] ﴿يَئُوْسٌ﴾: فَعُوْلٌ مِنْ يَئِسْتُ. وَقَالَ

مُجَاهِدٌ:[١١-] ﴿تبتئِسْ﴾: تَحزَنْ. [١٢-] ﴿يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ﴾: شَكٌّ وَامْتِرَاءٌ فِي الْحَقِّ، ﴿لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ﴾: مِنَ اللّٰهِ إِنِ اسْتَطَاعُوْا.

نوٹ: آیت کریمہ کا ترجمہ بعد میں آئے گا۔ پہلے الفاظ کے معانی دیکھیں۔

۹-حَاقَ يَحِيْقُ (ض) حَيْقًا: نازل ہونا، گھیر لینا، سورہ ہود آیت ۸ میں ماضی آیا ہے اور سورۃ فاطر آیت ۴۳ میں مضارع آیا ہے (یہ معنی عکرمہؒ کے علاوہ نے بیان کئے ہیں)

۱۰-سورۃ ہود آیت ۹ میں يَئُوْسٌ آیا ہے، یہ بروزن فَعول صفت مشبہ ہے، يأس (س) سے ماخوذ ہے: ناامید ہونا۔

۱۱-سورۃ ہود آیت ۳۶ میں تَبْتَئِسْ ہے، یہ اِبْتِئَاس سے مضارع ہے، جس کے معنی ہیں: غم گیں اور رنجیدہ ہونا، چونکہ اس پر لائے نہی داخل ہوا ہے اس لئے فعل نہی ہے۔

باب کی آیت کا ترجمہ: سنو! وہ لوگ اپنے سینے خوب اہتمام سے دوہرے کرتے ہیں تاکہ اس سے پردہ کرلیں، سنو! جب وہ لوگ اپنے کپڑے اوڑھے ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ جانتے ہیں وہ سب کچھ جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ برملا کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ بالیقین دلوں کی باتوں کو خوب جاننے والے ہیں۔

۱۲-يَثْنُوْنَ: مضارع، جمع مذکر غائب، مصدر ثَنْيٌ (ض) دوہرا کرنا، ابن عباسؓ کی ایک قراءت یہی ہے، دوسری قراءت ہے: تَثْنَوْنِیْ: یہ افْعَوْعَل يَفْعَوْعِلُ سے مضارع ہے، جیسے اِعْشَوْشَبَ يَعْشَوْشِبُ، یہ بھی ثَنْيٌ سے ہے، البتہ اس میں مبالغہ ہے، اس قراءت میں صدورهم فاعل ہوگا (حاشیہ) ـــــ اور اپنے سینے دوہرے کرنے کا مطلب ہے: کسی بات میں شک کرنا، اور حق بات میں جھگڑا ـــــ تاکہ وہ اس سے چھپیں، ضمیر کا مرجع اللہ تعالیٰ ہیں، یعنی جہاں تک ان کے بس میں ہے وہ اللہ تعالیٰ سے چھپنے کی کوشش کرتے ہیں۔

حدیث (۱۲): ابن عباس رضی اللہ عنہما کو سنا کہ پڑھ رہے ہیں: ألا إنهم تَثْنَوْنی صدورُهم: سنو! وہ لوگ مجھ سے اپنے سینے خوب دوہرے کرتے ہیں، محمد بن عبادؒ نے آیت کا مطلب پوچھا تو فرمایا: کچھ لوگ ضروریات بشری کے وقت بھی کسی حصۂ بدن کو برہنہ کرنے سے شرماتے تھے کہ آسمان والا ہم کو دیکھتا ہے، یہی حال ان کا اس وقت بھی ہوتا تھا جب وہ بیوی سے ملتے تھے، وہ شرمگاہ کو چھپانے کے لئے سینہ کو دوہرا کئے لیتے تھے، ان کے حق میں یہ آیت اتری ہے۔

تشریح: مذکورہ آیت کفار کے حق میں ہے، تفسیر حقانی میں ہے: ''مکہ کے کفار کو جیسا کہ صحیح بخاری میں ابن عباسؓ سے منقول ہے یہ گمان تھا کہ وہ بوقت قضائے حاجت اپنے اوپر کپڑا ڈال لینا خدا سے مخفی ہونا سمجھتے تھے'' ـــــ اور تفسیر مظہری میں من المسلمين بڑھا کر آیت کو مسلمانوں سے متعلق کیا ہے، فوائد عثمانی میں بھی یہی مطلب بیان کیا ہے، میری ناقص رائے میں پہلا مطلب صحیح ہے، اور اس کی وجوہ ہدایت القرآن (۱۲:۴) کے حاشیہ میں ہیں۔

[٤٦٨١-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، قَالَ: قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ: أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ: ﴿أَلاَ إِنَّهُمْ تَثْنَوْنِيْ صُدُوْرُهُمْ﴾ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ: أُنَاسٌ كَانُوْا يَسْتَحْيُوْنَ أَنْ يَتَخَلَّوْا فَيُفْضُوْا إِلَى السَّمَاءِ، وَأَنْ يُجَامِعُوْا نِسَاءَ هُمْ فَيُفْضُوْا إِلَى السَّمَاءِ، فَنَزَلَ ذٰلِكَ فِيْهِمْ. [طرفاه: ٤٦٨٢، ٤٦٨٣]

[٤٦٨٢-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، وَأَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَرَأَ: ﴿أَلاَ إِنَّهُمْ تَثْنَوْنِيْ صُدُوْرُهُمْ﴾ قُلْتُ: يَا أَبَا الْعَبَّاسِ! مَا تَثْنَوْنِيْ صُدُوْرُهُمْ؟ قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ يُجَامِعُ امْرَأَتَهُ فَيَسْتَحْيِيْ أَوْ يَتَخَلَّى فَيَسْتَحْيِيْ فَنَزَلَتْ: ﴿أَلاَ إِنَّهُمْ تَثْنَوْنِيْ صُدُوْرُهُمْ﴾[راجع: ٤٦٨١]

[٤٦٨٣-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، قَالَ: قَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿أَلاَ إِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ﴾ عَلَيَّ ﴿حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ﴾ وَقَالَ غَيْرُهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿يَسْتَغْشُوْنَ﴾: يُغَطُّوْنَ رُءُ وْسَهُمْ.[راجع: ٤٦٨١]

آخری حدیث: ابن عباسؓ نے عَلَيَّ بڑھا کر پڑھا اور بتایا کہ منه کی ضمیر کا مرجع اللہ تعالیٰ ہیں، اور ابن عباسؓ سے یستغشون کے معنی: کپڑا اوڑھنے کے بجائے سر چھپانا بھی مروی ہیں۔

[١٣-] ﴿سِيْءَ بِهِمْ﴾: سَاءَ ظَنُّهُ بِقَوْمِهِ. ﴿وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا﴾: بِأَضْيَافِهِ، [١٤-] ﴿بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ﴾: بِسَوَادٍ. وَقَالَ مُجَاهِدٌ: [١٥-] ﴿أُنِيْبُ﴾: أَرْجِعُ.

١٣- لوط علیہ السلام کے واقعہ میں سورہ ہود آیت ۷۷ میں ہے: ﴿سِيْءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا﴾: غم گیں ہوئے وہ ان (قوم) کی وجہ سے، اور تنگ ہوئے وہ ان (مہمانوں) کی وجہ سے دل میں —— سِيْءَ: ماضی مجہول، واحد مذکر غائب: غمگیں کیا گیا، سَاءَ (ن) سوءً ا فلانا: غم گیں کرنا یعنی لوط علیہ السلام کو قوم کے بارے میں بدگمانی ہوئی کہ وہ ضرور مہمانوں پر قبضہ کریں گے —— اور ذَرْع: مصدر ہے، جس کے معنی ہیں: ہاتھ کا پھیلاؤ، پھر مجازاً طاقت ووسعت کے معنی میں استعمال ہونے لگا، اور ضاق بهم ذرعا کے معنی: دل تنگی اور کڑھنے کے ہیں۔

١٤- پھر آیت ۸۱ میں ہے: ﴿بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ﴾: رات کے کسی حصہ میں یعنی اندھیرے میں۔

١٥- پھر آیت ۸۸ میں: ﴿إِلَيْهِ أُنِيْبُ﴾: ہے: انہی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں، مجاہدؒ نے یہی ترجمہ کیا ہے۔

تخلیقِ ارض وسماء کے وقت اللہ کا عرش پانی پر تھا

سورۃ ہود آیت ۷ میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ، وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ

لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً﴾: اللہ تعالیٰ وہی ہیں جنھوں نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، درانحالیکہ ان کا شاہی تخت پانی پر تھا، تاکہ وہ تمہارا امتحان کریں کہ تم میں سے کون بہتر عمل کرنے والا ہے —— آسمان وزمین کی پیدائش سے پہلے پانی مخلوق ہوا، جو آئندہ اشیاء کا مادۂ حیات بننے والا تھا، اس وقت اللہ تعالیٰ کا شاہی تخت پانی پر تھا، جس طرح اب سماوات پر ہے، یعنی ساری کائنات رب العرش کے زیر انتظام ہے۔

اور حدیث: حدیث قدسی اور نبوی کا مجموعہ ہے (حدیث قدسی): اللہ تعالیٰ نے فرمایا خرچ کرمیں تجھ پر خرچ کرونگا!'' —— بندوں کو حکم ہے کہ وہ اللہ کی صفت اپنائیں، پس چاہئے کہ اللہ کی طرح بندے خرچ کریں، اللہ تعالیٰ ان کو عوض عطا فرمائیں گے۔

(حدیث نبوی) اور نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ کا ہاتھ بھرا ہوا ہے یعنی اللہ کے خزانے خرچ کرنے سے ختم نہیں ہوتے، نہیں کم کرتا خزانے کو کوئی خرچ کرنا، شب وروز خوب بہانے والے ہیں —— اور فرمایا: بتاؤ! کتنا خرچ کیا ہے اللہ نے جب سے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے؟ پس اس نے کم نہیں کیا ہے اس کو جوان کے ہاتھ میں ہے، اور (تخلیق ارض وسماء کے وقت) ان کا تختِ شاہی پانی پر تھا، اور ان کے ہاتھ میں ترازو ہے، وہ پلڑا جھکاتے ہیں اور اٹھاتے ہیں (مثلاً کسی کو نصیبہ ور بناتے ہیں کسی کو بدنصیب، کسی کو اٹھاتے ہیں کسی کو گراتے ہیں اور چیزوں کے بھاؤ بھی بڑھاتے گھٹاتے ہیں)

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ﴾

[٤٦٨٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " قَالَ اللّٰهُ: أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ" وَقَالَ:"يَدُ اللّٰهِ مَلْأَى لَاتَغِيْضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ" وَقَالَ:" أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَاءَ وَالأَرْضَ؟ فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِي يَدِهِ، وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ، وَبِيَدِهِ الْمِيْزَانُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ.

[أطرافه: ٥٣٥٢، ٧٤١١، ٧٤١٩، ٧٤٩٦]

لغات: غَاضَ (ض) غيضًا اللّٰهُ الماءَ: اللہ کا پانی کو کم کرنا، غيض الماء: پانی زمین میں جذب ہوگیا —— السَّحَّاءَ: ہمیشہ بہانا، عَينٌ سَحَّاء: ہمیشہ نم رہنے والی آنکھ، يمينه سحاء: اس کا داہنا ہاتھ بخشش کے لئے ہمہ وقت کھلا رہتا ہے، وہ فراخ دست ہے، الليلَ والنهارَ: ظرفیت کی وجہ سے منصوب ہیں۔

[١٦-] ﴿اعْتَرَاكَ﴾: افْتَعَلْتَ، مِنْ عَرَوْتُهُ، أَيْ: أَصَبْتُهُ، وَمِنْهُ يَعْرُوْهُ وَاعْتَرَانِي [١٧-] ﴿آخِذٌ بِنَا صِيَتِهَا﴾: أي: فِي مِلْكِهِ وَسُلْطَانِهِ. [١٨-] ﴿عَنِيْدٍ﴾ وَعَنُوْدٌ وَعَانِدٌ وَاحِدٌ، هُوَ تَأْكِيْدُ التَّجَبُّرِ. [١٩-] ﴿اسْتَعْمَرَكُمْ﴾: جَعَلَكُمْ عُمَّارًا، أَعْمَرْتُهُ الدَّارَ فَهِيَ عُمْرَى: جَعَلْتُهَا لَهُ. [٢٠-] ﴿نَكِرَهُمْ﴾: وَأَنْكَرَهُمْ وَاسْتَنْكَرَهُمْ

وَاحِدٌ. [۲۱-] ﴿حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ﴾: كَأَنَّهُ فَعِيْلٌ مِنْ مَاجِدٍ، مَحْمُوْدٌ مِنْ حُمِدَ. [۲۲-] ﴿سِجِّيْلٍ﴾: الشَّدِيْدُ الْكَبِيْرُ، سِجِّيْلٌ وَسِجِّيْنٌ، وَاللَّامُ وَالنُّوْنُ أُخْتَانِ، وَقَالَ تَمِيْمُ بْنُ مُقْبِلٍ.

وَرَجْلَةٍ يَضْرِبُوْنَ الْبَيْضَ ضَاحِيَةً ❁ ضَرْبًا تَوَاصَى بِهِ الْأَبْطَالُ سِجِّيْنَا

۱۶-سورۃ ہود آیت ۵۴ میں ہے: ﴿إِنْ نَّقُوْلُ إِلَّا اعْتَرَاكَ بَعْضُ آلِهَتِنَا بِسُوْءٍ﴾: نہیں کہتے ہیں ہم (قوم عاد) مگر رخ کیا ہے تمہارا ہمارے کسی معبود نے برائی کے ساتھ یعنی قوم نے کہا: ہم تمہارے بارے میں صرف اتنی بات کہتے ہیں کہ تم پر ہمارے کسی معبود کی مار پڑی ہے! جس کی وجہ سے تم بہکی بہکی باتیں کرنے لگے ہو ـــــ اعْتَرٰی: اعْتِرَاء (افتعال) سے ماضی، صیغہ واحد مذکر غائب، مجرد عَرَاه الداءُ (ن) عَرْوا: بیماری لاحق ہونا، اچانک کوئی تکلیف ہوجانا، عروتُه: میں اس کو پہنچا، اعْتَرَاه الشيئُ: پیش آنا، طاری ہونا، لاحق ہونا ـــــ ترجمہ: اعتراك: افتعلت یعنی باب افتعال سے ہے، عروته سے بنا ہے یعنی مجرد یہ ہے اس کے معنی ہیں: میں اس کو پہنچا، اسی سے یعروہ: اس کو بات پیش آئی اور اعترانی: مجھے بات پیش آئی مستعمل ہیں۔

۱۷-سورہ ہود آیت ۵۶ میں ہے: ﴿مَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا﴾: نہیں ہے کوئی متحرک مگر اللہ تعالیٰ اس کی چوٹی پکڑے ہوئے ہیں یعنی وہ اللہ کے ملک اور اللہ کے قبضہ میں ہے (کسی کی مجال نہیں کہ ان کے قبضہ واختیار سے نکل جائے)

۱۸-سورۃ ہود آیت ۵۹ میں ہے: ﴿وَاتَّبَعُوْا أَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ﴾: اور پیروی کی انھوں نے ہر سرکش دشمن حق کی ـــــ عنید، عنود اور عاند کے ایک معنی ہیں، عَنَدَ فلان: تکبر کرنا، حد سے زیادہ سرکش ونافرمان ہوجانا، آیت میں جبار کے معنی کی تاکید کے لئے ہے، جیسے ظلا ظليلا: گھنا سایہ، تَجَبُّر: تکبر۔

۱۹-سورۃ ہود آیت ۶۱ میں ہے: ﴿هُوَ أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا﴾: اسی نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور تم کو اس میں بسایا، جعلکم عمارًا: تم کو زمین کا آباد کرنے والا بنایا، أعمرتُه الدار: میں نے اس کو گھر میں بسایا، یعنی مالک بنادیا، اسی کو عمری کہتے ہیں یعنی گھر ہمیشہ کے لئے دیدیا۔

۲۰-سورۃ ہود آیت ۷۰ میں ہے: ﴿فَلَمَّا رَآ أَيْدِيَهُمْ لَاتَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً﴾: پھر جب انھوں نے (ابراہیمؑ نے) دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس کی طرف (بچھڑے کی طرف) نہیں بڑھتے تو آپ نے ان کو بےگانہ سمجھا اور ان سے خطرہ محسوس کیا ـــــ نکر، أنکر اور استنکر کے ایک معنی ہیں: انجانا سمجھنا، اوپرا اور بےگانہ سمجھنا۔

۲۱-سورۃ ہود آیت ۷۳ میں ہے: ﴿إِنَّهُ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ﴾: بے شک اللہ تعالیٰ نہایت قابل تعریف بڑی شان والے ہیں ـــــ دونوں فعیل کے وزن پر اسم مفعول کے معنی میں ہیں ـــــ اور کأنہ کہہ کر خواہ مخواہ شک پیدا کیا ہے۔

۲۲-سورۃ ہود آیت ۸۲ میں ہے: ﴿وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ سِجِّيْلٍ﴾: اور ہم نے ان پر (قوم لوطؑ کی بستیوں پر) کھنگر کے پتھر برسائے ـــــ کھنگر: پکی ہوئی اینٹوں کا مجموعہ ـــــ ابوعبیدۃ نے سجیل کا ترجمہ: سخت بڑا کیا ہے ـــــ

سجیل اور سجین: ہم معنی ہیں، لام اور الف دونوں حروف زوائد میں سے ہیں، اس لئے ان میں تبدیلی ہوجاتی ہے (یہ بات بھی محل نظر ہے) سجین کے معنی قید خانہ کے ہیں، اور سجیل کے معنی ابوعبیدہؒ نے نہایت سخت کئے ہیں، اور دلیل میں تمیم بن مقبل (مخضرم) شاعر کا شعر پیش کیا ہے۔

وَرَجْلَةٍ يَضْرِبُوْنَ الْبَيْضَ ضَاحِيَةً ۞ ضَرْبًا تَوَاصٰى بِهِ الْأَبْطَالُ سِجِّيْنًا

بہت سے پیادے مارتے ہیں خود کو چاشت کے وقت — سخت مارنا جس کی بہادروں نے ایک دوسرے کو وصیت کی ہے

[۳-] بَابٌ

[۲۳-] ﴿وَإِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا﴾: إِلٰى أَهْلِ مَدْيَنَ، لِأَنَّ مَدْيَنَ بَلَدٌ، وَمِثْلُهُ: ﴿وَسْئَلِ الْقَرْيَةَ﴾ سَلِ الْعِيْرَ، يَعْنِيْ أَهْلَ الْقَرْيَةِ وَالْعِيْرِ. [۲٤-] ﴿وَرَآءَ كُمْ ظِهْرِيًّا﴾: يَقُوْلُ: لَمْ يَلْتَفِتُوْا إِلَيْهِ، وَيُقَالُ إِذَا لَمْ يَقْضِ الرَّجُلُ حَاجَتَهُ: ظَهَرْتَ بِحَاجَتِيْ، وَجَعَلْتَنِيْ ظِهْرِيًّا، وَالظِّهْرِيُّ هٰهُنَا: أَنْ تَأْخُذَ مَعَكَ دَابَّةً أَوْ وِعَاءً تَسْتَظْهِرُ بِهِ. [۲٥-] ﴿أَرَاذِلُنَا﴾: سُقَّاطُنَا. [۲٦-] ﴿إِجْرَامِيْ﴾: هُوَ مَصْدَرٌ مِنْ أَجْرَمْتُ، وَبَعْضُهُمْ يَقُوْلُ: جَرَمْتُ. [۲۷-] ﴿الْفُلْكَ﴾ وَالْفُلْكُ: وَاحِدٌ وَجَمْعٌ، وَهِيَ السَّفِيْنَةُ وَالسُّفُنُ. [۲۸و۲۹-] مُجْرَاهَا: مَوْقِفُهَا، وَهُوَ مَصْدَرُ أَجْرَيْتُ، وَأَرْسَيْتُ: حَبَسْتُ، وَيُقْرَأُ: مَرْسَاهَا مِنْ رَسَتْ هِيَ، وَمَجْرَاهَا مِنْ جَرَتْ هِيَ، وَمُجْرِيْهَا وَمُرْسِيْهَا مِنْ فُعِلَ بِهَا، ﴿الرَّاسِيَاتُ﴾: الثَّابِتَاتُ.

۲۳- سورۃ ہود آیت ۸۴ میں ہے: ﴿وَإِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا﴾: اور ہم نے مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا —— اس میں مجاز بالحذف ہے، أهل پوشیدہ ہے، کیونکہ مدین شہر کا نام ہے، جو اینٹ پتھر کا ہوتا ہے، اس کی طرف بھیجنے کا کوئی سوال نہیں —— اور سورۃ یوسف میں: ﴿وَسْئَلِ الْقَرْيَةَ﴾: گاؤں (والوں) سے پوچھیں، اور ﴿وَسْئَلِ الْعِيْرَ﴾ ہے: قافلہ (والوں) سے پوچھیں، یہاں بھی أهل پوشیدہ ہے۔

۲۴- سورۃ ہود آیت ۹۲ میں ہے: ﴿وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاءَ كُمْ ظِهْرِيًّا﴾: اور تم نے اللہ کو فراموش کر کے پس پشت ڈال دیا —— یعنی تم لوگوں نے اللہ کی طرف التفات نہیں کیا —— کوئی کسی کی حاجت روائی نہ کرے تو کہتے ہیں: ظهرت بحاجتی: تو نے میری حاجت کو پس پشت ڈال دیا، اور جَعَلْتَنِيْ ظِهريا بھی کہتے ہیں —— اسی طرح کوتل اونٹ کو بھی ظهری کہتے ہیں یعنی آپ ساتھ میں دوسری سواری لیں یا کوئی برتن لیں جس سے مدد حاصل کریں: اس کو ظهری کہتے ہیں —— اور ههنا: خواہ مخواہ ہے آیت میں یہ معنی نہیں —— آیت میں تو ظِهْرِيًّا کے معنی ہیں: بھولا بسرا، فراموش کردہ، پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا، ظَهْر (پیٹھ) کی طرف منسوب، جو چیز پیٹھ پیچھے ڈال کر بھلادی جائے وہ ظِهْرِیّ کہلاتی ہے —— تستظهر به: مدد لیں آپ اس (کوتل سواری) سے۔

۲۵-سورۂ ہود آیت ۲۷ میں: ﴿أَرَاذِلُنَا﴾: ہے، أَرْذَل کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: رذیل، ذلیل، افعل التفضیل کا صیغہ ہے۔ اور سُقَّاط: ساقط کی جمع ہے: کمینہ، کمین ذات کا۔

۲۶-سورۂ ہود آیت ۳۵ میں ہے: ﴿فَعَلَيَّ إِجْرَامِيْ﴾: پس مجھ پر ہے میرا جرم کرنا —— إجرام: باب افعال کا مصدر ہے اور بعض باب ضرب سے ماخوذ مانتے ہیں۔

۲۷-سورۂ ہود آیت ۳۷ میں ہے: ﴿وَاصْنَعِ الْفُلْكَ﴾: اور کشتی بنائیے —— فُلْك (لام ساکن) مفرد ہے بمعنی سفینۃ۔ اور فُلُك (لام مضموم) جمع ہے بمعنی سُفُن۔

۲۸و۲۹-سورۂ ہود آیت ۴۱ میں دو لفظ مَجْریٰ اور مُرْسیٰ آئے ہیں، فرمایا: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرِهَا وَمُرْسَاهَا﴾: اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا اور ٹھہرنا —— بسم اللہ: خبر مقدم ہے —— اور مَجْریٰ: مصدر میمی ہے جَریٰ یَجْرِیْ (ض) سے اور ھا کی طرف مضاف ہے، حفص رحمہ اللہ کی قراءت میں اسی ایک جگہ امالہ ہے، قاعدہ ہے کہ اگر راء کے بعد ایسا الف ہو جو یاء سے بدلا ہوا ہو تو راء کی حرکت کو یاء کی حرکت کی طرف مائل کرکے پڑھتے ہیں، حفصؒ کے نزدیک اس ایک جگہ کے علاوہ فَتْح (امالہ کی ضد) ہے —— اور مُرْسٰی بھی مصدر میمی ہے، باب افعال سے اور ھا کی طرف مضاف ہے —— اور مُجْری (بالضم) اور مَرْسٰی (بالفتح) بھی قراءتیں ہیں —— امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مُجْراھا (بالضم) کشتی کا چلانا (مَوْقِفُهَا: ٹھہرانا وہم ہے) یہ أجریتُ (باب افعال) سے مصدر میمی ہے —— اور مُرْسٰی (بالضم) أرسیتُ (باب افعال) سے مصدر میمی ہے، اور اس کے معنی ہیں: روکا میں نے —— اور مَرْساھا (بالفتح) بھی پڑھا گیا ہے، یہ رَسَتِ السفینۃ سے ماخوذ ہے، یعنی کشتی ٹھیر گئی اور مَجْری (بالفتح) کے بھی یہی معنی ہیں جَرَتْ ھی: کشتی چلی، اور دونوں بالضم ہوں تو باب افعال سے ہونگے اور متعدی ہونگے، فُعِلَ بها: کشتی کے ساتھ کیا گیا یعنی چلانا اور ٹھہرانا —— اور سورۂ سبا آیت ۱۳ میں: ﴿قُدُوْرٍ رَاسِيَاتٍ﴾ آیا ہے، الراسیات: الراسیۃ کی جمع ہے یعنی الثابتات: بڑی بڑی دیگیں جو ایک ہی جگہ رکھی رہیں، ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہ ہوسکیں۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَيَقُوْلُ الْأَشْهَادُ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ﴾

وَاحِدُ الْأَشْهَادِ: شَاهِدٌ، مِثْلُ: صَاحِبٍ وَأَصْحَابٍ.

[٤٦٨٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، وَهِشَامٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ قَالَ: بَيْنَا ابْنُ عُمَرَ يَطُوْفُ إِذْ عَرَضَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ - أَوْ قَالَ: يَا ابْنَ عُمَرَ - سَمِعْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي النَّجْوَى؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" يُدْنَى الْمُؤْمِنُ مِنْ رَبِّهِ - وَقَالَ هِشَامٌ: يَدْنُو الْمُؤْمِنُ - حَتَّى يَضَعَ عَلَيْهِ كَنَفَهُ، فَيُقَرِّرُهُ بِذُنُوْبِهِ:

تَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا؟ يَقُوْلُ: رَبِّ أَعْرِفُ، يَقُوْلُ: أَعْرِفُ "مَرَّتَيْنِ" فَيَقُوْلُ: سَتَرْتُهَا فِي الدُّنْيَا، وَأَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ، ثُمَّ تُطْوَى صَحِيْفَةُ حَسَنَاتِهِ، وَأَمَّا الآخَرُوْنَ - أَوِ: الْكُفَّارُ -فَيُنَادَى عَلٰى رُءُوْسِ الْأَشْهَادِ ﴿هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ﴾ وَقَالَ شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ.[راجع: ٢٤٤١]

گواہ برملا کہیں گے: یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے پروردگار پر جھوٹ باندھا

سورۂ ہود کی آیت ۱۸ ہے: ﴿وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا، أُوْلٰئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ، وَيَقُوْلُ الْأَشْهَادُ: هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ، أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظَّالِمِيْنَ﴾: اور اس شخص سے بڑا ناانصاف کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ گھڑے! ـــــ مثلاً کہے کہ اللہ کے ساتھ الوہیت میں دوسرے بھی شریک ہیں، یا اللہ نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لئے کوئی کتاب اور رسول نہیں بھیجا ـــــ یہ لوگ اپنے رب کے حضور میں پیش کئے جائیں گے ـــــ اور محشر میں ان کی برائیوں کے دفتر کھولے جائیں گے ـــــ اور گواہی دینے والے کہیں گے: یہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب کے نام جھوٹ باندھا ہے ـــــ اور گواہیاں گذرنے کے بعد اعلان ہوگا: ـــــ سنو! ظالموں پر اللہ کی پھٹکار!

لغت: أشهاد: شاهد کی جمع ہے، جیسے أصحاب: صاحب کی۔

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۴۶۴) آچکی ہے، یہ نجوی (سرگوشی) کی حدیث ہے، مؤمن کو اللہ تعالیٰ اپنے بازو میں چھپا کر گناہوں کا اقرار کرائیں گے، پھر اس کو بخش دیں گے، برملا اس کو رسوا نہیں کریں گے، جبکہ کفار کا حال وہ ہوگا جو آیت میں ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيْمٌ شَدِيْدٌ﴾

[٣٠-] ﴿الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ﴾: الْعَوْنُ الْمُعِيْنُ رَفَدْتُهُ: أَعَنْتُهُ. [٣١-] ﴿تَرْكَنُوْا﴾: تَمِيْلُوْا. [٣٢-] ﴿فَلَوْلَا كَانَ﴾ فَهَلَّا كَانَ. [٣٣-] ﴿أُتْرِفُوْا﴾ أُهْلِكُوْا. [٣٤-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿زَفِيْرٌ وَشَهِيْقٌ﴾: صَوْتٌ شَدِيْدٌ وَصَوْتٌ ضَعِيْفٌ.

[٤٦٨٦-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ لَيُمْلِي لِلظَّالِمِ حَتّٰى إِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ" قَالَ: ثُمَّ قَرَأَ: ﴿وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيْمٌ شَدِيْدٌ﴾

ظالم کو اللہ تعالیٰ مہلت دیتے ہیں پھر جب پکڑتے ہیں تو نانی یاد آجاتی ہے

سورۂ ہود آیت ۱۰۲ کا ترجمہ جو باب میں ہے: "اور ایسی ہوتی ہے آپ کے رب کی پکڑ (كذلك: خبر مقدم ہے، اور أخذ

ربك: مبتدا مؤخر) جب وہ پکڑتے ہیں بستیوں کو، جبکہ وہ ظلم کررہی ہوتی ہیں، بے شک ان کی پکڑ دردناک سخت ہے!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ظالم کو مہلت دیتے ہیں، پھر جب اس کو پکڑتے ہیں تو چھوڑتے نہیں!

لغات: أَمْلَاهُ اللّٰه: اللہ کا کسی کی زندگی کو طول دینا اور فائدہ اٹھانے دینا .... أَفْلَتَ الشيئَ: چھوڑ دینا، جیسے أَفْلَتَ الحبلَ من يده: رسّی اپنے ہاتھ سے چھوڑ دی (تحفۃ الألمعی ۷: ۲۹۴)

الفاظ کے معانی

۳۰- سورۃ ہود آیت ۹۹ میں ہے: ﴿بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ﴾: (فرعونیوں پر دنیا وآخرت میں پھٹکار لگادی گئی) اور وہ (پھٹکار) انعام میں ملا ہوا برا صلہ ہے! ـــــ الرِّفْد (اسم): صلہ، عطا، انعام، جمع إِرْفاد اور رُفُوْد ـــــ المرفود: اسم مفعول: انعام دیا ہوا ـــــ رَفَدَ (ض) رَفْدًا: دینا ـــــ امام بخاری رحمہ اللہ نے الرِّفد کا ترجمہ کیا ہے: الْعَوْن: مدد (یہ ٹھیک ہے) اور المرفود کا ترجمہ کیا ہے المعین: مددگار، اس میں اشکال ہے، المعین تو اسم فاعل ہے، ترجمہ المُعان کرنا چاہئے اور تاویل حاشیہ میں ہے رَفَدْتُه: میں نے اس کی مدد کی۔

۳۱- سورۃ ہود آیت ۱۱۳ میں ہے: ﴿وَلَاتَرْكَنُوْا إِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا﴾: اور تم ان لوگوں کی طرف مت جھکو جنھوں نے ناانصافی کی ـــــ رَكَنَ (ن،س) إليه: مائل ہونا، لاتركنوا: فعل نہی ہے۔

۳۲- سورۃ ہود آیت ۱۱۶ میں ہے: ﴿فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ أُوْلُوْا بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ﴾: پس ان قوموں میں جو تم سے پہلے ہوچکیں سمجھ دار لوگ نہ ہوئے جو زمین میں بگاڑ پھیلانے سے روکتے ـــــ لولا: دراصل تحضیض (ابھارنے) کے لئے ہے، جیسے هَلَّا اور ابن مسعودؓ کی قراءت میں هَلَّا ہے (حاشیہ) ـــــ مگر ابھارنا: آئندہ کے لئے ہوتا ہے، اور آیت میں ماضی میں ایسے لوگوں کی نفی ہے، پس آیت میں لولا نفی کے لئے ہے، اور تحضیض ضمنی ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں ہدایت القرآن سورہ یونس آیت ۹۸ کا حاشیہ)

۳۳- پھر اسی آیت میں ہے: ﴿وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا أُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ﴾: اور ناانصاف لوگ اس عیش کے پیچھے پڑے رہے جس میں وہ سرکش بنادیئے گئے اور وہ جرائم کے خوگر ہوگئے تھے ـــــ أُتْرِفُوْا: ماضی مجہول، جمع مذکر غائب، أَتْرَفَه الْمَالُ: مال نے اس کو سرکش بنادیا، خراب کردیا ـــــ جس کے لئے ہلاکت لازم ہے، اس لئے أهلكوا ترجمہ کیا ہے۔

۳۴- سورۃ ہود آیت ۱۰۶ میں ہے: ﴿لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَشَهِيْقٌ﴾: دوزخیوں کے لئے وہاں لمبی لمبی آہیں اور سسکیاں ہونگی ـــــ زَفِيْر: مصدر ہے، زَفَرَ (ض) زفرًا الرجلُ: لمبے لمبے سانس لینا، زَفَرَ الحمارُ: گدھے کا رینکنا شروع کرنا، اس کی آواز شروع میں سخت ہوتی ہے ـــــ اور شهيق بھی مصدر ہے، شَهِقَ (ف،ض،س) شهيقًا الحمارُ: گدھے کا

ریںکنا، آخر میں اس کی آواز ہلکی پڑ جاتی ہے اور شہِقَ الرجلُ کے معنی ہیں: رونے میں سسکیاں لینا۔

نیکیوں کی خاصیت ہے کہ وہ برائیوں کو مٹاتی ہیں

سورۃ ہود کی آیت ۱۱۴ ہے: ﴿وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ، إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ﴾: اور دن کے دونوں سروں پر اور رات کے ابتدائی حصہ میں نماز کا اہتمام کریں، بے شک نیکیاں برائیوں کو مٹاتی ہیں، یہ بڑی یاد ہے یاد کرنے والوں کے لئے —— دن کے ابتدائی سرے میں فجر کی نماز ہے، اور آخری سرے پر مغرب کی نماز ہے، اور رات کے ابتدائی حصہ میں عشاء کی نماز ہے یعنی ان تین نمازوں کا خصوصی اہتمام کریں —— اور نماز کے دو فائدے ہیں: ایک: نماز بہت بڑی نیکی ہے، اور نیکیوں کی خاصیت یہ ہے کہ وہ برائیوں کو مٹاتی ہیں۔ دوم: نماز میں اللہ تعالیٰ کو بہت زیادہ یاد کرنا ہے، اور اللہ تعالیٰ کی یاد بہت بڑی چیز ہے، وہ قلوب کی غذا اور آبِ حیات ہے۔

لغت: زُلَف کا مفرد زُلْفَة ہے: رات کا ابتدائی حصہ، رات کی گھڑیاں، ساعاتِ شب اور اس کے معنی قربِ منزلت اور نزدیکی کے بھی ہیں، اسی سے زُلفیٰ بمعنی قربی (نزدیکی) ہے —— امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: زُلُفا کے معنی ساعات بعد ساعات ہیں یعنی رات کی گھڑیاں —— اور اسی مادہ سے مزدلفہ ہے، اِزْدَلَفُوْا کے معنی اکٹھا ہونے کے ہیں، مزدلفہ میں سب لوگ رات میں اکٹھا ہوتے ہیں۔ اور زُلَف کے معنی ہیں: مراتب —— اور سورۃ الزمر میں زُلْفیٰ بمعنی مقرب ہے، یہ مصدر ہے، اور سورۃ الشعراء آیت ۶۴ میں أزلفنا ہے یعنی ہم نے قریب پہنچادیا، قریب لے آئے فرعونیوں کو۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ، إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ﴾

﴿وَزُلَفًا﴾: سَاعَاتٍ بَعْدَ سَاعَاتٍ، وَمِنْهُ سُمِّيَتِ الْمُزْدَلِفَةُ، الزُّلَفُ: مَنْزِلَةٌ بَعْدَ مَنْزِلَةٍ، وَأَمَّا ﴿زُلْفٰى﴾: فَمَصْدَرٌ مِنَ الْقُرْبٰى، ازْدَلَفُوْا: اجْتَمَعُوْا، ﴿أَزْلَفْنَا﴾: جَمَعْنَا.

[٤٦٨٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ - هُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ - قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ رَجُلًا أَصَابَ مِنَ امْرَأَةٍ قُبْلَةً، فَأَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ لَهُ ذٰلِكَ فَأُنْزِلَتْ عَلَيْهِ: ﴿وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ، إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ﴾ قَالَ الرَّجُلُ: أَلِيَ هٰذِهِ؟ قَالَ: "لِمَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ أُمَّتِيْ" [راجع: ٥٢٦]

نوٹ: حدیث کا ترجمہ اور شرح پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۳۸۸) آچکی ہے۔

﴿الحمد للہ! سورۃ ہود علیہ السلام کی تفسیر پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۱۲] سورۃ یوسف

[۱-] وَقَالَ فُضَيْلٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ: مُتْكاً: الأُتْرُنْجُ، وَقَالَ فُضَيْلٌ: الأُتْرُنْجُ بِالْحَبَشِيَّةِ: مُتْكاً. وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ: مُتْكاً: كُلُّ شَيْئٍ قُطِعَ بِالسِّكِّيْنِ. [۲-] وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿لَذُوْ عِلْمٍ﴾: عَامِلٌ بِمَا عَلِمَ. [۳-] وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ: ﴿صُوَاعَ﴾: مَكُّوْكُ الْفَارِسِيِّ الَّذِيْ يَلْتَقِيْ طَرَفَاهُ، كَانَتْ تَشْرَبُ بِهِ الأَعَاجِمُ. [٤-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿تُفَنِّدُوْنِ﴾: تُجَهِّلُوْنِ.

سورۃ یوسف علیہ السلام کی تفسیر

الفاظ کی تشریح

۱- سورۃ یوسف آیت ۳۱ میں ہے: ﴿وَأَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً﴾: اور اس نے ان کے لئے گاؤ تکیے آراستہ کئے ـــــ یعنی میزیں لگائیں، کھانے پینے کی شاندار محفل ترتیب دی اور ضیافت کا سامان کیا ـــ مُتَّكَأً کے معنی ہیں: گاؤ تکیے ـــ اور ایک شاذ قراءت میں مُتْكاً ہے (میم پر پیش اور تاء ساکن) مجاہدؒ نے اس کے معنی تُرنج لیموں (چکوترا) کئے ہیں، اور فضیل بن عیاضؒ کہتے ہیں: حبشی زبان میں ترنج کو مُتكا کہتے ہیں ـــــ مجاہدؒ کا دوسرا قول یہ ہے کہ ہر کھانے کی چیز جو چھری سے کاٹی جائے مُتْكا ہے (اور مُتَّكَأً جو مشہور قراءت ہے اس کے معنی آگے نمبر ۸ پر آرہے ہیں)

۲- آیت ۶۸ میں یعقوب علیہ السلام کے بارے میں ہے: ﴿وَإِنَّهُ لَذُوْ عِلْمٍ لِمَا عَلَّمْنَاهُ﴾: اور وہ ہماری تعلیم کی وجہ سے یقیناً صاحبِ علم تھے ـــــ قتادہؒ نے کہا: وہ اپنے علم پر عمل پیرا تھے۔

۳- آیت ۷۲ میں ہے: ﴿نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ﴾: ہم شاہی جام گم پاتے ہیں ـــــ اور آیت ۷۰ میں اس کے لئے لفظ السقاية آیا ہے، اس کے معنی بھی ہیں: جام، پانی پینے کا پیالہ ـــــ سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں: فارسی میں اس کو مَكُّوْك کہتے ہیں یعنی پانی کی صراحی، جس کے دونوں کنارے ملے ہوئے ہوتے ہیں، عجمی لوگ اس سے شراب پیتے تھے (اور وہ غلّہ ناپنے کے کام بھی آتا تھا)

۴- آیت ۹۴ میں ہے: ﴿لَوْلاَ أَنْ تُفَنِّدُوْنِ﴾: اگر تم مجھے سٹھیایا ہوا نہ کہو ـــــ فَنِدَ (س) فَنْدًا: کھوسٹ ہونا، بڑھاپے کی وجہ سے ضعیف العقل ہوجانا، فَنَّدَہ: ضعیف العقل بنانا ـــــ حضرت ابن عباسؓ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: نادان

قرار دینا۔

[٥-] وَقَالَ غَيْرُهُ: غَيَابَةٌ: كُلُّ شَيْءٍ غَيَّبَ عَنْكَ شَيْئًا فَهُوَ غَيَابَةٌ. وَالْجُبُّ: الرَّكِيَّةُ الَّتِيْ لَمْ تُطْوَ. [٦-] ﴿بِمُؤْمِنٍ لَّنَا﴾: بِمُصَدِّقٍ لَنَا. [٧-] ﴿أَشُدَّهُ﴾: قَبْلَ أَنْ يَأْخُذَ فِي النُّقْصَانِ يُقَالُ: بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغُوْا أَشُدَّهُمْ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: وَاحِدُهَا شَدٌّ. [٨-] وَالْمُتَّكَأُ: مَا اتَّكَأْتَ عَلَيْهِ لِشَرَابٍ أَوْ لِحَدِيْثٍ أَوْ لِطَعَامٍ. وَأَبْطَلَ الَّذِيْ قَالَ: الْأُتْرُنْجُ، وَلَيْسَ فِي كَلَامِ الْعَرَبِ الْأُتْرُنْجُ، فَلَمَّا احْتُجَّ عَلَيْهِمْ بِأَنَّهُ الْمُتَّكَأُ مِنْ نَمَارِقَ، فَرُّوْا إِلَى شَرٍّ مِنْهُ، فَقَالُوْا: إِنَّمَا هُوَ الْمُتْكُ سَاكِنَةَ التَّاءِ، وَإِنَّمَا الْمُتْكُ طَرَفُ الْبَظْرِ، وَمِنْ ذٰلِكَ قِيْلَ لَهَا: مَتْكَاءُ وَابْنُ الْمَتْكَاءِ، فَإِنْ كَانَ ثَمَّ أُتْرُنْجٌ فَإِنَّهُ بَعْدَ الْمُتَّكَإِ.

٥-سورۂ یوسف آیت ۱۵ میں ہے: ﴿وَأَجْمَعُوْا أَنْ يَجْعَلُوْهُ فِيْ غَيَابَتِ الْجُبِّ﴾: اور انھوں نے طے کیا کہ اسے کچے کنویں کی گہرائی میں کردیں — اور ابن عباسؓ کے علاوہ نے یعنی ابوعبیدہؒ نے کہا: ہر وہ چیز جو تجھ سے کسی چیز کو چھپادے غیابة ہے — جیسے الغيابة من الوادي أو الجب: وادی یا کنویں کی گہرائی — اور الْجُبّ: وہ گہرا کنواں جس کی کوٹھی تعمیر نہ کی گئی ہو، اور من اور مینڈ نہ بنی ہو غيابة الجب: درحقیقت مرکب توصیفی تھا، الٹ کر مرکب اضافی بنایا گیا ہے۔

٦-آیت ۱۷ میں ہے: ﴿وَمَا أَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا﴾: اور آپ ہمارا یقین کرنے والے نہیں — ایمان بمعنی تصدیق ویقین ہے۔

٧-آیت ۲۲ میں ہے: ﴿وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ﴾: اور جب یوسفؑ اپنی جوانی کو پہنچے — الأَشُدّ: طاقت وقوت کا زمانہ — یہ لفظ یا تو جمع کے وزن پر مفرد ہے یا ایسی جمع ہے جس کا کوئی مفرد نہیں — امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قوت وطاقت گھٹنے لگے اس سے پہلے کا زمانہ أَشُدّ ہے — اور اس کا مضاف الیہ مفرد ضمیر بھی آتی ہے اور جمع بھی، کہا جاتا ہے: بلغ أشده (مفرد ضمیر) اور بلغوا أشدهم (جمع ضمیر) — اور بعض کہتے ہیں: اس کا مفرد شَدٌّ ہے۔

٨-آیت ۳۱ میں ہے کہ وزیر کی بیوی نے شاہی خاندان کی بیگمات کے لئے گاؤ تکیے آراستہ کئے — مُتَّكَأٌ: ہر وہ چیز جس پر آپ ٹیک لگائیں، چائے پینے کے لئے، باتیں کرنے کے لئے یا کھانا کھانے کے لئے، یہی گاؤ تکیے آراستہ کرنا ہے — اور جس نے اس لفظ کا ترجمہ ترنج لیموں کیا ہے وہ قطعاً غلط ہے، کیونکہ اترنج عربی زبان کا لفظ ہی نہیں ہے — پھر جب اس قائل کے خلاف دلیل قائم کی گئی کہ وہ یعنی مُتَّكَأٌ چھوٹے تکیے ہیں (جن پر بیٹھا جاتا ہے اور ٹیک لگائی جاتی ہے) تو وہ اس سے زیادہ بری بات کی طرف بھاگے، اور انھوں نے کہا کہ وہ مُتْك ہے، تاء ساکن کے ساتھ (یعنی لفظ ہی بدل دیا) حالانکہ مُتْك: عورت کی اندام نہانی کے ابھار کے کنارہ کو کہتے ہیں (جو عورت کی ختنہ کرنے کے بعد باقی رہ جاتا ہے) اور اسی سے عورت کے حق میں مَتْكَاء بولا جاتا ہے یعنی ٹناکٹی ہوئی عورت اور ابن الْمَتْكَاء کہا جاتا ہے یعنی ٹناکٹی ہوئی عورت کا

بیٹا (یہ گالی ہے) —— پس اگر وہاں (دعوت میں) ترنج لیموں تھا تو وہ گاؤ تکیوں سے مجلس آراستہ کرنے کے بعد تھا۔

[۹-] ﴿شَغَفَهَا﴾: يُقَالُ: بَلَغَ إِلٰى شِغَافِهَا، وَهُوَ غِلَافُ قَلْبِهَا، أَمَّا شَعَفَهَا فَمِنَ الْمَشْعُوْفِ [۱۰-] ﴿أَصْبُ﴾: أَمِلْ. [۱۱-] ﴿أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ﴾: مَالَا تَأْوِيْلَ لَهُ، وَالضِّغْثُ: مِلْءُ الْيَدِ مِنْ حَشِيْشٍ وَمَا أَشْبَهَهُ، وَمِنْهُ: ﴿خُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا﴾ لَامِنْ قَوْلِهِ: ﴿أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ﴾ وَاحِدُهَا ضِغْثٌ. [۱۲-] ﴿وَنَمِيْرُ﴾ مِنَ الْمِيْرَةِ. [۱۳-] ﴿وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ﴾: مَا يَحْمِلُ بَعِيْرٌ. [۱۴-] ﴿آوىٰ إِلَيْهِ﴾: ضَمَّ إِلَيْهِ. [۱۵-] ﴿السِّقَايَةَ﴾: مِكْيَالٌ. [۱۶-] ﴿تَفْتَؤُا﴾: لَاتَزَالُ. [۱۷-] ﴿حَرَضًا﴾: مُحْرَضًا، يُذِيْبُكَ الْهَمُّ. [۱۸-] ﴿تَحَسَّسُوْا﴾: تَخَبَّرُوْا. [۱۹-] ﴿مُزْجَاةٍ﴾: قَلِيْلَةٍ. [۲۰-] ﴿غَاشِيَةٌ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ﴾: عَامَّةٌ مُجَلِّلَةٌ.

۹-آیت ۳۰ میں ہے: ﴿قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا﴾: محبت نے اس کا دل گھائل کر رکھا ہے —— شَغَفَهُ (ف) شَغْفًا: دل کے پردے کو زخمی کرنا —— حُبًّا: تمیز محول عن الفاعل ہے —— شِغَاف: دل کا پردہ —— اور ایک قراءت شَعَفَهَا ہے، اس کے بھی یہی معنی ہیں شَعَفَ (ف) الحبُّ فلانا: آتش محبت کا کسی کو جلانا، المشعوف: محبت میں دیوانہ۔

۱۰-آیت ۳۳ میں ہے: ﴿أَصْبُ إِلَيْهِنَّ﴾: میں ان عورتوں کی طرف مائل ہو جاؤنگا —— أصبُ: مضارع صیغہ واحد متکلم، اصل میں أَصبو تھا، جواب شرط ہونے کی وجہ سے حرف علت کے حذف کی صورت میں جزم آیا ہے، صَبَا (ن) صَبْوَةً إِلَيْهِ: مائل ہونا، مشتاق ہونا۔

۱۱-آیت ۴۴ میں ہے: ﴿قَالُوْا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ﴾: درباریوں نے (بادشاہ کے خواب کے بارے میں) کہا: خوابوں کے پولے ہیں —— أَضْغَاثٌ: ضِغْث کی جمع ہے: سینکوں کا مٹھا، ایسی گٹھڑی جس میں مختلف قسم کی گھاس پھونس ہو —— اور أحلام: حُلْم کی جمع ہے: خواب اور درباریوں کی مراد یہ تھی کہ اس خواب کی کوئی تعبیر نہیں —— اور سورۂ صٓ آیت ۴۴ میں ہے: ﴿وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا﴾: تم اپنے ہاتھ میں سینکوں کا ایک مٹھا لو، یہاں ضغث کے حقیقی معنی مراد ہیں، أضغاث أحلام میں تو مجازی معنی ہیں یعنی مالا تأویل له: یہ معنی سورۂ صٓ میں مراد نہیں۔

۱۲-آیت ۶۵ میں ہے: ﴿وَنَمِيْرُ أَهْلَنَا﴾: اور ہم اپنے گھر والوں کے لئے رسد لائیں گے —— نَمِيْر: مضارع جمع متکلم، مَارَ يَمِيْرُ مَيْرًا عياله: اہل وعیال کے لئے نان ونفقہ لانا، المِيْرَة: غلہ کی رسد۔

۱۳-پھر اسی آیت میں ہے: ﴿وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ﴾: اور مزید لائیں گے ہم بار شتر، بار: پیمانہ یعنی جتنا ایک اونٹ اٹھا سکے۔

۱۴-آیت ۶۹ میں ہے: ﴿آوىٰ إِلَيْهِ أَخَاهُ﴾: اپنے پاس اپنے بھائی کو ٹھکانا دیا، آوىٰ إلى البيت: اتارنا، ٹھکانا دینا۔

۱۵-آیت ۷۰ میں ہے: ﴿جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ أَخِيْهِ﴾: جام (پانی پینے کا پیالہ) اپنے بھائی کے کجاوے (سامان)

میں رکھ دیا۔ کہتے ہیں: اسی سے غلہ بھی ناپا جاتا تھا، مکیال: غلہ ناپنے کا پیمانہ۔

۱۶- آیت ۸۵ میں ہے: ﴿تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ﴾: خدا کی قسم! آپ ہمیشہ یوسف کو یاد کرتے رہیں گے —— لاتزال: آپ ہمیشہ رہیں گے —— تَفْتَؤُا: افعال ناقصہ میں سے ہے اور جوابِ قسم ہے، اصل میں لاتفتؤا تھا، حرفِ نفی حذف کیا گیا، کیونکہ جب قسم کے ساتھ علامتِ اثبات (لام تاکید اور نون تاکید) نہیں ہوتی تو وہ نفی پر محمول ہوتی ہے۔

۱۷- پھر اسی آیت میں ہے: ﴿حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا﴾: یہاں تک کہ آپ نڈھال (لاغر) ہوجائیں —— حَرَضًا: مصدر ہے جو صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے، جس کے معنی ہیں: مضمحل، بیمار اور جو چیز نکمی اور بے کار ہوجائے اور کسی کام کی نہ رہے، حَرَضَ (ن) حُرُوْضًا: لاغر و کمزور ہوکر مرنے کے قریب ہوجانا، مُحْرَضا: اسم مفعول ہے أَحْرَضَ الحب فلانا سے: محبت یا غم واندوہ کا کسی کو گھلا دینا، بدحال کردینا۔

۱۸- آیت ۸۷ میں ہے: ﴿يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُوْسُفَ وَأَخِيْهِ﴾: اے میرے بچو! جاؤ اور ٹوہ لگاؤ یوسف کی اور اس کے بھائی کی —— تَحَسَّس منه: حقیقتِ حال معلوم کرنا، ٹوہ لگانا، کھوج لگانا، پتہ لگانا —— تَخَبَّرَ الخبر: خبر دریافت کرنا، معلومات حاصل کرنا تخبره عن الشيئ: کسی چیز کے بارے میں سوال کرنا، تحقیق کرنا۔

۱۹- پھر آیت ۸۸ میں ہے: ﴿وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُزْجَاةٍ﴾: اور لائے ہیں ہم ردی پونجی —— مُزْجاة: مُزْجیٰ کا مؤنث ہے، جس کے معنی ہیں: تھوڑی چیز، ردی چیز، أَزْجیٰ إِزْجَاء: ہانکنا، پس مُزْجیٰ: وہ ردی چیز ہے جسے ہٹا دیا جائے۔

۲۰- آیت ۱۰۷ میں ہے: ﴿أَفَأَمِنُوْا أَنْ تَأْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ﴾: کیا وہ مطمئن ہوگئے اس سے کہ آپڑے ان پر کوئی محیط آفت اللہ کے عذاب سے —— مُجَلِّلَة: اسم فاعل، عام ہونے والی، جَلَّلَ الشيئَ: عام ہوا، اور اسم مفعول بھی پڑھ سکتے ہیں، جَلَّلَ الشيئَ: عام کرنا۔

ایں خانہ ہمہ آفتاب است

سورۃ یوسف آیت ۶ میں ہے: اور تجھ پر اور خاندان یعقوب پر اللہ تعالیٰ اپنی نعمت (نبوت) پوری فرمائیں گے، جس طرح ماضی میں تیرے بزرگوں ابراہیمؑ واسحاقؑ پر اپنی نعمت پوری فرمائی —— اور حدیث میں ہے کہ ابراہیم علیہ السلام سے چار پشتوں تک نبوت کا سلسلہ چلا، پس ایں خانہ ہمہ آفتاب است! اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۸۹) آئی ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى آلِ يَعْقُوْبَ كَمَا أَتَمَّهَا عَلٰى أَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْحَاقَ﴾

[۴۶۸۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ،

عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الْكَرِيْمُ ابْنُ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ، يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ"[راجع: ۳۳۸۲]

یوسف علیہ السلام اوران کے بھائیوں کا قصہ عبرت آموز ہے

سورۃ یوسف کی آیت ۷ ہے: ''قسم بخدا! حقیقت یہ ہے کہ یوسف اوران کے بھائیوں کی سرگذشت میں پوچھنے والوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں'' —— پوچھنے والے کفار مکہ تھے،انھوں نے یہودیوں کے اشارے پر پوچھا تھا کہ بنی اسرائیل کے مصر میں پہنچنے کا کیا سبب بنا؟ قرآن نے واقعہ شروع کرنے سے پہلے تنبیہ کی کہ اس واقعہ کو محض ایک واقعہ نہ سمجھنا، یہ واقعہ درسِ عبرت ہے —— اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۶۴) آچکی ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِلسَّائِلِيْنَ﴾

[۴۶۸۹-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَيُّ النَّاسِ أَكْرَمُ؟ قَالَ: " أَكْرَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقَاهُمْ" قَالُوْا: لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ. قَالَ: " فَأَكْرَمُ النَّاسِ يُوْسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِيْلِ اللّٰهِ" قَالُوْا: لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ. قَالَ: "فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُوْنِّيْ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: " فَخِيَارُكُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُكُمْ فِي الإِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوْا" تَابَعَهُ أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ.[راجع: ۳۳۵۳]

کسی معاملہ میں آدمی بے بس ہوتو صبر جمیل بہتر ہے

یوسف علیہ السلام کے بھائی یوسف علیہ السلام کے کرتے پر جھوٹا خون لگالائے، اورابا کو یقین دلانے کی کوشش کی کہ یوسف کو بھیڑیا کھا گیا، دیکھئے یہ اس کا خون آلود کرتا ہے! ابا نے کہا: بھیڑیے نے تو کھایاوایا نہیں —— بلکہ تمہارے لئے تمہارے نفوس نے ایک بات مزین کی ہے، پس عمدہ صبر بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ ہی مدد خواستہ ہیں، اس بات پر جو تم بیان کرتے ہو! —— ابا سب کچھ سمجھ گئے تھے، مگر کیا کرتے؟ بے بس تھے! مگر وہ اتنی بڑی روح فرسا خبرسن کر بھی بردباراور باوقار رہے، اور معاملہ اللہ کے حوالے کردیا۔

اس کی ایک مثال حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا قصہ ہے، ان پر تہمت لگائی گئی، اوراس زورکا پروپیگنڈہ کیا گیا کہ مدینہ کے درودیوار کانپ اٹھے، اس موقعہ پر صدیقہؓ نے کہا تھا: ''واللہ! میں جانتی ہوں کہ یہ باتیں سنتے سنتے آپ لوگوں کے دلوں میں اچھی طرح بیٹھ گئی ہیں، اور آپ لوگوں نے ان کا یقین کرلیا ہے، اب اگر میں کہوں کہ میں بری ہوں، اور اللہ جانتا ہے کہ میں بری ہوں تو آپ لوگ میری بات سچ نہ سمجھیں گے، اوراگر میں جرم کا اعتراف کرلوں، حالانکہ اللہ تعالیٰ خوب

جانتے ہیں کہ میں اس سے بری ہوں تو آپ لوگ صحیح مان لیں گے، ایسی صورت میں میرے لئے اور آپ لوگوں کے لئے وہی مثل (مضمون) ہے جو یوسف علیہ السلام کے والد نے کہی تھی کہ صبر بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ ہی مدد خواستہ ہیں اس بات پر جو تم بیان کرتے ہو! ـــــ پھر وحی نازل ہوئی اور اللہ نے حضرت عائشہؓ کو بری کر دیا ـــــ اور یہ اس لمبی حدیث کا ایک حصہ ہے جو پہلے (تحفۃ القاری ۶۱:۶) آچکی ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ﴾ ﴿سَوَّلَتْ﴾: زَيَّنَتْ.

[۴۶۹۰-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ الْأَيْلِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدَ اللهِ بْنَ عَبْدِ اللهِ، عَنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَا قَالُوْا، فَبَرَّأَهَا اللهُ، كُلٌّ حَدَّثَنِيْ طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيْثِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنْ كُنْتِ بَرِيْئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللهُ، وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِيْ اللهَ وَتُوْبِيْ إِلَيْهِ" قُلْتُ: إِنِّيْ وَاللهِ لَا أَجِدُ مَثَلًا إِلَّا أَبَا يُوْسُفَ: ﴿فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ﴾ وَأَنْزَلَ اللهُ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُوْا بِالإِفْكِ﴾ الْعَشْرَ الآيَاتِ. [النور: ۱۱-۲۰] [راجع: ۲۵۹۳]

[۴۶۹۱-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَسْرُوْقُ ابْنُ الأَجْدَعِ قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ أُمُّ رُوْمَانَ، وَهِيَ أُمُّ عَائِشَةَ قَالَتْ: بَيْنَا أَنَا وَعَائِشَةُ أَخَذَتْهَا الْحُمَّى، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَعَلَّ فِيْ حَدِيْثٍ تُحُدِّثَ؟" قَالَتْ: نَعَمْ، وَقَعَدَتْ عَائِشَةُ، قَالَتْ: مَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَيَعْقُوْبَ وَبَنِيْهِ: ﴿بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ أَمْرًا فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ﴾

[راجع: ۳۳۸۸]

فائدہ: دوسری حدیث دلیل ہے کہ مسروق رحمہ اللہ کا حضرت ام رومان سے سماع ہے، ام رومان لمبے عرصہ تک حیات رہی ہیں اور مسروق نے ان سے حضرت عمرؓ کی خلافت کے زمانہ میں سنا ہے۔

یوسف علیہ السلام نے اس عورت کی حرکت کو جانے دیا جس نے ان پر ڈورے ڈالے تھے

یہ باب پہلودار ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے دور کی کمند پھینکی ہے، اور یہ باب آپ کی ذہانت کا آئینہ دار ہے: عزیز مصر کی بیوی جس سے شوہر نے کہا تھا کہ اس لڑکے کی فرودگاہ باعزت کرنا، شاید یہ ہمارے کام آئے یا ہم اس کو بیٹا بنالیں، وہی بچہ جب جوان ہوا تو اسی عورت نے اس پر ڈورے ڈالے، اور جب اس کے آقا نے دروازہ کھلنے پر معاملہ اپنی آنکھوں سے

دیکھ لیا، تو الٹا اس عورت نے یوسف علیہ السلام کو مورد الزام ٹھہرایا، پھر عورت کے خاندان کے ایک شخص نے سچ جھوٹ کو جاننے کے لئے ایک علامت بتائی اور یوسف علیہ السلام بے گناہ ثابت ہوئے، اور سوئی گھوم کر اس عورت پر پہنچ گئی، اس وقت آقا نے یوسف علیہ السلام سے کہا: اس معاملہ کو جانے دیجئے، کسی سے ذکر نہ کیجئے، ورنہ میری سخت بدنامی ہوگی، چنانچہ یوسف علیہ السلام نے اس معاملہ سے درگذر کیا، اور اسی کے گھر میں رہتے رہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں پہلے هیت لك میں دو قراءتوں کا اختلاف بیان کیا ہے، پھر مفردات کا ترجمہ کیا ہے، اور بات کو کھینچ کر ألفیا تک لے گئے ہیں، پھر باب کی آخری حدیث میں درگذر کرنے کی ایک مثال لائے ہیں، مکہ والوں کا ظلم وستم سہتے سہتے جب پیانۂ صبر لبریز ہوگیا تو نبی ﷺ نے مکہ والوں کے لئے لمبی قحط سالی کی دعا کی، جو پوری ہوئی، یہاں تک کہ کفار کو بھوک کی وجہ سے فضاء میں دھواں نظر آنے لگا، تب ابوسفیان مدینہ آیا، ناتا کا واسطہ دیا اور درخواست کی کہ آپؐ قحط سالی دور ہونے کے لئے دعا کریں، چنانچہ آپؐ نے ان کی حرکتوں کو جانے دیا اور دعا فرمائی، جس سے قحط سالی ختم ہوئی —— یہ اس باب کا خلاصہ ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَرَاوَدَتْهُ الَّتِیْ هُوَ فِیْ بَیْتِهَا عَنْ نَفْسِهِ وَغَلَّقَتِ الْأَبْوَابَ، وَقَالَتْ هَیْتَ لَكَ﴾

قَالَ عِكْرِمَةُ: ﴿هَیْتَ لَكَ﴾ بِالْحَوْرَانِیَّةِ: هَلُمَّ. وَقَالَ ابْنُ جُبَیْرٍ: تَعَالَهْ.

[٤٦٩٢-] حَدَّثَنِیْ أَحْمَدُ بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَیْمَانَ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ: ﴿وَقَالَتْ هَیْتَ لَكَ﴾ قَالَ: وَإِنَّمَا نَقْرَؤُهَا كَمَا عُلِّمْنَاهَا.

آیت ۲۳ کا ترجمہ: اور وہ جس عورت کے گھر میں تھے اس نے ان کے نفس کو پھانسنے کے لئے ڈورے ڈالے، اور اس نے اچھی طرح دروازے بھیڑ لئے اور کہا: لو آجاؤ! —— رَاوَدَ مُرَاوَدَةً: چاہنا، رَاوَدَ عن نفسه: فریب دینا، برائی کی ترغیب دینا، پھسلانا، ڈورے ڈالنا —— الَّتی اپنے صلہ کے ساتھ مل کر فاعل ہے —— عن نفسه: رَاوَدَتْ سے متعلق ہے بہ تضمین خادعت —— غلقت میں تشدید مبالغہ کے لئے ہے —— هیتَ لك: اسم فعل بمعنی امر ہے اور اس میں اختلاف ہے کہ لك اسم فعل کا جزء ہے یا نہیں؟ مگر اتنی بات طے ہے کہ لك کے بغیر یہ فعل نہیں آتا، اور مخاطب کے لحاظ سے لك کی ضمیر بدلتی ہے۔

اور عکرمہؒ کہتے ہیں: یہ حوران کی اصطلاح ہے، حوران شام کا ایک شہر ہے، اور بعض شہروں میں خاص الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں، جیسے مدینہ میں مجاورت بمعنی اعتکاف مستعمل تھا، اور حوران کی اصطلاح میں هیت لك کے معنی ہیں: هَلُمَّ: آجاؤ سعید بن جبیرؒ نے بھی یہی معنی کئے ہیں، تَعَالَهْ: آجا! (آخر میں ہ سکتہ کی ہے)

اور هیت کی ت پر تینوں حرکتیں آسکتی ہیں، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے زبر پڑھا ہے جو حفص کی قراءت ہے پس

کسی نے کہاھیتُ (تاء کے پیش کے ساتھ) ہے، آپؓ نے فرمایا: ہم اسی طرح پڑھتے ہیں جس طرح ہم سکھلائے گئے ہیں۔
نوٹ: ابن مسعودؓ ت پر زبر پڑھتے تھے یا پیش؟ اس میں روایات میں الجھاؤ ہے۔ بخاری کی روایت بھی محتمل ہے۔

[۲۱-] ﴿مَثْوَاهُ﴾: مُقَامُهُ. [۲۲-] ﴿وَأَلْفَيَا﴾: وَجَدَا. ﴿أَلْفَوْا آبَاءَ هُمْ﴾ ﴿أَلْفَيْنَا﴾ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: ﴿بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ﴾

[۴۶۹۳-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ قُرَيْشًا لَمَّا أَبْطَأُوْا عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالإِسْلَامِ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ" فَأَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ حَصَّتْ كُلَّ شَيْئٍ، حَتَّى أَكَلُوْا الْعِظَامَ، حَتّٰى جَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرَى بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا مِثْلَ الدُّخَانِ، قَالَ اللّٰهُ: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ﴾ [الدخان: ۱۰] قَالَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّا كَاشِفُوْا الْعَذَابِ قَلِيْلاً إِنَّكُمْ عَائِدُوْنَ﴾ [الدخان: ۱۵] أَفَيُكْشَفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ وَقَدْ مَضَى الدُّخَانُ وَمَضَتِ الْبَطْشَةُ. [راجع: ۱۰۰۷]

۲۱- سورۃ یوسف آیت ۲۱ میں ہے: ﴿أَكْرِمِيْ مَثْوَاهُ﴾: اس کی فروگاہ باعزت رکھنا یعنی غلام کی طرح نہ رکھنا، عزت واحترام سے رکھنا — مَثْوٰی: ظرف مکان، جمع مثاوی: ٹھکانا، مدت دراز تک رہنے کی جگہ — مُقام (بالضم) إقامة سے ظرف مکان: رہنے کی جگہ — یہ لفظ باب کی آیت سے مقدم آیت میں ہے، اوراس طرف اشارہ کرنے کے لئے لائے ہیں کہ اس عورت سے کہا کیا گیا تھا اوراس نے کیا کیا؟

۲۲- پھر آیت ۲۵ میں ہے: ﴿وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهُ مِنْ دُبُرٍ وَأَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَى الْبَابِ﴾: اور دونوں آگے پیچھے دروازے کی طرف دوڑے، اوراس نے ان کا کرتہ پیچھے سے چاک کردیا، اور دونوں نے اس کے شوہر کو دروازے کے پاس پایا — أَلْفَاه إِلْفَاء: پانا — جیسا سورۃ الصافات آیت ۶۹ میں ہے: ﴿إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَ هُمْ ضَالِّيْنَ﴾: انھوں نے اپنے بڑوں کو گمراہی کی حالت میں پایا — اور سورۃ البقرۃ آیت ۱۷۰ میں ہے: ﴿بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَ نَا﴾: بلکہ ہم اس طریقہ پر چلیں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے۔

ایک نظیر: ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ھیتَ کی تاء پر زبر پڑھا ہے، جیسے انھوں نے سورۃ الصافات آیت ۱۲ میں ت پر زبر پڑھا ہے: ﴿بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ﴾: بلکہ آپ تو تعجب کرتے ہیں اور وہ لوگ تمسخر کرتے ہیں۔

نوٹ: ابراہیم نخعیؒ نے قاضی شریحؒ پر رد کیا ہے کہ ابن مسعودؓ پیش کے ساتھ عجبتُ پڑھتے تھے یعنی اللہ تعالیٰ کو حیرت ہوتی ہے (فتح) اگر یہ بات صحیح ہے تو ھیت میں بھی ابن مسعودؓ کی قراءت پیش کے ساتھ ماننی ہوگی، تاکہ یہ اس کی نظیر بنے۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۳۳۳) آئی ہے، وہاں ابوسفیان کے آنے کا ذکر ہے۔

نبی ﷺ نے یوسف علیہ السلام کی پامردی کی تعریف کی

سورۃ یوسف آیات ۵۰ و ۵۱ کا ترجمہ: پس جب ان کے پاس قاصد آیا تو انھوں نے کہا: تم اپنی سرکار کے پاس واپس جاؤ، اور ان سے پوچھو کہ ان عورتوں کا کیا معاملہ ہے جنھوں نے اپنے ہاتھ لہولہان کر لئے تھے؟ میرے پروردگار ان کے فریب سے خوب واقف ہیں —— بادشاہ نے دریافت کیا کہ تمہارا کیا معاملہ تھا جب تم نے یوسف کے نفس سے فریب کرنے کے لئے اس پر ڈورے ڈالے تھے؟ عورتوں نے جواب دیا: اللہ پاک ہیں! ہم نے ان میں کوئی برائی نہیں پائی۔ عزیز کی بیگم نے کہا: اب حق کھل گیا! میں نے ہی اس کے نفس سے فریب کرنے کے لئے اس پر ڈورے ڈالے تھے، اور وہ بلاشبہ سچوں میں سے ہے —— حَاشَ (شین کے بعد الف نہیں) اور حَاشَا (الف کے ساتھ) ابوعبیدہؒ کے نزدیک تنزیہ کے لئے بھی ہے اور استثناء کے لئے بھی.......... اور حَصْحَصَ (رباعی مجرد) حَصْحَصَةً: ظاہر ہونا۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۸۲) آئی ہے، اس میں نبی ﷺ نے یوسف علیہ السلام کی پامردی کی تعریف کی ہے فرمایا: ''اگر میں قید خانہ میں ٹھہرتا جتنا یوسف علیہ السلام ٹھہرے تو میں بلانے والے کے ساتھ ہولیتا!''

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَلَمَّا جَاءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ إِلٰى رَبِّكَ فَسْئَلْهُ مَابَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ إِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ، قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدْتُنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَفْسِهِ؟ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ!﴾

وَحَاشَ وَحَاشَا: تَنْزِيْهٌ وَاسْتِثْنَاءٌ. ﴿حَصْحَصَ﴾: وَضَحَ.

[٤٦٩٤-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ تَلِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ مُضَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَرْحَمُ اللّٰهُ لُوْطًا لَقَدْ كَانَ يَأْوِيْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ، وَلَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ مَا لَبِثَ يُوْسُفُ لَأَجَبْتُ الدَّاعِيَ، وَنَحْنُ أَحَقُّ مِنْ إِبْرَاهِيْمَ إِذْ قَالَ لَهُ: ﴿أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ﴾[البقرة: ٢٦٠] [راجع: ٣٣٧٢]

اللہ کے قانون میں اتنی ڈھیل ہے کہ کبھی حالات رسول کے لئے بھی یاس انگیز ہوجاتے ہیں

سورۃ یوسف آیت ۱۱۰ میں ہے: ﴿حَتّٰى إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَاءَ هُمْ نَصْرُنَا﴾: (رسولوں کو مدد پہنچنے میں دیر ہوئی) یہاں تک کہ جب رسول ناامید ہوگئے، اور انہیں خیال آنے لگا کہ واقعی وہ سچے نہ نکلے تب ان کو ہماری مدد پہنچی، پھر جن کو ہم نے چاہا بچالیا، اور مجرموں سے ہمارا عذاب پھیرا نہیں جاتا۔

تفسیر: تکذیب کرنے والوں کو سزا ملنے میں ڈھیل سے کوئی دھوکہ نہ کھائے، پچھلی امتوں کو بھی مہلتیں دی گئی تھیں، اور عذاب آنے میں اتنی دیر ہوتی تھی کہ انبیاء علیہم السلام تک کے لئے حالات یاس انگیز ہو جاتے تھے اور بہ مقتضائے بشریت انہیں خیال آنے لگتا تھا کہ ہماری بات سچی نہ نکلی، جب نوبت یہاں تک پہنچ جاتی تھی، تب نصرت خداوندی آتی تھی، اور تکذیب کرنے والوں کو پاداشِ عمل سے دوچار کیا جاتا تھا۔

آیتِ پاک کا یہ مطلب ترجمان القرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے، آپؓ نے: ﴿وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا﴾ کی تفسیر أُخْلِفُوْا سے کی ہے یعنی انبیاء کو خیال آنے لگا کہ وہ وعدہ خلافی کئے گئے یعنی اللہ تعالیٰ نے ان سے جو نصرت کا وعدہ کیا تھا وہ سچا ثابت نہ ہوا، اور ابن عباسؓ نے تائید میں سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۱۴ تلاوت فرمائی، جس میں ارشاد فرمایا گیا ہے کہ تم سے پہلے جو مؤمنین گذرے ہیں ان پر ایسی تنگیاں اور سختیاں آئی ہیں اور ان کو آزمائشوں سے یہاں تک جنبش دی گئی ہے کہ پیغمبر اور ان کے ہم راہی بول اٹھے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی؟ یعنی بہ مقتضائے بشریت پریشانی کی حالت میں مایوسی کے کلمات منہ سے نکل گئے، تب رحمتِ الٰہی متوجہ ہوئی اور تکذیب کرنے والوں کو قرار واقعی سزا دی گئی۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آیت کی دوسری تفسیر کی ہے، جو باب کی حدیث میں ہے، یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵۹۲:۶) آچکی ہے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿حَتّٰى إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ﴾ [يوسف: ١١٠]

[٤٦٩٥-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ لَهُ وَهُوَ يَسْأَلُهَا عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿حَتّٰى إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ﴾ قَالَ: قُلْتُ: أَكُذِبُوْا أَمْ كُذِّبُوْا؟ قَالَتْ عَائِشَةُ: كُذِّبُوْا. قُلْتُ: فَقَدِ اسْتَيْقَنُوْا أَنَّ قَوْمَهُمْ كَذَّبُوْهُمْ فَمَا هُوَ بِالظَّنِّ؟ قَالَتْ: أَجَلْ لَعَمْرِى لَقَدِ اسْتَيْقَنُوْا بِذٰلِكَ. فَقُلْتُ لَهَا: وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا، قَالَتْ: مَعَاذَ اللّٰهِ! لَمْ تَكُنِ الرُّسُلُ تَظُنُّ ذٰلِكَ بِرَبِّهَا. قُلْتُ: فَمَا هٰذِهِ الْآيَةُ؟ قَالَتْ: هُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَصَدَّقُوْهُمْ، فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْبَلَاءُ، وَاسْتَأْخَرَ عَنْهُمُ النَّصْرُ، حَتّٰى اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ مِمَّنْ كَذَّبَهُمْ مِنْ قَوْمِهِمْ، وَظَنَّتِ الرُّسُلُ أَنَّ أَتْبَاعَهُمْ قَدْ كَذَّبُوْهُمْ، جَاءَهُمْ نَصْرُ اللّٰهِ عِنْدَ ذٰلِكَ.

[راجع: ٣٣٨٩]

[٤٦٩٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ، فَقُلْتُ: لَعَلَّهَا ﴿كُذِبُوْا﴾ مُخَفَّفَةً؟ قَالَتْ: مَعَاذَ اللّٰهِ نَحْوَهُ. [راجع: ٣٣٨٩]

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پہلے آیت کی تفسیر کُذِّبُوْا کی تقدیر پر کی، پھر حضرت عروہ رحمہ اللہ نے ان کو

گھیرا تو دوسری تفسیر کُذِبُوْا کی تقدیر پر کی، مگر ظَنُّوْا کی ضمیر کا مرجع مؤمنین کو بنایا یعنی نبیوں پر ایمان لانے والوں کو ایسا خیال آنے لگا کہ نبیوں سے اللہ نے جو وعدے کئے تھے وہ پورے نہ ہوئے —— مگر مؤمنین کو ظَنُّوْا کا فاعل بنانے کا کوئی قرینہ نہیں، اور انتشار ضمائر کی خرابی بھی لازم آئے گی، ظنوا کا مرجع مؤمنین اور إنهم اور کُذِبوا کا مرجع رسل، یہ انتشار ضمائر ہے جو فصاحت کے خلاف ہے، اس لئے صحیح تفسیر وہ ہے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کی ہے۔

﴿الحمد للہ! سورۂ یوسف علیہ السلام کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[۱۳] سورة الرعد

بسم الله الرحمن الرحيم

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: [۱-]﴿كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ﴾: مَثَلُ الْمُشْرِكِ الَّذِىْ عَبَدَ مَعَ اللهِ إِلهًا غَيْرَهُ، كَمَثَلِ الْعَطْشَانِ الَّذِىْ يَنْظُرُ فِى خَيَالِهِ إِلَى الْمَاءِ مِنْ بَعِيْدٍ، وَهُوَ يُرِيْدُ أَنْ يَتَنَاوَلَهُ وَلاَ يَقْدِرُ، وَقَالَ غَيْرُهُ: [۲-]﴿سَخَّرَ﴾: ذَلَّلَ. [۳-]﴿مُتَجَاوِرَاتٌ﴾: مُتَدَانِيَاتٌ. [٤-]﴿الْمَثُلاَتُ﴾: وَاحِدُهَا: مَثُلَةٌ، وَهِىَ الْأَشْبَاهُ وَالْأَمْثَالُ، وَقَالَ: ﴿إِلَّا مِثْلَ أَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا﴾

تفسیر سورۃ الرعد

الفاظ کے معانی

۱- سورۃ الرعد کی آیت ۱۴ ہے: ﴿لَهُ دَعْوَةُ الْحَقِّ، وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ لاَ يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْئٍ إِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَاهُوَ بِبَالِغِهِ، وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِيْنَ إِلَّا فِىْ ضَلاَلٍ﴾: برحق دعا اللہ ہی کے لئے خاص ہے —— برحق دعا: وہ ہے جو رائگاں نہ جائے —— اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے معبودوں سے دعائیں مانگتے ہیں، وہ ان کی دعاؤں کا کچھ بھی جواب نہیں دے سکتے، مگر جیسا پانی کی طرف ہتھیلیاں پھیلانے والا کہ وہ اس کے منہ میں پہنچ جائے، حالانکہ وہ اس کے منہ تک آنے والا نہیں، اور کافروں کی دعائیں محض بے فائدہ ہیں، یہی باطل دعائیں ہیں —— حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: یہ تمثیل (پیرایۂ بیان) ہے: کوئی پیاسا کنویں کی مَن پر کھڑا ہو کر پانی کی طرف ہاتھ پھیلائے اور خوشامد کرے کہ میرے منہ میں آجا تو کیا یہ ممکن ہے؟ یہی حال اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے معبودوں سے دعائیں مانگنے کا ہے، وہ ساری دعائیں محض بے فائدہ ہیں۔

۲- آیت ۲ میں ہے: ﴿وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ﴾: اور بیگار میں لگا دیا سورج اور چاند کو —— بے گار: اجرت کے

بغیر کام لینا ـــــ ذَلَّلَه: زیر کرنا، تابع بنانا، کسی سے جبراً کام لینا۔

۳- آیت ۴ میں ہے: ﴿وَفِی الْأَرْضِ قِطَعٌ مُتَجَاوِرَاتٌ﴾: اور زمین میں خطّے ہیں پاس پاس ـــــ متجاورات: متجاورة کی جمع ہے، اسم فاعل واحد مؤنث تَجَاوَرَ: باب تفاعل: جس کے معنی ہیں: برابر برابر، باہم ملے ہوئے ـــــ مُتَدَانِيَة: بھی اسم فاعل ہے: قریب قریب، تَدَانَی القومُ: باہم قریب ہونا۔

۴- آیت ۶ میں ہے: ﴿وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ﴾: تحقیق گذر چکیں ان سے پہلے عبرتناک سزائیں ـــــ المَثُلات: المَثُلَة کی جمع ہے، عبرتناک سزا ـــــ ابوعبیدہؒ نے اس کا ترجمہ اشباہ وامثال کیا ہے، أَشْبَاه: الشَّبَه کی جمع: مانند، مشابہ، ہم شکل اور أمثال: مَثَل کی جمع: مثل، مانند، اور مطلب ہے: گذشتہ قوموں جیسی سزائیں، سورۃ یونسؑ آیت ۱۰۲ میں ہے: ﴿فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ إِلَّا مِثْلَ أَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ﴾: پس کیا وہ لوگ ویسے ہی برے دنوں کے انتظار میں ہیں جو ان سے پہلے گذرے ہوئے لوگ دیکھ چکے ہیں یعنی جیسی گذشتہ قوموں کو عبرتناک سزائیں ملی ہیں یہ بھی اس کے منتظر ہیں؟ (وقال: أی وقال الله تعالیٰ) اشباہ وامثال یعنی گذشتہ قوموں جیسی (عبرتناک) سزائیں۔

[۵-] ﴿بِمِقْدَارٍ﴾: بِقَدَرٍ. [۶-] ﴿مُعَقِّبَاتٌ﴾: مَلَائِكَةٌ حَفَظَةٌ، تُعَقِّبُ الْأُوْلٰى مِنْهَا الْأُخْرَى، وَمِنْهُ قِيْلَ: الْعَقِيْبُ يُقَالَ: عَقَّبْتُ فِيْ إِثْرِهِ. [۷-] ﴿الْمِحَالِ﴾: الْعُقُوْبَةُ. [۸-] ﴿كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ﴾: لِيَقْبِضَ عَلَى الْمَاءِ. [۹-] ﴿رَابِيًا﴾: مِنْ رَبَا يَرْبُوْ. [۱۰-] ﴿أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ﴾: الْمَتَاعُ: مَا تَمَتَّعْتَ بِهِ. [۱۱-] ﴿جُفَاءً﴾: أَجْفَأَتِ الْقِدْرُ: إِذَا غَلَتْ فَعَلَاهَا الزَّبَدُ، ثُمَّ تَسْكُنُ فَيَذْهَبُ الزَّبَدُ بِلَا مَنْفَعَةٍ، فَكَذٰلِكَ يُمَيِّزُ الْحَقَّ مِنَ الْبَاطِلِ. [۱۲-] ﴿الْمِهَادُ﴾: الْفِرَاشُ.

۵- آیت ۸ میں ہے: ﴿وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ﴾: اور ہر چیز ان کے یہاں خاص اندازے سے ہے ـــــ مِقْدَار: اسم مفرد، جمع مَقَادِير: مقررہ اندازہ، قَدْر: مقررہ اندازہ۔

۶- آیت ۱۱ میں ہے: ﴿لَهُ مُعَقِّبَاتٌ﴾: اللہ ہی کے لئے ہیں باری باری سے آنے والے فرشتے ـــــ معقبات: مُعَقِّبَة کی جمع ہے، عَقَّبَ فلانًا: جانشیں ہونا، فرشتوں کی صبح وشام ڈیوٹی بدلتی رہتی ہے ـــــ اسی مادہ سے عَقِيْبٌ ہے: ہر بعد میں آنے والی چیز، کہا جاتا ہے: عَقَّبْتُ فِي إثرہ (الف کا زبر اور زیر) میں اس کے نشان قدم پر آیا۔

۷- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ﴾: وہ تدبیر سے سخت پکڑنے والے ہیں، سزا دینے والے ہیں۔

۸- آیت ۱۴ میں ہے: ﴿كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ﴾: جیسے پانی کی طرف اپنے ہاتھ پھیلانے والا (یہ مکرر آیا ہے)

۹- آیت ۱۷ میں ہے: ﴿زَبَدًا رَّابِيًا﴾: جھاگ (میل) پھولا ہوا ـــــ ربا یربو: پھولنا، بڑھنا۔

۱۰- اسی آیت میں لفظ ﴿مَتَاعٍ﴾: ہے، اس کی جمع أَمْتِعَة ہے: وہ سامان جو کام میں آتا ہے، جس سے کسی طرح فائدہ

حاصل کیا جاتا ہے۔

۱۱- اسی آیت میں ﴿جُفَاءً﴾: ہے، اس کے معنی ہیں: رائگاں، بے فائدہ، اصل معنی ہیں: سیلاب کے خس وخاشاک، اور مجازی معنی ہیں: بے کار، بے فائدہ، أَجْفَتِ الأرضُ: زمین کا بے کار ہوجانا، أَجْفَأَتِ القِدر: جب ہانڈی جوش مارتی ہے تو اوپر جھاگ آتا ہے، پھر جب ہانڈی کا ابال بیٹھ جاتا ہے تو جھاگ پھینک دیا جاتا ہے، وہ بے کار جاتا ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ حق کو باطل سے جدا کرتے ہیں، فرمایا: ''سو رہا جھاگ تو وہ رائگاں جاتا ہے، اور جو چیز لوگوں کے لئے کار آمد ہے وہ زمین میں باقی رہ جاتی ہے''

۱۲- آیت ۱۸ میں ہے: ﴿وَبِئْسَ الْمِهَادِ﴾: اور جہنم برا ٹھکانا ہے —— مہاد کے اصل معنی ہیں: بستر، بچھونا۔

[۱۳-] ﴿يَدْرَءُوْنَ﴾: يَدْفَعُوْنَ، دَرَأْتُهُ: دَفَعْتُهُ. [۱۴-] ﴿سَلاَمٌ عَلَيْكُمْ﴾ أَىْ يَقُوْلُوْنَ: سَلاَمٌ عَلَيْكُمْ. [۱۵-] ﴿وَإِلَيْهِ مَتَابِ﴾: تَوْبَتِىْ. [۱۶-] ﴿أَفَلَمْ يَايْئَسِ﴾: لَمْ يَتَبَيَّنْ. [۱۷-] ﴿قَارِعَةٌ﴾: دَاهِيَةٌ. [۱۸-] ﴿فَأَمْلَيْتُ﴾: أَطَلْتُ، مِنَ الْمَلِىِّ وَالْمُلاَوَةِ، وَمِنْهُ ﴿مَلِيًّا﴾ وَيُقَالُ لِلْوَاسِعِ الطَّوِيْلِ مِنَ الأَرْضِ: مَلًى مِنَ الأَرْضِ. [۱۹-] ﴿أَشَقُّ﴾: أَشَدُّ، مِنَ الْمَشَقَّةِ. [۲۰-] ﴿مُعَقِّبَ﴾: مُغَيِّرٌ. [۲۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مُتَجَاوِرَاتٌ﴾: طَيِّبُهَا، وَخَبِيْثُهَا السِّبَاخُ. [۲۲-] ﴿صِنْوَانٌ﴾: النَّخْلَتَانِ أَوْ أَكْثَرُ فِىْ أَصْلٍ وَاحِدٍ، ﴿وَغَيْرُ صِنْوَانٍ﴾ وَحْدَهَا. ﴿بِمَاءٍ وَاحِدٍ﴾ كَصَالِحِ بَنِىْ آدَمَ وَخَبِيْثِهِمْ، أَبُوْهُمْ وَاحِدٌ. [۲۳-] ﴿السَّحَابَ الثِّقَالَ﴾ الَّذِىْ فِيْهِ الْمَاءُ. [۲۴-] ﴿كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ﴾: يَدْعُوْ الْمَاءَ بِلِسَانِهِ، وَيُشِيْرُ إِلَيْهِ بِيَدِهِ، فَلاَ يَأْتِيْهِ أَبَدًا. [۲۵-] ﴿سَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا﴾: تَمْلَأُ بَطْنَ وَادٍ. [۲۶-] ﴿زَبَدًا رَّابِيًا﴾: زَبَدُ السَّيْلِ، خَبَثُ الْحَدِيْدِ وَالْحِلْيَةِ.

۱۳- آیت ۲۲ میں ہے: ﴿وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ﴾: اور ہٹاتے ہیں وہ بھلائی کے ذریعہ برائی کو —— دَرَأَه (ف) دَرْأً: زور سے دھکا دینا، دفع کرنا، دَرَأْتُه: میں نے اس کو ہٹایا۔

۱۴- آیت ۲۴ میں ہے: ﴿سَلاَمٌ عَلَيْكُمْ﴾: تم پر سلامتی ہو، یہاں یقولون پوشیدہ ہے، یعنی فرشتے جنتیوں کو سلام کریں گے۔

۱۵- آیت ۳۰ میں ہے: ﴿وَإِلَيْهِ مَتَابِ﴾: اور اللہ ہی کی طرف رجوع ہونا ہے —— مَتَاب مصدر ہے، اور آخر سے ی مضاف الیہ محذوف ہے، اور ب کا زیر اس کی علامت ہے، تَاب یتوب توبة: توبہ کرنا، گناہ سے باز آنا۔

۱۶- آیت ۳۱ میں ہے: ﴿أَفَلَمْ يَايْئَسِ الَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْ لَّوْيَشَاءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا﴾: کیا پس اہل ایمان ناامید نہیں ہوگئے کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو سارے انسانوں کو راہ حق دکھا دیتا —— يَئِسَ يَيْأَسُ وَيَيْئِسُ يَأْسًا: ناامید

ہونا ـــــ حضرتؒ نے ترجمہ کیا ہے: لَمْ یَتَبَیَّنْ: واضح نہیں ہوا، مؤمنین کی سمجھ میں نہیں آیا۔

۱۷-اسی آیت میں: ﴿قَارِعَةٌ﴾: ہے: کوئی حادثہ، ہلاک کرنے والی مصیبت، جمع قَوَارِع: داهية: مصیبت۔

۱۸-آیت ۳۲ میں ہے: ﴿فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾: پس میں نے کافروں کو ڈھیل دی، ان کا زمانہ لمبا کیا، مَلِیّ (لمبا عرصہ) مَلاَوَة (جینے کا عرصہ) سے بنا ہے، اور اسی سے سورۂ مریم آیت ۴۶ میں مَلِيًّا آیا ہے: ﴿وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا﴾ اور کھلے وسیع علاقہ کو بھی مَلًی کہتے ہیں۔

۱۹-آیت ۳۴ میں ہے: ﴿وَلَعَذَابُ الآخِرَةِ أَشَقُّ﴾: اور آخرت کا عذاب یقیناً زیادہ سخت ہے ـــــ مَشَقَّة سے اسم تفضیل ہے۔

۲۰-آیت ۴۱ میں ہے: ﴿وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لاَمُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ﴾: اور اللہ تعالیٰ فیصلہ فرماتے ہیں، کوئی نہیں ان کے فیصلے کے خلاف فیصلہ کرنے والا ـــــ مُعَقِّب: اسم فاعل، عَقَّبَ الحاكمُ على حكم سَلَفِه: حاکم کا اپنے سلف کے فیصلے کے خلاف فیصلہ کرنا، مغیر: بدلنے والا۔

۲۱-آیت ۴ میں متجاورات ہے (یہ مکرر ہے) طَیِّب: عمدہ، اورنکمّی زمین شور زمین ہے، جو شوریت کی بنا پر نکمّی پڑی رہے۔

۲۲-آیت ۴ میں صنوان اور غیر صنوان آئے ہیں ـــــ صنوان جمع ہے صِنْوٌ کی، اس شاخ کو کہتے ہیں جو درخت کی جڑ سے نکلی ہو، اور آیت میں مراد: وہ شاخ ہے جس کو اور دوسری شاخ کو ایک ہی جڑ گھیرے ہوئے ہو ـــــ اور غیر صنوان: اکیلا درخت۔ پھر اسی آیت میں ہے: ﴿يُسْقٰى بِمَاءٍ وَاحِدٍ﴾: سیراب کئے جاتے ہیں ایک پانی سے ـــــ یہ اچھے اور برے آدمی کی مثال ہے، سب آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں، مگر صلاح وفساد میں مختلف ہیں۔

۲۳-آیت ۱۲ میں ہے: ﴿وَيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ﴾: اور اٹھاتے ہیں بھاری بادل یعنی پانی سے بھاری۔

۲۴-آیت ۱۴ میں ہے: ﴿كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ﴾: (یہ سہ کرر ہے) منہ سے پانی مانگتا ہے اور اس کی طرف ہاتھ سے اشارہ کرتا ہے، مگر وہ اس کے پاس کبھی نہیں آئے گا۔

۲۵-آیت ۱۷ میں ہے: ﴿فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا﴾: پس بہنے لگے نالے اپنے ظرف کے مطابق ـــــ نالے میدان بھر کر بہنے لگے۔

۲۶-اسی آیت میں ہے: ﴿فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا﴾: پس اوپر لے آیا سیلاب پھولا ہوا جھاگ ـــــ زبد السيل: سیلاب کا جھاگ (میل) خبث الحديد والحلية: لوہے اور زیور کا میل بھٹی میں جھونکنے سے اوپر آجاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ بچہ دانی میں کیا ہے؟

سورۃ الرعد آیت ۸ میں ہے: ﴿اللّٰهُ يَعْلَمُ مَاتَحْمِلُ كُلُّ أُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ﴾: اللہ تعالیٰ جانتے ہیں جو کچھ ہر مادہ پیٹ میں رکھتی ہے، اور جو کچھ بچہ دانیاں گھٹتی ہیں اور جو کچھ بڑھتی ہیں ـــــ اور سورۃ ہود آیت ۴۴

میں ہے: ﴿وَغِيْضَ الْمَاءُ﴾: اور پانی زمین میں جذب ہوگیا ـــــ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۳۶۴) مفصل شرح کے ساتھ آئی ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْأَرْحَامُ﴾ ﴿غِيْضَ﴾: نُقِصَ.

[٤٦٩٧-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْنٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَفَاتِيْحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لاَ يَعْلَمُهَا إِلَّا اللّٰهُ: لاَ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ إِلَّا اللّٰهُ، وَلاَ يَعْلَمُ مَا تَغِيْضُ الْأَرْحَامُ إِلَّا اللّٰهُ، وَلاَ يَعْلَمُ مَتٰى يَأْتِي الْمَطَرُ أَحَدٌ إِلَّا اللّٰهُ، وَلاَ تَدْرِيْ نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ، وَلاَ يَعْلَمُ مَتٰى تَقُوْمُ السَّاعَةُ إِلَّا اللّٰهُ"[راجع: ١٠٣٩]

﴿الحمدللہ! سورۃ الرعد کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[١٤] سورة إبراهيم

بسم الله الرحمن الرحيم

بَابٌ

[١-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿هَادٍ﴾: دَاعٍ. [٢-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: صَدِيْدٌ: قَيْحٌ وَدَمٌ. [٣-] وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: ﴿اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ﴾: أَيَادِيَ اللّٰهِ عِنْدَكُمْ وَأَيَّامَهُ. [٤-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مِنْ كُلِّ مَا سَأَلْتُمُوْهُ﴾: رَغِبْتُمْ إِلَيْهِ فِيْهِ. [٥-] ﴿يَبْغُوْنَهَا عِوَجًا﴾: يَلْتَمِسُوْنَ لَهَا عِوَجًا.

مشکل الفاظ کے معانی

۱-سورۃ الرعد آیت ۷ میں ہے: ﴿إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ﴾: آپ صرف ڈرانے والے ہیں، اور ہر قوم کے لئے ہادی ہوتے آئے ہیں ـــــ هادٍ: اصل میں ھادی تھا، دال کا کسرہ ی محذوف کی علامت ہے، جیسے داع کی اصل داعی ہے: بلانے والا، راہ نما ـــــ خواہ وہ نبی ہو یا اس کا قائم مقام امتی (یہ لفظ سورہ ابراہیم کی تفسیر میں کاتبوں کی مہربانی سے آگیا ہے)

۲-سورۃ ابراہیم آیت ۱۶ میں ہے: ﴿وَيُسْقٰى مِنْ مَاءٍ صَدِيْدٍ﴾: اور اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا، قَیح: پیپ۔

۳-آیت ۶ میں ہے: ﴿وَإِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ﴾: اور یاد کرو جب موسیٰ نے اپنی قوم

سے کہا: تم اپنے اوپر اللہ کے احسان کو یاد کرو ـــــ حضرت سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے کہا: نعمة الله سے آلاء الله اور أيام الله مراد ہیں، آلاء الله: وہ تاریخی واقعات جن میں مؤمنین پر اللہ نے فضل فرمایا اور ان کے دشمنوں کو پامال کیا ـــــ اور أيام الله: وہ تاریخی واقعات جن میں اللہ تعالیٰ نے سرکشوں کو ان کی بدکرداری کی سزا دی اور فرماں بردار بندوں کو خصوصی فضل سے نوازا ـــــ أيادي: يد کی جمع ہے، ید کے ایک معنی احسان وانعام کے ہیں جو دوسروں پر کیا جائے۔ اور أيام: یوم کی جمع ہے: دن ـــــ اور أيادي منصوب ہے نعمت پر عطف کی وجہ سے یعنی اللہ نے تم پر جو نعمتیں کی ہیں اور اللہ کے دنوں (تاریخی واقعات) کو یاد کرو۔

۴- آیت ۳۴ میں ہے: ﴿وَ آتكُمْ مِنْ كُلِّ مَا سَأَلْتُمُوْهُ﴾: اور تمہیں ہر اس چیز میں سے دیا جو تم نے ان سے مانگی، مجاہدؒ نے ترجمہ کیا: رغبت کی تم نے اللہ کی طرف اس چیز میں۔

۵- آیت ۳ میں ہے: ﴿وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا﴾: اور وہ اللہ کے راستے سے روکتے ہیں، اور اس کو ٹیڑھا کرنا چاہتے ہیں یعنی اس کے لئے کجی چاہتے ہیں ـــــ عِوَجًا: تمیز ہے، عَوِجَ (س) عَوَجًا: ٹیڑھا اور کج ہونا۔

[٦-] ﴿وَإِذْ تَـأَذَّنَ رَبُّكُمْ﴾: أَعْلَمَكُمْ، آذَنَكُمْ. [٧-] ﴿رَدُّوْا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ﴾: هٰذَا مَثَلٌ، كَفُّوْا عَمَّا أُمِرُوْا بِهِ. [٨-] ﴿مَقَامِيْ﴾: حَيْثُ يُقِيْمُهُ اللّٰهُ بَيْنَ يَدَيْهِ. [٩-] ﴿مِنْ وَرَآئِهِ﴾: قُدَّامَهُ. [١٠-] ﴿لَكُمْ تَبَعًا﴾: وَاحِدُهَا تَابِعٌ، مِثْلُ غَيَبٍ وَغَائِبٍ. [١١-] ﴿بِمُصْرِخِكُمْ﴾: اسْتَصْرَخَنِيْ: اسْتَغَاثَنِيْ ﴿يَسْتَصْرِخُهُ﴾: مِنَ الصُّرَاخِ. [١٢-] ﴿وَلاَ خِلاَلٌ﴾ مَصْدَرُ خَالَلْتُهُ خِلاَلاً، وَيَجُوْزُ أَيْضًا جَمْعُ خُلَّةٍ وَخِلاَلٍ. [١٣-] ﴿اجْتُثَّتْ﴾: اسْتُؤْصِلَتْ.

٦- آیت ۷ میں ہے: ﴿وَإِذْ تَـأَذَّنَ رَبُّكُمْ﴾: اور جب تمہارے رب نے خبردار کیا۔ تَـأَذَّنَ الأَمْر: آگاہ کرنا، جتلانا۔

۷- آیت ۹ میں ہے: ﴿جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْا أَيْدِيَهُمْ فِيْ أَفْوَاهِهِمْ﴾: ان کے پاس ان کے رسول واضح دلیلیں لے کر آئے، پس انھوں نے اپنے ہاتھ اپنے مونہوں میں کر لئے ـــــ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ کہاوت (محاورہ) ہے اور اس کا مطلب ہے: وہ باز رہے اس چیز سے جس کا وہ حکم دیئے گئے تھے یعنی انبیاء کی بات نہ مانی۔

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہ صرف مانا نہیں، بلکہ غصہ کی وجہ سے اپنی انگلیاں چبانے لگے اور اپنے ہاتھوں کو کاٹنے لگے۔ قال عضوا عليها، وفى لفظ: عضوا على أناملهم غيظا على رسلهم (درمنثور ۴: ۷۲)

۸- آیت ۱۴ میں ہے: ﴿ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ﴾: یہ وعدہ ہر اس شخص کے لئے ہے جو میرے حضور میں پیشی سے ڈرتا ہے اور میری دھمکی سے ڈرتا ہے ـــــ مقام: مصدر مضاف ہے، پیشی یعنی جب اللہ تعالیٰ اس کو اپنے سامنے کھڑا کریں گے۔

۹-آیت ۱۷میں ہے:﴿مِنْ وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ﴾:اوراس سے آگے سخت عذاب ہے۔

۱۰-آیت ۲۱میں ہے:﴿إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تبعًا﴾:ہم یقیناً تمہاری پیروی کرنے والے تھے —— تَبَع: تابع کی جمع ہے، جیسے غیب: غائب کی جمع ہے۔

۱۱-آیت ۲۲ میں ہے:﴿مَا أَنَا بِمُصْرِخِكُمْ﴾:میں تمہاری فریادرسی کرنے والانہیں —— مُصْرِخ: اسم فاعل، إِصْرَاخٌ: فریادرسی کرنا، صَرَخَ (ن) صُرَاخا: سخت چیخنا، فریاد کرنا —— اِسْتَصْرَخَه: مدد مانگنا، مدد کے لئے پکارنا، سورۃ القصص آیت ۱۸میں ہے:﴿فَإِذَا الَّذِىْ اسْتَنْصَرَهُ بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ﴾:پس اچانک وہی شخص جس نے کل گذشتہ ان سے مدد چاہی تھی ان کو پکار رہا ہے —— یہ صُراخ سے ہے، پکارنا، چلا کر بلانا۔

۱۲-آیت ۳۱میں ہے:﴿لاَبَيْعٌ فِيْهِ وَلاَ خِلاَلٌ﴾:نہیں خرید وفروخت ہے اس دن میں اور نہ دوستیاں —— خِلال: خَالَلْته کا مصدر ہے: میں نے اس سے دوستی کی اور خُلَّة کی جمع بھی ہوسکتی ہے، جیسے قُلَّة کی جمع قِلال ہے۔

۱۳-آیت ۲۶میں ہے:﴿وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَالَهَا مِنْ قَرَارٍ﴾: اور گندی بات کی مثال ایک بے کار درخت کی سی ہے، جسے زمین کے اوپر ہی سے جڑ سے اکھیڑ لیا گیا ہو، جس کے لئے کچھ ثبات نہیں —— اسْتَأْصل الشيئَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھاڑنا، بیخ کنی کرنا۔

پاکیزہ بات جیسے اچھی ذات کا درخت

سورۃ ابراہیم آیات ۲۴و۲۵میں کلمۂ طیبہ لا إلٰه إلا الله کی مثال بیان کی گئی ہے: ”کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کیسی مثال بیان کی ہے! پاکیزہ بات جیسے اچھی ذات کا درخت، جس کی جڑیں زمین میں جمی ہوئی ہوں اور شاخیں آسمان سے باتیں کررہی ہوں، جو اپنے رب کے حکم سے ہر آن پھل دے رہا ہو“ —— یعنی کلمۂ طیبہ کی جڑیں دلوں کی پہنائیوں میں اتر جاتی ہیں، اور اعمالِ صالحہ کی شاخیں آسمانِ قبولیت سے جالگتی ہیں —— اور حدیث پہلے بار بار آئی ہے، پہلی مرتبہ (تحفۃ القاری ۱:۳۱۵میں) آئی ہے، کھجور کا درخت ایک ایسا ہی درخت ہے جو مذکورہ مثال میں آیا ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ:﴿كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِىْ أُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ﴾

[۴۶۹۸-] حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِىْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:"أَخْبِرُوْنِىْ بِشَجَرَةٍ تُشْبِهُ - أَوْ: كَ - الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ، لاَ يَتَحَاتُّ وَرَقُهَا، وَلاَ وَلاَ وَلاَ، تُؤْتِىْ أُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ" قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَوَقَعَ فِىْ نَفْسِىْ أَنَّهَا النَّخْلَةُ، وَرَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ لاَيَتَكَلَّمَانِ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ، فَلَمَّا لَمْ يَقُوْلُوْا شَيْئًا، قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:"هِىَ النَّخْلَةُ" فَلَمَّا قُمْنَا قُلْتُ لِعُمَرَ: يَا أَبَتَاهُ! وَاللهِ لَقَدْ كَانَ وَقَعَ فِى نَفْسِىْ أَنَّهَا

النَّخْلَةُ، فَقَالَ: مَامَنَعَكَ أَنْ تَكَلَّمَ؟ قَالَ: لَمْ أَرَكُمْ تَكَلَّمُوْنَ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ وَأَقُوْلَ شَيْئًا، قَالَ عُمَرُ: لَأَنْ تَكُوْنَ قُلْتَهَا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا. [راجع: ٦١]

لغت: تَحَاتَّ الشيئُ: بکھر جانا، حَتَّ الورقُ: درخت کے پتے جھڑنا، بابہ نصر.......... ولاولا ولا: یعنی نبی ﷺ نے اس دخت کی اور بھی خوبیاں بیان کیں، مثلاً: وہ بارہ ماسی درخت ہے، اس کا پھل کبھی منقطع نہیں ہوتا، اس کا سایہ کبھی ختم نہیں ہوتا، اس کی نفع رسانی کبھی ختم نہیں ہوتی وغیرہ۔

مؤمن کو قبر میں سوال وجواب کے وقت کلمہ طیبہ پر جمایا جاتا ہے

سورہ ابراہیم آیت ۲۷ میں ہے: ''اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو پکی بات کے ذریعہ دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں مضبوط رکھتے ہیں'' یعنی دنیا میں خواہ کیسی ہی آزمائشیں آئیں مؤمن بندہ کلمہ طیبہ کی بدولت (ایمان کی برکت سے) ثابت قدم رہتا ہے، اور جب قبر کا ہولناک منظر سامنے آئے گا اس وقت بھی مؤمن مطمئن ہوگا، اُسے ادنی گھبراہٹ نہ ہوگی، اللہ تعالیٰ اس کو پکی بات (لا إلٰہ إلا اللّٰہ) پر جمائیں گے اور وہ منکر نکیر کے سوالوں کا صحیح صحیح جوابات دے گا —— اور حدیث میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان سے جب قبر میں سوال ہوگا تو وہ لا إلٰہ إلا اللہ کی گواہی دے گا'' یہی مذکورہ آیت کریمہ کا مطلب ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۳۷) آئی ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ﴾

[٤٦٩٩-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الْمُسْلِمُ إِذَا سُئِلَ فِي الْقَبْرِ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ: ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ﴾ [راجع: ١٣٦٩]

اللہ کی نعمتوں کو ناشکری سے مت بدلو!

سورۃ ابراہیم آیت ۲۸ میں ہے: ''کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنھوں نے نعمتِ خداوندی کو کفران سے بدل دیا'' ﴿وَأَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ﴾: اور اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر میں پہنچادیا! —— ابوعبیدہؒ نے کہا: ألم تر کے معنی ہیں: ألم تعلم: کیا آپ جانتے نہیں یعنی رویت بصری مراد نہیں، رویت علمی مراد ہے، سورۃ ابراہیم آیت ۲۴ میں: ﴿أَلَمْ تَرَ كَيْفَ﴾: میں بھی یہی معنی ہیں، اور سورۃ البقرۃ آیت ۲۴۳: ﴿أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا﴾ میں بھی یہی معنی ہیں۔

بَارَ (ن) بُوْرًا وَبَوَارًا: ہلاک ہونا، سورۃ الفرقان آیت ۱۸ میں: ﴿قَوْمًا بُوْرًا﴾: ہے یعنی ہلاک ہونے والے۔

اورحدیث میں حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: آیت کا مصداق مکہ کے کافر ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان پر کیسے کیسے احسانات کئے، ان کی ہدایت کے لئے فخر دوعالم ﷺ کو بھیجا، ان پر قرآن نازل کیا، حرم پاک میں ان کو بسایا اور بیت اللہ کی تولیت کا شرف بخشا، اس کا حق یہ تھا کہ وہ دعوتِ حق قبول کرنے میں سبقت کرتے، مگروہ ناشکری پر کمر بستہ ہوگئے اور دعوت حق کو جھٹلایا: یہ اللہ کی نعمتوں کو ناشکری سے بدل دیا!

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا﴾

أَلَمْ تَعْلَمْ، كَقَوْلِهِ: ﴿أَلَمْ تَرَ كَيْفَ﴾. ﴿أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا﴾ الْبَوَارُ: الْهَلَاكُ، بَارَ يَبُوْرُ بَوْرًا ﴿قَوْمًا بُوْرًا﴾: هَالِكِيْنَ.

[٤٧٠٠-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ: سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ ﴿أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا﴾ قَالَ: هُمْ كُفَّارُ أَهْلِ مَكَّةَ. [راجع: ٣٩٧٧]

﴿سورۃ ابراہیم علیہ السلام کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[١٥] سورة الحجر

بسم الله الرحمن الرحيم

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ﴾: الْحَقُّ يَرْجِعُ إِلَى اللّٰهِ وَعَلَيْهِ طَرِيْقُهُ. [٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَعَمْرُكَ﴾: لَعَيْشُكَ. [٣-] ﴿قَوْمٌ مُنْكَرُوْنَ﴾: أَنْكَرَهُمْ لُوْطٌ. [٤-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ﴾: أَجَلٌ [٥-] ﴿لَوْ مَا تَأْتِيْنَا﴾: هَلَّا تَأْتِيْنَا. [٦-] ﴿شِيَعٌ﴾: أُمَمٌ، وَلِلْأَوْلِيَاءِ أَيْضًا شِيَعٌ. [٧-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿يُهْرَعُوْنَ﴾: مُسْرِعِيْنَ.

سورۃ الحجر کی تفسیر

مشکل الفاظ کے معانی

۱- سورۃ الحجر آیت ۴۱ میں ہے: ﴿قَالَ: هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ﴾: اللہ نے فرمایا: یہ راستہ ہے، میرے ذمہ، سیدھا یعنی مجھ تک پہنچنے کا یہ سیدھا راستہ ہے اور اس کا دکھلانا میرے ذمہ ہے — اللہ تعالیٰ نے لعین شیطان کو متنبہ کیا کہ مجھ تک پہنچنے کا راستہ بند نہیں ہے، اور انسانوں کو اس راہ سے واقف کرانا میرا کام ہے، نیز وہ راستہ نہایت سیدھا ہے، پس جو

مجھ تک پہنچنا چاہے گا اس کو کسی قسم کی پریشانی نہیں ہوگی ـــــ اور حضرت مجاہدؒ نے فرمایا: حق اللہ کی طرف لوٹتا ہے یعنی اللہ کا راستہ ہی برحق ہے اور اللہ کے ذمہ ہے اپنا راستہ لوگوں کو دکھلانا۔

۲- آیت ۷۲ میں ہے: ﴿لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ﴾: آپ کی زندگی کی قسم! وہ لوگ اپنی مدہوشی میں بالکل بہکے ہوئے ہیں ـــــ العیش: زندگی ـــــ کائناتی قسمیں شواہد ودلائل ہوتے ہیں، فرمایا: آپ کی زندگی کے تجربات گواہی دیں گے کہ جس طرح آپ کی قوم تکذیب کئے جارہی ہے اور غرور وگمراہی کے نشہ میں بہکی ہوئی ہے: لوط علیہ السلام کی قوم بھی مدہوشی میں بہک رہی تھی، غفلت اور مستی کے نشہ میں اندھی بنی ہوئی تھی، ہلاکت ان کے سروں پر منڈلا رہی تھی، اور وہ بدمست ہورہے تھے۔

۳- آیت ۶۲ میں ہے: ﴿قَالَ: إِنَّكُمْ قَوْمٌ مُنْكَرُوْنَ﴾: لوطؑ نے کہا: آپ لوگ اجنبی معلوم ہوتے ہیں ـــــ منکر: اسم مفعول: ناآشنا، شناخت میں نہ آیا ہوا۔

۴- آیت ۴ میں ہے: ﴿وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَعْلُوْمٌ﴾: اور ہم نے ہر بستی کو اس کے نوشتۂ مقررہ پر ہی ہلاک کیا ہے ـــــ أجل: وقتِ مقررہ، جیسے ضربتُ له أجلا، اور موت بھی اس کے معنی ہیں۔

۵- آیت ۷ میں ہے: ﴿لَوْمَا تَأْتِيْنَا بِالْمَلَائِكَةِ﴾: کیوں نہیں لاتے تم ہمارے پاس فرشتوں کو ـــــ لوما: شرطیہ ہے اور حرف تحضیض ھلاَّ کے معنی میں ہے، کیونکہ اس سے متصل فعل ظاہر آیا ہے، اور جب وہ امتناعیہ ہوتا ہے تو اس سے متصل اسم ظاہر آتا ہے، جیسے لو لا علی لھلك عمر!

۶- آیت ۱۰ میں ہے: ﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْأَوَّلِيْنَ﴾: اور ہم آپؐ سے پہلے گذری ہوئی قوموں میں رسول بھیج چکے ہیں ـــــ شِيَعٌ: شيعة کی جمع ہے: فرقہ، گروہ، اور اس کے ثانوی معنی ہیں: اتباع وانصار، جیسے شِيْعَةُ علی: حضرت علیؓ کی پارٹی۔ شیعة عثمان: حضرت عثمانؓ کی پارٹی ـــــ ولِلْأولیاء أیضا شیع: اور اولیاء کے بھی اتباع وانصار ہوتے ہیں (وہ ان کے شیعہ (پارٹی) کہلاتے ہیں)

۷- سورۃ ہود آیت ۷۸ میں لوط علیہ السلام کے واقعہ میں ہے: ﴿وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُوْنَ إِلَيْهِ﴾: اور ان کے پاس ان کی قوم دوڑتی ہوئی آئی ـــــ أَهْرَع الرجل: تیز دوڑنا، حضرت ابن عباسؓ نے یہی ترجمہ کیا ہے۔

[۸-] ﴿لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾: لِلنَّاظِرِيْنَ. [۹-] قَالَ: ﴿سُكِّرَتْ﴾: غُشِّيَتْ. [۱۰-] ﴿بُرُوْجًا﴾: مَنَازِلَ لِلشَّمْسِ وَالْقَمَرِ. [۱۱-] ﴿لَوَاقِحَ﴾: مَلَاقِحَ مُلْقِحَةً. [۱۲-] ﴿حَمَإٍ﴾: جَمَاعَةُ حَمْأَةٍ، وَهُوَ الطِّيْنُ الْمُتَغَيِّرُ، وَالْمَسْنُوْنُ: الْمَصْبُوْبُ. [۱۳-] ﴿تَوْجَلْ﴾: تَخَفْ. [۱۴-] ﴿دَابِرَ﴾: آخِرَ. [۱۵-] الإِمَامُ: كُلُّ مَا ائْتَمَمْتَ وَاهْتَدَيْتَ بِهِ. [۱۶-] ﴿الصَّيْحَةُ﴾: الْهَلَكَةُ.

۸- آیت ۷۵ ہے: ﴿إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾: قوم لوطؑ کے واقعہ میں کئی ایک نشانیاں ہیں بصیرت

والوں کے لئے ـــــ الْمُتَوَسِّمْ: اسم فاعل، تَوَسُّم: مصدر باب تفعل: فراست والا، علامات دیکھ کر پہچاننے والا ـــــ پس متوسم: وہ ہے جو علامات وقرائن دیکھ کر اپنی فراست وذکاوت سے پوشیدہ بات کا پتہ لگا لے ـــــ ناظرین: غور کرنے والے۔

۹- آیت ۱۵ میں ہے: ﴿إِنَّمَا سُكِّرَتْ أَبْصَارُنَا﴾: بس ہماری آنکھیں بند کردی گئی ہیں یعنی نظر بندی کردی ہے، سَكَّرَ الباب: بند کرنا غُشِّيَتْ (مجہول) ڈھانک دی گئی ہیں۔

۱۰- آیت ۱۶ ہے: ﴿وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوْجًا وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِيْنَ﴾: اور ہم نے آسمان میں روشن ستارے بنائے اور اس (آسمان) کو دیکھنے والوں کے لئے خوش نما بنایا ـــــ حضرتؒ نے بروج کی تفسیر کی ہے: سورج اور چاند کی منزلیں ـــــ مگر وہ تو نظر نہیں آتیں، پھر ان کے ذریعہ آسمان خوبصورت کیسے معلوم بنے گا؟ اس لئے صحیح معنی: بڑے ستارے اور روشن ستارے ہیں (دیکھیں ہدایت القرآن کا حاشیہ)

۱۱- آیت ۲۲ میں ہے: ﴿وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ﴾: اور ہم نے بارآور کرنے والی ہوائیں چلائیں ـــــ لَوَاقِح: لَاقِحٌ کی جمع ہے: بادلوں کو بارآور کرنے والی ہوا رِيْحٌ لاقِحٌ: وہ ہوا جس سے درخت باردار ہو جائیں ـــــ حضرت نے اس کا ترجمہ مَلَاقِح: (گابھن) کیا ہے اور اس کا مفرد مُلْقِحَة بتایا ہے، مگر اس پر اہل لغت نے اعتراض کیا ہے (عمدۃ)

۱۲- آیت ۲۶ ہے: ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا الإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَأٍ مَسْنُوْنٍ﴾: واقعہ یہ ہے کہ ہم نے انسان کو سڑے ہوئے گارے کی کھنکھناتی مٹی سے بنایا ـــــ الصَّلْصَال: کھنکھنانے والی خشک مٹی، صَلْصَلَ الْحُلِيُّ: زیور سے آواز نکلنا، الْحَمَأُ وَالْحَمْأَة: کیچڑ، حَمَأَ (ف) البئرَ: کنویں سے کیچڑ نکالنا، مَسْنُوْن: اسم مفعول، سَنَّ (ن) السُّنَّةَ: طریقہ مقرر کرنا۔ حَمَأ مَسْنُوْن: راستے کا کیچڑ، وہ گارا جس پر لوگ عرصہ تک چلتے رہے ہوں، ایسا گارا بدبودار ہو جاتا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حَمَأٌ: حَمْأَةٌ کی جمع ہے، اور حَمْأَة کے معنی ہیں: بدلی ہوئی مٹی یعنی سڑی ہوئی اور مَسْنُوْن کے معنی ہیں: (پانی) ریڑھی ہوئی یعنی بھیگی ہوئی (یہ ابوعبیدۃ کی تفسیر ہے)

۱۳- آیت ۵۳ ہے: ﴿قَالُوْا لاتَوْجَلْ إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ عَلِيْمٍ﴾: فرشتوں نے کہا: آپ ڈریں نہیں، ہم آپ کو ایک بڑے ذی علم لڑکے (اسحاقؑ) کی بشارت دیتے ہیں۔ لاتوجل: فعل نہی، وَجَلَ يَوْجَلُ وَجَلاً: ڈرنا، خوف محسوس کرنا۔

۱۴- آیت ٦٦ ہے: ﴿وَقَضَيْنَا إِلَيْهِ ذٰلِكَ الْأَمْرَ أَنَّ دَابِرَ هٰؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُصْبِحِيْنَ﴾: اور ہم نے لوطؑ تک یہ فیصلہ پہنچا دیا کہ ان لوگوں کی جڑ پو پھٹتے ہی کٹ جائے گی ـــــ الدابر: اسم فاعل: ہر چیز کا آخر، جڑ۔

۱۵- آیت ۷۹ میں ہے: ﴿وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُبِيْنٍ﴾: اور وہ دونوں قومیں (قوم لوط اور ایکہ والے) شاہ راہ عام پر بسی ہوئی تھیں ـــــ إِمَام: وہ چیز جس کا قصد کیا جائے، مبین: واضح، کھلا ہوا، چونکہ راستہ کا قصد کیا جاتا ہے اس لئے اس کو إمام کہا گیا۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: إمام: ہر وہ چیز ہے جس کی آپ پیروی کریں اور جس سے آپ راہ نمائی حاصل کریں۔

۱٦- آیت ۸۳ ہے: ﴿فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ﴾: پو پھٹتے ہی ان کو سخت آواز نے آ پکڑا یعنی وہ ہلاک ہو گئے۔

مردود شیطان چوری چھپے فرشتوں کی بات سن لیتا ہے تو روشن شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے

سورۃ الحجر کی آیات ۱۷ اور ۱۸ ہیں: ﴿وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ۝ إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُّبِيْنٍ﴾: اور ہم نے آسمان کو مردود شیاطین سے محفوظ رکھا ہے — یعنی آسمانوں تک ان کی پہنچ نہیں — مگر یہ کہ کوئی چوری چھپے سن لے — ایک آدھ بات — تو ایک روشن شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے یعنی اس پر میزائل داغا جاتا ہے جو اس کو ہلاک کر کے رکھ دیتا ہے۔

حدیث: جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کسی امر کا فیصلہ فرماتے ہیں (اور فرشتوں کو اس امر کی وحی کی جاتی ہے) تو فرشتے اپنے پَر مارتے ہیں، وحی کے سامنے عاجزی اور فروتنی ظاہر کرنے کے لئے گویا وہ وحی چکنے پتھر پر لوہے کی زنجیر ہے یعنی فرشتوں کو ایسی آواز سنائی دیتی ہے جیسی چکنے پتھر پر لوہے کی زنجیر کھینچنے سے پیدا ہوتی ہے، پس جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے تو نیچے والے فرشتے اوپر والے فرشتوں سے پوچھتے ہیں: تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ (اور پوچھنا اس لئے پڑتا ہے کہ وحی کی آواز سن کر وہ مدہوش سے ہوجاتے ہیں) پس اوپر والے فرشتے یعنی مقرب فرشتے جواب دیتے ہیں کہ برحق فرمایا یعنی اوپر والے فرشتے نیچے والے فرشتوں کو امر الٰہی سے آگاہ کرتے ہیں اور ساتھ میں یہ بھی کہتے ہیں کہ اللہ کا فرمان برحق ہے اور وہ برتر و بڑے ہیں، پس ان کلمات کو بات چرانے والے جنات سنتے ہیں، اور بات چرانے والے جنات اس طرح ایک پر ایک ہوتے ہیں — اور سفیان بن عیینہؒ نے اس کو ہاتھ سے سمجھایا، انھوں نے اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیوں کے درمیان کشادگی کی اور کھڑا کیا بعض انگلیوں کو بعض پر — پس کبھی شعلہ پالیتا ہے سننے والے کو، اس سے پہلے کہ وہ اس بات کو اپنے ساتھی کی طرف ڈالے، پس اس کو خاکستر کر دیتا ہے، اور کبھی شعلہ اس کو نہیں پاتا تو وہ اس بات کو ڈال دیتا ہے اس کی طرف جو اس سے متصل ہے (پھر وہ ڈالتا ہے) اس کی طرف جو اس سے نیچے ہے، یہاں تک کہ ڈالتے ہیں وہ اس بات کو زمین کی طرف — اور کبھی سفیانؒ نے کہا: یہاں تک کہ وہ بات زمین تک پہنچ جاتی ہے — پس ڈالی جاتی ہے وہ بات جادوگر کے منہ میں، پس وہ اس کے ساتھ سو جھوٹ ملاتا ہے، پس اس جادوگر کی تصدیق کی جاتی ہے، لوگ کہتے ہیں: کیا اس نے ہمیں نہیں بتلائی تھی فلاں فلاں دن فلاں فلاں بات؟ پس پایا ہم نے اس کو سچ اس بات کی وجہ سے جو آسمان سے سنی گئی، یعنی ایک بات سچ نکلنے سے اس کی ساری باتیں سچ مان لی جاتی ہیں۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ﴾

[٤٧٠١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِذَا قَضَى اللّٰهُ الْأَمْرَ فِي السَّمَاءِ ضَرَبَتِ الْمَلَائِكَةُ بِأَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهِ، كَالسِّلْسِلَةِ عَلٰى صَفْوَانٍ - قَالَ عَلِيٌّ: وَقَالَ غَيْرُهُ: صَفَوَانٍ يُنْفِذُهُمْ ذٰلِكَ - فَإِذَا فُزِّعَ

عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا لِلَّذِىْ قَالَ: الْحَقَّ، وَهُوَ الْعَلِىُّ الْكَبِيْرُ، فَتَسْمَعُهَا مُسْتَرِقُوْ السَّمْعِ، وَمُسْتَرِقُوْ السَّمْعِ هٰكَذَا وَاحِدٌ فَوْقَ آخَرَ – وَوَصَفَ سُفْيَانُ بِيَدِهِ، وَفَرَّجَ بَيْنَ أَصَابِعِ يَدِهِ الْيُمْنَى، نَصَبَهَا بَعْضَهَا فَوْقَ بَعْضٍ – فَرُبَّمَا أَدْرَكَ الشِّهَابُ الْمُسْتَمِعَ، قَبْلَ أَنْ يَرْمِىَ بِهَا إِلٰى صَاحِبِهِ، فَيُحْرِقَهُ، وَرُبَّمَا لَمْ يُدْرِكْهُ حَتَّى يَرْمِىَ بِهَا إِلٰى الَّذِىْ يَلِيْهِ، إِلٰى الَّذِىْ هُوَ أَسْفَلُ مِنْهُ، حَتَّى يُلْقُوْهَا إِلٰى الْأَرْضِ – وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: حَتّٰى يَنْتَهِىَ إِلٰى الْأَرْضِ – فَتُلْقَى عَلٰى فَمِ السَّاحِرِ، فَيَكْذِبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ فَيُصَدَّقُ، فَيَقُوْلُوْنَ: أَلَمْ يُخْبِرْنَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا يَكُوْنُ كَذَا وَكَذَا، فَوَجَدْنَاهُ حَقًّا؟ لِلْكَلِمَةِ الَّتِىْ سُمِعَتْ مِنَ السَّمَاءِ"[طرفاه: ۴۸۰۰، ۷۴۸۱]

وضاحت: یہ حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے، آگے دو مرتبہ اور آئے گی، علی بن المدینیؒ اپنی سند میں یَبْلُغُ به النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کہتے ہیں، یعنی ابو ہریرہؓ حدیث کے ساتھ نبی ﷺ تک پہنچتے ہیں، پس حدیث حکماً مرفوع ہوگئی، اور آگے (حدیث ۴۸۰۰) حمیدیؒ کہتے ہیں: یقول: إن نبی اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال یعنی حمیدی کی سند سے حدیث صراحۃً مرفوع ہے ـــــ قوله: وقال غیرہ: صفوان یُنْفِذُهم ذلك یعنی سفیانؒ کے علاوہ استاذ نے صفوان کے بعد ینفذهم ذلك بڑھایا ہے یعنی اللہ تعالیٰ فرشتوں کو وہ فیصلہ پہنچاتے ہیں ـــــ ابن عیینہؒ نے اپنا داہنا ہاتھ گھمایا اور ہتھیلی اپنی جانب کی اور انگلیوں کو کشادہ کیا، اور سمجھایا کہ اس طرح شیاطین اوپر تلے تھوڑے تھوڑے فاصلہ سے لائن بنائے ہوئے ہوتے ہیں۔

[الف] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: إِذَا قَضَى اللّٰهُ الْأَمْرَ. وَزَادَ "وَالْكَاهِنِ"

[ب] قَالَ: وَحَدَّثَنَا سُفْيَانُ فَقَالَ: قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: "إِذَا قَضَى اللّٰهُ الْأَمْرَ، وَقَالَ: عَلَى فَمِ السَّاحِرِ"

[ج] قُلْتُ لِسُفْيَانَ: قَالَ: سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ.

[د] قُلْتُ لِسُفْيَانَ: إِنَّ إِنْسَانًا رَوَى عَنْكَ عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَيَرْفَعُهُ: أَنَّهُ قَرَأَ ﴿فُزِّعَ﴾ [سبأ: ۲۳] قَالَ سُفْيَانُ: هٰكَذَا قَرَأَ عَمْرٌو، فَلَا أَدْرِىْ سَمِعَهُ هٰكَذَا أَمْ لَا؟ قَالَ سُفْيَانُ: وَهِىَ قِرَاءَتُنَا.

(الف) یہ بھی ابن المدینیؒ کی سند ہے، علی نے سفیان سے دوسرے موقعہ پر یہ حدیث سنی تو انھوں نے علی فم الساحر کے بعد والکاھن بھی بڑھایا، کاہن: وہ جو غیب کی خبریں دیتا ہے، شیاطین اس کو بھی وہ سنی ہوئی بات پہنچاتے ہیں، پھر وہ اس میں سو جھوٹ ملا کر پیشین گوئی کرتا ہے ـــــ (ب) یہ بھی ابن المدینی کی سند ہے، اس میں سماع کی صراحت ہے، عمرو بن دینارؒ نے عکرمہؒ سے یہ حدیث سنی ہے اور عکرمہؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے سنی ہے، مگر اس روایت میں والکاھن نہیں ہے۔

(ج) عبارت مختصر ہوگئی ہے، حاشیہ میں پوری عبارت ہے: قلتُ لسفیان: أأنت سمعتَ عمرًا قال سمعتُ عکرمة قال سمعتُ أبا هريرة؟ قال: نعم —— (د) ابن المدینیؒ نے سفیانؒ سے کہا کہ ایک شخص آپ سے آپ کی اسی سند سے روایت کرتا ہے اور حدیث کو مرفوع کرتا ہے کہ اس نے سورہ سبا آیت ۲۳ میں ﴿فُزِّعَ﴾ پڑھا، سفیانؒ نے کہا: اس طرح عمروؒ نے پڑھا، پس میں نہیں جانتا کہ انھوں نے اس طرح سنا ہے یا نہیں؟ سفیانؒ کہتے ہیں: ہماری قراءت یہی ہے (فُزِّع (زاء معجمہ) اور فُرِغ (راء مہملہ) میں نسخوں میں بڑا اختلاف ہے) اور سورۃ سبا کی آیت یہ ہے: ﴿وَلاَتَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ، حَتّٰى إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا: مَاذَا، قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْ الْحَقَّ، وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ﴾: اور اللہ کے سامنے سفارش کام نہیں آئے گی، مگر جس کے لئے اللہ تعالیٰ اجازت دیں، یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے تو ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں: تمہارے پروردگار نے کیا حکم دیا؟ وہ جواب دیتے ہیں: (فلانی) حق بات کا حکم دیا، اور وہ عالی شان بہت بڑے ہیں!

مقامِ عذاب عبرت کی جا ہے تماشہ نہیں ہے!

سورۃ الحجر آیت ۸۰ میں ہے: واقعہ یہ ہے کہ حجر والوں نے رسولوں کی تکذیب کی —— قوم ثمود کا مرکزی شہر حِجْر تھا، مدینہ سے تبوک جاتے ہوئے یہ مقام راستہ میں پڑتا تھا، اور قافلہ کو اس میدان سے گذرنا تھا، چنانچہ آپؐ نے فوج کو ہدایت دی کہ مت داخل ہوؤ تم ان عذاب دیئے ہوؤں کے علاقہ میں مگر یہ کہ تم رونے والے ہوؤ، اور اگر تم رونے والے نہ ہوؤ تو ان پر داخل مت ہوؤ، یعنی اگر کوئی دوسرا راستہ ہو تو معذبین کے علاقہ سے مت گذرو، اور مجبوری ہو تو روتے ہوئے یا روہانی صورت بنا کر گذرو، کیونکہ مقام عذاب عبرت کی جا ہے، تماشہ نہیں ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہیں بھی وہ عذاب پہنچ جائے جو ان کو پہنچا تھا۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَابُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ﴾

[٤٧٠٢-] حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْنٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِأَصْحَابِ الْحِجْرِ: "لَا تَدْخُلُوْا عَلٰى هٰؤُلَآءِ الْقَوْمِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ، فَإِنْ لَمْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ فَلَا تَدْخُلُوْا عَلَيْهِمْ، أَنْ يُصِيْبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَهُمْ" [راجع: ٤٣٣]

قرآنِ عظیم کی عظیم ترین سورت: سورۃ الفاتحہ ہے

سورۃ الحجر کی آیت ۸۷ ہے: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنٰكَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ﴾: اور واقعہ یہ ہے کہ ہم نے آپ کو بار بار دہرائی جانے والی کتاب کی سات آیتیں اور قرآنِ عظیم عطا فرمایا ہے یعنی قرآنِ کریم اور خاص طور پر سورۃ

الفاتحہ وہ دولت ہے جس کے سامنے تمام نعمتیں ہیچ ہیں —— اور حدیث ابھی اسی جلد میں سورۃ الفاتحہ کی تفسیر میں آئی ہے، نبی ﷺ نے حضرت ابوسعید بن المعلّٰی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''کیا میں تم کو قرآن کی سب سے بڑی (اہم) سورت نہ سکھاؤں'' پھر فرمایا: ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ بار بار دوہرائی جانے والی سات آیتیں ہیں، اور قرآن عظیم وہ ہے جو میں دیا گیا ہوں —— اور دوسری حدیث میں سورۃ الفاتحہ کے تین نام ہیں: ام القرآن، سبع مثانی اور قرآنِ عظیم —— پس پورا قرآن بھی قرآنِ عظیم ہے اور سورہ فاتحہ بھی قرآنِ عظیم ہے، کیونکہ وہ قرآن کا نچوڑ اور خلاصہ ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنٰكَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ﴾

[٤٧٠٣-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلَّى، قَالَ: مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا أُصَلِّيْ، فَدَعَانِيْ فَلَمْ آتِهِ حَتَّى صَلَّيْتُ، ثُمَّ أَتَيْتُ فَقَالَ: "مَا مَنَعَكَ أَنْ تَأْتِيَ؟" فَقُلْتُ: كُنْتُ أُصَلِّيْ، فَقَالَ: "أَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ﴾[الأنفال: ٢٤] ثُمَّ قَالَ: أَلاَ أُعَلِّمُكَ أَعْظَمَ سُوْرَةٍ فِي الْقُرْآنِ قَبْلَ أَنْ أَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ؟" فَذَهَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِيَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَذَكَّرْتُهُ، فَقَالَ: "﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْآنُ الْعَظِيْمُ الَّذِيْ أُوْتِيْتُهُ" [راجع: ٤٤٧٤]

[٤٧٠٤-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أُمُّ الْقُرْآنِ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْآنُ الْعَظِيْمُ"

یہود ونصاریٰ نے اپنی کتابوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر لئے

سورۃ الحجر کی آیات ۹۰و۹۱ ہیں: ﴿كَمَا أَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ جَعَلُوْا الْقُرْآنَ عِضِيْنَ﴾: جیسا عذاب ہم نے باہم قسمیں کھانے والوں پر اتارا، جن لوگوں نے پڑھنے کی کتاب کو یعنی اپنی آسمانی کتاب کو بوٹیاں بنالیا، ابن عباسؓ فرماتے ہیں: مراد یہود ونصاریٰ ہیں، وہ اپنی کتابوں کے بعض حصوں کو مانتے تھے اور بعض کو نہیں مانتے تھے —— سورۃ الانعام آیت ۹۱ میں ہے: ﴿تَجْعَلُوْنَهُ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا﴾: تورات کی تم نے متفرق کاپیاں بنا رکھی ہیں ان (میں سے بعض) کو ظاہر کرتے ہو، اور بہت سی باتوں کو چھپاتے ہو، جو ٹکڑا (حصہ) تمہاری خواہش کے موافق ہوتا ہے اس کو دکھلاتے ہو، اور جو موافق نہیں ہوتا اس کو چھپاتے ہو، جیسے نبی آخر الزماں اور ان کی امت کے اوصاف جو تورات میں بیان ہوئے ہیں: ان کو تم چھپاتے ہو۔

جاننا چاہئے کہ ان آیتوں کے معنی کئی طرح کئے گئے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما

کا قول لائے ہیں کہ یہ آیتیں اہل کتاب (یہود ونصاری) کے بارے میں ہیں، پس الذین: المقتسمین کی صفت ہوگا یا بدل، اور المقتسِم (اسم فاعل) کے معنی ہونگے: باہم قسمیں کھانے والا، جیسے قوم صالح نے باہم قسمیں کھائی تھیں (النمل ۴۹) اور قرآن سے مراد کتبِ سماویہ ہیں، اور عضین: عِضَۃ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: بوٹیاں، ٹکڑے۔ فعل ہے: عَضَا يَعْضُو عَضْوًا: متفرق کرنا، جدا کرنا۔

اور اقتسام کے معنی: باہم قسمیں کھانا ہیں، آپس میں کوئی چیز بانٹنا مراد نہیں، اس کی دلیل میں تین آیتیں ذکر کی ہیں: (۱) سورۃ البلد کی پہلی آیت ہے: ﴿لاَ أُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ﴾: میں اس شہر (مکہ) کی قسم کھاتا ہوں، اس میں لا زائدہ ہے، اور لَأُقْسِمُ بھی پڑھا گیا ہے۔ (۲) سورۃ الاعراف آیت ۲۱ میں ہے: ﴿وَقَاسَمَهُمَا إِنِّیْ لَكُمَا لَمِنَ النَّاصِحِیْنَ﴾: اور ابلیس نے دونوں کے روبہ رو قسم کھائی کہ میں یقیناً تم دونوں کا خیر خواہ ہوں —— یہاں مقاسمۃ (باب مفاعلہ) میں مشارکت کے معنی نہیں ہیں، آدم وحواء علیہما السلام نے ابلیس کے سامنے کوئی قسم نہیں کھائی تھی (۳) سورۃ النمل آیت ۴۹ میں ہے: ﴿قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ﴾: انھوں نے کہا: آپس میں سب اللہ کی قسمیں کھاؤ —— ان مثالوں سے واضح ہوتا ہے کہ اقتسام کے معنی: باہم قسمیں کھانا ہیں۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿الَّذِیْنَ جَعَلُوْا الْقُرْآنَ عِضِیْنَ﴾

﴿الْمُقْتَسِمِیْنَ﴾: الَّذِیْنَ حَلَفُوْا، وَمِنْهُ ﴿لاَ أُقْسِمُ﴾: أَیْ أُقْسِمُ، وَیُقْرَأُ: لَأُقْسِمُ ﴿قَاسَمَهُمَا﴾: حَلَفَ لَهُمَا وَلَمْ یَحْلِفَا لَهُ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿تَقَاسَمُوْا﴾: تَحَالَفُوْا.

[٤٧٠٥-] حَدَّثَنِیْ یَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿الَّذِیْنَ جَعَلُوْا الْقُرْآنَ عِضِیْنَ﴾ قَالَ: هُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ، جَزَّءُ وْهُ أَجْزَاءً، فَآمَنُوْا بِبَعْضِهِ وَكَفَرُوْا بِبَعْضِهِ. [راجع: ٣٩٤٥]

[٤٧٠٦-] حدثنا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَی، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ ظَبْیَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿كَمَا أَنْزَلْنَا عَلَی الْمُقْتَسِمِیْنَ﴾ قَالَ: آمَنُوْا بِبَعْضٍ وَكَفَرُوْا بِبَعْضٍ: الْیَهُوْدُ وَالنَّصَارَی. [راجع: ٣٩٤٥]

موت تک آدمی مکلّف رہتا ہے

سورۃ الحجر کی آخری آیت ہے: ﴿وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰی یَأْتِیَكَ الْیَقِیْنُ﴾: اور آپ اپنے رب کی عبادت کریں یہاں تک کہ یقینی بات (موت) آپہنچے —— حضرت سالم رحمہ اللہ نے الیقین کے معنی الموت کے کئے ہیں —— اور سورۃ المدثر کے دوسرے رکوع میں ہے: ﴿وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِیَوْمِ الدِّیْنِ ○ حَتّٰی أَتَانَا الْیَقِیْنُ﴾: (دوزخی کہیں گے:) اور ہم قیامت کے دن کو جھٹلایا کرتے تھے، یہاں تک کہ ہم کو موت آگئی یعنی ہمارا خاتمہ اسی نافرمانی پر ہوا اس لئے ہم دوزخ میں ہیں۔

پس برخود غلط قسم کے لوگوں کو جو وسوسہ لاحق ہوا ہے کہ سلوک میں ایک ایسا مرحلہ آتا ہے کہ تکلیفاتِ شرعیہ ساقط ہو جاتی ہیں، یہ قطعاً غلط ہے، تکلیفِ شرعی موت ہی پر ختم ہوتی ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُ﴾

قَالَ سَالِمٌ: الْمَوْتُ.

﴿الحمدللہ! سورۃ الحجر کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[١٦] سورة النحل

بسم الله الرحمن الرحيم

[١-] ﴿رُوْحُ الْقُدُسِ﴾: جِبْرَئِيْلُ. ﴿نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْأَمِيْنُ﴾ [٢-] ﴿فِيْ ضَيْقٍ﴾: يُقَالُ: أَمْرٌ ضَيْقٌ وَضَيِّقٌ، مِثْلُ هَيْنٍ وَهَيِّنٍ، وَلَيْنٍ وَلَيِّنٍ، وَمَيْتٍ وَمَيِّتٍ. [٣-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿فِيْ تَقَلُّبِهِمْ﴾ اخْتِلَافِهِمْ. [٤-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿تَمِيْدَ﴾: تَكَفَّأَ. [٥-] ﴿مُفْرَطُوْنَ﴾: مَنْسِيُّوْنَ. [٦-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ﴾: هٰذَا مُقَدَّمٌ وَمُؤَخَّرٌ، وَذٰلِكَ أَنَّ الاسْتِعَاذَةَ قَبْلَ الْقِرَاءَ ةِ، وَمَعْنَاهَا: الِاعْتِصَامُ بِاللّٰهِ. [٧-] ﴿قَصْدُ السَّبِيْلِ﴾: الْبَيَانُ.

سورۃ النحل کی تفسیر

الفاظ کے معانی

۱- سورۃ النحل آیت ۱۰۲ میں ہے: ﴿قُلْ: نَزَّلَهُ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَبِّكَ بِالْحَقِّ﴾: آپ کہہ دیں: اس (قرآن) کو مقدس روح نے تیرے رب کی طرف سے حکمت کے موافق بہ تدریج اتارا ہے —— روح القدس: حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب ہے، اور موصوف کی صفت کی طرف اضافت ہے: پاکیزہ روح، اور سورۃ الشعراء آیت ۹۳ میں مرکب توصیفی ہے، فرمایا: ﴿نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْأَمِيْنُ﴾: اس (قرآن) کو امانت دار فرشتہ لے کر آیا ہے۔

۲- آیت ۱۲۷ میں ہے: ﴿وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُوْنَ﴾: اور آپ ان کی چال بازیوں سے تنگ دل نہ ہوں! —— ضَيْقٌ کو ضَيِّقٌ (یاء کی تشدید کے ساتھ) بھی پڑھ سکتے ہیں، پھر ان کی نظائر پیش کی ہیں۔

۳- آیت ۴۶ میں ہے: ﴿أَوْ يَأْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ﴾: یا ان کو پکڑ لے چلتے پھرتے —— تَقَلُّب مصدر ہے، سورۃ

آل عمران آیت ۱۹۶ میں بھی یہ لفظ آیا ہے: ﴿لَایَغُرَّنَّکَ تَقَلُّبُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِی الْبِلَادِ﴾: تجھے ان کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا مغالطہ میں نہ ڈالے، حضرت ابن عباسؓ نے یہی ترجمہ کیا ہے، اختلافهم: أی فی تصرفهم فی الأسفار باللیل والنهار۔

۴- آیت ۱۵ میں ﴿تَمِیْدَ﴾ ہے، یہ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ہے مَادَ یَمِیْدُ مَیْدًا: ہلنا، جھکنا، ڈگمگانا، لرزنا، فرمایا: ﴿وَأَلْقٰی فِی الْأَرْضِ رَوَاسِیَ أَنْ تَمِیْدَ بِکُمْ﴾: اور انھوں نے زمین میں بھاری پہاڑ رکھ دیئے تاکہ زمین تم کو لے کر ڈگمگائے نہیں: ـــــ مجاہدؒ نے یہی تفسیر کی ہے، تَکَفَّأَ: جھومنا، اترانا۔

۵- آیت ۶۲ میں ہے: ﴿لَاجَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُمْ مُفْرَطُوْنَ﴾: بالیقین ان کے لئے دوزخ ہے، اور وہ اس میں بُھلا دیئے جائیں گے یعنی ہمیشہ اس میں رہیں گے ـــــ مفرطون: اسم مفعول جمع مذکر ہے، أَفْرَطَ الشیئَ: بھول جانا، مَنْسِیُّوْن: اسم مفعول: فراموش کردہ ـــــ مگر بھول جانا لازم ہے پس اس سے اسم مفعول نہیں آئے گا، چنانچہ دوسرے مفسرین أَفْرَطَ الشیئَ: آگے کرنا، پیش کرنا: سے لیتے ہیں، اور ترجمہ کرتے ہیں: ''وہ اس میں سب سے پہلے پہنچائے جائیں گے۔

۶- آیت ۹۸ ہے: ﴿فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ﴾: پس جب آپ قرآن پڑھیں تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریں ـــــ قرأتَ: فعل ماضی ہے، پس آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ جب آپ قرآن پڑھ کر فارغ ہو جائیں تو استعاذہ کریں، جبکہ مسئلہ یہ نہیں ہے، أعوذ پہلے پڑھا جاتا ہے، چنانچہ حضرت فرماتے ہیں کہ آیت میں تقدیم و تاخیر ہے، لیکن اگر أَرَدتَّ کی تاویل کی جائے تو پھر مرتب کلام ہے، اور استعاذہ کے معنی ہیں: اللہ تعالیٰ کو مضبوط پکڑنا، اور شیطان سے رابطہ منقطع کر لینا۔

نوٹ: اس کے بعد شاکلته: ناحیته تھا، اس کا تعلق سورہ بنی اسرائیل سے ہے، اور آگے آ بھی رہا ہے اس لئے میں نے یہاں سے حذف کیا ہے۔

۷- آیت ۹ میں ہے: ﴿وَعَلَی اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ﴾: اور اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے سیدھا راستہ بتانا، جبکہ بعضے راستے ٹیڑھے بھی ہیں ـــــ بیان: واضح کرنا کہ سیدھا راستہ کونسا ہے۔

> [۸-] الدِّفْءُ: مَا اسْتَدْفَأْتَ. [۹-] ﴿تُرِیْحُوْنَ﴾ بِالْعَشِیِّ، و﴿تَسْرَحُوْنَ﴾: بِالْغَدَاةِ. [۱۰-] ﴿بِشِقِّ﴾: یَعْنِی الْمَشَقَّةَ. [۱۱-] ﴿عَلٰی تَخَوُّفٍ﴾: تَنَقُّصٍ. [۱۲-] ﴿الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً﴾: وَهِیَ تُؤَنَّثُ وَتُذَکَّرُ، وَکَذٰلِكَ النَّعَمُ، الْأَنْعَامُ جَمَاعَةُ النَّعَمِ. [۱۳-] ﴿سَرَابِیْلَ﴾: قُمُصٌ ﴿تَقِیْکُمُ الْحَرَّ﴾ وَأَمَّا ﴿سَرَابِیْلُ تَقِیْکُمْ بَأْسَکُمْ﴾: فَإِنَّهَا الدُّرُوْعُ. [۱۴-] ﴿دَخَلًا بَیْنَکُمْ﴾: کُلُّ شَیْئٍ لَمْ یَصِحَّ فَهُوَ دَخَلٌ.

۸- آیت ۵ ہے: ﴿وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَکُمْ فِیْهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْکُلُوْنَ﴾: اور اللہ نے مویشی پیدا کئے،

جن میں تمہارے لئے سرمائی پوشش اور دیگر فوائد ہیں اور ان کو تم کھاتے بھی ہو ــــ الدِّفء: وہ چیز جس سے آپ گرمی حاصل کریں دَفِيَ من البرد: گرم ہونا أَدْفأه: گرم کپڑا پہنانا، گرم کرنا الدِّفءُ: گرم کپڑے، گرمی حاصل کرنے کا سامان، سرمائی پوشش، اِسْتَدْفَأَ: گرم کپڑا پہننا۔

۹- آیت ٦ ہے: ﴿وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ﴾: اور تمہارے لئے ان میں رونق ہے جب شام کو واپس لاتے ہو اور جب صبح چرنے کے لئے چھوڑتے ہو۔

۱۰- آیت ۷ میں ہے: ﴿وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَى بَلَدٍ لَمْ تَكُوْنُوْا بَالِغِيْهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنْفُسِ﴾: اور وہ تمہارے بوجھ ڈھو کر ایسے مقامات تک لے جاتے ہیں جہاں تم 'سخت جاں کاہی' کے بغیر نہیں پہنچ سکتے۔

۱۱- آیت ۴۷ میں ہے: ﴿أَوْ يَأْخُذَهُمْ عَلَى تَخَوُّفٍ﴾: یا دہشت زدگی کی حالت میں ان کو پکڑ لیں ــــ تَخَوُّف: مصدر ہے، خَافَ اور تَخَوُّف کے معنی ہیں: ڈرنا، گھبرانا، اور اس کا تعدیہ بذریعہ علی آتا ہے ــــ حضرت نے اس کا ترجمہ کیا ہے: تَنَقُّص: تھوڑا تھوڑا لینا یعنی نفری گھٹا کر فنا کر دینا۔

۱۲- آیت ٦٦ میں ہے: ﴿وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً﴾: اور تمہارے لئے مویشی میں بڑا سبق ہے ــــ أنعام: نَعَمٌ کی جمع ہے، اور أنعام اور نعم ایک ہیں، مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہیں ــــ اور روح المعانی میں ہے کہ أنعام اسم جمع ہے، اور اسم جمع میں تذکیر و تانیث درست ہیں، وہ لفظاً مفرد مذکر ہوتا ہے اور معنیً جمع اور مؤنث ہوتا ہے، چنانچہ قرآن میں اور کلام عرب میں دونوں طرح آیا ہے۔

۱۳- آیت ۸۱ میں ہے: ﴿وَجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَأْسَكُمْ﴾: اور بنائے تمہارے لئے ایسے کرتے جو گرمی سے تمہاری حفاظت کرتے ہیں اور ایسے کرتے (زرہیں) جو لڑائی میں تمہاری حفاظت کرتے ہیں۔

۱۴- آیت ۹۲ میں ہے: ﴿تَتَّخِذُوْنَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ﴾: بناتے ہو تم اپنی قسموں کو فساد کا ذریعہ ــــ دَخِلَ يَدْخَل (س) دَخَلًا کے معنی ہیں: عقل یا جسم میں خرابی کا لاحق ہونا، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہر وہ چیز جو درست نہ ہو دَخَل ہے۔

[١٥-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿حَفَدَةً﴾: مَنْ وَلَدَ الرَّجُلُ. [١٦-] السَّكَرُ: مَا حُرِّمَ مِنْ ثَمَرَتِهَا، وَالرِّزْقُ الْحَسَنُ: مَا أَحَلَّ اللّٰهُ. [١٧-] وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ صَدَقَةَ: ﴿أَنْكَاثًا﴾: هِيَ خَرْقَاءُ كَانَتْ إِذَا أَبْرَمَتْ غَزْلَهَا نَقَضَتْهُ. [١٨-] وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: الْأُمَّةُ: مُعَلِّمُ الْخَيْرِ، وَالْقَانِتُ: الْمُطِيْعُ.

۱۵- آیت ۷۲ میں ہے: ﴿وَجَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً﴾: اور تمہارے لئے تمہاری بیویوں سے بیٹے

اور پوتے پیدا کئے ـــــ حَفَدَةٌ: حَافِد کی جمع ہے، حَفَدَه (ض) حَفْدًا: خدمت کرنا، حافد: تابع، مددگار، اور پوتے کو حَافِد اس لئے کہتے ہیں کہ عموماً دادادادی کا وہی مددگار اور خادم ہوتا ہے ـــــ اور حضرت ابن عباسؓ نے اس کا ترجمہ اولاد کیا ہے، مَنْ وَلَدَ الرجلُ: جس کو آدمی نے جنا، اس میں بیٹا پوتا سب آ گئے، اور عائد محذوف ہے أی وَلَدَه۔

١٦- آیت ٦٧ میں ہے: ﴿وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيْلِ وَالْأَعْنَابِ: تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَرِزْقًا حَسَنًا﴾: اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے (ہم تمہیں پلاتے ہیں) بناتے ہو تم اس سے نشہ آور اور عمدہ رزق ـــــ کھجور کی شراب کو سَکَر کہتے ہیں، اور انگوری شراب کو خمر، سکر کا ذکر کیا اور خمر کا ذکر چھوڑ دیا، اور عمدہ رزق کھجور سے بھی بنتا ہے اور انگور سے بھی۔

١٧- آیت ٩٢ میں ہے: ﴿وَلَاتَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا﴾: اور نہ ہوؤتم اس عورت کی طرح جس نے اپنا سوت اچھی طرح کاتنے کے بعد تار تار کر دیا ـــــ اس تمثیل کے ذریعہ عہد شکنی کی قباحت ذہن نشین کرائی گئی ہے ـــــ ابن عیینہؒ: ابوالہذیل صدقہ سے (اور وہ مفسر سدّی سے) روایت کرتے ہیں کہ مکہ میں ایک بے ہنر عورت تھی، وہ سال بھر مشقت سے سوت کاتتی، پھر بے دردی سے تکا بوٹی کر ڈالتی، قرآن نے اس کی مثال دی ہے۔

١٨- آیت ١٢٠ میں ہے: ﴿إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِلّٰهِ﴾: ابراہیمؑ ایک امت اللہ کے فرمان بردار تھے ـــــ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے امت کا ترجمہ: خیر کی تعلیم دینے والا، اور قانت کا ترجمہ: فرمان بردار کیا ہے ـــــ اور امت کا ترجمہ قوم بھی کیا جا سکتا ہے یعنی آپ اپنی ذات میں ایک انجمن تھے، ایک قوم کے فضائل وکمالات کے جامع تھے۔

ناکارہ عمر سے پناہ چاہنا

سورۃ النحل آیت ٧٠ میں ہے: ﴿وَمِنْكُمْ مَنْ يُرَدُّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا﴾: اور تم میں سے بعضے وہ ہیں جو نکمّی عمر کی طرف لوٹائے جاتے ہیں، تاکہ وہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانیں ـــــ تمام معلومات بھول کر بچے کی طرح ہو جائیں ـــــ ایسی نکمّی عمر سے نبی ﷺ نے پناہ مانگی ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ٦:٢٢٣) گذر چکی ہے۔

[١-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمِنْكُمْ مَنْ يُرَدُّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ﴾ [النحل: ٧٠]

[٤٧٠٧-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُوْسَى أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَعْوَرُ، عَنْ شُعَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَدْعُوْ: " أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْكَسَلِ، وَأَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَفِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ" [راجع: ٢٨٢٣]

﴿الحمد للہ! سورۃ النحل کی تفسیر پوری ہوئی﴾

تفسیر سورۂ بنی اسرائیل

سورہ بنی اسرائیل فصیح وبلیغ سورت ہے

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سورہ بنی اسرائیل، سورہ کہف اور سورہ مریم نہایت عمدہ (فصیح وبلیغ) سورتیں ہیں (عتیق: عمدہ، البیت العتیق: کعبہ شریف) اور وہ میرا پرانا سرمایہ ہیں یعنی وہ مجھے بہت قدیم زمانہ سے یاد ہیں (التِّلاد: اصلی پرانا مال، موروثی جائداد)

[١٧] سورة بنی إسرائيل

بسم الله الرحمن الرحيم

[١- بَابٌ]

[٤٧٠٨-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ، قَالَ فِيْ بَنِي إِسْرَائِيْلَ وَالْكَهْفِ وَمَرْيَمَ: إِنَّهُنَّ مِنَ الْعِتَاقِ الأُوَلِ، وَهُنَّ مِنْ تِلَادِيْ. [طرفاه: ٤٧٣٩، ٤٩٩٤] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿فَسَيُنْغِضُوْنَ﴾: يَهُزُّوْنَ. وَقَالَ غَيْرُهُ: نَغَضَتْ سِنُّكَ، أَيْ تَحَرَّكَتْ.

يُنْغِضُوْنَ کے معنی

سورۃ بنی اسرائیل آیت ۵۱ میں ہے: ﴿فَسَيُنْغِضُوْنَ إِلَيْكَ رُءُ وْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ: مَتٰى هُوَ؟﴾: اب وہ آپ کے سامنے سر مٹکائیں گے یعنی تمسخر آمیز حرکتیں کریں گے اور کہیں گے: کب ہوگا وہ؟ (زندہ ہونا) ـــــ يُنْغِضُوْنَ: از باب افعال، أَنْغَضَ رَأْسَه: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا، نَغَضَ (ن،ض): کپکپی سے ہاتھ ہلنا اور بے قرار ہونا ـــــ حضرت ابن عباسؓ نے ترجمہ کیا ہے يَهُزُّوْن: قدرے زور سے ہلائیں گے ـــــ اور ان کے علاوہ نے یعنی ابوعبیدہؒ نے کہا: نَغَضَتْ سنك کے معنی ہیں: تیرا دانت ہل گیا ـــــ پس دونوں نے ترجمہ ہلانا کیا ہے۔

قضاء کے معانی

سورہ بنی اسرائیل آیت ۴ میں ہے: ﴿وَقَضَيْنَا إِلٰى بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ فِى الْكِتَابِ لَتُفْسِدُنَّ فِى الْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ﴾:

اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (تورات) میں یہ بات بتادی کہ تم ضرور زمین میں دومرتبہ فساد پھیلاؤ گے —— قضی: جب إلی کے ذریعہ متعدی ہوتا ہے تو اس کے معنی ہوتے ہیں: طے کرکے پہنچانا، بتادینا، اس صورت میں قضٰی: إیحاء کے معنی کو متضمن ہوتا ہے۔ اور قضاء چند معانی کے لئے آتا ہے: (۱) حکم دینا، سورہ بنی اسرائیل آیت ۲۳ میں ہے: ﴿وَقَضٰی رَبُّكَ﴾: اور تیرے رب نے حکم دیا۔ (۲) فیصلہ کرنا، سورہ یونس آیت ۹۳ میں ہے: ﴿إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ﴾: آپ کے رب ان کے درمیان فیصلہ کریں گے۔ (۳) بنانا، سورہ حم السجدة آیت ۱۲ میں ہے: ﴿فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ﴾: پس ان کو سات آسمان بنایا (پس قضاء کے چار معنی ہوئے)

[۲-] بَابٌ ﴿وَقَضَيْنَا إِلٰى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ﴾

أَخْبَرْنَاهُمْ أَنَّهُمْ سَيُفْسِدُوْنَ، وَالْقَضَاءُ عَلٰى وُجُوْهٍ: ﴿وَقَضٰى رَبُّكَ﴾: أَمَرَ رَبُّكَ، وَمِنْهُ: الْحُكْمُ ﴿إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ﴾ وَمِنْهُ: الْخَلْقُ ﴿فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ﴾

[١-] ﴿نَفِيْرًا﴾: مَنْ يَنْفِرُ مَعَهُ. [٢-] ﴿وَلِيُتَبِّرُوْا﴾: يُدَمِّرُوْا ﴿مَاعَلَوْا﴾ [٣-] ﴿حَصِيْرًا﴾: مَحْبِسًا مَحْصِرًا. [٤-] ﴿فَحَقَّ﴾: وَجَبَ. [٥-] ﴿مَيْسُوْرًا﴾: لَيِّنًا. [٦-] ﴿خِطْئًا﴾: إِثْمًا، وَهُوَ اسْمٌ مِنْ خَطِئْتُ، وَالْخَطَأُ مَفْتُوْحٌ مَصْدَرُهُ مِنَ الإِثْمِ، خَطِئْتُ بِمَعْنٰى أَخْطَأْتُ.

۱- آیت ۶ میں ہے: ﴿وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيْرًا﴾: اور ہم تم کو بڑی جماعت بنائیں گے —— نَفِير: صفت مشبہ، خاندان، کنبہ، جہادی دستہ، نفیر بمعنی نافر ہے یعنی وہ لوگ جو بوقت ضرورت ساتھ نکل کر جائیں (نفیرا: تمیز ہے)

۲- آیت ۷ میں ہے: ﴿وَلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا﴾: اور جس چیز پر ان کا ہاتھ پڑے اس کو تباہ و برباد کردیں —— تَبَّرَه: ہلاک کرنا، مجرد تَبِرَ (س) تَبْرا: ہلاک ہونا، ما موصولہ، جملہ عَلَوْا صلہ، عائد محذوف أی علوا علیہ، پھر موصول صلہ مل کر لیتبروا کا مفعول بہ، اور تتبیرا مفعول مطلق برائے تاکید —— دَمَّرَ الشيئَ: ہلاک و برباد کرنا۔

۳- آیت ۸ میں ہے: ﴿وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِيْنَ حَصِيْرًا﴾: اور ہم نے منکرین کے لئے جہنم کا جیل خانہ تیار کیا ہے —— حَصِير: تنگ جگہ، جیل خانہ، حَصَرَ (ن) حَصْرًا: تنگی میں ڈالنا، گھیرنا، حصیر بمعنی اسم مفعول ہے اور یہ جعلناہ کا مفعول ثانی ہے —— مَحْبِس: قید کی جگہ مَحْصِر: کے بھی یہی معنی ہیں۔

۴- آیت ۱۶ میں ہے: ﴿فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ﴾: پس ثابت ہوجاتی ہے اس (بستی) پر اللہ کی بات —— حقّ (ن، ض) حَقًّا وحَقَّةً الأمرُ: ثابت و واجب ہونا۔

۵- آیت ۲۸ میں ہے: ﴿قُلْ لَهُمْ قَوْلاً مَيْسُوْرًا﴾: کہہ ان سے نرم بات۔

۶- آیت ۳۱ میں ہے: ﴿إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْأً كَبِيْرًا﴾: یقیناً ان کا قتل بڑا بھاری گناہ ہے —— دو لفظ ہیں:

(۱) خِطْأٌ: خَطِئَ یَخْطَأُ کا مصدر ہے: گناہ کرنا۔ (۲) خَطَأ: اسم صواب کی ضد: نادرست —— امام بخاریؒ فرماتے ہیں: خِطْأٌ کے معنی ہیں: گناہ اور وہ خَطِئْت سے اسم ہے (یہ بات اہل لغت کے خلاف ہے، ان کے نزدیک مصدر ہے) اور خَطْأٌ (خاء کا زبر) اسی کا مصدر ہے (یہ بات بھی اہل لغت کے خلاف ہے، ان کے نزدیک اسم ہے) —— پھر عبارت گڑبڑ ہے، کہنا یہ ہے کہ خَطِئْتُ اور أَخْطَأْتُ کے ایک معنی ہیں اور وہ معنی گناہ ہیں (یہ بات بھی اہل لغت کے خلاف ہے، خِطْأ (بالکسر) کے معنی گناہ ہیں اور خَطَأ: صواب کی ضد ہے، اس کے معنی: نادرست ہیں)

[۷-] ﴿لَنْ تَخْرِقَ﴾: لَنْ تَقْطَعَ. [۸-] ﴿وَإِذْهُمْ نَجْوٰى﴾: مَصْدَرٌ مِنْ نَاجَيْتُ، فَوَصَفَهُمْ بِهَا، وَالْمَعْنَى يَتَنَاجَوْنَ. [۹-] ﴿رُفَاتًا﴾ حُطَامًا. [۱۰-] ﴿وَاسْتَفْزِزْ﴾: اسْتَخِفَّ ﴿بِخَيْلِكَ﴾: الْفُرْسَانِ، وَالرَّجِلُ: الرَّجَّالَةُ، وَاحِدُهَا رَاجِلٌ، مِثْلُ صَاحِبٍ وَصَحْبٍ، وَتَاجِرٍ وَتَجْرٍ. [۱۱-] ﴿حَاصِبًا﴾: الرِّيْحُ الْعَاصِفُ، وَالْحَاصِبُ أَيْضًا: مَا تَرْمِي بِهِ الرِّيْحُ، وَمِنْهُ: ﴿حَصَبُ جَهَنَّمَ﴾: يُرْمَى بِهِ فِي جَهَنَّمَ، هُوَ حَصَبُهَا، وَيُقَالُ: حَصَبَ فِي الْأَرْضِ: ذَهَبَ، وَالْحَصَبُ مُشْتَقٌّ مِنَ الْحَصْبَاءِ وَالْحِجَارَةِ. [۱۲-] ﴿تَارَةً﴾: مَرَّةً، وَجَمَاعَتُهُ تِيَرٌ وَتَارَاتٌ. [۱۳-] ﴿لَأَحْتَنِكَنَّ﴾ لَأَسْتَأْصِلَنَّهُمْ، يُقَالُ: احْتَنَكَ فُلَانٌ مَا عِنْدَ فُلَانٍ مِنْ عِلْمٍ: اسْتَقْصَاهُ. [۱۴-] ﴿طَائِرَهُ﴾: حَظَّهُ. [۱۵-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كُلُّ سُلْطَانٍ فِي الْقُرْآنِ فَهُوَ حُجَّةٌ. [۱۶-] ﴿وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ﴾: لَمْ يُحَالِفْ أَحَدًا.

۷- آیت ۳۸ میں ہے: ﴿إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ﴾: بے شک تو زمین کو پھاڑ نہیں سکتا یعنی زور سے پاؤں مار کر زمین میں سوراخ نہیں کرسکتا۔ خَرَقَ (ن،ض) الشيئَ: سوراخ کرنا —— حضرت نے ترجمہ کیا ہے: لن تقطع: تو ہرگز زمین کو کاٹ نہیں سکتا یعنی طے نہیں کرسکتا، ساری زمین میں گھوم نہیں سکتا۔

۸- آیت ۴۷ ہے: ﴿نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهِ، إِذْ يَسْتَمِعُوْنَ إِلَيْكَ، وَإِذْهُمْ نَجْوٰى، إِذْ يَقُوْلُ الظَّالِمُوْنَ: إِنْ تَتَّبِعُوْنَ إِلَّا رَجُلًا مَسْحُوْرًا﴾: ہم خوب جانتے ہیں جس غرض سے وہ لوگ قرآن سنتے ہیں، جس وقت وہ آپؐ کی بات کان لگا کر سنتے ہیں، اور جس وقت وہ باہم سرگوشیاں کرتے ہیں، جس وقت ظالم کہتے ہیں: تم ایک سحر زدہ شخص ہی کی پیروی کررہے ہو —— نَجْوٰى: ناجاه مُنَاجاة کا مصدر ہے: کسی سے سرگوشی کرنا، رازدارانہ بات کرنا، اپنی بات آہستہ سے کہنا —— اور اس کو اسم کی جگہ استعمال کیا گیا ہے، اس کو ظالموں کی صفت بنایا ہے، اور معنی ہیں: وہ لوگ سرگوشی کرتے ہیں۔

۹- آیت ۴۹ ہے: ﴿وَقَالُوْا: ءَ إِذَا كُنَّا عِظَامًا وَرُفَاتًا ءَ إِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا﴾: اور وہ کہتے ہیں: کیا جب ہم ہڈیاں اور چورا ہوجائیں گے تو کیا واقعی ہم ازسرنو زندہ کئے جائیں گے؟! یعنی یہ بات قطعاً ناممکن معلوم ہوتی ہے —— رُفَات: بوسیدہ، گلا ہوا، چورا، وہ چیز جو خشک گھاس کی طرح بوسیدہ ہوکر چورا چورا ہوجائے —— حُطام: کسی چیز کا

چورہ، ریزے۔

۱۰- آیت ۶۴ میں ہے: ﴿وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ، وَأَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ﴾: اور اپنی صدا سے ان میں سے جن کے پیرا کھاڑ سکے اکھاڑ دے، اوران پر اپنے سوار اور پیادے چڑھالا ــــ اسْتخفه: اوچھا کردیا، ہلکا کردیا ــــ مجرد فَزّ (ن) فَزًّا کے معنی ہیں: گھبرادینا، حواس باختہ کرنا باب استفعال میں آکر مبالغہ کے معنی پیدا ہوگئے ہیں، اسْتَفَزَّه من الشیئ کے معنی ہیں: قدم اکھاڑ دینا ــــ خَيْل کے اصلی معنی گھوڑے کے ہیں، مگر مجازاً سواروں کے لئے استعمال کرتے ہیں، فُرسان: فارس کی جمع: شہ سوار، گھڑسوار، رَجِلٌ: رَاجِل کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: پیادہ۔

۱۱- آیت ۶۸ میں ہے: ﴿أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا﴾: یاتم پر پتھراؤ کرنے والی آندھی بھیج دے! ــــ حَاصِبًا: حَصْبَاء سے اسم فاعل ہے، حَصْبَاء کنکریوں کو کہتے ہیں، حَاصِبْ: پتھر برسانے والی ہوا، پتھروں کا مینہ ــــ امام صاحب فرماتے ہیں: حَاصِب کے چند معانی ہیں: (۱) آندھی (۲) تند ہوا کا پتھراؤ۔ سورۃ الانبیاء آیت ۹۸: ﴿حَصَبُ جَهَنَّمَ﴾ میں یہی معنی ہیں یعنی اس کو دوزخ میں پھینک دیا جائے گا، پس وہ جہنم کا کنکر بن جائے گا۔ (۳) جانا، کہا جاتا ہے: حَصَبَ فی الأرض: وہ زمین میں گیا یعنی مسافر ہوگیا ــــ اور حَصْب: حَصْباء بمعنی حجارۃ سے مشتق ہے۔

۱۲- آیت ۶۹ میں ہے: ﴿أَمْ أَمِنْتُمْ أَنْ يُعِيدَكُمْ فِيهِ تَارَةً أُخْرَىٰ﴾: یاتم اس سے مطمئن ہوگئے کہ وہ تمہیں دوبارہ سمندر میں لے جائیں ــــ تارۃ کی جمع تِيَرٌ اور تَارَاتٌ ہے۔

۱۳- آیت ۶۲ میں ہے: ﴿لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهُ﴾: میں اس کی ساری اولاد کو اپنے قابو میں کرلونگا ــــ احْتِنَاك سے مضارع، صیغہ واحد متکلم، بالام تاکید ونون تاکید ثقیلہ، احْتَنَكَ الفرسَ کے لغوی معنی ہیں: گھوڑے کے منہ میں لگام دینا، اور مجازی معنی ہیں: قابو میں کرنا ــــ اسْتَأْصَلَ الشیئَ: بیخ کنی کرنا، کسی چیز کی جڑ اکھاڑنا کہا جاتا ہے: احْتَنَك فلان ما عند فلان من علم: فلاں نے فلاں کا سارا علم لے لیا، حاصل کرلیا، یہی ابلیس نے کہا تھا: میں آدمؑ کی ساری اولاد کو لے لونگا، حاصل کرلونگا، قابو میں کرلونگا۔

۱۴- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ﴾: اور ہم نے ہر انسان کا عمل اس کے گلے کا ہار بنارکھا ہے ــــ أَلْزَمَ إلزاما: لازم کرنا، لگادینا ــــ الطائر: اسم فاعل: پرندہ، جمع طَيْر اور طُيور، آیت پاک میں نامہ اعمال مراد ہے، کیونکہ وہ قیامت کے دن اڑکر ہاتھ میں آئے گا ــــ حضرت نے اس کا ترجمہ حَظّ: نصیبہ کیا ہے۔

۱۵- آیت ۳۳ میں ہے: ﴿فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهِ سُلْطَانًا﴾: ہم نے اس کے وارث کو قصاص لینے کا اختیار دیا ہے ــــ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ قرآن میں جہاں بھی سلطان آیا ہے، اس کے معنی حجت وبرہان کے ہیں۔

۱۶- آخری آیت میں ہے: ﴿وَلَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ﴾: اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے ــــ اس نے کسی سے کوئی معاہدہ نہیں کیا ــــ حَالَفَه مُحَالَفَة و حِلاَفًا: معاہدہ کرنا، عہد و پیمان کرنا۔

معراج میں نبی ﷺ کے سامنے دودھ اور شراب کے پیالے پیش کئے گئے اور مشرکین نے تکذیب کی تو بیت المقدس آپؐ کے لئے منکشف کر دیا گیا، اور آپؐ نے دیکھ کر سب علامتیں بتائیں

ہجرت سے کچھ پہلے اسراء و معراج کا واقعہ پیش آیا ہے، مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک کا سفر 'اسراء' کہلاتا ہے، اور مسجدِ اقصیٰ سے آسمانوں کے اوپر تک کی سیر 'معراج' کہلاتی ہے، اسراء کے معنی ہیں: رات میں چلنا، اور أسری به کے معنی ہیں: رات میں لے چلنا، چونکہ یہ سفر رات میں کرایا گیا تھا، اس لئے وہ اسراء کہلاتا ہے، اور معراج کے معنی ہیں: سیڑھی، چونکہ آسمانوں پر چڑھنے کے لئے سیڑھی (لفٹ) لگائی گئی تھی اس لئے اس کو معراج کہتے ہیں، مگر عرف عام میں دونوں کے مجموعہ کو معراج کہتے ہیں۔ سورۃ بنی اسرائیل معراج کے بیان سے شروع ہوئی ہے، امام بخاریؒ نے اس باب میں دو واقعے ذکر کئے ہیں:

پہلا واقعہ: شبِ معراج میں نبی ﷺ کے سامنے دودھ اور شراب کے پیالے پیش کئے گئے، آپؐ نے دودھ کا برتن لے لیا، پس جبرئیل علیہ السلام نے کہا: اللہ کا شکر ہے، اس نے آپؐ کو فطرت (دینِ اسلام) کی راہ دکھائی، اگر آپ شراب کا پیالہ لیتے تو آپؐ کی امت گمراہ ہو جاتی یعنی ساری امت راہ حق سے ہٹ جاتی، جس طرح گذشتہ امتوں کے ساتھ ہوا کہ کچھ وقت کے بعد عمومی گمراہی پھیل گئی پس نیا پیغمبر مبعوث ہوا اور نبی ﷺ چونکہ خاتم النّبیین ہیں، کوئی نیا نبی اب نہیں آنا، اس لئے امت محمدیہ میں عمومی گمراہی نہیں پھیلے گی، ہمیشہ ایک طائفہ دینِ حق پر برقرار رہے گا، دودھ کا برتن اختیار کرنا اس کا پیکر محسوس تھا۔

دوسرا واقعہ: مشرکین نے نبی ﷺ سے بیت المقدس کا نقشہ دریافت کیا، اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو آپؐ کے لئے منکشف کر دیا، آپؐ نے دیکھ کر سب علامات بتائیں، اور مشرکین نے تصدیق کی کہ آپؐ نے بیت المقدس کا نقشہ تو بالکل صحیح بتایا ہے، مگر کتّے کی دم ٹیڑھی! ایک بھی ایمان نہیں لایا۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَسْرىٰ بِعَبْدِهِ لَيْلاً مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾

[٤٧٠٩-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، ح: وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أُتِيَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِإِيْلِيَاءَ بِقَدَحَيْنِ مِنْ خَمْرٍ وَلَبَنٍ، فَنَظَرَ إِلَيْهِمَا فَأَخَذَ اللَّبَنَ، قَالَ جِبْرَئِيْلُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ هَدَاكَ لِلْفِطْرَةِ، لَوْ أَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ أُمَّتُكَ. [راجع: ٣٣٩٤]

[٤٧١٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لَمَّا كَذَّبَنِيْ

قُرَيْشٌ قُمْتُ فِي الْحِجْرِ، فَجَلَّى اللّٰهُ لِيْ بَيْتَ الْمُقَدَّسِ، فَطَفِقْتُ أُخْبِرُهُمْ عَنْ آيَاتِهِ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَيْهِ" زَادَ يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِيْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ: "لَمَّا كَذَّبَنِيْ قُرَيْشٌ حِيْنَ أُسْرِيَ بِيْ إِلٰى بَيْتِ الْمُقَدَّسِ" نَحْوَهُ. [راجع: ۳۸۸۶]

[۱۷-] ﴿قَاصِفًا﴾: رِيْحٌ تَقْصِفُ كُلَّ شَيْئٍ.

حوالہ: دوسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۳۴۶) آئی ہے اور یعقوب کی روایت میں حین أُسری إلخ کا اضافہ ہے۔

۱۷- آیت ۶۹ میں ہے: ﴿فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِنَ الرِّيْحِ﴾: پھر بھیجیں وہ تم پر ہوا کا سخت طوفان —— قَاصِف: اسم فاعل: ایسی تیز وتند آندھی جو ہر اس چیز کو توڑ کر رکھ دے جو بھی اس کی زد میں آجائے، قَصَفَ (ض) قَصْفًا: توڑ دینا، اور باب سمع سے لازم ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ آدَمَ﴾

[۱۸-] كَرَّمْنَا وَأَكْرَمْنَا وَاحِدٌ. [۱۹-] ﴿ضِعْفَ الْحَيَاةِ﴾: عَذَابَ الْحَيَاةِ وَعَذَابَ الْمَمَاتِ. [۲۰-] ﴿خِلَافَكَ﴾: وَخَلْفَكَ سَوَاءٌ. [۲۱-] ﴿وَنَأَى﴾: تَبَاعَدَ. [۲۲-] ﴿شَاكِلَتِهِ﴾: نَاحِيَتِهِ، وَهِيَ مِنْ شَكْلَتُهُ. [۲۳-] ﴿صَرَّفْنَا﴾ وَجَّهْنَا. [۲٤-] ﴿قَبِيْلًا﴾: مُعَايَنَةً وَمُقَابَلَةً، وَقِيْلَ: الْقَابِلَةُ، لِأَنَّهَا: مُقَابِلَتُهَا، وَتَقْبَلُ وَلَدَهَا.

۱۸- آیت ۷۰ میں ہے: ﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ آدَمَ﴾: اور ہم نے انسان کو عزت بخشی —— شرف وبزرگی عطا فرمائی، قابل احترام مخلوق بنایا —— کَرَّم (باب تفعیل) اور أکرم (باب افعال) کے ایک معنی ہیں: عزت بخشنا۔

۱۹- آیت ۷۵ میں ہے: ﴿إِذًا لَّأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ﴾: تب ہم ضرور آپ کو چکھاتے زندگی میں دوہرا عذاب اور موت کے بعد دوہرا عذاب —— دونوں میں مضاف پوشیدہ ہے، أی ضعف عذاب الحیاۃ۔

۲۰- آیت ۷۶ میں ہے: ﴿إِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلَافَكَ إِلَّا قَلِيْلًا﴾: تب نہیں ٹھہریں گے وہ آپ کے بعد مگر تھوڑا سا —— خَلْف اور خِلاف کے ایک معنی ہیں: پیچھے۔

۲۱- آیت ۸۳ میں ہے: ﴿وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنْسَانِ أَعْرَضَ وَنَـآبِجَانِبِهِ﴾: اور جب ہم انسان کو نعمتیں عطا کرتے ہیں تو وہ روگردانی اور پہلوتہی کرتا ہے —— نَـآی: فعل ماضی، صیغہ واحد مذکر غائب نَـأْیٌ باب فتح کا مصدر، نَـآی عن فلان: دور ہونا —— تَبَاعَدَ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔

۲۲- آیت ۸۴ میں ہے: ﴿قُلْ: كُلٌّ يَعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهِ﴾: کہئے: ہر شخص اپنے ڈھنگ پر کام کرتا ہے شَاكِلَة: اسم فاعل، واحد مؤنث: فطری طریقہ، روش، شَكْلٌ سے، جس کے معنی ہیں: مانند، نظیر، کہا جاتا ہے: لستَ من شَكْلِيْ وَلَا شَاكِلَتِيْ: تو نہ میری طرح ہے نہ میری روش پر —— اس مفہوم کے لئے دوسرا مترادف لفظ سَجِيَّة ہے، جس کے معنی ہیں:

فطری عادت —— حضرت ابن عباسؓ نے اس کا ترجمہ: علی ناحیته: اپنے کنارہ پر کیا ہے اور ابوعبیدہؒ نے وَخَلِيْقَتِه بڑھایا ہے یعنی فطری عادت پر۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: وہ شَكَلَ (ن) فلانا سے ماخوذ ہے: میں نے اس کو پابند کیا۔

۲۳- آیت ۴۱ میں ہے: ﴿وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْآنِ﴾: اور آیت ۸۹ میں ہے: ﴿وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْآنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ﴾: پہلی آیت کا ترجمہ: اور ہم نے اس قرآن میں (توحید کے مضمون کو) طرح طرح سے بیان کیا ہے، دوسری آیت کا ترجمہ: اور ہم نے لوگوں کے نفع کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کے عمدہ مضامین طرح طرح سے بیان کئے ہیں —— صَرَّف تصريفا: پھیر پھیر کر بیان کرنا، طرح طرح سے سمجھانا وَجَّهْنا: ہم نے راہ نمائی کی ہے، وَجَّهَ فلانا إلى كذا: کسی کی راہ نمائی کرنا۔

۲۴- آیت ۹۲ میں ہے: ﴿أَوْ تَأْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلاَئِكَةِ قَبِيْلاً﴾: یا لے آئیں آپ اللہ کو اور فرشتوں کو روبرو —— معاينة: سامنے ظاہر مقابلة: روبرو —— اور دائی کو قابلة اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ بچہ جننے والی عورت کے سامنے ہوتی ہے، اور اس کے بچہ کو لیتی ہے۔

> [۲۵-] ﴿خَشْيَةَ الإِنْفَاقِ﴾: أَنْفَقَ الرَّجُلُ: أَمْلَقَ، وَنَفِقَ الشَّيْئُ: ذَهَبَ. [۲۶-] ﴿قَتُوْرًا﴾: مُقْتِرًا. [۲۷-] ﴿لِلْأَذْقَانِ﴾: مُجْتَمَعُ اللَّحْيَيْنِ، وَالْوَاحِدُ ذَقَنٌ. [۲۸-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَوْفُوْرًا﴾: وَافِرًا. [۲۹-] ﴿تَبِيْعًا﴾: ثَائِرًا، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نَصِيْرًا. [۳۰-] ﴿خَبَتْ﴾: طَفِئَتْ. [۳۱-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لاَتُبَذِّرْ﴾: لاَتُنْفِقْ فِي الْبَاطِلِ. [۳۲-] ﴿ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ﴾: رِزْقٍ. [۳۳-] ﴿مَثْبُوْرًا﴾: مَلْعُوْنًا. [۳۴-] ﴿لاَتَقْفُ﴾: لاَتَقُلْ. [۳۵-] ﴿فَجَاسُوْا﴾: تَيَمَّمُوْا. [۳۶-] ﴿يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ﴾: يُجْرِي الْفُلْكَ. [۳۷-] ﴿يَخِرُّوْنَ لِلْأَذْقَانِ﴾: لِلْوُجُوْهِ.

۲۵- آیت ۱۰۰ میں ہے: ﴿إِذًا لَّأَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الإِنْفَاقِ﴾: تب تم ضرور ہاتھ روک لیتے خرچ ہوجانے کے اندیشہ سے —— إنفاق (باب افعال) کے معنی ہیں: خرچ ہوجانا (لازم ہے) أَمْلَق فلان: غریب ومحتاج ہونا —— مجرد نَفِق (ن) الشیئُ کے معنی ہیں: ختم ہوجانا۔

۲۶- اسی آیت میں ہے: ﴿وَكَانَ الإِنْسَانُ قَتُوْرًا﴾: اور انسان بڑا تنگ دل ہے —— قَتُوْر: صفت مشبہ: کنجوس طبیعت آدمی، قَتَرَ (ن،ض) قَتْرًا وَقُتُوْرًا: بہت ہی کم خرچ کرنا، کنجوسی کرنا —— مُقْتِر: باب افعال سے اسم فاعل: تنگ حال ہونا۔

۲۷- آیات ۱۰۷ و ۱۰۹ میں: ﴿أَذْقَانِ﴾ آیا ہے، اس کے اصلی معنی ہیں ٹھوڑی، دونوں جبڑوں کے ملنے کی جگہ، مفرد ذقن ہے، اور مجازی معنی ہیں: چہرہ، دونوں آیتوں میں مجازی معنی مراد ہیں (یہ بات آگے نمبر ۳۷ پر بیان کی ہے)

۲۸-آیت۶۳ میں ہے:﴿إِنَّ جَهَنَّمَ جَزَاؤُكُمْ جَزَاءً مَوْفُوْرًا﴾: بے شک دوزخ تمہاری پوری سزا ہے —— وَافِرا: أی کاملاً۔

۲۹-آیت۶۹ میں ہے:﴿ثُمَّ لاَتَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيْعًا﴾: پھر نہ پاؤتم اپنے لئے ہمارے خلاف اُس (سزادہی) کی وجہ سے کوئی دعوے دار —— تَبِيْع: پیچھا کرنے والا، دعوے دار، تَبِعٌ سے بروزن فعیل بمعنی فاعل ہے، چونکہ مدعی دعوے کے درپے ہوتا ہے اس لئے مجازاً مدعی کے معنی ہیں —— ثائِرًا: بھڑ کنے والا، مدعی بھڑکتا ہے تو دعوی ٹھوکتا ہے (یہ معنی مجاہدؒ نے کئے ہیں)

۳۰-آیت۹۷ میں ہے:﴿كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنَاهُمْ سَعِيْرًا﴾: جب بھی آگ دھیمی پڑے گی ہم ان کی آگ کی دَہک بڑھادیں گے —— خبَا (ن) خَبْوا: بجھنا، دھیما پڑنا —— سعیرًا (بروزن فعیل بمعنی مفعول) تمیز ہے، نسبت کے ابہام کودورکرتی ہے۔

۳۱-آیت۲۶ میں ہے:﴿وَلاَ تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا﴾: مال فضول خرچ مت کر جی کھول کر —— اللہ کا دیا ہوا مال موقع محل میں خرچ کر، فضول اورغلط جگہوں میں خرچ مت کر۔

۳۲-آیت۲۸ ہے:﴿وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِنْ رَبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَهُمْ قَوْلاً مَيْسُوْرًا﴾: اوراگر تو ان لوگوں سے —— حاجت مندوں، غریبوں اور رشتہ داروں سے —— پہلوتہی کرے اللہ کے اس رزق کے انتظار میں جس کی تجھے امید ہے تو ان سے نرم بات کہہ —— رحمۃ کے معنی روزی کے ہیں۔

۳۳-آیت۱۰۲ میں ہے:﴿وَإِنِّي لَأَظُنُّكَ يَافِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا﴾: اوراے فرعون! میرے خیال میں تو تو تباہ حال آدمی ہے —— مثبور: خیر سے محروم، شامت زدہ، تباہ حال، کم بختی کا مارا، ملعون ثَبَرَہ (ن) ثَبْرًا: محنت کرنا، دھتکارنا، محروم کرنا۔

۳۴-آیت۳۶ میں ہے:﴿وَلاَ تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ﴾: اورمت کہہ وہ بات جس کے بارے میں تجھے کچھ خبر نہیں —— لاتقف: فعل نہی، صیغہ واحد مذکر حاضر، قَفَا (ن) قُفُوًّا: کسی کے پیچھے چلنا، پیروی کرنا، معنویات میں ترجمہ ہے: کہنا۔

۳۵-آیت۵ میں ہے:﴿فَجَاسُوْا خِلاَلَ الدِّيَارِ﴾: پس وہ گھروں کے بیچ میں گھس جائیں گے جَاسَ (ن) جَوْسًا الشیئَ: بہت انہماک سے تلاش کرنا، گھروں میں فساد مچانا اور مال ومتاع ڈھونڈھنا —— تیمموا: قصد کرنا۔

۳۶-آیت۶۶ میں ہے:﴿رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ﴾: تمہارے پروردگار وہ ہیں جو تمہارے لئے سمندر میں کشتی چلاتے ہیں —— يُزْجِيْ: إِزْجاء سے: ہانکنا، چلانا۔

۳۷-آیت۱۰۷اور۱۰۹میں جو﴿أَذْقَان﴾ (ٹھوڑی) آیا ہے، اس سے مجازی معنی چہرہ مراد ہیں۔

أَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا کے معنی

سورۃ بنی اسرائیل کی آیت ۱۶ ہے: ﴿وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيْرًا﴾: اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں، تو ہم اس بستی کے خوش حال لوگوں کو (ایمان وطاعت کا) حکم دیتے ہیں، پس وہ اس میں نافرمانیاں کرتے ہیں، پس اس بستی پر اللہ کی بات چسپاں ہوجاتی ہے۔ اور ہم اس بستی کو پوری طرح غارت کردیتے ہیں۔

أَمَرَ (ن) أَمْرًا: حکم دینا، أَمَرْنَا: فعل بافاعل، مُتْرَفِيْهَا (مرکب اضافی) مفعول بہ، ظرف: بطاعة اللہ محذوف —— إِتْرَاف: عیش دینا، خوش حال بنانا، مُتْرَف (اسم مفعول) خوش حال، فارغ البال، عیش پرست آدمی۔

اور باب نصر وسمع سے اس فعل کے ایک دوسرے معنی بھی آتے ہیں، أَمَرَ اللّٰه القوم (ن): لوگوں کی نسل اور مویشی میں اضافہ کرنا —— أَمِرَ (س) الشيئُ: بڑھنا، زیادہ ہونا، کہا جاتا ہے: قَلَّ بنو فلان بعد ما أَمِرُوْا: فلاں خاندان بڑھنے کے بعد گھٹ گیا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں جب کوئی قبیلہ پھلتا پھولتا تو ہم کہتے: أَمِرَ (س) بنو فلان: فلاں خاندان بڑھ گیا، یہ علی مدینیؒ کی ابن عیینہؒ سے روایت ہے، اس میں أَمِرَ (باب سمع سے) ہے، اور حمیدیؒ کی روایت میں أَمَرَ (باب نصر سے) ہے (فتح) —— مگر ابن مسعودؓ سے آیت کے یہ معنی کرنا مروی نہیں، اور اوپر جو معنی کئے ہیں وہ ابن عباسؓ اور سعید بن جبیرؒ سے مروی ہیں (درمنثور)

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا﴾ الآيَةَ

[٤٧١١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، أَخْبَرَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا نَقُوْلُ لِلْحَيِّ إِذَا كَثُرُوْا فِي الْجَاهِلِيَّةِ: أَمِرَ بَنُو فُلَانٍ. حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ: وَقَالَ: أَمَرَ.

نوح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے شکر گذار بندے تھے

سورۃ بنی اسرائیل آیت ۳ میں ہے: ﴿ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ، إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا﴾: اے نسل ان لوگوں کی جن کو ہم نے نوحؑ کے ساتھ کشتی میں سوار کیا! نوحؑ بلاشبہ شکر گذار بندے تھے —— انسانوں کے دوسرے دادا حضرت نوح علیہ السلام ہیں، آج روئے زمین پر جس قدر انسان ہیں سب آپ کی نسل سے ہیں، نوح علیہ السلام کو سب سے پہلا رسول ہونے کا شرف بھی حاصل ہے، آپؑ سے پہلے صرف انبیاء مبعوث ہوتے تھے، آپ بڑے شکر گذار بندے تھے، ساڑھے نو سو سال دشمنوں کے نرغے میں پھنسے رہے، مگر کبھی حرف شکایت زبان پر نہ لائے، صبر وشکر ان کا شیوہ تھا، پس ان

کی اولاد کو بھی ان کے نقش قدم پر چلنا چاہئے (یہی آیت کا مدعی ہے) اور حدیث پہلے دو جگہ آئی ہے، مگر مختصر آئی ہے، یہاں مفصل ہے، اس لئے بعد میں ترجمہ کیا جائے گا۔

[۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ، إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا﴾

[٤٧١٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِلَحْمٍ، فَرُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ، وَكَانَتْ تُعْجِبُهُ، فَنَهَشَ مِنْهَا نَهْشَةً.

ثُمَّ قَالَ: "أَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَهَلْ تَدْرُوْنَ مِمَّا ذٰلِكَ؟ يُجْمَعُ النَّاسُ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ فِيْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ، يُسْمِعُهُمُ الدَّاعِيْ، وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ، وَتَدْنُو الشَّمْسُ، فَيَبْلُغُ النَّاسَ مِنَ الْغَمِّ وَالْكَرْبِ مَالاَ يُطِيْقُوْنَ وَلاَ يَحْتَمِلُوْنَ.

فَيَقُوْلُ النَّاسُ: أَلاَ تَرَوْنَ مَا قَدْ بَلَغَكُمْ؟ أَلاَ تَنْظُرُوْنَ مَنْ يَشْفَعُ لَكُمْ إِلٰى رَبِّكُمْ؟ فَيَقُوْلُ بَعْضُ النَّاسِ لِبَعْضٍ: عَلَيْكُمْ بِآدَمَ. فَيَأْتُوْنَ آدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ لَهُ: أَنْتَ أَبُوْ الْبَشَرِ، خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُوْحِهِ، وَأَمَرَ الْمَلاَئِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ، اشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ، أَلاَ تَرَى إِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ أَلاَ تَرَى إِلٰى مَا قَدْ بَلَغَنَا؟ فَيَقُوْلُ آدَمُ: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنَّهُ قَدْ نَهَانِيْ عَنِ الشَّجَرَةِ فَعَصَيْتُهُ، نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ! اذْهَبُوْا إِلٰى غَيْرِيْ، اذْهَبُوْا إِلٰى نُوْحٍ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کی خدمت میں گوشت لایا گیا، پس آپؐ کے سامنے بکری کا دست پیش کیا گیا، اور آپ کو دست پسند تھا، چنانچہ آپ نے گوشت دانتوں سے نوچ نوچ کر کھانا شروع کیا۔

پھر فرمایا: میں قیامت کے دن لوگوں کا سردار ہونگا، اور کیا تم جانتے ہو یہ بات کیوں ہوگی؟ (آگے جواب ہے، اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ قیامت کے دن جب کوئی سفارش کے لئے تیار نہ ہوگا تو آپ اولین وآخرین کے لئے سفارش کریں گے اور وہ قبول ہوگی، اس لئے سب لوگ آپ کی سیادت تسلیم کرلیں گے) اللہ تعالیٰ تمام اگلوں پچھلوں کو ایک زمین میں اکٹھا کریں گے، پس سب لوگوں کو پکارنے والا سنائے گا، اور سب لوگوں کو نگاہ چیرے گی، اور سورج لوگوں سے قریب ہوجائے گا، پس لوگ غم اور بے چینی کی اس حالت کو پہنچیں گے جس کی وہ طاقت نہیں رکھیں گے۔ اور اس کو وہ برداشت نہیں کرسکیں گے۔

پس لوگ ایک دوسرے سے کہیں گے: کیا تم دیکھتے نہیں وہ پریشانی جو تمہیں پہنچ رہی ہے؟ کیا تم دیکھتے نہیں یعنی تلاش کرتے نہیں اس کو جو تمہارے لئے تمہارے پروردگار کے پاس سفارش کرے؟ پس لوگ ایک دوسرے سے کہیں گے: حضرت آدم علیہ السلام کے پاس چلو، وہ آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے، اور کہیں گے: آپ تمام انسانوں کے باپ ہیں،

اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دستِ مبارک سے پیدا کیا، اور آپ میں اپنی روح پھونکی (دونوں اضافتیں تشریف کے لئے ہیں) اور فرشتوں کو حکم دیا، پس انھوں نے آپ کو سجدہ کیا، اس لئے آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا نہیں دیکھتے آپ وہ حالت جس میں ہم ہیں؟ کیا نہیں دیکھتے آپ اس پریشانی کو جس تک ہم پہنچے ہوئے ہیں؟ آدم علیہ السلام جواب دیں گے: میرے پروردگار آج ناراض ہیں، ایسے ناراض کہ اس سے پہلے کبھی ایسے ناراض نہیں ہوئے، اور نہ آج کے بعد کبھی ایسے ناراض ہونگے، اور انھوں نے مجھے درخت کھانے سے منع کیا تھا، پس میں نے ان کی نافرمانی کی، اس لئے مجھے تو اپنی ہی فکر لاحق ہے، آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں، نوح علیہ السلام کے پاس جائیں۔

فَيَأْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُوْلُوْنَ: يَا نُوْحُ، إِنَّكَ أَنْتَ أَوَّلُ الرُّسُلِ إِلَى أَهْلِ الْأَرْضِ، وَقَدْ سَمَّاكَ اللّٰهُ عَبْدًا شَكُوْرًا، اشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى إِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ فَيَقُوْلُ: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنَّهُ قَدْ كَانَتْ لِيْ دَعْوَةٌ دَعَوْتُهَا عَلٰى قَوْمِيْ، نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ، اذْهَبُوْا إِلٰى غَيْرِيْ، اذْهَبُوْا إِلٰى إِبْرَاهِيْمَ.

فَيَأْتُوْنَ إِبْرَاهِيْمَ، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا إِبْرَاهِيْمُ، أَنْتَ نَبِيُّ اللّٰهِ وَخَلِيْلُهُ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ، اشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى إِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ فَيَقُوْلُ لَهُمْ: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنِّيْ قَدْ كُنْتُ كَذَبْتُ ثَلَاثَ كَذَبَاتٍ — فَذَكَرَهُنَّ أَبُوْ حَيَّانَ فِي الْحَدِيْثِ — نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ، اذْهَبُوْا إِلٰى غَيْرِيْ، اذْهَبُوْا إِلٰى مُوْسَى.

ترجمہ: پس لوگ نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور عرض کریں گے: اے نوح! آپ زمین والوں کی طرف سب سے پہلے رسول ہیں، اللہ نے آپ کا نام عبد شکور رکھا ہے (یہاں باب ہے) پس ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا نہیں دیکھتے آپ اس حالت کو جس میں ہم ہیں؟ پس وہ کہیں گے: میرے پروردگار آج ایسے ناراض ہیں کہ اس سے پہلے ایسے ناراض کبھی نہیں ہوئے اور نہ آئندہ ایسے ناراض ہونگے، اور میرے لئے ایک مقبول دعا تھی جو میں نے اپنی قوم کی ہلاکت کے لئے کرلی، میں تو اپنے ہی معاملہ میں پریشان ہوں، آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں، آپ لوگ ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں۔

پس لوگ ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے، اور کہیں گے: اے ابراہیم! آپ اللہ کے نبی ہیں اور تمام اہل زمین میں سے آپ ہی اللہ کے خاص دوست ہیں، پس آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا آپ نہیں دیکھتے وہ حالت جس میں ہم ہیں؟ پس ابراہیمؑ جواب دیں گے: میرے پروردگار آج سخت ناراض ہیں، ایسے قبل ازیں کبھی ناراض نہیں ہوئے اور بعد ازیں کبھی ایسے ناراض نہ ہونگے، اور میں نے تین خلاف واقعہ باتیں کہی ہیں —— ابوحیانؒ (راوی)

نے ان کو حدیث میں ذکر کیا —— اس لئے مجھے تو اپنی ہی فکر لاحق ہے، آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں، آپ لوگ موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں۔

فَيَأْتُوْنَ مُوْسَى فَيَقُوْلُوْنَ: يَا مُوْسَى، أَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَضَّلَكَ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهِ وَبِكَلَامِهِ عَلَى النَّاسِ، اشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ، أَمَا تَرَى إِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ فَيَقُوْلُ: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنِّيْ قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا لَمْ أُوْمَرْ بِقَتْلِهَا، نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ، اذْهَبُوْا إِلٰى غَيْرِيْ، اذْهَبُوْا إِلٰى عِيْسَى.

فَيَأْتُوْنَ عِيْسٰى فَيَقُوْلُوْنَ: يَا عِيْسَى أَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِنْهُ، وَكَلَّمْتَ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا، اشْفَعْ لَنَا أَلَا تَرَى إِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ فَيَقُوْلُ عِيْسَى: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ – وَلَمْ يَذْكُرْ ذَنْبًا – نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ، اذْهَبُوْا إِلٰى غَيْرِيْ اذْهَبُوْا إِلٰى مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: پس لوگ موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے، اور کہیں گے: اے موسیٰ! آپ اللہ کے رسول ہیں، اللہ نے آپ کو تمام لوگوں پر اپنی پیغامبری اور اپنی ہم کلامی کے ذریعہ برتری بخشی، آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا نہیں دیکھتے آپ اس حال کو جس میں ہم ہیں؟ پس وہ جواب دیں گے: میرے رب آج ایسے غضبناک ہیں کہ اس سے پہلے ایسے غضبناک نہیں ہوئے، اور نہ اس کے بعد ایسے غضبناک ہونگے، اور میں نے ایک ایسے شخص کو مار ڈالا تھا جس کے مارنے کا میں حکم نہیں دیا گیا تھا، اس لئے مجھ پر تو اپنی ہی فکر سوار ہے، آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں، آپ لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں۔

پس لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے، اور عرض کریں گے: اے عیسیٰ! آپ اللہ کے رسول اور اللہ کا بول ہیں جس کو اللہ نے مریم رضی اللہ عنہا کی طرف ڈالا، اور آپ اللہ کی روح ہیں (اضافت تشریف کے لئے ہے) اور آپ نے لوگوں سے پالنے میں بات کی ہے، پس آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا آپ نہیں دیکھتے وہ حال جس میں ہم ہیں؟ عیسیٰ علیہ السلام جواب دیں گے: آج میرے رب ایسے سخت غضبناک ہیں کہ قبل ازیں ایسے غضبناک نہیں ہوئے اور نہ بعد ازیں ایسے غضبناک ہونگے —— اور انھوں نے اپنی کسی کوتاہی کا تذکرہ نہیں کیا —— پس مجھ پر تو اپنی ہی فکر سوار ہے، آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں، آپ لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جائیں۔

فَيَأْتُوْنَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم فَيَقُوْلُوْنَ: يَا مُحَمَّدُ، أَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَخَاتِمُ الْأَنْبِيَاءِ، وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، اشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى إِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟

فَأَنْطَلِقُ فَآتِي تَحْتَ الْعَرْشِ، فَأَقَعُ سَاجِدًا لِرَبِّيْ، ثُمَّ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ مَحَامِدِهِ وَحُسْنِ الثَّنَاءِ عَلَيْهِ شَيْئًا لَمْ يَفْتَحْهُ عَلٰى أَحَدٍ قَبْلِيْ، ثُمَّ يُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، سَلْ تُعْطَهْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَرْفَعُ رَأْسِيْ. فَأَقُوْلُ: أُمَّتِيْ يَارَبِّ، أُمَّتِيْ يَارَبِّ، أُمَّتِيْ يَارَبِّ، فَيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ أَدْخِلْ مِنْ أُمَّتِكَ مَنْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْبَابِ الْأَيْمَنِ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ، وَهُمْ شُرَكَاءُ النَّاسِ فِيْمَا سِوٰى ذٰلِكَ مِنَ الْأَبْوَابِ.
ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! إِنَّ مَا بَيْنَ الْمِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيْعِ الْجَنَّةِ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَحِمْيَرَ، أَوْ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَبُصْرَى"[راجع: ۳۳۴۰]

ترجمہ: پس لوگ محمد ﷺ کے پاس آئیں گے، اور کہیں گے: اے محمد! آپ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں اور اللہ نے آپ کی وہ کوتاہیاں بخش دی ہیں جو (صلح حدیبیہ) سے پہلے ہوئی ہیں اور وہ کوتاہیاں جو بعد میں ہونگی، آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا نہیں دیکھتے آپ وہ پریشانی جس میں ہم ہیں؟ —— پس میں چلونگا اور عرش کے نیچے پہنچونگا، پس میں اپنے پروردگار کے سامنے سجدہ میں گر پڑونگا، پس اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی تعریفوں میں سے اور اپنی بہترین خوبیوں میں سے اس چیز کو کھولیں گے جس کو اللہ نے مجھ سے پہلے کسی پر نہیں کھولا، پس کہا جائے گا: محمد! اپنا سر اٹھائیے، مانگئے آپ دیئے جائیں گے، سفارش کیجئے آپ کی سفارش قبول کی جائے گی، پس میں اپنا سر اٹھاؤں گا (اور سفارش کرونگا، اللہ تعالیٰ میری سفارش قبول فرمائیں گے، پس اللہ تعالیٰ بادلوں کے سائبان میں زمین پر اتریں گے، اور فرشتے بھی اتریں گے، اور عرشِ الٰہی کو آٹھ فرشتے اٹھا کر زمین پر رکھیں گے، پھر اس کے بعد حساب شروع ہوگا، یہ مضمون ابویعلی کی مسند میں ہے، علامہ ابن کثیر نے نہایۃ البدایہ (۱:۲۴۸) میں اس کو نقل کیا ہے)

(اس کے بعد شفاعت صغری کا بیان ہے:) پس میں کہونگا: اے میرے پروردگار! میری امت! اے میرے پروردگار! میری امت! اے میرے پروردگار! میری امت! یعنی میری امت کی بخشش فرما! پس کہا جائے گا؟ اے محمد! آپ اپنی امت میں سے ان لوگوں کو جن کا کوئی حساب نہیں ہونا: جنت کے دروازوں میں سے دائیں دروازے سے داخل کریں، اور وہ لوگوں کے ساتھ شریک ہونگے اس کے علاوہ دروازوں میں —— پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! جنت کے دروازوں کے پٹوں میں سے دو پٹوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہوگا جتنا مکہ اور حمیر کے درمیان ہے یا فرمایا: جتنا مکہ اور بُصری کے درمیان ہے'' ترجمہ پورا ہوا، اور شرح تحفۃ الالمعی (۶:۲۰۴) میں ہے۔

تھوڑے وقت میں داؤد علیہ السلام زبور پڑھ لیتے تھے

سورۂ بنی اسرائیل آیت ۵۵ میں ہے: ﴿وَآتَيْنَا دَاوُدَ زَبُوْرًا﴾: اور ہم نے داؤد علیہ السلام کو زبور دی —— اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۳۰) گذری ہے کہ داؤد علیہ السلام کے لئے زبور کا پڑھنا آسان کر دیا گیا تھا، وہ سواریاں تیار کرنے کا حکم دے کر تلاوت شروع کرتے تھے اور ابھی سواریاں تیار نہیں ہوتی تھیں کہ آپ زبور پوری پڑھ لیتے تھے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَآتَيْنَا دَاوُدَ زَبُوْرًا﴾

[٤٧١٣-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "خُفِّفَ عَلٰى دَاوُدَ الْقِرَاءَةُ، فَكَانَ يَأْمُرُ بِدَابَّتِهِ لِتُسْرَجَ، فَكَانَ يَقْرَأُ قَبْلَ أَنْ يَفْرُغَ" يَعْنِيْ الْقُرْآنَ. [راجع: ٢٠٧٣]

معبود جنات ایمان لے آئے، مگر عابد انسان ان کو پوجتے رہے!

سورۃ بنی اسرائیل کی آیت ۵۶ ہے: ﴿قُلِ ادْعُوْا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِنْ دُوْنِهِ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا﴾: آپ کہیں: تم ان معبودوں کو پکار دیکھو جن کو تم نے اللہ کے علاوہ معبود بنا رکھا تھا، وہ نہ تو کسی تکلیف کو تم سے ہٹا سکتے ہیں، نہ ہی اس کو بدل سکتے ہیں! —— یعنی کسی بھی تکلیف میں ان کا تجربہ کرلو، وہ تمہاری کچھ مدد نہیں کر سکتے، نہ کوئی تکلیف دور کر سکتے ہیں نہ ہلکی کر سکتے ہیں، پھر وہ اللہ کے دردناک عذاب سے تم کو کیا بچالیں گے؟ —— بلکہ کبھی مشرکین کے معبود اللہ کے نیک بندے ہوتے ہیں، وہ اپنی پوجا کرنے والوں سے خوش نہیں ہوتے اور کبھی ان کو پتہ بھی نہیں ہوتا کہ کسی نے ان کی پوجا کی ہے، وہ ان ناہنجاروں کو عذاب الیم سے کیوں بچائیں گے!

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے آئندہ باب کی آیت کی تفسیر میں فرمایا: "کچھ انسان کچھ جنات کی پوجا کرتے تھے، پھر جنات مسلمان ہوگئے اور پجاری اپنے باطل دین ہی کو پکڑے رہے" (وہ مسلمان نہیں ہوئے، یہ معبود جو مسلمان ہوگئے: اپنے عابدوں کی کیوں مدد کریں گے؟!) یہ یحییٰ قطانؒ کی روایت ہے، اور عبید اللہ اشجعیؒ کی روایت میں باب کی آیت بھی ہے، پس حدیث کا باب کی آیت سے جوڑ بیٹھ گیا۔

[٧-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قُلِ ادْعُوْا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِنْ دُوْنِهِ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا﴾

[٤٧١٤-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿إِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ﴾ قَالَ: كَانَ نَاسٌ مِنَ الإِنْسِ يَعْبُدُوْنَ نَاسًا مِنَ الْجِنِّ، فَأَسْلَمَ الْجِنُّ، وَتَمَسَّكَ هٰؤُلَاءِ بِدِيْنِهِمْ، زَادَ الأَشْجَعِيُّ: عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الأَعْمَشِ: ﴿قُلِ ادْعُوْا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ﴾ [طرفه: ٤٧١٥]

مشرکین نے نیک بندوں کو معبود سمجھ لیا ہے جبکہ وہ اللہ کا قرب ڈھونڈھتے ہیں

سورۃ بنی اسرائیل کی آیت ۵۷ ہے: ﴿أُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ إِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ: أَيُّهُمْ أَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهُ﴾: یہ لوگ جن کو مشرکین پکارتے ہیں: وہ خود اپنے رب کی طرف رسائی کا ذریعہ تلاش کرتے

ہیں، چاہتے ہیں: کون ان میں سے اللہ سے قریب تر ہوجائے، اور وہ اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں، اور اس کے عذاب سے خائف ہیں۔

وسیلہ: تقرب حاصل کرنے کا ذریعہ یعنی ہر وہ چیز جس کو کسی چیز تک پہنچنے کا ذریعہ بنایا جائے، جیسے کنویں کی رسّی وسیلہ ہے، اس کے ذریعہ کنویں کے پانی تک پہنچا جاتا ہے —— اور اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا وسیلہ ایمان اور اعمالِ صالحہ ہیں، صالحین ایسے اعمال میں لگے رہتے ہیں جو ان کو اللہ سے قریب سے قریب تر کردیں، وہ ہر وقت اللہ کی مرضی پیش نظر رکھتے ہیں، اور احکام شرعیہ کی پابندی کرتے ہیں، پس ان کے عقیدت مندوں کے لئے تو اور بھی ضروری ہے کہ وہ اللہ کو خوش کرنے کی فکر کریں، جبکہ صورتِ حال یہ ہے کہ کچھ انسان کچھ جنات کی پوجا کرتے تھے، پھر جنات تو مسلمان ہوگئے، مگر ان کے پجاری اپنے باطل دین سے چمٹے رہے، اسی طرح مشرکین فرشتوں کو، انبیاء کو اور اولیاء کو پوجتے ہیں، حالانکہ یہ بندے ایمان کے ساتھ طاعات میں کمر بستہ ہیں، اور ان میں سے ہر ایک کوشش کرتا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اللہ سے قریب ہوجائے، مگر ان کے پجاری اپنے طریقہ سے چمٹے ہوئے ہیں، وہ برابر ان کی پوجا کررہے ہیں۔ فیا للعجب!

[۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ إِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ﴾ الآيَة.

[٤٧١٥-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِي هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ إِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ﴾ قَالَ: كَانَ نَاسٌ مِنَ الْجِنِّ كَانُوْا يُعْبَدُوْنَ فَأَسْلَمُوْا. [راجع: ٤٧١٤]

معراج بیداری میں روح اور جسم کے ساتھ ہوئی

سورۃ بنی اسرائیل آیت ۶۰ میں ہے: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾: اور ہم نے آپ کو (شبِ معراج میں) جو مشاہدہ کرایا تھا وہ لوگوں کی آزمائش ہی کے لئے تھا یعنی یہ دیکھنے کے لئے تھا کہ کون ایمان پر جمتا ہے اور کون پیچھے ہٹتا ہے؟

رُءْيَا: رَأىٰ يَرىٰ کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: بصارت یا بصیرت سے دیکھنا، نیز فُعلی کے وزن پر اسم بھی ہے، اس وقت معنی ہوتے ہیں: خواب۔ معراج کا واقعہ خواب میں پیش نہیں آیا، بیداری میں روح وجسم کے ساتھ پیش آیا ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مذکورہ آیت کی تفسیر میں فرمایا: وہ دیکھنا آنکھ کا دیکھنا تھا، جو نبی ﷺ کو شبِ معراج میں دکھایا گیا، بہ الفاظ دیگر: وہ بصارت کا دیکھنا تھا، بصیرت سے دیکھنا یعنی صرف جاننا نہیں تھا، نہ وہ خواب تھا، کیونکہ خواب دماغ کی آنکھ سے دیکھا جاتا ہے، سر کی آنکھوں سے نہیں دیکھا جاتا، اور معراج میں سر کی آنکھوں سے مشاہدہ کرایا گیا تھا۔

اور مذکورہ آیت میں مذمت کئے ہوئے درخت کا بھی ذکر ہے، اس سے مراد زقوم کا درخت ہے، یہ ایک تلخ بدبودار

درخت ہے جو جہنم میں پیدا ہوتا ہے، اس کو دوزخی کھائیں گے۔

[۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْ يَا الَّتِىْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾

[٤٧١٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْ يَا الَّتِىْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾ قَالَ: هِىَ رُؤْيَا عَيْنٍ، أُرِيَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ أُسْرِىَ بِهِ. ﴿وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ﴾: شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ. [راجع: ٣٨٨٨]

فجر کی نماز فرشتوں کی حاضری کا وقت ہے

سورۃ بنی اسرائیل آیت ۷۸ میں ہے: ﴿إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا﴾: بے شک فجر کی قراءت حاضری کا وقت ہے، حضرت مجاہدؒ نے فرمایا: فجر کی نماز مراد ہے (صرف قرآن پڑھنا مراد نہیں) اور اس کی تفصیل حدیث میں آئی ہے۔ صبح وشام فرشتوں کی ڈیوٹیاں بدلتی ہیں، اور فرشتے عصر اور فجر کی نماز میں شریک ہوتے ہیں، حاضری کے وقت کا یہی مطلب ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۵۱۱) آئی ہے۔

[۱۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا﴾

قَالَ مُجَاهِدٌ: صَلَاةَ الْفَجْرِ.

[٤٧١٧-] حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، وَابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " فَضْلُ صَلَاةِ الْجَمِيْعِ عَلَى صَلَاةِ الْوَاحِدِ خَمْسَةٌ وَعِشْرُوْنَ دَرَجَةً، وَتَجْتَمِعُ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَمَلَائِكَةُ النَّهَارِ فِىْ صَلَاةِ الصُّبْحِ" يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: اقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿وَقُرْآنَ الْفَجْرِ إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا﴾ [راجع: ٦٤٨]

مقام محمود شفاعتِ کبری کا مقام ہے

سورۃ بنی اسرائیل آیت ۷۹ میں ہے: ﴿عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا﴾: بعید نہیں کہ آپ کے پروردگار آپ کو مقام محمود (ستودہ مرتبہ) پر فائز کردیں —— مقام محمود کا لفظی ترجمہ ہے: تعریف کیا ہوا مرتبہ، اور آیتِ پاک میں شفاعت کبری کا مقام مراد ہے، قیامت کے دن جب اولین وآخرین میدانِ حشر میں اکٹھا ہونگے، اور حساب کتاب شروع نہ ہو رہا ہوگا تو ساری خلقت پریشان ہوگی، اور چاہے گی کہ کوئی بندۂ خدا سفارش کرے کہ حساب شروع ہوجائے، مگر وہ دن اس قدر ہولناک ہوگا کہ کوئی پیغمبر شفاعت کی ہمت نہ کرے گا، اس وقت نبی ﷺ شفاعت کریں گے، اس وقت ہر شخص کی زبان پر آپ کی تعریف ہوگی، یہی مقام محمود ہے، اس روز عظمتِ محمدی پوری شان کے ساتھ جلوہ گر ہوگی۔

[۱۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا﴾

[٤٧١٨-] حَدَّثَنِىْ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ آدَمَ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: إِنَّ النَّاسَ يَصِيْرُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جُثًى، كُلُّ أُمَّةٍ تَتَّبِعُ نَبِيَّهَا، يَقُوْلُوْنَ: يَا فُلَانُ اشْفَعْ، يَا فُلَانُ اشْفَعْ، حَتَّى تَنْتَهِيَ الشَّفَاعَةُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَذٰلِكَ يَوْمَ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ.

[راجع: ١٤٧٥]

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: لوگ قیامت کے دن جماعتیں ہوجائیں گے، ہرامت اپنے نبی کی پیروی کرے گی، وہ کہیں گے: اے فلاں! سفارش کیجئے، اے فلاں! سفارش کیجئے، یہاں تک کہ سفارش نبی ﷺ تک پہنچے گی، پس اس دن اللہ تعالیٰ آپؐ کو مقامِ محمود پر فائز کریں گے —— یہ حدیث پہلی مرتبہ آئی ہے، اور روایت بالمعنی ہے اور یہ روایت شفاعت کبری کی دوسری روایتوں سے ذرا مختلف ہے، اس کو واقعہ کے متعلقات کا اختلاف سمجھنا چاہئے۔ اور جُثٰی: جَثوۃ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: جماعتیں (عمدہ) مٹی کا ڈھیر بھی اسی لفظ کے معنی ہے۔

[٤٧١٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ النِّدَاءَ: اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ، آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ، وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا الَّذِىْ وَعَدْتَهُ: حَلَّتْ لَهُ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" رَوَاهُ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه سلم. [راجع ٦١٤]

حوالہ: یہ حدیث اور اس کی شرح پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۴۷۹) آئی ہے۔

فتح مکہ کے دن کعبہ شریف سے مورتیاں ہٹادی گئیں

سورۃ بنی اسرائیل آیت ۸۱ میں ہے: ﴿وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴾: اور اعلان کیجئے کہ حق آگیا اور باطل مٹا، باطل بلاشبہ مٹنے ہی والا ہے —— زَهَقَ (ف) زُهُوْقًا الباطلُ: نیست ونابود ہونا، کمزور ہونا، زَهَقَ الشیئُ: تباہ ہونا، ہلاک ہونا —— فتح مکہ کے دن کعبہ میں جو تین سو ساٹھ بت تھے: نبی ﷺ کے اشارے سے سب اوندھے منہ گر پڑے، اس وقت زبانِ مبارک پر یہ آیت تھی، اور سورۃ سبأ کی آیت ۴۹ تھی کہ حق آگیا اور باطل نہ کرنے کا رہا نہ دھرنے کا۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۴۹۷ میں) آئی ہے۔

[۱۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴾

يَزْهَقُ: يَهْلِكُ.

[٤٧٢٠-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ أَبِى نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِى مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ وَحَوْلَ الْبَيْتِ سِتُّوْنَ وَثَلاثُ مِائَةِ نُصُبٍ، فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا بِعُوْدٍ فِى يَدِهِ وَيَقُوْلُ: ﴿جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴾ ﴿جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ﴾[راجع: ٢٤٧٨]

روح کی حقیقت سمجھنا مشکل ہے

مشرکین مکہ نے یہود کے مشورہ سے روح کی حقیقت دریافت کی تھی، پس جواب نازل ہوا: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ، قُلِ الرُّوْحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّىْ وَمَا أُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيْلاً﴾: لوگ آپؐ سے روح کے متعلق پوچھتے ہیں، آپؐ جواب دیں کہ روح میرے رب کے حکم سے ایک چیز ہے، اور نہیں دیئے گئے تم مگر تھوڑا سا علم یعنی کسی بھی انسان کو اس درجہ کا علم نہیں دیا گیا کہ وہ روح کی حقیقت سمجھ سکے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۴۳۰) آئی ہے۔

[۱۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ﴾

[٤٧٢١-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَيْنَا أَنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِىْ حَرْثٍ، وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلٰى عَسِيْبٍ، إِذْ مَرَّ الْيَهُوْدُ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: سَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ، فَقَالَ: مَا رَابَكُمْ إِلَيْهِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَايَسْتَقْبِلُكُمْ بِشَيْئٍ تَكْرَهُوْنَهُ، فَقَالُوْا: سَلُوْهُ، فَسَأَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ، فَأَمْسَكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ شَيْئًا، فَعَلِمْتُ أَنَّهُ يُوْحَى إِلَيْهِ، فَقُمْتُ مَقَامِىْ، فَلَمَّا نَزَلَ الْوَحْىُ قَالَ: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ، قُلِ الرُّوْحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّىْ وَمَا أُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيْلاً﴾[راجع: ١٢٥]

قوله: فى حَرْث: کھیت میں، اور پہلے فى خَرِب: ویران جگہ میں ہے اور مسلم میں فى نخل: کھجور کے باغ میں ہے —— یہ واقعات کے متعلقات میں اختلاف ہے —— قوله: ما رَابكم إليه: یہ لفظ مشکل ہے، خطابی کے نزدیک صحیح: ما أَرَبُكم إليه ہے یعنی تمہاری اس کی طرف کیا حاجت ہے؟ یعنی تمہیں اس (روح) سے کیا لینا ہے (عمدۃ)

﴿وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ کا شانِ نزول

سورۃ بنی اسرائیل آیت ۱۱۰ میں ہے کہ آپ اپنی نماز نہ بہت زیادہ بلند آواز سے پڑھیں اور نہ بالکل ہی پست آواز سے، اور آپ ان دونوں میں درمیانی راہ اختیار کریں —— اس آیت کا شانِ نزول درج ذیل روایت میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباسؓ نے آیتِ کریمہ: ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾: کی تفسیر میں فرمایا: یہ آیت اتری ہے جبکہ رسول اللہ ﷺ مکہ میں چھپے ہوئے تھے یعنی علی الاعلان اسلام پیش نہیں کر سکتے تھے، اور جب آپ ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ نماز پڑھتے تھے تو قرآن بلند آواز سے پڑھتے تھے (دعوت کا ایک طریقہ یہ بھی ہے) پس جب مشرکین اس کو سنتے تو وہ گالیاں دیتے قرآن کو، قرآن اتارنے والے کو اور قرآن لانے والے کو، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو حکم دیا کہ آپ ﷺ نماز میں قرآن بہت بلند آواز سے نہ پڑھیں کہ مشرکین سنیں اور قرآن کو برا کہیں، اور اپنے ساتھیوں سے پوشیدہ بھی نہ کریں کہ ان کو نہ سنائیں یعنی وہ نہ سن سکیں، بلکہ دونوں میں درمیانی راہ اختیار کریں۔

تشریح: یہ حکم کفار کے درمیان ہی عمل کے لئے نہیں ہے، بلکہ عام ہے، ایک حدیث میں نبی ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا ہے کہ آپ ذرا زور سے پڑھا کریں، کیونکہ آہستہ پڑھنے سے طبیعت اکتا جاتی ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا ہے کہ آپ ذرا آہستہ پڑھیں، کیونکہ بہت بلند آواز سے پڑھنا تھکا دیتا ہے، پس معتدل راہ اختیار کرنی چاہئے، نبی ﷺ نے یہ ہدایات تہجد کی نماز کے بارے میں دی ہیں، اور فرائض میں جہر مفرط کو فقہاء نے مکروہ لکھا ہے، بلکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تو آیت کو دعا تک عام کیا ہے۔

[۱٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾

[٤٧٢٢-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْبِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ قَالَ: نَزَلَتْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُخْتَفٍ بِمَكَّةَ، كَانَ إِذَا صَلَّى بِأَصْحَابِهِ رَفَعَ صَوْتَهُ بِالْقُرْآنِ، فَإِذَا سَمِعَ الْمُشْرِكُوْنَ سَبُّوْا الْقُرْآنَ وَمَنْ أَنْزَلَهُ وَمَنْ جَاءَ بِهِ، فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالَى لِنَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ﴾ أَيْ بِقِرَاءَتِكَ، فَيَسْمَعَ الْمُشْرِكُوْنَ فَيَسُبُّوْا الْقُرْآنَ ﴿وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ عَنْ أَصْحَابِكَ فَلَا تُسْمِعُهُمْ ﴿وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا﴾ [أطرافه: ٧٤٩٠، ٧٥٢٥، ٧٥٤٧]

[٤٧٢٣-] حَدَّثَنِيْ طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ قَالَتْ: أُنْزِلَ ذٰلِكَ فِي الدُّعَاءِ. [طرفاه: ٦٣٢٧، ٧٥٢٦]

ملحوظہ: پہلی روایت میں مُخْتَفٍ: ہمارے نسخہ میں مُخْتَفِيْ (یاء کے ساتھ) ہے، فتح اور عمدہ کے نسخوں سے اور ترمذی (حدیث ۳۱۷۰) سے تصحیح کی ہے۔

﴿الحمد للہ! سورۃ بنی اسرائیل کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[۱۸] سورۃ الکھف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿تَقْرِضُهُمْ﴾: تَتْرُكُهُمْ. [۲-] ﴿وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ﴾: ذَهَبٌ وَفِضَّةٌ، وَقَالَ غَيْرُهُ: جَمَاعَةُ الثَّمَرِ. [۳-] ﴿بَاخِعٌ﴾: مُهْلِكٌ ﴿أَسَفًا﴾: نَدَمًا. [٤-] ﴿الْكَهْفِ﴾ الفَتْحُ فِي الْجَبَلِ. ﴿وَالرَّقِيْمِ﴾ الْكِتَابُ، ﴿مَرْقُوْمٌ﴾: مَكْتُوْبٌ مِنَ الرَّقْمِ. [٥-] ﴿رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ﴾: أَلْهَمْنَاهُمْ صَبْرًا. ﴿لَوْلَآ أَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا﴾ [٦-] ﴿شَطَطًا﴾: إِفْرَاطًا.

سورۃ الکھف کی تفسیر

الفاظ کے معانی

۱-آیت ۱۷ میں ہے: ﴿وَإِذَا غَرَبَتْ تَقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ﴾: اور جب سورج ڈوبتا ہے تو ان سے بائیں جانب کتراجاتا ہے، تَقْرِض: مضارع واحد مؤنث غائب، قَرَضَ قرضًا: کتراجانا، کترنا۔ مِقْراض: قینچی ـــــ مجاہدؒ نے ترجمہ کیا ہے: چھوڑ دیتا ہے سورج ان کو۔

۲-آیت ۴۳ میں ہے: ﴿وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ﴾: اور اس باغ والے کے پاس اور بھی دولت تھی، مثلاً: سونا چاندی، ثمر کے معنی پھل کے علاوہ دولت کے بھی آتے ہیں (یہ مجاہدؒ کی تفسیر ہے) ـــــ آیت میں دو قراءتیں ہیں: ثُمُر (بضمتین) اور ثَمَر (بفتحتین) اور دونوں ثمرۃ کی جمع ہیں ـــــ جماعۃُ الثمر یعنی ثُمُر (بضمتین) ثَمَر (بفتحتین) کی جمع ہے مگر یہ صحیح نہیں۔

۳-آیت ۶ میں ہے: ﴿فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَفْسَكَ عَلٰى آثَارِهِمْ إِنْ لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ أَسَفًا﴾: پس ہوسکتا ہے: اگر وہ لوگ اس بات پر ایمان نہ لائیں تو آپ ان کے پیچھے پچھتا کر اپنی جان کھودیں! ـــــ بَاخِع (اسم فاعل) بَخْعٌ مصدر: ہلاک کرنے والا ـــــ أَسَفًا: پشیمان ہوکر، مفعول لہ یا حال ہے باخع کے فاعل سے۔

۴-آیت ۹ میں ہے: ﴿أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ آيَاتِنَا عَجَبًا﴾: کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ غار والے اور نوشتہ ناموں والے ہماری نشانیوں میں سے کچھ عجیب چیز تھے؟! ـــــ الکَھْف: کھوہ، غار ـــــ غار: چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع ـــــ رَقِیم بروزن فعیل بمعنی مرقوم: لکھا ہوا، نوشتہ، سورۃ التطفیف آیت ۹ میں

مَرْقُوْم بھی رَقْم سے بمعنی کتاب: نوشتہ ہے ـــــ سیسہ کی ایک تختی: اصحابِ کہف کے نام اور حالات لکھ کر شاہی خزانہ میں رکھی گئی تھی، جیسا کہ آگے نمبر ۱۱ پر آرہا ہے۔

۵- آیت ۲۰ میں ہے: ﴿وَرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ﴾: اور ہم نے ان کے دل مضبوط کئے، صبر الہام کیا، سورۃ القصص آیت ۱۰ میں بھی یہی محاورہ استعمال کیا ہے: ﴿لَوْلَا أَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا﴾: اگر ہم موسیٰ کی والدہ کا دل مضبوط نہ کرتے۔

۶- آیت ۱۴ میں ہے: ﴿لَقَدْ قُلْنَا إِذًا شَطَطًا﴾: تب تو ہم نے بڑی بے جا بات کہی ـــــ شَطَط: نصر اور ضرب کا مصدر ہے، اس کے اصلی معنی ہیں: حد سے زیادہ دور ہونا، اور جو بات حق سے بہت دور ہو اس کو بھی شَطَطْ کہتے ہیں ـــــ إفراط: حد سے نکلنا۔

[۷-] ﴿الْوَصِيْدُ﴾: الْفِنَاءُ، وَجَمْعُهُ: وَصَائِدُ وَوُصُدٌ، وَيُقَالُ: الْوَصِيْدُ الْبَابُ. ﴿مُؤْصَدَةٌ﴾: مُطْبَقَةٌ، آصَدَ الْبَابَ وَأَوْصَدَهُ. [۸-] ﴿بَعَثْنَاهُمْ﴾: أَحْيَيْنَاهُمْ. [۹-] ﴿أَزْكٰى﴾: أَكْثَرُ، وَيُقَالُ: أَحَلُّ، وَيُقَالُ: أَكْثَرُ رَيْعًا. [۱۰-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿أُكُلَهَا﴾: ثَمَرَهَا ﴿وَلَمْ تَظْلِمْ﴾: لَمْ تَنْقُصْ. [۱۱-] وَقَالَ سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿الرَّقِيْمِ﴾ اللَّوْحُ مِنْ رَصَاصٍ، كَتَبَ عَامِلُهُمْ أَسْمَاءَ هُمْ، ثُمَّ طَرَحَهُ فِيْ خِزَانَتِهِ. [۱۲-] فَضَرَبَ اللّٰهُ عَلٰى آذَانِهِمْ فَنَامُوْا. [۱۳-] وَقَالَ غَيْرُهُ: وَأَلَتْ تَئِلُ: تَنْجُوْ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَوْئِلًا﴾ مَحْرِزًا. [۱٤-] ﴿لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا﴾ لَا يَعْقِلُوْنَ.

۷- آیت ۱۸ میں ہے: ﴿وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ﴾: اور ان کا کتا غار کے دہانے پر ہاتھ پھیلائے بیٹھا ہے ـــــ الوَصِيْد (اسم) گھر کا صحن، جمع: وَصَائِد اور وُصُد، اور کہا گیا کہ الوصید: گھر کی دہلیز ہے ـــــ اور سورۃ ہمزہ آیت ۸ میں ہے: ﴿إِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُؤْصَدَةٌ﴾: بے شک آگ ان پر بند کی ہوئی ہوگی، مُطْبَقَة: ڈھانکی ہوئی، أَطْبَقَ الشیئُ الشیئَ: ڈھانپنا ـــــ آصَدَ الباب اور أَوْصَدَ الباب: دروازہ بند کرنا۔

۸- آیت ۱۹ میں ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ بَعَثْنَاهُمْ﴾: اور اسی طرح ہم نے ان کو اٹھایا: (۱) زندہ کیا (۲) نیند سے بیدار کیا۔

۹- اسی آیت میں ہے: ﴿أَيُّهَا أَزْكٰى طَعَامًا﴾: ان میں سے کونسا ستھرا کھانا ہے ـــــ أزکی کے تین ترجمے کئے ہیں: (۱) زیادہ (۲) حلال (۳) بڑھوتری (نما) کے اعتبار سے زیادہ ـــــ اور زکات سے لیا جائے تو ستھرا ترجمہ ہوگا۔

۱۰- آیت ۳۳ میں ہے: ﴿كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِنْهُ شَيْئًا﴾: دونوں ہی باغ خوب پھلے، اور بار آور ہونے میں انھوں نے ذرا کمی نہیں کی ـــــ ابن عباسؓ نے أُكُل کا ترجمہ پھل کیا ہے، اور لم تظلم کے معنی: لم تنقص: کئے ہیں، یعنی کمی نہیں کی۔

۱۱- حضرت ابن عباسؓ نے الرقیم کے جو معنی کئے ہیں وہ نمبر ۴ پر بیان کردیئے گئے ہیں۔

۱۲- آیت ۱۱ میں ہے: ﴿فَضَرَبْنَا عَلٰى آذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا﴾: پس ہم نے اس غار میں ان کے کانوں کو سالہا سال تک تھپک دیا، یعنی وہ سو گئے، پس بعثناھم کا ترجمہ ہے: بیدار کیا۔

۱۳- آیت ۵۸ میں ہے: ﴿بَلْ لَّهُمْ مَوْعِدٌ لَّنْ يَجِدُوْا مِنْ دُوْنِهِ مَوْئِلًا﴾: بلکہ ان کے لئے ایک وعدہ ہے، وہ اس سے ورے ہرگز کوئی سرک جانے کی جگہ نہیں پائیں گے —— مجاہد رحمہ اللہ نے مَوْئلاً کا ترجمہ مَحْرِزًا کیا ہے، حفاظت کی جگہ، بچاؤ کی جگہ —— مَوْئِل: (اسم ظرف): جائے پناہ، لوٹنے کی جگہ وَأَلَ يَئِلُ وأْلاً من كذا: نجات ڈھونڈھنا وَأَلَ إليه: پناہ لینا، وَأَلَ إلى الله: رجوع کرنا، توبہ کرنا۔

۱۴- آیت ۱۰۱ میں ہے: ﴿وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا﴾: اور وہ سننے کی طاقت نہیں رکھتے تھے یعنی بات سمجھتے نہیں تھے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ الْإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا﴾

[۴۷۲۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ: أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَرَقَهُ وَفَاطِمَةَ وَقَالَ: "أَلَا تُصَلِّيَانِ"[راجع: ۱۱۲۷]

انسان بڑا جھگڑالو ہے!

آیت ۵۴ میں ہے: ﴿وَكَانَ الْإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا﴾: اور انسان ہر چیز سے زیادہ جھگڑالو ہے —— حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما سے نبی ﷺ نے تہجد پڑھنے کے لئے کہا تو حضرت علیؓ نے جواب دیا: ہماری جانیں اللہ کے قبضہ میں ہیں، جب اللہ ہمیں اٹھانا چاہتے ہیں: ہم اٹھتے ہیں۔ یہ جواب سن کر آپؐ اپنی ران پر ہاتھ مارتے ہوئے چل دیئے کہ انسان بڑا ہی جھگڑالو واقع ہوا ہے (یہ واقعہ تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۳۵۰) آچکا ہے)

[-۱۵] ﴿رَجْمًا بِالْغَيْبِ﴾: لَمْ يَسْتَبِنْ. [-۱۶] ﴿فُرُطًا﴾: نَدَمًا. [-۱۷] ﴿سُرَادِقُهَا﴾: مِثْلُ السُّرَادِقِ وَالْحُجْرَةِ الَّتِىْ تُطِيْفُ بِالْفَسَاطِيْطِ. [-۱۸] ﴿يُحَاوِرُهُ﴾ مِنَ الْمُحَاوَرَةِ. [-۱۹] ﴿لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّىْ﴾: أَىْ لٰكِنْ أَنَا هُوَ اللّٰهُ رَبِّىْ، ثُمَّ حَذَفَ الْأَلِفَ وَأَدْغَمَ إِحْدَى النُّوْنَيْنِ فِى الْأُخْرَى. [-۲۰] ﴿زَلَقًا﴾: لَايَثْبُتُ فِيْهِ قَدَمٌ. [-۲۱] ﴿هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ﴾: مَصْدَرُ الْوَلِىِّ. [-۲۲] ﴿عُقْبًا﴾: عَاقِبَةٌ وَعُقْبَى وَعَقِبَةٌ وَاحِدٌ، وَهِىَ الْآخِرَةُ. [-۲۳] قِبَلًا و﴿قُبُلًا﴾ وَقَبَلًا: اسْتِئْنَافًا. [-۲۴] ﴿لِيُدْحِضُوْا﴾: لِيُزِيْلُوْا، الدَّحْضُ: الزَّلَقُ.

۱۵- آیت ۲۲ میں ہے: ﴿رَجْمًا بِالْغَيْبِ﴾: نشانہ دیکھے بغیر پتھر پھینکنا، اٹکل پچو تیر چلانا، لم يَسْتَبِن: ظاہر اور واضح نہیں ہوا یعنی یہ دونوں قول ایسے ہیں جیسے کوئی بے نشانہ دیکھے تیر چلائے، سمجھے بغیر بات ہانک دے!

۱۶- آیت ۲۸ میں ہے: ﴿وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا﴾: اوراس کا معاملہ حد سے گذرا ہوا تھا ـــــ الفُرُط (وصف یا مصدر): حد سے گذرا ہوا، چھوڑا ہوا کام، فَرَطَ (ن) فی الأمر: کوتاہی کرنا ندَمًا: پچھتانا (یہ لازمی معنی سے تفسیر ہے)

۱۷- آیت ۳۸ میں ہے: ﴿أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا﴾: اُس آگ کی قناتیں ان کو گھیرے ہوئے ہیں ـــــ سُرَادِق: مفرد، جمع سُرَادِقَات، یہ لفظ معرب ہے، سرادق: ہر وہ چیز جو کسی چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہو، خواہ چہار دیواری ہو یا شامیانہ یا خیمہ ـــــ فرمایا: سرادق: جیسے قنات اور دیوار جو بڑے خیموں کو گھیرتی ہے۔

۱۸- آیت ۳۴ میں ہے: ﴿فَقَالَ لِصَاحِبِهِ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ﴾: پس وہ اپنے ساتھی سے باتیں کرتے ہوئے کہنے لگا ـــــ يُحَاوِر: از باب مفاعلہ، حَاوَرَهُ: گفتگو کرنا، جواب دینا۔

۱۹- آیت ۳۸ ہے: ﴿لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَا أُشْرِكُ بِرَبِّيْ أَحَدًا﴾: رہا میں تو میرے پروردگار وہی اللہ تعالیٰ ہیں، اور میں ان کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا ـــــ لٰكِنَّا: دو لفظ ہیں: لٰكِنْ (حرف استدراک) اور أنا (ضمیر واحد متکلم) ہمزہ کو خلافِ قیاس اس کی حرکت کے ساتھ حذف کر دیا، پھر نون کا نون میں ادغام کیا، اور أنَا کا الف حالت وصل میں نہیں پڑھا جاتا، اور لٰكِنْ بے عمل ہے اور اس میں جو أنَا ہے وہ مبتدا اول ہے، هو مبتدا ثانی، الله مبتدا ثابت اور رَبِّيْ خبر۔

۲۰- آیت ۴۰ میں ہے: ﴿فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا﴾: پس ہو جائے وہ صاف میدان ـــــ الزَّلَق: پھسلن کی جگہ، چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو، پڑا یعنی ایسی صاف زمین جس پر پیر پھسلنے لگیں، زَلِقَ (س، ن) زَلَقًا: پھسلنا۔

۲۱- آیت ۴۴ میں ہے: ﴿هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ﴾: ایسے مواقع پر مدد کرنا بس اللہ برحق کا کام ہے ـــــ الوَلاية (مصدر) وَلِيَ يَلِي وِلَايَة ووَلَاية الشيئَ وعلى الشيئ: والی ہونا، متصرف ہونا، کارساز ہوا۔

۲۲- پھر اسی آیت میں ہے: ﴿هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَخَيْرٌ عُقْبًا﴾: انہی کا انعام بہتر ہے اور انہی کا ظاہر کیا ہوا انجام بخیر ہے ـــــ یعنی جو مآل کار ظاہر فرمائیں وہی بندے کے حق میں بہتر ہے عُقْب: بدلہ، جزاء، ثواب ـــــ تین لفظ ہم معنی ہیں: عَاقِبة، عُقْبٰی اور عَقِبَة، اور معنی ہیں: آخرت۔

۲۳- آیت ۵۵ میں ہے: ﴿أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا﴾: یا از سر نو عذاب ان کو پہنچے یعنی ایسا عذاب آئے کہ ویسا پہلے کبھی نہ آیا ہو ـــــ قِبَل (بکسر ففتح) اور قُبُلا (بضمتین) اور قَبَلا (بفتحتین): تینوں کے معنی ہیں: از سر نو۔

۲۴- آیت ۵۶ میں ہے: ﴿وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ﴾: اور کافر ناحق کا جھگڑا کھڑا کرتے ہیں تاکہ وہ اس کے ذریعہ سچی بات کو ٹلا دیں ـــــ اِدْحَاض (افعال) پھسلانا، ٹلانا، دَحَضَتْ رِجلُه: اس کا پاؤں پھسل گیا، مکانٌ دَحْض: پھسلنے کی جگہ حُجَّةٌ دَاحِضَة: باطل دلیل۔ الزَّلَق: پھسلن۔

حضرتِ خضر سے ملنے کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام گئے تھے

سورۃ الکہف آیا ۶۰-۸۴ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تعلیمی سفر نامہ ہے، یہود نے اس واقعہ کو اپنے پیغمبر کی کسر شان

سمجھا، چنانچہ انھوں نے اس واقعہ کو ایک فرضی موسیٰ کے نام جوڑ دیا۔ نوف بِکالی نے کہا: یہ واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نہیں ہے، بلکہ وہ ایک دوسرے موسیٰ ہیں جن کے والد کا نام میشان ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام عمران ہے۔ حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے نوف بکالی کی بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ذکر کی تو انھوں نے نوف کی بات کی پرزور تردید کی، اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث سنائی۔ یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۴۱۹) آچکی ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتّٰى أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِىَ حُقُبًا﴾ زَمَانًا، وَجَمْعُهُ: أَحْقَابٌ.

لغت: حُقُب: زمانہ کی ایک مقررہ مدت، مجازی معنی: مدت دراز اور غیر منقطع زمانہ، جمع أَحْقَاب، جیسے عُنُق کی جمع أَعْنَاق ـــــ اور جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے خادم سے کہا: میں برابر چلتا رہونگا یہاں تک کہ دو دریاؤں کے سنگم پر پہنچ جاؤں یا ایک عمر بیت جائے یعنی منزل پر پہنچ کر ہی دم لونگا یا صدیاں چلتا رہونگا ہمت نہ ہارونگا۔

[٤٧٢٥-] حدثنا الْحُمَيْدِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ ابْنُ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِىَّ يَزْعُمُ أَنَّ مُوْسَى صَاحِبَ الْخَضِرِ لَيْسَ هُوَ مُوْسَى صَاحِبَ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ! حَدَّثَنِىْ أُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ مُوْسٰى قَامَ خَطِيْبًا فِىْ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ، فَسُئِلَ: أَىُّ النَّاسِ أَعْلَمُ؟ فَقَالَ: أَنَا، فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ أَنَّ لِىْ عَبْدًا بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ، قَالَ مُوْسٰى: يَارَبِّ فَكَيْفَ لِىْ بِهِ؟ قَالَ: تَأْخُذُ مَعَكَ حُوْتًا فَتَجْعَلُهُ فِىْ مِكْتَلٍ، فَحَيْثُمَا فَقَدْتَ الْحُوْتَ فَهُوَ ثَمَّ.

فَأَخَذَ حُوْتًا فَجَعَلَهُ فِىْ مِكْتَلٍ، ثُمَّ انْطَلَقَ، وَانْطَلَقَ مَعَهُ بِفَتَاهُ يُوْشَعَ بْنِ نُوْنٍ، حَتّٰى إِذَا أَتَيَا الصَّخْرَةَ وَضَعَا رُءُ وْسَهُمَا فَنَامَا، وَاضْطَرَبَ الْحُوْتُ فِى الْمِكْتَلِ، فَخَرَجَ مِنْهُ، فَسَقَطَ فِى الْبَحْرِ ﴿فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهُ فِى الْبَحْرِ سَرَبًا﴾ وَأَمْسَكَ اللّٰهُ عَنِ الْحُوْتِ جِرْيَةَ الْمَاءِ، فَصَارَ عَلَيْهِ مِثْلَ الطَّاقِ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ نَسِىَ صَاحِبُهُ أَنْ يُخْبِرَهُ بِالْحُوْتِ، فَانْطَلَقَا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمَا وَلَيْلَتَهُمَا، حَتّٰى إِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ ﴿قَالَ﴾ مُوْسٰى: ﴿لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَآءَ نَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا﴾ [الكهف: ٦٢] قَالَ: وَلَمْ يَجِدْ مُوْسٰى النَّصَبَ حَتّٰى جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِىْ أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ، فَقَالَ لَهُ فَتَاهُ: ﴿أَرَءَ يْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَا أَنْسَانِيْهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ، وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهُ فِى الْبَحْرِ عَجَبًا﴾ [الكهف: ٦٣] قَالَ: فَكَانَ لِلْحُوْتِ سَرَبًا وَلِمُوْسٰى وَفَتَاهُ عَجَبًا، فَقَالَ مُوْسٰى: ﴿ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا قَصَصًا﴾ [الكهف: ٦٤] قَالَ: رَجَعَا يُقَصَّانِ آثَارَهُمَا حَتّٰى انْتَهَيَا إِلَى الصَّخْرَةِ، فَإِذَا رَجُلٌ مُسَجًّى

ثَوْبًا، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ مُوْسٰى، فَقَالَ الْخَضِرُ: وَأَنّٰى بِأَرْضِكَ السَّلَامُ؟ قَالَ: أَنَا مُوْسٰى. قَالَ: مُوْسٰى بَنِى إِسْرَائِيْلَ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَتَيْتُكَ لِتُعَلِّمَنِىْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿قَالَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا﴾ [الكهف: ٦٧] يَامُوْسٰى إِنِّىْ عَلٰى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِيْهِ لَاتَعْلَمُهُ أَنْتَ، وَأَنْتَ عَلٰى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَكَ اللّٰهُ لَا أَعْلَمُهُ، فَقَالَ مُوْسٰى: ﴿سَتَجِدُنِىْ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَلَا أَعْصِىْ لَكَ أَمْرًا﴾ [الكهف: ٦٩] فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ: ﴿فَإِنِ اتَّبَعْتَنِىْ فَلَا تَسْئَلْنِىْ عَنْ شَيْئٍ حَتّٰى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ۝ فَانْطَلَقَا﴾ يَمْشِيَانِ عَلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ، فَمَرَّتْ سَفِيْنَةٌ فَكَلَّمُوْهُ أَنْ يَحْمِلُوْهُم، فَعَرَفُوْا الْخَضِرَ، فَحَمَلُوْهُ بِغَيْرِ نَوْلٍ، فَلَمَّا رَكِبَا فِى السَّفِيْنَةِ، لَمْ يَفْجَ إِلَّا وَالْخَضِرُ قَدْ قَلَعَ لَوْحًا مِنْ أَلْوَاحِ السَّفِيْنَةِ بِالْقَدُوْمِ، فَقَالَ لَهُ مُوْسٰى: قَوْمٌ قَدْ حَمَلُوْنَا بِغَيْرِ نَوْلٍ، عَمَدْتَ إِلٰى سَفِيْنَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا ﴿لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا ۝ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ۝ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِىْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِىْ مِنْ أَمْرِىْ عُسْرًا﴾ [الكهف: ٧١-٧٣] قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " فَكَانَتِ الْأُوْلٰى مِنْ مُوْسَى نِسْيَانًا، قَالَ: وَجَاءَ عُصْفُوْرٌ فَوَقَعَ عَلٰى حَرْفِ السَّفِيْنَةِ فَنَقَرَ فِى الْبَحْرِ نَقْرَةً، فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ: مَا عِلْمِىْ وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ إِلَّا مِثْلُ مَا نَقَصَ هٰذَا الْعُصْفُوْرُ مِنْ هٰذَا الْبَحْرِ، ثُمَّ خَرَجَا مِنَ السَّفِيْنَةِ، فَبَيْنَمَا هُمَا يَمْشِيَانِ عَلٰى السَّاحِلِ، إِذْ أَبْصَرَ الْخَضِرُ غُلَامًا يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ، فَأَخَذَ الْخَضِرُ رَأْسَهُ بِيَدِهِ فَاقْتَلَعَهُ بِيَدِهِ فَقَتَلَهُ. فَقَالَ لَهُ مُوْسٰى: ﴿أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَاكِيَةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا ۝ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا﴾ [الكهف: ٧٤-٧٥] قَالَ: وَهٰذَا أَشَدُّ مِنَ الْأُوْلٰى، ﴿قَالَ إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْئٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِىْ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّىْ عُذْرًا ۝ فَانْطَلَقَا حَتّٰى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَآ أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُرِيْدُ أَنْ يَنْقَضَّ﴾ [الكهف: ٧٦-٧٧] - قَالَ: مَائِلٌ- فَقَامَ الْخَضِرُ ﴿فَأَقَامَهُ﴾ بِيَدِهِ، فَقَالَ مُوْسٰى: قَوْمٌ أَتَيْنَاهُمْ فَلَمْ يُطْعِمُوْنَا،وَلَمْ يُضَيِّفُوْنَا، ﴿لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا ۝ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِىْ وَبَيْنِكَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ذٰلِكَ تَأْوِيْلُ مَالَمْ تَسْطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا﴾ [الكهف: ٧٧-٨٢] فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " وَدِدْنَا أَنَّ مُوْسٰى كَانَ صَبَرَ حَتّٰى يَقُصَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا مِنْ خَبَرِهِمَا "

قَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ: فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ: " وَكَانَ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا " وَكَانَ يَقْرَأُ: " وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا وَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ "[راجع: ٧٤]

وضاحتیں: قوله: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ! دشمنِ خدا نے غلط کہا، یہ تغلیظ ہے، سختی سے تردید کی ہے، ورنہ نوف بکالی اچھے مسلمان تھے .... عَتَبَ: اظہار ناراضگی کیا .... جِرْيَةَ الماءِ: پانی کا بہاؤ .... نَوْلٌ: کشتی کا کرایہ .... لَمْ يَفْجَ: اچانک پیش نہیں آیا فَجَأَه الأمر (ف) فَجْئًا: اچانک پیش آنا، غیر متوقع طور پر آنا .... القَدُوم: بسولا (جس

سے لکڑی تراشی جاتی ہے)..........وهذا أَشَدُّ من الأُولی: یہ پہلے سے زیادہ سخت ہے یعنی اس مرتبہ زیادہ ناراضگی کا اظہار کیا ہے، اس مرتبہ لك بڑھایا ہے..........قال: مائل: راوی نے کہا دیوار جھک رہی تھی۔

دو دریاؤں کے سنگم پر دونوں اپنی مچھلی بھول گئے

سورۃ الکهف آیت ۶۱ میں ہے: ''پھر جب وہ دونوں دو دریاؤں کے سنگم پر پہنچے تو دونوں اپنی مچھلی بھول گئے، پس اس نے دریا میں سرنگ نما راہ بنالی'' —— دریاؤں کے سنگم پر پہنچ کر دونوں ایک پتھر پر سر رکھ کر سو گئے، اور سستا کر آگے کی راہ لی، اور مچھلی والا تھیلا دونوں وہیں بھول گئے، ان کے روانہ ہونے کے بعد مچھلی زندہ ہو کر سمندر میں چلی گئی، اور جس راستہ سے گئی تھی وہاں سرنگ نما سوراخ بن گیا، جب واپس لوٹے تو اسی سوراخ سے پہچانا کہ یہی وہ چٹان ہے جس پر ہم سوئے تھے۔

لغت: السَّرَبُ: راستہ، مَذْهَب: راستہ، جانے کی جگہ —— سَرَبَ (ن) الماءُ: پانی کا جاری ہونا، سَرَبَ الرجلُ: چلنا، یَسْلُكُ: چلتا ہے، اسی سے سورۃ الرعد آیت ۱۰ میں ہے: ﴿وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ﴾: اور جو دن میں پھرنے والا ہے۔

اور حدیث پہلے دو جگہ آئی ہے (حدیث ۲۲۶۷، ۲۷۲۸) مگر مختصر آئی ہے، یہاں مفصل ہے اس لئے ترجمہ کیا جائے گا۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا﴾

مَذْهَبًا، يَسْرَبُ: يَسْلُكُ، وَمِنْهُ: ﴿وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ﴾ [الرعد: ١٠]

[٤٧٢٦-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ: أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يَعْلَى بْنُ مُسْلِمٍ، وَعَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ - يَزِيْدُ أَحَدُهُمَا عَلَى صَاحِبِهِ - وَغَيْرُهُمَا قَدْ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُهُ عَنْ سَعِيْدٍ، قَالَ: إِنَّا لَعِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ بَيْتِهِ، إِذْ قَالَ: سَلُوْنِيْ، قُلْتُ: أَيْ أَبَا عَبَّاسٍ - جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ! - بِالْكُوْفَةِ رَجُلٌ قَاصٌّ يُقَالُ لَهُ: نَوْفٌ، يَزْعُمُ أَنَّهُ لَيْسَ بِمُوْسَى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، أَمَّا عَمْرٌو فَقَالَ لِيْ: قَالَ: قَدْ كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ! وَأَمَّا يَعْلَى فَقَالَ لِيْ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: حَدَّثَنِيْ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مُوْسَى رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ، قَالَ: ذَكَّرَ النَّاسَ يَوْمًا، حَتّٰى إِذَا فَاضَتِ الْعُيُوْنُ، وَرَقَّتِ الْقُلُوْبُ وَلّٰى، فَأَدْرَكَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلْ فِي الْأَرْضِ أَحَدٌ أَعْلَمُ مِنْكَ؟ قَالَ: لَا، فَعَتَبَ عَلَيْهِ إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَى اللّٰهِ، قِيْلَ: بَلٰى! قَالَ: أَيْ رَبِّ! وَأَيْنَ؟ قَالَ: بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ، قَالَ: أَيْ رَبِّ اجْعَلْ لِيْ عَلَمًا أَعْلَمُ ذٰلِكَ مِنْهُ"

ترجمہ: ابن جریجؒ کہتے ہیں: مجھ سے یعلی بن مسلمؒ نے اور عمرو بن دینارؒ نے حدیث بیان کی سعید بن جبیرؒ سے روایت کرتے ہوئے —— اضافہ کرتا ہے ان میں سے ایک اپنے ساتھی پر یعنی دونوں کی حدیثیں کم و بیش ہیں —— اور ان دونوں کے علاوہ نے (بھی) مجھے خبر دی، سنا میں نے اس غیر کو بیان کرتا ہے وہ حدیث سعیدؒ سے روایت کرتے ہوئے —— سعیدؒ

نے کہا: ہم ابن عباسؓ کے پاس ان کے گھر میں تھے، اچانک انھوں نے کہا: مجھ سے پوچھو، میں نے کہا: اے ابوالعباس! (یہ بھی ابن عباسؓ کی کنیت ہے) مجھے اللہ تعالیٰ آپ پر نثار کریں! کوفہ میں ایک واعظ ہے، اس کو نوف کہا جاتا ہے، وہ کہتا ہے کہ وہ بنی اسرائیل والے موسیٰ نہیں تھے —— رہے عمرو بن دینارؒ تو انھوں نے مجھ سے (ابن جریج سے) کہا: ابن عباسؓ نے کہا: اللہ کے دشمن نے بالکل جھوٹ کہا! —— اور رہے یعلی بن مسلمؒ تو انھوں نے مجھ سے (ابن جریج سے) کہا کہ ابن عباسؓ نے فرمایا: مجھ سے ابی بن کعبؓ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (وہ) اللہ کے رسول موسیٰ علیہ السلام ہیں، انھوں نے کہا: موسیٰ علیہ السلام نے ایک دن لوگوں کے سامنے وعظ کہا، یہاں تک کہ جب آنکھیں اشک بار ہوگئیں اور دل نرم پڑ گئے تو موسیٰ نے پیٹھ پھیری یعنی مجلس سے روانہ ہوگئے، پس ان کو ایک آدمی نے پایا یعنی ان سے ملا اور پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا زمین میں آپ سے زیادہ بھی کوئی جاننے والا ہے؟ موسیٰ نے کہا: نہیں! پس اللہ تعالیٰ نے اظہار ناراضگی کیا، جب انھوں نے علم کو اللہ کی طرف نہیں پھیرا یعنی اللہ أعلم نہیں کہا۔ (ان سے) کہا گیا: کیوں نہیں! یعنی آپ سے زیادہ جاننے والا ہے، موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! اور کہاں ہے وہ؟ فرمایا: دو دریاؤں کے سنگم پر ہے، موسیٰ نے عرض کیا: اے رب میرے لئے کوئی نشانی مقرر کیجئے کہ جانوں میں وہ بات اس سے یعنی جو علم میں نہیں جانتا اس سے سیکھوں!

فَقَالَ لِيْ عَمْرٌو: قَالَ: " حَيْثُ يُفَارِقُكَ الْحُوْتُ" وَقَالَ لِيْ يَعْلٰى: قَالَ: " خُذْنُوْنًا مَيِّتًا حَيْثُ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ، فَأَخَذَ حُوْتًا فَجَعَلَهُ فِي مِكْتَلٍ، فَقَالَ لِفَتَاهُ: لَا أُكَلِّفُكَ إِلَّا أَنْ تُخْبِرَنِيْ بِحَيْثُ يُفَارِقُكَ الْحُوْتُ، قَالَ: مَا كَلَّفْتَ كَثِيْرًا، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿وَإِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتَاهُ﴾ يُوْشَعَ بْنِ نُوْنٍ – لَيْسَتْ عَنْ سَعِيْدٍ – قَالَ: فَبَيْنَمَا هُوَ فِي ظِلِّ صَخْرَةٍ فِيْ مَكَانٍ ثَرْيَانَ، إِذْ تَضَرَّبَ الْحُوْتُ، وَمُوْسٰى نَائِمٌ، فَقَالَ فَتَاهُ: لَاأُوْقِظُهُ، حَتّٰى إِذَا اسْتَيْقَظَ نَسِيَ أَنْ يُخْبِرَهُ، وَتَضَرَّبَ الْحُوْتُ، حَتّٰى دَخَلَ الْبَحْرَ، فَأَمْسَكَ اللّٰهُ عَنْهُ جِرْيَةَ الْبَحْرِ، حَتّٰى كَأَنَّ أَثَرَهُ فِي حَجَرٍ – قَالَ لِيْ عَمْرٌو: هٰكَذَا كَأَنَّ أَثَرَهُ فِيْ حَجَرٍ، وَحَلَّقَ بَيْنَ إِبْهَامَيْهِ وَاللَّتَيْنِ تَلِيَانِهِمَا – ﴿لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا﴾ قَالَ: قَدْ قَطَعَ اللّٰهُ عَنْكَ النَّصَبَ – لَيْسَتْ هٰذِهِ عَنْ سَعِيْدٍ أَخْبَرَهُ – فَرَجَعَا فَوَجَدَا خَضِرًا.

ترجمہ: پس مجھ سے عمرو بن دینارؒ نے کہا: انھوں نے کہا: ''جہاں مچھلی تم سے جدا ہوجائے'' (وہاں وہ بندہ ملے گا) اور مجھ سے یعلی بن مسلمؒ نے کہا: انھوں نے کہا: آپ ایک مری ہوئی مچھلی لیں، جہاں اس میں روح پھونکی جائے (وہاں وہ بندہ ملے گا) پس انھوں نے ایک مچھلی لی، اور اس کو ایک بڑے تھیلے میں رکھا، اور اپنے خادم سے کہا: میں تجھے مکلّف نہیں بناتا مگر اس بات کا کہ تو مجھے بتلائے جہاں مچھلی تجھ سے جدا ہوجائے، اس نے کہا: آپ نے مجھے کسی مشکل کام کا مکلّف نہیں بنایا یعنی یہ کوئی بڑی بات نہیں! یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''اور جب موسیٰ نے اپنے خادم یوشع بن نون سے کہا'' —— خادم کے نام

کی تعیین حضرت سعیدؒ سے مروی نہیں —— اس نے کہا: پس دریں اثناء کہ وہ ایک چٹان کے سایے میں تھے، ایک نمناک جگہ میں: اچانک مچھلی تڑپی، اور موسیٰ سوئے ہوئے تھے، پس ان کے خادم نے (دل میں) کہا: میں آپ کو بیدار نہیں کرتا (جب آپ خود بیدار ہونگے تب بتلاؤنگا) یہاں تک کہ جب وہ بیدار ہوئے تو خادم ان کو بتلانا بھول گیا، اور مچھلی تڑپی یہاں تک کہ وہ سمندر میں چلی گئی، پس اللہ تعالیٰ نے اس سے پانی کا بہاؤ روک دیا، یہاں تک کہ گویا مچھلی کا اثر پتھر میں ہے یعنی جس طرح پتھر میں سوراخ ہوتا ہے: پانی میں سوراخ ہوگیا —— مجھ سے عمرو بن دینارؒ نے کہا: اس طرح گویا مچھلی کا اثر پتھر میں ہے، اور انھوں نے حلقہ بنایا اپنے دونوں انگوٹھوں اور ان دو انگلیوں سے جو انگوٹھوں سے ملی ہوئی ہیں یعنی شہادت کی انگلی سے یعنی دونوں ہاتھوں سے حلقہ بنا کر دکھایا کہ اس طرح سوراخ بن گیا —— "بخدا! آج کے سفر میں تو ہم تھک گئے!" انھوں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے آپ سے تھکن کو کاٹ دیا تھا، یعنی آج تک آپ تھکے نہیں تھے، آج پہلی مرتبہ تھکن محسوس کی —— نہیں ہے یہ بات سعیدؒ سے مروی، بتلائی ہو انھوں نے (یہ بات) عمرو کو، بلکہ کسی اور استاذ سے انھوں نے یہ بات روایت کی ہے) پس دونوں لوٹے اور دونوں نے خضر کو پایا۔

قَالَ لِيْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ سُلَيْمَانَ: عَلٰى طِنْفِسَةٍ خَضْرَاءَ عَلٰى كَبِدِ الْبَحْرِ قَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ: مُسَجًّى بِثَوْبِهِ، قَدْ جَعَلَ طَرَفَهُ تَحْتَ رِجْلَيْهِ، وَطَرَفَهُ تَحْتَ رَأْسِهِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ مُوْسٰى، فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ، وَقَالَ: هَلْ بِأَرْضِيْ مِنْ سَلَامٍ؟ مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا مُوْسٰى، قَالَ: مُوْسٰى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا شَأْنُكَ؟ قَالَ: جِئْتُ لِتُعَلِّمَنِيْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا. قَالَ: أَمَا يَكْفِيْكَ أَنَّ التَّوْرَاةَ بِيَدَيْكَ، وَأَنَّ الْوَحْيَ يَأْتِيْكَ؟ يَا مُوْسٰى! إِنَّ لِيْ عِلْمًا لَا يَنْبَغِيْ لَكَ أَنْ تَعْلَمَهُ، وَإِنَّ لَكَ عِلْمًا لَايَنْبَغِيْ لِيْ أَنْ أَعْلَمَهُ، فَأَخَذَ طَائِرٌ بِمِنْقَارِهِ مِنَ الْبَحْرِ، وَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا عِلْمِيْ وَعِلْمُكَ فِيْ جَنْبِ عِلْمِ اللّٰهِ إِلَّا كَمَا أَخَذَ هٰذَا الطَّائِرُ بِمِنْقَارِهِ مِنَ الْبَحْرِ.

ترجمہ: مجھ سے عثمان بن ابی سلیمانؒ نے کہا: (یہ غیرھما کا مصداق ہیں): (پایا دونوں نے خضر کو) سبز قالین پر سمندر کے جگر پر یعنی پانی پر سوئے ہوئے تھے، سعید بن جبیرؒ نے کہا: اپنا کپڑا اوڑھے ہوئے، اس کی ایک جانب انھوں نے اپنے دونوں پیروں کے نیچے دبا رکھی تھی، اور اس کی دوسری جانب اپنے سر کے نیچے (دبا رکھی تھی) پس موسیٰ نے ان کو سلام کیا، انھوں نے اپنا چہرہ کھولا، اور کہا: کیا میرے علاقہ میں سلام ہے؟ یعنی اس علاقہ میں تو مسلمان نہیں جو سلام کریں، تم کون ہو؟ کہا: میں موسیٰ ہوں، انھوں نے پوچھا: بنی اسرائیل والے موسیٰ؟ کہا: ہاں! انھوں نے پوچھا: تو تمہارا کیا معاملہ ہے یعنی تم کیوں آئے ہو؟ موسیٰ نے کہا: آیا ہوں میں تاکہ سکھلائیں آپ مجھے اس رشد و ہدایت سے جو آپ سکھلائے گئے ہیں، انھوں نے کہا: کیا آپ کے لئے یہ بات کافی نہیں کہ آپ کے پاس تورات ہے اور یہ بات کہ آپ کے پاس وحی آتی ہے؟ اے موسیٰ! بے شک میرے لئے ایک علم ہے: نہیں مناسب ہے آپ کے لئے کہ آپ اس کو سیکھیں، اور آپ کے لئے ایک علم ہے: نہیں

مناسب ہے میرے لئے کہ میں اس کو سیکھوں! پس ایک پرندے نے اپنی چونچ میں سمندر سے پانی لیا، اور خضر نے کہا: نہیں ہے میرا اور آپ کا علم اللہ کے علم کے پہلو میں یعنی اس کی بہ نسبت، مگر جیسا لیا اس پرندے نے اپنی چونچ میں سمندر سے۔

﴿حَتّٰى إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ﴾ وَجَدَا مَعَابِرَ صِغَارًا، تَحْمِلُ أَهْلَ هٰذَا السَّاحِلِ إِلٰى أَهْلِ هٰذَا السَّاحِلِ الْآخَرِ، عَرَفُوْهُ، فَقَالُوْا: عَبْدُ اللّٰهِ الصَّالِحُ – قَالَ: قُلْنَا لِسَعِيْدٍ: خَضِرٌ، قَالَ: نَعَمْ – لَانَحْمِلُهُ بِأَجْرٍ، فَـ ﴿خَرَقَهَا﴾ وَوَتَّدَ فِيْهَا وَتِدًا، ﴿قَالَ﴾ مُوْسٰى: ﴿أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا﴾ [الكهف: ٧١] – قَالَ مُجَاهِدٌ: مُنْكَرًا – ﴿قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا﴾ كَانَتِ الْأُوْلٰى نِسْيَانًا، وَالْوُسْطٰى شَرْطًا، وَالثَّالِثَةُ عَمْدًا، ﴿قَالَ لَاتُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ أَمْرِيْ عُسْرًا﴾ [الكهف: ٧٣] ﴿لَقِيَا غُلَامًا فَقَتَلَهُ﴾ قَالَ يَعْلٰى: قَالَ سَعِيْدٌ: وَجَدَ غِلْمَانًا يَلْعَبُوْنَ، فَأَخَذَ غُلَامًا كَافِرًا ظَرِيْفًا فَأَضْجَعَهُ، ثُمَّ ذَبَحَهُ بِالسِّكِّيْنِ، ﴿قَالَ أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ﴾ [الكهف: ٧٤] لَمْ تَعْمَلْ بِالْحِنْثِ – وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقْرَأُهَا: زَكِيَّةً زَاكِيَةً مُسْلِمَةً، كَقَوْلِكَ: غُلَامًا زَكِيًّا – ﴿فَانْطَلَقَا﴾ ﴿فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُرِيْدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ﴾ قَالَ سَعِيْدٌ بِيَدِهِ هٰكَذَا، وَرَفَعَ يَدَهُ فَاسْتَقَامَ، قَالَ يَعْلٰى: حَسِبْتُ أَنَّ سَعِيْدًا قَالَ: فَمَسَحَهُ بِيَدَيْهِ: فَاسْتَقَامَ، ﴿لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا﴾ قَالَ سَعِيْدٌ: أَجْرًا نَأْكُلُهُ، ﴿وَكَانَ وَرَآءَ هُمْ﴾ وَكَانَ أَمَامَهُمْ، قَرَأَهَا ابْنُ عَبَّاسٍ: أَمَامَهُمْ مَلِكٌ، يَزْعُمُوْنَ عَنْ غَيْرِ سَعِيْدٍ أَنَّهُ هُدَدُ بْنُ بُدَدٍ، وَالْغُلَامُ الْمَقْتُوْلُ اسْمُهُ يَزْعُمُوْنَ جَيْسُوْرٌ، ﴿مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا﴾ فَأَرَدْتُ إِذَا هِيَ مَرَّتْ بِهِ أَنْ يَدَعَهَا لِعَيْبِهَا، فَإِذَا جَاوَزُوْا أَصْلَحُوْهَا وَانْتَفَعُوْا بِهَا، وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ: سَدُّوْهَا بِقَارُوْرَةٍ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ: بِالْقَارِ. ﴿كَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنِيْنَ﴾ وَكَانَ كَافِرًا ﴿فَخَشِيْنَا أَنْ يُرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَكُفْرًا﴾ أَنْ يَحْمِلَهُمَا حُبُّهُ عَلٰى أَنْ يُتَابِعَاهُ عَلٰى دِيْنِهِ، ﴿فَأَرَدْنَا أَنْ يُبَدِّلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِنْهُ زَكَاةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا﴾ [الكهف: ٨١] هُمَا بِهِ أَرْحَمُ مِنْهُمَا بِالْأَوَّلِ الَّذِيْ قَتَلَ خَضِرٌ، وَزَعَمَ غَيْرُ سَعِيْدٍ: أَنَّهُمَا أُبْدِلَا جَارِيَةً، وَأَمَّا دَاوُدُ بْنُ أَبِيْ عَاصِمٍ فَقَالَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ: إِنَّهَا جَارِيَةٌ. [راجع: ٧٤]

ترجمہ: "یہاں تک کہ جب دونوں کشتی میں سوار ہوئے" (تفسیر) پایا دونوں نے چھوٹی کشتیوں کو، لے جا رہی تھیں وہ ایک کنارہ والوں کو دوسرے کنارہ پر، پہچانا ان لوگوں نے اس کو، پس انھوں نے کہا: اللہ کا نیک بندہ —— یعلی نے کہا: ہم نے سعیدؒ سے پوچھا: انھوں نے خضر کو پہچانا تھا؟ سعیدؒ نے کہا: ہاں! —— نہیں سوار کریں گے ہم اس کو کرایہ لے کر —— پس پھاڑ ڈالا اس نے کشتی کو اور اچھی طرح گاڑ دی کشتی میں میخ، موسیٰ نے کہا: کیا آپ نے اس کو پھاڑ ڈالا تاکہ کشتی والوں کو ڈبو دیں؟ بخدا! آپ نے بڑی بھاری حرکت کر ڈالی! —— مجاہدؒ نے إِمْرًا کے معنی مُنْكَرًا کئے ہیں یعنی اوپرا کام کیا ——

''اس بندے نے کہا: کیا میں نے کہا نہیں تھا کہ آپ میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کرسکیں گے؟'' (تفسیر) پہلی مرتبہ اعتراض بھولنے کی وجہ سے تھا، اور درمیانی اعتراض شرط کے مطابق تھا اور تیسرا اعتراض بالقصد تھا یعنی علاحدہ ہونے کا ذہن بنا کر کیا تھا ——— ''اس نے کہا: بھول چوک میں آپ میری گرفت نہ فرمائیں، اور آپ مجھ پر میرے معاملہ میں تنگی نہ ڈالیں!'' ——— ''دونوں ایک لڑکے سے ملے تو اس بندہ نے اس لڑکے کو مار ڈالا'' ——— (تفسیر) یعلی نے کہا: سعیدؒ نے فرمایا: پایا خضر نے لڑکوں کو کہ کھیل رہے ہیں، پس انھوں نے ایک ہوشیار کافر لڑکے کو پکڑا اور اس کو لٹایا، پھر اس کو چھری سے ذبح کرڈالا ——— ''موسیٰ نے کہا آپ نے ایک بے گناہ کی جان لے لی جس نے کسی کا خون نہیں کیا'' (تفسیر) اس نے کوئی گناہ نہیں کیا، اور ابن عباسؓ آیت کو پڑھتے تھے: زَکِیَّۃً زَاکِیَۃً مُسْلِمَۃً: صاف ستھرے پاکیزہ مسلمان لڑکے کی جان لے لی، اور سورۃ مریم آیت ۱۹ میں ہے: ﴿غُلاَمًا زَکِیًّا﴾: پاکیزہ لڑکا ——— ''پس دونوں چلے'' ——— ''پس دونوں نے بستی میں ایک دیوار دیکھی جو گرنا چاہتی تھی، پس اس بندے نے اس کو سیدھا کردیا'' (تفسیر) سعیدؒ نے اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کیا، اور انھوں نے اپنا ہاتھ اٹھایا، پس دیوار سیدھی ہوگئی، یعلی نے کہا: میرا خیال ہے کہ سعید نے فرمایا: پس دیوار پر اپنے دونوں ہاتھوں کو پھیرا تو وہ سیدھی ہوگئی ——— ''اگر چاہتے آپ تو اس کام کی اجرت لیتے'' (تفسیر) سعیدؒ نے کہا: ایسی اجرت جس کو ہم کھاتے یعنی اجرت میں کھانا لیتے ——— ''اور تھا ان کے آگے'' (تفسیر) ابن عباسؓ نے أَمَامَھُمْ پڑھا ہے ——— ''ایک بادشاہ'' (تفسیر) سعیدؒ کے علاوہ نے کہا: اس کا نام ھُدَدُ بْنُ بُدَد تھا اور مارے ہوئے لڑکے کا نام لوگ کہتے ہیں: جیسور تھا ——— ''ایک ایسا بادشاہ جو ہر کشتی کو زبردستی چھین لیتا تھا'' (تفسیر) پس چاہا میں نے کہ جب وہ کشتی اس بادشاہ کے پاس سے گذرے تو وہ اس کو اس کے عیب کی وجہ سے چھوڑ دے، پس جب وہ (کشتی والے) آگے بڑھ جائیں تو اس کی مرمت کرلیں اور اس سے فائدہ اٹھائیں، اور ان میں سے بعض کہتے ہیں: بند کردیا اس (شگاف) کو سیسے سے، اور بعض کہتے ہیں: تارکول سے ——— ''اس کے ماں باپ ایماندار تھے'' ——— اور وہ لڑکا کافر تھا ——— ''پس ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ لڑکا ان دونوں پر سرکشی اور کفر سے چھا جائے گا'' ——— یعنی دونوں کو لڑکے کی محبت ابھارے گی اس بات پر کہ وہ دونوں اس کی پیروی کریں، اس کے دھرم میں ——— ''پس ہم نے چاہا کہ ان کے پروردگار ان کو اس کے بدلے میں ایسی اولاد عنایت فرمائیں جو پاکیزگی میں اس سے بہتر ہو، اور شفقت میں بھی اس سے بڑھ کر ہو'' (تفسیر) دونوں اس ملنے والے بچہ پر زیادہ مہربان ہوں پہلے لڑکے سے جس کو خضر نے مار ڈالا تھا ——— اور سعیدؒ کے علاوہ نے کہا: وہ دونوں بدل کردیئے گئے ایک لڑکی ——— اور رہے داؤد بن ابی عاصمؒ تو انھوں نے متعدد اساتذہ سے روایت کیا کہ وہ لڑکی تھی۔

بامقصد محنت سے آدمی نہیں تھکتا، بے مقصد محنت تھکا دیتی ہے

سورۃ الکہف کی آیت ۶۲-۶۴ ہیں: ''پھر جب دونوں آگے بڑھے تو موسیٰ نے اپنے خادم سے کہا: ہمارا ناشتہ لاؤ، آج

کے سفر میں تو ہم تھک گئے'' —— نبی ﷺ نے فرمایا: ''موسیٰ علیہ السلام کو اس وقت تکان محسوس ہوا جب وہ منزل مقصود سے آگے بڑھے''، یعنی با مقصد محنت سے آدمی نہیں تھکتا، بے مقصد محنت تھکا دیتی ہے —— ''خادم نے کہا: ارے! جب ہم اس چٹان کے پاس ٹھہرے تھے تو میں اس مچھلی کو بھول گیا! اور شیطان ہی نے مجھے بھلا دیا کہ میں اس کو یاد کروں، اور اس مچھلی نے عجیب طریقہ سے دریا میں اپنی راہ بنالی، موسیٰ نے کہا: اسی جگہ کی ہمیں تلاش تھی، پس دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے واپس لوٹے'' —— رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''وہ مچھلی کے لئے سرب یعنی سرنگ بناتے ہوئے جاتا تھا، اور موسیٰ علیہ السلام اور ان کے خادم کے لئے عجب یعنی حیرت انگیز تھا''، یعنی پہلی تعبیر نفس الامر کے اعتبار سے ہے، اور دوسری تعبیر ناظر کے اعتبار سے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَآءَ نَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَجَبًا﴾

[٢٥-] ﴿صُنْعًا﴾: عَمَلاً. [٢٦-] ﴿حِوَلًا﴾: تَحَوُّلًا. [٢٧-] ﴿قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا قَصَصًا﴾ [٢٨-] ﴿إِمْرًا﴾ وَ﴿نُكْرًا﴾: دَاهِيَةً. [٢٩-] ﴿يَنْقَضَّ﴾: يَنْقَاضُ كَمَا تَنْقَاضُ السِّنُّ. [٣٠-] لَتَخِذْتَ وَاتَّخَذْتَ وَاحِدٌ. [٣١-] ﴿رُحْمًا﴾: مِنَ الرُّحْمِ، وَهِيَ أَشَدُّ مُبَالَغَةً مِنَ الرَّحْمَةِ، وَنَظُنُّ أَنَّهُ مِنَ الرَّحِيْمِ، وَتُدْعَى مَكَّةُ: أُمَّ الرُّحْمِ، أَيِ الرَّحْمَةُ تَنْزِلُ بِهَا.

۲۵- آیات ۱۰۳و۱۰۴ ہیں: ''پوچھئے: کیا ہم تم کو ایسے لوگ بتائیں جو اعمال کے اعتبار سے سب سے زیادہ گھاٹے میں ہیں؟ یہ وہ لوگ ہیں جن کی کری کرائی محنت دنیا کی زندگی میں اکارت گئی، اور وہ اسی خیال میں رہے کہ وہ اچھے کام کر رہے ہیں'' —— صُنْعًا کے معنی ہیں: کام۔

۲۶- آیت ۱۰۸ میں حِوَلًا ہے، یہ مصدر بمعنی تَحَوُّل ہے، تَحَوَّلَ الرجلُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا، فرمایا: ''جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کئے ان کی میزبانی بہشت کے باغات ہیں، جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اور وہ وہاں سے انتقالِ مکانی کی خواہش نہیں کریں گے''

۲۷- یہ آیت باب کی آیت کے ساتھ ہے، الگ پڑ گئی ہے، اس کا ترجمہ باب کے شروع میں آ گیا ہے۔

۲۸- آیت ۷۱ میں إِمْرًا اور آیت ۷۴ میں نُكْرًا ہے، دونوں کا ترجمہ دَاهِيَة ہے یعنی آفتِ کبری، بڑی مصیبت، جمع دَوَاهٍ۔

۲۹- آیت ۷۷ میں: ﴿يُرِيْدُ أَنْ يَّنْقَضَّ﴾ ہے یعنی وہ ڈھ پڑنا چاہتی تھی —— اِنْقَضَّ اِنْقِضَاضًا (باب اِفْعِلَّال)

گر پڑنا، ٹوٹ پڑنا ـــــ حضرت فرماتے ہیں: وہ ٹوٹنے والی تھی جس طرح دانت ٹوٹ جاتا ہے۔

۳۰- آیت ۷۷ میں ہے: ﴿لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا﴾: **اگر آپ چاہتے تو اس کام پر اجرت لیتے** ـــــ بصریوں کے نزدیک اِتَّخِذْتَ (افتعال) تَخِذَهٗ (س) تَخْذًا سے بنا ہے جس کے معنی ہیں: لینا اور دوسرے حضرات کے نزدیک أَخَذَ سے بنا ہے، اس کے معنی بھی ہیں: لینا، اور لَتَّخَذْتَ کے شروع میں دونوں قولوں میں ہمزہ رسم الخط میں چھوڑ دیا گیا ہے، کیونکہ وہ پڑھا نہیں جاتا۔

۳۱- آیت ۸۱ میں: ﴿أَقْرَبُ رُحْمًا﴾: ہے ـــــ رُحْمٌ (مصدر) رَحِمَه (س) رَحْمَةً وَرُحْمًا: مہربان ہونا، شفقت کرنا ـــــ حضرت فرماتے ہیں: رُحْمٌ میں رَحْمَةٌ سے زیادہ مبالغہ ہے یعنی معنی کی زیادتی ہے، اور ہمارا خیال ہے کہ رُحْم: رَحِيْم سے بنا ہے، اور مکہ مکرمہ کا ایک نام أُمُّ الرُّحْم ہے یعنی مہربانی کا گڑھ، کیونکہ وہاں اللہ کی بے شمار رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

حدیث: وہی ہے جو اوپر آئی ہے، وہ ابن جریج کی روایت تھی، اور یہ ابن عیینہ کی، اس لئے ترجمہ نہیں کیا گیا۔

[٤٧٢٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ نَوْفَ الْبِكَالِيَّ يَزْعُمُ أَنَّ مُوْسٰى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ لَيْسَ بِمُوْسٰى الْخَضِرِ. فَقَالَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" قَامَ مُوْسٰى خَطِيْبًا فِي بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، فَقِيْلَ لَهُ: أَيُّ النَّاسِ أَعْلَمُ؟ قَالَ: أَنَا، فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ، وَأَوْحَى إِلَيْهِ: بَلٰى عَبْدٌ مِنْ عِبَادِيْ بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ، قَالَ: أَيْ رَبِّ كَيْفَ السَّبِيْلُ إِلَيْهِ؟ قَالَ: تَأْخُذُ حُوْتًا فِي مِكْتَلٍ، فَحَيْثُمَا فَقَدْتَ الْحُوْتَ فَاتَّبِعْهُ، قَالَ: فَخَرَجَ مُوْسٰى، وَمَعَهُ فَتَاهُ يُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ، وَمَعَهُمَا الْحُوْتُ حَتّٰى انْتَهَيَا إِلَى الصَّخْرَةِ، فَنَزَلَا عِنْدَهَا، قَالَ: فَوَضَعَ مُوْسٰى رَأْسَهُ فَنَامَ، قَالَ سُفْيَانُ: وَفِي حَدِيْثِ غَيْرِ عَمْرٍو قَالَ: وَفِيْ أَصْلِ الصَّخْرَةِ عَيْنٌ يُقَالُ لَهُ الْحَيَاةُ، لَايُصِيْبُ مِنْ مَائِهَا شَيْئٌ إِلَّا حَيِيَ، فَأَصَابَ الْحُوْتَ مِنْ مَاءِ تِلْكَ الْعَيْنِ، قَالَ: فَتَحَرَّكَ، وَانْسَلَّ مِنَ الْمِكْتَلِ، فَدَخَلَ الْبَحْرَ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ مُوْسٰى: ﴿قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَآءَ نَا﴾ الآيَةَ [الكهف: ٦٢] قَالَ: وَلَمْ يَجِدِ النَّصَبَ حَتّٰى جَاوَزَ مَا أُمِرَ بِهِ، قَالَ لَهُ فَتَاهُ يُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ: ﴿أَرَءَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ﴾ الآيَةَ [الكهف: ٦٢و٦٣] قَالَ: فَرَجَعَا يَقُصَّانِ فِيْ آثَارِهِمَا، فَوَجَدَا فِي الْبَحْرِ كَالطَّاقِ مَمَرَّ الْحُوْتِ، فَكَانَ لِلْفَتَى عَجَبًا، وَلِلْحُوْتِ سَرَبًا، قَالَ: فَلَمَّا انْتَهَيَا إِلَى الصَّخْرَةِ، إِذَا هُمَا بِرَجُلٍ مُسَجًّى بِثَوْبٍ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ مُوْسٰى، قَالَ: وَأَنّٰى بِأَرْضِكَ السَّلَامُ؟ فَقَالَ: أَنَا مُوْسٰى، قَالَ: مُوْسٰى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: ﴿هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلٰى أَنْ تُعَلِّمَنِيْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا﴾ [الكهف: ٦٦] قَالَ لَهُ الْخَضِرُ: يَا مُوْسٰى! إِنَّكَ عَلٰى عِلْمٍ مِنْ

عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَكَهُ اللّٰهُ لاَ أَعْلَمُهُ، وَأَنَا عَلٰى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِيْهِ اللّٰهُ لاَتَعْلَمُهُ، قَالَ: بَلٰى أَتَّبِعُكَ، قَالَ: ﴿فَإِنِ اتَّبَعْتَنِىْ فَلاَ تَسْئَلْنِىْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا﴾ [الكهف: ۷۰] فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ عَلٰى السَّاحِلِ فَمَرَّتْ بِهِمَا سَفِيْنَةٌ، فَعُرِفَ الْخَضِرُ فَحَمَلُوْهُم فِيْ سَفِيْنَتِهِمْ بِغَيْرِ نَوْلٍ – يَقُوْلُ: بِغَيْرِ أَجْرٍ – فَرَكِبَا السَّفِيْنَةَ، قَالَ: وَوَقَعَ عُصْفُوْرٌ عَلٰى حَرْفِ السَّفِيْنَةِ، فَغَمَسَ مِنْقَارَهُ الْبَحْرَ، فَقَالَ الْخَضِرُ لِمُوْسٰى: مَا عِلْمُكَ وَعِلْمِيْ وَعِلْمُ الْخَلاَئِقِ فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ إِلَّا مِقْدَارُ مَا غَمَسَ هٰذَا الْعُصْفُوْرُ مِنْقَارَهُ، قَالَ: فَلَمْ يَفْجَأْ مُوْسٰى إِذْ عَمَدَ الْخَضِرُ إِلٰى قَدُوْمٍ فَخَرَقَ السَّفِيْنَةَ، فَقَالَ لَهُ مُوْسٰى: قَوْمٌ حَمَلُوْنَا بِغَيْرِ نَوْلٍ، عَمَدْتَ إِلٰى سَفِيْنَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا﴿لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ﴾ الآيَةَ [الكهف: ۷۱] فَانْطَلَقَا إِذَا هُمَا بِغُلاَمٍ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ، فَأَخَذَ الْخَضِرُ بِرَأْسِهِ فَقَطَعَهُ، قَالَ لَهُ مُوْسٰى: ﴿أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَّقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا ۞ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿فَأَبَوْا أَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُرِيْدُ أَنْ يَنْقَضَّ﴾ [الكهف: ۷۴–۷۷] فَقَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا ﴿فَأَقَامَهُ﴾ فَقَالَ لَهُ مُوْسٰى: إِنَّا دَخَلْنَا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ، فَلَمْ يُضَيِّفُوْنَا وَلَمْ يُطْعِمُوْنَا، ﴿لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا، قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِىْ وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيْلِ مَالَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا﴾ [الكهف:۷۸] فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَدِدْنَا أَنَّ مُوْسٰى صَبَرَ حَتّٰى يُقَصَّ عَلَيْنَا مِنْ أَمْرِهِمَا" قَالَ: وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ: وَكَانَ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا، وَأَمَّا الْغُلاَمُ فَكَانَ كَافِرًا. [راجع: ۷۴]

اعمال کے اعتبار سے آخرت میں سب سے زیادہ گھاٹے میں رہنے والے لوگ

سورۃ الکھف آیت ۱۰۳ میں ہے: ''آپ دریافت کریں: کیا ہم تم کو ایسے لوگ بتائیں جو اعمال کے اعتبار سے (آخرت میں) سب سے زیادہ گھاٹے میں ہونگے؟'' —— پھر اگلی آیت میں اس کا جواب ہے: ''یہ وہ لوگ ہیں جن کی کری کرائی محنت دنیا کی زندگی میں اکارت گئی اور وہ اسی خیال میں رہے کہ وہ اچھے کام کر رہے ہیں'' یعنی وہ لوگ دنیا میں رات دن تگ ودو کرتے رہے، اور اس خوش فہمی کا شکار رہے کہ ہمارے کام آخرت میں کام آئیں گے، مگر جب موت کے بعد آنکھ کھلی تو پتا چلا کہ کچھ بھی ساتھ نہیں آیا، سب کام دنیا ہی میں رہ گئے، کیونکہ ان کی ساری دوڑ دھوپ بس دنیا ہی کے لئے تھی۔

اور حدیث میں ہے کہ مصعب نے اپنے ابا حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ اس آیت کا مصداق حروریہ (خوارج) ہیں؟ انھوں نے کہا: نہیں! آیت کا مصداق یہود ونصاری ہیں، یہود نے نبی ﷺ کی تکذیب کی اور نصاری نے جنت کا انکار کیا، وہ کہتے ہیں: جنت میں نہ کھانا ہے نہ پینا —— اور حروریہ (خوارج) وہ لوگ ہیں جنھوں نے اللہ کا نام لے کر کیا ہوا عہد وپیمان توڑ دیا اس کو پختہ کرنے کے بعد یعنی امام وقت سے بیعت کرنے کے بعد اس سے بغاوت کی

(اس لئے وہ آیت کا مصداق نہیں) اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ ان کو فاسق قرار دیتے تھے (اور حاشیہ میں حاکم کے حوالے سے ہے کہ ان کو خاسر (گھاٹے میں رہنے والا) قرار دیتے تھے)

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِيْنَ أَعْمَالاً﴾

[٤٧٢٨-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ مُصْعَبٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبِيْ: ﴿قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِيْنَ أَعْمَالاً﴾ أَهُمُ الْحَرُوْرِيَّةُ؟ قَالَ: لَا، هُمُ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارَى، أَمَّا الْيَهُوْدُ فَكَذَّبُوْا مُحَمَّدًا، وَأَمَّا النَّصَارَى فَكَفَرُوْا بِالْجَنَّةِ، وَقَالُوْا: لَاطَعَامَ فِيْهَا وَلاَ شَرَابَ، وَالْحَرُوْرِيَّةُ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهِ، وَكَانَ سَعْدٌ يُسَمِّيْهِمُ الْفَاسِقِيْنَ.

کفار کے اعمال قیامت کے دن بے وزن ہونگے

سورۃ الکہف آیت ۱۰۵ میں ہے: ’’یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کا اور ان کے حضور میں پیشی کا انکار کیا، چنانچہ ان کے سارے اعمال اکارت گئے، پس قیامت کے دن ہم ان کا ذرہ بھر وزن قائم نہ کریں گے‘‘ یعنی ان کے اعمال جو ظاہر میں بڑے اچھے نظر آتے ہیں میزانِ حساب میں ان کا کوئی وزن نہ ہوگا۔

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’قیامت کے دن ایک آدمی لمبا اور فربہ آئے گا جو اللہ کے نزدیک مچھر کے پَر کے برابر وزن نہ رکھتا ہوگا!‘‘ پھر فرمایا: اس کی تصدیق چاہو تو قرآن کی یہ آیت پڑھو: ﴿فَلاَ نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا﴾

[٦-] بَابٌ: ﴿أُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِآيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ﴾ الآيَةَ

[٤٧٢٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْمُغِيْرَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّهُ لَيَأْتِيْ الرَّجُلُ الْعَظِيْمُ السَّمِيْنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَايَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ، وَقَالَ: " اقْرَءُ وْا: ﴿فَلاَ نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا﴾ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ مِثْلَهُ.

﴿الحمدللہ! سورۃ الکہف کی تفسیر پوری ہوئی﴾



[۱۹] ﴿كٓهٰيٰعٓصٓ﴾

بسم الله الرحمن الرحيم

[١-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ﴾ اللّٰهُ يَقُوْلُهُ وَهُمُ الْيَوْمَ لاَيَسْمَعُوْنَ وَلاَ يُبْصِرُوْنَ فِي ضَلاَلٍ مُّبِيْنٍ يَعْنِي قَوْلَهُ: ﴿أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ﴾ الْكُفَّارُ يَوْمَئِذٍ أَسْمَعُ شَيْئٍ وَأَبْصَرُهُ. [٢-] ﴿لَأَرْجُمَنَّكَ﴾: لَأَشْتِمَنَّكَ. [٣-] ﴿وَرِءْ يًا﴾: مَنْظَرًا. [٤-] وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: ﴿تَؤُزُّهُمْ﴾: تُزْعِجُهُمْ إِلَى الْمَعَاصِيْ إِزْعَاجًا.

سورۃ مریم کی تفسیر

مشکل الفاظ کے معانی

۱-سورۃ مریم کی آیت ۳۸ ہے: ﴿أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُوْنَنَا، لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ﴾: ''وہ کیسے شنوا اور کیسے بینا ہوں گے جس دن وہ ہمارے پاس آئیں گے!''یعنی قیامت کے دن سب ہوش ٹھکانے آجائیں گے''مگر آج ظالم لوگ کھلی گمراہی میں ہیں''یعنی آج جبکہ اصلاح حال کا موقعہ ہے: ظالم اندھے بہرے بنے ہوئے ہیں۔

أَفْعِلْ بِهِ: فعل تعجب کا وزن ہے، اور أَبْصِرْ کے بعد بھم محذوف ہے، اور بِهِمْ میں فاعل پر با زائد ہے —— حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ یہ بات فرمائیں گے درانحالیکہ ظالم (برخود غلط لوگ) آج (دنیا میں) نہ سنتے ہیں اور نہ دیکھتے ہیں، کھلی گمراہی میں ہیں (امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:) ابن عباسؓ اللہ کے قول: ﴿أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ﴾ کو مراد لے رہے ہیں یعنی قیامت کے کفار ہر چیز سے زیادہ سننے والے اور ہر چیز سے زیادہ دیکھنے والے ہوں گے)

۲-آیت ۴۶ میں ہے: ﴿لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ﴾: (ابراہیم علیہ السلام کے باپ نے کہا:) بخدا! اگر باز نہ آیا تو تو ضرور سنگسار کروں گا میں تجھے یعنی گالیوں کی بوچھار کرونگا میں تجھ پر!

۳-آیت ۷۴ میں ہے: ﴿وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِءْ يًا﴾: اور ہم نے ان سے پہلے بہت سی قومیں ہلاک کیں جو ساز وسامان اور منظر ونمود میں ان سے کہیں بہتر تھیں —— رِءْ يًا: نمود ومنظر، رِءْ يَة بروزن فِعْلَة بمعنی مفعول، جیسے طِحْنٌ: پسا ہوا آٹا —— اور أَثَاثًا کے معنی ہیں: مال سامان، جیسا کہ آگے نمبرے پر آرہا ہے۔

۴-آیت ۸۳ میں ہے: ﴿أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِيْنَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا﴾: کیا آپ نے دیکھا نہیں:

ہم نے شیاطین کو کفار پر چھوڑ رکھا ہے وہ ان کو ورغلانے میں پورا زور صرف کررہے ہیں —— أَزَّ يَؤُزُّ أَزًّا فلانا: ورغلانا، بھڑکانا، اکسانا، أَزًّا: مفعول مطلق برائے تاکید ہے —— إِزْعَاج: برانگیختہ کرنا۔

[٥-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿إِدًّا﴾: عِوَجًا. [٦-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿وِرْدًا﴾: عِطَاشًا. [٧-] ﴿أَثَاثًا﴾: مَالاً. [٨-] ﴿إِدًّا﴾: قَوْلاً عَظِيْمًا. [٩-] ﴿رِكْزًا﴾: صَوْتًا. [١٠-] ﴿عِتِيًّا﴾. [١١-] ﴿بُكِيًّا﴾: جَمَاعَةُ بَاكٍ. [١٢-] ﴿صِلِيًّا﴾: صَلِيَ يَصْلٰى. [١٣-] ﴿نَدِيًّا﴾: وَالنَّادِيْ: مَجْلِسًا. [١٤-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿فَلْيَمْدُدْ﴾: فَلْيَدَعْهُ.

۵- آیت ۸۹ ہے: ﴿لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا﴾: بخدا! تم نے ایک سنگین بات گھڑی ہے! (نہایت بےہودہ اور نازیبا بات اللہ کی طرف منسوب کی ہے کہ اللہ نے اولاد بنائی ہے!) —— الإدّ: سنگین معاملہ، انتہائی برا کام، جمع إِدَادٌ، أَدَّ الْأَمْرُ فلانًا أَدًّا: معاملہ سنگین ہونا، مشکل میں مبتلا کردینا —— عِوَجًا: کجی یعنی سنگین معاملہ آگے نمبر ۸ میں: 'بھاری بات' ترجمہ کیا ہے۔

۶- آیت ۸۶ ہے: ﴿وَنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ إِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا﴾: اور ہم مجرموں کو دوزخ کی طرف پیاسے ہانک کر لے جائیں گے —— الْوِرْد: پانی پر آنے والی جماعت، چونکہ پانی پر پیاسے ہی پہنچتے ہیں اس لئے ابن عباسؓ نے 'پیاسا' ترجمہ کیا ہے۔

۷و۸- نمبر ۷ گذر چکا، أَثَاثًا کے معنی ہیں: مال سامان، اور نمبر ۸ بھی گذر گیا: إِدًّا کے معنی ہیں: سنگین بات۔

۹- آخری آیت میں ہے: ﴿أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا﴾: کیا آپ ان کی کچھ آہٹ سنتے ہیں! —— صَوْت: آواز۔

۱۰- آیت ۶۹ میں: ﴿عِتِيًّا﴾: ہے، عَتَا يَعْتُوْ عُتُوًّا: سرکشی کرنا، عِتِيّ کی اصل عُتُوْوٌ ہے۔ جِثِيٌّ کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔

۱۱- آیت ۵۸ میں: ﴿بُكِيًّا﴾ ہے، یہ بَاكٍ کی جمع ہے: روتے ہوئے۔

۱۲- آیت ۷۰ میں: ﴿صِلِيًّا﴾ ہے، یہ صَلِيَ يَصْلٰى کا مصدر یا صَالٍ کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: آگ میں داخل ہونا۔

۱۳- آیت ۷۳ میں: ﴿نَدِيًّا﴾ ہے، النادی: محفل: جس میں لوگ جمع ہوکر باتیں یا مشورہ کریں، جمع أَنْدَاءٌ اور أَنْدِيَة فعل: نَدَا يَنْدُوْ نَدْوًا: مجلس میں جمع ہونا۔

۱۴- آیت ۷۵ میں ہے: ﴿قُلْ: مَنْ كَانَ فِي الضَّلاَلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا﴾: آپ کہیں: جو گمراہی میں ہے: چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اس کو خوب ڈھیل دیں یعنی جو اپنی مرضی سے گم راہی کا راستہ اختیار کرتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کو گمراہی میں آخری حد تک جانے دیتے ہیں، اور اس کی دنیا کی مرفّہ حالی اس کی گمراہی میں مددگار بن جاتی ہے —— فَلْيَدَعْه: پس چاہئے کہ اس کو چھوڑے رکھیں۔

جس دن موت کو ذبح کیا جائے گا وہ دن پچھتاوے کا دن ہوگا

سورۃ مریم کی آیت ۳۹ ہے: ﴿وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَهُمْ لَايُؤْمِنُوْنَ﴾: اور آپ ان کو پچھتاوے کے دن سے ڈرائیں، جبکہ معاملہ کا آخری فیصلہ کردیا جائے گا اور وہ غفلت میں ہیں اور وہ ایمان نہیں لاتے یعنی دنیا کے نشہ میں مخمور ہوکر آخرت سے غافل ہیں، ان کو آخرت کا یقین ہی نہیں آتا، حالانکہ وہ بالیقین آنے والی ہے، اور جس دن وہ آئے گی یہ لوگ کف افسوس ملتے رہ جائیں گے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: موت کو سفید وسیاہ مینڈھے کی صورت میں لایا جائے گا، پس ایک پکارنے والا پکارے گا: او جنتیو! پس وہ گردن لمبی کریں گے اور دیکھیں گے، وہ پوچھے گا: کیا تم اسے جانتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں، یہ موت ہے، اور سبھی نے اس کو دیکھا ہے۔ پھر وہ پکارے گا: او جہنمیو! پس وہ گردن لمبی کرکے دیکھیں گے، منادی پوچھے گا: کیا تم اس کو پہچانتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں، یہ موت ہے اور سبھی نے اس کو دیکھا ہے، پس وہ ذبح کردیا جائے گا، اور اعلان کیا جائے گا: او جنتیو! ہمیشہ رہو، اب مرنا نہیں! اور او جہنمیو! ہمیشہ رہو، اب مرنا نہیں۔ پھر نبی ﷺ نے مذکورہ آیت پڑھی یعنی یہی دن پچھتاوے کا دن ہے۔ اور ''وہ لوگ غفلت میں ہیں'' یعنی دنیا والے، کیونکہ آخرت میں غفلت کا سوال ہی نہیں، اور وہ آج ایمان نہیں لاتے، مگر جب چڑیا کھیت چگ جائے گی تو کف افسوس ملنے کے علاوہ کوئی چارہ نہ ہوگا۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ﴾

[۴۷۳۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يُؤْتَى بِالْمَوْتِ كَهَيْئَةِ كَبْشٍ أَمْلَحَ، فَيُنَادِيْ مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، فَيَشْرَئِبُّوْنَ وَيَنْظُرُوْنَ، فَيَقُوْلُ: هَلْ تَعْرِفُوْنَ هٰذَا؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، هٰذَا الْمَوْتُ، وَكُلُّهُمْ قَدْ رَآهُ، ثُمَّ يُنَادِيْ: يَا أَهْلَ النَّارِ، فَيَشْرَئِبُّوْنَ وَيَنْظُرُوْنَ، فَيَقُوْلُ: هَلْ تَعْرِفُوْنَ هٰذَا؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، هٰذَا الْمَوْتُ، وَكُلُّهُمْ قَدْ رَآهُ، فَيُذْبَحُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، خُلُوْدٌ فَلَا مَوْتَ، وَيَا أَهْلَ النَّارِ خُلُوْدٌ فَلَا مَوْتَ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ﴾ وَهٰؤُلَاءِ فِيْ غَفْلَةٍ: أَهْلُ الدُّنْيَا ﴿وَهُمْ لَايُؤْمِنُوْنَ﴾

لغات: أَمْلَح: سفید وسیاہ رنگ کا مینڈھا ـــــ إِشْرَأَبَّ إليه اِشْرِئْبَابًا: گردن لمبی کرکے دیکھنا۔

﴿وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ﴾ کا شانِ نزول اور محلِ وقوع

سورۃ مریم کی آیت ۶۴ ہے: ''اور نہیں اترتے ہم مگر آپ کے رب کے حکم سے، ان کے اختیار میں ہے جو کچھ ہمارے

سامنے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے، اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، اور آپؐ کے رب بھولنے والے نہیں" —— اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کئی روز تک تشریف نہیں لائے تو کفار نے کہنا شروع کیا: محمد کو اس کے رب نے چھوڑ دیا! اس سے نبی ﷺ رنجیدہ ہوئے، پھر جب جبرئیل علیہ السلام آئے تو آپؐ نے فرمایا: "جتنا آپ آتے ہیں اس سے زیادہ کیوں نہیں آتے!" اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

اس آیت میں جبرئیل علیہ السلام کی زبان سے جواب دیا گیا ہے کہ ہم مامور بندے ہیں، حکم الٰہی کے بغیر نہیں آسکتے، ہمارا آنا جانا اللہ کے حکم کے تابع ہے، پس میرے آنے میں تاخیر سے کوئی یہ خیال نہ کرے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو چھوڑ دیا یا بھول گئے —— اور یہ آیت جنت کے تذکرہ کے ضمن میں اس لئے رکھی گئی ہے کہ جنت بھی مؤمنوں کو ضرور ملنے والی ہے مگر اس کا ایک وقت مقرر ہے، اور اللہ تعالیٰ بندوں کے تمام احوال سے واقف ہیں، جب ان کی حکمت کا تقاضا ہوگا: قیامت قائم ہوگی، اور اس کے بعد جنتی جنت میں جائیں گے، جنت ملنے میں تاخیر سے مؤمن بندے یہ خیال نہ کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو بھول گئے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ﴾

[۴۷۳۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِجِبْرَئِيْلَ: "مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَزُوْرَنَا أَكْثَرَ مِمَّا تَزُوْرُنَا؟ فَنَزَلَتْ: ﴿وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا﴾ [راجع: ۳۲۱۸]

﴿لَأُوْتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا﴾ کا شانِ نزول

سورۃ مریم کی آیت ۷۷ ہے: "کیا آپؐ نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کا انکار کیا، اور اس نے کہا: میں ضرور مال اور اولاد دیا جاؤں گا" —— اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ کا کچھ قرض عاص بن وائل پر نکلتا تھا، آپ نے مطالبہ کیا، اس نے کہا: "اگر تو محمدؐ کا انکار کرے تو میں تیرا قرضہ دوں" حضرت خبابؓ نے جواب دیا: "اگر تو مر کر زندہ ہو تو بھی میں یہ کام نہیں کرسکتا" اس نے کہا: "کیا میں مر کر زندہ ہوؤں گا؟ اگر ایسا ہوگا تو اس وقت بھی میرے پاس مال اور اولاد ہوگی پس میں تیرا قرضہ اسی وقت چکاؤں گا" —— یہ کسی ایک شخص کا خیال نہیں تھا، ہر خوش عیش متکبر اسی خبط میں مبتلا تھا۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَفَرَءَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِآيٰتِنَا وَقَالَ لَأُوْتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا﴾

[۴۷۳۲-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ:

سَمِعْتُ خَبَّابًا قَالَ: جِئْتُ الْعَاصَ بْنَ وَائِلٍ السَّهْمِيَّ أَتَقَاضَاهُ حَقًّا لِيْ عِنْدَهُ، قَالَ: لَاأُعْطِيْكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، فَقُلْتُ: لَا حَتّٰى تَمُوْتَ ثُمَّ تُبْعَثَ. قَالَ: وَإِنِّيْ لَمَيِّتٌ ثُمَّ مَبْعُوْثٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: إِنَّ لِيْ هُنَاكَ مَالاً وَوَلَدًا فَأَقْضِيْكَهُ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿أَفَرَءَ يْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِآيٰتِنَا وَقَالَ لَأُوْتَيَنَّ مَالاً وَوَلَدًا﴾ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ وَحَفْصٌ وَأَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَوَكِيْعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ. [راجع: ۲۰۹۱]

عاص بن وائل کی بات کا جواب

پھر آیت ۷۸ میں ہے: ''کیا اس نے عالم غیب کو جھانک لیا ہے یا اس نے مہربان اللہ سے کوئی عہد و پیمان لے لیا ہے؟'' ـــــ یہی دو صورتیں ہیں جن میں یقین سے ایسا دعوی کیا جاسکتا ہے ـــــ ''ہرگز نہیں!'' یعنی نہ تو اسے پس پردہ کی کچھ خبر ہے، نہ اس سے اللہ نے کوئی وعدہ کیا ہے، پھر وہ ایسی بات کیوں کہتا ہے؟ ـــــ اور حدیث گذشتہ باب والی ہے، وہ ابن عیینہؒ کی اعمشؒ سے روایت تھی، اور یہ ثوریؒ کی روایت ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا﴾ قَالَ: مَوْثِقًا.

[٤٧٣٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كُنْتُ قَيْنًا بِمَكَّةَ، فَعَمِلْتُ لِلْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ سَيْفًا، فَجِئْتُ أَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ: لَا أُعْطِيْكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ. قُلْتُ: لَا أَكْفُرُ بِمُحَمَّدٍ حَتّٰى يُمِيْتَكَ اللّٰهُ، ثُمَّ يُحْيِيَكَ. قَالَ: إِذَا أَمَاتَنِيَ اللّٰهُ ثُمَّ بَعَثَنِيْ، وَلِيْ مَالٌ وَوَلَدٌ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿أَفَرَءَ يْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِآيٰتِنَا وَقَالَ لَأُوْتَيَنَّ مَالاً وَوَلَدًا۝ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا﴾ قَالَ: مَوْثِقًا. لَمْ يَقُلِ الْأَشْجَعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ: سَيْفًا وَلَا مَوْثِقًا.

[راجع: ۲۰۹۱]

متکبر کا کلمۂ غرور اس کے جرائم کی فہرست میں شامل کرلیا جاتا ہے

پھر آیت ۷۹ ہے: ''اب ہم اس بات کو لکھ لیتے ہیں جو وہ کہتا ہے، اور ہم اس کے لئے عذاب کو خوب دراز کرتے ہیں'' ـــــ یعنی اس کا یہ کلمۂ غرور بھی اس کے جرائم کے ریکارڈ میں شامل کرلیا جاتا ہے، جس کی اس کو خوب سزا دی جائے گی ـــــ اور حدیث گذشتہ باب والی ہے، یہ شعبہؒ کی روایت ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ كَلَّا سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا﴾

[٤٧٣٤-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الضُّحٰى، يُحَدِّثُ عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كُنْتُ قَيْنًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ لِيْ دَيْنٌ عَلٰى

الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ، فَأَتَاهُ يَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ: لاَ أُعْطِيْكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ فَقَالَ: وَاللّٰهِ لاَ أَكْفُرُ حَتّٰى يُمِيْتَكَ اللّٰهُ ثُمَّ يَبْعَثَكَ. قَالَ: فَذَرْنِىْ حَتّٰى أَمُوْتَ ثُمَّ أُبْعَثَ، فَسَوْفَ أُوْتَى مَالاً وَوَلَدًا، فَأَقْضِيْكَ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ. ﴿أَفَرَءَ يْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِآيٰتِنَا وَقَالَ لَأُوْتَيَنَّ مَالاً وَوَلَدًا﴾ [راجع: ۲۰۹۱]

مال واولاد آدمی کے پاس چندروز ہے

پھر آیت ۸۰ میں ہے: ''اور ہم اس کے وارث ہونگے جو وہ کہتا ہے، اور وہ ہمارے پاس تن تنہا آئے گا!'' —— یعنی خوش عیش لوگ جس مال اور اولاد پر اترا رہے ہیں: وہ ان کے پاس چندروز کے لئے ہے، بالآخر وہ ان کے ہاتھ سے چھوٹ جانے والا ہے، نہ آل اولاد کچھ کام آئے گی، نہ مال سامان بدست رہے گا، سب سے تہی دست ہوکر موت کے بعد اللہ کی بارگاہ میں تن تنہا حاضر ہونا ہوگا، پھر اس عارضی نعمت پر اِترانے کا کیا حاصل! —— اور حدیث وہی سابقہ ہے، یہ وکیعؒ کی روایت ہے۔

لغت: آیت ۹۰ میں ہے: ﴿وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا﴾: اور پہاڑ ٹوٹ کر ڈھ پڑیں گے! —— هَدَّ الحائطُ هَدًّا: دیوار کا گرنا، اور هَدًّا: تَخِرُّ کا مفعول مطلق ہے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَنَرِثُهُ مَا يَقُوْلُ وَيَأْتِيْنَا فَرْدًا﴾

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الْجِبَالُ هَدًّا﴾: هَدْمًا.

[٤٧٣٥-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِى الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كُنْتُ رَجُلاً قَيْنًا، وَكَانَ لِىْ عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَيْنٌ، فَأَتَيْتُهُ أَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ: لاَأَقْضِيْكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، قَالَ: قُلْتُ: لَنْ أَكْفُرَ بِهِ حَتّٰى تَمُوْتَ ثُمَّ تُبْعَثَ، قَالَ: وَإِنِّىْ لَمَبْعُوْثٌ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ؟ فَسَوْفَ أَقْضِيْكَ إِذَا رَجَعْتُ إِلَى مَالٍ وَوَلَدٍ. قَالَ: فَنَزَلَتْ: ﴿أَفَرَءَ يْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِآيٰتِنَا وَقَالَ لَأُوْتَيَنَّ مَالاً وَوَلَدًا ۝ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ كَلَّا سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝ وَنَرِثُهُ مَا يَقُوْلُ وَيَأْتِيْنَا فَرْدًا﴾ [راجع: ۲۰۹۱]

﴿الحمدللہ! سورۃ مریم کی تفسیر پوری ہوئی﴾



[۲۰] ﴿طٰهٰ﴾

بسم الله الرحمن الرحيم

[١-] قَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ: بالنَّبَطِيَّةِ طٰهٰ: يَا رَجُلُ. [٢-] يُقَالُ: كُلُّ مَالَمْ يَنْطِقْ بِحَرْفٍ، أَوْ فِيْهِ تَمْتَمَةٌ، أَوْ فَأْفَأَةٌ، فَهِيَ عُقْدَةٌ. [٣-] ﴿أَزْرِىْ﴾: ظَهْرِىْ. [٤-] ﴿فَيُسْحِتَكُمْ﴾: يُهْلِكَكُمْ. [٥-] ﴿الْمُثْلٰى﴾: تَأْنِيْثُ الْأَمْثَلِ، يَقُوْلُ: بِدِيْنِكُمْ، يُقَالُ: خُذِ الْمُثْلَى خُذِ الْأَمْثَلَ. [٦-] ﴿ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا﴾: يُقَالُ: هَلْ أَتَيْتَ الصَّفَّ الْيَوْمَ؟يَعْنِىْ الْمُصَلَّى الَّذِىْ يُصَلَّى فِيْهِ. [٧-]﴿فَأَوْجَسَ﴾:أَضْمَرَ خَوْفًا،فَذَهَبَتِ الْوَاوُ مِنْ ﴿خِيْفَةً﴾ لَكَسْرَةِ الْخَاءِ، [٨-] ﴿فِىْ جُذُوْعِ﴾: عَلٰى جُذُوْعِ. [٩-] ﴿خَطْبُكَ﴾: بَالُكَ. [١٠-] ﴿مِسَاسَ﴾: مَصْدَرُ مَاسَّهُ مِسَاسًا. [١١-] ﴿لَنَنْسِفَنَّهُ﴾: لَنَذْرِيَنَّهُ. [١٢-] ﴿قَاعًا﴾: يَعْلُوْهُ الْمَاءُ، وَالصَّفْصَفُ الْمُسْتَوِىْ مِنَ الْأَرْضِ.

سورۃ طٰہٰ کی تفسیر

مشکل الفاظ کے معانی

۱- طَا، ھا کی تفسیر میں دو قول ہیں: (۱) یہ حروف ہجا ہیں، اور ان کی مراد اللہ تعالیٰ جانتے ہیں، یہ جمہور کا قول ہے (۲) کچھ لوگ کہتے ہیں: یہ رسول اللہ ﷺ کا نام ہے، سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں: نبطی زبان میں طٰہٰ کے معنی ہیں: او شخص! او فلاں!

۲- آیت ۲۷ میں ہے: ﴿وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِن لِّسَانِىْ﴾: اور میری زبان کی گرہ کھول دیں —— کہا جاتا ہے کہ جو بھی کسی حرف کا تلفظ نہیں کرسکتا یا تاء کا تلفظ نہیں کرسکتا یا فاء کا تلفظ نہیں کرسکتا: وہ 'گرہ' ہے —— لکنت بھی اس کے معنی کئے جاتے ہیں اور زبان کی بستگی بھی۔

۳- آیت ۳۱ میں ہے: ﴿اشْدُدْ بِهِ أَزْرِىْ﴾: مضبوط کیجئے اس (ہارونؑ) کے ذریعہ میری پیٹھ —— الْأَزْر: طاقت، مجازاً پیٹھ، شَدَّ أَزْرَہ: مضبوط کرنا، تقویت پہنچانا۔

۴- آیت ۶۱ میں ہے: ﴿لَاتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ﴾: اللہ تعالیٰ پر جھوٹ مت گھڑو، پس نابود کردیں تم کو کسی سزا سے —— إِسْحَات (افعال) ہلاک کرنا، تباہ کرنا، سَحَتَ (ف): جڑ سے اکھاڑنا۔

۵- آیت ۶۳ میں ہے: ﴿وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى﴾: اور لے جائیں دونوں تمہارے عمدہ طریقہ کو —— الْمُثْلٰى:

الْأَمْثَل کا مؤنث ہے، اور جادوگر 'عمدہ طریقہ' سے اپنا دھرم مراد لے رہے ہیں، اور کہا جاتا ہے خُذِ الْمُثْلٰی: أی خذ الطریقۃَ المثلی: وہ راستہ اپناؤ جو فضیلت سے مشابہت رکھتا ہو ـــــ اور کہا جاتا ہے: خُذِ الْأَمْثَلَ: أَی الْأَفْضَلَ ـــــ فلانٌ أَمْثَلُ قَوْمِہِ: أَی أفضلھم۔

۶-آیت ۶۴ میں ہے: ﴿فَأَجْمِعُوْا کَیْدَکُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا﴾: پس تم اپنی تدبیر جمع کرو، اور عید کے میدان میں آؤ ـــــ الصَّف: المُصَلّٰی (عیدگاہ) کے لئے مستعمل ہے، پوچھتے ہیں: ھل أتیتَ الصف الیوم؟ تم آج عیدگاہ آئے تھے؟

۷-آیت ۶۷ میں ہے: ﴿فَأَوْجَسَ فِیْ نَفْسِہِ خِیْفَۃً مُوْسٰی﴾: پس موسیٰ نے اپنے دل میں کچھ خوف محسوس کیا ـــــ أَضْمَرَ: دل میں چھپایا ـــــ خِیْفَۃ: خَافَ یخاف کا مصدر ہے، اس کی اصل خِوْفَۃ ہے، واو ماقبل مکسور تھا، اس لئے یاء سے بدل گیا۔

۸-آیت ۷۱ میں: ﴿فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ﴾: ہے: کھجور کے تنوں میں، اس میں فی بمعنی علی ہے یعنی کھجور کے تنوں پر۔

۹-آیت ۹۵ میں ہے: ﴿فَمَا خَطْبُکَ یَاسَامِرِیُّ﴾: پس اے سامری تیرا کیا معاملہ ہے؟ ـــــ مَا خَطْبُکَ اور مَابَالُکَ کے ایک معنی ہیں۔

۱۰-آیت ۹۷ میں ہے: ﴿أَنْ تَقُوْلَ: لَامِسَاسَ﴾: تو کہے: مت چھونا! ـــــ مِسَاس: باب مفاعلہ کا مصدر ہے یعنی نہ کوئی تجھے چھوئے نہ تو کسی کو چھوئے، باہم چھونا ہی نہ ہو۔

۱۱-آیت ۹۷ میں ہے: ﴿لَنَنْسِفَنَّہُ فِی الْیَمِّ﴾: ہم ضرور اس کو دریا میں بکھیر دیں گے، لَنَذْرِیَنَّہ: ہم ضرور اس کو اڑا دیں گے۔

۱۲-آیت ۱۰۶ میں ہے: ﴿فَیَذَرُھَا قَاعًا صَفْصَفًا﴾: پس زمین کو ہموار میدان بنا کر رکھ دے گا ـــــ القاع: پہاڑوں اور ٹیلوں کے درمیان ہموار میدان جس پر پانی چڑھ کر گذر جائے، جمع قِیْعان اور أَقْواع ـــــ الصَّفْصَف: سپاٹ ہموار زمین۔

[۱۳-] وَقَالَ مُجَاھِدٌ: ﴿مِنْ زِیْنَۃِ الْقَوْمِ﴾: الْحُلِیُّ الَّذِیْ اسْتَعَارُوْا مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ. فَقَذَفْتُھَا: فَأَلْقَیْتُھَا، ﴿أَلْقٰی﴾: صَنَعَ. [۱۴-] ﴿فَنَسِیَ﴾: مُوْسٰی، ھُمْ یَقُوْلُوْنَہُ: أَخْطَأَ الرَّبَّ. [۱۵-] ﴿لَایَرْجِعُ إِلَیْھِمْ قَوْلاً﴾: الْعِجْلَ. [۱۶-] ﴿ھَمْسًا﴾: حِسُّ الْأَقْدَامِ. [۱۷-] ﴿حَشَرْتَنِیْ أَعْمٰی﴾: عَنْ حُجَّتِیْ. ﴿[وَقَدْ] کُنْتُ بَصِیْرًا﴾: فِی الدُّنْیَا. [۱۸-] وَقَالَ ابْنُ عُیَیْنَۃَ: ﴿أَمْثَلُھُمْ﴾: أَعْدَلُھُمْ. [۱۹-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿ھَضْمًا﴾: لَایُظْلَمُ، فَیُھْضَمُ مِنْ حَسَنَاتِہِ. [۲۰-] ﴿عِوَجًا﴾: وَادِیًا. ﴿أَمْتًا﴾: رَابِیَۃً. [۲۱-] ﴿سِیْرَتَھَا﴾: حَالَتَھَا ﴿الْأُوْلٰی﴾. [۲۲-] ﴿النُّھٰی﴾: التُّقٰی. [۲۳-] ﴿ضَنْکًا﴾: الشَّقَاءُ. [۲۴-] ﴿ھَوٰی﴾: شَقِیَ [۲۵-] ﴿الْمُقَدَّسِ﴾: الْمُبَارَکِ ﴿طُوًی﴾: اسْمُ الْوَادِیْ. [۲۶-] ﴿بِمَلْکِنَا﴾: بِأَمْرِنَا. [۲۷-] ﴿مَکَانًا سُوًی﴾: مَنْصَفٌ بَیْنَھُمْ. [۲۸-] ﴿یَبَسًا﴾: یَابِسًا. [۲۹-] ﴿عَلٰی قَدَرٍ﴾: مَوْعِدٍ. [۳۰-] ﴿وَلَا تَنِیَا﴾: تَضْعُفَا.

۱۳- آیت ۸۷ میں ہے: ﴿وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَا أَوْزَارًا مِنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنَاهَا فَكَذٰلِكَ أَلْقَى السَّامِرِيُّ﴾: مگر ہم قوم (مصریوں) کے زیور کا بوجھ اٹھوائے گئے تھے یعنی مصر سے نکلتے وقت بڑوں کے حکم سے ہم وہ زیورات ساتھ لائے تھے ——— ''پس ہم نے اس بوجھ کو (گھڑے میں) ڈال دیا، پس اسی طرح سامری نے (جو زیور اس کے پاس تھا) ڈال دیا'' ——— فَقَذَفْتُهَا (واحد متکلم) صحیح تعبیر نہیں، فَقَذَفْنَاهَا (جمع متکلم) ہونا چاہئے، کیونکہ یہ قوم کا قول ہے، سامری کا نہیں ——— اور أَلْقٰى کے معنی صَنَعَ بھی ٹھیک نہیں، یعنی ان زیورات سے سامری نے بچھڑا بنایا، یہ بات تو آگے آرہی ہے، یہاں یہ معنی لینا كذلك کی تشبیہ کے خلاف ہیں۔

۱۴- آیت ۸۸ ہے: ﴿فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلاً جَسَدًا لَهُ خُوَارٌ، فَقَالُوْا: هٰذَا إِلٰهُكُمْ وَإِلٰهُ مُوْسٰى، فَنَسِيَ﴾: پھر سامری نے چپکے سے وہ زیورات گھڑے سے نکال لئے، اور ان کو پگھلا کر بچھڑا ڈھال لیا، فرمایا: ''پس سامری نے ان کے لئے ایک بچھڑا نکالا، ایک دھڑ جس کے لئے بیل کی آواز تھی'' یعنی وہ صرف قالب تھا جو بیل کی طرح بولتا تھا، سامری نے اس میں سوراخ ایسے رکھے تھے کہ جب ہوا اس میں سے گھس کر نکلتی تو وہ رانبھتا ——— ''پس لوگوں نے کہا: یہ تمہارا معبود ہے، اور موسیٰ کا (بھی) معبود ہے، پس وہ بھول گئے'' اور طور پر خدا کی تلاش میں چلے گئے ——— نَسِيَ کا فاعل موسیٰ ہیں، اور یہ بات لوگوں نے کہی ہے کہ موسیٰ رب کو چوک گئے! اور طور پر تلاش میں نکل گئے!

۱۵- پھر آیت ۸۹ میں ان گمراہوں پر رد ہے: ﴿أَفَلَا يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلاً﴾: ''پس کیا وہ دیکھتے نہیں کہ وہ (بچھڑا) ان کی بات کا جواب نہیں دیتا'' ——— يرجع کی ضمیر فاعل بچھڑے کی طرف لوٹتی ہے۔

۱۶- آیت ۱۰۸ میں ہے: ﴿وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا﴾: اور تمام آوازیں نہایت مہربان اللہ کے سامنے دب جائیں گی، پس آپ پیروں کی چاپ کے سوا کچھ نہ سنیں گے ——— حِسُّ الْأَقْدَام: پیروں کی آہٹ۔

۱۷- آیت ۱۲۵ میں ہے: ﴿قَالَ: رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْ أَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا﴾: وہ کہے گا: اے میرے پروردگار! آپ نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا، میں تو (دنیا میں) بینا تھا؟! ——— فرماتے ہیں: دلیل سے اندھا یعنی یہ اندھاپن بصارت کا نہیں، بصیرت کا ہوگا۔

۱۸- آیت ۱۰۴ میں ہے: ﴿نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ، إِذْ يَقُوْلُ أَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً: إِنْ لَبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا﴾: ہم خوب جانتے ہیں ان باتوں کو جو وہ کہہ رہے ہیں، جب ان میں سے سب سے زیادہ صائب الرائے کہے گا: تم بس ایک ہی دن (دنیا میں) ٹھہرے ہو! یہ قیامت کے دن کی ہولناکی کا بیان ہے ——— أَعْدَلُ: سب سے زیادہ انصاف کرنے والا یعنی کھری بات کہنے والا۔

۱۹- آیت ۱۱۲ ہے: ﴿وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا﴾: اور جو شخص نیک کام کرے اور وہ مؤمن ہو تو وہ نہ زیادتی سے ڈرے گا نہ کمی سے یعنی نیک مؤمن کو اس دن پورا ثواب ملے گا، اس پر نہ کوئی

ناکردہ گناہ چپکایا جائے گا نہ اس کی نیکی کے ثواب میں کمی جائے گی —— یُهْضَم (مجہول) توڑا جائے گا —— هَضَمَ حَقَّه: حق تلفی کرنا، کسی کا حق کم کرنا۔

۲۰- آیت ۱۰۷ میں ہے: ﴿لَاتَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا﴾: نہیں دیکھے گا تو زمین میں کوئی ناہمواری اور نہ کوئی بلندی —— الْأَمْت: بلند جگہ، چھوٹے ٹیلے الْعِوَج: کجی —— دونوں لفظوں کا حاصل یہ ہے کہ زمین میں کوئی وادی (پہاڑوں کے درمیان کا میدان) نہیں ہوگا۔

۲۱- آیت ۲۱ میں ہے: ﴿سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْأُوْلٰى﴾: عنقریب ہم اس کو اس کی پہلی حالت کی طرف لوٹا دیں گے —— سِيْرَة: حالت۔

۲۲- آیت ۵۴ میں ہے: ﴿إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُوْلِي النُّهٰى﴾: اس میں یقیناً عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں —— النُّهى: النُّهْية کی جمع ہے: بری باتوں سے روکنے والی عقل —— التُّقٰى: پرہیزگاری۔

۲۳- آیت ۱۲۴ میں ہے: ﴿وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَإِنَّ لَهُ مَعِيْشَةً ضَنْكًا﴾: اور جو میری نصیحت سے روگردانی کرے گا اس کے لئے تنگ گذران ہوگا یعنی اس کے نصیب میں بدبختی ہوگی، پس مادی تنگی مراد نہیں بلکہ روحانی پریشانی (بدبختی) مراد ہے۔

۲۴- آیت ۸۱ میں ہے: ﴿وَمَنْ يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى﴾: اور جس پر میرا غصہ اترا وہ یقیناً پستی میں گرا یعنی بدبخت ہوا —— حَلّ يَحِلُّ حُلُوْلًا: اترنا، نازل ہونا —— هَوٰى يَهْوِيْ هُوِيًّا: اوپر سے نیچے گر پڑنا۔

۲۵- آیت ۱۲ میں ہے: ﴿إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى﴾: آپ یقیناً طوی نامی پاک میدان میں ہیں —— اور مبارک جگہ میں جوتے چپل اتار دینا ادب کا تقاضہ ہے۔

۲۶- آیت ۸۷ میں ہے: ﴿قَالُوْا: مَا أَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا﴾: لوگوں نے کہا: ہم نے اپنے اختیار سے آپ سے وعدہ خلافی نہیں کی —— الْمَلْك: حاصل مصدر: قدرت واختیار، مصدر: مالک ہونا بأمرنا: ہمارے اختیار سے۔

۲۷- آیت ۵۸ میں ہے: ﴿اجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَانُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَا أَنْتَ مَكَانًا سُوًى﴾: پس تو ہمارے اور اپنے درمیان کوئی وعدہ مقرر کر یعنی مقابلہ کا دن طے کر، جس کی نہ ہم خلاف ورزی کریں نہ تو (اور) ایسی جگہ مقرر کر جو درمیانی ہو (تاکہ ہر فریق کو وہاں پہنچنے میں سہولت ہو) —— مَنْصَف: حاصل مصدر: درمیانی۔

۲۸- آیت ۷۷ میں ہے: ﴿فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا﴾: پس آپ بنی اسرائیل کے لئے سمندر میں خشک راستہ بنائیں۔

۲۹- آیت ۴۰ میں ہے: ﴿ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يٰمُوْسٰى﴾: پھر تم اے موسیٰ ازلی فیصلہ کے مطابق آئے —— على قَدَرٍ: حسب وعدہ، حسب اندازہ۔

۳۰- آیت ۴۲ میں ہے: ﴿وَلاَ تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ﴾: دونوں میری یاد میں سستی مت کرنا — لَاتَنِيَا: فعل نہی، صیغہ تثنیہ مذکر حاضر، وَنٰی يَنِيْ وَنْيًا: سستی کرنا، کمزور پڑنا۔

اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو نبوت کے لئے تیار کیا

آیت ۴۱ میں ہے: ﴿وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ﴾: میں نے تم کو اپنی ذات کے لئے تیار کیا ہے — اصْطِنَاع: باب افتعال: کسی چیز کو بہت عمدہ اور درست بنانا — جس سے دین کا کام لینا ہوتا ہے: شروع ہی سے اللہ تعالیٰ اس کی تربیت کرتے ہیں، موسیٰ علیہ السلام کو نبوت سپرد ہونی تھی اس لئے وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں پلے بڑھے، پھر ازلی اندازے کے مطابق طور پر پہنچے اور نبوت سے سرفراز کئے گئے۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۶۱۲) آئی ہے، اس میں یہ جملہ ہے: وَاصْطَفَاكَ لِنَفْسِهِ: اللہ نے آپ کو اپنی ذات کے لئے چنا، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ﴾

[۴۷۳۶-] حَدَّثَنِيْ الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْتَقَى آدَمُ وَمُوْسَى، قَالَ مُوْسٰى لِآدَمَ: أَنْتَ الَّذِيْ أَشْقَيْتَ النَّاسَ وَأَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ؟ قَالَ لَهُ آدَمُ: أَنْتَ الَّذِيْ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهِ، وَاصْطَفَاكَ لِنَفْسِهِ، وَأَنْزَلَ عَلَيْكَ التَّوْرَاةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَوَجَدْتَهَا كُتِبَ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِيْ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَحَجَّ آدَمُ مُوْسٰى" [راجع: ۳۴۰۹]

[۳۱-] ﴿الْيَمُّ﴾: الْبَحْرُ.

۳۱- طٰہٰ آیت ۷۸ میں ہے: ﴿فَغَشِيَهُمْ مِنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ﴾: پس چھا گیا ان پر سمندر سے جو چھایا گیا — الْيَمّ: سمندر۔ اور ابہام تہویل کے لئے ہے۔

دس محرم کو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو اور ان کی قوم کو دشمن سے نجات بخشی

سورہ طٰہٰ کی آیات ۷۷-۷۹ ہیں: "اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو رات میں لے چلیں، پس لاٹھی مار کر ان کے لئے سمندر میں ایسا خشک راستہ بنائیں کہ نہ پکڑے جانے کا خوف ہو نہ ڈوبنے کا، پس فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ ان کا پیچھا کیا، پس ان پر چھا گیا سمندر کے پانی سے جو چھا گیا، اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا، اور ان کو سیدھا راستہ نہیں دکھایا"

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۹۳) آئی ہے، اس میں صراحت ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو اللہ تعالیٰ نے دس محرم (یوم عاشوراء) کو فرعون اور اس کے لشکر سے نجات بخشی، چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے اس دن شکریہ کا روزہ رکھا۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأَوْحَيْنَا إِلٰى مُوْسٰى أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا لَّاتَخَافُ دَرَكًا وَلَا تَخْشٰى ۝ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهِ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۝ وَأَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهُ وَمَا هَدٰى﴾

[۴۷۳۷-] حَدَّثَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، وَالْيَهُوْدُ تَصُوْمُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، فَسَأَلَهُمْ فَقَالُوْا: هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ ظَهَرَ فِيْهِ مُوْسٰى عَلٰى فِرْعَوْنَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "نَحْنُ أَوْلٰى بِمُوْسَى مِنْهُمْ، فَصُوْمُوْهُ"[راجع: ۲۰۰۴]

دنیا دارِ تکلیف ہے اور جنت دارِ راحت

طٰہٰ کی آیت ۱۱۷ ہے: ﴿فَقُلْنَا يٰآدَمُ إِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى﴾: پس ہم نے کہا: اے آدمؑ! یہ (شیطان) یقیناً آپ کا اور آپ کی بیوی کا دشمن ہے، پس وہ نہ نکال دے تم دونوں کو جنت سے پس آپ تکلیف میں پڑ جائیں —— دنیا میں تکلیف مرد کو لاحق ہوتی ہے، اس لئے ﴿فَتَشْقٰى﴾ مفرد آیا، عورت دنیا میں بیگم (بےغم) ہے۔ اور حدیث وہی ہے جو گذشتہ باب میں آئی ہے، اس میں جملہ ہے: وَأَشْقَيْتَهُمْ: آپ نے اپنی اولاد کو مشقت میں ڈالا، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى﴾

[۴۷۳۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ بْنُ النَّجَّارِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "حَاجَّ مُوْسٰى آدَمَ، فَقَالَ لَهُ: أَنْتَ الَّذِيْ أَخْرَجْتَ النَّاسَ مِنَ الْجَنَّةِ بِذَنْبِكَ وَأَشْقَيْتَهُمْ، قَالَ: قَالَ آدَمُ: يَا مُوْسٰى أَنْتَ الَّذِيْ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِرِسَالَاتِهِ وَبِكَلَامِهِ، أَتَلُوْمُنِيْ عَلٰى أَمْرٍ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِيْ؟! أَوْ: قَدَّرَهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِيْ" قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَحَجَّ آدَمُ مُوْسٰى"[راجع: ۳۴۰۹]

﴿الحمدللہ! سورۃ طٰہٰ کی تفسیر پوری ہوئی﴾

تفسیر سورۃ الانبیاء

سورۃ الانبیاء کی فضیلت

ابھی حدیث آئی ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''سورۃ بنی اسرائیل، سورۃ الکہف، سورۃ مریم، سورۃ طٰہٰ اور سورۃ الانبیاء: اعلیٰ درجہ کی (فصیح و بلیغ) سورتیں ہیں (یا نزول کے اعتبار سے قدیم ہیں) اور وہ میرا پرانا سرمایہ ہیں!

[۲۱] سورة الأنبياء

[٤٧٣٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، وَالْكَهْفُ، وَمَرْيَمُ، وَطٰهٰ، وَالْأَنْبِيَاءُ: هُنَّ مِنَ الْعِتَاقِ الْأُوَلِ، وَهُنَّ مِنْ تِلَادِيْ. [راجع: ٤٧٠٨]

[١-] وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿جُذَاذًا﴾ قَطَّعَهُنَّ. [٢-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿فِيْ فَلَكٍ﴾: مِثْلُ فَلْكَةِ الْمِغْزَلِ. ﴿يَسْبَحُوْنَ﴾: يَدُوْرُوْنَ. [٣-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿نَفَشَتْ﴾: رَعَتْ. [٤-] ﴿يُصْحَبُوْنَ﴾: يُمْنَعُوْنَ. [٥-] ﴿أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً﴾ قَالَ: دِيْنُكُمْ دِيْنٌ وَاحِدٌ. [٦-] وَقَالَ عِكْرِمَةُ: ﴿حَصَبُ﴾: حَطَبُ بِالْحَبَشِيَّةِ.

۱- آیت ۵۸ میں ہے: ﴿فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا إِلَّا كَبِيْرًا لَهُمْ لَعَلَّهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ﴾: پس آپ نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کردیا، مگران کے بڑے کو (چھوڑ دیا) تا کہ وہ ان کی طرف رجوع کریں —— جُذَاذ: بروزن فُعَال بمعنی مفعول، جَذٌّ سے مشتق: کاٹنا، توڑنا، جُذَاذ: ریزہ ریزہ، ٹکڑے ٹکڑے —— قَطَّعَهُن: مورتیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کردیا۔

۲- آیت ۳۳ ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ، كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَسْبَحُوْنَ﴾: اور اللہ ہی نے شب وروز اور شمس وقمر بنائے، سب اپنے اپنے دائرے میں پیر رہے ہیں —— الفلك: اجرام سماوی کے گھومنے کی مدار، دائرہ —— فَلْكَةُ الْمِغْزَل: چرخے کا دم کڑا —— يَدُوْرُوْن: گھوم رہے ہیں۔

۳- آیت ۷۸ میں ہے: ﴿إِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ﴾: جب رات کے وقت کھیت میں ایک قوم کی بکریاں جا پڑیں —— نَفَشَتِ الماشيةُ فى المَرْعى: مویشیوں کا رات کو چراگاہ میں گھس کر گھاس چرنا۔

۴- آیت ۴۳ میں ہے: ﴿وَلَا هُمْ مِنَّا يُصْحَبُوْنَ﴾: اور نہ وہ ہماری طرف سے ساتھ دیئے جائیں گے —— صَحِبَه (س) صُحْبَة: ساتھ ہونا، ساتھ لگنا —— يُمْنَعون: عذاب سے بچائے جائیں گے۔

۵- آیت ۹۲ میں ہے: ﴿إِنَّ هٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً، وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ﴾: بے شک یہ تمہاری جماعت ہے: ایک جماعت، اور میں تمہارا رب ہوں، پس میری عبادت کرو ـــــ أُمَّة: طریقہ، مذہب، مشرب، جماعت۔ أمة واحدة: حال ہے ـــــ دینکم إلخ: تمام انبیاء کا دین ایک ہے، شریعتیں مختلف ہیں۔

٦- آیت ۹۸ میں ہے: ﴿إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ﴾: بے شک تم اور جن کو تم اللہ کے علاوہ پوجتے ہو سب دوزخ کا ایندھن ہیں ـــــ الحَصَب: سوختہ، جلانے کی لکڑیاں، ایندھن جو آگ میں ڈالا جائے ـــــ عکرمہؒ نے کہا: یہ حبشی زبان کا لفظ ہے۔

[٧-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿أَحَسُّوْا﴾: تَوَقَّعُوْهُ، مِنْ أَحْسَسْتُ. [٨-] ﴿خَامِدِيْنَ﴾: هَامِدِيْنَ. حَصِيْدٌ: مُسْتَأْصَلٌ، يَقَعُ عَلَى الْوَاحِدِ وَالاِثْنَيْنِ وَالْجَمِيْعِ. [٩-] ﴿وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ﴾: لَا يَعْيُوْنَ، وَمِنْهُ: ﴿حَسِيْرٌ﴾ وَحَسَرْتُ بَعِيْرِيْ. [١٠-] ﴿عَمِيْقٍ﴾: بَعِيْدٌ. [١١-] ﴿نُكِّسُوْا﴾: رُدُّوْا. [١٢-] ﴿صَنْعَةَ لَبُوْسٍ﴾: الدُّرُوْعُ. [١٣-] ﴿تَقَطَّعُوْا أَمْرَهُمْ﴾: اخْتَلَفُوْا. [١٤-] الْحَسِيْسُ وَالْحِسُّ وَالْجَرْسُ وَالْهَمْسُ وَاحِدٌ، وَهُوَ مِنَ الصَّوْتِ الْخَفِيِّ. [١٥-] ﴿آذَنَّاكَ﴾: أَعْلَمْنَاكَ ﴿آذَنْتُكُمْ﴾: إِذَا أَعْلَمْتَهُ، فَأَنْتَ وَهُوَ ﴿عَلَى سَوَاءٍ﴾ لَمْ تَغْدِرْ. [١٦-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُوْنَ﴾: تُفَهَّمُوْنَ. [١٧-] ﴿ارْتَضَى﴾: رَضِيَ. [١٨-] ﴿التَّمَاثِيْلُ﴾: الْأَصْنَامُ. [١٩-] ﴿السِّجِلُّ﴾: الصَّحِيْفَةُ.

٧- آیت ۱۲ میں ہے: ﴿فَلَمَّا أَحَسُّوْا بَأْسَنَا﴾: پس جب انھوں نے ہمارے عذاب کی آہٹ پائی ـــــ تَوَقَّعُوْه: جب انھوں نے عذاب کی امید کی ـــــ أَحَسَّ الشيئَ: جاننا، معلوم کرلینا (باب افعال)

٨- آیت ۱۵ میں ہے: ﴿جَعَلْنَاهُمْ حَصِيْدًا خَامِدِيْنَ﴾: ہم نے ان کو کٹی ہوئی کھیتی بجھی ہوئی آگ کر دیا، دو مشبہ بہ ہیں: (۱) کاٹ کر ڈھیر کی ہوئی کھیتی (۲) وہ آگ جو بجھ کر راکھ ہوگئی ہو ـــــ هَامِدِيْن: مردہ، بے روح، هَمَدَ (ن) الرجلُ: مرجانا، بے روح ہوجانا ـــــ خامدین: حَصِيْدًا کے ساتھ مل کر جعل کا مفعول ثانی ہے، مفعول ثانی میں دو تشبیہیں مجتمع ہیں ـــــ مُسْتَأْصَل: جڑ سے کٹی ہوئی (اسم مفعول) اسْتِئْصَال: جڑ سے اکھاڑ دینا۔ حَصِيْد: صفت مشبہ میں واحد، تثنیہ، جمع، مذکر ومؤنث برابر ہیں، سب کے لئے حَصِيْد ہی استعمال کیا جاتا ہے۔

٩- آیت ۱۹ میں ہے: ﴿وَمَنْ عِنْدَهُ لَايَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ﴾: اور جو (فرشتے) اس کے پاس ہیں وہ نہ اس کی عبادت سے عار کرتے ہیں اور نہ وہ تھکتے ہیں ـــــ اسْتَحْسَرَ: تھکنا، اکتا جانا ـــــ لَايَعْيُوْن: تھکتے نہیں، عَيِيَ (س) عَيًّا: تھکنا، عاجز ہونا ـــــ اسی مادہ سے سورۃ الملک آیت ۴ میں ہے: ﴿وَهُوَ حَسِيْرٌ﴾: درانحالیکہ نگاہ درماندہ (تھکی ہوئی) ہے ـــــ اور حَسَرْتُ بعیری کے معنی ہیں: میں نے اپنے اونٹ کو تھکایا۔

١٠- سورۃ الحج کی آیت ۲۷ میں عَمِيْق ہے: ﴿يَأْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ﴾: آئیں گی اونٹنیاں ہر دور گھاٹی سے ـــــ

یہ سورۃ الحج کا کلمہ ہے، یہاں بے جوڑ آیا ہے۔

۱۱- آیت ۶۵ میں ہے: ﴿ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُ وْسِهِمْ﴾: پھر وہ اپنے سروں پر اوندھے کئے گئے، یعنی انھوں نے شرمندگی سے سر جھکالئے۔ نُكِسُوْا: ماضی مجہول، صیغہ جمع مذکر غائب، نَكَسَ الشيئَ نَكْسًا: اوندھا کرنا —— اور سورۃ یٰسٓ آیت ۶۸ میں ہے: ﴿وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ﴾: اور جس کی ہم عمر زیادہ کرتے ہیں اس کو طبعی حالت میں الٹا کر دیتے ہیں —— یہ تَنْكِيْس (باب تفعیل) سے ہے، اس کے معنی ہیں: الٹا پھیرنا۔ رُدُّوْا: آیت یٰسٓ کا ترجمہ ہے؛ حضرت رحمہ اللہ کو دھوکہ لگا ہے۔

۱۲- آیت ۸۰ میں ہے: ﴿وَعَلَّمْنَاهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ﴾: اور سکھلائی ہم نے داؤد علیہ السلام کو لباس کی کاریگری تمہارے فائدے کے لئے یعنی لوہے کے کُرتے، زرہیں بنانے کا فن سکھلایا۔

۱۳- آیت ۹۳ میں ہے: ﴿وَتَقَطَّعُوْا أَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ﴾: اور بانٹ لیا انھوں نے اپنے معاملہ کو آپس میں یعنی وہ باہم مختلف ہو گئے۔

۱۴- آیت ۱۰۲ میں ہے: ﴿لَايَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا﴾: وہ دوزخ کی آہٹ (ہلکی آواز) نہیں سنیں گے —— الْحَسِيْس (ہلکی آواز) حِسّ (آہٹ) جرس (گھنٹی) اور هَمْس (ہلکی آواز) سب کے ایک معنی ہیں یعنی ہلکی آواز۔

۱۵- آیت ۱۰۹ میں ہے: ﴿فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ آذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَاءٍ﴾: پس اگر وہ سرتابی کریں تو آپ کہہ دیں: میں تم کو دوٹوک اطلاع کر چکا —— آذَنَ إِيْذَانًا: اطلاع دینا، خبر دینا —— سورۃ حم السجدۃ آیت ۴۷ میں ہے: ﴿قَالُوْا آذَنّٰكَ مَامِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ﴾: وہ کہیں گے: ہم نے آپ کو بتلا دیا کہ ہم میں سے کوئی اس عقیدہ کا نہیں تھا! —— اور ﴿عَلٰى سَوَآءٍ﴾ کا مطلب ہے: جب آپؐ نے دشمن کو اطلاع کر دی تو تم اور وہ برابر ہو گئے، اب جنگ کرنا وعدہ خلافی نہیں۔

۱۶- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُوْنَ﴾: شاید تم پوچھے جاؤ یعنی وہاں کوئی تمہارا حال دریافت کرے، ہمدردی کا اظہار کرے اور خیر خبر پوچھے —— تفَهَّم الكلامَ: بات سمجھنا۔

۱۷- آیت ۲۸ میں ہے: ﴿وَلَا يَشْفَعُوْنَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى﴾: نہیں سفارش کرتے وہ مگر اس کے لئے جس سے خوش ہوں وہ —— ارْتَضٰى بمعنی رَضِيَ ہے۔

۱۸- آیت ۵۲ میں ہے: ﴿مَاهٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْ أَنْتُمْ لَهَا عَاكِفُوْنَ﴾: ان مورتیوں کی کیا حقیقت ہے جن پر تم جمے بیٹھے ہو؟ —— تماثيل: تمثال کی جمع ہے: صورتیں، مورتیں، تصویریں، مجسمے۔

۱۹- آیت ۱۰۴ میں ہے: ﴿يَوْمَ نَطْوِى السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ﴾: جس دن ہم آسمان کو لپیٹ دیں گے جس طرح طومار کاغذات کو لپیٹ لیتا ہے یعنی جس طرح فائل میں کاغذات سمیٹ لئے جاتے ہیں: ساتوں آسمان بایں پہنائی قیامت کے دن لپٹے ہوئے اللہ تعالیٰ کے دائیں ہاتھ میں ہونگے (سورۃ الزمر آیت ۶۷) —— سِجِلّ: صحیفہ، طومار، فائل۔

جس طرح اللہ تعالیٰ نے پہلی بار خلقت پیدا کی: اس کو دوبارہ پیدا کریں گے

سورۃ الانبیاء آیت ۱۰۴ میں ہے: ''جس طرح پہلی بار ہم نے آفرینش کی ابتداء کی: ہم اس کو دوبارہ بنائیں گے، یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے، ہم ضرور اس کو کر کے رہیں گے'' یعنی جیسی سہولت سے خلقت پہلی بار پیدا کی: دوبارہ بنادیں گے۔ ﴿وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ﴾ بلکہ وہ (دوبارہ بنانا) ان کے لئے زیادہ آسان ہے (الروم ۲۷) ـــــ اور حدیث شریف پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۶۳) آئی ہے، ایک خطاب میں نبی ﷺ نے مذکورہ آیت پڑھی ہے، بس یہی باب سے مناسبت ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ﴾

[٤٧٤٠-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ، شَيْخٍ مِنَ النَّخَعِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَطَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: '' إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ إِلَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ عُرَاةً غُرْلاً ﴿كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهُ، وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ﴾ ثُمَّ إِنَّ أَوَّلَ مَنْ يُكْسَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِبْرَاهِيْمُ، أَلَا إِنَّهُ يُجَاءُ بِرِجَالٍ مِنْ أُمَّتِيْ، فَيُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ، فَأَقُوْلُ: يَارَبِّ أَصْحَابِيْ! فَيُقَالُ: لَاتَدْرِيْ مَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ، فَأَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ: ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّادُمْتُ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿شَهِيْدٌ﴾ [المائدة: ١١٧] فَيُقَالُ: إِنَّ هٰؤُلَاءِ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ إِلَى أَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ'' [راجع: ٣٣٤٩]

﴿الحمدللہ! سورۃ الانبیاء کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[۲۲] سورة الحج

[١-] وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: ﴿الْمُخْبِتِيْنَ﴾: الْمُطْمَئِنِّيْنَ. [٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿فِيْ أُمْنِيَّتِهِ﴾: إِذَا حَدَّثَ أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِيْ حَدِيْثِهِ، فَيُبْطِلُ اللهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ وَيُحْكِمُ آيَاتِهِ. وَيُقَالُ: أُمْنِيَّتُهُ قِرَاءَ تُهُ ﴿إِلَّا أَمَانِيَّ﴾: يَقْرَءُ وْنَ وَلَا يَكْتُبُوْنَ.

سورۃ الحج کی تفسیر

الفاظ کے معانی

۱-سورۃ الحج آیت ۳۴ میں ہے: ﴿وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ﴾: اور آپؐ نیازمندوں کو بشارت دیں یعنی جو لوگ اللہ کے حکم

کے سامنے سرِ تسلیم خم کرتے ہیں، ان کو جنت کی اور جنت کی نعمتوں کی خوش خبری سنادیں ـــــ المُخْبِت: اسم فاعل، از باب افعال، إِخْبَات: اظہار عجز وانکساری، اللہ کے احکام کے سامنے نیاز مندی، اس کی ضد استکبار (اکڑنا) ہے، مجرد خَبَت (ن) المکانُ: پست ہونا، نشیب میں ہونا ـــــ حضرت ابن عیینہؒ نے الْمُطْمَئِنِّيْن ترجمہ کیا ہے، اِطْمَأَنَّ الشيئُ: جھکنا، نیچا ہونا۔

سورۃ الحج کی آیت ۵۲ ہے: ﴿وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُوْلٍ وَلاَ نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنّٰى أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِيْ أُمْنِيَّتِهِ، فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ آيَاتِهِ، وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ﴾: اور نہیں بھیجا ہم نے آپؐ سے پہلے کوئی رسول اور نہ کوئی نبی، مگر جب اس نے (غلبۂ اسلام کی) آرزو کی تو شیطان نے اس کی آرزو میں (رخنہ) ڈالا، پس اللہ تعالیٰ اس (روک) کو ہٹادیتے ہیں جو شیطان ڈالتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ اپنی آیتوں (دین) کو مضبوط کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے بڑی حکمت والے ہیں ـــــ من رسول میں مِنْ زائدہ استغراق جنس کے لئے ہے تَمَنَّى الشيئَ: آرزو کرنا، تمنا کرنا، خواہش مند ہونا ـــــ أُمْنِيَّة: تمنا، آرزو، جمع أمانی ـــــ نَسَخَ الشيئَ (ف) نَسْخًا: ختم کرنا، زائل کرنا ـــــ مایلقی: مفعول بہ ہے ینسخ کا ـــــ آیت کی تفسیر کے لئے ہدایت القرآن دیکھیں۔

۲- حضرت ابن عباسؓ نے أُمْنِيَّة کا مصداق نبی ﷺ کے ارشادات کو بنایا ہے، فرماتے ہیں: جب نبی ﷺ کوئی بات فرماتے تو شیطان آپ کی بات میں (رخنہ) ڈالتا (جیسے حدیبیہ کے سال آپؐ نے خواب دیکھا کہ آپؐ صحابہ کے ساتھ عمرہ کے لئے تشریف لے گئے، آپؐ نے یہ خواب صحابہ کو سنایا، سب پُرشوق ہوگئے، مگر حدیبیہ میں روک پیش آگئی، یہ شیطان نے رنگ میں بھنگ ڈالا) پھر اللہ تعالیٰ باطل کردیتے ہیں یعنی ہٹادیتے ہیں اس روک کو جو شیطان ڈالتا ہے اور اپنی آیات کو مضبوط کردیتے ہیں (چنانچہ سورۃ الفتح نازل ہوئی اور صحابہ کو بتایا گیا کہ تم ضرور عمرہ کرنے جاؤگے، اس سال نہ سہی آئندہ سال سہی!)

ایک دوسری تفسیر یُقَال کہہ کر بیان کی ہے یعنی یہ تفسیر ضعیف ہے (بلکہ باطل ہے) أُمْنِيَّة: یعنی قراءت: پڑھنا، یعنی جب نبی ﷺ قرآن پڑھتے تھے تو شیطان اس میں ملا دیتا تھا، پھر الغَرَانِيقُ الْعُلٰى (طائرانِ لاہوتی) کا قصہ گھڑا ـــــ اور ان لوگوں نے امنیۃ کے جو معنی بیان کئے ہیں اس کی تائید میں سورۃ البقرۃ کی آیت ۷۸ پیش کی ہے: ﴿وَمِنْهُمْ أُمِّيُّوْنَ لاَيَعْلَمُوْنَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّوْنَ﴾: اور بعض یہودی ناخواندہ ہیں جو کتاب (تورات) کا علم نہیں رکھتے، مگر دل خوش کن باتیں (بہت یاد ہیں) اور وہ لوگ اور کچھ نہیں محض خیالات پکاتے ہیں ـــــ ان لوگوں نے ﴿أَمَانِيَّ﴾ کے معنی کئے ہیں: وہ لوگ تورات پڑھتے ہیں، مگر لکھنا نہیں جانتے ـــــ یہ معنی تو ﴿لاَيَعْلَمُوْنَ الْكِتَابَ﴾ کے ہوسکتے ہیں، ﴿أَمَانِيَّ﴾ کے کسی طرح نہیں ہوسکتے، اس کے معنی تو آرزوئیں یعنی دل خوش کن باتیں ہیں، اس لئے یہ تفسیر قطعاً غلط ہے۔

[۳-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَشِيْدٌ﴾ بِالْقَصَّةِ. [٤-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿يَسْطُوْنَ﴾: يُفْرِطُوْنَ، مِنَ السَّطْوَةِ، وَيُقَالُ: ﴿يَسْطُوْنَ﴾ يَبْطُشُوْنَ. [٥-] ﴿وَهُدُوْا إِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ﴾: أُلْهِمُوْا. [٦-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿بِسَبَبٍ﴾: بِحَبْلٍ إِلٰى سَقْفِ الْبَيْتِ. [٧-] ﴿تَذْهَلُ﴾: تُشْغَلُ.

۳- آیت۴۵ میں ہے: ﴿وَقَصْرٍ مَّشِيْدٍ﴾: اورمحل مضبوط بنائے ہوئے ـــــ مَشِيْد: اسم مفعول، شَادَ البناء (ض) شَيْدًا: پختہ بلند عمارت بنانا، چونے سے تعمیر کرنا ـــــ قَصَّةٌ: چونا۔

۴- آیت۷۲ میں ہے: ﴿يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا﴾: قریب ہیں کہ حملہ کربیٹھیں ان لوگوں پر جوانہیں ہماری آیتیں سناتے ہیں ـــــ سَطَا (ن) سَطْوًا وَسَطْوَةً عليه وبه: حملہ کرنا، دھاوا بولنا ـــــ يُفْرِطُوْنَ: زیادتی کریں وہ یعنی حملہ کردیں وہ ـــــ اور کہا گیا: یسطون کے معنی ہیں: پکڑیں وہ (دونوں معنی متحد ہیں)

۵- آیت۲۴ میں ہے: ﴿وَهُدُوْا إِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ﴾: اور وہ ستھری بات کی طرف راہ دکھائے گئے یعنی ستھری بات ان کوالہام کی گئی ـــــ ستھری بات: کلمہ طیبہ لا إله إلا الله، محمد رسول الله ہے یعنی ان کودولت اسلام سے نوازا گیا۔

۶- آیت۱۵ میں ہے: ''جوشخص خیال کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس (رسول) کی دنیا و آخرت میں ہرگز مدد نہیں کریں گے تو اس کو چاہئے کہ رسّی کے ذریعہ آسمان پر چڑھ جائے، پھر چاہئے کہ وہ اللہ کی مدد بند کردے، پھر چاہئے کہ وہ دیکھے کہ آیا اس کی کوشش نے اس چیز کوختم کردیا جواس کوسخت ناگوار ہورہی ہے؟! ـــــ آسمان پر چڑھنے کی بات ناممکن بات پر تعلیق ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہمانے تفسیر کی کہ رسّی چھت میں باندھے، اور خودکشی کرلے، پھر دیکھے اس کی اس تدبیر سے مدد خداوندی رکی؟!

۷- آیت۲ میں ہے: ﴿تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ﴾: ہر دودھ پلانے والی عورت دودھ پیتے بچے کوبھول جائے گی یعنی اس سے غافل ہوجائے گی ـــــ تُشْغَل: مشغول کی جائے گی یعنی اس کواپنی ہی فکر پڑی ہوگی۔

جب قیامت کا بھونچال آئے گا تو لوگ متوالے ہوجائیں گے!

سورۃ الحج کی دوسری آیت ہے: ''جس دن تم قیامت کے زلزلے کو دیکھوگے تو ہر دودھ پلانے والی عورت دودھ پیتے بچے کوبھول جائے گی، اور ہر حمل والی عورت اپنے حمل کو ڈال دے گی، اور تمہیں لوگ مدہوش نظر آئیں گے، جبکہ وہ مدہوش (پیئے ہوئے) نہیں ہونگے، بلکہ اللہ کا عذاب سخت ہوگا ـــــ جس سے لوگ حواس باختہ ہوجائیں گے ـــــ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۵۶۱) آئی ہے، اس میں نبی ﷺ نے یہ آیت پڑھی ہے، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى﴾

[۴۷۴۱-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " يَقُوْلُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: يَا آدَمُ! يَقُوْلُ: لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ، فَيُنَادَى بِصَوْتٍ: إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تُخْرِجَ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ بَعْثًا إِلَى النَّارِ، قَالَ: يَارَبِّ! وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ – أُرَاهُ – تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ، فَحِيْنَئِذٍ تَضَعُ الْحَامِلُ حَمْلَهَا

وَيَشِيْبُ الْوَلِيْدُ، ﴿وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَىٰ وَمَاهُمْ بِسُكَارَىٰ وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ﴾" فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ حَتّٰى تَغَيَّرَتْ وُجُوْهُهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مِنْ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ، وَمِنْكُمْ وَاحِدٌ، ثُمَّ أَنْتُمْ فِي النَّاسِ كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِي جَنْبِ الثَّوْرِ الْأَبْيَضِ، أَوْ كَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِي جَنْبِ الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ، وَإِنِّي لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ" فَكَبَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: " ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ" فَكَبَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: " شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ" فَكَبَّرْنَا.

وَقَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ: ﴿تَرَى النَّاسَ سُكَارَىٰ وَمَاهُمْ بِسُكَارَىٰ﴾ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ. وَقَالَ جَرِيْرٌ، وَعِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، وَأَبُوْ مُعَاوِيَةَ: سَكْرَى وَمَاهُمْ بِسَكْرَى. [راجع: ۳۳۴۸]

وضاحت: پہلی روایت حفصؒ کی ہے، اس میں شک ہے۔أراہ: میرا خیال ہے کہ نوسو ننانوے ہے اور ابواسامہ کی روایت میں شک نہیں، یہ تعداد بالیقین ہے —— اور سُکَاریٰ: سَکْران کی جمع ہے: نشہ میں چور، مدہوش، مست، متوالا، مؤنث سَکْریٰ —— جریرؒ وغیرہ کی روایت میں یہی مؤنث سَکْریٰ ہے۔

کنارے پر کھڑے ہوکر اللہ کی عبادت کرنا

سورۃ الحج کی آیات ۱۱و۱۲ ہیں: "اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو کنارے پر کھڑے اللہ کی عبادت کرتے ہیں یعنی وہ تذبذب کا شکار ہیں، پس اگر اسے کوئی بھلائی پہنچتی ہے تو وہ اس پر مطمئن ہوجاتا ہے، اور اگر اس کو کوئی آزمائش پہنچتی ہے تو وہ اپنے چہرے پر پلٹ جاتا ہے یعنی کفر کی طرف لوٹ جاتا ہے، اس نے دنیا وآخرت گنوائی! یہی کھلا ہوا خسارہ ہے! اور وہ اللہ کے علاوہ ایسوں کو پکارتا ہے جو نہ اس کو نقصان پہنچا سکتے ہیں اور نہ اس کو نفع پہنچا سکتے ہیں، یہی انتہائی درجہ کی گمراہی ہے!"

حدیث: بعض لوگ مدینہ آکر مسلمان ہوتے، پھر اگر اس کی بیوی نے لڑکا جنا اور اس کی گھوڑی نے بچہ دیا تو وہ کہتا کہ یہ دین اچھا ہے، اور اگر اس کی بیوی نے بچہ نہ جنا اور اس کی گھوڑی نے بچہ نہ دیا تو وہ کہتا کہ یہ دین برا ہے —— ایسے نام نہاد مسلمان جو تذبذب کا شکار ہوتے ہیں آیت کا مصداق ہیں۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ﴾: شَكٍّ، ﴿فَإِنْ أَصَابَهُ خَيْرٌ اطْمَأَنَّ بِهِ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ فِتْنَةٌ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهِ، خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ذٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيْدُ﴾ ﴿أَتْرَفْنَاهُمْ﴾: وَسَّعْنَاهُمْ.

[۴۷۴۲-] حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِي حَصِيْنٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ﴾

كَانَ الرَّجُلُ يَقْدَمُ الْمَدِيْنَةَ، فَإِنْ وَلَدَتِ امْرَأَتُهُ غُلَامًا، وَنُتِجَتْ خَيْلُهُ، قَالَ: هٰذَا دِيْنٌ صَالِحٌ، وَإِنْ لَمْ تَلِدِ امْرَأَتُهُ وَلَمْ تُنْتَجْ خَيْلُهُ، قَالَ: هٰذَا دِيْنُ سَوْءٍ.

ایک لفظ: سورۃ المؤمنین آیت ۳۳ میں ہے: ﴿وَأَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا﴾: اور ہم نے ان کو دنیا کی زندگی میں عیش دیا —— أَتْرَفَ إِتْرَافًا: عیش وآرام دینا، نازونعمت میں پرورش کرنا (یہ لفظ یہاں بے موقع آگیا ہے) وَسَّعْناهم: ہم نے ان کو گنجائش دی۔

اہل اسلام اور اہل باطل کے درمیان قیامت کے دن عملی فیصلہ ہوگا

سورۃ الحج کی آیت ۱۹ ہے: ''یہ فریق ہیں'' —— ایک مؤمنین کا گروہ ہے دوسرا منکرین کا —— ''ان میں اپنے رب کے باب میں جھگڑا ہے'' —— مؤمنین اللہ تعالیٰ کو قادر مطلق مانتے ہیں، اور منکرین عاجز، مؤمنین اللہ کے احکام کے سامنے سربسجود ہیں اور منکرین نہ اللہ کی ہدایات کو قبول کرتے ہیں، نہ اس کے احکام کے سامنے سر جھکاتے ہیں —— اللہ تعالیٰ ان کے درمیان قیامت کے دن عملی فیصلہ کریں گے جو آگے مذکور ہے —— اور باب کی حدیثوں میں دونوں فریقوں کی مثالیں آئی ہیں، حضرات حمزہ وعلی وعبیدۃ بن الحارث رضی اللہ عنہم مؤمنین کا گروہ ہیں، اور عتبہ بن ربیعہ اور اس کا بھائی شیبہ اور اس کا لڑکا ولید منکرین کا گروہ ہیں، اور حدیث پہلے (۵۹:۸) آچکی ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ﴾

[۴۷۴۳-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ هَاشِمٍ، عَنْ أَبِيْ مِجْلَزٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ: أَنَّهُ كَانَ يُقْسِمُ فِيْهَا: إِنَّ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ﴾ نَزَلَتْ فِيْ حَمْزَةَ وَصَاحِبَيْهِ، وَعُتْبَةَ وَصَاحِبَيْهِ، يَوْمَ بَرَزُوْا فِيْ يَوْمِ بَدْرٍ، رَوَاهُ سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ هَاشِمٍ. وَقَالَ عُثْمَانُ، عَنْ جَرِيْرٍ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ هَاشِمٍ، عَنْ أَبِيْ مِجْلَزٍ قَوْلَهُ. [راجع: ۳۹۶۶]

[۴۷۴۴-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مِجْلَزٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ قَالَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَجْثُوْ بَيْنَ يَدَيِ الرَّحْمٰنِ لِلْخُصُوْمَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. قَالَ قَيْسٌ: وَفِيْهِمْ نَزَلَتْ: ﴿هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ﴾ قَالَ: هُمُ الَّذِيْنَ بَارَزُوْا يَوْمَ بَدْرٍ: عَلِيٌّ وَحَمْزَةُ وَعُبَيْدَةُ — وَشَيْبَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ وَعُتْبَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ وَالْوَلِيْدُ بْنُ عُتْبَةَ. [راجع: ۳۹۶۵]

﴿الحمدللہ! سورۃ الحج کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[۲۳] سورۃ المؤمنین

[١-] وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: ﴿سَبْعَ طَرَائِقَ﴾: سَبْعَ سَمَاوَاتٍ. [٢-] ﴿لَهَا سَابِقُوْنَ﴾: سَبَقَتْ لَهُمُ السَّعَادَةُ. [٣-] ﴿قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ﴾: خَائِفِيْنَ. [٤-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ﴾: بَعِيْدٌ بَعِيْدٌ. [٥-] ﴿فَسْئَلِ الْعَادِّيْنَ﴾: الْمَلاَئِكَةَ. [٦-] ﴿لَنَاكِبُوْنَ﴾: لَعَادِلُوْنَ. [٧-] ﴿كَالِحُوْنَ﴾: عَابِسُوْنَ. [٨-] ﴿مِنْ سُلاَلَةٍ﴾: الْوَلَدُ، وَالنُّطْفَةُ: السُّلاَلَةُ. [٩-] وَالْجِنَّةُ وَالْجُنُوْنُ وَاحِدٌ. [١٠-] وَالْغُثَاءُ: الزَّبَدُ، وَمَا ارْتَفَعَ عَنِ الْمَاءِ، وَمَالاَ يُنْتَفَعُ بِهِ.

تفسیر سورۃ المؤمنین

۱- آیت ۱۷ میں ہے: ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَائِقَ﴾: اور ہم نے تمہارے اوپر سات راہیں (آسمان) پیدا کیں —— طَرَائِقَ: طَرِيْقَة کی جمع ہے، راہیں، مراد آسمان کے طبقے ہیں —— اور آسمانوں کو 'راستے' کیوں کہا گیا؟ اس کی قطعی وجہ معلوم نہیں!

۲- آیت ۶۱ ہے: ﴿أُولٰئِكَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ﴾: یہ لوگ (مؤمنین) جلدی جلدی فائدے حاصل کر رہے ہیں، اور وہ ان کی طرف سبقت کرنے والے ہیں —— یعنی ان کے لئے پہلے سے نیک بختی طے کردی گئی ہے۔

۳- آیت ۶۰ میں ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا آتَوْا وَقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلٰى رَبِّهِمْ رَاجِعُوْنَ﴾: اور جو لوگ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں درانحالیکہ ان کے دل خوفزدہ ہیں: اس لئے کہ ان کو اپنے پروردگار کے پاس جانا ہے —— وَجِلَة: صفت مشبہ وَجِلَ يَوْجَلُ (س) وَجَلاً: ڈرنا، گھبرانا۔

۴- آیت ۳۶ ہے: ﴿هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ﴾: بہت دور! بالکل ناممکن! جو بات تم سے کہی جارہی ہے —— هَيْهَاتَ: اسم فعل ہے بمعنی بَعُدَ، عام طور پر مکرر آتا ہے۔

۵- آیت ۱۱۳ میں ہے: ﴿فَسْئَلِ الْعَادِّيْنَ﴾: پس آپ گننے والوں سے یعنی فرشتوں سے پوچھیں —— عَادٌّ: عَدٌّ سے اسم فاعل: گننے والے، شمار کرنے والے —— عَادِّيْن: اصل میں عَادِدِيْن تھا، دو حرف ایک جنس کے جمع ہوئے اس لئے ادغام کیا ہے۔

۶- آیت ۷۴ میں ہے: ﴿وَإِنَّ الَّذِيْنَ لاَيُؤْمِنُوْنَ بِالآخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنَاكِبُوْنَ﴾: اور جولوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ راستہ سے ہٹے ہوئے ہیں یعنی غلط راستے پر پڑ گئے ہیں ــــ نَاكِبٌ: اسم فاعل، نَكَبَ (ن) عنه نَكْبًا: ہٹنا، الگ ہونا ــــ عادل: ہٹنے والا، عَدَلَ عنه: ہٹنا۔

۷- آیت ۱۰۴ میں ہے: ﴿تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كَالِحُوْنَ﴾: ان کے چہروں کو آگ جھلسے گی، اور وہ اس میں بگڑے ہوئے منہ والے ہونگے ــــ كَلَحَ (ف) كُلُوْحًا: بگڑی ہوئی شکل والا ہونا، ایسا چہرہ ہوجانا کہ نیچے کا ہونٹ لٹک جائے اور اوپر کا ہونٹ اٹھ جائے، جیسے بکری کی بھنی ہوئی سری کا حال ہوتا ہے ــــ عَبَسَ (ض) عَبْسًا وَعُبُوْسًا: منہ بگاڑنا، چیں بہ جبیں ہونا۔

۸- آیت ۱۲ میں ہے: ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا الإِنْسَانَ مِنْ سُلاَلَةٍ مِنْ طِيْنٍ﴾: اور ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے پیدا کیا ــــ سُلاَلة: اسم مشتق: کسی چیز سے نکالی ہوئی چیز، خلاصہ، ست، سَلَّ (ن) الشيئَ من الشيئِ: کھینچ کر نکالنا، آہستہ سے نکالنا ــــ پس بچہ بھی سُلالہ ہے اور نطفہ بھی ــــ اور آیت میں مراد خون ہے، یہ مٹی کا ست ہے، کیونکہ خون غذاؤں سے بنتا ہے اور غذائیں زمین سے اُگتی ہیں، پھر یہ سُلالہ (خون) نطفہ بنتا ہے۔

۹- آیت ۷۰ میں ہے: ﴿أَمْ يَقُوْلُوْنَ: بِهِ جِنَّةٌ﴾: یا وہ کہتے ہیں کہ اسے جنون ہے ــــ جِنّہ اور جنون ایک ہیں۔

۱۰- آیت ۴۱ میں ہے: ﴿فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَآءً﴾: پس بنادیا ہم نے ان کو کوڑا کرکٹ ــــ غُثَاء: وہ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کے ساتھ بہتا ہوا آتا ہے، پھر کنارے پر لگ جاتا ہے اور پڑا سڑتا رہتا ہے، ان لوگوں کا بھی یہی حال ہوکر رہ گیا ــــ الزَّبَد: جھاگ، اور وہ چیز جو پانی کے اوپر آئے، اور وہ چیز بالکل کارآمد نہ ہو۔

﴿الحمدللہ! سورۃ المؤمنین کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[۲٤] سورة النور

[١-] ﴿مِنْ خِلاَلِهِ﴾: مِنْ بَيْنِ أَضْعَافِ السَّحَابِ. [٢-] ﴿سَنَا بَرْقِهِ﴾: الضِّيَاءُ. [٣-] ﴿مُذْعِنِيْنَ﴾: يُقَالُ لِلْمُسْتَخْذِىْ: مُذْعِنٌ. [٤-] ﴿أَشْتَاتًا﴾ وَشَتّٰى، وَشَتَاتٌ، وَشَتٌّ، وَاحِدٌ. [٥-] وَقَالَ سَعْدُ بْنُ عِيَاضٍ الثُّمَالِيُّ: الْمِشْكَاةُ: الْكُوَّةُ بِلِسَانِ الْحَبَشَةِ. [٦-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿سُوْرَةٌ أَنْزَلْنَاهَا﴾: بَيَّنَّاهَا.

سورۃ النور کی تفسیر

۱- آیت ۴۳ میں ہے: ﴿فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلاَلِهِ﴾: پس دیکھتا ہے تو کہ بارش بادل کے بیچ سے نکلتی ہے ــــ الضِّعْفُ مِنَ الشيئِ: کسی چیز کا درمیانی حصہ۔

۲-اسی آیت ۴۳ میں ہے: ﴿يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ بِالْأَبْصَارِ﴾: اس بادل کی بجلی کی چمک قریب ہے کہ آنکھوں کو لے جائے —— السَّنَاء: تیز روشنی، چمک۔

۳-آیت ۴۹ میں ہے: ﴿وَإِنْ يَّكُن لَّهُمُ الْحَقُّ يَأْتُوْا إِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ﴾: اور اگر ان کا حق نکلتا ہے تو وہ سرِ تسلیم خم کئے ان کے پاس چلے آتے ہیں —— مُذْعِنِيْنَ: اسم فاعل، جمع مذکر، أَذْعَنَ (باب افعال) فرمان بردار ہونا، ماتحتی تسلیم کرنا —— اسْتَخْذٰى: تابع فرمان ہونا، ماتحت ہونا تابع فرمان ہونے والے کو مُذْعِن کہتے ہیں۔

۴-آیت ۶۱ میں ہے: ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَأْكُلُوْا جَمِيْعًا أَوْ أَشْتَاتًا﴾: تم پر کچھ گناہ نہیں کہ مل کر کھاؤ یا جدا جدا ہوکر —— أَشْتَاتٌ: شَتّ کی جمع ہے: متفرق، جدا جدا —— حضرت نے فرمایا: چار الفاظ ہم معنی ہیں: أَشْتَات، شَتّٰى، شَتَات اور شَتّ —— اس پر اعتراض ہے کہ شَتّ تو أَشْتَات کا مفرد ہے۔

۵-آیت ۳۵ میں لفظ مِشْكوٰة آیا ہے، اس کے معنی ہیں: طاقچہ، یہ حبشی زبان کا لفظ ہے۔

۶-پہلی آیت میں ہے: ﴿سُوْرَةٌ أَنْزَلْنَاهَا﴾: یہ ایک ایسی سورت ہے جس کو ہم نے اتارا ہے —— حضرت ابن عباسؓ نے اس کی تفسیر بَيَّنَّاها سے کی ہے یعنی واضح کیا ہم نے اس کو —— اس پر اعتراض ہے کہ یہ تو فَرَضْنَاهَا کے معنی ہوسکتے ہیں، لیکن اگر کہا جائے کہ یہ لازمی معنی کے ذریعہ تفسیر کی ہے تو بات بن سکتی ہے۔

[۷-] وَقَالَ غَيْرُهُ: سُمِّيَ الْقُرْآنُ لِجَمَاعَةِ السُّوَرِ، وَسُمِّيَتِ السُّوْرَةُ لِأَنَّهَا مَقْطُوْعَةٌ مِنَ الْأُخْرَى، فَلَمَّا قُرِنَ بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ سُمِّيَ قُرْآنًا. وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ﴾ [القيامة: ۱۷] تَأْلِيْفُ بَعْضِهِ إِلٰى بَعْضٍ ﴿فَإِذَا قَرَأْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ﴾ [القيامة: ۱۸]: فَإِذَا جَمَعْنَاهُ وَأَلَّفْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ، أَيْ مَا جُمِعَ فِيْهِ، فَاعْمَلْ بِمَا أَمَرَكَ، وَانْتَهِ عَمَّا نَهَاكَ اللّٰهُ، وَيُقَالُ: لَيْسَ لِشِعْرِهِ قُرْآنٌ أَيْ: تَأْلِيْفٌ، وَسُمِّيَ الْفُرْقَانَ لِأَنَّهُ يَفْرُقُ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ، وَيُقَالُ لِلْمَرْأَةِ: مَا قَرَأَتْ سَلًى قَطُّ، أَيْ: لَمْ تَجْمَعْ فِيْ بَطْنِهَا وَلَدًا. [۸-] وَقَالَ: ﴿فَرَّضْنَاهَا﴾: أَنْزَلْنَا فِيْهَا فَرَائِضَ مُخْتَلِفَةً، وَمَنْ قَرَأَ: ﴿فَرَضْنَاهَا﴾ يَقُوْلُ: فَرَضْنَا عَلَيْكُمْ وَعَلٰى مَنْ بَعْدَكُمْ. [۹-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿أَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا﴾: لَمْ يَدْرُوْا، لِمَا بِهِمْ مِنَ الصِّغَرِ.

قرآن، فرقان اور سورت کے معانی

لفظ قرآن سورۃ النور میں تو نہیں آیا مگر سورۃ الفرقان آیت ۳۰ میں آیا ہے، اس لئے قرآن، فرقان اور سورت کے معانی بیان کرتے ہیں۔ قرآن مصدر ہے اور اس کے دو معنی ہیں: (۱) پڑھنا، قَرَأَ الكتابَ (ف) قِرَاءَةً وَقُرْآنًا: پڑھنا، الفاظ کا زبان سے اظہار کرنا۔ (۲) جمع کرنا قَرَأَ الشَّيْئَ قَرْءًا وَقُرْآنًا: یک جا کرنا، اکٹھا کرنا —— قرآن کی وجہ تسمیہ میں اختلاف ہے، عام طور پر پہلے معنی لئے جاتے ہیں، پس قرآن کو قرآن اس لئے کہتے ہیں کہ وہ پڑھنے کی کتاب ہے، اور ابوعبیدہؒ نے

دوسرے معنی لئے ہیں، وہ کہتے ہیں: قرآن سورتوں کا مجموعہ ہے اس لئے اس کو قرآن کہا جاتا ہے، مگر پروفیسر عبدالرؤف نے معجم القرآن میں اس کی تردید کی ہے، وہ کہتے ہیں: یہ وجہ تسمیہ غلط ہے، قرآن کا نام سب سے پہلے سورۃ المزمل میں آیا ہے، جو نزول کے اعتبار سے تیسری سورت ہے، اس وقت تک نہ سورتوں کا مجموعہ تھا نہ کتب سابقہ کا نچوڑ اور خلاصہ۔

بلکہ قرآن کہنے کی وجہ صرف قراءت اور تلاوت ہے، اللہ کی کتاب عموماً جہر کے ساتھ نمازوں میں، محافل میں اور دوسری تقریبات میں پڑھی جاتی ہے —— اور آیت: ﴿إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ﴾ سے تو ویسے بھی صاف ظاہر ہے کہ جمع قرآن سے قراءتِ قرآن الگ چیز ہے (لغات القرآن ملخصاً ۵:۹۱ لفظ قرآن)

اور فرقان بھی مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: الگ الگ کرنا، حق کو باطل سے جدا کرنا، اس کا اطلاق قرآنِ کریم کے علاوہ تورات، دلیل وحجت اور اس نور پر بھی آیا ہے جس سے حق و باطل میں امتیاز ہو جاتا ہے، اور جنگِ بدر کے دن کو بھی یوم الفرقان کہا گیا ہے۔

اور سورت کے معنی ہیں: ٹکڑا، حصہ، ایک دوسرے سے جدا، سورت: قرآن کے متعینہ حصہ کو کہا جاتا ہے، جو کم از کم تین آیات پر مشتمل ہو —— اگر اس کا واو اصلی ہے تو سُوْرُ البلد (شہر پناہ) سے ماخوذ ہے، اور اگر اس کا واو ہمزہ سے بدلا ہوا ہے تو جس طرح سُؤْرَة کے معنی کسی چیز کے بقیہ اور بچے ہوئے حصہ کے ہیں: یہ بھی قرآن کا ایک ٹکڑا اور حصہ ہے (لغات القرآن)

۷-عبارت کا ترجمہ: اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کے علاوہ نے یعنی ابوعبیدۃؒ نے کہا: سورتوں کے مجموعہ کا نام 'قرآن' رکھا گیا ہے، اور سورت کو سورت اس لئے کہا گیا ہے کہ وہ دوسری سورت سے علاحدہ ہے، پھر جب سورتوں کو ملا دیا تو مجموعہ قرآن کہلایا۔ اور آیتِ کریمہ: ﴿إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ﴾ میں قرآن کے معنی: اس کے بعض کو بعض سے جوڑنا ہیں۔ ﴿فَإِذَا قَرَأْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ﴾ کے معنی ہیں: پس جب ہم اس کو جمع کر دیں اور اس کو جوڑ دیں تو آپ اس جمع شدہ کی پیروی کریں یعنی جو قرآن میں جمع کیا گیا ہے: آپ اس کے اوامر پر عمل کریں اور اس کے نواہی سے بچیں —— اور کہا جاتا ہے: لیس لشعرہ قرآن: اس کے اشعار کا مجموعہ (دیوان) نہیں ہے —— اور قرآن کو فرقان اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ حق و باطل کے درمیان امتیاز کرتا ہے —— اور بانجھ عورت کے حق میں کہا جاتا ہے: مَا قَرَأَتْ سَلًى قَطّ: کبھی اس عورت نے جھلی جمع نہیں کی (السَّلَى: باریک جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے، اس کو نال اور جھلی کہتے ہیں، اس کی جمع أَسْلاء ہے اور آکلُ الأَسْلاء: خسیس اور رذیل آدمی کو کہتے ہیں)

۸-سورۃ النور کی پہلی آیت میں ہے: ﴿وَفَرَضْنَاهَا﴾: اور مقرر کیا ہم نے اس کو یعنی اس کے احکام بھی ہم ہی نے نازل کئے ہیں۔ فَرَضَ الأَمْرَ کے معنی ہیں: لازم کرنا، اور فَرَضَ له کے معنی ہیں: کوئی چیز خاص کرنا، حصہ متعین کرنا —— اور فَرَّضَ: فَرَضَ میں مبالغہ ہے —— حضرت فرماتے ہیں: اگر فَرَّضْنَاهَا (تشدید کے ساتھ) ہے تو اس کے معنی ہیں: ہم نے اس سورت میں مختلف احکام نازل کئے، اور اگر فَرَضْنَا ہے تو معنی ہیں: مقرر کئے (وہ احکام) تم پر اور بعد والوں پر۔

۹- آیت ۳۱ میں ہے:﴿أَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرَاتِ النِّسَاءِ﴾: یا ایسے بچوں کے سامنے جو عورتوں کی پردے کی باتوں سے واقف نہیں ـــــ مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: نہیں جانا انھوں نے، بایں وجہ کہ وہ چھوٹے ہیں۔

بیوی پر زنا کی تہمت لگانے کا حکم

سورۃ النور آیات ۶-۱۰ میں ہے: ''اور جو لوگ اپنی بیویوں پر زنا کی تہمت لگائیں، اور ان کے پاس اپنی ذاتوں کے علاوہ گواہ نہ ہوں تو ان کی گواہی کی صورت یہ ہے کہ شوہر چار مرتبہ گواہی دے کہ بخدا! وہ یقیناً سچا ہے، اور پانچویں مرتبہ کہے: اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر اللہ کی پھٹکار! ـــــ اور عورت سے سزا کو یہ بات ہٹائے گی کہ وہ چار مرتبہ گواہی دے کہ بخدا! شوہر جھوٹا ہے اور پانچویں بار کہے: اگر وہ سچا ہو تو اس (عورت) پر اللہ کا غضب! ـــــ اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی، اور نہ یہ بات ہوتی کہ اللہ توبہ قبول کرنے والے، حکمت والے ہیں ـــــ تو تم بڑی مضرتوں میں پڑ جاتے۔

شانِ نزول: ان آیات کا شانِ نزول حضرت عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، اور یہ حدیث پہلے ایک جگہ مختصر آئی ہے مفصل یہاں آئی ہے، اس لئے ترجمہ بعد میں ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ:﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهٰدَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ﴾

[۴۷۴۵-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ عُوَيْمِرًا أَتَى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ، وَكَانَ سَيِّدَ بَنِيْ عَجْلَانَ، فَقَالَ: كَيْفَ تَقُوْلُوْنَ فِيْ رَجُلٍ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ سَلْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَأَتَى عَاصِمٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَسَائِلَ، فَسَأَلَهُ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، قَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَا أَنْتَهِيْ حَتّٰى أَسْأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَجَاءَ عُوَيْمِرٌ: فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! رَجُلٌ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" قَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ" فَأَمَرَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْمُلَاعَنَةِ بِمَا سَمَّى اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهِ، فَلَا عَنَهَا، ثُمَّ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنْ حَبَسْتُهَا فَقَدْ ظَلَمْتُهَا، فَطَلَّقَهَا، فَكَانَتْ سُنَّةً لِمَنْ كَانَ بَعْدَهُمَا فِي الْمُتَلَاعِنَيْنِ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" انْظُرُوْا، فَإِنْ جَاءَ تْ بِهِ أَسْحَمَ أَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ، عَظِيْمَ الْأَلْيَتَيْنِ، خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ، فَلَا أَحْسِبُ عُوَيْمِرًا إِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا، وَإِنْ جَاءَ تْ بِهِ أُحَيْمِرَ كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ، فَلَا أَحْسِبُ عُوَيْمِرًا إِلَّا قَدْ كَذَبَ

عَلَيْهَا" فَجَاءَ تْ بِهِ عَلٰى النَّعْتِ الَّذِىْ نَعَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ تَصْدِيْقِ عُوَيْمِرٍ، فَكَانَ بَعْدُ نُسِبَ إِلٰى أُمِّهِ. [راجع: ٤٢٣]

ترجمہ: عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ اپنے قبیلہ کے سردار عاصم بن عدی کے پاس آئے، اور کہا: آپ حضرات کیا کہتے ہیں اس شخص کے بارے میں جس نے اپنی بیوی کے پاس غیر مرد کو پایا: کیا وہ اس کو قتل کرے: پس تم اس کو (قصاصا) قتل کروگے! یا کیا کرے؟ آپ میرے لئے یہ بات رسول اللہ ﷺ سے پوچھیں، پس عاصم نبی ﷺ کے پاس آئے، اور کہا: یارسول اللہ! (آگے بات محذوف ہے) پس رسول اللہ ﷺ نے سوالات کو ناپسند کیا، پس عاصم سے عویمر نے پوچھا: انھوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے سوالات کو ناپسند کیا اور ان کو برا سمجھا، عویمر نے کہا: میں نہیں رکونگا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ سے اس بارے میں پوچھوں، پس عویمر آئے اور کہا: اے اللہ کے رسول! ایک شخص اپنی بیوی کے پاس غیر مرد کو پاتا ہے: کیا وہ اس کو قتل کرے، پس آپ لوگ اس کو قتل کروگے، یا کیا کرے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ نے تیرے اور تیری بیوی کے حق میں قرآن نازل فرمایا ہے" پس رسول اللہ ﷺ نے دونوں کو لعان کرنے کا حکم دیا اُس طرح جس طرح قرآن میں ہے، پس دونوں نے لعان کیا، پھر عویمر نے کہا: یارسول اللہ! اگر میں نے عورت کو روکا تو میں نے اس پر ظلم کیا یعنی اس پر غلط تہمت لگائی، پس عویمر نے اس کو طلاق دیدی، پس وہ (فرقت) اسلامی طریقہ بنی اُن لعان کرنے والوں کے حق میں جو ان دونوں کے بعد ہونگے، پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "دیکھنا: اگر لائی وہ بچہ سیاہ، بڑی آنکھوں والا جس کی سفیدی سفید اور سیاہی بہت سیاہ ہو، سرینیں بڑی ہوں اور پنڈلیاں پُر گوشت ہوں تو میرے خیال میں عویمر نے عورت کے حق میں سچ کہا، اور اگر لائی وہ بچہ سرخ گویا وہ وَحرۃ ہے تو میرا خیال ہے کہ عویمر نے عورت کے حق میں غلط کہا" پس لائی وہ بچہ اس صفت پر جو رسول اللہ ﷺ نے بیان کی تھی، جس سے عویمر کی تصدیق ہوتی تھی، پس وہ بچہ بعد میں اس کی ماں کی طرف منسوب کیا جاتا تھا۔

لغات: أَسْحَم: صفت مشبہ: کالا، سیاہ، سَحِمَ (س) سَحَمًا: کالا ہونا، سیاہ ہونا، فهو أَسْحَم وهی سَحْماء .... دَعَجَتِ العینُ (س) دَعَجًا: آنکھ کا بہت سیاہ وسفید ہونا اور بڑی ہونا .... الأَلْيَة: سرین .... الخَدَلَّج: جس کے بازو اور پنڈلیاں پُر گوشت ہوں .... أُحَيْمِر: أَحْمر کی تصغیر: گورا، ہلکے سرخ رنگ کا۔

تشریح: جب لعان مکمل ہوجائے تو عورت سے صحبت اور دواعی صحبت حرام ہیں، پھر اگر مرد نے اسکو طلاق دیدی تو بہتر ہے ورنہ قاضی ان میں تفریق کردے یعنی کہہ دے کہ میں نے دونوں میں جدائی کردی، چاہے دونوں رضامند ہوں یا نہ ہوں اور یہ تفریق طلاق بائن کے حکم میں ہوگی ــــ پھر ان میں تجدید نکاح بھی نہ ہوسکے گا، جب تک دونوں صفتِ لعان پر ہیں، ہاں کوئی ایک خود کو جھٹلادے اور اس پر سزا جاری ہوجائے تو اب تجدید نکاح ہوسکتی ہے۔

لعان میں شوہر پانچویں بار کہے: اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر اللہ کی لعنت!

لعان کا طریقہ یہ ہے کہ قاضی شوہر سے لعان کا آغاز کرے، پہلے شوہر چار مرتبہ کہے: أَشْهَد بِاللّٰه أني لمن الصَّادقين فِيْمَا رَمَيْتُهَا به من الزنا: میں گواہی دیتا ہوں: بخدا! میں یقیناً سچا ہوں اس زنا کی تہمت میں جو میں نے اس عورت پر (اور عورت کی طرف اشارہ کرے) لگائی ہے، اور پانچویں بار کہے: لعنةُ الله عليَّ إن كنتُ من الكاذبين فيما رَمَيْتُهَا به من الزنا: مجھ پر اللہ کی لعنت! اگر میں جھوٹا ہوں اس زنا کی تہمت میں جو میں نے اس عورت پر (اور اس عورت کی طرف اشارہ کرے) لگائی ہے —— پھر عورت چار گواہیاں دے اور کہے: أَشْهَدُ بالله! إنه لمن الكاذبين فيما رَمَانِيْ به من الزنا: میں گواہی دیتی ہوں: بخدا! یقیناً وہ (اور شوہر کی طرف اشارہ کرے) جھوٹا ہے اس زنا کی تہمت میں جو اس نے مجھ پر لگائی ہے پھر پانچویں مرتبہ کہے: غَضَبُ اللّٰهِ عَلَيَّ إن كان من الصادقين فيما رَمَانِيْ به من الزنا: اللہ کا غضب نازل ہو مجھ پر اگر وہ (اور شوہر کی طرف اشارہ کرے) سچا ہو اس زنا کی تہمت میں جو اس نے مجھ پر لگائی ہے —— اب لعان مکمل ہوگیا، اور دونوں یا ایک عربی نہ جانتا ہو تو اپنی زبان میں مفہوم ادا کرے۔ اور حدیث گذشتہ باب والی ہے، مگر مختصر ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ﴾

[٤٧٤٦-] حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَبُوْ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ رَجُلاً رَأَى مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِمَا مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنَ التَّلاَعُنِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَدْ قُضِيَ فِيْكَ وَفِيْ امْرَأَتِكَ" قَالَ: فَتَلاَعَنَا وَأَنَا شَاهِدٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَفَارَقَهَا، فَكَانَتْ سُنَّةً أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلاَعِنَيْنِ، وَكَانَتْ حَامِلاً، فَأَنْكَرَ حَمْلَهَا، وَكَانَ ابْنُهَا يُدْعَى إِلَيْهَا، ثُمَّ جَرَتِ السُّنَّةُ فِي الْمِيْرَاثِ أَنْ يَرِثَهَا، وَتَرِثَ مِنْهُ مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهَا. [راجع: ٤٢٣]

قوله: وكانت حاملا: اور عورت حاملہ تھی، پس شوہر نے اس کے حمل کا انکار کیا (کہا: یہ میرا بچہ نہیں) اور اس کا بیٹا اس کی طرف منسوب کرکے بلایا جاتا تھا، پھر میراث کے باب میں اسلامی طریقہ یہ چلا کہ بچہ عورت کا وارث ہوگا اور عورت بچے کی وارث ہوگی اس حصہ کی جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے (ماں کے لئے) مقرر کیا ہے۔

عورت کا لعان اس سے حد زنا کو ہٹا دے گا

مرد کے بعد جب عورت نے لعان کرلیا تو وہ حد زنا سے بری ہوگئی، اب اس کو نہ زانیہ کہنا جائز ہے نہ بچے کو ولد الزنا،

حضرت ہلال رضی اللہ عنہ کے واقعہ میں رسول اللہ ﷺ نے یہی فیصلہ فرمایا ہے —— اور حدیث مختصر پہلے (تحفۃ القاری ۲:۶۷) آئی ہے، اس میں شانِ نزول کا دوسرا واقعہ مذکور ہے، ترجمہ کے بعد دونوں واقعوں کی ترتیب زمانی پر گفتگو کی جائے گی۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ﴾

[۴۷۴۷-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَأَتَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الْبَيِّنَةُ أَوْحَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِذَا رَأَى أَحَدُنَا عَلَى امْرَأَتِهِ رَجُلًا يَنْطَلِقُ يَلْتَمِسُ الْبَيِّنَةَ؟! فَجَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " الْبَيِّنَةَ وَإِلَّا حَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ" فَقَالَ هِلَالٌ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنِّيْ لَصَادِقٌ، فَلَيُنْزِلَنَّ اللّٰهُ مَا يُبَرِّئُ ظَهْرِيْ مِنَ الْحَدِّ، فَنَزَلَ جَبْرَئِيْلُ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ﴾ فَقَرَأَ حَتّٰى بَلَغَ: ﴿إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ﴾ فَانْصَرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا فَجَاءَ هِلَالٌ، فَشَهِدَ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ؟" ثُمَّ قَامَتْ فَشَهِدَتْ، فَلَمَّا كَانَتْ عِنْدَ الْخَامِسَةِ وَقَّفُوْهَا، وَقَالُوْا: إِنَّهَا مُوْجِبَةٌ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَتَلَكَّأَتْ وَنَكَصَتْ، حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهَا تَرْجِعُ، ثُمَّ قَالَتْ: لَاأُفْضِحُ قَوْمِيْ سَائِرَ الْيَوْمِ، فَمَضَتْ. وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَبْصِرُوْهَا، فَإِنْ جَاءَ تْ بِهِ أَكْحَلَ الْعَيْنَيْنِ سَابِغَ الْأَلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ، فَهُوَ لِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءَ" فَجَاءَ تْ بِهِ كَذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَوْلَا مَا مَضَى مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَانَ لِيْ وَلَهَا شَأْنٌ"[راجع: ۲۶۷۱]

ترجمہ: حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کو شریک بن سحماء کے ساتھ نبی ﷺ کے سامنے زنا کے ساتھ متہم کیا۔ آپؐ نے فرمایا: "گواہ لاؤ، ورنہ تمہاری پیٹھ پر حدِ قذف لگے گی" ہلالؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کون شوہر ایسا بے غیرت ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ غیر مرد کو زنا کرتے ہوئے دیکھے اور گواہ ڈھونڈھنے کے لئے نکلے؟ نبی ﷺ پھر بھی یہی فرماتے رہے: "گواہ لاؤ ورنہ تمہاری پیٹھ پر حدِ قذف لگے گی" (یہاں تک حدیث پہلے آئی ہے) پس ہلالؓ نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دینِ حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں یقیناً سچا ہوں، پس اللہ تعالیٰ ضرور نازل فرمائیں گے وہ وحی جو میری پیٹھ کو حد سے بری کردے گی، پس جبرئیل علیہ السلام اترے، اور آپؐ پر نازل کیا: ﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ﴾ پس آپؐ نے پڑھا یہاں تک کہ آپؐ پہنچے: ﴿إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ﴾ تک، پس نبی ﷺ لوٹے، اور عورت کو آدمی بھیج کر بلوایا، پس ہلالؓ آئے اور انھوں نے گواہی دی، اور نبی ﷺ فرمارہے تھے: "اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ تم میں سے ایک یقیناً جھوٹا ہے، پس کیا تم میں سے کوئی توبہ کرتا ہے؟" پھر عورت کھڑی ہوئی اور اس نے گواہیاں دیں، پھر جب پانچویں کا نمبر آیا

تو لوگوں نے اس کو روکا اور کہا: ''یہ واجب کرنے والی ہے!'' —— ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس عورت ہچکچائی اور پیچھے ہٹی، یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ رجوع کرلے گی، پھر اس نے کہا: میں اپنی قوم کو زمانہ بھر کے لئے رسوا نہیں کرونگی، پس وہ گذری یعنی پانچویں بات بھی کہہ دی (اور لعان ختم ہوگیا) اور نبی ﷺ نے فرمایا: ''عورت کو دیکھنا! اگر وہ بچہ لائی سرگیں آنکھوں والا، کامل سرینوں والا، بھری پنڈلیوں والا تو وہ شریک بن سحماء کا ہے'' پس لائی وہ اس کو ویسا ہی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر کتاب اللہ کا حکم پہلے نافذ نہ ہو چکا ہوتا تو میں عورت کو عبرتناک سزا دیتا!''

سوال: دو واقعے آئے: ایک عویمر عجلانی کا، دوسرا ہلال بن امیہ کا: آیات لعان کس واقعہ میں نازل ہوئی ہیں؟

جواب: حاشیہ میں نوویؒ سے نقل کیا ہے کہ ترجیح اس کو ہے کہ ہلالؓ کے واقعہ میں آیات لعان نازل ہوئی ہیں، اور چونکہ عویمرؓ کا واقعہ بھی ان کا مصداق تھا، اس لئے آپؐ نے فرمایا: ''تمہارے اور تمہاری بیوی کے حق میں آیات نازل ہو چکی ہیں''

لعان کے بعد بچہ کا نسب ماں سے ثابت ہوگا

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص نے اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائی، پس شوہر دور ہوگیا عورت کے بچہ سے یعنی اس نے بچہ کے نسب کا انکار کردیا، یہ نبی ﷺ کے زمانہ کا واقعہ ہے، پس رسول اللہ ﷺ نے دونوں کے بارے میں حکم دیا، پس دونوں نے لعان کیا جیسا اللہ نے فرمایا، پھر آپؐ نے بچہ کا فیصلہ عورت کے لئے کیا، اور دونوں لعان کرنے والوں میں نبی ﷺ نے جدائی کردی۔

تشریح: حنفیہ کے نزدیک نفس لعان سے تفریق نہیں ہوتی، قاضی کا فیصلہ ضروری ہے، اور دوسرے ائمہ کے نزدیک لعان مکمل ہوتے ہی خود بخود تفریق ہوجاتی ہے، قاضی کے فیصلہ کی ضرورت نہیں۔ یہ حدیث حنفیہ کی دلیل ہے، نبی ﷺ نے دونوں لعان کرنے والوں میں تفریق کی ہے (یہ حضرت عویمرؓ عجلانی کا واقعہ ہے)

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالْخَامِسَةُ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ﴾

[٤٧٤٨-] حدثنا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمِّى الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ — وَقَدْ سَمِعَ مِنْهُ — عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلاً رَمَى امْرَأَتَهُ، فَانْتَفَى مِنْ وَلَدِهَا فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَ بِهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَتَلاَعَنَا كَمَا قَالَ اللّٰهُ، ثُمَّ قَضَى بِالْوَلَدِ لِلْمَرْأَةِ، وَفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلاَعِنَيْنِ. [أطرافه: ٥٣٠٦، ٥٣١٣، ٥٣١٤، ٥٣١٥، ٦٧٤٨]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر الزام تراشی کا اصل ذمہ دار منافقوں کا سردار عبداللہ بن اُبی تھا

سورۃ النور کی آیت ۱۱ ہے: ''جن لوگوں نے الزام تراشی کی ہے یقیناً وہ تم میں کا ایک گروہ ہے'' —— تہمت لگانے

والے چار تھے، ایک بالذات تھا یعنی عبداللہ منافق اور تین بالواسطہ تھے یعنی حسان، مسطح اور حمنہ، یہ مخلص مؤمنین تھے، ان کو کہا کہ وہ تم میں کا ایک گروہ ہے ــــ ''تم اس الزام تراشی کو اپنے حق میں برا مت سمجھو، بلکہ وہ اتہام (انجام کے اعتبار سے) تمہارے حق میں بہتر ہے، ان میں سے ہر شخص کو جتنا کسی نے کچھ کیا گناہ ہوا، اور ان میں سے جس نے اس طوفان میں بڑا حصہ لیا اس کو سخت سزا ہوگی''

لغت: سورۃ الشعراء آیت ۲۲۲ میں اور سورۃ الجاثیہ آیت ۷ میں لفظ أَفَّاك آیا ہے، یہ إفك سے مبالغہ کا صیغہ ہے، اس کے معنی ہیں: مہا جھوٹا، افک کے اصل معنی ہیں: صحیح رخ سے پھیر دینا، پس جو بات اپنی اصلی صورت سے پھر گئی اس کو افك کہیں گے، الزام تراشی میں چونکہ یہ صفت بدرجہ اتم موجود ہے اس لئے اس کو افک کہا گیا (اور اسی مناسبت سے افاک کے معنی بیان کئے ہیں)

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ الزام تراشی کا اصل ذمہ دار عبداللہ بن اُبی تھا۔

تشریح: سنہ ۶ ہجری میں نبی ﷺ غزوۂ بنی المصطلق سے واپس تشریف لا رہے تھے، راستہ میں ایک منزل میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا قضائے حاجت کے لئے دور گئیں اور ان کا ہار گم ہوگیا، ڈھونڈھنے میں دیر لگی اور قافلہ روانہ ہوگیا، وہ واپس آکر اسی جگہ جہاں قافلہ رکا تھا رک گئیں، صبح کا سہانا وقت تھا ان کی آنکھ لگ گئی، حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ جو گرے پڑے کی خبر گیری کی غرض سے قافلہ کے پیچھے کچھ فاصلہ سے رکھے گئے تھے، صبح کے وقت یہاں پہنچے، اور حضرت عائشہؓ کو اونٹ پر بٹھا کر قافلہ میں لے آئے، عبداللہ بن ابی کو جو بدباطن اور دشمن رسول تھا ایک بات ہاتھ لگ گئی، اس نے واہی تباہی بکنا شروع کیا، اور واقعہ میں خوب رنگ بھرا، بعض بھولے مسلمان بھی اس کے ہم نوا بن گئے، اور ایک ماہ تک یہ طوفان بدتمیزی بپا رہا، پھر سورت النور کی یہ آیتیں نازل ہوئیں اور حضرت عائشہؓ کی بے گناہی آشکارہ ہوگئی۔ فللہ الحمدُ!

[۵-] بَابُ قَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُ وْا بِالإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ لَاتَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَكُمْ، بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَا اكْتَسَبَ مِنَ الإِثْمِ وَالَّذِىْ تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيْمٌ﴾

[۴۷۴۹-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿وَالَّذِىْ تَوَلّٰى كِبْرَهُ﴾ قَالَتْ: عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ. [راجع: ۲۵۹۳]

الزام تراشی بہت بڑا بہتان تھا، مسلمانوں کو اس میں کوئی حصہ نہیں لینا چاہئے تھا

سورۃ النور کی آیت ۱۶ ہے: ''اور جب تم نے اس (الزام تراشی) کو سنا تو کیوں نہ کہہ دیا کہ ہمارے لئے زیبا نہیں کہ ہم ایسی بات زبان سے نکالیں، معاذ اللہ! یہ تو بہت بڑا بہتان ہے!'' ــــ تمہیں سوچنا چاہئے تھا کہ جس خاتون کو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی زوجیت کے لئے چنا: وہ خود بے آبرو ہو کر سید الانبیاء ﷺ کی آبرو پر بٹہ کیسے لگائے گی؟! یہ تو منافقوں

نے ایک بے قصور پر بہتان باندھا ہے، تم نے فوراً ہی اس کی تردید کیوں نہ کردی! اس بات کو تم نے آگے کیوں چلایا؟!
اورسورۃ النور کی آیت ۱۳ ہے: ’’وہ لوگ اُس بات پر چار گواہ کیوں نہیں لائے؟ پس جب وہ گواہ نہیں لائے تو وہی اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں!‘‘ —— کیونکہ قانون کا مدار ظاہری احوال پر ہوتا ہے، الزام تراشی پر گواہ قائم کرنے ضروری ہیں، اگر گواہوں کے بغیر الزام لگانے والے کی بات مان لی جائے گی تو ہر کوئی یہ حرکت شروع کردے گا، اور بغیر دلیل کے سزا جاری کرنا لازم آئے گا۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۸) آچکی ہے، ضرورت پڑے تو اس کی مراجعت کریں۔

[٦-] ﴿وَلَوْلاَ إِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُم مَّا يَكُوْنُ لَنَا أَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ﴾

﴿لَوْلاَ جَاءُ وْا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَإِذْ لَمْ يَأْتُوْا بِالشُّهَدَاءِ فَأُوْلٰئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكَاذِبُوْنَ﴾

[٤٧٥٠-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ ابْنُ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَاقَالُوْا، فَبَرَّأَهَا اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا، وَكُلٌّ حَدَّثَنِىْ طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيْثِ، وَبَعْضُ حَدِيْثِهِمْ يُصَدِّقُ بَعْضًا، وَإِنْ كَانَ بَعْضُهُمْ أَوْعَى لَهُ مِنْ بَعْضٍ.

الَّذِىْ حَدَّثَنِىْ عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ أَقْرَعَ بَيْنَ أَزْوَاجِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَعَهُ.

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِىْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا، فَخَرَجَ سَهْمِىْ، فَخَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ مَا نَزَلَ الْحِجَابُ، فَأَنَا أُحْمَلُ فِى هَوْدَجِىْ وَأُنْزَلُ فِيْهِ، فَسِرْنَا حَتّٰى إِذَا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَزْوَتِهِ تِلْكَ وَقَفَلَ، وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ قَافِلِيْنَ آذَنَ لَيْلَةً بِالرَّحِيْلِ، فَقُمْتُ حِيْنَ آذَنُوْا بِالرَّحِيْلِ، فَمَشَيْتُ حَتّٰى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ، فَلَمَّا قَضَيْتُ شَأْنِىْ أَقْبَلْتُ إِلٰى رَحْلِىْ، فَإِذَا عِقْدٌ لِىْ مِنْ جَزْعِ ظَفَارٍ قَدِ انْقَطَعَ، فَالْتَمَسْتُ عِقْدِىْ وَحَبَسَنِىْ ابْتِغَاؤُهُ. وَأَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُرَحِّلُوْنَ لِىْ، فَاحْتَمَلُوْا هَوْدَجِىْ، فَرَحَلُوْهُ عَلٰى بَعِيْرِىْ الَّذِىْ كُنْتُ رَكِبْتُ، وَهُمْ يَحْسِبُوْنَ أَنِّىْ فِيْهِ، وَكَانَ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ يُثْقِلْهُنَّ اللَّحْمُ، إِنَّمَا نَأْكُلُ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ، فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ خِفَّةَ الْهَوْدَجِ حِيْنَ رَفَعُوْهُ، وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيْثَةَ السِّنِّ، فَبَعَثُوْا الْجَمَلَ وَسَارُوْا، فَوَجَدْتُ عِقْدِىْ بَعْدَ مَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ، فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ، وَلَيْسَ بِهَا دَاعٍ وَلاَ مُجِيْبٌ، فَأَمَّمْتُ مَنْزِلِى الَّذِىْ كُنْتُ بِهِ، وَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَيَفْقِدُوْنِّىْ، فَيَرْجِعُوْنَ إِلَىَّ، فَبَيْنَا أَنَا جَالِسَةٌ فِىْ مَنْزِلِىْ غَلَبَتْنِىْ عَيْنِىْ فَنِمْتُ.

وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ، فَأَدْلَجَ فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِيْ، فَرَأَى سَوَادَ إِنْسَانٍ نَائِمٍ، فَأَتَانِيْ فَعَرَفَنِيْ حِيْنَ رَآنِيْ، وَكَانَ يَرَانِيْ قَبْلَ الْحِجَابِ، فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِيْنَ عَرَفَنِيْ، فَخَمَّرْتُ وَجْهِيْ بِجِلْبَابِيْ، وَاللّٰهِ مَا يُكَلِّمُنِيْ كَلِمَةً، وَلاَ سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ، حَتّٰى أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ، فَوَطِئَ عَلٰى يَدَيْهَا فَرَكِبْتُهَا، فَانْطَلَقَ يَقُوْدُ بِيْ الرَّاحِلَةَ، حَتَّى أَتَيْنَا الْجَيْشَ بَعْدَ مَا نَزَلُوْا مُوْغِرِيْنَ فِي نَحْرِ الظَّهِيْرَةِ.

فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ، وَكَانَ الَّذِيْ تَوَلَّى الإِفْكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيِّ ابْنِ السَّلُوْلِ، فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ، فَاشْتَكَيْتُ حِيْنَ قَدِمْتُ شَهْرًا، وَالنَّاسُ يُفِيْضُوْنَ فِي قَوْلِ أَصْحَابِ الإِفْكِ، لاَ أَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ، وَهُوَ يُرِيْبُنِيْ فِي وَجَعِيْ أَنِّيْ لاَ أَعْرِفُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اللُّطْفَ الَّذِيْ كُنْتُ أَرَى مِنْهُ حِيْنَ أَشْتَكِيْ، إِنَّمَا يَدْخُلُ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَيُسَلِّمُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: "كَيْفَ تِيْكُمْ؟" ثُمَّ يَنْصَرِفُ، فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَرِيْبُنِيْ، وَلاَ أَشْعُرُ بِالشَّرِّ حَتّٰى خَرَجْتُ بَعْدَ مَا نَقِهْتُ، فَخَرَجَتْ مَعِيْ أُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ، وَهُوَ مُتَبَرَّزُنَا، وَكُنَّا لاَنَخْرُجُ إِلَّا لَيْلاً إِلٰى لَيْلٍ، وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ تُتَّخَذَ الْكُنُفُ قَرِيْبًا مِنْ بُيُوْتِنَا، وَأَمْرُنَا أَمْرُ الْعَرَبِ الأُوَلِ فِي التَّبَرُّزِ قِبَلَ الْغَائِطِ، فَكُنَّا نَتَأَذَّى بِالْكُنُفِ أَنْ نَتَّخِذَهَا عِنْدَ بُيُوْتِنَا.

فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ، وَهِيَ ابْنَةُ أَبِيْ رُهْمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَأُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ خَالَةُ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ، فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ بَيْتِيْ، قَدْ فَرَغْنَا مِنْ شَأْنِنَا، فَعَثَرَتْ أُمُّ مِسْطَحٍ فِيْ مِرْطِهَا، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ أَتَسُبِّيْنَ رَجُلاً شَهِدَ بَدْرًا؟ قَالَتْ: أَيْ هَنْتَاهْ! أَوَ لَمْ تَسْمَعِيْ مَا قَالَ؟ قُلْتُ: وَمَا قَالَ؟ قَالَتْ: كَذَا وَكَذَا فَأَخْبَرَتْنِيْ بِقَوْلِ أَهْلِ الإِفْكِ، فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلٰى مَرَضِيْ.

فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلٰى بَيْتِيْ وَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: "كَيْفَ تِيْكُمْ؟" فَقُلْتُ: أَتَأْذَنُ لِيْ أَنْ آتِيَ أَبَوَيَّ؟ قَالَتْ: وَأَنَا حِيْنَئِذٍ أُرِيْدُ أَنْ أَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا، قَالَتْ: فَأَذِنَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجِئْتُ أَبَوَيَّ، فَقُلْتُ لِأُمِّيْ: يَا أُمَّتَاهْ، مَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ؟ قَالَتْ: يَا بُنَيَّةُ! هَوِّنِيْ عَلَيْكِ، فَوَ اللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ قَطُّ وَضِيْئَةً عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا وَلَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا كَثَّرْنَ عَلَيْهَا، قَالَتْ: فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! أَوَلَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهٰذَا؟! قَالَتْ: فَبَكَيْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتّٰى أَصْبَحْتُ لاَ يَرْقَأُ لِيْ دَمْعٌ، وَلاَ أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ حَتّٰي أَصْبَحْتُ أَبْكِيْ.

فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ، وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حِيْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ، يَسْتَأْمِرُهُمَا فِي فِرَاقِ أَهْلِهِ، قَالَتْ: فَأَمَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَأَشَارَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

بِالَّذِیْ یَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَ ةِ أَهْلِهِ، وَبِالَّذِیْ یَعْلَمُ لَهُمْ فِیْ نَفْسِهِ مِنَ الْوُدِّ، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَهْلَكَ، وَمَا نَعْلَمُ إِلَّا خَیْرًا، وَأَمَّا عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَمْ یُضَیِّقِ اللّٰهُ عَلَیْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا کَثِیْرٌ، وَإِنْ تَسْأَلِ الْجَارِیَةَ تَصْدُقْكَ، قَالَتْ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بَرِیْرَةَ فَقَالَ: "أَیْ بَرِیْرَةُ، هَلْ رَأَیْتِ مِنْ شَیْئٍ یَرِیْبُكِ؟" قَالَتْ بَرِیْرَةُ: وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنْ رَأَیْتُ عَلَیْهَا أَمْرًا أَغْمِصُهُ عَلَیْهَا أَکْثَرَ مِنْ أَنَّهَا جَارِیَةٌ حَدِیْثَةُ السِّنِّ، تَنَامُ عَنْ عَجِیْنِ أَهْلِهَا، فَتَأْتِی الدَّاجِنُ فَتَأْکُلُهُ.

فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَاسْتَعْذَرَ یَوْمَئِذٍ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَیِّ ابْنِ السَّلُوْلِ، قَالَتْ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَهُوَ عَلَی الْمِنْبَرِ: "یَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِیْنَ مَنْ یَعْذِرُنِیْ مِنْ رَجُلٍ، قَدْ بَلَغَنِیْ أَذَاهُ فِیْ أَهْلِ بَیْتِیْ، فَوَ اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ مَنْ أَهْلِیْ إِلَّا خَیْرًا، وَلَقَدْ ذَکَرُوْا رَجُلًا، مَا عَلِمْتُ عَلَیْهِ إِلَّا خَیْرًا، وَمَا کَانَ یَدْخُلُ عَلٰی أَهْلِیْ إِلَّا مَعِیْ"

فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ الْأَنْصَارِیُّ، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنَا أَعْذِرُكَ مِنْهُ، إِنْ کَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْتُ عُنُقَهُ، وَإِنْ کَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ، أَمَرْتَنَا، فَفَعَلْنَا أَمْرَكَ، قَالَتْ: فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ — وَهُوَ سَیِّدُ الْخَزْرَجِ، وَکَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ رَجُلًا صَالِحًا، وَلٰکِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِیَّةُ — فَقَالَ لِسَعْدٍ: کَذَبْتَ، لَعَمْرُ اللّٰهِ لَا تَقْتُلُهُ، وَلَا تَقْدِرُ عَلٰی قَتْلِهِ، فَقَامَ أُسَیْدُ بْنُ حُضَیْرٍ، وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدٍ، فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ: کَذَبْتَ، لَعَمْرُ اللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهُ، فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِیْنَ، فَتَثَاوَرَ الْحَیَّانِ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتّٰی هَمُّوْا أَنْ یَقْتَتِلُوْا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَائِمٌ عَلَی الْمِنْبَرِ، فَلَمْ یَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یُخَفِّضُهُمْ حَتّٰی سَکَتُوْا وَسَکَتَ.

قَالَتْ: فَمَکَثْتُ یَوْمِیْ ذٰلِكَ لَا یَرْقَأُ لِیْ دَمْعٌ وَلَا أَکْتَحِلُ بِنَوْمٍ، قَالَتْ: فَأَصْبَحَ أَبَوَایَ عِنْدِیْ — وَقَدْ بَکَیْتُ لَیْلَتَیْنِ وَیَوْمًا لَا أَکْتَحِلُ بِنَوْمٍ وَلَا یَرْقَأُ لِیْ دَمْعٌ— یَظُنَّانِ أَنَّ الْبُکَاءَ فَالِقٌ کَبِدِیْ، قَالَتْ: فَبَیْنَا هُمَا جَالِسَانِ عِنْدِیْ وَأَنَا أَبْکِیْ، فَاسْتَأْذَنَتْ عَلَیَّ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَأَذِنْتُ لَهَا، فَجَلَسَتْ تَبْکِیْ مَعِیْ، قَالَتْ: فَبَیْنَا نَحْنُ عَلٰی ذٰلِكَ دَخَلَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَسَلَّمَ، ثُمَّ جَلَسَ، قَالَتْ: وَلَمْ یَجْلِسْ عِنْدِیْ مُنْذُ قِیْلَ لِیْ مَا قِیْلَ قَبْلَهَا، وَقَدْ لَبِثَ شَهْرًا، لَا یُوْحٰی إِلَیْهِ فِیْ شَأْنِیْ، قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم حِیْنَ جَلَسَ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ، یَا عَائِشَةُ فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِیْ عَنْكِ کَذَا وَکَذَا، فَإِنْ کُنْتِ بَرِیْئَةً فَسَیُبَرِّئُكِ اللّٰهُ، وَإِنْ کُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ، فَاسْتَغْفِرِی اللّٰهَ وَتُوْبِیْ إِلَیْهِ، فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ بِذَنْبِهِ ثُمَّ تَابَ إِلَی اللّٰهِ تَابَ اللّٰهُ عَلَیْهِ"

قَالَتْ: فَلَمَّا قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم مَقَالَتَهُ، قَلَصَ دَمْعِیْ حَتّٰی مَا أُحِسُ مِنْهُ قَطْرَةً،

فَقُلْتُ لِأَبِیْ: أَجِبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْمَا قَالَ: قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِیْ مَا أَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقُلْتُ لِأُمِّیْ: أَجِیْبِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قَالَتْ: مَا أَدْرِیْ مَا أَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قَالَتْ: فَقُلْتُ وَأَنَا جَارِیَةٌ حَدِیْثَةُ السِّنِّ لاَ أَقْرَأُ كَثِیْرًا مِنَ الْقُرْآنِ: إِنِّیْ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَقَدْ سَمِعْتُمْ هٰذَا الْحَدِیْثَ حَتّٰی اسْتَقَرَّ فِیْ أَنْفُسِكُمْ، وَصَدَّقْتُمْ بِهِ، فَلَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّیْ بَرِیْئَةٌ - وَاللّٰهُ یَعْلَمُ أَنِّیْ بَرِیْئَةٌ - لاَ تُصَدِّقُوْنِیْ بِذٰلِكَ، وَلَئِنْ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بَأَمْرٍ - وَاللّٰهُ یَعْلَمُ أَنِّیْ مِنْهُ بَرِیْئَةٌ - لَتُصَدِّقُنِّیْ، وَاللّٰهِ مَا أَجِدُ لَكُمْ مَثَلاً إِلاَّ قَوْلَ أَبِیْ یُوْسُفَ، قَالَ:﴿ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْنَ﴾[یوسف: ۱۸]

قَالَتْ: ثُمَّ تَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلٰی فِرَاشِیْ، قَالَتْ: وَأَنَا حِیْنَئِذٍ أَعْلَمُ أَنِّیْ بَرِیْئَةٌ، وأَنَّ اللّٰهَ مُبَرِّئِیْ بِبَرَاءَ تِیْ، وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ اللّٰهَ یُنْزِلُ فِیْ شَأْنِیْ وَحْیًا یُتْلَی، وَلَشَأْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ كَانَ أَحْقَرَ مِنْ أَنْ یَتَكَلَّمَ اللّٰهُ فِیَّ بِأَمْرٍ یُتْلَی، وَلٰكِنْ كُنْتُ أَرْجُوْ أَنْ یَرَی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِی النَّوْمِ رُؤْیَا یُبَرِّئُنِیْ اللّٰهُ بِهَا.

قَالَتْ: فَوَ اللّٰهِ مَا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَلاَ خَرَجَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْبَیْتِ حَتّٰی أُنْزِلَ عَلَیْهِ، فَأَخَذَهُ مَاكَانَ یَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ، حَتّٰی إِنَّه لَیَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ، وَهُوَ فِیْ یَوْمٍ شَاتٍ مِنْ ثِقَلِ الْقَوْلِ الَّذِیْ یُنْزَلُ عَلَیْهِ، قَالَتْ: فَلَمَّا سُرِّیَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم سُرِّیَ عَنْهُ وَهُوَ یَضْحَكُ، فَكَانَتْ أَوَّلُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا:" یَا عَائِشَةُ! أَمَّا اللّٰهُ فَقَدْ بَرَّأَكِ" فَقَالَتْ أُمِّیْ: قُوْمِیْ إِلَیْهِ. قَالَتْ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لاَ أَقُوْمُ إِلَیْهِ، وَلاَ أَحْمَدُ إِلاَّ اللّٰهَ. وَأَنْزَلَ اللّٰهُ:﴿إِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْا بالإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ﴾ الْعَشْرَ الآیَاتِ كُلَّهَا، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذَا فی بَرَاءَ تِیْ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّیْقُ وَكَانَ یُنْفِقُ عَلٰی مِسْطَحِ بْنِ أُثَاثَةَ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ وَفَقْرِهِ: وَاللّٰهِ لاَ أُنْفِقُ عَلٰی مِسْطَحٍ شَیْئًا أَبَدًا بَعْدَ الَّذِیْ قَالَ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ:﴿ وَلاَ یَأْتَلِ أُوْلُوْا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ یُؤْتُوْا أُوْلِی الْقُرْبٰی وَالْمَسَاكِیْنَ وَالْمُهَاجِرِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلْیَعْفُوْا وَلْیَصْفَحُوْا أَلاَ تُحِبُّوْنَ أَنْ یَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾ [النور: ۲۲] قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: بَلٰی، وَاللّٰهِ إِنِّیْ أُحِبُّ أَنْ یَغْفِرَ اللّٰهُ لِیْ، فَرَجَعَ إِلٰی مِسْطَحٍ النَّفَقَةَ الَّتِیْ كَانَ یُنْفِقُ عَلَیْهِ، وَقَالَ: وَاللّٰهِ لاَ أَنْزِعُهَا مِنْهُ أَبَدًا.

قَالَتْ عَائِشَةُ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَسْأَلُ زَیْنَبَ ابْنَةَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِیْ، فَقَالَ: "یَا زَیْنَبُ! مَاذَا عَلِمْتِ أَوْ: رَأَیْتِ؟" فَقَالَتْ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَحْمِیْ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ، مَا عَلِمْتُ إِلاَّ خَیْرًا. قَالَتْ: وَهِیَ الَّتِیْ كَانَتْ تُسَامِیْنِیْ مِنْ أَزْوَاجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ، فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ، وَطَفِقَتْ أُخْتُهَا حَمْنَةُ تُحَارِبُ لَهَا، فَهَلَكَتْ فِیْمَنْ هَلَكَ مِنْ أَصْحَابِ الإِفْكِ. [راجع: ۲۵۹۳]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر الزام لگانے کی وجہ سے بڑا عذاب آسکتا تھا

سورۃ النور کی آیت ۱۴ ہے: ''اور اگر تم پر دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم نہ ہوتا تو ضرور تم کو اس معاملہ میں جس میں تم مشغول ہوئے تھے بڑا عذاب پہنچتا!'' —— یعنی جو جرم تم سے سرزد ہوا اور جس شغل (الزام تراشی) میں تم پڑے وہ بہت بڑا جرم تھا، اس پر عذاب آسکتا تھا، مگر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہوا کہ عذاب ٹل گیا۔ اور الزام کی سنگینی اس سے واضح ہے کہ جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پہلی مرتبہ بات سنی تو وہ بے ہوش ہوکر گر پڑیں (یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۹۲) مفصل آچکی ہے)

لغت: آیت ۱۵ میں: ﴿تَلَقَّوْنَهُ﴾ ہے، یہ فعل مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ہے، تَلَقِّیٌ (باب تفعل) سے ہے، اصل میں تَتَلَقَّوْنَ تھا، ایک تاء حذف ہوگئی ہے، تَلَقِّی کے معنی ہیں: پانا، حاصل کرنا، کیچ کرنا۔ مجاہد رحمہ اللہ نے اس کا مطلب بیان کیا ہے: بعض بعض سے روایت کرتے ہیں یعنی جب ایک دوسرے سے ملتا ہے تو کہتا ہے: مَاوَرَاءَ كَ؟: نئی بات سناؤ! پس وہ اس تہمت کا تذکرہ کرتا، پھر اسی طرح وہ دوسرا اس کو آگے بڑھاتا —— اور یہی إِفَاضَة: یعنی بات میں مشغول ہونا ہے أَفَاضَ القومُ فی الحدیث: بات چیت کو لمبا کرنا، گفتگو میں مشغول رہنا، سورۃ یونس آیت ۶۱ میں اور سورۃ الاحقاف آیت ۸ میں ﴿تُفِيْضُوْنَ﴾ ہے، جس کے معنی ہیں: باتوں میں مصروف ہونا (اور یہ لغت یہاں أَفَضْتُمْ کی وجہ سے بیان کی ہے)

[۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَوْلاَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَا أَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ﴾

وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿تَلَقَّوْنَهُ﴾: يَرْوِيْهِ بَعْضُكُمْ عَنْ بَعْضٍ. ﴿تُفِيْضُوْنَ﴾: تَقُوْلُوْنَ.

[۴۷۵۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ أُمِّ رُوْمَانَ أُمِّ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: لَمَّا رُمِيَتْ عَائِشَةُ خَرَّتْ مَغْشِيًّا عَلَيْهَا. [راجع: ۳۳۸۸]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت اللہ کے نزدیک بڑی سنگین بات تھی!

سورۃ النور آیت ۱۵ میں ہے: ''(یاد کرو) جب تم اس (تہمت) کو اپنی زبانوں سے نقل در نقل کر رہے تھے''، یعنی اس کو سن کر بے تحقیق آگے بڑھا رہے تھے —— ''اور اپنے منہ سے وہ بات کہہ رہے تھے جس کی حقیقت تمہیں معلوم نہیں تھی'' —— گپ اڑا رہے تھے —— ''اور تم اس کو معمولی بات سمجھ رہے تھے، حالانکہ وہ بات اللہ کے نزدیک سنگین تھی!'' —— کیونکہ اس سے صاحب معاملہ کو سخت تکلیف پہنچی، اُس کی رسوائی ہوئی، اس کے لئے زندگی دوبھر ہوگئی، اور رسول اللہ ﷺ سخت

گھٹن میں مبتلا ہو گئے!

قراءت: عام قراءت تَلَقَّوْنَهُ ہے، اور اس کے معنی ابھی بیان کئے، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تَلِقُوْنَه پڑھتی تھیں، وَلَقَ يَلِقُ (ض) وَلْقًا الحديثَ: بات بنانا، گھڑنا یعنی تم اپنی زبانوں سے اس بات کو بناتے تھے، گھڑتے تھے۔

[۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِأَفْوَاهِكُمْ مَّالَيْسَ لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُوْنَهُ هَيِّنًا وَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ﴾

[٤٧٥٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقْرَأُ: "إِذْ تَلِقُوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ"[راجع: ٤١٤٤]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی بے گناہی کا آسمان سے اعلان ہوا

سورۃ النور کی آیت ۱۶ کے ذریعہ مکرر باب باندھا ہے، فرمایا: ''اور جب تم نے اس (الزام تراشی) کو سنا تو کہہ کیوں نہ دیا کہ ہمارے لئے زیبا نہیں کہ ہم ایسی بات زبان سے نکالیں، توبہ توبہ! یہ تو بڑا بہتان ہے!'' —— گناہ بھاری ہلکا ہوتا ہے متعلقات کے اعتبار سے، ایک عام عورت پر الزام اور حرم نبوی پر الزام برابر نہیں، اس سے تو آسمان ٹوٹ پڑے تو روا ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے (ذکوان مولیٰ عائشہؓ کے ذریعہ) حضرت عائشہؓ سے اجازت طلب کی، جبکہ وہ موت کی بے چینی میں تھیں (انھوں نے اجازت دینے میں تأمل کیا، اور) فرمایا: مجھے ڈر ہے کہ وہ میری تعریف کریں گے (تعریف سے عجب پیدا ہونے کا احتمال ہوتا ہے) پس کہا گیا (ان کے بھتیجے عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ نے کہا:) وہ رسول اللہ ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں اور مسلمانوں میں اہم شخصیت کے مالک ہیں (پس ان کو اجازت دیدیں) حضرت عائشہؓ نے کہا: ان کو اجازت دیدو، پس ابن عباسؓ نے پوچھا: آپ خود کو کیسا پاتی ہیں؟ یعنی مزاج شریف کیسا ہے؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: بہتر ہوں اگر میں پرہیزگار ہوں، ابن عباسؓ نے کہا: آپ ان شاء اللہ (آخرت میں) بہتر ہیں، آپ رسول اللہ ﷺ کی اہلیہ ہیں، اور آپ کے علاوہ نبی ﷺ نے کسی کنواری سے شادی نہیں کی، اور آپ کی بے گناہی آسمان سے نازل ہوئی (یہاں باب ہے) اور عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما آئے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نکلتے ہی، پس عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: ابن عباس آئے تھے، پس انھوں نے میری تعریف کی، اور میری آرزو تھی کہ میں بھولی بسری ہوتی!

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهٰذَا سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ﴾

[٤٧٥٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، قَالَ:

حَدَّثَنِیْ ابْنُ أَبِیْ مُلَیْکَةَ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ ابْنُ عَبَّاسٍ قُبَیْلَ مَوْتِهَا عَلٰی عَائِشَةَ، وَهِیَ مَغْلُوْبَةٌ، قَالَتْ: أَخْشَی أَنْ یُثْنِیَ عَلَیَّ، فَقِیْلَ: ابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَمِنْ وُجُوْهِ الْمُسْلِمِیْنَ. قَالَتِ: ائْذَنُوْا لَهُ. فَقَالَ: کَیْفَ تَجِدِیْنَكِ؟ قَالَتْ: بِخَیْرٍ إِنِ اتَّقَیْتُ، قَالَ: فَأَنْتِ بَخَیْرٍ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، زَوْجَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَلَمْ یَنْکِحْ بِکْرًا غَیْرَكِ، وَنَزَلَ عُذْرُكِ مِنَ السَّمَاءِ، وَدَخَلَ ابْنُ الزُّبَیْرِ خِلَافَهُ، فَقَالَتْ: دَخَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَأَثْنَی عَلَیَّ وَوَدِدْتُ أَنِّیْ کُنْتُ نَسْیًا مَنْسِیًّا.[راجع: ۳۷۷۱]

[۴۷۵۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِیْدِ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اسْتَأْذَنَ عَلٰی عَائِشَةَ نَحْوَهُ. وَلَمْ یَذْکُرْ: نَسْیًا مَنْسِیًّا.[راجع: ۳۷۷۱]

آئندہ کبھی ایسی بات زبان سے مت نکالنا

آیت ۱۷ میں ہے: ''اللہ تعالیٰ تمہیں نصیحت فرماتے ہیں: اگر تم ایمان دار ہوتو آئندہ کبھی ایسی بات زبان سے مت نکالنا!'' —— اور اگر شیعوں کی طرح بے ایمان ہوتو جو چاہو بکو، مگر انجام برا ہوگا!

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۲۵۷) آئی ہے، اور حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے شعر کا ترجمہ یہ ہے:

پاکدامن باوقار ہیں کسی شک کے ساتھ متہم نہیں کی جاتیں ❁ اور صبح کرتی ہیں بھوکی گناہ سے بے خبر عورتوں کے گوشت سے!

[۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿یَعِظُکُمُ اللّٰهُ أَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهِ أَبَدًا﴾

[۴۷۵۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِی الضُّحَی، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ جَاءَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ یَسْتَأْذِنُ عَلَیْهَا، قُلْتُ: أَتَأْذَنِیْنَ لِهٰذَا؟ قَالَتْ: أَوَلَیْسَ قَدْ أَصَابَهُ عَذَابٌ عَظِیْمٌ؟ قَالَ سُفْیَانُ: تَعْنِیْ ذَهَابَ بَصَرِهِ، فَقَالَ:

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِیْبَةٍ ❁ وَتُصْبِحُ غَرْثَی مِنْ لُحُوْمِ الْغَوَافِلِ

قَالَتْ: لٰکِنْ أَنْتَ.[راجع: ۴۱۴۶]

اللہ تعالیٰ صاف صاف احکام بیان فرماتے ہیں

اور آیت ۱۸ میں ہے: ''اور اللہ تعالیٰ تمہارے لئے صاف صاف احکام بیان فرماتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے بڑے حکمت والے ہیں''

مسئلہ: یہ ایک صاف صریح حکم ہے، اس کی خلاف ورزی کفر ہے۔ شامی (۳: ۱۸۳) میں ہے: من المعلوم ضرورۃ: أن من قذف أمَّ المؤمنین عائشة رضی الله تعالیٰ عنها کَفَرَ، سواء کان سرًّا أو جهرًا: یہ بات بداہۃً معلوم ہے

یعنی دلیل کی محتاج نہیں کہ جو شخص ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگائے: وہ کافر ہے، خواہ سراً لگائے یا جہراً یعنی برملا۔ اور حدیث مع شرح محولا بالا جگہ میں آگئی ہے۔

[١٠-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْآيَاتِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ﴾

[٤٧٥٦-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: دَخَلَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ عَلٰى عَائِشَةَ، فَشَبَّبَ، وَقَالَ:

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيْبَةٍ ۞ وَتُصْبِحُ غَرْثَى مِنْ لُحُوْمِ الْغَوَافِلِ

قَالَتْ: لَسْتَ كَذَاكَ. قُلْتُ: تَدَعِيْنَ مِثْلَ هٰذَا يَدْخُلُ عَلَيْكِ، وَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيْمٌ﴾

فَقَالَتْ: وَأَيُّ عَذَابٍ أَشَدُّ مِنَ الْعَمَى؟! وَقَالَتْ: وَقَدْ كَانَ يَرُدُّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ٤١٤٦]

بے حیائی کی باتوں کا چرچا معاشرہ کو خراب کرتا ہے

سورۃ النور آیات ۱۹ و ۲۰ میں ہے: ”جو لوگ مسلمانوں میں بے حیائی کی بات کا چرچا پسند کرتے ہیں، ان کے لئے دنیا وآخرت میں دردناک سزا ہے، اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے“ —— بے حیائی کی خبروں کو شہرت دینا لوگوں کے دلوں سے فواحش کی نفرت کو کم کرتا ہے، اور جرائم پر اقدام کا جذبہ پیدا کرتا ہے، اور جھوٹی تہمت کا چرچا بھی اسی ذیل میں آتا ہے —— پھر الزام تراشی کے واقعہ کو اس مضمون پر پورا کیا جارہا ہے، فرمایا: —— ”اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی، اور نہ یہ بات ہوتی کہ اللہ تعالیٰ بڑے شفیق بڑے مہربان ہیں (تو تم بڑی مضرتوں میں پڑ جاتے)

بڑوں کا ظرف بڑا اور ان کے اخلاق بلند ہونے چاہئیں

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے والوں میں حضرت مسطحؓ بھی تھے، جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بھانجے یا خالہ زاد بھائی تھے، واقعۂ افک سے پہلے حضرت ابوبکرؓ ان کی امداد کیا کرتے تھے، جب یہ واقعہ پیش آیا اور صدیقہؓ کی براءت آسمان سے نازل ہوئی تو حضرت ابوبکرؓ نے قسم کھالی کہ وہ آئندہ مسطح کی امداد نہیں کریں گے، اس پر سورۃ النور کی آیت ۲۲ نازل ہوئی: ”اور تم میں سے دینی کمال اور مالی وسعت رکھنے والے قسم نہ کھائیں کہ وہ رشتہ داروں، غریبوں اور راہِ خدا میں ہجرت کرنے والوں کو نہیں دیں گے، کیا تم یہ بات پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں معاف کردیں، اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے رحم والے ہیں“ —— جب حضرت ابوبکرؓ نے یہ آیت سنی تو کہا: ”بے شک اے میرے پروردگار! ہم ضرور چاہتے ہیں کہ

آپ ہماری مغفرت فرمائیں!'' اورانھوں نے حضرت مسطح کی امداد جاری کردی، بلکہ بعض روایات میں ہے کہ دوگنی کردی۔
اور باب کی حدیث میں افک کا واقعہ ہے، اور یہ حدیث معلق ہے، ابواسامۃ حماد بن اسامۃ امام بخاریؒ کے استاذ نہیں، امام احمدؒ نے اس کو موصولا روایت کیا ہے (مسند احمد ۶:۵۹) اور اس روایت میں بعض اوہام ہیں اور واقعات میں تقدیم وتاخیر بھی ہے۔

[۱۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ أَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لاَ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَوْلاَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾

﴿وَلاَ يَأْتَلِ أُوْلُوْا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوْا أُوْلِي الْقُرْبٰى وَالْمَسَاكِيْنَ وَالْمُهَاجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا، أَلاَ تُحِبُّوْنَ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾

[۴۷۵۷-] وَقَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ: قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا ذُكِرَ مِنْ شَأْنِيْ الَّذِيْ ذُكِرَ، وَمَا عَلِمْتُ بِهِ، قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيَّ خَطِيْبًا، فَتَشَهَّدَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ! أَشِيْرُوْا عَلَيَّ فِي أُنَاسٍ أَبَنُوْا أَهْلِيْ، وَأَيْمُ اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلٰى أَهْلِيْ مِنْ سُوْءٍ، وَأَبَنُوْهُمْ بِمَنْ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوْءٍ قَطُّ، وَلاَ يَدْخُلُ بَيْتِيْ قَطُّ إِلاَّ وَأَنَا حَاضِرٌ، وَلاَ غِبْتُ فِيْ سَفَرٍ إِلاَّ غَابَ مَعِيْ"

فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ فَقَالَ: ائْذَنْ لِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَنْ نَضْرِبَ أَعْنَاقَهُمْ، وَقَامَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي الْخَزْرَجِ — وَكَانَتْ أُمُّ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ مِنْ رَهْطِ ذٰلِكَ الرَّجُلِ — فَقَالَ: كَذَبْتَ، أَمَا وَاللّٰهِ إِنْ لَوْ كَانُوْا مِنَ الأَوْسِ مَا أَحْبَبْتَ أَنْ تُضْرَبَ أَعْنَاقُهُمْ حَتّٰى كَادَ أَنْ يَكُوْنَ بَيْنَ الأَوْسِ وَالْخَزْرَجِ شَرٌّ فِي الْمَسْجِدِ، وَمَا عَلِمْتُ.

لغات: لاَيَأْتَلِ: اصل میں لاَيَأْتَلِيْ تھا، مجزوم ہونے کی وجہ سے ی حذف ہوگئی ہے، مجرد أَلٰى يَالو (ن) أَلْوًا وَأُلُوًّا ہے: باز رہنا، کمی کرنا، إِيْلاء (افعال) اِيْتِلاء (افتعال) اور تَأَلِّي (تفعل) کے معنی ہیں: قسم کھانا .... أَبَنَ (ن،ض) فلانا أَبْنًا: عیب لگانا، تہمت لگانا۔

وضاحت: نبی ﷺ نے یہ تقریر واقعہ کے آخر میں کی تھی، شروع میں نہیں کی تھی اور سعد بن عبادہ وہم ہے، صحیح سعد بن معاذ ہے —— اور رجل من بنی الخزرج: حضرت سعد بن عبادہؓ تھے —— دومرتبہ ما علمتُ آیا ہے، یہ بھی راوی کا وہم ہے، جب آپؐ نے خطاب فرمایا تھا حضرت عائشہؓ کو واقعہ کا علم ہو چکا تھا۔

فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ ذٰلِكَ الْيَوْمِ خَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِيْ وَمَعِيَ أُمُّ مِسْطَحٍ، فَعَثَرَتْ وَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَقُلْتُ: أَيْ أُمِّ، تَسُبِّيْنَ ابْنَكِ؟! وَسَكَتَتْ، ثُمَّ عَثَرَتِ الثَّانِيَةَ فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَقُلْتُ لَهَا: تَسُبِّيْنَ ابْنَكِ؟! ثُمَّ عَثَرَتِ الثَّالِثَةَ فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَانْتَهَرْتُهَا، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا أَسُبُّهُ إِلاَّ فِيْكِ، فَقُلْتُ: فِيْ

أَیِّ شَأْنِیْ؟ قَالَتْ: فَنَقَّرَتْ لِیَ الْحَدِیْثَ، فَقُلْتُ: وَقَدْ کَانَ هٰذَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ وَاللّٰهِ!

فَرَجَعْتُ إِلٰی بَیْتِیْ کَأَنَّ الَّذِیْ خَرَجْتُ لَهُ لَا أَجِدُ مِنْهُ قَلِیْلًا وَلَا کَثِیْرًا، وَوُعِکْتُ، فَقُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: أَرْسِلْنِیْ إِلٰی بَیْتِ أَبِیْ، فَأَرْسَلَ مَعِیَ الْغُلَامَ، فَدَخَلْتُ الدَّارَ، فَوَجَدْتُ أُمَّ رُوْمَانَ فِی السُّفْلِ وَأَبَا بَکْرٍ فَوْقَ الْبَیْتِ یَقْرَأُ، فَقَالَتْ أُمِّیْ: مَاجَاءَ بِكِ یَا بُنَیَّةُ؟ فَأَخْبَرْتُهَا وَذَکَرْتُ لَهَا الْحَدِیْثَ، وَإِذَا هُوَ لَمْ یَبْلُغْ مِنْهَا مِثْلَ مَا بَلَغَ مِنِّیْ، فَقَالَتْ: یَا بُنَیَّةُ خَفِّضِیْ عَلَیْكِ الشَّأْنَ، فَإِنَّهُ وَاللّٰهِ لَقَلَّمَا کَانَتِ امْرَأَةٌ حَسْنَاءُ عِنْدَ رَجُلٍ یُحِبُّهَا، لَهَا ضَرَائِرُ، إِلَّا حَسَدْنَهَا وَقِیْلَ فِیْهَا، وَإِذَا هُوَ لَمْ یَبْلُغْ مِنْهَا مِثْلَ مَا بَلَغَ مِنِّیْ، قُلْتُ: وَقَدْ عَلِمَ بِهِ أَبِیْ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قُلْتُ: وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم؟ قَالَتْ: نَعَمْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم! وَاسْتَعْبَرْتُ وَبَکَیْتُ، فَسَمِعَ أَبُوْ بَکْرٍ صَوْتِیْ وَهُوَ فَوْقَ الْبَیْتِ یَقْرَأُ فَنَزَلَ فَقَالَ لِأُمِّیْ: مَا شَأْنُهَا؟ قَالَتْ: بَلَغَهَا الَّذِیْ ذُکِرَ مِنْ شَأْنِهَا، فَفَاضَتْ عَیْنَاهُ، قَالَ: أَقْسَمْتُ عَلَیْكِ أَیْ بُنَیَّةُ إِلَّا رَجَعْتِ إِلٰی بَیْتِكِ، فَرَجَعْتُ، وَلَقَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بَیْتِي، فَسَأَلَ عَنِّیْ خَادِمَتِیْ، فَقَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَیْهَا عَیْبًا إِلَّا أَنَّهَا کَانَتْ تَرْقُدُ حَتّٰی تَدْخُلَ الشَّاةُ فَتَأْکُلَ خَمِیْرَهَا أَوْ: عَجِیْنَهَا، وَانْتَهَرَهَا بَعْضُ أَصْحَابِهِ فَقَالَ: اصْدُقِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، حَتّٰی أَسْقَطُوْا لَهَا بِهِ، فَقَالَتْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَیْهَا إِلَّا مَا یَعْلَمُ الصَّائِغُ عَلٰی تِبْرِ الذَّهَبِ الْأَحْمَرِ، وَبَلَغَ الْأَمْرُ إِلٰی ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِیْ قِیْلَ لَهُ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ مَا کَشَفْتُ کَنَفَ أُنْثٰی قَطُّ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُتِلَ شَهِیْدًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ.

لغات: عَثَرَ (ن،ض) عَثْرًا وَعِثَارًا: ٹھوکر کھا کر گرنا، پیر پھسل کر گرنا .... تَعِسَ (س) تَعَسًا: ہلاک ہونا ...... اِنْتَهَرَ فلانا: کسی کو خوب جھڑکنا .... نَقَّرَتْ: أی أظهرت وقررت بِعُجَرِه وبُجَرِه: اس نے ظاہر کردیں اور بیان کردیں کھلی اور چھپی ساری باتیں (عمدہ) .... اِسْتَعْبَرَ فلان: کسی کی آنکھ سے آنسو نکلنا .... أَسْقَطَ الشیئَ: جھوٹ بلوانا، غلطی کرانا .... کَنَف: کنارہ، مراد کپڑا .... وُعِکْتُ: مجھے بخار چڑھ گیا۔

ترجمے اور وضاحتیں: قوله: واللّٰه! ما أَسُبُّهُ إلا فیكِ: بخدا! نہیں کوستی میں اس کو مگر تیری وجہ سے .... فی أَیِّ شأْنی؟: میرے کس معاملہ میں؟ .... کأن الذی خرجتُ: دوسری روایات میں ہے کہ یہ بات استنجاء سے فراغت کے بعد پیش آئی تھی .... قوله: وإذا هو إلخ: اور اچانک وہ بات نہیں پہنچی امی سے مانند اس کے جو پہنچی مجھ سے یعنی تہمت کی بات سن کر جتنا اثر مجھ پر ہوا اتنا اثر ان پر نہیں ہوا .... وقیل فیها: اس کے بارے میں باتیں کہی جاتی ہیں .... دوبارہ وإذا هو مکرر ہے .... ولقد جاء رسول اللّٰه صلی اللہ علیه وسلم بیتی: دوسری روایات میں ہے کہ بریرۃؓ سے تحقیق حضرت عائشہؓ کی عدم موجودگی میں کی گئی تھی .... حتی أَسْقَطُوْا: انھوں نے بریرۃؓ سے اس بات میں جھوٹ بلوانا چاہا .... سبحان اللّٰه: اللہ پاک ہیں! بخدا نہیں جانتی میں عائشہ کے بارے میں مگر جیسا جانتا ہے

سنار سرخ سونے کے ٹکڑے کے بارے میں یعنی جیسے اس کو سونے کی پرکھ ہوتی ہے میں بھی عائشہ کو خوب جانتی ہوں .... حضرت صفوان رضی اللہ عنہ غزوۂ آرمینیہ میں شہید ہوئے ہیں۔

قَالَتْ: وَأَصْبَحَ أَبَوَایَ عِنْدِیْ، فَلَمْ یَزَالَا حَتّٰی دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَقَدْ صَلَّی الْعَصْرَ، ثُمَّ دَخَلَ وَقَدِ اكْتَنَفَنِیْ أَبَوَایَ، عَنْ یَمِیْنِیْ وَشِمَالِیْ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰی عَلَیْهِ، ثُمَّ قَالَ: "أَمَّا بَعْدُ یَا عَائِشَةُ! إِنْ كُنْتِ قَارَفْتِ سُوْءً ا أَوْ ظَلَمْتِ، فَتُوْبِیْ إِلَی اللّٰهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ" قَالَتْ: وَقَدْ جَاءَ تِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَهِیَ جَالِسَةٌ بِالْبَابِ، فَقُلْتُ: أَلَا تَسْتَحْیِیْ مِنْ هٰذِهِ الْمَرْأَةِ أَنْ تَذْكُرَ شَیْئًا، فَوَعَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَالْتَفَتُّ إِلٰی أَبِیْ فَقُلْتُ: أَجِبْهُ، قَالَ: فَمَاذَا أَقُوْلُ؟ فَالْتَفَتُّ إِلٰی أُمِّیْ، فَقُلْتُ: أَجِیْبِیْهِ، فَقَالَتْ: أَقُوْلُ مَاذَا؟ فَلَمَّا لَمْ یُجِیْبَاهُ تَشَهَّدْتُ فَحَمِدْتُ اللّٰهَ وَأَثْنَیْتُ عَلَیْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قُلْتُ: أَمَّا بَعْدُ! فَوَ اللّٰهِ لَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّیْ لَمْ أَفْعَلْ – وَاللّٰهُ یَشْهَدُ إِنِّیْ لَصَادِقَةٌ– مَا ذَاكَ بِنَافِعِیْ عِنْدَكُمْ، لَقَدْ تَكَلَّمْتُمْ بِهٖ وَأُشْرِبَتْهُ قُلُوْبُكُمْ، وَإِنْ قُلْتُ: إِنِّیْ فَعَلْتُ – وَاللّٰهُ یَعْلَمُ أَنِّیْ لَمْ أَفْعَلْ – لَتَقُوْلُنَّ: قَدْ بَاءَ تْ اعْتَرَفَتْ بِهٖ عَلٰی نَفْسِهَا، وَإِنِّیْ وَاللّٰهِ مَا أَجِدُ لِیْ وَلَكُمْ مَثَلاً – وَالْتَمَسْتُ اسْمَ یَعْقُوْبَ فَلَمْ أَقْدِرْ عَلَیْهِ – إِلَّا أَبَا یُوْسُفَ حِیْنَ قَالَ: ﴿فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ، وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْنَ﴾[یوسف: ۱۸] وَأُنْزِلَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مِنْ سَاعَتِهٖ، فَسَكَتْنَا، فَرُفِعَ عَنْهُ، وَإِنِّیْ لَأَتَبَیَّنُ السُّرُوْرَ فِیْ وَجْهِهٖ، وَهُوَ یَمْسَحُ جَبِیْنَهُ، وَیَقُوْلُ:" أَبْشِرِیْ یَا عَائِشَةُ، فَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ بَرَاءَ تَكِ" قَالَتْ: وَكُنْتُ أَشَدَّ مَا كُنْتُ غَضَبًا فَقَالَ لِیْ أَبَوَایَ: قُوْمِیْ إِلَیْهِ، فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ لَا أَقُوْمُ إِلَیْهِ، وَلَا أَحْمَدُهُ وَلَا أَحْمَدُكُمَا، وَلٰكِنْ أَحْمَدُ اللّٰهَ الَّذِیْ أَنْزَلَ بَرَاءَ تِیْ، لَقَدْ سَمِعْتُمُوْهُ، فَمَا أَنْكَرْتُمُوْهُ وَلَا غَیَّرْتُمُوْهُ.

لغات: قَارَفَ الشیئَ: کسی چیز کے قریب ہونا اور اس میں مبتلا یا ملوث ہونا .... أُشْرِبَتْهُ قلوبُکم: پلا دیئے گئے وہ بات تمہارے دل (قلوبُکم: مفعول اول نائب فاعل اور ہ مفعول ثانی ہے) .... بَاءَ تْ: لوٹی وہ، اپنے خلاف اقرار کرلیا .... لأتبین: میں واضح دیکھتی تھی .... و کنتُ أشد: مجھے اس وقت بے حد غصہ آ رہا تھا۔

وَكَانَتْ عَائِشَةُ تَقُوْلُ: أَمَّا زَیْنَبُ ابْنَةُ جَحْشٍ فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِدِیْنِهَا، فَلَمْ تَقُلْ إِلَّا خَیْرًا، وَأَمَّا أُخْتُهَا حَمْنَةُ فَهَلَكَتْ فِیْمَنْ هَلَكَ، وَكَانَ الَّذِیْ یَتَكَلَّمُ فِیْهِ مِسْطَحٌ، وَحَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ، وَالْمُنَافِقُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَیٍّ، وَهُوَ الَّذِیْ كَانَ یَسْتَوْشِیْهِ، وَیَجْمَعُهُ، وَهُوَ الَّذِیْ تَوَلّٰی كِبْرَهُ مِنْهُمْ هُوَ وَحَمْنَةُ.

قَالَ: فَحَلَفَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَنْ لَا یَنْفَعَ مِسْطَحًا بِنَافِعَةٍ أَبَدًا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَلَا یَأْتَلِ أُوْلُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ﴾ إِلٰی آخِرِ الْآیَةِ، یَعْنِیْ أَبَا بَكْرٍ ﴿وَالسَّعَةِ أَنْ یُؤْتُوْا أُوْلِی الْقُرْبٰی وَالْمَسَاكِیْنَ﴾ یَعْنِیْ مِسْطَحًا إِلٰی

قَوْلِهِ: ﴿أَلَا تُحِبُّوْنَ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾[النور: ۲۲] حَتّٰى قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: بَلٰى وَاللّٰهِ يَا رَبَّنَا إِنَّا لَنُحِبُّ أَنْ تَغْفِرَ لَنَا، وَعَادَ لَهُ بِمَا كَانَ يَصْنَعُ.[راجع: ۲۵۹۳]

لغت: اِسْتَوْشَى الحديثَ: بات کی اصلیت کا پتہ لگانے کے لئے تحقیق کرنا یعنی مخاطب سے بات دریافت کرتا تھا، تا کہ وہ اس میں رنگ ملائے .... **يجمعه**: وہ باتیں جمع کرتا تھا، پھر داستان تصنیف کرتا تھا۔

عورت گھر میں ہر وقت ساتھ رہنے والے محارم وغیرہ کے درمیان سلیقہ سے رہے

سورۃ النور آیت ۳۱ میں ہے: ''اور چاہئے کہ عورتیں اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبان پر ڈالے رہیں'' —— یعنی صرف یہی نہیں کہ بدن چھپائے رہیں بلکہ سینہ کا ابھار بھی نظر نہ آئے، اس پر اپنی اوڑھنیاں ڈالے رہیں —— جاہلی معاشرہ میں عورتیں اوڑھنیاں اوڑھتی ہی نہیں تھیں، کھلے سر رہتی تھیں، اور جو اوڑھتی تھیں وہ اس کو پیچھے ڈال لیتی تھیں، چہرہ اور سینہ کھلا رکھتی تھیں، اس لئے جب مذکورہ حکم نازل ہوا تو عام طور پر عورتوں کے پاس اوڑھنیاں نہیں تھیں، چنانچہ انھوں نے چادریں اور لنگیاں پھاڑ کر اوڑھنیاں بنالیں اور قرآن کے حکم پر عمل شروع کر دیا —— پہلی حدیث میں صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اللہ تعالیٰ قدیم مہاجر عورتوں پر مہربانی فرمائیں، جب مذکورہ آیت نازل ہوئی تو انھوں نے اپنی چادریں پھاڑیں اور ان کی اوڑھنیاں بنالیں —— اور دوسری حدیث میں فرماتی ہیں: اپنی لنگیاں لیں اور ان کو کناروں کی طرف سے پھاڑ لیا اور ان کی اوڑھنیاں بنالیں۔

[۱۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ﴾

[۴۷۵۸-] وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبٍ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، عَنْ يُوْنُسَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: يَرْحَمُ اللّٰهُ نِسَاءَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلَ، لَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ﴾ شَقَّقْنَ مُرُوْطَهُنَّ فَاخْتَمَرْنَ بِهِ.[طرفه: ۴۷۵۹]

[۴۷۵۹-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ نَافِعٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ: أَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: ﴿وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ﴾: أَخَذْنَ أُزُرَهُنَّ فَشَقَّقْنَهَا مِنْ قِبَلِ الْحَوَاشِىْ، فَاخْتَمَرْنَ بِهَا.[راجع: ۴۷۵۸]

لغات: الْمِرْطُ: اونی یا ریشم کی چادر جو کرتے کی جگہ اوڑھی جاتی تھی، خاص طور پر عورتیں استعمال کرتی تھیں، جمع مُرُوْط .... اخْتِمَار: اوڑھنی اوڑھنا .... إِزَار: لنگی جمع أُزُر .... حاشية: کنارہ۔

﴿الحمد للہ! سورۃ النور کی تفسیر پوری ہوئی﴾

[۲۵] سورة الفرقان

[۱-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿هَبَآءً مَّنْثُوْرًا﴾: مَا تَسْفِىْ بِهِ الرِّيْحُ. [۲-] ﴿مَدَّ الظِّلَّ﴾: مَا بَيْنَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ إِلٰى طُلُوْعِ الشَّمْسِ ﴿سَاكِنًا﴾: دَائِمًا. ﴿عَلَيْهِ دَلِيْلًا﴾: طُلُوْعُ الشَّمْسِ. [۳-] ﴿خِلْفَةً﴾: مَنْ فَاتَهُ فِى اللَّيْلِ عَمَلٌ أَدْرَكَهُ بِالنَّهَارِ، أَوْ فَاتَهُ بِالنَّهَارِ أَدْرَكَهُ بِاللَّيْلِ. [٤-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا﴾: فِى طَاعَةِ اللّٰهِ، وَمَا شَيْئٌ أَقَرَّ لِعَيْنِ الْمُؤْمِنِ مِنْ أَنْ يَرَى حَبِيْبَهُ فِىْ طَاعَةِ اللّٰهِ. [٥-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿ثُبُوْرًا﴾: وَيْلًا. [٦-] وَقَالَ غَيْرُهُ: السَّعِيْرُ مُذَكَّرٌ، وَالتَّسَعُّرُ وَالِاضْطِرَامُ: التَّوَقُّدُ الشَّدِيْدُ [۷-] ﴿تُمْلٰى عَلَيْهِ﴾: تُقْرَأُ عَلَيْهِ، مِنْ أَمْلَيْتُ وَأَمْلَلْتُ. [۸-] ﴿الرَّسِّ﴾: الْمَعْدِنُ، وَجَمْعُهُ رِسَاسٌ. [۹-] ﴿مَا يَعْبَؤُا﴾: يُقَالُ: مَا عَبَأْتُ بِهِ شَيْئًا: لَا يُعْتَدُّ بِهِ. [۱۰-] ﴿غَرَامًا﴾: هَلَاكًا. [۱۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وَعَتَوْا﴾: طَغَوْا. وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: ﴿عَاتِيَةٍ﴾: عَتَتْ عَلَى الْخُزَّانِ.

سورۃ الفرقان کی تفسیر

۱-آیت ۲۳ میں ہے: ﴿فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَنْثُوْرًا﴾: پس بنایا ہم نے اس (عمل) کو مٹی کے باریک ذرات —— سَفَا (ض) الريحُ التراب: ہوا کا مٹی اڑانا —— وہ چیز جس کو ہوا اڑائے یعنی مٹی کے باریک ذرات۔

۲-آیت ۴۵ میں ہے: ﴿أَلَمْ تَرَ إِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ؟﴾: کیا تو اپنے پروردگار کو دیکھتا نہیں کہ کیسے انھوں نے سایے کو دراز کیا؟ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: صبح صادق سے طلوع آفتاب تک جو ترکا ہوتا ہے وہ سایہ مراد ہے، جنت کے بارے میں سورۃ الواقعہ آیت ۳۰ میں ہے: ﴿وَظِلٍّ مَمْدُوْدٍ﴾: اور لمبا لمبا سایہ ہوگا، جنت میں سورج نہیں، وہاں صبح اور طلوع شمس کے درمیان جو کیفیت ہوتی ہے وہ ہوگی —— پھر اسی آیت میں آگے ہے: ﴿وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا﴾: اور اگر وہ چاہتے تو اس کو ایک حالت پر ٹھہرا ہوا رکھتے —— ساکنا: دائما: ہمیشہ سایہ کی وہی حالت رہتی —— پھر آگے ہے: ﴿ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا﴾: پھر ہم نے آفتاب کو سایے پر دلیل بنایا یعنی سورج طلوع ہوا تو سایہ کا احساس ہوا۔

۳-آیت ۶۲ میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِىْ جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً﴾: اور وہ اللہ ایسا ہے جس نے رات اور دن کو یکے بعد دیگرے آنے والا بنایا: ﴿لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يَذَّكَّرَ أَوْ أَرَادَ شُكُوْرًا﴾: اس شخص کے لئے جو چاہتا ہے کہ اللہ کو یاد کرے یا چاہتا ہے کہ شکر گذار بندہ بنے —— ابن عباسؓ نے تفسیر کی کہ رات کا وظیفہ رہ جائے تو دن میں پورا کرلے، اور دن کا وظیفہ رہ جائے تو رات میں پورا کرلے۔

۴- آیت ۷۴ میں ہے: ﴿رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ﴾: اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما! یعنی بیوی بچوں کو بھی دیندار بنا، جنھیں دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور دل مسرور! فی طاعة الله کا یہ مطلب ہے، پھر حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا: نہیں ہے کوئی چیز مؤمن کی آنکھ کو زیادہ ٹھنڈی کرنے والی اس سے کہ دیکھے وہ اپنی محبوبہ (بیوی) کو اللہ کی فرمان برداری میں، یعنی اپنے متعلقین کو دین پر عمل کرتا ہوا دیکھ کر بہت زیادہ خوشی ہوتی ہے۔

۵- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا﴾: وہ وہاں ہلاکت کو پکاریں گے —— ثُبُوْر: مصدر: ہلاک ہونا، باب نصر— وَيْلاً: ہلاکت۔

۶- آیت ۱۱ میں ہے: ﴿وَأَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا﴾: اور ہم نے اس شخص کے لئے جس نے قیامت کو جھٹلایا دوزخ تیار کر رکھی ہے —— ابوعبیدہؒ نے کہا: لفظ السعير مذکر ہے، اس کا مؤنث سَعِيْرة ہے —— اور تَسَعَّرَتِ النار کے معنی ہیں: آگ بھڑکنا —— یہی معنی اضْطَرَمَتِ النارُ کے ہیں: آگ سلگنا، دہکنا —— التوقُّد الشديد: بھڑکنا، سخت دہکنا۔

۷- آیت ۵ میں ہے: ﴿فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَأَصِيْلاً﴾: پس وہ (بے پسند باتیں) اس کے پاس صبح وشام لکھوائی جاتی ہیں —— تُمْلٰى: مضارع مجہول، صیغہ واحد مؤنث غائب، إِمْلاءٌ: لکھوانا یعنی ایک بولے دوسرا لکھے —— ابوعبیدہؒ نے اس کا ترجمہ تُقْرَأُ عليه کیا ہے یعنی وہ بے سند باتیں ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں —— اور إِمْلاء (افعال) میں ایک لغت أَمْلَلَ بھی ہے۔

۸- آیت ۳۸ میں: ﴿أَصْحَابَ الرَّسِّ﴾: کا ذکر آیا ہے —— الرَّسُّ: مطلق کنواں یا بے من کا کنواں —— حضرت نے اس کا ترجمہ کھان کیا ہے —— اور کنویں والی: معلوم نہیں کونسی قوم تھی!

۹- آیت ۷۷ میں ہے: ﴿قُلْ: مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ﴾: آپؐ کہیں: میرا پروردگار تمہاری کچھ پرواہ نہ کرتا —— عَبَأَ (ف) عَبْئًا به: پرواہ کرنا، لحاظ کرنا، کہا جاتا ہے: مَا عَبَأْتُ به شيئًا! میں نے اس کی ذرہ پرواہ نہیں کی۔

۱۰- آیت ۶۵ میں ہے: ﴿إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا﴾: بے شک جہنم کا عذاب پیہم اذیت ہے —— غرام: اسم فعل، لازمی اور دائمی عذاب —— حضرت نے ترجمہ: ہلاکت کیا ہے۔

۱۱- آیت ۲۱ میں ہے: ﴿وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيْرًا﴾: اور وہ بہت بڑی سرکشی پر اتر آئے ہیں —— عَتَا (ن) عُتُوًّا وَعِتِيًّا: حد سے بڑھنا، سرکشی کرنا، تکبر کرنا —— اور سورۃ الحاقّہ آیت ۶ میں ہے: ﴿فَأُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ﴾: سو وہ (عاد) ایک تیز وتند ہوا کے ذریعہ ہلاک کئے گئے —— ابن عیینہؒ نے کہا: محافظین پر سرکشی کی —— خُزَّان (بالضم) خَازن کی جمع: محافظ، ہوا پر کنٹرول کرنے والے فرشتے مراد ہیں۔

کفار چہروں کے بل جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے!

سورۃ الفرقان کی آیت ۳۴ ہے: ''یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے چہروں کے بل جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے، یہ لوگ درجہ میں بھی بدتر ہیں اور راستہ کے اعتبار سے بھی بہت گمراہ ہیں'' —— اور چہرے کے بل چلانا: حقیقت ہے، دلیل باب کی حدیث ہے، ایک شخص نے پوچھا: اے اللہ کے نبی! قیامت کے دن کافر اس کے چہرے کے بل کیسے چلایا جائے گا؟ آپؐ نے فرمایا: وہ اللہ جو دنیا میں دو پیروں پر چلاتا ہے اس پر قادر نہیں کہ قیامت کے دن اس کو چہرے کے بل چلائے؟ حضرت قتادہ رحمہ اللہ نے سوال کا جواب دیا: کیوں نہیں! ہمارے پروردگار کی عزت کی قسم! —— اس سوال وجواب سے معلوم ہوا کہ آیت کریمہ میں حقیقت مراد ہے، کوئی تمثیل واستعارہ مراد نہیں۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿الَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ إِلٰى جَهَنَّمَ أُوْلٰئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضَلُّ سَبِيْلاً﴾

[٤٧٦٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! يُحْشَرُ الْكَافِرُ عَلٰى وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: "أَلَيْسَ الَّذِيْ أَمْشَاهُ عَلَى الرِّجْلَيْنِ فِي الدُّنْيَا قَادِرًا عَلٰى أَنْ يُمْشِيَهُ عَلٰى وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟" قَالَ قَتَادَةُ: بَلٰى وَعِزَّةِ رَبِّنَا! [طرفه: ٦٥٢٣]

وضاحت: يُحشر میں ہمزہ استفہام پوشیدہ ہے —— اور قادراً: قادر بھی مروی ہے۔

تین بڑے گناہ: شرک، قتل اور زنا

سورۃ الفرقان کی آیت ۶۸-۷۱ ہیں: ''اور جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کی پرستش نہیں کرتے، اور وہ اس شخص کو قتل نہیں کرتے جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے، مگر حق شرعی کی وجہ سے اور زنا نہیں کرتے'' —— یہ تین گناہ: شرک، ناحق قتل اور زنا: اور گناہوں سے بڑے ہیں، اس لئے عذاب بھی ان پر بڑا ہوگا، پس مسلمان کو ان گناہوں سے بچنا چاہئے —— ''اور جو شخص یہ کام کرے گا اس کو سزا سے سابقہ پڑے گا'' —— **الآثام یعنی العقوبة** —— ''قیامت کے دن وہ کئی گنا عذاب دیا جائے گا'' —— عذاب میں مسلسل رہنا عذاب میں اضافہ ہے —— اور یہ کافر کی سزا کا بیان ہے، چنانچہ فرماتے ہیں: ''مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لے آیا اور اس نے نیک کام کئے تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیں گے، اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے رحم فرمانے والے ہیں'' —— یہ تو اللہ کی جانب سے معاملہ ہوا، خود اس ایمان لانے والے اور توبہ کرنے والے کی طرف سے معاملہ کیا ہوگا؟ فرمایا: ''اور جس نے توبہ کی اور اس نے نیک کام کئے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف خاص طور پر متوجہ ہو رہا ہے'' —— یعنی وہ مُنیب (اللہ کی طرف رجوع کرنے والا) ہے، کیونکہ جس نے گناہ

سے توبہ کرلی اس نے گویا گناہ کیا ہی نہیں، اب وہ اللہ کا مقبول بندہ ہے!

اور حدیث اسی جلد میں سورۃ البقرۃ کی تفسیر میں گذری ہے: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ کونسا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: یہ گناہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے لئے مانند مانو، درانحالیکہ اس نے تم کو پیدا کیا ہے! —— اور اس غیر نے تم کو پیدا نہیں کیا، پھر بھی اس کو اللہ کے مانند ماننا سب سے بڑا گناہ ہے —— ابن مسعودؓ نے پوچھا: پھر؟ فرمایا: ''پھر یہ گناہ ہے کہ تم اپنی اولاد کو مار ڈالو، اس وجہ سے کہ وہ تمہارے ساتھ کھائے گی'' —— یعنی رزق کے مسئلہ کی وجہ سے مار ڈالو —— ابن مسعودؓ نے پوچھا: پھر؟ آپؐ نے فرمایا: ''پھر یہ گناہ ہے کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کرو''، ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پھر مذکورہ آیت اتری، جس نے رسول اللہ ﷺ کی تصدیق کی —— اور دوسرا اور تیسرا گناہ کلی کی جزئیات ہیں، مطلق ناحق قتل دوسرے نمبر کا گناہ ہے اور مطلق زنا تیسرے نمبر کا، اور ان کی شناعت (برائی) بڑھانے کے لئے تخصیص کی ہے کیونکہ اپنی اولاد کو مار ڈالنا اور پڑوسی کے حرم میں دراندازی کرنا اور بھی سنگین گناہ ہیں۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ لَايَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰـهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا﴾ الأثام: الْعُقُوْبَةُ.

[٤٧٦١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ، وَسُلَيْمَانُ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ. قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ وَاصِلٌ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَأَلْتُ أَوْ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الذَّنْبِ عِنْدَ اللّٰهِ أَكْبَرُ؟ قَالَ:" أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ" قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ:" ثُمَّ أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ" قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: "ثُمَّ أَنْ تُزَانِيَ بِحَلِيْلَةِ جَارِكَ" قَالَ: وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ تَصْدِيْقًا لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَالَّذِيْنَ لَايَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ﴾ [راجع: ٤٤٧٧]

وضاحت: قال: وحدثنی واصل سے تحویل ہے، اور قال کا فاعل سفیان ثوریؒ ہیں۔

مسلمان کو متعمداً قتل کرنے والے کی توبہ

یہ ضمنی مسئلہ ہے۔ اگر کوئی مسلمان کسی مسلمان کو متعمداً قتل کرے، پھر سچی توبہ کرلے تو وہ توبہ قبول کی جائے گی یا نہیں؟ اہل السنہ والجماعہ کا اجماعی موقف ہے کہ توبہ قبول کی جائے گی، یعنی اس کی نجات ہوگی، البتہ حق العبد کی ادائیگی لازم ہوگی۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: قبول نہیں کی جائے گی، ان کی دلیل سورۃ النساء کی آیت ۹۴ ہے: ﴿وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاءُ هُ جَهَنَّمُ، خَالِدًا فِيْهَا، وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَلَعَنَهُ، وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيْمًا﴾: اور جو

کسی مسلمان کو قصداً قتل کر ڈالے: اس کی سزا جہنم ہے، وہ اس میں ہمیشہ رہے گا، اور اس پر اللہ تعالیٰ غضبناک ہونگے، اور اس کو اپنی رحمت سے دور کر دیں گے اور اس کے لئے بڑی سزا تیار کی ہے۔ یہ آیت محکم ہے، پس اس کے جہنم سے نکلنے کا سوال ہی نہیں، اور اس کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی۔

اور جمہور کی دو دلیلیں ہیں:

پہلی دلیل: سورۃ النساء میں دو جگہ (آیت ۴۸ و ۱۱۶) یہ آیت کریمہ ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ، وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ﴾: اور اللہ تعالیٰ اس بات کو قطعاً نہیں بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے، اور اس کے سوا اور جتنے گناہ ہیں وہ جس کے لئے منظور ہوگا: بخش دیں گے ــــ اور قتل مسلم اس کے سوا میں داخل ہے، پس اگر اللہ کو منظور ہوگا تو اس کی توبہ قبول کر کے بخش دیں گے۔

دوسری دلیل: سو آدمیوں کو قتل کر کے توبہ کرنے والے کی حدیث ہے، یہ حدیث متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۳۴۷۰، مسلم حدیث ۲۷۶۶) اور یہ بنی اسرائیل کا واقعہ ہے، مگر گذشتہ امتوں کے لئے احکام بھاری تھے اور اس امت پر تخفیف کی گئی ہے، پس یہی حکم بدرجۂ اولی ہمارے لئے بھی ہے (یہ استدلال حاشیہ میں ہے)

ابن عباسؓ کی دلیل کا جواب: بعض حضرات نے ابن عباسؓ کے استدلال کا یہ جواب دیا ہے کہ وہ آیت منسوخ ہے، اور ناسخ سورۃ الفرقان کی مذکورہ آیات ہیں، کیونکہ ان میں إلا من تاب کا استثناء ہے ــــ مگر یہ جواب صحیح نہیں، کیونکہ سورۃ الفرقان کی آیات کافر کے حق میں ہیں، جس نے بہ حالتِ کفر وہ گناہ کئے ہوں پھر وہ توبہ کرلے یعنی ایمان لے آئے تو وہ گناہ ختم ہو جائیں گے، اور سورۃ النساء کی آیت مسلمان قاتل کے حق میں ہے، پس یہ دو حادثے (واقعے) ہیں، اس لئے سورۃ الفرقان کی آیتیں سورۃ النساء کی آیت کے لئے ناسخ نہیں ہوسکتیں ــــ ابن عباسؓ کا یہ جواب معقول ہے، اس لئے جمہور اہل السنہ آیتِ نساء کی تاویل کرتے ہیں کہ خلود سے مکث طویل (لمبے وقت تک جہنم میں رہنا) مراد ہے، یا قتل عمد کی اصلی سزا تو یہی ہے، مگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوگا تو وہ بخشا جاسکتا ہے ــــ اور جمہور اس آیت کی تاویل اس لئے کرتے ہیں کہ ان کے دلائل ناقابل تاویل ہیں، ان کی کوئی تاویل ممکن نہیں۔

[٤٧٦٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ: أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِى الْقَاسِمُ بْنُ أَبِىْ بَزَّةَ، أَنَّهُ سَأَلَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ: هَلْ لِمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ لَايَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ﴾ [الفرقان:٦٨] فَقَالَ سَعِيْدٌ: قَرَأْتُهَا عَلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ كَمَا قَرَأْتَهَا عَلَىَّ، فَقَالَ: هٰذِهِ مَكِّيَّةٌ أُرَاهُ نَسَخَتْهَا آيَةٌ مَدَنِيَّةٌ الَّتِىْ فِىْ سُوْرَةِ النِّسَاءِ. [راجع: ٣٨٥٥]

وضاحت: یہ حدیث اور یہ مسئلہ پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۳۲۳) آیا ہے ــــ قاسم نے سعید بن جبیرؒ سے مسئلہ پوچھا کہ مسلمان کو متعمداً قتل کرنے والے کی توبہ مقبول ہے؟ اور انھوں نے سورۃ الفرقان کی آیت پڑھی، جس میں إلا من تاب کا

استثناء ہے، سعیدؒ نے کہا: میں نے ابن عباسؓ کے سامنے یہ آیت پڑھی تھی، انھوں نے جواب دیا کہ سورۃ الفرقان مکی سورت ہے اور سورۃ النساء مدنی، پس اگر منسوخ ہوگی تو سورۃ الفرقان کی آیت منسوخ ہوگی نہ کہ سورۃ النساء کی!

[٤٧٦٣-] حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: اخْتَلَفَ أَهْلُ الْكُوْفَةِ فِیْ قَتْلِ الْمُؤْمِنِ، فَرَحَلْتُ فِيْهِ إِلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: نَزَلَتْ فِیْ آخِرِ مَا نَزَلَ وَلَمْ يَنْسَخْهَا شَیْئٌ. [راجع: ٣٨٥٥]

وضاحت: اہل کوفہ میں قتل مسلم کے مسئلہ میں اختلاف ہوا، سعید بن جبیرؒ سفر کر کے ابن عباسؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے، ابن عباسؓ نے کہا: سورۃ النساء بعد میں نازل ہوئی ہے، اس کو کسی آیت نے منسوخ نہیں کیا۔

[٤٧٦٤-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿فَجَزَآؤُهُ جَهَنَّمُ﴾ [النساء: ٩٣] قَالَ: لَاتَوْبَةَ لَهُ، وَعَنْ قَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿وَلَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ﴾ [الفرقان: ٦٨] قَالَ: كَانَتْ هٰذِهِ فِی الْجَاهِلِيَّةِ. [راجع: ٣٨٥٥]

وضاحت: فی الجاهلية: یعنی سورۃ الفرقان کی آیت زمانۂ جاہلیت کے لوگوں کے بارے میں ہے، جنھوں نے مسلمان ہونے سے پہلے یہ گناہ کئے، پھر جب انھوں نے توبہ کر لی یعنی مسلمان ہو گئے تو وہ گناہ معاف ہو گئے۔

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهِ مُهَانًا﴾

[٤٧٦٥-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ أَبْزَى: سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهُ جَهَنَّمُ﴾ وَقَوْلِهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ لَايَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ﴾ حَتّٰى بَلَغَ: ﴿إِلَّا مَنْ تَابَ﴾ فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ قَالَ أُهْلُ مَكَّةَ: فَقَدْ عَدَلْنَا بِاللّٰهِ، وَقَتَلْنَا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَأَتَيْنَا الْفَوَاحِشَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿غَفُوْرًا رَّحِيْمًا﴾ [راجع: ٣٨٥٥]

وضاحت: اس باب میں بھی وہی مسئلہ اور وہی حدیث ہے جو گذشتہ باب میں آچکی ہے —— عَدَلْنا: برابر کیا ہم نے اللہ کے ساتھ یعنی شرک کیا۔ اور آیت کا ترجمہ بھی اوپر والے باب میں آ گیا ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُوْلٰئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمًا﴾

[٤٧٦٦-] حدثنا عَبْدَانُ، أَخْبَرَنَا أَبِیْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: أَمَرَنِیْ

عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبْزَى: أَنْ أَسْأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ هَاتَيْنِ الآيَتَيْنِ: ﴿وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا﴾ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: لَمْ يَنْسَخْهَا شَيْءٌ وَعَنْ: ﴿وَالَّذِيْنَ لَايَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ﴾ قَالَ: نَزَلَتْ فِيْ أَهْلِ الشِّرْكِ.
[راجع: ۳۸۵۵]

وضاحت: اس باب میں بھی وہی سابقہ مسئلہ اور گذشتہ حدیث ہے۔

کفار مکہ عذاب میں پکڑ لئے گئے

سورۃ الفرقان کی آخری آیت ہے: ''تم بالیقین جھٹلا چکے، پس عنقریب عذاب تم سے چپک کر رہ جائے گا'' —— یعنی دعوت کا مرحلہ گذر گیا، اور پوری طرح اتمام حجت ہو چکا، اور انکار وعناد بھی اپنے آخری مرحلہ کو پہنچ گیا، کفار مکہ نے مؤمنین کو بلکہ سرور عالم ﷺ کو مکہ چھوڑنے پر مجبور کر دیا پس غزوۂ بدر میں ہلاکت ان کا مقدر بن گئی، اور وہ عذاب میں پکڑ لئے گئے —— لِزَامٌ: مصدر باب مفاعلہ: لَازَمَهُ مُلَازَمَةً وَلِزَامًا: وابستہ رہنا، ساتھ لگا رہنا، کسی کے ساتھ ہمیشہ رہنا —— حضرت نے لزام کا ترجمہ ہلاکت کیا ہے۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳۳۴:۳) تفصیل سے آئی ہے، پانچ پیشین گوئیاں پوری ہو چکیں: (۱) دھویں کی پیشین گوئی (۲) شق القمر کی پیشین گوئی (۳) سخت پکڑ کی پیشین گوئی جو بدر میں پوری ہوئی (۴) وبال آنے کی پیشین گوئی، جس کا ذکر باب کی آیت میں ہے (۵) رومیوں کے دوبارہ جیتنے کی پیشین گوئی۔

[۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا﴾ هَلَكَةً

[۴۷۶۷-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: خَمْسَةٌ قَدْ مَضَيْنَ: الدُّخَانُ، وَالْقَمَرُ، وَالرُّوْمُ، وَالْبَطْشَةُ، وَاللِّزَامُ ﴿فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا﴾: هَلَاكًا. [راجع: ۱۰۰۷]

[۲۶] سورة الشُّعراء

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿تَعْبَثُوْنَ﴾: تَبْنُوْنَ. [۲-] ﴿هَضِيْمٌ﴾: يَتَفَتَّتُ إِذَا مُسَّ. [۳-] ﴿مُسَحَّرِيْنَ﴾: الْمَسْحُوْرِيْنَ. [۴-] ﴿اللَّيْكَةُ﴾ و﴿الأَيْكَةُ﴾: جَمْعُ أَيْكَةٍ، وَهِيَ جَمِيْعُ شَجَرٍ. [۵-] ﴿يَوْمِ الظُّلَّةِ﴾: إِظْلَالُ الْعَذَابِ إِيَّاهُمْ. [۶-] ﴿مَوْزُوْنٍ﴾: مَعْلُوْمٍ. [۷-] ﴿كَالطَّوْدِ﴾: كَالْجَبَلِ. [۸-] ﴿لَشِرْذِمَةٌ﴾: طَائِفَةٌ قَلِيْلَةٌ. [۹-] ﴿فِي السَّاجِدِيْنَ﴾: الْمُصَلِّيْنَ.

سورۃ الشعراء کی تفسیر

۱-سورۃ الشعراء کی آیت ۱۲۸ ہے: ﴿أَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ آيَةً تَعْبَثُوْنَ﴾: کیا تم ہر اونچے مقام پر فضول یادگاریں بناتے ہو؟ —— عاد اولیٰ کو بڑا شوق تھا اونچے اونچے مضبوط منارے بنانے کا، جن سے کچھ کام نہ نکلے مگر نام ہو جائے —— الرِّيْع: زمین کا بلند حصہ، ٹیلہ، جمع رُيُوْع —— تعبثون (س) عَمِلَ بما لا فائدة فيه فهو عابث (جمل) —— حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: تبنون: بناتے ہو تم تعبثون بنیانًا: بے فائدہ عمارتیں بناتے ہو أی اتخذوا البنیانَ عبثًا (فتح)

۲-آیت ۱۴۸ میں ہے: ﴿وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ﴾: اور کھجوروں میں جن کے شگوفے (خوشے) گتھے ہوئے ہیں —— طَلْع: کھجور کا پہلا شگوفہ، گابھا —— هَضِيْم: بمعنی مَهْضُوْم: گتھا ہوا خوشہ یعنی پھل سے خوب بھرا ہوا خوشہ، جس کو چھویا جائے تو بکھر جائے، ٹوٹ جائے —— تَفَتَّتْ: بالکل چورا ہو جانا، ٹوٹ جانا۔

۳-آیت ۱۸۵ میں ہے: ﴿إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ﴾: یقیناً تم جادو زدوں میں سے ہو، مَسْحُوْر: جادو زدہ۔

۴-آیت ۱۷۶ میں ہے: ﴿كَذَّبَ أَصْحَابُ لْئَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ﴾: بَن والوں نے رسولوں کو جھٹلایا —— الأيكة: گھنا جنگل، بَن، أَيِكَ (س) الشجر أيكا: درخت کا گنجان اور گھنا ہونا —— حضرت فرماتے ہیں: الْلَيْكة (لام مفتوح) اور الأيكة (ہمزہ مفتوح) أَيْكَة کی جمع ہیں —— یہ وہم ہے، کہنا چاہئے: دونوں أَيْكٌ کے مفرد ہیں (عمدۃ) —— اور اس کے معنی ہیں: گھنا درخت، جمیعُ شجرٍ کے یہی معنی ہیں۔

۵-آیت ۱۸۹ میں ہے: ﴿فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ﴾: پس ان کو سائبان کے دن کے عذاب نے پکڑ لیا یعنی عذاب ان پر سایہ فگن ہو گیا۔

۶-سورۃ الحجر آیت ۱۹ میں ہے: ﴿وَأَنْبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْزُوْنٍ﴾: اور ہم نے زمین میں ہر قسم کی (نباتات) ایک معین مقدار سے اُگائیں —— موزون یعنی معلوم یعنی اندازہ سے، بے اندازہ نہیں اگائی (یہ لفظ یہاں بے محل کاتبوں کی مہربانی سے آ گیا ہے)

۷-آیت ۶۳ میں ہے: ﴿فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ﴾: پس ہر ٹکڑا بڑے پہاڑ جیسا ہو گیا۔

۸-آیت ۵۴ میں ہے: ﴿إِنَّ هٰؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ﴾: بے شک یہ لوگ یعنی بنی اسرائیل تھوڑی جماعت ہیں۔

۹-آیت ۲۱۹ میں ہے: ﴿وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِيْنَ﴾: اور آپؐ کے پھرنے کو سجدہ کرنے والوں میں یعنی نمازیوں کے ساتھ یعنی مسلمانوں کے ساتھ یعنی جب آپؐ دعوت کے کام کے لئے نکلتے ہیں تب بھی آپؐ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہوتے ہیں۔

[۱۰-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ﴾: كَأَنَّكُمْ. [۱۱-] ﴿الرِّيْعُ﴾: الْيَفَاعُ مِنَ الْأَرْضِ، وَجَمْعُهُ رِيْعَةٌ وَأَرْيَاعٌ، وَاحِدُهُ الرِّيَعَةُ. [۱۲-] ﴿مَصَانِعَ﴾: كُلُّ بِنَاءٍ فَهُوَ مَصْنَعَةٌ. [۱۳-] ﴿فَرِهِيْنَ﴾:

مَرِحِيْنَ، ﴿فَرِهِيْنَ﴾ بِمَعْنَاهُ، وَيُقَالُ: ﴿فَارِهِيْنَ﴾ حَاذِقِيْنَ. [-١٤] ﴿تَعْثَوْا﴾: هُوَ أَشَدُّ الْفَسَادِ، وَعَاثَ يَعِيْثُ عَيْثًا. [-١٥] ﴿الْجِبِلَّةُ﴾: الْخَلْقُ، جُبِلَ: خُلِقَ، وَمِنْهُ: جُبُلًّا وَجِبِلًّا وَجُبْلًا، يَعْنِي الْخَلْقَ.

۱۰- آیت ۱۲۹ ہے: ﴿وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ﴾: اور بناتے ہو تم بڑے بڑے محل جیسے تمہیں ہمیشہ رہنا ہے ـــــ قرآن میں لعل: تعلیل کے لئے آتا ہے، مگر اس آیت میں تشبیہ کے لئے ہے أی کأنکم: گویا تم، جیسے تم۔

۱۱- رِیْعٌ کے معنی ابھی بیان کئے: ٹیلہ، زمین کا بلند حصہ، الیَفَاعُ: اونچی زمین، اس کی جمع رِیْعَةٌ اور أَرْیَاعٌ، اور مفرد الرِّیَعَة ہے۔

۱۲- آیت ۱۲۹ میں مَصَانِعَ ہے یعنی بڑے بڑے محل، مَصْنَع کی جمع: ہر عمارت مَصْنَع ہے (ابن عباسؓ)

۱۳- آیت ۱۴۹ ہے: ﴿وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فَارِهِيْنَ﴾: اور تم مہارت کے ساتھ پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو ـــــ اس میں ایک قراءت فَرِهِیْنَ ہے، اس کے معنی ہیں: اتراتے ہوئے ـــــ فَرُہ (ک) فَرَاهَةً: ہوشیار اور ماہر ہونا، مگر اس کے مفہوم میں اترانا بھی ہے، کیونکہ کج کلاہی ناز کو مستلزم ہوتی ہے۔

۱۴- آیت ۱۸۳ میں ہے: ﴿وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِيْنَ﴾: اور مت پھیلو زمین میں خرابی ڈالتے ہوئے ـــــ عَثَا (ن) عَثْوًا وَعُثُوًّا: فساد انگیزی کرنا، زبردست فساد برپا کرنا اور باب ضرب سے عَاثَ يَعِيْثُ کے بھی یہی معنی ہیں۔

۱۵- آیت ۱۸۴ ہے: ﴿وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِيْنَ﴾: اور ڈرو اس اللہ سے جس نے تم کو پیدا کیا اور اگلی خلقت کو ـــــ الجبلَّة: قوم، امت، خلقت، مخلوق جَبَلَ اللّٰهُ الْخَلْقَ: پیدا کرنا، ڈھالنا، صورت بنانا، اسی سے جُبُلٌّ (بضمتین) جِبِلٌّ (بکسرتین) اور جُبْل (باء ساکن) ہیں، سب کے معنی ہیں: خلقت۔

ابراہیم علیہ السلام کو آخرت میں رسوائی سے بچالیا جائے گا

آیت ۸۷ میں ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے: ﴿وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ﴾: اور مجھے رسوا مت کرنا جس دن سب لوگ زندہ ہو کر اٹھیں گے ـــــ اور حدیث میں ہے کہ محشر میں خلیل اللہ عرض کریں گے: الٰہی! آپ کا وعدہ ہے کہ قیامت کے دن مجھے رسوا نہیں کریں گے (ان کی مذکورہ دعا قبول ہوگئی ہے پس وعدہ ہوگیا) مگر اس سے زیادہ کیا رسوائی ہوگی کہ آج میرا باپ سب کے سامنے دوزخ میں پھینکا جائے گا، پس ان کے باپ کی صورت مسخ کردی جائے گی، اس کی صورت بجّو جیسی ہوجائے گی اور فرشتے گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیں گے ـــــ تاکہ ابراہیم علیہ السلام رسوائی سے بچ جائیں، کیونکہ رسوائی کا مدار شناخت پر ہے، اور جب شناخت نہ رہے گی تو رسوائی بھی نہ ہوگی۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۶۴) گذری ہے۔

[-١] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ﴾

[-٤٧٦٨] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ: عَنِ ابْنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ

أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ رَأَى أَبَاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَيْهِ الْغَبَرَةُ وَالْقَتَرَةُ"[راجع: ٣٣٥٠]

[٤٧٦٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَخِىْ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " يَلْقَى إِبْرَاهِيْمُ أَبَاهُ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ إِنَّكَ وَعَدْتَنِىْ أَنْ لاَ تُخْزِنِىْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: إِنِّىْ حَرَّمْتُ الْجَنَّةَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ"[راجع: ٣٣٥٠]

وضاحت: پہلی حدیث میں رَأَى بمعنی یَرىٰ ہے —— غَبَرَةٌ: غبار، قَتَرَةٌ: دھویں کی سیاہی یعنی اس کے چہرے پر بولیٹ برس رہی ہوگی، ہوائیاں اڑ رہی ہونگی۔

اقارب پر محنت اور مؤمنین پر شفقت

سورۃ الشعراء کی آیات ۲۱۴ و ۲۱۵ ہیں: ''اور آپ اپنے نزدیک کے کنبہ کو ڈرائیں، اور آپؐ اپنا بازو ان مؤمنین کے لئے جھکادیں جو آپ کی پیروی کرتے ہیں'' —— دعوت کی یہی ترتیب ہے، پہلے اپنے اقارب پر محنت کرنی چاہئے، خیر خواہی میں ان کا حق مقدم ہے، جب یہ آیت نازل ہوئی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام خاندان کے لوگوں کو جمع کر کے پیغام حق سنایا، اس وقت اگرچہ خاندان نے بات قبول نہ کی، مگر رفتہ رفتہ تمام خاندان ایمان لے آیا —— اور جو ایمان لے آئیں ان کے ساتھ شفقت کا برتاؤ ضروری ہے تاکہ وہ آپؐ کے ساتھ جڑیں اور جماعت وجود میں آئے —— اور حدیثیں پہلے کئی جگہ آچکی ہیں۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ ۝ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ﴾ أَلِنْ جَانِبَكَ

[٤٧٧٠-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ صَعِدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى الصَّفَا، فَجَعَلَ يُنَادِىْ: " يَا بَنِىْ فِهْرٍ، يَا بَنِىْ عَدِيٍّ" لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ، حَتّٰى اجْتَمَعُوْا، فَجَعَلَ الرَّجُلُ إِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَخْرُجَ أَرْسَلَ رَسُوْلاً لِيَنْظُرَ مَا هُوَ؟ فَجَاءَ أَبُوْلَهَبٍ وَقُرَيْشٌ، فَقَالَ: " أَرَأَيْتَكُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلاً بِالْوَادِىْ تُرِيْدُ أَنْ تُغِيْرَ عَلَيْكُمْ، أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ إِلَّا صِدْقًا، قَالَ: " فَإِنِّىْ نَذِيْرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَىْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ" فَقَالَ أَبُوْ لَهَبٍ: تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ! أَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا؟! فَنَزَلَتْ: ﴿تَبَّتْ يَدَآ أَبِىْ لَهَبٍ وَتَبَّ ۝ مَا أَغْنٰى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ﴾ [راجع: ١٣٩٤]

[٤٧٧١-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ أَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ قَالَ: "يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ! أَوْ: كَلِمَةً نَحْوَهَا اشْتَرُوْا أَنْفُسَكُمْ، لَاأُغْنِىْ

عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ! لَا أُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا عَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ! لَا أُغْنِيْ عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَيَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم! لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَيَافَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم! سَلِيْنِيْ مَا شِئْتِ مِنْ مَالِيْ، لَا أُغْنِيْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا"

تَابَعَهُ أَصْبَغُ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ. [راجع: ۳۵۲۷]

[۲۷] سورة النمل

[۱-] ﴿الْخَبْءَ﴾: مَا خَبَأْتَ. [۲-] ﴿لَاقِبَلَ لَهُمْ﴾: لَاطَاقَةَ. [۳-] ﴿الصَّرْحَ﴾: كُلُّ مِلَاطٍ اتُّخِذَ مِنَ الْقَوَارِيْرِ، وَالصَّرْحُ: الْقَصْرُ، وَجَمَاعَتُهُ صُرُوْحٌ. [٤-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ﴾: سَرِيْرٌ، كَرِيْمٌ، حُسْنُ الصَّنْعَةِ، وَغَلَاءُ الثَّمَنِ. [٥-] ﴿مُسْلِمِيْنَ﴾: طَائِعِيْنَ. [٦-] ﴿رَدِفَ﴾: اقْتَرَبَ. [٧-] ﴿جَامِدَةً﴾: قَائِمَةً. [٨-] ﴿أَوْزِعْنِيْ﴾: اجْعَلْنِيْ. [٩-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿نَكِّرُوْا﴾: غَيِّرُوْا. [١٠-] ﴿وَأُوْتِيْنَا الْعِلْمَ﴾: يَقُوْلُهُ سُلَيْمَانُ. [١١-] و﴿الصَّرْحَ﴾: بِرْكَةُ مَاءٍ، ضَرَبَ عَلَيْهَا سُلَيْمَانُ قَوَارِيْرَ، أَلْبَسَهَا إِيَّاهُ.

سورۃ النمل کی تفسیر

۱- آیت ۲۵ میں ہے: ﴿يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾: وہ نکالتا ہے آسمانوں اور زمین میں چھپی ہوئی چیزوں کو —— خَبْءٌ: مصدر بہ معنی اسم مفعول مَخْبُوْءٌ: چھپی ہوئی چیز، جیسے بارش اور نباتات، مَا خَبَأْتَ: جو چیز تو نے چھپائی۔

۲- آیت ۳۷ میں ہے: ﴿إِرْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّاقِبَلَ لَهُمْ بِهَا﴾: لوٹ جا ان کی طرف، پس ہم پہنچتے ہیں ان پر ایسے لشکروں کے ساتھ جن کا وہ مقابلہ نہ کرسکیں گے —— قِبَل: طاقت، دست رس، مالی به قِبَلٌ: مجھ میں اس کی طاقت نہیں۔

۳- آیت ۴۴ میں ہے: ﴿إِنَّـهُ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِنْ قَوَارِيْرَ﴾: بے شک وہ محل چکنا کیا ہوا ہے شیشے سے —— صَرْحٌ کے ایک معنی ہیں: محل، اس کی جمع صُرُوْح ہے، اور دوسرے معنی ہیں: شیشے سے چکنا کیا ہوا فرش، آیت میں یہی معنی ہیں، مِلَاط (بالکسر) پلاستر کے مسالہ کو کہتے ہیں، شارحین کہتے ہیں: صحیح بَلَاط (بالفتح) ہے، البَلَاط کے معنی ہیں: پتھر کا فرش، اور مَرَّدَ الشیئَ کے معنی ہیں: عمارت کو ہموار اور چکنا کرنا یعنی فرش میں پتھر کی جگہ شیشہ لگایا گیا ہے۔

۴- آیت ۲۳ میں ہے: ﴿وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ﴾: اور اس کا ایک بڑا تخت ہے، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عرش کے معنی تخت کے ہیں، وہ عمدہ، بہترین بناوٹ کا بیش قیمت تھا۔

۵- آیت ۳۸ میں ہے:﴿قَبْلَ أَنْ يَّأْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ﴾:اس سے پہلے کہ وہ آئیں میرے پاس حکم بردار ہوکر۔

۶- آیت ۷۲ میں ہے:﴿قُلْ عَسٰى أَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ﴾: کہہ: ہوسکتا ہے تمہارے نزدیک آگیا ہو کچھ اس عذاب کا جس کو تم جلدی طلب کرتے ہو —— رَدِفَ: فعل ماضی ہے، رِدْفٌ کے معنی ہیں: پیچھے لگا ہوا ہونا۔

۷- آیت ۸۸ میں ہے:﴿وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً﴾:اور تو پہاڑوں کو دیکھتا ہے: گمان کرتا ہے ان کو اپنی جگہ جما ہوا۔

۸- آیت ۱۹ میں ہے:﴿رَبِّ أَوْزِعْنِیْ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ﴾:اے پروردگار! میری قسمت میں کر کہ میں آپ کے احسان کا شکر بجالاؤں —— أَوْزِعْ: إِيْزَاعٌ سے فعل امر: جس کے معنی جمانے اور الہام کرنے کے ہیں۔

۹- آیت ۴۱ میں ہے:﴿نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا﴾: روپ بدل دو اس کے لئے اس کے تخت کا، غَيِّرُوْا: روپ بدل دو۔

۱۰- آیت ۴۲ میں ہے:﴿وَأُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا﴾: اور دیئے گئے ہم (آپ کی نبوت کا) علم اس واقعہ سے پہلے —— امام صاحب فرماتے ہیں: یہ سلیمان علیہ السلام کا قول ہے —— یہ بات صحیح نہیں، یہ ملکۂ سبا کا قول ہے۔

۱۱- پھر صَرْحٌ کے معنی مکرر بیان کئے ہیں، فرماتے ہیں: پانی کا حوض جس پر سلیمان علیہ السلام نے شیشہ بچھا دیا تھا، اس کو شیشہ پہنایا تھا۔

[۲۸] القصص

[۱-] يُقَالُ:﴿إِلَّا وَجْهَهُ﴾: إِلَّا مُلْكَهُ، وَيُقَالُ: إِلَّا مَا أُرِيْدَ بِهِ وَجْهُ اللّٰهِ. [۲-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنْبَآءُ﴾: الْحُجَجُ.

سورۃ القصص کی تفسیر

۱- سورۃ القصص کی آخری آیت میں ہے:﴿كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ﴾: ہر چیز فنا ہونے والی ہے ان کے چہرے کے علاوہ —— ان کے چہرے سے یا تو ان کی ذات، یا ان کا ملک مراد ہے —— اور بعض حضرات نے یہ مطلب لیا ہے کہ سارے کام مٹ جائیں گے مگر جو کام خالصاً لوجہ اللہ کئے گئے ہیں وہ نہیں مٹیں گے۔

۲- آیت ۶۶ میں ہے:﴿فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنْبَاءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَايَتَسَاءَ لُوْنَ﴾: پس اس دن (قیامت کے دن) ان پر پوشیدہ ہوجائیں گی خبریں یعنی ان سے کچھ جواب بن نہ پڑے گا، اور نہ وہ ایک دوسرے سے پوچھنے پائیں گے (کہ پوچھ پاچھ کر ہی پرچہ لکھ دیں!) —— الأنباء سے مراد دلیلیں ہیں، جب سوال ہوگا کہ تم نے رسولوں کو کیا جواب دیا؟ تو وہ کوئی جواب نہ دے سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ ہی راہ پر لاتے ہیں جس کو چاہتے ہیں

سورۃ القصص آیت ۵۶ میں ہے: ''بے شک آپؐ راہ پر نہیں لا سکتے جس کو چاہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ راہ پر لاتے ہیں جس کو چاہتے ہیں''، یعنی جس سے آپؐ کو طبعی محبت ہو یا دل چاہتا ہو کہ فلاں کو ہدایت مل جائے: لازم نہیں کہ ایسا ضرور ہو کر رہے، نبی ﷺ نے اپنے چچا ابوطالب کے لئے بہت سعی کی تھی کہ مرتے وقت کلمہ پڑھ لیں، مگر کامیابی نہیں ہوئی، پس یہ آیت اتری، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۲۱) آچکی ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّكَ لَاتَهْدِىْ مَنْ أَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ﴾

[۴۷۷۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبِ الْوَفَاةُ، جَاءَ هُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَوَجَدَ عِنْدَهُ أَبَا جَهْلٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِىْ أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، فَقَالَ: '' أَىْ عَمِّ! قُلْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، كَلِمَةً أُحَاجُّ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ'' فَقَالَ أَبُوْ جَهْلٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِىْ أُمَيَّةَ: أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟ فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ، وَيُعِيْدَانِهِ بِتِلْكَ الْمَقَالَةِ، حَتّٰى قَالَ أَبُوْ طَالِبٍ آخِرَ مَا كَلَّمَهُمْ: عَلٰى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَأَبٰى أَنْ يَقُوْلَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''وَاللّٰهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَالَمْ أُنْهَ عَنْكَ'' فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿مَاكَانَ لِلنَّبِىِّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْ يَسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ﴾ [التوبة: ۱۱۳] وَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِىْ أَبِىْ طَالِبٍ، فَقَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿إِنَّكَ لَاتَهْدِىْ مَنْ أَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ﴾ [راجع: ۱۳۶۰]

ترکیب: کلمةً: لاإلٰه إلا الله سے بدل ہونے کی وجہ سے منصوب ہے، اور مستقل جملہ قرار دیں تو مرفوع پڑھیں گے۔

[۳-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿أُوْلِى الْقُوَّةِ﴾: لَايَرْفَعُهَا الْعُصْبَةُ مِنَ الرِّجَالِ ﴿لَتَنُوْأُ﴾: لَتُثْقِلُ. [۴-] ﴿فَارِغًا﴾: إِلَّا مِنْ ذِكْرِ مُوْسٰى. [۵-] ﴿الْفَرِحِيْنَ﴾: الْمَرِحِيْنَ. [۶-] ﴿قُصِّيْهِ﴾: اتَّبِعِىْ أَثَرَهُ، وَقَدْ يَكُوْنُ أَنْ يَقُصَّ الْكَلَامَ، ﴿نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ﴾ [۷-] ﴿عَنْ جُنُبٍ﴾: عَنْ بُعْدٍ، وَعَنْ جَنَابَةٍ وَاحِدٌ، وَعَنِ اجْتِنَابٍ أَيْضًا. [۸-] ﴿نَبْطِشُ﴾: وَنَبْطُشُ. [۹-] ﴿يَأْتَمِرُوْنَ﴾: يَتَشَاوَرُوْنَ. [۱۰-] ﴿الْعُدْوَانُ﴾ وَالْعَدَاءُ وَالتَّعَدِّىْ وَاحِدٌ. [۱۱-] ﴿آنَسَ﴾: أَبْصَرَ. [۱۲-] ﴿الجَذْوَةُ﴾: قِطْعَةٌ غَلِيْظَةٌ مِنَ الْخَشَبِ، لَيْسَ فِيْهَا لَهَبٌ، وَالشِّهَابُ فِيْهِ لَهَبٌ. [۱۳-] وَالْحَيَّاتُ أَجْنَاسٌ: الْجَانُّ، وَالْأَفَاعِىْ، وَالْأَسَاوِدُ. [۱۴-] ﴿رِدْءًا﴾: مُعِيْنًا، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿يُصَدِّقُنِىْ﴾

۳-آیت۷۶ میں ہے:﴿إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوْأُ بِالْعُصْبَةِ أُوْلِي الْقُوَّةِ﴾: بے شک اس کی چابیاں یقیناً بوجھل کردیتی ہیں کئی زورآور مردوں کو —— نَاءَ يَنُوْءُ (ن) نَوْءً ا به الحِمْلُ: بوجھل سامان کا کسی کو بوجھل کردینا —— حضرت ابن عباسؓ نے صرف أولي الفوة کی تفسیر نہیں کی، بلکہ پوری آیت کے معنی بیان کئے ہیں، فرمایا: نہیں اٹھا سکتے تھے اس کو کوئی آدمی، وہ بوجھل کردیتی تھیں۔

۴-آیت۱۰ میں ہے:﴿وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوْسٰى فَارِغًا﴾: اور موسیٰ کی ماں کا دل بے قرار ہوگیا —— فارغ: خالی یعنی موسیٰ علیہ السلام کے علاوہ دل میں کوئی خیال نہ رہا۔

۵-آیت۷۶ میں ہے:﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ﴾: بے شک اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتے —— الفرحين: اترانے والے۔

۶-آیت۱۱ میں ہے:﴿وَقَالَتْ لِأُخْتِهِ قُصِّيْهِ﴾: اور کہا موسیٰ کی ماں نے ان کی بہن سے کہ اس کے پیچھے چلی جا —— قَصَّ الشيئَ (ن): کسی چیز کے نشانات پر چلنا، پیروی کرنا، پیچھے چلنا —— اور قَصَّ الكلام کے معنی ہیں: واقعہ بیان کرنا، جیسے سورہ یوسف آیت۳ میں ہے:﴿نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ﴾: ہم آپ کے سامنے واقعہ بیان کرتے ہیں۔

۷-آیت۱۱ میں ہے:﴿فَبَصُرَتْ بِهِ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَايَشْعُرُوْنَ﴾: پس دیکھتی رہی وہ موسیٰ کو دور سے —— عن جُنُبٍ، عَنْ جَنَابَةٍ اور عن اجْتِنَاب کے ایک معنی ہیں۔

۸-آیت۱۹ میں ہے:﴿فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَبْطِشَ﴾: پس جب چاہا موسیٰ نے کہ پکڑے —— باب ضرب اور باب نصر کے ایک معنی ہیں۔

۹-آیت۲۰ میں ہے:﴿إِنَّ الْمَلَأَ يَأْتَمِرُوْنَ بِكَ﴾: درباری آپ کے بارے میں مشورہ کررہے ہیں —— اِئْتَمَرَ القومُ: باہم مشورہ کرنا۔

۱۰-آیت۲۸ میں ہے:﴿أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ﴾: ان دو میں سے جونسی مدت پوری کروں تو مجھ پر کوئی زیادتی نہ ہو —— عُدْوَانٌ، عَدَاءٌ اور تَعَدِّیْ کے ایک معنی ہیں: زیادتی۔

۱۱-آیت ۲۹ میں ہے:﴿آنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا﴾: دیکھی اس نے کوہ طور کی جانب سے ایک آگ —— آنَسَ الشيئَ اِينَاسًا: دیکھنا۔

۱۲-آیت۲۹ میں ہے:﴿لَعَلِّيْ آتِيْكُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِنَ النَّارِ﴾: شاید لے آؤں میں تمہارے پاس وہاں سے کوئی اطلاع یا آگ کا انگارا —— جَذْوة: دہکتا انگارا جس میں لپٹ نہ ہو، اور لپٹ ہو تو شِهَاب ہے۔

۱۳-آیت۳۱ میں ہے:﴿فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ﴾: پس جب دیکھا لاٹھی کو پھن ہلاتے جیسے پتلا سانپ —— سانپ کی کئی قسمیں ہیں: (۱) جَانٌّ: پتلا سانپ، سانپ کی سٹک (۲) أَفْعٰى: خبیث زہریلا سانپ جو چتکبرا ہوتا ہے، اس کی

گردن باریک اور سر چوڑا ہوتا ہے، جمع أَفَاع۔ (۳) الْأَسْوَد: بڑا کالا سانپ (ناگ)

۱۴- آیت ۳۴ میں ہے: ﴿أَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْأً يُصَدِّقُنِيْ﴾: بھیجئے اس کو میرے ساتھ بطور مددگار، جو میری تصدیق کرے۔

[۱۵-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿سَنَشُدُّ﴾: سَنُعِيْنُكَ، كُلَّمَا عَزَّزْتَ شَيْئًا فَقَدْ جَعَلْتَ لَهُ عَضُدًا [۱۶-] ﴿مَقْبُوْحِيْنَ﴾ مُهْلَكِيْنَ. [۱۷-] ﴿وَصَّلْنَا﴾: بَيَّنَّاهُ وَأَتْمَمْنَاهُ. [۱۸-] ﴿يُجْبٰى﴾: يُجْلَبُ. [۱۹-] ﴿بَطِرَتْ﴾: أَشِرَتْ. [۲۰-] ﴿فِيْ أُمِّهَا رَسُوْلًا﴾: أُمِّ الْقُرٰى: مَكَّةَ وَمَا حَوْلَهَا. [۲۱-] ﴿تُكِنُّ﴾: تُخْفِيْ أَكْنَنْتُ الشَّيْئَ: أَخْفَيْتُهُ، وَكَنَنْتُهُ: خَفَيْتُهُ أَظْهَرْتُهُ. [۲۲-] ﴿وَيْكَأَنَّ اللّٰهَ﴾: مِثْلُ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَآءُ وَيَقْدِرُ: يُوَسِّعُ عَلَيْهِ وَيُضَيِّقُ عَلَيْهِ.

۱۵- آیت ۳۵ میں ہے: ﴿سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيْكَ﴾: ہم عنقریب مضبوط کریں گے تیرے بازو کو تیرے بھائی سے —— شَدٌّ: باندھنا، عَضُد: بازو، بازو باندھنا: مدد کرنا جب بھی آپ کسی چیز کو مضبوط اور طاقت ور بنائیں تو آپ نے اس کے لئے بازو بنایا یعنی یہ محاورہ استعمال ہوگا۔

۱۶- آیت ۴۲ میں ہے: ﴿وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ هُمْ مِنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ﴾: اور قیامت کے دن وہ ہلاک ہونگے —— مَقْبُوْح: اسم مفعول: قَبَحَ اللّٰه فلانا (ف) قَبْحًا: اللہ کا کسی کو بھلائی اور اچھائی سے دور رکھنا۔

۱۷- آیت ۵۱ میں ہے: ﴿وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ﴾: اور ہم ان کو اپنا کلام پے در پے بھیجتے رہے تا کہ وہ دھیان میں لائیں —— وَصَّلَ الشيئَ بِالشيئِ: ایک چیز کو دوسری چیز سے اچھی طرح ملانا، جوڑنا —— یعنی وحی کا سلسلہ مسلسل چلا آرہا ہے، اللہ تعالیٰ احکام بیان کرتے ہیں اور دین کی تکمیل کرتے ہیں۔

۱۸- آیت ۵۷ میں ہے: ﴿يُجْبٰى إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْئٍ﴾: کھنچے چلے آتے ہیں حرم کی طرف ہر قسم کے پھل —— جَبَا المالَ (ن) جَبْوًا: مال اکٹھا کرنا یُجْلَب: کھنچا جاتا ہے، لایا جاتا ہے۔

۱۹- آیت ۵۸ میں ہے: ﴿وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا﴾: اور کتنی ہی بستیاں ہم نے غارت کردیں جو اپنے سامانِ عیش پر نازاں تھیں —— بَطِرَ (س) بَطَرًا: اترانا، اکڑنا، پھولا نہ سمانا، آپے سے باہر ہو جانا —— أَشِرَ (س) أَشَرًا: اترانا، مغرور ہونا۔

۲۰- آیت ۵۹ میں ہے: ﴿وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْ أُمِّهَا رَسُوْلًا يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا﴾: اور تیرے پروردگار بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں یہاں تک کہ بھیجیں بڑی بستی میں پیغامبر کو جو ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائے —— ام القری: صدر مقام، عرب کی تمام آبادیوں کا صدر مقام مکہ مکرمہ تھا —— اور سورۃ الانعام آیت ۹۲ میں ہے: ﴿لِتُنْذِرَ أُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا﴾: اور سورۃ الشوری آیت ۷ میں ہے: ﴿لِتُنْذِرَ أُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا﴾: ان آیات

میں ومن حولها ٹھیک ہے، مگر زیرِ تفسیر آیت میں وما حولها بے موقع ہے۔

۲۱-آیت ۶۹ میں ہے: ﴿وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ﴾: اور تیرے پروردگار جانتے ہیں جو ان کے سینوں میں چھپا ہوا ہے اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں —— تُكِنُّ: إِكْنَان سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، فاعل صدورهم چونکہ اسم ظاہر جمع مکسر ہے اس لئے فعل کو مؤنث لایا گیا ہے —— اور مجرد كَنَّ الشيئُ (ض) كُنُوْنًا: اضداد میں سے ہے، چھپانا اور ظاہر کرنا دونوں معنی ہیں۔

۲۲-آیت ۸۲ میں ہے: ﴿وَيْكَأَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ﴾: بس جی یوں معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتے ہیں روزی کشادہ کرتے ہیں اور جس کے لئے چاہتے ہیں تنگ کرتے ہیں —— یہ مضمون قرآن میں متعدد جگہ آیا ہے، جیسے سورۃ العنکبوت آیت ۶۲ میں۔

ہجرت کے وقت ہی تسلی کردی تھی کہ پھر مکہ آؤ گے

آیت ۸۵ میں ہے: ﴿إِنَّ الَّذِىْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلٰى مَعَادٍ﴾: بے شک جس نے قرآن آپ کے سر مڑھا ہے وہ ضرور آپ کو پھیر لانے والا ہے پہلی جگہ کی طرف —— معاد: ظرف مکان: لوٹ کر آنے کی جگہ، مراد مکہ مکرمہ، جیسا کہ باب کی روایت میں ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہے —— یہ آیت ہجرت کے وقت اتری ہے، اسی وقت نبی ﷺ کی تسلی فرمادی تھی کہ پھر مکہ میں آؤ گے، چنانچہ آٹھ سال کے بعد فاتح بن کر آئے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ الَّذِىْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ﴾

[٤٧٧٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الْعُصْفُرِىُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿لَرَادُّكَ إِلٰى مَعَادٍ﴾ قَالَ: إِلٰى مَكَّةَ.

[۲۹] العنكبوت

[١-] قَال مُجَاهِدٌ: ﴿وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ﴾: ضُلَلَةً. [٢-] ﴿فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ﴾: عَلِمَ اللّٰهُ ذٰلِكَ، إِنَّمَا هِىَ بِمَنْزِلَةِ: فَلَيُمَيِّزَ اللّٰهُ، كَقَوْلِهِ: ﴿لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ﴾ [٣-] ﴿أَثْقَالاً مَّعَ أَثْقَالِهِمْ﴾: أَوْزَارِهِمْ.

سورۃ العنکبوت کی تفسیر

۱-سورۃ العنکبوت آیت ۳۸ میں قوم عاد اور قوم ثمود کے بارے میں ہے: ﴿وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ﴾: اور وہ لوگ ہوش یار تھے! —— مُسْتَبْصِر: اسم فاعل، اسْتِبْصَار: بصیرت حاصل کرنا —— یعنی وہ بے وقوف قومیں نہیں تھیں، کافی ہوش یار

تھیں، تاہم شیطان کے بہکاوے میں آگئیں، اور ایمان نہیں لائیں ـــــ مجاہد رحمہ اللہ نے اس کے معنی کئے ہیں ضُلَلَةٌ: یہ ضَالّ یا ضَالَّة کی جمع ہے یعنی وہ گمراہ لوگ تھے پس ان کو ہوشیار استہزاءً کہا گیا ہے۔

۲- سورۃ العنکبوت کی آیات ۲و۳ ہیں: ﴿أَحَسِبَ النَّاسُ أَنْ يُّتْرَكُوْا أَنْ يَّقُوْلُوْا آمَنَّا وَهُمْ لاَيُفْتَنُوْنَ؟ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِيْنَ﴾: (بعضے مسلمان جو کفار کی ایذاء رسانیوں سے گھبرا جاتے تھے تو) کیا لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ چھوٹ جائیں گے اتنا کہہ کر کہ ہم ایمان لے آئے اور ان کو آزمایا نہیں جائے گا؟ اور بخدا! ہم نے ان لوگوں کو آزمایا جو ان سے پہلے ہوئے ہیں، پس ضرور اللہ تعالیٰ جانیں گے ان لوگوں کو جو ایمان کے دعوے میں سچے ہیں، اور ضرور جھوٹوں کو بھی جانیں گے ـــــ یعنی مؤمنین کا بھی امتحان کیا جاتا ہے تاکہ کھرا کھوٹا جدا ہوجائے ـــــ يَعْلَمَنَّ: مضارع کا صیغہ ہے، جو حال یا استقبال کے لئے آتا ہے، پس اس سے 'حدوثِ علم' کا شبہ نہ ہو، یہ آیت تو سورۃ الانفال کی آیت ۳۷ کی طرح ہے: ﴿لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾: تاکہ اللہ تعالیٰ جدا کردیں ناپاک لوگوں کو پاک لوگوں سے یعنی آزمائش سے مقصود عملی فیصلہ کرنا ہے، تاکہ دنیا جان لے کہ کُندن (خالص سونا) کون ہے اور خزف (ٹھیکری) کون ہے؟

۳- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿وَلَيَحْمِلُنَّ أَثْقَالَهُمْ وَأَثْقَالاً مَّعَ أَثْقَالِهِمْ﴾: اور ضرور ڈھوئیں گے وہ اپنے بوجھوں کو، اور کچھ دوسرے بوجھوں کو اپنے بوجھوں کے ساتھ ـــــ بوجھوں سے گناہ مراد ہیں ـــــ یعنی جن لوگوں نے دوسروں کو گمراہ کیا، وہ اپنے گناہوں کے ساتھ ان لوگوں کے بھی کچھ گناہ اٹھائیں گے جن کو گمراہ کیا ہے، حدیث میں ہے: ''جو کوئی کسی کو ناحق قتل کرتا ہے تو اس کے گناہ کا ایک حصہ آدم علیہ السلام کے پہلے بیٹے (قابیل) کو بھی پہنچتا ہے، کیونکہ اس نے بری راہ ڈالی ہے۔

۳۰- ﴿آلٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ﴾

[١-] ﴿فَلاَ يَرْبُوْا﴾: مَنْ أَعْطَى يَبْتَغِيْ أَفْضَلَ فَلاَ أَجْرَ لَهُ فِيْهَا. [٢-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿يُحْبَرُوْنَ﴾: يُنَعَّمُوْنَ. [٣-] ﴿فَلِأَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ﴾: يُسَوُّوْنَ الْمَضَاجِعَ. [٤-] ﴿الْوَدْقَ﴾: الْمَطَرُ. [٥-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿هَلْ لَّكُمْ مِنْ مَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾: فِي الآلِهَةِ، وَفِيْهِ: ﴿تَخَافُوْنَهُمْ﴾: أَنْ يَرِثُوْكُمْ كَمَا يَرِثُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا. [٦-] ﴿يُصَدَّعُوْنَ﴾: يَتَفَرَّقُوْنَ، ﴿فَاصْدَعْ﴾. [٧-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿ضُعْفٌ﴾ وَضَعْفٌ لُغَتَانِ. [٨-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿السُّوْآى﴾: الإِسَاءَةُ جَزَاءُ الْمُسِيْئِيْنَ.

سورۃ الروم کی تفسیر

۱- سورۃ الروم آیت ۳۹ میں ہے: ﴿وَمَا آتَيْتُمْ مِنْ رِبًا لِّيَرْبُوَا فِيْ أَمْوَالِ النَّاسِ فَلاَ يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ﴾: اور جو تم سود

پر دیتے ہوتا کہ بڑھے وہ لوگوں کے مال میں مل کر تو وہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھتا (اور جو تم زکات دیتے ہو، چاہتے ہو اللہ کی خوشنودی، تو انہی لوگوں کے دُونے ہیں) یعنی سود بیاج سے گو بظاہر مال بڑھتا دکھائی دیتا ہے مگر حقیقت میں گھٹ رہا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں، اور جو مال خیرات میں نکالا جاتا ہے وہ بڑھتا ہے، حدیث میں ہے: ''ایک کھجور جو مؤمن صدقہ کرے گا قیامت کے دن وہ بڑھ کر پہاڑ کے برابر ہوجائے گی''

امام بخاری رحمہ اللہ دوسری تفسیر کرتے ہیں کہ جو آدمی کسی کو کچھ دے اس غرض سے کہ دوسرا اس سے بڑھ کر احسان کا بدلہ دے تو یہ دینا اللہ کے نزدیک موجب برکت وثواب نہیں۔

۲- آیت ۱۵ میں ہے: ﴿فَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ﴾: پس رہے وہ لوگ جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کئے تو وہ باغ میں مسرور ہونگے ــــ مجاہدؒ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: وہ نعمتیں دیئے جائیں گے ــــ حَبْرٌ سے مضارع مجہول ہے۔

۳- آیت ۴۴ میں ہے: ﴿وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِأَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ﴾: اور جس نے نیک کام کیا تو وہ اپنے ہی لئے بستر بچھاتے ہیں ــــ مَهَدَ الفراشَ (ف) مَهْدًا: بستر بچھانا، بستر ہموار کرنا یعنی جنت میں آرام کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔

۴- آیت ۴۸ میں ہے: ﴿فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ﴾: پس دیکھتا ہے تو بارش کو، وہ بادلوں کے بیچ میں سے نکلتی ہے ــــ الوَدَق: بارش۔

۵- آیت ۲۸ میں شرک کے بطلان کو سمجھانے کے لئے ایک مثال بیان کی ہے: ﴿ضَرَبَ لَكُمْ مَثَلاً مِنْ أَنْفُسِكُمْ: هَلْ لَّكُمْ مِنْ مَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ مِنْ شُرَكَاءَ فِي مَا رَزَقْنَاكُمْ، فَأَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ؟﴾: اللہ تعالیٰ نے تمہارے ہی حالات میں سے ایک عجیب مضمون بیان کیا ہے: کیا تمہارے غلاموں میں سے کوئی شخص تمہارا اس مال میں شریک ہے جو ہم نے تم کو دیا ہے کہ تم اور وہ اس میں برابر ہوجاؤ؟ ــــ جواب: نہیں! غلاموں کو اپنے مال میں سے آقا روزی روٹی تو دیتا ہے مگر برابر کا شریک نہیں گردانتا، پھر اللہ کی مخلوق اللہ کے ساتھ خدائی میں برابر کی شریک کیسے ہوگئی؟ ــــ ابن عباسؓ نے فرمایا: یہ (جھوٹے) معبودوں کے بارے میں ہے ــــ پھر آگے ہے: ﴿تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ أَنْفُسَكُمْ﴾: جن کا تم ایسا خیال کرتے ہو جیسا تم اپنے آپس کا خیال کرتے ہو یعنی وہ تمہارے وارث ہوں جیسا تم ایک دوسرے کے وارث ہوتے ہو ــــ یعنی غلاموں کی بھاگی داری موت کے بعد بھی چلے: ایسا بھاگی دار کوئی نہیں بناتا۔

۶- آیت ۴۳ میں ہے: ﴿يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ﴾: قیامت کے دن لوگ جدا جدا ہوجائیں گے (نیک جنت میں اور بد دوزخ میں بھیجے جائیں گے) ــــ يَصَّدَّعُوْنَ: اصل میں يَتَصَدَّعون تھا، تَصَدُّع (تفعل) منتشر ہونا، جدا جدا ہونا۔ مجرد صَدَعَ (ف) القوم: منتشر ہونا اور صَدَعَ الأمر وبه کے معنی ہیں: اظہار کرنا، اعلان کرنا، سورۃ الحجر آیت ۹۴ میں ہے: ﴿فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ﴾: جس بات کا آپ کو حکم دیا گیا ہے اس کو صاف صاف بیان کر دیجئے۔

۷- آیت ۵۴ میں ﴿ضُعْفٍ﴾ ہے، اس میں دو لغتیں ہیں: ضاد کے پیش کے ساتھ اور زبر کے ساتھ، ہماری قراءت ضمہ کی ہے۔

۸- آیت ۱۰ میں ہے: ﴿ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ آسَاءُ وْا السُّوْآىٰ﴾: پھر برا کرنے والوں کا انجام برا ہوگا ـــــ السُّوْآی: بروزن فُعْلٰی۔ أَسْوَء کا مؤنث ہے، جیسے أحسن کا مؤنث حُسْنی ـــــ مجاہدؒ نے فرمایا: برا کرنے والوں کا بدلہ برائی ہے۔

رومیوں کے جیتنے کی پیشین گوئی پوری ہوئی

بعثتِ نبوی کے وقت دنیا میں دو سپر پاور تھے: روم اور ایران، دونوں باہم ٹکراتے رہتے تھے، نبوت پر پانچ سال گزرے تھے کہ ایران نے روم کو شرمناک شکست دی، رومیوں کے ہاتھ سے ملک کا بڑا حصہ نکل گیا، اور قیصر روم اپنے دار السلطنت میں پناہ گزیں ہونے پر مجبور ہوگیا، جب یہ خبر مکہ پہنچی تو مشرکین نے بغلیں بجائیں، وہ ایران کو اپنی پارٹی تصور کرتے تھے اور روم کو اہل کتاب ہونے کی وجہ سے مسلمانوں کی پارٹی سمجھتے تھے، چنانچہ انھوں نے مسلمانوں کو چھیڑنا شروع کیا، پس یہ آیتیں نازل ہوئیں: ﴿غُلِبَتِ الرُّوْمُ ○ فِيْ أَدْنَى الْأَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ○ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ﴾: رومی ہارے، عرب کی زمین سے لگواں ملک میں، اور وہ اپنے ہارنے کے بعد عنقریب جیتیں گے، چند سالوں میں ـــــ مشرکین کو یہ بات عجیب سی معلوم ہوئی، بظاہر رومیوں کے جیتنے کا کوئی امکان نہیں تھا، چنانچہ بعض مشرکین نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ شرط بدی ـــــ پھر ہجرت پیش آئی، ہجرت کے دوسرے سال جنگ بدر ہوئی، ادھر بدر میں مسلمان کو فتح نصیب ہوئی اور اُدھر سات سال کے بعد پھر جنگ ہوئی اور رومیوں نے نمایاں فتح حاصل کی، جب یہ خبر بدر میں پہنچی تو مسلمانوں کی خوشی دوبالا ہوگئی اور مشرکین کا یہ حال ہوگیا کہ کاٹو تو خون نہیں! ـــــ پس رومیوں کے جیتنے کی جو پیشین گوئی قرآن نے کی تھی وہ حرف بہ حرف پوری ہوئی۔ اور حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۳۳۴) آچکی ہے، اور دخان مبین کے بارے میں دو رائیں ہیں اور ان میں تطبیق بھی آگئی ہے۔

﴿الٓمٓ ○ غُلِبَتِ الرُّوْمُ﴾

[٤٧٧٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، وَالْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يُحَدِّثُ فِي كِنْدَةَ، فَقَالَ: يَجِيْءُ دُخَانٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَأْخُذُ بِأَسْمَاعِ الْمُنَافِقِيْنَ وَأَبْصَارِهِمْ، وَيَأْخُذُ الْمُؤْمِنَ كَهَيْئَةِ الزُّكَامِ، فَفَزِعْنَا، فَأَتَيْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ، وَكَانَ مُتَّكِئًا، فَغَضِبَ فَجَلَسَ، فَقَالَ: مَنْ عَلِمَ فَلْيَقُلْ، وَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلِ: اللّٰهُ أَعْلَمُ، فَإِنَّ مِنَ الْعِلْمِ أَنْ يَقُوْلَ لِمَا لاَ يَعْلَمُ: لاَ أَعْلَمُ. فَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِنَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿قُلْ مَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ

الْمُتَكَلِّفِيْنَ﴾[ص: ٨٦] وَإِنَّ قُرَيْشًا أَبْطَؤُوْا عَنِ الإِسْلاَمِ فَدَعَا عَلَيْهِمِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " اللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ" فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَتّٰى هَلَكُوْا فِيْهَا، وَأَكَلُوْا الْمَيْتَةَ وَالْعِظَامَ، وَيَرَى الرَّجُلُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ، فَجَاءَهُ أَبُوْ سُفْيَانَ فَقَالَ: يَامُحَمَّدُ جِئْتَ تَأْمُرُ بِصِلَةِ الرَّحِمِ، وَإِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوْا فَادْعُ اللّٰهَ، فَقَرَأَ: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَائِدُوْنَ﴾[الدخان: ١٠-١٥] أَفَيُكْشَفُ عَنْهُمْ عَذَابُ الآخِرَةِ إِذَا جَاءَ؟ ثُمَّ عَادُوْا إِلٰى كُفْرِهِمْ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى﴾[الدخان: ١٦] يَوْمَ بَدْرٍ، و﴿وَلِزَامًا﴾ [الفرقان: ٧٧] يَوْمَ بَدْرٍ، ﴿الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ﴾ إِلٰى: ﴿سَيَغْلِبُوْنَ﴾: وَالرُّوْمُ قَدْ مَضَى. [راجع: ١٠٠٧]

اسلام فطری دین ہے

سورۃ الروم کی آیت ۳۰ ہے: ﴿فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا، فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا، لاَتَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ، ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ، وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَيَعْلَمُوْنَ﴾: پس سیدھا کرتو اپنے رخ کو دین اسلام کی طرف ادیان باطلہ سے یکسو ہوکر، (دین اسلام) اللہ کی بناوٹ ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے، اللہ کی بناوٹ کو مت بدلو، یہی سیدھا دین ہے، مگر اکثر لوگ نہیں جانتے! ——— یہ اہم آیت ہے، اس میں چار باتیں ہیں۔

۱- أَقِمْ وَجْهَكَ: اپنا چہرہ سیدھا کر: یہ استعارہ ہے یعنی بالکل ایک طرف کا ہوکر رہ، کبھی اِس دھرم کی طرف، کبھی اُس دھرم کی طرف مت دیکھ، نماز بھی پڑھتا ہے اور ڈاڑھی بھی منڈاتا ہے، یہ ہندو دھرم کی طرف التفات ہے، نماز پڑھتا ہے ٹائی باندھ کر یہ عیسائی دھرم کی التفات ہے سورۃ البقرۃ آیت ۲۰۸ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَافَّةً وَلاَ تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ﴾: اے ایمان والو! اسلام میں پورے پورے داخل ہوجاؤ، اور شیطان کے قدم بہ قدم مت چلو، وہ واقعی تمہارا کھلا دشمن ہے! ——— اور للدین میں الف لام عہدی ہے، مراد دین اسلام ہے ——— اور حنیفًا: أقم کے فاعل سے حال ہے، حَنَفَ کے معنی ہیں: مائل ہونا اور حنیف: فعیل کا وزن بمعنی اسم فاعل ہے اور حنیف کے اصطلاحی معنی ہیں: ادیانِ باطلہ سے یکسو ہوکر دین اسلام کی طرف متوجہ ہونے والا ——— پس حنیفا: أقم وجهك کی تاکید کے لئے ہے۔

۲- فطرت الله فعل محذوف کا مفعول بہ ہے أي إِلْزَمُوْا فطرتَ الله: اور فطَرَ کے معنی ہیں خَلَقَ: بنایا: اللہ کی بناوٹ سے چپکے رہو، جس پر اللہ نے انسانوں کو پیدا کیا ہے۔

۳- جملہ ﴿لاَتَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ﴾ اخبار بمعنی انشاء ہے، اس میں حکم ہے کہ اللہ کی بناوٹ کی خلاف ورزی مت کرو، اپنے نیچر پر رہو، اس کی حفاظت کرو، اس میں کوئی تبدیلی مت کرو۔

۴- اور آخری جملہ میں فرمایا کہ دین اسلام ہی سیدھا دین ہے، دنیا کے دیگر ادیان سے مقابلہ کرکے دیکھو اسلام ہی ہر طرح سے معتدل دین ہے، اس میں نہ افراط ہے نہ تفریط، وہ ہر طرح سے مکمل ہے، مگر اکثر لوگ نہیں جانتے، جو موازنہ کرے گا وہی اس حقیقت کو پائے گا۔

تفصیل: انسان اس دنیا میں نیا پیدا نہیں ہوتا، اس دنیا میں اس کا صرف جسم بنتا ہے، کیونکہ یہ عالم اجساد ہے، اور اس کی روح اس سے بہت پہلے پیدا کی جاچکی ہے، پھر تمام روحیں عالم ارواح میں رکھی گئی ہیں، وہاں سے شکم مادر میں بننے والے جسد خاکی میں منتقل کی جاتی ہیں، سورۃ الاعراف آیت ۱۷۲ میں عہد الست کا واقعہ ہے، حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بعد ان کی پشت سے ان کی صلبی اولاد پیدا کی گئی، تفصیل مشکوٰۃ حدیث ۹۵ میں ہے، پھر اولاد کی پشت سے ان کی اولاد نکالی گئی، یہ بات سورۃ الاعراف آیت ۱۷۲ میں ہے، پھر اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو اپنے سامنے پھیلا دیا یعنی ان پر تجلی فرمائی، اپنا جلوہ دکھایا، اس طرح دیدار کرا کر اپنی معرفت اور پہچان کرائی، پھر ان سے پوچھا: ''کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟'' سب نے اقرار کیا: کیوں نہیں! ہم سب گواہی دیتے ہیں کہ آپ ہی ہمارے رب ہیں، یہ مضمون مسند احمد (۱:۲۷۲) اور مستدرک حاکم (۲:۵۴۴) میں ہے، اور اس کی سند صحیح ہے۔

پھر روحیں پیٹھوں میں واپس نہیں کی گئیں، بلکہ عالم ارواح میں ان کو خاص ترتیب سے رکھ دیا گیا۔ بخاری شریف (حدیث ۳۳۳۶) میں اس کی صراحت ہے، پس معرفت خداوندی اور ربوبیت ربانی کا علم ہر انسان کی فطرت (Nature) میں ودیعت رکھا گیا ہے، اسی استعداد کو لے کر بچہ ماں کے پیٹ سے پیدا (ظاہر) ہوتا ہے، پس اگر کوئی مانع پیش نہ آئے تو بچہ اس فطرت پر بڑا ہوتا ہے، مگر کبھی عوارض پیش آتے ہیں، بچہ جن ہاتھوں میں اور جس ماحول میں پلتا بڑھتا ہے اس کا اثر قبول کرلیتا ہے، اس وقت وہ فطری علم: جہالت سے بدل جاتا ہے، جیسے ہر جانور صحیح سالم پیدا ہوتا ہے، پھر لوگ پہچان کے لئے بکریوں کے کان کاٹتے ہیں، کوئی بکری کان کٹی پیدا نہیں ہوتی، اسی طرح انسان کا ہر بچہ فطرتِ اسلامی پر پیدا ہوتا ہے، پھر بعد میں اس کو گمراہ کردیا جاتا ہے، یہ تفصیل باب کی حدیث میں ہے، جو پہلے (تحفۃ القاری ۴:۱۱۸) آچکی ہے۔ مذکورہ آیت میں اسی فطرت سے چپکے رہنے کا حکم ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لاَتَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ﴾ لِدِيْنِ اللّٰهِ

﴿خُلُقُ الأَوَّلِيْنَ﴾: دِيْنٌ. وَالْفِطْرَةُ الإِسْلَامُ.

[٤٧٧٥-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ إِلَّا يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ، كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيْمَةُ بَهِيْمَةً جَمْعَاءَ، هَلْ

تُحِسُّوْنَ فِيْهَا مِنْ جَدْعَاءَ؟" ثُمَّ يَقُوْلُ: ﴿فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِىْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ﴾ [راجع: ١٣٥٨]

لغت: آیت میں خلق اللہ (اللہ کی بناوٹ) سے مراد اللہ کا نازل کیا ہوا دین اسلام ہے، سورۃ الشعراء میں ہے: حضرت ہود علیہ السلام نے قوم کے سامنے دین اسلام پیش کیا، اور ان کو سمجھایا کہ اس دین کو قبول کرلو، ورنہ بڑے دن کے عذاب کا تم پر خطرہ ہے، قوم نے جواب دیا: خواہ تم ہمیں سمجھاؤ یا نہ سمجھاؤ: دونوں باتیں ہمارے لئے یکساں ہیں، ہم کسی حال میں اپنے کردار سے باز آنے والے نہیں، پھر آیت ۱۳۷ ہے: ﴿إِنْ هٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِيْنَ﴾: نہیں ہے یہ مگر اگلوں کی عادت! پہلے بھی انبیاء یہی دین اسلام پیش کرتے رہے ہیں، جو تم ہمارے سامنے پیش کرتے ہو —— اس آیت میں خُلُق کے معنی ہیں: دین اسلام —— یہی فطرت کے معنی ہیں۔

سورۃ لقمان کی تفسیر

سب سے بڑا ظلم اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا ہے

سورۃ لقمان آیت ۱۳ میں ہے: لقمانؒ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا: "بیٹا! اللہ کے ساتھ کسی کو شریک مت کرنا، بے شک شرک بڑا بھاری ظلم ہے!" —— ظلم کے معنی ہیں: کسی کی حق تلفی کرنا، پس سب سے بڑا ظلم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا ہے، کیونکہ یہ اللہ کا حق مارنا ہے، بندگی صرف اللہ تعالیٰ کا حق ہے، پس جو شخص عبادت میں غیر اللہ کو شریک کرتا ہے یا صرف غیر اللہ کی بندگی کرتا ہے: اس سے بڑا ظالم کون ہوسکتا ہے؟! اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۲۵۰) آچکی ہے۔

٣١- لقمان

[١-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ، إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾

[٤٧٧٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: ﴿الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ [الأنعام: ٨٢] شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالُوْا: أَيُّنَا لَمْ يَلْبِسْ إِيْمَانَهُ بِظُلْمٍ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّهُ لَيْسَ بِذَاكَ، أَلَا تَسْمَعُ إِلٰى قَوْلِ لُقْمَانَ لِابْنِهِ: ﴿إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾ [راجع: ٣٢]

قیامت کب برپا ہوگی؟ یہ بات اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا

قیامت بالیقین آنے والی ہے، یہ بات تو اللہ تعالیٰ نے ڈکلیر کردی ہے، مگر کب آئے گی؟ یہ بات اللہ تعالیٰ نے کسی کو

نہیں بتلائی، اسرافیل علیہ السلام جو صور پھونکیں گے ان کو بھی نہیں بتلائی، اور یہ اخفاء امتحان کی مصلحت سے ہے، اس سلسلہ کا ایک واقعہ عرض ہے۔ٹونک کا ایک طالب علم مولانا عبدالحق خیر آبادیؒ کے پاس منطق پڑھنے آیا، مولانا نے اس شرط پر پڑھانا منظور کیا کہ جب چاہیں گے امتحان لیں گے، سبق شروع ہوا، ایک ہفتہ کے بعد طالب علم پڑھنے آیا تو مولانا نے فرمایا: آج امتحان ہوگا، طالب علم کو گمان بھی نہیں تھا کہ اتنی جلدی امتحان ہو جائے گا، اس نے خواندہ یاد نہیں کیا تھا، مولانا نے اس کو نکال دیا، اس نے ایک چلّہ کا اعتکاف کیا اور برابر دعا کرتا رہا کہ استاذ راضی ہو جائیں، پھر نواب ٹونک سے نواب رام پور کے نام خط لکھوایا، نواب رام پور نے سفارش کی تب مولانا نے دوبارہ پڑھانا منظور کیا، مگر شرط وہی رہی کہ جب چاہونگا امتحان لونگا، اب وہ طالب علم روزانہ سونے سے پہلے ایک مرتبہ خواندہ پھیر کر سوتا تھا، اس اندیشہ سے کہ کہیں کل امتحان نہ ہو جائے، مگر پھر مولانا نے کبھی امتحان نہیں لیا، کیونکہ امتحان کا مقصد حاصل ہو گیا۔

یہی حکمت قیامت کا علم چھپانے میں ہے، چاہئے تو یہ تھا کہ یہ بات بھی نہ بتائی جاتی کہ قیامت آئے گی، مگر اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا کہ بالاجمال بتادیا کہ حساب کا دن آئے گا، تاکہ بندے تیاری میں لگے رہیں، اور اس بات کی طرف اشارہ سورۃ طٰہٰ آیت ۱۵ میں ہے، فرمایا: ﴿إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰى﴾: بلاشبہ قیامت آنے والی ہے، قریب ہوں میں کہ اس کو (خلائق سے) چھپالوں، تاکہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ مل جائے —— كَادَ: محل اثبات میں نفی کرتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے قیامت کا علم چھپایا نہیں، مگر بتایا بھی نہیں کہ قیامت کب آئے گی؟ تاکہ ہر مؤمن ہر وقت حساب کتاب کے لئے تیار رہے —— اور حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۱:۲۹۰) آئی ہے، اور یہ بات بھی پہلے آئی ہے کہ دوسری حدیث ایک سوال مقدر کا جواب ہے (تحفۃ القاری ۱:۲۹۲)

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾

[٤٧٧٧-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، عَنْ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَوْمًا بَارِزًا لِلنَّاسِ، إِذْ أَتَاهُ رَجُلٌ يَمْشِيْ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا الإِيْمَانُ؟ قَالَ: " الإِيْمَانُ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلاَئِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَلِقَائِهِ، وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ الآخِرِ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا الإِسْلاَمُ؟ قَالَ: " الإِسْلاَمُ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ وَلاَ تُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيْمَ الصَّلاَةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ، وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا الإِحْسَانُ؟ قَالَ: " الإِحْسَانُ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: " مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ!، وَلٰكِنْ سَأُحَدِّثُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا: إِذَا وَلَدَتِ الْمَرْأَةُ رَبَّتَهَا، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، وَإِذَا كَانَ الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ رُءُوْسَ النَّاسِ فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، فِيْ خَمْسٍ لاَ يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ:

﴿إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ﴾ [لقمان: ٣٤] ثُمَّ انْصَرَفَ الرَّجُلُ، فَقَالَ:" رُدُّوْا عَلَيَّ" فَأَخَذُوْا لِيَرُدُّوْا فَلَمْ يَرَوْا شَيْئًا. فَقَالَ:" هٰذَا جِبْرَئِيْلُ جَاءَ لِيُعَلِّمَ النَّاسَ دِيْنَهُمْ"[راجع: ٥٠]

[٤٧٧٨-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مِفْتَاحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾[راجع: ١٠٣٩]

٣٢- تنزيلُ السَّجْدَةِ

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَّهِيْنٍ﴾: ضَعِيْفٍ، نُطْفَةُ الرَّجُلِ. [٢-] ﴿ضَلَلْنَا﴾: هَلَكْنَا. [٣-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الْجُرُزِ﴾: الَّتِيْ لاَ تُمْطَرُ إِلَّا مَطَرًا لاَ يُغْنِيْ عَنْهَا شَيْئًا. [٤-] ﴿يَهْدِ﴾: يُبَيِّنُ.

سورة السجدة کی تفسیر

۱- آیت ۸ ہے: ﴿ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِنْ سُلاَلَةٍ مِنْ مَّاءٍ مَّهِيْنٍ﴾: پھر اس کی نسل کو غذاؤں کے نچوڑ یعنی ایک بے قدر پانی سے بنایا —— مَهِيْن: اسم مفعول: مصدر هُوْن: بےعزت، بے قدر، حضرت مجاہدؒ نے کمزور ترجمہ کیا ہے، مراد نطفہ ہے۔

۲- آیت ۱۰ میں ہے: ﴿وَقَالُوْا: ءَ إِذَا ضَلَلْنَا فِي الْأَرْضِ ءَ إِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ؟﴾: اور انھوں نے کہا: جب ہم زمین میں رَل گئے (ہلاک ہوگئے، نیست ونابود ہوگئے) تو کیا پھر ہم نئے جنم میں آویں گے؟

۳- آیت ۲۷ میں ہے: ﴿أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوْقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ﴾: کیا اور دیکھا نہیں انھوں نے کہ ہم ہانکتے ہیں پانی کو چٹیل زمین کی طرف —— ابن عباسؓ نے الجُرُز کے معنی کئے ہیں: جہاں بارش نہیں ہوتی، مگر برائے نام بارش ہوتی ہے جس سے کچھ کام نہ چلے۔

۴- آیت ۲۶ میں ہے: ﴿أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسَاكِنِهِمْ؟﴾: کیا ان کو راہ نہیں ملی اس بات سے کہ کتنی امتیں ہلاک کردیں ہم نے ان سے پہلے جن کے رہنے کے مقامات میں یہ (مکہ والے) آتے جاتے ہیں؟ —— يُبَيِّنُ: واضح کیا۔

جنت کی نعمتوں کا دنیا میں کوئی اندازہ نہیں کرسکتا

آیت ۱۸ ہے: ﴿فَلاَ تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ، جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾: پس نہیں جانتا کوئی شخص جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لئے چھپائی گئی ہے، ان کاموں کے بدلے میں جو وہ کیا کرتے تھے —— یعنی اللہ

تعالیٰ نے ان کی عبادتوں کی جزاء کے طور پر جو نعمتیں چھپا رکھی ہیں ان کی پوری کیفیت کسی کو معلوم نہیں، جس وقت وہ ان نعمتوں کو دیکھیں گے آنکھیں ٹھنڈی ہوجائیں گی۔ اور باب کی حدیث حدیث قدسی ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے جنت میں وہ چیز چھپا رکھی ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی، نہ کسی کان نے سنی، نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال آیا۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۹۵) آئی ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَلاَ تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُمْ﴾

[٤٧٧٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِي الصَّالِحِيْنَ مَالاَ عَيْنٌ رَأَتْ، وَلاَ أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلاَ خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ" قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: اقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَلاَ تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ﴾

قَالَ: وَحَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ" قَالَ اللّٰهُ......" مِثْلَهُ. قِيْلَ لِسُفْيَانَ: رِوَايَةً؟ قَالَ: فَأَيُّ شَيْءٍ؟! قَالَ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ: قَرَأَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ قُرَّاتِ.

[راجع: ٣٢٤٤]

وضاحت: حدیث کی تین سندیں ذکر کی ہیں، دوسری سند سے مروی حدیث کے آخر میں یہ اضافہ ہے: سفیان سے پوچھا گیا: یہ حدیث آپ روایت کرتے ہیں؟ فرمایا: تو اور کیا چیز ہے؟ یعنی روایت کرتا ہوں —— اور تیسری سند میں ہے کہ ابوہریرہؓ نے آیت میں قُرَّة (مفرد) کی جگہ قُرَّات (جمع) پڑھا ہے، یہ اعمشؒ کی قراءت ہے۔

[٤٧٨٠-] حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" يَقُوْلُ اللّٰهُ: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِي الصَّالِحِيْنَ مَالاَ عَيْنٌ رَأَتْ، وَلاَ أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلاَ خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ، ذُخْرًا، مِنْ بَلْهَ مَا أُطْلِعْتُمْ عَلَيْهِ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَلاَ تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ [راجع: ٣٢٤٤]

وضاحت: ذُخْرًا: بطور ذخیرہ: اس کا تعلق أَعْدَدْتُ سے ہے —— اور بَلْهَ: اسم فعل ہے مِن کے ساتھ بھی ابن ہشام کے نزدیک مبنی ہے (مغنی) اور اس کے معنی ہیں: چھوڑ، سوا، علاوہ، ترجمہ: علاوہ ان نعمتوں کے جن سے تم کو (قرآن وحدیث میں) واقف کردیا گیا ہے۔

۳۳- الأحزاب

قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿صَيَاصِيْهِمْ﴾: قُصُوْرِهِمْ.

سورۃ الاحزاب کی تفسیر

۱- آیت ۲۶ میں ہے: ﴿وَأَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ﴾: اور جن اہل کتاب نے ان کی مدد کی، ان کو ان کے قلعوں سے نیچے اتار دیا ـــــ صَيَاصِي: صِيْصَة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: قلعہ اور گڑھیاں۔

نبی ﷺ مسلمانوں سے خود ان کی جانوں سے زیادہ قریب ہیں

سورۃ الاحزاب آیت ۶ میں ہے: ﴿النَّبِيُّ أَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ﴾: نبی ﷺ مؤمنین سے خود ان کی جانوں سے زیادہ نزدیک ہیں ـــــ پس مسلمانوں پر اپنی جان سے زیادہ آپ ﷺ کا حق ہے، اور آپؐ کی اطاعت مطلقاً اور تعظیم بدرجہ کمال واجب ہے (تھانویؒ) اور تفسیر بیضاوی میں شانِ نزول ہے کہ جب آپ ﷺ نے غزوۂ تبوک کے لئے لوگوں کو نکلنے کا حکم دیا تو کچھ لوگوں نے کہا: ہم اپنے والدین سے اجازت لیں گے، پس یہ آیت نازل ہوئی (حاشیہ)

أَوْلٰى: زیادہ قریب، زیادہ مستحق وَلْيٌ سے اسم تفضیل، اور یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کے صلہ میں باء آئے، اور اگر اس کے صلہ میں لام آئے تو ڈانٹ اور دھمکی کے معنی ہوتے ہیں، جیسے: ﴿أَوْلٰى لَكَ﴾: تیرے لئے خرابی ہو!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہیں ہے کوئی مؤمن مگر میں لوگوں میں اس سے زیادہ قریب ہوں دنیا و آخرت میں، اور اس کی دلیل یہ ارشادِ پاک ہے: ''نبی ﷺ مؤمنین سے اقرب ہیں ان کی جانوں سے! پس جس مؤمن نے کوئی مال چھوڑا تو چاہئے کہ اس کے وارث ہوں اس کے رشتہ دار جو بھی ہوں، اور اگر اس نے قرضہ یا نادار اولاد چھوڑی تو چاہئے کہ وہ میرے پاس آئے، اور میں اس (قرضہ اور اولاد) کا ذمہ دار ہوں''

تشریح: اقربیت کچھ حقوق کی متقاضی ہے کچھ ذمہ داریوں کی، حدیث میں ذمہ داریوں کا ذکر ہے، حقوق کا تذکرہ نہیں ان کا تذکرہ حضرت تھانویؒ کے حوالے سے اوپر آ گیا۔

[۱- بَابٌ]

[۴۷۸۱-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَا مِنْ مُؤْمِنٍ إِلَّا وَأَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِهِ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، اقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿النَّبِيُّ أَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ﴾ فَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ تَرَكَ مَالاً فَلْيَرِثْهُ عَصَبَتُهُ مَنْ كَانُوْا، فَإِنْ تَرَكَ دَيْنًا أَوْ ضَيَاعًا فَلْيَأْتِنِيْ وَأَنَا مَوْلَاهُ"[راجع: ۲۲۹۸]

گود لئے ہوئے بچہ کی گود لینے والے کی طرف ولدیت کی نسبت نہ کی جائے

گود لینے کا رواج تمام اقوام میں ہے، اسلام نے اس کو باقی رکھا ہے، مگر جاہلیت قدیمہ وجدیدہ میں جو اس پر نسب کے احکام جاری کئے جاتے ہیں اسلام نے اس کی ممانعت کردی ہے، سورۃ الاحزاب آیت ۵ میں ہے: ﴿أُدْعُوْهُمْ لِآبَـآئِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ﴾: پکارو لے پالکوں کو ان کے باپوں کی طرف نسبت کرکے، یہی اللہ کے یہاں زیادہ انصاف کی بات ہے —— چنانچہ قبل اسلام نبی ﷺ نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو آزاد کرکے بیٹا بنالیا تھا، اور اس زمانہ کے دستور کے موافق لوگ ان کو زید بن محمد کہہ کر پکارتے تھے، پس مذکورہ آیت نازل ہوئی، اور ولدیت کی تبدیلی کی ممانعت کردی، چنانچہ سب لوگ ان کو زید بن حارثہ کہنے لگے (متبنی کے احکام کے لئے دیکھیں تحفۃ الالمعی ۷: ۳۹۸)

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أُدْعُوْهُمْ لِآبَـآئِهِمْ﴾

[۴۷۸۲-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ مَوْلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، مَا كُنَّا نَدْعُوْهُ إِلَّا زَيْدَ ابْنَ مُحَمَّدٍ حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْآنُ: ﴿أُدْعُوْهُمْ لِآبَـآئِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ﴾

اللہ سے عہد باندھنے والے صحابہ: کچھ اپنی نذر پوری کرچکے، کچھ منتظر ہیں

غزوۂ بدر اتفاقی طور پر پیش آیا تھا، پس جو حضرات اس میں شریک نہیں ہوسکے، ان کو افسوس ہوا، انھوں نے عہد کیا کہ آئندہ کوئی معرکہ پیش آیا تو ہماری کوشش دیکھ لی جائے گی یعنی ہم منہ نہ موڑیں گے اگرچہ مارے جائیں، چنانچہ احد اور اس کے بعد کے معرکوں میں انھوں نے جان کی بازی لگادی، پھر ان میں سے کچھ نے تو جام شہادت نوش کیا اور کچھ منتظر ہیں۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمارا خیال ہے کہ سورۃ الاحزاب کی آیت ۲۳: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ: فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ، وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلاً﴾: مؤمنین میں کچھ مرد ہیں جنھوں نے سچ کر دکھایا وہ عہد و پیمان جو انھوں نے اللہ سے باندھا تھا: پھر بعض ان میں سے اپنی نذر پوری کرچکے اور بعض منتظر ہیں، اور انھوں نے عہد میں ذرا تبدیلی نہیں کی: یہ آیت حضرت انس بن النضرؓ کے حق میں نازل ہوئی ہے (یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۲۱۰) آچکی ہے)

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ، وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلاً﴾

﴿نَحْبَهُ﴾: عَهْدَهُ. ﴿أَقْطَارُهَا﴾ جَوَانِبُهَا. ﴿الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا﴾: لَأَعْطَوْهَا.

[۴۷۸۳-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ،

عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: نُرَى هٰذِهِ الآيَةَ نَزَلَتْ فِي أَنَسِ بْنِ النَّضْرِ: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾[راجع: ۲۸۰۵]

نَحْب (مصدر) کے متعدد معانی ہیں: (۱) نذر، منت (باب نصر) (۲) موت: قَضٰى فلان نَحْبَهُ: فلاں کی موت آ گئی۔ (۳) دو فریقوں کے درمیان بندھی ہوئی شرط، باہمی عہد و پیمان، حضرت نے یہ تیسرے معنی کئے ہیں اور اردو مترجمین عام طور پر پہلے معنی کرتے ہیں۔

اور آیت ۱۴ ہے: ﴿وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِنْ أَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوْا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا﴾: اور اگر ان کے پاس کوئی گھس آئے مدینہ کے کناروں سے پھر ان سے فتنہ چاہے تو وہ اس کو مان لیں گے أَقْطَار: قُطْر کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: جانب، طرف لَأَعْطَوْهَا: ضرور فتنہ میں شرکت کے مطالبہ کو مان لیں گے، یعنی مسلمانوں سے لڑنے کے لئے آمادہ ہو جائیں گے، گھروں کے کھلے ہونے کا بہانہ نہیں کریں گے۔

[۴۷۸۴-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ: لَمَّا نَسَخْنَا الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ فَقَدْتُ آيَةً مِنْ سُوْرَةِ الْأَحْزَابِ، كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرَؤُهَا، لَمْ أَجِدْهَا مَعَ أَحَدٍ إِلَّا مَعَ خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ، الَّذِيْ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَهَادَتَهُ شَهَادَةَ رَجُلَيْنِ: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾[راجع: ۲۸۰۷]

وضاحت: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۲۱۱) آئی ہے اور تفصیل تحفۃ الالمعی اور تحفۃ القاری کے مقدموں میں جمع قرآن کی بحث میں ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ازواج کو اختیار دینا، اور ازواج کا آپؐ کو اختیار کرنا

سورۃ الاحزاب کی آیات ۲۸ و ۲۹ ہیں: ''اے پیغمبر! آپ اپنی بیویوں سے کہہ دیں: اگر تم دنیوی زندگی اور اس کی بہار چاہتی ہو تو آؤ میں تم کو کچھ متاع دیدوں اور تم کو خوبی کے ساتھ رخصت کردوں () اور اگر تم اللہ کو چاہتی ہو اور اس کے رسول کو اور آخرت کے گھر کو تو یقیناً اللہ تعالیٰ نے تم میں سے نیک کردار بیبیوں کے لئے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے''

تفسیر: جب فتوحات شروع ہوئیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آمدنی بڑھ گئی تو ازواج مطہرات نے نفقہ کی زیادتی کا مطالبہ کیا، آپؐ کو اس سے صدمہ پہنچا، کیونکہ آمدنی ضرور بڑھی تھی، مگر ساتھ ہی مسلمانوں کی ضروریات بھی بڑھی تھیں، اسلام تیزی سے پھیل رہا تھا، اور نو مسلموں کی معاشی کفالت حکومت کی ذمہ داری تھی، چنانچہ آپؐ نے قسم کھائی کہ آپؐ ایک ماہ تک کسی بیوی صاحبہ کے پاس تشریف نہیں لے جائیں گے، ایک ماہ کے بعد مذکورہ دو آیتیں نازل ہوئیں، اور آپؐ نے ازواج

کواختیار دیا کہ اگر وہ دنیا کی عیش اور بہار چاہتی ہیں تو طلاق لے کر کسی اور جگہ نکاح کرلیں، اور اگر اللہ ورسول کی خوشنودی اور آخرت کی خوش حالی چاہتی ہیں تو موجودہ حالت پر قناعت کریں، سب نے اللہ ورسول کی مرضی کو اختیار کیا، اور دنیا کے عیش وعشرت کا خیال دل سے نکال دیا۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ ان کے پاس پہنچے جب اللہ نے حکم دیا کہ آپؐ اپنی بیویوں کو اختیار دیں، پس رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ابتدا کی، اور فرمایا: ''میں تمہارے سامنے ایک بات ذکر کرنے والا ہوں، پس تم پر اس بات میں کچھ حرج نہیں کہ تم جواب دینے میں جلدی نہ کرو یہاں تک کہ تم اپنے والدین سے مشورہ کرلو'' اور آپ بالیقین جانتے تھے کہ میرے والدین مجھے آپؐ سے جدا ہونے کا مشورہ نہیں دیں گے، پھر آپؐ نے پڑھا: ﴿یٰأَیُّهَا النَّبِیُّ﴾ سے ﴿أَجْرًا عَظِیْمًا﴾ تک، پس میں نے آپؐ سے کہا: اس میں سے کس معاملہ میں: میں اپنے والدین سے مشورہ کروں؟ میں تو اللہ کو، اللہ کے رسول کو اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہوں (پھر باقی ازواج نے بھی ایسا ہی کیا جیسا عائشہؓ نے کیا)

نوٹ: گیلری میں ہے کہ ابوذر کے نسخہ میں لا بڑھا ہوا ہے، چنانچہ اس کو کھڑی دو قوسوں کے درمیان رکھا ہے، ترمذی (حدیث ۳۲۲۸) میں بھی لا ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا﴾

التَّبَرُّجُ: أَنْ تُخْرِجَ مَحَاسِنَهَا. ﴿سُنَّةَ اللّٰهِ﴾ اسْتَنَّهَا: جَعَلَهَا.

[٤٧٨٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَاءَ هَا حِيْنَ أَمَرَ اللّٰهُ أَنْ يُخَيِّرَ أَزْوَاجَهُ، فَبَدَأَ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: '' إِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ أَنْ [لَا] تَسْتَعْجِلِيْ حَتّٰى تَسْتَأْمِرِيْ أَبَوَيْكِ'' وَقَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُوْنَا يَأْمُرَانِّيْ بِفِرَاقِهِ، قَالَتْ: ثُمَّ قَالَ: '' إِنَّ اللّٰهَ قَالَ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ﴾'' إِلٰى تَمَامِ الآيَتَيْنِ فَقُلْتُ لَهُ: فَفِيْ أَيِّ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ؟ فَإِنِّيْ أُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الآخِرَةَ. [طرفه: ٤٧٨٦]

۱- آیت ۳۳ میں ہے: ﴿وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى﴾: اور قرار پکڑو اپنے گھروں میں اور قدیم زمانۂ جاہلیت کے دستور کے مطابق اپنے حسن کا مظاہرہ نہ کرتی پھرو ــــــ تَبَرُّج (تفعل): اپنی زیبائش ظاہر کرنا، اپنی خوبیوں کا مظاہرہ کرنا، بے پردہ گھومنا۔

۲- آیت ۶۲ میں ہے: ﴿سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ﴾: دستور رہا ہے اللہ کا ان لوگوں میں جو پہلے ہو چکے ہیں

اِسْتَنَّ بِسُنَّتِهِ: اتباع کرنا، کسی کے راستہ پر چلنا ـــــ جعلها: گردانا اس طریقہ کو، اس کا ترجمہ دستور کیا ہے۔

ازواج مطہرات اللہ ورسول اور آخرت کو اختیار کریں تو بڑا ثواب پائیں گی

آیات تخییر میں اللہ تعالیٰ نے ازواج مطہرات کو اشارہ کیا ہے کہ وہ اللہ ورسول اور آخرت کو اختیار کریں تا کہ بڑا ثواب پائیں، کیونکہ مؤمن کی یہی شان ہے کہ وہ آخرت کے لئے ہر عمل کرے۔ اور حدیث گذشتہ باب والی ہے اور آیت کا ترجمہ گذشتہ باب میں آگیا ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الآخِرَةَ فَإِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيْمًا﴾

وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِي بُيُوْتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ﴾: الْقُرْآنُ وَالسُّنَّةُ.

[٤٧٨٦-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: لَمَّا أُمِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِتَخْيِيْرِ أَزْوَاجِهِ بَدَأَ بِيْ، فَقَالَ: " إِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَا تَعْجَلِيْ حَتّٰى تَسْتَأْمِرِيْ أَبَوَيْكِ" قَالَتْ: وَقَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُوْنَا يَأْمُرَانِّيْ بِفِرَاقِهِ، قَالَتْ: ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَالَ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا﴾ إِلٰى: ﴿أَجْرًا عَظِيْمًا﴾ قَالَتْ: فَقُلْتُ: فَفِيْ أَيِّ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ؟ فَإِنِّيْ أُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الآخِرَةَ، قَالَتْ: ثُمَّ فَعَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَ مَا فَعَلْتُ.

تَابَعَهُ مُوْسٰى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ. وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَأَبُوْ سُفْيَانَ الْمَعْمَرِيُّ: عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ. [راجع: ٤٧٨٥]

حکمت سے مراد سنت یعنی معمول بہا احادیث ہیں

سورۃ الاحزاب آیت ۳۴ میں ازواج مطہرات کو حکم دیا ہے: ﴿وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِي بُيُوْتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ﴾: اور یاد کرو ان آیات الٰہیہ کو جو تمہارے گھروں میں پڑھی جاتی ہیں اور حکمت کو ـــــ قتادہ رحمہ اللہ نے کہا: آیاتِ الٰہیہ یعنی قرآن اور حکمت یعنی سنت یعنی وہ حدیثیں جو معمول بہا ہیں، حکمت کے لغوی معنی ہیں: دانائی کی باتیں، اور اس کی مشہور تفسیر حدیثیں ہے۔ اور حدیث کی تین سندیں ذکر کی ہیں اور تینوں معلق ہیں، موصولاً سند گذشتہ باب میں ہے۔

لے پالک کی بیوی سے نکاح جائز ہے

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ غلام تھے، نبی ﷺ نے ان کو آزاد کر کے بیٹا بنالیا تھا، اور اپنی پھوپی زاد بہن حضرت

زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے ان کا نکاح کر دیا تھا، مگر بیل منڈھے نہ چڑھی، ہر وقت خرشہ رہنے لگا، حضرت زیدؓ باپ ہونے کے ناتے نبی ﷺ سے حضرت زینبؓ کی شکایت کرتے، آپؐ سمجھاتے کہ نباہ کرو، مگر جب کسی طرح موافقت نہ ہوئی تو حضرت زیدؓ نے ان کو طلاق دیدی، اور وہ عدت میں بیٹھ گئیں ـــــ اب نبی ﷺ اس سوچ میں پڑ گئے کہ زینب پر سے طلاق کا داغ کیسے دھویا جائے؟ بس ایک ہی صورت سمجھ میں آتی تھی کہ عدت کے بعد آپؐ خود ان سے نکاح کرلیں، مگر آپؐ ڈرتے تھے کہ کفار و منافقین طوفان کھڑا کردیں گے کہ لو جی اپنی بہو کو گھر میں بسالیا! مگر جب عدت پوری ہوئی تو سورۃ الاحزاب کی آیت ۳۷ نازل ہوئی: ''اور جب آپؐ کہہ رہے تھے اس سے جس پر اللہ نے احسان کیا اور آپ نے بھی احسان کیا کہ اپنے پاس اپنی بیوی کو روکے رکھ اور اللہ سے ڈر'' ـــــ اور طلاق مت دے ورنہ اس پر ایک اور دھبہ لگے گا! ـــــ ''اور (جب زیدؓ نے طلاق دیدی تو) آپ اپنے دل میں ایک بات چھپاتے تھے، جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والے تھے، اور آپ لوگوں سے ڈرتے تھے، حالانکہ اللہ تعالیٰ اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ ان سے ڈرا جائے (الی آخرہ)

آگے آپؐ کو حضرت زینبؓ سے نکاح کا حکم دیا ہے، اور ساتھ ہی اس نکاح کی حکمت بھی واضح کی ہے کہ اس سے جاہلیت کی رسم ٹوٹے گی، اور ایک غیر اسلامی تصور کا بالکلیہ خاتمہ ہوجائے گا، چنانچہ اس نکاح سے یہ بات واضح ہوگئی کہ متبنی تمام احکام میں اجنبی کی طرح ہے، وہ حقیقی بیٹے اور بیٹی کی طرح نہیں ـــــ اور حدیث میں صرف یہ بات ہے کہ مذکورہ آیت حضرت زید اور حضرت زینب رضی اللہ عنہما کے سلسلہ میں نازل ہوئی ہے، تفصیلات کے لئے تحفۃ الالمعی (۳۹۸:۷) دیکھیں۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَاهُ﴾

[٤٧٨٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ﴾ نَزَلَتْ فِيْ شَأْنِ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ وَزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ. [طرفه: ٧٤٢٠]

نبی ﷺ پر باری مقرر کرنا واجب نہیں تھا، مگر آپؐ ہمیشہ باری کا خیال رکھتے تھے

آیت ۵۱ میں ہے: ﴿تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُئْوِيْ إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ، وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكَ﴾: پیچھے کریں آپؐ جس کو چاہیں ازواج میں سے، اور ٹھکانہ دیں آپ اپنے پاس جس کو چاہیں، اور جس کو آپؐ چاہیں ان میں سے جس کو کنارے پر کردیا تھا تو آپؐ پر کچھ گناہ نہیں'' ـــــ نبی ﷺ پر ازواج کے پاس باری باری رہنا واجب نہیں تھا، جسے چاہیں باری میں آگے پیچھے کرسکتے تھے، اور جسے کنارہ پر کردیا ہے اسے دوبارہ واپس لینے کا بھی اختیار تھا، مگر آپؐ نے مدت العمر ان اختیارات سے کام نہیں لیا جیسا کہ دوسری حدیث میں ہے۔

[۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِيْ إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ، وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكَ﴾

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿تُرْجِيْ﴾: تُؤَخِّرُ. ﴿أَرْجِهْ﴾: أَخِّرْهُ.

لغت: تُرْجِيْ: إِرْجَاء سے مضارع کا واحد مذکر حاضر کا صیغہ ہے: جس کے معنی ہیں: مؤخر کرنا، ڈھیل دینا، پیچھے کرنا، سورۃ الاعراف آیت ۱۱۱ میں اور سورۃ الشعراء آیت ۳۶ میں أَرْجِهْ: فعل امر آیا ہے جس کے معنی ہیں: موسیٰ کو ڈھیل دے۔

[۴۷۸۸-] حدثنا زَكَرِيَّاءُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: هِشَامٌ حَدَّثَنَا عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَغَارُ عَلَى اللَّاتِيْ وَهَبْنَ أَنْفُسَهُنَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَقُوْلُ: أَتَهَبُ الْمَرْأَةُ نَفْسَهَا؟! فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: ﴿تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُئْوِيْ إِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكَ﴾ قُلْتُ: مَا أُرَى رَبَّكَ إِلَّا يُسَارِعُ فِيْ هَوَاكَ. [طرفه: ۵۱۱۳]

قولہ: قال: هشام حدثنا عن أبيه کی اصل: قال حدثنا هشام عن أبيه ہے، اور یہ محدثین کے نزدیک جائز ہے۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: مجھے ان عورتوں پر غیرت آتی تھی جو اپنا نفس نبی ﷺ کو بخشتی تھیں، میں سوچتی تھی: کیا کوئی عورت اپنا نفس بخشے گی؟! پھر جب اللہ تعالیٰ نے سورۃ الاحزاب کی آیت ۵۱ نازل فرمائی تو میں نے کہا: نہیں گمان کرتی میں آپؐ کے رب کو مگر لپکتے ہیں وہ آپؐ کی چاہت میں!

تشریح: پہلے آیت ۵۰ میں آیا ہے کہ اگر کوئی مسلمان عورت اپنا نفس نبی ﷺ کو بخش دے یعنی بغیر مہر کے نکاح میں آنا چاہے، اور نبی ﷺ بھی چاہیں کہ اس کو نکاح میں لائیں (تو وہ بھی حلال ہے) یہ اجازت صرف نبی ﷺ کے لئے تھی مگر آپؐ نے کبھی اس پر عمل نہیں کیا، بعض عورتوں نے اپنا نفس بخشا مگر آپؐ نے قبول نہیں فرمایا۔

غرض یہ آپؐ کے لئے ایک سہولت تھی، امت کے لئے یہ بات جائز نہیں تھی، اس پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو غیرت آتی تھی، غیرت کے معنی ہیں: اپنے شوہر کے دوسری عورت کی طرف رجحان پر ناگواری، کیونکہ جب نبی ﷺ کا نفس بخشنے والی عورت کی طرف میلان ہوگا تبھی وہ حلال ہوگی، یہی بات ناگواری کی تھی کہ آپؐ کا میلان بیویوں کے علاوہ دوسری عورت کی طرف ہو۔

پھر جب آیت ۵۱ نازل ہوئی، اور باری مقرر کرنے کا وجوب ختم کر دیا، اور آپؐ کو اختیار دیدیا کہ جس کو چاہیں قریب لائیں اور جس کو چاہیں پیچھے کر دیں تو حضرت عائشہؓ کی غیرت ختم ہوگئی، کیونکہ یہ اختیار ازواج کے درمیان دیا گیا تھا، جبکہ ازواج میں قسم (باری مقرر کرنا) امت پر واجب ہے، مگر نبی ﷺ کو اس وجوب سے مستثنیٰ کر دیا تو صدیقہ نے کہا: میں

گمان کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپؐ کی ہر چاہت کو پورا کرنا چاہتے ہیں!

اور باری مقرر کرنے کا وجوب آپؐ کے لئے اس لئے ختم کیا گیا تھا کہ ازواج اس کو اپنا حق نہ سمجھیں، آپؐ ان کو جو دیں اس کو راضی ہو کر قبول کر لیں (یہ حکمت آیت ہی میں آگے بیان کی گئی ہے) تاکہ ان میں کش مکش ختم ہو جائے، تاہم بغیر وجوب کے بھی ہمیشہ آپؐ نے باری کا خیال رکھا جیسا کہ اگلی حدیث میں آرہا ہے۔

[٤٧٨٩-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ مُعَاذَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَسْتَأْذِنُ فِيْ يَوْمِ الْمَرْأَةِ مِنَّا، بَعْدَ أَنْ أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: ﴿تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُئْوِىْ إِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكَ﴾ فَقُلْتُ لَهَا: مَا كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ؟ قَالَتْ: كُنْتُ أَقُوْلُ لَهُ: إِنْ كَانَ ذَاكَ إِلَيَّ فَإِنِّيْ لاَ أُرِيْدُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنْ أُوْثِرَ عَلَيْكَ أَحَدًا. تَابَعَهُ عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ: سَمِعَ عَاصِمًا.

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ اجازت لیا کرتے تھے ہم میں سے ایک کی باری میں، سورۃ الاحزاب کی آیت ۵۱ کے نزول کے بعد یعنی آپؐ باری واجب نہ ہونے کے باوجود باری کا پورا التزام کرتے تھے، ایک کی باری میں دوسری سے صحبت کرنا چاہتے تو جس کی باری ہوتی اس سے اجازت لیتے تھے معاذۃ نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا: (جب نبی ﷺ آپ سے اجازت مانگتے تو) آپ کیا کہتی تھیں؟ صدیقہؓ نے کہا: میں آپؐ سے کہا کرتی تھی کہ اگر یہ بات میری طرف سے یعنی میرے اختیار میں ہے تو میں نہیں چاہتی اے اللہ کے رسول کہ ترجیح دوں آپ پر کسی کو! یعنی میں تو اجازت نہیں دیتی!

آیاتِ حجاب اوران کا شانِ نزول

سورۃ الاحزاب آیات ۵۳ سے ۶۲ تک دس آیتیں حجاب (پردہ) سے متعلق ہیں، اور قرآن کا طریقہ ہے کہ وہ دیگر متعلقہ مضامین بھی ساتھ ساتھ بیان کرتا ہے، اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے حجاب کی یہ آیات نہایت اختصار کے ساتھ پیش کر دی جائیں تاکہ احادیث کے فہم میں آسانی ہو۔

شانِ نزول: جب نبی ﷺ کا حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح ہوا تو آپؐ نے ولیمہ کیا، بعض لوگ کھانا کھا کر باتیں کرنے لگے، آپؐ نے اٹھنے کا ارادہ کیا تاکہ لوگ اٹھ جائیں، مگر لوگ اشارہ نہیں سمجھے، پس آپؐ خود اٹھ گئے، اور لوگ بھی اٹھ کھڑے ہوئے، مگر تین شخص پھر بھی بیٹھے رہے، آپ دیگر ازواج کے کمروں میں جا کر لوٹے تب بھی وہ بیٹھے تھے، آپؐ پھر لوٹ گئے تب وہ لوگ اٹھ کر چلے گئے، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے آپؐ کو خبر دی تب آپ تشریف لائے اور آیات حجاب نازل ہوئیں، ارشاد فرمایا: ''اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں مت جاؤ، مگر جب تمہیں اجازت دیدی جائے

یعنی دعوت کی جائے، درانحالیکہ نہ دیکھنے والے ہو تم اس کے پکنے کو یعنی بے دعوت تو جاؤمت، اور دعوت ہو تب بھی بہت پہلے سے مت جا بیٹھو، بلکہ جب تم بلائے جاؤ تب جایا کرو (یا دعوت کا وقت بتلا دیا ہو تب جاؤ) پھر جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جایا کرو، اور باتوں میں جی لگا کر مت بیٹھے رہا کرو، بے شک یہ بات نبی کو آزار پہنچاتی ہے، پس وہ تمہیں کچھ کہنے سے شرماتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ حق بات کہنے میں کسی کا لحاظ نہیں کرتے، اور جب تم ان (ازواج مطہرات) سے کوئی چیز مانگو تو پردے کی اوٹ سے مانگا کرو یعنی بے ضرورت تو پردے کے پاس بھی مت جاؤ، اور بات بھی نہیں کرنی چاہئے، اور بوقت ضرورت بات کرنے میں تو کوئی مضائقہ نہیں، مگر دیکھنا اب بھی نہ چاہئے (یہی حجاب کا حکم ہے) یہ تمہارے دلوں کو اور ان کے دلوں کو پاک رکھنے کا عمدہ طریقہ ہے (یہ حجاب کی حکمت ہے) اور تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم رسول کو کلفت پہنچاؤ، اور نہ یہ بات جائز ہے کہ تم آپؐ کے بعد آپؐ کی بیویوں سے کبھی بھی نکاح کرو (یہ بات بھی رسول کی کلفت کا باعث ہوگی) بے شک یہ بات (ازواج مطہرات سے بعد وفات نبوی نکاح کرنا) اللہ کے نزدیک بہت بھاری ہے (پس اس کا دل میں وسوسہ بھی نہیں لانا چاہئے، کیونکہ) اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو گے یا پوشیدہ رکھو گے تو اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں (سورۃ قٓ آیت ۱۶ میں ہے: ''ہم نے انسان کو پیدا کیا اور ہم اس کے جی میں جو خیالات آتے ہیں ان کو جانتے ہیں، اور ہم انسان سے اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں'')

محارم کا حکم: ازواج مطہرات کے محارم کا ان کے پاس جانا منع نہیں، ارشاد فرمایا: ''ازواج مطہرات پر کوئی گناہ نہیں اپنے باپوں میں، اور نہ اپنے بیٹوں میں، اور نہ اپنے بھائیوں میں اور نہ اپنے بھتیجوں میں، اور نہ اپنے بھانجوں میں، اور نہ اپنی (مسلمان) عورتوں میں، اور نہ اپنے ہاتھ کے مال میں یعنی اپنی باندیوں میں اگرچہ وہ غیر مسلم ہوں، اور ڈرتی رہیں وہ اللہ تعالیٰ سے، بے شک ہر چیز اللہ کے سامنے ہے! یعنی محارم کے سامنے بے حجاب ہونا جائز ہے، مگر کوئی گڑبڑ نہ ہونے پائے، کیونکہ اللہ تعالیٰ سے تمہارا کوئی حال چھپا ہوا نہیں ہے۔

نبی کی تعظیم کا حکم: ابھی کہا تھا کہ تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم نبی کو آزار پہنچاؤ، اب اس کی تاکید کے لئے اس کی ضد کا حکم دیتے ہیں: ''اے ایمان والو! بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس نبی پر، اے ایمان والو! تم بھی آپؐ پر درود اور خوب سلام بھیجا کرو''

درود: فارسی لفظ ہے، وہ عربی لفظ صَلاَۃٌ کا ترجمہ ہے، صَلاَۃٌ کے معنی ہیں: غایتِ انعطاف یعنی آخری درجہ کا میلان، اور میلان نسبتوں کے اختلاف سے مختلف ہوتا ہے، ماں باپ کی طرف میلان، بیوی بچوں کی طرف میلان اور مال ومنال کی طرف میلان مختلف ہوتا ہے، پس اللہ کا نبی ﷺ اور مؤمنین کی طرف میلان رحمتِ خاصہ نازل کرنا ہے، اور فرشتوں کا ان دونوں کی طرف میلان استغفار ہے، اور مؤمنین کا نبی ﷺ کی طرف میلان آپؐ کے رفع شان کی دعا کرنا ہے، اور سلام کے معنی بھی دعا وثنا کے ہیں۔

غرض کائنات کا ہر ذرہ نبی ﷺ کی غایت درجہ تعظیم کرتا ہے، پھر کسی کے لئے کیونکر جائز ہوسکتا ہے کہ وہ کسی بھی طرح نبی ﷺ کو کلفت پہنچائے؟! —— اور مؤمنین پر درود کا ذکر اسی سورت کی آیت ۴۳ میں ہے۔

رسول کو ستانے والوں کا انجام: ''بے شک جو لوگ اللہ تعالیٰ کو اور اس کے رسول کو ستاتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے ان کو دنیا وآخرت میں اپنی رحمت سے دور کر دیا ہے، اور ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے'' —— اللہ کا ذکر اس لئے کیا کہ رسول کو ستانا اللہ کو ستانا ہے۔

مؤمنین کو ستانے والوں کا انجام: ''اور جو لوگ ایمان دار مردوں کو اور ایمان دار عورتوں کو ستاتے ہیں بدوں اس کے کہ انھوں نے کچھ کیا ہو: وہ لوگ بہتان اور صریح گناہ کا بار اٹھاتے ہیں'' —— اگر ایذاء قولی ہے تو بہتان ہے اور فعلی ہے تو صریح گناہ ہے۔

آیت حجاب: پھر آیت ۵۹ ہے: ﴿یٰأَیُّهَا النَّبِیُّ! قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ، ذٰلِكَ أَدْنٰی أَنْ یُعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ، وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا﴾: ''اے نبی! آپ اپنی بیویوں سے اور اپنی بیٹیوں سے اور مسلمانوں کی بیویوں سے کہہ دیں کہ اپنے اوپر قریب کر لیا کریں اپنی تھوڑی سی چادریں، اس سے جلدی پہچان ہو جائے گی پس وہ آزار نہ دی جائیں گی، اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے نہایت مہربان ہیں'' —— یہ حجاب کی آیت ہے اور اِدْنَاءٌ کے معنی ہیں: قریب کرنا، اور جِلْبَاب کے معنی ہیں: وہ چادر جو پورے جسم کو ڈھانپ لے، اور قریب کرنے کی صورت یہ نہیں ہے کہ ماتھے پر سے اوڑھنا چہرے پر کھینچ لیا جائے، اس صورت میں عورت کو کچھ نظر نہیں آئے گا، پھر وہ چلے گی کیسے؟ بلکہ اس کی صورت یہ ہے کہ دائیں بائیں کان سے اوڑھنا ناک کے قریب لے آئے، پس چہرہ چھپ جائے گا، اور دونوں پلّوں کے درمیان لکیر رہے گی جس سے نظر آئے گا اور عورت چلے گی، دُبئی میں ایک میوزیم ہے، اس میں قدیم عربوں کا کلچر دکھایا گیا ہے، میں نے وہاں دیکھا عورتیں راستوں میں چل رہی ہیں، انھوں نے دائیں بائیں جانب سے اون کے اوڑھنے ناک سے قریب کر رکھے ہیں، جس سے چہرہ پورا چھپ گیا ہے اور ناک پر ایک لکیر ہے اس سے دیکھ کر عورتیں چل رہی ہیں، اوڑھنا قریب کرنے کی یہ شکل ہے۔

اور یہ جو فرمایا کہ اس سے جلدی پہچان ہو جائے گی: یہ حجاب کی حکمت ہے، بدنیت لوگ سمجھ جائیں گے کہ یہ بدذات عورت نہیں ہے، نیک بخت عورت ہے، پس اس کو کوئی چھیڑے گا نہیں —— آوارہ لوگ نیم عریاں عورت ہی کو تاکتے جھانکتے اور چھیڑتے ہیں، باپردہ عورت کی طرف کوئی نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا، بشرطیکہ اس کا برقعہ دوسرے برقعے کا محتاج نہ ہو! —— اور یہ جو فرمایا کہ اللہ بڑا بخشنے والا بڑا مہربان ہے: اس کا مطلب یہ ہے کہ باوجود اہتمام کے کچھ تقصیر ہو جائے تو اللہ کی مہربانی سے بخشش کی توقع رکھو۔

آخری تین آیتیں: مدینہ میں یہود اور منافق لوگ بھی تھے، جن کو بدنظری اور شہوت پرستی کا روگ لگا ہوا تھا، ان کو دھمکایا

کہ اگر تم اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے تو ہم نبی ﷺ کو تم پر مسلط کردیں گے، وہ چند روز کے بعد تم کو مدینہ سے نکال باہر کریں گے، اور جتنے دن تم مدینہ میں رہوگے ذلیل وخوار ہوکر رہوگے، گذشتہ انبیاء کے ساتھ بھی عادت اللہ یہی رہی ہے، اور اللہ کی عادت بدلتی نہیں!

سورۃ النور کی آیت: حجاب کی آیت نہیں:

سورۃ النور کا موضوع اصلاحِ معاشرہ ہے، معاشرہ کے معنی ہیں: مل جل کر رہنا، جہاں چند لوگ ایک ساتھ رہتے ہوں وہاں فساد پیدا ہوسکتا ہے، سورۃ النور میں ایسے احکامات دیئے ہیں کہ فساد کا دروازہ بند ہوجائے، اسی سلسلہ کی آیت ۳۰ و ۳۱ ہیں:

آیت ۳۰: ''آپ مؤمن مردوں سے کہیں کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں، یہ بات ان کے لئے زیادہ ستھری ہے، بے شک اللہ تعالیٰ ان کاموں کی خوب خبر رکھتے ہیں جو وہ کرتے ہیں''

آیت ۳۱: ''اور آپ مؤمن عورتوں سے کہیں کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں، اور وہ اپنی زیبائش ظاہر نہ کریں، مگر جو اس میں سے کھلی رہتی ہے'' ــــــ زیبائش: یعنی ہر قسم کی خلقی اور کسبی آرائش کا اظہار نہ کریں ــــــ اور ﴿إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا﴾ کی تفسیر احادیث وآثار میں چہرے اور ہتھیلیوں سے آئی ہے، اور فقہاء نے پیروں کو اس کے ساتھ لاحق کیا ہے یعنی جن لوگوں کے ساتھ ہر وقت کا ساتھ ہوتا ہے وہ اگرچہ محارم ہوں یا شوہر ہو سب کے سامنے یہی تین اعضاء اور ان میں پہنا ہوا زیور کھلا رکھیں، باقی تمام بدن کپڑوں میں چھپا رہے ــــــ ''اور چاہئے کہ وہ اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں'' ــــــ یعنی سینے کا ابھار بھی نظر نہ آئے، اس پر اپنی اوڑھنیاں ڈالے رہیں ــــــ پھر مستثنیٰ منہ مکرر لاکر ارشاد فرماتے ہیں: ''اور وہ اپنی زیبائش ظاہر نہ کریں، مگر اپنے شوہروں کے سامنے یا اپنے باپوں کے سامنے، یا اپنے خسروں کے سامنے یا اپنے بیٹوں کے سامنے یا اپنے بھائیوں کے سامنے یا اپنے بھتیجوں کے سامنے یا اپنے بھانجوں کے سامنے یا اپنی عورتوں کے سامنے یا ان کے سامنے جن کے مالک ہیں ان کے دائیں ہاتھ یا مردوں میں سے ٹہلوا نوکروں کے سامنے جو خواہش رکھنے والے نہیں، یا ایسے بچوں کے سامنے جو عورتوں کی پردے کی باتوں سے واقف نہیں'' ــــــ ان بارہ قسموں کے ساتھ ہر وقت ساتھ رہنا ہوتا ہے، ان لوگوں کے درمیان عورتوں کو سلیقہ سے رہنا چاہئے، اپنا سارا جسم چھپائے رہیں، صرف چہرہ، ہتھیلیاں اور پیر کھلے رکھیں، کیونکہ اس کی ضرورت ہے ــــــ ''اور وہ اپنے پیر نہ پٹخیں کہ اس زیبائش کا پتہ چل جائے جو وہ چھپاتی ہیں'' ــــــ یعنی وہ زیور جو کپڑوں کے نیچے ہے ــــــ ''اور اے مؤمنو! تم سب اللہ تعالیٰ کے سامنے توبہ کرو تاکہ تم کامیاب ہوؤ'' ــــــ اس آیت میں عورتوں کو حکم دیا ہے کہ وہ نظریں نیچی رکھیں، اور ہر وقت ساتھ رہنے والے محارم وغیرہ کے درمیان سلیقہ سے رہیں، تاکہ کوئی فساد پیدا نہ ہو، ہم باپ بیٹی، بھائی بہن، جیٹھ دیور بھابی، ساس داماد اور سالی بہنوئی کی بدکاری کے واقعات آئے دن سنتے رہتے ہیں، یہ سب نظر بھر کر دیکھنے اور بے سلیقہ زندگی گذارنے کے نتائج ہیں۔

بہر حال اس آیت کا تعلق مسئلہ حجاب سے نہیں ہے، اس آیت میں محارم اور محارم جیسوں کے درمیان زندگی گذارنے کا

سلیقہ سکھایا ہے، حجاب کی آیت سورۃ الاحزاب کی آیت ۵۹ ہے، اس میں خاص طور پر چہرہ چھپانے کا حکم دیا ہے، اور ہتھیلیوں اور پیروں کے بارے میں سکوت اختیار کیا ہے۔

[۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لاَتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ إِنَاهُ وَلٰكِنْ إِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا، فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا، وَلاَ مُسْتَأْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِيْ مِنْكُمْ، وَاللّٰهُ لاَيَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ، وَإِذَا سَأَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَرَآءِ حِجَابٍ، ذٰلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ، وَمَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَلاَ أَنْ تَنْكِحُوْا أَزْوَاجَهُ مِنْ بَعْدِهِ أَبَدًا، إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا﴾

يُقَالُ: ﴿إِنَاهُ﴾: إِدْرَاكُهُ، أَنَى يَأْنِيْ أَنَاةً.

آیت کا ترجمہ اوپر آ گیا، اس آیت سے حجاب کی آیتیں شروع ہوتی ہیں —— اور إِنٰی (مصدر) ضمیر کی طرف مضاف ہے، أَنَى يَأْنِيْ (ض) أَنْيًا وَإِنًى وَأَنَاةً: تیار ہونا، وقت آجانا، کہا جاتا ہے: اِنْتَظِرْ إِنَى الطعام: کھانا تیار ہونے کا انتظار کر، إِدْرَاك: پانا، کھانے کا پانا تیار ہونا ہے۔

﴿لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا﴾: إِذَا وَصَفْتَ صِفَةَ الْمُؤَنَّثِ قُلْتَ: قَرِيْبَةً، وَإِذَا جَعَلْتَهُ ظَرْفًا وَبَدَلاً، وَلَمْ تُرِدِ الصِّفَةَ نَزَعْتَ الْهَاءَ مِنَ الْمُؤَنَّثِ، وَكَذٰلِكَ لَفْظُهَا فِي الْوَاحِدِ وَالاِثْنَيْنِ وَالْجَمِيْعِ، لِلذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى.

سورۃ الاحزاب کی آیت ۶۴ ہے: ﴿يَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ؟ قُلْ: إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ، وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا﴾: (منکر) لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں (کہ وہ کب آئے گی؟) آپؐ جواب دیں: اس کا علم اللہ کے پاس ہے، اور تجھے کیا پتہ شاید قیامت نزدیک آ گئی ہو! —— یہاں ایک اشکال ہے: تکون کا اسم هِيَ ضمیر ہے جو الساعة کی طرف لوٹتی ہے، اور قریبًا خبر ہے، پس اسم وخبر کے درمیان تذکیر وتانیث میں مطابقت نہیں، قاعدہ سے قَرِيْبَةً ہونا چاہئے؟ —— اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ فعیل کا وزن اگر مفعول کے معنی میں ہوتو اس میں مذکر ومؤنث یکساں ہوتے ہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ جواب دیا ہے کہ جب قریب: مؤنث کی صفت واقع ہوتو قریبة ہوگا، اب اس کو مؤنث لانا ضروری ہے، لیکن اگر ظرف یا بدل بنائیں، کسی مؤنث کی صفت نہ بنائیں تو گول تاء کے بغیر قریب کہیں گے، اسی طرح لفظ قریب: واحد تثنیہ اور جمع کے لئے اور مذکر ومؤنث کے لئے یکساں ہے، ظرف یعنی زمانہ بتانے کے لئے، اور بدل شَيْئًا محذوف سے بنائیں گے (مگر ظرف بنانے پر شارحین نے اشکال کیا ہے) ——

ترجمہ: جب آپ مؤنث کی حالت بیان کریں تو قریبة کہیں، اور جب اس کو ظرف اور بدل بنائیں اور آپ صفت کا ارادہ نہ کریں تو مؤنث کی ہاء (گول تاء) نکال دیں، اور اسی طرح اس کا لفظ واحد تثنیہ اور جمع کے لئے اور مذکر ومؤنث کے لئے یکساں ہے۔

اور یہاں ایک سوال بھی ہے کہ یہ آیت یہاں بے جوڑ کیوں لائے ہیں، اس کی جگہ میں کیوں نہیں لائے؟ جواب یہ کہ شاید امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک آیاتِ حجاب کا سلسلہ آیت ۶۸ تک ہے، پس اس کو آیاتِ حجاب کے ضمن میں لائے ہیں بے جوڑ نہیں لائے۔ واللہ اعلم

[٤٧٩٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! يَدْخُلُ عَلَيْكَ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ، فَلَوْ أَمَرْتَ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِالْحِجَابِ، فَأَنْزَلَ اللهُ آيَةَ الْحِجَابِ. [راجع: ٤٠٢]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۲۴۰) آچکی ہے، وہاں تین موافقاتِ عمرؓ کا ذکر ہے اور یہاں حاشیہ میں دیگر موافقات کا بھی ذکر ہے، اس کو دیکھ لیں۔

[٤٧٩١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الرَّقَاشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مِجْلَزٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم زَيْنَبَ ابْنَةَ جَحْشٍ دَعَا الْقَوْمَ، فَطَعِمُوْا ثُمَّ جَلَسُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ، وَإِذَا هُوَ كَأَنَّهُ يَتَهَيَّأُ لِلْقِيَامِ، فَلَمْ يَقُوْمُوْا، فَلَمَّا رَأَى ذٰلِكَ قَامَ، فَلَمَّا قَامَ قَامَ مَنْ قَامَ، وَقَعَدَ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِيَدْخُلَ فَإِذَا الْقَوْمُ جُلُوْسٌ، ثُمَّ إِنَّهُمْ قَامُوْا، فَانْطَلَقْتُ فَجِئْتُ فَأَخْبَرْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُمْ قَدِ انْطَلَقُوْا، فَجَاءَ حَتّٰى دَخَلَ، فَذَهَبْتُ أَدْخُلُ فَأَلْقَى الْحِجَابَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ، فَأَنْزَلَ اللهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ﴾ [أطرافه: ٤٧٩٢، ٤٧٩٣، ٤٧٩٤، ٥١٥٤، ٥١٦٣، ٥١٦٦، ٥١٦٨، ٥١٧٠، ٥١٧١، ٥٤٦٦، ٦٢٣٨، ٦٢٣٩، ٦٢٧١، ٧٤٢١]

حوالہ: اس حدیث کا ترجمہ آیاتِ حجاب کی تفسیر کے ضمن میں آگیا ہے۔

[٤٧٩٢-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَا أَعْلَمُ النَّاسِ بِهٰذِهِ الآيَةِ آيَةِ الْحِجَابِ، لَمَّا أُهْدِيَتْ زَيْنَبُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم كَانَتْ مَعَهُ فِي الْبَيْتِ، صَنَعَ طَعَامًا، وَدَعَا الْقَوْمَ، فَقَعَدُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْرُجُ، ثُمَّ يَرْجِعُ، وَهُمْ قُعُوْدٌ يَتَحَدَّثُوْنَ، فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالٰى: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَدْخُلُوْا

بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّآ أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ إِنَاهُ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ مِنْ وَرَآءِ حِجَابٍ﴾ فَضُرِبَ الْحِجَابُ، وَقَامَ الْقَوْمُ.[راجع: ٤٧٩١]

حوالہ: یہ گذشتہ روایت ہی ہے، وہ ابومجلز کی روایت تھی یہ ابوقلابہ کی ہے۔

[٤٧٩٣-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: بُنِيَ عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِزَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ بِخُبْزٍ وَلَحْمٍ، فَأُرْسِلْتُ عَلٰى الطَّعَامِ دَاعِيًا، فَيَجِيْءُ قَوْمٌ فَيَأْكُلُوْنَ وَيَخْرُجُوْنَ، ثُمَّ يَجِيْءُ قَوْمٌ فَيَأْكُلُوْنَ وَيَخْرُجُوْنَ، فَدَعَوْتُ حَتّٰى مَا أَجِدُ أَحَدًا أَدْعُوْ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! مَا أَجِدُ أَحَدًا أَدْعُوْهُ، قَالَ: ارْفَعُوْا طَعَامَكُمْ، وَبَقِيَ ثَلاَ ثَةُ رَهْطٍ يَتَحَدَّثُوْنَ فِي الْبَيْتِ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَانْطَلَقَ إِلٰى حُجْرَةِ عَائِشَةَ، فَقَالَ:" السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ" فَقَالَتْ: وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، كَيْفَ وَجَدْتَ أَهْلَكَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ؟ فَتَقَرَّى حُجَرَ نِسَائِهِ كُلِّهِنَّ، يَقُوْلُ لَهُنَّ كَمَا يَقُوْلُ لِعَائِشَةَ، وَيَقُلْنَ لَهُ كَمَا قَالَتْ عَائِشَةُ، ثُمَّ رَجَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَإِذَا ثَلَا ثَةُ رَهْطٍ فِي الْبَيْتِ يَتَحَدَّثُوْنَ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم شَدِيْدَ الْحَيَاءِ، فَخَرَجَ مُنْطَلِقًا نَحْوَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، فَمَا أَدْرِيْ أَخْبَرْتُهُ أَوْ أُخْبِرَ أَنَّ الْقَوْمَ خَرَجُوْا، فَرَجَعَ حَتّٰى إِذَا وَضَعَ رِجْلَهُ فِي أُسْكُفَّةِ الْبَابِ دَاخِلَةً وَأُخْرَى خَارِجَةً أَرْخَى السِّتْرَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ، وَأُنْزِلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ.[راجع: ٤٧٩١]

حوالہ: یہ بھی گذشتہ روایت ہی ہے، یہ عبدالعزیز بن صہیب کی روایت ہے —— قوله: دَاعِيًا: یہ أُرْسِلْتُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دعوت دینے کے لئے بھیجا —— قوله: فَتَقَرَّى: پس آپ سب ازواج کے حجروں میں خیر خیریت معلوم کرنے کے لئے گئے، تَقَرَّى البلادَ: ملک کے ہر ہر علاقے میں تفتیش حال کے لئے جانا —— الأُسْكُفَّة: دروازہ کی دہلیز، چوکھٹ کی نچلی لکڑی جس پر پاؤں رکھتے ہیں۔

[٤٧٩٤-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَوْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ بَنَى بِزَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ، فَأَشْبَعَ النَّاسَ خُبْزًا وَلَحْمًا، ثُمَّ خَرَجَ إِلٰى حُجَرِ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا كَانَ يَصْنَعُ صَبِيْحَةَ بِنَائِهِ، فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِنَّ، وَيَدْعُوْ لَهُنَّ، وَيُسَلِّمْنَ عَلَيْهِ، وَيَدْعُوْنَ لَهُ، فَلَمَّا رَجَعَ إِلٰى بَيْتِهِ رَأَى رَجُلَيْنِ جَرَى بِهِمَا الْحَدِيْثُ، فَلَمَّا رَآهُمَا رَجَعَ عَنْ بَيْتِهِ، فَلَمَّا رَأَى الرَّجُلَانِ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجَعَ عَنْ بَيْتِهِ وَثَبَا مُسْرِعَيْنِ، فَمَا أَدْرِيْ أَنَا أَخْبَرْتُهُ بِخُرُوْجِهِمَا أَمْ أُخْبِرَ، فَرَجَعَ حَتّٰى دَخَلَ الْبَيْتَ، وَأَرْخَى السِّتْرَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ، وَأُنْزِلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ، وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ: أَخْبَرَنَا يَحْيَى، حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ، سَمِعَ أَنَسًا، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٤٧٩١]

حوالہ: یہ بھی گذشتہ حدیث ہی ہے، یہ حمید طویل کی روایت ہے۔

[٤٧٩٥-] حدثنا زَكَرِيَّاءُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجَتْ سَوْدَةُ بَعْدَ مَا ضُرِبَ الْحِجَابُ لِحَاجَتِهَا، وَكَانَتِ امْرَأَةً جَسِيْمَةً لَا تَخْفَى عَلَى مَنْ يَعْرِفُهَا، فَرَآهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: يَا سَوْدَةُ! أَمَا وَاللّٰهِ مَا تَخْفَيْنَ عَلَيْنَا، فَانْظُرِيْ كَيْفَ تَخْرُجِيْنَ، قَالَتْ: فَانْكَفَأَتْ رَاجِعَةً، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي بَيْتِيْ، وَإِنَّهُ لَيَتَعَشَّى، وَفِيْ يَدِهِ عَرْقٌ، فَدَخَلَتْ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ خَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِيْ، فَقَالَ لِيْ عُمَرُ كَذَا وَكَذَا، قَالَتْ: فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ، ثُمَّ رُفِعَ عَنْهُ وَإِنَّ الْعَرْقَ فِيْ يَدِهِ مَا وَضَعَهُ فَقَالَ: "إِنَّهُ قَدْ أُذِنَ لَكُنَّ أَنْ تَخْرُجْنَ لِحَاجَتِكُنَّ"

[راجع: ١٤٦]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۴۶۷) آچکی ہے، وہاں واقعہ کی پوری تفصیل ہے۔

رضاعی محرم بھی محرم ہیں، ان سے پردہ نہیں

باب میں مذکور دونوں آیتوں کا ترجمہ پہلے آچکا ہے، پہلی آیت کا حاصل یہ ہے کہ نبی ﷺ کی وفات کے بعد ازواج مطہرات سے نکاح کرنے کا وسوسہ بھی دل میں نہیں لانا چاہئے۔ اور دوسری آیت کا حاصل یہ ہے کہ ازواج کے محرم گھر میں آسکتے ہیں، اور کون محرم ہے اس کا تذکرہ ہے۔ اور حدیث باب میں ہے کہ رضاعی محرم بھی محرم ہیں، ان سے بھی پردہ نہیں، وہ بھی گھر میں آسکتے ہیں، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۵) آچکی ہے۔

[٩-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنْ تُبْدُوْا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوْهُ فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَآئِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَآءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا﴾

[٤٧٩٦-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتِ: اسْتَأْذَنَ عَلَيَّ أَفْلَحُ أَخُوْ أَبِي الْقُعَيْسِ بَعْدَ مَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَقُلْتُ: لَا آذَنُ لَهُ حَتّٰى أَسْتَأْذِنَ فِيْهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَإِنَّ أَخَاهُ أَبَا الْقُعَيْسِ لَيْسَ هُوَ أَرْضَعَنِيْ، وَلٰكِنْ أَرْضَعَتْنِيْ امْرَأَةُ أَبِي الْقُعَيْسِ، فَدَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ لَهُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَفْلَحَ أَخَا أَبِي الْقُعَيْسِ اسْتَأْذَنَ، فَأَبَيْتُ أَنْ آذَنَ حَتّٰى أَسْتَأْذِنَكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ: "وَمَا يَمْنَعُكِ أَنْ

تَأْذَنِيْنَ عَمَّكِ؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الرَّجُلَ لَيْسَ هُوَ أَرْضَعَنِيْ، وَلٰكِنْ أَرْضَعَتْنِيْ امْرَأَةُ أَبِي الْقُعَيْسِ، فَقَالَ:" ائْذَنِيْ لَهُ فَإِنَّهُ عَمُّكِ، تَرِبَتْ يَمِيْنُكِ!" قَالَ عُرْوَةُ: فَلِذٰلِكَ كَانَتْ عَائِشَةُ تَقُوْلُ: حَرِّمُوْا مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا تُحَرِّمُوْنَ مِنَ النَّسَبِ. [راجع: ٢٦٤٤]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں کہ دودھ پینے کی وجہ سے ان رشتوں کو حرام سمجھو جن کو تم نسب کی وجہ سے حرام سمجھتے ہو۔

نبی ﷺ پر درود وسلام بھیجنے کا حکم

نبی ﷺ پر درود وسلام بھیجنے کا حکم آیات حجاب کے ضمن میں آیا ہے، اور اس کی وجہ پہلے بیان کی ہے کہ نبی ﷺ کی ازواج سے بعد وفاتِ نبوی نکاح کرنا آپؐ کو آزار پہنچانا ہے، پس یہ بات مؤمنین کے لئے زیبا نہیں، ان کو تو حکم ہے کہ وہ نبی ﷺ کی غایت درجہ تعظیم کریں، اور درود وسلام بھیجیں —— اور آیت کا ترجمہ مع تفسیر تمہید میں آچکا ہے —— اور ابو العالیہؒ (جلیل القدر تابعی) کہتے ہیں: اللہ کی صلاۃ: اللہ کا نبی ﷺ کی تعریف کرنا ہے فرشتوں کے سامنے، اور فرشتوں کی صلاۃ: دعا کرنا ہے —— اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں: صلاۃ کے معنی ہیں: برکت کی دعا کرنا —— اور حاشیہ میں ہے کہ امام ترمذیؒ نے ثوریؒ سے اور متعدد اہل علم سے نقل کیا ہے کہ اللہ کی صلاۃ: رحمت ہے اور فرشتوں کی صلاۃ: استغفار ہے —— اور میں نے پہلے بیان کیا ہے کہ صلاۃ کے اصل معنی ہیں: آخری درجہ کا میلان، یہ معنی سہیلیؒ نے الروض الانف میں بیان کئے ہیں —— اور باب کی حدیثوں میں مختلف درود مروی ہیں۔

[١٠-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ وَمَلاَ ئِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾

قَالَ أَبُوْ الْعَالِيَةِ: صَلاَ ةُ اللّٰهِ: ثَنَاؤُهُ عَلَيْهِ عِنْدَ الْمَلاَ ئِكَةِ، وَصَلاَةُ الْمَلاَ ئِكَةِ: الدُّعَاءُ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿يُصَلُّوْنَ﴾: يُبَرِّكُوْنَ. ﴿لَنُغْرِيَنَّكَ﴾ لَنُسَلِّطَنَّكَ.

لغت: آیاتِ حجاب کے ضمن میں آیت ۶۰ میں: ﴿لَنُغْرِيَنَّكَ﴾ آیا ہے، اس کے معنی ہیں: ضرور ہم آپؐ کو مسلط کریں گے، یہ مصدر إِغْرَاءٌ سے مضارع جمع متکلم با نون تاکید ثقیلہ ہے۔

[٤٧٩٧-] حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَمَّا السَّلاَمُ عَلَيْكَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ، فَكَيْفَ الصَّلاَ ةُ؟ قَالَ:

" قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ"[راجع: ۳۳۷۰]

[٤٧٩٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ ابْنُ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا التَّسْلِيْمُ فَكَيْفَ نُصَلِّىْ عَلَيْكَ؟ قَالَ: "قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ.

وَقَالَ أَبُوْ صَالِحٍ، عَنِ اللَّيْثِ: " عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ"

[طرفه: ٦٣٥٨]

حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِىْ حَازِمٍ، وَالدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ، وَقَالَ:" كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَآلِ إِبْرَاهِيْمَ"

دل آجانے کا الزام لگا کر نبی ﷺ کو تکلیف مت پہنچاؤ!

نکاح زینب رضی اللہ عنہا کے سلسلہ میں یہود ومنافقین نے نبی ﷺ پر دل آجانے کا الزام لگایا تھا، آیت ۶۹ کے ذریعہ اس کی تردید کی ہے۔ فرمایا: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ آذَوْا مُوْسٰى، فَبَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا، وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا﴾: اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح مت ہوجاؤ جنھوں نے (الزام لگا کر) موسیٰ کو تکلیف پہنچائی، پس اللہ تعالیٰ نے ان کو بے عیب ثابت کردیا، اور وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑے معزز تھے ـــــ موسیٰ علیہ السلام پر الزام لگانے کا واقعہ پہلے (تحفۃ القاری ۲:۶۳) آچکا ہے، یہاں روایت بہت ہی مختصر ہے ـــــ مسلمانوں کو یہ بات یاد دلا کر فہمائش کی ہے کہ وہ نکاح زینبؓ کے معاملہ میں نبی ﷺ پر دل آجانے کا الزام لگا کر تکلیف نہ پہنچائیں، ورنہ ان کا تو کچھ نہیں بگڑے گا تمہاری عاقبت خراب ہوگی، نبی ﷺ تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑے معزز ہیں، پس ان کو تو ہر الزام سے بری کردیں گے، اور الزام لگانے والے اپنی عاقبت بگاڑ لیں گے۔

[١١-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ آذَوْا مُوْسٰى﴾

[٤٧٩٩-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنِ الْحَسَنِ، وَمُحَمَّدٍ، وَخِلَاسٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ مُوْسٰى كَانَ رَجُلًا حَيِيًّا، وَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ آذَوْا مُوْسٰى، فَبَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا، وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا﴾"[راجع: ٢٧٨]

٣٤- سَبَأ

[١-] يُقَالُ: ﴿مُعَاجِزِيْنَ﴾: مُسَابِقِيْنَ. ﴿بِمُعْجِزِيْنَ﴾: بِفَائِتِيْنَ. ﴿مُعَاجِزِيْنَ﴾: مُغَالِبِيْنَ. ﴿سَبَقُوْا﴾: فَاتُوْا. ﴿لاَ يُعْجِزُوْنَ﴾: لاَيَفُوْتُوْنَ. ﴿يَسْبِقُوْنَا﴾: يُعْجِزُوْنَا. قُوْلُهُ: ﴿بِمُعْجِزِيْنَ﴾: بِفَائِتِيْنَ، وَمَعْنَى ﴿مُعَاجِزِيْنَ﴾: مُغَالِبِيْنَ، يُرِيْدُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا أَنْ يُظْهِرَ عَجْزَ صَاحِبِه. [٢-] ﴿مِعْشَارَ﴾: عُشْرٌ. [٣-] ﴿الأُكُلُ﴾: الثَّمَرُ. [٤-] ﴿بَاعِدْ﴾ وَبَعِّدْ وَاحِدٌ.

سورۂ سبأ کی تفسیر

۱-عَجَزَ (ض) عن الشيئ عَجْزًا کے معنی ہیں: بے بس ہونا، عاجز ہونا، کسی بات کو نہ کرسکنا، اس مادہ سے قرآنِ کریم میں چند الفاظ آئے ہیں:

(الف) سبأ آیت ۵ میں مُعَاجِزِیْنَ: باب مفاعلہ سے اسم فاعل جمع مذکر ہے، اس کے معنی ہیں: ہرانے والے، مُسَابق: از باب مفاعلہ اسم فاعل، سَابَقَ إلی الشیئ مسابقۃ: دوڑنے میں مقابلہ کرنا، ہر ایک کا دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرنا۔

(ب) سورۃ الانعام آیت ۱۳۴ میں مُعْجِزِیْنَ ہے، یہ إِعْجَاز (باب افعال) سے اسم فاعل جمع مذکر ہے، اس کے معنی ہیں: ہاتھ سے نکل جانے والے۔

(ج) سبأ آیت ۳۸ میں بھی مُعَاجِزِیْن ہے، اس کے معنی ہیں: ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرنا، نیچا دکھانا، غالَبَہ کے بھی یہی معنی ہیں۔

(د) سورۃ الانفال آیت ۵۹ میں ہے: ﴿وَلاَيَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا﴾: اور ہرگز خیال نہ کریں کفار کہ وہ بچ گئے! یعنی ہاتھ سے نکل گئے، پھر ہے: ﴿إِنَّهُمْ لاَيُعْجِزُوْنَ﴾: وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کو عاجز نہیں کرسکتے، ہاتھ سے نکل نہیں سکتے۔

اور سورۂ عنکبوت آیت ۴ میں ہے: ﴿أَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّئَاتِ أَنْ يَسْبِقُوْنَا﴾: کیا وہ لوگ جو برے کام کررہے ہیں خیال کرتے ہیں کہ وہ ہم سے کہیں بھاگ نکلیں گے؟ وہ ہمیں عاجز کردیں گے؟ وہ ہمارے ہاتھ سے نکل جائیں گے؟ (پھر قولہ سے مغالبین تک بے فائدہ تکرار ہے)

اور آیات سے مراد: اللہ کی باتیں ہیں، یعنی قیامت، حشر نشر، ثواب وعقاب کی خبریں ہیں، کفار کا خیال ہے کہ یہ سب کچھ نہیں ہوگا مگر کفار ان چیزوں کے لانے سے اللہ تعالیٰ کو روک نہیں سکتے، عاجز نہیں کرسکتے —— باب مفاعلہ میں مغالبہ ہوتا ہے، فریقین میں سے ہر ایک دوسرے کو عاجز کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

۲-سبأ آیت ۴۶ میں مِعْشَار آیا ہے، یہ اسم ہے، اس کے معنی ہیں: دسواں حصہ: ﴿وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَا آتَيْنَاهُمْ﴾:

اورمشرکین عرب نہیں پہنچے اس مال ومنال کے دسویں حصہ کو جو ہم نے ان اگلوں کو دیا تھا —— حاشیہ میں ہے: اس وزن پر دوسرا لفظ مِرْبَاع ہے یعنی چوتھائی، کوئی تیسرا عدد اس وزن پر نہیں آتا۔

۳- سبأ آیت ۱۶ میں ہے: ﴿جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَىْ أُكُلٍ خَمْطٍ﴾: کڑوے پھل والے دو باغ۔ الأکل: پھل۔

۴- سبأ آیت ۱۹ میں ہے: ﴿رَبَّنَا بَاعِدْ بَيْنَ أَسْفَارِنَا﴾: اے ہمارے پروردگار! ہمارے سفروں میں دوری کر دیجئے —— بَاعَدَ (باب مفاعلہ) اور بَعَّدَ (باب تفعیل) ہم معنی ہیں: دور کرنا، فاصلہ کرنا۔

[٥-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿لاَيَعْزُبُ﴾: لاَيَغِيْبُ. [٦-] ﴿الْعَرِمِ﴾: السَّدُّ، مَاءٌ أَحْمَرُ، أَرْسَلَهُ فِي السَّدِّ، فَشَقَّهُ وَهَدَمَهُ، وَحَفَرَ الْوَادِيَ، فَارْتَفَعَتَا عَنِ الْجَنْبَتَيْنِ، وَغَابَ عَنْهُمَا الْمَاءُ فَيَبِسَتَا، وَلَمْ يَكُنِ الْمَاءُ الْأَحْمَرُ مِنَ السَّدِّ، وَلٰكِنْ كَانَ عَذَابًا أَرْسَلَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَيْثُ شَاءَ، وَقَالَ عَمْرُو بْنُ شُرَحْبِيْلَ: الْعَرِمُ: الْمُسَنَّاهُ بِلَحْنِ أَهْلِ الْيَمَنِ. وَقَالَ غَيْرُهُ: الْعَرِمُ: الْوَادِيْ. [٧-] السَّابِغَاتُ: الدُّرُوْعُ.

۵- آیت ۳ میں ہے: ﴿لاَيَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ﴾: ان سے کوئی ذرہ بھر چیز غائب نہیں ہے —— عَزَبَ (ن) عُزُوْبًا: پوشیدہ ہونا۔

۶- آیت ۱۶ میں ﴿الْعَرِمِ﴾ آیا ہے، اس کے متعدد معانی کئے گئے ہیں: (۱) بند (۲) وہ سرخ پانی جس کو اللہ نے عذاب کی شکل میں اس بند میں بھیج دیا تھا جس نے بند کو توڑ کر رکھ دیا اور میدان کو کھود دیا، پس دونوں جانبوں کے باغ اونچے ہو گئے اور ان کو پانی نہیں ملا تو وہ خشک ہو گئے —— اور سرخ پانی بند کا پانی نہیں تھا، بلکہ وہ عذاب تھا جو اللہ نے ان پر بھیجا تھا جہاں سے چاہا —— (۳) اور عمرو بن شرحبیل کہتے ہیں: یمنی زبان میں اس کے معنی ہیں: بند کا پشتہ —— الْمُسَنَّاة: پانی کا بند جس میں پانی کو چھوڑنے اور روکنے کے دروازے ہوتے ہیں (۴) ایک وادی کا نام۔

۷- آیت ۱۰ میں سَابِغَات ہے، اس کے معنی ہیں: لوہے کی پوری زرہیں، کُرتے۔

[٨-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿نُجَازِىْ﴾: نُعَاقِبُ. [٩-] ﴿أَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ﴾: بِطَاعَةِ اللّٰهِ. ﴿مَثْنٰى وَفُرَادٰى﴾: وَاحِدًا وَاثْنَيْنِ. [١٠-] ﴿التَّنَاوُشُ﴾: الرَّدُّ مِنَ الآخِرَةِ إِلَى الدُّنْيَا. [١١-] ﴿وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ﴾: مِنْ مَالٍ أَوْ وَلَدٍ أَوْ زَهْرَةٍ. ﴿بِأَشْيَاعِهِمْ﴾: بِأَمْثَالِهِمْ. [١٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿كَالْجَوَابِ﴾: كَالْجَوْبَةِ مِنَ الْأَرْضِ. [١٣-] وَالْخَمْطُ: الْأَرَاكُ: وَالْأَثْلُ: الطَّرْفَاءُ: ﴿الْعَرِمِ﴾: الشَّدِيْدُ.

۸- آیت ۱۷ میں ہے: ﴿وَهَلْ نُجَازِىْ إِلَّا الْكَفُوْرَ﴾: اور نہیں سزا دیتے ہم مگر ناسپاس (ناشکرے) کو —— مجازاة: بدلہ دینا، معاقبة: سزا دینا۔

۹- آیت ۴۶ ہے: ﴿قُلْ إِنَّمَا أَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ: أَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا: مَابِصَاحِبُكُمْ مِنْ

جنَّةً، إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَىْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ﴾: ''آپ کہیں: میں تم کو ایک ہی نصیحت کرتا ہوں کہ کھڑے ہوؤ اللہ کے لئے'' — یعنی تعصب وعناد چھوڑ کر انصاف واخلاص کے ساتھ اللہ کے نام پر اٹھ کھڑے ہوؤ، مجاہدؒ نے بطاعة الله سے تفسیر کر کے یہی بات کہی ہے — ''دو دو اور ایک ایک پھر غور کرو یعنی مل کر مشورہ کرو یا تنہا غور کرو: نہیں ہے تمہارے ساتھی کو کچھ سودا، نہیں ہے وہ مگر تم کو ڈرانے والا ایک بڑی آفت کے آنے سے پہلے'' — واحدًا و اثنین میں لف ونشر مشوش ہے۔

۱۰- آیت ۵۲ ہے: ﴿وَقَالُوْا: آمَنَّا بِهِ! وَأَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ؟﴾: اور (کفار آخرت میں) کہیں گے: ہم پیغمبر کی باتوں پر ایمان لاتے ہیں! یعنی ہمیں دنیا کی طرف لوٹا دیں ہم ایمان لے کر آئیں گے، اور اب کہاں ان کا ہاتھ پہنچ سکتا ہے دور جگہ سے یعنی موقع نکل گیا، دنیا دور ہوگئی، اب ایمان کہاں سے ہاتھ آ سکتا ہے؟ تناوش (تفاعل): دور کھڑے ہو کر کوئی چیز لینا یعنی اتنی دور جگہ سے ایمان کا ان کے ہاتھ آنا کہاں ممکن ہے؟

۱۱- آیت ۵۴ میں ہے: ﴿وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِمْ مِنْ قَبْلُ﴾: اور ان کے درمیان اور اس چیز کے درمیان جس کی وہ آرزو کرتے ہیں ایک آڑ کر دی جائے گی، جیسا کہ قبل ازیں ان کے ہم مشربوں کے ساتھ یہی برتاؤ کیا گیا — جن چیزوں کی وہ آرزو کرتے ہیں یعنی دنیوی لذتیں اور عیش وآرام، مال یا اولاد یا دنیا کی رونق۔

۱۲- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ﴾: اور (جنات سلیمانؑ کے لئے بناتے ہیں) لگن: جیسے تالاب — لگن: ٹب — الْجَوْبَة: گول بڑا گھڑا، چھوٹا تالاب۔

۱۳- آیت ۱۶ میں خَمْط ہے: اس کے معنی ہیں: پیلو کا درخت، دوسرا لفظ أَثْل ہے اس کے معنی ہیں: جھاؤ (ایک قسم کا پودا جو دریاؤں کے کناروں پر اگتا ہے اور جس سے ٹوکریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں) — الطَّرْفَاء: جھاؤ جیسا ایک درخت — اور العَرِم کے لغوی معنی ہیں: سخت اور مرادی معنی کا بیان پہلے آ چکا ہے۔

جب آسمانوں میں وحی نازل ہوتی ہے تو فرشتے تھرّا جاتے ہیں

آیت ۲۳ میں ہے: ﴿حَتّٰى إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا الْحَقَّ، وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ﴾: یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے تو وہ (ایک دوسرے سے) پوچھتے ہیں: تمہارے پروردگار نے کیا حکم دیا؟ (مقرب فرشتے) کہتے ہیں: (فلاں) برحق بات کا حکم دیا، اور وہ عالی شان سب سے بڑے ہیں۔

تفسیر: مشرکین اپنی مورتیوں کو اللہ کے یہاں سفارشی سمجھتے ہیں، وہ کہتے ہیں: ہم ان کی پوجا صرف اس لئے کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ سے نزدیک کر دیں (الزمر آیت ۳) مذکورہ آیت میں ان سے خطاب ہے کہ اللہ کے نزدیک سفارش اسی کے لئے مفید ہے، جس کو وہ جس کے لئے سفارش کی اجازت دیں، پھر فرشتوں کا حال بیان کیا ہے جو مقربین بارگاہ ہیں، باب کی حدیث میں ہے کہ جب اوپر سے اللہ کا حکم اترتا ہے تو ایسی آواز آتی ہے جیسے چکنے صاف پتھر پر لوہے کی زنجیر کھینچی جائے، پس

فرشتے ہیبت سے تھرا جاتے ہیں اور سجدہ میں گر پڑتے ہیں، پھر جب ان کے دلوں کو کچھ سکون حاصل ہوتا ہے تو ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں: تمہارے رب نے کیا حکم دیا؟ اوپر والے فرشتے نیچے والے فرشتوں کو وہ حکم بتلاتے ہیں، اور وہ اس کی تعمیل کرتے ہیں، پس جب مقربین کا یہ حال ہوجاتا ہے تو مشرکین کی مورتیاں وہاں کیا دم مار سکتی ہیں؟ —— اور حدیث اسی جلد میں سورۃ الحجر کی تفسیر میں آچکی ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا الْحَقَّ، وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ﴾

[٤٨٠٠-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، قَالَ: سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: إِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا قَضَى اللّٰهُ الْأَمْرَ فِي السَّمَاءِ ضَرَبَتِ الْمَلَائِكَةُ بِأَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهِ، كَأَنَّهُ سِلْسِلَةٌ عَلٰى صَفْوَانٍ، فَإِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا لِلَّذِيْ قَالَ: الْحَقَّ، وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ، فَيَسْمَعُهَا مُسْتَرِقُ السَّمْعِ، وَمُسْتَرِقُ السَّمْعِ هٰكَذَا بَعْضُهُ فَوْقَ بَعْضٍ – وَوَصَفَ سُفْيَانُ بِكَفِّهِ فَحَرَّفَهَا وَبَدَّدَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ – فَيَسْمَعُ الْكَلِمَةَ، فَيُلْقِيْهَا إِلٰى مَنْ تَحْتَهُ، ثُمَّ يُلْقِيْهَا الْآخَرُ إِلٰى مَنْ تَحْتَهُ، حَتّٰى يُلْقِيَهَا عَلٰى لِسَانِ السَّاحِرِ أَوِ الْكَاهِنِ، فَرُبَّمَا أَدْرَكَ الشِّهَابُ قَبْلَ أَنْ يُلْقِيَهَا، وَرُبَّمَا أَلْقَاهَا قَبْلَ أَنْ يُدْرِكَهُ، فَيَكْذِبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ، فَيُقَالُ: أَلَيْسَ قَدْ قَالَ لَنَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا: كَذَا وَكَذَا، فَيُصَدَّقُ بِتِلْكَ الْكَلِمَةِ الَّتِيْ مِنَ السَّمَاءِ"[راجع: ٤٧٠١]

لغت: فُزِّعَ عنه: خوف اور گھبراہٹ دور ہونا —— قالوا الحق کی تقدیر عبارت ہے: قالوا: قال ربنا القول الحق —— قوله: إذا قضى الله: حاشیہ میں روایت میں إذا تکلم الله ہے —— خُضْعَانًا: انقیاد ظاہر کرنے کے طور پر —— مُسْتَرِقُ السمع: بات چرانے والے شیاطین —— بَدَّدَ: کشادہ کرنا۔

نبی ﷺ برے انجام سے باخبر کرنے والے ہیں

آیت ۴۶ میں ہے: نہیں ہیں وہ (نبی ﷺ) مگر تم کو انجام سے باخبر کرنے والے سخت عذاب سے پہلے یعنی حق واضح ہونے کے باوجود تم نے اس کو قبول نہ کیا تو تم بھگتو گے، نبی ﷺ کا کیا بگڑے گا! —— اور حدیث ابھی اسی جلد میں سورۃ الشعراء کی تفسیر میں آچکی ہے (حدیث ۴۷۷۰)

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ﴾

[٤٨٠١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَمْرِو ابْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: صَعِدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الصَّفَا ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ:

"يَاصَبَاحَاهْ" فَاجْتَمَعَتْ إِلَيْهِ قُرَيْشٌ، قَالُوْا: مَالَكَ؟ قَالَ: "أَرَأَيْتُم لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ الْعَدُوَّ يُصَبِّحُكُمْ أَوْ يُمَسِّيْكُمْ أَمَا كُنْتُمْ تُصَدِّقُوْنِّيْ؟" قَالُوْا: بَلٰى. قَالَ: "فَإِنِّيْ نَذِيْرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَىْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ" فَقَالَ أَبُوْ لَهَبٍ: تَبًّا لَكَ، إِلِهٰذَا جَمَعْتَنَا؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿تَبَّتْ يَدَا أَبِىْ لَهَبٍ﴾ [راجع: ١٣٩٤]

٣٥- المَلائِكةُ

[١-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿الْقِطْمِيْرُ﴾: لِفَافَةُ النَّوَاةِ. [٢-] ﴿مُثْقَلَةٌ﴾ مُثَقَّلَةٌ. [٣-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿الْحَرُوْرُ﴾ بِالنَّهَارِ مَعَ الشَّمْسِ. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الْحَرُوْرُ بِاللَّيْلِ، وَالسَّمُوْمُ بِالنَّهَارِ. [٤-] ﴿وَغَرَابِيْبُ﴾: أَشَدُّ سَوَادٍ، الْغِرْبِيْبُ: الشَّدِيْدُ السَّوَادِ.

سورۃ الفاطر کی تفسیر

سورۃ الفاطر کا نام سورۃ الملائکہ بھی ہے، پہلی آیت میں لفظ فاطر آیا ہے اور ملائکہ کا ذکر بھی۔

۱- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ﴾: اور جن کو تم پکارتے ہو اللہ کو چھوڑ کر نہیں مالک ہیں وہ کھجور کی گٹھلی پر جو باریک جھلّی ہوتی ہے اس کے بقدر بھی —— قطمیر: کنایہ ہے قلت سے یعنی وہ ذرا سی چیز کے بھی مالک نہیں۔

۲- آیت ۱۸ میں ہے: ﴿وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلٰى حِمْلِهَا لَايُحْمَلْ مِنْهُ شَيْئٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى﴾: اور اگر کوئی گناہوں سے بوجھل اپنا بوجھ اٹھانے کے لئے پکارے تو اس میں سے ذرا بھی نہیں اٹھایا جائے گا، اگرچہ ہو (پکارا ہوا) قرابتی! یعنی قیامت کے دن کوئی کسی کا گناہوں کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، اگرچہ جس کو پکارا ہے وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ اس دن سب کو نفسی نفسی پڑی ہوگی —— مُثْقَلَة: اسم مفعول: از باب افعال اور مُثَقَّلَة: اسم مفعول از باب تفعیل دونوں کے ایک ہی معنی ہیں: بوجھل بنانا، زیر بار کرنا، بوجھ تلے دبا دینا۔

۳- آیت ۲۱ میں ﴿الْحَرُوْرُ﴾ ہے، اس کے معنی ہیں: لُو (دوپہر میں چلنے والی سخت گرم ہوا) اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں: رات کی گرم ہوا حرور ہے اور دن کی گرم ہوا سموم ہے۔

۴- آیت ۲۷ میں: ﴿غَرَابِيْبُ سُوْدٌ﴾ ہے: کالے بھجنگے، بہت گہرے سیاہ کوّے کے پَر کی طرح، اس کا مفرد غِرْبِيْبٌ ہے: بہت کالا۔

٣٦- سورة يس

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿فَعَزَّزْنَا﴾: شَدَّدْنَا. [٢-] ﴿يَاحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ﴾: كَانَ حَسْرَةً عَلَيْهِمْ

اسْتِهْزَاؤُهُمْ بِالرُّسُلِ. [-٣] ﴿أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ﴾: لَا يَسْتُرُ ضَوْءُ أَحَدِهِمَا ضَوْءَ الآخَرِ، وَلَا يَنْبَغِي لَهُمَا ذٰلِكَ. ﴿سَابِقُ النَّهَارِ﴾: يَتَطَالَبَانِ حَثِيْثَيْنِ. [-٤] ﴿نَسْلَخُ﴾: نُخْرِجُ أَحَدَهُمَا مِنَ الآخَرِ، وَيَجْرِي كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا. [-٥] ﴿مِنْ مِثْلِهِ﴾ مِنَ الأَنْعَامِ. [-٦] ﴿فَكِهُوْنَ﴾: مُعْجَبُوْنَ. [-٧] ﴿جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ﴾ عِنْدَ الْحِسَابِ. [-٨] وَيُذْكَرُ عَنْ عِكْرِمَةَ: ﴿الْمَشْحُوْنِ﴾ الْمُوْقَرُ. [-٩] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿طَائِرُكُمْ﴾: مَصَائِبُكُمْ. [-١٠] ﴿يَنْسِلُوْنَ﴾: يَخْرُجُوْنَ. [-١١] ﴿مَرْقَدِنَا﴾: مَخْرَجِنَا. [-١٢] ﴿أَحْصَيْنَاهُ﴾: حَفِظْنَاهُ. [-١٣] ﴿مَكَانَتِهِمْ﴾: وَمَكَانُهُمْ وَاحِدٌ.

سورۃ یٰسٓ کی تفسیر

۱- آیت ۱۴ میں ہے: ﴿إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ﴾: جب بھیجے ہم نے ان (گاؤں والوں) کی طرف دو کو، پس جھٹلایا انھوں نے ان کو تو قوت پہنچائی ہم نے تیسرے کے ذریعہ —— عَزَّزَهُ: مضبوط و طاقتور بنانا۔

۲- آیت ۳۰ ہے: ﴿يَا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ! مَا يَأْتِيْهِمْ مِنْ رَسُوْلٍ إِلَّا كَانُوْا بِهِ يَسْتَهْزِءُ وْنَ﴾: افسوس بندوں کے حال پر! جب بھی ان کے پاس کوئی رسول آیا تو انھوں نے اس کی ہنسی اڑائی! —— یہ رسولوں کی ہنسی اڑانا باعث افسوس ہے —— حسرة: خبر مقدم ہے اور استهزاؤهم: اسم مؤخر۔

۳- آیت ۴۰ ہے: ﴿لَا الشَّمْسُ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا اللَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ﴾: نہ تو آفتاب کی مجال ہے کہ چاند کو جا پکڑے، اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے —— یعنی سورج اور چاند میں سے ایک کی روشنی دوسرے کی روشنی کو چھپاتی نہیں اور نہ دونوں کے لئے یہ بات مناسب ہے —— دونوں تیزی سے ایک دوسرے کو ڈھونڈھتے ہیں —— حثیث: تیز، جلد۔

تفسیر: سورج کی سلطنت دن میں ہے اور چاند کی رات میں، یہ نہیں ہوسکتا کہ چاند کی نور افشانی کے وقت سورج اس کو آدبائے، یعنی دن آگے بڑھ کر رات کا کچھ حصہ اڑا لے یا رات سبقت کر کے دن کے ختم ہونے سے پہلے آجائے، جو اندازہ رات دن کا مقرر کیا ہے: ان کُرّات کی مجال نہیں کہ ایک منٹ آگے پیچھے ہوسکیں (فوائد عثمانی) —— دن گذرتا ہے تو دفعۃً رات آجاتی ہے، اسی طرح رات گذرتی ہے تو دن لپک کر آجاتا ہے، یہی تیزی سے ایک دوسرے کو ڈھونڈھنا ہے۔

۴- آیت ۳۷ میں ہے: ﴿نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ﴾: ہم رات پر سے دن کو اتار لیتے ہیں، پس اچانک وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں —— رات کی تاریکی پر دن کی چادر پڑی ہوئی ہے، جس وقت یہ نور کی چادر اوپر سے اتار لی جاتی ہے تو لوگ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں، پھر سورج اپنے مقررہ وقت پر آکر سب جگہ اجالا کر دیتا ہے (فوائد عثمانی) —— نکالتے ہیں ہم ایک کو دوسرے سے اور ان میں سے ہر ایک چل رہا ہے: کا یہی مطلب ہے۔

۵-آیت ۴۲ ہے: ﴿وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِنْ مِثْلِهِ مَا يَرْكَبُوْنَ﴾: اورہم نے ان کے لئے کشتی جیسی چیزوں کو یعنی مویشی کو پیدا کیا جن پر وہ سوار ہوتے ہیں۔

۶-آیت ۵۵ ہے: ﴿إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فَاكِهُوْنَ﴾: بے شک بہشتی آج ایک مشغلہ میں خوش طبعی کررہے ہیں —— فَكِهَ (س) فَكَهًا: خوش طبع ہونا، ہنس مکھ ہونا، خوش دل ہونا —— اور مشغلہ سے مراد عیش ونشاط ہے —— مُعْجَب: اسم مفعول: حیرت زدہ تعجب میں ہونگے۔ عَجِبَ (س) عَجَبًا: تعجب کرنا، حیرت کرنا۔

۷-آیت ۷۵ ہے: ﴿لَايَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ، وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُحْضَرُوْنَ﴾: (مشرکین کے آلہہ قیامت کے دن) ان کی کچھ مدد نہ کرسکیں گے، اور وہ ان کے حق میں ایک فریق (مخالف) ہوجائیں گے، جو (حساب کے وقت) حاضر کئے جائیں گے۔

۸-آیت ۴۱ ہے: ﴿وَآيَةٌ لَهُمْ أَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ﴾: اوران کے لئے ایک نشانی یہ ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا —— شَحَنَ (ف) السفينة: کشتی پر سامان لادنا، سامان سے بھرنا الْمُوْقَر: اسم مفعول از باب افعال، أَوْقَرَ فلان الدابةَ إيقارًا: جانور پر بہت بوجھ لادنا۔

۹-آیت ۱۹ میں ہے: ﴿قَالُوْا طَائِرُكُمْ مَعَكُمْ﴾: رسولوں نے کہا: تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے یعنی تم پر جو مصیبتیں آرہی ہیں وہ تمہارے ہی کرتوتوں کا نتیجہ ہیں، ہماری وجہ سے یہ آفتیں نہیں آرہی۔

۱۰-آیت ۵۱ ہے: ﴿وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَإِذَا هُمْ مِنَ الْأَجْدَاثِ إِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ﴾: اور (دوسری مرتبہ) صور پھونکا جائے گا پس سب یکا یک قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف چلیں گے —— نَسَلَ (ض) الشيئَ: کسی چیز کو دوسری چیز سے الگ کرنا۔

۱۱-آیت ۵۲ میں ہے: ﴿قَالُوْا يَاوَيْلَنَا! مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا؟﴾: وہ کہیں گے: ہائے ہماری کم بختی! کس نے ہمیں ہماری قبروں سے اٹھادیا —— مَرْقَد: سونے کی جگہ —— مَخْرج: نکلنے کی جگہ —— مراد قبریں ہیں۔

۱۲-آیت ۱۲ میں ہے: ﴿وَكُلَّ شَيْئٍ أَحْصَيْنَاهُ فِيْ إِمَامٍ مُّبِيْنٍ﴾: اورہم نے ہر چیز کو ایک واضح کتاب (لوح محفوظ) میں محفوظ کردیا ہے۔

۱۳-آیت ۶۷ میں ہے: ﴿وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنَاهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ﴾: اوراگر ہم چاہیں تو ان کی صورتیں مسخ کردیں جہاں وہ ہیں —— مَكَانَةٌ اور مَكَانٌ ہم معنی ہیں: جگہ۔

سورج ہروقت اللہ کے حکم کے تابع چل رہا ہے

آیت ۳۸ ہے: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا، ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ﴾: اورسورج چل رہا ہے اپنی

ٹھہرنے کی جگہ کے لئے، یہ زبردست باخبر کا اندازہ باندھا ہوا ہے۔ یعنی سورج جو مشرق سے مغرب کی طرف چلتا ہے اس کے لئے اللہ نے ایک مدت ٹھہرائی ہے، اس مقررہ وقت تک وہ اسی طرح چلتا رہے گا، پھر جب اللہ کا حکم ہوگا تو وہ الٹا چلنے لگے گا، اسی طرح دنیا اپنی رفتار پر چل رہی ہے، مگر اس کے لئے بھی ایک وقت مقرر ہے، اس کے بعد یہ دنیا واپس لوٹے گی، ختم ہوکر از سرِ نو چلے گی ـــــ اور سورج کے عرش کے نیچے سجدہ کرنے اور اجازت طلب کرنے کا مطلب تابعداری ہے یعنی آج جس طرح چل رہا ہے وہ بھی بہ اذنِ الٰہی ہے، پھر جب الٹی چال چلنے لگے گا تو وہ بھی بہ حکم الٰہی ہوگا ـــــ اور حدیث کی شرح پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۷۴) آچکی ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا، ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ﴾

[٤٨٠٢-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَسْجِدِ عِنْدَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ، فَقَالَ: " يَا أَبَا ذَرٍّ! أَتَدْرِيْ أَيْنَ تَغْرُبُ الشَّمْسُ؟" قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: " فَإِنَّهَا تَذْهَبُ حَتّٰى تَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا، ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ﴾" [راجع: ٣١٩٩]

[٤٨٠٣-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا﴾ قَالَ: " مُسْتَقَرُّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ" [راجع: ٣١٩٩]

وضاحت: سورج کے ٹھہرنے کی جگہ عرش کے نیچے ہے، کیونکہ عرش الٰہی کائنات پر محیط ہے، عرش: کائنات کی چھت ہے پس سورج کے چلتے رہنے کی پھر ٹھہر جانے کی جگہ عرش کے نیچے ہے اور سجدہ کرنے کا مطلب انقیاد وتابعداری کا اظہار ہے۔

[٣٧] ﴿وَالصَّافَّات﴾

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَكَانٍ بَعِيْدٍ﴾ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ، ﴿وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ﴾: يُرْمَوْنَ. [٢-] ﴿وَاصِبٌ﴾: دَائِمٌ. [٣-] ﴿لَازِبٌ﴾: لَازِمٌ. [٤-] ﴿تَأْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ﴾: يَعْنِي الْجِنَّ: الْكُفَّارُ تَقُوْلُهُ لِلشَّيْطَانِ. [٥-] ﴿غَوْلٌ﴾: وَجَعُ بَطْنٍ. ﴿يُنْزَفُوْنَ﴾: لَاتَذْهَبُ عُقُوْلُهُمْ.

سورۃ الصافّات کی تفسیر

۱- قَذَفَ (ض) بالشيئ: زور سے پھینکنا، اسی سے سورۃ سبأ (آیت ۵۳) میں ہے: ﴿وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَكَانٍ بَعِيْدٍ﴾: اور وہ نشانہ دیکھے بغیر دور سے پھنکتے رہے ـــــ اور سورۃ الصافّات آیت ۸ میں ہے: ﴿وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ

﴿كُلِّ جَانِبٍ﴾: اور وہ (شیاطین جو کان لگا کر عالم بالا کے فرشتوں کی باتیں سننے کی کوشش کرتے ہیں) ہر طرف سے مار کر دھکے دیئے جاتے ہیں۔

۲- آیت ۹ میں ہے: ﴿وَلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ﴾: اور ان کے لئے دائمی عذاب ہے وَصَبَ (ض) الشیئُ: قائم رہنا، ہمیشہ رہنا۔

۳- آیت ۱۱ میں ہے: ﴿إِنَّا خَلَقْنَاهُمْ مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ﴾: ہم نے ان کو چپکتی مٹی سے پیدا کیا۔

۴- آیت ۲۸ ہے: ﴿قَالُوْا: إِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَأْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ﴾: وہ (کفار شیاطین سے) کہیں گے: ہم پر تمہاری یعنی جنات کی آمد بڑے زور کی ہوا کرتی تھی یعنی تم ہم پر بہت زور ڈال کر ہمیں گمراہ کرنے کی کوشش کیا کرتے تھے۔

۵- آیت ۴۷ ہے: ﴿لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَاهُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ﴾: نہ جنت کی شراب میں گرانی (دردسر یا پیٹ کا درد) ہوگا، اور نہ اس سے ان کی عقلوں میں کچھ فتور آئے گا، ان کی عقلیں چلی نہیں جائیں گی یعنی اس میں نشہ نہ ہوگا، صرف نشاط ہوگا۔

[۶-] ﴿قَرِيْنٌ﴾: شَيْطَانٌ. [۷-] ﴿يُهْرَعُوْنَ﴾: كَهَيْئَةِ الْهَرْوَلَةِ. [۸-] ﴿يَزِفُّوْنَ﴾: النَّسَلَانُ فِي الْمَشْيِ. [۹-] ﴿وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا﴾ قَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ: الْمَلَائِكَةُ بَنَاتُ اللّٰهِ، وَأُمَّهَاتُهُمْ بَنَاتُ سَرَوَاتِ الْجِنِّ، وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ﴾: سَتُحْضَرُ لِلْحِسَابِ.

۶- آیت ۵۱ میں ہے: ﴿إِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ﴾: بے شک میرا ایک ملاقاتی تھا (جو کافر تھا، بعث بعد الموت کا منکر تھا) —— یہاں قرین کے معنی شیطان کے نہیں ہیں، یہ معنی سورۃ الزخرف آیت ۳۶ میں اور سورہ قٓ آیت ۲۷ میں ہیں۔

۷- آیت ۷۰ ہے: ﴿فَهُمْ عَلٰى آثَارِهِمْ يُهْرَعُوْنَ﴾: پھر وہ ان کے قدم بہ قدم تیزی کے ساتھ چلتے تھے —— هَرِعَ (س) هَرَعًا فلانٌ: تیزی کے ساتھ چلنا الهَرْوَل: لپکنا (عام چال اور دوڑنے کے درمیان کی چال)

۸- آیت ۹۴ ہے: ﴿فَأَقْبَلُوْا إِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ﴾: سو وہ لوگ ابراہیمؑ کے پاس دوڑتے ہوئے آئے —— زَفَّ (ض) زَفًّا: جلدی کرنا، دوڑنا —— النَّسَلَان: بھیڑیے کی تیز چال۔

۹- آیت ۱۵۸ میں ہے: ﴿وَجَعَلَهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا﴾: اور گردانا انھوں نے اللہ تعالیٰ اور جنات میں رشتہ —— دامادی کا رشتہ قائم کر دیا، مشرکین مکہ کہتے تھے: فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں اور ان کی مائیں بڑے جنات کی بیٹیاں ہیں —— سَرَوَاتُ القوم: سرداران قوم، معززین قوم، شرفاء —— پھر اللہ تعالیٰ نے ان کا قول رد کیا ہے فرمایا: ﴿وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ﴾: اور جنات کو بالیقین معلوم ہے کہ وہ حساب کے لئے حاضر کئے جائیں گے —— کیا داماد کا سسرال کے ساتھ یہی معاملہ ہوتا ہے؟

[۱۰-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَنَحْنُ الصَّافُّوْنَ﴾: الْمَلَائِكَةُ. [۱۱-] ﴿صِرَاطِ الْجَحِيْمِ﴾: سَوَاءِ الْجَحِيْمِ

وَوَسَطِ الْجَحِيْمِ. [١٢-] ﴿لَشَوْبًا﴾: يُخْلَطُ طَعَامُهُمْ وَيُسَاطُ بِالْحَمِيْمِ. [١٣-] ﴿مَدْحُوْرًا﴾: مَطْرُوْدًا. [١٤-] ﴿بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ﴾: اللُّؤْلُؤُ الْمَكْنُوْنُ. [١٥-] ﴿وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الآخِرِيْنَ﴾: يُذْكَرُ بِخَيْرٍ. [١٦-] ﴿يَسْتَسْخِرُوْنَ﴾: يَسْخَرُوْنَ. [١٧-] ﴿بَعْلاً﴾: رَبًّا.

۱۰- آیات ۱۶۴-۱۶۶ ہیں: ﴿وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ مَعْلُوْمٌ ۞ وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُوْنَ ۞ وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ﴾: اور ہم میں سے ہر ایک کا ایک معین درجہ ہے، اور ہم صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں، اور ہم اللہ کی پاکی بیان کرنے والے ہیں ــــ یہ فرشتوں کی بات کی ترجمانی ہے، ہر فرشتہ کی ایک حد ہے اس سے آگے نہیں بڑھ سکتا، اور سب عبادت کے لئے یا حکم سننے کے لئے قطار باندھے کھڑے ہیں اور سب ہر وقت تسبیح خوان ہیں: پھر وہ اللہ کی اولاد کیسے ہو سکتے ہیں؟

۱۱- آیت ۲۳ میں ﴿إِلَى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ﴾ ہے اور آیت ۵۵ میں: ﴿سَوَاءِ الْجَحِيْمِ﴾ ہے یعنی وسط الجحیم: دوزخ کے بیچوں بیچ۔

۱۲- آیت ۶۷ ہے: ﴿ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِنْ حَمِيْمٍ﴾: پھر بے شک ان کے لئے زقوم پر کھولتا پانی (پیپ میں) ملا کر دیا جائے گا ــــ یعنی زقوم کھا کر پیاس لگے گی تو کھولتا پانی پیپ میں ملا کر دیا جائے گا، جس سے ان کی آنتیں کٹ کر باہر آجائیں گی ــــ سَاطَ (ن) الشيئَ سَوْطًا: مخلوط کرنا، کفگیر چلا کر ملانا۔ یُسَاط بروزن یُقال: مضارع مجہول ہے۔

۱۳- آیت ۹ میں: ﴿دُحُوْرًا﴾ ہے، یہ دَحَرَ يَدْحَرُ کا مصدر ہے، معنی ہیں: بھگانا، ہانکنا، دھتکارنا، دور کرنا، اسی فعل سے سورۃ الاعراف آیت ۱۸ میں: ﴿مَدْحُوْرًا﴾ ہے، یہ اسم مفعول ہے اور معنی ہیں مطرود: دھتکارا ہوا۔

۱۴- آیت ۴۹ ہے: ﴿كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ﴾: وہ (حوریں) گویا چھپا کر رکھے ہوئے انڈے ہیں ــــ تشبیہ صرف صفائی اور خوش رنگ ہونے میں ہے، سفیدی میں نہیں ــــ اور سورۃ الطّور آیت ۲۴ میں جنتی لڑکوں کے بیان میں ہے: ﴿كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ﴾ گویا وہ چھپا کر رکھے ہوئے موتی ہیں ــــ محفوظ موتی پر گرد و غبار نہیں ہوتا، اور آب و تاب اعلی درجہ کی ہوتی ہے، یہی حال حوروں کا ہے۔

۱۵- آیات ۷۸ و ۱۰۸ و ۱۲۹ ہیں: ﴿وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الآخِرِيْنَ﴾: ہم نے پچھلوں میں ان کا ذکر خیر باقی رکھا۔

۱۶- آیت ۱۴ ہے: ﴿وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَسْتَسْخِرُوْنَ﴾: اور جب وہ کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو اس کی ہنسی اڑاتے ہیں ــــ استسخار (استفعال) اور مجرد سَخِرَ (س) کے ایک معنی ہیں: مذاق اڑانا، ٹھٹھا کرنا۔

۱۷- آیت ۱۲۵ میں ہے: ﴿أَتَدْعُوْنَ بَعْلاً﴾: کیا تم بعل کو پوجتے ہو! ــــ بعل: بت کا نام ہے، اسی سے شہر بعلبک ہے۔

انبیاء میں اس طرح تقابل کرنا کہ کسی کی تنقیص لازم آئے: درست نہیں

انبیاء میں تفاضل ہے، سورۃ البقرۃ آیت ۲۵۳ میں اس کی صراحت ہے، رسول: نبیوں سے بلند مرتبہ ہیں، اولوالعزم

رسل دوسرے رسولوں سے افضل ہیں، اور نبیوں اور رسولوں کو جزوی فضیلتیں بھی حاصل ہیں، البتہ فضیلتِ کلی سید المرسلین ﷺ کو حاصل ہے، مگر انبیاء کرام میں اس طرح تقابل کرنا کہ کسی ایک کی ہیٹی ہو: جائز نہیں، اور دلیل باب کی حدیث ہے، اور یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۶۰۲ و ۷: ۲۸) آچکی ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ﴾

[٤٨٠٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا يَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ أَنْ يَكُوْنَ خَيْرًا مِنِ ابْنِ مَتَّى" [راجع: ٣٤١٢]

[٤٨٠٥-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ هِلَالِ ابْنِ عَلِيٍّ، مِنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ قَالَ: أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى فَقَدْ كَذَبَ" [راجع: ٣٤١٥]

سورۃ صٓ کی تفسیر

سورۃ صٓ میں سجدۂ تلاوت ہے

سورۃ صٓ میں امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک نماز میں سجدۂ تلاوت نہیں، اور خارج صلاۃ مستحب ہے اور حنفیہ کے نزدیک نماز میں بھی واجب ہے، عوام بن حوشبؒ نے مجاہد رحمہ اللہ سے سورۃ صٓ کے سجدہ کے بارے میں پوچھا: انھوں نے کہا: یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھی گئی، انھوں نے سورۃ الانعام کی آیت ۹۰ پڑھی، اور ابن عباسؓ سورۃ ص میں سجدہ کرتے تھے۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ ابن عباسؓ نے سورۃ الانعام کی آیات ۸۴-۹۰ پڑھیں، اور فرمایا: ان آیات میں جن انبیاء کا ذکر ہے ان کی پیروی کرنے کا نبی ﷺ کو حکم دیا گیا ہے، اور داؤد علیہ السلام نے سجدہ کیا، ان کی پیروی میں نبی ﷺ نے سجدہ کیا، اس لئے آپؐ کی پیروی میں آپ کی امت بھی سجدہ کرتی ہے —— اور حدیثیں دونوں پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۳۵) آچکی ہیں۔

٣٨- ص

[٤٨٠٦-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْعَوَّامِ، قَالَ: سَأَلْتُ مُجَاهِدًا عَنِ السَّجْدَةِ فِيْ ص، قَالَ: سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ: ﴿أُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَسْجُدُ فِيْهَا. [راجع: ٣٤٢١]

[٤٨٠٧-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، عَنِ الْعَوَّامِ، قَالَ: سَأَلْتُ مُجَاهِدًا عَنْ سَجْدَةِ ص، فَقَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ مِنْ أَيْنَ سَجَدْتَ؟ فَقَالَ: أَوَ مَا تَقْرَأُ: ﴿وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِ دَاوُدَ وَسُلَيْمَانَ﴾[الأنعام: ٨٤] ﴿أُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾[الأنعام: ٩٠] فَكَانَ دَاوُدُ مِمَّنْ أُمِرَ نَبِيُّكُمْ أَنْ يَقْتَدِيْ بِهِ، فَسَجَدَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٣٤٢١]

قوله: من أين سَجَدتَّ؟: آپ کس دلیل سے سجدہ کرتے ہیں ـــــ اورسجدة: ﴿وَأَنَابَ﴾ پر کرنا چاہئے: ﴿حُسْنَ مَآبٍ﴾ پر نہیں۔

[١-] ﴿عُجَابٌ﴾: عَجِيْبٌ. [٢-] الْقِطُّ: الصَّحِيْفَةُ، وَهُوَ هٰهُنَا صَحِيْفَةُ الْحِسَابِ. [٣-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿فِيْ عِزَّةٍ﴾: مُعَازِّيْنَ. [٤-] ﴿الْمِلَّةِ الآخِرَةِ﴾: مِلَّةِ قُرَيْشٍ ﴿الاِخْتِلاَقُ﴾: الْكِذْبُ. [٥-] ﴿الْأَسْبَابُ﴾: طُرُقُ السَّمَاءِ فِي أَبْوَابِهَا. [٦-] ﴿جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ﴾: يَعْنِيْ قُرَيْشَ. [٧-] ﴿أُوْلٰئِكَ الْأَحْزَابُ﴾: الْقُرُوْنُ الْمَاضِيَةُ. [٨-] ﴿فَوَاقٌ﴾: رُجُوْعٌ. [٩-] ﴿قِطَّنَا﴾: عَذَابَنَا. [١٠-] ﴿اتَّخَذْنَاهُمْ سُخْرِيًّا﴾: أَحَطْنَا بِهِمْ. [١١-] ﴿أَتْرَابٌ﴾: أَمْثَالٌ.

۱- آیت۵ میں لفظ عُجاب ہے: ﴿أَجَعَلَ الآلِهَةَ إِلٰهًا وَاحِدًا؟ إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ﴾: کیا اس نے معبودوں کو ایک معبود بنادیا؟ بے شک یہ بہت ہی عجیب بات ہے ـــــ عُجَاب: اچنبھے کی ایسی چیز جو باور نہ ہو، بروزن فُعال مبالغہ کا صیغہ ہے۔

۲- آیت۱۶ میں ہے: ﴿وَقَالُوْا: رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ﴾: اور کہا انھوں نے: ہمیں ہمارا نامۂ اعمال حساب کے دن سے پہلے دیدیجئے! ـــــ ہندوستانی نسخہ میں صحيفةُ الحسنات ہے، مگر نسفی اور کُشمیہنی کے نسخوں میں صحيفة الحساب ہے، اور وہی مناسب ہے، اس لئے میں نے کتاب میں تبدیلی کی ہے ـــــ قِطّ کے معنی صحیفہ کے ہیں، مگر آیت میں نامۂ اعمال مراد ہے ـــــ کفار جب وعدۂ قیامت سنتے تو مسخراپن سے کہتے کہ ہم کو اس وقت کا حساب ابھی دیدیجئے، تاکہ ہم ابھی اپنا نامہ اعمال دیکھ لیں، اور ہاتھ کے ہاتھ جزاؤ سزا سے فارغ ہوجائیں (فوائدعثمانی)

۳- آیت۲ میں ہے: ﴿بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ﴾: بلکہ کفار مقابلہ اور مخالفت میں ہیں ـــــ عِزَّة کے معنی ہیں: طاقت وغلبہ۔ مُعَازّ: اسم فاعل، عَازَّهُ: عزت میں کسی سے مقابلہ کرنا، غالب ہونا ـــــ عِزَّة کا ترجمہ تعصب بھی کیا گیا ہے۔

۴- آیت۷ ہے: ﴿مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الآخِرَةِ، إِنْ هٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ﴾: ہم نے یہ بات (کہ معبود ایک ہی ہے) پچھلے مذہب میں نہیں سنی، ہو نہ ہو یہ من گھڑت بات ہے! ـــــ پچھلے مذہب سے قریش اپنے باپ دادوں کو مراد

لیتے تھے یعنی یہ تو سنا ہے کہ اگلے لوگ ایسی بات کہتے تھے، مگر ہمارے بزرگ تو یہ بات نہیں کہہ گئے —— **دوسری تفسیر:** پچھلے مذہب سے دینِ عیسوی مراد ہے یعنی نصاریٰ جو اہل کتاب ہیں ان کو بھی ہم نے نہیں سنا کہ سب خداؤں کو ہٹا کر ایک ہی خدا رہنے دیا ہو، وہ بھی تین خدا مانتے ہیں۔

۵- آیت ۱۰ میں ہے: ﴿فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْأَسْبَابِ﴾: پس چاہئے کہ چڑھ جائیں وہ آسمان کی راہوں میں یعنی ان کے دروازوں میں —— سَبَب: ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی چیز تک پہنچنے کا ذریعہ ہو، راستہ، دروازہ اور رسیاں سب ترجمے ہو سکتے ہیں۔

۶- آیت ۱۱ ہے: ﴿جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِنَ الْأَحْزَابِ﴾: وہاں یعنی مکہ میں لشکروں میں سے ایک حقیر لشکر شکست خوردہ ہے —— ترکیب: ابو البقاء نے کہا: جند: مبتدا ہے، ما اس کی پہلی صفت ہے، هنالك: دوسری اور من الأحزاب: تیسری اور مهزوم خبر ہے (جمل) —— حقیر لشکر سے قریش مراد ہیں، بدر اور فتح مکہ تک ہر معرکہ میں انھوں نے شکست کھائی۔

۷- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿أُولٰئِكَ الْأَحْزَابُ﴾: وہ لوگ بڑی فوجیں ہیں —— اوپر قوم نوح، عاد، ثمود، میخوں والے فرعون، قوم لوط اور ایکہ والوں کا ذکر ہے، ان کے بارے میں کہا ہے: یہ قرونِ ماضیہ کی بڑی فوجیں ہیں۔

۸- آیت ۱۵ میں ہے: ﴿مَالَهَا مِنْ فَوَاقٍ﴾: نہیں ہوگا اس (چنگھاڑ) کے لئے لوٹنا یعنی دنیا کی طرف، بس وہ مر کر رہ جائیں گے۔

۹- آیت ۱۶ میں ہے: ﴿عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا﴾: ہمیں ہماری سزا جلدی دیدیجئے —— یہ وہی قِطّ ہے جو ابھی نمبر ۲ پر گذرا اس کے اصل معنی تو حصہ، ٹکڑا اور صحیفہ کے ہیں، اور مراد نامہ اعمال بھی ہو سکتا ہے اور عذاب کا حصہ بھی۔

۱۰- آیت ۶۳ میں ہے: ﴿أَتَّخَذْنَاهُمْ سِخْرِيًّا﴾: کیا ہم نے ان کی ہنسی کر رکھی تھی؟ —— مشرکین مکہ جب دوزخ میں پہنچیں گے تو کہیں گے: وہ مسلمان نظر نہیں آرہے جن کو ہم نے حقیر اور بدراہ سمجھا تھا، پس کیا ہم نے ان کا استہزاء کیا تھا، یا وہ اچھے لوگ تھے؟ —— حضرت نے اس کا ترجمہ کیا ہے: أَحَطْنَابهم: ہم نے ان کو ہر طرف سے گھیر رکھا تھا، مگر باء کا صلہ لانے پر اعتراض کیا گیا ہے، أَحَاطَ الشيئَ کے معنی ہیں: ہر طرف سے گھیرنا، أَحَاطَ متعدی بنفسہ ہے —— علاوہ ازیں سِخْرِيًّا کا یہ مفہوم بھی نہیں ہے۔

۱۱- آیت ۵۲ ہے: ﴿وَعِنْدَهُمْ قٰصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ﴾: اور ان کے پاس نیچی نگاہ والیاں ہم عمر عورتیں ہونگی —— جنتی جوان ہونگے اور ان کی عورتیں بھی اسی طرح جوان ہونگی —— أَمْثَال: مانند، أَتْرَاب: تِرْبٌ کی جمع: ہم عمر۔

[۱۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الْأَيْدُ﴾: الْقُوَّةُ فِي الْعِبَادَةِ. [۱۳-] ﴿الْأَبْصَارُ﴾: الْبَصَرُ فِي أَمْرِ اللّٰهِ.
[۱۴-] ﴿حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ﴾: مِنْ ذِكْرٍ. ﴿طَفِقَ مَسْحًا﴾: يَمْسَحُ أَعْرَافَ الْخَيْلِ وَعَرَاقِيْبَهَا.
[۱۵-] ﴿الْأَصْفَادِ﴾: الْوَثَاقِ.

۱۲- آیت ۱۷میں داودؑ کے بارے میں ہے:﴿ذَ الْأَيْدِ﴾: ہاتھوں والے یعنی عبادت میں قوت وہمت والے۔

۱۳- آیت ۴۵ میں حضرت ابراہیم واسحاق ویعقوب علیہم السلام کے بارے میں ہے:﴿أُوْلِي الْأَيْدِيْ وَالْأَبْصَارِ﴾: ہاتھوں والے اور آنکھوں والے، یعنی قوت عملیہ اور علمیہ کے جامع، بصر سے اللہ کے معاملات کو سمجھنا مراد ہے۔

۱۴- آیت ۳۲ میں ہے:﴿فَقَالَ: إِنِّيْ أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ﴾: پس سلیمانؑ نے کہا: بے شک مجھے گھوڑوں سے محبت ہے میرے رب کی یاد کی وجہ سے —— اس میں عن بمعنی مِنْ اجلیہ ہے —— یعنی گھوڑے چونکہ آلۂ جہاد ہیں اس لئے مجھے ان سے دلچسپی ہے پھر ہے:﴿حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ﴾: یہاں تک کہ گھوڑے اوٹ میں چلے گئے، نگاہوں سے اوجھل ہوگئے، گھوڑوں کی اتنی لمبی لائن تھی کہ پہلا گھوڑا نظر نہیں آرہا تھا، پھر حکم دیا کہ گھوڑے میرے پاس واپس لاؤ، پہلی مرتبہ بیٹھ کر معائنہ کیا تھا، اس مرتبہ کھڑے ہوکر معائنہ کیا، اور ہر گھوڑے کی پنڈلی اور گردن پر ہاتھ پھیرا، جو جانور پسند ہوتا ہے اس کے ساتھ ایسا ہی کیا جاتا ہے —— توارت کی ضمیر آفتاب کی طرف راجع نہیں، یہاں آفتاب کا کوئی ذکر نہیں، بلکہ ضمیر ھی: الصافنات کی طرف راجع ہے —— یہ تفسیر بھی فوائد عثمانی میں ہے —— أَعْرَاف: یال، گھوڑے کی گردن کے بال —— الْعُرْقُوْب: کونچ، چوپائے کی پچھلی ٹانگ۔

۱۵- آیت ۳۸ ہے:﴿وَآخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْأَصْفَادِ﴾: اور دوسرے جنات کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے رہتے تھے —— الصَّفَدُ: ہتھکڑی، بیڑی، قید —— الوثاق: باندھنے کی چیز رسّی زنجیر وغیرہ۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کی حکومت بے مثال تھی!

آیت ۳۵ میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی ایک دعا ہے: ''اے میرے رب! میری بخشش فرما! اور مجھے ایسی حکومت عطا فرما جو میرے بعد کسی کو نصیب نہ ہو، بے شک آپ ہی بڑے بخشنے والے ہیں'' —— یہ دعا قبول ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے ہوا کو مسخر کردیا، جنات کو تابع کردیا، چرند و پرند بھی آپ کے زیر فرمان تھے، اور آپ حیوانات کی بولی بھی جانتے تھے، آج تک ایسی حکومت کسی کو نصیب نہیں ہوئی، نہ آئندہ ہوگی۔

سوال: یہ دعا تو دنیا طلبی ہے جو نبی کے شایانِ شان نہیں! جواب: یہ دعا جس تناظر میں کی گئی ہے اس کو پیش نظر رکھیں تو شبہ دور ہوجائے گا۔ سلیمان علیہ السلام کوئی جہاد کرنا چاہتے تھے، اس کے لئے ساز وسامان تیار کیا، شاندار گھوڑے مہیا کئے اور خود ان کا معائنہ کیا، پھر درباریوں کے سامنے اظہار خیال کیا، انھوں نے سرد مہری دکھائی، جس سے آپ کو ناراضگی ہوئی، آپ نے قسم کھائی کہ میں آج سب بیویوں سے ملونگا، اللہ مجھے ہر بیوی سے لڑکا دیں گے، اور میں اپنے لڑکوں کے ساتھ مل کر جہاد کرونگا۔ چنانچہ اس رات آپ نے سب بیویوں سے مقاربت فرمائی، مگر کسی کے حمل نہ ٹھہرا، ایک کے ٹھہرا تو وہ بھی ادھورا گر گیا، جب دائی نے اس کو تخت شاہی پر پیش کیا تو آپ کو تنبہ ہوا اور آپ نے مذکورہ دعا فرمائی کہ الٰہی! میری سب کوششیں

گاؤخوردہوگئیں، اب آپ ہی مجھے بے مثال حکومت عطافرمائیں، چنانچہ عطاہوئی۔

سوال: سلیمان علیہ السلام نے ایسی حکومت مانگی ہے جو آپ کے بعد کسی کے لئے مناسب نہ ہو یعنی شاندار اور بے مثال سلطنت کی دعا کیوں کی؟

جواب: اور کیا مانگتے؟ حکومت تو پہلے ہی سے ان کو حاصل تھی، باپ سے میراث میں ملی تھی، اب شاندار اور بے مثال حکومت ہی کی دعا کی جاسکتی تھی —— اور یہ بات ذہن میں رہے کہ شاید دعا کرتے وقت یہ خیال میں بھی نہ ہو کہ بے مثال حکومت کیسی ہوگی؟ جب ملی تو پتہ چلا کہ یہ ہے بے مثال اور لاثانی سلطنت!

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۳۱۳) آئی ہے، ایک رات ایک جن بلّی بن کر آیا، آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے، اس نے آپ کی نماز خراب کرنے کے لئے حملہ کیا، آپؐ نے چاہا کہ اس کو پکڑ کر مسجد کے ستون سے باندھ دیں تاکہ صبح سب صحابہ اس کو دیکھیں، مگر آپؐ کو سلیمان علیہ السلام کی دعا یاد آئی پس آپؐ نے ارادہ بدل دیا اور اس کو دھتکار دیا۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿هَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا یَنْبَغِیْ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِیْ، إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ﴾

[۴۸۰۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ زِیَادٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " إِنَّ عِفْرِیْتًا مِنَ الْجِنِّ تَفَلَّتَ عَلَیَّ الْبَارِحَةَ – أَوْ: كَلِمَةً نَحْوَهَا – لِیَقْطَعَ عَلَیَّ الصَّلاَةَ، فَأَمْكَنَنِی اللّٰهُ مِنْهُ وَأَرَدْتُ أَنْ أَرْبِطَهُ إِلٰی سَارِیَةٍ مِنْ سَوَارِی الْمَسْجِدِ حَتّٰی تُصْبِحُوْا وَتَنْظُرُوْا إِلَیْهِ كُلُّكُمْ، فَذَكَرْتُ قَوْلَ أَخِیْ سُلَیْمَانَ: ﴿رَبِّ هَبْ لِیْ مُلْكًا لاَیَنْبَغِیْ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِیْ﴾" قَالَ رَوْحٌ: فَرَدَّهُ خَاسِئًا. [راجع: ٤٦١]

لغات: عِفْرِیْت: طاقتور جن، دیو .... تَفَلَّتَ علیه: آپؐ پر کودا، حملہ کیا .... خَاسِئًا: دھتکارا ہوا۔

علماء کو تعلیم ووعظ میں تکلف نہیں کرنا چاہئے

وارثین انبیاء کو تعلیم ووعظ میں تکلف نہیں کرنا چاہئے، جو جانتا ہے کہے، اور نہیں جانتا تو اللہ أعلم کہے، سخن سازی اور بناوٹ نہ کرے، آیت ۷۶ میں نبی ﷺ کا یہی طریقہ ذکر کیا ہے: ﴿وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِیْنَ﴾: اور میں بناوٹ کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔ اور باب کی حدیث میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک واعظ کو یہی نصیحت کی تھی، یہ حدیث مع شرح پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۳۳۴) آچکی ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِیْنَ﴾

[۴۸۰۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِی الضُّحٰی، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ:

دَخَلْنَا عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: يٰأَيُّهَا النَّاسُ! مَنْ عَلِمَ شَيْئًا فَلْيَقُلْ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلِ: اللّٰهُ أَعْلَمُ، فَإِنَّ مِنَ الْعِلْمِ أَنْ يَقُوْلَ لِمَا لاَ يَعْلَمُ: اللّٰهُ أَعْلَمُ، قَالَ اللّٰهُ لِنَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿قُلْ مَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ﴾[ص:۸۶] وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنِ الدُّخَانِ، إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَعَا قُرَيْشًا إِلَى الإِسْلاَمِ فَأَبْطَئُوْا عَلَيْهِ، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ" فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ فَحَصَّتْ كُلَّ شَيْئٍ، حَتّٰى أَكَلُوْا الْمَيْتَةَ وَالْجُلُوْدَ، حَتّٰى جَعَلَ الرَّجُلُ يَرٰى بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ دُخَانًا مِنَ الْجُوْعِ، قَالَ اللّٰهُ: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾ [الدخان: ۱۰-۱۱] قَالَ: فَدَعَوْا:﴿ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ أَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَاءَ هُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝ إِنَّا كَاشِفُوْا الْعَذَابِ قَلِيْلاً إِنَّكُمْ عَائِدُوْنَ﴾[الدخان: ۱۲-۱۵] فَيُكْشَفُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: فَكُشِفَ ثُمَّ عَادُوْا فِيْ كُفْرِهِمْ، فَأَخَذَهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ بَدْرٍ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى:﴿ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى إِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ﴾ [الدخان: ۱۶] [راجع: ۱۰۰۷]

وضاحت: فیکشف سے پہلے ہمزہ استفہام پوشیدہ ہے ــــــ اور دخان دو ہیں: ان کی تفصیل محولہ بالا جگہ میں ہے۔

۳۹- الزُّمَر

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ:﴿يَتَّقِيْ بِوَجْهِهِ﴾: يُجَرُّ عَلٰى وَجْهِهِ فِي النَّارِ، وَهُوَ قَوْلُهُ تَعَالٰى:﴿ أَفَمَنْ يُلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ أَمْ مَّنْ يَأْتِيْ آمِنًا﴾ [۲-] ﴿ذِيْ عِوَجٍ﴾: لَبْسٍ. [۳-] ﴿وَرَجُلاً سَلَمًا لِّرَجُلٍ﴾: مَثَلٌ لآلِهَتِهِمُ الْبَاطِلِ وَالإِلٰهِ الْحَقِّ. [۴-] ﴿وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهِ﴾: بِالأَوْثَانِ. [۵-] ﴿خَوَّلْنَا﴾: أَعْطَيْنَا. [۶-] ﴿ الَّذِيْ جَاءَ بِالصِّدْقِ﴾: الْقُرْآنُ.﴿وَصَدَّقَ بِهِ﴾: الْمُؤْمِنُ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُ: هٰذَا الَّذِيْ أَعْطَيْتَنِيْ عَمِلْتُ بِمَا فِيْهِ.

سورۃ الزُّمر کی تفسیر

۱- آیت ۲۴ میں ہے:﴿أَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهِ سُوْءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟!﴾: کیا پس جو شخص بچتا ہے اپنے چہرے کے ذریعہ برے عذاب سے قیامت کے دن (اس مؤمن کی طرح ہوسکتا ہے جسے آخرت میں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی؟! ہرگز نہیں!) ــــ اپنے چہرے کے ذریعہ بچنے کا کیا مطلب؟ مجاہد رحمہ اللہ نے کہا: وہ چہرے کے بل جہنم میں گھسیٹا جائے گا ــــ اور یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ جب کوئی حملہ آور ہوتا ہے تو آدمی ہاتھوں سے وار روکتا ہے، لیکن محشر میں ظالموں کے ہاتھ بندھے ہوئے ہونگے، اس لئے عذاب کے چپت منہ پر پڑیں گے، آگ کی لپٹیں سیدھی چہرے سے لگیں گی ــــ اور

آیت میں ہمزہ استفہام کا معادل محذوف ہے، اور حٰمٓ السجدۃ آیت ۴۰ میں مذکور ہے:﴿أَفَمَنْ يُلْقَى فِي النَّارِ خَيْرٌ أَمْ مَّنْ يَّأْتِيْ آمِنًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾: کیا پس جو آگ میں ڈالا جائے گا وہ اچھا ہے یا وہ شخص جو قیامت کے دن امن وامان کے ساتھ جنت میں آئے گا؟ —— اس میں معادل مذکور ہے، پس ایسا ہی معادل مذکورہ آیت میں محذوف مانیں گے، بین القوسین اسی کو ظاہر کیا ہے۔

۲- آیت ۲۸ میں ہے:﴿قُرْآنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ﴾: عربی میں پڑھنے کی کتاب جس میں کجی نہیں تاکہ وہ (شرک سے) بچیں —— کجی سے مراد پیچیدگی ہے یعنی قرآن ایک صاف عربی زبان کی کتاب ہے، اس میں کوئی پیچیدہ بات نہیں کہ مشرکین اس کو سمجھ نہ سکیں —— لَبْسًا: باب ضرب کا مصدر ہے: پیچیدہ بنانا۔

۳- آیت ۲۸ میں ہے:﴿ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً: رَجُلاً فِيْهِ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُوْنَ وَرَجُلاً سَلَمًا لِرَجُلٍ: هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلاً؟﴾: اللہ تعالیٰ نے (موحد ومشرک کی) ایک مثال بیان فرمائی: ایک شخص (غلام) جس میں کئی ساجھی ہیں، جن میں باہم ضدا ضدی ہے، اور دوسرا شخص جو ایک ہی کا ہے: پس کیا دونوں کی حالت یکساں ہوسکتی ہے؟ —— نہیں ہوسکتی! پہلے غلام کا ہر آقا چاہے گا کہ وہ اسی کے کام میں لگا رہے، پس غلام سخت پریشان اور پراگندہ دل ہوگا، اور دوسرے کو یکسوئی اور طمانینت حاصل ہوگی —— اسی طرح مشرک کا دل کئی طرف بٹا ہوا ہوگا، وہ ہر معبود کو خوش رکھنے کی فکر میں لگا رہے گا، برخلاف موحد کے: وہ دلجمعی سے ایک ہی معبود برحق سے لولگائے رہے گا —— پس یہ مشرک وموحد کی مثال ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ جھوٹے معبودوں اور ایک برحق معبود کی مثال ہے، اس کا مطلب بھی وہی ہے جس کی تقریر اوپر آئی۔

۴- آیت ۲۹ میں ہے:﴿أَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ؟ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهِ!﴾: کیا اللہ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں؟ اور وہ لوگ آپ کو ان معبودوں سے ڈراتے ہیں جو اللہ کے علاوہ ہیں! —— وہ کہتے ہیں: تم ہمارے دیوتاؤں کی توہین کرکے ان کو غصہ مت دلاؤ، کہیں وہ تم کو خبطی اور پاگل نہ بنادیں —— اس کا جواب دیا کہ جو شخص ایک زبردست خدا کا بندہ بن چکا اُسے ان عاجز اور بےبس خداؤں سے کیا ڈر ہوسکتا ہے؟

۵- آیت ۴۹ میں ہے:﴿ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَاهُ نِعْمَةً مِّنَّا﴾: پس جب ہم اس کو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا فرماتے ہیں —— تَخْوِيْل: بخشنا، عطا کرنا۔

۶- آیت ۳۳ ہے:﴿وَالَّذِيْ جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ أُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ﴾: اور جو لایا سچی بات اور جس نے سچ مانا اس کو وہی لوگ پرہیزگار ہیں —— جو سچی بات لے کر آیا وہ نبی ہے اور جس نے سچ مانا اس کو وہ مؤمن ہے یعنی دونوں جملوں کا مصداق علاحدہ ہے اور سچ سے مراد قرآنِ کریم ہے اور جس نے اس کی تصدیق کی وہ مؤمن ہے، قیامت کو وہ آئے گا اور کہے گا: یہ وہ قرآن ہے جو آپ نے مجھے عنایت فرمایا تھا، میں نے اس کے احکام پر عمل کیا —— اور اگر دونوں جملوں کا مصداق ایک ہے تو مطلب ہوگا: ڈرنے والوں کی شان یہ ہوتی ہے کہ وہ ہمیشہ سچ لاتے ہیں یعنی سچ بولتے ہیں اور سچی بات کی تصدیق

کرتے ہیں: ان کو اللہ تعالیٰ ان کے بہتر کاموں کا بدلہ دے گا، اور غلطی سے کوئی برا کام ہوگیا تو اس کو معاف کردے گا۔

[۷-] ﴿مُتَشَاكِسُوْنَ﴾: الشَّكِسُ الْعَسِرُ، لَايَرْضَى بِالإِنْصَافِ. ﴿وَرُجُلًا سَلَمًا﴾ وَيُقَالُ: سَالِمًا: صَالِحًا [۸-] ﴿اشْمَأَزَّتْ﴾: نَفَرَتْ. [۹-] ﴿بِمَفَازَتِهِمْ﴾: مِنَ الْفَوْزِ. [۱۰-] ﴿حَافِّيْنَ﴾: أَطَافُوْا بِهِ، مُطِيْفِيْنَ بِحِفَافَيْهِ: بِجَوَانِبِهِ. [۱۱-] ﴿مُتَشَابِهًا﴾: لَيْسَ مِنَ الاِشْتِبَاهِ، وَلٰكِنْ يُشْبِهُ بَعْضُهُ بَعْضًا فِي التَّصْدِيْقِ.

۷- ابھی نمبر۳ پر آیت آئی ہے، اس میں متشاکسون ہے، یہ اسم فاعل ہے، اس کے معنی ہیں: جھگڑالو، شَكُسَ (ک) شَكَاسَةً: بدخلق ہوا، اور بداخلاقی کا لازمی نتیجہ جھگڑا ہے —— الشَّكِسُ: بدمزاج —— العَسِرُ: دشوار، مشکل —— لایرضی: جو انصاف کو پسند نہیں کرتا —— اس آیت میں سَلَمًا ہے، اس کے معنی ہیں: سالم، خالص، ایک ہی کا۔

۸- آیت ۴۵ میں ہے: ﴿وَإِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَايُؤْمِنُوْنَ بِالْآخِرَةِ﴾: اور جب فقط اللہ کا تذکرہ کیا جاتا ہے تو ان لوگوں کے دل منقبض ہوتے ہیں جو آخرت کا یقین نہیں رکھتے —— شَمَزَ (ن) شَمْزًا: سمٹنا، سکڑنا، منقبض ہونا، متنفر ہونا —— اشْمَأَزَّ اشْمِئْزَازًا: انقباض ہونا، نفرت کرنا۔

۹- آیت ۶۱ میں ہے: ﴿وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ﴾: اور متقیوں کو اللہ تعالیٰ ان کی کامیابی کے ساتھ جہنم سے نجات دیں گے —— مَفَازَة: مصدر ہے، فَازَ (ن) فَوْزًا وَمَفَازًا وَمَفَازَةً: کامیاب ہونا —— اسی لفظ کے معنی جنگل اور چٹیل میدان کے بھی ہیں۔

۱۰- آیت ۷۵ میں ہے: ﴿وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ﴾: اور آپ فرشتوں کو دیکھیں گے (حساب کے اجلاس کے وقت) وہ عرش کے گرداگرد حلقہ باندھے ہوئے ہونگے —— حَافِّيْن: حَفٌّ سے اسم فاعل: اردگرد سے گھیر لینے والے —— أَطَافُوْا به: اردگرد سے گھیرنا —— حِفَاف: احاطہ، دائرہ، گھیرا۔

۱۱- آیت ۲۳ میں ہے: ﴿اللّٰهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتَابًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ﴾: اللہ تعالیٰ نے بڑا عمدہ کلام نازل فرمایا، جو باہم ملتی جلتی اور بار بار دُہرائی جانے والی کتاب ہے —— مُتَشَابِهًا: اسم فاعل ہے أَشْبَهَ الشيئَ بالشيئِ سے، جس کے معنی ہیں: مشابہ ہونا، اشْتَبَهَ عليه الأمر سے نہیں ہے، جس کے معنی ہیں: غیر واضح اور ناقابل فہم ہونا —— في التصديق: ماننے میں ملتی جلتی ہے یعنی قرآن کی سب باتیں سچی ہیں۔

جو بھی کیا ہے توبہ کر اور اللہ کی مہربانی سے آس مت توڑ!

آیت ۵۳ ہے: ''آپ کہہ دیں! اے میرے بندو جنھوں نے اپنے اوپر زیادتیاں کیں! تم اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہوؤ، اللہ تعالیٰ بالیقین تمام گناہوں کو معاف فرمادیں گے، واقعی وہ بڑے بخشنے والے بڑے مہربان ہیں'' —— یعنی جب تم توبہ کروگے اور مسلمان ہوجاؤگے تو کفر وشرک کو بھی معاف کردیں گے، اور اس زمانہ کے تمام گناہ بھی معاف کردیں گے،

حدیث میں ہے: الإسلامُ یَهْدِمُ ما کان قبله: مسلمان ہونے سے سابقہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: کچھ مشرکوں نے بہت لوگوں کو قتل کیا تھا اور بکثرت زنا کیا تھا، وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، اور کہا: آپ جو باتیں کہتے ہیں اور جس بات کی دعوت دیتے ہیں: وہ بہت اچھی بات ہے، آپ ہمیں بتائیں کہ جو گناہ ہم نے کئے ہیں ان کا کفارہ ہے؟ (تو ہم مسلمان ہوجائیں) پس سورۃ الفرقان کی آیات ۶۸-۷۰ نازل ہوئیں، اور باب کی آیت نازل ہوئی (اور ان کو بتایا کہ اللہ کی رحمت سے آس مت توڑو، اگر تم نے کفر وشرک سے توبہ کرلی تو اللہ تعالیٰ تمہارا ہر گناہ بخش دیں گے)

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يَاعِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ لاَتَقْنَطُوْا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا إِنَّـهُ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ﴾

[٤٨١٠-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ: قَالَ يَعْلَى: إِنَّ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الشِّرْكِ كَانُوْا قَدْ قَتَلُوْا وَأَكْثَرُوْا، وَزَنَوْا وَأَكْثَرُوا، فَأَتَوْا مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم فَقَالُوْا: إِنَّ الَّذِيْ تَقُوْلُ وَتَدْعُوْ إِلَيْهِ لَحَسَنٌ، لَوْ تُخْبِرُنَا أَنَّ لِمَا عَمِلْنَا كَفَّارَةً، فَنَزَلَ: ﴿وَالَّذِيْنَ لاَيَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ وَلاَ يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلاَّ بِالْحَقِّ وَلاَ يَزْنُوْنَ﴾ وَنَزَلَ: ﴿يَاعِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ لاَتَقْنَطُوْا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ﴾

مشرکوں نے اللہ کی ایسی عظمت نہیں پہچانی جیسی عظمت پہچاننی چاہئے تھی!

آیت ۶۷ میں رد اشراک میں ارشادِ پاک ہے: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ، وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهِ، سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ﴾: اور مشرکوں نے اللہ کی ایسی عظمت نہیں پہچانی جیسا اس کی عظمت کا حق ہے، اور زمین ساری اس کی ایک مٹھی میں ہے قیامت کے دن، اور آسمان لپٹے ہوئے ہیں اس کے دائیں ہاتھ میں، وہ ان کے شرک سے پاک اور برتر ہے! —— یعنی پتھر کی بے جان مورتیاں ایسے رفیع الشان مرتبۂ بلند رکھنے والی ہستی کی شریک ہوسکتی ہیں؟ ہرگز نہیں!

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک بڑا یہودی عالم نبی ﷺ کے پاس آیا، اور اس نے کہا: اے محمد! ہم (اپنی کتابوں میں) پاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) گردانیں گے آسمانوں کو ایک انگلی پر، اور زمین کو ایک انگلی پر، اور درختوں کو ایک انگلی پر، اور پانی کو ایک انگلی پر، اور نمناک مٹی کو ایک انگلی پر، اور دیگر تمام مخلوقات کو ایک انگلی پر: پھر کہیں گے میں بادشاہ ہوں! پس نبی ﷺ ہنسے یہاں تک کہ آپ کی ڈاڑھیں نمودار ہوگئیں، اس عالم کی بات کی تصدیق

کرتے ہوئے، پھر نبی ﷺ نے مذکورہ آیت پڑھی۔

تشریح: آیت پاک میں اللہ کی مٹھی اور دائیں ہاتھ کا ذکر ہے، اور حدیث میں انگلی کا: مگر یہ صفات کا بیان نہیں ہے، بلکہ کمالِ قدرت کو سمجھانا مقصود ہے، اور صفات کا ذکر ضمناً آیا ہے، پس مبدأ کا ثبوت ماننا تو ضروری ہے یعنی یہ صفات اللہ کے لئے ثابت ہیں، باقی جو مضمون سمجھانا مقصود ہے: اس میں غور کیا جائے، ان صفات کی کیفیت کے درپے نہ ہوا جائے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ﴾

[۴۸۱۱-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ حِبْرٌ مِنَ الْأَحْبَارِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! إِنَّا نَجِدُ أَنَّ اللّٰهَ يَجْعَلُ السَّمٰوَاتِ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْأَرَضِيْنَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالشَّجَرَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْمَاءَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالثَّرٰى عَلٰى إِصْبَعٍ، وَسَائِرَ الْخَلَائِقِ عَلٰى إِصْبَعٍ، فَيَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ. فَضَحِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ تَصْدِيْقًا لِقَوْلِ الْحِبْرِ، ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ﴾ [أطرافه: ۷۴۱۴، ۷۴۱۵، ۷۴۵۱، ۷۵۱۳]

اللہ تعالیٰ کائنات کے بادشاہ ہیں

باب میں گذشتہ آیت کا باقی حصہ لکھا ہے، پوری آیت کا ترجمہ آگیا ہے، اور حدیث قولی لائے ہیں کہ اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) زمین کو مٹھی میں اور آسمانوں کو لپیٹ کر دائیں ہاتھ میں لیں گے، پھر فرمائیں گے: میں بادشاہ ہوں، زمین کے بادشاہ کہاں ہیں؟ (سامنے آئیں!)

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهِ، سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ﴾

[۴۸۱۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَقْبِضُ اللّٰهُ الْأَرْضَ، وَيَطْوِي السَّمٰوَاتِ بِيَمِيْنِهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ، أَيْنَ مُلُوْكُ الْأَرْضِ؟"

[أطرافه: ۶۵۱۹، ۷۳۸۲، ۷۴۱۳]

حشر کے بعد دومرتبہ صور پھونکا جائے گا

آیت ۶۸ ہے: ﴿وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نُفِخَ

فِيْهِ أُخْرىٰ فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُوْنَ﴾: اور صور میں پھونک ماری جائے گی، جس سے آسمانوں اور زمین والوں کے ہوش اڑ جائیں گے، مگر جس کو اللہ تعالیٰ چاہیں (وہ بے ہوش نہیں ہوگا) پھر اس صور میں دوبارہ پھونک ماری جائے گی تو اچانک سب کھڑے ہو جائیں گے اور چاروں طرف دیکھنے لگیں گے"

تشریح: حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی قدس سرہ نے موضح القرآن (ترجمۂ قرآن کے حواشی) میں لکھا ہے کہ صور چار مرتبہ پھونکا جائے گا، پہلی مرتبہ میں عالم فنا ہو جائے گا، دوسری مرتبہ میں زندہ ہو جائے گا، اور تیسری مرتبہ حشر کے بعد پھونکا جائے گا جس سے لوگ بے ہوش ہو جائیں گے اور چوتھی مرتبہ لوگ ہوش میں آجائیں گے، خبردار ہو جائیں گے، پھر اللہ تعالیٰ کے سامنے پیشی ہوگی، پس مذکورہ آیت میں تیسری اور چوتھی مرتبہ نفخ صور کا ذکر ہے الصُّوْر کے معنی ہیں: نرسنگھا، بگل، ہارن (Horn) پس نفخ صور کا مطلب ہے: ہارن بجانا۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ أُخْرىٰ فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُوْنَ﴾

لغت: صَعِقَ (س) الرجلُ: بے ہوش جانا —— إلا من شاء الله کا مصداق قطعی طور پر متعین نہیں۔

[٤٨١٣-] حَدَّثَنِي الْحَسَنُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَكَرِيَّاءَ ابْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنِّيْ أَوَّلُ مَنْ يَرْفَعُ رَأْسَهُ بَعْدَ النَّفْخَةِ الآخِرَةِ، فَإِذَا أَنَا بِمُوْسَى مُتَعَلِّقٌ بِالْعَرْشِ، فَلاَ أَدْرِيْ أَكَذٰلِكَ كَانَ أَمْ بَعْدَ النَّفْخَةِ"

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "میں پہلا شخص ہونگا جو آخری بار (چوتھی بار) نفخ صور کے بعد سر اٹھائے گا یعنی ہوش میں آئے گا، پس میں اچانک موسیٰ علیہ السلام کو دیکھوں گا کہ وہ عرش سے چمٹے ہوئے ہیں، پس میں نہیں جانتا کہ ایسا ہی تھا (یعنی وہ بے ہوش نہیں ہوئے) یا نفخ صور کے بعد (مجھ سے پہلے) ہوش میں آگئے؟!

تیسری اور چوتھی مرتبہ نفخ صور کے درمیان وقفہ

[٤٨١٤-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ أَرْبَعُوْنَ" — قَالُوْا: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ أَرْبَعُوْنَ يَوْمًا؟ قَالَ: أَبَيْتُ. قَالَ: أَرْبَعُوْنَ سَنَةً؟ قَالَ: أَبَيْتُ. قَالَ: أَرْبَعُوْنَ شَهْرًا؟ قَالَ: أَبَيْتُ — وَيَبْلَى كُلُّ شَيْئٍ مِنَ الإِنْسَانِ إِلَّا عَجْبَ ذَنَبِهِ، فِيْهِ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ. [طرفه: ٤٩٣٥]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: دونوں نَفْخون کے درمیان چالیس (کا فاصلہ) ہے —— طلبہ نے پوچھا: اے ابو ہریرہ! چالیس دن (کا فصل ہوگا؟) ابو ہریرہؓ نے کہا: میں انکار کرتا ہوں یعنی میں اس تعیین کی موافقت نہیں کرتا، سائل نے کہا: چالیس سال؟ آپؓ نے فرمایا: میں انکار کرتا ہوں یعنی اس تعیین کی بھی موافقت نہیں کرتا۔ اس نے کہا: چالیس مہینے؟ آپؓ نے کہا: میں انکار کرتا ہوں یعنی اس کی بھی موافقت نہیں کرتا، پس دو نَفْخون کے درمیان کا وقفہ معلوم نہیں —— اور انسان کا ہر جزء بوسیدہ ہوجائے گا مگر دُم کی جڑ کا آخری حصہ (باقی رہے گا، اسی سے نشأتِ ثانیہ ہوگی) اسی میں مخلوق مرکب کی گئی ہے یعنی پہلی تخلیق بھی اسی سے شروع ہوئی ہے۔

٤٠ - المؤمن

[١-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿حٰمٓ﴾ مَجَازُهَا مَجَازُ أَوَائِلِ السُّوَرِ، وَيُقَالُ: بَلْ هُوَ اسْمٌ، لِقَوْلِ شُرَيْحِ بْنِ أَبِي أَوْفَى الْعَبَسِيِّ:

يُذَكِّرُنِي حَامِيْمَ وَالرُّمْحُ شَاجِرٌ ۞ فَهَلَّا تَلَا حَامِيْمَ قَبْلَ التَّقَدُّمِ

[٢-] ﴿الطَّوْلِ﴾: التَّفَضُّلُ. [٣-] ﴿دَاخِرِيْنَ﴾: خَاضِعِيْنَ. [٤-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿إِلَى النَّجوةِ﴾: الإِيْمَانِ. [٥-] ﴿لَيْسَ لَهُ دَعْوَةٌ﴾: يَعْنِي الْوَثَنَ. [٦-] ﴿يُسْجَرُوْنَ﴾: تُوْقَدُ بِهِمِ النَّارُ. [٧-] ﴿تَمْرَحُوْنَ﴾: تَبْطَرُوْنَ.

سورۃ المؤمن کی تفسیر

۱- سورۃ المؤمن حٰمٓ سے شروع ہوئی ہے، مجاہدؒ کہتے ہیں: یہ حروف مقطعات ہیں، جیسا دوسری سورتوں کے شروع میں ہیں —— المَجَاز من الکلام: وہ بات جو اپنے معنی وضعی سے ہٹ کر کسی اور مفہوم میں استعمال کی جائے کسی مناسبت کی وجہ سے، اس کو تاویل اور مطلب بھی کہہ سکتے ہیں —— دوسری رائے یہ ہے کہ حٰمٓ اسم ہے، پھر عکرمہؒ کی مرسل روایت میں ہے کہ یہ اللہ کا نام ہے، اور ابن عباسؓ کہتے ہیں: یہ اسم اعظم ہے، اور قتادہؒ کہتے ہیں: قرآن کا نام ہے اور شعبیؒ کہتے ہیں: سورت کا نام ہے، اور اس کے اسم ہونے کی دلیل شریح کا یہ شعر ہے:

محمد مجھے حامیم یاد دلاتا ہے درانحالیکہ نیزہ تنا ہوا ہے ۞ پس کیوں نہ اس نے حامیم پڑھی پیش قدمی سے پہلے؟

شعر کی وضاحت: حضرت طلحہ بن عبید اللہ کے صاحبزادے محمد: جنگ جمل میں باپ کے ساتھ تھے، یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے لشکر میں تھے، انھوں نے کالا عمامہ باندھ رکھا تھا، حضرت علیؓ نے لوگوں سے کہا: کالے عمامہ والے کو قتل نہ کرنا، وہ ابا کی وجہ سے نکلے ہیں، پھر بھی شریح نے حملہ کیا، اور ان کو قتل کردیا، جب مقابلہ ہوا تو محمد نے سورۃ الشوری کی آیت ۲۳ پڑھی: ﴿قُلْ لَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى﴾ سورۃ الشوری بھی حٰمٓ سے شروع ہوئی ہے —— شریح کہتا ہے: جب نیزہ تن گیا: آیت پڑھنے سے کیا فائدہ؟ میدان میں اترنے سے پہلے پڑھتے تو ایک بات تھی۔

شعر سے استدلال: اس شعر میں شاعر نے حامیم کو مفعول بہ بنا کر اس کو اعراب (فتح) دیا ہے، یہ اس کے اسم ہونے کی دلیل ہے، کیونکہ حروف مقطعات میں جو میم ہے وہ تو ساکن ہے —— مگر یہ دلیل بس ایسی ہی ہے، سورۃ آل عمران کے شروع میں جو الٓمٓ ہے اس کی میم کو فتح دے کر آگے سے ملایا جاتا ہے، پس صحیح رائے جمہور کی ہے کہ یہ حروف مقطعات ہیں۔

نوٹ: شارحین نے امام بخاریؒ کی خردہ گیری کی ہے کہ شاعر کے نام میں أبی غلط ہے۔

۲- آیت ۳ میں اللہ کی صفت: ﴿ذِی الطَّوْلِ﴾ ہے، امام بخاریؒ نے اس کا ترجمہ تفضُّل: مہربانی کرنا کیا ہے، اور حضرت تھانویؒ نے قدرت والا ترجمہ کیا ہے، کیونکہ سورۃ النساء آیت ۲۵ میں یہ ترجمہ متعین ہے: ﴿وَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ مِنْکُمْ طَوْلاً﴾: اور جو شخص تم میں سے (آزاد مسلمان عورت سے نکاح کی) قدرت نہ رکھتا ہو (وہ مسلمان باندی سے نکاح کرے)

۳- آیت ۶۰ میں ہے: ﴿سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ﴾: عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہونگے، حضرت نے ترجمہ کیا ہے: خاضعین: منقاد ہو کر، تابع ہو کر۔

۴- آیت ۴۱ میں ہے: ﴿مَالِیْ أَدْعُوْکُمْ إِلَی النَّجَاةِ﴾: (خاندان فرعون کے مؤمن نے کہا:) کیا بات ہے میں تم کو نجات کی طرف بلاتا ہوں —— مجاہدؒ نے کہا: ایمان لانے کی دعوت دیتا ہوں، تا کہ تم جنت میں پہنچو۔

۵- آیت ۴۳ میں ہے: ﴿لَیْسَ لَهُ دَعْوَةٌ﴾: وہ (مورتی) نہ تو دنیا میں پکارے جانے کے لائق ہے نہ آخرت میں —— له کی ضمیر کا مرجع مورتی ہے۔

۶- آیت ۷۲ میں ہے: ﴿ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَ﴾: پھر وہ آگ میں جھونک دیئے جائیں گے، ان کے ذریعہ آگ دہکائی جائے گی۔

۷- آیت ۷۵ میں ہے: ﴿بِمَا کُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ﴾: بایں وجہ کہ تم اترایا کرتے تھے —— بَطِرَ (س) بَطَرًا: اترانا۔

انذار کے ساتھ تبشیر اور تبشیر کے ساتھ انذار ضروری ہے

صرف انذار یعنی وعیدیں سنانا قنوطیت یعنی اللہ کی رحمت سے مایوسی کا سبب بنتا ہے، اور صرف تبشیر یعنی خوش خبری سنانا بے باکی پیدا کرتا ہے، دماغ خراب ہو جاتا ہے کہ کرو جو کرنا ہے اللہ غفور رحیم ہیں، اس لئے انذار و تبشیر مقارن (ساتھ ساتھ) ہونے چاہئیں، قرآنِ کریم کا یہی طریقہ ہے، وہ جنتیوں کا تذکرہ کرتا ہے تو ساتھ ہی جہنمیوں کا ذکر بھی چھیڑتا ہے، اسی طرح برعکس —— پس جو واعظین بڑی راتوں میں یا بڑے دنوں میں صرف فضائل بیان کرتے ہیں: وہ صحیح نہیں کرتے وعد و وعید کا تذکرہ ساتھ ساتھ ہونا چاہئے۔

وَكَانَ الْعَلَاءُ بْنُ زِيَادٍ يُذَكِّرُ النَّارَ، فَقَالَ رَجُلٌ: لِمَ تُقَنِّطُ النَّاسَ؟ قَالَ: وَأَنَا أَقْدِرُ أَنْ أُقَنِّطَ النَّاسَ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ: ﴿يَاعِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ لَاتَقْنَطُوْا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ؟﴾ وَيَقُوْلُ: ﴿وَأَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ

هُمْ أَصْحَابُ النَّارِ﴾ وَلٰكِنَّكُمْ تُحِبُّوْنَ أَنْ تُبَشَّرُوْا بِالْجَنَّةِ عَلٰى مَسَاوِئِ أَعْمَالِكُمْ، وَإِنَّمَا بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم مُبَشِّرًا بِالْجَنَّةِ لِمَنْ أَطَاعَهُ، وَمُنْذِرًا بِالنَّارِ مَنْ عَصَاهُ.

روایت: علاء بن زیاد رحمہ اللہ (جلیل القدر تابعی اور بزرگ اپنے وعظ میں) دوزخ کا تذکرہ کررہے تھے، پس کسی نے کہا: آپ لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس کیوں کرتے ہیں؟ علاء نے جواب دیا: کیا میں قادر ہوں کہ لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس کروں، جبکہ اللہ تعالیٰ سورۃ الزمر آیت ۵۳ میں فرماتے ہیں: ''اے میرے بندو جنھوں نے (گناہ کرکے) اپنے اوپر زیادتیاں کی ہیں! اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہوؤ، اللہ تعالیٰ بالیقین سارے ہی گناہوں کو معاف فرمادیں گے'' (اگر تم توبہ کرو اور گناہوں سے باز آجاؤ)؟ یعنی اس آیت کی موجودگی میں کوئی بندہ اللہ کی رحمت سے کیسے مایوس ہوگا اور کوئی اسے کیسے مایوس کرسکتا ہے؟ —— اور (اسی کے ساتھ) اللہ تعالیٰ نے سورۃ المؤمن کی آیت ۴۳ میں فرمایا ہے کہ جو لوگ حد عبودیت سے نکل جاتے ہیں وہ سب دوزخی ہیں (یہاں باب ہے یعنی اس آیت کی وجہ سے یہ روایت یہاں لائے ہیں) یعنی مذکورہ بشارت کے ساتھ یہ وعید بھی ہے، مگر تم چاہتے ہو کہ جنت کی خوش خبری سنائے جاؤ تمہارے برے اعمال کے ساتھ (یہ کیسے ہوسکتا ہے؟) اور اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو بھیجا ہے خوش خبری سنانے والا بنا کران لوگوں کو جو اللہ کی اطاعت کرتے ہیں، اور دوزخ سے ڈرانے والا بنا کران لوگوں کو جو اللہ کی نافرمانی کرتے ہیں۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک موقعہ پر سورۃ المؤمن کی ایک آیت پڑھی

حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۲۰۶) آئی ہے، نبی ﷺ نماز پڑھ رہے تھے، عقبہ آیا اور اس نے آپ کا گلا بہت ہی سخت گھونٹا، ابوبکرؓ نے اس کو ہٹایا، اور فرمایا: ''کیا تم ایک ایسے شخص کو محض اس بات پر مار ڈالوگے کہ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے، اور وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے دلیل لے کر آیا ہے؟ (یہ سورۃ المؤمن کی آیت ۲۸ ہے، اسی مناسبت سے یہ روایت یہاں لائے ہیں)

[٤٨١٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: أَخْبِرْنِيْ بِأَشَدِّ مَا صَنَعَ الْمُشْرِكُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ، إِذْ أَقْبَلَ عُقْبَةُ بْنُ أَبِيْ مُعَيْطٍ، فَأَخَذَ بِمَنْكِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَلَوَى ثَوْبَهُ فِيْ عُنُقِهِ فَخَنَقَهُ خَنْقًا شَدِيْدًا، فَأَقْبَلَ أَبُوْ بَكْرٍ فَأَخَذَ بِمَنْكِبِهِ، وَدَفَعَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَقَالَ: ﴿أَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا أَنْ يَقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ﴾ [راجع: ٣٦٧٨]

٤١- حم السَّجدة

[١-] وَقَالَ طَاوُسٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿ائْتِيَا طَوْعًا﴾: أَعْطِيَا. ﴿قَالَتَا أَتَيْنَا﴾: أَعْطَيْنَا.

سورۃ حم السجدۃ کی تفسیر

۱-آیت ۱۱ میں ہے: ﴿فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ: ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا، قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِيْنَ﴾: پس (آسمان وزمین کو پیدا کرنے کے بعد) آسمان اور زمین سے کہا: آؤتم دونوں خوشی سے یا کراہیت سے! دونوں نے کہا: آئے ہم خوشی سے! یعنی تم دونوں سے متعلق جو امور کئے گئے ہیں ان کو بجالاؤ —— حضرت ابن عباسؓ نے إِءْ تِيَا (فعل امراز إِتْيان) کی تفسیر أَعْطِيَا (فعل امراز إِعْطَاء) سے کی ہے، اور أَتَيْنَا (ماضی جمع متکلم از إِتْيَان: آنا) کی تفسیر أَعْطَيْنَا (ماضی جمع متکلم از إِعْطاء) سے کی ہے، اس پر شارحین نے بحث کی ہے کہ یہ ترجمہ صحیح نہیں، مگر عربی کا عربی میں ترجمہ کریں گے تو کبھی صحیح ترجمہ کرنے میں دشواری پیش آئے گی، جیسے یہاں پیش آئی ہے۔

چار اعتراضات اوران کے جوابات

نافع بن ازرق حروری نے —— جو حضرت ابن عباسؓ کا شاگرد تھا اور جو بعد میں خوارج کا لیڈر بن گیا —— اپنی چار الجھنیں حضرت ابن عباسؓ کی خدمت میں پیش کیں، حضرت نے ان کے جوابات دیئے وہ اعتراضات یہ ہیں:

۱-ایک آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے دن لوگ آپس میں باتیں نہیں کریں گے، اور دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ باتیں کریں گے: یہ تعارض ہے!

۲-ایک آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ سے کوئی بات چھپائی نہیں جاسکتی، اور دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرکین اپنا شرک چھپائیں گے: یہ تخالف ہے!

۳-سورۃ النازعات میں ہے کہ اللہ نے پہلے آسمان کو پیدا کیا اور سورۃ حٰمٓ السجدة میں ہے کہ پہلے زمین کو پیدا کیا: یہ بھی تخالف ہے۔

۴-متعدد آیات میں اللہ کی صفات کان (فعل ماضی) کے ذریعہ بیان کی گئی ہیں: گویا اللہ تعالیٰ میں یہ صفات تھیں، اب نہیں رہیں، وھو کما تریٰ!

جوابات:

۱-دونوں باتوں کا زمانہ ایک نہیں، اور تعارض کے لئے وحدتِ زمان شرط ہے، جب پہلی مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو لوگ بے ہوش ہوجائیں اور کوئی کسی سے بات نہیں کرے گا، اور دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو لوگ ہوش میں آجائیں گے اور

آپس میں باتیں کریں گے۔

۲- قیامت کے دن جب مؤمنین کی مغفرت کردی جائے گی تو مشرکین کہیں گے: آؤ، ہم بھی کہیں کہ ہم مشرک نہیں تھے، اس طرح وہ دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے، مگران کے مونہوں پر مہر کردی جائے گی اوران کے ہاتھ بولیں گے اوران کے شرک کی گواہی دیں گے، تب مشرکین سمجھ جائیں گے کہ اللہ سے کوئی بات چھپائی نہیں جاسکتی۔

۳- پہلے دو دنوں میں زمین کی ہیئت کذائی بنائی ہے، اس کا ذکر سورہ حٰمٓ السجدۃ میں ہے، دوسرے دو دنوں میں آسمان کی تکمیل کی، پھر دو دنوں میں زمین پھیلائی یعنی اس میں پانی، چارہ، پہاڑ، ٹیلے اور حیوانات پیدا کئے، اس کا ذکر سورۃ النازعات میں ہے۔

۴- اللہ تعالیٰ کی صفات ازلی قدیم ہیں، اور فعل ماضی تحقق وقوع کے لئے بھی آتا ہے اور صار کے معنی میں بھی آتا ہے —— پس قرآن میں دماغ کو الجھانا نہیں چاہئے، سارا قرآن اللہ ہی کا نازل فرمودہ ہے!

[۲-] وَقَالَ الْمِنْهَالُ عَنْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنِّيْ أَجِدُ فِي الْقُرْآنِ أَشْيَاءَ تَخْتَلِفُ عَلَيَّ. قَالَ:

[۱-] ﴿فَلاَ أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلاَ يَتَسَاءَ لُوْنَ﴾[المؤمنون: ۱۰۱] ﴿وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَتَسَآءَ لُوْنَ﴾[الصافات:۲۷]

[۲-] ﴿وَلاَ يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا﴾[النساء: ٤٢] ﴿رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ﴾[الأنعام: ۲۳] فَقَدْ كَتَمُوْا فِي هٰذِهِ الآيَةِ؟

[۳-] وَقَالَ: ﴿أَمِ السَّمَاءُ بَنَاهَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿دَحٰهَا﴾[النازعات: ۲۷-۳۰] فَذَكَرَ خَلْقَ السَّمَاءِ قَبْلَ خَلْقِ الأَرْضِ، ثُمَّ قَالَ:﴿ إِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الأَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ﴾ إِلٰى: ﴿طَائِعِيْنَ﴾ [حٰمٓ السجدة: ۹-۱۱] فَذَكَرَ فِي هٰذِهِ خَلْقَ الأَرْضِ قَبْلَ السَّمَاءِ؟

[٤-] وَقَالَ:﴿وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا﴾[النساء: ۹٦] ﴿عَزِيْزًا حَكِيْمًا﴾[النساء: ٥٦] ﴿سَمِيْعًا بَصِيْرًا﴾[النساء: ٥٨] فَكَأَنَّهُ كَانَ ثُمَّ مَضَى؟

ترجمہ: ایک شخص نے ابن عباسؓ سے کہا: میں پاتا ہوں قرآن میں ایسی چیزیں جو مجھے متعارض نظر آتی ہیں، اس نے کہا: (الی آخرہ)

فَقَالَ:

[۱-] ﴿ فَلاَ أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ﴾ فِي النَّفْخَةِ الأُوْلٰى، ثُمَّ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ﴿فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ

وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ﴾[الزمر: ٦٨] فَلاَ أَنْسَابَ عِنْدَ ذٰلِكَ وَلاَ يَتَسَاءَ لُوْنَ، ثُمَّ فِي النَّفْخَةِ الآخِرَةِ ﴿وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَتَسَآءَ لُوْنَ﴾

[٢-] وَأَمَّا قَوْلُهُ: ﴿مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ﴾ ﴿وَلاَ يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ﴾ فَإِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ لِأَهْلِ الإِخْلاَصِ ذُنُوْبَهُمْ، وَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: تَعَالَوْا نَقُوْلُ: لَمْ نَكُنْ مُشْرِكِيْنَ. فَخُتِمَ عَلٰى أَفْوَاهِهِمْ فَتَنْطِقُ أَيْدِيْهِمْ، فَعِنْدَ ذٰلِكَ عُرِفَ أَنَّ اللّٰهَ لاَ يُكْتَمُ حَدِيْثًا، وَعِنْدَهُ: ﴿يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ الآيَةَ[النساء: ٤٢]

[٣-] وَخَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ، ثُمَّ خَلَقَ السَّمَاءَ، ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاءِ، فَسَوَّاهُنَّ فِيْ يَوْمَيْنِ آخَرَيْنِ، ثُمَّ دَحَا الْأَرْضَ، وَدَحْيُهَا أَنْ أَخْرَجَ مِنْهَا الْمَاءَ وَالْمَرْعٰى، وَخَلَقَ الْجِبَالَ وَالْجِمَالَ وَالآكَامَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ يَوْمَيْنِ آخَرَيْنِ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ: ﴿دَحٰهَا﴾ وَقَوْلُهُ: ﴿خَلَقَ الْأَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ﴾ فَجُعِلَتِ الْأَرْضُ وَمَا فِيْهَا مِنْ شَيْئٍ فِيْ أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ، وَخُلِقَتِ السَّمَاوَاتُ فِيْ يَوْمَيْنِ.

[٤-] ﴿وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا﴾ سَمَّى نَفْسَهُ ذٰلِكَ، وَذٰلِكَ قَوْلُهُ، أَيْ: لَمْ يَزَلْ كَذٰلِكَ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يُرِدْ شَيْئًا إِلَّا أَصَابَ بِهِ الَّذِيْ أَرَادَ.

فَلاَ يَخْتَلِفْ عَلَيْكَ الْقُرْآنُ، فَإِنَّ كُلًّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ.

(۲) ترجمہ: پس ابن عباسؓ نے فرمایا:

۱- جب پہلی مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو سب بے ہوش ہوجائیں گے، جیسا کہ سورۃ الزمر کی آیت ۶۸ میں ہے، اس وقت نہ ناتے کام آئیں گے نہ کوئی کسی کو پوچھے گا، پھر جب دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو لوگ اس کے بعد ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر پوچھیں گے۔

۲- قیامت کے دن جب مؤمنین کی مغفرت ہوجائے گی تو مشرکین ایک دوسرے سے کہیں گے: آؤ، ہم بھی کہیں کہ ہم مشرک نہیں تھے، پس ان کے مونہوں پر مہر کردی جائے گی اوران کے ہاتھ بولیں گے، پس اس وقت وہ سمجھ جائیں گے کہ اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز چھپائی نہیں جاسکتی، سورۃ النساء کی آیت ۴۲ میں اسی کا ذکر ہے۔

۳- پہلے دو دنوں میں زمین پیدا کی یعنی اس کی ہیئت کذائی بنائی، مگر اس کی تکمیل نہیں کی، پھر دو دنوں میں آسمانوں کو ٹھیک بنایا یعنی ان کی تکمیل کی، پھر زمین کو پھیلایا یعنی پانی اور چارہ نکالا، اور پہاڑ، اونٹ اور ٹیلے پیدا کئے، اور آسمان وزمین کی درمیانی چیزیں پیدا کیں، سورۃ النازعات میں جو زمین کو آسمان کے بعد بچھانے کا تذکرہ ہے وہ یہی ہے، پس زمین چار دنوں میں تیار ہوئی اور آسمان دو دنوں میں (پس زمین کی تخلیق من وجہٍ آسمان سے مقدم ہے اور من وجہٍ مؤخر، اس لئے دونوں باتیں صحیح ہیں)

۴- اللہ تعالیٰ نے اپنی یہ صفات بیان کی ہیں، انھوں نے اپنا یہ نام رکھا ہے، اور یہ سب اللہ کے ارشادات ہیں یعنی وہ ہمیشہ ایسے ہی ہیں یعنی ان کی صفات ازلی قدیم ہیں، پس بے شک اللہ تعالیٰ نہیں چاہتے کوئی چیز مگر وہ چیز پایۂ تکمیل کو پہنچتی

ہے —— پس نہ مختلف ہو تجھ پر قرآن، پس بے شک سارا ہی قرآن اللہ کے پاس سے ہے!

[۳-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَمْنُوْنٍ﴾: مَحْسُوْبٍ. [٤-] ﴿أَقْوَاتَهَا﴾: أَرْزَاقَهَا. [٥-] ﴿فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ أَمْرَهَا﴾: مِمَّا أُمِرَ بِهِ. [٦-] ﴿نَحِسَاتٍ﴾: مَشَائِيْمَ. [٧-] ﴿وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ﴾: قَرَنَّا بِهِمْ. [٨-] ﴿تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلاَئِكَةُ﴾: عِنْدَ الْمَوْتِ. [٩-] ﴿اهْتَزَّتْ﴾ بِالنَّبَاتِ ﴿وَرَبَتْ﴾: ارْتَفَعَتْ.

۳- آیت ۸ میں ہے: ﴿لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ﴾: ان (مؤمنین صالحین) کے لئے ثواب ہے موقوف نہ ہونے والا۔ یہ ابن عباسؓ کی تفسیر ہے قَالَ: غیر منقوص (عمدۃ) اور مجاہدؒ نے ممنون کا ترجمہ کیا ہے محسوب: گنا ہوا یعنی بے حساب اجر!۔

۴- آیت ۱۰ میں ہے: ﴿وَقَدَّرَ فِيْهَا أَقْوَاتَهَا﴾: اور تجویز کر دیں زمین میں اس کی غذائیں —— یعنی زمین پر بسنے والوں کی خوراکیں ایک خاص اندازے اور حکمت سے زمین کے اندر رکھ دیں۔

۵- آیت ۱۲ میں ہے: ﴿وَأَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا﴾: اور وحی کی ہر آسمان میں اس کے معاملہ کی یعنی آسمانی مخلوقات کے لئے احکام بھیج دیئے۔

۶- آیت ۱۶ میں ہے: ﴿فِيْ أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ﴾: منحوس دنوں میں —— مَشَائِيْم: مَشْؤُمَة کی جمع: منحوس۔

۷- آیت ۲۵ میں ہے: ﴿وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ﴾: اور ہم نے ان کے ساتھ لگا دیئے ساتھ رہنے والے (شیاطین) قَرَنَّا بهم: قَيَّضْنَا کا ترجمہ ہے اور یہ کیلری اور عمدۃ القاری سے بڑھایا ہے۔ قَيَّضَ الله له كذا: اللہ کا کسی کو کوئی چیز عطا کرنا، مقدر کرنا۔

۸- آیت ۳۰ میں ہے: ﴿تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلاَئِكَةُ﴾: ان پر (موت کے وقت) فرشتے اتریں گے۔

۹- آیت ۳۹ میں ہے: ﴿فَإِذَا أَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ﴾: پھر جب ہم اس (دبی پڑی زمین) پر پانی برساتے ہیں تو وہ (گھاس کے ساتھ) لہلہاتی ہے اور ابھرتی ہے یعنی اس کی تروتازگی اور ابھارا قابل دید ہو جاتا ہے۔

[۱۰-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿مِنْ أَكْمَامِهَا﴾: حِيْنَ تَطْلُعُ. [۱۱-] ﴿لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ﴾: أَيْ: بِعَمَلِيْ أَنَا مَحْقُوْقٌ بِهٰذَا. [۱۲-] ﴿سَوَآءً لِّلسَّائِلِيْنَ﴾: قَدَّرَهَا سَوَاءً. [۱۳-] ﴿فَهَدَيْنَاهُمْ﴾: دَلَلْنَاهُمْ عَلَى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ، كَقَوْلِهِ: ﴿وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ﴾ وَكَقَوْلِهِ: و﴿هَدَيْنَاهُ السَّبِيْلَ﴾ وَالْهُدَى الَّذِيْ هُوَ الإِرْشَادُ بِمَنْزِلَةِ أَصْعَدْنَاهُ، مِنْ ذٰلِكَ قَوْلُهُ: ﴿أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهِ﴾ [۱٤-] ﴿يُوْزَعُوْنَ﴾: يُكَفُّوْنَ. [۱٥-] ﴿مِنْ أَكْمَامِهَا﴾: قِشْرُ الْكُفُرَّى الْكُمُّ. [۱٦-] ﴿وَلِيٌّ حَمِيْمٌ﴾: الْقَرِيْبُ. [۱۷-] ﴿مِنْ مَّحِيْصٍ﴾: حَاصَ: حَادَ. [۱۸-] ﴿مِرْيَةٍ﴾ وَمُرْيَةٍ وَاحِدٌ أَيْ: امْتِرَاءٌ. [۱۹-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ﴾:

الْوَعِيْدُ. [۲۰-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ﴾: الصَّبْرُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَالْعَفْوُ عِنْدَ الإِسَاءَ ةِ، فَإِذَا فَعَلُوْهُ عَصَمَهُمُ اللّٰهُ، وَخَضَعَ لَهُمْ عَدُوُّهُمْ ﴿كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ﴾

۱۰- آیت ۴۷ میں ہے: ﴿وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرَاتٍ مِنْ أَكْمَامِهَا﴾: اور نہیں نکلتے میوے اپنے غلاف سے (جب نکلتے ہیں وہ تو اللہ تعالیٰ ان کو جانتے ہیں)

۱۱- آیت ۵۰ میں ہے: ﴿لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ﴾: البتہ ضرور کہے گا وہ کہ یہ میرے لئے ہے یعنی میں نے فلاں تدبیر کی، میری تدبیر اور لیاقت سے یوں ہی ہونا چاہئے تھا، اب اس کو خدا کی مہربانی یاد نہیں رہتی۔ المَحْقُوْق: لائق، موزون۔

۱۲- آیت ۱۰ میں ہے: ﴿سَوَآءً لِّلسَّائِلِيْنَ﴾: زمین کا ٹھیک اندازہ کیا پوچھنے والوں کے لئے —— یعنی زمین چار دن میں بن کر تیار ہوئی، دو روز میں وہ خود پیدا کی گئی اور دو روز میں اس کے متعلقات کا بندوست کیا، پس ٹھیک چار دن ہوئے۔

۱۳- آیت ۱۷ میں ہے: ﴿وَأَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنَاهُمْ﴾: اور رہے ثمود تو ہم نے ان کو راہ بتائی —— دَلَّه: راہ بتانا یعنی خیر وشر کی دونوں راہیں سجھادیں، سورۃ البلد آیت ۱۰ میں بھی ہدایت کے یہی معنی ہیں: ''اور ہم نے اس کو دونوں راستے بتلا دیئے'' اور سورۃ الدہر آیت ۳ میں بھی یہی معنی ہیں: ''ہم نے اس کو راستہ بتلا دیا'' —— ہدایت بایں معنی إراء ةُ الطریق کہلاتی ہے یعنی راستہ دکھانا، مگر اس کے لئے منزل تک پہنچنا لازم نہیں، راستہ بھٹک بھی سکتا ہے —— ہدایت کے دوسرے معنی ہیں: إیصال إلی المطلوب: منزل مقصود تک پہنچا دینا، اب بھٹکنے کا سوال ختم ہوجائے گا، سورۃ الانعام ۹۰ میں ہدایت کے یہی معنی ہیں: ''یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے منزل مقصود تک پہنچا دیا ہے، پس آپ انہی کے طریق پر چلئے'' —— أَصْعَدْنَاه: چڑھایا ہم نے اس کو یعنی پہنچایا اس کو۔

۱۴- آیت ۱۹ ہے: ﴿وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَاءُ اللّٰهِ إِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ﴾: اور جس دن جمع کئے جائیں گے اللہ کے دشمن دوزخ پر تو وہ روکے جائیں گے —— وَزَعَ الإنسانَ يَزَعُه وَزْعًا: روکنا، منع کرنا، قید میں رکھنا —— كَفَّ (ن) فلاناً عن الأمر كَفًّا: روکنا، باز رکھنا۔

۱۵- ابھی نمبر ۱۰ میں جو آیت آئی ہے، اس میں أَكْمَام ہے، یہ كُمّ (کاف کا پیش اور زیر) کی جمع ہے: کھجور کے شگوفے کا غلاف —— قِشْر: چھلکا۔ الكفری: کھجور کا شگوفہ۔

۱۶- آیت ۳۴ میں ہے: ﴿كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ﴾: گویا وہ قریبی دوست ہے، گرم جوش دوست جیسا برتاؤ کرنے لگے گا۔

۱۷- آیت ۴۸ میں ہے: ﴿وَظَنُّوْا مَالَهُمْ مِنْ مَّحِيْصٍ﴾: اور سمجھ جائیں گے وہ کہ ان کے لئے کوئی جائے پناہ نہیں —— مَحِيْص: ظرف مکان: پناہ گاہ، لوٹنے کی جگہ —— حَاصَ عن الحق: أی حاد عنه إلی شدة: حق سے اعراض کرکے سختی کی طرف لوٹ گیا۔

۱۸- آیت ۵۴ میں ہے: ﴿أَلَا إِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِنْ لِقَاءِ رَبِّهِمْ﴾: سنو! وہ اپنے رب کی ملاقات کے بارے میں شک

میں ہیں —— مرية: میں میم کا زیر اور پیش دونوں درست ہیں، اور اس کے معنی ہیں: إِمْتَراء: شک کرنا۔

۱۹- آیت ۴۰ میں ہے: ﴿اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ﴾: جو چاہو کرو —— مجاہدؒ نے فرمایا: یہ اجازت نہیں ہے بلکہ دھمکی ہے یعنی اچھا، جو تمہاری سمجھ میں آئے کئے جاؤ، مگر جان لو کہ اللہ تمہاری تمام حرکتوں کو دیکھ رہے ہیں۔

۲۰- آیت ۳۴ میں ہے: ﴿ادْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ﴾: ٹال دے (برے برتاؤ کو) نیک برتاؤ کے ذریعہ —— ابن عباسؓ نے فرمایا: غصہ کے وقت صبر کر، اور کوئی برا برتاؤ کرے تو معاف کر، پس جب صحابہ نے ایسا کیا تو اللہ نے ان کو بچالیا، اور ان کے دشمن ان کے پیروں میں آگئے، گویا وہ جگری دوست ہیں!

اللہ تعالیٰ زور سے کہی ہوئی اور چپکے سے کہی ہوئی باتیں سنتے ہیں

سورۃ حٰمٓ السجدۃ کی آیت ۲۲ ہے: ''اور تم چھپ نہیں سکتے تھے اس سے کہ تمہارے کان، تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں تمہارے خلاف گواہی دیں یعنی اپنے اعضاء سے چھپ کر کوئی کام نہیں کر سکتے تھے، البتہ تم اس گمان میں رہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے بہت سے اعمال کی خبر نہیں!'' (اسی گمان نے جو تم نے اپنے رب کے بارے میں قائم کیا تھا تم کو غارت کیا، اور تم خسارے میں پڑ گئے) —— اس آیت کے شانِ نزول میں درج ذیل روایت آئی ہے:

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ وَلاَ جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ أَنَّ اللّٰهَ لاَ يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ﴾

[٤٨١٦-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ﴾ الآيَةَ قَالَ: كَانَ رَجُلاَنِ مِنْ قُرَيْشٍ وَخَتَنٌ لَهُمَا مِنْ ثَقِيْفٍ، أَوْ رَجُلاَنِ مِنْ ثَقِيْفٍ وَخَتَنٌ لَهُمَا مِنْ قُرَيْشٍ فِيْ بَيْتٍ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: أَتُرَوْنَ أَنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ حَدِيْثَنَا؟ قَالَ بَعْضُهُمْ: يَسْمَعُ بَعْضَهُ. وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَئِنْ كَانَ يَسْمَعُ بَعْضَهُ لَقَدْ يَسْمَعُ كُلَّهُ. فَأُنْزِلَتْ: ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ﴾ الآيَةَ. [طرفاه: ٤٨١٧، ٧٥٢١]

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: قریش کے دو آدمی اور ان کا ایک ثقفی سسرالی یا ثقیف کے دو آدمی اور ان کا ایک قریشی سسرالی ایک گھر میں تھے، پس بعض نے بعض سے کہا: تمہارا کیا خیال ہے اللہ تعالیٰ ہماری باتیں سنتے ہیں؟ ایک نے کہا: بعض باتیں سنتے ہیں، دوسرے نے کہا: اگر بعض باتیں سنتے ہیں تو سب سنتے ہیں، پس باب میں مذکور آیت نازل ہوئی۔

یہ گمان تباہ کن ہے کہ ہمارے اعمال کی اللہ تعالیٰ کو خبر نہیں

اس باب میں حٰمٓ السجدۃ کی آیت ۲۳ ہے، اس کا ترجمہ گذشتہ باب میں بین القوسین کیا ہے، اور شانِ نزول کی بھی وہی روایت ہے جو گذشتہ باب میں آئی ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ذٰلِكُمْ ظَنُّكُمْ﴾ الآيَةَ

[۴۸۱۷-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اجْتَمَعَ عِنْدَ الْبَيْتِ قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِيٌّ أَوْ ثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِيٌّ، كَثِيْرَةٌ شَحْمُ بُطُوْنِهِمْ، قَلِيْلَةٌ فِقْهُ قُلُوْبِهِمْ، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: أَتُرَوْنَ أَنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ مَا نَقُوْلُ؟ قَالَ الآخَرُ: يَسْمَعُ إِنْ جَهَرْنَا وَلاَ يَسْمَعُ إِنْ أَخْفَيْنَا، وَقَالَ الآخَرُ: إِنْ كَانَ يَسْمَعُ إِذَا جَهَرْنَا فَإِنَّهُ يَسْمَعُ إِذَا أَخْفَيْنَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ وَلاَ جُلُوْدُكُمْ﴾ الآيَةَ.

وَكَانَ سُفْيَانُ يُحَدِّثُنَا بِهٰذَا، فَيَقُوْلُ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ أَوِ ابْنُ أَبِيْ نَجِيْحٍ أَوْ حُمَيْدٌ أَحَدُهُمْ أَوِ اثْنَانِ مِنْهُمْ، ثُمَّ ثَبَتَ عَلٰى مَنْصُوْرٍ، وَتَرَكَ ذٰلِكَ مِرَارًا غَيْرَ وَاحِدَةٍ. [راجع: ۴۸۱۶]

ترجمہ: ابن مسعودؓ کہتے ہیں: بیت اللہ کے پاس اکٹھا ہوئے دو قریشی اور ایک ثقفی، یا دو ثقفی اور ایک قریشی، ان کے پیٹوں کی چربی بہت تھی اور ان کے دلوں کا فہم برائے نام تھا، پس ان میں سے ایک نے کہا: تمہارا کیا خیال ہے: اللہ تعالیٰ وہ باتیں سن رہے ہیں جو ہم کر رہے ہیں؟ دوسرے نے کہا: اگر ہم زور سے باتیں کریں تو وہ سنتے ہیں، اور اگر ہم چپکے سے باتیں کریں تو وہ نہیں سنتے، پس تیسرے نے کہا: اگر وہ سنتے ہیں جب ہم زور سے باتیں کریں تو وہ سنتے ہیں جب ہم چپکے سے باتیں کریں، یعنی دونوں صورتیں ان کے نزدیک یکساں ہیں، پس اللہ تعالیٰ نے حٰمٓ السجدۃ کی آیات ۲۲و۲۳ نازل فرمائیں۔

سند: حمیدیؒ کہتے ہیں: جب سفیان بن عیینہؒ ہم سے یہ حدیث بیان کرتے تھے تو منصور، ابن ابی نجیح اور حُمید کے نام لے کر کہتے تھے کہ ان میں سے ایک نے یا دو نے ہم سے یہ حدیث بیان کی، پھر صرف منصور کا نام لیتے تھے، دوسرے نام انھوں نے کئی بار چھوڑ دیئے (پس متعین ہوگیا کہ وہ منصور بن المعتمر سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں)

جہنم کافروں کا دائمی ٹھکانہ ہے

سورۃ حٰمٓ السجدۃ کی آیت ۲۴ ہے: ''پس اگر وہ صبر کریں تب بھی دوزخ ان کا (دائمی) ٹھکانا ہے یعنی ان کی خموشی باعث رحم نہیں ہوگی، اور اگر وہ عذر کرنا چاہیں تو بھی ان کا عذر قبول نہ ہوگا ـــــ اسْتَعْتَبَ فلانًا: رضامندی اور خوشنودی چاہنا، راضی کرنا، منانا ـــــ اور مُعْتَبْ: باب افعال سے اسم مفعول ہے، أَعْتَبَهُ: خفگی کے بعد خوش کر دینا، سب خفگی کو ختم کر دینا ـــــ

اورحدیث وہی ہے جوگذشتہ بابوں میں آئی ہے، مگرسندنئی ہے، یہ سفیان ثوریؒ کی حدیث ہے، اورمتن حسب سابق ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَإِنْ يَصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ وَإِنْ يَسْتَعْتِبُوْا فَمَاهُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ﴾

حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْصُوْرٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بِنَحْوِهِ.

٤٢ - حٰمٓ عٓسٓقٓ

[١-] وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿عَقِيْمًا﴾: لاَتَلِدُ. [٢-] ﴿رُوْحًا مِّنْ أَمْرِنَا﴾: الْقُرْآنُ. [٣-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ﴾: نَسْلٌ بَعْدَ نَسْلٍ. [٤-] ﴿لاَحُجَّةَ بَيْنَنَا﴾: لاَخُصُوْمَةَ. [٥-] ﴿طَرْفٍ خَفِيٍّ﴾ ذَلِيْلٍ [٦-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهِ﴾: يَتَحَرَّكْنَ وَلاَ يَجْرِيْنَ فِي الْبَحْرِ. [٧-] ﴿شَرَعُوْا﴾: ابْتَدَعُوْا.

سورۃ الشوریٰ کی تفسیر

۱- آیت ۵۰ میں ہے: ﴿وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا﴾: اورکردے جس کو چاہے بانجھ —— عَقِيْم: ناقابل اولاد۔

۲- آیت ۵۲ میں ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوْحًا مِنْ أَمْرِنَا﴾: اوراسی طرح بھیجی ہم نے آپؐ کی طرف حیات (زندگی) اپنے حکم سے —— اسی طرح یعنی گذشتہ انبیاء کی طرح —— روح: حیات، زندگی، مراد قرآنِ کریم ہے، کیونکہ اس کی تاثیر سے مردہ قلوب زندہ ہوتے ہیں، اورانسانوں کو ابدی حیات نصیب ہوتی ہے، سورۃ النحل کی دوسری آیت میں بھی قرآن کو روح سے تعبیر کیا ہے —— اور من تبعیضیہ ہے، قرآنِ کریم اللہ کا بعض حکم ہے، وحی قرآن میں منحصر نہیں، حدیثیں بھی وحی ہیں، اور من أمرنا: روحا سے حال ہے —— روح کی یہی تفسیر صحیح ہے، بعض مفسرین نے روح سے جبرئیل علیہ السلام کو مراد لیا ہے، مگرابن عباسؓ کی تفسیر سیاق سے ہم آہنگ ہے۔

۳- آیت ۱۱ میں ہے: ﴿يَذْرَءُ كُمْ فِيْهِ﴾: تعداد بڑھاتے ہیں وہ تمہاری (جوڑے) بنانے کے ذریعہ یعنی انسانوں اور جانوروں کے جوڑے بنا کر ان کی نسلیں پھیلادیں۔

۴- آیت ۱۵ میں ہے: ﴿لاَحُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ﴾: کچھ جھگڑا نہیں ہم میں اورتم میں —— داعی: مدعو سے کہتا ہے: ہم کو تم سے جھگڑنے اور بحث وتکرار کی ضرورت نہیں۔

۵- آیت ۴۵ میں ہے: ﴿يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ﴾: دیکھتے ہونگے چھپی نگاہ سے یعنی سہمے ہوئے مجرم کی طرف ذلت وندامت کے مارے نیچی نظر سے دیکھتے ہونگے، کسی سے پوری طرح آنکھ نہیں ملاسکیں گے۔

۶- آیت ۳۳ میں ہے: ﴿إِنْ يَّشَأْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهِ﴾: اگروہ چاہیں تو ہوا کو روک دیں،

پس کشتیاں برابر دریا کی سطح پر ٹھہری رہیں یعنی ہوا بھی اللہ کے قبضہ میں ہے، اگر ہوا رک جائے تو تمام بادبانی جہاز دریا کی پیٹھ پر جہاں ہیں وہیں کھڑے رہ جائیں —— اور پانی کی موجوں کی وجہ سے ہلتے رہیں، مگر سمندر میں چل نہ پائیں —— غرض پانی اور ہوا سب اس کے زیر فرمان ہیں۔

۷- آیت ۲۱ میں ہے: ﴿أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوْا لَهُمْ مِنَ الدِّيْنِ مَالَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللّٰهُ؟﴾: کیا مشرکین کے لئے ایسے شرکاء ہیں جنھوں نے ان کے لئے ایسا دین مقرر کیا ہو جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی؟ —— شَرَعَ الدين: مذہب کی تعیین کرنا —— ابْتَدَعَ: نئی چیز جاری کرنا، ایجاد کرنا —— استفہام انکاری ہے یعنی ایسا کوئی شریک نہیں، پھر ان کے پجاری کس شریعت (راہ) پر چلیں گے؟

قُرْبیٰ کی صحیح تفسیر

آیت ۲۳ میں ہے: ﴿قُلْ: لَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى﴾: آپ کہیں: میں تم میں سے تبلیغ پر کچھ معاوضہ طلب نہیں کرتا، مگر رشتہ داری کی محبت (کی رعایت چاہتا ہوں!)

حدیث: طاؤس رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مذکورہ آیت کے بارے میں پوچھا گیا: پس سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے کہا: نبی ﷺ کے خاندانی رشتہ دار مراد ہیں یعنی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور ان کی اولاد مراد ہے، ان سے محبت رکھنا مامور بہ ہے، پس حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: تم نے آیت کی تفسیر کرنے میں جلدی کی یعنی بے سوچے سمجھے بات کہہ دی، بے شک قریش کا کوئی بطن ایسا نہیں تھا، جس میں رسول اللہ ﷺ کی رشتہ داری نہ ہو، پس اللہ تعالیٰ نے آپ کی زبان سے فرمایا: ''مگر یہ کہ جوڑو تم اس رشتہ داری کو جو میرے اور تمہارے درمیان ہے'' یعنی میں تبلیغ قرآن پر تم سے کچھ نہیں چاہتا، صرف یہ چاہتا ہوں کہ تمہارے ساتھ میری رشتہ داری اور قرابت ہے، اس کی رعایت کرو اور مجھے تکلیف نہ پہنچاؤ۔

إلا المودة: استثناء منقطع ہے، کیونکہ یہ کوئی اجر نہیں جو اس کو مستثنیٰ متصل قرار دیں، بلکہ اس کو مجازاً اور ادعاءً معاوضہ قرار دیا ہے (اور حدیث پہلے تحفۃ القاری ۷: ۹۵ میں آئی ہے)

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى﴾

[۴۸۱۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ابْنِ مَيْسَرَةَ، سَمِعْتُ طَاوُسًا، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ قَوْلِهِ: ﴿إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى﴾ فَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ: قُرْبٰى آلِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: عَجِلْتَ، إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ بَطْنٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَّا كَانَ لَهُ فِيْهِمْ قَرَابَةٌ، فَقَالَ: إِلَّا أَنْ تَصِلُوْا مَا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ مِنَ الْقَرَابَةِ. [راجع: ۳۴۹۷]

٤٣ - ﴿حٰمٓ﴾ الزُّخْرُفِ

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿عَلٰى أُمَّةٍ﴾: إِمَامٍ. [٢-] ﴿ وَقِيْلِهِ يَارَبِّ﴾ تَفْسِيْرُهُ: أَيَحْسَبُوْنَ أَنَّا لاَنَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ، وَلاَ نَسْمَعُ قِيْلَهُمْ. [٣-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿وَلَوْلاَ أَنْ يَكُوْنَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً﴾: لَوْلاَ أَنْ أَجْعَلَ النَّاسَ كُلَّهُمْ كُفَّارًا لَجَعَلْتُ لِبُيُوْتِ الْكُفَّارِ، ﴿سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَمَعَارِجَ﴾: مِنْ فِضَّةٍ، وَهِيَ دَرَجٌ وَسُرُرُ فِضَّةٍ. [٤-] ﴿مُقْرِنِيْنَ﴾: مُطِيْقِيْنَ. [٥-] ﴿ءَاسَفُوْنَا﴾: أَسْخَطُوْنَا. [٦-] ﴿يَعْشُ﴾: يَعْمٰى.

سورۃ الزخرف کی تفسیر

۱- آیت ۲۲ میں ہے: ﴿إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَ نَا عَلٰى أُمَّةٍ﴾: ہم نے پایا اپنے اسلاف کو ایک مذہب پر ـــــ یہ حضرت ابن عباسؓ کی تفسیر ہے، انھوں نے أمة کے معنی دین کے کئے ہیں ـــــ اور مجاہدؒ نے إمام (پیشوا) ترجمہ کیا ہے یعنی ہمارے پیشوا ہمارے اسلاف ہیں ـــــ یہ آباء کی اندھی تقلید مشرکین کی زبردست دلیل تھی۔

۲- آیت ۸۸ ہے: ﴿وَقِيْلِهِ يَا رَبِّ إِنَّ هٰؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ﴾: اور قسم ہے رسول کے قول کی کہ اے میرے رب! یہ لوگ ایمان نہیں لاتے ـــــ قِيل اور قول ایک ہیں، دونوں مصدر ہیں ـــــ اس آیت کی ترکیب اور تفسیر میں تین قول ہیں:

(الف) قِيْلَهُ منصوب ہے، اور آیت ۸۰ میں سِرَّهُمْ پر معطوف ہے: پس معطوف معطوف علیہ کے ساتھ مطلب یہ ہوگا: کیا کفار خیال کرتے ہیں کہ ہم نہیں سنتے ان کے رازوں کو اور ان کی سرگوشیوں کو اور ہم نہیں سنتے ان کی باتوں کو امام بخاریؒ نے یہ تفسیر ذکر کی ہے ـــــ اس تفسیر پر یہ اعتراض ہے کہ اس صورت میں قِيْلَهم ہونا چاہئے، مفرد ضمیر کفار کی طرف کیسے لوٹے گی؟ اور سیاق (مابعد) سے بھی کچھ تعلق باقی نہیں رہے گا۔ علاوہ ازیں ابن مسعودؓ کی قراءت میں: وقال الرسول یا رب ہے، جیسا کہ آگے نمبر ۲۵ پر آرہا ہے، پس ضمیر کا مرجع متعین ہے۔

(ب) قِيْلِهِ: مجرور ہے اور آیت ۸۵ میں الساعةِ پر معطوف ہے، اس صورت میں مطلب ہوگا کہ اللہ کو قیامت کی بھی خبر ہے اور رسول کے اس کہنے کی بھی خبر ہے کہ اے میرے رب! یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔ یہ ترجمہ حضرت تھانویؒ نے کیا ہے۔

(ج) قِيْلِهِ مجرور ہے، اور واو قسمیہ ہے، اب ترجمہ ہوگا: قسم ہے رسول کے اس کہنے کی کہ اے میرے رب! یہ لوگ ایمان نہیں لاتے ـــــ یہ ترجمہ شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ نے کیا ہے۔

۳- آیت ۳۳-۳۶ ہیں: ﴿وَلَوْلَا أَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ۝ وَلِبُيُوْتِهِمْ أَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِئُوْنَ ۝ وَزُخْرُفًا، وَإِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا، وَالْآخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ﴾: اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تمام لوگ ایک ہی طریقہ پر ہوجائیں گے تو رحمان کا انکار کرنے والوں کے لئے ان کے گھروں کی چھتوں کو چاندی کی کردیتے، اور زینے بھی جن پر وہ چڑھتے ہیں، اور

ان کے گھروں کے دروازے اور مسہریاں بھی جن پر وہ ٹیک لگاتے ہیں، اور سونے کے (کردیتے) اور نہیں ہے یہ سب مگر دنیوی زندگی کے برتنے کا سامان، اور آپ کے رب کے یہاں آخرت پرہیزگاروں کے لئے ہے —— یعنی دنیوی سامان اللہ کے نزدیک بے قدر ہے، اور ایک خاص مصلحت مانع نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ کافروں کے مکانوں کی چھتیں، زینے، دروازے اور تخت چوکیاں سونے چاندی کی کردیتے یعنی اتنی فراوانی دیتے، مگر ایسا کرتے تو لوگ یہ دیکھ کر کہ کافروں ہی کو یہ سب سامان ملتا ہے: سب کفر کا راستہ اختیار کرلیتے، اور یہ بات مصلحت الٰہی کے خلاف ہوتی، اس لئے ایسا نہیں کیا۔

عبارت کا ترجمہ: اگر نہ ہوتی یہ بات کہ میں بنادوں گا تمام انسانوں کو کافر تو میں کفار کے گھروں کے لئے چھتیں بناتا چاندی کی، اور سیڑھیاں چاندی کی، اور معارج: سیڑھیاں ہیں، اور چاندی کی مسہریاں۔

۴- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ﴾: اور ہم اس (سواری) کو قابو میں نہیں لا سکتے تھے —— مُقْرِنٌ: اسم فاعل، إِقْرَان مصدر: قابو میں لانے والے، بس میں کرنے والے۔

۵- آیت ۵۵ ہے: ﴿فَلَمَّا آسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ أَجْمَعِيْنَ﴾: پھر جب انھوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے بدلہ لیا، پس سب کو غرقاب کردیا —— آسفوا: ماضی جمع مذکر غائب، إِيْسَافٌ: غصہ دلانا، ناراض کرنا۔

۶- آیت ۳۶ ہے: ﴿وَمَنْ يَعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهُ قَرِيْنٌ﴾: اور جو رحمان کی نصیحت سے اندھا بن جاتا ہے: ہم اس پر ایک شیطان مسلط کردیتے ہیں، پس وہ اس کا ساتھی ہوجاتا ہے (وہ اس کو سبز باغ دکھاتا رہتا ہے، اور آدمی اپنے طریقہ پر مگن رہتا ہے) عَشَا (ن) عَشْوًا: رتوندا ہونا، نگاہ کی کمزوری سے کوئی چیز نہ دیکھنا۔

[۷-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ﴾: أَىْ: تُكَذِّبُوْنَ بِالْقُرْآنِ، ثُمَّ لاَ تُعَاقَبُوْنَ عَلَيْهِ؟ [۸-] ﴿وَمَضٰى مَثَلُ الْأَوَّلِيْنَ﴾: سُنَّةُ الْأَوَّلِيْنَ. [۹-] ﴿مُقْرِنِيْنَ﴾ يَعْنِى الإِبِلَ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ. [۱۰-] ﴿يُنَشَّؤُا فِى الْحِلْيَةِ﴾: الْجَوَارِىْ، جَعَلْتُمُوْهُنَّ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا، فَيكَفَ تَحْكُمُوْنَ؟ [۱۱-] ﴿لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنَاهُمْ﴾: يَعْنُوْنَ الْأَوْثَانَ، لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿مَالَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ﴾: الْأَوْثَانُ إِنَّهُمْ لاَيَعْلَمُوْنَ. [۱۲-] ﴿فِىْ عَقِبِهِ﴾: وَلَدِهِ. [۱۳-] ﴿مُقْتَرِنِيْنَ﴾: يَمْشُوْنَ مَعًا. [۱۴-] ﴿سَلَفًا﴾: قَوْمُ فِرْعَوْنَ سَلَفًا لِكُفَّارِ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم ﴿وَمَثَلاً﴾: عِبْرَةً.

۷- آیت ۵ ہے: ﴿أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَمْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ﴾: کیا ہم پھیردیں تم سے اس نصیحت نامہ (قرآن) کو اس سبب سے کہ تم حد سے گذرنے والے لوگ ہو؟ یعنی ہم حکم بھیجنا موقوف کردیں؟ ایسا نہیں کریں گے —— حضرت فرماتے ہیں: یعنی تم قرآن کو جھٹلاتے ہو، پس کیا اس پر سزا نہیں دیئے جاؤ گے؟

۸- آیت ۸ میں ہے: ﴿وَمَضٰى مَثَلُ الْأَوَّلِيْنَ﴾: اور گذشتہ قوموں کے احوال تمہارے سامنے ہیں —— مَثَل:

اگلوں کی حالت۔

۹- یہ لفظ ابھی نمبر۴ پر گذرا ہے، اور سواری سے مراد اونٹ، گھوڑے، خچر اور گدھے ہیں۔

۱۰- آیت ۱۸ میں ہے: ﴿أَوَمَنْ يُنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ﴾: کیا جو زیور میں نشو ونما پائے یعنی لڑکیاں، تم نے ان کو رحمان کی اولاد بنایا، پس کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ —— يُنَشَّأُ: مضارع مجہول، تنشئة مصدر باب تفعیل: پرورش پانا۔

۱۱- آیت ۲۰ میں ہے: ﴿وَقَالُوْا: لَوْشَاءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنَاهُمْ، مَالَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ، إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُوْنَ﴾: اور کہا انھوں نے: اگر مہربان اللہ چاہتے تو ہم ان (مورتیوں) کو نہ پوجتے، انہیں مورتیوں کے معبود ہونے کے سلسلہ میں کچھ علم نہیں یعنی مورتیاں معبود ہیں اس کی ان کے پاس کوئی دلیل نہیں محض اٹکل کے تیر چلاتے ہیں۔

۱۲- آیت ۲۸ میں ہے: ﴿وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهِ﴾: اور (توحید کو) اپنی اولاد میں باقی رہنے والا عقیدہ بنایا۔

۱۳- آیت ۵۳ میں ہے: ﴿أَوْ جَاءَ مَعَهُ الْمَلاَ ئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ﴾: یا آتے اس کے ساتھ فرشتے پرا باندھے ہوئے —— مُقْتَرِنٌ: اسم فاعل: اِقْتِرَان (افتعال) ساتھ ساتھ چلنے والا۔

۱۴- آیت ۵۶ ہے: ﴿فَجَعَلْنَاهُمْ سَلَفًا وَمَثَلاً لِلْآخِرِيْنَ﴾: پس بنادیا ہم نے ان کو گیا گذرا، اور عبرت پچھلوں کے لئے —— یعنی فرعون کی قوم اس امت کے کفار کے لئے نمونہ اور عبرت ہے۔

[۱۵-] ﴿يَصِدُّوْنَ﴾: يَضِجُّوْنَ. [۱۶-] ﴿مُبْرِمُوْنَ﴾: مُجْمِعُوْنَ. [۱۷-] ﴿أَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ﴾: أَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ. [۱۸-] ﴿إِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ﴾: الْعَرَبُ تَقُوْلُ: نَحْنُ مِنْكَ الْبَرَاءُ وَالْخَلاَءُ، وَالْوَاحِدُ وَالاِثْنَانِ وَالْجَمِيْعُ، مِنَ الْمُذَكَّرِ وَالْمُؤَنَّثِ يُقَالُ فِيْهِ: بَرَآءٌ لِأَنَّهُ مَصْدَرٌ، وَلَوْ قَالَ: بَرِيْءٌ لَقِيْلَ فِي الاِثْنَيْنِ: بَرِيْئَانِ، وَفِي الْجَمِيْعِ: بَرِيْئُوْنَ. وَقَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: ﴿إِنَّنِيْ بَرِيْءٌ﴾ بِالْيَاءِ. [۱۹-] وَالزُّخْرُفُ: الذَّهَبُ. [۲۰-] ﴿مَلاَ ئِكَةً يَخْلُفُوْنَ﴾: يَخْلُفُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا.

۱۵- آیت ۵۷ میں ہے: ﴿إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ﴾: پس آپ کی قوم عیسیٰ کی مثال سے چلانے لگتی ہے —— يَصِدُّون: مضارع جمع مذکر غائب، صَدَّ منه (ض) صَدًّا: چلانا، شور مچانا۔ ضَجَّ (ض) ضَجًّا: شور وغل مچانا۔

۱۶- آیت ۷۹ ہے: ﴿أَمْ أَبْرَمُوْا أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُوْنَ﴾: کیا انھوں نے کوئی بات طے کی ہے، پس ہم بھی طے کرنے والے ہیں —— کفار مکہ نے طے کیا تھا کہ جو مسلمان ہو اس کو مار مار کر الٹا پھیریں، اور جو باہر سے آئے اس کے کان بھریں، تاکہ وہ اس شخص کے پاس نہ بیٹھے، اور اللہ نے طے کیا کہ نبی اور مؤمنین کو عروج حاصل ہو —— أَبْرَمَ: قطعی فیصلہ کرنا —— أَجْمَعَ الأمر: پختہ کرنا۔

۱۷- آیت ۸۱ ہے: ﴿قُلْ: إِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ فَأَنَا أَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ﴾: آپ کہیں: اگر مہربان اللہ کی کوئی اولاد ہوتی تو میں سب سے پہلے اس کی عبادت کرنے والا ہوتا —— میں سب سے پہلے اس اولاد کو خدا مانتا، اور اس پر ایمان لاتا۔

۱۸- آیت ۲۶ میں ہے: ﴿إِنَّنِیْ بَرَاءٌ مِمَّا تَعْبُدُوْنَ﴾: (ابراہیم نے اپنی قوم اور اپنے باپ سے کہا:) میں بیزار ہوں (الگ ہوں) ان چیزوں سے جن کو تم پوجتے ہو ـــــ بَرَاءٌ: مصدر ہے جو صفت کے طور پر استعمال کیا گیا ہے، اور ایسی صورت میں واحد، تثنیہ، جمع، مذکر و مؤنث یکساں ہوتے ہیں یعنی سب کے لئے ایک طرح استعمال ہوتا ہے ـــــ اور ابن مسعودؓ کی قراءت میں بَرِیْءٌ ہے، یہ بروزن فعیل بَرَاءَۃ سے بمعنی اسم فاعل ہے، اس کا تثنیہ جمع آتا ہے ـــــ اور عربی محاورہ ہے: نحن منك البراء والخلاء: ہم تم سے بیزار اور علاحدہ ہیں!

۱۹- آیات ۳۵ میں زُخْرُفٌ ہے، اس کے معنی ہیں: سونا۔ یہ آیتیں نمبر ۳ میں آگئی ہیں۔

۲۰- آیت ۶۰ ہے: ﴿وَلَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَا مِنكُمْ مَلاَ ئِكَةً فِی الْأَرْضِ يَخْلُفُوْنَ﴾: اور اگر ہم چاہتے تو ضرور بنادیتے زمین میں تم میں سے فرشتے جو یکے بعد دیگرے رہا کرتے یخلفون خَلْف مصدر سے فعل مضارع ہے ـــــ عیسیٰ علیہ السلام میں فرشتوں کے آثار تھے، مگر اتنی بات سے کوئی معبود نہیں بن جاتا، اللہ چاہیں تو سبھی انسانوں کو آثار ملائکہ کا حامل بنا سکتے ہیں، علاوہ ازیں: خود فرشتے معبود نہیں، پھر ان کے آثار کا حامل کیسے معبود ہوسکتا ہے؟

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَنَادَوْا يَامَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ﴾

[۲۱-] [۴۸۱۹-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ عَلَى الْمِنْبَرِ: ﴿وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ﴾[راجع: ۳۲۳۰] [۲۲-] وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿مَثَلاً لِلْآخِرِيْنَ﴾: عِظَةً. [۲۳-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿مُقْرِنِيْنَ﴾: ضَابِطِيْنَ، يُقَالُ: فَلاَنٌ مُقْرِنٌ لِفُلاَنٍ: ضَابِطٌ لَهُ.

۲۱- آیت ۷۷ ہے: ﴿وَنَادَوْا يَامَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ، قَالَ: إِنَّكُمْ مَاكِثُوْنَ﴾: جہنمی پکار کر کہیں گے: اے مالک! چاہئے کہ تمہارا پروردگار موت دے کر ہمارا کام تمام کردے! وہ جواب دے گا: تم ہمیشہ جہنم میں ٹھہرنے والے ہو ـــــ مالک اس فرشتہ کا نام ہے جو جہنم کا داروغہ (ذمہ دار) ہے ـــــ یہ آیت نبی ﷺ نے کبھی جمعہ کے خطبہ میں پڑھی ہے۔

۲۲- مَثَلاً کے معنی نمبر ۱۴ پر گذرے ہیں: عبرت، نصیحت۔

۲۳- مُقْرِنِيْنَ کے معنی نمبر ۴ پر آگئے ہیں: قابو میں کرنے والے، ضَابِط: قابو میں کرنے والا، محاورہ ہے: فلانٌ مُقْرِن لفلان: فلاں فلاں کو قابو میں کرنے والا ہے، وہ اس کی مٹھی میں ہے۔

[۲۴-] و﴿الْأَكْوَابُ﴾: الْأَبَارِيْقُ الَّتِيْ لاَخَرَاطِيْمَ لَهَا. [۲۵-] ﴿أَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾: أَیْ: مَاكَانَ فَأَنَا أَوَّلُ الْآنِفِيْنَ، وَهُمَا لُغَتَانِ: رَجُلٌ عَابِدٌ وَعَبِدٌ وَقَرَأَ عَبْدُ اللهِ: ﴿وَقَالَ الرَّسُوْلُ يَارَبِّ﴾ وَيُقَالُ: ﴿أَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ﴾ الْجَاحِدِيْنَ، مِنْ: عَبِدَ يَعْبَدُ. [۲۶-] وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿فِیْ أُمِّ الْكِتَابِ﴾: جُمْلَةِ الْكِتَابِ، أَصْلِ الْكِتَابِ.

[۲۷-] ﴿أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُسْرِفِيْنَ﴾: مُشْرِكِيْنَ. وَاللّٰهِ لَوْ أَنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ رُفِعَ حَيْثُ رَدَّهُ أَوَائِلُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ لَهَلَكُوْا. [۲۸-] ﴿فَأَهْلَكْنَا أَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَمَضٰى مَثَلُ الْأَوَّلِيْنَ﴾: عُقُوْبَةُ الْأَوَّلِيْنَ. [۲۹-] ﴿جُزْءً ا﴾: عِدْلًا.

۲۴-آیت ۷۱ ہے: ﴿يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِنْ ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ﴾: (غلمان) ان (جنتیوں) کے پاس سونے کی رکابیاں اور بے دستہ کے لوٹے لئے پھیریں گے۔ كُوْب: بے دستہ کا لوٹا —— خُرطوم: سونڈ، ناک، دستہ۔

۲۵-آیت ۸۱ ہے: ﴿قُلْ: إِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ فَأَنَا أَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ﴾: کہیں: اگر رحمان کی کوئی اولاد ہوتی تو سب سے پہلے میں اس کی عبادت کرتا —— یہ آیت نمبر ۱۷ پر آچکی ہے، اب عابدین کے ایک دوسرے نامناسب معنی بیان کرنے کے لئے دوبارہ لائے ہیں —— عَبِدَ (س) عَبَدًا وَعَبَدَةً کے معنی ہیں: ناک منہ چڑھانا —— أَنِفَ (س) منه أَنَفًا و آنَفَةً: ناک چڑھنا، نفرت کرنا —— أولُ العابدين کے معنی تو پہلے آئے ہیں، دوسری قراءت أولُ العَبِدِيْنَ ہے: یعنی میں پہلا ناک منہ چڑھانے والا ہوتا، یعنی اگر اللہ کی اولاد ہوتی تو بھی میں اس کی عبادت نہ کرتا —— ترجمہ: جو اولاد ہوتی تو بھی میں سب سے پہلے نفرت کرنے والا ہوں، اور وہ دو لغتیں ہیں: رجل عابد اور عَبِدٌ (عابد: مؤمن، عَبِدٌ: نفرت کرنے والا)

اور آیت ۸۸: ﴿وَقِيْلِهِ يَارَبِّ﴾: ابن مسعودؓ کی قراءت میں: وقال الرسول: یارب ہے (یہ بے جوڑ بات درمیان میں آگئی ہے) اور کہا جاتا ہے أولُ العَبِدِين: یعنی انکار کرنے والا، یہ باب سمع سے ہے۔

۲۶-آیت ۴ ہے: ﴿وَإِنَّهُ فِيْ أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ﴾: اور بے شک وہ قرآن ہمارے پاس اصل کتاب (لوح محفوظ) میں یقیناً بڑے رتبہ کی اور حکمت بھری کتاب ہے —— الجُمْلَة: ہر چیز کا مجموعہ یعنی لوح محفوظ۔

۲۷-نمبر ۷ پر اس آیت کی تفسیر آچکی ہے، مُسْرِفِين: حد سے تجاوز کرنے والے یعنی مشرکین —— ترجمہ: بخدا! اگر یہ قرآن اٹھالیا گیا ہوتا کیونکہ اس امت کے پہلوں نے اس کو رد کردیا ہے تو وہ ضرور ہلاک ہوجاتے۔

۲۸-آیت ۲۸ کی تفسیر نمبر ۸ پر آچکی ہے —— اگلوں کے حالات یعنی جو اگلوں کو سزا دی گئی ہے وہ تمہارے سامنے ہے۔

۲۹-آیت ۱۵ ہے: ﴿وَجَعَلُوْا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءً ا﴾: اور ان لوگوں نے خدا کے بندوں میں سے خدا کا جزو ٹھہرایا یعنی برابر کا تجویز کیا۔ عِدْل: برابر، مساوی۔

٤٤- الدخان

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿رَهْوًا﴾: طَرِيْقًا يَابِسًا. [٢-] ﴿عَلَى الْعَالَمِيْنَ﴾: عَلٰى مَنْ بَيْنَ ظَهْرَيْهِ. [٣-] ﴿فَاعْتِلُوْهُ﴾: ادْفَعُوْهُ. [٤-] ﴿وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ﴾: أَنْكَحْنَاهُمْ حُوْرًا عِيْنًا يَحَارُ فِيْهَا الطَّرْفُ. [٥-] ﴿تَرْجُمُوْنِ﴾: الْقَتْلُ. [٦-] و﴿رَهْوًا﴾ سَاكِنًا. [٧-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿كَالْمُهْلِ﴾: أَسْوَدُ كَمُهْلِ

الزَّيْتِ. [٨-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿تُبَّعٍ﴾: مُلُوْكُ الْيَمَنِ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ يُسَمَّى تُبَّعًا، لَأَنَّـهُ يَتْبَعُ صَاحِبَهُ، وَالظِّلُّ يُسَمَّى تُبَّعًا لَأَنَّـهُ يَتْبَعُ الشَّمْسَ.

سورۃ الدخان کی تفسیر

۱- آیت ۲۴ میں ہے: ﴿وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا﴾: اور رہنے دیں دریا کو تھما ہوا —— رَهَا (ن) رَهْوًا: پرسکون ہونا، جوش ٹھنڈا ہونا یعنی لاٹھی مارنے سے جب سمندر میں راستے نکل آئیں، اور بنی اسرائیل پار ہوجائیں تو سمندر کو اسی حال میں ٹھہرا ہوا چھوڑ دیں، دوبارہ لاٹھی مار کر پانی نہ ملائیں، تاکہ فرعون اس میں ڈوب مرے۔

۲- آیت ۳۲ ہے: ﴿وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعَالَمِيْنَ﴾: اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ ہم نے بنی اسرائیل کو علی وجہ البصیرت تمام دنیا جہاں والوں پر فوقیت بخشی! —— علی وجہ البصیرت: یعنی وہ برتری کے مستحق تھے —— اور دنیا جہاں کے لوگوں پر یعنی ان کے زمانہ کی سب اقوام پر ان کو فضیلت بخشی۔

۳- آیت ۴۷ ہے: ﴿خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ إِلٰى سَوَاءِ الْجَحِيْمِ﴾: پکڑو اس کو اور گھسیٹ کر لے جاؤ اس کو دوزخ کے بیچوں بیچ! —— اعْتِلُوْا: فعل امر، از باب نصر وضرب، مصدر عَتْل: دھکیل کر لے جانا، زبردستی کھینچ کر لے جانا —— اِدْفَعُوْہ: دھکا دو اس کو۔

۴- آیت ۵۴ ہے: ﴿وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ﴾: اور نکاح کرائیں گے ہم ان کا گوری بڑی آنکھوں والیوں سے —— حُوْر: حَوْرَاء کی جمع ہے، جو أَحْوَرُ کا مؤنث ہے: سیاہ آنکھ والی عورت اور حور کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ان کو دیکھ کر نگاہ حیران ہوجائے گی۔

۵- آیت ۲۰ ہے: ﴿وَإِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ أَنْ تَرْجُمُوْنِ﴾: اور میں پناہ چاہتا ہوں اپنے رب کی اور تمہارے رب کی اس بات سے کہ تم مجھے سنگسار کردو یعنی قتل کردو۔

۶- رَهْوا کے معنی ابھی نمبر ایک میں آگئے۔ ساکن: تھما ہوا۔

۷- آیت ۴۵ میں ہے: ﴿كَالْمُهْلِ﴾: جیسے تیل کی تل چھٹ (گاد) —— سیاہ زیتون کے تیل کی تل چھٹ کی طرح —— پگھلی ہوئی دھات بھی اس کا ترجمہ ہے۔

۸- آیت ۳۷ میں تُبَّع کا ذکر آیا ہے، یہ یمن کے بادشاہوں کا لقب ہے، وجہ تسمیہ: ایک بادشاہ دوسرے کے پیچھے آتا تھا: اس لئے یہ نام پڑا —— اور سایہ کو بھی تُبَّع کہتے ہیں، اس لئے کہ وہ سورج کے پیچھے آتا ہے۔

پانچ پیشین گوئیاں پوری ہوگئیں

آیت ۱۰ میں ہے: ''پس تو انتظار کر اس دن کا کہ لائے آسمان واضح دھواں!'' دخان میں سلف کے دو قول ہیں: (۱) قیامت

کے قریب ایک دھواں اٹھے گا، جس سے مؤمنین کو زکام جیسا ہو جائے گا، اور کافروں کے پورے بدن میں بھر جائے گا۔
(۲) اور ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ یہ قحط سالی اور بھوک مری کی وجہ سے فضاء میں نظر آنے والا دھواں تھا اور یہ نشانی پائی جاچکی اور قیامت کے قریب ظاہر ہونے والے دھویں کا قرآن میں ذکر نہیں، حدیثوں میں اس کا ذکر ہے، وہ ابھی واقعہ نہیں بنا، تفصیل کے لئے دیکھیں: تحفۃ القاری (۳۳۴:۳)

[۱-] بَابٌ: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ﴾

وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿فَارْتَقِبْ﴾: فَانْتَظِرْ.

[٤٨٢٠-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: مَضَى خَمْسٌ: الدُّخَانُ، وَالرُّوْمُ، وَالْقَمَرُ، وَالْبَطْشَةُ، وَاللِّزَامُ. [راجع: ١٠٠٧]

ترجمہ: پانچ پیشین گوئیاں پوری ہوچکیں: (۱) دھویں کی پیشین گوئی جو مذکورہ آیت میں ہے۔ (۲) رومیوں کے دوبارہ جیتنے کی پیشین گوئی جس کا ذکر سورۃ الروم کے شروع میں ہے۔ (۳) شق القمر کی پیشین گوئی، جس کا ذکر سورۃ القمر کے شروع میں ہے۔ (۴) سخت پکڑ کی پیشین گوئی جس کا ذکر سورۃ الدخان میں ہے۔ (۵) وبال آنے کی پیشین گوئی جس کا ذکر سورۃ الفرقان کی آخری آیت میں ہے۔

قحط سالی کی وجہ سے نظر آنے والا دھواں اللہ کا دردناک عذاب تھا

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: یہ (قحط سالی) صرف بایں وجہ تھی کہ قریش نے جب نبی ﷺ کی دعوت کی نافرمانی کی تو آپ نے ان کے لئے یوسف علیہ السلام کے زمانہ کی قحط سالیوں جیسی قحط سالی کی بددعا کی، چنانچہ وہ قحط اور مشقت سے دوچار ہوئے، یہاں تک کہ انھوں نے ہڈیاں کھائیں، پس آدمی آسمان کی طرف دیکھا کرتا تھا تو وہ اپنے اور آسمان کے درمیان مشقت کی وجہ سے دھویں جیسی چیز دیکھتا تھا، پس آیات: ﴿فَارْتَقِبْ﴾ نازل ہوئیں ـــــ ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس رسول اللہ ﷺ آئے گئے یعنی ابوسفیان یا کعب بن مرۃ آیا، اور اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! قبیلہ مضر کے لئے یعنی قریش کے لئے بارش طلب کریں، کیونکہ وہ تباہ ہوچکے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ''مضر کے لئے؟! بے شک تو بڑی جسارت کررہا ہے!'' پھر آپؐ نے بارش کے لئے دعا کی، چنانچہ وہ سیراب کئے گئے، پس سورۃ الدخان کی آیت ۱۵ نازل ہوئی کہ تم یقیناً لوٹنے والے ہو، پس جب ان کو خوش حالی پہنچی تو وہ اپنی پہلی حالت کی طرف لوٹ گئے، جب ان کو خوش حالی پہنچی، پس اللہ نے آیت ۱۶ نازل کی کہ وہ دن یاد کرو جب ہم بڑی پکڑ پکڑیں گے، بے شک ہم بدلہ لینے والے ہیں ـــــ ابن مسعودؓ نے کہا: اللہ تعالیٰ جنگ بدر کو مراد لے رہے ہیں۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾

[٤٨٢١-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّمَا كَانَ هٰذَا لِأَنَّ قُرَيْشًا لَمَّا اسْتَعْصَوْا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم دَعَا عَلَيْهِمْ بِسِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ، فَأَصَابَهُمْ قَحْطٌ وَجَهْدٌ حَتّٰى أَكَلُوْا الْعِظَامَ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرَى مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ مِنَ الْجُهْدِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ○ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾ قَالَ: فَأُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اسْتَسْقِ اللّٰهَ لِمُضَرَ، فَإِنَّهَا قَدْ هَلَكَتْ. قَالَ: "لِمُضَرَ؟! إِنَّكَ لَجَرِيْءٌ" فَاسْتَسْقَى فَسُقُوْا، فَنَزَلَتْ: ﴿إِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ﴾ فَلَمَّا أَصَابَتْهُمُ الرَّفَاهِيَةُ عَادُوْا إِلٰى حَالِهِمْ حِيْنَ أَصَابَتْهُمُ الرَّفَاهِيَةُ. فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى إِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ﴾ قَالَ: يَعْنِيْ يَوْمَ بَدْرٍ. [راجع: ١٠٠٧]

کتے کی دُم موئے پر بھی ٹیڑھی!

قریش نے دعا کی: الٰہی! قحط سالی کے عذاب سے ہمیں نجات دیں! ہم ایمان لے آئیں گے! جواب میں فرمایا: ﴿أَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى﴾: ان کو کب نصیحت حاصل ہوسکتی ہے! کتے کی دُم مرنے کے بعد بھی ٹیڑھی ہی رہتی ہے، آپ کی دعا سے بارش ہوئی مگر وہ ایمان نہ لائے، اور حدیث ابھی اسی جلد میں سورۃ الروم کی تفسیر میں آچکی ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُوْنَ﴾

[٤٨٢٢-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: إِنَّ مِنَ الْعِلْمِ أَنْ تَقُوْلَ لِمَا لَا تَعْلَمُ: اللّٰهُ أَعْلَمُ، إِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِنَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿قُلْ مَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ﴾ [ص: ٨٦] إِنَّ قُرَيْشًا لَمَّا غَلَبُوْا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَاسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ" فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ، أَكَلُوْا فِيْهَا الْعِظَامَ وَالْمَيْتَةَ مِنَ الْجَهْدِ، حَتّٰى جَعَلَ أَحَدُهُمْ يَرَى مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ مِنَ الْجُوْعِ. قَالُوْا: ﴿رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُوْنَ﴾ فَقِيْلَ لَهُ: إِنْ كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَادُوْا، فَدَعَا رَبَّهُ فَكَشَفَ عَنْهُمْ، فَعَادُوْا، فَانْتَقَمَ اللّٰهُ مِنْهُمْ يَوْمَ بَدْرٍ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿إِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ﴾ [الدخان: ١٠-١٦] [راجع: ١٠٠٧]

جو چیز آفتاب سے زیادہ روشن تھی اس کو بھی انھوں نے نہیں مانا!

آیت ۱۳ ہے: ﴿أَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ﴾: ان کو نصیحت کب حاصل ہوسکتی ہے؟ اور ان کے

پاس کھول کر سنانے والا رسول آچکا ہے، یعنی رسول اللہ ﷺ کھلے نشانات اور واضح ہدایت لے کر آئے ہیں، اسی کو انھوں نے نہیں مانا، پس قحط سالی ختم ہونے کی نعمت سے وہ کیا نصیحت پذیر ہونگے اور حدیث اسی جلد میں آچکی ہے (حدیث ۴۶۹۳)

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَاءَ هُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ﴾

الذِّكْرُ وَالذِّكْرَى وَاحِدٌ.

[٤٨٢٣-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِى الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا دَعَا قُرَيْشًا كَذَّبُوْهُ وَاسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ، فقَالَ: " اللّٰهُمَّ أَعِنِّىْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ" فَأَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ، حَصَّتْ كُلَّ شَيْئٍ حَتّٰى كَانُوْا يَأْكُلُوْنَ الْمَيْتَةَ، فَكَانَ يَقُوْمُ أَحَدُهُمْ فَكَانَ يَرَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ مِثْلَ الدُّخَانِ مِنَ الْجَهْدِ وَالْجُوْعِ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ۝ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾ حَتّٰى بَلَغَ: ﴿ إِنَّا كَاشِفُوْا الْعَذَابِ قَلِيْلاً إِنَّكُمْ عَائِدُوْنَ﴾[الدخان: ١٠-١٥] قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَفَيُكْشَفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: وَالْبَطْشَةُ الْكُبْرٰى يَوْمُ بَدْرٍ. [راجع: ١٠٠٧]

رسول سے روگردانی کی اور کہا: پڑھایا ہوا پاگل ہے!

نبی ﷺ کی دعا سے قحط دور ہوگیا، مگر قریش نے وعدہ وفا نہ کیا، بلکہ کوئی کہنے لگا: فلاں رومی غلام سے یہ مضامین سیکھ لئے ہیں، ان کو اپنی عبارت میں ادا کر دیتے ہیں، اور قرآنِ کریم نام رکھ دیتے ہیں، اور کوئی مجنون بتلانے لگا، ایسے متعصب معاندین سے کیا توقع ہوسکتی ہے؟ اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ﴾

[٤٨٢٤-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، وَمَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِى الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم وَقَالَ: ﴿قُلْ مَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ﴾[ص: ٨٦] فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا رَأَى قُرَيْشًا اسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ، فَقَالَ: " اللّٰهُمَّ أَعِنِّى عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ" فَأَخَذَتْهُمُ السَّنَةُ حَتّٰى حَصَّتْ كُلَّ شَيْئٍ، حَتّٰى أَكَلُوْا الْعِظَامَ وَالْجُلُوْدَ - فَقَالَ أَحَدُهُمْ: حَتّٰى أَكَلُوْا الْجُلُوْدَ وَالْمَيْتَةَ - وَجَعَلَ يَخْرُجُ مِنَ الْأَرْضِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ، فَأَتَاهُ أَبُوْ سُفْيَانَ فَقَالَ: أَىْ مُحَمَّدُ إِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوْا فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَكْشِفَ عَنْهُمْ، فَدَعَا، ثُمَّ قَالَ: " تَعُوْدُوْا بَعْدَ هٰذَا" فِىْ حَدِيْثِ مَنْصُوْرٍ: ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِى

السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ﴾ إِلٰى ﴿عَائِدُوْنَ﴾[الدخان: ١٠–١٥] أَيُكْشَفُ عَذَابُ الآخِرَةِ؟! فَقَدْ مَضَى الدُّخَانُ وَالْبَطْشَةُ وَاللِّزَامُ، وَقَالَ أَحَدُهُمْ: الْقَمَرُ، وَقَالَ الآخَرُ: الرُّوْمُ.[راجع: ١٠٠٧]

لغت:تَعُوْدُوْا: دراصل تَعُوْدُوْن تھا،نون حذف کرکے بھی استعمال کرتے ہیں۔

جنگِ بدر میں مشرکین سے بدلہ لیا گیا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک: بڑی پکڑ سے معرکۂ بدر مراد ہے، بدر میں مشرکین مکہ سے بدلہ لے لیا، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک بڑی پکڑ قیامت میں ہوگی، اور حدیث ابھی اسی سورت میں آئی ہے۔

[٦–] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّا كَاشِفُوْا الْعَذَابِ قَلِيْلاً إِنَّكُمْ عَائِدُوْنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿مُنْتَقِمُوْنَ﴾

[٤٨٢٥–] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ، قَالَ: خَمْسٌ قَدْ مَضَيْنَ: اللِّزَامُ، وَالرُّوْمُ، وَالْبَطْشَةُ، وَالْقَمَرُ، وَالدُّخَانُ.[راجع: ١٠٠٧]

٤٥- الجاثية

[١–] ﴿جَاثِيَةً﴾: مُسْتَوْفِزِيْنَ عَلٰى الرُّكَبِ. [٢–] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿نَسْتَنْسِخُ﴾: نَكْتُبُ.
[٣–]﴿نَنْسَاكُمْ﴾: نَتْرُكُكُمْ

سورۃ الجاثیہ کی تفسیر

۱– آیت ۲۸ میں ہے:﴿وَتَرَى كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً﴾:اور دیکھے گا تو (قیامت کے دن) ہر گروہ کو کہ (خوف ودہشت کے مارے) گھٹنوں کے بل بیٹھا ہوا ہے —— جَثَا (ن) جَثْوًا وَجُثُوًّا: گھٹنوں کے بل بیٹھنا، اسْتَوْفَزَ: اس انداز میں بیٹھنا جیسے اٹھنا چاہتا ہو۔

۲– آیت ۲۹ میں ہے:﴿إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾:بے شک ہم لکھواتے تھے جو کچھ تم کیا کرتے تھے یعنی ہم نے فرشتوں کو لکھنے پر مامور کر رکھا تھا، ان کی لکھی ہوئی مکمل رپورٹ آج تمہارے سامنے ہے —— اسْتَنْسَخَ الشيئَ: کوئی چیز لکھوانا۔

۳– آیت ۳۴ میں ہے:﴿الْيَوْمَ نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا﴾: آج ہم تم کو بھلا دیں گے جس طرح تم اِس دن کی ملاقات کو بھول گئے تھے —— یعنی ہمیشہ کے لئے عذاب میں چھوڑ دیں گے۔

زمانہ کی برائی حقیقت میں اللہ کی جناب میں گستاخی ہے

آیت ۲۴ میں ہے: ﴿وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ﴾: (کفار کہتے ہیں:) نہیں ہلاک کرتا ہمیں مگر زمانہ یعنی زمانہ کا چکر چلتا رہتا ہے، موت وحیات زمانہ کے الٹ پھیر کا نام ہے، قیامت ویامت کچھ نہیں آنی! اور انقلاباتِ زمانہ کے پیچھے کوئی ہاتھ نہیں۔

حدیثِ قدسی: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''انسان مجھے ستاتا ہے، زمانہ کو برا کہتا ہے، حالانکہ میں زمانہ ہوں، میرے ہاتھ میں امور ہیں، شب وروز کو میں الٹتا پلٹتا ہوں!''

تشریح: دہر یعنی زمانہ، زمان ومکان امر واقعی اور مخلوق ہیں، یہ دنیا دار الاسباب ہے، یہاں زمانہ کو بھی سبب بنایا گیا ہے، مسببات پر اس کے اثرات پڑتے ہیں، سورۃ الحدید آیت ۱۶ میں ہے: ﴿فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ﴾: پس ان (اہل کتاب) پر مدت دراز ہوگئی تو ان کے دل سخت ہوگئے —— مدت یعنی زمانہ دراز گذر گیا تو اس کے اثرات مرتب ہوئے۔ مگر اسباب کے پیچھے مسبب الاسباب ہیں، انہی کے ہاتھ میں امور ہیں، جو کچھ ہوتا ہے ان کے اشاروں پر ہوتا ہے، کوئی مسبب ان کی مشیت کے بغیر وجود میں نہیں آسکتا، پس جو لوگ زمانہ کی برائی کرتے ہیں، وہ حقیقت میں مسبب الاسباب کی برائی کرتے ہیں۔ اور جن اسباب کی تاثیر خفی ہے، ان میں مسبب کی سبب کی طرف نسبت جائز نہیں، فلاں نچھتر لگا تو بارش ہوئی کہنا کفریہ کلمہ ہے، حالانکہ نچھتروں کی فی نفسہ تاثیر ہے، مگر خفی ہے اس لئے نسبت جائز نہیں، اسی طرح زمانہ بھی اثر انداز ہوتا ہے، مگر اس کی تاثیر خفی ہے، اس لئے زمانہ کو اچھا تو کہہ سکتے ہیں کہ یہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ کی تعریف ہے، مگر برا کہنا جائز نہیں کہ یہ برائی اللہ تعالیٰ تک مفضی ہے۔

[۱-] بَابُ ﴿وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ﴾

[٤٨٢٦-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" قَالَ اللهُ: يُؤْذِيْنِي ابْنُ آدَمَ، يَسُبُّ الدَّهْرَ وَأَنَا الدَّهْرُ، بِيَدِيْ الْأَمْرُ، أُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ"[طرفاه: ٦١٨١، ٧٤٩١]

٤٦- الأحقاف

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿تُفِيْضُوْنَ﴾: تَقُوْلُوْنَ. [٢-] وَقَالَ بَعْضُهُمْ: أَثَرَةٌ وَأُثْرَةٌ و﴿أَثَارَةٍ﴾: بَقِيَّةُ عِلْمٍ. [٣-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ﴾: لَسْتُ بِأَوَّلِ الرُّسُلِ. [٤-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿أَرَءَ يْتُمْ﴾ هٰذِهِ الْأَلِفُ إِنَّمَا هِيَ تُوَعُّدٌ، إِنَّ مَا تَدَّعُوْنَ لَايَسْتَحِقُّ أَنْ يُعْبَدَ، وَلَيْسَ قَوْلُهُ: ﴿أَرَءَ يْتُمْ﴾ بِرُؤْيَةِ الْعَيْنِ، إِنَّمَا هُوَ: أَتَعْلَمُوْنَ أَبَلَغَكُمْ أَنَّ مَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللهِ خَلَقُوْا شَيْئًا؟

سورۃ الاحقاف کی تفسیر

۱- آیت ۸ میں ہے: ﴿هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ﴾: اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں ان باتوں کو جن میں تم گھس رہے ہو۔

إِفَاضَة: کا استعمال جب باتوں کے لئے ہوتا ہے تو اس میں خوض کرنے اور مشغول ہونے کے معنی ہوتے ہیں۔

۲- آیت ۴ میں ہے: ﴿إِيْتُوْنِيْ بِكِتَابٍ مِنْ قَبْلِ هٰذَا أَوْ أَثَارَةٍ مِنْ عِلْمٍ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ﴾: لاؤ تم میرے پاس کوئی کتاب اس (قرآن) سے پہلے کی یا کوئی منقول علم اگر تم سچے ہو (دعوائے شرک میں) یعنی جواز شرک کی کوئی دلیل نقلی یا عقلی پیش کرو —— تین لفظ ہم معنی ہیں: أَثرة (بفتحتین) أُثْرة (بضم فسکون) أثارة بروزن فَعالة (بفتح) تینوں کے معنی ہیں: بقية علم: باقی ماندہ علم جو عقلاء کے نزدیک مسلّم ہو۔

۳- آیت ۹ میں ہے: ﴿قُلْ: مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ﴾: آپ کہیں: میں کوئی انوکھا رسول نہیں ہوں، پہلا رسول نہیں ہوں، مجھ سے پہلے بھی رسول آتے رہے ہیں، پھر تمہیں اچنبھا کیوں ہے؟

۴- آیت ۴ میں ہے: ﴿قُلْ أَرَءَ يْتُمْ مَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ: أَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ؟﴾: پوچھو: بتلاؤ، جن (معبودوں) کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو: مجھے دکھلاؤ، انھوں نے زمین کا کونسا حصہ بنایا ہے یا ان کا آسمانوں (کے بنانے) میں ساجھا ہے؟ —— یعنی اللہ نے تو آسمان وزمین اور کل کائنات بنائی، تمہارے خداؤں نے زمین کا کونسا حصہ بنایا ہے یا آسمانوں کے بنانے میں ان کی شرکت رہی ہے؟ نہیں! ہرگز نہیں! پھر تم ان کو کیوں پوجتے ہو؟ —— أَرَءَ يْتُمْ میں ہمزہ استفہام انکاری کا ہے، مکہ والوں کو دھمکایا ہے کہ تم جن کو پکارتے ہو وہ ہرگز پوجا کے لائق نہیں —— اور رَأَيتم میں آنکھ سے دیکھنا مراد نہیں، رویت علمی مراد ہے پس معنی ہیں: کیا تم جانتے ہو، کیا تم کو یہ بات پہنچی ہے کہ اللہ کے سوا جن کو تم پکارتے ہو: انھوں نے کچھ پیدا کیا ہے؟

قوله: إِنَّ مَاتَدَّعُوْنَ: ہمارے نسخہ میں إن صَحَّ ما تَدَّعون ہے اور صَحَّ پر نسخہ کا نون بنا رکھا ہے، یعنی یہ لفظ کسی نسخہ میں ہے، مگر یہ لفظ بے جوڑ ہے، اس کے ساتھ معنی نہیں بنتے، اس لئے میں نے اس کو حذف کیا ہے۔

بے ادب، نافرمان اور نالائق اولاد کا حال

آیت ۱۷ ہے: ''اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا: تُف ہے تم پر! کیا تم دونوں مجھے وعدہ دیتے ہو کہ میں (قبر سے) نکالا جاؤں گا، حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سی امتیں گذر چکی ہیں؟'' —— مگر ان میں سے آج تک کوئی زندہ نہیں ہوا —— ''اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کر رہے ہیں'' (اور بیٹے سے کہہ رہے ہیں:) ''تیرا برا ہو! ایمان لا'' یعنی بعث بعد الموت کو مان لے —— بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے، پس وہ کہتا ہے: نہیں ہے یہ بات (مرنے کے بعد زندہ ہونے کی بات) مگر اگلے لوگوں سے منقول مذہبی جھوٹی داستانیں! —— غور کرو، کیسا بدبخت ہے؟ اول کافر ہے، پھر والدین کا نافرمان ہے، اور انداز

کلام بدتمیزی کا اور گستاخانہ ہے!

روایت: یوسف بن ماہک کہتے ہیں: مروان حجاز کا والی تھا، معاویہؓ نے اس کو گورنر بنایا تھا، پس اس نے تقریر کی اور یزید کا تذکرہ کرنے لگا، تاکہ اس کے ہاتھ پر بیعت کی جائے اس کے باپ کے بعد، پس عبدالرحمٰن بن ابی بکر نے کچھ کہا یعنی اعتراض کیا، مروان نے کہا: اس کو پکڑو، وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں گھس گئے اور پولیس والے ان کو پکڑ نہ سکے، پس مروان نے کہا: یہ وہ ہے جس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ہے: ﴿وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ﴾ الآیة، پس حضرت عائشہؓ نے پردے کے پیچھے سے کہا: اللہ تعالیٰ نے ہمارے (خاندان ابی بکر) کے حق میں قرآن کا کوئی حصہ نازل نہیں کیا، ہاں اللہ نے میرا عذر (بے گناہی) نازل فرمایا ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ أُفٍّ لَّكُمَا أَتَعِدَانِنِیْ أَنْ أُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِیْ وَهُمَا یَسْتَغِیْثَانِ اللّٰهَ وَیْلَكَ آمِنْ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَیَقُوْلُ مَاهٰذَا إِلَّآ أَسَاطِیْرُ الْأَوَّلِیْنَ﴾

[٤٨٢٧-] حدثنا مُوْسٰی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ یُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ قَالَ: كَانَ مَرْوَانُ عَلَی الْحِجَازِ، اسْتَعْمَلَهُ مُعَاوِیَةُ، فَخَطَبَ فَجَعَلَ یَذْكُرُ یَزِیْدَ بْنَ مُعَاوِیَةَ، لِكَیْ یُبَایَعَ لَهُ بَعْدَ أَبِیْهِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِیْ بَكْرٍ شَیْئًا، فَقَالَ: خُذُوْهُ! فَدَخَلَ بَیْتَ عَائِشَةَ فَلَمْ یَقْدِرُوْا، فَقَالَ مَرْوَانُ: إِنَّ هٰذَا الَّذِیْ أَنْزَلَ اللّٰهُ فِیْهِ: ﴿وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ أُفٍّ لَّكُمَا أَتَعِدَانِنِیْ﴾ فَقَالَتْ عَائِشَةُ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ: مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فِیْنَا شَیْئًا مِنَ الْقُرْآنِ إِلَّا أَنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ عُذْرِیْ.

ہوا کبھی غضب ڈھاتی ہے!

سورۃ الاحقاف کی آیت ۲۴ ہے: ''پس جب دیکھا ان لوگوں نے (قوم عاد نے) عذاب کو بادل کی شکل میں اپنی وادیوں (میدانوں) کی طرف آتا ہوا تو کہا انھوں نے: یہ ایک بادل ہے جو ہم پر برسنے والا ہے، نہیں بلکہ وہ وہ عذاب ہے جس کو تم جلدی مانگتے تھے: ایک آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے —— عَارِض: افق میں پھیلا ہوا بادل۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کو اتنا ہنستا ہوا نہیں دیکھا کہ میں آپؐ کے حلق کا کوّا دیکھ لوں، آپؐ بس مسکراتے تھے —— صدیقہؓ کہتی ہیں: جب نبی ﷺ بادل دیکھتے یا ہوا چلتی تو آپؐ کے چہرے میں پریشانی پہچانی جاتی۔ میں نے کہا: یارسول اللہ! لوگ جب بادل دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں، اس امید سے کہ اس میں بارش ہوگی، اور میں آپ کو دیکھتی ہوں: جب آپؐ بادل دیکھتے ہیں تو آپ کے چہرے سے پریشانی پہچانی جاتی ہے، پس آپؐ نے فرمایا: عائشہ! نہیں بے خوف کرتی مجھ کو یہ بات کہ اس میں عذاب ہو، ایک قوم ہوا کے ذریعہ سزا دی گئی، اس قوم نے (عاد

نے) عذاب کو دیکھا تو کہا: یہ ایک بادل ہے جو ہم پر برسنے والا ہے! یعنی وہ بادل دیکھ کر خوش ہوئے، مگر بادل میں سے آندھی چلی اور اس نے غضب ڈھایا۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهِ، رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿عَارِضٌ﴾: السَّحَابُ.

[۴۸۲۸-] حدثنا أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَمْرٌو، أَنَّ أَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَاحِكًا حَتّٰى أَرَى مِنْهُ لَهَوَاتِهِ، إِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ. [طرفه: ۶۰۹۲]

[۴۸۲۹-] قَالَتْ: وَكَانَ إِذَا رَأَى غَيْمًا أَوْ رِيْحًا عُرِفَ فِيْ وَجْهِهِ، قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! النَّاسُ إِذَا رَأَوُا الْغَيْمَ فَرِحُوْا، رَجَاءَ أَنْ يَكُوْنَ فِيْهِ الْمَطَرُ، وَأَرَاكَ إِذَا رَأَيْتَهُ عُرِفَ فِيْ وَجْهِكَ الْكَرَاهِيَةُ؟ فَقَالَ: "يَا عَائِشَةُ! مَا يُؤْمِنِّيْ أَنْ يَكُوْنَ فِيْهِ عَذَابٌ، عُذِّبَ قَوْمٌ بِالرِّيْحِ، وَقَدْ رَأَى قَوْمٌ الْعَذَابَ فَقَالُوْا: ﴿هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا﴾ [راجع: ۳۲۰۶]

لغت: اللَّهَاة: حلق کا کوّا، حلق کے اندر ابھرا ہوا گوشت، جمع لَهَوَات ــــ أَمَّنَ فلانا: بے خوف کرنا، اطمینان دلانا ــــ دونوں حدیثیں ایک ہیں، حوالہ دینے کے لئے نمبر بدلا ہے۔

۴۷- ﴿الذين كفروا﴾

[۱-] ﴿أَوْزَارَهَا﴾: آثَامَهَا حَتّٰى لَا يَبْقَى إِلَّا مُسْلِمٌ. [۲-] ﴿عَرَّفَهَا﴾: بَيَّنَهَا. [۳-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَوْلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾: وَلِيُّهُمْ. [۴-] ﴿عَزَمَ الْأَمْرُ﴾: جَدَّ الْأَمْرُ. [۵-] ﴿لَاتَهِنُوْا﴾: لَاتَضْعُفُوْا. [۶-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿أَضْغَانَهُمْ﴾: حَسَدَهُمْ. [۷-] ﴿آسِنٍ﴾: مُتَغَيِّرٍ.

سورۃ محمد (ﷺ) کی تفسیر

اس سورت کے نام: (۱) سورۃ محمد (ﷺ) (۲) سورۃ القتال (۳) سورۃ ﴿الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾۔

۱- آیت چار میں ہے: ﴿حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا﴾: یہاں تک کہ جنگ اپنے ہتھیار رکھ دے ــــ یعنی حرب وضرب اور قید وبند کا سلسلہ جاری رہے یہاں تک کہ اسلام یا استسلام (تابعداری) پائی جائے ــــ وِزْر کے اصل

معنی ہیں: بھاری بوجھ، پھر گناہوں کو بھی وزر کہنے لگے ہیں اور ہتھیاروں کو بھی ـــــ یہاں تک کہ نہ باقی رہیں مگر مسلمان (مگر حاشیہ میں استسلام کا بھی اضافہ ہے یعنی کفار ذمی ہونا قبول کرلیں تو اب نہ قتل جائز ہے اور نہ قید جائز ہے)

۲- آیت ۶ میں ہے: ﴿وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ﴾: اور داخل کریں گے اللہ تعالیٰ ان (شہداء) کو جنت میں، جس کی ان کو پہچان کرادی ہے (انبیاء کی زبان سے اور وجدان سے چنانچہ ہر جنتی اپنے ٹھکانے کو خود بہ خود پہچان لے گا) بَيَّنَهَا: واضح کردیا ہے اس (جنت) کو۔

۳- آیت ۱۱ میں ہے: ﴿ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَأَنَّ الْكَافِرِيْنَ لاَ مَوْلٰى لَهُمْ﴾: یہ بات اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کا کارساز ہے، اور کافروں کا کوئی کارساز نہیں! ـــــ مَوْلٰی: کارساز، کام بنانے والا۔

۴- آیت ۲۱ ہے: ﴿طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَعْرُوْفٌ، فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوْا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ﴾: (منافقین سے کہا گیا:) فرماں برداری اور معقول بات چاہئے، پھر جب جنگ سر پے آجائے تو اگر وہ اللہ کے سامنے سچے رہیں تو ان کا بھلا ہوگا ـــــ عَزَمَ الأمر: معاملہ پختہ ہوجائے، جَدَّ الشيئُ (ض) جِدَّةً: چیز وجود میں آجائے۔

۵- آیت ۳۵ میں ہے: ﴿فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْا إِلَى السَّلْمِ﴾: پس تم کمزور نہ پڑجاؤ، اور بلاؤ تم صلح کی طرف (اس صورت میں دشمن شیر ہوجائے گا، ہاں دشمن صلح کی طرف مائل ہو تو صلح کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں)

۶- آیت ۲۹ ہے: ﴿أَمْ حَسَبِ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَرَضٌ أَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ أَضْغَانَهُمْ﴾: کیا وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کا) روگ ہے خیال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے دلوں کے کینے ظاہر نہیں کریں گے؟ ـــــ الضَّغْن: سخت چھپا ہوا کینہ۔

۷- آیت ۱۵ میں ہے: ﴿فِيْهَا أَنْهَارٌ مِّنْ مَاءٍ غَيْرِ آسِنٍ﴾: جنت میں ایسے پانی کی نہریں ہیں جو بدبودار نہیں ہوا ـــــ یعنی لمبی مدت گذرنے سے یا کسی چیز کے ملنے سے پانی بدبودار نہیں ہوا ـــــ آسِن: اسم فاعل، أَسْنٌ مصدر: سخت بدبودار۔

جو ناتے کو کاٹے گا: اللہ تعالیٰ اس کو خود سے کاٹیں گے

آیت ۲۲ ہے: ﴿فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْأَرْضِ، وَتُقَطِّعُوْا أَرْحَامَكُمْ؟﴾: پس کیا تمہیں امید ہے کہ اگر تم کو حکومت ملے گی تو تم زمین میں فساد مچاؤ گے اور ناتوں کو توڑو گے؟

تفسیر: یہ بات منافقین سے کہی گئی ہے، جو جہاد سے جی چراتے تھے کہ تم جہاد سے پہلو تہی کیوں کرتے ہو، کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اگر جہاد کے ذریعہ تمہاری حکومت قائم ہوگئی تو تم زمین میں فساد پھیلاؤ گے اور ناتوں کو کاٹو گے؟ اس لئے تم جہاد سے جان چراتے ہو کہ ہماری حکومت قائم نہ ہو یہی بہتر ہے ـــــ حالانکہ تمہارا یہ خیال نہیں ہے، تم امید باندھتے ہو کہ اگر ہماری حکومت قائم ہوگئی تو ہم زمین میں امن وامان قائم کریں گے اور ناتوں کو جوڑیں گے، پس اٹھو، اور جہاد کرو، تاکہ تمہاری

حکومت قائم ہو اور دنیا کا بھلا ہو۔

حدیث: اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا، پس جب تخلیق سے فارغ ہوئے تو ناتا کھڑا ہوا، اور اس نے مہربان اللہ کی کمر میں کولی بھر لی، اللہ تعالیٰ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ اس نے کہا: یہ آپ کی پناہ چاہنے والے کی جگہ ہے قطع رحمی سے، اللہ نے فرمایا: کیا تو اس پر راضی نہیں کہ میں اس کو اپنے سے جوڑوں جو تجھے جوڑے، اور میں اپنے سے اس کو کاٹوں جو تجھے کاٹے؟ ناتے نے کہا: کیوں نہیں! اے میرے رب! پس اللہ نے فرمایا: یہ بات تیرے لئے ہے —— پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر تم چاہو تو سورۃ محمد کی آیت ۲۲ پڑھو (اس میں قطع رحمی کی ممانعت ہے) —— یہ سلیمان بن بلال کی معاویہ سے روایت ہے، اس میں آیت پڑھنے کی بات ابو ہریرہؓ نے کہی ہے، پھر حاتم بن عبداللہ کوفی کی اور عبداللہ بن المبارک کی سندیں لائے ہیں، یہ دونوں بھی معاویہ سے روایت کرتے ہیں، مگر ان کی روایتوں میں یہ ہے کہ آیت پڑھنے کی بات نبی ﷺ نے فرمائی ہے۔

تشریح: رَحِم: بچہ دانی یعنی ددھیالی اور ننھیالی رشتہ داری —— رحم نے کھڑے ہو کر رحمان کی کمر میں کولی بھری، رحمان نے پوچھا: کیا بات ہے؟ اس نے مذکورہ جواب دیا، اس کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح بچہ پناہ لینے کے لئے ماں کی کمر میں کولی بھرتا ہے رحم (ناتے) نے بھی کولی بھری اور قطع رحمی سے پناہ چاہی، جس پر اس سے مذکورہ وعدہ کیا گیا۔

[١-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَتُقَطِّعُوْا أَرْحَامَكُمْ﴾

[٤٨٣٠-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِيْ مُزَرِّدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهُ قَامَتِ الرَّحِمُ، فَأَخَذَتْ بِحَقْوِ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ لَهُ: مَهْ؟ قَالَتْ: هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ الْقَطِيْعَةِ، قَالَ: أَلَا تَرْضَيْنَ أَنْ أَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ، وَأَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ؟ قَالَتْ: بَلٰى يَا رَبِّ! قَالَ: فَذَاكِ" قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ: اقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوْا أَرْحَامَكُمْ﴾

[أطرافه: ٤٨٣١، ٤٨٣٢، ٥٩٨٧، ٥٧٠٢]

[٤٨٣١-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمِّيْ أَبُوْ الْحُبَابِ سَعِيْدُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ بِهٰذَا، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَهَلْ عَسَيْتُمْ﴾" [راجع: ٤٨٣٠]

[٤٨٣٢-] حَدَّثَنِيْ بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي الْمُزَرِّدِ بِهٰذَا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَاقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَهَلْ عَسَيْتُمْ﴾" [راجع: ٤٨٣٠]

لغت: الحَقْو: کمر، کوکھ، أَخذ بحقوہ: پناہ چاہی۔ مَهْ: ما حرف استفہام اور ہاء سکتہ کی اور الف حذف کیا ہے۔

٤٨- سورة الفتح

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿سِيمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ﴾: السَّحْنَةُ، وَقَالَ مَنْصُوْرٌ عَنْ مُجَاهِدٍ: التَّوَاضُعُ. [٢-] ﴿شَطْئَهُ﴾: فِرَاخُهُ. ﴿فَاسْتَغْلَظَ﴾: غَلُظَ. ﴿سُوْقِهِ﴾: السَّاقُ حَامِلَةُ الشَّجَرَةِ. [٣-] وَيُقَالُ: ﴿دَآئِرَةُ السَّوْءِ﴾ كَقَوْلِكَ: رَجُلُ السَّوْءِ. وَدَائِرَةُ السَّوْءِ: الْعَذَابُ. [٤-] ﴿وَتُعَزِّرُوْهُ﴾: تَنْصُرُوْهُ. [٥-] ﴿شَطْئَهُ﴾: شَطْؤُ السُّنْبُلِ، تُنْبِتُ الْحَبَّةُ عَشْرًا وَثَمَانِيًا وَسَبْعًا، فَيَقْوَى بَعْضُهُ بِبَعْضٍ، فَذَاكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿فَآزَرَهُ﴾: قَوَّاهُ، وَلَوْ كَانَتْ وَاحِدَةً لَمْ تَقُمْ عَلٰى سَاقٍ، وَهُوَ مَثَلٌ ضَرَبَهُ اللّٰهُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ خَرَجَ وَحْدَهُ، ثُمَّ قَوَّاهُ بِأَصْحَابِهِ، كَمَا قَوَّى الْحَبَّةَ بِمَا يُنْبِتُ مِنْهَا.

سورة الفتح کی تفسیر

۱- آیت ۲۹ میں ہے: ﴿سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُوْدِ﴾: ان کی نشانی ان کے چہروں میں ہے سجدوں کے اثر سے ــــ نشانی سے کیا مراد ہے؟ مجاہدؒ سے دو قول مروی ہیں: (۱) وہ نشان جو سجدہ کرنے سے ماتھے (پیشانی) پر پڑ جاتا ہے ــــ سَحْنة (بفتح فسکون): علامت نشانی ــــ (۲) تواضع اور خاکساری جو صحابہ کے چہروں سے ہویدا تھی۔ درمنثور (۶:۸۲) میں اس اثر کے الفاظ یہ ہیں: عن مجاهد: سيماهم في وجوههم: قال: ليس الأثر في الوجه ولكن الخشوع: ماتھے پر جو نشان پڑ جاتا ہے وہ مراد نہیں، بلکہ خشوع وخضوع کے انوار مراد ہیں۔

۲- انجیل میں امت محمدیہ کی تمثیل ہے: ﴿كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْئَهُ، فَآزَرَهُ، فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَى عَلٰى سُوْقِهِ﴾: جیسے کھیتی، نکالی اس نے اپنی کونپل، پس اس کی کمر مضبوط کی، پھر وہ موٹی ہوئی، پھر وہ اپنی نال پر کھڑی ہوئی ــــ الشَّطْءُ: ابتداءً نمودار ہونے والا پتہ، کونپل ــــ آزَرَ مُؤَازَرَةً: کمر مضبوط کرنا ــــ اسْتَغْلَظَ النباتُ: موٹا ہونا ــــ السَّاق: نالی، درخت وغیرہ کا تنہ جس پر شاخیں نکلتی ہیں، جمع السُّوْق ــــ فِرَاخُ الشجرة: درخت کی شاخیں کاٹنے کے بعد نکلنے والی کونپلیں ــــ الفَرْخ: پرندہ کا بچہ، چوزہ، جمع فِرَاخ (اس کی تفصیل ابھی نمبر ۵ پر آرہی ہے)

۳- آیت ۶ میں ہے: ﴿عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ﴾: انہی (منافقین وکفار) پر زمانے کی بری گردش پڑنے والی ہے! ــــ الدَّائِرة: گول چکر ــــ دائرةُ السَّوء: برا چکّر، جیسے رجلُ السَّوْء: برا آدمی ــــ اور بری گردش سے مراد عذاب ہے چنانچہ مشرکین ہجرت کے چند ہی روز بعد مقتول وماخوذ ہوئے، اور منافقین کی تمام عمر حسرت میں کٹی، کیونکہ اسلام بڑھتا گیا اور وہ گھٹتے گئے!

۴- آیت ۹ میں ہے: ﴿وَتُعَزِّرُوْهُ﴾: اور تم اس کی مدد کرو ــــ عَزَرَ (ض) فلانا: مدد کرنا ــــ اس کی یعنی اللہ کی یا اللہ کے رسول کی۔

۵- نمبر ۲ میں جو آیت آئی ہے اس کی تفصیل: شَطْؤُ السُّنْبُلِ کے معنی ہیں: ایک دانہ دس آٹھ یا سات پودے اگائے، پس بعض بعض کے ذریعہ قوی ہوں، یہی ﴿فَآزَرَهُ﴾ ہے: پھر اس کی کمر مضبوط کی یعنی اس کو قوی کیا، کیونکہ اگر ایک پودا نکلتا تو نال پر کھڑا نہ ہوتا ــــ اور یہ ایک تمثیل ہے جو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کے لئے بیان کی، کیونکہ اللہ نے آپؐ کو تنہا کھڑا کیا، پھر آپؐ کو اپنے رفقاء کے ذریعہ قوی کیا، جیسے دانے کو قوی کرتی ہیں وہ کونپلیں جو اس دانے میں سے اُگتی ہیں۔

سورۃ الفتح نبی ﷺ کو دنیا کی تمام چیزوں سے زیادہ محبوب تھی

صلح حدیبیہ کی دفعات کچھ ایسی تھیں کہ مسلمانوں کو سخت غم وغصہ لاحق تھا، کیونکہ آپ نے صحابہ کو بتایا تھا کہ آپؐ بیت اللہ تشریف لے جائیں گے، اور اس کا طواف کریں گے، لیکن آپ طواف کئے بغیر واپس ہو رہے تھے، پھر آپؐ اللہ کے رسول تھے، حق پر تھے، اور اللہ نے اپنے دین کو غالب کرنے کا وعدہ کیا تھا، پھر آپؐ نے صلح میں قریش کا دباؤ کیوں قبول کیا؟ اور دب کر صلح کیوں کی؟ صحابہ کو اس قسم کے وسوسے آرہے تھے، اور سب سے زیادہ غم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تھا، انھوں نے نبی ﷺ سے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اس معاملہ میں گفتگو بھی کی تھی۔ واپسی میں سورۃ الفتح نازل ہوئی، اور صلح حدیبیہ کو فتح مبین قرار دیا تو نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلا کر فرمایا: ''آج رات مجھ پر ایک سورت نازل کی گئی ہے جو مجھے زیادہ محبوب ہے ان تمام چیزوں سے جن پر سورج طلوع کرتا ہے'' یعنی پوری دنیا سے وہ سورت مجھے زیادہ محبوب ہے، پھر آپؐ نے ان کو سورۃ الفتح پڑھ کر سنائی ــــ اور پہلی حدیث (تحفۃ القاری ۸: ۲۸۲) میں اور دوسری حدیث (تحفۃ القاری ۸: ۲۷۸) میں اور تیسری حدیث (تحفۃ القاری ۸: ۳۷۷) میں آچکی ہیں۔

[۱-] بَابٌ: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا﴾

[۴۸۳۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَسِيْرُ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ، وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَسِيْرُ مَعَهُ لَيْلًا، فَسَأَلَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَنْ شَيْئٍ، فَلَمْ يُجِبْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: ثَكِلَتْ أُمُّ عُمَرَ، نَزَرْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلُّ ذٰلِكَ لَا يُجِيْبُكَ. قَالَ عُمَرُ: فَحَرَّكْتُ بَعِيْرِي، ثُمَّ تَقَدَّمْتُ أَمَامَ النَّاسِ، وَخَشِيْتُ أَنْ يُنْزَلَ فِيَّ الْقُرْآنُ، فَمَا نَشِبْتُ أَنْ سَمِعْتُ صَارِخًا يَصْرُخُ بِيْ، فَقُلْتُ: لَقَدْ خَشِيْتُ أَنْ يَكُوْنَ نَزَلَ فِيَّ قُرْآنٌ. فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: " لَقَدْ أُنْزِلَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ سُوْرَةٌ لَهِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ

الشَّمْسُ"، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا﴾[راجع: ٤١٧٧]

[٤٨٣٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا﴾ قَالَ: الْحُدَيْبِيَةُ.[راجع: ٤١٧٢]

[٤٨٣٥-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ: قَرَأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ سُوْرَةَ الْفَتْحِ فَرَجَّعَ فِيْهَا. قَالَ مُعَاوِيَةُ: لَوْ شِئْتُ أَنْ أَحْكِيَ لَكُمْ قِرَاءَةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لَفَعَلْتُ.[راجع: ٤٢٨١]

قوله: نَزَرْتَ: الْحَحتَ وبالغتَ فی السؤال (عمدۃ) —— قوله: فما نَشِبْتُ: فما لبثتُ ولا تعلقتُ بشیئ غیر ما ذکرتُ (عمدۃ) —— قوله: فرجَّع: من الترجیع: وھو تردید الصوت فی الحلق، کقراءۃ أصحاب الألحان (عمدۃ): حلق میں آواز گھمانا۔

نبی ﷺ اللہ تعالیٰ کا شکر گذار بندہ بننے کے لئے طویل تہجد پڑھتے تھے

سورۃ الفتح کی ابتدائی آیات ہیں: "بے شک ہم نے آپؐ کو کھلی فتح دی، تاکہ اللہ تعالیٰ آپؐ کی اگلی پچھلی سب کوتاہیاں معاف کردیں، اور آپؐ پر اپنی نعمت پوری کریں، اور آپؐ کو سیدھی راہ چلائیں، اور اللہ آپؐ کی بھرپور مدد کریں" —— ان آیات کے نزول کے بعد نبی ﷺ اس قدر عبادت میں محنت کرتے تھے کہ لوگوں کو ترس آتا تھا، تہجد میں کھڑے کھڑے پاؤں سوج جاتے تھے، لوگ عرض کرتے: یارسول اللہ! آپ اس قدر محنت کیوں کرتے ہیں؟ آپ کی تو سب اگلی پچھلی کوتاہیاں اللہ نے معاف کردی ہیں، آپؐ جواب دیتے: "تو کیا میں اس کا شکر گذار بندہ نہ بنوں!" —— یعنی ایک ایسی بشارت جو اللہ تعالیٰ نے میرے سوا کسی نبی کو نہیں سنائی: اس کا تقاضا یہ ہے کہ میں اور زیادہ بندگی میں محنت کروں —— اور پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۴۵۴) اور دوسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۴۴۲) آچکی ہیں۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا﴾

[٤٨٣٦-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادٌ، أَنَّهُ سَمِعَ الْمُغِيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ، فَقِيْلَ لَهُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، قَالَ: "أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا"[راجع: ١١٣٠]

[٤٨٣٧-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَيْوَةُ، عَنْ

أَبِی الْأَسْوَدِ، سَمِعَ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ حَتَّى تَتَفَطَّرَ قَدَمَاهُ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: لِمَ تَصْنَعُ هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ: ''أَفَلَا أُحِبُّ أَنْ أَكُوْنَ عَبْدًا شَكُوْرًا'' فَلَمَّا كَثُرَ لَحْمُهُ صَلَّى جَالِسًا، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ قَامَ، فَقَرَأَ ثُمَّ رَكَعَ.[راجع: ۱۱۱۸]

نبی ﷺ شاہد اور بشیر ونذیر ہیں

شاہد کے معنی ہیں: دیکھنے والا، گواہ، گواہی دیکھ کر دی جاتی ہے، نبی ﷺ نے لوگوں کو دین کی دعوت دی، اور کس نے مانا اور کس نے نہیں مانا اس کو بہ چشم خود دیکھا، قیامت کے دن آپؐ اس کی گواہی دیں گے ـــــ اور گواہی دینے کا شرف ان لوگوں کو بھی حاصل ہوگا جو دعوت وتبلیغ کا کام کریں گے، وہ بھی گواہی دیں گے کہ کس نے مانا اور کس نے نہیں مانا ـــــ اور خوش خبری سنانا اور ڈرانا دعوت وتبلیغ کے دو بازو ہیں، جو دعوت قبول کریں گے ان کو خوش خبری سنائیں گے، اور جو انکار کریں گے ان کو جہنم کے عذاب سے ڈرائیں گے ـــــ اور نبی ﷺ کی یہ صفات سورۃ الفتح آیت ۸ میں بھی آئی ہیں، اور سورۃ الاحزاب آیت ۴۵ میں بھی ـــــ اور حدیث میں اور بھی صفات آئی ہیں، جو اہل کتاب کی کتابوں میں مذکور ہیں، اور حدیث اس کی شرح کے ساتھ پہلے (تحفۃ القاری ۵:۱۹۱) میں آچکی ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيْرًا﴾

[۴۸۳۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ أَبِیْ هِلَالٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: أَنَّ هٰذِهِ الْآيَةَ الَّتِیْ فِی الْقُرْآنِ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِیُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيْرًا﴾ قَالَ فِی التَّوْرَاةِ: يٰأَيُّهَا النَّبِیُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَحِرْزًا لِلْأُمِّيِّيْنَ، أَنْتَ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ سَمَّيْتُكَ الْمُتَوَكِّلَ، لَيْسَ بِفَظٍّ وَلَا غَلِيْظٍ، وَلَا سَخَّابٍ بِالْأَسْوَاقِ، وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَةَ بِالسَّيِّئَةِ، وَلٰكِنْ يَعْفُوْ وَيَصْفَحُ، وَلَنْ يَقْبِضَهُ حَتّٰى يُقِيْمَ بِهِ الْمِلَّةَ الْعَوْجَاءَ، بِأَنْ يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَيَفْتَحَ بِهَا أَعْيُنًا عُمْيًا، وَآذَانًا صُمًّا، وَقُلُوْبًا غُلْفًا.[راجع: ۲۱۲۵]

سکینت کبھی پیکرِ محسوس اختیار کرتی ہے

سورۃ الفتح آیت ۴ میں ہے: ﴿هُوَ الَّذِیْ أَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْا إِيْمَانًا مَعَ إِيْمَانِهِمْ﴾: اللہ تعالیٰ نے مؤمنین کے دلوں میں سکون اتارا تاکہ بڑھ جائیں وہ ایمان میں بالائے ایمان! ـــــ صحابہ نے جب حدیبیہ میں درخت کے نیچے بیعتِ رضوان کی، پھر صلح ہوئی جو صحابہ کے خیال میں دب کر کی گئی تھی تو دلوں میں جو رنج وغم تھا اس کو اللہ تعالیٰ نے سکون سے بدل دیا ـــــ سکینۃ کا لفظ قرآن میں چھ جگہ آیا ہے، اور سب جگہ اس کے معنی اطمینان کے ہیں جو اللہ

تعالیٰ مؤمن بندوں کے قلوب پراس وقت نازل فرماتے ہیں جب وہ کٹھنائیوں (سختیوں) میں گھر جاتے ہیں، پس وہ ایمان میں زیادتی اور یقین میں قوت کا سبب بنتی ہے، اور وہ کوئی محسوس چیز نہیں ہوتی ـــــ مگر کبھی وہ پیکر محسوس اختیار کرتی ہے، باب کی حدیث میں حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کا جو واقعہ ہے اس میں سکنیت بادل کی شکل میں اتری تھی، یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۵۹) آئی ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿هُوَ الَّذِىْ أَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ﴾

[٤٨٣٩-] حدثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ، وَفَرَسٌ لَهُ مَرْبُوْطٌ فِي الدَّارِ، فَجَعَلَ يَنْفِرُ، فَخَرَجَ الرَّجُلُ فَنَظَرَ فَلَمْ يَرَ شَيْئًا، وَجَعَلَ يَنْفِرُ، فَلَمَّا أَصْبَحَ ذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "تِلْكَ السَّكِيْنَةُ تَنَزَّلَتْ بِالْقُرْآنِ"[راجع: ٣٦١٤]

نوٹ: پہلے جہاں یہ حدیث آئی ہے، وہاں بادل کی صورت میں نازل ہونے کا ذکر ہے۔

بیعتِ رضوان کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ خوش ہوئے

آیت ۱۸ میں ہے: "بالتحقیق اللہ تعالیٰ مؤمنین سے خوش ہوئے جب وہ کیکر کے درخت کے نیچے آپؐ سے بیعت کر رہے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے جانا جو (رنج وغم) ان کے دلوں میں تھا، سو ان پر سکون اتارا، اور قریبی فتح (خیبر کی فتح) ان کو بدلے میں دی!

حدیبیہ کا واقعہ اور بیعتِ رضوان کا قصہ کتاب المغازی میں آ گیا ہے ـــــ یہاں تو پہلی حدیث میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم حدیبیہ میں چودہ سو تھے، دوسری حدیث میں حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے کہ وہ اصحابِ حدیبیہ میں سے تھے، اور وہ یہ روایت بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے کنکری یا گٹھلی کو بیچ کی دو انگلیوں میں رکھ کر پھینکنے سے منع کیا ـــــ اور تیسری روایت بھی انہی کی ہے کہ نبی ﷺ نے غسل خانہ میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا ـــــ اور چوتھی روایت میں حضرت ثابت بن ضحاک اشہلی کے بارے میں ہے کہ وہ اصحابِ حدیبیہ میں سے تھے ـــــ اور آخری روایت میں ہے کہ حضرت سہل بن حُنیفؓ بھی اصحابِ حدیبیہ میں تھے، اور حدیث میں باقی جو مضمون ہے، وہ پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۵۸) آچکا ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ﴾ الآيَةَ

[٤٨٤٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ

أَلْفٌ وَأَرْبَعُ مِائَةٍ. [راجع: ۳۵۷۶]

[۴۸۴۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ صُهْبَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ الْمُزَنِيِّ، قَالَ: إِنِّيْ مِمَّنْ شَهِدَ الشَّجَرَةَ، نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْخَذْفِ. [طرفاه: ۵۴۷۹، ۶۲۲۰]

[۴۸۴۲-] وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُغَفَّلٍ الْمُزَنِيَّ فِي الْبَوْلِ فِي الْمُغْتَسَلِ.

[۴۸۴۳-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ. [راجع: ۱۳۶۳]

آئندہ روایت: کا ابتدائی حصہ: حبیب بن ابی ثابت کہتے ہیں: ہم ابو وائل شقیق بن سلمہ کے پاس جنگ صفین کے حالات معلوم کرنے کے لئے گئے، پس انھوں نے کہا: ہم صفین میں تھے (صفین: دریائے فرات کے قریب ایک جگہ ہے جہاں حضرات علی ومعاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان جنگ ہوئی ہے) پس ایک آدمی (عبداللہ بن کوّا) نے کہا: کیا نہیں دیکھتے تم ان لوگوں کی طرف جو بلاتے ہیں اللہ کی کتاب کی طرف؟ یعنی معاویہؓ کا لشکر دعوت دیتا ہے کہ جنگ بند کرو اور قرآن سے فیصلہ کرو؟ پس حضرت علیؓ نے کہا: ہاں! یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بھی اپنے لشکر کے اصرار پر ان کا مطالبہ مان لیا، پھر حکم مقرر کئے گئے، اس میں ہیرا پھیری ہوئی، اور معاملہ بے نتیجہ رہا، عراق میں حضرت علیؓ اور شام میں حضرت معاویہؓ خلیفہ بن گئے، اور خلافتِ اسلامیہ تقسیم ہوگئی، پس دونوں لشکروں میں سے کچھ لوگ علاحدہ ہوگئے، جو خوارج کہلائے، ان سے حضرت علیؓ نے جنگ کی، اس میں حضرت سہل بن حُنیفؓ جو اصحابِ شجرہ میں سے تھے (یہاں باب ہے) شریک ہوئے، مگر پر جوش نہیں تھے، پس ان سے سوال ہوا تو فرمایا: اس کے بعد روایت (تحفۃ القاری ۶: ۴۶۸ و ۸: ۲۹۰) میں آچکی ہے۔

[۴۸۴۴-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ السُّلَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ سِيَاهٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، قَالَ: أَتَيْتُ أَبَا وَائِلٍ أَسْأَلُهُ، فَقَالَ: كُنَّا بِصِفِّيْنَ، فَقَالَ رَجُلٌ: أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ إِلٰى كِتَابِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ عَلِيٌّ: نَعَمْ، فَقَالَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ: اتَّهِمُوْا أَنْفُسَكُمْ فَلَقَدْ رَأَيْتُنَا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ - يَعْنِي الصُّلْحَ الَّذِيْ بَيْنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْمُشْرِكِيْنَ - وَلَوْ نَرَى قِتَالاً لَقَاتَلْنَا، فَجَاءَ عُمَرُ فَقَالَ: أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَهُمْ عَلَى الْبَاطِلِ؟ أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ؟ قَالَ: "بَلٰى" قَالَ: فَفِيْمَ أُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا، وَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمِ اللّٰهُ بَيْنَنَا؟ فَقَالَ: "يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! إِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَلَنْ يُضَيِّعَنِي اللّٰهُ أَبَدًا" فَرَجَعَ مُتَغَيِّظًا، فَلَمْ يَصْبِرْ حَتّٰى جَاءَ أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَهُمْ عَلَى الْبَاطِلِ؟ قَالَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! إِنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَلَنْ يُضَيِّعَهُ اللّٰهُ أَبَدًا، فَنَزَلَتْ سُوْرَةُ الْفَتْحِ. [راجع: ۳۱۸۱]

۴۹- الحجرات

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿لَاتُقَدِّمُوْا﴾: لَاتَفْتَاتُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِهِ. [۲-] ﴿امْتَحَنَ﴾: أَخْلَصَ.

بَابٌ

[۳-] ﴿تَنَابَزُوْا:﴾ بِدُعَاءٍ بِالْكُفْرِ بَعْدَ الإِسْلَامِ. [٤-] ﴿يَلِتْكُمْ﴾: يَنْقُصْكُمْ، أَلَتْنَا نَقَصْنَا.

سورة الْحُجُرَات کی تفسیر

۱-سورت اس آیت سے شروع ہوئی ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ﴾: اے ایمان والو! اللہ اور رسول سے سبقت نہ کیا کرو یعنی جس معاملہ میں اللہ ورسول کی طرف سے حکم ملنے کی توقع ہو اس کا فیصلہ پہلے ہی مت کرلیا کرو، بلکہ حکم الٰہی کا انتظار کرو —— لَاتُقَدِّمُوْا: تَقْدِيْم سے ہے، جس کے معنی ہیں: آگے بڑھنا، دراصل لَاتُقَدِّمُوْن تھا، نون اعرابی عامل لا کی وجہ سے گر گیا، پھر واو جمع کے واو کے مشابہ ہو گیا تو اس کے بعد الف لکھ دیا —— اِفْتَاتَ عليه: کسی پر اپنی رائے تھوپنا، کہا جاتا ہے: فلانٌ لَايُفْتَاتُ: فلاں ایسا ہے کہ اس کے مشورہ کے بغیر کام نہیں کیا جاتا۔

۲-آیت ۳ میں ہے: ﴿أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى﴾: وہی ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے ادب کے لئے جانچ لیا ہے —— امْتَحَنَ الذهبَ: سونا آگ میں تپانا تاکہ خالص سونا رہ جائے اور میل جل جائے۔

۳-آیت ۱۱ میں ہے: ﴿وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْأَلْقَابِ﴾: اور ایک دوسرے کو برے لقب سے مت پکارو، مثلاً یہودی مسلمان ہو گیا پھر اس کو یہودی کہنا برے نام سے پکارنا ہے —— تَنَابَزَ تَنَابُزًا: ایک دوسرے کو چڑانا، برے نام سے پکارنا، جیسے لنگڑا، لولا، اندھا، کانا کہہ کر چڑانا۔

۴-آیت ۱۴ میں ہے: ﴿وَإِنْ تُطِيْعُوْا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ لَا يَلِتْكُمْ مِنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئًا﴾: اور اگر تم اللہ ورسول کی اطاعت کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال میں سے ذرا بھی کتر نہ لیں گے یعنی کم نہ کریں گے —— أَلَتَ الشيئَ (ض) أَلْتًا: کم کرنا۔

سورۃ الحجرات کی دوسری آیت کا شانِ نزول

دوسری آیت یہ ہے: ”اے ایمان والو! اپنی آواز کو نبی کی آواز سے بلند مت کرو، اور جس طرح تم ایک دوسرے کو زور سے پکارتے ہو نبی ﷺ کو اس طرح مت پکارو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال برباد ہو جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو! —— شَعَرَ (ن) به شُعُوْرًا: جاننا، محسوس کرنا، سمجھنا —— اسی سے لفظ شاعر ہے یعنی محسوس کرنے والا، جس کے ذہن میں نئے نئے مضامین آتے ہیں۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۴۶۰) آئی ہے، یہ آیت کا پہلا شانِ نزول ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لاتَرْفَعُوْا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ﴾ الآيَة

﴿تَشْعُرُوْنَ﴾: تَعْلَمُوْنَ، وَمِنْهُ الشَّاعِرُ.

[۴۸۴۵-] حدثنا يَسَرَةُ بْنُ صَفْوَانَ بْنِ جَمِيْلٍ اللَّخْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: كَادَ الْخَيِّرَانِ يَهْلِكَا - أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ - رَفَعَا أَصْوَاتَهُمَا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَدِمَ عَلَيْهِ رَكْبُ بَنِيْ تَمِيْمٍ، فَأَشَارَ أَحَدُهُمَا بِالأَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ أَخِيْ بَنِيْ مُجَاشِعٍ، وَأَشَارَ الآخَرُ بِرَجُلٍ آخَرَ - قَالَ نَافِعٌ: لاَ أَحْفَظُ اسْمَهُ - فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ لِعُمَرَ: مَا أَرَدْتَ إِلَّا خِلاَفِيْ. قَالَ: مَا أَرَدْتُ. فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا فِيْ ذٰلِكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاتَرْفَعُوْا أَصْوَاتَكُمْ﴾ الآيَةَ. قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ: فَمَا كَانَ عُمَرُ يُسْمِعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى يَسْتَفْهِمَهُ. وَلَمْ يَذْكُرْ ذٰلِكَ عَنْ أَبِيْهِ، يَعْنِيْ أَبَا بَكْرٍ. [راجع: ۴۳۶۷]

قوله: كَادَ الْخَيِّرَان: قریب تھے دو بہترین (نیک) آدمی، اَلْخَيِّرْ کا تثنیہ ہے: نیک کام کرنے والا ــــ **يَهْلِكَا** سے پہلے أَنْ مقدر ہے اس کی وجہ سے تثنیہ کا نون گرا ہے ــــ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جس آدمی کو امیر مقرر کرنے کا مشورہ دیا تھا اس کا نام اگلے باب کی روایت میں آرہا ہے ــــ **قوله: ولم يذكر:** یعنی عمر رضی اللہ عنہ کی طرح حضرت ابوبکرؓ بھی آہستہ بولنے لگے تھے، اس کا تذکرہ حضرت عبداللہ نے نہیں کیا (حضرت ابوبکرؓ پہلے ہی سے آہستہ بولتے تھے، بلند آواز حضرت عمرؓ تھے) اور آئندہ روایت بھی پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۵۹) آچکی ہے، یہ آیت کے نزول کے بعد کا واقعہ ہے۔

[۴۸۴۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ، قَالَ: أَنْبَأَنِيْ مُوْسٰى بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم افْتَقَدَ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنَا أَعْلَمُ لَكَ عِلْمَهُ، فَأَتَاهُ فَوَجَدَهُ جَالِسًا فِيْ بَيْتِهِ مُنَكِّسًا رَأْسَهُ، فَقَالَ لَهُ: مَا شَأْنُكَ؟ فَقَالَ: شَرٌّ! كَانَ يَرْفَعُ صَوْتَهُ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ، وَهُوَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَأَتَى الرَّجُلُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ أَنَّـهُ قَالَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ مُوْسٰى: فَرَجَعَ إِلَيْهِ الْمَرَّةَ الآخِرَةَ بِبِشَارَةٍ عَظِيْمَةٍ فَقَالَ: "اذْهَبْ إِلَيْهِ فَقُلْ لَهُ: إِنَّكَ لَسْتَ مِنَ أَهْلِ النَّارِ وَلٰكِنَّكَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ" [راجع: ۳۶۱۳]

ناوقت دروازہ کھٹکھٹا کر کسی کو پریشان نہیں کرنا چاہئے

آیت ۴ ہے: "جو لوگ آپؐ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں، یقیناً ان کے اکثر ناسمجھ ہیں!" ــــ بنو تمیم کا وفد آیا،

دوپہر کا وقت تھا، آپ ﷺ گھر میں آرام فرما رہے تھے، وفد کے بعض لوگوں نے آواز دینی شروع کی: محمد: باہر آیئے! یہ بے عقلی اور بے تہذیبی کی بات تھی، ان کو ناوقت نہیں پکارنا چاہئے تھا، تھوڑا انتظار کرنا چاہئے تھا، چنانچہ ان کو اس آیت کے ذریعہ تنبیہ کی گئی —— اور چونکہ الفاظ عام ہیں اس لئے حکم پوری امت کے لئے ہے، کسی کو ناوقت دروازہ کھٹکھٹا کر پریشانی میں نہیں ڈالنا چاہئے —— اور حدیث وہی ہے جو ابھی آئی ہے، بنوتمیم کے وفد نے درخواست کی تھی ہمارا امیر مقرر فرمائیں، شیخین میں اس معاملہ میں اختلاف ہوا تو مذکورہ آیات نازل ہوئیں۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَرَآءِ الْحُجُرَاتِ أَكْثَرُهُمْ لاَيَعْقِلُوْنَ﴾

[٤٨٤٧-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِى ابْنُ أَبِى مُلَيْكَةَ: أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُمْ: أَنَّهُ قَدِمَ رَكْبٌ مِنْ بَنِى تَمِيْمٍ عَلَى النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَمِّرِ الْقَعْقَاعَ بْنَ مَعْبَدٍ، وَقَالَ عُمَرُ: بَلْ أَمِّرِ الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ، فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: مَا أَرَدْتَ إِلَى — أَوْ: إِلَّا — خِلَافِى، فَقَالَ عُمَرُ: مَا أَرَدْتُ خِلَافَكَ، فَتَمَارَيَا حَتَّى ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا، فَنَزَلَ فِى ذٰلِكَ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىِ اللهِ وَرَسُوْلِهِ﴾ حَتَّى انْقَضَتِ الآيَةُ. [راجع: ٤٣٦٧]

جو ناوقت ملاقات کے لئے آئے وہ انتظار کرے

پھر آیت ۵ ہے: ''اور اگر وہ انتظار کرتے یہاں تک کہ آپؐ نکلتے تو ان کے لئے بہتر ہوتا، اور اللہ بڑے بخشنے والے، بڑے مہربان ہیں'' —— حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب کے تحت کوئی حدیث نہیں لکھی، گذشتہ حدیث ہی یہاں لکھی جاسکتی ہے، مگر اس کی نئی سند نہیں ہوگی اس لئے نہیں لکھی۔

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتَّى تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ﴾

٥٠- سورة ق

[١-] ﴿رَجْعٌ بَعِيْدٌ﴾: رَدٌّ. [٢-] ﴿فُرُوْجٍ﴾: فُتُوْقٍ، وَاحِدُهَا فَرْجٌ. [٣-] وَرِيْدٌ فِى حَلْقِهِ، وَالْحَبْلُ: حَبْلُ الْعَاتِقِ. [٤-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ﴾ مِنْ عِظَامِهِمْ. [٥-] ﴿تَبْصِرَةً﴾: بَصِيْرَةً. [٦-] ﴿حَبَّ الْحَصِيْدِ﴾: الْحِنْطَةُ. [٧-] ﴿بَاسِقَاتٍ﴾: الطُّوَالُ. [٨-] ﴿أَفَعَيِيْنَا﴾: أَفَأَعْيَا عَلَيْنَا. [٩-] ﴿قَالَ قَرِيْنُهُ﴾: الشَّيْطَانُ الَّذِى قُيِّضَ لَهُ. [١٠-] ﴿فَنَقَّبُوْا﴾: ضَرَبُوْا. [١١-] ﴿أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ﴾: لاَيُحَدِّثُ نَفْسَهُ بِغَيْرِهِ. [١٢-] حِيْنَ أَنْشَأَكُمْ، وَأَنْشَأَ: خَلَقَكُمْ.

سورۃ قٓ کی تفسیر

۱-آیت۳ ہے:﴿ءَ إِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا؟ ذٰلِكَ رَجْعٌ بَعِيْدٌ؟﴾:(کفار نے کہا:) کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی ہوجائیں گے (تو دوبارہ زندہ کئے جائیں گے؟) یہ لوٹنا (امکان سے) بہت بعید ہے! —— رَدٌّ: لوٹنا۔

۲-آیت۶ میں ہے:﴿وَمَالَهَا مِنْ فُرُوْجٍ﴾: نہیں ہے آسمانوں میں کوئی سوراخ! —— الفَرْج: پھٹن، درز، سوراخ —— الْفَتْقُ: پھٹن، دراڑ، شگاف فَتَقَ الشيئَ (ن): چیرنا، پھاڑنا۔

۳-آیت۱۶میں ہے:﴿وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ﴾: ہم اس (انسان) سے رگِ جاں (شہ رگ) سے بھی زیادہ نزدیک ہیں —— وَرِيْد: گردن کی رگ، گردن کی دائیں بائیں جانب دو رگیں ہوتی ہیں جن میں خون چلتا ہے، جانور کو جب ذبح کرتے ہیں تو ان سے خون نکلتا ہے، ان دونوں رگوں کو وَدَجَان کہتے ہیں، اور ایک کو وَرِيْد —— اور حَبْل کے اصل معنی رسّی کے ہیں، شہ رگ کو بھی حبل الورید کہتے ہیں، کیونکہ رگ ہیئت میں رسّی سے ملتی جلتی ہے —— حَبْل العاتق: شانے کی رگ یعنی شہ رگ۔

۴-آیت۴ میں ہے:﴿قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ﴾: ہمیں بالیقین معلوم ہے جو زمین ان میں سے گھٹاتی ہے یعنی جو ہڈیاں مٹی ہوجاتی ہیں۔

۵-آیت۸ ہے:﴿تَبْصِرَةً وَذِكْرىٰ لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ﴾: ہر اس بندہ کو سمجھانے اور یاددلانے کے لئے جو اللہ کی طرف رجوع کرے —— تَبْصِرَة: باب تفعیل کا مصدر ہے بَصِيْرَة: سمجھانا اس کا استعمال صرف دل کی بینائی کے لئے ہوتا ہے۔

۶-آیت۹ میں ہے:﴿فَأَنْبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ﴾: پس اگائے ہم نے اس (پانی) سے باغات اور کھیتی کا غلہ حَصِيْد: فعیل بمعنی مفعول: کھیتی کٹی ہوئی —— یعنی اناج جس کا کھیت کٹ جاتا ہے جیسے گیہوں کا کھیت، اور باغ پھل توڑ کر قائم رہتا ہے۔

۷-آیت۱۰ ہے:﴿وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ﴾: اور کھجور کے لمبے لمبے درخت جن کے خوشے گوندھے ہوئے (تہ بہ تہ) ہیں —— بَاسِقَات: بَاسِقَة کی جمع: بلند، لمبا، بَسَقَ (ن) بُسُوْقًا: لمبا اور دراز ہونا —— الطُّوال: لمبا۔

۸-آیت۱۵ میں ہے:﴿أَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ؟﴾: پس کیا ہم پہلی بار بنا کر تھک گئے؟ —— عَيِيَ (س) عِيًّا: تھکنا عاجز ہونا، عَيِيْنَا: ماضی جمع متکلم —— أَعْيَا عليه الأمرُ (باب افعال): کسی کے لئے کوئی معاملہ انتہائی دشوار ہونا —— مجرد کا مزید کے ذریعہ ترجمہ کیا ہے —— مگر امام راغبؒ کہتے ہیں: إِعْيَاء: اس عاجزی کو کہتے ہیں جو چلنے سے بدن کو لاحق ہوتی ہے، اور عِيٌّ اس درماندگی کو کہتے ہیں جو کسی کام کو انجام دینے سے یا بولنے سے پیش آتی ہے۔

۹- آیت ۲۷ میں قَرِیْن سے وہ شیطان مراد ہے جو انسان پر مسلط کیا جاتا ہے، اس کو ہم زاد بھی کہتے ہیں —— اور آیت ۲۳ میں فرشتہ مراد ہے۔

۱۰- آیت ۳۶ میں ہے: ﴿فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ﴾: پس وہ شہروں کو چھانتے پھرتے تھے، نَقَّبَ: بہت کھود کرید کرنا، تلاش وجستجو کرنا —— یعنی اسباب معیشت میں وہ ترقی یافتہ تھے ضَرَبَ فی الأرض: سفر کرنا۔

۱۱- آیت ۳۷ میں ہے: ﴿أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ﴾: یا کان لگا کر سنے درانحالیکہ دماغ حاضر ہو —— نہ باتیں کرے مسموع کے علاوہ اپنے دل سے یعنی خیالات میں کھویا ہوا نہ ہو۔

۱۲- یہ نمبر ۸ کا حصہ ہے یعنی جب ہم نے تم کو پیدا کیا اور تمہاری بناوٹ کا آغاز کیا تو کیا ہم تھک گئے؟ اب دوبارہ تمہیں نہیں بنا سکتے؟

[۱۳-] ﴿رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ﴾: رَصَدٌ. [۱۴-] ﴿سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ﴾: الْمَلَكَيْنِ: كَاتِبٌ وَشَهِيْدٌ. [۱۵-] ﴿شَهِيْدٌ﴾: شَاهِدٌ بِالْقَلْبِ. [۱۶-] ﴿لُغُوْبٌ﴾: النَّصَبُ. [۱۷-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿نَضِيْدٌ﴾: الْكُفُرَّى مَا دَامَ فِي أَكْمَامِهِ، وَمَعْنَاهُ: مَنْضُوْدٌ بَعْضُهُ عَلَى بَعْضٍ، فَإِذَا خَرَجَ مِنْ أَكْمَامِهِ فَلَيْسَ بِنَضِيْدٍ. [۱۸-] ﴿فِي إِدْبَارِ النُّجُوْمِ﴾ ﴿وَأَدْبَارَ السُّجُوْدِ﴾ كَانَ عَاصِمٌ يَفْتَحُ الَّتِي فِي قٓ وَيَكْسِرُ الَّتِي فِي الطُّوْرِ، وَتُكْسَرَانِ جَمِيْعًا وَتُنْصَبَانِ. [۱۹-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿يَوْمُ الْخُرُوْجِ﴾: يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْقُبُوْرِ.

۱۳- آیت ۱۸ میں ہے: ﴿رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ﴾: تاک لگانے والا تیار —— الرَّصَدُ: نگاہ رکھنے والا، گھات لگانے والا۔

۱۴- آیت ۲۱ میں ہے: ﴿مَعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ﴾: اس کے ساتھ ایک ہانکنے والا اور ایک گواہ ہے یعنی جب میدان محشر میں آئے گا تو ایک فرشتہ پیشی کے میدان کی طرف دھکیلتا ہوگا، اور دوسرا نامہ اعمال لئے ہوئے ہوگا —— دو فرشتے مراد ہیں: ایک نامۂ اعمال لکھنے والا اور دوسرا گواہ مگر اس تفسیر پر سَائِق (ہانکنے والا) کے معنی نہیں بنتے۔

۱۵- آیت ۳۷ میں شہید کے معنی ہیں: حاضر دماغ، دل سے حاضر جیسا کہ نمبر ۱۱ میں گذرا۔

۱۶- آیت ۳۸ میں ہے: ﴿وَمَا مَسَّنَا مِنْ لُغُوْبٍ﴾: اور ہم کو تکان نے چھویا تک نہیں۔ النَّصَب: تکان، دکھ، درد۔

۱۷- نَضِيْد کے معنی ابھی نمبر ۷ پر گذرے: گوندھے ہوئے خوشے —— الكُفُرّٰى: کھجور کے شگوفے کا غلاف —— الْكُمّ: کھجوروں کو ڈھانکنے والا چھلکا —— کھجوریں جب غلاف سے نکل آتی ہیں تو ان کو شگوفہ کہتے ہیں، اور منضود کے معنی ہیں: بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا، یعنی خوشے میں کھجوریں ایسی ملی ہوئی ہوں کہ انگلی اس میں نہ گھس سکے، پھر جب کھجوریں غلاف سے نکل آئیں تو ان کو نضید نہیں کہتے۔

۱۸- سورۃ الطّور آیت ۴۹ میں ہے: ﴿إِدْبَارَ النُّجُوْمِ﴾: ستاروں کے پیچھے یعنی رات کے آخر میں نوافل پڑھنے

چاہئیں، إِدْبار: باب افعال کا مصدر ہے، معنی ہیں: پیٹھ پھیرنا —— اور سورۃ قٓ آیت ۴۲ میں ہے: ﴿وَأَدْبَارَ السُّجُوْدِ﴾: سجدوں کے پیچھے یعنی نمازوں کے بعد تسبیح وتہلیل کرنا چاہئے، یہ دُبُر کی جمع ہے، جو 'پیچھے' کے معنی میں بھی مستعمل ہے —— حضرت فرماتے ہیں: عاصم قاری سورۃ ق میں أدبار (بالفتح) اور سورۃ الطّور میں إدبار (بالکسر) پڑھتے ہیں (یہی ہماری قراءت ہے) اور دونوں جگہ کسرہ بھی پڑھا گیا ہے اور فتح بھی۔

۱۹- آیت ۴۲ میں ہے: ﴿ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ﴾: یہ نکل پڑنے کا دن ہے یعنی لوگ قبروں سے نکلیں گے۔

اللہ تعالیٰ جہنم پر قدم رکھیں گے جس سے وہ سکڑ جائے گی اور بھر جائے گی

آیت ۳۰ میں ہے: ﴿يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ: هَلِ امْتَلَأْتِ؟ وَتَقُوْلُ: هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ؟﴾: جس دن ہم جہنم سے پوچھیں گے: کیا تو بھر گئی؟ اور وہ کہے گی: کیا کچھ اور بھی ہے؟ یعنی میں ابھی نہیں بھری، ابھی گنجائش ہے —— دوزخ میں اتنی گنجائش ہے کہ وہ بھرنے کا نام ہی نہیں لے گی، جبکہ اللہ کا وعدہ ہے کہ وہ جہنم کو ضرور بھریں گے (ہود آیت ۱۱۹) چنانچہ اللہ تعالیٰ جہنم پر قدم رکھیں گے، جس سے وہ سکڑ جائے گی، اور کہے گی: بس! بس! یہ بات باب کی حدیثوں میں ہے:

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ﴾

[٤٨٤٨-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " يُلْقَى فِي النَّارِ ﴿وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ؟﴾ حَتّٰى يَضَعَ قَدَمَهُ، فَتَقُوْلُ: قَطْ قَطْ" [طرفاه: ٦٦٦١، ٧٣٨٤]

ترجمہ: دوزخ میں ڈالا جائے گا، اور وہ کہے گی: کیا کچھ اور بھی ہے؟ یعنی بھرے گی ہی نہیں، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا پیر رکھیں گے، پس کہے گی: فقط! فقط!! یعنی بس! بس! بھر گئی، بھر گئی!! (تفصیل آگے آرہی ہے)

[٤٨٤٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ سُفْيَانَ الْحِمْيَرِيُّ سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ، وَأَكْثَرُ مَا كَانَ يُوْقِفُهُ أَبُوْ سُفْيَانَ: "يُقَالُ لِجَهَنَّمَ: هَلِ امْتَلَأْتِ؟ فَتَقُوْلُ: هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ؟ فَيَضَعُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قَدَمَهُ عَلَيْهَا، فَتَقُوْلُ: قَطْ قَطْ"

[طرفاه: ٤٨٥٠، ٧٤٤٩]

وضاحت: یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، پہلی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی تھی، ابوسفیان (راوی) اکثر اس حدیث کو ابو ہریرہؓ پر موقوف کرتے تھے یعنی یہ حضرت ابو ہریرہؓ کا قول ہے (مگر صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے جیسا کہ اگلی روایت میں آرہا ہے) باقی مضمون حدیثِ اول کا ہے۔

[٤٨٥٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "تَحَاجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَقَالَتِ النَّارُ: أُوْثِرْتُ بِالْمُتَكَبِّرِیْنَ وَالْمُتَجَبِّرِیْنَ، وَقَالَتِ الْجَنَّةُ: مَا لِی لَا یَدْخُلُنِیْ إِلَّا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسَقَطُهُمْ. قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی لِلْجَنَّةِ: أَنْتِ رَحْمَتِیْ أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِیْ، وَقَالَ لِلنَّارِ: إِنَّمَا أَنْتِ عَذَابٌ أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِیْ، وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا مِلْؤُهَا، فَأَمَّا النَّارُ فَلَا تَمْتَلِئُ حَتّٰی یَضَعَ رِجْلَهُ، فَتَقُوْلُ: قَطٍ قَطٍ قَطٍ. فَهُنَالِكَ تَمْتَلِئُ وَیُزْوٰی بَعْضُهَا إِلٰی بَعْضٍ، وَلَا یَظْلِمُ اللّٰهُ مِنْ خَلْقِهِ أَحَدًا، وَأَمَّا الْجَنَّةُ فَإِنَّ اللّٰهَ یُنْشِئُ لَهَا خَلْقًا" [راجع: ٤٨٤٩]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: جنت اور جہنم نے باہم جھگڑا کیا یعنی دونوں نے اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنا رونا رویا۔ جہنم نے کہا: میں متکبروں اور سرکشوں کے ساتھ کیوں ترجیح دی گئی؟ یعنی ایسے نکمے لوگ میرے اندر کیوں آتے ہیں؟ اور جنت نے کہا: کیا بات ہے کہ میرے اندر کمزور اور گرے پڑے لوگ ہی داخل ہوتے ہیں؟ (اس میں متکبروں کے لئے عبرت اور کمزور مسلمانوں کے لئے بشارت ہے) پس اللہ تعالیٰ نے جنت سے فرمایا: "تو میری مہربانی ہے، تیرے ذریعہ میں جس پر چاہتا ہوں اپنے بندوں میں سے مہربانی کرتا ہوں" اور دوزخ سے کہا: "تو میرا عذاب ہے، تیرے ذریعہ میں جس کو چاہتا ہوں اپنے بندوں میں سے سزا دیتا ہوں، اور ان دونوں میں سے ہر ایک کے لئے اس کا بھرنا ہے" یعنی دونوں سے اللہ کا وعدہ ہے کہ ان کو بھریں گے —— پس رہی دوزخ تو وہ بھرے گی ہی نہیں، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا پیر رکھیں گے، پس وہ کہے گی: بس بس بس! پس اس وقت وہ بھر جائے گی، اور اس کا بعض بعض کی طرف سکڑ جائے گا، اور اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے کسی پر ظلم نہیں کریں گے، یعنی بلا وجہ کسی کو جہنم میں ٹھونس کر اس کو نہیں بھریں گے، بلکہ قدم رکھ کر سکیڑ دیں گے اور بھرنے کا وعدہ پورا کریں گے —— اور رہی جنت تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک مخلوق پیدا کریں گے (اور اس سے جنت کو بھریں گے)

صفاتِ متشابہات کی بحث

جاننا چاہئے کہ مذکورہ حدیث میں جو اللہ تعالیٰ کے 'قدم' کا ذکر ہے وہ صفاتِ متشابہات میں سے ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی تمام صفات متشابہات ہیں سات یا آٹھ جو صفاتِ حقیقیہ ذاتیہ ہیں وہ بھی متشابہات ہیں یعنی مخلوق کی صفات سے ملتی جلتی ہیں، کیونکہ بیانِ صفات کے لئے جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں وہ مخلوق کی صفات کے لئے وضع کئے ہوئے ہیں، سمع وبصر، حیات ومشیت، قدرت وقدامت وغیرہ الفاظ مخلوقات کے لئے موضوع ہیں، ان کے ذریعہ اللہ کی صفات بیان کی گئی ہیں، آسمان سے نئے الفاظ نازل نہیں کئے گئے، ان کو کون سمجھتا؟ اس نزاکت کی وجہ سے جو الفاظ بندوں کی صفات کے لئے تھے، انہی سے اللہ کی صفات بیان کی گئی ہیں، اور ساتھ ہی یہ قاعدہ بیان کر دیا ہے کہ اللہ کے مثل کوئی چیز نہیں، پس تم اللہ کی صفات کو

اپنی صفات جیسا نہ سمجھ لینا، ان کی صفات ان کی شایانِ شان ہیں، فرمایا: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ﴾: (سورۃ الشوری آیت ۱۱) یعنی کوئی چیز ان کے مثل (مانند) نہیں، اور وہ ہر بات سننے والے اور ہر چیز دیکھنے والے ہیں، سمیع وبصیر صفات حقیقیہ ذاتیہ ہیں، ان کے ساتھ یہ قاعدہ بیان کیا ہے، پس معلوم ہوا کہ صفاتِ حقیقیہ بھی صفاتِ متشابہات ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ نصوص دوطرح کی ہیں:

ایک: وہ نصوص ہیں جو بیانِ صفات کے لئے مسوق ہیں یعنی ان سے صفات کا اثبات ہی مقصود ہے، کوئی دوسری بات سمجھانا مقصود نہیں، جیسی مذکورہ آیت میں اللہ تعالیٰ کے لئے سمع وبصر ثابت کئے گئے ہیں، یا جیسے كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا وغیرہ، یہ صفات اللہ تعالیٰ کے لئے بلاتاویل ثابت کی جائیں گے، البتہ ان کی کیفیت کے ادراک سے عاجزی ظاہر کی جائے گی، اس کا علم اللہ کے سپرد کر دیا جائے گا، البتہ یہ اعتقاد رکھنا ضروری ہے کہ اللہ کی یہ صفات مخلوقات کی صفات کی طرح نہیں، یہی تنزیہ مع التفویض ہے، اور یہی سلف کا مذہب ہے۔

دوسری: وہ صفات ہیں جو کسی مضمون کے بیان کے ضمن میں آئی ہیں، جیسے ﴿كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ، وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ﴾ یعنی جب پہلی مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو تمام زمینی مخلوقات ختم ہو جائیں گی، صرف عظمت واحسان والے پروردگار کا چہرہ باقی رہ جائے گا یعنی رہے نام اللہ کا! —— یا جیسے فرمایا: ﴿يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ أَيْدِيْهِمْ﴾ (سورۃ الفتح آیت ۱۰) یعنی جو لوگ نبی ﷺ سے بیعت (سودا) کر رہے ہیں وہ درحقیقت اللہ تعالیٰ سے عہد وپیمان کر رہے ہیں، کیونکہ اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے —— یا جیسے جہنم کو بھرنے کے لئے اس پر اللہ تعالیٰ کا قدم رکھنا، یہاں یہ سمجھانا مقصود ہے کہ اللہ نے جہنم کو بھرنے کا جو وعدہ کیا ہے وہ ضرور پورا ہوگا، مگر اس کے لئے بے گناہ مخلوقات کو جہنم میں نہیں ڈالا جائے گا، بلکہ جہنم کو سکیڑ دیا جائے گا، چھوٹا کر دیا جائے گا —— یا جیسے قرآنِ کریم میں سات جگہ یہ مضمون آیا ہے کہ کائنات کو پیدا کر کے اس کا نظام اللہ تعالیٰ نے خود سنبھالا ہے، کسی کو سپرد نہیں کیا جیسا کہ مشرکین کا خیال ہے، تختِ شاہی پر قائم ہونا استیلاء (قبضہ) سے تعبیر ہے۔

اس دوسری قسم کی صفات میں وہ خاص مضمون جو بیان کرنا مقصود ہے اس کو پیش نظر رکھنا چاہئے، مگر مبدأ (اصل) کا ثبوت ماننا ضروری ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے لئے چہرہ، ہاتھ، پیر اور تختِ شاہی پر قائم ہونا: ماننا ضروری ہے، پھر اس کی کیفیت کو اللہ کے حوالے کر دیا جائے گا، ان نصوص سے صفات کا اثبات صحیح نہیں، جیسے کچھ لوگ استوی علی العرش سے اللہ تعالیٰ کے لئے 'مکانیت' ثابت کرتے ہیں: یہ صحیح نہیں، یہ تو ایک تعبیر ہے، جیسے کہتے ہیں کہ فلاں ملک کا بادشاہ مر گیا، اب اس کا لڑکا تخت نشیں ہوا یعنی اس نے ملک کا کنٹرول سنبھالا، یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ ہر وقت تختِ شاہی پر براجمان رہتا ہے، اسی طرح اللہ کا عرش ہے، اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا استوی کا تعلق بھی ہے، مگر وہ اللہ کا 'مکان' نہیں، عرش مخلوق ہے، اور خالق مخلوق کا محتاج نہیں ہوتا، جبکہ مکین مکان کا محتاج ہوتا ہے۔

فجر اور عصر کی نمازوں کا دیدار خداوندی کی صلاحیت پیدا کرنے میں خاص دخل ہے

آیت ۳۹ میں ہے: ﴿وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ﴾: اور پاکی بیان کر اپنے رب کی خوبیوں کے ساتھ ملا کر آفتاب نکلنے سے پہلے اور چھپنے سے پہلے یعنی فجر اور عصر کی نمازوں کا خصوصی اہتمام کر، ان دونوں نمازوں کا دیدار خداوندی کی صلاحیت پیدا کرنے میں خاص دخل ہے، جیسا کہ باب کی حدیث میں ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۴۱۴) آچکی ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ﴾

[۴۸۵۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ جَرِيْرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا لَيْلَةً مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَنَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ، فَقَالَ: " إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا، لَاتُضَامُّوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَاتُغْلَبُوْا عَلٰى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلَا قَبْلَ غُرُوْبِهَا فَافْعَلُوْا" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ﴾ [راجع: ۵۵۴]

سبھی نمازوں کے بعد تسبیح و تحمید مامور بہ ہے

باب کی اوپر کی حدیث سے کوئی غلط فہمی نہ ہو، اس لئے کہ آگے آیت ۴۰ ہے: ﴿وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُوْدِ﴾: اور کچھ رات میں اللہ کی پاکی بیان کر اور نمازوں کے بعد ـــــ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ سبھی نمازوں کے بعد اللہ کی پاکی بیان کریں، ﴿أَدْبَارَ السُّجُوْد﴾ کا یہی مطلب ہے۔

[۴۸۵۲-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَمَرَهُ أَنْ يُسَبِّحَ فِيْ أَدْبَارِ الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا، يَعْنِيْ قَوْلَهُ: ﴿وَأَدْبَارَ السُّجُوْدِ﴾

۵۱- والذاريات

[۱-] وَقَالَ عَلِيٌّ: ﴿الذَّارِيَاتُ﴾: الرِّيَاحُ، وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿تَذْرُوْهُ﴾: تُفَرِّقُهُ. [۲-] ﴿وَفِيْ أَنْفُسِكُمْ﴾: تَأْكُلُ وَتَشْرَبُ فِيْ مَدْخَلٍ وَاحِدٍ وَيَخْرُجُ مِنْ مَوْضِعَيْنِ. [۳-] ﴿فَرَاغَ﴾: فَرَجَعَ. [۴-] ﴿فَصَكَّتْ﴾: فَجَمَعَتْ أَصَابِعَهَا فَضَرَبَتْ بِهِ جَبْهَتَهَا. [۵-] وَالرَّمِيْمُ: نَبَاتُ الْأَرْضِ إِذَا يَبِسَ وَدِيْسَ. [۶-] ﴿لَمُوْسِعُوْنَ﴾: أَيْ: لَذُوْ سَعَةٍ، وَكَذٰلِكَ: ﴿عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهُ﴾: يَعْنِي الْقَوِيَّ.

سورۃ الذاریات کی تفسیر

۱- پہلی آیت میں ہے: ﴿وَالذّٰرِيَاتِ ذَرْوًا﴾: قسم ہے اڑا کر بکھیرنے والی ہواؤں کی —— یہ بات حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے۔ اور کسی اور نے کہا کہ سورۃ الکہف آیت ۴۵ میں: ﴿تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ﴾ کے معنی بھی بکھیرنے کے ہیں، یعنی ہوا گھاس کے ریزوں کو لئے لئے پھرتی ہے۔ ﴿الذّٰرِيَات﴾ عمدۃ القاری سے بڑھایا ہے۔

۲- آیت ۲۱ میں ہے: ﴿وَفِيْ أَنْفُسِكُمْ﴾: اور خود تمہاری ذاتوں میں (بھی نشانیاں ہیں یقین کرنے والوں کے لئے) —— فی الأرض پر عطف ہے —— نشانیاں ہیں یعنی قیامت کے امکانِ وقوع کی —— تمہارے ظاہری اور باطنی احوال قیامت کے امکانِ وقوع پر دال ہیں، تم منہ سے کھاتے پیتے ہو اور کھایا پیا نیچے کے دو راستوں سے تقسیم ہو کر نکلتا ہے، اسی طرح دنیا میں سب انسان ایک ساتھ ہیں اور آخرت میں جنت وجہنم میں تقسیم ہو جائیں گے۔

۳- آیت ۲۶ میں ہے: ﴿فَرَاغَ إِلٰى أَهْلِهِ﴾: وہ اپنے گھر والوں کی طرف چپکے سے گیا —— رَاغَ إِلٰی کذا: کسی چیز کی طرف خفیہ طور پر مائل ہونا۔

۴- آیت ۲۹ میں ہے: ﴿فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا﴾: پھر ان کی بیوی (سارہؓ) بولتی ہوئی (فرشتوں کے) سامنے آئیں، پس اپنے چہرے پر ہاتھ مارا —— مٹھی بھری اور اپنے ماتھے پر ماری —— صَرَّة کے معنی نمبر ۱۱ میں صَيْحَة کئے ہیں یعنی چیخ —— اور صَكَّ (ن) صَكًّا کے معنی ہیں: زور سے مارنا، دروازہ وغیرہ بند کرنا۔

۵- آیت ۴۲ میں ہے: ﴿مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ﴾: (بانجھ ہوا) نہیں چھوڑتی تھی کسی چیز کو جس پر وہ گذرتی مگر اس کو چورا کر دیتی تھی —— رَمِيْم: صفتِ مشبہ، جمع أَرِمَّاء اور رِمَام —— رَمَّ (ن) العظمُ: ہڈی کا گل جانا، بوسیدہ ہو جانا، یہاں گھاس کا چورا ہو جانا مراد ہے —— نباتات جب خشک ہو جائیں، اور پیروں سے خوب روند دی جائیں —— دِيْسَ: بروزن قِيْلَ: ماضی مجہول ہے دَاسَ الشیئَ (ن) دَوْسًا: روندنا، مسلنا، کچلنا۔

۶- آیت ۴۷ ہے: ﴿وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَّإِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ﴾: اور ہم نے آسمان کو ہاتھوں (قدرت) سے بنایا، اور ہم وسیع القدرت ہیں —— ذو سعة: وسیع قدرت والا —— سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۶ میں بھی یہی معنی ہیں، فرمایا: ﴿عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهُ﴾: صاحبِ وسعت پر اس کی حیثیت کے موافق ہے —— مُوْسِع سے قوی، صاحبِ قدرت مراد ہے۔

[۷-] ﴿زَوْجَيْنِ﴾: الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰى، وَاخْتِلَافُ الْأَلْوَانِ: حُلْوٌ وَحَامِضٌ فَهُمَا زَوْجَانِ. [۸-] ﴿فَفِرُّوْا إِلَى اللّٰهِ﴾: مِنَ اللّٰهِ إِلَيْهِ. [۹-] ﴿إِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ﴾: مَا خَلَقْتُ أَهْلَ السَّعَادَةِ مِنْ أَهْلِ الْفَرِيْقَيْنِ إِلَّا لِيُوَحِّدُوْنَ. وَقَالَ بَعْضُهُمْ: خَلَقَهُمْ لِيَفْعَلُوْا، فَفَعَلَ بَعْضٌ وَتَرَكَ بَعْضٌ، وَلَيْسَ فِيْهِ حُجَّةٌ لِأَهْلِ الْقَدْرِ. [۱۰-] وَالذَّنُوْبُ: الدَّلْوُ الْعَظِيْمُ. [۱۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿صَرَّةٍ﴾: صَيْحَةٍ. [۱۲-] ﴿ذَنُوْبًا﴾: سَجْلًا. [۱۳-] ﴿الْعَقِيْمُ﴾: الَّتِيْ لَاتَلِدُ.

۷- آیت ۴۹ میں ہے: ﴿وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ﴾: اور ہم نے ہر چیز کے جوڑے (متقابلات) بنائے ہیں —— جیسے نر اور مادہ اور پھلوں میں قسموں کا اختلاف، میٹھا اور کھٹا، یہ جوڑے ہیں —— ایسے ہی آسمان وزمین بھی جوڑا ہیں —— جوڑا: وہ دو چیزیں جومل کر ایک مقصد کی تکمیل کریں، جیسے دو جوتوں کا جوڑا، کرتا پاجامہ کا جوڑا: ﴿لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ﴾: تاکہ تم یاد کرو —— کہ دنیا کا بھی جوڑا ہے، اور وہ آخرت ہے، دونوں مل کر جزاؤسزا کا مقصد پورا کرتے ہیں۔

۸- آیت ۵۰ میں ہے: ﴿فَفِرُّوْا إِلَى اللّٰهِ﴾: پس بھاگو اللہ (کے دین) کی طرف —— اس میں مجاز بالحذف ہے، دین محذوف ہے —— حضرت کہتے ہیں: اللہ سے اللہ ہی کی طرف بھاگو —— اس سے بہتر دین محذوف ماننا ہے، جب دلیل سے ثابت ہوگیا کہ دنیا کا جوڑا آخرت ہے تو اس کی تیاری کرو اور دین پر مضبوطی سے عمل شروع کرو۔

۹- آیت ۵۶ ہے: ﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ﴾: اور میں نے جنات اور انسانوں کو اپنی بندگی ہی کے لئے پیدا کیا ہے —— یعنی مجھ کو مطلوب ان سے عبادت ہے —— معتزلہ نے اس آیت سے تین استدلالات کئے ہیں: (۱) ارادۂ خداوندی صرف خیر سے متعلق ہوتا ہے، شر سے متعلق نہیں ہوتا، شر بندے خود پیدا کرتے ہیں، چنانچہ پیدا تو سب کو عبادت کے لئے کیا ہے، مگر کوئی عبادت کرتا ہے کوئی نہیں کرتا۔ (۲) افعالِ خداوندی معلل بالاغراض ہیں یعنی اللہ تعالیٰ بھی مقاصد پیشِ نظر رکھ کر کام کرتے ہیں۔ (۳) بندے خود اپنے افعالِ اختیاریہ کے خالق ہیں، کیونکہ عبادت کی نسبت جنّ وانس کی طرف کی گئی ہے۔

جوابات: (۱) آیت میں خلق کی علت کا بیان ہے، تعلقِ ارادہ کا کوئی تذکرہ نہیں، اور کسی فعل کے معلل بالشئ ہونے کے لئے ضروری نہیں کہ وہ چیز مراد بھی ہو، مراد ہونا نہ ہونا مسکوت عنہ ہے۔ (۲) معلل بالاغراض بمعنی وجوب کی آیت میں کوئی دلیل نہیں، اور بمعنی جواز میں کوئی اختلاف نہیں، یعنی افعال خداوندی میں مقاصد پیشِ نظر ہوتے ہیں، مگر مقاصد کے پیشِ نظر ہی اللہ تعالیٰ کام کرتے ہیں: اس کی کوئی دلیل نہیں۔ (۳) بندوں کی طرف عبادت کی نسبت بوجہ کسب ہے، چونکہ وہ اپنے اعمال کے کاسب (کمانے والے) ہیں اس لئے عبادت کی ان کی طرف نسبت کی گئی ہے پس معتزلہ کے تینوں استدلالات باطل ہیں۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے استدلال کے دو جواب دیئے ہیں: (۱) اللہ تعالیٰ نے نیک بختوں ہی کو اپنی بندگی کے لئے پیدا کیا ہے، پس بدبخت اللہ کی عبادت نہ کریں تو کوئی اشکال نہیں۔ (۲) اللہ تعالیٰ نے پیدا تو سب کو اپنی عبادت کے لئے کیا ہے یعنی علتِ تخلیق تو یہی ہے، مگر کوئی عبادت کرتا ہے کوئی نہیں کرتا: اس سے علت پر کچھ اثر نہیں پڑتا —— پس اہل قدر یعنی منکرین تقدیر (معتزلہ) کا استدلال باطل ہے۔

۱۰- آیت ۵۹ میں ہے: ﴿فَإِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا﴾: سو ان گنہ گاروں کا ڈول بھر چکا ہے —— ذنوب: بڑا ڈول، اس کو سِجْل بھی کہتے ہیں، جیسا کہ ابھی نمبر ۱۲ پر آرہا ہے۔

۱۱- صَرَّة کے معنی ابھی نمبر ۴ میں بیان کئے گئے ہیں۔

۱۲- ذنوب کے معنی ابھی نمبر۱۰ میں بیان کئے گئے ہیں —— اور ہمارے نسخہ میں سَبِیْلاً ہے اور گیلری میں سَجْلا ہے، اور یہی صحیح ہے۔

۱۳- آیت۴۱ میں ﴿الرِّیْحَ الْعَقِیْمَ﴾ ہے: بانجھ (بے برکت) ہوا۔

[۱۴-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: و﴿الْحُبُكِ﴾: اسْتِوَاؤُهَا وَحُسْنُهَا. [۱۵-] ﴿فِيْ غَمْرَةٍ﴾: فِيْ ضَلَالَتِهِمْ يَتَمَادَوْنَ. [۱٦-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿تَوَاصَوْا﴾: تَوَاطَئُوْا. [۱۷-] وَقَالَ: ﴿مُسَوَّمَةً﴾: مُعَلَّمَةً مِنَ السِّيْمَا.

۱۴- آیت۷ ہے: ﴿وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُكِ﴾: درست اور پُر رونق آسمان کی قسم! یہ معنی حضرت ابن عباسؓ نے کئے ہیں —— استواء: سیدھا ہونا، درست ہونا —— دوسرے حضرات (فرشتوں کے) راستوں والے: ترجمہ کرتے ہیں حبیکۃ کی جمع ہے۔

۱۵- آیت۱۱ ہے: ﴿الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ﴾: (بے سند باتیں کرنے والے وہ ہیں) جو بہت پانی (زبردست گمراہی) میں بھولنے والے ہیں —— وہ اپنی گمراہیوں میں پیر پسارنے والے ہیں یعنی دنیا کے مزوں نے آخرت سے غافل کر رکھا ہے۔

۱۶- آیت۵۳ میں ہے: ﴿أَتَوَاصَوْا بِهِ﴾: کیا وہ اس (انکار رسالت) کی ایک دوسرے کو وصیت کر رہے ہیں؟ —— تَوَاطَئُوا: اتفاق کیا ہے انھوں نے؟

۱۷- آیت۳۴ ہے: ﴿مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ﴾: نشان پڑے ہوئے (پتھر) تیرے رب کے یہاں سے حد سے نکلنے والوں کے لئے —— معلّمة: نشان لگایا ہوا، ماخوذ منہ سِیْمَاء، جس کے معنی ہیں: علامت، نشانی۔

۵۲- ﴿والطور﴾

[۱-] وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿مَسْطُوْرٍ﴾: مَكْتُوْبٍ. [۲-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الطُّوْرُ: الْجَبَلُ بِالسُّرْيَانِيَّةِ. [۳-] ﴿رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ﴾: صَحِيْفَةٍ. [٤-] ﴿وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ﴾: سَمَاءٌ. [٥-] و﴿الْمَسْجُوْرِ﴾: الْمُوْقَدُ. وَقَالَ الْحَسَنُ: تُسْجَرُ حَتّٰى يَذْهَبَ مَاؤُهَا فَلاَ يَبْقٰى فِيْهَا قَطْرَةٌ. [٦-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿أَلَتْنَاهُمْ﴾: نَقَصْنَا. [٧-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿تَمُوْرُ﴾: تَدُوْرُ. [٨-] ﴿أَحْلَامُهُمْ﴾: الْعُقُوْلُ. [٩-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الْبَرُّ﴾: اللَّطِيْفُ. [١٠-] ﴿كِسْفًا﴾: قِطْعًا. [١١-] ﴿الْمَنُوْنِ﴾: الْمَوْتُ. [١٢-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿يَتَنَازَعُوْنَ﴾: يَتَعَاطَوْنَ.

سورۃ الطّور کی تفسیر

۱- آیت۲ میں ہے: ﴿وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ﴾: قسم ہے لکھی ہوئی کتاب کی یعنی تورات کی۔

۲- پہلی آیت ہے:﴿وَالطُّوْرِ﴾:قسم ہے طور (پہاڑ) کی، مجاہدؒ کہتے ہیں: سریانی زبان میں طور کے معنی پہاڑ کے ہیں، اور مراد وہ پہاڑ ہے جس پر موسیٰ علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ نے کلام کیا ہے۔

۳- آیت ۳ ہے:﴿فِيْ رَقٍّ مَنْشُوْرٍ﴾:(قسم ہے لکھی ہوئی کتاب کی) کشادہ ورق میں رَقّ: کاغذ، ورق، جھلّی جس پر لکھا جاتا تھا —— منشور: پھیلایا ہوا۔

۴- آیت ۵ ہے:﴿وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ﴾:اور (قسم ہے) اونچی چھت کی یعنی آسمان کی۔

۵- آیت ۶ ہے:﴿وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ﴾:اور قسم ہے اُبلتے سمندر کی —— مَسْجُوْر کا یہ ترجمہ حضرت حسن بصریؒ نے کیا ہے، اور مجاہدؒ نے ترجمہ کیا ہے: لبریز، بھرا ہوا —— المُوْقَد: اسم مفعول: کھولایا ہوا —— حضرت حسنؒ نے فرمایا: سمندر کھولایا جائے گا یہاں تک کہ اس کا پانی ختم ہوجائے گا، پس سمندر میں ایک قطرہ بھی پانی باقی نہیں رہے گا۔

۶- آیت ۲۱ میں ہے:﴿وَمَا أَلَتْنَاهُمْ مِنْ عَمَلِهِمْ مِنْ شَيْئٍ﴾:اور ہم ان کے عمل میں سے کوئی چیز کم نہیں کریں گے —— أَلَتْنَا: ماضی، جمع متکلم، أَلَتَ الشيئَ (ض) کم کرنا، گھٹانا۔

۷- آیت ۹ ہے:﴿يَوْمَ تَمُوْرُ السَّمَاءُ مَوْرًا﴾:جس دن آسمان تیزی سے گھومے گا۔ تَدُوْر: گھومے گا۔ مَارَ الشيئُ (ن) مَوْرًا: حرکت کرنا —— لرزنا، کپکپانا بھی ترجمہ کیا گیا ہے۔

۸- آیت ۳۲ میں ہے:﴿أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلاَمُهُمْ بِهٰذَا﴾: کیا ان کی عقلیں ان کو یہ سکھاتی ہیں؟ الْحِلْم: عقل، خرد۔

۹- آیت ۲۸ میں ہے:﴿إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ﴾:بے شک وہی نیک سلوک کرنے والے مہربان ہیں، لطیف: شفقت کرنے والے۔

۱۰- آیت ۴۴ ہے:﴿وَإِنْ يَرَوْا كِسْفًا مِنَ السَّمَاءِ سَاقِطًا﴾:اور اگر دیکھیں وہ آسمان کے کسی ٹکڑے کو گرتا ہوا۔

۱۱- آیت ۳۰ ہے:﴿نَتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ الْمَنُوْنِ﴾: ہم ان کے بارے میں حادثۂ موت کا انتظار کرتے ہیں الرَّيْب: گردش زمانہ۔

۱۲- آیت ۲۳ میں ہے:﴿يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَأْسًا﴾: آپس میں چھینا جھپٹی کریں گے وہاں جام میں، يَتَعَاطَوْن: دیں گے لیں گے۔

نبی ﷺ نے فجر کی نماز میں سورۃ الطّور پڑھی

حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲:۳۱۸) آئی ہے: ام سلمہؓ نے بیماری کی شکایت کی، آپؐ نے فرمایا: سوار ہو کر لوگوں کے پیچھے طواف کر لینا، چنانچہ نبی ﷺ فجر کی نماز پڑھا رہے تھے، اور سورۃ الطّور پڑھ رہے تھے کہ ام سلمہؓ نے اونٹ پر طواف کیا۔

[٤٨٥٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ،

عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ ابْنَةِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: شَكَوْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنِّيْ أَشْتَكِيْ، فَقَالَ:" طُوْفِيْ مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ" فَطُفْتُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ إِلٰى جَنْبِ الْبَيْتِ يَقْرَأُ بِالطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَسْطُوْرٍ.[راجع: ٤٦٤]

سورۃ الطّور سن کر ایک غیر مسلم کا دل پھٹتے پھٹتے رہ گیا!

جبیر بن مطعم قرشی نوفلی زمانۂ کفر میں بدر کے قیدیوں کے سلسلہ میں گفتگو کرنے کے لئے مدینہ آئے، انھوں نے نبی ﷺ کو مغرب کی نماز میں سورۃ الطّور پڑھتے ہوئے سنا، جب آپؐ نے آیات ۳۵-۳۷ پڑھیں تو جبیر کہتے ہیں: میرا دل پھٹنے کو ہو گیا!

سند: یہ ابن عیینہ کی روایت ہے، کہتے ہیں: حَدَّثُونی: مجھ سے میرے اساتذہ نے زہریؒ سے روایت کرتے ہوئے یہ حدیث بیان کی، مگر میں نے خود زہریؒ سے بس اتنی ہی حدیث سنی ہے کہ نبی ﷺ نے مغرب کی نماز میں سورۃ الطّور پڑھی، باقی مضمون جو مجھ سے میرے اساتذہ نے بیان کیا ہے وہ میں نے زہریؒ سے نہیں سنا۔

[٤٨٥٤-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثُوْنِيْ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ، فَلَمَّا بَلَغَ هٰذِهِ الْآيَةَ: ﴿أَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُوْنَ ۝ أَمْ خَلَقُوْا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بَلْ لَّايُوْقِنُوْنَ ۝ أَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ﴾ كَادَ قَلْبِيْ أَنْ يَطِيْرَ. قَالَ سُفْيَانُ: فَأَمَّا أَنَا فَإِنَّمَا سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ، لَمْ أَسْمَعْهُ زَادَ الَّذِيْ قَالُوْا لِيْ.[راجع: ٧٦٥]

٥٣- ﴿والنجم﴾

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ:﴿ذُومِرَّةٍ﴾:ذُو قُوَّةٍ.[٢-]﴿قَابَ قَوْسَيْنِ﴾:حَيْثُ الْوَتَرُ مِنَ الْقَوْسِ. [٤-] ﴿ضِيْزىٰ﴾: عَوْجَاءُ. [٤-] ﴿وَأَكْدىٰ﴾: قَطَعَ عَطَاءَ هُ. [٥-] ﴿رَبُّ الشِّعْرىٰ﴾: هُوَ مِرْزَمُ الْجَوْزَاءِ. [٦-]﴿الَّذِيْ وَفّٰى﴾: وَفّٰى مَا فُرِضَ عَلَيْهِ. [٧-] ﴿أَزِفَتِ الْآزِفَةُ﴾: اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ. [٨-] ﴿سَامِدُوْنَ﴾: الْبَرْطَمَةُ، هُوَ ضَرْبٌ مِنَ اللَّهْوِ، وَقَالَ عِكْرِمَةُ: يَتَغَنَّوْنَ، بِالْحِمْيَرِيَّةِ.

سورۃ النجم کی تفسیر

۱- آیت ۶ میں جبرئیل علیہ السلام کے بارے میں ہے: ﴿ذُوْ مِرَّةٍ﴾: زور آور، طاقت والا۔

۲-آیت ۱۰ میں ہے: ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى﴾: پس رہ گئے (جبرئیلؑ) کمان کی تانت کے بقدر یا اس سے بھی کم —— القَابُ: کمان کی تانت کے وسط سے کنارہ تک کا فاصلہ، یہ دو ہوتے ہیں، پس قَابَ قوسین کے معنی ہیں: کمان کی ایک تانت کے بقدر یعنی بہت ہی قریب۔

لغات القرآن (۵:۶۳) میں معجم القرآن کے حوالے سے ہے: ''اہل عرب کسی مسافت کا اندازہ کرنے کے لئے مختلف الفاظ بولتے ہیں، مثلاً: کمان برابر، ایک نیزے کے برابر، ایک کوڑے کے برابر، ہاتھ برابر، بانھ برابر، بالشت بھر، انگل برابر وغیرہ —— آیت میں لفظی قلب کردیا گیا ہے، اصل میں قَابَیْ قوسٍ تھا، کمان کے دو قاب کے برابر، ایک کمان کے دو قاب ہوتے ہیں یعنی وسطی قبضہ سے دونوں طرف کے حصے برابر ہوتے ہیں، پس دو قاب پوری کمان کے بقدر ہوگئے'' —— قلب کردیا گیا یعنی پہلے تثنیہ کا نون اضافت کی وجہ سے گرایا پھر مضاف کے یاء نون مضاف الیہ میں لگادیئے، پس قاب قوسین ہوگیا، مگر معنی اصل کے باقی ہیں۔

حیثُ الْوَتَرُ من الْقَوْسِ: جہاں کمان کی تانت ہوتی ہے، حیث: جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ الْوَتَرُ: کمان کی تانت۔

۳-آیت ۲۲ میں ہے: ﴿تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى﴾: تب تو وہ بھونڈا بانٹنا ہے —— ضِيْزٰى: صفت کا صیغہ بھی ہوسکتا ہے اور مصدر بھی، معنی ہیں: غیر منصفانہ یا ظالمانہ ضَازَ (ض) ضَيْزًا: ٹیڑھا ہونا، ظلم کرنا۔ عَوْجَاء: کج، ٹیڑھی تقسیم۔

۴-آیت ۳۴ ہے: ﴿وَأَعْطٰى قَلِيْلًا وَأَكْدٰى﴾: اور تھوڑا سا دیا اور دینا بند کردیا —— أَكْدٰى فلان: بخل کرنا۔

۵-آیت ۴۹ ہے: ﴿وَأَنَّـهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى﴾: اور یہ کہ وہی شعری کا رب ہے شعری: ایک بہت بڑا ستارہ ہے جس کو بعض عرب پوجتے تھے —— المِرْزَم: چند ستاروں کے مجموعہ کا نام —— الجَوْزَاء: آسمان کے ایک برج کا نام ہے، اس برج میں شعری ستارہ ہوتا ہے۔

۶-آیت ۳۷ ہے: ﴿وَإِبْرَاهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰى﴾: اور ابراہیمؑ کے (صحیفوں میں) جو اپنے قول وقرار میں پورے اترے —— وَفّٰى: پورا کیا جو ان پر فرض کیا گیا، مصدر تَوْفِيَة۔

۷-آیت ۵۷ ہے: ﴿أَزِفَتِ الآزِفَةُ﴾: آپہنچی آنے والی یعنی قیامت نزدیک آگئی —— أَزِفَ (س) الوقتُ: وقت کا قریب آجانا، أَزِفَ التِّرْحَال: کوچ کا وقت ہوگیا —— الآزِفَة: قیامت۔

۸-آیت ۶۱ ہے: ﴿وَأَنْتُمْ سَامِدُوْنَ﴾: اور تم کھلاڑیاں کرتے ہو! —— الْبَرْطَمَة: سمود کا ترجمہ ہے، اور وہ کھیل کی ایک قسم ہے —— اور عکرمہؒ نے کہا: وہ گاتے ہیں، حمیری زبان میں سمود کے معنی گانے کے ہیں۔

[۹-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: ﴿أَفَتُمَارُوْنَهُ﴾: أَفَتُجَادِلُوْنَهُ، وَمَنْ قَرَأَ: ﴿أَفَتَمْرُوْنَهُ﴾ يَعْنِيْ: أَفَتَجْحَدُوْنَهُ.

[۱۰-] ﴿مَا زَاغَ الْبَصَرُ﴾: بَصَرُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم. ﴿وَمَا طَغٰى﴾ وَلَا جَاوَزَ مَا رَأٰى.

[١١-] ﴿فتمَارَوْا﴾: كَذَّبُوْا. [١٢-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿إِذَا هَوىٰ﴾: غَابَ. [١٣-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿أَغْنىٰ وَأَقْنىٰ﴾: أَعْطى فَأَرْضى.

۹-آیت۱۲ہے: ﴿أَفْتُمَارُوْنَهُ عَلىٰ مَايَرىٰ﴾: کیا پس تم ان (محمدؐ) سے جھگڑتے ہو اس کے بارے میں جو اس نے دیکھا؟ یعنی جبرئیل علیہ السلام کو —— تُمَارُوْنَ: مُمَارَاۃ سے مضارع، صیغہ جمع مذکر حاضر ہے —— اور ایک قراءت أَفَتَمْرُوْنَه ہے،اس کے معنی ہیں: کیا تم ان کا یعنی ان کی آیات کا انکار کرتے ہو؟

۱۰-آیت ۱۷ہے: ﴿مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغىٰ﴾: نہ (محمدؐ کی) نگاہ بہکی اور نہ حد سے بڑھی —— البصر: میں ال عہدی ہے، نگاہ محمدؐ مراد ہے۔

۱۱-سورۃ القمر آیت ۳۶ میں ہے: ﴿فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ﴾: لگے جھٹلانے ڈرانے والوں کو (اس کو نمبر ۹ میں ذکر کرنا چاہئے تھا، کیونکہ تُمَارُوْنَ اور تَمَارَوْا: متشابہ ہیں، یہ ثانی تَمَارِیٌ سے ہے جس کے معنی جھٹلانے اور شک کرنے کے ہیں)

۱۲-پہلی آیت ہے: ﴿وَالنَّجْمِ إِذَا هَوىٰ﴾: قسم ہے تارے کی جب وہ گرے یعنی ڈوبے۔

۱۳-آیت ۴۸ ہے: ﴿وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنىٰ وَأَقْنىٰ﴾: اور یہ کہ انھوں نے ہی دولت دی اور خزانہ دیا، ابن عباسؓ نے فرمایا: دیا اور خوش کردیا —— إِغْنَاءٌ: غنی بنانا —— إِقْنَاءٌ: خزانہ دینا، قِنْيَةٌ کے معنی ہیں: ذخیرہ کیا ہوا مال، عام طور پر یہ معنی بیان کئے جاتے ہیں، مگر ابن عباسؓ نے مذکورہ ترجمہ کیا ہے۔

معراج میں نبی ﷺ نے اللہ کو نہیں دیکھا

یہ مسئلہ صحابہ کے زمانہ سے مختلف ہے کہ نبی ﷺ نے معراج میں اپنے پروردگار کو دیکھا یا نہیں؟ حضرت عائشہ وابن مسعود رضی اللہ عنہما رویت کا انکار کرتے تھے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما وغیرہ اثبات کرتے تھے، اور علماء نے اس طرح دونوں رایوں کو جمع کیا ہے کہ رویت بصری منتفی ہے، اور رویت قلبی ثابت ہے، یا مسئلہ میں توقف کیا جائے، بہر حال سورت النجم کی ابتدائی آیات کا اس مسئلہ سے کچھ تعلق نہیں، ان کا تعلق حضرت جبرئیل علیہ السلام سے ہے، ابتداء نبوت میں نبی ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں ایک کرسی پر بیٹھا ہوا دیکھا ہے، پھر دوسری مرتبہ معراج میں سدرۃ المنتہی (باڑ کی بیری) کے پاس دیکھا ہے، سورۃ النجم کے شروع میں انہی دو مرتبہ دیکھنے کا ذکر ہے —— اور امام بخاریؒ کا رجحان غالباً عدم رویت کی طرف ہے، چنانچہ وہ حضرات عائشہ وابن مسعود رضی اللہ عنہما ہی کی روایات لائے ہیں۔

[٤٨٥٥-] حَدَّثَنِي يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: يَا أُمَّتَاهُ! هَلْ رَأَى مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم رَبَّهُ؟ فَقَالَتْ: لَقَدْ قَفَّ شَعَرِيْ مِمَّا قُلْتَ، أَيْنَ أَنْتَ مِنْ ثَلاَثٍ؟ مَنْ حَدَّثَكَهُنَّ فَقَدْ كَذَبَ: مَنْ حَدَّثَكَ أَنَّ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم رَأَى

رَبَّهُ فَقَدْ كَذَبَ، ثُمَّ قَرَأَتْ: ﴿لَاتُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ﴾ ﴿وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللّٰهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَآءِ حِجَابٍ﴾ وَمَنْ حَدَّثَكَ أَنَّـهُ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ فَقَدْ كَذَبَ، ثُمَّ قَرَأَتْ: ﴿وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا﴾ وَمَنْ حَدَّثَكَ أَنَّـهُ كَتَمَ فَقَدْ كَذَبَ، ثُمَّ قَرَأَتْ: ﴿يٰأَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ﴾ الْآيَةَ، وَلٰكِنَّهُ رَأَى جِبْرِيْلَ فِيْ صُوْرَتِهِ مَرَّتَيْنِ. [راجع: ۳۲۳٤]

ترجمہ: مسروق رحمہ اللہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: امّی! کیا محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: ''تیری بات سے میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے، کہاں ہے تو تین باتوں سے؟ یعنی کیا تو یہ تین باتیں سمجھا ہوا نہیں ہے؟ جو تجھ سے یہ تین باتیں بیان کرے اس نے قطعاً غلط بیانی کی:

۱- جو تجھ سے بیان کرے کہ محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا ہے: اس نے یقیناً جھوٹ کہا، پھر انھوں نے سورۃ الانعام کی آیت ۱۰۳ پڑھی: ''اللہ تعالیٰ کو نگاہیں نہیں پاسکتیں، اور وہ سب نگاہوں کو پاتے ہیں، اور وہ نہایت باریک بیں بڑے باخبر ہیں'' —— یعنی چونکہ دیکھنے والی نظر اس عالم کی تھی اس لئے رویت ممکن نہیں تھی —— پھر سورت الشوریٰ کی آیت ۵۱ پڑھی: ''اور کسی بشر کی یہ شان نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے (رودررو) کلام کریں، مگر الہام کے ذریعہ یا پردے کی اوٹ سے (کلام کرسکتے ہیں) —— اور نبی ﷺ بھی بشر تھے، اس عالم میں بھی اور معراج میں بھی، اس لئے رویت اور رودررو کلام کا کیا امکان ہے؟!

۲- اور جو تجھ سے بیان کرے کہ نبی ﷺ آئندہ کل کی باتیں جانتے تھے تو اس نے یقیناً غلط کہا، پھر انھوں نے سورۃ لقمان کی آیت ۳۴ پڑھی: ''اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ آئندہ کل کیا کرے گا؟''

۳- اور جو تجھ سے بیان کرے کہ نبی ﷺ نے وحی چھپائی ہے تو اس نے یقیناً غلط کہا، پھر انھوں نے سورۃ المائدہ کی آیت ۶۷ پڑھی: ''اے رسول! جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپؐ پر نازل کیا گیا ہے: آپ وہ سب پہنچا دیجئے''

بلکہ آپؐ نے جبرئیل علیہ السلام کو ان کی (اصلی) صورت میں دو مرتبہ دیکھا ہے (سورۃ النجم کے شروع میں اسی کا ذکر ہے) مزید تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی (۲۳۹:۷) اور تحفۃ القاری (۴۸۸:۶) دیکھیں۔

سورۃ النجم کے شروع میں جبرئیل علیہ السلام کو دیکھنے کا ذکر ہے

سورۃ النجم آیت ۹ میں ہے: ''پس وہ (فرشتہ) رہ گیا کمان کے بقدر یا اس سے بھی کم!'' —— حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (یہ جبرئیلؑ کا ذکر ہے) نبی ﷺ نے جبرئیل کو دیکھا، ان کے چھ سو بازو تھے (یہی ان کی اصلی شکل ہے)

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى﴾

حَيْثُ الْوَتَرُ مِنَ الْقَوْسِ.

[٤٨٥٦-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ زِرًّا، عَنْ

عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى ۝ فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى﴾ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ: أَنَّهُ رَأَى جِبْرِيْلَ لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ. [راجع: ٣٢٣٢]

﴿فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى﴾ میں التفات ہے

سورۃ النجم کی آیت ۱۰ ہے: ''پس وحی کی (اللہ نے) اپنے بندے کی طرف جو (اس موقعہ پر) وحی کرنی تھی'' اس آیت سے دھوکہ ہوتا ہے کہ اس سے پہلے کی آیات میں بھی ضمیروں کا مرجع اللہ تعالیٰ ہیں، حالانکہ یہ التفات ہے، اور التفات سے کلام میں فصاحت پیدا ہوتی ہے اور عبدہ کا مرجع اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی دوسرا نہیں ہوسکتا، اس لئے مرجع کے ذکر کے بغیر ضمیر لوٹائی ہے۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى﴾

[٤٨٥٧-] حدثنا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ زِرًّا، عَنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى ۝ فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى﴾ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ: أَنَّ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم رَأَى جِبْرِيْلَ لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ. [راجع: ٣٢٣٢]

نبی ﷺ نے معراج میں بڑے بڑے عجائبات دیکھے

معراج میں نبی ﷺ نے کیا کیا عجائبات دیکھے؟ اس کا تذکرہ تو روایت میں نہیں آیا، البتہ ایک عجیب بات جو عالَم بالا سے تعلق رکھتی ہے: یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ایک ہری پالکی دیکھی، جس نے آسمان کے کنارے کو بھر رکھا تھا، یہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا وجود تھا، وہ ہری پالکی میں بیٹھے ہوئے تھے، اور ان کے جسم سے آسمان کا کنارہ بھرا ہوا تھا (تحفۃ القاری ۶:۴۸۹)

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَقَدْ رَأٰى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى﴾

[٤٨٥٨-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿لَقَدْ رَأٰى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى﴾ قَالَ: رَأَى رَفْرَفًا أَخْضَرَ قَدْ سَدَّ الْأُفُقَ. [راجع: ٣٢٣٢]

عرب کی تین بڑی مورتیاں

عربوں کے تین بڑے بت: لات، عزّیٰ اور منات تھے، لات طائف والوں کے نزدیک معظم تھا، عزیٰ قریش اور کنانہ کے نزدیک محترم تھا، اور منات کو اوس وخزرج اور خزاعۃ مانتے تھے اور اس کے لئے احرام باندھتے تھے —— لات: طائف میں تھا، عزیٰ مکہ کے قریب نخلہ میں تھا، اور منات مکہ سے بہت دور مدینہ کے قریب مُشَلَّل میں تھا۔ سورۃ النجم آیات ۱۹-۲۲

میں ان کا ذکر ہے: ''کیا تم نے لات، عزّیٰ اور تیسرے آخری منات کے احوال میں غور کیا؟ کیا تمہارے لئے تو بیٹے ہوں اور اللہ کے لئے بیٹیاں؟ یہ عجیب بے ڈھنگی تقسیم ہے!'' —— یعنی اول تو اللہ کی اولاد ہو نہیں سکتی، اور بالفرض مان لی جائے تو یہ تقسیم نہایت مہمل اور بڑی بھونڈی ہے کہ تم خود تو بیٹے لے جاؤ، اور اللہ کے حصہ میں بیٹیاں لگا دو!

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَفَرَءَ يْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى﴾

[٤٨٥٩-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَشْهَبِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْجَوْزَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿اللّٰتَ وَالْعُزّٰى﴾: كَانَ اللَّاتُ رَجُلًا يَلُتُّ سَوِيْقَ الْحَاجِّ.

[٤٨٦٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ حَلَفَ فَقَالَ فِيْ حَلِفِهِ: وَاللَّاتِ وَالْعُزَّى، فَلْيَقُلْ: لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهِ: تَعَالَ أُقَامِرْكَ، فَلْيَتَصَدَّقْ'' [أطرافه: ٦١٠٧، ٦٣٠١، ٦٦٥٠]

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ''لات ایک آدمی تھا، حجاج کے لئے ستّو گھی/ پانی میں ملاتا تھا'' —— یعنی حجاج کی خدمت کرتا تھا، مگر اس پر حاشیہ میں اعتراض ہے کہ اس صورت میں تاء مشدد ہونی چاہئے، لَتَّ (ن) السویق: ستّو وغیرہ میں گھی یا پانی وغیرہ ملانا فھو لاَتٌّ۔ مگر اس کا امکان ہے کہ کثرت استعمال سے تاء مخفف ہوگئی ہو۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے قسم کھائی، پس اپنی قسم میں کہا: ''لات اور عزّیٰ کی قسم'' تو چاہئے کہ کہے: لا إلٰہ إلا اللہ! اور جس نے اپنے ساتھی سے کہا: آ، میں تیرے ساتھ جوا کھیلوں تو چاہئے کہ وہ صدقہ کرے'' —— یہ علاج بالضد ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۴۷۸:۴) میں ہے۔

انصار منات کے لئے احرام باندھتے تھے

انصار اسلام سے پہلے منات کے لئے احرام باندھتے تھے، وہ اسی کی عبادت کیا کرتے تھے، منات مشلّل مقام میں تھا، یہ لوگ حج میں صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے، کیونکہ ان پر دوسرے دو بت (اساف و نائلہ) رکھے ہوئے تھے، پھر جب وہ مسلمان ہوئے تو انھوں نے اس بارے میں نبی ﷺ سے پوچھا پس سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۵۷ نازل ہوئی، اور ان سے کہا گیا کہ صفا و مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں، اس لئے ان کی سعی کی جاتی ہے، اساف و نائلہ کی وجہ سے نہیں کی جاتی، پس سعی میں کچھ حرج نہیں۔ اور حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۴۰۹:۴) آئی ہے، اور اسی جلد میں سورۃ البقرۃ کی تفسیر میں مذکورہ آیت کی تفسیر میں بھی آئی ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرَىٰ﴾

[٤٨٦١-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، سَمِعْتُ عُرْوَةَ، قُلْتُ لِعَائِشَةَ. فَقَالَتْ: إِنَّمَا كَانَ مَنْ أَهَلَّ بِمَنَاةَ الطَّاغِيَةِ الَّتِي بِالْمُشَلَّلِ لَايَطُوْفُوْنَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ فَطَافَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالْمُسْلِمُوْنَ. قَالَ سُفْيَانُ: مَنَاةُ بِالْمُشَلَّلِ مِنْ قُدَيْدٍ.

وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: نَزَلَتْ فِي الْأَنْصَارِ، كَانُوْا هُمْ وَغَسَّانُ قَبْلَ أَنْ يُسْلِمُوْا يُهِلُّوْنَ بِمَنَاةَ، مِثْلَهُ.

وَقَالَ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: كَانَ رِجَالٌ مِنَ الْأَنْصَارِ مِمَّنْ كَانَ يُهِلُّ لِمَنَاةَ — وَمَنَاةُ صَنَمٌ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ — قَالُوْا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ كُنَّا لَانَطُوْفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ تَعْظِيْمًا لِمَنَاةَ، نَحْوَهُ. [راجع: ١٦٤٣]

قولہ: قلتُ لعائشة: پہلی روایت میں قلتُ لعائشة کے بعد روایت کا کافی حصہ محذوف ہے جو محولا بالا مقام میں ہے۔ **قولہ: مثلَه أی مثل الحديث الأول** —— **قولہ: تعظيما لمناة:** یعنی اعتقاد منات کے ساتھ تھا، اور یہ مورتی صفا ومروہ پر نہیں تھی، وہاں دوسری مورتیاں تھیں اس لئے ہم سعی نہیں کرتے تھے —— **قولہ: نحوه أی نحو الحديث الأول۔**

سورۃ النجم میں نبی ﷺ نے سجدہ کیا تو مشرکین نے بھی سجدہ کیا

سورۃ النجم کی آخری آیت میں سجدہ ہے، جب یہ سورت نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے اس کو ایک مجمع میں پڑھا، اور جب سورت ختم ہوئی تو آپؐ نے سجدۂ تلاوت کیا، پس مسلمانوں نے، مشرکوں نے، جنات نے اور انسانوں نے سجدہ کیا، البتہ ایک سیٹھ نے سجدہ نہیں کیا، وہ بدر میں مارا گیا —— بعد میں مشرکین نے خفت مٹانے کے لئے: **تلك الغرانيق العلى، وإن شفاعتهن لترتجى** کا قصہ گھڑا، جو تفسیروں میں در آیا۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا﴾

[٤٨٦٢-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَجَدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالنَّجْمِ وَسَجَدَ مَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْجِنُّ وَالْإِنْسُ. تَابَعَهُ ابْنُ طَهْمَانَ عَنْ أَيُّوْبَ، وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ عُلَيَّةَ: ابْنَ عَبَّاسٍ. [راجع: ١٠٧١]

سجدے کی سب سے پہلی آیت سورۃ النجم میں نازل ہوئی

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سب سے پہلی سورت جس میں سجدۂ تلاوت ہے، وہ سورۃ النجم ہے، چنانچہ جب آپؐ نے سجدہ کیا تو مشرکین نے بھی سجدہ کیا، کیونکہ ان کو تجربہ نہیں تھا، وہ بے خبری میں سجدہ میں چلے گئے۔

[٤٨٦٣-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أَخْبَرَنِي أَبُوْ أَحْمَدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَوَّلُ سُوْرَةٍ أُنْزِلَتْ فِيْهَا سَجْدَةٌ النَّجْمُ، قَالَ: فَسَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَسَجَدَ مَنْ خَلْفَهُ، إِلَّا رَجُلٌ رَأَيْتُهُ أَخَذَ كَفًّا مِنْ تُرَابٍ فَسَجَدَ عَلَيْهِ، فَرَأَيْتُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ قُتِلَ كَافِرًا، وَهُوَ أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ. [راجع: ١٠٦٧]

٥٤- ﴿اقتربت الساعة﴾

[١-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مُسْتَمِرٌّ﴾: ذَاهِبٌ. [٢-] ﴿مُزْدَجَرٌ﴾: مُتَنَاهٍ. [٣-] ﴿وَازْدُجِرَ﴾: فَاسْتُطِيْرَ جُنُوْنًا. [٤-] ﴿دُسُرٍ﴾: أَضْلَاعِ السَّفِيْنَةِ. [٥-] ﴿لِمَنْ كَانَ كُفِرَ﴾: يَقُوْلُ: كُفِرَ لَهُ، جَزَاءً مِنَ اللّٰهِ. [٦-] ﴿مُحْتَضَرٌ﴾: يَحْضُرُوْنَ الْمَاءَ. [٧-] وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ: ﴿مُهْطِعِيْنَ﴾: النَّسَلَانُ: الْخَبَبُ السِّرَاعُ. [٨-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿فَتَعَاطٰى﴾: فَعَاطَهَا بِيَدِهِ فَعَقَرَهَا. [٩-] ﴿الْمُحْتَظِرِ﴾: كَحِظَارٍ مِنَ الشَّجَرِ مُحْتَرِقٍ. [١٠-] ﴿ازْدُجِرَ﴾: افْتُعِلَ، مِنْ زَجَرْتُ. [١١-] ﴿كُفِرَ﴾: فَعَلْنَا بِهِ وَبِهِمْ مَا فَعَلْنَا جَزَاءً لِمَا صُنِعَ بِنُوْحٍ وَأَصْحَابِهِ. [١٢-] ﴿مُسْتَقِرٌّ﴾: عَذَابٌ حَقٌّ. [١٣-] يُقَالُ: ﴿الْأَشِرُ﴾: الْمَرَحُ وَالتَّجَبُّرُ.

سورۃ القمر کی تفسیر

۱- آیت ۲ ہے: ﴿وَإِنْ يَّرَوْا آيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ﴾: اور اگر وہ لوگ (مشرکین) کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو ٹال جاتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ جادو ہے جو ابھی ختم ہوا جاتا ہے! (تھانویؒ) —— مَرَّ الشيئُ وَاسْتَمَرَّ: ذهب: گیا۔ دوسرا ترجمہ: ''پہلے سے چلا آتا ہے'' (شیخ الہندؒ) اِسْتَمَرَّ الشيئُ: مسلسل رہنا یعنی اس طرح کے جادو مدعیانِ نبوت نے پہلے بھی کئے ہیں، پھر جس طرح وہ جاتے رہے یہ بھی جاتا رہے گا۔

۲- آیت ۴ ہے: ﴿وَلَقَدْ جَاءَ هُمْ مِنَ الْأَنْبَاءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ﴾: اور بالتحقیق ان کو وہ خبریں (واقعات) پہنچ چکی ہیں جن میں سامانِ عبرت ہے —— متناہٍ: اسم فاعل، سخت ڈانٹ، اور اسم مفعول: سامان عبرت، ما فيه موضع الإنهاء عن الكفر والانزجار عنه (عمدۃ) —— مصدر میمی یا ظرف مکان ہے، یہ لفظ دراصل مُزْتَجَرْ تھا، تاء کو دال سے بدل دیا

ہے، آگے نمبر ۱۰ پر آرہا ہے کہ یہ باب افتعال سے ہے، اور زَجَرْتُ کے معنی ہیں: جھڑکنا، ڈانٹنا۔

۳- آیت ۹ میں ہے: ﴿وَقَالُوْا: مَجْنُوْنٌ وَازْدُجِرَ﴾: اور کہا انھوں نے (نوح علیہ السلام کے بارے میں): پاگل ہے، اور دھمکی دیا گیا ـــــ اِزْدِجَار سے ماضی مجہول ہے، لوگوں نے کہا: ہم تم کو سنگسار کردیں گے ـــــ دوسرا ترجمہ: اڑایا گیا مجنون کہہ کر یعنی جن اس کی عقل لے اڑے ہیں۔

۴- آیت ۱۳ ہے: ﴿وَحَمَلْنَاهُ عَلٰى ذَاتِ أَلْوَاحٍ وَدُسُرٍ﴾: اور سوار کیا ہم نے اس (نوحؑ) کو تختوں والی اور کیلوں والی (کشتی) پر ـــــ مجاہدؒ نے دُسُر کا ترجمہ کیا ہے: کشتی کی پسلیاں یعنی باریک تختے۔

۵- آیت ۱۴ میں ہے: ﴿جَزَاءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ﴾: بدلہ کے طور پر اس شخص کے لئے جس کی قدر نہ جانی گئی یعنی نوح علیہ السلام کی باتوں کا انکار کیا تو یہ سزا ملی ـــــ كُفِرَ له: ان کا انکار کیا گیا، ناشکری کی گئی جزاءً من الله: اللہ کی طرف سے سزا۔

۶- آیت ۲۸ میں ہے: ﴿كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ﴾: ہر باری حاضری کا وقت ہے یعنی لوگوں کے جانور اپنی باری پر اور اونٹنی اپنی باری پر پانی پر حاضر ہو ـــــ محتضر: اسم مفعول، احتضار مصدر: حاضر ہونا، موجود ہونا۔

۷- آیت ۸ میں ہے: ﴿مُهْطِعِيْنَ إِلَى الدَّاعِ﴾: پکارنے والے کی طرف تیزی سے دوڑنے والے یعنی لوگ قبروں سے نکل کر عدالت میں حاضری کے لئے تیزی کے ساتھ دوڑتے ہونگے ـــــ مُهْطِع: اسم فاعل، إِهْطَاع مصدر: سر جھکائے تیزی سے دوڑنے والا ـــــ النَّسَلَان: بھیڑیے کی تیز چال ـــــ الخَبَب: نرم دُلکی چال ـــــ السِّرَاع: تیز رفتار ـــــ کئی الفاظ ہم معنی جمع کئے ہیں۔

۸- آیت ۲۹ میں ہے: ﴿فَتَعَاطىٰ فَعَقَرَ﴾: پس ہاتھ بڑھایا اس نے اور کونچیں کاٹ دیں ـــــ عَاطَ: صحیح نہیں، عَطَا (ن) عَطْوًا: لینا، عَطَا إليه يديه: کسی کی طرف ہاتھ اٹھانا۔

۹- آیت ۳۱ میں ہے: ﴿فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ﴾: پس ہوگئے وہ کانٹوں کی روندی ہوئی باڑ کی طرح ـــــ حظار: آڑ، مُحْتَرِق: فنا شدہ درختوں کی برباد شدہ آڑ یعنی روندی ہوئی باڑ۔

۱۰- ازدجر کی تحقیق نمبر ۲ پر آگئی ہے۔

۱۱- كُفِرَ کی تحقیق نمبر ۵ پر آگئی ہے۔ ترجمہ: کیا ہم نے نوح کے ساتھ اور قوم نوح کے ساتھ جو کیا ہم نے، سزا کے طور پر اس کی جو کیا گیا نوح اور ان کے ساتھیوں کے ساتھ۔

۱۲- آیت ۳۸ میں ہے: ﴿عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ﴾: ٹھہرا ہوا عذاب یعنی نہ ٹلنے والی سزا ـــــ برحق سزا یعنی لازمی سزا۔

۱۳- آیت ۲۶ میں ہے: ﴿مَنِ الْكَذَّابُ الْأَشِرُ﴾: کون ہے جھوٹا بڑائی مارنے والا ـــــ المَرَح: اکڑ، اتراہٹ، تَجَبُّر: تکبر۔

چاند کا پھٹنا نبی ﷺ کا معجزہ تھا

سورۃ القمر کی آیات ۱و۲ ہیں: ''قیامت نزدیک آگئی اور چاند پھٹ گیا، اور اگر مشرکین کوئی نشانی (معجزہ) دیکھتے ہیں تو روگردانی کرتے ہیں اور کہتے ہیں: مسلسل چلا آنے والا جادو ہے!'' —— معجزہ شق القمر کا بیان پہلے دو جگہ آیا ہے (تحفۃ القاری ۷: ۳۳۶ و ۷: ۴۷۷) اور تینوں حدیثیں (ابن مسعود، ابن عباس اور انس رضی اللہ عنہم کی حدیثیں) بھی محولہ بالا جگہ میں آئی ہیں —— قیامت نزدیک آگئی: یعنی یہ ایک نمونہ ونشانی تھی قیامت کی کہ آگے سب کچھ یوں ہی پھٹے گا —— اور مُسْتَمِرّ کے معنی نمبر ایک میں آئے ہیں۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ وَإِنْ يَّرَوْا آيَةً يُّعْرِضُوْا﴾

[۴۸۶۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، وَسُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِىْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِرْقَتَيْنِ: فِرْقَةٌ فَوْقَ الْجَبَلِ وَفِرْقَةٌ دُوْنَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' اشْهَدُوْا'' [راجع: ۳۶۳۶]

[۴۸۶۵-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِىْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَصَارَ فِرْقَتَيْنِ، فَقَالَ لَنَا: ''اشْهَدُوْا، اشْهَدُوْا'' [راجع: ۳۶۳۶]

[۴۸۶۶-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ بَكْرٌ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ فِى زَمَانِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۶۳۸]

[۴۸۶۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سَأَلَ أَهْلُ مَكَّةَ أَنْ يُرِيَهُمْ آيَةً، فَأَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ. [راجع: ۳۶۳۷]

[۴۸۶۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ فِرْقَتَيْنِ. [راجع: ۳۶۳۷]

نوح علیہ السلام کی کشتی اس امت کے اگلوں نے دیکھی ہے

سورۃ القمر کی آیات ۱۳-۱۵ ہیں: ''اور ہم نے نوحؑ کو تختوں اور میخوں والی کشتی پر سوار کیا، وہ ہماری نگرانی میں چل رہی تھی، اس شخص کے بدلے کے طور پر جس کی قدر نہ پہچانی گئی، اور ہم نے اس (واقعہ/کشتی) کو عبرت ناک بنادیا، پس کیا کوئی ہے

نصیحت حاصل کرنے والا؟'' —— قتادہ رحمہ اللہ نے ھا کا مرجع کشتی کو بنایا ہے، فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کی کشتی کو باقی رکھا یہاں تک کہ پایا اس کو اس امت کے اگلوں نے یعنی وہ کشتی بعینہ جودی پہاڑ پر نظر آتی تھی، اس امت کے شروع کے لوگوں نے اس کو دیکھا ہے —— دوسروں نے ھا کا مرجع واقعہ کو بنایا ہے یعنی اس واقعہ میں عبرت کی نشانیاں ہیں —— اور مُدَّکر کی اصل مُذْتَکِر ہے، پہلے تاء کو دال (مہملہ) سے بدلا، پھر ذال (معجمہ) کو دال (مہملہ) سے بدلا، پھر دونوں میں ادغام کیا، آگے روایت (حدیث ۴۸۷۴) آرہی ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو یہ سورت سنائی اور مُذَّکِر پڑھا تو آپؐ نے اصلاح کی کہ مُدَّکِرْ پڑھو۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿تَجْرِيْ بِأَعْيُنِنَا جَزَاءً لِمَنْ كَانَ كُفِرَ ○ وَلَقَدْ تَرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾

قَالَ قَتَادَةُ: أَبْقَى اللّٰهُ سَفِيْنَةَ نُوْحٍ حَتّٰى أَدْرَكَهَا أَوَائِلُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ.

[٤٨٦٩-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ: ﴿فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ﴾ [راجع: ٣٣٤١]

قرآن کا پڑھنا اور حفظ کرنا آسان ہے

سورۃ القمر میں چار مرتبہ فرمایا ہے کہ ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کیا ہے، پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ —— اور یہ آیت بھی بار بار آئی ہے: ﴿فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾: کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ قرآن کا ناظرہ، حفظ اور سمجھنا: تینوں آسان ہیں، مجاہدؒ کہتے ہیں: ہم نے قرآن کا پڑھنا آسان کیا ہے: اس میں تینوں باتیں داخل ہیں —— واقعہ یہ ہے کہ کسی زبان کو سمجھے بغیر اس زبان کی اتنی بڑی کتاب اندر دیکھ کر پڑھنا آسان نہیں، مگر قرآن کو کروڑوں انسان: مرد و زن: بغیر سمجھے فر فر پڑھتے ہیں —— اسی طرح کسی زبان کو سمجھے بغیر زبانی یاد کرنا ناممکن ہے، مگر قرآن کا حال یہ ہے کہ بچے بے سمجھے دو تین سال میں پورا قرآن ایسا پکا یاد کر لیتے ہیں کہ ایک حرف اِدھر سے اُدھر نہیں ہونے دیتے —— اور سمجھنے کا حال یہ ہے کہ عربی ہو، عجمی ہو، جوان ہو، بوڑھا ہو، شہری ہو، دیہاتی ہو، مرد ہو یا عورت سب قرآن کو یکساں سمجھ سکتے ہیں، مگر نصیحت پذیری کی حد تک، حقائق و دقائق علماء کا حصہ ہیں، یہ قرآنِ کریم کا معجزہ ہے۔

بَابٌ: ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾

قَالَ مُجَاهِدٌ: هَوَّنَّا قِرَاءَ تَهُ.

[٤٨٧٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ: ﴿فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ [راجع: ٣٣٤١]

کیسا رہا اللہ کا عذاب اور اللہ کا ڈرانا؟

قوم عاد پر اللہ تعالیٰ نے ایک تند ہوا بھیجی، جو سات راتیں اور آٹھ دن مسلسل چلتی رہی، اور وہ ان کے حق میں منحوس ثابت ہوئی، وہ ان کو اکھاڑ اکھاڑ کر اس طرح پھینکتی تھی جیسے اکھڑی ہوئی کھجور کے تنے ہوں، پس کیسا رہا اللہ کا عذاب اور اللہ کا ڈرانا؟ کیا بتائیں! بڑا خوفناک اور عبرت ناک عذاب تھا، اللہ ہماری حفاظت فرمائیں (آمین)

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ﴾

[٤٨٧١-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلاً سَأَلَ الْأَسْوَدَ: فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ أَوْ مُذَّكِرٍ؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ يَقْرَؤُهَا: ﴿فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ قَالَ: وَسَمِعْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَؤُهَا: ﴿فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ﴾ دَالاً. [راجع: ٣٣٤١]

قوله: دَالاً: یعنی دال (مہملہ) کے ساتھ، ذال (معجمہ) کے ساتھ نہیں۔

ثمود کو کانٹوں کی باڑ کا چورا بنا دیا

ثمود: عاد کے جانشیں بنے، جب ان کی سرکشی کا پارہ چڑھ گیا اور وہ حد سے نکل گئے تو ان کی طرف صالح علیہ السلام کو بھیجا، انھوں نے ہر چند سمجھایا مگر کتے کی دم ٹیڑھی رہی! بلکہ 'اللہ کی اونٹنی' کو جو پتھر سے معجزہ کے طور پر نکلی تھی قتل کر دیا پس ان پر چنگھاڑ (مہیب آواز) بھیجی گئی جس نے ان کو کانٹوں کی باڑ کے چورے کی طرح کر دیا، اس میں ڈرنے والوں کے لئے بڑی عبرت ہے۔

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ۝ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾

[٤٨٧٢-] حدثنا عَبْدَانُ، أَخْبَرَنِىْ أَبِىْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ: ﴿فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ الآيَةَ. [راجع: ٣٣٤١]

قوم لوط علیہ السلام کا پتھر برسانے والی آندھی نے بھرتا بنا دیا

سدّوم اور مضافات کے باشندوں نے بے حیائی کا کام شروع کیا، پس ان کی طرف لوط علیہ السلام کو بھیجا، انھوں نے ہر چند سمجھایا مگر بدمست لوگوں کو ہوش نہیں آیا، پس عذاب نے ان کو صبح سویرے پکڑ لیا، اور سب بستیوں کو تلپٹ کر دیا، اب وہاں 'بحر مردار' ہے جس میں کوئی حیوان زندہ نہیں رہتا، پس کیا کوئی سوچنے والا ہے؟!

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ۝ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ﴾

[٤٨٧٣-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَرَأَ: ﴿فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ [راجع: ٣٣٤١]

کفارقریش کے قماش کے بہت سے لوگوں کو پہلے ہلاک کیا جاچکا ہے

عاد وثمود اور قوم لوط وقوم فرعون ہی پر موقوف نہیں، ان کی قماش کے بہت سے کافروں کو تباہ کیا جاچکا ہے، کیا اب بھی کوئی ان کے حال سے عبرت پذیر ہوگا؟ —— أَشْيَاع: شِيْعَة کی جمع: اشباہ اور نظائر، ایک قماش کے لوگ۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾

[٤٨٧٤-] حدثنا يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿فَهَلْ مِنْ مُذَّكِرٍ﴾ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "﴿فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾" [راجع: ٣٣٤١]

ایک پیشین گوئی جو بدر کے دن پوری ہوئی

آیت ۴۵ میں ہے: "اب مجمع شکست کھائے گا اور پیٹھ پھیر کر بھاگے گا!" —— یہ ایک پیشین گوئی تھی، کفار قریش سے کہا گیا کہ تمہیں اپنے جتھے پے ناز ہے، مگر یہ مجمع دُم دبا کر بھاگے گا، اس وقت آیت کی عملی تفسیر سمجھ میں نہیں آرہی تھی، حاشیہ میں روایت ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی تو (اس کی عملی صورت) میری سمجھ میں نہیں آئی، مگر جب جنگِ بدر کا موقعہ آیا، اور نبی ﷺ زرہ پہنے ہوئے جھونپڑی سے یہ آیت پڑھتے ہوئے نکلے تو بات میری سمجھ میں آگئی —— اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۲۸۰) آئی ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ﴾

[٤٨٧٥-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ وُهَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ يَوْمَ بَدْرٍ: "اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ، اللّٰهُمَّ إِنْ تَشَأْ لَاتُعْبَدْ بَعْدَ الْيَوْمِ" فَأَخَذَ أَبُوْ بَكْرٍ بِيَدِهِ فَقَالَ: حَسْبُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلْحَحْتَ عَلٰى رَبِّكَ، وَهُوَ يَثِبُ فِي الدِّرْعِ، فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُوْلُ: "﴿سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ۝ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ﴾" [راجع: ٢٩١٥]

کفار کو اصلی شکست قیامت کے دن ہوگی

گذشتہ باب کی پیشین گوئی کے بعد متصلاً آیت ۴۶ میں ہے: "بلکہ ان کے وعدہ کا وقت قیامت ہے، اور وہ گھڑی بڑی آفت اور بہت کڑوی ہے!" —— یعنی دنیا کی شکست ان کی اصلی سزا نہیں، ان کو اصل سزا تو قیامت کے دن ملے گی اور وہ بہت سخت ہوگی، جب قیامت کی گھڑی سر پے آ کھڑی ہوگی تو وہ بہت سخت مصیبت کا وقت ہوگا —— أَمَرُّ: اسم تفضیل: مَرَارَة سے: بہت تلخ، مُرُوْر (گذرنے) سے نہیں ہے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ﴾

يَعْنِيْ: مِنَ الْمَرَارَةِ.

[٤٨٧٦-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حُدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْسُفُ بْنُ مَاهَكٍ، قَالَ: إِنِّيْ عِنْدَ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ: لَقَدْ أُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ، وَإِنِّيْ لَجَارِيَةٌ أَلْعَبُ: ﴿بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ﴾[طرفه: ٤٩٩٣]

[٤٨٧٧-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ لَهُ يَوْمَ بَدْرٍ: "أَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ، اللّٰهُمَّ إِنْ شِئْتَ لَمْ تُعْبَدْ بَعْدَ الْيَوْمِ أَبَدًا" فَأَخَذَ أَبُوْ بَكْرٍ بِيَدِهِ، وَقَالَ: حَسْبُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَدْ أَلْحَحْتَ عَلٰى رَبِّكَ، وَهُوَ فِي الدِّرْعِ، فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُوْلُ: ﴿سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ۝ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ﴾"[راجع: ٢٩١٥]

٥٥- سورة الرحمن

[١-] ﴿وَأَقِيْمُوا الْوَزْنَ﴾: يُرِيْدُ لِسَانَ الْمِيْزَانِ. [٢-] وَالْعَصْفُ: بَقْلُ الزَّرْعِ إِذَا قُطِعَ مِنْهُ شَيْئٌ قَبْلَ أَنْ يُدْرِكَ فَذٰلِكَ الْعَصْفُ. ﴿وَالرَّيْحَانُ﴾: وَرَقُهُ. ﴿وَالْحَبُّ﴾: الَّذِيْ يُؤْكَلُ مِنْهُ، وَالرَّيْحَانُ فِيْ كَلَامِ الْعَرَبِ: الرِّزْقُ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: وَالْعَصْفُ: يُرِيْدُ الْمَأْكُوْلُ مِنَ الْحَبِّ، وَالرَّيْحَانُ: النَّضِيْجُ الَّذِيْ لَمْ يُؤْكَلْ: وَقَالَ غَيْرُهُ: وَالْعَصْفُ: وَرَقُ الْحِنْطَةِ. وَقَالَ الضَّحَّاكُ: الْعَصْفُ: التِّبْنُ. وَقَالَ أَبُوْ مَالِكٍ: الْعَصْفُ أَوَّلُ مَا يَنْبُتُ تُسَمِّيْهِ النَّبَطُ: هَبُوْرًا. وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْعَصْفُ: وَرَقُ الْحِنْطَةِ، وَالرَّيْحَانُ: الرِّزْقُ. [٣-] وَالْمَارِجُ: اللَّهَبُ الْأَصْفَرُ وَالْأَخْضَرُ الَّذِيْ يَعْلُوْ النَّارَ إِذَا أُوْقِدَتْ.

سورۃ الرحمان کی تفسیر

١- آیت ٩ ہے: ﴿وَأَقِيْمُوْا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوْا الْمِيْزَانَ﴾: اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو اور تول

گھٹاؤمت —— الوزن: ترازو کا کانٹا، ترازو کے دستے کی سوئی جو تولتے وقت دائیں بائیں جھک کر وزن بتاتی ہے —— آیت میں مثبت و منفی پہلو سے حکم دیا ہے کہ دیانت داری کے ساتھ ٹھیک تولا جائے۔

۲-آیات ۱۰-۱۲ ہیں: ﴿وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ○ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ○ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ﴾: اور اللہ نے خلقت کے لئے زمین بنائی، اس میں میوے، غلاف دار کھجوریں، بھوس والا غلہ اور خوشبودار پھول ہیں۔

حَبّ: غلہ: وہ چیز جو کھیتی میں سے کھائی جائے —— عَصْف: کے پانچ معنی کئے ہیں: (۱) کھیتی پکنے سے پہلے اس میں سے کچھ کاٹ لیا جائے (اس کو سینک کر کھاتے ہیں) (۲) کھایا جانے والا غلہ (۳) گیہوں کے پتّے (۴) بھوسا (۵) پہلی وہ چیز جو اگتی ہے، یعنی کونپل —— ریحان: کے تین معنی کئے ہیں: (۱) کھیتی کے پتّے (۲) رزق (۳) پکا ہوا غلہ جو کھایا نہ گیا ہو۔

عبارت کا ترجمہ: اور عصف: اُگی ہوئی کھیتی جب اس میں سے کچھ کاٹا جائے پکنے سے پہلے تو وہ عصف ہے —— اور ریحان: کھیتی کے پتّے ہیں —— اور حبّ: وہ چیز ہے جو کھیتی میں سے کھائی جاتی ہے —— اور ریحان: کلام عرب میں رزق ہے —— اور بعض نے کہا: عصف سے مراد کھایا جانے والا غلہ ہے —— اور ریحان: پکا ہوا غلہ ہے جو نہ کھایا گیا ہو —— اور اس کے علاوہ نے کہا: عصف: گیہوں کے پتّے ہیں —— اور ضحاک نے کہا: عصف: بھوسا ہے —— اور ابو مالک نے کہا: عصف: پہلی وہ چیز ہے جو اگتی ہے (کونپل) نبطی اس کو ہبور کہتے ہیں —— اور مجاہدؒ نے کہا: عصف: گیہوں کے پتّے ہیں —— اور ریحان: رزق ہے۔

۳-آیت ۱۵ ہے: ﴿وَخَلَقَ الْجَانَّ مِنْ مَّارِجٍ مِنْ نَّارٍ﴾: اور جانّ کو آگ کی لپٹ سے پیدا کیا —— پیلی اور ہری لپٹ جو آگ پر نظر آتی ہے جب آگ سلگاتے ہیں وہ مارج ہے۔

[٤-] وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَنْ مُجَاهِدٍ: ﴿رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ﴾: لِلشَّمْسِ: فِي الشِّتَاءِ مَشْرِقٌ، وَمَشْرِقٌ فِي الصَّيْفِ ﴿وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ﴾: مَغْرِبُهَا فِي الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ. [٥-] ﴿لَايَبْغِيَانِ﴾: لَايَخْتَلِطَانِ. [٦-] ﴿الْمُنْشَئَآتُ﴾: مَا رُفِعَ مِنْ قِلْعِهِ مِنَ السُّفُنِ، فَأَمَّا مَا لَمْ يُرْفَعْ قِلْعُهُ فَلَيْسَ بِمُنْشَأَةٍ.

۴-آیت ۱۷ ہے: ﴿رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ﴾: دو مشرقوں کے مالک اور دو مغربوں کے مالک —— جاڑے اور گرمی میں جس نقطہ سے سورج طلوع ہوتا ہے وہ دو مشرق ہیں، اور جہاں غروب ہوتا ہے وہ دو مغرب ہیں، انہی مشرقین اور مغربین کے بدلنے سے موسم اور فصلیں بدلتی ہیں، اور طرح طرح کے انقلابات رونما ہوتے ہیں۔

۵-آیات ۱۹ و ۲۰ ہیں: ﴿مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ○ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ﴾: دو سمندر ملائے جو دونوں مل کر چلتے ہیں ○ دونوں کے درمیان آڑ ہے، ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرتے یعنی ایسا نہیں ہوتا کہ میٹھا اور کھارا پانی مل جائیں، اور

ایک دوسرے کی خاصیت کو زائل کر دیں۔

۶- آیت ۲۴ ہے: ﴿وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَآتُ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ﴾: اور اللہ ہی کے لئے ہیں پہاڑ جیسے سمندر میں اونچے کھڑے ہوئے جہاز —— الْمُنْشَأَة: اسم مفعول، مصدر إنشآء: سطح سمندر سے اونچی کی ہوئی کشتیاں یعنی وہ کشتیاں جن کے بادباں اٹھائے ہوئے ہیں، اگر بادبان نہ اٹھایا گیا ہو تو وہ مَنْشَأة نہیں ہے —— قَلْع (لام کا جزم اور زبر) بادبان (وہ کپڑا جو کشتی کی رفتار کو تیز کرنے کے لئے اور اس کا رخ موڑنے کے لئے لگاتے ہیں)

[۷-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وَنُحَاسٌ﴾: الصُّفْرُ يُصَبُّ عَلٰى رُءُوْسِهِمْ، يُعَذَّبُوْنَ بِهِ. [۸-] ﴿خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ﴾: يَهُمُّ بِالْمَعْصِيَةِ فَيَذْكُرُ اللّٰهَ فَيَتْرُكُهَا. [۹-] الشُّوَاظُ: لَهَبٌ مِنْ نَارٍ. [۱۰-] ﴿مُدْهَامَّتَانِ﴾: سَوْدَاوَانِ مِنَ الرِّيِّ. [۱۱-] ﴿صَلْصَالٍ﴾: خُلِطَ بِرَمْلٍ، فَصَلْصَلَ كَمَا يُصَلْصِلُ الْفَخَّارُ، وَيُقَالُ: مُنْتِنٌ، يُرِيْدُوْنَ بِهِ صَلَّ، يُقَالُ: صَلْصَالٌ، كَمَا يُقَالُ صَرَّ الْبَابُ عِنْدَ الإِغْلَاقِ، وَصَرْصَرَ مِثْلُ كَبْكَبْتُهُ يَعْنِى كَبَبْتُهُ. [۱۲-] ﴿فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ﴾ وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَيْسَ الرُّمَّانُ وَالنَّخْلُ بِالْفَاكِهَةِ، وَأَمَّا الْعَرَبُ فَإِنَّهَا تَعُدُّهَا فَاكِهَةً، كَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطٰى﴾ فَأَمَرَهُمْ بِالْمُحَافَظَةِ عَلٰى كُلِّ الصَّلَوَاتِ، ثُمَّ أَعَادَ الْعَصْرَ تَشْدِيْدًا لَهَا، كَمَا أُعِيْدَ النَّخْلُ وَالرُّمَّانُ، وَمِثْلُهَا: ﴿أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ﴾ [الحج: ۱۸] ثُمَّ قَالَ: ﴿وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ﴾ وَقَدْ ذَكَرَهُمْ فِيْ أَوَّلِ قَوْلِهِ: ﴿مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ﴾

۷- آیت ۳۵ میں نُحَاسٌ ہے، مجاہدؒ نے اس کا ترجمہ پگھلایا ہوا تانبا کیا ہے، جو دوزخیوں کے سروں پر ڈالا جائے گا، اور اس کے ذریعہ وہ سزا دیئے جائیں گے —— اور سعید بن جبیرؒ نے اس کا ترجمہ 'دھواں' کیا ہے، اردو مترجمین یہی قول لیتے ہیں۔

۸- آیت ۴۶ ہے: ﴿وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ﴾: اس شخص کے لئے جو اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے (حساب دینے سے) ڈرتا ہے دو باغ ہیں —— آدمی گناہ کا ارادہ کرتا ہے، پھر اللہ کو یاد کرتا ہے اور گناہ چھوڑ دیتا ہے، ﴿خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ﴾ سے وہ مراد ہے۔

۹- آیت ۳۵ میں ﴿شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ﴾: ہے یعنی آگ کی لپٹ۔

۱۰- آیت ۶۴ ہے: ﴿مُدْهَامَّتَانِ﴾: گہرے سبز، سیراب کرنے کی وجہ سے سیاہ، سبزی جب زیادہ گہری ہوتی ہے تو وہ سیاہی مائل ہو جاتی ہے۔

۱۱- یہ عبارت بعینہ پہلے آئی ہے، اس کی شرح تحفۃ القاری (۶: ۵۳۵) میں ہے۔

۱۲- آیت ۶۸ ہے: ﴿فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ﴾: ان دو باغوں میں میوے، کھجوریں اور انار ہیں —— اور امام

ابوحنیفہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: انار اور کھجور میوے نہیں ہیں (پس اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ میوہ نہیں کھائے گا، پھر انار یا کھجور کھالی تو حانث نہیں ہوگا) اور رہے عرب تو وہ ان کو میووں میں شمار کرتے ہیں (امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ مذکورہ آیت میں نخل اور رمان کا فاکھۃ پر عطف کیا گیا ہے، اور عطف مغائرت کو چاہتا ہے۔ امام بخاریؒ اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہ عطف: تخصیص بعد التعمیم ہے) جیسے سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۸ میں پہلے سبھی نمازوں کی حفاظت کا حکم دیا ہے، پھر تاکید کے لئے عصر کی نماز کا دوبارہ ذکر کیا ہے، اسی طرح فاکہہ کے بعد کھجور اور انار کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے تخصیص کی گئی ہے۔

دوسری مثال: سورۃ الحج آیت ۱۸ میں ہے کہ آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہے وہ اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہے، پھر فرمایا: ''اور بہت سے انسان بھی سجدہ کرتے ہیں، اور بہت سوں پر عذاب ثابت ہوگیا (چنانچہ وہ سجدہ نہیں کرتے) انسانوں کا ذکر شروع آیت میں آگیا ہے، پھر دوبارہ ان کا تذکرہ کیا یہ تخصیص بعد التعمیم ہے (قاعدہ صحیح ہے، مگر یہاں اس کی تطبیق مشکل ہے، کیونکہ میوہ اس چیز کو کہا جاتا ہے جو خوش طبعی کے طور پر کھائی جاتی ہے اور کھجور میں غذائیت ہے اور انار دواء کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، پس وہ خالص فَاکِھَۃ (میوے) نہیں رہے، اس لئے یہاں تخصیص بعد التعمیم کا قاعدہ جاری نہیں ہوسکتا، اور عجیب بات یہ ہے کہ امام بخاریؒ نے فراء کا کلام ملخصاً نقل کیا ہے، وہ کہتے ہیں: قال بعض المفسرین: لیس الرمان ولا النخل من الفاکھۃ (عمدۃ) امام بخاریؒ نے اس کا بعضھم کر دیا، اور بات امام ابوحنیفہؒ کے سر مڑھ دی، سچ ہے: جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے!

[۱۳-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿أَفْنَانٍ﴾: أَغْصَانٍ. [۱٤-] ﴿وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ﴾: مَا يُجْتَنَى قَرِيْبٌ، [۱٥-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿فَبِأَيِّ آلَاءِ﴾: نِعَمِهِ. وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿رَبِّكُمَا﴾: يَعْنِي الْجِنَّ وَالإِنْسَ. [۱٦-] وَقَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ: ﴿كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَأْنٍ﴾: يَغْفِرُ ذَنْبًا، وَيَكْشِفُ كَرْبًا، وَيَرْفَعُ قَوْمًا، وَيَضَعُ آخَرِيْنَ. [۱۷-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿بَرْزَخٌ﴾: حَاجِزٌ. [۱۸-] الْأَنَامُ: الْخَلْقُ. [۱۹-] ﴿نَضَّاخَتَانِ﴾: فَيَّاضَتَانِ. [۲۰-] ﴿ذُو الْجَلَالِ﴾: ذُو الْعَظَمَةِ.

۱۳- آیت ۴۸ ہے: ﴿ذَوَاتَا أَفْنَانٍ﴾: شاخوں والے ـــــ فَنٌّ کی جمع ہے، جس کے معنی نوع (قسم) کے ہیں۔

۱۴- آیت ۵۴ میں ہے: ﴿وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ﴾: اور دونوں باغوں کے پکے ہوئے پھل قریب آنے والے ہیں، جن سے کھڑے، بیٹھے، لیٹے، ہر حال میں متمتع ہوسکیں گے ـــــ جَنَا: اسم: پکا ہوا میوہ، جمع أَجْنَاء: مَا يُجْتَنَى: جو چنا جائے، پکا پھل چنا جاتا ہے ـــــ دانٍ: اسم فاعل: قریب، دُنُوٌّ: قریب ہونا۔

۱۵- سورۃ الرحمان میں ۳۱ مرتبہ آیا ہے: ﴿فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ﴾: پس تمہارے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ـــــ آلَاءُ: الإِلٰی اور الألٰی کی جمع: نعمت ـــــ ربکما کی ضمیر تثنیہ کا مرجع جنات اور انسان ہیں۔

۱۶- آیت ۲۹ میں ہے: ﴿كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَأْنٍ﴾: ہر دن یعنی ہر وقت اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی کام میں ہیں —— حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کسی کا گناہ معاف کرتے ہیں، کسی کی بے چینی دور کرتے ہیں، کسی قوم کو سرفراز کرتے ہیں اور دوسری اقوام کو گراتے ہیں (یہ بطور مثال اللہ کے کام ہیں)

۱۷- آیت ۲۰ میں ﴿بَرْزَخٌ﴾ ہے، جس کے معنی ہیں: آڑ، یہ آڑ ہلکا بھاری ہونے کی ہے، کھارا پانی ہلکا ہوتا ہے اور میٹھا پانی بھاری، اس لئے دونوں ملتے نہیں۔

۱۸- آیت ۱۰ میں ﴿أَنَامِ﴾ ہے، اس کے معنی ہیں: خلقت، سبھی مخلوقات۔

۱۹- آیت ۶۶ میں ﴿نَضَّاخَتَانِ﴾ ہے یعنی ابلتے ہوئے دو چشمے —— فیاض: ابلتا ہوا۔

۲۰- آیت ۲۷ میں: ﴿ذُو الْجَلَالِ﴾ ہے، اس کے معنی ہیں: عظمت والے۔

[۲۱-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿مَارِجٍ﴾: خَالِصٍ مِنَ النَّارِ، يُقَالُ: مَرَجَ الْأَمِيْرُ رَعِيَّتَهُ إِذَا خَلَّاهُمْ يَعْدُوْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ، مَرَجَ أَمْرُ النَّاسِ. ﴿مَرِيْجٍ﴾: مُلْتَبِسٌ. ﴿مَرَجَ﴾: اخْتَلَطَ ﴿الْبَحْرَيْنِ﴾ مِنْ مَرَجْتَ دَابَّتَكَ تَرَكْتَهَا. [۲۲-] ﴿سَنَفْرُغُ﴾: سَنُحَاسِبُكُمْ، لَا يَشْغَلُهُ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ وَهُوَ مَعْرُوْفٌ فِي كَلَامِ الْعَرَبِ، يُقَالُ: لَأَتَفَرَّغَنَّ لَكَ وَمَا بِهِ شُغْلٌ، يَقُوْلُ: لَآخُذَنَّكَ عَلٰى غِرَّتِكَ.

۲۱- یہ عبارت بعینہٖ پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۰۳) آئی ہے، شرح وہاں ہے۔

۲۲- آیت ۳۱ ہے: ﴿سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَ الثَّقَلَانِ﴾: ہم عنقریب تمہارے لئے فارغ ہوتے ہیں اے دو بوجھل مخلوقو! —— یعنی جب دنیا کا یہ دور نمٹ جائے گا تو ہم دوسرا دور شروع کریں گے، اور جن وانس کا حساب ہوگا، اور مجرموں کی پوری طرح خبر لی جائے گی —— ترجمہ: ہم تمہارا حساب کریں گے، اللہ کو ایک چیز دوسری چیز سے مشغول نہیں کرتی، اور یہ محاورہ کلام عرب میں معروف ہے، کہا جاتا ہے: ''میں ضرور تیرے لئے فارغ ہوتا ہوں'' درانحالیکہ وہ کسی کام میں مشغول نہیں ہے، اسی طرح کہتے ہیں: میں ضرور تجھے پکڑوں گا تیری غفلت میں۔

جنتیوں کے احوال

آخرت میں دو جنتیں تو مقربین کے لئے ہیں، اور دوسری دو جو اول سے کم تر ہیں عام مؤمنین کے لئے ہیں، اول کی ہر چیز سونے کی ہے اور ثانی کی چاندی کی، جیسا کہ باب کی حدیث میں ہے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتَانِ﴾

[۴۸۷۸-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ، قَالَ:

حَدَّثَنَا أَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "جَنَّتَانِ: مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا، وَجَنَّتَانِ: مِنْ ذَهَبٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا، وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوْا إِلٰى رَبِّهِمْ إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِ عَلٰى وَجْهِهِ فِيْ جَنَّةِ عَدْنٍ" [طرفاه: ۴۸۸۰، ۷۴۴۴]

حدیث: ابوبکر کے والد یعنی حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ جن کا نام عبداللہ بن قیس ہے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "دو جنتیں: ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے چاندی کا ہے، اور دو جنتیں: ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے سونے کا ہے، اور نہیں ہے جنت عدن (ہمیشہ رہنے کی جنت) میں لوگوں کے درمیان اور اس بات کے درمیان کہ وہ اپنے پروردگار کی زیارت کریں مگر اللہ کے چہرے پر کبریائی (عظمت) کی چادر!

تشریح: یہ صفات کی حدیث ہے، پس اللہ کے چہرے پر پڑی ہوئی چادر کی حقیقت ہم نہیں سمجھ سکتے، ہاں اتنی بات طے ہے کہ اللہ کی صفات نہ عین ذات ہیں نہ غیر ذات، پس یہ سوال ختم ہوگیا کہ غیر اللہ نے اللہ کے چہرے کا احاطہ کیسے کیا؟

اور حدیث کا حاصل یہ ہے کہ دنیا میں تو رویت باری کے لئے مانع انسانوں کا ضعف بصر بھی ہے، جنت میں یہ مانع تو باقی نہیں رہے گا، البتہ اللہ کی عظمت اور کبریائی کی وجہ سے ہر وقت زیارت ممکن نہ ہوگی، جب اللہ تعالیٰ عظمت کی چادر ہٹائیں گے تب جنتیوں کو زیارت نصیب ہوگی۔

خیموں میں رکی رہنے والی حوریں

آیت ۷۲ میں ہے: (جنت میں) حوریں ہیں خیموں میں رکی رہنے والیاں! ــــــ معلوم ہوا کہ عورت کی خوبی گھر میں رُکے رہنے میں ہے۔

اور حُوْر: حوراء کی جمع ہے: سیاہ چشم (قالہ ابن عباس) ــــــ مقصورات: رُکی رہنے والیاں! ان کی نگاہیں اور ان کی ذاتیں شوہروں کے لئے روکی گئی ہیں ــــــ مقصورات: وہ اپنے شوہروں کے علاوہ کو نہیں چاہیں گی۔

اور حدیث گذشتہ باب کی ہے، البتہ اس میں یہ مضمون زائد ہے کہ جنت میں کھوکھلے (خالی کئے ہوئے) موتی کا ایک خیمہ ہوگا، جس کی چوڑائی ساٹھ میل ہوگی، اس کے ہر کونے میں جنتی کی ایسی فیملی ہوگی جو دوسری فیملی کو نظر نہیں آئے گی، مؤمن ان کے پاس آتا جاتا رہے گا۔

[۲-] بَابٌ: ﴿حُوْرٌ مَّقْصُوْرَاتٌ فِي الْخِيَامِ﴾

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الْحَوْرَاءُ: سَوْدَاءُ الْحَدَقِ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَقْصُوْرَاتٌ﴾: مَحْبُوْسَاتٌ، قُصِرَ طَرْفُهُنَّ وَأَنْفُسُهُنَّ عَلٰى أَزْوَاجِهِنَّ، ﴿قَاصِرَاتُ﴾: لَا يَبْغِيْنَ غَيْرَ أَزْوَاجِهِنَّ.

[٤٨٧٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنِى عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ أَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ فِى الْجَنَّةِ خَيْمَةً مِنْ لُؤْلُؤَةٍ مُجَوَّفَةٍ، عَرْضُهَا سِتُّوْنَ مِيْلاً، فِىْ كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا أَهْلٌ مَا يَرَوْنَ الآخَرِيْنَ، يَطُوْفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُوْنَ"[راجع: ٣٢٤٣]

[٤٨٨٠-] "وَجَنَّتَانِ: مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا، وَجَنَّتَانِ: مِنْ كَذَا آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا، وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوْا إِلَى رَبِّهِمْ إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِ عَلٰى وَجْهِهِ فِىْ جَنَّةِ عَدْنٍ"[راجع: ٤٨٧٨]

٥٦- الواقعة

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿رُجَّتْ﴾: زُلْزِلَتْ. [٢-] ﴿بُسَّتْ﴾: فُتَّتْ، لُتَّتْ كَمَا يُلَتُّ السَّوِيْقُ. [٣-]الْمَخْضُوْدُ: الْمُوْقَرُ حَمْلاً، وَيُقَالُ أَيْضًا: لَاشَوْكَ لَهُ. [٤-] ﴿مَنْضُوْدٍ﴾: الْمَوْزُ. [٥-] وَالْعُرُبُ: الْمُحَبَّبَاتُ إِلٰى أَزْوَاجِهِنَّ. [٦-] ﴿ثُلَّةٌ﴾: أُمَّةٌ. [٧-] ﴿يَحْمُوْمٍ﴾: دُخَانٌ أَسْوَدُ. [٨-] ﴿يُصِرُّوْنَ﴾: يُدِيْمُوْنَ. [٩-] الْهِيْمُ: الإِبِلُ الظِّمَاءُ. [١٠-] ﴿لَمُغْرَمُوْنَ﴾: لَمُلْزَمُوْنَ. [١١-] ﴿فَرَوْحٌ﴾: جَنَّةٌ وَرَخَاءٌ. وَالرَّيْحَانُ: الرِّزْقُ. [١٢-] ﴿وَنُنْشِئَكُمْ﴾: فِىْ أَىِّ خَلْقٍ نَشَاءُ.

سورۃ الواقعہ کی تفسیر

۱- آیت ۴ ہے: ﴿إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا﴾: جب زمین میں سخت زلزلہ آئے گا ـــــ رَجَّهُ(ن) رَجًّا: حرکت دینا، زور سے ہلانا۔

۲- آیت ۵ ہے: ﴿وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا﴾: اور پہاڑ بالکل ریزہ ریزہ کردیئے جائیں گے ـــــ بَسَّ (ن) بَسًّا: چکنا چور کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــــ لَتَّ (ن) الشيئَ: چورہ کرنا، پیسنا۔ لَتَّ السويقَ کے معنی ہیں: ستّو میں گھی ملانا ـــــ مگر اس لفظ کے معنی چورا کرنے کے بھی ہیں۔

۳- آیت ۲۸ ہے: ﴿فِىْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ﴾: (جنتی) بے خار بیریوں میں ہونگے ـــــ مخضود کے دو معنی ہیں: (۱) پھلوں سے لدی ہوئی (۲) جس میں کانٹا نہ ہو، بے خار۔

۴- آیت ۲۹ ہے: ﴿وَطَلْحٍ مَنْضُوْدٍ﴾: اور تہ بہ تہ کیلوں میں ہونگے ـــــ المَوز: کیلا۔

۵- آیت ۳۷ ہے: ﴿عُرُبًا أَتْرَابًا﴾: محبوبائیں، ہم عمر۔

۶- آیت ۱۳ اور ۴۰ میں ﴿ثُلَّةٌ﴾ ہے، اس کے معنی ہیں: انبوہ، امت، گروہ۔

۷- آیت ۴۳ ہے: ﴿وَظِلٍّ مِنْ يَّحْمُوْمٍ﴾: اور کالے دھویں کے سایے میں ہونگے۔

۸- آیت ۴۶ ہے: ﴿وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ﴾: اور وہ ایک بڑے گناہ (شرک) پر اڑتے تھے، يُديمون: ہمیشہ رہے وہ۔

۹- آیت ۵۵ ہے: ﴿فَشَارِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ﴾: پس وہ پئیں گے پیاسے اونٹوں کے پینے کی طرح۔

۱۰- آیت ۶۶ ہے: ﴿إِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ﴾: ہم پر تو تاوان ہی پڑ گیا —— مُلْزَم: لازم کیا ہوا، قرضہ تاوان وغیرہ۔

۱۱- آیت ۸۹ ہے: ﴿فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ﴾: ان کے لئے راحت کی غذائیں اور آرام کے باغات ہیں —— مجاہدؒ نے رَوْح کا ترجمہ باغ اور خوش حالی کیا ہے اور ریحان کا ترجمہ: رزق کیا ہے۔

۱۲- آیت ۶۱ میں ہے: ﴿وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَالاَ تَعْلَمُوْنَ﴾: اور بنادیں ہم تم کو ایسی صورت میں جس کو تم نہیں جانتے —— جس بناوٹ میں ہم چاہیں تمہیں تبدیل کر سکتے ہیں۔

[۱۳-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿تَفَكَّهُوْنَ﴾: تَعَجَّبُوْنَ. [۱۴-] ﴿عُرُبًا﴾: مُثَقَّلَةً، وَاحِدُهَا عَرُوْبٌ، مِثْلُ صَبُوْرٍ وَصُبُرٍ، يُسَمِّيْهَا أَهْلُ مَكَّةَ: الْعَرِبَةَ، وَأَهْلُ الْمَدِيْنَةِ: الْغَنِجَةَ، وَأَهْلُ الْعِرَاقِ: الشَّكِلَةَ. [۱۵-] وَقَالَ فِيْ: ﴿خَافِضَةٌ﴾: لِقَوْمٍ إِلَى النَّارِ، و﴿رَافِعَةٌ﴾ إِلَى الْجَنَّةِ. [۱۶-] ﴿مَوْضُوْنَةٍ﴾: مَنْسُوْجَةٍ، وَمِنْهُ وَضِيْنُ النَّاقَةِ. [۱۷-] و﴿الْكُوْبُ﴾: لاَ آذَانَ لَهُ وَلاَ عُرْوَةَ. وَالْأَبَارِيْقُ: ذَوَاتُ الْآذَانِ وَالْعُرَى [۱۸-] ﴿مَسْكُوْبٍ﴾: جَارٍ. [۱۹-] ﴿وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ﴾: بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ. [۲۰-] ﴿مُتْرَفِيْنَ﴾: مُتَمَتِّعِيْنَ. [۲۱-] ﴿مَا تُمْنُوْنَ﴾: هِيَ النُّطْفَةُ فِيْ أَرْحَامِ النِّسَاءِ.

۱۳- آیت ۶۵ میں ہے: ﴿فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ﴾: پھر تم متعجب ہو کر رہ جاؤ گے —— تفكّه منه: کسی بات پر تعجب کرنا۔

۱۴- یہ بعینہ پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۹۳) آیا ہے —— عُرُب: نازنیں۔

۱۵- آیت ۳ ہے: ﴿خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ﴾: (قیامت) پست کرنے والی بلند کرنے والی ہے —— کافروں کو دھکیل کر جہنم میں پہنچادے گی اور مؤمنین کو جنت میں اعلی مقامات پر فائز کرے گی۔

۱۶- یہ بعینہ پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۹۲) آ گیا ہے —— وَضِين: ہودہ کا تنگ۔

۱۷- یہ بھی (تحفۃ القاری ۶: ۴۹۲) میں آیا ہے —— الكوب: بے دستہ اور بے ٹونٹی کا کوزہ۔

۱۸ و ۱۹- محولہ بالا مقام میں آ گئے ہیں۔

۲۰- آیت ۴۵ ہے: ﴿إِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ﴾: وہ لوگ قبل ازیں بڑی خوش حالی میں تھے —— تَمَتَّع بكذا: لطف اندوز ہونا أَتْرَفَ النعمةُ فلانا: آسودگی کا کسی کو مغرور بنا دینا۔

۲۱- آیت ۵۸ ہے: ﴿أَفَرَءَ یْتُمْ مَا تُمْنُوْنَ﴾: بھلا دیکھو تو جو پانی تم ٹپکاتے ہو ـــــ یعنی جو نطفہ تم عورتوں کی بچہ دانی میں ڈالتے ہو۔

[۲۲-] ﴿لِلْمُقْوِیْنَ﴾: لِلْمُسَافِرِیْنَ، وَالْقِیُّ: الْقَفْرُ. [۲۳-] ﴿بِمَوْقِعِ النُّجُوْمِ﴾: بِمُحْکَمِ الْقُرْآنِ، وَیُقَالُ: بِمَسْقِطِ النُّجُوْمِ إِذَا سَقَطْنَ، وَمَوَاقِعُ وَمَوْقِعٌ وَاحِدٌ. [۲۴-] ﴿مُدْهِنُوْنَ﴾: مُکَذِّبُوْنَ مِثْلُ: ﴿لَوْ تُدْهِنُ فَیُدْهِنُوْنَ﴾ [۲۵-] ﴿فَسَلَامٌ لَّکَ﴾ أَیْ مُسَلَّمٌ لَکَ أَنَّکَ مِنْ أَصْحَابِ الْیَمِیْنِ، وَأُلْقِیَتْ إِنَّ وَهُوَ مَعْنَاهَا کَمَا تَقُوْلُ: أَنْتَ مُصَدَّقٌ مُسَافِرٌ عَنْ قَلِیْلٍ، إِذَا کَانَ قَدْ قَالَ: إِنِّیْ مُسَافِرٌ عَنْ قَلِیْلٍ، وَقَدْ یَکُوْنُ کَالدُّعَاءِ لَهُ کَقَوْلِکَ: فَسَقْیًا مِنَ الرِّجَالِ. إِنْ رَفَعْتَ السَّلَامَ فَهُوَ مِنَ الدُّعَاءِ. [۲۶-] ﴿تُوْرُوْنَ﴾: تَسْتَخْرِجُوْنَ. أَوْرَیْتُ: أَوْ قَدْتُ. [۲۷-] ﴿لَغْوًا﴾: بَاطِلًا. ﴿تَأْثِیْمًا﴾: کَذِبًا.

۲۲- آیت ۷۳ میں ہے: ﴿وَمَتَاعًا لِلْمُقْوِیْنَ﴾: اور برتنے کو مسافروں کے لئے (آگ سے ان کو بہت کام پڑتا ہے) ـــــ الْمُقْوِی: اسم فاعل، إِقْوَاءٌ مصدر ـــــ اس لفظ کے ترجمہ میں اختلاف ہے: مسافر بھی ترجمہ کیا گیا ہے اور صحراء نشیں بھی ـــــ القِیّ: چکنی ہموار زمین ـــــ القَفْر: غیر آباد اور ویران زمین، بے آب و گیاہ زمین۔

(تحفۃ القاری ۶: ۵۰۳)

۲۳- آیت ۷۵ ہے: ﴿فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُوْمِ﴾: تو نہیں یعنی قرآن کے کلام الٰہی ہونے کا انکار نہیں چاہئے میں بتدریج قرآن کے نزول کی قسم کھاتا ہوں / میں تاروں کے ڈوبنے کی قسم کھاتا ہوں ـــــ کتاب میں مَوْقِع: مفرد ہے، اور گیلری میں اور حفصؒ کی قراءت میں مَوَاقِع: جمع ہے ـــــ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے پہلی تفسیر کی ہے کہ آیت کا مصداق قرآن محکم ہے اور چونکہ وہ تبدریج نازل ہوا ہے اس لئے اس کو نجوم کہا گیا ہے نَجْم کے معنی ہیں: تھوڑا تھوڑا اترنا۔ اور مَوْقِع کے معنی ہیں: واقع ہونے کی جگہ یعنی اترنے کی جگہ ـــــ دوسری تفسیر مُسْقِط النجوم ہے یعنی تاروں کے ڈوبنے کی یا ڈوبنے کی جگہ کی قسم کھائی گئی ہے ـــــ اور مواقع: جمع اور مَوْقِع مفرد ایک ہیں یعنی مفرد کی جمع کی طرف اضافت کی جائے تو بھی وہ عموم کا فائدہ دیتا ہے۔

۲۴- آیت ۸۱ ہے: ﴿أَفَبِهٰذَا الْحَدِیْثِ أَنْتُمْ مُدْهِنُوْنَ﴾: کیا پس اس کلام کو تم سرسری سمجھتے ہو؟ ـــــ دُهْن (تیل) سے إِدْهان ہے، مُدْهِن: اسم فاعل، سرسری سمجھنے والا بات کو جھٹلاتا ہے ـــــ سورۃ القلم کی آیت ۹ ہے: ﴿وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَیُدْهِنُوْنَ﴾: وہ چاہتے ہیں: کسی طرح آپ ڈھیلے پڑ جائیں تو وہ بھی ڈھیلے پڑیں۔

۲۵- آیت ۹۱ ہے: ﴿فَسَلَامٌ لَّکَ مِنْ أَصْحَابِ الْیَمِیْنِ﴾: پس سلامتی ہو تیرے لئے اس لئے کہ تو داہنے والوں میں سے ہے (من: اجلیہ ہے، تقدیر عبارت: لأجل أنك ہے) ـــــ فراء نے آیت کا مطلب بیان کیا ہے کہ یہ بات

پیٹنٹ (Patent) ہے تیرے لئے کہ تو دائیں والوں میں سے ہے ـــــ آیت میں أَنَّ تھا، اس کو ڈال دیا گیا ہے، مگر وہ مراد ہے، جیسے کوئی کہے: إني مسافر عن قليل: میں جلد سفر کرنے والا ہوں، اور آپ کہیں: أنت مُصَدَّق مسافر عن قليل: ہم آپ کی بات مان لیتے ہیں کہ آپ جلد سفر کرنے والے ہیں اس میں أنت لأنك کے معنی میں ہے، جسے ڈالا گیا ہے ـــــ اس صورت میں سلام لك خبر ہوگا، اور کبھی یہ دعائیہ جملہ ہوتا ہے (میں نے اس کا ترجمہ کیا ہے) جیسے سَقْيًا لك من الرجال: اللہ لوگوں میں تجھے سیراب کریں (سَقْيًا کا عامل محذوف ہے) اور دعا کے لئے اسی صورت میں ہوگا جب سلام مرفوع ہو (یہاں تک بات فراء کی ہے) ـــــ ألقيت: ڈال دیا گیا أن اور بعض نسخوں میں أُلْغِيَتْ ہے یعنی لغو کر دیا گیا، نکال دیا گیا۔

۲۶- آیت ۷۱ ہے: ﴿أَفَرَءَ يْتُمُ النَّارَ الَّتِىْ تُوْرُوْنَ﴾: بھلا دیکھو وہ آگ جس کو تم سلگاتے ہو ـــــ (لکڑیوں سے) نکالتے ہو، إِيْرَاء: چق ماق سے آگ جلانا۔

۲۷- آیت ۲۵ ہے: ﴿لاَيَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَلاَ تَأْثِيْمًا﴾: نہیں سنیں گے وہ جنت میں بکواس اور نہ گناہ کی بات ـــــ باطل: بے فائدہ، بکواس، تَأْثِيْم اور إِثْم: گناہ، جھوٹ بھی گناہ ہے۔

جنت میں لمبا سایہ

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک درخت ہے، جس کے سایے میں اونٹ سوار سو سال چلے تو بھی اس کو طے نہیں کر سکتا، اور پڑھو تم اگر چاہو: ﴿وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ﴾: اور لمبا سایہ (سورۃ الواقعہ آیت ۳۰)

تشریح: جنت کے اس درخت کا نام طُوْبیٰ ہے، اس کی شاخیں جنت کے ہر درجہ میں پہنچی ہوئی ہیں ـــــ اور جنت میں دھوپ نہیں ہوگی، اور فضاء ایسی روشن ہوگی جیسی سورج نکلنے سے پہلے ہوتی ہے، پس جنت میں سایے کا کیا مطلب؟

جواب: وہ سایہ در سایہ ہوگا، اس کی کیفیت کا ادراک مشکل ہے، جیسے جنت میں کوئی پیاسا نہیں ہوگا، تاہم جنت میں ایک دروازہ رَيَّان (سیرابی) نامی ہوگا، جو اس سے داخل ہوگا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا: یہ سیرابی در سیرابی ہے، اس کی حقیقت بھی ہم ابھی نہیں جان سکتے۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ﴾

[۴۸۸۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' إِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لاَ يَقْطَعُهَا وَاقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ﴾'' [راجع: ۳۲۵۲]

۵۷- الحديد

[۱-] وَقَالَ مُجاهِدٌ: ﴿جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ﴾: مُعَمَّرِيْنَ فِيْهِ. [۲-] ﴿مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوْرِ﴾: مِنَ الضَّلاَ لَةِ إِلَى الْهُدَى. [۳-] ﴿وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ﴾: جُنَّةٌ وَسِلاَحٌ. [٤-] ﴿مَوْلاَكُمْ﴾: أَوْلٰى بِكُمْ. [٥-] ﴿لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ﴾: لِيَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ. [٦-] يُقَالُ: الظَّاهِرُ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ عِلْمًا، وَالْبَاطِنُ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ عِلْمًا. [٧-] ﴿انْظُرُوْنَا﴾ انْتَظِرُوْنَا.

سورۃ الحدید کی تفسیر

۱- آیت ۷ میں ہے: ﴿وَأَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ﴾: اورخرچ کرو اس مال میں سے جس میں اس نے تم کو قائم مقام کیا ہے ــــــ مُسْتَخْلَفِيْنَ: اسم مفعول، اسْتِخْلاَف مصدر: جانشیں بنانا، قائم مقام بنانا ــــــ مَعَمَّرِيْن فيه: تمہیں اس میں بسایا ہے (یہ ترجمہ ٹھیک نہیں)

۲- آیت ۹ میں ہے: ﴿لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوْرِ﴾: (قرآن اس لئے نازل کیا گیا ہے کہ) وہ تم کو اندھیریوں سے اجالے میں لائے یعنی گمراہی کی تاریکی سے ہدایت کی روشنی میں لائے۔

۳- آیت ۲۵ میں ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَأْسٌ شَدِيْدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ﴾: اور ہم نے لوہا پیدا کیا، اس میں سخت لڑائی ہے، اورلوگوں کے اور بھی فائدے ہیں، جیسے ڈھال اور ہتھیار بنانا۔

۴- آیت ۱۵ میں ہے: ﴿مَأْوَاكُمُ النَّارُ، هِيَ مَوْلاَكُمْ﴾: تمہارا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور وہ تمہاری زیادہ حقدار ہے یعنی تمہیں وہیں پہنچنا چاہئے۔

۵- آیت ۲۹ میں ہے: ﴿لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْئٍ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ﴾: تاکہ اہل کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل میں سے کسی جزء پر قدرت نہیں رکھتے ــــــ لئلا میں لا زائدہ ہے یا کہو وہی لا آگے آیا ہے، پس اس کا ترجمہ آگے ہوگا۔

۶- آیت ۳ میں ہے: ﴿هُوَ الْأَوَّلُ وَالآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ﴾: اللہ ہی پہلے ہیں اور پیچھے یعنی نہ ان پر عدم سابق طاری ہوا اور نہ عدم لاحق طاری ہوگا، اور وہی ظاہر ہیں اور وہی مخفی ہیں یعنی ہر چیز کے ظاہر و باطن کو جانتے ہیں۔

۷- آیت ۱۳ میں ہے: ﴿انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ﴾: ہمارا انتظار کرو، ہم تمہارے نور میں سے کچھ روشنی حاصل کرلیں ــــــ انظرونا کے معنی: ہمیں دیکھو نہیں ہیں، بلکہ ہمارا انتظار کرو ہیں۔

۵۸- المجادلة

[۱-]وَقَالَ مُجَاهِدٌ:﴿يُحَادُّوْنَ﴾:يُشَاقُّوْنَ. ﴿كُبِتُوْا﴾: أُخْزُوْا، مِنَ الْخِزْيِ. [۲-] ﴿اسْتَحْوَذَ﴾: غَلَبَ.

سورۃ المجادلہ کی تفسیر

۱-آیت۵ میں ہے:﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يُحَادُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ﴾:بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں ذلیل ہونگے جیسے ذلیل ہوئے وہ لوگ جو ان سے پہلے ہوئے —— مُحَادَّة: مخالفت کرنا، شَاقَّه مُشَاقَّةً: مخالفت کرنا —— كَبَتَ فلانا: ذلیل ورسوا کرنا —— أُخْزُوْا: ماضی مجہول، مصدر خِزْي: رسوا کئے گئے وہ۔

۲-آیت۱۹ میں ہے:﴿اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنْسَاهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ﴾:قابو کرلیا ان پر شیطان نے پس ان کو اللہ کی یاد بھلادی —— غَلَبَ: غالب آ گیا۔

سورۃ الحشر کی تفسیر

سورۃ الحشر کا سببِ نزول بنونضیر ہیں

سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سورۃ التوبہ کے بارے میں دریافت کیا کہ کن لوگوں کے بارے میں وہ سورت نازل ہوئی ہے؟ ابن عباسؓ نے کہا: آلتوبة؟ کیا وہ توبہ ہے، وہ تو فَاضِحَة (رسوا کرنے والی) ہے، برابر اترتا رہا: ومنهم ومنهم (اور بعض منافقین، اور بعض منافقین) یہاں تک کہ گمان کیا منافقوں نے کہ وہ سورت ان میں سے کسی کو باقی نہیں چھوڑے گی مگر اس سورت میں اس کا ذکر کیا جائے گا —— سعید نے سورۃ الانفال کے بارے میں دریافت کیا، ابن عباسؓ نے فرمایا: وہ بدر کے بارے میں نازل ہوئی ہے —— سعید نے سورۃ الحشر کے بارے میں پوچھا تو فرمایا: وہ بنونضیر کے بارے میں نازل ہوئی ہے —— دوسری روایت ہے کہ سورۃ الحشر مت کہو، سورۃ بنی النضیر کہو —— کیونکہ عنوان معنون پر دال ہوتا ہے، پس سورۃ بنی النضیر کہیں گے تو اس کی پوری حقیقت ذہن میں آجائے گی، اور سورۃ الحشر کہیں گے تو ذہن قیامت کی طرف جائے گا۔

۵۹- الحشر

﴿الْجَلَاءُ﴾: الإِخْرَاجُ مِنْ أَرْضٍ إِلٰى أَرْضٍ.

[١- بَابٌ]

[٤٨٨٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: سُوْرَةُ التَّوْبَةِ؟ قَالَ: آلتُّوْبَةُ؟! هِيَ الْفَاضِحَةُ، مَازَالَتْ تَنْزِلُ: وَمِنْهُمْ وَمِنْهُمْ، حَتّٰى ظَنُّوْا أَنَّهَا لَمْ تُبْقِ أَحَدًا مِنْهُمْ إِلَّا ذُكِرَ فِيْهَا، قَالَ: قُلْتُ: سُوْرَةُ الْأَنْفَالِ؟ قَالَ: نَزَلَتْ فِيْ بَدْرٍ، قَالَ: قُلْتُ: سُوْرَةُ الْحَشْرِ؟ قَالَ: نَزَلَتْ فِيْ بَنِي النَّضِيْرِ. [راجع: ٤٠٢٩]

[٤٨٨٣-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: سُوْرَةُ الْحَشْرِ؟ قَالَ: قُلْ: سُوْرَةُ بَنِي النَّضِيْرِ. [راجع: ٤٠٢٩]

جنگی مصلحت سے درختوں کو کاٹنا جائز ہے

آیت ۵ ہے: ''جو کھجوروں کے درخت تم نے کاٹے یا ان کو ان کی جگہ کھڑا رہنے دیا: یہ دونوں باتیں اللہ کی اجازت سے ہیں، اور تاکہ اللہ تعالیٰ کافروں کو ذلیل کریں!'' —— اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۳۷۰) آئی ہے —— غزوۂ بنو نضیر میں دشمن کو قلعوں سے باہر نکالنے کے لئے مہاجرین نے ان کے کھجوروں کے باغات اجاڑے، دوسروں نے مخالفت کی کہ یہ باغات کل ہمارے ہیں! پس مذکورہ آیت نازل ہوئی، اور دونوں فریقوں کی رایوں کو درست قرار دیا۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ﴾

نَخْلَةٍ مَا لَمْ تَكُنْ عَجْوَةٌ أَوْ بَرْنِيَّةٌ.

[٤٨٨٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَرَّقَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ وَقَطَعَ، وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰى أُصُوْلِهَا فَبِإِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِيْنَ﴾ [راجع: ٢٣٦٦]

لغت: لِيْنَة: عجوہ اور برنی کے علاوہ کھجور کے درختوں کو کہتے ہیں۔

مالِ فئ میں مجاہدین کا حق نہیں

آیت ٦ ہے: ''اور جو کچھ اللہ نے لوٹایا اپنے رسول پر بستیوں والوں سے تو وہ اللہ کے لئے اور رسول کے لئے، اور قرابت داروں کے لئے، اور یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لئے ہے'' —— جو مال اہل حرب سے لڑے بھڑے بغیر حاصل ہو وہ مالِ فئ ہے، اس میں مجاہدین کا حق نہیں، وہ مذکورہ مصارف میں خرچ ہوگا —— اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ٦: ٢٧٣)

آچکی ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿مَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ﴾

[۴۸۸۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ- غَيْرَ مَرَّةٍ- عَنْ عَمْرٍو، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: كَانَتْ أَمْوَالُ بَنِي النَّضِيْرِ مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مِمَّا لَمْ يُوْجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَلاَ رِكَابٍ، فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَاصَّةً، يُنْفِقُ عَلٰى أَهْلِهِ مِنْهَا نَفَقَةَ سَنَتِهِ، ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ فِي السِّلاَحِ وَالْكُرَاعِ، عُدَّةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ. [راجع: ۲۹۰۴]

رسول اللہ ﷺ کے تمام احکام کی اور اوامر ونواہی کی پابندی ضروری ہے

سورۃ الحشر آیت ۷ میں ہے: ''اور رسول تم کو جو کچھ دیں اس کو لے لو، اور جس چیز سے روک دیں اس سے رُک جاؤ!''

یہ آیت اگرچہ مالِ فئ کے تعلق سے ہے مگر عموم الفاظ سے رسول اللہ کے تمام اقوال وافعال واحکام کو شامل ہے اور دلیل درج ذیل حدیث ہے:

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے (وعظ میں) فرمایا: اللہ نے لعنت بھیجی ہے یعنی رحمت سے دور کر دیا ہے بدن گودنے والی عورتوں کو، اور بدن گدوانے والی عورتوں کو، اور دھاگے سے بال اکھاڑنے والی عورتوں کو، اور دانتوں میں ریخیں نکلوانے والی عورتوں کو، خوبصورتی کے لئے، جو اللہ کی بناوٹ میں تبدیلی کرنے والی ہیں! —— پس یہ بات بنو اسد کی ایک عورت کو پہنچی، جسے ام یعقوب کہا جاتا تھا، وہ آئی، اور اس نے کہا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ آپ نے ایسی اور ایسی عورتوں پر لعنت بھیجی ہے، آپؓ نے فرمایا: میں کیوں لعنت نہ بھیجوں ان پر جن پر رسول اللہ ﷺ نے لعنت بھیجی ہے؟ اور اس پر جس کا تذکرہ قرآن میں ہے، اس عورت نے کہا: میں نے دو گتوں کے درمیان کا سارا قرآن پڑھا ہے، پس میں نے اس میں وہ بات نہیں پائی جو آپ کہتے ہیں، ابن مسعودؓ نے کہا: بخدا! اگر تو نے قرآن (سمجھ کر) پڑھا ہوتا تو تجھ کو وہ بات قرآن میں مل جاتی، کیا تو نے پڑھا نہیں کہ جو کچھ رسول تم کو دیں اس کو لے لو، اور جس چیز سے روک دیں اس سے رک جاؤ؟ اس عورت نے کہا: کیوں نہیں! یعنی یہ آیت تو قرآن میں ہے، ابن مسعودؓ نے کہا: پس بے شک شان یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اس (مذکورہ چار باتوں) سے روکا ہے —— اس عورت نے کہا: میں آپ کی اہلیہ کو گمان کرتی ہوں کہ وہ یہ کام کرتی ہیں! ابن مسعودؓ نے فرمایا: جا اور دیکھ، پس وہ گئی، اور دیکھا، پس نہیں دیکھا اس نے قابل اعتراض باتوں میں سے کسی چیز کو، پس ابن مسعودؓ نے فرمایا: اگر ہوتی وہ ایسی تو وہ ہمارے ساتھ نہ ہوتی!

تشریح: الوَاشِمَة: بدن گودنے والی یعنی وہ عورت جو اس کا کاروبار کرتی ہے، دکان لے کر بیٹھی ہے وَشَمَ الجِلْدَ يَشِمُ وَشْمًا: کھال کو سوئی سے گود کر اس میں نیل بھرنا —— الْمُسْتَوْشِمَة: بدن گدوانے والی، گاہک عورت ——

الْمُتَنَمِّصَة: (اسم فاعل، واحد مؤنث) چہرے کے بال نوچنے والی عورت، تَنَمَّصَتِ المرأةُ: دھاگے سے پیشانی کے بال اکھاڑنا ـــــ الْمُتَفَلِّجَات: دانتوں میں رخیں نکلوانے والی، دانتوں میں فاصلہ کروانے والی ـــــ للحسن: خوبصورت بننے کے لئے ـــــ الْمُغَيِّرَات: اللہ کی بناوٹ میں تبدیلی کرنے والی ـــــ یہ ممانعت کی دو علتیں ہیں: ایک: مصنوعی خوبصورتی پیدا کرنا، دوم: اللہ کی بناوٹ میں تبدیلی کرنا، جب یہ دونوں علتیں جمع ہوں تب ممانعت ہے، پس اگر اللہ کی بناوٹ میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے، اور دھوکہ بھی نہ دیا جائے اور خوبصورتی پیدا کی جائے، مثلاً کالے کے علاوہ کوئی خضاب لگایا جائے تو جائز ہے، اسی طرح بالوں میں کالے دھاگے ملانا جائز ہے، اور جانور کے بال ملانا، اگر اشتباہ نہ ہو تو وہ بھی جائز ہے، اسی طرح بالوں کو سنوارنا بھی جائز ہے، البتہ انسان کے بال ملانا مطلقاً حرام ہے، احترام انسانیت کی وجہ سے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ﴾

[٤٨٨٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ، وَالْمُوْتَشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ، وَالْمُتَفَلِّجَاتِ، لِلْحُسْنِ، الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ امْرَأَةً مِنْ بَنِيْ أَسَدٍ يُقَالُ لَهَا: أُمُّ يَعْقُوْبَ، فَجَاءَ تْ فَقَالَتْ: إِنَّهُ بَلَغَنِيْ أَنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَكَيْتَ. فَقَالَ: وَمَا لِيْ لَا أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَنْ هُوَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ فَقَالَتْ: لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ. قَالَ: لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِيْهِ، أَمَا قَرَأْتِ: ﴿وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا﴾؟ قَالَتْ: بَلٰى! قَالَ: فَإِنَّهُ قَدْ نَهٰى عَنْهُ، قَالَتْ: فَإِنِّيْ أُرَى أَهْلَكَ يَفْعَلُوْنَهُ، قَالَ: فَاذْهَبِيْ فَانْظُرِيْ. فَذَهَبَتْ فَنَظَرَتْ فَلَمْ تَرَ مِنْ حَاجَتِهَا شَيْئًا، فَقَالَ: لَوْ كَانَتْ كَذٰلِكَ مَا جَامَعَتْنَا. [أطرافه: ٤٨٨٧، ٥٩٣١، ٥٩٣٩، ٥٩٤٣، ٥٩٤٨]

[٤٨٨٧-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: ذَكَرْتُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ، حَدِيْثَ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْوَاصِلَةَ، فَقَالَ: سَمِعْتُهُ مِنْ امْرَأَةٍ يُقَالُ لَهَا: أُمُّ يَعْقُوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَ حَدِيْثِ مَنْصُوْرٍ.

[راجع: ٤٨٨٦]

انصار نے مدینہ میں اور ایمان میں ٹھکانہ بنایا

آیت ۹ ہے: ''اور (مالِ فئ میں) ان لوگوں کا بھی حق ہے جنھوں نے مدینہ میں اور ایمان میں ٹھکانہ بنایا ہے یعنی وہ ہجرت کے پہلے سے مدینہ میں مقیم ہیں اور ایمان بھی جلدی لائے ہیں، جو ہجرت کر کے آنے والوں سے محبت کرتے ہیں، اور مہاجرین جو کچھ دیئے جاتے ہیں اس سے وہ اپنے دلوں میں تنگی محسوس نہیں کرتے، اور وہ اپنے اوپر (مہاجرین) کو ترجیح

دیتے ہیں، اگرچہ وہ فاقے سے ہوں، اور جو شخص طبیعت کے بخل سے بچایا گیا وہی فلاح پانے والے لوگ ہیں"

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زندگی کے آخری لمحات میں اپنے بعد بننے والے خلیفہ کو انصار کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تاکید کی ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۶۰) آئی ہے۔

[۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُوْ الدَّارَ وَالإِيْمَانَ﴾

[٤٨٨٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: أُوْصِي الْخَلِيْفَةَ بِالْمُهَاجِرِيْنَ الأَوَّلِيْنَ أَنْ يَعْرِفَ لَهُمْ حَقَّهُمْ، وَأُوْصِي الْخَلِيْفَةَ بِالأَنْصَارِ الَّذِيْنَ تَبَوَّءُوْا الدَّارَ وَالإِيْمَانَ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُهَاجِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَيَعْفُوَ عَنْ مُسِيْئِهِمْ. [راجع: ١٣٩٢]

انصار دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ وہ فاقہ سے ہوں

نبی صلی اللہ علیہ وسلم مہاجرین کو مالِ فئ میں سے دیتے تھے، کیونکہ وہ لُٹے پٹے مدینہ میں پہنچے تھے، اس کو دیکھ کر انصار کے دل تنگ نہیں ہوتے تھے، بلکہ وہ خوش ہوتے تھے، وہ مہاجرین کو اپنی جانوں سے مقدم رکھتے تھے، خود فاقے سہتے تھے اور مہاجرین کو کھانا کھلاتے تھے، ایسا بے مثال ایثار آج تک دنیا کی کسی قوم نے کسی قوم کے لئے نہیں کیا —— اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۲۸۳) آئی ہے۔

لغات: خَصَاصَة: فاقہ، بھوکا رہنا —— المفلحون: کامیاب ہونے والے جنت میں ہمیشہ رہنے کے ذریعہ —— اور فَلَاح کے معنی: باقی رہنے کے بھی ہیں، شاعر کہتا ہے: ولکن لیس للدنیا فلاح: مگر دنیا کے لئے بقاء نہیں! —— اور فلاح کے معنی جلدی کرنے کے بھی ہیں، جیسے حَیَّ علی الفلاح: جلد کامیابی حاصل کرو —— اور حسن بصریؒ نے حاجة کا ترجمہ حسد (جلنا) کیا ہے، اس سے 'تنگی' اچھا ترجمہ ہے۔

[۶-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ﴾ الآيَة

الْخَصَاصَةُ: الْفَاقَةُ. ﴿الْمُفْلِحُوْنَ﴾: الْفَائِزُوْنَ بِالْخُلُوْدِ، الْفَلَاحُ: الْبَقَاءُ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ: عَجِّلْ. وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿حَاجَةً﴾: حَسَدًا.

[٤٨٨٩-] حَدَّثَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ الأَشْجَعِيُّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَصَابَنِيَ الْجَهْدُ، فَأَرْسَلَ إِلَى نِسَائِهِ فَلَمْ يَجِدْ عِنْدَهُنَّ شَيْئًا، فَقَالَ رَسُوْلُ

اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " أَلَا رَجُلٌ يُضَيِّفُ هٰذَا اللَّيْلَةَ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ!" فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ: أَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، فَذَهَبَ إِلٰى أَهْلِهِ، فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ: ضَيْفُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم لَاتَدَّخِرِيْهِ شَيْئًا، قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا عِنْدِيْ إِلَّا قُوْتُ الصِّبْيَةِ، قَالَ: فَإِذَا أَرَادَ الصِّبْيَةُ الْعَشَاءَ فَنَوِّمِيْهِمْ، وَتَعَالَى فَأَطْفِئِيْ السِّرَاجَ وَنَطْوِى بُطُوْنَنَا اللَّيْلَةَ، فَفَعَلَتْ، ثُمَّ غَدَا الرَّجُلُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَقَالَ: " لَقَدْ عَجِبَ اللّٰهُ أَوْ: ضَحِكَ مِنْ فُلَانٍ وَفُلَانَةٍ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ﴾

[راجع: ۳۷۹۸]

٦٠- الممتحنة

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿لَاتَجْعَلْنَا فِتْنَةً﴾: لَا تُعَذِّبْنَا بِأَيْدِيْهِمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَوْ كَانَ هٰؤُلَآءِ عَلَى الْحَقِّ مَا أَصَابَهُمْ هٰذَا. [٢-] ﴿بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ﴾: أُمِرَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم بِفِرَاقِ نِسَائِهِمْ، كُنَّ كَوَافِرَ بِمَكَّةَ.

سورۃ الْمُمْتَحِنَة کی تفسیر

۱- آیت ۵ میں ہے: ﴿رَبَّنَا لَاتَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾: اے ہمارے پروردگار! ہم کو کافروں کا تختۂ مشق مت بنا ــــ یعنی ہم پر کافر ظلم نہ کرنے پائیں، پھر وہ کہیں کہ اگر ان کا دین برحق ہوتا تو ان کا یہ حال کیوں ہوتا؟

۲- آیت ۱۰ میں ہے: ﴿وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ﴾: اور تم کافر عورتوں کے تعلقات کو باقی مت رکھو ــــ یعنی تمہاری جو کافر بیویاں مکہ میں ہیں ان کو چھوڑ دو۔

کفار سے دوستی مت رکھو

آیت ایک میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ﴾: اے ایمان والو! میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ ــــ کفار کے ساتھ تین قسم کے معاملات ہوتے ہیں: موالات یعنی دوستی، مدارات یعنی ظاہری خوش خلقی، مواسات یعنی احسان ونفع رسانی ــــ موالات تو کسی حال میں جائز نہیں، اور مدارات تین حالتوں میں درست ہے: ایک دفع ضرر کے واسطے، دوسرے اس کافر کی مصلحت دینی یعنی توقع ہدایت کے واسطے، تیسرے اکرام ضیف کے واسطے، اور اپنی مصلحت ومنفعت مال وجان کے لئے درست نہیں، اور مواسات کا حکم یہ ہے کہ اہل حرب کے ساتھ ناجائز ہے، اور غیر اہل حرب کے ساتھ جائز (تھانوی رحمہ اللہ)

حدیث: میں آیت کا شانِ نزول ہے، اور وہ حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، جو پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۳۳۰)

آ گیا ہے، اور حدیث بھی ترجمہ کے ساتھ آ گئی ہے۔

[۱-] بَابٌ: ﴿لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ﴾

[۴۸۹۰-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی الْحَسَنُ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِیْ رَافِعٍ كَاتِبَ عَلِيٍّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ: بَعَثَنِی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَنَا وَالزُّبَيْرَ، وَالْمِقْدَادَ، فَقَالَ: "انْطَلِقُوْا حَتّٰی تَأْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ، فَإِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً مَعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوْهُ مِنْهَا" فَذَهَبْنَا تَعَادٰی بِنَا خَيْلُنَا، حَتّٰی أَتَيْنَا الرَّوْضَةَ، فَإِذَا نَحْنُ بِالظَّعِيْنَةِ، فَقُلْنَا: أَخْرِجِی الْكِتَابَ، قَالَتْ: مَا مَعِیْ مِنْ كِتَابٍ، فَقُلْنَا: لَتُخْرِجَنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَتُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ، فَأَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا، فَأَتَيْنَا بِهِ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم، فَإِذَا فِيْهِ: مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِیْ بَلْتَعَةَ إِلٰی نَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ مِمَّنْ بِمَكَّةَ، يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ أَمْرِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم: "مَا هٰذَا يَا حَاطِبُ؟" قَالَ: لَاتَعْجَلْ عَلَيَّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّیْ كُنْتُ امْرَأً مِنْ قُرَيْشٍ، وَلَمْ أَكُنْ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، وَكَانَ مَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ لَهُمْ قَرَابَاتٌ يَحْمُوْنَ بِهَا أَهْلِيْهِمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِمَكَّةَ، فَأَحْبَبْتُ إِذْ فَاتَنِیْ مِنَ النَّسَبِ فِيْهِمْ أَنْ أَصْطَنِعَ إِلَيْهِمْ يَدًا يَحْمُوْنَ قَرَابَتِیْ، وَمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ كُفْرًا وَلَا ارْتِدَادًا عَنْ دِيْنِیْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم: "إِنَّهُ قَدْ صَدَقَكُمْ" فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنِیْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ. فَقَالَ: "إِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا، وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰی أَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ" قَالَ عَمْرٌو: وَنَزَلَتْ فِيْهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّكُمْ﴾ قَالَ: لَا أَدْرِی الْآيَةَ فِی الْحَدِيْثِ أَوْ قَوْلُ عَمْرٍو.

حدثنا عَلِيٌّ قِيْلَ لِسُفْيَانَ فِی هٰذَا فَنَزَلَتْ: ﴿لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ﴾؟ قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا فِی حَدِيْثِ النَّاسِ، حَفِظْتُهُ مِنْ عَمْرٍو، وَمَا تَرَكْتُ مِنْهُ حَرْفًا، وَمَا أُرٰی أَحَدًا حَفِظَهُ غَيْرِیْ. [راجع: ۳۰۰۷]

قولہ: ظَعِيْنَة: ہودج نشیں عورت —— **فذهبنا**: پس ہم چلے دوڑ رہے تھے ہمارے ساتھ ہمارے گھوڑے —— عِقَاص: چوٹی —— **إنی كنت امرأً من قریش**: میں قریش میں بھرتی کا آدمی تھا، اور پہلے آیا ہے: ''میں قریش میں پناہ لیا ہوا ایک شخص ہوں''

حدیث کے آخر میں عمرو بن دینارؒ نے کہا: سورۃ الممتحنة کی پہلی آیت حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کے واقعہ میں نازل ہوئی، ابن عیینہؒ کہتے ہیں: مجھے نہیں معلوم کہ یہ بات حدیث میں ہے یا عمرو کا قول ہے —— دوسری سند میں ہے: ابن المدینیؒ کہتے ہیں: ابن عیینہؒ سے نزلت ﴿لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ﴾ کے بارے میں پوچھا گیا کہ یہ حدیث میں ہے یا مدرج ہے؟ تو سفیانؒ نے کہا: یہ لوگوں کی حدیث میں ہے، میں نے یہ حدیث عمروؒ سے یاد کی ہے، اور میں نے اس کا ایک حرف بھی نہیں چھوڑا، اور نہیں گمان کرتا ہوں میں کسی کو کہ اس نے میرے علاوہ حدیث کو یاد کیا ہو یعنی ابن عیینہؒ کو اس جزء کے مرفوع

ہونے میں شک تھا، اور نسائی میں صراحت ہے کہ یہ جزء مدرج ہے (عمدۃ)

مہاجرات کی جانچ کا حکم

آیت ۱۰ میں ہے: ''اے ایمان والو! جب تمہارے پاس ایمان دار عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو تم ان کو جانچ لیا کرو'' —— کہ آیا واقعی وہ مسلمان ہیں یا اور غرض سے وطن چھوڑ کر آئی ہیں؟ روایات میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کا امتحان کیا کرتے تھے، اور نبی ﷺ کی طرف سے بیعت کرتے تھے، اور کبھی نبی ﷺ بھی بیعت کیا کرتے تھے (فوائد شبیری)

اور باب کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۱۰۶) آئی ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ خواتین سے صرف زبانی بیعت لیتے تھے، ہاتھ نہیں پکڑتے تھے، البتہ پس پردہ کوئی کپڑا پکڑا دیا جائے تو اس میں کچھ حرج نہیں، حاشیہ میں ام عطیہ کی حدیث ہے، وہ دلیل بن سکتی ہے۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِذَا جَاءَ كُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ﴾

[٤٨٩١-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ: أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَمْتَحِنُ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ بِهٰذِهِ الآيَةِ بَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَ كَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾

قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَنْ أَقَرَّ بِهٰذَا الشَّرْطِ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ قَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَدْ بَايَعْتُكِ" كَلاَمًا، وَلاَ وَاللّٰهِ مَا مَسَّتْ يَدُهُ يَدَ امْرَأَةٍ قَطُّ فِي الْمُبَايَعَةِ، مَا يُبَايِعُهُنَّ إِلاَّ بِقَوْلِهِ: "قَدْ بَايَعْتُكِ عَلٰى ذٰلِكَ"

تَابَعَهُ يُوْنُسُ، وَمَعْمَرٌ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَقَالَ إِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، وَعَمْرَةَ. [راجع: ٢٧١٣]

قولہ: بهذه الآية: یعنی آیت ۱۲ میں جو چھ باتیں ہیں: جو عورت ان کا اقرار کرتی: وہ مسلمان قرار دی جاتی —— بهذا الشرط: شرط کے معنی ہیں: باتیں، دفعات —— كلاما: أى بالكلام، لاباليد —— تابعه کا مرجع زہریؒ کے بھتیجے ہیں، ان کی روایت میں عمرۃ کا ذکر نہیں، اور اسحاق بن راشد کی روایت میں عمرۃ کا بھی ذکر ہے۔

بیعتِ سلوک مردوں اور عورتوں: دونوں کے لئے ہے

بیعتِ سلوک کے تعلق سے لوگ افراط وتفریط میں مبتلا ہیں، کچھ لوگ اس کی مشروعیت ہی کا انکار کرتے ہیں، جبکہ قرآن

وحدیث سے اس کا پکا ثبوت ہے، باب میں مذکور آیت سے اور باب کی احادیث سے اس کی مشروعیت ثابت ہے، اور کچھ لوگ بیعت کو فرض عین کہتے ہیں، بلکہ وہ بیعت کے بغیر نجات ہی کے قائل نہیں، حالانکہ تمام صحابہ وصحابیات نے بیعت سلوک نہیں کی تھی، بعض مخصوص صحابہ اور صحابیات نے بیعت کی تھی، اور وہ ان کا امتیاز سمجھا جاتا تھا، اس لئے یہ دونوں موقف صحیح نہیں۔

بَیْعَة: مصدر کے معنی ہیں: بیچنا، سودا کرنا، عربی میں یہ لفظ گول تاء سے لکھا جاتا ہے، اور اردو میں لمبی تاء سے، مگر دونوں ایک ہیں، اور سلوک بھی مصدر ہے، اس کے معنی میں چلنا، اور بیعت نجات کے لئے ضروری نہیں، نجات کے لئے ایمان صحیح اور مثبت پہلو سے ارکانِ اسلام پر مضبوطی سے عمل اور منفی پہلو سے کبائر سے بچنا ضروری ہے، اگر کسی کو یہ چیز حاصل ہے تو ان شاء اللہ اس کو نجات اوّلی حاصل ہوگی، رہی بیعتِ سلوک تو وہ کچھ کرنے کے لئے ہے، نوافل اعمال کر کے جنت کے بلند درجات حاصل کرنے کے لئے ہے، کوئی مرد یا عورت کسی بندے کے ساتھ معاملہ کرے کہ وہ اس کی ہدایت کے مطابق عمل کرے گا اور نوافل اعمال کر کے جنت کے بلند درجات حاصل کرنے کی کوشش کرے گا اور خود کو اخلاق رذیلہ سے پاک کر کے اخلاق حسنہ سے مزین کرے گا تو اس میں عدم جواز کی کیا بات ہے؟ —— مگر بعد میں بیعت ایک رسم بن گئی، بلکہ کاروبار بن گئی، کرنا دھرنا کچھ نہیں اور امید باندھ لینا نجات کی، بلکہ بہشت بریں کی، یہ خود فریبی کے سوا کیا ہے؟

آیتِ بیعت: آیت ۱۲ ہے: ''اے پیغمبر! جب مسلمان عورتیں آپ کے پاس آئیں تاکہ وہ آپ سے بیعت کریں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گی، اور وہ چوری نہیں کریں گی، اور وہ بدکاری نہیں کریں گی، اور وہ اپنے بچوں کو قتل نہیں کریں گی، اور وہ بہتان کی اولاد نہیں لائیں گی، جس کو وہ اپنے ہاتھوں پیروں کے درمیان گھڑ لیں، اور وہ جائز کاموں میں آپ کی مخالفت نہیں کریں گی تو آپ ان کو بیعت کرلیں، اور ان کے لئے اللہ سے مغفرت طلب کریں، بے شک اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے نہایت مہربان ہیں'' —— اس آیت میں چھ دفعات ہیں، ان میں حسب حال کمی بیشی کی جاسکتی ہے، باب کی حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے عورتوں سے بیعت لی تو نوحہ ماتم نہ کرنے کا بھی عہد لیا، پس اسی طرح مردوں کی بیعت میں بھی حسب حال کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ﴾

[٤٨٩٢-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَرَأَ عَلَيْنَا: ﴿أَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا﴾ وَنَهَانَا عَنِ النِّيَاحَةِ، فَقَبَضَتِ امْرَأَةٌ يَدَهَا، فَقَالَتْ: أَسْعَدَتْنِيْ فُلَانَةُ، أُرِيْدُ أَنْ أَجْزِيَهَا، فَمَا قَالَ لَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا، فَانْطَلَقَتْ وَرَجَعَتْ فَبَايَعَهَا. [راجع: ١٣٠٦]

ترجمہ: ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی، پس آپ نے ہمارے سامنے سورۃ الممتحنۃ کی آیت بارہ پڑھی یعنی اس میں مذکور چھ باتوں کا عہد لیا، اور ہمیں ماتم کرنے سے روکا، پس ایک عورت نے اپنا ہاتھ سکیڑ لیا یعنی جو کپڑا وغیرہ پکڑ رکھا تھا اس کو چھوڑ دیا، اور عرض کیا: فلاں عورت نے رونے میں میری مدد کی ہے یعنی میرے یہاں حادثہ ہوا تو وہ ماتم کرنے آئی تھی، آج اس کے یہاں حادثہ ہوا ہے: پس میں چاہتی ہوں کہ اس کو بدلہ دوں، پس نبی ﷺ نے اس سے کچھ نہیں کہا یعنی منع نہیں کیا، پس وہ گئی، اور (رونے میں مدد کر کے) لوٹی، پھر نبی ﷺ نے اس کو بیعت کیا (یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴:۶۵) آئی ہے، مگر یہ آخری مضمون نہیں آیا)

لغت: أَسْعَدَتِ النائحةُ الثَّكْلٰی: نوحہ کرنے والی عورت نے بچہ گم کرنے والی عورت کی رونے میں مدد کی۔

[۴۸۹۳-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّبَیْرَ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: فِیْ قَوْلِهِ تَعَالٰی: ﴿وَلَا یَعْصِیْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ﴾ قَالَ: إِنَّمَا هُوَ شَرْطٌ شَرَطَهُ اللّٰهُ لِلنِّسَاءِ.

وضاحت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جائز کاموں میں نافرمانی نہ کرنے کی شرط اللہ نے عورتوں کے لئے لگائی ہے — اور جب مردوں سے بیعت لی جاتی تھی تو اس کا عہد لیا جاتا تھا کہ جہاں تک ان کے بس میں ہے وہ نبی ﷺ کی بات سنیں گے اور مانیں گے۔

[۴۸۹۴-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: الزُّهْرِیُّ حَدَّثَنَاهُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ إِدْرِیْسَ سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ، قَالَ: کُنَّا عِنْدَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فَقَالَ: "أَتُبَایِعُوْنِّیْ عَلٰی أَنْ لَا تُشْرِکُوْا بِاللّٰهِ شَیْئًا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَسْرِقُوْا" وَقَرَأَ آیَةَ النِّسَاءِ - وَأَکْثَرُ لَفْظِ سُفْیَانَ: قَرَأَ الْآیَةَ - "فَمَنْ وَفٰی مِنْکُمْ فَأَجْرُهُ عَلَی اللّٰهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَیْئًا فَعُوْقِبَ فَهُوَ کَفَّارَةٌ لَهُ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْهَا شَیْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ فَهُوَ إِلَی اللّٰهِ، إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ" تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ فِی الْآیَةِ. [راجع: ۱۸]

حوالہ: یہ حدیث مفصل شرح کے ساتھ پہلے (تحفۃ القاری ۱:۲۱۹) آئی ہے۔

قولہ: حَدَّثَنَاه: اسم (الزہری) کو فعل پر مقدم کیا ہے أی حدثنا الزهری إیاه أی بالحدیث الآتی — سفیان اکثر قَرَأَ الآیة کہتے تھے، النساء نہیں کہتے تھے، کیونکہ یہ آیت سورۃ النساء میں نہیں ہے، سورۃ الممتحنۃ میں ہے۔

[۴۸۹۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِیْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِیْ ابْنُ جُرَیْجٍ، أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ مُسْلِمٍ أَخْبَرَهُ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

شَهِدْتُ الصَّلاَةَ يَوْمَ الْفِطْرِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبِیْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ فَكُلُّهُمْ يُصَلِّيْهَا قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ يَخْطُبُ بَعْدُ، فَنَزَلَ نَبِیُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَكَأَنِّیْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ حِيْنَ يُجَلِّسُ الرِّجَالَ بِيَدِهِ، ثُمَّ أَقْبَلَ يَشُقُّهُمْ حَتّٰى أَتَى النِّسَاءَ مَعَ بِلاَلٍ، فَقَالَ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِیُّ إِذَا جَاءَ كَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰى أَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلاَ يَسْرِقْنَ وَلاَ يَزْنِيْنَ وَلاَ يَقْتُلْنَ أَوْلاَدَهُنَّ وَلاَ يَأْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِيْنَهُ بَيْنَ أَيْدِيْهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ﴾ حَتّٰى فَرَغَ مِنَ الآيَةِ كُلِّهَا، ثُمَّ قَالَ حِيْنَ فَرَغَ: "أَنْتُنَّ عَلٰى ذٰلِكَ؟" وَقَالَتِ امْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ لَمْ يُجِبْهُ غَيْرُهَا: نَعَمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لاَ يَدْرِیْ الْحَسَنُ مَنْ هِیَ؟ قَالَ: "فَتَصَدَّقْنَ" وَبَسَطَ بِلاَلٌ ثَوْبَهُ فَجَعَلْنَ يُلْقِيْنَ الْفَتَخَ وَالْخَوَاتِيْمَ فِیْ ثَوْبِ بِلاَلٍ. [راجع: ۹۸]

حوالہ: یہ حدیث پہلے کئی مرتبہ گذری ہے، پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (۱:۳۸۷) میں آئی ہے۔

قولہ: حین یُجَلِّس: جب آپ اپنے ہاتھ سے مردوں کو بٹھارہے تھے —— **أَنْتُنَّ علی ذٰلك؟**: کیا تم ان باتوں کا اقرار کرتی ہو؟ پس ایک بولی: ہاں! اس کے علاوہ اور کسی نے جواب نہیں دیا، کیونکہ عورت کی آواز ستر ہے، اور بیان کی جگہ خاموشی بیان ہے —— حسن نہیں جانتے کہ وہ ایک جو بولی تھی کون تھی؟ حاشیہ میں ہے کہ وہ ام عطیہؓ تھیں۔

۶۱- سورة الصف

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَنْ أَنْصَارِیْ إِلَى اللّٰهِ﴾: مَنْ تَبِعَنِیْ إِلَى اللّٰهِ. [۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿مَرْصُوْصٌ﴾: مُلْصَقٌ بَعْضُهُ بِبَعْضٍ. وَقَالَ غَيْرُهُ: بِالرَّصَاصِ.

سورۃ الصّف کی تفسیر

۱- آیت ۱۴ میں ہے: عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں سے کہا: ﴿مَنْ أَنْصَارِیْ إِلَى اللّٰهِ﴾: اللہ کے واسطے میرا کون مددگار ہے؟ —— کس نے پیروی کی میری اللہ کی طرف —— گیلری میں: من یَتَّبِعُنِیْ ہے یعنی کون پیروی کرتا ہے اس دین کی جو میں اللہ کے پاس سے لایا ہوں، یہ الفاظ زیادہ واضح ہیں۔

۲- آیت ۴ میں ہے: ﴿كَأَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ﴾: گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں —— رَصَّ (ف): ایک دوسرے سے ملنا، جڑنا —— الرَّصَاص: سیسہ، رانگ (ایک قسم کی دھات)

عیسیٰ علیہ السلام نے نبی ﷺ کی بشارت دی

آیت ۶ ہے: "جب مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ نے کہا: اے بنی اسرائیل! میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا ہوں، تصدیق

کرنے والا اس تورات کی جو مجھ سے پہلے آئی ہے، اور خوش خبری سنانے والا اس رسول کی جو میرے بعد آئیں گے، جن کا نام أَحْمَدْ ہوگا، پھر جب آیا وہ (احمد) کھلی نشانیاں لے کر تو انھوں نے کہا: یہ کھلا جادو ہے!'' —— أَحْمَد: صفاتی نام ہے، اسم تفضیل ہے، بروزن أکبر یعنی اللہ کی سب سے زیادہ تعریف کرنے والا، انجیل میں یونانی لفظ پیراکلی ٹُس (Peroclitus) ہے، اس کا معرب فارقلیط ہے، یہ عربی لفظ أحمد کے ہم معنی ہے اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۱۱۶) مع شرح آچکی ہے۔

[۱-] بَابٌ: ﴿يَأْتِيْ مِنْ بَعْدِيْ اسْمُهُ أَحْمَدُ﴾

[۴۸۹۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:'' إِنَّ لِيْ أَسْمَاءً، أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَنَا أَحْمَدُ، وَأَنَا الْمَاحِيْ الَّذِيْ يَمْحُوْ اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ، وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِيْ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى قَدَمِيَّ، وَأَنَا الْعَاقِبُ''[راجع: ۳۵۳۲]

محمد (ستودہ، بار بار تعریف کیا ہوا) **أحمد** (اللہ کی سب سے زیادہ تعریف کرنے والا) **ماحی** (مٹانے والا یعنی کفر کا خاتمہ کرنے والا) **حاشر** (جمع کرنے والا) **عاقب** (پیچھے آنے والا)

سورۃ الجمعہ کی تفسیر

نبی ﷺ عرب وعجم کی طرف مبعوث فرمائے گئے ہیں

سورۃ الجمعہ کی آیات ۲-۴ ہیں: ''وہی ہیں جنھوں نے امیوں میں انہی میں سے ایک عظیم الشان رسول اٹھایا، جو ان کو اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے، اور ان کو پاک صاف کرتا ہے، اور ان کو کتاب اللہ اور دانشمندی کی باتیں سکھلاتا ہے، اگرچہ وہ قبل ازیں کھلی گمراہی میں تھے() اور ان میں سے اور لوگوں میں (بھی) جو اب تک ان کے ساتھ نہیں ملے، اور اللہ زبردست حکمت والا ہے() یہ اللہ کا فضل ہے، دیں گے وہ جس کو چاہیں گے، اور اللہ بڑے فضل والے ہیں'' —— آخرین کا أمیین پر واو کے ذریعہ عطف کیا ہے جو من وجہٍ اتحاد اور من وجہٍ مغائرت پر دلالت کرتا ہے۔

تفسیر: نبی ﷺ سے پہلے ہر خطے اور ہر قوم میں پیغمبر آتے تھے، پھر جب زمانہ کا دور آخر آیا تو ساری انسانیت کو خاتم النّبیین ﷺ کے جھنڈے تلے جمع کردیا، جیسے ہفتہ بھر ہر مسجد میں جماعت ہوتی ہے، اور جمعہ کے دن تمام جماعتوں کو جامع مسجد میں جمع کرلیا جاتا ہے (پہلے شہر میں ایک ہی جگہ جمعہ ہوتا تھا) اسی طرح سورۃ الجمعہ میں یہ مضمون بیان کیا گیا ہے کہ ہدایت کے جو مختلف سلسلے چل رہے تھے ان کو آخری نبی میں جمع کرلیا گیا ہے۔

البتہ نبی ﷺ کی امت کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے: امیین اور آخرین۔ امیوں سے عرب مراد ہیں: ناخواندہ ان کا لقب تھا، سب ناخواندہ نہیں تھے، اور آخرین (علاوہ) کا لقب عجم تھا یعنی بے زبان جانور، مگر عرب اپنے لقب پر فخر کرتے تھے، نبی ﷺ نے فرمایا: نحن أمة أمية: ہم ناخواہ امت ہیں، مگر غیر عرب اپنے لئے لفظ عجم پسند نہیں کرتے تھے، اس لئے قرآن نے آخرین کہا، یہ جذبات کی انتہائی درجہ رعایت ہے —— اور عرب وعجم میں بون بعید تھا، دونوں ایک نبی کی امت بن جائیں: یہ بات مستبعد نظر آتی تھی، مگر قرآن نے کہا: ﴿لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾: وہ اب تک عربوں کے ساتھ نہیں ملے، یعنی آئندہ ملنے کی امید ہے۔

قاعدہ: لَمْ اور لَمَّا: مضارع پر داخل ہوتے ہیں، اور اس کو ماضی منفی بناتے ہیں، مگر دونوں میں تین فرق ہیں: (۱) لم ماضی مطلق میں فعل کی نفی کرتا ہے اور لما ماضی قریب میں، جیسے لم یأتِ زید: زید نہیں آیا، اور لما یأت زید: زید اب تک نہیں آیا۔ (۲) لم سے نفی زمانہ حال تک ممتد نہیں ہوتی، اور لما سے نفی ممتد ہوتی ہے، اوپر کی مثال سے یہ بات بھی واضح ہے۔ (۳) لم سے جو نفی کی جاتی ہے وہ آئندہ متوقع الوجود ہے یا نہیں؟ لم کی اس پر کوئی دلالت نہیں ہوتی، اور لما سے جو نفی کی جاتی ہے اس کی آئندہ امید ہوتی ہے، جیسے زید اب تک نہیں آیا یعنی ہم ابھی اس کے آنے کی امید رکھتے ہیں —— اور آیت میں: ﴿لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ ہے یعنی اب تک عجم عربوں کے ساتھ نہیں ملے مگر آئندہ ملنے کی امید ہے، کون ملائے گا؟ اللہ تعالیٰ ملائیں گے جو زبردست حکمت والے ہیں —— عرب تو سب مسلمان ہو جائیں گے مگر عجم سب اسلام قبول نہیں کریں گے، کیونکہ اسلام اللہ کا فضل ہے، دیں گے وہ جس کو چاہیں گے، اور ایسا نہیں ہے کہ فضل کے کوٹے میں ٹوٹا پڑ گیا ہو، اللہ تو بڑے فضل والے ہیں، کمی لینے والوں میں ہے —— اور سب عربوں کا مسلمان ہونا اور سب عجمیوں کا مسلمان نہ ہونا: استاذ کی قوتِ تاثیر اور ضعف کا نتیجہ ہے، عربوں کے استاذ نبی ﷺ تھے، اور عجم کے استاذ صحابہ کرام —— اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امیین میں کام کرنے کی ذمہ داری نبی ﷺ پر ڈالی گئی تھی، چنانچہ جب عربوں میں کام تکمیل کے قریب آیا تو سورۃ النصر نازل ہوئی، اور آپؐ کو اطلاع کردی گئی کہ آپ ہمارے پاس آنے کی تیاری کریں —— اور آخرین میں کام کی ذمہ داری صحابہ پر ڈالی گئی تھی، اس لئے جس طرح انبیاء کے لئے عصمت ضروری ہے، صحابہ کے لئے حفاظت ضروری ہے، غرض نبی ﷺ کی بعثت دوہری ہے، اور یہ مضمون حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ کی قسم اول کے مبحث سادس کے باب دوم میں بیان کیا ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپؐ پر سورۃ الجمعہ نازل ہوئی، اس میں ہے: ﴿وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ میں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! یہ آخرین کون ہیں؟ آپؐ نے جواب نہیں دیا، انھوں نے تین مرتبہ پوچھا، وہاں حضرت سلمان فارسیؓ موجود تھے، آپؐ نے اپنا ہاتھ سلمانؓ پر رکھا، اور فرمایا: ''اگر ایمان ثریا (ستارہ) پر ہوتا تو بھی اس کو کچھ لوگ ان میں سے حاصل کرتے!'' (معلوم ہوا کہ آخرین سے عجم مراد ہیں)

٦٢- الجمعة

[١-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾

وَقَرَأَ عُمَرُ: ﴿فَامْضُوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ﴾

[٤٨٩٧-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ: ﴿وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هُمْ؟ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَلَمْ يُرَاجِعْهُ حَتّٰى سَأَلَ ثَلاَ ثًا، وَفِيْنَا سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ، وَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ عَلٰى سَلْمَانَ، ثُمَّ قَالَ: " لَوْ كَانَ الإِيْمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَنَالَهُ رِجَالٌ أَوْ: رَجُلٌ مِنْ هٰؤُلآءِ "[طرفه: ٤٨٩٨]

[٤٨٩٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، أَخْبَرَنِيْ ثَوْرٌ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لَنَالَهُ رِجَالٌ مِنْ هٰؤُلآءِ "[راجع: ٤٨٩٧]

وضاحت: پہلی روایت میں رجال اور رجل میں راوی کوشک ہے، اور دوسری روایت میں بے شک رجال ہے۔

لغت: رَاجَعَ فلاناً الكلامَ: کسی سے کوئی بات دوبارہ کہلانا، یعنی آپ خاموش رہے، جواب نہ دیا تا کہ وہ بار بار پوچھیں۔

قراءت: ﴿فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ﴾ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قراءت میں تھا: فَامْضُوْا إلى ذكر الله: اللہ کے ذکر کی طرف چلو، اس قراءت سے سعی کے معنی کی تعیین ہوگئی، سعی کے معنی دوڑنے کے نہیں۔

سوداگری اور کھیل تماشے سے بہتر خطبہ اور نماز جمعہ ہے

پہلے عیدین کی طرح نماز جمعہ پہلے اور خطبہ بعد میں ہوتا تھا، ایک مرتبہ نماز پڑھ کر نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے کہ تجارتی قافلہ باہر سے غلہ لے کر آیا، پہلے سے شہر میں اناج کی کمی تھی، لادی نے نقارہ بجایا لوگ یہ خیال کر کے کہ نماز تو ہو چکی ہے، اور خطبہ (تقریر) ہر جمعہ کو سنتے ہیں: خریداری کے لئے اور کھیل تماشہ دیکھنے کے لئے چل دیئے، صرف بارہ آدمی رہ گئے، اس پر فرمایا: "جب لوگ کوئی تجارت یا مشغولی کی چیز دیکھتے ہیں تو اس کی طرف بکھر جاتے ہیں، اور آپ کو کھڑا ہوا (خطبہ دیتا ہوا) چھوڑ جاتے ہیں! آپ بتادیں کہ جو کچھ اللہ کے پاس ہے یعنی اجر وثواب وہ کھیل اور تجارت سے بہتر ہے، اور اللہ تعالیٰ بہترین روزی پہنچانے والے ہیں!"

نکتہ: ﴿اِنْفَضُّوْا إِلَيْهَا﴾ کہا، مفرد کی ضمیر لائے، إِلَيْهِمَا نہیں کہا، جبکہ پہلے تجارت اور لہو کا ذکر آیا ہے، حاشیہ میں اس کی تین توجیہیں ہیں، علاوہ ازیں: کثرت خریداری کے لئے جانے والوں کی تھی، اس لئے صرف تجارت کی طرف

ضمیر لوٹائی۔

[۲-] بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً﴾

[۴۸۹۹-] حَدَّثَنِیْ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُصَیْنٌ، عَنْ سَالِمِ ابْنِ أَبِیْ الْجَعْدِ، وَعَنْ أَبِیْ سُفْیَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَقْبَلَتْ عِیْرٌ یَوْمَ الْجُمُعَةِ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَثَارَ النَّاسُ إِلَّا اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْا إِلَیْهَا﴾ [راجع: ۹۳۶]

نوٹ: ابوسفیان طلحہ اعلیٰ درجہ کا راوی نہیں، اس لئے سالم کے ساتھ ملا کر لائے ہیں۔

سورۃ المنافقین کی تفسیر

سورۃ المنافقین کے پہلے رکوع میں منافقین کا ذکر ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے ہر ہر آیت پر باب باندھا ہے، اور حدیث تمام ابواب میں ایک ہی لائے ہیں، پس قارئین کو آیات پیش نظر رکھنی چاہئیں۔

اللہ تعالیٰ گواہی دیتے ہیں کہ منافقین دعوئے ایمان میں جھوٹے ہیں

سورۃ المنافقین کی پہلی آیت ہے: ''جب منافقین آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں؟ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں، اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتے ہیں کہ منافقین (شہادت میں) جھوٹے ہیں!'' —— وہ دل میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول ہونے کا اعتقاد نہیں رکھتے، وہ جھوٹ بولتے ہیں کہ ان کو دل سے اعتقاد ہے، اپنی اغراض کے لئے زبان سے باتیں بناتے ہیں، اور جھوٹ بولنا ان کا شعار ہے، بات بات میں دروغ بیانی سے کام لیتے ہیں، حدیث میں جو واقعہ ہے اس میں انھوں نے جھوٹ بولا ہے، اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے ان کی تکذیب کی ہے۔

[۶۳- سُوْرَةُ الْمُنَافِقِیْنَ]

[۱-] بَابٌ: ﴿إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ﴾ إِلٰی ﴿لَكَاذِبُوْنَ﴾

[۴۹۰۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِیْلُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ زَیْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: كُنْتُ فِیْ غَزَاةٍ فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَیٍّ یَقُوْلُ: ﴿لَاتُنْفِقُوْا عَلٰی مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰی

يَنْفَضُّوْا﴾ مِنْ حَوْلِهِ، ﴿وَلَوْ رَجَعْنَا﴾ مِنْ عِنْدِهِ ﴿لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ﴾ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمِّيْ أَوْ لِعُمَرَ، فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَدَعَانِيْ فَحَدَّثْتُهُ، فَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ وَأَصْحَابِهِ فَحَلَفُوْا مَا قَالُوْا، فَكَذَّبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَصَدَّقَهُ، فَأَصَابَنِيْ هَمٌّ لَمْ يُصِبْنِي مِثْلُهُ قَطُّ، فَجَلَسْتُ فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ لِيْ عَمِّيْ: مَا أَرَدْتَ إِلٰى أَنْ كَذَّبَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَقَتَكَ. فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُوْنَ﴾ فَبَعَثَ إِلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَرَأَ فَقَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ يَا زَيْدُ" [أطرافه: ۴۹۰۱، ۴۹۰۲، ۴۹۰۳، ۴۹۰۴]

ترجمہ: زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک غزوہ میں تھا، پس میں نے عبداللہ بن ابی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ اللہ کے رسول کے پاس جو لوگ ہیں ان پر خرچ مت کرو تا کہ وہ بکھر جائیں ان کے پاس سے اور اگر ہم لوٹے ان کے پاس سے تو ضرور باعزت نکال دے گا نہایت ذلیل کو، پس میں نے یہ بات اپنے چچا سے ذکر کی یا (راوی نے کہا:) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ذکر کی، انھوں نے وہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، آپؐ نے مجھے بلایا تو میں نے آپ سے وہ بات بیان کی، پس آپ نے آدمی بھیج کر عبداللہ اور اس کے ساتھیوں کو بلایا، انہوں نے قسم کھائی کہ انھوں نے یہ بات نہیں کہی، پس رسول اللہ ﷺ نے مجھ کو جھوٹا قرار دیا اور اس کو سچا سمجھا، پس پہنچا مجھے ایسا فکر کہ نہیں پہنچا تھا مجھے ویسا فکر کبھی بھی یعنی مجھے سخت صدمہ ہوا، اور میں گھر میں بیٹھ گیا، اور میرے چچا نے کہا: نہیں ارادہ کیا تو نے مگر اس کا کہ جھوٹا قرار دیں تجھے رسول اللہ ﷺ اور سخت ناراض ہوں تجھ سے یعنی چچا بھی سخت ناراض ہو گئے کہ تو نے ایسی جھوٹی بات کیوں کہی، پس اللہ تعالیٰ نے: ﴿إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُوْنَ﴾ نازل کی، نبی ﷺ نے میرے پاس آدمی بھیجا (میں حاضر ہوا) آپؐ نے وہ آیتیں پڑھیں، اور فرمایا: "بے شک اللہ نے تجھے سچا ٹھہرایا اے زید!" (تفصیل تحفۃ الالمعی (۷:۵۰۷) میں ہے)

منافقین نے قسموں کو ڈھال بنایا

دوسری آیت ہے: "انھوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے، پھر وہ دوسروں کو بھی اللہ کے راستے سے روکتے ہیں، بے شک برے ہیں وہ کام جو وہ کیا کرتے ہیں!" —— منافقین جھوٹی قسمیں کھا کر مسلمانوں کو یقین دلاتے تھے کہ وہ مسلمان ہیں، تا کہ وہ مجاہدین اسلام کے ہاتھوں سے اپنی جان و مال محفوظ رکھیں، اور در پردہ اسلام کی جڑیں کھودتے تھے، اور اسلام اور مسلمانوں کی عیب جوئی کر کے دوسروں کو بھی اسلام میں داخل ہونے سے روکتے تھے، پس ان کی جھوٹی قسموں کا ضرر ان تک محدود نہیں رہتا، بلکہ دوسروں تک متعدی ہو جاتا ہے، پس اس سے بڑھ کر اور برا کام کیا ہوگا؟ —— عبداللہ بن ابی اور اس کے ساتھیوں کا یہی شیوہ تھا، انھوں نے دو بری باتیں کہی تھیں، مگر ان سے دریافت کیا گیا تو جھوٹی قسمیں کھا گئے اور مکر گئے!

—— اِجْتَنَّ بہ: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿اتَّخَذُوْا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً﴾ يَجْتَنُّوْنَ بِهَا

[۴۹۰۱-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَمِّيْ، فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيِّ ابْنَ سَلُوْلَ يَقُوْلُ: ﴿لاَتُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰي يَنْفَضُّوْا﴾ وَقَالَ أَيْضًا: ﴿لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلٰى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ﴾ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمِّيْ فَذَكَرَ عَمِّيْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أُبَيٍّ وَأَصْحَابِهِ، فَحَلَفُوْا مَاقَالُوْا، فَصَدَّقَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَكَذَّبَنِيْ، فَأَصَابَنِيْ هَمٌّ لَمْ يُصِبْنِيْ مِثْلُهُ قَطُّ، فَجَلَسْتُ فِيْ بَيْتِيْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِذَا جَاءَ كَ الْمُنَافِقُوْنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لاَتُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ﴾ فَأَرْسَلَ إِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَرَأَهَا عَلَيَّ ثُمَّ قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ"[راجع: ۴۹۰۰]

منافقوں کے دلوں پر مہر کر دی گئی ہے، اس لئے وہ حق بات کو سمجھتے نہیں!

پھر آیت ۳ ہے: "وہ بات (منافقین کے اعمال بہت برے ہیں) اس سبب سے ہے کہ وہ لوگ (بہ ظاہر) ایمان لائے، پھر (در پردہ) کفر کیا تو ان کے دلوں پر مہر کر دی گئی، پس وہ (حق بات) سمجھتے نہیں!" —— یعنی زبان سے ایمان لائے، دل سے منکر رہے، اور کافروں جیسے کام کئے تو ان کے دلوں پر مہر لگ گئی، اب ان میں حق کو قبول کرنے کی مطلق صلاحیت نہیں رہی، اس لئے اب ان سے بات سمجھنے کی امید رکھنا فضول ہے —— عبداللہ بن ابی اور اس کے ساتھیوں کا حال آپ دیکھ لیں، آپ کو بات کا یقین آجائے گا۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ آمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لاَيَفْقَهُوْنَ﴾

[۴۹۰۲-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ الْقُرَظِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، قَالَ: لَمَّا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ: ﴿لاَتُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ﴾ وَقَالَ أَيْضًا: ﴿لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلٰى الْمَدِيْنَةِ﴾ أَخْبَرْتُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَلاَ مَنِيْ الْأَنْصَارُ، وَحَلَفَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ: مَا قَالَ ذٰلِكَ، فَرَجَعْتُ إِلٰى الْمَنْزِلِ فَنِمْتُ فَدَعَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَتَيْتُهُ، فَقَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ" وَنَزَلَ: ﴿هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لاَتُنْفِقُوْا﴾ الْآيَةَ.

وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ: عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۴۹۰۰]

منافقین گویا سہارے سے لگا کر کھڑی کی ہوئی لکڑیاں ہیں

پھر آیت ۴ ہے: ''اور جب آپ ان کو دیکھیں تو ان کے ڈیل ڈول آپ کو پسند آئیں، اور اگر وہ بات کہیں تو آپ ان کی بات سننے لگیں، گویا وہ سہارے سے لگا کر کھڑی کی ہوئی لکڑیاں ہیں! ہر غل پکار کو اپنے اوپر پڑھنے والی بلا سمجھتے ہیں، وہی دشمن ہیں، پس آپ ان سے ہوشیار رہیں، اللہ ان کو غارت کرے! وہ کہاں پھرے جارہے ہیں؟'' —— منافقین بڑے خوبصورت، بڑے ڈیل ڈول والے تھے، باتیں ایسی لچھے دار کرتے تھے کہ آدمی سنتا ہی رہ جائے، وہ دیوار سے لگا کر کھڑی کی ہوئی لکڑی کی طرح ہیں، ان کو مسلمانوں کا سہارا چاہئے، اس لئے بظاہر مسلمان ہوئے ہیں، وہ بزدل اور ڈرپوک ہیں، کہیں ذرا شور و غل ہوتا ہے تو ان کا دل دہل جاتا ہے، وہ خیال کرتے ہیں کہ آئی ہم پر بلا! اسلام کے حقیقی دشمن یہی لوگ ہیں، ان کی چالوں سے ہمیشہ ہوشیار رہنا چاہئے، اللہ کی ان پر مار پڑے! وہ راہ حق چھوڑ کر کہاں بھٹکے جارہے ہیں؟

بَابُ قَوْلُهُ: ﴿وَإِذَا رَأَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ أَجْسَامُهُمْ، وَإِنْ يَقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ، يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ، هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ، قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ! أَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ﴾

[۴۹۰۳-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ الْأَرْقَمِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، أَصَابَ النَّاسَ فِيْهِ شِدَّةٌ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ لِأَصْحَابِهِ: ﴿لَاتُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا﴾ مِنْ حَوْلِهِ، وَقَالَ: ﴿لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ﴾ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ، فَأَرْسَلَ إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ فَسَأَلَهُ، فَاجْتَهَدَ يَمِيْنَهُ: مَا فَعَلَ! قَالُوْا: كَذَبَ زَيْدٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ مِمَّا قَالُوْا شِدَّةٌ، حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقِيْ فِي: ﴿إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُوْنَ﴾ فَدَعَاهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِيَسْتَغْفِرَ لَهُمْ فَلَوَّوْا رُءُ وْسَهُمْ.

وَقُوْلُهُ: ﴿خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ﴾ قَالَ: كَانُوْا رِجَالًا أَجْمَلَ شَيْءٍ. [راجع: ۴۹۰۰]

قولہ: مُسَنَّدَة: اسم مفعول، تَسْنِيْد: مصدر: دیوار کے سہارے سے لگائی ہوئی صَيْحَة: ہولناک آواز، چنگھاڑ، نعرہ صَاحَ يصيح کا مصدر بمعنی حاصل مصدر —— قولہ: أصاب الناس فيه شدة سے سمجھا گیا ہے کہ یہ غزوۂ تبوک کا واقعہ ہے، حالانکہ یہ غزوۂ مریسیع کا واقعہ ہے —— فاجتهد يمينه: اپنی قسم میں پوری کوشش کی یعنی مؤکد قسمیں کھائیں —— مَافَعَلَ: نہیں کہی انھوں نے یہ باتیں —— آخر میں قوله إلخ ہمارے نسخہ میں باب ہے، عمدۃ القاری کے نسخہ میں حدیث کا جزء ہے، میں نے عمدۃ کے نسخہ کے مطابق کیا ہے۔

منافقین کا پردہ فاش ہوجاتا ہے تب بھی وہ گناہ معاف کرانے نہیں آتے

پھر آیت ۵ ہے: ''اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ آؤ، اللہ کے رسول تمہارا گناہ معاف کرادیں تو وہ سر مٹکا کر رہ جاتے ہیں، اور آپ ان کو دیکھیں گے کہ بے رخی اختیار کرتے ہیں، درانحالیکہ وہ تکبر کرنے والے ہیں —— جب کسی معاملہ میں صاف طور پر منافقین کی شرارت کھل جاتی ہے، اور لوگ ان سے کہتے ہیں: آؤ، خدمتِ نبوی میں حاضر ہوکر اپنا قصور معاف کرالو تو غروران کو اس بات پر آمادہ نہیں ہونے دیتا، وہ گردن ہلا کر سر مٹکا کر رہ جاتے ہیں، اور سنی ان سنی کر دیتے ہیں۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُ وْسَهُمْ وَرَأَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ﴾

حَرَّكُوْا، اسْتَهْزَءُ وْا بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَيُقْرَأُ بِالتَّخْفِيْفِ مِنْ لَوَيْتُ.

[٤٩٠٤-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَمِّيْ فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيِّ ابْنَ سَلُوْلَ يَقُوْلُ: ﴿لَاتُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا﴾، وَ﴿لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ﴾ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمِّيْ، فَذَكَرَ عَمِّيْ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَدَعَانِيْ فَحَدَّثْتُهُ، فَأَرْسَلَ إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ وَأَصْحَابِهِ، فَحَلَفُوْا مَا قَالُوْا، وَكَذَّبَنِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَصَدَّقَهُمْ، فَأَصَابَنِيْ غَمٌّ لَمْ يُصِبْنِيْ مِثْلُهُ قَطُّ، فَجَلَسْتُ فِيْ بَيْتِيْ وَقَالَ عَمِّيْ: مَا أَرَدْتَ إِلٰى أَنْ كَذَّبَكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَمَقَتَكَ. فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِذَا جَاءَ كَ الْمُنَافِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ﴾ وَأَرْسَلَ إِلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَرَأَهَا، وَقَالَ: '' إِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ''[راجع: ٤٩٠٠]

لغت: لَوَّوْا: ماضی معروف، جمع مذکر، تَلْوِيَة مصدر، لَيٌّ مادہ، انھوں نے اپنے سر مٹکائے، گھمائے، ہلائے، اور نبی ﷺ کا ٹھٹھا کیا —— اور نافع قاری نے لَوَوْا: مخفف پڑھا ہے، پس یہ مجرد سے ہوگا، معنی وہی مزید والے ہیں۔

منافقین کے لئے خواہ معافی چاہیں یا نہ چاہیں اللہ ان کو معاف کرنے والے نہیں

پھر آیت ٦ ہے: ''یکساں ہے ان کے حق میں: خواہ آپ ان کے لئے استغفار کریں یا ان کے لئے استغفار نہ کریں: اللہ تعالیٰ ان کو ہرگز نہیں بخشیں گے! بے شک اللہ تعالیٰ حد اطاعت سے نکل جانے والوں کو توفیق ہدایت نہیں دیتے —— اس آیت میں نبی ﷺ کو دوراہے پر کھڑا کیا ہے، استغفار و عدم استغفار میں اختیار دیا ہے، مگر ساتھ ہی اشارہ کیا ہے کہ ان کے لئے استغفار نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ وہ غیر مفید ہے! —— اور حدیث کا ترجمہ پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۰۵) آگیا ہے۔

[۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ، إِنَّ اللّٰهَ لَايَهْدِى الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ﴾

[٤٩٠٥-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا فِى غَزَاةٍ - قَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً: فِىْ جَيْشٍ - فَكَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: يَا آلَ الْأَنْصَارِ. وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا آلَ الْمُهَاجِرِيْنَ، فَسَمِعَ ذَاكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" مَا بَالُ دَعْوَى جَاهِلِيَّةٍ؟" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ:"دَعُوْهَا فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ" فَسَمِعَ بِذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ، فَقَالَ: فَعَلُوْهَا؟ أَمَا وَاللّٰهِ ﴿لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ﴾ فَبَلَغَ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم فَقَامَ عُمَرُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! دَعْنِىْ أَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم:" دَعْهُ لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ أَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ أَصْحَابَهُ" وَكَانَتِ الْأَنْصَارُ أَكْثَرَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ حِيْنَ قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ، ثُمَّ إِنَّ الْمُهَاجِرِيْنَ كَثُرُوْا بَعْدُ.

قَالَ سُفْيَانُ: فَحَفِظْتُهُ مِنْ عَمْرٍو، قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ جَابِرًا: كُنَّا مَعَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ۳۵۱۸]

مہاجرین پر انصار کا خرچ کرنا منافقین کو کھلتا تھا

پھر آیت ۷ ہے:" وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں: خرچ مت کرو ان لوگوں پر جو اللہ کے رسول کے پاس ہیں تاکہ وہ متفرق ہوجائیں، اور آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ کے لئے ہیں، لیکن منافقین سمجھتے نہیں!" —— یعنی احمق یہ بات نہیں سمجھتے کہ اگر وہ خرچ نہیں کریں گے تو آسمان وزمین کے خزانوں کا مالک ان کو بھوکا مار دے گا؟ ہرگز نہیں! وہ رزق کے دوسرے دروازے کھول دے گا۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَاتُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا، وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمَّاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ﴾

[٤٩٠٦-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِى إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُوْسَى ابْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: حَزِنْتُ عَلٰى مَنْ أُصِيْبَ بِالْحَرَّةِ، فَكَتَبَ إِلَيَّ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ - وَبَلَغَهُ شِدَّةُ حُزْنِىْ - يَذْكُرُ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ" وَشَكَّ ابْنُ الْفَضْلِ فِىْ أَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ -

فَسَأَلَ أَنَسًا بَعْضُ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ فَقَالَ: هُوَ الَّذِىْ يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " هٰذَا الَّذِىْ أَوْفَى اللّٰهُ لَهُ بِأُذُنِهِ"

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں مغموم ہوا ان لوگوں پر جو واقعہ حرّہ میں قتل کیے گئے، پس زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے مجھے خط لکھا ـــــ اور ان کو میرے شدید غم کی خبر پہنچی تھی ـــــ ذکر کر رہے ہیں وہ کہ انھوں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: "اے اللہ! انصار کی اور انصار کی اولاد کی مغفرت فرما!" ـــــ اور اولاد کی اولاد کا ذکر کیا یا نہیں؟ اس میں عبداللہ بن الفضل (راوی) کو شک ہے ـــــ حاضرین میں سے کسی نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا (کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ کا کیا مقام ومرتبہ ہے؟) انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "زید بن ارقم رضی اللہ عنہ وہ ہیں جن کے حق میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: "یہ وہ شخص ہے جی کی کان سے سنی ہوئی بات پہنچانے میں اللہ نے ان کو سچا ثابت کیا ہے!"

ملحوظہ: فسأل أنسًا ہمارے نسخہ میں فسأل أنسی ہے، یہ صحیح نہیں، تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے۔

عزت والا وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ عزت دیں!

پھر آیت ۸ ہے: "وہ کہتے ہیں: بخدا! اگر لوٹ کر ہم مدینہ پہنچے تو ضرور نکال باہر کرے گا نہایت عزت دار بڑے ذلیل کو، اور عزت اللہ کے لئے، اور اس کے رسول کے لئے اور مؤمنین کے لئے ہے، مگر منافقین جانتے نہیں!" ـــــ آج وہ خود کو عزت والا اور زور آور تصور کرتے ہیں، مگر کل جو ان کی دُرگت بنے گی اس کی خبر نہیں!

[۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ، وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ﴾

[۴۹۰۷-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْنَاهُ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: كُنَّا فِيْ غَزَاةٍ فَكَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: يَا آلَ الْأَنْصَارِ. فَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا آلَ الْمُهَاجِرِيْنَ. فَسَمَّعَهَا اللّٰهُ رَسُوْلَهُ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " مَاهٰذَا؟" فَقَالُوْا: كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: يَا لَلْأَنْصَارِ، وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَالَلْمُهَاجِرِيْنَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " دَعُوْهَا فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ" قَالَ جَابِرٌ: وَكَانَتِ الْأَنْصَارُ حِيْنَ قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَكْثَرَ، ثُمَّ كَثُرَ الْمُهَاجِرُوْنَ بَعْدُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ: أَوَ قَدْ فَعَلُوْا؟ وَاللّٰهِ لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: دَعْنِىْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " دَعْهُ لَايُحَدِّثُ النَّاسُ أَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ أَصْحَابَهُ" [راجع: ۳۵۱۸]

٦٤- سورة التغابن

وَقَالَ عَلْقَمَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهُ﴾ هُوَ الَّذِىْ إِذَا أَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ رَضِىَ، وَعَرَفَ أَنَّهَا مِنَ اللّٰهِ.

سورۃ التغابن کی تفسیر

تَغَابُنْ: غَبْنٌ (دھوکہ) سے باب تفاعل ہے: ہار جیت کا دن —— یعنی قیامت کا دن اس دن دوزخی ہاریں گے اور جنتی جیتیں گے، جنت میں دوزخیوں کا جوٹھکانہ ہے وہ جنتیوں کے ہاتھ آئے گا، اور دوزخ میں جنتیوں کا جوٹھکانہ ہے وہ دوزخیوں کے سر پڑے گا —— اور آیت ۱۱ میں ہے: ﴿وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهُ﴾: اور جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو راہ دکھاتے ہیں —— حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ وہ بندہ ہے کہ جب کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو خوش رہتا ہے، اور جان لیتا ہے کہ مصیبت اللہ کی طرف سے ہے —— کیونکہ دنیا میں کوئی سختی اللہ کی مرضی کے بغیر نہیں پہنچتی، پس مرضیٔ مولی از ہمہ اولی!

سورۃ الطلاق کی تفسیر

وبال کے معنی ہیں سزا: آیت ۹ میں ہے: ﴿فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا﴾: پس ان (نافرمان بستیوں) نے اپنے اعمال کی سزا چکھی —— حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے وبال کے معنی جزاء (سزا) کئے ہیں۔

طلاق دینے کا مقررہ وقت

جب کوئی بیوی کو طلاق دینے کا ارادہ کرے تو ایسے طہر (پاکی) میں ایک طلاق رجعی دے جس میں صحبت نہ کی ہو، یہ بات سورۃ الطلاق کی پہلی آیت میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ﴾: اے پیغمبر! جب آپ لوگ عورتوں کو طلاق دیں تو ان کو ان کی عدت میں طلاق دیں —— عِدَّةُ التطليق (طلاق دینے کا مقررہ وقت) ایسا طہر ہے جس میں بیوی سے صحبت نہ کی ہو اور عدۃُ الطلاق: تین حیض یا تین طہر ہیں جو طلاق کے بعد عورت گذارتی ہے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے صاحب زادے سالم کو بتلایا کہ انھوں نے اپنی بیوی (آمنہ بنت غفار) کو حالتِ حیض میں طلاق دی، پس عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا، نبی ﷺ اس معاملہ میں سخت ناراض ہوئے، پھر فرمایا: ''چاہئے کہ وہ اس کو نکاح میں واپس لے، پھر اس کو روکے رہے یہاں تک کہ وہ پاک ہوجائے، پھر اس کو ماہواری آئے، پھر وہ پاک ہو، پھر اگر ابن عمرؓ کی رائے ہو کہ اس کو طلاق دے تو اس کو طلاق دے پاک ہونے کی حالت میں،

اس سے صحبت کرنے سے پہلے، پس یہ وہ عدت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو طلاق دینے کا حکم دیا ہے (حدیث ۵۲۵۱) —— اس حدیث کی شرح تحفۃ الالمعی (۴: ۵۵) میں ہے، اور کتاب الطلاق میں بھی آئے گی۔

٦٥- سورة الطلاق

وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وَبَالَ أَمْرِهَا﴾: جَزَاءَ أَمْرِهَا.

[١- بَابٌ]

[٤٩٠٨-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّـهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَذَكَرَ عُمَرُ لِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَتَغَيَّظَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَالَ: "لِيُرَاجِعْهَا، ثُمَّ يُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ، ثُمَّ تَحِيْضَ فَتَطْهُرَ، فَإِنْ بَدَا لَهُ أَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّهَا، فَتِلْكَ الْعِدَّةُ كَمَا أَمَرَهُ اللهُ" [أطرافه: ٥٢٥١، ٥٢٥٢، ٥٢٥٣، ٥٢٥٨، ٥٢٦٤، ٥٣٣٢، ٥٣٣٣، ٧١٦٠]

حاملہ کی عدت وضع حمل ہے: خواہ مطلقہ ہو یا متوفی عنہا زوجہا

آیت ۴ میں ہے: "اور حاملہ عورتوں کی عدت اس حمل کا پیدا ہوجانا ہے (خواہ کامل ہو یا ناقص، بشرطیکہ کوئی عضو بن گیا ہو، گو ایک انگلی ہی سہی) اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرے اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر ایک کام میں آسانی کر دیں گے"

لغت: أولات کا مفرد ذات ہے، من غیر لفظہ۔

مسئلہ: حاملہ متوفّٰی عنہا زوجہا کی عدت وضع حمل ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، پہلے اس مسئلہ میں اختلاف تھا، حضرات ابن عباس وعلی رضی اللہ عنہما کی رائے تھی کہ اس کی عدت ابعد الاجلین ہے، لیکن جب سُبیعہؓ کا واقعہ لوگوں کے سامنے آیا تو اختلاف ختم ہوگیا۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأُوْلَاتُ الأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ وَمَنْ يَّتَّقِ اللهَ يَجْعَلْ لَّهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا﴾

وَأُوْلَاتُ الأَحْمَالِ: وَاحِدُهَا: ذَاتُ حَمْلٍ.

[٤٩٠٩-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ جَالِسٌ عِنْدَهُ، فَقَالَ: أَفْتِنِيْ فِي امْرَأَةٍ وَلَدَتْ بَعْدَ زَوْجِهَا بِأَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، فَقَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ: آخِرُ الأَجَلَيْنِ، قُلْتُ أَنَا: ﴿وَأُوْلَاتُ الأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ﴾

قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أَنَا مَعَ ابْنِ أَخِيْ - يَعْنِي أَبَا سَلَمَةَ - فَأَرْسَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ غُلَامَهُ كُرَيْبًا إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ يَسأَلُهَا، فَقَالَتْ: قُتِلَ زَوْجُ سُبَيْعَةَ الْأَسْلَمِيَّةِ وَهِيَ حُبْلَى، فَوَضَعَتْ بَعْدَ مَوْتِهِ بِأَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، فَخُطِبَتْ فَأَنْكَحَهَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَكَانَ أَبُوْ السَّنَابِلِ فِيْمَنْ خَطَبَهَا. [طرفه: ٥٣١٨]

ترجمہ: ایک آدمی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے، اس نے کہا: مجھے اس عورت کا مسئلہ بتائیے جس نے شوہر کی وفات کے ۴۰ دن بعد بچہ جنا، ابن عباسؓ نے کہا: دو مدتوں میں سے لمبی مدت (عدت گذارے یعنی وضع حمل اور چار ماہ دس دنوں میں سے جو لمبی مدت ہے: عورت وہ عدت گذارے) میں (ابوسلمہ) نے کہا: سورۃ الطلاق کی آیت ۴ میں اس کی عدت وضع حمل ہے (یہاں باب ہے) پس ابو ہریرہؓ نے کہا: میں اپنے بھتیجے (ابوسلمہ) کے ساتھ ہوں، پھر ابن عباسؓ نے اپنے غلام کریب کو ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس مسئلہ دریافت کرنے کے لئے بھیجا، انھوں نے کہا: سُبیعہؓ کے شوہر قتل کئے گئے (یہ تسامح ہے) درانحالیکہ وہ حاملہ تھیں، پس سبیعہ نے شوہر کی وفات کے ۴۰ دن بعد بچہ جنا تو نبی ﷺ نے اس کا نکاح کر دیا، اور ابو السنابل منگنی بھیجنے والوں میں سے تھے (شرح تحفۃ الالمعی (۸۸:۴) میں ہے)

[٤٩١٠-] وَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَأَبُوْ النُّعْمَانِ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: كُنْتُ فِي حَلْقَةٍ فِيْهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى، وَكَانَ أَصْحَابُهُ يُعَظِّمُوْنَهُ، فَذَكَرَ آخِرَ الْأَجَلَيْنِ، فَحَدَّثْتُ بِحَدِيْثِ سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ: فَضَمَّنَ لِي بَعْضُ أَصْحَابِهِ، قَالَ مُحَمَّدٌ: فَفَطِنْتُ لَهُ، فَقُلْتُ: إِنِّيْ إِذًا لَجَرِيْءٌ إِنْ كَذَبْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، وَهُوَ فِيْ نَاحِيَةِ الْكُوْفَةِ، فَاسْتَحْيَا، وَقَالَ: لٰكِنَّ عَمَّهُ لَمْ يَقُلْ ذَاكَ، فَلَقِيْتُ أَبَا عَطِيَّةَ مَالِكَ بْنَ عَامِرٍ فَسَأَلْتُهُ، فَذَهَبَ يُحَدِّثُنِيْ حَدِيْثَ سُبَيْعَةَ، فَقُلْتُ: هَلْ سَمِعْتَ عَنْ عَبْدِ اللهِ فِيْهَا شَيْئًا؟ فَقَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللهِ، فَقَالَ: أَتَجْعَلُوْنَ عَلَيْهَا التَّغْلِيْظَ وَلَا تَجْعَلُوْنَ عَلَيْهَا الرُّخْصَةَ؟ لَنَزَلَتْ سُوْرَةُ النِّسَاءِ الْقُصْرَى بَعْدَ الطُّوْلَى: ﴿وَأُوْلَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ﴾ [راجع: ٤٥٣٢]

حوالہ: یہ حدیث اسی جلد میں سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۴ کی تفسیر میں آچکی ہے —— **محمد**: ابن سیرینؒ ہیں، اور حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ صحابی صغیر ہیں —— اور لفظ ضَمَّنَ میں بڑا جھگڑا ہے کہ صحیح لفظ کیا ہے؟ حاشیہ دیکھیں، اور پہلے یہ لفظ نہیں آیا، شاید صحیح لفظ ضَمَزَ ہو، ضَمَزَ فلانا کے معنی ہیں: عیب لگانا، برائی کرنا، یعنی میری بات کو ان کے بعض شاگردوں نے قابل اعتراض سمجھا —— **فَاسْتَحْيَا**: پس حضرت عبدالرحمٰن جھیپ گئے —— چھوٹی سورۃ النساء یعنی سورت الطلاق، اور بڑی یعنی سورۃ البقرۃ۔

سورۃ التحریم کی تفسیر

شروع کی پانچ آیتوں کا ترجمہ وتفسیر

ترجمہ: اے نبی! آپ کیوں حرام کرتے ہیں اس چیز کو جس کو اللہ نے آپ کے لئے حلال کیا ہے؟ آپ اپنی بیویوں کی خوشنودی چاہتے ہیں! اور اللہ بہت بخشنے والے بڑے مہربان ہیں () بالیقین اللہ نے تم لوگوں کے لئے مقرر کردیا ہے تمہاری قسموں کا کھولنا، یعنی قسم توڑ کر کفارہ دینا، اور اللہ تعالیٰ تمہارے کارساز ہیں، اور وہ خوب جاننے والے بڑی حکمت والے ہیں () اور (یاد کرو) جب چپکے سے کہی نبی نے اپنی ایک بیوی سے کوئی بات، پھر جب بتلادی اس بیوی نے وہ بات، اور اللہ نے اس کو آپ پر ظاہر کردیا تو آپ نے اس میں سے کچھ بات بتلائی اور کچھ بات ٹلائی، پھر جب آپ نے بیوی کو وہ بات بتلائی تو اس نے پوچھا: آپ کو یہ بات کس نے بتلائی؟ آپ نے فرمایا: مجھے علیم وخبیر اللہ نے بتلائی () اگر تم دونوں اللہ کے سامنے توبہ کرو تو تمہارے دل مائل ہورہے ہیں، اور اگر تم دونوں نبی کے خلاف مظاہرہ کروگی تو بے شک اللہ تعالیٰ ہی ان کے کارساز ہیں، اور جبرئیل، نیک مؤمنین اور فرشتے بعد ازیں (اللہ کی کارسازی کے بعد) مددگار ہیں () ہوسکتا ہے ان کے پروردگار ـــ اگر وہ تمہیں طلاق دیدیں ـــ بدل کردیں ان کو تم سے بہتر بیویاں: فرماں بردار، ایمان دار، اطاعت شعار، توبہ کرنے والیاں، عبادت گذار، روزہ دار، غیر کنواریاں اور کنواریاں!

شانِ نزول: نبی ﷺ کا طریقہ تھا کہ آپ عصر کے بعد سب ازواج کے پاس تھوڑی تھوڑی دیر کے لئے تشریف لے جاتے تھے، اس موقعہ پر ہر بیوی صاحبہ کوشش کرتی تھیں کہ نبی ﷺ زیادہ سے زیادہ اس کے یہاں ٹھہریں، نبی ﷺ کو شہد پسند تھا، چنانچہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا نے شہد منگوالیا، جب آپ ان کے پاس پہنچے تو وہ پوچھتیں: یارسول اللہ! آپ شہد نوش فرمائیں گے؟ آپ خواہش کا اظہار فرماتے تو وہ شربت بناتیں اور باتیں کرتیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ان سے حسن میں مقابلہ تھا، جب انھوں نے دیکھا کہ نبی ﷺ زینبؓ کے یہاں زیادہ دیر ٹھہرتے ہیں تو وہ ٹوہ میں لگ گئیں کہ وجہ کیا ہے؟ معلوم ہوا کہ انھوں نے شہد منگوا رکھا ہے، اور شربت پلاتی ہیں، حضرت عائشہؓ نے حضرت حفصہؓ اور حضرت سودہؓ کو اعتماد میں لیا، اور پلان بنایا کہ نبی ﷺ جس کے پاس بھی پہنچیں تو وہ کہے یارسول اللہ! آپ نے مغافیر کھایا ہے؟ (یہ ایک بدبودار گوند ہے) آپؐ کہیں گے: نہیں! میں نے زینب کے یہاں شہد کا شربت پیا ہے تو وہ کہے کہ شہد کی مکھی نے مغافیر کے پھول کا رس چوسا ہوگا! چنانچہ نبی ﷺ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچے انھوں نے یہ بات کہی، آپ نے وہی جواب دیا، انھوں نے وہی وجہ بتائی، پھر آپ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچے تو انھوں نے بھی یہی بات کہی، اور آپؐ نے ان کو بھی وہی جواب دیا۔ اور نبی ﷺ کو یہ بات ناپسند تھی کہ ازواج آپ کے منہ سے بو محسوس کریں، اسی لئے گھر میں آتے ہی مسواک کرنے کا معمول تھا، پھر جب آپؐ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچے تو انھوں نے

بھی یہی بات کہی، پس آپ نے ان کو بھی وہی جواب دیا اور فرمایا کہ میں شہد کو اپنے اوپر حرام کرتا ہوں، مگر تم یہ بات کسی سے کہنا مت، کیونکہ اگر یہ بات زینبؓ تک پہنچے گی تو ان کا دل ٹوٹے گا، دوسرے دن جب آپؐ زینبؓ کے پاس پہنچے اور انھوں نے شہد کی پیش کش کی تو آپؐ نے فرمایا: مجھے شہد نہیں پینا! اور آپ ان کے پاس تھوڑی دیر رک کر آگے بڑھ گئے، حضرت عائشہؓ سمجھ گئیں کہ پلان کامیاب ہوگیا، اور انھوں نے یہ بات حفصہؓ کو بتلادی کہ اسکیم کامیاب ہوگئی، اُدھر زینبؓ بھی ٹوہ میں لگ گئیں کہ اب آپؐ شہد کیوں نوش نہیں فرماتے! اور ازواج میں ان کی بھی ہم نوا تھیں، پس اندیشہ لاحق ہوگیا کہ بات آگے بڑھ جائے گی۔ چنانچہ وحی نازل ہوئی اور آپ کو پوری صورتِ حال سے واقف کیا گیا، آپؐ نے عائشہؓ سے بطور شکایت فرمایا کہ تم نے میری بات آؤٹ کردی! بس اور کچھ نہیں کہا، مگران کا ماتھا ٹھنکا، انھوں نے خیال کیا کہ ہو نہ ہو حفصہؓ نے آپ کو یہ بات بتلائی ہے، انھوں نے اسی خیال سے پوچھا کہ آپ کو یہ بات کس نے بتلائی؟ اگر حفصہؓ نے بتلائی ہے تو وہ ان کے سر ہو جائیں گی، آپؐ نے جواب دیا: مجھے علیم وخبیر اللہ تعالیٰ نے یہ بات بتائی ہے، پھر اس معاملہ میں سورۃ التحریم کی ابتدائی پانچ آیتیں نازل ہوئیں۔

سورت کے نام: اس سورت کے دو نام ہیں: سورۃ التحریم اور سورۃ الْمُتَحَرِّمْ —— تحریم کے معنی ہیں: ناجائز بنانا، حرام وممنوع قرار دینا۔ شہد کو حرام کرنے کی وجہ سے یہ نام ہوا —— اور تَحَرَّمَ بَطْعَامِه کے معنی ہیں: کسی کے ساتھ کھانے پینے کی بنا پر اس کی کوئی ایسی چیز لینا ممنوع ہو جانا جس کا پہلے لینا جائز تھا، یہ نام معاملہ کی پوری حقیقت کی ترجمانی کرتا ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص اپنے اوپر کسی حلال چیز کو حرام کرلے تو یہ قسم ہو جائے گی، اسی طرح حرام کو حلال کرنے سے بھی قسم ہو جائے گی، پھر پہلی صورت میں اس حلال چیز کو استعمال کرے گا تو کفارہ دینا ہوگا، اور دوسری صورت میں فوراً کفارہ دینا ہوگا۔

مسئلہ: کوئی قسم کھائی پھر احساس ہوا کہ نامناسب قسم کھائی، مثلاً غصہ میں قسم کھائی کہ ماں سے یا باپ سے نہیں بولے گا، پھر غلطی کا احساس ہوا تو حدیث میں ہے کہ قسم توڑ دے اور کفارہ دیدے —— آپؐ نے جو شہد کو حرام کیا تھا اس کا بھی یہی حکم ہے۔

٦٦- سورة الْمُتَحَرِّم

[١-] بَابٌ: ﴿يٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ؟! تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾

[٤٩١١-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنِ ابْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ فِي الْحَرَامِ: يُكَفِّرُ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ [الأحزاب: ٢١] [طرفه: ٥٢٦٦]

قولہ: فی الحرام: یعنی کسی حلال چیز کو حرام کیا، پھر اس کو برتنا چاہے، تو پہلے حلال چیز کو استعمال کرے اور جب قسم ٹوٹ جائے تو کفارہ دے ـــــ **لقد کان:** کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ نے بھی شہد استعمال کیا تھا اور قسم کا کفارہ دیا تھا، پس امتی بھی آپ کے نقش قدم پر چلے۔

[٤٩١٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَشْرَبُ عَسَلاً عِنْدَ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ وَيَمْكُثُ عِنْدَهَا، فَوَاطَيْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ عَنْ أَيَّتِنَا دَخَلَ عَلَيْهَا فَلْتَقُلْ لَهُ: أَكَلْتَ مَغَافِيْرَ؟ إِنِّيْ أَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ مُغَافِيْرَ! قَالَ:" لاَ، وَلٰكِنِّيْ كُنْتُ أَشْرَبُ عَسَلاً عِنْدَ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ، فَلَنْ أَعُوْدَ لَهُ وَقَدْ حَلَفْتُ، لاَ تُخْبِرِيْ بِذٰلِكِ أَحَدًا. [أطرافه: ٥٢١٦، ٥٢٦٧، ٥٢٦٨، ٥٤٣١، ٥٥٩٩، ٥٦١٤، ٥٦٨٢، ٦٦٩١، ٦٩٧٢]

قولہ: وَاطَيْتُ: میں نے اور حفصہ نے پلان بنایا، اصل وَاطَأْتُ تھا، ہمزہ کو بے قاعدہ یاء سے بدل دیا ہے (حاشیہ) **وَاطَأَ فلانا فی الأمر:** کسی معاملہ میں کسی کا ساتھ دینا، موافقت کرنا۔

[٢-] بَابٌ: ﴿تَبْتَغِيْ﴾ بِذٰلِكَ ﴿مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ﴾

وضاحت: اس باب کی وضاحت اوپر آ گئی، **بذلك:** اس تحریم کے ذریعہ آپ اپنی ازواج کی خوشنودی چاہتے ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے واقعات تفصیل سے بیان کئے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے: ﴿وَإِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ﴾: اگر تم دونوں نبی ﷺ کے خلاف مظاہرہ کروگی: کا مصداق پوچھا، آپؓ نے بتلایا کہ اس کا مصداق عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما ہیں، پھر حضرتؓ نے اور باتیں بھی بیان کیں، یہ روایت پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۴۸۳) آ گئی ہے، ترجمہ اور تمہید وہاں ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ وَاللّٰهُ مَوْلاَكُمْ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ﴾

[٤٩١٣-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، عَنْ يَحْيىٰ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يُحَدِّثُ، أَنَّهُ قَالَ: مَكَثْتُ سَنَةً أُرِيْدُ أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنْ آيَةٍ، فَمَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَسْأَلَهُ هَيْبَةً لَهُ، حَتّٰى خَرَجَ حَاجًّا فَخَرَجْتُ مَعَهُ، فَلَمَّا رَجَعْتُ وَكُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ عَدَلَ إِلَى الْأَرَاكِ لِحَاجَةٍ لَهُ، قَالَ: فَوَقَفْتُ لَهُ حَتّٰى فَرَغَ ثُمَّ سِرْتُ مَعَهُ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! مَنِ اللَّتَانِ تَظَاهَرَتَا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَزْوَاجِهِ؟ فَقَالَ: تَانِكَ حَفْصَةُ وَعَائِشَةُ، قَالَ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ إِنِّيْ كُنْتُ لَأُرِيْدُ أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْ هٰذَا مُنْذُ سَنَةٍ، فَمَا أَسْتَطِيْعُ هَيْبَةً لَكَ، قَالَ: فَلاَ تَفْعَلْ، مَا

ظَنَنْتَ أَنَّ عِنْدِیْ مِنْ عِلْمٍ فَسَلْنِیْ، فَإِنْ كَانَ لِیْ عِلْمٌ خَبَّرْتُكَ بِهِ.

قَالَ: ثُمَّ قَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ إِنْ كُنَّا فِی الْجَاهِلِیَّةِ مَا نَعُدُّ لِلنِّسَاءِ أَمْرًا، حَتّٰی أَنْزَلَ اللّٰهُ فِیْهِنَّ مَا أَنْزَلَ، وَقَسَمَ لَهُنَّ مَا قَسَمَ، قَالَ: فَبَیْنَا أَنَا فِی أَمْرٍ أَتَأَمَّرُهُ إِذْ قَالَتِ امْرَأَتِیْ: لَوْ صَنَعْتَ كَذَا وَكَذَا! قَالَ: فَقُلْتُ لَهَا: مَالَكِ وَلِمَا هَاهُنَا، فِیْمَا تَكَلُّفُكِ فِی أَمْرٍ أُرِیْدُهُ؟ فَقَالَتْ لِیْ: عَجَبًا لَكَ یَا ابْنَ الْخَطَّابِ! مَا تُرِیْدُ أَنْ تُرَاجَعَ أَنْتَ، وَإِنَّ ابْنَتَكَ لَتُرَاجِعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حَتّٰی یَظَلَّ یَوْمَهُ غَضْبَانًا.

قولہ: هيبة له: ان سے ڈرتے ہوئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا رعب بہت تھا —— **الأراك:** پیلو کے درخت —— ولفظ تانك من أسماء الإشارة للمؤنث المثنى (عمدۃ) —— **ثم قال عمر:** پھر حضرت عمرؓ نے فرمایا: بخدا! ہم زمانۂ جاہلیت میں عورتوں کو کوئی اہمیت نہیں دیتے تھے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے حقوق نازل کئے اور مال میں ان کا حصہ مقرر کیا، پس دریں اثناء کہ میں ایک معاملہ میں سوچ رہا تھا، اچانک میری بیوی نے کہا: کاش آپ ایسا ایسا کریں! میں نے اس سے کہا: تجھے میرے معاملہ سے کیا لینا ہے اور تو میرے معاملہ میں کیوں دخل دے رہی ہے؟ اس نے کہا: مجھے آپ پر حیرت ہے، آپ نہیں چاہتے کہ آپ کو مشورہ دیا جائے، اور آپ کی بیٹی رسول اللہ ﷺ کو ترکی بہ ترکی جواب دیتی ہے، یہاں تک کہ آپؐ دن بھر ناراض رہتے ہیں!

فَقَامَ عُمَرُ فَأَخَذَ رِدَاءَ هُ مَكَانَهُ حَتّٰی دَخَلَ عَلٰی حَفْصَةَ، فَقَالَ لَهَا: یَا بُنَیَّةُ! إِنَّكِ لَتُرَاجِعِیْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حَتّٰی یَظَلَّ یَوْمَهُ غَضْبَانَ؟! فَقَالَتْ حَفْصَةُ: وَاللّٰهِ إِنَّا لَنُرَاجِعُهُ، فَقُلْتُ: تَعْلَمِیْنَ أَنِّیْ أُحَذِّرُكِ عُقُوْبَةَ اللّٰهِ وَغَضَبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، یَا بُنَیَّةُ! لَاتَغُرَّنَّكِ هٰذِهِ الَّتِیْ أَعْجَبَهَا حُسْنُهَا حُبُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِیَّاهَا، یُرِیْدُ عَائِشَةَ.

قَالَ: ثُمَّ خَرَجْتُ حَتّٰی دَخَلْتُ عَلٰی أُمِّ سَلَمَةَ لِقَرَابَتِیْ مِنْهَا فَكَلَّمْتُهَا، فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: عَجَبًا لَكَ یَا ابْنَ الْخَطَّابِ دَخَلْتَ فِیْ كُلِّ شَیْءٍ، حَتّٰی تَبْتَغِیَ أَنْ تَدْخُلَ بَیْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَزْوَاجِهِ، فَأَخَذَتْنِیْ وَاللّٰهِ أَخْذًا كَسَرَتْنِیْ عَنْ بَعْضِ مَا كُنْتُ أَجِدُ، فَخَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهَا، وَكَانَ لِیْ صَاحِبٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِذَا غِبْتُ أَتَانِیْ بِالْخَبَرِ، وَإِذَا غَابَ كُنْتُ أَنَا آتِیْهِ بِالْخَبَرِ، وَنَحْنُ نَتَخَوَّفُ مَلِكًا مِنْ مُلُوْكِ غَسَّانَ، ذُكِرَ لَنَا أَنَّـهُ یُرِیْدُ أَنْ یَسِیْرَ إِلَیْنَا، فَقَدِ امْتَلَأَتْ صُدُوْرُنَا مِنْهُ، فَإِذَا صَاحِبِیَ الْأَنْصَارِیُّ یَدُقُّ الْبَابَ، فَقَالَ: افْتَح افْتَحْ! فَقُلْتُ: جَاءَ الْغَسَّانِیُّ؟ فَقَالَ: بَلْ أَشَدُّ مِنْ ذٰلِكَ. اعْتَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَزْوَاجَهُ.

قولہ: تعلمین: تم جان لو، میں تمہیں اللہ کی سزا سے اور اللہ کے رسول کی ناراضگی سے ڈراتا ہوں، اے میری پیاری بیٹی!

تمھیں ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے یہ جو اپنی خوبصورتی پر اتراتی ہے (اور) رسول اللہ ﷺ اس سے محبت کرتے ہیں، مراد عائشہؓ ہیں (مسلم میں واو ہے)

پھر میں نکلا یہاں تک کہ ام سلمہؓ کے پاس گیا، میری ان سے رشتہ داری کی وجہ سے (حضرت عمرؓ کی والدہ اور ام سلمہؓ ایک خاندان کی ہیں، دونوں مخزومیہ ہیں، اور ام سلمہؓ عمرؓ کی والدہ کی چچا کی بیٹی ہیں) میں نے ان سے گفتگو کی، انھوں نے کہا: مجھے تم پر حیرت ہے اے ابن خطاب! آپ ہر معاملہ میں دخل دیتے ہیں، یہاں تک کہ چاہتے ہیں کہ آپ رسول اللہ ﷺ اور ان کی بیویوں کے درمیان گھسیں، پس ام سلمہؓ نے مجھے پکڑ لیا، بخدا! انھوں نے مجھے توڑ دیا اس غصہ کے بعض سے جو میں پاتا تھا، یعنی میرا کچھ غصہ ٹھنڈا ہوا۔

فَقُلْتُ: رَغِمَ أَنْفُ حَفْصَةَ وَعَائِشَةَ! فَأَخَذْتُ ثَوْبِيْ فَأَخْرُجُ حَتّٰى جِئْتُ فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَشْرُبَةٍ لَهُ يُرْقَى عَلَيْهَا بِعَجَلَةٍ، وَغُلَامٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَسْوَدُ عَلٰى رَأْسِ الدَّرَجَةِ، فَقُلْتُ: قُلْ: هٰذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَأَذِنَ لِيْ، قَالَ عُمَرُ: فَقَصَصْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هٰذَا الْحَدِيْثَ، فَلَمَّا بَلَغْتُ حَدِيْثَ أُمِّ سَلَمَةَ تَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَإِنَّهُ لَعَلٰى حَصِيْرٍ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ شَيْئٌ، وَتَحْتَ رَأْسِهِ وِسَادَةٌ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ، وَإِنَّ عِنْدَ رِجْلَيْهِ قَرَظًا مَصْبُوْبًا، وَعِنْدَ رَأْسِهِ أُهُبٌ مُعَلَّقَةٌ، فَرَأَيْتُ أَثَرَ الْحَصِيْرِ فِيْ جَنْبِهِ فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: "مَا يُبْكِيْكَ؟" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ كِسْرَى وَقَيْصَرَ فِيْمَاهُمَا فِيْهِ وَأَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ. فَقَالَ: " أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ؟" [راجع: ۸۹]

عَجَلَة: سیڑھی ـــــ القرظ: درخت کا نام، جو کیکر کے مشابہ ہوتا ہے، جس کے پتوں سے چمڑے رنگے جاتے ہیں ـــــ مصبوب: ریڑھے ہوئے یعنی پڑے ہوئے أُهُب: کھالیں۔

راز کس نے فاش کیا: حضرت عائشہؓ نے یا حضرت حفصہؓ نے؟

سورت کے شروع میں جو شانِ نزول بیان کیا ہے اس کی روشنی میں راز کا افشاء عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا تھا، حاشیہ میں کچھ اور ہے، اس سے الجھن نہ ہو، ابھی حدیث (۴۹۱۲) گذری ہے اس میں صراحت ہے کہ پلان بنانے والی حضرت عائشہؓ تھیں، انھی سے نبی ﷺ نے کہا تھا کہ میں شہد حرام کرتا ہوں، مگر یہ بات کسی کو نہ بتلانا، مگر انھوں نے بات حفصہ رضی اللہ عنہا کو بتلادی، اب وہ بات راز نہ رہی، ایک سے دوسرے نے جان لی، پس آگے بھی چلے گی، اس لئے یہ سلسلہ آگے نہ بڑھے، اور ازواج کی دو پارٹیوں میں محاذ آرائی شروع نہ ہوجائے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو صورتِ حال سے باخبر کردیا، اور قصہ ختم ہوگیا۔

بسم الله الرحمن الرحیم

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلٰى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيْثًا فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِ وَأَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهُ وَأَعْرَضَ عَنْ بَعْضٍ فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنْبَأَكَ هٰذَا قَالَ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ﴾

فِيْهِ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٤٩١٤-] حدثنا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْجُعْفِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ بْنَ حُنَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: أَرَدْتُ أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! مَنِ الْمَرْأَتَانِ اللَّتَانِ تَظَاهَرَتَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَمَا أَتْمَمْتُ كَلَامِيْ حَتّٰى قَالَ: عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ. [راجع: ٨٩]

وضاحت: یہاں بسملہ بے موقع ہے ـــــ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث (۴۹۱۲) کا حوالہ ہے ـــــ اور سند کے شروع میں امام بخاری رحمہ اللہ کا نام کسی شاگرد نے بڑھایا ہے، یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ نسب نامہ مغیرہ تک ذکر کیا ہے، یہی پہلے مسلمان ہیں، بردزبہ کا ذکر نہیں کیا، وہ کافر تھا۔

دونوں توبہ کرلو تمہارے دل ایک طرف کو مائل ہوگئے ہیں

یہ حضرات عائشہ وحفصہ رضی اللہ عنہما سے خطاب ہے کہ اگر تم دونوں توبہ کرتی ہو تو بے شک توبہ کا موقع ہے، کیونکہ تمہارے دل جادۂ اعتدال سے ہٹ کر ایک طرف کو جھک گئے ہیں، پس آئندہ ایسی بے اعتدالی سے پرہیز رکھا جائے (فوائد عثمانی)

لغت: صَغَا یصغو صَغْوًا (ن) جھکنا، مائل ہونا ـــــ أَصْغٰی (افعال) إلیہ: کسی کی طرف مائل ہوکر دھیان سے سننا ـــــ پس مجرد اور مزید کے ایک معنی ہیں ـــــ اور سورۃ الانعام آیت ۱۱۳ میں ہے: ﴿وَلِتَصْغٰی إِلَيْهِ أَفْئِدَةُ الَّذِيْنَ لَايُؤْمِنُوْنَ بِالآخِرَةِ﴾: اور تاکہ اس (چکنی چپڑی باتوں) کی طرف ان لوگوں کے قلوب مائل ہوجائیں جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا﴾

صَغَوْتُ وَأَصْغَيْتُ: مِلْتُ ﴿لِتَصْغٰى﴾ [الأنعام: ١١٣]: لِتَمِيْلَ.

اللہ کی کارسازی، اور جبرئیل، نیک مؤمنین اور فرشتوں کی مدد

ظَهِيْرٌ کے معنی ہیں: مدد ـــــ تظاھروا: باہم تعاون کرنا، کسی مفاد کے حصول کے لئے لوگوں کا اکٹھا ہونا، مظاہرہ کرنا۔

پھر آیت ۶ میں ہے: ''اے ایمان والو! تم خود کو اور اپنی فیملی کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ!'' اللہ سے ڈرو یعنی اللہ کے احکام کی خلاف ورزی مت کرو (یہ خود کو دوزخ سے بچانا ہوا) اور اپنی فیملی کو ادب سکھلاؤ یعنی ان کی اسلامی تربیت کرو (قالہ مجاہدؒ) ہر شخص پر لازم ہے کہ اپنے ساتھ اپنے گھر والوں کو بھی دین کی راہ پر لائے، سمجھا کر، ڈرا کر، پیار سے، مار سے، جس طرح ہو سکے دین دار بنانے کی کوشش کرے، پھر بھی وہ راہِ راست پر نہ آئیں تو ان کی کم بختی! یہ بے قصور ہے (فوائد شبیری)

[بَابٌ:] ﴿وَإِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ﴾

ظَهِيْرٌ: عَوْنٌ. ﴿تَظَاهَرُوْنَ﴾: تَعَاوَنُوْنَ. وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿قُوْا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ﴾ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَأَدِّبُوْهُمْ.

[۴۹۱۵-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ بْنَ حُنَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: كُنْتُ أُرِيْدُ أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَرْأَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَظَاهَرَتَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَمَكُثْتُ سَنَةً لَمْ أَجِدْ لَهُ مَوْضِعًا، حَتّٰى خَرَجْتُ مَعَهُ حَاجًّا، فَلَمَّا كُنَّا بِظَهْرَانَ ذَهَبَ عُمَرُ لِحَاجَتِهِ، فَقَالَ: أَدْرِكْنِي بِالْوَضُوْءِ فَأَدْرَكْتُهُ بِالإِدَاوَةِ، فَجَعَلْتُ أَسْكُبُ عَلَيْهِ وَرَأَيْتُ مَوْضِعًا، فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! مَنِ الْمَرْأَتَانِ اللَّتَانِ تَظَاهَرَتَا؟ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَمَا أَتْمَمْتُ كَلَامِيْ حَتّٰى قَالَ: عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ. [راجع: ۸۹]

ازواج مطہرات میں مطلوبہ اوصاف

آیت ۵ میں ہے کہ اگر نبی ﷺ موجودہ ازواج کو طلاق دیدیں تو اللہ تعالیٰ ان کے لئے ان ازواج سے بہتر ازواج مہیا کر دیں گے، جو احکام اسلامی پر عمل پیرا، ایمان میں پختہ، شوہر کی اطاعت کرنے والی، غلطی ہو جائے تو توبہ کرنے والی، عبادت گذار، روزہ دار ہونگی، خواہ کنواری ہوں یا بیوہ! —— اس میں موجودہ ازواج کے لئے اشارہ ہے کہ تمہارے اندر یہ اوصاف ہونے چاہئیں۔ اور کنواری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تھیں، باقی بیوہ تھیں، سب میں یہ اوصاف مطلوب ہیں۔

[۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿عَسٰى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا﴾

[۴۹۱۶-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: اجْتَمَعَ نِسَاءُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْغَيْرَةِ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ لَهُنَّ: عَسٰى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ. [راجع: ۴۰۲]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲:۲۴۱) آئی ہے، وہاں بیان کیا ہے کہ حدیث میں لفظ 'غیرت' ٹھیک نہیں، صحیح لفظ مُعَاتبة (ناراضگی) ہے۔

٦٧- ﴿تبارَكَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ﴾

[١-] التَّفَاوُتُ: الاِخْتِلَافُ: وَالتَّفَاوُتُ وَالتَّفَوُّتُ وَاحِدٌ. [٢-] ﴿تَمَيَّزُ﴾: تَقَطَّعُ. [٣-] ﴿مَنَاكِبِهَا﴾: جَوَانِبِهَا. [٤-] ﴿تَدَّعُوْنَ﴾ وَتَدْعُوْنَ، مِثْلُ: تَذَّكَّرُوْنَ وَتَذْكُرُوْنَ. [٥-] ﴿وَيَقْبِضْنَ﴾: يَضْرِبْنَ بِأَجْنِحَتِهِنَّ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿صَافَّاتٍ﴾: بُسُطٍ أَجْنِحَتَهُنَّ. [٦-] ﴿وَنُفُوْرٍ﴾: الْكُفُوْرُ.

سورۃ الملک کی تفسیر

۱- آیت ۳ میں ہے: ﴿مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفَاوُتٍ﴾: نہیں دیکھے گا تو رحمان کی صنعت میں کچھ خلل ـــــ یعنی اللہ تعالیٰ نے سات آسمان اوپر تلے بنائے ہیں، تو آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ تجھے ان میں کچھ خلل نظر نہیں آئے گا ـــــ تفاوت کے معنی: اختلاف: فرق، خلل ـــــ اور تفاوت (تفاعل) اور تفوت (تفعل) کے ایک معنی ہیں۔

۲- آیت ۸ میں ہے: ﴿تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ﴾: قریب ہے کہ (جہنم) غصہ سے پھٹ پڑے ـــــ تَقَطَّعُ من الغيظ: غصہ سے پھٹ پڑنا، ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔

۳- آیت ۱۵ میں ہے: ﴿فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا﴾: پس چلو پھرو تم اس (زمین) کے کندھوں میں یعنی زمین کے کناروں میں، چاردانگ عالَم میں۔

۴- آیت ۲۷ میں ہے: ﴿وَقِيْلَ: هٰذَا الَّذِىْ كُنْتُمْ بِهِ تَدَّعُوْنَ﴾: اور کہا گیا: یہی ہے وہ (قیامت) جس کو تم مانگتے تھے ـــــ تَدَّعُوْنَ: اِدِّعَاءٌ سے مضارع، جمع مذکر حاضر: تم مانگتے ہو، دَعَا يدعو: مجرد کے بھی یہی معنی ہیں، جیسے تَذَّكَّرُوْنَ اور تَذْكُرُوْنَ کے معنی ہیں: یاد کرنا۔

۵- آیت ۱۹ میں ہے: ﴿أَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَّيَقْبِضْنَ؟﴾: کیا نہیں دیکھتے تم اپنے اوپر اڑتے ہوئے پرندوں کو: پر کھولے ہوئے اور پر جھپکتے ہوئے؟ ـــــ بُسُط: باسط کی جمع: پر کھولے ہوئے يَضْرِبْنَ: پر مارتے ہوئے یعنی پر اپنے سے ملا لیتے ہیں پھر بھی نہیں گرتے۔

۶- آیت ۲۱ میں ہے: ﴿بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ﴾: بلکہ اَڑ رہے ہیں وہ شرارت اور نفرت میں الكفور: ناشکرا۔

٦٨- ﴿نٓ وَالْقَلَمِ﴾

[١-] وَقَالَ قَتَادَةُ: ﴿حَرْدٍ﴾: جِدٍّ فِيْ أَنْفُسِهِمْ. [٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَضَالُّوْنَ﴾: أَضْلَلْنَا مَكَانَ

جَنَّتِنَا. [۳-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿كَالصَّرِيْمِ﴾: كَالصُّبْحِ انْصَرَمَ مِنَ اللَّيْلِ، وَاللَّيْلِ انْصَرَمَ مِنَ النَّهَارِ، وَهُوَ أَيْضًا كُلُّ رَمْلَةٍ انْصَرَمَتْ مِنْ مُعْظَمِ الرَّمْلِ، وَالصَّرِيْمُ أَيْضًا الْمَصْرُوْمُ، مِثْلُ قَتِيْلٍ وَمَقْتُوْلٍ.

سورۃ القلم کی تفسیر

۱- آیت ۲۵ ہے: ﴿وَغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قَادِرِيْنَ﴾: اور سویرے چلے وہ نہ دینے پر قادر سمجھتے ہوئے —— حَرْد کے تین معنی ہیں: قصد کرنا، روکنا اور غصہ ہونا، قتادہؒ نے: اپنے خیال میں کوشش کرنا ترجمہ کیا ہے، حضرت تھانویؒ نے روکنا اور حضرت شاہ عبدالقادر صاحبؒ نے لپکتے ہوئے یعنی یہ یقین کرتے ہوئے کہ اب جا کر سب پیداوار اپنے قبضہ میں کرلیں گے۔

۲- آیت ۲۶ ہے: ﴿فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوْا إِنَّا لَضَآلُّوْنَ﴾: پھر جب انھوں نے اس باغ کو دیکھا تو کہا: بے شک ہم راہ بھول آئے —— کہیں سے کہیں نکل آئے، ہم نے اپنے باغ کی جگہ گم کردی —— أَضْلَلْنَا پر اشکال کیا گیا ہے کہ صحیح ضَلَلْنَا ہے۔

۳- آیت ۲۰ ہے: ﴿فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ﴾: پس صبح کی اس باغ نے جیسے کٹی ہوئی کھیتی! —— صَرِيْم بروزن فعیل بمعنی مفعول: کٹا ہوا، جدا کیا ہوا، پھر چونکہ صبح رات سے کٹی ہوئی ہوتی ہے یعنی مختلف ہوتی ہے، رات تاریک ہوتی ہے اور صبح روشن، اسی طرح رات صبح سے مختلف ہوتی ہے، اس لئے صریم کا استعمال کبھی صبح کے معنی میں اور کبھی رات کے معنی میں ہوتا ہے، اِنْصَرَمَ: کٹنا، منقطع ہونا —— اسی طرح ریگستان میں الگ ہونے والے حصہ کو بھی صَرِيْم کہتے ہیں، جو تودۂ ریگ سے الگ ہوگیا ہو —— اسی طرح صَرِيْم بمعنی مَصْرُوْم بھی مستعمل ہے، جیسے قَتِيْل بمعنی مَقْتُول، پس صریم: وہ لکڑی ہے جو بکری کے بچہ کے منہ میں دودھ پینے سے روکنے لئے لگادی جاتی ہے۔

اکھڑ مزاج کمینہ بدنام

آیت ۱۳ ہے: ﴿عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ﴾: اکھڑ مزاج بعد ازیں کمینہ بدنام! —— یہ ولید بن المغیرۃ مخزومی کے یا کسی اور کافر کے اوصاف ہیں، رجلٌ عُتُلٌّ: روکھا اکھڑ مزاج آدمی —— اور زَنِيْم: دراصل وہ جانور ہے جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا گیا ہو، اور مرادی معنی ہیں: خود کو دوسرے خاندان کی طرف منسوب کرنے والا —— حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: قریش میں ایک آدمی تھا، اس کے کان کا ایک حصہ لٹکا ہوا تھا، جیسے بکری کا کان کاٹ کر اس کو لٹکا ہوا چھوڑ دیتے ہیں۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ﴾

[۴۹۱۷-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ﴾ قَالَ: رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ لَهُ زَنَمَةٌ مِثْلُ زَنَمَةِ الشَّاةِ.

لغت: الزَّنَمَۃُ: اونٹ یا بکری کے کان کا کٹا ہوا اور لٹکا ہوا حصہ۔

[۴۹۱۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ الْخُزَاعِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ؟ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ، أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ؟ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ" [طرفاه: ۶۰۷۱، ۶۶۵۷]

ترجمہ: نبی ﷺ نے پوچھا: کیا میں تم کو جنتی نہ بتلاؤں؟ (وہ) ہر کمزور، کمزور گردانا ہوا ہے، اگر اللہ پر قسم کھالے تو اللہ اس کی قسم ضرور پوری کریں —— (دوسرا سوال) کیا میں تمہیں دوزخی نہ بتلاؤں؟ (وہ) ہر اکھڑ مزاج، اکڑ کر چلنے والا، گھمنڈی ہے۔

لغات: کل ضعیف اور کل عتل سے پہلے ھم مبتدا محذوف ہے ضعیف: کمزور، مُتَضَعَّف (اسم مفعول) ناتواں قرار دیا ہوا، جس کو لوگ حقیر سمجھیں، اور اس کی حالت کی کمزوری کی وجہ سے اس پر ظلم کریں، اور بعض نے مُتَضَعِّف: اسم فاعل پڑھا ہے: ناتواں، بے حیثیت، گمنام —— أَبَرَّ الیمینَ: قسم کو پورا کرنا —— الْعُتُلّ: اکھڑ مزاج، عَتَلَه (ض) سختی کے ساتھ گھسیٹنا —— الجوَّاظ: اکڑ کر چلنے والا، جاظَ (ن) جَوْظًا: اکڑ کر چلنا۔

تشریح: متضعف: ضعیف کا تابع ہے، یعنی انتہائی ناتواں جس کو لوگ حقیر سمجھیں —— اسی طرح جوَّاظ نے عُتُلّ کے معنی میں زیادتی کی ہے، اور مُسْتَكْبِر نے اور زیادتی کی ہے، یعنی سخت مزاج، اکڑ کر چلنے والا، گھمنڈی، پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ تواضع و خاکساری وصف محمود ہے، جنت نشیں بنانے والا ہے، اور گھمنڈ برا وصف ہے جو جہنم میں پہنچانے والا ہے (مزید تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی (۶:۳۶۷) دیکھیں)

قیامت کے دن پنڈلی کھولی جائے گی!

آیت ۴۲ ہے: ﴿يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ﴾: جس دن پنڈلی کھولی جائے گی، اور وہ (کافر) سجدہ کرنے کے لئے بلائے جائیں گے، پس وہ سجدہ نہ کرسکیں گے اس کی شرح حدیث میں ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "ہمارے پروردگار اپنی پنڈلی کھولیں گے، پس سجدہ کرے گا اس کو ہر مؤمن مرد وزن، اور باقی رہ جائے گا وہ شخص جو دنیا میں دکھانے اور سنانے کے لئے سجدہ کرتا تھا، یعنی منافق، وہ سجدہ کرنا چاہے گا، پس ہو جائے گی اس کی پیٹھ ایک تختہ!

تشریح: پنڈلی اللہ کی صفت ہے ہاتھ اور چہرے کی طرح، اس کی حقیقت اللہ ہی جانتے ہیں، اور سمجھانا یہ ہے کہ اس خاص تجلی کے ظہور کے وقت سب سجدہ میں گر پڑیں گے، مگر کافروں اور منافقوں کی کمر اکڑ کر رہ جائے گی، وہ ون پیس تختہ کے مانند ہو جائے گی، اس وقت مؤمن و کافر، اور مؤمن و منافق کا فرق کھل جائے گا۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ﴾

[٤٩١٩-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَكْشِفُ رَبُّنَا عَنْ سَاقِهِ، فَيَسْجُدُ لَهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ، وَيَبْقَى مَنْ كَانَ يَسْجُدُ فِي الدُّنْيَا رِئَاءً وَسُمْعَةً، فَيَذْهَبُ لِيَسْجُدَ فَيَعُوْدُ ظَهْرُهُ، طَبَقًا وَاحِدًا" [راجع: ٢٢]

نوٹ: یہ حدیث پہلے نہیں آئی، اور حضرت ابن عباسؓ سے اس کی تاویل شدت کے ساتھ مروی ہے (عمدۃ) یعنی قیامت کے دن جب معاملہ انتہائی سنگین ہوجائے گا تو لوگ سجدہ ریز ہونا چاہیں گے، مؤمنین سجدہ کرسکیں گے اور کفار ومنافقین عاجز رہ جائیں گے (مگر اس تاویل کے ساتھ مبدأ کا ثبوت ماننا ضروری ہے، یعنی صفتِ ساق کا قائل ہونا ضروری ہے)

٦٩- ﴿الحاقّة﴾

[١-] ﴿عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ﴾: يُرِيْدُ فِيْهَا الرِّضَا. [٢-] ﴿الْقَاضِيَةَ﴾: الْمَوْتَةَ الْأُوْلَى الَّتِيْ مُتُّهَا لَمْ أُحْيَ بَعْدَهَا. [٣-] ﴿مِنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ﴾: أَحَدٌ يَكُوْنُ لِلْجَمِيْعِ وَلِلْوَاحِدِ. [٤-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الْوَتِيْنَ﴾: نِيَاطُ الْقَلْبِ. [٥-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿طَغَا﴾: كَثُرَ، وَيُقَالُ: ﴿بِالطَّاغِيَةِ﴾: بِطُغْيَانِهِمْ، وَيُقَالُ: طَغَتْ عَلَى الْخُزَّانَ، كَمَا طَغَى الْمَاءُ عَلَى قَوْمِ نُوْحٍ.

سورۃ الحاقہ کی تفسیر

۱- آیت ۲۱ میں اصحابِ یمین کے بارے میں ہے: ﴿فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ﴾: پس وہ دل پسند عیش میں ہوگا ــــــ رَاضِيَة: رِضًى سے اسم فاعل ہے: پسندیدہ، من بھاتے، چاہتا ہے وہ عیش میں خوشی یعنی من پسند۔

۲- آیت ۲۷ میں اصحابِ شمال کے بارے میں ہے: ﴿يَالَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ﴾: کیا اچھا ہوتا جو (پہلی) موت خاتمہ کردیتی ــــــ یعنی پہلی وہ موت جو میں مرچکا اسی پر قصہ نمٹ جاتا، اس کے بعد دوبارہ میں زندہ نہ کیا جاتا۔

۳- آیت ۴۷ میں متنبّی (نبوت کے جھوٹے دعویدار) کے بارے میں ہے: ﴿فَمَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ﴾: پس نہیں ہے تم میں سے کوئی اس سزا سے اس کو بچانے والا ــــــ أَحَد: نکرہ تحت النفی ہے، اس لئے عام ہے، پس ایک کے لئے بھی اور چند کے لئے بھی اس کا استعمال درست ہے۔

۴- آیت ۴۶ میں متنبّی کے بارے میں ہے: ﴿ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ﴾: پھر ہم اس کی رگِ دل کاٹ ڈالتے ــــــ

نِیَاط: نَوْط کی جمع: پھیپھڑوں سے نکلنے والی موٹی رگ جس میں دل لٹکا ہوا ہوتا ہے، نَاطَ (ن) الشيئَ: لٹکانا۔

۵- آیت ۱۱ میں طوفانِ نوح علیہ السلام کے بارے میں ہے: ﴿إِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَاءُ حَمَلْنَاكُمْ فِي الْجَارِيَةِ﴾: بے شک ہم نے جب پانی زیادہ ہوا تو تم کو کشتی میں سوار کیا (اور طوفان سے بچایا) —— اور اسی سورت کی آیت ۵ ہے: ﴿فَأَمَّا ثَمُوْدُ فَأُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ﴾: پس رہے ثمود تو وہ ہلاک کئے گئے ایک سخت آواز سے —— بھونچال (زلزلہ) سخت آواز کے ساتھ آیا جس سے سب تہ وبالا ہوگئے۔ کسی نے بالطاغية کا مطلب بیان کیا ہے: ان کی سرکشی کی وجہ سے (اس میں بھی زیادتی کے معنی ہیں) طاغية: جاثية کی طرح مصدر ہے (سورۃ الشمس آیت ۱۱ میں طغیان بمعنی سرکشی آیا ہے) —— اور کسی نے طغیان کے معنی کئے ہیں: بے قابو یعنی زمین محافظین کے قابو میں نہ رہی، کپکپا اٹھی، جیسے طوفانِ نوح کے وقت پانی بے قابو ہو گیا تھا۔

۷۰- ﴿سَأَلَ سَائِلٌ﴾

[۱-] وَالْفَصِيْلَةُ: أَصْغَرُ آبَائِهِ الْقُرْبَى إِلَيْهِ يَنْتَمِيْ مَنِ انْتَمَى. [۲-] ﴿لِلشَّوَى﴾: الْيَدَانِ وَالرِّجْلَانِ وَالْأَطْرَافُ وَجِلْدَةُ الرَّأْسِ يُقَالُ لَهَا: شَوَاةٌ، وَمَا كَانَ غَيْرَ مَقْتَلٍ فَهُوَ شَوًى. [۳-] وَالْعِزُوْنَ: الْحِلَقُ وَالْجَمَاعَاتُ، وَاحِدُهَا: عِزَةٌ.

سورۃ المعارج کی تفسیر

۱- آیت ۱۳ ہے: ﴿وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـئْوِيْهِ﴾: اور اپنے گھرانے کو جس میں وہ رہتا تھا —— فصیلہ: یک جدّی افراد، اس کے آباء میں سے سب سے چھوٹا یعنی قریب تر، منسوب ہوتا ہے (اس کی طرف) جو منسوب ہوتا ہے یعنی پہلے دادا کی اولاد فصیلہ کہلاتی ہے، جو لوگ اپنی نسبت کرتے ہیں وہ پہلے دادا ہی کی طرف کرتے ہیں۔

۲- آیت ۱۶ ہے: ﴿نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى﴾: (جہنم کی آگ) کھال اتار دینے والی ہے —— شَوٰى: شَوَاةٌ کی جمع ہے، جیسے نَوًى: نَوَاةٌ کی جمع ہے: گٹھلی، اور شواۃ: اطراف بدن کو کہتے ہیں، جیسے ہاتھ، پیر، اطرافِ بدن اور سر کی کھال، اور جس کھال کے کھینچنے سے آدمی مرے نہیں اسی کو شَوًى کہتے ہیں۔

۳- آیت ۳۷ ہے: ﴿عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ﴾: (آپؐ کی طرف دوڑے آرہے ہیں) داہنی طرف سے اور بائیں طرف سے جماعتیں بن کر —— عِزُوْن: حلقے، جماعتیں، اس کا مفرد عِزَةٌ ہے۔

۷۱- ﴿إِنَّا أَرْسَلْنَا﴾

[۱-] ﴿أَطْوَارًا﴾: طَوْرًا كَذَا وَطَوْرًا كَذَا، يُقَالُ: عَدَا طَوْرَهُ أَيْ قَدْرَهُ. [۲-] وَالْكُبَّارُ: أَشَدُّ مِنَ الْكِبَارِ،

وَكَذٰلِكَ جُمَّالٌ وَجَمِيْلٌ، لِأَنَّهَا أَشَدُّ مُبَالَغَةً، وَ﴿كُبَّارًا﴾ الْكَبِيْرُ، وَكُبَارًا أَيْضًا بِالتَّخْفِيْفِ، وَالْعَرَبُ تَقُوْلُ: رَجُلٌ حُسَّانٌ وَجُمَّالٌ، وَحُسَانٌ مُخَفَّفٌ، وَجُمَالٌ مُخَفَّفٌ. [٣-] ﴿دَيَّارًا﴾: مِنْ دَوْرٍ، وَلٰكِنَّهُ فَيْعَالٌ مِنَ الدَّوَرَانِ، كَمَا قَرَأَ عُمَرُ: الْحَيُّ الْقَيَّامُ، وَهِيَ مِنْ قُمْتُ، وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿دَيَّارًا﴾: أَحَدًا. [٤-] ﴿تَبَارًا﴾: هَلاَكًا. [٥-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿مِدْرَارًا﴾: يَتْبَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا. [٦-] ﴿وَقَارًا﴾: عَظَمَةً.

سورۃ نوح علیہ السلام کی تفسیر

۱-آیت ۱۴ ہے: ﴿وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا﴾: اللہ تعالیٰ نے تم کو طرح طرح سے پیدا کیا (اس کی تفصیل تحفۃ القاری (۶۵:۶ ۴۶) میں ہے) أطوار: طور کی جمع ہے، کبھی ایسا اور کبھی ویسا یعنی مختلف مراحل سے گذار کر —— اور طَوْر کے ایک معنی حیثیت کے بھی ہیں، کہتے ہیں: عَدَا طَوْرَهُ: وہ اپنی حیثیت سے بڑھ گیا —— قَدْر: مرتبہ، حیثیت۔

۲-آیت ۲۲ ہے: ﴿وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا﴾: اور تدبیریں کیں انھوں نے بڑی تدبیریں —— کُبَّارٌ: صیغہ مبالغہ، اس میں کُبَارٌ (کاف پر پیش اور زیر) سے معنی کی زیادتی ہے، اور کُبار میں کبیر سے معنی کی زیادتی ہے، اسی طرح جمیل (خوبصورت) اور جُمَّال (بہت خوبصورت) جُمَّال میں مبالغہ زیادہ ہے، اور ﴿كُبَّارًا﴾ کے معنی ہیں: بڑے، اور باء کی تشدید کے بغیر کُبَار بھی کہتے ہیں، اور عرب کہتے ہیں: رجل حَسَّانٌ اور رجل جُمَّال، ان میں بغیر تشدید کے حُسَان اور جُمَال بھی کہتے ہیں۔

۳-آیت ۲۶ ہے: ﴿وَقَالَ نُوْحٌ: رَّبِّ لَاتَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِيْنَ دَيَّارًا﴾: اور نوح علیہ السلام نے کہا: اے میرے پروردگار! نہ چھوڑیں آپ زمین پر کافروں میں سے ایک بھی بسنے والا —— دَیَّارًا: بسنے والا، رہنے والا، دَوْرٌ (گھومنا) (فَعَّالٌ کے وزن پر نہیں، ورنہ دَوَّارٌ ہوتا، جیسے قَوَّالٌ، جَوَّادٌ) اور اس کی نظیر قَیَّام ہے، یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قراءت ہے، یہ بھی فَیْعَالٌ کے وزن پر ہے، اور قُمْتُ سے بنا ہے (قَامَ قِیَامًا: کھڑا ہونا، قَیَّام: تھامنے والا یعنی ہر وقت حفاظت کے لئے کھڑا) —— اور ایک رائے یہ ہے کہ دَیَّارًا کے معنی ہیں: أَحَدًا: کسی کو بھی باقی نہ رکھیں —— یہ کس کا قول ہے؟ معلوم نہیں! اور غیرہ کی ضمیر کس طرف لوٹ رہی ہے؟ معلوم نہیں! (یہ امام بخاریؒ پر اعتراض کیا گیا ہے کہ پہلے کسی کا نام نہیں آیا، اور غیرہ کہہ دیا)

۴-سورت کا آخری حصہ ہے: ﴿وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ إِلَّا تَبَارًا﴾: اور نہ بڑھائیں آپ ظالموں کی مگر ہلاکت —— تَبَارًا: مصدر: ہلاکت، ہلاک کرنا۔

۵-آیت ۱۱ ہے: ﴿يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا﴾: اور بھیجیں وہ بارش تم پر بکثرت —— یتبع: بعض بعض کے پیچھے آئے یعنی بکثرت برسے۔

۶-آیت ۱۳ ہے: ﴿مَالَكُمْ لاَ تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا﴾: تمھیں کیا ہوا کہ تم اللہ کی عظمت کے قائل نہیں ہو؟ وَقار: عظمت۔

نوح علیہ السلام کی قوم میں بت پرستی کا رواج کیسے پڑا؟

آیت ۲۳ میں قوم نوح کے پانچ بتوں کا ذکر ہے: وَدّ، سُوَاع، یَغُوْث، یَعُوْق اور نَسْر، اور باب کی روایت میں ہے کہ پہلے زمانہ میں کچھ بزرگ لوگ تھے، ان کی وفات کے بعد شیطان کے اغواء (بہکانے) سے قوم نے اُن کی تصویریں بطور یادگار بنا کر کھڑی کرلیں، پھر ان کی تعظیم ہونے لگی، پھر پرستش کرنے لگے یہی مورتیاں عرب میں بھی آگئیں۔

[۱-] بَابٌ: ﴿وَدًّا وَلاَ سُوَاعًا وَلاَ يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا﴾

[۴۹۲۰-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، وَقَالَ عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: صَارَتِ الْأَوْثَانُ الَّتِىْ كَانَتْ فِىْ قَوْمِ نُوْحٍ فِى الْعَرَبِ بَعْدُ، أَمَّا وَدٌّ كَانَتْ لِكَلْبٍ بِدُوْمَةِ الْجَنْدَلِ، وَأَمَّا سُوَاعٌ كَانَتْ لِهُذَيْلٍ، وَأَمَّا يَغُوْثُ فَكَانَتْ لِمُرَادٍ، ثُمَّ لِبَنِىْ غُطَيْفٍ بِالْجَوْفِ عِنْدَ سَبَأٍ، وَأَمَّا يَعُوْقُ فَكَانَتْ لِهَمْدَانَ، وَأَمَّا نَسْرٌ فَكَانَتْ لِحِمْيَرَ لِآلِ ذِى الْكَلاَعِ، وَنَسْرًا: أَسْمَاءُ رِجَالٍ صَالِحِيْنَ مِنْ قَوْمِ نُوْحٍ، فَلَمَّا هَلَكُوْا أَوْحَى الشَّيْطَانُ إِلٰى قَوْمِهِمْ أَنِ انْصِبُوْا إِلٰى مَجَالِسِهِمُ الَّتِىْ كَانُوْا يَجْلِسُوْنَ أَنْصَابًا، وَسَمُّوْهَا بِأَسْمَائِهِمْ فَفَعَلُوْا فَلَمْ تُعْبَدْ حَتّٰى إِذَا هَلَكَ أُوْلٰئِكَ وَتَنَسَّخَ الْعِلْمُ عُبِدَتْ.

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: جو مورتیاں قوم نوح میں رائج تھیں وہ بعد میں عرب میں رائج ہوگئیں: وَدّ: دومۃ الجندل میں قبیلہ کلب کا تھا، سُوَاع: قبیلہ ہذیل کا، یَغُوْث: قبیلۂ مراد کا، بعد میں وہ سبأ کے پاس یعنی یمن میں جوف مقام میں قبیلہ غطفان کا ہوا، یَعُوْق: قبیلۂ ہمدان کا، اور نَسْر: حمیر قبیلہ کے ذوالکلاع خاندان کا تھا ـــــ اور نَسْر (اور باقی چار) قوم نوح علیہ السلام کے نیک لوگوں کے نام ہیں، جب ان کا انتقال ہوا تو شیطان نے ان کی قوم کو پٹّی پڑھائی کہ ان کی ان مجلسوں میں جن میں وہ بیٹھا کرتے تھے ان کے مجسمے کھڑے کردو، اور ان کے ناموں سے نامزد کردو، چنانچہ انھوں نے ایسا کیا، پس وہ پوجے نہیں گئے یہاں تک کہ جب وہ نسل ختم ہوگئی، اور علم مٹ گیا تو ان کی پرستش شروع ہوگئی۔

۷۲- ﴿قُلْ أُوْحِىَ إِلَىَّ﴾

[۱-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿جَدُّ رَبِّنَا﴾: غِنَا رَبِّنَا، وَقَالَ عِكْرِمَةُ: جَلاَلُ رَبِّنَا، وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: أَمْرُ رَبِّنَا

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لِبَدًا﴾: أَعْوَانًا.

سورۃ الجن کی تفسیر

۱-آیت ۳ ہے: ﴿وَأَنَّهُ تَعَالٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلاَ وَلَدًا﴾: اور یہ کہ ہمارے پروردگار کی بڑی شان

ہے: نہ انھوں نے کسی کو بیوی بنایا نہ اولاد! —— حضرت حسنؒ نے جَدّ کے معنی غِنیٰ (بے نیازی) اور عکرمہؒ نے جلال وعظمت اور ابراہیم نخعیؒ نے امر (معاملہ) کئے ہیں (اور اردو مترجمین نے 'شان' ترجمہ کیا ہے)

۲- آیت ۱۹ ہے: ﴿وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا﴾: اور یہ کہ جب کھڑا ہوا اللہ کا بندہ (محمد ﷺ) اللہ کی عبادت کے لئے تو قریب ہیں کہ ہوجائیں وہ اس پر جم غفیر! —— حضرت ابن عباسؓ نے مددگار ترجمہ کیا ہے، ان کے نزدیک آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب نبی ﷺ دعوت کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو مؤمنین آپؐ کے مددگار بن جاتے ہیں —— دوسرا مطلب یہ ہے کہ جب نبی ﷺ عبادت (نماز) کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو کفار ٹھٹھ کے ٹھٹھ لگا لیتے ہیں تاکہ آپ کو عبادت سے روکیں —— لِبَدٌ: لِبْدَةٌ کی جمع ہے، اس کے مادہ میں جمع ہونے اور ایک دوسرے کے ساتھ پیوست ہونے کے معنی ہیں۔

سورۂ جنّ میں جنات کی رپورٹ نازل کی گئی ہے

جنات پہلے آسمان کے قریب جاتے تھے، فرشتوں کی باتیں سنتے تھے اور کاہنوں کے کانوں میں ڈالتے تھے، پھر جب قرآن کا نزول شروع ہوا تو ان پر پابندی لگ گئی، اب وہ آسمان کے قریب نہیں جاسکتے، جاتے ہیں تو میزائل داغے جاتے ہیں، شہاب ثاقب سے ان کی خبر لی جاتی ہے، اس صورتِ حال نے شیاطین کے لئے لمحۂ فکریہ پیدا کیا، انھوں نے عالمی کانفرس بلائی، اس میں غور وفکر کے بعد طے پایا کہ ضرور زمین میں کوئی نئی بات پیدا ہوئی ہے جس کی وجہ سے یہ پابندی لگی ہے، چنانچہ نئی بات جاننے کے لئے کمیشن بنائے گئے جو زمین کا جائزہ لیں گے، اور ان کو ڈویژن تقسیم کرکے دیئے گئے، ان میں ایک وفد نصیبین کے جنات کا تھا، ان کو تہامہ کا جائزہ لینے کی ذمہ داری سپرد کی گئی۔

ہجرت سے پہلے نبی ﷺ عکاظ میلے میں لوگوں کو دین کی دعوت دینے کے لئے تشریف لے جارہے تھے، رات میں نخلہ مقام میں قیام فرمایا، وہاں آپؐ فجر کی نماز پڑھا رہے تھے، اور زور سے قرآن پڑھ رہے تھے اچانک وہاں سے جنات کا وفد گذرا، جب قرآن کی آواز ان کے کان میں پڑی تو وہ یکدم رک گئے، اور غور سے سننے لگے، قرآن سن کر وہ سمجھ گئے کہ یہی وہ کلام ہے جس کی وجہ سے ان پر پابندی لگی ہے، وہ قرآن پر ایمان لے آئے، اور نبی ﷺ سے ملاقات کئے بغیر قوم کی طرف لوٹ گئے، اور اپنی مفصل رپورٹ پیش کی، جو سورۃ الجن میں نازل کی گئی، اور جنات کی آمد کی اور ایمان قبول کرنے کی اطلاع آپؐ کو سورۃ الاحقاف آیات (۲۹-۳۲) کے ذریعہ دی گئی —— باب کی حدیث میں اس کا ذکر ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۹۳) آچکی ہے۔

[۴۹۲۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ طَائِفَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، عَامِدِيْنَ إِلٰى سُوْقِ

عُكَاظٍ، وَقَدْ حِيلَ بَيْنَ الشَّيَاطِيْنِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ فَرَجَعَتِ الشَّيَاطِيْنُ، فَقَالُوْا: مَالَكُمْ؟ قَالُوْا: حِيْلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ. قَالَ: مَا حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ إِلَّا مَا حَدَثَ، فَاضْرِبُوْا مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَانْظُرُوْا مَا هٰذَا الْأَمْرُ الَّذِیْ حَدَثَ؟ فَانْطَلَقُوْا فَضَرَبُوْا مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، يَنْظُرُوْنَ مَا هٰذَا الْأَمْرُ الَّذِیْ حَالَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ؟ قَالَ: فَانْطَلَقَ الَّذِيْنَ تَوَجَّهُوْا نَحْوَ تِهَامَةَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِنَخْلَةَ، وَهُوَ عَامِدٌ إِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ، وَهُوَ يُصَلِّیْ بِأَصْحَابِهِ صَلَاةَ الْفَجْرِ، فَلَمَّا سَمِعُوْا الْقُرْآنَ تَسَمَّعُوْا لَهُ، فَقَالُوْا: هٰذَا الَّذِیْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، فَهُنَالِكَ رَجَعُوْا إِلٰى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: يَا قَوْمَنَا ﴿إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا۝ يَهْدِیْ إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ، وَلَنْ نُشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا﴾ وَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى نَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿قُلْ أُوْحِیَ إِلَیَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ﴾ وَإِنَّمَا أُوْحِیَ إِلَيْهِ قَوْلُ الْجِنِّ. [راجع: ۷۷۳]

۷۳- ﴿الْمُزَّمِّلِ﴾

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وَتَبَتَّلْ﴾: أَخْلِصْ. [۲-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿أَنْكَالًا﴾: قُيُوْدًا. [۳-] ﴿مُنْفَطِرٌ بِهِ﴾: مُثْقَلَةٌ بِهِ. [٤-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿كَثِيْبًا مَّهِيْلًا﴾: الرَّمْلُ السَّائِلُ. [٥-] ﴿وَبِيْلًا﴾: شَدِيْدًا.

سورۃ المزمل کی تفسیر

۱- آیت ۸ ہے: ﴿وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيْلًا﴾: اور اپنے رب کا نام لے، اور سب سے کٹ کر اسی کی طرف متوجہ ہوجا، بَتَّلَ للّٰه: ہر چیز سے الگ ہوکر اللہ سے تعلق قائم کرنا، لو لگانا ــــ أَخْلَصَ للّٰه دينه: خلوصِ نیت سے اللہ کی عبادت کرنا، دین میں ریاکاری نہ کرنا، سچے دل سے اور نام ونمود کے بغیر دین پر عمل کرنا۔

۲- آیت ۱۲ ہے: ﴿إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَجَحِيْمًا﴾: بے شک ہمارے یہاں بیڑیاں اور دوزخ ہے ــــ النِّكْل: بیڑی ــــ القَيْد: بیڑی، پیروں میں ڈالی جانی والی رکاوٹ، بندھن۔

۳- آیت ۱۸ میں ہے: ﴿السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ﴾: اس (دن) میں آسمان پھٹ جائے گا ــــ اِنْفَطَرَ الشيئُ: پھٹنا، شق ہونا به: فيه کے معنی میں ہے ــــ مُثْقَلَة: اسم مفعول: بوجھ ڈالا ہوا، أَثْقَلَ فلانا: کسی پر زبردست بوجھ ڈالنا ــــ اس (قیامت کے) دن کی وجہ سے آسمان پر زبردست بوجھ پڑے گا، اب به کو فيه کے معنی میں لینے کی ضرورت نہیں۔

۴- آیت ۱۴ میں ہے: ﴿وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا﴾: اور پہاڑ (ریزہ ریزہ) ریگِ رواں ہوجائیں گے ــــ الرَّمَل: ریگ، ریت ــــ السائل: رواں، بہتا ہوا۔

۵-آیت ۱۶ میں ہے: ﴿فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَّبِيْلًا﴾: پس ہم اس کو سخت پکڑنا پکڑیں گے! ــــــ وبیلا: سخت۔

٧٤- ﴿الْمُدَّثِّرُ﴾

[١-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿عَسِيْرٌ﴾: شَدِيْدٌ. [٢-] ﴿قَسْوَرَةٍ﴾: رِكْزُ النَّاسِ وَأَصْوَاتُهُمْ، وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: الْأَسَدُ، وَكُلُّ شَدِيْدٍ قَسْوَرَةٌ. [٣-] ﴿مُسْتَنْفِرَةٌ﴾: نَافِرَةٌ مَذْعُوْرَةٌ.

سورۃ المدثر کی تفسیر

۱-آیت ۹ ہے: ﴿فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيْرٌ﴾: پس وہ دن ایک سخت دن ہوگا۔

۲-آیت ۵۱ ہے: ﴿فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ﴾: جو (وحشی گدھے) شیر سے بھاگے جارہے ہیں ــــــ یہ ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کیا ہے، ان کے نزدیک ہر سخت چیز قسورۃ ہے ــــــ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے 'آہستہ آواز' ترجمہ کیا ہے، رکز: آہستہ آواز۔

۳- آیت ۵۰ ہے: ﴿كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ﴾: گویا وہ وحشی گدھے (گورخر) ہیں ــــــ نَافِرَةٌ: بدکنے والے، مذعورۃ: گھبرائے ہوئے۔

سب سے پہلے کونسی آیتیں نازل ہوئیں؟

روایات میں اختلاف ہے، کتاب کے شروع میں (حدیث ۳) ہے کہ سب سے پہلے سورۃ العلق کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئی ہیں، اور یہاں باب کی حدیثوں میں ہے کہ سب سے پہلے سورۃ المدثر کی ابتدائی آیتیں اتری ہیں، تطبیق یہ ہے کہ اولیتِ مطلقہ سورۃ العلق کی آیتوں کو حاصل ہے، اور زمانۂ فترت کے بعد سب سے پہلے سورۃ المدثر یا سورۃ المزمل کی ابتدائی آیتیں اتری ہیں، آگے (حدیث ۴۹۲۶ میں) اس کی صراحت ہے، تفصیل پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۱۴۷) آئی ہے۔

سورۃ المدثر کی ابتدائی آیات یہ ہیں: ''اے چادر اوڑھنے والے! اٹھیں پس ڈرائیں، اور اپنے رب کی پس بڑائی بیان کریں، اور اپنے کپڑوں کو پس پاک رکھیں، اور مورتیوں کو پس چھوڑ دیں''

حدیث: یحییٰ بن ابی کثیرؒ نے ابوسلمہؒ سے قرآن کی پہلی آیتوں کے بارے میں پوچھا: انھوں نے کہا: سب سے پہلے سورۃ المدثر کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئی ہیں، یحییٰ نے کہا: لوگ کہتے ہیں: سب سے پہلے سورۃ العلق کی ابتدائی آیتیں اتری ہیں، ابوسلمہؒ نے کہا: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں پوچھا، اور میں نے ان سے وہی بات کہی جو تم نے کہی، انھوں نے فرمایا: میں تم سے وہی بات بیان کرتا ہوں جو ہم سے رسول اللہ ﷺ نے بیان کی ہے، آپؐ نے فرمایا: ''میں نے غارِ حراء میں اعتکاف کیا، پس جب میں نے اپنا اعتکاف پورا کیا، اور نیچے اترا تو آواز دیا گیا، میں نے دائیں،

بائیں، آگے، پیچھے دیکھا کوئی چیز نظر نہ آئی، پھر جب میں نے سر اٹھایا تو ایک چیز دیکھی، پس میں خدیجہؓ کے پاس آیا، اور میں نے کہا: مجھے چادر اوڑھاؤ اور میرے اوپر ٹھنڈا پانی ڈالو، چنانچہ انھوں نے مجھے چادر اوڑھائی اور مجھ پر ٹھنڈا پانی ڈالا، پھر سورۃ المدثر کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں۔

[۱- بَابٌ]

[۴۹۲۲-] حدثنا يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، سَأَلْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: عَنْ أَوَّلِ مَا نَزَلَ مِنَ الْقُرْآنِ، قَالَ: ﴿يٰأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ﴾ قُلْتُ: يَقُوْلُوْنَ: ﴿اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ﴾، فَقَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ ذٰلِكَ وَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ الَّذِيْ قُلْتَ، فَقَالَ جَابِرٌ: لاَ أُحَدِّثُكَ إِلاَّ مَا حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" جَاوَرْتُ بِحِرَاءٍ، فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِيْ هَبَطْتُ فَنُوْدِيْتُ، فَنَظَرْتُ عَنْ يَمِيْنِيْ فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، وَنَظَرْتُ عَنْ شِمَالِيْ فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، وَنَظَرْتُ أَمَامِيْ فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، وَنَظَرْتُ خَلْفِيْ فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، فَرَفَعْتُ رَأْسِيْ فَرَأَيْتُ شَيْئًا، فَأَتَيْتُ خَدِيْجَةَ فَقُلْتُ: دَثِّرُوْنِيْ وَصُبُّوْا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا، قَالَ: فَدَثِّرُوْنِيْ وَصَبُّوْا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا، قَالَ: فَنَزَلَتْ: ﴿يٰأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ﴾[راجع: ٤]

وضاحت: پہلی وحی سے چھ ماہ پہلے سے نبی ﷺ غار حراء میں عزلت گزیں ہوتے تھے، پھر پہلی وحی کے بعد زمانۂ فترت میں بھی آپ وہیں جانے لگے تھے، وہاں سے واپسی میں اجیاد محلّہ میں یہ واقعہ پیش آیا۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قُمْ فَأَنْذِرْ﴾

[۴۹۲۳-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، وَغَيْرُهُ، قَالاَ: حَدَّثَنا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" جَاوَرْتُ بِحِرَاءٍ" مِثْلَ حَدِيْثِ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ.[راجع: ٤]

وضاحت: وغیرہ سے مراد ابوداؤد طیالسیؒ ہیں —— اور عثمان بن عمر کی حدیث بخاری میں نہیں ہے، دوسری کتابوں میں ہے (حاشیہ)

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ﴾

[۴۹۲۴-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنا يَحْيىَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا سَلَمَةَ، أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ أَوَّلُ؟ فَقَالَ: ﴿يٰأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ﴾ فَقُلْتُ: أُنْبِئْتُ أَنَّهُ: ﴿اقْرَأْ

بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ﴾ فَقَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَیُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ أَوَّلُ؟ فَقَالَ: ﴿یٰأَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ﴾ فَقُلْتُ: أُنْبِئْتُ أَنَّهُ: ﴿اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ﴾ فَقَالَ: لَا أُخْبِرُكَ إِلَّا بِمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "جَاوَرْتُ فِیْ حِرَاءٍ فَلَمَّا قَضَیْتُ جِوَارِیْ، هَبَطْتُ فَاسْتَبْطَنْتُ الْوَادِیَ فَنُوْدِیْتُ، فَنَظَرْتُ أَمَامِیْ وَخَلْفِیْ وَعَنْ یَمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ عَلٰی عَرْشٍ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَأَتَیْتُ خَدِیْجَةَ فَقُلْتُ: دَثِّرُوْنِیْ وَصُبُّوْا عَلَیَّ مَاءً بَارِدًا، فَأُنْزِلَ عَلَیَّ: ﴿یٰأَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ﴾" [راجع: ٤]

لغت: فَاسْتَبْطَنْتُ: جب میں میدان کے درمیان میں پہنچا ــــ عرش: تختِ شاہی۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ ﴿وَثِیَابَكَ فَطَهِّرْ﴾

[٤٩٢٥-] حدثنا یَحْیَی بْنُ بُكَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، وَحَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، فَأَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم وَهُوَ یُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْیِ فَقَالَ فِیْ حَدِیْثِهِ: "فَبَیْنَا أَنَا أَمْشِیْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ، فَرَفَعْتُ رَأْسِیْ فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِیْ جَاءَنِیْ بِحِرَاءٍ، جَالِسٌ عَلٰی كُرْسِیٍّ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَجُئِثْتُ مِنْهُ رُعْبًا، فَرَجَعْتُ، فَقُلْتُ: زَمِّلُوْنِیْ زَمِّلُوْنِیْ، فَدَثَّرُوْنِیْ! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ﴿یٰأَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ﴾ إِلٰی ﴿وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ﴾ قَبْلَ أَنْ تُفْتَرَضَ الصَّلَاةُ، وَهِیَ الْأَوْثَانُ" [راجع: ٤]

وضاحت: وحدثنی عبد اللہ بن محمد: یہ امام بخاری رحمہ اللہ کا قول ہے، اور یہاں سے تحویل ہے، مگر ح نہیں لکھی، اور عبداللہ: مسندی ہیں ــــ جُئِثُ (مجہول) جُئُوْثًا: خوف زدہ ہونا، گھبرانا ــــ رُعب: دہشت ــــ وهی الأوثان: کی ضمیر الرُّجْز کی طرف عائد ہے، اور ضمیر مؤنث خبر (الأوثان) کے مؤنث ہونے کی وجہ سے لائے ہیں، اور أوثان جمع اس لئے ہے کہ الرجز اسم جنس ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ﴾

یَقُوْلُ: الرُّجْزُ وَالرِّجْسُ: الْعَذَابُ.

[٤٩٢٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ

الْوَحْیِ: "فَبَیْنَا أَنَا أَمْشِیْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ، فَرَفَعْتُ بَصَرِیْ قِبَلَ السَّمَاءِ، فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِیْ جَاءَ نِیْ بِحِرَاءٍ قَاعِدٌ عَلٰی كُرْسِیٍّ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَجُئِثْتُ مِنْهُ حَتّٰی هَوَیْتُ إِلَی الْأَرْضِ، فَجِئْتُ أَهْلِیْ، فَقُلْتُ: زَمِّلُوْنِیْ زَمِّلُوْنِیْ! فَزَمَّلُوْنِیْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ﴿یٰأَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ﴾ إِلٰی قَوْلِهِ: ﴿فَاهْجُرْ﴾ قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: ﴿وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ﴾: الْأَوْثَانَ، ثُمَّ حَمِیَ الْوَحْیُ وَتَتَابَعَ. [راجع: ٤]

وضاحت: الرُّجز: کے مختلف معانی کئے گئے ہیں: (۱) ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ زاء: سین سے مبدل ہے، اور دونوں لفظوں کے معنی ہیں: گناہ۔ (۲) ابوعبیدہؒ نے عذاب ترجمہ کیا ہے (۳) مجاہدؒ اور قتادہؒ اوثان (مورتیاں) مراد لیتے ہیں —— هویتُ: گر پڑا میں —— حَمِیَ: گرم ہوئی یعنی مسلسل آنے لگی۔

۷۵- سُوْرَةُ الْقِیَامَةِ

وَقَوْلُهُ: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ﴾

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿سُدًی﴾: هَمَلًا. [۲-] ﴿لِیَفْجُرَ أَمَامَهُ﴾: سَوْفَ أَتُوْبُ سَوْفَ أَعْمَلُ. [۳-] ﴿لَاوَزَرَ﴾: لَاحِصْنَ.

سورۃ القیامۃ کی تفسیر

حضرت رحمہ اللہ نے پہلے آیت ۱۶ لکھی ہے، پھر الفاظ کے معانی بیان کئے ہیں، پھر آیت کی تفسیر میں حدیث لائے ہیں، ہم پہلے الفاظ کے معانی لکھتے ہیں، پھر آیت اور اس کی شرح میں حدیث پیش کی جائے گی۔

۱- آیت ۳۶ ہے: ﴿أَیَحْسَبُ الْإِنْسَانُ أَنْ یُّتْرَكَ سُدًی﴾: کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ وہ یونہی 'مہمل' چھوڑ دیا جائے گا؟ —— السُّدیٰ: نظر انداز کیا ہوا، بیکار سمجھا ہوا —— الهَمَل: هَمَلَة کی جمع: بلانگراں چھوڑی ہوئی چیز مہمل چھوڑ دیا جائے گا؟ یعنی امر ونہی کی کوئی قید اس پر نہ ہوگی؟ مکلّف نہیں بنایا جائے گا؟ حساب وکتاب اور جزاء سزا نہیں ہوگی؟

۲- آیت ۵ ہے: ﴿بَلْ یُرِیْدُ الْإِنْسَانُ لِیَفْجُرَ أَمَامَهُ﴾: بلکہ انسان چاہتا ہے کہ بدکاری کرے اپنے سامنے —— یعنی منکر قیامت بایں وجہ وقوع قیامت کا انکار نہیں کرتا کہ یہ بات کچھ مستبعد ہے، بلکہ وہ اپنی باقی زندگی میں بھی بدکاریوں میں مست رہنا چاہتا ہے، کیونکہ قیامت کا اقرار کرے گا تو حساب کتاب کا خوف دل میں بیٹھ جائے گا، پس مزہ کرکرا ہوجائے گا اور لذت میں خلل پڑے گا: یہ ہے انکار کی وجہ! —— اور حضرت ابن عباسؓ نے تفسیر کی ہے: اب توبہ کرتا ہوں، کل عمل کرتا ہوں یعنی توبہ کے لئے اور عمل صالح کے لئے یوم وفردا کرتا رہتا ہے۔

جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ پڑھنے سے نبی ﷺ کو روکا گیا

آیات ۱۶-۱۹ ہیں: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ○ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ ○ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ○ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾: نہ ہلائیں آپؐ وحی کے ساتھ اپنی زبان، تاکہ آپؐ اس کو جلدی لیں ○ بے شک ہمارے ذمہ ہے اس کو (آپؐ کے دل ودماغ میں) جمع کرنا، اور آپؐ کا اس کو (لوگوں کے سامنے) پڑھنا ○ پس جب ہم اس کو پڑھیں تو آپؐ اس پڑھنے کی پیروی کریں ○ پھر بے شک ہمارے ذمہ ہے اس کو واضح کرنا ــــ قُرْآنَه: مصدر مضاف الی المفعول ہے اور فاعل محذوف ہے ــــ شروع میں جب جبرئیل علیہ السلام وحی لاتے اور اس کو پڑھتے تو نبی ﷺ بھی ساتھ ساتھ پڑھتے، تاکہ جلد اس کو یاد کرلیں، اس خیال سے کہ جبرئیل پڑھ کر چلے جائیں اور وحی اچھی طرح محفوظ نہ ہوئی ہو ــــ وحی کی اس صورت میں نبی ﷺ کو ناسوت سے ملکوت کی طرف عروج کرنا پڑتا تھا، اور آپؐ پر اتنا بوجھ پڑتا تھا کہ سخت جاڑے میں پسینہ ماتھے سے موتیوں کی طرح ٹپکنے لگتا تھا، اس وجہ سے جبرئیلؑ کے ساتھ پڑھنے میں دوہری مشقت تھی، چنانچہ مذکورہ آیات میں جبرئیلؑ کے ساتھ پڑھنے سے منع کیا کہ آپؐ وحی کے ساتھ اپنی زبان نہ ہلائیں یعنی سرأنہ پڑھیں، بس دھیان سے سنیں اور اس کی فکر نہ کریں کہ وحی یاد نہیں رہے گی، اس کو دل ودماغ میں جمع کرنا، پھر لوگوں کے سامنے آپ کی زبان سے پڑھوانا ہماری ذمہ داری ہے، پس جبرئیلؑ جس وقت ہماری طرف سے پڑھیں تو آپؐ اس کی پیروی کریں یعنی خاموشی سے سنیں، نیز اس کو جبرئیل سے سمجھنے کی بھی ضرورت نہیں، ہم خود اس کا مطلب آپ کو القاء کریں گے۔

[٤٩٢٧-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ أَبِيْ عَائِشَةَ – وَكَانَ ثِقَةً – عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ حَرَّكَ بِهِ لِسَانَهُ– وَوَصَفَ سُفْيَانُ– يُرِيْدُ أَنْ يَحْفَظَهُ، فَأَنْزَلَ اللهُ: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ﴾ [راجع: ٥]

وضاحت: سفیان بن عیینہؒ نے ہونٹ ہلا کر حاملین حدیث کو بتایا کہ آپؐ اس طرح پڑھتے تھے۔

[١-] بَابٌ: ﴿إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ﴾

[٤٩٢٨-] حدثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَبِيْ عَائِشَةَ، أَنَّهُ سَأَلَ سَعِيْدَ ابْنَ جُبَيْرٍ، عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ﴾ قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَانَ يُحَرِّكُ بِهِ شَفَتَيْهِ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ، فَقِيْلَ لَهُ: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ﴾ يَخْشَى أَنْ يَنْفَلِتَ مِنْهُ. ﴿إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ﴾: أَنْ نَجْمَعَهُ فِي صَدْرِكَ، ﴿وَقُرْآنَهُ﴾ أَنْ نَقْرَأَهُ. ﴿فَإِذَا قَرَأْنَاهُ﴾ يَقُوْلُ: أُنْزِلَ عَلَيْهِ، ﴿فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ○ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾ أَنْ نُبَيِّنَهُ عَلَى لِسَانِكَ. [راجع: ٥]

وضاحت: یَخْشٰی کا تعلق کان یُحَرِّكُ سے ہے، اِنْفَلَتَ: چھوٹ جانا، رہ جانا —— حضرت ابن عباس ؓ نے پہلے قر آنه کے معنی کئے ہیں: ہم اس کو پڑھیں —— مگر حاشیہ میں مصدر کو مفعول کی طرف مضاف اور فاعل کو محذوف مانا ہے، اور وہ نبی ﷺ ہیں یعنی یہ بات بھی ہمارے ذمہ ہے کہ آپ اس کو لوگوں کے سامنے پڑھیں گے یعنی اس کو پڑھوانے کی ذمہ داری بھی ہماری ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ﴾

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿قَرَآنَاهُ﴾: بَيَّنَّاهُ. ﴿فَاتَّبِعْ﴾: اعْمَلْ بِهِ.

[۴۹۲۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُوْسٰى بْنُ أَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ﴾ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا نَزَلَ جِبْرَئِيْلُ بِالْوَحْيِ، وَكَانَ مِمَّا يُحَرِّكُ بِهِ لِسَانَهُ وَشَفَتَيْهِ فَيَشْتَدُّ عَلَيْهِ وَكَانَ يُعْرَفُ مِنْهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ الآيَةَ الَّتِيْ فِي ﴿لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ﴾: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ۝ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ﴾ قَالَ: عَلَيْنَا أَنْ نَجْمَعَهُ فِيْ صَدْرِكَ، وَقُرْآنَهُ، ﴿فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ﴾: فَإِذَا أَنْزَلْنَاهُ فَاسْتَمِعْ، ﴿ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾: عَلَيْنَا أَنْ نُبَيِّنَهُ بِلِسَانِكَ، قَالَ: فَكَانَ إِذَا أَتَاهُ جِبْرِئِيْلُ أَطْرَقَ، فَإِذَا ذَهَبَ قَرَأَهُ كَمَا وَعَدَهُ اللّٰهُ: ﴿ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾ [راجع:۵]

وضاحت: پہلے قر آنه کے معنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے گذشتہ روایت میں یہ کئے ہیں کہ ہم اس کو پڑھیں یعنی فاعل اللہ تعالیٰ کو بنایا ہے، پس لوگوں کے سامنے پڑھوانے کی بات رہ گئی، چنانچہ اس کو ابن عباس ؓ نے ﴿ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾ میں لیا، فرمایا: ہمارے ذمہ ہے کہ واضح کریں ہم اس کو آپ کی زبان سے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا وعدہ کیا ہے: ﴿ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾ میں یعنی پڑھوائیں —— مگر اس سے بہتر بیان سے بیان القرآن مراد لینا ہے یعنی وحی کو کھولنا بھی ہمارے ذمہ ہے۔

﴿أَوْلٰى لَكَ فَأَوْلٰى﴾: تَوَعُّدٌ!

ایک لفظ کے معنی: آیت ۳۴ ہے: ''تیری کم بختی پر کم بختی آنے والی ہے! (تھانویؒ) خرابی تیری، خرابی پر خرابی تیری (شیخ الہند) —— أولی کے معنی ہیں: زیادہ لائق، زیادہ قریب، وَلْیٌ سے اسم تفضیل، اور جب اس کا صلہ لام آتا ہے تو ڈانٹ اور دھمکی کے معنی ہوتے ہیں، اس صورت میں خرابی اور برائی سے زیادہ قریب اور زیادہ مستحق کے معنی ہونگے تَوَعُّد: دھمکی۔

٧٦ - ﴿هَلْ أَتٰى عَلَى الإِنْسَانِ﴾

[١-] يُقَالُ: مَعْنَاهُ أَتَى عَلَى الإِنْسَانِ، وَ"هَلْ" تَكُوْنُ جَحْدًا وَتَكُوْنُ خَبَرًا، وَهٰذَا مِنَ الْخَبَرِ، يَقُوْلُ: كَانَ شَيْئًا فَلَمْ يَكُنْ مَذْكُوْرًا، وَذٰلِكَ مِنْ حِيْنَ خَلَقَهُ مِنْ طِيْنٍ إِلٰى أَنْ يَنْفُخَ فِيْهِ الرُّوْحَ. [٢-] ﴿أَمْشَاجٍ﴾: الأَخْلاَطِ، مَاءِ الْمَرْأَةِ وَمَاءِ الرَّجُلِ، الدَّمُ وَالْعَلَقَةُ، وَيُقَالُ إِذَا خُلِطَ: مَشِيْجٌ، كَقَوْلِكَ: خَلِيْطٌ، وَمَمْشُوْجٌ مِثْلُ مَخْلُوْطٍ. [٣-] وَيُقَالُ: ﴿سَلاَسِلاً وَأَغْلاَلًا﴾: وَلَمْ يُجِزْهُ بَعْضُهُمْ. [٤-] ﴿مُسْتَطِيْرًا﴾: مُمْتَدَّ الْبَلاَءِ. [٥-] وَالْقَمْطَرِيْرُ: الشَّدِيْدُ، يُقَالُ: يَوْمٌ قَمْطَرِيْرٌ وَيَوْمٌ قُمَاطِرٌ، وَالْعَبُوْسُ وَالْقَمْطَرِيْرُ وَالْقُمَاطِرُ وَالْعَصِيْبُ: أَشَدُّ مَا يَكُوْنُ مِنَ الأَيَّامِ فِي الْبَلاَءِ. [٦-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿أَسْرَهُمْ﴾: شِدَّةَ الْخَلْقِ، وَكُلُّ شَيْئٍ شَدَدْتَهُ مِنْ قَتَبٍ فَهُوَ مَأْسُوْرٌ.

سورۃ الدہر کی تفسیر

۱- پہلی آیت ہے: ﴿هَلْ أَتٰى عَلَى الإِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا﴾: بالتحقیق بیت چکا ہے ہر انسان پر عرصۂ دراز کہ نہیں تھا وہ کوئی ایسی چیز جس کا تذکرہ کیا جاتا ہو —— ھل بمعنی قد ہے، الإنسان میں الف لام استغراقی ہے، حین: زمانے کا ایک حصہ، الدھر: بہت ہی لمبا زمانہ، حین من الدھر: عرصۂ دراز، اور نفی مطلق شیٔ کی نہیں ہے، بلکہ مقید شیٔ کی ہے یعنی جس چیز کا تذکرہ کیا جاتا ہو ایسی چیز نہیں تھا، ہر انسان کا عالم اوراح میں وجود ہے، مگر عالم اجساد میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں، دنیا میں اس کا تذکرہ اس وقت سے شروع ہوتا ہے جب اس کا حمل ٹھہرتا ہے، کہتے ہیں: فلاں عورت امید سے ہے، پھر بچہ پیدا (ظاہر) ہوتا ہے، اس کا نام رکھا جاتا ہے، اور خوب چرچا ہوتا ہے، پھر وہ زندگی گذار کر آگے چل دیتا ہے اور اس کے سوانح (حالات) لکھے جاتے ہیں، اس طرح اس کا ذکر جاری رہتا ہے۔

اور فرّاء یحییٰ بن زیاد اپنی کتاب معانی القرآن میں کہتے ہیں: انسان چیز تو تھا مگر قابل ذکر نہیں تھا، اور یہ بات آدم علیہ السلام کا مٹی سے پتلا بننے سے لے کر ان میں روح پھونکے جانے تک ہے، اس عرصہ میں وہ چیز تھا مگر قابل ذکر نہیں تھا، کیونکہ کسی مخلوق کو اس وقت معلوم نہیں تھا کہ وہ آگے کیا بننے والا ہے۔

۲- پھر دوسری آیت ہے: ﴿إِنَّا خَلَقْنَا الإِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا﴾: بے شک ہم نے ہر انسان کو (مرد وزن کے) مخلوط نطفہ سے پیدا کیا، آزماتے ہیں ہم اس کو، پس ہم نے اس کو شنوا بینا بنایا —— یعنی ہم نے اس کو ایسی صفات کے ساتھ پیدا کیا کہ اس میں مکلّف بننے کی قابلیت ہو یہاں بھی الإنسان میں الف لام استغراقی ہے، اور جملہ ﴿نَبْتَلِيْهِ﴾ مستانفہ یا حال ہے۔

۳- آیت ۴ ہے: ﴿إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِيْنَ سَلاَسِلاً وَأَغْلاَلاً وَسَعِيْرًا﴾: بے شک ہم نے تیار کر رکھی ہیں کافروں

کے لئے زنجیریں، طوق اور آتش سوزاں! زنجیریں پیروں میں ہونگی، طوق گردن میں اور آتش دوزخ میں وہ پھونکیں گے ـــــ ایک قراءت میں سَلاَسِلاً: تنوین کے ساتھ ہے، مگر حفصؒ کے نزدیک تنوین جائز نہیں، وہ سَلاَسِلَ پڑھتے ہیں۔

۴- آیت ۷ ہے: ﴿وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيْرًا﴾: اور ڈرتے ہیں وہ ایسے دن سے جس کی سختی لمبی ہوگی یعنی عام ہوگی۔

۵- آیت ۱۰ ہے: ﴿إِنَّا نَخَافُ مِنْ رَبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا﴾: بے شک ہم ڈرتے ہیں اپنے رب کی طرف سے ایک سخت تلخ دن سے یعنی آخرت کے دن سے۔

۶- آیت ۲۸ میں ہے: ﴿نَحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ﴾: ہمی نے ان کو پیدا کیا، اور ہم نے اس کے 'جوڑ بند' مضبوط کئے ہیں یعنی انسان کو مضبوط بنایا ہے۔

عبارت کا ترجمہ اور وضاحت:

(۱) کہا جاتا ہے (یہ فراء کا قول ہے، اور اس کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے) آیت کے معنی ہیں: انسان پر گذرا ہے (فراء نے انسان سے آدم علیہ السلام کو مراد لیا ہے اور ھل کو زائدہ قرار دے کر ترجمہ نہیں کیا، پھر فرماتے ہیں:) اور ھل کبھی جحد (نفی) کے لئے ہوتا ہے (اس کو استفہام انکاری کہتے ہیں) اور کبھی خبر (اثبات) کے لئے ہوتا ہے (اس کو استفہام تقریری کہتے ہیں) اور یہ یعنی آیت میں جو ھل ہے وہ اثبات کے لئے ہے (اسی کو ھل بمعنی قد کہتے ہیں، اس کا ترجمہ کرنا چاہئے تھا، پھر آگے) اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: انسان (آدمؑ) چیز تو تھا، مگر نہیں تھا وہ قابل ذکر، اور یہ بات یعنی قابل ذکر نہ ہونا آدم علیہ السلام کا مٹی سے پتلا بننے سے ان میں روح پھونکے جانے تک ہے (جو چالیس سال کا عرصہ ہے، اس عرصہ میں آدم علیہ السلام چیز تو تھے، مگر قابل ذکر نہیں تھے، کیونکہ کسی مخلوق کو اس وقت معلوم نہیں تھا کہ وہ آگے کیا بننے والا ہے)

(۲) (مَشَجَ الشیئَ (ن) مَشْجًا: ملانا، مخلوط کرنا، اس کا مترادف خَلَطَ (ض) الشیئَ بالشیئِ خلطا ہے یعنی ملانا آمیزش کرنا، پس) أمشاج بمعنی أخلاط ہے (اور مراد) عورت اور مرد کا پانی (نطفہ) ہے (اور ﴿نَبْتَلِيْهِ﴾ کے معنی ہیں: ہم اس (نطفہ) کو مختلف احوال سے گذارتے ہیں، الٹتے پلٹتے ہیں، (کبھی) خون (ہوتا ہے کبھی) علقہ (خون بستہ) اور مَشِیْج کے معنی ہیں: دو ملی ہوئی چیزیں، اسی کو خلیط بھی کہتے ہیں، اور مَمْشُوْج (اسم مفعول) کے معنی ہیں: مخلوط (جاننا چاہئے کہ مرد کے جرثومے اور عورت کے خلیے ملتے ہیں تو نطفہ بار آور ہوتا ہے)

(۳) اور کہا گیا: سَلاَسِلاً (تنوین کے ساتھ) اور نہیں جائز رکھا (تنوین کو) بعض نے یعنی حفصؒ وغیرہ نے۔

(۴) مستطیرا کے معنی ہیں: لمبی آزمائش (مستطیر: اسم فاعل، اسْتِطَارَۃَ مصدر: طَیْر: مادہ، معنی: پھیلا ہوا، عام۔ طیران کے اصل معنی اڑنا ہیں، مجازاً سرعت رفتار اور عموم مراد لیا جاتا ہے، جیسے فرس مُطَار: تیز رفتار گھوڑا، غبارٌ مُسْتَطَار: پھیلا ہوا غبار)

(۵) قَمْطَرِیْر کے معنی ہیں: سخت، کہا جاتا ہے: یومٌ قمطریر: سخت دن، یوم قُمَاطِر: سخت دن۔ اور چار لفظ ہم معنی ہیں: عَبُوْس، قمطریر، قُماطر اور عصیب: چاروں کے معنی ہیں سخت آزمائش کے دن۔

(۶) أَسْرٌ کے معنی ہیں: مضبوط بناوٹ، اور ہر وہ چیز جس کو آپ مضبوط باندھیں جیسے کجاوے کو مضبوط باندھا تو اسے مَأْسُوْر (مضبوط باندھا ہوا) کہتے ہیں (وقال غیرہ: دوسرے نسخہ میں وقال معمر ہے یعنی ابوعبیدۃ معمر بن المثنی نے یہ معنی بیان کئے ہیں)

۷۷- ﴿وَالْمُرْسَلاَتِ﴾

[۱-] ﴿جُمَالاَتٌ﴾: حِبَالٌ. [۲-] ﴿ارْكَعُوْا﴾: صَلُّوْا. ﴿لاَيَرْكَعُوْنَ﴾: لاَيُصَلُّوْنَ. [۳-] وَسُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لاَيَنْطِقُوْنَ﴾، ﴿وَاللهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ﴾، ﴿الْيَوْمَ نَخْتِمُ﴾ فَقَالَ: إِنَّهُ ذُو أَلْوَانٍ مَرَّةً يَنْطِقُوْنَ، وَمَرَّةً يُخْتَمُ عَلَيْهِمْ.

سورۃ المرسلات کی تفسیر

۱- آیت ۳۳ ہے: ﴿كَأَنَّهُ جِمَالاَتٌ صُفْرٌ﴾: گویا وہ (چنگاریاں) کالے/ زرد اونٹ ہیں ــــ الجَمَل کے دو معنی ہیں: اونٹ اور موٹی رسّی، جمع جمالۃ (جیم پر تینوں حرکتیں) جمع الجمع: جمالات (جیم پر تینوں حرکتیں) مجاہدؒ نے ﴿حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ﴾ میں جمل کے معنی: کشتی کی رسّی کے کئے ہیں، وہی معنی یہاں کر دیئے، حالانکہ یہاں موزون اونٹ کے معنی ہیں۔

۲- آیت ۴۸ ہے: ﴿وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لاَيَرْكَعُوْنَ﴾: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ نماز پڑھو تو نہیں پڑھتے جزء بول کر کل مراد لیا ہے ــــ اور رکوع کے لغوی معنی: جھکنا بھی مراد لے سکتے ہیں۔

۳- تین آیتوں کے بارے میں ابن عباسؓ سے پوچھا گیا کہ ان میں تعارض ہے: (۱) سورۃ المرسلات کی آیت ۳۵ ﴿هٰذَا يَوْمُ لاَيَنْطِقُوْنَ﴾: یہ وہ دن ہے جس میں وہ بول نہ سکیں گے (۲) سورۃ الانعام کی آیت ۲۳: ﴿قَالُوْا: وَاللهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ﴾: وہ یوں کہیں گے: ہمارے رب اللہ کی قسم! ہم مشرک نہیں تھے (یعنی قیامت کے دن وہ بولیں گے) (۳) سورہ یٰسٓ کی آیت ۶۵ ہے: ﴿اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴾: آج ہم ان کے مونھوں پر مہر لگا دیں گے، اور ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے ان کاموں کی جو وہ کیا کرتے تھے، یعنی ہاتھ پیر بولیں گے ــــ حضرت ابن عباسؓ نے جواب دیا: قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا ہے، اس میں مختلف احوال پیش آئیں گے، کبھی کفار بولیں گے، کبھی مونھوں پر مہر کر دی جائے گی اور اعضاء بولیں

گے، اور کبھی وہ چپ سادھ لیں گے!

دو حدیثیں

پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۵۲۷) آچکی ہے، اور دوسری نئی ہے اور بار بار آرہی ہے۔

پہلی حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ منیٰ کے ایک غار میں تھے پس سورۃ المرسلات نازل ہوئی، آپؐ وہ سورت موجود صحابہ کو یاد کرارہے تھے کہ ایک سانپ نکلا، آپؐ نے فرمایا: ''اس کو مارو'' صحابہ جھپٹے، مگر وہ کسی سوراخ میں گھس گیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ تمہارے شر سے بچایا گیا اور تم اس کے شر سے بچائے گئے!''

دوسری حدیث: آیت ۳۲ ہے: ﴿إِنَّهَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ﴾: بے شک آگ انگارے پھینکے گی جیسے بڑے محل ــــ یہ قَصْر (قاف کا زبر اور صاد ساکن) کا ترجمہ ہے، اور اس کو قِصَر (قاف مکسور اور صاد پر زبر) بھی پڑھا گیا ہے، ابن عباسؓ نے فرمایا: ہم لوگ جاڑے کے لئے تین تین ہاتھ کی یا کم وبیش لکڑیاں اٹھا کر رکھتے تھے، ان کو قِصَر کہتے ہیں یعنی ان لکڑیوں کے بقدر چنگاریاں اڑیں گی۔

[۱- بَابٌ]

[۴۹۳۰-] حَدَّثَنِیْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ، عَنْ إِسْرَائِیْلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَأُنْزِلَتْ عَلَیْهِ ﴿وَالْمُرْسَلاَتِ﴾ وَإِنَّا لَنَتَلَقَّاهَا مِنْ فِیْهِ، فَخَرَجَتْ حَیَّةٌ، فَابْتَدَرْنَاهَا فَسَبَقَتْنَا فَدَخَلَتْ جُحْرَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "وُقِیَتْ شَرَّكُمْ، كَمَا وُقِیتُمْ شَرَّهَا"[راجع: ۱۸۳۰]

[۴۹۳۱-] حدثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا یَحْیَی بْنُ آدَمَ، عَنْ إِسْرَائِیْلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، بِهٰذَا. وَعَنْ إِسْرَائِیْلَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهُ.

وَتَابَعَهُ أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ إِسْرَائِیْلَ، وَقَالَ حَفْصٌ وَأَبُوْ مُعَاوِیَةَ وَسُلَیْمَانُ بْنُ قَرْمٍ: عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ. [راجع: ۱۸۳۰]

سندوں کا خلاصہ: یہ حدیث اسرائیلؒ: منصورؒ سے بھی روایت کرتے ہیں، اور اعمشؒ سے بھی ــــ اور ابراہیم نخعیؒ: علقمہؒ سے بھی روایت کرتے ہیں اور اسود بن یزیدؒ سے بھی، دونوں ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں۔

قَالَ یَحْیَی بْنُ حَمَّادٍ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مُغِیْرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ. وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ.

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: بَيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَارٍ إِذْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ: ﴿وَالْمُرْسَلَاتِ﴾ فَتَلَقَّيْنَاهَا مِنْ فِيْهِ وَإِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا إِذْ خَرَجَتْ حَيَّةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "عَلَيْكُمُ اقْتُلُوْهَا" قَالَ: فَابْتَدَرْنَاهَا فَسَبَقَتْنَا، قَالَ: فَقَالَ: "وُقِيَتْ شَرَّكُمْ، كَمَا وُقِيْتُمْ شَرَّهَا"

سندیں: ابراہیم نخعیؒ سے: مغیرۃ بن مقسم روایت کرتے ہیں، اور وہ علقمہ کا واسطہ لاتے ہیں —— اور محمد بن اسحاق: عبدالرحمٰن سے پھر وہ اپنے ابا اسود بن یزید سے روایت کرتے ہیں —— اور جریر بن عبداللہ بھی سلیمان اعمش سے روایت کرتے ہیں۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ﴾

[۴۹۳۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَابِسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: ﴿إِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ﴾ قَالَ: كُنَّا نَرْفَعُ الْخَشَبَ بِقَصَرٍ ثَلَاثَةِ أَذْرُعٍ أَوْ أَقَلَّ، فَنَرْفَعُهُ لِلشِّتَاءِ فَنُسَمِّيْهِ الْقَصَرَ. [طرفه: ۴۹۳۳]

نوٹ: ہمارے نسخہ میں اس روایت کی سند کے آخر میں: سمعتُ ابنَ عامر ہے، یہ تصحیف ہے، صحیح ابن عباس ہے، تصحیح عمدۃ اور فتح کے نسخوں کی ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿كَأَنَّهُ جِمَالَاتٌ صُفْرٌ﴾

[۴۹۳۳-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَابِسٍ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ: ﴿تَرْمِيْ بِشَرَرٍ﴾ كُنَّا نَعْمِدُ إِلَى الْخَشَبَةِ ثَلَاثَةَ أَذْرُعٍ وَفَوْقَ ذٰلِكَ، فَنَرْفَعُهُ لِلشِّتَاءِ فَنُسَمِّيْهِ الْقَصَرَ. ﴿كَأَنَّهُ جِمَالَاتٌ صُفْرٌ﴾ : حِبَالُ السُّفُنِ تُجْمَعُ حَتّٰى تَكُوْنَ كَأَوْسَاطِ الرِّجَالِ. [راجع: ۴۹۳۲]

ترجمہ: جمالات: کشتی کے رسّے، رسیاں اکٹھا کی جاتی ہیں یہاں تک کہ وہ درمیانی آدمی جیسی موٹی ہو جاتی ہیں، یعنی رسیاں: رسّا بن جاتی ہیں، جو لنگر ڈالنے کے کام آتا ہے۔

[۴-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ﴾

[۴۹۳۴-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ، عَنِ

الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِي غَارٍ إِذْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ: ﴿وَالْمُرْسَلَاتِ﴾ فَإِنَّهُ لَيَتْلُوْهَا وَإِنِّي لَأَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيْهِ، وَإِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا، إِذْ وَثَبَتْ عَلَيْنَا حَيَّةٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "اقْتُلُوْهَا" فَابْتَدَرْنَاهَا فَذَهَبَتْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "وُقِيَتْ شَرَّكُمْ، كَمَا وُقِيْتُمْ شَرَّهَا" قَالَ عُمَرُ: حَفِظْتُهُ مِنْ أَبِيْ: فِيْ غَارٍ بِمِنًى. [راجع: ۱۸۳۰]

وضاحت: عمر بن حفص نے یہ سورت منیٰ کے غار میں اپنے ابا سے یاد کی ہے۔

۷۸- ﴿عَمَّ يَتَسَآءَ لُوْنَ﴾

[۱-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿لَايَرْجُوْنَ حِسَابًا﴾: لَايَخَافُوْنَهُ. [۲-] ﴿لَايَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا﴾: لَايُكَلِّمُوْنَهُ إِلَّا أَنْ يَأْذَنَ لَهُمْ. [۳-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿وَهَّاجًا﴾: مُضِيْئًا. [۴-] ﴿عَطَاءً حِسَابًا﴾: جَزَاءً كَافِيًا، أَعْطَانِيْ مَا أَحْسَبَنِيْ أَيْ: كَفَانِيْ.

سورۃ النبأ کی تفسیر

۱- آیت ۲۷ ہے: ﴿إِنَّهُمْ كَانُوْا لَايَرْجُوْنَ حِسَابًا﴾: بے شک وہ لوگ حساب کی امید نہیں رکھتے تھے یعنی اس سے ڈرتے نہیں تھے۔

۲- آیت ۳۷ ہے: ﴿لَايَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا﴾: نہیں مالک ہونگے وہ اللہ سے عرض معروض کرنے کے ــــ البتہ جس کو اجازت مل جائے وہ گفتگو کرسکے گا۔

۳- آیت ۱۳ ہے: ﴿وَجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا﴾: اور بنایا ہم نے ایک روشن چراغ یعنی آفتاب ــــ مُضِيْئًا: روشنی پھیلانے والا۔

۴- آیت ۳۶ ہے: ﴿جَزَاءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَاءً حِسَابًا﴾: یہ ان کی نیکیوں کا بدلہ ہے جو کافی انعام ہے ــــ کہتے ہیں: أعطاني ما أَحْسَبَنِيْ: مجھے اتنا دیا کہ میرے لئے کافی ہوگیا۔

جب صور پھونکا جائے گا تو لوگ گروہ گروہ بن کر حاضر ہونگے

حدیث سورۃ الزمر کی تفسیر میں گذری ہے، مگر یہاں معنی کی زیادتی ہے، اس لئے اس کو یاد رکھیں:

آیت: ۱۸ ہے: "جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم لوگ گروہ گروہ ہوکر آ ؤگے ــــ یعنی عقائد واعمال کے اعتبار سے ٹولیاں بن کر لوگ میدانِ حشر میں پہنچیں گے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''دومرتبہ صور پھونکنے کے درمیان وقفہ چالیس ہے'' — طالب علم نے پوچھا: چالیس دن؟ ابوہریرہؓ نے کہا: میں انکار کرتا ہوں! یعنی میں نہیں جانتا پس کیا بتلاؤں؟ اس نے کہا: چالیس مہینے؟ آپؓ نے کہا: میں انکار کرتا ہوں، اس نے کہا: چالیس سال؟ آپؓ نے کہا: میں انکار کرتا ہوں! — نبی ﷺ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی برسائیں گے، پس لوگ اُگ آئیں گے جس طرح سبزی اُگ آتی ہے (یہ مضمون زائد ہے) نہیں ہے انسان کا کوئی جزء مگر بوسیدہ ہوجاتا ہے، ایک ہڈی کے علاوہ، اور وہ دُم کی جڑ کا آخری حصہ ہے، اور اسی سے قیامت کے دن بناوٹ جوڑی جائے گی۔

تشریح: پہلے شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی قدس سرہ کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ صور چار مرتبہ پھونکا جائے گا، پہلی مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو زمینی مخلوقات ختم ہوجائیں گی، سورۃ الرحمٰن کی آیت ۲۶ ہے: ﴿كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ﴾: جتنے روئے زمین پر ہیں سب فنا ہوجائیں گے — پھر دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو تمام اجسام زمین سے سبزے کی طرح اُگ آئیں گے، اور ان کی ارواح عالم برزخ سے ریوس (واپس) آکر اپنے ابدان میں داخل ہوجائیں گے، پھر لوگ گروہ گروہ بن کر میدانِ حشر میں پہنچیں گے، پھر تیسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو سب بے ہوش ہوجائیں گے مگر جس کو اللہ چاہے وہ بے ہوش نہیں ہوگا — پھر چوتھی مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو سب ہوش میں آجائیں گے، اور پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھ رہے ہونگے، سورۃ الزمر کی آیت ۶۷ ہے: ﴿وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ أُخْرىٰ فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُوْنَ﴾: اور قیامت کے دن صور میں پھونک ماری جائے گی، پس تمام آسمانوں اور زمین والوں کے ہوش اڑ جائیں گے، مگر جس کو اللہ تعالیٰ چاہیں، پھر اس صور میں دوبارہ پھونک ماری جائے گی، تو اچانک سب کے سب کھڑے ہوجائیں گے، اور (چاروں طرف) دیکھنے لگیں گے — پس باب کی حدیث میں کونسے دو نفخوں کا ذکر ہے: یہ معلوم نہیں، اور درمیانی وقفہ کا بھی قطعی علم نہیں۔

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَأْتُوْنَ أَفْوَاجًا﴾

[٤٩٣٥-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ أَرْبَعُوْنَ" قَالَ: أَرْبَعُوْنَ يَوْمًا؟ قَالَ: أَبَيْتُ. قَالَ: أَرْبَعُوْنَ شَهْرًا؟ قَالَ: أَبَيْتُ، قَالَ: أَرْبَعُوْنَ سَنَةً؟ قَالَ: أَبَيْتُ. قَالَ:" ثُمَّ يُنَزِّلُ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً، فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا يَنْبُتُ الْبَقْلُ، لَيْسَ مِنَ الْإِنْسَانِ شَيْئٌ إِلَّا يَبْلىٰ إِلَّا عَظْمًا وَاحِدًا، وَهُوَ عَجْبُ الذَّنَبِ، وَمِنْهُ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"[راجع: ٤٨١٤]

۷۹- ﴿وَالنَّازِعَاتِ﴾

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿الْآيَةَ الْكُبْرَىٰ﴾: عَصَاهُ وَيَدُهُ. [٢-] وَيُقَالُ: النَّاخِرَةُ وَالنَّخِرَةُ سَوَاءٌ، مِثْلُ الطَّامِعِ وَالطَّمِعِ، وَالْبَاخِلِ وَالْبَخِلِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: النَّخِرَةُ الْبَالِيَةُ، وَالنَّاخِرَةُ: الْعَظْمُ الْمُجَوَّفُ الَّذِي تَمُرُّ فِيهِ الرِّيحُ فَيَنْخَرُ. [٣-] ﴿الطَّامَّةُ﴾: تَطُمُّ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ. [٤-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الْحَافِرَةِ﴾: إِلَىٰ أَمْرِنَا الْأَوَّلِ إِلَى الْحَيَاةِ. [٥-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿أَيَّانَ مُرْسٰهَا﴾ مَتَى مُنْتَهَاهَا، وَمُرْسَى السَّفِينَةِ حَيْثُ تَنْتَهِي.

سورۃ النازعات کی تفسیر

۱- آیت ۲۰ ہے: ﴿فَأَرَاهُ الآيَةَ الْكُبْرَىٰ﴾: پس دکھائی موسیٰ نے فرعون کو بڑی نشانی —— فرعون کے پاس پہنچ کر پیغام خداوندی پہنچایا، اور اتمام حجت کے لئے بڑی نشانیاں: لاٹھی کا اژدہا بننا اور ہاتھ کا روشن ہونا دکھلایا۔

۲- آیت ۱۱ ہے: ﴿ءَ إِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً﴾: کیا جب ہم بوسیدہ ہڈیاں ہوجائیں گے —— نَاخِرَة (اسم فاعل) اور نَخِرَة (صفت مشبہ) کے ایک معنی ہیں (صفتِ مشبہ میں معنی کی زیادتی ہوتی ہے) جیسے طَامِع اور طَمِع (لالچی) اور بَاخِل اور بَخِل: بخیل —— اور بعض نے کہا: النَّخِرَةُ البالية: بوسیدہ ہڈی، اور الناخِرة کے معنی ہیں: کھوکری کی ہوئی ہڈی، جس میں ہوا گھس کر نکلے تو آواز کرے۔

۳- آیت ۳۴ ہے: ﴿فَإِذَا جَاءَ تِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرَىٰ﴾: پس جس دن ہر چیز پر چھانے والی آفت آئے گی —— طَمَّ الشيئُ (ض) طُمُوْعًا: کسی چیز کا زیادہ ہوکر پھیلنا اور زبردست ہوجانا۔

۴- آیت ۱۰ ہے: ﴿يَقُوْلُوْنَ: ءَ إِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ؟﴾: کہتے ہیں: کیا ہم پہلی حالت کی طرف پھیرے جائیں گے؟ —— مَرْدُوْدٌ: اسم مفعول: رَدّ مصدر باب نصر: لوٹانا حَافِرَة: پہلی حالت، حَفَرَ (ض) کھودنا۔ ابن عباسؓ نے فرمایا: ہمارے پہلے معاملہ کی طرف یعنی حیات قبل الموت کی طرف۔

۵- آیت ۴۲ ہے: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا﴾: وہ لوگ قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں: قیامت کی کشتی کب لنگر انداز ہوگی؟ مُرْسا: مصدر میمی: کشتی کا لنگر انداز ہونا —— کب قیامت آکر ٹھہرے گی؟ (مذاق کررہے ہیں)

قیامت کے آنے میں دیر نہیں

حدیث: نبی ﷺ نے انگشتِ شہادت اور بیچ کی لمبی انگلی کو ملا کر اشارہ کیا، اور فرمایا: ''میں اور قیامت ان دو انگلیوں کی طرح ہیں''، یعنی بیچ کی انگلی جتنی آگے نکلی ہوئی ہے، اتنی جلدی میں آیا ہوں، اور قیامت میرے پیچھے آرہی ہے جتنی چھوٹی

انگلی پیچھے ہے یا اس کے برعکس کہ قیامت مجھ سے بس ذرا سی آگے ہے، غرض: قیامت کا قرب بیان کرنا مقصود ہے۔

[۴۹۳۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا سَهْلُ ابْنُ سَعْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ بِإِصْبَعَيْهِ هٰكَذَا بِالْوُسْطٰى وَالَّتِيْ تَلِيْ الإِبْهَامَ: "بُعِثْتُ وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ" [طرفاه: ۵۳۰۱، ۶۵۰۳]

۸۰- ﴿عَبَسَ﴾

[۱-] [عَبَسَ] كَلَحَ وَأَعْرَضَ. [۲-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿مُطَهَّرَةٌ﴾: لَايَمَسُّهَا إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ، وَهُمُ الْمَلَائِكَةُ، وَهٰذَا مِثْلُ قَوْلِهِ: ﴿فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا﴾، جَعَلَ الْمَلاَ ئِكَةَ وَالصُّحُفَ مُطَهَّرَةً، لِأَنَّ الصُّحُفَ لَايَقَعُ عَلَيْهَا التَّطْهِيْرُ، فَجُعِلَ التَّطْهِيْرُ لِمَنْ حَمَلَهَا أَيْضًا. ﴿سَفَرَةٍ﴾: الْمَلاَ ئِكَةُ، وَاحِدُهُمْ سَافِرٌ، سَفَرْتُ: أَصْلَحْتُ بَيْنَهُمْ، وَجُعِلَتِ الْمَلاَ ئِكَةُ إِذَا نَزَلَتْ بِوَحْيِ اللّٰهِ وَتَأْدِيَتِهِ كَالسَّفِيْرِ الَّذِيْ يُصْلِحُ بَيْنَ الْقَوْمِ.

سورۃ عبس کی تفسیر

۱- پہلی آیت ہے: ﴿عَبَسَ وَتَوَلّٰى﴾: (پیغمبر) چیں بہ جبیں ہوئے، اور متوجہ نہ ہوئے —— عَبَسَ فلان (ض) عَبْسًا وَعُبُوْسًا: تیور چڑھنا، پیشانی پر بل پڑنا، ترش رو ہونا —— كَلَحَ فلان (ف) كُلُوْحا: ترش رو ہونا، شکن آلود چہرے والا ہونا، یہ عبس کا ترجمہ ہے —— اور أَعْرَضَ: تولّی کا ترجمہ ہے: روگردانی کی، چہرہ پھیرلیا۔

۲- آیات ۱۳-۱۶ ہیں: ﴿فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۝ مَرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝ بِأَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۝ كِرَامٍ بَرَرَةٍ﴾: (قرآن) محترم صحیفوں میں ہے، جو اونچی جگہ رکھے ہوئے نہایت پاکیزہ ہیں، ایسے لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہیں، جو نہایت محترم نیکوکار ہیں —— مُطَهَّرَةٌ: نہایت پاکیزہ یعنی نہیں چھوتے ان صحیفوں کو مگر نہایت پاکیزہ لوگ، اور وہ فرشتے ہیں۔

سوال: پاک ناپاک ہونا بندوں کی صفات ہیں، سورۃ الواقعہ آیت ۷۹ میں ہے: ﴿لَايَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾: قرآن کو پاک بندوں (فرشتوں) کے علاوہ کوئی ہاتھ نہیں لگانے پاتا! اور یہاں صحیفوں کو مطہرۃ کہا ہے: یہ کیسے؟

جواب: پاک ہونا دراصل فرشتوں کی صفت ہے، مگر چونکہ صحیفے فرشتوں کے ہاتھوں میں ہیں، اس لئے فرشتوں کا وصف صحیفوں کو اوڑھایا ہے —— اس کی نظیر: سورۃ النازعات (آیت ۵) میں ہے: ﴿فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا﴾: پھر ہر امر کی تدبیر کرنے والے گھوڑوں کی قسم! تدبیر سوار کرتے ہیں، مگر گھوڑے چونکہ سواروں کے حامل ہیں، اس لئے سواروں کا وصف گھوڑوں کو اوڑھایا ہے۔

عبارت کا ترجمہ: یہ یعنی صحیفوں کا نہایت پاک ہونا: ارشاد پاک: ﴿فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا﴾ کی طرح ہے، بنایا فرشتوں کو

اور صحیفوں کو نہایت پاکیزہ یعنی فرشتوں کا وصف صحیفوں کو اوڑھایا، اس تاویل کی ضرورت اس لئے ہے کہ صحیفوں پر پاک ہونے کا اطلاق نہیں ہوتا، پس نہایت پاک ہونا صحیفوں کے حاملین کے لئے گردانا گیا یعنی دراصل نہایت پاک فرشتے ہیں۔

سَفَرَةٌ کے معنی: سفرة: سَافِر کی جمع ہے، اور اس کے دو معنی ہیں: (۱) لکھنے والے، سَفَرَ الکتاب (ض) لکھنا، حضرت یہ معنی آگے بیان کریں گے (۲) لوگوں میں صلح کرانے والا، ثالث وایلچی بن کر کام کرنے والا، سَفَرَ بین القوم (ن،ض) سَفْرًا و سِفَارَةً، حضرت رحمہ اللہ نے یہی معنی کئے ہیں، فرماتے ہیں: اور سفرة سے بھی فرشتے مراد ہیں، اس کا مفرد سافر ہے، سَفَرْتُ کے معنی ہیں: میں نے ان کے معاملات سنوارے، فرشتوں کو جب وہ اللہ کی وحی لے کر اترتے ہیں اور اس کو ادا کرتے ہیں، یعنی پہنچاتے ہیں: اس سفیر کی طرح گردانا ہے جو لوگوں کے درمیان صلح کراتا ہے۔

[٣-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿تَصَدَّىٰ﴾: تَغَافَلَ عَنْهُ. [٤-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿لَمَّا يَقْضِ﴾: لَايَقْضِيْ أَحَدٌ مَا أُمِرَ بِهِ. [٤-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿تَرْهَقُهَا﴾: تَغْشَاهَا شِدَّةٌ. [٦-] ﴿مُسْفِرَةٌ﴾: مُشْرِقَةٌ. [٧-] ﴿بِأَيْدِىْ سَفَرَةٍ﴾ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَتَبَةٍ. ﴿أَسْفَارًا﴾: كُتُبًا. [٨-] ﴿تَلَهَّى﴾: تَشَاغَلَ. [٩-] يُقَالُ: وَاحِدُ الْأَسْفَارِ سِفْرٌ.

٣- آیت ٦ ہے: ﴿فَأَنْتَ لَهُ تَصَدَّىٰ﴾: پس آپ اس کی فکر میں پڑے ہیں —— تَصَدَّى للأمر: درپے ہونا، توجہ دینا، تَصَدَّى میں ایک تاء محذوف ہے، بعض نسخوں میں تفسیر ہے: أَقْبَلَ عليه، یہی صحیح تفسیر ہے اور تَغَافَلَ عنه کے معنی ہیں: اس سے غفلت برتتے ہیں، یہ معنی صحیح نہیں۔

۴- آیت ۲۳ ہے: ﴿كَلَّا! لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ﴾: ہرگز نہیں! اب تک پورا نہیں کیا اس نے جو (اللہ نے) اس کو حکم دیا —— نہیں پورا کرتا کوئی جس کا حکم دیا گیا وہ یعنی انسان اپنے خالق و مالک کا حق نہیں پہچانتا، اور جو کچھ اس کو حکم دیا گیا ہے اس کو اب تک بجا نہیں لایا۔

۵- آیت ۴۱ ہے: ﴿تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ﴾: چھائی ہوئی ہوگی ان کے چہروں پر سیاہی —— ابن عباسؓ نے قترة کے معنی سختی کے کئے ہیں۔

٦- آیت ۳۸ ہے: ﴿وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ﴾: اس دن کتنے ہی چہرے روشن ہونگے، مُشْرِقة: چمکتے ہوئے۔

۷- حضرت ابن عباسؓ نے سَفَرَة کے معنی لکھنے والے کئے ہیں، سورۃ الجمعہ آیت ۵ میں ﴿أَسْفَارًا﴾ کے معنی کتابیں ہیں، یہ سِفْر کی جمع ہے۔

۸- آیت ۱۰ ہے: ﴿فَأَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى﴾: پس آپ اس سے تغافل برتتے ہیں —— تَلَهَّى عنه: بے توجہ ہونا۔

۹- نمبر ۷ میں آ گیا، أسفار جو سورۃ الجمعہ میں ہے: وہ سِفْر کی جمع ہے، بمعنی کتابیں۔

قرآنِ کریم کی تلاوت کرنے والے کی فضیلت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''مثال اس شخص کی جو قرآن پڑھتا ہے درانحالیکہ وہ اس کو یاد ہے: وہ مکرم (نامۂ اعمال) لکھنے والے فرشتوں کے ساتھ ہوگا، اور مثال اس شخص کی جو قرآن پڑھتا ہے درانحالیکہ وہ اس کی دیکھ بھال کرتا ہے اور وہ اس پر دشوار ہے یعنی اٹک اٹک کر پڑھتا ہے تو اس کے لئے دوہرا ثواب ہے'' —— اس حدیث میں **السَّفَرة** ہے، اس لئے یہ حدیث اس سورت کی تفسیر میں لائے ہیں جاننا چاہئے کہ پہلے شخص کو جو اصلی اور فضلی ثواب ملتا ہے: وہ عام ناظرہ خواں کے دو ثوابوں سے بڑھا ہوا ہوتا ہے۔

[٤٩٣٧-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ أَوْفٰى، يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' مَثَلُ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَهُوَ حَافِظٌ لَهُ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ، وَمَثَلُ الَّذِيْ يَقْرَأُ وَهُوَ يَتَعَاهَدُهُ وَهُوَ عَلَيْهِ شَدِيْدٌ، فَلَهُ أَجْرَانِ''

٨١ - ﴿إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ﴾

[١-] ﴿انْكَدَرَتْ﴾: انْتَثَرَتْ. [٢-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿سُجِّرَتْ﴾: ذَهَبَ مَاؤُهَا فَلاَ تَبْقَى قَطْرَةٌ. وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْمَسْجُوْرُ: الْمَمْلُوْءُ. وَقَالَ غَيْرُهُ: سُجِرَتْ: أُفْضَى بَعْضُهَا إِلٰى بَعْضٍ، فَصَارَتْ بَحْرًا وَاحِدًا. [٣-] و﴿الْخُنَّسُ﴾: تَخْنِسُ فِيْ مَجْرَاهَا، تَرْجِعُ وَتَكْنِسُ: تَسْتَتِرُ كَمَا تَكْنِسُ الظِّبَاءُ. [٤-] ﴿تَنفَّسَ﴾: ارْتَفَعَ النَّهَارُ. [٥-] وَالظَّنِيْنُ: الْمُتَّهَمُ، وَالضَّنِيْنُ: يُضَنُّ بِهِ. [٦-] وَقَالَ عُمَرُ: ﴿النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ﴾: يُزَوَّجُ نَظِيْرَهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿اُحْشُرُوْا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَأَزْوَاجَهُمْ﴾ [٧-] ﴿عَسْعَسَ﴾: أَدْبَرَ.

سورۃ التکویر کی تفسیر

١- آیت ٢ ہے: ﴿وَإِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ﴾: اور جب ستارے بکھر جائیں گے —— اِنْتَثَرَ: بکھرنا، جھڑنا۔

٢- آیت ٦ ہے: ﴿وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ﴾: اور جب سمندر خشک ہوجائیں گے/ بھرجائیں گے/ ملادیئے جائیں گے —— پہلا ترجمہ: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے کیا ہے: سمندروں کا پانی ختم ہوجائے گا، ایک قطرہ بھی باقی نہیں رہے گا —— دوسرا ترجمہ: مجاہد رحمہ اللہ نے کیا ہے، المملوءُ: بھرا ہوا —— اور تیسرا ترجمہ کسی اور نے کیا ہے: ایک سمندر کو دوسرے سمندر تک پہنچادیا جائے گا، پس سب سمندر ایک ہوجائیں گے —— اور اردو ترجمہ کرنے والوں نے بھڑکانا اور جھونکنا ترجمہ کیا ہے —— سَجَرَ الإناءَ: بھرنا، سَجَرَ التنور: گرم کرنا، بھڑکانا۔

۳-آیت ۱۵ ہے: ﴿فَلَآ أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ﴾: پس قسم کھاتا ہوں میں ان ستاروں کی جو چلتے چلتے پیچھے کو ہٹنے لگتے ہیں خُنَّس: خَانِسٌ کی جمع ہے، جو خَنْسٌ سے اسم فاعل ہے، خَنَسَ (ض) خَنْسًا وَ خُنُوْسًا: پیچھے ہٹنا ــــــ ترجمہ: پیچھے پلٹتا ہے اپنے راستے میں، لوٹتا ہے اور چھپ جاتا ہے، جس طرح ہرن چھپ جاتے ہیں، یہ کُنَّس کا ترجمہ کیا ہے۔

۴-آیت ۱۸ ہے: ﴿وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ﴾: اور قسم ہے صبح کی جب وہ آنے لگے ــــــ سورج بلند ہو جائے۔

۵-آیت ۲۴ ہے: ﴿وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ﴾: اور نہیں ہیں پیغمبر بتلائی ہوئی باتوں میں بخیلی کرنے والے ــــــ اور ظنین کے معنی ہیں: مُتّہم، اس لفظ کے معنی مشابہ ہونے کی وجہ سے بیان کئے ہیں۔

۶-آیت ۷ ہے: ﴿وَإِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ﴾: اور جب ایک ایک قسم کے لوگ اکٹھا کئے جائیں گے، یعنی جنتی جنتی ایک ساتھ کئے جائیں گے اور جہنمی جہنمی ایک ساتھ کئے جائیں گے۔ سورۃ الصافات آیت ۲۲ و ۲۳ ہیں: ''جمع کر لو ظالموں کو اور ان کے ہم مشربوں کو اور ان معبودوں کو جن کی وہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتے تھے، پھر ان سب کو دوزخ کا راستہ دکھاؤ!

۷-آیت ۱۷ ہے: ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ﴾: اور قسم ہے رات کی جب وہ جانے لگے أدبر: پیٹھ پھیرے۔

۸۲- ﴿إِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ﴾

[۱-] وَقَالَ الرَّبِيْعُ بْنُ خُثَيْمٍ: ﴿فُجِّرَتْ﴾: فَاضَتْ. [۲-] وَقَرَأَ الْأَعْمَشُ وَعَاصِمٌ: ﴿فَعَدَلَكَ﴾ بِالتَّخْفِيْفِ، وَقِرَاءَ ةُ أَهْلِ الْحِجَازِ بِالتِّشْدِيْدِ، وَأَرَادَ مُعْتَدِلَ الْخَلْقِ، وَمَنْ خَفَّفَ يَعْنِي ﴿فِيْ أَيِّ صُوْرَةٍ﴾ شَاءَ، إِمَّا حَسَنٌ وَإِمَّا قَبِيْحٌ، وَطَوِيْلٌ أَوْ قَصِيْرٌ.

سورۃ الانفطار کی تفسیر

۱-آیت ۳ ہے: ﴿وَإِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ﴾: اور جب سمندر بہ پڑیں گے ــــــ یہ معنی ربیع نے بیان کئے ہیں، یہ ثوری کوفی تابعی ہیں۔

۲-آیت ۷ ہے: ﴿الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ﴾: جس نے تجھ کو بنایا، پس تجھ کو برابر کیا، پس تجھ کو ٹھیک کیا ــــــ اعمشؒ اور عاصمؒ نے بغیر تشدید کے پڑھا ہے، یہی ہماری قراءت ہے، اس صورت میں معنی ہیں: تجھے جس صورت میں چاہا پیدا کیا: خواہ خوب صورت، خواہ بدصورت، خواہ لمبا، خواہ ٹھگنا ــــــ اور حجازی قراء تشدید کے ساتھ عَدَّلَكَ پڑھتے ہیں، اس صورت میں معنی ہیں: تجھے معتدل الخلق بنایا، تیرے اعضاء کے جوڑ بند درست کئے۔

۸۳- ﴿وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ﴾

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿رَانَ﴾: ثَبْتُ الْخَطَايَا. [۲-] ﴿ثُوِّبَ﴾: جُوْزِيَ. [۳-] وَقَالَ غَيْرُهُ: الْمُطَفِّفُ لَايُوَفِّيْ.

سورۃ التطفیف کی تفسیر

۱- آیت ۱۴ ہے: ﴿كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴾: ہرگز نہیں، بلکہ زنگ بیٹھ گیا ہے ان کے دلوں پر ان اعمال کی وجہ سے جو وہ کیا کرتے تھے ـــــ رَانَ الشيئُ فلانا رَيْنًا: غالب آجانا، ہر طرف سے گھیر لینا، چھا جانا ـــــ ثَبَتْ: صحیفہ مراد نامہ اعمال۔

۲- آیت ۳۶ ہے: ﴿هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ﴾: بالتحقیق کافروں کو ان کے کئے کا خوب بدلہ مل گیا ـــــ جُوْزِی: بدلہ دیا گیا۔

۳- پہلی آیت ہے: ﴿وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ﴾: خرابی ہے تول میں کمی کرنے والوں کے لئے ـــــ کسی نے کہا ہے: تول میں کمی کرنے والا کسی کا پورا حق نہیں دیتا!

قیامت کے دن ہر شخص پسینے میں شرابور ہوگا

آیت ۶ ہے: ''جس دن لوگ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہونگے'' اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''یہاں تک کہ ان میں سے ایک یعنی ہر شخص اپنے پسینہ میں ڈوبا ہوا ہوگا اس کے آدھے کانوں تک!'' ـــــ یہ حدیث یہاں مختصر ہے، مفصل حدیث میں ہے کہ ہر شخص اپنے اعمال کے اعتبار سے پسینہ میں ڈوبا ہوا ہوگا: کوئی ٹخنوں تک، کوئی گھٹنوں تک، کوئی کمر تک اور کوئی آدھے کانوں تک، اور ڈوبنا پانی میں ڈوبنے کی طرح نہیں ہوگا بلکہ پسینہ میں شرابور ہونا ہوگا۔

[٤٩٣٨-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْنٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ﴿يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾: حَتّٰى يَغِيْبَ أَحَدُهُمْ فِيْ رَشْحِهِ إِلٰى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ'' [طرفه: ٦٥٣١]

[٨٤] ﴿إِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ﴾

[١-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ﴾: يَأْخُذُ كِتَابَهُ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِهِ. [٢-] ﴿وَسَقَ﴾: جَمَعَ مِنْ دَابَّةٍ. [٣-] و﴿ظَنَّ أَنْ لَّنْ يَحُوْرَ﴾: أَنْ لَا يَرْجِعَ إِلَيْنَا.

سورۃ الانشقاق کی تفسیر

۱- حضرتؒ نے سورۃ الحاقہ کی آیت ۲۵ لکھی ہے، حالانکہ اس سورت کی آیت ۱۰ لکھنی چاہئے تھی: ﴿وَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ﴾: اور رہا وہ شخص جو دیا گیا اس کا نامہ اعمال اس کی پیٹھ کے پیچھے سے، اور سورت الحاقہ میں ہے: جس کا نامۂ

اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا گیا —— اس میں تطبیق یہ ہے کہ جب برے آدمی کا نامہ اعمال بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا تو وہ لینے کے لئے تیار نہیں ہوگا، اور اپنا بایاں ہاتھ پیٹھ کے پیچھے چھپائے گا پس وہیں بائیں ہاتھ میں نامۂ اعمال تھما دیا جائے گا۔

۲- آیت ۱۷ ہے: ﴿وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ﴾: قسم ہے رات کی اور جن کو رات سمیٹتی ہے یعنی وہ جاندار جو آرام کرنے کے لئے رات میں اپنے اپنے ٹھکانوں پر آجاتے ہیں —— وَسَقَ (ض) الشیئَ: اکٹھا کرنا، جمع کرنا۔

۳- آیت ۱۴ ہے: ﴿وَظَنَّ أَنْ لَّنْ يَحُوْرَ﴾: بے شک اس نے گمان کیا کہ اس کو اللہ کی طرف لوٹنا نہیں! —— حَارَ (ن) حَوْرًا: لوٹنا، واپس ہونا۔

جس کے ساتھ حساب میں ردوکد کی گئی اس کی لٹیا ڈوبی!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس سے بھی حساب لیا جائے گا وہ ہلاک ہوگا!'' صدیقہؓ نے عرض کیا: اللہ مجھے آپؐ پر قربان کریں! کیا اللہ تعالیٰ (سورۃ الانشقاق آیات ۷و۸ میں) نہیں فرماتے: ''جس کو نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا: اس سے آسان حساب لیا جائے گا؟'' آپؐ نے فرمایا: ''وہ پیش کرنا ہے، لوگ پیش کئے جائیں گے (بندے کو بلا کر اس کے سامنے اس کے سب اعمال رکھ دیئے جائیں گے، پھر اس کی مغفرت کردی جائے گی) اور جس کے ساتھ حساب میں ردوکد کی گئی، وہ ہلاک ہوا یعنی جس سے پوچھا گیا کہ یہ گناہ کیوں کیا؟ اور جب تک مجرم جواب نہیں دے گا حساب میں پیش رفت نہیں ہوگی: وہ سزا دیا جائے گا (اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۳۹۵) آئی ہے)

[۴۹۳۹-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الأَسْوَدِ، سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي مُلَيْكَةَ، سَمِعْتُ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم [ح:] حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [ح:] حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِي يُوْنُسَ حَاتِمِ بْنِ أَبِي صَغِيْرَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَيْسَ أَحَدٌ يُحَاسَبُ إِلَّا هَلَكَ" قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فَدَاءَ كَ، أَلَيْسَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهِ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيْرًا﴾ قَالَ: "ذَاكَ الْعَرْضُ، يُعْرَضُوْنَ، وَمَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ" [راجع: ۱۰۳]

سندیں: تین ہیں، پہلی دو میں ابن ابی ملیکہ بلا واسطہ صدیقہؓ سے روایت کرتے ہیں، اور تیسری میں بواسطہ قاسم بن محمد۔

انسان کو احوال سے ضرور دوچار ہونا ہے

آیت ۱۹ ہے: ﴿لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ﴾: تم کو ضرور ایک حالت سے دوسری حالت تک پہنچنا ہے یعنی دنیا کی

زندگی میں مختلف ادوار سے گذرنا ہے، پھر موت ہے، پھر اس کے بعد بھی مختلف حالات سے گذرنا ہے —— اور حضرت ابن عباسؓ نے اس کی تفسیر نبی ﷺ کے مختلف احوال سے کی ہے، اور لَتَرْكَبُنَّ: میں منصوب والی قراءت لی ہے، اور مخاطب نبی ﷺ کو بنایا ہے —— هذا نبيكم کا یہی مطلب ہے کہ آیت کے مخاطب نبی ﷺ ہیں، اور قال کا فاعل ابن عباسؓ ہیں۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ﴾

[٤٩٤٠-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ النَّضْرِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ جَعْفَرُ بْنُ إِيَاسٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ﴾: حَالاً بَعْدَ حَالٍ، قَالَ: هٰذَا نَبِيُّكُمْ.

٨٥- ﴿الْبُرُوْجُ﴾

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿الْأُخْدُوْدِ﴾: شَقٌّ فِي الْأَرْضِ. [٢-] ﴿فَتَنُوْا﴾: عَذَّبُوْا.

سورۃ البروج کی تفسیر

١- آیت ۴ ہے: ﴿قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُوْدِ﴾: ہلاک کئے گئے خندق والے —— الأخدود: لمبا گڑھا۔

٢- آیت ١٠ میں ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوْا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ﴾: بے شک جنھوں نے مسلمان مردوں اور عورتوں کو سزا دی۔

٨٦- ﴿الطَّارِقُ﴾

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿ذَاتِ الرَّجْعِ﴾: سَحَابٌ يَرْجِعُ بِالْمَطَرِ. [٢-] ﴿ذَاتِ الصَّدْعِ﴾: تَتَصَدَّعُ بِالنَّبَاتِ.

سورۃ الطارق کی تفسیر

١- آیت ١١ ہے: ﴿وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ﴾: قسم ہے لوٹنے والے آسمان کی، بادل بارش لے کر آتا ہے اور بارش ہوتی ہے۔

٢- آیت ١٢ ہے: ﴿وَالْأَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ﴾: اور قسم ہے پھٹنے والی زمین کی، جب سبزہ کے نکلنے کا وقت آتا ہے تو زمین پھٹ جاتی ہے۔

سورۃ الاعلیٰ کی تفسیر

جب وہ آئے تو چمن میں بہار آئی!

جب نبی ﷺ ہجرت فرما کر مدینہ میں وارد ہوئے تو حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نہیں دیکھا میں نے مدینہ والوں کو خوش ہوتے ہوئے کسی چیز سے جتنے وہ نبی ﷺ کی آمد سے خوش ہوئے، حتی کہ باندیاں کہتی تھیں: اللہ کے رسول آئے! اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۳۸۴) آچکی ہے۔

۸۷- ﴿سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ﴾

[۴۹۴۱-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: أَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَيْنَا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، فَجَعَلَا يُقْرِيَانِنَا الْقُرْآنَ، ثُمَّ جَاءَ عَمَّارٌ وَبِلَالٌ وَسَعْدٌ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِیْ عِشْرِيْنَ، ثُمَّ جَاءَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَمَا رَأَيْتُ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ فَرِحُوْا بِشَيْئٍ فَرَحَهُمْ بِهِ، حَتّٰى رَأَيْتُ الْوَلَائِدَ وَالصِّبْيَانَ يَقُوْلُوْنَ: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ قَدْ جَاءَ، فَمَا جَاءَ حَتّٰى قَرَأْتُ: ﴿سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى﴾ فِیْ سُوَرٍ مِثْلِهَا. [راجع: ۳۹۲۵]

[۸۸] ﴿هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ﴾

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ﴾: النَّصَارٰى. [۲-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿عَيْنٍ آنِيَةٍ﴾: بَلَغَ إِنَاهَا وَحَانَ شُرْبُهَا. ﴿حَمِيْمٍ آنٍ﴾: بَلَغَ إِنَاهُ. [۳-] ﴿لَاتَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً﴾: شَتْمًا. [۴-] ﴿الضَّرِيْعُ﴾: نَبْتٌ يُقَالُ لَهُ: الشِّبْرِقُ، يُسَمِّيْهِ أَهْلُ الْحِجَازِ الضَّرِيْعَ إِذَا يَبِسَ، وَهُوَ سَمٌّ. [۵-] ﴿بِمُصَيْطِرٍ﴾: بِمُسَلَّطٍ، وَيُقْرَأُ بِالصَّادِ وَالسِّيْنِ. [۶-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿إِيَابَهُمْ﴾: مَرْجِعَهُمْ.

سورۃ الغاشیہ کی تفسیر

۱- آیت ۳ ہے: ﴿عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ﴾: محنت کرنے والے تھکنے والے ـــــ کتنے لوگ ہیں جو دنیا میں محنت کرتے کرتے تھک جاتے ہیں، جیسے عیسائی، مگر ان کی محنتیں طریق حق پر نہ ہونے کی وجہ سے رائگاں جاتی ہیں، یہاں بھی تکلیفیں اٹھاتے ہیں، اور آخرت میں بھی مصیبت میں رہیں گے۔

۲- آیت ۵ ہے: ﴿تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ﴾: پلائے جائیں گے جہنمی ایک کھولتے چشمہ سے، اور سورۃ الرحمٰن آیت ۴۴ میں ہے: ﴿حَمِيْمٍ آنٍ﴾: کھولتا ہوا پانی آنية: اسم فاعل واحد مؤنث، اور آن: اسم فاعل واحد مذکر، أَنٰى يَأْنِیْ إِنًى السائلُ:

سیال چیز کا انتہائی گرم ہوجانا (یہ ترجمہ اردو ترجمہ کرنے والوں نے کیا ہے) —— أَنَى يَأْنِىْ أَنْيًا وَإِنًى وَأَنَاةً کے دوسرے معنی ہیں: قریب آجانا، وقت ہوجانا، جیسے سورۃ الحدید آیت ۱۶ میں ہے: ﴿أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾: کیا ایمان والوں کے لئے وقت نہیں آیا؟ اور سورۃ الاحزاب آیت ۵۳ میں ہے: ﴿غَيْرَ نَاظِرِيْنَ إِنَاهُ﴾: درانحالیکہ وہ کھانا پکنے کے منتظر نہ ہوں —— پس ﴿عَيْنٍ آنِيَةٍ﴾ کے معنی ہیں: وہ اپنے پکنے کو پہنچ گیا، اوراس کے پینے کا وقت آگیا —— اور ﴿حَمِيْمٍ آنٍ﴾ کے معنی ہیں: اپنے پکنے کو پہنچ گیا یعنی تیار ہوگیا، پینے کے قابل ہوگیا۔

۳- آیت ۱۱ ہے: ﴿لاَتَسْمَعُ فِيْهَا لاَغِيَةً﴾: نہیں سنیں گے وہ جنت میں کوئی لغویات مثلاً گالی۔

۴- آیت ۶ ہے: ﴿لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلاَّ مِنْ ضَرِيْعٍ﴾: نہیں ہے ان کے لئے کوئی کھانا مگر خاردار کانٹے! —— یہ ایک خاص گھاس ہے، جس کو اونٹ شوق سے کھاتے ہیں، اس کو شِبْرِق کہتے ہیں، اہل حجاز اس کو ضَرِيْع کہتے ہیں جب وہ سوکھ جائے، اس وقت اونٹ اس کو نہیں کھاتے، اس وقت وہ زہریلی ہوجاتی ہے۔

۵- آیت ۲۲ ہے: ﴿لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ﴾: اور آپ ان پر مسلط نہیں ہیں —— سین اور صاد: دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

۶- آیت ۲۵ ہے: ﴿إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ﴾: بے شک ان کا لوٹنا ہماری طرف ہے —— إياب: مصدر، آبَ (ض) إيابا: لوٹنا (توبہ کرنا)

۸۹- ﴿وَالْفَجْرِ﴾

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿الْوَتْرِ﴾: اللّٰهُ. [۲-] ﴿إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ﴾: الْقَدِيْمَةِ، وَالْعِمَادُ: أَهْلُ عَمُوْدٍ لاَيُقِيْمُوْنَ، يَعْنِىْ أَهْلَ خِيَامٍ. [۳-] ﴿سَوْطَ عَذَابٍ﴾: الَّذِيْنَ عُذِّبُوْا بِهِ. [۴-] ﴿أَكْلاً لَّمًّا﴾: السَّفُّ. [۵-] و﴿جَمًّا﴾: الْكَثِيْرَ. [۶-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: كُلُّ شَيْئٍ خَلَقَهُ فَهُوَ شَفْعٌ، السَّمَاءُ شَفْعٌ، وَالْوَتْرُ: اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى.

سورۃ الفجر کی تفسیر

۱- آیت ۳ ہے: ﴿وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ﴾: قسم ہے جفت کی اور طاق کی —— نمبر ۶ پر مجاہدؒ کا قول آرہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا جوڑا بنایا ہے، آسمان (زمین کے ساتھ) جوڑا ہے، طاق (اکیلے) صرف اللہ تعالیٰ ہیں۔

۲- آیت ۶ و ۷ ہیں: ﴿أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ؟!﴾: کیا نہیں دیکھا تو نے کیا معاملہ کیا تیرے رب نے عاد کے ساتھ، ستونوں والے ارم کے ساتھ؟! —— یعنی عاد اولی (پرانے عاد) کے ساتھ، ارم والے وہی

ہیں ——— اور ستونوں والے یعنی خانہ بدوش، آبادی میں نہ رہنے والے ——— اور ارم: یا تو جگہ کا نام ہے یا جد اسفل کی طرف نسبت ہے، جیسے عاد جد اعلی ہے۔

۳- آیت ۱۳ ہے: ﴿فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ﴾: پس برسایا ان پر تیرے رب نے عذاب کا کوڑا ——— یعنی وہ کوڑے سے سزا دیئے گئے اور آگے نمبر ے پر آرہا ہے کہ یہ ایک محاورہ ہے، عرب ہر قسم کی سزا دینے کے لئے یہ محاورہ استعمال کرتے ہیں، کوڑا بھی اسی میں آجاتا ہے۔

۴- آیت ۱۹ ہے: ﴿وَتَأْكُلُوْنَ التُّرَاثَ أَكْلاً لَّمًّا﴾: اور تم میت کا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو ——— سَفَّ الأكلَ سَفًّا: سارا کھا جانا، کچھ باقی نہ چھوڑنا (یہ لَمًّا کے معنی کئے ہیں) لَمَّ الشیئَ (ن) لَمًّا: اچھی طرح اکٹھا کرنا، خوب سمیٹنا، جمع کرنا، آگے نمبر ۱۲ پر یہ محاورہ آرہا ہے: لَمَمْته أَجْمَعَ: میں نے سب ختم کر دیا۔

۵- آیت ۲۰ ہے: ﴿وَتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا﴾: اور تم مال سے جی بھر کر محبت کرتے ہو یعنی بہت محبت کرتے ہو۔

۶- نمبر ایک میں آگیا۔

[۷-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿سَوْطَ عَذَابٍ﴾: كَلِمَةٌ تَقُوْلُهَا الْعَرَبُ لِكُلِّ نَوْعٍ مِنَ الْعَذَابِ، يَدْخُلُ فِيْهِ السَّوْطُ، [۸-] ﴿لَبِالْمِرْصَادِ﴾: إِلَيْهِ الْمَصِيْرُ. [۹-] ﴿تَحَاضُّوْنَ﴾: تُحَافِظُوْنَ، وَتَحُضُّوْنَ: تَأْمُرُوْنَ بِإِطْعَامِهِ. [۱۰-] ﴿الْمُطْمَئِنَّةُ﴾: الْمُصَدِّقَةُ بِالثَّوَابِ. وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿يٰأَيَّتُهَا النَّفْسُ﴾: إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ قَبْضَهَا اطْمَأَنَّتْ إِلَى اللّٰهِ، وَاطْمَأَنَّ اللّٰهُ إِلَيْهَا، وَرَضِيَتْ عَنِ اللّٰهِ، وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَأَمَرَ بِقَبْضِ رُوْحِهَا، وَأَدْخَلَهَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ، وَجَعَلَهُ مِنْ عِبَادِهِ الصَّالِحِيْنَ. [۱۱-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿جَابُوْا﴾: نَقَبُوْا، مِنْ جِيْبَ الْقَمِيْصُ: قُطِعَ لَهُ جَيْبٌ، يَجُوْبُ الْفَلَاةَ: يَقْطَعُهَا. [۱۲-] ﴿لَمًّا﴾ لَمَمْتُهُ أَجْمَعَ: أَتَيْتُ عَلٰى آخِرِهِ.

۷- نمبر ۳ میں آگیا۔

۸- آیت ۱۴ ہے: ﴿إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ﴾: بے شک تیرا رب گھات میں ہے ——— مِرْصَاد: ظرف مکان، جمع مراصد: گھات لگانے کی جگہ، گھات: چھپ کر بیٹھنے کی جگہ جہاں سے کسی پر نظر رکھی جا سکے یعنی اللہ تعالیٰ در پردہ بندوں کے تمام اعمال سے واقف ہیں، اور جب بندے ان کے پاس لوٹ کر جائیں گے تو وہ اپنی معلومات کے موافق معاملہ کریں گے۔

۹- آیت ۱۸ ہے: ﴿وَلَا تَحَاضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ﴾: اور ایک دوسرے کو غریب کے کھلانے کی تاکید نہیں کرتے / ابھارتے نہیں ——— اس میں دو قراءتیں ہیں (۱) حَاضَّ مُحَاضَّةً سے تَحَاضُّوْنَ: ابھارنا، آمادہ کرنا۔ (۲) مجرد باب نصر سے تَحُضُّوْنَ: ابھارنا، اکسانا ——— فراء نے اول کے معنی کئے ہیں: باب مفاعلہ سے تُحَافِظُوْنَ: ایک دوسرے کی حفاظت کرنا، مگر اردو ترجمہ کرنے والوں نے اس پہلی قراءت کے معنی بھی ابھارنے کے کئے ہیں۔

۱۰- آیت ۲۷ ہے: ﴿یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ﴾: اے اطمینان والی روح یعنی ثواب کی تصدیق کرنے والی روح، جو اپنے اعمال کے بدلے پر مطمئن اور پرسکون ہے۔ یہ اسم فاعل واحد مؤنث ہے، اِطْمَأَنَّ: پرسکون ہونا، مطمئن ہوجانا۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب اللہ تعالیٰ مؤمن کی روح قبض کرنا چاہتے ہیں تو وہ اللہ کی طرف مطمئن ہوجاتی ہے، اور اللہ اس کی طرف مطمئن ہوجاتے ہیں، اور وہ اللہ سے راضی ہوجاتی ہے، اور اللہ اس سے راضی ہوجاتے ہیں، پس اللہ تعالیٰ اس کی روح کو قبض کرنے کا حکم دیتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ اس کو اپنی جنت میں داخل کرتے ہیں، اور اس کو اپنے نیک بندوں میں شامل کرلیتے ہیں۔

۱۱- آیت ۹ ہے: ﴿وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ جَابُوْا الصَّخْرَ بِالْوَادِ﴾: اور قوم ثمود (کے ساتھ کیا ہوا معاملہ کیا) جو وادی القری میں چٹانوں کو تراشا کرتے تھے؟ نَقَبُوْا: سوراخ کرتے تھے، جِیْبَ (فعل ماضی مجہول) القمیص: کرتے کا گریبان کاٹا، یَجُوْبُ الفلاۃَ: جو بیابان طے کرتا ہے یعنی اس مادہ کے معنی کاٹنے کے ہیں۔

۱۲- نمبر ۴ پر آگیا۔

۹۰- ﴿لَآ اُقْسِمُ﴾

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿بِهٰذَا الْبَلَدِ﴾: مَكَّةَ، لَيْسَ عَلَيْكَ مَا عَلَى النَّاسِ فِيْهِ مِنَ الإِثْمِ. [۲-] ﴿وَوَالِدٍ﴾ آدَمُ، ﴿وَمَا وَلَدَ﴾ [۳-] ﴿لُبَدًا﴾: كَثِيْرًا. [۴-] و﴿النَّجْدَيْنِ﴾: الْخَيْرُ وَالشَّرُّ. [۵-] ﴿مَسْغَبَةٍ﴾: مَجَاعَةٍ. [۶-] ﴿مَتْرَبَةٍ﴾: السَّاقِطِ فِي التُّرَابِ. [۷-] يُقَالُ: ﴿فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ﴾: فَلَمْ يَقْتَحِمِ الْعَقَبَةَ فِي الدُّنْيَا، ثُمَّ فَسَّرَ الْعَقَبَةَ فَقَالَ: ﴿وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ ۞ فَكُّ رَقَبَةٍ ۞ أَوْ إِطْعَامٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ﴾

سورۃ البلد کی تفسیر

۱- پہلی آیت ہے: ﴿فَلَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ﴾: میں اس شہر (مکہ) کی قسم کھاتا ہوں ـــــ نہیں ہے آپ ﷺ پر کوئی گناہ (تنگی) جو اس میں دوسرے لوگوں پر ہے ـــــ چنانچہ فتح مکہ کے دن اس کو آپؐ کے لئے حلال کیا گیا۔

۲- آیت ۳ ہے: ﴿وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ﴾: اور قسم ہے جننے والے کی یعنی آدم علیہ السلام کی اور جس کو اس نے جنا یعنی اس کی اولاد کی۔

۳- آیت ۶ ہے: ﴿یَقُوْلُ: اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا﴾: کہتا ہے: میں نے ڈھیر سارا مال خرچ کرڈالا ـــــ لُبَدٌ: لُبْدَۃٌ کی جمع ہے، اصل معنی ہیں: نمدہ اور چپکا یا ہوا، توسیع استعمال کے بعد معنی ہیں: کثیر، اتنا کثیر کہ تہ بہ تہ چڑھ جائے۔

۴- آیت ۱۰ ہے: ﴿وَهَدَیْنٰهُ النَّجْدَیْنِ﴾: ہم نے اس کو دونوں گھاٹیاں دکھلادیں ـــــ گھاٹی: دو پہاڑوں کے

درمیان کا راستہ یعنی خیر وشر کی دونوں راہیں انسان کو سجھا دیں۔

۵- آیت ۱۴ ہے: ﴿فِیْ یَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَةٍ﴾: بھوک کے دن میں ـــــ مجاعة: بھوک۔

۶- آیت ۱۶ ہے: ﴿أَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ﴾: یا خاک نشیں مسکین کو ـــــ مٹی پر گرے ہوئے کو، یعنی تنگ دستی سے مٹی میں مل رہا ہے۔

۷- آیت ۱۱ ہے: ﴿فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ﴾: پس وہ شخص گھاٹی میں داخل نہ ہوا، پھر گھاٹی کی تفسیر کی ہے: ''اور آپ کو کچھ معلوم ہے کہ گھاٹی کیا ہے؟: کسی گردن کو غلامی سے چھڑانا، یا فاقہ کے دن میں کھانا کھلانا (یہ ہیں مشکل کام!)

۹۱- ﴿وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿بِطَغْوَاهَا﴾: مَعَاصِيْهَا. [۲-] ﴿وَلَا يَخَافُ﴾: عُقْبَى أَحَدٍ.

سورۃ الشّمس کی تفسیر

۱- آیت ۱۱ ہے: ﴿كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوَاهَا﴾: جھٹلایا ثمود نے اپنی سرکشی سے! ـــــ طَغْوٰی طُغْيَان سے اسم ہے، جیسے دَعْوٰی: دُعَاءٌ سے اسم ہے، اور باء سببیت کے لئے ہے ـــــ مجاہدؒ نے طَغْوٰی کا ترجمہ مَعْصِيَة: کیا ہے۔

۲- آخری آیت ہے: ﴿وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا﴾: اور نہیں اندیشہ ہوا ہلاکت کے انجام کا ـــــ دنیا کے بادشاہ کسی کو سزا دیتے ہیں تو کبھی ڈرتے ہیں کہ ملک میں کوئی شورش بپا نہ ہو جائے، اللہ تعالیٰ کو ایسا کوئی اندیشہ نہیں ہوسکتا ـــــ عُقْبٰى أحدٍ: کسی کے بھی انجام کا۔

اونٹنی کا قاتل قیدار باعزت وبااقتدار تھا

حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۵۸۷) مختصر آئی ہے: عبداللہ بن زمعۃ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے تقریر میں سنا: آپؐ نے صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا اور اس کو زخمی کرنے والے (قیدار) کا ذکر کیا، پس سورۃ الشّمس کی آیت ۱۲ پڑھی: ''جب اس قوم کا سب سے بڑا بد بخت اٹھ کھڑا ہوا'' (فرمایا:) اونٹنی کو قتل کرنے کے لئے ایک ایسا آدمی تیار ہوا جو طاقت ور، سخت مزاج، اور اپنی قوم میں مضبوط تھا، جیسے ابوزمعۃ (یہ شخص بدر میں کافر ہونے کی وجہ سے مارا گیا) اور آپؐ نے عورتوں کا تذکرہ کیا، پس فرمایا: ارادہ کرتا ہے تم میں سے ایک، پس کوڑے مارتا ہے اپنی بیوی کو غلام کو کوڑے مارنے کی طرح، پس شاید وہ اپنے دن کے آخر میں اس سے ہم بستر ہو!'' پھر آپؐ نے لوگوں کو نصیحت کی ان کے پادنے پر ہنسنے سے، اور فرمایا: ''کیوں ہنستا ہے تم میں سے ایک اس کام سے جو وہ کرتا ہے!'' ـــــ دوسری سند سے یہ اضافہ ہے: ''جیسے ابوزمعۃ حضرت زبیرؓ کا چچا'' (ابوزمعۃ کا

نام اسود ہے، وہ مطلب کا بیٹا، اور وہ اسد کا بیٹا ہے اور حضرت زبیر: عوام کے بیٹے، وہ خویلد کے بیٹے، وہ اسد کے بیٹے ہیں، پس وہ حقیقی چچا نہیں، مجازاً ان کو چچا کہا ہے)

[۴۹۴۲-] حدثنا مُوْسٰى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَمْعَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ، وَذَكَرَ النَّاقَةَ، وَالَّذِيْ عَقَرَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "﴿إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا﴾: انْبَعَثَ لَهَا رَجُلٌ عَزِيْزٌ عَارِمٌ، مَنِيْعٌ فِيْ رَهْطِهِ، مِثْلُ أَبِيْ زَمْعَةَ" وَذَكَرَ النِّسَاءَ فَقَالَ: "يَعْمِدُ أَحَدُكُمْ فَيَجْلِدُ امْرَأَتَهُ جَلْدَ الْعَبْدِ، فَلَعَلَّهُ يُضَاجِعُهَا مِنْ آخِرِ يَوْمِهِ" ثُمَّ وَعَظَهُمْ فِيْ ضَحْكِهِمْ مِنَ الضَّرْطَةِ وَقَالَ: "لِمَ يَضْحَكُ أَحَدُكُمْ مِمَّا يَفْعَلُ؟" وَقَالَ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مِثْلُ أَبِيْ زَمْعَةَ عَمِّ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ" [راجع: ۳۳۷۷]

۹۲- ﴿وَالَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿بِالْحُسْنٰى﴾: بِالْخَلَفِ. [۲-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿تَرَدّٰى﴾: مَاتَ [۳-] و ﴿تَلَظّٰى﴾: تَوَهَّجُ، وَقَرَأَ عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ: تَتَلَظّٰى.

سورۃ اللیل کی تفسیر

۱- آیات ۸و۹ ہیں: ﴿وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى، وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى﴾: اور رہا وہ شخص جس نے بخل کیا اور بے نیاز بنا، اور اچھی بات کو جھٹلایا ـــــ ابن عباسؓ نے تفسیر کی خَلَف: عوض کے ساتھ یعنی خرچ کرنے پر عوض دینے کا جو وعدہ کیا ہے، اس کو اپنے عمل سے جھٹلایا۔

۲- آیت ۱۱ ہے: ﴿وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدّٰى﴾: اور اس کے کچھ کام نہ آئے گا اس کا مال جب وہ برباد ہوگا یعنی مرے گا۔

۳- آیت ۱۴ ہے: ﴿فَأَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى﴾: پس میں تم کو ڈرا چکا ایک بھڑکتی آگ سے ـــــ تَلَظَّتِ النار: آگ بھڑکنا، شعلے اٹھنا ـــــ تَوَهَّجَتِ النار: آگ دہکنا، سلگنا ـــــ تلظی اور تَوَهَّج میں ایک تاء محذوف ہے۔

وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى کی قراءت

آیت ۳ ہے: ﴿وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰى﴾: اور قسم ہے اس ذات کی جس نے نر اور مادہ پیدا کئے ـــــ اس آیت

میں حضرات ابن مسعود اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہما و ما خلق نہیں پڑھتے تھے، صرف الذکرِ و الأنثی پڑھتے تھے، مگر یہ عجیب بات ہے اور اس روایت کا حال اللہ بہتر جانتے ہیں، کیونکہ کوفی قراء ابن مسعودؓ اور علقمہ سے قرآن روایت کرتے ہیں، اور وہ و ما خلق پڑھتے ہیں، اسی طرح شامی قراء ابوالدرداءؓ سے قرآن روایت کرتے ہیں، اور وہ بھی و ما خلق پڑھتے ہیں، یہ بات حافظ صاحب نے فتح الباری میں بیان کی ہے، پس اس روایت کی یہی تاویل کی جاسکتی ہے کہ و ما خلق بعد میں نازل ہوا ہوگا، اور ان دونوں حضرات کو شروع میں اس کی اطلاع نہیں ہوئی ہوگی —— جیسے ﴿غَیْرُ أُوْلِی الضَّرَرِ﴾ [النساء:۹۵] بعد میں نازل ہوا ہے۔

[۱-] بَابٌ: ﴿وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى﴾

[۴۹۴۳-] حدثنا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ فِيْ نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامَ، فَسَمِعَ بِنَا أَبُوْ الدَّرْدَاءِ فَأَتَانَا، فَقَالَ: أَفِيْكُمْ مَنْ يَقْرَأُ؟ فَقُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: فَأَيُّكُمْ أَقْرَأُ؟ فَأَشَارُوْا إِلَيَّ، فَقَالَ: اقْرَأْ، فَقَرَأْتُ: ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى ۞ وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى ۞ وَالذَّكَرِ وَالأُنْثٰى﴾ قَالَ: آنْتَ سَمِعْتَهَا مِنْ فِي صَاحِبِكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَأَنَا سَمِعْتُهَا مِنْ فِي النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهٰؤُلَآءِ يَأْبُوْنَ عَلَيْنَا. [راجع: ۳۲۸۷]

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالأُنْثٰى﴾

[۴۹۴۴-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: قَدِمَ أَصْحَابُ عَبْدِ اللّٰهِ عَلٰى أَبِيْ الدَّرْدَاءِ، فَطَلَبَهُمْ فَوَجَدَهُمْ فَقَالَ: أَيُّكُمْ يَقْرَأُ عَلٰى قِرَاءَةِ عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: كُلُّنَا. قَالَ: فَأَيُّكُمْ أَحْفَظُ؟ فَأَشَارُوْا إِلٰى عَلْقَمَةَ. قَالَ: كَيْفَ سَمِعْتَهُ يَقْرَأُ: ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى﴾؟ قَالَ عَلْقَمَةُ: ﴿وَالذَّكَرِ وَالأُنْثٰى﴾ قَالَ: أَشْهَدُ وَأَنِّيْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ هٰكَذَا، وَهٰؤُلَآءِ يُرِيْدُوْنِيْ عَلٰى أَنْ أَقْرَأَ: ﴿وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالأُنْثٰى﴾ وَاللّٰهِ لَا أُتَابِعُهُمْ. [راجع: ۳۲۸۷]

شب و روز اور نر و مادہ کی طرح انسانوں کے اعمال مختلف ہیں

چھ ابواب ساتھ ہیں، سب میں ایک ہی حدیث لکھی ہے، سورۃ اللیل کی ابتدائی دس آیتیں ہیں: ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى ۞ وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى ۞ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالأُنْثٰى ۞ إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۞ فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى ۞ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۞ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرٰى ۞ وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۞ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۞ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرٰى﴾: قسم ہے رات کی جب وہ چھا جائے یعنی خوب تاریک ہو جائے، اور قسم ہے دن کی جب وہ خوب روشن ہو جائے، اور قسم ہے اس ذات کی جس نے نر و مادہ کو پیدا کیا، بے شک تمہاری کوششیں (اعمال) مختلف ہیں، پس رہا وہ جس نے راہِ خدا میں دیا اور وہ اللہ سے ڈرا،

اور اچھی بات (کلمۂ اسلام) کی تصدیق کی، تو ہم اس کے لئے آسانی کریں گے آسان بات کے لئے، اور رہا وہ جس نے بخیلی کی اور اللہ سے بے نیاز ہوا، اور اچھی بات (کلمۂ اسلام) کو جھٹلایا، تو ہم اس کے لئے آسانی کریں گے دشوار بات کے لئے!

تفسیر: ان آیات میں دو مثالوں کے ذریعہ انسانوں کے اعمال کا اختلاف سمجھایا ہے: رات اور دن وقت (Time) کے حصے ہیں، مگر نہایت تاریک رات اور نہایت روشن دن میں موازنہ کرو: کس قدر تفاوت ہے! اسی طرح نر و مادہ ایک نوع کی صنفیں ہیں، تاہم دونوں میں کس قدر تفاوت ہے؟ اسی طرح سب انسان حیوان ناطق ہیں مگر ان کے اعمال میں بے حد تفاوت ہے، ایک بندہ راہِ خدا میں دل کھول کر دیتا ہے اور وہ اللہ سے ڈرتے ہوئے زندگی گذارتا ہے، دوسرا بندہ ہاتھ روک لیتا ہے اور اللہ سے بے نیاز بنتا ہے، ایک بندہ کلمہ اسلام (لا إلٰه إلا الله، محمد رسول الله) کی تصدیق کرتا ہے، دوسرا تکذیب، پس دونوں کے اعمال بالبداہت مختلف ہیں، مگر قانون فطرت یہ ہے کہ جو شخص جو راستہ اختیار کرتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کے لئے وہ راستہ آسان کر دیتے ہیں، ایمان اور اعمالِ صالحہ کا راستہ فی نفسہ بھی آسان ہے: اس کو اللہ تعالیٰ اور آسان کرتے ہیں، پس مؤمن تا حیات اعمالِ صالحہ میں لگا رہتا ہے، اور کفر و عدوان اور بخل و استغناء کا راستہ سخت دشوار ہے، مگر اس کو بھی اللہ تعالیٰ کافر کے لئے آسان کرتے ہیں، چنانچہ وہ تا حیات کفر و عصیان میں مگن رہتا ہے!

تقدیر اللہ کی جانب میں مُبرم اور بندوں کی جانب میں معلق ہے

مُبرم یعنی قطعی، نا قابل تغیر، اور معلق یعنی لٹکی ہوئی، قابل تبدیلی، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱۲۶:۴) آئی ہے: نبی ﷺ ایک جنازے کے ساتھ قبرستان گئے، ابھی قبر تیار ہونے میں دیر تھی اس لئے آپؐ بیٹھ گئے، صحابہ بھی پاس بیٹھ گئے، آپؐ کے ہاتھ میں چھڑی تھی، آپؐ نے سر جھکالیا اور چھڑی سے مٹی کریدنے لگے، پھر فرمایا: ''تم میں سے کوئی نہیں مگر اس کا جنت یا جہنم کا ٹھکانہ لکھ دیا گیا ہے، اور اس کا نیک بخت یا بد بخت ہونا بھی طے کر دیا گیا ہے!'' —— یہ آپؐ نے شمولِ علم (عمومِ علم) کا مسئلہ بیان کیا، اللہ تعالیٰ ازل سے لا یزال تک کے تمام احوال قطعی طور پر جانتے ہیں، ان میں تخلف نہیں ہو سکتا، ورنہ اللہ کا علم ناقص بلکہ غلط ہو جائے گا، مثلاً: کون جنت میں جائے گا کون جہنم میں؟ اور کون نیک بخت ہوگا کون بد بخت؟ اس کو اللہ تعالیٰ ازل سے جانتے ہیں، اور نہ صرف جانتے ہیں بلکہ یہ سب باتیں لوح محفوظ میں ریکارڈ بھی کر لی گئی ہیں۔

پس ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ہم لکھے ہوئے پر بھروسہ نہ کرلیں، اور عمل کرنا چھوڑ نہ دیں؟ کیونکہ اللہ جو جانتے ہیں اور جو لکھ دیا ہے: اس کے خلاف نہیں ہو سکتا: پھر عمل کی کیا ضرورت ہے؟ —— یہ اس بندے نے تقدیر کی اللہ کی جانب سے سوال کیا ہے —— نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو نیک بختوں میں سے ہے اس کے لئے نیک کام آسان کئے جاتے ہیں، اور جو بد بختوں میں سے ہے اس کے لئے برے کام آسان کئے جاتے ہیں، پھر آپ نے مذکورہ آیات تلاوت فرمائیں۔

یعنی آپؐ نے تقدیر کی بندوں کی جانب سے جواب دیا کہ یہ دنیا دار الاسباب ہے، جو جنت میں جائے گا وہ جنت والے

اعمال کی وجہ سے جائے گا، اسی طرح جو دوزخ میں جائے گا وہ دوزخ والے اعمال کی وجہ سے جائے گا، پس جنت والے اعمال کروتا کہ جنت میں پہنچو —— اور تقدیر کی یہ جانب بندوں کے علم کے اعتبار سے قابل تبدیلی ہے، حدیث میں ہے کہ ایک بندہ جنت والے اعمال کرتا ہے، جب جنت سے ایک ہاتھ دور رہ جاتا ہے تو اس کی شقاوت ازلی غالب آتی ہے، اور وہ جہنم والے اعمال کرتا ہوا مرتا ہے، اور جہنم میں پہنچ جاتا ہے، اسی طرح برعکس معاملہ ہوتا ہے، یہ تبدیلی بندوں کے علم کے اعتبار سے ہے، اسی کا نام تقدیر معلق ہے، مگر اللہ تعالیٰ ازل سے آخری بات قطعی طور پر جانتے ہیں، پس ان کے علم کے اعتبار سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی، اور یہی تقدیر مبرم ہے!

خلاصہ: اللہ کی جانب میں تقدیر مبرم اس لئے ہے کہ وہ شمولِ علم کے مسئلہ سے جڑی ہوئی ہے، اور بندوں کی جانب میں تقدیر معلق اس لئے ہے کہ وہ عالم اسباب ومسببات کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى﴾

[۴۹۴۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: ثَنَا سَفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ فِيْ جَنَازَةٍ فَقَالَ: "مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ" فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَفَلَا نَتَّكِلُ؟ فَقَالَ: "اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى ○ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ○ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرٰى ○ وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ○ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ○ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرٰى﴾ [راجع: ۱۳۶۲]

وضاحت: بقیع الغرقد: مدینہ کا مشہور قبرستان ہے، جو مسلمانوں میں جنت البقیع کے نام سے مشہور ہے، غرقد: ایک درخت کا نام ہے، اور بقیع جگہ کا۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى﴾

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا قُعُوْدًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ.

وضاحت: فذکر الحدیثَ: یعنی پہلے جو حدیث آئی ہے اسی کے مانند اس دوسری سند سے بھی حدیث مروی ہے۔

[۴-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرٰى﴾

[۴۹۴۶-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعْدِ ابْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ فِيْ

جَنَازَةٍ، فَأَخَذَ عُوْدًا يَنْكُتُ فِي الْأَرْضِ، فَقَالَ:" مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ أَوْ مِنَ الْجَنَّةِ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَلَا نَتَّكِلُ؟ قَالَ:" اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى﴾ الآيَةَ. قَالَ شُعْبَةُ: وَحَدَّثَنِيْ بِهِ مَنْصُوْرٌ، فَلَمْ أُنْكِرْهُ مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ.[راجع: ١٣٦٢]

وضاحت: شعبہؒ نے یہ حدیث سلیمان اعمشؒ سے روایت کی ہے، پھر شعبہ نے منصور بن المعتمرؒ سے یہ حدیث سنی، وہ بھی سلیمان اعمشؒ سے روایت کرتے ہیں، شعبہ کہتے ہیں: منصور کی حدیث اعمش سے مجھے اوپری نہیں معلوم ہوئی، یعنی انھوں نے بھی بعینہٖ اسی طرح حدیث بیان کی، جس طرح میں نے اعمشؒ سے سنی ہے۔

[٥-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى﴾

[٤٩٤٧-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: ثنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ" قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَلَا نَتَّكِلُ؟ قَالَ:" لاَ، اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرٰى﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ.[راجع: ١٣٦٢]

وضاحت: إلى آخر الآيات: لکھنا چاہئے، کیونکہ یہ آیت تو یہاں پوری ہوگئی، اور یہ حدیث میں نے پہلے (تحفۃ القاری ٦:١٢٦) اورطرح سمجھائی ہے، وہ ذہن میں نہ ہو تو مراجعت کرلیں۔

[٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى﴾

[٤٩٤٨-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فِيْ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ، فَأَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَعَدَ وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ، وَمَعَهُ مِخْصَرَةٌ فَنَكَّسَ، فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِمِخْصَرَتِهِ، ثُمَّ قَالَ:"مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ- أَوْ: مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوْسَةٍ - إِلَّا قَدْ كُتِبَ مَكَانُهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، وَإِلَّا قَدْ كُتِبَتْ شَقِيَّةً أَوْ سَعِيْدَةً" فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَلَا نَتَّكِلُ عَلٰى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ؟ فَمَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَسَيَصِيْرُ إِلٰى أَهْلِ السَّعَادَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَسَيَصِيْرُ إِلٰى عَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاءِ! قَالَ:" أَمَّا أَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُوْنَ لِعَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ، وَأَمَّا أَهْلُ الشَّقَاوَةِ فَيُيَسَّرُوْنَ لِعَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاءِ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى﴾[راجع: ١٣٦٢]

لغت: مِخْصَرَةٌ: چھڑی ـــــ نَكَّسَ: سر جھکالیا ـــــ يَنْكُتُ: زمین کریدنے لگے۔

[۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرٰى﴾

[۴۹۴۹-] حدثنا آدمُ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ جَنَازَةٍ، فَأَخَذَ شَيْئًا فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِهِ الْأَرْضَ، فَقَالَ: "مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَلاَ نَتَّكِلُ عَلٰى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ؟ قَالَ: "اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ، أَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ، وَأَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ أَهْلِ الشِّقْوَةِ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى﴾ الآيَةَ. [راجع: ۱۳۶۲]

۹۳- ﴿وَالضُّحٰى﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى﴾: اسْتَوَى. وَقَالَ غَيْرُهُ: أَظْلَمَ وَسَكَنَ. [۲-] ﴿عَائِلاً فَأَغْنٰى﴾: ذَا عِيَالٍ.

سورۃ الضحیٰ کی تفسیر

۱- دوسری آیت ہے: ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى﴾: قسم ہے رات کی جب وہ قرار پکڑے —— استوی: قائم ہونا، قرار پکڑنا، ٹھہر جانا۔ یہ معنی مجاہدؒ نے کئے ہیں اور عکرمہؒ اور ابن عباسؓ نے فرمایا: تاریک ہوجائے اور ٹھہر جائے —— دونوں تفسیروں کا حاصل ایک ہے۔

۲- آیت ۸ ہے: ﴿وَوَجَدَكَ عَائِلاً فَأَغْنٰى﴾: اور اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو نادار (عیال دار) پایا پس بے نیاز بنادیا۔

سورۃ والضحیٰ کا شانِ نزول

حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۴۵۰) آئی ہے: نبی ﷺ بیماری کی وجہ سے دوایک راتیں تہجد کے لئے نہیں اٹھ سکے، تو آپؐ کی چچی عوراء (کانی) ابولہب کی بیوی آپؐ کے پاس آئی، اور کہنے لگی: محمدؐ تجھے تیرے شیطان نے چھوڑ دیا! —— نبی ﷺ تہجد میں قرآن پڑھتے تھے، وہ سنا کرتی تھی، وہ بدبخت عورت حضرت جبرئیل علیہ السلام کو شیطان کہہ رہی ہے، وہ سمجھ رہی ہے کہ نبی ﷺ جو رات میں قرآن پڑھتے ہیں تو وہ اپنے شیطان سے باتیں کرتے ہیں، جیسے عامل اپنے موکل سے باتیں کرتا ہے —— اس پر سورۃ والضحیٰ نازل ہوئی، اس کی تیسری آیت ہے: ﴿مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى﴾: نہ تو آپؐ کو

آپؐ کے پروردگار نے چھوڑا، اور نہ وہ ناراض ہوا ـــــ قَلَى فلانا: کسی سے متنفر ہو کر ترکِ تعلق کر لینا۔

[١-] بَابٌ: ﴿مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى﴾

[٤٩٥٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبَ بْنَ سُفْيَانَ، قَالَ: اشْتَكَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا، فَجَاءَ تِ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ: يَا مُحَمَّدُ، إِنِّى لَأَرْجُوْ أَنْ يَكُوْنَ شَيْطَانُكَ قَدْ تَرَكَكَ، لَمْ أَرَهُ قَرِبَكَ مُنْذُ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلاَثٍ! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَالضُّحٰى ۝ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى﴾ [راجع: ١١٢٤]

لغت: قَرِبَ (س) الشيئَ: نزدیک ہونا ـــــ قَرُبَ (ک) نہیں ہے، کیونکہ وہ لازم ہے اور قَرِبَكَ میں کاف مفعول ہے۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى﴾

يُقْرَأُ بِالتَّشْدِيْدِ وَالتَّخْفِيْفِ بِمَعْنًى وَاحِدٍ: مَا تَرَكَكَ رَبُّكَ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَا تَرَكَكَ وَمَا أَبْغَضَكَ.

[٤٩٥١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: ثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا الْبَجَلِيَّ: قَالَتِ امْرَأَةٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا أُرَى صَاحِبَكَ إِلاَّ أَبْطَأَكَ. فَنَزَلَتْ: ﴿مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى﴾ [راجع: ١١٢٤]

قراءت: قَلٰی اور قَلّٰی دونوں طرح پڑھا گیا ہے، اور معنی دونوں کے ایک ہیں یعنی آپؐ کو آپؐ کے رب نے نہیں چھوڑا ـــــ یہ تو وَدَّعَكَ کے معنی ہیں ـــــ چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول لائے: نہیں چھوڑا آپؐ کو، نہ آپؐ سے سخت ناراض ہوا۔

٩٤- سُورَةُ ﴿أَلَمْ نَشْرَحْ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وِزْرَكَ﴾: فِى الْجَاهِلِيَّةِ. ﴿أَنْقَضَ﴾: أَثْقَلَ. [٢-] ﴿مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا﴾: قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: أَىْ: مَعَ ذٰلِكَ الْعُسْرِ يُسْرًا آخَرَ، كَقَوْلِهِ: ﴿هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَا إِلاَّ إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ﴾: وَلَنْ يَغْلِبَ عُسْرٌ يُسْرَيْنِ. [٣-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿فَانْصَبْ﴾: فِى حَاجَتِكَ إِلٰى رَبِّكَ. [٤-] وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ﴾: شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهُ لِلإِسْلاَمِ.

سورۃ ألم نشرح کی تفسیر

۱-شروع کی تین آیتیں ہیں: ﴿أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِىْ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ﴾: کیا ہم نے آپؐ کے فائدے کے لئے یعنی نبوت کے لئے آپؐ کا سینہ کھول نہیں دیا؟ اور ہم نے آپؐ سے آپؐ کا وہ بوجھ اتار دیا ۝ جس نے آپؐ کی کمر توڑ رکھی تھی؟! یعنی بعثت سے پہلے جن روحانی کلفتوں سے آپؐ دوچار تھے وہ سب ختم ہوگئیں۔

سورۃ الضحیٰ میں ہے: ﴿وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدىٰ﴾: اور اللہ نے آپ کو دین سے بے خبر پایا پس باخبر کیا، یہ دین سے بے خبری بڑی کلفت تھی، جس نے کمر توڑ رکھی تھی، پس اللہ تعالیٰ نے نبوت سے سرفراز فرمایا، اور دین سے آگاہ کیا پس سب روحانی بوجھ اتر گیا —— یہ تفسیر مجاہدؒ نے کی ہے، **فی الجاهلية**: وِزر کی صفت ہے **أی کائن فی الجاهلية، وضعنا** سے متعلق نہیں ہے، اور جاہلیت سے مراد قبل بعثت ہے۔

۲-آیات ۵و۶ ہیں: ﴿فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا﴾: پس بے شک مشکل کے ساتھ آسانی ہے، بے شک مشکل کے ساتھ آسانی ہے یعنی ایک مشکل کے ساتھ دو آسانیاں ہیں —— ابن عیینہؒ نے یہ مطلب بیان کیا ہے، قاعدہ ہے معرفہ کی معرفہ کے ساتھ تکرار عینِ اول ہوتی ہے اور نکرہ کی نکرہ کے ساتھ غیر اول ہوتی ہے، **العسر**: معرفہ: مکرر آیا ہے، اور یُسر: نکرہ: مکرر آیا ہے، پس حسب ضابطہ ایک دشواری کے ساتھ دو آسانیاں ہونگی، سورۃ التوبہ آیت ۵۲ میں بھی یہ مضمون ہے: ﴿قُلْ: هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَا إِلَّا إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ﴾: (آپؐ منافقوں سے) کہہ دیں: بالتحقیق تم ہمارے حق میں دو بہتریوں میں سے ایک بہتری کے منتظر ہو —— یہی دو بہتریاں دو آسانیاں ہیں —— اور حدیث میں ہے کہ ہرگز ایک دشواری دو آسانیوں پر غالب نہیں آسکتی —— یہ بات غالبًا انہی آیات سے مستفاد ہے —— اور دوسری آیت کو تاکید بھی بنا سکتے ہیں، اب مطلب ہوگا: بے شک موجودہ مشکلات کے بعد آسانی آنے والی ہے، اور تاکید مزید کے لئے پھر کہتے ہیں: ضرور موجودہ سختی کے بعد آسانی آکر رہے گی، چنانچہ حالات بدلے اور آخر میں آسانیاں ہی آسانیاں ہوگئیں۔

۳-آیت ۷ ہے: ﴿فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ﴾: پس جب آپؐ (کارِ تبلیغ سے) فارغ ہوجائیں تو (عبادت میں) محنت کریں —— اپنی حاجت میں اپنے رب کی طرف یعنی عبادت و دعا میں خوب محنت کریں۔

۴-پہلی آیت کا مطلب نمبر ایک میں آگیا، اللہ نے اسلام کے لئے آپؐ کا سینہ کھول دیا، اسی کو میں نے نبوت سے تعبیر کیا ہے۔

۹۵- ﴿وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: هُوَ التِّيْنُ وَالزَّيْتُوْنُ الَّذِىْ يَأْكُلُ النَّاسُ. [۲-] يُقَالُ: ﴿فَمَا يُكَذِّبُكَ﴾: فَمَا

الَّذِیْ یُکَذِّبُکَ بِأَنَّ النَّاسَ یُدَانُوْنَ بِأَعْمَالِهِمْ؟ کَأَنَّـهُ قَالَ: وَمَنْ یَقْدِرُ عَلٰی تَکْذِیْبِكَ بِالثَّوَابِ وَالْعِقَابِ؟

[۴۹۵۲-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَدِیٌّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ: أَنَّ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم کَانَ فِیْ سَفَرٍ، فَقَرَأَ فِی الْعِشَاءِ فِی إِحْدَی الرَّکْعَتَیْنِ بِالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ.

[راجع: ۷۶۷]

سورۃ التین کی تفسیر

۱- پہلی آیت ہے: ''انجیر اور زیتون کی قسم!'' —— مجاہدؒ نے فرمایا: وہ انجیر اور زیتون مراد ہیں جو لوگ کھاتے ہیں —— اور بعض نے کہا: یہ دو پہاڑوں کی طرف اشارہ ہے جہاں یہ درخت بکثرت پائے جاتے ہیں۔

۲- آیت ۷ ہے: ﴿فَمَا یُکَذِّبُکَ بَعْدُ بِالدِّیْنِ﴾: پس کیا چیز آپؐ کو جھٹلائے گی بعد ازیں جزاؤ سزا کے سلسلہ میں؟ یعنی دلائل قاہرہ اور شواہد باہرہ کے بعد کیا جواز ہے کہ کوئی جزا کے معاملہ میں آپؐ کی تکذیب کرے؟ —— ترجمہ: پس کیا چیز ہے جو آپ کو جھٹلائے گی، اس بات میں کہ لوگ اعمال کا بدلہ دیئے جائیں گے؟ گویا فرمایا: کوئی قادر ہے جزاؤ سزا کے سلسلہ میں آپ کی تکذیب کرنے پر؟

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۸۷) آئی ہے: نبی ﷺ نے سفر میں عشاء کی کسی رکعت میں سورۃ والتین تلاوت فرمائی —— سفر میں جلدی ہوتی ہے، مگر اب ائمہ حضر میں بھی عشاء میں عام طور پر یہ سورت پڑھ کر نماز نمٹا دیتے ہیں!

۹۶- سورۃُ ﴿اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

[۱-] وَقَالَ قُتَیْبَةُ: ثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ یَحْیَی بْنِ عَتِیْقٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: اکْتُبْ فِی الْمُصْحَفِ فِی أَوَّلِ الإِمَامِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، وَاجْعَلْ بَیْنَ السُّوْرَتَیْنِ خَطًّا. [۲-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿نَادِیَهُ﴾ عَشِیْرَتَهُ. ﴿الزَّبَانِیَةَ﴾: الْمَلاَئِکَةَ. [۳-] وَقَالَ مَعْمَرٌ: ﴿الرُّجْعٰی﴾: الْمَرْجِعُ. [۴-] ﴿لَنَسْفَعًا﴾: قَالَ: لَنَأْخُذَنْ، وَلَنَسْفَعَنْ بِالنُّوْنِ وَهِیَ الْخَفِیْفَةُ، سَفَعْتُ بِیَدِهِ: أَخَذْتُ.

سورۃ العلق کی تفسیر

۱- حسن بصری رحمہ اللہ کا مذہب ہے کہ صرف قرآن کے شروع میں بسملہ لکھی جائے، پھر سورتوں کے درمیان لکیر کھینچ کر فصل کیا جائے۔

سوال: یہ بات امام بخاری رحمہ اللہ نے یہاں کیوں بیان کی ہے؟ **جواب:** اس سورت کی پہلی آیت ہے: ''پڑھ اپنے

رب کے نام کی مدد لے کر جس نے تجھ کو پیدا کیا'' اس پر عمل کے لئے قرآن کے شروع میں بسملہ لکھنا کافی ہے، ہر سورت کے شروع میں لکھنا ضروری نہیں ـــــ جیسے ایک مرتبہ درود وسلام بھیجنے سے آیت تصلیہ پر عمل ہوجاتا ہے ـــــ قراء میں سے حمزہ کا یہی مذہب ہے، باقی امت متفق ہے کہ ہر سورت کے شروع میں بسملہ لکھی جائے، صحابہ سے یہی مروی ہے، البتہ اس میں فقہاء کا اختلاف ہے کہ بسملہ سورت کا جزء ہے یا نہیں؟ حنیفہ کے نزدیک بسملہ کسی سورت کا جزء نہیں، وہ قرآن کی مستقل آیت ہے جو فصل کرنے کے لئے نازل کی گئی ہے ـــــ إمام اور مُصْحف: قرآن۔

۲- آیات ۱۷ و ۱۸ ہیں: ﴿فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ، سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ﴾: پس چاہئے کہ بلالے وہ اپنی مجلس والوں کو، ہم عنقریب دوزخ کے فرشتوں کو بلائیں گے ـــــ عشیرۃ: قبیلہ، جتھہ۔

۳- آیت ۸ ہے: ﴿إِنَّ إِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى﴾: بے شک تیرے پروردگار کی طرف لوٹنا ہے ـــــ رُجْعٰی: مصدر: لوٹنا، مَرْجِعْ: مصدر میمی: لوٹنا ـــــ معمر: ابوعبیدۃ کا نام ہے۔

۴- آیت ۱۵ ہے: ﴿كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ﴾: ہر گز نہیں! بخدا! اگر باز نہ آیا تو ہم ضرور اس کو پٹھے پکڑ کر گھسیٹیں گے! ـــــ سَفَعَ (ن) بناصیته: پیشانی کو پکڑ کر زور سے کھینچنا ـــــ لَنَسْفَعَنْ: لام تاکید بانون تاکید خفیفہ، قرآنی رسم الخط میں اس کو الف اور تنوین کے ساتھ لکھا گیا ہے۔

سورۃ العلق کی ابتدائی پانچ آیتیں سب سے پہلے نازل ہوئیں

حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۱۳۷) مع شرح آچکی ہے۔

[۱-] بَابٌ

[۴۹۵۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ ابْنُ مَرْوَانَ الْبَغْدَادِيُّ، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ أَبِىْ رِزْمَةَ، قَالَ: أَنَا أَبُوْ صَالِحٍ سَلْمُوْيَةَ قَالَ: حَدَّثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ ابْنُ شِهَابٍ، أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: كَانَ أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ فِى النَّوْمِ، فَكَانَ لاَ يَرَى رُؤْيَا إِلَّا جَاءَ تْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ، ثُمَّ حُبِّبَ إِلَيْهِ الْخَلاَءُ، فَكَانَ يَلْحَقُ بِغَارِ حِرَاءٍ فَيَتَحَنَّثُ فِيْهِ - وَالتَّحَنُّثُ التَّعَبُّدُ- اللَّيَالِىَ ذَوَاتِ الْعَدَدِ قَبْلَ أَنْ يَرْجِعَ إِلٰى أَهْلِهِ، وَيَتَزَوَّدُ لِذٰلِكَ، ثُمَّ يَرْجِعُ إِلٰى خَدِيْجَةَ فَيَتَزَوَّدُ بِمِثْلِهَا، حَتّٰى فَجِئَهُ الْحَقُّ، وَهُوَ فِى غَارِ حِرَاءٍ، فَجَاءَ هُ الْمَلَكُ فَقَالَ: اقْرَأْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَا أَنَا بِقَارِئٍ" قَالَ: "فَأَخَذَنِىْ فَغَطَّنِىْ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّى الْجُهْدُ ثُمَّ أَرْسَلَنِىْ، فَقَالَ: اقْرَأْ، قُلْتُ: " مَا أَنَا بِقَارِئٍ" قَالَ: " فَأَخَذَنِىْ فَغَطَّنِى الثَّانِيَةَ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّىْ

الْجُهْدَ، ثُمَّ أَرْسَلَنِيْ. فَقَالَ: اقْرَأْ. فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِقَارِئٍ. فَأَخَذَنِيْ فَغَطَّنِيْ الثَّالِثَةَ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّىْ الْجُهْدُ ثُمَّ أَرْسَلَنِيْ، فَقَالَ: ﴿اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ ○ خَلَقَ الإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ○اقْرَأْ وَرَبُّكَ﴾ الآيَاتِ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَلَّمَ الإِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ﴾

وضاحت: پہلی وحی جس کے مخاطب امّی تھے اس کا پہلا لفظ اقْرَأْ: ہے، اس سے تعلیم کی اہمیت واضح ہوتی ہے —— اور پہلا اقْرَأْ ناخواندہ کا اقرأ ہے اور دوسرا اقرأ خواندہ کا اقرأ ہے، اس کی تفصیل علمی خطبات (۲:۲۰۳) میں ہے۔

فَرَجَعَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَرْجُفُ بَوَادِرُهُ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى خَدِيْجَةَ، فَقَالَ: "زَمِّلُوْنِىْ زَمِّلُوْنِىْ" فَزَمَّلُوْهُ حَتّٰى ذَهَبَ عَنْهُ الرَّوْعُ، قَالَ لِخَدِيْجَةَ: "أَىْ خَدِيْجَةُ مَا لِىْ خَشِيْتُ عَلٰى نَفْسِىْ؟" فَأَخْبَرَهَا الْخَبَرَ، فَقَالَتْ خَدِيْجَةُ: كَلَّا أَبْشِرْ، فَوَ اللّٰهِ لاَ يُخْزِيْكَ اللّٰهُ أَبَدًا، فَوَ اللّٰهِ إِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ، وَتَصْدُقُ الْحَدِيْثَ، وَتَحْمِلُ الْكَلَّ، وَتَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ، وَتَقْرِىْ الضَّيْفَ، وَتُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ. فَانْطَلَقَتْ بِهِ خَدِيْجَةُ حَتّٰى أَتَتْ بِهِ وَرَقَةَ بْنَ نَوْفَلٍ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ خَدِيْجَةَ أَخِىْ أَبِيْهَا، وَكَانَ امْرَأً تَنَصَّرَ فِى الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ يَكْتُبُ الْكِتَابَ الْعَرَبِىَّ، وَيَكْتُبُ مِنَ الإِنْجِيْلِ بِالْعَرَبِيَّةِ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَكْتُبَ، وَكَانَ شَيْخًا كَبِيْرًا قَدْ عَمِىَ، قَالَتْ خَدِيْجَةُ: يَا ابْنَ عَمِّ اسْمَعْ مِنِ ابْنِ أَخِيْكَ. قَالَ وَرَقَةُ: يَا ابْنَ أَخِىْ مَاذَا تَرٰى؟ فَأَخْبَرَهُ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم خَبَرَ مَا رَأٰى، فَقَالَ وَرَقَةُ: هٰذَا النَّامُوْسُ الَّذِىْ أُنْزِلَ عَلٰى مُوْسٰى، لَيْتَنِىْ فِيْهَا جَذَعٌ! لَيْتَنِىْ أَكُوْنُ حَيًّا! ذَكَرَ حَرْفًا. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَوَمُخْرِجِىَّ هُمْ؟" قَالَ وَرَقَةُ: نَعَمْ، لَمْ يَأْتِ رَجُلٌ بِمَا جِئْتَ بِهِ إِلَّا أُوْذِىَ، وَإِنْ يُدْرِكْنِىْ يَوْمُكَ حَيًّا أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا، ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ أَنْ تُوُفِّىَ، وَفَتَرَ الْوَحْىُ فَتْرَةً حَتّٰى حَزِنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳]

وضاحت: ذكر حرفاً: یہ حرف پہلے (حدیث ۳) آیا ہے: إِذْ يُخْرِجُكَ قَوْمُكَ: جب آپ کو آپ کی قوم مکہ سے نکالے گی۔

[۴۹۵۴-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِىْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِىَّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْىِ، قَالَ فِى حَدِيْثِهِ: "بَيْنَا أَنَا أَمْشِىْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ فَرَفَعْتُ رَأْسِىْ، فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِىْ جَاءَ نِىْ بِحِرَاءٍ جَالِسٌ عَلٰى كُرْسِىٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ، فَفَرِقْتُ مِنْهُ فَرَجَعْتُ، فَقُلْتُ: زَمِّلُوْنِىْ زَمِّلُوْنِىْ" فَدَثَّرُوْهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ○ قُمْ فَأَنْذِرْ ○ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ○ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ○ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ﴾ — قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: وَهِىَ الأَوْثَانُ الَّتِىْ كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَعْبُدُوْنَ — قَالَ: ثُمَّ تَتَابَعَ الْوَحْىُ. [راجع: ۴]

وضاحت: یہ روایت گذشتہ روایت کی تحویل سے پہلے جو سند آئی ہے اس سند سے کتاب کے شروع میں مروی ہے
—— ھی الأوثان: ضمیر مؤنث کا مرجع الرُّجْز ہے اور تانیث خبر (الأوثان) کی وجہ سے ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿خَلَقَ الإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ﴾

[٤٩٥٥-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ، فَجَاءَهُ الْمَلَكُ فَقَالَ: ﴿اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ ○ خَلَقَ الإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ○ اقْرَأْ وَرَبُّكَ الأَكْرَمُ﴾ [راجع: ٣]

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿اقْرَأْ وَرَبُّكَ الأَكْرَمُ﴾

[٤٩٥٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِىْ عُقَيْلٌ قَالَ: حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ، جَاءَهُ الْمَلَكُ فَقَالَ: ﴿اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ ○ خَلَقَ الإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ○ اقْرَأْ وَرَبُّكَ الأَكْرَمُ﴾ [راجع: ٣]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿الَّذِىْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ﴾

[٤٩٥٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَرَجَعَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى خَدِيْجَةَ، فَقَالَ: "زَمِّلُوْنِىْ زَمِّلُوْنِىْ" فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. [راجع: ٣]

نبی ﷺ نماز پڑھتے تو ابوجہل روکنے کی کوشش کرتا

آیات ۱۵-۱۹ ہیں: ''ہرگز نہیں، اگر وہ (ابوجہل) باز نہ آیا تو ہم اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے وہ پیشانی جو جھوٹی گنہگار ہے، پس وہ چاہے تو اپنی مجلس والوں کو بلالے، ہم دوزخ کے فرشتوں کو بلا لیتے ہیں، ہرگز نہیں، آپ اس کی باتوں میں نہ آئیں، اور سجدہ کریں (نماز پڑھیں) اور قربت حاصل کریں''

شانِ نزول: ان آیات کا شانِ نزول یہ ہے کہ نبی ﷺ نماز پڑھتے تو ابوجہل روکنے کی کوشش کرتا، ایک دن بد بخت نے یہاں تک کہہ ڈالا کہ اگر تو نے سجدہ کیا تو میں تیری گردن پر پاؤں رکھ دونگا، آپؐ نے اس کو جھڑک دیا تو بولا: میری بڑی پارٹی ہے، میں اپنے لوگوں کو بلالوں گا، اللہ نے فرمایا: بلا کے دیکھ ہم سخت گیر فرشتوں کو بلالیں گے! —— حدیث میں ہے: ایک مرتبہ وہ روکنے کے لئے آگے بڑھا، پھر اچانک پیچھے ہٹ گیا، لوگوں نے وجہ پوچھی تو کہا: مجھے اپنے اور محمدؐ کے درمیان

ایک آگ سے بھری ہوئی خندق نظر آئی، جس میں پَر والی کوئی مخلوق تھی، اس لئے میں آگے نہ بڑھ سکا، نبی ﷺ نے فرمایا: اگر وہ آگے بڑھتا تو فرشتے اس کے پرخچے اڑا دیتے —— پھر آخر میں پیار بھرے انداز میں حکم دیا ہے کہ آپؐ بے خوف ہو کر نماز پڑھیں اور ہماری نزدیکی حاصل کریں!

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۝ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ﴾

[٤٩٥٨-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَ أَبُوْ جَهْلٍ: لَئِنْ رَأَيْتُ مُحَمَّدًا يُصَلِّىْ عِنْدَ الْكَعْبَةِ لَأَطَأَنَّ عَلٰى عُنُقِهِ. فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "لَوْ فَعَلَهُ لَأَخَذَتْهُ الْمَلَائِكَةُ" تَابَعَهُ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ.

ترجمہ: ابوجہل نے کہا: بخدا! اگر میں نے محمد کو (کعبہ کے پاس) نماز پڑھتے دیکھا تو میں ضرور اس کی گردن پر پیر رکھ کر روندونگا، پس نبی ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی آپؐ نے فرمایا: اگر وہ ایسا کرتا تو ضرور اس کو فرشتے پکڑ لیتے!"

٩٧- ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[١-] يُقَالُ: الْمَطْلَعُ: هُوَ الطُّلُوْعُ، وَالْمَطْلِعُ: هُوَ الْمَوْضِعُ الَّذِىْ يُطْلَعُ مِنْهُ. [٢-] ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ﴾: الْهَاءُ كِنَايَةٌ عَنِ الْقُرْآنِ، أَنْزَلْنَاهُ: مَخْرَجَ الْجَمْعِ، وَالْمُنْزِلُ هُوَ اللّٰهُ، وَالْعَرَبُ تُؤَكِّدُ فِعْلَ الْوَاحِدِ، فَتَجْعَلُهُ بِلَفْظِ الْجَمْعِ، لِيَكُوْنَ أَثْبَتَ وَأَوْكَدَ.

سورۃ القدر کی تفسیر

۱- آخری آیت ہے: ﴿هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ﴾: وہ رات صبح طلوع ہوتے تک ہے —— مَطْلَع (لام کا زبر) مصدر میمی، یہ جمہور کی قراءت ہے، اور مَطْلِع (لام کا زیر) ظرف مکان، سورج کے طلوع ہونے کی جگہ، یہ کسائی کی قراء ت ہے۔

۲- پہلی آیت ہے: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ﴾: بے شک ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں اتارا —— ضمیر کا مرجع قرآن ہے، اور قرآن کا تصور قاریٔ قرآن کے ذہن میں ہر وقت رہتا ہے، اس لئے مرجع کا ذکر ضروری نہیں —— اور أنزلناہ: میں جمع متکلم تعظیماً ہے اور حضرتؒ فرماتے ہیں: عرب تاکید کے لئے مفرد کی جگہ جمع لاتے ہیں تاکہ بات پکی ہو جائے —— مگر شارحین نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ یہ کوئی ضابطہ نہیں مخرج الجمع: أی خرج مخرج الجميع۔

۹۸- سُوْرَةُ ﴿لَمْ يَكُنْ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-]﴿مُنفَكِّيْنَ﴾: زَائِلِيْنَ. [۲-] ﴿قَيِّمَةٌ﴾: اَلْقَائِمَةُ. [۳-] ﴿دِيْنُ الْقَيِّمَةِ﴾ أَضَافَ الدِّيْنَ إِلَى الْمُؤَنَّثِ.

سورۃ البینہ کی تفسیر

۱- پہلی آیت ہے: ﴿لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنفَكِّيْنَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ﴾: جن لوگوں نے اہل کتاب اور مشرکین میں سے (آپؐ کی نبوت کا) انکار کیا وہ جدا ہونے والے نہیں (اپنے طریقہ سے) یہاں تک کہ ان کے پاس واضح دلیل آئے ـــــ مُنْفَكٌّ: اسم فاعل: اِنْفِكَاك: مصدر: جدا ہونے والے، باز آنے والے یہ لم يكن کی خبر ہے زائلین: جدا ہونے والے، اپنے طریقہ سے ہٹنے والے۔

۲- آیت ۳ ہے: ﴿فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ﴾: اُن (صحیفوں) میں درست مضامین ہوں ـــــ القائمة: درست۔

۳- آیت ۵ ہے: ﴿وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ﴾: اور یہی سیدھی ملت ہے ـــــ تقدیر عبارت: دينُ الملةِ القيمة ہے، القيمة کو موصوف کے قائم مقام کیا ہے، اور القيمة لفظاً مؤنث ہے، اس میں تاء وصفی ہے جیسے علامة میں، پس دین کی مؤنث لفظی کی طرف اضافت کی گئی ہے۔

حضرت ابی رضی اللہ عنہ کو سورۃ البینہ سنانے کا حکم

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ آپ کو سورۃ البینہ سناؤں، حضرت ابیؓ نے دریافت کیا کہ کیا مجھے نامزد کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! پس حضرت ابیؓ (خوشی سے) رو پڑے، اور آخری روایت میں ہے کہ میں آپ کو قرآن پڑھاؤں یعنی سورۃ البینہ کی تخصیص نہیں کی، اور قرآن سنانے کے بجائے پڑھانا ہے۔

اسی پڑھانے کے نتیجہ میں حضرت ابیؓ أَقْرَأُ لكتاب الله ہیں، اور ان کو پڑھانے کا حکم اس لئے دیا تھا کہ ان میں صلاحیت وافر تھی، پس استاذ کو چاہئے کہ باصلاحیت طلبہ پر خاص نظر رکھے۔

[۴۹۵۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: " إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ: ﴿لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾" قَالَ: وَسَمَّانِيْ؟ قَالَ: " نَعَمْ" فَبَكَى. [راجع: ۳۸۰۹]

[۴۹۶۰-] حدثنا حَسَّانُ بْنُ حَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأُبَيٍّ: "إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ" قَالَ أُبَيٌّ: آللّٰهُ سَمَّانِيْ لَكَ؟ قَالَ: "اَللّٰهُ

سَمَّاكَ" فَجَعَلَ أُبَيٌّ يَبْكِيْ، قَالَ قَتَادَةُ: فَأُنْبِئْتُ أَنَّهُ قَرَأَ عَلَيْهِ: ﴿لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ﴾ [راجع: ۳۸۰۹]

[۴۹۶۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ دَاوُدَ أَبُوْ جَعْفَرٍ الْمُنَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ:" إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أُقْرِئَكَ الْقُرْآنَ" قَالَ: آللّٰهُ سَمَّانِيْ لَكَ؟ قَالَ:" نَعَمْ" قَالَ: وَقَدْ ذُكِرْتُ عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ؟ قَالَ:" نَعَمْ" فَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ. [راجع: ۳۸۰۹]

وضاحت: سورۃ البینہ پڑھنے/ پڑھانے کی تخصیص نہیں تھی، دوسری روایت میں یہ جزء مرسل ہے، قتادہؒ کہتے ہیں: میں خبر دیا گیا کہ آپؐ نے ان کو سورۃ البینہ سنائی، پس یہ سورت سنانا محض اتفاق تھا —— اور تیسری روایت میں امام بخاریؒ کے استاذ کے نام میں بحث ہے، حاشیہ دیکھ لیں۔

سورۃ الزلزال کی تفسیر

آیت ۵ ہے: ﴿بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحىٰ لَهَا﴾: بایں وجہ کہ تیرے رب نے اس (زمین) کی طرف حکم بھیجا ہے —— أوحی کا صلہ لام آیا ہے یہ إلی کے معنی میں ہے، أَوْحیٰ/ وَحَی إلیها ولها کے ایک معنی ہیں۔

سورت کی آخری دو آیتیں جامع منفرد ہیں

سورت کی آخری دو آیتیں ہیں: "جو شخص ذرہ بھر نیک عمل کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا، اور جو شخص ذرہ بھر برا عمل کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا" —— باب کی حدیث میں ان آیتوں کو جامع منفرد کہا ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۴۰۸) آئی ہے۔

۹۹- ﴿إِذَا زُلْزِلَتِ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُقَالُ: أَوْحَى لَهَا وَأَوْحَى إِلَيْهَا، وَوَحَى لَهَا وَوَحَى إِلَيْهَا وَاحِدٌ.

[۱-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿مَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ﴾

[۴۹۶۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الْخَيْلُ لِثَلاَثَةٍ: لِرَجُلٍ أَجْرٌ، وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ، وَعَلٰى رَجُلٍ وِزْرٌ، فَأَمَّا الَّذِيْ لَهُ أَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَأَطَالَ فِيْ مَرْجٍ أَوْ

رَوْضَةٍ، فَمَا أَصَابَتْ فِيْ طِيَلِهَا ذٰلِكَ فِي الْمَرْجِ وَالرَّوْضَةِ، كَانَ لَهُ حَسَنَاتٍ، وَلَوْ أَنَّهَا قَطَعَتْ طِيَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ كَانَتْ آثَارُهَا وَأَرْوَاثُهَا حَسَنَاتٍ لَهُ، وَلَوْ أَنَّهَا مَرَّتْ بِنَهَرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ وَلَمْ يُرِدْ أَنْ يَسْقِيَ بِهِ كَانَ ذٰلِكَ حَسَنَاتٍ لَهُ وَهِيَ لِذٰلِكَ الرَّجُلِ أَجْرٌ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَغَنِّيًا وَتَعَفُّفًا ثُمَّ لَمْ يَنْسَ حَقَّ اللّٰهِ فِيْ رِقَابِهَا وَلاَ ظُهُوْرِهَا فَهُوَ لَهُ سِتْرٌ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا فَخْرًا وَرِئَاءً وَنِوَاءً فَهِيَ عَلٰى ذٰلِكَ وِزْرٌ. وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْحُمُرِ. قَالَ:" مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ فِيْهَا إِلَّا هٰذِهِ الآيَةَ الْفَاذَّةَ الْجَامِعَةَ: ﴿مَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ۝ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ﴾[راجع: ۲۳۷۱]

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ﴾

[۴۹۶۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْحُمُرِ، قَالَ: "لَمْ يُنْزَلْ عَلَيَّ فِيْهَا شَيْئٌ إِلَّا هٰذِهِ الآيَةُ الْجَامِعَةُ الْفَاذَّةُ: ﴿مَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ۝ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ﴾"[راجع: ۲۳۷۱]

۱۰۰- ﴿وَالْعَادِيَاتِ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْكَنُوْدُ: الْكَفُوْرُ. [۲-] يُقَالُ: ﴿فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا﴾: رَفَعْنَ بِهِ غُبَارًا. [۳-] ﴿لِحُبِّ الْخَيْرِ﴾: مِنْ أَجْلِ حُبِّ الْخَيْرِ ﴿لَشَدِيْدٌ﴾: لَبَخِيْلٌ، وَيُقَالُ لِلْبَخِيْلِ: شَدِيْدٌ. [۴-] ﴿حُصِّلَ﴾: مُيِّزَ.

سورۃ العادیات کی تفسیر

۱- آیت ۶ ہے: ﴿إِنَّ الإِنْسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُوْدٌ﴾: بے شک انسان اپنے رب کا ناشکرا ہے ــــ الكفور: ناشکرا۔

۲- آیت ۴ ہے: ﴿فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا﴾: پس اڑایا انھوں نے اس (دوڑنے) کے ذریعہ گرد کو یعنی گھوڑے بہت تیز دوڑتے ہیں۔

۳- آیت ۸ ہے: ﴿وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ﴾: اور بے شک انسان مال کی محبت میں بہت بخیل ہے ــــ لام اجلیہ ہے اور شدید کے معنی بخیل کے ہیں، عرب بخیل کو شدید کہتے ہیں۔

۴- آیت ۱۰ ہے: ﴿وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ﴾: اور آشکارہ ہوجائے گا جو کچھ دلوں میں ہے ــــ مُيِّزَ: جدا کر دیا۔

۱۰۱- بَابُ سُوْرَةِ الْقَارِعَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] ﴿كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ﴾: كَغَوْغَاءِ الْجَرَادِ، يَرْكَبُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، كَذٰلِكَ النَّاسُ يَجُوْلُ بَعْضُهُمْ فِي بَعْضٍ. [۲-] ﴿كَالْعِهْنِ﴾: كَأَلْوَانِ الْعِهْنِ، وَقَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: كَالصُّوْفِ.

سورۃ القارعہ کی تفسیر

۱- آیت ۴ ہے: ﴿يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ﴾: جس دن ہوجائیں گے لوگ پریشان پروانوں کی طرح ـــــ اڑنے کی طرف مائل ٹڈیوں کی طرح، جو ایک دوسرے پر چڑھی جاتی ہیں، یہی حال (قیامت کے دن) لوگوں کا ہوجائے گا، وہ گڈمڈ ہوجائیں گے۔

۲- آیت ۵ ہے: ﴿وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ﴾: اور پہاڑ ہوجائیں گے دھنکی ہوئی رنگین اون کی طرح ـــــ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قراءت میں کالصوف المنفوش ہے یعنی دھنکی ہوئی اون کی طرح، رنگین نہیں۔

۱۰۲- ﴿أَلْهَاكُمُ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿التَّكَاثُرُ﴾: مِنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ.

سورۃ التکاثر کی تفسیر

پہلی آیت ہے: ﴿أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ﴾: (آخرت کی تیاری کرنے سے) غافل کیا تم کو (مال واولاد پر) فخر کرنے نے یعنی کمپیٹیشن (مقابلہ بازی) نے۔

۱۰۳- ﴿وَالْعَصْرِ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُقَالُ: الدَّهْرُ، أَقْسَمَ بِهِ.

سورۃ العصر کی تفسیر

پہلی آیت ہے: ﴿وَالْعَصْرِ﴾: قسم ہے زمانہ کی! ـــــ عصر کے معنی ہیں: زمانہ، اس کی قسم کھائی ہے۔

١٠٤- ﴿وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿الْحُطَمَةُ﴾: اسْمُ النَّارِ، مِثْلُ سَقَرَ وَلَظَى.

سورۃ الھمزہ کی تفسیر

آیت ۴ ہے: ﴿كَلَّا، لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ﴾: ہرگز نہیں، بخدا! وہ ضرور دوزخ میں ڈالا جائے گا ــــ حطمة: سقر اور لظی کی طرح جہنم کا نام ہے۔

١٠٥- سُوْرَةُ ﴿أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[١-] قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿أَبَابِيْلَ﴾: مُتَتَابِعَةً مُجْتَمِعَةً. [٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿سِجِّيْلٍ﴾: مِنْ سَنْكِ وَكِلْ.

سورۃ الفیل کی تفسیر

١- آیت ٣ ہے: ﴿وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيْلَ﴾: اور ان پر غول کے غول پرندے بھیجے ــــ متتابعة: پے بہ پے، مجتمعة: اکٹھا ــــ أبابيل: کثرت بتانے کے لئے ہے ــــ یہ کونسے پرندے تھے؟ معلوم نہیں!

٢- آیت ۴ ہے: ﴿تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِنْ سِجِّيْلٍ﴾: مارتے تھے وہ پرندے ان کو کھن گر کے پتھر ــــ ابن عباسؓ نے فرمایا: سجیل: سنگِ گِل کی عربی ہے، مٹی کے پتھر، کھن گر: جلی ہوئی اینٹیں۔

١٠٦- ﴿لِإِيْلٰفِ قُرَيْشٍ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[١-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿لِإِيْلٰفِ﴾: أَلِفُوْا ذٰلِكَ، فَلَا يَشُقُّ عَلَيْهِمْ فِي الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ. [٢-] ﴿وَآمَنَهُمْ﴾: مِنْ كُلِّ عَدُوِّهِمْ فِيْ حَرَمِهِمْ، قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: لِنِعْمَتِيْ عَلٰى قُرَيْشٍ.

سورۃ قریش کی تفسیر

١- پہلی آیت ہے: ﴿لِإِيْلٰفِ قُرَيْشٍ﴾: قریش کے خوگر ہوجانے کی وجہ سے، إيلاف (افعال) مصدر ہے، آلَفَ الشيئَ: مانوس ہونا یعنی قریش سردی اور گرمی میں تجارتی اسفار کے خوگر تھے، اس وجہ سے سفر ان کے لئے دشوار نہیں تھا۔

۲- آیت ۴ ہے: ﴿وَ آمَنَھُمْ مِنْ خَوْفٍ﴾: اوران کوخوف سے بےخوف کردیا —— حرم شریف میں ہونے کی وجہ سے ہر دشمن سے مامون ہیں اور ابن عیینہؒ نے فرمایا: میں نے قریش پر انعام فرمایا، اس لئے وہ بےخوف ہوگئے۔

۱۰۷- ﴿أَرَءَ يْتَ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿يَدُعُّ﴾: يَدْفَعُ عَنْ حَقِّهِ، يُقَالُ: هُوَ مِنْ دَعَعْتُ ﴿يُدَعُّوْنَ﴾: يُدْفَعُوْنَ. [۲-]﴿سَاهُوْنَ﴾: لَاهُوْنَ. [۳-] و﴿الْمَاعُوْنَ﴾ الْمَعْرُوْفُ كُلُّهُ. وَقَالَ بَعْضُ الْعَرَبِ: الْمَاعُوْنُ: الْمَاءُ، وَقَالَ عِكْرِمَةُ: أَعْلَاهَا الزَّكَاةُ الْمَفْرُوْضَةُ، وَأَدْنَاهَا عَارِيَّةُ الْمَتَاعِ.

سورۃ الماعون کی تفسیر

۱- دوسری آیت ہے: ﴿فَذٰلِكَ الَّذِیْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ﴾: پس یہی ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے یعنی اس کے حق سے ہٹاتا ہے —— دَعَّهُ (ن) دَعًّا: بےرحمی کے ساتھ کسی کو دھکے دینا، اسی باب سے سورۃ الطّور (آیت ۱۳) میں ہے: ﴿يَوْمَ يُدَعُّوْنَ إِلٰی نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا﴾: جس دن وہ دوزخ کی آگ کی طرف دھکے دے کر لائے جائیں۔

۲- آیت ۵ ہے: ﴿الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ﴾: جو اپنی نمازوں کو بھلا بیٹھے یعنی نمازیں نہیں پڑھتے، لاھون: غافلون۔

۳- آخری آیت ہے: ﴿وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ﴾: اور وہ برتنے کی چیز (بھی) نہیں دیتے —— ماعون کے تین معنی ہیں: (۱) ہر معروف یعنی نیک سلوک ماعون ہے (۲) ماعون پانی ہے، یہ بعض عربوں کا قول ہے (۳) ماعون کا اعلی درجہ فرض زکات ہے، اور ادنی درجہ متاع (برتنے کی چیز) عاریت پر دینا ہے، یہ عکرمہ کی تفسیر ہے۔

سورۃ الکوثر کی تفسیر

آخری آیت ہے: ﴿إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ﴾: بےشک آپؐ کا دشمن ہی دُم بریدہ (بےنام ونشان) ہے —— شَانِئٌ: اسم فاعل: شَنَأَهُ (ف) شَنْئًا وَشَنَآنًا: بغض رکھنا، نفرت کرنا۔

پہلی آیت ہے: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾: بےشک ہم نے آپؐ کو کوثر (خیر کثیر) دی —— كَوْثَر: كَثْرَة سے ہے، ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد ہے، جیسے نَوْفَل: نَفْل سے ہے۔ یہ جنت کے ایک دریا کا نام ہے، جس کی خاک خالص مشک کی اور اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے، یہ دریا جنت میں ہے، وہاں سے پائپ لائن کے ذریعہ پانی میدانِ حشر میں ایک حوض (گڑھے) میں لایا جائے گا، اور متبع سنت امتی اس سے پئیں گے —— اور حضرت

ابن عباسؓ نے اس سے خیر کثیر مراد لی ہے یعنی وہ تمام نعمتیں جو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو دارین میں عطا فرمائی ہیں وہ سب کوثر کا حصہ ہیں۔

١٠٨- ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿شَانِئَكَ﴾: عَدُوَّكَ.

[٤٩٦٤-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا عُرِجَ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَى السَّمَاءِ قَالَ: "أَتَيْتُ عَلَى نَهَرٍ حَافَتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ مُجَوَّفٌ، فَقُلْتُ: مَاهٰذَا يَاجِبْرِيْلُ؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ"[راجع: ٣٥٧٠]

[٤٩٦٥-] حدثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ الْكَاهِلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَ: سَأَلْتُهَا عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾؟ قَالَتْ: نَهَرٌ أُعْطِيَهُ نَبِيُّكُمْ صلى الله عليه وسلم، شَاطِئَاهُ عَلَيْهِ دُرٌّ مُجَوَّفٌ، آنِيَتُهُ كَعَدَدِ النُّجُوْمِ. رَوَاهُ زَكَرِيَّاءُ وَأَبُوْ الْأَحْوَصِ وَمُطَرِّفٌ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ.

حدیث (۱): جب نبی ﷺ کو معراج میں آسمانوں پر لے جایا گیا تو آپؐ نے فرمایا: میں ایک نہر پر پہنچا، جس کی دونوں جانبوں پر کھوکھلے کئے ہوئے موتی کے گنبد تھے، میں نے جبرئیل علیہ السلام سے دریافت کیا، انھوں نے بتلایا کہ یہ دریائے کوثر ہے۔

حدیث (۲): ابو عبیدہؒ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کوثر کے بارے میں دریافت کیا، انھوں نے کہا: ایک نہر ہے جو تمہارے نبی ﷺ دیئے گئے ہیں، اس کے دونوں کناروں پر کھوکھلے موتیوں کے گنبد ہیں، اس پر آب خورے آسمان کے ستاروں کی تعداد میں ہونگے۔

[٤٩٦٦-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ قَالَ فِي الْكَوْثَرِ: هُوَ الْخَيْرُ الَّذِيْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ، قَالَ أَبُوْ بِشْرٍ: قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ: فَإِنَّ نَاسًا يَزْعُمُوْنَ أَنَّهُ نَهَرٌ فِي الْجَنَّةِ. فَقَالَ سَعِيْدٌ: النَّهَرُ الَّذِيْ فِي الْجَنَّةِ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِيْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ.[طرفه: ٦٥٧٨]

ترجمہ: ابن عباسؓ نے کوثر کے بارے میں فرمایا: وہ وہ خیر ہے جو اللہ نے نبی ﷺ کو دی ہے، ابو بشر نے سعید بن جبیرؒ سے کہا: لوگ کہتے ہیں کہ وہ جنت کی ایک نہر ہے، سعیدؒ نے کہا: جنت میں جو نہر ہے وہ بھی اس خیر کا حصہ ہے جو اللہ نے

نبی ﷺ کو عنایت فرمائی ہے۔

سورۃ الکافرون کی تفسیر

مشرکین صلح کل کی اسکیم لے کر آئے کہ ہم تمہارے معبود (اللہ) کی پرستش کریں، اور تم ہمارے معبودوں کی، تاکہ نزاع ختم ہو، اور سب مل کر رہیں! —— پس یہ سورت نازل ہوئی، اور یہ اسکیم رد کردی گئی کہ ایسا نہ آج ہورہا ہے نہ کل ہوگا، تم اپنی راہ پر رہو ہم اپنی راہ پر ہیں —— فعل مضارع حال واستقبال کے لئے ہوتا ہے، مگر دونوں زمانے ایک ساتھ مراد نہیں ہوتے، ایک وقت میں ایک ہی زمانہ مراد ہوتا ہے، اسی طرح اسم فاعل: مضارع سے بنتا ہے، اس میں بھی دونوں زمانوں کا احتمال ہوتا ہے، مگر ایک وقت میں ایک ہی زمانہ مراد لیا جاتا ہے —— ارشادِ پاک ہے: ''کہہ دیں: اے (دین اسلام کے) منکرو! نہ میں (فی الحال) پوجتا ہوں ان کو جن کو تم پوجتے ہو، اور نہ تم اس کو پوجتے ہو جس کی میں بندگی کرتا ہوں —— اور نہ میں (آئندہ) پوجونگا ان کو جن کو تم پوجتے ہو، اور نہ تم اس کی عبادت کروگے جس کی میں عبادت کرتا ہوں —— تمہارے لئے تمہارا طریقہ ہے اور میرے لئے میرا طریقہ! —— یعنی تمہاری اسکیم رد ہے، نہ آج اس پر عمل ہورہا ہے نہ آئندہ ہوگا۔

فائدہ: حق وباطل میں بھی ایسی صلح نہیں ہوسکتی، ایسی صلح کی جائے گی تو باطل برابر اپنے اثرات پھیلاتا رہے گا اور حق سمٹتا رہے گا، باطل اپنی روش پر برقرار رہے گا اور حق: حق سے دست بردار ہوجائے گا، پس گمراہ فرقے اہل حق سے جو کہتے ہیں کہ ہماری تردید مت کرو، سب مل کر رہیں یہ بہتر ہے، ایسی مصالحت کبھی نہیں ہوسکتی، کیونکہ ایسی رواداری کا انجام یہ ہوگا کہ گمراہ اپنی گمراہی پھیلاتے رہیں گے اور اہل حق خاموش تماشا دیکھتے رہیں گے —— ہاں عملی نزاع نہیں چاہئے۔ آخر (ہندوستان میں) مسلمان غیر مسلموں کے ساتھ مل کر رہتے ہیں، مگر نظریات میں موافقت نہیں، علمی طور پر شرک کی، عیسائیت کی، یہودیت کی، بدھ مت کی، غیر مقلدیت کی، شیعیت کی، مودودیت کی، قادیانیت کی برابر تردید ہوتی رہتی ہے، پس (پڑوسی ملک میں) مسلمان فرقے اس طرح مل کر کیوں نہیں رہ سکتے؟

۱۰۹ - ﴿قُلْ يٰـأَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] يُقَالُ: ﴿لَكُمْ دِيْنُكُمْ﴾: الْكُفْرُ. ﴿وَلِيَ دِيْنِ﴾: الإِسْلَامُ، وَلَمْ يَقُلْ دِيْنِيْ، لَأَنَّ الآيَاتِ بِالنُّوْنِ فَحُذِفَتِ الْيَاءُ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: فَهُوَ يَهْدِيْنِ وَيَسْقِيْنِ. [۲-] وَقَالَ غَيْرُهُ: ﴿لَآ أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ﴾ الآنَ، وَلَا أُجِيْبُكُمْ فِيْمَا بَقِيَ مِنْ عُمُرِيْ. ﴿وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَا أَعْبُدُ﴾ وَهُمُ الَّذِيْنَ قَالَ: ﴿وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا﴾

۱- دینکم میں مخاطبین کی ضمیر ظاہر کی گئی ہے اور دِیْنِی میں ضمیر متکلم ظاہر کرکے دینی نہیں کہا: ایسا فاصلوں (آخر

آیات) کی رعایت میں کیا گیا ہے، آیتیں نون پر ختم ہورہی ہیں، اس لئے یاء کو حذف کیا ہے تا کہ آیت نون پر ختم ہو، اور نون کا کسرہ یاءِ محذوف کی علامت کے طور پر باقی رکھا ہے، جیسے سورۃ الشعراء (آیت ۷۸) میں ﴿یَهْدِیْنِ﴾ اور آیت ۷۹ میں ﴿یَسْقِیْنِ﴾ ہے، یہاں بھی یاء کو فاصلوں کی رعایت میں حذف کیا ہے (یہ بات فرّاء نے کہی ہے)

۲- اور ابوعبیدہؒ نے کہا: آیات ۲و۳ میں زمانہ حال مراد ہے، الآن: ابھی یعنی فی الحال نہ میں اس کو پوجتا ہوں جن کو تم پوجتے ہو، اور نہ تم اس (اللہ) کی عبادت کرتے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ اور آیات ۴و۵ میں آئندہ زمانہ مراد ہے یعنی نہ میں آئندہ ان کی پوجا کرونگا جن کی تم پوجا کرتے ہو، اور نہ تم اس (اللہ) کی عبادت کروگے جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔

اس پر اشکال ہے کہ جن لوگوں سے بات ہورہی ہے ان میں سے اکثر مسلمان ہوگئے اور اللہ کی عبادت کرنے لگے، پھر کیسے کہا گیا کہ نہ تم آئندہ اس (اللہ) کی عبادت کروگے جس کی میں عبادت کرونگا؟ جواب یہ ہے کہ مخاطب وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر مہر لگ گئی ہے، جو آخر تک ایمان قبول نہیں کریں گے، جن کا ذکر سورۃ المائدہ (آیت ۶۴) میں ہے: (اور جو وحی آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے بھیجی جاتی ہے) ''وہ ان میں سے بہت سوں کی سرکشی اور کفر میں ترقی کا سبب بنتی ہے'' یہی لوگ آیت ۵ کے مخاطب ہیں۔

سورۃ النصر کی تفسیر

سورۃ النصر کے نزول کے بعد نبی ﷺ بکثرت تسبیح وتحمید اور استغفار کیا کرتے تھے

حدیث (۱): صدیقہؓ بیان کرتی ہیں: نہیں نماز پڑھی نبی ﷺ نے کوئی نماز سورۃ النصر کے نزول کے بعد مگر اس میں کہتے تھے: ''آپ کی ذات پاک ہے! اے اللہ! اے ہمارے رب! اور آپ اپنی خوبیوں کے ساتھ متصف ہیں، اے اللہ! مجھے اپنی رحمت میں ڈھانک لیں!''

حدیث (۲): صدیقہؓ بیان کرتی ہیں: رسول اللہ ﷺ اپنے رکوع وسجود میں بکثرت کہا کرتے تھے: ''آپ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے! اے اللہ! اے ہمارے رب! اے اللہ! مجھے اپنی رحمت میں ڈھانپ لیں'' آپ قرآن کے حکم پر عمل کرتے تھے (وہ حکم جو سورۃ النصر کی آخری آیت میں دیا گیا ہے)

۱۱۰- سورة ﴿إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[۱-] بَابٌ

[۴۹۶۷-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ الضُّحَى،

عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا صَلَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَلاَةً بَعْدَ أَنْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ: ﴿إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾ إِلاَّ يَقُوْلُ فِيْهَا: "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ"[راجع: ٧٩٤]

[٤٩٦٧-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُكْثِرُ أَنْ يَقُوْلَ فِي رُكُوْعِهِ وَسُجُوْدِهِ: "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ" يَتَأَوَّلُ الْقُرْآنَ.[راجع: ٧٩٤]

قوله: یَتَأَوَّلَ: تَأَوَّلَ الکلامَ: مطلب بیان کرنا یعنی آپ اس ذکر کے ذریعہ آخری آیت کا مطلب بیان کرتے تھے۔

سورۃ النصر کے ذریعہ نبی ﷺ کو قربِ اجل کی اطلاع دی گئی

حدیث (۱): ابن عباسؓ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اکابر صحابہ سے پوچھا کہ سورۃ النصر کے نزول کا کیا مقصد ہے؟ انھوں نے کہا: شہروں اور محلات کی فتح کا مژدہ ہے، حضرت عمرؓ نے ابن عباسؓ سے پوچھا: تمہاری کیا رائے ہے؟ ابن عباسؓ نے کہا: پیغامِ موت! یا کہا: ایک مضمون ہے جو نبی ﷺ کے تعلق سے بیان کیا گیا ہے، آپؐ کو اپنی وفات کی اطلاع دی گئی ہے (یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۱۶۸) آئی ہے، وہاں اس کی شرح ہے)

حدیث (۲): ابن عباسؓ کہتے ہیں: حضرت عمرؓ مجھے اکابرین بدر کے ساتھ مجلس میں شریک کیا کرتے تھے، پس گویا بعض (اس سے) دل میں ناراض ہوئے اور انھوں نے کہا: آپ اس کو ہمارے ساتھ مجلس میں کیوں بٹھاتے ہیں، ہمارے بھی اس عمر کے لڑکے ہیں یعنی آپ ان کو قریب نہیں کرتے، حضرت عمرؓ نے جواب دیا: اس کا علمی مقام وہ ہے جو آپ حضرات جانتے ہیں، پس حضرت عمرؓ نے ایک دن ابن عباسؓ کو بلایا اور اکابرین کے ساتھ بٹھایا، پس نہیں دکھلایا گیا میں یعنی میرا خیال ہے کہ انھوں نے اس دن مجھے نہیں بلایا تھا مگر تاکہ دکھلائیں وہ ان کو (میرا علمی رتبہ) حضرت عمرؓ نے پوچھا: سورۃ النصر کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ پس ان میں سے بعض نے جواب دیا کہ ہم حکم دیئے گئے ہیں کہ اللہ کی تعریف کریں اور ان سے رحمت طلب کریں، جب ہم مدد کئے جائیں اور ہم پر ممالک کھولے جائیں، اور بعض چپ رہے، کچھ نہیں بولے، پس عمرؓ نے مجھ سے کہا: کیا یہی بات تم بھی کہتے ہو اے ابن عباس؟ میں نے جواب دیا: نہیں! انھوں نے پوچھا: پھر تم کیا کہتے ہو؟ میں نے کہا: وہ نبی ﷺ کی موت کا وقت ہے، بتلایا ہے وہ اللہ نے آپؐ کو، فرمایا: "جب اللہ کی مدد اور مکہ کی فتح آجائے یعنی واقع ہوجائے" —— تو یہ آپ کی قربِ اجل کی اطلاع ہے —— پس آپؐ پاکی بیان کریں اپنے رب کی خوبیوں کے ساتھ ملاکر، اور ان سے درخواست کریں کہ وہ آپ کو اپنی رحمت میں لے لیں، بے شک وہ بڑے توبہ قبول کرنے والے ہیں" —— پس عمرؓ نے فرمایا: نہیں جانتا ہوں میں اس سورت کے بارے میں مگر وہ بات جو تم کہتے ہو، یعنی میں بھی اس سورت کا یہی مقصد سمجھتا ہوں۔

[۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا﴾

[۴۹۶۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ عُمَرَ سَأَلَهُمْ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾ قَالُوْا: فَتْحُ الْمَدَائِنِ وَالْقُصُوْرِ، قَالَ: مَاتَقُوْلُ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ؟ قَالَ: أَجَلٌ، أَوْ: مَثَلٌ ضُرِبَ لِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم نُعِيَتْ لَهُ نَفْسُهُ. [راجع: ۳۶۲۷]

[۴-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا﴾

تَوَّابٌ عَلَى الْعِبَادِ، وَالتَّوَّابُ مِنَ النَّاسِ: التَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ.

[۴۹۷۰-] حدثنا مُوْسٰى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ عُمَرُ يُدْخِلُنِيْ مَعَ أَشْيَاخِ بَدْرٍ، فَكَأَنَّ بَعْضَهُمْ وَجَدَ فِيْ نَفْسِهِ، فَقَالَ: لِمَ تُدْخِلُ هٰذَا مَعَنَا وَلَنَا أَبْنَاءٌ مِثْلُهُ؟ فَقَالَ عُمَرُ: إِنَّهُ مَنْ عَلِمْتُمْ! فَدَعَاهُ ذَاتَ يَوْمٍ فَأَدْخَلَهُ مَعَهُمْ فَمَا رُئِيْتُ أَنَّهُ دَعَانِيْ يَوْمَئِذٍ إِلَّا لِيُرِيَهُمْ. قَالَ: مَاتَقُوْلُوْنَ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾ فَقَالَ: بَعْضُهُمْ أُمِرْنَا أَنْ نَحْمَدَ اللّٰهَ وَنَسْتَغْفِرَهُ، إِذَا نُصِرْنَا وَفُتِحَ عَلَيْنَا، وَسَكَتَ بَعْضُهُمْ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، فَقَالَ لِيْ: أَكَذَاكَ تَقُوْلُ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ؟ فَقُلْتُ: لَا، قَالَ: فَمَا تَقُوْلُ؟ قُلْتُ: هُوَ أَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْلَمَهُ لَهُ، قَالَ: ﴿إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾ فَذٰلِكَ عَلَامَةُ أَجَلِكَ: ﴿فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا﴾ فَقَالَ عُمَرُ: مَا أَعْلَمُ مِنْهَا إِلَّا مَا تَقُوْلُ. [راجع: ۳۶۲۷]

لغت: تَوَّاب: بروزن فَعَّال: مبالغہ کا صیغہ ہے، توبۃ سے مشتق ہے، لغت میں توبہ کرنے والے اور توبہ قبول کرنے والے دونوں کو تواب کہا جاتا ہے، مگر قرآنِ کریم میں توّاب اللہ کی صفت کے طور پر آیا ہے، بندوں کے لئے نہیں آیا۔

سورۃ اللھب کی تفسیر

سورۃ اللہب کا نام سورۃ المسد بھی ہے، ارشادِ پاک ہے: ''ٹوٹے ابولہب کے ہاتھ اور وہ تباہ ہوا! () نہیں کام آیا اس کے اس کا مال اور نہ جو کمایا اس نے () عنقریب داخل ہوگا وہ آتشِ سوزاں میں () اور اس کی بیوی بھی، سوختہ ڈھونے والی! () اس کی گردن میں مضبوط بٹی ہوئی رسّی ہے!'' —— ابولہب نبی ﷺ کا حقیقی چچا تھا، اس کا نام عبدالعزی تھا، ابولہب اس نے اپنی کنیت خود رکھی تھی، کیونکہ وہ گورا چٹا تھا، اور اس کی بیوی ام جمیل جلتے پر تیل ڈالتی تھی، نبی ﷺ کے راستہ میں کانٹے بچھاتی تھی، ایک بار آپؐ نے کوہِ صفا سے لوگوں کو پکارا، سارا خاندان جمع ہوگیا، آپؐ نے پوچھا: بتاؤ، اگر میں کہوں کہ اس پہاڑ کے

پیچھے سے دشمن کا لشکر صبح یا شام میں حملہ آور ہونے والا ہے تو تم میری بات مانو گے؟ سب نے جواب دیا: ضرور مانیں گے، کیونکہ ہم نے کبھی آپؐ کو جھوٹ بولتے نہیں پایا، پس آپؐ نے فرمایا: سنو! میں تمہیں دوزخ کے دردناک عذاب سے ڈراتا ہوں یعنی تم جو زندگی گزار رہے ہو اس کا انجام دوزخ کی آگ ہے! ابولہب بولا: دن بھر تیرا ناس ہو! کیا تو نے ہمیں اسی بات کے لئے بلایا ہے؟! پس یہ سورت اتری، اور وہ برباد ہوگیا، بدر کے سات روز کے بعد اسے طاعون کی گلٹی نکلی، اولاد اس سے کنارہ کش ہوگئی، وہ تنہا مرا اور اس کا جسم سڑ گیا، تب مزدوروں سے اس کو دبوادیا، اور اس کی بیوی بخل کی وجہ سے جنگل سے سوختہ لاتی تھی اور بیچتی تھی، ایک مرتبہ گٹھرا اٹھا کر آرہی تھی کہ بوجھ پیچھے ڈھل گیا، رسّی گلے میں پھنس کر رہ گئی، اور وہ دم گھٹ کر مرگئی، اور اللہ کا فرمایا ہوا پورا ہوا۔

لغات: تَبَّ الشیئُ (ض) تَبًّا وَتَبَبًا: ہلاک ہونا ـــــ سورۃ المؤمن (آیت ۳۷) میں تباب ہے، یہ بھی تبٌّ کی طرح مصدر ہے، گھاٹا، ٹوٹا ـــــ اور سورۃ ہود (آیت ۱۰۱) میں تتبیب ہے، یہ بھی بروزن تفعیل مصدر ہے: تباہ کرنا، ہلاک کرنا۔

۱۱۱- ﴿تَبَّتْ يَدَآ أَبِيْ لَهَبٍ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿تَبَابٍ﴾: خُسْرَانٌ. ﴿تَتْبِيْبٍ﴾: تَدْمِيْرٌ.

[۱- بَابٌ]

[۴۹۷۱-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ وَرَهْطَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ، خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَتّٰى صَعِدَ الصَّفَا، فَهَتَفَ: "يَا صَبَاحَاهُ" فَقَالُوْا: مَنْ هٰذَا؟ فَاجْتَمَعُوْا إِلَيْهِ، فَقَالَ: "أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلاً تَخْرُجُ مِنْ صَفْحِ هٰذَا الْجَبَلِ أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ؟" قَالُوْا: مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ كَذِبًا. فَقَالَ: "إِنِّيْ نَذِيْرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ" قَالَ أَبُوْ لَهَبٍ: تَبًّا لَكَ مَا جَمَعْتَنَا إِلَّا لِهٰذَا، ثُمَّ قَامَ فَنَزَلَتْ: ﴿تَبَّتْ يَدَآ أَبِيْ لَهَبٍ﴾ وَقَدْ تَبَّ، هٰكَذَا قَرَأَهَا الْأَعْمَشُ يَوْمَئِذٍ. [راجع: ۱۳۹۴]

وضاحت: حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۶۲) آئی ہے ـــــ ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾: اور آپؐ اپنے نزدیک کے کنبہ کو ڈرائیے (یہ سورۃ الشعراء کی آیت ۲۱۴ ہے) ـــــ ورهطك: اور ان میں سے اپنی مخلص جماعت کو ڈرائیں، یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما تفسیر کے طور پر بڑھاتے تھے ـــــ يَا صَبَاحَاهُ!: ہائے صبح میں آنے والی آفت! ـــــ خَيْلاً: لشکر ـــــ صَفْحُ الجبل: دامنِ کوہ ـــــ وقد تَبَّ: ابن عباسؓ نے قد کے اضافہ کے ساتھ پڑھا اور اشارہ کیا کہ

پیشین گوئی پوری ہوگئی، اعمش اس کو پڑھتے تھے۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَتَبَّ () مَا أَغْنٰى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ﴾

[٤٩٧٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ إِلَى الْبَطْحَاءِ فَصَعِدَ إِلَى الْجَبَلِ فَنَادَى: "يَاصَبَاحَاهُ" فَاجْتَمَعَتْ إِلَيْهِ قُرَيْشٌ، فَقَالَ: "أَرَأَيْتُمْ إِنْ حَدَّثْتُكُمْ أَنَّ الْعَدُوَّ مُصَبِّحُكُمْ أَوْ مُمَسِّيْكُمْ، أَكُنْتُمْ تُصَدِّقُوْنِّيْ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: "فَإِنِّيْ نَذِيْرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ" فَقَالَ أَبُوْ لَهَبٍ: أَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا؟ تَبًّا لَكَ! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿تَبَّتْ يَدَا أَبِيْ لَهَبٍ!﴾ إِلَى آخِرِهَا. [راجع: ١٣٩٤]

لغت: البطحاء: سنگریزوں والی زمین، مُصَبِّحُكُمْ: صبح میں تم پر حملہ کرنے والا ہے یا شام میں حملہ کرنے والا ہے۔

[٣-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ﴾

[٤٩٧٣-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَ أَبُوْ لَهَبٍ: تَبًّا لَكَ أَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا؟ فَنَزَلَتْ: ﴿تَبَّتْ يَدَآ أَبِيْ لَهَبٍ﴾ [راجع: ١٣٩٤]

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَامْرَأَتُهُ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ﴾

وَقَالَ مُجَاهِدٌ: حَمَّالَةُ الْحَطَبِ تَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ. ﴿فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ﴾: يُقَالُ: مِنْ مَسَدٍ لِيْفِ الْمُقْلِ، وَهِيَ السِّلْسِلَةُ الَّتِيْ فِي النَّارِ.

وضاحت: ﴿حَمَّالَةَ الْحَطَبِ﴾ کے معنی مجاہدؒ نے چغل خوری کئے ہیں، محاوراتِ عرب میں یہ لفظ اس معنی میں مستعمل ہے، اور فارسی میں 'ہیزم کش' کہتے ہیں —— اور فراء نے مَسَدّ کے دو معنی کئے ہیں: (۱) کھجور کے ریشوں کی مضبوط بٹی ہوئی رسّی، لِیف: کھجور کی چھلّی، المُقْل: جنگلی کھجور کا درخت (۲) دوزخ کے طوق وسلاسل (دونوں باتیں صحیح ہیں)

سورۃ الاخلاص کی تفسیر

شانِ نزول: مشرکین نے نبی ﷺ سے کہا: آپ ہمارے سامنے اپنے پروردگار کا نسب بیان کریں (قرآنِ کریم نے بار بار اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ ربّ استعمال کیا ہے، اور مشرکین اپنی مورتیوں کو اَرباب کہتے تھے، اس لئے انھوں نے پوچھا کہ ہمارے ارباب اور تمہارے رب میں کیا فرق ہے؟ آپ اپنے رب کا نسب بیان کریں) پس یہ سورت نازل ہوئی کہ آپؐ

کہیں: وہ (میرا رب) اللہ ہے، (یہ ان کا اسم علم ہے، مشرکین اس نام پاک سے واقف تھے) جو بے ہمہ ہے یعنی سب کے بغیر تنہا اکیلا ہے () اللہ باہمہ ہیں یعنی سب کچھ ان کے پاس ہے، وہ بے نیاز ہیں، کسی کے محتاج نہیں، سب ان کے محتاج ہیں (یہ سوالِ مقدر کا جواب ہے کہ وہ تنہا کائنات کو کیسے سنبھال سکتا ہے؟ جواب یہ ہے کہ وہ صمد (بے نیاز) ہے اس کو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں) () نہ انھوں نے کسی کو جنا اور نہ وہ جنے گئے (پس ان کی أبو یا ابن سے کوئی کنیت نہیں) کیونکہ جو جنتا ہے اپنے پیچھے وارث چھوڑتا ہے اور خود چل دیتا ہے، جبکہ اللہ ہی آخر ہیں، ان کا کوئی وارث نہیں، وہی سب کے وارث ہیں، اور جو جنا جاتا ہے وہ حادث اور محتاج ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ قدیم اور بے نیاز ہیں () اور نہ کوئی ان کا ہم سر ہے یعنی نہ کوئی ان جیسا، ان کے برابر اور ان کے مانند ہے (پس نظیر کے ذریعہ بھی ان کا تعارف ممکن نہیں)

فائدہ (۱): قرآن میں تین چھوٹی سورتیں تین موضوعات پر ہیں: (۱) سورۃ الاخلاص میں اللہ تعالیٰ کا مکمل تعارف ہے (۲) اور سورۃ الکوثر میں شانِ نبوی کا بیان ہے (۳) اور سورۃ العصر میں لوگوں کے احوال کی اصلاح ہے، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا: ''اگر اللہ تعالیٰ پورا قرآن نازل نہ کرتے، صرف سورۃ العصر نازل فرمادیتے تو وہ لوگوں کی اصلاح کے لئے کافی تھی'' —— پس گویا سورۃ الاخلاص **لا إلٰہ إلا اللہ** کی شرح ہے، اور سورۃ الکوثر **محمد رسول اللہ** کی، اور شریعتِ محمدیہ کا خلاصہ سورۃ العصر میں پیش کیا گیا ہے۔

فائدہ (۲): اس سورت کی طرح سورۃ الکافرون بھی سورۃ الاخلاص ہے، اخلاص کے معنی ہیں: خالص کرنا، اس سورت میں عقیدہ میں اخلاص کا بیان ہے اور سورۃ الکافرون میں عبادت میں اخلاص کا بیان ہے، اس لئے حدیث میں ان دونوں سورتوں کو 'اخلاص کی دو سورتیں' کہا گیا ہے۔

۱۱۲- ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُقَالُ: لاَ يُنَوَّنُ ﴿أَحَدٌ﴾: أَىْ وَاحِدٌ.

دو باتیں: (۱) ایک ضعیف قول یہ ہے کہ أَحَدٌ پر تنوین نہ پڑھی جائے، پس پڑھیں گے: قل: هو الله أَحَدُ، اللّٰهِ الصَّمد یعنی أحد کو اگلی آیت کے کلمہ اللہ کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے (اور معروف قراءت میں تنوین ہے، پس جب ملائیں گے تو ایک حرکت کو باقی رکھیں گے، اور دوسری حرکت کو نون مکسور سے بدل لیں گے) —— (۲) أحد اور واحد ہم معنی ہیں (مگر شارحین نے فرق کیا ہے: أحد کے معنی ہیں: ذات میں اکیلا، اور واحد کے معنی ہیں: صفات میں اکیلا: متفرد)

[۱- بَابٌ]

[٤٩٧٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: أَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ،

عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "قَالَ اللّٰهُ: كَذَّبَنِيْ ابْنُ آدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ، وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ، فَأَمَّا تَكْذِيْبُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ: لَنْ يُعِيْدَنِيْ كَمَا بَدَأَنِيْ، وَلَيْسَ أَوَّلُ الْخَلْقِ بِأَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ إِعَادَتِهِ، وَأَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ: ﴿اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا﴾ وَأَنَا الْأَحَدُ الصَّمَدُ، لَمْ أَلِدْ وَلَمْ أُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لِيْ كُفُوًا أَحَدٌ" [راجع: ٣١٩٣]

حوالہ: حدیث پہلے (تحفۃ القاری ٦: ٤٦٧) آچکی ہے۔

[٢-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿اللّٰهُ الصَّمَدُ﴾

وَالْعَرَبُ تُسَمِّيْ أَشْرَافَهَا الصَّمَدَ. وَقَالَ أَبُوْ وَائِلٍ: هُوَ السَّيِّدُ الَّذِيْ انْتَهَى سُؤْدَدُهُ.

[٤٩٧٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَالَ اللّٰهُ: كَذَّبَنِيْ ابْنُ آدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ، وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ، وَأَمَّا تَكْذِيْبُهُ إِيَّايَ أَنْ يَقُوْلَ: إِنِّيْ لَنْ أُعِيْدَهُ كَمَا بَدَأْتُهُ، وَأَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ أَنْ يَقُوْلَ: اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا، وَأَنَا الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ أَلِدْ وَلَمْ أُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً أَحَدٌ" كُفُوًا وَكَفِيْئًا وَكِفَاءً وَاحِدٌ. [راجع: ٣١٩٣]

دو باتیں: عرب اپنے سرداروں کو صمد کہتے ہیں، اور ابووائل شقیق بن سلمہ نے کہا: صمد: آخری درجہ کا سردار ہے، جس سے اوپر کوئی سردار نہ ہو، سُؤْدَدٌ: سرداری —— (٢) تین لفظ ہم معنی ہیں: کفوا، کفیئا اور کِفاء۔

سورۃ الفلق کی تفسیر

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس مُعَوِّذَتَیْن: پناہ دینے والی دوسورتیں: کہلاتی ہیں، مفرد مُعَوِّذْ (واو کے زیر کے ساتھ) جو لوگ واو پر زبر پڑھتے ہیں وہ غلط ہے، یہ دونوں سورتیں ایک ساتھ نازل ہوئی ہیں۔

شانِ نزول: لبید یہودی اور اس کی بیٹیوں نے نبی ﷺ پر سحر کیا، جس سے آپ کو مرض کی سی حالت عارض ہوگئی، چنانچہ آپؐ نے دعا فرمائی، پس اللہ نے یہ دوسورتیں نازل فرمائیں، اور آپ کو وہ جگہ بتلائی گئی جہاں سحر دفن کیا گیا تھا، وہاں سے مختلف چیزیں نکلیں، ایک تانت بھی نکلی جس میں گیارہ گرہیں تھیں، ان دونوں سورتوں میں گیارہ آیتیں ہیں، حضرت جبرئیل علیہ السلام یہ سورتیں پڑھنے لگے اور ایک ایک گرہ کھلتی گئی، اور آپ بالکل شفایاب ہوگئے۔

سورت: "آپ کہیں: میں صبح کے مالک کی پناہ چاہتا ہوں () ہر اس مخلوق کی شر سے جو اس نے پیدا کی () اور رات کے شر سے جب سورج غروب ہوجائے () وہ اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے () اور جلنے والے کے شر سے جب وہ جلے!"

غاسق اور وقب کے معنی: تیسری آیت ہے: ﴿وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ﴾: اور رات/ چاند کی برائی سے جب سورج غروب ہوجائے/ چاند غروب ہوجائے —— مجاہد رحمہ اللہ نے غاسق کے معنی رات کے کئے ہیں، پس وقب کے معنی ہیں: سورج کا غروب ہونا، اور ترمذی کی مرفوع روایت میں غاسق کے معنی چاند کے آئے ہیں، پس وقب کے معنی ہیں: چاند کا غروب ہونا۔ اور فراء نے وقب کے معنی کئے ہیں: جب (رات) ہر چیز میں داخل ہوجائے اور خوب تاریک ہوجائے (تفصیل تحفۃ الالمعی ۷:۵۶۷ میں ہے)

فلق کے معنی: پہلی آیت میں: ﴿الْفَلَقِ﴾: ہے، اس کے معنی ہیں: صبح، فَلَقَ اور فَرَقَ کے معنی ہیں: پھاڑنا، جدا کرنا، محاورہ ہے: هو أَبْيَنُ مِن فَرَقِ/ فَلَقِ الصبح: وہ (بات) سپیدۂ صبح سے زیادہ واضح ہے۔

شروع میں قُلْ کی وجہ: زِر بن حبیشؒ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے معوذتین کے بارے میں پوچھا (کہ ان کے شروع میں قُلْ کیوں ہے؟ جو شخص ان سورتوں سے خود کو یا غیر کو جھاڑے گا وہ أعوذ سے شروع کرے گا، قُلْ کی کیا ضرورت ہے؟) حضرت ابیؓ نے کہا: (یہی بات) میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھی تھی، پس آپؐ نے فرمایا: ''مجھ سے کہا گیا تو میں نے کہا'' یعنی جبرئیلؑ نے پڑھا: قُلْ أعوذ تو میں نے پڑھا قل أعوذ یعنی یہ قل توقیفی ہے، اسی طرح وحی آئی ہے (حضرت ابیؓ کہتے ہیں:) پس ہم کہتے ہیں جیسا رسول اللہ ﷺ نے کہا یعنی ہم بھی اسی طرح پڑھتے ہیں جس طرح نبی ﷺ نے پڑھا ہے (اس روایت کا ایک دوسرا مطلب سورۃ الناس کی تفسیر میں آئے گا)

۱۱۳ — ﴿قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿غَاسِقٌ﴾ اللَّيْلُ. ﴿إِذَا وَقَبَ﴾: غُرُوْبُ الشَّمْسِ، يُقَالُ: هُوَ أَبْيَنُ مِنْ فَرَقِ الصُّبْحِ وَفَلَقِ الصُّبْحِ: ﴿وَقَبَ﴾ إِذَا دَخَلَ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ، وَأَظْلَمَ.

[۴۹۷۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، وَعَبْدَةَ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: سَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ عَنِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ، فَقَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: '' قِيْلَ لِيْ، فَقُلْتُ'' فَنَحْنُ نَقُوْلُ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [طرفه: ۴۹۷۷]

سورۃ الناس کی تفسیر

سورۃ الناس: '' آپ کہیں: میں پناہ چاہتا ہوں لوگوں کے پروردگار کی () لوگوں کے بادشاہ کی () لوگوں کے معبود کی () وسوسہ ڈالنے والے، پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے، جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے () خواہ وہ جنّ ہو یا انسان''

لغت: الوَسْوَاس: وَسْوَسَة کی طرح (رباعی مجرد کا) مصدر ہے: کوئی بری چیز دل میں پیدا کرنا، وسوسہ ڈالنا اور

خَنَّاسْ: مبالغہ کا صیغہ ہے، خَنَسَ (ض) خَنْسًا: پیچھے ہٹ جانا یعنی شیطان دل میں وسوسہ ڈال کر پیچھے ہٹ جاتا ہے۔

اور حضرت ابن عباسؓ سے ضعیف روایت ہے: جب بچہ جنا جاتا ہے تو شیطان اس کو انگلی چبھوتا ہے، پس اگر اللہ کو یاد کیا جائے تو وہ دفع ہوجاتا ہے، اور اللہ کو یاد نہ کیا جائے تو وہ دل پر قبضہ جمالیتا ہے ــــــ صحیح تفسیر یہ ہے: شیطان نظر نہیں آتا، وہ درپردہ بہکاتا پھسلاتا ہے، جب تک آدمی غفلت میں رہتا ہے اس کا تسلط (قبضہ) بڑھتا رہتا ہے، اور جہاں اللہ کو یاد کیا کہ وہ پیچھے کو ہٹ جاتا ہے ــــــ اور شیطان جنات میں بھی ہوتے ہیں اور انسانوں میں بھی، سورۃ الانعام (آیت ۱۱۲) میں اس کی صراحت ہے۔

١١٤ - ﴿قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿الْوَسْوَاسِ﴾: إِذَا وُلِدَ نَخَسَهُ الشَّيْطَانُ، فَإِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ ذَهَبَ، وَإِذَا لَمْ يُذْكَرِ اللّٰهُ ثَبَتَ عَلٰى قَلْبِهِ.

[٤٩٧٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ أَبِىْ لُبَابَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، ح: قَالَ: وَثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: سَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، قُلْتُ: أَبَا الْمُنْذِرِ! إِنَّ أَخَاكَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ أُبَيٌّ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ لِيْ:" قِيْلَ لِيْ: ﴿قُلْ﴾ فَقُلْتُ" فَنَحْنُ نَقُوْلُ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٤٩٧٦]

قوله: إن أخاك: یہ سابقہ روایت ہے، اس میں یہ اضافہ ہے کہ آپ کے دینی بھائی ابن مسعودؓ ایسا اور ایسا کہتے ہیں، وہ فرماتے تھے کہ یہ سورتیں تعوذ کے طور پر نازل ہوئی ہیں، اور وہ ان کو اپنے قرآن میں نہیں لکھتے تھے، حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا (کہ ان سورتوں کے شروع میں قل کیوں ہے؟) آپؐ نے فرمایا: ''مجھ سے کہا گیا: قلْ، پس میں نے کہا'' (اس کی وضاحت سورۃ الفلق کی تفسیر میں آگئی ہے) حضرت ابیؓ نے کہا: پس ہم کہتے ہیں جیسا رسول اللہ ﷺ نے کہا (حضرت ابیؓ نے اس سے استدلال کیا ہے کہ یہ سورتیں بھی وحی ہیں)

جاننا چاہئے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنا قرآن نزول کی ترتیب سے لکھا تھا، جو موجودہ مصحف سے مختلف تھا، موجودہ قرآن لوح محفوظ کی ترتیب کے مطابق ہے، اسی طرح بعض دیگر صحابہ نے بھی اپنے قرآن لکھ رکھے تھے، حدیث: أُنْزِلَ القرآنُ علی سبعةِ أَحْرُفٍ کے ذریعہ جو سہولت دی گئی تھی: اس کی بنیاد پر بعض صحابہ نے تفسیری کلمات بھی مصاحف میں لکھے تھے، اور وہ اس کو پڑھتے بھی تھے، کتابوں میں اس قسم کی بہت روایات ہیں پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں سرکاری ریکارڈ سے، اور اصلی تحریروں سے اور حافظوں کے حفظ سے مقابلہ کرکے مصاحف تیار کئے گئے

اوران کوامصار میں بھیجا گیا تو لوگوں نے جومختلف قرآن لکھ رکھے تھے وہ طلب کر لئے گئے، اوران کوجلا دیا، مگرزبانی روایتیں باقی رہ گئیں، پس ان میں سے جومتواتر قراءتیں ہیں: وہ تو معتبر ہیں، اور جوشاذ قراءتیں اورروایتیں ہیں ان کواس پرمحمول کیا جائے گا کہ یہ لغت قریش پرامت کواکٹھا کرنے سے پہلے کی قراءتیں ہیں، حضرت ابن مسعودؓ کی بات کوبھی اسی پرمحمول کیا جائے گا، بعد میں امت کا مصاحف پراجماع ہوگیا، ابن مسعودؓ بھی اس اجماع میں شریک ہیں، کیونکہ کوفی قراء امام عاصم رحمہ اللہ وغیرہ ابن مسعودؓ ہی سے قرآن روایت کرتے ہیں، اوراس میں معوذتین ہیں، اورابن مسعودؓ نے جوبات کہی تھی کہ معوذتین رقیہ (منتر) ہیں، یعنی ان کا نزول خاص اسی مقصد سے ہوا ہے اس لئے اس کی وجہ یہ تھی ابن مسعودؓ نے ان کواپنے مصحف میں نہیں لکھا تھا۔ واللہ اعلم

آج بتاریخ ۱۵/۶/۱۴۳۵ھ مطابق ۱۶/۴/۲۰۱۴ء کواشہبِ قلم (قلم کا گھوڑا) رکا، اب اس جلد کی تصحیح کرونگا، پھراگلی جلد کتاب فضائل القرآن سے ان شاءاللہ شروع کرونگا، فالحمد لله الذی بتوفیقه تتم الصالحات، وصلى الله على أفضل الكائنات محمد وعلى آله وصحبه أجمعين۔

تحفۃ القاری کی دسویں جلد کتاب فضائل القرآن سے شروع ہوگی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب فضائل القرآن

ارتباط: یہ کتاب کتاب التفسیر کا تتمہ ہے، ابھی سابقہ سلسلہ مضامین چل رہا ہے، کتاب الأنبیاء میں تمام نبیوں کا تذکرہ کیا تھا، مگر سید المرسلین ﷺ کا ذکر باقی رکھا تھا، اس کے لئے مستقل کتاب المناقب لائے تھے، اور اس میں باب علامات النبوۃ قائم کیا تھا، اس میں قرآنِ کریم کے علاوہ دیگر معجزات کا ذکر کیا ہے، اور قرآن مجید کے تذکرہ کے لئے کتاب التفسیر رکھی ہے، کتاب فضائل القرآن اسی کا تتمہ ہے —— فضائل: فضیلۃ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: بلند درجہ، خصوصیت وامتیاز، اور قرآن: اللہ کی کتاب کا نام ہے۔ قرآنِ کریم کا امتیازی وصف یہ ہے کہ وہ اللہ کا کلام ہے، جو نبی ﷺ کی طرف وحی کیا گیا ہے، دوسری کتابیں اللہ کی کتابیں تھیں، وہ کلام باری نہیں تھیں، کتاب التفسیر کے شروع میں یہ بات حضرت نانوتوی قدس سرہ کے حوالے سے گذر چکی ہے۔

اس کی تھوڑی تفصیل یہ ہے کہ انبیاء کو ان کے زمانوں کے تقاضوں کے لحاظ سے معجزات دیئے جاتے ہیں، ہر نبی دعوت وحجت کے ساتھ مبعوث کیا جاتا ہے، وہ لوگوں کو اللہ کی طرف دعوت دیتا ہے، اور لوگوں کو قائل ومائل کرنے کے لئے حجت کے ذریعہ اس کو قوی کیا جاتا ہے، یہ حجت نبی کے معجزات کہلاتے ہیں، یہ معجزات زمانوں کے حالات کے مطابق ہوتے ہیں، موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں جادو کا زور تھا تو ان کو عصا اور ید بیضاء کے معجزات دیئے گئے جو جادو کے مشابہ تھے، جنھوں نے تمام جادوگروں کو عاجز کر دیا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں طب وحکمت کا چرچا تھا چنانچہ وہ اندھے کو بینا اور کوڑھی کو چنگا کرتے تھے، جس سے تمام اطباء عاجز تھے، اور ثمود پہاڑ تراش کر مکان بناتے تھے تو صالح علیہ السلام کو اونٹنی کا معجزہ دیا گیا، انھوں نے چٹان میں سے زندہ اونٹنی نکال کر دکھائی، اور قوم کا ہنر دھرا کا دھرا رہ گیا، اور خاتم النّبیین ﷺ کے زمانہ میں زبان دانی اور فصاحت وبلاغت کا زور تھا، اس لئے آپ کو خاص معجزہ کلام فصیح وبلیغ کا دیا گیا، جس کا مانند لانے سے تمام ادباء عاجز رہ گئے۔

علاوہ ازیں: ہر نبی کا خاص معجزہ مقامی اور وقتی ہوتا تھا، اس کو خاص زمان ومکان کے لوگوں نے دیکھا، اور آخری نبی ﷺ کو خاص معجزہ ایسا عطا ہوا جو چار دانگ عالم پہنچا، اور رہتی دنیا تک باقی رہے گا، اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کی نبوت عام وتام ہے، آپ سارے جہاں کے لئے اور قیامت تک کے لئے مبعوث کئے گئے ہیں، پس ضروری ہے کہ آپ کو باقی

رہنے والا معجزہ دیا جائے، اور ایسا معجزہ اللہ کا کلام ہی ہوسکتا ہے، کیونکہ اس میں بتدیلی ممکن نہیں، اور وہ زمانہ گذرنے کے ساتھ پرانا نہیں ہوتا، یہ قرآنِ کریم کی عظیم فضیلت ہے۔

بَابٌ: كَيْفَ نَزَلَ الْوَحْيُ؟ وَأَوَّلُ مَا نَزَلَ

وحی کس طرح نازل ہوئی؟ اور پہلی وحی

شروع میں آٹھ ابواب تمہیدی ہیں، پھر فضائل کے ابواب شروع ہونگے۔

وحی کے لغوی معنی ہیں: اشارہ خفیہ، چپکے سے بات کرنا، اس طرح بات کرنا کہ دوسرا سن نہ سکے۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبیوں کو القاء کیا جانے والا پیغام، اور سورۃ الشوریٰ (آیت ۵۱) میں ہے کہ وحی تین طرح آتی ہے:

(۱) کوئی مضمون دل میں ڈالا جاتا ہے، یہ جاگتے ہوئے بھی ہوسکتا ہے اور نیند میں بھی اور بصورت خواب بھی (انبیاء کے خواب وحی ہوتے ہیں) اس صورت میں عموماً الفاظ اللہ کی طرف سے نہیں آتے، صرف مضمون قلب نبوت پر وادر ہوتا ہے، پھر نبی اس کو اپنے الفاظ میں تعبیر کرتا ہے (وَحْيًا کا یہ مطلب ہے)

(۲) نبی بیداری میں کوئی کلام پس پردہ بلا واسطہ سنے، جیسے موسیٰ علیہ السلام نے کوہِ طور پر اللہ کا کلام سنا، اور معراج میں فوق السماوات نبی ﷺ نے اللہ کا کلام سنا، اور یہ پردہ کوئی غیر نہیں ہوتا، کیونکہ اللہ کے نور کو کوئی چیز چھپا نہیں سکتی، بلکہ یہ اللہ کے انوار کا پردہ ہوتا ہے، معراج کی روایت میں ہے: نورٌ أَنّٰى أُرَاه: وہ نور ہیں، میں ان کو کیسے دیکھتا! یعنی انسان کی بینائی کا ضعف مانع رویت بنا (من وراء حجاب کا یہ مطلب ہے)

(۳) کسی فرشتہ (جبرئیلؑ وغیرہ) کو اپنا کلام دے کر بھیجتے ہیں، وہ رسول کو پڑھ کر سناتا ہے، قرآنِ کریم اسی طرح نازل ہوا ہے، پھر اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں: ایک: فرشتہ پیکر محسوس اختیار کرتا ہے، وہ ملکوت سے ناسوت کی طرف اترتا ہے، یہ صورت نبی کے لئے آسان ہوتی ہے، جیسے پہلی وحی کے موقعہ پر حضرت جبرئیل علیہ السلام انسانی صورت میں نمودار ہوئے تھے، دوم: نبی کو ناسوت سے ملکوت کی طرف عروج کرنا پڑتا ہے، یہ صورت نبی کے لئے بھاری ہوتی ہے، سخت سردی میں آپؐ کے ماتھے سے پسینہ موتیوں کی طرح گرنے لگتا تھا، قرآنِ کریم اکثر اسی طرح نازل ہوا ہے۔

اور سورۃ الشوریٰ کی آیت ۵۱ یہ ہے: ﴿وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِإِذْنِهِ مَايَشَاءُ، إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ﴾: کسی بشر کی طاقت نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے رودررو کلام فرمائیں، ہاں اشارہ خفیہ کے طور پر یا پردے کے پیچھے سے یا کسی فرشتہ کو بھیجیں اور وہ پیغام پہنچائے اللہ کے حکم سے جو وہ چاہیں، بے شک وہ عالی شان بڑی حکمت والے ہیں (شانِ عالی کا تقاضا عدم رویت ہے اور حکمت کا تقاضا پیغام رسانی کی کوئی صورت نکالنا ہے)

کیف کی تین قسمیں ہیں:

کتاب الصلوٰۃ کے شروع میں بیان کیا ہے کہ کیف کی تین قسمیں ہیں: کیف مکانی، کیف زمانی اور کیف حالی، اور کیف بمعنی کم بھی آتا ہے، اور باب میں سب مراد ہیں:

۱- کیف مکانی کا مطلب یہ ہے کہ پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟ اس کے لئے حدیث نہیں لائے، باب میں اشارہ کیا ہے کہ پہلی وحی غار حراء میں نازل ہوئی، پہلے (حدیث ۳و۴۹۵۳ میں) آیا ہے کہ غارِ حراء کے سامنے سب سے پہلے سورۃ العلق کی پانچ آیتیں نازل ہوئی ہیں۔

۲- کیف حالی کا مطلب یہ ہے کہ سابقہ کتابوں کے تعلق سے قرآنِ کریم کا کیا حال ہے؟ فرمایا: قرآنِ کریم سابقہ کتابوں کا محافظ ونگہبان ہے۔ سورۃ المائدہ (آیت ۴۸) میں ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ، مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ، وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ﴾: اور ہم نے یہ کتاب (قرآن مجید) آپؐ کی طرف اتاری، جو برحق تعلیمات پر مشتمل ہے، جو تصدیق کرنے والی ہے ان کتابوں کی جو قبل ازیں آچکی ہیں، اور جو اُن کتابوں کی محافظ ونگہبان ہے۔

مُهَيْمِن: اسم فاعل، هَيْمَنَةٌ مصدر، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کا ترجمہ الأمين کیا ہے، الامین کے معنی ہیں: محافظ ونگراں یعنی قرآنِ کریم سابقہ تمام کتابوں کا محافظ ونگہبان ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی بھی صفت ہے (سورۃ الحشر آیت ۲۳) اور ابن عباسؓ کا یہ قول سورۃ المائدہ کے شروع میں آچکا ہے۔

۳- اور کیف زمانی کا مطلب یہ ہے کہ نزول قرآن میں کتنا زمانہ لگا؟ باب کی پہلی روایت میں ہے کہ بیس سال لگے، دس سال ہجرت سے پہلے اور دس سال ہجرت کے بعد، مگر حقیقت میں تیئیس سال لگے، ہجرت سے پہلے تیرہ سال تک وحی آئی ہے، مگر راویوں نے کسر چھوڑ دی ہے، عربوں کا یہی انداز ہے، یا یہ کہا جائے کہ زمانۂ فترت (وقفۂ وحی) کے تین سال چھوڑ دیئے (مگر صحیح قول یہ ہے کہ زمانۂ فترت چھ ماہ ہے) اور حاشیہ میں الخیر الجاری کے حوالہ سے ہے: هذا يفيد الكمية لنزول الوحی یعنی یہ کیف بمعنی کم کا بیان بھی ہوسکتا ہے۔

٦٦- كتابُ فضائل القرآن

بسم الله الرحمن الرحيم

[١-] بَابٌ: كَيْفَ نَزَلَ الْوَحْيُ؟ وَأَوَّلُ مَا نَزَلَ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الْمُهَيْمِنُ: الأَمِيْنُ، الْقُرْآنُ أَمِيْنٌ عَلٰى كُلِّ كِتَابٍ قَبْلَهُ.

[٤٩٧٨و٤٩٧٩-] حدثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِيْ

عَائِشَةُ، وَابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَا: لَبِثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ عَشْرَ سِنِيْنَ يُنْزَلُ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ، وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرًا. [حديث ٤٤٧٨ طرفه: ٤٤٦٤، حديث ٤٤٧٩ راجع: ٣٨٥١]

پھر باب کی روایات میں چار باتیں بیان کی ہیں:

پہلی بات: فرشتہ کبھی انسانی صورت اختیار کرتا ہے، جبرئیل علیہ السلام کبھی ملکوت سے ناسوت کی طرف نزول فرماتے تھے، ملأاعلیٰ لطیف (نوری) مخلوق ہیں، اور لطیف کثیف کا پیکر اختیار کرسکتا ہے، اس کا برعکس نہیں ہوسکتا، جنات انسان بن کر سامنے آسکتے ہیں، مگر انسان جنات کا پیکر اختیار نہیں کرسکتا، حضرت جبرئیل علیہ السلام متعدد مواقع میں انسان کی صورت اختیار کرکے لوگوں کے سامنے آئے ہیں، جیسے حدیث جبرئیل میں، اور باب کی حدیث میں یہ واقعہ ہے کہ جب نبی ﷺ غزوۂ احزاب سے لوٹے تو ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں آکر ہتھیار اتارنے لگے، فوراً جبرئیل علیہ السلام انسانی شکل میں آئے اور حکم دیا کہ بنوقریظہ پر ہلّہ بول دیا جائے، ام سلمہؓ نے پوچھا: یارسول اللہ! آپ کس سے باتیں کررہے تھے؟ آپؐ نے پوچھا: کیا تم نے دیکھا؟ انھوں نے کہا: ہاں! آپؐ نے پوچھا: تمہارے خیال میں وہ کون تھا؟ انھوں نے کہا: دحیہ کلبی، آپؐ خاموش ہوگئے، پھر مسجد میں جاکر لوگوں سے خطاب کیا کہ ابھی جبرئیل علیہ السلام آئے تھے، انھوں نے حکم دیا ہے کہ بنوقریظہ پر چڑھائی کی جائے، تب ام سلمہؓ سمجھیں کہ وہ دحیہ کلبی نہیں تھے، جبرئیل علیہ السلام تھے۔

[٤٩٨٠-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، قَالَ: أُنْبِئْتُ: أَنَّ جِبْرَئِيْلَ أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَعِنْدَهُ أُمُّ سَلَمَةَ، فَجَعَلَ يَتَحَدَّثُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِأُمِّ سَلَمَةَ: "مَنْ هٰذَا؟" أَوْ كَمَا قَالَ، قَالَتْ: هٰذَا دِحْيَةُ، فَلَمَّا قَامَ: وَاللهِ مَا حَسِبْتُهُ إِلَّا إِيَّاهُ، حَتّٰى سَمِعْتُ خُطْبَةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِخَبَرِ جَبْرَئِيْلَ أَوْ كَمَا قَالَ، قَالَ أَبِيْ: فَقُلْتُ لِأَبِيْ عُثْمَانَ: مِمَّنْ سَمِعْتَ هٰذَا؟ قَالَ: مِنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ. [راجع: ٣٦٣٤]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۱۷۲) میں آئی ہے۔

دوسری بات: دیگر انبیاء کے خاص معجزات میں اور آپ ﷺ کے خاص معجزہ (قرآنِ مجید) میں موازنہ کیا ہے اور قرآنِ کریم کی مزیت (امتیاز) سمجھائی ہے، ارشاد فرمایا: ما من الأنبياء نبيٌّ إلا أُعطِيَ ما مثلُه آمن عليه البشر: کوئی نبی ایسے نہیں ہوئے مگر وہ ایسا معجزہ دیئے گئے جس سے مغلوب ہوکر لوگ ایمان لائے —— ما: نافیہ، مِنْ: زائدہ، نفی کی تاکید کے لئے، أُعطِيَ: فعل مجہول، مَا: موصولہ، مِثْل: برائے تحسین کلام، اس کا ترجمہ نہیں ہوگا، جیسے ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ﴾ میں مِثْل: تحسین کلام کے لئے ہے، اس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا، صرف کاف کا ترجمہ کرتے ہیں (سورۃ الشوریٰ آیت ۱۱) مثلُه: مبتدا، ضمیر ما موصولہ کی طرف عائد، آمن علیه البشر: خبر، پھر جملہ اسمیہ خبریہ: صلہ، پھر موصول صلہ مل کر أُعطی کا

مفعول ثانی، اور نفی اثبات سے حصر ہوا —— یعنی ہر نبی دعوت کے ساتھ حجت (معجزہ) بھی دیا جاتا ہے جس سے مائل وقائل ہوکر لوگ ایمان لاتے ہیں، آمن میں غلبہ کے معنی کی تضمین ہے، اس لئے علیہ صلہ آیا ہے۔

آگے ارشاد ہے: وإنما کان الذی أُوتیتُ وحیا، أوحاہ اللہ إلَیَّ: اور میرا خاص معجزہ جو میں دیا گیا ہوں وہ وحی ہے، جو اللہ نے میری طرف بھیجی ہے —— الذی: کان کا اسم اور وحیا خبر —— یعنی نبی ﷺ کی دعوت وحجت (معجزہ) کو قرآن میں جمع کردیا گیا ہے، اور قرآن دائم وقائم ہے، پس آپؐ کی دعوت بھی مسلسل ہے اور قرآن کا اعجاز برابر لوگوں کو مائل وقائل کرتا رہے گا۔

پھر فرمایا: وأرجو أن أکون أکْثَرَھُمْ تابعا یوم القیامۃ: اور مجھے امید ہے کہ قیامت کے دن انبیاء میں سب سے زیادہ پیروی کیا جانے والا میں ہونگا، یعنی میری امتِ اجابہ سب نبیوں سے بڑی ہوگی —— اس حدیث میں نبی ﷺ کے خاص معجزہ (قرآنِ مجید) کا دوسرے انبیاء کے خاص معجزات کے ساتھ موازنہ کیا گیا ہے، اور اپنے معجزہ کی برتری ظاہر فرمائی ہے۔

[۴۹۸۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: ثَنَا اللَّیْثُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ الْمَقْبُرِیُّ، عَنْ أَبِیْہِ، عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَا مِنَ الْأَنْبِیَاءِ نَبِیٌّ إِلاَّ أُعْطِیَ مَا مِثْلُہُ آمَنَ عَلَیْہِ الْبَشَرُ، وَإِنَّمَا کَانَ الَّذِیْ أُوْتِیْتُ وَحْیًا أَوْحَاہُ اللّٰہُ إِلَیَّ، وَأَرْجُوْ أَنْ أَکُوْنَ أَکْثَرَھُمْ تَابِعًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ"
[طرفہ: ۷۲۷۴]

تیسری بات: شروع میں وحی کم آتی تھی، آخر میں بکثرت آنے لگی، جیسے شروع سال میں سبق آہستہ چلتا ہے، آخر سال میں تیز ہوجاتا ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ شروع سال میں 'اخذِ کتاب' کی صلاحیت کم ہوتی ہے، اور آخر میں بڑھ جاتی ہے، چنانچہ ابتدائے نبوت میں زمانۂ فترت بھی آیا ہے، آخر میں نہیں آیا، دوسری وجہ یہ ہے کہ سال کے آخر میں کتاب ختم کرانی ہوتی ہے، اسی طرح وفاتِ نبوی سے پہلے جو وحی آنی تھی آنی تھی، پھر وحی کا سلسلہ منقطع ہوجائے گا، اس لئے آخر حیات میں وحی بہ کثرت آنے لگی، اور تیسری وجہ یہ ہے کہ احکام ہجرت کے بعد نازل ہوئے ہیں، اور لمبی سورتیں بھی آخر میں اتری ہیں، اور لوگ بھی آخر میں بہ کثرت اسلام میں داخل ہوئے، وفود کا تانتا بندھ گیا ہے، اس لئے سوالات بکثرت ہوئے اور جوابات بھی بکثرت اترے، اور آخری وجہ یہ ہے کہ نزول کے ساتھ ہی حفظ قرآن کا سلسلہ شروع ہوا تھا، حفظ کی صلاحیت بھی شروع میں کم ہوتی ہے، اس لئے سبق کم دیا جاتا ہے، آخر میں یہ صلاحیت بڑھ جاتی ہے تو سبق بڑھا دیا جاتا ہے۔

حدیث: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں: وفات نبوی سے پہلے اللہ تعالیٰ نبی ﷺ پر وحی مسلسل بھیجنے لگے، یہاں تک کہ جب آپؐ کی وفات کا وقت آیا تو وحی زیادہ سے زیادہ اترنے لگی، اور اس کے بعد رسول اللہ ﷺ اٹھالئے گئے! (یہ حدیث اسی جگہ ہے) اور حافظ صاحب نے حدیث کو کیفیتِ نزول کا بیان قرار دیا ہے، پس یہ کیف حالی یا کیف بمعنی کم ہوسکتا ہے۔

[۴۹۸۲-] حدثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ تَابَعَ عَلٰى رَسُوْلِهِ قَبْلَ وَفَاتِهِ، حَتّٰى تَوَفَّاهُ أَكْثَرَ مَاكَانَ الْوَحْيُ، ثُمَّ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدُ.

چوتھی بات: وحی مسلسل نہیں آتی تھی، وقفہ وقفہ سے آتی تھی، اوراس میں بہت سی حکمتیں تھیں، جیسا کہ ابھی گذرا، اس کی یہ وجہ ہرگز نہیں تھی کہ اللہ تعالیٰ نبی ﷺ سے کچھ ناراض ہوگئے، اس لئے آپؐ کو چھوڑ دیا، جیسا کہ آپؐ کی چچی عوراء (کانی) سوختہ ڈھونے والی، ابولہب کی بیوی سمجھتی تھی، اورحدیث ابھی جلد تاسع میں والضحی کی تفسیر میں گذر چکی ہے۔

[۴۹۸۳-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، يَقُوْلُ: اشْتَكَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَةً أَوْ لَيْلَتَيْنِ، فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ: يَا مُحَمَّدُ مَا أُرَى شَيْطَانَكَ إِلَّا قَدْ تَرَكَكَ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَالضُّحٰى۝ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى﴾ [الضحى: ۱-۳] [راجع: ۱۱۲۴]

بَابٌ: نَزَلَ الْقُرْآنُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ وَالْعَرَبِ

قرآن قریش اورعربوں کی زبان میں اترا ہے

سوال: سورۃ یوسف کی آیت ۲ ہے: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ﴾: ہم نے اس (کتاب مبین) کو عربی زبان میں پڑھنے کی کتاب بنا کر اتارا ہے تاکہ تم سمجھو! —— اور سورۃ الشعراء کی آیت ۱۹۵ ہے: ﴿بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ﴾: (قرآن) صاف عربی زبان میں ہے —— اور باب کی پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۰۰ میں) گذری ہے کہ قرآن لغتِ قریش میں نازل ہوا ہے: یہ تخالف وتعارض ہے؟

جواب: لغتِ قریش اور لغتِ عرب ایک ہیں، قریش کی زبان عربوں کی فصیح ترین زبان تھی، وہ عربی زبان سے کوئی علاحدہ چیز نہیں تھی، باب میں والعرب اسی سوال کے جواب کے لئے بڑھایا ہے۔

[۲-] بَابٌ: نَزَلَ الْقُرْآنُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ وَالْعَرَبِ

﴿قُرْآنًا عَرَبِيًّا﴾ [يوسف: ۲] ﴿بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ﴾ [الشعراء: ۱۹۵]

[۴۹۸۴-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَأَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: فَأَمَرَ عُثْمَانُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ

هِشَامٍ، أَنْ يَنْسَخُوْهَا فِي الْمَصَاحِفِ، وَقَالَ لَهُمْ: إِذَا اخْتَلَفْتُمْ أَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فِيْ عَرَبِيَّةٍ مِنْ عَرَبِيَّةِ الْقُرْآنِ فَاكْتُبُوْهَا بِلِسَانِ قُرَيْشٍ، فَإِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ بِلِسَانِهِمْ، فَفَعَلُوْا. [راجع: ٣٥٠٦]

آئندہ حدیث: بھی پہلے (تحفۃ القاری ۴:۳۲۲) گذری ہے، اس میں یہ مضمون ہے کہ جعرانہ میں ایک بدّو نے جبّہ پہن کر خوب خوشبو لگا کر عمرہ کا احرام باندھا، کسی نے اس کو بتایا کہ یہ صحیح نہیں، مگر جو غلطی ہوگئی اس کا کیا؟ چنانچہ وہ مسئلہ پوچھنے آیا، آپؐ نے اس کو کوئی جواب نہیں دیا، پھر وحی نازل ہوئی، اور آپؐ نے اس کو بتایا کہ جبّہ نکال دے، اور بدن سے خوشبو تین مرتبہ دھوڈال، اور حج کی طرح عمرہ کر یعنی جنایت کو جانے دیا، کیونکہ یہ صورت پہلی مرتبہ پیش آئی تھی، پس یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے۔

یہاں شارحین بہت پریشان ہوئے ہیں کہ حدیث کی باب سے کیا مناسبت ہے؟ جب مناسبت سمجھ میں نہ آئی تو ٹھیکرا کاتبوں کے سر پھوڑا کہ یہ گذشتہ باب کی حدیث ہے، کاتبوں نے یہاں لکھ دی ہے —— حالانکہ امام بخاری رحمہ اللہ یہ حدیث اس باب میں یہ بیان کرنے کے لئے لائے ہیں کہ وحی غیر متلو (حدیثیں) بھی لغتِ قریش میں نازل ہوئی ہیں (احادیث میں وحی کے ذریعہ مضمون آتا ہے، نبی ﷺ اس کو اپنے الفاظ میں تعبیر فرماتے ہیں، اور آپؐ قریشی ہیں تو لغت قریش ہی میں بیان فرمائیں گے، پس گویا حدیثیں بھی لغتِ قریش میں نازل ہوئی ہیں) کیونکہ آپؐ نے بدّو کو جو مسئلہ بتایا ہے وہ قرآن میں نہیں ہے، حدیث میں ہے، اور یہ مسئلہ نزول وحی کے بعد بتلایا ہے، معلوم ہوا کہ حدیثیں بھی قرآن کی طرح وحی ہیں، فرق صرف متلوّ اور غیر متلوّ کا ہے، آج ہمارے پاس جو قرآن ہے وہ لغتِ قریش میں ہے، اسی طرح حدیثوں کا جو ذخیرہ ہے وہ بھی لغتِ قریش میں ہے، یہ بات بیان کرنے کے لئے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

[٤٩٨٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءٌ. وَقَالَ مُسَدَّدٌ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ صَفْوَانُ بْنُ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ: أَنَّ يَعْلَى كَانَ يَقُوْلُ: لَيْتَنِي أَرَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ يُنْزَلُ عَلَيْهِ الْوَحْيُ، فَلَمَّا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْجِعْرَانَةِ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ قَدْ أُظِلَّ عَلَيْهِ، وَمَعَهُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ مُتَضَمِّخٌ بِطِيْبٍ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرَى فِي رَجُلٍ أَحْرَمَ فِيْ جُبَّةٍ بَعْدَ مَا تَضَمَّخَ بِطِيْبٍ؟ فَنَظَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَاعَةً، فَجَاءَهُ الْوَحْيُ فَأَشَارَ عُمَرُ إِلَى يَعْلَى: أَنْ تَعَالَ، فَجَاءَ يَعْلَى فَأَدْخَلَ رَأْسَهُ فَإِذَا هُوَ مُحْمَرُّ الْوَجْهِ يَغِطُّ كَذٰلِكَ سَاعَةً، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ: "أَيْنَ الَّذِيْ يَسْأَلُنِيْ عَنِ الْعُمْرَةِ آنِفًا؟" فَالْتُمِسَ الرَّجُلُ فَجِيْءَ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "أَمَّا الطِّيْبُ الَّذِيْ بِكَ فَاغْسِلْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَأَمَّا الْجُبَّةُ فَانْزِعْهَا ثُمَّ اصْنَعْ فِيْ عُمْرَتِكَ كَمَا تَصْنَعُ فِيْ حَجِّكَ" [راجع: ١٥٣٦]

بَابُ جَمْعِ الْقُرْآن

جمع قرآن کی تاریخ

جمع قرآن کا مطلب لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ قرآنِ کریم نبی ﷺ کے زمانہ میں موجودہ صورت میں جمع نہیں تھا، صحابہ نے اس کو جمع کیا، یہ بات صحیح نہیں، قرآن مکمل و مرتب تھا اور اسی طرح حافظوں کو یاد تھا، فَمِیْ بِشَوْقٍ کی منزلیں صحابہ میں معروف تھیں، اور نبی ﷺ اور صحابہ مرتب قرآن پڑھتے تھے، اور جبرئیل علیہ السلام ہر سال نبی ﷺ کے ساتھ مل کر قرآن کا دور کرتے تھے اور آخری سال تو دو مرتبہ دور کیا تھا، اور اس پر اجماع ہے کہ سورتوں اور آیتوں کی ترتیب توقیفی ہے، البتہ وہ ایک جگہ کتابی صورت میں لکھا ہوا نہیں تھا، نہ قرآن کی اصلی تحریریں نبی ﷺ کی تحویل میں تھیں، اور کسی ایک صحابی کے پاس بھی سب تحریریں نہیں تھیں، اصلی تحریریں متفرق صحابہ کے پاس تھیں، اور صحابہ کو قرآن کے ساتھ حدیثیں لکھنے سے منع کیا گیا تھا، تاکہ بوقت ضرورت قرآن کی تحریروں کے ساتھ دوسری تحریریں مشتبہ نہ ہوجائیں اور ایسا اس لئے کیا گیا تھا کہ قرآن کی حفاظت کی ذمہ داری امت کی تھی، حکومت کی ذمہ داری نہیں تھی، اگر قرآن کی اصلی تحریریں نبی ﷺ کی تحویل میں رہتیں تو حفاظت کی ذمہ داری حکومت کی سمجھی جاتی۔

دورِ صدیقی میں پورا قرآنِ کریم سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا

پھر جنگ یمامہ میں حفاظ قرآن کی سخت خوں ریزی ہوئی، اور اندیشہ لاحق ہوا کہ اگر آگے بھی یہ صورت پیش آتی رہی تو قرآن کا کوئی حصہ ضائع نہ ہوجائے، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں قرآن کو سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا، اس کے لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا، حضرت ابوبکرؓ کو پہلے اس پر شرح صدر نہیں تھا، وہ کہتے تھے کہ وہ کام کیسے کروں جو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟! یعنی جب نبی ﷺ نے قرآن کی اصلی تحریریں اپنی تحویل میں نہیں رکھیں، قرآن امت کو سونپا ہے تو میں اس کو سرکاری ریکارڈ میں کیسے لوں؟ بعد میں آپ کو شرح صدر ہوگیا تو یہ کام حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو سونپا گیا، انھوں نے مختلف پرچوں سے، کھجور کی شاخوں سے، سفید باریک پتھروں سے اور لوگوں کے سینوں سے قرآن کو جمع کیا، یعنی لوگوں سے قرآن کی اصلی تحریریں طلب کیں، جو نبی ﷺ نے نزول وحی کے ساتھ ہی کاتبین وحی سے لکھوائی تھیں، اور جو آپ کے ملاحظہ سے گذر چکی تھیں، اور اس کے اصلی تحریر ہونے پر دو گواہ بھی طلب کئے، پھر حافظوں کے حفظ سے ان تحریروں کا مقابلہ کیا، اور جب ہر طرح اطمینان ہوگیا تو متفرق چیزوں پر ان کو نقل کیا، اور ایک تھیلے میں بھر کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سونپ دیا، کتابی صورت نہیں دی، یہ تھا قرآن کو حکومت کی تحویل میں لینا، باب کی پہلی حدیث میں اس کا بیان ہے، اور حدیث جلد نہم میں سورہ توبہ کی آخری آیتوں کی تفسیر میں آچکی ہے (حدیث ۴۶۷۹) مزید تفصیل تحفۃ

الالمعی کے مقدمہ (۱:۶۱-۶۶) میں ہے، اس کی ضرور مراجعت کرلی جائے۔

[۳-] بَابُ جَمْعِ الْقُرْآنِ

[۴۹۸۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ: أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُوْ بَكْرٍ مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَإِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَهُ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ عُمَرَ أَتَانِيْ فَقَالَ: إِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ، وَإِنِّيْ أَخْشَى إِنِ اسْتَحَرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ بِالْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبَ كَثِيْرٌ مِنَ الْقُرْآنِ، وَإِنِّيْ أَرَى أَنْ تَأْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ. قُلْتُ لِعُمَرَ: كَيْفَ تَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ عُمَرُ: هٰذَا وَاللّٰهِ خَيْرٌ! فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ يُرَاجِعُنِيْ حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِذٰلِكَ، وَرَأَيْتُ فِيْ ذٰلِكَ الَّذِيْ رَأَى عُمَرُ. قَالَ زَيْدٌ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لاَنَتَّهِمُكَ، وَقَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، فَوَ اللّٰهِ لَوْ كَلَّفُوْنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَاكَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا أَمَرَنِيْ بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ. قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ أَبُوْ بَكْرٍ يُرَاجِعُنِيْ حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَهُ صَدْرَ أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ أَجْمَعُهُ مِنَ الْعُسُبِ وَاللِّخَافِ وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ، حَتَّى وَجَدْتُ آخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ أَبِيْ خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ لَمْ أَجِدْهَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ: ﴿لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ [التوبة: ۱۲۸] حَتَّى خَاتِمَةِ بَرَاءَةَ، فَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ أَبِيْ بَكْرٍ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَيَاتَهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ. [راجع: ۲۸۰۷]

حضرت عثمان رضی اللہ نے قرآن کو سرکاری ریکارڈ سے نکال کر امت کو سونپ دیا اور امت کو لغتِ قریش پر جمع کردیا

پھر زمانہ آگے بڑھا، اور خطرہ ٹل گیا، بعد کی جنگوں میں حفاظ بکثرت شہید نہیں ہوئے، اور بچوں نے بھی حفظ شروع کردیا، پس ایک حافظ شہید ہوتا تو دس نئے حافظ تیار ہوجاتے، اس لئے قرآن والا تھیلا کھولنے کی نوبت نہیں آئی، البتہ قرآنِ کریم کو مختلف طرح سے پڑھنے کی جو سہولت دی گئی تھی اس کی بنا پر لوگوں نے مختلف طرح سے قرآن لکھ رکھے تھے، کسی نے نزول کی ترتیب سے، کسی نے لوح محفوظ کی ترتیب سے، کسی نے مختلف الفاظ سے اور کسی نے تفسیری کلمات کے ساتھ قرآن لکھ رکھے تھے، اس سے اختلاف پیدا ہونا ناگزیر تھا، چنانچہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے توجہ دلانے پر حضرت عثمان

رضی اللہ عنہ نے دوکام کئے: اول: جوقرآن سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا تھا: اس کو ریکارڈ سے نکال کر مسلمانوں کو سونپ دیا، جیسے نبی صَلَّاللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ان کو سونپا تھا۔ دوم: مصاحف تیار کرائے اور لوگوں کو موجودہ قرآن (لغتِ قریش) پر جمع کردیا، اس لئے آپؓ جامعُ الناسِ علی ھذا القرآن ہیں، اور مجازاً جامع القرآن کہلاتے ہیں، اور حدیث اس تفصیل سے پہلے نہیں آئی۔

[٤٩٨٧-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ قَدِمَ عَلَى عُثْمَانَ، وَكَانَ يُغَازِيْ أَهْلَ الشَّامِ فِيْ فَتْحِ إِرْمِيْنِيَةَ وَآذَرْبِيْجَانَ مَعَ أَهْلِ الْعِرَاقِ، فَأَفْزَعَ حُذَيْفَةَ اخْتِلَافُهُمْ فِيْ الْقِرَاءَ ةِ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ لِعُثْمَانَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَدْرِكْ هٰذِهِ الْأُمَّةَ قَبْلَ أَنْ يَخْتَلِفُوْا فِي الْكِتَابِ اخْتِلَافَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى، فَأَرْسَلَ عُثْمَانُ إِلٰى حَفْصَةَ: أَنْ أَرْسِلِيْ إِلَيْنَا بِالصُّحُفِ نَنْسَخُهَا فِي الْمَصَاحِفِ ثُمَّ نَرُدُّهَا إِلَيْكِ، فَأَرْسَلَتْ بِهَا حَفْصَةُ إِلٰى عُثْمَانَ، فَأَمَرَ زَيْدَ ابْنَ ثَابِتٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، فَنَسَخُوْهَا فِي الْمَصَاحِفِ، وَقَالَ عُثْمَانُ لِلرَّهْطِ الْقُرَشِيِّيْنَ الثَّلَاثَةِ: إِذَا اخْتَلَفْتُمْ أَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فِيْ شَيْئٍ مِنَ الْقُرْآنِ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ، فَإِنَّمَا نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ فَفَعَلُوْا، حَتّٰى إِذَا نَسَخُوْا الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ رَدَّ عُثْمَانُ الصُّحُفَ إِلٰى حَفْصَةَ، وَأَرْسَلَ إِلٰى كُلِّ أُفُقٍ بِمُصْحَفٍ مِمَّا نَسَخُوْا، وَأَمَرَ بِمَا سِوَاهُ مِنَ الْقُرْآنِ فِيْ كُلِّ صَحِيْفَةٍ أَوْ مُصْحَفٍ أَنْ يُحْرَقَ. [راجع: ٣٥٠٦]

[٤٩٨٨-] قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِيْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، قَالَ: فَقَدْتُ آيَةً مِنَ الْأَحْزَابِ حِيْنَ نَسَخْنَا الْمُصْحَفَ، قَدْ كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ بِهَا، فَالْتَمَسْنَاهَا فَوَجَدْنَاهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾ [الأحزاب: ٢٣] فَأَلْحَقْنَاهَا فِيْ سُوْرَتِهَا فِي الْمُصْحَفِ. [راجع: ٢٨٠٧]

وضاحت: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سفر سے لوٹ کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، اور حضرت عثمانؓ لڑنے کے لئے روانہ کیا کرتے تھے، شام والوں کو آرمینیہ اور آذربیجان فتح کرنے کے لئے عراق والوں کے ساتھ، حضرت حذیفہؓ اس لشکر میں گئے تھے، وہاں انھوں نے لوگوں میں قرآن پڑھنے میں جو اختلاف دیکھا: اس نے ان کو گھبراہٹ میں مبتلا کردیا، چنانچہ انھوں نے عثمانؓ سے کہا: آپؓ امت کو سنبھالیں اس سے پہلے کہ وہ قرآن پڑھنے میں مختلف ہوجائیں یہود ونصاری کے مختلف ہونے کی طرح، چنانچہ حضرت عثمانؓ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے وہ تھیلا منگوایا جس میں متفرق چیزوں پر لکھا ہوا قرآن تھا، پھر آپؓ نے چار آدمیوں کی کمیٹی بنائی، جن میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بھی تھے، ان کو مصاحف تیار کرنے کا حکم دیا، انھوں نے لوگوں سے اصلی تحریریں مع گواہوں کے طلب کیں، اور تھیلے والے ریکارڈ سے،

اصلی تحریروں سے اور حافظوں کے حفظ سے مقابلہ کر کے چند مصاحف تیار کئے، جو ملک کے مختلف حصوں میں بھیج دیئے گئے، اور حکم بھیجا کہ اب لوگ اسی سے نقلیں لیں، اور اس کے علاوہ جو لوگوں نے مختلف قرآن لکھ رکھے ہیں وہ پایۂ تخت کو بھیج دیں، جب وہ آئے تو ان کو پہلے دھوڑالا (دھونے کا ذکر ایک روایت میں ہے) پھر جلا دیا، اس طرح قرآن کو سرکاری ریکارڈ سے نکال کر امت کو سونپ دیا، اور امت کو لغتِ قریش پر جمع کر دیا۔

بَابُ كَاتِبِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے کاتبِ وحی

کتابتِ وحی کا کام نبی ﷺ نے مختلف صحابہ سے لیا ہے، چنانچہ کاتبینِ وحی کی تعداد چالیس تک شمار کی گئی ہے، اور زاد المعاد میں اکیس کاتبین وحی کے نام لکھے ہیں، مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے صرف حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا ہے، حاشیہ میں ابن کثیر نے اس پر اپنی حیرت کا اظہار کیا ہے، اور حافظ صاحب نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہیں کہ دیگر کاتبین کے سلسلہ کی روایات امام بخاری کی شرط کے مطابق نہیں تھیں، اس لئے ان کا ذکر نہیں کیا۔

حفاظتِ قرآن کا اصل مدار تو حفظ پر تھا، نزولِ قرآن کے ساتھ ہی اس کے حفظ کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا، لیکن خاص وجوہ سے کتابتِ قرآن کا بھی خاص اہتمام کیا جاتا تھا، قرآنِ کریم میں متعدد ایسے امور تھے جن کی حفاظت لکھ کر ہی کی جا سکتی تھی، مثلاً: گول دائرہ والی آیات توقیفی ہیں، اور بعض جگہ اتنی چھوٹی آیتیں ہیں کہ ایک سانس میں کئی آیتیں پڑھی جا سکتی ہیں، پس ان کی حفاظت کی کتابت کے علاوہ کیا صورت ہو سکتی تھی؟ اسی طرح قرآنِ کریم کا رسم الخط توقیفی ہے، اور وہ عربی رسم الخط سے قدرے مختلف ہے، اس کی حفاظت بھی کتابت ہی کے ذریعہ ممکن تھی، چنانچہ نزول کے ساتھ ہی قرآن پتھروں کی سلوں پر، چمڑے کے پارچوں پر، کھجور کی شاخوں پر اور جانوروں کی ہڈیوں پر لکھ لیا جاتا تھا، اس زمانہ میں کاغذ کمیاب تھا، پھر یہ لکھا ہوا نبی ﷺ کو سنایا جاتا، کوئی کمی ہوتی تو آپؐ اس کی اصلاح کرتے۔ طبرانی کی روایت میں حضرت زیدؓ کا بیان ہے کہ جب میں وحی لکھ کر فارغ ہوتا تو آپؐ فرماتے: ''پڑھو'' میں پڑھ کر سناتا، اگر اس میں کوئی فروگذاشت ہوتی تو آپؐ اس کی اصلاح فرماتے تھے، پھر اسے لوگوں کے سامنے لایا جاتا (علوم القرآن ص:۱۷۸) اور باب کی دونوں حدیثیں پہلے آ چکی ہیں۔

[٤-] بَابُ كَاتِبِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[٤٩٨٩-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ ابْنَ السَّبَّاقِ قَالَ: إِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ: أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: إِنَّكَ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَاتَّبِعِ الْقُرْآنَ، فَتَتَبَّعْتُ حَتّٰى وَجَدْتُ آخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ آيَتَيْنِ مَعَ أَبِيْ خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ لَمْ

أَحِدْهُمَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ: ﴿لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ [التوبة:١٢٨] إِلٰى آخِرِهِ. [راجع: ٢٨٠٧]

حوالہ: یہ حدیث جلد نہم میں سورۃ التوبہ کی آخری آیتوں کی تفسیر میں گذری ہے۔

[٤٩٩٠-] حدثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿لَايَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ﴾[النساء:٩٥] قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " ادْعُ لِيْ زَيْدًا، وَلْيَجِئْ بِاللَّوْحِ وَالدَّوَاةِ وَالْكَتِفِ أَوْ: الْكَتِفِ وَالدَّوَاةِ" ثُمَّ قَالَ: "اكْتُبْ: ﴿لَايَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ﴾" وَخَلْفَ ظَهْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَمْرُو بْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ الْأَعْمَى،قَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! فَمَا تَأْمُرُنِيْ فَإِنِّيْ رَجُلٌ ضَرِيْرُ الْبَصَرِ؟ فَنَزَلَتْ مَكَانَهَا: ﴿لَايَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ﴾[النساء: ٩٥] [راجع: ٢٨٣١]

وضاحت: لِيَجِئْ به: فعل امر: لائیں .... كَتِف: شانہ کی ہڈی .... ضرير البصر: نابینا .... مَكانَها: اسی وقت۔

بَابٌ: أُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ

قرآنِ کریم سات حروف پر اتارا گیا

یہ مشکل ترین حدیث ہے، حاشیہ میں ہے کہ متشابہات کی طرح اس حدیث کے معنی بھی غیر واضح ہیں (مگر یہ بات صحیح نہیں) اور عوام جو سات حروف سے سات قراءتیں مراد لیتے ہیں وہ تو آخری درجہ کی جہالت ہے (حاشیہ) کیونکہ سات قراءتیں تو اسی لغتِ قریش میں پڑھی جاتی ہیں —— پھر سات حروف سے کیا مراد ہے؟ ابن حبان نے ۳۵ قول ذکر کئے ہیں، منذری کہتے ہیں: ان میں سے اکثر اقوال غیر مختار ہیں —— اور راجح قول جو میں نے امام طحاوی رحمہ اللہ کی عبارت سے سمجھا ہے وہ یہ ہے:

شروع میں قرآنِ کریم کو حافظے کی مدد سے پڑھنے کی گنجائش رکھی گئی تھی، معنی کی حفاظت کے ساتھ اگر الفاظ میں تبدیلی ہو جائے تو اس کی اجازت تھی، اس وقت اس کی سخت ضرورت تھی، بعض قبائل بعض حروف کا تلفظ نہیں کر سکتے تھے، بعض قبائل کے لہجے قریش کے لہجہ سے مختلف تھے، کوئی امالہ کرتا تھا کوئی نہیں کرتا تھا، بعض عرب تعریف کے لئے ال کے بجائے م لگاتے تھے، اور ابتداء میں سب قبائل کو لغتِ قریش پر جمع کرنا مشکل تھا، اس لئے مختلف طرح قرآن پڑھنے کی گنجائش رکھی گئی تھی، پھر بعد میں جب ضرورت باقی نہ رہی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے امت کو لغتِ قریش پر جمع کر دیا، جس کو نزول کے ساتھ

لکھ کر محفوظ کرلیا گیا تھا، اور وہ عارضی اجازت موقوف کردی۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ قرآن کا حفظ نزول کے ساتھ ہی شروع ہو گیا تھا، اور اہل لسان کے لئے دشواری یہ ہے کہ وہ رٹ کر یاد نہیں کرسکتے، اور عرب ذہین قوم تھی، رٹنا اس کے بس کی بات نہیں تھی، اور لوگ عام طور پر ناخواندہ تھے، وہ لکھا ہوا قرآن دیکھ کر پڑھ نہیں سکتے تھے، اس لئے مضمون کی حفاظت کے ساتھ الفاظ بدل کر پڑھنے کی اجازت دی گئی (مثال تحفۃ الالمعی میں ہے) باب میں حضرت عمرؓ اور حضرت ہشام کا جو واقعہ ہے اس سے یہ بات واضح ہے، دونوں قریشی تھے، ان میں نہ لہجوں کا اختلاف تھا نہ قواعد کا، پھر دونوں سورۃ الفرقان مختلف کیسے پڑھ رہے تھے؟ اس کی یہی صورت ہوسکتی تھی کہ دونوں کے الفاظ مختلف تھے، اور نبی ﷺ نے دونوں کی تصویب فرمائی، معلوم ہوا کہ شروع میں معنی کی حفاظت کے ساتھ الفاظ کی تبدیلی کی اجازت تھی، اس کے علاوہ حدیث کا کوئی اور مطلب فٹ نہیں بیٹھتا (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ الالمعی ۷:۹۴)

[۵-] بَابٌ: أُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ

[۴۹۹۱-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " أَقْرَأَنِيْ جِبْرَئِيْلُ عَلٰى حَرْفٍ فَرَاجَعْتُهُ، فَلَمْ أَزَلْ أَسْتَزِيْدُهُ وَيَزِيْدُنِيْ حَتّٰى انْتَهٰى إِلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ.[راجع: ۳۲۱۹]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "جبرئیل علیہ السلام نے مجھے ایک حرف پر قرآن پڑھایا یعنی وہ لغت قریش میں قرآن لائے، پس میں برابر ان سے اضافہ طلب کرتا رہا یہاں تک کہ وہ سات حرفوں تک پہنچے یعنی سات طرح سے قرآن پڑھنے کی انھوں نے مجھے اجازت دی (تحفۃ القاری ۶:۴۸۳)

[۴۹۹۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدِ الْقَارِيَّ، حَدَّثَاهُ: أَنَّهُمَا سَمِعَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمٍ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَاسْتَمَعْتُ لِقِرَاءَ تِهِ، فَإِذَا هُوَ يَقْرَأُ عَلٰى حُرُوْفٍ كَثِيْرَةٍ لَمْ يُقْرِئْنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكِدْتُ أُسَاوِرُهُ فِي الصَّلَاةِ فَتَصَبَّرْتُ حَتّٰى سَلَّمَ فَلَبَّبْتُهُ بِرِدَائِهِ، فَقُلْتُ: مَنْ أَقْرَأَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِيْ سَمِعْتُكَ تَقْرَأُ؟ قَالَ: أَقْرَأَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: كَذَبْتَ فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ أَقْرَأَنِيْهَا عَلٰى غَيْرِ مَا قَرَأْتَ، فَانْطَلَقْتُ بِهِ أَقُوْدُهُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: إِنِّيْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَأُ بِسُوْرَةِ الْفُرْقَانِ عَلٰى حُرُوْفٍ لَمْ تُقْرِئْنِيْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَرْسِلْهُ، اقْرَأْ يَا هِشَامُ " فَقَرَأَ عَلَيْهِ الْقِرَاءَ ةَ الَّتِيْ سَمِعْتُهُ يَقْرَأُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى

الله عليه وسلم: " كَذٰلِكَ أُنْزِلَتْ" ثُمَّ قَالَ: " اقْرَأْ يَا عُمَرُ"! فَقَرَأْتُ الْقِرَاءَةَ الَّتِيْ أَقْرَأَنِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " كَذٰلِكَ أُنْزِلَتْ، إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، فَاقْرَءُ وْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ" [راجع: ٢٤١٩]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے حیاتِ نبوی میں ہشام کو سورۃ الفرقان پڑھتے ہوئے سنا، میں نے اس کا پڑھنا بغور سنا، وہ بہت سے ایسے حروف پڑھ رہا تھا جو مجھے رسول اللہ ﷺ نے نہیں پڑھائے تھے، پس میں قریب تھا کہ نماز میں اس پر حملہ کردوں (ساوره مساورة وسوارًا: کسی پر حملہ آور ہونا) پس میں نے بہ تکلف صبر کیا، یہاں تک کہ اس نے سلام پھیرا، پس میں نے اس کی چادر اس کے گریبان میں ڈال کر اس کو کھینچا، اور پوچھا: تجھے یہ سورت کس نے پڑھائی ہے، جس طرح میں نے تجھ کو پڑھتے سنا؟ اس نے کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی ہے، میں نے کہا: جھوٹ! مجھے رسول اللہ ﷺ نے یہ سورت اس کے علاوہ پڑھائی ہے جس طرح تو نے پڑھی ہے، پھر میں اس کو کھینچ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گیا، آپؐ نے فرمایا: "اس کو چھوڑ دو! ہشام! پڑھ" پس اس نے آپؐ کے سامنے پڑھی اس طرح جس طرح میں نے اس کو پڑھتے سنا تھا، آپؐ نے فرمایا: "اسی طرح نازل ہوئی ہے" پھر آپؐ نے فرمایا: "عمر! تم پڑھو" پس میں نے اس طرح پڑھا جس طرح آپؐ نے مجھے پڑھائی تھی، آپؐ نے فرمایا: "اسی طرح اتاری گئی ہے، بے شک یہ قرآن سات حروف پر اتارا گیا ہے، پس ان میں سے جو آسان ہو وہ پڑھو"

بَابُ تَأْلِيْفِ الْقرآنِ

قرآنِ کریم کو کتابی شکل دینا

قرآنِ کریم حیاتِ نبوی میں ذہنی طور پر مرتب و مدون تھا، سورتوں اور آیتوں کی ترتیب توقیفی ہے، لوحِ محفوظ کی ترتیب کے موافق حضرت جبرئیل علیہ السلام کی بتائی ہوئی ہے، اور آنحضرت ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے قرآن کو سات منزلوں میں تقسیم کیا تھا، وہ اسی کے مطابق ورد کرتے تھے اور ایک ہفتہ میں قرآن ختم کرتے تھے، ابوداؤد شریف میں روایت ہے: حضرت اوس بن حذیفہ رضی اللہ عنہ جو قبیلۂ ثقیف کے وفد کے ساتھ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تھے: بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ روزانہ عشاء کے بعد صحابہ کے ساتھ اس وفد کے پاس تشریف لاتے تھے اور دین کی تعلیم دیتے تھے، ایک رات دیر سے تشریف لائے تو ان حضرات نے وجہ دریافت کی، آپؐ نے فرمایا: "میرا قرآن کا ورد باقی رہ گیا تھا، اس کو پورا کرنے سے پہلے مجھے آنا پسند نہیں آیا" اوسؓ کہتے ہیں: میں نے ان صحابہ سے جو آپؐ کے ساتھ آئے تھے دریافت کیا کہ آپ حضرات قرآن کا ورد کس طرح کرتے ہیں؟ انھوں نے بتایا: تین سورتیں (بقرۃ، آل عمران اور نساء) پانچ سورتیں (مائدہ، انعام، اعراف، انفال اور توبہ) سات سورتیں (یونس تا النمل) نو سورتیں (بنی اسرائیل تا الفرقان) گیارہ سورتیں (الشعراء

تالیس) تیرہ سورتیں (الصافات تا الحجرات) اور تمام مفصلات ایک ساتھ (قٓ سے آخر قرآن تک) (بذل مجہود ۷:۱۸۴ مصری) یہی منازل فَمِیْ بِشَوْقٍ کے نام سے مشہور ہیں: ف سے فاتحہ، م سے مائدہ، ی سے یونس، ب سے بنی اسرائیل، ش سے الشعراء، واو سے والصافات اور ق سے سورۃ ق مراد ہے، یہ حدیث دلیل ہے کہ قرآن عہدِ نبوی میں ذہنی طور پر مدون ومرتب تھا، البتہ اس کو کتابی شکل نہیں دی گئی تھی، جس کی مختلف وجوہ تھیں، بڑی وجہ یہ تھی کہ نزول کا سلسلہ چل رہا تھا، اور عام طور پر کاغذ دستیاب نہیں تھا، جس پر مکمل قرآن لکھا جاتا، اس لئے متفرق چیزوں پر لکھا گیا تھا۔

قرآنِ کریم تھوڑا تھوڑا نازل کیا گیا

حفظ کی سہولت کے لئے قرآن تھوڑا تھوڑا نازل کیا جاتا تھا، اور تشریع کے مقصد سے بھی قرآن متفرق نازل کیا گیا ہے، سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۱۰۶) میں یہ دونوں حکمتیں بیان کی ہیں: ﴿وَقُرْآنًا: فَرَقْنَاهُ، لِتَقْرَأَهُ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَنَزَّلْنَاهُ تَنْزِيْلًا﴾: اور قرآن کو: جدا جدا کیا ہم نے اس کو، تاکہ آپ اس کو لوگوں کے سامنے ٹھیر ٹھیر کر پڑھیں، اور ہم نے اس کو بتدریج تھوڑا تھوڑا اتارا ہے —— اس آیت میں دو باتوں کی ایک حکمت بیان کی ہے:

پہلی بات: قرآنِ کریم کی عبارت اور اندازِ بیان دوسری کتابوں سے مختلف ہے، اس کو چھوٹی بڑی ایک سو چودہ سورتوں میں تقسیم کیا گیا ہے، پھر ہر سورت کو آیتوں میں بانٹ کر جدا جدا کیا ہے، اور لمبی آیتوں کے درمیان بھی وقفے رکھے گئے ہیں، تاکہ لوگوں کے لئے پڑھنے میں، یاد کرنے میں اور سمجھنے میں سہولت ہو، اگر عبارت مسلسل ہوتی تو بات سمجھنے میں دقت ہوتی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: ''قرآنِ کریم پانچ پانچ آیتیں کر کے سیکھو، کیونکہ جبرئیل علیہ السلام پانچ پانچ آیتیں اتارا کرتے تھے'' (بیہقی شعب الایمان) اور ابونضرہ کہتے ہیں: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ ہمیں صبح پانچ آیتیں پڑھاتے تھے اور شام کو پانچ آیتیں، اور فرماتے تھے کہ جبرئیل علیہ السلام بھی پانچ پانچ آیتیں لاتے تھے (حوالہ بالا)

دوسری بات: اب تو عام طور پر بچے قرآن حفظ کرتے ہیں، جن کا اور کوئی مشغلہ نہیں ہوتا، مگر نزولِ قرآن کے وقت بچوں نے نہیں، بلکہ بڑوں نے قرآن حفظ کیا تھا، اور ہر عمر کے بڑوں نے حفظ کیا تھا، جن کے دیگر مشاغل بھی تھے، ان کو تھوڑا تھوڑا سبق دیا جائے تو کامیابی ہوگی، ایک ساتھ سارا قرآن ان کے سامنے رکھ دیا جائے تو وہ چہ می کنم میں مبتلا ہوجائیں گے، اور یہ تدریجی نزول ہی کی برکت تھی کہ جب ۲۳ سال میں قرآن کا نزول مکمل ہوا تو ہزاروں مرد وزن مکمل قرآن کے یا اس کے کچھ حصہ کے حافظ موجود تھے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ آج تو ہمیں چھپے ہوئے قرآن میسر ہیں، ہم اس کی ایک مقدار متعین کر کے کسی بچہ کو دیدیتے ہیں، وہ اپنے طور پر رٹ کر یاد کرلاتا ہے، مگر دورِ اول میں عام طور پر لوگوں کو ہاتھ سے لکھے ہوئے قرآن میسر نہیں تھے، اس زمانہ میں تلقین کے ذریعہ قرآن یاد کرایا جاتا تھا، استاذ ایک آیت پڑھتا، طالب علم اس کو دُوہراتا، پھر استاذ وہی آیت پڑھتا، طالب علم دُوہراتا، یہاں تک کہ وہ آیت یاد ہوجاتی، پس اگر قرآن کی عبارت مسلسل ہوتی تو اس کو کس طرح یاد کرایا جاتا؟

الگ الگ آیتیں ہونے کی وجہ سے ایک ایک آیت کرکے یاد کرانا آسان ہوگیا، لوگوں کے سامنے ٹھیر ٹھیر کر پڑھنے کا یہ مطلب بھی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جو سورتیں ابتدا میں نازل ہوئی ہیں ان کی آیتیں چھوٹی ہیں، سورۃ المدثر کو دیکھئے کتنی چھوٹی آیتیں ہیں، اور عبارت کی بندش کتنی مضبوط ہے، اہل لسان کو ایک دوبار پڑھتے ہی یاد ہوجاتی ہے، پھر جب حفظ کرنے کی مشق ہوگئی تو بڑی آیتوں والی سورتیں نازل کی گئیں، اوران میں بھی درمیان میں وقفے رکھے گئے، تاکہ یاد کرنے میں اور سمجھنے میں سہولت ہو۔

پھر جوں جوں قرآن نازل ہوتا رہا کاتبین وحی سے لکھوایا جاتا رہا، جب تک سورت مکمل نہیں ہوتی تھی کاتبین وحی کے پاس رہتی تھی، پھر جب کوئی سورت مکمل ہوجاتی تو پوری سورت ایک ساتھ لکھی جاتی، اور نبی ﷺ کے ملاحظہ سے گذرتی، آپؐ کوئی ہدایت دینی ہوتی تو دیتے، پھر وہ سورت جو صحابی مانگتے ان کو دیدی جاتی، دوسرے لوگ ان سے اس کی نقلیں لیتے، لکھا ہوا قرآن نبی ﷺ کے گھر میں محفوظ نہیں رکھا جاتا تھا، کیونکہ قرآن لوگوں کی طرف بواسطہ رسول اللہ ﷺ اتارا گیا ہے (سورۃ النحل آیت ۴۴) پس اس کی حفاظت کی ذمہ داری بھی امت کی ہے، پھر صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کے دور میں بطور احتیاط قرآن کو سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا، مگر اس ریکارڈ سے استفادہ کی کبھی نبوت نہیں آئی۔

علاوہ ازیں: بعض حضرات نے اپنے طور پر بھی قرآن لکھے تھے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نزول کی ترتیب سے قرآن لکھا تھا، اوراسی کی نقلیں عراق میں شائع ذائع تھیں، اسی طرح معنی کی حفاظت کرتے ہوئے الفاظ بدل کر شروع میں جو قرآن پڑھنے کی سہولت دی گئی تھی اس کے مطابق بھی متعدد حضرات نے قرآن لکھے تھے، بلکہ بعض نے تو تفسیری کلمات بھی ساتھ لکھے تھے، اس وجہ سے آگے چل کر اختلاف ہوا، اس لئے ضروری سمجھا گیا کہ قرآن کو لغتِ قریش میں لکھا جائے، جس میں اس کا نزول ہوا ہے، قرآن کی اصلی تحریریں صحابہ کے پاس محفوظ تھیں، اور سرکاری ریکارڈ میں بھی موجود تھیں، اور کاغذ بھی دستیاب ہوگیا تھا، چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں قرآنِ کریم کو کتابی شکل دی گئی، یہ خارج میں بھی قرآن مرتب ہوگیا، اس وقت صحابہ نے صرف ایک کام کیا، دوسورتوں کے درمیان فصل کرنے کے لئے بسم اللہ لکھی، پھر مرتب قرآن کا نام مُصْحَفْ رکھا، مگر اس وقت اوراق علاحدہ علاحدہ تھے، ان کو دوگتّوں کے درمیان رکھا گیا تھا، أَصْحَفَ الکتاب کے معنی ہیں: لکھے ہوئے اوراق یکجا کرنا، اور مُصْحَف (اسم مفعول) کے معنی ہیں: لکھے ہوئے اوراق کا مجموعہ، پھراس کا غالب استعمال قرآنِ کریم کے لئے ہونے لگا۔

[٦-] بَابُ تَأْلِيفِ الْقرآنِ

[٤٩٩٣-] حدثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِى يُوْسُفُ بْنُ مَاهَكَ، قَالَ: إِنِّى عِنْدَ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ جَاءَ هَا عِرَاقِيٌّ، فَقَالَ: أَىُّ

الْكَفَنِ خَيْرٌ؟ قَالَتْ: وَيْحَكَ! وَمَا يَضُرُّكَ؟ قَالَ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَرِيْنِي مُصْحَفَكِ، قَالَتْ: لِمَ؟ قَالَ: لَعَلِّيْ أُوَلِّفُ الْقُرْآنَ عَلَيْهِ فَإِنَّهُ يُقْرَأُ غَيْرَ مُؤَلَّفٍ. قَالَتْ: وَمَا يَضُرُّكَ أَيَّهُ قَرَأْتَ قَبْلُ، إِنَّمَا نَزَلَ أَوَّلَ مَا نَزَلَ مِنْهُ سُوْرَةٌ مِنَ الْمُفَصَّلِ، فِيْهَا ذِكْرُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، حَتّٰى إِذَا ثَابَ النَّاسُ إِلَى الإِسْلَامِ، نَزَلَ الْحَلَالُ وَالْحَرَامُ، وَلَوْ نَزَلَ أَوَّلَ شَيْئٍ: لَا تَشْرَبُوْا الْخَمْرَ، لَقَالُوْا: لَانَدَعُ الْخَمْرَ أَبَدًا. وَلَوْ نَزَلَ: لَاتَزْنُوْا، لَقَالُوْا: لَانَدَعُ الزِّنَا أَبَدًا. لَقَدْ نَزَلَ بِمَكَّةَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم وَإِنِّيْ لَجَارِيَةٌ أَلْعَبُ: ﴿بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ﴾[القمر: ٤٦] وَمَا نَزَلَتْ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَالنِّسَاءِ إِلَّا وَأَنَا عِنْدَهُ قَالَ: فَأَخْرَجَتْ لَهُ الْمُصْحَفَ فَأَمْلَتْ عَلَيْهِ آیَ السُّوَرِ. [راجع: ٤٨٧٦]

وضاحت: یہ حدیث پہلے بہت مختصر آئی ہے، گویا نہیں آئی اور آگے بھی نہیں آئے گی ــــ اس کی سند میں جو وأخبرنی یوسف ہے: نسفی کے نسخہ میں واو نہیں ہے، اور وہی نسخہ صحیح ہے، ابن جریج یوسف بن ماہک سے روایت کرتے ہیں۔

ترجمہ: یوسف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے کہ اچانک ان کے پاس ایک عراقی آیا، اس نے پوچھا: کونسا کفن بہتر ہے؟ صدیقہؓ نے فرمایا: باؤلے! کیا چیز تجھے نقصان پہنچائے گی؟ یعنی جب تو مر گیا، اور تجھے کفن دیدیا گیا تو تیرا کیا نقصان ہے؟ (کفن دینا پسماندگان کا کام ہے اور ان کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اچھا کفن دیں، اگر بغیر عذر کے برا کفن دیں گے تو وہ ماخوذ ہونگے، رہی میت تو اس کے حق میں اچھا اور برا کفن یکساں ہے)

اس نے کہا: اے ام المؤمنین! آپ مجھے اپنا قرآن دکھلائیں، صدیقہ نے کہا: کیوں؟ اس نے کہا: شاید میں اپنا قرآن اس پر تالیف کروں (یہاں باب ہے) اس لئے کہ (عراق میں) قرآن غیر مؤلف پڑھا جاتا ہے (عراق میں ابن مسعودؓ کا قرآن رائج تھا، جو نزول کی ترتیب پر لکھا گیا تھا، اس میں بعض آیات موقعہ محل میں نہ ہونے کی وجہ سے سمجھنے میں دشواری پیش آتی تھی) صدیقہؓ نے کہا: اور تجھے کیا ضرر پہنچائے گا خواہ تو کوئی سا پہلے پڑھے! یعنی تلاوت مرتب کرنی ضروری نہیں، جس طرح بھی پڑھے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی، مگر سمجھنے میں بعض جگہ دشواری پیش آئے گی، پھر فرمایا: قرآن کی سب سے پہلے مفصلات کی سورتیں اتری ہیں جن میں جنت ودوزخ کا تذکرہ ہے (اسلام کے بنیادی عقائد: توحید، رسالت وآخرت ہیں، مکی سورتوں میں بار بار یہی عقائد بیان ہوئے ہیں اور ان کے ماننے نہ ماننے پر جنت کی بشارت اور دوزخ کی وعید سنائی ہے) یہاں تک کہ جب لوگ (اسلام کی طرف) لوٹے یعنی مائل ہوئے (اور اسلام پھیلا) تو حلال وحرام اترا یعنی احکام مدنی دور میں نازل ہوئے ہیں، اور اگر شروع ہی میں اترتا کہ شراب مت پیؤ تو لوگ کہتے: ہم شراب کبھی نہیں چھوڑیں گے! اور اگر حکم اترتا کہ زنا مت کرو تو لوگ کہتے: ہم زنا کبھی نہیں چھوڑیں گے! اور بخدا! مکہ میں نبی ﷺ پر نازل ہوا درانحالیکہ میں بچی تھی، کھیلتی تھی: ''بلکہ قیامت ان کے وعدہ کا وقت ہے، اور قیامت بڑی سخت اور بڑی ناگوار چیز ہے'' اور سورۃ البقرۃ اور سورۃ النساء نہیں نازل ہوئیں مگر درانحالیکہ میں آپؐ کے پاس تھیں یعنی میری رخصتی ہو چکی تھی، پھر انھوں نے عراقی کے

لئے قرآن نکالا اوراس کوسورتوں کی آیتیں لکھوائیں، یعنی ان آیتوں کا سورتوں میں موقع ومحل بتلایا۔

[٤٩٩٤-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ، سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ فِی بَنِیْ إِسْرَائِيْلَ، وَالْكَهْفِ، وَمَرْيَمَ، وَطٰهٰ، وَالْأَنْبِيَاءِ: إِنَّهُنَّ مِنَ الْعِتَاقِ الْأُوَلِ وَهُنَّ مِنْ تِلَادِیْ. [راجع: ٤٧٠٨]

حوالہ: یہ حدیث کتاب التفسیر میں سورہ بنی اسرائیل کے شروع میں آئی ہے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے پانچ سورتوں (بنی اسرائیل، کہف، مریم، طٰہٰ، اور انبیاء) کے بارے میں فرمایا: یہ پرانی سورتیں ہیں اور میرا پرانا سرمایہ ہیں، یعنی یہ سورتیں نہایت عمدہ (فصیح وبلیغ) ہیں اور مجھے بہت قدیم زمانہ سے یاد ہیں یہ سورتیں ابن مسعودؓ کے مصحف میں شروع میں لکھی ہوئی ہونگی، کیونکہ ان کا نزول مقدم ہے، مگر جب قرآن کو کتابی شکل دی گئی تو ذہنی ترتیب کے مطابق ان کو ان کی جگہ رکھا گیا۔

[٤٩٩٥-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَنْبَأَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، سَمِعَ الْبَرَاءَ، قَالَ: تَعَلَّمْتُ ﴿سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ﴾ قَبْلَ أَنْ يَقْدَمَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم.

وضاحت: یہ حدیث اسی جگہ ہے، اس سے معلوم ہوا کہ سورۃ الاعلیٰ مکی سورت ہے، ہجرت سے پہلے یہ سورت براءؓ نے یاد کرلی تھی، مگر ترتیب میں اس کا نمبر ۸۷ ہے۔

[٤٩٩٦-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَدْ عَلِمْتُ النَّظَائِرَ الَّتِیْ كَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم يَقْرَؤُهُنَّ اثْنَيْنِ اثْنَيْنِ فِی رَكْعَةٍ. فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ وَدَخَلَ مَعَهُ عَلْقَمَةُ، وَخَرَجَ عَلْقَمَةُ فَسَأَلْنَاهُ فَقَالَ: عِشْرُوْنَ سُوْرَةً مِنْ أَوَّلِ الْمُفَصَّلِ عَلٰى تَأْلِيفِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، آخِرُهُنَّ مِنَ الْحَوَامِيْمِ: حٰمٓ الدُّخَانُ، وَعَمَّ يَتَسَاءَلُوْنَ. [راجع: ٧٧٥]

حوالہ: یہ حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۹۷) آئی ہے، النظائر: ہم مضمون، ان بیس سورتوں کی تفصیل ابوداؤد (حدیث ۱۳۹۶ باب تحزیب القرآن) میں ہے، ان سورتوں میں اتری ترتیب نہیں ہے، نوافل میں خلاف ترتیب پڑھ سکتے ہیں اور ان بیس کی آخری سورتیں سورۃ الدخان اور سورۃ النبأ تھیں۔

بَابٌ: كَانَ جِبْرَئِيْلُ يَعْرِضُ الْقُرْآنَ عَلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم

حضرت جبرئیل علیہ السلام کا نبی ﷺ کے ساتھ مل کر قرآن کا دور کرنا

حفاظ کرام میں رمضان میں قرآن کا دور کرنے کا رواج ہے، اس کی اصل یہ باب ہے، نبی ﷺ اور جبرئیل علیہ السلام

ہر رمضان میں ہر رات مل کر قرآن کا دور کیا کرتے تھے۔ عَرَضَ (ض) الشیئَ کے معنی ہیں: پیش کرنا، یاد سے پڑھنا، باب میں یعرض کا فاعل جبرئیل علیہ السلام ہیں، اور ابن عباسؓ کی حدیث میں نبی ﷺ فاعل ہیں، اور باب کی معلق روایت میں جو پہلے (تحفۃ القاری ٧:١٦٧) گذری ہے: یُعَارِضُنِیْ: باب مفاعلہ سے ہے، جس کا خاصہ اشتراک ہے یعنی دونوں ایک دوسرے کو قرآن سناتے تھے، اور ایک روایت میں یُدَارِسُنِیْ ہے، مُدَارَسَة کے معنی بھی مل کر پڑھنا ہیں، اسی کو دور کرنا کہتے ہیں۔ حافظ کو خواہ کتنا ہی مضبوط قرآن یاد ہو دوسرے حافظ کے ساتھ مل کر قرآن کا دور ضرور کرنا چاہئے، تنہا پڑھنے میں کبھی کوئی آیت چھوٹ جاتی ہے، اور کبھی کوئی حرف غلط بھی پڑھا جاتا ہے، دور کرنے میں اس کی اصلاح ہو جاتی ہے، اور بڑی عمر میں ڈبل دور کرنا چاہئے، آخری سال میں جبرئیل علیہ السلام نے دو مرتبہ دور کیا ہے، پس بڑھاپے میں پڑھنے کی مقدار بڑھا دینی چاہئے، بڑی عمر میں حافظہ کمزور ہو جاتا ہے، اس کی تلافی اسی طرح ممکن ہے۔

[٧-] بَابٌ: كَانَ جَبْرَئِيْلُ يَعْرِضُ الْقُرْآنَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

وَقَالَ مَسْرُوْقٌ: عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ: أَسَرَّ إِلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَنَّ جِبْرَئِيْلَ يُعَارِضُنِيْ بِالْقُرْآنِ كُلَّ سَنَةٍ، وَإِنَّهُ عَارَضَنِيْ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ، وَلاَ أُرَاهُ إِلَّا حَضَرَ أَجَلِيْ"[راجع: ٣٦٢٤]

[٤٩٩٧-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ، وَأَجْوَدُ مَا يَكُوْنُ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ، لِأَنَّ جِبْرَئِيْلَ كَانَ يَلْقَاهُ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ حَتَّى يَنْسَلِخَ، يَعْرِضُ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْقُرْآنَ، فَإِذَا لَقِيَهُ جِبْرَئِيْلُ كَانَ أَجْوَدَ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ.[راجع:٦]

[٤٩٩٨-] حدثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ يَعْرِضُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْقُرْآنَ كُلَّ عَامٍ مَرَّةً، فَعَرَضَ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ فِي الْعَامِ الَّذِيْ قُبِضَ، وَكَانَ يَعْتَكِفُ كُلَّ عَامٍ عَشْرًا، فَاعْتَكَفَ عِشْرِيْنَ فِي الْعَامِ الَّذِيْ قُبِضَ.[راجع: ٢٠٤٤]

بَابُ الْقُرَّاءِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

قرآنِ کریم پڑھنے پڑھانے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

دورِ اول میں حافظ اور حفاظ کی اصطلاح نہیں تھی، قاری اور قراء کی اصطلاح تھی، وہ صحابہ جن کی حفظ قرآن میں شہرت تھی، اور وہ قرآن کی تعلیم میں لگے ہوئے تھے قراء کہلاتے تھے، اور حافظ صاحب نے فرمایا ہے کہ سلف کے عرف میں جس نے قرآن کا فہم حاصل کیا ہو اس کو بھی قاری کہتے تھے (فتح) —— قرائے صحابہ بہت تھے، تمام اصحاب صفّہ قراء تھے، جن

کی تعداد چار سوتک پہنچی ہے، بیر معونہ کے واقعہ میں ستّر قراء تعلیم قرآن کے لئے بھیجے گئے تھے جن کو شہید کیا گیا، جنگ یمامہ میں ستّر یا سات سو قراء شہید ہوئے، غرض قرائے صحابہ کی تعداد بہت ہے، یہ سب متعلّمین اور معلّمین تھے، اور اکابر صحابہ کا ان میں شمار نہیں، ان کا مقام و مرتبہ ان سے بہت بلند تھا ـــــ حضرت امام بخاریؒ نے اس باب میں چھ حدیثیں ذکر کی ہیں:

[۸-] بَابُ الْقُرَّاءِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[۴۹۹۹-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ: ذَكَرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ، فَقَالَ: لَا أَزَالُ أُحِبُّهُ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " خُذُوْا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَسَالِمٍ، وَمُعَاذٍ، وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ"

[راجع: ۳۷۵۸]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۲۶۲ میں) آچکی ہے..........خُذوا: لوتم یعنی سیکھو ـــــ چار میں سے اول دو مہاجری ہیں اور آخری دو انصاری ـــــ حضرت عبداللہ بن عمرو کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے محبت تھی، اس وجہ سے کہ وہ قرآن کے ماہر تھے، پس اہل علم سے محبت کرنی چاہئے۔

[۵۰۰۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَقِيْقُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: خَطَبَنَا عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِضْعًا وَسَبْعِيْنَ سُوْرَةً، وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنِّيْ مِنْ أَعْلَمِهِمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَمَا أَنَا بِخَيْرِهِمْ، قَالَ شَقِيْقٌ: فَجَلَسْتُ فِي الْحِلَقِ أَسْمَعُ مَا يَقُوْلُوْنَ، فَمَا سَمِعْتُ رَادًّا يَقُوْلُ غَيْرَ ذٰلِكَ.

ترجمہ: (یہ حدیث اسی جگہ ہے) شقیق رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے تقریر میں فرمایا: بخدا! میں نے نبی ﷺ کے دہنِ مبارک سے ستّر سے زیادہ سورتیں لی ہیں یعنی پڑھی ہیں (باقی سورتیں دیگر اکابر صحابہ سے پڑھی ہیں) بخدا! صحابہ یقیناً جانتے ہیں کہ میں قرآن کو ان سے (صحابہ سے) زیادہ جانتا ہوں، اور میں ان سے بہتر نہیں ہوں۔ شقیق کہتے ہیں: پس میں (دیگر اساتذہ کے) اسباق میں بیٹھا، میں ان کی باتوں کو سنتا تھا، پس نہیں سنا میں نے کسی تردید کرنے والے کو جو اس کے علاوہ کہتا ہو (حضرت ابن مسعودؓ کا قراء میں سے ہونا ثابت ہوا، یہی باب ہے)

تقریر کا پس منظر: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں جب قرآنِ کریم کو کتابی شکل دی گئی، اور امت کو لغتِ قریش پر اور لوحِ محفوظ کی ترتیب پر جمع کیا گیا، اور اس کے لئے مصاحف تیار کرا کر اطراف مملکت میں بھیجے گئے، اور ساتھ ہی حکم دیا گیا کہ لوگوں نے جو مختلف قرآن لکھ رکھے ہیں وہ پایۂ تخت کو بھیج دیئے جائیں، تو سب نے بھیج دیئے مگر حضرت

ابن مسعودؓ نے پس وپیش کی، انھوں نے نزول کی ترتیب سے اپنا قرآن لکھ رکھا تھا، اور اسی کی نقلیں عراق میں پھیلی ہوئی تھیں، وہ اپنے قرآن کو بھیجنے کے لئے تیار نہیں تھے، بلکہ عراقیوں سے کہہ دیا کہ اپنا قرآن چھپاؤ، اس موقعہ پر آپؓ نے مذکورہ تقریر کی ہے، اس میں آپؓ نے اپنی جو فضیلتیں بیان کی ہیں وہ مسلّم تھیں، ان کا کوئی منکر نہیں تھا، مگر انھوں نے جو اپنا قرآن نہ بھیجنے کا فیصلہ کیا اس کو اکابر صحابہ نے پسند نہیں کیا، حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما نے آپ کو سمجھایا، اور آپ کو قرآن بھیجنے پر آمادہ کیا، چنانچہ انھوں نے بادل ناخواستہ اپنا قرآن بھیج دیا۔

[۵۰۰۱-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: كُنَّا بِحِمْصَ، فَقَرَأَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ سُوْرَةَ یُوْسُفَ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَا هٰكَذَا أُنْزِلَتْ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: أَحْسَنْتَ. وَوَجَدَ مِنْهُ رِیْحَ الْخَمْرِ، فَقَالَ: أَتَجْمَعُ أَنْ تُكَذِّبَ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَتَشْرَبَ الْخَمْرَ. فَضَرَبَهُ الْحَدَّ.

ترجمہ: (یہ حدیث اسی جگہ ہے اور متفق علیہ ہے) علقمہؒ کہتے ہیں: ہم حمص میں تھے (یہ شام کا شہر ہے) پس ابن مسعودؓ نے (لوگوں کی درخواست پر) سورۂ یوسف پڑھی، ایک شخص نے کہا: (یہ سورت) اس طرح نہیں اتاری گئی! ابن مسعودؓ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو (یاد کرکے) سنائی تو آپؐ نے فرمایا: ''تم نے ٹھیک پڑھا!'' (یہاں باب ہے) پھر ابن مسعودؓ نے اس سے شراب کی بومحسوس کی تو فرمایا: کیا تو اکٹھا کرتا ہے کہ اللہ کی کتاب کو جھٹلاتا ہے اور شراب پیتا ہے! یعنی چوری اور سینہ زوری! پھر آپ نے اس کو حد لگائی (ابن مسعودؓ کے نزدیک بومحسوس ہونے پر حد جاری کی جاسکتی تھی)

[۵۰۰۲-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاللّٰهِ الَّذِیْ لَا إِلٰـهَ غَیْرُهُ! مَا أُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ: أَیْنَ أُنْزِلَتْ؟ وَلَا أُنْزِلَتْ آیَةٌ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ: فِیْمَ أُنْزِلَتْ؟ وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنِّیْ بِكِتَابِ اللّٰهِ تَبْلُغُهُ الإِبِلُ لَرَكِبْتُ إِلَیْهِ.

ترجمہ: (یہ حدیث اسی جگہ ہے اور متفق علیہ ہے) ابن مسعودؓ نے فرمایا: اس اللہ کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں! نہیں اتاری گئی قرآن کی کوئی سورت مگر میں خوب جانتا ہوں کہ وہ کہاں اتاری گئی؟ اور نہیں اتاری گئی قرآن کی کوئی آیت مگر میں خوب جانتا ہوں کہ کس سلسلہ میں وہ اتاری گئی؟ اور اگر میں کسی کو جانتا کہ وہ مجھ سے زیادہ قرآن کا علم رکھتا ہے اور اس تک اونٹ پہنچا سکتا یعنی سفر کرکے اس تک پہنچنا ممکن ہوتا تو میں سوار ہوکر اس تک پہنچتا!

وضاحت: اس ارشاد کا بھی پس منظر وہی ہے جو ابھی اوپر بیان کیا ہے، آیات وسور کے نزول کا، اس کے موقع محل کا اور ان کے مصادیق کا علم یقیناً ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو دوسرے صحابہ سے زیادہ تھا، کیونکہ انھوں نے شروع سے اس کا

خاص اہتمام کیا تھا، کسی اور نے اس کا اہتمام نہیں کیا تھا، اور انھوں نے اپنا قرآن بھی نزول کی ترتیب پر لکھا تھا، اس لئے ان کو اس کا علم یقیناً دوسرے صحابہ سے زیادہ تھا، مگر قرآنِ کریم کو کتابی شکل لوحِ محفوظ کی ترتیب کے مطابق دینی چاہئے یا نزول کے مطابق؟ یہ دوسرا مسئلہ ہے، اور اس مسئلہ میں دوسرے صحابہ کی رائے صحیح تھی، اور ابن مسعودؓ نے بھی آخر میں ان کی موافقت کی تھی۔

[۵۰۰۳-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: مَنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: أَرْبَعَةٌ، كُلُّهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ: أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَأَبُوْ زَيْدٍ. تَابَعَهُ الْفَضْلُ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ. [راجع: ۳۸۱۰]

[۵۰۰۴-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، وَثُمَامَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَاتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَلَمْ يَجْمَعِ الْقُرْآنَ غَيْرُ أَرْبَعَةٍ: أَبُوْ الدَّرْدَاءِ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَأَبُوْ زَيْدٍ. قَالَ: وَنَحْنُ وَرِثْنَاهُ. [راجع: ۳۸۱۰]

وضاحت: پہلی روایت پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۲۹۳) آئی ہے اور متفق علیہ ہے اور دوسری روایت اسی جگہ ہے اور وہ تنہا امام بخاری رحمہ اللہ کی روایت ہے، اور اس میں جو حضرت ابی بن کعبؓ کی جگہ حضرت ابوالدرداءؓ کا نام ہے، وہ راوی کا وہم ہے (عمدۃ) اور اس روایت کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ حفاظ صرف چار تھے، حفاظ تو بہت تھے، عینیؒ نے لکھا ہے: **وقد ظهر من هذا ان الذين جمعوا القرآن على عهده صلى الله عليه وسلم لا يُحْصِيهِمْ أَحَدٌ ولايَضْبِطُهُمْ عَدَدٌ** (عمدۃ) بلکہ حضرت انسؓ کے اس قول کا تعلق ایک مفاخرۃ (مقابلہ میں برتری ثابت کرنے) سے ہے، اوس نے کہا: ہم میں چار ہیں: (۱) سعد بن معاذ جن کے لئے عرشِ الٰہی فرحت وشادمانی سے جھوم گیا (۲) خزیمۃ بن ثابت (ذوالشہادتین) جن کی گواہی دو کے قائم مقام گردانی گئی (۳) حنظلہ بن ابی عامر (غسیل الملائکہ) جن کو جنگِ احد میں فرشتوں نے غسل دیا (۴) عاصم بن ثابت جن کی لاش کی بھڑوں نے حفاظت کی —— پس خزرج نے جواب دیا: ہم میں سے چار نے عہدِ نبوی میں مکمل قرآن حفظ کیا: ابی، معاذ، زید اور ابوزید، حضرت انسؓ خزرجی ہیں، انھوں نے خزرج کی یہی بات بیان کی ہے، پس یہ بات عام نہیں، اوس کے مقابلہ میں ہے —— اور ابوزید کا جلدی انتقال ہو گیا تھا، وہ انسؓ کے خاندانی چچا تھے، اور لاولد فوت ہوئے تھے، انسؓ کہتے ہیں: ہم ان کے وارث ہوئے —— یہ چار حفاظ چار قراء تھے، پس باب ثابت ہوا۔

[۵۰۰۵-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: عَلِيٌّ أَقْضَانَا وَأُبَيٌّ أَقْرَؤُنَا، وَإِنَّا لَنَدَعُ مِنْ لَحْنِ أُبَيٍّ،

وَأُبَیٌّ یَقُوْلُ: أَخَذْتُهُ مِنْ فِی رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَلَا أَتْرُکُهُ لِشَیْئٍ، قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: ﴿مَا نَنْسَخْ مِنْ آیَةٍ أَوْ نُنْسِهَا نَأْتِ بِخَیْرٍ مِّنْهَا أَوْ مِثْلِهَا﴾[البقرة: ۱۰۶] [راجع: ۴۴۸۱]

حوالہ: یہ حدیث نویں جلد میں سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۰۶ کی تفسیر میں آچکی ہے۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم میں قضاء (فیصلوں) کے ماہر علیؓ ہیں، اور قرآن کے ماہر (اقرأ) ابیؓ ہیں، اور ہم ابی کا بعض پڑھا نہیں لیتے (لَحن: نغمہ: مراد قراءت ہے) ابی کہتے ہیں: میں نے اس کو نبی ﷺ کے دہنِ مبارک سے لیا ہے، پس میں اس کو کسی بھی وجہ سے نہیں چھوڑوں گا، حالانکہ قرآن میں ناسخ ومنسوخ ہیں، اور منسوخ آیات کو پڑھنے کا کوئی جواز نہیں۔

تشریح: حضرت ابی رضی اللہ عنہ کی بات حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی بات جیسی ہے، ابن مسعودؓ بھی کہتے تھے: میں نے قرآن نبی ﷺ سے اسی طرح (نزول کی ترتیب سے) لیا ہے، پس میں اس کو نہیں چھوڑونگا، حالانکہ اخذ تو نزول کے اعتبار سے ہی ہوگا، جو کلام جس وقت نازل ہوگا اسی وقت لیا جائے گا، رہی یہ بات کہ نازل شدہ آیات کا موقعہ محل کیا ہے: یہ دوسری بات ہے۔

بَابُ فَضْلِ فَاتِحَةِ الْکِتَابِ

سورۃ الفاتحہ کی فضیلت

سورۃ الفاتحہ کی اہمیت ناقابل بیان ہے، یہ سورت قرآنِ کریم کا دیباچہ ہے، یہی بات اس سورت کی سب سے بڑی فضیلت ہے، کیونکہ یہ بات بغیر کسی اہمیت کے نہیں ہوسکتی، پھر اس کے ڈھیر سارے نام بھی اس کی اہمیت پر دال ہیں، کیونکہ وصفی ناموں کا تعدد اوصاف (خوبیوں) کے تعدد پر دلالت کرتا ہے —— اور باب میں دو حدیثیں ہیں، اور دونوں پہلے آچکی ہیں، پہلی حدیث نویں جلد میں سورۃ الفاتحہ کی تفسیر میں آئی ہے —— اور دوسری حدیث (تحفۃ القاری ۵: ۳۲۲ میں) آئی ہے اور دونوں حدیثوں کی باب پر دلالت واضح ہے —— اور باقی باتیں حدیثوں کے بعد ذکر کی جائیں گی۔

[۹-] بَابُ فَضْلِ فَاتِحَةِ الْکِتَابِ

[۵۰۰۶-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِی خُبَیْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِی سَعِیْدِ بْنِ الْمُعَلَّی، قَالَ: کُنْتُ أُصَلِّی فَدَعَانِی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَلَمْ أُجِبْهُ، قُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! إِنِّیْ کُنْتُ أُصَلِّی، قَالَ: " أَلَمْ یَقُلِ اللّٰہُ: ﴿اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ إِذَا دَعَاکُمْ﴾[الأنفال: ۲۴] ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ أَعْظَمَ سُوْرَةٍ فِی الْقُرْآنِ

قَبلَ أَنْ تَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ؟" فَأَخَذَ بِيَدِیْ، فَلَمَّا أَرَدْنَا أَنْ نَخْرُجَ قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّكَ قُلْتَ: لَأُعَلِّمَنَّكَ أَعْظَمَ سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ، قَالَ: ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ هِیَ السَّبْعُ الْمَثَانِیْ ، وَالْقُرْآنُ الْعَظِيْمُ الَّذِیْ أُوْتِيْتُهُ" [راجع: ٤٤٧٤]

وضاحت: السبع المثاني: بار بار دوہرائی جانے والی سات آیتیں، المثاني: السبع کی صفت ہے، اور ﴿مَثَانِیْ﴾ اگرچہ قرآنِ کریم کی بھی صفت ہے (الزمر آیت ۲۳) مگر وہ یہاں مراد نہیں اور جس روایت میں من المثاني ہے وہ روایت بالمعنی ہے —— والقرآنُ العظیم: عام کا خاص پر عطف ہے یا کسی چیز کے دو وصفوں میں سے ایک کا دوسرے پر عطف ہے؟ دونوں احتمال ہیں۔ پہلی صورت میں قرآنِ عظیم سے سارا قرآن مراد ہوگا، اور دوسری صورت میں قرآنِ عظیم سے بھی سورۃ الفاتحہ ہی مراد ہوگی، سورۃ الفاتحہ کے دو دو وصف ہیں: (۱) وہ بار بار دوہرائی جانے والی سورت ہے (۲) وہ قرآن کا خلاصہ اور نچوڑ ہے، اس لئے اس کو قرآنِ عظیم کہا گیا ہے۔

[٥٠٠٧-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ مَعْبَدٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: كُنَّا فِیْ مَسِيْرٍ لَنَا، فَنَزَلْنَا فَجَاءَ تْ جَارِيَةٌ، فَقَالَتْ: إِنَّ سَيِّدَ الْحَیِّ سَلِيْمٌ، وَإِنَّ نَفَرَنَا غُيَّبٌ فَهَلْ مِنْكُمْ رَاقٍ؟ فَقَامَ مَعَهَا رَجُلٌ، مَا كُنَّا نَأْبُنُهُ بِرُقْيَةٍ، فَرَقَاهُ فَبَرَأَ، فَأَمَرَ لَهُ بِثَلَاثِيْنَ شَاةً، وَسَقَانَا لَبَنًا، فَلَمَّا رَجَعَ قُلْنَا لَهُ: أَكُنْتَ تُحْسِنُ رُقْيَةً أَوْ: كُنْتَ تَرْقِیْ؟ قَالَ: لَا، مَا رَقَيْتُ إِلَّا بِأُمِّ الْكِتَابِ. قُلْنَا: لَا تُحْدِثُوْا شَيْئًا حَتّٰى نَأْتِیَ أَوْ: نَسْأَلَ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم. فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ ذَكَرْنَاهُ لِلنَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" وَمَا كَانَ يُدْرِيْهِ أَنَّهَا رُقْيَةٌ؟! اقْسِمُوْا وَاضْرِبُوْا لِیْ بِسَهْمٍ" وَقَالَ أَبُوْمَعْمَرٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، حَدَّثَنِیْ مَعْبَدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ بِهٰذَا. [راجع ٢٢٧٦]

لغات: معبد: محمد بن سیرینؒ کے بڑے بھائی ہیں .... سَلِيْم: سانپ گزیدہ.......... وأن نفرنا غيب: ہمارے مرد سفر میں گئے ہوئے ہیں اس لئے میں (عورت) آئی ہوں.......... أَبَنَ (ن،ض) أَبْنًا فلانا: عیب لگانا، تہمت لگانا، ہم اس پر منتر کی تہمت نہیں لگاتے تھے یعنی ہمارے علم میں وہ جھاڑ پھونک کرنے والا نہیں تھا.......... وما كان: اور کس چیز نے اس کو بتلایا کہ فاتحہ سانپ کاٹے کا منتر ہے؟ یعنی اس کا ذہن اس طرف کیسے منتقل ہوا؟ یہی اس سورت کی فضیلت ہے، سورۃ الفاتحہ سورۃ الشافیہ ہے، اس میں ہر بیماری کی شفا ہے، کوئی آزما کر دیکھے۔

ملحوظہ: جھاڑنے کی اجرت جائز ہے یا نہیں؟ اور حدیث سے استدلال درست ہے یا نہیں؟ اس پر گفتگو (تحفۃ القاری ۵:۳۲۱) میں آچکی ہے۔

فَضْلُ الْبَقَرَةِ

سورۃ البقرۃ کی فضیلت

سورۃ البقرۃ کی فضیلت میں حضرتؒ کے پاس صحیح میں لانے کے قابل کوئی روایت نہیں، نِطاق (کمر کا پٹکا) تنگ ہے، اس کے لئے ترمذی شریف (تحفۃ الالمعی ۷:۳۶) دیکھیں، امام صاحبؒ باب میں دو روایتیں لائے ہیں، پہلی روایت پہلے (تحفۃ القاری ۸:۹۰) گذری ہے، اس میں سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیتوں کی فضیلت ہے، اور دوسری حدیث بھی پہلے (تحفۃ القاری ۵:۳۵۶) آئی ہے، اس میں آیت الکرسی کی فضیلت ہے، پس جزء کی فضیلت سے کل کی فضیلت پر استدلال کیا ہے، کیونکہ جس طرح کل کی فضیلت جزء کی فضیلت پر دلالت کرتی ہے، جزء کی فضیلت بھی کل کی فضیلت پر دلالت کرتی ہے۔

[۱۰-] فَضْلُ الْبَقَرَةِ

[۵۰۰۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ، قَالَ:" مَنْ قَرَأَ بِالآيَتَيْنِ......

[۵۰۰۹-] وَحَدَّثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَرَأَ بِالآيَتَيْنِ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِيْ لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ"[راجع: ۴۰۰۸]

سند: یہ حدیث ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے سلیمان اعمش اور منصور رحمہما اللہ روایت کرتے ہیں، پس روایت ایک ہے۔

حدیث: جس نے کسی رات میں سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیتیں پڑھیں: وہ اس کے لئے کافی ہونگی۔

تشریح: اس حدیث کے تین مطلب بیان کئے گئے ہیں:

۱- اگر وہ اس رات میں تہجد اور تہجد میں قرآن نہ پڑھے تو بھی اس کو تہجد کا (اصلی) ثواب مل جائے گا۔

۲- وہ شخص اس رات میں شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا، شیاطین الانس والجن اس کو ضرر نہیں پہنچا سکیں گے۔

۳- یہ دو آیتیں ہر برائی اور ہر خطرہ سے بچالیتی ہیں (اس طرح حدیث کو عام رکھا جائے تو بہتر ہے)

[۵۰۱۰-] وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: وَكَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِحِفْظِ زَكَاةِ رَمَضَانَ، فَأَتَانِيْ آتٍ فَجَعَلَ يَحْثُوْ مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ، فَقُلْتُ: لَأَرْفَعَنَّكَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَصَّ الْحَدِيْثَ، فَقَالَ: إِذَا أَوَيْتَ

إِلٰى فِرَاشِكَ فَاقْرَأْ آيَةَ الْكُرْسِيِّ: لَنْ يَزَالَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظًا، وَلَا يَقْرُبُكَ شَيْطَانٌ حَتّٰى تُصْبِحَ. وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوْبٌ، ذَاكَ شَيْطَانٌ"[راجع: ۲۳۱۱]

ملحوظہ: اس طرح کا واقعہ نسائی میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا، اور طبرانی میں ابو اسید انصاری رضی اللہ عنہ کا، اور ابن ابی الدنیا میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا بھی مروی ہے، پس اس قسم کے واقعات متعدد صحابہ کے ساتھ پیش آئے ہیں، اور آج بھی پیش آتے ہیں، مگر آج شیطان نظر نہیں آتا اور سامان چوری ہو جاتا ہے، اور صحابہ کو شیطان نظر آتا تھا، جیسے نبی ﷺ کو ایک مرتبہ نماز میں شیطان نظر آیا، اور اس نے آپؐ کی نماز خراب کرنی چاہی، اور آپؐ نے اس کو پکڑ کر باندھ لینے کا ارادہ کیا، پھر نہیں باندھا۔

بَابُ فَضْلِ سُوْرَةِ الْكَهْفِ

سورۃ الکہف کی فضیلت

سورۃ الکہف بڑی مبارک سورت ہے، تمام فتنوں سے خاص طور پر دجال اکبر کے فتنہ سے بچانے میں اس کا خاص عمل ہے، شیاطین کے مکائد وشرور سے بھی محفوظ رکھتی ہے، حضرت رحمہ اللہ نے صرف ایک روایت ذکر کی ہے، جو پہلے (تحفۃ القاری ۷:۱۵۹) آچکی ہے۔

[۱۱-] بَابُ فَضْلِ سُوْرَةِ الْكَهْفِ

[۵۰۱۱-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْكَهْفِ، وَإِلٰى جَانِبِهِ حِصَانٌ مَرْبُوْطٌ بِشَطَنَيْنِ، فَتَغَشَّتْهُ سَحَابَةٌ فَجَعَلَتْ تَدْنُوْ وَتَدْنُوْ وَجَعَلَ فَرَسُهُ يَنْفِرُ، فَلَمَّا أَصْبَحَ أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ:" تِلْكَ السَّكِيْنَةُ تَنَزَّلَتْ بِالْقُرْآنِ"[راجع: ۳۶۱۴]

حدیث: حضرت اُسید بن حضیرؓ ایک بار رات میں تہجد میں سورۃ الکہف پڑھ رہے تھے، مکان میں گھوڑا بندھا ہوا تھا، اچانک گھوڑا ابدکنے لگا، انھوں نے دیکھا کہ ایک بادل چھایا ہوا ہے، اور وہ قریب آرہا ہے، پس گھوڑا بدکنے لگا، اور قریب ہی ان کا لڑکا سویا ہوا تھا، انھوں نے پڑھنا موقوف کر دیا، صبح نبی ﷺ سے اس واقعہ کا تذکرہ کیا، آپؐ نے فرمایا: "پڑھتے رہتے، وہ تو سکینت تھی جو قرآن کی وجہ سے نازل ہوئی تھی"

لغات: حِصَان: عمدہ گھوڑا............ الشَّطَن: جانور کو باندھنے کی رسّی، جمع أَشْطَان، گھوڑا دو رسیوں سے باندھا جاتا

ہے، اس کے اگلے دو پیروں کی دوریاں دائیں بائیں دو کھونٹیوں سے باندھی جاتی ہیں۔

ملحوظہ: روایات میں سورۃ الکہف، سورۃ البقرۃ یا سورۃ الفتح پڑھنے کا تذکرہ ہے، اس کو تعدد واقعہ یا واقعہ کے متعلقات کا اختلاف قرار دیں۔

بَابُ فَضْلِ سُوْرَةِ الْفَتْحِ

سورۃ الفتح کی فضیلت

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”آج رات مجھ پر ایک سورت نازل کی گئی جو مجھے زیادہ محبوب ہے ان تمام چیزوں سے جن پر سورج طلوع کرتا ہے!“ یعنی دنیا ومافیہا سے زیادہ وہ سورت مجھ کو پسند ہے، پھر آپؐ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سورۃ الفتح پڑھ کر سنائی، یہی اس سورت کی فضیلت ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲۸۲:۸) آچکی ہے۔

[۱۲-] بَابُ فَضْلِ سُوْرَةِ الْفَتْحِ

[۵۰۱۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَسِيْرُ فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَسِيْرُ مَعَهُ لَيْلًا، فَسَأَلَهُ عُمَرُ عَنْ شَيْئٍ فَلَمْ يُجِبْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ، فَقَالَ عُمَرُ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ! نَزَرْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَلَاثَ مَرَّاتٍ كُلَّ ذٰلِكَ لَا يُجِيْبُكَ، قَالَ عُمَرُ: فَحَرَّكْتُ بَعِيْرِيْ حَتّٰى كُنْتُ أَمَامَ النَّاسِ وَخَشِيْتُ أَنْ يَنْزِلَ فِيَّ قُرْآنٌ، فَمَا نَشِبْتُ أَنْ سَمِعْتُ صَارِخًا يَصْرُخُ قَالَ: فَقُلْتُ: لَقَدْ خَشِيْتُ أَنْ يَكُوْنَ نَزَلَ فِيَّ قُرْآنٌ، قَالَ: فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: ” لَقَدْ أُنْزِلَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ سُوْرَةٌ لَهِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ“ ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا﴾ [الفتح: ۱] [راجع: ٤١٧٧]

لغت: ثَكِلَتْكَ: تجھے تیری ماں گم کرے یعنی تو مر گیا ہوتا تو اچھا تھا! .... نَزَرَ الشیئَ (ن) نَزْرًا: اصرار کرنا .... مَا نَشَبَ أن قال كذا: اس نے فوراً ہی ایسا کہا، زیادہ دیر نہیں لگی کہ اس نے ایسا کہا۔

بَابُ فَضْلِ: ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾

سورۃ الاخلاص کی فضیلت

سورۃ الاخلاص کی فضیلت میں صرف ایک حدیث ذکر کی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! سورۃ الاخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے!''

تشریح: علماء نے اس حدیث کے دو مطلب بیان کئے ہیں:

۱- سورۃ الاخلاص کا فضلی (انعامی) ثواب تہائی قرآن کے اصلی ثواب کے برابر ہے: **إن ثواب قراء تها يضاعف بقدرِ ثوابِ قراءةِ ثُلُثِ القرآن بغير تضعيف**: سورۃ الاخلاص پڑھنے کا ثواب بڑھایا جاتا ہے: بڑھائے بغیر تہائی قرآن پڑھنے کے ثواب کے بقدر (حاشیہ) اول فضلی (انعامی) ہے اور ثانی اصلی پس تہائی قرآن کا فضلی ثواب کہیں زیادہ ہوگا۔

۲- اسلام کے بنیادی عقیدے تین ہیں: توحید، رسالت اور آخرت، قرآن میں انہی عقائد کی تفصیل ہے، اور سورۃ الاخلاص میں توحید کا بیان ہے، پس وہ تہائی قرآن کے برابر ہوئی۔

ملحوظہ: سورۃ الاخلاص کی طرح سورۃ الزلزال، سورۃ النصر اور سورۃ الکافرون کی فضیلت بھی وارد ہوئی ہے، اس کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۷:۵۱) میں ہے۔

[۱۳-] بَابُ فَضْلِ: ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾

[۵۰۱۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ رَجُلاً سَمِعَ رَجُلاً يَقْرَأُ ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾ يُرَدِّدُهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ جَاءَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، وَكَأَنَّ الرَّجُلَ يَتَقَالُّهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ إِنَّهَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ"

[طرفاه: ٦٦٤٣، ٧٣٧٤]

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اپنے اخیافی بھائی قتادۃ بن النعمان کو رات کے آخری حصہ میں سورۃ الاخلاص پڑھتے ہوئے سنا، وہ بار بار اسی کو پڑھ رہے تھے، صبح میں ابوسعید نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، گویا ابوسعید اس کو بہت کم سمجھ رہے تھے، پس نبی ﷺ نے قسم کھا کر فرمایا کہ وہ تہائی قرآن کے برابر ہے (کم نہیں)

[۵۰۱۴-] وَزَادَ أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ أَخِيْ قَتَادَةُ ابْنُ النُّعْمَانِ: أَنَّ رَجُلاً قَامَ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ مِنَ السَّحَرِ: ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾ لاَيَزِيْدُ عَلَيْهَا، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، نَحْوَهُ.

وضاحت: یہ پہلی ہی حدیث ہے، اس کو ابوسعید اپنے بھائی سے روایت کرتے ہیں، قتادہ نے حدیث اس انداز سے

بیان کی ہے کہ یہ کسی اور کا واقعہ ہے، حالانکہ وہ انہی کا واقعہ ہے (رُوات ایسا کرتے ہیں)

[۵۰۱۵-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، وَالضَّحَّاكُ الْمَشْرِقِيُّ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم لِأَصْحَابِهِ: "أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ فِیْ لَيْلَةٍ؟" فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ، وَقَالُوْا: أَيُّنَا يُطِيْقُ ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: "اللّٰهُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ ثُلُثُ الْقُرْآنِ"

قَالَ الْفِرَبْرِیُّ: سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِیْ حَاتِمٍ وَرَّاقَ أَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: عَنْ إِبْرَاهِيْمَ مُرْسَلٌ، وَعَنِ الضَّحَّاكِ الْمَشْرِقِیِّ مُسْنَدٌ.

وضاحت: یہ بھی سابقہ حدیث ہے، اس کو سلیمان اعمشؒ دو اساتذہ سے روایت کرتے ہیں: ابراہیم نخعیؒ سے اور ضحاکؒ مشرقی سے، پھر دونوں ابوسعید خدریؓ سے روایت کرتے ہیں، نبی ﷺ نے صحابہ سے پوچھا: "کیا تم میں سے ایک عاجز ہے اس سے کہ وہ ہر رات تہائی قرآن پڑھے؟" پس یہ بات صحابہ پر بھاری ہوئی، انھوں نے جواب دیا: یارسول اللہ! یہ بات ہم میں سے کسی کے بس میں نہیں! پس آپؐ نے فرمایا: "سورۃ الاخلاص تہائی قرآن ہے!" (اس کو پڑھ لو تو گویا تہائی قرآن پڑھ لیا)

فربری: ابوجعفر وراق سے امام بخاریؒ کا قول نقل کرتے ہیں کہ إبراهيم عن أبي سعيد: منقطع سند ہے اور مشرقی عن أبي سعيد: موصول سند ہے۔

بَابُ فَضْلِ الْمُعَوِّذَاتِ

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کی فضیلت

الْمُعَوِّذَة (واو مشدد اور مکسور، اسم فاعل واحد مؤنث): پناہ دینے والی سورتیں/آیتیں، اور مراد سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ہیں یا چار قل اور آیت الکرسی وغیرہ سب مراد ہیں، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۵۴۶) آچکی ہے۔

[۱۴-] بَابُ فَضْلِ الْمُعَوِّذَاتِ

[۵۰۱۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ إِذَا اشْتَكَى يَقْرَأُ عَلٰى نَفْسِهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَيَنْفُثُ، فَلَمَّا اشْتَدَّ وَجَعُهُ كُنْتُ أَقْرَأُ عَلَيْهِ وَأَمْسَحُ بِيَدِهِ رَجَاءَ بَرَكَتِهَا. [راجع: ۴۴۳۹]

[۵۰۱۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ،

عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَوَى إِلٰى فِرَاشِهِ كُلَّ لَيْلَةٍ جَمَعَ كَفَّيْهِ، ثُمَّ نَفَثَ فِيْهِمَا فَقَرَأَ فِيْهِمَا: ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾ وَ﴿قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ﴾ و﴿قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾ ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا مَا اسْتَطَاعَ مِنْ جَسَدِهِ، يَبْدَأُ بِهِمَا عَلٰى رَأْسِهِ وَوَجْهِهِ وَمَا أَقْبَلَ مِنْ جَسَدِهِ، يَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ. [طرفاه: ۵۷۴۸، ۶۳۱۹]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر شب جب اپنے بستر پر پہنچتے تو اپنی ہتھیلیوں کو جمع کرتے، پھر ان میں دم کرتے، پھر ان میں سورۃ الاخلاص اور معوذ تین پڑھتے (تقدیم وتاخیر ہے، پہلے پڑھتے تھے پھر دم کرتے تھے) پھر دونوں کو اپنے جسم پر پھیرتے جہاں تک ہاتھ پہنچتا، پہلے اپنے سر، چہرے اور سامنے کے جسم پر پھیرتے، یہ عمل آپؐ تین مرتبہ کرتے۔

بَابُ نُزُوْلِ السَّكِيْنَةِ وَالْمَلاَئِكَةِ عِنْدَ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ

جب قرآن پڑھا جاتا ہے تو سکون اور فرشتے نازل ہوتے ہیں

فضائل القرآن کے ابواب پورے ہوئے، اب ۲۳ ابواب تکمیلی ہیں، ان میں قرآن سے لگتے مضامین ہیں، جاننا چاہئے کہ فرشتوں کی غذا ذکر ہے، جماعت کی نماز میں فرشتے شریک ہوتے ہیں، محفلِ ذکر کو ملائکہ گھیر لیتے ہیں اور سورۃ الرعد (آیت ۲۸) میں ہے: ﴿أَلاَ بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ﴾: سنو! اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے، اور قرآن اللہ کا کلام ہے، اور افضل الذکر ہے، اس لئے جب اور جہاں قرآن پڑھا جاتا ہے تو فرشتے اترتے ہیں، اور ان کے ساتھ قاری اور سامعین پر سکون بھی اترتا ہے۔ اور قاری کی آواز خوبصورت ہو تو سماں بندھ جاتا ہے۔ اور سکون، سکینت اور اطمینان ایک چیز ہیں، یہ کیفیت نظر نہیں آتی مگر محسوس کی جاتی ہے، اور کبھی وہ پیکر محسوس بھی اختیار کرتی ہے، جیسا کہ حدیث باب میں ہے اور ترجمہ بعد میں ہے۔

[۱۵-] بَابُ نُزُوْلِ السَّكِيْنَةِ وَالْمَلاَئِكَةِ عِنْدَ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ

[۵۰۱۸-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، قَالَ: بَيْنَمَا هُوَ يَقْرَأُ مِنَ اللَّيْلِ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ، وَفَرَسُهُ مَرْبُوْطٌ عِنْدَهُ، إِذْ جَالَتِ الْفَرَسُ، فَسَكَتَ فَسَكَتَتْ، فَقَرَأَ فَجَالَتِ الْفَرَسُ، فَسَكَتَ وَسَكَتَتِ الْفَرَسُ، ثُمَّ قَرَأَ فَجَالَتِ الْفَرَسُ، فَانْصَرَفَ وَكَانَ ابْنُهُ يَحْيىٰ قَرِيْبًا مِنْهَا، فَأَشْفَقَ أَنْ تُصِيْبَهُ، فَلَمَّا اجْتَرَّهُ رَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ حَتّٰى مَا يَرَاهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ حَدَّثَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ: "اقْرَأْ يَا ابْنَ حُضَيْرٍ! اقْرَأْ يَا ابْنَ حُضَيْرٍ!" قَالَ: فَأَشْفَقْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنْ تَطَأَ يَحْيىٰ وَكَانَ مِنْهَا قَرِيْبًا، فَرَفَعْتُ رَأْسِيْ فَانْصَرَفْتُ إِلَيْهِ، فَرَفَعْتُ رَأْسِيْ إِلَى السَّمَاءِ فَإِذَا

مِثْلُ الظُّلَّةِ فِيْهَا أَمْثَالُ الْمَصَابِيْحِ، فَخَرَجَتْ حَتّٰى لاَ أَرَاهَا، قَالَ:" وَتَدْرِىْ مَا ذَاكَ؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: "تِلْكَ الْمَلاَئِكَةُ دَنَتْ لِصَوْتِكَ، وَلَوْ قَرَأْتَ لَأَصْبَحَتْ يَنْظُرُ النَّاسُ إِلَيْهَا لاَ تَتَوَارَى مِنْهُمْ"

قَالَ ابْنُ الْهَادِ: وَحَدَّثَنِىْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ، عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ.

سند: حدیث کے شروع میں جوسند ہے وہ منقطع ہے، محمد کا اسید سے سماع نہیں، اور آخر میں جوسند ہے وہ موصول ہے، اوراسی پر اعتماد ہے۔

ترجمہ: حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کی آواز خوبصورت تھی، وہ رات میں (نماز میں) سورۃ البقرۃ (یا کوئی اور سورت) پڑھ رہے تھے، ان کا گھوڑا پاس میں بندھا ہوا تھا، اچانک گھوڑا بھڑکنے لگا، انھوں نے پڑھنا بند کیا تو گھوڑا پرسکون ہوگیا، تین بار ایسا ہی ہوا، پس انھوں نے نماز پوری کی، ان کا لڑکا یحییٰ گھوڑے کے پاس سویا ہوا تھا، وہ ڈرے کہ گھوڑا اس کو صدمہ نہ پہنچائے، پھر جب انھوں نے بیٹے کو وہاں سے ہٹالیا تو آسمان کی طرف سر اٹھایا، انھوں نے ایک سائبان جیسا دیکھا، جس میں بتیاں تھیں، پھر وہ نظروں سے غائب ہوگیا، انھوں نے صبح یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، تو آپؐ نے فرمایا: "پڑھ اے ابن حضیر! پڑھ اے ابن حضیر!" یعنی پڑھتے رہتے، پڑھنا بند کیوں کیا! انھوں نے عرض کیا: لڑکا قریب تھا، میں ڈرا کہ گھوڑا اس کو کچل دے گا، آپؐ نے پوچھا: "جانتے ہو وہ کیا تھا؟" انھوں نے جواب دیا: نہیں! آپؐ نے فرمایا: وہ فرشتے تھے، تمہاری آواز سننے کے لئے قریب آئے تھے، اگر تم پڑھتے رہتے تو صبح میں لوگ ان کو دیکھتے، وہ لوگوں سے نہ چھپتے!

نوٹ: حدیث کی عبارت مختل ہے، اس لئے لفظی ترجمہ نہیں کیا۔

بَابُ مَنْ قَالَ: لَمْ يَتْرُكِ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم إِلاَّ مَا بَيْنَ الدَّفَّتَيْنِ

نبی ﷺ نے امت کو یہی قرآن دیا ہے جو دو پٹھوں کے درمیان ہے

الدَّفَّة: پٹھا، کتاب کی دونوں جانب میں جو موٹا کاغذ یا گتّا حفاظت کے لئے لگاتے ہیں، کتاب کی جلد۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب قرآن کو کتابی شکل دی گئی تو گتّوں کی فائل بنائی گئی، پھر اس میں قرآن کے اوراق جدا جدا رکھے گئے، یہ **ما بین الدّفتین** ہے، مراد موجودہ قرآنِ کریم ہے —— شیعہ کہتے ہیں: موجودہ قرآن کامل ومکمل نہیں، اس کا کچھ حصہ ضائع ہوگیا ہے یا چھپالیا گیا ہے، قرآنِ کریم میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت بلافصل کی صراحت تھی، جواب موجود نہیں، صحابہ نے اس کو چھپالیا پھر ضائع کردیا، کامل قرآن امام غائب کے پاس ہے، حضرات ابن عباس اور محمد بن الحنفیہ رضی اللہ عنہما نے اس کی تردید کی، انھوں نے فرمایا: نبی ﷺ نے امت کو یہی قرآن دیا ہے جو گتّوں کے فائل میں ہے، اس کا کوئی جزء نہ ضائع ہوا نہ چھپایا گیا —— حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی ہیں،

اوران کی پارٹی کے ہیں، ہرموڑ پران کے ساتھ رہے ہیں، وہ حضرت علیؓ کے احوال سے پوری طرح باخبر ہیں، اورمحمد بن الحنفیہؒ بڑے ذی علم صاحبزادے ہیں، اگرقرآن میں ایسی کوئی صراحت ہوتی تو ضروران کے علم میں ہوتی، بیٹا باپ کے احوال سے واقف ہوتا ہے، پس شیعوں کی بات بے دلیل بکواس ہے!

[۱٦-] بَابُ مَنْ قَالَ: لَمْ يَتْرُكِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا مَا بَيْنَ الدَّفَّتَيْنِ

[۵۰۱۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَشَدَّادُ بْنُ مَعْقِلٍ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ لَهُ شَدَّادُ بْنُ مَعْقِلٍ: أَتَرَكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ شَيْءٍ؟قَالَ: مَا تَرَكَ إِلَّا مَا بَيْنَ الدَّفَّتَيْنِ.قَالَ:وَدَخَلْنَا عَلَى مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ فَسَأَلْنَاهُ، فَقَالَ: مَا تَرَكَ إِلَّا مَا بَيْنَ الدَّفَّتَيْنِ.

ترجمہ: عبدالعزیز اور شداد (پڑھنے کے لئے) ابن عباسؓ کے پاس گئے، شداد نے سوال کیا: کیا نبی ﷺ نے (موجودہ قرآن کے علاوہ) کوئی (تحریر) چھوڑی ہے؟ ابن عباسؓ نے کہا: نہیں چھوڑا انھوں نے مگر جو دو پٹھوں کے درمیان ہے، عبدالعزیز کہتے ہیں: پھر ہم محمد بن الحنفیہ کے پاس گئے، اور ہم نے ان سے بھی یہی بات پوچھی: انھوں نے کہا: ''نہیں چھوڑا آپؐ نے مگر وہ قرآن جو فائل میں ہے!''

بَابُ فَضْلِ الْقُرْآنِ عَلٰى سَائِرِ الْكَلَامِ

قرآنِ کریم کی دیگر کلاموں پر فضیلت

قرآنِ کریم اللہ تعالیٰ کا کلام اور اس کی صفت ہے، اور دوسروں کے کلام ان کے قائلین کی صفات ہیں، اور صفت موصوف کا درجہ ایک ہوتا ہے، پس اللہ کے کلام کی برتری دوسرے کلاموں پر ایسی ہے جیسے خالق کی برتری مخلوقات پر۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی نئی ہے اور دوسری پہلے آچکی ہے:

پہلی حدیث: تلاوتِ قرآن کے تعلق سے لوگوں کے درجات بیان کئے ہیں، فرمایا: جو مسلمان قرآن پڑھتا ہے (اور اس پر عمل کرتا ہے) وہ ترنج لیموں کی طرح ہے، جس کی بو اور مزہ دونوں عمدہ ہوتے ہیں، اور جو مسلمان قرآن نہیں پڑھتا (یا اس پر عمل نہیں کرتا) وہ کھجور کی طرح ہے جس میں بو تو نہیں ہوتی مگر مزہ عمدہ ہوتا ہے، اور جو بدکار (منافق عملی) قرآن پڑھتا ہے وہ خوشبودار پھول کی طرح ہے، جس کی بو اچھی ہوتی ہے، مگر مزہ تلخ ہوتا ہے، اور جو بدکار قرآن نہیں پڑھتا وہ اندرائن کی طرح ہے، اس میں خوش بو نہیں ہوتی، اور مزہ تلخ ہوتا ہے۔

تطبیق: پہلے کو دوسرے پر اور تیسرے کو چوتھے پر جو برتری حاصل ہے وہ قرآن پڑھنے کی وجہ سے ہے، وہ دیگر کلام

پڑھتا ہے یا نہیں؟ اس سے قطع نظر!

دوسری حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۴۱۸) آئی ہے، اس میں اس امت کی یہود ونصاریٰ پر برتری کا بیان ہے، اس امت کا زمانۂ عمل کم ہے اور ثواب زیادہ، اس کی وجہ وہ کتاب ہے جو اس امت کو دی گئی ہے، قرآن اللہ کا کلام ہے اور تورات وانجیل اللہ کی کتابیں ہیں، وہ یا تو انبیاء کا کلام تھیں یا فرشتوں کا، پس یہ امت کلام اللہ کی برکت سے دوہرے ثواب کی مستحق ہے، کیونکہ اللہ کا کلام نبیوں اور فرشتوں کے کلام سے برتر ہوتا ہے۔

[۱۷-] بَابُ فَضْلِ الْقُرْآنِ عَلٰى سَائِرِ الْكَلَامِ

[۵۰۲۰-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ أَبُوْ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَثَلُ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَالْأُتْرُجَّةِ: طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَرِيْحُهَا طَيِّبٌ، وَالَّذِيْ لاَ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَالتَّمْرَةِ: طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَلاَ رِيْحَ لَهَا، وَمَثَلُ الْفَاجِرِ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الرَّيْحَانَةِ: رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ، وَمَثَلُ الْفَاجِرِ الَّذِيْ لاَ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ: طَعْمُهَا مُرٌّ وَلاَ رِيْحَ لَهَا" [أطرافه: ۵۰۵۹، ۵۴۲۷، ۷۵۶۰]

لغت: أُتْرُجَّة: ترنج لیموں، ایک قسم کا بڑا نیبو، چکوترا، نارنج کی قسم کا ایک پھل، اس کو مالٹا بھی کہتے ہیں .... الرَّيْحَانة: ہر خوشبودار پودا، جس کے پتے خوشبودار ہوں، جیسے نازبو، سیاہ تُلسی .... الحَنْظَلة: اندرائن، نارنگی جیسا پھل، مگر اس کا گودا انتہائی تلخ ہوتا ہے۔

[۵۰۲۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّمَا أَجَلُكُمْ فِيْ أَجَلِ مَنْ خَلاَ مِنَ الْأُمَمِ كَمَا بَيْنَ صَلاَةِ الْعَصْرِ وَمَغْرِبِ الشَّمْسِ، وَمَثَلُكُمْ وَمَثَلُ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالاً، فَقَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ إِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ، فَعَمِلَتِ الْيَهُوْدُ، فَقَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ إِلٰى الْعَصْرِ، فَعَمِلَتِ النَّصَارَى، ثُمَّ أَنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ مِنَ الْعَصْرِ إِلٰى الْمَغْرِبِ بِقِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ، قَالُوْا: نَحْنُ أَكْثَرُ عَمَلاً وَأَقَلُّ عَطَاءً، قَالَ: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ؟ قَالُوْا لاَ، قَالَ فَذَاكَ فَضْلِيْ أُوْتِيْهِ مَنْ شِئْتُ"

[راجع: ۵۵۷]

ملحوظہ: حاشیہ میں ہے: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عصر کا وقت دومثل کے بعد شروع ہوتا ہے، اس کی تفصیل تسہیل ادلۂ کاملہ میں ہے۔

بَابُ الْوَصَاةِ بِكِتَابِ اللّٰهِ

قرآنِ کریم کو مضبوط تھامنے کی تاکید

الوَصَاة: الوصية: وہ بات جس کی کسی کو تاکید کی جائے، جمع وَصًى، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱۴۲:۶) گذری ہے، وہاں حدیث کا پس منظر بھی بیان کیا گیا ہے کہ طلحہ شیعوں کے پروپیگنڈے سے متأثر ہوئے تھے، شیعہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے بعد متصل خلیفہ ہونے کی وصیت کی تھی، حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰؓ نے اس کی تردید کی، پس طلحہ نے سوال کیا کہ سورۃ البقرۃ (آیت ۱۸۰) میں وصیت کرنے کا حکم ہے، پھر یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آپؐ نے لوگوں کو وصیت کرنے کا حکم دیا ہو اور خود وصیت نہ کی ہو؟ حضرت عبداللہ نے جواب دیا: کوئی معین وصیت کرنا فرض نہیں، حکم مطلق ہے، اور آپؐ نے قرآن کو مضبوط تھامنے کی وصیت کی ہے، پس حکم مطلق پر عمل ہوگیا —— قرآن کو مضبوط تھامنا یہ ہے: قرآن کی حفاظت کی جائے، اس کو تحریف لفظی ومعنوی سے بچایا جائے، اس کا احترام کیا جائے، اس کو گندگی سے بچایا جائے، اس کے اوامر کی اتباع کی جائے اور نواہی سے کنارہ کش رہا جائے، مُدام اس کی تلاوت کی جائے اور اس کے پڑھنے پڑھانے کا اہتمام کیا جائے۔

[۱۸-] بَابُ الْوَصَاةِ بِكِتَابِ اللّٰهِ

[۵۰۲۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا طَلْحَةُ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِيْ أَوْفَى: آوْصَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: لاَ، فَقُلْتُ: كَيْفَ كُتِبَ عَلَى النَّاسِ الْوَصِيَّةُ: أُمِرُوْا بِهَا وَلَمْ يُوْصِ؟ قَالَ: أَوْصَى بِكِتَابِ اللّٰهِ. [راجع: ۲۷۴۰]

نوٹ: آوْصٰی میں ایک ہمزہ استفہام ہے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآن

قرآنِ کریم بڑی دولت ہے

قرآنِ کریم بڑی دولت ہے، اس کی قدر پہچاننی چاہئے، اور اس کو اللہ کے تقرب کا ذریعہ بنانا چاہئے، کمائی کا ذریعہ نہیں بنانا چاہئے۔ ترمذی میں حدیث ہے (حدیث ۲۹۲۹ ابواب فضائل القرآن) حضرت عمرانؓ ایک شخص کے پاس سے گذرے جو قرآن پڑھ رہا تھا، پھر اس نے مانگا تو حضرت عمرانؓ نے إِنَّا لله پڑھا، اور فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''جو قرآن پڑھے: چاہئے کہ وہ اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے مانگے، عنقریب ایسے لوگ ہونگے جو قرآن پڑھیں گے اور

اس کے ذریعہ لوگوں سے مانگیں گے!“

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ قرآنِ کریم اللہ کا کلام ہے، اس کو سنوار کر خوبصورت آواز میں ترنم کے ساتھ پڑھنا چاہئے، مگر گانے کی صورت پیدا نہ ہو، عربی لہجہ میں پڑھنا چاہئے، حدیثوں میں عربی ترنم میں پڑھنے کا حکم ہے، اور فاسقوں اور گویوں کے راگوں میں پڑھنے کی ممانعت ہے (یہ حدیث مشکوٰۃ کی کتاب فضائل القرآن، باب آداب التلاوۃ میں ہے) نیز یہ بھی حکم ہے کہ قرآن کو اپنی آوازوں سے خوبصورت بناؤ، اس لئے کہ اچھی آواز سے قرآن کا حسن بڑھتا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں ایک حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے، وہ حدیث ابوہریرہ وسعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث آگے کتاب التوحید (حدیث ۷۵۲۷) میں آرہی ہے، اور حضرت سعدؓ کی حدیث مسند احمد (۱:۱۷۲) میں ہے، اس کے الفاظ ہیں: لیس مِنَّا مَن لم یَتَغَنَّ بالقرآن: تَغَنّی کے دو معنی ہیں: مالدار ہونا اور بے نیاز ہونا، پس حدیث کی دو تفسیریں ہیں:

۱- جو شخص قرآن کے ذریعہ بے نیاز نہیں بنتا، بلکہ قرآن کو کمائی کا ذریعہ بناتا ہے وہ نبی ﷺ کے مزاج کا نہیں، جب اللہ تعالیٰ نے کسی کو قرآن کی دولت دی، حافظ یا قاری بنایا تو وہ قرآن کو پڑھے سنائے اور اس کے وسیلے سے اللہ سے مانگے، اللہ کے خزانوں میں کیا کمی ہے؟ بلکہ قرآن میں مشغول شخص کو اللہ تعالیٰ مانگنے والوں سے زیادہ دیتے ہیں۔

۲- قرآنِ کریم کو سنوار کر بہترین لہجہ میں پڑھنا چاہئے۔ جب بندہ بہترین آواز میں قرآن پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو سنتے ہیں یعنی اس کو پسند کرتے ہیں، اور خوش ہوتے ہیں، اور جو بھونڈی آواز میں پڑھتا ہے وہ نبی ﷺ کے طریقے پر نہیں۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں سورۃ العنکبوت کی آیت ۵۱ لکھی ہے: ﴿أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ، إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ﴾: کیا لوگوں کے لئے یہ بات کافی نہیں کہ ہم نے آپ پر قرآن نازل کیا ہے جو ان کو پڑھ کر سنایا جاتا ہے؟ بے شک اس کتاب میں ایمان لانے والوں کے لئے بڑی مہربانی اور نصیحت ہے!

تفسیر: اس آیت کا تعلق مسئلہ رسالت سے ہے، نبی ﷺ کے برحق نبی ہونے کی سب سے بڑی دلیل قرآنِ کریم ہے، یہ آپ کا سب سے بڑا معجزہ ہے، اگر لوگ اس میں غور کریں تو وہ دولتِ ایمان سے بہرہ ور ہو سکتے ہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے ﴿يُتْلٰى عَلَيْهِمْ﴾ سے استدلال کیا ہے کہ قرآن پڑھو اور اس کو سناؤ، جب قرآن اچھی آواز میں پڑھا جاتا ہے سامعین متأثر ہوتے ہیں، غیر مسلم بھی تھوڑی دیر کے لئے مان لیتے ہیں کہ یہ عجیب کلام ہے، بلکہ بعض تو قرآن سن کر ایمان لے آتے ہیں۔

باب کی حدیث: پھر باب میں دو سندوں سے ایک حدیث کی تخریج کی ہے، عقیل کی سند سے اور ابن عیینہ کی سند سے، نبی ﷺ نے فرمایا: لَمْ يَأْذَنِ اللّٰهُ لِنَبِيٍّ مَا أَذِنَ لِنَبِيٍّ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْآن، أَذِنَ (س) أَذَنًا کے بھی دو معنی ہیں: کان لگا کر

سننا، اور اجازت دینا، پرمیشن دینا، پس حدیث کے دو ترجمے ہونگے:

۱- کان لگا کر اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کی نہیں سنی، جیسی اس نبی کی سنی جو قرآن ترنم سے پڑھتا ہے یعنی جب پیغمبر ﷺ ترنم سے قرآن پڑھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کو سنتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں۔

۲- اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو اجازت نہیں دی، جیسی اجازت دی نبی ﷺ کو ترنم سے قرآن پڑھنے کی —— راگ گانا دل کو خراب کر دیتا ہے، اسی لئے بانسری کی آواز کو شیطان کی آواز کہا گیا ہے، لیکن قرآن ترنم سے پڑھا جائے تو اس کی بات ہی اور ہے، قلوب سنور جاتے ہیں اور اللہ کی طرف مائل ہوجاتے ہیں، اس لئے قرآن کو ترنم سے پڑھنے کی اجازت دی، لیکن شاعروں اور گویوں کے لہجہ میں پڑھنے کی ممانعت کی۔

[۱۹-] بَابُ مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآن

وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ﴾

[۵۰۲۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَمْ يَأْذَنِ اللّٰهُ لِنَبِيٍّ مَا أَذِنَ لِنَبِيٍّ يَتَغَنَّى بِالْقُرْآنِ" وَقَالَ صَاحِبٌ لَهُ: يُرِيْدُ: يَجْهَرُ بِهِ.

[أطرافه: ۵۰۲۴، ۷۴۸۲، ۷۵۴۴]

[۵۰۲۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " مَا أَذِنَ اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَا أَذِنَ لِلنَّبِيِّ أَنْ يَتَغَنَّى بِالْقُرْآنِ" قَالَ سُفْيَانُ: تَفْسِيْرُهُ يَسْتَغْنِيْ بِهِ. [راجع: ۵۰۲۳]

وضاحت: پہلی حدیث کے آخر میں ہے، امام زہریؒ نے کہا: ابو سلمہ کے ایک شاگرد (عبدالحمید بن عبدالرحمٰن) نے ابو سلمہ سے کہا: نبی ﷺ جہراً قرآن پڑھنا مراد لے رہے ہیں یعنی أَذِنَ کے معنی ترنم سے پڑھنا ہیں —— اور دوسری حدیث کے آخر میں ابن عیینہؒ نے بے نیاز بننا مراد لیا ہے، اس طرح حدیث کی دو تفسیریں ہوگئیں۔

بَابُ اغْتِبَاطِ صَاحِبِ الْقُرْآنِ

صاحبِ قرآن کا رشک کرنا

صاحبِ کمال اپنے کمال پر رتجھتا ہے، صاحبِ فن اپنے فن پر فریفتہ ہوتا ہے، بڑا شاعر اپنی شاعری پر رشک کرتا ہے، اور بڑا مالدار اپنے من میں مگن رہتا ہے، پس صاحبِ قرآن کو بھی اپنی متاعِ گرانمایہ پر ناز کرنا چاہئے، جس کو تلاوت کا ذوق

ملا ہے، یا حقائق و معارف کا باب وَا ہوا ہے وہ اس کو عظیم نعمت تصور کرے اور اس پر نازاں فرحاں ہو —— اور باب میں مصدر کی فاعل کی طرف اضافت ہے —— اور باب میں دو حدیثیں ذکر کی ہیں: ایک: ابن عمرؓ کی، دوسری: ابو ہریرہؓ کی، یہ حدیثیں پہلے نہیں آئیں، مگر اس مضمون کی عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۳۴۷) آئی ہے، وہاں تفصیل ہے —— یہاں اس طرح استدلال کیا ہے کہ جب صاحبِ قرآن اور صاحبِ مال پر دوسروں کو رشک آتا ہے، تو خود ان کو اپنے کمال پر بدرجۂ اول ناز کرنا چاہئے۔

[۲۰-] بَابُ اغْتِبَاطِ صَاحِبِ الْقُرْآنِ

[۵۰۲۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَاحَسَدَ إِلَّا عَلٰى اثْنَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْكِتَابَ وَقَامَ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ، وَرَجُلٌ أَعْطَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَهُوَ يَتَصَدَّقُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ"

[طرفه: ۷۵۲۹]

وضاحت: رشک کو حسد سے تعبیر کیا ہے، کیونکہ دونوں کے ڈانڈے ملے ہوئے ہیں، پس یہ تنزیل الناقص منزلۃ الکامل ہے، غبطہ (رشک) جو ناقص حسد ہے اس کو کامل حسد کہہ دیا گیا ہے۔

[۵۰۲۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، سَمِعْتُ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَاحَسَدَ إِلَّا فِيْ اثْنَيْنِ: رَجُلٌ عَلَّمَهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَتْلُوْهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، فَسَمِعَهُ جَارٌ لَهُ فَقَالَ: لَيْتَنِيْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِيَ فُلَانٌ فَعَمِلْتُ مِثْلَ مَا يَعْمَلُ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَهُوَ يُهْلِكُهُ فِي الْحَقِّ، فَقَالَ رَجُلٌ: لَيْتَنِيْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِيَ فُلَانٌ فَعَمِلْتُ مِثْلَ مَا يَعْمَلُ" [طرفاه: ۷۲۳۲، ۷۵۲۸]

وضاحت: فسمعه جار له: یہ دوسرا (پڑوسی) رشک کر رہا ہے، اور وہ جائز ہے، اسی طرح خود بھی اپنی نعمت پر رشک کرنا جائز ہے۔

بَابٌ: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

تم میں بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھتا اور سکھلاتا ہے

اسلام کا مدار قرآنِ کریم پر ہے، پس جب تک اللہ کی کتاب کی تعلیم و تعلّم کا سلسلہ جاری رہے گا دین تر و تازہ رہے گا، اور جب لوگ قرآن و سنت سے نا آشنا ہو جائیں گے دین بدعات و رسومات کا مجموعہ ہو کر رہ جائے گا، اس لئے باب کی حدیث

میں فرمایا: ''تم میں بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھتا اور سکھلاتا ہے'' —— قرآن سیکھنا اور سکھلانا عام ہے، خواہ الفاظ سیکھے، ناظرہ اور تجوید پڑھے خواہ معانی سیکھے یعنی تفسیر پڑھے: سب کو حدیث عام ہے، اسی طرح ناظرہ وتجوید پڑھانا یا تفسیر پڑھانا: دونوں کو حدیث شامل ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث دو سندوں سے روایت کی ہے، شعبہؒ کی سند میں سعد بن عبیدۃ کا واسطہ ہے، ثوری کی سند میں یہ واسطہ نہیں، امام ترمذیؒ نے (تحفۃ الالمعی ۷:۶۵) لمبی بحث کی ہے کہ کونسی سند صحیح ہے؟ امام بخاریؒ نے دونوں سندیں صحیح میں لی ہیں، معلوم ہوا کہ دونوں صحیح ہیں، پس شعبہ کی سند مزید فی متصل الاسناد ہے —— حدیث کے راوی ابوعبدالرحمٰن سلمی کہتے ہیں: اسی حدیث نے مجھے اس جگہ بٹھلایا ہے یعنی اسی حدیث کی وجہ سے میں قرآن کی تعلیم میں لگا ہوا ہوں، ابوعبدالرحمٰن سلمی کوفہ کے باشندے تھے، ان کا نام عبداللہ بن حبیب ہے، اور ان کا شمار قراء میں ہے، انھوں نے تعلیم قرآن کا کام حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے حجاج کے زمانہ تک کیا ہے، یہ بہتر سال کا عرصہ ہے۔

اور دوسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۳۵۵) آئی ہے، ایک صحابی کا نکاح نبی ﷺ نے تعلیم قرآن کے عوض کیا، نکاح انسان کی بنیادی ضرورت ہے، اس کو تعلیم قرآن کے ساتھ جوڑنے سے تعلیم قرآن کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

[۲۱-] بَابٌ: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

[۵۰۲۷-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، سَمِعْتُ سَعْدَ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: ''خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ'' قَالَ: وَأَقْرَأَنِیْ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فِیْ إِمْرَةِ عُثْمَانَ حَتّٰی كَانَ الْحَجَّاجُ، قَالَ: وَذَاكَ الَّذِیْ أَقْعَدَنِیْ مَقْعَدِیْ هٰذَا. [طرفه: ۵۰۲۸]

[۵۰۲۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: ''إِنَّ أَفْضَلَكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ أَوْ عَلَّمَهُ'' [راجع: ۵۰۲۸]

[۵۰۲۹-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: أَتَتِ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم امْرَأَةٌ فَقَالَتْ: إِنَّهَا قَدْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ، فَقَالَ: ''مَالِیْ فِی النِّسَاءِ مِنْ حَاجَةٍ'' فَقَالَ رَجُلٌ: زَوِّجْنِيْهَا، قَالَ: ''أَعْطِهَا ثَوْبًا'' قَالَ: لَا أَجِدُ. قَالَ: ''أَعْطِهَا وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ'' فَاعْتَلَّ لَهُ، فَقَالَ: ''مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟'' قَالَ: كَذَا وَكَذَا، قَالَ: ''فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ'' [راجع: ۲۳۱۰]

وضاحت: قوله: قال: وأَقْرَأَنِیْ أبو عبد الرحمن: یہ سعد بن عبیدۃ کا قول ہے، اور فتح اور عمدۃ میں: وَأَقْرَأَ أبو عبد الرحمن ہے اور یہی صحیح ہے، یعنی سعد نے خلافت عثمانی میں ابوعبدالرحمٰن سے نہیں پڑھا بلکہ ان کی مدت تعلیم بیان کی ہے.........وَقَالَ: وذاك: ابوعبدالرحمٰن کا قول ہے .... اعْتَلَّ الرجلُ: بیمار ہونا، أی حَزِن وَتَضَجَّرَ لأجل ذلك: وہ غم گیں ہوا اور تنگ دل ہوا اس کی وجہ سے یعنی ہاتھ میں کچھ نہ ہونے سے۔

بَابُ الْقِرَاءَ ةِ عَنْ ظَهْرِ الْقَلْبِ

زبانی (حفظ سے) قرآن پڑھنا

قرآن حفظ کرنے کے فضائل تو آئے ہیں، مگر حفظ پڑھنے کی فضیلت میں کوئی روایت نہیں، چنانچہ امام صاحب نے باب میں لفظ فضل نہیں رکھا، پس یہ بات حالات کے تابع ہے، جیسے علانیہ صدقہ کرنا اور چھپا کر کرنا، جہراً قرآن پڑھنا اور سراً پڑھنا حالات کے تابع ہے، اسی طرح حفظ پڑھنا اگر حفظ کے بقاء کے لئے ہے تو وہ اولیٰ ہے، ورنہ قرآن میں دیکھنا بھی باعث اجر ہے۔

اور حدیث پہلے دو جگہ آئی ہے، مگر مختصر آئی ہے، ایک خاتون خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں، اور عرض کیا: میں اپنا نفس آپؐ کو ہبہ کرنے آئی ہوں، آپؐ نے اس کو دیکھا اور نظر نیچی کرلی، وہ عورت بیٹھ گئی، ایک صحابی نے عرض کیا: اگر آپؐ کو اس کی ضرورت نہ ہو تو میرا اس سے نکاح کردیں، آپؐ نے پوچھا: تمہارے پاس (اس کو دینے کے لئے) کیا چیز ہے؟ انھوں نے کہا: کوئی چیز نہیں! آپؐ نے فرمایا: جاؤ اور دیکھو کوئی چیز ہو، وہ گئے اور آئے اور عرض کیا: کچھ نہیں!، آپؐ نے فرمایا: پھر جاؤ اور دیکھو اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو، وہ گئے اور آئے اور عرض کیا: لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں!، ہاں یہ میری لنگی ہے، راوی کہتا ہے: ان کے پاس اوڑھنے کی چادر نہیں تھی، میں اس کو آدھی لنگی دونگا، آپؐ نے فرمایا: لنگی سے کام کیسے چلے گا؟ اگر تم پہنے رہے تو اس کو کیا ملا؟ اور اس کو دیدی تو تمہارے پاس کیا رہا؟ وہ (مایوس ہوکر) بیٹھ گئے اور دیر تک بیٹھے رہے، پھر وہ پیٹھ پھیر کر چل دیئے، آپؐ نے ان کو واپس بلایا اور پوچھا: تمہیں کتنا قرآن یاد ہے؟ انھوں نے متعدد سورتیں گنائیں جو ان کو یاد تھیں، آپؐ نے پوچھا: کیا ان کو زبانی پڑھتے ہو؟ انھوں نے کہا: ہاں (یہاں باب ہے) آپؐ نے فرمایا: ''جاؤ، میں نے تم کو اس عورت کا مالک بنادیا اس قرآن کے عوض جو تم کو یاد ہے'' یعنی یہ سب سورتیں عورت کو یاد کرادینا۔

[۲۲-] بَابُ الْقِرَاءَ ةِ عَنْ ظَهْرِ الْقَلْبِ

[۵۰۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ: أَنَّ امْرَأَةً جَاءَ تْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! جِئْتُ لِأَهَبَ لَكَ

نَفْسِيْ، فَنَظَرَ إِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَصَعَّدَ النَّظَرَ إِلَيْهَا وَصَوَّبَهُ، ثُمَّ طَأْطَأَ رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَأَتِ الْمَرْأَةُ أَنَّهُ لَمْ يَقْضِ فِيْهَا شَيْئًا جَلَسَتْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيْهَا. فَقَالَ:" هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْئٍ" فَقَالَ: لاَ وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "اذْهَبْ إِلٰى أَهْلِكَ فَانْظُرْ هَلْ تَجِدُ شَيْئًا" فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: لاَ وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا وَجَدْتُ شَيْئًا. قَالَ:" انْظُرْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ" فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَلاَ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ وَلٰكِنْ هٰذَا إِزَارِيْ – قَالَ سَهْلٌ: مَا لَهُ رِدَاءٌ – فَلَهَا نِصْفُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا تَصْنَعُ بِإِزَارِكَ إِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْئٌ، وَإِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ مِنْهُ شَيْئٌ" فَجَلَسَ الرَّجُلُ حَتّٰى طَالَ مَجْلِسُهُ، ثُمَّ قَامَ، فَرَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُوَلِّيًا، فَأَمَرَ بِهِ فَدُعِيَ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَ:" مَاذَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟" قَالَ: مَعِيْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا، وَعَدَّهَا، قَالَ:" أَتَقْرَؤُهُنَّ عَنْ ظَهْرِ قَلْبِكَ؟" قَالَ: نَعَمْ قَالَ:" اذْهَبْ فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ"[راجع: ۲۳۱۰]

ملحوظہ: تعلیم قرآن نکاح میں مہر بن سکتا ہے یا نہیں؟ یہ اختلافی مسئلہ ہے، تفصیل کتاب النکاح میں آئے گی۔

بَابُ اسْتِذْكَارِ الْقُرْآنِ وَتَعَاهُدِهِ

قرآنِ کریم کو یاد کرنا اور اس کی دیکھ بھال کرنا

اسْتَذْكَرَ الشيئَ: یاد کرنا.........تَعَاهَدَ الشيَّ: دیکھ بھال کرنا.........آدمی قرآنِ کریم جلدی بھول جاتا ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن اللہ کی طرح غیور ہے، جو شخص اس کو یاد رکھنے کا اہتمام کرتا ہے اسی کو یاد رہتا ہے، اور جو غفلت برتتا ہے اس کے ذہن سے رخصت ہوجاتا ہے۔ اور باب میں تین حدیثیں ہیں: ابن عمر کی، ابن مسعود کی اور ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہم کی، اور تینوں کی دلالت باب پر واضح ہے۔

[۲۳-] بَابُ اسْتِذْكَارِ الْقُرْآنِ وَتَعَاهُدِهِ

[۵۰۳۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّمَا مَثَلُ صَاحِبِ الْقُرْآنِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الإِبِلِ الْمُعَقَّلَةِ إِنْ عَاهَدَ عَلَيْهَا أَمْسَكَهَا، وَإِنْ أَطْلَقَهَا ذَهَبَتْ"

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’حافظِ قرآن کی حالت پیر باندھے ہوئے اونٹوں والے جیسی ہے، اگر وہ ان کی دیکھ بھال کرے گا تو ان کو روکے رکھے گا، اور اگر ان کو کھول دے گا تو چلے جائیں گے‘‘ —— الْمُعَقَّلَة: اسم مفعول: پیر باندھا ہوا۔

[٥٠٣٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: " بِئْسَ مَا لِأَحَدِهِمْ أَنْ يَقُوْلَ: نَسِيْتُ آيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ، بَلْ نُسِّيَ، فَاسْتَذْكِرُوْا الْقُرْآنَ، فَإِنَّهُ أَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ"[طرفه: ٥٠٣٩]

حدثنا عُثْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، مِثْلَهُ، تَابَعَهُ بِشْرٌ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ شُعْبَةَ، وَتَابَعَهُ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدَةَ، عَنْ شَقِيْقٍ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "بری ہے وہ چیز جو ان میں سے ایک کے لئے ہے کہ کہے: میں فلاں فلاں آیت بھول گیا، بلکہ (کہے) وہ بھلا دیا گیا (یہ بولنے کا ادب ہے) پس قرآن کو یاد کرو یعنی مُدام پڑھتے رہو، پس بے شک وہ زیادہ بھاگ جانے والا ہے، مردوں کے سینوں سے چوپایوں سے"

لغات وترکیب: بِئْسَ: فعل ذم، ما نکرہ موصوفہ بمعنی شیئ اور أن یقول: مخصوص بالذم، أی بئس شیئا کائنا للرجل.......... کَیْتَ کَیْتَ: اسم کنایہ أی کذا و کذا.......... نُسِّیَ (ماضی مجہول) أَنْسَاہُ الشیئَ وَنَسَاہ وَنَسَّاہ: کسی چیز سے غافل کرنا، بھلانا.......... اسْتَذْکَرَ الشیئَ: یاد کرنا.......... تَفَصَّی من الشیئ: چھٹکارا پانا، بندش سے نکل جانا .... أشد تفصیا: اسم تفضیل ہے.......... من صدور الرجال میں اشارہ ہے کہ قرآن حفظ کرنا مردوں کی ذمہ داری ہے اور عورتوں کے لئے فضیلت ہے.......... النَّعَم: چوپایہ، خاص طور پر اونٹ، جمع أنعام۔

سند: یہ حدیث منصور سے شعبہ، جریر اور ابن المبارک روایت کرتے ہیں، ان کی روایتوں میں صراحت نہیں کہ ابووائل شقیق بن سلمہ نے یہ حدیث ابن مسعودؓ سے سنی ہے، البتہ ابن جریج کی سند میں اس کی صراحت ہے۔

[٥٠٣٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: " تَعَاهَدُوْا الْقُرْآنَ، فَوَ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ لَهُوَ أَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنَ الْإِبِلِ فِیْ عُقُلِهَا"

لغت: العُقُل (بضمتین) العِقَال کی جمع، اونٹ کے پیر باندھنے کی رسّی۔

بَابُ الْقِرَاءَ ةِ عَلَى الدَّابَّةِ

سواری پر قرآن پڑھنا

بعض حضرات سواری پر، خاص طور پر اونٹ پر قرآن پڑھنے کو ناپسند کرتے ہیں، کیونکہ سواری کے ہلنے سے حروف صحیح ادا

نہیں ہوتے، امام بخاریؒ نے یہ باب جواز ثابت کرنے کے لئے قائم کیا ہے، کیونکہ حدیبیہ سے واپسی میں جب سورۃ الفتح نازل ہوئی تو آپؐ نے اس کو اونٹ پر پڑھا ہے، اور حدیث نویں جلد میں سورۃ الفتح کی تفسیر میں آچکی ہے۔

[۲۴-] بَابُ الْقِرَاءَ ةِ عَلٰى الدَّابَّةِ

[۵۰۳۴-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ إِيَاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُغَفَّلٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَهُوَ يَقْرَأُ عَلٰى رَاحِلَتِهِ سُوْرَةَ الْفَتْحِ. [راجع: ۴۲۸۱]

بَابُ تَعْلِيْمِ الصَّبْيَانِ الْقُرْآنَ

بچوں کو قرآن کی تعلیم دینا

بچوں کو قرآن کی تعلیم دینا جائز ہے، بعض سلف ناپسند کرتے تھے، کیونکہ بچے قرآن کا احترام ملحوظ نہیں رکھ سکتے، مگر نص اور تعامل سے جواز ثابت ہے، رہا احترام کا معاملہ تو وہ بچوں کو سکھلایا جائے، اور کوتاہی کریں تو وہ غیر مکلّف ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بلوغ سے پہلے تمام مفصلات پڑھ لئے تھے، باب کی حدیثوں میں اس کی صراحت ہے۔

[۲۵-] بَابُ تَعْلِيْمِ الصَّبْيَانِ الْقُرْآنَ

[۵۰۳۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: إِنَّ الَّذِیْ تَدْعُوْنَهُ الْمُفَصَّلَ هُوَ الْمُحْكَمُ، قَالَ: وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا ابْنُ عَشْرِ سِنِيْنَ وَقَدْ قَرَأْتُ الْمُحْكَمَ. [طرفه: ۵۰۳۶]

[۵۰۳۶-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: جَمَعْتُ الْمُحْكَمَ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَقُلْتُ لَهُ: وَمَا الْمُحْكَمُ؟ قَالَ: الْمُفَصَّلُ. [راجع: ۵۰۳۵]

وضاحت: مفصلات کہاں سے شروع ہوتے ہیں؟ اس میں دس قول ہیں، راجح قول یہ ہے کہ سورۃ الحجرات سے یا سورۃ قٓ سے شروع ہوتے ہیں اور ان کو مفصلات اس لئے کہتے ہیں کہ عام طور پر ان سورتوں میں آیتیں چھوٹی ہیں —— مفصلات کو محکمات بھی کہتے ہیں، کیونکہ ان میں منسوخ آیات نہیں ہیں —— اور ابن عباسؓ کی عمر وفاتِ نبوی کے وقت دس سال سے زیادہ تھی، کسر چھوڑ دی ہے۔

بَابُ نِسْيَانِ الْقُرْآنِ، وَهَلْ يَقُوْلُ: نَسِيْتُ آيَةَ كَذَا وَكَذَا؟

قرآن بھول جانا، اور یہ کہنا کہ میں فلاں فلاں آیتیں بھول گیا

قرآنِ کریم کا کل یا جزء حفظ کرنے کے بعد یا ناظرہ پڑھنے کے بعد بھول جانا بہت بڑا گناہ ہے، ترمذی میں ضعیف حدیث (نمبر ۲۹۲۸) ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میرے سامنے امت کا ثواب پیش کیا گیا، یہاں تک کہ وہ تنکا بھی پیش کیا گیا جس کو آدمی مسجد سے نکالتا ہے، اور میرے سامنے میری امت کے گناہ پیش کئے گئے، پس میں نے کوئی گناہ اس سے بڑا نہیں دیکھا کہ کوئی شخص قرآن کی کوئی سورت یا کوئی آیت دیا گیا، پھر وہ اس کو بھول گیا'' —— مگر وہ بھولنا مراد ہے کہ اندر دیکھ کر ناظرہ بھی نہ پڑھ سکے، یہ بات حضرت الاستاذ مفتی مہدی حسن صاحب شاہ جہاں پوری قدس سرہ (صدر مفتی دارالعلوم دیوبند) نے فرمائی تھی —— اور پڑھتے ہوئے کوئی آیت بھول جانا، کوئی آیت چھوٹ جانا، یا غلط پڑھ جانا پھر لقمہ ملنے پر صحیح کرلینا: بھولنا نہیں، یہ بھولنا تو بشر کا خاصہ ہے، نبی ﷺ سے بھی ایسی بھول ہوئی ہے، اور درمیان سے آیت چھوٹ بھی گئی ہے، جو دوسرے کا پڑھنا سن کر یاد آئی ہے۔

آیت کریمہ: سورۃ الاعلیٰ کی (آیات ۶ و ۷) ہیں: ﴿سَنُقْرِئُكَ فَلاَ تَنْسٰى ○ إِلاَّ مَاشَاءَ اللّٰهُ﴾: عنقریب پڑھائیں گے ہم آپ کو، پس آپ بھولیں گے نہیں، مگر جس قدر بھلانا اللہ کو منظور ہو —— اس میں لا نافیہ ہے اور استثناء منسوخ آیات کا ہے، نسخ کی یہ بھی ایک صورت تھی کہ سب لوگ کوئی آیت بھول جائیں تو یہ دلیل نسخ ہے، پس آیت کا مسئلہ باب سے کچھ تعلق نہیں۔

[۲۶-] بَابُ نِسْيَانِ الْقُرْآنِ، وَهَلْ يَقُوْلُ: نَسِيْتُ آيَةَ كَذَا وَكَذَا؟

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿سَنُقْرِئُكَ فَلاَ تَنْسٰى ○ إِلاَّ مَاشَاءَ اللّٰهُ﴾

[۵۰۳۷-] حدثنا رَبِيْعُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً يَقْرَأُ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: ''يَرْحَمُهُ اللّٰهُ! لَقَدْ أَذْكَرَنِيْ كَذَا وَكَذَا آيَةً مِنْ سُوْرَةِ كَذَا'' [راجع: ۲۶۵۵]

حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى، عَنْ هِشَامٍ، وَقَالَ: أَسْقَطْتُهُنَّ مِنْ سُوْرَةِ كَذَا. تَابَعَهُ عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، وَعَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ.

[۵۰۳۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً يَقْرَأُ فِيْ سُوْرَةٍ بِاللَّيْلِ، فَقَالَ: ''يَرْحَمُهُ اللّٰهُ! لَقَدْ أَذْكَرَنِيْ كَذَا وَكَذَا آيَةً كُنْتُ أُنْسِيْتُهَا مِنْ سُوْرَةِ كَذَا وَكَذَا'' [راجع: ۲۶۵۵]

وضاحت: یہ دونوں حدیثیں ایک ہیں، اور پہلے (تحفۃ القاری ۶:۵۴) آئی ہیں، مسجد میں حضرت عباد بن بشرؓ پڑھ رہے تھے۔

[۵۰۳۹-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بِئْسَ مَا لِأَحِدِهِمْ يَقُوْلُ: نَسِيْتُ آيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ، بَلْ هُوَ نُسِّيَ" [راجع: ۵۰۳۲]

وضاحت: یہ حدیث ابھی گذری ہے، اور یہ بولنے کا ادب ہے، مسئلہ نہیں۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ بَأْسًا أَنْ يَقُوْلَ: سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَسُوْرَةُ كَذَا

سورۃ البقرۃ یا فلاں سورت کہنا جائز ہے

حاشیہ میں ایک موضوع سی روایت ہے کہ سورۃ البقرہ مت کہو، بلکہ کہو: وہ سورت جس میں بیل کا ذکر ہے، مگر صحیح روایات سے سورۃ البقرۃ وغیرہ کہنا ثابت ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگ لمبے ناموں کو مختصر کرتے ہیں، بخاری شریف اور طحاوی شریف کے لمبے نام ہیں مگر لوگوں نے مختصر کئے اور الجامع الصحیح اور معانی الآثار کہنے لگے، پھر اور اختصار کیا اور بخاری شریف اور طحاوی شریف کہنے لگے، اسی طرح اصل تو یہ تھا کہ کہا جاتا: السورة التی تُذکر فیھا البقرة، پھر اختصار کر کے سورۃ البقرۃ کہا گیا، پس مفصل اور مختصر ناموں کا ایک ہی مطلب ہے۔

[۲۷-] بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ بَأْسًا أَنْ يَقُوْلَ: سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَسُوْرَةُ كَذَا

[۵۰۴۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: ثَنَا أَبِيْ، قَالَ: ثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْآيَتَانِ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ: مَنْ قَرَأَ بِهِمَا فِيْ لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ" [راجع: ۴۰۰۸]

حوالہ: یہ حدیث ابھی اسی جلد میں (حدیث ۵۰۰۹) آئی ہے، اس میں سورۃ البقرۃ کہا گیا ہے۔

[۵۰۴۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، عَنْ حَدِيْثِ الْمِسْوَرِ ابْنِ مَخْرَمَةَ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيِّ، أَنَّهُمَا سَمِعَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمِ ابْنِ حِزَامٍ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَاسْتَمَعْتُ لِقِرَاءَ تِهِ، فَإِذَا هُوَ يَقْرَؤُهَا عَلٰى حُرُوْفٍ كَثِيْرَةٍ لَمْ يُقْرِئْنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكِدْتُ أُسَاوِرُهُ فِي الصَّلاَ ةِ،

فَانْتَظَرْتُهُ حَتّٰى سَلَّمَ، فَلَبَّبْتُهُ فَقُلْتُ: مَنْ أَقْرَأَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِىْ سَمِعْتُكَ تَقْرَأُ؟ قَالَ: أَقْرَأَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَقُلْتُ لَهُ: كَذَبْتَ، فَوَ اللّٰهِ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَهُوَ أَقْرَأَنِىْ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِىْ سَمِعْتُكَ، فَانْطَلَقْتُ بِهِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَقُوْدُهُ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّىْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى حُرُوْفٍ لَمْ تُقْرِئْنِيْهَا وَإِنَّكَ أَقْرَأْتَنِىْ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ. فَقَالَ: " يَاهِشَامُ اقْرَأْهَا" فَقَرَأَهَا الْقِرَاءَ ةَ الَّتِىْ سَمِعْتُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " هٰكَذَا أُنْزِلَتْ" ثُمَّ قَالَ: " اقْرَأْ يَا عُمَرُ" فَقَرَأْتُهَا الَّتِىْ أَقْرَأَنِيْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " هٰكَذَا أُنْزِلَتْ" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، فَاقْرَءُ وْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ"[راجع: ۲۴۱۹]

حوالہ: یہ حدیث بھی اسی جلد میں (حدیث ۴۹۹۲) آئی ہے، اس میں سورۃ الفرقان کہا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سَاوَرَهُ مُسَاوَرَةً: کسی پر حملہ آور ہونا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لَبَّبَ الرجلَ: لڑائی میں کسی کا گریبان پکڑ کر کھینچنا۔

[۵۰۴۲-] حدثنا بِشْرُ بْنُ آدَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَارِئًا يَقْرَأُ مِنَ اللَّيْلِ فِى الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: "يَرْحَمُهُ اللّٰهُ! لَقَدْ أَذْكَرَنِىْ كَذَا وَكَذَا آيَةً، أَسْقَطْتُهَا مِنْ سُوْرَةِ كَذَا وَكَذَا"[راجع: ۲۶۵۵]

حوالہ: یہ حدیث بھی اسی جلد میں (حدیث ۵۰۳۷) آئی ہے، اس میں من سورۃ کذا سے استدلال کیا ہے۔

بَابُ التَّرْتِيْلِ فِى الْقِرَاءَ ةِ، وَمَا يُكْرَهُ أَنْ يُهَذَّ كَهَذِّ الشِّعْرِ

قرآن صاف واضح پڑھنا، اور اشعار کی طرح گنگنانے کی کراہیت

باب کے دو جزء ہیں، حضرتؒ نے دونوں کو جدا جدا کر دیا ہے، آدابِ تلاوت میں سے یہ بات ہے کہ قرآن صاف واضح پڑھا جائے، قراء والی ترتیل مراد نہیں، اور اس طرح پڑھنا کہ یعلمون، تعلمون کے علاوہ کچھ سمجھ میں نہ آئے مکروہ ہے، کیونکہ تلاوت کا بڑا مقصد دل کا قرآن کی عظمتوں سے رنگین ہونا ہے، اور یہ بات اسی وقت حاصل ہوسکتی ہے جب پڑھا ہوا گلے سے نیچے اترے، دل و دماغ اس میں غور کریں، سپاٹے مارنے سے یہ مقصد حاصل نہیں ہوسکتا، پس بچوں کو حفظ بھی ترتیل کے ساتھ کرانا چاہئے، ورنہ وہ جس طرح حفظ کریں گے اسی طرح پڑھیں گے۔

پھر باب میں امام صاحب رحمہ اللہ نے دو آیتیں اور دو حدیثیں لکھی ہیں:

پہلی آیت: سورۃ المزمل میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِصْفَهُ أَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيْلًا﴾: اے کپڑوں میں لپٹنے والے! رات بھر تہجد پڑھیں، مگر کچھ مستثنیٰ ہے، یعنی آدھی رات یا

اس میں سے کچھ کم کریں، یا اس میں کچھ اضافہ کریں، اور قرآن خوب صاف صاف پڑھیں —— شروع اسلام میں تہجد کی نماز فرض تھی، کیونکہ صحابہ نے نزول قرآن کے ساتھ ہی حفظ شروع کیا تھا، اور بڑی عمر کا حفظ کچا رہتا ہے، پس ضروری تھا کہ ہر رات اللہ تعالیٰ کو پارہ سنایا جائے، پورا نازل شدہ قرآن تہجد میں پڑھا جائے، پس جب روز پڑھا جائے گا تو حفظ پکا ہوجائے گا، اور آیات کے آخر میں سوال مقدر کا جواب دیا ہے کہ اگرچہ ابھی قرآن تھوڑا نازل ہوا ہے، مگر ترتیل سے پڑھا جائے تو اس میں کافی وقت لگے گا، اس لئے رات کا بڑا حصہ تہجد میں مشغول رہا جائے۔ اس طرح ترتیل سے قرآن پڑھنے کا حکم نکل آیا۔

دوسری آیت: سورۃ بنی اسرائیل کی آیت ۱۰۶ ہے: ﴿وَقُرْآنًا: فَرَقْنَاهُ: لِتَقْرَأَهُ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ، وَنَزَّلْنَاهُ تَنْزِيْلاً﴾: اور ہم نے قرآن نازل کیا: ہم نے اس کو جدا جدا کیا: تاکہ آپ اس کو ٹھیر ٹھیر کر لوگوں کے سامنے پڑھیں، اور ہم نے اس کو بتدریج تھوڑا تھوڑا کرکے اتارا ہے —— ابن عباسؓ نے فرمایا: فرقناہ کے معنی فَصَّلْنَاه ہیں: ہم نے اس کو جدا جدا کیا، یعنی آیتوں کے فاصلے رکھے اور آیتوں کے درمیان بھی وقفے رکھے، تاکہ اس کو ٹھیر ٹھیر کر پڑھنا ممکن ہو —— سورۃ الدخان آیت ۴ میں بھی اس مادہ سے فعل آیا ہے: ﴿فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيْمٍ﴾: اس مبارک رات میں جدا کیا جاتا ہے ہر دانشمندانہ معاملہ —— پس ٹھیر ٹھیر کر پڑھنا ترتیل ہے —— اور اشعار کی طرح گنگنانے کی کراہیت کا بیان حدیثوں میں ہے۔

[۲۸-] بَابُ التَّرْتِيْلِ فِي الْقِرَاءَةِ

[۱-] وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيْلاً﴾ [المزمل: ٤]

[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَقُرْءَ انًا فَرَقْنَاهُ لِتَقْرَأَهُ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ﴾ [الإسراء: ١٠٦]

وَمَا يُكْرَهُ أَنْ يُهَذَّ كَهَذِّ الشِّعْرِ

﴿يُفْرَقُ﴾: يُفَصَّلُ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿فَرَقْنَاهُ﴾ فَصَّلْنَاهُ.

لغات: رَتَّلَ الكلامَ: ٹھیر ٹھیر کر پڑھنا، اس طرح پڑھنا کہ تمام حروف وکلمات واضح ہوجائیں، قاریوں کے عرف میں جو ترتیل ہے وہ مراد نہیں .... هَذَّ الشيئَ: تیزی سے کاٹنا، هَذَّ القرآنَ: تیزی سے پڑھنا، ایسا پڑھنا کہ حروف وکلمات پوری طرح واضح نہ ہوں، هَذَّ الشعر: اشعار گنگنانا، جلدی جلدی پڑھنا۔

[٥٠٤٣-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلٌ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: غَدَوْنَا عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ رَجُلٌ: قَرَأْتُ الْمُفَصَّلَ الْبَارِحَةَ، فَقَالَ: هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ،

إِنَّاقَدْ سَمِعْنَا الْقِرَاءَ ةَ، وَإِنِّيْ لَأَحْفَظُ الْقُرَنَاءَ الَّتِيْ كَانَ يَقْرَأُ بِهِنَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ثَمَانَ عَشْرَةَ سُوْرَةً مِنَ الْمُفَصَّلِ وَسُوْرَتَيْنِ مِنْ آلِ ﴿حٰمٓ﴾[راجع: ۷۷۵]

حوالہ: یہ حدیث اسی جلد میں (حدیث ۴۹۹۶) گذری ہے............قال: غدونا: فاعل ابووائل شقیق بن سلمہ ہیں ....رجل: نہیک بن سنان نے کہا............البارحة: گذشتہ رات ....القرناء: ہم مضمون، نظائر .... اٹھارہ: دو کے ساتھ مل کر بیس ہوئیں، دوسری جگہ روایت میں بیس کا عدد آیا ہے۔

[۵۰٤٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ﴾[القيامة:۱٦] قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا نَزَلَ جَبْرَئِيْلُ بِالْوَحْيِ، وَكَانَ مِمَّا يُحَرِّكُ بِهِ لِسَانَهُ وَشَفَتَيْهِ، فَيَشْتَدُّ عَلَيْهِ، وَكَانَ يُعْرَفُ مِنْهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ الآيَةَ الَّتِيْ فِيْ: ﴿لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ﴾: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ۝ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ﴾[القيامة: ۱٦و۱۷] قَالَ: عَلَيْنَا أَنْ نَجْمَعَهُ فِي صَدْرِكَ، وَقُرْآنَهُ، ﴿فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ﴾[القيامة:۱۸] فَإِذَا أَنْزَلْنَاهُ فَاسْتَمِعْ ﴿ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾[القيامة: ۱۹] قَالَ: إِنَّ عَلَيْنَا أَنْ نُبَيِّنَهُ بِلِسَانِكَ. قَالَ: فَكَانَ إِذَا أَتَاهُ جِبْرَئِيْلُ أَطْرَقَ، فَإِذَا ذَهَبَ قَرَأَهُ كَمَا وَعَدَهُ اللّٰهُ.[راجع: ۵]

حوالہ: یہ حدیث ابھی اسی جلد میں (حدیث ۵۰۴۴) آئی ہے، اور کتاب کے شروع میں بھی تفصیل سے آئی ہے...... وكان يُعرف منه: اور نزول وحی کی شدت آپ ﷺ سے پہچانی جاتی تھی یعنی محسوس کی جاتی تھی۔

بَابُ مَدِّ الْقِرَاءَ ةِ

مدّ کر کے قرآن پڑھنا

مدّ کر کے قرآنِ کریم پڑھا جائے تو قراءت میں حُسن پیدا ہوگا، نبی ﷺ مدات کے ساتھ تلاوت فرماتے تھے، مدّ کے لغوی معنی ہیں: کھینچنا، لمبا کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: حروفِ مدّہ اور حروفِ لین میں آواز کو کھینچنا۔ حروفِ مدّہ تین ہیں: (۱) الف ہمیشہ مدہ ہوتا ہے، کیونکہ اس سے پہلے ہمیشہ زبر ہوتا ہے (۲) واو ماقبل مضموم، جیسے جُوْع (۳) یاء ماقبل مکسور، جیسے: نستعین۔ اور حروفِ لین دو ہیں: (۱) واو ساکن ماقبل مفتوح، جیسے خَوْف۔ (۲) یاء ساکن ماقبل مفتوح، جیسے صَیْف —— اور مدّ میں طول، توسط اور قصر تینوں جائز ہیں، طول کی مقدار تین تا پانچ الف ہے، توسط کی دو یا تین الف، اور قصر کی ایک الف —— اور الف کا اندازہ انگلی کھولنے بند کرنے کے ذریعہ کیا جاتا ہے پھر قراء کے یہاں مدات کی بہت تفصیل ہے۔

فائدہ: قراء کے یہاں قرآن پڑھنے کے تین طریقے ہیں: حدر، تدویر اور ترتیل، پس انگلی بند کرنا اور کھولنا بھی اسی کے

اعتبار سے ہونا چاہئے، بعض ائمہ نماز میں سورۃ الفاتحہ حدر یا تدویر میں پڑھتے ہیں، ولا الضالین (مدلازم کلمی مثقل) کو ترتیل کے بقدر کھینچتے ہیں، اور مؤذن تو عام طور پر حروف مدہ کو تاحدامکان کھینچتے ہیں یہ طریقہ ٹھیک نہیں۔

[۲۹-] بَابُ مَدِّ الْقِرَاءَ ةِ

[۵۰۴۵-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنْ قِرَاءَ ةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: كَانَ يَمُدُّ مَدًّا. [طرفه: ۵۰۴۶]

وضاحت: قتادہؒ نے حضرت انسؓ سے نبی ﷺ کی قراءت کی کیفیت کے بارے میں پوچھا، انھوں نے کہا: نبی ﷺ ہلکا سا مد کر کے پڑھا کرتے تھے (مفعول مطلق نوعیت کے بیان کے لئے ہے، اور کہاں کھینچتے تھے؟ اس کی تفصیل اگلی روایت میں ہے)

[۵۰۴۶-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سُئِلَ أَنَسٌ: كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَ ةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: كَانَتْ مَدًّا، ثُمَّ قَرَأَ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، يَمُدُّ بِبِسْمِ اللّٰهِ، وَيَمُدُّ بِالرَّحْمٰنِ، وَيَمُدُّ بِالرَّحِيْمِ. [طرفه: ۵۰۴۵]

وضاحت: اللہ میں الف مدّہ ہے، پس لام کو کھینچ کر ادا کرتے تھے، اور رحمان اور رحیم میں الف اور یاء مدہ ہیں، پس م اور ح کو کھینچ کر ادا کرتے تھے۔

بَابُ التَّرْجِيْعِ

آواز حلق میں گھمانا

ترجیع کے معنی ہیں: کوئی چیز پڑھتے ہوئے حلق میں آواز گھمانا (اذان کی ترجیع الگ ہے) تلاوت میں راگ گانے کی طرح آواز حلق میں گھمانا مسنون نہیں، اور حدیبیہ سے واپسی میں جب سورۃ الفتح نازل ہوئی، اور آپؐ اس کو اونٹ پر دھیمی آواز سے پڑھنے لگے تو جو ترجیع کی کیفیت پیدا ہو رہی تھی وہ اونٹ کی حرکت کی وجہ سے تھی جو غیر اختیاری تھی۔

[۳۰-] بَابُ التَّرْجِيْعِ

[۵۰۴۷-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِيَاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ مُغَفَّلٍ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ وَهُوَ عَلٰى نَاقَتِهِ، أَوْ: جَمَلِهِ وَهِيَ تَسِيْرُ بِهِ وَهُوَ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفَتْحِ أَوْ: مِنْ سُوْرَةِ الْفَتْحِ، قِرَاءَ ةً لَيِّنَةً، يَقْرَأُ وَهُوَ يُرَجِّعُ. [راجع: ۴۲۸۱]

بَابُ حُسْنِ الصَّوْتِ بِالْقُرْآنِ

اچھی آواز سے قرآن پڑھنا

اچھی آواز قدرت کا عطیہ ہے، جس کو یہ نعمت ملی ہے وہ قرآن پڑھنے میں اس کو استعمال کرے، ورنہ مشق وتمرین کے ذریعہ آواز کو خوبصورت بنائے کہ کسی درجہ میں یہ اختیاری چیز ہے، پھر اس عمدہ آواز سے تلاوت کرے، ایک مرتبہ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ گھر میں قرآن پڑھ رہے تھے، نبی ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ وہاں سے گذرے، دونوں کھڑے ہو کر ان کا پڑھنا سننے لگے، صبح آپؐ نے فرمایا: ''اے ابوموسیٰ! تم داؤد علیہ السلام کے راگوں میں سے ایک راگ دیئے گئے ہو!'' حضرت ابوموسیٰؓ نے کہا: یارسول اللہ! اگر مجھے معلوم ہوتا کہ آپؐ میرا پڑھنا سن رہے ہیں تو میں خوب مزین کر کے آپؐ کو قرآن سناتا (تحفۃ الالمعی ۸:۴۵۱)

[۳۱-] بَابُ حُسْنِ الصَّوْتِ بِالْقِرَاءَةِ

[۵۰۴۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ أَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ يَحْيىَ الْحِمَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ جَدِّهِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ لَهُ: ''يَا أَبَا مُوْسٰى! لَقَدْ أُوْتِيْتَ مِزْمَارًا مِنْ مَزَامِيْرِ آلِ دَاوُدَ.

لغت: المِزْمَار: بانسری یا اس جیسا منہ سے بجانے کا باجا، مراد راگ اور لہجہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لفظ آل زائد ہے، مراد داؤد علیہ السلام ہیں۔

بَابُ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَسْمَعَ الْقُرْآنَ مِنْ غَيْرِهِ

کبھی دوسرے سے قرآن سننے کو جی چاہتا ہے

قرآن خود پڑھنا چاہئے، اسی پر ثواب کا وعدہ ہے، ہر حرف پر دس نیکیاں ملتی ہیں، دوسرے سے سننے پر کسی ثواب کا ذکر نہیں آیا، مگر کبھی جی چاہتا ہے کہ دوسرے سے قرآن سنے، اس صورت میں غور وفکر کا خوب موقعہ ملتا ہے، نبی ﷺ نے ایک مرتبہ فرمائش کر کے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے قرآن سنا ہے، پس جو لوگ ٹیپ لگا دیتے ہیں اور خود نہیں پڑھتے وہ ٹھیک نہیں کرتے، گاہ بہ گاہ میں کچھ حرج نہیں۔ اور نبی ﷺ کے سننے کا مقصد طالب علم کی استعداد کا اندازہ کرنا بھی ہوسکتا ہے۔

[۳۲-] بَابُ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَسْمَعَ الْقُرْآنَ مِنْ غَيْرِهِ

[۵۰۴۹-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ،

عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اقْرَأْ عَلَيَّ الْقُرْآنَ" قُلْتُ: آقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: " إِنِّيْ أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِيْ"[راجع: ٤٥٨٢]

بَابُ قَوْلِ الْمُقْرِئِ لِلْقَارِئِ: حَسْبُكَ

پڑھوانے والے کا پڑھنے والے سے کہنا: بس کرو

قرآن پڑھنے سے روکنا بظاہر ٹھیک معلوم نہیں ہوتا، مگر جب مقصد حاصل ہو جائے تو روک بھی سکتے ہیں، جیسے خود پڑھنا بند کر سکتے ہیں، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جب سورۃ النساء پڑھتے ہوئے آیت ۴۱ پر پہنچے تو آپ ﷺ نے فرمایا: "بس کرو" جو اندازہ لگانا مقصود تھا وہ حاصل ہو گیا، چنانچہ فرمایا: چار شخصوں سے قرآن پڑھو، پھر سب سے پہلا نام ابن مسعودؓ کا لیا۔

[٣٣-] بَابُ قَوْلِ الْمُقْرِئِ لِلْقَارِئِ: حَسْبُكَ

[٥٠٥٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اقْرَأْ عَلَيَّ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! آقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: " نَعَمْ" فَقَرَأْتُ سُوْرَةَ النِّسَاءِ حَتّٰى أَتَيْتُ إِلٰى هٰذِهِ الْآيَةِ: ﴿فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَآءِ شَهِيْدًا﴾[النساء: ٤١] قَالَ: " حَسْبُكَ الْآنَ" فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَإِذَا عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ.[راجع: ٤٥٨٢]

لغت: آقْرَأُ میں ایک ہمزۂ استفہام ہے۔

بَابٌ: فِيْ كَمْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟

کتنی مدت میں قرآن پورا کرنا چاہئے؟

کبھی سوال آسان ہوتا ہے اور جواب مشکل ہوتا ہے، حدیث میں کوئی ایسی قطعی تقدیر (اندازہ) مروی نہیں جو فیصلہ کن ہو، باب کے مندرجات بھی فیصلہ کن نہیں، پس اصولی طور پر تین باتیں ذہن میں رہنی چاہئیں:

۱- قرآنِ کریم اس طرح پڑھنا کہ حروف صحیح ادا نہ ہوں، یا اتنا تیز پڑھنا کہ یعلمون تعلمون کے علاوہ کچھ سمجھ میں نہ آئے، یا پڑھنا گلے تک رہ جائے، ہنسلی سے نیچے نہ اترے: ٹھیک نہیں، ایسا پڑھنا شاید اس حدیث کا مصداق ہو: رُبَّ قارِئٍ للقرآن، والقرآن یلعنہ: بعض لوگ قرآن پڑھتے ہیں، اور قرآن ان پر لعنت بھیجتا ہے۔

۲- قرآن کو کبھی ہاتھ ہی نہ لگانا، خوبصورت جزدان میں بھر کر اونچے طاق میں رکھ دینا، مؤمن کی شان نہیں، شاید ایسے

ہی لوگوں کا رسول شکوی کریں گے کہ الٰہی! میری قوم نے اس قرآن کو بالکل نظر انداز کر رکھا تھا (الفرقان آیت ۳۰)

۳- روزانہ قرآنِ کریم کا کچھ حصہ ضرور پڑھنا چاہئے، حافظ نہ ہو تو چھوٹی سورتیں پڑھے، اور نماز میں پڑھنا ان شاء اللہ کفایت کرے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اصحابِ ظواہر کے نزدیک سات دن سے کم میں قرآن ختم کرنا جائز نہیں، صحابہ بھی اسی طرح ورد کرتے تھے، فمی بشوق کی منازل اس کی دلیل ہیں، دوسری رائے یہ ہے کہ تین دن سے کم میں ختم کرنا جائز نہیں، منازل فیل اس کی دلیل ہیں۔ اور جمہور کے نزدیک کوئی تقدیر نہیں، نہ کم نہ زیادہ، حسب احوال کم وبیش مدت میں قرآن ختم کرسکتے ہیں۔ قال النووی: أکثر العلماء علی أنه لاتقدیر فی ذلك، وإنما هو بحسب النشاط والقوة، فعلی هذا یختلف باختلاف الأحوال والأشخاص (فتح)

[٣٤-] بَابٌ: فِيْ كَمْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟

وَقَوْلُ اللهِ تَعَالٰى: ﴿فَاقْرَءُ وْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ﴾[المزمل: ٢٠]

[٥٠٥١-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ لِيْ ابْنُ شُبْرُمَةَ: نَظَرْتُ كَمْ يَكْفِيْ الرَّجُلَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ فَلَمْ أَجِدْ سُوْرَةً أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثِ آيَاتٍ، فَقُلْتُ: لَايَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ أَنْ يَقْرَأَ أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثِ آيَاتٍ.

قَالَ سُفْيَانُ: أَخْبَرَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، أَخْبَرَهُ عَلْقَمَةُ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، وَلَقِيْتُهُ وَهُوَ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ فَذَكَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: " أَنَّ مَنْ قَرَأَ بِالآيَتَيْنِ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِيْ لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ "[راجع: ٤٠٠٨]

آیتِ کریمہ: میں قرآن پڑھنے سے تہجد پڑھنا مراد ہے، شروع سورت میں تہجد کی فرضیت کا ذکر ہے، پھر اس آیت کے ذریعہ تہجد کی فرضیت ختم کی گئی، اب اگر کوئی تہجد نہ پڑھے یا جو قرآن حفظ ہے وہ نہ پڑھے تو کچھ حرج نہیں، قرآن کتنے دن میں ختم کرنا چاہئے؟ اس مسئلہ سے آیت کا کچھ تعلق نہیں۔

اثر: کوفہ کے قاضی عبداللہ بن شُبرمۃ فرماتے ہیں: میں نے غور کیا کہ آدمی کے لئے کتنا قرآن پڑھنا کافی ہے؟ پس میں نے قرآن میں تین آیتوں سے کم کوئی سورت نہیں پائی، پس میں نے کہا کہ تین آیتوں سے کم پڑھنا کسی طرح مناسب نہیں —— اس کا تعلق نماز میں ضم سورت سے ہے، احناف کی کتابوں میں یہ مسئلہ اس طرح مذکور ہے: فاتحہ کے بعد چھوٹی تین آیتیں یا بڑی ایک آیت پڑھنا واجب ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص سورۂ بقرۃ کی آخری دو آیتیں کسی رات میں پڑھے تو وہ اس کے لئے کافی ہیں'' —— اس حدیث میں سورۃ بقرۃ کی آخری دو آیتوں کی اہمیت کا بیان ہے، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ روزانہ کوئی بھی دو

آیتیں پڑھ لینا کافی ہے۔

[٥٠٥٢-] حدثنا مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: أَنْكَحَنِىْ أَبِىْ امْرَأَةً ذَاتَ حَسَبٍ، فَكَانَ يَتَعَاهَدُ كَنَّتَهُ، فَيَسْأَلُهَا عَنْ بَعْلِهَا، فَتَقُوْلُ: نِعْمَ الرَّجُلُ مِنْ رَجُلٍ! لَمْ يَطَأْ لَنَا فِرَاشًا، وَلَمْ يُفَتِّشْ لَنَا كَنَفًا مُذْ أَتَيْنَاهُ، فَلَمَّا طَالَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ، ذَكَرَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " الْقَنِىْ بِهِ" فَلَقِيْتُهُ بَعْدُ فَقَالَ: " كَيْفَ تَصُوْمُ؟" قَالَ: كُلَّ يَوْمٍ. قَالَ: " وَكَيْفَ تَخْتِمُ؟" قَالَ: كُلَّ لَيْلَةٍ. قَالَ: " صُمْ فِىْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلاَ ثَةً، وَاقْرَإِ الْقُرْآنَ فِىْ كُلِّ شَهْرٍ" قَالَ: قُلْتُ: إِنِّىْ أُطِيْقُ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ. قَالَ: " صُمْ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ فِى الْجُمُعَةِ" قُلْتُ: أُطِيْقُ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ. قَالَ: " أَفْطِرْ يَوْمَيْنِ وَصُمْ يَوْمًا" قَالَ: أُطِيْقُ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ. قَالَ: " صُمْ أَفْضَلَ الصَّوْمِ صَوْمِ دَاوُدَ، صِيَامُ يَوْمٍ وَإِفْطَارُ يَوْمٍ، وَاقْرَأْ فِىْ كُلِّ سَبْعِ لَيَالٍ مَرَّةً" فَلَيْتَنِى قَبِلْتُ رُخْصَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَذَاكَ أَنِّىْ كَبِرْتُ وَضَعُفْتُ. فَكَانَ يَقْرَأُ عَلٰى بَعْضِ أَهْلِهِ السُّبْعَ مِنَ الْقُرْآنِ بِالنَّهَارِ، وَالَّذِىْ يَقْرَؤُهُ يَعْرِضُهُ مِنَ النَّهَارِ؛ لِيَكُوْنَ أَخَفَّ عَلَيْهِ بِاللَّيْلِ، وَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَتَقَوَّى أَفْطَرَ أَيَّامًا وَأَحْصَى، وَصَامَ مِثْلَهُنَّ كَرَاهِيَةَ أَنْ يَتْرُكَ شَيْئًا فَارَقَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَلَيْهِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ بَعْضُهُمْ: فِىْ ثَلاَثٍ وَفِىْ خَمْسٍ، وَأَكْثَرُهُمْ عَلٰى سَبْعٍ.

[٥٠٥٣-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: قَالَ لِى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " فِىْ كَمْ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟"

[٥٠٥٤-] ح: وَحَدَّثَنِىْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلَى بَنِىْ زُهْرَةَ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، قَالَ: وَأَحْسِبُنِىْ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَا مِنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اقْرَإِ الْقُرْآنَ فِى شَهْرٍ" قُلْتُ: إِنِّىْ أَجِدُ قُوَّةً، حَتّٰى قَالَ: " فَاقْرَأْهُ فِىْ سَبْعٍ وَلاَ تَزِدْ عَلٰى ذٰلِكَ" [راجع: ١١٣١]

وضاحت: یہ حدیث بخاری شریف میں انیس مرتبہ آئی ہے، اور دوسری کتابوں میں بھی ہے، اس کا سیاق بہت مختلف ہے، پس اس روایت سے کوئی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا، امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی کوئی فیصلہ نہیں کیا، فرمایا: کسی روایت میں تین دن ہے، کسی میں پانچ دن اور اکثر روایات میں سات دن —— **قولہ: أنكحنی**: میرے ابا نے میرا نکاح ایک اونچے خاندان کی عورت سے کیا، پس وہ دیکھ بھال کرتے تھے اپنی بہو کی، اس سے اس کے شوہر کے بارے میں پوچھتے تو وہ کہتی: بہت ہی بڑھیا آدمی ہیں، جب سے ہم ان کے یہاں آئے ہیں انھوں نے ہمارے بستر کو نہیں روندا، اور انھوں نے ہمارے

پہلو کی تفتیش نہیں کی، پس جب یہ بات لمبی ہوگئی ابا پر یعنی بار بار ہونے یہ بات کہی تو انھوں نے نبی ﷺ سے تذکرہ کیا، آپؐ نے فرمایا: ''میری ان سے ملاقات کراؤ'' —— نِعم الرجلُ من رجل: الرجل فاعل ہے اور من رجل مخصوص بالمدح کے قائم مقام ہے أی ھو —— فرمایا: ''ہفتہ میں تین روزے رکھو'' پھر فرمایا: ''دو دن روزہ رکھو ایک دن مت رکھو'' یہ راوی کا وہم ہے، کیونکہ آپؐ کم سے زیادہ کی طرف لے جا رہے ہیں، اور ہفتہ میں تین دن زیادہ ہیں، اور دو دن روزہ اور ایک دن افطار کم ہے، پس یا تو تقدیم و تاخیر ہے یا راوی کا وہم ہے —— **قولہ: فلیتنی**: پس کاش میں نے نبی ﷺ کی رخصت قبول کی ہوتی، اور اس تمنا کی وجہ یہ ہے کہ میں بوڑھا اور کمزور ہوگیا ہوں، پس وہ اپنے گھر کے کسی آدمی کو دن میں قرآن کا ساتواں حصہ سناتے، اور وہ جس کو رات میں پڑھتے تھے دن میں اس کو سناتے تھے (یہ تکرار ہے) تاکہ رات میں پڑھنا ان کے لئے آسان ہو اور جب وہ طاقت حاصل کرنے کا ارادہ کرتے تو کئی دن روزہ نہیں رکھتے تھے، اور ان دنوں کو گنتے تھے یعنی یاد رکھتے تھے، اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کہ چھوڑیں وہ کسی چیز کو جس پر وہ نبی ﷺ سے جدا ہوئے ہیں یعنی وفات نبوی کے وقت جو ان کا معمول تھا اس کو نباہنے کی کوشش کرتے تھے۔

قولہ: قال: وَأَحْسِبُنِیْ: شیبان نے کہا: اور گمان کرتا ہوں میں مجھ کو کہ یحییٰ نے کہا: سنا میں نے ابوسلمہ سے (تاہم وہ محمد کے واسطہ سے روایت کرتے تھے)

بَابُ الْبُكَاءِ عِنْدَ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ

قرآن پڑھتے ہوئے رونا

رونا ہمیشہ دکھ درد ہی کی وجہ سے نہیں آتا، محبت بھی رلاتی ہے، اور ہولناک منظر کشی بھی آب دیدہ کر دیتی ہے:

ایک واقعہ: میں پالن پور میں پڑھتا تھا، یوپی سے کوئی قاری صاحب آئے، ہمارے حضرت (مولانا محمد نذیر صاحب قدس سرہ) نے قرآن سنانے کی فرمائش کی، انھوں نے سورۃ الحج پڑھنی شروع کی: ﴿يٰأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ، إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْئٌ عَظِيْمٌ﴾: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، قیامت کا زلزلہ یقیناً بڑی بھاری چیز ہے —— پس حضرت مولانا قدس سرہ زار و قطار رونے لگے۔

دوسرا واقعہ: میں دارالعلوم دیوبند میں طالب علم تھا۔ مصر سے بڑے لوگوں کا ایک وفد آیا، اس میں شیخ الازہر اور قاری عبدالباسط بھی تھے، ان کے اعزاز میں خیر مقدمی اجلاس کیا گیا، حضرت حکیم الاسلام (مولانا محمد طیب صاحب قدس سرہ) نے مصری صاحب (شیخ محمود عبدالوہاب محمود قدس سرہ) سے جلسہ میں تلاوت کرنے کی فرمائش کی، انھوں نے سورۃ القمر پڑھنی شروع کی: ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾: قیامت نزدیک آگئی اور چاند پھٹ گیا، یہ آیت تین مرتبہ پڑھی تو مصری وفد کی چیخیں نکل گئیں، پھر آخر تک وہ زار و قطار روتے ہی رہے۔

تیسرا واقعہ: جمعیتِ علماء ہند نے دہلی میں حضرت شیخ الہند قدس سرہ پر سیمنار کیا، پاکستان سے اس میں شرکت کے لئے پندرہ علماء کا وفد آیا، جب وہ حضرات دیوبند آئے تو استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی، اس میں ترانۂ دارالعلوم پڑھا گیا، جب یہ شعر پڑھا گیا:

ہے عزم حسین احمد سے بپا ہنگامۂ گیرودارد یہاں ۞ شاخوں کی لچک بن جاتی ہے باطل کے لئے تلوار یہاں

تو وفد دھاڑیں مار کر رونے لگا، اور پورا ماحول سوگوار ہوگیا۔

حدیث: نبی ﷺ نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے قرآن سنانے کی فرمائش کی، انھوں نے سورۃ النساء پڑھنی شروع کی، جب آیت ۴۱ پر پہنچے: ﴿فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَآءِ شَهِيْدًا﴾ پس اس وقت کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت میں سے ایک ایک گواہ حاضر کریں گے، اور آپ کو بھی ان لوگوں پر گواہی دینے کے لئے حاضر کریں گے؟ —— تو آپ نے فرمایا: ''بس!'' ابن مسعودؓ نے جو سر اٹھایا تو نبی ﷺ اشک بار تھے، یہ قیامت کی منظر کشی رونے کا سبب بنی۔

[۳۵-] بَابُ الْبُكَاءِ عِنْدَ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ

[۵۰۵۵-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ- قَالَ يَحْيىَ: بَعْضُ الْحَدِيْثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ - قَالَ لِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.

وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ- قَالَ الْأَعْمَشُ: وَبَعْضُ الْحَدِيْثِ حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ - وَعَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي الضُّحىٰ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' اقْرَأْ عَلَيَّ'' قَالَ: قُلْتُ: أَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: '' إِنِّيْ أَشْتَهِيْ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِيْ'' قَالَ: فَقَرَأْتُ النِّسَاءَ حَتّٰى إِذَا بَلَغْتُ: ﴿فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَآءِ شَهِيْدًا﴾ قَالَ لِيْ: '' كُفَّ أَوْ: أَمْسِكْ'' فَرَأَيْتُ عَيْنَيْهِ تَذْرِفَانِ، يَعْنِيْ: تَسْفَحَانِ، [راجع: ۴۵۸۲]

[۵۰۵۶-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ لِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' اقْرَأْ عَلَيَّ'' قُلْتُ: أَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: '' إِنِّيْ أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِيْ''[راجع: ۴۵۸۲]

قوله: قال يحيى: یحییٰ قطان حدیث کا کچھ حصہ عمرو بن مرۃ عن ابراہیم النخعی کی سند سے روایت کرتے ہیں .... سلیمان اعمش بھی حدیث کا کچھ حصہ اسی سند سے روایت کرتے ہیں .... وعن أبيه کا عطف عن الأعمش پر ہے،

سفیان ثوری کے والد کا نام سعید بن مسروق الثوری ہے، اعمش کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث سفیان کے والد سعید سے بھی سنی ہے، ان کی سند منقطع ہے، ابو الضحیٰ کا ابن مسعودؓ سے لقاء نہیں۔

لغت: سَفَحَ الدم: خون بہانا، الدم المفسوح اسی مادہ سے ہے۔

بَابُ مَنْ رَايَا بِقِرَاءَ ةِ الْقُرْآنِ، أَوْ تَـأَكَّلَ بِهِ، أَوْ فَجَرَ بِهِ

جس نے دکھاوے کے لئے قرآن پڑھایا اس کو کمائی کا ذریعہ بنایا یا اس کے ذریعہ گناہ کیا

رَایَا: اصل میں رَاءَ ا تھا (ماضی صیغہ واحد مذکر غائب) ہمزہ کو تخفیفاً یاء سے بدلا، رَاءَ اهُ مُرَاءَ اةً وَرِءَ اءً وَرِیَاءً: کسی کے سامنے خلافِ حقیقت صلاح وتقوی کا اظہار کرنا، نیک عمل کا مظاہرہ کرنا، دکھلانا سنانا..........تأکّل به: بہ تکلف اس کے ذریعہ کھایا یعنی قرآن کو کمائی کا ذریعہ بنایا..........فَجَرَ به: قرآن کو گناہ کا ذریعہ بنایا —— ریا وسمعہ عمل کو باطل کر دیتے ہیں، اس کی روح نکال دیتے ہیں، بلکہ گناہوں کا بوجھ اس پر لا د دیتے ہیں، قیامت کے دن جن تین شخصوں کو سب سے پہلے جہنم میں جھونکا جائے گا ان میں ایک قاری ہوگا، جس نے دکھلاوے کے لئے قرآن پڑھا ہوگا —— اور احناف کے نزدیک طاعاتِ مقصودہ پر اجارہ باطل ہے، اور قرآن پڑھنا پڑھانا عبادت ہے، اس لئے قرآن کے بدلے میں تنخواہ لینا یا نذرانہ قبول کرنا جائز نہیں، اگرچہ بعد کے فقہاء نے ضرورت کے پیش نظر اجارہ کی اجازت دی ہے، مگر اصل مسئلہ یہی ہے —— اور قرآن کے ذریعہ گناہ کرنے کی دو صورتیں ہیں: اول: اپنی خوبصورت قراءت کے ذریعہ کسی عورت یا امرد کو جال میں پھنسانا، بعض قراء اور حفاظ اس سلسلہ میں بدنام رہے ہیں۔ دوم: اپنے باطل نظریات کو قرآن کی چادر میں لپیٹ کر لوگوں کو گمراہ کرنا، گمراہ فرقوں کے بانی ہمیشہ یہی حرکت کرتے ہیں۔

اور باب میں تین حدیثیں ہیں، پہلی دو حدیثیں فرقۂ خوارج کے بارے میں ہیں، یہ حدیثیں پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۵۶) آچکی ہیں، وہ لوگ اپنی نمازوں اور روزوں کا مظاہرہ کرتے تھے، اور اپنے باطل نظریات کا لوگوں کو قائل کرتے تھے، فرمایا: ''تم میں سے ایک اپنی نمازوں کو ان کی نمازوں کے سامنے اور اپنے روزوں کو ان کے روزوں کے سامنے ہیچ سمجھے گا، مگر وہ لوگ دین میں داخل ہو کر صاف نکل جائیں گے، یہ دو روایتیں باب کے پہلے جزء کی دلیلیں ہیں، اور تیسری روایت بھی ابھی اسی جلد میں آئی ہے (حدیث ۵۰۲۰) وہ بدکار جو قرآن پڑھتا ہے وہ نازبو کی طرح ہے، جس کی بو اچھی ہوتی ہے اور مزہ کڑوا ہوتا ہے، یہ تیسرے جزء کی دلیل ہے، اور دوسرے جزء کی دلیل بیان نہیں کی، وہ اختلافی مسئلہ۔

[۳۶-] بَابُ مَنْ رَايَا بِقِرَاءَ ةِ الْقُرْآنِ، أَوْ تَـأَكَّلَ بِهِ، أَوْ فَجَرَ بِهِ

[۵۰۵۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ

سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ: قَالَ عَلِيٌّ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَأْتِيْ فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ حُدَثَاءُ الأَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الأَحْلاَمِ، يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الإِسْلاَمِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، لاَيُجَاوِزُ إِيْمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ، فَأَيْنَمَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ، فَإِنَّ قَتْلَهُمْ أَجْرٌ لِمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"[راجع: ۳٦۱۱]

[۵۰۵۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَخْرُجُ فِيْكُمْ قَوْمٌ تَحْقِرُوْنَ صَلاَتَكُمْ مَعَ صَلاَتِهِمْ، وَصِيَامَكُمْ مَعَ صِيَامِهِمْ، وَعَمَلَكُمْ مَعَ عَمَلِهِمْ، وَيَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ لاَيُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يَنْظُرُ فِي النَّصْلِ فَلاَ يَرَى شَيْئًا، وَيَنْظُرُ فِي الْقِدْحِ فَلاَ يَرَى شَيْئًا، وَيَنْظُرُ فِي الرِّيْشِ فَلاَ يَرَى شَيْئًا، وَيَتَمَارَى فِي الْفُوْقِ" [راجع: ۳٦۱۰]

لغات: حُدَثَاء الأسنان: نوجوان.......... سُفَهَاء الأحلام: عقلوں کے اوچھے.......... یقولون من خیر قول البریة: مخلوق کی بہترین بات کے قائل ہوں گے یعنی کلمہ پڑھتے ہونگے.......... الرَّمِيَّة بمعنی مَرْمِيَّة: شکار.......... حَنْجَرة: گلا.......... النَّصْل: تیر کی انّی، پیکان، پھل، اگلا نوک دار لوہا.......... القِدْح: تیر کی لکڑی جس میں پَر اور پھل لگا ہوا نہ ہو.......... الفُوق: تیر کا سوفار جہاں کمان کی تانت ٹکتی ہے۔

[۵۰۵۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْمُؤْمِنُ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَيَعْمَلُ بِهِ كَالأُتْرُجَّةِ، طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَرِيْحُهَا طَيِّبٌ، وَالْمُؤْمِنُ الَّذِيْ لاَ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَيَعْمَلُ بِهِ كَالتَّمْرَةِ، طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَلاَ رِيْحَ لَهَا، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَالرَّيْحَانَةِ، رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِيْ لاَ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَالْحَنْظَلَةِ، طَعْمُهَا مُرٌّ، أَوْ: خَبِيْثٌ وَرِيْحُهَا مُرٌّ"[راجع: ۵۰۲۰]

ترکیب: ویعمل به کا عطف لایقرأ پر ہے، یقرأ پر نہیں (عمدۃ) یعنی احکام قرآنی پر عمل پیرا تو ہے مگر قرآن پڑھتا نہیں۔

بَابٌ: اقْرَءُ وْا الْقُرآنَ مَا ائْتَلَفَتْ قُلُوْبُكُمْ

قرآن پڑھو جب تک تمہارے دل متحد رہیں

اس باب میں دو حدیثیں ہیں: حضرات جندب وابن مسعود رضی اللہ عنہما کی، پہلی حدیث کے بارے میں اختلاف ہے کہ وہ حضرت جندبؓ کی ہے یا حضرت عمرؓ کی؟ پھر حضرت جندبؓ کی ہے تو مرفوع ہے یا موقوف؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے

پہلے اختلاف کا فیصلہ کیا ہے: جندب أصح وأكثر: جو سندیں حضرت جندبؓ تک پہنچتی ہیں وہ صحیح اور اکثر ہیں، اور دوسرے اختلاف میں کوئی فیصلہ نہیں کیا، حافظ صاحب رحمہ اللہ نے مرفوع کو ترجیح دی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اقْرَؤُا القرآنَ مَا ائْتَلَفَتْ قلوبُكم، فإذا اختلفتم فقوموا عنه: قرآن پڑھو جب تک تمہارے دل متحد رہیں، پس جب تم میں اختلاف ہوجائے تو قرآن چھوڑ کر اٹھ جاؤ۔

لغات: ائْتَلَفَ النَّاسُ: لوگوں کا متحد ہونا، جڑنا............قام عن الامر: کوئی چیز چھوڑ دینا۔

تشریح: حدیث کے دو معنی بیان کئے گئے ہیں:

۱- جب تک قرآن میں دل لگا رہے، نشاط وفرحت باقی رہے، پڑھتے رہو، پھر جب دل قرآن سے ہٹ جائے تو پڑھنا بند کردو ــــ پھر حاشیہ میں یہ نصیحت کی ہے کہ ہر شخص کو عادت ڈالنی چاہئے، کوشش کرنی چاہئے، نفس کو سدھانا چاہئے تاکہ وہ قرآن پڑھنے میں نشیط رہے، رنجیدہ نہ ہو، کیونکہ کاہل اور سست لوگ جلدی رنجیدہ ہوجاتے ہیں، وہ تلاوت کے عادی نہیں ہوتے، اور جن کو قرآن سے دلچسپی ہوتی ہے وہ گھنٹوں نشاط کے ساتھ پڑھتے رہتے ہیں۔

۲- جب تک درس میں قرآن کی کسی بات میں اختلاف رونما نہ ہو، قرآن کا درس جاری رہے، لیکن جب کسی بات میں اختلاف ہوجائے تو پڑھنا موقوف کردیا جائے تاکہ اختلاف آگے نہ بڑھے ــــ حافظؒ نے اس مطلب کو ترجیح دی ہے، فرماتے ہیں: حضرت جندبؓ کی حدیث کے بعد حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث اسی مطلب کی تعیین کے لئے لائے ہیں۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۴۳۶) آئی ہے۔ ابن مسعودؓ نے کسی کو ایک آیت پڑھتے ہوئے سنا، وہ اس کے برخلاف پڑھ رہے تھے جس طرح ابن مسعودؓ نے نبی ﷺ سے سنا تھا، وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گئے، آپؐ نے دونوں سے وہ آیت پڑھوائی، پھر فرمایا: ’’دونوں ہی ٹھیک پڑھتے ہو‘‘ شعبہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: میرا ظن غالب یہ ہے کہ آپؐ نے یہ بھی فرمایا: ’’قرآن پڑھنے میں جھگڑا مت کرو، اس لئے کہ جو لوگ تم سے پہلے ہوئے ہیں انھوں نے اللہ کی کتاب میں اختلاف کیا تو اس نے ان کو ہلاک کردیا ــــ اور میری ناقص رائے یہ ہے کہ دونوں مطلب صحیح ہیں اور حدیث جوامع الکلم کے قبیل سے ہے۔ واللہ اعلم

[۳۷-] بَابٌ: اقْرَءُ وْا الْقُرآنَ مَا ائْتَلَفَتْ قُلُوْبُكُمْ

[۵۰۶۰-] حدثنا أَبُوْالنُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِیْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " اقْرَءُ وْا الْقُرْآنَ مَا ائْتَلَفَتْ قُلُوْبُكُمْ، فَإِذَا اخْتَلَفْتُمْ فَقُوْمُوْا عَنْهُ "

[أطرافه: ۵۰۶۱، ۷۳۶۴، ۷۳۶۵]

[۵۰۶۱-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ أَبِیْ

مُطِيْعٍ، عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ جَنْدُبٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" اقْرَءُ وْا الْقُرْآنَ مَا ائْتَلَفَتْ عَلَيْهِ قُلُوْبُكُمْ فَإِذَا اخْتَلَفْتُمْ فَقُوْمُوْا عَنْهُ"

تَابَعَهُ الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَسَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَأَبَانُ، وَقَالَ غُنْدَرٌ: عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، قَوْلَهُ: وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ: عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ عُمَرَ قَوْلَهُ، وَجُنْدَبٌ أَصَحُّ وَأَكْثَرُ. [راجع: ٥٠٦٠]

سند: حارث اور سعید بن زید (حماد بن زید کے بھائی) سلّام کے متابع ہیں، یہ دونوں بھی ابوعمران جونی سے روایت کرتے ہیں، اور حدیث کو مرفوع کرتے ہیں ـــــ البتہ حماد بن سلمہ اور ابان بن یزید مرفوع نہیں کرتے، یہ دونوں بھی ابو عمران جونی کے شاگرد ہیں ـــــ اور شعبہؒ بھی حدیث کی سند جندب پر روک دیتے ہیں ـــــ اور عبداللہ بن عون سند حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں، اور حضرت عمرؓ کا قول قرار دیتے ہیں۔

[٥٠٦٢-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلاً يَقْرَأُ آيَةً سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خِلاَفَهَا فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ فَانْطَلَقْتُ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" كِلاَكُمَا مُحْسِنٌ! فَاقْرَآ، - أَكْبَرُ عِلْمِيْ قَالَ: - فَإِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ اخْتَلَفُوْا فَأَهْلَكَهُمْ"[راجع: ٢٤١٠]

﴿الحمد للہ! فضائل القرآن کی تفسیر ۴؍شعبان سنہ ۱۴۳۵ھ مطابق ۳؍جون سنہ ۲۰۱۴ء کو پوری ہوئی﴾



کتاب النکاح

نکاح کا بیان

ابواب میں ارتباط اور نکاح کی تقریب:

دور سے جو سلسلہ بیان چل رہا تھا وہ فضائل القرآن پر تمام ہوگیا، اب نیا سلسلہ شروع کرتے ہیں، یہ ارتفاقات کا بیان ہے، ارتفاق کے لغوی معنی ہیں: مہربانی کا برتاؤ کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: زندگی بسر کرنے کی مفید تدبیریں، انسان دیگر حیوانات کی طرح بہت سی حاجتیں رکھتا ہے، وہ کھانے پینے کا، مباشرت کرنے کا، دھوپ اور بارش سے بچاؤ کرنے کا، سردی میں آگ یا کپڑوں سے گرمی حاصل کرنے کا اور ان کے علاوہ بہت سی چیزوں کا محتاج ہے، پھر اس کے چند امتیازات ہیں:

۱- انسان مدنی الطبع ہے، انفرادی زندگی اس کا مزاج نہیں، وہ گھریلو اور جماعتی زندگی کا خوگر ہے، اس کے ہر فرد کو رہنے سہنے میں، ترقی کرنے میں اور اپنی فلاح و بہود کے لئے دوسروں کے سہارے کی ضرورت ہوتی ہے، اس طرح صحبت و رفاقت کا مسئلہ پیدا ہوا یعنی آپس میں رشتۂ الفت و محبت پیدا کرنا، پھر اس کو ہمیشہ باقی رکھنا ضروری ہوا، کیونکہ بارہا ایسی حاجتیں پیش آتی ہیں کہ دوسروں کے تعاون کے بغیر ان سے عہدبرآ ہونا مشکل ہوتا ہے، یہ نکاح اور گھریلو زندگی کی بنیاد ہے۔

۲- مخلوقات تین طرح پیدا ہورہی ہے: (۱) مکھیوں، کھٹملوں، جوؤں اور کیڑوں کی طرح، یہ مخلوقات ڈائریکٹ مٹی سے پیدا ہوتی ہیں، اور ان میں توالد و تناسل نہیں ہوتا، جب کیچ اور میل میں مزاج پیدا ہوتا ہے تو اس پر ارواح کا فیضان ہوجاتا ہے یہ اپنی زندگی پوری کرکے مرجاتے ہیں —— (۲) مچھلیاں دائریکٹ مٹی سے بھی پیدا ہوتی ہیں، پھر ان میں توالد و تناسل بھی ہوتا ہے، اسی طرح وہ بڑھتی رہتی ہیں —— (۳) اکثر مخلوقات کے پہلے دو فرد (نر و مادہ) مٹی سے پیدا کئے گئے ہیں، پھر افزائش نسل کے لئے ان میں توالد و تناسل کا طریقہ رائج کیا ہے، اب ان کا کوئی فرد مٹی سے پیدا نہیں ہوتا، انسان اسی قسم میں ہے، پس افزائش نسل کے لئے کوئی معقول طریقہ ضروری ہے، اور اسی کا نام نکاح ہے۔

۳- انسان پر اللہ تعالیٰ نے شہوت مسلط کی ہے، وہ ہر وقت مرد و زن کے ساتھ رہتی ہے، دیگر حیوانات میں بوقتِ حاجت خواہش پیدا ہوتی ہے، وہ ایک وقتی جذبہ سے باہم ملتے ہیں، اس طرح ان کی نسل بڑھتی رہتی ہے، مگر انسان کا حال ان سے مختلف ہے، ان میں شہوت و خواہش ہر وقت کام کرتی ہے، تاکہ گھریلو زندگی وجود میں آئے اور نسل انسانی بڑھے۔

نکاح کے معنی:

نکاح کے لغوی معنی ہیں: ملنا، کہتے ہیں: تناكحتِ الأشجارُ: درخت گنجان ہوگئے، ایک کی شاخیں دوسرے میں گھس گئیں، پھر اس کا استعمال صحبت کے معنی میں ہونے لگا، کیونکہ اس میں بھی ملنا ہوتا ہے، پھر عقد کے لئے اس کا استعمال ہونے لگا، کیونکہ عقد: صحبت کا سبب ہے —— پھر اہل لغت کے نزدیک نکاح: صحبت وعقد میں مشترک ہے، اور شریعت میں عقد حقیقی معنی ہیں اور صحبت مجازی۔

بَابُ التَّرْغِيْبِ فِي النِّكَاحِ

نکاح پر آمادہ کرنا

نکاح احوال کے اعتبار سے فرض، واجب، سنت، مباح اور حرام ہوتا ہے، مگر عام احوال میں سنت ہے، سورۃ النساء (آیت۳) میں ہے: ﴿فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ﴾: پس نکاح کرو ان عورتوں سے جو تم کو پسند ہوں، انْكِحُوْا: امر ہے، اور امر طلب کے لئے ہوتا ہے، اور اس کا اقل مرتبہ استحباب ہے، پس ترغیب پائی گئی۔

اور باب کی پہلی حدیث کے آخر میں ہے: وَأَتَزَوَّجُ النساء، فمن رَغِبَ عن سنتی فلیس منی: اور میں ازواج سے ملتا ہوں، پس جو میرے طریقہ سے اعراض کرے وہ میرا نہیں! اس حدیث میں تبتل (عورتوں سے ترک تعلق) کی ممانعت ہے، پس اس کی ضد مستحب ہے اور باب کی دوسری حدیث پہلے آئی ہے، اس میں باب میں مذکور آیت ہی کا بیان ہے۔

٦٧- كتابُ النكاح

بسم الله الرحمن الرحيم

[١-] التَّرْغِيْبُ فِي النِّكَاحِ

لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ﴾[النساء: ٣]

[٥٠٦٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ أَبِي حُمَيْدٍ الطَّوِيْلُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: جَاءَ ثَلاَ ثَةُ رَهْطٍ إِلٰى بُيُوْتِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَسْأَلُوْنَ عَنْ عِبَادَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا أُخْبِرُوْا كَأَنَّهُمْ تَقَالُّوْهَا، فَقَالُوْا: وَأَيْنَ نَحْنُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَدْ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ أَحَدُهُمْ: أَمَّا أَنَا فَإِنِّيْ أُصَلِّي اللَّيْلَ أَبَدًا. وَقَالَ آخَرُ: أَنَا أَصُوْمُ الدَّهْرَ وَلاَ أُفْطِرُ. وَقَالَ آخَرُ: وَأَنَا أَعْتَزِلُ النِّسَاءَ فَلاَ أَتَزَوَّجُ

أَبَدًا. فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِمْ، فَقَالَ:" أَنْتُمُ الَّذِيْنَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا، أَمَا وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَتْقَاكُمْ لَهُ، لَكِنِّيْ أَصُوْمُ وَأُفْطِرُ، وَأُصَلِّيْ وَأَرْقُدُ، وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ"

حدیث: تین شخص امہات المؤمنین کے گھروں کے پاس آئے، وہ نبی ﷺ کی عبادت کے بارے میں دریافت کررہے تھے، پس جب وہ بتلائیے گئے تو گویا انھوں نے عبادت کو کم سمجھا، پس انھوں نے کہا: اور کہاں ہم نبی ﷺ سے، اللہ تعالیٰ نے آپ کی اگلی پچھلی سب کوتاہیاں معاف کردی ہیں؟ یعنی ہمارے لئے اتنی عبادت کافی نہیں، ان میں سے ایک نے کہا: رہا میں تو میں رات بھر نفلیں پڑھونگا، اور دوسرے نے کہا: میں ہمیشہ نفل روزے رکھونگا، کبھی چھوڑوں گا نہیں، اور تیسرے نے کہا: میں عورتوں سے جدا رہوں گا، کبھی نکاح نہیں کرونگا، پس نبی ﷺ ان کے پاس آئے اور فرمایا:" آپ لوگوں نے یہ اور یہ باتیں کہی ہیں! سنو! بخدا! میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں اور تم سے زیادہ پرہیزگار ہوں، مگر میں نفل روزہ رکھتا بھی ہوں اور نہیں بھی رکھتا اور نفلیں پڑھتا بھی ہوں اور سوتا بھی ہوں، اور عورتوں سے نکاح (مقاربت) کرتا ہوں، پس جو میرے طریقہ سے روگردانی کرے گا وہ میرا نہیں!

[۵۰٦٤-] حدثنا عَلِيٌّ، سَمِعَ حَسَّانَ بْنَ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿ وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبَاعَ، فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ ذٰلِكَ أَدْنٰى أَلَّا تَعُوْلُوْا﴾[النساء:۳] قَالَتْ: يَا ابْنَ أُخْتِيْ! الْيَتِيْمَةُ تَكُوْنُ فِيْ حِجْرِ وَلِيِّهَا، فَيَرْغَبُ فِيْ مَالِهَا وَجَمَالِهَا، يُرِيْدُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا بِأَدْنَى مِنْ سُنَّةِ صَدَاقِهَا، فَنُهُوْا أَنْ يَنْكِحُوْهُنَّ إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا لَهُنَّ فَيُكَمِّلُوْا الصَّدَاقَ، وَأُمِرُوْا بِنِكَاحِ مَنْ سِوَاهُنَّ مِنَ النِّسَاءِ. [راجع: ۲٤۹٤]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ، وَهَلْ يَتَزَوَّجُ مَنْ لَا أَرَبَ لَهُ فِي النِّكَاحِ؟

جو گھر بسانے کی طاقت رکھتا ہے نکاح کرے، اور جسے نکاح کی حاجت نہ ہو کیا وہ نکاح کرے؟

جو شخص ہم بستری کی طاقت رکھتا ہے اور اس کو ایسی عورت بھی میسر ہے جس سے نکاح کرنا حکمت کے تقاضے کے مطابق ہے، اور وہ اس کے نان ونفقہ پر قادر ہے تو اس کے لئے اس سے بہتر کوئی بات نہیں کہ وہ نکاح کرلے، اس سے نگاہ بہت زیادہ پست ہوجاتی ہے اور شرمگاہ کی خوب حفاظت ہوجاتی ہے، کیونکہ نکاح سے استفراغ مادّہ خوب ہوجاتا ہے ——

اور جو گھر بسانے کی طاقت نہیں رکھتا وہ مسلسل روزے رکھے، متواتر روزوں میں یہ خاصیت ہے کہ اس سے نفس کی تیزی ٹوٹتی ہے، اور جوانی کا جوش ٹھنڈا پڑتا ہے، کیونکہ روزوں سے مادّہ کی فراوانی کم ہوتی ہے، مگر روزہ زہریلی دوا ہے، پس دو ماہ سے زیادہ مسلسل روزے نہ رکھے، ضرورت ہو تو کچھ وقت کے بعد دوبارہ شروع کرے، اور کم سحری اور کم افطاری سے روزے رکھے، ورنہ خاطر خواہ فائدہ نہ ہوگا ـــــ اور جسے نکاح کی حاجت نہ ہو وہ نکاح نہ کرے، جیسے ابن مسعودؓ رضی اللہ عنہ کو نکاح کی حاجت نہیں تھی کیونکہ نکاح ایک ضرورت ہے، بے ضرورت نکاح کرنے سے کیا فائدہ؟

[۲-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ" وَهَلْ يَتَزَوَّجُ مَنْ لَا أَرَبَ لَهُ فِي النِّكَاحِ؟

[۵۰۶۵-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللهِ فَلَقِيَهُ عُثْمَانُ بِمِنًى، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِنَّ لِيْ إِلَيْكَ حَاجَةً فَخَلَيَا، فَقَالَ عُثْمَانُ: هَلْ لَكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فِيْ أَنْ نُزَوِّجَكَ بِكْرًا، تُذَكِّرُكَ مَا كُنْتَ تَعْهَدُ، فَلَمَّا رَأَى عَبْدُ اللهِ أَنْ لَيْسَ لَهُ حَاجَةٌ إِلَى هٰذَا أَشَارَ إِلَيَّ، فَقَالَ: يَا عَلْقَمَةُ، فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ يَقُوْلُ: أَمَا لَئِنْ قُلْتَ ذٰلِكَ، لَقَدْ قَالَ لَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَامَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ" [راجع: ۱۹۰۵]

حوالہ: حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۵۸۰) آئی ہے، وہاں تشریح ہے، مگر ابتدائی حصہ نہیں آیا، علقمہ کہتے ہیں: میں ابن مسعودؓ کے ساتھ تھا، پس منیٰ میں ان سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ملاقات ہوئی، انھوں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! مجھے آپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے، پس دونوں تنہا ہوئے (اصل خلوَا ہونا چاہئے تھا) حضرت عثمانؓ نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن کیا آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کا نکاح کنواری سے کردیں، وہ آپ کو یاد دلائے جو آپ جانتے تھے؟ پس جب دیکھا ابن مسعودؓ نے کہ ان کو نکاح کی حاجت نہیں تو مجھے اشارہ کیا (الی آخرہ)

بَابُ مَنْ لَمْ يَسْتَطِعِ الْبَاءَةَ فَلْيَصُمْ

جو گھر بسانے کی طاقت نہیں رکھتا وہ روزے رکھے

الْبَاءَةُ، وَالْبِيْئَة، وَالْمَبْوَأُ، وَالْمَبَاءَةُ: المنزل، پس علیکم بِالْبَاءَۃ کے معنی ہیں: گھر بساؤ۔ اور ایک دوسرا لفظ ہے البَاه و الباهة: اس کے معنی ہیں: نکاح اور نکاح کی قدرت، یہی لفظ قوت باہ کے لئے مستعمل ہے، حدیث میں یہ لفظ نہیں ہے، کیونکہ نامرد کو روزہ کی کیا حاجت ہے؟ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۵۸۰) آچکی ہے (تحفۃ الالمعی ۳: ۴۹۶)

وِجاءٌ: آختگی۔

[۳-] بَابُ مَنْ لَمْ يَسْتَطِعِ الْبَاءَ ةَ فَلْيَصُمْ

[۵۰۶۶-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَارَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عَلْقَمَةَ وَالْأَسْوَدِ عَلىٰ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم شَبَابًا لَانَجِدُ شَيْئًا، فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ! مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَ ةَ فَلْيَتَزَوَّجْ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ، وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ" [راجع: ۱۹۰۵]

بَابُ كَثْرَةِ النِّسَاءِ

تعددِ ازدواج

بچند وجوہ تعددِ ازدواج مرد کی واقعی ضرورت ہے:

۱-عورت عوارض سے دوچار ہوتی ہے، حیض، حمل، زچگی، نفاس اور رضاعت سے اس کو دوچار ہونا پڑتا ہے، اس زمانہ میں عورت قابل استفادہ نہیں ہوتی یا جنسی اختلاط باعث کلفت ہوتا ہے۔

۲-پچاس سال کے بعد عورت مایوس ہوجاتی ہے، اور جنسی التفات میں کمی آجاتی ہے، اور مرد بہت دنوں تک کارآمد رہتا ہے اور بے رغبتی کے ساتھ اختلاط باعث مسرت نہیں ہوتا، اس لئے بھی نیا نکاح مرد کی ضرورت بن جاتا ہے۔

۳-بعض خطوں میں لڑکیوں کی شرح پیدائش لڑکوں سے زیادہ ہوتی ہے، پس ایک سے زیادہ نکاح ایک معاشرتی ضرورت ہے۔

۴-مردوں پر عورتوں کی بہ نسبت حوادث زیادہ آتے ہیں، ایسی صورت میں عورتوں کی تعداد بڑھ جاتی ہے، جس کا حل کثرتِ ازدواج ہے۔

۵-عورت بیک وقت ایک ہی مرد کے لئے بچہ جنتی ہے، جبکہ مرد بیک وقت کئی عورتوں سے اولاد حاصل کرسکتا ہے، پس افزائش نسل کی ضرورت بھی کثرتِ ازدواج کے جواز کی مقتضی ہے۔

۶-اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت عفت وعصمت اور پاکدامنی و پرہیزگاری کی ہے، اور مرد کبھی قوی الشہوت ہوتا ہے، ایک بیوی سے اس کی ضرورت کی تکمیل نہیں ہوتی، ایسی صورت میں وہ یا تو گناہ میں مبتلا ہوگا یا خون کے گھونٹ پی کر رہ جائے! مگر کبھی فخر ومباہات اور حرص وآز درمیان میں آجاتے ہیں، اور آدمی حد سے زیادہ نکاح کرلیتا ہے، پھر سب بیویوں کے

حقوق ادا نہیں کرتا، بعض کو ادھر لٹکا ہوا چھوڑ دیتا ہے، جو ظلم و زیادتی ہے، چنانچہ اسلام نے انصاف کی شرط کے ساتھ چار بیویوں تک نکاح کی اجازت دی، اور اس پر امت کا اجماع ہے، پس کسی گمراہ فرقہ کا اختلاف کوئی معنی نہیں رکھتا۔

البتہ نبی ﷺ تین باتوں میں امت سے مختلف تھے، اس لئے آپؐ کے لئے نکاح میں تحدید نہیں تھی:

۱- آپؐ صاحبِ وحی تھے، اس لئے ظلم کا تحقق ہوا یا نہیں؟ اس کا پتہ آپؐ کو وحی سے چل سکتا تھا، امت کو اس کا احساس نہیں ہوسکتا۔

۲- آپؐ معصوم تھے، کسی کی حق تلفی آپؐ سے ممکن نہیں تھی۔

۳- مصالح مختلف تھے، آپؐ نے ملّی، ملکی اور شخصی مصالح کے پیشِ نظر چار سے زائد نکاح کئے ہیں، امت کو اس کی ضرورت نہیں۔

[٤-] بَابُ كَثْرَةِ النِّسَاءِ

[٥٠٦٧-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، قَالَ: حَضَرْنَا مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ جَنَازَةَ مَيْمُوْنَةَ بِسَرِفَ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هٰذِهِ زَوْجَةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا رَفَعْتُمْ نَعْشَهَا فَلاَ تُزَعْزِعُوْهَا وَلاَ تُزَلْزِلُوْهَا وَارْفُقُوْا فَإِنَّهُ كَانَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم تِسْعٌ، كَانَ يَقْسِمُ لِثَمَانٍ وَلاَ يَقْسِمُ لِوَاحِدَةٍ.

ترجمہ: عطاء کہتے ہیں: ہم ابن عباسؓ کے ساتھ سرف مقام میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے جنازے میں شریک ہوئے، ابن عباسؓ نے کہا: یہ نبی ﷺ کی اہلیہ ہیں، پس جب ان کا جنازہ اٹھاؤ تو اس کو نہ جھنجھوڑو، نہ جھٹکے دو، اور نرمی سے لے چلو، پس بے شک نبی ﷺ کے پاس (بوقت وفات) نو ازواج تھیں، آپؐ آٹھ کے لئے باری مقرر کرتے تھے اور ایک کے لئے مقرر نہیں کرتے تھے (حضرت سودہ رضی اللہ عنہ نے اپنی باری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دیدی تھی، اس لئے آپؐ ان کے پاس دو دن رہتے تھے، اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے لئے باری تھی، یہی بات بیان کرنی مقصود ہے)

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح ملّی مصلحت سے کیا تھا

غزوۂ احزاب میں جب اللہ کی مدد آئی، بادِ صرصر چلی تو دشمن سر پر پاؤں رکھ کر بھاگا اور میدان خالی ہوگیا، پس آپ نے پیشین گوئی کہ اب مکہ والے حملہ نہیں کرسکیں گے، اب ہم چڑھائی کریں گے! پھر آپؐ نے خواب دیکھا کہ آپؐ صحابہ کے ساتھ عمرہ کے لئے تشریف لے گئے، اور اطمینان سے ارکان ادا کئے، اس خواب سے بیت اللہ کی زیارت کا شوق فزوں ہوگیا، آپؐ پندرہ سو صحابہ کے ساتھ عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ کے لئے روانہ ہوئے، مگر مکہ والوں نے عمرہ نہیں کرنے دیا، بالآخر حدیبیہ میں صلح ہوئی کہ دس سال کے لئے جنگ کی ڈبیہ بند! اور مسلمان اس سال واپس جائیں، اگلے سال آئیں اور تین دن

مکہ میں رہیں، مکہ والے مکہ خالی کردیں گے —— اگلے سال جب عمرۂ قضا کے لئے چلنے کا وقت آیا تو آپؐ نے ایک پروگرام بنایا، مکہ میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی سالی بیوہ ہوگئی تھیں، آپؐ نے دو شخصوں کو نکاح کا پیغام دے کر بھیجا، حضرت میمونہؓ نے اپنے بہنوئی عباسؓ کو نکاح کا وکیل بنایا، جب نبی ﷺ مقام سَرِف میں پہنچے جو مکہ سے بارہ میل ہے تو حضرت عباسؓ خاندان کے ساتھ استقبال کے لئے آئے اور مقام سرف میں انھوں نے میمونہؓ کا آپؐ سے نکاح کردیا، اس وقت آپؐ احرام میں تھے اس لئے نکاح کا چرچا نہیں ہوا۔ پھر آپؐ مکہ میں داخل ہوئے، کفار نے حسب معاہدہ مکہ خالی کردیا، پہلے دن آپؐ اور صحابہ عمرہ کے افعال میں مشغول رہے، دوسرے دن آپؐ نے مشرکین کے پاس پیغام بھیجا کہ میں نے یہاں نکاح کیا ہے، میں چاہتا ہوں کہ یہاں رخصتی عمل میں آئے پھر ولیمہ کروں اور آپ سب حضرات کو کھلاؤں، پھر مکہ سے نکل جاؤں گا، مگر تین دن تک تو آپ حضرات مکہ میں نہیں آسکتے اور چوتھے دن میں نہیں ٹھہر سکتا، اس لئے ایک دن مزید ٹھہرنے کی مجھے اجازت دو، چوتھے دن آپ سب حضرات مکہ میں آئیں اور میرا ولیمہ کھائیں، پلان یہ تھا کہ چونکہ وہ صحابہ کے رشتہ دار تھے، اس لئے جب ملیں گے تو صحابہ کو ذہن سازی کا موقعہ ملے گا، مگر انھوں نے ٹکا سا جواب دیا، کہا: ہمیں ولیمہ نہیں کھانا، تین دن میں مکہ خالی کردو، یوں ساری اسکیم فیل ہوگئی اور حضرت میمونہؓ کو ساتھ لے لیا اور سرف میں منزل کی، وہاں زفاف عمل میں آیا، پھر اتفاق کہ ۵۱ ہجری میں مقام سرف ہی میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا اور وہیں تدفین عمل میں آئی۔

[٥٠٦٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَطُوْفُ عَلٰى نِسَائِهِ فِي لَيْلَةٍ وَاحِدَةٍ، وَلَهُ تِسْعُ نِسْوَةٍ.[راجع: ٢٦٨]

وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ: أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: یہ روایت صرف یہ بتلانے کے لئے لائے ہیں کہ بوقت وفات نبی ﷺ کے نکاح میں نو بیویاں تھیں —— اور دوسری سند سماع کی صراحت کے لئے لائے ہیں، قتادہ پر تدلیس کا الزام تھا۔

[٥٠٦٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ رَقَبَةَ، عَنْ طَلْحَةَ الْيَامِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قَالَ لِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ: هَلْ تَزَوَّجْتَ؟ قُلْتُ: لاَ. قَالَ فَتَزَوَّجْ، فَإِنَّ خَيْرَ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَكْثَرُهَا نِسَاءً.

ترجمہ: ابن عباسؓ نے سعید بن جبیرؒ سے پوچھا: تیرا نکاح ہوگیا؟ انھوں نے کہا: نہیں، فرمایا: نکاح کرلے اس لئے کہ اس امت کا بہترین بیویوں کے اعتبار سے سب سے زیادہ تھا، یعنی نبی ﷺ کے نکاح میں نو بیویاں تھیں —— نبی بھی امت کا فرد ہوتا ہے، نبی اپنی ذات کی طرف بھی مبعوث ہوتا ہے، جو احکام امت کو دیتا ہے ان پر خود بھی عمل کرتا ہے، اور توحید

کے ساتھ اپنی رسالت کی بھی گواہی دیتا ہے ـــــ اور ابن عباسؓ صرف یہ استدلال کرنا چاہتے ہیں کہ نکاح نبیوں کی سنت ہے۔ پس تو نکاح کرلے، سورۃ الرعد (آیت ۳۸) میں ہے: ﴿وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً﴾: ہم نے رسولوں کے لئے بیویاں اور اولاد بنائی ـــــ پس تجرد مسنون نہیں، تأہل (شادی کرنا) مسنون ہے۔

بَابٌ: مَنْ هَاجَرَ أَوْ عَمِلَ خَيْرًا لِتَزْوِيْجِ امْرَأَةٍ فَلَهُ مَا نَوَى

کسی عورت سے نکاح کرنے کے لئے ہجرت کی یا کوئی نیک کام کیا تو نیت کا اعتبار ہوگا

تزویج (تفعیل) بمعنی تزوج (تفعل) ہے یعنی نکاح کرنے کے لئے، نکاح کرانے کے لئے نہیں، امام بخاریؒ یہ مصدر اس طرح استعمال کرتے ہیں، کسی نے دارالکفر سے دارالاسلام کی طرف ہجرت کی کسی عورت سے نکاح کرنے کے لئے، یا اسی مقصد سے علم حاصل کیا یا جیسے ام سلیمؓ نے ابوطلحہؓ سے نکاح کے لئے ان کے اسلام کی شرط لگائی: ان صورتوں میں ہجرت کا ثواب نہیں ملے گا، بلکہ جس کام کی نیت کی ہے اس کا اعتبار ہوگا: وہ کارِ خیر ہے تو اس کا ثواب ملے گا، اور مباح امر ہے تو مباح ہے، اور گناہ کا کام ہے تو گناہ ہوگا، جیسے معصیت کے لئے سفر کرنا بھی معصیت ہے۔

[۵-] بَابٌ: مَنْ هَاجَرَ أَوْ عَمِلَ خَيْرًا لِتَزْوِيْجِ امْرَأَةٍ فَلَهُ مَا نَوَى

[۵۰۷۰-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْعَمَلُ بِالنِّيَّةِ، وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيْبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ"[راجع: ۱]

بَابُ تَزْوِيْجِ الْمُعْسِرِ الَّذِيْ مَعَهُ الْقُرْآنُ وَالإِسْلَامُ

دیندار، تنگ دست حافظ قرآن کا نکاح کرانا

اسلام: یہاں بمعنی اعمال ہے، ایمان کا مترادف نہیں، جس کے ساتھ اسلام ہے یعنی جو نیک بندہ ہے، کرنے کے کام کرتا ہے، نہ کرنے کے کاموں سے بچتا ہے، بعض حافظ نماز نہیں پڑھتے، ڈاڑھی کٹواتے ہیں، بیڑی پیتے ہیں یہ حافظ نکل گئے۔

اور معہ القرآنُ کا مطلب ہے: وہ واقعی حافظ ہے، قرآن اس کی نوک زبان ہے، جو صرف نام کا حافظ ہے یا رمضانی حافظ ہے وہ نکل گیا، کیونکہ اس کو حافظ کہنا ہی مجاز ہے، آج کل زیادہ تر حافظ ایسے ہی ہیں، رمضان کے علاوہ قرآن کو ہاتھ نہیں لگاتے، اور رمضان میں روزانہ ایک پارہ ان کو یاد ہوتا ہے، دوسرے دن اس کو بھول جاتے ہیں: یہ حفاظ باب میں مراد نہیں۔

سوال: آج کل اکثر حفاظ ایسے کیوں ہیں؟ جب انھوں نے محنت کرکے اور ڈنڈے کھا کر حفظ کیا ہے تو اسے پڑھتے کیوں نہیں؟

جواب: انھوں نے اپنے لئے حفظ نہیں کیا، ابا امی کے لئے حفظ کیا ہے، نیک والدین اولاد کو حفظ کراتے ہیں تاکہ ان کو آخرت میں تاج مل جائے، ڈنڈے کھائے بچہ اور تاج پہننے ابا! خود ناظرہ خواں بھی نہیں ہوتا، نہ اس کی کوشش کرتا ہے، مگر بچے کو حفظ کے لئے بٹھاتا ہے تاکہ ان کو مفت میں تاج مل جائے —— اور بچہ لاشعور ہوتا ہے، انکار نہیں کرسکتا، اور استاذ بھی سختی کرتا ہے، جس کو وہ برداشت کرتا ہے، اور اللہ کے فضل سے حافظ ہوجاتا ہے، مگر جس دن مدرسہ جلسہ کرتا ہے، اور تکمیل حفظ کی سند دیتا ہے اور دستار بندی کرتا ہے اور باپ مطمئن ہوجاتا ہے کہ میرا تاج ریز رو! اسی دن بچہ قرآن پڑھنا چھوڑ دیتا ہے، کیونکہ اس نے اپنے شوق سے اپنے لئے حفظ نہیں کیا! پھر اگر دور کچا رہ گیا تو وہ قرآن بھول جاتا ہے، اور دور مضبوط ہوگیا تو رمضانی حافظ بن کر رہ جاتا ہے —— یہ ہے وجہ حفاظ کے قرآن نہ پڑھنے کی!

دوسرا سوال: آج کل مدارس عربیہ کی بھرمار ہے، مگر جو علماء تیار ہوتے ہیں وہ کرکرے (خاک آمیز) اور ناپختہ کار ہوتے ہیں، اس کی وجہ کیا ہے؟ وہ آٹھ سال شب و روز محنت کرتے ہیں پھر بھی کماحقہ کامیاب نہیں ہوتے، اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: اس کی وجہ بھی یہی ہے، حفظ کے بعد نیک والدین بچے کو عالم بنانا چاہتے ہیں تاکہ بچے کی زندگی سنور جائے اور ان کو آدھی جنت مل جائے! اس لئے وہ بچہ کو مدرسہ میں ڈالتے ہیں، مگر بچہ کو کچھ نہیں کرنا، وہ شوق سے نہیں پڑھتا، وہ صرف آٹھ سال مدرسہ میں 'پڑا' رہتا ہے، اور علم 'پڑنے' سے نہیں آتا، پڑھنے سے آتا ہے، اور باپ اس کو گھر میں ٹھہرنے نہیں دیتا، اس لئے مجبوراً وہ مدرسہ میں پڑا ہے، بلکہ مدرسہ کی زندگی میں بھی وہ دیگر امتحانوں کی تیاری میں لگا رہتا ہے یا پھر موالی (یار دوست) بن جاتا ہے، اور فارغ ہوتے ہی اور سند ملتے ہی بساط الٹ دیتا ہے اور اپنی دنیا بنانے کی راہیں تلاش کرتا ہے!

ہاں بعض طلباء میں آدھے راستہ میں شوق پیدا ہوتا ہے، اب وہ شوق سے پڑھنا چاہتے ہیں، مگر وہ بھی ناکام رہتے ہیں، کیونکہ پڑھنا درحقیقت عربی چہارم تک ہے، اس مرحلہ تک استعداد بن گئی تو آگے وہ پتھر سے علم نکال لے گا۔ اور اگر استعداد نہیں بنی تو آگے جھینکنا ہی جھینکنا ہے! اس لئے یہ طلباء جن میں آخر میں شوق پیدا ہوتا ہے وہ بھی کچے رہ جاتے ہیں، پہلے پڑھنے والے تھوڑے تھے مگر وہ اپنے شوق سے پڑھنے کے لئے نکلتے تھے، اور پڑھ کر ہی گھر لوٹتے تھے: اس لئے کامیاب ہوتے تھے، اب طلباء چوتھائی سال گھر میں رہتے ہیں، اور دورانِ تعلیم دو مرتبہ گھر جاتے ہیں، اس لئے وہ ابنائے قدیم کے برابر نہیں ہوسکتے۔

آمدن برسر مطلب: نیک بندوں کی اور خاص طور پر حفاظِ قرآن کی اللہ تعالیٰ مدد کرتے ہیں، سورۃ النور (آیت ۳۲) میں ہے: ﴿وَأَنْكِحُوا الْأَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصَّالِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ، إِنْ يَكُوْنُوْا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ

فَضْلِهِ، وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ﴾: تم میں سے جو بے نکاح ہیں ان کا نکاح کردو، اور جو تمہارے نیک غلام باندی ہیں ان کا بھی نکاح کردو، اگر وہ مفلس ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فضل سے بے نیاز کردیں گے، اور اللہ تعالیٰ وسعت والے اور سب کچھ جاننے والے ہیں۔

اس آیت میں وعدہ ہے کہ نیک بندوں کی نکاح کے بعد اللہ تعالیٰ مدد کرتے ہیں، پھر نیک بندہ حافظ قرآن بھی ہوتو سونے پے سہاگہ! ایسے شخص کا ضرور نکاح کرادیا جائے، اس کو لڑکی دی جائے، اس کے فقر پر نظر نہ کی جائے —— یہاں تزویج اپنے معنی میں ہے یعنی نکاح کرانا۔

اور باب میں ایک حدیث کا حوالہ ہے اور ایک حدیث ذکر کی ہے، ابھی حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی حدیث آئی ہے (حدیث ۵۰۳۰) ایک صحابی کے پاس کچھ نہیں تھا، بیوی کو دینے کے لئے لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں تھی، مگر ان کو قرآن کی متعدد سورتیں یاد تھیں، اسی کی بنیاد پر نبی ﷺ نے ان کا نکاح کرادیا، پس اگر کوئی پورے قرآن کا حافظ ہوتو اس کا نکاح بدرجۂ اولیٰ کرادینا چاہئے، رہی اسلام کی بات تو دورِ اول میں ہر مسلمان دین پر صد فی صد عامل تھا —— دوسری حدیث حضرت ابن مسعودؓ کی ہے، وہ پہلے نہیں آئی، ابن مسعودؓ نے فرمایا: ہم نبی ﷺ کے ساتھ جہاد کرتے تھے، ہمارے لئے عورتیں نہیں تھیں یعنی ہم بے شادی شدہ تھے، ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم خصّی ہوجائیں؟ (تاکہ جہاد میں کسی گناہ کا امکان نہ رہے، فوج جنگ میں کردنی ناکردنی کرتی ہے) نبی ﷺ نے ایسا کرنے سے منع کیا —— پس جب قوت مردمی باقی ہے اور گناہ سے بچنا بھی ضروری ہے تو نکاح کے سوا چارہ کیا ہے؟ پس لوگوں کو چاہئے کہ حفاظ اور علماء کو لڑکیاں دیں اور ان کا نکاح کرادیں۔

[٦-] بَابُ تَزْوِيْجِ الْمُعْسِرِ الَّذِىْ مَعَهُ الْقُرْآنُ وَالإِسْلاَمُ

فِيْهِ سَهْلٌ عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥٠٧١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ قَيْسٌ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كُنَّا نَغْزُو مَعَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم لَيْسَ لَنَا نِسَاءٌ، فَقُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلاَ نَسْتَخْصِىْ؟ فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ. [طرفه: ٥٠٧٥]

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِأَخِيْهِ: انْظُرْ أَىَّ زَوْجَتَىَّ شِئْتَ حَتّٰى أَنْزِلَ لَكَ عَنْهَا

اپنے دینی بھائی کے لئے بیوی کا ایثار کرنا جائز ہے

ایک امکانی مگر غیر وقوعی صورت یہ ہے کہ حافظ قرآن کو جو نیک صالح بھی ہے شادی کے لئے لڑکی نہیں مل رہی، پس اگر کسی کے نکاح میں ایک سے زیادہ عورتیں ہوں، اور وہ ایثار کرے اور پیش کش کرے کہ میری جو بیوی پسند ہو: بتادو، میں اس کو

طلاق دیدوں گا اور آپ عدت کے بعد اس سے نکاح کرلیں، پس اگر عورت بھی راضی ہوتو ایسا ایثار کیا جاسکتا ہے، حضرت سعد بن الربیعؓ نے اپنے دینی بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کے سامنے ایسی پیش کش کی تھی، مگر انھوں نے قبول نہیں کی، مگر جواز نکل آیا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۱۳۰) آئی ہے۔

[۷-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِأَخِيْهِ: انْظُرْ أَىَّ زَوْجَتَىَّ شِئْتَ حَتّٰى أَنْزِلَ لَكَ عَنْهَا

رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ.

[۵۰۷۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، فَآخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ الْأَنْصَارِيِّ، وَعِنْدَ الْأَنْصَارِيِّ امْرَأَتَانِ، فَعَرَضَ عَلَيْهِ أَنْ يُنَاصِفَهُ أَهْلَهُ وَمَالَهُ، فَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ، دُلُّوْنِيْ عَلَى السُّوْقِ، فَأَتَى السُّوْقَ فَرَبِحَ شَيْئًا مِنْ أَقِطٍ وَشَيْئًا مِنْ سَمْنٍ، فَرَآهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ أَيَّامٍ وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ، فَقَالَ: " مَهْيَمْ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ؟" فَقَالَ: تَزَوَّجْتُ أَنْصَارِيَّةً، قَالَ: " فَمَا سُقْتَ؟" قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: " أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ" [راجع: ۲۰۴۹]

حوالہ: حضرت عبدالرحمٰن کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۱۳۰) آئی ہے، مضمون وہی ہے جو باب کی حدیث میں ہے۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّبَتُّلِ وَالْخِصَاءِ

عورتوں سے کنارہ کشی اور فوطے نکال دینا حرام ہے

یہ منفی پہلو سے ترغیب نکاح کا باب ہے۔ تَبَتُّل کے معنی ہیں: عورتوں سے بے تعلق رہنا، اور اس کی دو صورتیں ہیں: ایک نکاح ہی نہ کرنا، دوسرے: بیوی سے بے تعلق رہنا، اس سے ازدواجی تعلق قائم نہ کرنا، یہ صورت پہلی صورت سے بدتر ہے، انبیاء کا طریقہ طبیعت کی اصلاح کرنا ہے، اس کی کجی کو دور کرنا ہے، نفس کے تقاضوں کو پامال کرنا ان کا طریقہ نہیں۔

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے عثمان بن مظعونؓ کے تبتل کے ارادے کو رد کردیا، اگر آپؐ ان کو تبتل کی اجازت دیدیتے تو ہم خصی ہوجاتے (کیونکہ کسی چیز کی اجازت دینے سے اس چیز کی اجازت خود بخود ہوجاتی ہے، جس پر وہ چیز موقوف ہوتی ہے، پس جب نبی ﷺ تبتل کی اجازت دیدیتے تو خصی ہونے کی اجازت خود بخود نکل آتی، اس لئے کہ مردانگی ختم کئے بغیر حقیقی تبتل ممکن نہیں)

[۸-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّبَتُّلِ وَالْخِصَاءِ

[۵۰۷۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، سَمِعَ

سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِيْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ: رَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ التَّبَتُّلَ، وَلَوْ أَذِنَ لَهُ لاَخْتَصَيْنَا. [طرفه: ٥٠٧٤]

[٥٠٧٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ أَبِيْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ: لَقَدْ رَدَّ ذٰلِكَ - يَعْنِيْ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم- عَلٰى عُثْمَانَ، وَلَوْ أَجَازَ لَهُ التَّبَتُّلَ لاَخْتَصَيْنَا. [راجع: ٥٠٧٣]

وضاحت: يعني النبي صلى الله عليه وسلم: سے رَدَّ کے فاعل کی تعیین کی ہے —— اور ذلك کا مشار الیہ التبتل ہے جو پہلی حدیث میں آیا ہے۔

آئندہ حدیث: ابھی گذری ہے، اس میں یہ مضمون زائد ہے: پھر نبی ﷺ نے ہمیں اجازت دی کہ ہم کپڑے کے عوض عورت سے نکاح کریں، یعنی نکاح متعہ کی اجازت دی، پھر ابن مسعودؓ نے سورۃ المائدہ کی (آیت ۸۷) پڑھی: ''اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تمہارے لئے حلال کی ہیں (خواہ وہ از قسم مطعومات ہوں یا ملبوسات یا منکوحات) ان کو حرام مت کرو، اور حد سے آگے مت نکلو (حلال تک ہی رہو) بے شک اللہ تعالیٰ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے'' (حضرت ابن مسعودؓ ابتداء میں جواز متعہ کے قائل تھے بعد میں انھوں نے اپنے قول سے رجوع کر لیا تھا، جیسے ابن عباسؓ بھی جواز کے قائل تھے، پھر انھوں نے بھی رجوع کر لیا تھا، اس مسئلہ پر آگے مستقل باب آ رہا ہے)

[٥٠٧٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَلَيْسَ لَنَا شَيْئٌ، فَقُلْنَا: أَلاَ نَسْتَخْصِيْ؟ فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ ثُمَّ رَخَّصَ لَنَا أَنْ نَنْكِحَ الْمَرْأَةَ بِالثَّوْبِ، ثُمَّ قَرَأَ عَلَيْنَا: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلاَ تَعْتَدُوْا إِنَّ اللّٰهَ لاَيُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ﴾ [راجع: ٥٠٧١]

آئندہ حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں جوان آدمی ہوں، اور مجھے اپنے نفس کے بارے میں زنا کا اندیشہ ہے، اور میں وہ اسباب نہیں پاتا کہ ان کے ذریعہ نکاح کروں (پس کیا میں خصّی ہو جاؤں؟) آپؐ خاموش رہے، انھوں نے مکرر سہ کرر یہی بات عرض کی تو آپؐ نے فرمایا: ''قلم وہ بات لکھ کر خشک ہو چکا ہے جو تمہیں پیش آنی ہے، پس اب خواہ تم خصّی ہو یا نہ ہو!''

تشریح: نکاح کے اسباب مہیا نہ ہونے کی صورت میں اور زنا کا خوف ہونے کی صورت میں بھی نبی ﷺ نے خصّی ہونے کی اجازت نہیں دی، کیونکہ یہ فعل حرام ہے (یہاں باب ہے) —— اور جَفَّ القلمُ بما أنت لاَقٍ: تقدیر میں عدم تبدیلی کی تعبیر ہے، پہلے ہولڈر سے اور اس سے بھی پہلے لکڑی کے قلم سے سیاہی میں ڈبو کر لکھتے تھے، پس جب تک قلم خشک

نہیں ہوتا تھا تحریر میں تبدیلی ممکن تھی، جب لکھ کر قلم خشک ہوگیا تو اب لکھے ہوئے کو بدلنے کی کوئی صورت نہیں تھی۔

اور حدیث سے یہ ضابطہ نکلا کہ حرام سے بچنے کے لئے دوسرے حرام کا ارتکاب جائز نہیں، اور مخمصہ میں مردار کی حلت ایک استثنائی صورت ہے، اس حالت میں مردار حرام نہیں رہتا، اور اختصاء بہر حال حرام ہے خواہ زنا کا اندیشہ ہو یا نہ ہو —— پھر مجبور شخص کیا کرے؟ تقدیر الٰہی پر اعتماد کرے، جو کچھ پیش آنا ہے آکر رہے گا!

[٥٠٧٦-] وَقَالَ أَصْبَغُ، أَخْبَرَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ یُوْنُسَ بْنِ یَزِیْدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّیْ رَجُلٌ شَابٌّ، وَأَنَا أَخَافُ عَلٰی نَفْسِیْ الْعَنَتَ، وَلاَ أَجِدُ مَا أَتَزَوَّجُ بِهِ النِّسَاءَ؟ فَسَكَتَ عَنِّیْ، ثُمَّ قُلْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَسَكَتَ عَنِّیْ، ثُمَّ قُلْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَسَكَتَ عَنِّیْ، ثُمَّ قُلْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "یَا أَبَا هُرَیْرَةَ! جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا أَنْتَ لاَقٍ، فَاخْتَصِرْ عَلٰی ذٰلِكَ أَوْ ذَرْ"

لغت: العَنَت کے اصل معنی ہیں: سختی اور مشقت، اور اس حدیث میں اور سورۃ النساء (آیت ۲۵) میں زنا کے معنی ہیں: ﴿ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِیَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ﴾ کیونکہ زنا دنیا وآخرت میں سختی کا باعث ہے............ اِخْتَصِرْ: گیلری میں اخْتَصِ ہے، عمدۃ اور فتح کے نسخوں میں بھی یہی ہے، پس یہی صحیح ہے............ علی ذلك: اندریں صورت۔

بَابُ نِكَاحِ الأَبْكَارِ

کنواری سے نکاح کرنا

نکاح کے تعلق سے کنواری اور بیوہ یکساں ہیں، کسی کے ساتھ نکاح کی کوئی فضیلت وارد نہیں ہوئی، پس مصلحت کا جو تقاضہ ہو اس کے موافق کنواری یا بیوہ سے شادی کرسکتا ہے، نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ سب بیواؤں سے نکاح کیا ہے، کیونکہ مصلحت کا یہی تقاضہ تھا۔ نبی ﷺ کے تعدد ازدواج کی ایک حکمت یہ تھی کہ ہجرت کے بعد جب احکام کا نزول شروع ہو تو آپ کے گھر میں متعدد ایسی باشعور عورتیں جمع ہوں جو خلوت کی زندگی محفوظ کریں، اور حضرت عائشہؓ اگرچہ کنواری تھیں مگر ہزار بیواؤں پر بھاری تھیں، ان کی مرویات سے اس کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے۔

البتہ طبعاً رغبت کنواری کی طرف زیادہ ہوتی ہے، کیونکہ اس کو سلیقہ سکھانا، حکمت کے تقاضوں پر چلانا اور اس کو ذمہ داریاں اوڑھانا آسان ہوتا ہے، کیونکہ وہ کوری تختی کے مانند ہوتی ہے، اور اس میں بچے جننے کی صلاحیت بھی زیادہ ہوتی ہے، کیونکہ وہ نوجوان ہوتی ہے، اور ثیبہ شوہر دیدہ چالاک اور درشت خو ہوتی ہے، اور قوت تولید بھی اس کی کمزور پڑ جاتی ہے، اور وہ لکھی ہوئی تختی کے مانند ہوتی ہے، جس کے سابقہ نقوش مٹانا اور سلیقہ سکھانا آسان نہیں ہوتا، البتہ نظام خانہ داری کے تقاضے سے

تجربہ کار عورت کی ضرورت ہو، جیسا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو ضرورت تھی تو پھر بیوہ سے نکاح کرنا بہتر ہے۔
(تحفۃ الالمعی ۳:۵۱۴، رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۳۶)

[۹-] بَابُ نِكَاحِ الْأَبْكَارِ

وَقَالَ ابْنُ أَبِىْ مُلَيْكَةَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِعَائِشَةَ: لَمْ يَنْكِحِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِكْرًا غَيْرَكِ.

[۵۰۷۷-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَخِىْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ لَوْ نَزَلْتَ وَادِيًا وَفِيْهِ شَجَرَةٌ قَدْ أُكِلَ مِنْهَا، وَوَجَدْتَ شَجَرًا لَمْ يُؤْكَلْ مِنْهَا، فِىْ أَيِّهَا كُنْتَ تُرْتِعُ بَعِيْرَكَ؟ قَالَ: " فِى الَّذِىْ لَمْ يُرْتَعْ مِنْهَا" تَعْنِىْ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَتَزَوَّجْ بِكْرًا غَيْرَهَا.

حوالہ: معلق روایت پہلے کتاب التفسیر (حدیث ۴۷۵۳) میں آئی ہے۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: یارسول اللہ! بتلائیں: اگر آپ کسی میدان میں پڑاؤ ڈالیں، اور اس میں ایک درخت ہے جس کے کچھ پتّے کھالئے گئے ہیں، اور آپ ایک ایسا درخت پائیں جس میں سے کچھ نہیں کھایا گیا (وہ اچھوتا ہے) تو آپ کونسے درخت میں اپنا اونٹ چرائیں گے؟ آپ نے فرمایا: ''اس درخت میں جس میں سے کچھ کھایا نہیں گیا!'' صدیقہ یہ کہنا چاہتی ہیں کہ نبی ﷺ نے ان کے علاوہ کسی کنواری سے نکاح نہیں کیا۔

سوال: یہ بات سمجھ میں آگئی، یہ تو ایک تاریخی حقیقت ہے، مگر آخر صدیقہؓ اشارۃً کیا کہنا چاہتی ہیں؟

جواب: کج کلاہی نازہا دارد بسے ❁ ناز او انداز ہا دارد بسے
بانکپن ناز بہت رکھتا ہے ❁ اور ناز کے انداز مختلف ہوتے ہیں

سمجھنے کی بات یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو دل پسند جواب دے کر خوش کردیا۔

[۵۰۷۸-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أُرِيْتُكِ فِى الْمَنَامِ مَرَّتَيْنِ، إِذَا رَجُلٌ يَحْمِلُكِ فِىْ سَرَقَةِ حَرِيْرٍ، فَيَقُوْلُ: هٰذِهِ امْرَأَتُكَ، فَأَكْشِفُهَا فَإِذَا هِىَ أَنْتِ، فَأَقُوْلُ: إِنْ يَكُنْ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ يُمْضِهِ"

[راجع: ۳۸۹۵]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۳۵۶) آئی ہے —— اور إن يكن هذا: شک نہیں، بلکہ اللہ کی مشیت پر تفویض (سپردگی) ہے۔

بَابُ الثَّيِّبَاتِ

بیواؤں کا بیان

یہ جوڑی دار باب ہے، اس کے جوڑ کا باب آ گیا، وہاں بتایا ہے کہ اگر نظام خانہ داری کے تقاضے سے تجربہ کار عورت کی ضرورت ہو تو پھر بیوہ سے نکاح کرنا چاہئے۔اور معلق روایت آگے (حدیث ۵۱۰۱) آرہی ہے، ام المؤمنین ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا نے اپنی بہن سے جو بیوہ تھیں نکاح کی پیش کش کی، آپؐ نے فرمایا: وہ میرے لئے حلال نہیں، کیونکہ دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے، پھر فرمایا: ''پیش مت کرو تم میرے سامنے اپنی بیٹیوں کو نہ اپنی بہنوں کو'' کیونکہ ربیبہ سے نکاح بھی حرام ہے، خیر یہ تو ایک عارض تھا، اگر کوئی مانع نہ ہوتا تو بیوہ سے نکاح جائز تھا، پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا واقعہ لائے ہیں، یہ واقعہ تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۲:۲۸۷) آچکا ہے، حضرت جابرؓ نے خوانگی مصلحت سے بیوہ سے نکاح کیا تھا، نبی ﷺ نے اس کو پسند کیا اور دعائیں دیں۔

[۱۰-] بَابُ الثَّيِّبَاتِ

وَقَالَتْ أُمُّ حَبِيْبَةَ: قَالَ لِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَاتَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا أَخَوَاتِكُنَّ"

[۵۰۷۹-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَيَّارٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَفَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَزْوَةٍ، فَتَعَجَّلْتُ عَلٰى بَعِيْرٍ لِيْ قَطُوْفٍ، فَلَحِقَنِيْ رَاكِبٌ مِنْ خَلْفِيْ، فَنَخَسَ بَعِيْرِيْ بِعَنَزَةٍ كَانَتْ مَعَهُ، فَانْطَلَقَ بَعِيْرِيْ كَأَجْوَدِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنَ الإِبِلِ، فَإِذَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " مَا يُعَجِّلُكَ؟" قُلْتُ: كُنْتُ حَدِيْثَ عَهْدٍ بِعُرْسٍ. قَالَ: "بِكْرٌ أَمْ ثَيِّبٌ؟" قُلْتُ: ثَيِّبٌ. قَالَ: " فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ" قَالَ: فَلَمَّا ذَهَبْنَا لِنَدْخُلَ قَالَ: "أَمْهِلُوْا حَتّٰى تَدْخُلُوْا لَيْلًا" أَيْ: عِشَاءً "لِكَيْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ، وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيْبَةُ"[راجع: ٤٤٣]

لغات: القَطُوْف: سست اور بے ڈھنگی چال چلنے والا چوپایہ.......... راكب من خلفي: یہ نبی ﷺ تھے، بعد میں پتہ چلا.......... نَخَسَ: چبھویا (سونٹے میں لگی ہوئی کیل سرین یا پہلو میں چبھوئی).......... العنزة: پھل لگا ہوا ڈنڈا.......... فَهَلَّا کا جواب یہاں نہیں، دوسری جگہ ہے.......... لِكَيْ تَمْتَشِطَ: تاکہ پراگندہ سر کنگھی کر لے یعنی خود کو سنوار لے، اور جس کا شوہر سفر میں گیا ہوا ہے وہ استرہ استعمال کر لے یعنی زیر ناف لے لے۔

[۵۰۸۰-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَارِبٌ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: تَزَوَّجْتُ، فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا تَزَوَّجْتَ؟" فَقُلْتُ: تَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا، فَقَالَ:

"مَالَكَ وَلِلْعَذَارَى وَلُعَابِهَا؟" فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ فَقَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ"[راجع: ٤٤٣]

قولہ: مالك: کیا ہے تیرے لئے اور کنواریوں کے لئے اوران کے تھوک کے لئے؟ یعنی کنواری سے نکاح کیوں نہ کیا، اس کا وٹامن بی بی پیتا اور دبیز العلماء بن جاتا؟............ **فذکرت:** شعبہ رحمہ اللہ نے عمرو بن دینارؒ سے اس حدیث کا تذکرہ کیا تو انھوں نے مذکورہ جملہ کی جگہ دوسرا جملہ کہا۔

بَابُ تَزْوِيْجِ الصِّغَارِ مِنَ الْكِبَارِ

چھوٹوں کا بڑوں سے نکاح کرنا

غیر مسلم نکاح اور زفاف (بنا) میں فرق نہیں کرتے اس لئے ان کو اشکال پیش آتا ہے، اسلام میں یہ دونوں چیزیں الگ الگ ہیں، نکاح ہر عمر میں ہوسکتا ہے، نابالغ لڑکی کا بالغ مرد سے یا نابالغ لڑکے کا بالغ عورت سے نکاح ہوسکتا ہے، مگر رخصتی اس وقت عمل میں آئے گی جب نابالغ جماع کے قابل ہوجائے، صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح ہجرت سے پہلے چھ سال کی عمر میں نبی ﷺ سے ہوا تھا، پھر رخصتی ہجرت کے بعد ۲ ہجری میں عمل میں آئی، جب وہ زفاف کے قابل ہوگئیں۔

[۱۱-] بَابُ تَزْوِيْجِ الصِّغَارِ مِنَ الْكِبَارِ

[٥٠٨١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ عِرَاكٍ، عَنْ عُرْوَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ عَائِشَةَ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّمَا أَنَا أَخُوْكَ، فَقَالَ: "أَنْتَ أَخِيْ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ وَكِتَابِهِ، وَهِيَ لِيْ حَلَالٌ"

ترجمہ: عروہ رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس عائشہ رضی اللہ عنہا کی منگنی ڈالی، ابوبکرؓ نے عرض کیا: میں آپ کا بھائی ہوں (پس عائشہؓ آپ کی بھتیجی ہے اور حرام ہے) آپؐ نے فرمایا: "آپ میرے دینی بھائی ہیں، اور وہ میرے لئے حلال ہے"

ایک واقعہ: جب میں دارالافتاء دارالعلوم دیوبند کا طالب علم تھا، تو میں اور مفتی محمود نیپالی حضرت الاستاذ مفتی مہدی حسن صاحب قدس سرہ کے ساتھ خادم کی حیثیت سے ان کے وطن شاہ جہاں پور گئے، واپسی میں مفتی صاحب سکنڈ کلاس میں تھے اور ہم تھرڈ کلاس میں، ہم بدعتیوں کے زمرہ میں پھنس گئے، اور درج ذیل سوال وجواب ہوئے:

سوال: آپ اشرف علی کو جانتے ہیں؟

جواب: کہاں رہتے ہیں؟

سوال: وہ تو مر گیا۔

جواب: میں سب زندوں کو نہیں جانتا، مردوں کو کہاں جانونگا!

سوال: فتاوی رشیدیہ کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب: میں صرف اللہ کی کتاب کے بارے میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کا حرف حرف صحیح ہے، کسی دوسری کتاب کی مجموعی حیثیت سے ذمہ داری نہیں لے سکتا، آپ فتاوی رشیدیہ کے کسی خاص مسئلہ کے بارے میں پوچھیں تو میں اپنی رائے دوں (اس کو کوئی مسئلہ معلوم نہیں تھا)

سوال: میں اور میری یہ بیوی ایک پیر صاحب سے بیعت ہیں، پس ہم بھائی بہن ہوگئے، پس کیا ہمارا نکاح باقی رہا؟

جواب: یہ مسئلہ تو آپ کو بیعت ہونے سے پہلے پیر صاحب سے پوچھنا چاہئے تھا (خاموشی!)

میں نے پوچھا: مسلمان مرد کا مسلمان عورت سے نکاح ہوسکتا ہے، اگر کوئی حرام رشتہ نہ ہو؟

جواب: ہوسکتا ہے۔

میں نے کہا: قرآن میں ہے: ﴿إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ إِخْوَةٌ﴾: مسلمان سب بھائی (بہن) ہیں (سورۃ الحجرات آیت ۱۰)

جواب: یہ دینی رشتہ سے بھائی بہن ہیں، نسبی رشتہ سے بھائی بہن نہیں ہیں۔

میں نے کہا: پھر بیعت ہونے سے نسبی رشتہ کے بھائی بہن کہاں سے ہوجائیں گے؟ روحانی تعلق پیدا ہوگا (خاموشی!)

سوال: پہلے آپ نے بتایا ہے کہ صدیقہؓ کا رشتہ حضرت ابوبکرؓ نے پیش کیا تھا، جس کو آپ ﷺ نے منظور کیا، کیونکہ آپ ﷺ دو مرتبہ خواب دیکھ چکے تھے اور یہاں اس کے برعکس ہے؟

جواب: یہ قصہ روایات میں بار بار آتا ہے اور مختلف طرح سے آتا ہے، پس کسی ایک روایت پر انحصار نہیں کرنا چاہئے۔

بَابٌ: إِلٰى مَنْ يَنْكِحُ؟ وَأَيُّ النِّسَاءِ خَيْرٌ؟
وَمَا يُسْتَحَبُّ أَنْ يَتَخَيَّرَ لِنُطَفِهِ مِنْ غَيْرِ إِيْجَابٍ

(۱) کس عورت سے نکاح کرے؟ (۲) اور کونسی عورت بہتر ہے؟
(۳) اور مستحب یہ ہے کہ اپنے نطفہ کے لئے بہترین عورت کا انتخاب کرے، مگر یہ واجب نہیں

پہلی دو باتیں ایک ہی ہیں، پس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: کیسی عورت سے نکاح کرنا چاہئے؟ —— جب نکاح کرنا ضروری ہوا تو ایسی عورت کی نشاندہی ضروری ہے جس سے نکاح کرنا مصلحت سے ہم آہنگ ہو، اور جس سے گھریلو زندگی کے مقاصد تکمیل پذیر ہوں، احادیث میں اس سلسلہ میں یہ راہ نمائی آئی ہے:

دین داری کو ترجیح:

لوگ عموماً نکاح کے لئے عورت کے انتخاب میں چار باتیں پیش نظر رکھتے ہیں: (۱) عورت کی مالداری (۲) عورت کی خاندانی خوبیاں (۳) عورت کا حسن وجمال (۴) عورت کی دینداری، اگر عورت پارسا، باعفت، عبادت گذار اور خدا کی نیک بندی ہو تو دیندار لوگ اس سے نکاح کو ترجیح دیتے ہیں، یہ حدیث آگے (نمبر ۵۰۹۰) آرہی ہے۔

اولاد پر شفقت اور شوہر کی چیزوں کی حفاظت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اونٹ پر سواری کرنے والی عورتوں میں یعنی عرب کی عورتوں میں سب سے بہتر قریش کی عورتیں ہیں، وہ چھوٹی اولاد پر بہت شفقت کرنے والی اور شوہر کی چیزوں کی بہت زیادہ حفاظت کرنے والی ہیں۔

تولید کی وافر صلاحیت اور شوہر سے محبت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''زیادہ بچے جننے والی زیادہ پیار کرنے والی عورت سے نکاح کرو، کیونکہ میں تمہاری زیادتی سے (قیامت کے دن) دیگر امتوں پر فخر کرونگا''

اس کی تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵:۲۶-۲۹) میں ہے، اس کی مراجعت کی جائے۔

دوسری بات: ابن ماجہ میں روایت ہے: تَخَيَّرُوْا لِنُطَفِكُمْ، وَأَنكحوا الأكفاء: انتخاب کرو اپنے مادّوں کے لئے اور میل کے لوگوں سے نکاح کراؤ ــــــ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک یہ حکم استحبابی ہے، اگر کوئی اچھی عورت کا انتخاب نہ کرے تو بھی نکاح ہوجائے گا۔

[۱۲-] بَابٌ: إِلٰى مَنْ يَنْكِحُ؟ وَأَيُّ النِّسَاءِ خَيْرٌ؟

وَمَا يُسْتَحَبُّ أَنْ يَتَخَيَّرَ لِنُطَفِهِ مِنْ غَيْرِ إِيْجَابٍ

[۵۰۸۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الإِبَلَ صَالِحُ نِسَاءِ قُرَيْشٍ: أَحْنَاهُ عَلٰى وَلَدٍ فِي صِغَرِهِ، وَأَرْعَاهُ عَلٰى زَوْجٍ فِيْ ذَاتِ يَدِهِ''[راجع: ۳۴۳۴]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۵۰) آئی ہے۔

بَابُ اتِّخَاذِ السَّرَارِيِّ، وَمَنْ أَعْتَقَ جَارِيَةً ثُمَّ تَزَوَّجَهَا

جماع کے لئے لونڈی رکھنا، اور جس نے باندی کو آزاد کر کے نکاح کیا

اگر کوئی شخص آزاد عورت سے نکاح کرنے کے بجائے لونڈی رکھے اور اس کو بیوی کے طور پر استعمال کرے تو یہ بھی جائز

ہے، اور اگر کوئی شخص باندی کی تعلیم وتربیت کرے، پھر اس کو آزاد کرکے اس سے نکاح کرلے تو اس کے لئے دوہرا ثواب ہے، کیونکہ اس نے باندی کو شرف انسانیت سے ہم کنار کیا۔

[۱۲م-] بَابُ اتِّخَاذِ السَّرَارِیِّ، وَمَنْ أَعْتَقَ جَارِیَةً ثُمَّ تَزَوَّجَهَا

[۵۰۸۳-] حدثنا مُوْسٰی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ صَالِحٍ الْهَمْدَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّعْبِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْهِ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "أَیُّمَا رَجُلٍ کَانَتْ عِنْدَهُ وَلِیْدَةٌ فَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِیْمَهَا، وَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ تَأْدِیْبَهَا، ثُمَّ أَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ، وَأَیُّمَا مَمْلُوْكٍ أَدَّی حَقَّ مَوَالِیْهِ وَحَقَّ رَبِّهِ فَلَهُ أَجْرَانِ"

قَالَ الشَّعْبِیُّ: خُذْهَا بِغَیْرِ شَیْءٍ، قَدْ کَانَ الرَّجُلُ یَرْحَلُ فِیْمَا دُوْنَهُ إِلَی الْمَدِیْنَةِ.

وَقَالَ أَبُوْ بَکْرٍ: عَنْ أَبِیْ حَصِیْنٍ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم: " أَعْتَقَهَا ثُمَّ أَصْدَقَهَا"[راجع: ۹۷]

حوالہ: یہ حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۱:۳۵۸) آئی ہے ــــ اور آخری سند میں یہ صراحت ہے کہ مہر مستقل دے، عتق کو مہر نہ بنائے، یہ اختلافی مسئلہ ہے اور اگلے باب میں آرہا ہے۔

[۵۰۸۴-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ تَلِیْدٍ، أَخْبَرَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِیْ جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم.

حدثنا سُلَیْمَانُ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ:" لَمْ یَکْذِبْ إِبْرَاهِیْمُ إِلَّا ثَلَاثَ کَذَبَاتٍ: بَیْنَمَا إِبْرَاهِیْمُ مَرَّ بِجَبَّارٍ وَمَعَهُ سَارَةُ- فَذَکَرَ الْحَدِیْثَ - فَأَعْطَاهَا هَاجَرَ، قَالَتْ: کَفَّ اللّٰهُ یَدَ الْکَافِرِ، وَأَخْدَمَنِیْ آجَرَ" قَالَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: فَتِلْكَ أُمُّکُمْ یَا بَنِیْ مَاءِ السَّمَاءِ![راجع: ۲۲۱۷]

حوالہ: یہ حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۵:۲۶۷) آئی ہے، اور ثلاث کذبات پر گفتگو (تحفۃ القاری ۶:۵۶۸) میں ہے ــــ حضرت ہاجرہ دراصل حضرت سارہ کی خادمہ تھیں، انھوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بخش دیا تھا، پھر ابراہیم علیہ السلام نے یا تو ان کو آزاد کرکے نکاح کرلیا یا باندی کے طور پر صحبت کی، جس سے حضرت اسماعیل علیہ السلام پیدا ہوئے۔

[۵۰۸۵-] حدثنا قُتَیْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَقَامَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم بَیْنَ خَیْبَرَ وَالْمَدِیْنَةِ ثَلَاثًا، یُبْنٰی عَلَیْهِ بِصَفِیَّةَ بِنْتِ حُیَیٍّ، فَدَعَوْتُ الْمُسْلِمِیْنَ إِلٰی وَلِیْمَتِهِ، فَمَا کَانَ فِیْهَا مِنْ خُبْزٍ وَلَا لَحْمٍ، أُمِرَ بِالْأَنْطَاعِ، فَأُلْقِیَ فِیْهَا مِنَ التَّمْرِ وَالْأَقِطِ وَالسَّمْنِ، فَکَانَتْ

وَلِيْمَتَهُ، فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: إِحْدَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ أَوْ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهُ؟ فَقَالُوْا: إِنْ حَجَبَهَا فَهِيَ مِنْ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَإِنْ لَمْ يَحْجُبْهَا فَهِيَ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهُ، فَلَمَّا ارْتَحَلَ وَطَّأَ لَهَا خَلْفَهُ، وَمَدَّ الْحِجَابَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ النَّاسِ. [راجع: ۳۷۱]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری۲:۲۰۲) آئی ہے.......... **بَنٰی بھا و علیھا:** خلوت کی.......... **نِطْع:** چمڑے کا دسترخوان.......... **وَطَّأَ لھا:** جگہ ہموار کی، تیار کی۔

بَابُ مَنْ جَعَلَ عِتْقَ الْأَمَةِ صَدَاقَهَا

جس نے باندی کی آزادی کو اس کا مہر بنایا

اس میں اختلاف ہے کہ غیر مال مہر ہوسکتا ہے یا نہیں؟ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک ہوسکتا ہے، دونوں کے نزدیک تعلیم قرآن کو مہر بنا سکتے ہیں، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک آزادی کو بھی مہر بنا سکتے ہیں، امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عتق کو مہر نہیں بنا سکتے۔ اور امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک غیر مال کو مہر بنانا درست نہیں، پھر اس میں اختلاف ہے کہ کم از کم کتنا مہر ہونا چاہئے؟ امام اعظمؒ کے نزدیک دس درہم اور امام مالکؒ کے نزدیک چوتھائی دینار مہر ہونا ضروری ہے۔

امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل یہ ہے کہ سورۃ النساء (آیت ۲۴) میں ہے: ﴿أَنْ تَبْتَغُوْا بِأَمْوَالِكُمْ﴾: چاہو تم تمہارے مالوں کے ذریعہ، أموال: مال کی جمع قلت ہے، جس کا تین سے دس تک اطلاق ہوتا ہے، اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث بہ سند حسن مروی ہے: **لامھر دون عشرۃ دراھم:** دس درہم سے کم مہر نہیں (نصب الرایہ۳:۱۹۹) یہ حدیث آیت کی تفسیر کرتی ہے۔ اور عتق کو مہر بنانے کی جو روایت باب میں ہے اس کے خلاف بھی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے سات غلام دے کر حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ سے ان کو لیا تھا، پھر آزاد کر کے نکاح کیا تھا، اور وہی سات غلام ان کا مہر مقرر ہوئے تھے، جیسا کہ پہلے (تحفۃ القاری۸:۳۰۷) یہ بات تفصیل سے آچکی ہے۔

[۱۳-] بَابُ مَنْ جَعَلَ عِتْقَ الْأَمَةِ صَدَاقَهَا

[۵۰۸۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ وَشُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا. [راجع: ۳۷۱]

بَابُ تَزْوِيْجِ الْمُعْسِرِ

تنگ دست کا نکاح کرانا

ابھی ایسا ہی باب آچکا ہے، وہاں الذی معه القرآنُ و الإسلامُ کی قید تھی، اب وہ قید ہٹادی تو نیا باب ہوگیا، امام

صاحب کے نزدیک اتنا فرق نیا باب قائم کرنے کے لئے کافی ہے —— بعض لوگ نکاح میں اس لئے پس وپیش کرتے ہیں کہ نکاح کے بعد بیوی بچوں کا بوجھ کیسے اٹھے گا؟ اور بعض دنیادار دیکھتے ہیں کہ لڑکا برسبیل روزگار ہے یا نہیں اس کے باپ کا کیا کاروبار ہے، وہ یہ بات اس لئے سوچتے ہیں کہ ان کی لڑکی نکاح کے بعد پریشان نہ ہو، یہ سب موہوم اندیشے ہیں، ایسے اندیشوں کی وجہ سے نکاح سے نہیں رکنا چاہئے، تنگ دست بھی نکاح کرلے اس کو بھی لڑکی دو، بیوی بچوں کی روزی روٹی اللہ کے ہاتھ میں ہے، نہ مجرد رہنا غنا کا موجب ہے، اور نہ نکاح کرنا فقر وافلاس کو مستلزم ہے، بلکہ نکاح کرنے کے بعد جب آدمی پر بوجھ پڑتا ہے تو وہ ہاتھ پیر ہلاتا ہے اور کمانے کی جدوجہد کرتا ہے، اور دو قسمتیں جمع ہوتی ہیں تو کلیان ہوجاتا ہے، اس لئے ایسے موہوم خیالات نکاح کرنے سے یا لڑکی دینے سے مانع نہ بنیں —— اور سورۃ النور کی آیت ۳۲ پہلے ذکر کی جاچکی ہے، اور حدیث بھی۔ نبی ﷺ نے ایک انتہائی نادار کا نکاح کرایا تھا، اور اس کی روزی روٹی کی فکر اللہ تعالیٰ کے حوالے کی تھی۔

[١٤-] بَابُ تَزْوِيْجِ الْمُعْسِرِ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿إِنْ يَكُوْنُوْا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ﴾[النور: ٣٢]

[٥٠٨٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! جِئْتُ أَهَبُ لَكَ نَفْسِيْ، فَنَظَرَ إِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَعَّدَ النَّظَرَ فِيْهَا وَصَوَّبَهُ، ثُمَّ طَأْطَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَأَتِ الْمَرْأَةُ أَنَّهُ لَمْ يَقْضِ فِيْهَا شَيْئًا جَلَسَتْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ!إِنْ لَمْ تَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيْهَا. فَقَالَ:" وَهَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْئٍ؟" قَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ:"اذْهَبْ إِلٰى أَهْلِكَ فَانْظُرْ هَلْ تَجِدُ شَيْئًا؟" فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! مَا وَجَدْتُ شَيْئًا! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" انْظُرْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ" فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَلاَ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ، وِلٰكِنْ هٰذَا إِزَارِيْ – قَالَ سَهْلٌ: مَالَهُ رِدَاءٌ – فَلَهَا نِصْفُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا تَصْنَعُ بِإِزَارِكَ! إِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْئٌ، وَإِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ شَيْئٌ" فَجَلَسَ الرَّجُلُ حَتّٰى إِذَا طَالَ مَجْلِسُهُ قَامَ، فَرَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُوَلِّيًا فَأَمَرَ بِهِ فَدُعِيَ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَ:" مَاذَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟" قَالَ: مَعِيْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا عَدَّدَهَا، فَقَالَ:" تَقْرَؤُهُنَّ عَنْ ظَهْرِ قَلْبِكَ؟" قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: "اذْهَبْ فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ"[راجع: ٢٣١٠]

بَابُ الْأَکْفَاءِ فِی الدِّیْنِ

دین میں کفاءت (برابری)

أکفاء: کُفؤ کی جمع: مماثل، ہم پلّہ، برابر —— لڑکی کے نکاح کے لئے دین (اسلام) کی کفاءت بالاجماع صحتِ نکاح کے لئے شرط ہے یعنی مسلمان لڑکی کا نکاح غیر مسلم سے اگرچہ وہ کتابی ہو نہیں ہوسکتا، اور دینداری میں کفاءت بھی بالاجماع معتبر ہے، مگر صحتِ نکاح کے لئے شرط نہیں یعنی پرہیزگار لڑکی کا نکاح ایسے ہی لڑکے سے کرنا چاہئے —— اور نسب یعنی ذات برادری، پیشہ اور مالداری میں کفاءت امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک معتبر نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کی موافقت کی ہے، کیونکہ تمام مسلمان بھائی ہیں، اور اقوام وقبائل میں تقسیم محض تعارف کے لئے ہے اور مال آنی جانی چیز ہے، اور کوئی پیشہ کسی کے ساتھ چپکا نہیں رہتا، آدمی معمولی کام چھوڑ کر دوسرا اچھا کام کرسکتا ہے —— اور دیگر فقہاء نسب یعنی ذات برادری، پیشہ اور مہر ونفقہ کے بقدر مالداری میں بھی کفاءت (برابری) کا اعتبار کرتے ہیں، مگر یہ کفاءت صحتِ نکاح کے لئے لازمی شرط نہیں، محض لگزری (ترجیحی) شرط ہے۔ نکاح کو پروان چڑھانے کے لئے قابل لحاظ ہے، اور یہ لڑکی اور ولی کا حق ہے، کیونکہ ان امور میں برابری نہ ہونے سے دونوں کو عار لاحق ہوتا ہے، پس خلاف ورزی کی صورت میں صاحبِ حق کو قاضی سے رجوع کرنے کا حق ہوگا (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۱۳۱ میں ہے)

اور باب میں سب سے پہلے سورۃ الفرقان کی (آیت ۵۴) لکھی ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا، وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا﴾: اور اللہ وہ ہے جس نے پانی سے انسان کو پیدا کیا، پھر اس کو خاندان والا اور سسرال والا بنایا، اور آپ کا پروردگار بڑی قدرت والا ہے —— پانی سے مراد عام پانی ہے، جس کا ذکر سورۃ الانبیاء آیت ۳۰ میں ہے: ﴿وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ﴾: اور ہم نے پانی سے ہر جاندار چیز کو بنایا ہے —— اور نسب سے مراد عام رشتہ داری ہے، سب انسان رشتہ دار ہیں، حجۃ الوداع کے خطبہ میں آپؐ نے ارشاد فرمایا ہے: ''لوگو! سنو! تمہارا رب ایک ہے اور تمہارے باپ بھی ایک ہیں'' پس سب انسان ایک خاندان ہیں —— اور افزائش نسل کے لئے ایک دوسرا رشتہ بھی پیدا کیا ہے جو سسرالی رشتہ کہلاتا ہے، یہ رشتہ خاندان (بشر) میں کسی سے بھی قائم کیا جاسکتا ہے، پس نسب وغیرہ میں کفاءت غیر معتبر ہے۔

البتہ دین میں کفاءت ضروری ہے، اور اس کے لئے دوسری دو آیتیں ہیں، سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۲۱ ہے: ﴿وَلَا تَنْكِحُوْا الْمُشْرِكَاتِ حَتّٰی یُؤْمِنَّ، وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَیْرٌ مِنْ مُشْرِكَةٍ، وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ، وَلَا تُنْكِحُوْا الْمُشْرِكِیْنَ حَتّٰی یُؤْمِنُوْا، وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ خَیْرٌ مِنْ مُشْرِكٍ وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ، أُولٰئِكَ یَدْعُوْنَ إِلَى النَّارِ، وَاللّٰهُ یَدْعُوْا إِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ﴾: اور مشرک عورتوں سے نکاح مت کرو یہاں تک کہ وہ مسلمان ہوجائیں، اور مسلمان لونڈی یقیناً بہتر ہے مشرک (آزاد) عورت سے، اگرچہ وہ (مشرک عورتیں) تمہیں بھلی معلوم ہوں، اور (مسلمان عورت کو) مشرک مردوں

کے نکاح میں مت دو، یہاں تک کہ وہ مسلمان ہوجائیں، اور مسلمان غلام یقیناً بہتر ہے مشرک (آزاد) مرد سے، اگرچہ وہ (مشرک آزاد) تمہیں بھلے معلوم ہوں، یہ لوگ (مشرک مرد اور عورتیں) دوزخ کی طرف بلاتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ اپنے حکم سے جنت اور مغفرت کی طرف بلاتے ہیں —— یہ آیت گویا پہلی آیت میں استثناء ہے، سب انسان رشتہ دار ہیں، اور باہم سسرالی رشتہ بھی قائم کیا جاسکتا ہے، مگر مشرکین کے ساتھ رشتہ قائم نہیں ہوسکتا، نہ مسلمان مرد کا نکاح مشرک عورت سے ہوسکتا ہے، اور نہ مسلمان عورت کا نکاح مشرک آدمی سے ہوسکتا ہے، اور وجہ حرمت دین کی بربادی ہے، نتیجہ ارذل کے تابع ہوتا ہے، مشرک تو اسلام میں آئے گا نہیں، مسلمان ہی مشرک کی طرف کھنچ جائے گا۔

دوسری آیت: سورۃ المائدۃ کی آیت ۵ ہے: ﴿وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوْهُنَّ أُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلاَ مُتَّخِذِيْ أَخْدَانٍ﴾: اور (حلال ہیں) پارسا عورتیں ان لوگوں کی جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے، جبکہ تم ان کو ان کا معاوضہ دیدو یعنی ان کو بھی مہر دینا واجب ہے، درانحالیکہ تم بیوی بنانے والے ہوؤ، بدکاری کرنے والے اور خفیہ آشنائی کرنے والے نہ ہوؤ —— اس آیت سے معلوم ہوا کہ مسلمان کا نکاح کتابی (یہودی یا عیسائی) عورت سے ہوسکتا ہے، جبکہ وہ باقاعدہ نکاح ہو، مگر مسلمان لڑکی کا نکاح کتابی مرد سے نہیں ہوسکتا، اس کا تذکرہ چھوڑ دیا، اور اس کی وجہ بھی وہی دین کی بربادی ہے، **عورت:** مرد کے زیر اثر ہوتی ہے، پس مسلمان لڑکی کا دین برباد ہوگا، اور برعکس صورت میں کتابی بیوی کو ہدایت نصیب ہوگی، کیونکہ اسلام اور اہل کتاب کے عقائد میں قربت ہے، اس لئے جلد عورت کی سمجھ میں دین اسلام کی حقانیت آجائے گی —— اور مغربی ممالک میں **عورت:** مرد کے زیر اثر نہیں ہوتی، بلکہ معاملہ برعکس ہوتا ہے، پس اُس ماحول میں کتابی عورت سے نکاح کرنا اپنی اولاد کے دین کو برباد کرنا ہے۔ **فالحذر ثم الحذر۔**

خلاصہ: یہ ہے کہ جب دوسری آیت کو پہلی آیت کے ساتھ ملائیں گے تو دین (اسلام) میں کفاءت کا ضروری ہونا ثابت ہوجائے گا، پھر پہلی حدیث میں ہے کہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ نے جو قریشی اور بدری صحابی ہیں اپنی بیوی کے آزاد کردہ حضرت سالمؓ کا نکاح اپنی بھتیجی سے کیا، معلوم ہوا کہ نسب وغیرہ میں کفاءت ضروری نہیں، صرف دین میں کفاءت ضروری ہے۔ مگر چونکہ نسب وغیرہ میں کفاءت لازمی شرط نہیں، عورت اور ولی کا حق ہے، پس اگر دونوں غیر کفو میں نکاح کے لئے تیار ہوجائیں تو نکاح درست ہے، اور حدیث سے نسب وغیرہ میں کفاءت کے عدم اعتبار پر استدلال درست نہیں ہوگا۔

[۱۵-] بَابُ الأَكْفَاءِ فِي الدِّيْنِ

﴿وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا﴾

[۵۰۸۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَبَا حُذَيْفَةَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ، وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، تَبَنَّى سَالِمًا، فَأَنْكَحَهُ بِنْتَ أَخِيْهِ هِنْدَ بِنْتَ الْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَهُوَ مَوْلًى لِامْرَأَةٍ

مِنَ الْأَنْصَارِ، كَمَا تَبَنَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم زَيْدًا، وَكَانَ مَنْ تَبَنَّى رَجُلًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ دَعَاهُ النَّاسُ إِلَيْهِ، وَوَرِثَ مِنْ مِيْرَاثِهِ، حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿ادْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَمَوَالِيْكُمْ﴾ [الأحزاب:٥] فَرُدُّوْا إِلٰى آبَائِهِمْ، فَمَنْ لَمْ يُعْلَمْ لَهُ أَبٌ كَانَ مَوْلًى وَأَخًا فِي الدِّيْنِ، فَجَاءَ تْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيُّ ثُمَّ الْعَامِرِيُّ، وَهِيَ امْرَأَةُ أَبِي حُذَيْفَةَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا كُنَّا نَرَى سَالِمًا وَلَدًا وَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ مَا قَدْ عَلِمْتَ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. [راجع: ٤٠٠٠]

حوالہ: حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۸۴) آئی ہے، وہاں ترجمہ ہے —— اور بڑی عمر میں دودھ پلانے سے حرمت رضاعت کا ثبوت تشریع کے وقت کی ترخیص تھی۔

آئندہ حدیث: حضرت ضباعۃ بنت الزبیر بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہا: نبی ﷺ کی چچازاد بہن اور ہاشمیہ ہیں، ان کا نکاح مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ سے ہوا تھا، ان کے والد کا نام عمرو ہے، اسود نے ان کو بیٹا بنایا تھا، پس وہ قریش کے حلیف تھے، قریشی نہیں تھے، معلوم ہوا کہ نسب میں کفاءت ضروری نہیں، ہاشمیہ کا غیر قریشیہ سے بھی نکاح ہوسکتا ہے۔

اور احرام میں اشتراط کا مسئلہ تحفۃ الالمعی (۳:۳۴۶) میں ہے، وہاں ایک غلطی ہے کہ ضباعہ حضرت زبیر بن العوام کی صاحبزادی اور آپ کی پھوپھی زاد بہن تھیں: یہ غلطی ہے، صحیح یہاں ہے۔

[٥٠٨٩-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ لَهَا: "لَعَلَّكِ أَرَدْتِ الْحَجَّ؟" قَالَتْ: وَاللّٰهِ لَاأَجِدُنِيْ إِلَّا وَجِعَةً. فَقَالَ لَهَا: "حُجِّيْ وَاشْتَرِطِيْ، وَقُوْلِيْ: اللّٰهُمَّ مَحِلِّيْ حَيْثُ حَبَسْتَنِيْ" وَكَانَتْ تَحْتَ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ.

قوله: واللهِ! لا أجدنی إلا وجعة: بخدا! نہیں پاتی میں مجھ کو مگر تکلیف میں یعنی بیمار —— افعالِ قلوب میں فاعل اور مفعول ایک ہوتے ہیں۔

[٥٠٩٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ لِأَرْبَعٍ: لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَجَمَالِهَا وَلِدِيْنِهَا، فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّيْنِ تَرِبَتْ يَدَاكَ!

ترجمہ: عورت چار مقاصد سے نکاح کی جاتی ہے، اس کے مال کی وجہ سے، اس کی خاندانی خوبیوں کی وجہ سے، اس کی خوبصورتی کی وجہ سے اور اس کی دینداری کی وجہ سے، پس تم کوشش کرکے دیندار عورت حاصل کرو، تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں! —— یہ محاورہ ہے، اس کا لفظی مفہوم اچھا نہیں، مگر اس کا محل استعمال ٹھیک ہے، جیسے ہم پیار میں کہتے ہیں: باولے!

سن! (تحفۃ الالمعی ۳:۵۰۲)

استدلال: یہ ہے کہ نکاح کفو ہی میں نہیں ہوتا مختلف مقاصد سے ہوتا ہے اور کسی سے بھی ہوسکتا ہے۔

[۵۰۹۱-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: مَرَّ رَجُلٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " مَاتَقُوْلُوْنَ فِيْ هٰذَا؟" قَالُوْا: حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ أَنْ يُشَفَّعَ، وَإِنْ قَالَ أَنْ يُسْتَمَعَ. قَالَ: ثُمَّ سَكَتَ، فَمَرَّ رَجُلٌ مِنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَقَالَ: "مَا تَقُوْلُوْنَ فِي هٰذَا؟" قَالُوْا: حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ لَا يُنْكَحَ وَإِنْ شَفَعَ أَنْ لَا يُشَفَّحَ، وَإِنْ قَالَ أَنْ لَا يُسْتَمَعَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " هٰذَا خَيْرٌ مِنْ مِلْءِ الْأَرْضِ مِثْلَ هٰذَا" [طرفه: ٦٤٤٧]

ترجمہ: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گذرا، آپؐ نے پوچھا: اس کے بارے میں کیا رائے ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ اس لائق ہے کہ اگر منگنی ڈالے تو نکاح کیا جائے، اور سفارش کرے تو سفارش قبول کی جائے، اور اگر بات کرے تو غور سے اس کی بات سنی جائے۔ راوی کہتا ہے: پھر آپؐ خاموش ہوگئے، پھر غریب مسلمانوں میں سے ایک شخص گذرا، آپؐ نے پوچھا: اس کے بارے میں کیا رائے ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ اس لائق ہے کہ اگر منگنی ڈالے تو نکاح نہ کیا جائے، اور اگر سفارش کرے تو سفارش قبول نہ کی جائے، اور بات کرے تو اس کی بات غور سے نہ سنی جائے، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ (ثانی) بہتر ہے اس (اول) جیسے زمین بھر کے لوگوں سے! —— اس حدیث میں بھی منگنی ڈالنے کے لئے قوم وغیرہ کی تخصیص نہیں۔ اس مسئلہ میں رحمۃ اللہ الواسعہ (۵:۳۴) میں بحث کے آخر میں میں نے لکھا ہے:

بات دراصل یہ ہے کہ حسب ونسب، قومیت، ذات برادری اور پیشوں وغیرہ کے ساتھ جو شرف وعزت اور دنائت ورذالت کا تصور قائم ہوگیا ہے: وہ غیر اسلامی ہے، مگر ایسی چیز ہے جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہے، پس جب تک معاشرہ اس برائی سے پاک نہ ہوجائے: عارضی طور پر نکاح میں اس کا لحاظ ضروری ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو فرمایا ہے کہ میں شریف خاندانوں کی عورتوں کو میل کے لوگوں ہی میں نکاح کی اجازت دونگا، اسی طرح کفاءت کے اعتبار کی جو روایات ہیں: ان کا مصداق یہی عارضی صورت ہے پس اگرچہ یہ امر جاہلی ہے مگر نکاح کو پروان چڑھانے کے لئے اس کا لحاظ ضروری ہے، البتہ اخوتِ اسلامی کا نقطۂ عروج یہ ہے کہ یہ تصور اور یہ تفاوت ختم ہوجائے۔

بَابُ الْأَكْفَاءِ فِي الْمَالِ، وَتَزْوِيْجِ الْمُقِلِّ الْمُثْرِيَةَ

مال میں برابری اور نادار کا مالدار عورت سے نکاح کرنا/کرانا

تَزْوِيْج بمعنی تَزَوُّج ہے، اور اپنے معنی میں بھی ہوسکتا ہے۔ المُقِلّ: انتہائی نادار، أَقَلَّ فلانٌ: مفلس وغریب ہونا،

الْمُثْرِيَة: مالدار عورت، أَثْرَى المرأةُ: مالدار ودولت مند ہونا، فهی مُثْرِيَة —— یہ تکمیلی باب ہے، کفاءت صرف دین (اسلام) میں شرط ہے، اور دینداری میں مستحب ہے، دیگر امور میں کفاءت (برابری) ضروری نہیں، پس اگر انتہائی مفلس آدمی مالدار عورت سے نکاح کرے تو درست ہے۔ اور حدیث بار بار گذر چکی ہے، اس میں سورۃ النساء کی آیت ۳ کا شانِ نزول ہے کہ یتیم لڑکی کا سرپرست اس کے جمال اور مال میں رغبت رکھتا ہے، معلوم ہوا کہ لڑکی مالدار ہے، مگر سرپرست مہر پورا نہیں دیتا، معلوم ہوا کہ وہ غریب ہے، پس وہ اس لڑکی کے ساتھ نکاح سے روکے گئے، تاکہ یتیم بچیوں کے ساتھ ظلم کا دروازہ بند ہو، ورنہ فی نفسہ یہ نکاح جائز ہے —— پھر سورۃ النساء آیت ۱۲۷ کا شانِ نزول ہے کہ یتیم لڑکی کالی کلوٹی اور غریب ہوتی تو سرپرست اس سے نکاح نہیں کرتا تھا، دوسری جگہ نکاح کرتا تھا، پس فرمایا کہ اس صورت میں چونکہ تم نکاح نہیں کرتے، اس لئے ہم پہلی صورت میں بھی نکاح کی اجازت نہیں دیتے، ہاں مہر پورا دو تو نکاح کر سکتے ہو۔

جاننا چاہئے کہ احناف کے نزدیک صرف مہر اور نفقہ کی حد تک کفاءت ضروری ہے، پس اس حدیث سے ان کی تردید نہیں ہوتی، یتیم لڑکی کو پورا مہر دینے کی شرط تو اس میں بھی ہے۔

[۱۶-] بَابُ الْأَكْفَاءِ فِي الْمَالِ، وَتَزْوِيجِ الْمُقِلِّ الْمُثْرِيَةَ

[۵۰۹۲-] حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ: أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ﴾[النساء: ۳] قَالَتْ: يَا ابْنَ أُخْتِيْ! هٰذِهِ الْيَتِيْمَةُ تَكُوْنُ فِيْ حَجْرِ وَلِيِّهَا، فَيَرْغَبُ فِيْ جَمَالِهَا وَمَالِهَا، وَيُرِيْدُ أَنْ يَنْتَقِصَ صَدَاقَهَا، فَنُهُوْا عَنْ نِكَاحِهِنَّ إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا فِيْ إِكْمَالِ الصَّدَاقِ، وَأُمِرُوْا بِنِكَاحِ مَنْ سِوَاهُنَّ.

قَالَتْ: وَاسْتَفْتَى النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ ذٰلِكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ﴾ إِلٰى ﴿وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ﴾[النساء: ۱۲۷] فَأَنْزَلَ اللّٰهُ لَهُمْ أَنَّ الْيَتِيْمَةَ إِذَا كَانَتْ ذَاتَ جَمَالٍ وَمَالٍ رَغِبُوْا فِيْ نِكَاحِهَا وَنَسَبِهَا فِيْ إِكْمَالِ الصَّدَاقِ، وَإِذَا كَانَتْ مَرْغُوْبَةً عَنْهَا فِيْ قِلَّةِ الْمَالِ وَالْجَمَالِ تَرَكُوْهَا وَأَخَذُوْا غَيْرَهَا مِنَ النِّسَاءِ، قَالَتْ: فَكَمَا يَتْرُكُوْنَهَا حِيْنَ يَرْغَبُوْنَ عَنْهَا فَلَيْسَ لَهُمْ أَنْ يَنْكِحُوْهَا إِذَا رَغِبُوْا فِيْهَا، إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا لَهَا وَيُعْطُوْهَا حَقَّهَا الْأَوْفٰى مِنَ الصَّدَاقِ.[راجع: ۲۴۹۳]

بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ شُؤْمِ الْمَرْأَةِ

نامبارک عورت سے احتراز

اب منفی پہلو سے ایسی عورت کی نشاندہی کرتے ہیں جس سے نکاح نہ کرنا بہتر ہے، اسلام نے نحوست کی نفی کی ہے، ابن ماجہ (حدیث ۱۹۹۳) میں ہے: لاشُؤْمَ، وقد يكون الْيُمْنُ فی ثلاثة: فی المرأة والفرس والدار: نحوست نہیں!

اور کبھی خیر و برکت تین چیزوں میں ہوتی ہے: عورت، گھوڑے، اور گھر میں: یہ ذاتی نحوست کی نفی اور عرضی خیر کا اثبات ہے یعنی بعض عارضی اسباب پر چیزیں مبارک نامبارک ہوتی ہیں، پھر جن چیزوں سے مزاولت وقتی یا کم وقت کے لئے ہوتی ہے ان میں مبارک نامبارک کا خیال کرنا ضروری نہیں، البتہ جن چیزوں سے تعلق عرصۂ دراز کے لئے ہوتا ہے، جیسے بیوی، گھر، گھوڑا، تلوار وغیرہ ان میں مبارک نامبارک کا خیال کرنا ضروری ہے، کیونکہ اگر نامبارک چیز پلّے پڑگئی تو زندگی اجیرن ہوجائے گی، یہی اس باب کا حاصل ہے۔

اور باب کے شروع میں سورۃ التغابن کی آیت ۱۴ لکھی ہے: ''اے ایمان والو! تمہاری بعض بیویاں اور اولاد تمہارے دین کی دشمن ہیں، پس تم ان سے ہوشیار رہو'' —— یعنی ایسی بیوی مت کرو جو تمہیں آخرت سے غافل کردے، اس آیت سے صراحۃً ثابت ہوتا ہے کہ کوئی بیوی نامبارک ہوتی ہے، اور اس سے احتراز اولی ہے، اور پہلی دو حدیثوں پر گفتگو (تحفۃ القاری ۶: ۲۴۴) میں آچکی ہے۔ اور تیسری حدیث (تحفۃ القاری ۶: ۲۴۵) میں آئی ہے۔

[۱۷-] بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ شُؤْمِ الْمَرْأَةِ

وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ﴾

[۵۰۹۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حَمْزَةَ، وَسَالِمٍ ابْنَيْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' الشُّؤْمُ فِي الْمَرْأَةِ وَالدَّارِ وَالْفَرَسِ''[راجع: ۲۰۹۹]

[۵۰۹۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: ذَكَرُوْا الشُّؤْمَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' إِنْ كَانَ الشُّؤْمُ فِي شَيْئٍ فَفِي الدَّارِ وَالْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ''[راجع: ۲۰۹۹]

[۵۰۹۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' إِنْ كَانَ فِيْ شَيْئٍ فَفِيْ الْفَرَسِ وَالْمَرْأَةِ وَالْمَسْكَنِ''[راجع: ۲۸۵۹]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہیں چھوڑا میں نے اپنے پیچھے کوئی فتنہ زیادہ ضرر رساں مردوں کے حق میں عورتوں سے!'' یعنی مردوں کے حق میں عورتوں کا فتنہ سنگین فتنہ ہے، مگر یہ ہر عورت کا حال نہیں، نامبارک عورت کا حال ہے، پس حدیث باب سے منطبق ہے، باقی تفصیل (تحفۃ الالمعی ۶: ۵۴۴ میں) ہے۔

[۵۰۹۶-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' مَا تَرَكْتُ بَعْدِيْ فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ''

بَابُ الْحُرَّةِ تَحْتَ الْعَبْدِ

آزاد عورت غلام سے نکاح کرسکتی ہے

یہ دین کے علاوہ میں کفاءت کے عدم اعتبار کے سلسلہ کا باب ہے، آزاد عورت غلام کے نکاح میں ہوسکتی ہے، حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا جب آزاد ہوئیں تو ان کے شوہر مغیثؒ — ایک رائے کے مطابق — غلام تھے، نبی ﷺ نے ان کو خیار عتق دیا، انھوں نے شوہر سے علاحدگی اختیار کی، نبی ﷺ نے سفارش بھی کی کہ وہ مغیث کے ساتھ رہیں، مگر انھوں نے منظور نہ کیا، منظور کرتیں تو آزاد عورت غلام کے نکاح میں ہوسکتی تھی۔

[۱۸-] بَابُ الْحُرَّةِ تَحْتَ الْعَبْدِ

[۵۰۹۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ فِي بَرِيْرَةَ ثَلاَثُ سُنَنٍ: عَتَقَتْ فَخُيِّرَتْ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" وَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبُرْمَةٌ عَلَى النَّارِ، فَقُرِّبَ إِلَيْهِ خُبْزٌ وَأُدُمٌ مِنْ أُدُمِ الْبَيْتِ، فَقَالَ: "لَمْ أَرَ الْبُرْمَةَ؟" فَقِيْلَ: لَحْمٌ تُصُدِّقَ عَلَى بَرِيْرَةَ، وَأَنْتَ لاَتَأْكُلُ الصَّدَقَةَ قَالَ: "هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ، وَلَنَا هَدِيَّةٌ" [راجع: ٤٥٦]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بریرہؓ میں تین احکام ہیں: (۱) وہ آزاد کی گئیں پس ان کو خیار عتق دیا گیا (۲) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ولاء اس کو ملتی ہے جو آزاد کرتا ہے" (تفصیل تحفۃ القاری ۲: ۳۰۴ میں ہے) (۳) اور نبی ﷺ گھر میں تشریف لائے، اور ہانڈی چولھے پر تھی، پس آپؐ کے سامنے روٹی اور گھر کے لاونوں میں کوئی لاون پیش کیا گیا (لاون: ہر وہ چیز جس سے روٹی لگا کر کھائیں،) پس آپؐ نے فرمایا: "کیا میں ہانڈی نہیں دیکھ رہا؟" یعنی کیا اس میں میرا حصہ نہیں؟ کہا گیا: وہ ایک گوشت ہے جو بریرہ کو خیرات میں ملا ہے اور آپؐ صدقہ نہیں کھاتے، فرمایا: "وہ اس کے لئے صدقہ ہے اور ہمارے لئے ہدیہ ہے" (ملکیت بدلنے سے احکام بدل جاتے ہیں)

بَابٌ: لَايَتَزَوَّجُ أَكْثَرَ مِنْ أَرْبَعٍ

چار سے زیادہ عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں

شریعت نے نکاح کے لئے چار کا عدد مقرر کیا ہے، اس سے زیادہ عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے، کیونکہ اس سے زیادہ بیویوں کے ساتھ ازدواجی معاملات میں حسن سلوک ممکن نہیں، اور چار ہی عورتوں سے نکاح کا جواز سورۃ النساء کی

آیت ۳ میں مذکور ہے، فرمایا: ﴿فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ﴾: پس تم ان عورتوں سے نکاح کرو جو تمہیں پسند ہوں: دو دو سے، تین تین سے اور چار چار سے، اور آیت میں اگرچہ کلمہ حصر نہیں مگر موقع کی دلالت حصر پر ہے، اگر کسی چیز کی اجازت دی جائے، اور اجازت دینے والا کسی حد پر رک جائے تو اتنے ہی کی اجازت ہوتی ہے، جیسے کہا: دو، تین اور چار لےلو: تو کم لے سکتا ہے زیادہ نہیں —— اور تین حدیثوں میں حصر کی صراحت ہے، حضرت غیلانؓ کے نکاح میں دس عورتیں تھیں، ان کو حکم دیا گیا کہ چار رکھ کر باقی سے علاحدگی اختیار کریں، حضرت حارثؓ کے نکاح میں آٹھ عورتیں تھیں، ان کو بھی حکم دیا کہ چار رکھ کر باقی سے علاحدگی اختیار کریں، اور حضرت نوفلؓ کے نکاح میں پانچ عورتیں تھیں ان کو بھی ایک بیوی کو علاحدہ کرنے کا حکم دیا، پس آیت اور احادیث سے ثابت ہوا کہ چار سے زیادہ عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے اور اس پر اجماع ہے۔ اور گمراہ فرقوں کا اختلاف اجماع کو متأثر نہیں کرتا (تفصیل کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۹۷)

اور شیعوں اور غیر مقلدوں کے نزدیک چار میں حصر نہیں، اور خوارج کے نزدیک اٹھارہ عورتوں تک جمع کرسکتے ہیں، ان کے نزدیک ﴿مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ﴾ میں واو جمع کے لئے ہے، اور اعداد معدول ہیں، ان کا ترجمہ دو دو، تین تین اور چار چار ہے، پس مجموعہ اٹھارہ ہوا، اور فریق اول اعداد کو معدول نہیں لیتا، وہ دو، تین اور چار ترجمہ کرتا ہے، اور واو جمع کے لئے ہے، پس مجموعہ نو ہوا، اور غیر مقلدوں کی دلیل یہ حدیث بھی ہے کہ نبی ﷺ کے نکاح میں نو بیویاں تھیں، پس کوئی حصر نہیں، جتنی عورتوں کو چاہے جمع کرے (عرف الجادی)

اور اہل السنہ والجماعہ کے نزدیک واو تنویع کے لئے بمعنی أو ہے، حضرت زین العابدین رحمہ اللہ نے سورۃ النساء کی آیت تین اور سورۃ الفاطر کی پہلی آیت کی یہی تفسیر کی ہے، پس دو سے یا تین سے یا چار ہی سے نکاح کرسکتے ہیں، اور فرشتوں میں کسی فرشتہ کے دو بازو، کسی کے تین بازو اور کسی کے چار بازو ہیں، اور کسی کے اس سے بھی زیادہ ہیں، یہ بات آیت میں مصرح ہے، واو جمع کے لئے نہیں ہے کہ ہر فرشتہ کے نو یا اٹھارہ بازو ہیں —— اور حدیث بار بار آئی ہے، اس میں سورۃ النساء کی آیت تین کا شانِ نزول ہے۔

[۱۹-] بَابٌ: لَايَتَزَوَّجُ أَكْثَرَ مِنْ أَرْبَعٍ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ﴾ وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ: يَعْنِيْ مَثْنٰى أَوْ ثُلَاثَ أَوْ رُبَاعَ، وَقَوْلُهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: ﴿أُوْلِيْ أَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ﴾ يَعْنِيْ: مَثْنٰى أَوْ ثُلَاثَ أَوْ رُبَاعَ.

[۵۰۹۸-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى﴾ قَالَ: الْيَتِيْمَةُ تَكُوْنُ عِنْدَ الرَّجُلِ، وَهُوَ وَلِيُّهَا، فَيَتَزَوَّجُهَا عَلٰى مَالِهَا، وَيُسِيْئُ صُحْبَتَهَا، وَلَا يَعْدِلُ فِيْ مَالِهَا، فَلْيَتَزَوَّجْ مَنْ طَابَ لَهُ مِنَ النِّسَاءِ سِوَاهَا مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ. [راجع: ۲۴۹۴]

قوله: قال: اليتيمة أى قال عروة، عن عائشة،: اليتيمة إلخ

بَابٌ: ﴿وَأُمَّهَاتُكُمُ الّٰتِیْ أَرْضَعْنَكُمْ﴾

حرمت رضاعت کا بیان

اب چار ابواب حرمت رضاعت سے متعلق ہیں، سورۃ النساء کی آیت ۲۳ میں نسب کی بنا پر سات رشتوں کو حرام قرار دیا ہے: (۱) مائیں یعنی اصول (مذکر ومؤنث) (۲) بیٹیاں یعنی فروع (مذکر ومؤنث) (۳) بہنیں یعنی اصل قریب (ماں باپ) کی فروع (مذکر ومؤنث) (۴) پھوپیاں یعنی اصل بعید (دادادادی) کی صلبی فروع (مذکر ومؤنث) (۵) خالائیں یعنی نانانانی کی صلبی فروع (مذکر ومؤنث) (۶) بھتیجیاں (۷) بھانجیاں —— اوران کا خلاصہ چار رشتے ہیں: (۱) مذکر ومؤنث اصول یعنی باپ دادانانا اوپر تک اور ماں دادی نانی اوپر تک (یہ سب أُمهات میں داخل ہیں) (۲) مذکر ومؤنث فروع یعنی بیٹا، پوتا، نواسا نیچے تک اور بیٹی، پوتی، نواسی نیچے تک (یہ سب بنات میں داخل ہیں) (۳) اصل قریب (ماں باپ) کی تمام مذکر ومؤنث فروع یعنی بھائی، بھتیجے نیچے تک، اور بہنیں بھتیجیاں، بھانجیاں نیچے تک (ان کا تذکرہ أخوات، بنات الأخ اور بنات الأخت میں ہے) (۴) اصل بعید (دادا، دادی، نانا، نانی اوپر تک) کی تمام صلبی (بلاواسطہ) مذکر ومؤنث اولاد یعنی چچا، ماموں، پھوپھی، خالہ، چاہے وہ پردادا اور پرنانا کی صلبی اولاد ہوں (عمات اور خالات میں یہ رشتے مراد ہیں)

نوٹ: اصل بعید کی بالواسطہ فروع یعنی چچازاد، ماموں زاد، پھوپی زاد اور خالہ زاد بھائی بہن حلال ہیں۔

اس کے بعد سورۃ النساء آیت ۲۳ میں رضاعی رشتوں کا ذکر کیا ہے، فرمایا: ﴿وَأُمَّهَاتُكُمُ الّٰتِیْ أَرْضَعْنَكُمْ، وَأَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ﴾: اور (تم پر حرام کی گئیں) تمہاری وہ مائیں جنھوں نے تم کو دودھ پلایا ہے، اور تمہاری رضاعی بہنیں —— یہ دو رضاعی رشتے بطور مثال بیان کئے ہیں، ان میں حصر نہیں، بلکہ وہ ساتوں رشتے جو نسب کی وجہ سے حرام ہیں وہ دودھ پینے کی وجہ سے بھی حرام ہیں، حدیث میں ہے: ''ناتے سے جو رشتے حرام ہوتے ہیں: دودھ پینے کی وجہ سے بھی وہ سب رشتے حرام ہوتے ہیں (تحفۃ الألمعی ۳: ۵۸۱ اور حکمتوں کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۸۸)

اور پہلی دو حدیثیں پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۵) آئی ہیں، پہلی حدیث میں رضاعی چچا کی حرمت کا بیان ہے، اور دوسری حدیث میں رضاعی بھتیجی کا۔

[۲۰-] بَابٌ: ﴿وَأُمَّهَاتُكُمُ الّٰتِیْ أَرْضَعْنَكُمْ﴾

وَيَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ.

[۵۰۹۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،

أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهَا: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ عِنْدَهَا، وَأَنَّهَا سَمِعَتْ صَوْتَ رَجُلٍ يَسْتَأْذِنُ فِيْ بَيْتِ حَفْصَةَ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا رَجُلٌ يَسْتَأْذِنُ فِيْ بَيْتِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أُرَاهُ فُلَانًا" لِعَمِّ حَفْصَةَ مِنَ الرَّضَاعَةِ، قَالَتْ: عَائِشَةُ: لَوْ كَانَ فُلَانٌ حَيًّا، لِعَمِّهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ دَخَلَ عَلَيَّ؟ فَقَالَ: " نَعَمْ، الرَّضَاعَةُ تُحَرِّمُ مَا تُحَرِّمُ الْوِلَادَةُ"[راجع: ٢٦٤٦]

[٥١٠٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَلَا تَزَوَّجُ ابْنَةَ حَمْزَةَ؟ قَالَ: " إِنَّهَا ابْنَةُ أَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ" وَقَالَ بِشْرُ بْنُ عُمَرَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ مِثْلَهُ.[راجع: ٢٦٤٥]

آئندہ حدیث: ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہما نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری بہن سے نکاح کرلیں، آپؐ نے پوچھا: کیاتم اس کو پسند کرتی ہو؟ (عورتیں سوکن کو پسند نہیں کرتیں، پس یہ پیش کش خلاف توقع تھی) ام حبیبہؓ نے کہا: ہاں! میں کچھ اکیلی تو آپؐ کے پاس ہوں نہیں (ماشاء اللہ آپؐ کی بہت سی بیویاں ہیں) اوران میں زیادہ پسند جو میرے ساتھ خیر میں شریک ہوجائے میری بہن ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "وہ میرے لئے حلال نہیں!" (کیونکہ دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے) —— ام حبیبہؓ نے کہا: ہم باتیں کئے جاتے ہیں کہ آپ ابوسلمہ کی بیٹی سے نکاح کا ارادہ رکھتے ہیں، آپؐ نے پوچھا: ام سلمہ کی بیٹی سے؟ میں نے کہا: ہاں! آپؐ نے فرمایا: "اگر وہ میری پروردہ اور میری گود میں نہ ہوتی تو بھی وہ میرے لئے حلال نہیں تھی، کیونکہ وہ میری رضاعی بھتیجی ہے، مجھے اور ابوسلمہ کو ثویبہ نے دودھ پلایا ہے یعنی اس میں حرمت کی دو وجہیں جمع ہیں، پس ہرگز پیش نہ کیا کرو تم میرے سامنے اپنی بیٹیوں کو اور اپنی بہنوں کو! کیونکہ اول ربیبہ ہونے کی وجہ سے حرام ہے اور ثانی جمع بین الاختین کی وجہ سے۔

[٥١٠١-] حدثنا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ زَيْنَبَ ابْنَةَ أَبِيْ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أُمَّ حَبِيْبَةَ ابْنَةَ أَبِيْ سُفْيَانَ أَخْبَرَتْهَا: أَنَّهَا قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! انْكِحْ أُخْتِيْ بِنْتَ أَبِيْ سُفْيَانَ، فَقَالَ: أَوَتُحِبِّيْنَ ذٰلِكَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ، وَأَحَبُّ مَنْ شَارَكَنِيْ فِيْ خَيْرٍ أُخْتِيْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ ذٰلِكَ لَايَحِلُّ لِيْ" قُلْتُ: فَإِنَّا نُحَدَّثُ أَنَّكَ تُرِيْدُ أَنْ تَنْكِحَ بِنْتَ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: " بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ. فَقَالَ: "لَوْ أَنَّهَا لَمْ تَكُنْ رَبِيْبَتِيْ فِيْ حَجْرِيْ مَا حَلَّتْ لِيْ إِنَّهَا لَابْنَةُ أَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ، أَرْضَعَتْنِيْ وَأَبَا سَلَمَةَ ثُوَيْبَةُ، فَلَاتَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا أَخَوَاتِكُنَّ"[أطرافه: ٥١٠٦، ٥١٠٧، ٥١٢٣، ٥٣٧٢]

آئندہ: ثوبیہ کے اسلام میں اختلاف ہے، وہ نبی ﷺ کے چچا ابولہب کی باندی تھی، جب نبی ﷺ کی ولادت مبارکہ ہوئی تو ثوبیہ نے اپنے آقا ابولہب کو بھتیجے کی ولادت کی خوش خبری سنائی، وہ اتنا خوش ہوا کہ خوش خبری سنانے والی ثوبیہ کو آزاد کردیا، ثوبیہ نے نبی ﷺ کو دودھ پلایا ہے، ابولہب کے انتقال کے بعد ان کے بھائی عباسؓ نے اس کو بہت ہی بری حالت میں خواب میں دیکھا، پوچھا: تیرے ساتھ (موت کے بعد) کیا احوال پیش آئے؟ اس نے کہا: تم سے جدا ہونے کے بعد میں نے (کسی آسودگی سے) ملاقات نہیں کی، البتہ میں اس میں (اوراس نے اشارہ کیا اس گڑھے کی طرف جو انگوٹھے اورانگلیوں کے درمیان ہوتا ہے) پلایا گیا میرے ثوبیہ کو آزاد کرنے کے صلہ میں۔

قَالَ عُرْوَةُ: وَثُوَيْبَةُ مَوْلَاةٌ لِأَبِي لَهَبٍ، كَانَ أَبُوْ لَهَبٍ أَعْتَقَهَا، فَأَرْضَعَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا مَاتَ أَبُوْ لَهَبٍ أُرِيَهُ بَعْضُ أَهْلِهِ بِشَرِّ حِيْبَةٍ قَالَ لَهُ: مَاذَا لَقِيْتَ؟ قَالَ أَبُوْ لَهَبٍ: لَمْ أَلْقَ بَعْدَكُمْ غَيْرَ أَنِّيْ سُقِيْتُ فِيْ هٰذِهِ بِعَتَاقَتِيْ ثُوَيْبَةَ.

أُرِيَهُ: دکھلایا گیا وہ اس کے بعض گھر والے یعنی حضرت عباسؓ نے اس کو خواب میں دیکھا، أُرِی: فعل مجہول، ضمیرہ مفعول ثانی، بعضُ أهله: مفعول اول جو نائب فاعل ہے — حِيْبَة: حالة — بعدكم کے بعد رَخاء بخاری کی روایت میں رہ گیا ہے — اور هذه کا مشار الیہ نُقرة ہے: وہ گڑھا جو انگوٹھے اور انگلیوں کے درمیان ہوتا ہے۔

فائدہ: ابولہب ذرا سا خوش ہوا تھا تو اس کو ذرا سا فائدہ پہنچا، اور ابوطالب زندگی بھر مددگار رہے تو ان کو بہت فائدہ پہنچا، صرف آگ کے چپل پہنائے جائیں گے جس سے ان کا بھیجا کھولے گا! — اور علماء نے اس سے یہ بات سمجھی ہے کہ کافر کا عذاب اعمال صالحہ کی وجہ سے ہلکا کیا جائے گا۔

بَابُ مَنْ قَالَ: لَارَضَاعَ بَعْدَ حَوْلَيْنِ

وَمَا يُحَرِّمُ مِنْ قَلِيْلِ الرَّضَاعِ وَكَثِيْرِهِ

(۱) ایک رائے: مدتِ رضاعت صرف دو سال ہیں

(۲) حرمت ثابت ہوگی خواہ تھوڑا دودھ پیئے یا زیادہ

اس باب میں دو مسئلے ہیں: مدتِ رضاعت اور مقدارِ رضاعت:

۱- تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر مدتِ رضاعت میں کوئی بچہ کسی عورت کا دودھ پیئے تو حرمت ثابت ہوگی، مدتِ رضاعت کے بعد دودھ پینے سے حرمت ثابت نہ ہوگی، اور جمہور (ائمہ ثلاثہ، صاحبین اور امام بخاری رحمہم اللہ) کے نزدیک مدتِ

رضاعت دوسال ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ڈھائی سال، اور فتوی احناف کے نزدیک رضاعت کے باب میں دوسال پر ہے، اور ثبوتِ رضاعت میں ڈھائی سال پر۔

پہلی آیت: سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۳ میں ہے: ﴿وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ﴾: اور مائیں دودھ پلائیں اپنے بچوں کو کامل دوسال (یہ مدت اس کے لئے ہے) جو شیر خوارگی کی تکمیل کرنا چاہتا ہے (اس میں کمی بھی جائز ہے) یہ جمہور کی دلیل ہے، مگر صریح نہیں، احتمال ہے کہ جس باپ سے دودھ پلانے کی اجرت ماں کو دلوانا چاہتے ہیں اس کی انتہا دو برس ہو، پس علی العموم یہ ثابت نہیں ہوتا کہ دودھ پلانے کی مدت دو برس سے زیادہ نہیں۔

دوسری آیت: سورۃ الاحقاف آیت ۱۵ میں ہے: ﴿حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا، وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُوْنَ شَهْرًا﴾: اس کی ماں نے بڑی مشقت کے ساتھ اس کو پیٹ میں رکھا اور بڑی مشقت کے ساتھ اس کو جنا، اور اس کا پیٹ میں رکھنا اور دودھ چھڑانا تیس ماہ میں ہے —— یہ امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل ہے کہ مدتِ حمل بھی ڈھائی سال ہے اور مدتِ رضاعت بھی، اور یہ مطلب **کلٌّ واحد** کی تقدیر پر ہوگا —— مگر اس پر اشکال ہے کہ مدتِ حمل ڈھائی سال امام اعظمؒ سے مروی نہیں، احناف کے نزدیک اکثر مدتِ حمل دوسال ہے —— اور جمہور کے نزدیک اقل مدت حمل چھ ماہ اور اکثر مدت رضاعت دوسال: مجموعہ ڈھائی سال مراد ہے، اور اقل مدت حمل کو اس لئے لیا کہ ان کے نزدیک حمل دوسال سے زیادہ بھی پیٹ میں رہ سکتا ہے، پس اقل مدت متعین ہے اور اکثر متعین نہیں۔ اور مدتِ رضاعت میں اکثر مدت (دوسال) متعین ہے، اور اقل مدت متعین نہیں، دوسال سے پہلے بھی دودھ چھڑا سکتے ہیں۔

۲- کتنا دودھ پینے سے حرمت رضاعت ثابت ہوگی؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک: جب بچہ الگ الگ اوقات میں پانچ مرتبہ پیٹ بھر کر دودھ پیئے، جبکہ وہ بھوکا بھی ہو، تب حرمت ثابت ہوتی ہے، اس سے کم میں حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ایسا ہی تین مرتبہ دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے، اس سے کم میں حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ اور امام اعظم، اور امام مالک اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک مطلق دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے، اگر ایک قطرہ بھی بالیقین بچہ کے پیٹ میں پہنچ گیا تو حرمت ثابت ہوجائے گی۔

اور اس مسئلہ میں ایک آیت اور دو حدیثیں ہیں:

آیت: ﴿وَأُمَّهَاتُكُمُ الّٰتِيْ أَرْضَعْنَكُمْ﴾: اور حرام کی گئیں تم پر تمہاری وہ مائیں جنھوں نے تم کو دودھ پلایا ہے —— یہ آیت مطلق ہے، پس قلیل وکثیر ہر رضاعت سے حرمت ثابت ہوگی —— یہ جمہور کی دلیل ہے۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: قرآن میں دس معلوم رضاعتیں نازل کی گئی تھیں، پھر اس کی جگہ پانچ رضاعات کا حکم نازل ہوا، جو وفاتِ نبوی تک قرآن میں موجود تھا (رواہ الترمذی) اس پر اشکال یہ ہے کہ جب پانچ

رضاعات کی آیت وفاتِ نبوی تک قرآن میں موجود تھی تو بعد میں وہ آیت کہاں گئی؟ اس وقت تو وہ آیت قرآن میں نہیں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ایک مرتبہ اور دو مرتبہ پستان چوسنا حرام نہیں کرتا'' (رواہ الترمذی) اس حدیث سے امام احمد رحمہ اللہ کا استدلال مفہوم مخالف سے ہے، جو احناف کے نزدیک معتبر نہیں، علاوہ ازیں: حدیث کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ایک دوبار پستان چوسنے سے حرمت نہیں آتی، جب بالیقین دودھ اترے اور بچہ کے پیٹ میں پہنچے تب حرمت ثابت ہوتی ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ الالمعی ۳:۵۸۶)

[۲۱-] بَابُ مَنْ قَالَ: لَارَضَاعَ بَعْدَ حَوْلَيْنِ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ﴾

وَمَا يُحَرِّمُ مِنْ قَلِيْلِ الرَّضَاعِ وَكَثِيْرِهِ

[۵۱۰۲-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَشْعَثِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا رَجُلٌ، فَكَأَنَّهُ تَغَيَّرَ وَجْهُهُ، كَأَنَّهُ كَرِهَ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ: إِنَّهُ أَخِيْ فَقَالَ: " انْظُرْنَ مَنْ إِخْوَانُكُنَّ؟ فَإِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ" [طرفه: ۲۶۴۷]

ترجمہ: نبی ﷺ عائشہؓ کے پاس پہنچے، ان کے پاس ایک آدمی تھا، پس گویا آپؐ کا چہرہ بدل گیا، گویا آپؐ نے اس کو ناپسند کیا یعنی ان سے بے پردہ ہونے کو، حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: یہ میرا (رضاعی) بھائی ہے! آپؐ نے فرمایا: دیکھو کون تمہارے بھائی ہیں؟ اس لئے کہ رضاعت تو بھوک کی وجہ سے ہی ہوتی ہے یعنی جس عمر میں ماں کا دودھ غذا بنتا ہے اسی زمانہ کی رضاعت کا اعتبار ہے اور وہ دو سال کی عمر ہے، اس کے بعد دودھ پینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی، اور عرب بڑی عمر تک بچوں کو دودھ پلاتے رہتے تھے۔

بَابُ لَبَنِ الْفَحْلِ

دودھ پینے سے رضاعی باپ کی طرف بھی حرمت جاتی ہے

فَحْل کے معنی ہیں: سانڈ، ہر حیوان کا نر، مراد رضاعی ماں کا شوہر ہے —— جس طرح نسب میں حرمت باپ سے بھی متعلق ہوتی ہے، کیونکہ بچہ اس کے نطفہ سے پیدا ہوتا ہے، اسی طرح رضاعت میں بھی اگرچہ دودھ پلانے والی عورت ہوتی ہے مگر حرمت رضاعت اس کے شوہر سے بھی متعلق ہوتی ہے، کیونکہ شوہر کی صحبت سے بچہ پیدا ہوتا ہے اور بچہ پیدا ہونے کے بعد عورت کے دودھ اترتا ہے، پس اس دودھ میں شوہر کا بھی اثر ہے، اس لئے حرمت اس سے بھی متعلق ہوتی ہے، وہ رضیع کا رضاعی باپ ہوجاتا ہے (تحفۃ الالمعی ۳:۵۸۳) اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۵) آئی ہے۔

[۲۲-] بَابُ لَبَنِ الْفَحْلِ

[۵۱۰۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَفْلَحَ أَخَا أَبِي الْقُعَيْسِ جَاءَ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْهَا، وَهُوَ عَمُّهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ، بَعْدَ أَنْ نَزَلَ الْحِجَابُ، فَأَبَيْتُ أَنْ آذَنَ لَهُ، فَلَمَّا جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرْتُهُ بِالَّذِيْ صَنَعْتُ، فَأَمَرَنِيْ أَنْ آذَنَ لَهُ. [راجع: ۲٦٤٤]

بَابُ شَهَادَةِ الْمُرْضِعَةِ

ثبوتِ رضاعت میں ایک عورت کی گواہی

یہ مسئلہ منصوص نہیں، اجتہادی ہے، امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ایک عورت کی گواہی کافی ہے، بشرطیکہ وہ خود مرضعہ ہو اور دوسرے گواہ کی جگہ اس سے قسم لی جائے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک دومردوں کی، یا ایک مرد اور دوعورتوں کی یا چار عورتوں کی گواہی ضروری ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دوعورتوں کی گواہی بھی کافی ہے، غرض ائمہ ثلاثہ نے رضاعت میں صرف عورتوں کی گواہی کا اعتبار کیا ہے، اور حنفیہ کا اصول یہاں بھی وہی ہے جو معاملات میں ہے یعنی ثبوتِ رضاعت کے لئے دومرد یا ایک مرد اور دوعورتوں کی گواہی ضروری ہے، تنہا عورتوں کی گواہی سے حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۳۷۱) آئی ہے، مگر اس سے مسئلہ میں استدلال ممکن نہیں، کیونکہ نہ تو مرضعہ قاضی کے سامنے آئی تھی نہ اس نے گواہی دی تھی اور نبی ﷺ نے تفریق کا حکم دیانۃً دیا تھا، یہ بات وکیعؒ نے کہی ہے (تحفۃ الالمعی ۳:۵۹۰)

[۲۳-] بَابُ شَهَادَةِ الْمُرْضِعَةِ

[۵۱۰٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ عُقْبَةَ، لٰكِنِّيْ لِحَدِيْثِ عُبَيْدٍ أَحْفَظُ، قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً، فَجَاءَتْنَا امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ: قَدْ أَرْضَعْتُكُمَا. فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: تَزَوَّجْتُ فُلَانَةَ بِنْتَ فُلَانٍ، فَجَاءَتْنَا امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ، فَقَالَتْ لِيْ: إِنِّيْ قَدْ أَرْضَعْتُكُمَا، وَهِيَ كَاذِبَةٌ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، فَأَتَيْتُهُ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ، قُلْتُ: إِنَّهَا كَاذِبَةٌ! قَالَ: "كَيْفَ بِهَا وَقَدْ زَعَمَتْ أَنَّهَا قَدْ أَرْضَعَتْكُمَا؟ دَعْهَا عَنْكَ" وَأَشَارَ إِسْمَاعِيْلُ بِإِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى يَحْكِيْ أَيُّوْبَ. [راجع: ۸۸]

قوله: وقد سمعته: عبداللہ کہتے ہیں: میں نے حدیث حضرت عقبہؓ سے بھی سنی ہے، مگر عبید کی روایت مجھے زیادہ محفوظ

ہے (اس لئے اس کو بیان کرتا ہوں) ــــــ وأشار إسماعیل: علی مدینیؒ کہتے ہیں: اسماعیل بن علیہ نے اپنی دو انگلیوں (انگشت شہادت اور درمیانی انگلی) سے اشارہ کیا، یعنی نبی ﷺ نے **دعها عنك** کے ساتھ جو اشارہ کیا تھا وہ اشارہ کرکے دکھایا (مگر کس طرح اشارہ کیا تھا اس کی وضاحت نہیں کی) اسماعیل اپنے استاذ ایوب سختیانی رحمہ اللہ کی نقل کر رہے تھے یعنی ایوبؒ نے بھی اشارہ کرکے بتایا۔

بَابُ مَا يَحِلُّ مِنَ النِّسَاءِ وَمَا يَحْرُمُ

جن عورتوں سے نکاح جائز ہے، اور جن عورتوں سے نکاح حرام ہے

یہ جنرل عنوان ہے، یہاں سے کئی ابواب تک یہی سلسلۂ بیان ہے، سب سے پہلے سورۃ النساء کی آیات ۲۳و۲۴ لکھی ہیں:

﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالاَتُكُمْ وَبَنَاتُ الأَخِ وَبَنَاتُ الأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ الّٰتِيْ أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ وَرَبَائِكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِّسَائِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ، فَإِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ، وَحَلاَئِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ أَصْلاَبِكُمْ، وَأَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الأُخْتَيْنِ إِلاَّ مَا قَدْ سَلَفَ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا○ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلاَّ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ، كِتَابَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ، وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ أَنْ تَبْتَغُوْا بِأَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ، فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهِ مِنْهُنَّ فَآتُوْهُنَّ أُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً، وَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرَاضَيْتُمْ بِهِ مِنْ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا﴾

ترجمہ: حرام کی گئیں تم پر تمہاری مائیں، اور تمہاری بیٹیاں، اور تمہاری بہنیں، اور تمہاری پھوپیاں، اور تمہاری خالائیں، اور بھتیجیاں اور بھانجیاں ــــــ اور تمہاری وہ مائیں جنھوں نے تم کو دودھ پلایا، اور تمہاری دودھ پینے کی وجہ سے بہنیں ــــــ اور تمہاری بیویوں کی مائیں، اور تمہاری بیویوں کی بیٹیاں جو کہ تمہاری پرورش میں ہیں، تمہاری ان بیویوں سے جن سے تم نے صحبت کی ہے، اور اگر تم نے ان بیویوں سے صحبت نہ کی ہو تو تم کو کوئی گناہ نہیں اور تمہارے ان بیٹوں کی بیویاں جو تمہاری نسل سے ہیں ــــــ اور یہ کہ تم دو بہنوں کو ایک ساتھ رکھو، البتہ جو پہلے ہو چکا ــــــ بے شک اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے مہربان ہیں (آیت ۲۳)

اور شوہر والی عورتیں، مگر جو تمہاری مملوکہ ہو جائیں ــــــ اللہ تعالیٰ نے (یہ احکام) تم پر فرض کئے ہیں ــــــ اور حلال کی گئیں تمہارے لئے وہ عورتیں جو ان کے علاوہ ہیں کہ چاہو تم اپنے مالوں کے ذریعہ، درانحالیکہ بیوی بنانے والے ہوؤ، مستی نکالنے والے نہ ہوؤ ــــــ پس جو فائدہ اٹھایا تم نے ان عورتوں سے تو دو تم ان کو ان کے مہر مقرر شدہ اور کوئی گناہ نہیں تم پر اس

(مہر میں) جس پر تم باہم رضا مند ہو جاؤ ــــ بے شک اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے بڑے حکمت والے ہیں! (آیت ۲۴)
امام بخاریؒ نے آیت کی تفسیر میں مسائل بکھیر دیئے ہیں، اس لئے پہلے بالترتیب آیت کے مسائل پیش کئے جاتے ہیں:

نسب کی وجہ سے حرام رشتے

نسب کی وجہ سے سات رشتے حرام ہوتے ہیں، جو درج ذیل ہیں:
۱- **تمہاری مائیں**: یعنی مؤنث و مذکر اصول، مرد پر: ماں، دادی، نانی اوپر تک، اور عورت پر: باپ، دادا، نانا اوپر تک۔
۲- **تمہاری بیٹیاں**: یعنی مؤنث و مذکر فروع، مرد پر: بیٹی، پوتی، نواسی، نیچے تک، اور عورت پر: بیٹا، پوتا، نواسا نیچے تک۔
۳- **تمہاری بہنیں**: یعنی اصل قریب (ماں باپ) کی تمام فروع، مرد پر: بہن، بھتیجی، بھانجی نیچے تک اور عورت پر: بھائی، بھتیجا، بھانجا نیچے تک۔
۴- **تمہاری پھوپیاں**: یعنی مذکر اصل بعید کی تمام صلبی اولاد، مرد پر: پھوپی اور عورت پر چچا اوپر تک۔
۵- **تمہاری خالائیں**: یعنی مؤنث اصل بعید کی تمام صلبی اولاد، مرد پر: خالہ اور عورت پر: ماموں اوپر تک۔
۶ و ۷- **بھتیجیاں اور بھانجیاں**: یعنی اصل قریب کی صلبی اولاد کی فروع: مرد پر: بھتیجی، بھانجی اور عورت پر: بھتیجا، بھانجا نیچے تک۔

نوٹ: نمبر ۶ و ۷ کا تذکرہ اگرچہ نمبر ۳ میں آ گیا ہے، مگر نمبر ۴ و ۵ میں چونکہ صرف صلبی فروع حرام تھیں اور فروع کی فروع حلال تھیں یعنی چچازاد، پھوپی زاد، ماموں زاد، اور خالہ زاد حلال تھیں، اس لئے شبہ ہوسکتا تھا کہ نمبر ۳ میں بھی صرف صلبی فروع حرام ہونگی، اس لئے یہ نمبر ۶ و ۷ لائے کہ نمبر ۳ میں فروع کی فروع بھی نیچے تک حرام ہیں ــــ پس محرمات نسبیہ کا خلاصہ چار رشتے ہیں:
۱- مذکر و مؤنث اصول: باپ، دادا، نانا وغیرہ اوپر تک اور ماں، دادی، نانی اوپر تک۔
۲- مذکر و مؤنث فروع: بیٹا، پوتا، نواسا نیچے تک اور بیٹی، پوتی، نواسی نیچے تک۔
۳- مذکر و مؤنث اصول قریبہ (ماں باپ) کی تمام فروع (صلبی اور غیر صلبی) بھائی بہن، بھتیجا بھانجی نیچے تک۔
۴- مذکر و مؤنث اصول بعیدہ کی تمام صلبی اولاد: چچا، پھوپی، ماموں اور خالہ (اوپر آدم علیہ السلام تک)

دودھ پینے کی وجہ سے حرام رشتے

وہ ساتوں رشتے جو نسب کی وجہ سے حرام ہوتے ہیں: دودھ پینے کی وجہ سے بھی حرام ہو جاتے ہیں، آیت میں بطور مثال دو کا تذکرہ ہے: رضاعی ماں کا اور رضاعی بہن کا، حدیث میں یہ بات آئی ہے، پہلے ابواب الرضاع آ چکے ہیں، وہاں اس کی تفصیل ہے۔

نکاح کی وجہ سے حرام رشتے

نکاح کی وجہ سے جن سے نکاح ناجائز ہے: اس کی دو قسمیں ہیں:

اول: جو ہمیشہ کے لئے حرام ہیں، وہ تین ہیں: بیوی کی ماں (ساس) بیوی کی بیٹی اور بہوئیں، ساس تو عقد ہی سے حرام ہوجاتی ہے، اور بیوی کی بیٹی (ربیبہ) اس وقت حرام ہوتی ہے جب بیوی سے صحبت کی ہو، اگر صحبت سے پہلے بیوی کو طلاق دیدی تو اس کی بیٹی سے نکاح کرسکتا ہے، اور بیٹوں کی بیویوں میں نیچے تک پوتوں اور نواسوں کی بیویاں بھی داخل ہیں، ان سے بھی ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہے۔

دوم: جو ہمیشہ کے لئے حرام نہیں، جب تک بیوی نکاح میں ہے اس کی وہ قرابت دار حرام ہے، اگر بیوی کو طلاق دیدے تو عدت کے بعد اور مرجائے تو اس کی اس رشتہ دار عورت سے نکاح جائز ہے، یہ زوجہ کی بہن، اس کی خالہ، پھوپی، بھتیجی اور بھانجی ہیں۔

نوٹ: تمہاری نسل سے: یعنی نسبی اور رضاعی بیٹے، پوتے، منہ بولے بیٹے (بے پالک) نکل گئے (رضاعی سے احتراز نہیں ہے) —— اور البتہ جو پہلے ہوچکا: یعنی زمانۂ جاہلیت میں جو دو بہنوں کو جمع کرلیتے تھے وہ معاف ہے، لیکن اگر کوئی مسلمان ہو اور نکاح میں دو بہنیں جمع کرے تو بعد والی کو الگ کردیا جائے گا —— اور ربیبہ کی حرمت کے لئے گود میں ہونا یعنی پرورش میں ہونا ضروری نہیں۔

جو عورت کسی کے نکاح میں ہو وہ بھی حرام ہے

جو عورت کسی کے نکاح میں ہو اس کا نکاح اور کسی سے نہیں ہوسکتا، جب تک طلاق یا شوہر کی وفات نہ ہوجائے، البتہ اگر شوہر والی عورت ملک میں آجائے تو وہ حرمت سے مستثنیٰ ہے، اور اس کی صورت یہ ہے کہ اسلامی جہاد میں شوہر والی عورت کو مسلمان قید کرلائیں اور امیر اس کو باندی بنا کر کسی مسلمان کو دیدے تو وہ ایک حیض کے بعد آقا کے لئے حلال ہوجاتی ہے، اگرچہ اس کا کافر شوہر دارالحرب میں زندہ ہو، جبکہ وہ عورت مسلمان ہوجائے یا کتابیہ ہو، اگر وہ مشرک بت پرست ہو تو آقا کے لئے حلال نہیں۔

دین کی وجہ سے حرام عورتیں

مشرک (غیر اہل کتاب) عورت سے نکاح حرام ہے، اور یہ حکم عام ہے، مسلمان مرد کا مشرک عورت سے اور مسلمان عورت کا مشرک مرد سے نکاح نہیں ہوسکتا، بلکہ اگر باندی مشرکہ ہو تو مولیٰ ملکِ یمین سے بھی صحبت نہیں کرسکتا (یہ بات سورۃ البقرۃ آیت ۲۲۱ میں ہے) البتہ کتابیہ عورت (یہودیہ اور عیسائیہ عورت) سے نکاح جائز ہے (یہ بات سورۃ المائدۃ آیت ۵

میں ہے)اور مسلمان عورت کا نکاح کتابی (یہودی اور عیسائی) مرد سے جائز نہیں۔

تعداد کے اعتبار سے حرام عورتیں

اور سورۃ النساء (آیت ۳) میں ہے کہ چار تک ہی عورتوں کو نکاح میں جمع کر سکتا ہے، پانچویں حرام ہے، اور اس پر اجماع ہے، البتہ اس میں غیر مقلدین اور خوارج کا اختلاف ہے، مگر گمراہ فرقوں کا اختلاف اجماع کو متأثر نہیں کرتا، ورنہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت بھی اجماعی نہیں رہے گی، کیونکہ اس میں شیعوں کا اختلاف ہے۔

باپ دادا نانا کی منکوحہ بھی حرام ہے

سورۃ النساء (آیت ۲۲) میں ہے: ﴿وَلَا تَنْكِحُوْا مَانَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ﴾: اور ان عورتوں سے نکاح مت کرو جن سے تمہارے باپ (دادا، نانا) نکاح کر چکے ہیں، مگر جو بات گذر گئی سو گذر گئی! (اور حنفیہ کے نزدیک: جس عورت سے باپ نے زنا کیا ہے اس سے بھی بیٹا نکاح نہیں کر سکتا)

وہ عورتیں جن سے نکاح حلال ہے

جن عورتوں کی حرمت بیان ہو چکی ان کے سوا سب عورتیں حلال ہیں، چار شرطوں کے ساتھ:

اول: تم چاہو یعنی طلب کرو یعنی زبان سے دونوں طرف سے ایجاب وقبول ہو جائے۔

دوم: اپنے مالوں کے ذریعہ یعنی مہر دینا قبول کرو ـــــ مہر نکاح میں لازم ہے، مگر ایجاب وقبول کے وقت اس کی تعیین اور تذکرہ ضروری نہیں۔

سوم: بیوی بنانے والے ہو، مستی نکالنے والے نہ ہو، یعنی ان عورتوں کو قبضہ میں رکھنا مقصود ہو، صرف مستی نکالنا اور شہوت رانی مقصود نہ ہو، پس متعہ نکل گیا، اس میں ہمیشہ کے لئے نکاح میں رکھنا نہیں ہوتا، صرف وقتی فائدہ اٹھانا پیش نظر ہوتا ہے۔

چہارم: مخفی طور پر دوستی نہ ہو (سورۃ المائدہ آیت ۵) پس نکاح گواہوں کی موجودگی میں ہونا ضروری ہے، خفیہ معاملہ زنا ہے۔

مہر دینا لازم ہے، اور اس میں کمی بیشی جائز ہے

نکاح کے بعد عورت سے فائدہ اٹھا لیا، اگرچہ تھوڑا ہی ہو (ایک ہی مرتبہ صحبت کی ہو یا خلوت صحیحہ ہو گئی ہو) تو پورا مہر دینا لازم ہے، اور اگر خلوت سے پہلے طلاق ہو جائے تو آدھا مہر دینا ضروری ہے، اور اگر میاں بیوی مہر مقرر کرنے کے بعد کمی بیشی پر راضی ہو جائیں تو اس میں کچھ گناہ نہیں، ایسا کیا جا سکتا ہے۔

آخر میں فرمایا: اللہ تعالیٰ بندوں کی مصلحتوں کو خوب جانتے ہیں اور ان کا ہر حکم سراسر حکمت آمیز ہوتا ہے، پس اس کی پیروی میں دارین کی خوبی ہے اور اس کی خلاف ورزی میں سراسر خرابی ہے۔

[٢٤-] بَابُ مَا يَحِلُّ مِنَ النِّسَاءِ وَمَا يَحْرُمُ

وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ﴾ إِلٰى آخِرِ الْآيَتَيْنِ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا﴾

[١-] وَقَالَ أَنَسٌ: ﴿وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ﴾ ذَوَاتُ الْأَزْوَاجِ الْحَرَائِرُ حَرَامٌ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ، لَايَرَى بَأْسًا أَنْ يَنْزِعَ الرَّجُلُ جَارِيَتَهُ مِنْ عَبْدِهِ.

آیات کا ترجمہ آ گیا ـــــ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سورۃ النساء آیت ۲۴ میں محصنات کے معنی ہیں: شوہر والی آزادعورتیں (ان سے نکاح) حرام ہے، مگر جن کے مالک ہوجائیں تمہارے دائیں ہاتھ یعنی وہ تمہاری مملوکہ باندیاں ہوجائیں، تو وہ اگرچہ شادی شدہ ہوں مستثنیٰ ہیں حرام نہیں۔

مسئلہ: نہیں حرج سمجھتے تھے انسؓ کہ کھینچ لے آدمی اپنی باندی کو اپنے غلام سے یعنی اگر اس نے اپنی باندی کا نکاح اپنے غلام سے کردیا ہو تو بھی مولیٰ اس سے صحبت کرسکتا ہے ـــــ حضرت انسؓ نے ماملكت أيمانكم کا مصداق اس صورت کو بھی قرار دیا ہے، مگر اکثر علماء اس سے متفق نہیں، ان کے نزدیک قید میں آنے والی باندیاں مراد ہیں، جن کے شوہر دارالکفر میں زندہ ہیں، والأكثر على أن المراد بالاستثناء في قوله: ﴿إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ المسبيات إذا كن متزوجات حلال لمن سباهن (فتح) کیونکہ نکاح کردینے کے بعد مولیٰ باندی سے صحبت یا بوس وکنار نہیں کرسکتا۔

[٢-] وَقَالَ: ﴿وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ﴾

[٣-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَازَادَ عَلٰى أَرْبَعٍ فَهُوَ حَرَامٌ، كَأُمِّهِ وَابْنَتِهِ وَأُخْتِهِ.

وقال: أي وقال الله تعالىٰ، سورۃ البقرۃ آیت ۲۲۱ میں ہے کہ مشرک عورتوں سے نکاح حرام ہے ـــــ اور ابن عباسؓ نے فرمایا: چار سے زیادہ عورتیں قطعی حرام ہیں یعنی پانچویں حرام ہے، اس کی ماں، بیٹی اور بہن کی طرح یعنی قطعی طور پر۔

[٥١٠٥-] وَقَالَ لَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي حَبِيْبٌ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: حَرُمَ مِنَ النَّسَبِ سَبْعٌ، وَمِنَ الصِّهْرِ سَبْعٌ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ﴾ الأية.

[٤-] وَجَمَعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، بَيْنَ ابْنَةِ عَلِيٍّ وَامْرَأَةِ عَلِيٍّ. وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: لَابَأْسَ بِهِ. وَكَرِهَهُ الْحَسَنُ مَرَّةً ثُمَّ قَالَ: لَابَأْسَ بِهِ.

[٥-] وَجَمَعَ الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ بَيْنَ ابْنَتَيْ عَمٍّ فِيْ لَيْلَةٍ، وَكَرِهَهُ جَابِرُ بْنُ زَيْدٍ لِلْقَطِيْعَةِ، وَلَيْسَ فِيْهِ تَحْرِيْمٌ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَأُحِلَّ لَكُمْ مَّاوَرَآءَ ذٰلِكُمْ﴾ [النساء: ٢٤]

حدیث: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نسب (ناتے) کی وجہ سے سات عورتیں حرام ہیں، اور ازدواجی قرابت یعنی غیر نسبی رشتہ داری سے سات عورتیں حرام ہیں۔ پھر سورۃ النساء کی آیت ۲۳ پڑھی —— اور اسماعیلی کی روایت میں قرأ الآیتین ہے یعنی آیات ۲۳ و ۲۴ پڑھیں، اور طبرانی کی روایت میں ہے: ثم قرأ: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ﴾ حتی بلغ: ﴿وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ﴾ ثم قال: هذا النسب، ثم قرأ: ﴿وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ﴾ حتی بلغ: ﴿وَأَنْ تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ﴾ وقرأ: ﴿وَلَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ﴾ فقال: هذا الصهر (فتح)

جاننا چاہئے کہ پوری روایت اس طرح ہے، اور صِہْر (دامادی) میں رَضاع کو بھی شامل کیا ہے، پس وہ سات عورتیں یہ ہیں: (۱) رضاعی ماں (۲) رضاعی بہن (۳) ساس (۴) ربیبہ (۵) بہوئیں (۶) جمع بین الاختین (۷) منکوحۃ الاب۔

سوال: دودھ پینے سے بھی نسب کی طرح سات رشتے حرام ہوتے ہیں؟

جواب: جی ہاں! مگر حضرت ابن عباسؓ نے آیات میں منصوص رشتوں کو گنا ہے، حدیث میں جن کا ذکر ہے ان کو نہیں لیا۔

سوال: رضاعت تو صہر (دامادی) نہیں ہے!

جواب: صہر سے مراد غیر نسب ہے، پس رضاعت بھی اس میں شامل ہے۔

جمع بین الاختین کا مطلب

حدیث میں ہے کہ پھوپی، بھتیجی اور خالہ بھانجی کو نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں، یعنی یہ بھی جمع بین الاختین کے حکم میں ہے، چنانچہ فقہاء نے ضابطہ بنایا ہے کہ ایسی دو عورتیں جن میں سے کسی کو بھی مرد فرض کیا جائے تو دوسری سے اس کا نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہو، جیسے پھوپی بھتیجی میں یہ بات فرض کریں گے تو چچا بھتیجی یا پھوپی بھتیجا ہوں گے، اور ان میں نکاح کبھی نہیں ہوسکتا، پس ان کو بھی نکاح میں جمع کرنا حرام ہے —— جب یہ ضابطہ منقح ہوگیا تو درج ذیل دو صورتیں خارج ہوگئیں:

پہلی صورت: ایک شخص کی بیوی اور اس کی بیٹی کو نکاح میں جمع کر سکتے ہیں، عبد اللہ بن جعفر نے حضرت علیؓ کی بیٹی زینب یا ام کلثوم کو اور ان کی بیوی لیلیٰ نہشلیہ کو نکاح میں جمع کیا، ابن سیرین نے کہا: اس میں کچھ حرج نہیں، حسن بصریؒ نے پہلے ناجائز کہا، پھر فرمایا: جائز ہے۔

دوسری صورت: دو چچازاد بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا جائز ہے، حسن بن حسن بن علیؓ نے دو چچازاد بہنوں کو نکاح میں جمع کیا ہے، ایک: محمد بن الحنفیہ کی لڑکی کو، دوسری: عمر بن علی کی لڑکی کو، بلکہ دونوں سے ایک ہی رات میں صحبت بھی کی ہے —— البتہ ابوالشعثاء جابر بن زید (تابعی) اس کو ناپسند کرتے تھے، وہ اس کو قطع رحمی کا باعث گردانتے تھے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ نکاح حرام نہیں، کیونکہ محرمات کے علاوہ سب عورتیں بہ نص قرآنی حلال ہیں، اور یہ محرمات میں شامل نہیں، پس یہ جمع کرنا درست ہے۔

تشریح: دو بہنوں کو جمع کرنے کی حرمت کی وجہ قطع رحمی کا اندیشہ ہے، کیونکہ سوکنیں ایک دوسرے پر جلتی ہیں، پھر بغض

وحسد کی آگ دونوں کے رشتہ داروں تک پہنچتی ہے، اور رشتہ داروں میں بغض وحسد نہایت برا اور سخت قبیح ہے، اسی وجہ سے حضرت جابر بن زید، عطاء بن ابی رباح اور حسن بصری رحمہم اللہ نے دو چچازاد بہنوں کو نکاح میں جمع کرنے کو ناپسند کیا۔ مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جمع بین الاختین کی ممانعت سے جو ضابطہ بنا ہے: یہ صورت اس میں شامل نہیں، اس لئے یہ جمع کرنا جائز ہے۔

[٦-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِذَا زَنَى بِأُخْتِ امْرَأَتِهِ لَمْ تَحْرُمْ عَلَيْهِ امْرَأَتُهُ.

[٧-] وَيُرْوَى عَنْ يَحْيَى الْكِنْدِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ وَأَبِي جَعْفَرٍ، فِيْمَنْ يَلْعَبُ بِالصَّبِيِّ: إِنْ أَدْخَلَهُ فِيْهِ، فَلاَ يَتَزَوَّجَنَّ أُمَّهُ، وَيَحْيَى هٰذَا غَيْرُ مَعْرُوْفٍ، لَمْ يُتَابَعْ عَلَيْهِ.

[٨-] وَقَالَ عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: إِذَا زَنَى بِهَا لاَتَحْرُمُ عَلَيْهِ امْرَأَتُهُ، وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِي نَصْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: حَرَّمَهُ. وَأَبُوْ نَصْرٍ هٰذَا لَمْ يُعْرَفْ بِسَمَاعِهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

وَرُوِىَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ وَالْحَسَنِ وَبَعْضِ أَهْلِ الْعِرَاقِ: تَحْرُمُ عَلَيْهِ، وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: لاَتَحْرُمُ عَلَيْهِ حَتّٰى يُلْزِقَ بِالْأَرْضِ، يَعْنِي يُجَامِعَ وَجَوَّزَهُ ابْنُ الْمُسَيَّبِ وَعُرْوَةُ وَالزُّهْرِيُّ وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: قَالَ عَلِيٌّ: لاَتَحْرُمُ، وَهٰذَا مُرْسَلٌ.

سالی سے زنا کرنے کا حکم

سالی کے ساتھ زنا کرنے سے بیوی حرام نہیں ہوتی، ابن عباسؓ فرماتے ہیں: اگر کوئی اپنی سالی سے زنا کرے تو اس پر اس کی بیوی حرام نہیں ہوگی، کیونکہ یہ جمع بین الاختین نہیں ہے، نکاح سے جمع کرنا حرام ہے، قاله ابن بطال (عمدة)

لواطت کا حکم

لواطت سے امام احمد اور امام اوزاعی رحمہما اللہ کے علاوہ کسی کے نزدیک حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ عامر شعبی اور ابو جعفر باقر رحمہما اللہ فرماتے ہیں: کوئی شخص کسی بچے کے ساتھ کھیل رہا تھا، پس اگر وہ اس سے لواطت کرے (ذکر بچے کی دبر میں داخل کرے) تو وہ اس کی ماں سے ہرگز نکاح نہ کرے، یعنی لواطت سے بھی حرمت مصاہرت ثابت ہوجاتی ہے —— امام بخاری رحمہ اللہ رد کرتے ہیں کہ یہ یحییٰ بن قیس کندی کی روایت ہے، اور وہ معروف العدالہ نہیں، نہ اس کا کوئی متابع ہے۔

زنا اور دواعی جماع کا حکم

امام شافعی، امام مالک کی موطا کی روایت اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک زنا اور دواعی جماع سے حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوتی، اور امام ابو حنیفہ، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ کے نزدیک حرمت مصاہرت کا ثبوت جس طرح جائز وطی

سے ہوتا ہے حرام وطی (زنا) سے بھی ہوتا ہے، اور احناف کے نزدیک دواعی جماع بہ حکم جماع ہیں، ائمہ ثلاثہ اس کے قائل نہیں (احناف کے دلائل میرے رسالہ ''حرمتِ مصاہرت'' میں ہیں، اسی طرح زنا سے جمہور کے نزدیک حرمت مصاہرت ثابت ہوجاتی ہے: اس کے دلائل بھی حرمت مصاہرت میں ہیں)

روایات:

۱- ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ اگر کوئی کسی عورت سے زنا کرے تو اس پر مزنیہ کی ماں حرام نہیں ہوتی۔

۲- اور ابونصر کی ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حرمت ثابت ہوجاتی ہے —— امام بخاریؒ فرماتے ہیں: ابونصر کا ابن عباسؓ سے سماع معلوم نہیں —— مگر ابوزرعہ رازی کہتے ہیں: یہ راوی اسدی ہے، ثقہ ہے اور ابن عباسؓ سے اس کا سماع ثابت ہے (عمدۃ)

۳- حضرات عمران بن الحصینؓ (صحابی) جابر بن زید، حسن بصری اور بعض اہل عراق (نخعی، ابوحنیفہ) کے نزدیک زنا سے حرمت ثابت ہوجاتی ہے۔

۴- ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ حرمت ثابت نہیں ہوگی، یہاں تک کہ وہ زمین کے ساتھ چپکا دے یعنی صحبت کرے یعنی زنا سے تو حرمت ثابت ہوگی، دواعی جماع سے حرمت ثابت نہیں ہوگی۔

۵- حضرات ابن المسیب، عروہ اور زہری رحمہ اللہ کے نزدیک حرمت ثابت نہ ہوگی، وہ کہتے ہیں: حرام: حلال کو حرام نہیں کرتا، بلکہ زہریؒ حضرت علیؓ سے یہ بات روایت بھی کرتے ہیں، مگر روایت منقطع ہے (مرسل بمعنی منقطع ہے)

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَرَبَائِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِّسَائِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ﴾

سوتیلی لڑکی کے سلسلہ کے تین مسائل

رَبَائب: ربیبۃ کی جمع ہے: سوتیلی لڑکی (جو دوسرے خاوند سے ہے)........... حُجُوْر: حِجْر کی جمع: گود، پرورش۔
یہ تکمیلی باب ہے، اس باب میں سوتیلی لڑکی کے سلسلہ کے تین مسائل ہیں۔

۱- دخلتم بھن میں دخول سے کیا مراد ہے؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جماع مراد ہے، یہی امام بخاری رحمہ اللہ اور اصحابِ ظواہر کی رائے ہے، اور ائمہ ثلاثہ خلوتِ صحیحہ کو بھی بہ حکم جماع رکھتے ہیں۔

۲- ربیبہ کے حکم میں اس کی بیٹی بھی شامل ہے، دخول کے بعد ربیبہ کی بیٹی بھی حرام ہے، جیسے پوتے کی بیوی بھی بیٹے کی بیوی کی طرح حرام ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

۳- فی حجورکم: جو تمہاری پرورش میں ہے: یہ قید اتفاقی ہے یا احترازی؟ غیر مقلدین کے نزدیک احترازی ہے، پس اگر سوتیلی لڑکی پرورش میں نہ ہو تو اس سے نکاح جائز ہے، اور ائمہ اربعہ کے نزدیک یہ قید أغلبی ہے یعنی عام طور پر سوتیلی

بیٹی سوتیلے باپ کی پرورش میں ہوتی ہے، اس لئے اس کا ذکر کیا ہے، یہاں مفہوم مخالف معتبر نہیں، سوتیلی لڑکی سوتیلے باپ کی پرورش میں ہو یا نہ ہو: اس سے نکاح حرام ہے۔

دلائل:

پہلے مسئلہ کی دلیل: حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے کہ قرآن میں دخول، مسیس اور لماس کے معنی جماع ہیں، اللہ تعالیٰ چونکہ شرمیلے باوقار ہیں اس لئے کنائی الفاظ استعمال کرتے ہیں، پس ﴿دَخَلْتُمْ بِهِنَّ﴾ کے معنی: بیوی کے پاس گھر (تنہائی) میں جانا نہیں ہیں، بلکہ صحبت کرنا مراد ہے —— اور جمہور کہتے ہیں: ''تأکدمہر میں خلوت صحیحہ بمنزلہ صحبت ہے، پس یہاں بھی وہ بہ حکم جماع ہے۔

دوسرے مسئلہ کی دلیل: باب کی روایت ہے، نبی ﷺ نے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: لاتَعْرِضَنَّ عَلَیَّ بَنَاتِکن ولا أخواتکن: ہرگز میرے سامنے اپنی بیٹیوں کو اور اپنی بہنوں کو پیش مت کرو —— یہ حدیث عام ہے، بیٹی تو بیٹی ہے، نواسی بھی بیٹی ہے، جیسے بیٹے کی بیوی بہو ہے، اسی طرح پوتے کی بیوی بھی بہو ہے۔

تیسرے مسئلہ کی دلیل: نبی ﷺ نے اپنی ربیبہ زینبؓ کو پرورش کے لئے نوفل اشجعیؓ کے حوالے کیا تھا، پھر بھی راوی نے اس کو ربیبہ کہا ہے، معلوم ہوا کہ ﴿فِیْ حُجُوْرِکُمْ﴾ کی قید أغلبی ہے، احترازی نہیں۔

دوسرے مسئلہ کی دوسری دلیل: نبی ﷺ نے اپنے نواسے (بیٹی کے بیٹے) کو ابن (بیٹا) کہا ہے، فرمایا: ''میرا یہ بیٹا سردار ہے!''

[۲۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَرَبَائِبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِّسَائِكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ﴾

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الدُّخُوْلُ وَالْمَسِيْسُ وَاللِّمَاسُ هُوَ الْجِمَاعُ.

[۲-] وَمَنْ قَالَ: بَنَاتُ وَلَدِهَا هُنَّ بَنَاتُهُ فِی التَّحْرِيْمِ، لِقَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم لِأُمِّ حَبِيْبَةَ: ''لَاتَعْرِضَنَّ عَلَیَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا أَخَوَاتِكُنَّ'' وَكَذٰلِكَ حَلَائِلُ وَلَدِ الْأَبْنَاءِ هُنَّ حَلَائِلُ الْأَبْنَاءِ.

[۳-] وَهَلْ تُسَمَّی الرَّبِيْبَةَ، وَإِنْ لَمْ تَكُنْ فِیْ حَجْرِهِ؟ وَدَفَعَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم رَبِيْبَةً لَهُ إِلٰی مَنْ يَكْفُلُهَا.

[۴-] وَسَمَّی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم ابْنَ ابْنَتِهِ ابْنًا.

[۵۱۰۶-] حدثنا الْحُمَيْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ، عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! هَلْ لَكَ فِیْ بِنْتِ أَبِیْ سُفْيَانَ؟ قَالَ: '' فَأَفْعَلُ مَاذَا؟'' قُلْتُ: تَنْكِحُ، قَالَ: ''أَتُحِبِّيْنَ؟'' قُلْتُ: لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ، وَأَحَبُّ مَنْ شَرِكَنِیْ فِيْكَ أُخْتِیْ. قَالَ: '' إِنَّهَا لَاتَحِلُّ لِیْ''

قلْتُ: بَلَغَنِيْ أَنَّكَ تَخْطُبُ دُرَّةَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ. قَالَ: "ابْنَةَ أُمِّ سَلَمَةَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: "لَوْ لَمْ تَكُنْ رَبِيْبَتِيْ مَا حَلَّتْ لِيْ؛ أَرْضَعَتْنِيْ وَأَبَاهَا ثُوَيْبَةُ، فَلاَ تَعْرِضَنَّ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلاَ أَخَوَاتِكُنَّ" وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ: دُرَّةُ بِنْتُ أُمِّ سَلَمَةَ.[راجع: ۵۱۰۱]

حوالہ: یہ حدیث ابھی گذری ہے، سفیان کی سند میں ام سلمہؓ کی لڑکی کا نام نہیں ہے، امام لیثؒ کی سند میں اس کا نام دُرَّة (موتی) ہے۔ لیث کی سند سے روایت اگلے باب میں ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ﴾

دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے

یہ بھی تکمیلی باب ہے، اور مسئلہ پہلے آچکا ہے، اور روایت گذشتہ باب والی ہے، ام حبیبہؓ نے اپنی بہن کی پیش کش کی تھی کہ آپؐ ان سے نکاح کرلیں، آپؐ نے فرمایا: "وہ میرے لئے حلال نہیں" کیونکہ جمع بین الاختین حرام ہے۔

[۲۶-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَأَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ﴾

[۵۱۰۷-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عُرْوَةَ ابْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ زَيْنَبَ ابْنَةَ أَبِيْ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أُمَّ حَبِيْبَةَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! انْكِحْ أُخْتِيْ بِنْتَ أَبِيْ سُفْيَانَ، قَالَ: "وَتُحِبِّيْنَ؟" قَالَتْ: نَعَمْ، لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ، وَأَحَبُّ مَنْ شَارَكَنِيْ فِيْ خَيْرٍ أُخْتِيْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ ذٰلِكَ لاَ يَحِلُّ لِيْ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! فَوَ اللهِ إِنَّا لَنَتَحَدَّثُ أَنَّكَ تُرِيْدُ أَنْ تَنْكِحَ دُرَّةَ بِنْتَ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: "بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "فَوَ اللهِ لَوْ لَمْ تَكُنْ فِيْ حَجْرِيْ مَاحَلَّتْ لِيْ، إِنَّهَا لاَبْنَةُ أَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ، أَرْضَعَتْنِيْ وَأَبَا سَلَمَةَ ثُوَيْبَةُ، فَلاَ تَعْرِضَنَّ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلاَ أَخَوَاتِكُنَّ"[راجع: ۵۱۰۱]

بَابٌ: لاَ تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا

پھوپی بھتیجی اور خالہ بھانجی کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے

یہ بھی تکمیلی باب ہے، تفصیل پہلے آچکی ہے کہ ایسی دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے کہ اگر ان میں سے ایک کو مرد فرض کریں تو دوسری سے اس کا نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہو، پھوپی بھتیجی میں سے کسی کو بھی مرد فرض کریں گے تو چچا بھتیجی یا پھوپی بھتیجا ہونگے اور ان میں نکاح حرام ہے۔ اسی طرح خالہ بھانجی کو جمع کرنا بھی حرام ہے، خواہ وہ لڑکی کی خالہ (ماں کی

بہن) ہو یا باپ کی یا ماں کی خالہ ہو: ان کو جمع کرنا حرام ہے۔

[۲۷-] بَابٌ: لَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا

[۵۱۰۸-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، سَمِعَ جَابِرًا قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُنْكَحَ الْمَرْأَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا أَوْ خَالَتِهَا. وَقَالَ دَاوُدُ، وَابْنُ عَوْنٍ: عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

[۵۱۰۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَايُجْمَعُ بَيْنَ الْمَرْأَةِ وَعَمَّتِهَا، وَلَا بَيْنَ الْمَرْأَةِ وَخَالَتِهَا"

[طرفه: ۵۱۱۰]

[۵۱۱۰-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ قَبِيْصَةُ بْنُ ذُؤَيْبٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُنْكَحَ الْمَرْأَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا، وَالْمَرْأَةُ وَخَالَتُهَا. فَنُرَى خَالَةَ أَبِيْهَا بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ. [راجع: ۵۱۰۹]

[۵۱۱۱-] لِأَنَّ عُرْوَةَ حَدَّثَنِيْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: حَرِّمُوْا مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ.

[راجع: ۲۶۴۴]

قولہ: فَنُرٰی: امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہمارے گمان میں لڑکی کو اور اس کے باپ کی خالہ کو جمع کرنا بھی جائز نہیں، لڑکی کے باپ کی خالہ بمنزلۂ اس کی خالہ کے ہے، اور دلیل میں امام زہری نے رضاعت کا مسئلہ پیش کیا ہے: جس کی ضرورت نہیں تھی۔

بَابُ الشِّغَارِ

نکاحِ شغار کا بیان

اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں۔ نکاحِ شغار: یہ ہے کہ دو شخص ایک دوسرے سے اپنی بیٹی یا بہن یا زیر تحویل عورت کا نکاح کریں، اور ان کی شرمگاہوں کو ایک دوسرے کا مہر مقرر کریں، دوسرا کچھ مہر نہ ہو، اور اس طرح ایجاب وقبول کریں کہ میں نے اپنی فلاں بیٹی یا بہن کو تمہارے نکاح میں دیا، اس طرح پر کہ تم اپنی فلاں بیٹی یا بہن کو میرے نکاح میں دو، اور دوسرا قبول کرے تو یہ نکاح شغار ہے اور ممنوع ہے —— شِغَار کے معنی ہیں: خالی (جس میں کوئی چیز نہ ہو) چونکہ ادلا بدلی کی شادی میں مہر نہیں ہوتا، اس لئے اس کو نکاح شغار کہتے ہیں۔

مسئلہ: اگر کوئی ایسا نکاح کرے تو کیا حکم ہے؟ حنفیہ کے نزدیک نکاح صحیح ہوگا، اور شرط باطل، اور دونوں کا مہر مثل واجب ہوگا، کیونکہ نکاح اَیمان (قسموں) میں سے ہے، اور اَیمان میں شرط فاسد خود فاسد ہوجاتی ہے، اور عقد صحیح ہوجاتا ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نکاح صحیح نہیں ہوگا، مہر مقرر کرکے از سر نو نکاح کرے۔

[٢٨-] بَابُ الشِّغَارِ

[٥١١٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الشِّغَارِ، وَالشِّغَارُ: أَنْ يُزَوِّجَ الرَّجُلُ ابْنَتَهُ عَلٰى أَنْ يُزَوِّجَهُ الآخَرُ ابْنَتَهُ، لَيْسَ بَيْنَهُمَا صَدَاقٌ. [طرفه: ٦٩٦٠]

ملحوظہ: شغار کی تفسیر مرفوع ہے یا نافع کا یا امام مالک کا قول ہے: معلوم نہیں، سب احتمال ہیں۔

بَابٌ: هَلْ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَهَبَ نَفْسَهَا لِأَحَدٍ

کیا عورت کسی کو اپنی ذات بخش سکتی ہے؟

ذات بخشنا یعنی مہر کے تذکرہ کے بغیر یا مہر کے ذکر کے ساتھ نکاح کرنا، احناف کے نزدیک: جائز ہے، اور مہر کا تذکرہ نہیں کیا تو مہر مثل واجب ہے، اور جمہور کے نزدیک جائز نہیں، ان کے نزدیک نکاح لفظ تزویج یا انکاح ہی سے منعقد ہوتا ہے، بیع، تملیک اور ہبہ کے الفاظ سے نکاح منعقد نہیں ہوتا، چونکہ مسئلہ اختلافی تھا اس لئے امام صاحب نے ہَل چلایا ہے، فیصلہ نہیں کیا، اور اپنی رائے محفوظ رکھی ہے۔

اور حدیث پہلے کتاب التفسیر میں سورۃ الاعراف (آیت ۵۱) کی تفسیر میں آچکی ہے، اور حنفیہ کی دلیل ہے کہ لفظ ہبہ سے بھی نکاح منعقد ہوجاتا ہے۔

سوال: ہبہ سے نکاح کا انعقاد تو نبی ﷺ کی خصوصیت تھی، سورۃ الاحزاب (آیت ۵۰) میں اس کی صراحت ہے۔

جواب: مہر کے بغیر نکاح نبی ﷺ کی خصوصیت تھی ﴿آتَيْتَ أُجُوْرَهُنَّ﴾ سے مقابلہ اس کی دلیل ہے، لفظ ہبہ سے نکاح کا انعقاد خصوصیت نہیں تھی (یہ بات حاشیہ میں ہے)

[٢٩-] بَابٌ: هَلْ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَهَبَ نَفْسَهَا لِأَحَدٍ

[٥١١٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَتْ خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيْمٍ مِنَ اللَّاتِيْ وَهَبْنَ أَنْفُسَهُنَّ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: أَمَا

تَسْتَحْيِي الْمَرْأَةُ أَنْ تَهَبَ نَفْسَهَا لِلرَّجُلِ؟ فَلَمَّا نَزَلَتْ: ﴿تُرْجِيْ مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ﴾[الأحزاب: ٥١] قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا أَرَى رَبَّكَ إِلَّا يُسَارِعُ فِيْ هَوَاكَ!

رَوَاهُ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْمُؤَدِّبُ وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ وَعَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، يَزِيْدُ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ. [راجع: ٤٧٨٨]

بَابُ نِكَاحِ الْمُحْرِمِ

محرم کا نکاح کرنا

یہ باب اور یہ حدیث پہلے کتاب الحج (تحفۃ القاری ۴:۵۳۱) میں آچکی ہے، احرام میں نکاح پڑھنا پڑھانا احناف اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک جائز ہے، حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا نکاح آپؐ سے حالت احرام میں ہوا ہے، اور یہ حدیث اصح مافی الباب ہے، البتہ احرام میں جماع اور دواعی جماع کی مطلق گنجائش نہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نکاح باطل اور کالعدم ہے، تفصیل کے لئے محولا بالا مقام کی مراجعت کریں۔

[٣٠-] بَابُ نِكَاحِ الْمُحْرِمِ

[٥١١٤-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، قَالَ: أَخْبَرَنَا جَابِرُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: أَنْبَأَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ: تَزَوَّجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُحْرِمٌ. [راجع: ١٨٣٧]

بَابُ نَهْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ أَخِيْرًا

نکاح متعہ سے رسول اللہ ﷺ نے آخر میں منع کردیا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں نکاح کے چار طریقے رائج تھے، ان میں سے تین طریقے نہایت شرمناک تھے، اس لئے ان کو پہلے ہی دن سے کنڈم کردیا، وہ تین طریقے یہ تھے:

۱- چند آدمی (دس سے کم) ایک عورت کے پاس جاتے، اور اس کی رضامندی سے سب اس سے صحبت کرتے، پھر اگر عورت عاملہ ہوجاتی اور بچہ جنتی تو وہ ان سب آدمیوں کو بلاتی، اور کسی کو نامزد کرتی کہ یہ تیرا بچہ ہے، اور اس کو ماننا پڑتا، انکار نہیں کرسکتا تھا۔

۲- پیشہ ور قحبہ (رنڈی) سے بہت لوگ جنسی تعلق قائم کرتے، پھر اگر اس کو حمل رہ جاتا اور وہ بچہ جنتی تو قیافہ شناس بلایا جاتا، وہ علامات دیکھ کر فیصلہ کرتا کہ یہ فلاں کا بچہ ہے اور اس کو ماننا پڑتا۔

۳- جب کسی کی بیوی حیض سے پاکی ہوتی —— جبکہ رحم میں حمل قبول کرنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے —— تو شوہر اپنی بیوی سے کہتا کہ فلاں شخص سے جنسی تعلق قائم کر، پھر حمل ظاہر ہونے تک شوہر بیوی سے کنارہ کش رہتا، جب حمل کے آثار ظاہر ہوتے تو شوہر اپنی بیوی سے صحبت کرتا، اور ایسا اس لئے کیا جاتا تھا کہ لڑکا نجیب (بڑی شان والا) پیدا ہو، عرب کے بعض نیچ قبائل ایسا کرتے تھے۔

اسلام نے ان تینوں شرمناک طریقوں کو ختم کردیا، اور ایک شریفانہ طریقہ باقی رکھا، وہ یہ ہے کہ ایک آدمی کی طرف سے دوسرے آدمی کو اس کی بیٹی یا زیر ولایت کسی لڑکی کے نکاح کے لئے پیام دیا جائے، پھر وہ مناسب مہر مقرر کر کے اس لڑکی کا اس آدمی سے نکاح کردے —— پھر اس کی دو صورتیں ہوتی تھیں: مؤبد اور موقت۔ مؤبد یعنی ہمیشہ کے لئے، یہی اسلامی نکاح ہے، اسی کو اسلام نے باقی رکھا ہے، اور موقت یعنی مقررہ مدت کے لئے نکاح، اس کا نام نکاح موقت اور متعہ ہے، شروع اسلام میں اس کو باقی رکھا گیا تھا، مگر چونکہ یہ نکاح پوری طرح مقاصد سے ہم آہنگ نہیں تھا اس لئے بعد میں اس کی ممانعت کردی، اور نکاح متعہ پوری طرح مقاصد سے ہم آہنگ کیوں نہیں؟ اس کی تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۶۶:۵ اور تحفۃ الالمعی ۵۵۲:۳) میں ہے، اور نکاح متعہ کی ممانعت کا بیان پہلے (تحفۃ القاری ۳۱۸:۸) آچکا ہے، اس کی ضرور مراجعت کرلی جائے۔

[۳۱-] بَابُ نَهْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ أَخِيْرًا

[۵۱۱۵-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ الزُّهْرِيَّ يَقُوْلُ: أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، وَأَخُوْهُ عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِمَا: أَنَّ عَلِيًّا قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ زَمَنَ خَيْبَرَ. [راجع: ۴۲۱۶]

[۵۱۱۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ، سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ: سُئِلَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ فَرَخَّصَ، فَقَالَ لَهُ مَوْلًى لَهُ: إِنَّمَا ذٰلِكَ فِي الْحَالِ الشَّدِيْدِ وَفِي النِّسَاءِ قِلَّةٌ أَوْ نَحْوَهُ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نَعَمْ.

وضاحت: پہلی حدیث حسن اور عبداللہ اپنے والد محمد بن الحنفیہ سے روایت کرتے ہیں، یہی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳۱۸:۸) آئی ہے، اور دوسری حدیث میں ابن عباسؓ نے جو جواز کی بات کہی ہے وہ مقدم رائے ہے، پھر انھوں نے اپنے قول سے رجوع کرلیا تھا، جب ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مذکورہ حدیث سنائی، چنانچہ اب امت کا حرمت متعہ پر اجماع ہے، البتہ شیعہ اب بھی جواز کے قائل ہیں، مگر ان کا متعہ حدیثوں کے متعہ سے الگ ہے، وہ سراسر زنا ہے (تحفۃ القاری ۳۱۹:۸)

[۵۱۱۷و۵۱۱۸-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو: عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَسَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَا: كُنَّا فِيْ جَيْشٍ فَأَتَانَا رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

"إِنَّـهُ قَدْ أُذِنَ لَكُمْ أَنْ تَسْتَمْتِعُوْا فَاسْتَمْتِعُوْا"

[۵۱۱۹-] وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ: حَدَّثَنِيْ إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " أَيُّمَا رَجُلٍ وَامْرَأَةٍ تَوَافَقَا فَعِشْرَةُ مَا بَيْنَهُمَا ثَلَاثُ لَيَالٍ، فَإِنْ أَحَبَّا أَنْ يَتَزَايَدَا أَوْ يَتَتَارَكَا تَتَارَكَا" فَمَا أَدْرِيْ أَشَيْئٌ كَانَ لَنَا خَاصَّةً أَمْ لِلنَّاسِ عَامَّةً. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَبَيَّنَهُ عَلِيٌّ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّـهُ مَنْسُوْخٌ.

ترجمہ(۱): ہم کسی لشکر میں تھے (معلوم نہیں کس غزوہ کا واقعہ ہے) پس ہمارے پاس اللہ کے رسول کا قاصد آیا: (اس نے کہا:) بے شک شان یہ ہے کہ تحقیق اجازت دی گئی تمہیں کہ فائدہ اٹھاؤ تم یعنی نکاح متعہ کرو پس نکاح متعہ کیا انھوں نے (ثانی فعل ماضی ہے اور ت پر زبر)

(۲) جو بھی مرد وزن متفق ہو جائیں یعنی نکاح متعہ کریں، پس آپس داری (اختلاط) جو دونوں کے درمیان ہو تین راتیں ہے، یعنی لفظ متعہ سے نکاح کیا اور مدت نکاح متعین نہیں کی تو وہ نکاح تین دن کے لئے ہے، پھر اگر دونوں چاہیں کہ بڑھیں (تو بڑھیں) اور اگر دونوں ایک دوسرے کو چھوڑنا چاہیں تو چھوڑیں (حضرت سلمہؓ کہتے ہیں:) پس میں نہیں جانتا کہ یہ متعہ کی اجازت خاص ہمارے یعنی صحابہ کے لئے تھی یا سبھی لوگوں کے لئے تھی؟ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے وضاحت کے ساتھ روایت کی ہے کہ نکاح متعہ منسوخ ہے، یعنی صحابہ کے لئے وقتی اجازت تھی، سب لوگوں کے لئے عام اجازت نہیں تھی۔

سوال: باب ممانعتِ متعہ کا ہے اور حضرت سلمہؓ کی روایت جوازِ متعہ کی ہے، پس باب سے روایت کا جوڑ کیسے بیٹھے گا؟

جواب: امام بخاری رحمہ اللہ کا ضمیمہ روایت کے ساتھ ملائیں تو روایت باب کے ساتھ جڑ جائے گی۔

بَابُ عَرْضِ الْمَرْأَةِ نَفْسَهَا عَلَى الرَّجُلِ الصَّالِحِ

عورت نیک آدمی کے سامنے اپنی ذات کو پیش کرے

معاشرہ میں عام طور پر لڑکے والے لڑکی والوں سے لڑکی مانگتے ہیں، اور کہیں اس کے برعکس ہوتا ہے، اور کہیں دونوں صورتیں اختیار کی جاتی ہیں، اسی طرح مرد کسی عورت سے نکاح کی درخواست کرے یا اس کے برعکس ہو تو یہ سب صورتیں جائز ہیں —— مگر چونکہ عورت کا خود کو مرد کے سامنے پیش کرنا بے حیائی سمجھا جا سکتا ہے اس لئے یہ باب لائے کہ اگر مرد کوئی نیک بندہ ہے اور عورت خود کو پیش کرے تو یہ بھی درست ہے، اس میں بے حیائی کی کوئی بات نہیں —— اور باب میں دو روایتیں ہیں، پہلی نئی ہے اور دوسری مکرر۔ پہلی روایت میں ہے: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک عورت نے اپنی ذات نبی ﷺ کے سامنے پیش کی، اس پر ان کی صاحبزادی امینہ نے: اس کو بے حیائی قرار دیا، حضرت انسؓ نے اس پر

رد کیا اور فرمایا: ''وہ عورت تجھ سے بہتر تھی، اس نے نبی ﷺ کی ذات میں رغبت کی!'' اور دوسری روایت میں یہ واقعہ ہے کہ ایک عورت نے اپنی ذات نبی ﷺ کو بخشی، مگر آپؐ نے قبول نہیں فرمائی، پھر اس کا نکاح ایک صحابی سے کر دیا —— دونوں روایتوں سے مرد صالح کو نبی ﷺ کے حکم میں رکھ کر استدلال کیا ہے۔

[۳۲-] بَابُ عَرْضِ الْمَرْأَةِ نَفْسَهَا عَلٰى الرَّجُلِ الصَّالِحِ

[۵۱۲۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْحُوْمٌ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَابِتَ الْبُنَانِيَّ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَنَسٍ وَعِنْدَهُ ابْنَةٌ لَهُ، قَالَ أَنَسٌ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَعْرِضُ عَلَيْهِ نَفْسَهَا، قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَكَ بِيْ حَاجَةٌ؟ فَقَالَتْ بِنْتُ أَنَسٍ: مَا أَقَلَّ حَيَاءَ هَا، وَاسَوْأَتَاهْ! وَاسَوْأَتَاه! قَالَ: هِيَ خَيْرٌ مِنْكِ، رَغِبَتْ فِي النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَعَرَضَتْ عَلَيْهِ نَفْسَهَا. [طرفه: ۶۱۲۳]

قولها: ما أقلّ حياءَ ها: وہ کس قدر بے حیا تھی! ہائے بری بات! ہائے بری بات!

[۵۱۲۱-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ: أَنَّ امْرَأَةً عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! زَوِّجْنِيْهَا، فَقَالَ: "مَا عِنْدَكَ؟" قَالَ: مَا عِنْدِيْ شَيْئٌ! قَالَ: " اذْهَبْ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ!" فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، وَلاَ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ، وَلٰكِنْ هٰذَا إِزَارِيْ وَلَهَا نِصْفُهُ - قَالَ سَهْلٌ: وَمَا لَهُ رِدَاءٌ - فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَمَا تَصْنَعُ بِإِزَارِكَ إِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْئٌ، وَإِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ مِنْهُ شَيْئٌ" فَجَلَسَ الرَّجُلُ، حَتّٰى إِذَا طَالَ مَجْلَسُهُ قَامَ، فَرَآهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَدَعَاهُ أَوْ: دُعِيَ لَهُ، فَقَالَ لَهُ: " مَاذَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟" فَقَالَ: مَعِيْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا، لِسُوَرٍ يُعَدِّدُهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَمْلَكْنَاكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ" [أطرافه ۲۳۱۰]

بَابُ عَرْضِ الإِنْسَانِ ابْنَتَهُ أَوْ أُخْتَهُ عَلٰى أَهْلِ الْخَيْرِ

عورت کے ولی کا بھلے آدمی کے سامنے عورت کو پیش کرنا

اگر عورت کا ولی اپنی بیٹی یا بہن کو نیک آدمی کے سامنے پیش کرے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں، اور باب میں دو روایتیں ہیں: پہلی روایت پہلے (تحفۃ القاری ۸۹:۸) آئی ہے، جب حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا بیوہ ہوئیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو حضرات عثمان وابوبکر رضی اللہ عنہما کے سامنے پیش کیا (یہ بیٹی کو پیش کرنا ہے) اور دوسری روایت ابھی آئی ہے کہ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے اپنی بہن کو نبی ﷺ کے سامنے پیش کیا (یہ بہن کو پیش کرنا ہے)

[۳۳-] بَابُ عَرْضِ الإِنْسَانِ ابْنَتَهُ أَوْ أُخْتَهُ عَلٰى أَهْلِ الْخَيْرِ

[۵۱۲۲-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يُحَدِّثُ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حِيْنَ تَأَيَّمَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ مِنْ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ - وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَتُوُفِّيَ بِالْمَدِيْنَةِ - فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: أَتَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَفْصَةَ، فَقَالَ: سَأَنْظُرُ فِي أَمْرِيْ، فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ ثُمَّ لَقِيَنِيْ فَقَالَ: قَدْ بَدَا لِيْ أَنْ لَا أَتَزَوَّجَ يَوْمِيْ هٰذَا. فَقَالَ عُمَرُ: فَلَقِيْتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتَ زَوَّجْتُكَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، فَصَمَتَ أَبُوْ بَكْرٍ فَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ شَيْئًا، وَكُنْتُ أَوْجَدَ عَلَيْهِ مِنِّيْ عَلٰى عُثْمَانَ، فَلَبِثْتُ لَيَالِيْ ثُمَّ خَطَبَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَنْكَحْتُهَا إِيَّاهُ، فَلَقِيَنِيْ أَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ: لَعَلَّكَ وَجَدْتَ عَلَيَّ حِيْنَ عَرَضْتَ عَلَيَّ حَفْصَةَ فَلَمْ أَرْجِعْ إِلَيْكَ شَيْئًا. قَالَ عُمَرُ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَإِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِيْ أَنْ أَرْجِعَ إِلَيْكَ فِيْمَا عَرَضْتَ عَلَيَّ إِلَّا أَنِّيْ كُنْتُ قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُوْلَ الله صلى الله عليه وسلم قَدْ ذَكَرَهَا، فَلَمْ أَكُنْ لِأُفْشِيَ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَوْ تَرَكَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَبِلْتُهَا. [راجع: ۴۰۰۵]

وضاحت: حضرت خُنیس رضی اللہ عنہ مہاجرین اولین میں سے تھے، حبشہ کی طرف بھی ہجرت کی تھی، بدری صحابی ہیں، جنگ احد میں زخمی ہوئے، اس سے مدینہ میں وفات پائی۔

[۵۱۲۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ زَيْنَبَ ابْنَةَ أَبِيْ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أُمَّ حَبِيْبَةَ قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّا قَدْ تَحَدَّثْنَا أَنَّكَ نَاكِحٌ دُرَّةَ بِنْتَ أَبِيْ سَلَمَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَعَلٰى أُمِّ سَلَمَةَ! لَوْ لَمْ أَنْكِحْ أُمَّ سَلَمَةَ مَا حَلَّتْ لِيْ، إِنَّ أَبَاهَا أَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ" [راجع: ۵۱۰۱]

وضاحت: اس حدیث میں بہن کو پیش کرنے کا ذکر نہیں، اس کا ذکر حدیث کے دوسرے طُرق میں ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهِ﴾ الآيَة

معتدۂ موت سے اشارہ کنایہ میں نکاح کی بات کہنا یا دل میں ارادہ رکھنا جائز ہے

سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۳۵ ہے:

﴿وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنْتُمْ فِيْ أَنْفُسِكُمْ، عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ

سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا إِلَّا أَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا، وَلَاتَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ، وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ﴾

ترجمہ: اورتم پرکوئی گناہ نہیں اس پیام زناں میں جوتم اشارہ کنایہ میں کہو یا اپنے دلوں میں چھپاؤ، اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ تم ان عورتوں کا تذکرہ کروگے، مگرتم ان سے خفیہ عہد وقرار مت کرلو، ہاں معروف طریقہ پر بات کہہ سکتے ہو، اور نکاح کی گرہ پختہ مت باندھو، یہاں تک کہ نوشتہ اپنی نہایت کو پہنچ جائے یعنی عدت پوری ہوجائے، اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ جانتے ہیں جو باتیں تمہارے دلوں میں ہیں، پس اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے بردبار ہیں!

تفسیر: اس آیت میں چار احکام ہیں: (۱) عدت وفات میں زبان سے صراحۃً پیام نکاح دینا حرام ہے (۲) زبان سے اشارۃً کنایۃً بات کہنا جائز ہے (۳) عدت میں نکاح کرلینا حرام ہے (۴) دل میں ارادہ رکھنا کہ عدت کے بعد نکاح کریں گے جائز ہے۔

لغت: أَكْنَنْتُمْ: (ماضی صیغہ جمع مذکر حاضر) مصدر إِكْنَانٌ: دل میں چھپانا .... أَضْمَرْتُمْ: دل میں رکھنا .... مکنون: پوشیدہ، ہر وہ چیز جس کو آپ چھپا کر رکھیں۔

اشارہ کنایہ کی مثالیں:

۱-ابن عباسؓ نے فرمایا: (۱) معتدہ سے کہنا: میرا نکاح کرنے کا ارادہ ہے (۲) معتدہ سے کہنا: میری خواہش ہے کہ مجھے کوئی نیک عورت میسر آئے۔

۲-قاسم بن محمد بن ابی بکر رحمہ اللہ نے کہا: (۱) آپ میرے نزدیک معزز خاتون ہیں (۲) میں آپ میں رغبت رکھتا ہوں (۳) اللہ تعالیٰ ضرور آپ کی طرف بھلائی ہانک لائیں گے (۴) یا اس کے مانند کوئی بات کہے۔

۳- عطاء بن ابی رباح نے کہا: اشارہ کرے، صراحۃً نہ کہے: (۱) مجھے آپ کی ضرورت ہے آپ خوش ہوجائیں (۲) آپ بفضل اللہ چالو سامان ہیں، اور عورت جواب دے: آپ نے جو کہا وہ میں نے سنا!

۴-مسئلہ: اور عورت کوئی وعدہ نہ کرے، اور نہ اس کا سرپرست اس کے علم کے بغیر قول وقرار کرے، اور اگر عورت نے عدت میں کسی سے وعدہ کرلیا، پھر عدت کے بعد نکاح کیا (تو نکاح صحیح ہے) دونوں میں جدائی نہ کی جائے۔

۵-حسن بصریؒ نے کہا: خفیہ وعدہ سے زنا مراد ہے، مگر یہ تفسیر صحیح نہیں (عمدۃ)

۶-ابن عباسؓ نے کہا: نوشتہ اپنی نہایت کو پہنچ جائے یعنی عدت گذر جائے۔

[۳۴-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنْتُمْ فِيْ أَنْفُسِكُمْ، عَلِمَ اللّٰهُ﴾ الآيَةَ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ﴾

﴿أَكْنَنْتُمْ﴾ أَضْمَرْتُمْ، وَكُلُّ شَيْئٍ صُنْتَهُ فَهُوَ مَكْنُوْنٌ.

[٥١٢٤-] وَقَالَ لِیْ طَلْقٌ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿فِیْمَا عَرَّضْتُمْ﴾ یَقُوْلُ: إِنِّیْ أُرِیْدُ التَّزْوِیْجَ، وَلَوَدِدْتُ أَنَّهُ تَیَسَّرَ لِیْ امْرَأَةٌ صَالِحَةٌ.

[٢-] وَقَالَ الْقَاسِمُ: یَقُوْلُ: إِنَّكِ عَلَیَّ كَرِیْمَةٌ، وَإِنِّیْ فِیْكِ لَرَاغِبٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَسَائِقٌ إِلَیْكِ خَیْرًا أَوْ نَحْوَ هٰذَا.

[٣-] وَقَالَ عَطَاءٌ: یُعَرِّضُ وَلَا یَبُوْحُ، یَقُوْلُ: إِنَّ لِیْ حَاجَةً وَأَبْشِرِیْ، وَأَنْتِ بِحَمْدِ اللّٰهِ نَافِقَةٌ. وَتَقُوْلُ هِیَ: قَدْ أَسْمَعُ مَاتَقُوْلُ.

[٤-] وَلَاتَعِدُ شَیْئًا، وَلَا یُوَاعِدُ وَلِیُّهَا بَغَیْرِ عِلْمِهَا، وَإِنْ وَاعَدَتْ رَجُلًا فِیْ عِدَّتِهَا ثُمَّ نَكَحَهَا بَعْدُ لَمْ یُفَرَّقْ بَیْنَهُمَا.

[٥-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ﴿لَاتُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا﴾: الزِّنَا.

[٦-] وَیُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ﴿الْكِتَابُ أَجَلَهُ﴾: تَنْقَضِیْ الْعِدَّةُ.

وضاحت: روایت میں تزویج بمعنی تزوُّج (نکاح کرنا) ہے

بَابُ النَّظَرِ إِلَى الْمَرْأَةِ قَبْلَ التَّزْوِیْجِ

نکاح سے پہلے عورت کو دیکھنا

نکاح کا پیغام بھیجنے سے پہلے لڑکی کو ایک نظر دیکھنا جائز ہے، دیکھنے سے ناک نقشہ اور رنگ روغن کا پتہ چل جاتا ہے، اور یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ لڑکی میں کوئی عیب تو نہیں، مگر دیکھنا اس وقت سودمند ہے جب لڑکا باشعور ہو، نیز دیکھنے سے سیرت واخلاق کا پتہ نہیں چلتا، یہ باتیں قابل اعتماد بابصیرت عورتوں کے ذریعہ ہی معلوم ہوسکتی ہیں، پس ان کا دیکھنا بھی اپنے دیکھنے کے قائم مقام ہوسکتا ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں، اور دونوں پہلے آئی ہیں، پہلی حدیث میں نکاح سے پہلے نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا ہے، فرشتہ ریشم کے کپڑے میں ان کو لایا تھا، اور دوسری حدیث میں اس خاتون کا واقعہ ہے جس نے اپنی ذات نبی ﷺ کو بخشی تھی، آپؐ نے اس کو ازسرتاقدم دیکھا، پھر خاموشی اختیار کرلی۔

[٣٥-] بَابُ النَّظَرِ إِلَى الْمَرْأَةِ قَبْلَ التَّزْوِیْجِ

[٥١٢٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم: "رَأَیْتُكِ فِی الْمَنَامِ، یَجِیْءُ بِكِ الْمَلَكُ فِیْ سَرَقَةٍ مِنْ حَرِیْرٍ، فَقَالَ

لِیْ: هٰذِهِ امْرَأَتُكَ. ، فَكَشَفْتُ عَنْ وَجْهِكِ الثَّوْبَ، فَإِذَا هِيَ أَنْتِ، فَقُلْتُ: إِنْ يَكُ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ يُمْضِهِ"
[راجع: ۳۸۹۵]

وضاحت: باب میں تزویج بمعنی تزوج ہے............ سَرَقَة: خِرْقَة: کپڑے کا ٹکڑا۔

[۵۱۲۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ امْرَأَةً جَاءَ تْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! جِئْتُ لِأَهَبَ لَكَ نَفْسِيْ، فَنَظَرَ إِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَعَّدَ النَّظَرَ إِلَيْهَا وَصَوَّبَهُ، ثُمَّ طَأْطَأَ رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَأَتِ الْمَرْأَةُ أَنَّهُ لَمْ يَقْضِ فِيْهَا شَيْئًا جَلَسَتْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنْ لَمْ تَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيْهَا، فَقَالَ:" هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْئٍ؟" قَالَ: لاَ وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، قَالَ:" اذْهَبْ إِلٰى أَهْلِكَ فَانْظُرْ هَلْ تَجِدُ شَيْئًا؟" فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا وَجَدْتُ شَيْئًا. قَالَ: " انْظُرْ؛ وَلَوْ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ" فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَلاَ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ، وَلٰكِنْ هٰذَا إِزَارِيْ – قَالَ سَهْلٌ: مَا لَهُ رِدَاءٌ – فَلَهَا نِصْفُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا تَصْنَعُ بِإِزَارِكَ إِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْئٌ، وَإِنْ لَبِسْتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ شَيْئٌ" فَجَلَسَ الرَّجُلُ حَتّٰى طَالَ مَجْلِسُهُ، ثُمَّ قَامَ، فَرَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُوَلِّيًا، فَأَمَرَ بِهِ فَدُعِيَ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَ: "مَاذَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟" قَالَ: مَعِيْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا، عَدَّدَهَا. قَالَ: "أَتَقْرَؤُهُنَّ عَنْ ظَهْرِ قَلْبِكَ؟" قَالَ: نَعَمْ. قَالَ:" اذْهَبْ فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ"[أطرافه: ۲۳۱۰]

بَابُ مَنْ قَالَ: لاَ نِكَاحَ إِلاَّ بِوَلِيٍّ

ایک رائے: نکاح ولی کے بغیر نہیں ہوتا

تمام ائمہ متفق ہیں کہ جب تک لڑکا یا لڑکی نابالغ ہیں ان کو اپنے نکاح کا اختیار نہیں، ولی ہی ان کا نکاح کرے گا، وہی ایجاب وقبول کرے گا، اسی کا نام ولایتِ اجبار ہے یعنی لڑکے اور لڑکی کی رضامندی کے بغیر ولی کا کیا ہوا نکاح نافذ ہے، پھر جب لڑکا بالغ ہوگیا تو اس پر ولی کو ولایت اجبار حاصل نہیں رہی، اب لڑکا خود ایجاب وقبول کرے گا، پھر دو مسئلوں میں اختلاف ہوا ہے:

پہلا مسئلہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک لڑکی خود ایجاب وقبول نہیں کرسکتی، خواہ بالغہ ہو یا نابالغہ، باکرہ ہو یا ثیبہ، ولی یا وکیل ہی اس کی طرف سے ایجاب وقبول کرے گا، اس مسئلہ کی تعبیر ہے: هل النكاح ينعقد بعبارة النساء؟ کیا بالغہ عورت کے الفاظ

(ایجاب وقبول) سے نکاح منعقد ہوتا ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک منعقد نہیں ہوتا، احناف کے نزدیک منعقد ہوجاتا ہے۔
دوسرا مسئلہ: ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک ولی کی اجازت ضروری ہے، ولی کی اجازت کے بغیر اگر عورت خود اپنا نکاح کرے تو وہ نکاح منعقد نہیں ہوتا، اگرچہ ایجاب یا قبول کوئی مرد (وکیل) کرے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک عاقل بالغ عورت خود اپنا نکاح کرسکتی ہے، ولی کی اجازت صحتِ نکاح کے لئے شرط نہیں، البتہ اگر عورت نے غیر کفو میں نکاح کیا ہے تو ولی کو قاضی کے ذریعہ نکاح فسخ کرانے کا حق ہے۔
اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام صاحب نے باب میں جو حدیث رکھی ہے، وہ متکلم فیہ ہے، اس لئے اس کی تخریج نہیں کی، ائمہ ثلاثہ کی بنیادی دلیل یہی ہے، اور حنفیہ کے نزدیک اس حدیث کا وہ مطلب نہیں جو ائمہ ثلاثہ نے لیا ہے، احناف کہتے ہیں: لا نفی کمال کا ہے یعنی ولی کی اجازت کے بغیر خود عورت کا نکاح کرنا زیبا نہیں۔
اور امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل حدیث حسن صحیح ہے: **الأَیِّمُ أَحَقُّ بنفسها من ولیها**: شوہر دیدہ عورت اپنے نفس کی اپنے ولی سے زیادہ حقدار ہے یعنی بیوہ کو کہاں نکاح کرنا ہے؟ اس کا فیصلہ وہ خود کرے گی، ولی فیصلہ نہیں کرے گا، اگر ولی نے اس کی مرضی کے خلاف نکاح کردیا تو وہ نکاح رد ہے، خنساء بنت خدامؓ کا نکاح ان کے والد نے ان کی مرضی کے بغیر کردیا تھا، جبکہ وہ بیوہ تھیں، چنانچہ نبی ﷺ نے باپ کے کئے ہوئے نکاح کو ختم کردیا —— امام اعظمؒ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ جب ولی کا کیا ہوا نکاح عورت کی اجازت لاحقہ سے بالاتفاق منعقد ہوجاتا ہے تو خود عورت کا کیا ہوا نکاح ولی کی اجازت لاحقہ سے کیوں منعقد نہیں ہوگا، جبکہ عورت کا حق اپنے نکاح کے سلسلے میں ولی سے زیادہ ہے؟ (تفصیل تحفۃ الالمعی ۳: ۵۳۱) میں ہے۔
پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے تین آیتیں اور تین حدیثیں لکھی ہیں (چوتھی حدیث پہلی آیت کا شان نزول ہے) جس سے ائمہ ثلاثہ اور صاحبین استدلال کرتے ہیں:
پہلی آیت مع شانِ نزول: حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ نے اپنی بہن کا ایک مسلمان سے نکاح کردیا، اس نے رجعی طلاق دیدی، اور عدت میں رجوع نہیں کیا، جب عدت ختم ہوگئی تو دوسرے لوگوں کے ساتھ زوج اول نے بھی نکاح کا پیام دیا، عورت بھی اس پر راضی تھی، مگر عورت کے بھائی معقلؓ کو غصہ آیا اور اس کو ٹکا سا جواب دیدیا، پس سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۳۲ نازل ہوئی: ''اور جب تم طلاق دو عورتوں کو، پس وہ اپنی عدت پوری کرلیں تو تم ان کو مت روکو اس سے کہ وہ اپنے شوہروں سے نکاح کرلیں، جبکہ وہ باہم قاعدہ کے موافق رضامند ہوں'' —— اس آیت سے استدلال اس طرح ہے کہ روکنے کی ممانعت روکنے کے حق کو مستلزم ہے، اور روکنے کا حق: حق انکاح کو مستلزم ہے اور آیت عام ہے، بیوہ اور باکرہ دونوں کو شامل ہے، معلوم ہوا کہ عورتوں کا نکاح کرانے کا حق اولیاء کا ہے، وہ خود نکاح نہیں کرسکتیں۔
جواب: یہ حقِ شرعی کی وجہ سے روکنے کی ممانعت نہیں ہے، حق شرعی کی ممانعت ہو ہی نہیں سکتی، بلکہ یہ دھینگا مستی کے

طور پر روکنے کی ممانعت ہے، پس اس سے حق انکاح ثابت نہیں ہوتا۔

آیات: سورۃ البقرۃ آیت ۲۲۱ میں ہے: ''اور عورتوں کو کافروں کے نکاح میں مت دو یہاں تک کہ وہ مسلمان ہوجائیں'' ـــــ اور سورۃ النور آیت ۳۲ میں ہے: ''اور نکاح کرایا کرو ان کا جو تم میں سے بے نکاح ہیں'' ـــــ دونوں آیتوں میں فاعل (نکاح کرانے والے) اولیاء اور آقا ہیں، معلوم ہوا کہ حق انکاح انہی کو حاصل ہے۔

جواب: یہ آیتیں عام معمول کے مطابق وارد ہوئی ہیں، اسلامی تہذیب میں عورتوں کا خود نکاح کرنا معیوب ہے، اچھا طریقہ یہ ہے کہ اولیاء عورتوں کا نکاح ان کی مرضی کے مطابق کرائیں، پس یہ فعلی نصوص ہیں، اور فعل سے فرضیت (شرطیت) ثابت نہیں ہوتی۔

[٣٦-] بَابُ مَنْ قَالَ: لاَ نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ

[٢-] لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلاَ تَعْضُلُوْهُنَّ﴾ فَدَخَلَ فِيْهِ الثَّيِّبُ، وَكَذٰلِكَ الْبِكْرُ.

[٣-] وَقَالَ: ﴿وَلاَتُنْكِحُوْا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا﴾

[٤-] وَقَالَ: ﴿وَأَنْكِحُوْا الْأَيَامٰى مِنْكُمْ﴾

وضاحت: باب کی حدیث پہلی دلیل ہے، اس لئے آیت پر [٢] لگایا ہے۔

[٥١٢٧-] قَالَ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، ح: قَالَ: وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ النِّكَاحَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ كَانَ عَلٰى أَرْبَعَةِ أَنْحَاءٍ:

فَنِكَاحٌ مِنْهَا نِكَاحُ النَّاسِ الْيَوْمَ، يَخْطُبُ الرَّجُلُ إِلَى الرَّجُلِ وَلِيَّتَهُ أَوِ ابْنَتَهُ، فَيُصْدِقُهَا ثُمَّ يَنْكِحُهَا.

وَنِكَاحُ الآخَرِ: كَانَ الرَّجُلُ يَقُوْلُ لِامْرَأَتِهِ إِذَا طَهُرَتْ مِنْ طَمْثِهَا: أَرْسِلِيْ إِلٰى فُلاَنٍ فَاسْتَبْضِعِيْ مِنْهُ، وَيَعْتَزِلُهَا زَوْجُهَا، وَلاَ يَمَسُّهَا أَبَدًا، حَتّٰى يَتَبَيَّنَ حَمْلُهَا مِنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِيْ تَسْتَبْضِعُ مِنْهُ، فَإِذَا تَبَيَّنَ حَمْلُهَا أَصَابَهَا زَوْجُهَا إِذَا أَحَبَّ، وَإِنَّمَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ رَغْبَةً فِيْ نَجَابَةِ الْوَلَدِ، فَكَانَ هٰذَا النِّكَاحُ نِكَاحَ الإِسْتِبْضَاعِ.

وَنِكَاحٌ آخَرُ: يَجْتَمِعُ الرَّهْطُ مَا دُوْنَ الْعَشَرَةِ، فَيَدْخُلُوْنَ عَلَى الْمَرْأَةِ كُلُّهُمْ يُصِيْبُهَا. فَإِذَا حَمَلَتْ وَوَضَعَتْ، وَمَرَّ عَلَيْهَا لَيَالٍ بَعْدَ أَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا، أَرْسَلَتْ إِلَيْهِمْ فَلَمْ يَسْتَطِعْ رَجُلٌ مِنْهُمْ أَنْ يَمْتَنِعَ حَتّٰى يَجْتَمِعُوْا عِنْدَهَا، تَقُوْلُ لَهُمْ: قَدْ عَرَفْتُمُ الَّذِيْ كَانَ مِنْ أَمْرِكُمْ، وَقَدْ وَلَدْتُ فَهُوَ ابْنُكَ يَا فُلاَنُ تُسَمِّيْ مَنْ أَحَبَّتْ بِاسْمِهِ، فَيَلْحَقُ بِهِ وَلَدُهَا، وَلاَ يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَمْتَنِعَ بِهِ الرَّجُلُ.

وَنِكَاحُ الرَّابِعِ: يَجْتَمِعُ النَّاسُ الْكَثِيْرُ، فَيَدْخُلُوْنَ عَلَى الْمَرْأَةِ لَاتَمْتَنِعُ مِمَّنْ جَاءَ هَا، وَهُنَّ الْبَغَايَا كُنَّ يَنْصِبْنَ عَلٰى أَبْوَابِهِنَّ رَايَاتٍ تَكُوْنُ عَلَمًا، فَمَنْ أَرَادَهُنَّ دَخَلَ عَلَيْهِنَّ، فَإِذَا حَمَلَتْ إِحْدَاهُنَّ وَوَضَعَتْ حَمْلَهَا جُمِعُوْا لَهَا وَدَعَوْا لَهُمُ الْقَافَةَ، ثُمَّ أَلْحَقُوْا وَلَدَهَا بِالَّذِيْ يُرَوْنَ، فَالْتَاطَ بِهِ، وَدُعِيَ ابْنَهُ لَايَمْتَنِعُ مِنْ ذٰلِكَ، فَلَمَّا بُعِثَ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم بِالْحَقِّ هَدَمَ نِكَاحَ الْجَاهِلِيَّةِ كُلَّهُ، إِلَّا نِكَاحَ النَّاسِ الْيَوْمَ.

روایت: صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بتلایا کہ زمانۂ جاہلیت میں نکاح چار طرح کے تھے:

۱- ان میں سے ایک: آج لوگوں میں رائج نکاح ہے، آدمی کی طرف سے دوسرے آدمی کو اس کی زیر ولایت عورت یا بیٹی کے نکاح کے لئے پیام دیا جاتا، پس وہ اس کو مہر دیتا، پھر وہ اس سے نکاح کرتا (یہی نکاح کا صحیح طریقہ تھا، اور اسی کو اسلام نے باقی رکھا ہے)

۲- اور دوسرا نکاح: جب کسی آدمی کی بیوی حیض سے پاک ہوتی تو شوہر اپنی بیوی سے کہتا: فلاں کو بلا، اور اس سے نطفہ لے (جس مرد کو خوبصورت شریف، بہادر دیکھتے تو اپنی بیوی کو اس کے پاس بھیج کر اس کا نطفہ لیتے تاکہ لڑکا عظیم الشان پیدا ہو) اور اس کا شوہر اس سے الگ تھلگ رہتا، پس جب حمل ظاہر ہو جاتا تو شوہر چاہتا تو اس سے صحبت کرتا، اور شوہر کرتا تھا یہ اولاد کی شرافت میں رغبت کرتے ہوئے، پس یہ نکاح: **نکاح الاستبضاع** کہلاتا تھا۔

۳- اور ایک اور نکاح: دس سے کم افراد جمع ہوتے، پس وہ ایک عورت کے پاس جاتے، اور سب اس سے صحبت کرتے، پس جب وہ حاملہ ہوتی اور بچہ جنتی، اور جب وضع حمل پر چند دن گذرتے تو وہ ان کو بلاتی، پس کوئی ان میں سے طاقت نہیں رکھتا تھا کہ انکار کرے، یہاں تک کہ سب لوگ اس کے پاس اکٹھا ہوتے، وہ ان سے کہتی: تم جانتے ہو وہ جو تمہارے معاملہ سے تھا، اور میں نے بچہ جنا ہے، پس اے فلاں! وہ تیرا بیٹا ہے، اور وہ نام لیتی ان میں سے جس کا چاہتی، پس اس کے ساتھ عورت کا بچہ لاحق ہوتا، اور آدمی اس کا انکار نہیں کر سکتا تھا۔

۴- اور چوتھا نکاح: اکٹھے ہوتے بہت لوگ، پس داخل ہوتے وہ ایک عورت پر، نہ انکار کرتی وہ اس سے جو اس کے پاس آتا، اور وہ رنڈیاں تھیں، اپنے دروازوں پر جھنڈے گاڑتیں، جو نشانی ہوتے، پس جو چاہتا ان کے پاس جاتا، پس جب ان میں سے کوئی حاملہ ہوتی اور بچہ جنتی تو وہ لوگ اس کے لئے اکٹھا کئے جاتے، اور بلاتے وہ اپنے لئے قیافہ شناس کو، پھر ملاتے وہ اس عورت کے بچے کو جس کا وہ گمان کرتے، پس وہ اس کے ساتھ وابستہ ہو جاتا اور اس کا بیٹا کہلاتا، وہ اس سے انکار نہیں کر سکتا تھا۔

پس جب نبی ﷺ دین حق کے ساتھ مبعوث کئے گئے تو ڈھادیا جاہلیت کے سارے نکاحوں کو، علاوہ اس نکاح کے جو آج لوگوں میں رائج ہے (یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۲۲۷۲) میں بھی ہے)

لغات: **بُضْع:** شرمگاہ، مراد مادّہ، **اسْتِبْضَاع:** نطفہ طلب کرنا.........**اِلْتَاطَ بہ:** چپکنا، وابستہ ہونا (مادہ لوط)

استدلال: نکاح کا اسلامی طریقہ یہی ہے کہ ولی نکاح کرے، چار طریقوں میں سے اسی کو اسلام نے باقی رکھا ہے، مگر اس سے بھی ولی کا اشتراط ثابت نہیں ہوتا، کیونکہ یہ بھی فعلی روایت ہے۔

[٥١٢٨-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ فِيْ يَتَامٰى النِّسَاءِ الّٰتِيْ لاَتُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ﴾ [النساء:١٢٧] قَالَتْ: هٰذَا فِي الْيَتِيْمَةِ الَّتِيْ تَكُوْنُ عِنْدَ الرَّجُلِ، لَعَلَّهَا أَنْ تَكُوْنَ شَرِيْكَتَهُ فِيْ مَالِهِ، وَهُوَ أَوْلَى بِهَا، فَيَرْغَبُ عَنْهَا أَنْ يَنْكِحَهَا، فَيَعْضُلَهَا لِمَالِهَا، وَلاَ يُنْكِحَهَا غَيْرَهُ، كَرَاهِيَةَ أَنْ يَشْرَكَهُ أَحَدٌ فِيْ مَالِهَا. [راجع: ٢٤٩٣]

وضاحت: یہ روایت بار بار آئی ہے، اور استدلال فَيَعْضُلُهَا سے ہے، مگر یہ روکنا بھی حق شرعی کی وجہ سے نہیں تھا، بلکہ محض دھینگا دھانگی تھی، پس اس سے اشتراط کیسے ثابت ہوگا؟

[٥١٢٩-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عُمَرَ حِيْنَ تَأَيَّمَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ مِنْ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ - وَكَانَ مَنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ تُوُفِّيَ بِالْمَدِيْنَةِ - فَقَالَ عُمَرُ: لَقِيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتَ أَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ. فَقَالَ: سَأَنْظُرُ فِيْ أَمْرِيْ. فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ ثُمَّ لَقِيَنِيْ، فَقَالَ: بَدَا لِيْ أَنْ لاَ أَتَزَوَّجَ يَوْمِيْ هٰذَا. قَالَ عُمَرُ: فَلَقِيْتُ أَبَا بَكْرٍ، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتَ أَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ. [راجع: ٤٠٠٥]

وضاحت: یہ روایت ابھی گذری ہے، مگر یہ بھی فعلی روایت ہے، اور یہی اسلامی طریقہ ہے کہ ولی رشتہ ڈھونڈھے۔

[٥١٣٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ عَمْرٍو، حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ: ﴿فَلاَ تَعْضُلُوْهُنَّ﴾ [البقرة: ٢٣٢] قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَعْقِلُ بْنُ يَسَارٍ، أَنَّهَا نَزَلَتْ فِيْهِ، قَالَ: زَوَّجْتُ أُخْتًا لِيْ مِنْ رَجُلٍ وَطَلَّقَهَا، حَتّٰى إِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا جَاءَ يَخْطُبُهَا، فَقُلْتُ لَهُ: زَوَّجْتُكَ وَفَرَشْتُكَ وَأَكْرَمْتُكَ، فَطَلَّقْتَهَا، ثُمَّ جِئْتَ تَخْطُبُهَا؟! لاَ وَاللهِ لاَتَعُوْدُ إِلَيْكَ أَبَدًا! وَكَانَ رَجُلاً لاَ بَأْسَ بِهِ، وَكَانَتِ الْمَرْأَةُ تُرِيْدُ أَنْ تَرْجِعَ إِلَيْهِ، فَأَنْزَلَ اللهُ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿فَلاَ تَعْضُلُوْهُنَّ﴾ فَقُلْتُ: الآنَ أَفْعَلُ يَا رَسُوْلَ اللهِ! قَالَ: فَزَوَّجَهَا إِيَّاهُ. [راجع: ٤٥٢٩]

وضاحت: یہ باب کی دوسری آیت کا شانِ نزول ہے، اس کا ذکر اور اس کا جواب پہلے آ گیا ہے۔

بَابٌ: إِذَا كَانَ الْوَلِيُّ هُوَ الْخَاطِبُ

جب ولی ہی منگنی بھیجنے والا ہو

یہ ردیف باب ہے، ایک یتیم لڑکی چچازاد بھائی کی پرورش میں ہے اور وہی ولی (سرپرست) بھی ہے، اگر وہ لڑکی کو نکاح کا پیام دے تو جائز ہے۔

۱- حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے ایک عورت کی منگنی ڈالی، وہ اس عورت کے قریب ترین رشتہ دار تھے (پس وہی ولی تھے، معلوم ہوا یہ جائز ہے) پھر انھوں نے (خاندان کے) کسی شخص کو حکم دیا اس نے (وکیل بن کر) حضرت مغیرہؓ کا نکاح کرایا۔

۲- حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ام حکیم بنت قارظ سے کہا: کیا آپ اپنا معاملہ مجھے سپرد کرتی ہیں؟ انھوں نے کہا: ہاں، پس حضرت نے فرمایا: میں نے تم سے نکاح کیا — حاشیہ میں ہے کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ اس کے ولی تھے — اور نکاح میں ایک شخص دو جانبوں کی نمائندگی کرسکتا ہے یعنی اصیل اور وکیل ہوسکتا ہے، بیع میں نہیں ہوسکتا، پس آپؓ کا قول: ''میں نے تم سے نکاح کیا'' ایجاب بھی ہے اور قبول بھی۔

۳- حضرت عطاء نے اس میں یہ قید لگائی کہ قد تزوَّجتُكِ دو گواہوں کے سامنے کہا ہو —— اور اگر کسی ولی ابعد کو جو عورت کے خاندان کا ہو حکم دے اور وہ نکاح کرائے، اور ایجاب وقبول الگ الگ ہوں تو یہ بھی درست ہے۔

۴- باب کی دوسری حدیث میں ہے: ایک عورت نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی ذات ہبہ کی، پس اس نے آپؐ کو نکاح کا وکیل بنایا، اور ایک صحابی نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر آپؐ ان سے نکاح نہ کرنا چاہیں تو ان سے میرا نکاح کرادیں، یہ انھوں نے بھی آپؐ کو وکیل بنایا، پس آپؐ نے فرمایا: قد تزوَّجتُكَها: میں نے تمہارا اس عورت سے نکاح کردیا، یہی قول ایجاب بھی ہے اور قبول بھی۔

اور باب کی پہلی حدیث بار بار آئی ہے، یتیم لڑکی کا ولی انصاف کے ساتھ لڑکی سے نکاح کرنا چاہے تو کرسکتا ہے، معلوم ہوا کہ ولی خاطب ہوسکتا ہے۔

[۳۷-] بَابٌ: إِذَا كَانَ الْوَلِيُّ هُوَ الْخَاطِبُ

[۱-] وَخَطَبَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ امْرَأَةً هُوَ أَوْلَى النَّاسِ بِهَا، فَأَمَرَ رَجُلاً فَزَوَّجَهُ.

[۲-] وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُوْفٍ لِأُمِّ حَكِيْمٍ بِنْتِ قَارِظٍ: أَتَجْعَلِيْنَ أَمْرَكِ إِلَيَّ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَقَالَ: قَدْ تَزَوَّجْتُكِ.

[۳-] وَقَالَ عَطَاءٌ لِيُشْهِدْ أَنِّيْ قَدْ نَكَحْتُكِ، أَوْ لِيَأْمُرْ رَجُلاً مِنْ عَشِيْرَتِهَا.

[٤-] وَقَالَ سَهْلٌ: قَالَتِ امْرَأَةٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَهَبُ لَكَ نَفْسِيْ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنْ لَمْ تَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيْهَا.

وضاحت: حاشیہ میں باب کا جو مقصد بیان کیا ہے: عمدۃ القاری میں ہے کہ وہ باب کا مقصد نہیں، اس لئے باب کا جو مقصد ہے وہ میں نے بیان کیا ہے —— حضرت عطاءؒ کے قول میں لِیُشْهِدْ: فعل امر ہے اور یہ حضرت عبدالرحمٰن کے اثر میں اضافہ ہے۔ اور أو سے دوسری جائز صورت بیان کی ہے۔

[۵۱۳۱-] حدثنا ابْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ [النساء: ۱۲۷] قَالَتْ: هِيَ الْيَتِيْمَةُ تَكُوْنُ فِيْ حَجْرِ الرَّجُلِ، قَدْ شَرِكَتْهُ فِيْ مَالِهِ، فَيَرْغَبُ عَنْهَا أَنْ يَتَزَوَّجَهَا، وَيَكْرَهُ أَنْ يُزَوِّجَهَا غَيْرَهُ، فَيَدْخُلَ عَلَيْهِ فِيْ مَالِهِ، فَيَحْبِسُهَا، فَنَهَاهُمُ اللّٰهُ عَنْ ذٰلِكَ. [راجع: ۲٤۹٤]

[۵۱۳۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم جُلُوْسًا، فَجَاءَ تْهُ امْرَأَةٌ تَعْرِضُ نَفْسَهَا عَلَيْهِ، فَخَفَّضَ فِيْهَا النَّظَرَ وَرَفَّعَهُ فَلَمْ يُرِدْهَا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: زَوِّجْنِيْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "أَعِنْدَكَ مِنْ شَيْئٍ؟" قَالَ: مَا عِنْدِيْ مِنْ شَيْئٍ! قَالَ: "وَلاَ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ؟" قَالَ: وَلاَ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ، وَلٰكِنْ أَشُقُّ بُرْدَتِيْ هٰذِهِ فَأُعْطِيْهَا النِّصْفَ، وَآخُذُ النِّصْفَ. قَالَ: "لاَ، هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْئٌ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "اذْهَبْ فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ" [راجع: ۲۳۱۰]

بَابُ إِنْكَاحِ الرَّجُلِ وُلْدَهُ الصِّغَارَ

نابالغ اولاد کا نکاح کرانا

اسلام میں نکاح کے لئے بلوغ شرط نہیں، نابالغ لڑکے لڑکی کا نکاح ہوسکتا ہے، البتہ زفاف (رخصتی) کے لئے بلوغ شرط ہے، سورۃ الطلاق (آیت ۴) میں ہے: اور جو (تمہاری مطلقہ بیویوں میں سے) حیض سے مایوس ہوچکی ہیں اگر تم کو ان کی عدت کی تعیین میں شک ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے اور ان کی بھی جن کو ابھی حیض نہیں آیا —— اس آیت سے معلوم ہوا کہ نابالغ لڑکی جس کو ابھی حیض نہیں آیا: اگر اس کو طلاق ہوجائے تو اس کی عدت تین ماہ ہے، معلوم ہوا کہ نابالغ کا نکاح ہوسکتا ہے اور حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح چھ سال کی عمر میں ہوا تھا، جبکہ وہ نابالغ تھیں، اور جب ان کی عمر نو سال ہوئی تو رخصتی عمل میں آئی، اور وہ آپ ﷺ کے پاس نو سال رہیں۔

[۳۸-] بَابُ إِنْكَاحِ الرَّجُلِ وُلْدَهُ الصِّغَارَ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَالّٰئِى لَمْ يَحِضْنَ﴾ فَجَعَلَ عِدَّتَهَا ثَلاثَةَ أَشْهُرٍ قَبْلَ الْبُلُوْغِ.

[۵۱۳۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تَزَوَّجَهَا وَهِيَ بِنْتُ سِتِّ سِنِيْنَ، وَأُدْخِلَتْ عَلَيْهِ وَهِيَ بِنْتُ تِسْعٍ، وَمَكَثَتْ عِنْدَهُ تِسْعًا. [راجع: ۳۸۹٤]

بَابُ تَزْوِيْجِ الْأَبِ ابْنَتَهُ مِنَ الإِمَامِ

باپ اپنی بیٹی کا نکاح سلطان سے کرے

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں، باپ بھی ولی ہے اور سلطان بھی ولی ہے، پس ولی: ولی سے نکاح کیسے کرائے گا؟

جواب: اعتبارات مختلف ہیں، اصل ولی باپ ہے، اور سلطان اس وقت ولی ہے جب کوئی دوسرا ولی نہ ہو، پس وہ ولی ابعد ہے، اور نکاح کرانے کا حق ولی اقرب کا ہے، حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح ان کے والد نے نبی ﷺ کے ساتھ (جو سلطان تھے) کرایا ہے، اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کرایا ہے۔

[۳۹-] بَابُ تَزْوِيْجِ الْأَبِ ابْنَتَهُ مِنَ الإِمَامِ

وَقَالَ عُمَرُ: خَطَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَيَّ حَفْصَةَ فَأَنْكَحْتُهُ.

[۵۱۳٤-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تَزَوَّجَهَا وَهِيَ بِنْتُ سِتِّ سِنِيْنَ، وَبَنَى بِهَا وَهِيَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ.

قَالَ هِشَامٌ: وَأُنْبِئْتُ أَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَهُ تِسْعَ سِنِيْنَ. [راجع: ۳۸۹٤]

بَابٌ: السُّلْطَانُ وَلِيٌّ

حاکم ولی (سرپرست) ہے

حدیث میں ہے: السلطان ولی من لا ولی له: جس کا کوئی ولی نہیں اس کا ولی حاکم (حکومت) ہے، یہ حدیث چونکہ شرط کے مطابق نہیں تھی، اس لئے نہیں لائے اور مسئلہ اپنی ذات بخشنے والی عورت کی حدیث سے ثابت کیا، اس عورت کا کوئی ولی نہیں تھا، پس نبی ﷺ نے ولی کی حیثیت سے اس کا نکاح کر دیا —— جاننا چاہئے کہ اسلامی حکومت

ویلفیر حکومت ہے، عوامی بہبودی کے کام اس کی ذمہ داری ہے، اور بے سہارا لوگوں کا سہارا بننا عوامی بہبودی والا کام ہے، اس لئے جس عورت کا کوئی ولی (سرپرست) نہیں اس کی سرپرستی کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔

[۴۰-] بَابٌ: السُّلْطَانُ وَلِيٌّ

بِقَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "زَوَّجْنَاكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ"

[۵۱۳۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَتْ: إِنِّيْ وَهَبْتُ مِنْ نَفْسِيْ، فَقَامَتْ طَوِيْلاً، فَقَالَ رَجُلٌ: زَوِّجْنِيْهَا إِنْ لَمْ تَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ، قَالَ: " هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْئٍ تُصْدِقُهَا؟" قَالَ: مَا عِنْدِيْ إِلَّا إِزَارِيْ! فَقَالَ: " إِنْ أَعْطَيْتَهَا إِيَّاهُ جَلَسْتَ لَا إِزَارَ لَكَ، فَالْتَمِسْ شَيْئًا" فَقَالَ: مَا أَجِدُ شَيْئًا! فَقَالَ: " الْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ" فَلَمْ يَجِدْ، فَقَالَ: " أَمَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْئٌ؟" قَالَ: نَعَمْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا لِسُوَرٍ سَمَّاهَا. فَقَالَ: " زَوَّجْنَاكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ"[راجع: ۲۳۱۰]

بَابٌ: لَايُنْكِحُ الْأَبُ وَغَيْرُهُ الْبِكْرَ وَالثَّيِّبَ إِلَّا بِرِضَاهَا

باپ وغیرہ کنواری اور بیوہ کا نکاح ان کی رضامندی سے کرائیں

نکاح کے لئے عورت سے بہرحال اجازت لینی ضروری ہے، خواہ باپ دادا نکاح کرائیں یا اور کوئی ولی کرائے، پھر اگر عورت بیوہ ہے تو اس کی صراحتاً اجازت ضروری ہے، اور اگر وہ کنواری ہے تو صراحتاً اجازت ضروری نہیں، اس کی خاموشی بھی اجازت ہے، بشرطیکہ قرائن سے معلوم ہو کہ یہ خاموشی رضامندی ہے —— باب کی پہلی حدیث میں ہے: "شادی شدہ عورت کا نکاح نہ کیا جائے یہاں تک کہ اس سے حکم لے لیا جائے یعنی صراحتاً اجازت لی جائے، اور کنواری کا نکاح نہ کیا جائے یہاں تک کہ اس سے اجازت لی جائے" —— صحابہ نے دریافت کیا: کنواری سے اجازت کی کیا صورت ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "خاموش رہنا" (یہ اجازت کا ادنی درجہ ہے) —— دوسری حدیث میں سوال وضاحت کے ساتھ آیا ہے کہ کنواری شرمائے گی، وہ منہ سے اجازت نہیں دے گی، آپؐ نے فرمایا: "اس کی رضامندی اس کی خاموشی ہے"

[۴۱-] بَابٌ: لَايُنْكِحُ الْأَبُ وَغَيْرُهُ الْبِكْرَ وَالثَّيِّبَ إِلَّا بِرِضَاهَا

[۵۱۳۶-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُمْ، أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " لَاتُنْكَحُ الْأَيِّمُ حَتّٰى تُسْتَأْمَرَ، وَلَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتّٰى تُسْتَأْذَنَ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَكَيْفَ إِذْنُهَا؟ قَالَ: " أَنْ تَسْكُتَ" [طرفاه: ۶۹۶۸، ۶۹۷۰]

[۵۱۳۷-] حدثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيْعِ بْنِ طَارِقٍ، أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو مَوْلٰى عَائِشَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الْبِكْرَ تَسْتَحْيِيْ، قَالَ: "رَضَاهَا صَمْتُهَا"

[طرفاه: ٦٩٤٦، ٦٩٧١]

وضاحت: پہلی حدیث میں الأیم کے معنی البکر کے ساتھ مقابلہ کی وجہ سے بیوہ کے ہیں۔

بَابٌ: إِذَا زَوَّجَ ابْنَتَهُ وَهِيَ كَارِهَةٌ فَنِكَاحُهُ مَرْدُوْدٌ

باپ نے بیٹی کا نکاح کیا اور وہ ناخوش ہے تو وہ نکاح کینسل ہے

عورتوں کا نکاح بہر حال اولیاء کرائیں گے، بیوہ کا بھی اور کنواری کا بھی، مگر عورتوں کی رضامندی ضروری ہے اگرچہ وہ رضامندی لاحقہ ہو، پس اگر ولی نے عورت سے اجازت لئے بغیر نکاح کردیا تو وہ نکاح نہیں ہوا، عورت کی رضامندی ضروری ہے اگرچہ وہ لاحقہ ہو، حضرت خنساءؓ کا نکاح ان کے باپ خذام نے ان کی مرضی کے خلاف کردیا تھا، جبکہ وہ بیوہ تھیں، پس نبی ﷺ نے اس نکاح کو ختم کردیا (اور خذام: ذال اور دال دونوں کے ساتھ ضبط کیا گیا ہے) اور اس حدیث میں صراحت ہے کہ وہ بیوہ تھیں، پس کنواری کا حکم قیاس سے لیں گے۔

[۴۲-] بَابٌ: إِذَا زَوَّجَ ابْنَتَهُ وَهِيَ كَارِهَةٌ فَنِكَاحُهُ مَرْدُوْدٌ

[۵۱۳۸-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَمُجَمِّعٍ ابْنَيْ يَزِيْدَ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامٍ الْأَنْصَارِيَّةِ: أَنَّ أَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِيَ ثَيِّبٌ، فَكَرِهَتْ فَأَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرَدَّ نِكَاحَهَا. [أطرافه: ٥١٣٩، ٦٩٤٥، ٦٩٦٩]

[۵۱۳۹-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَزِيْدُ، أَخْبَرَنَا يَحْيىٰ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَهُ: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ وَمُجَمِّعَ بْنَ يَزِيْدَ حَدَّثَاهُ: أَنَّ رَجُلاً يُدْعىٰ خِذَامًا أَنْكَحَ ابْنَةً لَهُ. نَحْوَهُ [راجع: ٥١٣٨]

بَابُ تَزْوِيْجِ الْيَتِيْمَةِ

یتیم لڑکی کا نکاح کرانا

یتیم لڑکی کا نکاح اس کی مرضی سے اس کا ولی کرائے گا، اور ولی کے لئے اگر اس سے نکاح کرنا جائز ہو تو مہر وغیرہ میں انصاف کے ساتھ خود بھی اس سے نکاح کرسکتا ہے۔ سورۃ النساء (آیت ۳) میں ہے: "اور اگر تم کو اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کرسکو گے تو اور عورتوں سے جو تم کو پسند ہوں نکاح کرو، دو دو سے، تین تین سے اور چار چار سے"

اس آیت سے ثابت ہوا کہ یتیم لڑکیوں کا بھی نکاح کرایا جائے گا، اور انصاف کے ساتھ ولی بھی ان سے نکاح کرسکتا ہے، اگر اس کے لئے نکاح جائز ہو، اور دوسروں سے بھی کرا سکتا ہے —— اور حدیث وہی ہے جو بار بار آئی ہے اور اس میں اس آیت کا اور سورۃ النساء کی آیت ۱۲۷ کا شانِ نزول ہے۔

ایجاب وقبول میں فصل کا حکم:

باب کے شروع میں ایک مسئلہ بھی ہے: ایجاب وقبول میں فصل کا کیا حکم ہے؟ مجلس کی حد تک فصل جائز ہے، جبکہ وہ فصل بالاجنبی نہ ہو، اور مجلس بدل گئی یا اِدھر اُدھر کی باتیں ہونے لگیں تو قبول ایجاب کے ساتھ نہیں جڑے گا، مثلاً: کسی نے ولی سے کہا: آپ میرا فلاں لڑکی سے نکاح کردیں، پس ولی کچھ دیر خاموش رہا یا ولی نے پوچھا: کیا مہر دوگے؟ اس نے مہر بتلایا تو ولی نے کہا: میں نے آپ کا اس کے ساتھ نکاح کردیا پس نکاح منعقد ہوگیا اور قبول ایجاب کے ساتھ جڑ گیا۔

دلیل: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو بار بار آئی ہے، ایک صحابی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر آپ اس خاتون سے نکاح نہ کرنا چاہیں تو آپ میرا نکاح ان کے ساتھ کردیں (یہ ایجاب ہوا) آپؐ نے پوچھا: مہر کیا دوگے؟ وغیرہ (یہ فصل ہوا) پھر آپؐ نے ان کا نکاح کردیا (یہ قبول ہوا) مگر اس واقعہ میں مجلس بدل گئی تھی، وہ صحابی انگوٹھی ڈھونڈھنے کے لئے اٹھ کر گئے تھے، پس صحیح بات یہ ہے کہ اس حدیث سے اس مسئلہ میں استدلال درست نہیں، انھوں نے نبی ﷺ کو وکیل بنایا تھا، جس طرح اس خاتون نے آپؐ کو وکیل بنایا تھا، پس آپؐ کا قول زَوَّجْتُکَهَا: ایجاب بھی تھا اور قبول بھی، اس لئے فصل کا سوال ہی نہیں۔

[٤٣-] بَابُ تَزْوِيْجِ الْيَتِيْمَةِ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ﴾[النساء: ٣]

وَإِذَا قَالَ لِلْوَلِيِّ: زَوِّجْنِيْ فُلَانَةً، فَمَكَثَ سَاعَةً، أَوْ قَالَ: مَا مَعَكَ؟ فَقَالَ: مَعِيْ كَذَا وَكَذَا، أَوْ لَبِثَا، ثُمَّ قَالَ: زَوَّجْتُكَهَا، فَهُوَ جَائِزٌ. فِيْهِ سَهْلٌ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥١٤٠-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ: أَنَّـهُ سَأَلَ عَائِشَةَ قَالَ لَهَا: يَا أُمَّتَاهْ: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى﴾ إِلٰى ﴿مَامَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾[النساء: ٣]؟ قَالَتْ عَائِشَةُ: يَا ابْنَ أُخْتِيْ! هٰذِهِ الْيَتِيْمَةُ تَكُوْنُ فِيْ حَجْرِ وَلِيِّهَا، فَيَرْغَبُ فِيْ جَمَالِهَا وَمَالِهَا، وَيُرِيْدُ أَنْ يَنْتَقِصَ مِنْ صَدَاقِهَا، فَنُهُوْا عَنْ نِكَاحِهِنَّ، إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا لَهُنَّ فِيْ إِكْمَالِ الصِّدَاقِ، وَأُمِرُوْا بِنِكَاحِ مَنْ سِوَاهُنَّ مِنَ النِّسَاءِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: اسْتَفْتَى النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ ذٰلِكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ﴾ إِلٰى ﴿وَتَرْغَبُوْنَ﴾[النساء: ١٢٧] فَأَنْزَلَ اللّٰهُ لَهُمْ فِي هٰذِهِ الآيَةِ: أَنَّ الْيَتِيْمَةَ إِذَا كَانَتْ ذَاتَ مَالٍ وَجَمَالٍ، رَغِبُوْا فِيْ نِكَاحِهَا وَنَسَبِهَا

وَالصَّدَاقِ، وَإِذَا كَانَتْ مَرْغُوْبًا عَنْهَا فِيْ قِلَّةِ الْمَالِ، تَرَكُوْهَا وَأَخَذُوْا غَيْرَهَا مِنَ النِّسَاءِ، قَالَتْ: فَكَمَا يَتْرُكُوْنَهَا حِيْنَ يَرْغَبُوْنَ عَنْهَا، فَلَيْسَ لَهُمْ أَنْ يَنْكِحُوْهَا إِذَا رَغِبُوْا فِيْهَا، إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا لَهَا وَيُعْطُوْهَا حَقَّهَا الْأَوْفَى مِنَ الصِّدَاقِ. [راجع: ٢٤٩٤]

بَابٌ: إِذَا قَالَ الْخَاطِبُ لِلْوَلِيِّ: زَوِّجْنِيْ فُلَانَةً

نکاح کی درخواست قبول کے قائم مقام ہے

منگنی ڈالنے والے نے لڑکی کے ولی سے درخواست کی کہ آپ میرا نکاح فلاں لڑکی سے کردیں، ولی نے کہا: میں نے اتنے مہر میں تمہارا نکاح اس سے کردیا تو نکاح ہوگیا، تم راضی ہو یا قبول کیا؟ کہنے کی ضرورت نہیں (یہ باب کا ترجمہ ہے) وہ خاتون جس نے اپنی ذات نبی ﷺ کو بخشی تھی اور نبی ﷺ نے اس کو قبول نہیں کیا تھا، اور ایک صحابی نے درخواست کی تھی کہ آپؐ میرا ان سے نکاح کردیں، پس آپؐ نے ان کا نکاح ان سے کردیا تو ان صحابی نے رَضِیْتُ یا قَبِلْتُ نہیں کہا تھا، معلوم ہوا کہ اس کی ضرورت نہیں تھی، درخواست قبول کے قائم مقام ہے ـــــ مگر پہلے بتلایا ہے کہ یہ استدلال صحیح نہیں، اُس واقعہ میں نبی ﷺ نے دونوں جانبوں کا وکیل بن کر قد زَوَّجْتُکَهَا فرمایا تھا، پس یہی ارشاد ایجاب بھی ہے اور قبول بھی، اس لئے دوسرے قبول کی ضرورت نہیں۔

[٤٤-] بَابٌ: إِذَا قَالَ الْخَاطِبُ لِلْوَلِيِّ: زَوِّجْنِيْ فُلَانَةً، فَقَالَ: قَدْ زَوَّجْتُكَ بِكَذَا وَكَذَا: جَازَ النِّكَاحُ، وَإِنْ لَمْ يَقُلْ لِلزَّوْجِ: أَرَضِيْتَ أَمْ قَبِلْتَ؟

[٥١٤١-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ: أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَعَرَضَتْ عَلَيْهِ نَفْسَهَا، فَقَالَ: "مَالِي الْيَوْمَ فِي النِّسَاءِ مِنْ حَاجَةٍ" فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! زَوِّجْنِيْهَا، قَالَ: "مَا عِنْدَكَ؟" قَالَ: مَا عِنْدِيْ شَيْئٌ. قَالَ: "أَعْطِهَا وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ" قَالَ: مَا عِنْدِيْ شَيْئٌ! قَالَ: "فَمَا عِنْدَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟". قَالَ: كَذَا وَكَذَا، قَالَ: "فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ" [راجع: ٢٣١٠]

بَابٌ: لَا يَخْطُبُ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيْهِ حَتّٰى يَنْكِحَ أَوْ يَدَعَ

بھائی کی منگنی پر منگنی نہ ڈالے، یہاں تک کہ معاملہ ایک طرف ہوجائے

حدیث (۱): ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے منع کیا کہ تم میں سے کوئی دوسرے کے سودے پر سودا کرے،

اور کوئی شخص اپنے بھائی کی منگنی پر منگنی نہ ڈالے، یہاں تک کہ پہلا منگنی ڈالنے والا چھوڑ دے یا وہ دوسرے منگنی ڈالنے والے کو اجازت دیدے۔

حدیث (۲): ابو ہریرہؓ نبی ﷺ سے نقل کرتے ہیں یعنی حدیث مرفوع ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''بچو تم گمان سے، اس لئے کہ گمان سب سے بڑا جھوٹ ہے، اور تجسس مت کرو، اور ٹوہ میں مت رہو، اور ایک دوسرے سے انتہائی نفرت مت کرو، اور بھائی بھائی بن کر رہو، اور آدمی اپنے بھائی کی منگنی پر منگنی نہ ڈالے، یہاں تک کہ وہ نکاح کرے یا چھوڑ دے۔

تشریح: یہ حدیثیں حسن معاشرت کے باب سے ہیں، جب کسی کے ساتھ سودا چل رہا ہو یا کسی نے منگنی بھیج رکھی ہو، اور اس کی طرف التفات ہو گیا ہو تو دوسرے کو بیچ میں نہیں کودنا چاہئے، اس سے پہلے شخص کو ایذاء پہنچے گی، ناگواری ہوگی اور فتنوں کا دروازہ کھلے گا —— البتہ جب تک کوئی چیز معرض بیع میں ہے، اس پر ''برائے فروخت'' کا بورڈ لگا ہوا ہے: ہر شخص خریدنے کی پیش کش کر سکتا ہے —— اسی طرح جب کوئی لڑکا یا لڑکی معرضِ خطبہ میں ہے، منگنیاں آرہی ہیں تو ہر شخص منگنی بھیج سکتا ہے —— مگر جب ایک خریدار کی طرف رکون (میلان) ہو جائے اور معاملہ کو آخری شکل دی جارہی ہو یا ایک منگنی بھیجنے والے کے ساتھ راہ و رسم شروع ہوگئی تو اب دوسرے کا درمیان میں آنا ممنوع ہے۔

اور دوسری حدیث میں جو چند احکام ہیں ان میں گہرا ربط ہے، کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا نہیں ہے، فساد معاشرہ اسی ترتیب سے رونما ہوتا ہے:

۱- کسی شخص کے بارے میں بدگمانی ہزار جھوٹ کو جنم دیتی ہے، آدمی اس کے بارے میں طرح طرح کی باتیں کرنے لگتا ہے، اور وہ اکثر جھوٹ ہوتی ہیں، اس لئے اس کو **أکذبُ الحدیث** کہا —— نیز ایک جھوٹی بات آدمی جھوٹ سمجھتے ہوئے کہتا ہے: اور بدگمانی میں اس کو سچ سمجھ کر کہتا ہے، اس لئے وہ مہا جھوٹ ہے!

۲- پھر تجسس شروع ہو جاتا ہے، آدمی چاہتا ہے کہ مخالف کا کوئی کمزور پوئنٹ ہاتھ آجائے تو اس کو خوب اچھالے۔

۳- پھر جب کوئی بات ہاتھ لگتی ہے تو وہ اس کی ٹوہ میں لگ جاتا ہے، اس کے شواہد وقرائن جمع کرتا ہے، اور وہ جھوٹی بات پختہ سے پختہ تر ہو جاتی ہے۔

۴- نتیجۃً باہم انتہائی نفرت پیدا ہو جاتی ہے، جبکہ مسلمان بھائی بھائی ہیں، ان کو بھائیوں کی طرح رہنا چاہئے۔

۵- پھر چند اسباب کی نشاندہی کی ہے، جو فسادِ معاشرہ کا سبب بنتے ہیں: ایک: کسی کا سودا چل رہا تھا کہ دوسرا بیچ میں کودا، اور رنگ میں بھنگ ڈال دیا اور مبیع لے اڑا۔ دوم: کسی کی منگنی پایۂ تکمیل کو پہنچنے والی تھی کہ دوسرا سامنے آگیا اور لڑکی والوں کو اپنی طرف متوجہ کر لیا —— یہ اور اس جیسے دوسرے اسباب معاشرہ کو خراب کرتے ہیں، پس ان سے احتراز لازم ہے۔

فائدہ: ایک ضعیف حدیث ہے: **الحَزْمُ سوءُ الظن**: احتیاط بدظنی میں ہے! اس کا سبق بدظنی ہے، مگر اس کا تعلق اپنی ذات سے ہے، غیر سے نہیں، اور بدظنی کے معنی چوکنا رہنا ہیں، بھولا آدمی ہر کسی پر اعتماد کر لیتا ہے، اور مکار کی جال میں پھنس

جاتا ہے، اور جو شخص چوکنا رہتا ہے اس کو کوئی شخص فریب نہیں دے سکتا۔

[٤٥-] بَابٌ: لاَ يَخْطُبُ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيْهِ حَتّٰى يَنْكِحَ أَوْ يَدَعَ

[٥١٤٢-] حدثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ نَافِعًا يُحَدِّثُ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَبِيْعَ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ، وَلاَ يَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيْهِ، حَتّٰى يَتْرُكَ الْخَاطِبُ قَبْلَهُ، أَوْ يَأْذَنَ لَهُ الْخَاطِبُ.[راجع: ٢١٣٩]

[٥١٤٣-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، قَالَ: قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ- يَأْثُرُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ-:" إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيْثِ، وَلاَ تَجَسَّسُوْا، وَلاَ تَحَسَّسُوْا وَلاَ تَبَاغَضُوْا، وَكُوْنُوْا إِخْوَانًا"[أطرافه: ٦٠٦٤، ٦٠٦٦، ٦٧٢٤]

[٥١٤٤-] "وَلاَ يَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيْهِ، حَتّٰى يَنْكِحَ أَوْ يَتْرُكَ"[راجع: ٢١٤٠]

بَابُ تَفْسِيْرِ تَرْكِ الْخِطْبَةِ

منگنی چھوڑنے کا مطلب

منگنی چھوڑنے کا مطلب یہ ہے کہ منگنی بھیجنے والا نکاح کا ارادہ ترک کردے، اور حدیث اور اس کا پس منظر پہلے (تحفۃ القاری ۸:۸۹) آیا ہے، نبی ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کرنے کے بارے میں مشورہ کیا، مگر ضروری نہیں تھا کہ آپ ان سے نکاح کرتے، اس لئے حضرت ابوبکرؓ نے کہا: اگر نبی ﷺ نکاح نہ کرتے یعنی ارادہ ترک کردیتے تو میں ان کو قبول کرلیتا۔ یہ ترکِ خطبہ کی تفسیر ہے۔

[٤٦-] بَابُ تَفْسِيْرِ تَرْكِ الْخِطْبَةِ

[٥١٤٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يُحَدِّثُ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حِيْنَ تَأَيَّمَتْ حَفْصَةُ قَالَ عُمَرُ: لَقِيْتُ أَبَابَكْرٍ فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتَ أَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ ثُمَّ خَطَبَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَقِيَنِيْ أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: إِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِيْ أَنْ أَرْجِعَ إِلَيْكَ فِيْمَا عَرَضْتَ إِلاَّ أَنِّيْ قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ ذَكَرَهَا، فَلَمْ أَكُنْ لِأُفْشِيَ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَوْ تَرَكَهَا لَقَبِلْتُهَا. تَابَعَهُ يُوْنُسُ وَمُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ وَابْنُ أَبِيْ عَتِيْقٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ.[راجع:٤٠٠٥]

لغت: تَأَيَّمَتِ المرأة: بیوہ ہوجانا............قد ذكرها: حفصہ کے بارے میں مشورہ کیا تھا۔

بَابُ الْخُطْبَةِ

خطبۂ نکاح

ہراہم موقع پر مسنون یہ ہے کہ پہلے خطبہ پڑھا جائے، پھر معاملہ کی گفتگو شروع کی جائے، اور اس سلسلہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی ترمذی میں حدیث ہے مگر اس کی سند میں اختلاف ہے اس لئے اس کی تخریج نہیں کی (تحفۃ الالمعی ۳:۵۲۷) اور ایک غیر متعلق حدیث لائے۔ نکاح خطبہ کے بغیر بھی جائز ہے، کیونکہ خطبہ سنت ہے، ضروری نہیں۔

حدیث: مشرق (نجد) سے ایک وفد میں دو شخص آئے: عمرو اور زبرقان، دونوں نے تقریر میں مقابلہ بازی کی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: بے شک بعض بیان جادو ہے —— یہ حسنِ بیان کی مدح بھی ہے اور ذم بھی، اگر تقریر اچھی ہے اور لوگوں کا ذہن اچھی بات کی طرف پلٹتا ہے تو مدح ہے ورنہ ذم ہے (اور دونوں کی تقریریں عمدۃ القاری میں ہیں، اور کچھ تحفۃ الالمعی (۵:۳۶۲) میں ہے)

[۴۷-] بَابُ الْخُطْبَةِ

[۵۱۴۶-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَخَطَبَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا "[طرفه: ۵۷۶۷]

بَابُ ضَرْبِ الدُّفِّ فِي النِّكَاحِ وَالْوَلِيْمَةِ

شادی اور ولیمہ میں دھپڑا بجانا

نکاح کی تشہیر کا حکم دیا گیا ہے، اور تشہیر کے طریقے بہت ہیں، ایک طریقہ نکاح اور ولیمہ کے موقعہ پر کچھ شور اور ڈفلی بجانا ہے، اور کچھ روشنی کرنا اور جھنڈیاں باندھنا دف کے قائم مقام ہے —— پہلے یہ بات آئی ہے کہ عربوں میں نکاح کے چار طریقے رائج تھے، اسلام نے ایک طریقہ کو باقی رکھ کر باقی طریقوں کو ختم کر دیا، اور تشہیر کا حکم دیا، تاکہ وہ خفیہ نکاحوں سے جدا ہو جائے، فرمایا: "حلال اور حرام کے درمیان امتیاز دف اور آواز ہے" (ترمذی) یعنی جائز نکاح وہی ہے جو علی الاعلان کیا جائے، اور جو نکاح چوری چھپے کئے جاتے تھے وہ حرام ہیں اور نکاح کی تشہیر کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ نکاح مسجد میں کیا جائے، اور باب کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۸۵) آچکی ہے۔

[۴۸-] بَابُ ضَرْبِ الدُّفِّ فِي النِّكَاحِ وَالْوَلِيْمَةِ

[۵۱۴۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ بِشْرِ بْنِ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ ذَكْوَانَ، قَالَ: قَالَتِ الرُّبَيِّعُ

بِنْتُ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ: جَاءَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم فَدَخَلَ حِيْنَ بُنِيَ عَلَيَّ، فَجَلَسَ عَلٰى فِرَاشِيْ كَمَجْلِسِكَ مِنِّيْ، فَجَعَلَتْ جُوَيْرِيَاتٌ لَنَا يَضْرِبْنَ بِالدُّفِّ وَيَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ آبَائِيْ يَوْمَ بَدْرٍ، إِذْ قَالَتْ إِحْدَاهُنَّ: وَفِيْنَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ! فَقَالَ:" دَعِيْ هٰذِهِ، وَقُوْلِيْ بِالَّذِيْ كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ"[راجع: ۴۰۰۱]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَآتُوْا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً﴾

(۱) مہر خوش دلی سے ادا کرے (۲) مہر کی زیادتی (۳) وہ چیز جو مہر بن سکتی ہے (۴) نکاح کے وقت مہر مقرر کرنا ضروری نہیں

زمانۂ جاہلیت میں نکاح کا جو شریفانہ طریقہ عربوں میں رائج تھا: اس میں مہر مقرر کیا جاتا تھا، اسلام نے اس طریقہ کو برقرار رکھا ہے، مہر اس بات کی علامت ہے کہ نکاح کرنے والا عورت کا طالب اور خواستگار ہے، اس لئے وہ اپنی حیثیت اور استطاعت کے مطابق مہر کا نذرانہ پیش کرتا ہے، یا اس کی ادائیگی اپنے ذمہ لیتا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں چار باتیں بیان کی ہیں:

پہلی بات: مہر خوش دلی سے ادا کیا جائے، اس کو کوئی جرمانہ نہ سمجھا جائے، سورۃ النساء (آیت ۴) میں ہے: "اور تم بیویوں کو ان کے مہر خوش دلی سے دیا کرو"

دوسری بات: مہر کی زیادہ سے زیادہ مقدار بالاتفاق متعین نہیں، سورۃ النساء (آیت ۲۰) میں ہے: "اگر تم ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی کرنا چاہو، اور تم ان میں سے ایک کو ڈھیر سارا مال دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ بھی واپس مت لو" اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک واقعہ میں اس آیت کی وجہ سے زیادہ مہر کے جواز کو تسلیم کر لیا تھا ـــــ مگر اولیٰ بہر حال یہ ہے کہ مہر بے حد مال نہ ہو، مالدار اگرچہ اس کو برداشت کر لیں گے مگر غریبوں کے لئے وہ وبال بن جائے گا، یا پھر مہر زبانی جمع خرچ ہو کر رہ جائے گا، بوقتِ نکاح مقرر تو کر لیا جائے گا مگر دینا لینا کچھ نہ ہوگا، بلکہ دینے کی نیت ہی نہ ہوگی، پس نکاح زنا ہو کر رہ جائے گا۔

تیسری بات: کم سے کم کیا چیز مہر بن سکتی ہے؟ اس میں دو باتوں میں اختلاف ہے:

۱- غیر مال مہر بن سکتا ہے یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ہر چیز خواہ مال ہو یا غیر مال جیسے تعلیم قرآن اور خدمت وغیرہ مہر بن سکتی ہے، باقی ائمہ کے نزدیک غیر مال مہر نہیں ہو سکتا، صرف ایسا مال جو بیع میں ثمن بن سکتا ہے مہر مقرر ہو سکتا ہے، اور ان کی دلیل سورۃ النساء کی (آیت ۲۴) ہے، اس میں حلال عورتوں کو مالوں کے ذریعہ طلب کرنے کا حکم ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کی دلیل احادیث ہیں۔

۲- مہر کی کم سے کم مقدار متعین ہے یا نہیں؟ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک متعین نہیں، جس مال پر بھی زوجین راضی ہوجائیں مہر ہوسکتا ہے، چاہے لوہے کی انگوٹھی ہو، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک چوتھائی دینار یعنی تین درہم مہر ضروری ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک دس درہم کم سے کم مہر ہونا ضروری ہے۔

چوتھی بات: نکاح میں مہر لازمی ہے، مگر نکاح کے وقت اس کی تعیین یا تذکرہ ضروری نہیں، آگے پیچھے بھی تعیین ہوسکتی ہے، ورنہ مہر مثل واجب ہوگا۔ سورۃ البقرۃ (آیت ۲۳۶) میں ہے: ﴿لاَجُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَالَمْ تَمَسُّوْهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً﴾: اور اگر تم عورتوں کو ہاتھ لگانے یا ان کا مہر مقرر کرنے سے پہلے ہی طلاق دیدو تو تم پر کچھ گناہ نہیں —— اس آیت سے معلوم ہوا کہ مہر مقرر کئے بغیر بھی نکاح صحیح ہے۔

پھر باب میں حضرت عبدالرحمٰن کا واقعہ ہے، انھوں نے گٹھلی کے وزن کے بقدر پر نکاح کیا تھا، وزنُ نواۃ میں بڑا اختلاف ہے کہ اس کا مطلب کیا ہے اور اس کی مقدار کیا ہے؟ مگر اس پر کسی مسئلہ کا مدار نہیں۔

[٤٩-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَآتُوْا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً﴾

وَكَثْرَةِ الْمَهْرِ، وَأَدْنىٰ مَا يَجُوْزُ مِنَ الصَّدَاقِ

وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنْطَارًا فَلاَ تَأْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا﴾ وَقَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ ﴿أَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ﴾

وَقَالَ سَهْلٌ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ"

[٥١٤٨-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً عَلٰى وَزْنِ نَوَاةٍ، فَرَأَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَشَاشَةَ الْعُرْسِ، فَسَأَلَهُ فَقَالَ: إِنِّيْ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً عَلٰى وَزْنِ نَوَاةٍ، وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً عَلٰى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ. [راجع: ٢٠٤٩]

قولہ: بشاشة العُرس: شادی کی خوشی .... قتادہ کی روایت میں من ذهب کا اضافہ ہے۔

بَابُ التَّزْوِيْجِ عَلَى الْقُرْآنِ وَبِغَيْرِ صَدَاقٍ

تعلیم قرآن پر اور بغیر مہر کے نکاح کرنا

حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اس خاتون کا واقعہ ہے جس نے اپنی ذات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بخشی تھی، اگر آپ اس سے نکاح کرتے تو بغیر مہر کے نکاح ہوتا، بخشنے کا یہی مطلب ہے، مگر یہ حکم آپ کے لئے خاص تھا، امت کے لئے نکاح میں

مہر ضروری ہے، اوراس پر اتفاق ہے ـــــ پھر آپؐ نے اس عورت کا نکاح ایک صحابی سے تعلیم قرآن پر کردیا اور تعلیم قرآن مال نہیں، اس لئے مسئلہ میں اختلاف ہوا، امام شافعی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو لیا، اور تعلیم قرآن پر نکاح درست قرار دیا، دوسرے فقہاء نے اس حدیث کو نہیں لیا، انھوں نے آیت کریمہ: ﴿أَنْ تَبْتَغُوْا بِأَمْوَالِكُمْ﴾ کو لیا، اوراس حدیث کے بارے میں کہا کہ معلوم نہیں یہ واقعہ آیت کے نزول سے پہلے کا ہے یا بعد کا؟ نیز اس میں مہر معجّل کا بھی احتمال ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۵۳۸:۳) میں ہے۔

[۵۰-] بَابُ التَّزْوِيْجِ عَلَى الْقُرْآنِ وَبِغَيْرِ صَدَاقٍ

[۵۱۴۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ، سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَقُوْلُ: إِنِّيْ لَفِي الْقَوْمِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذْ قَامَتِ امْرَأَةٌ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهَا قَدْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لَكَ، فَرَأْ فِيْهَا رَأْيَكَ، فَلَمْ يُجِبْهَا شَيْئًا. ثُمَّ قَامَتْ فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّهَا قَدْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لَكَ فَرَأْ فِيْهَا رَأْيَكَ، فَلَمْ يُجِبْهَا شَيْئًا. ثُمَّ قَامَتِ الثَّالِثَةَ فَقَالَتْ: إِنَّهَا قَدْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لَكَ فَرَأْ فِيْهَا رَأْيَكَ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنْكِحْنِيْهَا قَالَ: " هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ؟" قَالَ: لَا. قَالَ: " اذْهَبْ فَاطْلُبْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ" فَذَهَبَ فَطَلَبَ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: مَا وَجَدْتُ شَيْئًا وَلَا خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ. قَالَ: " هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ؟" قَالَ: مَعِيْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا. قَالَ: " اذْهَبْ فَقَدْ أَنْكَحْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ" [راجع: ۲۳۱۰]

قوله: إنها قد وهبت میں التفات ہے .... رَأْ: فعل امر ہے، اور ہمزہ کو تخفیفاً حذف کرکے رَ بھی کہتے ہیں، آپ میرے بارے میں غور کرلیں کہ آپ نکاح کرنا چاہتے ہیں یا نہیں؟

بَابُ الْمَهْرِ بِالْعُرُوْضِ وَخَاتَمٍ مِنْ حَدِيْدٍ

سامان اور لوہے کی انگوٹھی کو مہر مقرر کرنا

کوئی بھی سامان جس کی اقل مہر کے بقدر مالیت ہو مہر بن سکتا ہے، مہر کا نقد (کرنسی) ہونا ضروری نہیں، اور **خاتم من حدید**: تخصیص بعد التعمیم ہے یعنی یہ سامان کی ایک مثال ہے۔

[۵۱-] بَابُ الْمَهْرِ بِالْعُرُوْضِ وَخَاتَمٍ مِنْ حَدِيْدٍ

[۵۱۵۰-] حدثنا يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لِرَجُلٍ: "تَزَوَّجْ وَلَوْ بِخَاتَمٍ مِنْ حَدِيْدٍ" [راجع: ۲۳۱۰]

بَابُ الشُّرُوْطِ فِی النِّكَاحِ

نکاح میں شرطوں کا بیان

شرطیں تین قسم کی ہیں:

۱- وہ شرطیں جو نکاح کا مقتضی ہیں، جیسے مہر، نان ونفقہ وغیرہ، یہ شرطیں بہرحال ثابت ہونگی، خواہ لگائی جائیں یا نہ لگائیں جائیں۔

۲- وہ شرطیں جو نکاح کے مقتضی کے خلاف ہیں، جیسے صحبت نہ کرنے دینے کی شرط یا مہر اور نان ونفقہ نہ دینے کی شرط، یہ شرطیں کالعدم ہونگی، عقد کا مقتضی بہرحال ثابت ہوگا —— بعد میں مہر یا نان ونفقہ معاف کرنا الگ بات ہے۔

۳- وہ شرطیں جو نہ نکاح کا مقتضی ہیں نہ اس کے خلاف ہیں، جیسے گھر داماد ہوکر رہنے کی شرط یا دوسرا نکاح نہ کرنے کی شرط: ایسی شرطیں دیانۃً لازم ہیں قضاءً لازم نہیں (تفصیل تحفۃ الالمعی (۳:۵۵۷) میں ہے)

اور باب میں ایک اثر اور دو حدیثیں ہیں: تینوں پہلے (تحفۃ القاری ۶:۱۱۱) آئے ہیں، پوری شرح وہاں ہے اور ترجمہ بعد میں ہے۔

[۵۲-] بَابُ الشُّرُوْطِ فِی النِّكَاحِ

[۱-] وَقَالَ عُمَرُ: مَقَاطِعُ الْحُقُوْقِ عِنْدَ الشُّرُوْطِ.

[۲-] وَقَالَ الْمِسْوَرُ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم ذَكَرَ صِهْرًا لَهُ، فَأَثْنٰی عَلَيْهِ فِیْ مُصَاهَرَتِهِ فَأَحْسَنَ، قَالَ: "حَدَّثَنِیْ وَصَدَقَنِیْ، وَوَعَدَنِیْ فَوَفّٰی لِیْ"

[۵۱۵۱-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِی الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: "أَحَقُّ مَا أَوْفَيْتُمْ مِنَ الشُّرُوْطِ أَنْ تُوْفُوْا بِهِ مَا اسْتَحْلَلْتُمْ بِهِ الْفُرُوْجَ" [راجع: ۲۷۲۱]

اثر: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "شرطوں کے پاس حقوق ختم ہوجاتے ہیں (مَقَاطع: مَقْطع کی جمع ہے: وہ جگہ جہاں کلام ختم ہوجائے)

حدیث (۱): مسورؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو سنا، آپؐ نے اپنے ایک داماد کا تذکرہ کیا، پس ان کی تعریف کی کہ وہ میرے بہت اچھے داماد تھے، فرمایا: "انھوں نے مجھ سے بات کہی اور سچی بات کہی، اور انھوں نے مجھ سے وعدہ کیا، پس میرے لئے وعدہ پورا کیا"

حدیث(۲): فرمایا: ''وفا کی سب سے زیادہ حقدار وہ شرطیں ہیں جن کے ذریعہ تم نے شرمگاہوں کو حلال کیا ہے'' یعنی جن شرطوں کو قبول کرنے کی وجہ سے نکاح ہوا ہے، وہ وفا کی زیادہ حقدار ہیں، ان کو ضرور پورا کرنا چاہئے (یہ دیانت کا بیان ہے)

بَابُ الشُّرُوْطِ الَّتِیْ لَاتَحِلُّ فِی النِّکَاحِ

وہ شرطیں جو نکاح میں جائز نہیں

ایک شخص کی بیوی ہے، وہ کسی مصلحت سے دوسری شادی کرنا چاہتا ہے، عورت شرط لگاتی ہے کہ پہلی بیوی کو طلاق دو تو میں تم سے نکاح کروں: یہ جائز نہیں، ابن مسعودؓ نے فرمایا: عورت اپنی بہن کی طلاق کی شرط نہ لگائے، اور حدیث میں ہے: کسی عورت کے لئے جائز نہیں کہ اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ کرے، تاکہ وہ اپنے برتن میں انڈیل لے اس چیز کو جو اس دوسری کے برتن میں ہے یعنی اپنے شوہر کے لئے خالص ہوجائے، اور سوکن کا کانٹا بیچ میں سے نکل جائے، وہ نکاح کرے جو اس کے مقدر کا ہے اس کو ملے گا۔ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۲۰۸) آئی ہے۔

[۵۳-] بَابُ الشُّرُوْطِ الَّتِیْ لَاتَحِلُّ فِی النِّکَاحِ

وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: لَاتَشْتَرِطُ الْمَرْأَةُ طَلَاقَ أُخْتِهَا.

[۵۱۵۲-] حدثنا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَی، عَنْ زَکَرِیَّاءَ - هُوَ ابْنُ أَبِیْ زَائِدَةَ - عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: '' لَایَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تَسْأَلُ طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَسْتَفْرِغَ صَحْفَتَهَا، فَإِنَّمَا لَهَا مَا قُدِّرَ لَهَا'' [راجع: ۲۱۴۰]

لغت: اسْتَفْرَغَ: خالی کرلے .... صَحْفَة: پیالہ۔

بَابُ الصُّفْرَةِ لِلْمُتَزَوِّجِ

ابٹن ملنا

الصُّفْرة: ایک پیلی خوشبو، جس کا جزاعظم زعفران ہوتا تھا، جو عورتیں استعمال کرتی تھیں، حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک مردوں کے لئے یہ خوشبو ممنوع ہے، مالکیہ کے نزدیک کپڑے میں لگانا جائز ہے، بدن میں جائز نہیں —— جہلاء دلہا دلہن کے اُبٹن ملتے ہیں، یہ ایک مسالہ ہے جس کا جزءِ اعظم ہلدی ہوتا ہے، اس سے جسم ملائم ہوتا ہے، یہ لغو رسم ہے، اس کی کچھ اصل نہیں، اور حضرت عبدالرحمٰنؓ کے کپڑوں پر جو صفرہ کا اثر تھا وہ اتفاقی امر تھا، اہلیہ کے جسم سے حضرت کے کپڑوں میں لگ گیا تھا، حضرتؓ کے ابٹن نہیں ملا گیا تھا۔

[٥٤-] بَابُ الصُّفْرَةِ لِلْمُتزوِّجِ

وَرَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُوْفٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[٥١٥٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ جَاءَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَبِهِ أَثَرُ صُفْرَةٍ فَسَأَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَأَخْبَرَهُ: أَنَّهُ تزوَّجَ امْرَأَةً مِنَ الأَنْصَارِ، قَالَ: " كَمْ سُقْتَ إِلَيْهَا؟" قَالَ: زِنَةَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ" [راجع: ٢٠٤٩]

بَابٌ

نئی بیوی لائے تو پرانی کو بھول نہ جائے!

یہ باب کالفصل من الباب السابق نہیں ہے، باب کی حدیث میں صُفرۃ کا کوئی ذکر نہیں، اس لئے نیا باب لگانا ہے جو میں نے لگایا ہے۔ کل جدید لذیذ: ہرنئی چیز مزیدار ہوتی ہے، اس لئے میاں نئی نویلی میں اتنے مگن ہوجاتے ہیں کہ پرانی کو بھول جاتے ہیں، یہ بات اسوۂ نبوی کے خلاف ہے، آپؐ کا معمول یہ تھا کہ شب زفاف کے بعد سب بیویوں کے پاس جاتے، خیر خیریت معلوم کرتے، دعائیں دیتے اور دعائیں لیتے، تاکہ پرانی کے دل میں یہ بات نہ آئے کہ پرانا کپڑا اتار پھینکا، اور حدیث کتاب التفسیر میں سورۃ الاحزاب کی آیت ۵۲ کی تفسیر میں آچکی ہے، نبی ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا ولیمہ کیا، مسلمانوں کو روٹی گوشت خوب کھلایا، پھر آپؐ گھر سے نکلے جیسا کہ آپؐ کا معمول تھا جب آپؐ شادی کرتے (یہاں باب ہے) پس دیگر ازواج کے کمروں میں تشریف لے گئے، آپؐ دعا دے رہے تھے اور ازواج بھی دعائیں دے رہی تھیں، پھر آپ لوٹے تو دو شخصوں کو گھر میں بیٹھا ہوا پایا، پس آپؐ لوٹ گئے (اور دوبارہ ازواج کے پاس گئے) حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ میں نے آپؐ کو اطلاع دی یا کہا: آپؐ کو دونوں کے نکلنے کی اطلاع دی گئی (الی آخرہ)

لغت: أَوْسَع الشیئَ: کشادہ کرنا۔

[٥٥-] بَابٌ

[٥١٥٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَوْلَمَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِزَيْنَبَ فَأَوْسَعَ الْمُسْلِمِيْنَ خُبْزًا فَخَرَجَ كَمَا يَصْنَعُ إِذَا تَزَوَّجَ، فَأَتَى حُجَرَ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ يَدْعُوْ وَيَدْعُوْنَ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَرَأَى رَجُلَيْنِ، لاَ أَدْرِيْ أَخْبَرْتُهُ أَوْ أُخْبِرَ بِخُرُوْجِهِمَا. [راجع: ٤٧٩١]

بَابُ: كَيْفَ يُدْعٰى لِلْمُتَزَوِّجِ؟

دلہا دلہن کو دعا کیسے دی جائے؟

زمانۂ جاہلیت میں شادی شدہ کو دعا دی جاتی تھی: الرِّفاء والبنين: تم دونوں کے درمیان موافقت رہے، اور تمہارے یہاں بیٹے پیدا ہوں! یہ جملہ جاہلیت کی ذہنیت کی ترجمانی کرتا تھا، جاہلیت کے لوگ لڑکوں کو پسند کرتے تھے اور لڑکیوں کو ناپسند کرتے تھے، اس لئے نبی ﷺ نے اس جملہ کو بدل دیا، آپؐ دعا دیتے: بارك الله لك وبارك عليك، وجمع بينكما في خير: اللہ تعالیٰ آپ کے حقوق میں برکت فرمائیں اور آپ کی ذمہ داریوں میں بھی یعنی حقوق حاصل ہوں اور ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی توفیق ملے اور تم دونوں کو خیر میں جمع کریں یعنی تمہارا ملاپ بخیر ہو۔

[٥٦-] بَابُ: كَيْفَ يُدْعٰى لِلْمُتَزَوِّجِ؟

[٥١٥٥-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ- هُوَ ابْنُ زَيْدٍ - عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى عَلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ أَثَرَ صُفْرَةٍ قَالَ: " مَا هٰذَا؟" قَالَ: إِنِّيْ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً عَلٰى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ. قَالَ: " بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ، أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ" [أطرافه: ٢٠٤٩]

بَابُ الدُّعَاءِ لِلنِّسَاءِ اللَّاتِيْ يَهْدِيْنَ الْعُرُوْسَ، وَلِلْعَرُوْسِ

دلہنوں کو پہنچانے والی عورتوں کو اور نئے جوڑے کو دعا دینا

جو خواتین دلہن کو شوہر کے گھر پہنچاتی ہیں وہ اچھا کام کرتی ہیں، پس ان کو دعا کا نذرانہ پیش کرنا چاہئے، اسی طرح نئے جوڑے کو بھی لوگ دعا دیں، دعا سے دل خوش ہوتا ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۳۵۶) آئی ہے، جب صدیقہ رضی اللہ عنہا کو رخصتی کے لئے سنوارا گیا تو انصاری خواتین نے دعا دی: "تمہارے لئے بہتر اور مبارک ہو، اور تمہاری قسمت کھل گئی!" اس طرح اور لوگوں کو بھی دعا دینی چاہئے۔

[٥٧-] بَابُ الدُّعَاءِ لِلنِّسَاءِ اللَّاتِيْ يَهْدِيْنَ الْعُرُوْسَ، وَلِلْعَرُوْسِ

[٥١٥٦-] حدثنا فَرْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: تَزَوَّجَنِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَتَتْنِيْ أُمِّيْ فَأَدْخَلَتْنِي الدَّارَ، فَإِذَا نِسْوَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فِي الْبَيْتِ، فَقُلْنَ: عَلَى الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ، وَعَلٰى خَيْرِ طَائِرٍ. [راجع: ٣٨٩٤]

لغت: عُرُوْس (بضمتين) الْعَرُوْس کی جمع: دلہا دلہن......... عَرُوْس: نیا جوڑا۔

بَابُ مَنْ أَحَبَّ الْبِنَاءَ قَبْلَ الْغَزْوِ

ایک رائے یہ ہے کہ جہاد میں نکلنے سے پہلے بیوی کو رخصت کرلائے

جہاد فرض کفایہ ہو، اور کسی کی شادی ہوئی، مگر ابھی بیوی کو رخصت کر کے نہیں لایا، یا مکان تعمیر کر رہا ہے اور چھت ڈالنے کا وقت آ گیا، یا اونٹنیاں بیاہنے والی ہیں تو ایک نبی نے اعلان کیا کہ فوجی پہلے یہ کام کرلے پھر جہاد میں نکلے، تا کہ دل جمعی کے ساتھ جہاد کرے، حضرت قدس سرہ نے اس کو 'ایک رائے' قرار دیا ہے، کیونکہ مسئلہ یہ نہیں، نہ اس کا استحباب مروی ہے، مگر بہر حال یہ رائے قابل لحاظ ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۰۹) آئی ہے۔

[۵۸-] بَابُ مَنْ أَحَبَّ الْبِنَاءَ قَبْلَ الْغَزْوِ

[۵۱۵۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "غَزَا نَبِيٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ، فَقَالَ لِقَوْمِهِ: لَايَتْبَعْنِي رَجُلٌ مَلَكَ بُضْعَ امْرَأَةٍ وَهُوَ يُرِيْدُ أَنْ يَبْنِيَ بِهَا وَلَمْ يَبْنِ بِهَا" [راجع: ۳۱۲٤]

بَابُ مَنْ بَنَى بِامْرَأَةٍ وَهِيَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ

نو سال کی عمر میں بیوی کو رخصت کر کے لانا

مسئلہ کا مدار عمر پر نہیں، نشو و نما پر ہے، اور لڑکی نو سال سے پہلے بالغ نہیں ہوتی، نو سال کے بعد بالغ ہو سکتی ہے، پس اگر لڑکی کا اٹھان اچھا ہے اور وہ شوہر کے قابل ہے تو رخصت کر کے لا سکتے ہیں، صدیقہؓ کی رخصتی نو سال کی عمر میں عمل میں آئی ہے۔

[۵۹-] بَابُ مَنْ بَنَى بِامْرَأَةٍ وَهِيَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ

[۵۱۵۸-] حدثنا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ: تَزَوَّجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَائِشَةَ وَهِيَ ابْنَةُ سِتٍّ، وَبَنَى بِهَا وَهِيَ ابْنَةُ تِسْعٍ، وَمَكَثَتْ عِنْدَهُ تِسْعًا. [راجع: ۳۸۹٤]

بَابُ الْبِنَاءِ فِي السَّفَرِ

سفر میں رخصتی

رخصتی کے لئے حضر ضروری نہیں، سفر میں بھی رخصتی ہو سکتی ہے، حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی خیبر سے واپسی میں

سفرہی میں عمل میں آئی ہے،اور ولیمہ بھی سفر میں حسب حال کیا ہے،اور حدیث پہلے بار بار آئی ہے۔

[٦٠-] بَابُ الْبِنَاءِ فِي السَّفَرِ

[٥١٥٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ خَيْبَرَ وَالْمَدِيْنَةِ ثَلاَثًا يُبْنَى عَلَيْهِ بِصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ، فَدَعَوْتُ الْمُسْلِمِيْنَ إِلَى وَلِيْمَتِهِ، فَمَا كَانَ فِيْهَا مِنْ خُبْزٍ وَلاَ لَحْمٍ، أَمَرَ بِالأَنْطَاعِ، فَأُلْقِيَ فِيْهَا مِنَ التَّمْرِ وَالأَقِطِ وَالسَّمْنِ، فَكَانَتْ وَلِيْمَتَهُ، فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: إِحْدَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ أَوْ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهُ؟ فَقَالُوْا: إِنْ حَجَبَهَا فَهِيَ مِنْ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَإِنْ لَمْ يَحْجُبْهَا فَهِيَ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهُ، فَلَمَّا ارْتَحَلَ وَطَّأَ لَهَا خَلْفَهُ وَمَدَّ الْحِجَابَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ النَّاسِ. [راجع: ٣٧١]

بَابُ الْبِنَاءِ بِالنَّهَارِ بِغَيْرِ مَرْكَبٍ وَلاَ نِيْرَانٍ

جلوس اور آگ کے بغیر دن میں رخصتی

رخصتی (زفاف) رات میں ضروری نہیں، دن میں بھی عمل میں لائی جاسکتی ہے، اور دلہن کو جلوس کی شکل میں رخصت کرکے نہیں لانا چاہئے، نہ اس کے آگے آگ جلائی جائے، یہ سب جاہلانہ باتیں ہیں، صدیقہ رضی اللہ عنہا کو نبی ﷺ بذاتِ خود رخصت کرکے لائے تھے، ساتھ میں کوئی نہیں تھا، پس باپ وغیرہ دلہن کو پہنچادیں یا شوہر خود آکر لے جائے اس میں کچھ حرج نہیں۔ اور حاشیہ میں روایت ہے، ایک دلہن کو جلوس کی شکل میں لے جایا جارہا تھا اور دلہن کے سامنے آگ جلائی گئی تھی، حضرت عبداللہ بن قرط ثمالی نے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے شام میں حمص کے گورنر تھے درّہ بجایا تو سب لوگ دلہن کو چھوڑ کر منتشر ہوگئے، پھر آپ نے تقریر فرمائی، اور اس کو کافروں کا طریقہ قرار دیا۔

[٦١-] بَابُ الْبِنَاءِ بِالنَّهَارِ بِغَيْرِ مَرْكَبٍ وَلاَ نِيْرَانٍ

[٥١٦٠-] حَدَّثَنِيْ فَرْوَةُ بْنُ أَبِيْ الْمَغْرَاءِ قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: تَزَوَّجَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَتَتْنِيْ أُمِّيْ فَأَدْخَلَتْنِيْ الدَّارَ، فَلَمْ يَرُعْنِيْ إِلاَّ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم ضُحًى. [راجع: ٣٨٩٤]

بَابُ الأَنْمَاطِ وَنَحْوِهَا لِلنِّسَاءِ

گھر والوں کے لئے غالیچے قالین وغیرہ

گھر کی ضروری آرائش جائز ہے، فرش گدّے اور قالین وغیرہ بچھانا درست ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری

۱۷۰:۷) آئی ہے، آپؐ نے خبر دی کہ انصار کے گھروں میں غالیچے ہونگے، اور یہ قبل الوجود تقریر نبی کی مثال ہے۔

[۶۲-] بَابُ الْأَنْمَاطِ وَنَحْوِهَا لِلنِّسَاءِ

[۵۱۶۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هَلِ اتَّخَذْتُمْ أَنْمَاطًا؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَأَنَّى لَنَا أَنْمَاطٌ؟ قَالَ: "إِنَّهَا سَتَكُوْنُ" [راجع: ۳۶۳۱]

بَابُ النِّسْوَةِ اللَّاتِيْ يُهْدِيْنَ الْمَرْأَةَ إِلٰى زَوْجِهَا

جوعورتیں دلہن کوشوہر کے گھر پہنچائیں

اگر عورتیں دلہن کوشوہر کے گھر پہنچائیں اور کسی خلاف شرع امر کا ارتکاب نہ کریں تو یہ بھی درست ہے، حضرت اسعد بن زرارہؓ کی صاحب زادی فارعہ یا فریعہ کو ان کے شوہر نبیط بن جابرؓ کے گھر عورتوں نے پہنچایا تھا، پہنچانے والیوں میں صدیقہؓ بھی تھیں، جب وہ لوٹ کر آئیں تو آپؐ نے پوچھا: ارے تمہارے ساتھ کوئی بہلاوا نہیں تھا؟ انصار دل بہلانے والی چیز کو پسند کرتے ہیں۔

تشریح: اللھو کے معنی ہیں: تفریحی سامان، بہلاوا، فضول کام، کھیل کود ــــــ اگر ایسے کام حدود شرع میں ہوں تو جائز ہیں، اور حد سے نکال دیں، اللہ سے اور اللہ کے ذکر سے غافل کر دیں تو ناجائز ہیں، دلہن کی رخصتی کے وقت جو سامان تفریح ہوتا ہے اس کا یہی حکم ہے۔

[۶۳-] بَابُ النِّسْوَةِ اللَّاتِيْ يُهْدِيْنَ الْمَرْأَةَ إِلٰى زَوْجِهَا

[۵۱۶۲-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا زَفَّتِ امْرَأَةً إِلٰى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا عَائِشَةُ مَاكَانَ مَعَكُمْ لَهْوٌ؟ فَإِنَّ الْأَنْصَارَ يُعْجِبُهُمُ اللَّهْوُ"

لغت: زَفَّتِ العروسَ: دلہن کو رخصت کرنا............ ما کان میں ما نافیہ ہے اور ہمزہ استفہام محذوف ہے۔

بَابُ الْهَدِيَّةِ لِلْعَرُوْسِ

دلہا کے گھر ہدیہ بھیجنا

حضرت زینب رضی اللہ عنہ کی شادی میں ولیمہ کے دن حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا نے میٹھا بنا کر بھیجا تھا، جو گوشت

روٹی کے ساتھ لوگوں کو کھلایا گیا تھا، پس اس کا جواز بلکہ استحسان ثابت ہوا۔

[٦٤-] بَابُ الْهَدِيَّةِ لِلْعَرُوْسِ

[٥١٦٣-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، وَاسْمُهُ الْجَعْدُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: مَرَّ بِنَا فِيْ مَسْجِدِ بَنِيْ رِفَاعَةَ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إذا مَرَّ بِجَنَبَاتِ أُمِّ سُلَيْمٍ دَخَلَ عَلَيْهَا فَسَلَّمَ عَلَيْهَا، ثُمَّ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَرُوْسًا بِزَيْنَبَ، فَقَالَتْ لِيْ أُمُّ سُلَيْمٍ: لَوْ أَهْدَيْنَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هَدِيَّةً فَقُلْتُ لَهَا: افْعَلِيْ، فَعَمَدَتْ إِلٰى تَمْرٍ وَسَمْنٍ وَأَقِطٍ، فَاتَّخَذَتْ حَيْسَةً فِيْ بُرْمَةٍ، فَأَرْسَلَتْ بِهَا مَعِيْ إِلَيْهِ، فَانْطَلَقْتُ بِهَا إِلَيْهِ، فَقَالَ: "ضَعْهَا" ثُمَّ أَمَرَنِيْ فَقَالَ: "ادْعُ لِيْ رِجَالاً - سَمَّاهُمْ - وَادْعُ لِيْ مَنْ لَقِيْتَ" قَالَ: فَفَعَلْتُ الَّذِيْ أَمَرَنِيْ فَرَجَعْتُ فَإِذَا الْبَيْتُ غَاصٌّ بِأَهْلِهِ، فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى تِلْكَ الْحَيْسَةِ، وَتَكَلَّمَ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ جَعَلَ يَدْعُو عَشَرَةً عَشَرَةً، يَأْكُلُوْنَ مِنْهُ، وَيَقُوْلُ لَهُمْ: "اذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ، وَلْيَأْكُلْ كُلُّ رَجُلٍ مِمَّا يَلِيْهِ" قَالَ: حَتّٰى تَصَدَّعُوْا كُلُّهُمْ عَنْهَا، فَخَرَجَ مِنْهُمْ مَنْ خَرَجَ، وَبَقِيَ نَفَرٌ يَتَحَدَّثُوْنَ، قَالَ: وَجَعَلْتُ أَغْتَمُّ، ثُمَّ خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ الْحُجُرَاتِ، وَخَرَجْتُ فِيْ إِثْرِهِ، فَقُلْتُ: إِنَّهُمْ قَدْ ذَهَبُوْا، فَرَجَعَ فَدَخَلَ الْبَيْتَ، وَأَرْخَى السِّتْرَ، وَإِنِّيْ لَفِي الْحُجْرَةِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ إِنَاهُ وَلٰكِنْ إِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَئْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ، إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِيْ مِنْكُمْ وَاللّٰهُ لَايَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ﴾ [الأحزاب: ٥٣]

قَالَ أَبُوْ عُثْمَانَ: قَالَ أَنَسٌ: إِنَّهُ خَدَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَشْرَ سِنِيْنَ. [راجع: ٤٧٩١]

ترجمہ: (روایت معلق ہے) ابوعثمان کہتے ہیں: مسجد بنی رفاعہ میں انسؓ ہمارے پاس سے گذرے، پس میں نے ان کو کہتے ہوئے سنا: جب نبی ﷺ ام سلیمؓ کے گھر کی جانب سے گذرتے تو ان کے گھر میں داخل ہوتے اور ان کو سلام کرتے (یہاں تک روایت میں ابراہیم بن طہمان کا کوئی متابع نہیں) —— پھر انسؓ نے کہا: نبی ﷺ کی زینبؓ کے ساتھ نئی شادی ہوئی، پس مجھ سے ام سلیم نے کہا: اگر ہم نبی ﷺ کی خدمت میں کوئی ہدیہ بھیجتے! میں نے کہا: بھیجیں! پس انھوں نے کھجور، گھی، اور خشک دودھ کا قصد کیا، اور ایک ہانڈی میں حلوہ تیار کیا، اور میرے ہاتھ نبی ﷺ کے پاس بھیجا، میں اس کو لے کر آپؐ کے پاس پہنچا، آپؐ نے فرمایا: "اس کو رکھ دو" پھر مجھے حکم دیا کہ میرے لئے چند آدمیوں کو بلاؤ، جن کو آپؐ نے نامزد کیا، اور بلاؤ میرے لئے جس کو چاہو، انسؓ کہتے ہیں: پس کیا میں نے جو آپؐ نے مجھے حکم دیا، پس لوٹا میں تو اچانک گھر

گھر والوں سے بھرا ہوا تھا، پس میں نے نبی ﷺ کو دیکھا، آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ اس حلوہ پر رکھے، اور اس میں جو دعا چاہی پڑھی، پھر آپؐ دس دس کو بلاتے رہے اور وہ اس سے کھاتے رہے، آپؐ ان سے کہتے: ''اللہ کا نام لو، اور ہر شخص اپنی جانب سے کھائے!'' انسؓ کہتے ہیں: یہاں تک کہ اس کھانے سے سب منتشر ہوگئے، پس نکلا ان میں سے جو نکلا، اور چند حضرات باتیں کرتے رہ گئے، انسؓ کہتے ہیں: اور میں بے چین ہوتا رہا، پس نبی ﷺ نکلے کمروں کی طرف، اور میں بھی آپؐ کے پیچھے نکلا، پس میں نے کہا: وہ لوگ چلے گئے، پس آپؐ لوٹے اور گھر میں داخل ہوئے اور پردہ چھوڑ دیا، درانحالیکہ میں کمرے میں تھا، اور آپؐ سورۃ الاحزاب کی آیت ۵۳ پڑھ رہے تھے (یہ آیت اسی وقت نازل ہوئی تھی) ابو عثمان کہتے ہیں: انسؓ نے کہا کہ انھوں نے دس سال نبی ﷺ کی خدمت کی ہے۔

لغات: جَنبة: گوشہ، کنارہ .... حَیس: کھجور، پنیر (یا ستو) اور گھی ملا کر بنایا ہوا کھانا، میں نے اس کا ترجمہ 'حلوہ' کیا ہے، اور یہ میٹھا یا تو گوشت روٹی کے ساتھ کھایا گیا تھا یا علاحدہ کھایا گیا تھا، دونوں احتمال ہیں اور اس میں دعائے نبوی سے برکت ہوئی تھی۔

بَابُ اسْتِعَارَةِ الثِّيَابِ لِلْعَرُوْسِ وَغَيْرِهَا

دلہن وغیرہ کے لئے کپڑے عاریت پر لینا

دلہا دلہن کے ٹھاٹھ کے لئے کپڑے وغیرہ عاریت پر لے سکتے ہیں، جبکہ ساتھ میں بے وقوف دوست نہ ہو:

لطیفہ: ایک براءت جارہی تھی، راستہ میں کسی نے پوچھا: دلہا کون ہے؟ اس کا بے وقوف دوست بولا: دلہا یہ ہے، مگر شیروانی میری ہے، دلہا نے ٹوکا کہ یہ کہنے کی ضرورت کیا تھی! دوست نے کہا: نہیں کہوں گا، آگے پھر کسی نے پوچھا: دوست نے کہا: دلہا یہ ہے مگر شیروانی ان کی نہیں ہے، دلہا نے کہا: یہ کہنے کی بھی کیا ضرورت تھی! کہنے لگا: نہیں کہونگا: آگے کسی نے پوچھا تو کہا: دلہا یہ ہے مگر شیروانی کے بارے میں کچھ کہنے کی اجازت نہیں ہے!

[٦٥-] بَابُ اسْتِعَارَةِ الثِّيَابِ لِلْعَرُوْسِ وَغَيْرِهَا

[٥١٦٤-] حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا اسْتَعَارَتْ مِنْ أَسْمَاءَ قِلَادَةً، فَهَلَكَتْ، فَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَاسًا مِنْ أَصْحَابِهِ فِيْ طَلَبِهَا، فَأَدْرَكَتْهُمُ الصَّلَاةُ، فَصَلَّوْا بِغَيْرِ وُضُوْءٍ، فَلَمَّا أَتَوُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم شَكَوْا ذٰلِكَ إِلَيْهِ، فَنَزَلَتْ آيَةُ التَّيَمُّمِ، فَقَالَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ: جَزَاكِ اللّٰهُ خَيْرًا! فَوَ اللّٰهِ مَا نَزَلَ بِكِ أَمْرٌ قَطُّ إِلَّا جَعَلَ لَكِ مِنْهُ مَخْرَجًا وَجُعِلَ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ بَرَكَةٌ. [راجع: ٣٣٤]

بَابُ مَايَقُوْلُ الرَّجُلُ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ؟

جب بیوی سے ملے تو کیا دعا پڑھے؟

پہلی رات کے لئے کوئی مخصوص دعا نہیں، ہر صحبت کے لئے جو دعا ہے وہی پہلی رات کے لئے بھی ہے، جب صحبت کے ارادہ سے کمرہ میں داخل ہو تو کہے: بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا: بنام خدا! اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچائیں، اور شیطان کو اس اولاد سے بچائیں جو آپ ہمیں عنایت فرمائیں یعنی اس صحبت سے اگر حمل ٹھہرے تو وہ بچہ شیطان سے محفوظ رہے، پس اگر اللہ نے ان کے درمیان اولاد مقدر کی تو اس کو شیطان نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

تنبیہ: لوگ دعا پڑھنے میں غفلت برتتے ہیں، پھر جب اولاد شیطان پیدا ہوتی ہے تو نانی کو روتے ہیں!

[٦٦-] بَابُ مَايَقُوْلُ الرَّجُلُ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ؟

[٥١٦٥-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَمَا لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ يَقُوْلُ حِيْنَ يَأْتِي أَهْلَهُ: بِاسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ جَنِّبْنِي الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، ثُمَّ قُدِّرَ بَيْنَهُمَا فِي ذٰلِكَ، أَوْ: قُضِيَ وَلَدٌ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ أَبَدًا" [راجع: ١٤١]

بَابٌ: الْوَلِيْمَةُ حَقٌّ

ولیمہ کرنا ہی چاہئے!

یہ طبرانی کی حدیث کے الفاظ ہیں، اور یہ جنرل باب ہے، آگے ولیمہ کے سلسلہ کے اور بھی ابواب آرہے ہیں، ولیمہ ہر تقریب اور ہر دعوت کو کہتے ہیں، حاشیہ میں کرمانی سے منقول ہے کہ عربوں میں آٹھ مواقع میں دعوتیں ہوتی تھیں، اور ہر دعوت کا علاحدہ نام تھا، اب یہ لفظ شادی کے بعد کی تقریب کے لئے خاص ہو گیا ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے ولیمہ کی مصلحتوں کے سلسلہ میں اچھا لکھا ہے (دیکھیں رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۸۷، تحفۃ الالمعی ۳: ۵۰۹) اور حق سے حق شرعی (وجوب) مراد نہیں، بلکہ حق مروءت وانسانیت مراد ہے، پس ولیمہ مسنون (مستحب) ہے اور باب میں دو روایتیں ہیں: قولی اور فعلی، آپ ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰنؓ کو ولیمہ کرنے کا حکم دیا ہے، مگر ہر امر وجوب کے لئے نہیں ہوتا اور آپ ﷺ نے حضرت زینبؓ کا شاندار ولیمہ کیا ہے، مگر فعل سے وجوب ثابت نہیں ہوتا۔

[٦٧-] بَابٌ: الْوَلِيْمَةُ حَقٌّ

وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُوْفٍ: قَالَ لِی النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ"

[٥١٦٦-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّـهُ كَانَ ابْنَ عَشْرِسِنِيْنَ مَقْدَمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم الْمَدِيْنَةَ، فَكَانَ أُمَّهَاتِیْ يُوَاظِبْنَنِیْ عَلٰی خِدْمَةِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَخَدَمْتُهُ عَشْرَ سِنِيْنَ، وَتُوُفِّیَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم وَأَنَا ابْنُ عِشْرِيْنَ سَنَةً، فَكُنْتُ أَعْلَمَ النَّاسِ بِشَأْنِ الْحِجَابِ حِيْنَ أُنْزِلَ، وَكَانَ أَوَّلَ مَا أُنْزِلَ فِیْ مُبْتَنَی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بِزَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ، أَصْبَحَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم بِهَا عَرُوْسًا، فَدَعَا الْقَوْمَ فَأَصَابُوْا مِنَ الطَّعَامِ، ثُمَّ خَرَجُوْا وَبَقِیَ رَهْطٌ مِنْهُمْ عِنْدَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَأَطَالُوْا الْمُكْثَ، فَقَامَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فَخَرَجَ وَخَرَجْتُ مَعَهُ لِكَیْ يَخْرُجُوْا، فَمَشَی النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم وَمَشَيْتُ، حَتّٰی جَاءَ عَتَبَةَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، ثُمَّ ظَنَّ أَنَّهُمْ خَرَجُوْا فَرَجَعَ وَرَجَعْتُ مَعَهُ، حَتّٰی إِذَا دَخَلَ عَلٰی زَيْنَبَ، فَإِذَا هُمْ جُلُوْسٌ لَمْ يَقُوْمُوْا، فَرَجَعَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم وَرَجَعْتُ مَعَهُ، حَتّٰی إِذَا بَلَغَ عَتَبَةَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، وَظَنَّ أَنَّهُمْ خَرَجُوْا، فَرَجَعَ وَرَجَعْتُ مَعَهُ فَإِذَا هُمْ قَدْ خَرَجُوْا، فَضَرَبَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم بَيْنِیْ وَبَيْنَهُ بِالسِّتْرِ، وَأُنْزِلَ الْحِجَابُ. [راجع: ٤٧٩١]

لغت: وَاظَبَ فلانا على خدمة فلان: کسی کوکسی کی خدمت پر آمادہ کرنا.......... أُمَّهَاتِی: میری مائیں: مراد ماں، نانی، خالہ وغیرہ ہیں.......... مُبْتَنٰی: رخصتی کا موقعہ.......... رَهط: تین تادس آدمی۔

بَابُ الْوَلِيْمَةِ وَلَوْ بِشَاةٍ

ولیمہ کرنا چاہئے خواہ ایک بکری کا ہو

ولیمہ کی کوئی حد متعین نہیں، اسراف سے بچتے ہوئے ہر مقدار جائز ہے، اور اوسط درجہ کا ولیمہ ایک بکری ہے، اسی کا آپؐ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تھا کہ ولیمہ کرو چاہے ایک بکری کا ہو، حضرت گنگوہی قدس سرہ نے لو کو تکثیر کے معنی پر محمول کیا ہے یعنی یہ بڑا ولیمہ ہے (الکوکب ۲: ۲۱۶) اور اکثر علماء کے نزدیک لو برائے تقلیل ہے، اور اگر اس کو متوسط درجہ کا ولیمہ قرار دیں تو یہ بھی درست ہے ـــــ اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں آپؐ نے ایک بکری ذبح کی تھی، جس میں دعائے نبوی سے برکت ہوئی تھی اور تین سو آدمیوں نے شکم سیر ہوکر کھایا تھا، اتنا بڑا ولیمہ آپؐ نے کسی بیوی کا نہیں کیا تھا۔ اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں کھجور اور ستّو کھلایا تھا، اور بعض ازواج کے ولیمہ میں آپؐ نے دو مدّ

(چار رطل) آٹا خرچ کیا تھا (مشکوۃ حدیث ۳۲۱۵) یہ چھوٹے ولیمے ہیں۔

[٦٨-] بَابُ الْوَلِيْمَةِ وَلَوْ بِشَاةٍ

[٥١٦٧-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ، سَمِعَ أَنَسًا قَالَ: سَأَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَتَزَوَّجَ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ: "كَمْ أَصْدَقْتَهَا؟" قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ.

وَعَنْ حُمَيْدٍ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: لَمَّا قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ نَزَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ عَلَى الْأَنْصَارِ، فَنَزَلَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ عَلٰى سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، فَقَالَ: أُقَاسِمُكَ مَالِيْ وَأُنْزِلُ لَكَ عَنْ إِحْدَى امْرَأَتَيَّ، قَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ، فَخَرَجَ إِلَى السُّوْقِ فَبَاعَ وَاشْتَرَى، فَأَصَابَ شَيْئًا مِنْ أَقِطٍ وَسَمْنٍ فَتَزَوَّجَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ" [راجع: ٢٠٤٩]

حوالہ: حدیث (تحفۃ القاری ۵:۱۳۰) آچکی ہے۔

[٥١٦٨-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا أَوْلَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى شَيْئٍ مِنْ نِسَائِهِ مَا أَوْلَمَ عَلٰى زَيْنَبَ، أَوْلَمَ بِشَاةٍ. [راجع: ٤٧٩١]

[٥١٦٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنْ شُعَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَتَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا، وَأَوْلَمَ عَلَيْهَا بِحَيْسٍ. [راجع: ٣٧١]

[٥١٧٠-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ بَيَانٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُوْلُ: بَنَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِامْرَأَةٍ فَأَرْسَلَنِيْ فَدَعَوْتُ رِجَالاً إِلَى الطَّعَامِ. [أطرافه: ٤٧٩١]

ترکیب: ما أَولم: ما نافیہ: نہیں ولیمہ کیا، دوسرا ما أولم: منصوب بہ نزع خافض کما أولم: جیسا ولیمہ کیا..........
حَيْس: ملیدہ.......... آخری حدیث میں حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا واقعہ ہے، ترمذی میں اس کی صراحت ہے۔

بَابُ مَنْ أَوْلَمَ عَلٰى بَعْضِ نِسَائِهِ أَكْثَرَ مِنْ بَعْضٍ

کوئی ولیمہ چھوٹا اور کوئی بڑا کرنا

کسی بیوی کا یا کسی لڑکے کا ولیمہ چھوٹا کرنا اور کسی کا بڑا کرنا درست ہے، جیسا موقعہ ہو ایسا ولیمہ کرنا چاہئے، حضرت زینبؓ کا ولیمہ آپؐ نے شاندار کیا تھا، اور بعض کے ولیمہ میں دو مدّ آٹا خرچ کیا تھا، گاہے چناں گاہے چنیں! گاہے بالا گاہے زیریں! مگر اب ولیمے جوابِ آں غزل ہوتے ہیں، کھایا ہے تو کھلانا ہے، اس لئے پہلے لڑکا کا ولیمہ زور کا کیا جاتا ہے، بعد میں

بس یونہی نمٹا دیا جاتا ہے!

[٦٩-] بَابُ مَنْ أَوْلَمَ عَلٰى بَعْضِ نِسَائِهِ أَكْثَرَ مِنْ بَعْضٍ

[٥١٧١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: ذُكِرَ تَزْوِيجُ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ عِنْدَ أَنَسٍ، فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَوْ لَمَ عَلٰى أَحَدٍ مِنْ نِسَائِهِ مَا أَوْلَمَ عَلَيْهَا، أَوْ لَمَ بِشَاةٍ. [راجع: ٤٧٩١]

قال: ذکر: حماد نے کہا: تذکرہ آیا (الی آخرہ)

بَابُ مَنْ أَوْلَمَ بِأَقَلَّ مِنْ شَاةٍ

جس نے بکری سے کم کا ولیمہ کیا

ولیمہ نام خوشی کے موقعہ پر دعوت کا ہے، اور خوشی کلی مشکک ہے، زیادہ بھی ہوتی ہے اور کم بھی، پھر حالات ہر شخص کے اور ہر وقت یکساں نہیں ہوتے، اس لئے ولیمہ میں کوئی تقدیر مناسب نہیں، نبی ﷺ نے پوری بکری بھی ولیمہ میں کھلائی ہے اور ایک ولیمہ میں دو مد جو بھی خرچ کئے ہیں، حاشیہ میں ہے کہ یہ ام سلمہؓ کا ولیمہ تھا۔ میں لڑکوں کی شادیاں وطن میں کرتا ہوں اور بے وطن ہوتا ہوں، اس لئے پانچ مرغوں کا ولیمہ کرتا ہوں، اور موجود اعزاء کو اور پڑوسیوں کو بلا کر کھلا دیتا ہوں۔

[٧٠-] بَابُ مَنْ أَوْلَمَ بِأَقَلَّ مِنْ شَاةٍ

[٥١٧٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ صَفِيَّةَ، عَنْ أُمِّهِ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، قَالَتْ: أَوْ لَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى بَعْضِ نِسَائِهِ بِمُدَّيْنِ مِنْ شَعِيْرٍ.

بَابُ حَقِّ إِجَابَةِ الْوَلِيْمَةِ وَالدَّعْوَةِ

وَمَنْ أَوْلَمَ بِسَبْعَةِ أَيَّامٍ وَنَحْوَه، وَلَمْ يُوَقِّتِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا وَلَا يَوْمَيْنِ

ولیمہ کی اور عام دعوت قبول کرنی چاہئے

جس نے ولیمہ سات آٹھ دن کیا، اور نبی ﷺ نے ولیمہ کے لئے ایک یا دو دن متعین نہیں کئے

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: ولیمہ کی دعوت قبول کرنی چاہئے، باب کی پہلی روایت ہے: ''جب تم میں سے کسی کو ولیمہ کی دعوت دی

جائے تو شرکت کرنی چاہئے'' —— باقی روایتیں عام دعوت کے بارے میں ہیں، ولیمہ کی دعوت بھی اس کے عموم میں آتی ہے، پس اگر کوئی مجبوری نہ ہو تو ولیمہ کی دعوت اور عام دعوت قبول کرنی چاہئے، اس سے داعی کا دل خوش ہوتا ہے، اور مسلمان کے دل کو خوش کرنا اچھی بات ہے۔ اور اگر کوئی مجبوری ہو تو جس وقت دعوت دی جائے اس وقت معذرت کر دے، دعوت رکھ لینا اور شرکت نہ کرنا بری بات ہے، مگر آج کل لوگ کارڈ بھیج دیتے ہیں یا ڈال جاتے ہیں، معذرت کس سے کریں؟

دوسری بات: کتنے دن تک ولیمہ کیا جاسکتا ہے؟ امام صاحب فرماتے ہیں: سات آٹھ دن تک ولیمہ کر سکتے ہیں، حاشیہ میں روایت ہے: جب سیرین کا نکاح ہوا تو انھوں نے سات دن تک صحابہ کی دعوت کی، جس دن انصار کا نمبر تھا تو حضرات ابیؓ، زید بن ثابتؓ وغیرہ کو دعوت دی، حضرت ابیؓ اس دن روزے سے تھے، یہ ابن ابی شیبہ کی روایت ہے (حدیث ۱۷۴۴) اور اسی روایت میں عبدالرزاق میں آٹھ دن کا ذکر ہے (حدیث ۱۹۶۶۵) اس لئے حضرت نے **ونحوہ** بڑھایا ہے۔

اور ابوداؤد اور نسائی میں جو روایت ہے: **الولیمة أول یوم حق، والثانی معروف، والثالث ریاء وسُمعة:** پہلے دن کا ولیمہ برحق ہے، دوسرے دن کا معروف ہے اور تیسرے دن کا دکھاوا اور سنانا ہے۔ امام صاحب نے اپنی تاریخ میں اس حدیث کی تضعیف کی ہے (ترجمہ ۱۴۱۲) مگر حافظ صاحب نے حدیث کے متعدد شواہد ذکر کئے ہیں، اور ترمذی (حدیث ۱۰۷۹) میں ابن مسعودؓ کی روایت ہے کہ پہلے دن کا کھانا برحق ہے، اور دوسرے دن کا کھانا سنت (دینی راہ) ہے، اور تیسرے دن کا کھانا شہرت طلبی ہے، اور جو شخص سنائے گا اللہ اس کے بارے میں سنائیں گے۔

اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ اس کا تعلق عرف سے ہے، ہمارے دیار کا عرف ایک دن ولیمہ کرنے کا ہے، پس دو دن ولیمہ کرنا ریاء (دکھاوا) ہے اور آثار کا محمل وہ صورت ہے کہ کسی کا حلقہ یاراں وسیع ہے، وہ ہر دن چند آدمیوں کو مدعو کرتا ہے اور گھر والے پکا کر کھلاتے ہیں اور اس کا قرینہ اوپر والی روایت کا یہ جملہ ہے کہ جس دن انصار کا نمبر تھا، اس طرح سلسلہ کئی دن تک چلتا رہتا ہے۔ واللہ اعلم

نوٹ: تحفۃ الالمعی (۵۱۲:۳) میں جو ہے کہ ولیمہ کی دعوت قبول کرنے کے سلسلہ میں کوئی روایت نہیں: یہ تسامح ہے۔

[۷۱-] بَابُ حَقِّ إِجَابَةِ الْوَلِيْمَةِ وَالدَّعْوَةِ

وَمَنْ أَوْلَمَ بِسَبْعَةِ أَيَّامٍ وَنَحْوَهُ، وَلَمْ يُوَقِّتِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا وَلاَ يَوْمَيْنِ

[۵۱۷۳-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْوَلِيْمَةِ فَلْيَأْتِهَا'' [طرفه: ۵۱۷۹]

وضاحت: حاشیہ میں آٹھ دن کی بھی روایت ہے، اس لئے **نحوہ** بڑھایا ہے۔........**فَلْيَأْتِهَا:** پس ولیمہ میں شرکت کرے، امر استحباب کے لئے ہے۔

[٥١٧٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْصُوْرٌ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ أَبِي مُوْسَى عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " فُكُّوْا الْعَانِيَ، وَأَجِيْبُوْا الدَّاعِيَ، وَعُوْدُوْا الْمَرِيْضَ "[راجع: ٣٠٤٦]

وضاحت: یہ روایت پہلے (تحفۃ القاری ۶:۳۵۹) آئی ہے، مگر وہاں أَطْعِمُوْا الْجَائِعَ ہے اور یہاں أَجِيْبُوْا الداعی ہے، فکلٌّ ذکر ما لم یذکرہ الآخر۔

[٥١٧٥-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنِ الْأَشْعَثِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ: أَمَرَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعٍ وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ، أَمَرَنَا بِعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ، واتِّبَاعِ الْجِنَازَةِ، وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ، وَإِبْرَارِ الْقَسَمِ، وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ، وَإِفْشَاءِ السَّلَامِ، وَإِجَابَةِ الدَّاعِيْ، وَنَهَانَا عَنْ خَوَاتِيْمِ الذَّهَبِ، وَعَنْ آنِيَةِ الْفِضَّةِ، وَعَنِ الْمَيَاثِرِ، وَالْقَسِّيَّةِ، وَالإِسْتَبْرَقِ وَالدِّيْبَاجِ، تَابَعَهُ أَبُوْ عَوَانَةَ وَالشَّيْبَانِيُّ عَنْ أَشْعَثَ فِيْ إِفْشَاءِ السَّلَامِ. [راجع: ١٢٣٩]

وضاحت: یہ روایت پہلے (تحفۃ القاری ۳:۵۵۹) آئی ہے، وہاں حریر کا ذکر ہے اور المیاثر کا ذکر نہیں، یہاں برعکس ہے، دونوں روایتوں کو ملائیں گے تو سات ممنوعات ہوجائیں گے۔

[٥١٧٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: دَعَا أَبُوْ أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ عُرْسِهِ، وَكَانَتِ امْرَأَتُهُ يَوْمَئِذٍ خَادِمَتَهُمْ وَهِيَ الْعَرُوْسُ، قَالَ سَهْلٌ: تَدْرُوْنَ مَا سَقَتْ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟ أَنْقَعَتْ لَهُ تَمَرَاتٍ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا أَكَلَ سَقَتْهُ إِيَّاهُ. [أطرافه: ٥١٨٢، ٥١٨٣، ٥٥٩١، ٥٥٩٧، ٦٦٨٥]

ترجمہ: حضرت سہلؓ بیان کرتے ہیں: ابواُسید ساعدیؓ نے رسول اللہ ﷺ کو اپنے ولیمے میں بلایا، اور ان کی اہلیہ اس دن ان کی خادمہ تھیں درانحالیکہ وہ دلہن تھیں، حضرت سہلؓ نے کہا: جانتے ہو کیا پلایا دلہن نے رسول اللہ ﷺ کو؟ بھگائے اس نے آپؐ کے لئے رات سے چند چھوہارے، پس جب آپؐ نے کھانا کھالیا تو اس نے آپؐ کو وہ نبیذ پلائی۔

بَابُ مَنْ تَرَكَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللهَ وَرَسُوْلَهُ

جس نے دعوت قبول نہیں کی اس نے اللہ ورسول کی نافرمانی کی!

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے: ''بدترین کھانا ولیمہ کا کھانا ہے، جس کے لئے مالدار بلائے جاتے ہیں اور غریب چھوڑ دیئے جاتے ہیں (یہاں تک حدیث موقوف ہے یعنی ابو ہریرہؓ کا قول ہے) اور جو شخص (ولیمہ کی) دعوت قبول نہ کرے اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی (یہ حکماً مرفوع ہے)

تشریح: ایک روایت ہے: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اذان کے بعد ایک شخص کو مسجد سے نکلتے دیکھا تو فرمایا: **أما هذا فقد عصى أبا القاسم**: رہا یہ شخص پس اس نے ابو القاسم ﷺ کی نافرمانی کی، اب حدیث حکماً مرفوع ہوگئی، اور ممانعت اسی حدیث کے اقتضاء سے ثابت ہوگی، اسی طرح باب کی حدیث میں امر اقتضاء النص سے ثابت ہوگا، اور امر کی مخالفت نافرمانی ہے، خواہ امر استحبابی ہو، کیونکہ عصیان کلی مشکک ہے، نافرمانی کے مختلف درجات ہیں —— اور ابن بطال فرماتے ہیں: ساری حدیث حکماً مرفوع ہوگئی، حالانکہ ابتدائی حصہ مستقل ہے، پس آخری جزء کے حکمی رفع سے اسی کا رفع ثابت ہوگا، اور شروع کی بات موقوف ہوگی۔

[۷۲-] بَابُ مَنْ تَرَكَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ

[۵۱۷۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيْمَةِ، يُدْعَى لَهَا الْأَغْنِيَاءُ، وَيُتْرَكُ الْفُقَرَاءُ، وَمَنْ تَرَكَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ.

بَابُ مَنْ أَجَابَ إِلٰى كُرَاعٍ

جس نے پایوں کی دعوت قبول کی

کُرَاع: گائے اور بکری کی پنڈلی کا پتلا حصہ، پایے، اور تحفۃ القاری (۵:۵۶۳) میں جو کُھر ترجمہ کیا ہے وہ صحیح نہیں، کُھر کے لئے مِرْمَاۃ ہے: اور حدیث پہلے آئی ہے، معمولی دعوت بھی قبول کرنی چاہئے، اور پایوں کی دعوت تو اچھی دعوت ہے۔

[۷۳-] بَابُ مَنْ أَجَابَ إِلٰى كُرَاعٍ

[۵۱۷۸-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِىْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَوْ دُعِيْتُ إِلٰى كُرَاعٍ لَأَجَبْتُ، وَلَوْ أُهْدِىَ إِلَيَّ كُرَاعٌ لَقَبِلْتُ" [راجع: ۲۵۶۸]

بَابُ إِجَابَةِ الدَّاعِىْ فِى الْعُرْسِ وَغَيْرِهَا

شادی وغیرہ میں داعی کی بات پر لبیک کہنا

حضرت ابن عمرؓ کی باب کی حدیث ابھی (حدیث ۵۱۷۳) گذری ہے، اس میں ولیمہ کی تخصیص ہے، پس **هذه الدعوة** کا مشار الیہ ولیمہ کی دعوت ہے، اور حضرت ابن عمرؓ اس پر ہر دعوت کو قیاس کرتے تھے، اور شرکت کرتے تھے، بلکہ روزے سے ہوتے تھے تو بھی حاضری دیتے تھے، پھر میز بان اگر محض حاضری پر راضی نہ ہو تو نفل روزہ توڑ سکتے ہیں، مگر قضا لازم ہے۔

[٧٤-] بَابُ إِجَابَةِ الدَّاعِيْ فِي الْعُرْسِ وَغَيْرِهَا

[٥١٧٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ مُوْسٰى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَجِيْبُوْا هٰذِهِ الدَّعْوَةَ إِذَا دُعِيْتُمْ لَهَا" قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَأْتِي الدَّعْوَةَ فِي الْعُرْسِ وَغَيْرِ الْعُرْسِ وَهُوَ صَائِمٌ. [راجع: ٥١٧٣]

بَابُ ذَهَابِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ إِلَى الْعُرْسِ

عورتوں اور بچوں کا شادی میں جانا

مردوں کی طرح عورتیں اور بچے بھی شادی میں جاسکتے ہیں، نبی ﷺ نے انصار کی عورتوں اور بچوں کو ایک شادی سے واپس آتا ہوا دیکھا تو آپؐ احسان مندی کے طور پر کھڑے ہوگئے، جب وہ لوگ وہاں سے گذرے تو آپؐ نے فرمایا: اللہ گواہ ہے! تم مجھے سب لوگوں سے زیادہ محبوب ہو! —— باب پر حدیث کی دلالت صریح ہے، اور دیہی سادہ معاشرہ میں عورتیں بچے شادی میں اور ولیمہ میں شریک ہوتے ہیں، اور کوئی برائی دیکھنے میں نہیں آتی، مگر فیشن والے شہری معاشرہ میں جوان لڑکیاں بن سنور کر نکلتی ہیں اور نوجوان ان کی ٹوہ میں رہتے ہیں، یہ عارضی خرابی ہے، اس کی اصلاح کی جائے یا پھر ممانعت کی جائے۔

[٧٥-] بَابُ ذَهَابِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ إِلَى الْعُرْسِ

[٥١٨٠-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَبْصَرَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم نِسَاءً وَصِبْيَانًا مُقْبِلِيْنَ مِنْ عُرْسٍ، فَقَامَ مُمْتَنًّا فَقَالَ: " اَللّٰهُمَّ! أَنْتُمْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ" [راجع: ٣٧٨٥]

لغت: مُمْتَنًّا: اسم مفعول، اِمْتَنَّ علی فلان: احسان جتانا، الامتنان: احسان مندی۔

بَابٌ: هَلْ يَرْجِعُ إِذَا رَأَى مُنْكَرًا فِي الدَّعْوَةِ؟

کیا دعوت میں امر منکر دیکھے تو لوٹ جائے؟

حضرت قدس سرہ نے ہل چلایا ہے، بیج نہیں ڈالا، مسئلہ کا فیصلہ نہیں کیا، صرف آثار اور ایک حدیث پیش کی ہے، سورۃ الانعام کی (آیات ٦٨ و ٦٩) ہیں: ﴿وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْ آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهِ، وَإِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ ۝ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ

مِنْ حِسَابِهِمْ مِنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ﴾: اور جب آپ ان لوگوں کو دیکھیں جو ہماری آیات میں عیب جوئی کرتے ہیں تو ان لوگوں سے کنارہ کش ہوجائیں، یہاں تک کہ وہ کوئی اور بات میں لگ جائیں، اور اگر تجھ کو شیطان بھلادے تو یاد آنے کے بعد پھر ایسے ظالم لوگوں کے پاس مت بیٹھ، اور جو لوگ احتیاط رکھتے ہیں ان پر ان کے وبال میں سے کچھ نہیں، لیکن ان کے ذمہ نصیحت کرنا ہے شاید وہ بھی احتیاط کرنے لگیں!

مقصود دوسری آیت ہے، امر منکر دیکھ کر تقریب سے جو لوگ ہٹ جاتے ہیں وہ منکر کے ہرگز ذمہ دار نہیں، اور ان کا ہٹ جانا عملی نصیحت ہے، ممکن ہے تقریب والوں کی آنکھیں کھلیں اور وہ بھی امر منکر سے محترز ہوجائیں۔

ایک واقعہ: ہم امام بخاری رحمہ اللہ کے سلسلہ کے ایک سمینار میں تاشقند گئے، یہ ملک نیا آزاد شدہ تھا، عرب علماء اس سمینار میں بڑی تعداد میں شریک ہوئے تھے (یہ سمینار آکسفورڈ یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات نے منعقد کیا تھا) سمرقند کے میئر نے شرکاء سمینار کی دعوت کی، اور بڑا خرچ کرکے ناچنے والیوں کا انتظام کیا، ہم ابھی نہیں پہنچے تھے، دوسرے مہمان پہنچ گئے، ناچنے والی عورتیں محفل میں آگئیں، شیخ محمود طحان مجلس سے اٹھ گئے، اس کے بعد مولانا سالم اور مولانا اسلام دمکوی پہنچے، وہ بھی صورت حال دیکھ کر لوٹ گئے، بعد میں میں اور مولانا اسعد مدنی پہنچے، ہمیں صورت حال بتائی گئی، ہم راستہ ہی سے لوٹ گئے، ابھی ہم پارکنگ میں تھے کہ میزبان کا آدمی آیا، اس نے کہا: ہم نے سب عورتوں کو ہٹادیا ہے، آپ براہِ کرم واپس آئیں، ہماری سب کی رائے ہوئی کہ دعوت میں شریک ہونا چاہئے، مگر شیخ محمود طحان اڑ گئے کہ ہم آگئے، دعوت کا حق ادا ہوگیا، اب ہم نہیں لوٹیں گے! ہم نے بڑی محنت سے ان کو سمجھایا کہ یہ لوگ ابھی آزاد ہوئے ہیں اور دین سے ناآشنا ہیں، انھوں نے احکام اسلامی کی رعایت میں عورتوں کو ہٹادیا ہے، یہ بہت کچھ ہے، اب ہمیں لوٹنا چاہئے، چنانچہ وہ بھی لوٹ گئے، یہ **لعلهم يتقون** کی مثال ہے۔

مسئلہ: تقریب میں امر منکر ہو تو ہر شخص کو وہاں سے ہٹ جانا چاہئے، اور مقتدی کے لئے تو وہاں بیٹھنا جائز ہی نہیں۔

اثر (۱): حضرت ابو مسعود انصاریؓ نے گھر میں تصویر دیکھی تو وہ لوٹ گئے (ابن مسعود تصحیف ہے ۱۲ حاشیہ)

اثر (۲): ابن عمرؓ نے ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی دعوت کی، انھوں نے گھر میں دیوار پر پردہ دیکھا، ابن عمرؓ نے معذرت کی کہ عورتیں نہیں مانیں! ابوایوب رضی اللہ عنہ نے کہا: جن کے بارے میں مجھے اندیشہ تھا (وہ بہت ہیں) مگر مجھے آپ کے بارے میں اندیشہ نہیں تھا (کہ آپ بھی بدل جائیں گے) بخدا! میں تمہارا کھانا نہیں کھاؤں گا! پھر وہ لوٹ گئے۔

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۵:۱۷۵) آئی ہے، پردہ میں تصویریں تھیں تو آپ ﷺ گھر میں داخل نہیں ہوئے۔

[۷۶-] بَابٌ: هَلْ يَرْجِعُ إِذَا رَأَى مُنْكَرًا فِي الدَّعْوَةِ؟

[۱-] وَرَأَى ابْنُ مَسْعُوْدٍ صُوْرَةً فِي الْبَيْتِ فَرَجَعَ.

[۲-] وَدَعَا ابْنُ عُمَرَ أَبَا أَيُّوْبَ، فَرَأَى فِي الْبَيْتِ سِتْرًا عَلَى الْجِدَارِ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: غَلَبَنَا عَلَيْهِ النِّسَاءُ، فَقَالَ: مَنْ كُنْتُ أَخْشَى عَلَيْهِ، فَلَمْ أَكُنْ أَخْشَى عَلَيْكَ، وَاللّٰهِ لاَ أَطْعَمُ لَكُمْ طَعَامًا، فَرَجَعَ.

[٥١٨١-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِيْهَا تَصَاوِيْرُ، فَلَمَّا رَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ عَلَى الْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْ، فَعَرَفْتُ فِيْ وَجْهِهِ الْكَرَاهَةَ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُوْلِهِ، مَاذَا أَذْنَبْتُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا بَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ؟" قَالَتْ: فَقُلْتُ: اشْتَرَيْتُهَا لَكَ لِتَقْعُدَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ أَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يُعَذَّبُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَيُقَالُ لَهُمْ: أَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ" وَقَالَ: "إِنَّ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ الصُّوَرُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلَائِكَةُ" [راجع: ٢١٠٥]

لغت: نُمْرُقة: غالیچہ، چھوٹا قالین............ تَوَسَّد میں ایک تاء محذوف ہے۔

بَابُ قِيَامِ الْمَرْأَةِ عَلَى الرِّجَالِ فِي الْعُرْسِ وَخِدْمَتِهِمْ بِالنَّفْسِ

ولیمہ میں مردوں کی محفل میں عورتوں کی سروس

اسلام میں ایک حجاب سے پہلے کا دور ہے، ایک بعد کا، جیسے نماز میں پہلے کلام جائز تھا بعد میں ممنوع ہوگیا، پس کلام فی الصلاۃ کی حدیثیں نسخ سے پہلے کی ہیں، اسی طرح ولیمہ میں مردوں کی محفل میں عورتوں کا سروس کرنا نزول حجاب سے پہلے کے واقعات ہیں، ان سے جواز نکالنا صحیح نہیں، البتہ پس پردہ عورت خدمت کرے تو اس میں کچھ حرج نہیں، اور حدیث ابھی گذری ہے۔

[٧٧-] بَابُ قِيَامِ الْمَرْأَةِ عَلَى الرِّجَالِ فِي الْعُرْسِ وَخِدْمَتِهِمْ بِالنَّفْسِ

[٥١٨٢-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: لَمَّا عَرَّسَ أَبُوْ أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ دَعَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابَهُ، فَمَا صَنَعَ لَهُمْ طَعَامًا وَلَا قَرَّبَهُ إِلَيْهِمْ إِلَّا امْرَأَتُهُ أُمُّ أُسَيْدٍ، بَلَّتْ تَمَرَاتٍ فِيْ تَوْرٍ مِنْ حِجَارَةٍ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا فَرَغَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الطَّعَامِ أَمَاثَتْهُ لَهُ فَسَقَتْهُ، تُتْحِفُهُ بِذٰلِكَ. [راجع: ٥١٧٦]

لغت: أَماثَ الشيئَ: نرم کرنا، ماثت الأرض: زمین کا نرم ہونا............ أَتْحَفَهُ الشيئَ وبه: تحفہ دینا۔
تصحیح: تُتْحِفُه عمدہ کے نسخہ میں ہے، اور گیلری میں أَتحفته ہے، دونوں صحیح ہیں، اور تُحفة تاویل کا محتاج ہے۔

بَابُ النَّقِيْعِ وَالشَّرَابِ الَّذِيْ لَا يُسْكِرُ فِي الْعُرْسِ

شادی میں کھجور یا انگور بھگایا ہوا مشروب یا دیگر غیر مسکر مشروب پلانا

حضرت ابو اُسید رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے رات میں کھجوریں پانی میں بھگائی تھیں اور دوسرے دن دوپہر میں پلائی تھیں،

اتنی دیر میں نشہ نہیں پیدا ہوتا، اسی طرح دیگر غیر مسکر مشروبات کا استعمال شادی اور ولیمہ میں درست ہے۔

[۷۸-] بَابُ النَّقِيْعِ وَالشَّرَابِ الَّذِىْ لاَ يُسْكِرُ فِى الْعُرْسِ

[۵۱۸۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَارِىُّ، عَنْ أَبِىْ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ: أَنَّ أَبَا أُسَيْدٍ السَّاعِدِىَّ دَعَا النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم لِعُرْسِهِ، فَكَانَتْ امْرَأَتُهُ خَادِمَتَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَهِىَ الْعَرُوْسُ، فَقَالَتْ أَوْ قَالَ: أَتَدْرُوْنَ مَا أَنْقَعَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ أَنْقَعَتْ لَهُ تَمَرَاتٍ مِنَ اللَّيْلِ فِىْ تَوْرٍ. [راجع: ۵۱۷۶]

بَابُ الْمُدَارَاةِ مَعَ النِّسَاءِ

عورتوں سے نرمی کا برتاؤ کرنا

دَارَاہ: نرمی کا برتاؤ کرنا، دل جوئی کرنا، پیار ومحبت سے پیش آنا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری۶: ۵۴۵) آئی ہے، اس کی شرح وہاں ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''عورت پسلی کی طرح ہے، اگر تم عورت کو سیدھا کرنا چاہو گے تو اس کو توڑ دو گے (اور اس کا توڑنا یہ ہے کہ طلاق کی نوبت آجائے گی) اور اگر تم اس سے فائدہ اٹھاؤ گے تو تم اس سے فائدہ اٹھاؤ گے، درانحالیکہ اس میں کجی ہوگی (اس حدیث میں نسوانی فطرت میں جو کجی ہے اس کی تمثیل ہے، پسلی کی مثال سے اس کو سمجھایا ہے، عورت کی تخلیق کا بیان نہیں ہے)

[۷۹-] بَابُ الْمُدَارَاةِ مَعَ النِّسَاءِ

وَقَوْلِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّمَا الْمَرْأَةُ كَالضِّلَعِ''

[۵۱۸۴-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' الْمَرْأَةُ كَالضِّلَعِ، إِنْ أَقَمْتَهَا كَسَرْتَهَا، وَإِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَفِيْهَا عِوَجٌ'' [راجع: ۳۳۳۱]

بَابُ الْوَصَاةِ بِالنِّسَاءِ

عورتوں کے بارے میں تاکید

جاہلی معاشرہ میں عورت کا کوئی مقام نہیں تھا، اسلام نے اس کا مقام بلند کیا ہے، اسی سلسلہ کی نبی ﷺ کی یہ وصیت اور نصیحت ہے کہ عورتوں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرو، ان کی دل جوئی کرو، ان کے ساتھ پیار ومحبت سے پیش آؤ، اور ان کی

غلطیوں سے درگذر کرو پس نباہ ہوگا، گھر آباد رہے گا، ورنہ خانہ بربادی کا سامنا ہوگا ـــــ اور حدیث پہلے آئی ہے مگر اس کا ابتدائی حصہ نیا ہے، فرمایا: ''جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر یقین رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کو نہ ستائے (اور سب سے بڑا پڑوسی بیوی ہے) اور عورتوں کے ساتھ بھلا برتاؤ کرنے کی میری وصیت (تاکید) قبول کرو، اس لئے کہ وہ پسلی سے پیدا کی گئی ہیں، اور پسلیوں میں سب سے ٹیڑھی پسلی اوپر کی پسلی ہے (جس سے عورت پیدا کی گئی ہے) پس اگر تم اس کو سیدھا کرنا چاہوگے تو پسلی کو توڑ دوگے، اور اگر تم اس کو چھوڑ دوگے تو وہ برابر ٹیڑھی رہے گی، پس عورتوں کے ساتھ بھلا برتاؤ کرنے کی میری وصیت قبول کرو! ـــــ اور اسلام نے عورتوں کا اس درجہ لحاظ کیا کہ صحابہ عورتوں کے معاملہ میں بہت محتاط رہتے تھے، وہ ڈرتے تھے کہ اگر عورتوں کے معاملہ میں کوئی بے عنوانی ہوگئی تو فوراً وحی آئے گی، ابن عمرؓ کہتے ہیں: ہم عہد نبوی میں اپنی بیویوں سے بات کرنے سے اور بے تکلفی برتنے سے بچتے تھے اس اندیشہ سے کہ ہمارے بارے میں کچھ وحی نازل ہوجائے گی، پھر جب نبی ﷺ کی وفات ہوگئی تو ہم (کھل کر) باتیں کرنے لگے اور بے تکلفی برتنے لگے۔

[۸۰-] بَابُ الْوَصَاةِ بِالنِّسَاءِ

[۵۱۸۵-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يُؤْذِيْ جَارَهُ'' [أطرافه: ۶۰۱۸، ۶۱۳۶، ۶۱۳۸، ۶۴۷۵]

[۵۱۸۶-] ''وَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَيْرًا، فَإِنَّهُنَّ خُلِقْنَ مِنْ ضِلَعٍ، وَإِنَّ أَعْوَجَ شَيْئٍ فِي الضِّلَعِ أَعْلاَهُ، فَإِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهُ كَسَرْتَهُ وَإِنْ تَرَكْتَهُ لَمْ يَزَلْ أَعْوَجَ، فَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَيْرًا'' [راجع: ۳۳۳۱]

[۵۱۸۷-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَتَّقِي الْكَلاَمَ وَالإِنْبِسَاطَ إِلٰى نِسَائِنَا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، هَيْبَةَ أَنْ يَنْزِلَ فِيْنَا شَيْئٌ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم تَكَلَّمْنَا وَانْبَسَطْنَا.

بَابٌ: قَوْلُهُ: ﴿قُوْا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ نَارًا﴾

خود کو اور گھر والوں کو دوزخ سے بچاؤ

یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، عورتوں کے ساتھ نرم برتاؤ کا یہ مطلب نہیں کہ احکام شرعیہ میں بھی چشم پوشی کی جائے، سورۃ التحریم آیت ۶ میں صاف حکم ہے کہ خود کو اور اپنی فیملی کو دوزخ سے بچاؤ، یہ شوہر کی ذمہ داری ہے، وہ گھر کا چرواہا ہے، اور چرواہے سے ریوڑ کے بارے میں باز پرس کی جاتی ہے، اور دوزخ سے بچنے بچانے کی صورت یہ ہے کہ احکام

شرعیہ پر خود بھی عمل کرے اور گھر والوں کو بھی تعلیم وتاکید کے ذریعہ عمل کرائے، اور اس معاملہ میں فیملی پر پوری نظر رکھے، مداہنت سے کام نہ لے ورنہ ماخوذ ہوگا۔

[۸۱-] بَابٌ: قَوْلُهُ: ﴿قُوْا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ نَارًا﴾

[۵۱۸۸-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُم مَسْئُوْلٌ، فَالإِمَامُ رَاعٍ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى أَهْلِهِ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ، وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ زَوْجِهَا وَهِيَ مَسْئُوْلَةٌ، وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهِ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ، أَلَا وَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ" [راجع: ۸۹۳]

بَابُ حُسْنِ الْمُعَاشَرَةِ مَعَ الأَهْلِ

بیوی کے ساتھ اچھی طرح مل جل کر رہنا

باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث میں عرب کی گیارہ عورتوں کی باتیں ہیں جو انھوں نے اپنے شوہروں کے تعلق سے کہی ہیں، اس کا آخری جزء باب سے متعلق ہے: کنتُ لك کأبی زَرْعٍ لأُم زرع: میں تیرے لئے ایسا ہوں جیسا ابو زرع ام زرع کے لئے تھا! یہ حدیث نئی ہے اور متفق علیہ ہے، امام ترمذیؒ نے بھی اس کو شمائل میں روایت کیا ہے۔

دوسری حدیث پہلے آئی ہے، مگر اس کا آخری جملہ نیا ہے اور وہی باب سے متعلق ہے، اس لئے اس کا ترجمہ حدیث کے بعد ہے۔

حدیث ام زرع

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: (عرب کی) گیارہ عورتیں بیٹھیں، انھوں نے باہم عہد کیا اور پیمان باندھا کہ وہ اپنے شوہروں کی باتوں میں سے کچھ بھی نہیں چھپائیں گی! عائشہؓ کہتی ہیں:

قالت الأولی: زوجی لحمُ جملٍ غَثٍّ، علیٰ رَأسِ جبلٍ وَعْرٍ، لَاسَهْلٌ فَیُرْتَقٰی، ولاسمینٌ فَیُنْتَقٰی.

پہلی نے کہا: میرا شوہر دُبلے اونٹ کا گوشت ہے، یعنی ایک ناکارہ وجود ہے، دشوار گذار پہاڑ کی چوٹی پر ہے یعنی انتہائی متکبر ہے، نہ پہاڑ ہموار ہے کہ اس پر چڑھا جائے، اور نہ گوشت فربہ ہے کہ اس کو چنا جائے!

لغات: غَثٍّ: جَمَلٌ کی صفت ہے، اور وَعْرٌ: جَبَلٌ کی۔ غث: دبلا، سمین کی ضد، وَعْر: صَعْب: دشوار گذار...... یُرْتَقٰی: فعل مضارع مجہول: اِرْتَقَی الجبلَ: چڑھنا...... یُنْتَقٰی: فعل مضارع مجہول: اِنْتَقَی الشیئَ: چننا، چھانٹنا، انتقی المُخَّ من العظم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

قالت الثانية: زوجي: لا أَبُثُّ خبرَهُ، إِنِّيْ أَخَافُ أَلَّا أَذَرَهُ، إِنْ أَذْكُرْهُ أَذْكُرْ عُجَرَهُ وَبُجَرَهُ.

دوسری نے کہا: میرا شوہر: میں اس کی بات نہیں پھیلاتی یعنی میں اس کے عیوب کا تذکرہ نہیں کرتی، بیشک میں ڈرتی ہوں کہ میں اس (خبر یا شوہر) کو نہیں چھوڑونگی، اگر میں اس (خبر یا شوہر) کو چھیڑوں گی تو اس کے ظاہری اور باطنی سبھی عیوب کو بیان کرونگی یعنی وہ عیوب کا پٹارا ہے میں کہاں تک اس کے عیوب شمار کرونگی!

لغات: بَثَّ(ن) الشيئَ بَثًّا: پھیلانا، منتشر کرنا...... وَذَرَ يَذَرُ: بمعنی وَدَعَ يَدَعُ: چھوڑنا، مگر اس کا ماضی اور مصدر مستعمل نہیں، صرف مضارع مستعمل ہے، اور ضمیر منصوب کا مرجع خبر ہے، اور زَوْج بھی مرجع ہوسکتا ہے مگر اول اولیٰ ہے، اسی طرح آگے کی ضمیروں میں بھی دونوں احتمال ہیں...... البُجْرَة: عیب، جمع: بُجَر...... العُجْرة: بدن کا موٹا حصہ، گانٹھ، مراد عیب جمع عُجَر۔

قَالت الثالثة: زَوْجِيَ الْعَشَنَّقُ، إِنْ أَنْطِقْ أُطَلَّقْ، وَإِنْ أَسْكُتْ أُعَلَّقْ!

تیسری نے کہا: میرا شوہر لمبوجی (بے تکا لمبا) ہے یعنی صرف مینارے کی طرح دکھاوا ہے (اور حد سے لمبا بے وقوف بھی ہوتا ہے) اگر بولوں یعنی کچھ مانگوں تو طلاق دیدی جاؤں، اور اگر خاموش رہوں یعنی نہ مانگوں تو لٹکادی جاؤں! یعنی خود سے کوئی چیز نہیں دیتا۔

فائدہ: ان تینوں عورتوں نے اپنے شوہروں کی انتہائی برائی کی ہے۔

[۸۲-] بَابُ حُسْنِ الْمُعَاشَرَةِ مَعَ الأَهْلِ

[۵۱۸۹-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالاَ: أَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَلَسَ إِحْدَى عَشْرَةَ امْرَأَةً، فَتَعَاهَدْنَ وَتَعَاقَدْنَ أَنْ لاَ يَكْتُمْنَ مِنْ أَخْبَارِ أَزْوَاجِهِنَّ شَيْئًا.

قَالَتِ الأُوْلٰى: زَوْجِيْ لَحْمُ جَمَلٍ غَثٍّ عَلٰى رَأْسِ جَبَلٍ، لاَسَهْلٌ فَيُرْتَقٰى، وَلاَ سَمِيْنٌ فَيُنْتَقَلُ.

قَالَتِ الثَّانِيَةُ: زَوْجِيْ لاَ أَبُثُّ خَبَرَهُ، إِنِّيْ أَخَافُ أَنْ لاَ أَذَرَهُ، إِنْ أَذْكُرْهُ أَذْكُرْ عُجَرَهُ وَبُجَرَهُ.

قَالَتِ الثَّالِثَةُ: زَوْجِيَ الْعَشَنَّقُ، إِنْ أَنْطِقْ أُطَلَّقْ وَإِنْ أَسْكُتْ أُعَلَّقْ.

قَالَتِ الرَّابِعَةُ: زَوْجِيْ: كَلَيْلِ تِهَامَةَ، لاَ حَرٌّ وَلاَ قُرٌّ، وَلاَ مَخَافَةَ وَلاَ سَآمَةَ.

چوتھی نے کہا: میرا شوہر تہامہ کی رات کی طرح (معتدل) ہے (تہامہ کی رات میں) نہ گرمی ہوتی ہے نہ ٹھنڈک (اور میرے شوہر سے) نہ خوف ہوتا ہے نہ ملال! (اس نے اپنے شوہر کی تعریف کی ہے) (مکہ اور اس کے گردونواح کو تہامہ کہتے ہیں، وہاں کی رات ہمیشہ معتدل رہتی ہے، دن میں خواہ کتنی ہی گرمی ہو)

قَالت الخامسة: زَوْجِیْ: إِنْ دَخلَ فَهِدَ، وَإِنْ خَرجَ أَسِدَ، وَلاَ یَسْأَلُ عَمَّا عَهِدَ.

پانچویں نے کہا: میرا شوہر: جب گھر میں آتا ہے چیتا بن جاتا ہے یعنی نرم اخلاق ہوتا ہے، اور جب باہر جاتا ہے تو شیر بن جاتا ہے یعنی خوب دھاڑتا ہے اور ان چیزوں کے بارے میں کچھ نہیں پوچھتا جن کی اس نے ہمیں ذمہ داری سونپی ہے یعنی جو خرچ ہمیں دیا ہے: اس کو ہم نے کس طرح خرچ کیا؟ اس کی تحقیق نہیں کرتا۔

لغات: فَهِدَ (س) الرجلُ: چیتے (تیندوے) کی طرح بہت نیند والا ہونا، فَهِدَ عن الأمر: غافل ہونا...... أَسِدَ (س) أَسَدًا: شیر جیسا ہونا۔

قالتِ السادسة: زَوْجِیْ: إن أكلَ لفَّ، وَإن شرِبَ اشْتَفَّ، وَإِنِ اضْطَجَعَ الْتفَّ، وَلاَ یُوْلِجُ الْكَفّ لِیَعْلَمَ الْبَثَّ.

چھٹی نے کہا: میرا شوہر: جب کھاتا ہے تو سب چٹ کر جاتا ہے، اور جب پیتا ہے تو سب چڑھا جاتا ہے (گھر والوں کے لئے کچھ نہیں بچاتا) اور جب لیٹتا ہے تو (اکیلا ہی) کپڑے میں لپٹ جاتا ہے، اور (میرے کپڑوں میں) ہاتھ داخل نہیں کرتا کہ پراگندہ حالت (زنانی خواہش) کو جانے!

لغت: اشْتَفَّ ما فی الإناء: سب پی جانا............ الْتفَّ الشیئ: لپٹ جانا۔

قَالَتِ الرَّابِعَةُ: زَوْجِی كَلَیْلِ تِهَامَةَ، لاَ حَرَّ وَلاَ قَرَّ، وَلاَمَخَافَةَ، وَلاَ سَآمَةَ.
قَالَتِ الْخَامِسَةُ: زَوْجِیْ إِنْ دَخلَ فَهِدَ، وَإِنْ خَرجَ أَسِدَ، وَلاَ یَسْأَلُ عَمَّا عَهِدَ.
قَالَتِ السَّادِسَةُ: زَوْجِیْ إِنْ أَكَلَ لَفَّ، وَإِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ، وَإِنِ اضْطَجَعَ الْتفَّ وَلاَ یُوْلِجُ الْكَفَّ لِیَعْلَمَ الْبَثَّ.

قالت السابعة: زوجی: عَیَایَاءُ أَوْ: غَیَایَاءُ، طَبَاقَاءُ، كُلُّ دَاءٍ لَهُ دَاءٌ، شَجَّكِ أَوْ فَلَّكِ أو جَمعَ كُلًّا لَكِ!

ساتویں نے کہا: میرا شوہر (صحبت کرتے وقت) تھک جانے والا —— یا کہا: راستہ گم کرنے والا —— سینے پر پڑ جانے والا ہے، ہر بیماری اس کی بیماری ہے یعنی صرف ضعیف الباہ ہی نہیں ہے، بیماریوں کی پوٹ ہے، تیرا سر پھاڑ دے یا تجھے کھنڈا کر دے یا دونوں ہی باتیں کر گذرے!

لغات: عَیَایَاءُ: کمزور قوت مردمی والا، صحبت میں تھک جانے والا، عَیِیٌّ فی الأُمور سے ماخوذ ہے...... طَبَاقَاءُ: صحبت کرتے وقت یا انزال کے وقت بیوی کے سینے پر پڑ جانے والا، یہ صحبت کا غلط طریقہ ہے، اس سے عورت کو تشفی نہیں ہوتی...... غَیَایَاءُ: غَیّ سے ہے، جس کے معنی ہیں: گمراہی اور أو شک راوی کا ہے، یعنی راستہ گم کرنے والا، ایسا قوتِ مردمی میں کمزوری کی صورت میں ہوتا ہے...... شَجَّه: سر کو زخمی کرنا...... فَلَّ السكین: دھار توڑنا، کُھنڈا کرنا، کُند کرنا...... فَلَّكِ:

ترقی إلی الأدنی ہے، کُند کرنا یعنی ہمت توڑ دینا۔

قَالَت الثامنة: زَوْجِی الْمَسُّ مَسُّ أَرْنَبٍ، وَالرِّیْحُ رِیْحُ زَرْنَبٍ.

آٹھویں نے کہا: میرا شوہر: چھونے میں خرگوش کی طرح نرم، اور خوشبو میں زعفران کی طرح مہکتا ہے۔

لغت: الزَّرْنَب: ۱- ایک خوشبودار پودا ۲- زعفران۔

قالتِ التاسعة: زوجی رفیعُ العِماد، عظیمُ الرَّماد، طویلُ النِّجاد، قریبُ البیت من النَّادِ.

نویں نے کہا: میرا شوہر: بلند ستون والا یعنی خاندانی شرافت والا، بہت زیادہ راکھ والا یعنی بڑا مہمان نواز، لمبے پرتلے والا یعنی دراز قامت بہادر، انجمن سے قریب گھر والا یعنی سردار اور ذی رائے ہے۔

لغات: العِمَاد: ستون، سہارے کی چیز، جمع عُمُد، فلانٌ رفیعُ العماد: فلاں خاندانی شرافت والا ہے ...... النِّجاد: تلوار کا پرتلا۔

قَالَتِ السَّابِعَةُ: زَوْجِیْ غَیَایَاءُ أَوْ: عَیَایَاءُ طَبَاقَاءُ، کُلُّ دَاءٍ لَهُ دَاءٌ، شَجَّكِ أَوْ فَلَّكِ أَوْ جَمَعَ کُلًّا لَكِ.
قَالَتِ الثَّامِنَةُ: زَوْجِی الْمَسُّ مَسُّ أَرْنَبٍ، وَالرِّیْحُ رِیْحُ زَرْنَبٍ.
قَالَتِ التَّاسِعَةُ: زَوْجِیْ رَفِیْعُ الْعِمَادِ، طَوِیْلُ النِّجَادِ، عَظِیْمُ الرَّمَادِ، قَرِیْبُ الْبَیْتِ مِنَ النَّادِ.

قالت العاشرة: زوجی: مالكٌ، ومَا مالك؟ مالكٌ خیرٌ من ذٰلك، له أبلٌ کثیراتُ الْمَبارِكِ، قلیلاتُ الْمسارح، وَإذا سَمِعْنَ صَوْتَ الْمِزْهَرِ: أَیْقَنَّ أَنَّهُنَّ هوالك!

دسویں نے کہا: میرا شوہر مالک ہے۔ اور مالک کیا ہے؟ اس کے لئے اونٹ ہیں اکثر باڑے میں بیٹھنے والے، بہت کم چراگاہ میں جانے والے۔ جب وہ سارنگی کی آواز سنتے ہیں تو یقین کر لیتے ہیں کہ ان کی موت آئی!

لغات: المَبَارِك: المَبْرَك کی جمع: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ، باڑا ...... المَسَارِح: المَسْرَح کی جمع: چراگاہ ...... المِزْهَر: سارنگی (ایک قسم کا باجہ)

تشریح: اونٹ اگر چراگاہ میں چرنے جائیں تو آنے والے مہمانوں کی ضیافت کے لئے ان کی واپسی کا انتظار کرنا پڑتا ہے، اس لئے مالک کافی اونٹوں کو باڑے میں کھلاتا ہے، تاکہ جب بھی مہمان آئیں فوری طور پر شراب وسارنگی سے ان کی تواضع کی جائے۔ اور اتنے کہ یہ محفل نمٹے اونٹ ذبح کر کے کھانا تیار کر لیا جائے۔ چنانچہ سارنگی کی آواز سنتے ہی اونٹ سمجھ جاتے ہیں کہ اب ان پر چھری پھرنے والی ہے (اس عورت نے شوہر کی مہمان نوازی کی تعریف کی ہے)

قَالَتِ الْعَاشِرَةُ: زَوْجِیْ مَالِكٌ وَمَا مَالِكٌ؟ مَالِكٌ خَیْرٌ مِنْ ذٰلِكِ، لَهُ إِبِلٌ کَثِیْرَاتُ الْمَبَارِكِ، قَلِیْلَاتُ الْمَسَارِحِ، وَإِذَا سَمِعْنَ صَوْتَ الْمِزْهَرِ أَیْقَنَّ أَنَّهُنَّ هُوَالِكُ.

قالتِ الحادیةَ عَشرَةَ: زوجی أبو زرعٍ، وما أبو زَرْعٍ؟ أَنَاسَ من حُلِیٍّ أُذُنَیَّ، وَمَلأَ مِنْ شَحْمٍ عَضُدَیَّ، وَبَجَّحَنِیْ فَبَجِحْتُ إِلٰی نَفْسِیْ، وَجَدَنِیْ فِیْ أَهْلِ غُنَیْمَةٍ بِشِقٍّ، فَجَعَلنی فی أهلِ صَهِیْلٍ، وَأَطِیْطٍ، وَدَائِسٍ، وَمُنَقٍّ، فَعنده أقول فلا أُقَبَّحُ، وَأَرْقُدُ فَأَتَصَبَّحُ، وَأشْرَبُ فَأَتَقَمَّحُ.

گیارہویں نے کہا: میرا شوہر ابوزرع ہے، ابوزرع کیا ہے؟ اس نے زیورات سے میرے کان ہلائے یعنی اس نے میرے کانوں میں زیورات پہنائے، اور (کھلا پلاکر) چربی سے میرے بازو بھر دیئے، اور مجھے خوش کیا، پس میں اپنے آپ کو بھلی لگنے لگی، اس نے مجھے چند بکریوں پر تنگی سے گذر بسر کرنے والی فیملی میں پایا، پس اس نے مجھے گھوڑے، اونٹ، بیل اور کسان خاندان میں گردانا۔ پس اس کے پاس میں کہتی ہوں تو برا نہیں کہی جاتی یعنی میری بات پر کوئی ناگواری کا اظہار نہیں کرتا، اور سوتی ہوں تو صبح تک سوتی ہوں، اور پیتی ہوں تو چھک کر چھوڑتی ہوں!

لغات: أَنَاسَه: حرکت دینا، ہلانا۔ نَاسَ الشیئُ (ن) نَوْسًا: لچکنا، ہلنا، جھومنا...... بَجَّحَه: خوش کرنا، بَجِحَ بِهِ (ف، س) بَجَحًا: خوش ہونا، ناز کرنا...... غُنَیْمة: غنم کی صغیر: تھوڑی بکریاں...... الشِّقّ: محنت ومشقت، شَقَّ الأمر: دشوار ہونا، شاق اور ناقابل برداشت ہونا، صَهِیْل: گھوڑے، صَهَلَ الفرسُ صَهِیْلاً: گھوڑے کا ہنہنانا...... أَطِیْط: اونٹ، أَطَّ أَطِیْطًا: اونٹ کا بولنا...... دائِس: اسم فاعل: گاہنے والا یعنی بیل، دَاسَ الشیئَ: روندنا، مسلنا، گاہنا...... مُنَقّ: اسم فاعل: اناج صاف کرنے والا یعنی کسان، نَقَّاہ: صاف کرنا...... أُقَبَّحُ: مضارع مجہول واحد متکلم، قَبَّحَهُ: برا بنانا...... تَصَبَّحَ: صبح کے وقت سونا...... تقَمَّحَ الشرابَ: چھک کر پینا چھوڑ دینا۔

> قَالَتِ الْحَادِیَةَ عَشْرَةَ: زَوْجِی أَبُوْ زَرْعٍ، فَمَا أَبُوْ زَرْعٍ! أَنَاسَ مِنْ حُلِیٍّ أُذُنَیَّ، وَمَلأَ مِنْ شَحْمٍ عَضُدَیَّ، وَبَجَّحَنِیْ، فَبَجِحَتْ إِلَیَّ نَفْسِیْ، وَجدَنِیْ فِیْ أَهْلِ غُنَیْمَةٍ بِشِقٍّ، فَجَعَلَنِیْ فِیْ أَهْلِ صَهِیْلٍ وَأَطِیْطٌ وَدَائِسْ وَمُنِقٍّ، فَعِنْدَهُ أَقُوْلُ فَلاَ أُقَبَّحُ، وَأَرْقُدُ فَأَتَصَبَّحُ، وَأَشْرَبُ فَأَتَقَنَّحُ.

أم أبی زرع: فما أُمُّ أبی زرع؟ عُكُوْمُهَا رَدَاحٌ، وَبَیْتُهَا فُسَاحٌ.

ابن أبی زرع: فَمَا ابْنُ أبی زرع؟ مَضْجَعُهُ كَمَسَلِّ شَطْبَةٍ، وَتُشْبِعُهُ ذِرَاعُ الْجَفْرَةِ.

بنت أبی زرع: فما بنتُ أبی زرع؟ طَوْعُ أَبِیها، وَطَوْعُ أمها، وَمِلْءُ كِسَائِها، وَغَیْظُ جارَتِهَا.

جاریة أبی زرع: فما جاریةُ أبی زرع؟ لاتَبُثُّ حدیثَنا تَبْثِیْثًا، وَلاَ تُنَقِّثُ مِیرَتَنَا تَنْقِیْثًا، وَلاَ تَمْلأُ بَیْتَنا تَعْشِیْشًا.

ابوزرع کی ماں: (میری خوش دامن) پس کیا ہے ابوزرع کی ماں؟ اس کی گونیں باندھنے کی رسیاں بڑی ہیں یعنی وہ مالدار ہے۔ اور اس کا مکان وسیع ہے یعنی وہ بخیل نہیں، مکان کی وسعت سے مہمانوں کی کثرت مراد لی جاتی ہے۔

ابوزرع کا بیٹا: (دوسری بیوی سے) پس کیا ہے ابوزرع کا بیٹا؟ اس کی خوابگاہ کھجور کی ٹہنی رکھنے کی جگہ کے بقدر ہے یعنی وہ پتلا چھریرے بدن کا ہے، بکری کے بچے کا ایک دست اس کے پیٹ بھرنے کے لئے کافی ہے یعنی اس کی خوراک بہت کم ہے، گوشت کے چند ٹکڑے اس کی غذا ہے۔

ابوزرع کی بیٹی: (دوسری بیوی سے) پس کیا ہے ابوزرع کی بیٹی؟ اپنے باپ کی تابعدار، اور اپنی ماں کی فرمانبردار، اپنی چادر کو بھرنے والی یعنی موٹی تازی، اور اپنی پڑوسن (سوکن) کا شدید غصہ! یعنی اس کی سوکن اس کے کمالات سے جل بھن جاتی تھی۔

ابوزرع کی باندی: پس کیا ہے ابوزرع کی باندی؟ نہیں بکھیرتی ہماری بات بکھیرنا یعنی گھر کی بات باہر جا کر نہیں کہتی، اور نہیں منتقل کرتی ہماری رسد منتقل کرنا یعنی بے اجازت کھانے پینے کی چیزیں کسی کو نہیں دیتی۔ اور نہیں بھرتی ہمارے گھر کو کوڑے سے یعنی گھر ہمیشہ صاف ستھرا رکھتی ہے۔

لغات: **العُکُوْم**: **العِکام** کی جمع: بوری (گون) باندھنے کی رسّی، ڈوری ...... **الرَّدَاح**: بہت بڑی ...... **مَسَلّ**: ظرف مکان: سونتی ہوئی تلوار رکھنے کی جگہ ...... **شَطْبَة**: کھجور کی ہری ٹہنی، کسی چیز کی کاٹی ہوئی لمبی پٹی ...... **الجفْرة**: بکری کا بچہ ...... **طَوْع**: مصدر: حمل مبالغہ کے طور پر ہے ...... **مِلْءٌ**: مصدر: بھرنا ...... **بَثَّ(ن) بَثًّا**: بکھیرنا ...... **نَقَّثَ الشیئَ**: منتقل کرنا ...... **عَشَّشَ الطائرُ تعشیشًا**: پرندے کا گھونسلا بنانا۔ جب پرندہ کسی درخت پر گھونسلا بناتا ہے تو نیچے کوڑا گرتا ہے۔

أُمُّ أَبِیْ زَرْعٍ فَمَا أُمُّ أَبِیْ زَرْعٍ؟ عُکُوْمُهَا رَدَاحٌ، وَبَیْتُهَا فُسَاحٌ.
ابْنُ أَبِیْ زَرْعٍ، فَمَا ابْنُ أَبِیْ زَرْعٍ؟ مَضْجِعُهُ کَمَسَلِّ شَطْبَةٍ، وَتُشْبِعُهُ ذِرَاعُ الْجَفْرَةِ.
بِنْتُ أَبِیْ زَرْعٍ، فَمَا بِنْتُ أَبِیْ زَرْعٍ؟ طَوْعُ أَبِیْهَا، وَطَوْعُ أُمِّهَا، وَمِلْءُ کِسَائِهَا، وَغَیْظُ جَارَتِهَا.
جَارِیَةُ أَبِیْ زَرْعٍ، فَمَا جَارِیَةُ أَبِیْ زَرْعٍ؟ لاتَبُثُّ حَدِیْثَنَا تَبْثِیْثًا، وَلاَ تُنَقِّثُ مِیْرَتَنَا تَنْقِیْثًا، وَلاَ تَمْلَأُ بَیْنَنَا تَعْشِیْشًا.

قالت: خرج أبو زرعٍ، والأوطابُ تُمْخَضُ، فَلَقِیَ امْرأَةً، مَعَهَا ولدان لها کالفَهْدَیْنِ، یلعبان من تحت خَصْرِها برُمَّانَتَیْنِ، فطَلَّقَنِیْ وَنَکَحَهَا، فَنَکَحْتُ بَعْدَهُ رَجلاً سَرِیًّا، رکب شَرِیًّا، وأخذ خَطِّیًّا، وَأَرَاحَ عَلَیَّ نِعَمًا ثَرِیًّا، وَأَعْطَانِیْ من کل رائحةٍ زوجًا، وقال: کُلِیْ أَمَّ زَرْعٍ، وَمِیْرِیْ أَهْلَكِ!

فَلو جمعتُ کلَّ شیئٍ أَعْطَانِیْهِ: مَا بَلَغَ أَصْغَرَ آنِیَةِ أَبِیْ زَرْعٍ! قالت عائشة: فقال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم: "کنتُ لكِ کأبی زرع لأم زرع!"

ام زرع نے کہا: ابوزرع نکلا، درانحالیکہ دودھ کے برتن بلوئے جارہے تھے یعنی صبح سویرے نکلا، دودھ کے برتن صبح

صادق کے وقت بلوئے جاتے ہیں، پس اس کی ایک عورت سے ملاقات ہوئی، اس کے ساتھ اس کے دو بچے تھے، چیتوں جیسے، دونوں اس کی کمر کے نیچے سے دو اناروں کے ذریعہ کھیل رہے تھے یعنی اس کی کمر پتلی اور سرین بھاری تھے، اور کمر کے نیچے اتنی جگہ تھی کہ بچے انار اِدھر اُدھر کر رہے تھے، پس ابو زرع نے مجھے طلاق دیدی، اور اس سے نکاح کرلیا، میں نے اس کے بعد ایک شریف آدمی سے نکاح کیا، جو تیز رو گھوڑے پر سوار ہوتا تھا، اور اس نے ہاتھ میں نیزہ لیا تھا یعنی وہ شہسوار مسلح فوجی تھا، اس نے مجھ پر بہت نعمتیں برسائیں، اور مجھے ہر قسم کے مال سے جوڑا دیا، اور اس نے کہا: ام زرع خود کھا، اور اپنے میکے والوں کو بھی کھلا!

(ام زرع کہتی ہے:) پس اگر جمع کروں میں تمام وہ چیزیں جو اس نے مجھے دی ہیں تو بھی وہ ابو زرع کے چھوٹے برتن کے برابر نہیں ہوسکتیں۔ عائشہؓ کہتی ہیں: پس رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: ''میں تمہارے لئے ایسا ہی ہوں جیسا ابو زرع: ام زرع کے لئے!'' (اور ایک حدیث میں یہ اضافہ ہے: ''مگر میں تمہیں طلاق نہیں دونگا!'' اور طبرانی کی روایت میں عائشہؓ کا جواب ہے کہ ابو زرع کی کیا حقیقت ہے؟ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! آپ تو میرے لئے اُس سے بھی بڑھ کر ہیں)

قَالَتْ خَرَجَ أَبُوْ زَرْعٍ وَالْأَوْطَابُ تُمْخَضُ، فَلَقِيَ امْرَأَةً مَعَهَا وَلَدَانِ لَهَا كَالْفَهْدَيْنِ، يَلْعَبَانِ مِنْ تَحْتِ خَصْرِهَا بِرُمَّانَتَيْنِ، فَطَلَّقَنِيْ وَنَكَحَهَا، فَنَكَحْتُ بَعْدَهُ رَجُلاً سَرِيًّا، رَكِبَ شَرِيًّا، وَأَخَذَ خَطِّيًّا، وَأَرَاحَ عَلَيَّ نَعَمًا ثَرِيًّا، وَأَعْطَانِيْ مِنْ كُلِّ رَائِحَةٍ زَوْجًا، وَقَالَ: كُلِيْ أُمَّ زَرْعٍ، وَمِيْرِيْ أَهْلَكِ!
قَالَتْ: فَلَوْ جَمَعْتُ كُلَّ شَيْئٍ أَعْطَانِيْهِ مَا بَلَغَ أَصْغَرَ آنِيَةِ أَبِيْ زَرْعٍ! قَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''كُنْتُ لَكِ كَأَبِيْ زَرْعٍ لِأُمِّ زَرْعٍ''

سوال (۱): یہ قصہ نبی ﷺ نے بیان فرمایا ہے یا کسی بیوی صاحبہ نے سنایا ہے؟ **جواب**: دونوں احتمال ہیں، راجح یہ ہے کہ آپؐ نے بیان فرمایا ہے۔

سوال (۲): جن عورتوں نے شوہروں کی برائی کی ہے: اس کا تذکرہ تو غیبت کے دائرہ میں آتا ہے؟ **جواب**: غیر معروف شخص کا حال بیان کرنا غیبت نہیں۔

لغات: مَخَّضَ اللبن: دودھ بلو کر مکھن نکالنا ...... الخَصْر: کمر، کوکھ ...... السَّرِيّ: معزز شریف آدمی ...... الشَّرِيُّ من الخيل: تیز رفتار گھوڑا ...... الخَطِّيّ: خط مقام کا نیزہ (خط: بحرین کا ایک مقام ہے، جہاں نیزے بنتے تھے)

[۵۱۹۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: كَانَ الْحَبَشُ يَلْعَبُوْنَ بِحِرَابِهِمْ، فَسَتَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا أَنْظُرُ، فَمَا زِلْتُ أَنْظُرُ حَتّٰى كُنْتُ أَنَا أَنْصَرِفُ. فَاقْدِرُوْا قَدْرَ الْجَارِيَةِ الْحَدِيْثَةِ السِّنِّ تَسْمَعُ اللَّهْوَ. [راجع: ٤٥٤]

قولہ: فاقدروا: پس اندازہ لگاؤتم نوعمر لڑکی کے رتبہ کا (ذہن کا) جو دل بہلانے والی باتیں پسند کرتی ہے (جیسے حبشہ والوں کا کھیل)

بَابُ مَوْعِظَةِ الرَّجُلِ ابْنَتَهُ لِحَالِ زَوْجِهَا

بیٹی کو اس کے شوہر کی حالت سمجھانا

کبھی بیٹی کو اس کے شوہر کے بارے میں نصیحت کرنی پڑتی ہے پس کرنی چاہئے، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے ان کو بتایا کہ نبی ﷺ کی ازواج آپؐ کے سامنے بلند آواز سے بولتی ہیں اور ترکی بہ ترکی جواب دیتی ہیں، اور کبھی دن بھر آپؐ سے ناراض رہتی ہیں تو حضرت عمرؓ اپنی بیٹی حفصہؓ کے پاس گئے اور ان کو سمجھایا کہ نبی ﷺ اللہ کے رسول بھی ہیں، پس آپؐ ناراض ہونگے تو اللہ تعالیٰ ناراض ہوجائیں گے، اس لئے تم آپؐ سے بہت زیادہ مطالبہ نہ کیا کرو، جو کچھ چاہئے مجھ سے مانگو، اور اپنی سہیلی (عائشہؓ) کی ریس مت کرو، وہ محبوبہ ہیں، ان سے آپؐ ناراض نہیں ہونگے، وہ جو چاہیں ناز کریں، تم اپنی قدر پہچانو!

اور حدیث مفصل پہلے دوجگہ آئی ہے (تحفۃ القاری ۵:۴۸۵ اور جلد نہم تفسیر سورۃ التحریم) ضرورت ہوتو ترجمہ وہاں دیکھ لیا جائے۔

[۸۳-] بَابُ مَوْعِظَةِ الرَّجُلِ ابْنَتَهُ لِحَالِ زَوْجِهَا

[۵۱۹۱-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ ثَوْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمْ أَزَلْ حَرِيْصًا عَلٰى أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنِ الْمَرْأَتَيْنِ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم اللَّتَيْنِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا﴾[التحريم: ٤] حَتّٰى حَجَّ وَحَجَجْتُ مَعَهُ، وَعَدَلَ وَعَدَلْتُ مَعَهُ بِإِدَاوَةٍ، فَتَبَرَّزَ، ثُمَّ جَاءَ فَسَكَبْتُ عَلٰى يَدَيْهِ مِنْهَا فَتَوَضَّأَ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! مَنِ الْمَرْأَتَانِ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم اللَّتَانِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا﴾ قَالَ: وَاعَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ! هُمَا: عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ.

ثُمَّ اسْتَقْبَلَ عُمَرُ الْحَدِيْثَ يَسُوْقُهُ، قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَجَارٌ لِيْ مِنَ الْأَنْصَارِ فِيْ بَنِيْ أُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ، وَهُمْ مِنْ عَوَالِي الْمَدِيْنَةِ، وَكُنَّا نَتَنَاوَبُ النُّزُوْلَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَيَنْزِلُ يَوْمًا وَأَنْزِلُ يَوْمًا، فَإِذَا نَزَلْتُ جِئْتُهُ بِمَا حَدَثَ مِنْ خَبَرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مِنَ الْوَحْيِ أَوْ غَيْرِهِ، وَإِذَا نَزَلَ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

وَكُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ النِّسَاءَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى الْأَنْصَارِ إِذَا قَوْمٌ تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ، فَطَفِقَ نِسَائُنَا يَأْخُذْنَ مِنْ أَدَبِ نِسَاءِ الْأَنْصَارِ، فَصَخِبْتُ عَلَى امْرَأَتِيْ فَرَاجَعَتْنِيْ فَأَنْكَرْتُ أَنْ تُرَاجِعَنِيْ قَالَتْ: وَلِمَ

تُنْكِرُ أَنْ أُرَاجِعكَ فَوَ اللّٰهِ إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لَيُرَاجِعْنَهُ؟ وَإِنَّ إِحْدَاهُنَّ لَتَهْجُرُهُ الْيَوْمَ حَتّٰى اللَّيْلِ! فَأَفْزَعَنِى ذٰلِكَ، وَقُلْتُ لَهَا: قَدْ خَابَ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ مِنْهُنَّ.

ثُمَّ جَمَعْتُ عَلَيَّ ثِيَابِىْ فَنَزَلْتُ فَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ، فَقُلْتُ لَهَا: أَىْ حَفْصَةُ أَتُغَاضِبُ إِحْدَاكُنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم الْيَوْمَ حَتّٰى اللَّيْلِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَقُلْتُ: قَدْ خِبْتِ وَخَسِرْتِ، أَفَتَأْمَنِيْنَ أَنْ يَغْضَبَ اللّٰهُ لِغَضَبِ رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم فَتَهْلِكِىْ، لاتَسْتَكْثِرِىْ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَلَا تُرَاجِعِيْهِ فِىْ شَيْئٍ، وَلاَ تَهْجُرِيْهِ، وَسَلِيْنِى مَا بَدَا لَكِ، وَلَا يَغُرَّنَّكِ أَنْ كَانَتْ جَارَتُكِ أَوْضَأَ مِنْكِ، وَأَحَبَّ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يُرِيْدُ عَائِشَةَ.

قَالَ عُمَرُ: فَكُنَّا قَدْ تَحَدَّثْنَا أَنَّ غَسَّانَ تُنْعِلُ الْخَيْلَ لِتَغْزُوْنَا، فَنَزَلَ صَاحِبِىْ الْأَنْصَارِيُّ يَوْمَ نَوْبَتِهِ، فَرَجَعَ إِلَيْنَا عِشَاءً فَضَرَبَ بَابِىْ ضَرْبًا شَدِيْدًا، وَقَالَ: أَثَمَّ هُوَ؟ فَفَزِعْتُ فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: قَدْ حَدَثَ الْيَوْمَ أَمْرٌ عَظِيْمٌ. قُلْتُ: مَا هُوَ؟ أَجَاءَ غَسَّانُ؟ قَالَ: لاَ، بَلْ أَعْظَمُ مِنْ ذٰلِكَ وَأَهْوَلُ، طَلَّقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نِسَاءَهُ. فَقُلْتُ: خَابَتْ حَفْصَةُ وَخَسِرَتْ، قَدْ كُنْتُ أَظُنُّ هٰذَا يُوْشِكُ أَنْ يَكُوْنَ.

فَجَمَعْتُ عَلَيَّ ثِيَابِىْ فَصَلَّيْتُ صَلاَةَ الْفَجْرِ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَشْرُبَةً لَهُ، فَاعْتَزَلَ فِيْهَا، وَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ فَإِذَا هِىَ تَبْكِىْ، فَقُلْتُ: مَا يُبْكِيْكِ؟ أَلَمْ أَكُنْ حَذَّرْتُكِ هٰذَا، أَطَلَّقَكُنَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: لاَ أَدْرِىْ، هَا هُوَ ذَا مُعْتَزِلٌ فِىْ الْمَشْرُبَةِ. فَخَرَجْتُ فَجِئْتُ إِلٰى الْمِنْبَرِ فَإِذَا حَوْلَهُ رَهْطٌ يَبْكِىْ بَعْضُهُمْ، فَجَلَسْتُ مَعَهُمْ قَلِيْلاً ثُمَّ غَلَبَنِىْ مَا أَجِدُ، فَجِئْتُ الْمَشْرُبَةَ الَّتِىْ فِيْهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ لِغُلاَمٍ لَهُ أَسْوَدَ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ. فَدَخَلَ الْغُلاَمُ فَكَلَّمَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: كَلَّمْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَذَكَرْتُكَ لَهُ، فَصَمَتَ، فَانْصَرَفْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ مَعَ الرَّهْطِ الَّذِيْنَ عِنْدَ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ غَلَبَنِىْ مَا أَجِدُ فَجِئْتُ فَقُلْتُ لِلْغُلاَمِ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ. فَدَخلَ ثُمَّ رَجعَ فَقَالَ: قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ فَصَمَتَ، فَرَجَعْتُ فَجَلَسْتُ مَعَ الرَّهْطِ الَّذِيْنَ عِنْدَ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ غَلَبَنِىْ مَا أَجِدُ فَجِئْتُ الْغُلاَمَ فَقُلْتُ: اسْتَأْذِنْ، فَدَخلَ ثُمَّ رَجَعَ إِلَيَّ، فَقَالَ: قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ فَصَمَتَ.

فَلَمَّا وَلَّيْتُ مُنْصَرِفًا، قَالَ: إِذَا الْغُلاَمُ يَدْعُوْنِىْ، فَقَالَ: قَدْ أَذِنَ لَكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَإِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى رُمَالِ حَصِيْرٍ، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ فِرَاشٌ، قَدْ أَثَّرَ الرُّمَالُ بِجَنْبِهِ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ قُلْتُ وَأَنَا قَائِمٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَطَلَّقْتَ نِسَاءَكَ؟ فَرَفَعَ إِلَيَّ بَصَرَهُ، فَقَالَ: "لاَ" فَقُلْتُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ! ثُمَّ قُلْتُ وَأَنَا

قَائِمٌ: أَسْتَأْنِسُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ رَأَيْتَنِيْ وَكُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ النِّسَاءَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ إِذَا قَوْمٌ تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ، فَتَبَسَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.

ثُمَّ قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ رَأَيْتَنِيْ وَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ فَقُلْتُ لَهَا: لَايَغُرَّنَّكِ أَنْ كَانَتْ جَارَتُكِ أَوْضَأَ مِنْكِ وَأَحَبَّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يُرِيْدُ عَائِشَةَ، فَتَبَسَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم تَبَسُّمَةً أُخْرٰى.

فَجَلَسْتُ حِيْنَ رَأَيْتُهُ تَبَسَّمَ، فَرَفَعْتُ بَصَرِيْ فِيْ بَيْتِهِ، فَوَ اللّٰهِ مَا رَأَيْتُ فِيْهِ شَيْئًا يَرُدُّ الْبَصَرَ غَيْرَ أَهَبَةٍ ثَلَاثَةٍ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ فَلْيُوَسِّعْ عَلٰى أُمَّتِكَ، فَإِنَّ فَارِسًا وَالرُّوْمَ قَدْ وُسِّعَ عَلَيْهِمْ، وَأُعْطُوْا الدُّنْيَا وَهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ، فَجَلَسَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَكَانَ مُتَّكِئًا. فَقَالَ: ''أَوَفِيْ هٰذَا أَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! إِنَّ أُولٰئِكَ قَوْمٌ عُجِّلُوْا طَيِّبَاتِهِمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا'' فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اسْتَغْفِرْ لِيْ.

فَاعْتَزَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نِسَاءَهُ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ حِيْنَ أَفْشَتْهُ حَفْصَةُ إِلٰى عَائِشَةَ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً، وَكَانَ قَالَ: ''مَا أَنَا بِدَاخِلٍ عَلَيْهِنَّ شَهْرًا'' مِنْ شِدَّةِ مَوْجِدَتِهِ عَلَيْهِنَّ حِيْنَ عَاتَبَهُ اللّٰهُ، فَلَمَّا مَضَتْ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ لَيْلَةً دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ فَبَدَأَ بِهَا، فَقَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّكَ كُنْتَ قَدْ أَقْسَمْتَ أَنْ لَا تَدْخُلَ عَلَيْنَا شَهْرًا، وَإِنَّمَا أَصْبَحْتَ مِنْ تِسْعٍ وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً أَعُدُّهَا عَدًّا، فَقَالَ: ''الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ'' فَكَانَ ذٰلِكَ الشَّهْرُ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً، قَالَتْ عَائِشَةُ: ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ التَّخْيِيْرَ فَبَدَأَ بِيْ أَوَّلَ امْرَأَةٍ مِنْ نِسَائِهِ فَاخْتَرْتُهُ، ثُمَّ خَيَّرَ نِسَاءَهُ كُلَّهُنَّ فَقُلْنَ مِثْلَ مَا قَالَتْ عَائِشَةُ. [راجع: ۸۹]

بَابُ صَوْمِ الْمَرْأَةِ بِإِذْنِ زَوْجِهَا تَطَوُّعًا

شوہر کی اجازت سے عورت نفل روزہ رکھ سکتی ہے

حدیث: ''عورت روزہ نہ رکھے جبکہ اس کا شوہر گھر پر موجود ہو مگر اس کی اجازت سے''

تشریح: لاتصوم: فعل مضارع منفی ہے، ترمذی میں بھی یہی ہے، اور مسلم شریف میں لاتُصُم: فعل نہی ہے، فعل نہی میں ممانعت صریح ہوتی ہے اور قوی ہوتی ہے، اور نفی میں اصل خبر ہوتی ہے اور انشاء (نہی) مضمر ہوتی ہے، اس لئے ہلکی ہوتی ہے، میرا خیال ہے کہ یہاں جو روایت ہے وہ اصل ہے اور مسلم میں جو روایت ہے وہ بالمعنی ہے۔

مسئلہ: عورت کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر نفل روزہ رکھنا مکروہ ہے، البتہ رمضان کے روزے مستثنیٰ ہیں، اور رمضان کے قضاء روزے نفل کے حکم میں ہیں، کیونکہ قضاء کا وقت متعین نہیں اور اجازت صراحۃً بھی ہوتی ہے، عرفاً بھی، عرفاً: جیسے بڑے دنوں کے روزے اور دلالۃً بھی، اور کراہیت کی وجہ یہ ہے کہ بیوی سے انتفاع کا شوہر کو ہر وقت حق ہے، پس اگر

عورت بغیر اجازت روزہ رکھ لے گی تو شوہر کی حق تلفی ہوگی، اور اس سے گہری وجہ تحفۃ الالمعی (۳: ۱۵۷) میں ہے۔

[٨٤-] بَابُ صَوْمِ الْمَرْأَةِ بِإِذْنِ زَوْجِهَا تَطَوُّعًا

[٥١٩٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لاَتَصُوْمُ الْمَرْأَةُ وَبَعْلُهَا شَاهِدٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ"[راجع: ٢٠٦٦]

بَابٌ: إِذَا بَاتَتِ الْمَرْأَةُ مُهَاجِرَةً فِرَاشَ زَوْجِهَا

بیوی کو شوہر اپنے بستر پر بلائے اور وہ نہ آئے

حدیث (۱): جب آدمی نے اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلایا، پس اس نے آنے سے انکار کیا، تو اس پر فرشتے صبح تک لعنت بھیجتے ہیں۔

حدیث (۲): جب عورت نے رات گذاری درانحالیکہ وہ اپنے شوہر کے بستر کو چھوڑنے والی ہے تو فرشتے اس پر لعنت بھیجتے ہیں یہاں تک کہ وہ (بے تعلقی) سے لوٹے۔

تشریح: عورت اگر پوری رات اس حال میں گذارے کہ شوہر اس سے ناراض ہے تو وہ ملعون ہے، ملا علی قاری رحمہ اللہ نے شرح مشکات میں اس کی تین وجوہ لکھی ہیں: (۱) عورت نافرمان ہے، شوہر کا کہنا نہیں مانتی (۲) عورت بداخلاق ہے، شوہر کے ساتھ اس کا رکھاؤ ٹھیک نہیں (۳) عورت بددین ہے، پردہ نہیں کرتی، نماز نہیں پڑھتی —— اور اگر عورت کی ناراضگی کی وجہ شوہر میں ہے، وہ بداخلاق ہے، اس کا برتاؤ ٹھیک نہیں یا وہ بددین ہے، نماز نہیں پڑھتا، شراب پیتا ہے یا ناوقت گھر آتا ہے، اس لئے عورت ناراض ہے تو اب ملعون شوہر ہوگا (تحفۃ الالمعی ۲: ۱۸۳)

[٨٥-] بَابٌ: إِذَا بَاتَتِ الْمَرْأَةُ مُهَاجِرَةً فِرَاشَ زَوْجِهَا

[٥١٩٣-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا دَعَا الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ إِلَى فِرَاشِهِ فَأَبَتْ أَنْ تَجِيْءَ لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى تُصْبِحَ"[راجع: ٣٢٣٧]

[٥١٩٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا بَاتَتِ الْمَرْأَةُ مُهَاجِرَةً فِرَاشَ زَوْجِهَا لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى تَرْجِعَ" [راجع: ٣٢٣٧]

لغت: هَاجَرَ مُهَاجرةً: ایک دوسرے کو چھوڑنا، عورت کے شوہر کا بستر چھوڑنے میں اور شوہر کے عورت کا بستر

چھوڑنے میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔

بَابٌ: لَا تَأْذَنُ الْمُرْأَةُ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلَّا بِإِذْنِهِ

شوہر کی اجازت کے بغیر عورت کسی کو اپنے گھر میں نہ آنے دے

عورت پر مرد کا ایک حق یہ ہے کہ وہ جن لوگوں کو ناپسند کرتا ہے ان کو گھر میں نہ آنے دے، حتی کہ اگر ساس سسر کے آنے کو بھی شوہر ناپسند کرتا ہو تو ان کو بھی گھر میں آنے کی اجازت نہ دے، البتہ بیوی ماں باپ سے ملنے کے لئے جا سکتی ہے، شوہر کو اس سے روکنے کا حق نہیں، ورنہ قطع رحمی لازم آئے گی، اور ماں باپ کے علاوہ رشتوں داروں سے ملنے کے احکام کتب فقہ میں ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عورت کے لئے جائز نہیں کہ (نفل) روزہ رکھے جبکہ اس کا شوہر گھر پر موجود ہو، مگر اس کی اجازت سے، اور شوہر کے گھر میں آنے کی اجازت نہ دے مگر اس کی اجازت سے، اور عورت جو کچھ بھی خرچ کرے شوہر کے حکم کے بغیر تو شوہر ادا کیا جائے گا اس کا نصف یعنی خرچ کرنے کا آدھا ثواب شوہر کو ملے گا (پہلے روایت گذری ہے (حدیث ۲۰۶۶) اس کے الفاظ ہیں: فله نصف أجره، اور ابوداؤد کی روایت میں فلها نصف أجره ہے، حاصل دونوں کا ایک ہے)

[۸۶-] بَابٌ: لَا تَأْذَنُ الْمُرْأَةُ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلَّا بِإِذْنِهِ

[۵۱۹۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَا يَحِلُّ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَصُوْمَ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ، وَلَا تَأْذَنَ فِيْ بَيْتِهِ إِلَّا بِإِذْنِهِ، وَمَا أَنْفَقَتْ مِنْ نَفَقَةٍ عَنْ غَيْرِ أَمْرِهِ فَإِنَّهُ يُؤَدَّى إِلَيْهِ شَطْرُهُ" وَرَوَاهُ أَبُوْ الزِّنَادِ أَيْضًا، عَنْ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ فِي الصَّوْمِ. [راجع: ۲۰۶۶]

بَابٌ

عورتیں جہنم میں زیادہ تعداد میں کیوں ہونگی؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا، پس زیادہ تر اس میں پہنچنے والے غرباء تھے، اور مالدار روکے ہوئے تھے (ان کا حساب باقی تھا) البتہ دوزخ میں جانے والے (مالدار) دوزخ میں پہنچا دیئے گئے تھے، اور میں دوزخ کے دروازے پر کھڑا ہوا، پس زیادہ تر اس میں پہنچنے والی عورتیں تھیں۔

تشریح: عورتوں کے بکثرت دوزخ میں جانے کی دو وجہ ہیں: (۱) شوہروں کے حقوق کی پامالی، مثلاً: شوہر کے بلانے پر نہ آنا، شوہر جس سے تعلق رکھنے کو ناپسند کرتا ہے اس سے تعلق رکھنا (۲) شوہروں کے احسانات کی ناشکری (کفران العشیر) اس پر اگلا باب ہے، اور گذشتہ دو بابوں میں جو باتیں آئی ہیں ان پر یہ باب بلاعنوان رکھا ہے۔

[۸۷-] بَابٌ

[۵۱۹۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِیْ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "قُمْتُ عَلٰی بَابِ الْجَنَّةِ فَكَانَ عَامَّةَ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ، وَأَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ، غَيْرَ أَنَّ أَصْحَابَ النَّارِ قَدْ أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ، وَقُمْتُ عَلٰی بَابِ النَّارِ فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ" [طرفه: ۶۵۴۷]

لغت: الجَدّ: (جیم کا زبر) مالداری.......... مالدار روکے ہوئے اس لئے ہیں کہ ان کا پائی پائی کا حساب ہونا ہے۔

بَابُ كُفْرَانِ الْعَشِيْرِ

شوہر کے احسانات کی ناشکری

عشیر: سے شوہر مراد ہے، یہ فعیل کا وزن ہے، اس کے معنی ہیں: خَلِيط: میل جول رکھنے والا، اور عاشر معاشرة کے معنی ہیں: مل جل کر رہنا، باہم زندگی گذارنا، اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۸۹) گذری ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث ابن عباسؓ کی ہے، جو پہلے مختصراً (تحفۃ القاری ۱: ۲۴۶) اور مطولاً (۳: ۳۸۳) آئی ہے، اور باب پر حدیث کی دلالت واضح ہے —— اور دوسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۹۵) آئی ہے، اس کی دلالت بھی باب پر واضح ہے۔

[۸۸-] بَابُ كُفْرَانِ الْعَشِيْرِ

وَهُوَ الزَّوْجُ، وَهُوَ الْخَلِيْطُ، مِنَ الْمُعَاشَرَةِ، فِيْهِ عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۵۱۹۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ قَالَ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَصَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَالنَّاسُ مَعَهُ، فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا نَحْوًا مِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ، ثُمَّ

رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا، ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا، وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ قَامَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا، وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا، وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا، وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ، ثُمَ رَفَعَ ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ انْصَرَفَ، وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ: "إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، لَايَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ، فَإِذَا رَأَيْتُم ذٰلِكَ فَاذْكُرُوْا اللّٰهَ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! رَأَيْنَاكَ تَنَاوَلْتَ شَيْئًا فِيْ مَقَامِكَ هٰذَا، ثُمَّ رَأَيْنَاكَ تَكَعْكَعْتَ، فَقَالَ: "إِنِّي رَأَيْتُ الْجَنَّةَ أَوْ: أُرِيْتُ الْجَنَّةَ فَتَنَاوَلْتُ مِنْهَا عُنْقُوْدًا، وَلَوْ أَخَذْتُهُ لَأَكَلْتُمْ مِنْهُ مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا، وَرَأَيْتُ النَّارَ فَلَمْ أَرَكَالْيَوْمِ مَنْظَرًا قَطُّ، وَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ" قَالُوْا: لِمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " بِكُفْرِهِنَّ" قِيْلَ: يَكْفُرْنَ بِاللّٰهِ؟ قَالَ: " يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ، وَيَكْفُرْنَ الإِحْسَانَ، لَوْ أَحْسَنْتَ إِلٰى إِحْدَاهُنَّ الدَّهْرَ، ثُمَّ رَأَتْ مِنْكَ شَيْئًا قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ"[راجع: ۲۹]

وضاحت: تَنَاوَلْتَ: آپؐ نے لینے کا ارادہ کیا.......... فتناولتُ: اگر لے لیتا میں.......... منظراً قطّ: أی أَفْزَعَ منه: اس سے زیادہ گھبرادینے والا منظر میں نے کبھی نہیں دیکھا.......... یکفرن العشیر اور یکفرن الإحسان: ایک ہیں، شوہر سے شوہر کے احسان مراد ہیں، پس عطف تفسیری ہے.......... لو أَحْسَنْتَ: اگر زندگی بھر بیوی کی ہر خواہش پوری کرے، پھر کبھی ایک مطالبہ پورا نہ کر سکے تو روٹھ کر بیٹھ جائے گی، اور کہے گی: میں نے تیرے یہاں آ کر دیکھا کیا ہے، چند چیتھڑے اور چند ٹھیکرے! پھر گیا زندگی بھر کے احسانات پر پانی!

[۵۱۹۸-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ أَبِيْ رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " اطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ، فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ" تَابَعَهُ أَيُّوْبُ وَسَلْمُ بْنُ زَرِيْرٍ. [راجع: ۳۲۴۱]

وضاحت: اطَّلَعْتُ: میں نے جھانکا —— یہ معراج کا واقعہ ہے یا کوئی خواب ہے —— اور یہ عالم مثال کی جنت وجہنم میں جھانکا ہے، عالم مثال میں جمیع ما کان وما یکون کی صورتیں ہیں۔

بَابٌ: لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقٌّ

بیوی کا شوہر پر حق ہے

ابن بطالؒ کہتے ہیں: اب تک ابواب میں بیوی پر شوہر کے حقوق کا بیان تھا، اب اس باب میں شوہر پر بیوی کے حق کا

بیان ہے، شوہر پر بیوی کا حق یہ ہے کہ اس کے ساتھ خوش خلقی کا معاملہ کرے، اور نان ونفقہ کی ضروریات پوری کرے، علاوہ ازیں! اس کا جنسی حق بھی ہے، معروف طریقہ پر اس کی تکمیل ضروری ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴۵۵:۴) آچکی ہے۔

[۸۹-] بَابٌ: لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقٌّ

قَالَهُ أَبُوْ جُحَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۵۱۹۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَا عَبْدَ اللّٰهِ! أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ تَصُوْمُ النَّهَارَ وَتَقُوْمُ اللَّيْلَ؟" قُلْتُ: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:"فَلَا تَفْعَلْ، صُمْ وَأَفْطِرْ، وَقُمْ وَنَمْ، فَإِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِزُوْرِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا" [راجع: ۱۱۳۱]

بَابُ الْمَرْأَةِ رَاعِيَةٌ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا

عورت: مرد کے گھر کی نگہبان ہے

مرد ہر وقت گھر پر نہیں رہتا، بیوی ہر وقت گھر میں رہتی ہے، اس لئے گھر کی رکھوالی اس کے ذمہ کی گئی ہے، اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

[۹۰-] بَابُ الْمَرْأَةِ رَاعِيَةٌ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا

[۵۲۰۰-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالْأَمِيْرُ رَاعٍ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى أَهْلِ بَيْتِهِ، وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ زَوْجِهَا وَوَلَدِهِ، فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ" [راجع: ۸۹۳]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿الرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَاءِ﴾ الآية

اصلاح کے لئے بیوی کو خوابگاہ میں تنہا چھوڑ دینا

سورۃ النساء کی آیت ۳۴ ہے: ﴿الرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَا أَنْفَقُوْا مِنْ أَمْوَالِهِمْ، فَالصَّالِحَاتُ قٰنِتٰتٌ حَافِظَاتٌ لِلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ، وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ

فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ، فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلاً، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا﴾

ترجمہ: مردعورتوں کو تھامنے والے (ذمہ دار) ہیں، بایں وجہ کہ اللہ نے بعض کو بعض پر برتری بخشی ہے اور بایں وجہ کہ مردوں نے اپنے مال خرچ کیے ہیں، پس نیک عورتیں شوہروں کی اطاعت کرنے والی، پوشیدہ چیز (ناموس) کی حفاظت کرنے والی ہیں، بحفاظتِ الٰہی! اور جن عورتوں کی بد دماغی کا اندیشہ ہو ان کو زبانی فہمائش کرو، اور ان کو ان کی خوابگاہوں میں تنہا چھوڑ دو، اور ان کو مارو، پھر اگر وہ تمہاری اطاعت کرنے لگیں تو تم ان پر راہ مت ڈھونڈھو، بیشک اللہ تعالیٰ عالی شان بڑی عظمت والے ہیں۔

تفسیر: فیملی لائف میں مردوزن کی پوزیشن برابر نہیں ہوسکتی، ورنہ ہر وقت خرخشہ لگا رہے گا، پس ایک بالا دست اور ایک زیردست ہونا چاہئے جبھی گھر جنت کا نمونہ بن سکتا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے مردوں کو بالا دستی عطا فرمائی، فرمایا: مردعورتوں کو تھامنے والے (ذمہ دار) ہیں —— اور ذمہ دار بالا دست ہوتا ہے —— اور یہ بات دو وجہ سے ہے: ایک: اللہ نے ایک صنف کو دوسری صنف پر برتری بخشی ہے، بیچ کی انگلی لمبی کیوں ہے؟ اس لئے کہ اللہ نے اس کو ایسا بنایا ہے اور اللہ کی بناوٹ پر کوئی انگلی نہیں اٹھا سکتا، تسلیم کے سوا چارہ نہیں۔ دوم: مرد مہر اور نان ونفقہ کا ذمہ دار ہے وہ عورت پر خرچ کرتا ہے، اور انسان احسان کا بندہ ہوتا ہے، پس عورت زیردستی قبول کرسکتی ہے —— پھر اچھی عورتوں کے تین اوصاف بیان کئے ہیں: اول: عورت نیک بندی ہو، اور نیک وہ ہوتا ہے جو احکام الٰہی کا پابند ہو، دوم: وہ شوہر کی اطاعت شعار ہو، سوم: پوشیدہ چیز یعنی ناموس کی حفاظت کرنے والی ہو —— ناموس کی حفاظت مردوزن دونوں کے لئے مشکل ہے، مگر توفیقِ الٰہی شامل حال ہو جائے تو کچھ مشکل نہیں، بحفاظتِ الٰہی کا یہ مطلب ہے —— اور جو عورتیں قانتات (شوہر کی اطاعت شعار) نہ ہوں، بلکہ ان کی بد دماغی کا اندیشہ ہو تو اولاً: ان کو زبانی فہمائش کی جائے، ثانیاً: ان کو خواب گاہوں میں تنہا چھوڑ دیا جائے، ثالثاً: جسمانی اذیت دی جائے، بچہ بھگوڑا ہوتا ہے تو اس کو مرغا بنایا جاتا ہے —— اگر ان تین طریقوں میں سے کسی بھی طریقہ سے معاملہ قابو میں آجائے تو سبحان اللہ! ورنہ کمیشن بٹھایا جائے، اس کا تذکرہ اگلی آیت میں ہے۔

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۲۱۳) آئی ہے، ازواج مطہرات نے نفقہ میں زیادتی کا مطالبہ کیا، نبی ﷺ کو اس سے ناگواری ہوئی اور آپؐ نے ایک ماہ تک ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی، اور بالا خانہ میں تنہا قیام فرمایا، یہ اصلاح کے تین طریقوں میں سے دوسرے طریقہ پر آپؐ نے عمل کیا۔ یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۹۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿الرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا﴾

[۵۲۰۱-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: آلٰى

رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ نِسَائِهِ شَهْرًا، وَقَعَدَ فِيْ مَشْرُبَةٍ لَهُ، فَنَزَلَ لِتِسْعٍ وَعِشْرِيْنَ فَقِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّكَ آلَيْتَ عَلٰى شَهْرٍ؟ قَالَ: "إِنَّ الشَّهْرَ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ" [راجع: ۳۷۸]

بَابُ هِجْرَةِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم نِسَاءَهُ فِيْ غَيْرِ بُيُوْتِهِنَّ

نبی ﷺ کا بیویوں سے ایلاء کرنا اور علاحدہ گھر میں رہنا

یہ ذیلی باب ہے، هجرة کے معنی ہیں: چھوڑنا، بائیکاٹ کرنا، قطع تعلق کرنا...... اور فی غیر بیوتهن: أی سکناه فی غیر بیوتهن...... اور قرآن میں ہے: ﴿وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ﴾: اور جدا کرو ان کو خواب گاہوں میں یعنی جدا سوؤ مگر اسی گھر میں، تاکہ بیوی اس کو پرچانا چاہے تو موقع ہو ـــــ اور نبی ﷺ نے جو مدت ایلاء بالاخانہ میں سب سے علاحدہ گذاری تھی وہ ایک مجبوری تھی، آپؐ کی متعدد بیویاں تھی، کس کے گھر میں رہتے؟ پھر وہ بالاخانہ کوئی علاحدہ جگہ نہیں تھی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرے پر یہ بالاخانہ تھا، گویا ایک ہی گھر میں علاحدہ کمرے میں رہے، نیز یہاں پرچانے کی یعنی شوہر کو راضی کرنے کی بھی کوئی صورت نہیں تھی، آپؐ نے ایک ماہ تک علاحدہ رہنے کی قسم کھائی تھی یعنی ایلاء لغوی کیا تھا، پس وہ مدت تو پوری کرنی تھی، ورنہ قسم ٹوٹتی یعنی صرف ہجران نہیں تھا، بلکہ ایک ماہ تک ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم بھی تھی۔

اس مسئلہ میں ابوداؤد (کتاب النکاح، باب حق المرأة على الزوج) میں معاویہ بن حَیدہؓ کی روایت بھی ہے، انھوں نے پوچھا: ہماری بیوی کا ہم پر کیا حق ہے؟ آپؐ نے فرمایا: أن تُطعمها إذا طعمتَ، وتكسوها إذا اكتسيتَ، ولا تضرب الوجه، ولا تُقبِّح، ولاتهجر إلا في البيت: (بیوی کا یہ حق ہے) کہ اس کو کھلاؤ جب تم کھاؤ، اور اس کو پہناؤ جب تم پہنو، اور چہرے پر نہ مارو، اور اللہ تیرا برا کرے مت کہو، اور ناراض ہو کر مت چھوڑو مگر گھر میں ـــــ امام بخاری نے اس حدیث کو یُذکر (فعل مجہول) سے ذکر کر کے اس کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے، اور اول یعنی نبی ﷺ کے علاحدہ رہنے کی روایت اصح ہے ـــــ بے شک! مگر وہ تو مجبوری تھی، اس کو کیوں نظر انداز کیا جائے؟ پھر معاویہؓ کی روایت قرآن کے بیان سے مؤید ہے، اس لئے حضرت الامام کا اصرار کہ شوہر علاحدہ مکان میں رہے: مناسب معلوم نہیں ہوتا۔

[۹۲-] بَابُ هِجْرَةِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم نِسَاءَهُ فِيْ غَيْرِ بُيُوْتِهِنَّ

وَيُذْكَرُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ رَفَعَهُ: "غَيْرَ أَنْ لَاتُهْجَرَ إِلَّا فِي الْبَيْتِ" وَالْأَوَّلُ أَصَحُّ.

[۵۲۰۲-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ: أَنَّ عِكْرِمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

الْحَارِثِ، أَخْبَرَهُ: أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حَلَفَ لَايَدْخُلُ عَلٰى بَعْضِ أَهْلِهِ شَهْرًا، فَلَمَّا مَضَى تِسْعَةٌ وَعِشْرُوْنَ يَوْمًا غَدَا عَلَيْهِنَّ أَوْ: رَاحَ، فَقِيْلَ لَهُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! حَلَفْتَ أَنْ لَاتَدْخُلَ عَلَيْهِنَّ شَهْرًا؟ قَالَ: "إِنَّ الشَّهْرَ يَكُوْنُ تِسْعَةً وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا" [راجع: ۱۹۱۰]

وضاحت: یہ حدیث پہلے آئی ہے، اس میں ابن جریج کے بعد تحویل ہے، محمد بن مقاتل: امام بخاری کے استاذ ہیں .... علی بعض أهله: یہ راوی کا بیان ہے ورنہ آپؐ نے سب ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی تھی .... غدا اور راح میں شک بلاوجہ ہے، آپؐ مغرب کے بعد ازواج کے پاس تشریف لے گئے تھے......... الشهر: أی هذا الشهر، الف لام عہد خارجی کا ہے۔

[۵۲۰۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ يَعْفُوْرٍ، قَالَ: تَذَاكَرْنَا عِنْدَ أَبِي الضُّحَى، فَقَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَصْبَحْنَا يَوْمًا وَنِسَاءُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَبْكِيْنَ، عِنْدَ كُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ أَهْلُهَا، فَخَرَجْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا هُوَ مَلْآنُ مِنَ النَّاسِ، فَجَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَصَعِدَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِيْ غُرْفَةٍ لَهُ، فَلَمْ يُجِبْهُ أَحَدٌ، ثُمَّ سَلَّمَ فَلَمْ يُجِبْهُ أَحَدٌ، ثُمَّ سَلَّمَ فَلَمْ يُجِبْهُ أَحَدٌ، فَنَادَاهُ فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: أَطَلَّقْتَ نِسَاءَ كَ؟ فَقَالَ: "لَا، وَلٰكِنْ آلَيْتُ مِنْهُنَّ شَهْرًا" فَمَكَثَ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ، ثُمَّ دَخَلَ عَلٰى نِسَائِهِ.

وضاحت: ابوالضحیٰ مسلم بن صبیح کی مجلس میں یہ مسئلہ چھڑا کہ عربی مہینہ تیس کا ہوتا ہے یا انتیس کا؟ اس پر ابوالضحیٰ نے حدیث سنائی جس سے معلوم ہوا کہ کبھی مہینہ ۲۹ کا بھی ہوتا ہے۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ ضَرْبِ النِّسَاءِ

عورتوں کی سخت پٹائی کرنا جائز نہیں

سورۃ النساء کی آیت ۳۴ میں اصلاحِ حال کے لئے عورتوں کو مارنے کا ذکر ہے، اور مسلم شریف کی روایت میں ایک قید ہے: فإن فعلن فاضربوهن ضربا غير مُبَرِّح: پس اگر عورتیں نافرمانی کریں تو ان کو مارو ایسا مارنا جس سے چوٹ نہ آئے، بَرَّحَ به الضربُ: سخت چوٹ لگنا۔ یعنی نشان نہ پڑے، اور چہرے پر مارنا تو مطلقاً ممنوع ہے، اور حدیث پہلے کتاب التفسیر میں سورۃ والشمس کی تفسیر میں آئی ہے کہ تم میں سے ایک اپنی بیوی کو کوڑے نہ مارے غلام کو کوڑے مارنے کی طرح، پھر شام کو وہ اس سے ہم بستر ہو ـــــ کوڑوں سے سخت چوٹ لگتی ہے اس لئے اس کی ممانعت کی، پس چھڑی سے مارنے کا بھی یہی حکم ہے۔

[۹۳-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ ضَرْبِ النِّسَاءِ

وَقَوْلِهِ: ﴿وَاضْرِبُوْهُنَّ﴾: ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ.

[٥٢٠٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَايَجْلِدُ أَحَدُكُمُ امْرَأَتَهُ جَلْدَ الْعَبْدِ، ثُمَّ يُجَامِعُهَا فِي آخِرِ الْيَوْمِ" [راجع: ٤٩٤٢]

بَابٌ: لَاتُطِيْعُ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا فِيْ مَعْصِيَةٍ

نافرمانی کے کام میں عورت شوہر کی اطاعت نہ کرے

گذشتہ ابواب میں جو آیا ہے کہ عورت شوہر کی اطاعت کرے یہ حکم عام نہیں، اللہ کی نافرمانی والا کام اس سے مستثنیٰ ہے، حدیث ہے: لاطاعة لمخلوق في معصية الخالق: کسی مخلوق کی اطاعت نہیں خالق کی نافرمانی کے کاموں میں، مثلاً: جس زمانہ میں عورت نماز نہیں پڑھتی شوہر ہم بستری کے لئے بلاتا ہے تو نہ جائے، اور اگر وہ کہے کہ صرف مذاق کریں گے تو بھی نہ جائے کیونکہ کبھی مذاق در مذاق ہو جاتا ہے، بلکہ اس زمانہ میں شوہر سے الگ لیٹے، ابوداؤد میں صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ جب ہمیں ماہواری آتی تھی، تو ہم (نبی ﷺ کی) چارپائی سے نیچے چٹائی پر اتر جاتے تھے، حالانکہ آپؐ معصوم تھے، اور آپؐ کی اور بھی ازواج تھیں پس جس کی ایک ہی بیوی ہوگی وہ کیا کرے گا؟ —— اور باب کی حدیث میں یہ مثال ہے کہ ایک عورت کے سر کے بال کم ہو گئے، شوہر نے کہا کہ بالوں میں بال ملا کر گنجان کرو، مگر نبی ﷺ نے اس کی اجازت نہیں دی، کیونکہ یہ معصیت اور ممنوع کام ہے، پس اس میں شوہر کی بات ماننا جائز نہیں۔

[٩٤-] بَابٌ: لَاتُطِيْعُ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا فِيْ مَعْصِيَةٍ

[٥٢٠٥-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ نَافِعٍ، عَنِ الْحَسَنِ، هُوَ ابْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفِيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ زَوَّجَتِ ابْنَتَهَا، فَتَمَعَّطَ شَعْرُ رَأْسِهَا، فَجَاءَ تْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَتْ: إِنَّ زَوْجَهَا أَمَرَنِيْ أَنْ أَصِلَ فِيْ شَعْرِهَا، فَقَالَ: "لَا، إِنَّهُ قَدْ لُعِنَ الْمُوْصِلَاتُ" [طرفه: ٥٩٣٤]

ترجمہ: ایک انصاری خاتون نے اپنی بیٹی کا نکاح کیا، پس اس کے سر کے بال جھڑ گئے، وہ خاتون نبی ﷺ کے پاس آئی، اور یہ بات آپؐ سے ذکر کی، اور اس نے کہا اس کے شوہر نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اس کے بالوں میں بال ملاؤں، پس آپؐ نے فرمایا: "نہیں، بال میں بال ملانے والیوں پر لعنت کی گئی ہے"

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا﴾

معصیت میں شوہر کی بات نہ ماننے میں اس کی بددماغی یا لاپرواہی کا اندیشہ ہو تو کیا کرے؟

جواب: شوہر کے ساتھ مصالحت کرے، اس سے پیچھا چھڑائے! ایسی صورت میں بھی اطاعت جائز نہیں، سورۃ النساء کی آیت ۱۲۸ ہے: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صَلْحًا، وَالصُّلْحُ خَيْرٌ﴾ الآية: اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر سے غالب احتمال بدد ماغی یا لاپرواہی کا ہو تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ باہم خاص طور پر مصالحت کرلیں، اور صلح بہتر ہے ـــــ اور صلح کی صورت یہ ہے کہ بیوی شوہر سے کہے کہ آپ دوسرا نکاح کرلیں، تاکہ حیض میں مذاق کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے، اور شوہر کی اقتصادی حالت کمزور ہو اور عورت کی اقتصادی حالت مضبوط ہو تو وہ اپنے بعض حقوق نان ونفقہ سے دست بردار ہوجائے، تاکہ شوہر کے لئے دوسری بیوی کرنا آسان ہو، مصالحت کی یہ صورت باب کی حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کی ہے ـــــ پھر آیت ۱۳۰ ہے: ﴿وَإِنْ يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِنْ سَعَتِهِ﴾: اور اگر دونوں جدا ہوجائیں تو اللہ تعالیٰ اپنی وسعت سے ہر ایک کو بے نیاز کردے گا ـــــ یعنی بہتر بر (شوہر) مل جائے گا، یہ ہے پیچھا چھڑانے کی صورت، طلاق لیلے یا خلع کرلے ـــــ بہر حال گناہ میں شوہر کی موافقت جائز نہیں۔

اور حدیث پہلے دو تین مرتبہ آئی ہے، یہاں آخری مرتبہ مفصل آئی ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا نے آیت ۱۲۸ کی تفسیر میں فرمایا: وہ (شوہر کی بدد ماغی یا لاپرواہی کا خطرہ محسوس کرنے والی عورت) وہ عورت ہے جو کسی آدمی کے پاس ہوتی ہے، اور وہ اس میں کچھ زیادہ دلچسپی نہیں رکھتا، پس وہ اس کو طلاق دینا چاہتا ہے اور اس کے علاوہ سے نکاح کرنا چاہتا ہے، پس کہے عورت اس سے: آپ مجھے روکے رکھیں، اور مجھے طلاق نہ دیں، اور آپ میرے علاوہ سے نکاح کرلیں، اور آپ جو مجھ پر خرچ کرتے ہیں میں اس کو معاف کرتی ہوں اور اپنی باری بھی چھوڑتی ہوں، یہی آیت کا مطلب ہے۔

[۹۵-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا﴾

[۵۲۰۶-] حدثنا ابْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا﴾ قَالَتْ: هِيَ الْمَرْأَةُ تَكُوْنُ عِنْدَ الرَّجُلِ، لَايَسْتَكْثِرُ مِنْهَا، فَيُرِيْدُ طَلَاقَهَا، وَيَتَزَوَّجُ غَيْرَهَا، تَقُوْلُ لَهُ: أَمْسِكْنِيْ وَلَا تُطَلِّقْنِيْ، ثُمَّ تَزَوَّجْ غَيْرِيْ، فَأَنْتَ فِيْ حِلٍّ مِنَ النَّفَقَةِ عَلَيَّ وَالْقِسْمَةِ لِيْ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالىٰ: ﴿فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا وَالصُّلْحُ خَيْرٌ﴾ [راجع: ۲۴۵۰]

بَابُ الْعَزْلِ

مادّہ باہر ڈالنا

عزل کے لغوی معنی ہیں: جدا کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: مقاربت کے وقت مادّہ باہر ڈالنا تاکہ حمل نہ ٹھہرے، اسلام میں نکاح کا مقصد عفت و پاکدامنی اور افزائش نسل ہے، چنانچہ زیادہ بچے جننے والی اور زیادہ پیار کرنے والی عورتوں سے نکاح کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور باب میں دو حدیثیں ہیں: ایک حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ہے کہ جس زمانہ میں قرآن نازل ہو رہا تھا ہم عزل کرتے تھے (مگر نہ وحی متلوّ نے ہمیں روکا نہ وحی غیر متلوّ نے، معلوم ہوا کہ عزل جائز ہے) دوسری: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ قیدی ہمارے ہاتھ آتے تھے، پس ہم عزل کرتے تھے، پھر ہم نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا، آپؐ نے فرمایا: ''کیا آپ لوگ یہ کام کرتے ہو؟ —— یہ بات تین مرتبہ فرمائی —— جو بھی نفس قیامت تک پیدا ہونے والا ہے ہونے والا ہے'' یعنی جب اللہ تعالیٰ چاہیں گے عزل کے باوجود حمل ٹھہر جائے گا، پھر یہ بے فائدہ عمل کیوں کرتے ہو؟ اس حدیث سے عزل کی ناپسندیدگی معلوم ہوتی ہے، پس دونوں حدیثوں کو ملانے سے یہ حکم نکلتا ہے کہ عزل مطلقاً جائز نہیں، بلکہ لا بأس به (گنجائش) کے درجہ میں ہے، اسی کو خلافِ اولیٰ اور مکروہ تنزیہی کہتے ہیں۔

ملحوظہ: منع حمل کی تین تدبیریں اور تین نیتیں ہیں، اور دونوں کی ترکیب سے نو صورتیں پیدا ہوتی ہیں، سب کے احکام تحفۃ الالمعی (۳:۵۶۹) میں ہیں۔

[۹۶-] بَابُ الْعَزْلِ

[۵۲۰۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنَّا نَعْزِلُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [طرفاه: ۵۲۰۸، ۵۲۰۹]

[۵۲۰۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو، أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، سَمِعَ جَابِرًا، قَالَ: كُنَّا نَعْزِلُ وَالْقُرْآنُ يَنْزِلُ. [راجع: ۵۲۰۷]

[۵۲۰۹-] وَعَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنَّا نَعْزِلُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْقُرْآنُ يَنْزِلُ. [راجع: ۵۲۰۷]

[۵۲۱۰-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: أَصَبْنَا سَبْيًا، فَكُنَّا نَعْزِلُ، فَسَأَلْنَا رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: ''أَوَ إِنَّكُمْ لَتَفْعَلُوْنَ؟ - قَالَهَا ثَلَاثًا - مَا مِنْ نَسَمَةٍ كَائِنَةٍ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ إِلَّا هِيَ كَائِنَةٌ'' [راجع: ۲۲۲۹]

حوالہ: آخری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۲۸۰) آئی ہے۔

بَابُ الْقُرْعَةِ بَيْنَ النِّسَاءِ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا

سفر میں ساتھ لے جانے کے لئے بیویوں میں قرعہ اندازی کرنا

اول تو نبی ﷺ پر ازواج کے درمیان باری مقرر کرنا واجب نہیں تھا، ثانیاً: باری مقرر کرنے کا تعلق حضر سے تھا سفر سے نہیں تھا، سفر میں جس بیوی کو چاہے ساتھ لے جا سکتے ہے، مگر نبی ﷺ غایت درجہ احتیاط سے کام لیتے تھے، سفر میں لے جانے کے لئے قرعہ اندازی کرتے تھے، جس کا نام نکلتا اس کو ساتھ لے جاتے، اور باب کی حدیث اسی جگہ ہے، ترجمہ بعد میں ہے اور باب پر حدیث کی دلالت واضح ہے۔

[۹۷-] بَابُ الْقُرْعَةِ بَيْنَ النِّسَاءِ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا

[۵۲۱۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا خَرَجَ أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ، فَطَارَتِ الْقُرْعَةُ لِعَائِشَةَ وَحَفْصَةَ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا كَانَ بِاللَّيْلِ سَارَ مَعَ عَائِشَةَ يَتَحَدَّثُ، فَقَالَتْ حَفْصَةُ: أَلَا تَرْكَبِيْنَ اللَّيْلَةَ بَعِيْرِيْ وَأَرْكَبُ بَعِيْرَكِ تَنْظُرِيْنَ وَأَنْظُرُ، فَقَالَتْ: بَلٰى، فَرَكِبَتْ فَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى جَمَلِ عَائِشَةَ وَعَلَيْهَا حَفْصَةُ فَسَلَّمَ عَلَيْهَا ثُمَّ سَارَ حَتّٰى نَزَلُوْا وَافْتَقَدَتْهُ عَائِشَةُ، فَلَمَّا نَزَلُوْا جَعَلَتْ رِجْلَيْهَا بَيْنَ الإِذْخِرِ، وَتَقُوْلُ: يَارَبِّ سَلِّطْ عَلَيَّ عَقْرَبًا أَوْ حَيَّةً تَلْدَغُنِيْ، وَلَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَقُوْلَ لَهُ شَيْئًا.

ترجمہ: عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ کا معمول تھا: جب آپؐ سفر میں نکلتے تو ازواج کے درمیان قرعہ ڈالتے، پس (ایک مرتبہ) عائشہؓ اور حفصہؓ کے نام قرعہ نکلا، اور نبی ﷺ جب رات ہوتی تو عائشہؓ کے ساتھ سفر کرتے، باتیں کرتے، پس حفصہؓ نے کہا: کیا آپ آج رات میرے اونٹ پر سوار نہیں ہوتیں، اور میں تمہارے اونٹ پر سوار ہوؤں؟ دیکھیں آپ (میرے اونٹ کی چال) اور دیکھوں میں (آپ کے اونٹ کی چال) عائشہؓ نے کہا: کیوں نہیں، پس حفصہؓ سوار ہوئیں اور نبی ﷺ عائشہؓ کے اونٹ کے پاس آئے درانحالیکہ اس پر حفصہ تھیں، آپؐ نے ان کو سلام کیا، پھر چلے یہاں تک کہ پڑاؤ ڈالا، اور گم کیا عائشہؓ نے نبی ﷺ کو، پس جب پڑاؤ ڈالا تو عائشہؓ نے اپنے دونوں پیر اذخر گھاس میں گھسائے (اس میں عام طور پر زہریلے کیڑے ہوتے ہیں) اور کہا: اے اللہ! مجھ پر کوئی بچھو یا سانپ مسلط کر جو مجھے ڈس لے (کیونکہ کردۂ خود را علاج نیست!) اور نہیں طاقت تھی میرے اندر کہ میں آپؐ سے کچھ کہوں (کہ آپ

حفصہؓ کے اونٹ پر کیوں بیٹھے؟)

بَابُ الْمَرْأَةِ تَهَبُ يَوْمَهَا مِنْ زَوْجِهَا لِضَرَّتِهَا وَكَيْفَ يُقْسَمُ ذٰلِكَ؟

کوئی عورت اپنی باری اپنی سوکن کو بخش دے تو باری کس طرح بانٹی جائے؟

جواب: اگر شوہر کی دو بیویاں ہیں تو اب سب راتیں دوسری کے یہاں رہے، اور متعدد بیویاں ہیں تو موہوبہ کے یہاں دوراتیں اور دوسروں کے یہاں ایک رات رہے، سودہ رضی اللہ عنہا نے اپنی باری عائشہ رضی اللہ عنہا کو دیدی تھی، چنانچہ ان کے پاس آپؐ دوراتیں رہتے تھے، اور حدیث بار بار آئی ہے۔

[۹۸-] بَابُ الْمَرْأَةِ تَهَبُ يَوْمَهَا مِنْ زَوْجِهَا لِضَرَّتِهَا وَكَيْفَ يُقْسَمُ ذٰلِكَ؟

[۵۲۱۲-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ وَهَبَتْ يَوْمَهَا لِعَائِشَةَ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْسِمُ لِعَائِشَةَ بِيَوْمِهَا وَيَوْمِ سَوْدَةَ.

[راجع: ۲۵۹۳]

بَابُ الْعَدْلِ بَيْنَ النِّسَاءِ

بیویوں کے درمیان انصاف کرنا

سوکنوں کے درمیان اختیاری معاملات میں انصاف کرنا واجب ہے، سورۃ النساء کی آیت ۱۲۹ ہے: ﴿وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْا أَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَاءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ، فَلاَ تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ، وَإِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا﴾: اور تم سے یہ تو ہو نہ سکے گا کہ سب بیویوں میں برابری کرو، اگرچہ تمہارا کتنا ہی جی چاہے، پس تم بالکل ہی ایک طرف کے ہو کر مت رہو کہ دوسری کو لٹکی ہوئی جیسی کر دو، اور اگر اصلاح کرو اور احتیاط برتو اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے مہربان ہیں، اور اگر دونوں میاں بیوی جدا ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ اپنی وسعت سے ہر ایک کو بے نیاز کر دیں گے، اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والے، زبردست حکمت والے ہیں —— یہ آیت غیر اختیاری معاملات کے بارے میں ہے یعنی قلبی تعلق وغیرہ میں نابرابری کا بیان ہے، پس اختیاری معاملات میں اس سے عدل کا وجوب مفہوم ہوا۔

پھر امام صاحب باب میں کوئی حدیث نہیں لائے، کوئی حدیث ان کی شرط کے مطابق نہیں تھی، ترمذی میں حدیث ہے (نمبر ۱۱۲۲) کہ اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان کے درمیان انصاف نہ کرے تو وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کا آدھا جسم مفلوج ہوگا۔

[۹۹-] بَابُ الْعَدْلِ بَيْنَ النِّسَاءِ

﴿وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْا أَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَاءَ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿وَاسِعًا حَكِيْمًا﴾

بَابٌ: إِذَا تَزَوَّجَ الْبِكْرَ عَلَى الثَّيِّبِ، وَبَابٌ: إِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ عَلَى الْبِكْرِ

بیوہ کی موجودگی میں کنواری سے نکاح کرے، اور کنواری کی موجودگی میں بیوہ سے نکاح کرے

اگر کسی شخص کے نکاح میں پہلے سے ایک یا زیادہ بیویاں ہیں، پھر وہ نئی شادی کرے تو اگر نئی دلہن بیوہ ہے تو تین دن اور کنواری ہے تو سات دن اس کے پاس ٹھہرے، پھر پرانی بیویوں کے پاس جائے۔

رہی یہ بات کہ یہ حق محض ہے یا مخصوص؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ نئی دلہن کا حق مخصوص ہے، پس یہ دن باری سے خارج ہونگے، اور حنفیہ کے نزدیک وہ حق محض ہیں، پس وہ دن دوسری بیویوں کو مجرا دیئے جائیں گے یعنی جتنے دن وہ نئی دلہن کے پاس رہا ہے اتنے دن پرانیوں کے پاس بھی رہے گا۔

اور پہلے باب میں حدیث کے الفاظ یہ ہیں: **السنة إذا تزوج البكر أقام عندها سبعا، وإذا تزوج الثيب أقام عندها ثلاثا**: اسلامی طریقہ یہ ہے کہ کنواری سے نکاح کرے تو اس کے پاس سات دن ٹھہرے، اور بیوہ سے نکاح کرے تو اس کے پاس تین دن ٹھہرے —— یہ حدیث کے اصل الفاظ ہیں، اور دوسرے باب میں جو الفاظ ہیں: **من السنة إذا تزوج الرجلُ البكر على الثيب أقام عندها سَبْعًا وقَسَمَ، وإذا تزوج الثيب على البكر أقام عندها ثلاثا، ثم قسم**: یہ روایت بالمعنی ہے، کیونکہ پہلے سے نکاح میں کنواری ہے یا بیوہ اس سے مسئلہ پر کیا اثر پڑتا ہے؟ مسئلہ کا مدار اس پر ہے کہ نئی دلہن کنواری ہے یا بیوہ —— اور امام صاحب نے دوسری حدیث کو پیش نظر رکھ کر دونوں باب قائم کئے ہیں، یہ ٹھیک نہیں کیا، اس سے تو دوسرے الفاظ کی ترجیح سمجھ میں آتی ہے۔ امام ترمذی نے باب باندھا ہے: **باب ماجاء فی القسمة للبكر والثيب**: یہ باب بالکل مسئلہ کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔ اور پہلی حدیث صرف خالد حذاء کی ہے اور دوسری ایوب سختیانی اور خالد حذاء کی، پس دوسری حدیث کے الفاظ کس نے بدلے؟ یہ بات بتانا مشکل ہے، شارحین نے بھی اس پر گفتگو نہیں کی۔

[۱۰۰-] بَابٌ: إِذَا تَزَوَّجَ الْبِكْرَ عَلَى الثَّيِّبِ

[۵۲۱۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ – وَلَوْ شِئْتُ أَنْ أَقُوْلَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَلَكِنْ قَالَ: – السُّنَّةُ إِذَا تَزَوَّجَ الْبِكْرَ أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا، وَإِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا. [طرفه: ۵۲۱۴]

[۱۰۱-] بَابٌ: إِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ عَلَى الْبِكْرِ

[۵۲۱۴-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ رَاشِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، وَخَالِدٌ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مِنَ السُّنَةِ إِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْبِكْرَ عَلَى الثَّيِّبِ أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا وَقَسَمَ، وَإِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ عَلَى الْبِكْرِ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ قَسَمَ. قَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ: وَلَوْ شِئْتُ لَقُلْتُ: إِنَّ أَنَسًا رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوْبَ وَخَالِدٍ، قَالَ خَالِدٌ: وَلَوْ شِئْتُ قُلْتُ: رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۵۲۱۳]

وضاحت: من السنة کہنے سے حدیث حکماً مرفوع ہوجاتی ہے، پس قال رسول اللہ کہنا بھی صحیح ہوگا، مگر راوی نے وہی الفاظ استعمال کئے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہے تھے —— مگر یہ قاعدہ کلیہ نہیں، کبھی مسئلہ شرعیہ بیان کرنے کے لئے بھی یہ تعبیر اختیار کی جاتی ہے، امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کے احوال کا جائزہ لینے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ صحابہ کبھی اپنے مجتہدات کے لئے بھی یہ تعبیر اختیار کرتے تھے۔ اور ولو شئت: کس کا قول ہے: خالد حذاءؒ کا یا ابوقلابہ کا؟ دونوں احتمال ہیں، اور راجح یہ ہے کہ یہ خالد کا قول ہے، آخری سند یہی بات بتلانے کے لئے لائے ہیں۔

بَابُ مَنْ طَافَ عَلَى نِسَائِهِ فِيْ غُسْلٍ وَاحِدٍ

ایک بیوی سے یا چند بیویوں سے صحبت کر کے آخر میں ایک غسل کرنا

جنبی کے لئے افضل یہ ہے کہ غسل کر کے دوبارہ اسی بیوی سے یا دوسری بیوی سے صحبت کرے یا کھائے پیئے اور سوئے، اور فضیلت کا دوسرا درجہ یہ ہے کہ بدن سے ناپا کی دھوڈالے، اور نماز والا وضو کر کے مذکورہ کام کرے، لیکن اگر پانی کو ہاتھ لگائے بغیر مذکورہ کام کرے تو اس کی بھی گنجائش ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی لمبے سفر سے لوٹتے اور ایک دن میں سب بیویوں سے مقاربت فرماتے تو ہر بیوی کے یہاں غسل فرماتے اور سفر میں اس کی نوبت آتی تو پانی کی قلت کی وجہ سے آخر میں ایک غسل فرماتے، سفر حج میں اس کی نوبت آئی ہے۔

[۱۰۲-] بَابُ مَنْ طَافَ عَلَى نِسَائِهِ فِيْ غُسْلٍ وَاحِدٍ

[۵۲۱۵-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَطُوْفُ عَلَى نِسَائِهِ فِي اللَّيْلَةِ الْوَاحِدَةِ، وَلَهُ يَوْمَئِذٍ تِسْعُ نِسْوَةٍ. [راجع: ۲۶۸]

بَابُ دُخُوْلِ الرَّجُلِ عَلٰى نِسَائِهِ فِي الْيَوْمِ

دن میں سب بیویوں کے پاس جانا

نبی ﷺ کا معمول تھا: عصر کے بعد آپؐ سب ازواج کے پاس تشریف لے جاتے، اور خیر خیریت معلوم کرتے، اسی سلسلہ میں حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے یہاں شہد پینے کا واقعہ پیش آیا تھا (حدیث ۴۹۱۲) باب کی حدیث میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے یہاں شہد پینے کا ذکر ہے، یہ صحیح نہیں، مگر یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے — شوہر جس کی باری ہے اس کے یہاں ۲۴ گھنٹے رہے گا، اسی کے یہاں کھائے گا پیئے گا، اور اس کی باری میں اس کی اجازت کے بغیر دوسری بیوی سے صحبت نہیں کرے گا، مگر خیر خیریت معلوم کرنے کے لئے دن میں — رات میں نہیں — سب کے پاس جائے گا، یہ سنتِ نبوی ہے۔

[۱۰۳-] بَابُ دُخُوْلِ الرَّجُلِ عَلٰى نِسَائِهِ فِي الْيَوْمِ

[۵۲۱۶-] حدثنا فَرْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا انْصَرَفَ مِنَ الْعَصْرِ دَخَلَ عَلٰى نِسَائِهِ، فَيَدْنُوْ مِنْ إِحْدَاهُنَّ، فَدَخَلَ عَلٰى حَفْصَةَ، فَاحْتَبَسَ أَكْثَرَ مَا كَانَ يَحْتَبِسُ. [راجع: ۴۹۱۲]

حوالہ: یہ حدیث ابھی آگے (حدیث ۵۲۶۸) مفصل آرہی ہے۔

بَابٌ: إِذَا اسْتَأْذَنَ الرَّجُلُ نِسَاءَهُ فِي أَنْ يُمَرَّضَ فِي بَيْتِ بَعْضِهِنَّ: فَأَذِنَّ لَهُ

ازواج سے اجازت چاہی کہ وہ کسی ایک کے گھر میں بیماری کے دن گذارے اور وہ اجازت دیدیں تو جائز ہے

نبی ﷺ آخری بیماری میں بھی باری باری گھومتے تھے، اور روز پوچھتے تھے: ''میں کل کہاں ہونگا؟'' ازواج منشأ نبوی سمجھ گئیں، اور سب نے اجازت دیدی کہ آپ جہاں چاہیں بیماری کے دن گذاریں، ہمارا باری کا مطالبہ کچھ نہیں، چنانچہ آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرے میں منتقل ہوگئے، اور وہاں حضرت عائشہؓ کی باری کے دن وصال ہوا، اور حدیث پہلے آئی ہے۔

[۱۰۴-] بَابٌ: إِذَا اسْتَأْذَنَ الرَّجُلُ نِسَاءَهُ فِي أَنْ يُمَرَّضَ فِي بَيْتِ بَعْضِهِنَّ: فَأَذِنَّ لَهُ

[۵۲۱۷-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَسْأَلُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ: ''أَيْنَ أَنَا غَدًا؟

أَيْنَ أَنَا غَدًا؟'' يُرِيْدُ يَوْمَ عَائِشَةَ، فَأَذِنَّ لَهُ أَزْوَاجُهُ يَكُوْنُ حَيْثُ شَاءَ، فَكَانَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ حَتّٰى مَاتَ عِنْدَهَا، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَاتَ فِي الْيَوْمِ الَّذِيْ كَانَ يَدُوْرُ عَلَيَّ فِيْهِ فِيْ بَيْتِيْ، فَقَبَضَهُ اللّٰهُ، وَإِنَّ رَأْسَهُ لَبَيْنَ نَحْرِي وَسَحْرِيْ، وَخَالَطَ رِيْقُهُ رِيْقِيْ. [راجع: ۸۹۰]

لغات: مَرَّضَ المريضَ: تیمارداری کرنا..........نَحْر: سینہ کا بالائی حصہ..........سَحْر: پھیپھڑا۔

بَابُ حُبِّ الرَّجُلِ بَعْضَ نِسَائِهِ أَفْضَلَ مِنْ بَعْضٍ

کسی بیوی سے محبت دوسری بیوی سے زیادہ کرنا

قلبی میلان اور محبت ومودت غیر اختیاری امر ہے اور اس کی وجہ سے صحبت کرنے میں بھی کمی بیشی ہوسکتی ہے، اس پر ان شاءاللہ مواخذہ نہ ہوگا، نبی ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے محبت زیادہ تھی، اور آپؐ دعا فرماتے تھے کہ الٰہی! اختیاری معاملات میں تو میں پوری برابری کرتا ہوں، مگر دل میرے قابو میں نہیں! آپ کے اختیار میں ہے، اس میں آپ میرا مؤاخذہ نہ فرمائیں۔ اور حدیث وہی ہے جو ابھی تفصیل سے آئی ہے، اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ قول ہے کہ تمہاری سہیلی تم سے خوبصورت ہے اور وہ نبی ﷺ کی محبوبہ ہے، پس تم ان کی حرص مت کرنا۔

[۱۰۵-] بَابُ حُبِّ الرَّجُلِ بَعْضَ نِسَائِهِ أَفْضَلَ مِنْ بَعْضٍ

[۵۲۱۸-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ: دَخَلَ عَلٰى حَفْصَةَ، قَالَ: يَا بُنَيَّةُ لَا تَغُرَّنَّكِ هٰذِهِ الَّتِيْ أَعْجَبَهَا حُسْنُهَا حُبُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِيَّاهَا، يُرِيْدُ عَائِشَةَ، فَقَصَصْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَتَبَسَّمَ. [راجع: ۸۹]

بَابُ الْمُتَشَبِّعِ بِمَا لَمْ يَنَلْ، وَمَا يُنْهٰى مِنِ افْتِخَارِ الضَّرَّةِ

غیر حاصل پر شکم سیری ظاہر کرنے اور سوکن پر فخر کرنے کی ممانعت

سوکن پر فخر کرنا اور خود کو شوہر کی چہیتی ظاہر کرنا عورتوں کی ایک بیماری ہے، اس سلسلہ میں عورتیں مکاری بھی کرتی ہیں، شوہر نے جو چیز اس کو نہیں دی اس کی نمائش کرتی ہیں، اور جھوٹ بولتی ہیں کہ مجھے میاں نے یہ چیز دی ہے، حدیث میں ایسا کرنے کی ممانعت آئی ہے، ایک عورت نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری ایک سوکن ہے، پس کیا مجھ پر کوئی گناہ ہے کہ اگر میں شکم سیری ظاہر کروں میرے شوہر سے اس چیز کے علاوہ کے ذریعہ جو وہ مجھے دیتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''شکم سیری ظاہر کرنے والا اس چیز کے ذریعہ جو وہ دیا نہیں گیا: مانند جھوٹ کے دو کپڑے (پوشاک) پہننے والے کے ہے'' —— جو لوگ

بن ٹھن کر بزرگ بنتے ہیں یا جوجبہ قبہ پہن کر علامہ بنتے ہیں وہ بھی اس حدیث کا مصداق ہیں۔ اللّٰھم احفظنا منه!

[۱۰۶-] بَابُ الْمُتَشَبِّعِ بِمَا لَمْ يَنَلْ، وَمَا يُنْهَى مِنِ افْتِخَارِ الضَّرَّةِ

[۵۲۱۹-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ فَاطِمَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ هِشَامٍ، حَدَّثَتْنِيْ فَاطِمَةُ، عَنْ أَسْمَاءَ: أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ لِيْ ضَرَّةً فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ إِنْ تَشَبَّعْتُ مِنْ زَوْجِيْ غَيْرَ الَّذِيْ يُعْطِيْنِيْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اَلْمُتَشَبِّعُ بِمَالَمْ يُعْطَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُوْرٍ"

بَابُ الْغَيْرَةِ

غیرت کا بیان

غیرت: بیوی کے کسی مرد کی طرف رجحان یا شوہر کے کسی عورت کی طرف رجحان پر غصہ اور ناگواری، یہ صفتِ محمودہ ہے، کیونکہ یہ اللہ کی صفت ہے، اور اس کی ضد دَیوث پنا ہے، یعنی حرم کی بدکاری سے چشم پوشی کرنا، ایسا شخص بھڑوا کہلاتا ہے۔ البتہ پسندیدہ غیرت وہ ہے جو کسی مصلحت پر مبنی ہو، جیسے عورت کا عمومی چال چلن مشکوک ہو، یا اس کا کسی خاص آدمی سے ملنا شک کے دائرہ میں آتا ہو تو غیرت کھانا اور عورت پر پابندی لگانا اللہ تعالیٰ کو پسند ہے، اور جو غیرت شوہر کی بداخلاقی اور تنگ دلی کی بنا پر ہو، اور وہ بلاوجہ عورت کو پریشان کرتا ہو تو یہ غیرت اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے، نسائی میں روایت ہے: "بعض غیرتیں اللہ کو پسند ہیں اور بعض سخت ناپسند۔ وہ غیرت جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے وہ شک کی بات میں غیرت کھانا ہے، اور وہ غیرت جو اللہ کو سخت ناپسند ہے وہ خواہ مخواہ غیرت کھانا ہے (نسائی کتاب الزکات، باب الاحتیال فی الصدقة) اور باب میں حدیثیں بہت ہیں، اس لئے ترجمہ باوضاحت بعد میں ہے۔

[۱۰۷-] بَابُ الْغَيْرَةِ

وَقَالَ وَرَّادٌ: عَنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: لَوْ رَأَيْتُ رَجُلًا مَعَ امْرَأَتِيْ لَضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ، غَيْرَ مُصَفَّحٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَتَعْجَبُوْنَ مِنْ غَيْرَةِ سَعْدٍ، لَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّيْ"

ترجمہ: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر دیکھوں میں کسی مرد کو اپنی بیوی کے پاس تو ضرور ماروں گا میں اس کو تلوار کی دھار کی طرف سے، نہ کہ چوڑائی سے یعنی اس کا کام تمام کردوں گا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: "کیا تمہیں سعد کی غیرت پر حیرت ہوتی ہے! میں یقیناً ان سے زیادہ غیرت مند ہوں، اور اللہ تعالیٰ مجھ سے بھی زیادہ غیرت مند ہیں" —— ثابت ہوا

کہ غیرت کھانا اللہ کی صفت ہے۔

تشریح: یہ حدیث آگے (حدیث ۶۸۴۶) تفصیل سے آئے گی، جب سورۃ النور کی آیت ۴ نازل ہوئی کہ جو لوگ پاکدامن عورتوں پر زنا کی تہمت لگائیں وہ چار عینی گواہ لائیں (ابھی بیوی پر تہمت لگانے کی آیت نازل نہیں ہوئی تھی) تب حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے مذکورہ بات کہی —— الصَّفْح: پہلو، صَفَّح: پہلو سے مارنا، مُصَفَّح (اسم فاعل یا اسم مفعول) چوڑائی سے نہیں مارونگا، دھار سے مارونگا۔

[۵۲۲۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِیْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "مَا مِنْ أَحَدٍ أَغْیَرُ مِنَ اللّٰهِ، مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ، وَمَا أَحَدٌ أَحَبُّ إِلَیْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ" [راجع: ٤٦٣٤]

حوالہ: یہ حدیث کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ الانعام آیت ۱۵۱ کے ذیل میں آئی ہے، ترجمہ: اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں، اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے بے حیائی کے کاموں کو حرام کیا ہے (خلقت اللہ کا کنبہ ہے اور اللہ اپنے کنبہ میں فاحشہ کو پسند نہیں کرتے) اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کسی کو اپنی تعریف پسند نہیں (چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تعریف خود کی ہے، تاکہ بندے اللہ کی تعریف کرنا سیکھیں)

[۵۲۲۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "یَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ! مَا أَحَدٌ أَغْیَرَ مِنَ اللّٰهِ، أَنْ یَرَی عَبْدَهُ أَوْ أَمَتَهُ تَزْنِیْ. یَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ! لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِیْلاً وَلَبَكَیْتُمْ كَثِیْرًا" [راجع: ١٠٤٤]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۵۷۵) آئی ہے، یہ نماز کسوف کے موقعہ کی تقریر ہے، نماز کسوف میں آپؐ نے آخرت کے بہت سے مناظر دیکھے تھے، لو تعلمون کا اشارہ انہی کی طرف ہے.......... أن یری میں أن تفسیر یہ ہے یعنی بندوں کے زنا سے اللہ تعالیٰ سخت ناراض ہوتے ہیں۔

[۵۲۲۲-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ یَحْیَی، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَیْرِ حَدَّثَهُ، عَنْ أُمِّهِ أَسْمَاءَ: أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: "لَا شَیْئَ أَغْیَرُ مِنَ اللّٰهِ" وَعَنْ یَحْیَی: أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ حَدَّثَهُ: أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم.

ترجمہ: کوئی چیز اللہ سے زیادہ غیرت مند نہیں! کیونکہ یہ اللہ کی صفت ہے، اور اللہ کی تمام صفات کمالیہ ہیں، اور دوسری سند کا متن مسلم شریف میں ہے۔

[٥٢٢٣-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ: أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَغَارُ، وَغَيْرُهُ اللّٰهِ أَنْ يَأْتِيَ الْمُؤْمِنُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ.

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ کو غیرت آتی ہے، اور اللہ کو غیرت (غصہ) اس وقت آتا ہے جب مؤمن کسی حرام کام کا ارتکاب کرتا ہے۔

[٥٢٢٤-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَتْ: تَزَوَّجَنِيْ الزُّبَيْرُ، وَمَالَهُ فِي الْأَرْضِ مِنْ مَالٍ وَلاَ مَمْلُوْكٍ وَلاَ شَيْءٍ، غَيْرَ نَاضِحٍ وَغَيْرَ فَرَسِهِ، فَكُنْتُ أَعْلِفُ فَرَسَهُ، وَأَسْتَقِي الْمَاءَ، وَأَخْرِزُ غَرْبَهُ وَأَعْجِنُ، وَلَمْ أَكُنْ أُحْسِنُ أَخْبِزُ، وَكَانَ يَخْبِزُ جَارَاتٌ لِيْ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَكُنَّ نِسْوَةَ صِدْقٍ، وَكُنْتُ أَنْقُلُ النَّوَى مِنْ أَرْضِ الزُّبَيْرِ الَّتِيْ أَقْطَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى رَأْسِيْ، وَهِيَ مِنِّيْ عَلٰى ثُلُثَيْ فَرْسَخٍ، فَجِئْتُ يَوْمًا وَالنَّوَى عَلٰى رَأْسِيْ، فَلَقِيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَعَهُ نَفَرٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَدَعَانِيْ، ثُمَّ قَالَ: "إِخْ إِخْ" لِيَحْمِلَنِي خَلْفَهُ، فَاسْتَحْيَيْتُ أَنْ أَسِيْرَ مَعَ الرِّجَالِ، وَذَكَرْتُ الزُّبَيْرَ وَغَيْرَتَهُ، وَكَانَ أَغْيَرَ النَّاسِ، فَعَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنِّيْ قَدِ اسْتَحْيَيْتُ فَمَضَى، فَجِئْتُ الزُّبَيْرَ، فَقُلْتُ: لَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَعَلٰى رَأْسِيْ النَّوَى، وَمَعَهُ نَفَرٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَأَنَاخَ لِأَرْكَبَ، فَاسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ وَعَرَفْتُ غَيْرَتَكَ. فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَحَمْلُكِ النَّوَى كَانَ أَشَدَّ عَلَيَّ مِنْ رُكُوْبِكَ مَعَهُ، قَالَتْ: حَتّٰى أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَ ذٰلِكَ بِخَادِمٍ يَكْفِيْنِيْ سِيَاسَةَ الْفَرَسِ، فَكَأَنَّمَا أَعْتَقَنِيْ. [راجع: ٣١٥١]

ترجمہ: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کہتی ہیں: زبیرؓ نے مجھ سے نکاح کیا درانحالیکہ نہیں تھا ان کے لئے زمین میں کوئی مال اور نہ کوئی غلام، اور نہ کوئی اور چیز، علاوہ پانی بردار اونٹنی کے اور علاوہ ان کے گھوڑے کے، پس میں ان کے گھوڑے کو چارہ ڈالتی، اور میں پانی لاتی، اور ان کے کوس کو سیتی اور آٹا گوندھتی، اور میں روٹی پکانا اچھی طرح نہیں جانتی تھی، اور مجھے میری انصاری پڑوسنیں روٹی پکا کر دیتی تھیں، اور وہ کھری (بھلی) عورتیں تھیں، اور میں اپنے سر پر اٹھا کر کھجور کی گٹھلیاں لایا کرتی تھی زبیر کی اس زمین سے جو ان کے لئے رسول اللہ ﷺ نے کاٹی تھی یعنی بنو قریظہ کے علاقہ میں جائداد دی تھی، اور وہ مجھ سے (مدینہ سے) فرسخ کے دو تہائی فاصلہ پر تھی (ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے) پس میں ایک دن آئی درانحالیکہ گٹھلیاں میرے سر پر تھیں، پس میں نے رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کی، اور آپؐ کے ساتھ چند انصار تھے، پس آپؐ نے

مجھے بلایا، پھر فرمایا: ''اَخْ اَخْ'' (اونٹ کو بٹھانے کی آواز) تاکہ مجھے اپنے پیچھے بٹھالیں، پس مجھے شرم آئی کہ میں مردوں کے ساتھ چلوں، اور میں نے زبیر کو اور ان کی غیرت کو یاد کیا، اور وہ لوگوں میں سب سے زیادہ غیرت مند تھے (یہاں باب ہے) اور رسول اللہ ﷺ سمجھ گئے کہ مجھے شرم آگئی، چنانچہ آپ چل دیئے، پس میں زبیر کے پاس آئی، اور کہا: مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے ملاقات کی درانحالیکہ میرے سر پر گٹھلیاں تھیں، اور آپؐ کے ساتھ چند صحابہ تھے، پس آپؐ نے اونٹ بٹھایا تاکہ میں سوار ہوجاؤں، پس میں سوار ہونے سے شرما گئی، اور مجھے آپ کی غیرت یاد آئی۔ پس زبیرؓ نے کہا: بخدا! تمہارا گٹھلیاں اٹھانا مجھ پر زیادہ سخت تھا تمہارے نبی ﷺ کے ساتھ سوار ہونے سے یعنی یہ بات میرے لئے ڈوب مرنے کی تھی، مگر کیا کروں مجبوری ہے! اسماءؓ کہتی ہیں: یہاں تک کہ ابوبکرؓ نے اس کے بعد میرے پاس خادم بھیجا جو میری طرف سے گھوڑے کی نگہداشت کے لئے کافی ہوگیا، پس گویا اس نے مجھے آزاد کردیا (یہ حدیث پہلے مختصر آئی ہے)

[٥٢٢٥-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ بَعْضِ نِسَائِهِ، فَأَرْسَلَتْ إِحْدَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِصَحْفَةٍ فِيْهَا طَعَامٌ، فَضَرَبَتِ الَّتِى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِهَا يَدَ الْخَادِمِ، فَسَقَطَتِ الصَّحْفَةُ فَانْفَلَقَتْ، فَجَمَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِلَقَ الصَّحْفَةِ، ثُمَّ جَعَلَ يَجْمَعُ فِيْهَا الطَّعَامَ الَّذِىْ كَانَ فِى الصَّحْفَةِ، وَيَقُوْلُ: " غَارَتْ أُمُّكُمْ"، ثُمَّ حَبَسَ الْخَادِمَ حَتّٰى أُتِىَ بِصَحْفَةٍ مِنْ عِنْدِ الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا، فَدَفَعَ الصَّحْفَةَ الصَّحِيْحَةَ إِلَى الَّتِىْ كُسِرَتْ صَحْفَتُهَا، وَأَمْسَكَ الْمَكْسُوْرَةَ فِى الْبَيْتِ الَّتِىْ كَسَرَتْ.[راجع: ٢٤٨١]

وضاحت: حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۴۹۸) آئی ہے .... **عند بعض نسائه:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا .... **إحدى أمهات المؤمنين:** حضرت زینب رضی اللہ عنہا .... **انْفَلَقَ الشيئُ:** پھٹنا، ٹوٹنا، **الفلق:** صبح صادق .... **فِلَق:** **فِلْقَة** کی جمع: ٹکڑا، پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ .... **غَارَتْ أُمُّكم:** تمہاری ماں کو غیرت آگئی (یہاں باب ہے) اور معلوم ہوا کہ گھر میں اور لوگ بھی تھے، اس لئے فرمایا: تمہاری کو۔

[٥٢٢٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" دَخَلْتُ الْجَنَّةَ أَوْ: أَتَيْتُ الْجَنَّةَ فَأَبْصَرْتُ قَصْرًا، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ. فَأَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَهُ فَلَمْ يَمْنَعْنِىْ إِلَّا عِلْمِىْ بِغَيْرَتِكَ" قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بِأَبِىْ أَنْتَ وَأُمِّىْ! يَانَبِىَّ اللّٰهِ! أَوَعَلَيْكَ أَغَارُ؟![راجع: ٣٦٧٩]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۲۰۷) آچکی ہے۔

[٥٢٢٧-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جُلُوْسٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِيْ فِي الْجَنَّةِ، فَإِذَا امْرَأَةٌ تَتَوَضَّأُ إِلٰى جَانِبِ قَصْرٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا لِعُمَرَ. فَذَكَرْتُ غَيْرَتَهُ فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا" فَبَكٰى عُمَرُ وَهُوَ فِي الْمَجْلِسِ، ثُمَّ قَالَ: أَوَ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَغَارُ؟! [راجع: ٣٢٤٢]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۹۴) آئی ہے، وہاں حاشیہ کے حوالے سے لکھا گیا ہے کہ اس جملہ میں قلب ہے، اصل ہے: أعليها أغار منك: کیا بیوی پر مجھے غصہ آئے گا آپؐ کے گھر میں آنے کی وجہ سے؟!

بَابُ غَيْرَةِ النِّسَاءِ وَوَجْدِهِنَّ

عورتوں کی غیرت اور ان کا غصہ

اس باب میں دو باتیں ہیں: عورتوں کا غیرت کھانا اور ان کا غصہ کرنا۔ پہلی حدیث میں دوسری بات کا بیان ہے اور دوسری حدیث میں پہلی بات کا، پس لف ونشر مشوش ہے۔ اور دونوں باتوں کو باب میں جمع اس لئے کیا ہے کہ کبھی شدت غیرت سے بھی غصہ آتا ہے۔

[١٠٨-] بَابُ غَيْرَةِ النِّسَاءِ وَوَجْدِهِنَّ

[٥٢٢٨-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنِّيْ لَأَعْلَمُ إِذَا كُنْتِ عَنِّيْ رَاضِيَةً، وَإِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبَى" قَالَتْ: فَقُلْتُ: مِنْ أَيْنَ تَعْرِفُ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: " أَمَّا إِذَا كُنْتِ عَنِّيْ رَاضِيَةً فَإِنَّكِ تَقُوْلِيْنَ: لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ! وَإِذَا كُنْتِ غَضْبَى قُلْتِ: لَا وَرَبِّ إِبْرَاهِيْمَ!" قَالَتْ: قُلْتُ: أَجَلْ وَاللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا أَهْجُرُ إِلَّا اسْمَكَ. [طرفه: ٦٠٧٨]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میں سمجھ جاتا ہوں جب تم مجھ سے راضی ہوتی ہو اور جب ناراض ہوتی ہو" صدیقہؓ نے پوچھا: آپؐ یہ بات کس طرح پہچانتے ہیں؟ (کیونکہ خوشی ناخوشی دل کی کیفیات ہیں، ان کو پہچاننے کے لئے قرائن چاہئیں) آپؐ نے فرمایا: "جب تم مجھ سے خوش ہوتی ہو تو کہتی ہو: نہیں، ربّ محمد کی قسم! اور جب تم ناراض ہوتی ہو تو کہتی ہو: نہیں، ربّ ابراہیم کی قسم!" صدیقہؓ نے کہا: کیوں نہیں یعنی آپؐ کی یہ بات صحیح

ہے، نہیں چھوڑتی میں مگر آپؐ کے نام کو یعنی محبت اس وقت بھی دل میں جاگزیں ہوتی ہے۔

[٥٢٢٩-] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ أَبِي رَجَاءٍ قَالَ: حَدَّثَنَا النَّضْرُ، عَنْ هِشَامٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى امْرَأَةٍ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَمَا غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ، لِكَثْرَةِ ذِكْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِيَّاهَا وَثَنَائِهِ عَلَيْهَا وَقَدْ أُوْحِيَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ لَهَا فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ.[راجع: ٣٨١٦]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۳۰۰) آئی ہے۔

بَابُ ذَبِّ الرَّجُلِ عَنِ ابْنَتِهِ فِي الْغَيْرَةِ، وَالإِنْصَافِ

اپنی بیٹی سے غیرت کو ہٹانا اور اس کے لئے انصاف چاہنا

عبارت میں تعقید ہے، معنی ہیں: في دفع الغيرة عنها، وطلب الإنصاف لها (فتح) اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۰۲) آئی ہے۔ ترجمہ: مسورؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا درانحالیکہ آپ منبر پر تھے: بیشک (ابوجہل کے والد) ہشام بن المغیرۃ کے خاندان والوں نے مجھ سے اس بات کی اجازت چاہی کہ وہ اپنی بیٹی کا نکاح علی بن ابی طالب سے کریں، پس میں ان کو اجازت نہیں دیتا! پھر میں اجازت نہیں دیتا! پھر میں اجازت نہیں دیتا (تکرار تاکید کے لئے ہے یعنی یہ ممانعت قطعی ہے، اس میں نظر ثانی کی گنجائش نہیں) مگر یہ کہ ابن ابی طالب چاہیں کہ میری بیٹی کو طلاق دیدیں اور ان کی بیٹی سے نکاح کریں، اس لئے کہ فاطمہ میرا لخت (ٹکڑا) ہے، مجھے شک میں ڈالے گی وہ بات جو فاطمہ کو شک میں ڈالے گی یعنی اس کو سوکن پر غیرت آئے گی پس مجھے بھی غصہ آئے گا، اور مجھے تکلیف پہنچائے گی وہ بات جو فاطمہ کو تکلیف پہنچائے گی (پس علیؓ کا ایمان سلامت نہیں رہے گا)

[١٠٩-] بَابُ ذَبِّ الرَّجُلِ عَنِ ابْنَتِهِ فِي الْغَيْرَةِ، وَالإِنْصَافِ

[٥٢٣٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: "إِنَّ بَنِي هِشَامِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ اسْتَأْذَنُوْنِي فِي أَنْ يُنْكِحُوْا ابْنَتَهُمْ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، فَلَا آذَنُ، ثُمَّ لَا آذَنُ، ثُمَّ لَا آذَنُ، إِلَّا أَنْ يُرِيْدَ ابْنُ أَبِي طَالِبٍ أَنْ يُطَلِّقَ ابْنَتِي وَيَنْكِحَ ابْنَتَهُمْ، فَإِنَّمَا هِيَ بَضْعَةٌ مِنِّي، يُرِيْبُنِي مَا أَرَابَهَا وَيُؤْذِيْنِي مَا آذَاهَا"[راجع: ٩٢٦]

وضاحت: حدیث کے آخر میں ھکذا ہے، فتح اور عمدہ میں یہ نہیں ہے، اور بے جوڑ ہے اس لئے میں نے اس کو حذف کیا ہے۔

بَابٌ: يَقِلُّ الرِّجَالُ وَيَكْثُرُ النِّسَاءُ

مرد کم ہوجائیں گے اور عورتیں زیادہ ہوجائیں گی

نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس ایک شخص دیکھا جائے گا جس کے پیچھے چالیس عورتیں ہونگی، جو اس کی پناہ لئے ہوئے ہونگی، اور ایسا مرد کم ہونے کی وجہ سے اور عورتیں زیادہ ہونے کی وجہ سے ہوگا (یہ معلق حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۸۸) آئی ہے) اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۳۶۱) آئی ہے۔ سوال: یہ باب اور یہ حدیثیں کتاب النکاح میں کیوں لائے ہیں؟ ان کا تعلق تو اشراط الساعۃ سے ہے۔ جواب: تعدد ازواج کی حکمت اور ضرورت کی طرف اشارہ کرنے کے لئے لائے ہیں۔

[۱۱۰-] بَابٌ: يَقِلُّ الرِّجَالُ وَيَكْثُرُ النِّسَاءُ

وَقَالَ أَبُوْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: '' فَيُرَى الرَّجُلُ الْوَاحِدُ تَتْبَعُهُ أَرْبَعُوْنَ امْرَأَةً، يَلُذْنَ بِهِ مِنْ قِلَّةِ الرِّجَالِ وَكَثْرَةِ النِّسَاءِ''

[۵۲۳۱-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَأُحَدِّثَنَّكُمْ حَدِيْثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَايُحَدِّثُكُمْ بِهِ أَحَدٌ غَيْرِيْ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَكْثُرَ الْجَهْلُ، وَيَكْثُرَ الزِّنَا، وَيَكْثُرَ شُرْبُ الْخَمْرِ، وَتَقِلُّ الرِّجَالُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ، حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَأَةً الْقَيِّمُ الْوَاحِدُ''[راجع: ۸۰]

بَابٌ: لَايَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا ذُو مَحْرَمٍ، وَالدُّخُوْلُ عَلَى الْمُغِيْبَةِ

(۱) عورت کے پاس تنہائی میں محرم ہی جمع ہو (۲) اور جس کا شوہر سفر میں گیا ہے اس کے پاس جانا

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: عورت کے ساتھ تنہائی میں جمع نہ ہو مگر محرم —— مَحْرَم: وہ شخص جس سے نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہے —— نبی ﷺ نے فرمایا: ''عورتوں کے پاس تنہائی میں جانے سے بچو!'' ایک انصاری نے کہا: جیٹھ دیور کا کیا حکم ہے؟ (وہ غیر محرم ہیں، بھاوج کے پاس تنہائی میں جمع ہوسکتے ہیں؟) آپؐ نے فرمایا: ''جیٹھ دیور موت ہیں!'' —— شوہر کی طرف سے عورت کے رشتہ دار حَمْو کہلاتے ہیں، اردو میں ان کو جیٹھ دیور کہتے ہیں، اور عورت کی طرف سے شوہر کے رشتہ دار خَتَن کہلاتے ہیں، اردو میں ان کو سالے سالیاں کہتے ہیں، اور جیٹھ دیور موت ہیں یعنی بڑا فتنہ ہیں، ان کے ساتھ بھاوج کی بے تکلفی ہوتی ہے، اس لئے فتنہ پیش آنے میں دیر نہیں لگتی، یہی حکم سالیوں کا ہے، وہاں بھی بے تکلفی ہوتی ہے، اس لئے بے تکلف فتنہ پیش آتا ہے —— اور دوسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۵۴۸) آئی ہے، اس میں ہے کہ عورت کے ساتھ

محرم ہی تنہائی میں جمع ہوسکتا ہے، پس باب کی دونوں حدیثوں میں پہلی بات کا ذکر ہے۔

دوسری بات: جس عورت کا شوہر عرصہ سے سفر میں گیا ہوا ہے ایسی عورت کے پاس تنہائی میں ہرگز نہیں جانا چاہئے، کیونکہ جب شوہر سے عرصہ سے عورت علاحدہ ہے تو اس کی طبیعت پر جوش ہوگی، اور جب کوئی مرد کسی عورت کے پاس تنہائی میں ہوتا ہے تو وہاں تیسرا شیطان ہوتا ہے، پس گناہ وجود میں آنے میں دیر نہیں لگتی ـــــ اس بات کی دلیل ترمذی (حدیث ۱۱۵۴) میں ہے: **إیاکم والدخول علی المغیبات:** شوہر کو غائب کرنے والی عورت کے پاس مت جاؤ ـــــ اور یہ باب کی پہلی حدیث کے ایک طریق کے الفاظ ہیں، یہ دوسری بات کی دلیل ہیں۔

[۱۱۱-] بَابُ: لَایَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا ذُو مَحْرِمٍ، وَالدُّخُوْلُ عَلَی الْمُغِیْبَةِ

[۵۲۳۲-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَیْثٌ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ حَبِیْبٍ، عَنْ أَبِی الْخَیْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " إِیَّاکُمْ وَالدُّخُوْلَ عَلَی النِّسَاءِ" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَفَرَأَیْتَ الْحَمْوَ؟ فَقَالَ: " الْحَمْوُ الْمَوْتُ"

[۵۲۳۳-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنْ أَبِیْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: " لَایَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا مَعَ ذِیْ مَحْرَمٍ" فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! امْرَأَتِیْ خَرَجَتْ حَاجَّةً وَاکْتُتِبْتُ فِیْ غَزْوَةِ کَذَا وَکَذَا، قَالَ: " ارْجِعْ فَحُجَّ مَعَ امْرَأَتِكَ" [راجع: ۱۸۶۲]

بَابُ مَایَجُوْزُ أَنْ یَخْلُوَ الرَّجُلُ بِالْمَرْأَةِ عِنْدَ النَّاسِ

لوگوں کی موجودگی میں مرد اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی میں جمع ہوسکتا ہے

غیر محرم عورت کے ساتھ تنہائی میں جمع ہونے کی ممانعت کی علت مظنۂ فساد ہے، پس اگر قریب کوئی ہو اور باتیں سن رہا ہو تو جمع ہونا جائز ہے۔ ایک انصاری خاتون سے نبی ﷺ نے تنہائی میں فرمایا: "مجھے لوگوں میں سب سے زیادہ تم (انصار) سے محبت ہے" ظاہر ہے گھر میں بیوی وغیرہ ہوتے ہیں اس لئے یہ تنہائی جائز ہے۔

[۱۱۲-] بَابُ مَایَجُوْزُ أَنْ یَخْلُوَ الرَّجُلُ بِالْمَرْأَةِ عِنْدَ النَّاسِ

[۵۲۳۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَی النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم فَخَلَا بِهَا، فَقَالَ: " وَاللّٰهِ إِنَّکُنَّ لَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَیَّ" [راجع: ۳۷۸۶]

بَابُ مَا يُنْهَى مِنْ دُخُوْلِ الْمُتَشَبِّهِيْنَ بِالنِّسَاءِ عَلَى الْمَرْأَةِ

ہجڑے عورتوں کے پاس نہ آئیں

بوڑھوں کی طرح ہجڑے بھی شہوانی خواہشات رکھتے ہیں، گو وہ قضائے شہوت پر قادر نہیں، پس دونوں سے پردہ واجب ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۴۱۳) آئی ہے، ہیت نامی ہجڑے نے ام سلمہؓ کے بھائی عبداللہ بن ابی امیہ سے کہا: طائف فتح ہو تو تم غیلان کی لڑکی بادیہ کو حاصل کرنا، وہ چار شکنوں سے سامنے آتی ہے اور آٹھ شکنوں سے پیٹھ پھیرتی ہے یعنی موٹی تازی ہے، جب سامنے آتی ہے تو پیٹ پر چار شکن پڑتے ہیں، اور لوٹتی ہے تو دونوں پہلوؤں میں چار چار شکن نظر آتے ہیں، جب اس کی یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی تو آپؐ نے فرمایا: ''ہر گز نہ آئے پائیں یہ ہجڑے تمہارے پاس'' یعنی عورتوں کے پاس، کیونکہ ان سے پردہ واجب ہے۔

[۱۱۳-] بَابُ مَا يُنْهَى مِنْ دُخُوْلِ الْمُتَشَبِّهِيْنَ بِالنِّسَاءِ عَلَى الْمَرْأَةِ

[۵۲۳۵-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ ابْنَةِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ عِنْدَهَا وَفِي الْبَيْتِ مُخَنَّثٌ، فَقَالَ الْمُخَنَّثُ لِأَخِيْ أُمِّ سَلَمَةَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أُمَيَّةَ: إِنْ فَتَحَ اللّٰهُ لَكُمُ الطَّائِفَ غَدًا أَدُلُّكَ عَلَى ابْنَةِ غَيْلَانَ، فَإِنَّهَا تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''لَايَدْخُلَنَّ هٰذَا عَلَيْكُمْ''

[راجع: ٤٣٢٤]

بَابُ نَظَرِ الْمَرْأَةِ إِلَى الْحَبَشِ وَنَحْوِهِمْ مِنْ غَيْرِ رِيْبَةٍ

کھٹک والی بات نہ ہو تو عورتیں مردوں کو دیکھ سکتی ہیں

عورتیں حسن و جمال کا مظہر ہیں، ان کا بدن پرکشش ہے اور چہرہ مجمع المحاسن ہے، اس لئے مردوں کے لئے جائز نہیں کہ عورتوں کو دیکھیں، اور عورتوں پر لازم ہے کہ چہرہ چھپا کر گھر سے نکلیں، مگر اس کی برعکس صورت میں کوئی فتنہ نہیں، مردوں کا بدن یا چہرہ پرکشش نہیں، اس لئے عورتیں مردوں کو دیکھ سکتی ہیں، البتہ نظر بھر کر دیکھنا منع ہے، یعنی مرد کی شخصیت کو مقصود بنا کر دیکھنا ممنوع ہے، لیکن اگر مقصود مردوں کی کوئی چیز دیکھنا ہے، مثلاً: ان کا کھیل دیکھنا مقصود ہے تو مردوں کو دیکھنا جائز ہے، اسی طرح جب عورت راستہ میں باپردہ چل رہی ہو اور مرد کاموں میں مشغول ہوں تو عورت ان کو دیکھ سکتی ہے۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۳۰۲) آئی ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حبشیوں کا کھیل دکھایا ہے۔

[١١٤-] بَابُ نَظْرِ الْمَرْأَةِ إِلَى الْحَبَشِ وَنَحْوِهِمْ مِنْ غَيْرِ رِيْبَةٍ

[٥٢٣٦-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، عَنْ عِيْسٰى، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَسْتُرُنِيْ بِرِدَائِهِ، وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَى الْحَبَشَةِ يَلْعَبُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ، حَتّٰى أَكُوْنَ أَنَا الَّذِيْ أَسْأَمُ، فَاقْدُرُوْا قَدْرَ الْجَارِيَةِ الْحَدِيْثَةِ السِّنِّ الْحَرِيْصَةِ عَلَى اللَّهْوِ. [راجع: ٤٥٤]

بَابُ خُرُوْجِ النِّسَاءِ بِحَوَائِجِهِنَّ

عورتیں قضائے حاجت کے لئے گھر سے نکل سکتی ہیں

اگر گھروں میں قضائے حاجت کی سہولت نہ ہوتو عورتیں باپردہ باہر جاسکتی ہیں، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۴۶۷) گذری ہے، اس میں ہے: ''تمہیں ضرورت کے لئے گھر سے نکلنے کی اجازت دی گئی''

[١١٥-] بَابُ خُرُوْجِ النِّسَاءِ بِحَوَائِجِهِنَّ

[٥٢٣٧-] حدثنا فَرْوَةُ بْنُ أَبِي الْمَغْرَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجَتْ سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ لَيْلًا فَرَآهَا عُمَرُ فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: إِنَّكِ وَاللهِ يَا سَوْدَةُ مَا تَخْفَيْنَ عَلَيْنَا، فَرَجَعَتْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ، وَهُوَ فِيْ حُجْرَتِيْ يَتَعَشّٰى، وَإِنَّ فِيْ يَدِهِ لَعَرْقًا، فَأُنْزِلَ عَلَيْهِ فَرُفِعَ عَنْهُ وَهُوَ يَقُوْلُ: " قَدْ أَذِنَ اللّٰهُ لَكُنَّ أَنْ تَخْرُجْنَ لِحَوَائِجِكُنَّ" [راجع: ١٤٦]

بَابُ اسْتِئْذَانِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا فِي الْخُرُوْجِ إِلَى الْمَسْجِدِ وَغَيْرِهِ

مسجد وغیرہ جانے کے لئے عورت کا شوہر سے اجازت طلب کرنا

عورت مسجد یا مارکیٹ جانا چاہے تو شوہر سے اجازت لے کر جائے، ماحول کی مصلحت کو شوہر بہتر جانتا ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳:۱۸۷) آئی ہے، اور شوہر کو اجازت دینے کا پابند کیا ہے، اور عورتوں کے عیدگاہ اور مسجد جانے کے مسائل تفصیل سے تحفۃ القاری (۲:۱۲۳) میں بیان ہوئے ہیں۔

[١١٦-] بَابُ اسْتِئْذَانِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا فِي الْخُرُوْجِ إِلَى الْمَسْجِدِ وَغَيْرِهِ

[٥٢٣٨-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا اسْتَأْذَنَتِ امْرَأَةُ أَحَدِكُمْ إِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يَمْنَعْهَا" [راجع: ٨٦٥]

بَابُ مَايَحِلُّ مِنَ الدُّخُوْلِ وَالنَّظَرِ إِلٰى النِّسَاءِ فِى الرَّضَاعِ

عورتوں کو دیکھنے اور تنہائی میں جمع ہونے میں رضاعت کا رشتہ نسبی رشتہ کی طرح ہے

جو نسبی رشتہ سے محرم ہیں وہ سب رضاعی رشتہ سے بھی محرم ہیں، پس وہ عورت کو دیکھ بھی سکتے ہیں اور تنہائی میں جمع بھی ہوسکتے ہیں، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۵) آئی ہے، نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی چچا افلح کو گھر میں آنے کی اجازت دی ہے اور اسی بنیاد پر صدیقہؓ نے فرمایا کہ جو رشتے نسب سے حرام ہیں وہ سب رضاعت سے بھی حرام ہیں۔

[۱۱۷-] بَابُ مَايَحِلُّ مِنَ الدُّخُوْلِ وَالنَّظَرِ إِلٰى النِّسَاءِ فِى الرَّضَاعِ

[۵۲۳۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: جَاءَ عَمِّىْ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَاسْتَأْذَنَ عَلَىَّ، فَأَبَيْتُ أَنْ آذَنَ لَهُ حَتّٰى أَسْأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ:" إِنَّهُ عَمُّكِ فَأْذَنِىْ لَهُ" قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّمَا أَرْضَعَتْنِى الْمَرْأَةُ وَلَمْ يُرْضِعْنِى الرَّجُلُ. قَالَتْ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّهُ عَمُّكِ فَلْيَلِجْ عَلَيْكِ" قَالَتْ عَائِشَةُ: وَذٰلِكَ بَعْدَ أَنْ ضُرِبَ عَلَيْنَا الْحِجَابُ، قَالَتْ عَائِشَةُ: يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ. [راجع: ۲٦٤٤]

بَابٌ: لَا تُبَاشِرُ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ فَتَنْعَتُهَا لِزَوْجِهَا

عورت عورت کے ساتھ بدن لگا کر نہ لیٹے، پھر وہ اس کا حال بیان کرے اپنے شوہر سے!

باب میں حدیث ہی کے الفاظ ہیں۔ جسم سے جسم لگانا شہوت بھڑکانے میں نہایت زود اثر ہے، جو طبق زنی (چپٹی) اور اغلام کی خواہش پیدا کرتا ہے، اس لئے ایک حدیث میں فرمایا: ''ایک آدمی دوسرے آدمی تک ایک کپڑے میں نہ پہنچے یعنی بدن لگا کر نہ سوئے، اور ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں نہ پہنچے'' اور دوسری حدیث جو باب کی حدیث ہے اس میں ہے کہ ایک عورت دوسری عورت سے کھلا جسم نہ لگائے یعنی کرتا نکال کر نہ لیٹے، پس وہ اپنے شوہر سے اس عورت کا حال اس طرح بیان کرے کہ گویا وہ اس کو دیکھ رہا ہے'' یعنی کھلے بدن ساتھ لیٹنے سے معاشقہ ہوجاتا ہے، پھر مصیبت بالائے مصیبت یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنی لطف اندوزی کا تذکرہ اپنے شوہر سے یا کسی رشتہ دار کے سامنے کرتی ہے، جو اس کی فریفتگی کا سبب بن جاتا ہے، پس یک نہ شد دو شد!

[۱۱۸-] بَابٌ: لَا تُبَاشِرُ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ فَتَنْعَتُهَا لِزَوْجِهَا

[۵۲۴۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَاتُبَاشِرِ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ فَتَنْعَتُهَا لِزَوْجِهَا، كَأَنَّهُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا" [طرفه: ۵۲۴۱]

[۵۲۴۱-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ شَقِيْقٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَاتُبَاشِرِ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ فَتَنْعَتُهَا لِزَوْجِهَا كَأَنَّهُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا" [طرفه: ۵۲۴۰]

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى نِسَائِهِ

قسم کھانا کہ میں آج رات سب بیویوں سے صحبت کرونگا

حضرت سلیمان علیہ السلام نے ایک واقعہ میں ایسی قسم کھائی تھی، اور پوری کی تھی، پس اگر کوئی ایسی قسم کھائے اور پورا کرے تو کچھ حرج نہیں! ورنہ قسم کا کفارہ دینا پڑے گا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۲۲۰ اور ۷: ۴۰) آئی ہے۔

[۱۱۹-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى نِسَائِهِ

[۵۲۴۲-] حَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاؤُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ: لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ بِمِائَةِ امْرَأَةٍ، تَلِدُ كُلُّ امْرَأَةٍ غُلَامًا، يُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ الْمَلَكُ: قُلْ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَلَمْ يَقُلْ وَنَسِيَ، فَأَطَافَ بِهِنَّ، وَلَمْ تَلِدْ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ نِصْفَ إِنْسَانٍ، قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَوْ قَالَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ يَحْنَثْ، وَكَانَ أَرْجَى لِحَاجَتِهِ" [أطرافه: ۲۸۱۹]

وضاحت: قسم کے ساتھ إن شاء اللّٰہ کہہ لیا جائے تو قسم منعقد نہیں ہوتی، پس ٹوٹنے نہ ٹوٹنے کا سوال ہی نہیں، اور حدیث میں لم یحنث کا مطلب ہے: ان کی مراد پوری ہوتی، اور اس میں ان کی حاجت روائی کی زیادہ امید تھی۔

بَابٌ: لَايَطْرُقُ أَهْلَهُ لَيْلًا إِذَا أَطَالَ الْغَيْبَةَ

لمبے سفر سے رات میں اچانک گھر نہ پہنچے، کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ گھر والوں کو خائن قرار دے یا ان کی لغزش ڈھونڈھے

طَرَقَ (ن) طُروقا: رات میں آنا .... خوَّنَ فلانًا: خائن قرار دینا .... عَثرَة: لغزش .... لمبی غیر

حاضری کے بعد اچانک بے اطلاع رات میں گھر نہیں پہنچنا چاہئے، پہلی حدیث میں ہے: نبی ﷺ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ آدمی اپنے گھر والوں کے پاس رات میں پہنچے، اور دوسری حدیث میں ہے: جب تم میں سے کسی کی غیر حاضری لمبی ہو جائے تو وہ رات میں گھر نہ پہنچے۔

وجہ ممانعت کیا ہے؟ عورت کو بننے سنورنے کا موقعہ ملنا چاہئے، یہ وجہ اگلے باب کی روایت میں ہے۔ اور مسلم وغیرہ کی روایت میں وہ وجہ آئی ہے جو باب میں مذکور ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ گھر والوں کو خائن قرار دے یا ان کی لغزش ڈھونڈھے ـــــ مگر حاشیہ میں ہے کہ یہ کلام مدرج ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ اس کو باب میں تو لائے، مگر روایت سے حذف کر دیا ـــــ اچانک رات میں گھر پہنچا عورت گھر میں نہ ملی یا گھر میں کوئی آدمی ملا تو بدگمانی ہوگی، جو کسی طرح نہ دُھلے گی، لہٰذا رات میں اچانک یعنی بے اطلاع گھر نہ پہنچے، تاکہ یہ صورت پیش نہ آئے۔

[۱۲۰-] بَابٌ: لاَيَطْرُقْ أَهْلَهُ لَيْلًا إِذَا أَطَالَ الْغَيْبَةَ مَخَافَةَ أَنْ يُخَوِّنَهُمْ أَوْ يَلْتَمِسَ عَثَرَاتِهِمْ

[۵۲۴۳-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَكْرَهُ أَنْ يَأْتِيَ الرَّجُلُ أَهْلَهُ طُرُوْقًا. [راجع: ۴۴۳]

[۵۲۴۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أَطَالَ أَحَدُكُمُ الْغَيْبَةَ فَلاَ يَطْرُقْ أَهْلَهُ لَيْلاً" [راجع: ۴۴۳]

بَابُ طَلَبِ الْوَلَدِ

اولاد کی تلاش

نکاح کا مقصد عفّت وعصمت کی حفاظت کے علاوہ اولاد کی تلاش بھی ہے، نکاح محض شہوت رانی کے لئے نہیں ہے، رمضان کی راتوں میں جو رفث کو جائز قرار دیا ہے تو اس کی یہ مصلحت بیان کی ہے: ﴿وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ﴾: اور چاہو وہ (اولاد) جو اللہ نے تمہارے لئے مقدر کی ہے (البقرۃ ۱۸۷) اور باب میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، جو پہلے بار بار آئی ہے، اس کے آخر میں ہے: الكَيْسَ الكيسَ! ہوشیار! ہوشیار! امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کی تفسیر طلب الولد سے کی ہے، اور ایک مرسل روایت میں جو حاشیہ میں ہے یہ تفسیر ہے: اطلبوا الولد والتمسوه، فإنه ثمرة القلوب وقرة العين وإياكم والعاقر: اولاد طلب کرو اور اس کو تلاش کرو، اولاد دل کا پھل اور آنکھ کی ٹھنڈک ہے، اور بانجھ عورت سے بچو، اسی تفسیر کے پیش نظر باب قائم کیا ہے۔

[١٢١-] بَابُ طَلَبِ الْوَلَدِ

[٥٢٤٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ سَيَّارٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزْوَةٍ، فَلَمَّا قَفَلْنَا تَعَجَّلْتُ عَلٰى بَعِيْرٍ قَطُوْفٍ، فَلَحِقَنِيْ رَاكِبٌ مِنْ خَلْفِيْ، فَالْتَفَتُّ فَإِذَا أَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَا يُعْجِلُكَ؟" قُلْتُ: إِنِّيْ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ قَالَ:" فَبِكْرًا تَزَوَّجْتَ أَمْ ثَيِّبًا؟" قُلْتُ: بَلْ ثَيِّبًا. قَالَ:" فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ" قَالَ: فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَهَبْنَا لِنَدْخُلَ، فَقَالَ:"أَمْهِلُوْا حَتّٰى تَدْخُلُوْا لَيْلًا- أَيْ عِشَاءً- لِكَيْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ، وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيْبَةُ"

قَالَ: وَحَدَّثَنِي الثِّقَةُ أَنَّهُ قَالَ فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ:" الْكَيْسَ الْكَيْسَ يَاجَابِرُ" يَعْنِي الْوَلَدَ. [راجع:٤٤٣]

[٥٢٤٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَيَّارٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا دَخَلْتَ لَيْلًا فَلَا تَدْخُلْ أَهْلَكَ حَتّٰى تَسْتَحِدَّ الْمُغِيْبَةُ وَتَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ" قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَعَلَيْكَ بِالْكَيْسِ الْكَيْسِ"

تَابَعَهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ وَهْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْكَيْسِ.[راجع: ٤٤٣]

قال:وحدثني الثقة: اسماعیلی کہتے ہیں: یہ ہشیم کا قول ہے ...... اورتابعه: کی ضمیر کا مرجع شعبی ہیں ...... الکیس: (ہوشیار) کی دوسری تفسیر یہ ہے: حالتِ حیض میں جماع نہ کر بیٹھنا، تیسری تفسیر یہ ہے: جماع کرنا، تھکا ماندہ سونہ جانا، یہ تیسری تفسیر اورامام بخاری کی تفسیر ایک ہیں۔

بَابٌ: تَسْتَحِدُّ الْمُغِيْبَةُ وَتَمْتَشِطُ

جس کا شوہر عرصہ سے گھر پر موجود نہیں وہ زیرناف لیلے اور کنگھی کرلے

جس کا شوہر لمبے سفر میں گیا ہے اس کو رات میں بے اطلاع گھر پہنچنے سے منع کیا،اس کی مصلحت صحیح مرفوع حدیث میں یہ آئی ہے کہ بیوی کو بننے سنورنے کا موقعہ ملے، زیرناف لیلے اور بالوں میں تیل کنگھا کرلے تاکہ شوہر کا اس کی طرف پورا التفات ہو اسْتِحْدَاد: لوہا استعمال کرنا،عورت استرہ یا بلیڈ سے زیرناف لے سکتی ہے،اس میں کوئی کراہیت نہیں۔

[١٢٢-] بَابٌ: تَسْتَحِدُّ الْمُغِيْبَةُ وَتَمْتَشِطُ

[٥٢٤٧-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سَيَّارٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ

جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزْوَةٍ، فَلَمَّا قَفَلْنَا كُنَّا قَرِيْبًا مِنَ الْمَدِيْنَةِ، تَعَجَّلْتُ عَلٰى بَعِيْرٍ لِيْ قَطُوْفٍ، فَلَحِقَنِيْ رَاكِبٌ مِنْ خَلْفِيْ فَنَخَسَ بَعِيْرِيْ بِعَنَزَةٍ كَانَتْ مَعَهُ، فَسَارَ بَعِيْرِيْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنَ الإِبِلِ، فَالْتَفَتُّ فَإِذَا أَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ. قَالَ: "أَتَزَوَّجْتَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "أَبِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا؟" قَالَ: قُلْتُ: بَلْ ثَيِّبًا. قَالَ: "فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ" قَالَ: فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَهَبْنَا لِنَدْخُلَ، فَقَالَ: "أَمْهِلُوْا حَتّٰى تَدْخُلُوْا لَيْلًا، أَيْ عِشَاءً، لِكَيْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيْبَةُ"

[راجع: ٤٤٣]

بَابٌ: ﴿وَلَايُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ﴾ الآيَة

وہ لوگ جن کے سامنے عورت اپنی زینت ظاہر کرسکتی ہے

سورۃ النور کی آیت ۳۱ میں ہے: ﴿وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاءِ بُعُوْلَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاءِ بُعُوْلَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِيْ إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِيْ أَخَوَاتِهِنَّ أَوْ نِسَائِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ أَوِ التَّابِعِيْنَ غَيْرِ أُوْلِي الإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرَاتِ النِّسَاءِ﴾: ترجمہ: اور عورتیں اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر جو زینت کھلی رہتی ہے یعنی چہرہ، ہتھیلیاں اور ٹخنے سے نیچے پاؤں، اور اپنے دوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہیں، اور اپنی زینت ظاہر نہ کریں، مگر اپنے شوہروں پر یا اپنے باپوں پر، یا اپنے شوہر کے باپوں پر، یا اپنے بیٹوں پر، یا اپنے شوہر کے بیٹوں پر، یا اپنے بھائیوں پر، یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں پر، یا اپنی بہنوں کے بیٹوں پر، یا اپنی (مسلمان) عورتوں پر، یا ان پر جن کے مالک ہیں ان کے دائیں ہاتھ، یا طفیلی مردوں پر جن کو ذرا توجہ نہ ہو یا ایسے لڑکوں پر جو ابھی عورتوں کی پردے کی باتوں سے واقف نہ ہوں۔

تفسیر: اس آیت کو عام طور پر آیتِ حجاب سمجھا جاتا ہے، اور اسی کے پیش نظر باب میں یہ حدیث لائے ہیں کہ غزوۂ احد میں جب چہرۂ مبارک زخمی ہوا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال میں پانی لائے تھے اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا زخم دھوتی تھیں، معلوم ہوا کہ بیٹی کا باپ سے پردہ نہیں —— مگر احد کا واقعہ نزول حجاب سے پہلے کا ہے، غزوۂ احد ۳ ہجری میں پیش آیا ہے اور آیات حجاب ۵ ہجری میں نازل ہوئی ہیں، پس آیت حجاب سورۃ الاحزاب میں ہے (آیت ۵۹) سورۃ النور کی یہ آیت حجاب کی آیت نہیں ہے، سورۃ النور کا موضوع اصلاح معاشرہ ہے، اور اس آیت میں یہ مضمون ہے کہ عورت کو محارم اور محارم جیسوں کے درمیان سلیقہ سے رہنا چاہئے، صرف چہرہ، ہاتھ اور پاؤں کھلے رکھے، اور سینہ پر بھی

اوڑھنی ڈالے رہے تاکہ سینہ کا ابھار معلوم نہ ہو، اور پیر بھی زمین پر نہ پٹخے کہ مخفی زیور کا پتہ چل جائے، تفصیل میری تفسیر ہدایت القرآن میں ہے۔

[۱۲۳-] بَابٌ: ﴿وَلَايُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرَاتِ النِّسَاءِ﴾

[۵۲۴۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: اخْتَلَفَ النَّاسُ بِأَيِّ شَيْئٍ دُوِيَ جُرْحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ، فَسَأَلُوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، وَكَانَ مِنْ آخِرِ مَنْ بَقِيَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ: وَمَا بَقِيَ مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ، كَانَتْ فَاطِمَةُ تَغْسِلُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَعَلِيٌّ يَأْتِيْ بِالْمَاءِ عَلٰى تُرْسِهِ، فَأُخِذَ حَصِيْرٌ، فَحُرِّقَ فَحُشِيَ بِهِ جُرْحُهُ.[راجع: ۲۴۳]

بَابٌ: ﴿وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوْا الْحُلُمَ﴾

نابالغوں سے پردہ نہیں

سورۃ النور آیت ۵۸ میں ہے کہ اوقاتِ ثلاثہ کے علاوہ نابالغ بچے اجازت لئے بغیر گھر میں عورتوں کے پاس آسکتے ہیں، معلوم ہوا کہ نابالغوں سے پردہ نہیں، اور یہ بات صحیح ہے، مگر حدیث سے استدلال خفی ہے، جب نبی ﷺ نے خواتین سے خطاب فرمایا، اور انھوں نے کانوں اور گلوں میں سے زیور نکال کر پیش کئے تو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان کو دیکھا، وہ اس وقت نابالغ تھے، معلوم ہوا کہ نابالغوں سے پردہ نہیں ـــــ مگر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بھی ان کو دیکھا تھا، اور وہ اس وقت آزاد بالغ تھے، اس لئے تاویل کرنی پڑے گی، اور استدلال خفی ہوجائے گا۔

[۱۲۴-] بَابٌ: ﴿وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوْا الْحُلُمَ﴾

[۵۲۴۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَابِسٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، سَأَلَهُ رَجُلٌ: شَهِدْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَضْحًى أَوْ فِطْرًا؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَوْلَا مَكَانِيْ مِنْهُ مَا شَهِدْتُهُ، يَعْنِيْ مِنْ صِغَرِهِ، قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَلَّى ثُمَّ خَطَبَ، وَلَمْ يَذْكُرْ أَذَانًا وَلَا إِقَامَةً، ثُمَّ أَتَى النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ، فَرَأَيْتُهُنَّ يَهْوِيْنَ إِلٰى آذَانِهِنَّ وَحُلُوْقِهِنَّ يَدْفَعْنَ إِلَى بِلَالٍ، ثُمَّ ارْتَفَعَ هُوَ وَبِلَالٌ إِلٰى بَيْتِهِ.

[راجع: ۹۸]

بَابٌ: قَوْلُ الرَّجُلِ لِصَاحِبِهِ: هَلْ أَعْرَسْتُمُ اللَّيْلَةَ؟
وَطَعْنِ الرَّجُلِ ابْنَتَهُ فِي الْخَاصِرَةِ عِنْدَ الْعِتَابِ
اپنے ساتھی سے معلوم کرنا کہ کیا آج رات تم نے ہم بستری کی؟
اور ملامت کرتے ہوئے اپنی بیٹی کی کمر میں چوکا دینا

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: کیا اپنے ساتھی سے معلوم کرسکتا ہے کہ آج رات تم نے ہم بستری کی؟ یہ شرم کی بات ہے اور صحبت کا راز کھولنا بھی ہے، مگر مصلحۃً جائز ہے، ایک واقعہ میں نبی ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے یہ بات معلوم کی تھی، انھوں نے اثبات میں جواب دیا تو آپؐ نے فرمایا: **اللّٰھم بارك لھما**: اے اللہ! دونوں کے لئے برکت فرما! چنانچہ لڑکا پیدا ہوا، جس کا نام عبداللہ رکھا گیا، یہ واقعہ آگے (حدیث ۵۴۷۰) آرہا ہے —— یہ پہلی بات **قضیۃٌ قیاساتھا معھا** کے قبیل سے ہے یعنی ایک ایسی بات ہے جس کی دلیل اسی میں ہے، الگ سے باب میں اس کی دلیل ڈھونڈھنے کی ضرورت نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ ایسا کرتے ہیں، باب میں حدیث ہی رکھ دیتے ہیں، وہی مسئلہ بھی ہوتا ہے اور مسئلہ کی دلیل بھی۔

دوسری بات: اگر باپ کسی معاملہ میں بیٹی کو ملامت کرے تو وہ بیٹی کی کمر میں چوکا دے سکتا ہے؟ انگلی مار سکتا ہے؟ کمر محارم کے حق میں بھی ستر ہے، پس کپڑے پر سے اس کو ہاتھ لگا سکتا ہے؟ **جواب:** چوکا دے سکتا ہے، تیمّم والے واقعہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنی بیٹی عائشہ رضی اللہ عنہا کو ملامت کی تھی اور کمر میں چوکا دیا تھا۔ یہ واقعہ پہلے (تحفۃ القاری ۱۳۹:۲) آچکا ہے۔

[۱۲۵-] بَابٌ: قَوْلُ الرَّجُلِ لِصَاحِبِهِ: هَلْ أَعْرَسْتُمُ اللَّيْلَةَ؟
وَطَعْنِ الرَّجُلِ ابْنَتَهُ فِي الْخَاصِرَةِ عِنْدَ الْعِتَابِ

[۵۲۵۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: عَاتَبَنِيْ أَبُوْ بَكْرٍ وَجَعَلَ يَطْعُنُنِيْ بِيَدِهِ فِيْ خَاصِرَتِيْ، فَلَا يَمْنَعُنِيْ مِنَ التَّحَرُّكِ إِلَّا مَكَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَأْسُهُ عَلٰى فَخِذِيْ. [راجع: ۳۳۴]

﴿ آج بروز اتوار ۲۲-۶-۲۰۱۴ء کو بفضلہ تعالیٰ کتاب النکاح کی شرح پوری ہوئی ﴾

چل میرے خامہ (قلم) بسم اللہ!

۲۲/جون ۲۰۱۴ء کو کتاب النکاح کی شرح پوری ہوئی تھی، پھر امریکہ وغیرہ کا طویل سفر پیش آیا، اب ۲۹/اگست ۲۰۱۴ء کو دو ماہ سے زیادہ وقفہ کے بعد اشہبِ قلم (قلم کا گھوڑا) رواں دواں ہے، **فالحمد لله على ذلك!**

کتاب الطلاق

طلاق کا بیان

طلاق: مصدر ہے، اس کا فعل باب نصر وکرم سے آتا ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: قید سے رہا کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: ملکِ نکاح زائل کرنا، إطلاق مصدر کے بھی یہی معنی ہیں، مگر علماء نے عورت کے لئے 'طلاق' اور دوسری چیزوں کے لئے 'اطلاق' خاص کیا ہے، چنانچہ اطلاق سے مشتق مُطْلَقَة کنایۂ طلاق ہے، صریح نہیں۔

کتاب کے شروع میں حضرت الامام قدس سرہ نے ایک آیت اور ایک حدیث لکھی ہے:

آیت کریمہ: سورۃ الطلاق کی پہلی آیت ہے: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوْا الْعِدَّةَ﴾: اے پیغمبر! جب آپ لوگ اپنی بیویوں کو طلاق دینے کا ارادہ کریں تو ان کو ان کی عدت سے پہلے طلاق دیں، اور آپ لوگ عدت کو یاد رکھیں!

تفسیر:

۱- خطاب پیغمبر ﷺ سے ہے، مگر حکم عام ہے، اس لئے طَلَّقْتُمْ: جمع مذکر حاضر کا صیغہ آیا ہے۔

۲- **لعدتهن** میں لام وقتیہ ہے **أي وقتَ عدتهن**: ان کی عدت کے وقت میں یعنی ایسے وقت میں کہ وہ عدت گذار سکیں، ان کو کوئی پریشانی پیش نہ آئے یعنی ایسی پاکی میں طلاق دیں جس میں صحبت نہ کی ہو، پس علوق (حمل ٹھہرنے) کا احتمال نہ ہوگا، اور وہ بے تردد حیض سے عدت شروع کریں گی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے **في قُبُلِ عدتهن** مروی ہے یعنی عدت شروع ہونے سے پہلے، اور یہ ان حضرات کی تفسیر ہے جو قروء سے حیض مراد لیتے ہیں۔

اور جو حضرات (مالک وشافعی رحمہما اللہ) قروء سے اطہار مراد لیتے ہیں وہ بھی لام وقتیہ لیتے ہیں، ان کے نزدیک آیت کا مطلب ہے: ان کی عدت کے وقت میں یعنی ایسے طہر میں جس میں مقاربت نہ کی ہو، ان کے نزدیک یہ طہر جس میں

طلاق دی گئی ہے عدت میں شمار ہے، اگرچہ طہر کے آخر میں طلاق دی ہو، وہ ایک مکمل طہر شمار ہوگا۔ ان کے نزدیک آیت میں دونوں عدتوں سے اطہار مراد ہیں۔

اور پہلے فریق کے نزدیک عدتیں دو ہیں: عدت الطلاق اور عدت التطلیق، اول کا تعلق عورتوں سے ہے اور اس کا عدت النساء بھی نام ہے اور ثانی کا تعلق مردوں سے ہے یعنی طلاق دینے کا مقررہ وقت، پس لعدتھن میں عدت التطلیق ہے اور أحصوا العدۃ میں عدت الطلاق مراد ہے، جس کا تعلق عورتوں سے ہے۔

لغت: آیت کریمہ میں ہے: ﴿أَحْصُوْا الْعِدَّةَ﴾: تم عدت کو گنو، شمار کرو، محفوظ کرو، أَحصوا: امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر ہے، مصدر إحصاء ہے، جو حَصَا سے مشتق ہے، جس کے معنی کنکری کے ہیں، عرب گننے کے لئے کنکریوں کا استعمال کرتے تھے، اس لئے شمار کرنے اور محفوظ کرنے کے لئے إِحْصَاء بولا جانے لگا، اور سورۃ یٰسٓ (آیت ۱۲) میں ہے: ﴿وَكُلَّ شَيْئٍ أَحْصَيْنَاهُ فِيْ إِمَامٍ مُبِيْنٍ﴾: اور ہم نے ہر چیز کو ایک واضح کتاب (لوح محفوظ) میں ضبط (محفوظ) کر دیا ہے، گن کر لکھ لیا ہے۔

طلاق دینے کا مسنون طریقہ:

طلاق کی تین قسمیں ہیں: احسن، حسن اور بدعی:

طلاقِ احسن: یہ ہے کہ ایسے طہر میں ایک صریح طلاق دی جائے جس میں صحبت نہ کی ہو، پھر اور کوئی طلاق نہ دی جائے، عدت گذر جانے دی جائے، عدت کے بعد عورت بائنہ ہو جائے گی، صحابہ کا طلاق دینے کا یہی طریقہ تھا، اس صورت میں عدت کے اندر رجوع کرنے کا حق حاصل رہتا ہے اور عدت کے بعد بھی تدارک ممکن ہوتا ہے، اس لئے طلاق دینے کا یہ سب سے افضل طریقہ ہے۔

طلاقِ حسن: یہ ہے کہ ایسے طہر میں جس میں صحبت نہ کی ہو ایک صریح (رجعی) طلاق دے، پھر دوسرے طہر میں دوسری صریح طلاق دے، پھر تیسرے طہر میں تیسری طلاق دے —— اس صورت میں صرف دو طلاقوں تک غور و فکر اور تدارک کا موقع رہتا ہے، پھر معاملہ تنگ ہو جاتا ہے اور عدت کے بعد بھی تدارک کی صورت نہیں رہتی، اس لئے اس کا نمبر دوسرا ہے، مگر یہ طریقہ بھی جائز ہے، موجبِ مؤاخذہ نہیں، کیونکہ کبھی اس کی ضرورت پیش آتی ہے، کبھی احتمال ہوتا ہے کہ عدت کے بعد خاندان والے تجدید نکاح کے لئے اصرار کریں گے، اور وہ اس عورت کو کسی قیمت پر رکھنا نہیں چاہتا، اس لئے تین طہروں میں تین طلاقیں دے کر مغلظہ کر دیتا ہے، تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری!

ملحوظہ: فقہاء نے طلاق کی دو قسمیں کی ہیں: سنی اور بدعی اور احناف نے پھر سنی کی دو قسمیں کی ہیں: احسن اور حسن، یہ دونوں سنی ہیں۔

طلاقِ بدعی: مذکورہ دونوں طریقوں کے علاوہ طلاق دینے کی ہر صورت بدعی (بری) ہے، مثلاً: ایسے طہر میں طلاق دینا

جس میں صحبت کی ہے، یا حالتِ حیض میں طلاق دینا یا ایک طہر میں یا ایک مجلس میں یا ایک ساتھ ایک سے زیادہ طلاقیں دینا بدعی ہے، اس لئے کہ جب طہر میں صحبت کی ہے تو احتمال ہے کہ حمل ٹھہر گیا ہو، پس عورت اگلا حیض آنے تک شش و پنج میں مبتلا رہے گی کہ اسے عدت حیض سے گذارنی ہے یا وضع حمل سے؟ اور حالتِ حیض میں طلاق دینا اس لئے ممنوع ہے کہ حیض کے زمانہ میں عورت عام طور پر میلی کچیلی اور پرانے کپڑوں میں رہتی ہے، اس لئے احتمال ہے کہ شوہر نے فطری نفرت کی بنا پر طلاق دی ہو، اور پاکی کی حالت میں عورت کی طرف میلان ہوتا ہے، اس وقت طلاق پر اقدام واقعی ضرورت کی علامت ہے۔ علاوہ ازیں: حیض میں طلاق دی جائے گی تو عدت لمبی ہو جائے گی، کیونکہ جس حیض میں طلاق دی ہے وہ حیض عدت میں شمار نہیں ہوگا، اس طرح عدت لمبی ہو جائے گی۔

اور ایک طہر میں تین طلاقیں دینا یا ایک مجلس میں یا ایک لفظ میں تین طلاقیں دینا بھی طلاق بدعی ہے، اس لئے کہ اس صورت میں معاملہ تنگ ہو جاتا ہے، اور عدت کے اندر اور عدت کے بعد تدارک کی کوئی راہ باقی نہیں رہتی اور کبھی کف افسوس ملنے کی نوبت آتی ہے اور کبھی کرایہ کا بکرا تلاش کرنا پڑتا ہے، اس لئے اس طرح سے طلاق دینا ناپسندیدہ ہے۔

طلاق دینے کا حکم:

جیسے نکاح کرنا کبھی واجب ہوتا ہے، کبھی سنتِ مؤکدہ اور کبھی مکروہ تحریمی: بے تابی کی حالت میں (عند التَّوَقَان) نکاح کرنا واجب ہے، اعتدال کی حالت میں سنتِ مؤکدہ، اور بیوی پر ظلم کے اندیشہ کے وقت مکروہ تحریمی (درمختار) اسی طرح طلاق دینا کبھی واجب ہوتا ہے، کبھی مستحب، کبھی مباح، اور کبھی مکروہ تحریمی: جب شقاق (کشاکش) اس حد تک بڑھ جائے کہ حکمین (ثالثوں) سے بھی مسئلہ حل نہ ہو تو طلاق دینا واجب ہے، اور عورت بدکار ہو تو طلاق دینا مستحب ہے، اور بوقتِ حاجت مباح ہے، اور بلا وجہ (محض چکھنے کے لئے) طلاق دینا مکروہ تحریمی ہے۔

طلاق میں گواہ بنانے کا حکم:

نکاح میں گواہ بنانا تو ضروری ہے، مگر طلاق میں گواہ بنانا ضروری نہیں، اور بنالے تو بہتر ہے۔ اور سورۃ الطلاق (آیت ۲) میں جو ہے: ﴿وَأَشْهِدُوْا ذَوَىْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ﴾: اور تم میں سے دو معتبر شخصوں کو گواہ بنالو: اس کا تعلق طلاق سے نہیں ہے، بلکہ عدت میں مراجعت سے یا بعد عدت مفارقت سے ہے، اور وہ بھی مستحب ہے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے عہدِ نبوی میں اپنی بیوی (آمنہ یا نوار) کو حالتِ حیض میں (ایک) طلاق دی، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے اس بارے میں پوچھا، آپؐ نے فرمایا: ان سے کہو کہ وہ بیوی کو نکاح میں واپس لیں (رجعت کرلیں) پھر وہ اس کو روکے رہیں یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائے، پھر اس کو حیض آئے، پھر وہ پاک ہو جائے، پھر اگر وہ چاہے تو بعد ازیں روکے رہے اور چاہے تو صحبت کئے بغیر طلاق دے، پس یہی وہ مقررہ وقت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ عورتیں اس میں طلاق دی جائیں۔

تشریح:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی جوانی میں شادی ہوئی، اور بیوی سے بے حد تعلق ہوگیا (ترمذی شریف حدیث ۱۱۷۴) نماز کے لئے جدا ہونا بھی شاق گذرتا تھا، حضرت عمرؓ نے جب بیٹے کی یہ حالت دیکھی تو بیوی کو طلاق دینے کا حکم دیا، کیونکہ بیوی محبت کرنے کی چیز ہے مگر بیوی کے پیچھے پاگل ہوجانا عقلمندی کی بات نہیں۔ ابن عمرؓ نبی ﷺ کے پاس پہنچے اور آپؐ سے اس کا تذکرہ کیا، صحابہ کے پاس آخری چارہ آپؐ کی ذات تھی، آپؐ نے فرمایا: ''اپنے والد کا کہنا مانو!'' (فقال یا عبدَ اللّٰہ بن عمر! طَلِّقْ امرأتَك، ترمذی حدیث ۱۱۷۴) اب آخری سہارا بھی ختم ہوگیا، چنانچہ جب دوسری بار حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا تو فوراً طلاق دیدی، پھر بتایا کہ بیوی اس وقت حالتِ حیض میں ہے، اور پہلے یہ بات اس لئے نہیں بتائی کہ ابا اس کو بہانہ بازی خیال نہ کریں، اب حضرت عمرؓ کو فکر دامن گیر ہوئی، کیونکہ یہ غلطی ان کے حکم سے ہوئی تھی، وہ بھاگے ہوئے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور ماجرا عرض کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''عبداللہ سے کہو بیوی کو نکاح میں واپس لیلے، پھر اس کو روکے رہے تا آنکہ وہ پاک ہوجائے، پھر طہر میں بیوی سے ملے، پھر جب اس کو دوسرا حیض آجائے، اور پاک ہوجائے تو اگر اس کی رائے ہو تو پاکی میں صحبت کئے بغیر طلاق دے، یہی وہ عدت (مقررہ وقت) ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو طلاق دینے کا حکم دیا ہے''

اور نبی ﷺ نے بیچ میں ایک طہر چھوڑنے کا حکم ایک مصلحت سے دیا تھا، مسئلہ کی رو سے ایسا کرنا ضروری نہیں، آپؐ نے یہ حکم تعلقات کی نوعیت کا اندازہ کرنے کے لئے دیا تھا، چنانچہ اس طہر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اندازہ ہوگیا کہ اب تعلق میں اعتدال پیدا ہوگیا ہے، اس لئے آپؐ نے خود ہی طلاق دینے سے منع کردیا، اور وہ بیوی ابن عمرؓ کے نکاح میں رہی، اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ انتہائی محبت کے باوجود طلاق دینی پڑی تو اس کا ردِ عمل ہوا، جیسے ٹھنڈے پانی پر گرم پانی پڑتا ہے تو اعتدال پیدا ہوجاتا ہے، یہی صورتِ حال یہاں بھی پیش آئی۔

٦٨- كتابُ الطلاق

بسم الله الرحمن الرحيم

[١-] قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالیٰ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوْا الْعِدَّةَ﴾

أَحْصَيْنَاهُ: [يٰس ١٢] حَفِظْنَاهُ وَعَدَدْنَاهُ.

وَطَلَاقُ السُّنَّةِ: أَنْ يُطَلِّقَهَا طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ، وَيُشْهِدَ شَاهِدَيْنِ.

[٥٢٥١-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَسُوْلَ اللّٰهِ

صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم :"مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا، ثُمَّ لِيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضَ، ثُمَّ تَطْهُرَ، ثُمَّ إِنْ شَاءَ أَمْسَكَ بَعْدُ، وَإِنْ شَاءَ طَلَّقَ قَبْلَ أَنْ يَمَسَّ، فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِيْ أَمَرَ اللّٰهُ أَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ" [راجع: ٤٩٠٨]

بَابٌ: إِذَا طُلِّقَتِ الْحَائِضُ يُعتَدُّ بِذٰلِكَ الطَّلَاقِ

حالتِ حیض میں دی ہوئی طلاق معتبر ہے

چاروں ائمہ متفق ہیں کہ طلاق بدعی —— خواہ من حیث الوقت بدعی ہو یا من حیث العدد —— واقع ہوجاتی ہے، اور ابن تیمیہ اور ابن حزم ظاہری کے نزدیک طلاق بدعی واقع نہیں ہوتی، وہ کہتے ہیں: طلاق بدعی ناجائز ہے، پھر وہ کیسے واقع ہوگی؟ پس اگر کوئی شخص حیض کے زمانہ میں طلاق دے تو وہ واقع نہیں ہوگی، یا ایک ساتھ ایک سے زیادہ طلاقیں دے تو صرف ایک طلاق واقع ہوگی، غیر مقلدین نے اسی کو اختیار کیا ہے —— باب کی حدیثیں ائمہ اربعہ کا مستدل ہیں، ان میں حیض میں دی گئی طلاق میں رجوع کرنے کا حکم دیا ہے، اور رجوع وقوع کے بعد ہی ہوتا ہے، اس لئے ائمہ اربعہ کے نزدیک حیض میں دی ہوئی طلاق واقع ہوگی اور محسوب ہوگی، اب شوہر آئندہ صرف دو طلاق کا مالک رہے گا، اور تین طلاقیں دی ہیں تو قصہ ختم! —— اور ابن تیمیہؒ کے نزدیک حیض کی طلاق / طلاقیں باطل ہیں، پس شوہر حسب سابق تین طلاقوں کا مالک رہے گا۔

حدیث (۱): انسؒ بن سیرین کہتے ہیں: حضرت ابن عمرؓ نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دی، حضرت عمرؓ نے نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا، پس آپؐ نے فرمایا: "چاہئے کہ وہ بیوی کو نکاح میں واپس لے!" انسؒ نے ابن عمرؓ سے پوچھا: وہ گنی جائے گی؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: "تو کیا؟" یعنی وہ طلاق یقیناً گنی جائے گی —— فَمَهْ کی اصل فَمَا؟ ہے، اس میں مَا استفہامیہ ہے اور ہ سکتہ کی ہے جو الف کے عوض میں ہے أَی فَمَا يَكُوْنُ إن لم يُحْتَسَبْ: حیض میں دی ہوئی طلاق کیا ہوگی اگر شمار نہیں ہوگی؟

حدیث (۲): یونس بن جبیر کی روایت میں ہے: "آپؐ ابن عمر کو حکم دیں پس وہ بیوی کو نکاح میں واپس لے" یونس نے پوچھا: "وہ گنی جائے گی؟" ابن عمرؓ نے کہا: بتا اگر وہ عاجز رہ گیا اور اس نے حماقت والا کام کیا؟!" یعنی اگر شوہر صحیح طریقہ پر طلاق دینے سے عاجز رہ گیا اور اس نے حیض میں طلاق دے کر حماقت والا کام کیا تو یہ بات وقوع طلاق کے لئے مانع نہیں ہوسکتی، طلاق بالیقین واقع ہوجائے گی، اور جب طلاق واقع ہوگئی تو وہ محسوب بھی ہوگی۔

حدیث (۳): سعید بن جبیرؒ کی روایت میں ابن عمرؓ نے فرمایا: "وہ مجھ پر ایک طلاق شمار کی گئی" —— کیونکہ صحابہ ایک ہی طلاق دیتے تھے، اگر کوئی دو یا تین دے تو شمار ہونگی۔

فائدہ: ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں: مَهْ اسم فعل ہے، اس کے معنی ہیں: كُفَّ: دور ہو! یعنی اگر شوہر درماندہ ہوگیا اور اس نے

حماقت بھرا کام کیا تو کیا شریعت بھی اس کی موافقت کرے گی؟ اور اس نے جو گناہ کا کام کیا ہے اس کو نافذ کرے گی؟ ـــــ مگر مسلم شریف کی روایت سے جمہور کی تائید ہوتی ہے: قال ابن عمر: فراجعتُها، وحسبتُ لها التطليقة التی طلقتُها (مسلم شریف ۱: ۴۷۵ باب تحريم طلاق الحائض إلخ) یعنی میں نے بیوی کو نکاح میں واپس لے لیا اور میں نے اس طلاق کو شمار کیا جو میں نے اس کو دی تھی۔

[۲-] بَابٌ: إِذَا طُلِّقَتِ الْحَائِضُ يُعتَدُّ بِذٰلِكَ الطَّلاَقِ

[۵۲۵۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: طَلَّقَ ابْنُ عُمَرَ امْرَأَتُهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَذَكَرَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "لِيُرَاجِعْهَا" قُلْتُ: تُحْتَسَبُ؟ قَالَ: "فَمَهْ؟"

وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: "مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا" قُلْتُ: تُحْتَسَبُ؟ قَالَ: أَرَأَيْتَهُ إِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ![راجع: ٤٩٠٨]

[۵۲۵۳-] وَقَالَ أَبُوْ مَعْمَرٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: حُسِبَتْ عَلَيَّ بِتَطْلِيْقَةٍ.[راجع: ٤٩٠٨]

بَابُ مَنْ طَلَّقَ، وَهَلْ يُوَاجِهُ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ بِالطَّلاَقِ؟

طلاق کا جواز، اور کیا شوہر بیوی کو روبرو طلاق دے؟

باب پیچیدہ ہے، ابن بطال رحمہ اللہ نے تو من طلق کو حذف کیا ہے، شاید ان کی سمجھ میں یہ جزء نہیں آیا، مگر حافظ اور عینی کہتے ہیں کہ من طلق سے طلاق کا جواز بیان کرنا مقصود ہے، نکاح کی طرح طلاق بھی مشروع ہے، متعدد آیات اس پر دال ہیں، اور باب کا دوسرا جزء یہ ہے کہ بیوی کو روبرو طلاق دینا جائز ہے یا نہیں؟ اس کا جواب ذکر نہیں کیا، صرف ہل چلایا ہے، پس اس کا جواب باب کی حدیثوں سے نکالنا ہوگا، اور وہ یہ ہے کہ صریح لفظوں میں بیوی کو مخاطب کر کے طلاق دینا ٹھیک نہیں، اس سے بیوی کی دل شکنی ہوگی، ہاں کنائی الفاظ میں بیوی کو مخاطب کر سکتے ہیں، جونیہ سے نبی ﷺ نے فرمایا تھا: "اپنے میکے چلی جا!" یہ الفاظ آپؐ نے بہ نیتِ طلاق کہے تھے، یہ کنائی الفاظ ہیں۔ اور باب میں چار حدیثیں ہیں، پہلی تین حدیثوں میں جونیہ کا واقعہ ہے اور آخری حدیث میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی طلاق کا واقعہ ہے، انھوں نے صریح طلاق دی تھی، مگر ابا کے سامنے دی تھی، بیوی کو مخاطب نہیں بنایا تھا۔

فائدہ: ابوداؤد (حدیث ۲۱۷۸) اور ابن ماجہ (حدیث ۲۰۱۸) میں علی شرط مسلم روایت ہے: أبغض الحلال إلى الله الطلاق: حلال چیزوں میں اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ ناپسند طلاق ہے، اس حدیث کا مصداق بلاوجہ طلاق دینا ہے

(حاشیہ) کوئی معقول وجہ ہو تو طلاق دینا جائز ہے۔

[٣-] بَابُ مَنْ طَلَّقَ، وَهَلْ يُوَاجِهُ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ بِالطَّلَاقِ؟

[٥٢٥٤-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: سَأَلْتُ الزُّهْرِيَّ: أَيُّ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم اسْتَعَاذَتْ مِنْهُ؟ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ ابْنَةَ الْجَوْنِ لَمَّا أُدْخِلَتْ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَدَنَا مِنْهَا، قَالَتْ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ! فَقَالَ لَهَا: "لَقَدْ عُذْتِ بِعَظِيْمٍ الْحَقِيْ بِأَهْلِكِ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: رَوَاهُ حَجَّاجُ بْنُ أَبِيْ مَنِيْعٍ عَنْ جَدِّهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ عُرْوَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ.

ترجمہ: امام ازواعیؒ نے امام زہریؒ سے پوچھا: نبی ﷺ کی کس بیوی نے آپؐ سے پناہ مانگی تھی؟ زہریؒ نے کہا: مجھے عروۃ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے بتایا کہ جب ابنة الجون نبی ﷺ کے پاس لائی گئی، اور آپؐ اس کے نزدیک گئے تو اس نے کہا: میں تجھ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں! پس آپؐ نے اس سے فرمایا: "بخدا! واقعہ یہ ہے کہ تو نے بڑی ہستی کی پناہ مانگی ہے، تو اپنے میکے چلی جا!" —— یہ اوزاعی کی سند ہے، پھر حجاج کے دادا ابو منیع کی سند ہے۔ حجاج کے والد کا نام یوسف ہے۔

[٥٢٥٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَسِيْلٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ أَبِيْ أُسَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ أُسَيْدٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، حَتّٰى انْطَلَقْنَا إِلٰى حَائِطٍ يُقَالُ لَهُ: الشَّوْطُ، حَتّٰى انْتَهَيْنَا إِلٰى حَائِطَيْنِ فَجَلَسْنَا بَيْنَهُمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اجْلِسُوْا هَاهُنَا" وَدَخَلَ وَقَدْ أُتِيَ بِالْجَوْنِيَّةِ، فَأُنْزِلَتْ فِيْ بَيْتٍ فِيْ نَخْلٍ فِيْ بَيْتٍ، أُمَيْمَةُ بِنْتُ النُّعْمَانِ بْنِ شَرَاحِيْلَ، وَمَعَهَا دَايَتُهَا حَاضِنَةٌ لَهَا، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "هَبِيْ نَفْسَكِ لِيْ" قَالَتْ: وَهَلْ تَهَبُ الْمَلِكَةُ نَفْسَهَا لِلسُّوْقَةِ؟! قَالَ: فَأَهْوَى بِيَدِهِ يَضَعُ يَدَهُ عَلَيْهَا لِتَسْكُنَ، فَقَالَتْ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ! فَقَالَ: "قَدْ عُذْتِ بِمَعَاذٍ" ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: "يَا أَبَا أُسَيْدٍ اكْسُهَا رَازِقِيَّيْنِ وَأَلْحِقْهَا بِأَهْلِهَا"[طرفه: ٥٢٥٧]

[٥٢٥٦-] وَقَالَ الْحُسَيْنُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، وَأَبِيْ أُسَيْدٍ قَالَا: تَزَوَّجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أُمَيْمَةَ بِنْتَ شَرَاحِيْلَ، فَلَمَّا أُدْخِلَتْ عَلَيْهِ بَسَطَ يَدَهُ إِلَيْهَا، فَكَأَنَّهَا كَرِهَتْ ذٰلِكَ، فَأَمَرَ أَبَا أُسَيْدٍ أَنْ يُجَهِّزَهَا وَيَكْسُوْهَا ثَوْبَيْنِ رَازِقِيَّيْنِ.[طرفه: ٥٦٣٧]

[٥٢٥٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ أَبِي الْوَزِيْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَمْزَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، وَعَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ بِهٰذَا.[راجع: ٥٢٥٥]

ترجمہ: ابواُسیدؓ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ نکلے، یہاں تک کہ ہم ایک باغ میں پہنچے جس کو شوط کہا جاتا تھا، یہاں تک کہ ہم کھجوروں کے دو باغوں کے درمیان پہنچے، پس ہم دونوں بیٹھ گئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''یہاں بیٹھو'' اور آپؐ اندر تشریف لے گئے درانحالیکہ جونیہ لائی گئی تھی، پس وہ اتاری گئی تھی ایک گھر میں، کھجور کے باغ میں، ایک گھر میں: امیمہ بنت النعمان بن شراحیل (یہ جَونیہ کا بدل یا عطف بیان ہے) اور اس کے ساتھ اس کی انّا تھی جو اس کی کَھلائی تھی، پس جب نبی ﷺ اس کے پاس گئے تو فرمایا: ''بخش تو اپنی ذات مجھے'' اس نے کہا: کیا رانی اپنی ذات عامی کو بخش سکتی ہے؟ راوی کہتا ہے: پس آپؐ نے اپنے ہاتھ سے قصد کیا، رکھ رہے تھے آپؐ اپنا ہاتھ اس پر تاکہ اس کو چین آئے، پس اس نے کہا: میں تجھ سے اللہ کی پناہ چاہتی ہوں! پس آپؐ نے فرمایا: ''بخدا! تو نے بڑی ہستی کی پناہ چاہی!'' پھر آپؐ ہمارے پاس نکل آئے، اور فرمایا: ''ابواُسید! اس کو دورازقی کپڑے دے اور اس کو اس کے میکے پہنچادے!'' —— دوسرے طریق میں حدیث سہل بن سعد ساعدی اور ابواُسید ساعدی: دونوں سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے امیمہ بنت شراحیل سے نکاح کیا، پس وہ آپؐ کے پاس لائی گئی تو آپؐ نے اپنا ہاتھ اس کی طرف بڑھایا، پس گویا اس نے اس کو ناپسند کیا، پس آپؐ نے ابواُسیدؓ کو حکم دیا کہ وہ اس کو سامانِ ضرورت دیں اور اس کو دورازقی کپڑے دیں۔

تشریح: حائط: کھجور کے باغ میں گھر بھی ہوتے تھے............ أمیمۃُ سے پہلے ھی پوشیدہ مان سکتے ہیں، پس مرفوع ہوگا، اور مرجع جونیۃ ہوگا............ دَایَۃ: انّا، دودھ پلانے والی............ حَاضِنَۃ: کھلائی، پرورش کرنے والی............ یہ دلہن کے ساتھ خدمت کے لئے جایا کرتی تھی............ ھَبِی: فعل امر: بخش، اگر کوئی مسلمان عورت اپنا نفس نبی ﷺ کو بخشے تو اس سے بغیر مہر نبی ﷺ کا نکاح ہوسکتا تھا (سورۃ الاحزاب آیت ۵۰)............ المَلِکۃ: بادشاہ کی بیوی، رانی ...... السُّوقۃ: الواحد من الرعیۃ، عامی شخص...... مَعَاذ: اسم مکان یا مصدر میمی: پناہ کی جگہ یا پناہ چاہنا...... الرَّازقیۃ: ثیاب من کتان بیض طوال: سفید لمبا سوتی کپڑا یہ بطور متعہ دیا تھا، کیونکہ مہر مقرر نہیں ہوا تھا...... کَسَا یکسو: دینا۔

[۵۲۵۸-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيىَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِیْ غَلَّابٍ يُوْنُسَ ابْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: رَجُلٌ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِیَ حَائِضٌ، قَالَ: تَعْرِفُ ابْنَ عُمَرَ؟! إِنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِیَ حَائِضٌ، فَأَتَى عُمَرُ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَأَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا فَإِذَا طَهُرَتْ فَأَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا، قُلْتُ: فَهَلْ عُدَّ ذٰلِكَ طَلَاقًا؟ قَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ. [راجع: ۴۹۰۸]

ملحوظہ: یہ حدیث بار بار آئی ہے، اور استدلال یہ کرنا ہے کہ صریح طلاق عورت کے روبرو نہ دی جائے، اس سے اس کی دل شکنی ہوگی، ہاں غیر کے سامنے دے سکتے ہیں، حضرت ابن عمرؓ نے ابا کے سامنے صریح لفظوں میں طلاق دی تھی —— اور تَعْرِف؟ مداعبہ (دل لگی) ہے۔

بَابُ مَنْ أَجَازَ طَلَاقَ الثَّلَاثِ

ایک رائے: ایک ساتھ دی ہوئی تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں

باب میں مَن (جس نے) رکھ کر اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے، اہل السنہ والجماعۃ (ائمہ اربعہ) متفق ہیں کہ ایک طہر میں یا ایک مجلس میں یا ایک لفظ میں یعنی ایک ساتھ دی ہوئی دو یا تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں، اور اصحابِ ظواہر (غیر مقلدین) کے نزدیک دو یا تین طلاقیں ایک ساتھ دی جائیں تو صرف ایک طلاق واقع ہوتی ہے، باقی لغو ہوجاتی ہیں۔

اصحابِ ظواہر کی دلیل:

مسلم شریف میں حدیث ہے، ابوالصہباء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا: **أتعلم أنما كانت الثلاثُ تُجعل واحدةً على عهد النبى صلى الله عليه وسلم، وأبى بكر، وثلاثاً من إمارة عمر؟ فقال: نعم:** کیا آپ کو معلوم ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں اور ابو بکرؓ کے زمانہ میں، اور حضرت عمرؓ کی خلافت کے شروع کے تین سالوں میں تین طلاقیں ایک گردانی جاتی تھیں؟ ابن عباسؓ نے کہا: ہاں یعنی یہ بات مجھے معلوم ہے، غیر مقلدین کہتے ہیں: پھر حضرت عمرؓ کو معمول میں تبدیلی کرنے کا کیا حق ہے؟ —— حالانکہ حضرت عمرؓ خلیفہ راشد ہیں، اور ملک وملت کی تنظیم سے تعلق رکھنے والی ان کی سنتیں ماخوذ بہ ہیں، مگر غیر مقلدین ان کو گھاس نہیں ڈالتے۔

جواب:

مذکورہ روایت کی حقیقت مسلم شریف ہی کی ایک اور روایت سے معلوم ہوتی ہے، طاؤسؒ روایت کرتے ہیں: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: عہدِ نبوی میں، اور عہدِ ابی بکرؓ میں، اور خلافت عمرؓ کے دو سالوں میں تین طلاقیں ایک تھیں، پھر حضرت عمرؓ نے فرمایا: لوگ جلدی کرنے لگے ہیں ایک ایسے معاملہ میں جس میں ان کے لئے درنگ (آہستگی) تھی یعنی پہلے لوگ صرف ایک طلاق دیتے تھے اور تکرار تاکید کے لئے ہوتی تھی، اب لوگ دو تین طلاقیں ایک ساتھ دینے لگے ہیں، پس اگر ہم ان کو نافذ کردیں؟ یعنی آپ حضرات کی کیا رائے ہے؟ پس حضرت عمرؓ نے اس کو نافذ کردیا یعنی مشورہ میں یہی طے ہوا، اور بہ اجماع صحابہ عمرؓ نے اس کو نافذ کیا۔ یہ تفصیل مسلم شریف ہی کی ایک تیسری روایت میں ہے، **فقال: قد كان ذلك، فلما كان فى عهد عمر تتابع الناس فى الطلاق، فأجازه عليهم** (حدیث ۱۴۷۲/ ۱۷): ابن عباسؓ نے فرمایا: ایسا تھا، پھر جب عمرؓ کا دور آیا تو لوگ پے بہ پے طلاقیں دینے لگے یعنی ایک ساتھ دو تین طلاقیں دینے لگے، پس حضرت عمرؓ نے ان کو نافذ کیا۔

تشریح:

مذکورہ دونوں روایتوں کا حاصل یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ایک ہی طلاق دیتے تھے، وہ ایک سے زیادہ طلاقیں نہیں دیتے تھے، وہ اگر طلاق کا لفظ مکرر بولتے تھے تو تاکید مراد ہوتی تھی، اس لئے ان کو ایک قرار دیا جاتا تھا، آج بھی یہی مسئلہ ہے

اگر تین مرتبہ أنت طالق کہا اور نیت تاکید کی تھی تو ایک ہی طلاق پڑے گی، درمختار میں ہے: کَرَّر لفظَ الطلاقِ، ونوی التأکیدَ دُیِّنَ: اگر طلاق کا لفظ مکرر بولا، اور تاکید کی نیت کی تو دیانۃً وہ نیت معتبر ہے یعنی ایک ہی طلاق پڑے گی۔ مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں لوگ تاکید کے بجائے تاسیس کرنے لگے یعنی دو تین طلاقیں ایک ساتھ دینے لگے تو حضرت عمرؓ نے اس نئی صورت کے بارے میں صحابہ سے مشورہ کیا، مشورہ میں طے ہوا کہ شوہر جتنی طلاقیں دے گا سب واقع ہونگی، چنانچہ اس پر عمل درآمد شروع ہوگیا، پس یہ احوال کی تبدیلی کا حکم تھا، مسئلہ میں تبدیلی نہیں کی تھی۔

جمہور کے دلائل:

پہلی دلیل: (یہ اضافہ ہے) سنن دارقطنی میں بہ سند حسن قولی صریح روایت ہے: أیما رجل طلق امرأتَہ ثلاثا مُبْھَمَۃً أو ثلاثا عند الأقراء: لم تَحِلَّ لہ حتی تنکح زوجا غیرہ: جو بھی شخص اپنی بیوی کو ایک ساتھ تین طلاقیں دے، یا حیضوں کے بعد دے یعنی ہر طہر میں ایک طلاق دے تو جب تک وہ عورت دوسرے مرد سے نکاح نہ کرے پہلے کے لئے حلال نہیں، یہ حدیث صریح ہے کہ ایک ساتھ دی ہوئی تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں۔

(سنن دارقطنی ۴:۳۱ بإسناد حسن اعلاء السنن ۱۱:۱۵۲)

واقعہ: حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے اپنی ایک بیوی کو تین طلاقیں دیں، جب عدت پوری ہوئی تو حضرت حسنؓ نے ایک لاکھ درہم بطور متاع بھیجے، بیوی نے کہا: متاع قلیل من حبیب مُفارق! یہ چند ٹکے ہیں طلاق دینے والے محبوب کی طرف سے! جب یہ بات حضرت حسنؓ کو پہنچی تو فرمایا: میں نے اپنے نانا سے مذکورہ حدیث سنی ہے، جس کی رو سے مجبوری ہے، ورنہ میں اس بیوی کو نکاح میں واپس لیتا، معلوم ہوا کہ ایک ساتھ دی ہوئی تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں۔

دوسری دلیل: سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۲۹ ہے: ﴿الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ، فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ بِإِحْسَانٍ﴾: وہ (رجعی طلاق) دو مرتبہ (کی) ہے، پھر قاعدہ کے موافق رکھ لینا ہے یا خوش عنوانی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے۔

تفسیر: اسلام سے پہلے دستور تھا کہ دس بیس جتنی بار چاہتے زوجہ کو طلاق دیتے، پھر عدت کے ختم ہونے سے پہلے رجعت کر لیتے، اس طرح بعض لوگ عورتوں کو بہت ستاتے تھے، پس مذکورہ آیت اتری، الطلاق میں ال عہدی ہے یعنی رجعی طلاقیں جن کے بعد رجعت ہوسکتی ہے: دو بار ہے، ایک یا دو طلاق تک اختیار ہے: عدت میں مرد چاہے تو رجعت کرسکتا ہے، ورنہ عدت گذر جانے دے، عدت کے بعد وہ بائنہ ہوجائے گی، اور رجعت کا حق باقی نہیں رہے گا۔

استدلال: آیت مطلق (عام) ہے، دو مرتبہ طلاق: خواہ دو طہروں میں دے، یا ایک طہر میں دے، یا ایک مجلس میں دے، یا ایک لفظ سے دے: ہر صورت میں واقع ہونگی اور رجعت ہوسکے گی، پھر اگر تیسری طلاق دیدے تو وہ بھی واقع ہوگی، مگر اس کے بعد رجعت کا حق نہیں رہے گا، کیونکہ تین طلاقوں سے حرمت مغلظہ (گاڑھی) ہوجاتی ہے۔

تیسری دلیل: پہلے ایک مسئلہ جان لیں: مرض موت میں کسی نے اپنی بیوی کو طلاق دی، پھر عورت عدت میں تھی کہ

شوہر کا انتقال ہوگیا تو عورت وارث ہوگی، خواہ ایک طلاق دی ہو یا دو تین، اور خواہ طلاق رجعی دی ہو یا بائن، سب کا ایک حکم ہے، اور اگر عدت ختم ہونے کے بعد شوہر مرا تو عورت وارث نہ ہوگی۔

اس مسئلہ میں پہلے اختلاف تھا، حضرت عبدللہ بن الزبیرؓ کی رائے یہ تھی کہ اگر طلاق رجعی دی ہے تو عورت وارث ہوگی، اور بائنہ دی ہے تو وارث نہیں ہوگی، کیونکہ رجعی طلاق میں نکاح باقی رہتا ہے، اور بائنہ طلاق میں نکاح ختم ہوجاتا ہے، نیز فرمایا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ دونوں صورتوں میں وارث بناتے تھے، مگر میری رائے یہ ہے (فتح) —— اور امام عامر شعبی رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر عدت کے بعد شوہر کا انتقال ہو تو بھی عورت وارث ہوگی —— کوفہ کے قاضی عبداللہ بن شُبرمہ نے ان کی گرفت کی، ان سے پوچھا: عدت کے بعد عورت دوسرا نکاح کرسکتی ہے؟ شعبیؒ نے کہا: کرسکتی ہے، ابن شُبرمہ نے کہا: اگر دونوں شوہر ایک ساتھ مرجائیں تو عورت دونوں شوہروں کی وارث ہوگی؟ امام شعبیؒ پھنس گئے اور اپنے قول سے رجوع کرلیا یعنی عدت کے بعد شوہر مرے تو عورت وارث نہیں ہوگی۔

استدلال: یہاں بھی استدلال عموم واطلاق سے ہے، مبتوتہ (نکاح سے جدا کی ہوئی) کی صورتیں مختلف ہوسکتی ہیں، ایک بائنہ طلاق دی ہو، دو دی ہوں یا تین دی ہوں: سب کا حکم ایک ہے، پس ثابت ہوا کہ ایک ساتھ دی ہوئی تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں۔

چوتھی دلیل: عویمر عجلانیؓ کا واقعہ ہے، یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۹: ۳۹۳) آئی ہے، اس میں ہے: فطلقها ثلاثا: لعان کے بعد انھوں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں، اور نبی ﷺ نے اس پر کوئی نکیر نہیں کی، نہ ان کو ایک قرار دیا، معلوم ہوا کہ ایک ساتھ تین طلاقیں دینے سے تینوں واقع ہوجاتی ہیں۔

پانچویں دلیل: رفاعہ قُرظیؓ کی بیوی کا واقعہ ہے، جو پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۳۹) آیا ہے، اس کے پہلے طریق میں ہے: إن رفاعة طلقني فَبَتَّ طلاقي: رفاعہ نے مجھے طلاق دی، پس میری طلاق قطعی کردی، مجھے بالکل کاٹ دیا، اور اسی واقعہ میں دوسرے طریق میں صدیقہؓ فرماتی ہیں: أن رجلا طلق امرأته ثلاثا: ایک شخص (رفاعہ) نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں، یہ حدیث دوٹوک ہے۔

[٤-] بَابُ مَنْ أَجَازَ طَلاَقَ الثَّلاَثِ

[١-] لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿الطَّلاَقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ بِإِحْسَانٍ﴾[البقرة: ٢٢٩]

[٢-] وَقَالَ ابنُ الزُّبَيْرِ فِيْ مَرِيْضٍ طَلَّقَ: لاَ أَرَى أَنْ تَرِثَ مَبْتُوْتَةً. وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: تَرِثُهُ، فَقَالَ ابْنُ شُبْرُمَةَ: تَزَوَّجُ إِذَا انْقَضَتِ الْعِدَّةُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ مَاتَ الزَّوْجُ الآخَرُ؟ فَرَجَعَ عَنْ ذٰلِكَ.

ترجمہ: اور عبداللہ بن الزبیرؓ نے اس مریض کے بارے میں جس نے طلاق دی فرمایا: میرے گمان میں مبتوتہ وارث

نہیں ہوگی (ایک نسخہ میں مبتوتَتَہ: ضمیر کے ساتھ ہے وہ زیادہ واضح ہے) اور شعبیؒ نے فرمایا: (عدت کے بعد بھی) اس کی وارث ہوگی، پس ابن شبرمہ نے پوچھا: کیا وہ نکاح کرسکتی ہے عدت کے بعد؟ (ہمزہ استفہام پوشیدہ ہے) شعبیؒ نے کہا: ہاں، ابن شبرمہ نے کہا: بتائیں اگر دوسرا شوہر مرجائے؟ (تو کیا عورت دونوں شوہروں کی میراث پائے گی؟) پس شعبیؒ نے اس قول سے رجوع کرلیا (کہ عدت کے بعد وارث نہیں ہوگی)

[۵۲۵۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عُوَيْمِرًا الْعَجْلَانِيَّ جَاءَ إِلٰى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيِّ، فَقَالَ لَهُ: يَا عَاصِمُ! أَرَأَيْتَ رَجُلاً وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ سَلْ لِيْ يَا عَاصِمُ عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَ عَاصِمٌ عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا حَتّٰى كَبُرَ عَلٰى عَاصِمٍ مَا سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ إِلٰى أَهْلِهِ جَاءَ عُوَيْمِرٌ فَقَالَ: يَا عَاصِمُ مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ عَاصِمٌ: لَمْ تَأْتِنِيْ بِخَيْرٍ، قَدْ كَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَسْأَلَةَ الَّتِيْ سَأَلْتُهُ عَنْهَا. قَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لاَ أَنْتَهِيْ حَتّٰى أَسْأَلَهُ عَنْهَا، فَأَقْبَلَ عُوَيْمِرٌ حَتّٰى أَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَسْطَ النَّاسِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ رَجُلاً وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً: أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَدْ أُنْزِلَ فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ، فَاذْهَبْ فَأْتِ بِهَا" قَالَ سَهْلٌ: فَتَلاَعَنَا وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ عُوَيْمِرٌ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا ثَلاَ ثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَكَانَتْ تِلْكَ سُنَّةَ الْمُتَلاَعِنَيْنِ. [راجع: ٤٢٣]

لغت: المسألة: جمع المسائل: مصدر میمی: سوال...... فکانت تلك: یعنی تفریق، متلاعنین ساتھ نہیں رہ سکتے۔

[۵۲۶۰-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ امْرَأَةَ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ جَاءَ تْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ رِفَاعَةَ طَلَّقَنِيْ فَبَتَّ طَلَاقِيْ، وَإِنِّيْ نَكَحْتُ بَعْدَهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ الزَّبِيْرِ الْقُرَظِيَّ، وَإِنَّمَا مَعَهُ مِثْلُ الْهُدْبَةِ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَعَلَّكِ تُرِيْدِيْنَ أَنْ تَرْجِعِيْ إِلٰى رِفَاعَةَ؟! لاَ، حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ وَتَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ" [راجع: ٢٦٣٩]

[۵۲۶۱-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ

مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَجُلاً طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلاَثًا، فَتَزَوَّجَتْ فَطَلَّقَ، فَسُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَتَحِلُّ لِلْأَوَّلِ؟ قَالَ: "لاَ، حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَهَا كَمَا ذَاقَ الْأَوَّلُ"[راجع: ۲۶۳۹]

لغت: الهُدْبة: کپڑے کا جھالر، پھندنا، کنارہ پر چھوڑے ہوئے بے بُنے دھاگے............ **فتزوجت فطلق:** پس اس نے عبدالرحمٰن سے نکاح کیا، پس اس نے بھی طلاق دیدی۔

بَابُ مَنْ خَيَّرَ نَسَاءَهُ

بیوی کو طلاق کا اختیار دینا

اگر شوہر بیوی کو جدائی (طلاق) کا اختیار دے اور بیوی شوہر کو اختیار کرے تو جمہور (ائمہ اربعہ) کے نزدیک کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی، نبی ﷺ نے اپنی تمام بیویوں سے ایک مہینے کا ایلاء کیا تھا، جبکہ انھوں نے خرچہ میں اضافہ کا مطالبہ کیا تھا، جب مہینہ پورا ہوا تو سورۂ احزاب کا چوتھا رکوع نازل ہوا، اور آپؐ نے بیویوں کو اختیار دیا کہ یا تو جس حال میں آپؐ رکھیں راضی رہیں، اور اگر ٹھاٹھ کی زندگی چاہیں تو طلاق لے لیں اور جہاں چاہیں جائیں، سب نے نبی ﷺ کو اختیار کیا، اور کوئی طلاق شمار نہیں کی گئی، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: "ہمیں رسول اللہ ﷺ نے اختیار دیا، ہم نے آپؐ کو اختیار کیا پس وہ طلاق ہوئی؟" استفہام انکاری ہے یعنی آپؐ کو اختیار کرنے کی وجہ سے کوئی طلاق نہیں ہوئی۔

[۵-] بَابُ مَنْ خَيَّرَ نَسَاءَهُ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿قُلْ لِّأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلاً﴾[الأحزاب: ۲۸]

حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: لَمَّا أُمِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ بِتَخْيِيْرِ أَزْوَاجِهِ بَدَأَ بِيْ، فَقَالَ: "إِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا، فَلاَ عَلَيْكِ أَنْ لاَ تَعْجَلِيْ حَتّٰى تَسْتَأْمِرِيْ أَبَوَيْكِ" قَالَتْ: وَقَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُوْنَا يَأْمُرَانِّيْ بِفِرَاقِهِ، قَالَتْ: ثُمَّ قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ قَالَ جَلَّ ثَنَاؤُهُ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿أَجْرًا عَظِيْمًا﴾ [الأحزاب:۲۸و۲۹] " قَالَتْ: فَقُلْتُ: فَفِيْ أَيِّ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ؟! فَإِنِّيْ أُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ، قَالَتْ: ثُمَّ فَعَلَ أَزْوَاجُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِثْلَ مَا فَعَلْتُ.

ملحوظہ: حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴۳۹:۹) گذری ہے، وہاں آیت کا ترجمہ بھی ہے، اور بخاری کے بعض نسخوں میں

یہاں یہ حدیث نہیں ہے، اس لئے اس پر نمبر نہیں ڈالا۔

[۵۲۶۲-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَيَّرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَاخْتَرْنَا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، فَلَمْ يَعُدَّ ذٰلِكَ عَلَيْنَا شَيْئًا. [طرفه: ۵۲۶۳]

[۵۲۶۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَامِرٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الْخِيَرَةِ، فَقَالَتْ: خَيَّرَنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم، أَفَكَانَ طَلاَقًا؟ قَالَ مَسْرُوْقٌ: لاَ أُبَالِیْ خَيَّرْتُهَا وَاحِدَةً أَوْ مِائَةً بَعْدَ أَنْ تَخْتَارَنِیْ. [راجع: ۵۲۶۲]

وضاحت: الخِیَرَۃ: خار یَخیر کا مصدر: اختیار دینا...........مسروقؒ نے کہا: میں پرواہ نہیں کرتا، اختیار دیا میں نے بیوی کو ایک مرتبہ یا سو مرتبہ اس کے بعد کہ وہ مجھے اختیار کرے یعنی بار بار اختیار دینے کی نوبت آئے اور ہر بار وہ شوہر کو اختیار کرے تو بھی کوئی طلاق نہیں ہوگی۔

بَابٌ: إِذَا قَالَ: فَارَقْتُكِ............ فَهُوَ عَلٰى نِيَّتِهِ

طلاق کے کنائی الفاظ نیت کے محتاج ہیں

طلاق دینے کی دو صورتیں ہیں: ایک یہ کہ صاف لفظوں میں دے جس میں طلاق دینے کے علاوہ اور معنی نہ نکل سکتے ہوں، ایسی طلاق کو صریح کہتے ہیں، ایسے الفاظ سے زبان سے نکلتے ہی طلاق پڑ جائے گی، چاہے طلاق دینے کی نیت نہ ہو، اور رجعی طلاق پڑے گی۔ دوسری صورت یہ ہے کہ صاف لفظ نہیں کہے، بلکہ ایسے گول مول الفاظ بولے کہ اس میں طلاق کا مطلب بھی بن سکتا ہے، اور طلاق کے علاوہ اور معنی بھی نکل سکتے ہیں، ایسے الفاظ طلاق کے کنائی الفاظ کہلاتے ہیں، یہ الفاظ نیت کے محتاج ہیں، ان لفظوں کے کہنے کے وقت اگر طلاق دینے کی نیت تھی تو طلاق ہوگئی، اور بائن ہوئی، اب بے نکاح کئے نہیں رکھ سکتا، اور اگر طلاق کی نیت نہ تھی، بلکہ دوسرے معنی کے اعتبار سے کہا تھا تو طلاق نہیں ہوئی، البتہ اگر قرائن سے معلوم ہو کہ طلاق ہی دینے کی نیت تھی، اب وہ جھوٹ بولتا ہے کہ میری طلاق کی نیت نہیں تھی تو اب عورت اس کے پاس نہ رہے، وہ یہی سمجھے کہ مجھے طلاق مل گئی (بہشتی زیور)

طلاق کے صریح اور کنائی الفاظ:

طلاق کے صریح اور کنائی الفاظ متعین نہیں، اس کا مدار عرف پر ہے، جو الفاظ عرف میں طلاق کے لئے خاص ہوگئے وہ صریح الفاظ ہیں، جیسے: طلاق، فارغتی (فارغ خطی، گجرات میں) ڈیورس (Divorce) (انگریزی میں) اور بعض علاقوں

میں چھوڑ دیا، آزاد کر دیا۔ اور جو الفاظ طلاق کے لئے خاص نہیں ہوئے، مگر ان میں سے طلاق کا مفہوم نکل سکتا ہے وہ کنائی الفاظ ہیں، جیسے: میں نے تجھ کو دور کر دیا، مجھ سے تجھ کو کچھ واسطہ نہیں، مجھ سے تجھ سے کچھ مطلب نہیں، تو مجھ سے جدا ہوگئی، میں نے تجھ کو الگ کر دیا، میرے گھر سے چلی جا، ہٹ دور ہو، میرا تیرا نباہ نہ ہوگا، اپنے ماں باپ کے سر پڑ، اسی طرح کے اور الفاظ کنائی الفاظ ہیں۔

چار کنائی الفاظ:

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں چار کنائی الفاظ ذکر کئے ہیں، پھر قاعدہ بیان کیا ہے کہ وہ الفاظ جن سے طلاق مراد لی گئی ہو، یعنی ان میں دوسرے معنی کے ساتھ طلاق کا مفہوم بھی ہو وہ سب کنائی الفاظ ہیں، ان میں وقوع طلاق کے لئے نیتِ طلاق ضروری ہے، ورنہ طلاق نہیں ہوگی۔ اور وہ چار الفاظ یہ ہیں:

۱- **فَارَقْتُكِ**: شوہر نے بیوی سے کہا: میں تجھ سے علاحدہ ہوگیا، میں نے تجھے خیر باد کہہ دیا۔ **فارقه مفارقة وفِراقا**: علاحدہ ہونا، جدا ہونا۔

۲- **سَرَّحْتُكِ**: شوہر نے بیوی سے کہا: میں نے تجھے چھوڑ دیا، میں نے تجھے بھیج دیا، میں نے تجھے روانہ کر دیا۔

۳- **الْخَلِيَّة**: چھوڑی ہوئی، آزاد اونٹنی جو جہاں چاہے چرے، بے شوہر عورت **خَلاَ الْمكانُ**: خالی ہونا۔

۴- **البَرِيَّة**: تراشی ہوئی، چھیلی ہوئی، **بَرىٰ يَبْرِىْ بَرْيًا، فهو بَرِيّ وهى بَرِيَّة**۔

شواہد:

پھر پہلے لفظوں (**فارقتك** اور **سرحتك**) کے شواہد پیش کئے ہیں کہ ان میں دونوں معنی کا احتمال ہے:

۱- سورۃ الاحزاب آیت ۴۹ میں ہے: ﴿وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلاً﴾: اور خوبی کے ساتھ ان کو رخصت کر دو، یہاں صرف روانہ کرنے کے معنی ہیں، کیونکہ طلاق کا ذکر پہلے آچکا ہے: ﴿ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوْهُنَّ﴾

۲- سورۃ الاحزاب آیت ۲۸ میں ہے: ﴿وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلاً﴾: اور تم کو خوبی کے ساتھ رخصت کر دوں، یہاں طلاق کے معنی ہیں، کیونکہ پہلے طلاق کا ذکر نہیں آیا۔

۳- سورۃ البقرۃ آیت ۲۲۹ میں ہے: ﴿الطَّلاَقُ مَرَّتَانِ، فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ بِإِحْسَانٍ﴾: رجعی طلاق دو مرتبہ کی ہے، پھر قاعدہ کے موافق رکھ لینا ہے یا خوش عنوانی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے یعنی عدت گذرنے دینا ہے اور بعض نے تسریح سے تیسری طلاق دینا مراد لیا ہے۔

۴- سورۃ الطلاق آیت ۲ میں ہے: ﴿فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ﴾: پھر جب مطلقہ عورتیں اپنی عدت گذرنے کے قریب پہنچ جائیں تو تم ان کو قاعدہ کے موافق نکاح میں رہنے دو یعنی رجعت کر لو یا قاعدہ کے موافق ان کو رہائی دو یعنی عدت گذر جانے دو یا آخری طلاق دیدو، دونوں معنی کا احتمال ہے۔

۵- نبی ﷺ نے جوازواج کواختیار دیا تھا تو صدیقہؓ سے فرمایا تھا: ''تم فیصلہ کرنے میں جلدی مت کرنا، اپنے والدین سے مشورہ کرکے فیصلہ کرنا'' صدیقہؓ فرماتی ہیں: آپؐ نے یہ بات اس لئے فرمائی تھی کہ آپؐ کو یقین تھا کہ میرے والدین مجھے نبی ﷺ سے جدا ہونے کا مشورہ نہیں دیں گے، یہاں فراق بمعنی طلاق ہے۔

[٦-] بَابٌ: إِذَاقَالَ: فَارَقْتُكِ، أَوْ سَرَّحْتُكِ، أَوِ الْخَلِيَّةُ، أَوِ الْبَرِيَّةُ، أَوْ مَا عُنِيَ بِهِ الطَّلَاقُ، فَهُوَ عَلٰى نِيَّتِهِ

[١-] وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًاجَمِيْلاً﴾[الأحزاب: ٤٩]

[٢-] وَقَالَ: ﴿وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلاً﴾[الأحزاب:٢٨]

[٣-] وَقَالَ: ﴿فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْتَسْرِيْحٌ بِإِحْسَانٍ﴾[البقرة: ٢٢٩]

[٤-] وَقَالَ: ﴿أَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ﴾[الطلاق:٢]

[٥-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: قَدْ عَلِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُوْنَا يَأْمُرَانِّيْ بِفِرَاقِهِ.

بَابُ مَنْ قَالَ لِامْرَأَتِهِ: أَنْتِ عَلَيَّ حَرَامٌ

أنتِ عليَّ حرامٌ کلمۂ طلاق ہے

اگر کوئی بیوی سے کہے: أنتِ عليَّ حرامٌ تو کیا حکم ہے؟ اس میں بہت اختلاف ہے، مفسر قرطبی نے اٹھارہ اقوال ذکر کئے ہیں، اوروں نے اور بھی اقوال ذکر کئے ہیں (فتح) حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: شوہر کی نیت کا اعتبار ہے، اگر ظہار کی نیت سے ظہار ہوگا، طلاق کی نیت سے طلاق ہوگی، اور قسم کی نیت سے قسم ہوگی۔ اور احناف اور امام بخاریؒ کے نزدیک یہ کلمۂ طلاق ہے، کیونکہ ظہار میں بیوی حرام نہیں ہوتی، مگر چونکہ شوہر نے جھوٹ بات کہی ہے اس لئے گناہ ہوا، پس کفارہ دے پھر مقاربت کرے ﴿إِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا﴾ —— اسی طرح اگر حلال کو حرام کیا جائے تو وہ حرام نہیں ہوتا، نبی ﷺ نے شہد کو حرام کیا تھا: وہ حرام نہیں ہوا تھا، مگر اب شہد استعمال کرے گا تو کفارہ دے گا، اسی طرح حرام کو حلال کرنے سے بھی حرام حرام ہی رہتا ہے، اور کفارہ لازم ہوتا ہے —— اور مذکورہ جملہ جو شوہر نے بیوی سے کہا ہے تو اس نے واقعی بیوی کو حرام کیا ہے، اور عورت نکاح سے حلال ہوتی ہے اور طلاق بائن سے حرام ہوتی ہے، پس یہ جملہ طلاق کے لئے متعین ہے۔

پھر یہ بحث ہوئی کہ یہ صریح طلاق ہے یا کنائی؟ پس جاننا چاہئے کہ لفظ طلاق بھی کنائی لفظ ہے، حافظ صاحب نے ایک واقعہ لکھا ہے: ایک عورت شوہر سے نجات حاصل کرنا چاہتی تھی، شوہر نہیں چھوڑتا تھا، اس نے شوہر سے کہا: مجھے تشبیہ

دے، شوہر نے کہا: تو ہرنی ہے! اس نے کہا: نہیں (یہ تشبیہ مجھے پسند نہیں) شوہر نے کہا: تو گویا کبوتری ہے، عورت نے کہا: نہیں، میں اس وقت راضی ہونگی جب تو خَلِیَّة طالق کہے، شوہر نے کہہ دیا، عورت نے کہا: مجھے طلاق ہوگئی، شوہر نے کہا: میری طلاق کی نیت نہیں تھی، عورت نے کہا: صریح لفظ میں نیت کی حاجت نہیں، یہ نزاع حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، آپؓ نے فرمایا: خذ بیدها فهی امرأتك: لے جا، یہ تیری بیوی ہے (طلاق نہیں ہوئی) کیونکہ خلیة کے معنی ہیں: ناقة خلیة: عقال سے چھوڑی ہوئی اونٹنی، اور یہی معنی طالق کے ہیں (فتح) غرض لفظ طلاق بھی ازالۂ ملکِ نکاح کے لئے کنائی لفظ ہے، اس کو صریح بنایا ہے عرف واستعمال نے، یہی حال لفظ حرام کا ہے، وہ بھی طلاق کے معنی کے لئے خاص ہوگیا ہے، اس لئے صریح ہے اور بغیر نیت کے طلاق واقع ہوگی، پس اگر شوہر ایک (فرد حقیقی) کی نیت کرے تو ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی، اور تین (فرد حکمی) کی نیت کرے تو تین طلاقیں واقع ہونگی، اور اگر دو کی نیت کرے تو ایک ہی طلاق ہوگی، کیونکہ دو عدد ہے طلاق کا فرد نہیں، اس لئے اقل پر محمول ہوگی۔

پھر شامی میں یہ بحث ہے کہ رجعی طلاق واقع ہوگی یا بائن؟ صریح لفظ سے رجعی طلاق واقع ہوتی ہے، لیکن اگر صریح لفظ کی صفت لاکر طلاق کو بھاری کردیا جائے تو بائن طلاق واقع ہوتی ہے، اور لفظ حرام میں شدت ہے، پس اس کے مقتضی کو بروئے کار لانے کے لئے بائن طلاق واقع ہوگی۔

[۷-] بَابُ مَنْ قَالَ لِامْرَأَتِهِ: أَنْتِ عَلَيَّ حَرَامٌ

قَالَ الْحَسَنُ: نِيَّتُهُ.

وَقَالَ أَهْلُ الْعِلْمِ: إِذَا طَلَّقَ ثَلاَثًا فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْهِ. فَسَمَّوْهُ حَرَامًا بِالطَّلاَقِ وَالْفِرَاقِ، وَلَيْسَ هٰذَا كَالَّذِيْ يُحَرِّمُ الطَّعَامَ، لِأَنَّهُ لاَيُقَالُ لِطَعَامِ الْحِلِّ: حَرَامٌ، وَيُقَالُ لِلْمُطَلَّقَةِ: حَرَامٌ، وَقَالَ فِي الطَّلاَقِ ثَلاَثٌ: لاَتَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ.

[٥٢٦٤-] وَقَالَ اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا سُئِلَ عَمَّنْ طَلَّقَ ثَلاَثًا قَالَ: لَوْ طَلَّقْتَ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ، فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَنِيْ بِهٰذَا، فَإِنْ طَلَّقَهَا ثَلاَثًا حَرُمَتْ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ.

[راجع: ٤٩٠٨]

ترجمہ مع وضاحت: جس نے اپنی بیوی سے کہا: أنتِ علیَّ حرام: تو مجھ پر حرام ہے: تو کیا حکم ہے؟ حضرت حسنؒ نے فرمایا: اس کی نیت ہے اور اہل علم نے کہا (یہ حضرت حسنؒ پر رد ہے): جب کوئی تین طلاقیں دے تو بیوی شوہر پر حرام ہوجاتی ہے، پس نام رکھا علماء نے جدائی کا حرام طلاق اور فراق کی وجہ سے یعنی طلاق سے عورت حرام ہوتی ہے، اور نہیں ہے یہ شوہر اس شخص کی طرح جو کھانے کی چیز کو حرام کرتا ہے، اس لئے کہ حلال کھانے کو حرام نہیں کیا جاسکتا یعنی حلال کو حرام کرنے

سے بھی وہ حرام نہیں ہوتا، اور مطلقہ کو حرام کیا جاتا ہے یعنی وہ حرام ہوجاتی ہے (ابن عمرؓ نے) تین طلاقوں کے بارے میں فرمایا ہے: ''وہ اس کے لئے حلال نہیں رہتی یہاں تک کہ وہ کسی اور شوہر سے نکاح کرے (پھر معلق روایت لائے ہیں کہ) جب ابن عمرؓ پوچھے جاتے اس شخص کے بارے میں جو بیوی کو تین طلاقیں دیتا ہے (کہ وہ رجعت کرسکتا ہے یا نہیں؟ تو) فرمایا: اگر تو ایک مرتبہ یا دومرتبہ طلاق دیتا (تو رجعت کرسکتا تھا) کیونکہ نبی ﷺ نے مجھے رجعت کا حکم دیا تھا، مگر جب تو نے تین طلاقیں دیدیں تو اب عورت تجھ پر حرام ہوگئی یہاں تک کہ وہ کسی اور شوہر سے نکاح کرے۔

[٥٢٦٥-] حدثنا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَلَّقَ رَجُلٌ امْرَأَتَهُ، فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ، فَطَلَّقَهَا، وَكَانَتْ مَعَهُ مِثْلُ الْهُدْبَةِ، فَلَمْ تَصِلْ مِنْهُ إِلٰى شَيْءٍ تُرِيْدُهُ، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ طَلَّقَهَا، فَأَتَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ زَوْجِيْ طَلَّقَنِيْ، وَإِنِّيْ تَزَوَّجْتُ زَوْجًا غَيْرَهُ فَدَخَلَ بِيْ، وَلَمْ يَكُنْ مَعَهُ إِلَّا مِثْلُ الْهُدْبَةِ، فَلَمْ يَقْرَبْنِيْ إِلَّا هَنَةً وَاحِدَةً، وَلَمْ يَصِلْ مِنِّيْ إِلٰى شَيْءٍ، أَفَأَحِلُّ لِزَوْجِيَ الْأَوَّلِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَاتَحِلِّيْنَ لِزَوْجِكِ الْأَوَّلِ حَتّٰى يَذُوْقَ الْآخَرُ عُسَيْلَتَكِ، وَتَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ" [راجع: ٢٦٣٩]

ترجمہ: ایک شخص (رفاعہ قرظی) نے اپنی بیوی کو طلاق دی، پس اس نے اس کے علاوہ (عبدالرحمٰن بن الزبیرؓ) سے نکاح کیا، پس اس نے (بھی) اس کو طلاق دیدی، اور تھا اس کے پاس پھندنے کی طرح، پس نہیں پہنچی عورت شوہر سے اس چیز تک جو وہ چاہتی تھی، پس زیادہ وقت نہیں گذرا کہ اس نے اس کو طلاق دیدی، پس وہ نبی ﷺ کے پاس آئی، اور کہا: اے اللہ کے رسول! میرے شوہر نے مجھے طلاق دی، اور میں نے اس کے علاوہ سے نکاح کیا، پس وہ میرے پاس آیا، اور نہیں تھا اس کے پاس مگر پھندنے کی طرح، پس اس نے مجھ سے صحبت نہیں کی مگر بس برائے نام! اور نہیں پہنچا وہ مجھ سے کسی چیز تک، پس کیا میں پہلے شوہر کے لئے حلال ہوئی؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''نہیں حلال ہوگی تو پہلے شوہر کے لئے یہاں تک کہ چکھے دوسرا / پچھلا شوہر تیرا کچھ شہد اور چکھے تو اس کا کچھ شہد! (لاتحلین سے استدلال کیا ہے کہ وہ پہلے شوہر کے لئے حرام ہوگئی تھی)

بَابٌ: ﴿لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ؟!﴾

بیوی کو حرام کرنے سے قسم ہوگی، طلاق نہیں ہوگی (ابن عباسؓ)

یہ گذشتہ باب کا قرین (ساتھی) باب ہے، گذشتہ باب میں یہ مسئلہ آیا ہے کہ اگر شوہر بیوی سے أنتِ عليَّ حرام کہے تو طلاق ہوگی، ظہار یا یمین نہیں ہوگی، اس مسئلہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی رائے یہ ہے کہ قسم ہوگی، طلاق نہیں ہوگی، اور انھوں نے شہد حرام کرنے کے واقعہ سے استدلال کیا ہے، اس واقعہ میں شہد تو حرام نہیں ہوا تھا، البتہ قسم کا کفارہ ادا

کرنے کا حکم دیا تھا، اسی طرح بیوی حرام (مطلقہ) نہیں ہوگی، بس قسم کا کفارہ دیدے —— اس کا جواب امام بخاری رحمہ اللہ گذشتہ باب میں دے آئے ہیں کہ حلال کو حرام کرنے سے حلال حرام نہیں ہوتا، اور بیوی کو حرام کرنے سے حرام ہو جاتی ہے، پس مقیس مقیس علیہ میں واضح فرق ہے۔

[۸-] بَابٌ: ﴿لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ؟!﴾

[٥٢٦٦-] حَدَّثَنِیْ الْحَسَنُ بْنُ صَبَّاحٍ، سَمِعَ الرَّبِيْعَ بْنَ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: إِذَا حَرَّمَ امْرَأَتَهُ لَيْسَ بِشَيْئٍ وَقَالَ: ﴿لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ [الأحزاب: ۲۱] [راجع: ٤٩١١]

قولہ: سَمِعَ الربیع سے پہلے أَنَّہ پڑھتے وقت بڑھائیں گے......... إذا حرم امرأته: جب کوئی بیوی سے أنتِ علیّ حرام کہے......... لیس بشیئ: طلاق نہیں ہوگی، بلکہ قسم ہوگی، استدلال اسوۂ نبوی سے کیا ہے۔

[٥٢٦٧-] حَدَّثَنِیْ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: زَعَمَ عَطَاءٌ: أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَمْكُثُ عِنْدَ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ، وَيَشْرَبُ عِنْدَهَا عَسَلاً، فَتَوَاصَيْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ أَنَّ أَيَّتُنَا دَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَلْتَقُلْ: إِنِّیْ أَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ مَغَافِيْرَ، أَكَلْتَ مَغَافِيْرَ؟ فَدَخَلَ عَلٰى إِحْدَاهُمَا، فَقَالَتْ لَهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ: "لَابَلْ شَرِبْتُ عَسَلاً عِنْدَ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ وَلَنْ أَعُوْدَ لَهُ" فَنَزَلَتْ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ﴾ إِلٰى: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ﴾ [التحريم: ١-٤] لِعَائِشَةَ وَحَفْصَةَ، ﴿وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِیُّ إِلٰى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ﴾ [التحريم: ٣] لِقَوْلِهِ: "بَلْ شَرِبْتُ عَسَلاً" [راجع: ٤٩١٢]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْمَغَافِيْرُ شَبِيْهٌ بِالصَّمْغِ يَكُوْنُ فِی الرِّمْثِ، فِيْهِ حَلَاوَةٌ. أَغْفَرَ الرِّمْثُ: إِذَا ظَهَرَ فِيْهِ، وَاحِدُهَا مُغْفُوْرٌ، وَيُقَالُ: مَغَاثِيْرُ.

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۹: ۵۷۰) آئی ہے، وہاں وقد حلفتُ بھی ہے......... تَوَاصَی القومُ: ایک دوسرے کو وصیت/نصیحت/تلقین کرنا......... تتوبا کی ضمیر کا مرجع بتایا: لعائشة وحفصة......... وإذ أسر: جب چپکے سے کہا: اس کی تفسیر بل شربت عسلاہے، اور اس کا ضمیمہ آئندہ شہد نہ پینے کی قسم کھانا بھی ہے......... المِغفار والمغفور: کھانے کا گوند جو عرفط پودے سے نکلتا ہے جمع مغافیر......... صَمْغ: گوند......... الرِّمث: ایک ترش برّی گھاس جو شام کے جنگلات میں زیادہ ہوتی ہے، جب اس میں گوند پھوٹے تو کہیں گے: أغفر الرمث......... مغاثیر

ف کے بجائے ث سے بھی بولتے ہیں۔

[۵۲۶۸-] حدثنا فرْوَةُ بْنُ أَبِى الْمَغْرَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ الْعَسَلَ أَوْ: الْحَلْوَاءَ، وَكَانَ إِذَا انْصَرَفَ مِنَ الْعَصْرِ دَخَلَ عَلٰى نِسَائِهِ، فَيَدْنُوْ مِنْ إِحْدَاهُنَّ، فَدَخَلَ عَلٰى حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ، فَاحْتَبَسَ أَكْثَرَ مَاكَانَ يَحْتَبِسُ، فَغِرْتُ فَسَأَلْتُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقِيلَ لِىْ: أَهْدَتْ لَهَا امْرَأَةٌ مِنْ قَوْمِهَا عُكَّةً مِنْ عَسَلٍ، فَسَقَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مِنْهُ شَرْبَةً، فَقُلْتُ: أَمَا وَاللّٰهِ لَنَحْتَالَنَّ لَهُ. فَقُلْتُ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ: إِنَّـهُ سَيَدْنُوْ مِنْكِ، فَإِذَا دَنَا مِنْكِ فَقُوْلِىْ: أَكَلْتَ مَغَافِيْرَ؟ فَإِنَّـهُ سَيَقُوْلُ لَكِ: لَا، فَقُوْلِىْ لَهُ: مَا هٰذِهِ الرِّيْحُ الَّتِىْ أَجِدُ؟ فَإِنَّـهُ سَيَقُوْلُ لَكِ: سَقَتْنِىْ حَفْصَةُ شَرْبَةَ عَسَلٍ، فَقُوْلِىْ لَهُ: جَرَسَتْ نَحْلُهُ الْعُرْفُطَ. وَسَأَقُوْلُ ذٰلِكَ، وَقُوْلِىْ أَنْتِ يَا صَفِيَّةُ ذٰلِكَ.

قَالَتْ: تَقُوْلُ سَوْدَةُ: فَوَ اللّٰهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ قَامَ عَلٰى الْبَابِ، فَأَرَدْتُ أَنْ أُنَادِيَهُ بِمَا أَمَرْتِنِىْ فَرَقًا مِنْكِ، فَلَمَّا دَنَا مِنْهَا قَالَتْ لَهُ سَوْدَةُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَكَلْتَ مَغَافِيْرَ؟ قَالَ: "لَا" قَالَتْ: فَمَا هٰذِهِ الرِّيْحُ الَّتِىْ أَجِدُ مِنْكَ؟ قَالَ: "سَقَتْنِىْ حَفْصَةُ شَرْبَةَ عَسَلٍ" فَقَالَتْ: جَرَسَتْ نَحْلُهُ الْعُرْفُطَ. فَلَمَّا دَارَ إِلَيَّ قُلْتُ لَهُ نَحْوَ ذٰلِكَ، فَلَمَّا دَارَ إِلٰى صَفِيَّةَ قَالَتْ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَلَمَّا دَارَ إِلٰى حَفْصَةَ قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا أَسْقِيْكَ مِنْهُ؟ قَالَ: "لَاحَاجَةَ لِىْ فِيْهِ" قَالَتْ: تَقُوْلُ سَوْدَةُ: وَاللّٰهِ لَقَدْ حَرَمْنَاهُ. قُلْتُ لَهَا: اسْكُتِىْ. [راجع: ۴۹۱۲]

وضاحت: اس حدیث میں اور گذشتہ احادیث میں جو اختلاف ہے اس کو واقعہ کے متعلقات کا اختلاف سمجھنا چاہئے .... **عُكَّة:** کپّی، چمڑے کا گھی یا شہد بھرنے کا برتن .... **لَنَحْتَالَنَّ:** ضرور تدبیر کریں گے ہم، مقصد برآری کے لئے ضرور ماہرانہ تدبیر کریں گے ہم .... **جَرَسَ النحلُ:** شہد کی مکھیوں کا پودے کی کلیوں کو چاٹنا، رس چوسنا .... **فأردت:** پس ارادہ کیا میں نے کہ پکار کر پوچھوں میں آپؐ سے وہ بات جس کا تم نے مجھے حکم دیا تھا، تمہارے ڈر کی وجہ سے .... **اسْكتي:** چپکی رہ! کوئی سن نہ لے، دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔

بَابٌ: لَاطَلَاقَ قَبْلَ النِّكَاحِ

نکاح سے پہلے طلاق نہیں

ترمذی میں حدیث (۱۱۶۵) ہے: لاطلاق له فيما لايملك: آدمی جس عورت کا مالک نہیں اس کی طلاق نہیں، یہ حدیث عمرو بن شعیب، عن ابیہ، عن جدہ کی سند سے مروی ہے، اور اس سند کی روایات شیخین صحیحین میں نہیں لاتے۔ اور مسئلہ

اتفاقی ہے کہ اجنبیہ کو کوئی طلاق دے تو وہ لغو ہے، اور اگر کوئی ملک وتزوج کے ساتھ معلق کرے تو بھی امام شافعی، امام احمد اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک لغو ہے، ان کے نزدیک تنجیز (فوری) اور تعلیق (آویزاں) کا ایک حکم ہے، حدیث دونوں کو شامل ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک حدیث تنجیز کے ساتھ خاص ہے، تعلیق اس حدیث کا مصداق نہیں، وہ فرماتے ہیں: اگر شرط وجزاء کے درمیان مناسبت ہے یعنی طلاق کی ملک وتزوج کی طرف نسبت کی گئی ہے تو تعلیق معتبر ہے، ورنہ نہیں (تفصیل تحفۃ الالمعی ۴: ۰۷ میں ہے)

آیت کریمہ: امام بخاری رحمہ اللہ نے سب سے پہلے سورۃ الاحزاب کی آیت ۴۹ لکھی ہے: ''اے ایمان والو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو، پھر تم ان کو ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دیدو، تو تمہارے لئے ان پر کوئی عدت نہیں جس کو تم شمار کرنے لگو، پس تم ان کو مال ومتاع دیدو، اور خوبی کے ساتھ ان کو رخصت کردو''

استدلال: آیت میں نکاح کے بعد طلاق کا ذکر ہے، پس نکاح سے پہلے طلاق نہیں، منجز نہ معلق، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہی فرمایا ہے کہ اللہ نے طلاق کو نکاح کے بعد گردانا ہے ــــ حاشیہ میں ابن التین اور ابن المنیر نے اس استدلال پر اعتراض کیا ہے کہ یہ آیت صرف طلاق منجز کے بارے میں ہے، تعلیق میں تو نکاح کے بعد طلاق واقع ہوتی ہے، جب کہا: إن تزوجتُ فلانةً فهي طالق تو نکاح کے بعد طلاق پڑے گی، موطا مالک (ص: ۲۰۳) میں روایت ہے، ایک شخص نے ظہار کو نکاح پر معلق کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر وہ اس عورت سے نکاح کرے تو پہلے ظہار کا کفارہ دے پھر صحبت کرے، پس جب ظہار کی تعلیق صحیح ہے تو طلاق کی بھی صحیح ہے ــــ پھر حضرت امام بخاریؒ نے ۲۳ اکابرین کے نام لکھے ہیں کہ ان سب حضرات کے نزدیک نکاح سے پہلے طلاق باطل ہے، ان میں اول حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں، اور عمرو بن ہرمؒ تبع تابعی ہیں باقی سب تابعین ہیں، اور تابعین کے اجتہادات مجتہدین پر حجت نہیں ہوتے، اور حضرت علیؓ کا قول حضرت عمرؓ والے ظہار کے واقعہ سے متعارض ہے، پھر یُروی (فعل مجہول) استعمال کرکے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے، علاوہ ازیں: اس کی وضاحت نہیں کی کہ ان حضرات کی رائیں منجز ومعلق دونوں طلاقوں کے بارے میں تھیں یا صرف منجز کے بارے میں؟ منجز میں تو کوئی اختلاف نہیں۔

[۹-] بَابٌ: لَا طَلَاقَ قَبْلَ النِّكَاحِ

وَقَوْلُ اللهِ تَعَالَى: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا، فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا﴾

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: جَعَلَ اللهُ الطَّلَاقَ بَعْدَ النِّكَاحِ.

وَيُرْوَى فِي ذٰلِكَ عَنْ عَلِيٍّ، وَسَعِيْدِ الْمُسَيَّبِ، وَعُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَأَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعُبَيْدِاللهِ بْنِ

عَبْدِ اللّٰهِ بْنَ عُتْبَةَ، وَأَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، وَعَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، وَشُرَيْحٍ، وَسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، وَالْقَاسِمِ، وَسَالِمٍ، وَطَاوُسٍ، وَالْحَسَنِ، وَعِكْرِمَةَ، وَعَطَاءٍ، وَعَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، وَجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، وَنَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، وَمُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ، وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، وَمُجَاهِدٍ، وَالْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَمْرِو بْنِ هَرِمٍ، وَالشَّعْبِيِّ أَنَّهَا لَاتَطْلُقُ.

بَابٌ: إِذَا قَالَ لِامْرَأَتِهِ وَهُوَ مُكْرَهٌ: هٰذِهِ أُخْتِيْ: فَلَا شَيْئَ عَلَيْهِ

کسی مجبوری میں بیوی کو بہن کہا تو نکاح پر کچھ اثر نہیں پڑا

بیوی کو ابا، امی یا بہن کہنا 'اوپرا' ہے (عرب میں بیوی کو أبو یٰ کہہ کر خطاب کرتے ہیں) لیکن اگر کسی مجبوری میں بہن وغیرہ کہے تو اس سے نکاح متأثر نہیں ہوتا، کیونکہ یہ نہ طلاق کے الفاظ ہیں نہ ظہار کے، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جابر بادشاہ کے سامنے حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو 'بہن' کہا تھا۔ اور نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑا تھا۔

[۱۰-] بَابٌ: إِذَا قَالَ لِامْرَأَتِهِ وَهُوَ مُكْرَهٌ: هٰذِهِ أُخْتِيْ: فَلَا شَيْئَ عَلَيْهِ

قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " قَالَ إِبْرَاهِيْمُ لِسَارَةَ: هٰذِهِ أُخْتِيْ، وَذٰلِكَ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ.

بَابُ الطَّلَاقِ فِي الإِغْلَاقِ وَالْكُرْهِ، وَالسَّكْرَانِ وَالْمَجْنُوْنِ وَأَمْرِهِمَا، وَالْغَلَطِ وَالنِّسْيَانِ فِي الطَّلَاقِ، وَالشَّكِّ وَغَيْرِهِ

(۱) مکرہ کی طلاق (۲) مدہوش اور مجنون کا معاملہ (۳) طلاق میں غلطی اور بھول (۴) طلاق میں شک وغیرہ

یہ لمبا اور الجھا ہوا باب ہے، اس باب میں چار باتیں بیان کی ہیں:

۱- مکرہ کی طلاق:

طلاقِ مکرہ میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک اس کی طلاق واقع نہیں ہوتی، اور احناف کے نزدیک واقع ہوجاتی ہے، کیونکہ اس میں رضامندی کا پہلو ہوتا ہے، مکرہ جان بچانے کے لئے طلاق دیتا ہے۔

۲- مدہوش اور مجنون کا معاملہ:

امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک مدہوش (نشہ میں چور) اور پاگل کا معاملہ یکساں ہے، دونوں کی طلاقیں واقع نہیں ہوتیں، ائمہ اربعہ کی رائے مجنون کے سلسلہ میں یہی ہے، مگر مدہوش میں اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک سکران کی طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ سے وقوع اور عدمِ وقوع کی دونوں روایتیں ہیں (ابن بطال) امام طحاوی رحمہ اللہ کے نزدیک بھی سکران کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔

۳-طلاق میں غلطی اور بھول:

امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک طلاق میں غلطی یا بھول ہو جائے تو طلاق واقع نہیں ہوتی، یہی امام شافعی رحمہ اللہ کا ایک قول ہے، اور امام مالک اور امام ابو حنیفہ رحمہما اللہ کے نزدیک صریح لفظ منہ سے نکل گیا تو طلاق واقع ہو جائے گی۔

۴-طلاق میں شک وغیرہ:

وہمی جس کو طلاق میں شک ہو کہ دی یا نہیں دی؟ اس کی طلاق بالا جماع واقع نہیں ہو گی ——— اور وغیرہ سے مراد کنایات اور تعلیقات ہیں، باب میں ان کا بیان بھی ہے۔

اور باب کی روایات میں کوئی ترتیب نہیں، اس لئے ان کی شرح روایات ذکر کرنے کے بعد کی جائے گی۔

[۱۱-] بَابُ الطَّلَاقِ فِي الإِغْلَاقِ وَالْكُرْهِ، وَالسَّكْرَانِ وَالْمَجْنُوْنِ وَأَمْرِهِمَا، وَالْغَلَطِ وَالنِّسْيَانِ فِي الطَّلَاقِ، وَالشَّكِّ وَغَيْرِهِ

ترجمہ: لاک (بند) کرنے اور زبردستی کرنے میں طلاق کا بیان ——— اور مدہوش (بدمست، متوالا) اور مجنون (پاگل) اور دونوں کا معاملہ ——— اور طلاق میں غلطی اور بھول کا بیان ——— اور شک (وہم) اور اس کے علاوہ (تعلیقات وکنایات) کا بیان۔

وضاحت: إغلاق: مصدر ہے، أَغْلَقَ فلانا على شيئ: کسی سے زبردستی کوئی کام کرانا، غَلَقَ الباب: دروازہ لاک کرنا ——— اور کُرْہ بھی مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: ناپسند کرنا (أحب کی ضد) ——— چونکہ اغلاق کے معنی غضب (غصہ) کے بھی کئے گئے ہیں اس لئے عطف تفسیری لا کر اغلاق کے معنی متعین کئے ——— السَّکران کا عطف الطلاق پر ہے أي باب السکران والمجنون وأمرهما یعنی دونوں کا معاملہ یکساں ہے ——— اور الشك: ہمارے نسخہ میں الشرك ہے، اور گیلری میں الشك ہے، اور یہی صحیح ہے، کیونکہ باب میں شرک کا کوئی تذکرہ نہیں، موسوس (شکی) کا تذکرہ ہے ——— اور غیرہ سے مراد کنایات وتعلیقات ہیں، اور ضمیر کا مرجع الشك ہے۔

[۱-] لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَلِكُلِّ امْرِءٍ مَا نَوَى"

[۲-] وَتَلَا الشَّعْبِيُّ: ﴿لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَّسِيْنَا أَوْ أَخْطَأْنَا﴾ [البقرة: ۲۸۶]

[۳-] وَمَا لَايَجُوْزُ مَنْ إِقْرَارِ الْمُوَسْوَسِ.

[۴-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِلَّذِيْ أَقَرَّ عَلَى نَفْسِهِ: "أَبِكَ جُنُوْنٌ؟"

۱-حدیث: اعمال کا نیت سے موازنہ کیا ہوا ہے، اور ہر انسان کے لئے وہ ہے جس کی اس نے نیت کی ہے۔

استدلال: باب کی سبھی باتوں پر حدیث سے استدلال کیا ہے، سب صورتوں میں طلاق کی نیت نہیں ہوتی، اس لئے طلاق واقع نہ ہوگی۔

غور طلب: حدیث کے تحت بالا جماع عبادات مقصودہ آتی ہیں، اور عبادات غیر مقصودہ ـــ وضوء اور غسل ـــ حدیث کے تحت آتی ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک آتی ہیں، اس لئے ان میں بھی نیت ضروری ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نہیں آتیں، اس لئے بے نیت بھی صحیح ہیں۔ اور طلاق تو ایک معاملہ ہے وہ حدیث کے تحت کیسے آئے گی؟

۲- عامر شعبی رحمہ اللہ نے تلاوت کی: ''ہم پر دارو گیر نہ فرمائیں اگر ہم بھولیں یا چوکیں!''

استدلال: باب کے تیسرے جزء پر استدلال کیا ہے کہ طلاق میں بھول چوک یا غلطی ہو جائے تو طلاق واقع نہ ہوگی۔

غور طلب: دارو گیر نہ کرنے کا مطلب ہے: گناہ معاف کرنا، طلاق سے درگذر کرنا اس کے معنی نہیں ہیں، بچہ بچے کو ذبح کر دے تو گناہ نہیں ہوگا، کیونکہ بچہ غیر مکلّف ہے، لیکن نتیجہ تو مرتب ہوگا، بچہ مر جائے گا، اسی طرح بھول چوک کر یا غلطی سے طلاق دینے میں گناہ نہ ہوگا، مگر نتیجہ تو مرتب ہوگا، طلاق واقع ہو جائے گی۔

۳- موسوس (شکی اور وہمی آدمی) کا اقرار درست نہیں (پس اس کی طلاق بھی درست نہیں) باب کے چوتھے جزء پر استدلال کیا ہے۔

غور طلب: اقرار از قبیل معاملات ہے، جس میں ہزل (غیر سنجیدگی) مؤثر ہوتا ہے، اور طلاق از قبیل ایمان ہے، جس میں ہزل مؤثر نہیں ہوتا، پس اگر شکی مزاج آدمی طلاق دے تو واقع ہوگی، وہ پاگل (مفقود العقل) نہیں ہے۔

۴- پاگل کی طلاق واقع نہیں ہوگی، وہ مفقود العقل ہونے کی وجہ سے مکلّف نہیں، اسی طرح اس کا اقرار بھی معتبر نہیں، نبی ﷺ نے ماعزؓ سے پوچھا تھا: تو پاگل تو نہیں؟! معلوم ہوا کہ اگر وہ پاگل ہوتے تو ان کا اقرار زنا معتبر نہ ہوتا۔

[٥-] وَقَالَ عَلِيٌّ: بَقَرَ حَمْزَةُ خَوَاصِرَ شَارِفَيَّ، فَطَفِقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَلُوْمُ حَمْزَةَ، فَإِذَا حَمْزَةُ قَدْ ثَمِلَ مُحْمَرَّةٌ عَيْنَاهُ، ثُمَّ قَالَ حَمْزَةُ: وَهَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيْدٌ لِأَبِيْ، فَعَرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنَّـهُ قَدْ ثَمِلَ فَخَرَجَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ.

[٦-] وَقَالَ عُثْمَانُ: لَيْسَ لِمَجْنُوْنٍ وَلَا لِسَكْرَانَ طَلَاقٌ.

[٧-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: طَلَاقُ السَّكْرَانِ وَالْمُسْتَكْرَهِ لَيْسَ بِجَائِزٍ.

[٨-] وَقَالَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ: لَايَجُوْزُ طَلَاقُ الْمُوَسْوِسِ.

۵- اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حمزہؓ نے میری دو جوان اونٹنیوں کی کوکھیں پھاڑ دیں، پس نبی ﷺ حمزہؓ کو

ملامت کرنے لگے، پس اچانک حمزہؓ نشہ میں چور تھے، ان کی دونوں آنکھیں سرخ ہورہی تھیں، پس حمزہؓ نے کہا: ''نہیں ہو تم مگر میرے باپ کے غلام!'' پس نبی ﷺ سمجھ گئے کہ وہ نشہ میں چور ہیں، پس آپؐ نکل آئے اور ہم بھی آپؐ کے ساتھ نکل آئے یہ واقعہ پہلے (تحفۃ القاری ۸۶:۸) گذرا ہے —— اس سے استدلال یہ کیا ہے کہ مدہوش معذور ہے، حضرت حمزہؓ نے جو گستاخانہ بات کہی تھی اس سے ان کے ایمان پر کوئی اثر نہیں پڑا، پس نشہ کی حالت میں طلاق وغیرہ صادر ہوں تو ان کا بھی کوئی اعتبار نہیں —— لیکن یہ واقعہ شراب کی حرمت سے پہلے کا ہے، اور آج بھی اگر کوئی مباح چیز کھائے پیئے اور نشہ چڑھ جائے اور نشہ میں طلاق دے تو طلاق واقع نہیں ہوگی، درمختار میں ہے: **لو زال عقله بالصداع أو بمباح لم يقع۔**

۶- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی طلاق نہیں پاگل کی اور نہ مدہوش کی۔

۷- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مدہوش اور زبردستی کیے ہوئے کی طلاق نافذ نہیں۔

۸- عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہمی (شکی) کی طلاق جائز نہیں۔

ملحوظہ: مجنون میں سلف میں کوئی اختلاف نہیں تھا، اور سکران اور مکرہ میں اختلاف تھا، اور وہمی کی طلاق چاروں ائمہ کے نزدیک واقع ہوجاتی ہے، البتہ اگر وہ طلاق کی خبر دے اور کبھی کچھ کہے اور کبھی کچھ کہے تو اس کا اعتبار نہیں، **لأن اليقين (النكاح) لايزول بالشك۔**

[۹-] وَقَالَ عَطَاءٌ: إِذَا بَدَأَ بِالطَّلَاقِ فَلَهُ شَرْطُهُ.

[۱۰-] وَقَالَ نَافِعٌ: طَلَّقَ رَجُلٌ امْرَأَتَهُ الْبَتَّةَ إِنْ خَرَجَتْ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: إِنْ خَرَجَتْ فَقَدْ بُتَّتْ مِنْهُ، وَإِنْ لَمْ تَخْرُجْ فَلَيْسَ بِشَيْئٍ.

[۱۱-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ- فِيمَنْ قَالَ: إِنْ لَمْ أَفْعَلْ كَذَا وَكَذَا فَامْرَأَتِي طَالِقٌ ثَلاَ ثًا -: يُسْئَلُ عَمَّا قَالَ وَعَقَدَ عَلَيْهِ قَلْبُهُ، حِيْنَ حَلَفَ بِتِلْكَ الْيَمِيْنِ، فَإِنْ سَمَّى أَجَلاً أَرَادَهُ وَعَقَدَ عَلَيْهِ قَلْبُهُ حِيْنَ حَلَفَ، جُعِلَ ذٰلِكَ فِي دِيْنِهِ وَأَمَانَتِهِ.

تعلیقات کا بیان:

۹- اگر کسی نے بیوی کی طلاق کو حرفِ شرط کے ساتھ معلق کیا تو خواہ حرفِ شرط پہلے لائے یا بعد میں: دونوں صورتوں میں تعلیق صحیح ہے، عطاء ابن ابی رباح رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر طلاق سے شروع کرے یعنی حرفِ شرط بعد میں لائے اور کہے: **أنت طالق إن دخلت الدار**: تو اس کے لئے اس کی شرط ہے یعنی تعلیق صحیح ہے (اور شرط مقدم کرے تو بہ درجۂ اولیٰ صحیح ہے) یہ قول پہلے (تحفۃ القاری ۱۱۵:۶) آیا ہے۔

۱۰- نافع رحمہ اللہ نے کہا: ایک شخص نے اپنی بیوی کو قطعی (پکی) طلاق دی اگر وہ نکلی یعنی گھر سے نکلنے پر طلاق بائن معلق

کی تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر وہ نکلی تو بالیقین شوہر سے جدا کر دی گئی، اور نہیں نکلی تو کوئی چیز نہیں یعنی تعلیق صحیح ہے، شرط پائی جائے گی تو طلاق واقع ہو جائے گی۔

۱۱- امام زہری رحمہ اللہ نے کہا —— اس شخص کے بارے میں جس نے کہا: اگر میں یہ اور یہ کام نہ کروں تو میری بیوی کو تین طلاقیں —— (امام زہریؒ نے فرمایا:) پوچھا جائے وہ اس کی بات کے بارے میں، اور جس پر اس نے اپنے دل کو باندھا ہے جب اس نے وہ قسم کھائی تھی یعنی تعلیق کی تھی کہ اس کی نیت کیا تھی؟ پس اگر اس نے کوئی مدت مقرر کی ہے جس کا اس نے ارادہ کیا ہے اور اس پر اپنے دل کو مضبوط کیا ہے جبکہ اس نے قسم کھائی تھی تو گردانی جائے گی وہ بات اس کے دین اور اس کی امانت میں یعنی اگر اس کی نیت یمین فور کی تھی تو وہ نیت دیانۃً معتبر ہوگی (قضاءً معتبر نہ ہوگی)

[۱۲-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: إِنْ قَالَ: لاَ حَاجَةَ لِيْ فِيْكِ، نِيَّتُهُ، وَطَلاَقُ كُلِّ قَوْمٍ بِلِسَانِهِمْ.

[۱۳-] وَقَالَ قَتَادَةُ: إِذَا قَالَ: إِذَا حَمَلْتِ فَأَنْتِ طَالِقٌ ثَلاَ ثًا، يَغْشَاهَا عِنْدَ كُلِّ طُهْرٍ مَرَّةً، فَإِنِ اسْتَبَانَ حَمْلُهَا فَقَدْ بَانَتْ.

[۱٤-] وَقَالَ الْحَسَنُ: إِذَا قَالَ: الْحَقِيْ بِأَهْلِكِ: نِيَّتُهُ.

[۱٥-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الطَّلاَقُ عَنْ وَطَرٍ، وَالْعَتَاقُ مَا أُرِيْدَ بِهِ وَجْهُ اللّٰهِ.

[۱٦-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: إِنْ قَالَ: مَا أَنْتِ بِامْرَأَتِيْ: نِيَّتُهُ، وَإِنْ نَوَى طَلاَقًا فَهُوَ مَا نَوَى.

کنایات وغیرہ کا بیان:

۱۲- ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے کہا: اگر شوہر نے کہا: ''کچھ ضرورت نہیں میری تیرے اندر'' تو اس کی نیت ہے یعنی یہ طلاق کا کنائی لفظ ہے (اور دوسری بات یہ فرمائی کہ) ہر قوم کی طلاق اس کی زبان میں ہے یعنی طلاق میں عرف کا اعتبار ہے کہ کونسے الفاظ صریح ہیں اور کونسے کنائی۔

۱۳- اور قتادہؒ نے کہا: جب شوہر نے کہا: جب تو حاملہ (پُر امید) ہو جائے تو تجھے تین طلاقیں (یہ تعلیق ہے، پس) صحبت کرے وہ اس سے ہر پاکی کے وقت ایک مرتبہ، پس اگر اس کا حمل واضح ہو جائے تو یقیناً وہ بائنہ ہوگئی (کیونکہ شرط پائی گئی)

۱۴- اور حسن بصری رحمہ اللہ نے کہا: جب شوہر نے کہا: تو اپنے میکے چلی جا: تو اس کی نیت ہے یعنی یہ کنائی لفظ ہے۔

۱۵- اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: طلاق حاجت سے ہے یعنی وہ ایک معاشرتی ضرورت ہے، پس بے ضرورت طلاق نہیں دینی چاہئے اور آزاد کرنا وہ ہے جس سے اللہ کی خوشنودی چاہی گئی ہے یعنی اعتاق عبادت ہے (یہ حضرت نے ازالۂ ملک نکاح اور ازالۂ ملک رقبہ میں فرق بیان کیا)

۱٦- اور امام زہری رحمہ اللہ نے کہا: اگر شوہر نے کہا: تو میری بیوی نہیں! تو اس کی نیت ہے اور اگر اس نے طلاق کی نیت

کی ہے تو وہ ہے جو اس نے نیت کی ہے یعنی طلاق ہوگی، کیونکہ یہ بھی کنائی لفظ ہے۔

[۱۷-] وَقَالَ عَلِيٌّ: أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ الْقَلَمَ رُفِعَ عَنْ ثَلَاثٍ: عَنِ الْمَجْنُوْنِ حَتّٰى يُفِيْقَ، وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يُدْرِكَ، وَعَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ.

[۱۸-] وَقَالَ عَلِيٌّ: وَكُلُّ الطَّلَاقِ جَائِزٌ إِلَّا طَلَاقَ الْمَعْتُوْهِ.

[۵۲۶۹-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِيْ مَا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسُهَا مَالَمْ تَعْمَلْ أَوْ تَكَلَّمْ" [راجع: ۲۵۲۸]

قَالَ قَتَادَةُ: إِذَا طَلَّقَ فِيْ نَفْسِهِ فَلَيْسَ بِشَيْئٍ.

۱۷- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک پاگل عورت لائی گئی جو زنا سے حاملہ تھی، حضرت عمرؓ نے اس کو سنگسار کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ کو معلوم نہیں کہ قلم تین شخصوں سے اٹھادیا گیا ہے: پاگل سے یہاں تک کہ اسے افاقہ ہوجائے، اور بچہ سے یہاں تک کہ وہ بالغ ہوجائے اور سونے والے سے یہاں تک کہ وہ بیدار ہوجائے —— پس مجنون کی طلاق واقع نہیں ہوگی، اور اس پر اجماع ہے۔

۱۸- حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہر طلاق نافذ ہے مگر کم عقل کی طلاق (نافذ نہیں) —— معتوہ: کے لغوی معنی ہیں: آفت زدہ، کم عقل، مگر مراد مکمل پاگل ہے، ترمذی (حدیث ۱۱۷۶) میں حدیث مرفوع ہے: كل طلاق جائز إلا طلاقَ المعتوہ المغلوب علی عقله: ہر طلاق نافذ ہے سوائے معتوہ کی طلاق کے جس کی عقل ختم ہوگئی ہو (عطف بیان اس لئے لائے ہیں کہ معتوہ سے کامل پاگل مراد ہے)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "بے شک اللہ تعالیٰ نے درگذر کیا ہے میری امت سے ان باتوں سے جن کے ساتھ ان کے دل (ان سے) باتیں کرتے ہیں: جب تک وہ عمل نہ کرے یا منہ سے نہ بولے —— چنانچہ قتادہ رحمہ اللہ (راوی) نے کہا: جب کسی نے اپنے دل میں طلاق دی تو وہ کچھ نہیں! (طلاق کے لئے تلفظ ضروری ہے)

[۵۲۷۰-] حدثنا أَصْبَغُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْسَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَسْلَمَ أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ زَنٰى، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، فَتَنَحّٰى لِشِقِّهِ الَّذِيْ أَعْرَضَ، فَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ، فَدَعَاهُ، فَقَالَ: "هَلْ بِكَ جُنُوْنٌ؟ هَلْ أُحْصِنْتَ؟" قَالَ: نَعَمْ. فَأَمَرَ بِهِ أَنْ يُرْجَمَ بِالْمُصَلّٰى، فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ جَمَزَ حَتّٰى أُدْرِكَ بِالْحَرَّةِ فَقُتِلَ. [أطرافه: ۵۲۷۲، ۶۸۱۴، ۶۸۱۶، ۶۸۲۰، ۶۸۲۶، ۷۱۶۸]

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: قبیلہ اسلم کا ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا درانحالیکہ آپؐ مسجد میں تھے، اس نے کہا: بے شک اس نے زنا کیا ہے! پس آپؐ نے اس سے روگردانی کی، پس وہ اس گوشہ میں ہو گیا جدھر آپؐ نے رخ پھیرا تھا، پس اس نے اپنے خلاف چار گواہیاں دیں (اقرار کیا) پس آپؐ نے اس کو بلایا اور پوچھا: کیا تو پاگل تو نہیں؟ (اس نے کہا: نہیں! آپؐ نے پوچھا:) تیری شادی ہوگئی ہے؟ اس نے کہا: ہاں! پس آپؐ نے اس کے بارے میں حکم دیا کہ (عید کی) نماز پڑھنے کی جگہ میں سنگسار کیا جائے، پس جب اس کو پتھروں نے بے چین کر دیا تو وہ بھاگا، یہاں تک کہ حرّہ میں پکڑا گیا، پس وہ قتل کیا گیا۔

[۵۲۷۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، وَسَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: أَتَى رَجُلٌ مِنْ أَسْلَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ، فَنَادَاهُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الْأَخِرَ قَدْ زَنَى - يَعْنِيْ نَفْسَهُ - فَأَعْرَضَ عَنْهُ، فَتَنَحَّى لِشِقِّ وَجْهِهِ الَّذِيْ أَعْرَضَ قِبَلَهُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الْأَخِرَ قَدْ زَنَى، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، فَتَنَحَّى لِشِقِّ وَجْهِهِ الَّذِيْ أَعْرَضَ قِبَلَهُ، فَقَالَ لَهُ ذٰلِكَ، فَأَعْرَضَ، فَتَنَحَّى لَهُ الرَّابِعَةَ، فَلَمَّا شَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ دَعَاهُ، فَقَالَ: "هَلْ بِكَ جُنُوْنٌ؟" قَالَ: لَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اذْهَبُوْا بِهِ فَارْجُمُوْهُ" وَكَانَ قَدْ أُحْصِنَ. [أطرافه: ۶۸۱۵، ۶۸۲۵، ۷۱۶۷]

[۵۲۷۲-] وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ: كُنْتُ فِيْمَنْ رَجَمَهُ، فَرَجَمْنَاهُ بِالْمُصَلَّى بِالْمَدِيْنَةِ، فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ جَمَزَ حَتّٰى أَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ، فَرَجَمْنَاهُ حَتّٰى مَاتَ. [راجع: ۵۲۷۰]

وضاحت: پہلی حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی تھی، یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے، اس میں بھی حضرت ماعزؓ کا واقعہ ہے، اور وعن الزھری سے حضرت جابرؓ کی سند سے حدیث ابی ہریرۃ میں اضافہ ہے۔

لغات: الأخِر (خ کا زیر): محروم، کم نصیب، بدنصیب .... أَذْلَقَ فلانا: بے چین کرنا، پریشان کرنا ذَلِقَ فلان: بے چین و مضطرب ہونا .... جَمَزَ فلان: تیز چلنا، بھاگنا۔

بَابُ الْخُلْعِ، وَكَيْفَ الطَّلَاقُ فِيْهِ؟

خلع، اور اس میں طلاق کی نوعیت

خلع (ف) خَلْعًا (بالفتح) اتارنا (کپڑا یا جوتا وغیرہ) نکالنا، اور خَلَعَ (ف) خُلْعًا: (بالضم) مال کے عوض میں بیوی کو طلاق دینا، خلع اور طلاق علی المال حقیقت میں ایک ہیں، بس لفظوں کا فرق ہے، اگر زوجین کی گفتگو میں لفظ خلع آیا ہے تو خلع ہے، اور

لفظ طلاق آیا ہے تو طلاق علی المال ہے، اور دونوں صورتوں میں ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی، اور عورت پر مال لازم ہوگا، اور اگر دویا تین طلاقوں کا تذکرہ ہے تو حسب صراحت طلاقیں واقع ہونگی، البتہ شوافع اور ابن تیمیہ کے نزدیک خلع فسخ نکاح ہے، طلاق نہیں، اور اختلاف کا اثر دو باتوں میں ظاہر ہوگا: ایک: جمہور کے نزدیک مختلعہ کی عدت تین حیض یا تین طہر ہیں، اور فریق ثانی کے نزدیک عدت ایک حیض یا ایک طہر ہے۔ دوم: خلع کے بعد بار بار تجدید نکاح اور خلع ہوسکتا ہے اور عورت مغلظہ نہیں ہوگی، اور جمہور کے نزدیک تین طلاقوں پر خلع کرنے سے یا تین بار خلع کرنے سے عورت مغلظہ ہوجائے اور تحلیل ضروری ہوگی۔

خلع کا ذکر قرآن میں:

سورۃ البقرۃ (آیت ۲۲۹) میں ہے: ﴿وَلاَ يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوْا مِمَّا آتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا إِلَّآ أَنْ يَّخَافَا أَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللهِ، فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللهِ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهِ، تِلْكَ حُدُوْدُ اللهِ فَلاَ تَعْتَدُوْهَا وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُوْدَ اللهِ فَأُوْلٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُوْنَ﴾: اور تمہارے لئے حلال نہیں (کہ بوقت طلاق) لو تم اس میں سے کچھ بھی جو تم نے ان کو دیا ہے، مگر یہ کہ ڈریں میاں بیوی کہ وہ اللہ کے ضابطوں کو قائم نہ رکھ سکیں گے، پس اگر دونوں کو اندیشہ ہو کہ دونوں اللہ کے ضابطوں کو قائم نہ رکھ سکیں گے تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں اس مال (کے لینے دینے) میں جس کے ذریعہ عورت اپنی جان چھڑائے، یہ خدائی ضابطے ہیں، پس تم ان سے باہر مت نکلو، اور جو شخص خدائی ضابطوں سے بالکل ہی باہر نکل جائے گا تو ایسے ہی لوگ اپنا نقصان کرنے والے ہیں۔

شانِ نزول: ایک خاتون نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئی، اور عرض کیا: میں اپنے خاوند سے ناخوش ہوں، اس کے یہاں رہنا نہیں چاہتی، وہ میرے حقوق میں کوتاہی نہیں کرتا، نہ اس کے اخلاق اور دینداری پر مجھ کو کچھ اعتراض ہے، مگر وہ ٹھگنا بدصورت ہے، اس لئے مجھے اس سے طبعی نفرت ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت سے مہر واپس کرادیا اور شوہر سے طلاق دلوادی، اس پر یہ آیت اتری۔

مسئلہ: مردوں کو روا نہیں کہ عورت کو جو مہر دیا ہے بوقت طلاق اس کو واپس لینے لگیں، البتہ اگر زوجین میں موافقت نہ ہو، اور اس بات کا اندیشہ ہو کہ احکام خداوندی کی معاشرت باہمی میں پابندی نہ کرسکیں تو مال لے کر خلع کرنا جائز ہے، ورنہ مال لینا زوج کو حرام ہے۔

مسئلہ: خلع کرنے کے لئے قاضی کی اجازت ضروری نہیں، یہ زوجین کا پرائیوٹ معاملہ ہے (قالہ عمرؓ)

مسئلہ: شوہر نے عورت کو مہر میں جو زیور دیا ہے یا چڑھایا ہے وہ خلع میں واپس لیا جاسکتا ہے (قالہ عثمانؓ)

[۱۲-] بَابُ الْخُلْعِ، وَكَيْفَ الطَّلاَقُ فِيْهِ؟

[۱-] وَقَوْلِ اللهِ تَعَالٰى: ﴿وَلاَيَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوْا مِمَّا آتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿الظَّالِمُوْنَ﴾

[۲-] وَأَجَازَ عُمَرُ الْخُلْعَ دُوْنَ السُّلْطَانِ.

[٣-] وَأَجَازَ عُثْمَانُ الْخُلْعَ دُوْنَ عِقَاصِ رَأْسِهَا.
[٤-] وَقَالَ طَاوُسٌ: ﴿إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ﴾ فِيْمَا افْتَرَضَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى صَاحِبِهِ فِي الْعِشْرَةِ وَالصُّحْبَةِ، وَلَمْ يَقُلْ قَوْلَ السُّفَهَاءِ: لَايَحِلُ حَتّٰى تَقُوْلَ: لَا أَغْتَسِلُ لَكَ مِنْ جَنَابَةٍ.

۱-آیت کا ترجمہ آگیا۔

۲-اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سلطان (قاضی) کے ورے خلع کے اجازت دی۔

۳-اور حضرت عثمانؓ نے عورت کی سر کی چوٹی سے ورے خلع کی اجازت دی، یعنی کانوں کی بالیاں، ناک کا کانٹا، گلے کا ہار، ہاتھوں کی چوڑیاں اور پیروں کے پازیب وغیرہ جو زیور چڑھایا ہے یا مہر میں دیا ہے: اس کو خلع میں واپس لے سکتا ہے۔

۴-ارشادِ پاک ہے: ''مگر یہ کہ زوجین کو اندیشہ ہو کہ دونوں خدائی احکام کی پابندی نہیں کر سکیں گے'' حضرت طاؤسؒ نے فرمایا: معاشرت اور رفاقت کے سلسلہ میں زوجین میں سے ہر ایک کے دوسرے پر جو مقررہ حقوق ہیں ان کو بجا نہیں لا سکیں گے۔ اور طاؤسؒ احمقوں کی بات نہیں کہتے تھے کہ خلع جائز نہیں یہاں تک کہ عورت کہے: میں تیرے لئے جنابت کا غسل نہیں کروں گی یعنی صحبت نہیں کرنے دونگی، اتنی ناچاقی ہو جائے تب خلع جائز ہے، یہ احمقانہ بات ہے، حضرت طاؤسؒ نے یہ تفسیر نہیں کی۔

[٥٢٧٣-] حدثنا أَزْهَرُ بْنُ جَمِيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ امْرَأَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ أَتَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ثَابِتُ ابْنُ قَيْسٍ مَا أَعْتِبُ عَلَيْهِ فِيْ خُلُقٍ وَلَادِيْنٍ، وَلٰكِنِّيْ أَكْرَهُ الْكُفْرَ فِي الْإِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَتَرُدِّيْنَ عَلَيْهِ حَدِيْقَتَهُ؟" قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اقْبَلِ الْحَدِيْقَةَ وَطَلِّقْهَا تَطْلِيْقَةً" [أطرافه: ٥٢٧٤، ٥٢٧٥، ٥٢٧٦، ٥٢٧٧]

[٥٢٧٤-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عِكْرِمَةَ: أَنَّ أُخْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ بِهٰذَا، وَقَالَ: " تَرُدِّيْنَ حَدِيْقَتَهُ؟" قَالَتْ: نَعَمْ، فَرَدَّتْهَا وَأَمَرَهُ يُطَلِّقُهَا.

وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "وَطَلِّقْهَا" [راجع:٥٢٧٣]

[٥٢٧٥-] وَعَنِ ابْنِ أَبِيْ تَمِيْمَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةُ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ لَا أَعْتِبُ عَلٰى ثَابِتٍ فِيْ دِيْنٍ وَلَا خُلُقٍ، وَلٰكِنِّيْ لَا أُطِيْقُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " فَتَرُدِّيْنَ عَلَيْهِ حَدِيْقَتَهُ؟" قَالَتْ: نَعَمْ. [راجع: ٥٢٧٣]

[٥٢٧٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَادٌ أَبُوْ نُوْحٍ، حَدَّثَنَا

جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَاءَ تِ امْرَأَةُ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللهِ! مَا أَنْقِمُ عَلَى ثَابِتٍ فِي دِيْنٍ وَلاَ خُلُقٍ، إِلاَّ أَنِّيْ أَخَافُ الْكُفْرَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " فَتَرُدِّيْنَ عَلَيْهِ حَدِيْقَتَهُ؟" فَقَالَتْ: نَعَمْ، فَرَدَّتْ عَلَيْهِ، وَأَمَرَهُ فَفَارَقَهَا. [راجع: ۵۲۷۳]

[۵۲۷۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ: أَنَّ جَمِيْلَةَ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. [راجع: ۵۲۷۳]

وضاحت: یہ مختلف سندوں سے ایک ہی واقعہ ہے، اور اس کا خلاصہ شانِ نزول میں بیان کر دیا ہے —— خلع کرنے والی خاتون کون تھیں؟ اس سلسلہ میں روایتیں مختلف ہیں، اور یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اور اب اس کی تعیین کی حاجت نہیں —— حضرت ثابتؓ: نبی ﷺ کے مقرر تھے، کسی موقعہ پر تقریر کرنی ہوتی تو ان کو بھیجا جاتا —— انھوں نے بیوی کو مہر میں کھجور کا باغ دیا تھا، نبی ﷺ نے وہ واپس کرا دیا اور طلاق دلوادی —— **قولها: ما أَعْتِبُ عليه**: میں ان پر اظہار ناراضگی نہیں کرتی اخلاق میں اور نہ دین میں یعنی نہ ان کے اخلاق برے ہیں، نہ دینداری میں کمی ہے، مگر میں اسلام میں کفر کو ناپسند کرتی ہوں یعنی وہ صحابی ہیں، ان سے اگر میری نفرت بڑھتی گئی تو میرے ایمان کی خیر نہیں، اس لئے میں ان سے جدا ہو جانا چاہتی ہوں —— **قولها: ما أَنْقِمُ**: نہیں عیب لگاتی میں۔

بَابُ الشِّقَاقِ، وَهَلْ يُشِيْرُ بِالْخُلْعِ عِنْدَ الضَّرَرِ؟

زوجین میں ضد اضدی، اور ضرر کا اندیشہ ہو تو ثالث خلع کا مشورہ دے سکتے ہیں

سورۃ النساء کی آیات ۳۴و۳۵ میں فیملی لائف کی استواری کا بیان ہے: ﴿الرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللهُ بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَّبِمَا أَنْفَقُوْا مِنْ أَمْوَالِهِمْ، فَالصَّالِحَاتُ قَانِتَاتٌ حَافِظَاتٌ لِلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللهُ، وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ، فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلاَ تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلاً، إِنَّ اللهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ○ وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِنْ أَهْلِهِ وَحَكَمًا مِّنْ أَهْلِهَا، إِنْ يُرِيْدَا إِصْلاَحًا يُوَفِّقِ اللهُ بَيْنَهُمَا، إِنَّ اللهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا﴾: مرد عورتوں کے نگہبان ہیں: بایں وجہ کہ اللہ نے بعض کو بعض پر برتری بخشی ہے، اور بایں وجہ کہ مردوں نے اپنے مال خرچ کئے ہیں، پس نیک بیبیاں اطاعت شعار اور بحفاظتِ الٰہی پوشیدہ چیز کی حفاظت کرنے والی ہیں، اور جن عورتوں کی بد دماغی کا اندیشہ ہو ان کو فہمائش کرو، اور ان کو خوابگاہوں میں تنہا چھوڑ دو، اور ان کی تادیب کرو، پھر اگر وہ تمہاری اطاعت کرنا شروع کر دیں تو ان پر بہانہ مت ڈھونڈو، بے شک اللہ تعالیٰ بالا بڑے ہیں ○ اور اگر تمہیں زوجین میں ضد اضدی کا اندیشہ ہو تو ایک ثالث مرد کے خاندان سے اور ایک

ثالث عورت کے خاندان سے بھیجو، اگر وہ دونوں اصلاح کی کوشش کریں گے تو اللہ تعالیٰ زوجین میں موافقت کردیں گے، بے شک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے بڑے باخبر ہیں۔

تفسیر: فیملی لائف کی استواری کا مدار اس پر ہے کہ زوجین میں سے ایک بالا دست اور ایک زیر دست ہو، ایک کہے اور دوسرا اس کی بات مانے تو گھر جنت کا نمونہ ہوگا، اور اگر دونوں ہاتھ برابر ہوگئے تو گھر ٹوٹ جائے گا —— اور بالا دستی کی صلاحیت اللہ تعالیٰ نے دو وجوہ سے مردوں میں رکھی ہے، اور ماتحتی کی عورتوں میں: اول: تکوینی ہے، اللہ تعالیٰ نے تخلیق میں مردوں کو برتری بخشی ہے، جیسے بیچ کی انگلی لمبی ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کو ایسا ہی بنایا ہے، کان بازو میں ہیں اور ناک چہرے کے بیچ میں، اللہ کی حکمت کا یہی تقاضا ہے، تخلیق میں کسی کو چوں چرا کرنے کی مجال نہیں، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے تخلیق میں مردوں کو عورتوں پر برتری بخشی ہے، اس لئے وہی بالا دست ہونگے۔ دوم: اکتسابی ہے، مرد مال خرچ کرتے ہیں، مہر اور نان ونفقہ دیتے ہیں، اور انسان احسان کا بندہ ہوتا ہے، پس عورت مرد کی اطاعت کرسکتی ہے، اس کا برعکس نہیں ہوسکتا۔

پھر فرمایا: نیک عورتوں میں —— جن کا تناسب ننانوے فی صد ہے —— دو خوبیاں ہوتی ہیں: ایک: وہ اطاعت شعار ہوتی ہیں، اللہ کی اور شوہروں کی اطاعت کرتی ہیں (دونوں اطاعتوں میں تلازم ہے) دوم: وہ ناموس کی حفاظت کرتی ہیں، اور یہ کام اگرچہ مشکل ہے، مگر اللہ کی حفاظت شامل حال ہوجائے تو کچھ مشکل نہیں۔

پھر فرمایا: اگر کوئی عورت شوہر کی اطاعت نہ کرے، ماتحتی قبول نہ کرے اور اس کی بد دماغی کا اندیشہ ہو تو اپنے طور پر بالترتیب تین طریقوں سے اس کی اصلاح کرو، زبانی فہمائش کرو، اپنے ساتھ نہ لٹاؤ، اور تادیبی کاروائی کرو، اس طرح معاملہ قابو میں آجائے تو عورتوں کو خواہ مخواہ پریشان مت کرو۔

پھر فرمایا: اگر معاملہ قابو میں نہ آئے تو آخری تدبیر یہ ہے کہ اولیاء اور حکام کمیشن بھیجیں، ایک آدمی مرد کے خاندان سے اور ایک آدمی عورت کے خاندان سے بھیجیں، وہ زوجین میں موافقت کی کوشش کریں، ان شاء اللہ ان کی محنت بارآور ہوگی۔

اور فرض کرو اگر ان کی ثالثی بھی سودمند نہ ہو تو اگر قصور مرد کا ہے تو اس سے بلا معاوضہ طلاق دلوادیں، اور قصور عورت کا ہے تو اس کو خلع کا مشورہ دیں، وہ مہر معاف کر کے چھٹکارہ حاصل کرے، تاکہ شوہر کو ضرر نہ پہنچے۔

[۱۳-] بَابُ الشِّقَاقِ، وَهَلْ يُشِيْرُ بِالْخُلْعِ عِنْدَ الضَّرَرِ؟

وَقَوْلِهِ تَعَالَىٰ: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِنْ أَهْلِهِ﴾ إِلَىٰ قَوْلِهِ: ﴿خَبِيْرًا﴾

[۵۲۷۸-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنَّ بَنِي الْمُغِيْرَةِ اسْتَأْذَنُوْا فِيْ أَنْ يَنْكِحَ عَلِيٌّ ابْنَتَهُمْ! فَلاَ آذَنُ"

[راجع: ۹۲۶]

وضاحت: آیت کا ترجمہ اوپر آ گیا.........اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۰۲) آئی ہے.........اور استدلال باب کے پہلے جزء پر ہے، اگر علیؓ ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کریں گے تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شقاق ہوگا۔

بَابٌ: لَايَكُوْنُ بَيْعُ الْأَمَةِ طَلَاقًا

منکوحہ باندی کو فروخت کرنے سے طلاق نہیں ہوتی

مملوکہ باندی آقا کی گویا بیوی ہے، وہ اس سے متمتع ہوسکتا ہے، لیکن اگر آقا کسی سے اس کا نکاح کردے تو اب وہ اس کو بیوی کے طور پر استعمال نہیں کرسکتا، پھر اگر آقا اس منکوحہ باندی کو بیچ دے تو ایک رائے یہ تھی کہ بیع سے باندی کو طلاق ہوجاتی ہے، پس دوسرا آقا اس کو بیوی کے طور پر استعمال کرسکتا ہے، اور ان کی دلیل: ﴿وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ تھی یعنی شوہر والی عورتیں حرام ہیں مگر باندیاں مستثنیٰ ہیں (النساء ۲۴) مگر جمہور (ائمہ اربعہ) کے نزدیک بیع سے طلاق نہیں ہوتی، پس دوسرا آقا بھی اس باندی سے بیوی کی طرح فائدہ نہیں اٹھا سکتا، اور دلیل حضرت بریرۃ رضی اللہ عنہا کا واقعہ ہے، جب ان کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے خریدا تو ان کو خیار عتق دیا گیا کہ وہ چاہیں تو شوہر کے ساتھ رہیں، اور چاہیں تو علاحدگی اختیار کریں۔ یہ اختیار دینا دلیل ہے کہ بیع سے طلاق نہیں ہوئی۔ اور مذکورہ آیت کریمہ خاص ہے جہاد میں قید میں آنے والی عورتوں کے ساتھ (اور حدیث پہلے گذر چکی ہے)

[١٤-] بَابٌ: لَايَكُوْنُ بَيْعُ الْأَمَةِ طَلَاقًا

[٥٢٧٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: كَانَ فِي بَرِيْرَةَ ثَلَاثُ سُنَنٍ، إِحْدَى السُّنَنِ أَنَّهَا أُعْتِقَتْ، فَخُيِّرَتْ فِيْ زَوْجِهَا، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" وَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالْبُرْمَةُ تَفُوْرُ بِلَحْمٍ، فَقُرِّبَ إِلَيْهِ خُبْزٌ وَأُدْمٌ مِنْ أُدْمِ الْبَيْتِ، فَقَالَ: "أَلَمْ أَرَ بُرْمَةً فِيْهَا لَحْمٌ؟" قَالُوْا: بَلٰى، وَلٰكِنْ ذٰلِكَ لَحْمٌ تُصُدِّقَ بِهِ عَلٰى بَرِيْرَةَ، وَأَنْتَ لَا تَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، قَالَ: "عَلَيْهَا صَدَقَةٌ، وَلَنَا هَدِيَّةٌ" [راجع: ٤٥٦]

بَابُ خِيَارِ الْأَمَةِ تَحْتَ الْعَبْدِ

باندی غلام کے نکاح میں ہو تو خیار عتق ملے گا

منکوحہ باندی اگر آزاد ہوجائے تو اس کو خیارِ عتق ملتا ہے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ یہ اختیار کس صورت میں ملتا ہے؟ ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک اگر باندی کی آزادی کے وقت شوہر غلام ہے تو باندی کو خیار حاصل ہوگا، اور آزاد

ہے خواہ حرّالاصل ہو یا بیوی سے پہلے آزاد ہو چکا ہو تو بیوی کو خیارِ عتق حاصل نہیں ہوگا —— اور احناف کے نزدیک دونوں صورتوں میں خیار حاصل ہوگا —— اور اس مسئلہ میں صرف حضرت بریرہؓ کا واقعہ ہے اور اس میں اختلاف ہے کہ ان کی آزادی کے وقت ان کے شوہر —— مُغیث رضی اللہ عنہ —— آزاد ہو چکے تھے یا غلام تھے؟ دونوں طرح کی روایات ہیں، اور دونوں اعلی درجہ کی صحیح ہیں، مگر امام بخاریؒ صرف کان عبدًا والی روایت لائے ہیں، کان حُرًّا کی روایت کے لئے حاشیہ دیکھیں —— اور اختلاف کی بنیاد خیار کی علت کا اختلاف ہے، احناف کے نزدیک علت ازدِیادِ ملک ہے، جو دونوں صورتوں میں پائی جاتی ہے اور جمہور کے نزدیک عار کا لاحق ہونا ہے، جو صرف غلام ہونے کی صورت میں پائی جاتی ہے، تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ الالمعی (۳:۵۹۴)

[۱۵-] بَابُ خِيَارِ الْأَمَةِ تَحْتَ الْعَبْدِ

[۵۲۸۰-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَهَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: رَأَيْتُهُ عَبْدًا يَعْنِي زَوْجَ بَرِيْرَةَ. [أطرافه: ۵۲۸۱، ۵۲۸۲، ۵۲۸۳]

[۵۲۸۱-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ذَاكَ مُغِيْثٌ عَبْدُ بَنِيْ فُلَانٍ- يَعْنِيْ زَوْجَ بَرِيْرَةَ - كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ يَتْبَعُهَا فِيْ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ، يَبْكِيْ عَلَيْهَا. [راجع: ۵۲۸۰]

[۵۲۸۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ زَوْجُ بَرِيْرَةَ عَبْدًا أَسْوَدَ يُقَالُ لَهُ: مُغِيْثٌ، عَبْدًا لِبَنِيْ فُلَانٍ، كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ يَطُوْفُ وَرَاءَ هَا فِيْ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ. [راجع: ۵۲۸۰]

بَابُ شَفَاعَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ زَوْجِ بَرِيْرَةَ

نبی ﷺ نے سفارش کی کہ بریرۃ شوہر کے ساتھ رہیں

یہ باب افادۂ مزید کے لئے ہے، مقصد کان عبداً والی روایت لانا ہے، جب بریرہؓ کام کاج کے لئے نکلتیں تو ان کے شوہر —— مغیثؓ جن سے بریرہؓ نے جدائی اختیار کرلی تھی —— پیچھے پیچھے روتے ہوئے چلتے تھے، وہ ان کو پٹانا چاہتے تھے کہ وہ ان کے ساتھ رہنا منظور کریں، اس میں اشارہ ہے کہ وہ بھی آزاد ہو چکے تھے، ورنہ مولیٰ کے کاموں میں مشغول ہوتے، اور کان عبدًا کی روایت ما کان کے اعتبار سے ہے، اور کان حرًا کی روایت حال کے اعتبار سے، اس کے برعکس نہیں ہوسکتا —— اور حدیث سے یہ بات نکلی کہ مستحب پر عمل ضروری نہیں، نبی ﷺ نے مشورہ دیا تھا اور مشورہ پر عمل مستحب ہے، اس لئے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا نے شوہر کے ساتھ رہنا منظور نہ کیا۔

[۱٦-] بَابُ شَفَاعَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ زَوْجِ بَرِيْرَةَ

[٥٢٨٣-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ زَوْجَ بَرِيْرَةَ كَانَ عَبْدًا يُقَالُ لَهُ: مُغِيْثٌ، كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ، يَطُوْفُ خَلْفَهَا يَبْكِيْ، وَدُمُوْعُهُ تَسِيْلُ عَلٰى لِحْيَتِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِعَبَّاسٍ: "يَا عَبَّاسُ أَلَا تَعْجَبُ مِنْ حُبِّ مُغِيْثٍ بَرِيْرَةَ، وَمِنْ بُغْضِ بَرِيْرَةَ مُغِيْثًا" فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ رَاجَعْتِيْهِ" قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تَأْمُرُنِيْ؟ قَالَ: "إِنَّمَا أَشْفَعُ" قَالَتْ: فَلَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهِ. [راجع: ٥٢٨٠]

بَابٌ

گذشتہ سے پیوستہ باب سے متعلق روایت

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اس باب کی روایت میں بھی بریرہؓ کو اختیار دینے کا ذکر ہے، مگر ان کے شوہر غلام تھے یہ بات اس حدیث میں نہیں ہے، اس لئے الگ باب قائم کر کے روایت لائے ہیں۔

[۱۷-] بَابٌ

[٥٢٨٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ: أَنَّ عَائِشَةَ أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيْرَةَ، فَأَبَى مَوَالِيْهَا إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطُوْا الْوَلَاءَ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "اشْتَرِيْهَا وَأَعْتِقِيْهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" وَأُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِلَحْمٍ فَقِيْلَ: إِنَّ هٰذَا مِمَّا تُصُدِّقَ بِهِ عَلٰى بَرِيْرَةَ، فَقَالَ: "هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ"

حَدَّثَنَا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَزَادَ: فَخُيِّرَتْ مِنْ زَوْجِهَا. [راجع: ٤٥٦]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَلَاتَنْكِحُوْا الْمُشْرِكَاتِ﴾ الآية

مشرک مرد یا عورت کا نکاح مسلمان سے درست نہیں

سورۃ البقرۃ کی (آیت۲۲۱) ہے: ﴿وَلَا تَنْكِحُوْا الْمُشْرِكَاتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ، وَلَأَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ، وَلَا تُنْكِحُوْا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا، وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ أَعْجَبَكُمْ، أُوْلٰئِكَ يَدْعُوْنَ إِلَى النَّارِ، وَاللّٰهُ يَدْعُوْا إِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ، وَيُبَيِّنُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ﴾:

ترجمہ: اور نکاح مت کرو مشرک عورتوں سے جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہوجائیں، اور مسلمان باندی بہتر ہے کافر

عورت سے اگر چہ کافر عورت تم کو اچھی معلوم ہو (پس مسلمان باندی سے کام چلاؤ) اور مسلمان عورتوں کو کافر مردوں کے نکاح میں مت دو، جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہوجائیں، اور مسلمان غلام کافر مرد سے بہتر ہے، اگر چہ وہ کافر مرد تم کو اچھا معلوم ہو (پس مسلمان عورت کا مسلمان غلام سے نکاح کرو) یہ لوگ (کفار) دوزخ کی طرف بلاتے ہیں، اور اللہ باذنِ الٰہی جنت اور مغفرت کی طرف بلاتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ لوگوں کے لئے احکام بیان کرتے ہیں تاکہ وہ نصیحت پذیر ہوں۔

تفسیر: اس آیت میں دو حکم ہیں:

ایک: یہ کہ کافر مردوں سے مسلمان عورت کا نکاح نہ کیا جائے۔ یہ حکم اب بھی باقی ہے۔

دوسرا: حکم یہ کہ مسلمان مرد کا کافر عورت سے نکاح نہ کیا جائے، اس حکم کے دو جزء ہیں:

ایک: جزء یہ کہ وہ کافر عورت کتابی یعنی یہودی یا نصرانی نہ ہو، اور کوئی مذہب کفر کا رکھتی ہو، سو اس جزء میں بھی اس آیت کا حکم باقی ہے، چنانچہ ہندو عورت سے یا آتش پرست عورت سے نکاح مسلمان کا نہیں ہوسکتا۔

دوسرا: جزء یہ کہ عورت کتابیہ ہو تو مسلمان کا نکاح اس سے ہوسکتا ہے، اس خاص جزء میں آیت کا حکم باقی نہیں، سورۃ المائدۃ کی (آیت ۵) نے اس حکم میں تخصیص کی ہے۔ حضرت ابن عمرؓ اس تخصیص کے قائل نہیں تھے، مگر حاشیہ میں ہے کہ ان کی رائے شاذ ہے۔

حدیث: نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: جب ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نصرانی یا یہودی عورت سے نکاح کے بارے میں پوچھا جاتا تو فرماتے: اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر مشرک عورت کو حرام کیا ہے، اور میں نہیں جانتا شریک ٹھہرانے میں کسی چیز کو زیادہ اس سے کہ عورت کہے: ''اس کا ربّ عیسیٰ ہیں، حالانکہ وہ اللہ کے بندوں میں سے ایک بندے ہیں''

تشریح: عیسائی: عیسیٰ علیہ السلام کو ربّ نہیں کہتے، بلکہ 'اللہ کا بیٹا' کہتے ہیں، پھر وہ باپ بیٹے اور روح القدس کی ایک وحدت (اکائی) بناتے ہیں اور اس کو خدا مانتے ہیں، پس ان کا شرک تاویلی ہے، پھر حضرت کی رائے سورۃ المائدۃ کی آیت ۵ کے معارض ہے، اور تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ اہل کتاب سماوی دین کی بنیادی باتوں کو مانتے ہیں، اور عورت مرد کے زیر اثر ہوتی ہے، اس لئے امید ہے کہ وہ جلد اسلام کو قبول کرلے گی، جیسا کہ تجربہ سے یہ بات معلوم ہے، بشرطیکہ وہ کو (محبت) کی شادی نہ ہو، ورنہ اولاد تباہ ہوگی، اور ممکن ہے شوہر کا بھی برا حال ہوجائے، پس کتابی عورت سے نکاح اچھا نہیں، حدیث میں دین دار عورت کو حاصل کرنے کا حکم ہے۔

[۱۸-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ، وَلَأَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ﴾

[۵۲۸۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ إِذَا سُئِلَ عَنْ نِكَاحِ النَّصْرَانِيَّةِ

أَوِ الْيَهُوْدِيَّةِ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ الْمُشْرِكَاتِ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ، وَلاَ أَعْلَمُ مِنَ الإِشْرَاكِ شَيْئًا أَكْثَرَ مِنْ أَنْ تَقُوْلَ الْمَرْأَةُ: رَبُّهَا عِيْسَى، وَهُوَ عَبْدٌ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ.

بَابُ نِكَاحِ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الْمُشْرِكَاتِ وَعِدَّتِهِنَّ

ہندوعورت مسلمان ہوجائے تو اس کا نکاح اوراس کی عدت

کوئی کافرعورت بہدایت الٰہی مسلمان ہوگئی، اور وہ پہلے سے کسی کافر مرد کے نکاح میں تھی، اور یہ واقعہ دارالاسلام کا ہے تو مرد سے تصریحاً پوچھیں گے کہ تو اسلام قبول کرتا ہے یا نہیں؟ اگر وہ مسلمان ہوجائے تو نکاح باقی رہے گا، اور انکار کرے تو فوراً نکاح ٹوٹ جائے گا، پھر وہ عدت طلاق گذار کر کسی مسلمان سے نکاح کرسکتی ہے —— اور اگر واقعہ دارالحرب (غیر اسلامی ملک) کا ہے تو خاوند سے پوچھنے کی کوئی ضرورت نہیں، بلکہ عورت کے اسلام لانے کے بعد جب تین حیض گذر جائیں یا اگر اس کو حیض نہ آتا ہو تو جب تین مہینے گذر جائیں، اور اگر حاملہ ہو تو جب بچہ پیدا ہوجائے تو اس شوہر کے نکاح سے باہر ہوجائے گی، پھر عدت طلاق واجب ہوگی، پھر دوسرے مرد سے نکاح کرسکتی ہے۔ اور اگر کوئی عورت مسلمان ہوکر دارالحرب سے ہجرت کرکے دارالاسلام میں آجائے تو تباینِ دارین سے نکاح ختم ہوجائے گا، ایسی عورت عدت گذار کر دوسرا نکاح کرسکتی ہے، اور اگر دورانِ عدت شوہر بھی مسلمان ہوکر آجائے تو بیوی اسی کو ملے گی۔

[۱۹-] بَابُ نِكَاحِ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الْمُشْرِكَاتِ وَعِدَّتِهِنَّ

[۵۲۸۶-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، وَقَالَ عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: كَانَ الْمُشْرِكُوْنَ عَلَى مَنْزِلَتَيْنِ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْمُؤْمِنِيْنَ، كَانُوْا مُشْرِكِيْ أَهْلِ حَرْبٍ يُقَاتِلُهُمْ وَيُقَاتِلُوْنَهُ، وَمُشْرِكِيْ أَهْلِ عَهْدٍ لاَ يُقَاتِلُهُمْ وَلاَ يُقَاتِلُوْنَهُ، وَكَانَ إِذَا هَاجَرَتِ امْرَأَةٌ مِنْ أَهْلِ الْحَرْبِ لَمْ تُخْطَبْ حَتّٰى تَحِيْضَ وَتَطْهُرَ، فَإِذَا طَهُرَتْ حَلَّ لَهَا النِّكَاحُ، فَإِنْ هَاجَرَ زَوْجُهَا قَبْلَ أَنْ تَنْكِحَ رُدَّتْ إِلَيْهِ، وَإِنْ هَاجَرَ عَبْدٌ مِنْهُمْ أَوْ أَمَةٌ فَهُمَا حُرَّانِ وَلَهُمَا مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ، ثُمَّ ذَكَرَ مِنْ أَهْلِ الْعَهْدِ مِثْلَ حَدِيْثِ مُجَاهِدٍ، وَإِنْ هَاجَرَ عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ لِلْمُشْرِكِيْنَ أَهْلِ الْعَهْدِ لَمْ يُرَدُّوْا، وَرُدَّتْ أَثْمَانُهُمْ.

[۵۲۸۷-] وَقَالَ عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: كَانَتْ قُرَيْبَةُ بِنْتُ أَبِيْ أُمَيَّةَ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَطَلَّقَهَا، فَتَزَوَّجَهَا مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ، وَكَانَتْ أُمُّ الْحَكَمِ ابْنَةُ أَبِيْ سُفْيَانَ تَحْتَ عِيَاضِ بْنِ غَنْمٍ الْفِهْرِيِّ فَطَلَّقَهَا، فَتَزَوَّجَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ الثَّقَفِيُّ.

(ابن جریج نے حضرت عطاءؒ سے متعدد روایتیں بیان کیں، ان میں کہا:) اور عطاءؒ نے ابن عباسؓ سے روایت کرتے

ہوئے کہا: نبی ﷺ اور مسلمانوں کے تعلق سے مشرکین دو طرح کے تھے: (۱) برسر پیکار مشرکین تھے، جن سے نبی ﷺ جنگ کرتے تھے، اور وہ آپؐ سے جنگ کرتے تھے (یہ عام عرب تھے) (۲) اور عہد و پیمان والے (مکہ والے) مشرکین تھے، نہ آپؐ ان سے لڑتے تھے، نہ وہ آپؐ سے لڑتے تھے (کیونکہ حدیبیہ میں ان کے ساتھ دس سال تک نا جنگ معاہدہ ہوگیا تھا) —— اور اہل حرب کی کوئی عورت (مسلمان ہوکر) ہجرت کرکے آتی تھی تو اس کی منگنی نہیں ڈالی جاتی تھی یہاں تک کہ اس کو حیض آجائے اور وہ پاک ہوجائے، پس جب وہ پاک ہوجاتی تو اس کے لئے نکاح کرنا جائز ہوجاتا، اور اگر اس کا شوہر آتا نکاح کرنے سے پہلے تو عورت اسی کو لوٹا دی جاتی —— اور اگر ان میں سے کوئی غلام یا باندی ہجرت کرکے آتی تو وہ دونوں آزاد ہوجاتے، اور ان کے لئے وہ حقوق ہوتے جو مہاجرین کے لئے تھے —— پھر عطاءؒ نے معاہدین (مکہ والوں) کے احکام ذکر کئے مجاہد کی حدیث کی طرح (یہ حدیث حاشیہ میں ہے کہ اگر کوئی مسلمان عورت مرتد ہوکر مکہ چلی جاتی —— اور ایسا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، یہ فرضی صورت ہے —— اور مکہ والے اس کے شوہر کا دیا ہوا مہر واپس نہ کرتے تو حکم یہ تھا کہ جب قریش سے مالِ غنیمت حاصل ہوتو اس میں سے جانے والی عورتوں کے شوہروں کو جو مہر انھوں نے خرچ کیا ہے دیدیا جائے) اور اگر معاہد مشرکین (مکہ والوں) کا کوئی غلام یا باندی ہجرت کرکے مدینہ آجائے تو وہ واپس نہیں کئے جاتے تھے اور ان کی قیمتیں ان کے آقاؤں کو پھیر دی جاتی تھیں۔

اور جب سورۃ الممتحنۃ کی آیت ۱۰ نازل ہوئی: ﴿وَلاَ تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ﴾: اور تم کافر عورتوں کے تعلقات کو باقی مت رکھو تو جن صحابہ کے نکاح میں کافر عورتیں تھیں: انھوں نے ان کو طلاق دیدی، ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی بہن قُریبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں، حضرت عمرؓ نے اس کو طلاق دیدی تو معاویہ نے اس سے نکاح کرلیا —— اور معاویہ کی بہن ام الحکم عیاض فہریؓ کے نکاح میں تھی، پس اس کو طلاق دیدی تو اس سے عبداللہ بن عثمان ثقفی نے نکاح کرلیا۔

بَابٌ: إِذَا أَسْلَمَتِ الْمُشْرِكَةُ أَوِ النَّصْرَانِيَّةُ تَحْتَ الذِّمِّيِّ أَوِ الْحَرْبِيِّ

مشرک یا کتابی عورت مسلمان ہوجائے اور شوہر ذمی یا حربی ہو

اگر غیر مسلم عورت شوہر سے پہلے مسلمان ہوجائے تو نکاح فوراً ختم ہوجائے گا یا کچھ وقت تک باقی رہے گا؟ اور وہ عورت ہجرت کرکے دارالاسلام میں آجائے تو اس کے کافر شوہر کا مہر واپس کرنا ہوگا یا نہیں؟ یہ دو باتیں اس باب میں بیان کرنی ہیں۔ پہلی بات: گذشتہ باب میں آگئی ہے، اس میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ کا اختلاف تھا جو اس باب میں بیان کیا ہے، اور دوسری بات: کا جواب یہ ہے کہ مہر واپس نہیں کرنا ہوگا، اور سورۃ الممتحنۃ میں جو مہر واپس کرنے کا ذکر ہے وہ خاص حالات میں تھا۔

[۲۰-] بَابٌ: إِذَا أَسْلَمَتِ الْمُشْرِكَةُ أَوِ النَّصْرَانِيَّةُ تَحْتَ الذِّمِّيِّ أَوِ الْحَرْبِيِّ

[۱-] وَقَالَ عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: إِذَا أَسْلَمَتِ النَّصْرَانِيَّةُ قَبْلَ زَوْجِهَا بِسَاعَةٍ حَرُمَتْ عَلَيْهِ.

[۲-] وَقَالَ دَاوُدُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ: سُئِلَ عَطَاءٌ عَنِ امْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِ الْعَهْدِ أَسْلَمَتْ ثُمَّ أَسْلَمَ زَوْجُهَا فِي الْعِدَّةِ، أَهِيَ امْرَأَتُهُ؟ قَالَ: لَا، إِلَّا أَنْ تَشَاءَ هِيَ بِنِكَاحٍ جَدِيْدٍ وَصَدَاقٍ.

[۳-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: إِذَا أَسْلَمَ فِي الْعِدَّةِ يَتَزَوَّجُهَا.

[٤-] وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿لَاهُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَاهُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ﴾[الممتحنة: ۱۰]

[٥-] وَقَالَ الْحَسَنُ وَقَتَادَةُ فِيْ مَجُوْسِيَّيْنِ أَسْلَمَا: هُمَا عَلٰى نِكَاحِهِمَا، وَإِذَا سَبَقَ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ وَأَبَى الْآخَرُ بَانَتْ، لَاسَبِيْلَ لَهُ عَلَيْهَا.

پہلی بات:

۱-ابن عباسؓ نے فرمایا: جب عیسائی عورت اپنے شوہر سے گھڑی بھر پہلے مسلمان ہوجائے تو وہ شوہر پر حرام ہوگئی، یعنی مسلمان ہوتے ہی نکاح ختم ہوجائے گا (اس کی شرح حضرت عطاءؒ کے قول میں ہے)

۲-حضرت عطاء رحمہ اللہ سے ذمی عورت کے بارے میں پوچھا گیا کہ وہ مسلمان ہوئی پھر عدت میں اس کا شوہر مسلمان ہوگیا تو کیا وہ اس کی بیوی ہے؟ فرمایا: نہیں، لیکن اگر عورت چاہے تو نئے مہر سے نیا نکاح کرسکتی ہے۔

۳-اور حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے فرمایا: جب شوہر عورت کی عدت میں مسلمان ہوجائے تو وہ اس عورت سے نکاح کرسکتا ہے یعنی عدت تک نکاح باقی رہے گا۔

۴-سورۃ الممتحنۃ (آیت ۱۰) میں ہے: ''نہ وہ (مسلمان ہونے والی) عورتیں ان کافروں کے لئے حلال ہیں، اور نہ وہ کافران عورتوں کے لئے حلال ہیں'' (حاشیہ میں ہے کہ یہ امام بخاریؒ نے بڑھایا ہے اور ابن عباسؓ اور عطاءؒ کے اقوال کی تائید مقصود ہے)

۵-حسن بصری اور قتادہ رحمہما اللہ نے ایسے دو مجوسی زوجین کے بارے میں فرمایا جو ایک ساتھ مسلمان ہوئے: وہ دونوں اپنے نکاح پر برقرار رہیں گے، اور جب ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے سبقت کرے اور دوسرا مسلمان ہونے سے انکار کرے تو شوہر کے لئے عورت پر کوئی راہ نہیں۔

[۱-] وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: قُلْتُ لِعَطَاءٍ: امْرَأَةٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ جَاءَ تْ إِلَى الْمُسْلِمِيْنَ، أَيُعَاوَضُ زَوْجُهَا مِنْهَا؟ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَآتُوْهُمْ مَا أَنْفَقُوْا﴾ قَالَ: لَا، إِنَّمَا كَانَ ذَاكَ بَيْنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

وَبَيْنَ أَهْلِ الْعَهْدِ.

[۲-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: هٰذَا كُلُّهُ فِيْ صُلْحٍ بَيْنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَبَيْنَ قُرَيْشٍ.

[۵۲۸۸-] حدثنا ابْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ. وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ: أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: كَانَتِ الْمُؤْمِنَاتُ إِذَا هَاجَرْنَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَمْتَحِنُهُنَّ بِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا جَاءَ كُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ [الممتحنة: ۱۰]، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَنْ أَقَرَّ بِهٰذَا الشَّرْطِ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ فَقَدْ أَقَرَّ بِالْمِحْنَةِ، فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَقْرَرْنَ بِذٰلِكَ مِنْ قَوْلِهِنَّ قَالَ لَهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " انْطَلِقْنَ فَقَدْ بَايَعْتُكُنَّ" لَا وَاللّٰهِ مَا مَسَّتْ يَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَ امْرَأَةٍ قَطُّ، غَيْرَ أَنَّهُ بَايَعَهُنَّ بِالْكَلَامِ، وَاللّٰهِ مَا أَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى النِّسَاءِ إِلَّا بِمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ، يَقُوْلُ لَهُنَّ إِذَا أَخَذَ عَلَيْهِنَّ: " قَدْ بَايَعْتُكُنَّ" كَلَامًا. [راجع: ۲۷۱۳]

دوسری بات:

۱- ابن جریج نے حضرت عطاء رحمہ اللہ سے پوچھا: ایک مشرک عورت (مسلمان ہوکر ہجرت کرکے) مسلمانوں کے پاس (دارالاسلام میں) آگئی تو کیا معاوضہ دیا جائے گا اس کا شوہر اس کی طرف سے؟ یعنی اس کا مہر واپس کرنا ہوگا، کیونکہ سورۃ الممتحنۃ (آیت ۱۰) میں ہے: "اوران کافروں نے جو کچھ خرچ کیا ہے وہ ان کو ادا کردو" عطاءؒ نے فرمایا: نہیں یہ حکم نبی ﷺ اور اہل عہد (مکہ والوں) کے درمیان تھا۔

۲- مجاہد رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ سب نبی ﷺ اور قریش کے درمیان مصالحت کے (احکام) تھے۔

اور حدیث پہلے کتاب الشروط میں آئی ہے، اس سے بھی حضرات عطاء ومجاہد رحمہما اللہ کے اقوال کی تائید ہوتی ہے کہ مہر واپس کرنے کا حکم خاص صورت میں تھا۔

لغت: المِحْنة: آزمائش، امتحان، ٹیسٹ .... کلامًا: أی بقوله۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَائِهِمْ﴾ الآية

ایلاء (بیوی سے صحبت نہ کرنے کی قسم کھانے) کا بیان

ایلاء: باب افعال کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: قسم کھانا، اور ایلاء کی دو قسمیں ہیں: ایلاء لغوی اور ایلاء شرعی: ایلاء لغوی: چار مہینے سے کم کسی بھی مدت تک صحبت نہ کرنے کی قسم کھانا، اور ایلاء شرعی: چار مہینے یا اس سے زیادہ بیوی سے صحبت نہ

کرنے کی قسم کھانا۔

اور ایلاء لغوی کا حکم یہ ہے کہ بیوی سے علاحدہ رہنے کی جتنی مدت مقرر کی ہے وہ مدت پوری ہونے سے پہلے اگر بیوی سے صحبت کرلی تو قسم کا کفارہ واجب ہوگا، اور اگر وہ مدت پوری کرلی، پھر صحبت کی تو کچھ واجب نہیں —— اور ایلاء شرعی میں چار مہینے سے پہلے قسم توڑنا اور بیوی سے صحبت کرنا ضروری ہے، اور اس صورت میں قسم کا کفارہ واجب ہوگا۔ اور اگر چار مہینے تک بیوی سے علاحدہ رہا تو احناف کے نزدیک ایک طلاق بائنہ خود بخود واقع ہوجائے گی، اور ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک عورت قاضی کے پاس جائے گی، قاضی شوہر کو طلب کرے گا اور کہے گا کہ یا تو قسم توڑو، بیوی سے صحبت کرو اور قسم کا کفارہ دو، ورنہ اپنی بیوی کو طلاق دو یعنی ائمہ ثلاثہ کے نزدیک طلاق خود بخود واقع نہیں ہوگی، قاضی طلاق دلوائے گا۔

اور یہ مسئلہ منصوص نہیں، صحابہ کے فتاوی پر مدار ہے۔ اور صحابہ کے فتاوی مختلف ہیں، ائمہ ثلاثہ کے دلائل کتاب میں ہیں اور احناف کے دلائل حاشیہ میں ہیں۔

[۲۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ﴾ إِلٰی قَوْلِهِ: ﴿سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ﴾

﴿فَاءُ وْا﴾: رَجَعُوْا.

[۵۲۸۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِی أُوَيْسٍ، عَنْ أَخِيْهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: آلَی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم مِنْ نِسَائِهِ، وَكَانَتِ انْفَكَّتْ رِجْلُهُ فَأَقَامَ فِي مَشْرُبَةٍ لَهُ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ، ثُمَّ نَزَلَ فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! آلَيْتَ شَهْرًا. قَالَ: "الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ" [راجع: ۳۷۸]

آیاتِ کریمہ: سورۃ البقرۃ کی آیات (۲۲۶و۲۲۷) ہیں: ﴿لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ، فَإِنْ فَاءُ وْا فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَإِنْ عَزَمُوْا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ﴾:

ترجمہ: جو لوگ قسم کھا بیٹھتے ہیں اپنی بیویوں سے جدا رہنے کی: ان کے لئے چار مہینے تک کی مہلت ہے، پس اگر وہ لوگ (بیوی کی طرف) رجوع کرلیں تو اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے مہربانی فرمانے والے ہیں ○ اور اگر بالکل چھوڑ ہی دینے کا پختہ ارادہ کرلیا ہے تو اللہ تعالیٰ خوب سننے والے، ہر بات جاننے والے ہیں —— اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۲۱۳) گذری ہے۔

لغت: فَاءَ يَفِئُ فيئا: لوٹنا یعنی جماع کرنا۔

[۵۲۹۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ فِی الإِيْلَاءِ الَّذِیْ سَمَّى اللّٰهُ تَعَالٰی: لَايَحِلُّ لِأَحَدٍ بَعْدَ الأَجَلِ إِلَّا أَنْ يُمْسِكَ بِالْمَعْرُوْفِ، أَوْ يَعْزِمَ الطَّلَاقَ، كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ.

[۵۲۹۱-] وَقَالَ لِی إِسْمَاعِیلُ: حَدَّثَنِی مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: إِذَا مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ یُوْقَفُ حَتّٰی یُطَلِّقَ، وَلاَ یَقَعُ عَلَیْهِ الطَّلاَقُ حَتّٰی یُطَلِّقَ.
وَیُذْکَرُ ذٰلِكَ عَنْ عُثْمَانَ، وَعَلِیٍّ، وَأَبِی الدَّرْدَاءِ، وَعَائِشَةَ، وَاثْنَی عَشَرَ رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم.

۱- نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہا کرتے تھے اس ایلاء کے بارے میں جس کا اللہ تعالیٰ نے تذکرہ کیا ہے یعنی ایلاء شرعی کے بارے میں: عورت (چار مہینے) کے بعد کسی کے لئے حلال نہیں، مگر یہ کہ بھلے طریقے پر روکے یا طلاق کا پکا ارادہ کرے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے (وضاحت اگلی روایت میں ہے)

۲- نافع رحمہ اللہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں: جب چار مہینے گذر جائیں تو شوہر ٹھہرایا جائے یہاں تک کہ طلاق دے، اور عورت پر طلاق نہیں پڑے گی یہاں تک کہ شوہر طلاق دے (حضرت ابن عمرؓ سے ابن ابی شیبہ نے اس کے خلاف بھی روایت کیا ہے)

۳- اور یہ (ایقاف) روایت کیا گیا ہے حضرات عثمان، علی، ابوالدرداء، عائشہ اور بارہ صحابہ سے رضی اللہ عنہم۔

بَابُ حُکْمِ الْمَفْقُوْدِ فِی أَهْلِهِ وَمَالِهِ

مفقود (لاپتہ) کی بیوی اور مال کا حکم

مفقود (بالکل لاپتہ شخص) کو باتفاق جمہور ائمہ مجتہدین اپنے مال کے بارے میں اس وقت تک زندہ تسلیم کیا گیا ہے جب تک اس کے ہم عمر، ہم زمانہ لوگ زندہ پائے جائیں، جب اس کی بستی میں اس کے ہم عمر لوگ ختم ہو جائیں تب اس کی موت کا حکم دیا جاتا ہے، اس پر تینوں ائمہ: امام احمد، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہم اللہ کا اتفاق ہے، اور امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ اور بہت سے دوسرے مجتہدین نے زوجۂ مفقود میں بھی یہی حکم باقی رکھا ہے، البتہ بعض صورتوں میں حنفیہ کے نزدیک زوجۂ مفقود کو قاضی قبل ازیں بھی نکاح کی اجازت دے سکتا ہے یعنی جب مفقود کے ظاہر حال سے اس کی ہلاکت اور موت کا غالب گمان ہو، جیسے کوئی شخص معرکۂ جنگ میں گم ہوگیا، یا کوئی شخص کسی خطرناک بیماری میں گھر سے نکل گیا، جس میں اس کے مرجانے کا غالب گمان ہے یا سمندر میں سفر کیا، اور ساحل پر پہنچنے کا پتہ نہ چلا، اس قسم کی صورتوں میں انتظار کر کے مفقود کی موت کا حکم کیا جائے گا، پھر اس کی بیوی عدت وفات گذار کر نکاح کر سکتی ہے (ماخوذ از حیلۂ ناجزۃ)

اور حضرت امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک ہر حال میں — خواہ مفقود کے ہلاک ہونے کا گمان ہو یا نہ ہو — قاضی/ شرعی پنچایت اپنے طور پر تلاش کرنے کے بعد چار سال — اور بہ درجۂ مجبوری ایک سال — انتظار کرنے کا حکم دے، پھر دوسرے نکاح کی اجازت دے، اور امام احمد رحمہ اللہ نے بھی بعض صورتوں میں چار سال کی مدت کو اختیار کیا ہے، اور اب

عام طور پر عمل مذہب مالکی پر ہے، مگر مفقود کے مال کے بارے میں اس قول کو اختیار نہیں کیا گیا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہ مسئلہ منصوص نہیں، امام بخاریؒ نے صرف حضرت سعید بن المسیبؒ کا قول ذکر کیا ہے، انھوں نے خاص حالات میں ایک سال اور عام حالات میں چار سال انتظار کی بات کہی ہے، اور اسی کو امام مالکؒ نے لیا ہے۔

البتہ اس کی نظیر لقطہ کا مسئلہ ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں اس کو بھی ذکر کیا ہے، کوئی پڑی چیز ملے تو مالک کو تلاش کرنے کا حکم ہے، پھر جب مایوسی ہوجائے تو مالک کو مردہ فرض کرکے لقطہ کو ایصالِ ثواب کی نیت سے صدقہ کرنے کا حکم ہے، پھر اگر مالک آجائے تو اس کو صورتِ حال سے مطلع کیا جائے، وہ صدقہ کو برقرار رکھے تو فبہا، ورنہ ملتقط ضمان دے، یہی حکم مفقود کی بیوی کا ہے جب کہ وہ نکاح کے بعد آجائے، رہا مفقود کے مال کا معاملہ تو مذکورہ مدت گذر جانے کے بعد بطور امانت ورثاء حسب حصص شرعیہ بانٹ لیں، جبکہ اس کی حفاظت مشکل ہو، اور اس کے ضائع ہونے کا قوی اندیشہ ہو، پھر مفقود آجائے تو جو بیوی کا حکم ہے وہی مال کا ہوگا۔ واللہ اعلم!

[۲۲-] بَابُ حُکْمِ الْمَفْقُوْدِ فِیْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ: إِذَا فُقِدَ فِي الصَّفِّ عِنْدَ الْقِتَالِ تَرَبَّصُ امْرَأَتُهُ سَنَةً.

[۲-] وَاشْتَرَى ابْنُ مَسْعُوْدٍ جَارِيَةً وَالْتَمَسَ صَاحِبَهَا سَنَةً فَلَمْ يَجِدْ وَفُقِدَ، فَأَخَذَ يُعْطِي الدِّرْهَمَ وَالدِّرْهَمَيْنِ وَقَالَ: اللّٰهُمَّ عَنْ فُلَانٍ فَإِنْ أَتَى فَلِي وَعَلَيَّ. وَقَالَ: هٰكَذَا فَافْعَلُوْا بِاللُّقَطَةِ.

[۳-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَحْوَهُ.

[۴-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ فِي الْأَسِيْرِ يُعْلَمُ مَكَانُهُ: لَاتَزَوَّجُ امْرَأَتُهُ، وَلَا يُقْسَمُ مَالُهُ، فَإِذَا انْقَطَعَ خَبَرُهُ فَسُنَّتُهُ سُنَّةُ الْمَفْقُوْدِ.

۱- حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ نے فرمایا: جب کوئی شخص میدانِ کارزار میں گم ہوگیا تو اس کی بیوی ایک سال انتظار کرے (تَرَبَّص میں ایک ت محذوف ہے، جیسے تَلَظّٰی میں) —— حضرت سعیدؒ کا یہ قول ناتمام ہے، حاشیہ میں بحوالہ مصنف عبدالرزاق پورا ہے کہ جب میدانِ کارزار میں گم ہوگیا تو اس کی بیوی ایک سال انتظار کرے، اور اس کے علاوہ میں گم ہوجائے تو چار سال انتظار کرے، امام مالکؒ نے اسی کو لیا ہے۔

۲- حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے (سات سو درہم میں) ایک باندی خریدی (پھر بائع گم ہوگیا) اس کو ایک سال تک تلاش کیا، مگر نہیں ملا تو انھوں نے ایک درہم اور دو درہم دینے شروع کئے یعنی باندی کی قیمت متفرق طور پر صدقہ کرنی شروع کی، اور کہا: ''اے اللہ! فلاں کی طرف سے صدقہ ہے، پس اگر وہ آیا (اور ایک نسخہ میں أَبٰی ہے یعنی اس نے صدقہ کو منظور نہ کیا) تو میرے لئے ہے یعنی اس کا ثواب مجھے ملے اور میرے ذمہ ہے یعنی میں اس کا تاوان دونگا، اور فرمایا: لقطہ کے

ساتھ اسی طرح کیا کرو۔

۳- اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی ایسی ہی بات کہی ہے (حاشیہ میں ہے: ایک شخص نے مکہ میں (حج کے سیزن میں) کسی سے کوئی کپڑا خریدا، پھر بائع بھیڑ میں گم ہوگیا تو اس نے ابن عباسؓ سے مسئلہ پوچھا: انھوں نے فرمایا: آئندہ سال اسی جگہ بائع کو تلاش کرنا جہاں تو نے اس سے کپڑا خریدا ہے، اگر ملے تو ٹھیک ہے، ورنہ اس کو خیرات کردینا، پھر اگر بائع آئے تو اس کو خیرات اور قیمت لینے کے درمیان اختیار دینا)

۴- اور امام زہریؒ نے اس قیدی کے بارے میں جس کا اتا پتہ معلوم ہے! فرمایا: اس کی بیوی نکاح نہ کرے، اور اس کا مال تقسیم نہ کیا جائے اور اگر اس کا کچھ پتہ نہ چلے تو اس کا حکم مفقود کا حکم ہے، بیوی چار سال انتظار کرے، پھر نکاح کرے۔

[۵۲۹۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ، فَقَالَ:" خُذْهَا، فَإِنَّمَا هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ" وَسُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الإِبِلِ، فَغَضِبَ وَاحْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ، فَقَالَ:" مَالَكَ وَلَهَا، مَعَهَا الْحِذَاءُ وَالسِّقَاءُ، تَشْرَبُ الْمَاءَ، وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ، حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا" وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ:" اعْرِفْ وِكَاءَ هَا وَعِفَاصَهَا، وَعَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنْ جَاءَ مَنْ يَعْرِفُهَا، وَإِلَّا فَاخْلِطْهَا بِمَالِكَ"[راجع: ۹۱]

قَالَ سُفْيَانُ: فَلَقِيْتُ رَبِيْعَةَ بْنَ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ - قَالَ سُفْيَانُ: وَلَمْ أَحْفَظْ عَنْهُ شَيْئًا غَيْرَ هٰذَا - فَقُلْتُ: أَرَأَيْتَ حَدِيْثَ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ فِي أَمْرِ الضَّالَّةِ، هُوَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ يَحْيىَ: وَيَقُوْلُ رَبِيْعَةُ: عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ. قَالَ سُفْيَانُ: فَلَقِيْتُ رَبِيْعَةَ فَقُلْتُ لَهُ.

وضاحت: یہ لقطہ کی روایت ہے اور کتاب اللقطہ میں گذری ہے، یہ یزید کی روایت ہے اور یزیدؒ تابعی ہیں، پس روایت مرسل ہے۔ اور لقطہ کا مالک مفقود کی نظیر ہے، اس لئے یہ روایت اس باب میں لائے ہیں، جب لقطہ کے مالک سے مایوسی ہوجاتی ہے تو خیرات کرنے کا حکم ہے، اسی طرح مفقود سے مایوسی ہوجائے تو بیوی اور مال کا حکم ہے ـــــ وَجْنَة: رخسار......... وِكَاء: روپوں کی تھیلی باندھنے کی ڈوری.......... عِفَاص: وہ تھیلی جس میں روپے رکھے جاتے ہیں، بٹوہ .... فَاخْلِطْهَا بمالك: پس اس لقطہ کو اپنے مال کے ساتھ ملالے۔ داؤد ظاہری کہتے ہیں: ایک سال کے بعد ملتقط لقطہ کا مالک ہوجاتا ہے، وهو كما ترى! صحیح مطلب یہ ہے کہ اگر تو غریب ہے تو بہ نیت تصدق استعمال کرسکتا ہے (لقطہ عام طور پر غریبوں کو ملتا ہے، وہی اس کو اٹھاتے ہیں، وہی ہر جگہ گھومتے ہیں اور ہر چیز کو گھورتے ہیں، مالدار گری پڑی چیز کی طرف التفات نہیں کرتے)

سند کا بیان: ابن عیینہؒ کہتے ہیں: میری ربیعہ الرائے سے ملاقات ہوئی ـــــ اور میں نے ان سے کوئی چیز محفوظ نہیں

کی اس حدیث کے علاوہ —— میں نے پوچھا: یزید یہ روایت حضرت زید بن خالد جہنی سے کرتے ہیں؟ انھوں نے کہا: ہاں یعنی یہ روایت موصول ہے —— یحییٰ انصاری کہتے ہیں: اور ربیعہ یہ حدیث عن یزید عن زید کی سند سے روایت کرتے تھے، ابن عیینہؒ کہتے ہیں، میری ربیعہ سے ملاقات ہوئی تو میں نے ان سے مذکورہ بات پوچھی یعنی سفیان نے ربیعہ سے کب پوچھا تھا؟ جب انھوں نے یہ روایت بیان کی تھی (پس یہ تکرار نہیں)

بابُ الظِّهَارِ

ظہار کا بیان

ظہار: بیوی کو محرمات ابدیہ کے ساتھ یا ان کے کسی ایسے عضو کے ساتھ تشبیہ دینا جس کا دیکھنا حرام ہے، جیسے: تو میرے لئے میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے یعنی اب میں تجھ سے صحبت نہ کرونگا، تجھ سے صحبت کرنے کو اپنے اوپر حرام کرتا ہوں پس ظہار ہوگیا، اور ظہار کرنے سے بیوی موقت طور پر حرام ہوجاتی ہے، مگر اسی کے نکاح میں رہتی ہے، اور جب تک وہ کفارہ ادا نہ کرے صحبت اور دواعی صحبت حرام ہیں۔ اور کفارہ بالترتیب غلام آزاد کرنا یا دو مہینے مسلسل روزے رکھنا یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔

ظہار کا حکم: اٹھائیسویں پارہ کے شروع میں ہے: ''واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس عورت کی بات سن لی جو آپؐ سے اپنے شوہر کے بارے میں جھگڑا کرتی ہے، اور اللہ تعالیٰ کو اپنا دکھڑا سناتی ہے، اور اللہ تعالیٰ سن رہے ہیں تم دونوں کی باہمی گفتگو، بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والے ہر چیز دیکھنے والے ہیں۞ تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں (ان کو اپنی ماں جیسا کہہ بیٹھتے ہیں) وہ ان کی مائیں نہیں ہیں، ان کی مائیں تو بس وہی ہیں جنھوں نے ان کو جنا ہے، اور بے شک وہ نامعقول اور جھوٹ بات کہتے ہیں (اس لئے وہ گناہ ضرور ہے) اور اللہ تعالیٰ یقیناً معاف کرنے والے بڑے بخشنے والے ہیں۞ اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں، پھر اپنی کہی ہوئی بات کی تلافی کرنا چاہتے ہیں یعنی بیوی سے صحبت کرنا چاہتے ہیں تو ایک غلام آزاد کرنا ہے اس سے پہلے کہ وہ دونوں باہم اختلاط کریں، اس سے (کفارہ کے حکم سے) تم کو نصیحت کی جاتی ہے، اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب کاموں کی پوری خبر ہے۞ پس جس کو (بردہ) میسر نہ ہو تو دو مہینے کے لگاتار روزے رکھے اس سے پہلے کہ وہ دونوں باہم اختلاط کریں، پھر جس سے یہ بھی نہ ہو سکے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔

چونکہ ظہار کا حکم تفصیل سے مذکورہ آیات میں آگیا ہے اس لئے یہ مسئلہ حدیثوں میں نہیں آئے گا، ضرورت نہیں رہے گی، حدیثوں میں آیات کا شانِ نزول یا کوئی لگتا مسئلہ آسکتا ہے، مگر امام صاحب شانِ نزول کی روایت نہیں لائے، باب میں چند مسائل ذکر کئے ہیں۔

[۲۳-] بابُ الظِّهَارِ

﴿قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ فِیْ زَوْجِهَا﴾ إِلٰی قَوْلِهِ: ﴿فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا﴾

[١-] وَقَالَ لِيْ إِسْمَاعِيْلُ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ: أَنَّـهُ سَأَلَ ابْنَ شِهَابٍ عَنْ ظِهَارِ الْعَبْدِ، فَقَالَ: نَحْوَ ظِهَارِ الْحُرِّ.

[٢-] قَالَ مَالِكٌ: وَصِيَامُ الْعَبْدِ شَهْرَانِ.

[٣-] وَقَالَ الْحَسَنُ: ظِهَارُ الْحُرِّ وَالْعَبْدِ مِنَ الْحُرَّةِ وَالْأَمَةِ سَوَاءٌ.

[٤-] وَقَالَ عِكْرِمَةُ: إِنْ ظَاهَرَ مِنْ أَمَتِهِ فَلَيْسَ بِشَيْئٍ إِنَّمَا الظِّهَارُ مِنَ النِّسَاءِ.

[٥-] وَفِي الْعَرَبِيَّةِ "لِمَا قَالُوْا" أَيْ "فِيْمَا قَالُوْا" وَفِيْ نَقْضِ مَا قَالُوْا، وَهٰذَا أَوْلٰى: لِأَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَدُلَّ عَلَى الْمُنْكَرِ وَقَوْلِ الزُّوْرِ.

۱-امام مالکؒ نے زہریؒ سے غلام کے ظہار کے بارے میں پوچھا: تو فرمایا: آزاد (شوہر) کے ظہار کی طرح ہے، یعنی غلام شوہر بھی ظہار کرسکتا ہے۔

۲-امام مالکؒ نے فرمایا: اور غلام کے روزے دو ماہ ہیں یعنی غلام کے لئے تنصیف نہیں ہوگی، کیونکہ روزے عبادت ہیں اور عبادات میں غلام کے لئے تنصیف نہیں ہوتی، عقوبات (سزاؤں) میں تنصیف ہوتی ہے۔

۳-اور حسن نے کہا: آزاد اور غلام کا ظہار آزاد عورت اور (منکوحہ) باندی سے یکساں ہے، یعنی شوہر خواہ آزاد ہو یا غلام، اور بیوی خواہ آزاد عورت ہو یا غیر کی مملوکہ: ہر صورت میں ظہار ہوسکتا ہے —— اور یہ حسن: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نہیں ہیں، بلکہ حسن بن حرّ نخعی کوفی (متوفی ۱۳۳ھ) ہیں یا حسن بن حیّ ہمدانی (متوفی ۱۶۹ھ) ہیں، یہ بھی کوفہ کے فقیہ ہیں۔

۴-عکرمہؒ نے فرمایا: اگر اپنی باندی سے ظہار کیا تو وہ کچھ نہیں، ظہار بیوی سے ہوتا ہے۔

۵-ظہار کی آیت میں ہے: ﴿ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا﴾: پھر لوٹتے ہیں وہ اس بات میں جو کہی انھوں نے یعنی أنتِ عليّ كظهر أمي کہہ کر بیوی کو حرام کیا، اب بیوی کو حلال کرنا چاہتے ہیں، تو پہلے کفارہ دیں پھر مقاربت کریں —— اور داؤد ظاہری نے اس کا عجیب مطلب بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: شوہر ظہار کے الفاظ مکرر کہتا ہے، امام بخاریؒ ان کا رد کرتے ہیں کہ عربی میں لما قالوا: فيما قالوا کے معنی میں آتا ہے، یعنی اپنی کہی ہوئی بات کو ختم کرنا چاہتے ہیں، اور آیت کا یہ مطلب زیادہ بہتر ہے، کیونکہ جملہ أنت علی كظهر أمي نامعقول اور جھوٹ ہے، اللہ تعالیٰ اس کی تکرار کی بات کیسے کہہ سکتے ہیں؟ ترجمہ: اس لئے کہ اللہ تعالیٰ راہ نمائی نہیں کرسکتے، نامعقول اور جھوٹ بات کی طرف۔

بَابُ الإِشَارَةِ فِي الطَّلَاقِ وَالْأُمُوْرِ

طلاق اور (دیگر) امور میں اشارہ

عاقل بالغ ناطق (غیر اخرس) اور صاحی (بیدار) کا اشارہ مُفْهِمة (سمجھا ہوا) محاورات اور عام معاملات میں معتبر ہے، مگر جن چیزوں کا تعلق نُطق (بولنے) سے ہے، جیسے ذبیحہ پر تسمیہ، سجدۂ تلاوت کا وجوب، نکاح، طلاق، عتاق اور استثناء

وغیرہ میں اشارہ کافی نہیں، نُطق (بولنا) ضروری ہے، اور بولنے کا کم سے کم درجہ خود کو سنانا ہے —— اوراخرس (گونگے) کا اشارہ اور تحریر منہ سے بولنے کی طرح ہے، پس اس کا نکاح، طلاق، عتاق، بیع اور شراء وغیرہ اشارے اور لکھنے سے صحیح ہوجائیں گے —— اور معتقَل اللسان (زبان بستہ) کے احکام میں تفصیل ہے۔

اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں طلاق کے ساتھ الامور کا اضافہ کیا ہے، پھر باب میں روایات وآثار کا پل باندھ دیا ہے، مگر کوئی روایت طلاق میں اشارہ کے اعتبار کی نہیں لائے، شاید اس کو دیگر امور پر قیاس کیا ہے، حالانکہ نکاح وطلاق وغیرہ کو دیگر امور پر قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

[۲٤-] بَابُ الإِشَارَةِ فِی الطَّلَاقِ وَالْأُمُوْرِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَا یُعَذِّبُ اللّٰہُ بِدَمْعِ الْعَیْنِ وَلٰکِنْ یُعَذِّبُ بِھٰذَا" وَأَشَارَ إِلٰی لِسَانِہِ.

[۲-] وَقَالَ کَعْبُ بْنُ مَالِکٍ: أَشَارَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَیَّ أَیْ خُذِ النِّصْفَ.

[۳-] وَقَالَتْ أَسْمَاءُ: صَلَّی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِی الْکُسُوْفِ، فَقُلْتُ لِعَائِشَۃَ: مَا شَأْنُ النَّاسِ؟ وَھِیَ تُصَلِّی، فَأَوْمَتْ بِرَأْسِھَا إِلَی الشَّمْسِ، فَقُلْتُ: آیَۃٌ؟ فَأَوْمَتْ بِرَأْسِھَا أَنْ نَعَمْ.

[٤-] وَقَالَ أَنَسٌ: أَوْمَأَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِیَدِہِ إِلٰی أَبِیْ بَکْرٍ أَنْ یَتَقَدَّمَ.

[٥-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَوْمَأَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِیَدِہِ لَاحَرَجَ.

[٦-] وَقَالَ أَبُوْ قَتَادَۃَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِی الصَّیْدِ لِلْمُحْرِمِ: "أَحَدٌ مِنْکُمْ أَمَرَہُ أَنْ یَحْمِلَ عَلَیْھَا أَوْ أَشَارَ إِلَیْھَا؟" قَالُوْا: لَا. قَالَ: "فَکُلُوْا"

۱- اللہ تعالیٰ آنسو بہانے پر سزا نہیں دیتے، بلکہ اس کی وجہ سے سزا دیتے ہیں اور آپؐ نے اپنی زبان کی طرف اشارہ کیا۔

۲- نبی ﷺ نے مصالحت کرائی اور اشارہ کیا کہ آدھا قرضہ چھوڑ دو (تحفۃ القاری ۵: ۴۴۶)

۳- اسماءؓ نے عائشہؓ سے نماز کسوف پڑھتے ہوئے پوچھا: یہ کیسی نماز ہے؟ انھوں نے سورج کی طرف اشارہ کیا۔

۴- نبی ﷺ نے اشارہ سے ابوبکرؓ سے کہا: بڑھو (اور نماز پوری کرو) (تحفۃ القاری ۲: ۵۴۱)

۵- حجۃ الوداع میں جب نبی ﷺ سے مختلف مسائل پوچھے گئے تو آپؐ نے اشارہ فرمایا: کچھ حرج نہیں!

٦- ابوقتادہؓ نے نیل گائے شکار کی، آپؐ نے ان کے محرم ساتھیوں سے پوچھا: تم میں سے کسی نے ان کو شکار کرنے کے لئے کہا تھا یا شکار کی طرف اشارہ کیا تھا؟ انھوں نے کہا: نہیں! آپؐ نے فرمایا: پس کھاؤ (تحفۃ القاری ۴: ۵۲۴)

[۵۲۹۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِکِ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا إِبْرَاھِیْمُ، عَنْ

خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: طَافَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى بَعِيْرِهِ، وَكَانَ كُلَّمَا أَتَى عَلَى الرُّكْنِ أَشَارَ إِلَيْهِ، وَكَبَّرَ. [راجع: ١٦٠٧]

[٧-] وَقَالَتْ زَيْنَبُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " فُتِحَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهِ" وَعَقَدَ تِسْعِيْنَ.

[٥٢٩٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم: " فِي الْجُمُعَةِ سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا مُسْلِمٌ قَائِمٌ يُصَلِّيْ، يَسْأَلُ اللّٰهَ خَيْرًا، إِلَّا أَعْطَاهُ" وَقَالَ بِيَدِهِ، وَوَضَعَ أَنْمُلَتَهُ عَلٰى بَطْنِ الْوُسْطٰى وَالْخِنْصَرِ، قُلْنَا: يُزَهِّدُهَا. [راجع: ٩٣٥]

حدیث: (۵۲۹۳) نبی ﷺ نے اونٹ پر طواف کیا، جب حجر اسود سے گذرتے تو اس کی طرف اشارہ کرتے اور تکبیر کہتے (تحفۃ القاری ۴: ۳۸۹)

۷- فرمایا: "آج یاجوج ماجوج کی دیوار سے اتنا کھول دیا گیا، اور آپؐ نے نوّے کا عدد بنایا (شہادت کی انگلی انگوٹھے کی جڑ میں رکھی) (تحفۃ القاری ۷: ۱۵۰)

حدیث: (۵۲۹۴) ساعتِ مرجوہ کے بارے میں آپؐ نے اشارہ کرکے بتایا کہ وہ گھڑی ذرا سی ہے (تحفۃ القاری ۳: ۲۵۶)

[٥٢٩٥-] وَقَالَ الْأُوَيْسِيُّ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: عَدَا يَهُوْدِيٌّ فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى جَارِيَةٍ، فَأَخَذَ أَوْضَاحًا كَانَتْ عَلَيْهَا وَرَضَخَ رَأْسَهَا، فَأَتَى بِهَا أَهْلُهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهِيَ فِي آخِرِ رَمَقٍ، وَقَدْ أُصْمِتَتْ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ قَتَلَكِ؟ فُلَانٌ؟ لِغَيْرِ الَّذِيْ قَتَلَهَا، فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا: أَنْ لَا، قَالَ: " فَفُلَانٌ؟" لِرَجُلٍ آخَرَ غَيْرِ الَّذِيْ قَتَلَهَا، فَأَشَارَتْ: أَنْ لَا، فَقَالَ: "فَفُلَانٌ" لِقَاتِلِهَا، فَأَشَارَتْ: أَنْ نَعَمْ، فَأَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرُضِخَ رَأْسُهُ بَيْنَ حَجَرَيْنِ. [راجع: ٢٤١٣]

[٥٢٩٦-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: " الْفِتْنَةُ مِنْ هَاهُنَا" وَأَشَارَ إِلَى الْمَشْرِقِ. [راجع: ٣١٠٤]

[٥٢٩٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفَى، قَالَ: كُنَّا فِيْ سَفَرٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ قَالَ لِرَجُلٍ: " انْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ أَمْسَيْتَ، ثُمَّ قَالَ: " انْزِلْ فَاجْدَحْ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ أَمْسَيْتَ، إِنَّ عَلَيْكَ نَهَارًا، ثُمَّ قَالَ: " انْزِلْ فَاجْدَحْ" فَنَزَلَ فَجَدَحَ لَهُ فِي الثَّالِثَةِ،

فَشَرِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ أَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلٰى الْمَشْرِقِ فَقَالَ:'' إِذَا رَأَيْتُمْ اللَّيْلَ قَدْ أَقْبَلَ مِنْ هَاهُنَا، فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ''[راجع: ١٩٤١]

حدیث (۵۲۹۵) نبی ﷺ نے ایک باندی کا نزعی بیان لیا، قد أُصمتت: اس کی زبان بند ہوگئی تھی (مگر دماغ کام کررہا تھا) اس نے سر کے اشارے سے قاتل کو بتلایا (تحفۃ القاری ۵:۴۳۹)

حدیث (۵۲۹۶) نبی ﷺ نے مشرق کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: ''فتنے یہاں سے سر ابھاریں گے!''

حدیث (۵۲۹۷) نبی ﷺ نے مشرق کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: ''جب یہاں سے رات آجائے تو افطار کا وقت ہوگیا'' (تحفۃ القاری ۵:۵۳)

[٥٢٩٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' لاَيَمْنَعَنَّ أَحَدًا مِنْكُمْ نِدَاءُ بِلاَلٍ، أَوْ قَالَ: أَذَانُهُ، مِنْ سُحُوْرِهِ، فَإِنَّمَا يُنَادِيْ أَوْ: يُؤَذِّنُ لِيَرْجِعَ قَائِمُكُمْ، وَلَيْسَ أَنْ يَقُوْلَ، كَأَنَّهُ يَعْنِيْ الصُّبْحَ أَوْ: الْفَجْرَ'' وَأَظْهَرَ يَزِيْدُ يَدَيْهِ ثُمَّ مَدَّ إِحْدَاهُمَا مِنَ الأُخْرَى.[راجع: ٦٢١]

[٥٢٩٩-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:''مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُنْفِقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ، مِنْ لَدُنْ ثُدِيِّهِمَا إِلٰى تَرَاقِيْهِمَا، فَأَمَّا الْمُنْفِقُ فَلاَ يُنْفِقُ شَيْئًا إِلاَّ مَادَّتْ عَلٰى جِلْدِهِ حَتّٰى تُجِنَّ بَنَانَهُ وَتَعْفُوَ أَثَرَهُ، وَأَمَّا الْبَخِيْلُ فَلاَ يُرِيْدُ يُنْفِقُ إِلاَّ لَزِمَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ مَوْضِعَهَا، فَهُوَ يُوَسِّعُهَا وَلاَ تَتَّسِعُ'' وَيُشِيْرُ بِإِصْبَعِهِ إِلٰى حَلْقِهِ.[راجع: ١٤٤٣]

حدیث (۵۲۹۸) نبی ﷺ نے اشارہ کرکے بتایا کہ یہ صبح صادق نہیں، صبح کاذب ہے، ترجمہ: اور نہیں کہ کہے وہ گویا نبی ﷺ صبح صادق یا کہا فجر کو مراد لے رہے ہیں یعنی یہ صبح کاذب ہے، اور یزید (راوی) نے دونوں ہاتھ نکالے پھر ایک کو دوسرے پر لمبا کیا یعنی نیچے سے اوپر کی طرف جو روشنی نمودار ہوتی ہے وہ صبح صادق نہیں (تحفۃ القاری ۲:۴۸۵)

حدیث (۵۲۹۹) نبی ﷺ نے سخی اور بخیل کی حالت ایک مثال سے سمجھائی، بخیل نے لوہے کا کرتا پہن رکھا ہے، وہ اس کی کڑیوں کو کشادہ کرتا ہے مگر نہیں ہوتیں، اور آپؐ نے اپنی انگلی سے اپنے گلے کی طرف اشارہ کیا (تحفۃ القاری ۴:۲۱۳)

بَابُ اللِّعَانِ

لعان کا بیان

لعان کا مسئلہ سورۃ النور آیات ۶-۹ میں ہے۔ اگر کوئی مرد اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے اور چار گواہوں سے اس کو

ثابت نہ کر سکے تو زوجین باہم لعان کریں یعنی چند مؤکد قسمیں کھائیں، پہلے مرد چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دے کہ وہ زنا کی تہمت میں یقیناً سچا ہے، پھر پانچویں مرتبہ کہے: اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر اللہ کی لعنت! (پھٹکار) پھر عورت چار مرتبہ قسم کھا کر گواہی دے کہ شوہر جھوٹا ہے، اور پانچویں بار کہے: اگر وہ سچا ہو تو اس (عورت) پر اللہ کا غضب ٹوٹے! —— پھر جب لعان مکمل ہو جائے تو قاضی زوجین کے درمیان تفریق کردے (عندالاحناف) اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خود بخود طلاق واقع ہو جائے گی، تفریق کی حاجت نہیں۔

گونگے کے تہمت لگانے کا حکم:

اگر گونگا اپنی بیوی پر تحریر کے ذریعہ یا اشارے یا جانے پہچانے ایماء (مفہوم مخالف) کے ذریعہ تہمت لگائے تو بعض حجازی فقہاء، دیگر اہل علم اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک معتبر ہے اور لعان ہوگا، جیسے کوئی منہ سے بول کر تہمت لگائے تو معتبر ہے، اور لعان ہوتا ہے، دلیل: شریعت نے فرائض میں اشارے کا اعتبار کیا ہے، معذور اشارے سے فرض نماز پڑھ سکتا ہے، پس لعان میں بدرجۂ اولیٰ اشارہ کا اعتبار ہوگا، کیونکہ گونگا معذور ہے۔ اور حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے لوگوں سے اشارے سے کہا تھا: میرا خاموش روزہ ہے، بچے سے پوچھو: کیا معاملہ ہے؟ اور زکریا علیہ السلام نے قوم کو اشارہ سے ہدایت دی تھی —— سوال: گونگا لعان کیسے کرے گا؟ وہ تو بول نہیں سکتا! جواب: جس طرح اس نے تحریر وغیرہ کے ذریعہ تہمت لگائی ہے، اسی طرح لعان بھی کرے گا۔

اور احناف کے نزدیک گونگا اگر اپنی بیوی پر تہمت لگائے تو لعان نہیں ہوگا، کیونکہ لعان میں حد کے معنی ہیں، لعان شوہر کے حق میں بمنزلۂ حد قذف ہے، اور عورت کے حق میں بمنزلۂ حد زنا ہے، اور حدود شبہات سے اٹھ جاتی ہیں، اور گونگے کی تحریر اور اشارے وغیرہ میں احتمال ہے، اشارے اور مفہوم مخالف میں احتمال تو ظاہر ہے، اور تحریر میں یہ احتمال ہے کہ اس نے تحریر کی مشق کی ہو اور وہ تحریر مشق ستم بن گئی ہو —— سوال: اگر گونگے نے واقعۃً بیوی کے ساتھ کسی کو ملوث پایا، اور وہ اس کو نہ رکھنا چاہتا ہو تو کیا کرے؟ جواب: طلاق دیدے، گونگا تحریر اور اشارہ سے طلاق دے سکتا ہے —— اور امام احمدؒ کی ایک روایت احناف کے موافق ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ طلاق اور تہمت لگانے میں کوئی فرق نہیں، دونوں کا وجود کلام سے ہوتا ہے، پھر احناف کا کہنا کہ گونگے کی طلاق تو درست ہے قذف درست نہیں: بے معنی سی بات ہے، نہیں جناب! بامعنی بات ہے، سخن شناس نہ ٔ دل بر! لعان میں حد کے معنی ہیں: طلاق میں یہ معنی نہیں!

[۲۵-] بَابُ اللِّعَانِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿مِنَ

الصَّادِقِيْنَ﴾

فَإِذَا قَذَفَ الْأَخْرَسُ امْرَأَتَهُ بِكِتَابَةٍ أَوْ إِشَارَةٍ أَوْ بِإِيْمَاءٍ مَعْرُوْفٍ فَهُوَ كَالْمُتَكَلِّمِ، لِأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَدْ أَجَازَ الإِشَارَةَ فِي الْفَرَائِضِ، وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ أَهْلِ الْحِجَازِ وَأَهْلِ الْعِلْمِ.

وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ، قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا﴾[مريم: ۲۹]

وَقَالَ الضَّحَّاكُ: ﴿إِلَّا رَمْزًا﴾: إِشَارَةً.

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: لَاحَدَّ وَلَا لِعَانَ. ثُمَّ زَعَمَ: إِنْ طَلَّقُوْا بِكِتَابٍ أَوْ إِشَارَةٍ أَوْ إِيْمَاءٍ جَازَ، وَلَيْسَ بَيْنَ الطَّلَاقِ وَالْقَذْفِ فَرْقٌ. فَإِنْ قَالَ: الْقَذْفُ لَايَكُوْنُ إِلَّا بِكَلَامٍ. قِيْلَ لَهُ: كَذٰلِكَ الطَّلَاقُ لَايَكُوْنُ إِلَّا بِكَلَامٍ، وَإِلَّا بَطَلَ الطَّلَاقُ وَالْقَذْفُ، وَكَذٰلِكَ الْعِتْقُ، وَكَذٰلِكَ الْأَصَمُّ يُلَاعِنُ.

وَقَالَ الشَّعْبِيُّ وَقَتَادَةُ: إِذَا قَالَ: أَنْتِ طَالِقٌ، فَأَشَارَ بِأَصَابِعِهِ، تَبِيْنُ مِنْهُ بِإِشَارَتِهِ.

وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: الْأَخْرَسُ إِذَا كَتَبَ الطَّلَاقَ بِيَدِهِ لَزِمَهُ.

وَقَالَ حَمَّادٌ: الْأَخْرَسُ وَالأَصَمُّ إِنْ قَالَ بِرَأْسِهِ جَازَ.

ترجمہ: آیت لعان ذکر کرنے کے بعد فرمایا: پس جب گونگا اپنی بیوی پر تہمت لگائے تحریر یا اشارے یا جانے پہچانے مفہوم مخالف کے ذریعہ تو وہ کلام کرنے والے کی طرح ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے فرائض میں اشارے کو جائز رکھا ہے، اور یہ بعض حجازی علماء اور اہل علم کا قول ہے ـــــ اور اللہ تعالیٰ نے مریمؑ کے واقعہ میں فرمایا: ''پس انھوں نے بچے کی طرف اشارہ کیا ـــــ اور ضحاکؒ نے آلِ عمران کی آیت ۴۱ میں جو رمزا ہے اس کا ترجمہ 'اشارہ' کیا ہے ـــــ اور بعض لوگوں نے کہا: نہ حد ہے نہ لعان ہے یعنی گونگا زنا چوری وغیرہ کا اقرار کرے تو حد نہیں لگے گی، پھر اس نے کہا: اگر گونگا طلاق دے تحریر یا اشارے یا ایماء کے ذریعہ تو جائز ہے، حالانکہ طلاق اور تہمت لگانے کے درمیان کچھ فرق نہیں ـــــ پھر اس نے کہا: تہمت کلام ہی کے ذریعہ ہوتی ہے (لعان نہ ہونے کی یہ بنیاد نہیں) اس سے کہا گیا: اسی طرح طلاق نہیں ہوتی مگر کلام سے، ورنہ طلاق اور قذف باطل ہونگے اور اسی طرح عتق باطل ہوگا ـــــ اور اسی طرح بہرہ لعان کرے گا ـــــ اور شعبی اور قتادہ رحمہما اللہ نے فرمایا: جب کسی نے أنت طالق کہا، اور اپنی (تین) انگلیوں سے اشارہ کیا تو عورت شوہر سے جدا ہو جائے گی ـــــ اور ابراہیم نخعیؒ نے فرمایا: گونگا جب اپنے ہاتھ سے طلاق لکھے تو وہ اس پر لازم ہو جائے گی ـــــ اور حماد بن ابی سلیمانؒ نے کہا: گونگا اور بہرہ اگر اپنے سر سے (طلاق کا) اشارہ کریں تو جائز ہے (طلاق میں کوئی اختلاف نہیں، اختلاف لعان میں ہے)

[۵۳۰۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْأَنْصَارِ؟" قَالُوْا: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "بَنُوْ النَّجَّارِ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ بَنُو عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ بَنُوْ الْحَارِثِ بْنِ

الْخَزْرَجِ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ بَنُوْ سَاعِدَةَ" ثُمَّ قَالَ بِيَدِهِ، فَقَبَضَ أَصَابِعَهُ، ثُمَّ بَسَطَهُنَّ كَالرَّامِيِّ بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ: "وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ"

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں انصار کے بطون میں سے بہتر بطون نہ بتلاؤں؟ لوگوں نے کہا: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: "بنو النجار، پھر وہ لوگ جو ان سے (خوبیوں میں) قریب ہیں یعنی بنوعبدالاشہل، پھر وہ لوگ جو ان سے قریب ہیں یعنی بنوالحارث بن الخزرج، پھر وہ لوگ جو ان سے قریب ہیں یعنی بنوساعدہ پھر آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اشارہ فرمایا، آپؐ نے انگلیاں بند کیں، پھر ان کو کھولا، جیسے کوئی دونوں ہاتھوں سے پھینکتا ہے، اور فرمایا: انصار کے سبھی بطون میں خیر ہے (تحفۃ الالمعی ۸:۴۸۱)

[٥٣٠١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ أَبُوْ حَازِمٍ: سَمِعْتُهُ مِنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهٰذِهِ مِنْ هٰذِهِ، أَوْ: كَهَاتَيْنِ" وَقَرَنَ بَيْنَ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى. [راجع: ٤٩٣٦]

[٥٣٠٢-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَبَلَةُ بْنُ سُحَيْمٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا" يَعْنِيْ ثَلَاثِيْنَ، ثُمَّ قَالَ: "وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا" يعنى تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ، يَقُوْلُ: مَرَّةً ثَلَاثِيْنَ، وَمَرَّةً تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ. [راجع: ١٩٠٨]

حدیث (۵۳۰۱) پہلے (تحفۃ القاری ۹:۵۹۷) آئی ہے: آپؐ نے انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کو ملا کر اشارہ کیا۔
حدیث (۵۳۰۲) پہلے (تحفۃ القاری ۴:۵۸۳) آئی ہے، آپؐ نے انگلیوں کے اشارے سے سمجھایا کہ عربی مہینہ کبھی تیس کا اور کبھی انتیس کا ہوتا ہے۔

[٥٣٠٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: وَأَشَارَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ نَحْوَ الْيَمَنِ: "الْإِيْمَانُ هَاهُنَا مَرَّتَيْنِ أَلَا وَإِنَّ الْقَسْوَةَ وَغِلَظَ الْقُلُوْبِ فِي الْفَدَّادِيْنَ، حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنَا الشَّيْطَانِ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ" [راجع: ٣٣٠٢]

[٥٣٠٤-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِي الْجَنَّةِ هٰكَذَا" وَأَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى، وَفَرَّجَ بَيْنَهُمَا شَيْئًا. [طرفه: ٦٠٠٥]

حدیث (۵۳۰۳) پہلے (تحفۃ القاری ۶:۵۲۵) آئی ہے: نبی ﷺ نے یمن کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: (الی آخرہ)
حدیث (۵۳۰۴) شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی ملا کر، اور درمیان میں ذرا کشادگی رکھ کر فرمایا: میں اور یتیم کی پرورش

کرنے والا جنت میں اس طرح ہونگے۔

ملحوظہ: ان سب روایات میں اشارہ کا ذکر ہے، لعان سے ان کا کچھ تعلق نہیں، نہ قذفِ اخرس سے، پس یہ روایات گذشتہ باب میں جو والأمور بڑھایا ہے اس سے ان کا تعلق ہوسکتا ہے۔

بَابٌ: إِذَا عَرَّضَ بِنَفْيِ الْوَلَدِ

جب بچے کے نسب کی نفی کرکے (بیوی پر) چوٹ کرے

اگر شوہر بیوی سے پیدا ہونے والے بچے کے نسب کی نفی کرے اور کہے کہ یہ میرا بچہ نہیں، معلوم نہیں کس کا ہے؟ تو یہ درپردہ عورت پر زنا کی تہمت ہے، پس اس صورت میں بھی لعان ہوگا، البتہ قاضی جس طرح زنا کا اقرار کرنے والے کو رجوع کی تلقین کرتا ہے اس کو بھی کرے گا، تاکہ وہ بچے کی نفی نہ کرے، باب کی حدیث میں اسی کا بیان ہے۔

[۲۶-] بَابٌ: إِذَا عَرَّضَ بِنَفْيِ الْوَلَدِ

[۵۳۰۵-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! وُلِدَ لِيْ غُلاَمٌ أَسْوَدُ! فَقَالَ: "هَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "مَا أَلْوَانُهَا؟" قَالَ: حُمْرٌ، قَالَ: "هَلْ فِيْهَا مِنْ أَوْرَقَ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَأَنَّى ذٰلِكَ؟" قَالَ: لَعَلَّ نَزَعَهُ عِرْقٌ. قَالَ: "فَلَعَلَّ ابْنَكَ هٰذَا نَزَعَهُ" [طرفاه: ۶۸۴۷، ۷۳۱۴]

ترجمہ: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا، اور اس نے کہا: میرے گھر میں کالا لڑکا پیدا ہوا ہے! یعنی میں تو گورا ہوں یہ کالا لڑکا کہاں سے آیا؟ وہ بچے کے نسب کی نفی کرنے جارہا تھا، آپؐ نے اس سے پوچھا: تیرے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے کہا: ہاں! آپؐ نے پوچھا: ان کے رنگ کیا ہیں؟ اس نے کہا: سرخ، آپؐ نے پوچھا: ان میں کوئی خاکی (راکھ جیسے) رنگ کا بھی ہے؟ اس نے کہا: ہاں ہے! آپؐ نے پوچھا: یہ رنگ کہاں سے آیا؟ اس نے کہا: شاید کسی رگ نے اس کو کھینچا ہے یعنی اوپر سے نسل میں یہ رنگ آیا ہے، آپؐ نے فرمایا: پس شاید تیرا یہ بیٹا کھینچا ہو اس نے اس رنگ کو! یعنی تیرے آباء و امہات میں یہ رنگ رہا ہو، جو نسل میں آیا ہو، غرض آپؐ نے اس کو نسب کی نفی نہیں کرنے دی۔

بَابُ إِحْلاَفِ الْمُلاَعِنِ

لعان کرنے والے کو قسم کھلانا

امام مالک، امام شافعی اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک لعان قسم ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک شہادت ہے،

آیاتِ لعان میں شہادت کی صراحت ہے، اور زوج کی چار شہادتیں بمنزلہ چار شاہدوں کے ہیں جو اس سے حد قذف کو دفع کریں گی، اور جمہور کا مستدل باب کی روایت میں فأَحْلَفَهُمَا ہے یعنی نبی ﷺ نے دونوں کو قسمیں کھلائیں، اور جواب یہ ہے کہ اگلے باب کی روایت میں فشهد ہے یعنی راوی کسی لفظ پر ٹھہرتا نہیں، پس قرآن کی تعبیر لینا بہتر ہے۔ اور یہ محض علمی مسئلہ ہے، عمل سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔

[۲۷-] بَابُ إِحْلَافِ الْمُلاَعِنِ

[۵۳۰۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ قَذَفَ امْرَأَتَهُ فَأَحْلَفَهُمَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا. [راجع: ۴۷۴۸]

بَابٌ: يَبْدَأُ الرَّجُلُ بِالتَّلاعُنِ

پہلے شوہر لعان کرے

قرآنِ کریم میں لعان کی ابتداء مرد سے کی گئی ہے اور نبی ﷺ کا بھی یہی طریقہ تھا، لیکن بالفرض عورت سے ابتداء کی جائے تو لعان ہوگا یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک نہیں ہوگا، ان کے نزدیک: ﴿وَيَدْرَأُ﴾ میں واو عاطفہ ترتیب کے لئے ہے، جیسے آیت وضوء میں امام بخاریؒ کا رجحان بھی اسی طرف ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک لعان ہو جائے گا، ان کے نزدیک واو مطلق جمع کے لئے ہے۔

[۲۸-] بَابٌ: يَبْدَأُ الرَّجُلُ بِالتَّلاعُنِ

[۵۳۰۷-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ هِلاَلَ بْنَ أُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَأَتَهُ، فَجَاءَ فَشَهِدَ وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ" ثُمَّ قَامَتْ فَشَهِدَتْ. [راجع: ۲۶۷۱]

وضاحت: ثم قامت سے استدلال کیا ہے کہ پہلے شوہر نے لعان کیا تھا۔

بَابُ اللِّعَانِ، وَمَنْ طَلَّقَ بَعْدَ اللِّعَانِ

لعان، اور لعان کے بعد طلاق کا حکم

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک لعان کے بعد طلاق خود بخود واقع ہو جائے گی، نہ قاضی کی تفریق کی حاجت ہے نہ شوہر کی طلاق کی، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک قاضی کی تفریق ضروری ہے، جبھی نکاح ختم ہوگا یا شوہر طلاق دے، لعان کی سبھی

روایتوں میں شوہر نے طلاق دی ہے، اور نبی ﷺ نے اس کو برقرار رکھا ہے ـــــ اور یہ مسئلہ ایلاء کے مسئلہ کے برعکس ہے، ایلاء میں چار ماہ گذرنے پر امام اعظم کے نزدیک خود بخود طلاق واقع ہوجاتی ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قاضی دلواتا ہے۔ اور حدیث (تحفۃ القاری ۹:۳۹۳) میں گذری ہے۔

[۲۹-] بَابُ اللِّعَانِ، وَمَنْ طَلَّقَ بَعْدَ اللِّعَانِ

[۵۳۰۸-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عُوَيْمِرًا الْعَجْلَانِيَّ جَاءَ إِلٰى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيِّ، فَقَالَ لَهُ: يَا عَاصِمُ! أَرَأَيْتَ رَجُلاً وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، أَوْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ سَلْ لِيْ يَا عَاصِمُ عَنْ ذٰلِكَ. فَسَأَلَ عَاصِمٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا حَتّٰى كَبُرَ عَلٰى عَاصِمٍ مَا سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ إِلٰى أَهْلِهِ جَاءَهُ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ! مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ عَاصِمٌ لِعُوَيْمِرٍ: لَمْ تَأْتِنِيْ بِخَيْرٍ، قَدْ كَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَسْأَلَةَ الَّتِيْ سَأَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَا أَنْتَهِيْ حَتّٰى أَسْأَلَهُ عَنْهَا، فَأَقْبَلَ عُوَيْمِرٌ حَتّٰى جَاءَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَسَطَ النَّاسِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ رَجُلاً وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَدْ أُنْزِلَ فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ فَاذْهَبْ فَأْتِ بِهَا" قَالَ سَهْلٌ: فَتَلَاعَنَا وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ تَلَاعُنِهِمَا قَالَ عُوَيْمِرٌ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَكَانَتْ سُنَّةَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ. [راجع: ٤٢٣]

وضاحت: فکانت: أی الفرقة: پس وہ (فرقت) اسلامی طریقہ بنی ان لعان کرنے والوں کے حق میں (جوان دونوں کے بعد ہونگے)

بَابُ التَّلَاعُنِ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد میں لعان کرنا

لعان میں زوجین میں سے ایک بالیقین کاذب ہے، پس وہ مسجد میں جھوٹی شہادت کیسے دے گا؟ مگر نص سے مسجد میں لعان ثابت ہے، پس یہ شبہ بے معنی ہے، مگر مسجد میں لعان کرنا ضروری نہیں، کورٹ میں بھی لعان ہوسکتا ہے، البتہ مسجد میں اولیٰ ہے۔

[۳۰-] بَابُ التَّلَاعُنِ فِي الْمَسْجِدِ

[۵۳۰۹-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ عَنِ الْمُلَاعَنَةِ وَعَنِ السُّنَّةِ فِيْهَا، عَنْ حَدِيْثِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَخِيْ بَنِيْ سَاعِدَةَ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ رَجُلاً وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً، أَيَقْتُلُهُ أَوْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ شَأْنِهِ مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنْ أَمْرِ التَّلَاعُنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَقَدْ قَضَى اللّٰهُ فِيْكَ وَفِيْ امْرَأَتِكَ" قَالَ: فَتَلَاعَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَأَنَا شَاهِدٌ، فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ فَرَغَا مِنَ التَّلَاعُنِ، فَفَارَقَهَا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "ذَاكَ تَفْرِيْقٌ بَيْنَ كُلِّ مُتَلَاعِنَيْنِ"

قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَكَانَتِ السُّنَّةُ بَعْدَهُمَا أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَ كُلِّ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، وَكَانَتْ حَامِلاً، وَكَانَ ابْنُهَا يُدْعىٰ لِأُمِّهِ، قَالَ: ثُمَّ جَرَتِ السُّنَّةُ فِيْ مِيْرَاثِهَا أَنَّهَا تَرِثُهُ وَيَرِثُ مِنْهَا مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهَا.

قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنْ جَاءَتْ بِهِ أَحْمَرَ قَصِيْرًا كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ، فَلَا أُرَاهَا إِلَّا قَدْ صَدَقَتْ وَكَذَبَ عَلَيْهَا، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَسْوَدَ، أَعْيَنَ، ذَا أَلْيَتَيْنِ، فَلَا أُرَاهُ إِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا" فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى الْمَكْرُوْهِ مِنْ ذٰلِكَ. [راجع: ۴۲۳]

حوالہ: حدیث پہلے (تحفۃ القاری۹:۳۹۳) آچکی ہے اور مسائل ولغات بھی۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ كُنْتُ رَاجِمًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ

نبی ﷺ نے کس عورت کے بارے میں فرمایا ہے کہ اگر میں گواہی کے بغیر سنگسار کرتا؟

مدینہ میں ایک مسلمان فاحشہ چالو عورت تھی، شکایتیں اس کی بہت آتی تھیں، مگر ثبوت کچھ نہیں ملتا تھا، اس کے بارے میں نبی ﷺ نے فرمایا: "اگر میں کسی کو گواہی کے بغیر سنگسار کرتا تو اس عورت کو کرتا" یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کی ہے، اور عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ کی بیوی نے جب مکروہ صفت پر بچہ جنا تو آپؐ نے فرمایا: "اگر کتاب اللہ کا حکم پہلے نافذ نہ ہو چکا ہوتا تو میں اس عورت کو عبرتناک سزا دیتا" (تحفۃ القاری ۹:۳۹۶)

[۳۱-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ كُنْتُ رَاجِمًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ

[۵۳۱۰-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

ابْنِ الْقَاسِمِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ ذُكِرَ التَّلاَعُنُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ عَدِيٍّ فِي ذٰلِكَ قَوْلاً ثُمَّ انْصَرَفَ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ مَنْ قَوْمِهِ يَشْكُوْ إِلَيْهِ أَنَّهُ قَدْ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً، فَقَالَ عَاصِمٌ: مَا ابْتُلِيْتُ بِهٰذَا إِلَّا لِقَوْلِيْ، فَذَهَبَ بِهِ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِيْ وَجَدَ عَلَيْهِ امْرَأَتَهُ، وَكَانَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ مُصْفَرًّا، قَلِيْلَ اللَّحْمِ، سَبْطَ الشَّعَرِ، وَكَانَ الَّذِيْ ادَّعَى عَلَيْهِ أَنَّهُ وَجَدَهُ عِنْدَ أَهْلِهِ خَدِلاً، آدَمَ، كَثِيْرَ اللَّحْمِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ بَيِّنْ" فَجَاءَ تْ شِبْهًا بِالرَّجُلِ الَّذِيْ ذَكَرَ زَوْجُهَا أَنَّهُ وَجَدَهُ، فَلاَعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُمَا.

قَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمَجْلِسِ: هِيَ الَّتِيْ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ رَجَمْتُ أَحَدًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ رَجَمْتُ هٰذِهِ؟" فَقَالَ: لاَ، تِلْكَ امْرَأَةٌ كَانَتْ تُظْهِرُ فِي الإِسْلاَمِ السُّوْءَ. قَالَ أَبُوْ صَالِحٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ: خَدِلًّا. [أطرافه: ۵۳۱۶، ۶۸۵۵، ۶۸۵۶، ۷۲۳۸]

وضاحت: یہ روایت لعان کی دیگر روایات سے واقعہ کی ترتیب میں بہت مختلف ہے، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، واقعہ کی صحیح نوعیت وہ ہے جو دیگر روایات میں ہے.......... **قال عاصم بن عدی فی ذلك قولا:** عاصم نے اس سلسلہ میں مسئلہ پوچھا.......... عویمر کی بیوی عاصم کے خاندان کی تھی۔

بَابُ صِدَاقِ الْمُلاَعَنَةِ

لعان کرنے والی کا مہر

لعان کرنے والی عورت اگر مدخول بہا ہے تو پورا مہر اور غیر مدخول بہا ہے تو آدھا مہر واجب ہے، اور باب کی حدیث عمرو بن دینار اور ایوب سختیانی: سعید بن جبیرؒ سے روایت کرتے ہیں، اور عمرو کی روایت میں یہ مضمون زائد ہے: عویمرؓ کے واقعہ میں جب لعان پورا ہوا تو شوہر نے کہا: میرا مال؟ یعنی میں نے عورت کو جو مہر دیا ہے وہ مجھے واپس ملنا چاہئے، پس ان سے کہا گیا: تجھے مہر واپس نہیں ملے گا، کیونکہ اگر تو نے صحیح الزام لگایا ہے تو تو عورت سے فائدہ اٹھا چکا ہے، پس مہر اس کا عوض بن گیا اور اگر غلط الزام لگایا ہے تو مہر واپس ملنے کا سوال ہی نہیں، چوری اور سینہ زوری!

[۳۲-] بَابُ صِدَاقِ الْمُلاَعَنَةِ

[۵۳۱۱-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: رَجُلٌ قَذَفَ امْرَأَتَهُ؟ فَقَالَ: فَرَّقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَخَوَيْ بَنِي الْعَجْلاَنِ،

وَقَالَ:" اللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ؟" فَأَبَيَا، وَقَالَ:" اللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ؟" فَأَبَيَا فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا.

قَالَ أَيُّوْبُ: فَقَالَ لِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ: إِنَّ فِيْ الْحَدِيْثِ شَيْئًا لاَ أَرَاكَ تُحَدِّثُهُ، قَالَ: قَالَ الرَّجُلُ: مَالِيْ؟ قَالَ: قِيْلَ: لاَ مَالَ لَكَ، إِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَقَدْ دَخَلْتَ بِهَا، وَإِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَهُوَ أَبْعَدُ مِنْكَ.

[أطرافه: ۵۳۱۲، ۵۳۴۹، ۵۳۵۰]

وضاحت: عویمرؓ اور ان کی بیوی ایک ہی قبیلہ کے تھے، اور أخ بمعنی والا ہے۔

بَابُ قَوْلِ الإِمَامِ لِلْمُتَلاَعِنَيْنِ: إِنْ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ؟

قاضی لعان کرنے والے زوجین کو توبہ کی تلقین کرے

لعان سے پہلے یا لعان کے بعد یا ہر ایک کو اس کی باری پر قاضی توبہ کی تلقین کرے، پھر اگر شوہر توبہ کرے تو اس کو حد قذف لگے گی، اور عورت توبہ کرے تو اس پر حد زنا جاری ہوگی، عویمرؓ کے واقعہ میں نبی ﷺ نے دونوں کو توبہ کی تلقین کی تھی، مگر کسی نے توبہ نہ کی اور لعان کیا۔

[۳۳-] بَابُ قَوْلِ الإِمَامِ لِلْمُتَلاَعِنَيْنِ: إِنْ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ؟

[۵۳۱۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ: قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْمُتَلاَعِنَيْنِ، فَقَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِلْمُتَلاَعِنَيْنِ: "حِسَابُكُمَا عَلَى اللّٰهِ، أَحَدُكُمَا كَاذِبٌ، لاَسَبِيْلَ لَكَ عَلَيْهَا" قَالَ: مَالِيْ؟ قَالَ:" لاَمَالَ لَكَ، إِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا، فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا، وَإِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا، فَذَاكَ أَبْعَدُ لَكَ" قَالَ سُفْيَانُ: حَفِظْتُهُ مِنْ عَمْرٍو وَقَالَ أَيُّوْبُ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: رَجُلٌ لاَعَنَ امْرَأَتَهُ، فَقَالَ بِإِصْبَعَيْهِ – وَفَرَّقَ سُفْيَانُ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى-: فَرَّقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَخَوَيْ بَنِيْ الْعَجْلاَنِ، وَقَالَ:" اللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ؟" ثَلاَثَ مَرَّاتٍ. قَالَ سُفْيَانُ: حَفِظْتُهُ مِنْ عَمْرٍو وَأَيُّوْبَ كَمَا أَخْبَرْتُكَ. [راجع: ۵۳۱۱]

وضاحت: ابن عیینہؒ نے فَرَّقَ کہتے ہوئے اپنی شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی میں جدائی کی یعنی انگریزی V کی طرح.........ثلاث مرات: گذشتہ باب کی حدیث میں جملہ اللہ یعلم عمدہ اور فتح میں تین مرتبہ ہے، ہمارے نسخہ میں تیسری مرتبہ گیلری میں ہے۔

بَابُ التَّفْرِيْقِ بَيْنَ الْمُتَلاَعِنَيْنِ

لعان کے بعد زوجین میں جدائی کرنا

یہ مسئلہ آ گیا کہ لعان کے بعد زوجین ساتھ نہیں رہ سکتے، قاضی تفریق کرے گا یا شوہر طلاق دے گا یا خود بخود جدائی ہوجائے گی۔ کمامر۔

[٣٤-] بَابُ التَّفْرِيْقِ بَيْنَ الْمُتَلاَعِنَيْنِ

[٥٣١٣-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرَّقَ بَيْنَ رَجُلٍ وَامْرَأَتِهِ قَذَفَهَا، وَأَحْلَفَهُمَا.

[راجع: ٤٧٤٨]

[٥٣١٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: لاَعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ رَجُلٍ وَامْرَأَتِهِ مِنَ الأَنْصَارِ، وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا. [راجع: ٤٧٤٨]

بَابٌ: يُلْحَقُ الْوَلَدُ بِالْمُلاَعِنَةِ

لعان کے بعد بچہ ماں کے ساتھ لاحق کیا جائے گا

اگر لعان کرنے والی عورت حاملہ ہوتو بچہ ماں کے تابع کیا جائے گا، شوہر سے اس کا نسب منقطع ہوجائے گا، اور ماں بچہ ایک دوسرے کے وارث ہونگے، اور دونوں میں سے کسی کو طعنہ دینا جائز نہیں ہوگا، کیونکہ لعان نے عورت سے عذاب کو ہٹا دیا ہے۔

[٣٥-] بَابٌ: يُلْحَقُ الْوَلَدُ بِالْمُلاَعِنَةِ

[٥٣١٥-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لاَعَنَ بَيْنَ رَجُلٍ وَامْرَأَتِهِ، فَانْتَفَى مِنْ وَلَدِهَا فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا، وَأَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْمَرْأَةِ.

[راجع: ٤٧٤٨]

بَابُ قَوْلِ الإِمَامِ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ

قاضی کا دعا کرنا: الٰہی! معاملہ کھول دے

دعا کرنا ضروری نہیں، اور کرے تو ہرج بھی نہیں، اور نبی ﷺ نے جو دعا کی تھی وہ آپؐ کے ساتھ خاص تھی۔

[۳۶-] بَابُ قَوْلِ الإِمَامِ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ

[۵۳۱٦-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ قَالَ: ذُكِرَ الْمُتَلَاعِنَانِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ عَدِيٍّ فِيْ ذٰلِكَ قَوْلًا، ثُمَّ انْصَرَفَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ، فَذَكَرَ لَهُ أَنَّهُ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، فَقَالَ عَاصِمٌ: مَا ابْتُلِيْتُ بِهٰذَا الْأَمْرِ إِلَّا لِقَوْلِيْ، فَذَهَبَ بِهِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِيْ وَجَدَ عَلَيْهِ امْرَأَتَهُ، وَكَانَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ مُصْفَرًّا، قَلِيْلَ اللَّحْمِ، سَبِطَ الشَّعَرِ، وَكَانَ الَّذِيْ وَجَدَ عِنْدَ أَهْلِهِ آدَمَ، خَدِلًا، كَثِيْرَ اللَّحْمِ، جَعْدًا قَطَطًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " اللّٰهُمَّ بَيِّنْ" فَوَضَعَتْ شَبِيْهًا بِالرَّجُلِ الَّذِيْ ذَكَرَ زَوْجُهَا أَنَّهُ وُجِدَ عِنْدَهَا، فَلَاعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَيْنَهُمَا، فَقَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمَجْلِسِ: هِيَ الَّتِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَوْ رَجَمْتُ أَحَدًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ لَرَجَمْتُ هٰذِهِ؟" فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَا، تِلْكَ امْرَأَةٌ كَانَتْ تُظْهِرُ السُّوْءَ فِي الإِسْلَامِ. [راجع: ۵۳۱۰]

[كِتَابُ الْعِدَّةِ]

بَابٌ: إِذَا طَلَّقَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ تَزَوَّجَتْ بَعْدَ الْعِدَّةِ زَوْجًا غَيْرَهُ فَلَمْ يَمَسَّهَا

حلالہ میں زوجِ ثانی کی صحبت ضروری ہے

اگر شوہر بیوی کو تین طلاقیں دے تو بیوی مغلظہ ہوجاتی ہے، شوہر کے لئے حلال نہیں رہتی، تاوقتیکہ وہ عورت دوسرے شخص سے نکاح نہ کرلے، اور دوسرا شوہر اس سے صحبت کرکے اپنی خوشی سے طلاق نہ دیوے، اس کی عدت پوری کرکے پھر زوجِ اول سے نکاح جدید ہوسکتا ہے، اس کو حلالہ کہتے ہیں، اس کا ذکر سورۃ البقرۃ (آیت ۲۳۰) میں ہے، اور صحبت کی قید رفاعۃ کی بیوی کے واقعہ میں ہے، یہ حدیث پہلی مرتبہ (تحفۃ القاری ۳۹:٦) میں آئی ہے، پھر اسی جلد میں (حدیث ۵۲٦۰) گذری ہے۔ اور صحبت پیٹ بھر کر ضروری نہیں، چکھنا کافی ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

[۳۷-] بَابٌ: إِذَا طَلَّقَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ تَزَوَّجَتْ بَعْدَ الْعِدَّةِ زَوْجًا غَيْرَهُ فَلَمْ يَمَسَّهَا

[۵۳۱۷-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم. [ح:] حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ

هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيَّ تَزَوَّجَ امْرَأَةً، ثُمَّ طَلَّقَهَا فَتَزَوَّجَتْ آخَرَ، فَأَتَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَتْ أَنَّهُ لاَ يَأْتِيهَا، وَأَنَّهُ لَيْسَ مَعَهُ إِلاَّ مِثْلُ هُدْبَةٍ! فَقَالَ: "لاَ حَتّٰى تَذُوْقِي عُسَيْلَتَهُ، وَيَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ"[راجع: ۲٦۳۹]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَاللاَّئِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِسَائِكُمْ﴾ الآيَة

جس کو حیض نہیں آیا یا بڑی عمر کے سبب موقوف ہوگیا اس کی عدت تین مہینے ہے

سورۃ الطلاق کی (آیت ۴) ہے: ﴿وَاللاَّئِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلاَثَةُ أَشْهُرٍ وَاللاَّئِي لَمْ يَحِضْنَ﴾: اور تمہاری بیویوں میں سے جو بوجہ زیادتِ سن کے حیض سے مایوس ہوچکی ہیں، اگر تم کو ان کی عدت کی تعیین میں شبہ ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے، اور اسی طرح جن عورتوں کو بوجہ کم عمری کے حیض نہیں آیا —— مجاہد رحمہ اللہ نے ﴿إِنِ ارْتَبْتُمْ﴾ کے معنی کئے ہیں: تمہیں معلوم نہیں کہ ان کو حیض آتا ہے یا نہیں اور جو حیض سے بیٹھ گئی ہیں یعنی حیض سے مایوس ہوگئی ہیں۔

[۳۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَاللاَّئِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ﴾ الآيَة

قَالَ مُجَاهِدٌ: وَإِنْ لَمْ تَعْلَمُوْا يَحِضْنَ أَوْلاَ يَحِضْنَ، وَاللاَّتِي قَعَدْنَ عَنِ الْحَيْضِ، وَاللاَّتِي لَمْ يَحِضْنَ، فَعِدَّتُهُنَّ ثَلاَثَةُ أَشْهُرٍ.

بَابٌ: ﴿وَأُوْلاَتُ الأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ﴾

حاملہ کی عدت خواہ مطلقہ ہو یا متوفی عنہا زوجہا وضع حمل ہے

سورۃ الطلاق (آیت ۴) میں ہے: "اور حاملہ عورتوں کی عدت ان کے حمل کا پیدا ہوجانا ہے" (خواہ بچہ کامل ہو یا ناقص، بشرطے کہ کوئی عضو بن گیا ہو، گو ایک انگلی سہی!) یہ آیت مطلقہ اور متوفی عنہا زوجہا: دونوں کے بارے میں ہے، دورِ اول میں متوفی عنہا زوجہا میں اختلاف تھا، مگر جب سُبیعہ کی روایت سامنے آئی تو اختلاف ختم ہوگیا، تفصیل (تحفۃ القاری ۹: ۱۱۹ میں) گذری ہے اور سبیعہ کی حدیث (تحفۃ القاری ۹: ۵٦۷ میں) ہے۔

[۳۹-] بَابٌ: ﴿وَأُوْلاَتُ الأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ﴾

[۵۳۱۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ الأَعْرَجِ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، عَنْ أُمِّهَا

أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ امْرَأَةً مِنْ أَسْلَمَ يُقَالُ لَهَا: سُبَيْعَةُ كَانَتْ تَحْتَ زَوْجِهَا، تُوُفِّيَ عَنْهَا وَهِيَ حُبْلَى، فَخَطَبَهَا أَبُوْ السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ، فَأَبَتْ أَنْ تَنْكِحَهُ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا يَصْلُحُ أَنْ تَنْكِحِيْهِ حَتّٰى تَعْتَدِّيْ آخِرَ الأَجَلَيْنِ، فَمَكُثَتْ قَرِيْبًا مِنْ عَشْرِ لَيَالٍ، ثُمَّ جَاءَ تِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "انْكِحِيْ"[راجع: ٤٩٠٩]

[٥٣١٩-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنْ يَزِيْدَ، أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ كَتَبَ إِلَيْهِ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى ابْنِ الأَرْقَمِ أَنْ سَلْ سُبَيْعَةَ الأَسْلَمِيَّةَ: كَيْفَ أَفْتَاهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَتْ: أَفْتَانِيْ إِذَا وَضَعْتُ أَنْ أَنْكِحَ. [راجع: ٣٩٩١]

[٥٣٢٠-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ: أَنَّ سُبَيْعَةَ الأَسْلَمِيَّةَ نُفِسَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ، فَجَاءَ تِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَأْذَنَتْهُ أَنْ تَنْكِحَ فَأَذِنَ لَهَا، فَنَكَحَتْ.

وضاحت: ابوالسنابل: سُبیعہ کے خاندان کے تھے اور ادھیڑ عمر تھے، وہ عدت کے بعد سبیعہ سے نکاح کرنا چاہتے تھے، سبیعہ وضع حمل کے بعد ایک جوان کی طرف نظر اٹھانے لگی تھیں، پس ابوالسنابل نے اعتراض کیا کہ ابھی تمہاری عدت پوری نہیں ہوئی، تمہاری عدت أبعدُ الأجلین ہے، سبیعہ نے مسئلہ پوچھا: آپؐ نے نکاح کی اجازت دی، چنانچہ ابو السنابل نے ان سے نکاح کیا، پس پہلی روایت میں فقالت: واللّٰہ ما یصلح کی جگہ فقال صحیح ہے............اور دوسری روایت میں ہے: عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے عبداللہ بن الارقم کو خط لکھا کہ وہ سبیعہ سے معلوم کریں کہ ان کو نبی ﷺ نے کیا مسئلہ بتایا تھا۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلاَ ثَةَ قُرُوْءٍ﴾

مطلقہ حیض سے عدت گذارے یا طہر سے؟

سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۲۸ ہے: ﴿وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلاَ ثَةَ قُرُوْءٍ﴾: اور طلاق والی عورتیں انتظار میں رکھیں اپنے آپ کو تین حیض/طہر ـــــ جاننا چاہئے کہ مطلقات سے خاص وہ عورتیں مراد ہیں جن سے نکاح کے بعد صحبت یا خلوتِ صحیحہ ہوچکی ہے، اور وہ آزاد ہیں اور ان کو حیض آتا ہے، اور اگر صحبت یا خلوت نہیں ہوئی تو ان پر عدت بالکل نہیں ـــــ اور قروء: قُرْء کی جمع ہے، اور اس کے معنی میں اختلاف ہے، امام اعظم، امام احمد اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک اس کے معنی: حیض کے ہیں، اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک اس کے معنی: طہر کے ہیں۔

۱-ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے دوعدتوں کے اجتماع کا مسئلہ بیان کیا، کسی نے معتدہ سے عدت میں نکاح کیا، پس وہ نکاح فاسد ہے اور زوجین میں تفریق کردی جائے گی، پھر جب زوج ثانی کے پاس تین حیض مکمل ہوجائیں تو وہ پہلے شوہر کے نکاح سے نکل گئی، پھر وہ دوسرے شوہر کی عدت گذارے گی، اور دونوں عدتوں میں تداخل نہیں ہوگا، اور زہریؒ کہتے ہیں: تداخل ہوگا، سفیان ثوریؒ نے اس رائے کو پسند کیا ہے، امام ابوحنیفہؒ کی بھی یہی رائے ہے —— معلوم ہوا کہ ابراہیم، زہری اور ثوری رحمہم اللہ کے نزدیک قروء حیض ہیں۔

۲-اور ابوعبیدۃ معمر بن المثنی (متوفی ۲۱۰ھ) نے أَقْرَأَتِ المرأة کے معنی کئے ہیں: عورت کا حیض قریب آ گیا/عورت کا طہر قریب آ گیا، یعنی یہ لفظ اضداد میں سے ہے۔

۳-محاورہ ہے: ما قَرَأَتْ بِسَلًى قَطُّ!: نہیں جمع کی عورت نے جیلی (وہ باریک جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے) کبھی بھی یعنی قروء کے اصل معنی: جمع ہونے کے ہیں، اور بچہ دانی میں حیض جمع ہوتا ہے، پاکی کے زمانہ میں بچہ دانی خالی ہوتی ہے۔

[٤٠-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلاَثَةَ قُرُوْءٍ﴾

[١-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ فِيْمَنْ تَزَوَّجَ فِي الْعِدَّةِ فَحَاضَتْ عِنْدَهُ ثَلاَثَ حِيَضٍ: بَانَتْ مِنَ الأَوَّلِ، وَلاَ تَحْتَسِبُ بِهِ لِمَنْ بَعْدَهُ. وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: تَحْتَسِبُ، وَهٰذَا أَحَبُّ إِلٰى سُفْيَانَ، يَعْنِيْ قَوْلَ الزُّهْرِيِّ.

[٢-] وَقَالَ مَعْمَرٌ: يُقَالُ: أَقْرَأَتِ الْمَرْأَةُ إِذَا دَنَا حَيْضُهَا، وَأَقْرَأَتْ إِذَا دَنَا طُهْرُهَا.

[٣-] وَيُقَالُ: مَا قَرَأَتْ بِسَلًى قَطُّ: إِذَا لَمْ تَجْمَعْ وَلَدًا فِيْ بَطْنِهَا.

ترجمہ: اور نہیں گنے گی عورت اس (پہلی عدت کے حیض) کو اس عدت کے لئے جو اس کے بعد ہوگی۔

بَابُ قِصَّةِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ

مبتوتہ حائلہ کو عدت میں نفقہ اور سکنی ملے گا

مبتوتہ: کاٹی ہوئی یعنی وہ عورت جس کو ایک یا دو طلاق بائنہ دی گئی ہوں، اور جس عورت کو تین طلاقیں دی گئی ہوں وہ تو مبتوتہ ہے ہی! اور حائلہ کے معنی ہیں: غیر حاملہ —— تمام ائمہ متفق ہیں کہ مطلقہ رجعیہ کو عدت میں نفقہ بھی ملے گا اور سکنی بھی، نیز مبتوتہ حاملہ کو بھی دونوں چیزیں ملیں گی، اور مبتوتہ حائلہ میں اختلاف ہے، حنفیہ اور امام بخاری کے نزدیک اسے بھی نفقہ اور سکنی دونوں ملیں گے، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اسے نہ نفقہ ملے گا نہ سکنی، اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک صرف سکنی ملے گا نفقہ نہیں ملے گا۔

امام احمد رحمہ اللہ نے فاطمہ بنت قیسؓ کی حدیث سے استدلال کیا ہے، یہ حدیث مسلم شریف اور ترمذی شریف میں ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کی تخریج نہیں کی، بلکہ اس پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی تنقید نقل کی ہے، حضرت فاطمہؓ کو ان کے شوہر نے یمن سے تیسری طلاق بھیجی تھی، وہ فرماتی ہیں: مجھے نبی ﷺ نے نہ نفقہ دلوایا نہ سکنی! —— اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ نے سکنی والا جزء نہیں لیا، کیونکہ وہ قرآن سے معارض ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿اسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِنْ وُجْدِكُمْ﴾: رکھو مطلقہ عورتوں کو جہاں تم رہتے ہو اپنی حیثیت کے موافق یعنی شوہر کے ذمہ ضروری ہے کہ مطلقہ کو عدت میں رہنے کے لئے مکان دے، اسی کو سکنی کہتے ہیں، اور یہ آیت عام ہے، رجعیہ، مبتوتہ حائلہ اور حاملہ سب کو شامل ہے، پس ہر معتدہ کو سکنی ملے گا، اور نفقہ کے سلسلہ میں کوئی آیت معارض نہیں، اس لئے حدیث فاطمہ کے اس جزء کو لیا، اور کہا کہ نفقہ واجب نہیں، اور حنفیہ نے اسی آیت سے نفقہ کا وجوب بھی ثابت کیا ہے، اس لئے کہ نفقہ جزائے احتباس ہے، جو شخص کسی کے حق میں محبوس (روکا ہوا) ہوتا ہے تو اس کا نان ونفقہ روکنے والے کے ذمہ ہوتا ہے، جیسے حکومت مجرموں کو جیل میں ڈالتی ہے تو کھلاتی پلاتی بھی ہے۔ اور حضرت فاطمہؓ کی حدیث کو نہیں لیا، اس پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تنقید کی ہے جو باب میں ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی تنقید کی ہے، فرمایا: ہم ایک عورت کے کہنے سے اللہ کی کتاب کو اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کو نہیں چھوڑ سکتے، ہم نہیں جانتے کہ وہ عورت بھول گئی یا اس نے یاد رکھا (مسلم ۱:۴۸۵) اور طحاوی میں ہے: میں نے خود نبی ﷺ سے سنا ہے کہ ایسی عورت کے لئے نفقہ بھی ہے اور سکنی بھی (طحاوی ۲:۴۰) علاوہ ازیں: حضرت فاطمہؓ کو نفقہ دیا گیا تھا، ترمذی میں روایت ہے کہ ان کا شوہر دس قفیز غلہ رکھ کر سفر میں گیا تھا، مگر حضرت فاطمہؓ نے اس مقدار سے زائد کا مطالبہ کیا جو منظور نہ ہوا، اور وہ سسرال والوں سے لڑتی تھیں، اس لئے آپؐ نے عدت گذارنے کے لئے دوسری جگہ تجویز فرمائی، پس ان کے واقعہ میں درحقیقت نفقہ اور سکنی دونوں دلوائے گئے تھے، اس لئے حدیث سے استدلال درست نہیں۔

[۴۱-] بَابُ قِصَّةِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ

وَقَوْلِهِ: ﴿وَاتَّقُوْا اللّٰهَ رَبَّكُمْ لَاتُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿أَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿يُسْرًا﴾

[۵۳۲۱و۵۳۲۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ: أَنَّـهُ سَمِعَهُمَا يَذْكُرَانِ: أَنَّ يَحْيىَ بْنَ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ طَلَّقَ بِنْتَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَكَمِ، فَانْتَقَلَهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، فَأَرْسَلَتْ عَائِشَةُ أُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ إِلٰى مَرْوَانَ وَهُوَ أَمِيْرُ الْمَدِيْنَةِ: اتَّقِ اللّٰهَ وَارْدُدْهَا إِلٰى بَيْتِهَا، قَالَ مَرْوَانُ فِي حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ: إِنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْحَكَمِ غَلَبَنِيْ، وَقَالَ الْقَاسِمُ

ابْنُ مَحَمَّدٍ: أَوَمَا بَلَغَكِ شَأْنُ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ؟ قَالَتْ: لَايَضُرُّكَ أَلَّا تَذْكُرَ حَدِيْثَ فَاطِمَةَ، فَقَالَ مَرْوَانُ: إِنْ كَانَ بِكِ شَرٌّ فَحَسْبُكِ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ مِنَ الشَّرِّ.[حديث ۵۳۲۱ أطرافه: ۵۳۲۳، ۵۳۲۵، ۵۳۲۷، حديث ۵۳۲۲، أطرافه: ۵۳۲۴، ۵۳۲۶، ۵۳۲۸]

آیات: سورۃ الطلاق (آیات ۱-۷) کا حوالہ دیا ہے، ان آیات میں مطلقات کے بہت سے احکام ہیں، ان میں سے دوٹکڑوں سے استدلال کیا ہے، دونوں سے سکنیٰ ثابت کیا ہے، فرمایا: ''اللہ سے ڈرو جو تمہارا پالنہار ہے! ان (مطلقہ) عورتوں کو ان کے (رہنے کے) گھروں سے مت نکالو'' اور فرمایا: ''تم ان مطلقہ عورتوں کو اپنی وسعت کے موافق رہنے کا مکان دو جہاں تم رہتے ہو'' ان آیات سے ثابت ہوا کہ مطلقہ کا سکنیٰ منکوحہ کی طرح واجب ہے، اور نفقہ جزاء احتباس ہے، پس وہ خود بخود واجب ہوگا۔

حضرت فاطمہ بنت قیسؓ کی حدیث پر تنقید:

۱- یحییٰ بن سعید انصاری رحمہ اللہ: قاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق اور سلیمان بن یسار سے روایت کرتے ہیں (اس طرح یہ دو حدیثیں ہیں، اور ان پر دو نمبر لگائے ہیں) یحییٰ نے دونوں کو ذکر کرتے ہوئے سنا کہ یحییٰ بن سعید بن العاص نے عبدالرحمٰن بن الحکم (مروان کا بھائی) کی بیٹی عمرہ کو طلاق دی، پس عبدالرحمٰن اس کو اپنے گھر لے گئے، پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے مدینہ کے گورنر مروان بن الحکم کے پاس آدمی بھیجا کہ اللہ سے ڈرو! اور عمرہ کو اس کے گھر میں واپس بھیج دو —— پھر آگے سلیمان کی روایت میں ہے کہ مروان نے جواب دیا: عبدالرحمٰن مجھ پر غالب آگیا! یعنی میری نہیں چلتی —— اور قاسم کی روایت میں ہے کہ مروان نے کہا: کیا نہیں پہنچا آپ کو فاطمہ کا واقعہ؟ یعنی وہ بھی شوہر کے گھر سے نکل گئی تھیں! پس عائشہؓ نے کہا: نہیں نقصان پہنچائے گا آپ کو کہ نہ ذکر کریں آپ فاطمہؓ کی حدیث یعنی فاطمہؓ کا واقعہ رہنے دو! (یہاں باب ہے) پس مروان نے کہا: اگر آپ کے نزدیک ان بن وجہ تھی تو کافی ہے آپ کے لئے وہ ان بن جو ان دونوں کے درمیان ہے یعنی فاطمہؓ کے گھر سے نکلنے کی وجہ شقاق تھی تو وہ وجہ عمرہ میں بھی موجود ہے۔

[۵۳۲۳و۵۳۲۴-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا قَالَتْ: مَا لِفَاطِمَةَ؟ أَلَا تَتَّقِي اللّٰهَ؟ تَعْنِيْ فِيْ قَوْلِهَا: لَاسُكْنٰى وَلَا نَفَقَةَ.[حديث ۵۳۲۳، راجع: ۵۳۲۱، حديث ۵۳۲۴ راجع: ۵۳۲۲]

[۵۳۲۵و۵۳۲۶-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ لِعَائِشَةَ: أَلَمْ تَرَى إِلٰى فُلَانَةَ بِنْتِ الْحَكَمِ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا الْبَتَّةَ

فَخَرَجَتْ! فَقَالَتْ: بِئْسَ مَا صَنَعَتْ! فَقَالَ: أَلَمْ تَسْمَعِيْ فِيْ قَوْلِ فَاطِمَةَ؟ قَالَتْ: أَمَا إِنَّهُ لَيْسَ لَهَا خَيْرٌ فِيْ ذِكْرِ هٰذَا الْحَدِيْثِ. [راجع: ۵۳۲۱]

۲-صدیقہؓ نے فرمایا: فاطمہؓ کو کیا ہوگیا؟ کیا وہ اللہ سے ڈرتی نہیں! مراد لے رہی ہیں صدیقہ ان کا قول: ''نہ رہنے کا گھر اور نہ خرچ!''

۳-عروۃ نے صدیقہؓ سے کہا: کیا نہیں دیکھتی آپ کہ حکم کی بیٹی کو اس کے شوہر نے بائن طلاق دی تو وہ گھر سے نکل گئی، صدیقہؓ نے فرمایا: اس نے بہت برا کیا! پس عروہ نے کہا: کیا آپ نے فاطمہؓ کی بات نہیں سنی؟ صدیقہؓ نے کہا: اس کے لئے کوئی خیر نہیں اس حدیث کے تذکرہ میں یعنی اس کو وہ واقعہ ذکر نہیں کرنا چاہئے۔

بَابُ الْمُطَلَّقَةِ إِذَا خُشِيَ عَلَيْهَا فِيْ مَسْكَنِ زَوْجِهَا

مبتوتہ کو قوی عذر ہو تو وہ شوہر کے گھر کے علاوہ میں عدت گذار سکتی ہے

یہ ردیف باب ہے اور نیا عنوان افادۂ مزید کے لئے لگایا ہے۔ اگر مبتوتہ کو قوی عذر ہو تو وہ شوہر کے گھر سے نکل کر دوسری جگہ عدت گذار سکتی ہے، مثلاً: شوہر کا گھر بودا ہو، اس کے ڈھ پڑنے کا اندیشہ ہو، یا وہاں چور ڈکیتوں کا خطرہ ہو یا مطلقہ سسرال والوں کے ساتھ بدزبانی کرتی ہو تو قاضی اس کو کسی اور جگہ عدت گذارنے کا حکم دے سکتا ہے، حضرت فاطمہؓ کو دوسری جگہ عدت گذارنے کا نبی ﷺ نے جو حکم دیا تھا اس کی وجہ صدیقہؓ نے یہ بیان کی ہے کہ وہ وحشت ناک گھر میں تھیں اور وہ علاقہ پُرخطر تھا، پس وہ مسئلہ نہیں تھا، مصلحت تھی، اور جو اس کو مسئلہ کے طور پر بیان کرتے ہیں وہ غلط ہیں۔ أَنْكَرَتْ: ناپسند کیا، عَابَتْ: مذمت کی۔

[۴۲-] بَابُ الْمُطَلَّقَةِ إِذَا خُشِيَ عَلَيْهَا فِيْ مَسْكَنِ زَوْجِهَا أَنْ يُقْتَحَمَ عَلَيْهَا، أَوْ تَبْذُوَ عَلٰى أَهْلِهَا بِفَاحِشَةٍ

[۵۳۲۷و۵۳۲۸-] حدثنا حِبَّانُ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ: أَنَّ عَائِشَةَ أَنْكَرَتْ ذٰلِكَ عَلٰى فَاطِمَةَ، وَزَادَ ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ: عَابَتْ عَائِشَةُ أَشَدَّ الْعَيْبِ وَقَالَتْ: إِنَّ فَاطِمَةَ كَانَتْ فِيْ مَكَانٍ وَحْشٍ فَخِيْفَ عَلٰى نَاحِيَتِهَا، فَلِذٰلِكَ أَرْخَصَ لَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۵۳۲۱، ۵۳۲۲]

وضاحت: یہ دو حدیثیں ہیں: (۱) ابن جریج، عن ابن شہاب، عن عروۃ (۲) ابن ابی الزناد، عن ہشام، عن عروۃ ـــــ اس لئے دو نمبر لگائے ہیں۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْ أَرْحَامِهِنَّ﴾ مِنَ الْحَيْضِ وَالْحَمَلِ

معتدہ واضح کرے کہ وہ حاملہ ہے یا حائلہ؟ تا کہ اس کی عدت میں کوئی اشتباہ نہ رہے

سورۃ البقرۃ (آیت ۲۲۸) میں ہے: ''اوران (طلاق دی ہوئی) عورتوں کو یہ بات حلال نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ ان کے رحم میں پیدا کیا ہے (حمل یا حیض) اس کو پوشیدہ رکھیں —— حمل یا حیض: یہ مجاہدؒ کی تفسیر ہے، اور اس میں اشارہ ہے کہ قُروء سے حیض مراد ہے —— حجۃ الوداع میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے اپنا حائضہ ہونا ظاہر کیا ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۳۵۲) آئی ہے، وہاں عَقْریٰ حَلْقی کی تحقیق بھی ہے۔

[۴۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْ أَرْحَامِهِنَّ﴾ مِنَ الْحَيْضِ وَالْحَمَلِ

[۵۳۲۹-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا أَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَنْفِرَ إِذَا صَفِيَّةُ عَلٰى بَابِ خِبَائِهَا كَئِيْبَةً، فَقَالَ لَهَا: '' عَقْرَى أَوْ: حَلْقَى! إِنَّكِ لَحَابِسَتُنَا؟ أَكُنْتِ أَفَضْتِ يَوْمَ النَّحْرِ؟'' قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: ''فَانْفِرِيْ إِذَنْ'' [راجع: ۲۹۴]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَبُعُوْلَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ﴾ فِي الْعِدَّةِ، وَكَيْفَ يُرَاجِعُ إلخ

ایک یا دو رجعی طلاقوں میں شوہر عدت میں قولاً یا فعلاً رجوع کرسکتا ہے

سورۃ البقرۃ (آیت ۲۲۸) میں ہے: ﴿وَبُعُوْلَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ إِنْ أَرَادُوْا إِصْلَاحًا﴾: اوران عورتوں کے شوہران کو (بغیر تجدید نکاح) لوٹا لینے کا حق رکھتے ہیں عدت کے اندر، اگر وہ اصلاح کا قصد رکھتے ہوں —— **فی ذلك** کا مشار الیہ بیان کیا ہے: **فی العدة** —— اور رجعت قولاً بھی ہوسکتی ہے: بیوی سے کہے: میں نے آپ کو نکاح میں واپس لیا، اور فعلاً بھی: صحبت کرلے یا دواعی صحبت کرے تو رجعت ہوجائے گی، لیکن عورت ماہواری میں ہو تو صرف قولاً رجعت کرے اور باب میں دو حدیثیں ہیں:

(۱) حضرت معقلؓ کی بہن کا واقعہ، ان کو ان کے شوہر ابو البداحؒ نے رجعی طلاق دی تھی، **ثم خلّٰی عنها**: پھر ان کو چھوڑے رکھا، یعنی عدت میں رجعت نہ کی، معلوم ہوا کہ عدت میں رجعت ہوسکتی تھی، یہ روایت (تحفۃ القاری ۹: ۱۱۷) میں آئی ہے۔

(۲) حضرت ابن عمرؓ کا واقعہ جو بار بار آیا ہے، انھوں نے بیوی کو ایک طلاق رجعی دی تھی، ان کو نبی ﷺ نے رجعت کا حکم دیا۔

[٤٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَبُعُوْلَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ﴾ فِي الْعِدَّةِ، وَكَيْفَ يُرَاجِعُ الْمَرْأَةَ إِذَا طَلَّقَهَا وَاحِدَةً أَوِ اثْنَتَيْنِ؟

[٥٣٣٠-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: زَوَّجَ مَعْقِلٌ أُخْتَهُ فَطَلَّقَهَا تَطْلِيْقَةً.

[٥٣٣١-] ح: قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ: أَنَّ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ كَانَتْ أُخْتُهُ تَحْتَ رَجُلٍ فَطَلَّقَهَا، ثُمَّ خَلَّى عَنْهَا حَتَّى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا، ثُمَّ خَطَبَهَا، فَحَمِيَ مَعْقِلٌ مِنْ ذٰلِكَ أَنَفًا، فَقَالَ: خَلّٰى عَنْهَا وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهَا، ثُمَّ يَخْطُبُهَا؟! فَحَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ﴾ إِلٰى آخِرِ الْآيَةِ، فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَرَأَ عَلَيْهِ، فَتَرَكَ الْحَمِيَّةَ وَاسْتَرَادَّ لِأَمْرِ اللّٰهِ. [راجع: ٤٥٢٩]

قولہ: حَمِيَ أنفًا: ناک چڑھائی، تیار نہ ہوئے .... اسْتَرَادَّ: واپس کیا اللہ کے حکم دینے کی وجہ سے۔

[٥٣٣٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيْقَةً وَاحِدَةً، فَأَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُرَاجِعَهَا، ثُمَّ يُمْسِكَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ، ثُمَّ تَحِيْضَ عِنْدَهُ حَيْضَةً أُخْرَى، ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ مِنْ حَيْضَتِهَا، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا حِيْنَ تَطْهُرُ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُجَامِعَهَا، فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِيْ أَمَرَ اللّٰهُ أَنْ يُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ إِذَا سُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ قَالَ لِأَحَدِهِمْ: إِنْ كُنْتَ طَلَّقْتَهَا ثَلَاثًا فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْكَ، حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَكَ.

وَزَادَ فِيْهِ غَيْرُهُ عَنِ اللَّيْثِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَوْ طَلَّقْتَ مَرَّةً، أَوْ مَرَّتَيْنِ، فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَنِيْ بِهٰذَا. [راجع: ٤٩٠٨]

وضاحت: غیرہ کا مرجع قتیبہ ہیں، اور مراد أبو الجہم علاء بن موسیٰ ہیں .... لو طلقت مرة أو مرتین کی جزاء محذوف ہے: أی لکان خیرا: رجعت ہوسکتی تھی۔

بَابُ مُرَاجَعَةِ الْحَائِضِ

حالتِ حیض میں بھی رجعت ہوسکتی ہے

حالت حیض میں قولاً رجعت ہوسکتی ہے، کیونکہ ماہواری میں صحبت جائز نہیں، ابن عمرؓ نے حالتِ حیض ہی میں قولاً رجوع کیا تھا۔

[٤٥-] بَابُ مُرَاجَعَةِ الْحَائِضِ

[٥٣٣٣-] حدثنا حَجَّاجٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ، فَقَالَ: طَلَّقَ ابْنُ عُمَرَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَسَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَمَرَهُ أَنْ يرَاجِعَهَا، ثُمَّ يُطَلِّقَ مِنْ قُبُلِ عِدَّتِهَا، قُلْتُ: فَتَعْتَدُّ بِتِلْكَ التَّطْلِيْقَةِ؟ قَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ. [راجع: ٤٩٠٨]

بَابٌ: تُحِدُّ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا

عدتِ وفات میں سوگ (ترکِ زینت) واجب ہے

مرد کے لئے کسی کی وفات پر سوگ کرنا حرام ہے، یہ بات مرد کے موضوع کے خلاف ہے، مرد کاروبار کرنے والا اور رزق کی تلاش میں دوڑ دھوپ کرنے والا ہے، اگر وہ سوگ کرے گا یعنی عدت میں بیٹھے گا تو زندگی کی گاڑی رک جائے گی، البتہ عورتوں کے لئے سوگ کرنا جائز ہے، اور شوہر کی وفات پر چار ماہ دس دن تک سوگ کرنا واجب ہے، اور شوہر کے علاوہ کوئی اور رشتہ دار فوت ہوجائے تو تین دن تک سوگ کرنا جائز ہے، اس سے زیادہ جائز نہیں —— اور سوگ کے معنی ہیں: ترکِ زینت، زیور اتار کر رکھ دے، تیز سرخ کپڑا نہ پہنے (سفید پہننا ضروری نہیں) ضرورت شدیدہ کے بغیر سرمہ کاجل نہ لگائے، باقی ہر چیز کھا پہن سکتی ہے اور ہر کام کرسکتی ہے (تحفۃ القاری ۲: ۱۰۴)

نابالغ بچی بھی عدت میں سوگ کرے:

کسی نابالغ لڑکی کے شوہر کا انتقال ہو تو عدت واجب ہے اور ائمہ ثلاثہ اور امام زہری رحمہم اللہ کے نزدیک سوگ کرنا بھی ضروری ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک عدت (چار ماہ دس دن تک دوسرے نکاح سے رکنا) تو ضروری ہے، مگر سوگ کرنا ضروری نہیں، کیونکہ نابالغ کا ذمہ وجوب کی صلاحیت نہیں رکھتا، اور سوگ کا مقصد نکاح کی طرف عدم التفات ہے اور التفات بچی میں مفقود ہے۔

[٤٦-] بَابٌ: تُحِدُّ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا

وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: لَا أَرٰى أَنْ تَقْرَبَ الصَّبِيَّةُ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا الطِّيْبَ، لِأَنَّ عَلَيْهَا الْعِدَّةَ.

[٥٣٣٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ: أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ هٰذِهِ الْأَحَادِيْثَ الثَّلَاثَةَ: قَالَتْ زَيْنَبُ: دَخَلْتُ عَلٰى أُمِّ حَبِيْبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ تُوُفِّيَ أَبُوْهَا أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، فَدَعَتْ أُمُّ حَبِيْبَةَ بِطِيْبٍ فِيْهِ صُفْرَةُ خُلُوْقٍ أَوْ غَيْرُهُ، فَدَهَنَتْ مِنْهُ جَارِيَةً، ثُمَّ مَسَّتْ بِعَارِضَيْهَا، ثُمَّ قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَالِيْ بِالطِّيْبِ مِنْ حَاجَةٍ، غَيْرَ أَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَايَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ، إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا"[راجع: ١٢٨٠]

[٥٣٣٥-] قَالَتْ زَيْنَبُ: فَدَخَلْتُ عَلٰى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِيْنَ تُوُفِّيَ أَخُوْهَا، فَدَعَتْ بِطِيْبٍ فَمَسَّتْ مِنْهُ، ثُمَّ قَالَتْ: أَمَا وَاللّٰهِ مَا لِيْ بِالطِّيْبِ مِنْ حَاجَةٍ غَيْرَ أَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ:" لَايَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا"[راجع: ١٢٨٢]

ترجمہ: امام زہری رحمہ اللہ نے کہا: نہیں دیکھتا میں کہ متوفی عنہا بچی نزدیک ہو خوشبو سے یعنی سوگ کرے، یہی ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کی رائے ہے، اس لئے کہ اس پر عدت واجب ہے (یہ امام بخاریؒ نے بڑھایا ہے)

حوالہ: حدیثیں (تحفۃ القاری ٣: ٥٩٨ میں) آگئی ہیں۔

[٥٣٣٦-] قَالَتْ زَيْنَبُ: وَسَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ تَقُوْلُ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ ابْنَتِيْ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا، وَقَدِ اشْتَكَتْ عَيْنُهَا، أَفَنَكْحُلُهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَا" - مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، كُلَّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ:"لَا"- ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّمَا هِيَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ، وَقَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ تَرْمِيْ بِالْبَعَرَةِ عَلٰى رَأْسِ الْحَوْلِ"[طرفاه: ٥٣٣٨، ٥٧٠٦]

[٥٣٣٧-] قَالَ حُمَيْدٌ: فَقُلْتُ لِزَيْنَبَ: وَمَا تَرْمِيْ بِالْبَعَرَةِ عَلٰى رَأْسِ الْحَوْلِ؟ قَالَتْ زَيْنَبُ: كَانَتِ الْمَرْأَةُ إِذَا تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا دَخَلَتْ حِفْشًا، وَلَبِسَتْ شَرَّ ثِيَابِهَا، وَلَمْ تَمَسَّ طِيْبًا حَتّٰى تَمُرَّ لَهَا سَنَةٌ،

ثُمَّ تُؤْتَى بِدَابَّةٍ حِمَارٍ أَوْ شَاةٍ أَوْ طَائِرٍ فَتَفْتَضُّ بِهِ، فَقَلَّمَا تَفْتَضُّ بِشَيْءٍ إِلَّا مَاتَ، ثُمَّ تَخْرُجُ فَتُعْطَى بَعَرَةً فَتَرْمِي، ثُمَّ تُرَاجِعُ بَعْدُ مَا شَاءَ تْ مِنْ طِيْبٍ أَوْ غَيْرِهِ، سُئِلَ مَالِكٌ مَا تَفْتَضُّ بِهِ؟ قَالَ تَمْسَحُ بِهِ جِلْدَهَا.

ترجمہ: زینبؓ (ربیبہ) کہتی ہیں: میں نے اپنی امی ام سلمہؓ سے سنا کہ ایک عورت نبی ﷺ کے پاس آئی، اور اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! میرے داماد کا انتقال ہوگیا، اور میری بیٹی کی آنکھیں دکھتی ہیں تو کیا ہم اس کے سرمہ لگا سکتے ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہیں ـــــ اس نے دو یا تین مرتبہ آ کر یہی مسئلہ پوچھا، آپؐ ہر مرتبہ یہی فرمایا کہ نہیں ـــــ پھر آخری مرتبہ ارشاد فرمایا: ''عدت کے چار ماہ دس دن ہی تو ہیں!'' (اتنے دن بھی تم صبر نہیں کرسکتیں!) اور زمانۂ جاہلیت میں تم میں سے ایک سال پورا ہونے پر مینگنیاں پھینکتی تھی! یعنی وہ دن بھول گئیں!

حمید (راوی) نے زینب سے پوچھا: سال پورا ہونے پر مینگنیاں پھینکنے کا کیا مطلب ہے؟ زینب نے کہا: عورت جب اس کا شوہر کا انتقال کر جاتا تو جھونپڑی میں داخل ہوتی اور بدترین کپڑے پہنتی، اور خوشبو کو ہاتھ نہ لگاتی یہاں تک کہ اس کا سال گذر جاتا، پھر کوئی جانور لائی جاتی: گدھا یا بکری یا کوئی پرندہ، پس وہ اس سے اپنی شرمگاہ کو رگڑتی، پس بہت کم رگڑتی وہ کسی چیز کے ساتھ مگر وہ مر جاتا، پھر وہ نکلتی، پس وہ مینگنیاں دی جاتی جس کو وہ (محلّہ محلّہ اور گلی گلی) پھینکتی، پھر استعمال کرسکتی تھی وہ بعد ازیں جو خوش بو وغیرہ چاہتی ـــ امام مالکؒ سے افتضاض کا مطلب پوچھا گیا تو فرمایا: جانور سے اپنی کھال (شرمگاہ) کو رگڑتی تھی۔

بَابُ الْكُحْلِ لِلْحَادَّةِ

سوگ میں سرمہ لگانا

یہ ذیلی باب ہے۔ عذر کی صورت میں معتدہ رات میں سرمہ لگا سکتی ہے، اور تکلیف زیادہ ہو تو دن میں بھی لگا سکتی ہے، اور آپؐ نے اس عورت کو اجازت اس لئے نہیں دی تھی کہ آپؐ کے خیال میں اس عورت کا مرض اس درجہ کا نہیں تھا کہ سرمہ لگانا ضروری ہو۔

[-٤٧] بَابُ الْكُحْلِ لِلْحَادَّةِ

[-٥٣٣٨] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّهَا: أَنَّ امْرَأَةً تُوُفِّيَ زَوْجُهَا فَخَشُوْا عَيْنَيْهَا، فَأَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَأْذَنُوْهُ فِي الْكُحْلِ فَقَالَ:'' لَاتَكَحَّلْ، قَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ تَمْكُثُ فِي شَرِّ أَحْلَاسِهَا أَوْ: شَرِّ بَيْتِهَا فَإِذَا كَانَ حَوْلٌ فَمَرَّ كَلْبٌ رَمَتْ بِبَعَرَةٍ، فَلَا، حَتّٰى تَمْضِيَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ''[راجع: ٥٣٣٦]

[-٥٣٣٩] وَسَمِعْتُ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ: تُحَدِّثُ عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم

قَالَ: " لَايَحِلُّ لِامْرَأَةٍ مُسْلِمَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ تُحِدَّ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، إِلَّا عَلٰى زَوْجِهَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا" [راجع: ۱۲۸۰]

[۵۳۴۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ: نُهِيْنَا أَنْ نُحِدَّ أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثٍ إِلَّا بِزَوْجٍ. [راجع: ۳۱۳]

لغت: فَحَشُوْا عَيْنَيْهَا: فتح میں علی بھی ہے: فَخَشُوْا علی عَيْنَيْهَا اورابن بطال کے یہاں علی عینها ہے یعنی اس کی آنکھوں کے بارے میں خطرہ محسوس ہوا، اور عمدۃ میں فَحَشُوْا عَيْنَيْهَا ہے: حَشَا حشوا: بھرنا............لاتکحّل میں ایک ت محذوف ہے............أحلاس: حِلْس کی جمع: ٹاٹ جس کو کجاوے کے نیچے بچھاتے تھے کان حول: کان تامہ ہے جب سال پورا ہوتا............مَرَّ کلبٌ: کتا گذرا اور معتدہ نے اس کے ساتھ کھال (شرمگاہ) رگڑی۔

بَابُ الْقُسْطِ لِلْحَادَّةِ عِنْدَ الطُّهْرِ

سوگ کرنے والی عورت جب حیض کا غسل کرے تو قُسط ہندی استعمال کرے

یہ ایک ضرورت ہے، پرانے زمانہ میں خوشبودار صابن نہیں تھا، اس لئے بدبو دور کرنے کے لئے کوٹھ استعمال کرتے تھے یا اظفار کو بخور میں شامل کرکے کپڑوں وغیرہ کو دھونی دیتے تھے اور حدیث اسی سند سے پہلے (تحفۃ القاری ۲:۱۰۴) آئی ہے، وہاں قُسط کی تفصیل ہے۔

[۴۸-] بَابُ الْقُسْطِ لِلْحَادَّةِ عِنْدَ الطُّهْرِ

[۵۳۴۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حَفْصَةَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: كُنَّا نُنْهَى أَنْ نُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ، إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا، وَلَا نَكْتَحِلَ، وَلَا نَطَّيَّبَ، وَلَا نَلْبَسَ ثَوْبًا مَصْبُوْغًا إِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ، وَقَدْ رُخِّصَ لَنَا عِنْدَ الطُّهْرِ إِذَا اغْتَسَلَتْ إِحْدَانَا مِنْ مَحِيْضِهَا فِيْ نُبْذَةٍ مِنْ كُسْتِ ظَفَارٍ. وَكُنَّا نُنْهَى عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: كِلَاهُمَا يُقَالُ: الْكُسْتُ وَالْقُسْطُ، وَالْكَافُوْرُ وَالْقَافُوْرُ. [راجع: ۳۱۳]

بَابٌ: تَلْبَسُ الْحَادَّةُ ثِيَابَ الْعَصْبِ

سوگ کرنے والی عورت پٹھے سے رنگے ہوئے کپڑے پہن سکتی ہے

کپڑا رنگنے کا ایک طریقہ یہ تھا کہ کپڑے پر جگہ جگہ پٹھے یا اس جیسی کوئی سخت چیز باندھ دی جاتی تھی، پھر کپڑے کو رنگتے

تھے، پس کپڑا کہیں سے رنگین ہوجاتا تھا اور کہیں سے سفید رہتا تھا، یہ معمولی قسم کا رنگین کپڑا سمجھا جاتا تھا، عدت میں عورت اس کو پہن سکتی ہے، والحدیث قدمرّ!

[۴۹-] بَابٌ: تَلْبَسُ الْحَادَّةُ ثِيَابَ الْعَصْبِ

[۵۳۴۲-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ حَفْصَةَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَايَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ تُحِدُّ فَوْقَ ثَلَاثٍ، إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ، فَإِنَّهَا لَاتَكْتَحِلُ وَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوْغًا إِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ"

[راجع: ۳۱۳]

[۵۳۴۳-] وَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا حَفْصَةُ، حَدَّثَتْنِيْ أُمُّ عَطِيَّةَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَلَا تَمَسُّ طِيْبًا إِلَّا أَدْنَى طُهْرِهَا إِذَا طَهُرَتْ، نُبْذَةً مِنْ قُسْطٍ وَأَظْفَارٍ"[راجع: ۳۱۳]

قولہ: نهى النبي صلى الله عليه وسلم کے بعد وقال محذوف ہے..........أَدْنىٰ بمعنی أول یاعند ہے یعنی جب پاک ہو..........نبذۃ: تھوڑا، من قُسط و أظفار: واوعاطفہ کے ساتھ ہے، یہ دو الگ الگ چیزیں ہیں، تفصیل (تحفۃ القاری ۲:۱۰۴ میں) ہے۔

بَابٌ: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ﴾ الآية

متوفی عنہا زوجہا جہاں چاہے عدت گذارے

حضرات ابن عباسؓ وعطاءؒ ومجاہدؒ کے نزدیک متوفی عنہا زوجہا جہاں چاہے عدت گذار سکتی ہے، شوہر کے گھر میں عدت گذارنا ضروری نہیں، کیونکہ اس کے لئے نفقہ اور سکنی نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، چنانچہ آپ باب میں انہی حضرات کے آثار لائے ہیں۔ اور ائمہ اربعہ کے نزدیک بھی عدت وفات میں معتدہ کے لئے نہ نفقہ ہے نہ سکنی، کیونکہ ان کو کس پر واجب کریں گے؟ شوہر کا ذمہ تو موت کے بعد وجوب کی صلاحیت نہیں رکھتا، اور اس کا ترکہ میراث بن گیا، اور میت کے ورثاء پر بھی نفقہ اور سکنی واجب نہیں کر سکتے، کیونکہ وہ نکاح سے اجنبی ہیں، ہاں میراث میں بیوی کا حصہ ہے، پس وہ اپنے حصۂ میراث سے خرچ کرے گی، اور عورت کو چاہئے کہ وہ اسی گھر میں عدت گذارے جس میں وہ شوہر کے ساتھ رہا کرتی تھی، شدید ضرورت کے بغیر کسی اور جگہ (میکہ وغیرہ میں) جا کر عدت گذارنا درست نہیں، اور دلیل حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی بہن فُریعہ کی حدیث ہے، وہ اپنے شوہر کے ساتھ جس مکان میں رہتی تھیں وہ عاریت کا مکان تھا، شوہر کی ملکیت میں نہیں تھا، تاہم نبی ﷺ نے فرمایا: "جہاں تم شوہر کے ساتھ رہتی تھیں وہیں عدت گذارو" (ترمذی حدیث

۱۱۸۹) تفصیل کے لئے دیکھیں (تحفۃ الالمعی ۴: ۱۰۰) اور عطاء ومجاہد رحمہما اللہ کے اقوال پہلے (تحفۃ القاری ۹: ۱۲۱) آئے ہیں، وہاں مسئلہ کی پوری تفصیل ہے جو قابل مراجعت ہے۔

[٥٠-] بَابٌ: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ

[٥٣٤٤-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا شِبْلٌ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا﴾ قَالَ: كَانَتْ هٰذِهِ الْعِدَّةُ تَعْتَدُّ عِنْدَ أَهْلِ زَوْجِهَا وَاجِبٌ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِأَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ، فَإِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْ أَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ﴾[البقرة: ٢٤٠] قَالَ: جَعَلَ اللّٰهُ لَهَا تَمَامَ السَّنَةِ سَبْعَةَ أَشْهُرٍ وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً وَصِيَّةً إِنْ شَاءَ تْ سَكَنَتْ فِيْ وَصِيَّتِهَا، وَإِنْ شَاءَ تْ خَرَجَتْ، وَهُوَ قَوْلُ اللّٰهِ: ﴿غَيْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ﴾ فَالْعِدَّةُ كَمَا هِيَ وَاجِبٌ عَلَيْهَا، زَعَمَ ذٰلِكَ عَنْ مُجَاهِدٍ.

وَقَالَ عَطَاءٌ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نَسَخَتْ هٰذِهِ الآيَةُ عِدَّتَهَا عِنْدَ أَهْلِهَا، فَتَعْتَدُّ حَيْثُ شَاءَ تْ، وَقَوْلُ اللّٰهِ: ﴿غَيْرَ إِخْرَاجٍ﴾

قَالَ عَطَاءٌ: إِنْ شَاءَ تْ اعْتَدَّتْ عِنْدَ أَهْلِهِ، وَسَكَنَتْ فِيْ وَصِيَّتِهَا، وَإِنْ شَاءَ تْ خَرَجَتْ لِقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْ أَنْفُسِهِنَّ﴾ قَالَ عَطَاءٌ: ثُمَّ جَاءَ الْمِيْرَاثُ فَنَسَخَ السُّكْنَى، فَتَعْتَدُّ حَيْثُ شَاءَ تْ وَلاَ سُكْنَى لَهَا. [راجع: ٤٥٣١]

وضاحت: پہلی روایت میں واجبٌ: کانت کی خبر ہے، پس واجبۃً یا واجبًا ہونا چاہئے، پہلے (تحفۃ القاری ۹: ۱۲۱ میں) واجبًا ہے .... اور ابن عباسؓ کے قول میں وقولُ اللہ کی جگہ پہلے لقول اللہ آیا ہے اور وہی صحیح ہے .... قال عطاء سے ابن عباسؓ کے قول کی شرح کی ہے۔

[٥٣٤٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ بِنْتِ أَبِيْ سُفْيَانَ: لَمَّا جَاءَ هَا نَعْيُ أَبِيْهَا دَعَتْ بِطِيْبٍ، فَمَسَحَتْ ذِرَاعَيْهَا وَقَالَتْ: مَالِيْ بِالطِّيْبِ مِنْ حَاجَةٍ، لَوْلاَ أَنِّيْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لاَ يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ تُحِدُّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلاَثٍ، إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا" [راجع ١٢٨٠]

بَابُ مَهْرِ الْبَغِيِّ وَالنِّكَاحِ الْفَاسِدِ

رنڈی کی فیس اور نکاح فاسد میں مہر

عدت کے ابواب پورے ہوئے، مگر امام بخاریؒ نے عدت کا عنوان قائم نہیں کیا، یہ عنوان ابن بطالؒ نے قائم کیا ہے، حضرت کی تو کتاب النکاح چل رہی ہے، اس لئے اب تین ابواب نکاح کے تعلق سے قائم کرکے کتاب پوری کریں گے۔

مہر: بدلہ، وہ مال وغیرہ جو صحبت کے عوض میں دیا جائے، بَغِیّ: چاہی ہوئی عورت یعنی رنڈی، کسبی، نکاح فاسد: بے قاعدہ نکاح، جیسے کسی نے چھپا کر اپنا نکاح کرلیا، دو گواہوں کے سامنے نہیں کیا، یا گواہ تو تھے مگر بہرے تھے، انھوں نے ایجاب وقبول نہیں سنا، یا کسی کے میاں نے طلاق دیدی یا مرگیا، اور ابھی عدت پوری نہیں ہوئی کہ عورت نے دوسرا نکاح کرلیا، یا ایسی کوئی اور بے قاعدہ بات ہوئی تو نکاح فاسد ہے، اور نکاح کے تعلق سے فاسد اور باطل میں کچھ زیادہ فرق نہیں، بیع میں تو بیع باطل اور بیع فاسد علاحدہ علاحدہ چیزیں ہیں، اور دونوں کے احکام مختلف ہیں، نکاح میں کچھ زیادہ فرق نہیں، پھر اگر بے قاعدہ نکاح ہوا ہے تو زوجین میں جدائی کردی جائے گی، اور مرد صحبت کر چکا ہے تو مہر مثل دلایا جائے گا، اور اگر نکاح میں مہر مقرر ہوا ہے تو وہ دلایا جائے گا، بشرطے کہ وہ مہر مثل سے زیادہ نہ ہو، ورنہ مہر مثل ملے گا اور صحبت نہیں کی تو کچھ نہیں ملے گا، گو کہ خلوت صحیحہ ہوگئی ہو اور چونکہ قحبہ گری اور بے قاعدہ نکاح میں صحبت حرام ہے، اس لئے دونوں کو باب میں جمع کیا ہے۔

ملحوظہ: اگر جانتے ہوئے کوئی شخص محرم عورت سے نکاح کرے اور صحبت کرلے تو جمہور (بشمولِ صاحبین) کے نزدیک وہ زانی ہے، اس پر زنا کی سزا جاری کی جائے گی، پس مہر کا کیا سوال ہے؟ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نکاح شبہ پیدا کرے گا اس لئے زنا کی سزا تو جاری نہیں کی جائے گی، البتہ تعزیر کی جائے گی۔

[۵۱-] بَابُ مَهْرِ الْبَغِيِّ وَالنِّكَاحِ الْفَاسِدِ

وَقَالَ الْحَسَنُ: إِذَا تَزَوَّجَ مُحَرَّمَةً وَهُوَ لاَ يَشْعُرُ، فُرِّقَ بَيْنَهُمَا، وَلَهَا مَا أَخَذَتْ، وَلَيْسَ لَهَا غَيْرُهُ، ثُمَّ قَالَ بَعْدُ: يُعْطِيْهَا صَدَاقَهَا.

[۵۳۴٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ.

[راجع: ۲۲۳۷]

[۵۳۴۷-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ، وَآكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهُ، وَنَهَى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ،

وَكَسْبِ الْبَغِيِّ، وَلَعَنَ الْمُصَوِّرِيْنَ. [راجع: ٢٠٨٦]

[٥٣٤٨-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ كَسْبِ الإِمَاءِ. [راجع: ٢٢٨٣]

ترجمہ: حسن بصریؒ نے فرمایا: کسی نے محرم عورت سے نکاح کیا درانحالیکہ وہ نہیں جانتا تھا تو دونوں میں جدائی کردی جائے گی، اور عورت کے لئے وہ ہے جو وہ لے چکی، اور اس کے لئے اس کے علاوہ نہیں ہے، پھر بعد میں فرمایا: اس کو اس کا مہر دے —— جیسے عقبۃ بن الحارثؓ نے ایک عورت سے نکاح کیا، پھر ایک حبشن نے کہا: میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے، یعنی عورت تیری رضاعی بہن ہے اور حرام ہے، نبی ﷺ نے دونوں میں جدائی کرادی، رخصتی ہوئی تھی یا نہیں؟ اور مہر دلایا تھا یا نہیں؟ اس کا حدیث میں کوئی تذکرہ نہیں، اور حدیثیں تحفۃ القاری (۲۸۷:۵) میں گذری ہیں۔

بَابُ الْمَهْرِ لِلْمَدْخُوْلِ عَلَيْهَا وَكَيْفَ الدُّخُوْلُ؟ أَوْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ وَالْمَسِيْسِ

مدخول بہا کا مہر، اور دخول کا مطلب اور اگر دخول وخلوتِ صحیحہ سے پہلے طلاق دیدے

نکاح: صحبت، خلوتِ صحیحہ اور موت سے مؤکد ہوتا ہے، پس ان صورتوں میں مقررہ مہر ادا کرنا واجب ہے، اور مہر مقرر نہ ہو تو مہر مثل دینا پڑے گا، اور یہ کوئی بات نہ ہوئی ہو تو آدھا مہر دینا واجب ہے، اور مہر مقرر نہ ہوا ہو تو متعہ (ایک جوڑا کپڑا) دینا ضروری ہے۔ اور باب کی حدیث میں عویمرؓ کا واقعہ ہے، انھوں نے لعان کے بعد مہر کی واپسی کا مطالبہ کیا تھا، جو منظور نہ ہوا، کیونکہ وہ مدخول بہا تھیں، فرمایا: ''تمہارا مہر واپس نہیں ملے گا، اگر تم تہمت میں سچے تھے تو تم بیوی سے صحبت کر چکے ہو، اور جھوٹی تہمت لگائی ہے تب تو مہر کی واپسی کا سوال ہی نہیں!'' —— اور کیف الدخول؟ کا مطلب یہ ہے کہ صحبت ہی ضروری ہے یا خلوتِ صحیحہ بھی صحبت کے قائم مقام ہوگی؟ اسی مطلب کی تعیین کے لئے بعد والا جملہ بڑھایا ہے۔

[٥٢-] بَابُ الْمَهْرِ لِلْمَدْخُوْلِ عَلَيْهَا وَكَيْفَ الدُّخُوْلُ؟ أَوْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ وَالْمَسِيْسِ

[٥٣٤٩-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: أَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: رَجُلٌ قَذَفَ امْرَأَتَهُ فَقَالَ: فَرَّقَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَخَوَيْ بَنِي الْعَجْلَانِ وَقَالَ: "اللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ؟" فَأَبَيَا، فَقَالَ: "اللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ؟" فَأَبَيَا، فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا. قَالَ أَيُّوْبُ: فَقَالَ لِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ: فِي الْحَدِيْثِ شَيْئٌ لَا أَرَاكَ تُحَدِّثُهُ، قَالَ: قَالَ الرَّجُلُ: مَالِيْ؟ قَالَ: "لَا مَالَ لَكَ، إِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَقَدْ دَخَلْتَ بِهَا، وَإِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَهُوَ أَبْعَدُ مِنْكَ" [راجع: ٥٣١١]

بَابُ الْمُتْعَةِ لِلَّتِيْ لَمْ يُفْرَضْ لَهَا

نکاح میں مہر مقرر نہیں ہوا اور خلوت کی بھی نوبت نہیں آئی اور طلاق دیدی تو ایک جوڑا کپڑا دینا واجب ہے

سورۃ البقرۃ آیات (۲۳۶و۲۳۷) میں دو حکم ہیں: (۱) نکاح میں مہر مقرر نہیں ہوا، اور مجامعت وخلوتِ صحیحہ سے پہلے طلاق دیدی تو مہر کچھ لازم نہیں، البتہ متعہ (ایک جوڑا کپڑا) واجب ہوگا (۲) نکاح میں مہر مقرر ہوا، پھر مجامعت وخلوتِ صحیحہ سے پہلے طلاق دیدی تو آدھا مہر دینا لازم ہے —— پھر آیت (۲۴۱ میں) حکم ہے کہ ہر مطلقہ کو (علاوہ مذکورہ مطلقہ کے) بوقت رخصت متعہ (ایک جوڑا کپڑا) دینا مستحب ہے —— لیکن اگر فرقت کا سبب عورت کی طرف سے پایا گیا ہو تو متعہ دینا مستحب نہیں، جیسے مطاوعت ابن الزوج کی صورت میں یا لعان کی صورت میں، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: عویمر کے واقعہ میں متعہ کا کوئی ذکر نہیں، جبکہ اس واقعہ میں شوہر نے طلاق دی تھی۔

[٥٣-] بَابُ الْمُتْعَةِ لِلَّتِيْ لَمْ يُفْرَضْ لَهَا

[١-] لِقَوْلِهِ: ﴿لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً، وَمَتِّعُوْهُنَّ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ اللهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ﴾

[٢-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ﴾

[٣-] وَلَمْ يَذْكُرِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمُلَاعَنَةِ مُتْعَةً حِيْنَ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا.

[٥٣٥٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِلْمُتَلَاعِنَيْنِ: "حَسَابُكُمَا عَلَى اللهِ، أَحَدُكُمَا كَاذِبٌ، لَاسَبِيْلَ لَكَ عَلَيْهَا" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! مَالِيْ؟ قَالَ: "لَامَالَ لَكَ، إِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا، وَإِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا فَذَاكَ أَبْعَدُ وَأَبْعَدُ لَكَ مِنْهَا"[راجع: ٥٣١١]

﴿بفضل اللہ تعالیٰ آج ۱۹ ذی قعدہ کو کتاب الطلاق کی شرح مکمل ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب النفقات

مصارف کا بیان

نکاح کے بعد اہل وعیال کا خرچہ واجب ہوتا ہے، اس لئے کتاب النکاح کے تتمہ میں کتاب النفقات لائے ہیں۔

بَابُ فَضْلِ النَّفَقَةِ عَلَى الْأَهْلِ

بیوی پر خرچ کرنے کی اہمیت

سورۃ البقرۃ کی (آیات: ۲۱۹ و۲۲۰) ہیں: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ؟ قُلِ الْعَفْوَ! كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ○ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ﴾: اور لوگ آپؐ سے پوچھتے ہیں: کیا خرچ کریں؟ آپ کہہ دیں: جو اپنے خرچ سے بچے! یوں اللہ تعالیٰ تمہارے لئے صاف صاف احکام بیان کرتے ہیں، تاکہ تم دنیا وآخرت (کے معاملات) میں سوچو! —— یعنی آخرت کا فکر ضروری ہے تو دنیا کا فکر بھی ضروری ہے، اگر سارا مال اٹھادوگے تو اپنی ضروریات کیسے پوری کروگے؟ اس لئے پہلے اپنی ذات پر خرچ کرو، پھر بیوی پر، حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے **العفو** کا ترجمہ **الفَضْل** کیا ہے یعنی ضرورت سے بچا ہوا، اور حاشیہ میں حضرت حسنؒ کے قول میں یہ اضافہ ہے: **ولالَوْمَ علی الکفاف**: اور بقدر ضرورت روکنے پر کچھ ملامت نہیں، یہی مسئلہ ہے، اپنی ذات مقدم ہے، اس سے بچ رہے تب بیوی پر خرچ کرنا مامور بہ ہے، یہی اہمیت ہے۔

اور پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۳۰۳) گذری ہے: ''اگر کوئی شخص اپنے گھر والوں پر بہ امید ثواب خرچ کرے تو وہ اس کے لئے صدقہ ہے'' یعنی وہ باعث اجر ہے، ہم خرما ہم ثواب ہے! یہی بیوی پر خرچ کرنے کی اہمیت ہے۔

اور دوسری حدیثِ قدسی پہلے (تحفۃ القاری ۹:۲۹۷) آئی ہے: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے انسان! خرچ کر میں تجھ پر خرچ کرونگا'' یعنی اللہ تعالیٰ اس کو عوض عطا فرمائیں گے، یہی خرچ کرنے کی اہمیت ہے، اور عموم میں بیوی مقدم ہے۔

اور تیسری حدیث نئی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیوہ اور غریب کے کام انجام دینے والا راہِ خدا میں لڑنے والے کی طرح ہے یا اس شخص کی طرح ہے جو رات بھر نفلیں پڑھتا ہے اور دن میں روزہ رکھتا ہے'' —— جو شخص بیوہ اور مسکین کے کام

انجام دیتا ہے: اس کو مجاہد فی سبیل اللہ کے ساتھ لاحق کیا ہے یا شب وروز عبادت کرنے والے کے ساتھ لاحق کیا ہے یعنی ان کے مانند قرار دیا ہے، یہ الحاق ہی ان کی فضیلت ہے، اور کام انجام دینے میں ان پر خرچ کرنا بھی شامل ہے، اور بیوی پر خرچ سب سے اہم ہے۔

اور آخری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۵۳) آئی ہے، اس میں ہے: ''تم اللہ کی خوشنودی کے لئے جو بھی خرچ کروگے اس کا تمہیں ثواب ملے گا، یہاں تک کہ بیوی کے منہ میں جو لقمہ دوگے اس کا بھی اجر ملے گا'' —— یہ اجر ملنا بیوی پر خرچ کرنے کی اہمیت ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٦٩- كتابُ النفقات

[١-] بَابُ فَضْلِ النَّفَقَةِ عَلَى الْأَهْلِ

وَقَوْلِهِ: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ؟ قُلِ الْعَفْوَ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ﴾ وَقَالَ الْحَسَنُ: الْعَفْوُ: الْفَضْلُ.

[٥٣٥١-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ يَزِيْدَ الْأَنْصَارِيَّ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدِ الْأَنْصَارِيِّ، فَقُلْتُ: عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِذَا أَنْفَقَ الْمُسْلِمُ نَفَقَةً عَلَى أَهْلِهِ وَهُوَ يَحْتَسِبُهَا كَانَتْ لَهُ صَدَقَةً" [راجع: ٥٥]

[٥٣٥٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " قَالَ اللّٰهُ: أَنْفِقْ يَا ابْنَ آدَمَ أُنْفِقْ عَلَيْكَ" [راجع: ٤٦٨٤]

[٥٣٥٣-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " السَّاعِيْ عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَوِ الْقَائِمِ اللَّيْلَ وَالصَّائِمِ النَّهَارَ" [طرفاه: ٦٠٠٦، ٦٠٠٧]

[٥٣٥٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ وَأَنَا مَرِيْضٌ بِمَكَّةَ، فَقُلْتُ: لِيْ مَالٌ، أُوْصِيْ بِمَالِيْ كُلِّهِ؟ قَالَ: " لَا" قُلْتُ: فَالشَّطْرُ؟ قَالَ: " لَا" قُلْتُ: فَالثُّلُثُ؟ قَالَ: " الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ، أَنْ تَدَعَ

وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيرٌ مِنْ أَنْ تَدعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ فِي أَيْدِيْهِمْ، وَمَهْمَا أَنْفَقْتَ فَهُوَ لَكَ صَدَقَةٌ، حَتّٰى اللُّقْمَةَ تَرْفَعُهَا فِي فِي امْرَأَتِكَ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ يَرْفَعُكَ، يَنْتَفِعُ بِكَ النَّاسُ وَيَضُرُّ بِكَ آخَرُوْنَ. [راجع: ٥٦]

قوله: فقلت: کس نے پوچھا؟ بظاہر عبداللہ نے حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا، اور ممکن ہے عدی نے یا شعبہ نے اپنے استاذ سے پوچھا ہو۔

بَابُ وُجُوْبِ النَّفَقَةِ عَلَى الْأَهْلِ وَالْعِيَالِ

بیوی بچوں پر خرچ کرنا واجب ہے

گذشتہ باب میں صرف الأهل تھا، اب والعيال بڑھادیا تو نیا باب ہوگیا۔ اور نفقہ سے مراد کھانا پینا، کپڑا لتا اور رہنے کا گھر ہے۔ اور نفقہ تین اسباب سے واجب ہوتا ہے: بیوی ہونے کی وجہ سے، رشتہ داری کی وجہ سے اور مملوک ہونے کی وجہ سے، مگر اب غلام باندی تو رہے نہیں، پس دو ہی سبب رہ گئے، بیوی کے خرچ کی تفصیلات کتبِ فقہ میں ہیں، اور اولاد (لڑکے لڑکی) کا خرچ باپ پر اس وقت واجب ہے جب ان کی ملکیت میں مال نہ ہو، اگر ان کے پاس مال ہو تو ان پر خرچ ان کے مال میں سے کیا جائے گا، پھر لڑکے کا خرچ بلوغ تک واجب ہے، اور لڑکی کا شادی ہونے تک، پھر باپ خرچ کرے تو اس کی مرضی، واجب نہیں۔

اور باب کی حدیثیں پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۲۰۲) آئی ہیں، ان میں ہے: ''خرچ کرنے میں ان لوگوں سے ابتداء کر جن کا خرچہ تیسرے ذمہ واجب ہے'' اہل وعیال کا خرچہ آدمی پر واجب ہوتا ہے، پس پہلے ان پر خرچ کرے، پھر درجہ بدرجہ دوسری جگہوں میں خرچ کرے۔

[٢-] بَابُ وُجُوْبِ النَّفَقَةِ عَلَى الْأَهْلِ وَالْعِيَالِ

[٥٣٥٥-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ مَا تَرَكَ غِنًى، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ"

تَقُوْلُ الْمَرْأَةُ: إِمَّا أَنْ تُطْعِمَنِيْ وَإِمَّا أَنْ تُطَلِّقَنِيْ، وَيَقُوْلُ الْعَبْدُ: أَطْعِمْنِيْ وَاسْتَعْمِلْنِيْ. وَيَقُوْلُ الِابْنُ: أَطْعِمْنِيْ، إِلٰى مَنْ تَدَعُنِيْ؟ قَالُوْا: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: لَا، هٰذَا مِنْ كِيْسِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ. [راجع: ١٤٢٦]

[٥٣٥٦-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ

مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ”خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَاكَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ“[راجع: ١٤٢٦]

پہلی حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث سنائی، پھر فرمایا: بیوی کہے گی: یا تو مجھے کھلا پلا یا مجھے طلاق دے! اور غلام کہے گا: مجھے کھلا پلا اور مجھ سے کام لے، اور لڑکا کہے گا: مجھے کھلا پلا، مجھے کس کے سہارے پر چھوڑتا ہے (اس میں وجوب نفقہ کے اسباب ثلاثہ کی طرف اشارہ ہے) لوگوں نے پوچھا: آپؓ نے یہ بات نبی ﷺ سے سنی ہے؟ کہا: نہیں! یہ ابو ہریرہؓ کی تھیلی سے ہے یعنی انھوں نے من تعول کی شرح کی ہے، بیوی، غلام اور بچوں کا نفقہ اس لئے واجب ہے کہ اگر شوہر، آقا اور باپ ان پر خرچ نہیں کریں گے تو وہ ضائع ہوجائیں گے۔

بَابُ حَبْسِ الرَّجُلِ قُوْتَ سَنَةٍ عَلٰى أَهْلِهِ، وَكَيْفَ نَفَقَاتُ الْعِيَالِ؟

بیوی کو سال بھر کا خرچ دینا، اور اولاد کو خرچ کس طرح دے؟

لوگوں کے ذرائع آمدنی مختلف ہیں، کسی کی سالانہ آمدنی ہوتی ہے، کسی کی ماہانہ اور کسی کی روزانہ، تاجروں اور دہاڑی والے مزدوروں کی آمدنی روزانہ ہوتی ہے، پس ہر شخص اپنے حالات کے اعتبار سے بیوی بچوں پر خرچ کرے۔ نبی ﷺ کی آمدنی سالانہ ہوتی تھی، بنونضیر کے علاقہ میں جو کھجور کے باغات اور کھیتی تھی وہ سال میں ایک بار پکتی تھی، چنانچہ نبی ﷺ جب آمدنی ہوتی ازواج کو سال بھر کا خرچ کھجور اور جَو کی شکل میں دیدیتے تھے، باب کی حدیث میں اس کا ذکر ہے، اور اولاد کے سلسلہ میں کوئی روایت نہیں اس لئے بات مبہم چھوڑ دی، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳۹۲:۶) تفصیل سے آگئی ہے۔

[۳-] بَابُ حَبْسِ الرَّجُلِ قُوْتَ سَنَةٍ عَلٰى أَهْلِهِ، وَكَيْفَ نَفَقَاتُ الْعِيَالِ؟

[٥٣٥٧-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، قَالَ: قَالَ لِيْ مَعْمَرٌ: قَالَ لِي الثَّوْرِيُّ: هَلْ سَمِعْتَ فِي الرَّجُلِ يَجْمَعُ لِأَهْلِهِ قُوْتَ سَنَتِهِ أَوْ بَعْضِ السَّنَةِ؟ قَالَ مَعْمَرٌ: فَلَمْ يَحْضُرْنِيْ، ثُمَّ ذَكَرْتُ حَدِيْثًا حَدَّثَنَاهُ ابْنُ شِهَابٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ عُمَرَ: ” أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَبِيْعُ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ، وَيَحْبِسُ لِأَهْلِهِ قُوْتَ سَنَتِهِمْ“ [راجع: ٢٩٠٤]

ترجمہ: ثوری رحمہ اللہ نے معمر بن راشد سے پوچھا: کیا آپ نے کوئی روایت سنی ہے اس شخص کے بارے میں جو اپنی بیوی کے لئے اکٹھا رکھتا ہے سال بھر کا یا سال کے بعض حصہ کا خرچ؟ معمر نے کہا: مجھے اس وقت کوئی روایت یاد نہیں تھی، پھر مجھے ایک حدیث یاد آئی جو ہم سے زہریؒ نے بیان کی تھی کہ نبی ﷺ بنونضیر کے کھجور کے درخت بیچ دیا کرتے

تھے اور اپنی ازواج کے لئے ان کا سال بھر کا خرچ روک لیا کرتے تھے (یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۳: ۲۷) آئی ہے، وہاں باغات بیچنے کا ذکر نہیں ہے)

[۵۳۵۸-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ ذَكَرَ لِي ذِكْرًا مَنْ حَدِيْثِهِ، فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى دَخَلْتُ عَلٰى مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدْثَانِ فَسَأَلْتُهُ.

فَقَالَ مَالِكٌ: انْطَلَقْتُ حَتّٰى أَدْخُلَ عَلٰى عُمَرَ، إِذْ أَتَاهُ حَاجِبُهُ يَرْفَأُ فَقَالَ: هَلْ لَكَ فِيْ عُثْمَانَ وَعَبْدِالرَّحْمٰنِ وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ: يَسْتَأْذِنُوْنَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَذِنَ لَهُمْ، قَالَ: فَدَخَلُوْا وَسَلَّمُوْا فَجَلَسُوْا، ثُمَّ لَبِثَ يَرْفَأُ قَلِيْلاً فَقَالَ لِعُمَرَ: هَلْ لَكَ فِي عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَذِنَ لَهُمَا، فَلَمَّا دَخَلاَ سَلَّمَا وَجَلَسَا.

فَقَالَ عَبَّاسٌ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْضِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ هٰذَا. فَقَالَ الرَّهْطُ عُثْمَانُ وَأَصْحَابُهُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْضِ بَيْنَهُمَا، وَأَرِحْ أَحَدَهُمَا مِنَ الآخَرِ، فَقَالَ عُمَرُ: اتَّئِدُوْا أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِى بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ، هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَنُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ"؟ يُرِيْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَفْسَهُ، قَالَ الرَّهْطُ: قَدْ قَالَ ذٰلِكَ. فَأَقْبَلَ عُمَرُ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ قَالَ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ ذٰلِكَ؟ قَالاَ: قَدْ قَالَ ذٰلِكَ.

قَالَ عُمَرُ: فَإِنِّيْ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ هٰذَا الْأَمْرِ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ خَصَّ رَسُوْلَهُ صلى الله عليه وسلم فِيْ هٰذَا الْمَالِ بَشَيْئٍ لَمْ يُعْطِهِ أَحَدًا غَيْرَهُ، قَالَ اللّٰهُ:﴿وَمَا آفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مِنْهُمْ﴾ إِلٰى: ﴿قَدِيْرٌ﴾ [الحشر:٦] فَكَانَتْ هٰذِهِ خَالِصَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَاللّٰهِ مَا احْتَازَهَا دُوْنَكُمْ وَلاَ اسْتَأْثَرَ بِهَا عَلَيْكُمْ، لَقَدْ أَعْطَاكُمُوْهَا وَبَثَّهَا فِيْكُمْ، حَتّٰى بَقِيَ مِنْهَا هٰذَا الْمَالُ، فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُنْفِقُ عَلٰى أَهْلِهِ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ، ثُمَّ يَأْخُذُ مَا بَقِيَ، فَيَجْعَلُهُ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ، فَعَمِلَ بِذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَيَاتَهُ، وَأَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ، هَلْ تَعْلَمُوْنَ ذٰلِكَ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ لِعَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمَانِ ذٰلِكَ؟ قَالاَ: نَعَمْ.

ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ نَبِيَّهُ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَنَا وَلِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَبَضَهَا أَبُوْ بَكْرٍ فَعَمِلَ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ بِهِ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنْتُمَا حِيْنَئِذٍ – فَأَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ – تَزْعُمَانِ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَذَا وَكَذَا، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّـهُ فِيْهَا صَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ فَقُلْتُ: أَنَا وَلِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ، فَقَبَضْتُهَا

سَنَتَيْنِ أَعْمَلُ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ جِئْتُمَانِيْ وَكَلِمَتُكُمَا وَاحِدَةٌ، وَأَمْرُكُمَا جَمِيْعٌ، جِئْتَنِيْ تَسْأَلُنِيْ نَصِيْبَكَ مِنِ ابْنِ أَخِيْكَ، وَإِنَّ هٰذَا يَسْأَلُنِيْ نَصِيْبَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيْهَا، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتُمَا دَفَعْتُهُ إِلَيْكُمَا عَلٰى أَنَّ عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيْثَاقَهُ لَتَعْمَلاَنِّ فِيْهَا بِمَاعَمِلَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبِمَا عَمِلَ بِهِ فِيْهَا أَبُوْ بَكْرٍ، وَبِمَا عَمِلْتُ بِهِ فِيْهَا مُنْذُ وُلِيْتُهَا، وَإِلَّا فَلاَ تُكَلِّمَانِّي فِيْهَا، فَقُلْتُمَا: ادْفَعْهَا إِلَيْنَا بِذٰلِكَ. فَدَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا بِذٰلِكَ، أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ دَفَعْتُهَا إِلَيْهِمَا بِذٰلِكَ؟ قَالَ الرَّهْطُ: نَعَمْ. فَأَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ فَقَالَ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا بِذٰلِكَ؟ قَالاَ: نَعَمْ. قَالَ: أَفَتَلْتَمِسَانِ مِنِّيْ قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ؟ فَوَ اللّٰهِ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ! لاَ أَقْضِيْ فِيْهَا قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ، حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ، فَإِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهَا فَادْفَعَاهَا إِلَيَّ فَإِنِّيْ أَكْفِيْكُمَاهَا.[راجع: ۲۹۰۴]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳۹۲:۶) آئی ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلاَدَهُنَّ﴾

مطلقہ عورتیں اپنے بچوں کو دودھ پلائیں تو ان کا نفقہ واجب ہے، اوران کا دودھ پلانے کا حق زیادہ ہے

حضرت قدس سرہ نے باب میں تین آیتیں لکھی ہیں: **ایک:** سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۲۳ ہے، **دوسری:** سورۃ الاحقاف کی آیت ۱۵ ہے اور **تیسری:** سورۃ الطلاق کی آیت ۶ ہے، اور روایت نہیں لائے، کیونکہ جو مسئلہ قرآن میں تفصیل سے ہوتا ہے وہ حدیثوں میں نہیں آتا۔

پہلی آیت: میں یہ بات ہے کہ مائیں اپنے بچوں کو دو برس تک دودھ پلائیں، اس میں وہ مائیں بھی داخل ہیں جن کا نکاح باقی ہے، اور وہ بھی جن کو طلاق مل چکی ہے اور وہ عدت میں ہیں، اور وہ بھی جن کی عدت گذر چکی ہے، اول دو کو منکوحہ اور معتدہ ہونے کی وجہ سے خرچ ملے گا، دودھ پلانے کی وجہ سے علاحدہ کوئی خرچ نہیں ملے گا، اور تیسری کو دودھ پلانے کی وجہ سے خرچ دینا ہوگا، نیز اس آیت میں یہ مضمون بھی ہے کہ بچہ کے ماں باپ بچہ کی وجہ سے ایک دوسرے کو تکلیف نہ دیں، مثلاً: بلاوجہ ماں دودھ پلانے سے انکار کرے یا باپ بلاوجہ کسی اور سے دودھ پلوائے یا کھانے کپڑے میں تنگی کرے۔

اور دوسری آیت: میں یہ ہے کہ دودھ پلانے کی زیادہ سے زیادہ مدت دو سال ہے، البتہ باہمی مشاورت سے اس سے پہلے بھی دودھ چھڑایا جاسکتا ہے، اور جب تک ماں دودھ پلائے گی اس کا نفقہ واجب ہے۔

اور تیسری آیت: میں یہ مضمون ہے کہ اگر ماں تکرار اور ضد کی وجہ سے دودھ نہ پلائے تو کوئی دوسری عورت دودھ پلانے والی مل جائے گی، پس ماں کو اتنا گھمنڈ نہیں کرنا چاہئے، اور باپ اگر بچہ کی ماں کو خرچ نہیں دینا چاہتا تو دوسری عورت کو

دینا پڑے گا، پس ماں ہی کو کیوں نہ دے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿بَصِيرٌ﴾

وَقَالَ: ﴿وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُوْنَ شَهْرًا﴾

وَقَالَ: ﴿وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى، لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِنْ سَعَتِهِ﴾ إِلَى: ﴿يُسْرًا﴾

وَقَالَ يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ: نَهَى اللّٰهُ أَنْ تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَذٰلِكَ أَنْ تَقُوْلَ الْوَالِدَةُ: لَسْتُ مُرْضِعَتَهُ. وَهِيَ أَمْثَلُ لَهُ غِذَاءً، وَأَشْفَقُ عَلَيْهِ، وَأَرْفَقُ بِهِ مِنْ غَيْرِهَا، فَلَيْسَ لَهَا أَنْ تَأْبَى بَعْدَ أَنْ يُعْطِيَهَا مِنْ نَفْسِهِ مَا جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَلَيْسَ لِلْمَوْلُوْدِ لَهُ أَنْ يُضَارَّ بِوَلَدِهِ وَالِدَتَهُ، فَيَمْنَعُهَا أَنْ تُرْضِعَهُ ضِرَارًا لَهَا إِلَى غَيْرِهَا، فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يَسْتَرْضِعَا عَنْ طِيْبِ نَفْسِ الْوَالِدِ وَالْوَالِدَةِ، فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا، بَعْدَ أَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ عَنْ تَرَاضٍ مِنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ.

﴿فِصَالُهُ﴾: فِطَامُهُ.

ترجمہ: امام زہری رحمہ اللہ نے فرمایا: ’’اللہ تعالیٰ نے ممانعت فرمائی ہے اس بات کی کہ ماں نقصان پہنچائے اپنے بچے کو، اور وہ نقصان پہنچانا یہ ہے کہ ماں کہے: میں اس کو دودھ نہیں پلاتی، درانحالیکہ ماں کا دودھ بچے کے لئے بہترین غذا ہے، اور ماں بچے پر زیادہ مہربان ہوتی ہے، اور اس کے ساتھ زیادہ نرمی کا معاملہ کرنے والی ہے کسی دوسری عورت سے، پس جائز نہیں عورت کے لئے کہ انکار کرے (دودھ پلانے سے) اس کے بعد کہ دے اس کو باپ اپنی طرف سے جو اللہ نے اس کے لئے مقرر کیا ہے۔ اور جائز نہیں اس کے لئے جس کے لئے بچہ جنا گیا ہے یعنی باپ کے لئے کہ نقصان پہنچائے اپنے بچے کے ذریعہ اس کی ماں کو، پس روکے وہ اس کو اس بات سے کہ دودھ پلائے وہ اس کو، نقصان پہنچانے کے طور پر، اور کسی دوسری عورت کو بچہ دے۔ پس کوئی گناہ نہیں دونوں پر کہ دودھ پلائیں باپ اور ماں کی رضامندی سے —— پھر اگر دودھ چھڑانا چاہیں دونوں تو بھی دونوں پر کچھ گناہ نہیں، اس کے بعد کے وہ دودھ چھڑانا دونوں کی باہمی رضامندی اور مشاورت سے ہو —— حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فِصال کے معنی فِطام (دودھ چھڑانا) کئے ہیں۔

لغت: ضَارَّهُ به مُضَارَّة وضِرارًا: نقصان پہنچانا، پریشان کرنا، آیت کریمہ: ﴿لَاتُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا، وَلَا مَوْلُوْدٌ لَهُ بِوَلَدِهِ﴾ میں تُضَارَّ: معروف ومجہول دونوں ہوسکتے ہیں، اور ب سببیہ اور تعدیہ کی ہوسکتی ہے، اگر معروف ہے تو ب تعدیہ کی ہے، ترجمہ: نہ نقصان پہنچائے ماں اپنے بچے کو (دودھ پلانے سے انکار کرکے) اور نہ نقصان پہنچائے باپ اپنے

بچے کو (اجرت نہ دے کر یا دوسری عورت سے دودھ پلا کر) —— اور اگر مجہول ہے تو ب سببیہ ہے، ترجمہ: نہ نقصان پہنچائی جائے ماں اس کے بچہ کی وجہ سے (بغیر اجرت دودھ پلانے پر مجبور کر کے) اور نہ باپ اس کے بچے کی وجہ سے (زیادہ اجرت کا مطالبہ کر کے) امام زہریؒ نے پہلی جگہ معروف اور ب تعدیہ کی لی ہے، اور دوسری جگہ مجہول اور ب سببیت کی لی ہے —— اور ضِرَارًا لھا مفعول لہ ہے فیمنعھا کا اور إلی غیرھا: تُرْضعه کے ساتھ ہے أی ذاھبا إلی غیرھا —— امام زہریؒ نے پہلی آیت میں بیان شدہ بات کھول کر بیان کی ہے۔

بَابُ نَفَقَةِ الْمَرْأَةِ إِذَا غَابَ عَنْهَا زَوْجُهَا، وَنَفَقَةِ الْوَلَدِ

شوہر کی غیر حاضری میں عورت اپنا اور بچوں کا خرچ شوہر کے مال میں سے لے سکتی ہے

شوہر کی غیر حاضری میں بھی بیوی بچوں کا خرچ اسی پر ہے، پس اگر بیوی کے قبضہ میں شوہر کا مال ہے تو عرف وعادت کے موافق بیوی اپنا اور شوہر کی اولاد کا خرچ اس کے مال میں سے لے، اور اگر مال غیر کے قبضہ میں ہے تو قاضی کے حکم سے اس سے لے، اور مال نہ ہو تو قاضی کے حکم سے شوہر کے نام پر قرض/ ادھار لے، اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو اللہ حافظ! خود کما کر کھائے یا مانگ کر گذارہ کرے، یا مسلمان ایسی عورت کا تعاون کریں۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۲۵۹) آئی ہے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی والدہ نے مسئلہ پوچھا کہ ابوسفیان پورا خرچ نہیں دیتے، پس اگر وہ اپنے شوہر کی نظر بچا کر ان کے مال میں سے کچھ لے لیں تو جائز ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''معروف طریقہ پر لے سکتی ہو'' امام بخاری رحمہ اللہ نے اس سے غائب شوہر کے مال میں سے لینے کا جواز نکالا ہے —— اور دوسری حدیث بھی پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۱۴۴) آئی ہے، اس میں ہے: من غیر أمرہ: شوہر کی اجازت کے بغیر، مگر اجازت صراحۃً ضروری نہیں، دلالۃً یا عرفاً اجازت بھی کافی ہے، اور غیر حاضر شوہر کی طرف سے دلالۃً یا عرفاً اجازت ہوتی ہے کہ بیوی خود پر اور بچوں پر شوہر کے مال میں سے خرچ کرے، پس یہ جائز ہے۔

[٥-] بَابُ نَفَقَةِ الْمَرْأَةِ إِذَا غَابَ عَنْهَا زَوْجُهَا، وَنَفَقَةِ الْوَلَدِ

[٥٣٥٩-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَاءَ تْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مِسِّيْكٌ، فَهَلْ عَلَيَّ حَرَجٌ أَنْ أُطْعِمَ مِنَ الَّذِيْ لَهُ عِيَالَنَا؟ قَالَ: '' لَا، إِلَّا بِالْمَعْرُوْفِ''[راجع: ٢٢١١]

[٥٣٦٠-] حدثنا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ كَسْبِ زَوْجِهَا عَنْ غَيْرِ أَمْرِهِ فَلَهَا نِصْفُ أَجْرِهِ''[راجع: ٢٠٦٦]

بَابُ عَمَلِ الْمَرْأَةِ فِیْ بَیْتِ زَوْجِهَا

گھریلو کام عورت کے ذمّے ہیں

درمختار باب النفقہ میں ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے درمیان کام تقسیم کئے تھے، باہر کے کام حضرت علیؓ کے ذمہ کئے تھے اور اندر کے کام حضرت فاطمہؓ کے ذمہ کئے تھے، پھر عورت باہر کے کاموں میں شوہر کا ہاتھ بٹائے تو بٹائے، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا اپنے شوہر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کا چارہ جنگل سے سر پر اٹھا کر لاتی تھیں، اور مرد گھر کے کاموں میں عورت کا ہاتھ بٹائے تو بٹائے، خود نبی ﷺ گھر کے کاموں میں حصہ دار بنتے تھے، یہ عام معاشرہ کے احکام ہیں، رہا اعلیٰ معاشرہ تو اس کے احکام فقہاء نے بیان کئے ہیں، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۰۴) آئی ہے، اس میں ہے کہ حضرت فاطمہؓ خود چکی پیستی تھیں، جس سے ہاتھ میں نشان پڑ گئے تھے، اور انھوں نے خادم مانگا تو نہیں ملا۔

[۶-] بَابُ عَمَلِ الْمَرْأَةِ فِیْ بَیْتِ زَوْجِهَا

[۵۳۶۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَكَمُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيٌّ: أَنَّ فَاطِمَةَ أَتَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تَشْكُوْ إِلَيْهِ مَا تَلْقَى فِيْ يَدِهَا مِنَ الرَّحَى، وَبَلَغَهَا أَنَّـهُ قَدْ جَاءَ هُ رَقِيْقٌ فَلَمْ تُصَادِفْهُ، فَذَكَرَتْ لِعَائِشَةَ، فَلَمَّا جَاءَ أَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ، قَالَ: فَجَاءَ نَا وَقَدْ أَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا، فَذَهَبْنَا نَقُوْمُ فَقَالَ:" عَلٰى مَكَانِكُمَا" فَجَاءَ فَقَعَدَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهَا حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمَيْهِ عَلٰى بَطْنِيْ فَقَالَ:" أَلَا أَدُلُّكُمَا عَلٰى خَيْرٍ مِمَّا سَأَلْتُمَا، إِذَا أَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا أَوْ: آوَيْتُمَا إِلٰى فِرَاشِكُمَا، فَسَبِّحَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَاحْمَدَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَكَبِّرَا أَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمَا مِنْ خَادِمٍ"[راجع: ۳۱۱۳]

بَابُ خَادِمِ الْمَرْأَةِ

گھر کے لئے نوکر رکھنا

اگر شوہر کے پاس گنجائش نہ ہو تو گھر کے کاموں کے لئے نوکر/نوکرانی رکھنا ضروری نہیں، عورت خود گھر کے کام انجام دے گی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس گنجائش نہیں تھی، اس لئے گھر کے کاموں کے لئے کوئی خادم نہیں تھا، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا خود گھر کے کام انجام دیتی تھیں، پھر ایک موقعہ آیا، نبی ﷺ کے پاس دو غلام آئے، حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہؓ کو مشورہ دیا کہ ایک خادم ابا سے مانگ لاؤ، جو گھر کے کاموں میں تمہارا ہاتھ بٹائے، مگر وہ غلام ان یتیم بچوں کو دینے کے لئے تھے جن کے باپ بدر میں شہید ہوئے تھے، چنانچہ آپؐ نے بیٹی اور داماد کو وظیفہ بتایا —— اور اگر شوہر کے پاس گنجائش ہو تو گھر کے کاموں کے لئے نوکر/نوکرانی رکھنی چاہئے، فقہاء کرام نے ایک چھوڑ دو نوکروں کا تذکرہ کیا ہے۔

[۷-] بَابُ خَادِمِ الْمَرْأَةِ

[۵۳۶۲-] حدثنا الْحُمَيْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ يَزِيْدَ، سَمِعَ مُجَاهِدًا، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِیْ لَيْلَى، يُحَدِّثُ عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ: أَنَّ فَاطِمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا أَتَتِ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم تَسْأَلُهُ خَادِمًا فَقَالَ: " أَلَا أُخْبِرُكِ مَا هُوَ خَيْرٌ لَكِ مِنْهُ، تُسَبِّحِيْنَ اللّٰهَ عِنْدَ مَنَامِكِ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَتَحْمَدِيْنَ اللّٰهَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَتُكَبِّرِيْنَ اللّٰهَ أَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ" – ثُمَّ قَالَ سُفْيَانُ: إِحْدَاهُنَّ أَرْبَعٌ وَثَلَاثُوْنَ – فَمَا تَرَكْتُهَا بَعْدُ، قِيْلَ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّيْنَ؟ قَالَ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّيْنَ. [راجع: ۳۱۱۳]

وضاحت: ابن عیینہؒ نے پہلے کہا: سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ، الحمدللہ ۳۳ مرتبہ اور اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ، پھر (دوسرے موقعہ پر) کہا: تینوں میں سے کوئی ایک ذکر ۳۴ مرتبہ —— صفین کی رات: یعنی غزوۂ صفین میں بھی؟ (یہ جنگ نوے دن چلی تھی)

بَابُ خِدْمَةِ الرَّجُلِ فِی أَهْلِهِ

گھر کے کاموں میں مرد کا حصہ لینا

اگر گھر کے کاموں کے لئے نوکر نہیں ہے تو مرد کو خود گھر کے کاموں میں عورت کا ہاتھ بٹانا چاہئے، عار نہیں کرنا چاہئے، صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا: جب نبی ﷺ گھر میں ہوتے تھے تو کیا کرتے تھے؟ صدیقہؓ نے کہا: گھر والے جو کام کرتے تھے آپؐ بھی وہی کام کرتے تھے یعنی گھر کے کام کاج میں شریک ہوتے تھے، اور حدیث پہلے آئی ہے۔

[۸-] بَابُ خِدْمَةِ الرَّجُلِ فِی أَهْلِهِ

[۵۳۶۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ مَاكَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَصْنَعُ فِی الْبَيْتِ؟ قَالَتْ: كَانَ فِی مِهْنَةِ أَهْلِهِ، فَإِذَا سَمِعَ الْأَذَانَ خَرَجَ. [راجع: ۶۷۶]

بَابٌ: إِذَا لَمْ يُنْفِقِ الرَّجُلُ فَلِلْمَرْأَةِ أَنْ تَأْخُذَ بِغَيْرِ عِلْمِهِ مَا يَكْفِيْهَا وَوَلَدَهَا بِالْمَعْرُوْفِ

شوہر کنجوسی کرے تو عورت اس کے علم کے بغیر اس کے مال میں سے اپنی اور اپنے بچوں کی ضرورت کے بقدر لے سکتی ہے

حضرت ہندؓ کو نبی ﷺ نے شوہر کی نظر بچا کر معروف طریقہ پر لینے کی اجازت دی تھی، یعنی عام طور پر گھر میں جتنا

خرچ ہوتا ہے اتنا لے سکتی ہے۔

[۹-] بَابٌ: إِذَا لَمْ يُنْفِقِ الرَّجُلُ فَلِلْمَرْأَةِ أَنْ تَأْخُذَ بِغَيْرِ عِلْمِهِ مَا يَكْفِيهَا وَوَلَدَهَا بِالْمَعْرُوْفِ

[٥٣٦٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ أَبِىْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ هِنْدًا بِنْتَ عُتْبَةَ قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ، وَلَيْسَ يُعْطِيْنِىْ مَا يَكْفِيْنِىْ وَوَلَدِىْ، إِلَّا مَا أَخَذْتُ مِنْهُ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ، فَقَالَ: " خُذِىْ مَا يَكْفِيْكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوْفِ"[راجع: ٢٢١١]

بَابُ حِفْظِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا فِى ذَاتِ يَدِهِ، وَالنَّفَقَةِ عَلَيْهِ

عورت کے ذمہ شوہر کے مال کی حفاظت اور اس پر خرچ کرنا ہے

شوہر کا مال عام طور پر عورت کے پاس رہتا ہے، مرد ہر وقت اپنا مال ساتھ نہیں رکھ سکتا، اسی طرح شوہر کے بچے ــــ اگرچہ وہ پہلی بیوی سے ہوں ــــ عورت کے پاس ہوتے ہیں، پس عورت کے ذمہ تین کام ہیں:

۱- شوہر کے مال کی حفاظت کرنا، اور شوہر کے حکم کے مطابق اس میں سے خرچ کرنا، اور حساب رکھنا تاکہ شوہر کے استفسار پر اس کو مطمئن کر سکے۔

۲- شوہر کے بچوں کی مہر ومحبت سے پرورش کرنا، ان کے معاملات کو سنوارنا اور ان کی اچھی اخلاقی تربیت کرنا۔

۳- شوہر کی ذات کا خیال رکھنا، اس کے کھانے پینے، اوڑھنے بچھونے اور کپڑوں لتوں کا اہتمام کرنا، کیونکہ مرد اپنی ہمہ جہتی مشغولیت کی وجہ سے اپنے احوال کو سنوارنے کی طرف زیادہ توجہ نہیں دے سکتا۔ پس عورت شوہر کے آرام وآسائش کا خیال رکھے۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۵۰) آئی ہے: نبی ﷺ نے قریش کی عورتوں کی عرب کی عورتوں پر فضیلت بیان کی کہ وہ بچوں پر بہت مہربان ہوتی ہیں، اور شوہر کے مال کی پوری حفاظت کرتی ہیں (اور خرچ کا حساب رکھنا حفاظت میں شامل ہے)

[١٠-] بَابُ حِفْظِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا فِى ذَاتِ يَدِهِ، وَالنَّفَقَةِ عَلَيْهِ

[٥٣٦٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، وَأَبُوْ الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الإِبَلَ نِسَاءُ قُرَيْشٍ - وَقَالَ الآخَرُ: صَالِحُ نِسَاءِ قُرَيْشٍ - أَحْنَاهُ عَلَى وَلَدٍ فِى صِغَرِهِ، وَأَرْعَاهُ عَلَى زَوْجٍ فِى ذَاتِ يَدِهِ" وَيُذْكَرُ عَنْ مُعَاوِيَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٣٤٣٤]

وضاحت: وأبو الزناد سے تحویل ہے، اور آخر سے ابن طاؤس مراد ہیں۔ یہ حدیث ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضرات معاویہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما بھی روایت کرتے ہیں۔

بَابُ كِسْوَةِ الْمَرْأَةِ بِالْمَعْرُوْفِ

عرف کے مطابق بیوی کو کپڑا دینا

پہناوا بھی نفقہ میں شامل ہے، پس بیوی کے لئے عرف وعادت کے مطابق لباس مہیا کرنا بھی شوہر کی ذمہ داری ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۵۹۵) آئی ہے: نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ایک ریشمی جوڑا دیا، انھوں نے اس کو پہنا تو آپؐ کے چہرے پر غصہ دیکھا، کیونکہ ریشم مرد کے لئے جائز نہیں، اور دیا اس لئے تھا کہ وہ اس کو کسی جائز مصرف میں لائیں، چنانچہ حضرت علیؓ نے اس کے حصے کر کے خاندان کی عورتوں میں تقسیم کر دیئے، ایسا وَابْدَأْ بمن تعول کے ضابطہ سے کیا تھا، معلوم ہوا کہ اپنی ذات کی طرح بیوی کا لباس بھی شوہر کے ذمہ ہے۔

[۱۱-] بَابُ كِسْوَةِ الْمَرْأَةِ بِالْمَعْرُوْفِ

[۵۳۶۶-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حُلَّةٌ سِيَرَاءُ فَلَبِسْتُهَا، فَرَأَيْتُ الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهِ فَشَقَقْتُهَا بَيْنَ نِسَائِيْ. [راجع: ۲۶۱۴]

بَابُ عَوْنِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا فِيْ وَلَدِهِ

شوہر کے بچوں کی دیکھ ریکھ میں بیوی کا تعاون کرنا

شوہر کی پہلی بیوی کے بچوں کی ذمہ داری شوہر پر ہے، اسی طرح اس کے کمزور ماں باپ کی خدمت کی ذمہ داری بھی اسی پر ہے، مگر بیوی کو دونوں خدمتوں میں شوہر کا تعاون کرنا چاہئے، اس سلسلہ میں عورتیں کوتاہی کرتی ہیں، وہ اپنی ذمہ داری نہیں سمجھتیں، ایک عالمہ بیوی نے شوہر کے ضعیف ماں باپ کی خدمت سے انکار کر دیا، شوہر نے ایک عالم سے مدد لی، کیونکہ لوہے کو فولاد ہی کاٹ سکتا ہے، عالم نے بیوی کو سمجھایا، اس نے مسئلہ بتایا کہ شوہر کے ماں باپ کی خدمت میرے ذمہ نہیں، عالم نے کہا: ٹھیک ہے، میں شوہر کو مشورہ دونگا کہ وہ دوسری بیوی کر لے، یہ اس کا حق ہے، بیوی فوراً تیار ہوگئی کہ آپ ایسا مشورہ نہ دیں، میں خدمت کرونگی!

اور حدیث بار بار آئی ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد عبداللہؓ احد میں شہید ہوگئے تھے، ان کی سات یا نو لڑکیاں تھیں، انھوں نے بیٹے کو ذمہ داری اوڑھائی تھی، چنانچہ حضرت جابرؓ نے ایک بیوہ سے نکاح کیا تاکہ وہ ان کی بہنوں کو

سنبھالے (یہاں باب ہے) یہ بہنیں حضرت جابرؓ کی اولاد کی طرح تھیں، اوران کی ماں نے دوسری جگہ نکاح کرلیا ہوگا، ہمارے معاشرہ میں جو ماں بچوں کو لے کر بیٹھی رہتی ہے وہ غلط طریقہ ہے، بچوں کی پرورش وارث کے ذمہ ہے۔

[۱۲-] بَابُ عَوْنِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا فِيْ وَلَدِهِ

[۵۳۶۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: هَلَكَ أَبِيْ وَتَرَكَ سَبْعَ بَنَاتٍ أَوْ تِسْعَ بَنَاتٍ، فَتَزَوَّجْتُ امْرَأَةً ثَيِّبًا فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "تَزَوَّجْتَ يَا جَابِرُ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: "بِكْرًا أَوْ ثَيِّبًا؟" قُلْتُ: بَلْ ثَيِّبًا. قَالَ: "فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ، وَتُضَاحِكُهَا وَتُضَاحِكُكَ" قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ هَلَكَ وَتَرَكَ بَنَاتٍ، وَإِنِّيْ كَرِهْتُ أَنْ أَجِيْئَهُنَّ بِمِثْلِهِنَّ، فَتَزَوَّجْتُ امْرَأَةً تَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ وَتُصْلِحُهُنَّ. فَقَالَ: "بَارَكَ اللّٰهُ" أَوْ قَالَ: "خَيْرًا!" [راجع: ٤٤٣]

بَابُ نَفَقَةِ الْمُعْسِرِ عَلٰى أَهْلِهِ

تنگ دست کا بیوی پر خرچ کرنا

تنگ دست شوہر پر بھی اس کی حیثیت کے موافق بیوی کا نفقہ واجب ہے، اور اگر شوہر بالکل ہی نادار ہو، خرچ بالکل نہ دے سکتا ہو تو بیوی کو فسخ نکاح کا حق ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۴۶) آئی ہے: ایک شخص نے رمضان کے روزے میں بیوی سے صحبت کرلی تھی، اس کو کفارہ کا حکم دیا گیا، وہ صحابی نادار تھے، آپؐ نے ان کو پندرہ صاع چھوہارے دیئے اور فرمایا: اس کو غریبوں میں تقسیم کردو، انھوں نے عرض کیا: مدینہ کے دولابوں کے درمیان میرے گھر سے زیادہ کوئی غریب گھر نہیں! پس آپؐ نے فرمایا: "لے جاؤ، گھر میں کھالو" یہ آپؐ نے گھر کی ضرورت کو کفارہ پر مقدم کیا، اسی سے استدلال کیا ہے کہ تنگ دست پر بھی بیوی کا نفقہ واجب ہے، جبکہ اس کو برائے خرچ کچھ حاصل ہوجائے۔

[۱۳-] بَابُ نَفَقَةِ الْمُعْسِرِ عَلٰى أَهْلِهِ

[۵۳۶۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ فَقَالَ: هَلَكْتُ. قَالَ: "وَلِمَ؟" قَالَ: وَقَعْتُ عَلٰى أَهْلِيْ فِيْ رَمَضَانَ، قَالَ: "فَأَعْتِقْ رَقَبَةً" قَالَ: لَيْسَ عِنْدِيْ. قَالَ: "فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ" قَالَ: لَا أَسْتَطِيْعُ. قَالَ: "فَأَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا" قَالَ: لَا أَجِدُ. فَأُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَقٍ فِيْهِ تَمْرٌ، قَالَ: "أَيْنَ السَّائِلُ؟" قَالَ: هَا أَنَا ذَا. قَالَ: "تَصَدَّقْ بِهٰذَا" قَالَ: عَلٰى أَحْوَجَ

مِنَّا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! فَوَ الَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بَیْنَ لَابَتَیْهَا أَهْلُ بَیْتٍ أَحْوَجُ مِنَّا، فَضَحِكَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم حَتّٰی بَدَتْ أَنْیَابُهُ، قَالَ:" فَأَنْتُمْ إِذًا"[راجع: ۱۹۳۶]

بَابٌ: ﴿وَعَلَی الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ﴾ وَهَلْ عَلَی الْمَرْأَةِ مِنْهُ شَیْئٌ؟

جس بچہ کا باپ فوت ہوگیا اس کا نفقہ مالدار ذی رحم محرم وارث پر ہے، اور عورت بھی خرچ میں حصہ دار ہوگی

باپ حیات ہے تو بچہ کی پرورش کا خرچ اسی کے ذمہ ہے، اور جب باپ فوت ہوجائے تو اگر بچے کے پاس مال ہے تو اسی مال میں سے اس کا خرچ ہوگا، اور اگر مال نہیں ہے تو اس کے مالدار عزیزوں میں سے جو اس کے محرم ہیں اور میراث کے مستحق ہیں ان پر بچہ کا خرچ ہوگا، محرم رشتہ داروں میں دیکھا جائے گا کہ کس کو بچے کی میراث کتنی پہنچتی ہے؟ اس کے اعتبار سے خرچ واجب ہوگا، اور ان رشتہ داروں میں ماں بھی داخل ہے، پس اس پر بھی حصہ رسد خرچ ہوگا۔ مثلاً: ماں اور دادا ہوں تو خرچ کا ایک تہائی ماں کے ذمہ ہے اور دو تہائی دادا کے ذمے، کیونکہ دونوں محرم ہیں اور وارث بھی، اسی طرح بھائی بہن وارث ہوں تو حصۂ میراث کے بقدر خرچ کے ذمہ دار ہونگے۔

ذی رحم: ناتادار، ددھیالی اور ننھیالی رشتہ دار، پس سسرالی اور دودھ پینے کے رشتہ دار نکل گئے —— **محرم**: یعنی بچہ کے ساتھ اس کا ایسا رشتہ ہو کہ اگر ایک کو مرد اور ایک کو عورت فرض کریں تو باہم نکاح درست نہ ہو —— **مالدار**: یعنی کم از کم نصاب غیر نامی کا مالک ہو، اسی پر نفقہ واجب ہوگا، غریب پر واجب نہ ہوگا۔

استدلال:

۱- سورۃ البقرۃ (آیت ۲۳۳) میں پہلے یہ بیان کیا ہے کہ مطلقہ بیوی عدت کے بعد بچے کی پرورش کرے (دودھ پلائے) تو اس کا خرچ باپ پر ہے، پھر فرمایا: ﴿وَعَلَی الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ﴾: اور وارث پر اسی طرح ہے یعنی باپ نہ ہو تو بچے کے وارث پر بچہ کا خرچہ ہے، جس میں ماں بہن بھی شریک ہونگی، جبکہ وہ وارث ہوں اور مالدار ہوں (یہ دلیل باب ہی میں ہے)

۲- سورۃ النحل (آیت ۷۶) میں ایک گونگے بہرے اور نکمّے غلام کی مثال ہے جو اپنے آقا پر بوجھ ہے، کام کچھ کرتا نہیں اور کھلانا پلانا پڑتا ہے، کیونکہ وجوب نفقہ کے تین سبب ہیں: زوجیت، قرابت اور مملوکیت، چونکہ یہ غلام مملوکہ ہے اس لئے اس کا نفقہ مولیٰ پر ہے، اسی طرح مذکورہ بچہ بے آسرا ہے، پس اس کا نفقہ قرابت داروں پر ہوگا، اگرچہ وہ ابھی ان کے کچھ کام کا نہیں، پس ایک سببِ وجوبِ نفقہ پر دوسرے سبب وجوبِ نفقہ کو قیاس کیا ہے۔

۳- ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر سے چار پانچ بچے تھے، انھوں نے مسئلہ پوچھا: اگر میں ابوسلمہ کے بچوں پر جو میرے بھی بچے ہیں خرچ کروں تو مجھے ثواب ملے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''خرچ کرو، ثواب ملے گا'' اس سے استیناس کیا ہے کہ

بچوں کے خرچ میں ماں بھی حصہ دار ہوگی (تحفۃ القاری ۴: ۲۴۷)

۴- حضرت ہندؓ کو شوہر کے مال میں سے بچوں کی ضرورت کے بقدر ان کی نظر بچا کر معروف طریقہ پر لینے کی اجازت دی، معلوم ہوا کہ باپ ہے تو بچوں کا خرچ نہ ماں پر ہے نہ وارثوں پر، باپ ہی ان کے خرچ کا ذمہ دار ہے۔

[۱۴-] بَابٌ: ﴿وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ﴾ وَهَلْ عَلَى الْمَرْأَةِ مِنْهُ شَيْئٌ؟

﴿وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ لاَيَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلاَهُ﴾ الآيَةَ[النحل: ۷۶]

[۵۳۶۹-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلْ لِيْ مِنْ أَجْرٍ فِيْ بَنِيْ أَبِيْ سَلَمَةَ أَنْ أُنْفِقَ عَلَيْهِمْ، وَلَسْتُ بِتَارِكَتِهِمْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا، إِنَّمَا هُمْ بَنِيَّ؟ قَالَ: " نَعَمْ، لَكِ أَجْرُ مَا أَنْفَقْتِ عَلَيْهِمْ" [راجع: ۱۴۶۷]

قولها: هكذا وهكذا: ایسا اور ایسا یعنی محتاج، دربدر بھٹکتے!

[۵۳۷۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: قَالَتْ هِنْدٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ، فَهَلْ عَلَيَّ حَرَجٌ أَنْ آخُذَ مِنْ مَالِهِ مَا يَكْفِيْنِيْ وَبَنِيَّ؟ قَالَ: " خُذِيْ بِالْمَعْرُوْفِ"[راجع: ۲۲۱۱]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ تَرَكَ كَلاًّ أَوْ ضَيَاعًا فَإِلَيَّ"

بے سہارا بچوں کا خرچ حکومت کے ذمہ ہے (اسلامی حکومت فلاحی ریاست ہے)

اگر کوئی بچہ ایسا ہے کہ اس کا باپ فوت ہو گیا ہے، ماں غریب ہے اور ورثا نہیں ہیں یا وہ بھی غریب ہیں تو ایسے بچے کی پرورش کی ذمہ داری حکومت کی ہے، اسلامی حکومت ویلفیر (فلاحی) ریاست ہے، تمام بے سہارا لوگوں کا سہارا حکومت ہے۔ نبی ﷺ جب کوئی مقروض مرتا اور قرضے کی بھرپائی نہ چھوڑتا تو اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھتے تھے، مسلمانوں سے فرماتے: ''اپنے آدمی کا جنازہ پڑھ لو'' پھر جب فتوحات ہوئیں تو آپؐ نے اعلان فرمایا: ''میں مسلمانوں سے ان کی جانوں سے زیادہ قریب ہوں'' یعنی لوگوں کو اپنی جتنی فکر ہے مجھے ان کی فکر اس سے زیادہ ہے ''پس جس مسلمان کا انتقال ہوا اور وہ قرض یا بے سہارا اولاد چھوڑے وہ میری طرف ہے'' یعنی میں اس کا قرض ادا کرونگا، اور اس کے بچوں کی پرورش کرونگا'' اور جو مال چھوڑے اس کا مال اس کے ورثاء کے لئے ہے'' یعنی الغُنم بالغُرم کے ضابطہ سے حکومت وارث نہیں۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۳۴۴) آئی ہے۔

[۱۵-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ تَرَكَ كَلًّا أَوْ ضَيَاعًا فَإِلَيَّ"

[۵۳۷۱-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ الْمُتَوَفَّى عَلَيْهِ الدَّيْنُ، فَيَسْأَلُ: "هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهِ فَضْلًا؟" فَإِنْ حُدِّثَ أَنَّهُ تَرَكَ لِدَيْنِهِ وَفَاءً صَلَّى، وَإِلَّا قَالَ لِلْمُسْلِمِيْنَ: "صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ" فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْفُتُوْحَ قَالَ: "أَنَا أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ تُوُفِّيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ، وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ"[راجع: ۲۲۹۸]

بَابُ الْمَرَاضِعِ مِنَ الْمُوَالِيَاتِ وَغَيْرِهِنَّ

بچوں کو باندیوں وغیرہ کا دودھ پلانا جائز ہے

المَرَاضع: المُرْضِعة کی جمع ہے: دودھ پلانے والی عورت.......... المُوَالیات: مولاۃ کی جمع الجمع ہے: باندیاں ....بچے کو دودھ کسی بھی عورت کا پلا سکتے ہیں، باندی کا بھی پلا سکتے ہیں، اس میں کوئی برائی نہیں۔ نبی ﷺ کو ثویبہ نے دودھ پلایا ہے جو آپؑ کے چچا ابولہب کی باندی تھی، اور حدیث اسی جلد میں کتاب النکاح کے باب ۲۰ میں آئی ہے۔

[۱۶-] بَابُ الْمَرَاضِعِ مِنَ الْمُوَالِيَاتِ وَغَيْرِهِنَّ

[۵۳۷۲-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِيْ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أُمَّ حَبِيْبَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ انْكِحْ أُخْتِيْ بِنْتَ أَبِيْ سُفْيَانَ، قَالَ: "وَتُحِبِّيْنَ ذٰلِكَ؟" قَالَتْ: نَعَمْ لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ، وَأَحَبُّ مَنْ شَارَكَنِيْ فِي الْخَيْرِ أُخْتِيْ، قَالَ: "فَإِنَّ ذٰلِكَ لَايَحِلُّ لِيْ" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَوَ اللّٰهِ إِنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّكَ تُرِيْدُ أَنْ تَنْكِحَ دُرَّةَ بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ. فَقَالَ: "بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ؟!" قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَوَ اللّٰهِ لَوْ لَمْ تَكُنْ رَبِيْبَتِيْ فِيْ حَجْرِيْ مَا حَلَّتْ لِيْ، إِنَّهَا ابْنَةُ أَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ، أَرْضَعَتْنِيْ وَأَبَا سَلَمَةَ ثُوَيْبَةُ، فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا أَخَوَاتِكُنَّ" وَقَالَ شُعَيْبٌ: عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ عُرْوَةُ: ثُوَيْبَةُ أَعْتَقَهَا أَبُوْ لَهَبٍ.[راجع: ۵۱۰۱]

﴿الحمد للہ! کتاب النفقات کی شرح مکمل ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الأطعمة

کھانے کی چیزوں کا بیان

کتاب النفقات میں ازواج واولاد کے نفقہ کا بیان تھا، جس میں کھانا بھی شامل ہے، اب کھانے کی چیزوں کا بیان ہے: الشیئُ بالشیئ یُذکر ـــــ اور کتاب کے شروع میں تین آیتیں اور تین حدیثیں لکھی ہیں، ان میں کھانے کھلانے کا ذکر ہے، اور اکثر نسخوں میں یہاں باب نہیں ہے، اور یہی امام صاحب رحمہ اللہ کا طریقہ ہے۔

آیت(۱): سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۷۲) ہے: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا! كُلُوْا مِنْ طَیِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ، وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ، إِنْ كُنْتُمْ إِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ﴾: اے ایمان والو! جو ستھری (پاک) چیزیں ہم نے تم کو دی ہیں ان میں سے کھاؤ، اور اللہ تعالیٰ کا شکر بجالاؤ، اگر تم اسی کی بندگی کرتے ہو ـــــ مشرکین شیطان کی پیروی میں اپنی طرف سے احکام بنا کر اللہ کے نام لگاتے تھے، وہ حلال وطیب چیزوں کو حرام ٹھہراتے تھے، اس لئے مسلمانوں کو حکم دیا کہ حلال چیزوں کو استعمال کرو، اور اللہ کا شکر بجالاؤ، اگر تم اسی کی غلامی کا دم بھرتے ہو!

آیت(۲): سورۃ البقرۃ (آیت ۲۶۷) میں ہے: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا أَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ﴾: اے ایمان والو! خرچ کرو اپنی کمائی ہوئی ستھری چیزوں میں سے، اور اس میں سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے پیدا کی ہیں ـــــ جس طرح کھانے میں حلال وحرام کا خیال رکھنا ضروری ہے، کھلانے میں بھی اس کا لحاظ رکھنا ضروری ہے، اسی لئے اللہ تعالیٰ طیب مال ہی سے صدقہ قبول کرتے ہیں ـــــ اور ہر شخص کو خرچ کرنا چاہئے، خواہ تاجر اور نوکری پیشہ ہو یا کسان، ہر ایک اپنی روزی میں دوسروں کو شریک کرے۔

آیت(۳): سورۃ المؤمنون کی (آیت ۵۱) ہے: ﴿یٰأَیُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّیِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا، إِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِیْمٌ﴾: اے رسولو! تم ستھری چیزوں میں سے کھاؤ اور نیک کام کرو، بے شک میں تمہارے کاموں کو خوب جانتا ہوں ـــــ یہ رسولوں کو خطاب کر کے امتوں کو سنایا ـــــ تمام ادیان میں یہی حکم رہا ہے کہ حلال وطیب غذا کھائے تاکہ اعمال صالحہ کی توفیق ملے۔

حدیث(۱): پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۳۵۸) آئی ہے: ''بھوکے کو کھلاؤ، اور بیمار کی بیمار پرسی کرو، اور قیدی کو چھڑاؤ'' ـــــ

یعنی جس طرح تمہیں بھوک ستاتی ہے دوسرے بھوکوں کا بھی خیال کرو۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کے گھر والوں نے تین دن (**مسلسل**) شکم سیر ہوکر کھانا نہیں کھایا، یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوئی —— ازواج مطہرات کو سال بھر کا خرچ دیدیا جاتا تھا مگر وہ دوسروں کو ترجیح دیتی تھیں، غریبوں پر خرچ کردیتی تھیں اور تھوڑے پر گذارہ کرتی تھیں۔

حدیث (۳): میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، یہ حدیث نئی ہے، اس کا ترجمہ بعد میں ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٧٠- كِتَابُ الأَطْعِمَةِ

[١-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالىٰ: ﴿كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ﴾ وَقَوْلِهِ: ﴿أَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ﴾ وَقَوْلِهِ: ﴿كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا﴾

[٥٣٧٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " أَطْعِمُوْا الْجَائِعَ، وَعُوْدُوْا الْمَرِيْضَ، وَفُكُّوْا الْعَانِيَ" قَالَ سُفْيَانُ: وَالْعَانِيْ الْأَسِيْرُ. [راجع: ٣٠٤٦]

[٥٣٧٤-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَاشَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم مِنْ طَعَامٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ حَتّٰى قُبِضَ.

[٥٣٧٥-] وَعَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَصَابَنِيْ جُهْدٌ شَدِيْدٌ، فَلَقِيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَاسْتَقْرَأْتُهُ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ، فَدَخَلَ دَارَهُ وَفَتَحَهَا عَلَيَّ، فَمَشَيْتُ غَيْرَ بَعِيْدٍ، فَخَرَرْتُ لِوَجْهِيْ مِنَ الْجُهْدِ فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمٌ عَلٰى رَأْسِيْ فَقَالَ: "يَا أَبَاهِرٍّ" فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ! فَأَخَذَ بِيَدِيْ فَأَقَامَنِيْ، وَعَرَفَ الَّذِيْ بِيْ، فَانْطَلَقَ بِيْ إِلٰى رَحْلِهِ، فَأَمَرَ لِيْ بِعُسٍّ مِنْ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ، ثُمَّ قَالَ: " عُدْ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ" فَعُدْتُ فَشَرِبْتُ، ثُمَّ قَالَ: " عُدْ" فَعُدْتُ فَشَرِبْتُ حَتّٰى اسْتَوَى بَطْنِيْ فَصَارَ كَالْقِدْحِ، قَالَ: فَلَقِيْتُ عُمَرَ وَذَكَرْتُ لَهُ الَّذِيْ كَانَ مِنْ أَمْرِيْ وَقُلْتُ لَهُ: تَوَلَّى اللّٰهُ ذٰلِكَ مَنْ كَانَ أَحَقَّ بِهِ مِنْكَ يَا عُمَرُ، وَاللّٰهِ لَقَدْ اسْتَقْرَأْتُكَ الآيَةَ وَلَأَنَا أَقْرَأُ لَهَا مِنْكَ، قَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ لَأَنْ أَكُوْنَ أَدْخَلْتُكَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَكُوْنَ لِيْ مِثْلُ حُمْرِ النَّعَمِ. [طرفاه: ٦٢٤٦، ٦٤٥٢]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں سخت بھوک سے دوچار ہوا، پس میری عمرؓ سے ملاقات ہوئی، میں نے ان سے قرآن کی ایک آیت پڑھوائی (اس زمانہ میں قرآن تلقین سے یاد کیا جاتا تھا) پس وہ اپنے گھر میں چلے گئے،

اور وہ آیت مجھ کو پڑھ کر سنادی (تقدیم تاخیر ہے) پس میں کچھ دور چلا، اور بھوک کی وجہ سے چہرے کے بل گر پڑا، پس اچانک رسول اللہ ﷺ میرے سر پے کھڑے تھے، آپؐ نے آواز دی: ابوہرؓ! میں نے جواب دیا: حاضر ہوں یارسول اللہ! اور حاضری میری سعادت ہے، آپؐ نے مجھے ہاتھ پکڑ کر اٹھایا، اور آپؐ نے اس بھوک کا اندازہ کرلیا جو میرے ساتھ تھی، پس آپؐ مجھے اپنے گھر لے گئے، اور میرے لئے دودھ کے ایک بڑے پیالے کا حکم دیا یعنی منگوایا، میں نے اس میں سے پیا، آپؐ نے فرمایا: ابوہریرہ! اور پیئو! میں نے دوبارہ پیا، پھر آپؐ نے فرمایا: ''اور'' میں نے اور پیا، یہاں تک کہ میرا پیٹ تن گیا، اور تیر کی لکڑی کی طرح سیدھا ہوگیا (پہلے دبا ہوا تھا) —— ابوہریرۃؓ کہتے ہیں: پھر میری عمرؓ سے ملاقات ہوئی، اور میں نے ان سے اپنا معاملہ ذکر کیا، اور میں نے ان سے کہا: ذمہ دار بنایا اللہ نے اس کا (کھلانے کا) اس کو جو آپ سے اس کا زیادہ حقدار تھا اے عمر! یعنی رسول اللہ ﷺ نے کھلایا، بخدا! میں نے آپ سے آیت پڑھوائی تھی درانحالیکہ میں اس کو آپ سے زیادہ جانتا تھا یعنی آپ سے اس لئے پڑھوائی تھی کہ آپ میرے فاقہ کا اندازہ کرکے گھر لے جائیں اور کچھ کھلائیں، حضرت عمرؓ نے کہا: بخدا! اگر میں تم کو گھر لے جاتا تو وہ میرے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہوتا! یعنی مجھے اندازہ نہیں ہوا اور چانس ہاتھ سے نکل گیا!

ملحوظہ: دوسری آیت میں أنفقوا میں نے بدلا ہے، اکثر نسخوں میں اور قرآن میں یہی ہے —— اور باب نہیں ہے، اس لئے میں نے اردو عنوان قائم نہیں کیا۔

بَابُ التَّسْمِيَةِ عَلَى الطَّعَامِ، وَالْأَكْلِ بِالْيَمِيْنِ

بسم اللہ کہہ کر دائیں ہاتھ سے کھانا

حدیث: عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی گود (تربیت) میں لڑکا (نابالغ) تھا، اور میں پیالہ میں ہاتھ اِدھر اُدھر مارتا تھا، پس مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے لڑکے! اللہ کا نام لے، اور دائیں ہاتھ سے کھا اور اپنی جانب سے کھا!'' پس برابر رہی یہ میری کھانے کی حالت بعد از یں!

تشریح: صرف بسم اللہ یا پوری بسم اللہ یا بسم الله وعلیٰ بَرَكَةِ الله کہہ کر کھانا پینا مستحب ہے، اور آخر میں الحمد لله کہنا اور اجتماعی کھانے میں ذرا جہر سے بسم اللہ کہنی چاہئے تاکہ دوسروں کو تنبیہ ہو، اور کسی وجہ سے شروع میں بسم اللہ نہ کہہ سکے تو یاد آنے پر بسم الله أوله وآخره کہہ لینا چاہئے، اور بسم اللہ ہر شخص کہے، چاہے جنبی یا حائضہ ہو، اور کھانے پینے میں دایاں ہاتھ استعمال کرے۔

[۲-] بَابُ التَّسْمِيَةِ عَلَى الطَّعَامِ، وَالْأَكْلِ بِالْيَمِيْنِ

[۵۳۷۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ: أَخْبَرَنِي، أَنَّهُ سَمِعَ وَهْبَ بْنَ كَيْسَانَ يَقُوْلُ: إِنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ أَبِيْ سَلَمَةَ يَقُوْلُ: كُنْتُ غُلَامًا فِيْ حِجْرِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله

عليه وسلم، وَكَانَتْ يَدِىْ تَطِيْشُ فِى الصَّحْفَةِ، فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''يَا غُلَامُ سَمِّ اللّٰهَ، وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ'' فَمَا زَالَتْ تِلْكَ طِعْمَتِىْ بَعْدُ. [طرفاه: ۵۳۷۷، ۵۳۷۸]

بَابُ الْأَكْلِ مِمَّا يَلِيْهِ

اپنی طرف سے کھانا

برتن میں اگرایک قسم کا کھانا ہوتو اپنی طرف سے کھانا چاہئے، ہرطرف ہاتھ چلانا اور بوٹیاں بٹورنا تہذیب کے خلاف ہے، دسترخوان کے ساتھیوں کواس حرکت سے کبیدگی ہوتی ہے، عمر بن ابی سلمہؓ برتن میں ہرطرف ہاتھ چلارہے تھے، آپؐ نے ان سے کہا: ''اپنی طرف سے کھاؤ'' البتہ اگر برتن میں مختلف اقسام ہوں، جیسے پلیٹ میں بادام، پستہ، اخروٹ اور چلغوزہ وغیرہ ہوں تو ہرطرف سے کھاسکتے ہیں، ترمذی میں عکراشؓ کی حدیث ہے، ان کوبھی نبی ﷺ نے یہی ہدایت دی تھی، پھر کھانے کے بعد ایک تھال لایا گیا جس میں مختلف قسم کی کھجوریں تھیں، عکراشؓ اپنے سامنے ہی سے کھاتے رہے، پس آپؐ نے فرمایا: عکراش! جہاں سے چاہو کھاؤ، اس لئے کہ یہ ایک قسم کی کھجوریں نہیں ہیں'' (تحفۃ الالمعی ۵:۱۹۷)

[۳-] بَابُ الْأَكْلِ مِمَّا يَلِيْهِ

وَقَالَ أَنَسٌ: قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: ''اذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ، وَلْيَأْكُلْ كُلُّ رَجُلٍ مِمَّا يَلِيْهِ''

[۵۳۷۷-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ حَلْحَلَةَ الدِّيْلِىِّ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِىْ سَلَمَةَ، وَهُوَ ابْنُ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: أَكَلْتُ يَوْمًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَعَامًا فَجَعَلْتُ آكُلُ مِنْ نَوَاحِىْ الصَّحْفَةِ، فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''كُلْ مِمَّا يَلِيْكَ'' [راجع: ۵۳۷۶]

[۵۳۷۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ أَبِىْ نُعَيْمٍ، قَالَ: أُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِطَعَامٍ وَمَعَهُ رَبِيْبُهُ عُمَرُ بْنُ أَبِىْ سَلَمَةَ، فَقَالَ: ''سَمِّ اللّٰهَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ'' [راجع: ۵۳۷۶]

بَابُ مَنْ تَتَبَّعَ حَوَالَىِ الْقَصْعَةِ مَعَ صَاحِبِهِ، إِذَا لَمْ يَعْرِفْ مِنْهُ كَرَاهِيَةً

کسی کے ساتھ کھاتے ہوئے پیالے کے کناروں سے تلاش کرکے کھانا جبکہ اس کوناگوار نہ ہو

حدیث: ایک درزی نے نبی ﷺ کی دعوت کی، حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی ساتھ تھے، داعی نے جو کی روٹی اور کدو والے گوشت کا شوربہ پیش کیا، حضرت انسؓ نے دیکھا کہ نبی ﷺ پیالہ کی سب جانبوں سے کدو کے ٹکڑے تلاش

کر کے نوش فرمارہے ہیں، حضرت انسؓ کہتے ہیں: اس وقت سے مجھے بھی کدو مرغوب ہوگیا —— یہ خادم: مخدوم ساتھ کھا رہے تھے، یہاں خادم کی ناگواری کا کوئی موقع نہیں تھا، اس لئے نبی ﷺ ہر طرف سے کھا رہے تھے۔

[٤-] بَابُ مَنْ تَتَبَّعَ حَوَالَيِ الْقَصْعَةِ مَعَ صَاحِبِهِ، إِذَا لَمْ يَعْرِفْ مِنْهُ كَرَاهِيَةً

[٥٣٧٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: إِنَّ خَيَّاطًا دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِطَعَامٍ صَنَعَهُ، قَالَ أَنَسٌ: فَذَهَبْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَرَأَيْتُهُ يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالَيِ الْقَصْعَةِ، قَالَ: فَلَمْ أَزَلْ أُحِبُّ الدُّبَّاءَ مِنْ يَوْمَئِذٍ. [راجع: ٢٠٩٢]

بَابُ التَّيَمُّنِ فِى الْأَكْلِ وَغَيْرِهِ

کھانا وغیرہ ہر اچھا کام دائیں ہاتھ سے کرنا

حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۴۹۱) آئی ہے: نبی ﷺ حتی الامکان دائیں طرف سے شروع کرنے کو پسند فرماتے تھے پاکی حاصل کرنے میں یعنی وضوء غسل میں اور چپل پہننے میں، اور تیل کنگھا کرنے میں، اور اپنے سارے ہی (اچھے) کاموں میں، اور اپنے پروردہ عمرؓ سے بھی آپؐ نے یہی فرمایا تھا کہ دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔

[٥-] بَابُ التَّيَمُّنِ فِى الْأَكْلِ وَغَيْرِهِ

وَقَالَ عُمَرُ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ: "كُلْ بِيَمِيْنِكَ"

[٥٣٨٠-] حدثنا عَبْدَانُ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ التَّيَمُّنَ مَا اسْتَطَاعَ فِيْ طُهُوْرِهِ وَتَنَعُّلِهِ وَتَرَجُّلِهِ. وَكَانَ قَالَ بِوَاسِطٍ قَبْلَ هٰذَا: "فِي شَأْنِهِ كُلِّهِ" [راجع: ١٦٨]

قوله: كان قال بواسط کا اسم شعبہؒ ہیں، ابن المبارکؒ کہتے ہیں: جب شعبہ نے واسط میں حدیث بیان کی تو فی شأنه كله بھی کہا تھا۔

بَابُ مَنْ أَكَلَ حَتّٰى شَبِعَ

شکم سیر ہو کر کھانا

پیٹ بھر کر کھانا جائز ہے، باب میں تین حدیثیں ہیں، دو پہلے آئی ہیں اور ایک نئی ہے، مگر اس کا مضمون بھی پہلے آچکا

ہے، تینوں حدیثوں سے جواز ثابت ہوتا ہے۔ پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲:۲۵۷) آئی ہے، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر کھانے میں برکت ہوئی، چند روٹیاں اسّی آدمیوں کے لئے کافی ہوگئیں، سب نے شکم سیر ہوکر کھایا —— اور دوسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۲۶۵ میں) آئی ہے، اس میں بھی کھانے میں برکت ہوئی تھی، ایک سفر میں کھانا ختم ہوگیا، تین چار کلو آٹا تھا، اور ایک بکری خرید کر ذبح کی گئی، اس کو ایک سوتیس آدمیوں نے شکم سیر ہوکر کھایا، پھر بھی کھانا بچ گیا جو ساتھ لے لیا گیا —— اور تیسری حدیث کا مضمون پہلے (تحفۃ القاری ۸:۳۳۸) آیا ہے: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب خیبر فتح ہوا تو ہم نے کہا: اب ہم کھجوریں پیٹ بھر کر کھائیں گے، اور ابن عمرؓ کہتے ہیں: جب ہم نے خیبر فتح کیا تو ہم نے شکم سیر ہوکر کھایا —— اور شمائل میں جو روایت ہے کہ نبی ﷺ نے کبھی روٹی اور گوشت پیٹ بھر کر نہیں کھایا مگر اجتماعی کھانے کے موقعہ پر، یہ روایت مالک بن دینار (تابعی صغیر) کی مرسل روایت ہے (تحفۃ الالمعی ۸:۵۳۱)

البتہ دو باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۱- آدمی سانس لیتا ہے تو پھیپھڑا پھولتا ہے، اور اس کے پھولنے کی جگہ معدہ ہے، پس اتنا پیٹ خالی رکھنا چاہئے کہ سانس لینے میں دشواری نہ ہو، اسی طرح کھانے کے ساتھ آدمی پانی بھی پیتا ہے، وہ بھی معدہ میں جاتا ہے، اس لئے اس کے لئے بھی گنجائش باقی رکھنی چاہئے۔

۲- کبھی پیٹ تو بھر جاتا ہے مگر نفس (جی) نہیں بھرتا، جوانی میں اور عمدہ کھانا ہونے کی صورت میں ایسا ہوتا ہے، پس آدمی پیٹ بھر جانے کے بعد بھی کھاتا رہتا ہے، اور اُورلوڈ (Over load) ہوجاتا ہے، یہ بھی ٹھیک نہیں، اس سے معدہ بگڑ جاتا ہے اور طرح طرح کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں، اس سے احتراز کرنا چاہئے۔

[٦-] بَابُ مَنْ أَكَلَ حَتّٰى شَبِعَ

[٥٣٨١-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ لِأُمِّ سُلَيْمٍ: لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَعِيْفًا أَعْرِفُ فِيْهِ الْجُوْعَ، فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْئٍ؟ فَأَخْرَجَتْ أَقْرَاصًا مِنْ شَعِيْرٍ، ثُمَّ أَخْرَجَتْ خِمَارًا لَهَا فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ دَسَّتْهُ تَحْتَ ثَوْبِيْ وَرَدَّتْنِي بِبَعْضِهِ، ثُمَّ أَرْسَلَتْنِيْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَذَهَبْتُ بِهِ فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ، فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه سولم: "أَرْسَلَكَ أَبُوْ طَلْحَةَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: "لِطَعَامٍ؟" قَالَ: فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِمَنْ مَعَهُ: "قُوْمُوْا" فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ حَتّٰى جِئْتُ أَبَا طَلْحَةَ، فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ قَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالنَّاسِ، وَلَيْسَ عِنْدَنَا مِنَ الطَّعَامِ مَا نُطْعِمُهُمْ، فَقَالَتْ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: فَانْطَلَقَ أَبُوْ طَلْحَةَ حَتّٰى لَقِيَ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَقْبَلَ أَبُوْ طَلْحَةَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى دَخَلاَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" هَلُمِّيْ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ مَا عِنْدَكِ" فَأَتَتْ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ فَأَمَرَ بِهِ فَفُتَّ، وَعَصَرَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ عُكَّةً لَهَا فَأَدَمَتْهُ، ثُمَّ قَالَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ قَالَ:" ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ، فَأَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا، ثُمَّ خَرَجُوْا، ثُمَّ قَالَ: "ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ، فَأَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا، ثُمَّ خَرَجُوْا، ثُمَّ أَذِنَ لِعَشَرَةٍ، فَأَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوْا، وَالْقَوْمُ ثَمَانُوْنَ رَجُلاً.[راجع: ٤٢٢]

[٥٣٨٢-] حدثنا مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: وَحَدَّثَ أَبُوْ عُثْمَانَ أَيْضًا عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثِيْنَ وَمِائَةً، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" هَلْ مَعَ أَحَدٍ مِنْكُمْ طَعَامٌ؟" فَإِذَا مَعَ رَجُلٍ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ أَوْ نَحْوُهُ، فَعُجِنَ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ مُشْرِكٌ مُشْعَانٌّ طَوِيْلٌ بِغَنَمٍ يَسُوْقُهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَبَيْعٌ أَمْ عَطِيَّةٌ أَوْ قَالَ: هِبَةٌ؟" قَالَ: لاَ، بَلْ بَيْعٌ. قَالَ: فَاشْتَرٰى مِنْهُ شَاةً فَصُنِعَتْ، وَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِسَوَادِ الْبَطْنِ يُشْوٰى، وَايْمُ اللّٰهِ مَا مِنَ الثَّلاَثِيْنَ وَمِائَةٍ إِلاَّ قَدْ حَزَّ لَهُ حُزَّةً مِنْ سَوَادِ بَطْنِهَا، إِنْ كَانَ شَاهِدًا أَعْطَاهُ إِيَّاهَا، وَإِنْ كَانَ غَائِبًا خَبَأَهَا لَهُ، ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا قَصْعَتَيْنِ فَأَكَلْنَا أَجْمَعُوْنَ وَشَبِعْنَا، وَفَضَلَ فِي الْقَصْعَتَيْنِ، فَحَمَلْتُهُ عَلَى الْبَعِيْرِ، أَوْ كَمَا قَالَ.[راجع: ٢٢١٦]

[٥٣٨٣-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ شَبِعْنَا مِنَ الأَسْوَدَيْنِ التَّمْرِ وَالْمَاءِ.[طرفه: ٥٤٤٢]

وضاحت: معتمر کے ابا سلیمان کہتے ہیں: ابوعثمان نے دیگر حدیثوں کے ساتھ یہ حدیث بھی بیان کی، خیبر وفاتِ نبوی سے تین سال پہلے فتح ہوا ہے یعنی نبی ﷺ کے آخری دور میں لوگ آسودہ ہوگئے اور شکم سیر ہوکر کھجوریں کھائیں۔

بَابٌ: ﴿لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَلاَ عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ﴾

إِلَى آخِرِ الآيَةِ وَالنِّهْدُ وَالاِجْتِمَاعُ فِي الطَّعَامِ

مشترک کھانا اور اکٹھا ہوکر کھانا اور اس میں اندھے اور لنگڑے کی شرکت

نَهد (نون کا زبر اور زیر) اجتماعی کھانے کی چیز، تَنَاهَدَ القومُ: برابر نفقہ نکالنا تاکہ اس سے مشترک طور پر غلہ وغیرہ خریدا جائے، مشترک کھانا اگر اکٹھا ہوکر کھائیں تو یہ معلوم نہیں ہوگا کہ کس نے کتنا کھایا؟ پھر اگر کھانے میں اندھا، لنگڑا اور بیمار بھی شریک ہیں تو معاملہ اور سنگین ہوجائے گا، اندھے کو لقمہ اور کھانے کا موقع نہیں سوجھتا، اس لئے وہ اپنا حصہ پورا نہ لے سکے گا،

اور لنگڑا تکلف سے بیٹھتا ہے، اور ممکن ہے وہ دستر خوان پر دیر سے پہنچے، پس اس کو پورا حصہ نہ ملے گا، اور بیمار تو کم کھاتا ہی ہے، اس لئے مشترک کھانے میں شاید ان کی شرکت صحیح نہ ہو، پس سورۃ النور کی (آیت ۶۱) نے واضح کیا کہ اس درجہ کا تکلف تکلیف دہ ہے، مسلمانوں میں پہلے سے اس کا رواج چلا آرہا ہے۔ باب کی حدیث میں اس کی صراحت ہے، مسلمان اس میں کوئی تنگی محسوس نہیں کرتے کہ ایک آدمی کم کھائے دوسرا زیادہ، پس یہ جائز ہے۔

[۷-] بَابٌ: ﴿لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ﴾

إِلٰى آخِرِ الآيَةِ وَالنَّهْدُ وَالاِجْتِمَاعُ فِي الطَّعَامِ

[۵۳۸۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُ بُشَيْرَ بْنَ يَسَارٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى خَيْبَرَ، فَلَمَّا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ - قَالَ يَحْيَى: وَهِيَ مِنْ خَيْبَرَ عَلَى الرَّوْحَةِ - دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِطَعَامٍ، فَمَا أُتِيَ إِلَّا بِسَوِيْقٍ، فَلُكْنَاهُ وَأَكَلْنَا مِنْهُ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا، فَصَلّٰى بِنَا الْمَغْرِبَ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. قَالَ سُفْيَانُ: سَمِعْتُهُ مِنْهُ عَوْدًا وَبَدْءًا. [راجع: ۲۰۹]

حوالہ: حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۵۴۳) گذری ہے ...... **الرَّوْحة**: بوقت شام آمد یا روانگی یعنی خیبر سے صہباء آدھے دن کی مسافت پر ہے .... **لَاكَهُ** (ن) **لَوْكًا**: منہ میں پھرانا، بے ملکے چبانا .... **عودًا وبَدْءًا**: طلب علم کی ابتداء اور انتہاء۔

بَابُ الْخُبْزِ الْمُرَقَّقِ وَالْأَكْلِ عَلَى الْخُوَانِ وَالسُّفْرَةِ

چپاتی اور میز اور دستر خوان پر کھانا

مُرَقَّق: (اسم مفعول) پتلی کی ہوئی بڑی چپاتی .... **خُوان**: (خاء کا کسرہ اور ضمہ) خوانچہ، بڑا تھال، علامہ عینیؒ کہتے ہیں: وہ تانبے کا بڑا تھال ہوتا تھا، جس کے نیچے پائے لگے ہوئے ہوتے تھے اور زمین سے ایک ہاتھ اونچا ہوتا تھا، اس پر کھانا رکھ کر کھاتے تھے تاکہ جھکنا نہ پڑے .... **السُّفرة**: کھانا لگا ہوا دستر خوان، اور مطلق دستر خوان، خواہ وہ کسی چیز کا ہو۔

کھانے کا اسلامی طریقہ یہ ہے کہ زمین پر دستر خوان بچھایا جائے اور اس پر کھانا رکھ کر نیچے بیٹھ کر کھایا جائے، اور لوگ ایک برتن میں کھائیں، علاحدہ علاحدہ پلیٹوں میں کھانا اسلامی طریقہ نہیں (تفصیل تحفۃ الالمعی ۵:۱۲۷ میں ہے)

حدیث (۱): حضرت انسؓ کے پاس ان کا نان بائی تھا (اس مناسبت سے انھوں نے حدیث سنائی) فرمایا: نبی ﷺ نے چپاتی نہیں کھائی، اور نہ بال اتاری ہوئی بکری کھائی، یہاں تک کہ آپؐ نے اللہ سے ملاقات کی یعنی وفات ہوگئی۔

[۸-] بَابُ الْخُبْزِ الْمُرَقَّقِ وَالْأَكْلِ عَلٰى الْخُوَانِ وَالسُّفْرَةِ

[٥٣٨٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَنَسٍ وَعِنْدَهُ خَبَّازٌ لَهُ، فَقَالَ: مَا أَكَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خُبْزًا مُرَقَّقًا، وَلاَ شَاةً مَسْمُوْطَةً، حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ. [طرفاه: ٥٤٢١، ٦٤٥٧]

لغت: مَسْمُوْطَة (اسم مفعول) سَمَطَ (ن) الذبيحة سَمْطًا: ذبح کئے ہوئے جانور کو گرم پانی میں ڈال کر کھال کے بال صاف کرنا (پکانے سے پہلے)

آئندہ حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے علم میں نہیں کہ نبی ﷺ نے کبھی چھوٹی تشتری میں کھایا ہو، اور نہ کبھی آپؐ کے لئے چپاتی پکائی گئی، اور نہ کبھی آپؐ نے خوانچہ پر کھایا۔ قتادہؒ سے پوچھا گیا: لوگ (دورِ نبوی میں) کس چیز پر (کھانا رکھ کر) کھاتے تھے؟ قتادہؒ نے کہا: چمڑے کے دستر خوان پر۔

[٥٣٨٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ يُوْنُسَ - قَالَ عَلِيٌّ: هُوَ الإِسْكَافُ - عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا عَلِمْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَكَلَ عَلٰى سُكُرُّجَةٍ قَطُّ، وَلاَ خُبِزَ لَهُ مُرَقَّقٌ قَطُّ، وَلاَ أَكَلَ عَلٰى خُوَانٍ قَطُّ، قِيْلَ لِقَتَادَةَ: فَعَلٰى مَا كَانُوْا يَأْكُلُوْنَ؟ قَالَ: عَلَى السُّفَرِ. [طرفاه: ٥٤١٥، ٦٤٥٠]

لغت: سُكُرُّجَه: چھوٹی تشتری یعنی چھوٹی پلیٹ میں، علاحدہ نہیں کھایا............ اس حدیث میں جو یونس ہیں: علی مدینیؒ نے کہا: وہ اِسکاف (موچی) ہیں، ان کے والد ابوالفرات ہیں، اسی طبقہ کے یونس بن عبید ہیں یہ وہ نہیں ہیں۔

اس کے بعد کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲:۲۰۳) گذری ہے، اس میں أنطاع (چمڑے کے دستر خوان) کا ذکر ہے۔

[٥٣٨٧-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدٌ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا يَقُوْلُ: أَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه سولم يَبْنِيْ بِصَفِيَّةَ، فَدَعَوْتُ الْمُسْلِمِيْنَ إِلٰى وَلِيْمَتِهِ، أَمَرَ بِالْأَنْطَاعِ فَبُسِطَتْ، فَأَلْقَى عَلَيْهَا التَّمْرَ وَالْأَقِطَ وَالسَّمْنَ. وَقَالَ عَمْرٌو، عَنْ أَنَسٍ: بَنَى بِهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ صَنَعَ حَيْسًا فِيْ نِطَعٍ. [راجع: ٣٧١]

وضاحت: عمرو سے مراد: عمرو بن ابی عمرو مولی المطلب ہیں، وہ بھی حدیث انسؓ سے روایت کرتے ہیں۔

آئندہ حدیث: دو مرتبہ پہلے آچکی ہے، مگر مختصر آئی ہے، یہاں آخری مرتبہ مفصل آئی ہے: وہب کہتے ہیں: شام کے لوگ ابن الزبیرؓ پر عیب لگاتے تھے، وہ کہتے تھے: دو پٹکوں والی کا بیٹا! (دو پٹکوں والی یعنی گا ہے چناں گا ہے چنیں!) پس اسماءؓ

نے ابن الزبیرؓ سے کہا: اے میرے پیارے بیٹے! وہ لوگ دو پٹکوں کے ذریعہ تجھ پر عیب لگاتے ہیں، تو جانتا ہے دو پٹکوں کی حقیقت کیا ہے؟ وہ میرا ہی پٹکا تھا، میں نے اس کو دو حصوں میں پھاڑا تھا، ایک سے میں نے رسول اللہ ﷺ کی مشک باندھی تھی، اور دوسرے کے ذریعہ کھانے کا تھیلا باندھا تھا (سفرۃ کا ذکر آیا، یہی باب ہے) ـــــ وہب کہتے ہیں: پس جب شامی ان پر دو پٹکوں کے ذریعہ عیب لگاتے تو وہ کہتے: ہاں کہتے رہو! وہ عیب زائل ہوجائے گا تجھ سے اس کا عار! یعنی یہ میرا عیب نہیں، میری خوبی ہے، ماں باپ کی خوبی اولاد کی خوبی ہوتی ہے۔

[۵۳۸۸-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِیَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِیْهِ، وَعَنْ وَهْبِ بْنِ کَیْسَانَ، قَالَ: کَانَ أَهْلُ الشَّامِ یُعَیِّرُوْنَ ابْنَ الزُّبَیْرِ، یَقُوْلُوْنَ: یَا ابْنَ ذَاتِ النِّطَاقَیْنِ! فَقَالَتْ لَهُ أَسْمَاءُ: یَابُنَیَّ! إِنَّهُمْ یُعَیِّرُوْنَكَ بِالنِّطَاقَیْنِ! هَلْ تَدْرِیْ مَاکَانَ النِّطَاقَانِ؟ إِنَّمَا کَانَ نِطَاقِیْ: شَقَقْتُهُ نِصْفَیْنِ، فَأَوْکَیْتُ قِرْبَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِأَحِدِهِمَا، وَجَعَلْتُ فِیْ سُفْرَتِهِ آخَرَ، قَالَ: فَکَانَ أَهْلُ الشَّامِ إِذَا عَیَّرُوْهُ بِالنِّطَاقَیْنِ یَقُوْلُ: إِیْهًا وَالإِلٰهِ! تِلْكَ شَکَاةٌ ظَاهِرٌ عَنْكَ عَارُهَا[راجع: ۲۹۷۹]

وضاحت: تلك شكاة: ہذلی کے شعر کا ایک مصرعہ ہے، پورا شعر یہ ہے:

وَعَیَّرَهَا الْوَاشُوْنَ أَنِّیْ أُحِبُّهَا ۞ تِلْكَ شَکَاةٌ ظَاهِرٌ عَنْكَ عَارُهَا

محبوبہ پر چغلخوروں نے عیب لگایا کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں ÷ یہ عیب: زائل ہونے والا ہے تجھ سے اس کا عار! یعنی عیب لگاتے رہو، میرا کیا بگڑتا ہے! یہ عیب تو میری خوبی ہے کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں۔

آئندہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۵٦۸) آئی ہے، اس میں مائدۃ (دسترخوان) کا ذکر ہے، یہی اس کی باب سے مناسبت ہے۔

[۵۳۸۹-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ أُمَّ حُفَیْدٍ بِنْتَ الْحَارِثِ بْنِ حَزْنٍ خَالَةَ ابْنِ عَبَّاسٍ أَهْدَتْ إِلَی النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم سَمْنًا وَأَقِطًا وَأَضُبًّا، فَدَعَا بِهِنَّ فَأُکِلْنَ عَلٰی مَائِدَتِهِ، وَتَرَکَهُنَّ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم کَالْمُتَقَذِّرِ لَهُنَّ، وَلَوْ کُنَّ حَرَامًا مَا أُکِلْنَ عَلٰی مَائِدَةِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم وَلاَ أَمَرَ بِأَکْلِهِنَّ.[راجع: ۲۵۷۵]

بَابُ السَّوِیْقِ

ستّو کا بیان

سَوِیْق: ستّو جو گیہوں جَو وغیرہ کو کوٹ کر بنایا جاتا ہے، سفر میں عام طور پر یہی ساتھ لیا جاتا تھا، اس کو پانی میں بھگا کر

کھاتے تھے،اورحدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۵۴۴) آئی ہے۔

[۹-] بَابُ السَّوِيْقِ

[۵۳۹۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ: أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُمْ كَانُوْا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالصَّهْبَاءِ، وَهِيَ عَلَى رَوْحَةٍ مِنْ خَيْبَرَ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَدَعَا بِطَعَامٍ فَلَمْ يَجِدْهُ إِلَّا سَوِيْقًا، فَلَاكَ مِنْهُ وَلُكْنَا مَعَهُ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَمَضْمَضَ، ثُمَّ صَلَّى وَصَلَّيْنَا، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. [راجع: ۲۰۹]

بَابُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لاَ يَأْكُلُ حَتّٰى يُسَمَّى لَهُ، فَيَعْلَمَ مَا هُوَ؟

نبی ﷺ کے سامنے جب نیا کھانا پیش کیا جاتا تو آپؐ کو بتایا جاتا، پس آپؐ جانتے کہ کیا کھانا ہے؟

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ابوامامہ کو بتلایا کہ خالد بن ولیدؓ نے، جن کو سیف اللہ کہا جاتا ہے، ان کو بتایا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حضرت میمونہؓ کے گھر گئے، وہ ان کی اور ابن عباسؓ کی خالہ ہیں، خالدؓ نے ان کے پاس تلی ہوئی گوہ پائی، لائی تھیں اس کو ان کی بہن حُفید نجد سے، پس بڑھائی میمونہؓ نے وہ گوہ رسول اللہ ﷺ کے لئے، اور بہت کم آپؐ اپنا ہاتھ بڑھاتے تھے کسی کھانے کی طرف یہاں تک کہ اس کو بیان کیا جاتا، اور اس کا نام لیا جاتا، پس رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ بڑھایا گوہ کی طرف، پس موجود عورتوں میں سے ایک عورت نے کہا: رسول اللہ ﷺ کو بتلاؤ جو تم نے ان کے آگے رکھا ہے: وہ گوہ ہے اے اللہ کے رسول! پس نبی ﷺ نے اپنا ہاتھ گوہ سے اٹھالیا، پس خالدؓ نے پوچھا: کیا گوہ حرام ہے، اے اللہ کے رسول؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، مگر وہ میری قوم کے علاقہ میں نہیں ہوتی، اس لئے میں اس کو ناپسند کرتا ہوں، خالدؓ کہتے ہیں: پس میں نے اس کو گھسیٹ لیا اور اس کو کھانے لگا درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ مجھے دیکھ رہے تھے —— پس تقریر نبوی سے ثابت ہوا کہ گوہ حلال ہے، یہی ائمہ ثلاثہ کی رائے ہے، اور احناف کے نزدیک مکروہ ہے، ان کی دلیل دوسری دو حدیثیں ہیں، اور اس پر گفتگو کتاب الذبائح والصید باب ۳۳ میں آئے گی۔ یہاں تو صرف یہ مسئلہ ہے کہ کوئی نئی چیز سامنے آئے تو بے تحقیق نہیں کھالینی چاہئے، تحقیق کرکے اگر حلال ہو تو کھائے ورنہ چھوڑ دے۔

[۱۰-] بَابُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لاَ يَأْكُلُ حَتّٰى يُسَمَّى لَهُ، فَيَعْلَمَ مَا هُوَ؟

[۵۳۹۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْالْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ أُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ الْأَنْصَارِيُّ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ الَّذِيْ يُقَالُ لَهُ: سَيْفُ اللهِ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى مَيْمُوْنَةَ، وَهِيَ خَالَتُهُ

وَخَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَوَجَدَ عِنْدَهَا ضَبًّا مَحْنُوْذًا، قَدِمَتْ بِهِ أُخْتُهَا حُفَيْدَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ مِنْ نَجْدٍ، فَقَدَّمَتِ الضَّبَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَكَانَ قَلَّمَا يُقَدِّمُ يَدَهُ لِطَعَامٍ حَتّٰى يُحَدَّثَ بِهِ وَيُسَمّٰى لَهُ، فَأَهْوٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَدَهُ إِلَى الضَّبِّ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنَ النِّسْوَةِ الْحُضُوْرِ: أَخْبِرْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَا قَدَّمْتُنَّ لَهُ: هُوَ الضَّبُّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَدَهُ عَنِ الضَّبِّ، فَقَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ: أَحَرَامٌ الضَّبُّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "لَا، وَلٰكِنْ لَمْ يَكُنْ بِأَرْضِ قَوْمِيْ فَأَجِدُنِيْ أَعَافُهُ" قَالَ خَالِدٌ: فَاجْتَرَرْتُهُ فَأَكَلْتُهُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَنْظُرُ إِلَيَّ.[طرفاه: ۵۴۰۰، ۵۵۳۷]

بَابٌ: طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الِاثْنَيْنِ

ایک کا کھانا دو کے لئے کافی ہے

ان لفظوں سے حدیث مسلم اور ترمذی میں ہے، اور یہاں یہ حدیث ہے کہ دو کا کھانا تین کے لئے کافی ہے، اور تین کا کھانا چار کے لئے کافی ہے —— دونوں حدیثوں کا مطلب یہ ہے کہ ایک کا کھانا جس سے وہ شکم سیر ہو جائے اگر دو شخص کھائیں تو دونوں کا دال دلیا ہو جائے گا یعنی کام چل جائے گا، کافی ہونے کا یہی مطلب ہے، اور ان حدیثوں میں ایثار کی تعلیم ہے کہ اگر ایسی صورت پیش آئے تو بے تکلف دوسرے کو شریک کر لیا جائے۔

[۱۱-] بَابٌ: طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الِاثْنَيْنِ

[۵۳۹۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "طَعَامُ الِاثْنَيْنِ كَافِي الثَّلَاثَةِ، وَطَعَامُ الثَّلَاثَةِ كَافِي الْأَرْبَعَةِ"

بَابٌ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ وَبَابٌ: الْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

مؤمن ایک آنت کھاتا ہے اور کافر سات آنتیں!

بخاری شریف میں یہ اور اگلا باب بعینہ ایک ہیں، یہ بات نا قابل فہم ہے، اس لئے میں نے اگلا باب بدلا ہے، کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آدمی ایک بات لکھنا چاہتا ہے اور دوسری بات لکھ دیتا ہے، پھر سرداًپڑھنے میں اس کی طرف توجہ نہیں جاتی، مگر میں نے کتاب میں تبدیلی نہیں کی۔ اور مصری نسخہ میں اور فتح میں دوسرا باب نہیں ہے، تمام حدیثیں اسی باب کے تحت ہیں، یہ بات بھی معقول نہیں، کیونکہ دوسرے باب کے شروع میں معلق حدیث ہے، باب کے درمیان میں معلق حدیث نہیں آتی۔

اور دونوں بابوں کی حدیثوں میں یہ مضمون ہے کہ مؤمن ایک آنت کھاتا ہے، اور کافر (غیر مسلم) سات آنتیں، اس کا یہ

مطلب نہیں ہے کہ دونوں کی آنتیں کم وبیش ہوتی ہیں، بلکہ یہ تمثیل (پیرایہ بیان) ہے کہ کافر حریص ہوتا ہے اور مؤمن قانع، کافر پر پیٹ کی فکر سوار رہتی ہے اور مؤمن پر آخرت کی، مؤمن کی دنیا کی طرف بے توجہی قلتِ طعام کا سبب بنتی ہے، نیز مؤمن کی شان بھی کم کھانا ہے، کیونکہ یہ ایمانی خصلت ہے، اور جانوروں کی طرح ٹھورنا کفر کی صفت ہے، اور سات کا عدد تکثیر کے لئے ہے، اور حدیث میں یہ تعلیم ہے کہ مؤمن کو بقدر ضرورت کھانے پر اکتفا کرنا چاہئے، زیادہ کھانا اس کے شایانِ شان نہیں۔

ایک واقعہ: حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہٗ پنڈت دیانند سرسوتی سے مناظرہ کے لئے روڑکی گئے، آپ کا قیام مسلمانوں کے محلّہ میں تھا، اور پنڈت جی کا چھاؤنی میں اپنے لوگوں کے پاس، آپ کے تلامذہ ان کے پاس شرائط مناظرہ طے کرنے گئے، ان لوگوں نے کہا: پنڈت جی بھوجن کریں گے، پھر بات کریں گے، پھر وہاں دسترخوان بچھا اور اس پر دس آدمیوں کا کھانا چنا گیا، پھر پنڈت جی آئے اور اکیلے سب چٹ کر گئے، تلامذہ دیکھ کر دنگ رہ گئے، جب واپس آئے تو حضرت سے عرض کیا: پنڈت جی نے ہمارے سامنے اتنا کھانا کھایا، پس ہمیں خطرہ لاحق ہوا کہ اگر پنڈت جی نے کہا کہ اپنے حضرت کو لاؤ، کھانے میں مناظرہ کریں گے تو آپ ہار جائیں گے، آپ تو دو چپاتیاں کھاتے ہیں، حضرت نے فرمایا: ہم کیوں ہاریں گے، ہم جواب دیں گے، ہم پوچھیں گے کہ انسان کا کمال فرشتہ بننا ہے یا جانور؟ اگر وہ کہیں: جانور بننا انسان کا کمال ہے، تو ہم کہیں گے: پھر آپ ہاتھی اور گینڈے سے مناظرہ کریں، وہ بڑے جانور ہیں، اور اگر وہ کہیں کہ انسان کا کمال فرشتہ بننا ہے تو ہم کہیں گے: فرشتے کھاتے نہیں، پس آیئے نہ کھانے میں مناظرہ کریں، تلامذہ نے پوچھا: نہ کھانے میں مناظرہ کس طرح ہوگا؟ آپ نے فرمایا: ایک کمرے میں مجھے بند کر دیں اور چابی ان کے آدمیوں کو دیدیں، اور ایک کمرے میں پنڈت جی کو بند کر دیں، اور چابی ہمارے آدمیوں کو دیدیں، اور ایک ماہ کے بعد کھولیں، جو حق پر ہے زندہ ہوگا، اور جو باطل پر ہے وہ مر چکا ہوگا، تلامذہ نے کہا: ایک مہینہ تک تو آپ بھی کھائے پیئے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے! آپ نے فرمایا: الحمد للہ! میں دو ماہ تک کھائے پیئے بغیر زندہ رہ سکتا ہوں!

[۱۲-] بَابٌ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

[۵۳۹۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ نَافِعٍ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ لاَ يَأْكُلُ حَتَّى يُؤْتَى بِمِسْكِيْنٍ يَأْكُلُ مَعَهُ، فَأَدْخَلْتُ رَجُلاً يَأْكُلُ مَعَهُ فَأَكَلَ كَثِيْرًا فَقَالَ: يَا نَافِعُ لاَ تُدْخِلْ عَلَيَّ هٰذَا، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ" [طرفاه: ۵۳۹۴، ۵۳۹۵]

ترجمہ: نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمر رضی اللہ عنہما نہیں کھاتے تھے یہاں تک کہ کوئی غریب لایا جاتا جو آپ کے ساتھ کھاتا، پس میں ایک شخص کو لایا جو آپ کے ساتھ کھائے، اس نے بہت زیادہ کھایا، ابن عمرؓ نے فرمایا: نافع! اس کو (آئندہ) میرے پاس مت لانا، میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے کہ مؤمن ایک آنت کھاتا ہے، اور کافر سات آنتیں!

بَابٌ: اَلْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

فِيْهِ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۵۳۹۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم :" إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَإِنَّ الْكَافِرَ أَوْ: الْمُنَافِقَ - فَلَا أَدْرِيْ أَيَّهُمَا قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ -: يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ" [راجع: ۵۳۹۳]

وَقَالَ ابْنُ بُكَيْرٍ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِمِثْلِهِ.

[۵۳۹۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: كَانَ أَبُوْ نَهِيْكٍ رَجُلًا أَكُوْلًا، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ الْكَافِرَ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ" قَالَ: فَأَنَا أُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع:۵۳۹۳]

وضاحت: چونکہ مصری نسخہ میں باب نہیں ہے، اس لئے نمبر نہیں لگایا............اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت آگے دوسندوں سے آرہی ہے...........اور آخری روایت میں اس بسیار خور کا نام آیا ہے...........فأنا أُؤْمِنُ: ابونہیک نے کہا: صدق رسول اللہ!

[۵۳۹۶-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَأْكُلُ الْمُسْلِمُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ" [طرفه: ۵۳۹۷]

[۵۳۹۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَأْكُلُ أَكْلًا كَثِيْرًا، فَأَسْلَمَ فَكَانَ يَأْكُلُ أَكْلًا قَلِيْلًا، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرَ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ"[طرفه: ۵۳۹۶]

بَابُ الْأَكْلِ مُتَّكِئًا

ٹیک لگا کر کھانا

ٹیک لگا کر نہیں کھانا چاہئے، مگر ٹیک لگانے کی کیا صورت ہے؟ یہ بات روایات میں نہیں آئی، اور علماء نے اس کی مختلف تفسیریں کی ہیں، پس دو باتیں پیش نظر رکھنی چاہئیں: ایک: ایسی ہیئت میں نہیں کھانا چاہئے کہ پیٹ بڑا ہو، یہ وجہ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے بیان کی ہے، وہ فرماتے ہیں: سلف ٹیک لگا کر کھانے کو اس اندیشہ سے ناپسند کرتے تھے کہ ان کے

پیٹ بڑھ جائیں گے (ابن ابی شیبہ) دوم: متکبروں کی ہیئت اختیار نہیں کرنی چاہئے، خاکساری کی حالت میں کھانا چاہئے، یہ وجہ حدیث میں آئی ہے (ابن ماجہ ۳۲۶۳) ان دو باتوں کا خیال رکھیں گے تو ٹیک لگانے کی تین صورتیں ہونگی: اول: کرسی پر بیٹھ کر کھانا، اس حالت میں پیٹ تنا رہتا ہے اس لئے زیادہ کھایا جاتا ہے۔ دوم: دیوار وغیرہ سے ٹیک لگا کر کھانا، اس حالت میں بھی پیٹ تنا رہتا ہے اور زیادہ کھایا جاتا ہے۔ سوم: ایک جانب جھک کر ہاتھ پر ٹیک لگا کر کھانا، یہ متکبرانہ حالت ہے، پس مناسب ہیئت پر بیٹھ کر کھایا جائے (تفصیل تحفۃ الالمعی ۵: ۱۷۱ میں ہے)

[۱۳-] بَابُ الْأَكْلِ مُتَّكِئًا

[۵۳۹۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَا آكُلُ مُتَّكِئًا" [طرفه: ۵۳۹۹]

[۵۳۹۹-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ لِرَجُلٍ عِنْدَهُ: "لَا آكُلُ وَأَنَا مُتَّكِئٌ" [راجع: ۵۳۹۸]

وضاحت: پہلی حدیث کا شانِ ورود دوسری حدیث میں ہے، کوئی شخص ٹیک لگا کر کھا رہا تھا، اس پر آپؐ نے نکیر فرمائی کہ میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا، پس تجھے بھی میری پیروی کرنی چاہئے۔ اور ایک دوسرا شانِ ورود تحفۃ الالمعی میں ہے۔

بَابُ الشِّوَاءِ

بھنا ہوا گوشت

بھنا ہوا گوشت کھانا جائز ہے، ایسا گوشت زیادہ کھایا جاتا ہے، اس لئے گذشتہ باب سے متصل یہ باب لائے مگر یہ باب کی باب سے مناسبت ہے مگر قرآن وحدیث سے اس کا جواز ثابت ہے، سورۃ ہود (آیت ۶۹) میں ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے فرشتوں کے سامنے جب وہ انسانی صورت میں مہمان بن کر آئے تھے گرم پتھر پر تلا ہوا بچھڑا پیش کیا، اور باب کی حدیث میں ہے کہ جب آپؐ کے سامنے بھنی ہوئی گوہ پیش کی گئی تو آپؐ نے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا، پھر گوہ ہونے کی وجہ سے ہاتھ روک لیا، پس بھنے ہوئے گوشت کے کھانے کا جواز ثابت ہوا۔

[۱۴-] بَابُ الشِّوَاءِ

وَقَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَجَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ﴾ [هود: ۶۹]

[۵۴۰۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَیْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِیْدِ قَالَ: أُتِیَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم بِضَبٍّ مَشْوِیٍّ، فَأَهْوَى إِلَیْهِ لِیَأْكُلَ فَقِیْلَ لَهُ: إِنَّهُ ضَبٌّ، فَأَمْسَكَ یَدَهُ، قَالَ خَالِدٌ: أَحَرَامٌ هُوَ؟ قَالَ: "لَا، وَلٰكِنَّهُ لَایَكُوْنُ بِأَرْضِ قَوْمِیْ، فَأَجِدُنِیْ أَعَافُهُ" فَأَكَلَ خَالِدٌ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَنْظُرُ، قَالَ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: بِضَبٍّ مَحْنُوْذٍ.[راجع: ۵۳۹۱]

لغت: شَوَى اللحمَ (ض) شَیًّا: آگ میں بھوننا .... حَنَذَ (ض) حَنْذًا العجلَ: گائے وغیرہ کے بچے کو آگ پر یا گرم پتھروں پر رکھ کر بھوننا۔

بَابُ الْخَزِیْرَةِ

قیمے اور آٹے سے تیار کیا ہوا کھانا

الخَزِیْرة: ایک کھانا جو قیمہ اور آٹے سے تیار کیا جاتا تھا............**العَصِیْدة:** آٹے اور گھی کا حلوا، حریرا............ **الحریرة:** آٹے اور دودھ گھی سے بنایا ہوا کھانا، حلوا............**الثَّرِیْد:** روٹی کو چور کر شوربے میں بھگو کر بنایا ہوا کھانا۔

امام لغت نضر بن شمیلؒ کہتے ہیں: خزیرہ: بھوسی، چھانن (جو آٹا چھاننے کے بعد چھلنی میں رہ جاتی ہے) سے بنایا جاتا ہے اور حریرۃ: دودھ سے۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲:۲۶۲) گذری ہے، اس میں ہے: ہم نے آپؐ کو روک لیا اس خزیرۃ (کھچڑے) پر جو ہم نے آپؐ کے لئے تیار کیا تھا، پس ثابت ہوا کہ خزیرۃ کھانا جائز ہے، یہ کھانا بھی لذیذ ہوتا ہے اور زیادہ کھایا جاتا ہے، اس لئے متصلاً یہ باب بھی لائے ہیں۔

[۱۵-] بَابُ الْخَزِیْرَةِ

قَالَ النَّضْرُ: الْخَزِیْرَةُ مِنَ النُّخَالَةِ، وَالْحَرِیْرَةُ مِنَ اللَّبَنِ.

[۵۴۰۱-] حدثنا یَحْیَى بْنُ بُكَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِیْعِ الْأَنْصَارِیُّ عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ – وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ– أَنَّهُ أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّیْ أَنْكَرْتُ بَصَرِیْ وَأَنَا أُصَلِّیْ لِقَوْمِیْ، فَإِذَا كَانَتِ الْأَمْطَارُ سَالَ الْوَادِیْ الَّذِیْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهُمْ، لَا أَسْتَطِیْعُ أَنْ آتِیَ مَسْجِدَهُمْ فَأُصَلِّیَ لَهُمْ، فَوَدِدْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنَّكَ تَأْتِیْ فَتُصَلِّیْ فِیْ بَیْتِیْ، فَأَتَّخِذُهُ مُصَلًّى، فَقَالَ: "سَأَفْعَلُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" قَالَ عِتْبَانُ: فَغَدَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ حِیْنَ ارْتَفَعَ النَّهَارُ، فَاسْتَأْذَنَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم، فَأَذِنْتُ لَهُ، فَلَمْ یَجْلِسْ حَتّٰى دَخَلَ الْبَیْتَ، ثُمَّ قَالَ لِیْ:

''أَيْنَ تُحِبُّ أَنْ أُصَلِّيَ مِنْ بَيْتِكَ؟'' فَأَشَرْتُ إِلٰى نَاحِيَةٍ مِنَ الْبَيْتِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَكَبَّرَ، فَصَفَفْنَا، وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ. فَحَبَسْنَاهُ عَلٰى خَزِيْرَةٍ صَنَعْنَاهُ، فَثَابَ فِي الْبَيْتِ رِجَالٌ مِنْ أَهْلِ الدَّارِ، ذَوُوْ عَدَدٍ، فَاجْتَمَعُوْا، فَقَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ: أَيْنَ مَالِكُ بْنُ الدُّخَيْشِنِ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: ذٰلِكَ مُنَافِقٌ لَايُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' لَا تَقُلْ، أَلَا تَرَاهُ قَالَ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، يُرِيْدُ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰه'' قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَإِنَّا نَرَى وَجْهَهُ وَنَصِيْحَتَهُ إِلٰى الْمُنَافِقِيْنَ. قَالَ: ''فَإِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلٰى النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، يَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ''

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: ثُمَّ سَأَلْتُ الْحُصَيْنَ بْنَ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيَّ أَحَدَ بَنِيْ سَالِمٍ وَكَانَ مِنْ سَرَاتِهِمْ عَنْ حَدِيْثِ مَحْمُوْدٍ فَصَدَّقَهُ.[راجع: ٤٢٤]

بَابُ الْأَقِطِ

جمایا ہوا دودھ

دودھ کو پھاڑ کر پانی نکال دیتے تھے، پھر میٹھا ڈال کر جما دیتے تھے، وہ سوکھ کر برفی جیسا ہو جاتا تھا، پھر وہ تفکہً وغذاءًا کھایا جاتا تھا، پنیر بھی اس کا ترجمہ کرتے ہیں، وہ بھی دودھ پھاڑ کر بنایا جاتا ہے، مگر وہ لاون کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے یا اس کا سالن بنایا جاتا ہے، نبی ﷺ کی سالی حُفید نجد سے جو تحائف لائی تھیں ان میں اقط بھی تھا۔ اور حضرت صفیہؓ کے ولیمہ میں بھی اقط کھلایا گیا تھا، اور حدیثیں دونوں پہلے آچکی ہیں۔ اور گھی کھجور اور اقط کو ملا لیں گے تو حَیس (ملیدہ) بن جائے گا۔

[١٦-] بَابُ الْأَقِطِ

وَقَالَ حُمَيْدٌ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: بَنَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِصَفِيَّةَ، فَأَلْقَى التَّمْرَ وَالْأَقِطَ وَالسَّمْنَ. وَقَالَ عَمْرُو بْنُ أَبِيْ عَمْرٍو عَنْ أَنَسٍ: صَنَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَيْسًا.

[٥٤٠٢-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَهْدَتْ خَالَتِيْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ضِبَابًا وَأَقِطًا وَلَبَنًا، فَوُضِعَ الضَّبُّ عَلٰى مَائِدَتِهِ، فَلَوْ كَانَ حَرَامًا لَمْ يُوْضَعْ، وَشَرِبَ اللَّبَنَ، وَأَكَلَ الْأَقِطَ.[راجع: ٢٥٧٥]

بَابُ السِّلْقِ وَالشَّعِيْرِ

چقندر اور جو (کا کھچڑا)

چقندر: ایک ترکاری جو شلجم سے مشابہ اور نہایت سرخ ہوتی ہے، ایک انصاری بڑھیا کھیت میں چقندر بوتی تھی، وہ ان

میں پیسے ہوئے جَو ملا کر جمعہ کے دن کھچڑا پکاتی تھی، اور غریب صحابہ کو جمعہ کی نماز کے بعد کھلاتی تھی (تحفۃ القاری ۳:۲۶۰)

[۱۷-] بَابُ السِّلْقِ وَالشَّعِيْرِ

[۵۴۰۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ، قَالَ: إِنْ كُنَّا لَنفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ، كَانَتْ لَنَا عَجُوْزٌ تَأْخُذُ أُصُوْلَ السِّلْقِ، فَتَجْعَلُهُ فِى قِدْرٍ لَهَا، فَتَجْعَلُ فِيْهِ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيْرٍ، إِذَا صَلَّيْنَا زُرْنَاهَا فَقَرَّبَتْهُ إِلَيْنَا، وَكُنَّا نَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ، وَمَا كُنَّا نَتَغَدَّى وَلاَ نَقِيْلُ إِلاَّ بَعْدَ الْجُمُعَةِ، وَاللّٰهِ مَا فِيْهِ شَحْمٌ وَلاَ وَدَكٌ.[راجع: ۹۳۸]

لغت: اصول السلق: سلق کا نیچے کا حصہ جو زمین میں ہوتا ہے یعنی چقندر کے پتے نہیں ڈالتی تھی ــــ وَدَك: چکنائی۔

بَابُ النَّهْشِ وَانْتِشَالِ اللَّحْمِ

ہانڈی سے گوشت نکالنا اور دانتوں سے نوچ کر کھانا

عرب گوشت کی بوٹیاں نہیں بوٹے پکاتے ہیں، گوشت ہڈی کے ساتھ جڑا رہتا ہے اور خشک پکاتے ہیں، پھر ہڈی لے کر دانتوں سے نوچ کر کھاتے ہیں، نبی ﷺ سے اس طرح کھانا ثابت ہے، اور حدیثیں پہلے (تحفۃ القاری ۱:۵۴۳) گذری ہیں۔

[۱۸-] بَابُ النَّهْشِ وَانْتِشَالِ اللَّحْمِ

[۵۴۰۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: تَعَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَتِفًا، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.[راجع: ۲۰۷]

[۵۴۰۵-] وَعَنْ أَيُّوْبَ وَعَاصِمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: انْتَشَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَرْقًا مِنْ قِدْرٍ فَأَكَلَ، ثُمَّ صَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.[راجع: ۲۰۷]

لغات: نَهَشَ الشيئَ (ف) نَهْشًا: دانتوں سے کاٹنے کے لئے کوئی چیز منہ سے پکڑنا .... انْتَشَلَ الشيئَ: جلدی سے کوئی چیز نکالنا یا کھینچنا، جیسے انتشل اللحمَ من القدر (پس انتشال پہلے ہوگا اور نہش بعد میں، اور نہش کے معنی میں تجرید کریں گے) .... تعرَّقَ العظمَ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔

بَابُ تَعَرُّقِ الْعَضُدِ

دست کا گوشت دانتوں سے نوچ کر کھانا

ہڈی کا گوشت مزہ دار ہوتا ہے، پھر اگر اس کو دانتوں سے نوچ کر کھایا جائے تو اور بھی مزہ آتا ہے، حضرت ابوقتادہ رضی

اللہ عنہ نے جو گورخر شکار کیا تھا اس کا دست نبی ﷺ نے دانتوں سے نوچ کر تناول فرمایا تھا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴:۵۲۰) گذری ہے۔

[۱۹-] بَابُ تَعَرُّقِ الْعَضُدِ

[٥٤٠٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ الْمَدَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ مَكَّةَ. [راجع: ١٨٢١]

[٥٤٠٧-] ح: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ السَّلَمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّـهُ قَالَ: كُنْتُ يَوْمًا جَالِسًا مَعَ رِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي مَنْزِلٍ فِيْ طَرِيْقِ مَكَّةَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَازِلٌ أَمَامَنَا، وَالْقَوْمُ مُحْرِمُوْنَ وَأَنَا غَيْرُ مُحْرِمٍ، فَأَبْصَرُوْا حِمَارًا وَحْشِيًّا وَأَنَا مَشْغُوْلٌ أَخْصِفُ نَعْلِيْ، فَلَمْ يُؤْذِنُوْنِيْ لَهُ، وَأَحَبُّوْا لَوْ أَنِّيْ أَبْصَرْتُهُ، فَالْتَفَتُّ فَأَبْصَرْتُهُ فَقُمْتُ إِلَى الْفَرَسِ فَأَسْرَجْتُهُ. ثُمَّ رَكِبْتُ وَنَسِيْتُ السَّوْطَ وَالرُّمْحَ فَقُلْتُ لَهُمْ: نَاوِلُوْنِيْ السَّوْطَ وَالرُّمْحَ. فَقَالُوْا: لَا وَاللّٰهِ، لَا نُعِيْنُكَ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ. فَغَضِبْتُ فَنَزَلْتُ فَأَخَذْتُهُمَا، ثُمَّ رَكِبْتُ فَشَدَدْتُ عَلَى الْحِمَارِ فَعَقَرْتُهُ، ثُمَّ جِئْتُ بِهِ وَقَدْ مَاتَ فَوَقَعُوْا فِيْهِ يَأْكُلُوْنَهُ، ثُمَّ إِنَّهُمْ شَكُّوْا فِي أَكْلِهِمْ إِيَّاهُ وَهُمْ حُرُمٌ، فَرُحْنَا وَخَبَأْتُ الْعَضُدَ مَعِيْ، فَأَدْرَكْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَسَأَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: " مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ؟" فَنَاوَلْتُهُ الْعَضُدَ فَأَكَلَهَا حَتّٰى تَعَرَّقَهَا، وَهُوَ مُحْرِمٌ.

قَالَ ابْنُ جَعْفَرٍ: وَحَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ مِثْلَهُ. [راجع: ١٨٢١]

بَابُ قَطْعِ اللَّحْمِ بِالسِّكِّيْنِ

چھری سے گوشت کاٹنا

اگر ضرورت ہو تو چھری سے گوشت، ڈبل روٹی، کیک اور پھل وغیرہ کاٹ کر کھانا جائز ہے، باب کی روایت میں نبی ﷺ سے چھری سے گوشت کاٹ کر کھانا ثابت ہے، پس دیگر چیزوں کو اس پر قیاس کیا جائے گا، البتہ بے ضرورت چھری کا استعمال ممنوع ہے، یہ غیروں کا طریقہ ہے، وہ چھری کانٹے سے کھاتے ہیں، اور دو ضعیف روایات میں جو گوشت اور روٹی کانٹے کی ممانعت آئی ہے اس کا یہی محمل ہے، یہ روایتیں تحفۃ الالمعی (۵:۱۷۸) میں ہیں۔

[۲۰-] بَابُ قَطْعِ اللَّحْمِ بِالسِّكِّيْنِ

[۵۴۰۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّ أَبَاهُ عَمْرَو بْنَ أُمَيَّةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّـهُ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَحْتَزُّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ فِيْ يَدِهِ، فَدُعِيَ إِلَى الصَّلاَةِ، فَأَلْقَاهَا وَالسِّكِّيْنَ الَّتِيْ يَحْتَزُّ بِهَا، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.[راجع: ۲۰۸]

بَابٌ: مَاعَابَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم طَعَامًا قَطُّ

نبی ﷺ نے کبھی کسی کھانے کی برائی نہیں کی

کسی کھانے میں یا کھانا پکانے میں کوئی عیب یا کمی ہوتی تھی تو آپؐ کھانے کو برا نہیں کہتے تھے، پسند ہوتا تو نوش فرماتے ورنہ چھوڑ دیتے، بعض لوگ نمک مرچ کم ہوتا ہے تو چیں بہ جبیں ہوتے ہیں یہ بات اسوۂ نبوی کے خلاف ہے۔

[۲۱-] بَابٌ: مَاعَابَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم طَعَامًا قَطُّ

[۵۴۰۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَاعَابَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم طَعَامًا قَطُّ، إِنِ اشْتَهَاهُ أَكَلَهُ، وَإِنْ كَرِهَهُ تَرَكَهُ.

[راجع: ۳۵۶۳]

بَابُ النَّفْخِ فِي الشَّعِيْرِ

جَو کے آٹے میں پھونک مارنا

جَو کے آٹے میں چھلکے ہوتے ہیں، اب لوگ چھلنی سے آٹا چھان لیتے ہیں، نبی ﷺ کے زمانہ میں چھلنیاں نہیں تھیں، لوگ پھونک کر چھلکے اڑا دیتے تھے، پھر آٹا گوندھ لیتے تھے، حضرت سہلؓ سے طلباء نے پوچھا: نبی ﷺ کے زمانہ میں آپ حضرات نے میدہ دیکھا تھا؟ فرمایا: نہیں، پوچھا گیا: آپ لوگ جَو چھانتے تھے؟ فرمایا: نہیں، ہم اس کو پھونکا کرتے تھے۔

[۲۲-] بَابُ النَّفْخِ فِي الشَّعِيْرِ

[۵۴۱۰-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ: أَنَّـهُ سَأَلَ سَهْلاً: هَلْ رَأَيْتُمْ فِيْ زَمَانِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم النَّقِيَّ؟ قَالَ: لاَ، فَقُلْتُ: كُنْتُمْ تَنْخُلُوْنَ الشَّعِيْرَ؟ قَالَ: لاَ، وَلٰكِنْ كُنَّا نَنْفُخُهُ.[طرفه: ۵۴۱۳]

بَابُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ يَأْكُلُوْنَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کیا کھاتے تھے؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دور تنگی کا دور تھا، فتوحات بعد میں ہوئیں۔ امام صاحب نے باب میں چھ روایتیں ذکر کی ہیں، جن سے دورِ اول کا نقشہ نگاہوں کے سامنے آجاتا ہے:

حدیث (۱): ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنے صحابہ (اصحابِ صفّہ) کے درمیان چھوہارے تقسیم کئے، ہر ایک کو سات سات چھوہارے دیئے، مجھے بھی سات دیئے، ان میں سے ایک سوکھا ہوا تھا، پس نہیں تھی ان میں سے کوئی زیادہ پسند مجھے اس سوکھی ہوئی سے، سخت تھی وہ میری چبائی جانے والی چیزوں میں یعنی میں اس کو دیر تک چباتا رہا۔

لغت: حَشَفَة: خراب کھجور جو پکنے سے پہلے سوکھ جاتی ہے، اس میں نہ گٹھلی ہوتی ہے نہ گودا نہ جھلی نہ مٹھاس ....
المَضَاغ: چبائی جانے والی چیز۔

> **[۲۳-] بَابُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ يَأْكُلُوْنَ**
>
> [۵٤۱۱-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبَّاسٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا بَيْنَ أَصْحَابِهِ تَمْرًا، فَأَعْطَى كُلَّ إِنْسَانٍ سَبْعَ تَمَرَاتٍ، فَأَعْطَانِيْ سَبْعَ تَمَرَاتٍ إِحْدَاهُنَّ حَشَفَةٌ، فَلَمْ يَكُنْ فِيْهِنَّ تَمْرَةٌ أَعْجَبُ إِلَيَّ مِنْهَا، شَدَّتْ فِيْ مَضَاغِيْ. [طرفه: ۵٤٤۱]

اس کے بعد کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۲۴۴) گذری ہے، اس میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا کرتے تھے اور نہیں تھا ہمارے لئے کوئی کھانا مگر درخت کے پتّے، پس یہی کھانا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوگا۔

> [۵٤۱۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُنِيْ سَابِعَ سَبْعَةٍ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، مَالَنَا طَعَامٌ إِلَّا وَرَقُ الْحَبْلَةِ أَوْ: الْحُبُلَةِ، حَتّٰى يَضَعَ أَحَدُنَا مَا تَضَعُ الشَّاةُ، ثُمَّ أَصْبَحَتْ بَنُو أَسَدٍ تُعَزِّرُنِيْ عَلَى الإِسْلَامِ، خَسِرْتُ إِذًا وَضَلَّ سَعْيِيْ. [راجع: ۳۷۲۸]

لغت: الحُبْلَة: لوبیے وغیرہ جیسی ترکاری .... حدیث کا پس منظر تحفۃ الالمعی ۶:۱۳۹ میں ہے۔

اس کے بعد کی حدیث ابھی گذری ہے، نبی ﷺ کے زمانہ میں نہ میدہ تھا نہ چھلنیاں، جو کے چھلکے پھونک مار کر اڑادیتے تھے، پھر پکا لیتے تھے۔

[٥٤١٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، فَقُلْتُ: هَلْ أَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم النَّقِيَّ؟ فَقَالَ سَهْلٌ: مَا رَأَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم النَّقِيَّ مِنْ حِيْنَ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ، قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: هَلْ كَانَ لَكُمْ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَنَاخِلُ؟ قَالَ: مَا رَأَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنْخُلاً مِنْ حِيْنَ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَأْكُلُوْنَ الشَّعِيْرَ غَيْرَ مَنْخُوْلٍ؟ قَالَ: كُنَّا نَطْحَنُهُ وَنَنْفُخُهُ، فَيَطِيْرُ مَا طَارَ وَمَا بَقِيَ ثَرَّيْنَاهُ فَأَكَلْنَاهُ.[راجع: ٥٤١٠]

آئندہ حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ایک قوم کے پاس سے گذرے، ان کے سامنے بھنی ہوئی بکری تھی، انھوں نے ابو ہریرہؓ کو کھانے پر بلایا، آپؓ نے کھانے سے انکار کردیا (آپ کو دورِ نبوی یاد آ گیا) پس فرمایا: نبی ﷺ دنیا سے تشریف لے گئے اور آپ ﷺ کو جو کی روٹی پیٹ بھر کر نصیب نہیں ہوئی۔

[٥٤١٤-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّهُ مَرَّ بِقَوْمٍ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ شَاةٌ مَصْلِيَّةٌ، فَدَعَوْهُ فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَ، فَقَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الدُّنْيَا وَلَمْ يَشْبَعْ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ.

لغت: مَصْلِيَّة (اسم مفعول) صَلَى الشيئَ (ض) صَلْيا اللحمَ وغيره: گوشت وغیرہ بھوننا۔

[٥٤١٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: مَا أَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى خُوَانٍ، وَلَا فِي سُكُرَّجَةٍ، وَلاَ خُبِزَ لَهُ مُرَقَّقٌ. قُلْتُ لِقَتَادَةَ: عَلٰى مَا يَأْكُلُوْنَ؟ قَالَ: عَلٰى السُّفَرِ.

[راجع: ٥٣٨٦]

آئندہ حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ کے گھر والوں نے، جب سے آپ ﷺ مدینہ میں وارد ہوئے: گیہوں کے کھانے سے تین دن مسلسل پیٹ بھر کر نہیں کھایا یہاں تک کہ آپ ﷺ کی وفات ہوگئی۔

[٥٤١٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ،

قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم مُنْذُ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ مِنْ طَعَامِ الْبُرِّ ثَلَاثَ لَيَالٍ تِبَاعًا، حَتّٰى قُبِضَ صلی اللہ علیہ وسلم. [طرفه: ٦٤٥٤]

بَابُ التَّلْبِيْنَةِ

بھوسی یا چھنے ہوئے آٹے میں دودھ اور شہد ملا کر بنایا ہوا حریرہ (میٹھی گاڑھی پینے کی چیز)

بیمار کی دو حالتیں ہیں: کبھی اس کو کھانے کی خواہش نہیں ہوتی، اور کبھی بھوک نہیں ہوتی، پہلی صورت میں اس کو حریرہ پلانا چاہئے، اور دوسری صورت میں زبردستی نہیں کھلانا چاہئے، کیونکہ اس وقت طبیعت مرض کا مقابلہ کر رہی ہوتی ہے، پس اس کو کھانے کی طرف متوجہ نہیں کرنا چاہئے، اطباء سخت بخار میں اور بحرانی کیفیت میں غذا دینے سے منع کرتے ہیں، اور حدیث میں ہے: ''اپنے بیماروں کو کھانے پر مجبور مت کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کو کھلاتے پلاتے ہیں'' (ترمذی حدیث ۲۰۳۸) مگر دو کیفیتوں میں فرق کرنا ضروری ہے: ایک: مریض کو بھوک تو ہے مگر کھانے کو جی نہیں چاہتا، اس حالت میں اس کو حریرہ دینا چاہئے۔ دوم: مریض بالکل کھانا ہی نہیں چاہتا، اس کو بھوک ہی نہیں، پس اس کو زبردستی نہیں کھلانا چاہئے۔

حدیث: التَّلْبِيْنَةُ مَجَمَّةٌ لِفُؤَادِ المريض، تَذْهَبُ ببعض الحزن: حریرہ بیمار کی دلجوئی کا ذریعہ ہے، اور اس کا کچھ غم دور کرتا ہے —— صدیقہؓ جب ان کے خاندان میں کسی کی وفات ہوتی، اور اس کے لئے عورتیں جمع ہوتیں، پھر وہ منتشر ہوجاتیں، اور صرف ان کے گھر والے اور خواص باقی رہتے تو وہ حریرہ کی ہانڈی چڑھواتیں، وہ پکائی جاتی، پھر ثرید بنایا جاتا، اور اس پر حریرہ ڈالا جاتا، اور فرماتیں: اسے کھاؤ، پھر مذکورہ حدیث سناتیں۔

اور حریرۃ کا ایک فائدہ مسند احمد (۷۹:۶) کی روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ اس سے پیٹ صاف ہوجاتا ہے، اور جب معدہ صاف ہوگا جو بیماریوں کا گھر ہے تو بیماری جلد دفع ہوگی۔

[٢٤-] بَابُ التَّلْبِيْنَةِ

[٥٤١٧-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنَّهَا كَانَتْ إِذَا مَاتَ الْمَيِّتُ مِنْ أَهْلِهَا فَاجْتَمَعَ لِذٰلِكَ النِّسَاءُ، ثُمَّ تَفَرَّقْنَ إِلَّا أَهْلَهَا وَخَاصَّتَهَا، أَمَرَتْ بِبُرْمَةٍ مِنْ تَلْبِيْنَةٍ فَطُبِخَتْ، ثُمَّ صُنِعَ ثَرِيْدٌ فَصُبَّتِ التَّلْبِيْنَةُ عَلَيْهَا، قَالَتْ: كُلْنَ مِنْهَا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: " التَّلْبِيْنَةُ مُجِمَّةٌ لِفُؤَادِ الْمَرِيْضِ، تَذْهَبُ بِبَعْضِ الْحُزْنِ" [طرفاه: ٥٦٨٩، ٥٦٩٠]

لغت: مَجَمَّة: سببِ راحت أَجَمَّ الإِنْسَان: تازہ دم ہونا، تکان اتارنا۔

بَابُ الثَّرِيْدِ

روٹی کو چور کر شوربے میں بھگو کر بنایا ہوا کھانا

ثرید: لذیذ، مقوی اور زود ہضم ہوتا ہے، باب کی حدیثوں میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت اور عورتوں پر ایسی ہے جیسے ثرید کی فضیلت دوسرے کھانوں پر، اور پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۶۱۴) گذری ہے، اور دوسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۲۶۹) آ گئی ہے۔ اور تیسری حدیث بھی پہلے (تحفۃ القاری ۵:۱۶۳) آئی ہے۔

[۲۵-] بَابُ الثَّرِيْدِ

[۵۴۱۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ الْجَمَلِيِّ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "كَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيْرٌ، وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ، وَفَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ" [راجع: ۳۴۱۱]

[۵۴۱۹-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ طُوَالَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ" [راجع: ۳۷۷۰]

[۵۴۲۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ أَبَا حَاتِمٍ الْأَشْهَلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه سولم عَلَى غُلَامٍ لَهُ خَيَّاطٍ، فَقَدَّمَ إِلَيْهِ قَصْعَةً فِيْهَا ثَرِيْدٌ، قَالَ: وَأَقْبَلَ عَلَى عَمَلِهِ، قَالَ: فَجَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ، قَالَ: فَجَعَلْتُ أَتَتَبَّعُهُ وَأَضَعُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَمَا زِلْتُ بَعْدُ أُحِبُّ الدُّبَّاءَ. [راجع: ۲۰۹۲]

قوله: وأقبل على عمله: وہ مہمانوں کے سامنے کھانا رکھ کر اپنے کام میں لگ گیا، کھانے میں شریک نہیں ہوا کیونکہ دسترخوان پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں۔

بَابُ شَاةٍ مَسْمُوْطَةٍ وَالْكَتِفِ وَالْجَنْبِ

کھال کے بال صاف کر کے پکائی ہوئی بکری، اور شانہ اور پہلو

جس طرح ہم مرغ مسلّم پکاتے ہیں: عرب مسلّم بکری پکاتے ہیں .... کَتِف: مونڈھا، شانہ، بکری کے آگے کے پیروں کا بالائی حصہ .... جَنْب: پہلو .... بکری میں پہلو اور شانہ ایک ہیں، اس لئے باب کی حدیثوں میں جنب کا

ذکر نہیں .... یہ تینوں چیزیں کھانا جائز ہے، شانہ اور پہلو کا کھانا تو نبی ﷺ سے ثابت ہے، پہلو کا ذکر ترمذی میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے اور شاۃِ مسلّم کا کھانا صحابہ سے ثابت ہے۔

[۲۶-] بَابُ شَاةٍ مَسْمُوْطَةٍ وَالْكَتِفِ وَالْجَنْبِ

[۵۴۲۱-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيىَ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: كُنَّا نَأْتِيْ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَخَبَّازُهُ قَائِمٌ قَالَ: كُلُوْا، فَمَا أَعْلَمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَغِيْفًا مُرَقَّقًا حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ، وَلاَ رَأَى شَاةً مَسْمُوْطَةً بِعَيْنِهِ قَطُّ. [راجع: ۵۳۸۵]

[۵۴۲۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَحْتَزُّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ، فَأَكَلَ مِنْهَا، فَدُعِيَ إِلَى الصَّلاَةِ، فَقَامَ فَطَرَحَ السِّكِّيْنَ فَصَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. [راجع: ۲۰۸]

بَابُ مَاكَانَ السَّلَفُ يَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِهِمْ وَأَسْفَارِهِمْ مِنَ الطَّعَامِ وَاللَّحْمِ وَغَيْرِهِ

اسلاف اپنے گھروں میں اور سفروں میں کھانا اور گوشت وغیرہ ذخیرہ کرتے تھے

تصوف جب تقشّف کے دائرے میں داخل ہوا تو یہ خیال پیدا ہوا کہ سخت زندگی بسر کرنی چاہئے، اور اس کے لئے ضروری ہے کہ آدمی کے پاس اندوختہ نہ ہو، جومل جائے کھالے، کل کے لئے کوئی چیز ذخیرہ کرکے نہ رکھے، یہ خیال غلط تھا، امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ باب ان کی تردید کے لئے قائم کیا ہے۔ فرماتے ہیں: اسلاف (صحابہ وتابعین) سفر وحضر میں گوشت وغیرہ کھانا ذخیرہ کرکے رکھتے تھے، ہجرت کے سفر کے لئے عائشہ واسماء رضی اللہ عنہما نے نبی ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لئے دسترخوان تیار کیا تھا، جو پورے سفر میں کام آیا، اور صدیقہؓ فرماتی ہیں: ہم بکری کے پائے اٹھا رکھتے تھے، اور ان کو پندرہ دن کے بعد کھاتے تھے، یہ ذخیرہ کرکے رکھنا ہے، اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم عہد نبوی میں ہدی (حج کی قربانی) کا گوشت مدینہ تک لاتے تھے یعنی واپسی میں سفر میں ہمارا توشہ قربانی کا گوشت ہوتا تھا، معلوم ہوا کہ سفر وحضر میں اندوختہ رکھنا توکل کے منافی نہیں۔

[۲۷-] بَابُ مَاكَانَ السَّلَفُ يَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِهِمْ وَأَسْفَارِهِمْ مِنَ الطَّعَامِ وَاللَّحْمِ وَغَيْرِهِ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ وَأَسْمَاءُ ابْنَتَا أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ: صَنَعْنَا لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ سُفْرَةً.

[۵۴۲۳-] حدثنا خَلاَّدُ بْنُ يَحْيىَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ:

قُلْتُ لِعَائِشَةَ: أَنَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُؤْكَلَ لُحُوْمُ الْأَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثٍ؟ قَالَتْ: مَا فَعَلَهُ إِلَّا فِي عَامٍ، جَاعَ النَّاسُ فِيْهِ، فَأَرَادَ أَنْ يُطْعِمَ الْغَنِيُّ الْفَقِيْرَ، وَإِنْ كُنَّا لَنَرْفَعُ الْكُرَاعَ فَنَأْكُلُهُ بَعْدَ خَمْسَ عَشْرَةَ. قِيْلَ: مَا اضْطَرَّكُمْ إِلَيْهِ؟ فَضَحِكَتْ، قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم مِنْ خُبْزِ بُرٍّ مَأْدُوْمٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ، وَقَالَ ابْنُ كَثِيْرٍ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَابِسٍ بِهٰذَا. [أطرافه: ۵۴۳۸، ۵۵۷۰، ۶۶۸۷]

ترجمہ: عابس بن ربیعہ نے صدیقہؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت کھانے کی ممانعت کی ہے؟ صدیقہؓ نے کہا: یہ ممانعت صرف ایک سال کے لئے تھی، اس سال لوگ بھوکے ہوئے یعنی کھانے کی کمی تھی، پس آپؐ نے چاہا کہ مالدار غریبوں کو (قربانی کا گوشت) کھلائیں، اور بے شک ہم پائے اٹھار کھتے تھے، اور ان کو پندرہ دن کے بعد کھاتے تھے، پوچھا گیا: پائے کھانے پر آپ لوگوں کو کس چیز نے مجبور کیا؟ صدیقہؓ ہنسی اور کہا: نبی ﷺ کے گھر والوں نے گیہوں کی روٹی سالن کے ساتھ تین دن پیٹ بھر کر نہیں کھائی یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوئی یعنی تنگ گذران نے پائے کھانے پر مجبور کیا۔

لغت: مأدوم (اسم مفعول) أَدَمَ الطعام: روٹی وغیرہ کے ساتھ سالن ملانا۔

[۵۴۲۴-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنَّا نَتَزَوَّدُ لُحُوْمَ الْهَدْيِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمَدِيْنَةِ.
تَابَعَهُ مُحَمَّدٌ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ. وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: قُلْتُ لِعَطَاءٍ: أَقَالَ: حَتّٰى جِئْنَا الْمَدِيْنَةَ؟ قَالَ: لَا.
[راجع: ۱۷۱۹]

حوالہ: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۴۵۷) آئی ہے.......... مسلم شریف میں حضرت عطاء کا جواب: ہاں ہے، حافظ ابن حجرؒ نے بخاری کی روایت کو ترجیح دی ہے، مگر اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت جابرؓ نے اس کی صراحت نہیں کی کہ وہ توشہ مدینہ تک چلا تھا۔

بَابُ الْحَيْسِ

ملیدہ (کھجور، ستّو اور گھی ملا کر بنایا ہوا کھانا)

حضرت صفیہؓ کے ولیمہ میں نبی ﷺ نے لوگوں کو ملیدہ کھلایا تھا: صَنع حَيْسا في نِطع: چمڑے کے دسترخوان میں ملیدہ بنایا گیا، اور حدیث ۲۷ مرتبہ گذر چکی ہے، پہلی مرتبہ (تحفۃ القاری ۲: ۲۰۲) میں آئی ہے اور چار مرتبہ اور آئے گی۔

[۲۸-] بَابُ الْحَيْسِ

[۵۴۲۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِیْ عَمْرٍو مَوْلٰی الْمُطَّلَبِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَبِیْ طَلْحَةَ: " الْتَمِسْ غُلَامًا مِنْ غِلْمَانِكُمْ يَخْدُمُنِیْ" فَخَرَجَ بِیْ أَبُوْ طَلْحَةَ، يُرْدِفُنِیْ وَرَاءَ هُ، فَكُنْتُ أَخْدُمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كُلَّمَا نَزَلَ، فَكُنْتُ أَسْمَعُهُ يُكْثِرُ أَنْ يَقُوْلَ: " اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسْلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ" فَلَمْ أَزَلْ أَخْدُمُهُ حَتّٰى أَقْبَلْنَا مِنْ خَيْبَرَ، وَأَقْبَلَ بِصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ قَدْ حَازَهَا، فَكُنْتُ أُرَاهُ يُحَوِّیْ وَرَاءَ هُ بِعَبَاءَ ةٍ أَوْ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ يُرْدِفُهَا وَرَاءَ هُ، حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ صَنَعَ حَيْسًا فِیْ نِطَعٍ، ثُمَّ أَرْسَلَنِیْ فَدَعَوْتُ رِجَالاً فَأَكَلُوْا، وَكَانَ ذٰلِكَ بِنَاءَ هُ بِهَا، ثُمَّ أَقْبَلَ حَتّٰى إِذَا بَدَا لَهُ أُحُدٌ قَالَ: " هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ" فَلَمَّا أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ قَالَ: " اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ جَبَلَيْهَا مِثْلَ مَا حَرَّمَ بِهِ إِبْرَاهِيْمُ مَكَّةَ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِیْ مُدِّهِمْ وَصَاعِهِمْ" [راجع: ۳۷۱]

بَابُ الْأَكْلِ فِیْ إِنَاءٍ مُفَضَّضٍ

چاندی جڑے ہوئے برتن میں کھانا

فَضَّض الشيئَ: چاندی سے آراستہ کرنا، خالص سونے چاندی کے برتن مردوں اور عورتوں کے لئے حرام ہیں، مردوں کے لئے سونا مطلقاً حرام ہے اور عورتوں کے لئے صرف سونے کا زیور جائز ہے، سونے کی اور چیزیں عورتوں کے لئے بھی حرام ہیں، اور سونے چاندی کا جڑاؤ کیا ہوا برتن امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک استعمال کرنا جائز ہے، جبکہ پکڑنے کی جگہ اور منہ رکھ کر پینے کی جگہ میں سونا چاندی نہ ہو، اور ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک: مکروہ ہے اور محمد رحمہ اللہ کا قول مذبذب ہے۔

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ دورِ فاروقی اور دورِ عثمانی میں مدائن کے گورنر رہے ہیں، آپ نے کسی سے پانی مانگا وہ غیر مسلم دیہاتی تھا، وہ چاندی کے برتن میں پانی لایا (اس نے گورنر کے اعزاز میں ایسا کیا تھا) آپ نے وہ برتن اس کو پھینک مارا اور فرمایا: میں اس کو منع کر چکا ہوں مگر وہ مانتا نہیں، نبی ﷺ نے سونے چاندی کے برتن میں کھانے پینے سے منع کیا ہے، اور ریشم اور دیبا کے پہننے سے بھی منع کیا ہے اور فرمایا ہے: "یہ نعمتیں کفار کے لئے دنیا میں اور تمہارے لئے آخرت میں ہیں" (تحفۃ الالمعی ۵:۲۲۲) —— یہ برتن خالص چاندی کا تھا یا جڑاؤ کیا ہوا تھا؟ حدیث میں اس کی صراحت نہیں، اور حدیث میں خالص سونے چاندی کا برتن مراد ہے۔

[٢٩-] بَابُ الْأَكْلِ فِىْ إِنَاءٍ مُفَضَّضٍ

[٥٤٢٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ أَبِىْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِىْ لَيْلَى: أَنَّهُمْ كَانُوْا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَاسْتَسْقَى، فَسَقَاهُ مَجُوْسِىٌّ، فَلَمَّا وَضَعَ الْقَدَحَ فِى يَدِهِ رَمَى بِهِ، وَقَالَ: لَوْلَا أَنِّىْ نَهَيْتُهُ غَيْرَ مَرَّةٍ وَلَا مَرَّتَيْنِ - كَأَنَّهُ يَقُوْلُ: لَمْ أَفْعَلْ هٰذَا - وَلٰكِنِّىْ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَاتَلْبَسُوْا الْحَرِيْرَ وَلَا الدِّيْبَاجَ، وَلَا تَشْرَبُوْا فِىْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلَا تَأْكُلُوْا فِى صِحَافِهَا، فَإِنَّهَا لَهُمْ فِى الدُّنْيَا وَهِىَ لَكُمْ فِى الآخِرَةِ"

[أطرافه: ٥٦٣٢، ٥٦٣٣، ٥٨٣١، ٥٨٣٧]

وضاحت: لولا کا جواب محذوف ہے أی لم أفعل هذا: میں نے بار بار منع نہ کیا ہوتا تو میں برتن پھینک کر نہ مارتا۔

بَابُ ذِكْرِ الطَّعَامِ

کھانے کا تذکرہ

باب کی تینوں حدیثیں گذری ہیں۔ پہلی حدیث اسی جلد میں فضائل القرآن میں (حدیث ٥٠٢٠) گذری ہے، اس میں ہے: طَعْمها طيب: اس کا مزہ عمدہ ہے، طَعْم سے طعام نکلا ہے۔ دوسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ٧: ٢٦٩) آئی ہے، اس میں طعام کا ذکر صراحۃً ہے، اور تیسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ٤: ٥٠٢) آئی ہے، اس میں طعامہ ہے، پس ہر حلال کھانا کھا سکتے ہیں، بس اتنا ہی استدلال ہے۔

[٣٠-] بَابُ ذِكْرِ الطَّعَامِ

[٥٤٢٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى الْأَشْعَرِىِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِىْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ مَثَلُ الْأُتْرُنْجَةِ، رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا طَيِّبٌ، وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِىْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ مَثَلُ التَّمْرَةِ لَا رِيْحَ لَهَا وَطَعْمُهَا حُلْوٌ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِىْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ، لَيْسَ لَهَا رِيْحٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِىْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ مَثَلُ الرَّيْحَانَةِ، رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ. [راجع: ٥٠٢٠]

[٥٤٢٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ" [راجع: ٣٧٧٠]

[٥٤٢٩-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: " السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ، يَمْنَعُ أَحَدَكُمْ نَوْمَهُ وَطَعَامَهُ، فَإِذَا قَضٰی نُهْمَتَهُ مِنْ وَجْهِهِ فَلْيُعَجِّلْ إِلٰی أَهْلِهِ" [راجع: ١٨٠٤]

بَابُ الْأُدْمِ

ہر وہ چیز جس سے روٹی کھائی جائے

أُدْم: سالن اور لاون کو عام ہے، اور طعام (کھانے) کے ساتھ أُدْم (سالن) کا ذکر آنا ہی چاہئے، اور باب کی حدیث سترہ مرتبہ آچکی ہے، پہلی مرتبہ (تحفۃ القاری ۲:۳۰۵) میں آئی ہے، اور پانچ مرتبہ آگے آئے گی، اس میں جس گوشت کا ذکر ہے وہ أُدْم (سالن) ہے۔

[٣١-] بَابُ الْأُدْمِ

[٥٤٣٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ ابْنَ مُحَمَّدٍ، يَقُوْلُ: كَانَ فِیْ بَرِيْرَةَ، ثَلَاثُ سُنَنٍ، أَرَادَتْ عَائِشَةُ أَنْ تَشْتَرِيَهَا فَتُعْتِقَهَا، فَقَالَ أَهْلُهَا: وَلَنَا الْوَلَاءُ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَقَالَ: " لَوْ شِئْتِ شَرَطْتِيْهِ لَهُمْ، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" قَالَ: وَأُعْتِقَتْ فَخُيِّرَتْ فِیْ أَنْ تَقِرَّ تَحْتَ زَوْجِهَا أَوْ تُفَارِقَهُ، وَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَوْمًا بَيْتَ عَائِشَةَ وَعَلَی النَّارِ بُرْمَةٌ تَفُوْرُ، فَدَعَا بِالْغَدَاءِ فَأُتِیَ بِخُبْزٍ وَأُدْمٍ مِنْ أُدْمِ الْبَيْتِ فَقَالَ: "أَلَمْ أَرَ لَحْمًا؟" قَالُوْا: بَلٰی يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَلٰكِنَّهُ لَحْمٌ تُصُدِّقَ بِهِ عَلٰی بَرِيْرَةَ، فَأَهْدَتْهُ لَنَا. فَقَالَ: "هُوَ صَدَقَةٌ عَلَيْهَا، وَهَدِيَّةٌ لَنَا"[راجع: ٤٥٦]

بَابُ الْحَلْوَاءِ وَالْعَسَلِ

میٹھا اور شہد

کھانے کے بعد لوگ میٹھا کھاتے ہیں، اس لئے اب اس کا ذکر کرتے ہیں، میٹھی چیز معدے کو قوت پہنچاتی ہے، نبی ﷺ کو طبعی طور پر میٹھا اور شہد مرغوب تھا، حلواء: ہر میٹھے کھانے کو کہتے ہیں، پس شہد کا ذکر تخصیص بعد التعمیم ہے یعنی خاص طور پر شہد پسند تھا، اور پسند ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب یہ چیزیں سامنے آتیں تو آپؐ شوق سے کھاتے، اور پہلی حدیث اس حدیث کا حصہ ہے جو پہلے کئی مرتبہ آئی ہے کہ آپؐ حضرت زینبؓ کے یہاں شہد کا شربت پیتے تھے، اور دوسری حدیث پہلے

(تحفۃ القاری ۷:۲۳۶) آئی ہے، اس میں عُکّۃ (عین کا پیش اور زبر) کا ذکر ہے، عکۃ: گھی اور شہد وغیرہ کے مشکیزہ کو کہتے ہیں۔

[۳۲-] بَابُ الْحَلْوَاءِ وَالْعَسَلِ

[۵۴۳۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ الْحَلْوَى وَالْعَسَلَ.[راجع: ۴۹۱۲]

[۵۴۳۲-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شَيْبَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ أَبِيْ الْفُدَيْكِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كُنْتُ أَلْزَمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لِشِبْعِ بَطْنِيْ حِيْنَ لاَ آكُلُ الْخَمِيْرَ، وَلاَ أَلْبَسُ الْحَرِيْرَ، وَلاَ يَخْدُمُنِيْ فُلاَنٌ وَلاَ فُلاَنَةٌ، وَأُلْصِقُ بَطْنِي بِالْحَصْبَاءِ، وَأَسْتَقْرِئُ الرَّجُلَ الآيَةَ وَهِيَ مَعِيْ كَيْ يَنْقَلِبَ بِيْ فَيُطْعِمَنِيْ، وَخَيْرُ النَّاسِ لِلْمَسَاكِيْنِ جَعْفَرُ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ، يَنْقَلِبُ بِنَا فَيُطْعِمُنَا مَا كَانَ فِيْ بَيْتِهِ، حَتّٰى إِنْ كَانَ لَيُخْرِجُ إِلَيْنَا الْعُكَّةَ لَيْسَ فِيْهَا، فَنَشُقُّهَا فَنَلْعَقُ مَا فِيْهَا.[راجع: ۳۷۰۸]

بَابُ الدُّبَّاءِ

لوکی کدّو کا بیان

الدُّبَّاءُ: کدّو، گھیا، لوکی، خواہ گول ہو یا لمبی، یہ مشہور سبزی ہے، اس کی ترکاری پکائی جاتی ہے اور میٹھائی بھی، اس کا مزاج سرد تر ہے، سریع الہضم ہے، اور صفراء کی حدت اور خون کے جوش کو تسکین دیتی ہے، یہ سبزی نبی ﷺ کو پسند تھی، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۱۶۳) آ گئی ہے۔ اور اس حدیث میں یہ خاص بات ہے کہ درزی جس نے آپؐ کی دعوت کی تھی وہ آپؐ کا مولیٰ (آزاد کردہ) تھا۔

[۳۳-] بَابُ الدُّبَّاءِ

[۵۴۳۳-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا أَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَتَى مَوْلًى لَهُ خَيَّاطًا، فَأُتِيَ بِدُبَّاءٍ، فَجَعَلَ يَأْكُلُهُ، فَلَمْ أَزَلْ أُحِبُّهُ مُنْذُ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُهُ.[راجع: ۲۰۹۲]

بَابُ الرَّجُلِ يَتَكَلَّفُ الطَّعَامَ لِإِخْوَانِهِ

ساتھیوں کے لئے اہتمام سے کھانا بنوانا

ایک صحابی نے اپنے گوشت فروش غلام سے اہتمام سے پانچ آدمیوں کا کھانا بنوایا، پھر نبی ﷺ کو ہم نشینوں کے

ساتھ دعوت دی، یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۱۵۴) آچکی ہے۔

[۳۴-] بَابُ الرَّجُلِ يَتَكَلَّفُ الطَّعَامَ لِإِخْوَانِهِ

[۵۴۳۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ مِنَ الْأَنْصَارِ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: أَبُوْ شُعَيْبٍ، وَكَانَ لَهُ غُلَامٌ لَحَّامٌ فَقَالَ: اصْنَعْ لِيْ طَعَامًا أَدْعُوْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَامِسَ خَمْسَةٍ، فَدَعَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَامِسَ خَمْسَةٍ، فَتَبِعَهُمْ رَجُلٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّكَ دَعَوْتَنَا خَامِسَ خَمْسَةٍ وَهٰذَا رَجُلٌ قَدْ تَبِعَنَا، فَإِنْ شِئْتَ أَذِنْتَ لَهُ، وَإِنْ شِئْتَ تَرَكْتَهُ" قَالَ: بَلْ أَذِنْتُ لَهُ.[راجع: ۲۰۸۱]

بَابُ مَنْ أَضَافَ رَجُلًا إِلٰى طَعَامٍ، وَأَقْبَلَ هُوَ عَلٰى عَمَلِهِ

داعی کا مدعو کے ساتھ کھانے میں شریک ہونا ضروری نہیں

اگر بے تکلف مہمان ہو تو داعی کا مہمان کے ساتھ کھانے میں شریک ہونا ضروری نہیں، ایک درزی نے جو نبی ﷺ کا آزاد کردہ تھا، گویا گھر کا آدمی تھا، اس نے آپ کو دعوت دی، اس دعوت میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں، اس نے دسترخوان تیار کیا اور مہمانوں کو بٹھا کر اپنے سلائی کے کام میں لگ گیا۔ ایسے موقع پر لوگ اصرار کر کے داعی کو بٹھاتے ہیں، میں اس وقت قاعدہ بیان کرتا ہوں: لَا يُكْرَمُ الرجلُ في بيته: آدمی کی اس کے گھر میں عزت نہیں کی جاتی!

[۳۵-] بَابُ مَنْ أَضَافَ رَجُلًا إِلٰى طَعَامٍ، وَأَقْبَلَ هُوَ عَلٰى عَمَلِهِ

[۵۴۳۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ النَّضْرَ، أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ، أَخْبَرَنِيْ ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا أَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى غُلَامٍ لَهُ خَيَّاطٍ، فَأَتَاهُ بِقَصْعَةٍ فِيْهَا طَعَامٌ وَعَلَيْهِ دُبَّاءٌ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ، قَالَ: فَلَمَّا رَأَيْتُ ذٰلِكَ جَعَلْتُ أَجْمَعُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ: فَأَقْبَلَ الْغُلَامُ عَلٰى عَمَلِهِ، قَالَ أَنَسٌ: لَا أَزَالُ أُحِبُّ الدُّبَّاءَ بَعْدَ مَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَنَعَ مَا صَنَعَ.[راجع: ۲۰۹۲]

بَابُ الْمَرَقِ

شوربا

بعض کا پکایا ہوا شوربا گوشت سے زیادہ لذیذ ہوتا ہے، جیسے بعض کی پکائی ہوئی روٹی (روئی کے) گالوں جیسی نرم ہوتی

ہے، نبی ﷺ کے آزاد کردہ درزی کا شوربا مشہور تھا، اس نے آپ کی دعوت کرنی چاہی تو آپ نے عائشہ کی دعوت کی شرط لگائی، چنانچہ اس نے دونوں کی دعوت کی اور جو کی روٹی پکائی اور کدّو اور سوکھے گوشت کا شوربا بنایا۔

[۳۶-] بَابُ الْمَرَقِ

[۵۴۳۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: أَنَّ خَيَّاطًا دَعَا النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم لِطَعَامٍ صَنَعَهُ، فَذَهَبْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَرَّبَ خُبْزَ شَعِيْرٍ وَمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ وَقَدِيْدٌ، فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَتْبَعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالَىِ الْقَصْعَةِ، فَلَمْ أَزَلْ أُحِبُّ الدُّبَّاءَ بَعْدَ يَوْمَئِذٍ. [أطرافه: ۲۰۹۲]

بَابُ الْقَدِيْدِ

گوشت کا لمبا پارچہ جسے نمک لگا کر دھوپ میں سکھایا گیا ہو

اب تو بَرَّادة (ثلَّاجة) کا زمانہ ہے، لوگ گوشت محفوظ رکھنے کے لئے اس کے سردخانہ میں رکھ دیتے ہیں، پہلے گوشت کے لمبے پارچے کر کے نمک لگا کر دھوپ میں سکھا دیتے تھے، پھر اس کو بہت دنوں تک کھاتے تھے، دورِ نبوی میں اس کا عام رواج تھا، آج بھی جن کے پاس فریج نہیں، اس طرح سکھاتے ہیں، اور باب کی پہلی حدیث میں درزی نے جو دعوت کی تھی تو اس نے قدید اور لوکی کا شوربا پکایا تھا، قدید پکنے کے بعد بھی سخت رہتا ہے اس لئے شاید آپ لوکی تلاش کر کے کھا رہے ہونگے، اور دوسری حدیث میں پندرہ دن کے بعد بکری کے پائے استعمال کرنے کا تذکرہ ہے، یہ پائے بھی دھوپ میں سکھائے جاتے ہونگے، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۳۷-] بَابُ الْقَدِيْدِ

[۵۴۳۷-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أُتِیَ بِمَرَقَةٍ فِيْهَا دُبَّاءٌ وَقَدِيْدٌ، فَرَأَيْتُهُ يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ يَأْكُلُهُ. [راجع: ۲۰۹۲]

[۵۴۳۸-] حدثنا قَبِيْصَةُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا فَعَلَهُ إِلَّا فِیْ عَامٍ، جَاعَ النَّاسُ، أَرَادَ أَنْ يُطْعِمَ الْغَنِیُّ الْفَقِيْرَ، وَإِنْ كُنَّا لَنَرْفَعُ الْكُرَاعَ بَعْدَ خَمْسَ عَشْرَةَ، مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ خُبْزِ بُرٍّ مَأْدُوْمٍ ثَلَاثًا.

[راجع: ۵۴۲۳]

بَابُ مَنْ نَاوَلَ أَوْ قَدَّمَ إِلٰى صَاحِبِهِ عَلَى الْمَائِدَةِ شَيْئًا

مہمان دسترخوان کے شریک کو کوئی چیز دے یا اس کی طرف کوئی چیز بڑھائے

دسترخوان پر مہمانوں کے سامنے جو کھانا رکھا جاتا ہے: وہ اباحت ہے یا تملیک؟ اگر اباحت ہے تو مہمان کو صرف کھانے کا حق ہے، کسی کو دینے کا حق نہیں، اور تملیک ہے تو چاہے دسترخوان کے شریک کو دے یا دوسرے دسترخوان کے مہمان کو دے یا جیب بھر کر گھر لے جائے سب درست ہے، حضرت ابن المبارک رحمہ اللہ نے دسترخوان کے شریک تک ملکیت مانی ہے اور دینے کی اجازت دی ہے، اور دوسرے دسترخوان کے لوگوں کے حق میں اباحت مانی ہے، اور دینے کی اجازت نہیں دی۔ اور باب کی حدیث نص نہیں ہے، اس میں ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ لوکی کے ٹکڑے چن کر نبی ﷺ کے آگے کر رہے تھے۔ اسماعیلی کہتے ہیں: یہ خادم مخدوم کا معاملہ ہے، دو مہمانوں کا معاملہ نہیں، اور خادم ہر جگہ خادم ہوتا ہے، گھر میں بھی اور باہر بھی، ان کی یہ بات معقول ہے ـــــ اور میرا ناقص خیال یہ ہے کہ دسترخوان پر کوئی چیز ایسی جگہ رکھی ہے کہ ایک مہمان کا ہاتھ اس تک نہیں پہنچتا تو دسترخوان کے شریک کو دینے میں اور اس کی طرف بڑھانے میں کچھ حرج نہیں، کیونکہ وہ چیز اس کے لئے بھی ہے، دوسرے دسترخوان کے مہمان کو دے گا تو حلوائی کی دکان پر نانی کا فاتحہ ہوگا، اسی طرح مہمانوں کو چائے دی جائے تو جس کو دی جائے وہ پیئے، دوسرے کو دے گا تو میزبان کو کبیدگی ہوگی۔

[۳۸-] بَابُ مَنْ نَاوَلَ أَوْ قَدَّمَ إِلٰى صَاحِبِهِ عَلَى الْمَائِدَةِ شَيْئًا

وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ: لَابَأْسَ أَنْ يُنَاوِلَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، وَلاَ يُنَاوِلُ مِنْ هٰذِهِ الْمَائِدَةِ إِلٰى مَائِدَةٍ أُخْرَى.

[۵۴۳۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: إِنَّ خَيَّاطًا دَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِطَعَامٍ صَنَعَهُ، قَالَ أَنَسٌ: فَذَهَبْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى ذٰلِكَ الطَّعَامِ، فَقَرَّبَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خُبْزًا مِنْ شَعِيْرٍ وَمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ وَقَدِيْدٌ، قَالَ أَنَسٌ: فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالَيِ الصَّحْفَةِ، فَلَمْ أَزَلْ أُحِبُّ الدُّبَّاءَ مِنْ يَوْمِئِذٍ، وَقَالَ ثُمَامَةُ عَنْ أَنَسٍ: فَجَعَلْتُ أَجْمَعُ الدُّبَّاءَ بَيْنَ يَدَيْهِ. [راجع: ۲۰۹۲]

بَابُ الرُّطَبِ بِالْقِثَّاءِ

کھیرا ککڑی تازہ کھجور کے ساتھ کھانا

حدیث: عبداللہ بن جعفرؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو تازہ کھجور کو ککڑی کے ساتھ کھاتے دیکھا۔

تشریح: قِثاء: کھیرا، ککڑی، کھیرا موٹا ہوتا ہے اور ککڑی باریک، کھیرا: بالشت بھریا اس سے کم وبیش لمبا ہوتا ہے اور ککڑی اور بھی لمبی ہوتی ہے، دونوں کا مزاج سرد تر ہے اور اس کا مصلح کھجور ہے، نبی ﷺ دونوں کو ملا کر کھاتے تھے تاکہ دونوں میں اعتدال پیدا ہو جائے۔ اس حدیث سے یہ بات ثابت ہوئی کہ کھانے پینے کی چیزوں میں صفات اور مزاجوں کا خیال رکھنا چاہئے، تاکہ صحت محفوظ رہے، اور کھیرا کھجور ملا کر کھانے سے فربہی پیدا ہوتی ہے، اور فربہی ایک حد تک مستحسن ہے خاص طور پر خواتین میں، کیونکہ ہزال (لاغری) ایک بیماری ہے، اور اس کا یہ بہترین علاج ہے۔

[۳۹-] بَابُ الرُّطَبِ بِالْقِثَّاءِ

[۵۴۴۰-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ.

[طرفاه: ۵۴۴۷، ۵۴۴۹]

بَابُ الْحَشَفِ

سوکھی نکمّی کھجور

حَشْف اور حَشَفَة: وہ کھجور جو پکنے سے پہلے سوکھ جاتی ہے، اس میں نہ گٹھلی ہوتی ہے نہ مٹھاس، ایسی نکمّی کھجور کوئی کیوں کھائے گا! مگر مجبوری کی بات اور ہے، جیسے ہم طالب علمی کے زمانہ میں جب رات بارہ بجے تکرار سے فارغ ہوتے تھے تو بھوک بہت لگتی تھی اور کھانے کے لئے کچھ نہیں ہوتا تھا، چنانچہ طلباء کے کمروں کے دروازوں پر جو سوکھی روٹی ہوتی تھی، جو بکتی تھی اور ان کو بھینسیں کھاتی تھیں: ان کو کھا کر پانی پی کر سوتے تھے، وہ بہت مزیدار لگتی تھیں۔

حدیث: ابو عثمان نہدی کہتے ہیں: میں سات بار حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا مہمان بنا، پس وہ اور ان کی اہلیہ اور ان کا خادم باری باری لیتے تھے رات کو تین حصوں میں، یہ نماز پڑھتا، پھر اس کو اٹھاتا، اور میں نے ان کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی ﷺ نے اپنے صحابہ (اصحابِ صفّہ) کے درمیان چھوہارے تقسیم کئے، پس مجھے سات چھوہارے ملے، ان میں سے ایک سوکھا ہوا تھا —— اور دوسری روایت میں ہے کہ مجھے چار ملے اور ایک سوکھی ہوئی کھجور ملی (پہلے چار ملے ہونگے پھر دو اور ملے تو سات ہو گئے) وہ سوکھی ہوئی ان میں زیادہ سخت تھی میری ڈاڑھ کے لئے یعنی میں اس کو دیر تک چباتا رہا۔

[۴۰-] بَابُ الْحَشَفِ

[۵۴۴۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبَّاسٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، قَالَ: تَضَيَّفْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ سَبْعًا، فَكَانَ هُوَ وَامْرَأَتُهُ وَخَادِمُهُ يَعْتَقِبُوْنَ اللَّيْلَ أَثْلَاثًا، يُصَلِّيْ هٰذَا، ثُمَّ يُوْقِظُ هٰذَا،

وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَصْحَابِهِ تَمْرًا، فَأَصَابَنِىْ سَبْعُ تَمَرَاتٍ إِحْدَاهُنَّ حَشَفَةٌ. [راجع: ٥٤١١]

حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَنَا تَمْرًا، فَأَصَابَنِىْ مِنْهُ خَمْسٌ: أَرْبَعُ تَمَرَاتٍ وَحَشَفَةٌ، ثُمَّ رَأَيْتُ الْحَشَفَةَ هِىَ أَشَدُّهُنَّ لِضِرْسِىْ. [راجع: ٥٤١١]

بَابُ الرُّطَبِ وَالتَّمْرِ

تازہ پکی ہوئی کھجوریں اور چھوہارے

رطب: سوکھ کر تمر ہوجاتی ہے، اور آیت کریمہ اور باب کی دوسری حدیث میں رطب کا ذکر ہے، اور پہلی حدیث میں تمر کا۔ سورۃ مریم (آیت ۲۵) میں ہے: ''اور ہلاؤ اپنی طرف کھجور کے تنہ کو، گریں گی تم پر تروتازہ کھجوریں'' —— حاشیہ میں ہے کہ زچہ کے لئے سب سے مفید تازہ کھجوریں ہیں۔

حدیث (۱): ابھی گذری ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی درانحالیکہ ہم نے دو کالی چیزیں: چھوہارے اور پانی پیٹ بھر کر کھائے۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، یہ واقعہ حضرت جابرؓ کے قرض کا ہے یا ان کے ابا کے قرض کا؟ پہلے جو روایات آئی ہیں ان میں ان کے ابا کے قرض کا ذکر ہے، اور یہاں خود حضرت جابرؓ کے قرض کا، میرے نزدیک یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے، اور حقیقت میں ان کے ابا کے قرض کا واقعہ ہے، مگر روایت اتنی مختلف ہوگئی ہے کہ شارحین پریشان ہوگئے ہیں، روایات کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[٤١-] بَابُ الرُّطَبِ وَالتَّمْرِ

وَقَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَهُزِّىْ إِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا﴾

[٥٤٤٢-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ صَفِيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَتْنِىْ أُمِّىْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ شَبِعْنَا مِنَ الْأَسْوَدَيْنِ: التَّمْرِ وَالْمَاءِ. [راجع: ٥٣٨٣]

[٥٤٤٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِىْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِىْ رَبِيْعَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ يَهُوْدِيٌّ، وَكَانَ يُسْلِفُنِىْ

فِیْ تَمْرِیْ إِلَی الْجِذَاذِ، وَكَانَتْ لِجَابِرٍ الْأَرْضُ الَّتِیْ بِطَرِیْقِ رُوْمَةَ، فَجَلَسَتْ، فَخَلاَ عَامًا، فَجَاءَ نِی الْیَهُوْدِیُّ عِنْدَ الْجِذَاذِ، وَلَمْ أَجِدَّ مِنهَا شَیْئًا، فَجَعَلْتُ أَسْتَنْظِرُهُ إِلٰی قَابِلٍ فَیَأْبٰی، فَأُخْبِرَ بِذٰلِكَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ:" امْشُوْا نَسْتَنْظِرْ لِجَابِرٍ مِنَ الْیَهُوْدِیِّ" فَجَاؤُوْنِی فِیْ نَخْلِیْ، فَجَعَلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم یُكَلِّمُ الْیَهُوْدِیَّ فَیَقُوْلُ: أَبَا الْقَاسِمِ لاَ أُنْظِرُهُ. فَلَمَّا رَآهُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم قَامَ فَطَافَ فِی النَّخْلِ، ثُمَّ جَاءَ هُ فَكَلَّمَهُ فَأَبٰی، فَقُمْتُ فَجِئْتُ بِقَلِیْلِ رُطَبٍ فَوَضَعْتُهُ بَیْنَ یَدَیِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فَأَكَلَ، ثُمَّ قَالَ:" أَیْنَ عَرِیْشُكَ یَا جَابِرُ؟" فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ:" افْرُشْ لِیْ فِیْهِ" فَفَرَشْتُهُ، فَدَخَلَ فَرَقَدَ، ثُمَّ اسْتَیْقَظَ فَجِئْتُهُ بِقَبْضَةٍ أُخْرَی فَأَكَلَ مِنْهَا، ثُمَّ قَامَ فَكَلَّمَ الْیَهُوْدِیَّ فَأَبٰی عَلَیْهِ، فَقَامَ فِی الرِّطَابِ فِی النَّخْلِ الثَّانِیَةَ، ثُمَّ قَالَ:" یَاجَابِرُ جُدَّ وَاقْضِ" فَوَقَفَ فِی الْجِدَادِ، فَجَدَدْتُ مَا قَضَیْتُهُ، وَفَضَلَ مِثْلُهُ، فَخَرَجْتُ حَتّٰی جِئْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم فَبَشَّرْتُهُ، فَقَالَ:" أَشْهَدُ أَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ!"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: عَرْشٌ وَعَرِیْشٌ: بِنَاءٌ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿مَعْرُوْشَاتٍ﴾: مَا یُعَرَّشُ مِنَ الْكُرُوْمِ وَغَیْرِ ذٰلِكَ، ﴿عُرُوْشِهَا﴾: أَبْنِیَتُهَا.

ترجمہ: جابرؓ کہتے ہیں: مدینہ میں ایک یہودی تھا، وہ مجھے قرض دیا کرتا تھا میری کھجوروں میں کٹنے تک یعنی قرض کے عوض میں مجھے کھجوریں دینی ہوتی تھیں، جب اتریں، اور جابرؓ کی بیر رومۃ کے راستہ میں زمین تھی، پس وہ بیٹھ گئی، اور وہ ایک سال خالی رہی یعنی خاطر خواہ پیداوار نہیں ہوئی، پس یہودی کھجوریں کٹنے کے وقت میرے پاس آیا، اور میں نے زمین میں سے کچھ کاٹا نہیں تھا، پس میں نے اس سے اگلے سال تک مہلت مانگنی شروع کی، وہ انکار کرتا تھا۔ پس نبی ﷺ کو اس کی اطلاع کی گئی، آپؐ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: ''چلو! جابرؓ کے لئے یہودی سے مہلت طلب کریں'' حضرت میرے پاس کھجوروں کے باغ میں آئے، اور نبی ﷺ نے یہودی سے بات شروع کی، وہ کہتا: ابوالقاسم! میں اس کو مہلت نہیں دونگا، جب نبی ﷺ نے اس کا انکار دیکھا تو آپؐ اٹھے اور باغ میں گھومے، پھر آپؐ اس کے پاس آئے اور اس سے بات کی، اس نے انکار کیا، پس میں اٹھا اور تھوڑی تازہ پکی ہوئی کھجوریں لایا (یہاں باب ہے) میں نے ان کو آپؐ کے سامنے رکھا، آپؐ نے کھائیں، پھر پوچھا: ''جابر! تیری جھونپڑی کہاں ہے؟'' میں نے بتائی، آپؐ نے فرمایا: ''میرے لئے اس میں بچھا'' میں نے اس میں بچھایا، آپؐ اس میں گئے اور سو گئے، پھر بیدار ہوئے تو میں آپؐ کے پاس دوسری مٹھی لایا، آپؐ نے اس میں سے کھایا، پھر اٹھے اور یہودی سے بات کی، اس نے آپؐ کی بات نہ مانی تو آپ دوبارہ کھجور کے باغ میں تازہ کھجوروں میں کھڑے ہوئے، اور فرمایا: ''جابر! کھجوریں توڑ اور قرضہ چکا'' پس آپ توڑی ہوئی کھجوروں میں کھڑے ہوئے، پس میں نے اتنی توڑیں جن سے اس کا قرضہ چکا دیا اور اتنی ہی بچ گئیں، میں باغ میں سے نکلا اور نبی ﷺ کے پاس پہنچا اور آپؐ کو خوش خبری سنائی، آپؐ نے فرمایا: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا رسول ہوں!''

لغت: عرش اور عریش کے معنی ہیں: عمارت (جھونپڑی جو کھجور کے باغ میں بنائی جاتی تھی) —— اور سورۃ الانعام (آیت ۱۴۱) میں معروشات ہے، اس کا ترجمہ ابن عباسؓ نے کیا ہے: انگور وغیرہ کی بیلیں جو ٹٹیوں (چھتریوں) پر چڑھائی جاتی ہیں (تحفۃ القاری ۲۲۹:۹) —— اور سورۃ البقرۃ (آیت ۲۵۹) میں ﴿وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا﴾ ہے یعنی وہ مکانات اپنی چھتوں پر ڈھ پڑے تھے۔

بَابُ أَكْلِ الْجُمَّارِ

کھجور کے درخت کا گوند کھانا

جُمَّار: کھجور کے درخت کا گوند جو چربی کی طرح سفید اور میٹھا ہوتا ہے، اور کھایا جاتا ہے اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳۱۵:۱) گذری ہے۔

قوله: لَمَا بركته كبركة المسلم: یقیناً اس کی برکت (نافعیت) مسلمان کی برکت کی طرح ہے، اس درخت کی ہر چیز کارآمد ہے، اسی طرح مسلمان کی ذات، صفات اور کام نفع بخش ہونے چاہئیں۔

[٤٢-] بَابُ أَكْلِ الْجُمَّارِ

[٥٤٤٤-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُجَاهِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم جُلُوْسٌ، إِذْ أُتِيَ بِجُمَّارِ نَخْلَةٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ لَمَا بَرَكَتُهُ كَبَرَكَةِ الْمُسْلِمِ" فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يَعْنِي النَّخْلَةَ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَقُوْلَ: هِيَ النَّخْلَةُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ثُمَّ الْتَفَتُّ فَإِذَا أَنَا عَاشِرُ عَشَرَةٍ أَنَا أَحْدَثُهُمْ فَسَكَتُّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هِيَ النَّخْلَةُ" [راجع: ٦١]

بَابُ الْعَجْوَةِ

مدینہ منورہ کی ایک عمدہ قسم کی کھجور: عجوہ

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص روزانہ صبح نہار منہ عجوہ کے سات دانے کھائے اس کو اس دن زہر اور سحر نقصان نہیں پہنچائے گا —— مگر ہم عجوہ کہاں سے لائیں؟ ایک دانہ بڑی مشکل سے نصیب ہوتا ہے! ورنہ بہترین ناشتہ ہے، اور حاشیہ میں ہے کہ یہ عجوۃ کی ذاتی خاصیت نہیں، بلکہ دعائے نبوی کی برکت ہے۔

[٤٣-] بَابُ الْعَجْوَةِ

[٥٤٤٥-] حدثنا جُمْعَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ، قَالَ:

أَخْبَرَنَا عَامِرُ ابْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ تَصَبَّحَ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعَ تَمَرَاتٍ عَجْوَةً لَمْ يَضُرَّهُ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ سَمٌّ وَلَا سِحْرٌ" [أطرافه: ٥٧٦٨، ٥٧٦٩، ٥٧٧٩]

بَابُ الْقِرَانِ فِي التَّمْرِ

دو کھجوریں ساتھ کھانا

اگر اجتماعی طور پر کھجوریں کھائی جارہی ہیں تو ساتھیوں کی اجازت کے بغیر دو دانے ایک ساتھ کھانا دوسروں پر ظلم ہے، اس لئے جائز نہیں اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۴۷۴) آچکی ہے۔

[٤٤-] بَابُ الْقِرَانِ فِي التَّمْرِ

[٥٤٤٦-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَبَلَةُ بْنُ سُحَيْمٍ، قَالَ: أَصَابَنَا عَامُ سَنَةٍ مَعَ ابْنِ الزُّبَيْرِ رَزَقَنَا تَمْرًا، فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَمُرُّ بِنَا وَنَحْنُ نَأْكُلُ وَيَقُوْلُ: لَا تُقَارِنُوْا فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الإِقْرَانِ. ثُمَّ يَقُوْلُ: إِلَّا أَنْ يَسْتَأْذِنَ الرَّجُلُ أَخَاهُ. قَالَ شُعْبَةُ: الإِذْنُ مِنْ قَوْلِ ابْنِ عُمَرَ. [راجع: ٢٤٥٥]

قوله: عامُ سنةٍ (بالاضافہ) أی عام قحط: قحط سالی......... إلا أن: ابن عمرؓ کا قول ہے، ابن عمرؓ نے مسئلہ بتایا ہے۔

بَابُ بَرَكَةِ النَّخْلَةِ

کھجور کا درخت بابرکت ہے

کھجور کا درخت کثیر المنافع ہے، اس کا پھل مزیدار، مقوی اور شیریں ہوتا ہے، پتوں کا جھاڑو چھپر بنتا ہے اور گٹھلیوں کا چارہ۔ حدیث میں اس کو مؤمن کے مانند قرار دیا ہے، اور مؤمن خیر الْبَرِيَّة (بہترین خلائق) ہے تو کھجور خیر الْبَرِّيَّة: جنگل کا بہترین درخت ہے۔

[٤٥-] بَابُ بَرَكَةِ النَّخْلَةِ

[٥٤٤٧-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً تَكُوْنُ مِثْلَ الْمُسْلِمِ، وَهِيَ النَّخْلَةُ" [راجع: ٦١]

بَابُ الْقِثَّاءِ

کھیرا ککڑی

کھیرا لیلیٰ کی کلائی اور ککڑی اس کی انگلیاں ہیں، اور دونوں قِثّاء ہیں، اور دونوں سلاد (Salad) کے طور پر کھائی جاتی

ہیں، اور تفکہ کے طور پر بھی، نبی ﷺ نے تازہ کھجور کے ساتھ کھا کر اس کو عزت بخشی ہے۔

[٤٦-] بَابُ الْقِثَّاءِ

[٥٤٤٨-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ. [راجع: ٥٤٤٠]

بَابُ جَمْعِ اللَّوْنَيْنِ أَوِ الطَّعَامَيْنِ بِمَرَّةٍ

دو قسمیں یا دو کھانے ساتھ کھانا

کھجور اور ککڑی دو قسمیں ہیں اور روٹی اور سلاد یا لاون دو کھانے ہیں، ان کو ساتھ کھانا نبی ﷺ سے ثابت ہے۔

[٤٧-] بَابُ جَمْعِ اللَّوْنَيْنِ أَوِ الطَّعَامَيْنِ بِمَرَّةٍ

[٥٤٤٩-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ. [راجع: ٥٤٤٠]

بَابُ مَنْ أَدْخَلَ الضِّيْفَانَ عَشَرَةً عَشَرَةً، وَالْجُلُوْسِ عَلٰى الطَّعَامِ عَشَرَةً عَشَرَةً

جگہ تنگ ہو یا برتن چھوٹا ہو تو مہمانوں کو باری باری کھلانا

باب کی حدیث حماد بن زید کی ہے، انھوں نے تین اساتذہ کی تین سندوں سے اس کو روایت کیا ہے، اور یہ وہی واقعہ ہے جو پہلے دو مرتبہ آچکا ہے، پہلی بار (تحفۃ القاری ۲:۷۵۲) میں آیا ہے، یہاں روایت میں اس سے بعض اختلافات ہیں، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے۔

[٤٨-] بَابُ مَنْ أَدْخَلَ الضِّيْفَانَ عَشَرَةً عَشَرَةً، وَالْجُلُوْسِ عَلٰى الطَّعَامِ عَشَرَةً عَشَرَةً

[٥٤٥٠-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْجَعْدِ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَنَسٍ، ح: وَعَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ، ح: وَعَنْ سِنَانٍ أَبِيْ رَبِيْعَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ أُمَّهُ عَمِدَتْ إِلٰى مُدٍّ مِنْ شَعِيْرٍ، جَشَّتْهُ وَجَعَلَتْ مِنْهُ خَطِيْفَةً، وَعَصَرَتْ عُكَّةً عِنْدَهَا، ثُمَّ بَعَثَتْنِيْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ فِيْ أَصْحَابِهِ فَدَعَوْتُهُ، قَالَ: "وَمَنْ مَعِيْ؟" فَجِئْتُ فَقُلْتُ: إِنَّهُ يَقُوْلُ: وَمَنْ مَعِيَ؟ فَخَرَجَ إِلَيْهِ أَبُوْ طَلْحَةَ، قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّمَا هُوَ شَيْءٌ صَنَعَتْهُ أُمُّ سُلَيْمٍ، فَدَخَلَ فَجِيْءَ بِهِ، وَقَالَ: "أَدْخِلْ عَلَيَّ عَشَرَةً" فَدَخَلُوْا فَأَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا، ثُمَّ قَالَ: "أَدْخِلْ عَلَيَّ عَشَرَةً" فَدَخَلُوْا فَأَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا، ثُمَّ قَالَ:

"أَدْخِلْ عَلَيَّ عَشَرَةً" حَتّٰى عَدَّ أَرْبَعِيْنَ، ثُمَّ أَكَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَامَ، فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ هَلْ نَقَصَ مِنْهَا شَيْئٌ؟ [راجع: ٤٢٢]

لغت: جَشَّ الْحَبَّ: غلہ کو کوٹنا، دلنا...........الخَطِيْفَة: ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں، پھر چمچے سے جلدی جلدی کھاتے ہیں...........العُكَّة: گھی کا مشکیزہ...........إنما هو شيئ: یعنی کھانا تھوڑا ہے، پہلے ہی بتادیا...........فجعلتُ أنظر کا جواب محذوف ہے أی لا، ذرا کم نہیں ہوا تھا۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الثُّوْمِ وَالْبُقُوْلِ

لہسن اور بدبودار ہری ترکاریاں کھانا مکروہ ہے

کچا لہسن، پیاز، گندنا اور مولی وغیرہ: اگر تنہا کافی مقدار میں کھائی جائیں تو منہ سے بدبو بھی آتی ہے اور گندی ڈکاریں بھی، پس ایسی چیزیں کھا کر مسجد میں نہیں آنا چاہئے، اس سے فرشتوں کو تکلیف ہوتی ہے اور مصلیوں کو بھی، اور حدیثیں سب سے پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۱۸۰) آچکی ہیں۔

[٤٩-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الثُّوْمِ وَالْبُقُوْلِ

فِيْهِ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥٤٥١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: قِيْلَ لِأَنَسٍ: مَا سَمِعْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي الثُّوْمِ؟ فَقَالَ: "مَنْ أَكَلَ فَلاَ يَقْرَبَنَّ مَسْجِدًا" [راجع: ٨٥٦]

[٥٤٥٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا أَبُوْ صَفْوَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَطَاءٌ: أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ زَعَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ أَكَلَ ثُوْمًا أَوْ بَصَلاً فَلْيَعْتَزِلْنَا، أَوْ: لِيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا" [راجع: ٨٥٤]

بَابُ الْكَبَاثِ، وَهُوَ ثَمَرُ الْأَرَاكِ

پیلو کا پھل

کباث: اراک درخت کا پھل...........الأراك: پیلو کا درخت، مسواک کا درخت، اس کی جڑوں کی مسواک بناتے ہیں...........ہمارے نسخہ میں: ورق الأراك ہے، اور نسفی کے نسخہ میں جو گیلری میں ہے: ثمر الأراك ہے، اور یہی صحیح ہے، اس لئے میں نے کتاب میں گیلری والا نسخہ لکھا ہے، پیلو کا پھل: جنگلی پھل ہے، چرواہے اس کو کھاتے ہیں، پہلے یہ ہرا ہوتا ہے، پھر پک کر کالا پڑ جاتا ہے، جیسے کالا انگور پہلے ہرا ہوتا ہے، پھر پک کر کالا ہو جاتا ہے، کچا کسیلا ہوتا ہے اور پکا میٹھا، اس

لئے نبی ﷺ نے کالا کھانے کی ہدایت فرمائی، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۶۱۰) آچکی ہے، اور ہر نبی نے بکریاں چرائی ہیں: یہ خطابی ضابطہ ہے، اس کے لئے عمومی ہونا ضروری نہیں۔

[٥٠-] بَابُ الْكَبَاثِ، وَهُوَ ثَمَرُ الْأَرَاكِ

[٥٤٥٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جابرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمَرِّ الظَّهْرَانِ نَجْنِيْ الْكَبَاثَ، فَقَالَ: " عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ مِنْهُ، فَإِنَّـهُ أَيْطَبُ " فَقِيْلَ: أَكُنْتَ تَرْعَى الْغَنَمَ؟ قَالَ: "نَعَمْ، وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا رَعَاهَا" [راجع: ٣٤٠٦]

لغت: أَيْطَب: أَطْيَبْ کے ہم معنی اسم تفضیل ہے۔

بَابُ الْمَضْمَضَةِ بَعْدَ الطَّعَامِ

کھانے کے بعد کلّی کرنا

جس طرح کھانے کے بعد ہاتھ دھونا سنت ہے: باہر سے منہ دھونا اور کلّی کر کے اندر سے منہ صاف کرنا بھی سنت ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۵۴۳) آئی ہے کأنك تسمعه من يحيى! علی مدینیؒ کا قول ہے، وہ حدیث مختلف الفاظ سے بیان کیا کرتے تھے، آج بلفظہ حدیث بیان کی ہے، فرمایا: گویا تو حدیث یحییٰ انصاری سے سن رہا ہے یعنی انھوں نے جن لفظوں میں حدیث بیان کی تھی، آج میں نے بعینہ ان کے لفظوں میں بیان کی ہے۔

[٥١-] بَابُ الْمَضْمَضَةِ بَعْدَ الطَّعَامِ

[٥٤٥٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى خَيْبَرَ، فَلَمَّا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ دَعَا بِطَعَامٍ فَمَا أُتِيَ إِلَّا بِسَوِيْقٍ، فَأَكَلْنَا فَقَامَ إِلَى الصَّلَاةِ، فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا. [راجع: ٢٠٩]

[٥٤٥٥-] قَالَ يَحْيَى: سَمِعْتُ بُشَيْرًا قَالَ: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى خَيْبَرَ، فَلَمَّا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ - قَالَ يَحْيَى: وَهِيَ مِنْ خَيْبَرَ عَلٰى رَوْحَةٍ - دَعَا بِطَعَامٍ فَمَا أُتِيَ إِلَّا بِسَوِيْقٍ، فَلُكْنَاهُ فَأَكَلْنَا مِنْهُ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا، فَصَلَّى بِنَا الْمَغْرِبَ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. وَقَالَ سُفْيَانُ: كَأَنَّكَ تَسْمَعُهُ مِنْ يَحْيَى. [راجع: ٢٠٩]

لغت: الرَّوحة: بوقت شام آمد یا روانگی (ایک دفعہ) یعنی آدھے دن کی مسافت پر ہے۔

بَابُ لَعْقِ الْأَصَابِعِ وَمَصِّهَا قَبْلَ أَنْ تُمْسَحَ بِالْمِنْدِيْلِ

تولیہ سے ہاتھ پونچھنے سے پہلے انگلیاں چاٹ لینا یا چوس لینا

جس طرح کھانے کے بعد برتن صاف کرنا سنت ہے: انگلیاں چاٹ لینا یا چٹادینا بھی سنت ہے، شاید برکت اس کھانے میں ہو جو برتن میں یا انگلیوں پر لگا رہ گیا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اپنا ہاتھ نہ پونچھے یہاں تک کہ اس کو چاٹ لے یا چٹادے'' جیسے ہم برتن خادم کو دیتے ہیں کہ چاٹ لے، اسی طرح انگلیاں بھی چٹادینی چاہئیں۔

[۵۲-] بَابُ لَعْقِ الْأَصَابِعِ وَمَصِّهَا قَبْلَ أَنْ تُمْسَحَ بِالْمِنْدِيْلِ

[۵۴۵۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَمْسَحْ يَدَهُ حَتّٰى يَلْعَقَهَا أَوْ يُلْعِقَهَا''

بَابُ الْمِنْدِيْلِ

رومال (تولیہ)

یہ تابع باب ہے، کھانے کے بعد اگر ہاتھ چکنے ہوں تو صابن سے دھونے چاہئیں، ورنہ مٹی سے، مٹی میں نوشادر ہے، وہ صابن کا کام کرتا ہے، پھر تولیہ میسر ہو تو اس سے ہاتھ پونچھ لے، اور اگر ہاتھ چکنے نہ ہوں تو ایسے ہی دھوڈالے، پھر تولیہ سے صاف کرلے، ورنہ پیروں کی تلی پر یا چہرے اور بازؤں پر پھیر لے۔ عہدِ نبوی میں کپڑوں میں تنگی تھی، عام طور پر تولیہ رومال میسر نہیں تھا، اور عرب بھنا ہوا گوشت کھاتے تھے، شوربے کا رواج نہیں تھا، اس لئے لوگ کھا کر ہاتھ دھوکر چہرے، بازؤں اور پیروں پر پھیر کر خشک کرلیتے تھے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کسی نے آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضوء کا مسئلہ پوچھا، آپؓ نے فرمایا: نہیں! یعنی وضوء ضروری نہیں، پھر فرمایا: ہم عہدِ نبوی میں اس قسم کا کھانا بہت کم پاتے تھے (جس میں ہاتھ دھونے پڑیں) اور جب ہمیں اس قسم کا کھانا ملتا تھا تو ہمارے پاس تولیے نہیں تھے، علاوہ ہتھیلیوں، بازؤں اور پیروں کے یعنی ہم ان سے ہاتھ پونچھ لیتے تھے، پھر ہم نماز پڑھتے تھے اور وضوء نہیں کرتے تھے۔

[۵۳-] بَابُ الْمِنْدِيْلِ

[۵۴۵۷-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ سَعِيْدِ

ابْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّـهُ سَأَلَهُ عَنِ الْوُضُوْءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ، فَقَالَ: لاَ، قَدْ كُنَّا زَمَانَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لاَنَجِدُ مِثْلَ ذٰلِكَ مِنَ الطَّعَامِ إِلاَّ قَلِيْلاً، فَإِذَا نَحْنُ وَجَدْنَاهُ لَمْ يَكُنْ لَنَا مَنَادِيْلُ إِلاَّ أَكُفُّنَا وَسَوَاعِدُنَا وَأَقْدَامُنَا، ثُمَّ نُصَلِّيْ وَلاَ نَتَوَضَّأُ.

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهِ

کھانے کے بعد کی دعائیں

ترمذی شریف میں روایت (حدیث ۱۸۱۰) ہے: ’’اللہ تعالیٰ بندے کی اس بات سے خوش ہوتے ہیں کہ وہ کوئی کھانا کھائے یا کچھ پیئے تو اس پر اللہ کی تعریف کرے، پس کھانے پینے کے بعد اللہ کی حمد کرنا مستحب ہے، کھانا پینا ایک خالص مادی عمل ہے، اللہ کے نام سے شروع کرنے اور بعد میں حمد وشکر بجالانے سے وہ ایک نورانی باعث اجر عمل بن جاتا ہے، اور روایات میں حمد کے بہت سے جملے آئے ہیں، لیکن اگر کوئی صرف **الحمد لله** کہہ لے یا اردو میں اللہ تیرا شکر ہے! کہہ لے تو اصل سنت ادا ہوجائے گی۔

حدیث (۱): حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کا دسترخوان بڑھایا جاتا (اٹھایا جاتا) تو آپؐ کہتے: **الحمد لله كثيرًا طيبًا مباركًا فيه، غَيْرَ مَكْفِيٍّ ولامُوَدَّعٍ ولا مُسْتَغْنًى عنه، ربنا!**: سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں بہت زیادہ، پاکیزہ جس میں برکت فرمائی گئی ہو، نہ کفایت کیا ہوا نہ رخصت کیا ہوا اور نہ اس سے بے نیاز ہوا ہوا، اے ہمارے پروردگار!

لغت: كفى يكفى كفاية سے مكفى اسم مفعول ہے، اس کی اصل مكفوى ہے، اس میں مَرْمِیٌّ کی تعلیل ہوئی ہے: نہ کفایت کیا ہوا یعنی ہم ابھی کھانے کے اور محتاج ہیں .... **مُوَدَّع** بھی **توديع** سے اسم مفعول ہے، نہ رخصت کیا ہوا .... **مستغنى** بھی **استغناء** سے اسم مفعول ہے، نہ بے نیاز ہوا ہوا، تینوں جملوں کا ایک مفہوم ہے۔

دوسری دعا: جب نبی ﷺ کھانے سے فارغ ہوتے تو کہتے: **الحمد لله الذى كفانا وأروانا غير مَكْفِيٍّ ولا مَكْفُوْرٍ**: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو ہمارے لئے کافی ہوگئے اور ہمیں سیراب کیا، نہ کفایت کیا ہوا اور نہ ناشکری کیا ہوا ــــــ **مكفور** (اسم مفعول) **مشكور** کی ضد ہے۔

[٥٤-] بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهِ

[٥٤٥٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا رُفِعَ مَائِدَتُهُ قَالَ: ’’ الْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ، غَيْرُ مَكْفِيٍّ وَلاَ

مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ، رَبَّنَا!"[طرفه: ۵۴۵۹]

[۵۴۵۹-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ إِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهِ - وَقَالَ مَرَّةً: إِذَا رُفِعَ مَائِدَتُهُ - قَالَ:" الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَفَانَا وَأَرْوَانَا، غَيْرَ مَكْفِیٍّ، وَلَا مَكْفُوْرٍ وَقَالَ مَرَّةً: لَكَ الْحَمْدُ رَبَّنَا، غَيْرَ مَكْفِیٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ، وَلَا مُسْتَغْنًى رَبَّنَا!"[راجع:۵۴۵۸]

بَابُ الْأَكْلِ مَعَ الْخَادِمِ

خادم کو کھانے میں شریک کرنا

مکارم اخلاق میں سے یہ بات ہے کہ جس نے کھانا تیار کیا ہے، اور آگ کی گرمی اور دھویں کی تکلیف اٹھائی ہے، اس کا بھی کھانے میں حصہ رکھا جائے، پھر اخلاق کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ غلام یا خادم کو اپنے ساتھ بٹھا کر کھلایا جائے، اور اگر کسی وجہ سے ایسا نہ کرے، آقا یا غلام عار محسوس کرے یا کھانا تھوڑا ہو تو لقمہ دو لقمے خادم کے لئے بھی بچالے تاکہ اس کا دل خوش ہو جائے۔

ایک واقعہ: حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ کے یہاں نواب چھتاری مہمان آئے، جب دسترخوان بچھا تو حضرت شیخ الہند پیچھے ہٹ گئے، یہ خیال کر کے کہ شاید نواب صاحب کو میرا شریک دسترخوان ہونا ناگوار گذرے، حضرت گنگوہی نے دیکھ لیا، فرمایا: مولوی محمود آؤ دسترخوان پر بیٹھو، نواب صاحب کو ناگواری ہوگی تو اٹھ جائیں گے، ہمارا تمہارا تو مرنے جینے کا ساتھ ہے! حضرت شیخ الہند جلدی سے بیٹھ گئے کہ نہ معلوم حضرت اور کیا کہہ دیں!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جب لائے تم میں سے ایک کے پاس اس کا خادم اس کا کھانا (تو اس کا ہاتھ پکڑے اور اس کو اپنے ساتھ بٹھائے ۱۲ ترمذی) پس اگر اس کو اپنے ساتھ نہ بٹھائے تو اس کو ایک یا دو لقمے دے یعنی بچائے، پس بے شک وہ (خادم) کھانے کی گرمی اور اس کے انجام دینے کا ذمہ دار بنا ہے"

ترکیب: أحدَكم: مفعول بہ، خادمُه: فاعل مؤخر............علاج: کوئی کام انجام دینا............أو لقمة: أو شک راوی ہے۔

[۵۵-] بَابُ الْأَكْلِ مَعَ الْخَادِمِ

[۵۴۶۰-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، هُوَ ابْنُ زِيَادٍ، سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" إِذَا أَتَی أَحَدَكُمْ خَادِمُهُ بِطَعَامِهِ، فَإِنْ لَمْ يُجْلِسْهُ مَعَهُ فَلْيُنَاوِلْهُ أُكْلَةً أَوْ أُكْلَتَيْنِ، أَوْ لُقْمَةً أَوْ لُقْمَتَيْنِ، فَإِنَّهُ وَلِیَ حَرَّهُ وَعِلَاجَهُ" [راجع: ۲۵۵۷]

بَابٌ: الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ مِثْلُ الصَّائِمِ الصَّابِرِ

کھا کر شکر بجالانے والا روزہ رکھ کر بھوک سہنے والے کی طرح ہے

اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، مگر بخاری میں نہیں ہے، امام بخاریؒ کی التاریخ الکبیر (۱:۱۴۳ ترجمہ ۴۲۷) اور مستدرک حاکم (۱:۴۲۲ و ۴:۱۳۶) میں ہے: إن للطاعم الشاكر من الأجر مثلَ ما للصائم الصابر: کھا کر شکر بجالانے والے کے لئے ویسا ہی ثواب ہے جیسا روزہ رکھ کر بھوک سہنے والے کے لئے ہے (حاشیہ) —— مثلیت کے لئے مساوات ضروری نہیں۔

> [۵۶-] بَابٌ: الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ مِثْلُ الصَّائِمِ الصَّابِرِ
>
> فِيْهِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ الرَّجُلِ يُدْعَى إِلٰى طَعَامٍ، فَيَقُوْلُ: وَهٰذَا مَعِيْ

بلایا ہوا اور بن بلایا مہمان

باب میں تعقید (پیچیدگی) ہے، غور کریں، باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: کسی کو کھانے کی دعوت دی گئی تو جائے، پھر اگر داعی دیندار مسلمان ہے تو بے تکلف کھائے پیئے، تحقیق کی کچھ ضرورت نہیں، اس لئے کہ داعی کا ظاہر حال دلالت کرتا ہے کہ کھانے پینے کی چیزیں حلال ہونگی —— اور اگر داعی غیر مسلم یا بے دین مسلمان ہے تو کھانے پینے میں احتیاط کرے، مشکوک چیزیں نہ کھائے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کا اثر اس سے متعلق ہے، فرمایا: ”جب آپ کسی ایسے مسلمان کے یہاں جائیں جو متّہم نہیں ہے یعنی دیندار ہے تو اس کا کھانا کھائیں اور اس کا مشروب پیئیں“ —— اور اگر کسی غیر مسلم یا بے دین مسلمان کے یہاں جائیں تو کھانے پینے میں احتیاط کریں، پوچھ سکتے ہوں تو پوچھیں، ورنہ چھوڑ دیں —— یورپ اور امریکہ میں مجھے اس سے واسطہ پڑتا ہے، ہوائی جہاز میں تو میں سبزی لیتا ہوں، کھلانے والی کہتی بھی ہے کہ گوشت حلال ہے مگر میں احتیاط کرتا ہوں، اسی طرح کسی غیر دیندار مسلمان کی دعوت ہوتی ہے تو میں سبزی ہی کھاتا ہوں، وہاں ذبیحہ کا مسئلہ بڑا اہم ہے، اور اکثر عرب اس میں غیر محتاط ہیں، وہ ایک ہی حدیث جانتے ہیں کہ بسم اللہ پڑھ کر کھالو، اس لئے میں ان کے دسترخوان پر بھی احتیاط کرتا ہوں۔

دوسری بات: آپ مدعو ہیں اور دعوت میں جارہے ہیں کوئی غیر مدعو شخص ساتھ لگ گیا، اس کو معلوم نہیں کہ آپ کہاں جارہے ہیں، پس آپ داعی کے یہاں پہنچ کر اس کے لئے اجازت لیں، باب کی حدیث میں جو واقعہ ہے وہ پہلے (تحفة

القاری ۵:۱۵۴) آیا ہے، آپؐ نے ساتھ لگنے والے شخص کے لئے اجازت طلب کی تھی۔

فائدہ: حاشیہ میں ہے کہ وھذا معی: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے: یہ بات صحیح نہیں، اس صورت میں وھذہ ہونا چاہئے، پھر اس واقعہ میں (درزی کی دعوت کے واقعہ میں) حضرت عائشہؓ بھی مدعو تھیں، پس ان کے لئے اجازت طلبی کی کیا ضرورت تھی؟

[۵۷-] بَابُ الرَّجُلِ يُدْعَى إِلٰى طَعَامٍ، فَيَقُوْلُ: وَهٰذَا مَعِيْ

قَالَ أَنَسٌ: إِذَا دَخَلْتَ عَلٰى مُسْلِمٍ لاَ يُتَّهَمُ فَكُلْ مِنْ طَعَامِهِ، وَاشْرَبْ مِنْ شَرَابِهِ.

[٥٤٦١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: ثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَقِيْقٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُكَنَّى أَبَا شُعَيْبٍ، وَكَانَ لَهُ غُلَامٌ لَحَّامٌ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِي أَصْحَابِهِ، فَعَرَفَ الْجُوْعَ فِي وَجْهِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَذَهَبَ إِلٰى غُلَامِهِ اللَّحَّامِ، فَقَالَ: اصْنَعْ لِيْ طَعَامًا يَكْفِيْ خَمْسَةً، لَعَلِّيْ أَدْعُو النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَامِسَ خَمْسَةٍ. فَصَنَعَ لَهُ طُعَيِّمًا، ثُمَّ أَتَاهُ فَدَعَاهُ، فَتَبِعَهُمْ رَجُلٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَبَا شُعَيْبٍ إِنَّ رَجُلاً تَبِعَنَا فَإِنْ شِئْتَ أَذِنْتَ لَهُ، وَإِنْ شِئْتَ تَرَكْتَهُ" قَالَ: لاَ بَلْ أَذِنْتُ لَهُ.

[راجع: ٢٠٨١]

بَابٌ: إِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ فَلاَ يُعْجَلْ عَنْ عَشَائِهِ

کھانا بھی حاضر اور نماز بھی حاضر تو کھانا مقدم کرے

اور یہ حکم استحبابی ہے، باب کی پہلی حدیث اس کی دلیل ہے، آپؐ کھانا نوش فرمارہے تھے اور نماز کی اطلاع دی گئی تو آپؐ نے کھانا چھوڑ دیا، اور کھانا مقدم کرنے کے حکم کا مقصد یہ ہے کہ نماز بہ اطمینان ادا کرنی چاہئے، اگر بھوک سخت لگی ہوئی ہے تو پہلے بھوک کا بھوت مارلے، پھر نماز پڑھے۔ اور مسئلہ اور باب کی روایات پہلے (تحفۃ القاری ۲:۵۳۴) آ گئی ہیں۔

[۵۸-] بَابٌ: إِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ فَلاَ يُعْجَلْ عَنْ عَشَائِهِ

[٥٤٦٢-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّ أَبَاهُ عَمْرُو بْنَ أُمَيَّةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ رَأَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَحْتَزُّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ فِيْ يَدِهِ، فَدُعِيَ إِلٰى الصَّلاَةِ فَأَلْقَاهَا وَالسِّكِّيْنَ الَّتِيْ كَانَ يَحْتَزُّ بِهَا، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. [راجع: ٢٠٨]

[٥٤٦٣-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِذَا وُضِعَ الْعَشَاءُ وَأُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَابْدُوْا بِالْعَشَاءِ" وَعَنْ أَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ. [راجع: ٦٧٢]

[٥٤٦٤-] وَعَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّـهُ تَعَشَّى مَرَّةً وَهُوَ يَسْمَعُ قِرَاءَةَ الإِمَامِ. [راجع: ٦٧٣]

[٥٤٦٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ وَحَضَرَ الْعَشَاءُ فَابْدُوْا بِالْعَشَاءِ" وَقَالَ وُهَيْبٌ وَيَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ هِشَامٍ:" إِذَا وُضِعَ الْعَشَاءُ"[راجع: ٦٧١]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا﴾

کھانا کھاچکے تو گھر جاؤ!

سورۃ الاحزاب (آیت ۵۳) میں یہی حکم ہے، کھانے سے فارغ ہوکر اپنے گھر کا راستہ لینا چاہئے، میزبان کے گھر مجلس جمانے سے میزبان اور دوسرے مکان والوں کو تکلیف ہوتی ہے، پس وہاں گپ شک لڑانا درست نہیں۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۹: ۴۴۷) آئی ہے اور اس میں براعت اختتام ہے کہ کتاب الاطعمۃ ختم ہوئی، اب جاؤ اپنے گھر!

[٥٩-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا﴾

[٥٤٦٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، أَنْ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: أَنَا أَعْلَمُ النَّاسِ بِالْحِجَابِ كَانَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يَسْأَلُنِىْ عَنْهُ، أَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَرُوْسًا بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ وَكَانَ تَزَوَّجَهَا بِالْمَدِيْنَةِ، فَدَعَا النَّاسَ لِلطَّعَامِ بَعْدَ ارْتِفَاعِ النَّهَارِ، فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَجَلَسَ مَعَهُ رِجَالٌ بَعْدَ مَا قَامَ الْقَوْمُ، حَتّٰى قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَمَشَى وَمَشَيْتُ مَعَهُ، حَتّٰى بَلَغَ بَابَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، ثُمَّ ظَنَّ أَنَّهُمْ خَرَجُوْا فَرَجَعْتُ مَعَهُ، فَإِذَا هُمْ جُلُوْسٌ مَكَانَهُمْ، فَرَجَعَ وَرَجَعْتُ مَعَهُ الثَّانِيَةَ، حَتّٰى بَلَغَ بَابَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ فَرَجَعَ وَرَجَعْتُ مَعَهُ، فَإِذَا هُمْ قَدْ قَامُوْا، فَضَرَبَ بَيْنِىْ وَبَيْنَهُ سِتْرًا، وَأُنْزِلَ الْحِجَابُ. [راجع: ٤٧٩١]

﴿الحمد للہ! كتاب الأطعمة کی شرح پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب العَقِیقَة

عقیقہ کا بیان

عقیقہ کے اصلی معنی ہیں: نومولود بچہ کے پیدائشی بال کاٹنا، اور جس دن یہ بال کاٹے جاتے ہیں بہت سی ملّی، مدنی اور ذاتی مصلحتوں سے قربانی کی جاتی ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے عقیقہ کی سات مصلحتیں بیان کی ہیں (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۱۸۷) پھر قربانی کا گوشت بانٹ دیا جاتا ہے، یہ بھی 'کھانا' ہے یا پکا کر کھلایا جاتا ہے، اس لئے کتاب الاطعمہ کے بعد کتاب العقیقہ لائے۔

بَابُ تَسْمِيَةِ الْمَوْلُوْدِ غَدَاةَ يُوْلَدُ لِمَنْ لَمْ يَعُقَّ عَنْهُ وَتَحْنِيكِهِ

اگر بچہ کا عقیقہ نہ کرنا ہو تو پہلے ہی دن نام رکھ لیا جائے اور کوئی چیز چبا کر بچہ کے تالو میں لگائی جائے

ایک رائے یہ ہے کہ عقیقہ واجب (فرض) ہے، دوسری رائے یہ ہے کہ عقیقہ بدعت (ناجائز) ہے، یہ دونوں رائیں افراط وتفریط پر مبنی ہیں، اور جمہور کے نزدیک عقیقہ سنت ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مستحب ہے سنت نہیں، کیونکہ صاحب زادے حضرت ابراہیم بن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا عقیقہ نہیں کیا گیا تھا، اسی طرح عبداللہ بن الزبیرؓ کا عقیقہ بھی مروی نہیں، اس لئے یہ حکم استحبابی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: عقیقہ ساتویں روز کیا جاتا ہے اور اسی دن بچہ کا نام رکھا جاتا ہے، جیسا کہ آگے روایات میں آرہا ہے، لیکن اگر عقیقہ کرنے کا ارادہ نہ ہو تو نام رکھنے میں تاخیر کرنے کی ضرورت نہیں، جس دن بچہ پیدا ہوا اسی دن نام رکھ لیا جائے۔

دوسری بات: تحنیک بھی مستحب ہے یعنی کوئی میٹھی چیز چبا کر بچہ کے تالو میں لگائی جائے، وتحنیکه کا عطف تسمیة پر ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا لڑکا پیدا ہوا، وہ اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے، آپؐ نے اس کا

ابراہیم نام رکھا اور چھوہارا چبا کر اس کی تحنیک کی، اور اس کے لئے برکت کی دعا کی، پھر بچہ ابوموسیٰ کو دیدیا، یہ ان کا سب سے بڑا لڑکا تھا ـــــ یہ پیدا ہوتے ہی نام رکھا اور تحنیک کی۔

حدیث (۲): صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک بچہ تحنیک کے لئے نبی ﷺ کی خدمت میں لایا گیا، اس نے آپؐ پر پیشاب کر دیا تو آپؐ نے پیشاب کے پیچھے پانی کیا یعنی اس کو ہلکا سا دھو دیا، اس پر پانی ڈال دیا۔ یہ حدیث پہلے گذری ہے اور باب کی دوسری بات سے متعلق ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٧١- كتابُ العَقِيقَة

[١-] بَابُ تَسْمِيَةِ الْمَوْلُوْدِ غَدَاةَ يُوْلَدُ لِمَنْ لَمْ يَعُقَّ عَنْهُ، وَتَحْنِيْكِهِ

[٥٤٦٧-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: وُلِدَ لِيْ غُلَامٌ، فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَسَمَّاهُ إِبْرَاهِيْمَ، فَحَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ، وَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ وَدَفَعَهُ إِلَيَّ، وَكَانَ أَكْبَرَ وَلَدِ أَبِيْ مُوْسَى. [طرفه: ٦١٩٨]

[٥٤٦٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِصَبِيٍّ يُحَنِّكُهُ، فَبَالَ عَلَيْهِ، فَأَتْبَعَهُ الْمَاءَ. [راجع: ٢٢٢]

اس کے بعد کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷:۳۷۳) گذری ہے، یہاں اس میں یہ مضمون زائد ہے: اور یہ پہلا بچہ تھا جو ہجرت کے بعد مہاجرین میں پیدا ہوا، چنانچہ اس کی وجہ سے مسلمان بہت خوش ہوئے، اس لئے کہ ان سے کہا گیا تھا کہ یہود نے تم پر جادو کر دیا ہے (کوکھ باندھ دی ہے) اس لئے تمہارا کوئی بچہ پیدا نہیں ہوگا ـــــ اس حدیث میں بھی باب کی دونوں باتیں ہیں۔

[٥٤٦٩-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ: أَنَّهَا حَمَلَتْ بِعَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بِمَكَّةَ، قَالَتْ: فَخَرَجْتُ وَأَنَا مُتِمٌّ، فَأَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَنَزَلْتُ قُبَاءَ فَوَلَدْتُ بِقُبَاءٍ، ثُمَّ أَتَيْتُ بِهِ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَوَضَعْتُهُ فِيْ حَجْرِهِ، ثُمَّ دَعَا بِتَمْرَةٍ فَمَضَغَهَا، ثُمَّ تَفَلَ فِيْ فِيْهِ، فَكَانَ أَوَّلَ شَيْئٍ دَخَلَ جَوْفَهُ رِيْقُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ حَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ، ثُمَّ دَعَا لَهُ وَبَرَّكَ عَلَيْهِ، وَكَانَ أَوَّلَ مَوْلُوْدٍ وُلِدَ فِي الإِسْلَامِ، فَفَرِحُوْا بِهِ فَرَحًا

شَدِيْدًا، لِأَنَّهُمْ قِيْلَ لَهُمْ: إِنَّ الْيَهُوْدَ قَدْ سَحَرَتْكُمْ وَلاَ يُوْلَدُ لَكُمْ. [راجع: ۳۹۰۹]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۵۹) آئی ہے، مگر یہاں سیاق مختلف ہے، اس لئے بعد میں ترجمہ ہے۔

[۵٤٧٠-] حدثنا مَطَرُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ ابْنٌ لِأَبِيْ طَلْحَةَ يَشْتَكِيْ، فَخَرَجَ أَبُوْ طَلْحَةَ، فَقُبِضَ الصَّبِيُّ فَلَمَّا رَجَعَ أَبُوْ طَلْحَةَ قَالَ: مَا فَعَلَ ابْنِيْ؟ قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: هُوَ أَسْكَنُ مَا كَانَ. فَقَرَّبَتْ إِلَيْهِ الْعَشَاءَ فَتَعَشَّى، ثُمَّ أَصَابَ مِنْهَا، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَتْ: وَارُوْا الصَّبِيَّ. فَلَمَّا أَصْبَحَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ: "أَأَعْرَسْتُمُ اللَّيْلَةَ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمَا" فَوَلَدَتْ غُلاَمًا، قَالَ لِيْ أَبُوْ طَلْحَةَ: احْفَظْهُ حَتّٰى تَأْتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَى بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَأَرْسَلَتْ مَعَهُ بِتَمَرَاتٍ، فَأَخَذَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "أَمَعَهُ شَيْئٌ؟" قَالُوْا: نَعَمْ تَمَرَاتٌ. فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَمَضَغَهَا، ثُمَّ أَخَذَ مِنْ فِيْهِ فَجَعَلَهَا فِي فِي الصَّبِيِّ، وَحَنَّكَهُ بِهِ، وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ. [راجع: ۱۳۰۱]

حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ، وَسَاقَ الْحَدِيْثَ.

ترجمہ: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا ایک لڑکا بیمار تھا، وہ سفر میں نکلے، جس دن ان کی واپسی تھی بچہ وفات پا گیا، ابوطلحہؓ گھر پہنچے تو پوچھا: میرا بیٹا کیسا ہے؟ ام سلیمؓ نے کہا: ہمیشہ سے پُرسکون ہے، پھر ام سلیم نے ان کے سامنے شام کا کھانا پیش کیا، انھوں نے کھایا، پھر دونوں نے ہم بستری کی، جب فارغ ہوئے تو ام سلیمؓ نے کہا: بچے کو دفن کرو، صبح ابوطلحہؓ نے نبی ﷺ کو یہ بات بتائی، آپؐ نے پوچھا: تم نے آج رات صحبت کی؟ انھوں نے کہا: ہاں! آپؐ نے دعا دی: اے اللہ! دونوں کے لئے برکت فرما! پس ام سلیم نے دوسرا لڑکا جنا، انسؓ کہتے ہیں: مجھ سے ابوطلحہ نے کہا: بچے کو بہ حفاظت نبی ﷺ کے پاس لے جا، وہ اس کو نبی ﷺ کے پاس لائے، اور ام سلیمؓ نے انسؓ کے ساتھ چند چھوہارے بھیجے تھے، آپؐ نے بچے کو لیا اور پوچھا: اس کے ساتھ کچھ ہے؟ لوگوں نے بتایا: چند چھوہارے ہیں، آپؐ نے ان کو لیا اور چبایا، پھر اپنے منہ سے لیا، اور بچے کے منہ میں ڈالا، اور بچے کی اس کے ذریعہ تحنیک کی اور اس کا عبداللہ نام رکھا —— یہ روایت انس بن سیرین کی ہے، اور ان کے بھائی محمد بن سیرین کی روایت آگے (حدیث ۵۸۲۴) آئے گی۔

فائدہ: تحنیك: حَنَك سے ہے، حنك کے معنی ہیں: تالو یعنی منہ کے اندر کا بالائی حصہ، پس تحنیك کے معنی ہیں:

چپائی ہوئی چیز بچہ کے تالو کو ملنا، کسی بزرگ سے کھجور وغیرہ چبوا کر بچہ کو تھوڑا تھوڑا کھلانا تحنیك نہیں ہے، مگر فائدہ سے خالی بھی نہیں ہے۔

بَابُ إِمَاطَةِ الْأَذٰی عَنِ الصَّبِیِّ فِی الْعَقِیْقَةِ

عقیقہ کے دن بچے کی تکلیف دور کی جائے

أذی کے معنی ہیں: تکلیف، اور مراد ہے تکلیف دہ چیز یعنی سر کے بال اور ختنہ کی کھال، اور حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ عقیقہ ساتویں دن کیا جائے (ترمذی حدیث ۱۵۱۰) پس اسی دن اس کے سر کے بال اتارے جائیں، اور لڑکا توانا ہو تو اسی دن ختنہ بھی کرادی جائے۔ اور باب میں حضرت سلمان بن عامر ضبی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو موقوفاً بھی مروی ہے اور مرفوعاً بھی، اور صحیح یہ ہے کہ حدیث مرفوع ہے۔

حدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مع الغلام عقیقة، فأهریقوا عنه دما، وأمیطوا عنه الأذی! ''لڑکے کے ساتھ عقیقہ ہے'' یعنی لڑکے کا عقیقہ تو ہونا ہی چاہئے، اس پر بلائیں زیادہ آتی ہیں، اور عقیقہ سے بلائیں ٹلتی ہیں، ''پس تم اس کی طرف سے خون بہاؤ'' (عقیقہ میں اصل جانور ذبح کرنا ہے، پھر دعوت کرنا یا گوشت تقسیم کرنا یکساں ہے) ''اور اس سے تکلیف دہ چیز دور کرو'' یعنی سر کے بال، ہاتھ پاؤں کے ناخن کاٹو، اور بچہ تندرست ہو تو ختنہ بھی کرادو۔

[۲-] بَابُ إِمَاطَةِ الْأَذٰی عَنِ الصَّبِیِّ فِی الْعَقِیْقَةِ

[۵۴۷۱-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: مَعَ الْغُلَامِ عَقِیْقَةٌ.

وَقَالَ حَجَّاجٌ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا أَیُّوْبُ وَقَتَادَةُ، وَهِشَامٌ، وَحَبِیْبٌ، عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم. [طرفه: ۵۴۷۲]

[۵۴۷۲-] وَقَالَ غَیْرُ وَاحِدٍ: عَنْ عَاصِمٍ، وَهِشَامٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِیْرِیْنَ، عَنِ الرَّبَّابِ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

وَرَوَی یَزِیْدُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ سَلْمَانَ قَوْلَهُ.

وَقَالَ أَصْبَغُ: أَخْبَرَنِی ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ جَرِیْرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ أَیُّوْبَ السَّخْتِیَانِیِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلْمَانُ بْنُ عَامِرٍ الضَّبِیُّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: ''مَعَ الْغُلَامِ عَقِیْقَةٌ، فَأَهْرِیْقُوْا عَنْهُ دَمًا، وَأَمِیْطُوْا عَنْهُ الْأَذٰی''[راجع: ۵۴۷۱]

حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِی الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَيْشٌ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ، قَالَ: أَمَرَنِی ابْنُ سِيْرِيْنَ أَنْ أَسْأَلَ الْحَسَنَ، مِمَّنْ سَمِعَ حَدِيْثَ الْعَقِيْقَةِ، فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: مِنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ.

سندوں کی وضاحت

عقیقہ کی حدیث حضرت سلمان بن عامر ضبیؓ سے بھی مروی ہے اور حضرت سمرۃ بن جندبؓ سے بھی، امام بخاریؒ نے حضرت سلمان کی حدیث کی پانچ سندیں ذکر کی ہیں۔

۱-حماد بن زید کے شاگرد ابوالنعمان محمد بن فضل سدوسی کی ہے: اس سند سے روایت موصول ہے مگر موقوف ہے۔

۲-حماد کے شاگرد حجاج بن منہال کی ہے: اس سند سے حدیث مرفوع ہے، مگر یہ سند معلق ہے، حجاج امام بخاریؒ کے استاذ نہیں۔

۳-حماد کے علاوہ متعدد حضرات کی سند ہے، وہ عاصم احول اور ہشام بن حسان سے روایت کرتے ہیں، اور وہ دونوں ابن سیرین کی بہن حفصہ سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت سلمان کی بھتیجی رَباب سے روایت کرتی ہیں، وہ اپنے چچا حضرت سلمان سے روایت کرتی ہیں: اس سند میں مجہول رواۃ (غیر واحد) ہیں اور اس سند سے حدیث مرفوع ہے۔

۴-ابن سیرین کے شاگرد یزید کی سند ہے: یہ سند معلق ہے اور حدیث موقوف ہے۔

۵-اصبغ بن الفرج (استاذ بخاری) کی سند سے حدیث مرفوع متصل ہے، اور اسی سند کا متن لکھا ہے۔

اور عقیقہ کی حدیث جو حسن بصریؒ حضرت سمرۃ بن جندبؓ سے روایت کرتے ہیں، جس کی تخریج ترمذی اور نسائی نے کی ہے (امام بخاریؒ نے اس کی تخریج نہیں کی) اس کے بارے میں ابن سیرین نے حبیب بن الشہید کے ذریعہ حضرت حسن بصریؒ سے معلوم کرایا کہ انھوں نے وہ حدیث کس سے سنی ہے؟ حضرت حسنؒ نے کہا: میں نے وہ حدیث خود حضرت سمرۃؓ سے سنی ہے۔

بَابُ الْفَرَعِ وَبَابُ الْعَتِيْرَةِ

اونٹنی اور بکری کے پہلے بچہ کی قربانی اور ماہ رجب کی قربانی منسوخ ہیں

یہ دو باب ہیں، دونوں بابوں میں ایک ہی حدیث ہے: لافَرَعَ ولا عَتِيْرَةَ: نہ اونٹنی اور بکری کے پہلے بچہ کی قربانی ہے اور نہ ماہِ رجب کی قربانی ہے، جاہلیت میں پہلی قربانی کی جاتی تھی، پہلا بچہ بتوں کے نام پر ذبح کیا جاتا تھا تاکہ نسل میں برکت ہو، اسلام نے اس کو ختم کردیا، اسی طرح ماہ رجب میں قربانی کی جاتی تھی، مگر جب ماہ ذی الحجہ کی قربانی مشروع ہوئی تو اس کو ختم کردیا، جیسے عاشوراء کا روزہ ختم کردیا جب رمضان کا روزہ شروع ہوا —— یہ دونوں قربانیاں ختم ہوئیں تو کتاب

العقیقہ بھی ختم ہوئی (براعتِ اختتام)

[٣-] بَابُ الْفَرَعِ

[٥٤٧٣-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَافَرَعَ وَلَا عَتِيْرَةَ"

وَالْفَرَعُ: أَوَّلُ النِّتَاجِ، كَانُوْا يَذْبَحُوْنَهُ لِطَوَاغِيْتِهِمْ، وَالْعَتِيْرَةُ: فِي رَجَبٍ. [طرفه: ٥٤٧٤]

[٤-] وَبَابُ الْعَتِيْرَةِ

[٥٤٧٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: حَدَّثَنَاهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنَ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَافَرَعَ وَلَا عَتِيْرَةَ"

وَالْفَرَعُ: أَوَّلُ النِّتَاجِ كَانَ يُنْتَجُ لَهُمْ، كَانُوْا يَذْبَحُوْنَهُ لِطَوَاغِيْتِهِمْ، وَالْعَتِيْرَةُ: فِيْ رَجَبٍ.

[طرفه: ٥٤٧٣]

﴿الحمدللہ! کتاب العقیقہ کی شرح مکمل ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الذَّبائح والصَّید والتسمیة

ذبیحہ، شکار اور بسم اللہ پڑھ کر شکار پر جانور چھوڑنا

یہ بھی سب کھانے ہیں، اس لئے کتاب الاطعمۃ اور کتاب العقیقہ کے بعد یہ کتاب لائے ہیں، اور کتاب کے شروع میں دو آیتیں اور ایک حدیث لکھی ہے، جن میں اس سلسلہ کے احکام ہیں:

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ المائدۃ کی (آیت ۳) ہے: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَا أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ، وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ، وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْأَزْلَامِ، ذٰلِكُمْ فِسْقٌ، اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ﴾: حرام کیا گیا تم پر مردار یعنی وہ جانور جو باوجود واجب الذبح ہونے کے بغیر شرعی ذبح کے مرجاوے، اور خون (جو جانور کو ذبح کرتے وقت نکلتا ہے) اور خنزیر کا گوشت (اور اسی طرح اس کے سب اجزاء) اور جو جانور غیر اللہ کے نامزد کردیا گیا ہو (وہ بسم اللہ پڑھ کر ذبح کیا جائے تو بھی حرام ہے) اور جو گلا گھٹنے سے مرجائے، اور جو کسی چوٹ سے مرجائے، اور جو اونچے سے گر کر مرجائے، اور جو کسی جانور کی ٹکر سے مرجائے، اور جس کو کوئی درندہ کھانے لگے، مگر جس کو ذبح کرڈالو (استثناء کا تعلق منخنقۃ سے آخر تک سب سے ہے، ان میں سے جن کو دَم نکلنے سے پہلے قاعدۂ شرعیہ کے مطابق ذبح کرلیا جائے وہ حلال ہے) اور جو جانور پرستش گاہوں پر ذبح کیا گیا ہو، اور یہ کہ تقسیم کرو تم قرعہ کے تیروں کے ذریعہ: یہ سب گناہ کے کام ہیں، آج کفار ناامید ہوگئے ہیں تمہارے دین سے، پس ان سے مت ڈرو، اور مجھ سے ڈرتے رہو یعنی میرے احکام کی مخالفت مت کرو۔

علاوہ ازیں: آیات اول و دوم کے بعض الفاظ کے معانی بیان کئے ہیں: وہ یہ ہیں:

(الف) سورۃ المائدۃ کی پہلی آیت میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! أَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ، أُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْأَنْعَامِ إِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ﴾: اے ایمان والو! عہدوں کو پورا کرو، تمہارے لئے حلال کئے گئے پالتو چوپایے، مگر جن کا ذکر آگے آتا ہے —— عقود: عَقْد کی جمع ہے: عہد و پیمان، معاہدہ جس کے طرفین پابند ہوں، اور مراد تمام شرائع (احکام) ہیں، ابن عباسؓ نے تفسیر کی ہے: ما أحل وُحرِّم: حلال وحرام کے جملہ احکامات۔

(ب) دوسری آیت میں ہے: ﴿وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَنْ صَدُّوْکُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَنْ تَعْتَدُوْا﴾: اور ہرگز جرم نہ کرائے تم سے کسی قوم کی دشمنی، بایں وجہ کہ انھوں نے تم کو مسجد حرام سے روکا ہے کہ تم حد سے نکل جاؤ یعنی انصاف نہ کرو۔

آیت (۲): سورۃ المائدۃ کی (آیت ۹۴) ہے: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لَیَبْلُوَنَّکُمُ اللّٰهُ بِشَیْئٍ مِنَ الصَّیْدِ تَنَالُهٗ أَیْدِیْکُمْ وَرِمَاحُکُمْ﴾: اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ قدرے شکار سے تمہارا امتحان کریں گے، جن تک تمہارا ہاتھ اور تمہارے نیزے پہنچ سکیں گے ــــــ اس آیت میں شکار کا تذکرہ ہے، اس مناسبت سے یہ آیت لکھی ہے، ورنہ اس میں حالت احرام میں شکار کا بیان ہے۔

اور ایک آیت امام بخاریؒ نے یہاں نہیں لکھی (باب ۷ میں لکھی ہے) اس میں شکاری جانور سے شکار کرنے کے احکام ہیں، وہ یہ ہے:

آیت (۳): سورۃ المائدۃ کی (آیت ۴) ہے: ﴿یَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ؟ قُلْ: أُحِلَّ لَکُمُ الطَّیِّبَاتُ، وَمَا عَلَّمْتُمْ مِنَ الْجَوَارِحِ مُکَلِّبِیْنَ، تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَکُمُ اللّٰهُ، فَکُلُوْا مِمَّا أَمْسَکْنَ عَلَیْکُمْ، وَاذْکُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ عَلَیْهِ﴾: لوگ آپؐ سے پوچھتے ہیں: کیا چیز ان کے لئے حلال ہے؟ جواب دیں: تمام ستھری چیزیں تمہارے لئے حلال ہیں، اور جن شکاری جانوروں کو تم سدھاؤ اور ان کو شکار پر چھوڑو (ان کا مارا ہوا جانور حلال ہے) تعلیم دیتے ہو تم اس طریقہ سے جو تم کو اللہ نے سکھایا ہے، پس کھاؤ تم اس شکار کو جو انھوں نے تمہارے لئے روک رکھا ہے، اور اس پر اللہ کا نام لو ــــــ شکاری کتّے یا باز وغیرہ سے شکار کیا ہوا جانور پانچ شرطوں سے حلال ہے: (۱) شکاری جانور سدھایا ہوا ہو (۲) شکار پر چھوڑا گیا ہو (۳) اسے اس طریقہ پر تعلیم دی گئی ہو جس کو شریعت نے معتبر رکھا ہے یعنی کتّے کو سکھلایا جائے کہ وہ شکار کو مار کر کھائے نہیں، اور باز کو تعلیم دی جائے کہ وہ بلانے پر واپس آ جائے اگرچہ وہ شکار کے پیچھے جا رہا ہو (۴) چھوڑتے وقت بسم اللہ کہہ کر چھوڑا ہو (۵) شکاری جانور شکار کو زخمی کرے جس سے خون بہنے لگے (یہ شرط لفظ جوارح سے مفہوم ہوتی ہے، اس کا مادہ جرح ہے، جس کے معنی زخمی کرنے کے ہیں)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ کتاب کے احکام کا مدار علاوہ مذکورہ آیات کے دو حدیثوں پر ہے: **ایک**: حضرت عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ کی حدیث، دوم: حضرت ابو ثعلبہ خُشنی رضی اللہ عنہ کی حدیث، پہلی حدیث پہلے دو جگہ (تحفۃ القاری ۱: ۵۰۰ و ۵: ۱۳۵) آئی ہے، اور دوسری حدیث نئی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۷۲- کتابُ الذبائح والصید والتَّسمیۃ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿حُرِّمَتْ عَلَیْکُمُ الْمَیْتَةُ﴾ إِلٰی قَوْلِهٖ: ﴿فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ﴾

[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنَ الصَّيْدِ﴾ الآيَةَ.

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: الْعُقُوْدُ: الْعُهُوْدُ، مَا أُحِلَّ وَحُرِّمَ ﴿إِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ﴾: الْخِنْزِيْرُ ﴿يَجْرِمَنَّكُمْ﴾: يَحْمِلَنَّكُمْ. ﴿شَنَآنُ﴾: عَدَاوَةُ. ﴿الْمُنْخَنِقَةُ﴾: تُخْنَقُ فَتَمُوْتُ. ﴿الْمَوْقُوْذَةُ﴾: تُضْرَبُ بِالْخَشَبِ تُوْقِذُهَا فَتَمُوْتُ. ﴿الْمُتَرَدِّيَةُ﴾ تَتَرَدَّى مِنَ الْجَبَلِ. ﴿النَّطِيْحَةُ﴾: تُنْطَحُ الشَّاةُ، فَمَا أَدْرَكْتَهُ يَتَحَرَّكُ بِذَنَبِهِ أَوْ بِعَيْنِهِ فَاذْبَحْ وَكُلْ.

[۵۴۷۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ فَقَالَ:" مَا أَصَابَ بِحَدِّهِ فَكُلْهُ، وَمَا أَصَابَ بِعَرْضِهِ فَهُوَ وَقِيْذٌ" وَسَأَلْتُهُ عَنْ صَيْدِ الْكَلْبِ فَقَالَ:" مَا أَمْسَكَ عَلَيْكَ فَكُلْ، فَإِنَّ أَخْذَ الْكَلْبِ ذَكَاةٌ، فَإِنْ وَجَدْتَ مَعَ كَلْبِكَ أَوْ: كِلَابِكَ كَلْبًا غَيْرَهُ فَخَشِيْتَ أَنْ يَكُوْنَ أَخَذَهُ مَعَهُ، وَقَدْ قَتَلَهُ فَلَا تَأْكُلْ، فَإِنَّمَا ذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى كَلْبِكَ وَلَمْ تَذْكُرْهُ عَلٰى غَيْرِهِ" [راجع: ۱۷۵]

وضاحت: ﴿إِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ﴾ کا مصداق صرف خنزیر نہیں، بلکہ آیت ۳ میں مذکور تمام محرمات ہیں .... ﴿يَجْرِمَنَّكُمْ﴾ کا ترجمہ کیا ہے: برانگیختہ کرے تم کو، اور دوسرا ترجمہ ہے: تمہارے لئے باعث ہوجائے یعنی سبب بن جائے، میں نے تیسرا ترجمہ کیا ہے............منخنقه وغیرہ زندہ ہاتھ آجائیں اور ان میں زندگی کی رمق باقی ہو، دُم ہل رہی ہو یا آنکھیں پھڑک رہی ہوں اور ذبح کرلیا جائے تو حلال ہیں، مردار نہیں۔

حدیث: حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے معراض کے شکار کے بارے میں دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: وہ شکار جس کو معراض کی دھار (نوک) لگے اس کو کھاؤ، اور جو اپنی چوڑائی سے لگے وہ کوٹا ہوا ہے (اور حرام ہے) پھر انھوں نے کتّے کے شکار کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: جو شکار کتا تمہارے لئے روک لے اس کو کھاؤ، اس لئے کہ کتّے کا پکڑنا (اور مار ڈالنا) ذبح ہے، اور اگر تم اپنے کتّے/ کتوں کے ساتھ کوئی اور کتا پاؤ، اور تمہیں ڈر ہو/ احتمال ہو کہ اس دوسرے کتے نے تمہارے کتے کے ساتھ شکار کو پکڑا ہو اور اس نے شکار کو مار ڈالا ہو تو مت کھاؤ، کیونکہ تم نے اپنے کتے پر اللہ کا نام لیا ہے اور تم نے اس دوسرے کتّے پر اللہ کا نام نہیں لیا۔

بَابُ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ

معراض کا شکار

معراض: تیر کے پھل کی طرح کا ایک ہتھیار تھا، تیر میں لکڑی لگتی تھی، اور وہ کمان سے چلایا جاتا تھا اور معراض میں لکڑی نہیں لگتی تھی، اور وہ تیر کے پھل سے بڑا ہوتا تھا، اور اس کا پکڑنے کا دستہ ہوتا تھا، اس کو ہاتھ سے پکڑ کر سیدھ باندھ کر مارتے

تھے، وحشیؓ نے سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو اسی ہتھیار سے قتل کیا تھا (تحفۃ الالمعی ۴:۴۰۹) یہ ہتھیار اگر اپنی نوک سے لگے اور زخمی کرے تو شکار حلال ہے، اور جانب سے لگے اور شکار کو کوٹ کر مار دے تو حرام ہے، جیسا کہ حضرت عدیؓ کی حدیث میں ہے۔

مٹی کے غُلّہ کا شکار: غُلیل سے غُلّہ چلایا، چڑیا کو لگا اور وہ مر گئی تو حرام ہے، یہ موقوذہ (کوٹا ہوا) ہے، یہی رائے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اور کئی اکابر تابعین کی ہے، کیونکہ غُلّے میں دھار/ نوک نہیں ہوتی ـــــ فقہاء کے نزدیک بندوق کے شکار کا بھی یہی حکم ہے، چھرّے میں بھی دھار/ نوک نہیں ہوتی، اور وہ بارود کی طاقت سے چلایا جاتا ہے اس لئے وہ زور کی ٹکر مارتا ہے اور شکار مر جاتا ہے۔ اور اگر شکار بڑا ہوتا ہے، ہرن جیسا تو وہ زندہ ہاتھ آجاتا ہے اور ذبح اختیاری ضروری ہوتا ہے، پس وہاں بندوق کے شکار کا مسئلہ ہی جاری نہیں ہوتا۔

غُلّہ چلانے کا حکم: دیہاتوں اور شہروں میں غلیل سے غلہ نہیں چلانا چاہئے ممکن ہے کسی کی آنکھ پر لگ جائے اور وہ ضائع ہو جائے، ہاں جنگل میں غلیل سے یا گوپھن سے غلہ یا ڈھیلا پھینک سکتے ہیں، کھیتوں میں چڑیا اڑانے کے لئے گوپھن سے ڈھیلے پھینکے جا سکتے ہیں۔

[۲-] بَابُ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ فِي الْمَقْتُوْلَةِ بِالْبُنْدُقَةِ: تِلْكَ الْمَوْقُوْذَةُ، وَكَرِهَهُ سَالِمٌ، وَالْقَاسِمُ، وَمُجَاهِدٌ، وَإِبْرَاهِيْمُ، وَعَطَاءٌ، وَالْحَسَنُ.

[۲-] وَكَرِهَ الْحَسَنُ رَمْيَ الْبُنْدُقَةِ فِي الْقُرَى وَالْأَمْصَارِ، وَلَا يَرَى بَأْسًا فِيْمَا سِوَاهُ.

[۵۴۷۶-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمِعْرَاضِ، فَقَالَ: "إِذَا أَصَبْتَ بِحَدِّهِ فَكُلْ، وَإِذَا أَصَابَ بِعَرْضِهِ فَقَتَلَ فَإِنَّهُ وَقِيْذٌ، فَلَا تَأْكُلْ" فَقُلْتُ: أُرْسِلُ كَلْبِيْ. قَالَ: "إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ وَسَمَّيْتَ، فَكُلْ" قُلْتُ: فَإِنْ أَكَلَ؟ قَالَ: "فَلَا تَأْكُلْ، فَإِنَّهُ لَمْ يُمْسِكْ عَلَيْكَ، إِنَّمَا أَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهِ" قُلْتُ: أُرْسِلُ كَلْبِيْ فَأَجِدُ مَعَهُ كَلْبًا آخَرَ. قَالَ: "لَا تَأْكُلْ، فَإِنَّكَ إِنَّمَا سَمَّيْتَ عَلٰى كَلْبِكَ، وَلَمْ تُسَمِّ عَلَى الْآخَرِ" [راجع: ۱۷۵]

بَابُ مَا أَصَابَ الْمِعْرَاضُ بِعَرْضِهِ

وہ شکار جس کو معراض اپنی سائڈ سے لگے

معراض کی چوڑائی میں دھار نہیں ہوتی، صرف سامنے نوک ہوتی ہے، پس اگر معراض خرگوش کو نوک سے لگے اور نوک

اس میں گھس جائے اور وہ ہاتھ میں آنے سے پہلے مرجائے تو کھا سکتے ہیں، اور سائڈ سے لگے اور اس کی ٹکر سے شکار مرجائے تو نہیں کھا سکتے............ خزَق السهمُ: تیر کا شکار کے جسم میں گھس جانا۔

[۳-] بَابُ مَا أَصَابَ الْمِعْرَاضُ بِعَرْضِهِ

[۵۴۷۷-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا نُرْسِلُ الْكِلَابَ الْمُعَلَّمَةَ. قَالَ: "كُلْ مَا أَمْسَكْنَ عَلَيْكَ" قُلْتُ: فَإِنْ قَتَلْنَ؟ قَالَ: "وَإِنْ قَتَلْنَ" قُلْتُ: إِنَّا نَرْمِيْ بِالْمِعْرَاضِ. قَالَ: "كُلْ مَا خَزَقَ، وَمَا أَصَابَ بِعَرْضِهِ فَلَا تَأْكُلْ" [راجع: ۱۷۵]

بَابُ صَيْدِ الْقَوْسِ

کمان کا شکار

قوس: کمان، دَھنک، ایک خم دار آلہ جس سے تیر چلاتے ہیں، کمان کے شکار کے احکام قرآنِ کریم میں نہیں ہیں، قرآن میں شکاری جانور سے شکار کرنے کے احکام ہیں، تیر کمان سے شکار کرنے کے احکام حدیثوں میں ہیں، حضرت عدیؓ اور حضرت ابوثعلبہ خشنیؓ کی حدیثوں میں ہیں۔ حضرت عدیؓ کی حدیث آچکی ہے، باب میں حضرت ابوثعلبہؓ کی حدیث ہے، تیر مارنے سے کبھی شکار کا کوئی عضو کٹ کر علاحدہ ہوجاتا ہے، اس کا حکم حدیث میں نہیں ہے، اس لئے آثار لائے ہیں، اور ہدایہ میں اس سلسلہ میں یہ ضابطہ ہے کہ مُبان (جدا کیا ہوا) عضو فرع ہے اور مُبان منہ (جس جانور سے عضو جدا کیا گیا) اصل ہے، پس جہاں اصل میں اصل ہونے کی صلاحیت ہو تو مُبان حرام ہے، ورنہ نہیں، پس اگر شکار کے دو برابر حصے ہوگئے تو دونوں حلال ہیں، کیونکہ اب کسی حصہ میں مبان منہ ہونے کی صلاحیت نہیں، اور ٹانگ کٹ کر علاحدہ ہوگئی تو وہ حرام ہے، کیونکہ وہ مُبان ہے۔

اثر (۱): حسن بصری اور ابراہیم نخعی رحمہما اللہ نے فرمایا: جب شکار کو تیر مارا پس اس سے ہاتھ یا پیر جدا ہوگیا تو نہ کھائے وہ جو اس سے جدا ہوا، اور کھائے باقی سارا۔

اثر (۲): حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے فرمایا: جب آپ نے شکار کی گردن پر یا اس کے درمیان میں تیر مارا (اور شکار کے دو ٹکڑے ہوگئے) پس اس کو کھا یعنی دونوں حصے حلال ہیں۔

اثر (۳): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے خاندان والوں پر جنگلی گدھے (گورخر) نے نافرمانی کی یعنی وہ بے قابو ہوگیا اور ذبح اختیاری کی کوئی صورت نہ رہی تو ابن مسعودؓ نے ان کو حکم دیا کہ وہ اس کو کوئی دھار دار چیز ماریں جہاں بھی مارنا آسان ہو، اور جو عضو اس میں سے گر جائے اس کو چھوڑ دیں (نہ کھائیں) اور اس کو کھائیں (یہ ذبح اضطراری ہے)

مسئلہ: جانور ذبح کیا اور ٹھنڈا ہونے سے پہلے اس کا عضو یا سر علاحدہ کردیا تو وہ حلال ہے، کیونکہ یہ ایسے زندہ جانور میں سے علاحدہ کیا گیا ہے جو صرف صورۃً زندہ ہے، حکماً زندہ نہیں۔

حدیث: ابوثعلبہ خُشنی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: ہم اہل کتاب کے علاقہ میں رہتے ہیں، پس کیا ہم ان کے (مٹی کے) برتنوں میں کھا سکتے ہیں؟ (وہ اس میں خنزیر پکاتے ہیں، اور شراب پیتے ہیں) اور ہم شکار کی سرزمین میں رہتے ہیں یعنی ہمارے علاقہ میں شکار بہت ہیں: میں اپنی کمان اور اپنے اس کتے سے شکار کرتا ہوں جو سکھایا ہوا نہیں ہے، اور اپنے سکھلائے ہوئے کتے سے بھی شکار کرتا ہوں: پس میرے لئے کونسا حلال ہے؟ آپؐ نے فرمایا: تم نے جو اہل کتاب کے برتنوں کا مسئلہ پوچھا ہے تو اگر تمہیں ان کے علاوہ برتن میسر ہوں تو ان میں نہ کھاؤ، اور اگر دوسرے برتن نہ ہوں تو ان کو دھوڈالو، اور ان میں کھاؤ (پکاؤ) اور جو تم نے اپنی کمان سے شکار کیا اور اس پر اللہ کا نام لیا تو کھاؤ (یہاں باب ہے) اور جو تم نے اپنے سکھلائے ہوئے کتے سے شکار کیا اور تم نے اللہ کا نام لیا تو کھاؤ، اور جو تم نے اپنے غیر معلّم کتے سے شکار کیا پس تم نے اس کو ذبح کرلیا تو کھاؤ۔

[٤-] بَابُ صَيْدِ الْقَوْسِ

[١-] وَقَالَ الْحَسَنُ وَإِبْرَاهِيْمُ: إِذَا ضَرَبَ صَيْدًا، فَبَانَ مِنْهُ يَدٌ أَوْ رِجْلٌ، فَلاَ يَأْكُلُ الَّذِيْ بَانَ، وَيَأْكُلُ سَائِرَهُ.

[٢-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: إِذَا ضَرَبْتَ عُنُقَهُ أَوْ وَسَطَهُ فَكُلْهُ.

[٣-] وَقَالَ الأَعْمَشُ عَنْ زَيْدٍ: اسْتَعْصَى عَلَى آلِ عَبْدِ اللّٰهِ حِمَارٌ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَضْرِبُوْهُ حَيْثُ تَيَسَّرَ، دَعُوْا مَا سَقَطَ مِنْهُ، وَكُلُوْهُ.

[٥٤٧٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّمِشْقِيُّ، عَنْ أَبِيْ إِدْرِيْسَ، عَنْ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! إِنَّا بِأَرْضِ قَوْمٍ أَهْلِ الْكِتَابِ، أَفَنَأْكُلُ فِي آنِيَتِهِمْ؟ وَبِأَرْضِ صَيْدٍ أَصِيْدُ بِقَوْسِي وَبِكَلْبِيْ الَّذِيْ لَيْسَ بِمُعَلَّمٍ، وَبِكَلْبِيْ الْمُعَلَّمِ، فَمَا يَصْلُحُ لِيْ؟ قَالَ: " أَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَإِنْ وَجَدْتُمْ غَيْرَهَا فَلاَ تَأْكُلُوْا فِيْهَا، وَإِنْ لَمْ تَجِدُوْا فَاغْسِلُوْهَا وَكُلُوْا فِيْهَا، وَمَا صِدْتَ بِقَوْسِكَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ، وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ الْمُعَلَّمِ فَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ، وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ غَيْرِ مَعَلَّمٍ فَأَدْرَكْتَ ذَكَاتَهُ فَكُلْ" [طرفاه: ٥٤٨٨، ٥٤٩٦]

بَابُ الْخَذْفِ وَالْبُنْدُقَةِ

انگلیوں سے کنکری پھینکنا اور غلّہ چلانا

یہ مسئلہ ابھی باب دوم میں آچکا ہے: عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا جو انگلیوں سے کنکری پھینک رہا

تھا، آپؓ نے اس کو منع کیا اور حدیث سنائی کہ نبی ﷺ نے انگلیوں سے کنکری پھینکنے سے منع کیا ہے، یا فرمایا کہ آپؐ اس کو ناپسند کرتے تھے، اور فرمایا: انگلیوں سے کنکری پھینک کر نہ تو شکار کیا جاسکتا ہے، اور نہ اس کے ذریعہ دشمن کو زخمی کر کے مارا جاسکتا ہے، ہاں کبھی کنکر دانت توڑ دیتا ہے اور آنکھ پھوڑ دیتا ہے! پھر حضرت عبداللہ نے اس شخص کو کنکری پھینکتے دیکھا، تو اس سے کہا: میں نے تجھے حدیث سنائی تھی کہ نبی ﷺ نے انگلیوں سے کنکری پھینکنے سے منع کیا ہے یا فرمایا: ناپسند کیا ہے اور تو اب بھی انگلیوں سے کنکری پھینک رہا ہے؟ میں تجھ سے اتنے اتنے عرصہ تک بات نہیں کرونگا (اور غلّہ چلانے کا حکم خذف پر قیاس کر کے لیں گے)

[۵-] بَابُ الْخَذْفِ وَالْبُنْدُقَةِ

[۵۴۷۹-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ رَاشِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، وَاللَّفْظُ لِيَزِيْدَ، عَنْ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ: أَنَّـهُ رَأَى رَجُلاً يَخْذِفُ، فَقَالَ لَهُ: لاَ تَخْذِفْ فَإِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْخَذْفِ أَوْ: كَانَ يَكْرَهُ الْخَذْفَ، وَقَالَ: "إِنَّـهُ لاَ يُصَادُ بِهِ صَيْدٌ وَلاَ يُنْكَأُ بِهِ عَدُوٌّ، لكِنَّهَا قَدْ تَكْسِرُ السِّنَّ وَتَفْقَأُ الْعَيْنَ" ثُمَّ رَآهُ بَعْدَ ذٰلِكَ يَخْذِفُ فَقَالَ لَهُ: أُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّـهُ نَهَى عَنِ الْخَذْفِ أَوْ: كَرِهَ الْخَذْفَ، وَأَنْتَ تَخْذِفُ؟ لاَ أُكَلِّمُكَ كَذَا وَكَذَا. [راجع: ۴۸۴۱]

بَابُ مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا لَيْسَ بِكَلْبِ صَيْدٍ أَوْ مَاشِيَةٍ

شوقیہ کتا پالنے سے اجر گھٹ جاتا ہے

ہر ضرورت کے لئے کتا پالنا جائز ہے، اور اب بہت سے کام کتوں سے لئے جاتے ہیں، وہ گھر اور کھیتی کی حفاظت کرتے ہیں، اندھے کی راہ بری کرتے ہیں، بھیڑیں کھیت میں چھوڑ آتے ہیں اور لے آتے ہیں، اور پولیس تو کتوں سے بہت کام لیتی ہے، اور بے ضرورت شوقیہ کتا پالنا جائز نہیں، اگر پالے گا تو روزانہ دو قیراط ثواب گھٹ جائے گا۔

حدیث: ابن عمرؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: "جس نے کتا پالا جو نہ مویشی کی حفاظت کے لئے ہے نہ شکار کے لئے تو اس کے ثواب میں سے روزانہ دو قیراط کم ہوجائیں گے!"

[۶-] بَابُ مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا لَيْسَ بِكَلْبِ صَيْدٍ أَوْ مَاشِيَةٍ

[۵۴۸۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ دِيْنَارٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا لَيْسَ بِكَلْبِ مَاشِيَةٍ أَوْ

ضَارِيَةٍ، نَقَصَ كُلَّ يَوْمٍ مِنْ عَمَلِهِ قِيْرَاطَيْنِ" [طرفاه: ۵۴۸۱، ۵۴۸۲]

[۵۴۸۱-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ، سَمِعْتُ سَالِمًا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا إِلَّا كَلْبًا ضَارِيًا لِصَيْدٍ أَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ، فَإِنَّهُ يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَيْنِ" [راجع: ۵۴۸۰]

[۵۴۸۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ أَوْ ضَارٍ، نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ" [راجع: ۵۴۸۰]

لغت: ضَارٍ (اسم فاعل) اصل میں ضَارِیٌ بروزن قاضی تھا: شکار کا خوگر کتا یعنی معلّم: از ضَرِیَ یَضْرِیٰ ضَرَاوۃ: کتے کا شکار کا خوگر ہونا، اور پہلی حدیث میں جو ضَارِیَة ہے وہ ماشیة کے تناسب سے ہے۔

بَابٌ: إِذَا أَكَلَ الْكَلْبُ

جب کتا شکار میں سے کھائے

شکاری جانور کے ذریعہ کئے ہوئے شکار کی حلت کے لئے پانچ شرطیں ہیں، جو کتاب کے شروع میں بیان کی گئی ہیں، ان میں سے ایک شرط یہ ہے کہ کتا شکار کو مارنے کے بعد اس میں سے نہ کھائے، روک رکھے، پس یہ دلیل ہوگی کہ اس نے اپنے مالک کے لئے مارا ہے، اور اگر خود کھایا تو علامت ہوگی کہ اس نے اپنے لئے مارا ہے۔

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے سورۃ المائدۃ کی آیت چار لکھی ہے، جس میں شکاری جانور کے ذریعہ شکار کرنے کے احکام ہیں، اس آیت میں لفظ الجوارح ہے: اس کی مناسبت سے سورۃ الجاثیہ (آیت ۲۱) میں جو اجترحوا آیا ہے: اس کے معنی بیان کئے ہیں: ﴿أَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوْا السَّيِّئَاتِ أَنْ نَجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ، سَوَاءً مَحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ؟﴾: کیا خیال کرتے ہیں وہ لوگ جنھوں نے برائیاں کمائیں کہ ہم ان کو گردانیں گے ان لوگوں کی طرح جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کئے: برابر ہو جائے ان کا جینا اور مرنا؟ (ایسا نہیں ہو سکتا! آخرت میں دونوں میں ضرور فرق ہوگا) .... اِجْتَرَحَ الشيئَ: حاصل کرنا، کمانا، جرم کا ارتکاب کرنا (آیت میں یہی آخری معنی ہیں)

مسئلہ (۱): ابن عباسؓ نے فرمایا: اگر کتا شکار میں سے کھالے تو شکار حرام ہو جاتا ہے، کھانا علامت ہے کہ اس نے اپنے لئے مارا ہے، مالک کے لئے نہیں مارا، اور قرآن میں ہے کہ تم کتوں کو شکار کا طریقہ سکھلاؤ اس طریقہ سے جو تم کو اللہ نے سکھلایا ہے، پس کتے کو مارا جائے اور اس کو سکھلایا جائے کہ وہ کھانا چھوڑ دے، حضرت ابن عمرؓ کی بھی یہی رائے ہے۔

مسئلہ (۲): حضرت عطاء بن ابی رباح نے فرمایا: اگر کتا شکار کا خون پی لے اور گوشت نہ کھائے تو شکار حلال ہے (معلّم

کتا جانتا ہے کہ خون مالک کے لئے حرام ہے، اس لئے اس نے پی لیا، فلا بأس! اسی طرح جو عضو شکار سے علاحدہ ہوگیا: اس کو کتا کھالے تو کچھ حرج نہیں!

[۷-] بَابٌ: إِذَا أَكَلَ الْكَلْبُ

وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿سَرِيْعُ الْحِسَابِ﴾ ﴿اجْتَرَحُوْا﴾: اكْتَسَبُوْا.

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنْ أَكَلَ الْكَلْبُ فَقَدْ أَفْسَدَهُ، إِنَّمَا أَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهِ، وَاللّٰهُ تَعَالٰى يَقُوْلُ: ﴿تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ﴾ فَيُضْرَبُ وَيُعَلَّمُ حَتّٰى يَتْرُكَ، وَكَرِهَهُ ابْنُ عُمَرَ.

[۲-] وَقَالَ عَطَاءٌ: إِنْ شَرِبَ الدَّمَ، وَلَمْ يَأْكُلْ، فَكُلْ.

[۵۴۸۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ بَيَانٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ ابْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قُلْتُ: إِنَّا قَوْمٌ نَصِيْدُ بِهٰذِهِ الْكِلاَبِ، فَقَالَ: "إِذَا أَرْسَلْتَ كِلاَبَكَ الْمُعَلَّمَةَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ، فَكُلْ مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكَ وَإِنْ قَتَلْنَ، إِلَّا أَنْ يَأْكُلَ الْكَلْبُ، فَإِنِّيْ أَخَافُ أَنْ يَكُوْنَ إِنَّمَا أَمْسَكَهُ عَلٰى نَفْسِهِ، وَإِنْ خَالَطَهَا كِلاَبٌ مِنْ غَيْرِهَا فَلاَ تَأْكُلْ"[راجع: ۱۷۵]

بَابُ الصَّيْدِ إِذَا غَابَ عَنْهُ يَوْمَيْنِ أَوْ ثَلاَثَةً

شکار تیر کھا کر غائب ہوگیا، دوتین دن کے بعد ملا

شکار کو تیر مارا، شکار تیر کھا کر غائب ہوگیا، اور تلاش بسیار کے بعد بھی نہیں ملا، پھر دوسرے دن یا تیسرے دن مرا ہوا ملا، اور وہ بدبودار نہیں ہوا، اور اس میں شکاری کا تیر پیوست ہے تو ظاہر ہے کہ وہ شکاری کے تیر سے مرا ہے، کیونکہ موت کا کوئی دوسرا سبب موجود نہیں: ایسے شکار کا کیا حکم ہے؟ نبی ﷺ سے یہ مسئلہ دریافت کیا گیا، آپؐ نے فرمایا: ''اگر تمہیں یقین ہو کہ وہ شکار تمہارے ہی تیر سے مرا ہے، اور اس پر کسی درندے کے نوچنے کے نشان نہیں ہیں تو تم کھا سکتے ہو'' —— اور کیا یہ ضروری ہے کہ شکاری اس کو برابر تلاش کرتا رہا ہو؟ اس میں اختلاف ہے۔

[۸-] بَابُ الصَّيْدِ إِذَا غَابَ عَنْهُ يَوْمَيْنِ أَوْ ثَلاَثَةً

[۵۴۸۴-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ وَسَمَّيْتَ فَأَمْسَكَ وَقَتَلَ فَكُلْ، وَإِنْ أَكَلَ فَلاَ تَأْكُلْ، فَإِنَّمَا أَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهِ، وَإِذَا خَالَطَ كِلاَبًا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهَا فَأَمْسَكْنَ وَقَتَلْنَ فَلاَ تَأْكُلْ، فَإِنَّكَ لاَ تَدْرِيْ أَيُّهَا قَتَلَ، وَإِنْ رَمَيْتَ الصَّيْدَ فَوَجَدْتَهُ بَعْدَ يَوْمٍ أَوْ

يَوْمَيْنِ، لَيْسَ بِهِ إِلَّا أَثَرُ سَهْمِكَ، فَكُلْ، وَإِنْ وَقَعَ فِي الْمَاءِ فَلَا تَأْكُلْ" [راجع: ۱۷۵]

[۵۴۸۵-] وَقَالَ عَبْدُ الْأَعْلٰى: عَنْ دَاوُدَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عَدِيٍّ: أَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: يَرْمِي الصَّيْدَ فَيَقْتَفِي أَثَرَهُ الْيَوْمَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ، ثُمَّ يَجِدُهُ مَيِّتًا وَفِيْهِ سَهْمُهُ؟ قَالَ: " يَأْكُلُ إِنْ شَاءَ"

[أطرافه: ۱۷۵]

لغت اور مسئلہ: اقتفیٰ اقتفاء: کسی کے پیچھے چلنا یعنی دو تین دن تک شکاری اپنے شکار کو تلاش کرتا رہا، شکار پیشہ لوگ رات میں بھی تگ ودو کرتے رہتے ہیں، بلکہ رات میں زیادہ شکار ملتا ہے، اور اگر شکاری نے تلاش کرنا چھوڑ دیا پھر اتفاقاً مرا ہوا ملا تو حلال نہیں۔

بَابُ: إِذَا وَجَدَ مَعَ الصَّيْدِ كَلْبًا آخَرَ

شکار پر اپنے کتّے کے ساتھ دوسرا کتا پایا

قاعدہ: کسی جانور کی موت کے دو سبب جمع ہوجائیں، جن میں سے ایک مشروع ہو اور دوسرا غیر مشروع تو شکار حرام ہے، مثلاً: کنویں کی مینڈ پر کبوتر بیٹھا تھا، تیر مارا، وہ تیر کھا کر کنویں میں گرا اور نکالتے نکالتے مر گیا تو موت کے دو سبب جمع ہوئے: ایک: تیر لگنا، دوسرا: پانی میں گر کر مر جانا، اول مشروع ہے اور ثانی غیر مشروع: اس لئے کبوتر حرام ہے — اسی طرح اگر شکاری کے چھوڑے ہوئے کتّے کے ساتھ دوسرے کتّے مل جائیں، اور معلوم نہ ہو کہ کس کتے نے شکار کو مارا ہے تو وہ حرام ہے، کیونکہ شکاری نے اپنے کتے پر بسم اللہ پڑھی ہے، دوسرے کتوں پر نہیں پڑھی، ہاں شکار زندہ ہاتھ آجائے اور اس کو ذبح کرلے تو حلال ہے۔

مسئلہ: جب جانور میں حیات بقدر مذبوح رہ جائے، پھر موت کا دوسرا سبب پایا جائے تو اس کا اعتبار نہیں، جیسے مرغ ذبح کیا، پھر وہ تڑپا اور کنویں میں گر گیا اور نکالنے سے پہلے مر گیا تو حلال ہے۔

[۹-] بَابُ: إِذَا وَجَدَ مَعَ الصَّيْدِ كَلْبًا آخَرَ

[۵۴۸۶-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّي أُرْسِلُ كَلْبِيْ وَأُسَمِّيْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ وَسَمَّيْتَ، فَأَخَذَ فَقَتَلَ فَأَكَلَ فَلَا تَأْكُلْ، فَإِنَّمَا أَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهِ" قُلْتُ: إِنِّي أُرْسِلُ كَلْبِيْ أَجِدُ مَعَهُ كَلْبًا آخَرَ، لَا أَدْرِيْ أَيُّهُمَا أَخَذَهُ، فَقَالَ: " لَا تَأْكُلْ فَإِنَّمَا سَمَّيْتَ عَلٰى كَلْبِكَ وَلَمْ تُسَمِّ عَلٰى غَيْرِهِ" وَسَأَلْتُهُ عَنْ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ فَقَالَ: " إِذَا أَصَبْتَ بِحَدِّهِ فَكُلْ، وَإِذَا أَصَبْتَ بِعَرْضِهِ فَقَتَلَ، فَإِنَّهُ وَقِيْذٌ، فَلَا تَأْكُلْ" [راجع: ۱۷۵]

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّصَيُّدِ

شکار کرنے کو ذریعۂ معاش بنانا

باب تفعل میں خاصیت تکلف ہوتی ہے، شکار کو پیشہ بنانا جائز ہے، جیسے مچھیروں کا پیشہ مچھلیاں پکڑنا ہے، اور قصائیوں کا پیشہ جانور ذبح کرنا ہے۔ پہلی حدیث میں نَتَصَيَّد بهذه ہے: ہم ان کتوں کے ذریعہ شکار کا پیشہ کرتے ہیں، شکار ہمارا ذریعہ معاش ہے، اور دوسری حدیث میں أرضِ صید ہے یعنی ہمارے علاقہ میں شکار بہت ملتا ہے، پس ابوثعلبہؓ کا پیشہ بھی شکار کا تھا —— اور کھانے کے لئے شکار کرنا بھی جائز ہے، جیسے کھانے کے لئے جانور ذبح کرنا جائز ہے، تیسری حدیث میں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے خرگوش پکڑا تھا، اور چوتھی حدیث میں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے گورخر مارا تھا: یہ کھانے کے لئے مارا تھا، اور جائز تھا، نبی ﷺ نے اس پر کچھ نکیر نہیں فرمائی —— اور جن حدیثوں میں شکار کرنے پر ناپسندیدگی ظاہر فرمائی ہے، جیسے: من اتَّبعَ الصیدَ غفَلَ: جو شکار کے پیچھے لگتا ہے وہ غافل ہو جاتا ہے: ان حدیثوں کا مصداق شوقیہ تفریح کے طور پر شکار مارنا ہے، یہ خواہ مخواہ جانور کی جان لینا ہے، اس لئے ظلم ہے۔

[۱۰-] بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّصَيُّدِ

[۵۴۸۷-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عَدِيٍّ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: إِنَّا قَوْمٌ نَتَصَيَّدُ بِهٰذِهِ الْكِلَابِ، فَقَالَ: "إِذَا أَرْسَلْتَ كِلَابَكَ الْمُعَلَّمَةَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ، فَكُلْ مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكَ، إِلَّا أَنْ يَأْكُلَ الْكَلْبُ، فَلَا تَأْكُلْ فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَكُوْنَ إِنَّمَا أَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهِ، وَإِنْ خَالَطَهَا كَلْبٌ مِنْ غَيْرِهَا فَلَا تَأْكُلْ" [راجع: ۱۷۵]

[۵۴۸۸-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، ح: وَحَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ أَبِي رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ سَلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، سَمِعْتُ رَبِيْعَةَ بْنَ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيَّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُوْ إِدْرِيْسَ عَائِذُ اللّٰهِ، سَمِعْتُ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ يَقُوْلُ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا بِأَرْضِ قَوْمٍ أَهْلِ الْكِتَابِ، نَأْكُلُ فِي آنِيَتِهِمْ، وَأَرْضِ صَيْدٍ أَصِيْدُ بِقَوْسِي، وَأَصِيْدُ بِكَلْبِي الْمُعَلَّمِ، وَالَّذِي لَيْسَ مُعَلَّمًا، فَأَخْبِرْنِي مَا الَّذِي يَحِلُّ لَنَا مِنْ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: "أَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ أَنَّكَ بِأَرْضِ قَوْمٍ أَهْلِ الْكِتَابِ، تَأْكُلُ فِي آنِيَتِهِمْ، فَإِنْ وَجَدْتُمْ غَيْرَ آنِيَتِهِمْ فَلَا تَأْكُلُوْا فِيْهَا، وَإِنْ لَمْ تَجِدُوْا فَاغْسِلُوْهَا ثُمَّ كُلُوْا فِيْهَا، وَأَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ أَنَّكَ بِأَرْضِ صَيْدٍ، فَمَا صِدْتَ بِقَوْسِكَ، فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ، ثُمَّ كُلْ، وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ الْمُعَلَّمِ، فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ، ثُمَّ كُلْ، وَمَا صِدْتَ

بِكَلْبِكَ الَّذِیْ لَیْسَ مُعَلَّمًا فَأَدْرَكْتَ ذَكَاتَهُ، فَكُلْ" [راجع: ۵٤۷۸]

[۵٤۸۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ هِشَامُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَنْفَجْنَا أَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، فَسَعَوْا عَلَیْهَا حَتّٰی لَغِبُوْا، فَسَعَیْتُ عَلَیْهَا حَتّٰی أَخَذْتُهَا، فَجِئْتُ بِهَا إِلٰی أَبِیْ طَلْحَةَ، فَبَعَثَ بِهَا إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم بِوَرِكَیْهَا وَفَخِذَیْهَا فَقَبِلَهُ.[راجع: ۲۵۷۲]

[۵٤۹۰-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِی النَّضْرِ مَوْلٰی عُمَرَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰی أَبِیْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِیْ قَتَادَةَ: أَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم حَتّٰی إِذَا كَانَ بِبَعْضِ طَرِیْقِ مَكَّةَ تَخَلَّفَ مَعَ أَصْحَابٍ لَهُ مُحْرِمِیْنَ، وَهُوَ غَیْرُ مُحْرِمٍ، فَرَأَی حِمَارًا وَحْشِیًّا، فَاسْتَوٰی عَلٰی فَرَسِهِ، ثُمَّ سَأَلَ أَصْحَابَهُ أَنْ یُنَاوِلُوْهُ سَوْطًا فَأَبَوْا، فَسَأَلَهُمْ رُمْحَهُ فَأَبَوْا، فَأَخَذَهُ ثُمَّ شَدَّهُ عَلَی الْحِمَارِ، فَقَتَلَهُ فَأَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَأَبٰی بَعْضُهُمْ، فَلَمَّا أَدْرَكُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم سَأَلُوْا عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: " إِنَّمَا هِیَ طُعْمَةٌ أَطْعَمَكُمُوْهَا اللّٰهُ تَعَالٰی"[راجع: ۱۸۲۱]

[۵٤۹۱-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ زَیْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ قَتَادَةَ مِثْلَهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ:" هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهِ شَیْئٌ" [راجع: ۱۸۲۱]

بَابُ التَّصَیُّدِ عَلَی الْجِبَالِ

پہاڑوں پر شکار کرنا

پہاڑوں پر چڑھ کر شکار کرنا مشقت بھرا کام ہے، مگر جائز ہے، پس یہ ذیلی باب ہے، اور حدیث گذری ہے، اس میں حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے: وکنتُ رَقَّاءً علی الجبال: میں پہاڑوں پر بہت زیادہ چڑھنے والا تھا یعنی پہاڑوں پر چڑھنے کا ماہر تھا، مگر گورخر انھوں نے شاید پہاڑ پر چڑھ کر نہیں مارا ہوگا، کیونکہ اس کے پیچھے گھوڑا ڈالا تھا، اور گھوڑا ہموار زمین میں دوڑتا ہے، پس حدیث کی باب سے مطابقت خفی ہے۔

[۱۱-] بَابُ التَّصَیُّدِ عَلَی الْجِبَالِ

[۵٤۹۲-] حدثنا یَحْیَی بْنُ سُلَیْمَانَ الْجُعْفِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَمْرٌو، أَنَّ أَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰی أَبِیْ قَتَادَةَ، وَأَبِیْ صَالِحٍ مَوْلَی التَّوْأَمَةِ، سَمِعْتُ أَبَا قَتَادَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْمَا بَیْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِیْنَةِ وَهُمْ مُحْرِمُوْنَ وَأَنَا حِلٌّ عَلٰی فَرَسِیْ، وَكُنْتُ رَقَّاءً عَلَی الْجِبَالِ، فَبَیْنَا أَنَا عَلٰی ذٰلِكَ إِذْ رَأَیْتُ النَّاسَ مُتَشَوِّفِیْنَ لِشَیْئٍ، فَذَهَبْتُ أَنْظُرُ، فَإِذَا هُوَ حِمَارُ وَحْشٍ، فَقُلْتُ لَهُمْ: مَا هٰذَا؟ قَالُوْا: لَا نَدْرِیْ! قُلْتُ: هُوَ حِمَارُ وَحْشٍ! فَقَالُوْا: هُوَ مَا رَأَیْتَ، وَكُنْتُ

نَسِيْتُ سَوْطِيْ فَقُلْتُ لَهُمْ: نَاوِلُوْنِيْ سَوْطِيْ، فَقَالُوْا: لَا نُعِيْنُكَ عَلَيْهِ. فَنَزَلْتُ فَأَخَذْتُهُ، ثُمَّ ضَرَبْتُ فِيْ أَثْرِهِ، فَلَمْ يَكُنْ إِلَّا ذٰلِكَ، حَتّٰى عَقَرْتُهُ، فَأَتَيْتُ لَهُمْ فَقُلْتُ لَهُمْ: قُوْمُوْا فَاحْتَمِلُوْا. قَالُوْا: لَا نَمَسُّهُ، فَحَمَلْتُهُ حَتّٰى جِئْتُهُمْ بِهِ، فَأَبَى بَعْضُهُمْ، وَأَكَلَ بَعْضُهُمْ، فَقُلْتُ: أَنَا أَسْتَوْقِفُ لَكُمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَدْرَكْتُهُ فَحَدَّثْتُهُ الْحَدِيْثَ، فَقَالَ لِيْ: ''أَبَقِيَ مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ؟'' فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: ''كُلُوْا فَهُوَ طُعْمٌ أَطْعَمَكُمُوْهُ اللّٰهُ'' [راجع: ۱۸۲۱]

قوله: فنزلت: پس میں گھوڑے سے اترا (پہاڑ سے اترنا غیر ظاہر ہے) .... **احتمال**: اٹھاؤ، لادو............ **استوقفه**: روکنا، ٹھہرانا، نبی ﷺ آگے نکل گئے تھے، اور دشمن کا خطرہ تھا، پس ابوقتادہؓ گھوڑا دوڑاتے ہوئے نبی ﷺ کے پاس پہنچے اور آپؐ کو روکا۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ﴾

دریائی شکاروں کے احکام

سورۃ المائدۃ کی (آیت ۹۶) ہے: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ﴾: حلال کیا گیا تمہارے لئے سمندر کا شکار/ شکار کرنا اور اس کا کھانا، تمہارے فائدے کے لئے اور مسافروں کے لئے۔

تفسیر: **صَيْد**: اصل میں **صَادَ يَصِيد** کا مصدر ہے، جس کے معنی ہیں: شکار کرنا، اور کبھی وہ اسم ہوتا ہے، اس وقت معنی ہوتے ہیں: شکار، آیت کریمہ میں دونوں معنی کئے گئے ہیں............ اور **طعامه** کا **صيد** پر عطف ہے اور مراد مچھلی ہے .... **متاعًا لكم**: **أُحِل** کا مفعول لہ ہے............ اور **للسيارة** کا عطف ضمیر مجرور **كم** پر ہے، اور ایسی صورت میں حرف جر کا اعادہ ضروری ہے............ پس آیت کا مطلب یہ ہے کہ محرم اور غیر محرم سب کے لئے سمندری جانور کا شکار کرنا جائز ہے، مگر کھانا صرف مچھلی کا حلال ہے، اسی لئے عام پر خاص کا عطف کیا، اور یہ حلت تمہاری تمتیع (فائدہ اٹھانے) کے لئے ہے اور لمبا سفر کرنے والے قافلے مچھلی نمک لگا کر سکھا کر ساتھ لے جا سکتے ہیں، جیسے موسیٰ علیہ السلام ساتھ لے گئے تھے .... اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: صید وہ ہے جو شکار کیا گیا، اور سمندر کا کھانا وہ ہے جس کو سمندر نے باہر ڈال دیا، اور ابن عباسؓ نے اس کی دوسری تفسیر کی ہے جو حاشیہ میں ہے۔

طافی مچھلی:

اگر مچھلی مر کر پھول کر پانی پر الٹی تیرنے لگے تو وہ طافی ہے، احناف کے نزدیک اس کا کھانا مکروہ ہے، دلیل ابوداؤد اور ابن ماجہ کی حدیث ہے جو حاشیہ میں ہے اور الٹی نہ تیرتی ہو تو وہ طافی نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ اصحابِ ظواہر اور امام بخاری رحمہم اللہ

کے نزدیک طافی حلال ہے، ان کی دلیل صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا قول ہے جو کتاب میں ہے، احناف کے نزدیک اس کا مصداق وہ طافی ہے جو الٹی نہیں تیرتی۔

سمندر کا کھانا:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: سمندر کا کھانا اس کا مرا ہوا جانور ہے (خواہ کوئی ہو) مگر جس سے تجھے گھن آئے (اور احناف کے نزدیک سمندر کا کھانا مچھلی ہے، اسی لئے آیت میں خاص کا عام پر عطف کیا گیا ہے، دیگر جانوروں سے فائدہ تو اٹھا سکتے ہیں مگر کھانا جائز نہیں، اور دیگر ائمہ کے نزدیک چند کے علاوہ سمندر کا ہر جانور حلال ہے)

بام مچھلی:

بام مچھلی کو جِرِّیْث (بروزن سکیت) بھی کہتے ہیں اور مار ماہی بھی، یہ سانپ کی شکل کی مچھلی ہے، درمیان سے موٹی ہوتی ہے، اور کناروں سے پتلی، اور اس پر چھلکے نہیں ہوتے، یہ بالاجماع حلال ہے، ابن عباسؓ نے فرمایا: اس کو یہودی نہیں کھاتے، ہم کھاتے ہیں۔

سمندری جانور کا ذبح:

سمندری جانور وہ ہے جو پانی میں پیدا ہوتا ہے، خواہ پانی ہی میں رہتا ہو یا باہر بھی نکلتا ہو، اور جو خشکی میں پیدا ہوتا ہے اور پانی میں بھی رہتا ہے جیسے بطخ، مرغابی، خشکی کا سانپ، خشکی کا مینڈک سمندری جانور نہیں، سمندری جانور میں دم مسفوح نہیں ہوتا، اس لئے ان کو ذبح کرنا ضروری نہیں، شریح بن ہانیؒ نے فرمایا: سمندر کا ہر جانور ذبح کیا ہوا ہے (پس سمندر کا ہر مردار پاک ہے، وہ میتہ نہیں) اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے سمندری کتے کی کھال کی زین پر سواری کی، ان کی کھال پاک ہے، دباغت کی محتاج نہیں اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: سمندر کا شکار کھاؤ، چاہے نصرانی یا یہودی یا مجوسی نے شکار کیا ہو، کیونکہ اس میں ذبح نہیں۔

خشکی کا جانور جو پانی میں رہتا ہے:

بطخ، مرغابی وغیرہ پرندے جو خشکی میں پیدا ہوتے ہیں اور پانی میں بھی رہتے ہیں: ان میں ذبح ضروری ہے، کیونکہ دم مسفوح ہوتا ہے، یہ مسئلہ حضرت عطاء بن ابی رباحؒ نے بیان کیا ہے۔

دریا، نہر اور گڑھوں کا پانی:

دریا (بڑی ندیاں جیسے گنگا جمنا) نہر اور جنگل کے گھڑوں کا پانی سمندر کے پانی کی طرح ہے، سب کے احکام ایک ہیں، یہ بات بھی حضرت عطاءؒ نے بیان کی ہے اور دلیل میں سورۃ الفاطر کی آیت ۱۲ پیش کی ہے: ﴿عَذْبٌ فُرَاتٌ﴾: شیریں پیاس بجھانے والا: دریاؤں، نہروں، اور گڑھوں کا پانی ہے، اور ﴿مِلْحٌ أُجَاجٌ﴾: شور تلخ: سمندر کا پانی ہے، پھر فرمایا: ﴿مِنْ كُلٍّ تَأْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا﴾: ہر ایک سے تازہ گوشت (مچھلیاں) کھاتے ہو: معلوم ہوا کہ دونوں پانیوں کا حکم ایک ہے۔

مینڈک کچھوا!

شوافع کے نزدیک صدف (سیپ، ایک قسم کا سمندری گھونگا) سرطان (کیکڑا) مینڈک، ناکا (مگرمچھ) سانپ اور کچھوے کے سواسب دریائی جانورحلال ہیں، اور مالکیہ کے نزدیک کل دریائی جانورحلال ہیں، اوراحناف کے نزدیک مچھلی کے علاوہ کوئی جانورحلال نہیں، البتہ سب پاک ہیں، پس ان کی بیع اور خارجی استعمال جائز ہے، یہ حکم دریائی مینڈک کا ہے، خشکی کا مراہوامینڈک ذی دَم ہونے کی وجہ سے نجس ہے، اور میتہ کے حکم میں ہے —— اورامام عامر شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر میرے گھر والے مینڈک کھانے کے لئے تیار ہوں تو میں ان کو کھلاؤں یعنی مینڈک ان کے نزدیک حلال تھا، اوران کے گھر والے یا تو شافعی ہونگے یا حنفی! —— اورحسن بصری رحمہ اللہ کے نزدیک کچھوا کھانے کی گنجائش ہے۔

مچھلی ڈالنے سے شراب سرکہ بن جاتی ہے:

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے مُرِّی کے بارے میں فرمایا: شراب کا ذبح (علاج) مچھلیاں اوردھوپ ہے، النینان: النون کی جمع ہے: مچھلی، اگرشراب میں مچھلی ڈال کردھوپ میں رکھدی جائے تو مری (سرکہ) تیارہوجاتا ہے (یہ سرکہ شام میں بنتا تھا)

عنبر مچھلی:

عنبر مچھلی: ایک قسم کی مچھلی ہے جو سانپ کی شکل سے قریب ہوتی ہے اورخوش بودار مادہ خارج کرتی ہے، یہ بالا جماع حلال ہے، باب کے آخر میں دوروایتیں اس مچھلی کے بارے میں ہیں، جو پہلے (تحفۃ القاری ۵:۵۰۳و۸:۴۵۱) آئی ہیں۔

[۱۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ﴾

[۱-] وَقَالَ عُمَرُ: صَيْدُهُ: مَا اصْطِيْدَ، وَطَعَامُهُ: مَا رَمَى بِهِ.

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ. الطَّافِيْ حَلَالٌ.

[۳-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿طَعَامُهُ﴾: مَيْتَتُهُ، إِلَّا مَا قَذِرْتَ مِنْهَا.

[٤-] وَالْجِرِّيْثُ لَاتَأْكُلُهُ الْيَهُوْدُ وَنَحْنُ نَأْكُلُهُ.

[۵-] وَقَالَ أَبُوْ شُرَيْحٍ صَاحِبُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: كُلُّ شَيْئٍ فِي الْبَحْرِ مَذْبُوْحٌ.

[٦-] وَقَالَ عَطَاءٌ: أَمَّا الطَّيْرُ فَأَرَى أَنْ يَذْبَحَهُ.

[۷-] وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ،: قُلْتُ لِعَطَاءٍ: صَيْدُ الْأَنْهَارِ وَقِلَاتِ السَّيْلِ أَصَيْدُ بَحْرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، ثُمَّ تَلَا: ﴿هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ، وَمِنْ كُلٍّ تَأْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا﴾

[۸-] وَرَكِبَ الْحَسَنُ عَلٰى سَرْجٍ مِنْ جُلُوْدِ كِلَابِ الْمَاءِ.

[٩-] وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: لَوْ أَنَّ أَهْلِيْ أَكَلُوْا الضَّفَادِعَ لَأَطْعَمْتُهُمْ.

[١٠-] وَلَمْ يَرَ الْحَسَنُ بِالسُّلَحْفَاةِ بَأْسًا.

[١١-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كُلْ مِنْ صَيْدِ الْبَحْرِ وَإِنْ صَادَهُ نَصْرَانِيٌّ أَوْ يَهُوْدِيٌّ أَوْ مَجُوْسِيٌّ.

[١٢-] وَقَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ: فِيْ الْمُرِّيِّ: ذَبْحُ الْخَمْرِ النِّيْنَانُ وَالشَّمْسُ.

[٥٤٩٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو: أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ: غَزَوْنَا جَيْشَ الْخَبَطِ، وَأُمِّرَ عَلَيْنَا أَبُوْ عُبَيْدَةَ، فَجُعْنَا جُوْعًا شَدِيْدًا فَأَلْقَى الْبَحْرُ حُوْتًا مَيِّتًا، لَمْ يُرَ مِثْلُهُ يُقَالُ لَهُ: الْعَنْبَرُ، فَأَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ، فَأَخَذَ أَبُوْعُبَيْدَةَ عَظْمًا مِنْ عِظَامِهِ فَمَرَّ الرَّاكِبُ تَحْتَهُ. [راجع: ٢٤٨٣]

[٥٤٩٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ: بَعَثَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثَ مِائَةِ رَاكِبٍ وَأَمِيْرُنَا أَبُوْ عُبَيْدَةَ، نَرْصُدُ عِيْرًا لِقُرَيْشٍ، فَأَصَابَنَا جُوْعٌ شَدِيْدٌ حَتّٰى أَكَلْنَا الْخَبَطَ، فَسُمِيَّ جَيْشَ الْخَبَطِ، فَأَلْقَى الْبَحْرُ حُوْتًا يُقَالُ لَهُ: الْعَنْبَرُ، فَأَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ، وَادَّهَنَّا بِوَدَكِهِ، حَتّٰى صَلَحَتْ أَجْسَامُنَا، فَأَخَذَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ ضِلَعًا مِنْ أَضْلاَعِهِ فَنَصَبَهُ فَمَرَّ الرَّاكِبُ تَحْتَهُ، وَكَانَ فِيْنَا رَجُلٌ، فَلَمَّا اشْتَدَّ الْجُوْعُ نَحَرَ ثَلاَثَ جَزَائِرَ، ثُمَّ ثَلاَثَ جَزَائِرَ، ثُمَّ نَهَاهُ أَبُوْ عُبَيْدَةَ.

[راجع: ٢٤٨٣]

لغات: الخَبَط: جھاڑے ہوئے پتّے .... رجل: حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما۔

بَابُ أَكْلِ الْجَرَادِ

ٹڈی کھانا

ٹڈی: ایک قسم کا پردار کیڑا ہے، جو درختوں اور فصلوں کا صفایا کردیتا ہے، یہ بالاجماع حلال ہے، اور اس میں خون نہیں ہوتا، اس لئے ذبح بھی ضروری نہیں، پہلے ٹڈیاں آتی تھیں، اب حکومتوں نے ان پر قابو پالیا ہے، میں جب مکتب میں پڑھتا تھا اس وقت ٹڈیاں آئی تھیں، صحابہ نے جہاد میں نبی ﷺ کے ساتھ ٹڈیاں کھائی ہیں۔

[١٣-] بَابُ أَكْلِ الْجَرَادِ

[٥٤٩٥-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ يَعْفُوْرٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفَى، يَقُوْلُ: غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم سَبْعَ غَزَوَاتٍ أَوْ سِتًّا، كُنَّا نَأْكُلُ الْجَرَادَ مَعَهُ.

قَالَ سُفْيَانُ، وَأَبُوْ عَوَانَةَ، وَإِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ يَعْفُوْرٍ عَنِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفَى: سَبْعَ غَزَوَاتٍ.

بَابُ آنِيَةِ الْمَجُوْسِ وَالْمَيْتَةِ

آتش پرستوں کے برتن اور مردار

باب میں و المیتة بڑھا کر وجہ اشکال کی طرف اشارہ کیا ہے، اور حدیث میں اہل کتاب کا ذکر ہے، اور باب میں مجوس کا ذکر اس لئے کیا ہے کہ سب غیر مسلموں کا حکم ایک ہے، اگر اہل کتاب مردار نہیں کھاتے تو شراب پیتے ہیں۔ پہلے پکانے کے برتن مٹی کے ہوتے تھے اور کھانے پینے کے لکڑی کے، ہانڈی میں مجوس (غیر مسلم) مردار اور خنزیر پکاتے ہیں اور کٹوروں میں شراب پیتے ہیں، مٹی اور لکڑی مشروب چوستے ہیں، اس لئے سوال پیدا ہوا کہ ان کے برتن مسلمان استعمال کر سکتے ہیں؟ جواب دیا کہ ان کے برتن استعمال نہیں کرنے چاہئیں، اور مجبوری ہو تو ان کو خوب اچھی طرح دھو کر استعمال کئے جائیں، اور جو ناپاکی مٹی اور لکڑی میں اتر گئی ہے اس کا اعتبار نہیں، جیسے کنواں ناپاک ہو جاتا ہے تو کھینچنے سے پاک ہو جاتا ہے، اور جو پانی دیواروں میں اتر گیا اس کا اعتبار نہیں، باب کی پہلی روایت میں نبی ﷺ نے یہی مسئلہ بتایا ہے، اور دوسری روایت میں ہے کہ خیبر میں صحابہ نے گدھے پکائے، پھر ان کی حرمت نازل ہوئی تو وہ مردار ہو گئے، چنانچہ گوشت ضائع کر دیا گیا، اور ہانڈیوں کو توڑ دینے کا حکم دیا، مگر چونکہ سفر تھا اور دوسرے برتن میسر نہیں تھے اس لئے عرض کیا گیا کہ اگر برتن اچھی طرح دھو ڈالے جائیں؟ جواب دیا: ایسا کر لو۔ اور اب برتن دھاتوں اور چینی کے چل پڑے ہیں، ان میں کوئی مسئلہ نہیں، کیونکہ وہ مظروف کو نہیں چوستے، اس لئے ان کو دھو کر بے تکلف استعمال کر سکتے ہیں۔

ایک واقعہ: جب میں سہارن پور میں پڑھتا تھا، ایک مرتبہ اسٹیشن کی مسجد میں مٹی کا لوٹا لے کر بیت الخلاء چلا گیا، جب واپس آیا تو مؤذن نے لوٹا توڑ دیا، اور کہا آٹھ آنے لاؤ، میں نے پوچھا: کیا ہوا؟ اس نے کہا: تم نے لوٹا بیت الخلاء میں لے جا کر ناپاک کر دیا! میں نے کہا: میں اس کو دھو کر پاک کر دیتا، کہنے لگا: مٹی کا برتن پاک نہیں ہو سکتا! (یہ اس کی جہالت تھی) پس آٹھ آنے دینے پڑے اور ہگنا بہت مہنگا پڑا!

[١٤-] بَابُ آنِيَةِ الْمَجُوْسِ وَالْمَيْتَةِ

[٥٤٩٦-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، حَدَّثَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيُّ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا بِأَرْضِ أَهْلِ الْكِتَابِ فَنَأْكُلُ فِيْ آنِيَتِهِمْ، وَبِأَرْضِ صَيْدٍ أَصِيْدُ بِقَوْسِيْ، وَأَصِيْدُ بِكَلْبِي الْمُعَلَّمِ وَبِكَلْبِيَ الَّذِيْ لَيْسَ بِمُعَلَّمٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَمَّا مَا ذَكَرْتَ أَنَّكُمْ بِأَرْضِ أَهْلِ كِتَابٍ فَلاَ تَأْكُلُوْا فِيْ آنِيَتِهِمْ، إِلَّا أَنْ لاَتَجِدُوْا بُدًّا، فَإِنْ لَمْ تَجِدُوْا فَاغْسِلُوْا وَكُلُوْا، وَأَمَّا مَاذَكَرْتَ

أَنَّكُمْ بِأَرْضِ صَيْدٍ، فَمَا صِدْتَ بِقَوْسِكَ، فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلْ، وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ الْمُعَلَّمِ، فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلْ، وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ الَّذِیْ لَيْسَ بِمُعَلَّمٍ، فَأَدْرَكْتَ ذَكَاتَهُ، فَكُلْهُ" [راجع: ٥٤٧٨]

[٥٤٩٧-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِیْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: لَمَّا أَمْسَوْا يَوْمَ فَتْحِ خَيْبَرَ أَوْقَدُوْا النِّيْرَانَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" عَلٰى مَا أَوْ قَدْتُمْ النِّيْرَانَ؟" قَالُوْا: لَحُوْمُ الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ. قَالَ:" أَهْرِيْقُوْا مَا فِيْهَا، وَاكْسِرُوْا قُدُوْرَهَا" فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: نُهْرِيْقُ مَا فِيْهَا وَنَغْسِلُهَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَوْ ذَاكَ" [راجع: ٢٤٧٧]

بَابُ التَّسْمِيَةِ عَلَى الذَّبِيْحَةِ، وَمَنْ تَرَكَ مُتَعَمِّدًا

متروک التسمیہ متعمداً حرام ہےاور ناسیاً حلال ہے

امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک متروک التسمیہ متعمداً بھی حلال ہے، ان کا استدلال ایک مرسل روایت سے ہے جو ابوداؤد میں ہے: ذبیحةُ المسلم حلال، ذُكر اسم الله تعالى أو لم يذكر (روح المعانی) اور جمہور کے نزدیک حرام ہے، امام مالک رحمہ اللہ کا بھی صحیح مذہب یہی ہے اور امام بخاریؒ کی بھی یہی رائے ہے۔ اور متروک التسمیہ ناسیا بالاجماع حلال ہے، ذبح کرتے وقت ہڑبڑا گیا اور بسم اللہ کہنا بھول گیا تو ذبیحہ حلال ہے، نبی ﷺ سے متروک التسمیہ ناسیاً کے بارے میں پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: کلوہ، فإن تسمية الله تعالى فی قلب كل مسلم (روح) اور امام شافعیؒ نے جس مرسل روایت سے استدلال کیا ہے: اس کا مصداق بھی یہی ناسیاً ہے۔

اس مسئلہ میں مثبت پہلو سے سورۃ الانعام (آیت ۱۱۸) میں حکم ہے: ﴿فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِيْنَ﴾: سو کھاؤ تم اس جانور میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا، اگر تم ان کے احکام پر ایمان رکھتے ہو —— اور منفی پہلو سے (آیت ۱۲۱) میں یہ حکم ہے: ﴿وَلَا تَأْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ، وَإِنَّ الشَّيَاطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ إِلٰى أَوْلِيَاءِ هِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ، وَإِنْ أَطَعْتُمُوْهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ﴾: اور ایسے جانوروں میں سے مت کھاؤ جن پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا، اور بے شک اس کا کھانا گناہ کا کام ہے، اور شیاطین اپنے دوستوں کو خفیہ اشارے کرتے ہیں تا کہ وہ تم سے جھگڑیں، اور اگر تم نے ان کا کہنا مانا تو تم یقیناً مشرک ہوگئے —— پہلی آیت سے بالاجماع متروک التسمیہ ناسیاً مستثنیٰ ہے، اب اگر متروک التسمیہ متعمداً کو بھی مستثنیٰ کیا جائے گا تو پہلی آیت کا کوئی مصداق باقی نہیں رہے گا، اور دوسری آیت بے معنی ہوجائے گی۔

متروک التسمیہ ناسیاً کا استثناء:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: جو بسم اللہ کہنا بھول گیا تو گنجائش ہے، اور دوسری آیت میں متروک التسمیہ کے کھانے

والے کو فاسق (گنہ گار) کہا ہے، اور بھولنے والا فاسق (گنہ گار) نہیں ہوتا، حدیث میں ہے: رُفع عَن أمتی الخطأ والنسیان: میری امت سے بھول چوک کا گناہ اٹھا دیا گیا —— اور دوسری آیت کے آخر میں یہ مضمون ہے کہ شیاطین خفیہ اشارے کرتے ہیں اپنے دوستوں کو تاکہ وہ تم سے جھگڑیں، وہ لوگ مردار کھاتے ہیں، اور اسلام میں مردار حرام ہے، پس وہ کہتے تھے: اللہ کا مارا حرام اور اپنا مارا حلال: یہ عجیب باب ہے، ان کو جواب دو کہ خود بخود مرے ہوئے پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا اس لئے وہ قربانی نہیں، اور ذبیحہ پر اللہ کا نام لیا جاتا ہے اس لئے وہ قربانی ہے، پس دونوں میں فرق ہے —— اب اگر متروک التسمیہ متعمداً بھی حلال ہوگا تو یہ جواب گاؤ خورد ہو جائے گا۔

فائدہ: قربانیاں دو ہیں: ایک: خاص جو ذی الحجہ میں کی جاتی ہے، دوسری: عام اور وہ ذبیحہ پر بسم اللہ کہنا ہے، تفصیل میری تفسیر ہدایت القرآن میں سورۃ الحج کی تفسیر (آیت ۳۴) میں ہے۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۵۰۵) آئی ہے، اس میں ہے: ما أنهر الدم وذُکر اسم الله فکل: جو بھی چیز خون بہاوے، اور اس پر بوقت ذبح اللہ کا نام لیا گیا ہو اس کو کھاؤ —— اس حدیث سے بھی ناسی مستثنیٰ ہے، پس متعمد اس کا مصداق ہوگا۔

[۱۵-] بَابُ التَّسْمِيَةِ عَلَى الذَّبِيْحَةِ، وَمَنْ تَرَكَ مُتَعَمِّدًا

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَنْ نَسِيَ فَلَا بَأْسَ.

وَقَالَ اللّٰهُ: ﴿وَلَا تَأْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ﴾ وَالنَّاسِيْ لَا يُسَمَّى فَاسِقًا، وَقَوْلُهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِنَّ الشَّيَاطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ إِلَى أَوْلِيَاءِ هِمْ﴾

[۵۴۹۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ ابْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِذِي الْحُلَيْفَةِ، فَأَصَابَ النَّاسَ، جُوْعٌ، فَأَصَبْنَا إِبِلًا وَغَنَمًا، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ أُخْرَيَاتِ النَّاسِ، فَعَجِلُوْا فَنَصَبُوْا الْقُدُوْرَ، فَدُفِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِمْ فَأَمَرَ بِالْقُدُوْرِ فَأُكْفِئَتْ، ثُمَّ قَسَمَ فَعَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِبَعِيْرٍ، فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيْرٌ، وَكَانَ فِي الْقَوْمِ خَيْلٌ يَسِيْرَةٌ فَطَلَبُوْهُ فَأَعْيَاهُمْ، فَأَهْوَى إِلَيْهِ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ اللّٰهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ لِهٰذِهِ الْبَهَائِمِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا نَدَّ عَلَيْكُمْ مِنْهَا فَاصْنَعُوْا بِهِ هٰكَذَا"

قَالَ: وَقَالَ جَدِّيْ: إِنَّا لَنَرْجُوْ أَوْ: نَخَافُ أَنْ نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا، وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى، أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ؟ قَالَ: "مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ فَكُلْ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، وَسَأُخْبِرُكُمْ عَنْهُ، أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ" [راجع: ۲۴۸۸]

بَابُ مَاذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَالْأَصْنَامِ

تھانوں اور مورتیوں پر ذبح کیا ہوا جانور حرام ہے

النُّصُب: النَّصْب کی جمع ہے: غیر اللہ پر بھینٹ چڑھانے کے لئے متعین کیا ہوا مقام، اور أصنام: صَنَم کی جمع ہے: مورتی، پتھر، لکڑی یا دھات وغیرہ کا مجسمہ جس کی پرستش کی جائے، مویشی اللہ کی نعمتیں ہیں، اور اللہ ہی کے لئے ان کی قربانی ہوسکتی ہے، پس جو جانور غیر اللہ کے نامزد کر دیا گیا یا کسی بھینٹ چڑھانے کی جگہ میں لے جا کر ذبح کیا جائے وہ حرام ہے، اگرچہ بسم اللہ کہہ کر ذبح کیا جائے۔ سورۃ المائدۃ (آیت ۳) میں ہے: ﴿وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ﴾: اور جو جانور پرستش گاہوں پر ذبح کیا جائے وہ حرام ہے (گو زبان سے غیر اللہ کے نامزد نہ کیا گیا ہو، کیونکہ حرمت کا مدار نیتِ خبیثہ پر ہے، اور اس کا ظہور کبھی قول سے ہوتا ہے کہ نامزد کر دے، پس وہ ما أهل به لغير الله ہے، اور کبھی فعل سے ہوتا ہے کہ پرستش کے مقامات پر ذبح کرے) —— اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۳۰۶) آئی ہے، زید بن عمرو بن نُفَیل بتوں کے نام پر ذبح کیا ہوا جانور نہیں کھاتے تھے، وہ کہتے تھے: بکری کو اللہ نے پیدا کیا، اس کے لئے آسمان سے پانی برسایا، اور اس کے لئے زمین سے چارہ اگایا، پھر تم اس کو غیر اللہ کے نام پر ذبح کرتے ہو؟ حیف ہے تم پر!

[۱۶-] بَابُ مَاذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَالْأَصْنَامِ

[۵۴۹۹-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ، يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ لَقِيَ زَيْدَ ابْنَ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ بِأَسْفَلِ بَلْدَحٍ، وَذَاكَ قَبْلَ أَنْ يُنْزَلَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْوَحْيُ، فَقَدَّمَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُفْرَةً فِيْهَا لَحْمٌ، فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا، ثُمَّ قَالَ: إِنِّيْ لاَ آكُلُ مِمَّا تَذْبَحُوْنَ عَلَى أَنْصَابِكُمْ، وَلاَ نَأْكُلُ إِلَّا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ. [راجع: ۳۸۲۶]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "فَلْيَذْبَحْ عَلَى اسْمِ اللّٰهِ"

جانور اللہ تعالیٰ کے نام پر ہی ذبح کرنا ضروری ہے

جانور کی قربانی خواہ خاص ہو یا عام اللہ ہی کے نام پر ہونی چاہئے، کھانے کے لئے جو جانور ذبح کیا جاتا ہے وہ عام (روز مرہ) کی قربانی ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۳۰۷) آئی ہے، جس نے نماز عید سے پہلے قربانی کر ڈالی وہ بیکار گئی، اب نماز عید کے بعد اللہ کا نام لے کر قربانی کرے، جیسے جمعہ کا خطبہ ایک مصلحت سے نماز سے مقدم کیا گیا ہے اسی طرح کی

مصلحت سے قربانی نمازعید سے مؤخر کی گئی ہے، پس جس طرح نماز جمعہ کے بعد خطبہ دینے سے نماز صحیح نہیں ہوگی، نمازعید سے پہلے قربانی کرنے سے بھی قربانی صحیح نہیں ہوگی۔

[۱۷-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " فَلْيَذْبَحْ عَلٰى اسْمِ اللّٰهِ"

[۵۵۰۰-] حدثناقُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: ضَحَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَضْحَاةً ذَاتَ يَوْمٍ، فَإِذَا النَّاسُ قَدْ ذَبَحُوْا ضَحَايَاهُمْ قَبْلَ الصَّلاَةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَآهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُمْ قَدْ ذَبَحُوْا قَبْلَ الصَّلاَةِ فَقَالَ:" مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلاَةِ فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا أُخْرَى، وَمَنْ كَانَ لَمْ يَذْبَحْ حَتّٰى صَلَّيْنَا فَلْيَذْبَحْ عَلٰى اسْمِ اللّٰهِ" [راجع: ۹۸۵]

لغت: ضَحّٰى بالشاة: قربانی کرنا............ أَضْحَاة: أَضْحٰى کا مفرد ہے۔

بَابُ مَا أَنْهَرَ الدَّمَ مِنَ الْقَصَبِ وَالْمَرْوَةِ وَالْحَدِيْدِ

ہر دھار دار چیز سے ذبح کرنا درست ہے

قصب: بانس کی کھپچی، مروہ: سفید دھار دار پتھر، ذبح ہر دھار دار چیز سے ہوسکتا ہے اور پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۳۴۹) آئی ہے، ایک باندی نے دھار دار پتھر سے بکری ذبح کی، نبی ﷺ نے اس کے کھانے کی اجازت دی، اور آخری حدیث ابھی آئی ہے، اس میں نبی ﷺ نے قاعدہ کلیہ بیان کیا ہے کہ جو بھی چیز کھال کاٹے اور خون بہائے اور اس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو تو وہ حلال ہے۔

[۱۸-] بَابُ مَا أَنْهَرَ الدَّمَ مِنَ الْقَصَبِ وَالْمَرْوَةِ وَالْحَدِيْدِ

[۵۵۰۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، سَمِعَ ابْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ يُخْبِرُ ابْنَ عُمَرَ: أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ جَارِيَةً لَهُمْ كَانَتْ تَرْعَى غَنَمًا بِسَلْعٍ، فَأَبْصَرَتْ بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِهَا مَوْتَهَا، فَكَسَرَتْ حَجَرًا فَذَبَحَتْهَا، فَقَالَ لِأَهْلِهِ: لاَ تَأْكُلُوْا حَتّٰى آتِيَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَسْأَلَهُ، أَوْ: حَتّٰى أُرْسِلَ إِلَيْهِ مَنْ يَسْأَلُهُ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَوْ بَعَثَ إِلَيْهِ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِأَكْلِهَا. [راجع: ۲۳۰۴]

[۵۵۰۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ سَلِمَةَ،

أَخْبَرَ عَبْدَ اللّٰهِ: أَنَّ جَارِيَةً لِكَعْبِ بْنِ مَالِكٍ تَرْعَى غَنَمًا لَهُ بِالْجُبَيْلِ الَّذِى بِالسُّوْقِ وَهُوَ بِسَلْعٍ، فَأُصِيْبَتْ شَاةٌ مِنْهَا، فَأَدْرَكَتْهَا فَكَسَرَتْ حَجَرًا فَذَبَحَتْهَا، فَذَكَرُوْا لِلنَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَهُمْ بِأَكْلِهَا. [راجع: ٢٣٠٤]

[٥٥٠٣-] حدثنا عَبْدَانُ، أَخْبَرَنِى أَبِىْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّهُ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَيْسَ مَعَنَا مُدًى، فَقَالَ: "مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلْ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، أَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبْشَةِ، وَأَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ" وَنَدَّ بَعِيْرٌ فَحَبَسَهُ، فَقَالَ: "إِنَّ لِهٰذِهِ الإِبِلِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا فَاصْنَعُوْا بِهِ هٰكَذَا" [راجع: ٢٤٨٨]

بَابُ ذَبِيْحَةِ الأَمَةِ وَالْمَرْأَةِ

باندی اور عورت کا ذبح کیا ہوا حلال ہے

اگر باندی اور عورت بسم اللہ کہنا اور ذبح کرنا جانتی تو اس کا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے، سلع پہاڑی کے پاس باندی نے بکری ذبح کی تھی اور نبی ﷺ نے اس کے کھانے کی اجازت دی تھی۔

[١٩-] بَابُ ذَبِيْحَةِ الأَمَةِ وَالْمَرْأَةِ

[٥٥٠٤-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنٍ لِكَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ امْرَأَةً ذَبَحَتْ شَاةً بِحَجَرٍ، فَسُئِلَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَأَمَرَ بِأَكْلِهَا. وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ: أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلاً مِنَ الأَنْصَارِ يُخْبِرُ عَبْدَ اللّٰهِ عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّ جَارِيَةً لِكَعْبٍ، بِهٰذَا. [راجع: ٢٣٠٤]

[٥٥٠٥-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنَ الأَنْصَارِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ سَعْدٍ أَوْ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ جَارِيَةً لِكَعْبِ بْنِ مَالِكٍ كَانَتْ تَرْعَى غَنَمًا بِسَلْعٍ، فَأُصِيْبَتْ شَاةٌ مِنْهَا، فَأَدْرَكَتْهَا فَذَبَحَتْهَا بِحَجَرٍ، فَسُئِلَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "كُلُوْهَا"

بَابٌ: لاَ يُذَكّٰى بِالسِّنِّ وَالْعَظْمِ وَالظُّفُرِ

دانت، ہڈی اور ناخن سے ذبح نہ کیا جائے

ذبح ہر دھار دار چیز سے ہوسکتا ہے، البتہ منہ میں لگے ہوئے دانت سے اور انگلی میں لگے ہوئے ناخن سے ذبح کرنا

درست نہیں، دانت ایک ہڈی ہے اس میں دھار نہیں اور ناخن بھی ہڈی ہے، علاوہ ازیں: یہ دونوں حبشہ والوں کی چھری ہیں، پس ان سے ذبح کرنے میں غیر قوم کی مشابہت ہے ـــــ البتہ اگر دانت اور ناخن منفصل ہوں اور ان میں دھار نکال لی جائے تو اس سے ذبح جائز ہے، یہ حدیث کا مصداق نہیں (تحفۃ القاری ۵:۵۰۶)

[۲۰-] بَابٌ: لَا يُذَكّٰى بِالسِّنِّ وَالْعَظْمِ وَالظُّفُرِ

[۵۵۰۶-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلْ يَعْنِيْ مَا أَنْهَرَ الدَّمَ إِلَّا السِّنَّ وَالظُّفُرَ"

[راجع: ۲٤۸۸]

بَابُ ذَبِيْحَةِ الْأَعْرَابِ وَنَحْوِهِمْ

بدوؤں اور ان جیسوں کا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے

اعراب: بدّو، جو بارشوں اور سبزہ والے مقامات میں سکونت پذیر ہوتے ہیں، آبادی میں بہت کم آتے ہیں، اس لئے تہذیب و تعلیم سے نا آشنا ہوتے ہیں، مگر وہ ذبح کرنا جانتے ہیں، پس اگر وہ بسم اللہ پڑھ کر ذبح کریں تو ان کا ذبیحہ حلال ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۱۳۷) آچکی ہے: مدینہ کے اطراف میں جو بدّو رہتے تھے وہ جانور ذبح کرکے اس کا گوشت مدینہ میں لاکر بیچتے تھے، بعض لوگوں کو شبہ ہوا کہ یہ لوگ گاؤندی اور نو مسلم ہیں احکام سے واقف نہیں، اللہ جانیں ذبح کرتے وقت بسم اللہ پڑھتے ہیں یا نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: "تم بسم اللہ پڑھ کر کھالو" یعنی وسوسوں کا اعتبار نہیں۔

[۲۱-] بَابُ ذَبِيْحَةِ الْأَعْرَابِ وَنَحْوِهِمْ

[۵۵۰۷-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ حَفْصٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ قَوْمًا قَالُوْا لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ قَوْمًا يَأْتُوْنَنَا بِاللَّحْمِ لَانَدْرِيْ أَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ أَمْ لَا؟ فَقَالَ: "سَمُّوْا عَلَيْهِ أَنْتُمْ وَكُلُوْهُ" قَالَتْ: وَكَانُوْا حَدِيْثِيْ عَهْدٍ بِالْكُفْرِ. تَابَعَهُ عَلِيٌّ، عَنِ الدَّرَاوَرْدِيِّ، وَتَابَعَهُ أَبُوْ خَالِدٍ، وَالطُّفَاوِيُّ. [راجع: ۲۰۵۷]

وضاحت: پہلے تابعہ کا مرجع محمد ہیں یعنی محمد بواسطہ اسامہ جس طرح ہشام سے روایت کرتے ہیں: علی مدینی بھی بواسطہ دراوردی: ہشام سے روایت کرتے ہیں، اور دوسرے تابعہ کا مرجع اسامہ ہیں یعنی ابوخالد سلیمان بن حیان الاحمر اور محمد بن عبدالرحمٰن طفاوی بھی ہشام سے حدیث مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔

بَابُ ذَبَائِحِ أَهْلِ الْكِتَابِ وَشُحُوْمِهَا مِنْ أَهْلِ الْحَرْبِ وَغَيْرِهِمْ

اہل کتاب کا ذبیحہ اور اس کی چربی حلال ہے، خواہ وہ حربی ہو یا ذمی

اہل کتاب (یہود ونصاری) کا ذبیحہ اور اس کی چربی حلال ہے، اور چربی کی تخصیص اس لئے کی ہے کہ اس میں تھوڑا اختلاف ہے (حاشیہ) مگر شرط یہ ہے کہ کتابی واقعی کتابی ہو، نام کا کتابی نہ ہو، ہمارے زمانہ کے اکثر اہل کتاب برائے نام کتابی ہیں، ان کا حکم اصل کتابی جیسا نہیں، باقی شرائط ذبح میں کتابی مسلمان کی طرح ہے، ہدایہ میں ہے: المسلم والكتابى فى ترك التسمية سواء (کتاب الذبائح) اور اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا کہ کتابی ذمی ہو یا حربی، مختون ہو یا غیر مختون: سب کا حکم یکساں ہے۔

اور یہ مسئلہ قرآنِ کریم میں منصوص ہے، سورۃ المائدۃ (آیت ۵) میں ہے: ﴿وَطَعَامُ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ ، وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ﴾: اور ان لوگوں کا ذبیحہ جو کتاب دیئے گئے ہیں تمہارے لئے حلال ہے، اور تمہارا ذبیحہ ان کے لئے حلال ہے (یہ بات مشاکلۃً فرمائی ہے) ابن عباسؓ نے فرمایا: طعام سے مراد ذبیحہ ہے۔

اور امام زہریؒ نے فرمایا: عرب نصاری کا ذبیحہ حلال ہے، اور اگر تم نے سنا کہ اس نے غیر اللہ کا نام لیا ہے تو حرام ہے، اس کو مت کھاؤ، اور اگر تم نے نہیں سنا تو اللہ نے اس کو حلال کیا ہے، یہ جانتے ہوئے کہ وہ کافر ہیں یعنی نبی ﷺ کی نبوت کے قائل نہیں، ایسی ہی بات حضرت علیؓ سے بھی مروی ہے۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۳۵) آئی ہے، اس میں چربی کی حلت کا بیان ہے۔

[۲۲-] بَابُ ذَبَائِحِ أَهْلِ الْكِتَابِ وَشُحُوْمِهَا مِنْ أَهْلِ الْحَرْبِ وَغَيْرِهِمْ

[۱-] وَقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتِ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ﴾

[۲-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: لاَ بَأْسَ بِذَبِيْحَةِ نَصَارَى الْعَرَبِ، وَإِنْ سَمِعْتَهُ يُسَمِّيْ لِغَيْرِ اللّٰهِ فَلاَ تَأْكُلْ، وَإِنْ لَمْ تَسْمَعْهُ فَقَدْ أَحَلَّهُ اللّٰهُ، وَعَلِمَ كُفْرَهُمْ.

[۳-] وَيُذْكَرُ عَنْ عَلِيٍّ نَحْوَهُ.

[٤-] وَقَالَ الْحَسَنُ وَإِبْرَاهِيْمُ: لاَ بَأْسَ بِذَبِيْحَةِ الأَقْلَفِ.

[٥-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: طَعَامُهُمْ: ذَبَائِحُهُمْ.

[۵۵۰۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلاَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ: كُنَّا

مُحَاصِرِی قَصْرِ خَيْبَرَ، فَرَمَى إِنْسَانٌ بِجِرَابٍ فِيْهِ شَحْمٌ، فَنَزَوْتُ لِآخُذَهُ، فَالْتَفَتُّ فَإِذَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ. [راجع: ۳۱۵۳]

بَابُ مَا نَدَّ مِنَ الْبَهَائِمِ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الْوَحْشِ

جو پالتو چوپایہ بدک جائے وہ وحشی جانور کی طرح ہے

ذبح کی دو قسمیں ہیں: ذبح اختیاری اور ذبح اضطراری۔ اگر جانور قابو میں ہو تو ذبح اختیاری ضروری ہے، اور ذبح اختیاری کا محل حلق اور لبّہ ہے، اور اگر جانور قابو سے باہر ہو، جیسے شکار یا بدکا ہوا پالتو جانور یا کھائی میں گرا ہوا اونٹ تو ذبح اضطراری بھی کافی ہے۔ اور اس کا محل جانور کا سارا جسم ہے، کسی بھی جگہ بسم اللہ کہہ کر دھاردار آلہ سے زخمی کردیا جائے، پھر زندہ قابو میں آجائے تو ذبح اختیاری ضروری ہے، ورنہ وہی ذبح اضطراری کافی ہے، اور دلیل حضرت رافع کی حدیث ہے جو بار بار گذری ہے۔

[۲۳-] بَابُ مَا نَدَّ مِنَ الْبَهَائِمِ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الْوَحْشِ

[۱-] وَأَجَازَهُ ابْنُ مَسْعُوْدٍ. [۲-] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَا أَعْجَزَكَ مِنَ الْبَهَائِمِ مِمَّا فِيْ يَدَيْكَ فَهُوَ كَالصَّيْدِ.
[۳-] وَفِيْ بَعِيْرٍ تَرَدَّى فِي بِئْرٍ فَذَكِّهِ مِنْ حَيْثُ قَدَرْتَ عَلَيْهِ. [٤-] وَرَأَى ذٰلِكَ عَلِيٌّ وَابْنُ عُمَرَ وَعَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ.

[۵۵۰۹-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَبَايَةَ ابْنِ رِفَاعَةَ بْنِ خَدِيْجٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا لَاقُو الْعَدُوِّ غَدًا، وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى! فَقَالَ: " اعْجَلْ أَوْ: أَرِنْ، مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلْ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، وَسَأُحَدِّثُكَ، أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ "

وَأَصَبْنَا نَهْبَ إِبِلٍ وَغَنَمٍ فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيْرٌ، فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ لِهٰذِهِ الإِبِلِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَإِذَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا شَيْئٌ فَافْعَلُوْا بِهِ هٰكَذَا "[راجع: ۲۴۸۸]

۱- حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کو جائز قرار دیا یعنی پالتو جانور بدک جائے تو اس کے ساتھ وحشی جانور جیسا معاملہ کیا جاسکتا ہے۔

۲- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جو پالتو چوپایہ تجھے عاجز کردے، اس سے جو تیرے ہاتھ میں ہے یعنی تو ذبح اختیاری نہ کرسکے تو وہ شکار کی طرح ہے۔

۳- اونٹ کنویں میں گر جائے تو ذبح کر اس کو جہاں سے بھی ذبح پر تو قادر ہو یعنی کوئی دھار دار چیز تلوار کلہاڑی وغیرہ ذبح کی نیت سے بسم اللہ پڑھ کر اس پر ڈالو اور زخمی کر دو، پھر جب خون نکل کر مر جائے تو اتر کر کاٹ کر نکال لو۔

۴- حضرات علی، ابن عمر اور عائشہ رضی اللہ عنہم کی بھی یہی رائے ہے کہ پالتو جانور بدک جائے تو اس کے ساتھ وحشی جانور جیسا معاملہ کیا جائے۔

قولہ: اعْجَل: جلدی کر یا فرمایا: أَرِن: ہلاک کر (یہ لفظ کیا ہے؟ اس میں بڑا جھگڑا ہے حاشیہ دیکھیں) یعنی جب چھری کے علاوہ کسی چیز سے ذبح کرو تو دیر مت لگاؤ، جلدی سے ذبح کر ڈالو، کہیں ایسا نہ ہو کہ ذبح کرتے کرتے مر جائے............

أوابد: آبدۃ کی جمع ہے: بدکنے والا یعنی وحشی جانور۔

بَابُ النَّحْرِ وَالذَّبْحِ

سینہ اور گلے میں ذبح کرنا

ذبح اختیاری کا محل پورا گلا (گردن) ہے، پھر گردن کا بالائی حصہ (جبڑے سے متصل) کاٹنا ذبح ہے، اور سینہ سے متصل حصہ میں چھری مارنا نحر ہے، اونٹ جیسے لمبی گردن کے جانوروں میں نحر افضل ہے، سینہ کے بالائی گڑھے میں رگیں جمع ہوتی ہیں اس لئے ذبح میں آسانی ہوتی ہے، اور دوسرے جانوروں میں ذبح افضل ہے اور اس کا برعکس بھی درست ہے۔

۱- حضرت عطاء رحمہ اللہ نے فرمایا: ذبح اور نحر نہیں ہوتا مگر ذبح کرنے کی جگہ میں اور نحر کرنے کی جگہ میں (یہ دونوں جگہیں علاحدہ علاحدہ ہیں)

۲- حضرت عطاءؒ سے پوچھا گیا: جس جانور کا ذبح افضل ہے اس کو نحر کیا جائے تو جائز ہوگا؟ فرمایا: ہاں! قرآن میں گائے کے ذبح کرنے کا ذکر ہے (پس وہ افضل ہے، مگر اس کا نحر بھی جائز ہے) اسی طرح اگر اونٹ کو ذبح کیا جائے تو یہ بھی درست ہے، مگر اس کا نحر مجھے زیادہ پسند ہے۔

۳- ذبح میں چار رگیں کاٹی جاتی ہیں: (۱) حلقوم (سانس کی نالی) (۲) مَری (کھانا پانی اترنے کی نالی) (۳و۴) وَدجان (دوشاہ رگیں) ذبح میں ان چاروں کو کاٹنا چاہئے، لیکن اگر ان میں سے کوئی بھی تین کاٹیں تو ذبح درست ہے، دو کاٹیں تو ذبح درست نہیں۔

۴- اگر شہ رگوں سے آگے حرام مغز تک کاٹا جائے تو مکروہ ہے، یہ بے ضرورت جانور کو تکلیف دینا ہے، قصائی یہ حرکت کرتے ہیں تاکہ جانور جلدی ٹھنڈا ہو جائے، ابن عمرؓ نے ذبح میں حرام مغز تک پہنچنے سے منع کیا۔ فرمایا: ہڈی تک کاٹے پھر جانور کو چھوڑ دے یہاں تک کہ وہ ٹھنڈا ہو جائے۔

۵- پھر وہ آیت ذکر کی ہے جس میں گائے (بیل) کے ذبح کا ذکر ہے، یہ سورۃ البقرۃ کی آیت ۷۱ ہے۔

۶-ابن عباسؓ نے فرمایا: ذبح گلے میں اور سینہ کے بالائی گڑھے میں ہوتا ہے (یہ یا تو ذبح اختیاری کا محل بتایا یا ذبح کی افضل جگہ بتائی)

۷-حضرت ابن عمر، ابن عباس اور انس رضی اللہ عنہم نے فرمایا: اگر ذبح میں سر جدا کردے تو ذبیحہ حلال ہے (مگر ایسا کرنا مکروہ ہے)

پھر تین حدیثیں ہیں، ان میں گھوڑے کو ذبح کرنے اور نحر کرنے کا ذکر ہے، نحر بمعنی ذبح ہے، اور جمہور کے نزدیک بشمول صاحبین گھوڑا بلا کراہت حلال ہے، اور امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک مکروہ ہے: تحریمی یا تنزیہی؟ مختار تنزیہی ہے۔

[٢٤-] بَابُ النَّحْرِ وَالذَّبْحِ

[١-] وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، لاَ ذَبْحَ وَلاَ نَحْرَ إِلاَّ فِي الْمَذْبَحِ وَالْمَنْحَرِ.

[٢-] قُلْتُ: أَيُجْزِئُ مَا يُذْبَحُ أَنْ أَنْحَرَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، ذَكَرَ اللّٰهُ ذَبْحَ الْبَقَرَةِ، فَإِنْ ذَبَحْتَ شَيْئًا يُنْحَرُ جَازَ، وَالنَّحْرُ أَحَبُّ إِلَيَّ.

[٣-] وَالذَّبْحُ قَطْعُ الْأَوْدَاجِ.

[٤-] قُلْتُ: فَتُخَلَّفُ الْأَوْدَاجُ حَتّٰى يُقْطَعَ النِّخَاعُ؟ قَالَ: لاَ إِخَالُ، فَأَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ نَهَى عَنِ النَّخْعِ، يَقُوْلُ: يُقْطَعُ مَا دُوْنَ الْعَظْمِ، ثُمَّ يَدَعُ حَتّٰى يَمُوْتَ.

[٥-] ﴿وَإِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: وَقَالَ: ﴿فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ﴾

[٦-] وَقَالَ سَعِيْدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: الذَّكَاةُ فِي الْحَلْقِ وَاللَّبَّةِ.

[٧-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ وَأَنَسٌ: إِذَا قَطَعَ الرَّأْسَ فَلاَ بَأْسَ.

[٥٥١٠-] حدثنا خَلاَّدُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِيْ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ امْرَأَتِيْ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ قَالَتْ: نَحَرْنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرَسًا فَأَكَلْنَاهُ. [أطرافه: ٥٥١١، ٥٥١٢، ٥٥١٩]

[٥٥١١-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: سَمِعَ عَبْدَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: ذَبَحْنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرَسًا وَنَحْنُ بِالْمَدِيْنَةِ فَأَكَلْنَاهُ [راجع: ٥٥١٠]

[٥٥١٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، أَنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ

أَبِیْ بَکْرٍ قَالَتْ: نَحَرْنَا عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَرَسًا فَأَكَلْنَاهُ.
تَابَعَهُ وَکِیْعٌ وَابْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ هِشَامٍ فِي النَّحْرِ. [راجع: ۵۵۱۰]

قوله: لا إخال: میں نہیں گمان کرتا ہوں یعنی حرام مغز تک نہ پہنچا جائے۔

بَابُ مَا یُکْرَهُ مِنَ الْمُثْلَةِ وَالْمَصْبُوْرَةِ وَالْمُجَثَّمَةِ

زندہ جانور کے اعضاء کا کاٹنا، روک کر قتل کرنا اور نشانہ بنا کر قتل کیا ہوا جانور حرام ہے

مُثلہ: شکل بگاڑنا، اور مراد زندہ جانور کے اعضاء کاٹنا ہے، **مصبورة**: روکا ہوا اور مراد زندہ جانور کو کھڑا کرکے چاند ماری کی گئی ہو، اور **مجثمہ**: گھٹنوں کے بل گرا ہوا، اور مراد وہ پرندہ (مرغ وغیرہ) ہے جس کو باندھ کر چاند ماری کی گئی ہو، یہ سب جانور حرام ہیں، اور یہ فعل باعث لعنت ہے۔

حدیث (۱): حکم بن ایوب: حجاج کا چچازاد بھائی، بہنوئی اور بصرہ پر اس کا نائب تھا، حضرت انس رضی اللہ عنہ اس کے پاس گئے، انھوں نے چند لڑکوں کو دیکھا کہ مرغی کو باندھ کر چاند ماری کر رہے ہیں، پس فرمایا: نبی ﷺ نے پالتو جانوروں کو روک کر قتل کرنے سے منع کیا ہے۔

حدیث (۲): یحییٰ بن سعید بن العاص (مدینہ کے گورنر) کے پاس حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما گئے، یحییٰ کے کسی لڑکے نے مرغی باندھ رکھی تھی اور اس کو تیر مار رہا تھا، ابن عمرؓ اس کے پاس گئے اور مرغی کو کھول دیا، پھر مرغی اور لڑکے کو اپنے ساتھ لے کر آئے، اور فرمایا: اپنے لڑکوں کو جھڑکو اس بات پر کہ وہ اس پرندے کو قتل کے لئے روکیں، میں نے نبی ﷺ کو منع کرتے ہوئے سنا ہے اس بات سے کہ کوئی چوپایہ وغیرہ قتل کے لئے روکا جائے۔

حدیث (۳): سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں: ہم حضرت ابن عمرؓ کے ساتھ تھے، پس وہ چند ایسے نوجوانوں کے پاس سے گذرے جنھوں نے مرغی کو کھڑا کر رکھا تھا اور اس کو تیر مار رہے تھے، پس جب انھوں نے ابن عمرؓ کو دیکھا تو مرغی کو چھوڑ کر بکھر گئے، ابن عمرؓ نے فرمایا: یہ حرکت کس نے کی ہے؟ نبی ﷺ نے ایسا کرنے والے پر لعنت کی ہے —— دوسری سند سے ہے کہ نبی ﷺ نے اس شخص پر لعنت بھیجی ہے جو جانور کی شکل بگاڑتا ہے۔

حدیث (۴): عبداللہ بن یزیدؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے لوٹنے سے اور شکل بگاڑنے سے منع کیا ہے۔

[۲۵-] بَابُ مَا یُکْرَهُ مِنَ الْمُثْلَةِ وَالْمَصْبُوْرَةِ وَالْمُجَثَّمَةِ

[۵۵۱۳-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِیْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَیْدٍ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَنَسٍ عَلٰی الْحَکَمِ بْنِ أَیُّوْبَ، فَرَأَی غِلْمَانًا أَوْ: فِتْیَانًا نَصَبُوْا دَجَاجَةً یَرْمُوْنَهَا. فَقَالَ أَنَسٌ: نَهَی النَّبِیُّ صلی الله

عليه وسلم أَنْ تُصْبَرَ الْبَهَائِمُ.

[٥٥١٤-] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ يُعْقُوبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّـهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّـهُ دَخَلَ عَلٰى يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، وَغُلَامٌ مِنْ بَنِيْ يَحْيىَ رَابِطٌ دَجَاجَةً يَرْمِيْهَا، فَمَشَى إِلَيْهَا ابْنُ عُمَرَ حَتّٰى حَلَّهَا، ثُمَّ أَقْبَلَ بِهَا وَبِالْغُلَامِ مَعَهُ، فَقَالَ: ازْجُرُوْا غُلَامَكُمْ عَنْ أَنْ يَصْبِرَ هٰذَا الطَّيْرَ بِالْقَتْلِ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَنْهٰى أَنْ تُصْبَرَ بَهِيْمَةٌ أَوْ غَيْرُهَا لِلْقَتْلِ.

[٥٥١٥-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ، فَمَرُّوْا بِفِتْيَةٍ أَوْ: بِنَفَرٍ نَصَبُوْا دَجَاجَةً يَرْمُوْنَهَا، فَلَمَّا رَأَوُا ابْنَ عُمَرَ تَفَرَّقُوْا عَنْهَا، وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَنْ فَعَلَ هٰذَا؟ إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَعَنَ مَنْ فَعَلَ هٰذَا.

تَابَعَهُ سُلَيْمَانُ عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمِنْهَالُ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَنْ مَثَّلَ بِالْحَيَوَانِ.

وَقَالَ عَدِيٌّ: عَنْ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥٥١٦-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّـهُ نَهٰى عَنِ النُّهْبَةِ وَالْمُثْلَةِ. [راجع: ٢٤٧٤]

بَابُ لَحْمِ الدَّجَّاجِ

مرغی کا گوشت حلال ہے

مرغی خلط کرتی ہے، گندگی بھی کھاتی ہے اور دانہ بھی، اس لئے حلال ہے، وہ جلالہ: صرف گندگی نہیں کھاتی، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے نبی ﷺ کو مرغی تناول فرماتے دیکھا ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۲۱) آچکی ہے۔

[٢٦-] بَابُ لَحْمِ الدَّجَّاجِ

[٥٥١٧-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ الدَّجَاجَ. [راجع: ٣١٣٣]

[٥٥١٨-] قَالَ وَحَدَّثَنَا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ بْنُ أَبِيْ تَمِيْمَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَهْدَمٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، وَكَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ هٰذَا الْحَيِّ مِنْ جَرْمٍ إِخَاءٌ، فَأُتِيَ بِطَعَامٍ فِيْهِ لَحْمُ دَجَاجٍ، وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ جَالِسٌ أَحْمَرُ فَلَمْ يَدْنُ مِنْ طَعَامِهِ، قَالَ: ادْنُ فَقَدْ

رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ مِنْهُ، قَالَ: إِنِّي رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ شَيْئًا فَقَذِرْتُهُ، فَحَلَفْتُ أَنْ لَا آكُلَهُ، فَقَالَ: ادْنُ أُخْبِرْكَ أَوْ: أُحَدِّثْكَ إِنِّي أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي نَفَرٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ، فَوَافَقْتُهُ وَهُوَ غَضْبَانُ، وَهُوَ يَقْسِمُ نَعَمًا مِنْ نَعَمِ الصَّدَقَةِ، فَاسْتَحْمَلْنَاهُ، فَحَلَفَ أَنْ لَا يَحْمِلَنَا، قَالَ: "مَا عِنْدِيْ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ" ثُمَّ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِنَهْبٍ مِنْ إِبِلٍ، فَقَالَ: "أَيْنَ الْأَشْعَرِيُّوْنَ؟ أَيْنَ الْأَشْعَرِيُّوْنَ؟" قَالَ: فَأَعْطَانَا خَمْسَ ذَوْدٍ غُرَّ الذُّرَى، فَلَبِثْنَا غَيْرَ بَعِيْدٍ، فَقُلْتُ لِأَصْحَابِيْ: نَسِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمِيْنَهُ، فَوَ اللّٰهِ لَئِنْ تَغَفَّلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمِيْنَهُ لَا نُفْلِحُ أَبَدًا. فَرَجَعْنَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا اسْتَحْمَلْنَاكَ، فَحَلَفْتَ أَنْ لَا تَحْمِلَنَا فَظَنَنَّا أَنَّكَ نَسِيْتَ يَمِيْنَكَ، فَقَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ هُوَ حَمَلَكُمْ، إِنِّيْ وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا أَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ، وَتَحَلَّلْتُهَا" [راجع: ۳۱۳۳]

بَابُ لُحُوْمِ الْخَيْلِ

گھوڑے کا گوشت حلال ہے

جمہور بشمول صاحبین اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک گھوڑے کا گوشت بغیر کراہت کے جائز ہے، اور امام مالکؒ کے مذہب میں حلت کا بھی قول ہے اور کراہیت کا بھی، اور فاکہی نے مکروہ تحریمی کے قول کو ترجیح دی ہے، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مکروہ ہے، پھر اختلاف ہے کہ کراہیت کیسی ہے: تحریمی یا تنزیہی؟ اور کراہیت لعینہ ہے یا لغیرہ؟ اصح یہ ہے کہ کراہیت تنزیہی (خلاف اولیٰ) ہے اور لغیرہ ہے، اس لئے مکروہ ہے کہ آلۂ جہاد کم نہ ہوجائے ــــ اور اس سلسلہ میں روایتوں میں اختلاف ہے، دو روایتیں جو اعلیٰ درجہ کی صحیح اور صریح ہیں، جو باب میں ہیں، اباحت پر دلالت کرتی ہیں، اور ایک روایت جو ضعیف ہے وہ ممانعت پر دلالت کرتی ہے اور وہ حضرت خالد بن الولید کی روایت ہے جو ابوداؤد اور نسائی میں ہے، اس کی سند میں بقیۃ بن الولید ہے، جو مشہور ضعیف راوی ہے، اور اس پر درایۃً بھی اعتراض ہے، جو تحفۃ الالمعی (۱۴۱:۵) میں ہے، چنانچہ درمختار میں ہے کہ امام اعظم نے کراہیت کے قول سے رجوع کرلیا ہے، اور یہ مسئلہ پہلے (تحفۃ القاری ۳۲۱:۸) آچکا ہے۔

[۲۷-] بَابُ لُحُوْمِ الْخَيْلِ

[۵۵۱۹-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ فَاطِمَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: نَحَرْنَا فَرَسًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَكَلْنَاهُ. [راجع: ۵۵۱۰]

[۵۵۲۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ،

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ، وَرَخَّصَ فِي لُحُوْمِ الْخَيْلِ. [راجع: ٤٢١٩]

بَابُ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ

گدھوں کا گوشت حرام ہے

چاروں ائمہ متفق ہیں کہ گدھا حرام ہے، البتہ مالکیہ کے یہاں تین روایتیں ہیں، ایک کراہیت کی بھی ہے، اور باب میں نو روایتیں ہیں، آٹھ حرمت پر دلالت کرتی ہیں، اور نویں روایت میں ابن عباسؓ نے حرمت کا انکار کیا ہے، علاوہ ازیں ابوداؤد میں غالب بن ابجرؓ کی روایت ہے جو حلت پر دلالت کرتی ہے، مگر وہ روایت نہایت ضعیف ہے۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۴۲:۵) میں ہے۔

[٢٨-] بَابُ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ

فِيْهِ عَنْ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥٥٢١-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَالِمٍ، وَنَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ يَوْمَ خَيْبَرَ. [راجع: ٨٥٣]

[٥٥٢٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ. تَابَعَهُ ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، وَقَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ سَالِمٍ. [راجع: ٨٥٣]

[٥٥٢٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيْهِمَا، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمُتْعَةِ عَامَ خَيْبَرَ وَلُحُوْمِ الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ. [راجع: ٤٢١٦]

[٥٥٢٤-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ، وَرَخَّصَ فِي لُحُوْمِ الْخَيْلِ. [راجع: ٤٢١٩]

حوالہ: حضرت سلمۃ بن الاکوع کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۳۰۱) آئی ہے..........اور ابن عمرؓ کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۳۱۷) آئی ہے..........اور حضرت علیؓ کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۳۱۸) آئی ہے..........اور حضرت

جابرؓ کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۳۲۱) آئی ہے۔

[٥٥٢٥و٥٥٢٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَدِىٌّ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَابْنِ أَبِىْ أَوْفَى قَالاَ: نَهَى النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ.[حديث ٥٥٢٥: راجع: ٤٢٢١، حديث ٥٥٢٦: أطرافه: ٣١٥٥]

[٥٥٢٧-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنِىْ أَبِىْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَنَّ أَبَا إِدْرِيْسَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا ثَعْلَبَةَ قَالَ: حَرَّمَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لُحُوْمَ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ.

تَابَعَهُ الزُّبَيْدِىُّ، وَعُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، وَقَالَ مَالِكٌ، وَمَعْمَرٌ، وَالْمَاجَشُوْنُ، وَيُوْنُسُ، وَابْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِىِّ: نَهَى النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَكْلِ كُلِّ ذِىْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ.

[٥٥٢٨-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَّمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِىُّ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم جَاءَهُ جَاءٍ فَقَالَ: أُكِلَتِ الْحُمُرُ، ثُمَّ جَاءَهُ جَاءٍ فَقَالَ: أُكِلَتِ الْحُمُرُ، ثُمَّ جَاءَهُ جَاءٍ، فَقَالَ: أُفْنِيَتِ الْحُمُرُ، فَأَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى فِى النَّاسِ: إِنَّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ يَنْهَاكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ، فَإِنَّهَا رِجْسٌ. فَكُفِئَتِ الْقُدُوْرُ وَإِنَّهَا لَتَفُوْرُ بِاللَّحْمِ. [راجع: ٣٧١]

حوالہ: حضرات براء وابن ابی اوفی رضی اللہ عنہما کی روایت (تحفۃ القاری ۸:۳۲۲) میں آئی ہے............اور حضرت ابو ثعلبہؓ کی حدیث نئی ہے، مگر تین راوی (صالح، زبیدی اور عقیل) حدیث میں گدھوں کے گوشت کی حرمت کا تذکرہ کرتے ہیں، اور دوسرے پانچ رُوات (امام مالکؒ وغیرہ) کچلی دار درندوں کی حرمت بیان کرتے ہیں، گدھوں کا تذکرہ نہیں کرتے ....اور حضرت انسؓ کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۳۰۵) آئی ہے۔

[٥٥٢٩-] حدثنا عَلِىُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ: يَزْعُمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ، فَقَالَ: قَدْ كَانَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ الْحَكَمُ بْنُ عَمْرٍو الْغِفَارِىُّ عِنْدَنَا بِالْبَصْرَةِ، وَلٰكِنْ أَبَى ذٰلِكَ الْبَحْرُ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَقَرَأَ:﴿قُلْ لاَّ أَجِدُ فِىْ مَا أُوْحِىَ إِلَىَّ مُحَرَّمًا﴾ [الأنعام: ١٤٥]

ترجمہ: عمرو بن دینار نے ابوالشعثاء جابر بن زید سے پوچھا: لوگ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے گدھوں کی ممانعت کی ہے، جابر بن زید نے کہا: یہی بات حکم بن عمرو غفاریؓ ہمارے پاس بصرہ میں کہا کرتے تھے، مگر علم کے سمندر ابن عباسؓ نے اس کا انکار کیا ہے، وہ سورۃ الانعام کی (آیت ۱۴۵) پڑھا کرتے تھے، اس میں ہے کہ حرام صرف چار چیزیں ہیں: مردار،

بہتا ہوا خون، خنزیر کا گوشت اور غیر اللہ کے نامزد کیا ہوا جانور (اور گدھا ان میں شامل نہیں ہے، پس وہ حلال ہے) —— جواب یہ ہے کہ آیت میں مشرکین جن جانوروں کو کھاتے تھے اور جن کو حرام ٹھہراتے تھے ان کے اعتبار سے حصر ہے، یعنی تم یہ چار کھاتے ہو جو حرام ہیں، اور بحیرۃ سائبہ کو حرام ٹھہراتے ہو، حالانکہ وہ حرام نہیں۔

بَابُ أَكْلِ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ

ہر کُچلی دار درندہ حرام ہے

نَاب: مفرد، أنیاب جمع، اوپر نیچے دونوں جانب جو آخری دانت ہیں، جو گولائی لئے ہوئے ہیں: ان کو انیاب کہتے ہیں، اردو میں ان کو کُچلی کہتے ہیں، تمام گوشت خور جانوروں کی کچلیاں ہوتی ہیں، اور ہر کچلی دار درندہ اور ہر پنجے دار پرندہ حرام ہے۔ حضرت ابوثعلبہؓ کی حدیث میں جو باب میں ہے صرف ہر کچلی دار درندے کا ذکر ہے، مگر حضرت جابرؓ کی حدیث میں جو ترمذی (حدیث ۱۴۶۳) میں ہے اور حسن صحیح ہے: ہر پنجے دار پرندے کا بھی ذکر ہے، پھر حنفیہ کے نزدیک کوئی استثناء نہیں، چنانچہ بجو اور لومڑی بھی حرام ہیں، اس لئے کہ وہ بھی کچلی دار درندے ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ نے ان کو مستثنیٰ کیا ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ نے نہی کو کراہیت پر محمول کیا ہے، ان کے نزدیک یہ جانور حرام نہیں۔

[۲۹-] بَابُ أَكْلِ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ

[۵۵۳۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ أَكْلِ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ. تَابَعَهُ يُوْنُسُ، وَمَعْمَرٌ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ، وَالْمَاجِشُوْنُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ.

بَابُ جُلُوْدِ الْمَيْتَةِ

مردار کی کھال

مردار ناپاک ہے، اس کا بیچنا خریدنا جائز نہیں، اور کھال گوشت کے حکم میں ہے، اس لئے مردار کی کھال رنگنے سے پہلے بیچنا خریدنا جائز نہیں، البتہ رنگنے سے پاک ہوجاتی ہے، اب اس کو بیچ سکتے ہیں، اور حدیث اور اس کی تفصیل پہلے (تحفۃ القاری ۵:۲۷۰) آچکی ہے۔

[۳۰-] بَابُ جُلُوْدِ الْمَيْتَةِ

[۵۵۳۱-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ،

قَالَ: حَدَّثَنِی ابْنُ شِهَابٍ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَرَّ بِشَاةٍ مَيْتَةٍ، فَقَالَ:" هَلَّا اسْتَمْتَعْتُمْ بِإِهَابِهَا؟" قَالُوْا: إِنَّهَا مَيْتَةٌ. قَالَ:" إِنَّمَا حَرُمَ أَكْلُهَا" [راجع: ١٤٩٢]

[٥٥٣٢-] حدثنا خَطَّابُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَجْلَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ،سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: مَرَّ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم بِعَنْزٍ مَيْتَةٍ فَقَالَ: "مَا عَلٰى أَهْلِهَا لَوِ انْتَفَعُوْا بِإِهَابِهَا" [راجع: ١٤٩٢]

بَابُ الْمِسْكِ

مشک پاک ہے

مِسْك:مُشک، ہرن کے نافہ سے نکلنے والا خوشبودار مادہ، ہرن شکار ہے، جب اس کو ماریں گے تو نافہ ہاتھ آئے گا، اس لئے کتاب الصید میں یہ باب لائے ہیں، مشک کی اصل خون ہے، مگر ماہیت بدل جاتی ہے اس لئے پاک ہے، اسی لئے شہید کے خون کو اس کے ساتھ تشبیہ دی ہے، اور حدیثیں دونوں آچکی ہیں۔

[٣١-] بَابُ الْمِسْكِ

[٥٥٣٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِی زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا مِنْ مَكْلُوْمٍ يُكْلَمُ فِی اللّٰهِ إِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَكَلْمُهُ يَدْمَى: اللَّوْنُ لَوْنُ دَمٍ، وَالرِّيْحُ رِيْحُ مِسْكٍ"[راجع: ٢٣٧]

[٥٥٣٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِی بُرْدَةَ، عَنْ أَبِی مُوْسَى، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالسَّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ، فَحَامِلُ الْمِسْكِ إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا طَيِّبَةً، وَنَافِخُ الْكِيْرِ إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا خَبِيْثَةً" [راجع: ٢١٠١]

ترجمہ: اچھے ہم نشیں اور برے ہم نشیں کی مثال مشک رکھنے والے اور بھٹی دھونکنے والے کی سی ہے، پس مشک رکھنے والا یا تو تجھے بخشے گا یا تو اس سے خریدے گا یا تو اس کی خوشبو سونگھے گا، اور بھٹی پھونکنے والا: یا تو تیرے کپڑے جلائے گا یا تو اس کی بدبو (دھواں) پائے گا۔

لغات: مکلوم: مجروح: زخمی، کَلَمَہ(ض) کَلْمًا: زخمی کرنا.......... دَمِیَ(س) الْجُرح: خون نکلنا، زخم کا

خون آلود ہونا............أحذاه: دینا، حَذَا(ن) فلانا شیئًا: کوئی چیز دینا۔

بَابُ الْأَرْنَبِ

خرگوش حلال ہے

خرگوش چاروں ائمہ کے نزدیک حلال ہے، اور شیعوں کے نزدیک حرام ہے، خرگوش کے سلسلہ میں تین ضعیف روایتیں ہیں جو کراہیت پر دلالت کرتی ہیں اور چار صحیح روایات ہیں جو حلت پر دلالت کرتی ہیں، تفصیل تحفۃ الالمعی (۵:۱۳۰) میں ہے، اور باب میں جو روایت ہے وہ پہلے آچکی ہے۔

[۳۲-] بَابُ الْأَرْنَبِ

[۵۵۳۵-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَنْفَجْنَا أَرْنَبًا وَنَحْنُ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، فَسَعَى الْقَوْمُ فَلَغِبُوْا، فَأَخَذْتُهَا فَجِئْتُ بِهَا إِلَى أَبِيْ طَلْحَةَ، فَذَبَحَهَا، فَبَعَثَ بِوَرِكَيْهَا أَوْ قَالَ: بِفَخِذَيْهَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَبِلَهَا.[راجع: ۲۵۷۲]

لغت: أنفجنا: ہم نے بھگایا، دوڑایا............لَغِبُوْا: تَعِبُوْا: تھک گئے۔

بَابُ الضَّبِّ

گوہ کا حکم

گوہ: چھپکلی جیسا ایک رینگنے والا جانور ہے، جو چھپکلی سے بڑا ہوتا ہے، اور پہاڑوں میں اور درختوں کے تنوں کے سوراخوں میں رہتا ہے۔ گوہ کھانا جائز ہے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک گوہ حلال ہے، اور حنفیہ کے نزدیک مکروہ یا حرام ہے، مفتی بہ قول مکروہ تحریمی کا ہے —— گوہ کے سلسلہ میں روایات مختلف ہیں، جو روایت اعلی درجہ کی صحیح ہے وہ حلت پر دلالت کرتی ہے، اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے جو باب میں ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں نہ تو گوہ کو کھاتا ہوں، اور نہ اس کو حرام قرار دیتا ہوں'' دوسری روایت بھی باب میں ہے اور پہلے گذری ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے گوہ کھائی، اور حرمت پر دلالت کرنے والی دو تین روایتیں ہیں، عبدالرحمٰن بن شبل کی روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گوہ کا گوشت کھانے سے منع کیا، اور عبدالرحمٰن بن حسنہ کی روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گوہ کی ہانڈیاں الٹوادیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو مسکین کو گوہ دینے سے منع کیا، پس احتیاط اس میں ہے کہ اس کو نہ کھایا جائے، کیونکہ ہر حلال چیز کا کھانا ضروری نہیں، اور ہر حرام چیز سے بچنا ضروری ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ الالمعی ۵:۱۳۳)

[٣٣-] بَابُ الضَّبِّ

[٥٥٣٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ دِيْنَارٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الضَّبُّ لَسْتُ آكُلُهُ وَلاَ أُحَرِّمُهُ"

[٥٥٣٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ: أَنَّـهُ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْتَ مَيْمُوْنَةَ، فَأُتِيَ بِضَبٍّ مَحْنُوْذٍ، فَأَهْوَى إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ، فَقَالَ بَعْضُ النِّسْوَةِ: أَخْبِرُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمَا يُرِيْدُ أَنْ يَأْكُلَ، فَقَالُوْا: هُوَ ضَبٌّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَرَفَعَ يَدَهُ، فَقُلْتُ: أَحَرَامٌ هُوَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " لاَ، وَلٰكِنْ لَمْ يَكُنْ بِأَرْضِ قَوْمِيْ فَأَجِدُنِيْ أَعَافُهُ" قَالَ خَالِدٌ: فَاجْتَرَرْتُهُ فَأَكَلْتُهُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْظُرُ. [راجع: ٥٣٩١]

بَابٌ: إِذَا وَقَعَتِ الْفَأْرَةُ فِي السَّمْنِ الْجَامِدِ أَوِ الذَّائِبِ

جمے ہوئے یا پگھلے ہوئے گھی میں چوہا مرجائے تو کیا حکم ہے؟

چوہا بھی ایک شکار ہے، مگراس کا کھانا حرام ہے، اوروہ نجس العین نہیں، پس اگر جمے ہوئے گھی وغیرہ میں مرجائے تو اس کو نکال دیا جائے، اور جو گھی اس کے اردگرد ہو وہ بھی نکال کر پھینک دیا جائے، باقی گھی پاک ہے اس کو کھایا جائے، اور اگر گھی پگھلا ہوا ہو تو وہ ناپاک ہوجائے گا، پھر اس میں اختلاف ہے کہ اس کا خارجی استعمال جائز ہے یا نہیں؟ اور اس کو پاک کرنے کی کوئی صورت ہے یا نہیں؟ تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۴۶:۵) میں ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۵۷۳) گذری ہے، وہاں بھی مسائل کی تفصیل ہے۔

[٣٤-] بَابٌ: إِذَا وَقَعَتِ الْفَأْرَةُ فِي السَّمْنِ الْجَامِدِ أَوِ الذَّائِبِ

[٥٥٣٨-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّـهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يُحَدِّثُهُ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ: أَنَّ فَأْرَةً وَقَعَتْ فِيْ سَمْنٍ فَمَاتَتْ، فَسُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْهَا، فَقَالَ: " أَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَكُلُوْهُ"

قِيْلَ لِسُفْيَانَ: فَإِنَّ مَعْمَرًا يُحَدِّثُهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَا سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَقُوْلُهُ إِلاَّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ مِرَارًا. [راجع: ٢٣٥]

[٥٥٣٩-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الدَّابَّةِ تَمُوْتُ فِي الزَّيْتِ وَالسَّمْنِ وَهُوَ جَامِدٌ أَوْ غَيْرُ جَامِدٍ، الْفَأْرَةُ أَوْ غَيْرُهَا، قَالَ: بَلَغَنَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِفَأْرَةٍ مَاتَتْ فِيْ سَمْنٍ، فَأَمَرَ بِمَا قَرُبَ مِنْهَا فَطُرِحَ، ثُمَّ أُكِلَ. عَنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ.[راجع: ٢٣٥]

[٥٥٤٠-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، قَالَتْ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ فَأْرَةٍ سَقَطَتْ فِيْ سَمْنٍ فَقَالَ: ” أَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَكُلُوْهُ“[راجع: ٢٣٥]

وضاحت: علی مدینیؒ نے ابن عیینہؒ سے پوچھا کہ معمر اس حدیث کی سند زہریؒ سے ابو ہریرہؓ تک پہنچاتے ہیں؟ ابن عیینہ نے کہا: میں نے متعدد بار زہریؒ سے یہ حدیث سنی ہے وہ سند میمونہؓ تک لے جاتے تھے (اس لئے یہی سند صحیح ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی ۵: ۱۴۷ میں ہے)

بَابٌ: الْعَلَمُ وَالْوَسْمُ فِي الصُّوْرَةِ

چہرے پر نشان لگانے کی ممانعت

العَلَم اور الوسم: دونوں کے معنی ہیں: نشان، علامت۔ اونٹ بکریوں پر پہچان کے لئے لوہا گرم کر کے نشان لگاتے ہیں، نبی ﷺ نے چہرے پر نشان لگانے سے اور مارنے سے منع کیا، نشان لگانا ضروری ہو تو جسم کے کسی اور حصہ میں لگایا جائے، باب کی آخری حدیث میں ہے: نبی ﷺ بکریوں کے کانوں میں نشان لگا رہے تھے، اور یہ باب اس کتاب میں لا کر اشارہ کیا کہ ذبیحہ اور شکار کے چہرے پر بالقصد نہ مارا جائے۔

[٣٥-] بَابٌ: الْعَلَمُ وَالْوَسْمُ فِي الصُّوْرَةِ

[٥٥٤١-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ حَنْظَلَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ تُعَلَّمَ الصُّوْرَةُ، وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُضْرَبَ.

تَابَعَهُ قُتَيْبَةُ: حَدَّثَنَا الْعَنْقَزِيُّ عَنْ حَنْظَلَةَ، وَقَالَ: تُضْرَبُ الصُّوْرَةُ.

[٥٥٤٢-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِأَخٍ لِيْ يُحَنِّكُهُ، وَهُوَ فِي مِرْبَدٍ لَهُ، فَرَأَيْتُهُ يَسِمُ شَاةً — حَسِبْتُهُ قَالَ: — فِيْ آذَانِهَا.[راجع: ١٥٠٢، ٥٨٢٤]

وضاحت: قتیبہ کی سند سے روایت لاکر تُضْرَب کا نائب فاعل واضح کیا ہے............**الصورة:** چہرہ............**المِرْبد:** اونٹوں کا باڑا۔

بَابٌ: إِذَا أَصَابَ قَوْمٌ غَنِيْمَةً فَذَبَحَ بَعْضُهُمْ غَنَمًا أَوْ إِبِلاً بِغَيْرِ أَمْرِ أَصْحَابِهِمْ لَمْ تُؤْكَلْ

شرکاء کی اجازت کے بغیر جانور ذبح کیا جائے تو اس کو نہ کھایا جائے

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے، جو باب میں ہے کہ صحابہ کو تہامہ کے ذوالحلیفہ میں غنیمت میں اونٹ اور بکریاں ہاتھ آئیں، نبی ﷺ ابھی پیچھے تھے، لوگ بھوک سے دوچار تھے، انھوں نے بے اجازت جانور ذبح کر لئے، اور پکنے کے لئے ہانڈیاں چڑھادیں، جب نبی ﷺ تشریف لائے تو ہانڈیاں الٹوادیں، سارا گوشت ایک جگہ جمع کرلیا، پھر باقاعدہ تقسیم کیا، ایک اونٹ دس بکریوں کے برابر گردانا گیا۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اگر مشترک جانور شرکاء کی اجازت کے بغیر ذبح کر لئے جائیں تو ان کو نہ کھایا جائے، ان کو تقسیم کریں پھر کھائیں —— اور یہ باب اس کتاب میں اس لئے لائے ہیں کہ اگر مشترک شکار شرکاء کی اجازت کے بغیر ذبح کرلیا گیا ہو تو اس کو نہ کھائیں، پہلے گوشت باقاعدہ تقسیم کریں پھر کھائیں۔

[۳۶-] بَابٌ: إِذَا أَصَابَ قَوْمٌ غَنِيْمَةً فَذَبَحَ بَعْضُهُمْ غَنَمًا أَوْ إِبِلاً بِغَيْرِ أَمْرِ أَصْحَابِهِمْ لَمْ تُؤْكَلْ

لِحَدِيْثِ رَافِعٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَالَ طَاوُسٌ وَعِكْرِمَةُ فِي ذَبِيْحَةِ السَّارِقِ: أَطْرَحُوْهُ.

[۵۵۴۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّا نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا، وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى. فَقَالَ:" أَرِنْ أَوِ: اعْجَلْ، مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ فَكُلُوْا، مَا لَمْ يَكُنْ سِنٌّ وَلاَ ظُفُرٌ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ، أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ" وَتَقَدَّمَ سَرْعَانُ النَّاسِ، فَأَصَابُوْا مِنَ الْمَغَانِمِ، وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ آخِرِ النَّاسِ، فَنَصَبُوْا قُدُوْرًا، فَأَمَرَ بِهَا فَأُكْفِئَتْ، وَقَسَمَ بَيْنَهُمْ، وَعَدَلَ بَعِيْرًا بِعَشْرِ شِيَاهٍ، ثُمَّ نَدَّ بَعِيْرٌ مِنْ أَوَائِلِ الْقَوْمِ وَلَمْ يَكُنْ مَعَهُمْ خَيْلٌ، فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ اللّٰهُ فَقَالَ:"إِنَّ لِهٰذِهِ الْبَهَائِمِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا فَعَلَ مِنْهَا هٰذَا فَافْعَلُوْا مِثْلَ هٰذَا"[راجع: ۲۴۸۸]

مسئلہ: بکری چرائی اور اس کو ذبح کیا تو طاؤس ؒ وعکرمہ ؒ نے فرمایا: اس کو پھینکو یعنی اس کا کھانا حرام ہے، ان کے پیش نظر یہ تھا کہ جس کو ذبح کا اختیار نہیں وہ ذبح کرلے تو اس کا کھانا جائز نہیں، ابن بطال کہتے ہیں: حضرت اسحاق بن راہویہ ؒ کے علاوہ کوئی طاؤس ؒ وعکرمہ ؒ کے ساتھ متفق نہیں، تمام فقہاء اس کے کھانے کی اجازت دیتے ہیں (حاشیہ) اس صورت میں ضمان

واجب ہوگا اور ذبح سے پہلے ملکیت ثابت ہوگی، اس لئے اس کا کھانا جائز ہے۔

بَابٌ: إِذَا نَدَّ بَعِيرٌ لِقَوْمٍ فَرَمَاهُ بَعْضُهُمْ بِسَهْمٍ فَقَتَلَهُ، وَأَرَادَ إِصْلاَحَهُمْ، فَهُوَ جَائِزٌ

کسی کا اونٹ بدک گیا، دوسرے نے اس کو تیر مار کر مار دیا، اور اس کی نیت اصلاح کی تھی تو یہ جائز ہے

یہ ذیلی باب ہے: ایک شخص کے پاس قربانی کا جانور ہے، اس کا ارادہ تیسرے دن ذبح کرنے کا ہے، وہ دہلی گیا اور وقت پر نہ لوٹ سکا، کسی نے اس جانور کو تیسرے دن عصر کے بعد ذبح کر دیا تو یہ جائز ہے، اس پر کوئی ضمان نہیں، کیونکہ اس کی نیت اصلاح کی تھی، اور قربانی ہوگئی، باب کا مسئلہ بھی ایسا ہی ہے، حضرت رافع رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے: ایک اونٹ بے قابو ہوگیا، کسی نے اس پر تیر چلایا، وہ زخمی ہوکر رک گیا (پھر اس کو ذبح کر لیا) نبی ﷺ نے اس پر نکیر نہیں فرمائی، بلکہ یہ فرمایا کہ پالتو جانور بدک جائیں تو ان کے ساتھ ایسا ہی کرو۔

[۳۷-] بَابٌ: إِذَا نَدَّ بَعِيرٌ لِقَوْمٍ فَرَمَاهُ بَعْضُهُمْ بِسَهْمٍ فَقَتَلَهُ، وَأَرَادَ إِصْلاَحَهُمْ، فَهُوَ جَائِزٌ

بِخَبَرِ رَافِعٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥٥٤٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَّمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي سَفَرٍ فَنَدَّ بَعِيْرٌ مِنَ الإِبِلِ، قَالَ: فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: " إِنَّ لَهَا أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ فَمَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا فَاصْنَعُوْا بِهِ هٰكَذَا" قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنَّا نَكُوْنُ فِي الْمَغَازِيْ وَالأَسْفَارِ، فَنُرِيْدُ أَنْ نَذْبَحَ فَلاَ تَكُوْنُ مُدًى! فَقَالَ: " أَرِنْ مَا أَنْهَرَ أَوْ: مَا نَهَّرَ الدَّمَ، وَذُكِرَ اسْمُ اللهِ فَكُلْ، غَيْرَ السِّنِّ وَالظُّفُرِ، فَإِنَّ السِّنَّ عَظْمٌ، وَالظُّفُرَ مُدَى الْحَبَشَةِ" [راجع: ٢٤٨٨]

بَابُ أَكْلِ الْمُضْطَرِّ

لاچار کا کھانا

کھانے پینے کی چیزوں کے سلسلہ میں اصل ضابطہ تو یہ ہے کہ حلال وطیب چیزیں کھائے پیئے، البتہ لاچار آدمی جس کو بھوک مری کی نوبت آ گئی ہو بقدر ضرورت حرام چیزیں بھی کھا پی سکتا ہے، قرآنِ کریم میں پانچ آیات میں یہ رخصت (سہولت) دی گئی ہے:

۱- سورۃ البقرۃ (آیت ۱۷۳) میں ہے: ﴿فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلاَ عَادٍ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ﴾: پس جو مجبور ہوجائے، درانحالیکہ وہ چاہنے والا اور زیادتی کرنے والا نہ ہو تو اس پر (مردار وغیرہ کے کھانے میں) کچھ گناہ نہیں ـــــ باغ اور عادی کی

مختلف تفسیریں کی گئی ہیں، حاشیہ دیکھ لیں —— چاہنے والا نہ ہو یعنی حرام کے کھانے کی رغبت نہ رکھتا ہو —— زیادتی کرنے والا نہ ہو یعنی بقدرِ ضرورت کھائے، خوب پیٹ بھر کر نہ کھائے۔

۲- سورۃ المائدہ (آیت ۳) میں ہے: ﴿فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَةٍ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾: جو بھوک میں لاچار ہو جائے، درانحالیکہ گناہ کی طرف مائل ہونے والا نہ ہو، تو اللہ تعالیٰ بخشنے والے مہربانی فرمانے والے ہیں —— گناہ کی طرف مائل ہونا یہ ہے کہ مقدارِ ضرورت سے تجاوز کرے یا لذت مقصود ہو۔

۳- سورۃ الانعام (آیت ۱۱۹) میں: ﴿فَکُلُوْا مِمَّا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَیْهِ﴾: کا حکم دے کر استثناء کیا ہے: ﴿إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَیْهِ﴾: مگر جب تم کسی حرام کے کھانے پر مجبور ہو جاؤ (تو کھا سکتے ہو)

۴- سورۃ الانعام (آیت ۱۴۵) میں پہلے چار حرام چیزوں کا ذکر ہے: مردار کا، بوقتِ ذبح بہائے ہوئے خون کا، خنزیر کے گوشت کا اور غیر اللہ کے نامزد کئے ہوئے جانور کا، پھر فرمایا: ﴿فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلاَ عَادٍ فَإِنَّ رَبَّکَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾: پھر جو کوئی بھوک سے لاچار ہو جائے، درانحالیکہ نہ چاہنے والا ہو نہ زیادتی کرنے والا تو اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے نہایت مہربان ہیں!

۵- سورۃ النحل (آیت ۱۱۵) میں بھی مذکورہ چار حرام چیزوں کا ذکر کر کے فرمایا ہے: ﴿فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلاَ عَادٍ فَإِنَّ رَبَّکَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾: پھر جو کوئی ناچار ہو جائے، درانحالیکہ نہ چاہنے والا ہو نہ حد سے بڑھنے والا تو اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے مہربان ہیں!

ملحوظہ: اس باب میں کوئی حدیث ذکر نہیں کی، کیونکہ جو حکم قرآنِ کریم میں صراحةً ہوتا ہے وہ حدیث میں نہیں آتا۔

[۳۸-] بَابُ أَکْلِ الْمُضْطَرِّ

[۱-] لِقَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا کُلُوْا مِنْ طَیِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاکُمْ﴾ إِلٰی: ﴿فَلَا إِثْمَ عَلَیْهِ﴾

[۲-] وَقَالَ: ﴿فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَةٍ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ﴾

[۳-] وَقَوْلُهُ: ﴿فَکُلُوْا مِمَّا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَیْهِ إِنْ کُنْتُمْ بِآیَاتِهِ مُؤْمِنِیْنَ﴾

[۴-] وَقَوْلُهُ: ﴿قُلْ لَّا أَجِدُ فِیْ مَا أُوْحِیَ إِلَیَّ مُحَرَّمًا﴾ إِلٰی: ﴿أَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مُهْرَاقًا ﴿أَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ﴾

[۵-] وَقَالَ: ﴿فَکُلُوْا مِمَّا رَزَقَکُمُ اللّٰهُ حَلاَلاً طَیِّبًا﴾

﴿الحمد للہ! کتاب الذبائح و الصید و التسمیة کی شرح پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الأضاحِی

قربانی کا بیان

قربانی بھی 'کھانا' ہے، یاد ہوگا نفقات میں تین چیزیں تھیں: کھانا، پینا اور پہننا۔ اب تک کھانے کے ابواب چل رہے ہیں، پھر باقی دو کا بیان آئے گا۔

بَابُ سُنَّةِ الْأُضْحِيَّةِ

قربانی سنت ہے

ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک قربانی سنت ہے اور حنفیہ کے نزدیک واجب، کیونکہ نبی ﷺ نے مواظبتِ تامہ کے ساتھ قربانی کی ہے (ترمذی حدیث ۱۴۹۵) اور جو استطاعت کے باوجود قربانی نہ کرے اس کے لئے سخت وعید آئی ہے، فرمایا: ''جس شخص کے اندر قربانی کی استطاعت ہے پھر بھی قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ کے قریب نہ آئے''

فائدہ: جمہور کے نزدیک قربانی اگرچہ سنت ہے، مگر یہ ایسی سنت ہے جس کا ترک جائز نہیں، اور یہی اختلاف تین اور چیزوں میں بھی ہوا ہے، صدقۃ الفطر، نماز وتر اور نماز عیدین میں، جمہور اول کو فرض اور باقی دو کو سنت کہتے ہیں، مگر ان کے ترک کے روادار نہیں اور احناف کے نزدیک چاروں واجب ہیں۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۴:۴۴۰) میں ہے۔

دلائل:

باب میں دو روایتیں ہیں اور دونوں پہلے (تحفۃ القاری ۳:۲۸۳) آئی ہیں، پہلی حدیث میں ہے: **من فعله فقد أصاب سُنَّتَنَا:** جس نے عید کی نماز کے بعد قربانی کی اس نے ہماری سنت پالی، لفظ سنت سے استدلال کیا ہے، اور دوسری حدیث میں ہے: **أصاب سنةَ المسلمين:** وہ مسلمانوں کی سنت کو پہنچا، اس میں بھی لفظ سنت ہے۔

جواب:

دونوں حدیثوں میں اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے قول میں سنت کے معنی لغوی معنی: طریقہ مراد ہیں، جو اصطلاحی

سنت سے عام ہے، فرض وواجب کو بھی شامل ہے اور احناف کے نزدیک قاعدہ ہے کہ نصوص (قرآن وحدیث) میں مسلمانوں کا عرف حادث اور مجتہدین کی اصطلاحات مراد نہیں لی جائیں گی، کیونکہ یہ بعد کی چیزیں ہیں، نصوص میں لغوی معنی مراد لئے جائیں گے، جیسے تحریمها التکبیر میں الله أکبر کہنا مراد نہیں لیا جائے گا، کہ یہ عرف حادث ہے، بلکہ اللہ کی بڑائی بیان کرنا مراد ہے۔ اسی طرح فرض رسول الله صلی الله علیه وسلم زکاة الفطر میں فقہاء کی اصطلاح 'فرض' مراد نہیں ہے، بلکہ لغوی معنی: مقرر کرنا مراد ہیں، اسی طرح الغسل واجب یوم الجمعة علی کل محتلم میں احناف کی فقہی اصطلاح واجب مراد نہیں، بلکہ واجب بمعنی ضروری ہے، اگرچہ وہ سنت کے درجہ میں ضروری ہو۔ پس جب نبی ﷺ نے اور صحابہ نے مواظبت تامہ کے ساتھ قربانی کی تو وہ 'اسلامی طریقہ' ہوا، وہی لفظ سنت سے مراد ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٧٣- كتابُ الأضاحِی

[١-] بَابُ سُنَّةِ الْأُضْحِيَّةِ

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: هِیَ سُنَّةٌ وَمَعْرُوْفٌ.

[٥٥٤٥-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زُبَيْدٍ الْيَامِیِّ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "إِنَّ أَوَّلَ مَا نَبْدَأُ بِهِ فِیْ يَوْمِنَا هٰذَا أَنْ نُصَلِّیَ، ثُمَّ نَرْجِعُ فَنَنْحَرَ، مَنْ فَعَلَهُ فَقَدْ أَصَابَ سُنَّتَنَا، وَمَنْ ذَبَحَ قَبْلُ فَإِنَّمَا هُوَ لَحْمٌ قَدَّمَهُ لِأَهْلِهِ، لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِیْ شَیْءٍ" فَقَامَ أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ وَقَدْ ذَبَحَ، فَقَالَ: إِنَّ عِنْدِیْ جَذَعَةً، قَالَ: "اذْبَحْهَا وَلَنْ تَجْزِیَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ"

وَقَالَ مُطَرِّفٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "مَنْ ذَبَحَ بَعْدَ الصَّلاَةِ تَمَّ نُسُكُهُ، وَأَصَابَ سُنَّةَ الْمُسْلِمِيْنَ" [راجع: ٩٥١]

[٥٥٤٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلاَةِ فَإِنَّمَا يَذْبَحُ لِنَفْسِهِ، وَمَنْ ذَبَحَ بَعْدَ الصَّلاَةِ فَقَدْ تَمَّ نُسُكُهُ، وَأَصَابَ سُنَّةَ الْمُسْلِمِيْنَ" [راجع: ٩٥٤]

بَابُ قِسْمَةِ الإِمَامِ الأَضَاحِیَّ بَيْنَ النَّاسِ

امام لوگوں کے درمیان قربانیاں تقسیم کرے

گرہ کے پیسوں سے قربانی کرنا ضروری نہیں، باپ یا حکومت پیسہ یا جانور دے تو اس کی قربانی بھی درست ہے، مقصود

اراقۃ الدم ہے جو بہرصورت حاصل ہوگا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵:۳۴۶) آئی ہے، وہاں ہے کہ حضرت عقبہ کو عتود (بکری کا ایک سالہ بچہ) ملا تھا، اور یہاں جذعہ (بھیڑ کا آٹھ نو ماہ کا بچہ) ہے، دونوں کی قربانی درست ہے، اور اگر کم عمر بچہ تھا تو وہ حضرت عقبہ کے ساتھ خاص تھا۔

[۲-] بَابُ قِسْمَةِ الإِمَامِ الأَضَاحِيَّ بَيْنَ النَّاسِ

[۵۵۴۷-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيى، عَنْ بَعْجَةَ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَصْحَابِهِ ضَحَايَا، فَصَارَتْ لِعُقْبَةَ جَذَعَةٌ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! صَارَتْ لِيْ جَذَعَةٌ. قَالَ: "ضَحِّ بِهَا" [راجع: ۲۳۰۰]

بَابُ الأُضْحِيَّةِ لِلْمُسَافِرِ وَالنِّسَاءِ

مسافر اور عورتوں پر قربانی

احناف کے نزدیک: ہر مقیم مالدار عاقل بالغ پر قربانی واجب ہے، خواہ مرد ہو یا عورت، البتہ مسافر پر واجب نہیں، اور مالدار سے مراد وہ شخص ہے جو کم از کم چھوٹے نصاب (نصاب غیر نامی) کا مالک ہو، اور باب کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲:۸۰) آئی ہے، نبی ﷺ نے حج میں ازواج کی طرف سے گائے کی قربانی کی، جبکہ وہ مسافر تھیں، پس حدیث سے یہ تو ثابت ہوا کہ مسافر قربانی کرے تو سبحان اللہ! مگر وجوب یا سنیت ثابت نہیں ہوئی، کیونکہ یہ حج کی قربانی ہوسکتی تھی۔

[۳-] بَابُ الأُضْحِيَّةِ لِلْمُسَافِرِ وَالنِّسَاءِ

[۵۵۴۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا وَحَاضَتْ بِسَرِفَ قَبْلَ أَنْ تَدْخُلَ مَكَّةَ وَهِيَ تَبْكِيْ، فَقَالَ: "مَالَكِ، أَنُفِسْتِ؟" قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: "إِنَّ هٰذَا أَمْرٌ كَتَبَهُ اللهُ عَلٰى بَنَاتِ آدَمَ، فَاقْضِيْ مَا يَقْضِيْ الْحَاجُّ، غَيْرَ أَنْ لاَ تَطُوْفِيْ بِالْبَيْتِ" فَلَمَّا كُنَّا بِمِنًى أُتِيْتُ بِلَحْمٍ بَقَرٍ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ قَالُوْا: ضَحَّى رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَزْوَاجِهِ بِالْبَقَرِ. [راجع: ۲۹۴]

بَابُ مَا يُشْتَهٰى مِنَ اللَّحْمِ يَوْمَ النَّحْرِ

عید کے دن گوشت کی خواہش ہوتی ہے

حضرت ابو بردۃ بن نیارؓ نے نماز عید سے پہلے قربانی کرنے کی وجہ بیان کی تھی کہ یہ ایسا دن ہے جس میں گوشت کی

خواہش ہوتی ہے، جی چاہتا ہے کہ جلد گوشت ملے اور کھائیں اور انھوں نے اپنے پڑوسیوں کا تذکرہ بھی کیا کہ وہ غریب ہیں، وہ بھی گوشت کے خواہشمند تھے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۳:۲۸۳) آئی ہے۔

[٤-] بَابُ مَا يُشْتَهٰى مِنَ اللَّحْمِ يَوْمَ النَّحْرِ

[٥٥٤٩-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ النَّحْرِ: " مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلاَةِ فَلْيُعِدْ" فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ هٰذَا يَوْمٌ يُشْتَهَى فِيْهِ اللَّحْمُ، وَذَكَرَ جِيْرَانَهُ، وَعِنْدِیْ جَذَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ شَاتَی لَحْمٍ، فَرَخَّصَ لَهُ فِيْ ذٰلِكَ، فَلاَ أَدْرِیْ أَبَلَغَتِ الرُّخْصَةُ مَنْ سِوَاهُ أَمْ لاَ؟ ثُمَّ انْكَفَأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى كَبْشَيْنِ فَذَبَحَهُمَا، وَقَامَ النَّاسُ إِلٰى غُنَيْمَةٍ فَتَوَزَّعُوْهَا أَوْقَالَ: فَتَجَزَّعُوْهَا. [راجع: ٩٥٤]

لغت: تَوَزَّعَ الْقَوْمُ الشيئَ بينهم: لوگوں کا باہم کوئی چیز بانٹ لینا .... تَجَزَّعَ الْقَوْمُ الشيئَ: باہم تقسیم کرلینا، لوگ تھوڑے سے مالِ غنیمت/بکریوں کی طرف دوڑے اور اسے تقسیم کرلیا۔

بَابُ مَنْ قَالَ: الْأَضْحَى يَوْمُ النَّحْرِ

ایک رائے یہ ہے کہ قربانی کا صرف ایک دن ہے

محمد بن سیرینؒ وغیرہ کی رائے یہ تھی کہ قربانی کا صرف ایک دن (۱۰ ذی الحجہ) ہے، باب کی حدیث ان کی دلیل تھی، یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱:۳۳۲) آئی ہے، نبی ﷺ نے دس ذی الحجہ کو یوم النحر (قربانی کا دن) کہا ہے، مگر یہ استدلال ضعیف ہے، قرآن میں سورۃ الحج کی (آیت ۲۸) میں ہے: ﴿وَيَذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ فِيْ أَيَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ﴾: اور وہ کئی دن تک جو معلوم ہیں اللہ کا نام لیں (ان چوپایوں کو ذبح کرتے وقت جو اللہ نے ان کو دیئے ہیں) اس میں ایام جمع ہیں اور اقل جمع تین ہے اور حضرت علی، ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ قربانی کے تین دن ہیں، ان میں افضل پہلا دن ہے (حاشیہ)

[٥-] بَابُ مَنْ قَالَ: الْأَضْحَى يَوْمُ النَّحْرِ

[٥٥٥٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَّمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ، السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ، ثَلاَثٌ مُتَوالِيَاتٌ: ذُو الْقَعْدَةِ وَذُوالْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِيْ بَيْنَ جُمَادَى وَشَعْبَانَ، أَيُّ شَهْرٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ: " أَلَيْسَ ذُو الْحِجَّةِ؟" قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: "فَأَيُّ

بَلَدٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَّنَا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ:" أَلَيْسَ الْبَلْدَةَ؟" قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ:" فَأَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ:" أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ؟" قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ:" فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ قَالَ مُحَمَّدٌ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَأَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَافِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْأَلُكُمْ عَنْ أَعْمَالِكُمْ، أَلَا فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ ضُلَّالاً، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، أَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يُبَلِّغُهُ أَنْ يَكُوْنَ أَوْعَى لَهُ مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهُ — فَكَانَ مُحَمَّدٌ إِذَا ذَكَرَهُ قَالَ: صَدَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَالَ:— أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟! أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟!" [راجع: ٦٧]

بَابُ الْأَضْحَى وَالنَّحْرِ بِالْمُصَلَّى

عیدگاہ میں قربانی کرنا

تحفۃ القاری (۳۰۶:۳) میں دوسری حدیث جو مرفوع ہے گذری ہے، نبی ﷺ ایک مرتبہ عید الاضحیٰ سے فارغ ہوئے تو مینڈھا لایا گیا، آپؐ نے سب کے سامنے اس کی قربانی کی، تاکہ لوگوں کو ترغیب ہو اور لوگ قربانی کرنے کا طریقہ سیکھیں، اور ابن عمرؓ مِطْواع السنّة (سنت کی بہت زیادہ پیروی کرنے والے) تھے، اس لئے وہ بھی عیدگاہ میں قربانی کرتے تھے، مگر یہ سنت نہیں، یہ عمل خاص وجہ سے تھا۔

[٦-] بَابُ الْأَضْحَى وَالنَّحْرِ بِالْمُصَلَّى

[٥٥٥١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَنْحَرُ فِي الْمَنْحَرِ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: يَعْنِيْ مَنْحَرَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٩٨٢]

[٥٥٥٢-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ فَرْقَدٍ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَذْبَحُ وَيَنْحَرُ بِالْمُصَلَّى. [راجع: ٩٨٢]

ملحوظہ: باب میں والمنحر تھا، گیلری میں والنحر ہے، میں نے اس کو بدلا ہے۔

بَابُ ضَحِيَّةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِكَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ وَيُذْكَرُ سَمِيْنَيْنِ

نبی ﷺ نے دو سینگ دار موٹے تازے مینڈھوں کی قربانی کی

مینڈھے کی قربانی افضل ہے یا بکرے کی؟ اس کا تعلق رغبت سے ہے، عرب مینڈھے کو پسند کرتے ہیں، اور

ہمارے دیار میں بکرا پسند کیا جاتا ہے، پس جس کا گوشت لوگوں کو پسند ہے اس کی قربانی بہتر ہے —— قربانی کے جانور کو کھلا پلا کر موٹا تازہ کرنا چاہئے یا نہیں؟ حاشیہ میں ہے کہ بعض مالکیہ اس کو ناپسند کرتے تھے، وہ اس کو یہود کے مشابہ قرار دیتے تھے، مگر یہ رائے صحیح نہیں، قربانی کے جانور کو کھلا پلا کر خوب موٹا تازہ کرنا چاہئے، حدیث میں ہے: **سَمِّنُوْا ضَحَايَاكم فإنها على الصراط مَطَايَاكم**: قربانی کے جانور کو موٹا تازہ کرو، وہ پل صراط پر تمہاری سواریاں ہونگے، اور مسلمانوں کا عمل بھی یہی ہے، حضرت ابواُمامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم مدینہ میں قربانی کے جانور کو فربہ کیا کرتے تھے، اور مسلمان بھی ایسا ہی کرتے تھے۔

سینگ دار اور چتکبرے کا کیا مسئلہ ہے؟ وہ محض اتفاق تھا، بالقصد ایسے مینڈھے ڈھونڈھ کر نہیں لائے گئے تھے، اس لئے اگر کسی کو ایسے مینڈھے مل جائیں تو سبحان اللہ! ورنہ اس کی کچھ فضیلت نہیں۔

نبی ﷺ نے دو مینڈھوں کی قربانی کیوں کی تھی؟ کیا دو قربانیاں کرنا واجب ہے؟ نہیں! ایک ہی قربانی واجب ہے، آپؐ نے ایک مینڈھے کی قربانی اپنی طرف سے کی تھی، اور ایک کی امت کے ناداروں کی طرف سے، پس وہ ایصالِ ثواب کی قربانی تھی، اپنی طرف سے قربانی کر کے امت کے غریبوں کو ثواب پہنچایا تھا —— اور حضرت انس رضی اللہ عنہ دو قربانیاں کیوں کرتے تھے؟ معلوم نہیں! شاید ایک نبی ﷺ کی طرف سے کرتے ہونگے، حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی نبی ﷺ کی طرف سے قربانی کیا کرتے تھے، اور فرماتے تھے کہ نبی ﷺ نے مجھے اس کی وصیت (تاکید) کی ہے —— باب کی باقی دو حدیثیں پہلے آچکی ہیں۔

فائدہ: جب نبی ﷺ نے امت کے ناداروں کا خیال رکھا تھا تو ضروری ہے کہ امت کے مالدار نبی ﷺ کا خیال رکھیں، میں بحمد اللہ تعالیٰ ہمیشہ نبی ﷺ کی طرف سے قربانی کرتا ہوں، جو بکرا سب سے عمدہ ہوتا ہے: عید کے دن سب سے پہلے نبی ﷺ کی طرف سے اس کی قربانی کرتا ہوں، اپنی دوسرے دن، اور اہلیہ مرحومہ کی تیسرے دن، اور میں نے اپنا یہ عمل اس لئے لکھا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے۔

[۷-] بَابُ ضَحِيَّةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِكَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ وَيُذْكَرُ سَمِيْنَيْنِ

وَقَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ بْنَ سَهْلٍ، قَالَ: كُنَّا نُسَمِّنُ الْأُضْحِيَّةَ بِالْمَدِيْنَةِ، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ يُسَمِّنُوْنَ.

[۵۵۵۳-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُضَحِّيْ بِكَبْشَيْنِ، وَأَنَا أُضَحِّيْ بِكَبْشَيْنِ.

[أطرافه: ۵۵۵٤، ۵۵۵۸، ۵۵٦٤، ۵۵٦۵، ۷۳۹۹]

[۵۵۵٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم انْكَفَأَ إِلٰى كَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ أَمْلَحَيْنِ فَذَبَحَهُمَا بِيَدِهِ.
وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ، وَحَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ: عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَنَسٍ. تَابَعَهُ وُهَيْبٌ عَنْ أَيُّوْبَ.
[راجع: ۵۵۵۳]

لغت: انْكَفَأَ: مائل ہوئے...........أملح: چتکبرا، جس میں سیاہی اور سفیدی ہو۔

سند: پہلی سند میں ایوب سختیانی کے استاذ ابوقلابہ تھے، اور اسماعیل اور حاتم کی سند میں استاذ ابن سیرین ہیں، مگر پہلی سند میں جو عبدالوہاب ہیں ان کے متابع وہیب ہیں، اس لئے دونوں سندیں صحیح ہیں۔

[۵۵۵۵-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَعْطَاهُ غَنَمًا يَقْسِمُهَا عَلٰى صَحَابَتِهِ ضَحَايَا، فَبَقِيَ عَتُوْدٌ، فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: "ضَحِّ بِهِ أَنْتَ" [راجع: ۲۳۰۰]

وضاحت: یہ حدیث اس باب میں کیوں لائے؟ حاشیہ میں ہے کہ چونکہ قربانیاں صحابہ کو نبی ﷺ نے دی تھیں، اس لئے گویا ان کو آپؐ نے قربان کیا۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم لِأَبِيْ بُرْدَةَ: "ضَحِّ بِالْجَذَعِ مِنَ الْمَعَزِ، وَلَنْ تَجْزِيَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ"

سال بھر سے کم عمر کے بکرے کی قربانی ابوبردہؓ کے ساتھ خاص تھی

قربانی کا جانور الثَّنِيّ (وہ جانور جس کے اگلے دانت گر گئے ہوں) ہونا ضروری ہے، پس بکری سال بھر سے کم کی درست نہیں، اور گائے بھینس دو سال سے کم کی درست نہیں، اور اونٹ پانچ سال سے کم کا درست نہیں، البتہ دنبہ یا بھیڑ اگر اتنا موٹا تازہ ہو کہ سال بھر کا معلوم ہوتا ہو تو چھ ماہہ کی قربانی بھی درست ہے۔ نبی ﷺ نے عیدالاضحیٰ کے خطبہ میں مسئلہ بیان کیا کہ قربانی نماز عید کے بعد ہی درست ہے، یہ مسئلہ امت کے سامنے پہلی مرتبہ آیا تھا، حضرت ابوبردۃ بن نیار رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں قربانی کر کے نماز کے لئے آیا ہوں! آپؐ نے فرمایا: دوسری قربانی کرو، انھوں نے عرض کیا: میرے پاس دودھ کی بکری کا گھر میں پلا ہوا بکری کا بچہ ہے، جو قصائی کی دو بکریوں سے بھی عمدہ ہے، مگر وہ سال بھر کا نہیں ہے، پس کیا میں اس کی قربانی کر سکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: اس کی قربانی کرو، اور یہ تمہارے لئے ہی جائز ہے، اور کسی کے لئے جائز نہیں" —— یہ تشریع کے وقت کی ترخیص تھی، جب کوئی نیا قانون بنتا ہے، اور بروقت کوئی الجھن پیش آتی ہے تو شریعت اس میں سہولت دیتی ہے، چنانچہ حضرت ابوبردہؓ کو سہولت دی گئی۔

[۸-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِأَبِیْ بُرْدَةَ: "ضَحِّ بِالْجَذَعِ مِنَ الْمَعَزِ، وَلَنْ تَجْزِیَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ"

[۵۵۵۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: ضَحَّى خَالٌ لِیْ يُقَالُ لَهُ أَبُوْ بُرْدَةَ قَبْلَ الصَّلاَ ةِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "شَاتُكَ شَاةُ لَحْمٍ" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ عِنْدِیْ دَاجِنًا جَذَعَةً مِنَ الْمَعَزِ، قَالَ: "اذْبَحْهَا وَلاَ تَصْلُحُ لِغَيْرِكَ" ثُمَّ قَالَ: " مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلاَ ةِ فَإِنَّمَا يَذْبَحُ لِنَفْسِهِ، وَمَنْ ذَبَحَ بَعْدَ الصَّلاَ ةِ فَقَدْ تَمَّ نُسُكُهُ، وَأَصَابَ سُنَّةَ الْمُسْلِمِيْنَ"

تَابَعَهُ عُبَيْدَةُ عَنِ الشَّعْبِيِّ وَإِبْرَاهِيْمَ، وَتَابَعَهُ وَكِيْعٌ عَنْ حُرَيْثٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ.

وَقَالَ عَاصِمٌ، وَدَاوُدُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ: عِنْدِیْ عَنَاقُ لَبَنٍ، وَقَالَ زُبَيْدٌ، وَفِرَاسٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ: عِنْدِیْ جَذَعَةٌ.

وَقَالَ أَبُوْ الْأَحْوَصِ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ: عَنَاقٌ جَذَعَةٌ، وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ: عَنَاقٌ جَذَعٌ، عَنَاقُ لَبَنٍ.

[راجع: ۹۵۱]

سند: امام عامر شعبی رحمہ اللہ کے تلامذہ میں ایک لفظ میں اختلاف ہوا ہے: (۱) مطرف عندی دَاجِنًا جذعةً کہتے ہیں: میرے پاس گھر کا پلا ہوا سال بھر سے کم عمر کا بکرا ہے (۲) عبیدة ضَبّی بھی شعبی سے یہی الفاظ روایت کرتے ہیں (۳) عبیدۃ ضَبّی: ابراہیم نخعی، عن البراء سے بھی یہی الفاظ روایت کرتے ہیں (مگر ابراہیم کا براءؓ سے سماع نہیں، بلکہ کسی بھی صحابی سے سماع نہیں، اس لئے یہ روایت منقطع ہے) (۴) حریث کی روایت بھی یہی ہے (۵و۶) عاصم اور داؤد: عندی عناقُ لبنٍ کہتے ہیں (۷و۸) زبید اور فراس: عندی جذعة کہتے ہیں (۹) منصور (عن الشعبی) عناقٌ جذعةٌ کہتے ہیں (۱۰) عبداللہ بن عون (عن الشعبی) عناقٌ جذعةٌ، عناقُ لبنٍ کہتے ہیں۔

[۵۵۵۷-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ جُحَيْفَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: ذَبَحَ أَبُوْ بُرْدَةَ قَبْلَ الصَّلاَ ةِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَبْدِلْهَا" فَقَالَ: لَيْسَ عِنْدِیْ إِلَّا جَذَعَةٌ- قَالَ شُعْبَةُ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ: هِیَ خَيْرٌ مِنْ مُسِنَّةٍ- قَالَ: "اجْعَلْهَا مَكَانَهَا، وَلَنْ تَجْزِیَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ" [راجع: ۹۵۱]

وَقَالَ حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ: عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ: عَنَاقُ جَذَعَةٍ.

بَابُ مَنْ ذَبَحَ الْأَضَاحِيَّ بِيَدِهِ

قربانی بدستِ خود ذبح کرنا افضل ہے

اگر ہمت ہو تو قربانی خود ذبح کرے: مرد بھی اور عورت بھی، اور ہمت نہ ہو یا ذبح کرنا نہ جانتا ہو تو دوسرے سے ذبح کرائے اور ذبح کے وقت خود موجود رہے، اور موجود نہ رہے تو بھی قربانی درست ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مینڈھوں کے پہلوؤں پر پیر رکھ کر خود ذبح کئے ہیں، صِفَاح: الصَّفْح کی جمع: پہلو۔

لطیفہ: ضلع غازی آباد (یوپی) میں قصبہ ہاپوڑ کے قریب بڑودہ نامی مسلمانوں کا ایک بڑا گاؤں ہے، وہاں ایک پڑھا لکھا سادھو تھا، وہ مسلمانوں کو پریشان کرتا تھا، کہتا تھا: اسلام میں چار فرض ہیں، قربانی فرض نہیں، پھر تم قربانی کر کے جانوروں کی جان کیوں لیتے ہو؟ مسلمان بیچارے اس کو کیا جواب دیتے، ایک مرتبہ دارالعلوم دیوبند کے سفیر حافظ محمد حنیف صاحب رحمہ اللہ وہاں گئے، مسلمانوں نے ان سے یہ بات ذکر کی، حافظ صاحب چند مسلمانوں کو لے کر مندر میں پنڈت جی کے پاس گئے، اور اس سے کہا: پنڈت جی! تم کیا کتھا کہتے ہو، ہم سے بھی کہو، ہم بھی بوجھیں! اس نے اپنی بات دوہرائی کہ اسلام میں چار فرض ہیں، قربانی فرض نہیں، حافظ صاحب نے کہا: پنڈت جی! اسلام میں چار نہیں پانچ فرض ہیں، وہ کہنے لگا: پانچواں فرض کیا ہے؟ حافظ صاحب نے کہا: جہاد! اس نے مانا کہ جہاد بھی فرض ہے، کیونکہ اسلام کے اس فریضہ کو اغیار بھی جانتے ہیں (تبلیغ والے چاہے نہ جانیں!) حافظ صاحب نے کہا: جہاد کی نوبت تو کبھی کبھی آتی ہے، ہم ہر سال بکروں کے گلوں پر ریہرسل کرتے ہیں، تاکہ جب تمہارا نمبر آئے تو ہمارے ہاتھ چلیں! بس سادھو کو سانپ سونگھ گیا، پھر کبھی اس نے مسلمانوں کو پریشان نہیں کیا، یہ بھی اپنے ہاتھ سے قربانی ذبح کرنے کی ایک حکمت ہے!

[۹-] بَابُ مَنْ ذَبَحَ الْأَضَاحِيَّ بِيَدِهِ

[۵۵۵۸-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: ضَحَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ، فَرَأَيْتُهُ وَاضِعًا قَدَمَهُ عَلَى صِفَاحِهِمَا، يُسَمِّيْ وَيُكَبِّرُ، فَذَبَحَهُمَا بِيَدِهِ. [راجع: ۵۵۵۳]

بَابُ مَنْ ذَبَحَ ضَحِيَّةَ غَيْرِهِ

دوسرے کی قربانی ذبح کرنا

ابھی بتایا کہ دوسرے کا قربانی ذبح کرنا بھی درست ہے، مقصود اراقۃ الدم ہے، حج کے موقعہ پر ازواج کی طرف سے نبی

ﷺ نے قربانی کی تھی۔ اور ابن عمرؓ نے اونٹ کو نحر کرنے میں دوسرے سے مدد لی، اور حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے اپنی بیٹیوں سے کہا کہ اپنی قربانیاں خود ذبح کرو، یہ اس لئے کہنا پڑا کہ عورتیں خود ذبح نہیں کرتیں، دوسروں سے ذبح کرواتی ہیں، اور یہ بھی درست ہے، مگر عورتوں کے لئے بھی بدست خود ذبح کرنا افضل ہے۔

[۱۰-] بَابُ مَنْ ذَبَحَ ضَحِيَّةَ غَيْرِهِ

[۱-] وَأَعَانَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ فِيْ بَدَنَتِهِ. [۲-] وَأَمَرَ أَبُوْ مُوْسَى بَنَاتِهِ أَنْ يُضَحِّيْنَ بِأَيْدِيْهِنَّ.

[۵۵۵۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِسَرِفَ وَأَنَا أَبْكِيْ، فَقَالَ: "مَالَكِ، أَنُفِسْتِ؟" قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: "هٰذَا أَمْرٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلٰى بَنَاتِ آدَمَ، اقْضِيْ مَا يَقْضِيْ الْحَاجُّ غَيْرَ أَنْ لاَ تَطُوْفِيْ بِالْبَيْتِ" وَضَحَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ نِسَائِهِ بِالْبَقَرِ. [راجع: ۲۹٤]

بَابُ الذَّبْحِ بَعْدَ الصَّلاَةِ

عید کی نماز کے بعد ہی قربانی درست ہے

بقرعید کی نماز ہونے سے پہلے قربانی کرنا درست نہیں، جب شہر میں کسی بھی جگہ نماز عید کا سلام پھر جائے تو پورے شہر میں قربانی درست ہے، اگرچہ قربانی کرنے والے نے ابھی عید کی نماز نہ پڑھی ہو، البتہ دیہات میں جہاں عید کی نماز نہیں ہوتی طلوع صبح صادق کے بعد قربانی کرنا درست ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: إن أولَ ما نبدأُ من يومنا هٰذا أن نصلي إلخ: عید کے دن سب سے پہلے عید کا دوگانہ پڑھنا ہے، پھر لوٹ کر قربانی کرنی ہے۔

[۱۱-] بَابُ الذَّبْحِ بَعْدَ الصَّلاَةِ

[۵۵٦۰-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زُبَيْدٌ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ فَقَالَ: "إِنَّ أَوَّلَ مَا نَبْدَأُ مِنْ يَوْمِنَا هٰذَا أَنْ نُصَلِّيَ، ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ، فَمَنْ فَعَلَ فَقَدْ أَصَابَ سُنَّتَنَا، وَمَنْ نَحَرَ فَإِنَّمَا هُوَ لَحْمٌ يُقَدِّمُهُ لِأَهْلِهِ، لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِيْ شَيْئٍ" فَقَالَ أَبُوْ بُرْدَةَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أُصَلِّيَ، وَعِنْدِيْ جَذَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُسِنَّةٍ. فَقَالَ: "اجْعَلْهَا مَكَانَهَا، وَلَنْ تَجْزِيَ أَوْ: تُوَفِّيَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ" [راجع: ۹۵۱]

قوله: عندی جذعة: میرے پاس چھ ماہہ بکری کا بچہ ہے جو سال بھر کی بکری سے اچھا ہے۔

بَابُ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ أَعَادَهُ

جونمازعید سے پہلے قربانی کرے وہ دوسری قربانی کرے

اگر کسی نے غلطی سے یا مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے نمازعید سے پہلے قربانی کا جانور ذبح کردیا تو وہ بیکار گیا، وہ نماز کے بعد دوسری قربانی کرے.........هَنَةٌ: حاجةٌ: پڑوسیوں کی غربت کا ذکر کیا، عَذَرَه: نبی ﷺ نے ان کے عذر کو معتبر قرار دیا.........انكفأ: مائل ہوئے.........غُنيمة: غنم کی تصغیر: تھوڑی بکریاں۔

[۱۲-] بَابُ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ أَعَادَهُ

[۵۵۶۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيُعِدْ" فَقَالَ رَجُلٌ: هٰذَا يَوْمٌ يُشْتَهَى فِيْهِ اللَّحْمُ، وَذَكَرَ هَنَةً مِنْ جِيْرَانِهِ، فَكَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَذَرَهُ، وَعِنْدِيْ جَذَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ، فَرَخَّصَ لَهُ، فَلَا أَدْرِيْ، أَبَلَغَتِ الرُّخْصَةُ أَمْ لَا؟ ثُمَّ انْكَفَأَ إِلٰى كَبْشَيْنِ يَعْنِيْ فَذَبَحَهُمَا، ثُمَّ انْكَفَأَ النَّاسُ إِلٰى غُنَيْمَةٍ فَذَبَحُوْهَا. [راجع: ۹۵۴]

[۵۵۶۲-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ، سَمِعْتُ جُنْدَبَ بْنَ سُفْيَانَ الْبَجَلِيَّ، قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ النَّحْرِ فَقَالَ:" مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيُعِدْ مَكَانَهَا أُخْرَى، وَمَنْ لَمْ يَذْبَحْ فَلْيَذْبَحْ" [راجع: ۹۸۵]

[۵۵۶۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ،قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ يَوْمٍ،فَقَالَ:" مَنْ صَلَّى صَلَاتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا، فَلَا يَذْبَحْ حَتّٰى يَنْصَرِفَ" فَقَامَ أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَعَلْتُ! فَقَالَ:" هُوَ شَيْءٌ عَجَّلْتَهُ" قَالَ: فَإِنَّ عِنْدِيْ جَذَعَةً هِيَ خَيْرٌ مِنْ مُسِنَّتَيْنِ: أَأَذْبَحُهَا؟ قَالَ:" نَعَمْ، وَلَا تَجْزِيْ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ" قَالَ عَامِرٌ: هِيَ خَيْرُ نَسِيْكَتِهِ. [راجع: ۹۵۱]

وضاحت: هي خير: عامر شعبیؒ کا قول ہے جو حدیث میں مدرج ہے، پس یہ اشکال نہ کیا جائے کہ پہلی تو قربانی واقع ہی نہیں ہوئی، وسری اس سے بہتر کیسے ہوئی؟

بَابُ وَضْعِ الْقَدَمِ عَلٰى صَفْحِ الذَّبِيْحَةِ

ذبیحہ کے پہلو پر پیر رکھ کر ذبح کرنا

بکرے کے پہلو پر پیر رکھ کر دبا دیا جائے، پھر ذبح کیا جائے تاکہ ہلے نہیں، مگر ایسا کرنا ضروری نہیں، نبی ﷺ کا یہ

عمل خاص مصلحت سے تھا، مسئلہ شرعی کے طور پر نہیں تھا۔

[۱۳-] بَابُ وَضْعِ الْقَدَمِ عَلٰى صَفْحِ الذَّبِيْحَةِ

[٥٥٦٤-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُضَحِّيْ بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ، وَيَضَعُ رِجْلَهُ عَلٰى صَفْحَتَيْهِمَا، وَيَذْبَحُهُمَا بِيَدِهِ. [راجع: ٥٥٥٣]

بَابُ التَّكْبِيْرِ عِنْدَ الذَّبْحِ

اللہ اکبر کہہ کر جانور ذبح کرنا

جانور ذبح کرنے کا یہی اسلامی طریقہ ہے، پس قربانی بھی اللہ أکبر کہہ کر ذبح کی جائے، مگر ضروری تسمیہ (بسم اللہ کہنا) ہے، تکبیر (اللہ اکبر کہنا) ضروری نہیں، اور تسمیہ اس لئے ضروری ہے کہ اللہ کے نام پر قربان کرنے کے معنی متحقق ہوں، کیونکہ ذبیحہ بھی عام قربانی ہے، اور تکبیر اس لئے کہی جاتی ہے کہ اپنی بڑائی کا گمان ختم ہو۔

[۱٤-] بَابُ التَّكْبِيْرِ عِنْدَ الذَّبْحِ

[٥٥٦٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: ضَحَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ، ذَبَحَهُمَا بِيَدِهِ، وَسَمَّى وَكَبَّرَ وَوَضَعَ رِجْلَهُ عَلٰى صِفَاحِهِمَا. [راجع: ٥٥٥٣]

بَابٌ: إِذَا بَعَثَ بِهَدْيِهِ لِيُذْبَحَ لَمْ يَحْرُمْ عَلَيْهِ شَيْئٌ

حرم میں ہدی بھیجنے سے احرام کی پابندی لازم نہیں ہوتی

سلف میں ایک رائے (ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کی رائے) یہ تھی کہ ہدی کا جانور حرم میں بھیجا جائے اور بھیجنے والا خود حج یا عمرے کے لئے نہ جائے تو بھی بھیجنے والے پر احرام کی پابندیاں لازم ہو جاتی ہیں، چنانچہ زیاد بن ابی سفیان نے ہدی بھیجی، اور وہ شہر میں مقیم رہا، اس نے حکم دیا کہ ہدی کے اونٹ کو ہار پہنایا جائے، پھر وہ اس دن سے احرام کھلنے کے دن تک (دس ذی الحجہ تک) احرام میں رہا، مسروقؒ نے یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ذکر کی، انھوں نے پردے کے پیچھے سے تعجب ظاہر کرنے کے لئے یا سائل کو چوکنا کرنے کے لئے چٹکی بجائی، اور بتایا کہ نبی ﷺ نے سنہ ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ سو بکریاں بطور ہدی بھیجی تھیں، مگر آپؐ نے احرام کے احکام کی پابندی نہیں کی۔

[۱۵-] بَابٌ: إِذَا بَعَثَ بِهَدْيِهِ لِيُذْبَحَ لَمْ يَحْرُمْ عَلَيْهِ شَيْئٌ

[۵۵۶۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ: أَنَّهُ أَتَى عَائِشَةَ، فَقَالَ لَهَا: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! إِنَّ رَجُلاً يَبْعَثُ بِالْهَدْيِ إِلَى الْكَعْبَةِ، وَيَجْلِسُ فِي الْمِصْرِ فَيُوْصِي أَنْ تُقَلَّدَ بَدَنَتُهُ، فَلاَ يَزَالُ مِنْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مُحْرِمًا حَتّٰى يَحِلَّ النَّاسُ، قَالَ: فَسَمِعْتُ تَصْفِيْقَهَا مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ فَقَالَتْ: لَقَدْ كُنْتُ أَفْتِلُ قَلاَئِدَ هَدْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَيَبْعَثُ هَدْيَهُ إِلَى الْكَعْبَةِ، فَمَا يَحْرُمُ عَلَيْهِ مِمَّا حَلَّ لِلرِّجَالِ مِنْ أَهْلِهِ، حَتّٰى يَرْجِعَ النَّاسُ.[راجع: ۱۶۹۶]

بَابُ مَا يُؤْكَلُ مِنْ لُحُوْمِ الأَضَاحِيِّ، وَمَا يُتَزَوَّدُ مِنْهَا

قربانی کا گوشت قربانی کے دنوں میں بھی کھاسکتے ہیں، اور بعد کے لئے بھی ذخیرہ کرکے رکھ سکتے ہیں

سلف میں یہ مسئلہ اختلافی تھا، ایک رائے یہ تھی کہ قربانی کا گوشت قربانی کے دنوں ہی میں کھاسکتے ہیں، بعد کے لئے ذخیرہ کرکے نہیں رکھ سکتے، اور یہ رائے نبی ﷺ کے ایک اعلان کی پر مبنی تھی، ایک سال مدینہ میں تنگ حالی تھی یا باہر سے لوگ آئے ہوئے تھے، اس لئے آپؐ نے مدینہ میں منادی کرائی کہ لوگ قربانی کا گوشت تین دن کھائیں، چوتھے دن کے لئے نہ رکھیں، تاکہ سب کو گوشت پہنچے، بعد میں حقیقتِ حال کھلی کہ یہ ایک وقتی مصلحت سے اعلان تھا، چنانچہ اب اجماع ہے کہ قربانی کا گوشت جتنے دن چاہیں رکھ سکتے ہیں۔ پہلے تشریق (دھوپ میں گوشت سکھانے) کا سلسلہ تھا، اب تبرید (فریج میں رکھنے) کا زمانہ ہے، لوگ پورا بکرا فریج میں بھر دیتے ہیں، اور عرصہ تک کھاتے رہتے ہیں: یہ درست ہے۔

[۱۶-] بَابُ مَا يُؤْكَلُ مِنْ لُحُوْمِ الأَضَاحِيِّ، وَمَا يُتَزَوَّدُ مِنْهَا

[۵۵۶۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ: سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا نَتَزَوَّدُ لُحُوْمَ الأَضَاحِيِّ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمَدِيْنَةِ. وَقَالَ غَيْرَ مَرَّةٍ: لُحُوْمَ الْهَدْيِ. [راجع: ۱۷۱۹]

وضاحت: علی بن المدینیؒ کہتے ہیں: ابن عیینہؒ نے لحوم الاضاحی کہا، مگر کئی مرتبہ انھوں نے لحوم الھدی کہا ہے۔

[۵۵۶۸-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، أَنَّ ابْنَ خَبَّابٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ: أَنَّهُ كَانَ غَائِبًا، فَقَدِمَ، فَقُدِّمَ إِلَيْهِ لَحْمٌ، فَقَالَ: هٰذَا مِنْ لَحْمِ ضَحَايَانَا، فَقَالَ: أَخِّرُوْهُ لاَ أَذُوْقُهُ. قَالَ: ثُمَّ قُمْتُ فَخَرَجْتُ حَتّٰى آتِيَ أَخِيْ أَبَا قَتَادَةَ بْنَ النُّعْمَانِ، وَكَانَ أَخَاهُ لِأُمِّهِ، وَكَانَ بَدْرِيًّا، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ حَدَثَ بَعْدَكَ أَمْرٌ.[راجع: ۳۹۹۷]

وضاحت: یہ حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸:۸۲) آئی ہے، اس میں ابوقتادہ: راوی کا وہم ہے، صحیح قتادہ ہے، پہلے یہی آیا ہے۔

[۵۵۶۹-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الأَكْوَعِ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ ضَحَّى مِنْكُمْ فَلاَ يُصْبِحَنَّ بَعْدَ ثَالِثَةٍ، وَبَقِیَ فِی بَيْتِهِ مِنْهُ شَيْئٌ" فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! نَفْعَلُ كَمَا فَعَلْنَا الْعَامَ الْمَاضِیَ؟ قَالَ:" كُلُوْا وَأَطْعِمُوْا وَادَّخِرُوْا، فَإِنَّ ذٰلِكَ الْعَامَ كَانَ بِالنَّاسِ جُهْدٌ فَأَرَدْتُ أَنْ تُعِيْنُوْا فِيْهَا"

ترجمہ: (یہ اٹھارہویں ثلاثی روایت ہے) نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو تم میں سے قربانی کرے، پس ہرگز صبح نہ کرے تین راتوں کے بعد درانحالیکہ اس کے گھر میں قربانی کے گوشت میں سے کچھ بھی ہو'' پھر جب اگلا سال آیا تو لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کریں ہم جیسا ہم نے گذشتہ سال کیا تھا؟ یعنی تین ہی دن گوشت کھائیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''کھاؤ، کھلاؤ اور ذخیرہ کرو، پس بے شک وہ سال (گذشتہ سال) لوگ تنگ حال میں تھے، پس میں نے چاہا کہ تم تنگ حال میں مدد کرو'' یعنی وہ حکم وقتی مصلحت سے تھا، پس وہ اعلان حدیث ہے سنت نہیں۔

[۵۵۷۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَخِیْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: الضَّحِيَّةُ كُنَّا نُمَلِّحُ مِنْهَا، فَنُقَدِّمُ بِهِ إِلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ:" لاَ تَأْكُلُوْا إِلاَّ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ" وَلَيْسَتْ بِعَزِيْمَةٍ، وَلٰكِنْ أَرَادَ أَنْ يُطْعِمَ مِنْهُ، وَاللّٰهُ أَعْلَمُ. [راجع: ۵۴۲۳]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: قربانی ہم اس میں نمک لگاتے تھے، اور اس کو نبی ﷺ کے سامنے مدینہ میں (کھانے کے لئے) پیش کرتے تھے، پس آپؐ نے (ایک سال) فرمایا: ''نہ کھاؤ مگر تین دن'' اور ممانعت پختہ نہیں تھی، بلکہ آپؐ نے چاہا کہ گوشت میں سے کھلائیں، اور اللہ بہتر جانتے ہیں۔

[۵۵۷۱-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ عُبَيْدٍ مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ: أَنَّهُ شَهِدَ الْعِيْدَ يَوْمَ الأَضْحَى مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَصَلَّى قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ خَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ نَهَاكُمْ عَنْ صِيَامِ هٰذَيْنِ الْعِيْدَيْنِ، أَمَّا أَحَدُهُمَا فَيَوْمُ فِطْرِكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ وَأَمَّا الآخَرُ فَيَوْمٌ تَأْكُلُوْنَ مِنْ نُسُكِكُمْ. [راجع: ۱۹۹۰]

[۵۵۷۲-] فَقَالَ أَبُوْ عُبَيْدٍ: ثُمَّ شَهِدْتُ مَعَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، وَكَانَ ذٰلِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَصَلَّى قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ خَطَبَ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّ هٰذَا يَوْمٌ قَدِ اجْتَمَعَ لَكُمْ فِيْهِ عِيْدَانِ، فَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْتَظِرَ

الْجُمُعَةَ مِنْ أَهْلِ الْعَوَالِي فَلْيَنْتَظِرْ، وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَرْجِعَ فَقَدْ أَذِنْتُ لَهُ.

[۵۵۷۳-] قَالَ أَبُوْ عُبَيْدٍ: ثُمَّ شَهِدْتُهُ مَعَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، فَصَلَّى قَبْلَ الْخُطْبَةِ، ثُمَّ خَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَاكُمْ أَنْ تَأْكُلُوْا لُحُوْمَ نُسُكِكُمْ فَوْقَ ثَلَاثٍ، وَعَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ نَحْوَهُ.

وضاحت: یہ تین حدیثیں ایک ہیں، اس کو زہریؒ سے یونسؒ بھی روایت کرتے ہیں اور معمر بھی:

پہلی روایت: میں ہے: تأکلون من نسککم: یہ عام ہے، پس قربانی کے دنوں میں بھی کھا سکتے ہیں اور بعد میں بھی۔

دوسری روایت: میں ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے دیہات کے لوگوں کو اجازت دی کہ وہ گھر لوٹنا چاہیں تو لوٹ سکتے ہیں، جمعہ کے لئے رکنا ان کے لئے ضروری نہیں، کیونکہ جمعہ کے دن زوال سے پہلے شہر سے نکل سکتے ہیں، پس اس اجازت سے امام احمدؒ کے لئے جو استدلال کیا گیا ہے کہ اگر جمعہ کو عید آئے تو جمعہ کی نماز ضروری نہیں، یہ استدلال صحیح نہیں، شہر والوں پر جمعہ کی نماز ضروری ہے۔

تیسری روایت: میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس وقتی مصلحت کو مسئلہ سمجھا، فرمایا کہ نبی ﷺ نے تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت کھانے سے منع کیا ہے، مگر دوسرے صحابہ کی روایتوں سے واضح ہے کہ وہ وقتی مصلحت سے اعلان تھا، مسئلہ نہیں تھا۔

[۵۵۷۴-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُوْا مِنَ الأَضَاحِيِّ ثَلَاثًا" وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَأْكُلُ بِالزَّيْتِ حِيْنَ يَنْفِرُ مِنْ مِنًى، مِنْ أَجْلِ لُحُوْمِ الْهَدْيِ.

وضاحت: ابن عمر رضی اللہ عنہما کے نزدیک چونکہ ارشادِ نبوی: کلوا من الأضاحی ثلاثا: مسئلہ تھا، اس لئے جب آپؓ حج سے لوٹتے تو قربانی کا گوشت ساتھ نہیں لاتے تھے اور زیتون کے تیل سے روٹی کھاتے تھے، من أجل: اس وجہ سے کہ ہدی کا گوشت ساتھ نہیں لاتے تھے۔

﴿الحمدللہ! کتاب الأضاحی کی شرح مکمل ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الأشْرِبَۃِ

پینے کی چیزوں کا بیان

کتابوں میں ربط: کتاب النکاح سے معاشرتی مسائل کا سلسلہ شروع ہوا ہے، نکاح: معاشرہ کی بنیادی ضرورت ہے، پھر گھر میں آگ لگے تو ناگہانی نکلنے کا دروازہ (ایمرجنسی ایگزٹ) بھی ضروری ہے، اور وہ طلاق ہے، پھر اہل وعیال کو نفقہ دینا بھی ضروری ہے اور نفقات میں تین چیزیں شامل ہیں: کھانا، پینا اور پہننا، اب تک کھانے کی چیزوں کا بیان تھا، اب مشروبات کا بیان شروع کرتے ہیں، پھر کھانے پینے میں بے احتیاطی سے آدمی بیمار پڑ جاتا ہے، اس لئے **کتاب المرضیٰ** لائیں گے، اور جب بیمار پڑ گیا تو دوا دارو بھی ضروری ہے، اس لئے **کتاب الطب** لائیں گے، اس کے بعد پہننے کا ذکر کریں گے، **کتاب اللباس** لائیں گے، اس پر یہ سلسلۂ بیان پورا ہوگا۔

[بَابٌ]

شراب کی حرمت اور اس کی سزا

سورۃ المائدۃ کی آیات ۹۰ و۹۱ ہیں: ﴿**یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا! إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّیْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ إِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطَانُ أَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ، فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُوْنَ**﴾: ترجمہ: اے ایمان والو! انگوری شراب، جُوا، غیر اللہ کے لئے قربانی کے تھان اور قرعہ اندازی کے تیر: سب گندی باتیں اور شیطانی کام ہیں، پس ان سے بچو تاکہ تم کامیاب ہوؤ! شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ خمر اور جُوے کے ذریعہ تمہارے درمیان عداوت اور بغض پیدا کرے، اور تم کو اللہ کی یاد سے اور نماز سے روک دے، پس کیا تم باز آؤ گے؟!

تشریح: شرابوں کی تین قسمیں ہیں: (۱) خمر (انگور کا کچا شیرہ جب اس میں جوش آئے اور اس پر جھاگ آجائے) (۲) تین شرابیں: (الف) طِلاء (انگور کا شیرہ، جب اس کو پکایا جائے، اور دو تہائی سے کم جلایا جائے، پھر اس میں نشہ پیدا ہو) (ب) سَکر (چھوہارے یا تازہ کھجوریں پانی میں بھگائی جائیں جب پانی میٹھا ہو جائے، اور اس میں نشہ پیدا ہو) (ج) نقیع الزبیب (خشک انگور، کشمش یا منقی پانی میں بھگو دی جائے، جب پانی میٹھا ہو کر اس میں جوش پیدا ہو) (۳) دیگر نشہ آور

مشروبات، جیسے گیہوں، جَو، شہد اور مکئی وغیرہ کی شرابیں جو نبیذ کہلاتی ہیں —— پہلی قسم: حرام لذاتہ ہے، اور اس کے احکام سخت ہیں، دوسری قسم: مختلف فیہ ہے اور تیسری قسم: امام اعظمؒ کے نزدیک حلال ہے، امام ابو یوسفؒ کا بھی یہی قول ہے، اور امام محمدؒ کے نزدیک اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حرام ہے، اور فتوی ان کے قول پر ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ الالمعی ۵:۲۰۲)

اور دوسری آیت میں خمر کی دو خرابیاں بیان کی گئی ہیں: دینی اور دنیوی:

دنیوی خرابی: شرابی لوگوں سے جھگڑتا ہے، جب اس کی عقل ماری جاتی ہے تو وہ گالی گلوچ کرتا ہے، دنگا فساد مچاتا ہے اور لوگوں کے مال ضائع کرتا ہے، بلکہ کبھی نوبت قتل کی بھی آجاتی ہے۔

دینی خرابی: شرابی نفس کے تقاضوں میں گھسا چلا جاتا ہے، اس کو نہ نماز یاد رہتی ہے نہ اللہ کا ذکر، کیونکہ شراب سے وہ عقل ہی ناکارہ ہو جاتی ہے جو نیکیوں کی بنیاد ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۳۳۰)

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے دنیا میں شراب پی، پھر اس سے توبہ نہیں کی، تو وہ آخرت میں شراب سے محروم رہے گا'' —— دوسری حدیث کے الفاظ ہیں: **من شرب الخمر فی الدنیا، فمات وهو يُدْمِنُها لم يَتُبْ، لم يَشْرَبْها فی الآخرة** (رواہ مسلم): جس نے دنیا میں شراب پی، پس وہ اس حال میں مرا کہ شراب کا عادی تھا، توبہ نہیں کی تو وہ آخرت میں شراب نہیں پیئے گا (مشکوٰۃ حدیث ۳۶۳۸)

تشریح: اس حدیث کا یہ مطلب نہیں کہ وہ جنت میں تو جائے گا مگر شراب سے محروم رہے گا، بلکہ مطلب یہ ہے کہ وہ جنت میں نہیں جائے گا، جیسے حدیث میں ہے: جنت کی خوشبو نہیں پائے گا جبکہ جنت کی خوشبو چالیس سال کی مسافت سے محسوس کی جاتی ہے، یا فرمایا: اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے یعنی وہ جنت کے قریب بھی نہیں جا سکے گا، اس کا یہ مطلب نہیں کہ جنت میں تو جائے گا، مگر وہاں ناک بند ہو جائے گی اس لئے وہاں کی خوشبو نہیں سونگھے گا —— اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ان حدیثوں میں غایت بیان کئے بغیر مطلقا سزا بیان کی گئی ہے، کیونکہ وعید کے لئے ایسا کرنا ضروری ہے، سورۃ النساء آیت ۹۳ میں بھی یہی انداز بیان ہے اور خلود بمعنی مکث طویل ہے، اور سورۃ النساء کی دو آیتوں میں صراحت ہے کہ صرف ایک گناہ (شرک و کفر) نہیں بخشا جائے گا، باقی گناہ مشیتِ الٰہی کے تحت ہونگے، اگر اللہ چاہیں گے تو ابتداءً یا انتہاءً بخش دیں گے، اور ہر مؤمن جنت میں ضرور جائے گا، اور جب جائے گا تو جنت کی ہر نعمت سے متمتع ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۷۴- کتابُ الأشربة

[۱- بَابٌ]

وَقَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّمَا الْخَمْرُ والْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾

[۵۵۷۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِی الدُّنْيَا، ثُمَّ لَمْ يَتُبْ مِنْهَا، حُرِمَهَا فِی الآخِرَةِ"

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۶:۱۰۱) آئی ہے۔شراب بوقت معراج حلال تھی،اس لئے پیش کی گئی،مگر وہ آئندہ حرام ہونے والی تھی،اوراشیاء کا حسن وقبح ماتریدیہ کے نزدیک من وجہٍ عقلی ہے یعنی جو چیزیں حرام کی جاتی ہیں ان میں خرابی پہلے سے ہوتی ہے، ورودشرع سے پیدا نہیں ہوتی،جیسا کہ اشاعرہ کا خیال ہے، پس شراب کی وہی خرابی امت کی گمراہی کی شکل اختیار کرتی۔

[۵۵۷۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، أَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أُتِیَ لَيْلَةَ أُسْرِیَ بِهِ بِإِيْلِيَاءَ بِقَدَحَيْنِ مِنْ خَمْرٍ وَلَبَنٍ، فَنَظَرَ إِلَيْهِمَا، ثُمَّ أَخَذَ اللَّبَنَ، فَقَالَ جِبْرِيْلُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدَاكَ لِلْفِطْرَةِ، وَلَوْ أَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ أُمَّتُكَ. تَابَعَهُ مَعْمَرٌ، وَابْنُ الْهَادِ، وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، وَالزُّبَيْدِیُّ، عَنِ الزُّهْرِیِّ. [راجع: ۳۳۹۴]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۱:۳۶۱) آئی ہے،مگر شروع کا جملہ وہاں نہیں آیا،حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے ایک حدیث سنی ہے، وہ حدیث تم سے میرے علاوہ کوئی بیان نہیں کرے گا —— حضرت انسؓ بصرہ میں آخری صحابی ہیں انتقال کے اعتبار سے،اس لئے یہ بات فرمائی۔علاماتِ قیامت میں سے یہ بات بھی ہے کہ شرابیں خوب پی جائیں۔

[۵۵۷۷-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حَدِيْثًا لَايُحَدِّثُكُمْ بِهِ غَيْرِیْ، قَالَ: "مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَيَقِلَّ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الزِّنَا، وَتُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَتَقِلَّ الرِّجَالُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ، حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَأَةً، قَيِّمُهُنَّ رَجُلٌ وَاحِدٌ" [راجع: ۸۰]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۵:۴۹۴) آئی ہے۔شراب پینا دیگر چند کبائر کی طرح ایمان کے منافی عمل ہے۔

[۵۵۷۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ أَخْبَرَنِیْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَابْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُوْلَانِ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "لَايَزْنِیْ حِيْنَ يَزْنِیْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِيْنَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا

يَسْرِقُ السَّارِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ"

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَانَ يُحَدِّثُهُ عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، ثُمَّ يَقُوْلُ: كَانَ أَبُوْ بَكْرٍ يُلْحِقُ مَعَهُنَّ:" وَلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً ذَاتَ شَرَفٍ، يَرْفَعُ النَّاسُ إِلَيْهِ أَبْصَارَهُمْ فِيْهَا حِيْنَ يَنْتَهِبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ" [راجع: ٢٤٧٥]

قولہ: يُلْحِق: یعنی حدیث کے آخر میں اضافہ کرتے تھے۔

بَابٌ: إِنَّ الْخَمْرَ مِنَ الْعِنَبِ

خمر درحقیقت انگوری شراب ہے

ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ ہر نشہ آور مشروب کو خمر کہتے ہیں، انگوری شراب اور دوسری شرابوں میں فرق نہیں کرتے، اور حنفیہ کے نزدیک: خمر درحقیقت انگوری شراب ہے، اور دوسری شرابیں حکمِ حرمت میں خمر کے ساتھ لاحق ہیں، اور ملحق اور ملحق بہ میں احکام میں فرق ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ اس مسئلہ میں حنفیہ کے ہمنوا ہیں، وہ باب میں تین روایتیں لائے ہیں، دو سے خمر کا حقیقی مصداق بیان کیا ہے، اور تیسری روایت میں الحاق کا بیان ہے۔

پہلی روایت: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں: جب خمر حرام کی گئی تو مدینہ میں اس میں سے کچھ نہیں تھا (معلوم ہوا کہ مدینہ میں جو شرابیں رائج تھیں وہ خمر کا حقیقی مصداق نہیں تھیں)

دوسری روایت: حضرت انسؓ کہتے ہیں: ہم پر خمر حرام کی گئی جب حرام کی گئی، اور نہیں پاتے تھے ہم مدینہ میں انگوری شراب مگر بہت ہی کم، اور ہماری اکثر شرابیں نیم پختہ (گدر) کھجور کی اور چھوہاروں کی تھی (مگر حرمت لفظ خمر سے نازل ہوئی)

تیسری روایت: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منبر سے خطاب فرمایا: جب خمر کی حرمت نازل ہوئی تو شراب پانچ چیزوں کی تھی: انگور کی، چھوہاروں کی، شہد کی، گیہوں کی اور جَو کی (چاروں خمر کے ساتھ لاحق کی گئی تھیں، بلکہ) خمر: ہر وہ مشروب ہے جو عقل کو ڈھانک دے یعنی نشہ آور ہو۔

تشریح: خمر کے معنی ہیں: انگوری شراب، لسان العرب میں ہے: **الخمر : ما أسكر من عصير العنب:** انگور کا وہ رس جس میں نشہ پیدا ہو جائے خمر ہے، اور جب ابو حنیفہ دینوری نے کہا کہ خمر غلوں کی بھی ہوتی ہے تو ابن سیدۃ نے ان کی تردید کی (لسان) اور سورۃ یوسف (آیت ۳۶) میں ہے: ﴿قَالَ أَحَدُهُمَا : إِنِّیْ أَرَانِیْ أَعْصِرُ خَمْرًا﴾: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں انگور نچوڑ رہا ہوں، انگور پر خمر کا اطلاق کیا گیا ہے، اور بلا قرینہ خمر سے انگور اسی وقت سمجھا جا سکتا ہے جب لفظ خمر انگوری شراب کے لئے خاص ہو، اور لسان العرب میں یہ واقعہ بھی ہے کہ ایک یمنی انگور لئے جا رہا تھا، اس سے پوچھا: کیا لے جا رہا ہے؟ اس نے جواب دیا خمر یعنی انگور، اور عربی میں دوسری شرابوں کے لئے دوسرے الفاظ ہیں۔

پھر احادیث میں دیگر شرابوں کو اشتراک علت (نشہ) کی بنا پر خمر کے ساتھ لاحق کیا، اور سب کو حرام قرار دیا، اگر سب مسکرات خمر کا مصداق ہوتے تو ان روایات کی حاجت نہیں تھی، قرآن کے مخاطب خاص عرب تھے، وہ اپنے محاورات سے پوری طرح واقف تھے، پھر مختلف صحابہ کا مختلف شرابوں کے بارے میں حکم دریافت کرنا دلیل ہے کہ وہ خمر کا حقیقی مصداق نہیں ہیں (تفصیل کے لئے رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۳۳۱ اور تحفۃ الالمعی ۵: ۲۰۳ دیکھیں)

[۲-] بَابٌ: إِنَّ الْخَمْرَ مِنَ الْعِنَبِ

[٥٥٧٩-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، هُوَ ابْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَقَدْ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، وَمَا بِالْمَدِيْنَةِ مِنْهَا شَيْئٌ. [راجع: ٤٦١٦]

[٥٥٨٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ شِهَابٍ عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: حُرِّمَتْ عَلَيْنَا الْخَمْرُ حِيْنَ حُرِّمَتْ وَمَا نَجِدُ يَعْنِيْ بِالْمَدِيْنَةِ خَمْرَ الْأَعْنَابِ إِلَّا قَلِيْلًا، وَعَامَّةُ خَمْرِنَا الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ. [راجع: ٢٤٦٤]

[٥٥٨١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَامِرٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَامَ عُمَرُ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: أَمَّا بَعْدُ، نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ وَهِيَ مِنْ خَمْسَةٍ: الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْعَسَلِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ، وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ. [راجع: ٤٦١٩]

بَابٌ: نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ، وَهِيَ مِنَ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ

جب خمر کی حرمت نازل ہوئی تو گدر کھجور اور چھوہارے کی شراب رائج تھی

انگوری شراب گراں ہوتی ہے، وہ مدینہ میں بہت کم پائی جاتی تھی، اما م طور پر نیم پختہ اور چھوہاروں کی شرابیں بنائی جاتی تھیں، تاہم تحریم لفظ خمر سے نازل ہوئی، اور رائج شرابوں کا حکم اشتراکِ علت سے لیا گیا، اور مدینہ میں رائج سب شرابیں ضائع کرادی گئیں، جیسے حدیبیہ میں دشمن نے روکا، مگر آیت لفظ احصار سے نازل ہوئی، احصار کے معنی ہیں: دشمن کے علاوہ کوئی اور مانع پیش آئے، اور دشمن روکے تو اس کے لئے لفظ حصر (مجرد) ہے، پس آیت لفظ احصار سے نازل ہوئی، اور دشمن کے روکنے کا حکم دلالۃ النص سے لیا گیا۔ اور باب کی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث جو تین سندوں سے مروی ہے: پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۴۷۹) آچکی ہے۔

[۳-] بَابٌ: نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ، وَهِيَ مِنَ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ

[٥٥٨٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ أَسْقِيْ أَبَا عُبَيْدَةَ، وَأَبَا طَلْحَةَ، وَأُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، مِنْ فَضِيْخِ زَهْوٍ

وَتَمْرٍ، فَجَاءَ هُمْ آتٍ، فَقَالَ: إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ. فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: قُمْ يَا أَنَسُ فَأَهْرِقْهَا، فَأَهْرَقْتُهَا.
[راجع: ٢٤٦٤]

[٥٥٨٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا قَالَ: كُنْتُ قَائِمًا عَلَى الْحَيِّ، أَسْقِيْهِمْ عُمُوْمَتِيْ، وَأَنَا أَصْغَرُهُمْ، الْفَضِيْخَ، فَقِيْلَ: حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، فَقَالُوْا: اكْفَأْهَا فَكَفَأْنَا. قُلْتُ لِأَنَسٍ: مَا شَرَابُهُمْ؟ قَالَ: رُطَبٌ وَبُسْرٌ. فَقَالَ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَنَسٍ: وَكَانَتْ خَمْرَهُمْ. فَلَمْ يُنْكِرْ أَنَسٌ. وَحَدَّثَنِيْ بَعْضُ أَصْحَابِيْ: أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا يَقُوْلُ: كَانَتْ خَمْرَهُمْ يَوْمَئِذٍ.[راجع: ٢٤٦٤]

[٥٥٨٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ أَبُوْ مَعْشَرٍ الْبَرَّاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أَنَسَ بْنِ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ: أَنَّ الْخَمْرَ حُرِّمَتْ، وَالْخَمْرُ يَوْمَئِذٍ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ.[راجع: ٢٤٦٤]

لغت: الْفَضِيْخ: کچی کھجور کی شراب .... الزَّهْو: خوش نما، رنگ دار کھجور جو پکنے کے قریب ہو.......... من فضيخ: أسقى سے متعلق ہے......... قلتُ لأنس: ما شرابهم؟ معتمر کے والد سلیمان نے حضرت انسؓ سے پوچھا .... وكانت خَمْرَهم: هی ضمیر اسم الفضیخ کی طرف عائد ہے......... وحدثنی بعض أصحابی: سلیمان کہتے ہیں: صاحبزادے ابوبکر نے حضرت انس کو جو بات یاد دلائی تھی، اور جس کو انھوں نے برقرار رکھا تھا، وہ بات میرے بعض ساتھی حضرت انسؓ سے صراحةً روایت کرتے ہیں۔

بَابٌ: الْخَمْرُ مِنَ الْعَسَلِ، وَهُوَ الْبِتْعُ

شہد کی شراب بھی حرام ہے

شہد کی شراب کو بِتْع کہتے ہیں، وہ نشہ آور ہوتی ہے، اس لئے حرام ہے، نبی ﷺ نے قاعدہ کلیہ بیان کیا ہے: كل شراب أسكر فهو حرام: ہر نشہ آور مشروب حرام ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ سے فُقَّاع کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: اگر وہ نشہ نہ کرے تو گنجائش ہے، دراوردی کہتے ہیں: ہم نے اس کے بارے میں تحقیق کی تو علماء نے کہا: اس میں نشہ نہیں ہوتا، اس لئے گنجائش ہے، فُقَّاع کیا چیز ہے؟ میں نہیں جانتا، حاشیہ میں ہے: کبھی وہ شہد سے بنایا جاتا ہے (اس لئے یہ مسئلہ اس باب میں لائے ہیں) اور اکثر کشمش سے بنایا جاتا ہے۔

[٤-] بَابٌ: الْخَمْرُ مِنَ الْعَسَلِ، وَهُوَ الْبِتْعُ

[١-] وَقَالَ مَعْنٌ: سَأَلْتُ مَالِكَ بْنَ أَنَسٍ عَنِ الْفُقَّاعِ، فَقَالَ: إِذَا لَمْ يُسْكِرْ فَلاَ بَأْسِ.

[٢-] وَقَالَ ابْنُ الدَّرَاوَرْدِيِّ: سَأَلْنَا عَنْهُ، فَقَالُوْا: لاَ يُسْكِرُ، لاَ بَأْسَ بِهِ.

[٥٥٨٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْبِتْعِ؟ فَقَالَ: "كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ" [راجع: ٢٤٢]

[٥٥٨٦-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْبِتْعِ وَهُوَ نَبِيْذُ الْعَسَلِ، وَكَانَ أَهْلُ الْيَمَنِ يَشْرَبُوْنَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ" [راجع: ٢٤٢]

[٥٥٨٧-] وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَ تَنْتَبِذُوْا فِي الدُّبَّاءِ، وَلاَ فِي الْمُزَفَّتِ" وَكَانَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يُلْحِقُ مَعَهَا الْحَنْتَمَ وَالنَّقِيْرَ.

وضاحت: یُلحق: ابوہریرہؓ کی روایت میں حنتم اور نقیر کا اضافہ ہے۔ ان میں بھی نبیذ نہ بنائی جائے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي أَنَّ الْخَمْرَ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ مِنَ الشَّرَابِ

ہر نشہ آور مشروب خمر کے حکم میں ہے

روایت: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منبر نبوی سے خطاب فرمایا: بے شک شان یہ ہے کہ خمر کی حرمت نازل ہوئی درانحالیکہ پانچ چیزوں کی شراب رائج تھی: انگور کی، چھوہاروں کی، گیہوں کی، جَو کی اور شہد کی (اور یہ سب شرابیں پھینکوا دیں، معلوم ہوا کہ یہ بہ حکم خمر ہیں، بلکہ) خمر: وہ ہے جو عقل کو ڈھانک لے یعنی ایسے مشروبات خمر کے ساتھ لاحق ہیں، اور اسی کے حکم میں ہیں (یہاں تک حدیث پہلے آئی ہے)

اور تین مسائل: میری آرزو تھی کہ رسول اللہ ﷺ ہم سے جدا نہ ہوتے یہاں تک کہ ان کو ہمارے لئے خوب واضح کرتے: (۱) دادا (کی میراث کا مسئلہ) (۲) کلالہ (کی تعریف) (۳) اور سود کے چند مسائل۔

ابوحیان نے شعبیؒ سے پوچھا: سندھ میں چاول کی شراب بنائی جاتی ہے؟ شعبیؒ نے کہا: یہ شراب عہد نبوی میں نہیں تھی، یا کہا: عہد عمر میں نہیں تھی (ورنہ عمرؓ اپنی تقریر میں اس کا بھی ذکر کرتے، مگر حضرت عمرؓ نے جو قاعدہ بیان کیا ہے اس سے اس شراب کا بھی حکم واضح ہے)

[٥-] بَابُ مَاجَاءَ فِي أَنَّ الْخَمْرَ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ مِنَ الشَّرَابِ

[٥٥٨٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ

ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ وَهِيَ مِنْ خَمْسَةِ أَشْيَاءَ: الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالْعَسَلِ، وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ.

وَثَلاَثٌ: وَدِدْتُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يُفَارِقْنَا حَتّٰى يَعْهَدَ إِلَيْنَا عَهْدًا: الْجَدُّ، وَالْكَلاَلَةُ وَأَبْوَابٌ مِنْ أَبْوَابِ الرِّبَا.

قَالَ: قُلْتُ: يَا أَبَا عَمْرٍو! فَشَيْئٌ يُصْنَعُ بِالسِّنْدِ مِنَ الرُّزِّ. قَالَ: ذَاكَ لَمْ يَكُنْ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَوْ: قَالَ: عَلٰى عَهْدِ عُمَرَ.

وَقَالَ حَجَّاجٌ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ: مَكَانَ الْعِنَبِ: الزَّبِيْبُ. [راجع: ٤٦١٩]

[٥٥٨٩-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي السَّفْرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: الْخَمْرُ تُصْنَعُ مِنْ خَمْسَةٍ: مِنَ الزَّبِيْبِ وَالتَّمْرِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالْعَسَلِ. [راجع: ٤٦١٩]

بَابُ مَاجَاءَ فِيْمَنْ يَسْتَحِلُّ الْخَمْرَ، وَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ

ان لوگوں کے لئے وعید جو شراب کا دوسرا نام رکھ کر پیئیں گے

''اور شراب کا اس کے علاوہ نام رکھیں گے'': باب کا یہ جزء ابوداؤد کی حدیث میں ہے۔ عبدالرحمٰن اشعری کہتے ہیں: مجھ سے ابو مالک اشعریؓ نے حدیث بیان کی، بخدا! انھوں نے مجھ سے جھوٹ نہیں کہا، انھوں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

۱- ضرور ہونگے میری امت میں ایسے لوگ جو حلال سمجھیں گے شرمگاہ کو، ریشم کو، شراب کو اور گانے بجانے کے آلات کو (یہ جزء باب سے متعلق ہے)

۲- اور ضرور اتریں گے کچھ لوگ یعنی بسیں گے کسی پہاڑ کے پہلو میں، شام میں ان کے پاس چرواہا ان کا ریوڑ لائے گا، ان کے پاس غریب حاجت لے کر آئے گا، پس وہ کہیں گے: کل ہمارے پاس آنا، پس اللہ تعالیٰ ان کو رات میں ہلاک کردیں گے اور پہاڑ کو ڈھادیں گے، اور دوسروں کو بندر اور خنزیر کی صورت میں مسخ کردیں گے، قیامت تک (ایسا ہوتا رہے گا)

لغت: لفظ حِرٌ میں بڑا اختلاف ہے کہ یہ کیا لفظ ہے اور اس کے کیا معنی ہیں؟ میں نے راجح معنی لئے ہیں ....
مَعَازِف: مِعْزِف کی جمع: آلاتِ لہو .... **عَلَم**: پہاڑ، خوش عیش لوگ پہاڑ کے دامن میں کوٹھی بناتے ہیں ....
بَيَّتَهُ: رات میں سازش کر کے ہلاک کرنا۔

[٦-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْمَنْ يَسْتَحِلُّ الْخَمْرَ، وَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ

[٥٥٩٠-] وَقَالَ هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ: حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ

جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطِيَّةُ بْنُ قَيْسٍ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَنْمٍ الْأَشْعَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ عَامِرٍ أَوْ أَبُوْ مَالِكٍ الْأَشْعَرِيُّ، وَاللّٰهِ مَا كَذَبَنِيْ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لَيَكُوْنَنَّ مِنْ أُمَّتِيْ أَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّوْنَ الْحِرَّ وَالْحَرِيْرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ، وَلَيَنْزِلَنَّ أَقْوَامٌ إِلٰى جَنْبِ عَلَمٍ، يَرُوْحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ، يَأْتِيْهِمْ يَعْنِيْ: الْفَقِيْرَ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُوْنَ: ارْجِعْ إِلَيْنَا غَدًا، فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ، وَيَضَعُ الْعَلَمَ، وَيَمْسَخُ آخَرِيْنَ قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"

بَابُ الْاِنْتِبَاذِ فِي الْأَوْعِيَةِ وَالتَّوْرِ

برتنوں میں اور لگن میں نبیذ بنانا

کسی بھی برتن میں نبیذ بنا سکتے ہیں، نبیذ: بروزن فعیل، بمعنی منبوذ: ڈالا ہوا، کھجوریں وغیرہ پانی میں بھگا دی جائیں، جب گل جائیں اور پانی میٹھا ہو جائے اور ابھی نشہ پیدا نہ ہوا ہو تو استعمال کر سکتے ہیں، ابو اسید ساعدیؓ نے اپنے ولیمہ میں نبی ﷺ کو مدعو کیا، اہلیہ نے جو دلہن تھی خدمت انجام دی، انھوں نے لگن میں کھجوریں بھگا کر نبیذ بنائی اور نبی ﷺ کو پلائی (حدیث پہلے آئی ہے)

[۷-] بَابُ الْاِنْتِبَاذِ فِي الْأَوْعِيَةِ وَالتَّوْرِ

[۵۵۹۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلًا يَقُوْلُ: أَتَى أَبُوْ أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ، فَدَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ عُرْسِهِ، فَكَانَتِ امْرَأَتُهُ خَادِمَهُمْ، وَهِيَ الْعَرُوْسُ. قَالَتْ: أَتَدْرُوْنَ مَا سَقَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ أَنْقَعْتُ لَهُ تَمَرَاتٍ مِنَ اللَّيْلِ فِيْ تَوْرٍ. [راجع: ۵۱۷۶]

بَابُ تَرْخِيْصِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْأَوْعِيَةِ وَالظُّرُوْفِ بَعْدَ النَّهْيِ

ممانعت کے بعد برتنوں میں نبیذ بنانے کی اجازت

وفد عبد القیس کو حنتم، دبّاء، نقیر اور مزفّت سے منع کیا تھا، اسی طرح انصار کو بھی منع کیا تھا، بعد میں انصار نے عرض کیا: ہمارے پاس اور برتن نہیں ہیں، آپؐ نے فرمایا: "تب نہیں" یعنی مجبوری ہے تو ممانعت ختم — سلف میں بعض کو رخصت نہیں پہنچی تھی، اس لئے وہ روغنی گھڑے کی نبیذ کو ناجائز کہتے تھے، مگر بعد میں ان کا اختلاف ختم ہو گیا، اب ہر برتن میں نبیذ بنا سکتے ہیں۔ اور ممانعت یا تو اس وجہ سے تھی کہ وہ شراب کے برتن تھے، اگر وہ گھروں میں رہیں گے تو شراب یاد آئے گی، جب بیڑی چھوڑی ہے تو ماچس بھی پھینکو، یا ان برتنوں میں مسامات نہیں ہوتے، اس لئے نبیذ جلد بگڑ جاتی ہے، اور چمڑے کے مشکیزے

میں بنائی جائے تو جب نشہ پیدا ہوگا مشک پھولے گی، پس اس کو پھینک دیا جائے گا (تحفۃ الالمعی ۵: ۲۱۵)

[۸-] بَابُ تَرْخِيْصِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْأَوْعِيَةِ وَالظُّرُوْفِ بَعْدَ النَّهْيِ

[۵۵۹۲-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الظُّرُوْفِ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: إِنَّهُ لَا بُدَّ لَنَا مِنْهَا، قَالَ: "فَلَا إِذًا"

وَقَالَ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَابِرٍ بِهٰذَا. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِهٰذَا، وَقَالَ: لَمَّا نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْأَوْعِيَةِ.

[۵۵۹۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي مُسْلِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: لَمَّا نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْأَسْقِيَةِ، قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: لَيْسَ كُلُّ النَّاسِ يَجِدُ سِقَاءً فَرَخَّصَ لَهُمْ فِي الْجَرِّ غَيْرِ الْمُزَفَّتِ.

[۵۵۹۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَلِيٍّ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ.

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ بِهٰذَا.

[۵۵۹۵-] حَدَّثَنِي عُثْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، قُلْتُ لِلْأَسْوَدِ: هَلْ سَأَلْتَ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَمَّا يُكْرَهُ أَنْ يُنْتَبَذَ فِيْهِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! عَنْ مَّا نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُنْتَبَذَ فِيْهِ؟ قَالَتْ: نَهَانَا أَهْلَ الْبَيْتِ أَنْ نَنْتَبِذَ فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ. قُلْتُ: أَمَا ذَكَرَتِ الْجَرَّ وَالْحَنْتَمَ؟ قَالَ: إِنَّمَا أُحَدِّثُكَ مَا سَمِعْتُ، أَفَأُحَدِّثُكَ مَالَمْ أَسْمَعْ؟

[۵۵۹۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْجَرِّ الْأَخْضَرِ، قُلْتُ: أَيُشْرَبُ فِي الْأَبْيَضِ؟ قَالَ: لَا.

وضاحت: دوسری حدیث میں الأسقية (مشکیزوں) سے مراد الأوعية (برتن) ہیں .... ابراہیم نخعیؒ نے اسود بن یزید سے پوچھا: آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا تھا ان برتنوں کے بارے میں جن میں نبیذ بنانا مکروہ ہے؟ کہا: ہاں، میں نے کہا: ام المؤمنین! کن برتنوں میں نبیذ بنانے سے نبی ﷺ نے روکا ہے؟ انھوں نے کہا: ہم نبی کے

گھرانے کو دباء (تونبی) اور مزفت (تارکول پھیرا ہوا برتن) کی ممانعت کی، ابراہیم نے کہا: حضرت عائشہؓ نے مٹی کے گھڑے اور حنتم کا تذکرہ نہیں کیا؟ اسود نے کہا: میں نے جو سنا ہے وہ بتا رہا ہوں، پس کیا میں وہ بیان کروں جو میں نے سنا نہیں!

بَابُ نَقِيْعِ التَّمْرِ مَالَمْ يُسْكِرْ

پانی میں بھگوئے ہوئے چھوہاروں کا شربت جائز ہے جب تک اس میں نشہ پیدا نہ ہو

حضرت ابو اسید ساعدیؓ کی اہلیہ نے لگن میں رات میں چھوہارے بھگائے تھے، پھر دوسرے دن دوپہر کے کھانے کے ساتھ وہ شربت نبی ﷺ کو پلایا تھا، اتنی دیر میں نشہ نہیں پیدا ہوتا۔

[۹-] بَابُ نَقِيْعِ التَّمْرِ مَالَمْ يُسْكِرْ

[۵۵۹۷-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَارِيُّ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، أَنَّ أَبَا أُسَيْدٍ السَّاعِدِيَّ دَعَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لِعُرْسِهِ، فَكَانَتِ امْرَأَتُهُ خَادِمَهُمْ يَوْمَئِذٍ، وَهِيَ الْعَرُوْسُ، فَقَالَتْ: مَا تَدْرُوْنَ مَا أَنْقَعْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ أَنْقَعْتُ لَهُ تَمَرَاتٍ مِنَ اللَّيْلِ فِيْ تَوْرٍ. [راجع: ۵۱۷۶]

لغت: نَقَعَ الشَّيئَ نَقْعًا: کسی چیز کو پانی وغیرہ میں بھگونا، نقيع (فعيل) بمعنی منقوع .... أنقع الشيئَ: بھگونا۔

بَابُ الْبَاذِقِ، وَمَنْ نَهَى عَنْ كُلِّ مُسْكِرٍ مِنَ الأَشْرِبَةِ

باذق (بادہ) اور ہر نشہ آور شراب حرام ہے

طلاء: انگور کا شیرہ، جب اس کو پکایا جائے، اور دو تہائی سے کم جلایا جائے، پھر جب اس میں نشہ پیدا ہو، اس میں جوش آئے اور وہ اٹھے اور اس پر جھاگ آجائے (امام اعظم کے نزدیک، اور صاحبین کے نزدیک جھاگ آنا ضروری نہیں) تو وہ طِلاء بن گیا، اسی کو باذَق (بادہ کا معرب) عصیر (شیرہ) منصّف (آدھا جلایا ہوا) اور مطبوخ ادنی طبخۃ (تھوڑا پکایا ہوا) کہتے ہیں، اور وہ حرام ہے، اسی طرح ہر مسکر حرام ہے، اور جب انگور کا شیرہ پکا کر دو تہائی یا زیادہ جلا دیا جائے تو پھر وہ بگڑتا نہیں، نہ اس میں نشہ پیدا ہوتا ہے، اس لئے وہ بالا جماع حلال ہے ــــ حضرت عمر وابو عبیدۃ ومعاذ رضی اللہ عنہم کے نزدیک ایسا طِلاء جائز تھا جس کا دو تہائی جلا دیا گیا ہو، اور ایک تہائی رہ گیا ہو ــــ اور حضرات براء اور ابو جحیفہ رضی اللہ عنہما نے منصّف پیا ہے، جس میں سے آدھا جلا دیا گیا تھا (نشہ آور ہونے سے پہلے پیا ہوگا) ــــ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: انگور کا شیرہ جب تک تازہ ہو پیو ــــ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے لڑکے عبید اللہ کے منہ سے شراب کی بو محسوس کی پس فرمایا: میں

اس شراب کے بارے میں تحقیق کرونگا، اگر نشہ آور ہے تو اس کو کوڑے مارونگا (چنانچہ تحقیق کے بعد اس کو کوڑے مارے)

روایت: ابوالجویریہ نے ابن عباسؓ سے باذق کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے کہا: آگے بڑھے محمد ﷺ باذق سے یعنی آپؐ کے زمانہ میں باذق نہیں تھا، اس لئے اس کا حکم مروی نہیں، اور قاعدہ سن: **ما أسکر فھو حرام:** جو نشہ آور ہے وہ حرام ہے، اور فرمایا: مشروب حلال وطیب ہے یعنی اسی کو پینا چاہئے، اور فرمایا: حلال وطیب اور حرام وخبیث کے درمیان کوئی واسطہ نہیں یعنی مشروب یا تو حلال ہوگا یا حرام!

حدیث: نبی ﷺ کو حلواء (میٹھا) اور شہد پسند تھا (پس انگور کا شیرہ دو تہائی جلا دیا جائے تو وہ حلواء بن گیا، اور پکائے بغیر تازہ پیا جائے تو وہ شہد کے مانند ہے)

[۱۰-] بَابُ الْبَاذِقِ، وَمَنْ نَهَى عَنْ كُلِّ مُسْكِرٍ مِنَ الْأَشْرِبَةِ

[۱-] وَرَأَى عُمَرُ، وَأَبُوْ عُبَيْدَةَ، وَمُعَاذٌ، شُرْبَ الطِّلَاءِ عَلَى الثُّلُثِ. [۲-] وَشَرِبَ الْبَرَاءُ وَأَبُو جُحَيْفَةَ عَلَى النِّصْفِ. [۳-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اشْرَبِ الْعَصِيْرَ مَا دَامَ طَرِيًّا. [٤-] وَقَالَ عُمَرُ: وَجَدْتُ مِنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ رِيحَ شَرَابٍ، وَأَنَا سَائِلٌ عَنْهُ، فَإِنْ كَانَ يُسْكِرُ جَلَدْتُهُ.

[۵۵۹۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْبَاذِقِ؟ فَقَالَ: سَبَقَ مُحَمَّدٌ الْبَاذِقَ، فَمَا أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ، قَالَ: الشَّرَابُ: الْحَلَالُ الطَّيِّبُ، قَالَ: لَيْسَ بَعْدَ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ إِلَّا الْحَرَامُ الْخَبِيْثُ.

[۵۵۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ. [راجع: ٤٩١٢]

بَابُ مَنْ رَأَى أَنْ لَا يَخْلِطَ الْبُسْرَ وَالتَّمْرَ، إِذَا كَانَ مُسْكِرًا وَأَنْ لَا يَجْعَلَ إِدَامَيْنِ فِي إِدَامٍ

ایک رائے یہ ہے کہ گدر کھجور اور چھوہارا ملا کر نبیذ نہ بنائے: وہ نشیلی ہو جائے گی اور دو لاون جمع نہ کرے

دو مختلف چیزوں کو ملا کر نبیذ بنانا جائز ہے یا نہیں؟ باب کی حدیثوں میں ممانعت ہے، اور ممانعت بعینہ ہے یا لغیرہ؟ اور اب بھی باقی ہے یا منسوخ؟ اور ممانعت کی وجہ کیا ہے؟ امام مالک، امام احمد، امام اسحاق، امام شافعی کا ظاہر مذہب، اور اصحابِ ظواہر کی رائے یہ ہے کہ دو مختلف چیزوں کو ملا کر نبیذ بنانا حرام ہے، اور ممانعت لعینہ ہے اور اب بھی باقی ہے، باب کی حدیثیں

ان کی دلیل ہیں، اور ممانعت دو وجہ سے ہوسکتی ہے:

پہلی وجہ: ممانعت اس اندیشہ سے ہے کہ نبیذ میں غیر محسوس طریقہ پر فساد پیدا نہ ہوجائے، کیونکہ ایسی دو چیزیں جن میں سے ایک جلدی گلنے والی ہے اور دوسری دیر سے یا ایسی دو چیزیں جن میں سے ایک کھٹی ہے اور دوسری میٹھی: اگر ان کو ملا کر نبیذ بنائی جائے گی تو جلدی گلنے والی چیز کے اجزاء شراب کی حد میں داخل ہوجائیں گے اور پتہ بھی نہیں چلے گا، اور ترش چیز میٹھی چیز کو جلد شراب بنادے گی، اس لئے یہ ممانعت ہے۔

دوسری وجہ: ممانعت کی یہ ہے کہ دو چیزیں ملا کر نبیذ بنانا رفاہیت (ٹھاٹھ) ہے، جو مؤمن کے شایانِ شان نہیں، جیسے دسترخوان پر دو لاون/ سالن نہیں ہونے چاہئیں، یہ بھی ٹھاٹھ ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت حذیفہؓ (رازدار رسول) سے پوچھا: تمہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو منافقوں کے نام بتائے ہیں ان میں میرا نام تو نہیں؟ جواب دیا: نہیں، پھر پوچھا: تم میرے اندر نفاق (عملی) کی کوئی علامت پاتے ہو؟ جواب دیا: نہیں، ہاں ایک علامت پاتا ہوں: آپ کے دسترخوان پر دو لاون (زیتون کا تیل اور نمک) ہوتے ہیں، ہم اس کو نفاق شمار کرتے ہیں، پس حضرت عمرؓ نے عہد کیا کہ وہ دونوں کو جمع نہیں کریں گے، اس کے بعد آپ صرف زیتون سے روٹی کھاتے تھے یا صرف نمک سے (حاشیہ) پس نیم پختہ کھجوریں اور چھوہارے ملا کر، یا چھوہارے اور منقی کشمش ملا کر نبیذ بنانا بھی رفاہیت ہے، اس لئے منع ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ دونوں وجہیں باب میں بیان کی ہیں، اور مَن استعمال کیا ہے یعنی اپنے رائے محفوظ رکھی ہے، اور حنفیہ کے نزدیک ممانعت لغیرہ ہے اور اب بھی باقی ہے، اور وجہِ ممانعت اندیشۂ فساد ہے، جیسے دھات کے برتنوں میں اور ایسے برتنوں میں جن میں مسامات نہیں ہوتے نبیذ بنانے کی ممانعت ہے، اسی طرح مختلف النوع چیزوں کو ملا کر بھی نبیذ نہیں بنانی چاہئے، اور اگر بنائی جائے تو پوری احتیاط رکھی جائے —— اور اگر ممانعت لعینہ ہے تو باب کی روایتیں منسوخ ہیں، جیسے شراب کے برتنوں میں نبیذ بنانے کی ممانعت منسوخ ہے اور دلیلِ نسخ ابو داؤد کی دو روایتیں (حدیث ۳۷۰۷ و ۳۷۰۸) ہیں:

۱- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے منقی کی نبیذ بنائی جاتی تھی، پس اس میں چھوہارے ڈالے جاتے تھے یا چھوہاروں کی نبیذ بنائی جاتی تھی پس اس میں منقی ڈالی جاتی تھی۔

۲- صفیہ نامی خاتون نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے چھوہاروں اور منقی کے بارے میں پوچھا، حضرت عائشہؓ نے فرمایا: میں چھوہاروں کی ایک مٹھی اور منقی کی ایک مٹھی لیتی تھی، پس اس کو ایک برتن میں ڈالتی تھی، پھر اس کو مل دیتی تھی، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پلاتی تھی۔

ان دونوں روایتوں میں تھوڑا ضعف ہے، مگر قابل استدلال ہیں، اس لئے اگر ممانعت لعینہ ہے تو ان روایات سے منسوخ ہے۔

[١١-] بَابُ مَنْ رَأَى أَنْ لاَ يَخْلِطَ الْبُسْرَ وَالتَّمْرَ، إِذَا كَانَ مُسْكِرًا وَأَنْ لاَ يَجْعَلَ إِدَامَيْنِ فِي إِدَامٍ

[٥٦٠٠-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ،عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: إِنِّيْ لَأَسْقِيْ أَبَا طَلْحَةَ، وَأَبَا دُجَانَةَ، وَسُهَيْلَ بْنَ الْبَيْضَاءِ، خَلِيْطَ بُسْرٍ وَتَمْرٍ إِذْ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، فَقَذَفْتُهَا وَأَنَا سَاقِيْهِمْ وَأَصْغَرُهُمْ، وَإِنَّا نُعِدُّهَا يَوْمَئِذٍ الْخَمْرَ، وَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ: قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، سَمِعَ أَنَسًا. [راجع: ٢٤٦٤]

[٥٦٠١-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، أَنَّـهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الزَّبِيْبِ وَالتَمْرِ وَالْبُسْرِ وَالرُّطَبِ.

[٥٦٠٢-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُجْمَعَ بَيْنَ التَّمْرِ وَالزَّهْوِ، وَالتَّمْرِ وَالزَّبِيْبِ، وَلْيُنْبَذْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى حِدَةٍ.

بَابُ شُرْبِ اللَّبَنِ

دودھ پینا

حرام مشروبات کے بعد اب حلال مشروبات کا ذکر شروع کرتے ہیں، دودھ اللہ کی بڑی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے، اور اللہ نے اس کی فیکٹری خون اور گوبر کے درمیان لگائی ہے، قربان جایئے اس کی کاری گری کے! سورۃ النحل (آیت ٦٦) میں ہے: ﴿نُسْقِيْكُمْ مِمَّا فِيْ بُطُوْنِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِيْنَ﴾: پلاتے ہیں ہم تم کو اس سے جو جانور کے پیٹوں میں ہے گوبر اور خون کے درمیان سے دودھ صاف اور خوش گوار پینے والوں کے لئے ــــــ جانور جو چارہ کھاتے ہیں وہ تین چیزوں کی طرف مستحیل (Change) ہوجاتا ہے، ایک حصہ فضلہ بن کر باہر آجاتا ہے، دوسرا حصہ خون بن کر رگوں میں چلا جاتا ہے اور تیسرا حصہ دودھ بن کر باہر نکل آتا ہے، جو نہایت پاک طیب اور خوش گوار مشروب ہوتا ہے۔

اور باب میں متعدد احادیث ہیں، ایک کے علاوہ سب پہلے آچکی ہیں، سب میں دودھ کا ذکر ہے۔

[١٢-] بَابُ شُرْبِ اللَّبَنِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِيْنَ﴾

[٥٦٠٣-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ بِقَدَحِ لَبَنٍ وَقَدَحِ

خَمْرٍ. [راجع: ٣٣٩٤]

[٥٦٠٤-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، سَمِعَ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا سَالِمٌ أَبُو النَّضْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ عُمَيْرًا مَوْلٰى أُمِّ الْفَضْلِ، يُحَدِّثُ عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ، قَالَتْ: شَكَّ النَّاسُ فِيْ صِيَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ عَرَفَةَ، فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ بِإِنَاءٍ فِيْهِ لَبَنٌ فَشَرِبَ.

وَكَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا قَالَ: شَكَّ النَّاسُ فِي صِيَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ عَرَفَةَ فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ أُمُّ الْفَضْلِ، فَإِذَا وُقِّفَ عَلَيْهِ قَالَ: هُوَ عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ. [راجع: ١٦٥٨]

وضاحت: سفیان بن عیینہ کبھی ام الفضل کا ذکر نہیں کرتے تھے، جب طلباء روک کر پوچھتے تو وہ ام الفضل کا ذکر کرتے۔

[٥٦٠٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، وَأَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ أَبُوْ حُمَيْدٍ بِقَدَحٍ مِنْ لَبَنٍ مِنَ النَّقِيْعِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا خَمَّرْتَهُ وَلَوْ أَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ عُوْدًا" [طرفه: ٥٦٠٦]

[٥٦٠٦-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ، يَذْكُرُ، أُرَاهُ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ أَبُوْ حُمَيْدٍ، رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، مِنَ النَّقِيْعِ بِإِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا خَمَّرْتَهُ، وَلَوْ أَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ عَوْدًا"

وَحَدَّثَنِيْ أَبُوْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا. [راجع: ٥٦٠٥]

ترجمہ: (دونوں حدیثیں ایک ہیں) ابوحمید انصاریؓ نقیع سے (جو مدینہ سے دور ہے) دودھ کا پیالہ (کھلا ہوا) نبی ﷺ کے پاس لائے (تاکہ آپ نوش فرمائیں) آپؐ نے ان سے فرمایا: "ڈھانک کر کیوں نہیں لائے! چاہے لکڑی ہی اس پر آڑی رکھ دیتے!" —— طلباء مطبخ سے کھانا کھلا لاتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں کرتے، شیطان اس میں تصرف کرتا ہے، اگر بسم اللہ کہہ کر کسی چیز سے ڈھانک دیا جائے، اگرچہ ناقص ہی ڈھانکنا ہو تو شیطان کو حرکت کا موقع نہیں ملتا۔

[٥٦٠٧-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا النَّضْرُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ مَكَّةَ وَأَبُوْ بَكْرٍ مَعَهُ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: مَرَرْنَا بِرَاعٍ وَقَدْ عَطِشَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَحَلَبْتُ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ فِيْ قَدَحٍ، فَشَرِبَ حَتّٰى رَضِيْتُ، وَأَتَانَا سُرَاقَةُ بْنُ جُعْشُمٍ عَلٰى فَرَسٍ فَدَعَا عَلَيْهِ، فَطَلَبَ إِلَيْهِ سُرَاقَةُ أَنْ لَا يَدْعُوَ عَلَيْهِ، وَأَنْ يَرْجِعَ، فَفَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٢٤٣٩]

[٥٦٠٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ

أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:" نِعْمَ الصَّدَقَةُ اللِّقْحَةُ الصَّفِیُّ مِنْحَةً، وَالشَّاةُ الصَّفِیُّ مِنْحَةً، تَغْدُوْ بِإِنَاءٍ، وَتَرُوْحُ بِآخَرَ"[راجع: ۲۶۲۹]

[۵۶۰۹-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِیِّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم شَرِبَ لَبَنًا فَمَضْمَضَ، وَقَالَ:" إِنَّ لَهُ دَسَمًا"[راجع: ۲۱۱]

وضاحت: تینوں حدیثیں پہلے آئی ہیں............کُثبة: تھوڑی مقدار............فدعا علیه: بددعا کرنے کا ارادہ کیا مگر کی نہیں تھی............اللقحة: دودھ کی اونٹنی............دَسَم: چکناہٹ۔

[۵۶۱۰-] وَقَالَ إِبْرَاهِیْمُ بْنُ طَهْمَانَ: عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" رُفِعْتُ إِلَی السِّدْرَةِ، فَإِذَا أَرْبَعَةُ أَنْهَارٍ: نَهَرَانِ ظَاهِرَانِ، وَنَهَرَانِ بَاطِنَانِ، فَأَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّیْلُ وَالْفُرَاتُ، وَأَمَّا الْبَاطِنَانِ: فَنَهَرَانِ فِی الْجَنَّةِ، وَأُتِیْتُ بِثَلاَ ثَةِ أَقْدَاحٍ، قَدَحٌ فِیْهِ لَبَنٌ، وَقَدَحٌ فِیْهِ عَسَلٌ، وَقَدَحٌ فِیْهِ خَمْرٌ، فَأَخَذْتُ الَّذِیْ فِیْهِ اللَّبَنُ فَشَرِبْتُ، فَقِیْلَ لِیْ: أَصَبْتَ الْفِطْرَةَ، أَنْتَ وَأُمَّتُكَ"

قَالَ هِشَامٌ، وَسَعِیْدٌ، وَهَمَّامٌ: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِی الْأَنْهَارِ نَحْوَهُ، وَلَمْ یَذْكُرُوْا ثَلاَ ثَةَ أَقْدَاحٍ.[راجع: ۳۵۷۰]

وضاحت: پہلے دو پیالوں کا ذکر آیا تھا، اس حدیث میں تین کا ذکر ہے، اور قاعدہ ہے: ذکرِ عدد نفیِ ماعدا کو مستلزم نہیں۔

بَابُ اسْتِعْذَابِ الْمَاءِ

میٹھا پانی مانگنا

میٹھا پانی مانگنا: نہ زُہد کے منافی ہے نہ غیر اللہ سے مدد مانگنا ہے، کیونکہ یہ چیز امور عادیہ میں سے ہے، اور حدیث پہلے آئی ہے، نبی ﷺ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے باغ میں جاتے تھے، اور باغ کے کنویں کا عمدہ پانی پیتے تھے، کسی سے مانگتے ہونگے، وہ نکال کر لاتا ہوگا۔

[۱۳-] بَابُ اسْتِعْذَابِ الْمَاءِ

[۵۶۱۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ یَقُوْلُ: كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَكْثَرَ أَنْصَارِیٍّ بِالْمَدِیْنَةِ مَالاً مِنْ نَخْلٍ، وَكَانَ أَحَبُّ مَالِهِ إِلَیْهِ بَیْرُحَاءَ، وَكَانَتْ مُسْتَقْبَلَةَ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَدْخُلُهَا وَیَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِیْهَا طَیِّبٍ، قَالَ أَنَسٌ: فَلَمَّا نَزَلَتْ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾[آلِ عمران: ۹۲]

قَامَ أَبُوْ طَلْحَةَ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ وَإِنَّ أَحَبَّ مَالِيْ إِلَيَّ بَيْرُحَاءُ، وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ أَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ، فَضَعْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! حَيْثُ أَرَاكَ اللّٰهُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ أَوْ: رَايِحٌ - شَكَّ عَبْدُ اللّٰهِ- وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ: وَإِنِّيْ أَرٰى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ" فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: أَفْعَلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَسَمَهَا أَبُوْ طَلْحَةَ فِيْ أَقَارِبِهِ وَفِيْ بَنِيْ عَمِّهِ. وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ وَيَحْيىٰ: رَائِحٌ. [راجع: ١٤٦١]

بَابُ شُرْبِ اللَّبَنِ بِالْمَاءِ

پانی ملا کر دودھ پینا

جب جانور کو دوہتے ہیں تو دودھ گرم نکلتا ہے، اس لئے اگر فوراً دودھ پینا ہو تو اس میں ٹھنڈا پانی ملاتے تھے، باب کی پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۳۹۴) آئی ہے، نبی ﷺ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے گھر گئے، انھوں نے داجن (گھر کی پلی ہوئی بکری) دوہی، پھر اس میں پانی ملایا، اور نبی ﷺ نے نوش فرمایا —— دوسری حدیث نئی ہے، اس میں ابوالہیثمؓ آپؐ کو اور آپؐ کے ساتھی کو باغ کی جھونپڑی میں لے گئے، پیالے میں پانی ڈالا پھر اس میں پلی ہوئی دودھ کی بکری دوہی، جس کو آپؐ نے نوش فرمایا (یہ بیچنے کے لئے پانی ملانا نہیں ہے)

[١٤-] بَابُ شُرْبِ اللَّبَنِ بِالْمَاءِ

[٥٦١٢-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّهُ رَأَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَرِبَ لَبَنًا، وَأَتَى دَارَهُ فَحَلَبْتُ شَاةً فَشِبْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْبِئْرِ، فَتَنَاوَلَ الْقَدَحَ فَشَرِبَ، وَعَنْ يَسَارِهِ أَبُوْ بَكْرٍ وَعَنْ يَمِيْنِهِ أَعْرَابِيٌّ، فَأَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ فَضْلَهُ، ثُمَّ قَالَ: "الْأَيْمَنَ فَالْأَيْمَنَ" [راجع: ٢٣٥٢]

[٥٦١٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رَسُوْلَ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلٰى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَمَعَهُ صَاحِبٌ لَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنْ كَانَ عِنْدَكَ مَاءٌ بَاتَ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ فِيْ شَنَّةٍ، وَإِلَّا كَرَعْنَا" قَالَ: وَالرَّجُلُ يُحَوِّلُ الْمَاءَ فِي حَائِطِهِ، قَالَ: فَقَالَ الرَّجُلُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! عِنْدِيْ مَاءٌ بَائِتٌ، فَانْطَلِقْ إِلَى الْعَرِيْشِ، قَالَ: فَانْطَلَقَ بِهِمَا، فَسَكَبَ فِيْ قَدَحٍ، ثُمَّ حَلَبَ عَلَيْهِ مِنْ دَاجِنٍ لَهُ، قَالَ: فَشَرِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ شَرِبَ الرَّجُلُ الَّذِيْ جَاءَ مَعَهُ. [طرفه: ٥٦٢١]

قوله: إن كان عندك: اگر آپ کے پاس ایسا پانی ہے جو اس رات چمڑے کی پرانی مشک میں رہا ہے (تو پلاؤ) ورنہ

ہم (بول میں) منہ لگا کر پیتے ہیں! راوی کہتے ہیں: ابوالہیثمؓ اپنے باغ میں پانی گھمار ہے تھے (سینچائی کررہے تھے) انھوں نے کہا: ایسا پانی ہے، آپ جھونپڑی میں تشریف لے چلیں، وہ دونوں کو لے گئے (الی آخرہ)

بَابُ شَرَابِ الْحَلْوَاءِ وَالْعَسَلِ

میٹھا شربت اور شہد

شہد کا ذکر تخصیص بعد التعمیم ہے، نبی ﷺ کو میٹھا اور شہد پسند تھا، پس اگر میٹھا شربت نشہ آور نہیں اور شہد کی شراب نہیں بنائی گئی تو شوق سے نوش کریں، وہ طیب ہے۔ امام زہریؒ کہتے ہیں: کسی بھی تکلیف کی وجہ سے انسان کا پیشاب پینا جائز نہیں، وہ گندگی ہے، حلال صرف طیب چیز ہے، اور ابن مسعودؓ نے سَکَر (کھجور کی شراب) کے بارے میں فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہاری شفاء اس چیز میں نہیں رکھی جس کو تم پر حرام کیا ہے، یہ قاعدہ کلیہ ہے: حرام میں شفاء نہیں، پس اگر مشروب نشہ آور ہو گیا تو اس کا پینا جائز نہیں۔

[۱۵-] بَابُ شَرَابِ الْحَلْوَاءِ وَالْعَسَلِ

[۱-] وَقَالَ الزُّهْرِيُّ: لَایَحِلُّ شُرْبُ بَوْلِ النَّاسِ لِشِدَّةٍ تَنْزِلُ، لِأَنَّهُ رِجْسٌ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ﴿أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ﴾ [المائدة: ٤]

[۲-] وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فِي السَّكَرِ: إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَجْعَلْ شِفَاءَ كُمْ فِيْمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ.

[٥٦١٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُعْجِبُهُ الْحَلْوَاءُ وَالْعَسَلُ. [راجع: ٤٩١٢]

بَابُ الشُّرْبِ قَائِمًا

کھڑے ہوئے پینا

کھڑے کھڑے کھانا پینا سلیقہ مندی کی بات نہیں، آدابِ اسلامی میں سے یہ ہے کہ اطمینان سے بیٹھ کر کھائے پیئے، آج کل کھڑے کھڑے کھانے پینے کا فیشن چلا ہے، یہ غیروں کا طریقہ ہے، اس سے بچنا چاہئے —— اور اس مسئلہ میں روایات مختلف ہیں:

ممانعت کی روایات: (۱) حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کھڑے ہوکر پینے سے منع کیا، پوچھا گیا: اور کھانے کا کیا حکم ہے؟ فرمایا: وہ تو اور بھی برا ہے! (۲) حضرت جارودؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کھڑے کھڑے پینے سے منع فرمایا۔

جواز کی روایات: (۱) ابن عمرؓ سے مروی ہے: ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں چلتے پھرتے کھاتے تھے، اور کھڑے ہوئے پیتے تھے۔ (۲) عبداللہ بن عمروؓ سے مروی ہے کہ میں نے نبی ﷺ کو کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے پیتے دیکھا ہے (یہ روایات ترمذی میں ہیں)

امام بخاری کی روایات: (۱) حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ وضوء کے بعد بچا ہوا پانی کھڑے ہوکر پیتے تھے (۲) ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے زمزم کھڑے ہوکر نوش فرمایا —— مگر جمہور کے نزدیک: یہ دونوں پانی مستثنیٰ ہیں، ان کو کھڑے ہوکر پینا مستحب ہے۔

پس اسلامی تہذیب یہ ہے کہ بیٹھ کر کھایا پیا جائے، اور ضرورت کے وقت کھڑے کھڑے کھانا پینا بھی جائز ہے، مثلاً: بیٹھنے کی کوئی مناسب جگہ نہ ہو یا میدان جنگ ہو، جہاں بیٹھ کر کھانے پینے کا موقع نہ ہو تو ایسی صورت میں کھڑے کھڑے کھانا پینا غیر اولیٰ بھی نہیں، جواز کی روایات ایسے ہی مواقع کے لئے ہیں۔

[۱۶-] بَابُ الشُّرْبِ قَائِمًا

[۵٦۱۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ، قَالَ: أُتِيَ عَلِيٌّ عَلَى بَابِ الرَّحَبَةِ، فَشَرِبَ قَائِمًا، فَقَالَ: إِنَّ نَاسًا يَكْرَهُ أَحَدُهُمْ أَنْ يَشْرَبَ وَهُوَ قَائِمٌ، وَإِنِّيْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَعَلَ كَمَا رَأَيْتُمُوْنِيْ فَعَلْتُ. [طرفه: ۵٦۱٦]

[۵٦۱٦-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَيْسَرَةَ، سَمِعْتُ النَّزَّالَ بْنَ سَبْرَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ: أَنَّـهُ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ قَعَدَ فِيْ حَوَائِجِ النَّاسِ فِيْ رَحَبَةِ الْكُوْفَةِ، حَتّٰى حَضَرَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ، ثُمَّ أُتِيَ بِمَاءٍ فَشَرِبَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، وَذَكَرَ رَأْسَهُ وَرِجْلَيْهِ، ثُمَّ قَامَ فَشَرِبَ فَضْلَهُ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ نَاسًا يَكْرَهُوْنَ الشُّرْبَ قَائِمًا وَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ. [راجع: ۵٦۱۵]

[۵٦۱۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: شَرِبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَائِمًا مِنْ زَمْزَمَ. [راجع: ۱٦۳۷]

وضاحت: پہلی دونوں روایتوں میں ایک ہی واقعہ ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کوفہ کی مسجد میں ظہر کی نماز پڑھائی، پھر فصلِ خصومات کے لئے صحنِ مسجد میں تشریف فرما ہوئے، جب عصر کا وقت آیا تو پانی منگوایا، پہلے بیٹھے ہوئے پیا، پھر چہرہ اور ہاتھ دھوئے اور آدم (راوی) نے سر اور پیروں کا ذکر کیا یعنی سر پر اور پیروں پر مسح کیا، یعنی پیروں کو ہلکا دھویا، پھر کھڑے ہوکر بچا ہوا پانی پیا، اور فرمایا: کچھ لوگ کھڑے ہوکر پینے کو ناپسند کرتے ہیں، جبکہ میں نے نبی ﷺ کو ایسا کرتے دیکھا ہے

جیسا میں نے کیا (اور فرمایا: یہ باوضوء کا وضوء ہے)

بَابُ مَنْ شَرِبَ وَهُوَ وَاقِفٌ عَلٰى بَعِيْرِهِ

اونٹ پر بیٹھے ہوئے پینا

اونٹ پر بیٹھے ہوئے پینا تو گویا زمین پر بیٹھے ہوئے پینا ہے: پس اس کے جواز میں کیا شبہ ہوسکتا ہے! میدانِ عرفہ میں ام الفضلؓ نے دودھ بھیجا تھا، نبی ﷺ نے اس کو اونٹ پر بیٹھے ہوئے نوش فرمایا تھا۔

[۱۷-] بَابُ مَنْ شَرِبَ وَهُوَ وَاقِفٌ عَلٰى بَعِيْرِهِ

[۵۶۱۸-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ النَّضْرِ، عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ: أَنَّهَا أَرْسَلَتْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِقَدَحِ لَبَنٍ، وَهُوَ وَاقِفٌ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ، فَأَخَذَهُ بِيَدِهِ فَشَرِبَهُ.

زَادَ مَالِكٌ عَنْ أَبِي النَّضْرِ عَلٰى بَعِيْرِهِ. [راجع: ۱۶۵۸]

بَابُ الْأَيْمَنِ فَالْأَيْمَنِ فِي الشُّرْبِ

دایاں پھر دایاں پینے میں

دایاں پھر دایاں: جھگڑا نمٹانے کے لئے ضابطہ ہے، کیونکہ افضل کی تقدیم کا ضابطہ بنایا جائے گا تو کبھی لوگوں کے درمیان کسی کی فضیلت مسلّم نہیں ہوتی، اور کبھی فضیلت مسلّم ہونے کے باوجود دوسرے کی تقدیم دل تنگی کا باعث ہوتی ہے، اس لئے نبی ﷺ نے بدّو کو دیا جو دائیں طرف تھا، ابوبکر رضی اللہ عنہ کو نہیں دیا، وہ بائیں طرف تھے۔

[۱۸-] بَابُ الْأَيْمَنِ فَالْأَيْمَنِ فِي الشُّرْبِ

[۵۶۱۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أُتِيَ بِلَبَنٍ قَدْ شِيْبَ بِمَاءٍ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ أَعْرَابِيٌّ وَعَنْ شِمَالِهِ أَبُوْ بَكْرٍ، فَشَرِبَ، ثُمَّ أَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ، وَقَالَ: "الْأَيْمَنُ فَالْأَيْمَنُ" [راجع: ۲۳۵۲]

بَابٌ: هَلْ يَسْتَأْذِنُ الرَّجُلُ مَنْ عَنْ يَمِيْنِهِ فِي الشُّرْبِ لِيُعْطِيَ الْأَكْبَرَ؟

بڑے کو مشروب دینے کے لئے کیا دائیں والے سے اجازت لے؟

دائیں والے کا بھی حق ہے اور بڑے کا بھی، الأيمن فالأيمن کا ضابطہ كَبِّرِ الْكُبْرَ (بڑے کو بڑا بناؤ) کے ضابطہ سے

متعارض ہے، اب غور کرنا ہے کس کا حق زیادہ ہے؟ اگر دائیں والے کا زیادہ ہے تو اجازت لینا ضروری ہے، ورنہ نہیں، حضرت نے حل چلا دیا ہے، کوئی فیصلہ نہیں کیا، مگر حدیثوں کو پیش نظر رکھا جائے تو مشروب دینے میں تو دائیں طرف والے کا حق زیادہ ہے، اسی لئے نبی ﷺ نے ابن عباسؓ سے اجازت طلب کی تھی، انھوں نے اجازت نہیں دی تو آپؐ نے برتن ان کو تھما دیا، اور گفتگو میں بڑے کو بولنے کا موقع دینا چاہئے، ورنہ چھوٹا منہ بڑی بات ہوگی۔

[۱۹-] بَابٌ: هَلْ يَسْتَأْذِنُ الرَّجُلُ مَنْ عَنْ يَمِيْنِهِ فِي الشُّرْبِ لِيُعْطِيَ الْأَكْبَرَ؟

[۵۶۲۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ حَازِمِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أُتِيَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَ مِنْهُ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ غُلَامٌ وَعَنْ يَسَارِهِ الْأَشْيَاخُ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ: " أَتَأْذَنُ لِيْ أَنْ أُعْطِيَ هٰؤُلَآءِ؟" فَقَالَ الْغُلَامُ: وَاللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَا أُوْثِرُ بِنَصِيْبِيْ مِنْكَ أَحَدًا، قَالَ: فَتَلَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ يَدِهِ. [راجع: ۲۳۵۱]

بَابُ الْكَرْعِ فِي الْحَوْضِ

کھڈے سے منہ لگا کر پانی پینا

کبھی برتن نہیں ہوتا، یا کھڈے/ بول میں پانی تھوڑا ہوتا ہے، اور لپ/ چلّو بھرنے سے پانی گدلا ہوجائے گا تو بکری بن کر منہ لگا کر پانی پینا جائز ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: و إلا کرعنا: ورنہ ہم منہ لگا کر پانی پیتے ہیں، معلوم ہوا کہ مجبوری میں ایسا کرنا جائز ہے۔

[۲۰-] بَابُ الْكَرْعِ فِي الْحَوْضِ

[۵۶۲۱-] حدثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلٰى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَمَعَهُ صَاحِبٌ لَهُ، فَسَلَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَصَاحِبُهُ، فَرَدَّ الرَّجُلُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ، وَهِيَ سَاعَةٌ حَارَّةٌ، وَهُوَ يُحَوِّلُ فِي حَائِطٍ لَهُ يَعْنِي الْمَاءَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنْ كَانَ عِنْدَكَ مَاءٌ بَاتَ فِيْ شَنَّةٍ وَإِلَّا كَرَعْنَا" وَالرَّجُلُ يُحَوِّلُ الْمَاءَ فِي حَائِطٍ، فَقَالَ الرَّجُلُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! عِنْدِيْ مَاءٌ بَاتَ فِيْ شَنَّةٍ، فَانْطَلَقَ إِلَى الْعَرِيْشِ، فَسَكَبَ فِيْ قَدَحٍ مَاءً، ثُمَّ حَلَبَ عَلَيْهِ مِنْ دَاجِنٍ لَهُ، فَشَرِبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ أَعَادَ، فَشَرِبَ الرَّجُلُ الَّذِيْ جَاءَ مَعَهُ. [راجع: ۵۶۱۳]

بَابُ خِدْمَةِ الصِّغَارِ الْكِبَارَ

چھوٹے بڑوں کی خدمت کریں

چھوٹے خدمت کریں تو اچھا معلوم ہوتا ہے، بڑے خدمت کریں تو ان سے کام لینے میں تکلف ہوتا ہے، جنت میں بھی ولدان مخلدون خدمت کے لئے ہونگے، اور باب کی حدیث میں انسؓ کہتے ہیں: میں محفل شراب میں خادم تھا، کیونکہ میں سب میں چھوٹا تھا۔

[۲۱-] بَابُ خِدْمَةِ الصِّغَارِ الْكِبَارَ

[۵۶۲۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: كُنْتُ قَائِمًا عَلٰى الْحَيِّ أَسْقِيْهِمْ: عُمُوْمَتِيْ- وَأَنَا أَصْغَرُهُمْ - الْفَضِيْخَ، فَقِيْلَ: حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، فَقَالَ: أَكْفِئْهَا، فَكَفَأْنَاهَا، قُلْتُ لِأَنَسٍ: مَا شَرَابُهُمْ؟ قَالَ: رُطَبٌ وَبُسْرٌ. فَقَالَ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَنَسٍ: وَكَانَتْ خَمْرَهُمْ، فَلَمْ يُنْكِرْ أَنَسٌ، وَحَدَّثَنِيْ بَعْضُ أَصْحَابِيْ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا يَقُوْلُ: كَانَتْ خَمْرَهُمْ يَوْمَئِذٍ. [راجع: ۲٤٦٤]

بَابُ تَغْطِيَهِ الإِنَاءِ

برتنوں کو ڈھانکنا

جن برتنوں میں کھانا پینا ہو ان کو ڈھانک کر رکھنا چاہئے، دن میں بھی اور رات میں بھی، تاکہ اس میں کوئی کیڑا وغیرہ داخل نہ ہو اور بسم اللہ کہہ کر ڈھانکنا چاہئے تاکہ شیطان اس کو کھول نہ سکے، اور ڈھکنا نہ ہو تو کوئی لکڑی وغیرہ اس پر بسم اللہ کہہ کر آڑی رکھ دے۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۵۱۲) آئی ہے۔

[۲۲-] بَابُ تَغْطِيَهِ الإِنَاءِ

[۵۶۲۳-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِذَا كَانَ جُنْحُ اللَّيْلِ أَوْ: أَمْسَيْتُمْ فَكُفُّوْا صِبْيَانَكُمْ، فَإِنَّ الشَّيَاطِيْنَ تَنْتَشِرُ حِيْنَئِذٍ، فَإِذَا ذَهَبَ سَاعَةٌ مِنَ اللَّيْلِ فَخَلُّوْهُمْ، وَأَغْلِقُوْا الأَبْوَابَ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا مُغْلَقًا، وَأَوْكُوْا قِرَبَكُمْ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ وَخَمِّرُوْا آنِيَتَكُمْ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ، وَلَوْ أَنْ تَعْرِضُوْا عَلَيْهَا شَيْئًا، وَأَطْفِئُوْا مَصَابِيْحَكُمْ" [راجع: ۳۲۸۰]

[۵۶۲٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

صلى الله عليه وسلم قَالَ: " أَطْفِئُوْا الْمَصَابِيْحَ إِذَا رَقَدْتُمْ، وَأَغْلِقُوْا الأَبْوَابَ، وَأَوْكُوْا الأَسْقِيَةَ، وَخَمِّرُوْا الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ، وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَلَوْ بِعُوْدٍ تَعْرِضُهُ عَلَيْهِ" [راجع: ٣٢٨٠]

لغات: جُنْحُ الليل: رات کا ایک حصہ یعنی جب رات شروع ہوجائے، یا کہاأمسيتم: رات کرو........... كُفُّوْا: روک لو۔

بَابُ اخْتِنَاثِ الأَسْقِيَةِ

مشکیزہ کا منہ موڑنا

نبی ﷺ نے مشکیزوں کا منہ موڑنے سے منع فرمایا یعنی مشکیزہ کواوندھا کر کے پانی پینے سے منع کیا۔

تشریح: مشکیزہ کا منہ موڑ کر اوندھا کر کے اوراس سے منہ لگا کر پانی پینے میں چند نقصانات ہیں: **ایک:** پانی جوش سے نکلے گا اور حلق میں یکبارگی گرے گا، اس سے دردِ جگر پیدا ہوتا ہے۔ **دوم:** اس سے معدے کو بھی ضرر پہنچتا ہے۔ **سوم:** پانی کے بہاؤ میں تنکے وغیرہ کا پتہ نہیں چلتا۔ **چہارم:** اس میں کپڑے بھیگنے کا اندیشہ ہے۔ **پنجم:** جب سب لوگ اس طرح منہ لگا کر پئیں گے تو مشکیزہ کا منہ بدبودار ہوجائے گا۔

[٢٣-] بَابُ اخْتِنَاثِ الأَسْقِيَةِ

[٥٦٢٥-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ اخْتِنَاثِ الأَسْقِيَةِ. يَعْنِيْ: أَنْ تُكْسَرَ أَفْوَاهُهَا فَيُشْرَبَ مِنْهَا. [طرفه: ٥٦٢٦]

[٥٦٢٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْهَى عَنِ اخْتِنَاثِ الأَسْقِيَةِ. قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ مَعْمَرٌ أَوْ غَيْرُهُ: هُوَ الشُّرْبُ مِنْ أَفْوَاهِهَا.

[راجع: ٥٦٢٥]

بَابُ الشُّرْبِ مِنْ فَمِ السِّقَاءِ

مشکیزہ کے منہ سے پینا

یہ باب گذشتہ باب سے عام ہے، اس میں اختناث (منہ موڑنے) کی تخصیص نہیں، پھر وہ حدیث بھی لائی ہے جس

میں مشکیزہ کے منہ سے پینے کی ممانعت ہے، اور اتنے فرق سے امام صاحب ابواب قائم کرتے ہیں۔

[٢٤-] بَابُ الشُّرْبِ مِنْ فَمِ السِّقَاءِ

[٥٦٢٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، قَالَ لَنَا عِكْرِمَةُ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَشْيَاءَ قِصَارٍ حَدَّثَنَا بِهَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الشُّرْبِ مِنْ فَمِ الْقِرْبَةِ أَوِ: السِّقَاءِ، وَأَنْ يَمْنَعَ جَارَهُ أَنْ يَغْرِزَ خَشَبَةً فِيْ جِدَارِهِ.[راجع: ٢٤٦٣]

[٥٦٢٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُشْرَبَ مِنْ فِي السِّقَاءِ.[راجع: ٢٤٦٣]

[٥٦٢٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الشُّرْبِ مِنْ فِي السِّقَاءِ.

ترجمہ: عکرمہؒ نے طلبہ سے کہا: کیا میں تمہیں چند چھوٹی باتیں نہ بتاؤں جو ہم سے ابو ہریرہؓ نے بیان کی ہیں؟ (ضرور بتائیں! فرمایا:) رسول اللہ ﷺ نے مشکیزہ کے منہ سے پینے سے منع کیا (باقی حدیث تحفۃ القاری (۵:۴۷۹) میں آگئی ہے)

بَابُ النَّهْيِ عَنِ التَّنَفُّسِ فِي الإِنَاءِ

برتن میں سانس لینے کی ممانعت

نبی ﷺ نے مشروب میں سانس لینے سے منع کیا ہے، کیونکہ کبھی منہ میں تغیر آجاتا ہے یا مسواک کئے دیر ہوجاتی ہے تو بھی منہ میں بدبو پیدا ہوجاتی ہے، پس برتن میں سانس لے گا تو بدبو مشروب میں شامل ہوجائے گی، اور کبھی ایک ہی برتن سے لوگ یکے بعد دیگرے پیتے ہیں، پس جس کا نمبر بعد میں ہوگا اس کو کراہیت ہوگی، اور کبھی سانس لیتے ہوئے منہ سے یا ناک سے آلائش پانی میں گر جاتی ہے، اس لئے برتن میں سانس لینے سے احراز کرے، اور تنکا وغیرہ ہو تو کسی چیز سے یا انگلی سے نکال لے یا تھوڑا مشروب بہادے اس کے ساتھ تنکا بہہ جائے گا، اور اگر مشروب گرم ہو تو تھوڑی دیر انتظار کرے ٹھنڈا ہوجائے گا، پھونک نہ مارے۔

[٢٥-] بَابُ النَّهْيِ عَنِ التَّنَفُّسِ فِي الإِنَاءِ

[٥٦٣٠-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَفَّسْ فِي الإِنَاءِ، وَإِذَا بَالَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَمْسَحْ ذَكَرَهُ بِيَمِيْنِهِ، وَإِذَا تَمَسَّحَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَتَمَسَّحْ بِيَمِيْنِهِ" [راجع: ١٥٣]

بَابُ الشُّرْبِ بِنَفَسَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةٍ

دو یا تین سانس میں پینا

پیتے ہوئے درمیان میں دو مرتبہ سانس لیا جائے تو مشروب کے تین ٹکڑے ہونگے اور تین مرتبہ سانس لیا جائے تو چار حصے ہونگے، اگر مشروب تھوڑا ہو تو ایک دو گھونٹ میں بھی پی سکتے ہیں، جیسے زمزم تھوڑا ہو تو تین سانس میں پینا ضروری نہیں، ایک سانس میں بھی پی سکتے ہیں، اور اگر کوئی چیز کافی مقدار میں ہو یا گرم ہو تو تین سے زیادہ سانسوں میں بھی پی سکتے ہیں۔

تین سانس میں پینے سے سیرابی زیادہ حاصل ہوتی ہے، جب پانی معدہ میں تھوڑا تھوڑا پہنچتا ہے تو طبیعت اس کو ان اعضاء کی طرف سپلائی کرتی ہے جن کو تری کی حاجت ہوتی ہے، اور رُواں رُواں سیراب ہوجاتا ہے، اور جب بہت سارا پانی اچانک معدہ میں پہنچتا ہے تو طبیعت حیران رہ جاتی ہے کہ اس کو کہاں سپلائی کرے، چنانچہ پیٹ بوجھل ہوجاتا ہے، اور سیرابی حاصل نہیں ہوتی۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں ان کا پوتا ثمامہ بیان کرتا ہے کہ وہ دو یا تین سانس میں پیتے تھے، اور کہتے تھے کہ نبی ﷺ تین سانس میں پیتے تھے (معلوم ہوا کہ تین مرتبہ سانس لینا ضروری نہیں، مستحب ہے)

[٢٦-] بَابُ الشُّرْبِ بِنَفَسَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةٍ

[٥٦٣١-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِاللهِ، قَالَ: كَانَ أَنَسٌ يَتَنَفَّسُ فِي الإِنَاءِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، وَزَعَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَنَفَّسُ ثَلَاثًا.

بَابُ الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ

سونے کے برتن میں پینا

ابھی الأطعمة باب ۲۹ میں حدیث اور مسائل آچکے ہیں کہ سونے کا برتن نہ مردوں کے لئے جائز ہے نہ عورتوں کے لئے، عورتوں کے لئے صرف سونے کا زیور جائز ہے۔

[٢٧-] بَابُ الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ

[٥٦٣٢-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، قَالَ: كَانَ حُذَيْفَةُ بِالْمَدَائِنِ فَاسْتَسْقَى، فَأَتَاهُ دِهْقَانٌ بِقَدَحِ فِضَّةٍ، فَرَمَاهُ بِهِ، فَقَالَ: إِنِّيْ لَمْ أَرْمِهِ إِلَّا أَنِّيْ نَهَيْتُهُ فَلَمْ يَنْتَهِ، وَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَانَا عَنِ الْحَرِيْرِ، وَالدِّيْبَاجِ، وَالشُّرْبِ فِيْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ. وَقَالَ: "هُنَّ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا، وَهُنَّ لَكُمْ فِي الآخِرَةِ" [راجع: ٥٤٢٦]

بَابُ آنِيَةِ الْفِضَّةِ

چاندی کا برتن

چاندی کا برتن بھی مردوں اور عورتوں: دونوں کے لئے حرام ہے، عورتوں کے لئے زیور اور مردوں کے لئے انگوٹھی جائز ہے، باقی برتن سامان حرام ہیں، محولہ بالا مقام میں پہلی حدیث اور تفصیل گذری ہے۔

[٢٨-] بَابُ آنِيَةِ الْفِضَّةِ

[٥٦٣٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ حُذَيْفَةَ وَذَكَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لاَ تَشْرَبُوْا فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلاَ تَلْبَسُوْا الْحَرِيْرَ وَالدِّيْبَاجَ، فَإِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا، وَلَكُمْ فِي الآخِرَةِ "[راجع: ٥٤٢٦]

[٥٦٣٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الَّذِيْ يَشْرَبُ فِيْ إِنَاءِ الْفِضَّةِ إِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارُ جَهَنَّمَ "

ترجمہ: جو شخص چاندی کے برتن میں پیتا ہے اس کے پیٹ میں دوزخ کی آگ ہی آواز نکالتی ہے، جرجر النارُ: آگ کی آواز نکلنا۔

[٥٦٣٥-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعٍ، وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ: أَمَرَنَا بِعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ، وَاتِّبَاعِ الْجِنَازَةِ، وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ، وَإِجَابَةِ الدَّاعِيْ، وَإِفْشَاءِ السَّلاَمِ، وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ، وَإِبْرَارِ الْمُقْسِمِ، وَنَهَانَا عَنْ خَوَاتِيْمِ الذَّهَبِ، وَعَنِ الشُّرْبِ فِي الْفِضَّةِ أَوْ قَالَ: آنِيَةِ الْفِضَّةِ، وَعَنِ الْمَيَاثِرِ، وَالْقَسِّيِّ، وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ، وَالإِسْتَبْرَقِ. [راجع: ١٢٣٩]

حوالہ: یہ حدیث پہلے بار بار آئی ہے، یہاں ساتوں منہیات جمع ہیں۔

بَابُ الشُّرْبِ فِي الأَقْدَاحِ

لکڑی کے پیالوں میں پینا

نبی ﷺ کے عہد میں پیالے لکڑی کے بنتے تھے اور اس میں سے کئی کئی آدمی پیتے تھے۔

[۲۹-] بَابُ الشُّرْبِ فِی الْأَقْدَاحِ

[۵۶۳۶-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ سَالِمٍ أَبِی النَّضْرِ، عَنْ عُمَیْرٍ مَوْلٰی أُمِّ الْفَضْلِ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ: أَنَّهُمْ شَکُّوْا فِیْ صَوْمِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم یَوْمَ عَرَفَةَ، فَبَعَثْتُ إِلَیْهِ بِقَدَحٍ مِنْ لَبَنٍ فَشَرِبَهُ. [راجع: ۱۶۵۸]

بَابُ الشُّرْبِ مِنْ قَدَحِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَآنِیَتِهِ

نبی ﷺ کے لکڑی کے پیالے سے اور آپؐ کے برتنوں سے پینا

آنیة: عام کا خاص پر عطف ہے، حضرت عبداللہ بن سلام نے ابو بردۃ سے کہا: کیا نہ پلاؤں میں آپ کو ایک ایسے پیالے سے جس میں نبی ﷺ نے پیا ہے؟ (یہ پیالہ غالباً حضرت عبداللہ کا تھا، جس میں کبھی نبی ﷺ نے پیا تھا) اور جونیہ کے واقعہ میں نبی ﷺ نے سہلؓ سے کہا: ہمیں پانی پلاؤ، انھوں نے اپنے پیالہ میں پلایا (یہ پیالہ بھی سہلؓ کا تھا) اور حضرت انسؓ (خادم رسولؐ) کے پاس ایک لکڑی کا پیالہ تھا، جو کسی وقت ٹوٹ گیا تھا، اور اس کو چاندی کے تار سے باندھ دیا گیا تھا (یہ پیالہ نبی ﷺ کا تھا، وفاتِ نبوی کے بعد جب آپؐ کے متروکات تبرک میں تقسیم ہوئے تو یہ پیالہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کو ملا تھا) اور یہ حدیثیں تبرکات کی اصل ہیں۔

[۳۰-] بَابُ الشُّرْبِ مِنْ قَدَحِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَآنِیَتِهِ

وَقَالَ أَبُوْ بُرْدَةَ: قَالَ لِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: أَلَا أَسْقِیْكَ فِی قَدَحٍ شَرِبَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْهِ؟

[۵۶۳۷-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ أَبِیْ مَرْیَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: ذُکِرَ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم امْرَأَةٌ مِنَ الْعَرَبِ، فَأَمَرَ أَبَا أُسَیْدٍ السَّاعِدِیَّ أَنْ یُرْسِلَ إِلَیْهَا، فَأَرْسَلَ إِلَیْهَا، فَقَدِمَتْ فَنَزَلَتْ فِیْ أُجُمِ بَنِیْ سَاعِدَةَ، فَخَرَجَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم حَتّٰی جَاءَ هَا، فَدَخَلَ عَلَیْهَا فَإِذَا امْرَأَةٌ مُنَکِّسَةٌ رَأْسَهَا، فَلَمَّا کَلَّمَهَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَتْ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ، فَقَالَ: "قَدْ أَعَذْتُكِ مِنِّیْ" قَالُوْا لَهَا: أَتَدْرِیْنَ مَنْ هٰذَا؟ قَالَتْ: لَا، قَالُوْا: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ جَاءَ لِیَخْطُبَكِ، قَالَتْ: کُنْتُ أَنَا أَشْقٰی مِنْ ذٰلِكَ، فَأَقْبَلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یَوْمَئِذٍ حَتّٰی جَلَسَ فِیْ سَقِیْفَةِ بَنِیْ سَاعِدَةَ، هُوَ وَأَصْحَابُهُ، ثُمَّ قَالَ: "اسْقِنَا یَاسَهْلُ" فَأَخْرَجْتُ لَهُمْ، هٰذَا الْقَدَحَ فَأَسْقَیْتُهُمْ فِیْهِ، فَأَخْرَجَ لَنَا سَهْلٌ ذٰلِكَ الْقَدَحَ فَشَرِبْنَا مِنْهُ، قَالَ: ثُمَّ اسْتَوْهَبَهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِالْعَزِیْزِ بَعْدَ ذٰلِكَ فَوَهَبَهُ لَهُ. [راجع: ۵۲۵۶]

ترجمہ: (حدیث پہلے آئی ہے مگر اتنی تفصیل سے نہیں آئی) سہلؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے سامنے ایک عرب عورت کا تذکرہ کیا گیا، (یہ جونیہ کا واقعہ ہے) آپؐ نے ابواُسید کو حکم دیا کہ اس کے پاس آدمی بھیجیں، انھوں نے اس کے پاس آدمی بھیجا، وہ آئی، اور بنوساعدہ کے ایک محل میں اتری، نبی ﷺ نکلے یہاں تک کہ اس کے پاس پہنچے، پس اس پر داخل ہوئے تو اچانک ایک عورت اپنا سر جھکائے ہوئے تھی، جب اس سے نبی ﷺ نے بات کی تو اس نے کہا: میں تجھ سے اللہ کی پناہ چاہتی ہوں! آپؐ نے فرمایا: پناہ دی میں نے تجھے مجھ سے! (بعد میں) لوگوں نے اس سے پوچھا: تو جانتی تھی کہ یہ کون تھے؟ اس نے کہا: نہیں! لوگوں نے کہا: یہ اللہ کے رسول تھے، آئے تھے وہ تاکہ تجھ کو مانگیں، کہنے لگی: میں بدبخت ٹھہری اس معاملہ میں! پس آپؐ متوجہ ہوئے یہاں تک کہ بنوساعدہ کے چھپر میں آئے، آپؐ اور آپؐ کے ساتھی، پھر فرمایا: اے سہلؓ! مجھے پانی پلاؤ، پس میں نے ان کے لئے یہ لکڑی کا پیالہ نکالا، پلایا میں نے ان کو اس میں، پھر سہلؓ نے ہمارے لئے وہ پیالہ نکالا، پس ہم نے اس سے پیا۔ راوی کہتا ہے: پھر بخشش مانگا اس کو عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس کے بعد (جب وہ مدینہ کے گورنر تھے) پس سہلؓ نے ان کو پیالہ ہبہ کردیا۔

[٥٦٣٨-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، قَالَ: رَأَيْتُ قَدَحَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَكَانَ قَدِ انْصَدَعَ فَسَلْسَلَهُ بِفِضَّةٍ، قَالَ: وَهُوَ قَدَحٌ جَيِّدٌ عَرِيْضٌ مِنْ نُضَارٍ، قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: لَقَدْ سَقَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِي هٰذَا الْقَدَحِ أَكْثَرَ مِنْ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: إِنَّهُ كَانَ فِيْهِ حَلْقَةٌ مِنْ حَدِيْدٍ فَأَرَادَ أَنَسٌ أَنْ يَجْعَلَ مَكَانَهَا حَلْقَةً مِنْ ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ طَلْحَةَ: لَا تُغَيِّرَنَّ شَيْئًا صَنَعَهُ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَتَرَكَهُ. [راجع: ٣١٠٩]

ترجمہ: عاصمؒ احول کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کا لکڑی کا پیالہ انسؓ کے پاس دیکھا ہے، وہ ٹوٹ گیا تھا، آپ نے اس کو چاندی سے جوڑ لیا تھا، عاصم کہتے ہیں: وہ خالص لکڑی کا چوڑا عمدہ پیالہ تھا، عاصم کہتے ہیں: انسؓ نے کہا: بخدا! میں نے رسول اللہ ﷺ کو پلایا ہے اس پیالے میں اتنی اور اتنی مرتبہ سے زیادہ۔ عاصمؒ کہتے ہیں: اور ابن سیرینؒ نے فرمایا کہ اس میں لوہے کا کنڈا تھا، پس انسؓ نے چاہا کہ اس کی جگہ سونے یا چاندی کا کنڈا گردانیں، پس ان سے ابوطلحہؓ نے کہا: ہرگز نہ بدلیں آپ اس چیز کو جس کو رسول اللہ ﷺ نے بنایا ہے، پس حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اس کو چھوڑ دیا۔ النُّضَار: ہر خالص چیز۔

بَابُ شُرْبِ الْبَرَكَةِ وَالْمَاءِ الْمُبَارَكِ

تبرک اور برکت والا پانی پینا

نبی ﷺ کے پیالے میں اور آپؐ کے برتن میں پینا تبرک کا تھا، اب یہ اس کا ردیف باب لائے ہیں، اور حدیث گذری

ہے۔ایک مرتبہ معجزہ ظاہر ہوا اور آپؐ کی انگلیوں سے بے حساب پانی ظاہر ہوا، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اس کو خوب پیٹ بھر کر پیا، کیونکہ وہ تبرک تھا۔

معمہ: وہ پانی بتاؤ ہے جو نہ آسمان سے برسا نہ زمین سے نکلا اور وہ زمزم اور آبِ کوثر سے بھی افضل ہے؟ **جواب**: وہ وہ پانی تھا جو آپؐ کی انگلیوں سے بطور معجزہ نکلا تھا۔

[۳۱-] بَابُ شُرْبِ الْبَرَكَةِ وَالْمَاءِ الْمُبَارَكِ

[۵٦۳۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَالِمُ بْنُ أَبِی الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا الْحَدِيْثَ، قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُنِیْ مَعَ النَّبِیِّ صلی الله عليه وسلم وَقَدْ حَضَرَتِ الْعَصْرُ، وَلَيْسَ مَعَنَا مَاءٌ غَيْرُ فَضْلَةٍ، فَجُعِلَ فِیْ إِنَاءٍ، فَأُتِیَ النَّبِیُّ صلی الله عليه وسلم بِهِ فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيْهِ وَفَرَّجَ أَصَابِعَهُ، ثُمَّ قَالَ: " حَیَّ عَلٰی أَهْلِ الْوُضُوْءِ، الْبَرَكَةُ مِنَ اللّٰهِ" فَلَقَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَتَفَجَّرُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ، فَتَوَضَّأَ النَّاسُ وَشَرِبُوْا، فَجَعَلْتُ لاَ آلُوْ مَا جَعَلْتُ فِیْ بَطْنِیْ مِنْهُ، فَعَلِمْتُ أَنَّهُ بَرَكَةٌ، قُلْتُ لِجَابِرٍ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: أَلْفًا وَأَرْبَعَ مِائَةٍ.

تَابَعَهُ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرٍ، وَقَالَ حُصَيْنٌ، وَعَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابِرٍ: خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً. تَابَعَهُ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ جَابِرٍ. [راجع: ۳۵۷٦]

وضاحت: جب پانی پھوٹنا شروع ہوا تو قریب کے لوگوں نے وضوء شروع کیا، آپؐ نے دور کے لوگوں کو آواز دی: ''آؤ، وضوء کرنے والوں کے پاس، اللہ کی برکت ظاہر ہو رہی ہے'' —— **فجعلت**: پس میں نے کوتاہی نہیں کی جو میں نے اس میں سے میرے پیٹ میں بھر لیا، پس میں نے جان لیا کہ وہ بابرکت پانی ہے۔

﴿الحمد للہ! کتاب الأشربة کی شرح مکمل ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب المَرضٰی

بیماروں کا بیان

مرضٰی: مریض (بیمار) کی جمع ہے، مَرْض (بیماری) مزاج کے بگڑنے کا نام ہے، اور مزاج: عناصر کے اعتدال کا نام ہے، بے اعتدالی کے ساتھ کھانے پینے سے یا مضر چیزوں کے استعمال سے آدمی بیمار پڑ جاتا ہے، اس لئے کتاب الأطعمة اور کتاب الأشربة کے بعد کتاب المرضٰی لائے، پھر علاج معالجہ کے لئے کتاب الطب لائیں گے۔

سورۃ الاعراف (آیت ۳۱) میں ہے: ﴿کُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلاَ تُسْرِفُوْا، إِنَّهُ لاَ يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ﴾: کھاؤ، پیو اور حد سے مت نکلو، اللہ تعالیٰ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے، کیونکہ حد سے نکلیں گے تو بیمار پڑیں گے اور اپنا نقصان کریں گے ـــــ کھانے پینے کی اجازت کے ساتھ اسراف (حد سے نکلنے) کی ممانعت حفظانِ صحت کے اصول سے ہے، طب کے تین اصول ہیں، اور تینوں قرآنِ کریم میں مذکور ہیں، کتاب الطب کے شروع میں ان کو ذکر کروں گا، ان میں سے پہلی اصل یہ ہے کہ آدمی اپنی صحت کی حفاظت کرے، مزاج کو بگڑنے نہ دے، کھائے پیئے مگر حد سے نہ نکلے، پُرخوری فسادِ معدہ کا بڑا سبب ہے، اس سے بچے تو ان شاء اللہ تندرست رہے گا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَفَّارَةِ الْمَرَضِ

بیماری سے گناہ معاف ہوتے ہیں

سورۃ النساء (آیت ۱۲۳) میں ہے: ﴿مَنْ يَّعْمَلْ سُوْءً ا يُجْزَ بِهِ﴾: جو کوئی برا کام کرے گا وہ اس کی سزا دیا جائے گا ـــــ برا کام: جیسے بے اعتدال کے ساتھ کھانا پینا، اس کی سزا یہ ہے کہ بیمار پڑے گا، اور یہی بیماری اس کے برے کام کا کفارہ بن جائے گی، کیونکہ سزا کے چار موطن (جگہیں) ہیں، پہلا موطن یہی دنیا ہے، بعض گناہوں کی سزا اسی دنیا میں ملتی ہے، آگے معاملہ صاف ہو جاتا ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان کو جو بھی مصیبت پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ اس کے گناہ مٹاتے ہیں، یہاں تک کہ کانٹا جو اس کو چبھتا ہے (اس سے بھی گناہ معاف ہوتے ہیں، پس جب کانٹے کی تکلیف کفارہ بنتی

ہے تو مرض کی تکلیف تو اس سے کہیں زیادہ ہے، وہ ضرور کفارہ بنے گا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۷۵- کتابُ المرضیٰ

[۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَفَّارَۃِ الْمَرَضِ

وَقَوْلِ اللّٰہِ تَعَالٰی: ﴿مَنْ یَعْمَلْ سُوْءً ا یُجْزَ بِہٖ﴾ [النساء: ۱۲۳]

[۵٦٤۰-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ الْحَکَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُرْوَۃُ بْنُ الزُّبَیْرِ، أَنَّ عَائِشَۃَ زَوْجَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَا مِنْ مُصِیْبَۃٍ تُصِیْبُ الْمُسْلِمَ إِلَّا کَفَّرَ اللّٰہُ بِھَا عَنْہُ، حَتّٰی الشَّوْکَۃُ یُشَاکُھَا"

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مسلمان کو جو بھی تھکن، بدن کی گراوٹ، ٹینشن، غم، تکلیف اور بے چینی، یہاں تک کہ کانٹا جو اس کو چبھتا ہے: اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ اس کی خطائیں معاف کرتے ہیں"

تشریح: بیماری کا حکم دلالۃ النص کے ذریعہ لیں گے، بیماری ان سب سے بڑھی ہوئی ہے، اس لئے وہ بدرجۂ اولیٰ کفارۂ سیئات بنے گی —— اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جب آدمی بیمار پڑتا ہے تو بہیمیت کمزور پڑتی ہے، اس لئے اس سے گناہوں کا ازالہ ہوتا ہے، نیز بیماری کی وجہ سے دل دنیا سے اکھڑتا ہے اور آخرت کی طرف مائل ہوتا ہے، اس لئے بھی بیماری سے گناہ جھڑتے ہیں یا درجات بلند ہوتے ہیں —— اور حاشیہ میں ہے کہ اس کے لئے بیماری پر صبر و رضا شرط نہیں، ہر حال میں گناہ معاف ہوتے ہیں یا درجات بڑھتے ہیں اور بیماری پر صبر و رضا بھی ہو تو اس کا ثواب الگ سے ملتا ہے، واہ! پانچوں انگلیاں گھی میں!

[۵٦٤۱-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِکِ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا زُھَیْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَۃَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، وَعَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "مَا یُصِیْبُ الْمُسْلِمَ مِنْ نَصَبٍ وَلَا وَصَبٍ وَلَا ھَمٍّ وَلَا حُزْنٍ وَلَا أَذًی وَلَا غَمٍّ حَتّٰی الشَّوْکَۃِ یُشَاکُھَا: إِلَّا کَفَّرَ اللّٰہُ بِھَا مِنْ خَطَایَاہُ"

لغات: نَصَب: تھکن.......... وَصَب: تھکن کا ابتدائی درجہ، بدن کی گراوٹ.......... ھم: فکر، سوچ وچار، ٹینشن.......... غم: بے چینی.......... یُشاکھا: چبھایا جاتا ہے وہ۔

[٥٦٤٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَالْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ، تُفِيِّئُهَا الرِّيْحُ مَرَّةً وَتُعَدِّلُهَا مَرَّةً، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَالْأَرْزَةِ، لاَ تَزَالُ حَتّٰى يَكُوْنَ انْجِعَافُهَا مَرَّةً وَاحِدَةً"

[٥٦٤٣-] وَقَالَ زَكَرِيَّاءُ: حَدَّثَنِيْ سَعْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥٦٤٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ هِلاَلِ ابْنِ عَلِيٍّ مِنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ، مِنْ حَيْثُ أَتَتْهَا الرِّيْحُ كَفَأَتْهَا، فَإِذَا اعْتَدَلَتْ تَكَفَّأُ بِالْبَلاَءِ، وَالْفَاجِرُ كَالْأَرْزَةِ صَمَّاءَ مُعْتَدِلَةً حَتّٰى يَقْصِمَهَا اللّٰهُ إِذَا شَاءَ" [طرفه: ٧٤٦٦]

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا:''مؤمن کا حال تر وتازہ کھیتی جیسا ہے، جس کو ہوا کبھی جھکاتی ہے اور کبھی سیدھا کرتی ہے، اور منافق کا حال صنوبر کے درخت جیسا ہے، نہیں ہٹایا جاتا وہ یہاں تک کہ اس کا اکھڑنا یکبارگی ہوتا ہے''

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''مؤمن کا حال تر وتازہ کھیتی جیسا ہے، جدھر سے بھی اس کے پاس ہوا آتی ہے اس کو پلٹتی ہے پس جب وہ سیدھی ہوجاتی ہے تو پلٹتا ہے (وہ مؤمن دوسری) بلاؤں کے ساتھ، اور بدکار درخت صنوبر کی طرح ہے جو ٹھوس سیدھا کھڑا ہے، یہاں تک کہ اس کو اللہ تعالیٰ توڑ کر علاحدہ کر دیتے ہیں جب چاہتے ہیں''

لغات: **الخَامَة**: تر وتازہ گھاس .... **فَيَّأَتِ الرياحُ الزرعَ**: ہواؤں کا کھیتی کو حرکت میں لانا .... **عَدَل** (ض) **عدلاً الشيئَ**: سیدھا کرنا .... **الأَرز**: صنوبر کا درخت (جو تناور سیدھا ہوتا ہے) .... **انْجَعَف**: اکھڑ جانا .... **كفأَ الإناءَ**: پلٹنا، اوندھا کرنا .... **قَصَمَ** (ض) **الشيئَ**: توڑ کر الگ کرنا۔

تشریح: مؤمن امراض وبلیات میں زیادہ مبتلا کیا جاتا ہے، کیونکہ اس کے ساتھ اللہ کو خیر منظور ہوتی ہے، اس لئے اس کو احوال پیش آتے ہیں، جن سے گناہ معاف ہوتے ہیں، اور بہیمیت بھی کمزور پڑتی ہے اور ملکیت کو ابھرنے کا موقعہ ملتا ہے، ایسے لوگ آپ نے ضرور دیکھے ہونگے جو بری زندگی گذارتے تھے، پھر کسی سخت آزمائش میں مبتلا ہوئے اور موت کے منہ میں پہنچ کر واپس آئے تو ایک نیک انسان بن گئے، اور نیکی کی حالت میں دنیا سے رخصت ہوئے، پس بیماری گذشتہ گناہوں کا کفارہ بنتی ہے، اور آئندہ کے لئے عبرت کا سامان فراہم کرتی ہے۔ اور منافق اکثر توانا تندرست رہتا ہے، پھر جب وقت آتا ہے تو موت اس کو دبوچ لیتی ہے، اور اس کو سنبھلنے کا موقع نہیں دیتی!

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو خیر منظور ہوتی ہے اس سے حاصل کرتے ہیں/

اس سے حاصل کیا جاتا ہے یعنی وہ الاؤں بلاؤں میں مبتلا کیا جاتا ہے، اوراس کو گناہوں سے پاک صاف کرکے اٹھایا جاتا ہے۔

[٥٦٤٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ، أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ يَسَارٍ أَبَا الْحُبَابِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُصِبْ مِنْهُ"

بَابُ شِدَّةِ الْمَرَضِ

بیماری کی زیادتی

بیماری کلی مشکک ہے، ہلکی بھی ہوتی ہے اور سخت بھی، پس جس درجہ کی بیماری ہوگی اس درجہ کا ثواب ملے گا، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نہیں دیکھا میں نے کسی کو: جس کو زیادہ تکلیف ہو رسول اللہ ﷺ سے یعنی آپؐ کو مرض وفات میں بہت سخت تکلیف تھی، اور اس کی وجہ باب کی حدیث میں آئی ہے۔

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کی (موت کی) بیماری میں آپؐ کے پاس گیا، میں نے دیکھا کہ آپؐ کو بہت سخت بخار چڑھ رہا ہے، میں نے عرض کیا: آپؐ کو تو بہت سخت بخار چڑھ رہا ہے! (آپؐ نے فرمایا: مجھے تمہارے دو آدمیوں جتنا بخار آتا ہے) میں نے عرض کیا: اس کی وجہ یہ ہے کہ آپؐ کے لئے اجر دوہرا ہے! آپ نے فرمایا: ہاں! جس مسلمان کو بھی کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی خطائیں جھاڑ دیتے ہیں جس طرح درخت کے پتّے جڑھ جاتے ہیں۔

[٢-] بَابُ شِدَّةِ الْمَرَضِ

[٥٦٤٦-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، ح: وَحَدَّثَنِيْ بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا: الْوَجَعُ عَلَيْهِ أَشَدُّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[٥٦٤٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَرَضِهِ، وَهُوَ يُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا، وَقُلْتُ: إِنَّكَ لَتُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا! قُلْتُ: إِنَّ ذٰلِكَ بِأَنَّ لَكَ أَجْرَيْنِ، قَالَ: "أَجَلْ، مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ أَذًى، إِلَّا حَاتَّ اللّٰهُ عَنْهُ خَطَايَاهُ، كَمَا تَحَاتُّ وَرَقُ الشَّجَرِ"

[أطرافه: ٥٦٤٨، ٥٦٦٠، ٥٦٦١، ٥٦٦٧]

بَابٌ: أَشَدُّ النَّاسِ بَلَاءً الْأَنْبِيَّاءُ، ثُمَّ الْأَمْثَلُ فَالْأَمْثَلُ (الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ)

انبیاء کی سب سے سخت آزمائش ہوتی ہے، پھر درجہ بدرجہ!

اور بیماری بھی ایک آزمائش ہے، اور انبیاء کی سب سے زیادہ آزمائش اس لئے ہوتی ہے کہ جن کے رتبے ہیں سوا ان کو مشکل سوا ہے! گذشتہ باب کی حدیث میں ہے کہ مجھے تمہارے دو آدمیوں جتنا بخار آتا ہے، کیونکہ آپؐ کے لئے ثواب دوہرا ہے —— اور باب میں ترمذی کی حدیث کا مضمون ہے، اور الأمثل فالأمثل: محاورہ ہے، حضرت نے اس کا ترجمہ: الأول فالأول کیا ہے، اردو میں درجہ بدرجہ کہتے ہیں یعنی اوپر سے نیچے کی طرف ترتیب وار۔

[۳-] بَابٌ: أَشَدُّ النَّاسِ بَلَاءً الْأَنْبِيَّاءُ، ثُمَّ الْأَمْثَلُ فَالْأَمْثَلُ (الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ)

[٥٦٤٨-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُوْعَكُ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّكَ تُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا، قَالَ: " أَجَلْ، إِنِّيْ أُوْعَكُ كَمَا يُوْعَكُ رَجُلَانِ مِنْكُمْ" قُلْتُ: ذٰلِكَ بِأَنَّ لَكَ أَجْرَيْنِ؟ قَالَ: " أَجَلْ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ، مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ أَذًى شَوْكَةٌ فَمَا فَوْقَهَا، إِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا سَيِّئَاتِهِ، كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا" [راجع: ٥٦٤٧]

بَابُ وُجُوْبِ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ

بیمار کی بیمار پرسی ضروری ہے

بیمار پرسی کرنا، مریض کو تسلی دینا اور ہمدردی ظاہر کرنا اونچے درجہ کا نیک عمل اور مقبول ترین عبادت ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ سوسائٹی میں جذبۂ الفت اس وقت پیدا ہوتا ہے جب حاجت مندوں کی معاونت کی جائے، اور جو کام عمرانی زندگی کو سنوارتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں، اس لئے اس میں بڑا اجر وثواب رکھا ہے —— رہی یہ بات کہ عیادت واجب ہے یا سنت؟ جمہور کے نزدیک سنت ہے، اور امام صاحب نے لفظ وجوب استعمال کیا ہے، کیونکہ باب کی پہلی حدیث میں عُودوا المریض: امر ہے، اور دوسری حدیث میں أمرنا ہے۔

[٤-] بَابُ وُجُوْبِ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ

[٥٦٤٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَطْعِمُوْا الْجَائِعَ، وَعُوْدُوْا الْمَرِيْضَ،

وَفُكُّوْا الْعَانِيَ"[راجع: ٣٠٤٦]

[٥٦٥٠-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَشْعَثُ بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعٍ، وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ: نَهَانَا عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ، وَلُبْسِ الْحَرِيْرِ، وَالدِّيْبَاجِ، وَالإِسْتَبْرَقِ، وَعَنِ الْقَسِّيِّ، وَالْمِيْثَرَةِ، وَأَمَرَنَا أَنْ نَتَّبِعَ الْجَنَائِزَ، وَنَعُوْدَ الْمَرِيْضَ، وَنُفْشِيَ السَّلَامَ.[راجع: ١٢٣٩]

بَابُ عِيَادَةِ الْمُغْمٰى عَلَيْهِ

بیہوش کی بیمار پرسی کرنا

بے ہوش کی عیادت میں باہوش کی دلداری ہے، پس بے ہوش کی بھی عیادت کرنی چاہئے، مگر حدیث سے استدلال خفی ہے، کیونکہ نبی ﷺ جب جابرؓ کی عیادت کے لئے گئے تھے تو آپؐ کو معلوم نہیں تھا کہ وہ بے ہوش ہیں، اس کا علم وہاں جانے کے بعد ہوا۔

[٥-] بَابُ عِيَادَةِ الْمُغْمٰى عَلَيْهِ

[٥٦٥١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُوْلُ: مَرِضْتُ مَرَضًا، فَأَتَانِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَهُمَا مَاشِيَانِ، فَوَجَدَانِيْ أُغْمِيَ عَلَيَّ، فَتَوَضَّأَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ صَبَّ وَضُوْءَ هُ عَلَيَّ، فَأَفَقْتُ فَإِذَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم! فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ أَصْنَعُ فِيْ مَالِيْ؟ كَيْفَ أَقْضِيْ فِيْ مَالِيْ؟ فَلَمْ يُجِبْنِيْ بِشَيْئٍ حَتّٰى نَزَلَتْ آيَةُ الْمِيْرَاثِ.[راجع: ١٩٤]

بَابُ فَضْلِ مَنْ يُصْرَعُ مِنَ الرِّيْحِ

اس شخص کی اہمیت جو ہوا (سایے) سے پچھڑ جاتا ہے

ہوا: آسیب کی ایک قسم ہے، اس کو سایہ بھی کہتے ہیں، جیسے ام الصبیان (مسان) بھی آسیبی سایہ ہے، مگر وہ بچوں کے ساتھ خاص ہے، اس میں بچہ سوکھتا جاتا ہے، جو ہوا کی لپیٹ میں آجاتا ہے یا سایہ میں آجاتا ہے، وہ زندگی بھر پریشان رہتا ہے، مادرزاد ننگا بھی ہوجاتا ہے، ایک خاتون جس کی کنیت ام زفر تھی، اور حاشیہ میں اس کا نام سعیرۃ لکھا ہے، جو لمبے قد کی کالی عورت تھی، اس کو ہوا لگ گئی تھی، وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: میں پچھڑ جاتی ہوں اور ننگی ہوجاتی ہوں،

آپؐ میرے لئے اللہ سے دعا کریں، آپؐ نے فرمایا: اگر تو چاہے تو صبر کر جنت ملے گی اور چاہے تو اللہ سے دعا کروں، وہ تجھے ٹھیک کردیں، اس نے کہا: میں صبر کرتی ہوں، پھر اس نے کہا: میں ننگی ہوجاتی ہوں، آپؐ اللہ سے دعا کریں کہ ننگی نہ ہوؤں، آپؐ نے اس کے لئے دعا کی، اس کو جب آسیب کا اثر محسوس ہوتا تو وہ کعبہ کے پردے سے لپٹ جاتی تھی، ابن عباسؓ نے عطاء بن ابی رباح سے کہا: کیا میں تجھ کو جنتی عورت نہ دکھاؤں؟ انھوں نے کہا: کیوں نہیں! ابن عباسؓ نے فرمایا: یہ کالی عورت ہے، پھر اس کا واقعہ سنایا۔

[٦-] بَابُ فَضْلِ مَنْ يُصْرَعُ مِنَ الرِّيْحِ

[٥٦٥٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عِمْرَانَ أَبِیْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَطَاءُ بْنُ أَبِیْ رَبَاحٍ، قَالَ: قَالَ لِیْ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَلاَ أُرِيْكَ امْرَأَةً مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: بَلٰى! قَالَ: هٰذِهِ الْمَرْأَةُ السَّوْدَاءُ، أَتَتِ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: إِنِّیْ أُصْرَعُ، وَإِنِّیْ أَتَكَشَّفُ فَادْعُ اللّٰهَ لِیْ، قَالَ: "إِنْ شِئْتِ صَبَرْتِ وَلَكِ الْجَنَّةُ، وَإِنْ شِئْتِ دَعَوْتُ اللّٰهَ أَنْ يُعَافِيْكِ" فَقَالَتْ: أَصْبِرُ. فَقَالَتْ: إِنِّیْ أَتَكَشَّفُ فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ لاَ أَتَكَشَّفَ، فَدَعَا لَهَا.

حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِیْ عَطَاءٌ: أَنَّهُ رَأَى أُمَّ زُفَرَ تِلْكَ امْرَأَةً طَوِيْلَةً سَوْدَاءَ عَلٰى سِتْرِ الْكَعْبَةِ.

بَابُ فَضْلِ مَنْ ذَهَبَ بَصَرُهُ

اس شخص کی فضیلت جس کی بینائی چلی گئی

آنکھوں کی قدر اندھا جانے، جب وہ نہیں رہتیں تو زندگی گذارنا مشکل ہوجاتا ہے، پہلے علاج نہیں تھا، اس لئے بڑھاپے میں بہت سے لوگ آنکھیں کھو بیٹھتے تھے، اب آپریشن ہوتا ہے مگر وہ بھی کبھی کامیاب نہیں ہوتا، اس لئے حدیثِ قدسی میں اس مصیبت پر خوش خبری سنائی گئی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''جب میں اپنے بندے کی آزمائش کرتا ہوں اس کی دو پیاری چیزیں (آنکھیں) لے کر اور وہ صبر کرتا ہے تو میں اس کو اس کے بدلے میں جنت دیتا ہوں'' —— صبر یہ ہے کہ روتا نہ پھرے، بے چین نہ ہو اور قضائے الٰہی پر راضی رہے۔

[٧-] بَابُ فَضْلِ مَنْ ذَهَبَ بَصَرُهُ

[٥٦٥٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ابْنُ الْهَادِ، عَنْ عَمْرٍو

مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنَّ اللّٰهَ قَالَ: إِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدِيْ بِحَبِيْبَتَيْهِ فَصَبَرَ عَوَّضْتُهُ مِنْهُمَا الْجَنَّةَ": يُرِيْدُ عَيْنَيْهِ.

تَابَعَهُ أَشْعَثُ بْنُ جَابِرٍ، وَأَبُوْ ظِلَالٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ عِيَادَةِ النِّسَاءِ الرِّجَالَ

عورتیں مردوں کی عیادت کرسکتی ہیں

اگر مرد اجنبی ہوتو پردے سے عیادت کرے، اور محرم ہوتو بے پردہ بھی، ام الدرداء نے ایک انصاری کی عیادت کی جو مسجد میں رہتے تھے، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے ابا کی اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی عیادت کی، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴:۵۶۵) آئی ہے۔

[۸-] بَابُ عِيَادَةِ النِّسَاءِ الرِّجَالَ

وَعَادَتْ أُمُّ الدَّرْدَاءِ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْمَسْجِدِ مِنَ الْأَنْصَارِ.

[۵٦۵٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا قَالَتْ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ وُعِكَ أَبُوْ بَكْرٍ وَبِلَالٌ، قَالَتْ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهِمَا، قُلْتُ: يَا أَبَتِ كَيْفَ تَجِدُكَ؟ وَيَابِلَالُ كَيْفَ تَجِدُكَ؟ قَالَتْ: وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ إِذَا أَخَذَتْهُ الْحُمَّى يَقُوْلُ:

كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِيْ أَهْلِهِ ۞ وَالْمَوْتُ أَدْنَى مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ

وَكَانَ بِلَالٌ إِذَا أَقْلَعَتْ عَنْهُ يَقُوْلُ:

أَلَا لَيْتَ شِعْرِيْ هَلْ أَبِيْتَنَّ لَيْلَةً ۞ بِوَادٍ وَحَوْلِيْ إِذْخِرٌ وَجَلِيْلُ

وَهَلْ أَرِدَنْ يَوْمًا مِيَاهَ مَجَنَّةٍ ۞ وَهَلْ يَبْدُوَنْ لِيْ شَامَةٌ وَطَفِيْلُ

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَجِئْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْمَدِيْنَةَ كَحُبِّنَا مَكَّةَ أَوْ أَشَدَّ، اللّٰهُمَّ وَصَحِّحْهَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّهَا وَصَاعِهَا، وَانْقُلْ حُمَّاهَا فَاجْعَلْهَا بِالْجُحْفَةِ" [راجع: ۱۸۸۹]

بَابُ عِيَادَةِ الصِّبْيَانِ

بچوں کی بیمار پرسی کرنا

بچوں کی بھی بیمار پرسی کرنی چاہئے، اس میں اس کے ماں باپ کی دلداری ہے اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴:۴۳) آئی

ہے۔آپؐ اپنے ایک نواسے/نواسی کو دیکھنے کے لئے تشریف لے گئے،جس کا آپؐ کی گود میں انتقال ہوا۔

[۹-] بَابُ عِيَادَةِ الصِّبْيَانِ

[٥٦٥٥-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَاصِمٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ: أَنَّ بِنْتًا لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَرْسَلَتْ إِلَيْهِ، وَهُوَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَسَعْدٌ وَأُبَيٌّ، نَحْسِبُ أَنَّ ابْنَتِيْ قَدْ حُضِرَتْ فَاشْهَدْنَا، فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا السَّلَامَ وَيَقُوْلُ:" إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَمَا أَعْطَى وَكُلُّ شَيْئٍ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ" فَأَرْسَلَتْ تُقْسِمُ عَلَيْهِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَقُمْنَا، فَرُفِعَ الصَّبِيُّ فِي حَجْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَنَفَسُهُ تَقَعْقَعُ، فَفَاضَتْ عَيْنَا النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: مَا هٰذَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" هٰذِهِ رَحْمَةٌ وَضَعَهَا اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِ مَنْ شَاءَ مِنْ عِبَادِهِ، وَلَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ إِلَّا الرُّحَمَاءَ"[راجع: ١٢٨٤]

بَابُ عِيَادَةَ الْأَعْرَابِ

بدو کی بیمار پرسی کرنا

اعراب: عرب کے خانہ بدوش لوگ،ان کی بھی بیمار پرسی کرنی چاہیے، نبی ﷺ نے ایک اعرابی کی عیادت کی ہے اور حدیث (تحفۃ القاری ۷:۱۶۲) آچکی ہے۔

[۱۰-] بَابُ عِيَادَةَ الْأَعْرَابِ

[٥٦٥٦-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُخْتَارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاس: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلٰى أَعْرَابِيٍّ يَعُوْدُهُ، قَالَ: وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخَلَ عَلٰى مَرِيْضٍ يَعُوْدُهُ قَالَ لَهُ:" لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" قَالَ: قُلْتَ: طَهُوْرٌ؟ كَلَّا بَلْ هِيَ حُمَّى تَفُوْرُ أَوْ: تَثُوْرُ عَلٰى شَيْخٍ كَبِيْرٍ، تُزِيْرُهُ الْقُبُوْرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَنَعَمْ إِذَنْ" [راجع: ٣٦١٦]

بَابُ عِيَادَةِ الْمُشْرِكِ

غیر مسلم کی بیمار پرسی کرنا

غیر مسلم سے تعلق ہو تو اس کی بھی عیادت کر سکتے ہیں، البتہ جنازہ میں شرکت جائز نہیں، ہاں پسماندگان کو تعزیت

کر سکتے ہیں، اور حدیثیں دونوں آچکی ہیں، ایک یہودی نوجوان کبھی نبی ﷺ کے کام کر دیا کرتا تھا، وہ بیمار پڑا، آپؐ عیادت کو تشریف لے گئے اور اسلام پیش کیا، وہ مسلمان ہوگیا، اور آپؐ ابو طالب کے پاس آخر وقت میں عیادت کے لئے تشریف لے گئے، ان کے سامنے اسلام پیش کیا، مگر انھوں نے قبول نہیں کیا۔

[۱۱-] بَابُ عِيَادَةِ الْمُشْرِكِ

[۵۶۵۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ غُلَامًا لِيَهُوْدَ كَانَ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَمَرِضَ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُهُ، فَقَالَ: "أَسْلِمْ" فَأَسْلَمَ. [راجع: ۱۳۵۶]

وَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ: لَمَّا حُضِرَ أَبُوْ طَالِبٍ جَاءَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.

حوالہ: ابو طالب کا واقعہ تحفۃ القاری (۹:۴۲۲) میں آیا ہے۔

بَابٌ: إِذَا عَادَ مَرِيْضًا فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَصَلّٰى بِهِمْ جَمَاعَةً

بیمار پرسی کرنے گیا، وہاں نماز کا وقت آ گیا پس مریض نے عیادت کرنے والوں کے ساتھ جماعت سے نماز پڑھی

مسئلہ میں کوئی اشکال نہیں، مگر واقعہ کی نوعیت یہ نہیں تھی، آپؐ تنہا نماز پڑھ رہے تھے، عیادت کرنے والے آئے اور نماز میں شریک ہوگئے، اور کھڑے ہو کر اقتدا کی، آپؐ نے اشارہ سے ان کو بٹھا دیا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲:۵۵۳) آئی ہے اور حمیدی کا قول بھی آیا ہے۔

[۱۲-] بَابٌ: إِذَا عَادَ مَرِيْضًا فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَصَلّٰى بِهِمْ جَمَاعَةً

[۵۶۵۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهِ نَاسٌ يَعُوْدُوْنَهُ فِيْ مَرَضِهِ فَصَلَّى بِهِمْ جَالِسًا، فَجَعَلُوْا يُصَلُّوْنَ قِيَامًا، فَأَشَارَ إِلَيْهِمْ أَنِ اجْلِسُوْا، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: "إِنَّ الإِمَامَ لَيُؤْتَمُّ بِهِ، فَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَإِذَا صَلَّى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا"

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: هٰذَا الْحَدِيْثُ مَنْسُوْخٌ، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: لِأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم آخِرَ مَا صَلَّى صَلَّى قَاعِدًا وَالنَّاسُ خَلْفَهُ قِيَامٌ. [راجع: ۶۸۸]

بَابُ وَضْعِ الْيَدِ عَلٰى الْمَرِيْضِ

بیمار پر ہاتھ رکھنا

عیادت کے آداب میں سے یہ ہے کہ مریض پر ہاتھ رکھے، اس سے مریض کو سکون حاصل ہوتا ہے، پھر اگر عیادت کرنے والا نیک بندہ ہے تو بیماری کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر دعا پڑھے، دعا کی تاثیر کے لئے اتصال بدنی ضروری ہے، دعائیں کتاب الطب میں آئیں گی، اور عام آدمی تو صرف ہاتھ رکھے، اور باب کی دونوں حدیثیں پہلے آئی ہیں، پہلی حدیث میں ہے: جب نبی ﷺ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے تو ان کی پیشانی پر ہاتھ رکھا، پھر چہرے اور پیٹ پر ہاتھ پھیرا اور دعا دی۔ اور دوسری حدیث میں ہے: ابن مسعودؓ نے ہاتھ لگا کر نبی ﷺ کے بخار کا اندازہ کیا۔

[۱۳-] بَابُ وَضْعِ الْيَدِ عَلٰى الْمَرِيْضِ

[۵۶۵۹-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْجُعَيْدُ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، أَنَّ أَبَاهَا قَالَ: تَشَكَّيْتُ بِمَكَّةَ شَكْوًى شَدِيْدًا، فَجَاءَ نِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! إِنِّيْ أَتْرُكُ مَالاً، وَإِنِّيْ لاَ أَتْرُكُ إِلَّا ابْنَةً وَاحِدَةً، فَأُوْصِيْ بِثُلُثَيْ مَالِيْ وَأَتْرُكُ الثُّلُثَ؟ قَالَ: "لاَ" قُلْتُ: فَأُوْصِي بِالنِّصْفِ وَأَتْرُكُ النِّصْفَ؟ قَالَ: "لاَ" قُلْتُ: فَأُوْصِيْ بِالثُّلُثِ وَأَتْرُكُ لَهَا الثُّلُثَيْنِ؟ قَالَ: "الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ" ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلٰى جَبْهَتِهِ، ثُمَّ مَسَحَ وَجْهِيْ وَبَطْنِيْ، ثُمَّ قَالَ: "اللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا وَأَتْمِمْ لَهُ هِجْرَتَهُ" فَمَا زِلْتُ أَجِدُ بَرْدَهُ عَلٰى كَبِدِيْ فِيْمَا يُخَالُ إِلَيَّ حَتّٰى السَّاعَةِ. [راجع: ۵۶]

[۵۶۶۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ: دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُوْعَكُ فَمَسِسْتُهُ بِيَدِي فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّكَ لَتُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَجَلْ، إِنِّيْ أُوْعَكُ كَمَا يُوْعَكُ رَجُلاَنِ مِنْكُمْ" فَقُلْتُ: ذٰلِكَ أَنَّ لَكَ أَجْرَيْنِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَجَلْ" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ أَذًى مَرَضٌ فَمَا سِوَاهُ إِلَّا حَطَّ اللّٰهُ لَهُ سَيِّئَاتِهِ كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا" [راجع: ۵۶۴۷]

بَابٌ: مَا يُقَالُ لِلْمَرِيْضِ؟ وَمَا يُجِيْبُ؟

بیمار سے کیا کہے؟ اور وہ کیا جواب دے؟

عیادت کرنے والا بیمار کو تسلی دے، اس کا غم ہلکا کرے، اور دعا دے، مگر اس کے لئے الفاظ متعین نہیں، بروقت جو سوجھے

وہ کرے، اور بیمار صبر و شکر کا مظاہرہ کرے، حال بیان کرے مگر شکوہ شکایت نہ کرے۔

لطیفہ: ایک بہرہ کسی کی عیادت کو گیا، دل میں سوچ کر گیا کہ میں یہ کہونگا تو وہ یہ کہے گا، مریض جھلایا ہوا تھا، بہرے نے پوچھا: کیسے ہو؟ مریض نے کہا: مر رہا ہوں! بہرے نے کہا: بہت اچھا حال ہے! پوچھا: کیا کھا رہے ہو؟ جواب دیا: زہر کھا رہا ہوں! کہا: لطیف غذا ہے، فائدہ ہوگا، پوچھا: کس کا علاج ہے؟ کہا: ملک الموت کا! کہا: حاذق حکیم ہیں، علاج جاری رکھیں!

اور باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا ہے: یارسول اللہ! آپ کو سخت بخار ہے، آپ نے جواب دیا: ہاں! مجھے تمہارے دو شخصوں کے بقدر بخار آتا ہے (الی آخرہ) اور دوسری حدیث میں ہے: آپ ایک شخص کی عیادت کو گئے، فرمایا: لا بأس طهور إن شاء الله: فکر کی بات نہیں! اگر اللہ نے چاہا تو صفائی ہوگی! اس نے جواب دیا: خاک صفائی ہوگی! بڈھے پر بخار جوش مار رہا ہے، جو اس کو قبر میں پہنچا کر دم لے گا! آپ نے فرمایا: ہاں! تب ایسا ہو! چنانچہ وہ مر گیا!

[١٤-] بَابُ مَا يُقَالُ لِلْمَرِيْضِ؟ وَمَا يُجِيْبُ؟

[٥٦٦١-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَرَضِهِ فَمَسِسْتُهُ وَهُوَ يُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا، فَقُلْتُ: إِنَّكَ لَتُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا، وَذَاكَ أَنَّ لَكَ أَجْرَيْنِ؟ قَالَ: "أَجَلْ، وَمَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ أَذًى إِلَّا حَاتَّتْ عَنْهُ خَطَايَاهُ كَمَا تُحَاتُّ وَرَقُ الشَّجَرِ" [راجع: ٥٦٤٧]

[٥٦٦٢-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلٰى رَجُلٍ يَعُوْدُهُ، قَالَ: "لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" فَقَالَ: كَلَّا، بَلْ هِيَ حُمَّى تَفُوْرُ عَلٰى شَيْخٍ كَبِيْرٍ كَيْمَا تُزِيْرُهُ الْقُبُوْرَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَنَعَمْ إِذَنْ" [راجع: ٣٦١٦]

بَابُ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ رَاكِبًا وَمَاشِيًا، وَرِدْفًا عَلَى الْحِمَارِ

پیدل اور سوار ہو کر اور گدھے پر کسی کو پیچھے بٹھا کر عیادت کرنا

عیادت کے لئے ہر طرح جا سکتے ہیں، گیارہ نمبر کی سائیکل سے جائیں، ہاتھی پر سوار ہو کر جائیں، سائیکل کے کیریئر پر کسی کو بٹھا کر جائیں یا ہوائی جہاز میں اڑ کر جائیں، ثواب میں کمی نہیں ہوگی، باب کی پہلی حدیث میں آپ گدھے پر سوار ہو کر حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے ہیں، اور دوسری میں پیدل حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی عیادت کو گئے ہیں، گدھے پر پیچھے حضرت اسامہؓ (خادم) کو بٹھا رکھا تھا، اور پہلی حدیث تحفۃ القاری (۹:۱۶۳) میں آئی ہے اور دوسری تحفۃ القاری (۹:۱۷۹) میں۔

[١٥-] بَابُ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ رَاكِبًا وَمَاشِيًا، وَرِدْفًا عَلَى الْحِمَارِ

[٥٦٦٣-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَكِبَ عَلٰى حِمَارٍ، عَلٰى إِكَافٍ، عَلٰى قَطِيْفَةٍ فَدَكِيَّةٍ، وَأَرْدَفَ أُسَامَةَ وَرَاءَهُ يَعُوْدُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ، فَسَارَ حَتّٰى مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ، وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ عَبْدُ اللّٰهِ، وَفِي الْمَجْلِسِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الْأَوْثَانِ وَالْيَهُوْدِ، وَفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ خَمَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ أَنْفَهُ بِرِدَائِهِ، قَالَ: لَا تُغَبِّرُوْا عَلَيْنَا، فَسَلَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَوَقَفَ وَنَزَلَ، فَدَعَاهُمْ إِلَى اللّٰهِ فَقَرَأَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ: يَا أَيُّهَا الْمَرْءُ! إِنَّهُ لَا أَحْسَنَ مِمَّا تَقُوْلُ، إِنْ كَانَ حَقًّا! فَلَا تُؤْذِنَا بِهِ فِي مَجَالِسِنَا، وَارْجِعْ إِلٰى رَحْلِكَ فَمَنْ جَاءَكَ فَاقْصُصْ عَلَيْهِ، قَالَ ابْنُ رَوَاحَةَ: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَاغْشَنَا بِهِ فِي مَجَالِسِنَا فَإِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ، فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْيَهُوْدُ حَتّٰى كَادُوا يَتَثَاوَرُوْنَ، فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَتُوْا، فَرَكِبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم دَابَّتَهُ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، فَقَالَ لَهُ: "أَى: سَعْدُ: أَلَمْ تَسْمَعْ مَاقَالَ أَبُوْ حُبَابٍ؟ يُرِيْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ قَالَ سَعْدٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اعْفُ عَنْهُ وَاصْفَحْ، فَلَقَدْ أَعْطَاكَ اللّٰهُ مَا أَعْطَاكَ، وَلَقَدِ اجْتَمَعَ أَهْلُ هٰذِهِ الْبَحْرَةِ أَنْ يُتَوِّجُوْهُ فَيُعَصِّبُوْهُ، فَلَمَّا رُدَّ ذٰلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِىْ أَعْطَاكَ اللّٰهُ شَرِقَ بِذٰلِكَ، فَلِذٰلِكَ الَّذِىْ فَعَلَ بِهِ مَا رَأَيْتَ. [راجع: ٢٩٨٧]

[٥٦٦٤-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، هُوَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَنِىْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِىْ لَيْسَ بِرَاكِبِ بَغْلٍ وَلَا بِرْذَوْنٍ. [راجع: ١٩٤]

بَابُ قَوْلِ الْمَرِيْضِ: إِنِّىْ وَجِعٌ، أَوْ وَارَأْسَاهْ! أَوْ: اشْتَدَّ بِىَ الْوَجَعُ. وَقَوْلِ أَيُّوبَ: ﴿مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ﴾

بیمار کہہ سکتا ہے: مجھے تکلیف ہے، میرا سر پھٹا جارہا ہے، مجھے سخت تکلیف ہے اور ایوبؑ نے کہا: مجھے تکلیف پہنچ رہی ہے!

بیمار تکلیف کا اظہار کرسکتا ہے، اور اس کے لئے مناسب جملے استعمال کرسکتا ہے، یہ نہ شکوہ شکایت ہے نہ توکل کے

منافی، سورۃ الانبیاء (آیت ۸۳) میں حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا ہے کہ مجھے تکلیف پہنچ رہی ہے اور آپ ارحم الراحمین ہیں، اسی طرح جب کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ سے نبی ﷺ نے پوچھا تھا کہ جوئیں تمہیں پریشان کرتی ہیں؟ انھوں نے کہا: ہاں! یہ تکلیف کا اظہار ہے، اور نبی ﷺ کا مرض وفات دردسر سے شروع ہوا تھا، آپؐ نے عائشہؓ سے فرمایا: میرا سر پھٹا جارہا ہے، یہ بھی تکلیف کا اظہار ہے، اور ابن مسعودؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ کو سخت بخار ہے! آپؐ نے فرمایا: ہاں! یہ بھی تکلیف کا اظہار ہے، اور سعد بن ابی وقاصؓ کہتے ہیں: میں مکہ میں سخت بیمار پڑا، اس طرح بیماری کا اظہار جائز ہے۔

سوال: ایوب علیہ السلام نے اپنا دکھڑا اللہ تعالیٰ کو سنایا تھا بندوں کے سامنے اظہار نہیں کیا تھا، پھر استدلال کیسے درست ہے؟ جواب: اللہ کو سنائیں یا بندوں کو شکوہ بہر حال شکوہ ہے، پس إنی مسنی الضر شکوہ نہیں۔

[۱۶-] بَابُ قَوْلِ الْمَرِيْضِ: إِنِّيْ وَجِعٌ، أَوْ وَارَأْسَاهْ! أَوِ اشْتَدَّ بِيَ الْوَجَعُ. وَقَوْلُ أَيُّوبَ: ﴿مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ﴾

[۵۶۶۵-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، وَأَيُّوْبَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا أُوْقِدُ تَحْتَ الْقِدْرِ، فَقَالَ: "أَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّ رَأْسِكَ؟" قُلْتُ: نعَمْ. فَدَعَا الْحَلَّاقَ فَحَلَقَهُ ثُمَّ أَمَرَنِيْ بِالْفِدَاءِ. [راجع: ۱۸۱۴]

آئندہ حدیث: صدیقہؓ نے کہا: آہ سر! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "وہ (موت) اگر ہوئی درانحالیکہ میں زندہ ہوں تو میں تمہارے لئے استغفار کرونگا اور تمہارے لئے دعا کرونگا" عائشہؓ نے کہا: ہائے میں موئی! بخدا! میں گمان کرتی ہوں کہ آپ میری موت کو پسند کرتے ہیں، اور اگر ہوگئی وہ (موت) تو آپؐ اپنے دن کے آخر میں اپنی کسی بیوی کے ساتھ ہم بستر ہونگے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: بلکہ میں آہ سر! بخدا ارادہ کیا میں نے کہ آدمی بھیج کر ابوبکر اور ان کے لڑکے کو بلاؤں، اور (خلافت کا) پیمان باندھوں، کہیں کہنے والے کہیں یا تمنا کرنے والے تمنا کریں۔ پھر میں نے سوچا: اللہ تعالیٰ انکار کریں گے اور مسلمان ہٹائیں گے یا فرمایا: اللہ تعالیٰ ہٹائیں گے اور مسلمان انکار کریں گے۔

[۵۶۶۶-] حدثنا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَبُوْ زَكَرِيَّاءَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: وَارَأْسَاهْ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ذَاكِ لَوْ كَانَ وَأَنَا حَيٌّ، فَأَسْتَغْفِرَ لَكِ وَأَدْعُوَ لَكِ" فَقَالَتْ عَائِشَةُ: وَاثُكْلِيَاهْ! وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَظُنُّكَ تُحِبُّ مَوْتِيْ، وَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ لَظَلِلْتَ آخِرَ يَوْمِكَ مُعَرِّسًا بِبَعْضِ أَزْوَاجِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بَلْ أَنَا وَارَأْسَاهْ! لَقَدْ هَمَمْتُ أَوْ: أَرَدْتُ أَنْ أُرْسِلَ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ وَابْنِهِ، وَأَعْهَدَ، أَنْ يَقُوْلَ الْقَائِلُوْنَ أَوْ يتمنى

الْمُتَمَنُّوْنَ، ثُمَّ قُلْتُ: يَأْبَى اللّٰهُ وَيَدْفَعُ الْمُؤْمِنُوْنَ، أَوْ: يَدْفَعُ اللّٰهُ وَيَأْبَى الْمُؤْمِنُوْنَ"[طرفه: ٧٢١٧]

[٥٦٦٧-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُوْعَكُ، فَمَسِسْتُهُ بِيَدِيْ فَقُلْتُ: إِنَّكَ لَتُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا، قَالَ:" أَجَلْ كَمَا يُوْعَكُ رَجُلَانِ مِنْكُمْ" قَالَ: لَكَ أَجْرَانِ؟ قَالَ:" نَعَمْ، مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ أَذًى مَرَضٌ فَمَا سِوَاهُ إِلَّا حَطَّ اللّٰهُ سَيِّئَاتِهِ كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا" [راجع: ٥٦٤٧]

[٥٦٦٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: جَاءَ نَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ مِنْ وَجَعٍ اشْتَدَّ بِيْ زَمَنَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقُلْتُ: بَلَغَ بِيْ مَا تَرَى، وَأَنَا ذُوْ مَالٍ، وَلَا يَرِثُنِيْ إِلَّا ابْنَةٌ لِيْ، أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِيْ؟ قَالَ:" لَا" قُلْتُ: بِالشَّطْرِ؟ قَالَ:" لَا" قُلْتُ: الثُّلُثُ؟ قَالَ:" الثُّلُثُ كَثِيْرٌ، إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، وَلَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا أُجِرْتَ عَلَيْهَا حَتّٰى مَا تَجْعَلُ فِيْ فِيْ امْرَأَتِكَ" [راجع: ٥٦]

بَابُ قَوْلِ الْمَرِيْضِ: قُوْمُوْا عَنِّيْ

بیمار کا کہنا: میرے پاس سے چلے جاؤ

بیمار کسی مصلحت سے لوگوں سے کہے کہ میرے پاس سے چلے جاؤ تو لوگوں کو ہٹ جانا چاہئے، مرض وفات میں جب نبی ﷺ نے تحریر لکھوانی چاہی، اور حاضرین میں اختلاف ہوا تو آپؐ نے فرمایا: سب میرے پاس سے چلے جاؤ، میرے پاس جھگڑنا مناسب نہیں! یہ آپؐ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے کی موافقت کی، کیونکہ آپؐ اس واقعہ کے بعد پانچ دن حیات رہے، مگر دوبارہ قلم کاغذ نہیں منگوایا، معلوم ہوا کہ اس کے نہ لکھوانے ہی میں مصلحت تھی، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۴۰۹:۱) آئی ہے، وہاں تفصیل ہے۔

[١٧-] بَابُ قَوْلِ الْمَرِيْضِ: قُوْمُوْا عَنِّيْ

[٥٦٦٩-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا حُضِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَفِي الْبَيْتِ رِجَالٌ فِيْهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ،

قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " هَلُمَّ أَكْتُبُ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوْا بَعْدَهُ" قَالَ عُمَرُ: إِنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَدْ غَلَبَ عَلَيْهِ الْوَجَعُ وَعِنْدَكُمُ الْقُرْآنُ، حَسْبُنَا كِتَابُ اللّٰهِ، فَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْبَيْتِ فَاخْتَصَمُوْا، مِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ: قَرِّبُوْا يَكْتُبْ لَكُمُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم كِتَابًا لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ مَا قَالَ عُمَرُ، فَلَمَّا أَكْثَرُوْا اللَّغْوَ وَالِاخْتِلَافَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " قُوْمُوْا"

قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: إِنَّ الرَّزِيْئَةَ كُلَّ الرَّزِيْئَةِ مَا حَالَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَبَيْنَ أَنْ يَكْتُبَ لَهُمْ ذٰلِكَ الْكِتَابَ مِنِ اخْتِلَافِهِمْ وَلَغَطِهِمْ.[راجع: ۱۱۴]

بَابُ مَنْ ذَهَبَ بِالصَّبِيِّ الْمَرِيْضِ لِيُدْعَى لَهُ

بیمار بچے کو جھڑوانے کے لئے لے جانا

سائب بن یزید کوان کی خالہ نبی ﷺ کے پاس لے گئیں، تاکہ آپؐ اس کے لئے دعا کریں، وہ بچہ بیمار تھا، نبی ﷺ نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور برکت کی دعا کی، پھر آپؐ نے وضوء کیا، سائب نے بچا ہوا پانی پیا، حدیث پہلے آئی ہے۔

[۱۸-] بَابُ مَنْ ذَهَبَ بِالصَّبِيِّ الْمَرِيْضِ لِيُدْعَى لَهُ

[۵۶۷۰-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، هُوَ ابْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الْجُعَيْدِ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ، يَقُوْلُ: ذَهَبَتْ بِيْ خَالَتِيْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ ابْنَ أُخْتِيْ وَجِعٌ، فَمَسَحَ رَأْسِيْ وَدَعَا لِيْ بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ تَوَضَّأَ فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهِ، وَقُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلٰى خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِثْلِ زِرِّ الْحَجَلَةِ.[راجع: ۱۹۰]

بَابُ نَهْيِ تَمَنِّي الْمَرِيْضِ الْمَوْتَ

بیمار موت کی تمنا نہ کرے

کبھی بیماری سخت ہوجاتی ہے اور اتنی پریشانی لاحق ہوتی ہے کہ آدمی موت کی تمنا کرنے لگتا ہے، حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے، کیونکہ موت کی تمنا ہی خودکشی کا سبب بنتی ہے، البتہ دل کی بھڑاس نکالنا چاہے تو اس کا طریقہ باب کی پہلی حدیث میں ہے۔ اور عقلاً موت کی تمنا کرنا اس لئے ممنوع ہے کہ جو شخص یقین سے جانتا ہے کہ اس کی آئندہ زندگی خوشگوار ہے تو وہ موت کی تمنا کرے، مگر یہ بات کسے معلوم ہے؟ ممکن ہے آگے اس سے بھی زیادہ پریشانی پیش آئے، اس لئے یہیں رہنا بہتر ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی شخص ہرگز کسی دُکھ کی وجہ سے موت کی تمنا نہ کرے، اور اگر موت کی تمنا کرنی ہی ہے تو کہے: اے اللہ! جب تک میرے لئے زندگی بہتر ہے زندہ رکھ، اور جب میرے لئے موت بہتر ہو مجھے دنیا سے اٹھالے۔

تشریح: موت کی دعا: اللہ تعالیٰ سے یہ مطالبہ کرنا ہے کہ آپ اپنی بخشی ہوئی عظیم نعمت حیات چھین لیں، حالانکہ زندگی بڑی نعمت ہے، جب تک وہ ہے نیکی کا موقع ہے، اور موت کی تمنا بے دانستی بھی ہے، بے صبری اور حالات سے زچ ہوجانا ہے، پس ہمت وحوصلہ سے بیماری کا مردانہ وار مقابلہ کرنا چاہئے، اور بیماری میں جو اجر وثواب ہے اس کا امیدوار رہنا چاہئے، ہاں مذکورہ طریقہ پر دل کا بوجھ ہلکا کرسکتا ہے۔

[۱۹-] بَابُ نَهْيِ تَمَنِّى الْمَرِيْضِ الْمَوْتَ

[۵۶۷۱-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَايَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ أَصَابَهُ، فَإِنْ كَانَ لَابُدَّ فَاعِلاً فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ أَحْيِنِىْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِىْ، وَتَوَفَّنِىْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِىْ "[طرفاه: ۶۳۵۱، ۷۲۳۳]

آئندہ حدیث: قیس بن ابی حازمؒ کہتے ہیں: ہم حضرت خبابؓ کے پاس بیمار پرسی کے لئے گئے، اور انھوں نے (پیٹ کی بیماری کی وجہ سے) سات مرتبہ لوہا گرم کرکے دغوایا تھا، پس انھوں نے کہا: ہمارے پیش روساتھی گذر گئے، اور دنیا نے ان کو نہیں گھٹایا یعنی وہ ناداری کی حالت میں دنیا سے گئے، اور ان کا ثواب محفوظ رہا، اور ہم نے وہ دنیا حاصل کی کہ اس کو رکھنے کی جگہ نہیں سوائے مٹی (تعمیر) کے، اور اگر ہمیں نبی ﷺ نے موت کی دعا کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں موت کی دعا کرتا یعنی بیماری سے اتنا پریشان ہو چکا ہوں —— قیسؒ کہتے ہیں: پھر ہم ان کے پاس دوسری مرتبہ گئے درانحالیکہ وہ اپنی ایک دیوار چن رہے تھے، پس فرمایا: مسلمان کو ہر چیز میں ثواب دیا جاتا ہے جو وہ خرچ کرتا ہے، مگر اُس چیز میں جس کو وہ اس مٹی میں گردانتا ہے (مراد غیر ضروری تعمیر ہے)

[۵۶۷۲-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِىْ حَازِمٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلٰى خَبَّابٍ نَعُوْدُهُ، وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعَ كَيَّاتٍ، فَقَالَ: إِنَّ أَصْحَابَنَا الَّذِيْنَ سَلَفُوْا مَضَوْا وَلَمْ تَنْقُصْهُمُ الدُّنْيَا، وَإِنَّا أَصَبْنَا مَالاَ نَجِدُ لَهُ مَوْضِعًا إِلَّا التُّرَابَ، وَلَوْ لَا أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَانَا أَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهِ.

ثُمَّ أَتَيْنَاهُ مَرَّةً أُخْرَى وَهُوَ يَبْنِىْ حَائِطًا لَهُ، فَقَالَ: إِنَ الْمُسْلِمَ يُؤْجَرُ فِى كُلِّ شَيْئٍ يُنْفِقُهُ إِلَّا فِىْ شَيْئٍ يَجْعَلُهُ فِىْ هٰذَا التُّرَابِ. [أطرافه: ۶۳۴۹، ۶۳۵۰، ۶۴۳۰، ۶۴۳۱، ۷۲۳۴]

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کوئی شخص اپنے عمل کی وجہ سے جنت میں ہرگز نہیں جائے گا (جو بھی جنت میں جائے گا فضل خداوندی سے جائے گا) صحابہ نے پوچھا: کیا آپؐ بھی یارسول اللہ! اپنے عمل کی وجہ سے جنت میں نہیں جائیں گے؟ آپؐ نے جواب دیا: ''میں بھی نہیں جاؤنگا، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت ومغفرت میں چھپالیں! (اس کی تفصیل تحفۃ القاری ا:۲۳۸ میں ہے) لہٰذا میانہ روی اختیار کرو، اور قریب قریب چلو (اس کی تفصیل تحفۃ القاری ا:۲۶۰ میں ہے) اور تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے، اگر نیکوکار ہے: پس شاید وہ نیک کاموں میں ترقی کرے، اور اگر بدکار ہے: تو شاید وہ توبہ کرے (یہ جزء باب سے متعلق ہے)

[٥٦٧٣-] حدثنا أَبُوْالْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ عُبَيْدٍ مَوْلٰى عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''لَنْ يُدْخِلَ أَحَدًا عَمَلُهُ الْجَنَّةَ'' قَالُوْا: وَلاَ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: '' وَلاَ أَنَا إِلاَّ أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ بِفَضْلٍ وَرَحْمَةٍ، فَسَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا، وَلاَ يَتَمَنّٰى أَحَدُكُمُ الْمُوْتَ، إِمَّا مُحْسِنًا: فَلَعَلَّهُ أَنْ يَزْدَادَ خَيْرًا، وَإِمَّا مُسِيْئًا: فَلَعَلَّهُ أَنْ يَسْتَعْتِبَ. [راجع: ٣٩]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے زندگی کے آخری لمحات میں دعا کی: ''اے اللہ! میری بخشش فرما، مجھ پر مہربانی فرما، اور مجھے عالَم بالا کے ساتھیوں کے ساتھ ملا!'' —— یہ حدیث استثناء کے طور پر لائے ہیں، جب موت کے آثار شروع ہوجائیں تو موت کی اور دوسری دعائیں کرسکتے ہیں کہ یہ قبولیتِ دعا کا وقت ہے، اللہ تعالیٰ شکستہ دل کی دعا قبول فرماتے ہیں۔

[٥٦٧٤-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُسْتَنِدٌ إِلَيَّ يَقُوْلُ: ''اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَأَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى'' [راجع: ٤٤٤٠]

بَابُ دُعَاءِ الْعَائِدِ لِلْمَرِيْضِ

بیمار پرسی کرنے والے کی بیمار کے لئے دعا

نبی ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو جب آپؐ ان کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے دعا دی: ''اے اللہ! سعد کو شفا دے!'' اور آپؐ جب کسی مریض کے پاس جاتے تو کہتے: ''سختی ختم کردیجئے، اے لوگوں کے رب! اور شفا بخشیے آپ ہی شفا بخشنے والے ہیں، اور شفا نہیں ہے مگر آپ کی شفاء ایسی شفا جو کوئی بیماری نہ چھوڑے یعنی شفائے کلی عطا فرما! —— حدیث میں أَتٰی مریضًا ہے یا أُتِیَ به یعنی کوئی مریض (جھاڑنے کے لئے) لایا جاتا؟ اس میں رُوات میں

اختلاف ہے۔

[۲۰-] بَابُ دُعَاءِ الْعَائِدِ لِلْمَرِيْضِ

وَقَالَتْ عَائِشَةُ بِنْتُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهَا: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ” اللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا“

[٥٦٧٥-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَتٰى مَرِيْضًا أَوْ: أُتِيَ بِهِ، قَالَ: ”أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ وَأَنْتَ الشَّافِيْ، لاَ شِفَاءَ إِلاَّ شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لاَ يُغَادِرُ سُقْمًا“

وَقَالَ عَمْرُو بْنُ أَبِيْ قَيْسٍ، وَإِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، وَأَبِي الضُّحَى: إِذَا أُتِيَ بِالْمَرِيْضِ. وَقَالَ جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى وَحْدَهُ، وَقَالَ: إِذَا أَتَى مَرِيْضًا.

[طرفه: ٥٧٤٣، ٥٧٤٤، ٥٧٥٠]

بَابُ وُضُوْءِ الْعَائِدِ لِلْمَرِيْضِ

بیمار پرسی کرنے والے کا بیمار کے لئے وضوء کرنا

اگر بیمار پرسی کے لئے آنے والا نیک بندہ ہے، اور وہ وضوء کرکے بیمار کو فائدہ پہنچانا چاہے: تو کرے، نبی ﷺ جب جابرؓ کی عیادت کے لئے گئے تھے تو وہ بے ہوش تھے، آپؐ نے وضوء کرکے بچا ہوا پانی ان پر ڈالا تو وہ ہوش میں آ گئے۔

[۲۱-] بَابُ وُضُوْءِ الْعَائِدِ لِلْمَرِيْضِ

[٥٦٧٦-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا مَرِيْضٌ، فَتَوَضَّأَ فَصَبَّ عَلَيَّ، أَوْ قَالَ: صُبُّوْا عَلَيْهِ، فَعَقَلْتُ، فَقُلْتُ: لاَ يَرِثُنِيْ إِلاَّ كَلاَلَةٌ، فَكَيْفَ الْمِيْرَاثُ؟ فَنَزَلَتْ آيَةُ الْفَرَائِضِ. [راجع: ١٩٤]

بَابُ مَنْ دَعَا بِرَفْعِ الْوَبَاءِ وَالْحُمَّى

وباء اور بخار کے دور ہونے کی دعا کرنا

کسی علاقہ کے لئے یا کسی گھر کے لئے عمومی دعا بھی کر سکتے ہیں، نبی ﷺ نے مدینہ کے لئے دعا فرمائی: اے اللہ! اس کی بلاء دور فرما اور اس کے بخار کو جُحفہ میں بھیج دے (وہ ویران جگہ تھی)

[۲۲-] بَابُ مَنْ دَعَا بِرَفْعِ الْوَبَاءِ وَالْحُمَّى

[۵٦٧٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وُعِكَ أَبُوْ بَكْرٍ وَبِلَالٌ، قَالَتْ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهِمَا، فَقُلْتُ: يَا أَبَتِ كَيْفَ تَجِدُكَ؟ وَيَا بِلَالُ كَيْفَ تَجِدُكَ؟ قَالَتْ: وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ إِذَا أَخَذَتْهُ الْحُمَّى يَقُوْلُ:

كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِي أَهْلِهِ ۞ وَالْمَوْتُ أَدْنَى مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ

وَكَانَ بِلَالٌ إِذَا أُقْلِعَ عَنْهُ يَرْفَعُ عَقِيْرَتَهُ، فَيَقُوْلُ:

أَلَا لَيْتَ شَعْرِيْ هَلْ أَبِيْتَنَّ لَيْلَةً ۞ بِوَادٍ وَحَوْلِيْ إِذْخِرٌ وَجَلِيْلُ

وَهَلْ أَرِدًا يَوْمًا مِيَاهَ مَجَنَّةٍ ۞ وَهَلْ تَبْدُوْ لِيْ شَامَةٌ وَطَفِيْلُ

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: " اللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْمَدِيْنَةَ كَحُبِّنَا مَكَّةَ أَوْ أَشَدَّ حُبًّا، وَصَحِّحْهَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِهَا وَمُدِّهَا، وَانْقُلْ حُمَّاهَا فَاجْعَلْهَا بِالْجُحْفَةِ"

[راجع: ۱۸۸۹]

الحمدللہ! کتاب المرضٰی کی شرح مکمل ہوئی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الطب

علاج معالجہ کا بیان

کتاب المرضیٰ سے کتاب الطب کا جوڑ بدیہی ہے، بیمار پڑے گا تو علاج ضرور کرائے گا۔

جاننا چاہئے کہ احادیث کی دو قسمیں ہیں: **ایک**: وہ جو پیغام رسانی کے طور پر وارد ہوئی ہیں یعنی حکم شرعی کے طور پر وارد ہوئی ہیں، **دوسری**: جس کا پیغام رسانی سے تعلق نہیں، وہ دنیاوی امور میں ایک رائے کے طور پر وارد ہوئی ہیں، طب سے تعلق رکھنے والی روایات قسم دوم کی ہیں۔

اور جاننا چاہئے کہ بیماریاں اور دوائیں دو قسم کی ہیں: مفرد اور مرکب، جو بیماریاں مفرد غذا کے فساد سے پیدا ہوتی ہیں ان کے لئے مفرد دوائیں کافی ہیں، اور جو بیماری مرکب غذاؤں کے فساد سے پیدا ہوتی ہے، اس کے لئے مرکب دوائیں ضروری ہیں، اور قدیم زمانہ میں لوگ سادہ زندگی گذارتے تھے، اور مفرد غذائیں کھاتے تھے، اس لئے حدیثوں میں جو مفرد علاج آئے ہیں وہ اس زمانہ میں کارگر تھے، مگر اب مفرد دوائیں زیادہ کارگر نہیں۔

طب کی تین بنیادیں:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ طب کی تین بنیادیں ہیں، اور تینوں قرآنِ کریم میں مذکور ہیں:

پہلی اصل: حفظانِ صحت: اپنی صحت کی حفاظت کرنا، کوئی ایسی/ اتنی غذا نہ کھائے جس سے صحت خراب ہوجائے، اور نہ ایسے اسباب اختیار کرے جو بیماری کو دعوت دیں، سورۃ الاعراف (آیت ۳۱) میں ہے: ''کھاؤ پیو اور حد سے مت نکلو'' یہ حد سے نکلنے کی ممانعت حفظانِ صحت کے اصول سے ہے، اور حدیث میں کوڑھی سے دور رہنے کی ہدایت اسباب مرض سے بچنے کی تعلیم ہے۔

دوسری اصل: حمیہ (پرہیز) بیماری سے پہلے بھی، بعد میں بھی اور ساتھ بھی، سورۃ النساء (آیت ۴۳) وسورۃ المائدہ (آیت ۶) میں ہے کہ اگر تم بیمار ہوؤ، پھر تم کو پانی نہ ملے (حقیقۃً یا حکماً) تو تیمّم کرو، یہ اجازت حمیہ کے اصول سے ہے، اور بیماری کی حالت میں ہے اور حضرت علیؓ کو بیماری کے بعد کھجوریں کھانے سے منع کیا، یہ بیماری کے بعد حمیہ کی مثال ہے۔

تیسری اصل: استفراغ مادۂ فاسد: فاسد مادہ جسم سے نکال دینا، ورنہ علاج شفابخش نہ ہوگا، حضرت کعب بن عجرۃؓ کے سر میں احرام میں جوئیں پڑ گئی تھیں، چنانچہ سورۃ البقرۃ (آیت ۱۹۶) میں سر منڈا کر فدیہ دینے کا حکم آیا، کیونکہ جب تک بالوں کی جڑوں میں سے میل دور نہیں ہوگا جوؤں کی افزائش بند نہیں ہوگی، پس یہ اجازت جسم سے فاسد مادہ نکالنے کے لئے تھی (تفصیل تحفۃ الالمعی (۵:۳۷۱) میں ہے)

بَابٌ: مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً

ہر بیماری کی دوا ہے، پس علاج کرو

جب بیمار ہوئے ہیں تو علاج کرائیں، اللہ نے ہر بیماری کی دوا پیدا کی ہے، مگر مرض کی پہچان، اس کی دواء اور دواء کا استعمال جاننا ضروری ہے۔ اور حدیث میں جو ضابطہ ہے وہ خطابی اور عمومی ہے، بڑھاپا اور موت اس سے مستثنیٰ ہیں، ان کا کوئی علاج نہیں۔

۷۶- كتابُ الطِّبِّ

[۱-] بَابٌ: مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً

[۵۶۷۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ أَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً"

بَابٌ: هَلْ يُدَاوِي الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ وَالْمَرْأَةُ الرَّجُلَ؟

کیا مرد عورت کا اور عورت مرد کا علاج کر سکتی ہے؟

حضرت نے ہل چلایا ہے، جواب نہیں دیا، اور باب کی روایت پہلے آئی ہے، وہاں نُدَاوِي الجرحی بھی ہے، مگر یہ جنگ احد کا واقعہ ہے، اور اس وقت تک حجاب کے احکام نازل نہیں ہوئے تھے، اس لئے حضرت نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، اور مسئلہ کا مدار ضرورت اور عدم ضرورت پر ہے اور حجاب کی رعایت کے ساتھ علاج کرنا جائز ہے۔

[۲-] بَابٌ: هَلْ يُدَاوِي الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ وَالْمَرْأَةُ الرَّجُلَ؟

[۵۶۷۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنْ رُبَيِّعَ بِنْتِ مُعَوِّذِ ابْنِ عَفْرَاءَ، قَالَتْ: كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَسْقِي الْقَوْمَ، وَنَخْدُمُهُمْ، وَنَرُدُّ الْقَتْلَى وَالْجَرْحَى إِلَى الْمَدِيْنَةِ. [راجع: ۲۸۸۲]

بَابُ الشِّفَاءِ فِيْ ثَلَاثٍ

تین مفید علاج

شہد پینا، پچھنے لگوانا اور لوہا گرم کرکے داغنا بہت مفید علاج ہیں، مگر نبی ﷺ نے امت کو داغوانے سے منع کیا ہے، کیونکہ یہ خطرناک علاج ہے، یہی حکم میجر آپریشنوں کا ہے، آپریشن بھی کامیاب علاج ہے، مگر جلدی اس پر اقدام نہیں کرنا چاہئے۔

[۳-] بَابُ الشِّفَاءِ فِيْ ثَلَاثٍ

[۵۶۸۰-] حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ شُجَاعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَالِمٌ الْأَفْطَسُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:" الشِّفَاءُ فِيْ ثَلَاثَةٍ: شَرْبَةِ عَسَلٍ، وَشَرْطَةِ مِحْجَمٍ، وَكَيَّةِ نَارٍ، وَأَنْهَى أُمَّتِيْ عَنِ الْكَيِّ" رَفَعَ الْحَدِيْثَ.

وَرَوَاهُ الْقُمِّيُّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْعَسَلِ وَالْحَجْمِ. [طرفه: ۵۶۸۱]

[۵۶۸۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، أَخْبَرَنَا سَرِيْجُ بْنُ يُوْنُسَ أَبُوْ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ شُجَاعٍ، عَنْ سَالِمِ الْأَفْطَسِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الشِّفَاءُ فِيْ ثَلَاثَةٍ: شَرْطَةِ مِحْجَمٍ، أَوْ شَرْبَةِ عَسَلٍ، أَوْ كَيَّةٍ بِنَارٍ، وَأَنَا أَنْهَى أُمَّتِيْ عَنِ الْكَيِّ"

[راجع: ۵۶۸۰]

قولہ: رفع الحدیث: ابن عباسؓ نے بات کو مرفوع کیا یعنی یہ میری بات نہیں، نبی ﷺ کا ارشاد ہے۔

بَابُ الدَّوَاءِ بِالْعَسَلِ

شہد سے علاج

شہد کا مزاج گرم خشک ہے، وہ ورموں کو پکاتا اور تحلیل کرتا ہے، بدن کو طاقت بخشتا ہے اور ہضم کو درست اور قبض کو رفع کرتا ہے، پھوڑے پھنسیوں پر لگاتے ہیں اور جلائے بصر کے لئے آنکھوں میں بھی ڈالتے ہیں، سورۃ النحل (آیت ۶۹) میں شہد کے بارے میں ہے: اس میں لوگوں کے لئے شفا ہے، اور نبی ﷺ کو میٹھا اور شہد پسند تھا، غذاءً بھی اور دواءً بھی۔

لطیفہ: میرے خالہ زاد بھائی مولانا غلام نبی صاحب گرمیوں میں ایک کلو شہد لائے، تھوڑا ابھی چاٹا تھوڑا کبھی، تین دن میں بوتل خالی کردی، گرمی دانے نکل آئے، وہ حضرت مولانا مفتی حکیم محمد اکبر صاحب پالن پوری رحمہ اللہ کے پاس دوا لینے گئے، حکیم صاحب نے مسکن دوا دی، بھائی نے پوچھا: شہد کے بارے میں قرآن میں ہے: ﴿فِيْهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ﴾ اور میں تو

بیمار پڑ گیا؟ حکیم صاحب نے کہا: للناس ہے للبھینس نہیں ہے، تم جو ایک کلو شہد تین دن میں کھا گئے: یہ انسان کا کام ہے؟

[٤-] بَابُ الدَّوَاءِ بِالْعَسَلِ

وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿فِيْهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ﴾

[٥٦٨٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، أَخْبَرَنِيْ هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُعْجِبُهُ الْحَلْوَاءُ وَالْعَسَلُ. [راجع: ٤٩١٢]

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر ہے/ ہو تمہاری دواؤں میں سے کسی میں خیر تو وہ پچھنے لگانے میں، شہد پینے میں اور دغوانے میں ہے، بشرطے کہ بیماری سے ہم آہنگ ہو جائے اور میں پسند نہیں کرتا کہ دغواؤں!

[٥٦٨٣-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الغَسِيْلِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ مِنْ أَدْوِيَتِكُمْ أَوْ: يَكُوْنُ فِيْ شَيْءٍ مِنْ أَدْوِيَتِكُمْ خَيْرٌ فَفِيْ شَرْطَةِ مِحْجَمٍ، أَوْ شَرْبَةِ عَسَلٍ، أَوْ لَذْعَةٍ بِنَارٍ تُوَافِقُ الدَّاءَ، وَمَا أُحِبُّ أَنْ أَكْتَوِيَ'' [أطرافه: ٥٦٩٧، ٥٧٠٢، ٥٧٠٤]

لغت: لَذَعَ النارُ الشيئَ: آگ کا کسی چیز کو جلا ڈالنا .... تُوافِق کی ضمیر لذعة کی طرف بھی لوٹ سکتی ہے اور تینوں کی طرف بھی۔

آئندہ حدیث: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، اور عرض کیا: میرے بھائی کے پیٹ میں شکایت ہے (اس کو دست آتے تھے) آپؐ نے فرمایا: اس کو شہد پلاؤ، پھر وہ آپؐ کے پاس دوسری مرتبہ آیا تو بھی آپؐ نے فرمایا: اس کو شہد پلاؤ، پھر وہ آپؐ کے پاس تیسری مرتبہ آیا، تو بھی آپؐ نے فرمایا: اس کو شہد پلاؤ، پھر وہ آپؐ کے پاس آیا اور کہا: میں نے کیا (جو آپؐ نے فرمایا مگر فائدہ نہیں ہوا) آپؐ نے فرمایا: اللہ کا ارشاد سچا ہے، اور تیرے بھائی کا پیٹ گڑبڑ ہے، اس کو شہد پلا، پس اس کو شہد پلایا تو وہ اچھا ہو گیا۔

تشریح: معدے میں روئیں ہوتے ہیں جو کھانا ہضم کرتے ہیں، اس میں کبھی سدّے بھر جاتے ہیں تو کھانا ہضم نہیں ہوتا اور دست آنے لگتے ہیں، جب اس کو شہد پلایا تو دست بڑھ گئے اور معدہ صاف ہو گیا اور اس کی ہضم کی قوت لوٹ آئی، اور اچھا ہو گیا۔

[٥٦٨٤-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: أَخِيْ يَشْتَكِيْ بَطْنُهُ، فَقَالَ:

"اسْقِهِ عَسَلاً" ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ فَقَالَ: "اسْقِهِ عَسَلاً" ثُمَّ أَتَاهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ: "اسْقِهِ عَسَلاً" ثُمَّ أَتَاهُ فَقَالَ: قَدْ فَعَلْتُ، فَقَالَ: "صَدَقَ اللّٰهُ، وَكَذَبَ بَطْنُ أَخِيْكَ، اسْقِهِ عَسَلاً" فَسَقَاهُ فَبَرَأَ. [طرفه: ۵۷۱۶]

بَابُ الدَّوَاءِ بِأَلْبَانِ الإِبِلِ

اونٹ کے دودھ سے علاج

اونٹ کا دودھ فسادِ معدہ کے لئے مفید ہے، قبیلہ عرینہ کے کچھ لوگ مدینہ آئے، ان کو مدینہ کی آب وہوا موافق نہیں آئی، ان کو جوی بیماری ہوگئی، آپؐ نے ان کو زکات کے اونٹوں میں بھیج دیا، اور اونٹوں کا دودھ پینے کا حکم دیا، وہ پی کر چنگے ہوگئے اور فساد مچایا، اور سزا پائی، تفصیلات تحفۃ القاری (۱:۵۶۸) میں گذری ہے۔

[۵-] بَابُ الدَّوَاءِ بِأَلْبَانِ الإِبِلِ

[۵۶۸۵-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ نَاسًا كَانَ بِهِمْ سَقَمٌ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! آوِنَا وَأَطْعِمْنَا، فَلَمَّا صَحُّوْا قَالُوْا: إِنَّ الْمَدِيْنَةَ وَخِمَةٌ، فَأَنْزَلَهُمُ الْحَرَّةَ فِيْ ذَوْدٍ لَهُ، فَقَالَ: "اشْرَبُوْا أَلْبَانَهَا" فَلَمَّا صَحُّوْا قَتَلُوْا رَاعِيَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَاسْتَاقُوْا ذَوْدَهُ، فَبَعَثَ فِيْ آثَارِهِمْ، فَقَطَّعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسَمَّرَ أَعْيُنَهُمْ، فَرَأَيْتُ الرَّجُلَ مِنْهُمْ يَكْدِمُ الأَرْضَ بِلِسَانِهِ حَتّٰى يَمُوْتَ.

قَالَ سَلَّامٌ: فَبَلَغَنِيْ أَنَّ الْحَجَّاجَ قَالَ لِأَنَسٍ: حَدِّثْنِيْ بِأَشَدِّ عُقُوْبَةٍ عَاقَبَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَحَدَّثَهُ بِهٰذَا، فَبَلَغَ الْحَسَنَ فَقَالَ: وَدِدْتُ أَنَّهُ لَمْ يُحَدِّثْهُ. [راجع: ۲۳۳]

وضاحت: فلما صَحُّوْا: مقدم آیا ہے .... كَدَم (ن،ض) كَدْمًا: منہ سے کاٹنا .... حجاج بن یوسف نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا: وہ سخت سے سخت سزا سناؤ جو رسول اللہ ﷺ نے کسی کو دی ہے، پس حضرت انسؓ نے یہ حدیث سنائی، جب یہ بات حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کو پہنچی تو فرمایا: کاش حضرت انسؓ اس سے یہ حدیث بیان نہ کرتے (اس ظالم کو تو بہانہ چاہئے!)

بَابُ الدَّوَاءِ بِأَبْوَالِ الأَبِلِ

اونٹ کے پیشاب سے علاج

اونٹ کے پیشاب میں بھی دودھ کی تاثیر ہے، اور باب کی حدیث کی بنا پر یہ مسئلہ اختلافی ہوا ہے کہ ماکول اللحم جانوروں

کے فضلات پاک ہیں یا ناپاک؟ مالک، احمد اور محمد رحمہم اللہ پاک قرار دیتے ہیں، اور ابوحنیفہ، شافعی اور ابو یوسف رحمہم اللہ ناپاک کہتے ہیں، اور حدیث کو ضرورت اور علاج پر محمول کرتے ہیں، باقی تفصیلات محولہ بالا مقام میں ہیں۔

[٦-] بَابُ الدَّوَاءِ بِأَبْوَالِ الْأَبِلِ

[٥٦٨٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ نَاسًا اجْتَوَوْا فِي الْمَدِيْنَةِ، فَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَلْحَقُوْا بِرَاعِيْهِ يَعْنِيْ الإِبِلَ، فَيَشْرَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا، فَلَحِقُوْا بِرَاعِيْهِ، فَشَرِبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا، حَتّٰى صَلُحَتْ أَبْدَانُهُمْ، فَقَتَلُوْا الرَّاعِيَ وَسَاقُوْا الإِبِلَ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَبَعَثَ فِيْ طَلَبِهِمْ، فَجِيْءَ بِهِمْ فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ.

قَالَ قَتَادَةُ: فَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ: أَنَّ ذٰلِكَ كَانَ قَبْلَ أَنْ تُنْزَلَ الْحُدُوْدُ. [راجع: ٢٣٣]

بَابُ الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ

کلونجی کا بیان

کلونجی کو عربی میں الحبة السوداء (کالا دانہ) اور الشونیز کہتے ہیں، یہ پیاز کے بیج کے مشابہ سیاہ رنگ کے بیج ہوتے ہیں، کلونجی کا مزاج گرم خشک ہے، مسالوں، اچاروں اور دواؤں میں عام طور پر مستعمل ہے۔ کلونجی کثیر المنافع دواء ہے، کبھی اس کو مفرد استعمال کرتے ہیں اور کبھی دوسری دواؤں کے ساتھ مرکب کرکے استعمال کرتے ہیں، اور اس کا روغن بھی نکالتے ہیں، اور سردز کام میں اس کو سونگھاتے ہیں اور دھونی بھی دیتے ہیں۔

حدیث: خالد بن سعد کہتے ہیں: ہم سفر میں نکلے، ہمارے ساتھ غالب بن ابجرؓ تھے، وہ راستہ میں بیمار ہوگئے، جب ہم مدینہ پہنچے تو وہ بیمار تھے، عبداللہ بن ابی عتیق ان کی عیادت کے لئے آئے، انھوں نے ہم سے کہا: یہ چھوٹا سا کالا دانہ لازم پکڑو، اس کے پانچ یا سات دانے لے کر ان کو پیس لو، پھر پاوڈر کو زیتون کے تیل میں ملالو، اور دونوں نتھنوں میں چند قطرے ٹپکاؤ، اس لئے کہ عائشہؓ نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ یہ کالا دانہ ہر بیماری کا علاج ہے سوائے موت کے —— اور دوسری حدیث میں بھی یہی بات ہے۔

تشریح: کلونجی ہر بیماری کا علاج ہے: یہ بات عام ہے یا خاص؟ خطابیؒ کی رائے یہ ہے کہ خاص ہے، اور مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ وہ کثیر المنافع دواء ہے، اور عام رائے یہ ہے کہ حدیث عام ہے، وہ کہتے ہیں کہ موت کا استثناء اس کی دلیل ہے، مگر خطابی رحمہ اللہ کی بات وقیع معلوم ہوتی ہے، کلونجی کا استعمال صرف بارد اور مرطوب بیماریوں میں کرنا چاہئے، کیونکہ اس کا مزاج حار یابس ہے۔ واللہ اعلم (تحفۃ الالمعی ۵: ۳۸۱)

[۷-] بَابُ الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ

[۵۶۸۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِیْلُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: خَرَجْنَا وَمَعَنَا غَالِبُ بْنُ أَبْجَرَ، فَمَرِضَ فِی الطَّرِیْقِ، فَقَدِمْنَا الْمَدِیْنَةَ وَهُوَ مَرِیْضٌ، فَعَادَهُ ابْنُ أَبِیْ عَتِیْقٍ، فَقَالَ لَنَا: عَلَیْکُمْ بِهٰذِهِ الْحُبَیْبَةِ السُّوَیْدَاءِ، فَخُذُوْا مِنْهَا خَمْسًا أَوْ سَبْعًا فَاسْحَقُوْهَا، ثُمَّ اقْطُرُوْهَا فِی أَنْفِهِ بِقَطَرَاتِ زَیْتٍ فِیْ هٰذَا الْجَانِبِ وَفِی هٰذَا الْجَانِبِ، فَإِنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْنِیْ أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: " إِنَّ هٰذِهِ الْحَبَّةَ السَّوْدَاءَ شِفَاءٌ مِنْ کُلِّ دَاءٍ إِلَّا مِنَ السَّامِ" قُلْتُ: وَمَا السَّامُ؟ قَالَ: الْمَوْتُ.

[۵۶۸۸-] حدثنا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ، وَسَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ أَخْبَرَهُمَا: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: " فِی الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِنْ کُلِّ دَاءٍ إِلَّا السَّامُ" قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَالسَّامُ: الْمَوْتُ، وَالْحَبَّةُ السَّوْدَاءُ: الشُّوْنِیْزُ.

بَابُ التَّلْبِیْنَةِ لِلْمَرِیْضِ

بیمار کے لئے حریرہ

کتاب الأطعمة باب۳۴ میں باب التلبینة آیا ہے، یہاں للمریض بڑھادیا تو نیا باب ہوگیا۔ حدیث اور تفصیلات وہاں گذر چکی ہیں۔

[۸-] بَابُ التَّلْبِیْنَةِ لِلْمَرِیْضِ

[۵۶۸۹-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَی، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا یُوْنُسُ بْنُ یَزِیْدَ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا کَانَتْ تَأْمُرُ بِالتَّلْبِیْنِ لِلْمَرِیْضِ وَلِلْمَحْزُوْنِ عَلَی الْهَالِكِ، وَکَانَتْ تَقُوْلُ: إِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: " إِنَّ التَّلْبِیْنَةَ تُجِمُّ فُؤَادَ الْمَرِیْضِ، وَتَذْهَبُ بِبَعْضِ الْحُزْنِ" [راجع: ۵٤۱۷]

[۵۶۹۰-] حدثنا فَرْوَةُ بْنُ أَبِی الْمَغْرَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا کَانَتْ تَأْمُرُ بِالتَّلْبِیْنَةِ وَتَقُوْلُ: هُوَ الْبَغِیْضُ النَّافِعُ. [راجع: ۵٤۱۷]

قوله: علی الهالك: أی علی المیت: مرنے والے پرغم کرنے والے کے لئے .... أَجَمَّ الإنسانَ: تازہ دم بنانا .... البغیض: مبغوض، مریض کا دل پینے کو نہیں چاہتا ہے مگر ہے مفید۔

بَابُ السَّعُوْطِ

ناک میں دواء ٹپکانا

السَّعوط (بفتح السین): ناک میں ڈالنے کی دواء (اسم) اور السُّعوط (بضم السین) مصدر ہے، سَعَطَ الدواءَ: ناک میں دواء ٹپکانا، دماغی بیماریوں کے لئے ناک میں دواء ڈالنا بہترین علاج ہے، رہی یہ بات کہ کس دماغی بیماری میں کونسی دواء ناک میں ٹپکائی جائے؟ یہ بات حکیم/ ڈاکٹر جانتے ہیں ــــ نبی ﷺ نے پچھنے بھی لگوائے ہیں اور ناک میں دواء بھی ٹپکائی ہے۔

[۹-] بَابُ السَّعُوْطِ

[۵۶۹۱-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ وَأَعْطَى الْحَجَّامَ أَجْرَهُ، وَاسْتَعَطَ. [راجع: ۱۸۳۵]

بَابُ السَّعُوْطِ بِالْقُسْطِ الْهِنْدِيِّ وَالْبَحْرِيِّ

قُسط ہندی اور بحری کو ناک میں ٹپکانا

قُسط کو کوٹھ کہتے ہیں، یہ ایک نبات کی جڑ ہے، اور تین قسم کی ہوتی ہے: (۱) شیریں: جو سفید زردی مائل ہوتی ہے، اس کو قُسط بحری کہتے ہیں (۲) تلخ، جس کا باہر سے رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے، اس کو قُسط ہندی کہتے ہیں (۳) سرخی مائل، یہ زہریلی ہونے کی وجہ سے استعمال نہیں کی جاتی ــــ اور قُسط اور کُست ایک ہیں، جیسے کافور اور قافور ایک ہیں، اور سورۃ التکویر (آیت ۱۱) میں جو ﴿کُشِطَتْ﴾ ہے اس کو ابن مسعودؓ قُشِطَتْ پڑھتے تھے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس عود ہندی کو لازم پکڑو، اس میں سات بیماریوں کا علاج ہے، گلے کی تکلیف میں اس کو ناک میں ٹپکایا جائے، اور نمونیا میں اسے گوشۂ دہن میں ڈالا جائے''

[۱۰-] بَابُ السَّعُوْطِ بِالْقُسْطِ الْهِنْدِيِّ وَالْبَحْرِيِّ

وَهُوَ الْكُسْتُ، مِثْلُ: الْكَافُوْرِ وَالْقَافُوْرِ. مِثْلُ: ﴿كُشِطَتْ﴾: نُزِعَتْ، وَقَرَأَ عَبْدُ اللهِ: قُشِطَتْ.

[۵۶۹۲-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، عَنْ عُبَيْدِاللهِ، عَنْ أُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' عَلَيْكُمْ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ، فَإِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ أَشْفِيَةٍ، يُسْتَعَطُ بِهِ مِنَ الْعُذْرَةِ، وَيُلَدُّ بِهِ مِنْ ذَاتِ الْجُنْبِ''

[أطرافه: ۵۷۱۳، ۵۷۱۵، ۵۷۱۸]

[۵٦۹۳-] وَدَخَلْتُ عَلىٰ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِابْنٍ لِیْ لَمْ یَأْکُلِ الطَّعَامَ، فَبَالَ عَلَیْہِ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَرَشَّ عَلَیْہِ.[راجع: ۲۲۳]

بَابٌ: أَیَّ سَاعَةٍ یُحْتَجَمُ؟

کس وقت پچھنے لگوائے جائیں؟

پچھنے لگانے کے تعلق سے شب وروز یکساں ہیں، ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے رات میں پچھنا لگوایا ہے اور نبی ﷺ نے دن میں روزہ دن میں ہوتا ہے اور ہفتہ کے کن دنوں میں اور مہینہ کی کن تاریخوں میں لگوایا جائے؟ اس سلسلہ کی حدیثیں ضعیف ہیں، اس لئے یہ مسئلہ نہیں چھیڑا۔

[۱۱-] بَابٌ: أَیَّ سَاعَةٍ یُحْتَجَمُ؟

وَاحْتَجَمَ أَبُوْ مُوْسیٰ لَیْلاً.

[۵٦۹٤-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَیُّوْبُ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: احْتَجَمَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ صَائِمٌ. [راجع: ۱۸۳۵]

بَابُ الْحَجْمِ فِی السَّفَرِ وَالإِحْرَامِ

سفر اور احرام میں پچھنے لگوانا

پچھنے سفر میں بھی لگا سکتے ہیں اور احرام میں بھی، لیکن اگر بال مونڈنے پڑیں تو جنایت ہوگی۔

[۱۲-] بَابُ الْحَجْمِ فِی السَّفَرِ وَالإِحْرَامِ

قَالَهُ ابْنُ بُحَیْنَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۵٦۹۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، وَطَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: احْتَجَمَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ مُحْرِمٌ.[راجع: ۱۸۳۵]

حوالہ: عبداللہ بن بُحَیْنَةؓ کی حدیث ابھی ایک باب کے بعد آرہی ہے۔

بَابُ الْحِجَامَةِ مِنَ الدَّاءِ

بیماری کی وجہ سے پچھنے لگوانا

پچھنا لگھوانا کوئی کھیل نہیں، بیماری کے علاج کے طور پر ہی لگایا جاتا ہے، اور پچھنے لگانے والا دو سوڈالر لیتا ہے، مفت میں

نہیں لگاتا۔ البتہ میں نے امریکہ میں بیماری کے بغیر پچھنا لگوایا ہے، یہ جاننے کے لئے کہ اس کا کیا طریقہ ہے؟ تاکہ حدیثیں اچھی طرح سمجھ سکوں، نیویارک میں قاری حسن ابونار ہیں، اردن کے رہنے والے ہیں، انھوں نے مفت لگائے تھے، میں نے مونڈھے پر لگوائے تھے۔

[۱۳-] بَابُ الْحِجَامَةِ مِنَ الدَّاءِ

[۵۶۹۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ أَجْرِ الْحَجَّامِ، فَقَالَ: احْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَجَمَهُ أَبُوْ طَيْبَةَ، فَأَعْطَاهُ صَاعَيْنِ مِنْ طَعَامٍ، وَكَلَّمَ مَوَالِيَهُ، فَخَفَّفُوْا عَنْهُ، وَقَالَ: "إِنَّ أَمْثَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ وَالْقُسْطُ الْبَحْرِيُّ" وَقَالَ: "لَا تُعَذِّبُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالْغَمْزِ مِنَ الْعُذْرَةِ، وَعَلَيْكُمْ بِالْقُسْطِ" [راجع: ۲۱۰۲]

[۵۶۹۷-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ تَلِيْدٍ، حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، وَغَيْرُهُ، اَنَّ بُكَيْرًا حَدَّثَهُ، أَنَّ عَاصِمَ بْنَ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَادَ الْمُقَنَّعَ ثُمَّ قَالَ: لَا أَبْرَحُ حَتّٰى تَحْتَجِمَ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنَّ فِيْهِ شِفَاءً" [راجع: ۵۶۸۳]

قوله: إن أمثل: بے شک اس کا افضل جس کے ذریعہ تم علاج کرتے ہو، پچھنے لگانا اور قُسط بحری ہے اور فرمایا: بچوں کو تکلیف مت پہنچاؤ گلے کی تکلیف میں (کوّا) دبا کر، اور تم قسط کو لازم پکڑو (اس سے گلے کی تکلیف کا علاج کرو) ——— حضرت جابرؓ مقنع بن سنان (تابعی) کی عیادت کو گئے، پس کہا: میں جاؤں گا نہیں جب تک تم پچھنے نہ لگواؤ، نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ اس میں شفاء ہے یعنی بیماری دور ہو جاتی ہے۔

بَابُ الْحِجَامَةِ عَلَى الرَّأْسِ

سر پر پچھنے لگوانا

نبی ﷺ نے لحی جمل میں سر کے بیچ میں پچھنے لگوائے ہیں، لحی جمل: مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک جگہ یا چشمہ ہے، آپؐ کے سر میں آدھے سر کا درد تھا، اس کے علاج کے لئے یہ عمل کیا تھا۔

[۱۴-] بَابُ الْحِجَامَةِ عَلَى الرَّأْسِ

[۵۶۹۸-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجَ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ بُحَيْنَةَ يُحَدِّثُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ بِلَحْيِ جَمَلٍ مِنْ طَرِيْقِ مَكَّةَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ، فِي وَسَطِ رَأْسِهِ. [راجع: ۱۸۳۶]

[۵۶۹۹-] وَقَالَ الأَنْصَارِيُّ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ فِيْ رَأْسِهِ.[راجع: ۱۸۳۵]

بَابُ الْحِجَامَةِ مِنَ الشَّقِيْقَةِ وَالصُّدَاعِ

آدھے سر اور پورے سر کے درد کی وجہ سے پچھنے لگوانا

الصُّداع: تعمیم بعد التخصیص ہے، آدھے سر کا درد بہت تکلیف دہ ہوتا ہے، اور مطلق دردِ سر میں بھی پچھنے لگانا مفید ہے۔

[۱۵-] بَابُ الْحِجَامَةِ مِنَ الشَّقِيْقَةِ وَالصُّدَاعِ

[۵۷۰۰-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: احْتَجَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَأْسِهِ وَهُوَ مُحْرِمٌ مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِهِ، بِمَاءٍ يُقَالُ لَهُ: لَحْيُ جَمَلٍ.[راجع: ۱۸۳۵]

[۵۷۰۱-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ فِيْ رَأْسِهِ مِنْ شَقِيْقَةٍ كَانَتْ بِهِ.[راجع: ۱۸۳۵]

[۵۷۰۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْغَسِيْلِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنْ كَانَ فِيْ شَيْئٍ مِنْ أَدْوِيَتِكُمْ خَيْرٌ فَفِيْ شَرْبَةِ عَسَلٍ، أَوْ شَرْطَةِ مِحْجَمٍ، أَوْ لَذْعَةٍ مِنْ نَارٍ، وَمَا أُحِبُّ أَنْ أَكْتَوِيَ"[راجع: ۵۶۸۳]

بَابُ الْحَلْقِ مِنَ الأَذٰى

تکلیف کی وجہ سے سر منڈانا

جب سر میں پچھنے لگوائیں گے تو بال مونڈوائیں گے، اس کا جواز ثابت کرنے کے لئے یہ باب لائے ہیں کہ جب تکلیف کی وجہ سے پورا سر مونڈوا سکتے ہیں تو پچھنے لگوانے کے لئے سر کا کچھ حصہ بھی مونڈوا سکتے ہیں۔

[۱۶-] بَابُ الْحَلْقِ مِنَ الأَذٰى

[۵۷۰۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: أَتٰى عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَأَنَا أُوْقِدُ تَحْتَ بُرْمَةٍ، وَالْقَمْلُ تَتَنَاثَرُ عَنْ رَأْسِيْ، فَقَالَ:" أَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّكَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ:" فَاحْلِقْ وَصُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، أَوْ أَطْعِمْ سِتَّةً، أَوِ انْسُكْ نَسِيْكَةً" قَالَ أَيُّوْبُ: لَا أَدْرِيْ بِأَيَّتِهِنَّ بَدَأَ.[راجع: ۱۸۱۴]

بَابُ مَنِ اكْتَوَى أَوْ كَوَى غَيْرَهُ، وَفَضْلِ مَنْ لَمْ يَكْتَوِ

خود کو یا دوسرے کو گرم لوہے سے داغنا اور جس نے نہیں دغوایا اس کی فضیلت

پہلی حدیث سے داغنے کا جواز اور نہ داغنے کی فضیلت ثابت ہوتی ہے، اور دوسری حدیث سے صرف نہ داغنے کی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔

[١٧-] بَابُ مَنِ اكْتَوَى أَوْ كَوَى غَيْرَهُ، وَفَضْلِ مَنْ لَمْ يَكْتَوِ

[٥٧٠٤-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْغَسِيْلِ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنْ كَانَ فِيْ شَيْئٍ مِنْ أَدْوِيَتِكُمْ شِفَاءٌ فَفِيْ شَرْطَةِ مِحْجَمٍ أَوْ لَذْعَةٍ بِنَارٍ، وَمَا أُحِبُّ أَنْ أَكْتَوِيَ" [راجع: ٥٦٨٣]

لغات: شَرْطَة: نشتر لگانا، کھال کو ہلکا سا چیرنا............مِحْجَم: سینگی، پچھنے لگانے کا آلہ، وہ کٹوری جو فاسد خون چوس لے............لَذعَة: آگ کا کسی چیز کو جلا ڈالنا۔

[٥٧٠٥-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: لَارُقْيَةَ إِلَّا مِنْ عَيْنٍ أَوْ حُمَةٍ، فَذَكَرْتُهُ لِسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " عُرِضَتْ عَلَيَّ الأُمَمُ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ وَالنَّبِيَّانِ يَمُرُّوْنَ مَعَهُمُ الرَّهْطُ، وَالنَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ، حَتّٰى رُفِعَ لِيْ سَوَادٌ عَظِيْمٌ، قُلْتُ: مَا هٰذَا؟ أُمَّتِيْ هٰذِهِ؟ قِيْلَ: بَلْ هٰذَا مُوْسَى وَقَوْمُهُ. قِيْلَ: انْظُرْ إِلَى الأُفُقِ، فَإِذَا سَوَادٌ يَمْلَأُ الأُفُقَ، ثُمَّ قِيْلَ لِيْ: انْظُرْهَا هُنَا وَهَاهُنَا فِيْ آفَاقِ السَّمَاءِ، فَإِذَا سَوَادٌ قَدْ مَلَأَ الأُفُقَ، قِيْلَ: هٰذِهِ أُمَّتُكَ وَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ هٰؤُلَآءِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ" ثُمَّ دَخَلَ وَلَمْ يُبَيِّنْ لَهُمْ، فَأَفَاضَ الْقَوْمُ وَقَالُوْا: نَحْنُ الَّذِيْنَ آمَنَّا بِاللّٰهِ وَاتَّبَعْنَا رَسُوْلَهُ، فَنَحْنُ هُمْ، أَوْ أَوْلَادُنَا الَّذِيْنَ وُلِدُوْا فِي الإِسْلَامِ، فَإِنَّا وُلِدْنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَخَرَجَ فَقَالَ: " هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَسْتَرْقُوْنَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ، وَلَا يَكْتَوُوْنَ، وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ"

فَقَالَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ: أَمِنْهُمْ أَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " نَعَمْ" فَقَامَ آخَرُ، فَقَالَ: أَمِنْهُمْ أَنَا؟ فَقَالَ: " سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ" [راجع: ٣٤١٠]

ترجمہ: حضرت عمران بن حصینؓ (وہ صحابی جن کو فرشتے ظاہر ہوکر سلام کرتے تھے، پھر جب انھوں نے لوہے سے دغوایا

تو فرشتوں نے ظاہر ہونا چھوڑ دیا، پھر جب انھوں نے دغوانا چھوڑ دیا تو فرشتے ظاہر ہونے لگے) کہتے ہیں: منتر نہیں ہے مگر نظر بد سے اور ڈنک سے یعنی یہ دو جھاڑ کی بیماریاں ہیں، ان میں دواء سے زیادہ جھاڑ کام کرتی ہے، شعبیؒ کہتے ہیں: یہ بات میں نے سعید بن جبیرؒ سے ذکر کی تو انھوں نے ابن عباسؓ کی حدیث سنائی کہ نبی ﷺ نے فرمایا: مجھ پر امتیں پیش کی گئیں، پس ایک نبی اور دو نبی گذرنے لگے، جن کے ساتھ دس سے کم جماعت تھی، اور کوئی نبی ایسے تھے کہ ان کے ساتھ کوئی نہیں تھا، یہاں تک کہ دکھایا گیا مجھے ایک بڑا گروہ، میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ میری امت ہے یہ؟ جواب دیا گیا: (نہیں) بلکہ یہ موسیٰ اور ان کی قوم ہے، کہا گیا: آپ آسمان کے کنارے کو دیکھیں، پس اچانک ایک بڑے مجمع نے آسمان کا کنارہ بھر رکھا تھا، پھر کہا گیا مجھ سے: یہاں اور یہاں آسمان کے کناروں میں دیکھیں، پس ایک بڑے مجمع نے آسمان کے کنارے کو بھر رکھا تھا، کہا گیا: یہ آپ کی امت ہے، داخل ہونگے جنت میں ان میں سے ستر ہزار بے حساب، پھر آپ گھر میں تشریف لے گئے، اور صحابہ کے لئے بیان نہیں کیا (کہ وہ ستّر ہزار کون لوگ ہونگے؟) پس لوگ باتوں میں مشغول ہوئے، اور انھوں نے کہا: (وہ) ہم ہیں، جو اللہ پر ایمان لائے، اور اس کے رسول کی پیروی کی، پس ہم وہ ہیں یا ہماری اولاد ہے، جو زمانۂ اسلام میں پیدا ہوئی ہے، کیونکہ ہم تو زمانۂ جاہلیت میں پیدا ہوئے ہیں، پس یہ بات نبی ﷺ کو پہنچی تو آپؐ باہر تشریف لائے، اور فرمایا: ''وہ وہ لوگ ہیں جو جھڑواتے نہیں، بدشگونی نہیں لیتے اور گرم لوہے کا داغ نہیں لگواتے، اور وہ اپنے ربّ پر بھروسہ کرتے ہیں'' —— پس عکاشہ بن محصن نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا میں ان میں سے ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! پھر دوسرا شخص کھڑا ہوا، اور اس نے پوچھا: کیا میں ان میں سے ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: عکاشہ اس میں تم سے بازی لے گئے (یہ بڑا ذومعنی جواب ہے)

بَابُ الإِثْمِدِ وَالْكُحْلِ مِنَ الرَّمَدِ

آشوبِ چشم میں اثمد یا کوئی اور سرمہ لگانا

تندرست آنکھ میں بھی سرمہ ڈالنا مستحب ہے، اور جب آنکھیں دکھنے آئیں تو اثمد یا کوئی اور سرمہ ڈالا جائے، اثمد: ایک خاص قسم کا سرمہ ہے، مگر وہ عام طور پر نہیں ملتا یا اصلی نہیں ملتا، پس کوئی اور سرمہ ڈالنا بھی کافی ہے، مقصود علاج ہے، اور اب جو آنکھ میں ڈالنے کے قطرات ملتے ہیں وہ بھی سرمہ کے قائم مقام ہوجائیں گے، اور حدیث اسی جلد میں کتاب الطلاق میں آئی ہے، اور ام عطیہ کی روایت بھی کتاب الطلاق (حدیث ۵۳۴۱) میں آئی ہے۔

[۱۸-] بَابُ الإِثْمِدِ وَالْكُحْلِ مِنَ الرَّمَدِ

فِيْهِ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ.

[۵۷۰۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ حُمَيْدُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ امْرَأَةً تُوُفِّىَ زَوْجُهَا فَاشْتَكَتْ عَيْنُهَا، فَذَكَرُوْهَا لِلنَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم وَذَكَرُوْا لَهُ

الْكُحْلَ، وَأَنَّـهُ يُخَافُ عَلٰى عَيْنِهَا، فَقَالَ:" لَقَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ تَمْكُثُ فِيْ بَيْتِهَا فِيْ شَرِّ أَحْلَاسِهَا أَوْ: فِيْ أَحْلَاسِهَا فِيْ شَرِّ بَيْتِهَا، فَإِذَا مَرَّ كَلْبٌ رَمَتْ بَعْرَةً، فَلَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا" [راجع: ۵۳۳٦]

لغت: حِلْس: وہ ٹاٹ یا بوریا جو عمدہ فرش کے نیچے یا اونٹ پر کجاوے کے نیچے بچھایا جاتا ہے: ٹھہرتی تھی اپنے گھر میں اپنے بدترین ٹاٹ میں یا فرمایا: اپنے ٹاٹوں میں اپنے بدترین گھر میں، پس جب کتا گذرتا (اور اس سے اپنی شرمگاہ رگڑتی تو) مینگنیاں پھینکتی تھی، پس نہیں، یعنی سرمہ لگانے کی اجازت نہیں، چار ماہ دس دن تک (اس کے بعد آنکھیں آئی ہوں تو سرمہ لگاسکتی ہے اور زینت کے لئے بھی لگاسکتی ہے)

بَابُ الْجُذَامِ

کوڑھ کی بیماری

یہ باب کتاب المرضیٰ میں آنا چاہئے: کوڑھ ایک بیماری ہے، اس کا علاج حدیث میں نہیں ہے، پس یہ باب کتاب الطب میں نہیں بلکہ کتاب المرضیٰ میں آنا چاہئے —— جُذام: ایسی بیماری جس میں اطراف بدن گل سڑ کر جسم سے الگ ہونے لگتے ہیں، اور برص: ایک بیماری ہے جس سے بدن پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں، اردو میں دونوں کو کوڑھ کہتے ہیں، جذام: گھناؤنی بیماری ہے، لوگ جذامی سے دور رہتے ہیں، یہ ٹھیک ہے، بعض بیماریاں ایسی ہیں کہ بیمار کے ساتھ اختلاط (میل جول) منجملۂ اسباب مرض ہے، اور اچھے اسباب اختیار کرنا اور برے اسباب سے بچنا شریعت کی تعلیم ہے، البتہ یہ خیال کرنا کہ ایسے بیماروں کے ساتھ اختلاط ہوگا تو ضرور اس کی بیماری لگ جائے گی، یہ غیر اسلامی تصور ہے، کسی بیماری میں ذاتی تاثیر نہیں کہ وہ دوسرے کو لگ جائے، سب کچھ اللہ کے حکم سے ہوتا ہے۔

اور حدیث: میں چار باتوں کی نفی ہے اور ایک چیز کا اثبات ہے، فرمایا: "چھوت کی بیماری نہیں، اور بدشگونی نہیں، اور کھوپڑی کا پرندہ نہیں، اور صفر کی نحوست نہیں، اور جذامی کے پاس سے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو"

تشریح: حدیث کے اول وآخر میں تعارض ہے، حاشیہ میں اس کو حل کرنے کے لئے چھ مسالک (راہیں) ذکر کئے ہیں، میں نے اور طرح سے حل کیا ہے کہ نفی ذاتی تاثیر کی ہے اور اثبات درجۂ تسبیب میں ہے، اور ان دونوں باتوں میں کچھ تنافی نہیں۔

[۱۹-] بَابُ الْجُذَامِ

[۵۷۰۷-] وَقَالَ عَفَّانُ: حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ ابْنُ مِيْنَاءَ، سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَاعَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ وَلَاهَامَةَ وَلَا صَفَرَ، وَفِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْأَسَدِ" [أطرافه: ۵۷۱۷، ۵۷۵۷، ۵۷۷۰، ۵۷۷۳، ۵۷۷۵]

لغات: عَدْوى: اسم مصدر ہے إعداء سے، أَعْدى فلانا من مرضه: کسی کو اپنی بیماری لگانا............ طِيَرة بھی اسم مصدر ہے تَطَيُّر سے، تَطَيَّرَ به و منه: براشگون لینا، اصل میں پرندہ اڑا کر شگون لینے کے معنی ہیں، پھر اچھے اور برے شگون کے لئے استعمال کیا جانے لگا، حدیث میں بدشگونی کی نفی ہے............ هَامَة: الّو کو کہتے ہیں، لوگ اس کو منحوس سمجھتے ہیں، اور عربوں کا خیال تھا کہ جو شخص قتل کیا جائے اور اس کا قصاص نہ لیا جائے تو اس کی روح الو بن کر جا بجا پکارتی پھرتی ہے: مجھے پلاؤ، مجھے پلاؤ، جب اس کا قصاص لے لیا جاتا ہے تو وہ اڑ جاتا ہے............ صَفَر کے مختلف معنی کئے گئے ہیں: (۱) بعض لوگ ماہ صفر کو منحوس سمجھتے ہیں: اس کی نفی ہے (۲) زمانۂ جاہلیت میں صفر کو محرم سے مقدم کر دیا جاتا تھا، اس کی نفی ہے (۳) صفر ایک قسم کا سانپ ہے جو پیٹ میں پیدا ہوتا ہے اور بھوک کے وقت ستاتا ہے: اس کی نفی ہے۔

بَابٌ: اَلْمَنُّ شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ

کھمبی آنکھ کے لئے مفید ہے

الکمأة: کھمبی: ایک قسم کی نبات ہے جو اکثر برسات میں پیدا ہوتی ہے اور خودرو ہے، اس کی سبزی بھی پکاتے ہیں اور تل کر بھی کھاتے ہیں، اس کو سانپ کی چھتری بھی کہتے ہیں، اگر وہ سیاہ یا سرخی مائل ہو تو آنکھ کے لئے مضر ہے اور بالکل سفید ہو تو مفید ہے۔

حدیث: کھمبی منّ سے ہے، اور اس کا پانی آنکھ کے لئے مفید ہے: —— منّ: وہ گوند جو بنی اسرائیل کے لئے اترتا تھا، اور حدیث کے دو مطلب ہیں: (۱) کھمبی مفت حاصل ہونے والی نعمت ہے، جیسے منّ بنی اسرائیل کو مفت ملتا تھا (۲) بنی اسرائیل پر جو منّ اترتا تھا اس کا اثر زمین میں باقی رہ گیا ہے، جو وقتاً فوقتاً کھمبی کی صورت میں نمودار ہوتا ہے۔

سوال: امام صاحب نے الکمأة کے بجائے المنّ کیوں کہا؟ **جواب**: علتِ حکم کی طرف اشارہ کیا ہے کہ کھمبی میں افادیت اس وجہ سے آئی ہے کہ وہ منّ کے اثر سے پیدا ہوتی ہے۔

[۲۰-] بَابٌ: اَلْمَنُّ شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ

[۵۷۰۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " اَلْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ"

وَقَالَ شُعْبَةُ: وَأَخْبَرَنِي الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ، عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ شُعْبَةُ: لَمَّا حَدَّثَنِي بِهِ الْحَكَمُ لَمْ أُنْكِرْهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِالْمَلِكِ.

[راجع: ٤٤٨٧]

سند: یہ حدیث شعبہؒ نے عبدالملک بن عمیر قبطی سے سنی تھی، اس راوی کا بڑھاپے میں حافظہ بگڑ گیا تھا، اس لئے شعبہؒ نے اس کی حدیث میں توقف کیا، مگر جب حکم بن عتیبہ نے یہ حدیث بیان کی تو وجہ انکار (توقف) ختم ہوگئی۔

بَابُ اللَّدُوْدِ

گوشۂ فم میں دواء ڈالنا

لدود: منہ کے ایک گوشہ میں ڈالنے کی دواء (اسی لفظ کے معنی: سخت جھگڑالو بھی ہیں) پہلے نمونیا میں قُسط ہندی زیتون کے تیل میں گھس کر منہ کی اس جانب میں ڈالتے تھے جس جانب درد ہوتا تھا، اب یہ طریقۂ علاج نہیں رہا۔

[۲۱-] بَابُ اللَّدُوْدِ

[۵۷۰۹و۵۷۱۰و۵۷۱۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُوْسَى بْنُ أَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَعَائِشَةَ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَبَّلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مَيِّتٌ. [حديث: ۵۷۰۹ راجع: ۴۴۵۶، حديث ۵۷۱۰، راجع: ۱۲۴۱ حديث ۵۷۱۱ راجع: ۱۲۴۲]

[۵۷۱۲-] قَالَ: وَقَالَتْ عَائِشَةُ: لَدَدْنَاهُ فِيْ مَرَضِهِ، فَجَعَلَ يُشِيْرُ إِلَيْنَا، أَنْ لَا تَلُدُّوْنِيْ، فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةُ الْمَرِيْضِ لِلدَّوَاءِ، فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ: " أَلَمْ أَنْهَكُمْ أَنْ تَلُدُّوْنِيْ؟" قُلْنَا: كَرَاهِيَةُ الْمَرِيْضِ لِلدَّوَاءِ، فَقَالَ: " لَا يَبْقَى أَحَدٌ فِي الْبَيْتِ إِلَّا لُدَّ، وَأَنَا أَنْظُرُ، إِلَّا الْعَبَّاسَ فَإِنَّهُ لَمْ يَشْهَدْكُمْ" [راجع: ۴۴۵۸]

وضاحت: یہ سب ایک حدیث ہیں، اور پہلی حدیث پر تین نمبر اس لئے لگائے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا بھی اس میں ذکر ہے، اور لدود کے واقعہ کی تفصیل پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۵۵۹) آئی ہے۔

آئندہ حدیث: عکَّاشة بن مِحْصَن کی بہن ام قیسؓ کہتی ہیں: میں اپنے لڑکے کو لے کر نبی ﷺ کے پاس گئی، میں نے عذرہ (حلق کی بیماری) کی وجہ سے اس کا گلا دبا رکھا تھا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: تم گلے کی بیماری میں اس طرح تالو دبا کر بچے کو کیوں تکلیف پہنچاتے ہو، یہ عود ہندی استعمال کرو، اس میں سات فائدے ہیں، ان میں سے نمونیا ہے، اور گلے کی تکلیف میں دواء ناک میں ڈالی جائے، اور نمونیا میں دواء گوشۂ دہن میں ڈالی جائے۔

[۵۷۱۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ، أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ، عَنْ أُمِّ قَيْسٍ، قَالَتْ: دَخَلْتُ بِابْنٍ لِيْ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ أَعْلَقْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْعُذْرَةِ، فَقَالَ: " عَلَامَ تَدْغَرْنَ أَوْلَادَكُنَّ بِهٰذَا الْعِلَاقِ؟ عَلَيْكُنَّ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ، فَإِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ أَشْفِيَةٍ، مِنْهَا

ذَاتُ الْجُنُبِ، وَيُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ، وَيُلَدُّ مِنْ ذَاتِ الْجُنُبِ"

فَسَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَقُوْلُ: بَيَّنَ لَنَا اثْنَتَيْنِ وَلَمْ يُبَيِّنْ لَنَا خَمْسًا. قُلْتُ: لِسُفْيَانَ: فَإِنَّ مَعْمَرًا يَقُوْلُ: أَعْلَقْتُ عَلَيْهِ. قَالَ: لَمْ يَحْفَظْ، إِنَّمَا قَالَ: أَعْلَقْتُ عَنْهُ، حَفِظْتُهُ مِنْ فِي الزُّهْرِيِّ. وَوَصَفَ سُفْيَانُ الْغُلَامَ يُحَنَّكُ بِالإِصْبَعِ، وَأَدْخَلَ سُفْيَانُ فِيْ حَنَكِهِ، إِنَّمَا يَعْنِيْ رَفْعَ حَنَكِهِ بِإِصْبَعِهِ، وَلَمْ يَقُلْ: أَعْلِقُوْا عَنْهُ شَيْئًا.

[راجع: ۵٦۹۲]

لغات: أَعْلَقَ ظُفُرَه بِالشيئ: کسی چیز میں ناخن گاڑنا، چبھونا............ أَعْلَقْتُ کے بعد علیه ہے یا عنه، کتاب میں علیه ہے اور گیلری میں عنه ہے، اس کے برعکس ہوتا تو کتاب فہمی میں آسانی ہوتی............ العُذْرة: گلے کی تکلیف .... العِلاق میں بھی نسخے مختلف ہیں، ایک نسخہ میں العُلُق ہے۔ اس کے معنی ہیں: لٹکائی ہوئی چیز یعنی حلق کا کوّا............ دَغَر (ض) دَغْرًا المرأةُ الصبیَّ: عورت کا بچے کے حلق میں تالو کو ابھارنے کے لئے انگلی ڈالنا، ایسا حلق کے درد کی وجہ سے کیا جاتا ہے۔

وضاحت: سفیان بن عیینہؒ کہتے ہیں: میں نے زہری کو کہتے ہوئے سنا کہ نبی ﷺ نے ہمارے لئے دو فائدے بیان کئے، اور ہمارے لئے باقی پانچ فائدے بیان نہیں کئے —— علی مدینیؒ کہتے ہیں: میں نے ابن عیینہؒ سے کہا: آپ زہریؒ سے أعلقتُ کے بعد عنه روایت کرتے ہیں اور معمر ان سے علیه روایت کرتے ہیں (معلوم ہوا کتاب میں عنه ہونا چاہئے جیسا کہ گیلری میں ہے) وہ أعلقتُ علیه کہتے ہیں، سفیانؒ نے کہا: انھوں نے یاد نہیں کیا، زہریؒ نے أعلقتُ عنه کہا تھا، میں نے اس کو زہری کے منہ سے (بلاواسطہ) یاد کیا ہے —— پھر ابن عیینہؒ نے لڑکے کا حال بیان کیا (کہ کس طرح اس کا تالو دبایا جاتا تھا، فرمایا:) تالو دبایا جائے انگلیوں سے، اور سفیان نے اپنے تالو میں انگلی ڈالی، وہ بس سمجھا رہے تھے بچے کے تالو کے اٹھانے کو اپنی انگلی سے —— اور نہیں کہا: اس کی طرف سے کوئی چیز لٹکاؤ (یہ تنبیہ ہے کہ بچے کی طرف سے گھر وغیرہ میں کوئی چیز لٹکانا مراد نہیں)

بَابٌ

ٹھنڈے پانی سے بخار کا علاج

یہ باب ریہرسل کے لئے ہے، میں نے عنوان قائم کیا ہے۔ عرب کا علاقہ گرم خشک ہے، وہاں ٹھنڈا پانی بخار کا علاج ہے، اور سات کی اور تسمے نہ کھولنے کی قیدیں کیوں تھیں؟ اس کی وجہ معلوم نہیں، طبی تدابیر اور عملیات میں ایسی باتوں کا اثر ہوتا ہے، تفصیل تحفۃ القاری (۱:۵۳۴) میں ہے۔ اور ابن القیمؒ کہتے ہیں: پانی سے بخار کا علاج اہل حجاز کے ساتھ خاص ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۵:۴۱۴) میں ہے۔

[۲۲-] بَابٌ

[۵۷۱٤-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، وَيُوْنُسُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ: أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَتْ: لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَاشْتَدَّ وَجَعُهُ، اسْتَأْذَنَ أَزْوَاجَهُ فِيْ أَنْ يُمَرَّضَ فِيْ بَيْتِيْ، فَأَذِنَّ لَهُ، فَخَرَجَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ، تَخُطُّ رِجْلَاهُ فِي الْأَرْضِ بَيْنَ عَبَّاسٍ وَآخَرَ، فَأَخْبَرْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ: هَلْ تَدْرِيْ مَنِ الرَّجُلِ الْآخَرُ الَّذِيْ لَمْ تُسَمِّ عَائِشَةُ: قُلْتُ: لَا، قَالَ: هُوَ عَلِيٌّ.

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم بَعْدَ مَا دَخَلَ بَيْتَهَا وَاشْتَدَّ بِهِ وَجَعُهُ: "هَرِيْقُوْا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَمْ تُحْلَلْ أَوْكِيَتُهُنَّ، لَعَلِّيْ أَعْهَدُ إِلَى النَّاسِ" قَالَتْ: فَأَجْلَسْنَاهُ فِي مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم ثُمَّ طَفِقْنَا نَصُبُّ عَلَيْهِ مِنْ تِلْكَ الْقِرَبِ، حَتّٰى جَعَلَ يُشِيْرُ إِلَيْنَا أَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ، قَالَتْ: وَخَرَجَ إِلَى النَّاسِ فَصَلَّى لَهُمْ وَخَطَبَهُمْ. [راجع: ۱۹۸]

بَابُ الْعُذْرَةِ

حلق کی تکلیف کا علاج

حلق کی تکلیف کا علاج عود ہندی ہے، یہ لکڑی ہے، اس کو زیتون کی تیل میں گھس کر ناک میں ٹپکایا جاتا ہے، اور حدیث وہی ام قیس کی ہے، یہ صحابیہ قبیلہ بنواسد کی تھیں، اور بنواسد نام کے متعدد قبیلے ہیں، یہ خزیمہ کی شاخ بنواسد کی ہیں، انھوں نے بہت شروع میں ہجرت کی ہے، اور بیعت سلوک بھی کی ہے، یہ عکّاشہؓ کی بہن ہیں۔

[۲۳-] بَابُ الْعُذْرَةِ

[۵۷۱۵-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أُمَّ قَيْسٍ بِنْتَ مِحْصَنٍ الْأَسَدِيَّةَ - أَسَدَ خُزَيْمَةَ، وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ اللَّاتِيْ بَايَعْنَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم، وَهِيَ أُخْتُ عُكَّاشَةَ - أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا أَتَتِ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم بِابْنٍ لَهَا، قَدْ أَعْلَقَتْ عَلَيْهِ مِنَ الْعُذْرَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم: "عَلَامَ تَدْغَرْنَ أَوْلَادَكُنَّ بِهٰذَا الْعِلَاقِ، عَلَيْكُمْ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ، فَإِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ أَشْفِيَةٍ، مِنْهَا ذَاتُ الْجُنُبِ" يُرِيْدُ الْكُسْتَ، وَهُوَ الْعُوْدُ الْهِنْدِيُّ.

وَقَالَ يُوْنُسُ، وَإِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: عَلَّقَتْ عَلَيْهِ. [راجع: ۵۶۹۲]

فرق: شعیب کی روایت میں أَعْلَقْتُ (باب افعال) ہے اور یونس اور اسحاق کی روایتوں میں عَلَّقْتُ (باب تفعیل) ہے۔

بَابُ دَوَاءِ الْمَبْطُوْنِ

پیٹ کی بیماری (اسہال) کا علاج

پیٹ بیماریوں کا گھر ہے اوران کے علاج مختلف ہیں، ایک بیماری اسہال ہے جو سوئے ہضم سے ہو اس کا علاج شہد پلانا ہے۔

[۲۴-] بَابُ دَوَاءِ الْمَبْطُوْنِ

[۵۷۱۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِیِّ صلى الله علیه وسلم فَقَالَ: إِنَّ أَخِیْ اسْتَطْلَقَ بَطْنُهُ، فَقَالَ: اسْقِهِ عَسَلاً" فَسَقَاهُ، فَقَالَ: إِنِّیْ سَقَیْتُهُ فَلَمْ یَزِدْهُ إِلَّا اسْتِطْلاَقًا، فَقَالَ: "صَدَقَ اللّٰهُ وَكَذَبَ بَطْنُ أَخِیْكَ" تَابَعَهُ النَّضْرُ عَنْ شُعْبَةَ. [راجع: ۵۶۸۴]

بَابٌ: لاَصَفَرَ

صفر نہیں!

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صفر پیٹ کی کوئی بیماری ہے، مگر بیماری ہے تو اس کا کوئی علاج ہوگا، اور حدیث میں تو اس کی نفی ہے، پس پہلے جو صفر کے تین معنی بیان کئے ہیں ان میں سے کوئی معنی لینے ہونگے —— اور حدیث میں لا عدوی پر ایک بدّو کا سوال ہے کہ میرے اونٹ بھلے چنگے رتیلے میدان میں چر رہے ہیں، ان میں ایک خارشتی اونٹ آملا تو میرے اونٹوں کو بھی خارش لگ گئی، اور آپؐ فرما رہے ہیں کہ ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی! آپؐ نے پوچھا: سب سے پہلا اونٹ جس کو خارش ہوئی اس کو خارش کہاں سے لگی؟ جواب ندارد! جواب یہی ہوسکتا ہے کہ اس کو خارش قضائے الٰہی سے لگی، پس یہی بات سب جگہ کیوں نہ مان لی جائے! —— ہاں بعض امراض میں مریض کے ساتھ اختلاط منجملۂ اسباب مرض ہے، اس لحاظ سے اختلاط سے بچنا چاہئے (تفصیل تحفۃ الالمعی ۵: ۵۰۴ میں ہے)

[۲۵-] بَابٌ: لاَصَفَرَ

وَهُوَ دَاءٌ یَأْخُذُ الْبَطْنَ.

[۵۷۱۷-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَغَیْرُهُ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم قَالَ: "لاَ عَدْوَى وَلاَ صَفَرَ وَلاَ هَامَةَ" فَقَالَ أَعْرَابِیٌّ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَمَا بَالُ إِبِلِیْ تَكُوْنُ فِی الرَّمْلِ كَأَنَّهَا

الظِّبَاءُ فَيَأْتِي الْبَعِيْرُ الْأَجْرَبُ فَيَدْخُلُ بَيْنَهَا فَيُجْرِبُهَا؟ فَقَالَ: " فَمَنْ أَعْدَى الْأَوَّلَ؟"
رَوَاهُ الزُّهْرِيُّ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَسِنَانِ بْنِ أَبِيْ سِنَانٍ. [راجع: ۵۷۰۷]

قولہ: فما بال: پس کیا حال ہے: میرے اونٹ ریت میں ہوتے ہیں، گویا وہ ہرن ہیں، پس آتا ہے خارشتی اونٹ جو ان میں گھستا ہے، پس وہ اس کو خارشتی کردیتا ہے؟

بَابُ ذَاتِ الْجَنْبِ

نمونیا کا علاج

ذات الجنب کو نمونیا کہتے ہیں، اس میں پھیپھڑے کی جھلی میں ورم ہوجاتا ہے، پھر جھلی اور پھیپھڑے کے درمیان پانی کا ترشح ہونے لگتا ہے، یہ حقیقی ذات الجنب ہے، اور کبھی پہلو میں غلیظ ریاح رک جاتی ہے، اس کا علاج عود ہندی ہے، اور اس میں لوہے سے داغا بھی جاتا تھا۔

[۲۶-] بَابُ ذَاتِ الْجَنْبِ

[۵۷۱۸-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أُمَّ قَيْسٍ بِنْتَ مِحْصَنٍ - وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ اللَّاتِيْ بَايَعْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَهِيَ أُخْتُ عُكَّاشَةَ بْنِ مِحْصَنٍ - أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا أَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بِابْنٍ لَهَا قَدْ عَلَّقَتْ عَلَيْهِ مِنَ الْعُذْرَةِ، فَقَالَ: " اتَّقُوْا اللّٰهَ، عَلَامَ تَدْغَرْنَ أَوْلَادَكُنَّ بِهٰذِهِ الْأَعْلَاقِ، عَلَيْكُمْ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ، فَإِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ أَشْفِيَةٍ، مِنْهَا ذَاتُ الْجُنْبِ"
يُرِيْدُ الْكُسْتَ، يَعْنِيْ: الْقُسْطَ. قَالَ: وَهِيَ لُغَةٌ. [راجع: ۵۶۹۲]

وضاحت: امام زہریؒ نے کہا: عود ہندی کو قسط اور کست کہا جاتا ہے، چھوٹے کاف سے بھی ایک لغت ہے۔

[۵۷۱۹-] حدثنا عَارِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، قَالَ: قُرِئَ عَلٰى أَيُّوْبَ مِنْ كُتُبِ أَبِيْ قِلَابَةَ - مِنْهُ مَا حَدَّثَ بِهِ، وَمِنْهُ مَا قُرِئَ عَلَيْهِ - وَكَانَ هٰذَا فِي الْكِتَابِ عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ وَأَنَسَ بْنَ النَّضْرِ كَوَيَاهُ، وَكَوَاهُ أَبُوْ طَلْحَةَ بِيَدِهِ. [طرفه: ۵۷۲۱]

ترجمہ: حماد بن زید کہتے ہیں: ایوب سختیانی کے سامنے ابوقلابہ کی کتابوں میں سے پڑھا گیا ــــ ان میں سے بعض وہ ہیں جو ابوقلابہ نے بیان کی ہیں، اور بعض وہ ہیں جو ان کے سامنے پڑھی گئی ہیں ــــ اور اس کتاب میں انسؓ سے مروی

یہ روایت تھی کہ ابوطلحہ اور انس بن النضر نے انس بن مالکؓ کو لوہا گرم کرکے داغا، ابوطلحہ نے اپنے ہاتھ سے داغا (اس کی وضاحت اگلی روایت میں ہے)

[۵۷۲۰و۵۷۲۱-] وَقَالَ عَبَّادُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَذِنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَهْلِ بَيْتٍ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنْ يَرْقُوْا مِنَ الْحُمَةِ وَالْأُذُنِ، فَقَالَ أَنَسٌ: كُوِيْتُ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَيٌّ، وَشَهِدَنِي أَبُوْ طَلْحَةَ وَأَنَسُ بْنُ النَّضْرِ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَأَبُوْ طَلْحَةَ كَوَانِيْ. [راجع: ۵۷۱۹]

ترجمہ: انسؓ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے اجازت دی انصار کی ایک فیملی کو کہ جھڑوائیں وہ ڈنک سے اور کان کے درد سے (یہ ایک حدیث ہوئی) پس انسؓ نے کہا: مجھے نمونیا میں لوہا گرم کرکے داغا گیا درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ حیات تھے، اور موقع پر موجود تھے، ابوطلحہ، انس بن النضر اور زید بن ثابت اور ابوطلحہ نے مجھے داغا۔

بَابُ حَرْقِ الْحَصِيْرِ لِيُسَدَّ بِهِ الدَّمُ

خون روکنے کے لئے چٹائی جلانا

حدیث پہلے آچکی ہے، غزوۂ احد میں جب سر مبارک زخمی ہوا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے دھویا تو خون بند نہیں ہوتا تھا، انھوں نے چٹائی جلا کر راکھ زخم میں بھری تب خون بند ہوا، روئی بھی یہ کام کرتی ہے، جلا کر راکھ لگائی جائے یا بہت ساری روئی رکھ کر پٹی باندھ دی جائے تو بھی خون بند ہو جاتا ہے۔

[۲۷-] بَابُ حَرْقِ الْحَصِيْرِ لِيُسَدَّ بِهِ الدَّمُ

[۵۷۲۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَارِيُّ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: لَمَّا كُسِرَتْ عَلٰى رَأْسِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْبَيْضَةُ، وَأُدْمِيَ وَجْهُهُ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَكَانَ عَلِيٌّ يَخْتَلِفُ بِالْمَاءِ فِي الْمِجَنِّ، وَجَاءَ تْ فَاطِمَةُ تَغْسِلُ عَنْ وَجْهِهِ الدَّمَ، فَلَمَّارَأَتْ فَاطِمَةُ الدَّمَ يَزِيْدُ عَلَى الْمَاءِ كَثْرَةً، عَمَدَتْ إِلٰى حَصِيْرٍ فَأَحْرَقَتْهَا وَأَلْصَقَتْهَا عَلٰى جُرْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرَقَأَ الدَّمُ. [راجع: ۲۴۳]

بَابٌ: الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

بخار آتش دوزخ کا جوش ہے!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''بخار دوزخ کا جوش ہے، پس اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو'' —— فَیح کے معنی ہیں:

پھیلاؤ، اور یہ تمثیل ہے، بخار تکلیف دہ بیماری ہے، اس کو کیسے ٹھنڈا کیا جائے؟ یہ بات حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے، جب ان کے پاس کوئی بخار والی عورت آتی تو وہ پانی منگواتیں، اور اس کے گریبان میں ڈالتیں، پھر نبی ﷺ کا یہ ارشاد سناتیں —— رہا ٹھنڈے پانی سے نہانا تو ابن القیمؒ کہتے ہیں: یہ بات اہل حجاز کے ساتھ خاص ہے، جو ممالک گرم خشک ہیں، جہاں دھوپ لگتی ہے، وہاں بخاری کا پانی میں نہانا مفید ہے، اور ہمارے دریار میں بھی حکیم اور ڈاکٹر جب بخار میں بُحرانی کیفیت ہوتی ہے تو سر پر اور پاؤں پر برف رکھنے کا یا ملنے کا یا کپڑا بھگا کر رکھنے کا حکم دیتے ہیں، پس یہ حکم سب بخاروں کے لئے نہیں ہے، خاص بخاروں کے لئے ہے —— اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بخار کو رجز (اللہ کا عذاب) کہا ہے جب بخار آتا تو وہ دعا کرتے: اے اللہ! ہم سے عذاب دور فرما!

[۲۸-] بَابٌ: اَلْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

[۵۷۲۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " اَلْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَأَطْفِئُوْهَا بِالْمَاءِ"[راجع: ۳۲٦٤]

قَالَ نَافِعٌ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقُوْلُ: اكْشِفْ عَنَّا الرِّجْزَ.

[۵۷۲٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، أَنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ كَانَتْ إِذَا أُتِيَتْ بِالْمَرْأَةِ قَدْ حُمَّتْ تَدْعُوْ لَهَا، أَخَذَتِ الْمَاءَ فَصَبَّتْهُ بَيْنَهَا وَبَيْنَ جَيْبِهَا، وَقَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْمُرُنَا أَنْ نُبْرِدَهَا بِالْمَاءِ.

[۵۷۲۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " اَلْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَأَبْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ"[راجع: ۳۲٦۳]

[۵۷۲٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " اَلْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَأَبْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ" [راجع: ۳۲٦۲]

بَابُ مَنْ خَرَجَ مِنْ أَرْضٍ لَا تُلَايِمُهُ

جو شخص ناموافق سرزمین سے نکلا

ناموافق آب وہوا کے اعتبار سے، مکان تنگ وتاریک ہونے کی وجہ سے، ماحول بدبودار ہونے کی وجہ سے، خارجی اثرات کی وجہ سے اور غیر اسلامی ماحول کی وجہ سے جگہیں مبارک اور نامبارک ہوتی ہیں، ایسی صورتوں میں جگہ بدل دینی چاہئے، حدیث میں واقعہ ہے: کچھ لوگوں نے عرض کیا: ہم پہلے فلاں جگہ میں تھے تو ہماری نفری بھی زیادہ تھی، اور ہم خوش عیش

تھے، پھر فلاں جگہ میں آ بسے تو ہمارے افراد کی تعداد بھی گھٹ گئی اور تنگ حالی میں مبتلا ہوگئے، نبی ﷺ نے فرمایا: ذَرُوْهَا ذَمِيْمَةً: وہ جگہ چھوڑ دو، وہ بری جگہ ہے (یہ خارجی اثرات کی مثال ہے) اور حدیث میں سو قتل کرکے توبہ کرنے والے کا واقعہ آیا ہے، ایک عالم نے اس سے کہا: أرضك أرض سوء: تیرا علاقہ برے لوگوں کا علاقہ ہے تو جگہ بدل دے، چنانچہ وہ نیک لوگوں کی سرزمین کی طرف نکلا، راستہ میں موت کا وقت آ گیا (یہ غیر اسلامی اور بددینی کے ماحول کی مثال ہے) اور باب کی حدیث میں عرینہ والوں کا واقعہ ہے، ان کو مدینہ کی آب وہوا موافق نہیں آئی تو نبی ﷺ نے ان کو جنگل میں اور مویشی میں بھیج دیا، وہاں جاکر وہ تندرست ہوگئے (یہ ناموافق آب وہوا کی مثال ہے)

[۲۹-] بَابُ مَنْ خَرَجَ مِنْ أَرْضٍ لاَ تُلَايِمُهُ

[۵۷۲۷-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ: أَنَّ نَاسًا أَوْ: رِجَالاً مِنْ عُكْلٍ وَعُرَيْنَةَ قَدِمُوْا عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَتَكَلَّمُوْا بِالإِسْلَامِ، فَقَالُوْا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! إِنَّا كُنَّا أَهْلَ ضَرْعٍ، وَلَمْ نَكُنْ أَهْلَ رِيْفٍ، فَاسْتَوْخَمُوْا الْمَدِيْنَةَ، فَأَمَرَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِذَوْدٍ وَبِرَاعٍ، وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَخْرُجُوْا فِيْهِ، فَيَشْرَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا، فَانْطَلَقُوْا حَتَّى كَانُوْا بِنَاحِيَةِ الْحَرَّةِ، كَفَرُوْا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ، وَقَتَلُوْا رَاعِيَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَاسْتَاقُوْا الذَّوْدَ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَبَعَثَ الطَّلَبَ فِيْ آثَارِهِمْ، فَأَمَرَ بِهِمْ، فَسَمَرُوْا أَعْيُنَهُمْ، وَقَطَّعُوْا أَيْدِيَهُمْ، وَتُرِكُوْا فِيْ نَاحِيَةِ الْحَرَّةِ، حَتّٰى مَاتُوْا عَلٰى حَالِهِمْ.

[راجع: ۲۳۳]

وضاحت: تكلموا بالإسلام: انھوں نے کلمہ پڑھا............ أهل ضرع: تھن والے یعنی مویشی پالنے والے .... الرِّيْف: زراعتی زمین، سرسبز زمین (کھیتی والے)............ اِسْتَوْخَم المكان: کسی جگہ کو مضر صحت پانا، کسی مقام کی آب وہوا کو ناموافق پانا............ ذَوْد: اونٹوں کا ریوڑ۔

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الطَّاعُوْنِ

پلیگ کا تذکرہ

یہ باب بھی کتاب المرضیٰ میں آنا چاہئے، طاعون: ایک وبائی جان لیوا بیماری ہے، اس کا علاج حدیث میں نہیں آیا، اس کے احکام آئے ہیں، طاعون کیا ہے؟ حاشیہ میں بہت سے اقوال ہیں، دراصل: طاعون وبائی بیماری ہے جو سب کو ہو اور لوگ تیزی سے مریں، اس کی کوئی صورت متعین نہیں، اور اس کا سبب آب وہوا کا فساد اور فیصلہ خداوندی ہے۔

[۳۰-] بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الطَّاعُوْنِ

[۵۷۲۸-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ إِبْرَاهِيْمَ بْنَ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ يُحَدِّثُ سَعْدًا، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّـهُ قَالَ: " إِذَا سَمِعْتُمْ بِالطَّاعُوْنِ بِأَرْضٍ فَلاَ تَدْخُلُوْهَا، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلاَ تَخْرُجُوْا مِنْهَا" فَقُلْتُ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ يُحَدِّثُ سَعْدًا وَلاَ يُنْكِرُهُ؟ قَالَ: نَعَمْ. [راجع: ۳۴۷۳، ۶۹۷۴]

ترجمہ: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ابراہیم کہتے ہیں: میں نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو حضرت سعدؓ سے مرفوع حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ جب تم کسی علاقہ میں طاعون کے بارے میں سنو تو اس علاقہ میں مت جاؤ، اور جب کسی علاقہ میں طاعون پھیلے تو وہاں سے مت نکلو —— حبیب نے ابراہیم سے پوچھا: تم نے خود اسامہؓ کو سعدؓ سے حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے، پس انھوں نے نکیر نہیں کی! ابراہیم نے کہا: ہاں!

تشریح: کسی ضرورت سے وباء کی جگہ میں جاسکتے ہیں اور نکل بھی سکتے ہیں، اور آب وہوا کی تبدیلی کے لئے حکومت جگہ بدلنے کا حکم دے تو یہ بھی درست ہے، ممانعت بھاگنے کی ہے اور بے ضرورت وہاں جانے کی ہے، کیونکہ بعض بیماریوں میں بیماروں کے ساتھ ملنا جلنا اسباب مرض میں سے ہے، اور برے اسباب سے بچنا چاہئے، پھر اگر وہاں گیا اور بیمار پڑا تو خیال کرے گا کہ یہاں آیا تو پھنسا، حالانکہ تقدیر الٰہی سے مبتلا ہوا ہے، اور وہاں سے بھاگنے سے بھی عقیدہ خراب ہوگا، کیا آدمی یہ سمجھتا ہے کہ اس جگہ سے نکل جاؤں گا تو بچ جاؤں گا؟ پھر سب تندرست بھاگ کھڑے ہونگے تو بیماروں کا پرسانِ حال کون ہوگا؟ اور وباء کے جراثیم بھی ایک جگہ کے علاوہ متعدد جگہ پھیلیں گے، پس جہاں وبا ہے اس کو وہیں رہنے دیا جائے، اور جگہ نہ پھیلایا جائے۔

[۵۷۲۹-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَرَجَ إِلَى الشَّامِ، حَتّٰى إِذَا كَانَ بِسَرْغَ لَقِيَهُ أُمَرَاءُ الْأَجْنَادِ: أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ وَأَصْحَابُهُ، فَأَخْبَرُوْهُ أَنَّ الْوَبَاءَ قَدْ وَقَعَ بِالشَّامِ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَقَالَ عُمَرُ: ادْعُ لِيَ الْمُهَاجِرِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ، فَدَعَاهُمْ، فَاسْتَشَارَهُمْ، وَأَخْبَرَهُمْ أَنَّ الْوَبَاءَ قَدْ وَقَعَ بِالشَّامِ، فَاخْتَلَفُوْا، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: قَدْ خَرَجْتَ لِأَمْرٍ، وَلاَ نَرَى أَنْ تَرْجِعَ عَنْهُ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: مَعَكَ بَقِيَّةُ النَّاسِ وَأَصْحَابُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَلاَ نَرَى أَنْ تُقْدِمَهُمْ عَلٰى هٰذَا الْوَبَاءِ، فَقَالَ: ارْتَفِعُوْا عَنِّيْ، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ لِيَ الْأَنْصَارَ، فَدَعَوْتُهُمْ، فَاسْتَشَارَهُمْ، فَسَلَكُوْا سَبِيْلَ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَاخْتَلَفُوْا كَاخْتِلاَفِهِمْ، فَقَالَ: ارْتَفِعُوْا عَنِّيْ. ثُمَّ

قَالَ: ادْعُ لِيْ مَنْ كَانَ هَاهُنَا مِنْ مَشْيَخَةِ قُرَيْشٍ مِنْ مُهَاجِرَةِ الْفَتْحِ. فَدَعَوْتُهُمْ، فَلَمْ يَخْتَلِفْ مِنْهُمْ عَلَيْهِ رَجُلاَنِ، فَقَالُوْا: نَرَى أَنْ تَرْجِعَ بِالنَّاسِ، وَلاَ تُقْدِمَهُمْ عَلٰى هٰذَا الْوَبَاءِ، فَنَادَى عُمَرُ فِي النَّاسِ: إِنِّيْ مُصَبِّحٌ عَلٰى ظَهْرٍ، فَأَصْبِحُوْا عَلَيْهِ، قَالَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ: أَفِرَارًا مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ عُمَرُ: لَوْ غَيْرُكَ قَالَهَا يَا أَبَا عُبَيْدَةَ! نَعَمْ، نَفِرُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ إِلٰى قَدَرِ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ إِبِلٌ هَبَطَتْ وَادِيًا لَهُ عُدْوَتَانِ، إِحْدَاهُمَا خَصِبَةٌ، وَالْأُخْرَى جَدْبَةٌ، أَلَيْسَ إِنْ رَعَيْتَ الْخَصِبَةَ رَعَيْتَهَا بِقَدَرِ اللّٰهِ، وَإِنْ رَعَيْتَ الْجَدْبَةَ رَعَيْتَهَا بِقَدَرِ اللّٰهِ؟! قَالَ: فَجَاءَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، وَكَانَ مُتَغَيِّبًا فِيْ بَعْضِ حَاجَتِهِ، فَقَالَ: إِنَّ عِنْدِيْ فِيْ هٰذَا عِلْمًا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:"إِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلاَ تَقْدَمُوْا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلاَ تَخْرُجُوْا فِرَارًا مِنْهُ" قَالَ: فَحَمِدَ اللّٰهَ عُمَرُ، ثُمَّ انْصَرَفَ. [طرفاه: ۵۷۳۰، ۶۹۷۳]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ شام کی طرف نکلے، یہاں تک کہ وہ سرغ مقام میں پہنچے تو ان سے لشکروں کے امراء نے ملاقات کی، حضرت ابو عبیدہؓ اور ان کے ساتھیوں نے، پس انھوں نے حضرت عمرؓ کو بتایا کہ شام میں وباء پھیلی ہوئی ہے۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں: اور حضرت عمرؓ نے کہا: میرے لئے مہاجرین اولین کو بلاؤ، پس میں نے ان کو بلایا اور حضرت عمرؓ نے ان سے مشورہ کیا، اور ان کو بتلایا کہ شام میں وباء پھیلی ہوئی ہے (پس مجھے وہاں جانا چاہئے یا لوٹ جانا چاہئے؟) پس ان میں اختلاف ہوا، بعض نے کہا: آپ ایک کام کے لئے نکلے ہیں یعنی شام کے ارادے سے نکلے ہیں، اور ہمارے خیال میں آپ کو اس سے لوٹنا نہیں چاہئے، اور بعض نے کہا: آپ کے ساتھ باقی لوگ اور صحابہ ہیں یعنی وہ ہم سفر ہیں، اور ہمارے خیال میں آپ ان کو وہاں نہ لے جائیں، حضرت عمرؓ نے کہا: آپ حضرات میرے پاس سے تشریف لے جائیں یعنی ان کو رخصت کر دیا، پھر کہا: میرے لئے انصار کو بلاؤ، پس میں نے ان کو بلایا، اور آپ نے ان سے مشورہ کیا تو وہ مہاجرین کی راہ چلے، اور مہاجرین کی طرح ان میں اختلاف ہوا تو حضرت عمرؓ نے کہا: میرے پاس سے تشریف لے جائیں، پھر فرمایا: میرے لئے بلاؤ ان لوگوں کو جو یہاں ہیں قریش کے بڑے لوگوں میں سے جنھوں نے فتح مکہ کے وقت ہجرت کی ہے، میں نے ان کو بلایا، ان میں سے دو آدمی بھی مختلف نہیں ہوئے، انھوں نے کہا: آپ لوگوں کے ساتھ لوٹ جائیں، اور ان کو اس وباء میں نہ لے جائیں، پس حضرت عمرؓ نے لوگوں میں اعلان کیا کہ میں سواری کی پیٹھ پر صبح کرونگا، پس آپ لوگ بھی اس پر صبح کریں۔ پس ابو عبیدہؓ نے کہا: کیا اللہ کی تقدیر سے بھاگ رہے ہو؟! حضرت عمرؓ نے کہا: کاش اے ابوعبیدۃ: آپ کے علاوہ کوئی یہ بات کہتا، ہاں ہم اللہ کی ایک تقدیر سے دوسری تقدیر کی طرف بھاگ رہے ہیں، بتاؤ اگر آپ کے اونٹ ہوں، آپ نے ان کو ایسے میدان میں اتارا جس کی دو جانبیں ہیں: ایک ہری بھری ہے اور دوسری قحط زدہ، پس اگر آپ ہری بھری جانب میں چرائیں تو اللہ کی تقدیر سے چرائیں گے، اور اگر آپ قحط زدہ جانب میں چرائیں تو بھی اللہ کی تقدیر سے چرائیں گے؟! ابن عباسؓ کہتے ہیں: پھر عبدالرحمٰن بن عوفؓ آئے، وہ غیر حاضر تھے،

اپنے کسی کام کے لئے گئے ہوئے تھے، انھوں نے کہا: میرے پاس اس سلسلہ کا علم ہے، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب تم وباء کے بارے میں سنو کہ وہ کسی علاقہ میں پھیلی ہوئی ہے تو اس پر پیش قدمی مت کرو، اور جب وباء کسی علاقہ میں پھیلے اور تم وہاں ہو تو تم اس سے مت نکلو بھاگتے ہوئے! ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس حضرت عمرؓ نے اللہ کا شکر ادا کیا اور وہ لوٹ گئے۔

[۵۷۳۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ: أَنَّ عُمَرَ خَرَجَ إِلَى الشَّامِ، فَلَمَّا كَانَ بِسَرْغَ بَلَغَهُ أَنَّ الْوَبَاءَ وَقَعَ بِالشَّامِ، فَأَخْبَرَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوْا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوْا فِرَارًا مِنْهُ" [راجع: ۵۷۲۹]

پھر تین حدیثیں ہیں جن میں طاعون کا ذکر ہے: (۱) مدینہ منورہ میں طاعون اور دجال داخل نہیں ہونگے (مدینہ بحفاظت خداوندی ان دونوں خبیث چیزوں سے محفوظ رہے گا) (۲) حفصہ بنت سیرین کے بھائی یحییٰ کا انتقال ہوا، انسؓ نے ان سے پوچھا: وہ کس بیماری میں مرا؟ حفصہ نے کہا: طاعون میں! پس حضرت انسؓ نے حدیث سنائی کہ طاعون ہر مسلمان کے لئے شہادت (حکمی) ہے (۳) نبی ﷺ نے فرمایا: جو پیٹ کی بیماری میں مرا وہ شہید ہے اور جو طاعون میں مرا وہ شہید ہے۔

[۵۷۳۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نُعَيْمٍ الْمُجْمِرِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ الْمَسِيْحُ، وَلَا الطَّاعُوْنُ" [راجع: ۱۸۸۰]

[۵۷۳۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ حَفْصَةُ بِنْتُ سِيْرِيْنَ، قَالَتْ: قَالَ لِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: يَحْيَى بِمَا مَاتَ؟ قُلْتُ: مِنَ الطَّاعُوْنِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِكُلِّ مُسْلِمٍ" [راجع: ۲۸۳۰]

[۵۷۳۳-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الْمَبْطُوْنُ شَهِيْدٌ، وَالْمَطْعُوْنُ شَهِيْدٌ" [راجع: ۶۵۳]

بَابُ أَجْرِ الصَّابِرِ فِي الطَّاعُوْنِ

طاعون میں صبر کرنے والے کا ثواب

طاعون کفار وفساق کے لئے عذاب ہے اور مؤمنین کے لئے رحمت ہے، جب کسی علاقہ میں طاعون پھیلے تو مؤمنین ہمت کرکے اور ثواب کی امید باندھ کر وہاں ٹھہرے رہیں اور یقین رکھیں کہ جو بات اللہ نے ان کے لئے مقدر کی ہے وہی پہنچے گی، اور حدیث تحفۃ القاری (۷: ۸۴) میں آئی ہے۔

[۳۱-] بَابُ أَجْرِ الصَّابِرِ فِی الطَّاعُوْنِ

[۵۷۳۴-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَبَّانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِی الْفُرَاتِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ بُرَیْدَةَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ یَعْمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا سَأَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الطَّاعُوْنِ فَأَخْبَرَهَا نَبِیُّ اللّٰهِ:صلی اللہ علیہ وسلم" أَنَّهُ کَانَ عَذَابًا یَبْعَثُهُ اللّٰهُ عَلٰی مَنْ یَشَاءُ، فَجَعَلَهُ اللّٰهُ رَحْمَةً لِلْمُؤْمِنِیْنَ، فَلَیْسَ مِنْ عَبْدٍ یَقَعُ الطَّاعُوْنُ فَیَمْکُثُ فِی بَلَدِهِ صَابِرًا، یَعْلَمُ أَنَّهُ لَنْ یُصِیْبَهُ إِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰهُ لَهُ، إِلَّا کَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ الشَّهِیْدِ" تَابَعَهُ النَّضْرُ عَنْ دَاوُدَ[راجع: ۳۴۷۴]

بَابُ الرُّقٰی بِالْقُرْآنِ وَالْمُعَوِّذَاتِ

قرآن سے اور پناہ میں دینے والی آیتوں سے جھاڑنا

خاص کا عام پر عطف کیا ہے، رُقًی: رُقْیة کی جمع ہے: منتر، مؤثر کلام جسے پڑھ کر دم کیا جائے، الْمُعَوِّذة (اسم فاعل واحد مؤنث) پناہ میں دینے والی المُعَوِّذَتان (تثنیہ) سورۂ فلق اور سورۂ ناس، جو سحر وغیرہ میں اکسیر ہیں، یہ دونوں سورتیں چونکہ بندے کو اللہ کی پناہ میں دیتی ہے اس لئے ان کا یہ نام ہے، ان کے علاوہ اور بھی آیات ہیں جن سے جھاڑا جاتا ہے، جیسے سورۃ المؤمنون کی (آیات ۹۷و۹۸): ﴿رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ ۝ وَأَعُوْذُ بِكَ رَبِّ أَنْ یَحْضُرُوْنِ﴾: اے میرے رب! میں آپ کی پناہ مانگتا ہو شیطان کے وسوسوں سے، اور اے میرے رب! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ شیاطین میرے پاس آویں، اور جیسے آیت الکرسی وغیرہ —— اس لئے باب میں المعوذات (جمع) لائے ہیں۔

جاننا چاہئے کہ بیماریاں دو طرح کی ہیں، اس لئے علاج بھی مختلف ہیں، اکثر بیماریاں جسمانی ہوتی ہیں، وہ دواء سے ٹھیک ہوتی ہیں، دعا، تعویذ اور جھاڑ پھونک ان میں کم اثر کرتے ہیں، اور کچھ بیماریاں جھاڑ سے جلدی متأثر ہوتی ہیں، جیسے سانپ بچھو کا زہر اور نظر لگنا وغیرہ، یہ جھاڑ کی بیماریاں ہیں، دواء ان میں کم اثر کرتی ہے، اور کچھ بیماریاں بین بین ہیں، جیسے بخار: دواء سے بھی اترتا ہے، اور جھاڑ سے بھی تخفیف ہوتی ہے۔ نبی ﷺ آخری بیماری میں خود کو معوذتین سے جھاڑتے تھے، پھر جب آپؐ میں سکت نہ رہی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا معوذتین پڑھ کر آپؐ کے ہاتھ پر دم کرتیں، پھر ان کو آپؐ کے بدن پر پھیرتیں، کیونکہ ہاتھ کی بھی برکت ہوتی ہے۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۵۴۶) آئی ہے۔

[۳۲-] بَابُ الرُّقٰی بِالْقُرْآنِ وَالْمُعَوِّذَاتِ

[۵۷۳۵-] حدثنا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسَی، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ یُنْفُثُ عَلٰی نَفْسِهِ فِی الْمَرَضِ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ،

فَلَمَّا ثَقُلَ كُنْتُ أَنْفُثُ عَلَيْهِ بِهِنَّ، وَأَمْسَحُ بِيَدِ نَفْسِهِ لِبَرَكَتِهَا فَسَأَلْتُ الزُّهْرِيَّ: كَيْفَ يَنْفُثُ؟ قَالَ: كَانَ يَنْفُثُ عَلٰى يَدَيْهِ، ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا وَجْهَهُ. [راجع: ٤٤٣٩]

بَابُ الرُّقىٰ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

سورۃ الفاتحہ سے جھاڑنا

دارمی میں روایت ہے کہ سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری کی شفاء ہے، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے ایک سانپ/بچھو ڈسے ہوئے کوسورۂ فاتحہ سے جھاڑا ہے اور وہ اچھا ہوگیا ہے، البتہ عمل کی تاثیر کے لئے اکل حلال اور صدق مقال ضروری ہے، اور عامل کا یقین بھی ضروری ہے، اگر پختہ اعتقاد کے ساتھ سورۂ فاتحہ کے ذریعہ جھاڑا جائے تو ان شاء اللہ ہر بیماری میں جھاڑ مفید ہوگی، میں ہر بیماری کوسورۂ فاتحہ سے جھاڑتا ہوں اور الحمد للہ فائدہ ہوتا ہے۔ اور حدیث پہلے آئی ہے، اور تفصیل تحفۃ الالمعی (۵:۴۰۴) میں ہے۔

[٣٣-] بَابُ الرُّقىٰ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥٧٣٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدَرِيِّ: أَنَّ نَاسًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَتَوْا عَلٰى حَيٍّ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ فَلَمْ يَقْرُوْهُمْ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ لُدِغَ سَيِّدُ أُوْلٰئِكَ، فَقَالُوْا: هَلْ مَعَكُمْ دَوَاءٌ أَوْ رَاقٍ؟ فَقَالُوْا: نَعَمْ، إِنَّكُمْ لَمْ تَقْرُوْنَا، وَلاَ نَفْعَلُ حَتّٰى تَجْعَلُوْا لَنَا جُعْلاً، فَجَعَلُوْا لَهُمْ قَطِيْعًا مِنَ الشَّاءِ، فَجَعَلَ يَقْرَأُ بِأُمِّ الْقُرْآنِ، وَيَجْمَعُ بُزَاقَهُ، وَيَتْفِلُ، فَبَرَأَ، فَأَتَوْا بِالشَّاءِ، فَقَالُوا: لاَ نَأْخُذُهُ حَتّٰى نَسْأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلُوْهُ، فَضَحِكَ، وَقَالَ: "مَا أَدْرَاكَ أَنَّهَا رُقْيَةٌ؟" خُذُوْهَا، وَاضْرِبُوْا لِيْ بِسَهْمٍ" [راجع: ٢٢٧٦]

وضاحت: ابن عباسؓ کی حدیث اگلے باب میں ہے، اور یُذکر فعل مجہول ہے، مگر حدیث صحیح ہے، پس ابن صلاح کا قاعدہ کہ تعلیقات اگر صیغۂ مجہول سے ہوں تو وہ ضعیف روایت ہوتی ہے: یہ بات اکثری ہے، کلی نہیں۔

بَابُ الشَّرْطِ فِي الرُّقْيَةِ بِقَطِيْعٍ مِنَ الْغَنَمِ

اجرت لے کر جھاڑنے کا جواز

جھاڑ پھونک اور تعویذ پر اجرت لینا جائز ہے، کیونکہ یہ بھی ایک علاج ہے، پس جس طرح دواء کی اجرت لینا جائز ہے تعویذ کی اجرت لینا بھی جائز ہے، اور یہ بات دلیل کی محتاج نہیں، مگر یہ کام علماء کے شایانِ شان نہیں، عالموں کو زیب نہیں

دیتا ہے، اور احناف کے نزدیک طاعاتِ مقصودہ کا اجارہ باطل ہے، مگر یہ مسئلہ اس کے ذیل میں نہیں آتا، کیونکہ علاج طاعت مقصودہ نہیں، اور باب میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، مگر اس سے اجرت کے جواز پر استدلال مشکل ہے، کیونکہ بکریاں اگر اجرت تھیں تو وہ صرف جھاڑنے والے کا حق تھیں، سریہ پر اس کی تقسیم اور نبی ﷺ کا اس میں حصہ رکھنا ذہن کو اس طرف لے جاتا ہے کہ بکریوں کو مالِ غنیمت قرار دیا گیا تھا، تفصیل تحفۃ الالمعی (۵: ۴۰۴) میں ہے۔

[۳۴-] بَابُ الشَّرْطِ فِي الرُّقْيَةِ بِقَطِيعٍ مِنَ الْغَنَمِ

[۵۷۳۷-] حدثنا سِيْدَانُ بْنُ مُضَارِبٍ، أَبُوْ مُحَمَّدٍ الْبَاهِلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مَعْشَرٍ يُوْسُفُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَرَّاءُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الأَخْنَسِ أَبُوْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ نَفَرًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَرُّوْا بِمَاءٍ فِيْهِمْ لَدِيْغٌ أَوْ سَلِيْمٌ فَعَرَضَ لَهُمْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْمَاءِ، فَقَالَ: هَلْ فِيْكُمْ مِنْ رَاقٍ؟ إِنَّ فِي الْمَاءِ رَجُلاً لَدِيْغًا أَوْ سَلِيْمًا. فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ عَلٰى شَاءٍ، فَبَرَأَ، فَجَاءَ بِالشَّاءِ إِلٰى أَصْحَابِهِ فَكَرِهُوْا ذٰلِكَ، وَقَالُوْا: أَخَذْتَ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ أَجْرًا؟ حَتّٰى قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَخَذَ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ أَجْرًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ أَحَقَّ مَا أَخَذْتُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا كِتَابُ اللّٰهِ"

وضاحت: یہی وہ روایت ہے جس کو گذشتہ باب میں ویُذکر (فعل مجہول) سے تعبیر کیا تھا۔

بَابُ رُقْيَةِ الْعَيْنِ

نظر بد کی جھاڑ

کوئی نظر بڑی زہریلی ہوتی ہے، جب کوئی چیز نگاہ میں کُھب جاتی ہے تو آنکھ سے زہریلی لہریں نکلتی ہیں جو معیون کو متأثر کرتی ہیں، ایسی سخت نظر والے معاشرہ میں معروف ہوتے ہیں: لوگ ان سے بچتے ہیں اور اپنے بچوں کو ان سے بچاتے ہیں، بلکہ کبھی عام آدمی کی بھی نظر لگ جاتی ہے، بلکہ کبھی ماں باپ کی نظر بھی بچے کو لگ جاتی ہے جب وہ بچہ کو بہت زیادہ پیار کرتے ہیں، اور سب سے خطرناک جنات کی نظر ہے۔ نبی ﷺ نے نظر بد سے جھڑوانے کا حکم دیا ہے (پہلی حدیث) اور نبی ﷺ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں ایک باندی دیکھی، اس کے چہرے سے ہوائیاں اڑ رہی تھیں، چہرے کا رنگ فق تھا، پس فرمایا: اس کو جھڑواؤ، اس کو نظر لگی ہے (دوسری حدیث)

[۳۵-] بَابُ رُقْيَةِ الْعَيْنِ

[۵۷۳۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ

عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ شَدَّادٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَمَرَنِی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَوْ: أَمَرَ أَنْ يُسْتَرْقَی مِنَ الْعَيْنِ.

[۵۷۳۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ عَطِيَّةَ الدِّمَشْقِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الزُّبَيْدِیُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الزُّهْرِیُّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم رَأَی فِی بَيْتِهَا جَارِيَةً فِیْ وَجْهِهَا سُفْعَةٌ فَقَالَ: " اسْتَرْقُوْا لَهَا، فَإِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ"

تَابَعَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِیِّ، وَقَالَ عُقَيْلٌ: عَنِ الزُّهْرِیِّ، أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

بَابٌ: الْعَيْنُ حَقٌّ

نظر واقعۃً لگتی ہے

نظر لگنا برحق بات ہے، محض وہم نہیں، جیسے بعض سانپوں سے نظر مل جائے تو ان کی آنکھوں سے زہریلی لہریں نکلتی ہیں اور حاملہ کا حمل گرا دیتی ہیں، اور مرد کو اندھا کر دیتی ہیں، اسی طرح نظر بد کو سمجھنا چاہئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نظر واقعۃً لگتی ہے، اور بدن گدوانے سے منع فرمایا، کیونکہ اس سے چہرہ وغیرہ پرکشش ہو جاتا ہے، اور سخت نظر والے کی نگاہ میں کھب جاتا ہے تو وہ متأثر ہو جاتا ہے، یہی نظر لگنا ہے۔

[۳۶-] بَابٌ: الْعَيْنُ حَقٌّ

[۵۷۴۰-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " الْعَيْنُ حَقٌّ" وَنَهَی عَنِ الْوَشْمِ. [طرفه: ۵۹۴۴]

بَابُ رُقْيَةِ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ

سانپ اور بچھو کی جھاڑ

ہر ڈنک مارنے والے جانور کے زہر کو جھڑوانا چاہئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی اجازت دی ہے، معلوم ہوا کہ پہلے ممانعت تھی، بعد میں اجازت دی، ڈنک کے زہر میں جھاڑ فوری فائدہ کرتی ہے، دواء جلدی اثر نہیں کرتی۔

[۳۷-] بَابُ رُقْيَةِ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ

[۵۷۴۱-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا

عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الرُّقْيَةِ مِنَ الْحُمَةِ، فَقَالَتْ: رَخَّصَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الرُّقْيَةَ مِنْ كُلِّ ذِيْ حُمَةٍ.

بَابُ رُقْيَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی جھاڑیں

۱- دایاں ہاتھ درد کی جگہ پر پھیرے اور کہے: اللّٰهُمَّ! رَبَّ النَّاسِ! أَذْهِبِ الْبَأْسَ، وَاشْفِهِ وَأَنْتَ الشَّافِيْ، لَاشِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا: اے اللہ! اے انسانوں کے پروردگار! دور فرما تکلیف، اور اس کو شفا عطا فرما اور آپ ہی شفا دینے والے ہیں، نہیں ہے شفاء مگر آپ ہی کی شفاء، ایسی شفاء جو بالکل بیماری نہ چھوڑے، پھر تین مرتبہ مریض پر دم کرے، اس طرح کم از کم تین بار یا سات بار کرے، اور کوئی خاص جگہ درد نہ ہو، بلکہ عام تکلیف ہو تو جسم پر کسی بھی جگہ ہاتھ رکھے، فائدہ کے لئے اتصال جسمی ضروری ہے۔

۲- شہادت کی انگلی پر تھوڑا سا تھوک لے، پھر مٹی سے لگائے اور درد کی جگہ پھیرے اور کہے: بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا وَرِيْقَةُ بَعْضِنَا، ويُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا: بنام خدا! ہماری زمین کی مٹی اور ہمارے بعض کا تھوک، ہمارا بیمار شفا دیا جائے، ہمارے رب کے حکم سے: یہ عمل بھی کم از کم تین بار یا سات بار کیا جائے۔

[۳۸-] بَابُ رُقْيَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[۵۷۴۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَثَابِتٌ عَلٰى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَقَالَ ثَابِتٌ: يَا أَبَا حَمْزَةَ! اشْتَكَيْتُ. فَقَالَ أَنَسٌ: أَلَا أَرْقِيْكَ بِرُقْيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: بَلٰى! قَالَ: " اللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ، مُذْهِبَ الْبَاسِ، اشْفِ أَنْتَ الشَّافِيْ، لَا شَافِيَ إِلَّا أَنْتَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا "

وضاحت: اس میں بعض الفاظ بدلے ہوئے ہیں، اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔

[۵۷۴۳-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُعَوِّذُ بَعْضَ أَهْلِهِ، يَمْسَحُ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى وَيَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ! رَبَّ النَّاسِ! أَذْهِبِ الْبَأْسَ، وَاشْفِهِ وَأَنْتَ الشَّافِ، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا "
وَقَالَ سُفْيَانُ: حَدَّثْتُ بِهِ مَنْصُوْرًا، فَحَدَّثَنِيْ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَهُ [راجع: ۵۶۷۵]

[۵۷۴۴-] حَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا النَّضْرُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ

أَبِی، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ يَرْقِی يَقُوْلُ: ” امْسَحِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ، بِيَدِكَ الشِّفَاءُ، لَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا أَنْتَ“[راجع: ٥٦٧٥]

لغت: امْسَحْ: پونچھ ڈال یعنی زائل کردے۔

[٥٧٤٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِی عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ يَقُوْلُ لِلْمَرِيْضِ: ” بِسْمِ اللّٰهِ! تُرْبَةُ أَرْضِنَا، وَرِيْقَةُ بَعْضِنَا، يُشْفَى سَقِيْمُنَا، بِإِذْنِ رَبِّنَا“ [طرفه: ٥٧٤٦]

[٥٧٤٦-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ فِی الرُّقْيَةِ: ” تُرْبَةُ أَرْضِنَا، وَرِيْقَةُ بَعْضِنَا، يُشْفَى سَقِيْمُنَا، بِإِذْنِ رَبِّنَا“ [راجع: ٥٧٤٥]

بَابُ النَّفْثِ فِی الرُّقْيَةِ

جھاڑ میں دَم کرے تو ہوا کے ساتھ تھوک کے ہلکے ذرے بھی جائیں

تَفْل: تھوکنا، **نَفْث:** ایسا پھونکنا جس کے ساتھ تھوک کے ہلکے ذرے جائیں، **نَفْخ:** پھونکنا، صرف ہوا کا نکلنا۔ جھاڑ میں نفث ضروری ہے صرف نفخ سے پورا فائدہ نہیں ہوتا، اور تفل ضروری نہیں، مگر یہ کہ جھڑوانے والا اس کا مستحق ہو۔

واقعہ: سہارن پور میں حضرت شیخ مولانا زکریا صاحب قدس سرہ کی مجلس میں روزانہ عصر کے بعد ایک سکھ (سردار جی) جھڑوانے آتا تھا، اور سامنے کھڑا ہوجاتا تھا، حضرت اس پر تھوکتے تھے، وہ پیٹھ پھیر کر کھڑا ہوجاتا تھا حضرت اُدھر بھی تھوکتے تھے پس وہ چلا جاتا تھا (وہ اسی کا مستحق تھا)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ”اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے، اور برا خواب شیطان کی طرف سے، پس جب تم میں سے کوئی ڈراؤنا خواب دیکھے تو بائیں طرف تین مرتبہ تھتکار دے، جب بیدار ہو اور خواب کی برائی سے اللہ کی پناہ چاہے، پس وہ خواب اس کو ضرر نہیں پہنچائے گا —— ابوسلمہ (راوی) کہتے ہیں: میں ایسے خواب دیکھا کرتا تھا جو مجھ پر پہاڑ سے بھی زیادہ بھاری ہوتے تھے، مگر جب میں نے یہ حدیث سنی تو مجھے اس کی پرواہ نہ رہی۔ اس حدیث میں فلینفث ہے، اس سے استدلال کیا ہے، اور شیطان سے جو پناہ مانگی ہے وہ خود کو جھاڑا ہے۔

[٣٩-] بَابُ النَّفْثِ فِی الرُّقْيَةِ

[٥٧٤٧-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا

سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْت أَبَا قَتَادَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "الرُّؤْيَا مِنَ اللهِ، وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَنْفِثْ حِيْنَ يَسْتَيْقِظُ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، وَيَتَعَوَّذْ مِنْ شَرِّهَا، فَإِنَّهَا لاَ تَضُرُّهُ"

وَقَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: وَإِنْ كُنْتُ لَأَرَى الرُّؤْيَا أَثْقَلَ عَلَيَّ مِنَ الْجَبَلِ، فَمَا هُوَ إِلَّا أَنْ سَمِعْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَمَا أُبَالِيْهَا. [راجع: ۳۲۹۲]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ کا معمول تھا، جب آپؐ بستر پر پہنچتے تو تین قُل پڑھ کر اپنی دونوں ہتھیلیوں پر دم کرتے (یہاں بھی نَفَث ہے) پھر اپنے بدن پر جہاں تک ہاتھ پہنچتا پھیرتے، آخری بیماری میں یہ کام حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کرتیں —— امام زہریؒ کا بھی یہی معمول تھا (ہم کو بھی اس کو معمول بنانا چاہئے، واللہ الموافق)

[۵۷۴۸-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأُوَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَوَى إِلٰى فِرَاشِهِ نَفَثَ فِيْ كَفَّيْهِ بِـ ﴿قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ﴾ وَبِالْمُعَوِّذَتَيْنِ جَمِيْعًا، ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا وَجْهَهُ، وَمَا بَلَغَتْ يَدَاهُ مِنْ جَسَدِهِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَمَّا اشْتَكَى كَانَ يَأْمُرُنِيْ أَنْ أَفْعَلَ ذٰلِكَ بِهِ.

قَالَ يُوْنُسُ: كُنْتُ أَرَى ابْنَ شِهَابٍ يَصْنَعُ ذٰلِكَ إِذَا أَتَى إِلٰى فِرَاشِهِ. [راجع: ۵۰۱۷]

آئندہ حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، انھوں نے ایک کافر کو جھاڑا تھا، وہ تھوک جمع کر کے تھوکتے تھے، حدیث میں تفل ہے وہ اسی کا مستحق تھا، اور تَفْل: نَفْث کا اعلیٰ درجہ ہے، پس اس سے بھی فائدہ ہوگا۔

[۵۷۴۹-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ: أَنَّ رَهْطًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم انْطَلَقُوْا فِيْ سَفْرَةٍ سَافَرُوْهَا، حَتّٰى نَزَلُوْا بِحَيٍّ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ فَاسْتَضَافُوْهُمْ، فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوْهُمْ، فَلُدِغَ سَيِّدُ ذٰلِكَ الْحَيِّ، فَسَعَوْا لَهُ بِكُلِّ شَيْئٍ لاَ يَنْفَعُهُ شَيْئٌ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَوْ أَتَيْتُمْ هٰؤُلَآءِ الرَّهْطَ الَّذِيْنَ قَدْ نَزَلُوْا بِكُمْ، لَعَلَّهُ أَنْ يَكُوْنَ عِنْدَ بَعْضِهِمْ شَيْئٌ، فَأَتَوْهُمْ، فَقَالُوْا: يَا أَيُّهَا الرَّهْطُ إِنَّ سَيِّدَنَا لُدِغَ، فَسَعَيْنَا لَهُ بِكُلِّ شَيْئٍ، لاَ يَنْفَعُهُ شَيْئٌ، فَهَلْ عِنْدَ أَحَدٍ مِنْكُمْ شَيْئٌ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: نَعَمْ، وَاللهِ إِنِّيْ لَرَاقٍ، وَلٰكِنْ وَاللهِ قَدِ اسْتَضَفْنَاكُمْ فَلَمْ تُضَيِّفُوْنَا، فَمَا أَنَا بِرَاقٍ لَكُمْ حَتّٰى تَجْعَلُوْا لَنَا جُعْلاً. فَصَالَحُوْهُمْ عَلٰى قَطِيْعٍ مِنَ الْغَنَمِ، فَانْطَلَقَ فَجَعَلَ يَتْفُلُ وَيَقْرَأُ: ﴿الحمد للهِ رَبِّ العَالَمِيْنَ﴾ حَتّٰى لَكَأَنَّمَا نُشِطَ مِنْ عِقَالٍ، فَانْطَلَقَ يَمْشِيْ مَا بِهِ قَلَبَةٌ! قَالَ: فَأَوْفَوهُمْ

جُعْلَهُمُ الَّذِیْ صَالَحُوْهُمْ عَلَیْهِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اقْسِمُوْا، فَقَالَ الَّذِیْ رَقَی: لَا تَفْعَلُوْا حَتّٰی نَأْتِیَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَنَذْکُرَ لَهُ الَّذِیْ کَانَ، فَنَنْظُرَ مَا یَأْمُرُنَا، فَقَدِمُوْا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَذَکَرُوْا لَهُ، فَقَالَ:" وَمَا یُدْرِیْكَ أَنَّهَا رُقْیَةٌ؟ أَصَبْتُمْ، اقْتَسِمُوْا وَاضْرِبُوْا لِیْ مَعَهُمْ بِسَهْمٍ"

[راجع: ۲۲۷۶]

بَابُ مَسْحِ الرَّاقِیْ فِی الْوَجَعِ بِیَدِهِ الْیُمْنٰی

جھاڑنے والا تکلیف کی جگہ اپنا دایاں ہاتھ پھیرے

جھاڑ میں جس طرح نَفْث (دَم کرنا) ضروری ہے، اتصالِ بدنی بھی ضروری ہے، تکلیف کی جگہ اپنا دایاں ہاتھ پھیرے، نبی ﷺ جب کسی کو جھاڑتے تھے تو اس پر اپنا دایاں ہاتھ پھیرتے ہوئے دعا پڑھتے تھے۔

[۴۰-] بَابُ مَسْحِ الرَّاقِیْ فِی الْوَجَعِ بِیَدِهِ الْیُمْنٰی

[۵۷۵۰-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَیٰ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: کَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم یُعَوِّذُ بَعْضَهُمْ یَمْسَحُهُ بِیَمِیْنِهِ:" أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِ، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا" فَذَکَرْتُهُ لِمَنْصُوْرٍ، فَحَدَّثَنِیْ عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنَحْوِهِ. [راجع: ۵۶۷۵]

بَابُ الْمَرْأَةِ تَرْقِی الرَّجُلَ

عورت مرد کو جھاڑ سکتی ہے

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا معوذات پڑھ کر نبی ﷺ پر دم کرتی تھیں، پس عورت مرد کو جھاڑ سکتی ہے، جیسے مرد عورت کو جھاڑ سکتا ہے، مگر پردے کے احکام ملحوظ رکھنا ضروری ہیں۔

[۴۱-] بَابُ الْمَرْأَةِ تَرْقِی الرَّجُلَ

[۵۷۵۱-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم کَانَ یَنْفُثُ عَلٰی نَفْسِهِ فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ قُبِضَ فِیْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ، فَلَمَّا ثَقُلَ کُنْتُ أَنْفُثُ عَلَیْهِ بِهِنَّ، وَأَمْسَحُ بِیَدِ نَفْسِهِ لِبَرَکَتِهَا، فَسَأَلْتُ ابْنَ شِهَابٍ: کَیْفَ کَانَ یَنْفُثُ؟ قَالَ: یَنْفُثُ عَلٰی یَدَیْهِ، ثُمَّ یَمْسَحُ بِهِمَا وَجْهَهُ. [راجع: ۴۴۳۹]

بَابُ مَنْ لَمْ يُرْقَ

جس نے جھاڑ پھونک نہیں کروائی

رَقَی المریضَ (ض): جھاڑ پھونک کرنا، جو جھاڑ کی بیماریاں ہیں جیسے سحر ان کو جھڑوانا چاہئے، یہ توکل کے منافی نہیں، اور جو بین بین ہیں ان میں جھاڑ پھونک کی گنجائش ہے۔ اور جو دواء کی بیماریاں ہیں ان میں دواء کرنی چاہئے، ہر چیز میں جھاڑ پھونک کا سہارا لینا ٹھیک نہیں۔ اور حدیث گذری ہے، جو لوگ بدشگونی نہیں لیتے، جھاڑ پھونک نہیں کرواتے اور گرم لوہے کا داغ نہیں لگواتے، بلکہ اللہ تعالیٰ پر اعتماد کرتے ہیں: وہ لوگ بے حساب جنت میں جائیں گے۔

[٤٢-] بَابُ مَنْ لَمْ يُرْقَ

[٥٧٥٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا، فَقَالَ:" عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأُمَمُ، فَجَعَلَ يَمُرُّ النَّبِيُّ، مَعَهُ الرَّجُلُ، وَالنَّبِيُّ مَعَهُ الرَّجُلَانِ، وَالنَّبِيُّ مَعَهُ الرَّهْطُ، وَالنَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ الرَّهْطُ، وَالنَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ، وَرَأَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْأُفُقَ، فَرَجَوْتُ أَنْ تَكُوْنَ أُمَّتِيْ، فَقِيْلَ: هٰذَا مُوْسَى فِي قَوْمِهِ. ثُمَّ قِيْلَ لِيْ: انْظُرْ. فَرَأَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْأُفُقَ، فَقِيْلَ لِيْ: انْظُرْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا، فَرَأَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْأُفُقَ، فَقِيْلَ: هٰؤُلَآءِ أُمَّتُكَ، وَمَعَ هٰؤُلَآءِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ" فَتَفَرَّقَ النَّاسُ وَلَمْ يُبَيِّنْ لَهُمْ، فَتَذَاكَرَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: أَمَّا نَحْنُ فَوُلِدْنَا فِي الشِّرْكِ، وَلٰكِنَّا آمَنَّا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَلٰكِنْ هٰؤُلَآءِ هُمْ أَبْنَاؤُنَا. فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَتَطَيَّرُوْنَ، وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ، وَلَا يَكْتَوُوْنَ، وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ" فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ، فَقَالَ: أَمِنْهُمْ أَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" نَعَمْ" فَقَامَ آخَرُ فَقَالَ: أَمِنْهُمْ أَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: "سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ"[راجع: ٣٤١٠]

بَابُ الطِّيَرَةِ

بدشگونی کا عدم جواز

شگون کے معنی ہیں: فال، انجام، کسی کام کے کرنے کے لئے مناسب نامناسب وقت معلوم کرنا، اور طیرۃ کے معنی ہیں: بدشگونی، جاہلیت میں جب کوئی اہم کرنا ہوتا تو گھر سے نکلتے، درختوں کو دیکھتے: اگر کسی درخت پر کوئی پرندہ بیٹھا ہوتا تو اس کو اڑاتے، پھر دیکھتے: اگر وہ دائیں طرف گیا تو نیک فال لیتے اور کام کرتے، اور بائیں طرف گیا تو برا شگون لیتے اور کام سے رک جاتے، اسلام نے اس طریقۂ فال کو کنڈم کیا، کیونکہ یہ محض اتفاق ہے کہ وہ دائیں طرف گیا یا بائیں طرف گیا، خیر

وشر سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔

حدیث: ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی، اور بدشگونی جائز نہیں، اور نامبارکی تین چیزوں میں ہے: عورت، گھر اور گھوڑے میں (شرح تحفۃ القاری (۶:۲۴۴) میں ہے) ہاں فال یعنی اچھا شگون لینا جائز ہے جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے۔

[٤٣-] بَابُ الطِّيَرَةِ

[٥٧٥٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَ عَدْوَى وَلاَ طِيَرَةَ، وَالشُّؤْمُ فِي ثَلاَثٍ: فِي الْمَرْأَةِ، وَالدَّارِ، وَالدَّابَّةِ" [راجع: ٢٠٩٩]

[٥٧٥٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" لاَطِيَرَةَ، وَخَيْرُهَا الْفَأْلُ" قَالُوْا: وَمَا الْفَأْلُ؟ قَالَ:" الْكَلِمَةُ الصَّالِحَةُ يَسْمَعُهَا أَحَدُكُمْ" [طرفه: ٥٧٥٥]

بَابُ الْفَأْلِ

نیک شگون کا جواز

کوئی کام کرنے نکلا، راستہ میں 'کامیاب' ملا خوش ہوگیا: یہ نیک شگون ہے، میں جب دارالعلوم دیوبند میں مدرس ہوا تو پہلے سال مسلم الثبوت بھی ملی، میرے کرم فرما حکیم سعد رشید اجمیری قدس سرہ کو میں نے خط سے مطلع کیا، انھوں نے جواب دیا: آپ کی حیثیت دارالعلوم میں مسلّم ہوگئی، یہ نیک فال ہے جو جائز ہے۔ نبی ﷺ کو ایسی نیک فالی پسند تھی —— اور ہمارے عرف میں جو فال کھولتے ہیں یعنی کسی کتاب وغیرہ کے ذریعہ احوالمعلوم کرتے ہیں: یہ ناجائز ہے، یہی طیرۃ ہے، کیونکہ وہ فال کھول کر غیب کی بات جاننے کی کوشش کرتے ہیں، جبکہ غیب اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

[٤٤-] بَابُ الْفَأْلِ

[٥٧٥٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لاَ طِيَرَةَ، وَخَيْرُهَا الْفَأْلُ" قَالَ: وَمَا الْفَأْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" الْكَلِمَةُ الصَّالِحَةُ يَسْمَعُهَا أَحَدُكُمْ" [راجع: ٥٧٥٤]

[٥٧٥٦-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لاَ عَدْوَى وَلاَ طِيَرَةَ وَيُعْجِبُنِي الْفَأْلُ الصَّالِحُ: الْكَلِمَةُ الْحَسَنَةُ"[طرفه: ٥٧٧٦]

بَابٌ: لَاهَامَةَ

الّو کی نحوست کچھ نہیں

الّو: چیل کی قسم کا ایک پرندہ ہے جو ویرانوں اور کھنڈروں میں رہتا ہے، اس کے بارے میں جاہلوں کا خیال ہے کہ اگر وہ کسی گھر پر بیٹھ جائے تو وہ گھر ویران ہو جاتا ہے، اسی طرح ہُما ایک خیالی پرندہ ہے، اس کے بارے میں اعتقاد ہے کہ جس کے سر پر سے گذر جائے وہ بادشاہ بن جاتا ہے، یہ دونوں تصورات باطل ہیں۔ یہاں باب کا یہ مقصد ہے، آگے یہی باب آئے گا وہاں دوسرا مقصد ہوگا، اور قرینہ یہ ہے کہ یہاں باب بدشگونی کے ذیل میں لایا گیا ہے، اور وہاں جادو کے ذیل میں۔

[۴۵-] بَابٌ: لَاهَامَةَ

[۵۷۵۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَكَمِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا النَّضْرُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْرَائِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْحَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" لَا عَدْوَى، وَلَا طِيَرَةَ، وَلَا هَامَةَ، وَلَا صَفَرَ" [راجع: ۵۷۰۷]

بَابُ الْكَهَانَةِ

کہانت (غیب دانی) باطل ہے

کاہن: جنّوں سے دریافت کر کے غیب کی خبریں بتانے والا، حالانکہ غیب اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور جنات: اللہ کی مخلوق میں سب سے جھوٹی مخلوق ہیں، جاہلیت میں یہ ایک پیشہ تھا، کاہن مسجّع کلام بولتے تھے اور لوگوں کو متأثر کرتے تھے، لوگ ان کی طرف الجھے ہوئے معاملات میں رجوع کرتے تھے اور آئندہ کی باتیں پوچھتے تھے، وہ اپنے کام کا نذرانہ لیتے تھے، اسلام نے اس پیشہ کو کنڈم کیا، اور کاہنوں کے نذرانے کو حرام قرار دیا۔

حدیث: قبیلہ ہذیل کی دو عورتوں میں جھگڑا ہوا، ایک نے دوسری کو پتھر مارا جو اس کے پیٹ پر لگا، وہ حاملہ تھی، حمل گر پڑا، یہ جھگڑا نبی ﷺ کے پاس آیا، آپؐ نے پیٹ کے بچہ کی دیت کا فیصلہ کیا، ایک بُردہ لازم کیا، خواہ غلام دے یا باندی (یہ دیت پتھر مارنے والی عورت کا عاقلہ ادا کرے گا کیونکہ یہ قتل خطا ہے) پس جس عورت پر دیت لازم کی گئی اس کے سرپرست نے کہا: كَيْفَ أَغْرَمُ يَارَسُوْلَ اللهِ! مَنْ لَا شَرِبَ وَلَا أَكَلَ، وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ، فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلّ: اے اللہ کے رسول! میں کیسے دیت دوں اس کی جس نے نہ کھایا نہ پیا، نہ بولا نہ چلایا، ایسا خون تو رائگاں جانا چاہئے! آپؐ نے فرمایا: یہ شخص کاہنوں کا بھائی ہے! (قافیہ بازی کر کے متأثر کر رہا ہے، معلوم ہوا کہ کاہن مسجّع کلام سے لوگوں کو بے وقوف بناتے تھے)

[٤٦-] بَابُ الْكَهَانَةِ

[٥٧٥٨-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَضَى فِي امْرَأَتَيْنِ مِنْ هُذَيْلٍ اقْتَتَلَتَا، فَرَمَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى بِحَجَرٍ، فَأَصَابَ بَطْنَهَا وَهِيَ حَامِلٌ، فَقَتَلَتْ وَلَدَهَا الَّذِيْ فِيْ بَطْنِهَا، فَاخْتَصَمُوْا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَضَى أَنَّ دِيَةَ مَا فِيْ بَطْنِهَا غُرَّةٌ: عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ، فَقَالَ وَلِيُّ الْمَرْأَةِ الَّتِيْ غُرِّمَتْ: كَيْفَ أُغْرَمُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ لَاشَرِبَ وَلَا أَكَلَ، وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ؟! فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّمَا هٰذَا مِنْ إِخْوَانِ الْكُهَّانِ"

[أطرافه: ٥٧٥٩، ٥٧٦٠، ٦٧٤٠، ٦٩٠٤، ٦٩٠٩، ٦٩١٠]

[٥٧٥٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ امْرَأَتَيْنِ رَمَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى فَطَرَحَتْ جَنِيْنَهَا، فَقَضَى فِيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِغُرَّةٍ: عَبْدٍ أَوْ وَلِيْدَةٍ.

[راجع: ٥٧٥٨]

[٥٧٦٠-] ح: وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَضَى فِي الْجَنِيْنِ يُقْتَلُ فِيْ بَطْنِ أُمِّهِ بِغُرَّةٍ: عَبْدٍ أَوْ وَلِيْدَةٍ، فَقَالَ الَّذِيْ قُضِيَ عَلَيْهِ: كَيْفَ أُغْرَمُ مَنْ لَا أَكَلَ وَلَا شَرِبَ، وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ؟! وَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّمَا هٰذَا مِنْ إِخْوَانِ الْكُهَّانِ" [راجع: ٥٧٥٨]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے تین چیزوں سے منع کیا: کتے کی قیمت سے، رنڈی کی خرچی سے اور کاہن کے نذرانے سے (اور جب گاہک نذرانہ پیش نہیں کرے گا تو کاہن کچھ نہیں بتائے گا، اس طرح رفتہ رفتہ اس کا کاروبار ٹھپ ہوجائے گا)

[٥٧٦١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ. [راجع: ٢٢٣٧]

کاہنوں کی بعض باتیں سچی کیوں نکلتی ہیں؟

حدیث: لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے کاہنوں کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: وہ کچھ نہیں (بوگس ہیں) لوگوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! وہ ہم سے بعض مرتبہ ایسی باتیں بیان کرتے ہیں جو سچی نکلتی ہیں! آپؐ نے فرمایا: وہ سچی بات جنّات اچک لیتا ہے (فرشتوں کی گفتگو سے) پس ڈالتا ہے وہ اس کو اپنے دوست (کاہن) کے کان میں، پس وہ اس

کے ساتھ سوجھوٹ ملاتے ہیں (اور بات چلتی کرتے ہیں، پس وہ ایک فرشتوں سے سنی ہوئی بات سچ نکل آتی ہے)

[۵۷۶۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَاسٌ عَنِ الْكُهَّانِ. فَقَالَ: "لَيْسَ بِشَيْئٍ" فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهُمْ يُحَدِّثُوْنَّا أَحْيَانًا بِشَيْئٍ فَيَكُوْنُ حَقًّا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "تِلْكَ الْكَلِمَةُ مِنَ الْحَقِّ، يَخْطَفُهَا الْجِنِّيُّ، فَيُقِرُّهَا فِي أُذُنِ وَلِيِّهِ، فَيَخْلِطُوْنَ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ" قَالَ عَلِيٌّ: قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: مُرْسَلٌ: الْكَلِمَةُ مِنَ الْحَقِّ، ثُمَّ بَلَغَنِي أَنَّهُ أَسْنَدَهُ بَعْدُ. [راجع: ۳۲۱۰]

وضاحت: ہشام بن یوسف نے معمر سے تلك الكلمةُ من الحق کوموصول کیا ہے، علی مدینیؒ نے کہا: معمر کے شاگرد عبدالرزاق نے کہا کہ یہ جملہ مرسل ہے، آخر میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ذکر نہیں، علی مدینیؒ کہتے ہیں: پھر مجھے یہ بات پہنچی کہ بعد میں انھوں نے موصول کیا (عبدالرزاق کی یہ موصول روایت مسلم شریف میں ہے)

بَابُ السِّحْرِ

جادو کی حقیقت ہے

جادومنتر: جھاڑ پھونک کی ضد ہے، اس لئے مقابلۃً اس کا تذکرہ کرتے ہیں، الفاظ کا اچھا اثر رقیہ کہلاتا ہے اور برا اثر سحر، قرآن وحدیث اور تجربہ سے دونوں کا پکا ثبوت ہے، بعض لوگ نہ رقیہ کو مانتے ہیں نہ سحر کو، دعا تعویذ کو مولویوں کا ڈھکوسلا اور جادو کو عوام کی خام خیالی سمجھتے ہیں، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے متعدد آیات واحادیث لکھی ہیں جن سے سحر کا ثبوت ملتا ہے۔

واقعہ: ایک شخص دعا تعویذ کا قائل نہیں تھا، اس نے ایک عالم کے سامنے اپنا خیال کا ظاہر کیا، عالم نے اس کو سڑی ہوئی گالی دی، وہ آگ بگولہ ہوگیا، عالم نے کہا: یہ آپ کا جواب ہے، جب میرے الفاظ نے آپ پر اثر کیا تو اللہ ورسول کے کلام کا اثر نہیں ہوگا؟ —— اسی طرح برے کلمات کا بھی اثر ہوتا ہے، اور اسی کو جادو کہتے ہیں۔

پہلی آیت: سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۰۲) ہے: ﴿وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوْا الشَّيَاطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمَانَ، وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلٰكِنَّ الشَّيَاطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ، وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ أَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ، فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ، وَمَاهُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ، وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ، وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَالَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ﴾:

ترجمہ: اور پیروی کی یہود نے اس سحر کی جس کا چرچا کیا کرتے تھے شیاطین سلیمانؑ کی سلطنت میں، اور سلیمانؑ نے جادو نہیں کیا، بلکہ شیاطین نے جادو کیا، وہ لوگوں کو جادو سکھلاتے تھے، اور وہ افسوں بھی (سکھلاتے تھے) جو بابل میں ہاروت وماروت نامی دو فرشتوں پر اتارا گیا تھا، اور نہیں سکھلاتے تھے وہ (فرشتے) کسی کو یہاں تک کہ کہتے تھے: ہم ایک آزمائش ہیں! پس تو کافر مت ہوجانا، پس سیکھتے تھے وہ ان دونوں سے وہ افسوں جس کے ذریعہ جدائی کردیتے تھے آدمی اور اس کی بیوی کے درمیان، اور نہیں ہیں جادوگر ضرر پہنچانے والے کسی کو جادو کے ذریعہ مگر بہ حکم خداوندی، اور سیکھتے ہیں یہودی وہ جادو جو ان کے لئے ضرر رساں ہے، اور نفع بخش نہیں، اور بخدا! یہود جانتے ہیں کہ جس نے اس کو اختیار کیا اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں!

تفسیر: یہودی جادو میں کامل مہارت اور دلچسپی رکھتے ہیں، ان کا یہ گمان ہے کہ ہمیں یہ علم سلیمان علیہ السلام سے میراث میں ملا ہے، چنانچہ جب ان کے سامنے قرآن پیش کیا گیا تو ان کی ایک جماعت نے اس کو پس پشت ڈال دیا اور اس جادو میں مشغول ہوگئے جو سلیمان علیہ السلام کے عہد حکومت میں جب جنّات اور انسان دربارِ سلیمانی میں جمع ہوئے تو شیاطین نے انسانوں کو سکھلایا، سلیمان علیہ السلام نے جادو ہرگز ایجاد نہیں کیا، جادو تو کفر ہے اور سلیمان علیہ السلام معصوم نبی ہیں وہ کفر کیسے کرسکتے ہیں! بلکہ شیاطین نے کفر کیا، انھوں نے جادو ایجاد کیا، وہ لوگوں کو جادو بھی سکھلاتے تھے اور وہ افسوں بھی سکھلاتے تھے جو بابل شہر میں ہارون وماروت نامی دو فرشتوں پر اتارا گیا تھا، یہ قصہ بنی اسرائیل کی اسارت کے زمانہ کا ہے، جب بخت نصر ان کو گرفتار کرکے بابل لے گیا تھا تو ان کو غلام باندی بنا کر قوم میں تقسیم کردیا تھا، ان کے آقا ان پر ظلم کے پہاڑ توڑتے تھے، ہر وقت کام میں مشغول رکھتے تھے، اس وقت اللہ تعالیٰ نے ان پر رحم فرمایا اور ہاروت وماروت نامی دو فرشتوں کو اتارا، جو گھر گھر جا کر ہر یہودی کو ایک افسوں سکھلاتے تھے، مگر پہلے تنبیہ کردیتے تھے کہ ہم تیرے ہاتھ میں دو دھاری تلوار دے رہے ہیں، تو اس افسوں کو غیر محل میں استعمال کرکے کافر نہ بن جانا، پھر یہودی ان سے وہ افسوں (جادو) سیکھتے تھے جس کے ذریعہ سیٹھ سیٹھانی میں ناچاقی کردیتے تھے جو جدائی پر منتج ہوتی تھی، اس طرح وہ سکون سے رہتے تھے، پھر ارشاد الٰہی ہے کہ جادوگر جادو کے ذریعہ فیصلۂ خداوندی کے بغیر کسی کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے، پھر فرمایا: یہودی جو سیکھتے تھے وہ علم ان کے لئے ضرر رساں تھا، نفع بخش نہیں تھا، کیونکہ وہ خوب جانتے تھے کہ جو سحر کو اختیار کرے گا اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔

دوسری آیت: سورۃ طٰہٰ (آیت ۶۹) میں ہے: ﴿إِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ، وَلاَ يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتٰى﴾: انھوں نے جادوگروں کا سانگ ہی بنایا ہے، اور جادوگر کہیں جاوے کامیاب نہیں ہوتا!

تیسری آیت: سورۃ الانبیاء (آیت ۳) میں ہے: ﴿أَفَتَأْتُوْنَ السِّحْرَ وَأَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ﴾: کیا تم پھر بھی جادو کی بات سننے کو ان کے پاس جاتے ہو درانحالیکہ تم بینا ہو!

چوتھی آیت: سورہ طٰہٰ (آیت۶۶) میں ہے: ﴿يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعٰى﴾: ان کے جادو کی وجہ سے موسیٰ کے خیال میں آیا کہ وہ رسیاں اور لاٹھیاں دوڑتی ہیں۔

پانچویں آیت: سورۃ الفلق کی آیت۴ ہے: ﴿وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ﴾: اور گنڈے کی گرہوں میں پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں کے شر سے (پناہ چاہتا ہوں) النفاثات سے مراد جادوگرنیاں ہیں۔

چھٹی آیت: سورۃ المؤمنون (آیت۸۹) میں ہے: ﴿قُلْ: فَأَنّٰى تُسْحَرُوْنَ﴾: آپ کہیں: پھر تم کو کیسا خبط ہو رہا ہے، تُعَمُّوْنَ: اندھے بن رہے ہو، عَمَّاہ: اندھا اور بے بصیرت بنانا۔

ملحوظہ: یہ تمام آیات ثبوتِ سحر میں صریح ہیں، آخری آیت میں استعارہ ہے خبطی ہونے کو مسحور ہونے کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور استعارہ حقیقت پر مبنی ہوتا ہے۔

[۴۷-] بَابُ السِّحْرِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿ وَلٰكِنَّ الشَّيَاطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ مِنْ خَلَاقٍ﴾[البقرة؟ ۱۰۲] [۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتٰى﴾[طه: ۶۹] [۳-] وَقَوْلِهِ: ﴿ أَفَتَأْتُوْنَ السِّحْرَ وَأَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ﴾[الأنبياء: ۳] [۴-] وَقَوْلِهِ: ﴿يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعٰى﴾[طه: ۶۶] [۵-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ﴾[الفلق: ۴] وَالنَّفَّاثَاتُ: السَّوَاحِرُ. [۶-] ﴿تُسْحَرُوْنَ﴾[المؤمنون: ۸۹] تُعَمُّوْنَ.

اس کے بعد حدیث ذکر کی ہیں جو اسی سند سے پہلے (تحفۃ القاری ۶:۵۰۸) آئی ہے۔

[۵۷۶۳-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَحَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ زُرَيْقٍ يُقَالُ لَهُ: لَبِيْدُ بْنُ الْأَعْصَمِ، حَتّٰى كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهُ يَفْعَلُ الشَّيْئَ وَمَا فَعَلَهُ، حَتّٰى إِذَا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ أَوْ: ذَاتَ لَيْلَةٍ وَهُوَ عِنْدِيْ، لٰكِنَّهُ دَعَا وَدَعَا، ثُمَّ قَالَ:" يَا عَائِشَةُ! أَشَعَرْتِ أَنَّ اللّٰهَ أَفْتَانِيْ فِيْمَا اسْتَفْتَيْتُهُ فِيْهِ؟! أَتَانِيْ رَجُلَانِ فَقَعَدَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِيْ، وَالْآخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: مَا وَجَعُ الرَّجُلِ؟ فَقَالَ: مَطْبُوْبٌ. قَالَ: مَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيْدُ بْنُ الْأَعْصَمِ، قَالَ: فِيْ أَيِّ شَيْئٍ؟ قَالَ: فِيْ مُشْطٍ، وَمُشَاطَةٍ، وَجُبِّ طَلْعِ نَخْلَةٍ ذَكَرٍ، قَالَ: فَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِيْ بِئْرِ ذِيْ أَرْوَانَ" فَأَتَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ نَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَجَاءَ فَقَالَ:" يَا عَائِشَةُ! كَأَنَّ مَاءَ هَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، أَوْ كَأَنَّ رُؤُوْسَ نَخْلِهَا رُءُ وْسُ الشَّيَاطِيْنِ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَلَا اسْتَخْرَجْتَهُ؟ قَالَ:" قَدْ عَافَانِيَ اللّٰهُ، فَكَرِهْتُ

أَنْ أُثَوِّرَ عَلَى النَّاسِ فِيْهِ شَرًّا" فَأَمَرَ بِهَا فَدُفِنَتْ.

تَابَعَهُ أَبُوْ أُسَامَةَ، وَأَبُوْ ضَمْرَةَ، وَابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامٍ، وَقَالَ اللَّيْثُ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامٍ: فِيْ مُشْطٍ وَمُشَاقَةٍ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْمُشَاطَةُ مَا يَخْرُجُ مِنَ الشَّعَرِ إِذَا مُشِطَ، وَالْمُشَاقَةُ مِنْ مُشَاقَةِ الْكَتَّانِ.

[راجع: ٣١٧٥]

قوله: لكنه دعا: یعنی میرے ساتھ نہیں لیٹے، بلکہ لمبی دعا میں مشغول ہوگئے، عائشہؓ انتظار کرتی کرتی سوگئیں، آپؐ بھی دعا سے فارغ ہوکر سوگئے.........**مطبوب: مسحور**.........**مُشْط:** کنگھی.........**مُشَاطَة:** کنگھی کرنے سے گرے ہوئے بال.........**مُشَاقَة:** کنگھی یا برش پھیرتے وقت گرنے والے بال یا کتان (سوتی کپڑے) کے روئیں.........**الجُفّ:** کھجور کے خوشوں کی تھیلی.........**طَلْعَة:** کھجور کے شگوفہ کا ٹکڑا.........**ذَکَر:** نر.........نر کھجور کے پھول کا ٹکڑا لیا، اور کنگھی اور گرے ہوئے بال کھجور کے خوشہ کی تھیلی میں رکھے اور اس پر منتر پڑھا اور اسے کسی برتن میں رکھ کر بیر ذروان/ اروان میں جو بیکار کنواں تھا جس میں گندہ پانی تھا اس کے بیچ میں رکھا اور اس پر پتھر رکھ دیا.........بنو زریق انصار کا قبیلہ تھا، اس کی یہود کے ساتھ دوستی تھی۔

بَابٌ: الشِّرْكُ وَالسِّحْرُ مِنَ الْمُوْبِقَاتِ

شرک اور جادو تباہ کن گناہ ہیں!

پہلے اسی سند سے حدیث مفصل آئی ہے، یہاں مختصر کردی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: "سات ہلاک کرنے والے گناہوں سے بچو!" صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: "(۱) اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا (۲) جادو (کرنا یا کرانا) (۳) ایسے شخص کو قتل کرنا جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے، مگر حق اسلام کی وجہ سے (۴) سود کھانا (۵) یتیم کا مال کھانا (۶) مڈبھیڑ کے دن پیٹھ پھیرنا (۷) ایمان دار بے خبر پاکدامن عورتوں پر زنا کی تہمت لگانا.........اور حدیث مختصر کرکے جادو کے معاملہ کی سنگینی کی طرف اشارہ کیا ہے۔

[٤٨-] بَابٌ: الشِّرْكُ وَالسِّحْرُ مِنَ الْمُوْبِقَاتِ

[٥٧٦٤-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "اجْتَنِبُوْا الْمُوْبِقَاتِ: الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَالسِّحْرُ"

[راجع: ٢٧٦٦]

بَابٌ: هَلْ يَسْتَخْرِجُ السِّحْرَ؟

کیا جادو کو نکالے؟

ہل چلایا ہے، فیصلہ نہیں کیا، اس لئے کہ ہشام کے تلامذہ میں اختلاف ہے، ابواسامہ حماد بن بن اسامہ نفی کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے جادو نہیں نکالا تھا (حدیث ۵۷۶۶) اور ابن عیینہ اثبات کرتے ہیں (باب کی روایت) البتہ باب کے شروع میں حضرت سعید بن مسیّبؒ کا قول لائے ہیں، اور نکالنے کو راجح قرار دیا ہے، کیونکہ پورا علاج اسی صورت میں ہوسکتا ہے، مگر نکالنا ہر عامل کے بس کی بات نہیں، ماہر عامل ہی نکال سکتا ہے، اکثر عامل تو دھوکہ دیتے ہیں، اور نکالنا راجح اس لئے ہے کہ ابن عیینہؒ ابواسامہ سے احفظ ہیں۔

[٤٩-] بَابٌ: هَلْ يَسْتَخْرِجُ السِّحْرَ؟

وَقَالَ قَتَادَةُ: قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ: رَجُلٌ بِهِ طِبٌّ، أَوْ يُؤَخَّذُ عَنِ امْرَأَتِهِ، أَيُحَلُّ عَنْهُ أَوْ يُنَشَّرُ؟ قَالَ: لَا بَأْسَ بِهِ، إِنَّمَا يُرِيْدُوْنَ بِهِ الإِصْلَاحَ، فَأَمَّا مَا يَنْفَعُ فَلَمْ يُنْهَ عَنْهُ.

ترجمہ: قتادہؒ نے حضرت سعید بن المسیبؒ سے پوچھا: ایک شخص پر جادو کیا گیا یا وہ قید کیا گیا اس کی بیوی سے (یہ خاص جادو ہے، اس میں شوہر بیوی سے صحبت پر قادر نہیں رہتا) کیا اس سے جادو کھول دیا جائے یا جادو پھیلایا جائے؟ یعنی جادو نکالے بغیر علاج کیا جائے یا جادو نکال کر علاج کیا جائے؟ حضرت سعیدؒ نے فرمایا: اس کی گنجائش ہے یعنی جادو نکالنے کی، لوگ جادو نکالنے سے اصلاح (علاج) ہی کا ارادہ کرتے ہیں، پس رہی وہ چیز جو فائدہ پہنچائے تو اس سے روکا نہیں گیا۔

لغات: الطِّبّ: جادو............ أَخَّذَتِ الساحرةُ الرجلَ: جادو کرنا، هو مُؤَخَّذٌ عن النساء: وہ جادو کے ذریعہ عورتوں سے پکڑا گیا، اب وہ بیوی سے صحبت نہیں کرسکتا، یہ کوکھ باندھنے کی ضد ہے، کوکھ باندھ دی جاتی ہے تو عورت کو حمل نہیں ٹھہرتا............ نَشَّرَ الثوبَ: کپڑے کو پوری طرح کھولنا یعنی جادو نکال کر اس کو کھول کر باطل کرنا............ الإصلاح: عامل علاج کے لئے جادو نکالتے ہیں، کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے نہیں نکالتے۔

اور حدیث پہلے آئی ہے، تاہم ترجمہ پڑھ لیں: ابن عیینہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: شروع میں جب ابن جریج نے ہم سے حدیث بیان کی تو وہ کہتے تھے: عروہ کے خاندان کے آدمی نے مجھ سے حدیث بیان کی (راوی مجہول ہے) عروۃ سے روایت کرتے ہوئے، پھر میں نے ہشام سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا: تو انھوں نے ہم سے حدیث بیان کی اپنے ابا سے روایت کرتے ہوئے (اب راوی کی جہالت ختم ہوگئی) صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ پر جادو کیا گیا، یہاں تک کہ آپؐ خیال کرتے تھے کہ آپؐ نے بیویوں سے مقاربت کی، حالانکہ آپؐ نے مقاربت نہیں کی ہوتی تھی یعنی جادو کا

اثر صرف خانگی معاملات میں ظاہر ہوا، امورِ رسالت میں اس کا کوئی اثر ظاہر نہیں ہوا، ابن عیینہؒ کہتے ہیں: اور یہ بہت سخت جادو ہے جب اس کا یہ اثر ہو (اور اس سے ہلکا وہ جادو ہے جس میں جسمانی عوارض لاحق ہوتے ہیں) کہا: پس آپؐ ایک دن نیند سے بیدار ہوئے اور فرمایا: ''عائشہ! کیا تم نے جانا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے فتوی دیا اس معاملہ میں جس میں میں نے اللہ سے استفتاء کیا تھا؟ میرے پاس (خواب میں) دو شخص آئے، ان میں سے ایک میرے سر کے پاس بیٹھا، اور دوسرا میرے دونوں پیروں کے پاس، پس اس نے جو میرے سر کے پاس تھا دوسرے سے پوچھا: اس شخص کا کیا حال ہے؟ اس نے جواب دیا: مسحور ہیں! پہلے نے پوچھا: ان پر کس نے جادو کیا ہے؟ اس نے کہا: لبید بن الاعصم نے جو بنو زریق کا آدمی ہے جو یہود کا حلیف قبیلہ ہے اور وہ منافق تھا، پہلے نے پوچھا: کس چیز میں جادو کیا ہے؟ دوسرے نے کہا: کنگھی میں اور کنگھی میں نکلے ہوئے بالوں میں/ روئی کے کپڑے کے روئیں میں، پہلے نے پوچھا: وہ کہاں ہے؟ دوسرے نے کہا: نر کھجور کے خوشہ کے چھلکے/ تھیلے میں، ایک بڑے پتھر کے نیچے، ذی اروان نامی کنویں میں۔ راوی نے کہا: پس آپؐ کنویں پر گئے یہاں تک کہ اس کو نکالا (یہاں باب ہے) اور عمرۃ کی عائشہؓ سے روایت میں ہے: اس خوشہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا موم کا پتلا تھا، اس میں سوئیاں چبھو رکھی تھیں اور اس میں ایک تانت تھی جس میں گیارہ گرہیں لگا رکھی تھیں (قسطلانی) پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہی وہ کنواں ہے جو میں دکھلایا گیا ہوں، اور گویا اس کا پانی مہندی بھگایا ہوا پانی ہے، اور گویا اس کے کھجور کے درخت سانپوں کے پھن ہیں۔ راوی نے کہا: پس آپؐ نے اس کو نکالا (یہ راوی نے مکرر کہا ہے، پس وہم کا احتمال نہ رہا) صدیقہؓ نے عرض کیا: کیا پس آپؐ نے پھیلایا نہیں؟ یعنی سب چیزوں کو علاحدہ علاحدہ نہیں کیا؟ آپؐ نے فرمایا: ''رہے اللہ تو انھوں نے مجھے شفاء بخشی اور ناپسند کیا میں نے کہ ابھاروں میں لوگوں میں سے کسی پر برائی کو'' —— یہی اختلافِ روایات میں تطبیق ہے کہ جادو کو نکالا تھا، مگر اس کو علاحدہ علاحدہ نہیں کیا تھا۔

[۵۷۶۵-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُیَیْنَةَ، یَقُوْلُ: أَوَّلُ مَنْ حَدَّثَنَا بِهِ ابْنُ جُرَیْجٍ یَقُوْلُ: حَدَّثَنِیْ آلُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ، فَسَأَلْتُ هِشَامًا عَنْهُ، فَحَدَّثَنَا عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم سُحِرَ، حَتّٰی كَانَ یَرَی أَنَّهُ یَأْتِیْ النِّسَاءَ وَلَا یَأْتِیْهِنَّ. قَالَ سُفْیَانُ: وَهٰذَا أَشَدُّ مَا یَكُوْنُ مِنَ السِّحْرِ إِذَا كَانَ كَذَا، قَالَ: فَانْتَبَهَ مِنْ نَوْمِهِ ذَاتَ یَوْمٍ، فَقَالَ: '' یَا عَائِشَةُ! أَعَلِمْتِ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَفْتَانِیْ فِیْمَا اسْتَفْتَیْتُهُ فِیْهِ؟! أَتَانِیْ رَجُلَانِ فَقَعَدَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِیْ، وَالآخَرُ عِنْدَ رِجْلَیَّ، فَقَالَ الَّذِیْ عِنْدَ رَأْسِیْ لِلْآخَرِ: مَابَالُ الرَّجُلِ؟ قَالَ مَطْبُوْبٌ. قَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِیْدُ بْنُ الْأَعْصَمِ، رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ زُرَیْقٍ حَلِیْفٌ لِیَهُوْدَ، كَانَ مُنَافِقًا، قَالَ: وَفِیْمَ؟ قَالَ: فِی مُشْطٍ وَمُشَاقَةٍ. قَالَ: فَأَیْنَ؟ قَالَ: فِیْ جُفِّ طَلْعَةٍ ذَكَرٍ، تَحْتَ رَعُوْفَةٍ، فِیْ بِئْرِ ذِیْ أَرْوَانَ'' قَالَ: فَأَتَی الْبِئْرَ حَتّٰی اسْتَخْرَجَهُ، فَقَالَ: '' هٰذِهِ الْبِئْرُ الَّتِیْ أُرِیْتُهَا، وَكَأَنَّ مَاءَ هَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، وَكَأَنَّ نَخْلَهَا رُؤُوْسُ الشَّیَاطِیْنِ'' قَالَ: فَاسْتَخْرَجَ. قَالَتْ: فَقُلْتُ: أَفَلَا تَنَشَّرْتَ؟

فَقَالَ: " أَمَّا اللّٰهُ فَقَدْ شَفَانِیْ، وَأَكْرَهُ أَنْ أُثِيْرَ عَلٰى أَحَدٍ مِنَ النَّاسِ شَرًّا" [راجع: ٣١٧٥]

بَابُ السِّحْرِ

جادوکا علاج ضروری ہے

ایسا ہی باب ابھی گذرا ہے، وہاں مقصود جادو کی حقیقت کا اثبات تھا، اور یہاں مقصود علاج کی طرف متوجہ کرنا ہے، پس تکرار نہیں، اور حدیث گذشتہ باب والی ہے، نبی ﷺ نے اپنے سحر کا علاج کیا ہے، اور اس کے لئے جادو کا نکالنا ضروری نہیں، اس کے بغیر بھی علاج ہوسکتا ہے۔

[٥٠-] بَابُ السِّحْرِ

[٥٧٦٦-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُحِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؛ حَتّٰى إِنَّهُ لَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهُ فَعَلَ الشَّيْئَ وَمَا فَعَلَهُ، حَتّٰى إِذَا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ وَهُوَ عِنْدِیْ دَعَا اللّٰهَ وَدَعَاهُ، ثُمَّ قَالَ: " أَشَعَرْتِ يَا عَائِشَةُ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَفْتَانِیْ فِيْمَا اسْتَفْتَيْتُهُ فِيْهِ" قُلْتُ: وَمَا ذَاكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " جَاءَ نِیْ رَجُلَانِ، فَجَلَسَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِیْ وَالآخَرُ عِنْدَ رِجْلَیَّ، ثُمَّ قَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: مَا وَجَعُ الرَّجُلِ؟ قَالَ: مَطْبُوْبٌ. قَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيْدُ بْنُ الْأَعْصَمِ الْيَهُوْدِیُّ مِنْ بَنِیْ زُرَيْقٍ. قَالَ: فِيْمَاذَا؟ قَالَ: فِیْ مُشْطٍ وَمُشَاطَةٍ، وَجُبِّ طَلْعَةٍ ذَكَرٍ، قَالَ: فَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِیْ بِئْرِ ذِیْ أَرْوَانَ" فَذَهَبَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم فِیْ أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ إِلَى الْبِئْرِ، فَنَظَرَ إِلَيْهَا وَعَلَيْهَا نَخْلٌ، ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى عَائِشَةَ، فَقَالَ: " وَاللّٰهِ لَكَأَنَّ مَاءَ هَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، وَلَكَأَنَّ نَخْلَهَا رُءُ وْسُ الشَّيَاطِيْنِ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَأَخْرَجْتَهُ؟ قَالَ: " لَا، أَمَّا أَنَا فَقَدْ عَافَانِیَ اللّٰهُ وَشَفَانِیْ، وَخَشِيْتُ أَنْ أُثَوِّرَ عَلَى النَّاسِ مِنْهُ شَرًّا" وَأَمَرَ بِهَا فَدُفِنَتْ. [راجع: ٣١٧٥]

بَابٌ: مِنَ الْبَيَانِ سِحْرٌ

جادو تیزی سے اثر انداز ہوتا ہے

جادو زود اثر ہے، جب اس کا پتہ چل جائے تو فوری علاج کی طرف توجہ کرنی چاہئے، اور جادو زود اثر ہے، یہ بات اس حدیث سے مفہوم ہوتی ہے جو کتاب النکاح، باب الخُطْبة میں گذری ہے، نجد سے دو شخص آئے، انھوں نے تقریریں کیں لوگ ان کی تقریریں سن کر حیران رہ گئے، پس آپؐ نے فرمایا: "بعض تقریریں جادو اثر ہوتی ہیں!" ایک دم سامعین کا ذہن بدل دیتی ہیں۔

[۵۱-] بَابٌ: مِنَ الْبَيَانِ سِحْرٌ

[۵۷۶۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ: قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ، فَخَطَبَا، فَعَجِبَ النَّاسُ لِبَيَانِهِمَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا، وَإِنَّ بَعْضَ الْبَيَانِ سِحْرٌ" [راجع: ۵۱٤٦]

بَابُ الدَّوَاءِ بِالْعَجْوَةِ لِلسِّحْرِ

عجوہ کھجور سے سحر کا پیشگی علاج

اگر کوئی شخص صبح نہار منہ عجوہ کے سات دانے کھائے تو ۲۴ گھنٹے تک سحر سے محفوظ رہے گا، إلی اللیل میں غایت مغیا میں داخل ہے، مگر عجوہ کہاں سے لائیں؟ سب مدینہ والوں کو بھی میسر نہیں، مالدار پکنے سے پہلے ہی بُک کر لیتے ہیں، بہر حال یہ سحر سے بچنے کا پیشگی علاج ہے، اسی طرح روحانی علاج بھی ہیں، آیت الکرسی ہر فرض نماز کے بعد اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کا ورد سحر سے یا اس کے اثر سے محفوظ رکھتا ہے۔

[۵۲-] بَابُ الدَّوَاءِ بِالْعَجْوَةِ لِلسِّحْرِ

[۵۷۶۸-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ، أَخْبَرَنَا هَاشِمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنِ اصْطَبَحَ كُلَّ يَوْمٍ تَمَرَاتٍ عَجْوَةً، لَمْ يَضُرَّهُ سَمٌّ وَلَا سِحْرٌ ذٰلِكَ الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ" وَقَالَ غَيْرُهُ: "سَبْعَ تَمَرَاتٍ" يَعْنِيْ حَدِيْثَ عَلِيٍّ. [راجع: ٥٤٤٥]

[۵۷۶۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَامِرَ بْنَ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ تَصَبَّحَ سَبْعَ تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ، لَمْ يَضُرَّهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ سُمٌّ وَلَا سِحْرٌ" [راجع: ٥٤٤٥]

وقال غيره: غیرہ کی ضمیر کا مرجع علی ہیں، امام بخاریؒ کہتے ہیں: علی کے علاوہ کی سند سے اس روایت میں سبع (سات) کا لفظ بھی ہے، جیسا کہ آئندہ روایت میں ہے۔

بَابٌ: لَا هَامَةَ

کھوپڑی کا پرندہ کچھ نہیں!

زمانۂ جاہلیت میں عربوں کا اعتقاد تھا کہ اگر مقتول کا قصاص نہ لیا جائے تو اس کے سر سے ایک پرندہ نکلتا ہے جو مجھے پلاؤ!

مجھے پلاؤ! کی آوازیں لگاتا ہے، اس پرندہ کو الصَّدیٰ بھی کہتے تھے، پھر جب بدلہ لے لیا جاتا تو وہ اڑ جاتا، یہ بے حقیقت بات ہے، اس کی اصل کچھ نہیں۔

[۵۳-] بَابٌ: لَاهَامَةَ

[۵۷۷۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَا عَدْوَى وَلَا صَفَرَ، وَلَا هَامَةَ" فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَمَا بَالُ الإِبِلِ تَكُوْنُ فِي الرَّمْلِ لَكَأَنَّهَا الظِّبَاءُ، فَيُخَالِطُهَا الْبَعِيْرُ الْأَجْرَبُ فَيُجْرِبُهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" فَمَنْ أَعْدَى الْأَوَّلَ؟"[راجع: ۵۷۰۷]

[۵۷۷۱-] وَعَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ: سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَا يُوْرِدَنَّ مُمْرِضٌ عَلٰى مُصِحٍّ" وَأَنْكَرَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ الْحَدِيْثَ الْأَوَّلَ: قُلْنَا: أَلَمْ تُحَدِّثْ أَنَّهُ لَا عَدْوَى؟ فَرَطَنَ بِالْحَبَشِيَّةِ. قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: فَمَا رَأَيْتُهُ نَسِيَ حَدِيْثًا غَيْرَهُ. [طرفه: ۵۷۷۴]

قولہ: لَكَأَنَّهَا الظِّبَاءُ: وہ گویا یقیناً ہرن ہیں: تشبیہ چستی میں ہے.......... ہرگز نہ اتارے بیمار اونٹوں کو تندرست اونٹوں میں، یہ ایسی ہی حدیث ہے جیسی جذامی سے دور رہنے کی ہدایت ہے، کیونکہ بعض امراض میں بیمار کے ساتھ اختلاط بیماری کا سبب بن جاتا ہے، پس چھوت تو کوئی چیز نہیں، مگر بحکم الٰہی تندرست اونٹ بیمار پڑ گئے تو خیال ہوگا کہ چھوت لگ گئی، اس لئے ممانعت فرمائی ـــــ ابوسلمہ کہتے ہیں: جب ابوہریرہؓ نے یہ حدیث بیان کی تو پہلی حدیث (لاعدوی) کا انکار کیا، ہم نے کہا: کیا آپ نے ہم سے بیان نہیں کیا: لاعدوی؟ تو وہ حبشی زبان میں کچھ بولے، ابوسلمہ کہتے ہیں: پس نہیں دیکھا میں نے ان کو کہ بھول گئے ہوں وہ کوئی حدیث اس کے علاوہ (یہ من حدث ونسی کی مثال ہے، اور لاعدی کی حدیث دیگر صحابہ سے بھی مروی ہے، جیسا کہ اگلے باب میں ابن عمرؓ سے یہ حدیث مروی ہے)

بَابٌ: لَا عَدْوَى

ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی

مسئلہ اور حدیثیں بار بار گذر چکی ہیں، بیماری کا لذاتہ تعدیہ نہیں ہوتا، یہ بات عقیدۂ توحید کے خلاف ہے، ہاں تسبب کے درجہ میں ممکن ہے۔

[۵۴-] بَابٌ: لَا عَدْوَى

[۵۷۷۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ

ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَحَمْزَةُ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " لاَ عَدْوَى، وَلاَ طِيَرَةَ، إِنَّمَا الشُّؤْمُ فِيْ ثَلاَثٍ: فِي الْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ وَالدَّارِ" [راجع: ۲۰۹۹]

[۵۷۷۳-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: " لاَ عَدْوَى" [راجع: ۵۷۰۷]

[۵۷۷۴-] قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " لاَ يُوْرِدُ الْمُمْرِضُ عَلَى الْمُصِحِّ" [راجع: ۵۷۷۱]

[۵۷۷۵-] وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ سِنَانُ بْنُ أَبِيْ سِنَانِ الدُّؤَلِيُّ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " لاَ عَدْوَى" فَقَامَ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ: أَرَأَيْتَ الإِبَلَ تَكُوْنُ فِي الرِّمَالِ أَمْثَالَ الظِّبَاءِ فَيَأْتِيْهِ الْبَعِيْرُ الأَجْرَبُ فَتَجْرَبُ؟ قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " فَمَنْ أَعْدَى الأَوَّلَ؟"

[راجع: ۵۷۰۷]

[۵۷۷۶-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " لاَ عَدْوَى، وَلاَ طِيَرَةَ، وَيُعْجِبُنِي الْفَأْلُ" قَالُوْا: وَمَا الْفَأْلُ؟ قَالَ: " الْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ" [راجع: ۵۷۵۶]

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِيْ سَمِّ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کو زہر دینے کی روایت

نبی ﷺ کو خیبر میں زہر دیا گیا، زینب نامی یہودی عورت نے دعوت کی اور بکری میں زہر ملایا، آپ کو لقمہ منہ میں رکھتے ہی پتہ چل گیا تو لقمہ تھوک دیا، مگر پھر بھی اثر ہو گیا جو بوقت وفات ظاہر ہوا، اور حدیث پہلے آ چکی ہے۔

[۵۵-] بَابُ مَا يُذْكَرُ فِيْ سَمِّ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم

رَوَاهُ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۵۷۷۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: لَمَّا فُتِحَتْ خَيْبَرُ أُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم شَاةٌ فِيْهَا سَمٌّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " اجْمَعُوْا إِلَيَّ مَنْ كَانَ هَاهُنَا مِنَ الْيَهُوْدِ" فَجُمِعُوْا لَهُ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِنِّيْ سَائِلُكُمْ عَنْ شَيْئٍ فَهَلْ أَنْتُمْ صَادِقِيَّ عَنْهُ؟" فَقَالُوْا: نَعَمْ يَا أَبَا الْقَاسِمِ! فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " مَنْ أَبُوْكُمْ؟" قَالُوْا: أَبُوْنَا فُلاَنٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ

وسلم:" كَذَبْتُمْ، بَلْ أَبُوْكُمْ فُلَانٌ" فَقَالُوْا: صَدَقْتَ وَبَرِرْتَ، فَقَالَ:" هَلْ أَنْتُمْ صَادِقِيَّ عَنْ شَيْئٍ إِنْ سَأَلْتُكُمْ عَنْهُ؟" فَقَالُوْا: نَعَمْ يَا أَبَا الْقَاسِمِ، وَإِنْ كَذَبْنَاكَ عَرَفْتَ كَذِبَنَا كَمَا عَرَفْتَهُ فِي أَبِيْنَا. فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَهْلُ النَّارِ؟" فَقَالُوْا: نَكُوْنُ فِيْهَا يَسِيْرًا، ثُمَّ تَخْلُفُوْنَنَا فِيْهَا. فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اخْسَئُوْا فِيْهَا، وَاللّٰهِ لَا نَخْلُفُكُمْ فِيْهَا أَبَدًا" ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: "هَلْ أَنْتُمْ صَادِقِيَّ عَنْ شَيْئٍ إِنْ سَأَلْتُكُمْ عَنْهُ؟" فَقَالُوْا: نَعَمْ. فَقَالَ:" هَلْ جَعَلْتُمْ فِي هٰذِهِ الشَّاةِ سَمًّا؟" فَقَالُوْا: نَعَمْ، فَقَالَ:" مَا حَمَلَكُمْ عَلٰى ذٰلِكَ؟" فَقَالُوْا: أَرَدْنَا إِنْ كُنْتَ كَذَّابًا أَنْ نَسْتَرِيْحَ مِنْكَ، وَإِنْ كُنْتَ نَبِيًّا لَمْ يَضُرَّكَ.[راجع: ۳۱۶۹]

بَابُ شُرْبِ السَّمِّ، وَالدَّوَاءِ بِهِ، وَبِمَا يُخَافُ مِنْهُ، وَالْخَبِيْثِ

(۱)زہر پی کرخودکشی کرنا(۲)زہر کے ذریعہ علاج کرنا(۳)ایسی چیز سے علاج کرنا جس میں جان کا خطرہ ہو(۴)خبیث (حرام) چیز سے علاج کرنا

یہ اصل باب ہے، اگلے دو باب اس کی فرع (شاخ) ہیں، اوراس باب میں چار باتیں ہیں:

پہلی بات: زہر پی کرخودکشی کرنا حرام ہے، اور یہ بڑا سنگین گناہ ہے، باب کی حدیث میں اس کے بارے میں سخت وعید آئی ہے، آدمی نہ اپنی جان کا مالک ہے نہ اعضاء کا کہ جس طرح چاہے ان کے ساتھ معاملہ کرے، پس جس طرح دوسرے کا قتل حرام ہے خود کو مارڈالنا بھی حرام ہے، پھر کیا آدمی یہ سمجھتا ہے کہ مرکر مصیبت سے نجات پا جائے گا؟ ایسا ہرگز نہیں، پھر خودکشی کا فائدہ کیا ہے!

دوسری بات: زہر کے ذریعہ علاج کرنا: اگر بدرقہ اس کے ساتھ شامل ہوتو جائز ہے، ورنہ خودکشی کے مترادف ہے، تیسرے باب میں یہ حدیث آرہی ہے کہ مکھی کو ڈوبا کر نکال پھینکو پھر مشروب استعمال کرو، کیونکہ اس کے ایک پر میں بیماری (زہر) ہے اور دوسرے پر میں شفا (بدرقہ) ہے، جب وہ زہر کے ساتھ مل جائے گا تو ضرر نہیں پہنچے گا۔ آج کل بہت سی دواؤں میں زہر (Poison) ملایا جاتا ہے اوراہم بیماریوں کا علاج کیا جاتا ہے۔

تیسری بات: ایسی چیز سے علاج کرنا جس میں جان کا خطرہ ہو، جیسے سنکھیا کھانا، اگر ماہر حکیم اس قسم کا علاج تجویز کرے تو جائز ہے، کیونکہ وہ اس مقدار کو جانتا ہے جو جان لیوا نہیں، ازخود اقدام کرنا یا نیم حکیم کے چکر میں آنا ٹھیک نہیں۔

چوتھی بات: خبیث (حرام) چیز سے علاج کرنا: جیسے گدھی کا دودھ حرام ہے، کیونکہ اس کا گوشت حرام ہے: اس سے علاج کرنا عام حالات میں جائز نہیں، ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ اللہ نے حرام میں تمہاری شفاء نہیں رکھی، مگر مجبوری کے درجہ میں

کہ کوئی دوسرا علاج نہ ہو یا معلوم نہ ہو تو حرام سے علاج کی فقہاء نے اجازت دی ہے۔

[٥٦-] بَابُ شُرْبِ السَّمِّ، وَالدَّوَاءِ بِهِ، وَبِمَا يُخَافُ مِنْهُ، وَالْخَبِيْثِ

[٥٧٧٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ ذَكْوَانَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ تَرَدَّى مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ، يَتَرَدَّى فِيْهِ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا، وَمَنْ تَحَسَّى سَمًّا فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَسَمُّهُ فِيْ يَدِهِ، يَتَحَسَّاهُ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيْدَةٍ، فَحَدِيْدَتُهُ فِيْ يَدِهِ، يَجَأُ بِهَا فِيْ بَطْنِهِ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا"[راجع: ١٣٦٥]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

۱- جس نے خود کو کسی پہاڑ سے گرایا اور اس نے خود کو مار ڈالا: وہ دوزخ کی آگ میں ہوگا، گرائے گا وہ پہاڑ سے، وہ دوزخ کی آگ میں لمبے عرصہ تک رہے گا، بہت دونوں تک رہے گا، ہمیشہ ہمیش کے لئے رہے گا۔

۲- اور جس نے تھوڑا تھوڑا پیا کوئی زہر، اور اس نے خود کو مار ڈالا تو اس کا زہر اس کے ہاتھ میں ہوگا، تھوڑا تھوڑا پیئے گا اس کو جہنم کی آگ میں، لمبے عرصہ تک رہے گا، بہت دنوں تک رہے گا، ہمیشہ ہمیش کے لئے رہے گا۔

۳- اور جس نے خود کو قتل کیا کسی لوہے (ہتھیار) سے تو اس کا لوہا اس کے ہاتھ میں ہوگا، بھونکے گا وہ اس کو اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ میں، لمبے عرصہ تک رہے گا، بہت دونوں تک رہے گا، ہمیشہ ہمیش کے لئے رہے گا۔

تشریح: اس قسم کی روایات سے گمراہ فرقوں (معتزلہ وغیرہ) نے استدلال کیا ہے کہ مرتکبِ کبیرہ کافر ہے، کیونکہ وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا، اور اہل السنہ والجماعہ نے اس قسم کی روایات کے مختلف جوابات دیئے ہیں۔

۱- امام ترمذی رحمہ اللہ نے تو حدیث کی سندوں پر بحث کی ہے، اور آخر میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ جن روایات میں خالدًا مخلّدًا فيها أبدًا نہیں ہے: وہ روایات اصح ہیں، پس کسی جواب کی ضرورت نہیں، تفصیل تحفۃ الالمعی (۳۸۵:۵) میں ہے۔

۲- اور اگر روایت میں یہ اضافہ صحیح ہے تو وہ مستحلّ کے بارے میں ہے، جو حلال سمجھ کر خودکشی کرے وہ کافر ہے، وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔

۳- اور ایک جواب یہ بھی ہے کہ یہ وعید کی حدیث ہے، اور زجر وتوبیخ کے طور پر وارد ہوئی ہے، پس اس گناہ کی اصل سزا تو یہی ہے مگر چونکہ وہ مؤمن ہے اس لئے اس کو یہ اصل سزا نہیں دی جائے گی، وہ کسی نہ کسی دن جہنم سے نکال لیا جائے گا۔

اس کے بعد حدیث لائے ہیں کہ جو شخص صبح نہار منہ عجوہ کے سات دانے کھائے اس کو اس دن نہ زہر نقصان پہنچائے گا نہ سحر! یہ حدیث اس باب میں لاکر اشارہ کیا ہے کہ شریعت نے تو زہر سے بچنے کی تدبیر بتلائی ہے، پھر زہر پی کر خودکشی کیسے

جائز ہوسکتی ہے؟ یہ تو الٹے بانس بریلی والی بات ہوگی۔

[۵۷۷۹-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ بَشِیْرٍ أَبُوْ بَکْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ یَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: "مَنِ اصْطَبَحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ لَمْ یَضُرَّهُ ذٰلِكَ الْیَوْمَ سَمٌّ وَلَا سِحْرٌ"[راجع: ۵۴۴۵]

بَابُ أَلْبَانِ الْأُتُنِ

گدھی کے دودھ کا حکم

دودھ اور تھوک گوشت کے حکم میں ہیں، دونوں گوشت سے پیدا ہوتے ہیں، اور گدھے کا گوشت حرام ہے، پس اس کا جھوٹا ناپاک ہے، اور دودھ حرام ہے۔ اور یہ باب گذشتہ باب کی مثال کے طور پر لائے ہیں کہ خبیث (حرام) سے علاج جائز ہے یا نہیں؟ عام حالات میں جائز نہیں، خاص حالات کی بات اور ہے۔

حدیث: زہری رحمہ اللہ (حجازی محدث) ابوادریس خولانی (شامی محدث) سے، وہ حضرت ابوثعلبہ خُشَنی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہر کچلی دار درندے کے کھانے سے منع کیا، زہریؒ کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث نہیں سنی تھی، یہاں تک کہ میں شام گیا یعنی حجازی حدیثوں میں یہ حدیث نہیں تھی۔

پھر امام لیث بن سعد رحمہ اللہ کی روایت میں یہ اضافہ ہے: لیث نے کہا: مجھ سے یونس نے بیان کیا، زہری سے روایت کرتے ہوئے کہ انھوں نے کہا: درانحالیکہ میں نے یعنی یونس نے ان سے چار مسائل دریافت کئے: (۱) دودھ سے وضو جائز ہے یا نہیں؟ (اس کا جواب زہریؒ نے نہیں دیا) (۲) گدھوں کا دودھ پی سکتے یا نہیں؟ (۳) درندوں کا پتّہ کھا سکتے ہیں یا نہیں؟ (۴) اونٹوں کے پیشاب کا کیا حکم ہے؟ امام زہریؒ نے کہا: (رہا اونٹوں کا پیشاب) تو مسلمان ان کے ذریعہ علاج کرتے ہیں، وہ اس میں کچھ حرج نہیں سمجھتے، اور گدھیوں کا دودھ: تو ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے گوشت سے منع کیا ہے، اور نہیں پہنچا ہمیں ان کے دودھ کے بارے میں کوئی امر اور نہ کوئی ممانعت، اور رہا درندوں کا پتّہ تو حضرت ابوثعلبہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہر کچلی دار درندے کے کھانے سے منع کیا ہے (پس اس کا پتّہ بھی حرام ہے)

[۵۷-] بَابُ أَلْبَانِ الْأُتُنِ

[۵۷۸۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ إِدْرِیْسَ الْخَوْلَانِیِّ، عَنْ أَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ، قَالَ: نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ أَکْلِ کُلِّ ذِیْ نَابٍ مِنَ السَّبُعِ، قَالَ الزُّهْرِیُّ: وَلَمْ أَسْمَعْهُ حَتّٰی أَتَیْتُ الشَّامَ.

[۵۷۸۱-] وَزَادَ اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: وَسَأَلْتُهُ: هَلْ يُتَوَضَّأُ، أَوْ تُشْرَبُ أَلْبَانُ الْأُتُنِ؟ أَوْ مَرَارَةُ السَّبُعِ؟ أَوْ أَبْوَالُ الإِبِلِ؟ قَالَ: قَدْ كَانَ الْمُسْلِمُوْنَ يَتَدَاوَوْنَ بِهَا، وَلاَ يَرَوْنَ بِذٰلِكَ بَأْسًا، وَأَمَّا أَلْبَانُ الْأُتُنِ فَقَدْ بَلَغَنَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ لُحُوْمِهَا، وَلَمْ يَبْلُغْنَا عَنْ أَلْبَانِهَا أَمْرٌ وَلاَ نَهْيٌ، وَأَمَّا مَرَارَةُ السَّبُعِ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيُّ: أَنَّ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ أَكْلِ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ.

بَابٌ: إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي الإِنَاءِ

جب برتن میں مکھی گر جائے

اگر مکھی مشروب میں گر جائے تو اس کو ڈوبائے، پھر نکالے، پھر جی چاہے تو مشروع استعمال کرے، کیونکہ اس کے ایک پر میں زہر اور دوسرے پر میں اس کا توڑ ہوتا ہے، اس لئے حکم دیا کہ ڈوبا کر نکالو تا کہ اس کے زہر کا توڑ ہو جائے —— اور یہ باب اس لئے لائے ہیں کہ زہر سے بھی علاج کر سکتے ہیں جبکہ اس کے ساتھ بدرقہ (مصلح دواء) شامل ہو۔ اور حدیث اور اس کی شرح پہلے آچکی ہے۔

[۵۸-] بَابٌ: إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي الإِنَاءِ

[۵۷۸۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ مَوْلَى بَنِيْ تَيْمٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ مَوْلَى بَنِيْ زُرَيْقٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِيْ إِنَاءِ أَحَدِكُمْ، فَلْيَغْمِسْهُ كُلَّهُ، ثُمَّ لْيَطْرَحْهُ، فَإِنَّ فِيْ أَحَدِ جَنَاحَيْهِ شِفَاءً وَفِي الآخَرِ دَاءً"

[راجع: ۳۳۲۰]

﴿الحمد للہ! آج ۱۴؍ ذی الحجہ کو کتاب الطب کی شرح مکمل ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب اللباس

پہننے کا بیان

ارتباط: کتابوں میں ارتباط پہلے بیان کیا ہے کہ کتاب النکاح سے معاشرتی مسائل کا بیان شروع ہوا ہے، پھر گھر میں آگ لگے اور نباہ مشکل ہو جائے تو نا گہانی نکلنے کے دروازے (طلاق) کا بیان ہے، پھر اہل وعیال کے نفقات کا ذکر کیا ہے، نفقہ میں تین چیزیں شامل ہیں: کھانا، پینا اور پہننا۔ دو کا بیان پورا ہوا، اب لباس کا بیان شروع کرتے ہیں، اس پر معاشرتی مسائل کا بیان پورا ہو جائے گا۔

سورۃ الاعراف کی (آیت ۲۶) ہے: ﴿یَابَنِیْ آدَمَ! قَدْ أَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُوَارِیْ سَوْآتِکُمْ وَرِیْشًا، وَلِبَاسُ التَّقْوَی ذٰلِکَ خَیْرٌ، ذٰلِکَ مِنْ آیَاتِ اللّٰہِ لَعَلَّهُمْ یَذَّکَّرُوْنَ﴾: اے آدم کی اولاد! ہم نے تمہارے لئے لباس پیدا کیا ہے جو تمہاری شرمگاہوں کو چھپاتا ہے، اور زیبائش (پیدا کی ہے) اور پرہیزگاری کا لباس: وہ بہتر ہے، یہ (لباس) اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ہے تاکہ لوگ (اللہ تعالیٰ کو) یاد رکھیں۔

تفسیر: لباس کے دو درجے ہیں: **ایک**: وہ لباس جو ستر کو چھپاتا ہے، یہ فرض عین ہے، کسی کے سامنے بےضرورت ستر کھولنا جائز نہیں۔ **دوم**: وہ لباس جو موجب زینت ہے، رِیْش: پرندے کا پر، پروں سے پرندے خوبصورت ہوتے ہیں، لباس کا یہ درجہ وہ ہے جو پورے بدن کو چھپاتا ہے، سر کو بھی، کیونکہ پرندوں کے سر پر بھی پر ہوتے ہیں —— پھر یہ دوسری قسم کا لباس دو طرح کا ہے: **ایک**: عام لباس جو دنیا کی مختلف قوموں میں رائج ہے۔ **دوم**: نیک لوگوں کا لباس، ہر زمانہ میں اور ہر خطہ میں صالحین کا جو لباس ہے وہ سنت لباس ہے، اور اس لباس کا فائدہ یہ ہے کہ اس سے دل میں تقوی پیدا ہوتا ہے، کیونکہ انسان کے ظاہر کا باطن پر اثر پڑتا ہے، تجربہ کر کے دیکھ لیں: چند دن نیکوں کا لباس پہنیں، اور چند دن اوباشوں کا، لباس کا فرق ظاہر ہوگا، اور لباس المتقین کے بجائے لباس التقوی کہا: یہ اس قسم کے لباس کے ثمرۃ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰہِ: ﴿قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰہِ الَّتِیْ أَخْرَجَ لِعِبَادِہِ؟﴾

اسراف اور تکبر سے بچتے ہوئے ہر لباس معروف طریقہ پر جائز ہے

سورۃ الاعراف کی آیت ۳۲ ہے: آپ کہیں: کس نے حرام کیا ہے اللہ کی زینت (کپڑوں وغیرہ) کو جن کو اللہ تعالیٰ نے

اپنے بندوں کے لئے بنایا ہے؟ (کسی نے حرام نہیں کیا! کھانے پینے اور پہننے کی تمام حلال چیزیں استعمال کی جائیں، نہ اچھا لباس ممنوع ہے، نہ مزہ دار کھانا پینا)

معلق حدیث: ابن ابی شیبہ میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''کھاؤ، پیو اور خیرات کرو، فضول خرچی اور تکبر سے بچتے ہوئے!

روایت: ابن ابی شیبہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے: ''جو چاہو کھاؤ اور جو چاہو پہنو، جب تک چوک جائیں تجھے (بچارہے) اسراف اور تکبر'' یعنی ان دو باتوں سے بچارہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نہیں دیکھیں گے جو تکبر سے اپنا کپڑا گھسیٹتا ہے!''

بسم الله الرحمن الرحيم

٧٧- كتابُ اللباس

[١-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ؟﴾

[١-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَالْبَسُوْا وَتَصَدَّقُوْا، فِيْ غَيْرِ إِسْرَافٍ وَلاَ مَخِيْلَةٍ"

[٢-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كُلْ مَا شِئْتَ وَالْبَسْ مَا شِئْتَ، مَا أَخْطَأَتْكَ اثْنَتَانِ: سَرَفٌ أَوْ مَخِيْلَةٌ.

[٥٧٨٣-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، وَزَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، يُخْبِرُوْنَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَ يُنْظُرُ اللّٰهُ إِلَى مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلاَءَ" [راجع: ٣٦٦٥]

بَابُ مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ مِنْ غَيْرِ خُيَلاَءَ

کپڑا لٹک گیا، تکبر کا ارادہ نہیں تھا

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نحیف تھے، ان کے کپڑے (لنگی) کی ایک جانب ڈھیلی پڑ جاتی تھی، مگر یہ کہ وہ اس کا پورا خیال رکھیں، چنانچہ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: ''تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو جو تکبر کے طور پر یہ کام کرتے ہیں'' —— اور سورج گہن کی روایت میں ہے: ''نبی ﷺ تیزی سے اپنا کپڑا گھسیٹتے ہوئے اٹھے'' یہ محاورہ ہے: آپؐ بغیر تیاری کئے مسجد میں آئے، جمعہ وعیدین میں آپؐ تیاری کرکے، نہادھوکر، خوشبو اور تیل لگا کر آتے تھے، مگر نماز کسوف کے لئے آپؐ نے کوئی تیاری نہیں کی، پس حدیث سے استدلال خفی ہے اور روایتیں دونوں پہلے آچکی ہیں۔

[۲-] بَابُ مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ مِنْ غَيْرِ خُيَلاَءَ

[۵۷۸۴-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَحَدَ شِقَّيْ إِزَارِيْ يَسْتَرْخِيْ، إِلَّا أَنْ أَتَعَاهَدَ ذٰلِكَ مِنْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَسْتَ مِمَّنْ يَصْنَعُهُ خُيَلَاءَ" [راجع: ۳۶۶۵]

[۵۷۸۴-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ وَنَحْنُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَامَ يَجُرُّ ثَوْبَهُ مُسْتَعْجِلاً حَتّٰى أَتَى الْمَسْجِدَ، وَثَابَ النَّاسُ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَجُلِّيَ عَنْهَا، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا وَقَالَ: " إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَصَلُّوْا وادْعُوْا اللّٰهَ حَتّٰى يَكْشِفَهَا"[راجع: ۱۰۴۰]

بَابُ التَّشَمُّرِ فِي الثِّيَابِ

کپڑا اوپر اٹھانا

کپڑا اوپر اٹھانا تاکہ چلنے میں آسانی ہوجائز ہے، نبی ﷺ جوڑا پہنے ہوئے کپڑا اٹھائے ہوئے خیمہ سے نماز پڑھانے کے لئے تشریف لائے۔

[۳-] بَابُ التَّشَمُّرِ فِي الثِّيَابِ

[۵۷۸۶-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: فَرَأَيْتُ بِلَالاً جَاءَ بِعَنَزَةٍ فَرَكَزَهَا، ثُمَّ أَقَامَ الصَّلاَ ةَ، فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ فِيْ حُلَّةٍ مُشَمِّرًا، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ إِلٰى الْعَنَزَةِ، وَرَأَيْتُ النَّاسَ وَالدَّوَابَّ يَمُرُّوْنَ بَيْنَ يَدَيْهِ مِنْ وَرَاءِ الْعَنَزَةِ.[راجع: ۱۸۷]

بَابٌ: مَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ فَفِي النَّارِ

جو کپڑا ٹخنوں سے نیچے لٹکا وہ دوزخ میں جائے گا

ما: موصولہ ہے، مراد کپڑا ہے، اور صلہ میں سے کان محذوف ہے اور أسفل اس کی خبر ہے، اور کپڑے کا دوزخ میں جانا کنایہ ہے پہننے والے کے دوزخ میں جانے سے، اور دوزخ میں جانے میں تجزّی نہیں، پس سارا ہی دوزخ میں جائے گا۔

[٤-] بَابٌ: مَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ فَفِى النَّارِ

[٥٧٨٧-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىُّ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الإِزَارِ فِى النَّارِ"

بَابُ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ مِنَ الْخُيَلاَءِ

جوتکبر سے کپڑا گھسیٹتا ہے

متکبرین کپڑوں کے استعمال میں بہت اسراف سے کام لیتے ہیں، اوراس کو بڑائی کی نشانی سمجھتے ہیں، تہبند اس طرح باندھتے ہیں کہ چلتے وقت نیچے کا کنارہ زمین پر گھسٹتا ہے، اور پتلون اتنی لمبی پہنتے ہیں کہ اس کا نیچے کا کنارہ جوتوں کو صاف کرتا ہے، اسی طرح عربی قمیص کا حال ہے، احادیث میں اس پر سخت وعید آئی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:" قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نہیں دیکھیں گے جو اپنی لنگی تکبر سے گھسیٹتا ہے!"

تشریح: قیامت کے دن بندے رب کریم کی نگاہِ رحمت کے سخت محتاج ہونگے، اس دن متکبر نگاہِ کرم سے محروم رہے گا، اللہ تعالیٰ اس کو بالکل ہی نظر انداز کردیں گے، کیا ٹھکانا ہے اس محرومی کا!

[٥-] بَابُ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ مِنَ الْخُيَلاَءِ

[٥٧٨٨-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَيَنْظُرُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَى مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ بَطَرًا"

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:" اس درمیان کہ ایک شخص سوٹ پہنے ہوئے چل رہا تھا، اس کو اس کی ذات اچھی لگ رہی تھی، وہ اپنی زلفوں میں کنگھی کئے ہوئے تھا کہ اچانک اللہ نے اس کو زمین میں دھنسادیا، پس وہ قیامت تک زمین میں دھنستا جارہا ہے" (یہ واقعہ حضرت ابوہریرہؓ سے بھی مروی ہے اور حضرت ابن عمرؓ سے بھی)

[٥٧٨٩-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، أَوْ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم:" بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِىْ فِىْ حُلَّةٍ، تُعْجِبُهُ نَفْسُهُ، مُرَجِّلٌ جُمَّتَهُ، إِذْ خَسَفَ اللهُ بِهِ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"

[٥٧٩٠-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" بَيْنَمَا

رَجُلٌ يَجُرُّ إِزَارَهُ، خُسِفَ بِهِ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْأَرْضِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ" تابعَهُ: يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ.[راجع: ٣٤٨٥]

حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ عَمِّهِ جَرِيْرِ بْنِ زَيْدٍ: كُنْتُ مَعَ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَلَى بَابِ دَارِهِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ: سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

آئندہ حدیث: وہی ہے جو باب کے شروع میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، ان کی حدیث میں 'لنگی' کی تخصیص ہے، وہی حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے، ان کی حدیث میں ثوبہ ہے، لنگی کی تخصیص نہیں، پس کپڑا لٹکانے کی ممانعت لنگی کے ساتھ خاص نہیں، اسبال ہر کپڑے میں ہوتا ہے، کرتے کے دامن میں بھی، آستین میں بھی اور ٹوپی پگڑی میں بھی۔

[٥٧٩١-] حَدَّثَنِيْ مَطَرُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ: لَقِيْتُ مُحَارِبَ بْنَ دِثَارٍ عَلَى فَرَسٍ، وَهُوَ يَأْتِيْ مَكَانَهُ الَّذِيْ يَقْضِيْ فِيْهِ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، فَحَدَّثَنِيْ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه سلم: "مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ مِنْ مَخِيْلَةٍ، لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" فَقُلْتُ لِمُحَارِبٍ: أَذَكَرَ إِزَارَهُ؟ قَالَ: مَا خَصَّ إِزَارًا وَلاَ قَمِيْصًا.

تَابَعَهُ: جَبَلَةُ بْنُ سُحَيْمٍ، وَزَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، وَزَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. وَقَالَ اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ مِثْلَهُ، وَتَابَعَهُ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، وَعُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَقُدَامَةُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ"[راجع: ٣٦٦٥]

بَابُ الإِزَارِ الْمُهَدَّبِ

جھالردار لنگی

هَدَّب الثوب: کپڑے میں جھالر لگانا، جھالر: حاشیہ، کنارہ، جھالردار لنگی چادر مرد بھی استعمال کرسکتا ہے اور عورت بھی، اس میں کوئی بڑائی کی بات نہیں۔ باب کے شروع میں چار بڑے لوگوں کا ذکر ہے جو جھالردار کپڑے پہنتے تھے، اور رفاعہ کی بیوی تمیمہ نے اپنی چادر کا پھندنا دکھا کر کہا تھا: عبدالرحمٰن کے پاس ایسا ہے!

[٦-] بَابُ الإِزَارِ الْمُهَدَّبِ

وَيُذْكَرُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَأَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَحَمْزَةَ بْنِ أَبِيْ أُسَيْدٍ، وَمُعَاوِيَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ:

أَنَّهُمْ لَبِسُوْا ثِيَابًا مُهَدَّبَةً.

[۵۷۹۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: جَاءَ تِ امْرَأَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا جَالِسَةٌ، وَعِنْدَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ كُنْتُ تَحْتَ رِفَاعَةَ فَطَلَّقَنِيْ فَبَتَّ طَلَاقِيْ، فَتَزَوَّجْتُ بَعْدَهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزَّبِيْرِ، وَإِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا مَعَهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِلَّا مِثْلَ الْهُدْبَةِ. وَأَخَذَتْ هُدْبَةً مِنْ جِلْبَابِهَا، فَسَمِعَ خَالِدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَوْلَهَا وَهُوَ بِالْبَابِ لَمْ يُؤْذَنْ لَهُ، قَالَتْ: فَقَالَ خَالِدٌ: يَا أَبَا بَكْرٍ! أَلَا تَنْهَى هٰذِهِ عَمَّا تَجْهَرُ بِهِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟! فَلَا وَاللّٰهِ مَا يَزِيْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى التَّبَسُّمِ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَعَلَّكِ تُرِيْدِيْنَ أَنْ تَرْجِعِيْ إِلٰى رِفَاعَةَ! لَا، حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ وَتَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ" فَصَارَ سُنَّةً بَعْدُ.

[راجع: ۲۶۳۹]

قوله: فصار سنة بعدُ: یہ امام زہریؒ کا قول ہے کہ بعد میں یہی اسلامی طریقہ ہوا کہ حلالہ کے لئے زوج ثانی کا صحبت کرنا ضروری ہے۔

بَابُ الْأَرْدِيَةِ

چادروں کا بیان

ہرطرح کی چادریں استعمال کرسکتے ہیں، نبی ﷺ کے زمانہ میں کرتے کا رواج کم تھا، عام طور پر کرتے کی جگہ چادر اوڑھی جاتی تھی، اسی کو اعرابی نے کھینچا تھا، اوراسی کو پہن کر آپؐ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو سرزنش کرنے کے لئے تشریف لے گئے تھے۔

[۷-] بَابُ الْأَرْدِيَةِ

وَقَالَ أَنَسٌ: جَبَذَ أَعْرَابِيٌّ رِدَاءَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۵۷۹۳-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: فَدَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِرِدَائِهِ فَارْتَدَى بِهِ، ثُمَّ انْطَلَقَ يَمْشِيْ، وَاتَّبَعْتُهُ أَنَا وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، حَتّٰى جَاءَ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ حَمْزَةُ، فَاسْتَأْذَنَ، فَأَذِنُوْا لَهُمْ. [راجع: ۲۰۸۹]

بَابُ لُبْسِ الْقَمِيْصِ

کرتا پہننا

کرتا: چادر اوڑھنے کے بجائے بہترین لباس ہے، اس میں خوبصورتی ہے اور اس کو روکنا نہیں پڑتا، اور یہ قدیم لباس ہے، یوسف علیہ السلام نے اپنا کرتا بھیجا تھا کہ اس کو ابا کے چہرے پر ڈالنا وہ بینا ہوکر میرے پاس آئیں گے، اور آپؐ نے احرام میں مردوں کو کرتا پہننے سے منع کیا، معلوم ہوا کہ اس زمانہ میں کرتے کا رواج تھا۔

[۸-] بَابُ لُبْسِ الْقَمِيْصِ

وَقَالَ يُوْسُفُ،: ﴿اذْهَبُوْا بِقَمِيْصِي هٰذَا فَأَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ أَبِيْ يَأْتِ بَصِيْرًا﴾[يوسف: ۹۳]

[۵۷۹۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لاَ يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ الْقَمِيْصَ، وَلاَ السَّرَاوِيْلَ، وَلاَ الْبُرْنُسَ، وَلاَ الْخُفَّيْنِ، إِلَّا أَنْ لاَ يَجِدَ النَّعْلَيْنِ، فَلْيَلْبَسْ مَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ" [راجع: ۱۳۴]

پھر حضرات جابر و ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیثیں ہیں کہ نبی ﷺ نے عبداللہ بن اُبی (رئیس المنافقین) کے انتقال پر اپنا کرتا عنایت فرمایا تھا جو اس کے کفن میں شامل کیا گیا، پھر دونوں میں اختلاف ہے کہ کرتا کب عنایت فرمایا تھا، ابن عمرؓ کہتے ہیں: جنازہ تیار ہونے سے پہلے دیا تھا اور جابرؓ کہتے ہیں: قبر میں سے نکال کر پہنایا تھا، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے۔ تفصیل پہلے تحفۃ القاری (۵۹۰:۳) میں گذر چکی ہے۔

[۵۷۹۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ بَعْدَ مَا أُدْخِلَ قَبْرَهُ، فَأَمَرَ بِهِ فَأُخْرِجَ، وَوُضِعَ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ، وَنَفَثَ عَلَيْهِ مِنْ رِيْقِهِ، وَأَلْبَسَهُ قَمِيْصَهُ، وَاللّٰهُ أَعْلَمُ.[راجع: ۱۲۷۰]

[۵۷۹۶-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ جَاءَ ابْنُهُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَعْطِنِيْ قَمِيْصَكَ أُكَفِّنْهُ فِيْهِ، وَصَلِّ عَلَيْهِ، وَاسْتَغْفِرْ لَهُ، فَأَعْطَاهُ قَمِيْصَهُ، وَقَالَ:" إِذَا فَرَغْتَ فَآذِنَّا" فَلَمَّا فَرَغَ آذَنَهُ بِهِ، فَجَاءَ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ، فَجَذَبَهُ عُمَرُ، وَقَالَ: أَلَيْسَ قَدْ نَهَاكَ اللّٰهُ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ؟ فَقَالَ:﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْلاَ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ، إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً﴾الآية [التوبة:۸۰] فَنَزَلَتْ:﴿وَلاَ تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ أَبَدًا﴾[التوبة: ۸۴] فَتَرَكَ الصَّلاَةَ عَلَيْهِمْ.[راجع: ۱۲۶۹]

قوله: واللہ أعلم: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ کرتا پہنانے کی حکمت اللہ بہتر جانتے ہیں۔

بَابُ جَيْبِ الْقَمِيْصِ مِنْ عِنْدِ الصَّدْرِ وَغَيْرِهِ

گریبان سینہ پر ہو یا اور جگہ؟

گریبان: کرتے کا گول شگاف جو گردن میں پہنا جاتا ہے، اس میں سرداخل کرنے کی سہولت کے لئے لمبائی میں پھاڑ لیتے ہیں، اوراس کو بھی گریبان کہتے ہیں۔ گریبان سامنے سینہ پر ہونا چاہئے یا پیچھے دو مونڈھوں کے درمیان یا دونوں جانبوں میں دونوں مونڈھوں کے اوپر؟ ہر طرح گنجائش ہے، اوراب تو مرد وزن گریبان سامنے ہی رکھتے ہیں، لیکن دوسری دوصورتیں بھی درست ہیں۔

اور حدیث میں سخی اور بخیل کی حالت جبّہ یا ذِرہ کی مثال سے سمجھائی ہے، راوی کہتے ہیں: بخیل کی حالت بیان کرتے ہوئے نبی ﷺ نے اپنی انگلی اپنے گریبان میں ڈالی، معلوم ہوا کہ آپؐ کے کرتے میں گریبان آگے سینہ پر تھا اور جُبَّة اور جُنَّة میں راویوں کا اختلاف ہے، اور حدیث ترجمہ کے ساتھ پہلے آئی ہے۔

[٩-] بَابُ جَيْبِ الْقَمِيْصِ مِنْ عِنْدِ الصَّدْرِ وَغَيْرِهِ

[-٥٧٩٧] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ نَافِعٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَثَلَ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ، كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ، قَدِ اضْطُرَّتْ أَيْدِيْهِمَا إِلٰى ثُدِيِّهِمَا وَتَرَاقِيْهِمَا، فَجَعَلَ الْمُتَصَدِّقُ كُلَّمَا تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ انْبَسَطَتْ عَنْهُ حَتّٰى تَغْشٰى أَنَامِلَهُ وَتَعْفُوَ أَثَرَهُ وَجَعَلَ الْبَخِيْلُ كُلَّمَا هَمَّ بِصَدَقَةٍ قَلَصَتْ، وَأَخَذَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ بِمَكَانِهَا - قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَأَنَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ بِإِصْبَعِهِ هٰكَذَا فِیْ جَيْبِهِ - فَلَوْ رَأَيْتَهُ يُوَسِّعُهَا وَلَا تَوَسَّعُ.

تَابَعَهُ ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، وَأَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، فِی الْجُبَّتَيْنِ. وَقَالَ جَعْفَرٌ عَنِ الْأَعْرَجِ: جُنَّتَانِ. وَقَالَ حَنْظَلَةُ: سَمِعْتُ طَاوُسًا، سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ: جُبَّتَانِ. [راجع: ١٤٤٣]

بَابُ مَنْ لَبِسَ جُبَّةً ضَيِّقَةَ الْكُمَّيْنِ فِی السَّفَرِ

سفر میں تنگ آستینوں کا جبہ پہننا

سفر ہو یا حضر: تنگ آستینوں کا جبہ/کرتا پہننا جائز ہے، سفر تبوک میں نبی ﷺ نے ایسا ہی شامی جبہ پہن رکھا تھا، وضوء کرتے وقت آستینیں نہ چڑھیں تو آپؐ نے ہاتھ نکال کر دھوئے، مسح نہیں کیا، البتہ سر اور خفین پر مسح فرمایا۔

[۱۰-] بَابُ مَنْ لَبِسَ جُبَّةً ضَيِّقَةَ الْكُمَّيْنِ فِي السَّفَرِ

[۵۷۹۸-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ الضُّحَى، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَسْرُوْقٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، قَالَ: انْطَلَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِحَاجَتِهِ ثُمَّ أَقْبَلَ، فَتَلَقَّيْتُهُ بِمَاءٍ، فَتَوَضَّأَ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَةٌ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَغَسَلَ وَجْهَهُ، فَذَهَبَ يُخْرِجُ يَدَيْهِ مِنْ كُمَّيْهِ فَكَانَا ضَيِّقَيْنِ، فَأَخْرَجَ يَدَيْهِ مِنْ تَحْتِ الْجُبَّةِ فَغَسَلَهُمَا وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ وَعَلَى خُفَّيْهِ.[راجع: ۱۸۲]

بَابُ لُبْسِ جُبَّةِ الصُّوْفِ فِي الْغَزْوِ

جہاد میں اون کا جبہ پہننا

اون کا جبہ قیمتی بھی ہوتا ہے اور کم قیمت بھی، پس جہاد میں اور غیر جہاد میں ہر قسم کا جبہ پہن سکتے ہیں، اس میں نہ تزکیہ کا پہلو ہے نہ تصنع کا۔ غزوۂ تبوک کے سفر میں نبی ﷺ نے جو جبہ پہن رکھا تھا: وہ اون کا تھا۔

[۱۱-] بَابُ لُبْسِ جُبَّةِ الصُّوْفِ فِي الْغَزْوِ

[۵۷۹۹-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ لَيْلَةٍ فِي سَفَرٍ، فَقَالَ: "أَمَعَكَ مَاءٌ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، فَنَزَلَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، فَمَشَى حَتّٰى تَوَارَى عَنِّيْ فِيْ سَوَادِ اللَّيْلِ، ثُمَّ جَاءَ فَأَفْرَغْتُ عَلَيْهِ الإِدَاوَةَ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ مِنْ صُوْفٍ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يُخْرِجَ ذِرَاعَيْهِ مِنْهَا حَتّٰى أَخْرَجَهُمَا مِنْ أَسْفَلِ الْجُبَّةِ، فَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ، ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ، ثُمَّ أَهْوَيْتُ لِأَنْزِعَ خُفَّيْهِ، فَقَالَ: "دَعْهُمَا، فَإِنِّيْ أَدْخَلْتُهُمَا طَاهِرَتَيْنِ" فَمَسَحَ عَلَيْهِمَا [راجع: ۱۸۲]

بَابُ الْقَبَاءِ وَفَرُّوْجِ حَرِيْرٍ

قباء پہنے مگر ریشمی نہیں

قباء: چوغہ، ایک ڈھیلا لمبا لباس جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے، جیسے شیروانی اسی کو فَرُّوْج بھی کہتے ہیں، اور بعض نے کہا: فروج: وہ ہے جس کا گریبان پیچھے کی جانب کھلا ہو، قباء پہننا جائز ہے، مگر ریشمی جائز نہیں، ریشمی کپڑے کے احکام آگے آرہے ہیں، اور دونوں حدیثیں پہلے آگئی ہیں۔

[۱۲-] بَابُ الْقَبَاءِ وَفَرُّوْجِ حَرِيْرٍ

وَهُوَ الْقَبَاءُ. وَيُقَالُ: هُوَ الَّذِیْ لَهُ شَقٌّ مِنْ خَلْفِهِ.

[۵۸۰۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، أَنَّهُ قَالَ: قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَقْبِيَةً، وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ شَيْئًا، فَقَالَ مَخْرَمَةُ: يَا بُنَیَّ انْطَلِقْ بِنَا إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، فَقَالَ: ادْخُلْ فَادْعُهُ لِیْ. قَالَ: فَدَعَوْتُهُ لَهُ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ مِنْهَا،فَقَالَ:"خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ" قَالَ: فَنَظَرَ إِلَيْهِ، فَقَالَ:رَضِیَ مَخْرَمَةُ.[راجع: ۲۵۹۹]

[۵۸۰۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِی الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّهُ قَالَ: أُهْدِیَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرُّوْجُ حَرِيْرٍ، فَلَبِسَهُ، ثُمَّ صَلّٰی فِيْهِ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَزَعَهُ نَزْعًا شَدِيْدًا كَالْكَارِهِ لَهُ، ثُمَّ قَالَ:" لَا يَنْبَغِیْ هٰذَا لِلْمُتَّقِيْنَ"

تَابَعَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسفَ، عَنِ اللَّيْثِ، وَقَالَ غَيْرُهُ: فَرُّوْجٌ حَرِيْرٌ.[راجع: ۳۷۵]

وضاحت: روایتوں کے فرق کے لئے حاشیہ دیکھیں،اس میں پانچ فرق بیان کئے ہیں۔

بَابُ الْبَرَانِسِ

ٹوپی جو کرتے کے ساتھ جڑی ہوئی ہو

سرد ممالک میں کرتے کے ساتھ ٹوپی جڑی ہوئی ہوتی ہے، جب سردی ہوتی ہے تو پہن لیتے ہیں اور سردی ختم ہوجاتی ہے تو پیچھے ڈال دیتے ہیں، احرام میں ٹوپی پہننا جائز نہیں، کیونکہ مرد کا احرام سر میں بھی ہوتا ہے، اور غیر محرم پہن سکتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے خزّ کی پیلی ٹوپی پہنی ہے، اور حاشیہ میں اور بھی صحابہ وتابعین کے نام ہیں جو یہ ٹوپی پہنتے تھے، اور خزّ: خرگوش کے بال ہیں، اس کو ریشم کے ساتھ ملا کر بُنائی کرتے تھے۔

[۱۳-] بَابُ الْبَرَانِسِ

[۵۸۰۲-] وَقَالَ لِیْ مُسَدَّدٌ:حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ،قَالَ:سَمِعْتُ أَبِیْ،قَالَ: رَأَيْتُ عَلٰی أَنَسٍ بُرْنُسًا أَصْفَرَ مِنْ خَزٍّ.

[۵۸۰۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَاتَلْبَسُوْا الْقَمِيْصَ، وَلَا الْعَمَائِمَ، وَلَا السَّرَاوِيْلَاتِ، وَلَا الْبَرَانِسَ، وَلَاالْخِفَافَ، إِلَّا أَحَدٌ لَايَجِدُ نَعْلَيْنِ، فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ، وَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ، وَلَا تَلْبَسُوْا مِنَ الثِّيَابِ شَيْئًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَلَا الْوَرْسُ"[راجع: ۱۳۴]

بَابُ السَّرَاوِيْلِ

شلوار پہننا

عہدِ نبوی میں عام طور پر مرد وزن لنگی باندھتے تھے، مگر شلوار پاجامہ تھا، ہجرت سے پہلے آپؐ نے ایک دکان سے چار درہم میں پاجامہ خریدا ہے، پس پہنا بھی ہوگا، بلکہ باب کی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ شلوار کا رواج تھا، لنگی کی بہ نسبت پاجامہ سے اچھی طرح سترِ عورت ہوتا ہے، پس لنگی ہی کو سنت سمجھنا صحیح نہیں۔

[۱۴-] بَابُ السَّرَاوِيْلِ

[۵۸۰۴-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ لَمْ يَجِدْ إِزَارًا فَلْيَلْبَسْ سَرَاوِيْلَ، وَمَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ" [راجع: ۱۷۴۰]

[۵۸۰۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! مَا تَأْمُرُنَا أَنْ نَلْبَسَ إِذَا أَحْرَمْنَا؟ قَالَ:" لاَ تَلْبَسُوْا الْقَمِيْصَ، وَلاَ السَّرَاوِيْلَ، وَلاَ الْعَمَائِمَ وَالْبَرَانِسَ وَالْخِفَافَ، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ رَجُلٌ لَيْسَ لَهُ نَعْلاَنِ، فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ، وَلاَ تَلْبَسُوْا شَيْئًا مِنَ الثِّيَابِ مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَلاَ وَرْسٌ"[راجع: ۱۳۴]

بَابُ الْعَمَائِمِ

پگڑیاں باندھنا

پگڑی باندھنا سنت ہے: سنتِ ہدی ہے یا زائد؟ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ عربوں میں قومی رواج تھا اس لئے آپؐ پگڑی باندھی ہے، پس یہ سنتِ ہدی نہیں، یہی خیال ان کا ڈاڑھی کے بارے میں بھی ہے، مگر یہ خیال صحیح نہیں، اگر قومی رواج کی وجہ سے آپؐ نے پگڑی باندھی ہوتی یا ڈاڑھی رکھی ہوتی تو اس کا حکم دینے کی ضرورت نہیں تھی، جیسے آپؐ پیروں میں چپل پہنتے تھے، مگر اس کا نہ کوئی حکم دیا نہ کوئی فضیلت بیان کی، پس وہ سنتِ زائدہ ہے، مگر ڈاڑھی مونچھ کے بارے میں تو اوامر واحکام موجود ہیں، اسی طرح عمامہ باندھنے کا حکم بھی دیا ہے اور فضائل بھی بیان کئے ہیں، پس اس کو سنتِ زائد کیسے کہہ سکتے ہیں؟ یہ سنتِ ہدی ہے، اس کو اختیار کرنا چاہئے، اس میں ثواب ہے۔

[۱۵-] بَابُ الْعَمَائِمِ

[۵۸۰۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي

سَالِمٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لاَ يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ الْقَمِيْصَ، وَلاَ الْعِمَامَةَ، وَلاَ السِّرَاوِيْلَ، وَلاَ الْبُرْنُسَ، وَلاَ ثَوْبًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ، وَلاَ وَرْسٌ، وَلاَ الْخُفَّيْنِ، إِلَّا مَنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْهُمَا فَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ" [راجع: ١٣٤]

بَابُ التَّقَنُّعِ

چادروغیرہ سے سراوراکثر چہرہ ڈھانکنا

۱-مرضِ وفات میں نبی ﷺ (خطاب فرمانے کے لئے) مسجد کی طرف نکلے، اس وقت (دردِ سر کی وجہ سے) آپؐ نے چکنی پٹی سر پر باندھ رکھی تھی (تحفۃ القاری ۷:۲۸۵) اس پر اشکال کیا گیا ہے کہ یہ تقنع نہیں۔

۲-مرضِ وفات میں نبی ﷺ نے خطاب فرمایا: اس وقت آپؐ نے اپنے سر کو کسی چادر کے کنارے سے مضبوط باندھ رکھا تھا (تحفۃ القاری ۷:۲۸۴) اس پر بھی اشکال کیا گیا ہے کہ یہ بھی تقنع نہیں۔

حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۷:۳۶۶) تفصیل سے آئی ہے: نبی ﷺ ٹھیک دوپہر کے وقت سر چھپائے ہوئے (گرمی سے بچنے کے لئے) ایسے وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر پہنچے کہ اس وقت آپؐ ان کے گھر نہیں جایا کرتے تھے: یہ تقنع ہے —— اور علماء جو پگڑی پر یا ٹوپی پر رومال اوڑھتے ہیں وہ اسی تقنع کی نقل ہے۔

[١٦-] بَابُ التَّقَنُّعِ

[١-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَعَلَيْهِ عِصَابَةٌ دَسْمَاءُ.

[٢-] وَقَالَ أَنَسٌ: عَصَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى رَأْسِهِ حَاشِيَةَ بُرْدٍ.

[٥٨٠٧-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: هَاجَرَ إِلَى الْحَبَشَةِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَتَجَهَّزَ أَبُوْ بَكْرٍ مُهَاجِرًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " عَلٰى رِسْلِكَ، فَإِنِّيْ أَرْجُوْ أَنْ يُؤْذَنَ لِيْ" قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَوَ تَرْجُوْهُ، بِأَبِيْ أَنْتَ؟ قَالَ: "نَعَمْ" فَحَبَسَ أَبُوْ بَكْرٍ نَفْسَهُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِصُحْبَتِهِ، وَعَلَفَ رَاحِلَتَيْنِ كَانَتَا عِنْدَهُ وَرَقَ السَّمُرِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ، قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: فَبَيْنَا نَحْنُ يَوْمًا جُلُوْسٌ فِيْ بَيْتِنَا فِيْ نَحْرِ الظَّهِيْرَةِ قَالَ قَائِلٌ لِأَبِيْ بَكْرٍ: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مُقْبِلاً مُتَقَنِّعًا، فِيْ سَاعَةٍ لَمْ يَكُنْ يَأْتِيْنَا فِيْهَا، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فِدًى لَهُ بِأَبِيْ وَأُمِّيْ! وَاللّٰهِ إِنْ جَاءَ بِهِ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ إِلَّا لِأَمْرٍ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَأْذَنَ، فَأُذِنَ لَهُ فَدَخَلَ، فَقَالَ حِيْنَ دَخَلَ لِأَبِيْ بَكْرٍ: " أَخْرِجْ مَنْ عِنْدَكَ" قَالَ: إِنَّمَا هُمْ أَهْلُكَ، بِأَبِيْ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: " فَإِنِّيْ قَدْ أُذِنَ

لِیْ فِی الْخُرُوْجِ" قَالَ: فَالصُّحْبَةُ، بِأَبِیْ أَنْتَ وَأُمِّیْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" نَعَمْ" قَالَ: فَخُذْ بِأَبِیْ أَنْتَ! یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِحْدَى رَاحِلَتَیَّ هَاتَیْنِ، قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم:" بِالثَّمَنِ" قَالَتْ: فَجَهَّزْنَاهُمَا أَحَثَّ الْجِهَازِ، وَصَنَعْنَا لَهُمَا سُفْرَةً فِیْ جِرَابٍ، فَقَطَعَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِیْ بَكْرٍ قِطْعَةً مِنْ نِطَاقِهَا، فَأَوْكَتْ بِهِ الْجِرَابَ، فَلِذٰلِكَ كَانَتْ تُسَمَّى ذَاتَ النِّطَاقِ، ثُمَّ لَحِقَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ بِغَارٍ فِیْ جَبَلٍ یُقَالُ لَهُ: ثَوْرٌ، فَمَكُثَ فِیْهِ ثَلَاثَ لَیَالٍ یَبِیْتُ عِنْدَهُمَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ بَكْرٍ، وَهُوَ غُلَامٌ شَابٌّ لَقِنٌ ثَقِفٌ، فَیَدْخُلُ مِنْ عِنْدِهِمَا سَحَرًا، فَیُصْبِحُ مَعَ قُرَیْشٍ بِمَكَّةَ كَبَائِتٍ، فَلَا یَسْمَعُ أَمْرًا یُكَادَانِ بِهِ إِلَّا وَعَاهُ، حَتّٰى یَأْتِیَهُمَا بِخَبَرِ ذٰلِكَ الْیَوْمِ حِیْنَ یَخْتَلِطُ الظَّلَامُ، وَیَرْعَى عَلَیْهِمَا عَامِرُ بْنُ فُهَیْرَةَ مَوْلٰى أَبِیْ بَكْرٍ مِنْحَةً مِنْ غَنَمٍ، فَیُرِیْحُهُ عَلَیْهِمَا حِیْنَ تَذْهَبُ سَاعَةٌ مِنَ الْعِشَاءِ، فَیَبِیْتَانِ فِیْ رِسْلِهَا حَتّٰى یَنْعِقَ بِهَا عَامِرُ بْنُ فُهَیْرَةَ بِغَلَسٍ، یَفْعَلُ ذٰلِكَ كُلَّ لَیْلَةٍ مِنْ تِلْكَ اللَّیَالِیْ الثَّلَاثِ. [راجع: ۴۷۶]

بَابُ الْمِغْفَرِ

لوہے کی ٹوپی جولڑائی میں پہنی جاتی ہے

خُود (واؤ مجہول) دوطرح کا ہوتا تھا: ایک: علاحدہ جو عمامہ کے اوپر پہنا جاتا ہے، آج کل بھی آرمی والے ایسی لوہے کی ٹوپی پہنتے ہیں۔ دوم: زِرہ سے جڑا ہوا، جو ٹوپی/عمامہ کے نیچے پہنا جاتا ہے۔ فتح مکہ کے دن آپؐ نے یہ دوسری قسم کا خود پہنا تھا، اوراس پر سیاہ عمامہ باندھا تھا۔

[۱۷-] بَابُ الْمِغْفَرِ

[۵۸۰۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِیْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ وَعَلٰى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ. [راجع: ۱۸۴۶]

بَابُ الْبُرُوْدِ، وَالْحِبَرَةِ، وَالشَّمْلَةِ

(۱) پھولدار مربع اونی چادر (۲) لال دھاری والا کپڑا (۳) بڑی اونی چادر (جس میں لپٹ سکیں)

نبی ﷺ کے زمانہ میں عام طور پر اونی کپڑے استعمال کئے جاتے تھے، حضرت خباب رضی اللہ عنہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تو آپؐ اپنی چادر کا تکیہ بنا کر کعبہ کے سایہ میں لیٹے ہوئے تھے (تحفۃ القاری ۷: ۳۲۱) اور جنگِ حنین سے واپسی میں ایک بدّو نے جو آپؐ کی چادر کھینچی تھی وہ نجرانی چادر تھی، اس کے کنارے موٹے تھے (نجرانی چادر کی زمین سفید ہوتی ہے اوراس میں لال دھاریاں ہوتی ہیں) (تحفۃ القاری ۶: ۴۳۲) اور ایک عورت نبی ﷺ کے پاس ایک چادر لائی، اس کے

کناروں میں جھالر بُنے ہوئے تھے، راوی نے طلبہ سے پوچھا: جانتے ہو بُردہ کس کو کہتے ہیں؟ طلبہ نے کہا: شَمْلة (چادر) کو، راوی نے کہا: ہاں (تحفۃ القاری ۳:۵۹۶) اس کے بعد روایت میں ہے کہ حضرت عکاشہؓ نے نمرۃ چادر اوڑھ رکھی تھی، وہ اس کو اٹھائے ہوئے کھڑے ہوئے، نمرۃ چادر میں رنگین لکیریں ہوتی ہیں (یہ روایت ابھی گذری ہے) اس کے بعد دو روایتوں میں ہے کہ نبی ﷺ کو حبرہ کپڑا پسند تھا، یہ یمن سے آتا تھا، اس کی زمین سفید ہوتی تھی اور اس میں سبز یا سرخ دھاریاں ہوتی تھیں (یہ حدیث پہلے نہیں آئی) اور آخری حدیث میں ہے کہ وفات کے بعد آپؐ کو حبرہ چادر اوڑھائی گئی۔

تشریح: رسول اللہ ﷺ اسی طرح کے کپڑے پہنتے تھے جس طرح کے کپڑوں کا اس زمانہ میں رواج تھا، اور اکثر معمولی سوتی یا اونی کپڑے پہنتے تھے، اور کبھی بیش قیمت جبّے بھی پہنے ہیں جن پر ریشمی حاشیہ یا نقش ونگار ہوتا تھا، اسی طرح خوش نما یمنی چادریں بھی زیب تن فرمائی ہیں، پس حدود کی پابندی کے ساتھ ہر طرح کا معمولی یا قیمتی لباس پہنا جاسکتا ہے۔

[۱۸-] بَابُ الْبُرُوْدِ، وَالْحِبَرَةِ، وَالشَّمْلَةِ

وَقَالَ خَبَّابٌ: شَكَوْنَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً لَهُ.

[۵۸۰۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَعَلَيْهِ بُرْدٌ نَجْرَانِيٌّ غَلِيْظُ الْحَاشِيَةِ، فَأَدْرَكَهُ أَعْرَابِيٌّ، فَجَبَذَهُ بِرِدَائِهِ جَبْذَةً شَدِيْدَةً، حَتّٰى نَظَرْتُ إِلٰى صَفْحَةِ عَاتِقِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ أَثَّرَتْ بِهَا حَاشِيَةُ الْبُرْدِ مِنْ شِدَّةِ جَبْذَتِهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ مُرْلِيْ مِنْ مَالِ اللهِ الَّذِيْ عِنْدَكَ. فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ ضَحِكَ ثُمَّ أَمَرَ لَهُ بِعَطَاءٍ. [راجع: ۳۱۴۹]

[۵۸۱۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ بِبُرْدَةٍ - قَالَ سَهْلٌ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الْبُرْدَةُ؟ قَالَ: نَعَمْ، هِيَ الشَّمْلَةُ - مَنْسُوْجٍ فِيْ حَاشِيَتِهَا، قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنِّيْ نَسَجْتُ هٰذِهِ بِيَدَيَّ أَكْسُوْكَهَا، فَأَخَذَهَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، فَخَرَجَ إِلَيْنَا وَإِنَّهَا لَإِزَارُهُ، فَجَسَّهَا رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ اكْسُنِيْهَا! قَالَ: "نَعَمْ" فَجَلَسَ مَاشَاءَ اللهُ فِي الْمَجْلِسِ، ثُمَّ رَجَعَ، فَطَوَاهَا ثُمَ أَرْسَلَ بِهَا إِلَيْهِ. فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ: مَا أَحْسَنْتَ، سَأَلْتَهَا إِيَّاهُ وَقَدْ عَرَفْتَ أَنَّهُ لَا يَرُدُّ سَائِلاً. فَقَالَ الرَّجُلُ: وَاللهِ مَا سَأَلْتُهَا إِلَّا لِتَكُوْنَ كَفَنِيْ يَوْمَ أَمُوْتُ. قَالَ سَهْلٌ: فَكَانَتْ كَفَنَهُ. [راجع: ۱۲۷۷]

قوله: قَالَ نعم: پہلے (حدیث ۱۲۷۷) قالوا آیا ہے، وہی یہاں مراد ہے .... محتاجاً إليها: اس زمانہ میں آپؐ کو چادر کی ضرورت تھی۔

[۵۸۱۱-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: أَخْبرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُ:" يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِیْ زُمْرَةٌ هِیَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا، تُضِیْءُ وُجُوْهُهُمْ إِضَاءَ ةَ الْقَمَرِ" فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ يَرْفَعُ نَمِرَةً عَلَيْهِ قَالَ: ادْعُ اللّٰهَ لِیْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنْ يَجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ، فَقَالَ:" اللّٰهُمَ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ" ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ. فَقَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم:" سَبَقَكَ عُكَّاشَةُ"[طرفه: ٦۵٦٢]

[۵۸۱۲-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قُلْتُ لَهُ، أَیُّ الثِّيَابِ كَانَ أَحَبَّ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم؟ قَالَ: الْحِبَرَةُ.[طرفه:۵۸۱۳]

[۵۸۱۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ الْأَسْوَدِ، حَدَّثَنَا مُعَاذٌ، حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ أَحَبُّ الثِّيَابِ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَنْ يَلْبَسَهَا الْحِبَرَةُ.[راجع: ۵۸۱۲]

[۵۸۱٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم حِيْنَ تُوُفِّیَ سُجِّیَ بِبُرْدٍ حِبَرَةٍ.

بَابُ الْأَكْسِيَةِ وَالْخَمَائِصِ

اونی سادہ چادریں اوراونی پھول دار چادریں

أَكْسِيَة: كِسَاء کی جمع: اوڑھنے کی اونی چادر، الخَمَائص: الخميصة کی جمع: پھول دار/ دھاری دار سرخ یا سیاہ چادر/ کپڑا۔ پہلی حدیث میں ہے: مرضِ وفات میں ایک دن دھاری دار چادر اوڑھ رکھی تھی، اور دوسری حدیث میں ہے کہ ایک موٹی اونی چادر پہنے ہوئے نبی ﷺ کی روح قبض ہوئی، اور آخری حدیث میں ہے کہ ابوجہمؓ نے ایک چادر ہدیہ میں پیش کی اس میں پھول بوٹے تھے، آپؐ نے اس میں نماز پڑھی، پھر چادر ابوجہم کو واپس بھیج دی اوران کے پاس سے انجانیہ چادر منگوالی جو سادہ تھی، اس میں پھول بوٹے نہیں تھے، معلوم ہوا کہ ایسی چادر پہن کر نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔

[۱۹-] بَابُ الْأَكْسِيَةِ وَالْخَمَائِصِ

[۵۸۱۵و۵۸۱٦-] حدثنا يَحْيَی بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ قَالَا: لَمَّا نُزِلَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم طَفِقَ يَطْرَحُ خَمِيْصَةً لَهُ عَلٰی وَجْهِهِ، فَإِذَا اغْتَمَّ كَشَفَهَا عَنْ وَجْهِهِ، فَقَالَ وَهُوَ

كَذٰلِكَ:" لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ" يُحَذِّرُ مَاصَنَعُوْا.

[حديث ٥٨١٥ راجع: ٤٣٥، حديث ٥٨١٦ راجع: ٤٣٦]

[٥٨١٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، قَالَ: أَخْرَجَتْ إِلَيْنَا عَائِشَةُ كِسَاءً وَإِزَارًا غَلِيْظًا، فَقَالَتْ: قُبِضَ رُوْحُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي هَذَيْنِ. [راجع: ٣١٠٨]

[٥٨١٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ خَمِيْصَةٍ لَهَا أَعْلَامٌ، فَنَظَرَ إِلٰى أَعْلَامِهَا نَظْرَةً، فَلَمَّا سَلَّمَ، قَالَ:" اذْهَبُوْا بِخَمِيْصَتِيْ هٰذِهِ إِلٰى أَبِيْ جَهْمٍ، فَإِنَّهَا أَلْهَتْنِيْ آنِفًا عَنْ صَلَاتِيْ، وَائْتُوْنِيْ بِأَنْبِجَانِيَةِ أَبِيْ جَهْمِ بْنِ حُذَيْفَةَ بْنِ غَانِمٍ مِنْ بَنِيْ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ"[راجع: ٣٧٣]

بَابُ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ

کپڑے میں ٹھوس لپٹ جانا

ایک کپڑا بدن پر اس طرح لپیٹ لینا کہ دونوں ہاتھ اندر بند ہوجائیں ممنوع ہے، اشْتَمَلَ بثوبه: کپڑے میں پورا لپٹ جانا کہ ہاتھ بھی باہر نہ رہیں۔ الصَّمَّاء: سخت زمین، اور اشتمال الصماء کی صورت یہ ہے: چادر کو پہلے دائیں ہاتھ اور بائیں مونڈھے پر پھر بائیں ہاتھ اور دائیں مونڈھے پر ڈال کر لپیٹنا، اس طرح کپڑا اوڑھنے کی ممانعت کی وجہ تحفۃ القاری (۱۹۴:۲) میں ہے۔

[٢٠-] بَابُ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ

[٥٨١٩-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ خُبَيْبٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمُلَامَسَةِ، وَالْمُنَابَذَةِ، وَعَنْ صَلَاتَيْنِ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتّٰى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغِيْبَ، وَأَنْ يَحْتَبِيَ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ، لَيْسَ عَلٰى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْءٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ، وَأَنْ يَشْتَمِلَ الصَّمَّاءَ. [راجع: ٣٦٨]

ملحوظہ: احتباء کی تفسیر اگلے باب میں ہے۔

[٥٨٢٠-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ لِبْسَتَيْنِ، وَعَنْ

بَيْعَتَيْنِ: نَهَى عَنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ فِي الْبَيْعِ، وَالْمُلَامَسَةُ: لَمْسُ الرَّجُلِ ثَوْبَ الآخَرِ، بِيَدِهِ بِاللَّيْلِ أَوْ بِالنَّهَارِ، وَلَا يُقَلِّبُهُ إِلَّا بِذٰلِكَ. وَالْمُنَابَذَةُ: أَنْ يَنْبِذَ الرَّجُلُ إِلَى الرَّجُلِ بِثَوْبِهِ، وَيَنْبِذُ الآخَرُ ثَوْبَهُ، وَيَكُوْنَ ذٰلِكَ بَيْعَهُمَا، عَنْ غَيْرِ نَظَرٍ وَلَا تَرَاضٍ، وَاللِّبْسَتَانِ: اشْتِمَالُ الصَّمَّاءِ، وَالصَّمَّاءُ: أَنْ يَجْعَلَ ثَوْبَهُ عَلٰى أَحَدِ عَاتِقَيْهِ، فَيَبْدُوْ أَحَدُ شِقَّيْهِ لَيْسَ عَلَيْهِ ثَوْبٌ، وَاللِّبْسَةُ الأُخْرَى احْتِبَاؤُهُ بِثَوْبِهِ وَهُوَ جَالِسٌ، لَيْسَ عَلٰى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْئٌ. [راجع: ۳۶۷]

قوله: ولا يقلبه: اور نہ الٹے پلٹے وہ کپڑے کو اس کے علاوہ یعنی نہ خیار رویت نہ خیار عیب!

بَابُ الِاحْتِبَاءِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ

ایک کپڑے سے حبوہ بنانا

حبوۃ: آدمی سرین کے بل ننگا بیٹھ جائے، پھر دونوں پنڈلیاں ملا کر گھٹنے کھڑے کر لے، اور ہاتھوں، کمر اور پنڈلیوں کے گرد کوئی کپڑا باندھ لے، یہ ممنوع اس لئے ہے کہ کبھی کسی کے دھکا دینے سے آدمی گر پڑتا ہے یا اونگھتے ہوئے گر جاتا ہے تو ننگا یا کھل جائے گا، غرض کپڑا پہننے کی ایسی ہیئت ممنوع ہے، جس میں ننگا ہو جانے کا احتمال ہو، پس اگر پاجامہ یا نیکر چڈی پہن رکھی ہے تو اس طرح حبوۃ بنانا مکروہ نہیں۔

[۲۱-] بَابُ الِاحْتِبَاءِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ

[۵۸۲۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ لِبْسَتَيْنِ: أَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ لَيْسَ عَلٰى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْئٌ، وَأَنْ يَشْتَمِلَ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ، لَيْسَ عَلٰى أَحَدِ شِقَّيْهِ، وَعَنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ. [راجع: ۳۶۸]

[۵۸۲۲-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ، قَالَ أَخْبَرَنِيْ مَخْلَدٌ، أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ، وَأَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، لَيْسَ عَلٰى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْئٌ. [راجع: ۳۶۷]

بَابُ الْخَمِيْصَةِ السَّوْدَاءِ

پھول والا سیاہ کرتا / کپڑا

سیاہ عمامہ بھی آپؐ نے استعمال فرمایا ہے، فتح مکہ کے دن کالی پگڑی زیب سر تھی، اور سیاہ کرتا / کپڑا بھی استعمال فرمایا

ہے،اور ایک مرتبہ چھوٹی سیاہ اوڑھنی نبی ﷺ کے پاس لائی گئی، آپؐ نے پوچھا: ہم یہ کس کو دیں؟ لوگ خاموش رہے، آپؐ نے فرمایا: ام خالد کو لاؤ، چنانچہ اس کو اٹھا کر لایا گیا، آپؐ نے اپنے ہاتھ میں اوڑھنی کو لیا اور اس کو اوڑھایا، اور فرمایا: پرانا کرو اور پرانا کرو! اور اس میں ہرے یا پیلے پھول تھے، پس فرمایا: ''ام خالد! سناہ!'' سناہ حبش زبان کا لفظ ہے، اس کے معنی ہیں: عمدہ!

[۲۲-] بَابُ الْخَمِيْصَةِ السَّوْدَاءِ

[۵۸۲۳-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ سَعِيْدِ بْنِ فُلَانِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ. عَنْ أُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدٍ: أُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِثِيَابٍ فِيْهَا خَمِيْصَةٌ سَوْدَاءُ صَغِيْرَةٌ، فَقَالَ: '' مَنْ تُرَوْنَ أَنْ نَكْسُوَ هٰذِهِ؟'' فَسَكَتَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: '' ائْتُوْنِيْ بِأُمِّ خَالِدٍ'' فَأُتِيَ بِهَا تُحْمَلُ، فَأَخَذَ الْخَمِيْصَةَ بِيَدِهِ فَأَلْبَسَهَا، قَالَ: '' أَبْلِيْ وَأَخْلِقِيْ!'' وَكَانَ فِيْهَا عَلَمٌ أَخْضَرُ أَوْ أَصْفَرُ، فَقَالَ: ''يَا أُمَّ خَالِدٍ هٰذَا سَنَاهْ!'' وَسَنَاهْ بِالْحَبَشِيَّةِ. [راجع: ۳۰۷۱]

آئندہ حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ اپنے نومولود اخیافی بھائی کو نبی ﷺ کے پاس تحنیک کے لئے لائے، اس وقت آپؐ ایک باغ میں تھے، اور آپؐ نے حُریثی سیاہ کپڑا پہن رکھا تھا، آپؐ اس وقت اونٹوں پر (پہچان کے لئے) نشان لگا رہے تھے جو کسی فتح میں غنیمت میں آئے تھے۔

[۵۸۲۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنِ ابْنِ عُوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ: لَمَّا وَلَدَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ قَالَتْ لِيْ: يَا أَنَسُ! انْظُرْ هٰذَا الْغُلَامَ، فَلَا يُصِيْبَنَّ شَيْئًا حَتّٰى تَغْدُوَ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يُحَنِّكُهُ، فَغَدَوْتُ بِهِ، فَإِذَا هُوَ فِي حَائِطٍ وَعَلَيْهِ خَمِيْصَةٌ حُرَيْثِيَّةٌ، وَهُوَ يَسِمُ الظَّهْرَ الَّذِيْ قَدِمَ عَلَيْهِ فِي الْفَتْحِ. [راجع: ۱۵۰۲]

قولہ: فلا یُصیبن: پس ہرگز نہ پہنچے یعنی کچھ نہ کھائے .... **الظھر:** پیٹھ یعنی سواری کا اونٹ۔

بَابُ الثِّيَابِ الْخُضْرِ

سبز رنگ کے کپڑے

سبز رنگ جنتی رنگ ہے، نظر کو خوب بھاتا ہے، سورۃ الکہف (آیت ۳۱) میں ہے: ﴿وَيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا﴾: اور پہنیں گے (جنتی) سبز رنگ کے کپڑے (مگر اس میں حصر نہیں، جنت میں جس چیز کو جی چاہے گا ملے گا) اور حدیث میں ہے کہ رفاعہ قرظی کی مطلقہ بیوی جب نبی ﷺ کے پاس آئی تو اس نے سبز اوڑھنی اوڑھ رکھی تھی، معلوم ہوا کہ اس زمانہ میں

عورتوں میں سبز کپڑوں کا رواج تھا۔

حدیث: عکرمہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: رفاعہ قُرظی نے اپنی بیوی کو طلاق دی، اس نے عبدالرحمٰن قُرظی سے نکاح کیا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: اس نے سبز اوڑھنی اوڑھ رکھی تھی، اس نے عائشہؓ کو اپنا دکھڑا سنایا، اوران کو اپنی کھال میں سبزی دکھائی (یہ شوہر کے مارنے سے نشان پڑ گیا تھا) پس جب رسول اللہ ﷺ آئے — اور عورتیں بعض بعض کی طرفداری کرتی ہیں — تو عائشہؓ نے کہا: ''نہیں دیکھا میں نے اس کے مانند جس سے مسلمان عورتیں ملاقات کرتی ہیں!'' یعنی ظلم سہتی ہیں: ''اس کی کھال اس کے کپڑے سے بھی زیادہ سبز ہے!''

راوی کہتا ہے: اور شوہر نے سنا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس گئی ہے، پس وہ آیا اپنے ساتھ اپنے دولڑکوں کو لے کر، جو اس کے علاوہ بیوی سے تھے، عورت نے کہا: بخدا! نہیں ہے میرے لئے اس کی طرف کوئی گناہ یعنی مجھے اس سے کوئی شکایت نہیں، مگر یہ کہ اس کے پاس جو ہے وہ میرے کام کا نہیں اس سے زیادہ، اوراس نے کپڑے کا جھالر (پھندنا) لیا، پس شوہر نے کہا: وہ جھوٹ کہتی ہے، بخدا! اے اللہ کے رسول! میں اس کو رگڑ دیتا ہوں چمڑے کو (دباغت کے وقت) رگڑنے کی طرح، مگر وہ نافرمان ہے، رفاعہ کو چاہتی ہے!

نبی ﷺ نے فرمایا: پس اگر ہے وہ (بات تو) نہیں حلال ہوئی تو اس کے لئے یا فرمایا: نہیں قابل ہوئی تو اس کے یہاں تک کہ چکھے وہ (شوہر) تیرا تھوڑا شہد! — راوی کہتا ہے: اور دیکھے آپؐ نے اس کے ساتھ اس کے دو بیٹے، پس آپؐ نے پوچھا: ''تیرے بیٹے ہیں یہ؟'' اس نے کہا: ہاں! آپؐ نے فرمایا: ''یہ وہ ہے کہتی ہے تو جو کہتی ہے! یعنی یہ بچے تو تیری بات کے برخلاف کی دلیل ہیں، پس بخدا! یقیناً وہ زیادہ مشابہ ہیں باپ کے ساتھ کوے کے کوے کے ساتھ مشابہ ہونے سے!

(یہ اہم حدیث ہے، اس سے واقعہ کی اصل نوعیت واضح ہوتی ہے)

[۲۳-] بَابُ الثِّيَابِ الْخُضْرِ

[۵۸۲۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ: أَنَّ رِفَاعَةَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ، فَتَزَوَّجَهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الزَّبِيْرِ الْقُرَظِيُّ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَعَلَيْهَا خِمَارٌ أَخْضَرُ، فَشَكَتْ إِلَيْهَا، وَأَرَتْهَا خُضْرَةً بِجِلْدِهَا، فَلَمَّا جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم – وَالنِّسَاءُ يَنْصُرُ بَعْضُهُنَّ بَعْضًا – قَالَتْ عَائِشَةُ: مَا رَأَيْتُ مِثْلَ مَا يَلْقَى الْمُؤْمِنَاتُ! لَجِلْدُهَا أَشَدُّ خُضْرَةً مِنْ ثَوْبِهَا!

قَالَ: وَسَمِعَ أَنَّهَا قَدْ أَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ وَمَعَهُ ابْنَانِ لَهُ مَنْ غَيْرِهَا، قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا لِيْ إِلَيْهِ مِنْ ذَنْبٍ، إِلَّا أَنَّ مَا مَعَهُ لَيْسَ بِأَغْنَى عَنِّيْ مِنْ هٰذِهِ، وَأَخَذَتْ هُدْبَةً مِنْ ثَوْبِهَا، فَقَالَ: كَذَبَتْ وَاللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ لَأَنْفُضُهَا نَفْضَ الْأَدِيْمِ، وَلٰكِنَّهَا نَاشِزٌ تُرِيْدُ رِفَاعَةَ.

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" فَإِنْ كَانَ ذٰلِكِ، لَمْ تَحِلِّيْ لَهُ أَوْ: لَمْ تَصْلُحِيْ لَهُ حَتّٰى يَذُوْقَ مِنْ عُسَيْلَتِكِ"

قَالَ: وَأَبْصَرَ مَعَهُ ابْنَيْنِ لَهُ، فَقَالَ:" بَنُوْكَ هٰؤُلَآءِ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ:" هٰذَا الَّذِيْ تَزْعُمِيْنَ مَا تَزْعُمِيْنَ!! فَوَ اللّٰهِ لَهُمْ أَشْبَهُ بِهِ مِنَ الْغُرَابِ بِالْغُرَابِ" [راجع: ٢٦٣٩]

بَابُ الثِّيَابِ الْبِيْضِ

سفید کپڑے

سفید کپڑے پہننے کی ترغیب دی گئی ہے، ترمذی شریف میں حدیث (نمبر ٩٧٨٥) ہے: "تم اپنے کپڑوں میں سے سفید کپڑے پہنو، کیونکہ سفید کپڑا تمہارے کپڑوں میں سب سے بہتر ہے، اوراس میں اپنے مُردوں کو کفن دو" —— اور احد کے معرکہ میں ایک وقت ایسا بھی آیا ہے کہ نبی ﷺ کے ساتھ کوئی نہیں رہا تھا، اس وقت اللہ تعالیٰ نے جبرئیل ومیکائیل علیہما السلام کے ذریعہ آپؐ کی مدد فرمائی، ان دونوں فرشتوں نے سفید کپڑے پہن رکھے تھے —— اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس آیا، آپؐ نے سفید کپڑے پہن رکھے تھے اور سوئے ہوئے تھے، یہ حدیث نئی ہے، ترجمہ بعد میں ہے۔

[٢٤-] بَابُ الثِّيَابِ الْبِيْضِ

[٥٨٢٦-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ بِشِمَالِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَيَمِيْنِهِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيْضٌ يَوْمَ أُحُدٍ، مَا رَأَيْتُهُمَا قَبْلُ وَلاَ بَعْدُ. [راجع: ٤٠٥٤]

[٥٨٢٧-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا الْأَسْوَدِ الدُّؤَلِيَّ حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا ذَرٍّ حَدَّثَهُ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ أَبْيَضُ وَهُوَ نَائِمٌ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ وَقَدِ اسْتَيْقَظَ، فَقَالَ:" مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، ثُمَّ مَاتَ عَلٰى ذٰلِكَ، إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ" قُلْتُ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ:" وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ!" قُلْتُ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ:" وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ!" قُلْتُ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ:" وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ عَلٰى رَغْمِ أَنْفِ أَبِيْ ذَرٍّ!" وَكَانَ أَبُوْ ذَرٍّ إِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا قَالَ: وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِيْ ذَرٍّ!

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا عِنْدَ الْمَوْتِ أَوْ قَبْلَهُ، إِذَا تَابَ وَنَدِمَ وَقَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، غُفِرَ لَهُ مَاكَانَ قَبْلُ. [راجع: ١٢٣٧]

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس آیا، آپؐ سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے اور سورہے تھے، میں پھر آپؐ کے پاس آیا تو آپ بیدار ہوچکے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: ''جس بندے نے لا إلٰہ إلاَّ اللّٰہ کہا، پھر اس پر اس کی موت آئی تو وہ جنت میں داخل ہوگا'' میں نے کہا: اگرچہ اس نے زنا اور چوری کی ہو؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگرچہ اس نے زنا اور چوری کی ہو!'' میں نے (دوبارہ) کہا: اگرچہ اس نے زنا اور چوری کی ہو؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگرچہ اس نے زنا اور چوری کی ہو!'' میں نے (تیسری مرتبہ) کہا: اگرچہ اس نے زنا اور چوری کی ہو؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگرچہ اس نے زنا اور چوری کی ہوابوذر کی ناگواری کے باوجود!'' یعنی اس کی مرضی کے خلاف —— اور ابوذرؓ جب یہ حدیث بیان کرتے تو کہتے: اگرچہ ابوذر کی ناک خاک آلود ہوجائے —— امام بخاریؒ کہتے ہیں: یہ موت کے وقت یا اس سے پہلے جب توبہ کرلے اور پشیمان ہو اور لا إلٰہ إلاَّ اللّٰہ کہے تو اس کے لئے بخشا جائے گا جو بھی گناہ وہ پہلے کر چکا ہے۔

اعتراض: امام بخاری رحمہ اللہ کی بات پر اعتراض کیا گیا ہے کہ جب موت سے پہلے مرتکب کبیرہ نے توبہ کرلی تو اب وہ مرتکب کبیرہ کہاں رہا؟ التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ! اور حدیث مرتکب کبیرہ کی بخشش کے بارے میں ہے اور اسی میں گمراہ فرقوں کا اختلاف ہے، پس حدیث میں مراد وہ مرتکبِ کبیرہ ہے جو توبہ کئے بغیر مرگیا مگر مؤمن ہے تو وہ جنت میں کسی نہ کسی دن ایمان کی وجہ سے ضرور جائے گا۔

بَابُ لُبْسِ الْحَرِيْرِ لِلرِّجَالِ، وَقَدْرِ مَا يَجُوْزُ مِنْهُ

مردوں کے لئے ریشم پہنا حرام ہے، البتہ چار انگشت کے بقدر جائز ہے

ترمذی شریف میں دو اعلی درجہ کی صحیح حدیثیں ہیں، مگر امام بخاری رحمہ اللہ ان کو نہیں لائے:

۱- حُرِّم لباسُ الحرير والذهبُ على ذكورِ أمتي، وأُحِلَّ لإناثهم: میری امت کے مردوں کے لئے ریشم کا لباس اور سونا حرام کیا گیا، اور ان کی عورتوں کے لئے یہ دونوں چیزیں حلال کی گئیں (حدیث ۱۷۱۰)

۲- خَطَبَ عمر بالجابية، فقال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الحرير إلا موضِعَ أُصبعين أو ثلاث أو أربع: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شام کے مقام جابیہ میں فوج کے سامنے تقریر فرمائی کہ رسول اللہ ﷺ نے ریشم کی ممانعت فرمائی، مگر دو، تین یا چار انگشت کی اجازت دی (حدیث ۱۷۱۱) یعنی چوڑائی میں اتنی مقدار اور لمبائی میں بلا قید ریشم مردوں کے لئے حلال ہے۔

اور باب میں پہلے متعدد اسانید سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خط لائے ہیں: ابوعثمان نہدی کہتے ہیں: ہمارے پاس حضرت عمرؓ کا خط آیا، ہم عتبۃ بن فرقد سلمیؒ کے ساتھ آذربیجان میں جہاد کر رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے ریشم سے منع کیا، مگر ایسا، اور اشارہ فرمایا اپنی ان دو انگلیوں کے ذریعہ جو انگوٹھے سے متصل ہیں یعنی سبابہ اور وسطی کے ذریعہ، اس میں جو ہم نے جانا کہ

آپؐ مراد لے رہے ہیں پھول بوٹوں کو۔ اور دوسری روایت میں ہے: اور کھڑی کیں ہمارے لئے نبی ﷺ نے اپنی دو انگلیاں، اور زہیر (راوی) نے سبابہ اور وسطی اٹھائیں، اور تیسری روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہیں پہنایا جائے گا دنیا میں ریشم مگر وہی جو آخرت میں اس کو نہیں پہنایا جائے گا'' اور ابوعثمان نے اشارہ کیا اپنی دو انگلیوں سبابہ اور وسطی کے ذریعہ۔

تشریح: مسلم شریف، ابوداؤد اور ترمذی کی روایات میں چار انگشت تک کا استثناء ہے، فقہاء نے اسی کو لیا ہے، کیونکہ اتنی مقدار اول تو لباس کے دائرہ میں نہیں آتی یعنی اس کو پہنا وانہیں کہتے، پھر اتنی مقدار کی کبھی ضرورت پیش آتی ہے، انگرکھا اور شیروانی میں گوٹ لگانے کے لئے اس کی حاجت ہوتی ہے اور کپڑے میں ریشم کے پھول بھی بنائے جاتے ہیں، نیز وہ جنت کے لباس کا پیکر محسوس بن کر نگاہوں کے سامنے رہے گا تو عمل صالح کی ترغیب ہوگی۔

اور مردوں کے لئے سونا اور ریشم تین وجوہ سے حرام کئے گئے ہیں:

ایک: یہ دونوں چیزیں طبیعت اور مزاج میں زنانہ پن پیدا کرتی ہیں، جبکہ مردوں میں مردانگی مطلوب ہے۔

دوم: یہ چیزیں عیش کوشی اور لذاتِ دنیا میں سرشاری کا ذریعہ ہیں، اور وہ آخرت فراموشی اور دنیا طلبی میں انہماک کا ذریعہ ہیں، ان کو حاصل کرنے کے لئے دن رات محنت کرنی پڑتی ہے، اور اللہ کی طرف اور آخرت کی طرف توجہ نہیں رہتی۔

سوم: رفاہیتِ بالغہ: آخری درجہ کا ٹھاٹھ، اسلام نے پسند نہیں کیا، کیونکہ ٹھاٹھ نفس میں غرور و تکبر پیدا کرتا ہے اور یہ بری صفات ہیں۔

ملحوظہ: ان تینوں وجوہ کی تفصیل، اور عورتوں کے لئے جواز کی وجہ نیز عورتوں کے لئے سونے کے بڑے زیور میں اختلاف کا بیان تحفۃ الالمعی (۵:۵۲) میں ہے۔

[۲۵-] بَابُ لُبْسِ الْحَرِيْرِ لِلرِّجَالِ، وَقَدْرِ مَا يَجُوْزُ مِنْهُ

باب میں و افترا شه (ریشم بچھانا) بھی ہے، میں نے اس کو حذف کیا ہے، گیلری کے نسخہ میں نہیں ہے، اور آگے اس سلسلہ میں باب آرہا ہے۔

[۵۸۲۸-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيَّ، قَالَ: أَتَانَا كِتَابُ عُمَرَ وَنَحْنُ مَعَ عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ بِآذَرْبِيْجَانَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْحَرِيْرِ، إِلَّا هٰكَذَا، وَأَشَارَ بِإِصْبَعَيْهِ اللَّتَيْنِ تَلِيَانِ الإِبْهَامَ، فِيْمَا عَلِمْنَا أَنَّهُ يَعْنِي الْأَعْلَامَ.

[أطرافه: ۵۸۲۹، ۵۸۳۰، ۵۸۳۴، ۵۸۳۵]

فائدہ: دارقطنی کہتے ہیں: اس روایت سے معلوم ہوا کہ بخاری و مسلم رحمہما اللہ کے نزدیک مکاتبت سے روایت کرنا جائز ہے۔

[۵۸۲۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، قَالَ: كَتَبَ إِلَيْنَا عُمَرُ وَنَحْنُ بِآذَرْ بَيْجَانَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ إِلَّا هٰكَذَا، وَصَفَّ لَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِصْبَعَيْهِ، وَرَفَعَ زُهَيْرٌ الْوُسْطَى وَالسَّبَّابَةَ. [راجع: ۵۸۲۸]

[۵۸۳۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ: كُنَّا مَعَ عُتْبَةَ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَا يُلْبَسُ الْحَرِيْرُ فِي الدُّنْيَا إِلَّا لِمَنْ لَمْ يُلْبَسْ فِي الآخِرَةِ مِنْهُ" وَأَشَارَ أَبُوْ عُثْمَانَ بِإِصْبَعَيْهِ: الْمُسَبِّحَةِ وَالْوُسْطَى. [راجع: ۵۸۲۸]

اس کے بعد کی روایت پہلے آئی ہے کہ سونا، چاندی، ریشم اور دیبا: کفار کے لئے دنیا میں ہیں اور مسلمانوں کے لئے آخرت میں (دیبا: ریشم کی اعلیٰ قسم ہے)

[۵۸۳۱-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ: قَالَ أَبِيْ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عُثْمَانَ: ح: وَحَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، قَالَ: كَانَ حُذَيْفَةُ بِالْمَدَائِنِ فَاسْتَسْقَى، فَأَتَاهُ دَهْقَانٌ بِمَاءٍ فِيْ إِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ، فَرَمَاهُ بِهِ، وَقَالَ: إِنِّيْ لَمْ أَرْمِهِ إِلَّا أَنِّيْ نَهَيْتُهُ فَلَمْ يَنْتَهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الذَّهَبُ وَالْفِضَّةُ وَالْحَرِيْرُ وَالدِّيْبَاجُ هِيَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا، وَلَكُمْ فِي الآخِرَةِ"[راجع: ۵۴۲۶]

اس کے بعد کی روایت میں ہے کہ شعبہ رحمہ اللہ نے عبدالعزیز سے پوچھا: جب انھوں نے کہا: سمعتُ أنس بن مالك: *یہ روایت مرفوع ہے؟ تو عبدالعزیز نے بہت زور سے کہا:* عن النبی صلی الله علیه وسلم!

[۵۸۳۲-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ ابْنَ مَالِكٍ، قَالَ شُعْبَةُ: فَقُلْتُ: أَعَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ شَدِيْدًا: عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا فَلَنْ يَلْبَسَهُ فِي الآخِرَةِ"

اس کے بعد کی روایت عبداللہ بن الزبیرؓ کی ہے، وہ حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔

[۵۸۳۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ يَخْطُبُ يَقُوْلُ: قَالَ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الآخِرَةِ"

[۵۸۳۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ ذُبْيَانَ خَلِيْفَةَ بْنِ كَعْبٍ، سَمِعْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ

يَلْبَسُهُ فِي الآخِرَةِ"[راجع:۵۸۲۸]
قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ لَنَا أَبُوْ مَعْمَرٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ يَزِيْدَ، قَالَتْ مُعَاذَةُ: أَخْبَرَتْنِى أُمُّ عَمْرٍو بِنْتُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، سَمِعَ عُمَرَ، سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

اس کے بعد کی روایت: عمران بن حطّان کی ہے، یہ خوارج کا سرداراوران کا شاعرتھا، اس نے حضرت علیؓ کے قاتل ابن مُلجم کی شان میں قصیدہ کہاہے، بخاری میں اسی جگہ اس کی روایت ہےاوروہ بھی متابعت میں، کیونکہ امام بخاریؒ کے نزدیک گمراہ فرقوں سے روایت جائز تھی، جبکہ وہ حدیث میں سچے ہو، اورعمران کی ابوداؤدوغیرہ نے تعریف کی ہے، اس نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ریشم کے بارے میں پوچھا، حضرت عائشہؓ نے ٹلایا کہ ابن عباسؓ سے پوچھو، ابن عباسؓ نے بھی ٹلایا کہ ابن عمرؓ سے پوچھو، ابن عمرؓ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے حدیث سنائی تو اس نے تصدیق کی، پہلے دونوں نے کیوں ٹلایا؟ اس کے غلط افکار سے ناخوش ہوکر، مگر مسئلہ گمراہوں کو بھی بتانا تھا، چنانچہ ابن عمرؓ نے حدیث سنائی۔

[۵۸۳۵-] حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِى كَثِيْرٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الْحَرِيْرِ، فَقَالَتِ: ائْتِ ابْنَ عَبَّاسٍ فَسَلْهُ، فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: سَلِ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: فَسَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ: أَخْبَرَنِى أَبُوْ حَفْصٍ يَعْنِى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّمَا يَلْبَسُ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ فِي الآخِرَةِ" فَقُلْتُ: صَدَقَ، وَمَا كَذَبَ أَبُوْ حَفْصٍ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.
وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ: حَدَّثَنَا حَرْبٌ، عَنْ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنِى عِمْرَانُ، وَقَصَّ الْحَدِيْثَ.
[راجع: ۵۸۲۸]

بَابُ مَسِّ الْحَرِيْرِ مِنْ غَيْرِ لُبْسٍ

ریشم کو صرف چھونا، پہننا نہیں

ریشم کا کپڑا ناپاک نہیں، بعض مصلحتوں سے اس کا پہننا مردوں کے لئے حرام کیا ہے، پس اگر کوئی کپڑوں کا تاجر ریشم فروخت کرے، اور وہ یا گاہک ریشم کو چھوئے تو اس میں کچھ حرج نہیں، اور دلیل میں جو حدیث پیش کی ہے وہ حرمتِ حریر سے پہلے کی ہے، پس تقریب تام نہیں، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث دار قطنی کی کتاب الافراد الغرائب میں ہے، وہ بھی باب کی حدیث کے ہم معنی ہے (عمدۃ) ہاں اگر حدیث (۲۱۰۴) لاتے تو استدلال تام ہوتا (تحفۃ القاری ۵:۱۷۴)

[۲۶-] بَابُ مَسِّ الْحَرِيْرِ مِنْ غَيْرِ لُبْسٍ

وَيُرْوَى فِيْهِ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۵۸۳۶-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: أُهْدِیَ لِلنَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم ثَوْبُ حَرِيْرٍ، فَجَعَلْنَا نَلْمُسُهُ، وَنَتَعَجَّبُ مِنْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَتَعْجَبُوْنَ مِنْ هٰذَا؟" قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: "مَنَادِيْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِی الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنْ هٰذَا" [راجع: ۳۲۴۹]

بَابُ افْتِرَاشِ الْحَرِيْرِ

ریشم بچھانے کا حکم

ریشم کی چادر بچھانا، تکیہ پر ریشم کا غلاف چڑھانا، اور ریشم کا پردہ لٹکانا جائز ہے یا نہیں؟ عبیدۃ سلمانیؒ (فقیہ) نے فرمایا: جائز نہیں، وہ پہننے کے حکم میں ہے، اور باب کی حدیث میں أن نَجْلِسَ علیه ہے یعنی ریشم پر بیٹھنے کی بھی نبی ﷺ نے ممانعت فرمائی، مگر حاشیہ میں ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث شیخین نے مختلف سندوں سے روایت کی ہے، کسی میں یہ زیادتی نہیں ہے، یہ اضافہ امام بخاریؒ کا تفرد ہے۔

امام مالک، امام شافعی اور صاحبین کے نزدیک ریشم پر بیٹھنا بھی جائز نہیں، ان کی دلیل باب کی حدیث ہے، انھوں نے ریشم پر بیٹھنے کو ریشم پہننے کے حکم میں رکھا ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک بیٹھنا پہننے کے حکم میں نہیں ہے، وہ جائز ہے، ابن عباسؓ کا ریشم کے تکیہ پر ٹیک لگانا مروی ہے (حاشیہ)

[۲۷-] بَابُ افْتِرَاشِ الْحَرِيْرِ

وَقَالَ عُبَيْدَةُ: هُوَ كَلُبْسِهِ.

[۵۸۳۷-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: نَهَانَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ نَشْرَبَ فِیْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، أَوْ أَنْ نَأْكُلَ فِيْهَا، وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ، وَأَنْ نَجْلِسَ عَلَيْهِ. [راجع: ۵۴۲۶]

بَابُ لُبْسِ الْقَسِّیِّ

قسّی کپڑا پہننے کا حکم

دورِنبوی میں قسی کپڑے کا اور میثرۃ کا رواج تھا، بعد میں ان کا چلن ختم ہوگیا، اب صرف بحث رہ گئی کہ ان کی ممانعت

ریشم کی وجہ سے تھی یا رنگ کی وجہ سے؟ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مردوں کے لئے وہ کپڑا ناجائز ہے جو خالص ریشم سے بنایا گیا ہو یا اس میں ریشم غالب ہو، ورنہ جائز ہے، اسی طرح غیر ریشمی کپڑے پر نقش ونگار ریشم سے بنائے گئے ہوں، یا دو چار انگل کا ریشمی حاشیہ ہو تو وہ بھی جائز ہے، اسی طرح مردوں کے لئے شوخ سرخ رنگ کا لباس حرام یا مکروہ ہے، یہ رنگ دلربا ہے، پس وہ عورتوں کو زیب دیتا ہے۔

۱- عاصم بن کُلیب جَرمی: حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ابو بردہ سے روایت کرتے ہیں، انھوں نے حضرت علیؓ سے پوچھا: قَسّی کیا چیز ہے؟ فرمایا: وہ کپڑے تھے، شام سے یا مصر سے آتے تھے، ان پر پسلیوں جیسے نقش ونگار ہوتے تھے، ان میں ریشم ہوتا تھا، ان میں اُترنج لیموں جیسی تصویر ہوتی تھی —— اور میثرۃ: عورتیں اپنے شوہروں کے لئے بناتی تھیں، جھالردار چادروں کی طرح، ان کو پیلا رنگتی تھیں۔

۲- جریر بن عبدالحمید: یزید بن ابی زیاد سے، وہ حسن بن سہیل سے روایت کرتے ہیں: حسن نے کہا: قَسّی: پسلیوں جیسے نقش ونگار والے کپڑے تھے، ان کو مصر سے لایا جاتا تھا، ان میں ریشم ہوتا تھا —— اور میثرۃ: درندوں کی کھالیں ہیں۔

امام بخاریؒ فرماتے ہیں: پہلی روایت میں میثرۃ کی جو تفسیر آئی ہے وہ اصح ہے، اکثر روایات میں یہی تفسیر آئی ہے، اور حضرت براءؓ کی روایت پہلے بار بار آچکی ہے، اس میں سات چیزوں کی ممانعت ہے، یہاں روایت مختصر کردی ہے۔

[۲۸-] بَابُ لُبْسِ الْقَسِّيِّ

[۱-] وَقَالَ عَاصِمٌ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ: قُلْنَا لِعَلِيٍّ: مَا الْقَسِّيَّةُ؟ قَالَ: ثِيَابٌ أَتَتْنَا مِنَ الشَّامِ أَوْ مِنْ مِصْرَ، مُضَلَّعَةٌ، فِيْهَا حَرِيْرٌ، فِيْهَا أَمْثَالُ الْأُتْرُجِّ. وَالْمِيْثَرَةُ: كَانَتِ النِّسَاءُ يَصْنَعْنَهُ لِبُعُوْلَتِهِنَّ، أَمْثَالَ الْقَطَائِفِ، يُصَفِّرْنَهَا.

[۲-] وَقَالَ جَرِيْرٌ، عَنْ يَزِيْدَ فِي حَدِيْثِهِ: الْقَسِّيَّةُ ثِيَابٌ مُضَلَّعَةٌ، يُجَاءُ بِهَا مِنْ مِصْرَ، فِيْهَا الْحَرِيْرُ، وَالْمِيْثَرَةُ: جُلُوْدُ السِّبَاعِ.

[۵۸۳۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ: نَهَانَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمَيَاثِرِ الْحُمْرِ وَالْقَسِّيِّ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: قَوْلُ عَاصِمٍ أَكْثَرُ وَأَصَحُّ فِي الْمِيْثَرَةِ. [راجع: ۱۲۳۹]

قولہ: فی حدیثہ: یعنی یہ یزید کی اپنی بات نہیں، بلکہ وہ حسن بن سہیل سے روایت کرتے ہیں۔

بَابُ مَا يُرَخَّصُ لِلرِّجَالِ مِنَ الْحَرِيْرِ لِلْحِكَّةِ

مردوں کو خارش کی وجہ سے ریشم کی اجازت دی گئی

حضرات عبدالرحمٰن بن عوف اور زبیر بن العوام رضی اللہ عنہما کو ریشم کا کرتا پہننے کی اجازت دی گئی، پھر احادیث میں اختلاف ہے، کسی میں ہے کہ خارش کی وجہ سے اجازت دی تھی، اور کسی میں ہے کہ جوؤں کی وجہ سے اجازت دی تھی، اور کسی میں ہے کہ جہاد کی وجہ سے اجازت دی تھی، اور تحفۃ القاری (۲۸۲:۶) میں تینوں کو جمع کیا ہے، اور بذل مجہود (۸۵:۱۲) میں ہے کہ یہ علاج کی ضرورت سے تھا، کیونکہ سفر کی وجہ سے دوسرا کوئی علاج ممکن نہیں تھا، پس یہ اجازت ضرورت کے ساتھ خاص ہے۔

[۲۹-] بَابُ مَا يُرَخَّصُ لِلرِّجَالِ مِنَ الْحَرِيْرِ لِلْحِكَّةِ

[۵۸۳۹-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَخَّصَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِلزُّبَيْرِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ فِيْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ لِحِكَّةٍ بِهِمَا. [راجع: ۲۹۱۹]

بَابُ الْحَرِيْرِ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے ریشم جائز ہے

عورتیں آرائش کی محتاج ہیں، وہ ریشم کے لباس سے بنتی سنورتی ہیں، اس لئے ان کے لئے ریشم حلال کیا گیا ہے، اور باب کی پہلی دونوں حدیثیں گذری ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سیراء سوٹ پھاڑ کر خاندان کی خواتین میں تقسیم کردیا تھا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بھی سیراء سوٹ بخشا تھا، تاکہ وہ اس کو بیچ کر فائدہ اٹھائیں یا کسی کو (عورتوں وغیرہ) کو دیدیں، اور آخری حدیث میں ہے: انسؓ نے صاحبزادی ام کلثومؓ (زوجہ عثمانؓ) کو سیراء ریشم کی چادر اوڑھے ہوئے دیکھا تھا۔

[۳۰-] بَابُ الْحَرِيْرِ لِلنِّسَاءِ

[۵۸۴۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَسَانِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حُلَّةَ سِيَرَاءَ، فَخَرَجْتُ فِيْهَا، فَرَأَيْتُ الغَضَبَ فِيْ وَجْهِهِ، فَشَقَقْتُهَا بَيْنَ نِسَائِيْ. [راجع: ۲۶۱۴]

[۵۸۴۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ عُمَرَ رَأَى حُلَّةَ سِيَرَاءَ تُبَاعُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوِ ابْتَعْتَهَا، تَلْبَسُهَا لِلْوَفْدِ إِذَا أَتَوْكَ وَالْجُمُعَةِ، فَقَالَ: "إِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهِ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ" وَأَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ بَعْدَ ذٰلِكَ إِلٰى عُمَرَ حُلَّةَ سِيَرَاءَ حَرِيْرًا،

فَكَسَاهَا إِيَّاهُ، فَقَالَ عُمَرُ: كَسَوْتَنِيْهَا وَقَدْ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُ فِيْهَا مَا قُلْتَ؟! فَقَالَ: "إِنَّمَا بَعَثْتُ إِلَيْكَ لِتَبِيْعَهَا أَوْ تَكْسُوَهَا"[راجع: ۸۸۶]

[۵۸۴۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّهُ رَأَى عَلٰى أُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بُرْدَ حَرِيْرٍ سِيَرَاءَ.

ترکیب: سِیَرَاءَ: حُلَّةً کا عطف بیان ہے، اور اضافت کے ساتھ حُلَّة سِیَرَاءَ بھی درست ہے۔

بَابُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَجَوَّزُ مِنَ اللِّبَاسِ وَالْبُسُطِ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم لباس اور بچھونے میں توسع سے کام لیتے تھے

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ٹھاٹھ تھا نہ تصنع (بناوٹ) لباس کے معاملہ میں اور بچھانے کی چیزوں کے معاملہ میں توسع سے کام لیتے تھے، جو میسر آیا پہن لیا، اور بچھالیا۔ پہلی روایت میں ہے کہ آپؐ بالا خانہ میں کھجور کی چٹائی پر کچھ بچھائے بغیر لیٹتے تھے، اور جسم اطہر میں چٹائی کے نشان پڑ گئے تھے، اور سر کے نیچے چمڑے کا تکیہ تھا، جس میں کھجور کا برادہ بھرا ہوا تھا —— اور آخری روایت میں ہے کہ آپؐ نے ازواج مطہرات کو ٹھاٹھ اور فیشن والے لباس پر تنبیہ کی اور فرمایا: ''کچھ دنیا میں کپڑے پہننے والیاں آخرت میں ننگی ہونگی!'' پھر آپؐ خود ٹھاٹھ والا لباس کیسے پہنتے! —— اور ہند (راویہ) نے اپنی آستینوں میں اپنی انگلیوں کے درمیان گھنڈیاں لگا رکھی تھیں تا کہ ہتھیلیاں نہ کھلیں!

[۳۱-] بَابُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَجَوَّزُ مِنَ اللِّبَاسِ وَالْبُسُطِ

[۵۸۴۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَبِثْتُ سَنَةً وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَرْأَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَظَاهَرَتَا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَجَعَلْتُ أَهَابُهُ، فَنَزَلَ يَوْمًا مَنْزِلاً، فَدَخَلَ الْأَرَاكَ، فَلَمَّا خَرَجَ سَأَلْتُهُ، فَقَالَ: عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ.

ثُمَّ قَالَ: كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ لاَ نَعُدُّ النِّسَاءَ شَيْئًا فَلَمَّا جَاءَ الإِسْلَامُ وَذَكَرَهُنَّ اللّٰهُ، رَأَيْنَا لَهُنَّ بِذٰلِكَ عَلَيْنَا حَقًّا، مِنْ غَيْرِ أَنْ نُدْخِلَهُنَّ فِيْ شَيْءٍ مِنْ أُمُوْرِنَا، وَكَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ امْرَأَتِيْ كَلاَمٌ فَأَغْلَظَتْ لِيْ، فَقُلْتُ لَهَا: وَإِنَّكِ لَهُنَاكِ! قَالَتْ: تَقُوْلُ هٰذَا لِيْ وَابْنَتُكَ تُؤْذِيْ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم؟! فَأَتَيْتُ حَفْصَةَ فَقُلْتُ لَهَا: إِنِّيْ أُحَذِّرُكِ أَنْ تَعْصِيَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَتَقَدَّمْتُ إِلَيْهَا فِيْ أَذَاهُ، فَأَتَيْتُ أُمَّ سَلَمَةَ فَقُلْتُ لَهَا، فَقَالَتْ: أَعْجَبُ مِنْكَ يَا عُمَرُ قَدْ دَخَلْتَ فِيْ أُمُوْرِنَا، فَلَمْ يَبْقَ إِلاَّ أَنْ تَدْخُلَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَزْوَاجِهِ، فَرَدَّتْ.

وَكَانَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِذَا غَابَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَشَهِدْتُهُ أَتَيْتُهُ بِمَا يَكُوْنُ، وَإِذَا غِبْتُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَشَهِدَ أَتَانِيْ بِمَا يَكُوْنُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَكَانَ مَنْ حَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَدِ اسْتَقَامَ لَهُ، فَلَمْ يَبْقَ إِلَّا مَلِكُ غَسَّانَ بِالشَّامِ، كُنَّا نَخَافُ أَنْ يَأْتِيَنَا، فَمَا شَعَرْتُ بِالْأَنْصَارِيِّ وَهُوَ يَقُوْلُ: إِنَّـهُ قَدْ حَدَثَ أَمْرٌ، قُلْتُ لَهُ: وَمَا هُوَ؟ أَجَاءَ الْغَسَّانِيُّ؟ قَالَ: أَعْظَمُ مِنْ ذٰلِكَ، طَلَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم نِسَاءَ هُ، فَجِئْتُ فَإِذَا الْبُكَاءُ مِنْ حُجَرِهَا كُلِّهَا، وَإِذَا النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم قَدْ صَعِدَ فِيْ مَشْرُبَةٍ لَهُ، وَعَلٰى بَابِ الْمَشْرُبَةِ وَصِيْفٌ، فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: اسْتَأْذِنْ لِيْ. فَدَخَلْتُ، فَإِذَا النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰى حَصِيْرٍ قَدْ أَثَّرَ فِيْ جَنْبِهِ، وَتَحْتَ رَأْسِهِ مِرْفَقَةٌ مِنْ أَدَمٍ، حَشْوُهَا لِيْفٌ، وَإِذَا أُهَبٌ مُعَلَّقَةٌ وَقَرَظٌ، فَذَكَرْتُ الَّذِيْ قُلْتُ لِحَفْصَةَ وَأُمِّ سُلَمَةَ، وَالَّذِيْ رَدَّتْ عَلَيَّ أُمُّ سَلَمَةَ، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَلَبِثَ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً، ثُمَّ نَزَلَ. [راجع: ٨٩]

وضاحتیں: تَظَاهر: مظاہرہ کرنا، کسی مقصد کے حصول کے لئے یا اظہار ناراضگی کے لئے لوگوں کا اکٹھا ہونا .... فَدَخَلَ الأراك: پیلو کے درختوں میں (استنجاء کرنے کے لئے) گئے .... وذکرهن الله: اللہ تعالیٰ نے ان کے حقوق کا تذکرہ کیا .... إنك لَهناك: تیری یہ مجال! .... وتقدمتُ إليها في أذاه: میں نے پہلے حفصہؓ کو نصیحت کی کہ نبی ﷺ کو مت ستاؤ (پھر ام سلمہؓ کے پاس گیا) .... وكان من حول: اردگرد کے سب قبائل رام ہوگئے تھے، مگر شام کے باڈر پر آباد غسان قبیلہ مطیع نہیں ہوا تھا، اس کا خطرہ سر پر منڈلا رہا تھا .... فما شَعَرْتُ بالأنصاري وهو يقول: تمام نسخوں میں إلا رہ گیا ہے: پس نہیں جانا میں نے انصاری کو (مگر) وہ کہہ رہا ہے .... فإذا البكاء: سبھی کمروں سے رونے کی آوازیں آرہی تھی .... وَصِيْف: خادم .... قَرَظ: ایک درخت کے پتّے جن سے چمڑا رنگا جاتا تھا۔

[٥٨٤٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِيْ هِنْدُ بِنْتُ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: اسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنَ اللَّيْلِ وَهُوَ يَقُوْلُ: "لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتْنَةِ، مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ، مَنْ يُوْقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ، كَمْ مِنْ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَكَانَتْ هِنْدٌ لَهَا أَزْرَارٌ فِيْ كُمَّيْهَا بَيْنَ أَصَابِعِهَا.

[راجع: ١١٥]

بَابُ مَا يُدْعٰى لِمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِيْدًا

جو نیا کپڑا پہنے اس کو دعا دی جائے

نبی ﷺ نے ام خالدؓ کو دعا دی تھی: "پرانا کر، پرانا کر!" چنانچہ انھوں نے لمبی عمر پائی، اسی طرح صرف 'مبارک' کہا

جائے تو بھی ان شاء اللہ کافی ہوگا۔

[۳۲-] بَابُ مَا يُدْعٰى لِمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِيْدًا

[۵۸۴۵-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ أُمُّ خَالِدٍ بِنْتُ خَالِدٍ، قَالَتْ: أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِثِيَابٍ فِيْهَا خَمِيْصَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَ: "مَنْ تَرَوْنَ نَكْسُوْ هٰذِهِ الْخَمِيْصَةَ؟" فَأَسْكَتَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: "ائْتُوْنِيْ بِأُمِّ خَالِدٍ" فَأُتِيَ بِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَلْبَسَنِيْهَا بِيَدِهِ، وَقَالَ: "أَبْلِيْ وَأَخْلِقِيْ" مَرَّتَيْنِ، فَجَعَلَ يَنْظُرُ إِلٰى عَلَمِ الْخَمِيْصَةِ، وَيُشِيْرُ بِيَدِهِ إِلَيَّ وَيَقُوْلُ: "يَا أُمَّ خَالِدٍ هٰذَا سَنَا! يَا أُمَّ خَالِدٍ هٰذَا سَنَا! وَالسَّنَا بِلِسَانِ الْحَبَشَةِ: الْحَسَنُ.

قَالَ إِسْحَاقُ: حَدَّثَتْنِيْ امْرَأَةٌ مِنْ أَهْلِيْ: أَنَّهَا رَأَتْهُ عَلٰى أُمِّ خَالِدٍ. [راجع: ۳۰۷۱]

ترجمہ: اسحاق (راوی) کہتے ہیں: مجھ سے خاندان کی ایک عورت نے بیان کیا کہ اس نے وہ اوڑھنی ام خالد کو اوڑھے ہوئے دیکھا۔

بَابُ التَّزَعْفُرِ لِلرِّجَالِ

مردوں کے لئے زعفران کا استعمال

خلوق: ایک خوشبو تھی، جس کا جزء اعظم زعفران تھی، یہ زنانی خوشبو تھا، مردوں کو اس کے استعمال سے منع کیا گیا، اور قاعدہ بتایا کہ مرد ایسی خوشبو لگائیں جو پھیلے مگر نظر نہ آئے اور عورتیں ایسی خوشبو لگائیں جو نظر آئے، مگر پھیلے نہیں۔ طيبُ الرجال ريحٌ لالون له، وطيب النساء لونٌ لاريحَ له، ہاں عورت گھر میں شوہر کے سامنے ہر خوشبو لگا سکتی ہے۔

[۳۳-] بَابُ التَّزَعْفُرِ لِلرِّجَالِ

[۵۸۴۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ.

لغت: تَزَعْفَرَ: زعفران سے رنگا ہوا ہونا، یعنی زعفرانی خوشبو لگانا۔

بَابُ الثَّوْبِ الْمُزَعْفَرِ

زعفران میں رنگا ہوا کپڑا

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک: زعفران میں رنگا ہوا کپڑا مردوں کے لئے بھی جائز ہے، کیونکہ باب کی حدیث میں

احرام میں اس کے پہننے کی ممانعت ہے، پس غیر محرم پہن سکتا ہے، اور امام شافعی اور امام ابوحنیفہ رحمہما اللہ کے نزدیک گیروے کپڑے کی طرح زعفرانی کپڑا بھی مردوں کے لئے مکروہ ہے، کیونکہ مسلم شریف میں روایت ہے: عبداللہ بن عمروؓ کو رسول اللہ ﷺ نے دو گھیروے کپڑے پہنے ہوئے دیکھا تو فرمایا: إن هذه من ثياب الكفار فلا تَلْبَسْهُمَا: یہ کفار کے کپڑے ہیں، ان کو مت پہنو، انھوں نے کہا: ڈھوڈالوں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، جلادو (مشکات حدیث ۴۳۲۷) اور سادھو سنت گیروے کپڑے بھی پہنتے ہیں، اور زرد بھی، اس لئے مشابہت کی وجہ سے مکروہ ہے۔

[٣٤-] بَابُ الثَّوْبِ الْمُزَعْفَرِ

[٥٨٤٧-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَلْبَسَ الْمُحْرِمُ ثَوْبًا مَصْبُوْغًا بِوَرْسٍ أَوْ زَعْفَرَانٍ.

[راجع: ١٣٤]

بَابُ الثَّوْبِ الأَحْمَرِ

مردوں کے لئے سرخ کپڑا جائز ہے

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ میانہ قد تھے، اور میں نے آپؐ کو سرخ سوٹ پہنے ہوئے دیکھا میں نے آپؐ سے زیادہ کوئی حسین نہیں دیکھا —— سرخ رنگ کے بارے میں روایات مختلف ہیں، ایک شخص دو سرخ کپڑے پہنے ہوئے نبی ﷺ کے پاس سے گذرا، اس نے سلام کیا، آپؐ نے جواب نہیں دیا (ترمذی ابوداؤد) علاوہ ازیں: **المیثرۃ الحمراء:** چھوٹا سرخ تکیہ جس کو گھوڑ سوار اپنے نیچے رکھتا تھا: اس کی ممانعت آئی ہے۔ اور فقہاء کے اقوال بھی مختلف ہیں، پس تیز سرخ رنگ مردوں کے لئے ناپسندیدہ ہے، اور ہلکا سرخ رنگ اور سیاہی مائل سرخ بغیر کراہیت کے جائز ہے، اور نبی ﷺ نے جو سرخ سوٹ پہن رکھا تھا: وہ یمن کا بنا ہوا حِبَرَۃ کپڑا تھا، جس کی زمین سفید ہوتی تھی اور اس میں سرخ دھاریاں ہوتی تھیں، اس لئے وہ سرخ نظر آتا تھا، جیسے آج کل طلبہ لال رومال اوڑھتے ہیں، ان کی زمین سفید ہے، اور اس میں سرخ پھول ہیں، اس لئے اس میں کچھ حرج نہیں۔ اور سرخ رنگ کی ناپسندیدگی کی وجہ یہ ہے کہ یہ رنگ مست کُن ہے، جو مردوں کے شایانِ شان نہیں، البتہ عورتوں کے لئے زیبا ہے اس لئے ان کے لئے جائز ہے (تحفۃ الالمعی ۵: ۵۸)

[٣٥-] بَابُ الثَّوْبِ الأَحْمَرِ

[٥٨٤٨-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، سَمِعَ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَرْبُوْعًا، وَقَدْ رَأَيْتُهُ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ، مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَحْسَنَ مِنْهُ. [راجع: ٣٥٥١]

بَابُ الْمِيْثَرَةِ الْحَمْرَاءِ

چھوٹا سرخ تکیہ مردوں کے لئے ممنوع ہے

المیثرة: چھوٹا سرخ تکیہ جس کو گھوڑ سوار زین پر اپنے نیچے رکھتا تھا، یہ احمر قانی ہونے کی وجہ سے ممنوع تھا یا ریشم کا ہونے کی وجہ سے یا دونوں وجہیں جمع تھیں۔

[۳۶-] بَابُ الْمِيْثَرَةِ الْحَمْرَاءِ

[۵۸۴۹-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: أَمَرَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعٍ: عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ، وَاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ، وَنَهَانَا عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ، وَالدِّيْبَاجِ، وَالْقَسِّيِّ، وَالإِسْتَبْرَقِ وَالْمَيَاثِرِ الْحُمْرِ. [راجع: ۱۲۳۹]

بَابُ النِّعَالِ السِّبْتِيَّةِ وَغَيْرِهَا

صاف رنگے ہوئے چمڑے کے اور بے رنگے چمڑے کے چپل

چمڑا خشک ہوکر پاک ہوجاتا ہے، مگر بال رہ جاتے ہیں، اور رنگ دیا جائے تو پاک بھی ہوجاتا ہے اور بال بھی اڑ جاتے ہیں، دونوں کے چپل جوتے جائز ہیں، دور نبوی میں عام طور پر رنگے بغیر بال والے چمڑے کے چپل استعمال کئے جاتے تھے، البتہ بڑے لوگ سبتی کھال کے چپل استعمال کرتے تھے، اور باب کی سب حدیثیں پہلے آچکی ہیں۔

[۳۷-] بَابُ النِّعَالِ السِّبْتِيَّةِ وَغَيْرِهَا

[۵۸۵۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ أَبِيْ مَسْلَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا: أَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ فِيْ نَعْلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ. [راجع: ۳۸۶]

[۵۸۵۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ، أَنَّهُ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: رَأَيْتُكَ تَصْنَعُ أَرْبَعًا لَمْ أَرَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِكَ يَصْنَعُهَا، قَالَ: مَاهِيَ يَا ابْنَ جُرَيْجٍ؟ قَالَ: رَأَيْتُكَ لاَتَمَسُّ مِنَ الْأَرْكَانِ إِلَّا الْيَمَانِيَّيْنِ، وَرَأَيْتُكَ تَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ، وَرَأَيْتُكَ تَصْبُغُ بِالصُّفْرَةِ، وَرَأَيْتُكَ إِذَا كُنْتَ بِمَكَّةَ أَهَلَّ النَّاسُ إِذَا رَأَوُا الْهِلَالَ، وَلَمْ تُهِلَّ أَنْتَ حَتّٰى كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ.

فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: أَمَّا الْأَرْكَانُ فَإِنِّيْ لَمْ أَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمَسُّ إِلَّا الْيَمَانِيَّيْنِ، وَأَمَّا النِّعَالُ السِّبْتِيَّةُ فَإِنِّيْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَلْبَسُ النِّعَالَ الَّتِيْ لَيْسَ

فِيْهَا شَعَرٌ وَيَتَوَضَّأُ فِيْهَا، فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَلْبَسَهَا، وَأَمَّا الصُّفْرَةُ فَإِنِّيْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَصْبُغُ بِهَا، فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَصْبُغَ بِهَا، وَأَمَّا الإِهْلَالُ فَإِنِّيْ لَمْ أَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُهِلُّ حَتّٰى تَنْبَعِثَ بِهِ رَاحِلَتُهُ. [راجع: ١٦٦]

[٥٨٥٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَلْبِسَ الْمُحْرِمُ ثَوْبًا مَصْبُوْغًا بِزَعْفَرَانٍ أَوْ وَرْسٍ، وَقَالَ: "مَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ، وَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ" [راجع: ١٣٤]

[٥٨٥٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ إِزَارٌ فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ نَعْلَانِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ" [راجع: ١٧٤٠]

قوله: لم يجد نعلين: عام ہے، سبتی اور غیر سبتی دونوں طرح کے چپلوں کو شامل ہے۔

بَابٌ: يُبْدَأُ بِانْتِعَالِ الْيُمْنٰى

پہلے دائیں پیر میں چپل پہنے

چپل پہننا اچھا کام ہے، اور دائیں کو فضیلت حاصل ہے، اس لئے پہلے دائیں پیر میں چپل جوتا یا پاجامہ پہنا جائے۔

[٣٨-] بَابٌ: يُبْدَأُ بِانْتِعَالِ الْيُمْنٰى

[٥٨٥٤-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَشْعَثُ بْنُ سُلَيْمٍ، سَمِعْتُ أَبِيْ، يُحَدِّثُ عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ التَّيَمُّنَ فِيْ طُهُوْرِهِ وَتَرَجُّلِهِ وَتَنَعُّلِهِ. [راجع: ١٦٨]

بَابٌ: يُنْزَعُ النَّعْلُ الْيُسْرٰى

پہلے بائیں پیر کا چپل نکالے

پہلے بائیں پیر کا جوتا چپل نکالنا دائیں کی اہمیت کے پیشِ نظر ہے، دایاں پیر جوتے میں دیر تک رہے گا۔

[٣٩-] بَابٌ: يُنْزَعُ النَّعْلُ الْيُسْرٰى

[٥٨٥٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "إِذَا انْتَعَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِالْيَمِيْنِ وَإِذَا نَزَعَ فَلْيَبْدَأْ بِالشِّمَالِ، لِتَكُنِ الْيَمْنَى أُوْلَاهُمَا تُنْعَلُ، وَأُخْرَاهُمَا تُنْزَعُ"

بَابٌ: لَا يَمْشِيْ فِيْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ

ایک چپل میں چلنے کی کراہیت

مسند احمد (۳:۳۲۷) میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: لایزالُ الرجلُ راکبًا ما انتعل: اگر آدمی جوتے چپل پہن کر چل رہا ہے تو سوار ہو کر چل رہا ہے، اور یہ سوار ہو کر چلنے کی ادنی صورت ہے، اور اعلی صورت ہوائی جہاز میں اڑنا ہے، اور درمیان میں بہت سی صورتیں ہیں، چپل پہن کر چلنے سے کانٹا وغیرہ نہیں چبھتا، پیر گرد آلود نہیں ہوتے، اور آدمی پیدل کی بہ نسبت کم تھکتا ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے ایک چپل پہن کر چلنے سے منع کیا، اور فرمایا: "یا دونوں چپل پہن کر چلو یا دونوں نکال دو" فائدہ تامہ اسی وقت حاصل ہوگا جب دونوں پیروں میں جوتے ہوں، ورنہ بے فائدہ ہے، نیز بے ڈھنگا پن اور بے تمیزی بھی ہے، پس اگر تھوڑی دیر ایک چپل میں چلے تو کچھ حرج نہیں، مثلاً ایک جوتا صحن کے ایک کنارے پر پڑا ہے اور دوسرا دوسرے سے کنارہ پر، پس ایک جوتا پہن کر چلے اور دوسرے کنارے پر جا کر دوسرا جوتا پہن لے تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں۔

[۴۰-] بَابٌ: لَا يَمْشِيْ فِيْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ

[۵۸۵۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "لَا يَمْشِيْ أَحَدُكُمْ فِيْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ، لِيُحْفِهِمَا جَمِيْعًا، أَوْ لِيُنْعِلْهُمَا جَمِيْعًا"

بَابٌ: قِبَالَانِ فِيْ نَعْلٍ، وَمَنْ رَأَى قِبَالًا وَاسِعًا

چپل میں دو تسمے، اور ایک کی بھی گنجائش ہے

اب چپل میں ایک تسمہ لگتا ہے، اور وہ انگوٹھے اور اس کے پاس والی انگلی کے درمیان گھستا ہے، اس کا رواج حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے شروع ہوا ہے، اس سے پہلے نبی ﷺ اور شیخین دو تسموں والے چپل پہنتے تھے، مگر اس کی ہیئت کیا تھی؟ واضح نہیں، تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی (۵:۹۸) دیکھیں۔

[۴۱-] بَابٌ: قِبَالَانِ فِيْ نَعْلٍ، وَمَنْ رَأَى قِبَالًا وَاسِعًا

[۵۸۵۷-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ: أَنَّ نَعْلَ النَّبِيِّ

صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ لَهَا قِبَالاَنِ.[راجع: ۳۱۰۷]

[۵۸۵۸-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ طَهْمَانَ، قَالَ: أَخْرَجَ إِلَيْنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ نَعْلَيْنِ لَهُمَا قِبَالاَنِ، فَقَالَ ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ: هٰذِهِ نَعْلُ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[راجع: ۳۱۰۷]

بَابُ الْقُبَّةِ الْحَمْرَاءِ مِنْ أَدَمٍ

سرخ چمڑے کا چھوٹا خیمہ

نبی ﷺ کے زمانہ میں سردارِ لشکر کے لئے چھوٹا خیمہ کھڑا کیا جاتا تھا، وہ دباغت دیئے ہوئے چمڑے کا ہوتا تھا اس لئے سرخ ہوتا تھا۔ اس میں سردار اپنی بیوی کے ساتھ قیام کرتا تھا، صحابہ کرام بھی نبی ﷺ کے لئے خیمہ کھڑا کرتے تھے، جس میں آپؐ مع اہلیہ قیام فرماتے تھے، اور سفر حج میں چونکہ سب ازواج ساتھ تھیں اس لئے ان کے لئے الگ خیمے کھڑے کئے گئے تھے۔

[۴۲-] بَابُ الْقُبَّةِ الْحَمْرَاءِ مِنْ أَدَمٍ

[۵۸۵۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ حَمْرَاءَ مِنْ أَدَمٍ، وَرَأَيْتُ بِلاَلاً أَخَذَ وَضُوْءَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَالنَّاسُ يَبْتَدِرُوْنَ الْوَضُوْءَ، فَمَنْ أَصَابَ مِنْهُ شَيْئًا تَمَسَّحَ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يُصِبْ مِنْهُ شَيْئًا أَخَذَ مِنْ بَلَلِ يَدِ صَاحِبِهِ.[راجع: ۱۸۷]

[۵۸۶۰-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسٌ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَرْسَلَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَى الأَنْصَارِ، وَجَمَعَهُمْ فِيْ قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ.[راجع: ۳۱۴۶]

بَابُ الْجُلُوْسِ عَلَى الْحَصِيْرِ وَنَحْوِهِ

چٹائی وغیرہ پر بیٹھنا

نبی ﷺ کا زمانہ بے سروسامانی کا زمانہ تھا، جس چٹائی سے اعتکاف میں رات میں آرام کے لئے آپؐ کے لئے کمرہ بنایا جاتا تھا اسی کو دن میں کھول لیا جاتا تھا اور آپؐ اس پر تشریف فرما ہوتے تھے، کیونکہ مسجدِ نبوی میں ریت تھی، پکا فرش نہیں تھا۔

[٤٣-] بَابُ الْجُلُوْسِ عَلَى الْحَصِيْرِ وَنَحْوِهِ

[٥٨٦١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَحْتَجِرُ حَصِيْرًا بِاللَّيْلِ فَيُصَلِّيْ، وَيَبْسُطُهُ بِالنَّهَارِ فَيَجْلِسُ عَلَيْهِ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَثُوْبُوْنَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَيُصَلُّوْنَ بِصَلَاتِهِ حَتّٰى كَثُرُوْا، فَأَقْبَلَ فَقَالَ: " يَا أَيُّهَا النَّاسُ خُذُوْا مِنَ الْأَعْمَالِ مَا تُطِيْقُوْنَ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوْا، وَإِنَّ أَحَبَّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللّٰهِ مَادَامَ وَإِنْ قَلَّ "[راجع: ٧٢٩]

بَابُ الْمُزَرَّرِ بِالذَّهَبِ

گھنڈی پر زری کا کام ہو تو جائز ہے

الزُّرُّ: گھنڈی، گریبان کو بند کرنے کے لئے کپڑے یا دھاگے کا گول بٹن جو کپڑے کے ساتھ جڑا ہوا ہوتا تھا، اگر اس پر کلابتوں (سونے یا چاندی کے تاروں) کا کام ہوا ہوا ہو، اور وہ قباء میں، عباء میں، انگرکھا میں یا شیروانی میں لگی ہوئی ہو تو اس کا استعمال جائز ہے، کیونکہ وہ کپڑے کے تابع ہے۔ البتہ بوتام (بٹن) جو مستقل ہوتے ہیں، اور علاحدہ ہو جاتے ہیں وہ سونے چاندی کے جائز نہیں، مخرمہؓ کے لئے جو قباء محفوظ کی گئی تھی اس کی گھنڈیوں پر زری کا کام کیا ہوا تھا پس وہ تابع ہونے کی وجہ سے جائز تھیں۔ رہی ریشمی قباء تو وہ ریشم کی حرمت سے پہلے کی بات تھی۔

[٤٤-] بَابُ الْمُزَرَّرِ بِالذَّهَبِ

[٥٨٦٢-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ: أَنَّ أَبَاهُ مَخْرَمَةَ قَالَ: يَا بُنَيَّ، إِنَّهُ بَلَغَنِيْ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَدِمَتْ عَلَيْهِ أَقْبِيَةٌ فَهُوَ يَقْسِمُهَا، فَاذْهَبْ بِنَا إِلَيْهِ، فَذَهَبْنَا، فَوَجَدْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَنْزِلِهِ، فَقَالَ لِيْ: أَيْ بُنَيِّ! ادْعُ لِيَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم؛ فَأَعْظَمْتُ ذٰلِكَ، وَقُلْتُ: أَدْعُوْ لَكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم!! فَقَالَ: يَابُنَيَّ، إِنَّهُ لَيْسَ بِجَبَّارٍ، فَدَعَوْتُهُ فَخَرَجَ وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ مِنْ دِيْبَاجٍ مُزَرَّرٌ بِالذَّهَبِ، فَقَالَ: " يَا مَخْرَمَةُ، هٰذَا خَبَأْنَاهُ لَكَ" فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ.[راجع: ٢٥٩٩]

وضاحت: یہ حدیث پہلے کئی مرتبہ آئی ہے، مگر اس کا ایک مضمون نہیں آیا، جب مخرمہؓ نے اپنے بیٹے مسور سے کہا: اے پیارے بیٹے! (گھر میں جا کر) میرے لئے نبی ﷺ کو بلالا، پس مسورؓ نے اس کو بھاری (گستاخی) سمجھا، اور کہا: میں آپ کے لئے رسول اللہ ﷺ کو بلاؤں؟! مخرمہؓ نے کہا: اے میرے پیارے بیٹے! وہ جبار (خودسر) نہیں ہیں (اس لئے

برانہیں مانیں گے)

بَابُ خَوَاتِيْمِ الذَّهَبِ

سونے کی انگوٹھی مردوں کے لئے حرام ہے

مردوں کے لئے سونا مطلقاً حرام ہے، اور جس طرح ریشم شروع میں جائز تھا سونا بھی جائز تھا، پھر دونوں کی حرمت آئی، باب میں یہ حدیث ہے کہ پہلے نبی ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنائی تھی، پھر اس کو نکال پھینکا اور امت کو بھی اس سے منع کیا۔

مسئلہ(۱): سونے کا کوئی بھی زیور، جیسے گردن کی زنجیر، ہاتھ کا کڑا، گھڑی کی چین اور سونے کی انگوٹھی وغیرہ مردوں کے لئے حرام ہیں۔

مسئلہ(۲): سنہری رنگ جائز ہے اور رنگ وہ ہوتا ہے جو کھرچنے سے الگ نہ پڑے، اور الگ پڑے تو وہ پتّر ہے جو جائز نہیں۔

مسئلہ(۳): جو گھنڈی شیروانی یا کرتے کے ساتھ جڑی ہوئی ہو، اور اس پر زری کا کام ہوا ہو وہ جائز ہے، اور جو بٹن علاحدہ ہو جاتے ہیں وہ سونے کے جائز نہیں۔

مسئلہ(۴): ضرورت کے وقت سونے کا استعمال جائز ہے، جیسے سونے کی ناک بنوانا، دانتوں کو سونے کے تاروں سے بندھوانا یا دانت پر سونے کا خول چڑھانا، کیونکہ چاندی کالی پڑ جاتی ہے، پس یہ بھی ایک ضرورت ہے۔

[٤٥-] بَابُ خَوَاتِيْمِ الذَّهَبِ

[٥٨٦٣-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ: نَهَانَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ سَبْعٍ: نَهَانَا عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ أَوْ قَالَ: حَلْقَةِ الذَّهَبِ، وَعَنِ الْحَرِيْرِ، وَالإِسْتَبْرَقِ، وَالدِّيْبَاجِ، وَالْمِيْثَرَةِ الْحَمْرَاءِ، وَالْقَسِّيِّ، وَآنِيَةِ الْفِضَّةِ، وَأَمَرَنَا بِسَبْعٍ بِعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ، وَاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ، وَرَدِّ السَّلَامِ، وَإِجَابَةِ الدَّاعِيْ، وَإِبْرَارِ الْمُقْسِمِ، وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ. [راجع: ١٢٣٩]

[٥٨٦٤-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ نَهَى عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ. وَقَالَ عَمْرٌو: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ: سَمِعَ النَّضْرَ، سَمِعَ بَشِيْرًا مِثْلَهُ.

[٥٨٦٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، وَجَعَلَ فَصَّهُ مِمَّا یَلِیْ كَفَّهُ، وَاتَّخَذَهُ النَّاسُ، فَرَمٰی بِهِ، وَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ أَوْ: فِضَّةٍ. [أطرافه: ٥٨٦٦، ٥٨٦٧، ٥٨٧٣، ٥٨٧٦، ٦٦٥١، ٧٢٩٨]

بَابُ خَاتَمِ الْفِضَّةِ

چاندی کی انگوٹھی

چاندی کی انگوٹھی جائز ہے، مگر مردوں کی انگوٹھی چار گرام سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے، اور اس وزن میں نگینہ شامل نہیں، اور اتنی مقدار کی انگوٹھی اس لئے جائز رکھی ہے کہ وہ جنت کے زیور کا نمونہ بنے۔ نبی ﷺ نے پہلے سونے کی انگوٹھی بنوائی تھی، اور اس کا نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھتا تھا، تاکہ مظاہرہ نہ ہو، اور اس میں محمد رسول الله کندہ کرایا تھا، پس لوگوں نے بھی ویسی ہی انگوٹھیاں بنالیں، جب نبی ﷺ نے یہ صورتِ حال دیکھی تو منبر سے تقریر کرتے ہوئے وہ انگوٹھی اتار پھینکی اور فرمایا: میں اس کو کبھی نہیں پہنونگا، پھر آپؐ نے (مہر کی ضرورت سے) چاندی کی انگوٹھی بنوائی، لوگوں نے بھی چاندی کی انگوٹھیاں بنوائیں، نبی ﷺ کی یہ انگوٹھی خلفاء ثلاثہ کے پاس رہی، پھر حضرت معیقیبؓ کے ہاتھ سے اریس نامی کنویں میں گر گئی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کو بہت تلاش کروایا مگر ہاتھ نہیں آئی (پس فتنوں کا دور شروع ہوگیا)

[٤٦-] بَابُ خَاتَمِ الْفِضَّةِ

[٥٨٦٦-] حَدَّثَنِیْ یُوْسُفُ بْنُ مُوْسَی، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، وَجَعَلَ فَصَّهُ مِمَّا یَلِیْ بَاطِنَ كَفِّهِ، وَنَقَشَ فِیْهِ: "مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ" فَاتَّخَذَ النَّاسُ مِثْلَهُ، فَلَمَّا رَآهُمْ قَدِ اتَّخَذُوْهَا رَمٰی بِهِ، وَقَالَ: 'لَا أَلْبَسُهُ أَبَدًا'' ثُمَّ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، فَاتَّخَذَ النَّاسُ خَوَاتِیْمَ الْفِضَّةِ. قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَلَبِسَ الْخَاتَمَ بَعْدَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم أَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، ثُمَّ عُثْمَانُ، حَتّٰی وَقَعَ مِنْ عُثْمَانَ فِیْ بِئْرِ أَرِیْسَ. [راجع: ٥٨٦٥]

بَابٌ

نبی ﷺ نے سونے کی انگوٹھی اتار پھینکی تھی یا چاندی کی؟

باب کے شروع میں ابن عمر رضی اللہ عنہما کی جو روایت ہے وہی صحیح ہے کہ آپؐ نے سونے کی انگوٹھی اتار دی تھی، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی جو روایت ہے کہ چاندی کی انگوٹھی اتار پھینکی تھی: یہ راوی کا وہم ہے، صحیح روایت مسلم شریف (حدیث ۲۰۹۴) میں ہے، اسی طرح یومًا واحدًا بھی وہم ہے، چاندی کی انگوٹھی آپؐ نے تاحیات استعمال کی تھی۔

[٤٧-] بَابٌ

[٥٨٦٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَلْبَسُ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ فَنَبَذَهُ، فَقَالَ:" لاَ أَلْبَسُهُ أَبَدًا" فَنَبَذَ النَّاسُ خَوَاتِيْمَهُمْ. [راجع: ٥٨٦٥]

[٥٨٦٨-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّـهُ رَأَى فِيْ يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَاتِمًا مِنْ وَرِقٍ يَوْمًا وَاحِدًا، ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ اصْطَنَعُوْا الْخَوَاتِمَ مِنْ وَرِقٍ وَلَبِسُوْهَا، فَطَرَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَاتِمَهُ، فَطَرَحَ النَّاسُ خَوَاتِيْمَهُمْ. تَابَعَهُ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، وَزِيَادٌ، وَشُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ.

بَابُ فَصِّ الْخَاتَمِ

انگوٹھی کا نگینہ

انگوٹھی میں کوئی بھی نگینہ لگا سکتے ہیں، اور باب کی دوسری روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی، اوراس کا نگینہ بھی چاندی کا تھا یعنی کسی پتھر یا مہرے کا نہیں تھا، بلکہ چاندی ہی کا تھا، کیونکہ اس پر محمد رسول اللہ کندہ تھا، اور حروف پتھر وغیرہ پر کندہ نہیں کئے جاسکتے، البتہ اس کی ساخت حبشی طرز کی تھی، اور باب کی پہلی روایت میں نگینہ کا ذکر نہیں، مگر یہ روایت بھی انسؓ کی ہے، اوران کی دوسری روایت میں جو باب میں ہے نگینہ کا ذکر ہے، پس وہی پہلی روایت میں بھی مراد لیا جائے گا۔

[٤٨-] بَابُ فَصِّ الْخَاتَمِ

[٥٨٦٩-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ: سُئِلَ أَنَسٌ: هَلِ اتَّخَذَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَاتَمًا؟ قَالَ: أَخَّرَ لَيْلَةً صَلاَةَ الْعِشَاءِ إِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى وَبِيْصِ خَاتِمِهِ، قَالَ:" إِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا وَنَامُوْا، وَإِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوْا فِيْ صَلاَةٍ مُنْذُ انْتَظَرْتُمُوْهَا"[راجع: ٥٧٢]

[٥٨٧٠-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُعْتَمِرٌ، سَمِعْتُ حُمَيْدًا يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ خَاتِمَهُ مِنْ فِضَّةٍ وَكَانَ فَصُّهُ مِنْهُ. وَقَالَ يَحْيىَ بْنُ أَيُّوْبَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ: سَمِعَ أَنَسًا، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٦٥]

بَابُ خَاتَمِ الْحَدِيْدِ

لوہے کی انگوٹھی

امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک کسی بھی دھات کی انگوٹھی جائز ہے، باب کی حدیث میں ہے: الْتَمِسْ ولو خاتما من حديد: تلاش کر اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو، معلوم ہوا کہ لوہے کی انگوٹھی جائز ہے، پس دوسری دھاتوں کا بھی یہی حکم ہے —— اور احناف کے نزدیک عورتوں کے لئے چاندی، سونے اور کسی بھی دھات کا زیور پہننا جائز ہے، مگر انگوٹھی عورتوں کے لئے بھی سونے چاندی کے علاوہ اور کسی چیز کی درست نہیں، اور مردوں کو چاندی کے سوا کسی اور چیز کی انگوٹھی درست نہیں، اور چاندی کی بھی ساڑھے چار گرام سے زیادہ نہ ہو، اور اگر دھات کی انگوٹھی پر چاندی کا پانی چڑھا دیا جائے تو جائز ہے، احناف کی دلیل وہ حدیث ہے جو حاشیہ میں ہے، اور تفصیل تحفۃ الالمعی (۱۰۸:۵) میں ہے۔

[٤٩-] بَابُ خَاتَمِ الْحَدِيْدِ

[٥٨٧١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلاً يَقُوْلُ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: جِئْتُ أَهَبُ نَفْسِىْ، فَقَامَتْ طَوِيْلاً فَنَظَرَ وَصَوَّبَ، فَلَمَّا طَالَ مَقَامُهَا قَالَ رَجُلٌ: زَوِّجْنِيْهَا، إِنْ لَمْ تَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ. قَالَ: "عِنْدَكَ شَيْئٌ تُصْدِقُهَا؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: " انْظُرْ" فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنْ وَجَدْتُ شَيْئًا، قَالَ: " اذْهَبْ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتِمًا مِنْ حَدِيْدٍ" فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: لاَ وَاللّٰهِ، وَلاَ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ، وَعَلَيْهِ إِزَارٌ مَا عَلَيْهِ رِدَاءٌ، فَقَالَ: أُصْدِقُهَا إِزَارِىْ؟! فَقَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: " إِزَارُكَ إِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ مِنْهُ شَيْئٌ، وَإِنْ لَبِسْتَهُ لَم يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْئٌ" فَتَنَحَّى الرَّجُلُ فَجَلَسَ، فَرَآهُ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم مُوَلِّيًا، فَأَمَرَ بِهِ فَدُعِىَ، قَالَ: " مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟" قَالَ: سُوْرَةُ كَذَا وَكَذَا، لِسُوَرٍ عَدَّدَهَا، قَالَ: " قَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ" [راجع: ٢٣١٠]

بَابُ نَقْشِ الْخَاتَمِ

انگوٹھی پر مہر کندہ کرنا

جب نبی ﷺ نے شاہانِ عجم کو دعوتِ اسلام کے خطوط لکھنا چاہا تو کہا گیا کہ وہ بغیر مہر کا خط قبول نہیں کرتے تو آپؐ نے مہر بنوائی اور اس پر محمد رسول اللہ کندہ کرایا —— پہلے علماء بھی اپنی انگوٹھیوں پر مہر کندہ کراتے تھے، اس کے نمونے تحفۃ الالمعی (۷۵:۵) میں ہیں، اب چونکہ ربڑ کی مہریں بننے لگی ہیں اس لئے انگوٹھیوں پر مہریں کندہ کرانے کا رواج ختم ہو گیا۔

[۵۰-] بَابُ نَقْشِ الْخَاتَمِ

[۵۸۷۲-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَرَادَ أَن يَكْتُبَ إِلٰى رَهْطٍ أَوْ: أُنَاسٍ مِنَ الْأَعَاجِمِ، فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّهُمْ لَايَقْبَلُوْنَ كِتَابًا إِلَّا عَلَيْهِ خَاتِمٌ، فَاتَّخَذَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ نَقْشُهُ: "مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ" فَكَأَنِّيْ بِوَبِيْصِ أَوْ: بَصِيْصِ الْخَاتَمِ فِيْ إِصْبَعِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَوْ: فِيْ كَفِّهِ.[راجع: ٦٥]

[۵۸۷۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: اتَّخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ، وَكَانَ فِيْ يَدِهِ، ثُمَّ كَانَ بَعْدُ فِيْ يَدِ أَبِيْ بَكْرٍ، ثُمَّ كَانَ بَعْدُ فِيْ يَدِ عُمَرَ، ثُمَّ كَانَ بَعْدُ فِيْ يَدِ عُثْمَانَ، حَتّٰى وَقَعَ بَعْدُ فِيْ بِئْرِ أَرِيْسَ، نَقْشُهُ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ"[راجع: ۵۸٦۵]

لغت: وَبِيْص اور بَصِيْص: دونوں کے معنی ہیں: چمک۔

بَابُ الْخَاتَمِ فِي الْخِنْصَرِ

چوتھی انگلی میں انگوٹھی پہننا

انگوٹھی کس ہاتھ میں اور کس انگلی میں پہننی چاہئے؟ اس میں توسع ہے، باب کی روایت میں چھوٹی انگلی میں پہننے کا ذکر ہے، مگر ہاتھ کی تعیین نہیں کی، آگے جویریہ کی روایت میں دائیں ہاتھ کی تعیین ہے، اور ترمذی میں دائیں بائیں دونوں ہاتھوں میں پہننے کی روایات ہیں (تحفۃ الالمعی ۵:۷۴)

[۵۱-] بَابُ الْخَاتَمِ فِي الْخِنْصَرِ

[۵۸۷٤-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: اصْطَنَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَاتَمًا فَقَالَ:" إِنَّا اتَّخَذْنَا خَاتَمًا، وَنَقَشْنَا فِيْهِ نَقْشًا، فَلَايَنْقُشَنَّ عَلَيْهِ أَحَدٌ" قَالَ: فَإِنِّيْ لَأَرَى بَرِيْقَهُ فِيْ خِنْصَرِهِ.[راجع: ٦٥]

بَابُ اتِّخَاذِ الْخَاتَمِ لِيُخْتَمَ بِهِ الشَّيْئُ، أَوْ لِيُكْتَبَ بِهِ إِلٰى أَهْلِ الْكِتَابِ وَغَيْرِهِمْ

مہر لگانے کے لئے یا غیر مسلموں کے ساتھ خط وکتابت کے لئے انگوٹھی (مہر) بنوانا

نبی ﷺ نے انگوٹھی غیر مسلموں کے ساتھ (خاص طور پر رومیوں کے ساتھ) خط وکتابت کے لئے بنوائی تھی، مگر آپؐ

اس کو پہنتے بھی تھے۔

[۵۲-] بَابُ اتِّخَاذِ الْخَاتَمِ لِيُخْتَمَ بِهِ الشَّيْئُ، أَوْ لِيُكْتَبَ بِهِ إِلَى أَهْلِ الْكِتَابِ وَغَيْرِهِمْ

[۵۸۷۵-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا أَرَادَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ يَكْتُبَ إِلَى الرُّوْمِ، قِيْلَ لَهُ: إِنَّهُمْ لَنْ يَقْرَءُ وْا كِتَابَكَ إِذَا لَمْ يَكُنْ مَخْتُوْمًا، فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، وَنَقْشُهُ: "مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ" فَكَأَنَّمَا أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِهِ فِيْ يَدِهِ.[راجع: ۶۵]

بَابُ مَنْ جَعَلَ فَصَّ الْخَاتَمِ فِيْ بَطْنِ كَفِّهِ

ایک رائے یہ ہے کہ انگوٹھی کا نگینہ ہتھیلی کی جانب رہے

اس میں بھی توسع ہے، انگوٹھی کا نگینہ خواہ ظاہر کی طرف رکھے خواہ باطن کی طرف، اندر کی طرف رکھنے میں تزین کا اخفاء ہے، پس وہ بہتر ہے۔ البتہ عورتیں نگینہ ظاہر کی طرف رکھیں، ان کے لئے سنورنا مناسب ہے۔

[۵۳-] بَابُ مَنْ جَعَلَ فَصَّ الْخَاتَمِ فِيْ بَطْنِ كَفِّهِ

[۵۸۷۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ عَبْدَ اللهِ حَدَّثَهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم اصْطَنَعَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، وَجَعَلَ فَصَّهُ فِيْ بَطْنِ كَفِّهِ إِذَا لَبِسَهُ، فَاصْطُنِعَ خَوَاتِيْمُ مِنْ ذَهَبٍ، فَرَقِيَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، فَقَالَ: "إِنِّيْ كُنْتُ اصْطَنَعْتُهُ، وَإِنِّيْ لاَ أَلْبَسُهُ" فَنَبَذَهُ، فَنَبَذَ النَّاسُ. وَقَالَ جُوَيْرِيَةُ: وَلاَ أَحْسِبُهُ إِلَّا قَالَ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنَى.[راجع: ۵۸۶۵]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لاَ يُنْقُشَنَّ عَلَى نَقْشِ خَاتَمِهِ"

نبی ﷺ کی انگوٹھی پر کندہ عبارت اپنی انگوٹھی پر کندہ کرانے کی ممانعت

نبی ﷺ کی انگوٹھی مہر کی انگوٹھی تھی، پس اگر لوگ بھی اپنی انگوٹھیوں میں 'محمد رسول اللہ' کندہ کرائیں گے تو مہر مشتبہ ہوجائے گی، علاوہ ازیں لوگوں کی انگوٹھیوں پر محمد رسول اللہ کندہ کرانے کا کیا تُک ہے!

[۵۴-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لاَ يُنْقُشَنَّ عَلَى نَقْشِ خَاتَمِهِ"

[۵۸۷۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، وَنَقَشَ فِيْهِ: "مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ" وَقَالَ: "إِنِّيْ اتَّخَذْتُ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ، وَنَقَشْتُ فِيْهِ: "مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ" فَلاَ يَنْقُشْ أَحَدٌ عَلَى نَقْشِهِ"[راجع: ۶۵]

بَابٌ: هَلْ يُجْعَلُ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلَاثَةَ أَسْطُرٍ؟

کیا انگوٹھی کی عبارت تین سطروں میں ہونی چاہئے؟

حضرت نے ہل چلایا ہے، بیج نہیں ڈالا! مہر کی عبارت تین سطر میں ہونا ضروری نہیں، نبی ﷺ کی انگوٹھی پر عبارت تین سطروں میں کندہ تھی، مگر ترتیب کیا تھی؟ چڑھتی یا اترتی؟ اس کی صراحت نہیں! مگر جو خطوط چھپتے ہیں ان میں ترتیب چڑھتی ہے اور یہی بات قرین عقل ہے، نیچے 'محمد' اس کے اوپر 'رسول' اور سب سے اوپر اللہ تھا۔

[٥٥-] بَابٌ: هَلْ يُجْعَلُ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلَاثَةَ أَسْطُرٍ؟

[٥٨٧٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ لَمَّا اسْتُخْلِفَ كَتَبَ لَهُ، وَكَانَ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلَاثَةَ أَسْطُرٍ: "مُحَمَّدٌ" سَطْرٌ، و"رَسُوْلٌ" سَطْرٌ، وَ "اللهُ" سَطْرٌ. [راجع: ١٤٤٨]

[٥٨٧٩-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: وَزَادَنِيْ أَحْمَدُ قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ يَدِهِ، وَفِيْ يَدِ أَبِيْ بَكْرٍ بَعْدَهُ، وَفِيْ يَدِ عُمَرَ بَعْدَ أَبِيْ بَكْرٍ، فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ جَلَسَ عَلَى بِئْرِ أَرِيْسَ، فَأَخْرَجَ الْخَاتَمَ، فَجَعَلَ يَعْبَثُ بِهِ فَسَقَطَ، قَالَ: فَاخْتَلَفْنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مَعُ عُثْمَانَ، فَنُزِحَ الْبِئْرُ، فَلَمْ نَجِدْهُ.

بَابُ الْخَاتَمِ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے انگوٹھی

انگوٹھی زینت ہے، اور عورتیں زینت کی محتاج ہیں، اور مردوں کو زینت کی حاجت نہیں، اسی لئے ہدایہ میں ہے کہ قاضی اور سلطان جن کو مہر لگانے کی ضرورت ہے: وہی انگوٹھی پہنیں، فأما غيرهما فالأصل أن يُترك لعدم الحاجة إليه — اور باب کی حدیث میں ہے کہ عورتوں نے چھلّے اور انگوٹھیاں خیرات کیں، معلوم ہوا کہ صحابیات انگوٹھیاں پہنتی تھیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سونے کی انگوٹھیاں پہنتی تھیں۔

[٥٦-] بَابُ الْخَاتَمِ لِلنِّسَاءِ

وَكَانَ عَلَى عَائِشَةَ خَوَاتِيْمُ ذَهَبٍ.

[٥٨٨٠-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَبْلَ الْخُطْبَةِ.
قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَزَادَ ابْنُ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ: فَأَتَى النِّسَاءَ فَجَعَلْنَ يُلْقِيْنَ الْفَتَخَ وَالْخَوَاتِيْمَ فِيْ ثَوْبِ بِلَالٍ. [راجع: ۹۸]

لغت: الفَتَخ: الفتخة کی جمع: چاندی کا کڑا، چھلا، یا نگینہ بغیر کی انگوٹھی۔

بَابُ الْقَلَائِدِ وَالسِّخَابِ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے قیمتی اور معمولی ہار

القِلَادَة: ہار (سونے یا چاندی کا)............السِّخاب: موتیوں کے علاوہ دیگر معمولی چیزوں کا ہار جیسے پھولوں کا ہار ....عید کے موقعہ پر عورتوں نے بالیاں اور معمولی ہار خیرات کئے............سُكّ: ایک قسم کی مشک ملی ہوئی خوشبو (اس کا ہار بنتا تھا)

[۵۷-] بَابُ الْقَلَائِدِ وَالسِّخَابِ لِلنِّسَاءِ

يَعْنِيْ: قِلَادَةً مِنْ طِيْبٍ وَسُكٍّ.

[۵۸۸۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ عِيدٍ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، لَمْ يُصَلِّ قَبْلُ وَلَا بَعْدُ، ثُمَّ أَتَى النِّسَاءَ فَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ، فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تَصَدَّقُ بِخُرْصِهَا وَسِخَابِهَا. [راجع: ۹۸]

بَابُ اسْتِعَارَةِ الْقَلَائِدِ

ہار عاریت پر لینا

عورتیں شادی وغیرہ کے موقع پر ہار عاریت پر لے سکتی ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنی بہن اسماءؓ سے ہار عاریت پر لے کر گئی تھیں جو گم ہوگیا، اور تیمّم کا حکم نازل ہوا۔

[۵۸-] بَابُ اسْتِعَارَةِ الْقَلَائِدِ

[۵۸۸۲-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: هَلَكَتْ قِلَادَةٌ لِأَسْمَاءَ، فَبَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ طَلَبِهَا رِجَالًا، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ وَلَيْسُوْا عَلٰى وُضُوْءٍ وَلَمْ يَجِدُوْا مَاءً، فَصَلَّوْا وَهُمْ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ، فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ

لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَنْزَلَ اللّٰہُ آیَةَ التَّیَمُّمِ.

وَزَادَ ابْنُ نُمَیْرٍ عَنْ هِشَامٍ: اسْتَعَارَتْ مِنْ أَسْمَاءَ. [راجع: ۳۳۴]

بَابُ الْقُرْطِ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے کان کا زیور (بالی، جھمکا وغیرہ)

عید کی نماز کے بعد جب عورتوں سے خیرات کرنے کے لئے کہا گیا تو انھوں نے اپنے کان کا زیور (بالی وغیرہ) پیش کیا (مگر ناک کے کانٹے کا کوئی تذکرہ نہیں آتا، وہ ہندؤں سے آیا ہے)

[۵۹-] بَابُ الْقُرْطِ لِلنِّسَاءِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَمَرَهُنَّ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالصَّدَقَةِ، فَرَأَیْتُهُنَّ یَهْوِیْنَ إِلٰی آذَانِهِنَّ وَحُلُوْقِهِنَّ.

[۵۸۸۳-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَدِیٌّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِیْدًا، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم صَلّٰی یَوْمَ الْعِیْدِ رَکْعَتَیْنِ، لَمْ یُصَلِّ قَبْلَهَا وَلاَ بَعْدَهَا، ثُمَّ أَتَی النِّسَاءَ وَمَعَهُ بِلاَلٌ فَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ، فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تُلْقِیْ قُرْطَهَا. [راجع: ۹۸]

بَابُ السِّخَابِ لِلصِّبْیَانِ

بچوں کے لئے لونگ وغیرہ کا ہار

سِخاب: موتیوں کے علاوہ دیگر معمولی چیزوں (لونگ وغیرہ) سے بنایا ہوا ہار جو بچے بنا کر استعمال کرتے ہیں۔ باب میں مذکور واقعہ میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے سخاب پہن رکھا تھا، وہ آکر آپؐ کے گلے لگ گئے، تحفۃ القاری (۱۸۹:۵) میں یہ واقعہ گذرا ہے۔ لُکَعٌ: بچہ۔

[۶۰-] بَابُ السِّخَابِ لِلصِّبْیَانِ

[۵۸۸۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ الْحَنْظَلِیُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا یَحْیَی بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ یَزِیْدَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: کُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ سُوْقٍ مِنْ أَسْوَاقِ الْمَدِیْنَةِ، فَانْصَرَفَ وَانْصَرَفْتُ، فَقَالَ: " أَیْنَ لُکَعُ؟- ثَلاَثًا- ادْعُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ" فَقَامَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ یَمْشِیْ وَفِیْ عُنُقِهِ السِّخَابُ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِیَدِهِ هٰکَذَا، فَقَالَ الْحَسَنُ بِیَدِهِ هٰکَذَا، فَالْتَزَمَهُ فَقَالَ: " اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أُحِبُّهُ، فَأَحِبَّهُ، وَأَحِبَّ مَنْ یُحِبُّهُ"

قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ: فَمَا كَانَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ بَعْدَ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَاقَالَ. [راجع: ٢١٢٢]

بَابُ الْمُتَشَبِّهِيْنَ بِالنِّسَاءِ، وَالْمُتَشَبِّهَاتِ بِالرِّجَالِ

عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مرد اور مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتیں

اللہ تعالیٰ نے انسان کی دوصنفیں بنائی ہیں: مردوزن، اور ہر صنف کے کچھ امتیازات رکھے ہیں، اس کے کچھ حقوق ہیں اور کچھ فرائض، شریعت ان امتیازات کو باقی رکھنا چاہتی ہے، اوران حقوق وفرائض کا لحاظ کرتی ہے، پس اگر مرد ہجڑے بن جائیں یا عورتیں مردانی بن جائیں تو یہ ان امتیازات کورائگاں کرنا ہے، اس لئے دونوں پر لعنت بھیجی گئی ہے (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۵۱۱ میں ہے)

[٦١-] بَابُ الْمُتَشَبِّهِيْنَ بِالنِّسَاءِ، وَالْمُتَشَبِّهَاتِ بِالرِّجَالِ

[٥٨٨٥-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ، وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ تَابَعَهُ عَمْرٌو، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ. [طرفاه: ٥٨٨٦، ٦٨٣٤]

بَابُ إِخْرَاجِ الْمُتَشَبِّهِيْنَ بِالنِّسَاءِ مِنَ الْبُيُوْتِ

عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مردوں کے گھروں میں آنے پر پابندی

ہجڑے بھی مردانی خواہشات رکھتے ہیں، ہیت نامی ہجڑے کی باتیں اس کی دلیل ہیں، اس لئے ان سے پردہ واجب ہے، ان کو گھروں میں نہ آنے دیا جائے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے لعنت بھیجی ہے مردوں میں سے ہجڑے بننے والوں پر اور عورتوں میں سے مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والیوں پر۔ اور طبرانی کی روایت میں ہے کہ ایک کوے جیسے کالے غلام انجشہ نامی پر جو عورتوں کے لئے حُدی گاتا تھا، نبی ﷺ نے عورتوں کے پاس آنے پر پابندی لگائی، اور حضرت عمرؓ نے بھی کسی ہجڑے کو نکالا ہے یعنی عورتوں کے پاس آنے پر پابندی لگائی ہے، اور ام سلمہؓ کی روایت میں ہے ہیت نامی ہجڑے کی گفتگو سن کر نبی ﷺ نے فرمایا: ''یہ ہجڑے تمہارے پاس نہ آنے پائیں'' ان سے پردہ واجب ہے۔

[٦٢-] بَابُ إِخْرَاجِ الْمُتَشَبِّهِيْنَ بِالنِّسَاءِ مِنَ الْبُيُوْتِ

[٥٨٨٦-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

قَالَ: لَعَنَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم الْمُخَنَّثِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ، وَالْمُتَرَجِّلاَتِ مِنَ النِّسَاءِ، وَقَالَ: "أَخْرِجُوْهُمْ مِنْ بُيُوْتِكُمْ" قَالَ: فَأَخْرَجَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فُلاَنَةَ، وَأَخْرَجَ عُمَرُ فُلاَنًا.[راجع: ٥٨٨٥]

[٥٨٨٧-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، أَنَّ عُرْوَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِیْ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهَا: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ عِنْدَهَا وَفِی الْبَيْتِ مُخَنَّثٌ، فَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ أَخِیْ أُمِّ سَلَمَةَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! إِنْ فُتِحَ لَكُمْ غَدًا الطَّائِفُ، فَإِنِّیْ أَدُلُّكَ عَلٰی بِنْتِ غَيْلاَنَ، فَإِنَّهَا تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "لاَيَدْخُلَنَّ هٰؤُلاَءِ عَلَيْكُمْ"[راجع: ٤٣٢٤]

ملحوظہ: ہمارے نسخہ میں باب ہے: باب إخراجهم، میں نے گیلری والانسخہ رکھا ہے، وہ واضح ہے۔

بَابُ قَصِّ الشَّارِبِ

مونچھ کاٹنے کا بیان

حاشیہ میں ہے کہ یہاں سے کتاب اللباس کے ختم تک کے ابواب لباس (پہناوا) سے زینت ہونے میں شریک ہیں، مونچھوں کے بارے میں حدیثوں میں پانچ لفظ آئے ہیں: (۱) جزُّوا الشوارب: مونچھیں کاٹو (۲) قَصُّ الشارب: مونچھ کترنا (۳) أُحْفُوا الشوارب: مونچھیں پست کرو (۴) أُنْهِكُوْا الشوارب: مونچھوں کو خوب پست کرو (۵) أَخْذُ الشارب: مونچھ لینا —— مونڈنے کا ذکر کسی حدیث میں نہیں آیا، اس لئے امام مالکؒ کے نزدیک مونڈنا منع ہے، اور احناف کے یہاں مونڈنا جائز ہے اور افضل صورت کے متعلق تین قول ہیں:

۱-مونچھیں اتنی کاٹی جائیں کہ اوپر کے ہونٹ کا کنارہ ظاہر ہوجائے، یہ صورت بالاجماع سنت ہے۔

۲-مونچھیں بھوؤں کے مانند بنائی جائیں، صاحب ہدایہ نے التجنیس والمزید میں لکھا ہے کہ یہی مناسب طریقہ ہے، فتاوی عالمگیری میں بھی اسی کو لیا ہے۔

۳-مونچھیں کتر کر بالکل پست کردی جائیں، کیونکہ پانچوں لفظوں کی دلالت مبالغہ پر ہے۔

پس قول فیصل یہ ہے کہ مونڈنا بدعت تو نہیں، البتہ سنت کترنا ہے، اور وہ بھی مبالغہ کے ساتھ اس طرح کہ تمام بال پست کردیئے جائیں۔

حضرت ابن عمرؓ اپنی مونچھیں پست کرتے تھے، یہاں تک کہ کھال کی سفیدی نظر آنے لگتی تھی، اور سبالتین بھی کاٹتے تھے، مونچھ کے آخر سے ڈاڑھی شروع ہونے تک کے بال سبالتین کہلاتے ہیں۔

[۶۳-] بَابُ قَصِّ الشَّارِبِ

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُحْفِي شَارِبَهُ حَتّٰى يُنْظَرَ إِلٰى بَيَاضِ الْجِلْدِ، وَيَأْخُذُ هٰذَيْنِ يَعْنِي بَيْنَ الشَّارِبِ وَاللِّحْيَةِ.

[۵۸۸۸-] حدثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ حَنْظَلَةَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: أَصْحَابُنَا: عَنِ الْمَكِّيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مِنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ "[طرفه: ۵۸۹۰]

[۵۸۸۹-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رِوَايَةً: " الْفِطْرَةُ خَمْسٌ أَوْ: خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ: الْخِتَانُ، وَالإِسْتِحْدَادُ، وَنَتْفُ الإِبْطِ، وَتَقْلِيْمُ الأَظْفَارِ، وَقَصُّ الشَّارِبِ " [طرفاه: ۵۸۹۱، ۶۲۹۷]

وضاحت: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہم سے مکی بن ابراہیم نے سند نافع تک بیان کی، مگر ہمارے دوسرے اساتذہ یہی حدیث مکی بن ابراہیم سے روایت کرتے ہوئے آخر میں ابن عمرؓ کا ذکر کرتے ہیں اور حدیث کو مرفوع کرتے ہیں...........اسْتِحْدَاد: دھاردار آلہ (استرہ) سے شرمگاہ کے بال صاف کرنا۔

بَابُ تَقْلِيْمِ الأَظْفَارِ

ناخن تراشنے کا بیان

ناخن کاٹنا، امورِ فطرت میں سے ہے، فطرت کے لغوی معنی ہیں: ساخت، بناوٹ، اور اصطلاحی معنی ہیں: انبیاء کی سنتیں (طریقے) اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے ذریعہ امتوں کو چند ایسی باتوں کا حکم دیا ہے جن کے ذریعہ وہ اپنی اسلامی شخصیت کو نمایاں کرسکتے ہیں، جو انسانی فطرت کے مطابق ہیں، ایسی باتیں متعدد ہیں، ان میں سے چند یہ ہیں: (۱) زیرناف مونڈنا یعنی دونوں شرمگاہوں کے اردگرد کے بال صاف کرنا (۲) ختنہ کرانا (۳) مونچھ کاٹنا (۴) بغل کے بال اکھاڑنا (۵) ناخن تراشنا (۶) ڈاڑھی چھوڑنا (۷) مسواک کرنا (۸) ناک کی صفائی کرنا (۹) بدن کے جوڑوں کا دھونا۔

اور باب کی آخری حدیث میں ہے کہ مشرکین (ہندوؤں) کی مخالفت کرو: ڈاڑھی بڑھاؤ اور مونچھیں پست کرو —— یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے، ان کا خاص ذوق اتباعِ سنت تھا، وہ جب حج یا عمرہ کرتے اور احرام کھولتے تو اپنی ڈاڑھی مٹھی میں لیتے اور جو زائد ہوتی اس کو کٹوادیتے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بھی یہی عمل تھا (فتح ۱۰: ۳۵۰) اور ترمذی میں مرفوع روایت بھی ہے (حدیث ۲۷۶۲) اور اس کی سند حسن ہے۔

[۶۴-] بَابُ تَقْلِيْمِ الأَظْفَارِ

[۵۸۹۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ حَنْظَلَةَ،

عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" مِنَ الْفِطْرَةِ: حَلْقُ الْعَانَةِ، وَتَقْلِيْمُ الْأَظْفَارِ، وَقَصُّ الشَّارِبِ" [راجع: ۵۸۸۸]

[۵۸۹۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ:" الْفِطْرَةُ خَمْسٌ: الْخِتَانُ، وَالاِسْتِحْدَادُ، وَقَصُّ الشَّارِبِ، وَتَقْلِيْمُ الْأَظْفَارِ، وَنَتْفُ الإِبْطِ" [راجع: ۵۸۸۹]

[۵۸۹۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" خَالِفُوْا الْمُشْرِكِيْنَ: وَفِّرُوْا اللُّحَى، وَأَحْفُوْا الشَّوَارِبَ" وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا حَجَّ أَوِ اعْتَمَرَ قَبَضَ عَلٰى لِحْيَتِهِ، فَمَا فَضَلَ أَخَذَهُ. [طرفه: ۵۸۹۳]

بَابُ إِعْفَاءِ اللُّحَى

ڈاڑھی بڑھانے کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مونچھوں کو خوب پست کرو، اور ڈاڑھی بڑھاؤ'' —— أَعْفَى الشَّعرَ: بالوں کو باقی رکھنا، نہ کاٹنا .... اللُّحی (بضم اللام و کسرھا) اللحیة کی جمع: ڈاڑھی یعنی وہ بال جو نیچے کے جبڑے پر اگتے ہیں، پس جو بال گال یا گلے پر اگتے ہیں وہ ڈاڑھی میں شامل نہیں۔

تشریح: ڈاڑھی کے بارے میں حدیثوں میں چھ لفظ آئے ہیں: (۱) أَعْفُوْا: ڈاڑھی کو بڑھاؤ، تاکہ بال زیادہ اور دراز ہوں (۲) أَوْفُوْا: کامل کرو، پورا کرو (۳) أَرْخُوا: لٹکاؤ، لمبا کرو (۴) أَرْجُوْا: مؤخر کرو یعنی بالکل نہ لو (۵) وَفِّرُوْا: زیادہ کرو، پورا کرو (۶) دَعُوا: چھوڑ دو —— ان تمام لفظوں کا حاصل یہ ہے کہ لمبی ڈاڑھی رکھنا مامور بہ ہے، اس لئے واجب ہے، پس جس طرح ڈاڑھی منڈوانا حرام ہے، کترنا اور خشخشی رکھنا بھی حرام ہے، کیونکہ یہ وجوب کے منافی ہے، اور اس سے حکم شرعی کا تقاضا پورا نہیں ہوتا —— ان لفظوں کا مفہوم یہ ہے کہ ڈاڑھی جتنی بڑھے بڑھنے دی جائے، مگر نبی ﷺ اور صحابہ ڈاڑھی کے طول و عرض سے لیتے تھے، اس لئے احناف کے نزدیک سنت ایک مشت ڈاڑھی ہے، زائد کاٹ لینی چاہئے۔

لغت: سورۃ الاعراف (آیت ۹۵) میں ہے: ﴿ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا﴾: پھر ہم نے اس بدحالی کی جگہ خوش حالی بدل دی، یہاں تک کہ ان کو خوب ترقی ہوئی —— افراد و اموال بڑھے —— عَفَا (ن) عَفْوًا: بڑھنا، زیادہ ہونا إعفاء (باب افعال) الشَّعْر: بالوں کو بڑھانا، نہ کاٹنا۔

[۶۵-] بَابُ إِعْفَاءِ اللُّحَى

عَفَوْا: كَثُرُوْا وَكَثُرَتْ أَمْوَالُهُمْ.

[۵۸۹۳-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "انْهَكُوْا الشَّوَارِبَ، وَأَعْفُوْا اللُّحَى"[راجع: ۵۸۹۲]

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الشَّيْبِ

بالوں کی سفیدی کا تذکرہ

خضاب کے لئے اگلا باب ہے، اس باب میں صرف سفید بالوں کا ذکر ہے، پہلی روایت میں ہے: ابن سیرینؒ نے انسؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے خضاب کیا؟ انھوں نے کہا: نہیں پہنچے نبی ﷺ سفید بالوں کو، مگر تھوڑے سے اور دوسری حدیث میں ہے: نبی ﷺ خضاب کی حد کو نہیں پہنچے، اگر میں ریش مبارک میں سفید بالوں کو گننا چاہتا تو گن لیتا —— ان روایات سے معلوم ہوا کہ آپؐ نے خضاب نہیں کیا.......... الشَّمَطَات: کالے بالوں میں کچھ سفید بال۔

دوسری طرف: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس چاندی کی ایک شیشی تھی، اس میں موئے مبارک حفاظت کے لئے رکھے تھے، جس کو نظر وغیرہ لگ جاتی یا اور کوئی بیماری ہوتی تو وہ ان بالوں کو دھو کر پلاتیں، عثمان (راوی) نے اس شیشی میں جھانک کر دیکھا تو اس میں چند سرخ بال تھے، اور حاشیہ میں ابن عمرؓ کی روایت ہے: انھوں نے نبی ﷺ کو زردی سے رنگتے ہوئے دیکھا —— ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ نے خضاب کیا ہے۔

مگر اکثر حضرات کی رائے یہ ہے کہ آپؐ نے خضاب نہیں کیا، کیونکہ آپؐ کی ریش اور سر مبارک میں سترہ بال سفید ہوئے تھے، ان کے لئے خضاب کی حاجت نہیں، ہاں ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نے خضاب کیا ہے، اور آپؐ نے اس کی ترغیب دی ہے، پس خضاب کرنا سنت ہے۔

[٦٦-] بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الشَّيْبِ

[۵۸۹۴-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا أَخَضَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: لَمْ يَبْلُغِ الشَّيْبَ إِلَّا قَلِيْلاً.[راجع: ۳۵۵۰]

[۵۸۹۵-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: سُئِلَ أَنَسٌ عَنْ خِضَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنَّهُ لَمْ يَبْلُغْ مَا يُخْضَبُ، لَوْ شِئْتُ أَنْ أَعُدَّ شَمَطَاتِهِ فِي لِحْيَتِهِ.[راجع: ۳۵۵۰]

[۵۸۹۶-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْهَبٍ، قَالَ: أَرْسَلَنِيْ أَهْلِيْ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ، وَقَبَضَ إِسْرَائِيْلُ ثَلَاثَ أَصَابِعَ، مِنْ فِضَّةٍ، فِيْهِ شَعَرٌ مِنْ شَعَرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ إِذَا أَصَابَ الإِنْسَانَ عَيْنٌ أَوْ شَيْئٌ بَعَثَ إِلَيْهَا مِخْضَبَهُ،

فَاطَّلَعْتُ فِي الْجُلْجُلِ فَرَأَيْتُ شَعَرَاتٍ حُمْراً. [طرفاه: ۵۸۹۷، ۵۸۹۸]

[۵۸۹۷-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَّامٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْهَبٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى أُمِّ سَلَمَةَ فَأَخْرَجَتْ إِلَيْنَا شَعَرًا مِنْ شَعَرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَخْضُوْبًا. [راجع: ۶۸۹۶]

[۵۸۹۸-] وَقَالَ لَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ: حَدَّثَنَا نُصَيْرُ بْنُ أَبِي الْأَشْعَثِ، عَنِ ابْنِ مَوْهَبٍ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ أَرَتْهُ شَعَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَحْمَرَ. [راجع: ۵۸۹۶]

قوله: لو شئتُ: کی جزاء محذوف ہے أی **لَعَدَدتُّهَا**............ عثمان کہتے ہیں: مجھے میرے گھر والوں نے حضرت ام سلمہؓ کے پاس پانی کے پیالے کے ساتھ بھیجا، اور اسرائیل (راوی) نے تین انگلیاں ہاتھ میں لیں (اور اشارہ کیا کہ شیشی میں تین بال تھے) وہ شیشی چاندی کی تھی (گیلری میں من فضة ہے، میں نے اس کو لیا ہے) اس میں نبی ﷺ کے بال تھے، جب کسی انسان کو نظر لگتی یا کوئی اور بیماری ہوتی تو وہ ام سلمہؓ کے پاس اپنا برتن بھیجتی (وہ اس میں سے نلکی میں پانی بھرتیں، پھر اس کو اس میں خالی کرتیں، وہ پانی مریض کو پلایا جاتا) پس جھانکا میں نے نلکی میں، پس میں نے سرخ بال دیکھے —— عثمان کہتے ہیں: ام سلمہؓ نے ہمیں نبی ﷺ کے بال دکھائے جو خضاب شدہ تھے —— وہ لمبا زمانہ گذرنے کی وجہ سے سرخ ہوگئے ہونگے —— اور ابن عمرؓ نے زردی سے کپڑا رنگتے ہوئے دیکھا ہوگا۔

ملحوظہ: اَلْقُصَّة کے معنی ہیں: بالوں کی لٹ، گچھا، پیشانی کے بال: یہ معنی یہاں نہیں بنتے، اور گیلری والا نسخہ من فضة بنتا ہے أی کائن من فضة اور ضمیر کا مرجع الجُلجُل ہے، اس کو ذکر کئے بغیر ضمیر لوٹائی ہے، اور فیه کی ضمیر کا مرجع بھی وہی ہے............ مِخْضَب: لگن، بڑا برتن الجُلجُل کے معنی گھونگرو (ایک زیور) اور چھوٹی گھنٹی لکھے ہیں، یہ معنی بھی نہیں بنتے، اس لئے میں نے اس کا ترجمہ 'شیشی' کیا ہے، شاید وہ شیشی گھونگرو کی شکل کی ہوگی۔ اور آخر کی دو روایتیں روایت بالمعنی ہیں۔

بَابُ الْخِضَابِ

خضاب کا بیان

جب سر یا ڈاڑھی سفید ہو جائیں تو خضاب لگانا چاہئے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''یہود و نصاری خضاب نہیں لگاتے، پس تم ان کی مخالفت کرو یعنی خضاب لگاؤ'' —— اور سرخ خضاب بالاتفاق مستحب ہے، اور سیاہ خضاب کے علاوہ ہر خضاب جائز ہے، حتی کہ سیاہی مائل خضاب بھی جائز ہے، جبکہ بالوں کی سیاہی کے مشابہ نہ ہو، تفصیل تحفۃ الالمعی (۵: ۸۲) میں ہے۔

[۶۷-] بَابُ الْخِضَابِ

[۵۸۹۹-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَسُلَيْمَانَ بْنِ

يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى لاَ يَصْبُغُوْنَ فَخَالِفُوْهُمْ"
[راجع: ٣٤٦٢]

بَابُ الْجَعْدِ

گھونگریالے بال

جَعْد: بالوں کا قدرتی طور پر مڑا ہوا، پیچ در پیچ ہونا۔ اس کا مقابل السَّبْط ہے: سیدھے بال، بالوں کی یہ دونوں حالتیں پسندیدہ نہیں، اچھے بال وہ ہیں جو کچھ خم دار ہوں، نبی ﷺ کے سر کے بال ایسی ہی درمیانی کیفیت کے تھے، جب آپؐ زلفیں بنواتے تو وہ آدھے کان تک ہوتے، پھر بڑھ کر گردن تک پہنچ جاتے، پھر اور بڑھتے تو کندھوں کو چھونے لگتے، پھر دوبارہ کٹوا دیتے اور یہاں تک وہی بال پہنچتے ہیں جو سخت گھونگریالے نہ ہوں۔

[٦٨-] بَابُ الْجَعْدِ

[٥٩٠٠-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ الْبَائِنِ، وَلاَ بِالْقَصِيْرِ، وَلَيْسَ بِالْأَبْيَضِ الْأَمْهَقِ، وَلَيْسَ بِالآدَمِ، وَلَيْسَ بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ، وَلاَ بِالسَّبْطِ، بَعَثَهُ اللّٰهُ عَلٰى رَأْسِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، فَأَقَامَ بِمَكَّةَ عَشْرَ سِنِيْنَ، وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرَ سِنِيْنَ، وَتَوَفَّاهُ اللّٰهُ عَلٰى رَأْسِ سِتِّيْنَ سَنَةً، وَلَيْسَ فِيْ رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُوْنَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ. [راجع: ٣٥٤٧]

حوالہ: یہ حدیث ترجمہ کے ساتھ تحفۃ القاری (۷:۱۲۵) میں آچکی ہے۔

[٥٩٠١-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَحْسَنَ فِيْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِيْ عَنْ مَالِكٍ: إِنَّ جُمَّتَهُ لَتَضْرِبُ قَرِيْبًا مِنْ مَنْكِبِهِ.

قَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ: سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُهُ غَيْرَ مَرَّةٍ، مَا حَدَّثَ بِهِ قَطُّ إِلَّا ضَحِكَ.

قَالَ شُعْبَةُ: شَعَرُهُ يَبْلُغُ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ. [راجع: ٣٥٥١]

حوالہ: یہ حدیث تحفۃ القاری (۷:۱۲۷) میں آئی ہے............امام بخاریؒ کہتے ہیں: میرے بعض اساتذہ مالک بن اسماعیلؒ سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں: نبی ﷺ کی زلفیں آپؐ کے مونڈھوں کے نزدیک تک پہنچ جاتی تھیں............ اور ابو اسحاق سبیعی کہتے ہیں: میں نے حضرت براء رضی اللہ عنہ کو بار بار یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے، وہ جب بھی یہ

حدیث بیان کرتے تھے تو ہنستے تھے (ہنسی کی وجہ معلوم نہیں) اور شعبہ (تلمیذ ابی اسحاق) کہتے ہیں: آپؐ کے بال آپؐ کے کانوں کی لو تک پہنچے ہوئے ہوتے تھے۔

[۵۹۰۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" أُرَانِى اللَّيْلَةَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ، فَرَأَيْتُ رَجُلاً آدَمَ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ رَجُلاً مِنْ أُدْمِ الرِّجَالِ، لَهُ لِمَّةٌ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنَ اللِّمَمِ، قَدْ رَجَّلَهَا، فَهِىَ تَقْطُرُ مَاءً، مُتَّكِئًا عَلٰى رَجُلَيْنِ، أَوْ: عَلٰى عَوَاتِقِ رَجُلَيْنِ، يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ، فَسَأَلْتُ مَنْ هٰذَا؟ فَقِيْلَ: الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ. وَإِذَا أَنَا بِرَجُلٍ جَعْدٍ قَطَطٍ، أَعْوَرِ الْعَيْنِ الْيُمْنَى كَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ، فَسَأَلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقِيْلَ: الْمَسِيْحُ الدَّجَّالُ" [راجع: ۳۴۴۰]

حوالہ: یہ خواب تحفۃ القاری (۵۸:۷) میں آیا ہے۔

[۵۹۰۳-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَضْرِبُ شَعَرُهُ مَنْكِبَيْهِ. [طرفه: ۵۹۰۴]

[۵۹۰۴-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: كَانَ يَضْرِبُ شَعَرُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مَنْكِبَيْهِ. [راجع: ۵۹۰۳]

[۵۹۰۵-] حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنْ شَعَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: كَانَ شَعَرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجِلاً، لَيْسَ بِالسَّبِطِ، وَلاَ الْجَعْدِ، بَيْنَ أُذُنَيْهِ وَعَاتِقَيْهِ. [طرفه: ۵۹۰۶]

[۵۹۰۶-] حدثنا مُسْلِمٌ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ضَخْمَ الْيَدَيْنِ، لَمْ أَرَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَكَانَ شَعَرُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم رَجِلاً، لَا جَعْدٌ، وَلاَ سَبْطٌ [راجع: ۵۹۰۵]

[۵۹۰۷-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ضَخْمَ الرَّأْسِ وَالْقَدَمَيْنِ، لَمْ أَرَ قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَكَانَ بَسْطَ الْكَفَّيْنِ.

[۵۹۰۸-] حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ.

وضاحت: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ سب روایات نئی ہیں اور واضح ہیں، اس لئے ترجمہ نہیں کیا۔

[۵۹۰۹-] أَوْ عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ضَخْمَ الْقَدَمَيْنِ، حَسَنَ الْوَجْهِ، لَمْ أَرَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ.

[٥٩١٠-] وَقَالَ هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم شَثْنَ الْقَدَمَيْنِ وَالْكَفَّيْنِ.

[٥٩١١-] وَقَالَ أَبُوْ هِلاَلٍ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ.

[٥٩١٢-] أَوْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ضَخْمَ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ، لَمْ أَرَ بَعْدَهُ شِبْهًا لَهُ.

[٥٩١٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنِ ابْنِ عُوْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، كُنَّا عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ: فَذَكَرُوْا الدَّجَّالَ فَقَالَ: إِنَّهُ قَالَ: مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ "كَافِرٌ" وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَمْ أَسْمَعْهُ قَالَ ذَاكَ، وَلٰكِنَّهُ قَالَ: "أَمَّا إِبْرَاهِيْمُ فَانْظُرُوْا إِلٰى صَاحِبِكُمْ، وَأَمَّا مُوْسَى فَرَجُلٌ آدَمُ جَعْدٌ، عَلٰى جَمَلٍ أَحْمَرَ مَخْطُوْمٍ بِخُلْبَةٍ، كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ إِذَا انْحَدَرَ فِي الْوَادِيْ يُلَبِّيْ" [راجع: ١٥٥٥]

حوالہ: آخری حدیث میں جوخواب ہے وہ تحفۃ القاری (۳۳۹:۴) میں آیا ہے۔

بَابُ التَّلْبِيْدِ

بالوں کو نمدہ کی طرح کسی چیز سے چپکانا

بال بکھر کر ٹوٹیں نہیں: اس لئے احرام میں تلبید مسنون ہے، نبی ﷺ نے احرام میں بال چپکائے تھے، اور غیر احرام میں مکروہ ہے، عمرؓ نے فرمایا: جس نے بال خوب گوندھ رکھے ہیں وہ مونڈ وادے، اور تلبید کی مشابہت اختیار مت کرو، ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو احرام میں بال چپکاتے ہوئے دیکھا ہے، پس وہ تو سنت ہے، مگر احرام کے بغیر ایسا کرنا مکروہ ہے، لہٰذا بال منڈا دے۔

[٦٩-] بَابُ التَّلْبِيْدِ

[٥٩١٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ: مَنْ ضَفَّرَ فَلْيَحْلِقْ، وَلاَ تَشَبَّهُوْا بِالتَّلْبِيْدِ. وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ: لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُلَبِّدًا. [راجع: ١٥٤٠]

[٥٩١٥-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، وَأَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالاَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُهِلُّ مُلَبِّدًا يَقُوْلُ: "لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لاَشَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لاَ شَرِيْكَ

لَكَ"، لَا يَزِيْدُ عَلٰى هٰؤُلَآءِ الْكَلِمَاتِ. [راجع: ۱۵۴۰]

[۵۹۱۶-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا شَأْنُ النَّاسِ حَلُّوْا بِعُمْرَةٍ، وَلَمْ تَحْلِلْ أَنْتَ مِنْ عُمْرَتِكَ؟ قَالَ: " إِنِّيْ لَبَّدْتُ رَأْسِيْ، وَقَلَّدْتُ هَدْيِيْ، فَلَا أَحِلُّ حَتّٰى أَنْحَرَ" [راجع: ۱۵۶۶]

بَابُ الْفَرَقِ

مانگ نکالنا

بالوں میں درمیان سر میں سیدھی مانگ نکالنا مردوں اور عورتوں کے لئے مستحب ہے اور دائیں بائیں نکالنا غیروں کا طریقہ ہے، نبی ﷺ پہلے اہل کتاب کی موافقت میں مانگ نہیں نکالتے تھے، عرب نکالتے تھے، پھر آپؐ نے بہ حکم الٰہی مانگ نکالنا شروع کیا، مگر اس کا بہت زیادہ اہتمام نہیں کرتے تھے، اگر آسانی سے مانگ نکل آتی تو نکال لیتے، ورنہ سیدھے بال پیچھے کھینچ لیتے۔

[۷۰-] بَابُ الْفَرَقِ

[۵۹۱۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ مُوَافَقَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ فِيْمَا لَمْ يُؤْمَرْ فِيْهِ، وَكَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَسْدِلُوْنَ أَشْعَارَهُمْ، وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يَفْرُقُوْنَ رُءُوْسَهُمْ، فَسَدَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم نَاصِيَتَهُ، ثُمَّ فَرَقَ بَعْدُ. [راجع: ۳۵۵۸]

[۵۹۱۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى وَبِيْصِ الطِّيْبِ فِيْ مَفَارِقِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُحْرِمٌ. قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فِيْ مَفْرِقِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۷۱]

فرق: ابوالولید نے مفارق (جمع) اور عبداللہ نے مَفْرِق (مفرد) کہا۔

بَابُ الذَّوَائِبِ

بالوں کی لٹیں (گیسو)

گیسو: سر کے لمبے بال، زلفیں، کاکل، ابن عباسؓ کے سر پر لمبے بال تھے ان کو پکڑ کر آپؐ نے ان کو دائیں طرف لے لیا۔

[۷۱-] بَابُ الذَّوَائِبِ

[۵۹۱۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ عَنْبَسَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، ح: وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بِتُّ لَيْلَةً عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ خَالَتِيْ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَهَا فِيْ لَيْلَتِهَا، قَالَ: فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ، فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، قَالَ: فَأَخَذَ بِذُؤَابَتِيْ فَجَعَلَنِيْ عَنْ يَمِيْنِهِ. [راجع: ۱۱۷]

حدثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ بِهٰذَا، وَقَالَ: بِذُؤَابَتِيْ أَوْ قَالَ: بِرَأْسِيْ.

بَابُ الْقَزَعِ

سر میں کچھ بال اِدھر اُدھر چھوڑ دینا

حدیث میں ہے کہ سارا سر منڈواؤ یا سارے سر پر بال رکھو، کچھ سر منڈا جائے اور جا بجا بال چھوڑ دیئے جائیں: یہ مکروہ ہے، یہی قزع ہے، جس کی ممانعت آئی ہے، یہ کافروں کی رسم ہے اور دیکھنے میں بچہ/ آدمی بدنما معلوم ہوتا ہے، البتہ دواء علاج کے لئے ایسا کیا جائے تو اس کی گنجائش ہے، اور چوٹی رکھنا بھی اس کا مصداق ہے۔

[۷۲-] بَابُ الْقَزَعِ

[۵۹۲۰-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَخْلَدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ حَفْصٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ نَافِعٍ أَخْبَرَهُ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْهٰى عَنِ الْقَزَعِ.

قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: قُلْتُ: وَمَا الْقَزَعُ؟ فَأَشَارَ إِلَيْنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا حُلِقَ الصَّبِيُّ وَتُرِكَ هَاهُنَا شَعَرٌ وَهَاهُنَا وَهَاهُنَا، فَأَشَارَ لَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ إِلٰى نَاصِيَتِهِ وَجَانِبَيْ رَأْسِهِ، قِيْلَ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ: فَالْجَارِيَةُ وَالْغُلَامُ؟ قَالَ: لَا أَدْرِيْ، هٰكَذَا قَالَ: الصَّبِيُّ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: وَعَاوَدْتُهُ فَقَالَ: أَمَّا الْقُصَّةُ وَالْقَفَا لِلْغُلَامِ فَلَا بَأْسَ بِهِمَا، وَلٰكِنَّ الْقَزَعَ أَنْ يُتْرَكَ بِنَاصِيَتِهِ شَعَرٌ، وَلَيْسَ فِيْ رَأْسِهِ غَيْرُهُ، وَكَذٰلِكَ شَقُّ رَأْسِهِ هٰذَا وَهٰذَا [طرفه: ۵۹۲۱]

[۵۹۲۱-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنّٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، نَهٰى عَنِ الْقَزَعِ.

[راجع: ۵۹۲۰]

قولہ: قال عبيد الله: عبیداللہ (راوی) نے عمر (راوی) سے پوچھا: قزع کیا ہے؟ (ابن جریج کہتے ہیں) پس اشارہ کیا ہماری طرف عبیداللہ نے (مشارالیہ آگے ہے) کہا عمر نے: جب بچہ کا سر منڈا جائے، اور یہاں بال چھوڑ دیئے جائیں اور یہاں اور یہاں، پس اشارہ کیا ہمارے لئے عبیداللہ نے (یہ پہلا ہی اشارہ ہے) اپنی پیشانی اور اپنے سر کی دونوں جانبوں کی طرف (یہ مشارالیہ ہے) —— عبیداللہ سے پوچھا گیا: پس لڑکی اور لڑکا؟ یعنی دونوں کا ایک حکم ہے؟ عبیداللہ نے کہا: مجھے معلوم نہیں، حدیث میں اسی طرح لفظ صبی آیا ہے —— عبیداللہ کہتے ہیں: میں نے عمر سے دوبارہ پوچھا: انھوں نے کہا: رہی لڑکے کی پیشانی اور گدی تو ان دونوں کے کاٹنے میں کچھ حرج نہیں، بلکہ قزع یہ ہے کہ اس کی پیشانی میں کچھ بال چھوڑ دیئے جائیں، اور اس کے سر پر اس کے علاوہ بال نہ ہوں، اور اسی طرح بچہ کی یہ جانب اور یہ جانب (چھوڑ دی جائے)

بَابُ تَطْيِيبِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا بِيَدَيْهَا

عورت اپنے ہاتھوں سے شوہر کے خوشبو لگائے

حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ذوالحلیفہ میں احرام باندھنے سے پہلے اور منیٰ میں احرام کھولنے کے بعد طواف زیارت سے پہلے خوشبو لگائی ہے۔

[۷۳-] بَابُ تَطْيِيبِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا بِيَدَيْهَا

[۵۹۲۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَيَّبْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِيَدَيَّ لِحُرْمِهِ، وَطَيَّبْتُهُ بِمَنًى قَبْلَ أَنْ يُفِيْضَ. [راجع: ۱۵۳۹]

بَابُ الطِّيْبِ فِي الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ

سر اور ڈاڑھی میں خوشبو لگانا

صدیقہؓ نبی ﷺ کے سر میں اور ڈاڑھی میں عمدہ سے عمدہ خوشبو جو میسر ہوتی لگاتی تھیں۔ وَبِيْص: چمک۔

[۷٤-] بَابُ الطِّيْبِ فِي الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ

[۵۹۲۳-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أُطَيِّبُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِأَطْيَبِ مَا يَجِدُ، حَتّٰى أَجِدَ وَبِيْصَ الطِّيْبِ فِيْ رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ. [راجع: ۲۷۱]

بَابُ الِامْتِشَاطِ

بالوں میں کنگھی کرنا

سر میں یا ڈاڑھی میں بڑے بال ہوں تو ان میں کنگھی کرنی چاہئے، البتہ روز سر دھونا اور تیل کنگھا کرنا ٹھیک نہیں، مگر بوقت ضرورت صرف کنگھی کرنے میں کچھ حرج نہیں۔ حضرت سہلؓ کہتے ہیں: ایک شخص نے نبی ﷺ کے گھر میں سوراخ سے جھانکا، آپؐ کے ہاتھ میں کنگھا تھا، جس سے سر کھجلا رہے تھے، آپؐ نے فرمایا: ''اگر میں جانتا کہ تو دیکھ رہا ہے تو میں تیری آنکھ میں کنگھی مارتا، اجازت طلبی نظر ہی کی وجہ سے مقرر کی گئی ہے!''............ المِدْری: کنگھا، لکڑی کا ہو یا لوہے کا یا کسی اور چیز کا، دَرَی الرأسَ بالْمِدْریٰ: سر میں کنگھا کرنا............ استدلال یہ ہے کہ آپؐ کے پاس کنگھا تھا، معلوم ہوا کہ آپؐ کنگھی کرتے تھے، ورنہ کنگھی رکھنے کی ضرورت نہیں تھی............ جُحْر: سوراخ۔

[۷۵-] بَابُ الِامْتِشَاطِ

[۵۹۲٤-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِیْ إِیَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: أَنَّ رُجلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِیْ دَارِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَالنَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَحُكُّ رَأْسَهُ بِالْمِدْرَی، فَقَالَ: "لَوْ عَلِمْتُ أَنَّكَ تَنْظُرُ لَطَعَنْتُ بِهَا فِی عَیْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الإِذْنُ مِنْ قِبَلِ الأَبْصَارِ"

[طرفاه: ٦٢٤١، ٦٩٠١]

بَابُ تَرْجِیْلِ الْحَائِضِ زَوْجَهَا

حائضہ شوہر کے سر میں تیل کنگھا کرسکتی ہے

حیض کی حالت میں خدمت کرنا جائز ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا حالتِ حیض میں رسول اللہ ﷺ کا سر دھو کر بالوں کو تیل پلا کر کنگھی کرتی تھیں۔

[۷٦-] بَابُ تَرْجِیْلِ الْحَائِضِ زَوْجَهَا

[۵۹۲۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: کُنْتُ أُرَجِّلُ رَأْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَأَنَا حَائِضٌ. [راجع: ۲۹۵]

حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ.

بَابُ التَّرَجُّلِ

تیل کنگھا کرنا

بالوں کوگاہ بہ گاہ دھوکر تیل پلا کر کنگھی کرنی چاہئے، یہ باب تجمّل سے ہے، اور کنگھی کرنے میں سر کی دائیں جانب کا خیال رکھنا چاہئے۔

[۷۷-] بَابُ التَّرَجُّلِ

[۵۹۲۶-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّـهُ كَانَ يُعْجِبُهُ التَّيَمُّنُ مَا اسْتَطَاعَ فِي تَرَجُّلِهِ وَوُضُوْئِهِ.

[راجع: ۱۶۸]

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الْمِسْكِ

مُشک کا تذکرہ

مشک: کستوری، خوشبودار سیاہ مادہ جو نیپال، تبت، خُطا اور خُتن میں ایک خاص قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے، مشک کمیاب اور گراں قیمت خوشبو ہے، اور اصلی بہت کم دستیاب ہے، حدیث میں روزے دار کے منہ کی بو کو مشک سے زیادہ پسندیدہ قرار دیا گیا ہے۔

[۷۸-] بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الْمِسْكِ

[۵۹۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ، إِلَّا الصَّوْمَ وَأَنَا أَجْزِيْ بِهِ، وَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ" [راجع: ۱۸۹۴]

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الطِّيْبِ

جو خوشبو پسند کی جائے

خوشبو کے سلسلہ میں لوگوں کے اذواق مختلف ہیں، پس جس کو جو خوشبو پسند ہو وہ استعمال کرے، صدیقہؓ جو بہتر سے بہتر خوشبو پاتیں وہ نبی ﷺ کے لگاتیں، کسی خاص خوشبو کا اہتمام نہیں کرتی تھیں۔

[۷۹-] بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الطِّيْبِ

[۵۹۲۸-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: كُنْتُ أُطَيِّبُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ إِحْرَامِهِ بِأَطْيَبِ مَا أَجِدُ. [راجع: ۱۵۳۹]

بَابُ مَنْ لَمْ يَرُدَّ الطِّيْبَ

ایک رائے یہ ہے کہ خوشبو نہ لوٹائے

خوشبو: فرحت بخش چیز ہے اور اس کا استعمال نبیوں کی سنت ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ خوشبو لوٹایا نہیں کرتے تھے، اور کہتے تھے کہ نبی ﷺ بھی خوشبو لوٹایا نہیں کرتے تھے، اور ایک حدیث میں ہے کہ تین چیزیں لوٹانی نہیں چاہئیں: تکیہ، تیل (عطر) اور دودھ، اور ابوداؤد و نسائی میں حدیث ہے کہ جس کے سامنے کوئی خوشبو پیش کی جائے وہ اس کو واپس نہ کرے، کیونکہ وہ ہلکے بوجھ والی یعنی کم قیمت عمدہ خوشبو ہے۔

واقعہ: حضرت حکیم الامت تھانوی قدس سرہ عام طور پر ہدیہ قبول نہیں کرتے تھے، ہدیہ پیش کرنے کے لئے پہلے اجازت لینی پڑتی تھی، ایک غیر مقلد عالم بے اجازت ایک بڑی شیشی عمدہ عطر کی لائے، حضرت نے قبول نہیں کی، انھوں نے کہا: حدیث میں خوشبو رد کرنے کی ممانعت آئی ہے، حضرت نے فرمایا: میں اسی حدیث سے رد کررہا ہوں، اس میں ہے کہ خوشبو اس لئے رد نہیں کرنی چاہئے کہ وہ ہلکے بوجھ والی ہے یعنی وہ معمولی قیمت کی چیز ہے، اور یہ بات اس صورت میں ہے جب خوشبو لگانے کے لئے پیش کی جائے، اور آپ جو شیشی بھر کر لائے ہیں یہ تو بیش قیمت ہے، پس وہ حدیث کے دائرہ میں نہیں آتی —— امام صاحب نے بھی باب میں مَن رکھا ہے، مسئلہ کا فیصلہ نہیں کیا۔

[۸۰-] بَابُ مَنْ لَمْ يَرُدَّ الطِّيْبَ

[۵۹۲۹-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّــهُ كَانَ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ، وَزَعَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ.

[راجع: ۲۵۸۲]

بَابُ الذَّرِيْرَةِ

خوشبودار پاؤڈر

ذریرۃ: ایک خوشبودار پاؤڈر تھا جو کئی چیزوں سے ملا کر بنایا جاتا تھا، بعض نے کہا: وہ ایک خوشبودار لکڑی کا برادہ تھا جو

ہندوستان سے جاتا تھا، صدیقہؓ نے نبی ﷺ کے احرام باندھتے وقت اور احرام کھولتے وقت ذریرہ کی خوشبو لگائی تھی، پس ہر خوشبودار پاؤڈر ذریرہ کے حکم میں ہے۔

[۸۱-] بَابُ الذَّرِيْرَةِ

[۵۹۳۰-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، أَوْ مُحَمَّدٌ عَنْهُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بْنُ عَبدِ اللّٰهِ ابْنِ عُرْوَةَ، سَمِعَ عُرْوَةَ، وَالْقَاسِمَ، يُخْبِرَانِ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَيَّبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدَیَّ بِذَرِيْرَةٍ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ لِلْحِلِّ وَالإِحْرَامِ.[راجع: ۱۵۳۹]

وضاحت: امام بخاریؒ یہ حدیث یا تو عثمانؒ سے بلا واسطہ روایت کرتے ہیں یا محمد بن یحییٰ ذہلی کے واسطہ سے۔

بَابُ الْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ

خوبصورتی کے لئے دانتوں میں ریخیں نکلوانا

مصنوعی خوبصورتی پیدا کرنا اور اللہ کی بناوٹ میں تبدیلی کرنا جائز نہیں، نبی ﷺ نے دانتوں میں ریخیں نکلوانے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے وہ یہ کام خوبصورت بننے کے لئے کرتی ہیں، اور وہ اللہ کی بناوٹ میں تبدیلی کرنے والی ہیں —— ممانعت کی یہ دو علتیں ہیں، جب دونوں جمع ہوں تو ممانعت ہے، اور حدیث تفصیل کے ساتھ تحفۃ القاری (۵۴۶:۹) میں گذری ہے۔

[۸۲-] بَابُ الْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ

[۵۹۳۱-] حدثنا عُثْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ، وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ، وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ، الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ، مَالِیْ لَا أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ: ﴿وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا﴾[الحشر: ۷] [راجع: ۴۸۸۶]

بَابُ الْوَصْلِ فِی الشَّعَرِ

بالوں میں بال ملانا

جن عورتوں کے بال ہلکے یا چھوٹے ہوتے ہیں، وہ بالوں کو گھنے اور لمبے کرنے کے لئے دوسرے بال بالوں میں ملواتی

ہیں، حدیث میں اس پر لعنت آئی ہے، البتہ بالوں میں کالے تاگے ملانا بلا کراہیت جائز ہے، اور جانور کے بال ملانا اگر اشباہ پیدا نہ ہو تو وہ بھی جائز ہے، اور انسان کے بال ملانا مطلقاً حرام ہے، احترام انسانیت کا تقاضہ ہے کہ کوئی انسانی جزء استعمال نہ کیا جائے ـــــ حسن و جمال مطلوب ہے، اور خوبصورتی پیدا کرنے کے لئے جسم کو اور بالوں کو سنوارنا مامور بہ ہے، مگر اس طرح حسن پیدا کرنا کہ کسی کو دھوکہ ہو یا اللہ کی بناوٹ میں تبدیلی آئے: جائز نہیں، کالا خضاب لگانا، دانتوں میں ریخیں نکلوانا، بھنوں کے بال نوچنا اور جسم گدوانا اسی وجہ سے ممنوع ہیں، حقیقی حسن وہی ہے جو فطری ہے، بناوٹی حسن صرف دکھاوا ہے۔

[۸۳-] بَابُ الْوَصْلِ فِي الشَّعَرِ

[۵۹۳۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِيْ سُفْيَانَ عَامَ حَجَّ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ وَتَنَاوَلُ قُصَّةً مِنْ شَعَرٍ كَانَتْ بِيَدِ حَرَسِيٍّ: أَيْنَ عُلَمَاؤُ كُمْ؟ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْهَى عَنْ مِثْلِ هٰذِهِ، وَيَقُوْلُ: "إِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ حِيْنَ اتَّخَذَ هٰذِهِ نِسَاؤُهُمْ" [راجع: ۳۴۶۸]

حوالہ: یہ حدیث تحفۃ القاری (۷: ۸۰) میں آئی ہے۔

[۵۹۳۳-] وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ، وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی بالوں میں بال ملانے والی (دکاندار) عورت پر، اور اپنے بالوں میں دوسرے انسان کے بال ملوانے والی (گاہک) عورت پر، اور بدن گودنے والی عورت پر اور بدن گدوانے والی عورت پر (عورتیں خوبصورت بننے کے لئے بدن گدواتی ہیں)

[۵۹۳۴-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ مُسْلِمِ بْنِ يَنَّاقٍ، يُحَدِّثُ عَنْ صَفِيَةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ جَارِيَةً مِنَ الْأَنْصَارِ تَزَوَّجَتْ، وَأَنَّهَا مَرِضَتْ فَتَمَعَّطَ شَعَرُهَا، فَأَرَادُوْا أَنْ يَصِلُوْهَا فَسَأَلُوْا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ"

تَابَعَهُ ابْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَفِيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ. [راجع: ۵۲۰۵]

حوالہ: یہ حدیث اسی جلد میں کتاب النکاح میں گذری ہے

[٥٩٣٥-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَتْنِیْ أُمِّیْ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِی بَكْرٍ: أَنَّ امْرَأَةً جَاءَ تْ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: إِنِّی أَنْكَحْتُ ابْنَتِی، ثُمَّ أَصَابَهَا شَكْوَی فَتَمَرَّقَ رَأْسُهَا، وَزَوْجُهَا يَسْتَحِثُّنِیْ بِهَا، أَفَأَصِلُ رَأْسَهَا؟ فَسَبَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ. [طرفاه: ٥٩٣٦، ٥٩٤١]

[٥٩٣٦-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنِ امْرَأَتِهِ فَاطِمَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِی بَكْرٍ، قَالَتْ: لَعَنَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ. [راجع: ٥٩٣٥]

[٥٩٣٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ، وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ" قَالَ نَافِعٌ: الْوَشْمُ فِی اللِّثَةِ. [أطرافه: ٥٩٤٠، ٥٩٤٢، ٥٩٤٧]

[٥٩٣٨-] حدثنا آدَمُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: قَدِمَ مُعَاوِيَةُ الْمَدِيْنَةَ آخِرَ قَدْمَةٍ قَدِمَهَا، فَخَطَبَنَا، فَأَخْرَجَ كُبَّةً مِنْ شَعَرٍ، قَالَ: مَا كُنْتُ أَرَی أَحَدًا يَفْعَلُ هٰذَا غَيْرَ الْيَهُوْدِ، إِنَّ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم سَمَّاهُ الزُّوْرَ. يَعْنِیْ: الْوَاصِلَةَ فِی الشَّعَرِ. [راجع: ٣٤٦٨]

لغت: الزور: جھوٹ یعنی دھوکہ (یہ ممانعت کی علت ہے)......... شَكْوَى: تکلیف، بیماری......... تَمَرَّقَ الشَّعَر: بالوں کا گرنا (بیماری کی وجہ سے)......... اسْتَحَثَّه: برانگیختہ کرنا، ابھارنا......... سَبَّه: اس کو برا کہا یعنی لعنت کی......... الوشم فی اللِّثَة: عورتیں مسوڑھے میں تل بنواتی تھیں۔

بَابُ الْمُتَنَمِّصَاتِ

پیشانی کے بال اکھڑوانے والی عورتیں

حسین بننے کے لئے عورتیں بھنؤں اور پیشانی کے بال اکھڑواتی ہیں: ان پر لعنت کی گئی ہے۔ نَمَصَ الشَّعَرَ: بال چونٹنا، تَنَمَّصَتِ المرأةُ: موچنے سے پیشانی کے بال اکھاڑنا۔

[٨٤-] بَابُ الْمُتَنَمِّصَاتِ

[٥٩٣٩-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: لَعَنَ عَبْدُ اللّٰهِ الْوَاشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ، وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ، الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ، فَقَالَتْ أُمُّ يَعْقُوْبَ: مَا هٰذَا؟ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَمَا لِی لاَ أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَفِیْ كِتَابِ اللّٰهِ! قَالَتْ: وَاللّٰهِ

لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُهُ! قَالَ: وَاللّٰهِ لَئِنْ قَرَأْتِيهِ لَقَدْ وَجَدْتِيهِ: ﴿مَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا﴾ [الحشر: ٧] [راجع: ٤٨٨٦]

بَابُ الْمَوْصُوْلَةِ

بالوں میں بال ملائی ہوئی عورت

الْمُسْتَوْصِلَة اور الموصولة ایک ہیں، وہ گاہک عورت جو دکان پر جاکر بالوں میں بال ملواتی ہے: وہ بھی رحمت خداوندی سے محروم ہے۔

[٨٥-] بَابُ الْمَوْصُوْلَةِ

[٥٩٤٠-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ، وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ. [راجع: ٥٩٣٨]

[٥٩٤١-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، أَنَّهُ سَمِعَ فَاطِمَةَ بِنْتَ الْمُنذِرِ، تَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَسْمَاءَ: سَأَلَتِ امْرَأَةٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ ابْنَتِيْ أَصَابَتْهَا الْحَصْبَةُ، فَامَّرَقَ شَعَرُهَا، وَإِنِّيْ زَوَّجْتُهَا أَفَأَصِلُ فِيْهِ؟ فَقَالَ: "لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُوْلَةَ" [راجع: ٥٩٣٥]

لغت: الحَصْبَة: خسرہ کی بیماری، بچوں کی ایک بیماری جس میں بدن پر دانے نکلتے ہیں، یہ چیچک کی ایک نوع ہے .... امَّرَقَ کی اصل انْمَرَقَ ہے، نون کو میم سے بدل کر ادغام کیا ہے، معنی ہیں: سر کھلنا یعنی بالوں کا جھڑ جانا، گر جانا (بیماری کی وجہ سے)............ فیه کا مرجع الشَّعر ہے۔

[٥٩٤٢-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَوْ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَةَ وَالْمُوْتَشِمَةَ، وَالْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ" يَعْنِيْ لَعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٥٩٣٧]

قوله: يعني: یہ بے ضرورت تفسیر ہے، اس کی حاجت نہیں تھی (عمدۃ)

[٥٩٤٣-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُوْتَشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ

لِلْحُسْنِ، الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ، مَالِيْ لاَ أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ؟![راجع: ٤٨٨٦]

بَابُ الْوَاشِمَةِ

بدن گدوانے والی عورت

نظر واقعی لگتی ہے، مگر نظر سے بچانے کے لئے عورتیں بچہ کے کاجل لگا کر کنپٹی پر جو سیاہ دھبہ بناتی ہیں: وہ بے اصل اور ممنوع ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''آنکھ برحق ہے'' اور (نظر بد سے بچنے کے لئے) وشم سے آپؐ نے منع کیا، وشم کے معنی ہیں: سوئی سے گدائی کر کے اس میں نیلا یا ہرا رنگ بھرنے کا نشان۔

[٨٦-] بَابُ الْوَاشِمَةِ

[٥٩٤٤-] حدثنا يَحْيىَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''الْعَيْنُ حَقٌّ'' وَنَهَى عَنِ الْوَشْمِ.[راجع: ٥٧٤٠]

حدثنا ابْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: ذَكَرْتُهُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ، حَدِيْثَ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: سَمِعْتُهُ مِنْ أُمِّ يَعْقُوْبَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَ حَدِيْثِ مَنْصُوْرٍ.

وضاحت: سفیان ثوری رحمہ اللہ نے منصور کی حدیث عبدالرحمٰنؒ سے ذکر کی تو انھوں نے کہا: میں نے یہ حدیث ام یعقوب سے سنی ہے، پس سند میں سے دو واسطے گھٹ گئے اور سند عالی ہوگئی۔

[٥٩٤٥-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبِيْ فَقَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ، وَثَمَنِ الْكَلْبِ، وَآكِلِ الرِّبَا وَمُوْكِلِهِ، وَالْوَاشِمَةِ وَالْمُسْتَوْشِمَةِ.[راجع: ٢٠٨٦]

بَابُ الْمُسْتَوْشِمَةِ

بدن گدوانے والی عورت

تالی دو ہاتھ سے بجتی ہے کوئی بدن گودنے والی ہوگی تو گدوانے والی آئے گی، اور کوئی گدوانے والی نہیں ہوگی تو دکان والی کس کا بدن گودے گی؟ اس لئے فریقین پر لعنت بھیجی گئی، جیسے سود کھانے والا (لینے والا) اور سود کھلانے والا (دینے والا)

دونوں ملعون ہیں۔

[۸۷-] بَابُ الْمُسْتَوْشِمَةِ

[۵۹۴۶-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أُتِيَ عُمَرُ بِامْرَأَةٍ تَشِمُ، فَقَامَ فَقَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ! مَنْ سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْوَشْمِ؟ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَقُمْتُ فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَنَا سَمِعْتُ، قَالَ: مَا سَمِعْتَ؟ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لاَ تَشِمْنَ وَلاَ تَسْتَوْشِمْنَ"

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عورت لائی گئی جو بدن گودتی تھی، پس آپؓ نے (خطاب عام میں) فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! یعنی اللہ کے واسطے بتاؤ: کس نے نبی ﷺ سے بدن گودنے کے سلسلہ میں حدیث سنی ہے؟ ابو ہریرہؓ کھڑے ہوئے اور کہا: میں نے حدیث سنی ہے، پوچھا: کیا سنا ہے؟ بتایا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ نہ گودے نہ گدوائے (کوئی بھی عورت)

[۵۹۴۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ، وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ.

[راجع: ۵۹۳۸]

[۵۹۴۸-] حدثنا ابْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ، الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ، مَالِيْ لاَ أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ؟!

[راجع: ۴۸۸۶]

بَابُ التَّصَاوِيْرِ

تصاویر کی حرمت

قدیم زمانہ سے مجسمہ بنانے کا اور اس کو پوجنے کا اور گھر کی دیواروں پر اور کپڑوں پر اور جسم پر تصویریں بنانے کا رواج چلا آرہا ہے، اس لئے اسلام نے جاندار کی تصویر کو مطلقاً حرام قرار دیا ہے، خواہ وہ کسی چیز پر ہو اور کسی طرح ہو اور کسی غرض سے ہو، البتہ موضع امتہان (پامالی) میں ہو تو اس سے صرف نظر کی جائے، اور موضع تعظیم میں ہو تو اس پر سخت نکیر کی جائے، اور یہ ابواب کتاب اللباس میں اسی مناسبت سے لائے گئے ہیں کہ لوگ پہننے کے کپڑوں پر تصویریں بناتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہوتی ہیں''

تشریح: تصویر سازی کی حرمت کی وجہ علماء یہ بیان کرتے ہیں کہ وہ بت پرستی کا ذریعہ ہے، اور اسلام شرک کا کسی طرح روادار نہیں، اس لئے تصویر سازی اسلام نے مطلقاً حرام کردی، اور کیمرے کا فوٹو بھی اسی ذیل میں آتا ہے، کیونکہ مشرکین ان کو بھی پوجتے ہیں، دکانوں میں، بسوں میں، گھروں میں اور چھوٹے مندروں میں یہی کاغذی فوٹو پوجے جاتے ہیں اور انہی پر دیئے جلتے ہیں، اس موضوع پر مفصل کلام تحفۃ الالمعی (۵:۷۷) میں ہے۔

[٨٨-] بَابُ التَّصَاوِيْرِ

[٥٩٤٩-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لاَ تَدْخُلُ الْمَلاَئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلاَ تَصَاوِيْرُ"[راجع: ٣٢٢٥]

وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: دوسری سند سماع کی صراحت کے لئے لائے ہیں .... اور فرشتوں سے مراد رحمت کے فرشتے ہیں، کیونکہ نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتے تو ہر وقت ساتھ رہتے ہیں .... اور جس کتے کے پالنے کی اجازت ہے اور جو فوٹو ضرورت کی وجہ سے ہے: وہ حدیث سے مستثنیٰ ہے۔

بَابُ عَذَابِ الْمُصَوِّرِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

قیامت کے دن تصویر سازوں کی سزا

قیامت کے دن تصویر بنانے والوں کو لمبے عرصہ تک سزا دی جائے گی، اور ان کی سزا کی موقوفی کو اس پر معلق کردیا جائے گا کہ وہ اپنی بنائی ہوئی تصویروں میں جان ڈالیں، اور وہ یہ کام کبھی نہ کرسکیں گے، اور جب تک وہ یہ کام نہیں کریں گے سزا برابر جاری رہے گی، ہاں اگر اللہ تعالیٰ ان کی سزا سے درگذر فرمائیں تو دوسری بات ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ شرک کے علاوہ دوسرے گناہ جس کے لئے منظور ہوگا بخش دیں گے۔

حدیث (۱): مسروق رحمہ اللہ: یسار بن نُمیر (مولیٰ عمرؓ) کے گھر گئے، وہاں انھوں نے گھر کے بڑے کمرے میں فوٹو دیکھے تو انھوں نے یہ حدیث سنائی: ''اللہ کے نزدیک یعنی قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ سخت سزا تصویر بنانے والوں کو دی جائے گی!'' (مراد مسلمان تصویر بنانے والے ہیں)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو لوگ یہ (جاندار کی) تصویریں بناتے ہیں وہ قیامت کے دن سزا دیئے جائیں گے، ان سے کہا جائے گا کہ زندہ کرو ان کو جو تم نے بنائی ہیں!'' —— یہ تعلیق بالمحال ہے، جیسے: ﴿حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ﴾

[۸۹-] بَابُ عَذَابِ الْمُصَوِّرِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

[۵۹۵۰-] حدثنا الْحُمَیْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ مُسْلِمٍ، قَالَ: کُنَّا مَعَ مَسْرُوْقٍ، فِی دَارِ یَسَارِ بْنِ نُمَیْرٍ، فَرَأَی فِیْ صُفَّتِهِ تَمَاثِیْلَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: '' إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللّٰهِ الْمُصَوِّرُوْنَ''

[۵۹۵۱-] حدثنا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِیَاضٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: '' إِنَّ الَّذِیْنَ یَصْنَعُوْنَ هٰذِهِ الصُّوَرَ یُعَذَّبُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یُقَالُ لَهُمْ: أَحْیُوْا مَا خَلَقْتُمْ''[طرفه: ۷۵۵۸]

بَابُ نَقْضِ الصُّوَرِ

تصویروں کو مٹا دینا

انہدام: گرانا، برباد کرنا، اگر کوئی تصویر بن گئی ہو تو اس کو توڑ پھوڑ دینا، پھاڑ دینا اور مٹا دینا ضروری ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: '' نبی ﷺ نہیں چھوڑتے تھے اپنے گھر میں کوئی ایسی چیز جس میں تصویریں بنی ہوتی تھیں مگر اس کو مٹا دیتے تھے'' (گیلری میں تصاویر ہے) اور ابوزرعہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ کے ایک گھر میں گئے، آپؓ نے وہاں اعلی درجہ کی تصویریں بنی ہوئی دیکھیں تو حدیث سنائی: '' (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:) اس سے بڑا ظالم کون ہے جو میرے بنانے کی طرح بنانے کی کوشش کرتا ہے! یعنی وہ اس میں ہرگز کامیاب نہ ہوگا، پس چاہئے کہ بنائیں وہ کوئی دانہ اور چاہئے کہ بنائیں وہ کوئی ذرہ!'' (حدیث سن کر گھر والے نے تصویریں مٹا دی ہونگی)

(دوسرا مضمون) پھر ابو ہریرہؓ نے پانی کا برتن منگوایا (اور وضوء کیا) پس اپنے دونوں ہاتھ دھوئے یہاں تک کہ وہ اپنے بغل تک پہنچے، میں نے پوچھا: کیا آپؓ نے اس سلسلہ میں نبی ﷺ سے کچھ سنا ہے؟ (کہ ہاتھ بغلوں تک دھونے چاہئیں) فرمایا: زیور کی آخری حد ہے! یعنی میں نے یہ حدیث سنی ہے: تبلغ الحلیة من المؤمن حیث یبلغ الوضوء: مؤمن کو وہاں تک زیور پہنایا جائے گا جہاں تک وضوء کا پانی پہنچے گا پس میں نے اس حدیث پر عمل کیا ہے۔

[۹۰-] بَابُ نَقْضِ الصُّوَرِ

[۵۹۵۲-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ یَحْیٰی، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ، أَنَّ عَائِشَةَ

حَدَّثَتْهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ يَتْرُكُ فِيْ بَيْتِهِ شَيْئًا فِيْهِ تَصَالِيْبُ إِلَّا نَقَضَهُ.

[٥٩٥٣-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ، حَدَّثَنَا أَبُوْ زُرْعَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِيْ هُرَيْرَةَ بِالْمَدِيْنَةِ فَرَآهَا أَعْلَاهَا مُصَوِّرًا يُصَوِّرُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ كَخَلْقِيْ، فَلْيَخْلُقُوْا حَبَّةً، وَلْيَخْلُقُوْا ذَرَّةً"

ثُمَّ دَعَا بِتَوْرٍ مِنْ مَاءٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ، حَتّٰى بَلَغَ إِبْطَهُ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! أَشَيْئٌ سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: مُنْتَهَى الْحِلْيَةِ. [طرفه: ٧٥٥٩]

وضاحت: دوسری حدیث کا یہ جملہ: فرآها أعلاها مصورا یصور: نسخوں میں مختلف ہے: ایک نسخہ میں فرأی ہے ساتھ ضمیر نہیں ہے، اور مصوراً: اسم فاعل ہے یا اسم مفعول؟ اور یصور ہے یا یُصُوَر؟ میں نے اسم مفعول اور فعل مضارع کا ترجمہ کیا ہے۔

بَابُ مَا وُطِئَ مِنَ التَّصَاوِيْرِ

وہ تصویریں جوروندی جائیں

اگر تصویریں موضع امتہان (پامالی) میں ہوں تو ان کی گنجائش ہے، ان پر چلا جائے، بیٹھا جائے یا ٹیک لگائی جائے تو ان کی تعظیم کا کوئی خطرہ نہیں رہتا، اور شرک کا دروازہ کھلنے کا کوئی موقع نہیں ہوتا۔

[٩١-] بَابُ مَا وُطِئَ مِنَ التَّصَاوِيْرِ

[٥٩٥٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، وَمَا بِالْمَدِيْنَةِ يَوْمَئِذٍ أَفْضَلُ مِنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ سَفَرٍ، وَقَدْ سَتَرْتُ بِقِرَامٍ لِيْ، عَلٰى سَهْوَةٍ لِيْ، فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هَتَكَهُ وَقَالَ: "أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِيْنَ يُضَاهُوْنَ بِخَلْقِ اللّٰهِ" قَالَتْ: فَجَعَلْنَاهُ وِسَادَةً أَوْ وِسَادَتَيْنِ. [راجع: ٢٤٧٩]

ترجمہ: عبدالرحمٰن بن القاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پرپوتے ہیں، ان کے زمانہ میں مدینہ میں ان سے افضل کوئی نہیں تھا، وہ اپنی سند سے حدیث بیان کرتے ہیں: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ تبوک کے سفر سے لوٹے، درانحالیکہ میں نے اپنے منقش کپڑے سے ڈھانک رکھا تھا اپنے مچان (سامان کی الماری) کو، اس میں تصویریں تھیں، پس جب اس کو نبی ﷺ نے دیکھا تو اس کو پھاڑ دیا، اور فرمایا: "قیامت کے دن لوگوں

میں سب سے زیادہ سخت عذاب ان لوگوں کو دیا جائے گا جو اللہ کے پیدا کرنے جیسا کام کرتے ہیں!'' صدیقہؓ کہتی ہیں: پس ہم نے اس کے ایک یا دو بیٹھنے کے گدّے بنا دیئے۔

لغات: القِرَام: نقشیں پردہ، مختلف رنگوں کا موٹا اونی کپڑا جس کا پردہ بنایا جاتا تھا............ السَّهْوَة: سامان کی الماری، مچان............ ضَاهَاهُ مُضَاهَاةً: مشابہ ہونا۔

[٥٩٥٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ سَفَرٍ، وَعَلَّقْتُ دُرْنُوْكًا فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، فَأَمَرَنِيْ أَنْ أَنزِعَهُ، فَنَزَعْتُهُ. [راجع: ٢٤٧٩]

[٥٩٥٦-] وَكُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ. [راجع: ٢٥٠]

لغت: الدُّرْنُوْك: قالین، غالیچہ، موٹا پردہ۔

بَابُ مَنْ كَرِهَ الْقُعُوْدَ عَلَى الصُّوَرِ

ایک رائے یہ ہے کہ تصویروں پر بیٹھنا مکروہ ہے

مسئلہ یہ ہے کہ اگر تصویر موضع امتہان میں ہو، اس پر چلا جائے یا بیٹھا جائے تو اس کی گنجائش ہے، مگر ایک رائے یہ ہے کہ تصویر پر بیٹھنا بھی مکروہ ہے، موضع امتہان میں بھی اس کی گنجائش نہیں، اور انھوں نے دلیل میں دو حدیثیں پیش کی ہیں:

پہلی حدیث: پہلے تحفۃ القاری (٥:١٧٥) میں آئی ہے، صدیقہؓ نے ایک گدّا خریدا، جس میں تصویریں تھیں، نبی ﷺ اس کو دیکھ کر دروازے پر کھڑے ہو گئے، گھر میں داخل نہیں ہوئے (الی آخرہ) نُمْرُقة کے معنی ہیں: بیٹھنے کا گدّا، بچھانے کا قالین، یہ موضع امتہان میں تھا، پھر بھی نبی ﷺ گھر میں داخل نہیں ہوئے، معلوم ہوا کہ تصویروں پر بیٹھنا بھی منع ہے۔

دوسری حدیث: بھی پہلے تحفۃ القاری (٦:٤٨٦) میں آئی ہے، اس میں ہے: ''فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر ہوتی ہے'' یہ حدیث عام مطلق ہے، خواہ تصویر موضع تعظیم میں ہو یا موضع امتہان میں دونوں کا حکم یکساں ہے۔

جواب: پہلی حدیث میں روات ایک لفظ پر متفق نہیں، کوئی قِرام کہتا ہے کوئی نُمرقة، پس اس سے استدلال درست نہیں ـــــ اور دوسری حدیث میں جو اطلاق وعموم ہے وہ مخصوص منہ البعض ہے، اسی حدیث کا جملہ إلا رقما في ثوب: اس کی دلیل ہے۔

[٩٢-] بَابُ مَنْ كَرِهَ الْقُعُوْدَ عَلَى الصُّوَرِ

[٥٩٥٧-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا اشْتَرَتْ

نُمْرُقَةً فِيهَا تَصَاوِيْرُ، فَقَامَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْ، فَقُلْتُ: أَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ مِمَّا أَذْنَبْتُ، قَالَ: "مَا هٰذِهِ النُّمْرُقَةُ؟" قُلْتُ: لِتَجْلِسَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا، قَالَ: "إِنَّ أَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يُعَذَّبُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُقَالُ لَهُمْ: أَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ. وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَاتَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ الصُّوَرُ"[راجع: ٢١٠٥]

[٥٩٥٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ طَلْحَةَ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَاتَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ" قَالَ بُسْرٌ: ثُمَّ اشْتَكَى زَيْدٌ فَعُدْنَاهُ، فَإِذَا عَلَى بَابِهِ سِتْرٌ فِيْهِ صُوَرٌ، فَقُلْتُ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ رَبِيْبِ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَلَمْ يُخْبِرْنَا زَيْدٌ عَنِ الصُّوَرِ يَوْمَ الْأَوَّلِ؟! فَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: أَلَمْ تَسْمَعْهُ حِيْنَ قَالَ: إِلَّا رَقْمٌ فِيْ ثَوْبٍ.[راجع: ٣٢٢٥]

وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ: أَخْبَرَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَهُ بُكَيْرٌ، حَدَّثَهُ بُسْرٌ، حَدَّثَهُ أَبُوْ طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

بَابُ كَرَاهِيَةِ الصَّلَاةِ فِي التَّصَاوِيْرِ

تصویروں والے کپڑے میں نماز پڑھنا مکروہ ہے

اُس کپڑے میں جس میں کوئی تصویر بنی ہو: نماز پڑھنا مکروہ ہے، کیونکہ تصویر خود موضع تعظیم میں جائز نہیں، پھر اس میں نماز پڑھنے کا کیا سوال ہے؟ نبی ﷺ کے سامنے نماز میں پردے کی تصویریں آئیں تو آپؐ نے پردہ ہٹوادیا، پس نمازی کے کپڑے میں تصویر کیسے برداشت کی جائے گی؟

[٩٣-] بَابُ كَرَاهِيَةِ الصَّلَاةِ فِي التَّصَاوِيْرِ

[٥٩٥٩-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ قِرَامٌ لِعَائِشَةَ سَتَرَتْ بِهِ جَانِبَ بَيْتِهَا، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَمِيْطِيْ عَنِّيْ، فَإِنَّهُ لَا تَزَالُ تَصَاوِيْرُهُ تَعْرِضُ لِيْ فِيْ صَلَاتِيْ"[راجع: ٣٧٤]

بَابٌ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ

جس گھر میں تصویر ہوتی ہے وہاں فرشتے داخل نہیں ہوتے

حدیث: نبی ﷺ سے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آنے کا وعدہ کیا تھا، پھر وہ حسب وعدہ نہیں آئے، دوسرے وقت آئے تو نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: آپ وعدہ کے مطابق نہیں آئے؟ انھوں نے کہا: آپ کی چارپائی کے نیچے کتے کا

پلّہ تھا، اور ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر یا کتا ہو (مراد رحمت کے فرشتے ہیں)

سوال: ایک انگریزی پڑھنے والے طالب علم نے حضرت تھانوی رحمہ اللہ سے سوال کیا: جس گھر میں کتا ہوتا ہے وہاں فرشتے نہیں آتے، پس اگر کوئی کتا پال لے تو ملک الموت (موت کا فرشتہ) بھی نہیں آئے گا، پھر وہ مرے گا کیسے؟

جواب: جو فرشتہ کتّے کی روح قبض کرتا ہے وہ اس کی روح قبض کرنے آئے گا!

[٩٤-] بَابٌ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ

[٥٩٦٠-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: وَعَدَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم جِبْرَئِيْلُ، فَرَاثَ عَلَيْهِ، حَتّٰى اشْتَدَّ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَلَقِيَهُ، فَشَكَا إِلَيْهِ مَا وَجَدَ، فَقَالَ لَهُ: "إِنَّا لَانَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ وَلَا كَلْبٌ"[راجع: ٣٢٢٧]

قَالَ أَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ: هُوَ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ.

بَابُ مَنْ لَمْ يَدْخُلْ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ

ایک رائے یہ ہے کہ اس گھر میں نہ جائے جہاں تصویر ہے

نبی ﷺ نے جب نُمْرُقة (بیٹھنے کے گدّے) میں تصویریں دیکھی تھیں تو آپؐ دروازے پر کھڑے ہوگئے تھے، گھر میں داخل نہیں ہوئے تھے، اس سے ایک رائے یہ قائم کی گئی ہے کہ جس گھر میں تصویر ہو وہاں نہیں جانا چاہئے —— عبادت کی تصویروں/ مورتیوں تک تو یہ بات ٹھیک ہے، مگر اس کو بہت زیادہ عام نہیں کیا جاسکتا، اور نبی ﷺ کا داخل نہ ہونا نکیر فرمانے کے لئے تھا، دخول کے عدم جواز کی وجہ سے تھا، اس کا کوئی قرینہ نہیں۔

[٩٥-] بَابُ مَنْ لَمْ يَدْخُلْ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ

[٥٩٦١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِيْهَا تَصَاوِيْرُ، فَلَمَّا رَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَامَ عَلَى الْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْ، فَعَرَفَتْ فِيْ وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ، وَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ وَإِلٰى رَسُوْلِهِ، مَاذَا أَذْنَبْتُ؟ قَالَ: "مَا بَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ؟" قَالَتْ: اشْتَرَيْتُهَا لِتَقْعُدَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ أَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يُعَذَّبُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَيُقَالُ لَهُمْ: أَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ" وَقَالَ: "إِنَّ الْبَيْتَ الَّذِىْ فِيْهِ الصُّوَرُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلَائِكَةُ"[راجع: ٢١٠٥]

بَابُ مَنْ لَعَنَ الْمُصَوِّرَ

ایک رائے یہ ہے کہ تصویر بنانے والے پر لعنت بھیجی جائے

تصویر بنانے والا کبیرہ گناہ کا مرتکب ہے، پس اس پر لعنت بھیجنا جائز ہے یا نہیں؟ ایک رائے یہ ہے کہ جائز ہے، باب کی حدیث میں آپؐ نے اس پر لعنت بھیجی ہے، اور اگلے باب میں جو کالفصل ہے یہ ہے کہ تصویر بنانے والے کی سزا کی موقوفی کو ایک محال امر پر معلق کیا جائے گا، پس یہ بھی رحمت سے دور کرنا ہوا، اور لعنت کا یہی مفہوم ہے — لیکن صحیح بات یہ ہے کہ لعن کا مفہوم اگر الطردُ عن رحمة العزيز الغفار ہے تو عاصی کو لعن طعن کرنا جائز نہیں، ممکن ہے وہ توبہ کرلے یا مؤمن ہونے کی وجہ سے بخشا جائے، اور اگر لعن کا مفہوم الطردُ عن منازل الأبرار ہے تو جائز ہے، کیونکہ مرتکب کبیرہ نیکوں کے زمرہ سے خارج ہے۔

[۹۶-] بَابُ مَنْ لَعَنَ الْمُصَوِّرَ

[۵۹۶۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِى جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ، وَثَمَنِ الْكَلْبِ، وَكَسْبِ الْبَغِيِّ. وَلَعَنَ آكِلَ الرِّبَا، وَمُؤْكِلَهُ، وَالْوَاشِمَةَ، وَالْمُسْتَوْشِمَةَ، وَالْمُصَوِّرَ. [راجع: ۲۰۸۶]

[۹۷-] بَابٌ

[۵۹۶۳-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّضْرَ بْنَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يُحَدِّثُ قَتَادَةَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَهُمْ يَسْأَلُوْنَهُ، وَلَا يَذْكُرُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى سُئِلَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً فِي الدُّنْيَا كُلِّفَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنْ يَنْفُخَ فِيْهَا الرُّوْحَ، وَلَيْسَ بِنَافِخٍ" [راجع: ۲۲۲۵]

وضاحت: یہ ردیف باب ہے، اور ایسے ہی باب کو کالفصل من الباب السابق کہتے ہیں، اور اس باب کی حدیث گذشتہ باب سے کیسے جڑے گی؟ اس کی تقریر گذشتہ باب میں آچکی۔

بَابُ الِارْتِدَافِ عَلَى الدَّابَّةِ

سواری پر کسی کو پیچھے بٹھانا

کتاب اللباس چل رہی ہے، کبھی آدمی دو تین کپڑے پہنتا ہے، اس کا جواز ثابت کرنے کے لئے حدیثیں نہیں ہیں، اس لئے دور کی کوڑی لائے ہیں، اور سواری پر ایک کو پیچھے یا دو کو آگے پیچھے بٹھانے کا جواز ثابت کرتے ہیں، اس طرح بنیان،

کرتا اور شیروانی کا جواز نکل آیا، کرتا اصل ہے، اور بنیان آگے والا ردیف ہے، اور شیروانی پیچھے والا، یا جانگیہ پہن کر لنگی باندھی یا پاجامہ پہنا تو پاجامہ اصل ہے اور جانگیہ ردیف —— اور حدیث پہلے آئی ہے: نبی ﷺ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو گدھے پر پیچھے بٹھا کر حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔

[۹۸-] بَابُ الِارْتِدَافِ عَلَى الدَّابَّةِ

[٥٩٦٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَفْوَانَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَكِبَ عَلٰى حِمَارٍ، عَلٰى إِكَافٍ، عَلَيْهِ قَطِيْفَةٌ فَدَكِيَّةٌ، وَأَرْدَفَ أُسَامَةَ وَرَاءَهُ.[راجع: ۲۹۸۷]

بَابُ الثَّلَاثَةِ عَلَى الدَّابَّةِ

ایک سواری پر تین سوار

جب نبی ﷺ فتح مکہ کے دن مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو خاندانِ عبدالمطلب کے بچوں نے استقبال کیا، آپؐ نے قُثَم بن عباس کو اونٹ پر آگے اور فضل بن عباس کو پیچھے بٹھالیا، سواری جتنے سواروں کا تحمل کرسکتی ہو اتنے سواری کرسکتے ہیں، اسی طرح جتنی ضرورت ہو اتنے کپڑے پہنے۔

[۹۹-] بَابُ الثَّلَاثَةِ عَلَى الدَّابَّةِ

[٥٩٦٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ اسْتَقْبَلَتْهُ أُغَيْلِمَةُ بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَحَمَلَ وَاحِدًا بَيْنَ يَدَيْهِ وَآخَرَ خَلْفَهُ.[راجع: ۱۷۹۸]

بَابُ حَمْلِ صَاحِبِ الدَّابَّةِ غَيْرَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ

سواری کا مالک دوسرے کو آگے بٹھا سکتا ہے

امام عامر شعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں: سواری کا مالک آگے بیٹھنے کا زیادہ حقدار ہے، مگر وہ دوسرے کو آگے بیٹھنے کی اجازت دے تو وہ بھی آگے بیٹھ سکتا ہے۔ ایوب سختیانیؒ کہتے ہیں: عکرمہؒ کی مجلس میں یہ تذکرہ آیا کہ ایک سواری پر تین سوار بہت برے ہیں تو انھوں نے مذکورہ حدیث سنائی کہ فتح مکہ کے موقع پر نبی ﷺ نے قثم کو آگے اور فضل کو پیچھے بٹھایا، اب تین سوار ہوگئے، بتاؤ، ان میں کون برا اور کون اچھا ہے؟ سب اچھے ہیں! اسی طرح سردی میں جرسی کرتا اندر پہنے یا اوپر؟ جیسی

پسند! نیچے پہنے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں۔

[١٠٠-] بَابُ حَمْلِ صَاحِبِ الدَّابَّةِ غَيْرَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ

وَقَالَ بَعْضُهُمْ: صَاحِبُ الدَّابَّةِ أَحَقُّ بِصَدْرِ الدَّابَّةِ إِلَّا أَنْ يَأْذَنَ لَهُ.

[٥٩٦٦-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوبُ: ذُكِرَ الْأَشَرُّ الثَّلَاثَةِ عِنْدَ عِكْرِمَةَ، فَقَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَتَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ حَمَلَ قُثَمَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَالْفَضْلَ خَلْفَهُ، أَوْ: قُثَمَ خَلْفَهُ وَالْفَضْلَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَيُّهُمْ أَشَرُّ أَوْ: أَيُّهُمْ أَخْيَرُ؟[راجع: ١٧٩٨]

بَابٌ

سواری تین کا تحمل نہ کر سکے تو دو ہی بیٹھیں

نبی ﷺ گدھے پر سوار تھے، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ پیچھے بیٹھے تھے، اس موقع پر آپؐ نے ان کو قیمتی باتیں بتائی ہیں، گدھا تین بڑے آدمیوں کا تحمل نہیں کر سکتا، اس لئے ایک ہی ردیف تھا، اسی طرح گرمی شروع ہوگئی تو صدری نکال دے بنیان پہنے رہے۔

[١٠١-] بَابٌ

[٥٩٦٧-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: بَيْنَا أَنَا رَدِيْفُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ إِلَّا آخِرَةُ الرَّحْلِ، فَقَالَ:"يَا مُعَاذُ" قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ! ثُمَّ سَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ:" يَا مُعَاذُ" قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ! ثُمَّ سَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ:" يَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ" قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ! قَالَ:" هَلْ تَدْرِيْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهِ؟" قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" حَقُّ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهِ أَنْ يَعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا" ثُمَّ سَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ:" يَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ" قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ! قَالَ:" هَلْ تَدْرِيْ مَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ إِذَا فَعَلُوْهُ؟" قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ أَنْ لَا يُعَذِّبَهُمْ" [راجع: ٢٨٥٦]

بَابُ إِرْدَافِ الْمَرْأَةِ خَلْفَ الرَّجُلِ

عورت مرد کے پیچھے سواری کر سکتی ہے

خیبر سے واپسی میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا اونٹ پر نبی ﷺ کے پیچھے بیٹھی تھیں، معلوم ہوا کہ یہ جائز ہے، پس مرد

عورت کا بنیان پہن لے یا چادر اوڑھ لے یا اس کا برعکس تو اس میں کچھ حرج نہیں۔

[۱۰۲-] بَابُ إِرْدَافِ الْمَرْأَةِ خَلْفَ الرَّجُلِ

[۵۹۶۸-] حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ خَيْبَرَ، وَإِنِّي لَرَدِيْفُ أَبِي طَلْحَةَ وَهُوَ يَسِيْرُ، وَبَعْضُ نِسَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَدِيْفُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِذْ عَثَرَتِ النَّاقَةُ فَقُلْتُ: الْمَرْأَةُ فَنَزَلْتُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّهَا أُمُّكُمْ " فَشَدَدْتُ الرَّحْلَ، وَرَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا دَنَا أَوْ: رَأَى الْمَدِيْنَةَ قَالَ: " آيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ" [راجع: ۳۷۱]

بَابُ الِاسْتِلْقَاءِ، وَوَضْعِ الرِّجْلِ عَلَى الْأُخْرَى

چت لیٹنا، اور ایک پیر پر دوسرا پیر رکھنا

آدمی دور سے سواری پر سوار ہو کر آیا ہے، گھر پہنچ کر تھک گیا، اور چت لیٹ گیا، اب بہت جلد سو جائے گا، اس لئے آگے ابواب کون لکھے گا؟ پس کتاب اللباس ختم! —— اور دونوں پیر لمبے کر کے، ایک پیر دوسرے پیر پر رکھ کر سونا جائز ہے، نبی ﷺ اور خلفائے ثلاثہ سے اس طرح لیٹنا ثابت ہے، اس صورت میں کشف عورت کا احتمال نہیں ہوتا، اگرچہ لنگی پہنے ہوئے ہو، اور بیدار ہے تو ایک پیر کھڑا کر کے اس پر دوسرا پیر رکھ کر بھی سو سکتا ہے، نبی ﷺ مسجد میں اس طرح بھی لیٹے ہیں۔

[۱۰۳-] بَابُ الِاسْتِلْقَاءِ، وَوَضْعِ الرِّجْلِ عَلَى الْأُخْرَى

[۵۹۶۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ: أَنَّهُ أَبْصَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَضْطَجِعُ فِي الْمَسْجِدِ، رَافِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى. [راجع: ۴۷۵]

﴿الحمد للہ! شب جمعہ ۲۱ ذی الحجہ ۱۴۳۵ھ مطابق ۱۶ اکتوبر ۲۰۱۴ء کو کتاب اللباس کی شرح مکمل ہوئی اور اس پر معاشرتی ابواب کا سلسلہ مکمل ہوا اور تحفۃ القاری کی جلد دہم بھی پوری ہوئی، جلد یازدہم ان شاء اللہ کتاب الادب سے شروع ہوگی﴾

ہست کلیدِ درِ گنج حکیم ❁ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۴/محرم ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۹/اکتوبر ۲۰۱۴ء

کتاب الأدب

سلیقہ مندی کی باتیں

ربط: کتاب النکاح سے کتاب اللباس تک معاشرتی مسائل کا ذکر تھا، ان میں کھانا، پینا اور پہننا زیر بحث آیا تھا، اب یہ مضمون شروع کرتے ہیں کہ معاشرتی زندگی میں سلیقہ مندی (تمیز) ضروری ہے، ہر کام سلیقہ اور قرینہ سے ہو تبھی مزہ آتا ہے، ورنہ مزہ کرکرا ہو جاتا ہے، ادب کے معنی ہیں: **ما یُحْمَدُ فَعْلُهُ وَلاَ یُذَمُّ تَرْکُه**: جس کا کرنا تعریف کیا جائے اور نہ کرنا برائی نہ کیا جائے یعنی کرو تو واہ واہ! نہ کرو تو کوئی بات نہیں پس کتاب الادب میں اسلامی تہذیب کا بیان ہے، اور اس کا ایک خاص جزء استیذان ہے، کسی کے یہاں جائے تو اجازت لے کر جائے، جانور کی طرح کھیت میں گھس نہ جائے، اس کی اہمیت کی وجہ سے کتاب الادب کے بعد کتاب الاستیذان لائے ہیں، پس وہ بھی کتاب الادب کا حصہ ہے۔ پھر ایک سلیقہ مندی مخلوقات کے ساتھ معاملات میں ہوتی ہے، دوسری خالق کے ساتھ معاملہ میں، اس کے لئے کتاب الدعوات لائیں گے، اس پر سلسلۂ بیان پورا ہو جائے گا۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَوَصَّيْنَا الإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ﴾

ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنا

معاشرہ میں سب سے پہلے ماں باپ سے واسطہ پڑتا ہے، اس لئے ان کے حقوق کے بیان سے کتاب الادب شروع کرتے ہیں۔ قرآنِ کریم میں ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کا حکم توحید کے ساتھ اس طرح ملا کر دیا گیا ہے کہ اللہ کی عبادت کے بعد ماں باپ کی خدمت اور راحت رسانی کا درجہ ہے۔ سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۲۳) میں ہے: ﴿وَقَضٰى رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوْا إِلَّا إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا﴾: اور آپ کے ربّ نے حکم دیا کہ اس کے علاوہ کسی کی عبادت مت کرو، اور ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرو۔ اور سورۃ لقمان کے دوسرے رکوع میں حضرت لقمان کی بیٹے کو نصیحتیں ہیں، انھوں نے سب

سے پہلی نصیحت یہ کی ہے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہرانا، پھر اللہ تعالیٰ نے کلام روک کر فرمایا: ﴿وَوَصَّيْنَا الإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ﴾: اور ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے بارے میں تاکید کی (کہ ان کی اطاعت وخدمت کرے، پھر آگے آیت میں یہ مضمون ہے کہ ماں باپ اگر غیر مسلم ہوں تب بھی ان کے ساتھ حسن سلوک کرے) اور حدیث میں جو پہلے (تحفۃ القاری ۲:۳۸۹) آئی ہے: اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ اعمال میں والدین کے ساتھ حسن سلوک کو دوسرے نمبر پر رکھا ہے، پہلا محبوب عمل بروقت نمازوں کی ادائیگی ہے، اس کے بعد والدین کے ساتھ حسن سلوک کا درجہ ہے، پھر جہاد فی سبیل اللہ کا۔ آگے ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے نہیں پوچھا، پوچھتے تو آگے بھی آپ ﷺ بتاتے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٧٨- كتابُ الأدب

[١-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَوَصَّيْنَا الإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ﴾[لقمان: ١٤]

[٥٩٧٠-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ الْوَلِيْدُ بْنُ الْعَيْزَارِ أَخْبَرَنِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ يَقُوْلُ: أَخْبَرَنَا صَاحِبُ هٰذِهِ الدَّارِ، وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلٰى دَارِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الْعَمَلِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ؟ قَالَ: "الصَّلَاةُ عَلٰى وَقْتِهَا" قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: "ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ" قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: "الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" قَالَ: حَدَّثَنِيْ بِهِنَّ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِيْ.

[راجع: ٥٢٧]

بَابٌ: مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ؟

حسن سلوک میں ماں کا حق باپ سے زیادہ ہے

خدمت اور حسن سلوک میں ماں کا حق باپ سے تین گنا زیادہ ہے، ماں پہلے تین تکلیفیں برداشت کرتی ہے، حمل، ولادت اور رضاعت کی خدمت انجام دیتی ہے، اور باپ صرف خرچ مہیا کرتا ہے، اس لئے جب حضرت معاویہ بن حَیدہؓ نے پوچھا کہ مجھ پر حسن سلوک کا سب سے زیادہ حق کس کا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: تمہاری ماں کا! انھوں نے پوچھا: پھر؟ آپؐ نے فرمایا: تمہاری ماں کا، انھوں نے پوچھا: پھر؟ آپؐ نے فرمایا: تمہاری ماں کا، انھوں نے پوچھا: پھر؟ آپؐ نے فرمایا: تمہارے باپ کا —— اس حدیث سے یہ بات مفہوم ہوتی ہے کہ خدمت وحسن سلوک میں ماں کا حق باپ سے تین گنا زیادہ ہے، البتہ اطاعت وفرمان برداری میں باپ کا درجہ بڑھا ہوا ہے، اور اس کا ثمرۃ بوقت تعارض ظاہر ہوگا، باپ ایک کام کا حکم دے اور ماں اس کے خلاف کا حکم دے تو باپ کی اطاعت کرے۔

[۲-] بَابٌ: مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ؟

[۵۹۷۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ شُبْرُمَةَ، عَنْ أَبِى زُرْعَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ أَحَقُّ بِحُسْنِ صِحَابَتِىْ؟ قَالَ:" أُمُّكَ" قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ:" أُمُّكَ" قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ:" ثُمَّ أُمُّكَ" قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ:" ثُمَّ أَبُوْكَ"

وَقَالَ ابْنُ شُبْرُمَةَ، وَيَحْيىَ بْنُ أَيُّوْبَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ زُرْعَةَ مِثْلَهُ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ: ابْنُ أَخِىْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شُبْرُمَةَ.

تعارف: حدیث کے راوی عمارۃ: کوفہ کے قاضی عبداللہ بن شُبر مہؒ کے بھتیجے ہیں............اورابوزرعۃ کا نام ہرم ہے، یہ حضرت جریر بجلی رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں...........اور یحییٰ بن ایوب: ابوزرعہ کے پوتے ہیں۔

بَابٌ: لَايُجَاهِدُ إِلَّا بِإِذْنِ الْأَبَوَيْنِ

والدین کی اجازت سے جہاد کرے

جس طرح بیوی سے کہا گیا ہے کہ اگر شوہر گھر پر موجود ہوتو عورت نفل روزہ شوہر کی اجازت سے رکھے، تاکہ شوہر کا حق ضائع نہ ہو، اسی طرح اگر والدین حیات ہیں اور وہ بیٹے کی خدمت کے محتاج ہیں اور جہاد فرض عین نہیں تو وہ والدین کی اجازت سے جہاد کو نکلے، تاکہ والدین کا حق خدمت فوت نہ ہو، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۳۲۷) آئی ہے، وہاں حدیث کا فرضی شانِ ورود ہے۔

[۳-] بَابٌ: لَايُجَاهِدُ إِلَّا بِإِذْنِ الْأَبَوَيْنِ

[۵۹۷۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، وَشُعْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَبِيْبُ بْنُ أَبِى ثَابِتٍ، ح: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِىْ الْعَبَّاسِ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم: أُجَاهِدُ؟ قَالَ:" لكَ أَبَوَانِ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَفِيْهِمَا فَجَاهِدْ"[راجع: ۳۰۰۴]

بَابٌ: لَا يَسُبُّ الرَّجُلُ وَالِدَهُ

ماں باپ کو گالی نہ دے

اس باب میں منفی پہلو سے ماں باپ کے ساتھ حسنِ سلوک کا بیان ہے، ماں باپ کو ستانا، ان کے ساتھ تیز کلامی کرنا، ان

کو گالیاں دینا اور مارنا پیٹنا حسن سلوک کے خلاف ہے، پس ایسی تمام باتوں سے بچنا بھی والدین کے ساتھ حسنِ سلوک ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''بڑے کبیرہ گناہوں میں سے یہ بات ہے کہ آدمی اپنے ماں باپ پر لعنت بھیجے، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! کوئی اپنے ماں باپ پر لعنت کیسے بھیج سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: دوسرے آدمی کے باپ کو گالی دے پس وہ اس کے باپ کو گالی دے، اور دوسرے کی ماں کو گالی دے پس وہ اس کی ماں کو گالی دے (اس طرح آدمی سبب بن کر اپنے والدین کو گالیاں دلواتا ہے، پس گویا اس نے خود اپنے والدین کو گالیاں دیں)

تشریح: لعنت اور گالی کا ایک مفہوم ہے، اور آج تو یہ بات آنکھوں دیکھی ہے کہ ناہنجار اولاد جن کو باپ نے پیسا پیسا جوڑ کر دنیوی تعلیم دی ہے: وہ ماں باپ کو منہ پر گالیاں دیتی ہیں، بلکہ مارتی پیٹتی ہے، مگر دورِ صحابہ میں اس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تھا، اس لئے آپؐ نے تسبب (سبب بننے) کے ذریعہ جواب دیا، پس لوگو! اپنی اولاد کی دینی تربیت کرو، ورنہ کڑوا پھل دنیا ہی میں چکھوگے!

[٤-] بَابٌ: لَا يَسُبُّ الرَّجُلُ وَالِدَهُ

[٥٩٧٣-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّ مِنْ أَكْبَرِ الْكَبَائِرِ أَنْ يَلْعَنَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ'' قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَكَيْفَ يَلْعَنُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ؟ قَالَ: '' يَسُبُّ أَبَا الرَّجُلِ فَيَسُبُّ أَبَاهُ، وَيَسُبُّ أُمَّهُ فَيَسُبُّ أُمَّهُ''

سوال: باب میں والد کی تخصیص کیوں کی؟ **جواب:** گیلری میں والدیہ ہے۔ **سوال:** أکبر الکبائر تو شرک ہے! **جواب:** ترمذی (حدیث ۱۸۹۸) میں من الکبائر ہے، پس یہ روایت بالمعنی ہے۔

بَابُ إِجَابَةِ دُعَاءِ مَنْ بَرَّ وَالِدَيْهِ

ماں باپ کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے والے کی دعا قبول ہوتی ہے

باب کی حدیث پہلے چار مرتبہ آچکی ہے، یہاں آخری مرتبہ آئی ہے، ترجمہ تحفۃ القاری (۵:۲۶۴) میں ہے، تین شخص جنگل میں ساتھ چل رہے تھے کہ زور کی بارش شروع ہوگئی، وہ پہاڑ کی ایک کھوہ میں جا گھسے، اوپر سے ایک بڑی چٹان لڑھک آئی اور غار کا منہ بند ہوگیا، جب انھوں نے دیکھا کہ اب موت کے علاوہ کوئی صورت نہیں تو انھوں نے اپنے اپنے اعمال صالحہ کے توسل سے دعا مانگی جو قبول ہوئی اور ان کو نجات ملی، ان میں سے ایک نے جو ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کیا تھا اس کے توسل سے دعا مانگی اور وہ قبول ہوئی، یہی باب ہے کہ جو ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہے اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔

[۵-] بَابُ إِجَابَةِ دُعَاءِ مَنْ بَرَّ وَالِدَيْهِ

[۵۹۷۴-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" بَيْنَمَا ثَلَا ثَةُ نَفَرٍ يَتَمَاشَوْنَ أَخَذَهُمُ الْمَطَرُ، فَمَالُوْا إِلٰى غَارٍ فِي الْجَبَلِ، فَانْحَطَّتْ عَلىٰ فَمِ غَارِهِمْ صَخْرَةٌ مِنَ الْجَبَلِ، فَأَطْبَقَتْ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: انْظُرُوْا أَعْمَالاً عَمِلْتُمُوْهَا لِلّٰهِ صَالِحَةً، فَادْعُوا اللّٰهَ بِهَا لَعَلَّهُ يَفْرُجُهَا، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: اللّٰهُمَّ إِنَّـهُ كَانَ لِيْ وَالِدَانِ شَيْخَانِ كَبِيْرَانِ، وَلِيْ صِبْيَةٌ صِغَارٌ كُنْتُ أَرْعَى عَلَيْهِمْ، فَإِذَا رُحْتُ عَلَيْهِمْ فَحَلَبْتُ بَدَأْتُ بِوَالِدَيَّ أَسْقِيْهِمَا قَبْلَ وَلَدِيْ، وَإِنَّـهُ نَأَى بِيَ الشَّجَرُ يَوْمًا فَمَا أَتَيْتُ حَتّٰى أَمْسَيْتُ، فَوَجَدْتُهُمَا قَدْ نَامَا، فَحَلَبْتُ كَمَا كُنْتُ أَحْلُبُ، فَجِئتُ بِالْحِلَابِ فَقُمْتُ عِنْدَ رُءُ وْسِهِمَا، أَكْرَهُ أَنْ أُوْقِظَهُمَا مِنْ نَوْمِهِمَا، وَأَكْرَهُ أَنْ أَبْدَأَ بِالصِّبْيَةِ قَبْلَهُمَا، وَالصِّبْيَةُ يَتَضَاغَوْنَ عِنْدَ قَدَمَيَّ، فَلَمْ يَزَلْ ذٰلِكَ دَأْبِيْ وَدَأْبَهُمْ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ، فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ، فَأَفْرُجْ لَنَا فُرْجَةً نَرَى مِنْهَا السَّمَاءَ، فَفَرَّجَ اللّٰهُ لَهُمْ حَتّٰى يَرَوْنَ مِنْهَا السَّمَاءَ.

وَقَالَ الثَّانِيْ: اللّٰهُمَّ إِنَّـهُ كَانَتْ لِيْ بِنْتُ عَمٍّ، أُحِبُّهَا كَأَشَدِّ مَا يُحِبُّ الرِّجَالُ النِّسَاءَ، فَطَلَبْتُ إِلَيْهَا نَفْسَهَا، فَأَبَتْ حَتّٰى آتِيَهَا بِمِائَةِ دِيْنَارٍ، فَسَعَيْتُ حَتّٰى جَمَعْتُ مِائَةَ دِيْنَارٍ، فَلَقِيْتُهَا بِهَا، فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا قَالَتْ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ اتَّقِ اللّٰهَ، وَلَا تَفْتَحِ الْخَاتَمَ، فَقُمْتُ عَنْهَا، اللّٰهُمَّ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مِنْهَا فَفَرَجَ لَهُمْ فُرْجَةً.

وَقَالَ الآخَرُ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ كُنْتُ اسْتَأْجَرْتُ أَجِيْرًا بِفَرَقِ أَرُزٍّ فَلَمَّا قَضَى عَمَلَهُ قَالَ: أَعْطِنِيْ حَقِّيْ، فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَقَّهُ، فَتَرَكَهُ وَرَغِبَ عَنْهُ، فَلَمْ أَزَلْ أَزْرَعُهُ حَتّٰى جَمَعْتُ مِنْهُ بَقَراً وَرَاعِيَهَا، فَجَاءَ نِيْ فَقَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَظْلِمْنِيْ، وَأَعْطِنِيْ حَقِّيْ، فَقُلْتُ: اذْهَبْ إِلٰى تِلْكَ الْبَقَرِ وَرَاعِيْهَا. فَقَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَهْزَأْ بِيْ! فَقُلْتُ: إِنِّيْ لَا أَهْزَأُبِكَ، فَخُذْ تِلْكَ الْبَقَرَ وَرَاعِيَهَا، فَأَخَذَهَا فَانْطَلَقَ بِهَا، فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ، فَافْرُجْ مَا بَقِيَ. فَفَرَجَ اللّٰهُ عَنْهُمْ.[راجع: ۲۲۱۵]

بَابُ عُقُوْقِ الْوَالِدَيْنِ مِنَ الْكَبَائِرِ

والدین کی نافرمانی بڑا گناہ ہے

عُقوق (بضم العین) مصدر: عَقَّ أباہ: نافرمانی کرنا، بدسلوکی کرنا، واجب خدمت انجام نہ دینا ــــ والدین کی نافرمانی کبیرہ گناہوں میں سے ہے، حضرت عبداللہ بن عمروؓ کی حدیث آگے (حدیث ۵۹۷۶) آرہی ہے، نبی ﷺ نے

فرمایا: عظیم ترین گناہ یہ ہیں: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، والدین کی نافرمانی کرنا، کسی کو قتل کرنا اور جھوٹی قسم کھانا، اور حضرت مغیرۃ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے تم پر حرام کیا ہے ماؤں کی نافرمانی کرنا، اور دینا نہیں اور مانگنا، اور بیٹیوں کو زندہ درگور کرنا، اور ناپسند کیا ہے تمہارے لئے قیل وقال (فضول بکواس) کو، اور بہ کثرت سوال کرنے کو اور مال ضائع کرنے کو (یہ حدیث تحفۃ القاری ۵:۴۳۲ میں آئی ہے) —— اور حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں عظیم ترین گناہ نہ بتاؤں؟'' صحابہ نے عرض کیا: ضرور بتائیں یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: ''اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، والدین کے ساتھ بدسلوکی کرنا'' اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ٹیک لگائے ہوئے تھے پس سیدھے بیٹھ گئے، اور فرمایا: ''سنو! جھوٹی بات اور جھوٹی گواہی!'' (دومرتبہ فرمایا) پھر برابر آپؐ یہ بات فرماتے رہے یہاں تک کہ ابوبکرۃؓ نے دل میں کہا: آپؐ خاموش نہیں ہونگے! (جھوٹی بات عام ہے اور جھوٹی گواہی خاص) —— اور آخری حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبائر کا تذکرہ فرمایا یا آپؐ سے کبائر کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا: ''اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، کسی (بے گناہ) کو قتل کرنا اور والدین کی نافرمانی کرنا'' پھر فرمایا: ''سنو، میں تمہیں عظیم ترین گناہ بتلاؤں؟ فرمایا: جھوٹی بات'' یا فرمایا: ''جھوٹی گواہی'' شعبہؒ (راوی) کہتے ہیں: میرا ظن غالب یہ ہے کہ جھوٹی گواہی فرمایا ہے۔

[٦-] بَابُ عُقُوْقِ الْوَالِدَيْنِ مِنَ الْكَبَائِرِ

قَالَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥٩٧٥-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ وَرَّادٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الْأُمَّهَاتِ، وَمَنْعًا وَهَاتِ، وَوَأْدَ الْبَنَاتِ، وَكَرِهَ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةَ الْمَالِ" [راجع: ٨٤٤]

[٥٩٧٦-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْوَاسِطِيُّ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ؟" قُلْنَا: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: " الإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ" وَكَانَ مُتَّكِئًا فَجَلَسَ، فَقَالَ: " أَلَا وَقَوْلُ الزُّوْرِ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ" مَرَّتَيْنِ فَمَا زَالَ يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْتُ: لَا يَسْكُتُ! [راجع: ٢٦٥٤]

[٥٩٧٧-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْكَبَائِرَ، أَوْ: سُئِلَ عَنِ الْكَبَائِرِ فَقَالَ: " الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ" فَقَالَ:

"أَلاَ أُنَبِّئُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ؟" قَالَ: "قَوْلُ الزُّوْرِ، أَوْ قَالَ: شَهَادَةُ الزُّوْرِ" قَالَ شُعْبَةُ: وَأَكْثَرُ ظَنِّیْ أَنَّهُ قَالَ: "شَهَادَةُ الزُّوْرِ" [راجع: ۲۶۵۳]

بَابُ صِلَةِ الْوَالِدِ الْمُشْرِكِ

غیر مسلم باپ کے ساتھ حسن سلوک کرنا

ماں باپ اگر غیر مسلم ہوں تو بھی ان کے ساتھ حسن سلوک ضروری ہے، سورۃ لقمان (آیت ۱۴) میں والدین کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید ہے، پھر (آیت ۱۵) ہے: ﴿وَإِنْ جَاهَدَاكَ عَلٰى أَنْ تُشْرِكَ بِیْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلاَ تُطِعْهُمَا، وَصَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا، وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ أَنَابَ إِلَیَّ، ثُمَّ إِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾: اور اگر زور ڈالیں دونوں (والدین) تجھ پر کہ شریک ٹھہرائے تو میرے ساتھ اس چیز کو جس کے شریک ہونے کی تیسرے پاس کوئی دلیل نہیں تو تو ان دونوں کا کہنا مت مان، اور دنیا میں ان کے ساتھ خوبی سے بسر کر، اور اس کی راہ اپنا جو میری طرف متوجہ ہوا، پھر تم سب کو میرے پاس آنا ہے، پھر میں تم کو آگاہ کروں گا ان کاموں سے جو تم کیا کرتے تھے یعنی دین کے خلاف تو ماں باپ کا کہنا ماننا جائز نہیں، ہاں دنیوی معاملات میں ان کے ساتھ نیکی اور حسن سلوک ضروری ہے۔

حدیث: حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ کی غیر مسلم والدہ مکہ سے مدینہ آئی، وہ امید لے کر آئی تھی کہ بیٹی حسن سلوک کرے گی، حضرت اسماءؓ نے مسئلہ پوچھا، آپؐ نے فرمایا: "اس کے ساتھ صلہ رحمی کرو" (اور جو ماں کا حکم ہے وہی باپ کا ہے، اس کے ساتھ بھی حسن سلوک ضروری ہے، جبکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ برسر پیکار نہ ہو، اور یہ مسئلہ سورۃ الممتحنۃ آیت ۸ میں ہے)

[۷-] بَابُ صِلَةِ الْوَالِدِ الْمُشْرِكِ

[۵۹۷۸-] حدثنا الْحُمَيْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: أَخْبَرَتْنِیْ أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِیْ بَكْرٍ قَالَتْ: أَتَتْنِیْ أُمِّیْ رَاغِبَةً فِیْ عَهْدِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلْتُ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم آصِلُهَا؟ قَالَ: "نَعَمْ" قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهَا: ﴿لاَ يَنْهَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِی الدِّيْنِ﴾ [راجع: ۲۶۲۰]

بَابُ صِلَةِ الْمَرْأَةِ أُمَّهَا وَلَهَا زَوْجٌ

شوہر والی عورت اپنی ماں کے ساتھ صلہ رحمی کر سکتی ہے

اگر عورت اپنی گرہ کے پیسوں سے اپنی ماں یا میکہ والوں کی مدد کرے تو شوہر سے پوچھنے کی ضرورت نہیں، لیکن اگر شوہر کے مال سے تعاون کرے تو شوہر کی صراحۃً، دلالۃً یا عرفاً اجازت ضروری ہے، اور حدیث گذشتہ باب والی ہے، حضرت اسماءؓ

کی ماں مصالحت کے زمانہ میں اپنے والد (حضرت اسماءؓ کے نانا) کے ساتھ امید باندھ کر مدینہ آئی، نبی ﷺ نے ان کو ماں کے ساتھ صلہ رحمی کرنے کی اجازت دی، پھر انھوں نے اپنے مال سے تعاون کیا یا اپنے شوہر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے مال سے: اس کی حدیث میں صراحت نہیں، حضرت زبیرؓ بڑے فیاض تھے۔ اور باب کی دوسری حدیث میں ابوسفیانؓ نے ہرقل کے سامنے جو اسلام کی بنیادی تعلیم کا ذکر کیا ہے اس میں صلہ رحمی بھی ہے، بس یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۸-] بَابُ صِلَةِ الْمَرْأَةِ أُمَّهَا وَلَهَا زَوْجٌ

[۵۹۷۹-] وَقَالَ اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: قَدِمَتْ أُمِّيْ وَهِيَ مُشْرِكَةٌ فِيْ عَهْدِ قُرَيْشٍ وَمُدَّتِهِمْ، إِذْ عَاهَدُوْا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، مَعَ أَبِيْهَا، فَاسْتَفْتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: إِنَّ أُمِّيْ قَدِمَتْ وَهِيَ رَاغِبَةٌ؟ قَالَ: " نَعَمْ صِلِيْ أُمَّكِ" [راجع: ٢٦٢٠]

[۵۹۸۰-] حدثنا يَحْيىَ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَقَالَ:- يَعْنِيْ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم- يَأْمُرُنَا بِالصَّلاَةِ وَالصَّدَقَةِ وَالْعَفَافِ وَالصِّلَةِ. [راجع: ٧]

بَابُ صِلَةِ الأَخِ الْمُشْرِكِ

غیر مسلم بھائی کے ساتھ حسن سلوک کرنا

غیر مسلم بھائی اگر برسر پیکار نہ ہو تو اس کے ساتھ حسن سلوک جائز ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک ریشمی سوٹ اپنے اخیافی/رضاعی بھائی کو جو مکہ میں تھا اور مشرک تھا ہدنہ (مصالحت) کے زمانہ میں ہدیہ بھیجا تھا تاکہ اسلام کی طرف اس کا دل مائل ہو۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲۰۶:۳) آئی ہے۔

[۹-] بَابُ صِلَةِ الأَخِ الْمُشْرِكِ

[۵۹۸۱-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: رَأَى عُمَرُ حُلَّةً سِيَرَاءَ تُبَاعُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ابْتَعْ هٰذِهِ، وَالْبَسْهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَإِذَا جَاءَ كَ الْوُفُوْدُ، قَالَ: " إِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهِ مَنْ لاَخَلاَقَ لَهُ" فَأُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْهَا بِحُلَلٍ، فَأَرْسَلَ إِلَى عُمَرَ بِحُلَّةٍ، فَقَالَ: كَيْفَ أَلْبَسُهَا وَقَدْ قُلْتَ فِيْهَا مَا قُلْتَ؟ قَالَ: "إِنِّيْ لَمْ أُعْطِكَهَا لِتَلْبَسَهَا، وَلٰكِنْ لِتَبِيْعَهَا أَوْ تَكْسُوَهَا" فَأَرْسَلَ عُمَرُ إِلَى أَخٍ لَهُ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ.

[راجع: ٨٨٦]

بَابُ فَضْلِ صِلَةِ الرَّحِمِ

صلہ رحمی کی اہمیت

الرَّحِم: رشتہ، قرابت، والدین کے علاوہ دوسرے اہل قرابت کے ساتھ حسن سلوک بھی مامور بہ ہے، قرآنِ کریم میں ان کے ساتھ صلہ رحمی کا ذکر ذوی القربی (رشتہ داروں) کے عنوان سے کیا گیا ہے، اور رشتہ عام ہے، خواہ کوئی رشتہ ہو، سب کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جائے۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱۶۶:۴) آئی ہے: ایک شخص نے نبی ﷺ کی سواری کی لگام پکڑی اور پوچھا: مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جو مجھے جنت میں پہنچادے، لوگوں نے کہا: ارے رے رے! ارے رے رے! یعنی کیسی بات پوچھ رہا ہے! آپؐ نے فرمایا: اس بندے کی ایک حاجت ہے، وہ پوچھ رہا ہے، ارے رے رے! کیوں کہہ رہے ہو؟ فرمایا: ''اللہ کی عبادت کر، اس کے ساتھ کسی کو شریک مت کر، اور زکات ادا کر، اور صلہ رحمی کر اور سواری کی لگام چھوڑ دے!'' معلوم ہوا کہ آپؐ اونٹنی پر تھے ــــــ اس سے اہل قرابت کے ساتھ صلہ رحمی کی اہمیت واضح ہوتی ہے، وہ جنت نشیں بنانے والا عمل ہے۔

[۱۰-] بَابُ فَضْلِ صِلَةِ الرَّحِمِ

[۵۹۸۲-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُوْسَى بْنَ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الأَنْصَارِيِّ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَخْبِرْنِيْ بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِيْ الْجَنَّةَ.

[۵۹۸۳-] ح: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا بَهْزٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَوْهَبٍ، وَأَبُوْهُ عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، أَنَّهُمَا سَمِعَا مُوْسَى بْنَ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الأَنْصَارِيِّ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَخْبِرْنِيْ بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِيْ الْجَنَّةَ، فَقَالَ الْقَوْمُ: مَالَهُ؟ مَالَهُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "أَرَبٌ مَالَهُ" فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تَعْبُدُ اللهَ وَلاَ تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيْمُ الصَّلاَةَ، وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ، وَتَصِلُ الرَّحِمَ. ذَرْهَا" قَالَ: كَأَنَّهُ كَانَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ. [راجع: ۱۳۹۶]

بَابُ إِثْمِ الْقَاطِعِ

قطع رحمی کا گناہ

یہ منفی پہلو سے صلہ رحمی کی اہمیت کا باب ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''قطع رحمی کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا!'' یعنی رشتہ داروں کے ساتھ برا سلوک کرنا نہایت سنگین گناہ ہے، کوئی شخص اس گناہ کی گندگی کے ساتھ جنت میں نہیں جاسکے گا، ہاں سزا پاکر یا معافی مل جائے تو دوسری بات ہے۔

[۱۱-] بَابُ إِثْمِ الْقَاطِعِ

[۵۹۸۴-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ ابْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: إِنَّ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّــهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ"

بَابُ مَنْ بُسِطَ لَهُ فِي الرِّزْقِ لِصِلَةِ الرَّحِمِ

صلہ رحمی کی وجہ سے رزق میں کشادگی

یہ صلہ رحمی کی اہمیت کا ذیلی باب ہے، رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرنے میں دو فائدے ہیں:

ایک: رزق میں کشادگی ہوتی ہے، کیونکہ آدمی کو صرف اسی کے نصیب کی روزی نہیں ملتی، وایا (Via) بھی ملتی ہے، جو شخص آل اولاد، غرباء، فقراء اور رشتہ داروں پر خرچ کرتا ہے: ان کی قسمت کی روزی بھی اس خرچ کرنے والے کو ملتی ہے، تاکہ وہ ان کو پہنچائے، پھر اس میں اس کا بھی تھوڑا حصہ ہوتا ہے، اس طرح رزق میں کشادگی ہوتی ہے۔

دوم: عمر میں برکت ہوتی ہے، لوگ بہت دنوں تک اس کو یاد کرتے ہیں، اس کا ذکر خیر باقی رہتا ہے، کیونکہ بعض نیک اعمال کی برکت دنیا میں بھی پہنچتی ہے، سورۃ یوسف (آیت ۵۶) میں ہے: ﴿نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَاءُ، وَلاَ نُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾: ہم جس پر چاہیں اپنی عنایت مبذول کردیں، اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے یعنی عمل کا بدلہ تو آخرت میں ملے گا، مگر دنیا میں بھی بعض نیک اعمال کی برکت پہنچتی ہے، حیاتِ طیبہ عطا فرماتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ سَرَّهُ أن يُبْسَطَ له في رزقه، وأن يُنْسَأَ له في أَثَرِهِ، فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ: جس کو پسند ہو کہ اس کی روزی میں کشادگی کی جائے، اور اس کے نشان کو مؤخر کیا جائے تو چاہئے کہ وہ خاندان کے ساتھ حسن سلوک کرے۔

لغت: سَرَّهُ (ن) سُرورا و مَسَرَّه: خوش کرنا .... نَسَأَ الشيئَ (ف) نَسْئًا وَمَنْسَأَةً: مؤخر کرنا .... الأثر: نشان باقی ماندہ۔

تشریح: حدیث میں صلہ رحمی کا جو دوسرا فائدہ بیان کیا ہے، اس کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں:

ایک: عمر میں برکت اور زیادتی ہوتی ہے، اس پر اشکال کیا گیا ہے کہ تقدیر تو مبرم (اٹل) ہے، پھر عمر میں زیادتی کا کیا مطلب؟ اس کا جواب حاشیہ میں ہے کہ تقدیر کی جو جانب اللہ کی طرف ہے وہ مبرم ہے، کیونکہ تقدیر کے ساتھ شمولِ علم کا مسئلہ پچ ہے، اور تقدیر کی جو جانب بندوں کی طرف ہے وہ معلق ہے، کیونکہ اس کے ساتھ عدمِ علم پچ ہے، پس تقدیر میں تبدیلی بندوں کے اعتبار سے ہوتی ہے، تفصیل کتاب القدر میں آئے گی۔

دوم: اس کا اثر (نشانِ قدم) مؤخر کیا جائے گا، آدمی جب کسی راستہ پر چلتا ہے تو قدموں کے نشان پڑ جاتے ہیں، اسی طرح جب آدمی دنیا سے گذر جاتا ہے تو اس کا اچھا برا تذکرہ باقی رہ جاتا ہے، جو جلد یا بہ دیر ختم ہوجاتا ہے۔ صلہ رحمی کرنے والے کا ذکر خیر خاندان میں بہت دنوں تک باقی رہتا ہے، اور لوگ یادگاریں چھوڑنا چاہتے ہیں، اس کا ایک طریقہ صلہ رحمی بھی ہے، لوگ اس کو آزما کر دیکھیں۔

[۱۲-] بَابُ مَنْ بُسِطَ لَهُ فِي الرِّزْقِ لِصِلَةِ الرَّحِمِ

[۵۹۸۵-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُبْسَطَ لَهُ فِيْ رِزْقِهِ، وَأَنْ يُنْسَأَ لَهُ فِيْ أَثَرِهِ، فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ"

[۵۹۸۶-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُبْسَطَ لَهُ فِي رِزْقِهِ، وَيُنْسَأَ لَهُ فِي أَثَرِهِ، فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ"[راجع: ۲۰٦۷]

بَابُ مَنْ وَصَلَ وَصَلَهُ اللّٰهُ

جو خاندان کو جوڑتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ جوڑتے ہیں

یہ بھی صلہ رحمی کی اہمیت کا ذیلی باب ہے۔ صلہ رحمی کا ایک بہت بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس سے اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ صلہ رحمی کرنے والے کو اپنے ساتھ جوڑتے ہیں، اور جس کو اللہ کا قرب حاصل ہوجائے اس کا بیڑا پار ہے!

اور پہلی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۹: ۵۰۰) آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ناتے سے وعدہ کیا ہے کہ جو تجھے جوڑے گا میں اس کو اپنے سے جوڑوں گا، اور جو تجھے کاٹے گا میں اس کو اپنے سے کاٹوں گا — اور ناتے نے جو رحمان کی کمر میں کھولی بھری تھی: وہ عالم مثال کا واقعہ ہے، عالم مثال میں معنویات بھی متمثّل ہوتی ہیں، پس حاشیہ میں جو امام نوویؒ کا ارشاد ہے وہ غیر ظاہر ہے۔

[۱۳-] بَابُ مَنْ وَصَلَ وَصَلَهُ اللّٰهُ

[۵۹۸۷-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِيْ مُزَرِّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّيْ سَعِيْدَ بْنَ يَسَارٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْخَلْقَ، حَتّٰى إِذَا فَرَغَ مِنْ خَلْقِهِ، قَالَتِ الرَّحِمُ: هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ الْقَطِيْعَةِ! قَالَ: نَعَمْ، أَمَا تَرْضَيْنَ أَنْ أَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ، وَأَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ؟ قَالَتْ: بَلٰى يَا رَبِّ! قَالَ: فَهُوَ لَكِ" قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صلی اللہ علیہ وسلم:" فَاقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوْا أَرْحَامَكُمْ﴾[محمد:۲۲] [راجع: ۴۸۳۰]

اگلی حدیثیں: نئی ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: الرحِمُ شَجْنة من الرحمن، فقال اللہ: من وَصَلَكِ وَصَلْتُه، ومن قَطَعَكِ قَطَعْتُه: تانے کی شاخیں رحمان (مہربان اللہ) کے ساتھ پیوست ہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "جو تجھے جوڑے گا میں اس کو جوڑوں گا، اور جو تجھے کاٹے گا میں اس کو کاٹوں گا!" شجنة (مثلۃ الفاء) گھنی ٹہنی، الجھی ہوئی شاخ۔

تشریح: ایک درخت کی شاخوں کا دوسرے درخت کی شاخوں میں پیوست ہونا انتہائی درجہ کے قرب کی تعبیر ہے، جیسے: من تو شدم، تو من شدی، تا کس نہ گوید کہ من دیگرم تو دیگری: ہم دونوں باہم ایسے پیوست ہیں کہ کوئی فرق نہیں کرسکتا۔

[۵۹۸۸-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "الرَّحِمُ شِجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ اللّٰهُ: مَنْ وَصَلَكِ وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَكِ قَطَعْتُهُ"

[۵۹۸۹-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِيْ مُزَرِّدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ رُوْمَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " الرَّحِمُ شِجْنَةٌ، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعْتُهُ"

بَابٌ: يَبُلُّ الرَّحِمَ بِبِلَالِهَا

ناتے کو اس کی تری سے تر کرے

یہ بھی صلہ رحمی کی اہمیت کے سلسلہ کا ذیلی باب ہے۔ بَلَّ (ن) بَلًّا، وَبِلَّةً، وَبَلَلًا، وَبَلَالًا: پانی وغیرہ سے تر کرنا، باب میں يَبُلُّ (معروف) کا فاعل محذوف ہے: صلہ رحمی کرنے والا شخص، اور الرَّحِم: مفعول بہ ہے، اور البِلال (اسم): ہر وہ چیز جس سے حلق کو تر کیا جائے —— ایک: پلانا اور سیراب کرنا ہے، دوسرا: گلا تر کرنا ہے، پیاسے کو گھونٹ بھر پانی دیا جائے تو بھی بڑا احسان ہے، آدمی ناتے داروں کی تمام ضروریات کی کفالت نہیں کرسکتا، ہاں کچھ تعاون کرسکتا ہے، یہی گلا تر کرنا ہے، اور یہ بھی اسوۂ نبی ہے، یہی اس کی اہمیت ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إن آل أبی ...... لَيْسُوْا بأولیائی، إنما وَلِيِّيَ اللّٰهُ وصالحُ المؤمنین، ولكنْ لهم رَحِمٌ أَبُلُّهَا بِبِلَالِهَا: فلاں خاندان والے میرے جگری دوست نہیں، میرے خاص دوست (کارساز) اللہ تعالیٰ اور نیک مؤمنین ہیں، ہاں ان کے ساتھ ناتے کا تعلق ہے، میں اس کو اس کی تری سے تر کرتا ہوں! یعنی جو کچھ تعاون مجھ سے

ممکن ہوتا ہے کرتا ہوں۔

[۱۴-] بَابٌ: يَبُلُّ الرَّحِمَ بِبِلاَلِهَا

[۵۹۹۰-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ ابْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم جِهَارًا غَيْرَ سِرٍّ، يَقُوْلُ: "إِنَّ آلَ أَبِيْ...... قَالَ عَمْرٌو: فِي كِتَابِ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ بَيَاضٌ – لَيْسُوْا بِأَوْلِيَائِيْ، إِنَّمَا وَلِيِّيَ اللّٰهُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ"

زَادَ عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم: "وَلٰكِنْ لَهُمْ رَحِمٌ أَبُلُّهَا بِبَلاَئِهَا"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: كَذَا وَقَعَ، وَبِبِلاَلِهَا أَجْوَدُ وَأَصَحُّ، وَبِبَلاَئِهَا لاَ أَعْرِفُ لَهُ وَجْهًا.

وضاحت: جِهَارًا: یا تو نبی ﷺ نے بآواز بلند فرمایا یا عمرو بن العاصؓ نے............غیر سِر: جھارا کی تاکید ہے ....عمرو بن عباس (امام بخاریؒ کے استاذ) کہتے ہیں کہ محمد بن جعفر (غندر) کی کتاب میں أبی کا مضاف الیہ مذکور نہیں، اس کی جگہ خالی (بیاض) تھی............اور حدیث کے آخر میں ایک طریق میں بَلاءٌ (آزمائش، امتحان) ہے، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: صحیح بِلاَل ہے، بَلاءٌ کے کوئی معنی نہیں بنتے۔

بَابٌ: لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ

قطع رحمی کرنے والے کے ساتھ بھی صلہ رحمی کرنا

خاندان میں بعض ایسے ہوتے ہیں جو قرابت کے حقوق ادا نہیں کرتے، اہل قرابت کے ساتھ برا سلوک کرتے ہیں، ان کے ساتھ بھی صلہ رحمی کا معاملہ کیا جائے، نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: "وہ شخص صلہ رحمی کرنے والا نہیں جو بدلہ کے طور پر صلہ رحمی کرتا ہے، بلکہ صلہ رحمی کرنے والا وہ ہے جس کے ساتھ قطع رحمی کی جائے تو بھی صلہ رحمی کرے"

تشریح: حسن سلوک کے جواب میں تو لوگ حسن سلوک کرتے ہی ہیں، پس یہ جوانمردی نہیں، جوانمردی یہ ہے کہ بدسلوکی کرنے والے کو گلے سے لگائے، اینٹ کا جواب پتھر سے نہ دے بلکہ پھول برسائے، یہی اعلی درجہ کی صلہ رحمی ہے۔

[۱۵-] بَابٌ: لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ

[۵۹۹۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَالْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، وَفِطْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو – قَالَ سُفْيَانُ: لَمْ يَرْفَعْهُ الْأَعْمَشُ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم

وَرَفَعَهُ حَسَنٌ وَفِطْرٌ - عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ، وَلٰكِنِ الْوَاصِلُ الَّذِيْ إِذَا قُطِعَتْ رَحِمُهُ وَصَلَهَا"

بَابُ مَنْ وَصَلَ رَحِمَهُ فِي الشِّرْكِ ثُمَّ أَسْلَمَ

جس نے مسلمان ہونے سے پہلے صلہ رحمی کی پھر مسلمان ہوا

ایسا ہی باب پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۲۰۷) آیا ہے، کفر وشرک کے زمانہ میں کوئی نیک کام کیا، مثلاً صلہ رحمی کی پھر مسلمان ہوگیا تو کفر کے زمانہ کے نیک اعمال کا ثواب ملے گا یا نہیں؟ یہ مشکل مسئلہ ہے، دلائل متعارض ہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، حضرت حکیمؓ کو آپؐ نے جو جواب دیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں نیک اعمال مفید ہوتے ہیں، ان کو جو ایمان کی توفیق ملی وہ ان کے سابقہ نیک اعمال کا صلہ تھا۔

[١٦-] بَابُ مَنْ وَصَلَ رَحِمَهُ فِي الشِّرْكِ ثُمَّ أَسْلَمَ

[٥٩٩٢-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ أُمُوْرًا كُنْتُ أَتَحَنَّثُ بِهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مِنْ صِلَةٍ وَعَتَاقَةٍ وَصَدَقَةٍ، هَلْ لِيْ فِيْهَا مِنْ أَجْرٍ؟ قَالَ حَكِيْمٌ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَسْلَمْتَ عَلٰى مَا سَلَفَ مِنْ خَيْرٍ" وَقَالَ أَيْضًا عَنْ أَبِي الْيَمَانِ: أَتَحَنَّتُ، وَقَالَ مَعْمَرٌ، وَصَالِحٌ، وَابْنُ الْمُسَافِرِ: أَتَحَنَّتُ. وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: التَّحَنُّثُ التَّبَرُّرُ. وَتَابَعَهُمْ هِشَامٌ عَنْ أَبِيْهِ. [راجع: ١٤٣٦]

وضاحت: حدیث میں أَتَحَنَّثُ (ثاء مثلثہ کے ساتھ) ہے یا أَتَحَنَّتُ (تاء فوقانیہ کے ساتھ)؟ روات میں اختلاف ہے، صحیح اول ہے اور محمد بن اسحاق (امام المغازی) نے اس کے معنی التَّبَرُّر کئے ہیں یعنی نیک کام کرنا............ **وقال أیضا:** ابوالیمان سے تاء کے ساتھ بھی مروی ہے۔

بَابُ مَنْ تَرَكَ صَبِيَّةَ غَيْرِهِ حَتّٰى تَلْعَبَ بِهِ أَوْ قَبَّلَهَا أَوْ مَازَحَهَا

دوسرے کی بچی کو اپنے جسم سے کھیلنے دینا، اس کو پیار کرنا یا اس سے دل لگی کرنا

اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں، معاشرہ میں بچوں پر شفقت ومہربانی ضروری ہے، ابوداؤد میں حدیث (نمبر ۴۹۴۳) ہے: من لم يَرْحَمْ صغيرَنا ويَعْرِفْ حَقَّ كبيرنا فليس منا: جو ہمارے چھوٹوں پر مہربانی نہ کرے اور ہمارے بڑوں کا حق نہ پہچانے وہ ہم میں سے نہیں! یعنی ہمارا ہم مزاج نہیں ـــــ مزاج نبوی کیا تھا؟ باب کی حدیث سے واضح ہے، حضرت

خالد بن سعید کی لڑکی ام خالد اپنے ابا کے ساتھ نبی ﷺ کے پاس آئی، اس نے پیلا کرتا پہن رکھا تھا، آپؐ نے اس کو پھولدار اوڑھنی اوڑھائی، اور فرمایا: گڈ گڈ! پھر تین بار دعا دی کہ پرانا کرو اور پرانا کرو! یعنی یہ اوڑھنی بہت دنوں تک چلے، چنانچہ انھوں نے لمبی عمر پائی اور ان کی درازی عمر کا لوگوں میں چرچا ہوا (یہ دل لگی ہوئی) پھر وہ مہر نبوت سے کھیلنے لگیں تو اس کے ابا نے اس کو ڈانٹا، آپؐ نے فرمایا: کھیلنے دو! (یہ آپؐ نے اس کو اپنے جسم سے کھیلنے دیا) —— اور چومنے کا ذکر اگلے باب میں ہے، وہ اس باب کا قرین باب ہے۔

[١٧-] بَابُ مَنْ تَرَكَ صَبِيَّةَ غَيْرِهِ حَتّٰى تَلْعَبَ بِهِ أَوْ قَبَّلَهَا أَوْ مَازَحَهَا

[٥٩٩٣-] حدثنا حِبَّانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَعَ أَبِيْ، وَعَلَيَّ قَمِيْصٌ أَصْفَرُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " سَنَهْ سَنَهْ" قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَهِيَ بِالْحَبَشِيَّةِ حَسَنَةٌ، قَالَتْ: فَذَهَبْتُ أَلْعَبُ بِخَاتَمِ النُّبُوَّةِ، فَزَبَرَنِيْ أَبِيْ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " دَعْهَا" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَبْلِيْ وَأَخْلِقِيْ! ثُمَّ أَبْلِيْ وَأَخْلِقِيْ! ثُمَّ أَبْلِيْ وَأَخْلِقِيْ!" ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. قَالَ عَبْدُاللّٰهِ: فَبَقِيَتْ حَتّٰى ذُكِرَ. [راجع: ٣٠٧١]

بَابُ رَحْمَةِ الْوَلَدِ، وَتَقْبِيْلِهِ، وَمُعَانَقَتِهِ

بچوں پر مہربانی کرنا، ان کو چومنا اور گلے لگانا

گذشتہ باب غیر کے بچوں کے لئے تھا، یہ باب اپنے بچوں کے لئے ہے، پھر اس باب کا جوڑی دار باب بھی آرہا ہے جو کالفصل ہے، اس باب کی شروع کی چار حدیثیں پہلے آگئی ہیں، باقی حدیثیں نئی ہیں: (١) نبی ﷺ نے صاحبزادے ابراہیم کو چوما اور سونگھا (تحفۃ القاری ٤: ٦٢) (٢) نبی ﷺ نے حسن وحسین رضی اللہ عنہما کے حق میں فرمایا: "وہ دونوں دنیا میں میرے دو پھول ہیں!" اور آدمی پھول کو سونگھتا ہے (تحفۃ القاری ٧: ٢٥٨) (٣) ایک سائلہ کو جس کے ساتھ دو بیٹیاں تھیں صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایک کھجور دی، اس نے اس کو توڑ کر دونوں بیٹیوں میں تقسیم کر دیا، اور خود اس میں سے کچھ نہیں کھایا، یہ اولاد پر مہربانی ہے (تحفۃ القاری ٤: ١٩١) (٤) نبی ﷺ نے ایک مرتبہ اپنی نواسی امامہ کو کندھے پر بٹھا کر نماز پڑھائی، یہ بھی اولاد پر مہربانی ہے (تحفۃ القاری ٢: ٣٧٢)

[١٨-] بَابُ رَحْمَةِ الْوَلَدِ، وَتَقْبِيْلِهِ، وَمُعَانَقَتِهِ

وَقَالَ ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَخَذَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِبْرَاهِيْمَ فَقَبَّلَهُ وَشَمَّهُ.

[٥٩٩٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ يَعْقُوْبَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نُعْمٍ، قَالَ: كُنْتُ شَاهِدًا لِابْنِ عُمَرَ، وَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ، فَقَالَ: مِمَّنْ أَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ، قَالَ: انْظُرُوْا إِلٰى هٰذَا، يَسْأَلُنِيْ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ وَقَدْ قَتَلُوْا ابْنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "هُمَا رَيْحَانَايَ مِنَ الدُّنْيَا" [راجع: ٣٧٥٣]

[٥٩٩٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَدَّثَتْهُ، قَالَتْ: جَاءَتْنِيْ امْرَأَةٌ مَعَهَا ابْنَتَانِ تَسْأَلُنِيْ، فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِيْ غَيْرَ تَمْرَةٍ وَاحِدَةٍ، فَأَعْطَيْتُهَا، فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا، ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَحَدَّثْتُهُ، فَقَالَ: "مَنْ بُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ شَيْئًا فَأَحْسَنَ إِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ" [راجع: ١٤١٨]

[٥٩٩٦-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو ابْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ قَتَادَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأُمَامَةُ بِنْتُ أَبِي الْعَاصِ عَلٰى عَاتِقِهِ، فَصَلّٰى، فَإِذَا رَكَعَ وَضَعَ، وَإِذَا رَفَعَ رَفَعَهَا. [راجع: ٥١٦]

اس کے بعد کی دو روایتوں میں غالباً ایک ہی واقعہ ہے۔ قبیلۂ بنو تمیم کے سردار حضرت اقرع بن حابسؓ کی موجودگی میں نبی ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو چوما، اس پر اقرعؓ نے کہا: میرے دس بچے ہیں، میں نے ان میں سے کسی کو نہیں چوما، پس نبی ﷺ نے ان کی طرف دیکھا اور فرمایا: من لا یَرْحَمْ لا یُرْحَم: جو مہربانی نہیں کرتا وہ مہربانی نہیں کیا جاتا! اور دوسری روایت میں ہے کہ بدّو نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، اس نے پوچھا: آپ حضرات بچوں کو چومتے ہیں؟ ہم تو ان کو نہیں چومتے! پس آپؐ نے فرمایا: اگر کسی کے دل سے اللہ تعالیٰ مہربانی کھینچ لیں تو میں کیا کروں؟! لفظی ترجمہ: کیا اور مالک ہوں میں تیرے لئے جب اللہ تعالیٰ کھینچ لیں تیرے دل سے مہربانی کو؟

[٥٩٩٧-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَعِنْدَهُ الْأَقْرَعُ ابْنُ حَابِسٍ التَّمِيْمِيُّ جَالِسٌ، فَقَالَ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ: إِنَّ لِيْ عَشَرَةً مِنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ مِنْهُمْ أَحَدًا، فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَالَ: "مَنْ لَا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ!"

[٥٩٩٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: تُقَبِّلُوْنَ الصِّبْيَانَ؟ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَوَ أَمْلِكُ لَكَ إِذَا نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ؟"

آئندہ حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس ہوازن کے قیدی لائے گئے، پس قیدیوں میں سے ایک عورت کی چھاتی دودھ سے ٹپک رہی تھی، چنانچہ وہ قیدیوں میں جس بچہ کو پاتی اس کو لیتی اور اپنے پیٹ سے لگاتی اور اس کو دودھ پلاتی، پس نبی ﷺ نے صحابہ سے پوچھا: بتاؤ، یہ عورت اپنے بچہ کو آگ میں ڈال سکتی ہے؟ صحابہ نے جواب دیا: نہیں! درانحالیکہ وہ قادر ہو کہ اس کو آگ میں نہ ڈالے یعنی اس کا بس چلے تو کبھی آگ میں نہیں ڈال سکتی، مجبوری کی بات الگ ہے، پس آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ یقیناً اپنے بندوں پر زیادہ مہربان ہیں اس عورت سے اپنے بچہ پر!''
یعنی اللہ تعالیٰ تو کسی کو بھی دوزخ میں ڈالنا نہیں چاہتے، لیکن لوگ ہی اپنے پیروں پر کلہاڑی ماریں تو اس کا کیا علاج! .... تَحلَّبَ: بہنا، ٹپکنا ....

[۵۹۹۹-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ مَرْیَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ زَیْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: قُدِمَ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم بِسَبْیٍ، فَإِذَا امْرَأَةٌ مِنَ السَّبْیِ قَدْ تَحَلَّبَ ثَدْیُهَا بِسَقْیٍ، إِذَا وَجَدَتْ صَبِیًّا فِی السَّبْیِ أَخَذَتْهُ فَأَلْصَقَتْهُ بِبَطْنِهَا وَأَرْضَعَتْهُ، فَقَالَ لَنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: ''أَتُرَوْنَ هٰذِهِ طَارِحَةً وَلَدَهَا فِی النَّارِ؟'' قُلْنَا: لَا، وَهِیَ تَقْدِرُ عَلٰی أَنْ لَا تَطْرَحَهُ، فَقَالَ: '' اَللّٰهُ أَرْحَمُ بِعِبَادِهِ مِنْ هٰذِهِ بِوَلَدِهَا''

بَابٌ

بچوں پر مہربانی کی ایک روایت

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، اس باب کی روایت سے استدلال خفی ہے، گذشتہ باب میں اپنی اولاد پر مہربانی کا ذکر تھا، اور اس باب کی روایت میں جانور کا اپنے بچہ پر مہربانی کرنے کا تذکرہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی کے سو حصے کئے، ننانوے حصوں کو اپنے پاس روک لیا اور ایک حصہ زمین میں اتارا، اس ایک حصہ سے مخلوق ایک دوسرے پر مہربانی کرتی ہے، یہاں تک کہ گھوڑا اپنے بچہ سے اپنا کھر اٹھائے رکھتا ہے اس اندیشہ سے کہ وہ کھر اس کو لگ نہ جائے'' (اسی طرح ماں بچہ کو پہلو میں لٹا کر سوتی ہے تو رات بھر کروٹ نہیں بدلتی تاکہ بچہ کی نیند خراب نہ ہو، یہ بھی اسی ایک فی صد رحمت کی وجہ سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کو عنایت فرمائی ہے)

تشریح: عالَم (جہاں) صفاتِ الٰہی کا پرتو (عکس) ہے، پس مخلوقات جو ایک دوسرے پر مہربانی کرتی ہیں وہ اللہ کی صفتِ رحمت کا اثر ہے، اور اصل اور عکس میں ایک فی صد کی نسبت ہے، مخلوقات کی مہربانیوں کا مجموعہ اللہ کی صفتِ رحمت کا ایک فی صد ہے، رحمتِ الٰہی کے ننانوے حصے اللہ کے پاس ہیں، جن سے وہ مخلوقات کے ساتھ معاملہ کرتے ہیں، پس وہ أرحم الراحمین ہیں یعنی تمام مہربانی کرنے والوں سے بڑے مہربانی کرنے والے ہیں۔

[١٩-] بَابٌ

[٦٠٠٠-] حدثنا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ الْبَهْرَانِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سَعِيْدُ ابْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" جَعَلَ اللّٰهُ الرَّحْمَةَ فِيْ مِائَةِ جُزْءٍ، فَأَمْسَكَ عِنْدَهُ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ جُزْءًا، وَأَنْزَلَ فِي الْأَرْضِ جُزْءًا وَاحِدًا، فَمِنْ ذٰلِكَ الْجُزْءِ يَتَرَاحَمُ الْخَلْقُ، حَتّٰى تَرْفَعَ الْفَرَسُ حَافِرَهَا عَنْ وَلَدِهَا خَشْيَةَ أَنْ تُصِيْبَهُ" [طرفه: ٦٤٦٩]

وضاحت: فی مِائَةِ جزء: میں فی ضروری نہیں، جعلَ مِائَةَ جزء کا بھی یہی مفہوم ہے (حاشیہ)

بَابُ قَتْلِ الْوَلَدِ خَشْيَةَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَهُ

اولاد کو اس اندیشہ سے مارڈالنا کہ وہ روزی روٹی میں شریک ہوجائے گا

یہ منفی پہلو سے اولاد پر مہربانی کا باب ہے، لوگ روزی کی وجہ سے فیملی پلاننگ کرتے ہیں اور اولاد کا راستہ روک دیتے ہیں، یہ اولاد پر ظلم ہے، اولاد پر مہربانی کا تقاضا اس کے برخلاف ہے، رہی روزی روٹی تو اس کا ذمہ دار خدا ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۹:۶۵) آئی ہے، دوسرے نمبر کا گناہ اپنی اولاد کو مارڈالنا ہے، اس بات سے ڈرتے ہوئے کہ وہ آمدنی میں حصہ دار بن جائے گی، خواہ پیدا ہونے کے بعد مارڈالے یا جان پڑنے سے پہلے یا بعد میں حمل گرادے، یہ کبیرہ گناہ ہے۔

[٢٠-] بَابُ قَتْلِ الْوَلَدِ خَشْيَةَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَهُ

[٦٠٠١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ؟ قَالَ:" أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ" ثُمَّ قَالَ: أَيٌّ؟ قَالَ:" أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَكَ" ثُمَّ قَالَ: أَيٌّ؟ قَالَ:" أَنْ تُزَانِيَ حَلِيْلَةَ جَارِكَ" فَأُنْزِلَ تَصْدِيْقُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:﴿وَالَّذِيْنَ لَايَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ﴾ [الفرقان:٦٨] [راجع: ٤٤٧٧]

وضاحت: ثم قال: أيٌّ کی اصل قال: ثم أيٌّ ہے۔

بَابُ وَضْعِ الصَّبِيِّ فِي الْحِجْرِ

بچے کو گود میں لینا

یہ بچوں پر مہربانی کا ذیلی باب ہے، ام قیسؓ اپنے نومولود بچہ کو لے کر خدمتِ نبوی میں آئیں، آپؐ نے بچہ کو گود میں لیا،

اور کھجور چبا کر اس کے تالو میں ملی، اس موقعہ پر بچہ نے آپؐ پر پیشاب کر دیا، آپؐ نے پانی منگوا کر اس پر ڈال دیا یعنی ہلکا دھویا، یہ بچہ کو گود میں لینا اس پر مہربانی کرنا ہے، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۱: ۵۵۷) آئی ہے۔

[۲۱-] بَابُ وَضْعِ الصَّبِيِّ فِي الْحِجْرِ

[٦٠٠٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَضَعَ صَبِيًّا فِيْ حِجْرِهِ فَحَنَّكَهُ، فَبَالَ عَلَيْهِ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَأَتْبَعَهُ. [راجع: ٢٢٢]

بَابُ وَضْعِ الصَّبِيِّ عَلَى الْفَخِذِ

بچہ کو ران پر بٹھانا

یہ بھی اولاد پر مہربانی کا دوسرا ذیلی باب ہے، نبی ﷺ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو ایک ران پر اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو دوسری ران پر بٹھاتے تھے، پھر دونوں کو اپنے سے لگاتے تھے اور دعا فرماتے تھے: اے اللہ! ان دونوں پر مہربانی فرما اس لئے کہ میں ان دونوں پر شفیق ہوں! اور حدیث پہلے آئی ہے۔

[۲۲-] بَابُ وَضْعِ الصَّبِيِّ عَلَى الْفَخِذِ

[٦٠٠٣-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَارِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا تَمِيْمَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، يُحَدِّثُهُ أَبُوْ عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَأْخُذُنِيْ فَيُقْعِدُنِيْ عَلٰى فَخِذِهِ، وَيُقْعِدُ الْحَسَنَ عَلٰى فَخِذِهِ الْأُخْرَى، ثُمَّ يَضُمُّهُمَا ثُمَّ يَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُمَا فَإِنِّيْ أَرْحَمُهُمَا" [راجع: ٣٧٣٥]

وَعَنْ عَلِيٍّ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، قَالَ التَّيْمِيُّ: فَوَقَعَ فِيْ قَلْبِيْ مِنْهُ شَيْءٌ، قُلْتُ: حُدِّثْتُ بِهِ كَذَا وَكَذَا، فَلَمْ أَسْمَعْهُ مِنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، فَنَظَرْتُ فَوَجَدْتُهُ عِنْدِيْ مَكْتُوْبًا فِيْمَا سَمِعْتُ.

سند: پہلی سند جو مسندی کی ہے، اس میں سلیمان بن طرخان اور ابو عثمان نہدی (عبد الرحمٰن بن ملّ) کے درمیان ابو تمیمہ طریف بن مجالد کا واسطہ ہے، اور علی مدینی کی یحییٰ قطان سے روایت میں یہ واسطہ نہیں، سلیمان: ابو عثمان سے روایت کرتے ہیں۔ سلیمان تیمی کہتے ہیں: میرے دل میں خیال آیا کہ میں نے تو ابو عثمان سے بہت سی روایتیں سنی ہیں، پھر یہ روایت میں نے ان سے (کیوں) نہیں سنی؟ پس میں نے اپنی کاپیاں دیکھیں تو مجھے ان سے سنی ہوئی روایات میں یہ روایت مل گئی۔

بَابُ حُسْنِ الْعَهْدِ مِنَ الإِيْمَانِ

عہد کا پاس ایمانی عمل ہے

اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں، اور باب کے الفاظ مستدرک حاکم اور بیہقی کی شعب الایمان کی حدیث کے ہیں عہد کے معنی ہیں: قول وقرار، پیمان، پختہ وعدہ، اور حُسن کے معنی ہیں: خوبی، عمدگی، اور قول وقرار تحقیقی بھی ہوتا ہے اور تقدیری بھی، ماں باپ اور بیوی وغیرہ کے ساتھ جو رشتہ ہے وہ تقدیری عہد ہے، اسی طرح خالق و مالک کے ساتھ بھی تقدیری پیمان ہے اور عہد و پیمان کا خیال رکھنا، اس کو نباہنا ایمانی عمل ہے یعنی ایمان کے تقاضے سے وجود پذیر ہوتا ہے، اور اس کی ضد: بدعہدی ہے، جو ایمان کے منافی اور منافقانہ عمل ہے۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ٧:٢٩٩) آئی ہے۔ نبی ﷺ اہلیہ محترمہ حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا کے ساتھ تعلق کا ان کی وفات کے بعد بھی اس درجہ خیال رکھتے تھے کہ جب بکری ذبح کرتے اور اس کے پارچے بناتے تو ان کو حضرت خدیجہؓ کی سہیلیوں کے پاس ہدیہ بھیجتے۔

[٢٣-] بَابُ حُسْنِ الْعَهْدِ مِنَ الإِيْمَانِ

[٦٠٠٤-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى امْرَأَةٍ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ، وَلَقَدْ هَلَكَتْ قَبْلَ أَنْ يَتَزَوَّجَنِي بِثَلَاثِ سِنِيْنَ، لِمَا كُنْتُ أَسْمَعُهُ يَذْكُرُهَا، وَلَقَدْ أَمَرَهُ رَبُّهُ أَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ، وَإِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيَذْبَحُ الشَّاةَ ثُمَّ يُهْدِيْ فِي خُلَّتِهَا مِنْهَا. [راجع: ٣٨١٦]

لغت: خُلَّةُ الإنسان: آدمی کے گہرے تعلق والے لوگ، یار دوست، احباب۔

بَابُ فَضْلِ مَنْ يَعُوْلُ يَتِيْمًا

یتیم کی کفالت کی اہمیت

اہل تعلق کے حقوق کے بعد اب کمزور طبقوں کے: حاجت مندوں، یتیموں، بیواؤں، غریبوں اور مسکینوں کے حقوق کا بیان ہے، سب سے پہلے یتیم کی کفالت کی اہمیت کا بیان ہے، اور حدیث پہلے آئی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہونگے'' اور آپؐ نے انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی سے اشارہ کیا۔

سوال: نبی اور غیر نبی درجہ اور رتبہ میں برابر نہیں ہوسکتے، پھر حدیث کا کیا مطلب ہے؟ **جواب:** درجات الگ الگ

ہونگے اور معیت حاصل ہوگی، جیسے بادشاہ کا مصاحب: بادشاہ کے ساتھ ہم رتبہ نہیں ہوتا، مگر اس کو بادشاہ کی معیت حاصل ہوتی ہے۔

[٢٤-] بَابُ فَضْلِ مَنْ يَعُوْلُ يَتِيْمًا

[٦٠٠٥-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِىْ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبِىْ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِى الْجَنَّةِ هٰكَذَا" وَقَالَ بِإِصْبَعَيْهِ السَّبَّاحَةِ وَالْوُسْطَى. [راجع: ٥٣٠٤]

بَابُ السَّاعِىْ عَلَى الْأَرْمَلَةِ

بیوہ کا کام کرنے والا

بیوہ: وہ عورت جس کا شوہر وفات پا گیا، اگر وہ نکاح کے قابل ہے تو اس کو نکاح کر لینا چاہئے، بیوہ کے نکاح کو ہندو معیوب سمجھتے ہیں، لیکن کبھی عورت بوڑھی ہوتی ہے یا اولاد کی پرورش کرنے والا کوئی نہیں ہوتا (اولاد کی پرورش کرنا ان کے وارث کی ذمہ داری ہے، بیوہ کی ذمہ داری نہیں) پس وہ نکاح نہیں کرتی، شوہر کی اولاد کو پالتی ہے، ایسی صورت میں بیوہ اور اس کا بچہ بے سہارا ہوتے ہیں، پس جو شخص اس کے کام کاج کرتا ہے، اس پر خرچ کرتا ہے وہ راہِ خدا میں لڑنے والے کی طرح ہے یا اس شخص کی طرح ہے جو دن میں روزے رکھتا ہے اور رات میں نفلیں پڑھتا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں بیوہ اور اس کے مسکین بچے کے کام انجام دینے والے کو اور ان پر خرچ کرنے والے کو مجاہد فی سبیل اللہ کے ساتھ اور شب و روز عبادت کرنے والے کے ساتھ لاحق کیا ہے یعنی ان کے مانند قرار دیا ہے، اور یہ الحاق ہی اس کی فضیلت ہے۔

[٢٥-] بَابُ السَّاعِىْ عَلَى الْأَرْمَلَةِ

[٦٠٠٦-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" السَّاعِىْ عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالْمُجَاهِدِ فِىْ سَبِيْلِ اللهِ، وَكَالَّذِىْ يَصُوْمُ النَّهَارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ" [راجع: ٥٣٥٣]

حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدِّيْلِىِّ، عَنْ أَبِى الْغَيْثِ مَوْلَى ابْنِ مُطِيْعٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

وضاحت: صفوانؒ: تابعی ہیں، پس حدیث مرسل تابعی ہے، اور دوسری سند مرفوع متصل ہے .... الْأَرْمَلَة: بیوہ،

جمع أَرَامِلَة............اور حدیث میں مسکین سے مراد بیوہ کا یتیم بچہ ہے۔

بَابُ السَّاعِیْ عَلٰی الْمِسْکِیْنِ

غریب کا کام کرنے والا

حدیث گذشتہ باب والی ہے، اس میں مسکین سے مراد عام غریب نہیں، بلکہ بیوہ کا یتیم بچہ مراد ہے، امام ترمذیؒ نے حدیث پر باب قائم کیا ہے: باب ماجاء فی السعی علی الأرملة والیتیم اور اشارہ کیا ہے کہ حدیث میں مسکین سے بیوہ کا یتیم بچہ مراد ہے، پس عام مسکین کو یتیم پر قیاس کریں گے۔

[٢٦-] بَابُ السَّاعِیْ عَلٰی الْمِسْکِیْنِ

[٦٠٠٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِیْ الْغَيْثِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: " السَّاعِیْ عَلَی الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالْمُجَاهِدِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" وَأَحْسِبُهُ قَالَ - يَشُكُّ الْقَعْنَبِیُّ -: "كَالْقَائِمِ لاَ يَفْتُرُ، وَكَالصَّائِمِ لاَ يُفْطِرُ" [راجع: ٥٣٥٣]

وضاحت: امام بخاریؒ کے استاذ عبداللہ بن مسلمہ قعنبیؒ کہتے ہیں: اور میں امام مالکؒ کو گمان کرتا ہوں کہ انھوں نے حدیث میں دوسرا مضمون بھی بیان کیا ہے۔

بَابُ رَحْمَةِ النَّاسِ وَالْبَهَائِمِ

انسانوں اور جانوروں پر مہربانی کرنا

شریعت نے عام انسانوں اور دوسری مخلوقات کے ساتھ مہربانی کرنے کا حکم دیا ہے، پہلی حدیث میں اس شفقت ومہربانی کا بیان ہے جو نبی ﷺ نے طالب علموں پر کی ہے۔ مالک بن الحویرثؓ اپنی قوم کے چند جوانوں کے ساتھ جو سب تقریباً ہم عمر تھے: مدینہ پڑھنے آئے، بیس دن کے بعد نبی ﷺ نے محسوس کیا کہ ان کو بیوی بچے یاد آرہے ہیں، اور آپؐ نرم دل مہربان تھے، چنانچہ آپؐ نے خود ان کو لوٹنے کی اجازت دی، باقی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ٢:٤٩١) آئی ہے۔ یہ حدیث باب کے پہلے جزء سے متعلق ہے، اس میں عام انسانوں پر مہربانی کا ذکر ہے۔

[٢٧-] بَابُ رَحْمَةِ النَّاسِ وَالْبَهَائِمِ

[٦٠٠٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِیْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَبِیْ سُلَيْمَانَ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، قَالَ: أَتَيْنَا النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم وَنَحْنُ شَبَبَةٌ مُتَقَارِبُوْنَ، فَأَقَمْنَا

عِنْدَهُ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً، فَظَنَّ أَنَّا اشْتَقْنَا أَهْلَنَا، وَسَأَلَنَا عَمَّنْ تَرَكْنَا فِيْ أَهْلِيْنَا، فَأَخْبَرْنَاهُ، وَكَانَ رَقِيْقًا رَحِيْمًا، فَقَالَ: "ارْجِعُوْا إِلٰى أَهْلِيْكُمْ فَعَلِّمُوْهُمْ وَمُرُوْهُمْ، وَصَلُّوْا كَمَا رَأَيْتُمُوْنِىْ أُصَلِّىْ، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلاَةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ أَحَدُكُمْ، ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمْ أَكْبَرُكُمْ" [راجع: ٦٢٨]

اگلی روایت میں جو واقعہ ہے: وہ پہلے کئی جگہ گذرا ہے، ایک بندے نے پیاسے کتّے کو پانی پلا کر جان بچائی تو اللہ تعالیٰ نے اس کا شکریہ ادا کیا یعنی اس کو بخش دیا، یہ روایت باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے، جانوروں کے ساتھ حسن سلوک کرنے میں بھی ثواب ہے۔

[٦٠٠٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلَى أَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِىْ بِطَرِيْقٍ اشْتَدَّ عَلَيْهِ الْعَطَشُ، فَوَجَدَ بِئْرًا فَنَزَلَ فِيْهَا فَشَرِبَ ثُمَّ خَرَجَ، فَإِذَا كَلْبٌ يَلْهَثُ يَأْكُلُ الثَّرَى مِنَ الْعَطَشِ، فَقَالَ الرَّجُلُ: لَقَدْ بَلَغَ هٰذَا الْكَلْبَ مِنَ الْعَطَشِ مِثْلُ الَّذِىْ كَانَ بَلَغَ بِىْ، فَنَزَلَ الْبِئْرَ فَمَلَأَ خُفَّهُ، ثُمَّ أَمْسَكَهُ بِفِيْهِ، فَسَقَى الْكَلْبَ، فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ فَغَفَرَ لَهُ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَإِنَّ لَنَا فِى الْبَهَائِمِ أَجْرًا؟ فَقَالَ: "فِىْ كُلِّ ذَاتِ كَبِدٍ رَطْبَةٍ أَجْرٌ" [راجع: ١٨٣]

اگلی حدیث: میں ہے کہ ایک بدو نے دعا کی: "اے اللہ! مجھ پر اور محمدؐ پر مہربانی فرما، اور ہمارے ساتھ کسی اور پر مہربانی نہ فرما! نبی ﷺ نماز پڑھ رہے تھے، آپؐ نے اس کی دعا سنی، سلام کے بعد آپؐ نے فرمایا: "تو نے ایک وسیع چیز (اللہ کی رحمت) کو تنگ کر دیا!" یہ حدیث باب کے دونوں اجزاء سے متعلق ہے (اس حدیث کا یہ مضمون اسی جگہ ہے)

[٦٠١٠-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِىْ صَلاَةٍ وَقُمْنَا مَعَهُ، فَقَالَ أَعْرَابِىٌّ، وَهُوَ فِى الصَّلاَةِ: اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِىْ وَمُحَمَّدًا، وَلاَ تَرْحَمْ مَعَنَا أَحَدًا، فَلَمَّا سَلَّمَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِلْأَعْرَابِيِّ: "لَقَدْ حَجَّرْتَ وَاسِعًا" يُرِيْدُ رَحْمَةَ اللّٰهِ.

آئندہ حدیث: نئی اور اہم ہے۔ اس میں یہ مضمون ہے کہ امتِ مسلمہ ایک جسم و جان رکھنے والا وجود ہے، اور اس کے افراد اس کے اعضاء ہیں، جب جسم کے ایک عضو میں تکلیف ہوتی ہے تو اس کے سارے ہی اعضاء تکلیف محسوس کرتے ہیں، اسی طرح ملتِ اسلامیہ کے ہر فرد کو دوسرے افراد کی تکلیف محسوس کرنی چاہئے، اور ہر شخص کو دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہونا چاہئے، پس حدیث باب کے پہلے جزء سے متعلق ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "دیکھے تو مؤمنین کو ایک دوسرے پر مہربانی کرنے میں، اور ایک دوسرے سے

محبت کرنے میں، اور ایک دوسرے سے نرمی کا برتاؤ کرنے میں جسم کے مانند، جب اس (جسم) کا کوئی عضو بیمار پڑتا ہے تو اس عضو کے لئے اس کا سارا جسم بلاتا ہے (دوسرے اعضاء کو) بے خوابی اور بخار کے ساتھ یعنی سارا جسم اس بیمار عضو کے ساتھ ان دو باتوں میں شریک ہوتا ہے۔

لغات: تَرَاحَمَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا .... تَوَادّ کی اصل تَوَادَدَ ہے: باہم محبت کرنا .... تَعَاطَفَ: ایک دوسرے کے ساتھ لطف (نرمی) کا برتاؤ کرنا .... تینوں فعل باب تفاعل سے ہیں، جس میں اشتراک کا خاصہ ہے .... اشتکی: بیمار ہونا .... تداعی القومُ: ایک دوسرے کو بلانا۔

ترکیب: اشتکیٰ کی ضمیر جسد کی طرف لوٹتی ہے...... عضوًا: تمیز ہے فاعل (جسد) کے ابہام کو دور کرنے کے لئے آئی ہے...... له کی ضمیر بھی جسد کی طرف لوٹتی ہے...... سائر جسده: تداعی کا فاعل ہے اور مفعول بہ محذوف ہے۔

[۶۰۱۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ ابْنَ بَشِيْرٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَرَاحُمِهِمْ وَتَوَادِّهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ، إِذَا اشْتَكَى عُضْوًا تَدَاعِى لَهُ سَائِرُ جَسَدِهِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمَّى "

آئندہ دو حدیثیں: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو بھی مسلمان کوئی پودا لگائے، پس اس میں سے کوئی انسان یا چوپایہ کھائے تو ہوگا اس کے لئے اس کھانے کی وجہ سے ثواب —— یہ آٹومیٹکلی مہربانی ہے، پس حدیث باب کے دونوں اجزاء سے متعلق ہے، اسی طرح آخری حدیث بھی باب کی دونوں اجزاء سے متعلق ہے کہ جو مہربانی نہیں کرتا وہ مہربانی نہیں کیا جاتا۔

[۶۰۱۲-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَا مِنْ مُسْلِمٍ غَرَسَ غَرْسًا فَأَكَلَ مِنْهُ إِنْسَانٌ أَوْ دَابَّةٌ إِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ "

[راجع: ۲۳۲۰]

[۶۰۱۳-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ "

[طرفه: ۷۳۷۶]

بَابُ الْوَصَايَةِ بِالْجَارِ

پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی تاکید

ماں باپ، اولاد اور رشتہ داروں کے علاوہ پڑوسیوں سے بھی واسطہ پڑتا ہے، ان کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں تو زندگی

چین وسکون سے گذرتی ہے، اس لئے یہاں سے کئی ابواب تک ہمسایوں کے حقوق کا بیان ہے۔

آیتِ کریمہ: سورۃ النساء کی (آیت ۳۶) ہے: ﴿وَاعْبُدُوْا اللّٰهَ وَلاَ تُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا وَّبِذِيْ الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْجَارِ ذِى الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ، وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ، وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ، إِنَّ اللّٰهَ لاَيُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالاً فَخُوْرًا﴾:

ترجمہ: اورتم اللہ کی بندگی کرو، اوراس کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرو، اور والدین کے ساتھ اچھا معاملہ کرو، اور اہل قرابت کے ساتھ، اور یتیموں کے ساتھ، اور غریب غرباء کے ساتھ، اور پاس والے پڑوسی کے ساتھ، اور دور والے پڑوسی کے ساتھ، اور ہم مجلس کے ساتھ، اور راہ گیر کے ساتھ، اور غلام باندیوں کے ساتھ، بے شک اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے بڑا بننے والے شیخی بگارنے والے کو۔

تفسیر: اس آیت میں دیگر لوگوں کے ساتھ پاس والے پڑوسی کے ساتھ اور دور والے پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کا حکم ہے، اور آیت کے فاصلہ میں علتِ حکم کی طرف اشارہ ہے، جس کے مزاج میں تکبر وخود پسندی ہوتی ہے، جو کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتا، وہ اہل حقوق کے حقوق ادا نہیں کرتا، ہمسایوں کے ساتھ بھی اس کا معاملہ ٹھیک نہیں ہوتا، پس انسان کو خاکساری اور تواضع اختیار کرنی چاہئے، متواضع اور ملنسار آدمی سے سب محبت کرتے ہیں، ہمسایوں کا برتاؤ بھی اس کے ساتھ اچھا ہوتا ہے۔

حدیث: حضرات عائشہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جبرئیل علیہ السلام مجھے برابر پڑوسیوں کے بارے میں تاکید کرتے رہے، یہاں تک کہ مجھے خیال ہونے لگا کہ وہ اس کو وارث قرار دیں گے''یعنی وہ یہ حکم لائیں گے کہ پڑوسی بھی دیگر ورثاء کے ساتھ وارث ہے، یہ پڑوسی کے حق کی اہمیت کے بیان کے لئے نہایت مؤثر اور بلیغ ترین عنوان ہے۔

[۲۸-] بَابُ الْوَصَايَةِ بِالْجَارِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاعْبُدُوْا اللّٰهَ وَلاَ تُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا﴾ الآيَةَ. [النساء: ۳٦]

[۶۰۱۴-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''مَا زَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّـهُ سَيُوَرِّثُهُ''

[۶۰۱۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''مَا زَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّـهُ سَيُوَرِّثُهُ.

بَابُ إِثْمِ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بِوَائِقَهُ

جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے محفوظ نہیں وہ بڑا گنہگار ہے

بَوَائق: بائقة کی جمع ہے: فتنہ، مصیبت، شرارت، ستانا...... اورسورۃ الشوری (آیت ۳۴) میں ہے: ﴿أَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا﴾: یاان (جہازوں) کوان کے اعمال (بد) کے سبب تباہ کردیں، یہ إِيْبَاق (باب افعال) سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر غائب ہے...... اورسورۃ الکہف (آیت ۵۲) میں مَوْبِقًا (ظرف مکان) ہے: ہلاکت کی جگہ، مراد جہنم کا خاص درجہ ہے، فعل: وَبَقَ يَبِقُ وَبْقًا: ہلاک ہونا، بابہ ضَرب و سمع۔

حدیث: نبی ﷺ نے ایک دن بڑے جلال میں بار بار فرمایا: ''بخدا! وہ شخص مؤمن نہیں!'' صحابہ نے پوچھا: کون؟ یارسول اللہ! فرمایا: ''وہ جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے محفوظ نہیں!'' یعنی ایمان کے لئے ضروری ہے کہ ہمسایوں کے ساتھ برتاؤ شریفانہ ہو، وہ اس کی طرف سے بے خوف رہیں، جبھی وہ کامل مؤمن ہے، ورنہ کیا خاک اس کا ایمان ہے!

[۲۹-] بَابُ إِثْمِ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بِوَائِقَهُ

﴿يُوْبِقْهُنَّ﴾: يُهْلِكْهُنَّ. ﴿مَوْبِقًا﴾ مَهْلِكًا.

[۶۰۱۶-] حدثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ شُرَيْحٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " وَاللهِ لَا يُؤْمِنُ! وَاللهِ لَا يُؤْمِنُ! وَاللهِ لَا يُؤْمِنُ!" قِيْلَ: وَمَنْ يَارَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: " الَّذِىْ لَايَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ"

تَابَعَهُ شَبَابَةُ، وَأَسَدُ بْنُ مُوْسَى، وَقَالَ حُمَيْدُ بْنُ الْأَسْوَدِ، وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، وَأَبُوْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، وَشُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ: عَنِ ابْنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

سند: ابن ابی ذئب کے تلامذہ میں اختلاف ہے: عاصم، شبابہ اور اسد: آخر میں حضرت ابوشریح عدوی کا ذکر کرتے ہیں، اور دوسرے چار: حضرت ابو ہریرہؓ کا اور امام بخاریؒ کے نزدیک دونوں سندیں صحیح ہیں۔

بَابٌ: لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا

عورتیں بھی ہمسایوں کے حقوق کا خیال رکھیں

مردوں کی بہ نسبت عورتوں کو پڑوسیوں کے ساتھ زیادہ واسطہ پڑتا ہے، ان کا ہر وقت کا ساتھ ہوتا ہے، اس لئے خواتین کو خاص طور پر ہدایت دی کہ وہ پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کریں، طبرانی کی اوسط میں روایت ہے کہ جب تم میں سے کوئی ہانڈی

پکائے تو شوربا بڑھالے، پھر اس میں سے کچھ پڑوسی کو بھیج دے، اور باب کی حدیث میں نبی ﷺ نے خواتین سے خطاب فرمایا ہے: ''او مسلمان عورتو! ہرگز معمولی نہ سمجھے پڑوسن پڑوسن کے لئے اگرچہ بکری کا پایا ہو'' یعنی معمولی ہدیہ بھی دے سکتی ہو تو دے!

[۳۰-] بَابٌ: لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا

[۶۰۱۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، هُوَ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' يَا نِسَاءَ الْمُسْلِمَاتِ! لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ فِرْسِنَ شَاةٍ'' [راجع: ۲۵۶۶]

بَابُ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ

ہمسایہ کو نہ ستانا ایمانی عمل ہے

یہ منفی پہلو سے ہمسایہ کے حقوق کا بیان ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے ہمسایہ کو تکلیف نہیں پہنچاتا! اور باب کی حدیثوں میں دو مضمون اور بھی ہیں:

۱- جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے مہمان کا اکرام کرتا ہے، اور اکرام سے مراد انعام ہے، صحابہ نے پوچھا: مہمان کا انعام کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''یک شبانہ روز پر تکلف ضیافت کرنا'' پھر فرمایا: ''مہمانی تین دن ہے، اس کے بعد خیرات ہے!''

۲- جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ بھلی بات کہے یا خاموش رہے (کیونکہ منہ سے نکلی ہوئی بات ریکارڈ کرلی جاتی ہے، پس مہمان کو ٹلانے کے لئے بھی بھونڈا طریقہ اختیار نہ کرے)

[۳۱-] بَابُ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ

[۶۰۱۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ'' [راجع: ۵۱۸۵]

[۶۰۱۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ، قَالَ: سَمِعَتْ أُذُنَايَ وَأَبْصَرَتْ عَيْنَايَ حِيْنَ تَكَلَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: ''مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ:

جَائِزَتَهُ" قَالَ: وَمَا جَائِزَتُهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَالضِّيَافَةُ ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ، فَمَا كَانَ وَرَاءَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ عَلَيْهِ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ"[طرفاه: ٦١٣٥، ٦٤٧٦]

وضاحت: جائزته: ضیفه سے بدل ہے۔

بَابُ حَقِّ الْجِوَارِ فِي قُرْبِ الأَبْوَابِ

جس پڑوسی کا دروازہ قریب ہے: اس کا حق پہلے ہے

پڑوسی تو سارا محلّہ ہے، سارا گاؤں ہے اور سارا شہر ہے، پس کس کے ساتھ حسن سلوک کرے؟ یہ سوال حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا تھا کہ میرے دو پڑوسی ہیں: میں کس کو ہدیہ بھیجوں؟ آپؐ نے فرمایا: "جس کا دروازہ تمہارے گھر سے قریب ہے (اس کو ہدیہ بھیجو، کیونکہ الأقرب فالأقرب کے قاعدہ سے اس کا حق مقدم ہے)

فائدہ: اگر دور کے پڑوسی میں کوئی وجہ ترجیح ہو تو اس کو مقدم کر سکتے ہیں، مثلاً: وہ رشتہ دار ہے یا اس سے خاص تعلق ہے تو اس کو مقدم کیا جا سکتا ہے۔

[٣٢-] بَابُ حَقِّ الْجِوَارِ فِي قُرْبِ الأَبْوَابِ

[٦٠٢٠-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ عِمْرَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ لِيْ جَارَيْنِ فَإِلٰى أَيِّهِمَا أُهْدِيْ؟ قَالَ:" إِلٰى أَقْرَبِهِمَا مِنْكِ بَابًا"[راجع: ٢٢٥٩]

بَابٌ: كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ

ہر نیک کام خیرات ہے

ہمسایوں کے حقوق کا بیان پورا ہوا، اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں، اور ایک عام باب لائے ہیں کہ ہر نیک کام خیرات ہے، صدقہ بمعنی ثواب ہے، اور معروف: منکر کی ضد ہے: ہر وہ کام جس کی خوبی عقلاً وشرعاً ثابت ہو، مثلاً: قریب کے پڑوسی کے ساتھ دور کے پڑوسی کو ہدیہ بھیجے تو یہ بھی نیک کام باعثِ اجر ہے۔

باب کی پہلی حدیث میں یہی ضابطہ ہے، اور دوسری حدیث میں جب نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہر مسلمان پر خیرات لازم ہے تو صحابہ نے پوچھا: اگر خیرات کرنے کے لئے کوئی چیز نہ ہو؟ آپؐ نے فرمایا: اپنے ہاتھوں سے کام کرے، آمدنی سے خود بھی منتفع ہو اور خیرات بھی کرے یعنی ہاتھ میں کچھ نہ ہو تو کمائے اور خیرات کرے، صحابہ نے پوچھا: اگر اس کی استطاعت نہ ہو؟

فرمایا: ''پس شکستہ دل حاجت مند کی مدد کرے!'' عرض کیا گیا: یہ بھی نہ کرسکے تو؟ فرمایا: پس بھلی بات کا حکم دے (یہاں باب ہے) عرض کیا گیا: یہ بھی نہ کرے تو؟ فرمایا: ''پس برائی (پہنچانے) سے رک جائے، کیونکہ یہ بھی (منفی پہلو سے) خیرات ہے۔

[۳۳-] بَابٌ: كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ

[۶۰۲۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ''

[۶۰۲۲-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ'' قَالُوْا: فَإِنْ لَمْ يَجِدْ؟ قَالَ:'' فَيَعْمَلُ بِيَدَيْهِ فَيَنْفَعُ نَفْسَهُ وَيَتَصَدَّقُ'' قَالُوْا: فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ أَوْ: لَمْ يَفْعَلْ؟ قَالَ: ''فَلْيُعِنْ ذَا الْحَاجَةِ الْمَلْهُوْفَ'' قَالُوْا: فَإِنْ لَمْ يَفْعَلْ؟ قَالَ:'' فَيَأْمُرُ بِالْخَيْرِ'' أَوْ قَالَ:'' بِالْمَعْرُوْفِ'' قَالَ: فَإِنْ لَمْ يَفْعَلْ؟ قَالَ:'' فَلْيُمْسِكْ عَنِ الشَّرِّ، فَإِنَّهُ لَهُ صَدَقَةٌ'' [راجع: ۱۴۴۵]

لغت: لَهِفَ (س) لَهْفًا: کرب وکلفت میں مبتلا ہونا، مظلوم وستم رسیدہ ہونا، شکستہ خاطر ہونا، فهو ملهوف۔

بَابُ طِيْبِ الْكَلَامِ

خوش کلامی کا بیان

خوش کلامی دل کو خوش کرتی ہے، اور اگر وہ دینی بات ہے تو ہم خرما ہم ثواب! اس لئے فرمایا: الكلمة الطيبة صدقة: اچھی بات خیرات (کارِثواب) ہے۔ اور ایک مرتبہ آپؐ نے دوزخ کا تذکرہ کیا تو اس سے پناہ چاہی اور نفرت سے اپنا منہ پھیرا، پھر دوبارہ دوزخ کا ذکر کیا، اور نفرت سے اپنا منہ پھیرا، پھر فرمایا: ''دوزخ سے بچو!'' یعنی اس سے بچنے کا سامان کرو: ''اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ذریعہ ہو'' یعنی معمولی صدقہ کرسکو تو اس سے بھی گریز مت کرو'' اور اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو اچھی بات کہنے کے ذریعہ دوزخ سے بچو!'' (یہ حدیث تفصیل سے پہلے (تحفۃ القاری ۴: ۱۷۸) آئی ہے۔ وہاں دوزخ کا تفصیلی تذکرہ ہے)

[۳۴-] بَابُ طِيْبِ الْكَلَامِ

وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:'' الْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ''

[۶۰۲۳-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: ذَكَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم النَّارَ، فَتَعَوَّذَ مِنْهَا، وَأَشَاحَ بِوَجْهِهِ، ثُمَّ ذَكَرَ النَّارَ، فَتَعَوَّذَ مِنْهَا

وَأَشَاحَ بِوَجْهِهِ – قَالَ شُعْبَةُ: أَمَّا مَرَّتَيْنِ فَلاَ أَشُكُّ – ثُمَّ قَالَ: "اتَّقُوْا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، فَإِنْ لَمْ تَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ. [راجع: ۱۴۱۳]

بَابُ الرِّفْقِ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ

ہر معاملہ میں نرمی کرنا

نرمی معاملات کو مزین کرتی ہے، اور سختی خراب کرتی ہے، اس لئے عموماً ہر معاملہ میں نرمی برتنی چاہئے، یہود کی ایک جماعت خدمتِ نبوی میں آئی، اور انھوں نے زبان موڑ کر کہا: السَّامُ علیکم: تم مرو! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کی شرارت بھانپ لی، انھوں نے کہا: تم مرو اور تم پر اللہ کی پھٹکار ہو! نبی ﷺ نے فرمایا: "صبر سے کام لو عائشہ! اللہ تعالیٰ ہر معاملہ میں نرمی کو پسند کرتے ہیں" حضرت عائشہؓ نے کہا: یارسول اللہ! آپؐ نے سنا نہیں ان لوگوں نے کیا کہا! آپؐ نے فرمایا: میں نے ان کو (ترکی بہ ترکی) جواب دیدیا: علیکم: (ہم کیوں مریں!) تم مرو! (مگر شاید وہ بات سمجھ نہیں سکے، یہی نرمی کرنا ہے، نہ سانپ بچا نہ لاٹھی ٹوٹی!)

اور دوسری حدیث میں ہے کہ ایک بدو نے مسجدِ نبوی میں پیشاب کر دیا، صحابہ نے شور مچایا: کیا کرتا ہے! کیا کرتا ہے! نبی ﷺ نے فرمایا: اس کا پیشاب مت روکو، پھر جب وہ پیشاب سے فارغ ہوا تو آپؐ نے حکم دیا کہ بھیگی مٹی کھود کر باہر ڈال دو (طحاوی) اور ایک بالٹی پانی اس جگہ ڈال دو، تاکہ بدبو زمین میں اتر جائے، پھر بدو کو بلا کر مسئلہ سمجھایا (یہ نرمی برتنا ہے)

[۳۵-] بَابُ الرِّفْقِ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ

[۶۰۲۴-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: دَخَلَ رَهْطٌ مِنَ الْيَهُوْدِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالُوْا: السَّامُ عَلَيْكُمْ. قَالَتْ عَائِشَةُ: فَفَهِمْتُهَا فَقُلْتُ: عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ! قَالَتْ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَهْلاً يَا عَائِشَةُ! إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قَدْ قُلْتُ: عَلَيْكُمْ" [راجع: ۲۹۳۵]

[۶۰۲۵-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ أَعْرَابِيًا بَالَ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَامُوْا إِلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَاتُزْرِمُوْهُ" ثُمَّ دَعَا بِدَلْوٍ مِنْ مَاءٍ فَصَبَّ عَلَيْهِ. [راجع: ۲۱۹]

بَابُ تَعَاوُنِ الْمُؤْمِنِيْنَ بَعْضِهِمْ بَعْضًا

مسلمان ایک دوسرے کے مددگار بنیں

خیر خواہی، خیر اندیشی اور تعاون باہمی میں اسلامی برادری مضبوط عمارت کی طرح ہے، عمارت مختلف اجزاء کا مجموعہ ہوتی ہے، وہ باہم پیوست ہوتے ہیں تو مضبوط عمارت وجود میں آتی ہے۔ باب کی پہلی حدیث میں یہی مضمون ہے، فرمایا: ''مؤمن: مؤمن کے لئے عمارت کی طرح ہے، جس کا بعض بعض کو مضبوط کرتا ہے'' پھر آپؐ نے ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پیوست کیا —— اور دوسری حدیث ہے کہ ایک حاجت مند خدمتِ نبوی میں آیا، آپؐ صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: ''سفارش کرو ثواب دیئے جاؤ گے، اور اللہ تعالیٰ اپنے نبی کے ذریعہ جو چاہیں گے فیصلہ کریں گے!'' یہ لوگوں کا سفارش کرنا خیر خواہی اور تعاون ہے، اس سے دریغ نہیں کرنا چاہئے۔ اور آخری جملہ کا مطلب یہ ہے کہ سفارش قبول کرنا ضروری نہیں، بڑے کا اختیار ہے چاہے قبول کرے چاہے نہ کرے۔

[۳۶-] بَابُ تَعَاوُنِ الْمُؤْمِنِيْنَ بَعْضِهِمْ بَعْضًا

[۶۰۲۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جَدِّيْ أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ، يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا'' ثُمَّ شَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ. [راجع: ۴۸۱]

[۶۰۲۷-] وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم جَالِسًا، إِذْ جَاءَ رَجُلٌ يَسْأَلُ أَوْ: طَالِبُ حَاجَةٍ، أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: '' اشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا، وَلْيَقْضِ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَاشَاءَ'' [راجع: ۱۴۳۲]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُنْ لَّهُ نَصِيْبٌ مِنْهَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿مُقِيْتًا﴾

اچھی سفارش کرے تو اس سے حصہ ملے گا، اور بری سفارش کرے تو اس سے حصہ ملے گا

کسی نے اپنے تعلقات یا رسوخ سے کام لے کر کسی مالدار سے کسی غریب کی مدد کرائی تو اس کو بھی صدقہ کا ثواب ملے گا، اور کسی نے اپنے تعلقات یا رسوخ سے کسی کو سودی قرض دلوایا تو وہ بھی سود دینے کے گناہ میں شریک ہوگا، پس اچھی سفارش کرو اور بری سفارش سے بچو۔

آیتِ کریمہ: سورۃ النساء کی (آیت ۸۵) ہے: ﴿مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُنْ لَهُ نَصِيْبٌ مِنْهَا، وَمَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ لَهُ كِفْلٌ مِنْهَا، وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ مُقِيْتًا﴾: جو شخص اچھی سفارش کرے اس کو اس سے حصہ ملے گا، اور جو شخص بری سفارش کرے اس کو اس سے حصہ ملے گا، اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والے ہیں۔

کفل کے معنی: کفل کے دو معنی ہیں: اول: حصہ، مذکورہ آیت میں یہی معنی ہیں، یہ معنی ابوعبیدۃ نے بیان کئے ہیں دوم: دوچند، دوگنا، سورۃ الحدید (آیت ۲۸) میں یہ معنی ہیں، یہ معنی حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کئے ہیں، فرمایا: حبشی زبان میں کفل کے یہ معنی ہیں، سورۃ الحدید کی آیت یہ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ، وَآمِنُوْا بِرَسُوْلِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَحْمَتِهِ﴾: اے (عیسیٰ پر) ایمان رکھنے والو! اللہ سے ڈرو، اور اس کے رسول (محمدؐ) پر ایمان لاؤ، اللہ تعالیٰ تم کو اپنی رحمت سے دو حصے دے گا۔

اور حدیث وہی ہے جو ابھی گذری کہ سفارش کرو اجر دیئے جاؤ گے، یہ بات اچھی سفارش کرنے کی صورت میں ہے، اور مقابلۃً بری سفارش کا حکم جانا جاسکتا ہے۔

[۳۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُنْ لَّهُ نَصِيْبٌ مِنْهَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿مُقِيْتًا﴾

﴿كِفْلٌ﴾: نَصِيْبٌ، قَالَ أَبُوْ مُوْسَى: ﴿كِفْلَيْنِ﴾ أَجْرَيْنِ بِالْحَبَشِيَّةِ.

[۶۰۲۸-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ إِذَا أَتَاهُ السَّائِلُ أَوْ: صَاحِبُ الْحَاجَةِ، قَالَ: "اشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا، وَيَقْضِي اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهِ مَاشَاءَ" [راجع: ۱۴۳۲]

بَابٌ: لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا

نبی ﷺ نہ طبعی طور پر فحش گو تھے، اور نہ بہ تکلف فحش باتیں کرتے تھے

بعض لوگ فطری طور پر بیہودہ باتیں کرنے کے عادی ہوتے ہیں، اور بعض لوگ بہ تکلف مجلس گرم کرنے کے لئے یا مجلس کا طرز نباہنے کے لئے فحش گوئی کرتے ہیں، نبی ﷺ کے اخلاق میں یہ دونوں باتیں نہیں تھیں، یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی بیان کی ہے، رواہ الترمذی (حدیث ۲۰۱۴)

حدیث: سنہ ۴۱ ہجری میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کوفہ آئے تھے، ان کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمرو بھی آئے تھے، مسروق (تلمیذ ابن مسعودؓ) ان کی خدمت میں گئے، حضرت عبداللہ نے رسول اللہ ﷺ کا تذکرہ کیا تو فرمایا: آپؐ فحش گو نہیں تھے اور نہ بہ تکلف فحش باتیں کرتے تھے، اور انھوں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد بھی سنایا کہ تم میں بہترین وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق بہتر ہیں (اور آپ ﷺ بہترین خلائق تھے، اس لئے کہ آپؐ کے اخلاق سب سے بہتر تھے)

[۳۸-] بَابٌ: لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا

[۶۰۲۹-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، سَمِعْتُ

مَسْرُوْقًا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو. ح: وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو حِيْنَ قَدِمَ مَعَ مُعَاوِيَةَ إِلَى الْكُوْفَةِ، فَذَكَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ: لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا، وَقَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّ مِنْ أَخْيَرِكُمْ أَحْسَنَكُمْ خُلُقًا" [راجع: ۳۵۵۹]

آئندہ حدیث: ابھی گذری ہے، مگر سیاق قدرے مختلف ہے، صدیقہؓ بیان کرتی ہیں: یہود خدمتِ نبوی میں آئے، اور انھوں نے کہا: السَّام علیکم: تم مرو! صدیقہؓ نے جواب دیا: علیکم: تم مرو! اور تم کو اللہ تعالیٰ رحمت سے دور کردیں، اور تم پر اللہ کا غضب ٹوٹے! آپؐ نے فرمایا: "عائشہ رکو! نرمی اختیار کرو، اور سختی اور فحش گوئی سے بچو" (یہاں باب ہے) صدیقہؓ نے کہا: یارسول اللہ! کیا آپؐ نے ان کی بات نہیں سنی! آپؐ نے فرمایا: "کیا تم نے وہ بات نہیں سنی جو میں نے کہی، میں نے ان کو جواب دیدیا، پس میری دعا ان کے حق میں قبول کی جائے گی، اور ان کی دعا میرے حق میں قبول نہیں کی جائے گی۔

[۶۰۳۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ يَهُوْدَ أَتَوُا النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالُوْا: السَّامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: عَلَيْكُمْ، وَلَعَنَكُمُ اللّٰهُ، وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ! قَالَ: "مَهْلًا يَا عَائِشَةُ، عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ، وَإِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ" قَالَتْ: أَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا؟ قَالَ: "أَوَلَمْ تَسْمَعِيْ مَا قُلْتُ؟ رَدَدْتُ عَلَيْهِمْ، فَيُسْتَجَابُ لِيْ فِيْهِمْ، وَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِيَّ" [راجع: ۲۹۳۵]

آئندہ حدیث: نئی ہے۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ مطلق گالیاں دینے والے، فحش گوئی کرنے والے اور لعن طعن کرنے والے نہیں تھے (جیسے ارشادِ پاک ہے: ﴿وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيْدِ﴾: اور آپ کے ربّ بندوں پر مطلق ظلم کرنے والے نہیں) اور آپؐ ہم میں سے ایک سے اظہارِ ناراضگی کے وقت کہا کرتے تھے: "اس کو کیا ہوا؟ اس کی پیشانی خاک آلود ہو!"

[۶۰۳۱-] حدثنا أَصْبَغُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ ابْنِ أُسَامَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم سَبَّابًا وَلَا فَاحِشًا وَلَا لَعَّانًا، كَانَ يَقُوْلُ لِأَحَدِنَا عِنْدَ الْمَعْتَبَةِ: "مَالَهُ؟ تَرِبَ جَبِيْنُهُ!" [طرفه: ۶۰۴۶]

آئندہ حدیث: ایک شخص نے خدمتِ نبوی میں حاضری کی اجازت طلب کی، پس جب آپؐ نے اس کو دیکھا تو فرمایا: قبیلہ کا برا آدمی ہے! پھر جب وہ بیٹھا تو آپؐ نے اس سے خندہ روئی سے بات کی اور آپؐ اس کے لئے بے تکلف ہوگئے، پھر جب وہ چلا گیا تو صدیقہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! جب آپؐ نے اس آدمی کو دیکھا تھا تو یہ اور یہ فرمایا تھا، پھر آپؐ نے اس سے خندہ پیشانی سے بات کی اور آپ اس کے لئے بے تکلف ہوگئے! پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اے عائشہ!

تم نے مجھے کب بدگو پایا ہے؟ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک مرتبہ کے اعتبار سے بدترین وہ شخص ہوگا جس کو لوگ چھوڑ دیں اس کے شر سے بچنے کے لئے!'' یعنی اس کی بداخلاقی کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا جلنا ترک کردیں، چنانچہ آپؐ نے آنے والے کے ساتھ سختی اور تندی سے بات نہیں کی تاکہ وہ صلاح وفلاح سے محروم نہ لوٹے۔

[۶۰۳۲-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عِيْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَجُلًا اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا رَآهُ قَالَ:'' بِئْسَ أَخُوْ الْعَشِيْرَةِ! وَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ'' فَلَمَّا جَلَسَ تَطَلَّقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ وَجْهِهِ، وَانْبَسَطَ إِلَيْهِ، فَلَمَّا انْطَلَقَ الرَّجُلُ قَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! حِيْنَ رَأَيْتَ الرَّجُلَ قُلْتَ لَهُ كَذَا وَكَذَا، ثُمَّ تَطَلَّقْتَ فِي وَجْهِهِ، وَانْبَسَطْتَ إِلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''يَا عَائِشَةُ مَتَى عَاهَدْتِنِيْ فَحَّاشًا؟! إِنَّ شَرَ النَّاسِ عِنْدَ اللهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ شَرِّهِ''[طرفاه: ۶۰۵۴، ۶۱۳۱]

وضاحت: بئس أخو العشيرة وبئس ابن العشيرة: ترمذی میں روایت میں أو شک راوی کا ہے، پس دونوں کا مطلب ایک ہے۔

بَابُ حُسْنِ الْخُلُقِ وَالسَّخَاءِ، وَمَا يُكْرَهُ مِنَ الْبُخْلِ

اخلاق کی خوبی اور سخاوت اور بخل کی کراہیت

السخاء: خاص کا عام پر عطف ہے، اور بخل اس کی ضد ہے، اس لئے باب میں اس کو بھی لیا۔ اخلاق کی خوبی عام طور پر اور سخاوت خاص طور پر مطلوب ہے، اور بخل سخت ناپسندیدہ عادت ہے۔

احادیث میں ایمان کے بعد جس چیز پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے وہ اخلاقِ حسنہ ہیں، بعثتِ نبوی کے مقاصد میں ایک مقصد تزکیہ بھی ہے یعنی لوگوں کو اخلاقِ رذیلہ سے پاک کرنا اور اخلاقِ حسنہ سے آراستہ کرنا۔ اور حدیث میں ہے: بُعثتُ لِأُتَمِّمَ حُسنَ الأخلاق: میں اس واسطے بھیجا گیا ہوں کہ اخلاقِ حسنہ کی تکمیل کروں، تمام اچھے اخلاق امت کو سکھلادوں، چنانچہ احادیث میں مثبت ومنفی پہلوؤں سے اخلاق کا بیان ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں دونوں کو جمع کیا ہے، اور اخلاقِ حسنہ کا یہ بیان کئی ابواب تک چلے گا۔

پہلی حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۱:۱۵۲) گذری ہے: ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ سخی تھے، اور رمضان المبارک میں آپؐ کی سخاوت اور بڑھ جاتی تھی۔

دوسری حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۷:۱۰۷) آئی ہے: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی انیس کو مکہ بھیجا کہ وہ نبی ﷺ کے احوال معلوم کرکے آئیں، وہ مکہ آئے، آپؐ سے ملے اور واپس جاکر بتلایا کہ میں نے ان کو بلند اخلاق کی تعلیم

دیتے ہوئے دیکھا (مَکَارِمُ الأخلاق: اخلاقی بلندیاں، اعلی درجہ کے اخلاق)

تیسری حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۶:۲۲۱) آئی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ سب سے زیادہ خوبصورت، سب سے زیادہ بہادر اور سب سے زیادہ سخی تھے، پھر حضرت انسؓ نے آپؐ کی بہادری کی ایک مثال بیان کی ہے۔

[۳۹-] بَابُ حُسْنِ الْخُلُقِ وَالسَّخَاءِ، وَمَا يُكْرَهُ مِنَ الْبُخْلِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَجْوَدَ النَّاسِ، وَأَجْوَدُ مَا يَكُوْنُ فِيْ رَمَضَانَ.

وَقَالَ أَبُوْ ذَرٍّ لَمَّا بَلَغَهُ مَبْعَثُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ لِأَخِيْهِ: ارْكَبْ إِلٰى هٰذَا الْوَادِيْ، فَاسْمَعْ مِنْ قَوْلِهِ. فَرَجَعَ فَقَالَ: رَأَيْتُهُ يَأْمُرُ بِمَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ.

[۶۰۳۳-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَحْسَنَ النَّاسِ وَأَجْوَدَ النَّاسِ وَأَشْجَعَ النَّاسِ، وَلَقَدْ فَزِعَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَانْطَلَقَ النَّاسُ قِبَلَ الصَّوْتِ، فَاسْتَقْبَلَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، قَدْ سَبَقَ النَّاسَ إِلَى الصَّوْتِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: "لَمْ تُرَاعُوْا، لَمْ تُرَاعُوْا" وَهُوَ عَلٰى فَرَسٍ لِأَبِيْ طَلْحَةَ عُرْيٍ، مَا عَلَيْهِ سَرْجٌ، فِيْ عُنُقِهِ سَيْفٌ فَقَالَ: "لَقَدْ وَجَدْتُهُ بَحْرًا" أَوْ: "إِنَّهُ لَبَحْرٌ" [راجع: ۲۶۲۷]

آئندہ پہلی حدیث: نئی ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نہیں مانگے گئے نبی ﷺ کوئی چیز کبھی بھی پس آپؐ نے 'نا' کہا ہو (اس کی مثال آئندہ روایت کے بعد آرہی ہے) —— اس کے بعد کی عبداللہ بن عمرو کی روایت ابھی گذری ہے —— اور اس کے بعد کی روایت پہلے (تحفۃ القاری ۳:۵۹۶) آئی ہے، آپؐ کو چادر کی ضرورت تھی، مگر ایک بندے نے مانگی تو آپؐ نے عنایت فرمادی۔

[۶۰۳۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ: مَا سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ شَيْئٍ قَطُّ فَقَالَ: لَا.

[۶۰۳۵-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، حَدَّثَنِيْ شَقِيْقٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو يُحَدِّثُنَا، إِذْ قَالَ: لَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا، وَإِنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: "إِنَّ خِيَارَكُمْ أَحَاسِنُكُمْ أَخْلَاقًا" [راجع: ۳۵۵۹]

[۶۰۳۶-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِبُرْدَةٍ — فَقَالَ سَهْلٌ لِلْقَوْمِ: أَتَدْرُوْنَ مَا الْبُرْدَةُ؟ فَقَالَ الْقَوْمُ: هِيَ الشَّمْلَةُ. فَقَالَ سَهْلٌ: هِيَ شَمْلَةٌ مَنْسُوْجَةٌ فِيْهَا حَاشِيَتُهَا— فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ

اللّٰهِ! أَكْسُوْكَ هٰذِهِ، فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، فَلَبِسَهَا، فَرَآهَا عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا أَحْسَنَ هٰذِهِ! فَاكْسُنِيْهَا. فَقَالَ: "نَعَمْ" فَلَمَّا قَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لَامَهُ أَصْحَابُهُ، قَالَ: مَا أَحْسَنْتَ حِيْنَ رَأَيْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَخَذَهَا مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، ثُمَّ سَأَلْتَهُ إِيَّاهَا، وَقَدْ عَرَفْتَ أَنَّهُ لَا يُسْأَلُ شَيْئًا فَيَمْنَعُهُ فَقَالَ: رَجَوْتُ بَرَكَتَهَا حِيْنَ لَبِسَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، لَعَلِّيْ أُكَفَّنُ فِيْهَا. [راجع: ۱۲۷۷]

آئندہ حدیث: اشراط الساعہ (قیامت کی چھوٹی علامتوں) کی ہے، جو پہلے (تحفۃ القاری ۳:۳۶۰) آئی ہے، اس میں یہ مضمون ہے کہ زمانہ کے اجزاء قریب قریب ہوجائیں گے یعنی وقت کی برکت ختم ہوجائے گی، اور یہاں یہ مضمون زائد ہے کہ شُحّ (خودغرضی، انتہائی بخل) ڈالا جائے گا یعنی وہ لوگوں کا عام مزاج بن جائے گا (یہاں باب ہے) اور هَرْج (بلوہ) بڑھ جائے گا، صحابہ نے پوچھا: بلوہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: قتل وقتال، ماردھاڑ!

[۶۰۳۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَتَقَارَبُ الزَّمَانُ، وَيَنْقُصُ الْعِلْمُ، وَيُلْقَى الشُّحُّ، وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ" قَالُوْا: وَمَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: "الْقَتْلُ، الْقَتْلُ" [راجع: ۸۵]

آخری حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے دس سال نبی ﷺ کی خدمت کی، پس کبھی آپؐ نے مجھ سے 'اوں' نہیں کہا، اور کبھی ایسے کام کے لئے جو میں نے کیا: تو نے یہ کام کیوں کیا؟ نہیں کہا، اور کبھی میں نے کوئی کام نہیں کیا تو "تو نے یہ کام کیوں نہیں کیا؟" نہیں کہا (خادم کے فعل پر نکیر نہ کرنے کی وجہ اخلاق کی خوبی تھی، دس سال کا عرصہ لمبا عرصہ ہے، اس عرصہ میں کوئی نامناسب بات سرزد نہ ہو یہ ممکن نہیں، تاہم کبھی تنبیہ نہ کرنا انتہائی درجہ کی تواضع ہے)

[۶۰۳۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، سَمِعَ سَلَّامَ بْنَ مِسْكِيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَابِتًا، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ، قَالَ: خَدَمْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَشْرَ سِنِيْنَ، فَمَا قَالَ لِيْ: أُفٍّ، وَلَا لِمَ صَنَعْتَ؟ وَلَا أَلَّا صَنَعْتَ؟ [راجع: ۲۷۶۸]

بَابٌ: كَيْفَ يَكُوْنُ الرَّجُلُ فِيْ أَهْلِهِ؟

آدمی اپنے گھر میں کیسے رہے؟

حدیث: اسود بن یزیدؒ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: نبی ﷺ جب گھر میں ہوتے تھے تو کیا کرتے تھے؟ صدیقہؓ نے کہا: گھر والے جو کام کرتے تھے وہی آپؐ بھی کرتے تھے یعنی گھر کے کام کاج میں شریک ہوتے تھے، پھر

جب نماز کی تکبیر ہوتی تو آپؐ کام چھوڑ کر نماز کے لئے تشریف لے جاتے (یہ بھی انتہائی تواضع کی علامت ہے، پس یہ باب بھی اخلاقِ حسنہ کا ذیلی باب ہے)

[٤٠-] بَابٌ: كَيْفَ يَكُوْنُ الرَّجُلُ فِيْ أَهْلِهِ؟

[٦٠٣٩-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَصْنَعُ فِيْ أَهْلِهِ؟ قَالَتْ: كَانَ فِيْ مِهْنَةِ أَهْلِهِ، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلاَ ةُ قَامَ إِلَى الصَّلاَ ةِ. [راجع: ٦٧٦]

لغت: المِهْنَة: کام، مشغلہ، کہا جاتا ہے: مَا مِهْنَتُكَ ههنا؟ آپ کا یہاں کیا مشغلہ ہے؟

بَابُ الْمِقَةِ مِنَ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کا بندے سے محبت کرنا

وَمِقَ يَمِقُ وَمْقًا وَمِقَةً (س) محبت کرنا، پیار کرنا، فهو وَامِقٌ وهي وَامِقَةٌ، اللہ تعالیٰ کو جس بندے سے محبت ہوتی ہے اس کے اخلاق کی تکمیل کرتے ہیں، موسیٰ علیہ السلام کے تعلق سے فرمایا: ﴿وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ﴾: میں نے تم کو خاص اپنے لئے بنایا ہے یعنی جس طرح چاہا پرورش کر کے رسالت کے لئے تیار کیا، باب میں اللہ کے محبت کرنے کے معنی ہیں (حاشیہ) اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ٦: ٤٨١) آئی ہے، اس میں اللہ کے بندے سے محبت کرنے کا ذکر ہے، اخلاقِ حسنہ بڑا کمال ہیں، اور کمالات کا سرچشمہ اللہ کی ذات ہے، پس وہ جس سے محبت کرتے ہیں با کمال بناتے ہیں۔ پس کوئی با اخلاق ہے تو وہ اس کا کمال نہیں، اللہ کا دیا ہوا کمال ہے، اور شکر بجالانے سے نعمت فزوں ہوتی ہے۔

[٤١-] بَابُ الْمِقَةِ مِنَ اللّٰهِ

[٦٠٤٠-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ الْعَبْدَ نَادَى جِبْرَئِيْلَ: إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فُلاَنًا فَأَحْبِبْهُ، فَيُحِبُّهُ جِبْرَئِيْلُ، فَيُنَادِيْ جِبْرَئِيْلُ فِيْ أَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فُلاَنًا فَأَحِبُّوْهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقُبُوْلُ فِي الْأَرْضِ" [راجع: ٣٢٠٩]

بَابُ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ

لوجہ اللہ محبت کرنا

اخلاقِ عالیہ میں سے یہ بات ہے کہ جس شخص سے یا جس چیز سے آدمی محبت کرے: صرف اللہ کے لئے کرے، اسی کی

خوشنودی پیش نظر ہو، کوئی نفسانی یا دنیوی مفاد پیش نظر نہ ہو، اور دینداری یا علم دین کی وجہ سے محبت کرنا اللہ ہی کے لئے محبت کرنا ہے، اور حدیث پہلے آئی ہے کہ ایمان کی چاشنی اس وقت محسوس ہوتی ہے جب کسی سے صرف اللہ کے لئے محبت کرے، اور کفر کی طرف پلٹنے کو آگ میں ڈالے جانے کے مترادف سمجھے، اور اللہ اور اس کے رسول سے محبت ہر چیز سے زیادہ ہو جائے —— جب یہ تین باتیں حاصل ہوں تو ایمان میں مزہ آجائے گا۔

[٤٢-] بَابُ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ

[٦٠٤١-] حدثنا آدمُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَا يَجِدُ أَحَدٌ حَلَاوَةَ الإِيْمَانِ حَتَّى يُحِبَّ الْمَرْءَ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ، وَحَتّٰى أَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَرْجِعَ إِلَى الْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنْقَذَهُ اللّٰهُ، وَحَتّٰى يَكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا" [راجع: ١٦]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِنْ قَوْمٍ﴾ الآيَةَ

ٹھٹھا (ہنسی مذاق) کرنے کی ممانعت

اخلاقِ رذیلہ میں سے کسی کا ٹھٹھا کرنا بھی ہے، اور یہ کام وہ کرتا ہے جو خود کو لمبا کھینچتا ہے، حالانکہ بڑا کون ہے وہ اللہ جانتا ہے۔ علاوہ ازیں: استہزاء وتمسخر باہم منافرت پیدا کرتا ہے، جبکہ مسلمانوں کو بھائی بھائی بن کر رہنا چاہئے۔

آیتِ کریمہ: سورۃ الحجرات کی (آیت ۱۱) ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! لَايَسْخَرْ قُوْمٌ مِنْ قَوْمٍ، عَسٰى أَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِنْهُمْ، وَلَا نَسَاءٌ مِنْ نِسَاءٍ، عَسٰى أَنْ يَكُنَّ خَيْرًا مِنْهُنَّ﴾: اے ایمان والو! مردوں کو مردوں پر ہنسنا نہیں چاہئے، ہوسکتا ہے جن کی ہنسی اڑائی جارہی ہے وہ ہنسی اڑانے والوں سے بہتر ہوں! اور عورتوں کو عورتوں پر ہنسنا نہیں چاہئے، ہوسکتا ہے جن کی ہنسی اڑائی جارہی ہے وہ ہنسی اڑانے والیوں سے بہتر ہوں!

حدیث: عبداللہ بن زمعہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے منع کیا اس بات سے کہ آدمی ہنسے اس (ہوا) سے جو لوگوں سے نکلتی ہے یعنی پادنے سے (یہاں باب ہے) اور فرمایا: "کیوں مارتا ہے تم میں سے ایک اپنی بیوی کو غلام کو کوڑے مارنے کی طرح، پھر شاید وہ اس کو گلے لگائے (تحفۃ ۹:۶۰۹) اس کے بعد کی حدیث میں ہے کہ تمہاری آبروئیں (عزتیں) حرام ہیں، ٹھٹھا مذاق کرکے اس حرمت کو پامال مت کرو۔

[٤٣-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِنْ قَوْمٍ عَسٰى أَنْ يَكُوْنُوْا خَيْرًا مِنْهُمْ﴾ الآيَةَ

[٦٠٤٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

زَمْعَةَ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَضْحَكَ الرَّجُلُ مِمَّا يَخْرُجُ مِنَ الأَنْفُسِ، وَقَالَ: "بِمَ يَضْرِبُ أَحَدُكُمْ امْرَأَتَهُ ضَرْبَ الْفَحْلِ، ثُمَّ لَعَلَّهُ يُعَانِقُهَا"

وَقَالَ الثَّوْرِيُّ، وَوُهَيْبٌ، وَأَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامٍ: "جَلْدَ الْعَبْدِ" [راجع: ۳۳۷۷]

[۶۰۴۳-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ ابْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِمِنًى: "أَتَدْرُوْنَ أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "فَإِنَّ هٰذَا يَوْمٌ حَرَامٌ، أَفَتَدْرُوْنَ أَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "بَلَدٌ حَرَامٌ، أَتَدْرُوْنَ أَيُّ شَهْرٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "شَهْرٌ حَرَامٌ" قَالَ: "فَإِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا"

[راجع: ۱۷۴۲]

بَابُ مَا يُنْهَى عَنِ السِّبَابِ وَاللَّعْنِ

گالی دینے اور لعنت کرنے کی ممانعت

اخلاقِ رذیلہ میں سے گالیاں بکنا اور لعنت بھیجنا بھی ہے، اس لئے احادیث میں اس کی سخت ممانعت آئی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مسلمان کو گالی دینا فسق (حد اطاعت سے نکلنا) ہے، اور اس کو قتل کرنا کفر (دین کا عملی انکار) ہے — حدیں (سرکل) دو ہیں: دینداری کی حد اور دین کی حد، اول سے جو نکل جاتا ہے وہ فاسق ہے، معلوم ہوا کہ گالی دینا حرام ہے اور کبیرہ گناہ ہے، اور دوسری حد سے جو نکل جاتا ہے وہ مسلمان نہیں رہتا، مگر کبھی آخری درجہ کے کبیرہ گناہ پر بھی کفر کا اطلاق کیا جاتا ہے، جیسے جان بوجھ کر نماز چھوڑنا آخری درجہ کا کبیرہ گناہ ہے، چنانچہ اس پر حدیث میں کفر کا اطلاق آیا ہے، اسی طرح قتلِ مسلم آخری درجہ کا کبیرہ گناہ ہے، اس لئے حدیث میں اس پر بھی کفر کا اطلاق کیا ہے۔

[۴۴-] بَابُ مَا يُنْهَى عَنِ السِّبَابِ وَاللَّعْنِ

[۶۰۴۴-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ" تَابَعَهُ غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ. [راجع: ۴۸]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "نہیں الزام لگاتا کوئی کسی پر فسق کا اور نہیں الزام لگاتا اس پر کفر کا، مگر پلٹ جاتا ہے وہ الزام اس پر اگر نہیں ہوتا ہے وہ شخص جس پر الزام لگایا گیا ہے ایسا!"

تشریح: ڈھیلا اگر سخت چیز پر مارا جائے تو ٹکرا کر واپس آتا ہے، اسی طرح فسق یا کفر کا کسی پر الزام لگایا جائے، اور وہ اس کا مستحق نہ ہو تو الزام الزام لگانے والے کی طرف لوٹ آئے گا، ہاں نرم چیز پر ڈھیلا مارا جائے تو وہ اس میں گھس جائے گا، پس اگر الزام مستحق پر لگایا جائے تو وہ اس پر اثر انداز ہوگا، پس ففٹی ففٹی کا چانس ہے، پچاس فی صد الزام مُلْزَم پر چسپاں ہوگا اور پچاس فی صد لوٹ آئے گا، پھر ایسا خطرے کا کام کیوں کیا جائے؟!

[٦٠٤٥-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ يَعْمَرَ، أَنَّ أَبَا الْأَسْوَدِ الدُّؤَلِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَايَرْمِيْ رَجُلٌ رَجُلاً بِالْفُسُوْقِ وَلاَ يَرْمِيْهِ بِالْكُفْرِ إِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَيْهِ،إِنْ لَمْ يَكُنْ صَاحِبُهُ كَذٰلِكَ" [راجع: ٣٥٠٨]

آئندہ حدیث: ابھی گذری ہے۔ نبی ﷺ بدگوئی کرنے والے نہیں تھے، اور لعنت بھیجنے والے بھی نہیں تھے، اور گالی دینے والے بھی نہیں تھے، آپؐ ناراضگی کے وقت کہا کرتے تھے: "اس کو کیا ہوگیا؟ اس کی پیشانی خاک آلود ہو!"

[٦٠٤٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاحِشًا وَلاَ لَعَّانًا وَلاَ سَبَّابًا، كَانَ يَقُوْلُ عِنْدَ الْمَعْتِبَةِ: " مَا لَهُ؟! تَرِبَ جَبِيْنُهُ"[راجع: ٦٠٣١]

آئندہ حدیث: حضرت ثابت بن الضحاک رضی اللہ عنہ نے ــــ جو بیعتِ رضوان کرنے والوں میں سے ہیں ــــ ابوقلابہ عبداللہ بن زید سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

۱- جس نے اسلام کے علاوہ کسی دھرم کی قسم کھائی تو وہ (ویسا ہے) جیسا اس نے کہا (اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں: (الف) رام جی کی یا گنیش جی کی قسم کھائی تو وہ کافر ہوگیا (ب) کہا: اگر اس نے یہ کام کیا یا کرے تو وہ ہندو ہو کر مرے! تو وہ کافر ہوگیا، تجدیدِ ایمان اور تجدیدِ نکاح کرے)

۲- اور انسان کے ذمہ کوئی منت نہیں، اس چیز میں جس کا وہ مالک نہیں (حلوائی کی دکان پر نانی کا فاتحہ نہیں ہوتا)

۳- اور جو خود کو دنیا میں کسی چیز کے ذریعہ مار ڈالے وہ قیامت کے دن اس کے ذریعہ سزا دیا جائے گا (پھندا کھاتا رہے گا یا زہر پیتا رہے گا یا چھرا گھونپتا رہے گا)

۴- اور جس نے کسی مسلمان پر لعنت بھیجی تو وہ اس کو جان سے مار ڈالنے کی طرح ہے (یہاں باب ہے) یعنی اس کو قتلِ نفس کا گناہ ہوگا۔

۵- اور جس نے کسی مسلمان پر زنا کی تہمت لگائی تو وہ (بھی) اس کو جان سے مار ڈالنے کی طرح ہے یعنی اس کو بھی قتلِ

نفس کا گناہ ہوگا۔

[٦٠٤٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، أَنَّ ثَابِتَ بْنَ الضَّحَّاكِ - وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ - حَدَّثَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ حَلَفَ عَلٰى مِلَّةٍ غَيْرِ الإِسْلَامِ فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَلَيْسَ عَلَى ابْنِ آدَمَ نَذْرٌ فِيْمَا لاَ يَمْلِكُ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بَشَيْئٍ فِي الدُّنْيَا عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ لَعَنَ مُؤْمِنًا فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ" [راجع: ١٣٦٢]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ٦:٥١٣) آئی ہے: سلیمان بن صُرد ؓ نے ـــ جو صحابی ہیں (چونکہ غیر معروف تھے اس لئے عدی بن ثابت نے تعارف کرایا) ـــ فرمایا: دو شخص نبی ﷺ کے پاس گالی گلوچ کر رہے تھے، پس ان میں سے ایک کو غصہ چڑھا، پس اس کا غصہ سخت ہوگیا، یہاں تک کہ اس کا چہرہ کپّا ہوگیا اور بگڑ گیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: "میں ایک بات جانتا ہوں، اگر وہ اس کو کہہ لے تو اس کا وہ غصہ ختم ہوجائے جو وہ پاتا ہے! (اگر وہ کہہ لے: أعوذ بالله من الشیطان تو اس کا وہ غصہ ختم ہوجائے جو اس کو آرہا ہے) پس اس کی طرف ایک آدمی چلا، اور اس کو نبی ﷺ کی بات بتلائی اور کہا: شیطان سے اللہ کی پناہ مانگ! اس نے جواب دیا: کیا میرے اندر تم کوئی آفت دکھلائے جارہے ہو؟ کیا میں پاگل ہوگیا ہوں؟ جا یہاں سے! (حدیث باب کے پہلے جزء سے متعلق ہے)

[٦٠٤٨-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ صُرَدٍ - رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم - قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَغَضِبَ أَحَدُهُمَا، فَاشْتَدَّ غَضَبُهُ حَتّٰى انْتَفَخَ وَجْهُهُ وَتَغَيَّرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنِّيْ لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ الَّذِيْ يَجِدُ" قَالَ: فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ الرَّجُلُ، فَأَخْبَرَهُ بِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ: تَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَقَالَ: أَتُرَى بِيْ بَأْسٌ، أَمَجْنُوْنٌ أَنَا؟! اذْهَبْ. [راجع: ٣٢٨٢]

آئندہ حدیث: پہلے آچکی ہے، دو شخصوں نے باہم گالی گلوچ کی (تلاحی الرجلان: باہم گالی گلوچ کرنا، باہم جھگڑنا) تو اس کی نحوست سے شب قدر کا علم اٹھالیا گیا۔

[٦٠٤٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: حَدَّثَنِيْ عُبَادَةُ ابْنُ الصَّامِتِ، قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِيُخْبِرَ النَّاسَ بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَتَلَاحَى رَجُلَانِ

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " خَرَجْتُ لِأُخْبِرَكُمْ، فَتَلَاحَى فُلَانٌ وَفُلَانٌ، وَإِنَّهَا رُفِعَتْ، وَعَسَى أَنْ يَكُوْنَ خَيْرًا لَكُمْ، فَالْتَمِسُوْهَا فِي التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ"[راجع: ٤٩]

آئندہ حدیث: بھی پہلے آئی ہے۔معرورؒ کہتے ہیں: میں نے دیکھا کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے ایک چادر اوڑھ رکھی ہے، اوران کے غلام نے بھی ویسی ہی چادر اوڑھ رکھی ہے، پس میں نے کہا: اگر آپ یہ چادر لے لیں اور پہنیں تو 'سوٹ' ہوجائے گا اور غلام کو کوئی اور کپڑا دیدیں، پس انھوں نے کہا: میرے اور ایک شخص کے درمیان گفتگو ہوئی، اوراس کی ماں عجمی تھی، پس میں نے اس کی ماں کو برا کہا، اس نے نبی ﷺ سے میری شکایت کردی، پس آپؐ نے مجھ سے فرمایا: ''کیا تو نے فلاں کے ساتھ گالی گلوچ کی؟''میں نے کہا: ہاں! آپؐ نے فرمایا: ''کیا تو نے اس کی ماں کو برا کہا؟''میں نے کہا: ہاں! آپؐ نے فرمایا: ''تو ایسا آدمی ہے جس میں جاہلیت (کی خوبو) ہے!''میں نے کہا: میری اس گھڑی میں جبکہ میں بڑھا ہوگیا ہوں؟ یعنی اب بھی میرے اندر سے جاہلیت نہیں نکلی؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! وہ (غلام) تمہارے بھائی ہیں، اللہ نے ان کو تمہارے ہاتھ نیچے کیا ہے، پس وہ شخص جس کے ہاتھ نیچے اللہ نے اس کے بھائی کو کیا ہو تو وہ اس کو کھلائے اس میں سے جو وہ کھائے، اوراس کو پہنائے اس میں سے جو وہ پہنے، اوراس کو کسی ایسے کام کا حکم نہ دے جو اس کو ہرادے، اور اگر اس کو ایسے دشوار کام کا حکم دے تو چاہئے کہ وہ اس کام میں اس کی مدد کرے۔

[٦٠٥٠-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَيْهِ بُرْدًا وَعَلَى غُلَامِهِ بُرْدًا، فَقُلْتُ: لَوْ أَخَذْتَ هٰذَا فَلَبِسْتَهُ كَانَتْ حُلَّةً، وَأَعْطَيْتَهُ ثَوْبًا آخَرَ، فَقَالَ: كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ كَلَامٌ، وَكَانَتْ أُمُّهُ أَعْجَمِيَّةً، فَنِلْتُ مِنْهَا، فَذَكَرَنِيْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لِيْ: " أَسَابَبْتَ فُلَانًا؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: " أَفَنِلْتَ مِنْ أُمِّهِ؟" قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ:" إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيْكَ جَاهِلِيَّةٌ" قُلْتُ: عَلَى سَاعَتِيْ هٰذِهِ مِنْ كِبَرِ السِّنِّ؟! قَالَ: " نَعَمْ، هُمْ إِخْوَانُكُمْ، جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ أَيْدِيْكُمْ، فَمَنْ جَعَلَ اللّٰهُ أَخَاهُ تَحْتَ يَدَيْهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَأْكُلُ، وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ، وَلَا يُكَلِّفُهُ مِنَ الْعَمَلِ مَا يَغْلِبُهُ، فَإِنْ كَلَّفَهُ مَا يَغْلِبُهُ فَلْيُعِنْهُ عَلَيْهِ" [راجع: ٣٠]

بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنْ ذِكْرِ النَّاسِ، وَمَالَا يُرَادُ بِهِ شَيْنُ الرَّجُلِ

محض تعارف کے لئے، عیب لگانا مقصود نہ ہو تو برا لقب/ نام لے سکتے ہیں

بعض مرتبہ آدمی برے لقب/ نام سے مشہور ہوجاتا ہے، اس کا تذکرہ کئے بغیر وہ پہچانا نہیں جاسکتا، تو اس کا برا لقب/ نام لینا جائز ہے۔اورسورۃ الحجرات (آیت ۱۱) میں جو فرمایا ہے: ﴿وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْأَلْقَابِ﴾: اورایک دوسرے کو برے لقب سے مت پکارو: اس کا مصداق وہ صورت ہے جب عیب لگانا، توہین کرنا اور چڑانا مقصود ہو۔ایک صحابی جن کے ہاتھ کچھ لمبے

تھے: نبی ﷺ ان کوذو الیدین (دو ہاتھ والا) کہتے تھے، اسی طرح طویل (لمبا) اور قصیر (ٹھگنا) وغیرہ کا معاملہ ہے۔

[٤٥-] بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنْ ذِكْرِ النَّاسِ نَحْوَ قَوْلِهِمْ: الطَّوِيْلُ وَالْقَصِيْرُ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا يَقُوْلُ ذُوْ الْيَدَيْنِ؟"

وَمَالاَ يُرَادُ بِهِ شَيْنُ الرَّجُلِ

[٦٠٥١-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ قَامَ إِلٰى خَشَبَةٍ فِيْ مُقَدَّمِ الْمَسْجِدِ، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا، وَفِي الْقَوْمِ يَوْمَئِذٍ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَهَابَاهُ أَنْ يُكَلِّمَاهُ، وَيَخْرُجُ سَرَعَانُ النَّاسِ فَقَالُوْا: قُصِرَتِ الصَّلاَةُ. وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْهُ ذَا الْيَدَيْنِ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! أَنَسِيْتَ أَمْ قُصِرَتْ؟ فَقَالَ: "لَمْ أَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ" قَالَ: بَلْ نَسِيْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "صَدَقَ ذُو الْيَدَيْنِ" فَقَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ كَبَّرَ، فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَكَبَّرَ، ثُمَّ وَضَعَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَكَبَّرَ. [راجع: ٤٨٢]

بَابُ الْغِيْبَةِ

غیبت کا بیان

اخلاقِ رذیلہ میں چغل خوری، غیبت اور بہتان بھی ہیں، قرآن وحدیث میں ان پر سخت وعیدیں آئی ہیں۔

چغل خوری: کسی کی کوئی ایسی بات دوسرے کو پہنچانا جو اس دوسرے کو پہلے کی طرف سے بدگمان اور ناراض کردے۔

غیبت: کسی کی ایسی بات یا فعل یا حال کا ذکر کرنا جس کے ذکر سے اس کو ناگواری ہو، اور اذیت پہنچے۔

بہتان: کسی کی طرف کوئی ایسی برائی منسوب کرنا جس سے وہ بری ہو۔

ملحوظہ: تینوں ایک ہی تھیلے کے چٹے بٹے ہیں!

آیتِ کریمہ: سورۃ الحجرات (آیت ۱۲) میں ہے: ﴿وَلاَ يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا، أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَّأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ، وَاتَّقُوْا اللّٰهَ، إِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ﴾: اور کسی کی غیبت نہ کرے، کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ اس کو تو تم ناپسند کرتے ہو! اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ تعالیٰ بڑے توبہ قبول کرنے والے، بڑے مہربان ہیں۔

تفسیر: مسلمان بھائی کی غیبت کرنا ایسا گندہ اور گھناؤنا کام ہے جیسے کوئی اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت نوچ نوچ

کر کھائے، کیا اس کو کوئی انسان پسند کرے گا؟ پس سمجھ لو! غیبت اس سے بھی زیادہ شنیع حرکت ہے، مگر اس سے بچے گا وہی جس کے دل میں اللہ کا ڈر ہو، اور نہیں تو کچھ نہیں (فوائد عثمانی)

اور حدیث وہی ہے جو پہلے آئی ہے، دو شخصوں کو قبر میں عذاب ہو رہا تھا: ایک کو پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے اور دوسرے کو چغل خوری کی وجہ سے، پس غیبت کا حکم بھی یہی ہے، کیونکہ چغل خوری بھی ایک طرح کی غیبت ہے، اور حدیث کے بعض طرق میں نمیمہ کی جگہ غیبت کا ذکر ہے (حاشیہ)

[٤٦-] بَابُ الْغِيْبَةِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَا يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿رَحِيْمٌ﴾

[٦٠٥٢-] حَدَّثَنِيْ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يُحَدِّثُ عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى قَبْرَيْنِ، فَقَالَ: " إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ، وَمَا يُعَذَّبَانِ فِيْ كَبِيْرٍ، أَمَّا هٰذَا فَكَانَ لَا يَسْتَتِرُ مِنْ بَوْلِهِ، وَأَمَّا هٰذَا فَكَانَ يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ، ثُمَّ دَعَا بِعَسِيْبٍ رَطْبٍ، فَشَقَّهُ بِاثْنَيْنِ، فَغَرَسَ عَلٰى هٰذَا وَاحِدًا وَعَلٰى هٰذَا وَاحِدًا، ثُمَّ قَالَ: " لَعَلَّهُ أَنْ يُخَفَّفَ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا" [راجع: ٢١٦]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " خَيْرُ دُوْرِ الْأَنْصَارِ"

دور کی کوڑی لانا غیبت نہیں

دور کی کوڑی لانا: کوئی نئی اور باریک بات سوچنا (فیروز) غیبت میں ایسی مستنبط بات کا اعتبار نہیں، اس کو غیبت نہیں کہیں گے، جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خَيْرُ دُوْرِ الْأَنْصَارِ بنو النجار: انصار کے قبائل میں سب سے بہتر بنو النجار ہیں۔ پس اگر کوئی اس سے یہ مضمون نکالے کہ اس میں دوسرے قبائل کی توہین ہے، اس لئے یہ غیبت ہے تو ایسا خیال کرنا صحیح نہیں۔

[٤٧-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " خَيْرُ دُوْرِ الْأَنْصَارِ"

[٦٠٥٣-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي أُسَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " خَيْرُ دُوْرِ الْأَنْصَارِ بَنُوْ النَّجَّارِ" [راجع: ٣٧٨٩]

بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنِ اغْتِيَابِ أَهْلِ الْفَسَادِ وَالرِّيَبِ

فسادیوں اور متہم لوگوں کی غیبت جائز ہے

رِيَب کا مفرد رِيْبَة ہے: تہمت، شک، گمان ـــــ علماء نے بیان کیا ہے کہ چھ صورتوں میں غیبت جائز ہے:

۱-مظلوم کے لئے جائز ہے کہ بادشاہ، قاضی یا ایسے شخص سے ظلم کا شکوہ کرے جس سے فریادرسی کی امید ہو۔
۲-کسی امر منکر میں تبدیلی اور نافرمان کو راہ راست پر لانے کے لئے کسی سے مدد طلب کرنے کے لئے برائی کرنا۔
۳-فتوی حاصل کرنے کے لئے کسی کی غیبت کرنی پڑے تو جائز ہے۔
۴-مسلمانوں کو شر سے بچانے کے لئے کسی کی برائی کرنی پڑے تو جائز ہے، جیسے ایک شخص نے نبی ﷺ کے پاس حاضری کی اجازت چاہی، آپؐ نے فرمایا: ''آنے دو، قبیلہ کا برا آدمی ہے!'' (یہ روایت ابھی گذری ہے)
۵-جو شخص کھلے عام فسق و فجور میں مبتلا ہو، لوگوں کو اس سے متنفر کرنے کے لئے اس کی برائی کرنا جائز ہے۔
۶-کسی کا کوئی ایسا لقب جس میں برائی ہو: پہچان کے لئے اس کا تذکرہ جائز ہے۔
ملحوظہ: سب صورتوں کے جواز کے دلائل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵:۵۷۸) میں ہیں۔

[۴۸-] بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنِ اغْتِيَابِ أَهْلِ الْفَسَادِ وَالرِّيَبِ

[۶۰۵۴-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ عُرْوَةَ ابْنَ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: اسْتَأْذَنَ رَجُلٌ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " ائْذَنُوْا لَهُ، بِئْسَ أَخُوْ الْعَشِيْرَةِ! أَوْ: ابْنُ الْعَشِيْرَةِ" فَلَمَّا دَخَلَ أَلَانَ لَهُ الْكَلَامَ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! قُلْتَ الَّذِيْ قُلْتَ ثُمَّ أَلَنْتَ لَهُ الْكَلَامَ، قَالَ: " أَيْ عَائِشَةُ! إِنَّ شَرَّ النَّاسِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ أَوْ: وَدَعَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ فُحْشِهِ"
[راجع: ۶۰۳۲]

بَابُ النَّمِيْمَةِ مِنَ الْكَبَائِرِ

چغل خوری کبیرہ گناہ ہے

غیبت کے بارے میں کیوں نہیں فرمایا وہ کبیرہ گناہ ہے، حالانکہ دونوں ہم جنس ہیں؟ اس لئے کہ نص میں صراحت نہیں، اور چغل خوری کے بارے میں باب کی حدیث میں صراحت ہے: وإنه لكبير: اور بے شک وہ بڑا گناہ ہے، چغل خور: لگائی بجھائی کرنے والا، دو شخصوں میں آگ بھڑکانے والا۔

[۴۹-] بَابُ النَّمِيْمَةِ مِنَ الْكَبَائِرِ

[۶۰۵۵-] حدثنا ابْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ بَعْضِ حِيْطَانِ الْمَدِيْنَةِ، فَسَمِعَ صَوْتَ إِنْسَانَيْنِ يُعَذَّبَانِ فِيْ قُبُوْرِهِمَا، فَقَالَ: " يُعَذَّبَانِ، وَمَا يُعَذَّبَانِ فِيْ كَبِيْرٍ، وَإِنَّهُ لَكَبِيْرٌ، كَانَ أَحَدُهُمَا لَايَسْتَتِرُ مِنَ

الْبَوْلِ، وَكَانَ الآخَرُ يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ" ثُمَّ دَعَا بَجَرِيْدَةٍ فَكَسَرَهَا بِكِسْرَتَيْنِ أَوْ: ثِنْتَيْنِ فَجَعَلَ كِسْرَةً فِيْ قَبْرِ هٰذَا، وَكِسْرَةً فِيْ قَبْرِ هٰذَا، فَقَالَ:" لَعَلَّهُ يُخَفَّفُ عَنْهُمَا مَالَمْ تَيْبَسَا"[راجع: ٢١٦]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ النَّمِيْمَةِ

وہ چغل خوری جو ناجائز ہے

ما: موصولہ ہے، من النميمة اس کا بیان ہے۔ اگر ایک کی بات دوسرے کے سامنے منتقل کرنے کا جائز مقصد ہو تو جائز ہے، دو باب پہلے غیبت کے جواز کی جو چھ صورتیں بیان کی ہیں، ان میں سے بعض صورتوں میں بات منتقل کرنا جائز ہے، اسی طرح جاسوس بھی بات منتقل کرسکتا ہے، جو باقاعدہ مقرر کیا ہوا ہو، البتہ مخبری کرنا جائز نہیں، کیونکہ اس کا مقصد محض افساد (خرابی ڈالنا) ہوتا ہے، اس لئے وہ ناجائز ہے۔

آیت (۱): سورۃ القلم کی (آیت ۱۱) ہے: ﴿هَمَّازٍ مَشَّاءٍ بِنَمِيْمٍ﴾: (ایک کافر کا حال) طعنے دینے والا، چغل خوریاں لگاتا پھرتا ہے۔

آیت (۲): سورۃ الہمزۃ کی پہلی آیت ہے: ﴿وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ﴾: بڑی خرابی ہے ہر ایسے شخص کے لئے جو پس پشت عیب نکالنے والا، طعنہ دینے والا ہے۔

لغت: هَمَّاز اور هُمَزَة: دونوں مبالغہ کے صیغے ہیں، باب نصر وضرب سے، مصدر هَمْز ہے: بڑا عیب گو، طعن کرنے والا.........اور لُمَزَة بھی صیغۂ صفت برائے مبالغہ ہے، عیب چیں، پس پشت برائی کرنے والا، باب ضرب۔

حدیث: ہمام کہتے ہیں: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، پس ان سے کہا گیا: ایک شخص حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو باتیں پہنچاتا ہے یعنی مخبری کرتا ہے، پس اس کے بارے میں حضرت حذیفہؓ نے حدیث سنائی: لايَدْخُلُ الْجنة قَتَّات: سخن چیں (باتیں چننے والا) جنت میں نہیں جائے گا (إلا أن يشاء الله!)............قَتَّ الحديث: فساد پھیلانے کی غرض سے باتیں لوگوں تک پہنچانا۔

[٥٠-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ النَّمِيْمَةِ

وَقَوْلِهِ: ﴿هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيْمٍ﴾ ﴿وَيْلٌ لِكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ﴾: يَهْمِزُ، وَيَلْمِزُ، وَيَعِيْبُ.

[٦٠٥٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ هَمَّامٍ: كُنَّا مَعَ حُذَيْفَةَ، فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّ رَجُلاً يَرْفَعُ الْحَدِيْثَ إِلٰى عُثْمَانَ. فَقَالَ لَهُ حُذَيْفَةُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" لاَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ"

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ﴾

جھوٹی بات سے کناہ کش رہو

باب میں سورۃ الحج کی آیت ۳۰ ہے۔ جھوٹ بولنا خبیث عادت ہے، جیسے سچ بولنا نیک عادت ہے، جھوٹ آدمی میں فسق وفجور کا جذبہ ابھارتا ہے، جیسے سچ نیک کردار اور صالح بناتا ہے۔ اور جھوٹ کا عادی 'مہا جھوٹا' بن جاتا ہے جیسے سچ کا عادی صدیق بن جاتا ہے، اور کذاب پورا لعنتی ہوتا ہے، جیسے صدیقیت کمال کا آخری درجہ ہے، پس ہر شخص کو جھوٹ سے بچنا چاہئے، اور سچ بولنے کی عادت ڈالنی چاہئے۔

اور حدیث پہلے آئی ہے کہ جو جھوٹ بولنا نہیں چھوڑتا، اور جھوٹ اور جہالت سے کنارہ کش نہیں رہتا اس کا روزہ بیکار ہے، کھانا پینا چھوڑنے کی اللہ کو کیا ضرورت ہے؟ .... امام بخاریؒ کے استاذ احمد بن یونس سبق میں حدیث کی سند اچھی محفوظ نہیں کر سکے تھے، کسی ساتھی نے ان کو سند سمجھائی۔

[۵۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ﴾

[۶۰۵۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِىْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهِ وَالْجَهْلَ، فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ أَنْ يَدَعَ طَعَامَهُ وَشَرَابَهُ" قَالَ أَحْمَدُ: أَفْهَمَنِىْ رَجُلٌ إِسْنَادَهُ. [راجع: ۱۹۰۳]

بَابُ مَا قِيْلَ فِىْ ذِى الْوَجْهَيْنِ

دورخے کے بارے میں وعید

دورخا: (دورنگا، منافق) وہ شخص جو دو آدمیوں یا جماعتوں میں اختلاف ہو تو ہر فریق کے سامنے دوسرے کے خلاف باتیں کرے، اسی طرح کسی کے سامنے اس کی تعریف کرے اور پیچھے برائی کرے: وہ بھی دورخا ہے۔ البتہ کسی مصلحت سے رکھ رکھاؤ (خاطر داری) کی بات کرے تو وہ دورخا نہیں، جیسے ایک ادارہ میں طلبہ میں جھگڑا ہوا، ایک فریق ذمہ دار کے پاس آیا، اور اس نے اپنی شکایتیں کیں، ذمہ دار نے کہا: آپ ٹھیک کہتے ہیں! وہ فریق مطمئن ہو کر چلا گیا، پھر دوسرا فریق آیا، اس نے بھی اپنی شکایتیں کیں، ذمہ دار نے ان سے بھی کہا: آپ ٹھیک کہتے ہیں! وہ بھی مطمئن ہو کر چلا گیا، پس بیگم نے کہا: آپ بھی عجیب گھن چکر (بیوقوف) ہیں، اُن سے بھی کہا: آپ ٹھیک کہتے ہیں اور اِن سے بھی کہا: آپ ٹھیک کہتے ہیں! دونوں ٹھیک کیسے ہو سکتے ہیں؟ ذمہ دار نے کہا: بیگم! آپ بھی ٹھیک کہتی ہیں، پس یہ دورخا پن نہیں۔ اور حدیث پہلے گذری ہے، وہاں دورخا پن کی ایک مثال ہے۔

[۵۲-] بَابُ مَا قِيْلَ فِي ذِي الْوَجْهَيْنِ

[۶۰۵۸-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تَجِدُ مِنْ أَشَرِّ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ اللّٰهِ ذَا الْوَجْهَيْنِ، الَّذِيْ يَأْتِيْ هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ" [راجع: ۳۴۹۴]

بَابُ مَنْ أَخْبَرَ صَاحِبَهُ بِمَا يُقَالُ فِيْهِ

کسی نے بڑے کو وہ بات بتلائی جو اس کے بارے میں کہی گئی

حنین کی غنیمت کی تقسیم کے موقعہ پر ایک منافق نے کہا: بخدا! محمد نے اس تقسیم سے خدا کی خوشنودی کا ارادہ نہیں کیا! ابن مسعودؓ نے یہ بات نبی ﷺ کو پہنچائی، آپؐ کے چہرے کا رنگ بدل گیا، اور فرمایا: "اللہ تعالیٰ موسیٰ پر مہربانی فرمائیں! وہ اس سے زیادہ ستائے گئے پس انھوں نے صبر کیا!" —— غرض: آپؐ نے ابن مسعودؓ کی مخبری پر نکیر نہیں کی، معلوم ہوا کہ یہ جائز ہے، جس مخبری کا مقصد افساد ہو اسی پر وعید ہے۔ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۴۳۳) آئی ہے۔

[۵۳-] بَابُ مَنْ أَخْبَرَ صَاحِبَهُ بِمَا يُقَالُ فِيْهِ

[۶۰۵۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قِسْمَةً، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: وَاللّٰهِ مَا أَرَادَ مُحَمَّدٌ بِهٰذَا وَجْهَ اللّٰهِ! فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ، فَتَمَعَّرَ وَجْهُهُ وَقَالَ: "رَحِمَ اللّٰهُ مُوْسٰى! لَقَدْ أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ" [راجع: ۳۱۵۰]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّمَادُحِ

تعریف میں پل باندھنے کی کراہیت

تمادح (باب تفاعل) میں اشتراک ہوتا ہے یعنی من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو۔ کسی کی تعریف کرنا تو اچھی بات ہے مگر منہ پر تعریف کرنا اور تعریف میں پُل باندھنا پسندیدہ نہیں، منہ پر تعریف کرنے سے نفس پھول جاتا ہے اور تعریف میں مبالغہ کیا جائے تو جھوٹ سے اس کے ڈانڈے مل جاتے ہیں، ایک آدمی نے دوسرے آدمی کی اس کے منہ پر نبی ﷺ کے سامنے تعریف کی، اور حد سے زیادہ تعریف کی، آپؐ نے فرمایا: "تو نے آدمی کی پیٹھ توڑ دی!" اور دوسری حدیث میں ہے کہ

آپ ﷺ نے فرمایا: ''تیرا ناس ہو! تو نے اپنے بھائی کی گردن ماردی!'' (یہ بات بار بار فرمائی) پھر فرمایا: ''جسے لامحالہ اپنے بھائی کی تعریف کرنی ہو تو وہ کہے: میں فلاں کو ایسا اور ایسا سمجھتا ہوں، اگر وہ واقعی اس کو ایسا سمجھتا ہو، اور اللہ اس کے اعمال کا حساب لینے والا ہے یعنی ظاہر میں تو ہم اس کو اچھا سمجھتے ہیں، حقیقتِ حال سے اللہ تعالیٰ واقف ہیں، وہ اللہ کے علم کے خلاف کسی کا تزکیہ نہ کرے۔

[٥٤-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّمَادُحِ

[٦٠٦٠-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً يُثْنِي عَلٰى رَجُلٍ وَيُطْرِيْهِ فِي الْمِدْحَةِ، فَقَالَ: "أَهْلَكْتُمْ أَوْ: قَطَعْتُمْ ظَهْرَ الرَّجُلِ" [راجع: ٢٦٦٣]

[٦٠٦١-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَجُلاً ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَثْنٰى عَلَيْهِ رَجُلٌ خَيْرًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَيْحَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ" يَقُوْلُهُ مِرَارًا "إِنْ كَانَ أَحَدُكُمْ مَادِحًا لاَمَحَالَةَ فَلْيَقُلْ: أَحْسِبُ كَذَا وَكَذَا، إِنْ كَانَ يَرٰى أَنَّهُ كَذٰلِكَ، وَحَسِيْبُهُ اللّٰهُ! وَلاَ يُزَكِّيْ عَلَى اللّٰهِ أَحَدًا" وَقَالَ وُهَيْبٌ عَنْ خَالِدٍ: "وَيْلَكَ" [راجع: ٢٦٦٢]

بَابُ مَنْ أَثْنَى عَلٰى أَحَدٍ بِمَا يَعْلَمُ

کسی کی تعریف میں وہ بات کہنا جو جانتا ہے

کسی کے منہ پر مبالغہ کئے بغیر تعریف میں وہ بات کہنا جو وہ جانتا ہے: جائز ہے۔ نبی ﷺ نے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ وہ جنتی ہیں! (تحفۃ القاری ۷: ۲۹۶) اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ تم تکبر سے لنگی گھسیٹنے والے لوگوں میں نہیں ہو۔

[٥٥-] بَابُ مَنْ أَثْنَى عَلٰى أَحَدٍ بِمَا يَعْلَمُ

وَقَالَ سَعْدٌ: مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ لِأَحَدٍ يَمْشِيْ عَلَى الْأَرْضِ: "إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ" إِلَّا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلاَمٍ. [راجع: ٣٨١٢]

[٦٠٦٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ ذَكَرَ فِي الْإِزَارِ مَا ذَكَرَ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: يَارَسُوْلَ

اللّٰهِ! إِنَّ إِزَارِیْ يَسْقُطُ مِنْ أَحَدِ شِقَّيْهِ، قَالَ: " إِنَّكَ لَسْتَ مِنْهُمْ "[راجع: ۳٦٦٥]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالإِحْسَانِ﴾

وَتَرْكِ إِثَارَةِ الشَّرِّ عَلٰى مُسْلِمٍ أَوْ كَافِرٍ

ظلم وزیادتی سے بچے، جوابی کاروائی بھی نہ کرے

اعتدال واحسان سے کام لے اور کسی مسلم یا کافر کے خلاف شر نہ بھڑکائے

حافظ شیرازی رحمہ اللہ نے ایک قیمتی بات فرمائی ہے:

آسائش دو گیتی تفسیرِ ایں دو حرف است ❁ بادوستاں تلطف، بادشمناں مدارا

دونوں جہاں کا آرام دو باتوں میں مضمر ہے ❁ دوستوں کے ساتھ مہربانی اور دشمنوں کے ساتھ آشتی!

جو برائی کرے گا بھگتے گا، مظلوم کی تو اللہ تعالیٰ مدد کریں گے، پھر وہ کسی کے خلاف کیوں شر بھڑکائے، صبر وتحمل سے کام لے، صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔ ظالم کسی حال میں نہ بنے، ہمیشہ اعتدال واحسان سے کام لے، ظلم کے جواب میں بھی ظلم نہ کرے، پتھر کے جواب میں پھول برسائے۔

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ النحل کی (آیت۹۰) ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالإِحْسَانِ﴾: اللہ تعالیٰ اعتدال اور احسان کا حکم دیتے ہیں —— اعتدال: میانہ روی اختیار کرنا، ہر کام مناسب طریقہ پر انجام دینا۔ احسان: اچھا سلوک کرنا، بھلائی اور مہربانی کرنا۔ یہ دونوں باتیں مامور بہ ہیں اور یہ ظلم وزیادتی کی ضد ہیں۔

آیتِ کریمہ (۲): سورۃ یونس (آیت۲۳) میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ﴾: اے لوگو! (سن لو) تمہاری سرکشی تمہارے لئے وبال جان ہونے والی ہے —— آخرت دور نہیں، دنیا میں چندروز اچھل کود کرلو، پھر دیکھنا تمہارا انجام کیا ہوتا ہے!

آیتِ کریمہ (۳): سورۃ الحج (آیت۶۰) میں ہے: ﴿ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ﴾: پھر اس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کی مدد کریں گے (دنیا میں یا آخرت میں پس وہ او چھانہ بن جائے، اینٹ کا جواب پتھر سے نہ دے، بلکہ درگذر کرے)

اور حدیث پہلے آچکی ہے، اس میں باب کے دوسرے جزء کی دلیل ہے کہ کسی مسلم یا کافر کے خلاف شر نہ بھڑکائے۔ نبی ﷺ نے جادو پھیلایا نہیں، صرف نکال کر کاٹ دیا، اور فرمایا کہ میں لوگوں کے خلاف شر نہیں بھڑکانا چاہتا، حالانکہ جادو کرنے والا یہود کا بہی خواہ تھا، تاہم آپؐ نے عالی ظرفی کا مظاہرہ کیا۔

[۵٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ:﴿ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالإِحْسَانِ﴾

وَقَوْلِهِ:﴿ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ﴾ ﴿ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ﴾

وَتَرْكِ إِثَارَةِ الشَّرِّ عَلٰى مُسْلِمٍ أَوْ كَافِرٍ

[٦٠٦٣-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَكُثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم كَذَا وَكَذَا، يُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّـهُ يَأْتِيْ أَهْلَهُ وَلاَ يَأْتِيْ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَالَ لِيْ ذَاتَ يَوْمٍ:" يَا عَائِشَةُ! إِنَّ اللّٰهَ أَفْتَانِيْ فِيْ أَمْرٍ اسْتَفْتَيْتُهُ فِيْهِ، أَتَانِيْ رَجُلاَنِ، فَجَلَسَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رِجْلَيَّ، وَالآخَرُ عِنْدَ رَأْسِيْ، فَقَالَ الَّذِيْ عِنْدَ رِجْلَيَّ لِلَّذِيْ عِنْدَ رَأْسِيْ: مَا بَالُ الرَّجُلِ؟ قَالَ: مَطْبُوْبٌ يَعْنِي مَسْحُوْرٌ، قَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيْدُ بْنُ أَعْصَمَ، قَالَ: وَفِيْمَ؟ قَالَ: فِي جُفِّ طَلْعَةٍ ذَكَرٍ فِي مُشْطٍ وَمُشَاقَةٍ، تَحْتَ رَعُوْفَةٍ فِيْ بِئْرِ ذِي أَرْوَانَ" فَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "هٰذِهِ الْبِئْرُ الَّتِي أُرِيْتُهَا كَأَنَّ رُءُ وْسَ نَخْلِهَا رُءُ وْسُ الشَّيَاطِيْنِ، وَكَأَنَّ مَاءَ هَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ" فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَأُخْرِجَ. قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَهَلاَّ! تَعْنِي تَنَشَّرْتَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَمَّا اللّٰهُ فَقَدْ شَفَانِيْ، وَأَمَّا أَنَا فَأَكْرَهُ أَنْ أُثِيْرَ عَلٰى النَّاسِ شَرًّا" قَالَتْ: وَلَبِيْدُ بْنُ أَعْصَمَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ زُرَيْقٍ حَلِيْفٌ لِيَهُوْدَ. [راجع: ۳۱۷۵]

بَابُ مَا يُنْهٰى عَنِ التَّحَاسُدِ وَالتَّدَابُرِ

ایک دوسرے پر جلنے کی اور ایک دوسرے سے قطع تعلق کرنے کی ممانعت

سورۃ الفلق کی آیت ۵ میں حسد کرنے والے کے شر سے پناہ مانگی گئی ہے جب وہ حسد کرنے لگے —— معلوم ہوا کہ حسد خطرناک چیز ہے، جب حاسد کی نیت خراب ہوتی ہے تو وہ کردنی نا کردنی کرتا ہے، اللہ ہی اس کے شر سے بچائے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ، فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الحديثِ، وَلاَ تَحَسَّسُوْا، وَلاَ تَجَسَّسُوْا، وَلاَتَحَاسَدُوْا، وَلاَ تَبَاغَضُوْا، وَلاَ تَدَابَرُوْا، وَكُوْنُوْا عبادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا: گمان باندھنے سے بچو، اس لئے کہ گمان سب سے بڑا جھوٹ ہے! اور ٹوہ مت لگاؤ (خبریں معلوم مت کرو) اور کھود کرید مت کرو (سراغ مت لگاؤ) اور باہم دشمنی مت رکھو (ایک دوسرے سے نفرت مت کرو) اور آپس میں قطع تعلق مت کرو (ایک دوسرے کے دشمن مت بن جاؤ) اور اللہ کے بندے بھائی بھائی بن کر رہو —— گمان سب سے بڑا جھوٹ ہے! اس میں ناقص کو کامل فرض کیا گیا ہے! گمان اکثر غلط نکلتا ہے، پس وہ جھوٹ ہوا، بلکہ مہا جھوٹ! —— اور دوسری حدیث میں یہ اضافہ ہے: "اور کسی مسلمان کے لئے جائز

نہیں کہ اپنے بھائی سے ترکِ تعلق کرے تین دن سے زیادہ —— اس کا تعلق وَلَا تَدَابَرُوْا سے ہے، یعنی تھوڑے وقت کے لئے ناراضگی اور ترک تعلق ہوسکتا ہے، مگر اس پر لمبا عرصہ نہیں گذرنا چاہئے، ورنہ کچھ وہ کھینچے کھینچے رہے، کچھ یہ کھینچے کھینچے رہے، اسی کش مکش میں ٹوٹ گیا رشتہ چاہ کا!

[٥٧-] بَابُ مَا يُنْهٰى عَنِ التَّحَاسُدِ وَالتَّدَابُرِ

وَقَوْلِهِ: ﴿وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ﴾

[٦٠٦٤-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ، فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيْثِ، وَلَا تَحَسَّسُوْا، وَلَا تَجَسَّسُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَلَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَدَابَرُوْا، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا"[راجع: ٥١٤٣]

[٦٠٦٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِى أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَلَا تَدَابَرُوْا، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا، وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ" [طرفه: ٦٠٧٦]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِنَ الظَّنِّ﴾ الآيَة

بہت سے گمانوں سے بچو، بعض گمان گناہ ہوتے ہیں

اختلاف کی ایک بنیاد یہ ہے کہ ایک شخص/فریق دوسرے شخص/فریق سے ایسا بدگمان ہوجائے کہ حُسنِ ظن کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے، مخالف کی ہر بات کو اپنے خلاف سمجھ لے، ہمیشہ اس کی طبیعت برے پہلو کی طرف چلے، پھر فریق مخالف پر تہمتوں کا سلسلہ شروع ہوجائے، لہٰذا گمان قائم کرنے سے بچنا چاہئے، البتہ کبھی گمان صحیح ہوتا ہے، اس لئے اس کا استثناء کیا، اس کی تفصیل اگلے ابواب میں آرہی ہے۔ اور حدیث گذشتہ باب والی ہے، مگر اس میں ایک مضمون زائد ہے: وَلَا تَنَاجَشُوْا: (نیلامی کے علاوہ) بیع وغیرہ میں بڑھ چڑھ کر بولی مت بولو (اس سے بھی تعلقات خراب ہوتے ہیں)

[٥٨-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِنَ الظَّنِّ﴾ الآيَةَ [الحجرات: ١٢]

[٦٠٦٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ، فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيْثِ، وَلَا تَحَسَّسُوْا، وَلَا تَجَسَّسُوْا، وَلَا تَنَاجَشُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَلَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَدَابَرُوْا، وَكُوْنُوْا عِبَادًا لِلّٰهِ إِخْوَانًا" [راجع: ٥١٤٣]

بَابُ مَايَكُوْنُ فِي الظَّنِّ

وہ بات جوگمان میں ہوتی ہے

اگرگمان کے درخت پرکسیلا (بدمزہ) پھل نہ لگے تو گمان کرنا جائز ہے،اوراس کی مثال باب کی حدیث میں ہے۔ نبی ﷺ نے دومنافقوں کے بارے میں فرمایا:''میں نہیں گمان کرتا کہ فلاں اورفلاں ہمارادین کچھ بھی جانتے ہیں''،یعنی دین سے محض کورے ہیں۔

[۵۹-] بَابُ مَايَكُوْنُ فِي الظَّنِّ

[۶۰۶۷-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' مَا أَظُنُّ فُلاَنًا وَفُلاَنًا يَعْرِفَانِ مِنْ دِيْنِنَا شَيْئًا'' وَقَالَ اللَّيْثُ: كَانَا رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ. [طرفه: ۶۰۶۸]

[۶۰۶۸-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بِهٰذَا، وَقَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا، فَقَالَ:'' يَا عَائِشَةُ! مَا أَظُنُّ فُلاَنًا وَفُلاَنًا يَعْرِفَانِ دِيْنَنَا الَّذِىْ نَحْنُ عَلَيْهِ''[راجع: ۶۰۶۷]

بَابُ سَتْرِ الْمُؤْمِنِ عَلٰى نَفْسِهِ

مؤمن اپنی زلاّت کا افشاء نہ کرے

لغزشیں کس سے نہیں ہوتیں! پس اگر کسی مؤمن سے کوئی لغزش ہوجائے تو اس کا افشاء نہ کرے، تاکہ لوگ اس کے بارے میں بدگمانی نہ کریں (یہ بدگمانی کے سلسلہ کا آخری باب ہے)

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''میری ساری امت معاف کی ہوئی ہے مگر ڈِھٹائی (بےشرمی) سے گناہ کرنے والا، اور بےشرمی میں سے یہ بات ہے کہ آدمی رات میں کوئی (برا) کام کرے، پھر وہ صبح کرے درانحالیکہ اللہ نے اس کو چھپایا ہے یعنی اس کا گناہ کوئی نہیں جانتا، پس وہ کہے: اوفلاں! میں نے گذشتہ رات یہ اور یہ کیا، حالانکہ اس نے رات گذاری تھی اس حال میں کہ اس کے رب نے اس گناہ کو چھپایا تھا، اور صبح کی اس نے تو اس پر اللہ کے پردے کو کھول دیا''، یعنی بےشرمی اور ڈِھٹائی یہ ہے، رات میں گناہ ہوگیا وہ ڈھٹائی نہیں۔

دوسری حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۵: ۴۶۳) آئی ہے۔ ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نجوی (سرگوشی) کی حدیث پوچھی یعنی قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کسی بندے سے سرگوشی کریں گے: وہ حدیث کیا ہے؟ اس حدیث کا یہ جزء

باب سے متعلق ہے: اللہ تعالیٰ کسی بندے کے سامنے اس کے گناہ پیش کریں گے، جب اس سے اقرار کرالیں گے تو فرمائیں گے: ''میں نے تیرے یہ گناہ دنیا میں چھپائے تھے، اور آج میں وہ گناہ تیرے لئے بخشتا ہوں!'' —— اور اللہ کے اخلاق (صفات) بندوں کو اپنانے چاہئیں، پس وہ بھی اپنی زلّات چھپائیں۔

[٦٠-] بَابُ سَتْرِ الْمُؤْمِنِ عَلٰى نَفْسِهِ

[٦٠٦٩-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ أَخِيْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' كُلُّ أُمَّتِيْ مُعَافًى إِلَّا الْمُجَاهِرِيْنَ، وَإِنَّ مِنَ الْمَجَانَةِ أَنْ يَعْمَلَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ عَمَلاً، ثُمَّ يُصْبِحُ وَقَدْ سَتَرَهُ اللّٰهُ، فَيَقُوْلَ: يَا فُلَانُ عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا، وَقَدْ بَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهُ وَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سِتْرَ اللّٰهِ عَلَيْهِ''

[٦٠٧٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ: كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِي النَّجْوَى؟ قَالَ: ''يَدْنُوْ أَحَدُكُمْ مِنْ رَبِّهِ حَتّٰى يَضَعَ كَنَفَهُ عَلَيْهِ فَيَقُوْلُ: عَمِلْتَ كَذَا وَكَذَا؟، مَرَّتَيْنِ، فَيَقُوْلُ: نَعَمْ. وَيَقُوْلُ: عَمِلْتَ كَذَا وَكَذَا؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ. فَيُقَرِّرُهُ ثُمَّ يَقُوْلُ: إِنِّيْ سَتَرْتُ عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا، وَأَنَا أَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ''[راجع: ٢٤٤١]

بَابُ الْكِبْرِ

تکبر کی مذمت

تکبر: کبریائی کا مظہر ہے، پس وہ اللہ تعالیٰ ہی کے لئے زیبا ہے، بندے کا کمال بندگی، نیازمندی، فروتنی اور خاکساری ہے، یہی عبدیت کا مظہر ہیں، پس بندوں سے تواضع مطلوب ہے: اللہ کے ساتھ بھی اور بندوں کے ساتھ بھی، اسی لئے قرآن وحدیث میں تکبر کی سخت مذمت آئی ہے۔

آیتِ کریمہ: سورۃ الحج (آیت۹) میں ہے: ﴿ثَانِيَ عِطْفِهِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾: بعضا تکبر کرتے ہوئے جھگڑتا ہے تاکہ وہ اللہ کی راہ سے بچلادے —— ثانی: اسم فاعل، ازثَنْيٌ: موڑنا............ العِطْف: سر سے کولہے تک کا حصہ، حضرت مجاہدؒ نے اس کا ترجمہ: گردن کیا ہے، یہ بعض معنی ہیں، ثانی عطفه: پہلوتہی کرنے والا، یعنی گھمنڈی۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں جنتی نہ بتاؤں؟ ہر کمزور (بے حیثیت) کمزور گردانا ہوا، اگر وہ اللہ پر قسم کھالے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم پوری کریں''، یعنی اللہ کے ساتھ اس کا تعلق مضبوط ہے ''کیا میں تمہیں جہنمی نہ بتاؤں؟ ہر اکھڑ مزاج۔ بدخواور مغرور شخص!'' —— تواضع، نرمی اور عاجزی اہل جنت کی صفات ہیں، اور اکھڑپن، بداخلاقی اور غرور واستکبار

دوزخیوں کے اوصاف ہیں۔

دوسری حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مدینہ والوں کی باندیوں میں سے ایک باندی رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ پکڑ کر جہاں چاہتی لے جاتی ـــــ یہ تواضع اور خاکساری کا اعلیٰ نمونہ ہے، اور یہ اسی سے ممکن ہے جس میں تکبر نام کو بھی نہ ہو۔

[٦١-] بَابُ الْكِبْرِ

قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿ثَانِيَ عِطْفِهِ﴾: مُسْتَكْبِرًا فِي نَفْسِهِ، ﴿عِطْفِهِ﴾: رَقَبَتِهِ.

[٦٠٧١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ؟ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ، لَوْ يُقْسِمُ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ، أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ؟ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ "[راجع: ٤٩١٨]

[٦٠٧٢-] وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ ابْنُ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَتِ الْأَمَةُ مِنْ إِمَاءِ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَتَأْخُذُ بِيَدِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَتَنْطَلِقُ بِهِ حَيْثُ شَاءَ تْ.

بَابُ الْهِجْرَةِ

ترکِ تعلق کا بیان

لوگوں میں کبھی ناچاقی ہوجاتی ہے، باسن بجتے ہیں، اس لئے مختصر وقت کے لئے اس کی گنجائش رکھی گئی، البتہ ترکِ تعلق پر لمبی مدت نہیں گذرنی چاہئے، اور لمبی مدت کا اندازہ تین دن سے کیا ہے، اس سے پہلے سلام وکلام شروع ہوجانا چاہئے، مگر حسبِ سابق شیر وشکر ہوجانا ضروری نہیں ـــــ اور خاص احوال میں اس سے زیادہ مدت تک بول چال بند رکھی جاسکتی ہے، مثلاً: میاں بیوی میں یا ماں باپ اور اولاد میں ناچاقی ہوگئی تو اس میں زائد مدت تک کی گنجائش ہے، نبی ﷺ نے ازواج سے ایک ماہ کا ایلاء کیا ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان میں خواہ کتنی ہی مدت گذر جائے رشتہ منقطع نہیں ہوتا، ایک دوسرے سے جدا نہیں ہونگے، مگر بھائی بہنوں میں یہ گنجائش نہیں، کیونکہ ان میں تعلقات ٹوٹ جائیں گے ـــــ اسی طرح دین کی وجہ سے تعلق توڑا جائے تو بھی زیادہ مدت تک بلکہ زندگی بھر کے لئے توڑا جاسکتا ہے، دعائے قنوت میں ہے: وَنَتْرُكُ مَنْ يَفْجُرُكَ: ہم اس کو چھوڑتے ہیں جو آپ کا گناہ کرتا ہے، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیٹے سے زندگی بھر نہ بولنے کی قسم کھائی تھی (اور یہ مسئلہ اگلے باب میں آرہا ہے)

روایت مع وضاحت: عوف بن طفیل (راوی) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا اخیافی (ماں شریک) بھائی کا لڑکا ہے، ام

رومان پہلے کسی کے نکاح میں تھیں، اس سے یہ لڑکا ہوا تھا، پھر شوہر کا انتقال ہوگیا تو ام رومان سے صدیقِ اکبرؓ نے نکاح کیا، ان سے عبدالرحمٰن اور عائشہ رضی اللہ عنہما پیدا ہوئے۔ طفیل بیان کرتا ہے کہ حضرت عائشہؓ کو یہ بات بتائی گئی کہ عبداللہ بن الزبیرؓ (بھانجے) نے کسی بیع یا بخشش کے بارے میں کہا جو عائشہؓ نے کی تھی (یہ شک راوی ہے، اصلی بات یہ ہے کہ ابن الزبیر خالہ کے ساتھ بہت حسن سلوک کرتے تھے، ہدیے ہدایا بھیجتے تھے، صدیقہؓ سب خیرات کردیتی تھیں، اس لئے ابن الزبیر نے کہا:) بخدا! یا تو عائشہ (صدقہ کرنے سے) رک جائیں یا میں ضرور ان پر بین (پابندی) لگاؤنگا! (وہ امیر المؤمنین تھے) پس صدیقہؓ نے پوچھا: کیا انھوں نے یہ بات کہی ہے؟ لوگوں نے کہا: ہاں! صدیقہؓ نے کہا: شان یہ ہے کہ اللہ کے لئے میرے ذمہ منت ہے: میں ابن الزبیر سے کبھی نہیں بولونگی! پس ابن الزبیر نے سفارش کروائی صدیقہ کے پاس جب ترک تعلق دراز ہوگیا، صدیقہؓ نے جواب دیا: نہیں، بخدا! نہیں سفارش قبول کرونگی میں اس معاملہ میں کبھی بھی، اور نہیں قسم توڑونگی میری منت کی وجہ سے۔ پھر جب معاملہ دراز ہوگیا ابن الزبیر پر تو انھوں نے مسور اور عبدالرحمٰن سے گفتگو کی، اور وہ دونوں خاندان زُہرہ کے تھے (صدیقہ زُہریوں کی بہت رعایت کرتی تھیں، کیونکہ وہ نبی ﷺ کا ننھیال تھا، آپؐ کی والدہ اسی خاندان کی تھیں) پس ابن الزبیرؓ نے دونوں سے کہا: میں تم دونوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! تم دونوں مجھے حضرت عائشہؓ کے پاس لے جاؤ، اس لئے کہ ان کے لئے جائز نہیں کہ مجھ سے ترک تعلق کی منت مانیں، پس مسور اور عبدالرحمٰن ان کو لے کر آئے درانحالیکہ دونوں اپنی چادروں میں لپٹے ہوئے تھے، یہاں تک کہ دونوں نے عائشہؓ کے پاس جانے کی اجازت طلب کی، پس انھوں نے کہا: **السلام علیکم ورحمة الله وبر کاته**: کیا ہم اندر آجائیں، صدیقہؓ نے کہا: آجاؤ، انھوں نے پوچھا: سب آجائیں؟ صدیقہؓ نے کہا: ہاں سب آجاؤ، اور وہ نہیں جانتی تھیں کہ ساتھ میں ابن الزبیر ہیں، پس جب وہ اندر گئے تو ابن الزبیر پردے میں چلے گئے، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گلے لگ گئے، اور ان کو قسمیں دینی شروع کیں، اور رونے لگے، اور مسور اور عبدالرحمٰن بھی ان کو قسمیں دینے لگے کہ وہ ضرور بولیں، اور ابن الزبیر کو معاف کردیں، اور دونوں نے کہا: نبی ﷺ نے منع کیا ہے جیسا کہ آپ جانتی ہیں ترک تعلق سے، اور یہ کہ کسی بھی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ تعلق توڑے رہے (یہاں باب ہے) پس جب انھوں نے حضرت عائشہؓ کو بہت سمجھایا اور دباؤ ڈالا تو وہ دونوں کو نصیحت کرنے لگیں، اور رونے لگیں، اور کہنے لگیں: میں نے منت مانی ہے، اور منت بہت اہم چیز ہوتی ہے، پس وہ دونوں صدیقہؓ کے پیچھے پڑے رہے یہاں تک کہ وہ ابن الزبیر سے بولیں، اور انھوں نے اپنی اس منت میں چالیس غلام آزاد کئے، اور وہ اس کے بعد بھی اپنی منت کو یاد کیا کرتی تھیں اور روتی تھیں، یہاں تک کہ ان کے آنسوؤں سے ان کی اوڑھنی بھیگ جاتی تھی۔

[٦٢-] بَابُ الْهِجْرَةِ

[٦٠٧٣و٦٠٧٤و٦٠٧٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَوْفُ بْنُ الطُّفَيْلِ، وَهُوَ ابْنُ أَخِيْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِأُمِّهَا: أَنَّ عَائِشَةَ حُدِّثَتْ أَنَّ

عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ قَالَ فِي بَيْعٍ أَوْ عَطَاءٍ أَعْطَتْهُ عَائِشَةُ: وَاللّٰهِ لَتَنْتَهِيَنَّ عَائِشَةُ أَوْ لَأَحْجُرَنَّ عَلَيْهَا. فَقَالَتْ: أَهُوَ قَالَ هٰذَا؟ قَالُوْا: نَعَمْ. قَالَتْ: هُوَ لِلّٰهِ! عَلَيَّ نَذْرٌ أَنْ لَا أُكَلِّمَ ابْنَ الزُّبَيْرِ أَبَدًا. فَاسْتَشْفَعَ ابْنُ الزُّبَيْرِ إِلَيْهَا حِيْنَ طَالَتِ الْهِجْرَةُ، فَقَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ! لَا أُشَفِّعُ فِيْهِ أَبَدًا، وَلَا أَتَحَنَّثُ إِلٰى نَذْرِيْ، فَلَمَّا طَالَ ذٰلِكَ عَلٰى ابْنِ الزُّبَيْرِ كَلَّمَ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْأَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوْثَ، وَهُمَا مِنْ بَنِيْ زُهْرَةَ، وَقَالَ لَهُمَا: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ لَمَّا أَدْخَلْتُمَانِيْ عَلٰى عَائِشَةَ، فَإِنَّهَا لَايَحِلُّ لَهَا أَنْ تَنْذُرَ قَطِيْعَتِيْ، فَأَقْبَلَ بِهِ الْمِسْوَرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ مُشْتَمِلَيْنِ بِأَرْدِيَتِهِمَا حَتّٰى اسْتَأْذَنَا عَلٰى عَائِشَةَ، فَقَالَا: السَّلَامُ عَلَيْكِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ! أَنَدْخُلُ؟ قَالَتْ عَائِشَةُ: ادْخُلُوْا، قَالُوْا: كُلُّنَا؟ قَالَتْ: نَعَمِ ادْخُلُوْا كُلُّكُمْ، وَلَا تَعْلَمُ أَنَّ مَعَهُمَا ابْنَ الزُّبَيْرِ، فَلَمَّا دَخَلُوْا دَخَلَ ابْنُ الزُّبَيْرِ الْحِجَابَ، فَاعْتَنَقَ عَائِشَةَ، فَطَفِقَ يُنَاشِدُهَا وَيَبْكِيْ، وَطَفِقَ الْمِسْوَرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ يُنَاشِدَانِهَا إِلَّا مَا كَلَّمَتْ وَقَبِلَتْ مِنْهُ، وَيَقُوْلَانِ: إِنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم نَهٰى عَمَّا قَدْ عَلِمْتِ مِنَ الْهِجْرَةِ، وَإِنَّهُ لَايَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ، فَلَمَّا أَكْثَرُوْا عَلٰى عَائِشَةَ مِنَ التَّذْكِرَةِ وَالتَّحْرِيْجِ طَفِقَتْ تُذَكِّرُهُمَا وَتَبْكِيْ، وَتَقُوْلُ: إِنِّيْ نَذَرْتُ، وَالنَّذْرُ شَدِيْدٌ! فَلَمْ يَزَالَا بِهَا حَتّٰى كَلَّمَتِ ابْنَ الزُّبَيْرِ، وَأَعْتَقَتْ فِيْ نَذْرِهَا ذٰلِكَ أَرْبَعِيْنَ رَقَبَةً، وَكَانَتْ تَذْكُرُ نَذْرَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَتَبْكِيْ، حَتّٰى تَبُلَّ دُمُوْعُهَا خِمَارَهَا. [راجع: ۳۵۰۴]

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جائز نہیں کسی کے لئے بھی کہ اپنے بھائی سے تعلق توڑے رہے تین دن سے زیادہ، ملاقات کریں دونوں، پس یہ رخ پھیر لے اور وہ رخ پھیر لے، اور ان میں بہتر وہ ہے جو سلام میں ابتداء کرے (اس حد تک تعلقات کی استواری ضروری ہے)

[۶۰۷۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " لَايَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ، فَيَلْتَقِيَانِ فَيُعْرِضُ هٰذَا وَيُعْرِضُ هٰذَا، وَخَيْرُهُمَا الَّذِيْ يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ "[طرفه: ۶۲۳۷]

بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنَ الْهِجْرَانِ لِمَنْ عَصٰى

نافرمان سے ترک تعلق جائز ہے

گذشتہ باب میں دنیوی سبب سے ترک تعلقات کا بیان تھا، اب اس باب میں دین کی وجہ سے ترک تعلق کا بیان ہے۔ غزوۂ تبوک میں تین مخلص صحابہ بغیر عذر کے شریک نہیں ہوئے تھے، ان سے پچاس دنوں تک بائیکاٹ رہا، سلام وکلام بندرہا، پھر جب ان کی توبہ نازل ہوئی تو لوگوں نے ان کے ساتھ بولنا شروع کیا، یہ دین کی وجہ سے ترک تعلق تھا اور جائز تھا۔

پھر باب میں دوسری حدیث لائے ہیں جو پہلے آئی ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا جب نبی ﷺ سے روٹھ جاتیں تو قسم میں آپؐ کا نام نہیں لیتی تھیں، بلکہ ابراہیم علیہ السلام کا نام لیتی تھیں، یہ حدیث اس باب میں (جائز ترک تعلقات کے باب میں) اس لئے لائے ہیں کہ اگر ناراضگی ہوجائے، خواہ کسی سبب سے ہو اور سلام وکلام جاری رہے تو یہ جائز ہے، کیونکہ یہ حقیقی ہجران (ترک تعلق) نہیں، صرف صورۃً ہجران ہے۔

[٦٣-] بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنَ الْهِجْرَانِ لِمَنْ عَصَى

وَقَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: وَنَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ كَلاَمِنَا، وَذَكَرَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً.

[٦٠٧٨-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنِّيْ لَأَعْرِفُ غَضَبَكِ وَرِضَاكِ" قَالَتْ: قُلْتُ: وَكَيْفَ تَعْرِفُ ذَاكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "إِنَّكِ إِذَا كُنْتِ رَاضِيَةً قُلْتِ: بَلٰى وَرَبِّ مُحَمَّدٍ! وَإِنْ كُنْتِ سَاخِطَةً قُلْتِ: لَا وَرَبِّ إِبْرَاهِيْمَ" قَالَتْ: قُلْتُ: أَجَلْ، لَسْتُ أُهَاجِرُ إِلَّا اسْمَكَ. [راجع: ٥٢٢٨]

بَابٌ: هَلْ يَزُوْرُ صَاحِبَهُ كُلَّ يَوْمٍ أَوْ بُكْرَةً وَعَشِيًّا؟

کیا خصوصی تعلق والے سے روزانہ یا صبح وشام ملاقات کرسکتا ہے؟

حاکم کی تاریخ نیشاپور سے اور خطیب کی تاریخ بغداد سے حاشیہ میں ایک حدیث ہے: زُرْغِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا: گاہ گاہ ملاقات کرو، محبت میں اضافہ ہوگا، اور باب کی حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ روز صبح وشام حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے یہاں جایا کرتے تھے، اس لئے حضرت نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، درحقیقت اس کا مدار تعلقات کی نوعیت پر ہے، اگر گہرا تعلق ہے تو بار بار ملاقات ازدیادِ محبت کا سبب بنتی ہے، اور نارمل تعلق ہے تو بار بار ملنا کلفت کا سبب بنتا ہے، پس دونوں حدیثوں کا محمل الگ الگ ہے۔

[٦٤-] بَابٌ: هَلْ يَزُوْرُ صَاحِبَهُ كُلَّ يَوْمٍ أَوْ بُكْرَةً وَعَشِيًّا؟

[٦٠٧٩-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ، فَأَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمْ أَعْقِلْ أَبَوَيَّ إِلَّا وَهُمَا يَدِيْنَانِ الدِّيْنَ، وَلَمْ يَمُرَّ عَلَيْنَا يَوْمٌ إِلَّا يَأْتِيْنَا فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَرَفَيِ النَّهَارِ بُكْرَةً وَعَشِيَّةً، فَبَيْنَا نَحْنُ جُلُوْسٌ فِيْ بَيْتِ أَبِيْ بَكْرٍ فِيْ نَحْرِ الظَّهِيْرَةِ قَالَ قَائِلٌ: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى

الله علیه وسلم! فِیْ سَاعَةٍ لَمْ یَکُنْ یَأْتِیْنَا فِیْهَا، قَالَ أَبُوْ بَکْرٍ: مَاجَاءَ بِهِ فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ إِلَّا أَمْرٌ، قَالَ: ''إِنِّیْ أُذِنَ لِیْ فِی الْخُرُوْجِ''[راجع: ٤٧٦]

بَابُ الزِّیَارَةِ، وَمَنْ زَارَ قَوْمًا فَطَعِمَ عِنْدَهُمْ

جس سے ملاقات کے لئے جائے اس کے یہاں کھانا کھانا

کچھ تو تقریب بہر ملاقات چاہئے، پس جو ملاقات کے لئے آئے اس کے سامنے ماحضر پیش کرے، ابن بطّال رحمہ اللہ نے اس کو زیارت کا تتمہ قرار دیا ہے، اس سے محبت بڑھتی ہے، اور ملاقات کے لئے آنے والے کو چاہئے کہ مزور کے لئے اور اس کے گھر والوں کے لئے دعاؤں کی سوغات پیش کرے۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ اپنے دینی بھائی ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی ملاقات کے لئے گئے تو وہاں کھانا کھایا اور رات گذاری، اور نبی ﷺ انسؓ کے گھر گئے تو کھانا کھایا، اور گھر میں دو نفلیں پڑھیں، اور گھر والوں کے لئے دعا کی، دونوں حدیثیں پہلے آئی ہیں۔

[٦٥-] بَابُ الزِّیَارَةِ، وَمَنْ زَارَ قَوْمًا فَطَعِمَ عِنْدَهُمْ

وَزَارَ سَلْمَانُ أَبَا الدَّرْدَاءِ فِی عَهْدِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم فَأَکَلَ عِنْدَهُ.

[٦٠٨٠-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم زَارَ أَهْلَ بَیْتٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَطَعِمَ عِنْدَهُمْ طَعَامًا، فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ یَخْرُجَ أَمَرَ بِمَکَانٍ مِنَ الْبَیْتِ، فَنُضِحَ لَهُ عَلٰی بِسَاطٍ، فَصَلّٰی عَلَیْهِ، وَدَعَا لَهُمْ.[راجع: ٦٧٠]

بَابُ مَنْ تَجَمَّلَ لِلْوُفُوْدِ

وفود سے ملنے کے لئے آراستہ ہونا

جس طرح جمعہ پڑھانے کے لئے نبی ﷺ آراستہ ہوتے تھے، آنے والے وفود سے ملنے کے لئے بھی آپؐ مزین ہوتے تھے، اس کا آنے والوں پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ حضرت سالمؒ نے ابواسحاق حضرمیؒ سے پوچھا: استبرق کیا ہے؟ انھوں نے کہا: موٹا اور خوبصورت ریشم (یہ حدیث سنانے کے لئے تقریب پیدا کی) پھر سالمؒ نے اپنے ابا سے روایت کر کے ایک واقعہ سنایا، اس میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک ریشمی سوٹ لے کر خدمتِ نبوی میں آئے اور عرض کیا: اسے خرید لیں، اور جب آپؐ کے پاس وفود آئیں تو اسے پہن کر ان سے ملیں، آپؐ نے اس پر نکیر نہیں کی، معلوم ہوا کہ وفود سے ملنے کے لئے آراستہ ہونا جائز ہے۔ اور اس حدیث کی وجہ سے حضرت ابن عمرؓ کپڑے میں ریشمی پھولوں کو پسند نہیں کرتے تھے۔

[٦٦-] بَابُ مَنْ تَجَمَّلَ لِلْوُفُوْدِ

[٦٠٨١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ یَحْیَی بْنُ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ لِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: مَا الإِسْتَبْرَقُ؟ قُلْتُ: مَا غَلُظَ مِنَ الدِّیْبَاجِ وَحَسُنَ مِنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ یَقُوْلُ: رَأَی عُمَرُ عَلٰی رَجُلٍ حُلَّةً مِنْ إِسْتَبْرَقٍ، فَأَتَی بِهَا النَّبِیَّ صلی اللّٰه علیه وسلم، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اشْتَرِ هٰذِهِ فَالْبَسْهَا لِوَفْدِ النَّاسِ إِذَا قَدِمُوْا عَلَیْكَ، فَقَالَ: " إِنَّمَا یَلْبَسُ الْحَرِیْرَ مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ" فَمَضَی فِیْ ذٰلِكَ مَا مَضَی، ثُمَّ إِنَّ النَّبِیَّ صلی اللّٰه علیه وسلم بَعَثَ إِلَیْهِ بِحُلَّةٍ، فَأَتَی بِهَا النَّبِیَّ صلی اللّٰه علیه وسلم، فَقَالَ: بَعَثْتَ إِلَیَّ بِهٰذِهِ وَقَدْ قُلْتَ فِیْ مِثْلِهَا مَا قُلْتَ؟ قَالَ: " إِنَّمَا بَعَثْتُ إِلَیْكِ لِتُصِیْبَ بِهَا مَالاً" فَکَانَ ابْنُ عُمَرَ یَکْرَهُ الْعَلَمَ فِی الثَّوْبِ لِهٰذَا الْحَدِیْثِ.

قوله: رَأی علی رجل: ایک شخص کے پاس ریشمی سوٹ (برائے فروخت) دیکھا۔

بَابُ الإِخَاءِ وَالْحِلْفِ

بھائی بنانا اور تعاون باہمی کا معاہدہ کرنا

إخاء: مصدر ہے آخیٰ فلانا مُوَاخَاۃ و إخاء: بھائی بنانا ...... **الحِلْف:** اسم ہے: گٹھ جوڑ، تعاون باہمی کا معاہدہ ...... مشہور صحیح حدیث ہے: **لا حِلْف فی الإسلام:** اسلام میں تعاون باہمی کا معاہدہ نہیں، جبکہ ہجرت کے بعد مہاجرین وانصار میں مواخات کرائی گئی، سلمان فارسی اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہما کو بھائی بھائی بنایا، اور عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور سعد بن الربیع انصاری کے درمیان مواخات کی، اور عاصم احول نے انسؓ سے پوچھا: آپ کو حدیث: **لا حلف فی الإسلام** پہنچی ہے؟ فرمایا: نبی ﷺ نے میرے گھر میں قریش اور انصار کے درمیان تعاون باہمی کا معاہدہ کرایا ہے ...... پس **لا حِلف فی الإسلام** کی توجیہ کرنی ہوگی: (۱) مراد توریث ہے پہلے بھائی چارگی کی بنیاد پر میراث ملتی تھی، جو بعد میں منسوخ کردی گئی (۲) مراد انشاء ہے یعنی مسلمانوں میں اسلامی رشتہ ہی تعاون باہمی کے لئے کافی ہے، کوئی نیا گٹھ جوڑ کرنا جیسا کہ جاہلیت میں مظلوم اور پردیسی کی مدد کے لئے کیا جاتا تھا: اب اس کی ضرورت نہیں۔

[٦٧-] بَابُ الإِخَاءِ وَالْحِلْفِ

[١-] وَقَالَ أَبُوْ جُحَیْفَةَ: آخَی النَّبِیُّ صلی اللّٰه علیه وسلم بَیْنَ سَلْمَانَ وَأَبِی الدَّرْدَاءِ.

[٢-] وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِیْنَةَ آخَی النَّبِیُّ صلی اللّٰه علیه وسلم بَیْنِیْ وَبَیْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِیْعِ.

[۶۰۸۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ، فَآخَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''أَوْ لِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ'' [راجع: ۲۰۴۹]

[۶۰۸۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا، قَالَ: حَدَّثَنَاعَاصِمٌ: قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَبَلَغَكَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' لاَ حِلْفَ فِي الإِسْلَامِ؟'' فَقَالَ: قَدْ حَالَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ قُرَيْشٍ وَالْأَنْصَارِ فِيْ دَارِيْ. [راجع: ۲۲۹۴]

بَابُ التَبَسُّمِ وَالضَّحِكِ

مسکرانا اور ہنسنا

مناسب موقعہ پر مسکرانا اور ہنسنا زندہ دلی کی علامت ہے، مردہ دل کیا خاک جئیں گے!...... مسکرانا: ہونٹوں میں ہنسنا...... ہنسنا: اس طرح مسکرانا کہ دانت نظر آئیں مگر آواز نہ نکلے...... قہقہہ: اس طرح ہنسنا کہ سارا جگ سن لے۔

نبی ﷺ اکثر مسکراتے تھے، ہنستے بہت کم تھے اور کھلکھلا کر ہنسنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا، اور باب میں بہت ساری حدیثیں ہیں، سب میں آپؐ کی ہنسی کا تذکرہ ہے، اور سب حدیثیں پہلے آچکی ہیں۔

لطیفہ: میری طالب علمی کے زمانہ میں دارالعلوم دیوبند میں ایک بڑے استاذ تھے، وہ سبق میں کبھی مسکراتے نہیں تھے، ہمیشہ: عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا: بنے رہتے تھے، ان کے بارے میں طلبہ میں مشہور تھا کہ اگر وہ سبق میں مسکرادیں تو اس دن بارش ضرور ہوگی۔

معلق روایت: مرض وفات میں نبی ﷺ نے حضرت فاطمہؓ سے رازدارانہ طور پر کوئی بات کہی تو وہ ہنس دیں۔

ابن عباسؓ کا قول: ایک موقعہ پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی تائید میں ابن عباسؓ نے سورۃ النجم کی (آیت ۴۳) پڑھی کہ اللہ تعالیٰ ہی ہنساتے ہیں اور رلاتے ہیں (ہنسی کا ذکر آ گیا، یہ قول تحفۃ القاری ۴: ۴۶۶ میں آیا ہے)

پہلی حدیث: رفاعہ قُرظی کی بیوی کا واقعہ ہے، یہ قریظہ: خزرج کا بطن ہے، یہود کا قبیلہ نہیں ہے، اس نے جو بے تمیزی کی باتیں کی تھیں تو صدیقہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ صرف مسکراتے رہے یعنی اس کی بات کا برا نہیں مانا۔

[۶۸-] بَابُ التَّبَسُّمِ وَالضَّحِكِ

[۱-] وَقَالَتْ فَاطِمَةُ: أَسَرَّ إِلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَضَحِكْتُ.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّ اللّٰهَ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَى.

[٦٠٨٤-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فَبَتَّ طَلَاقَهَا، فَتَزَوَّجَهَا بَعْدَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الزَّبِيْرِ، فَجَاءَ تِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ رِفَاعَةَ فَطَلَّقَهَا آخِرَ ثَلَاثِ تَطْلِيْقَاتٍ، فَتَزَوَّجَهَا بَعْدَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الزَّبِيْرِ، وَإِنَّـهُ وَاللّٰهِ مَا مَعَهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِلَّا مِثْلُ هٰذِهِ الْهُدْبَةِ، لِهُدْبَةٍ أَخَذَتْهَا مِنْ جِلْبَابِهَا، قَالَ: وَأَبُوْ بَكْرٍ جَالِسٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَابْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ جَالِسٌ بِبَابِ الْحُجْرَةِ لِيُؤْذَنَ لَهُ، فَطَفِقَ خَالِدٌ يُنَادِيْ أَبَا بَكْرٍ: يَا أَبَا بَكْرٍ! أَلَا تَزْجُرُ هٰذِهِ عَمَّا تَجْهَرُ بِهِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟! وَمَا يَزِيْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى التَّبَسُّمِ، ثُمَّ قَالَ: " لَعَلَّكِ تُرِيْدِيْنَ أَنْ تَرْجِعِيْ إِلَى رِفَاعَةَ؟ لَا، حَتّٰى تَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ، وَيَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ" [راجع: ٢٦٣٩]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ٦:٥١٧) آئی ہے، اس میں ہے: ازواج آپؐ سے کسی چیز کی زیادتی کا مطالبہ کررہی تھیں، ان کی آوازیں بلند ہورہی تھیں، پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تو وہ سب پردے میں چلی گئیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ کو اجازت دی، وہ آئے تو آپ ہنس رہے تھے، باقی ترجمہ محولہ بالا مقام میں ہے۔

[٦٠٨٥-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَعِنْدَهُ نِسْوَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ يَسْأَلْنَهُ وَيَسْتَكْثِرْنَهُ، عَالِيَةً أَصْوَاتُهُنَّ عَلَى صَوْتِهِ، فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ عُمَرُ تَبَادَرْنَ الْحِجَابَ، فَأَذِنَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَدَخَلَ وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَضْحَكُ، فَقَالَ: أَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! فَقَالَ:" عَجِبْتُ مِنْ هٰؤُلَاءِ اللَّاتِيْ كُنَّ عِنْدِيْ، لَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ تَبَادَرْنَ الْحِجَابَ" فَقَالَ: أَنْتَ أَحَقُّ أَنْ يَهَبْنَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ. ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْهِنَّ فَقَالَ: يَا عَدُوَّاتِ أَنْفُسِهِنَّ أَتَهَبْنَنِيْ وَلَا تَهَبْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقُلْنَ: أَنْتَ أَفَظُّ وَأَغْلَظُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِيْهٍ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ سَالِكًا فَجًّا إِلَّا سَلَكَ غَيْرَ فَجِّكَ" [راجع: ٣٢٩٤]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ٨:٤١٥) آئی ہے۔ اس میں ہے کہ جب دوسرے دن آپؐ نے محاصرہ اٹھالینے کے لئے فرمایا تو سب خاموش رہے، آپ ہنسے (کہ گذشتہ کل میری بات ماننے کے لئے تیار نہیں تھے، آج زخم کھائے تو مان لی)

[۶۰۸۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: لَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالطَّائِفِ، قَالَ:" إِنَّا قَافِلُوْنَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" فَقَالَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: لاَ نَبْرَحُ أَوْ نَفْتَحُهَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" فَاغْدُوْا عَلَى الْقِتَالِ" قَالَ: فَغَدَوْا، فَقَاتَلُوْهُمْ قِتَالاً شَدِيْدًا، وَكَثُرَ فِيْهِمُ الْجِرَاحَاتُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّا قَافِلُوْنَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" قَالَ: فَسَكَتُوْا، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِالْخَبَرِ كُلِّهِ.[راجع: ۴۳۲۵]

وضاحت: أو نفتحها: میں أو بمعنی حتی یا إلی ہے۔

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۵:۴۷) آئی ہے۔ اس میں ہے: ایک شخص نے رمضان میں بیوی سے صحبت کرلی، اس کو کفارہ ادا کرنے کے لئے نبی ﷺ نے کھجوریں دیں اور فرمایا: اس کو غریبوں میں تقسیم کردو، انھوں نے عرض کیا: مدینہ کے دولابوں کے درمیان میرے گھر سے زیادہ کوئی غریب گھر نہیں، پس نبی ﷺ ہنس دیئے اتنا کہ ڈاڑھیں نظر آئیں اور فرمایا:"جاؤ گھر میں کھالو!"

[۶۰۸۷-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: هَلَكْتُ، وَقَعْتُ عَلَى أَهْلِيْ فِيْ رَمَضَانَ. فَقَالَ:" أَعْتِقْ رَقَبَةً" قَالَ: لَيْسَ لِيْ، قَالَ:" فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ" قَالَ: لاَ أَسْتَطِيْعُ، قَالَ:" فَأَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا" قَالَ: لاَ أَجِدُ فَأُتِيَ بِعَرَقٍ فِيْهِ تَمْرٌ - قَالَ إِبْرَاهِيْمُ: الْعَرْقُ الْمِكْتَلُ - فَقَالَ:" أَيْنَ السَّائِلُ؟ تَصَدَّقْ بِهَا" قَالَ: عَلَى أَفْقَرَ مِنِّيْ؟ وَاللّٰهِ مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا أَهْلُ بَيْتٍ أَفْقَرُ مِنَّا، فَضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، قَالَ:" فَأَنْتُمْ إِذًا" [راجع: ۱۹۳۶]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۳۲) آئی ہے۔ ایک بدو نے آپؐ کی چادر پکڑ کر کھینچی، اور کہا: آپؐ کے پاس جو مال ہے اس میں سے مجھے دیجئے، آپؐ اس کی طرف متوجہ ہوئے اور ہنسے اور اس کے لئے عطیہ کا حکم دیا۔

[۶۰۸۸-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَعَلَيْهِ بُرْدٌ نَجْرَانِيٌّ غَلِيْظُ الْحَاشِيَةِ، فَأَدْرَكَهُ أَعْرَابِيٌّ فَجَبَذَ بِرِدَائِهِ جَبْذَةً شَدِيْدَةً، قَالَ أَنَسٌ: فَنَظَرْتُ إِلٰى صَفْحَةِ عَاتِقِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ أَثَّرَتْ بِهَا حَاشِيَةُ الرِّدَاءِ مِنْ شِدَّةِ جَبْذَتِهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ! مُرْلِيْ مِنْ مَالِ اللّٰهِ الَّذِيْ عِنْدَكَ، فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ فَضَحِكَ ثُمَّ أَمَرَ لَهُ بِعَطَاءٍ.[راجع: ۳۱۴۹]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۶:۳۴۷) آئی ہے۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر نبی ﷺ ہمیشہ مسکراتے تھے۔

[٦٠٨٩-] حدثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ: مَا حَجَبَنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُنْذُ أَسْلَمْتُ، وَلاَ رَآنِيْ إِلَّا تَبَسَّمَ فِيْ وَجْهِيْ.[راجع: ٣٠٢٠]

[٦٠٩٠-] وَلَقَدْ شَكَوْتُ إِلَيْهِ أَنِّيْ لاَ أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، فَضَرَبَ بِيَدِهِ فِيْ صَدْرِى، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا" [راجع: ٣٠٣٥]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۱:۴۳۹) آئی ہے۔ اس میں ام سلیم کے سوال پر ام سلمہ رضی اللہ عنہا ہنسی ہیں۔

[٦٠٩١-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنَّ اللهَ لاَ يَسْتَحِيِيْ مِنَ الْحَقِّ، فَهَلْ عَلَى الْمَرْأَةِ غُسْلٌ إِذَا احْتَلَمَتْ؟ قَالَ: "نَعَمْ، إِذَا رَأَتِ الْمَاءَ" فَضَحِكَتْ أُمُّ سَلَمَةَ، فَقَالَتْ: أَتَحْتَلِمُ الْمَرْأَةُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "فَبِمَ تُشْبِهُ الْوَلَدَ؟!" [راجع: ١٣٠]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۹:۴۹۷) آئی ہے۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نہیں دیکھا میں نے کبھی بھی نبی ﷺ کو پوری طرح ہنستے ہوئے، یہاں تک کہ میں آپ کے کوے کو دیکھ لوں، آپ (عموماً) صرف مسکراتے تھے۔

[٦٠٩٢-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَمْرٌو، أَنَّ أَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مُسْتَجْمِعًا قَطُّ ضَاحِكًا حَتّٰى أَرَى مِنْهُ لَهَوَاتِهِ، إِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ.[راجع: ٤٨٢٨]

لغت: اِسْتَجْمَعَ: اکٹھا کرنا یعنی پوری طرح ہنستے ہوئے...... **اللَّهَاة:** حلق کے اندر ابھرا ہوا باریک گوشت، حلق کا کوّا۔

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۳:۲۵۳) آئی ہے۔ اس میں ہے: جب دوسرے جمعہ میں بارش کے بند ہونے کی دعا کے لئے کہا گیا تو آپ ہنسے اور دعا کی۔

[٦٠٩٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، ح: وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَجُلاً جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَهُوَ يَخْطُبُ بِالْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ: قُحِطَ الْمَطَرُ فَاسْتَسْقِ رَبَّكَ، فَنَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ وَمَا نَرَى مِنْ سَحَابٍ، فَاسْتَسْقَى، فَنَشَأَ السَّحَابُ بَعْضُهُ إِلَى بَعْضٍ، ثُمَّ مُطِرُوْا حَتّٰى سَالَتْ مَثَاعِبُ الْمَدِيْنَةِ، فَمَا زَالَتْ إِلَى الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَةِ مَا تُقْلِعُ، ثُمَّ قَامَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ أَوْ غَيْرُهُ وَالنَّبِيُّ صلى

اللہ علیه وسلم یَخْطُبُ، فَقَالَ: غَرِقْنَا فَادْعُ رَبَّكَ یَحْبِسْهَا عَنَّا. فَضَحِكَ، ثُمَّ قَالَ: "اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلاَ عَلَيْنَا" مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا. فَجَعَلَ السَّحَابُ يَتَصَدَّعُ عَنِ الْمَدِيْنَةِ يَمِيْنًا وَشِمَالاً، يُمْطَرُ مَا حَوَالَيْنَا، وَلاَ يُمْطَرُ مِنْهَا شَيْئٌ، يُرِيْهِمُ اللّٰهُ كَرَامَةَ نَبِيِّهِ صلی اللہ علیه وسلم وَإِجَابَةَ دَعْوَتِهِ. [راجع: ۹۳۲]

لغت: المَثْعَب: پرنالہ...... تَصَدَّع: پھٹنا...... یُرِیهم: دکھلا رہے ہیں اللہ تعالیٰ لوگوں کو نبی ﷺ کا معجزہ اور آپ کی دعا کی قبولیت۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿اتَّقُوْا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾ وَمَا يُنْهٰى عَنِ الْكَذِبِ

اللہ سے ڈرو، اور سچوں کے ساتھی بنو، اور جھوٹ کی ممانعت

صدق وکذب کا بیان

راستی قدموں پر کڑوی نظر آتی ہے، مگر اس کا انجام اچھا ہے اور جھوٹ موقع پر نجات دہندہ دکھتا ہے، مگر اس کا انجام برا ہے۔ حدیث میں ہے: الصدقُ طُمَأْنِينَةٌ، والكذب رِيْبَةٌ: راستی (بعد میں) موجب اطمینان ہوتی ہے اور جھوٹ دل کا کانٹا بن جاتا ہے، جو برابر چبھتا رہتا ہے، اس لئے سچ کو اختیار کرنا چاہئے، اگرچہ اس میں ضرر نظر آئے، اور جھوٹ سے بچنا چاہئے اگرچہ اس میں فائدہ نظر آئے۔

آیتِ کریمہ: سورۃ التوبہ کی (آیت ۱۱۹) ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ، وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، اور سچوں کے ساتھی بنو! (غزوۂ تبوک میں تین مخلص صحابہ بغیر عذر کے پیچھے رہ گئے تھے، ان کو سمجھایا کہ تم منافقوں کے ساتھ کیوں رہے، تمہیں (ایمان وعمل میں) سچوں کا ساتھی بننا چاہئے تھا، اور اس آیت میں اشارہ ہے کہ اقدار عالیہ باکمال لوگوں کی صحبت (رفاقت) سے حاصل ہوتے ہیں، سچ ایک بڑی خوبی ہے، وہ سچوں کی رفاقت سے حاصل ہوگی۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "سچ بولنا نیکی کے راستہ پر ڈال دیتا ہے، اور نیکی کا راستہ جنت تک پہنچا دیتا ہے، اور آدمی سچ بولتے بولتے صدیق بن جاتا ہے۔ اور جھوٹ بولنا آدمی کو بدکاری کے راستہ پر ڈال دیتا ہے، اور بدکاری کا راستہ دوزخ تک پہنچا دیتا ہے، اور آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے یہاں 'مہا جھوٹا' لکھ دیا جاتا ہے۔

تشریح: سچ بولنا بذاتِ خود بھی نیک عادت ہے، اور اس کی یہ خاصیت بھی ہے کہ وہ آدمی کو زندگی کے دوسرے پہلوؤں میں بھی نیک کردار اور صالح بنا کر جنت کا مستحق بنا دیتا ہے، اور ہمیشہ سچ بولنے والا آدمی مقام صدیقیت تک پہنچ جاتا ہے۔ اسی طرح جھوٹ بولنا بذاتِ خود بھی ایک خبیث خصلت ہے، اور اس کی یہ خاصیت بھی ہے کہ وہ آدمی کے اندر فسق وفجور کا میلان پیدا کر کے اور اس کی پوری زندگی کو بدکاری کی زندگی بنا کر دوزخ تک پہنچا دیتا ہے، نیز جھوٹ کی عادت ڈالنے والا

آدمی کذّابیت کے درجے تک پہنچ کر پورا لعنتی بن جاتا ہے (معارف الحدیث ۲:۲۶۰)

[۶۹-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿اتَّقُوْا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾ وَمَا يُنْهٰى عَنِ الْكَذِبِ

[۶۰۹۴-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِيْ إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يَكُوْنَ صِدِّيْقًا، وَإِنَّ الْكِذْبَ يَهْدِيْ إِلَى الْفُجُوْرِ، وَإِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِيْ إِلَى النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ، حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا"

آئندہ حدیث: پہلے آئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "منافق کی تین نشانیاں ہیں: (۱) جب بات کرے تو جھوٹ بولے (۲) جب وعدہ کرے تو اس کو پورا نہ کرے (۳) جب اس کو کوئی امانت سونپی جائے تو اس میں خیانت کرے۔

تشریح: جھوٹ، وعدہ خلافی اور خیانت منافقوں کے اخلاق ہیں، اور جس شخص میں یہ بری عادتیں ہوتی ہیں وہ اگرچہ عقیدہ کا منافق نہیں ہوتا، مگر عمل اور سیرت میں منافق ہی ہوتا ہے، چاہے وہ نماز پڑھتا ہو اور روزہ رکھتا ہو، اور خود کو مسلمان سمجھتا ہو، مگر وہ ان بداخلاقیوں کی وجہ سے ایک قسم کا منافق ہی ہے (معارف الحدیث)

[۶۰۹۵-] حَدَّثَنِيْ ابْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيْ سُهَيْلٍ نَافِعِ بْنِ مَالِكِ بْنِ أَبِيْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ"[راجع: ۳۳]

آئندہ حدیث: ایک منامی معراج کا منظر ہے: ایک شخص لوہے کے آنکڑے سے دوسرے کا جبڑا گدّی تک چیرتا ہے، یہ 'مہا جھوٹا' ہے، جھوٹی بات بیان کرتا ہے، پس وہ اس سے اٹھائی جاتی ہے اور دنیا میں پھیلائی جاتی ہے، اس کے ساتھ قیامت تک یہی معاملہ کیا جائے گا (یہ حدیث تفصیل سے (تحفۃ القاری ۴:۱۵۰ میں) آئی ہے)

[۶۰۹۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِيْ، قَالَا: الَّذِيْ رَأَيْتَهُ يُشَقُّ شِدْقُهُ فَكَذَّابٌ يَكْذِبُ بِالْكِذْبَةِ، تُحْمَلُ عَنْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ الآفَاقَ، فَيُصْنَعُ بِهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"[راجع: ۸۴۵]

بَابُ الْهَدْىِ الصَّالِحِ

نیک سیرت کا بیان

سیرت: چال چلن، عادت، خصلت...... الهَدْی: سیرت، طریقہ، سمت جہت، کہا جاتا ہے: فلانٌ حَسَنُ الهدی:

فلاں صحیح رخ (سمت) پر ہے...... الدَّلّ: وقار وسنجیدگی کی کیفیت...... السَّمْت: طریقہ، جہت، رخ، وقار وتمکنت۔

نیک چلنی پسندیدہ بات ہے، لوگ نیک سیرت آدمی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، مگر اس کے لئے نمونۂ عمل چاہئے، جس کی سیرت کو پیش نظر رکھ کر آدمی خود کو بنائے، اور بہترین نمونۂ عمل نبی ﷺ کی شخصیت ہے، جیسا کہ سورۃ الاحزاب (آیت ۲۱) میں ہے۔ پھر وارثین انبیاء کی ذوات نمونۂ عمل ہیں، نیک لوگوں (بزرگوں) کی زندگی کی کاپی کرنی چاہئے، اور ان کا طریقہ اختیار کرنا چاہئے۔

پہلی حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۲۶۳) آئی ہے۔ طلبہ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ کسی ایسے شخص کی نشاندہی کریں جو سیرت وخصلت میں نبی ﷺ سے قریب تر ہو، تاکہ ہم اس سے دین اخذ کریں۔ حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: سیرت وخصلت اور دینی حالت میں نبی ﷺ سے قریب ترین ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں، جب سے وہ گھر سے نکلتے ہیں، یہاں تک کہ وہ گھر کی طرف لوٹتے ہیں یعنی ان کی جلوت کا یہ حال ہے، اور میں نہیں جانتا کہ وہ اپنے گھر میں کیا کرتے ہیں جب وہ تنہا ہوتے ہیں یعنی میں ان کی خلوت کے احوال سے واقف نہیں (یہ وارثِ نبی ہیں، ایسے لوگوں کی زندگی بھی نمونۂ عمل ہوتی ہے)

[۷۰-] بَابُ الْهَدْیِ الصَّالِحِ

[۶۰۹۷-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِیْ أُسَامَةَ، حَدَّثَکُمُ الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ شَقِیْقًا، سَمِعْتُ حُذَیْفَةَ یَقُوْلُ: إِنَّ أَشْبَهَ النَّاسِ دَلًّا وَسَمْتًا وَهَدْیًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَابْنُ أُمِّ عَبْدٍ، مِنْ حِیْنَ یَخْرُجُ مِنْ بَیْتِهِ إِلٰی أَنْ یَرْجِعَ إِلَیْهِ، لَا نَدْرِیْ مَا یَصْنَعُ فِیْ أَهْلِهِ إِذَا خَلَا. [راجع: ۳۷۶۲]

آئندہ حدیث: نئی ہے، نبی ﷺ عام طور پر جمعہ کے خطبہ میں چار باتیں بیان فرماتے تھے:

۱- أحسنُ الکلام کتاب اللہ: بہترین بات اللہ کی کتاب ہے (پس جو اللہ سے باتیں کرنا چاہتا ہے وہ قرآن پڑھے)

۲- خَیْرُ الْهَدْیِ هَدْیُ محمد: بہترین طریقہ زندگی محمد ﷺ کا طریقہ زندگی ہے (اس کو اپنا کر دیکھو تو سہی!)

۳- خَیْرُ الأمور عَوَازِمُهَا: بہترین امور پختہ امور ہیں (پختہ امور وہ ہیں جو قرآن وحدیث سے ثابت ہیں)

۴- وَشَرُّ الأمور مُحْدَثَتُهَا: اور بدترین باتیں لوگوں کی نکالی ہوئی باتیں ہیں (ہر ایجاد بندہ بدعت ہے، اور بدعت کا انجام دوزخ ہے، پس بدعات سے بچو!)

[۶۰۹۸-] حدثنا أَبُو الْوَلِیْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُخَارِقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ طَارِقًا، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ أَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتَابُ اللّٰهِ، وَأَحْسَنُ الْهَدْیِ هَدْیُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم. [طرفه: ۷۲۷۷]

بَابُ الصَّبْرِ فِي الْأَذَى

ایذاءرسانی پرصبر کرنا

في الأذى: ہمارے نسخہ میں و الأذى ہے، اور گیلری کے نسخوں میں في الأذى اور على الأذى ہے، یہی نسخے بہتر ہیں، اس لئے میں نے کتاب میں تبدیلی کی ہے۔

اس کانٹوں بھری دنیا میں انسان ہمیشہ عافیت سے نہیں رہ سکتا، بارہا ناموافق حالات سے دوچار ہونا پڑتا ہے، لوگ خواہ مخواہ بھی ستاتے ہیں، ایسے وقت میں اوچھا نہیں ہوجانا چاہئے، صبر وتحمل سے کام لینا چاہئے، اس کا بڑا ثواب ہے۔

آیتِ کریمہ: سورۃ الزمر (آیت۱۰) میں ہے: ﴿إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾: صبر شعار لوگوں کو ان کا صلہ بے شمار ملے گا —— اور سورۃ البقرۃ (آیات ۱۵۵-۱۵۸) میں ہے کہ صبر شعار لوگوں کو خدا کی خاص وعام رحمتیں پہنچتی ہیں، اور وہ راہ یاب ہیں۔

پہلی حدیث: نئی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ”کوئی نہیں ایذاءرسانی پر اللہ تعالیٰ سے زیادہ صبر کرنے والا، لوگ ان کے لئے اولاد مانتے ہیں (یہ ایذاءرسانی ہے) اور وہ ان کو معاف کرتے ہیں اور روزی دیتے ہیں (یہ صبر کرنا ہے) پس لوگو! اللہ کی صفت اپناؤ!

دوسری حدیث: ابھی گذری ہے، منافق کی بات سے نبی ﷺ کو سخت تکلیف پہنچی، چہرہ بدل گیا، غصہ آ گیا، مگر آپؐ نے صبر کیا، اس مجرم کو کوئی سزا نہیں دی۔

[۷۱-] بَابُ الصَّبْرِ فِي الْأَذَى

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾[الزمر: ۱۰]

[۶۰۹۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْأَعْمَشُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَيْسَ أَحَدٌ أَوْ: لَيْسَ شَيْئٌ أَصْبَرَ عَلٰى أَذًى سَمِعَهُ: مِنَ اللّٰهِ، إِنَّهُمْ لَيَدْعُوْنَ لَهُ وَلَدًا، وَإِنَّهُ يُعَافِيْهِمْ وَيَرْزُقُهُمْ" [طرفه: ۷۳۷۸]

[۶۱۰۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ شَقِيْقًا، يَقُوْلُ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قِسْمَةً كَبَعْضِ مَا كَانَ يَقْسِمُ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: وَاللّٰهِ إِنَّهَا لَقِسْمَةٌ مَا أُرِيْدُ بِهَا وَجْهُ اللّٰهِ! قُلْتُ: أَمَا لَأَقُوْلَنَّ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَيْتُهُ

وَهُوَ فِيْ أَصْحَابِهِ، فَسَارَرْتُهُ، فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ وَغَضِبَ، حَتّٰى وَدِدْتُ أَنِّي لَمْ أَكُنْ أَخْبَرْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: ”قَدْ أُوْذِيَ مُوْسَى بِأَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَصَبَرَ“ [راجع: ۳۱۵۰]

بَابُ مَنْ لَمْ يُوَاجِهِ النَّاسَ بِالْعِتَابِ

ایک رائے یہ ہے کہ کسی کے روبرو اظہار ناراضگی نہ کرے

منہ پر ٹوکنے سے آدمی کبھی برامانتا ہے، پس نصیحت کا مقصد فوت ہوجاتا ہے، چنانچہ ایک رائے یہ ہے کہ کسی کو منہ پر نہیں ٹوکنا چاہئے۔ نبی ﷺ کے سامنے جب کسی معین شخص کی غلطی آتی تو آپؐ عام خطاب فرماتے (باب کی پہلی حدیث) اور اس کی وجہ باب کی دوسری حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ پردہ نشیں کنواری لڑکی سے زیادہ شرمیلے تھے، اس لئے آپؐ شرم کی وجہ سے منہ پر نہیں ٹوکتے تھے، مگر رُخِ انور سے ناراضگی کا اندازہ ہوجاتا تھا۔

مگر کبھی نبی ﷺ نے روبرو بھی اظہار ناراضگی فرمایا ہے، جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی لمبی نماز پڑھانے کی شکایت پہنچی تو آپؐ نے فرمایا: أَفَتَّانٌ أنت معاذ: معاذ! کیا تم لوگوں کو آزمائش میں ڈال دوگے! اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ اس کا مدار تعلقات کی نوعیت پر ہے، اگر کوئی نازک مزاج ہے تو عام خطاب میں تنبیہ کرے، اور خاص تعلق ہے اور اندازہ ہو کہ برا نہیں مانے گا تو سامنے بھی اظہار ناراضگی کرسکتا ہے۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے کوئی کام کیا، پس (اپنے عمل سے) اس کی اجازت بیان کی، مگر اس سے کچھ لوگ دور رہے، یہ بات نبی ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے خطاب فرمایا، اللہ کی تعریف کی پھر فرمایا: ”کچھ لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ وہ اس چیز سے دور رہتے ہیں جو میں کرتا ہوں! پس بخدا! میں ان سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو جانتا ہوں، اور ان سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں“

دوسری حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۷:۱۳۲) آچکی ہے۔

[۷۲-] بَابُ مَنْ لَمْ يُوَاجِهِ النَّاسَ بِالْعِتَابِ

[۶۱۰۱-] حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: صَنَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا، فَرَخَّصَ فِيْهِ، فَتَنَزَّهَ عَنْهُ قَوْمٌ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَخَطَبَ فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ قَالَ: ”مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَنَزَّهُوْنَ عَنِ الشَّيْءِ أَصْنَعُهُ، فَوَ اللّٰهِ إِنِّيْ لَأَعْلَمُهُمْ بِاللّٰهِ وَأَشَدُّهُمْ لَهُ خَشْيَةً“ [طرفه: ۷۳۰۱]

[۶۱۰۲-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ

مَوْلَى أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَشَدَّ حَيَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِيْ خِدْرِهَا، فَإِذَا رَأَى شَيْئًا يَكْرَهُهُ عَرَفْنَاهُ فِيْ وَجْهِهِ. [راجع: ۳۵۶۲]

بَابٌ: مَنْ أَكْفَرَ أَخَاهُ بِغَيْرِ تَأْوِيْلٍ فَهُوَ كَمَا قَالَ

ایک رائے یہ ہے کہ اگر کوئی کسی مسلمان کی بلاوجہ تکفیر کرے تو وہ خود کافر ہوجائے گا

یہ رائے ٹھیک نہیں، کسی کی بلاوجہ تکفیر کرنا یعنی گالی کے طور پر کافر کہنا کبیرہ گناہ ہے مگر گالی دینے والا کافر نہیں ہوگا، اور قائل کی دلیل باب کی حدیث ہے: ''اگر کسی نے اپنے مسلمان بھائی سے کہا: او کافر! تو لوٹے گا اس کے ساتھ دونوں میں سے ایک'' یعنی اگر مخاطب اس الزام کا محل نہیں تو وہ الزام: الزام لگانے والے پر لوٹ آئے گا، اور وہ کافر ہوجائے گا۔ اس کی وہ بری بات رائگاں نہیں جائے گی، دونوں میں سے ایک پر ضرور پڑے گی، اور یہ کسی کو معلوم نہیں کہ مخاطب اس الزام کا سزاوار ہے یا نہیں؟ پس اس طرح کی الزام تراشیوں سے احتراز کرنا چاہئے —— اور باب کی پہلی حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ اس کے ساتھ متفرد ہیں، اور دوسری حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ہے، وہ متفق علیہ ہے، مضمون دونوں کا ایک ہے —— اور بلاوجہ کی قید اس لئے لگائی کہ اگر کوئی وجہ ہو تو یہ حکم نہیں، جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کو منافق (اعتقادی) کہا تھا، کیونکہ انھوں نے اہل مکہ کے نام خط لکھ کر نبی ﷺ کا راز فاش کرنا چاہا تھا، اس لئے ان کو منافق کہا تھا، بلاوجہ نہیں کہا تھا (جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے)

[۷۳-] بَابٌ: مَنْ أَكْفَرَ أَخَاهُ بِغَيْرِ تَأْوِيْلٍ فَهُوَ كَمَا قَالَ

[۶۱۰۳-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، وَأَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالاَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِأَخِيْهِ: يَا كَافِرُ! فَقَدْ بَاءَ بِهِ أَحَدُهُمَا"

وَقَالَ عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ، سَمِعَ أَبَا سَلَمَةَ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۶۱۰۴-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَيُّمَا رَجُلٍ قَالَ لِأَخِيْهِ: كَافِرٌ، فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا"

آئندہ حدیث: ابھی گذری ہے۔ اس کا آخری مضمون ہے: ''جو کسی مسلمان پر کفر کا الزام لگائے تو وہ اس کو جان سے مار ڈالنے کی طرح ہے'' —— اور مسلمان کا قتل کبیرہ گناہ ہے، پس یہ الزام لگانا بھی کبیرہ گناہ ہے، ایسا الزام لگانے سے الزام

لگانے والا حقیقۃً کافر نہیں ہوتا۔

[۶۱۰۵-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْئٍ عُذِّبَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ رَمَى مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ" [راجع: ۱۳۶۳]

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ إِكْفَارَ مَنْ قَالَ مُتَأَوِّلاً أَوْ جَاهِلاً

ایک رائے یہ ہے کہ کوئی کسی کی کسی وجہ سے یا نادانی سے تکفیر کرے تو وہ کافر نہیں ہوگا

یہ رائے ٹھیک ہے، اور باب میں چار حدیثیں ہیں، چاروں پہلے آچکی ہیں، پہلی دو میں الزام کی وجہ ہے، اور آخری دو میں نادانی سے کلمۂ کفر بولا ہے۔ پہلی معلق حدیث تحفۃ القاری (۹: ۵۵۰) میں آئی ہے، اور اس کا ترجمہ پہلے تحفۃ القاری (۶: ۳۳۰) میں ہے حضرت عمرؓ نے حضرت حاطبؓ کو منافق کہا تو وہ ان کے خط کی وجہ سے کہا تھا، پس حضرت عمرؓ گنہگار نہیں ہوئے — اور دوسری حدیث تحفۃ القاری (۲: ۵۶۶) میں ہے، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے نماز توڑنے والے کو منافق کہا، اس کی وجہ اس کا نماز توڑ کر علاحدہ نماز پڑھنا تھا۔

[۷۴-] بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ إِكْفَارَ مَنْ قَالَ مُتَأَوِّلاً أَوْ جَاهِلاً

وَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِحَاطِبٍ: إِنَّهُ مُنَافِقٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" وَمَا يُدْرِيْكَ؟! لَعَلَّ اللهَ قَدِ اطَّلَعَ إِلَى أَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: قَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ"

[۶۱۰۶-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُلَيْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ: أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ كَانَ يُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ يَأْتِيْ قَوْمَهُ فَيُصَلِّيْ بِهِمْ صَلَاةً، فَقَرَأَ بِهِمُ الْبَقَرَةَ، قَالَ: فَتَجَوَّزَ رَجُلٌ، فَصَلَّى صَلَاةً خَفِيْفَةً، فَبَلَغَ ذٰلِكَ مُعَاذًا، فَقَالَ: إِنَّهُ مُنَافِقٌ! فَبَلَغَ ذٰلِكَ الرَّجُلَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنَّا قَوْمٌ نَعْمَلُ بِأَيْدِيْنَا، وَنَسْقِيْ بِنَوَاضِحِنَا، وَإِنَّ مُعَاذًا صَلَّى بِنَا الْبَارِحَةَ، فَقَرَأَ الْبَقَرَةَ فَتَجَوَّزْتُ، فَزَعَمَ أَنِّيْ مُنَافِقٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" يَا مُعَاذُ! أَفَتَّانٌ أَنْتَ؟ ثَلَاثًا اقْرَأْ: ﴿وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا﴾ وَ ﴿سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى﴾ وَنَحْوَهَا" [راجع: ۷۰۰]

آئندہ حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۹: ۵۲۵) میں آئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے تم میں سے قسم کھائی،

پس لات وعزی کی قسم کھائی تو وہ لا إلٰہ إلاَّ اللّٰہ کہہ کر اس کا تدارک کرے، اور جو شخص اپنے ساتھی سے کہے: آ، میں تیرے ساتھ جُوا کھیلوں تو وہ صدقہ کرے —— یہ جہالت سے لات وعزی کی قسم کھائی ہے، پس گناہ نہیں ہوا، البتہ لا إلٰہ إلا اللّٰہ بار بار کہہ کر اس کا اتدارک کرنا چاہئے، مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۴:۴۷۸) میں ہے۔

اور آخری حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۶:۷۷) میں آئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک قافلہ میں چل رہے تھے اور باپ کی قسم کھا رہے تھے، نبی ﷺ پیچھے سے اچانک آئے اور فرمایا: ''سنو! اللہ تعالیٰ تمہیں آباء کی قسمیں کھانے سے منع کرتے ہیں، جسے قسم کھانی ہو وہ اللہ کی قسم کھائے یا خاموش رہے'' —— حضرت عمرؓ مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے باپ کی قسم کھا رہے تھے، اس لئے گناہ نہیں ہوا۔

[۶۱۰۷-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ الْمُغِیْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ الزُّهْرِیُّ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " مَنْ حَلَفَ مِنْکُمْ فَقَالَ فِی حَلِفِهِ: بِاللَّاتِ وَالْعُزَّی، فَلْیَقُلْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهِ: تَعَالَ أُقَامِرْكَ فَلْیَتَصَدَّقْ" [راجع: ٤٨٦٠]

[۶۱۰۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ أَدْرَكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فِیْ رَکْبٍ وَهُوَ یَحْلِفُ بِأَبِیْهِ، فَنَادَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " أَلَا إِنَّ اللّٰهَ یَنْهَاکُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِکُمْ، فَمَنْ کَانَ حَالِفًا فَلْیَحْلِفْ بِاللّٰهِ، وَإِلَّا فَلْیَصْمُتْ" [راجع: ٢٦٧٩]

بَابُ مَا یَجُوْزُ مِنَ الْغَضَبِ وَالشِّدَّةِ لِأَمْرِ اللّٰهِ

دین کی وجہ سے غصہ کرنا اور سختی کرنا جائز ہے

سورۃ التوبہ (آیت ۷۳) اور سورۃ التحریم (آیت ۹) میں ارشادِ پاک ہے: ﴿یٰأَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنَافِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ﴾: اے پیغمبر! کفار اور منافقین سے جہاد کیجئے اور ان پر سختی کیجئے —— غزوۂ تبوک کے موقع پر جب منافقین کا عناد آشکارہ ہو گیا تو حکم آیا کہ ان کے معاملہ میں بھی کفار کی طرح سختی اختیار کیجئے، کیونکہ وہ نرمی سے ماننے والے نہیں! پھر باب میں پانچ حدیثیں ذکر کی ہیں، جو سب پہلے آچکی ہیں۔ پہلی حدیث تحفۃ القاری (۵:۴۹۷) میں آئی ہے۔ صدیقہؓ نے سامان کی الماری پر ایک پردہ لٹکایا تھا، جس میں تصویریں تھیں، نبی ﷺ نے اس کو چاک کر دیا، اس کو دیکھ کر آپ ﷺ کے چہرے کا رنگ بدل گیا تھا۔

[۷۵-] بَابُ مَا یَجُوْزُ مِنَ الْغَضَبِ وَالشِّدَّةِ لِأَمْرِ اللّٰهِ

وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ﴿جَاهِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنَافِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ﴾ الآیَةَ.

[٦١٠٩-] حدثنا يَسَرَةُ بْنُ صَفْوَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَفِي الْبَيْتِ قِرَامٌ فِيْهِ صُوَرٌ، فَتَلَوَّنَ وَجْهُهُ، ثُمَّ تَنَاوَلَ السِّتْرَ فَهَتَكَهُ، وَقَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِيْنَ يُصَوِّرُوْنَ هٰذِهِ الصُّوَرَ"[راجع: ٢٤٧٩]

اس کے بعد کی روایت میں غالباً حضرت معاذؓ کا واقعہ ہے، اس موقع پر آپؐ نے نہایت غضباک ہوکر خطاب فرمایا تھا۔

[٦١١٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنِّيْ لَأَتَأَخَّرُ عَنْ صَلاَةِ الْغَدَاةِ مِنْ أَجْلِ فُلاَنٍ مِمَّا يُطِيْلُ بِنَا، قَالَ: فَمَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَطُّ أَشَدَّ غَضَبًا فِيْ مَوْعِظَةٍ مِنْهُ يَوْمَئِذٍ، قَالَ: فَقَالَ:" يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِيْنَ، فَأَيُّكُمْ مَا صَلَّى بِالنَّاسِ فَلْيَتَجَوَّزْ، فَإِنَّ فِيْهِمُ الْمَرِيْضَ وَالْكَبِيْرَ وَذَا الْحَاجَةِ" [راجع: ٩٠]

آئندہ روایت: ایک شخص نے جدارِ قبلی میں تھوکا تو آپؐ غضبناک ہوئے اور اپنے ہاتھ سے اس کو کھرچ دیا —— اس کے بعد کی روایت لقطہ (پڑی چیز اٹھانے) کی ہے، جب اونٹ کا مسئلہ پوچھا گیا تو آپ کو سخت غصہ آیا، دونوں رخسار سرخ ہوگئے۔

[٦١١١-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي رَأَى فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ نُخَامَةً فَحَكَّهَا بِيَدِهِ، فَتَغَيَّظَ، ثُمَّ قَالَ:" إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا كَانَ فِي الصَّلاَةِ فَإِنَّ اللّٰهَ حِيَالَ وَجْهِهِ، فَلاَ يَتَنَخَّمَنَّ حِيَالَ وَجْهِهِ فِي الصَّلاَةِ"[راجع: ٤٠٦]

[٦١١٢-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ اللُّقَطَةِ قَالَ:" عَرِّفْهَا سَنَةً، ثُمَّ اعْرِفْ وِكَاءَ هَا وَعِفَاصَهَا، ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا، فَإِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَأَدِّهَا إِلَيْهِ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ قَالَ:" خُذْهَا، فَإِنَّمَا هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَضَالَّةُ الإِبِلِ؟ قَالَ: فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ أَوْ: احْمَرَّ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ:" مَالَكَ وَلَهَا، مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا، حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا"[راجع: ٩١]

آخری حدیث: میں تراویح کا واقعہ ہے جو پہلے آیا ہے، مگر یہاں سیاق مختلف ہے، اس لئے ترجمہ کرتا ہوں: رسول اللہ ﷺ نے اپنے لئے خاص کیا چھوٹا سا کمرہ پتوں سے بنایا ہوا یا کہا: چٹائی سے بنایا ہوا، آپؐ نکل کر اس میں نماز پڑھتے تھے، پس جمع ہوئے آپؐ کے پاس کچھ لوگ، اور انھوں نے آپؐ کی اقتداء میں نماز پڑھی، پھر آئے وہ ایک رات، جمع ہوئے وہ،

اور دیر کی آپؐ نے ان کے پاس آنے میں، پس آپؐ ان کی طرف نہیں نکلے، انھوں نے اپنی آوازیں بلند کیں، اور دروازے پر کنکر مارے، پس آپؐ ان کی طرف غضبناک ہوکر نکلے (یہاں باب ہے) اور ان سے کہا: برابر رہی تمہارے ساتھ تمہاری حرکت یعنی ذوق وشوق یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ وہ نماز تم پر فرض کردی جائے گی، پس تم اپنے گھروں میں (نفل) نماز لازم پکڑو، اس لئے کہ آدمی کی بہترین نماز اپنے گھر میں ہے، مگر فرض نماز (وہ مسجد میں پڑھو)

[٦١١٣-] وَقَالَ الْمَكِيُّ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمٌ أَبُوْ النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: احْتَجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حُجَيْرَةً مُخَصَّفَةً أَوْ: حَصِيْرًا، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ فِيْهَا، قَالَ: فَتَتَبَّعَ إِلَيْهِ رِجَالٌ، وَجَاءُ وْا يُصَلُّوْنَ بِصَلَاتِهِ، ثُمَّ جَاءُ وْا لَيْلَةً فَحَضَرُوْا، وَأَبْطَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْهُمْ، فَلَمْ يَخْرُجْ إِلَيْهِمْ، فَرَفَعُوْا أَصْوَاتَهُمْ، وَ:حَصَبُوْا الْبَابَ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ مُغْضَبًا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا زَالَ بِكُمْ صَنِيْعُكُمْ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُكْتَبُ عَلَيْكُمْ، فَعَلَيْكُمْ بِالصَّلَاةِ فِيْ بُيُوْتِكُمْ، فَإِنَّ خَيْرَ صَلَاةِ الْمَرْءِ فِيْ بَيْتِهِ، إِلَّا الصَّلَاةَ الْمَكْتُوْبَةَ"[راجع: ٧٣١]

بَابُ الْحَذَرِ مِنَ الْغَضَبِ

غصہ سے بچنا

خواہ مخواہ غصہ شیطان کے اکسانے سے آتا ہے، اور اس کی وجہ سے آدمی کبھی حد اعتدال سے نکل جاتا ہے، اور مذموم حرکتیں کرنے لگتا ہے، پھر بار بار یا حد سے زیادہ غصہ کرنے سے قوت عاقلہ کمزور ہوجاتی ہے۔ ایک شاعر کہتا ہے:

رفتہ رفتہ آدمی را کم تر سازد غضب ❁ آب را چنداں کہ جوشانند کم تر شود

آہستہ آہستہ غصہ آدمی کو اوچھا کردیتا ہے ❁ پانی کو جتنا جوش دیں گے گھٹتا چلا جائے گا

پس غصہ سے بچنا چاہئے، خواہ غصہ آئے ہی نہیں، اور اگر آئے تو اس پر قابو رکھے اور کسی ترکیب سے اسے اتاردے۔

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ الشوری (آیت ۳۷) میں ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ﴾: (مؤمنین کا حال:) اور جو کبیرہ گناہوں سے اور بے حیائی کی باتوں سے بچتے ہیں، اور جب ان کو غصہ آتا ہے تو معاف کردیتے ہیں —— پس اگر شروع ہی سے غصہ نہ کیا جائے تو اس کے کیا کہنے!

آیتِ کریمہ (۲): سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۳۴) میں ہے: ﴿الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾: (اللہ سے ڈرنے والے) وہ لوگ ہیں جو فراخی اور تنگی میں

خرچ کرتے ہیں، اور غصہ کو نگل جاتے ہیں، اور لوگوں سے درگذر کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کو محبوب رکھتے ہیں —— اس میں غصہ نگل جانے کو پرہیزگاروں کی صفات میں شمار کیا ہے، پس شروع ہی سے غصہ نہ کیا جائے تو وہ اور بھی افضل ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کشتی مارنے سے پہلوان نہیں ہوتا، پہلوان وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے اوپر کنٹرول رکھے!'' یعنی حد سے زیادہ غصہ نہ کرے، اور اگر شروع ہی سے غصہ نہ کرے تو سبحان اللہ!

اور دوسری حدیث: ابھی گذری ہے۔ ایک شخص کو غصہ چڑھا اور چہرہ سرخ ہوگیا، آپؐ نے فرمایا: ''اگر وہ أعوذ بالله من الشيطان الرجيم کہہ لے تو غصہ فرو ہو جائے گا —— یہ غصہ اتارنے کا علاج ہے۔

اور آخری حدیث: میں ہے: ایک شخص نے نبی ﷺ سے فرمائش کی کہ مجھے کچھ وصیت کیجئے، آپؐ نے فرمایا: ''غصہ مت کرو'' انھوں نے اپنی بات بار بار دوہرائی، آپؐ ہر بار یہی فرماتے رہے کہ غصہ مت کرو، یہ ہزار خرابیوں کا علاج ہے۔

فائدہ: نصوص میں جس غصہ کی مذمت آئی ہے اس سے مراد وہ غصہ ہے جو نفسانیت کی وجہ سے ہو، اور جس سے مغلوب ہو کر آدمی احکامِ شریعت کا پابند نہ رہے، لیکن اگر غصہ حق کی وجہ سے ہو، اور آدمی حدود سے تجاوز نہ کرے تو وہ کمال ایمان کی نشانی اور صفتِ خداوندی کا پرتو ہے۔

[۷۶-] بَابُ الْحَذَرِ مِنَ الْغَضَبِ

[۱-] لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ﴾

[۲-] ﴿الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾

[۶۱۱۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ، إِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِيْ يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ''

[۶۱۱۵-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ: اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ عِنْدَهُ جُلُوْسٌ، فَأَحَدُهُمَا سَبَّ صَاحِبَهُ مُغْضَبًا قَدِ احْمَرَّ وَجْهُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' إِنِّيْ لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ، لَوْ قَالَ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ'' فَقَالُوْا لِلرَّجُلِ: أَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُوْلُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: إِنِّيْ لَسْتُ بِمَجْنُوْنٍ. [راجع: ۳۲۸۲]

[۶۱۱۶-] حدثنا يَحْيَى بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَوْصِنِيْ، قَالَ:'' لَا تَغْضَبْ'' فَرَدَّدَ مِرَارًا، قَالَ: '' لَاتَغْضَبْ''

بَابُ الْحَيَاءِ

شرم لحاظ کا بیان

حیا: شرم، لحاظ، لاج، حجاب۔ یہ صفت محمودہ ہے، اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ حدیث میں ہے: إن اللہ حَیِیٌّ سِتِّیرٌ، یُحِبُّ الحیاءَ وَالتَّسَتُّرَ: اللہ تعالیٰ بہت زیادہ شرم ولحاظ کرنے والے، بہت زیادہ پردہ کرنے والے ہیں، حیاء اور پردہ کرنے کو پسند کرتے ہیں (رواہ ابوداؤد، مشکوۃ حدیث ۴۴۷) حیاء: ایک طبعی کیفیت ہے جو ہر نامناسب بات اور ہر ناپسندیدہ کام سے روکتی ہے، یہ صفت وہبی بھی ہوتی ہے اور کسبی بھی، محنت سے آدمی اپنے اندر یہ صفت پیدا کرسکتا ہے۔

احادیث میں حیاء کو بہت اہمیت دی گئی ہے، اس کو ایمان کی اہم شاخ قرار دیا ہے، اور حیاء کا تعلق صرف انسانوں کے ساتھ نہیں، اللہ تعالیٰ کے ساتھ بھی بندوں کو شرم ولحاظ سے کام لینا چاہئے، اپنے خیالات کی نگہداشت کرنی چاہئے، اور پیٹ کو حرام غذا سے بچانا چاہئے، اور موت اور موت کے بعد کی حالت کو یاد رکھنا چاہئے، یہ اللہ تعالیٰ سے حیاء کرنا ہے۔

حدیث (۱): حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی: الحیاءُ لا یأتی إلا بخیر: حیاء نہیں لاتی مگر خیر کو، یعنی حیاء مفید ہی مفید ہے، یہ حیاء کا فائدہ بیان کیا، پس بُشیر عدوی بصری نے جو جلیل القدر تابعی ہیں لقمہ دیا کہ حکمت (فلسفہ) کی کتابوں میں لکھا ہے کہ کوئی حیاء وقار (متانت) ہوتی ہے اور کوئی سکینت! یعنی ہر حیاء اچھی نہیں ہوتی، اس کے بعض افراد اچھے ہیں، پس حضرت عمرانؓ کو غصہ آگیا، اور فرمایا: میں تجھ سے رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کرتا ہوں، اور تو میرے سامنے پنڈت کی پوتھی کی باتیں کرتا ہے!

حدیث (۲): ایک انصاری صحابی کو اللہ تعالیٰ نے شرم لحاظ کا خاص وصف عطا فرمایا تھا، ان کے بھائی ان کی اس حالت کو پسند نہیں کرتے تھے، وہ ان کو سمجھا رہے تھے کہ تم اس قدر حیا کیوں کرتے ہو! شرم والے کے پھوٹے کرم! نبی ﷺ نے ان کی گفتگو سن لی، فرمایا: "اپنے بھائی کو اس کے حال پر چھوڑ دے، شرم تو ایمان کا جزء ہے (پس اس کا حال مبارک ہے، کمال ایمان کی دلیل ہے، اگر اس کی وجہ سے کچھ دنیوی مفادات فوت ہوجائیں تو اس کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے)

حدیث (۳): ابھی گذری ہے کہ نبی ﷺ پردہ نشیں کنواری لڑکی سے بھی زیادہ شرمیلے تھے، یعنی یہ نبی ﷺ کی بھی خاص صفت ہے، پس اسوۂ نبوی کے خواہاں اس صفت کو اپنائیں۔

[۷۷-] بَابُ الْحَيَاءِ

[۶۱۱۷-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی السَّوَّارِ الْعَدَوِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَیْنٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "الْحَیَاءُ لَا یَأْتِی إِلَّا بِخَیْرٍ" فَقَالَ بُشَیْرُ بْنُ کَعْبٍ: مَکْتُوْبٌ فِی الْحِکْمَةِ: إِنَّ مِنَ الْحَیَاءِ وَقَارًا، وَإِنَّ مِنَ الْحَیَاءِ سَکِیْنَةً. فَقَالَ لَهُ عِمْرَانُ: أُحَدِّثُكَ

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم وَتُحَدِّثُنِیْ عَنْ صَحِیْفَتِكَ؟

[٦١١٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ أَبِیْ سَلَمَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: مَرَّ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی رَجُلٍ وَهُوَ يُعَاتِبُ فِی الْحَيَاءِ، يَقُوْلُ: إِنَّكَ لَتَسْتَحْيِیْ، حَتّٰی كَأَنَّـهُ يَقُوْلُ: قَدْ أَضَرَّ بِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:"دَعْهُ، فَإِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الإِيْمَانِ"[راجع: ٢٤]

[٦١١٩-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مَوْلٰی أَنَسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ، يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَشَدَّ حَيَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِیْ خِدْرِهَا.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ: اسْمُهُ: عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ أَبِیْ عُتْبَةَ، يَعْنِیْ مَوْلَی أَنَسٍ، الصَّحِيْحُ: قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ أَبِیْ عُتْبَةَ مَوْلٰی أَنَسٍ.[راجع: ٣٥٦٢]

وضاحت: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ کا نام عبداللہ بن ابی عُتبہ ہے، اس نام سے حدیث پہلے آئی ہے۔

بَابٌ: إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ

بے حیا باش وہر چہ خواہی کن! (بے شرم جو چاہے کرے!)

حدیث: اگلے نبیوں کی باتوں میں سے لوگوں نے جو محفوظ کی ہیں یہ ہے کہ جب تیرے اندر شرم نہ رہے تو جو چاہے کر! (گذشتہ انبیاء کی باتوں میں سے جو ضرب المثل کے طور پر باقی رہ گئی ہیں: مذکورہ بات بھی ہے، غرض حیاء ہی نامناسب باتوں/کاموں سے بچاتی ہے)

[٧٨-] بَابٌ: إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ

[٦١٢٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" إِنَّ مِمَّا أَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْأُوْلٰی: إِذَا لَمْ تَسْتَحِیْ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ" [راجع: ٣٤٨٣]

بَابُ مَالاَ يُسْتَحْيَا مِنَ الْحَقِّ لِلتَّفَقُّهِ فِی الدِّيْنِ

دین سیکھنے میں ضروری بات پوچھنے سے/ بولنے سے شرم نہ کرے

حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا نے ضروری مسئلہ پوچھا تھا، اگر چہ وہ شرم کا مسئلہ تھا، اور تمہید قائم کی تھی کہ اللہ تعالیٰ ضروری

بات بیان کرنے میں شرم نہیں کرتے، پس بندوں کو بھی ضروری بات پوچھنے میں/ بتانے میں شرم نہیں کرنی چاہئے، اور ابن عمرؓ نے جواب نہیں دیا تو حضرت عمرؓ نے فرمایا: تم نے ٹھیک نہیں کیا، تمہیں بولنا چاہئے تھا، چھوٹے تھے تو کیا ہوگیا!

[۷۹-] بَابُ مَالاَ يُسْتَحْيَا مِنَ الْحَقِّ لِلتَّفَقُّهِ فِي الدِّيْنِ

[۶۱۲۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: جَاءَ تْ أُمُّ سُلَيْمٍ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ لاَيَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ، فَهَلْ عَلَى الْمَرْأَةِ غُسْلٌ إِذَا احْتَلَمَتْ؟ قَالَ: "نعَمْ إِذَا رَأَتِ الْمَاءَ"

[راجع: ۱۳۰]

[۶۱۲۲-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ شَجَرَةٍ خَضْرَاءَ، لاَ يَسْقُطُ وَرَقُهَا، وَلاَ يَتَحَاتُّ" فَقَالَ الْقَوْمُ: هِيَ شَجَرَةُ كَذَا، هِيَ شَجَرَةُ كَذَا، فَأَرَدْتُ أَنْ أَقُوْلَ: هِيَ النَّخْلَةُ، وَأَنَا غُلاَمٌ شَابٌّ، فَاسْتَحْيَيْتُ، فَقَالَ: " هِيَ النَّخْلَةُ"

وَعَنْ شُعْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَهُ، وَزَادَ: فَحَدَّثْتُ بِهِ عُمَرَ فَقَالَ: لَوْ كُنْتَ قُلْتَهَا لَكَانَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا. [راجع: ۶۱]

لغت: تَحَاتَّ الشجر: درخت کے پتے جھڑنا، حَتَّ (ن) الورقُ کے بھی یہی معنی ہیں۔

آئندہ حدیث: ایک خاتون نے اپنا نفس نبی ﷺ کو بخشا یعنی آپؐ سے نکاح میں رغبت کی، نبی ﷺ کی ازواج میں شمولیت سب سے بڑی سعادت تھی، اس خاتون نے یہ سعادت حاصل کرنے میں شرم نہیں کی، یہی باب ہے۔

[۶۱۲۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْحُوْمٌ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَابِتًا، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا، يَقُوْلُ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَعْرِضُ عَلَيْهِ نَفْسَهَا، فَقَالَتْ: هَلْ لَكَ حَاجَةٌ فِيَّ؟ فَقَالَتِ ابْنَتُهُ: مَا أَقَلَّ حَيَاءَ هَا! فَقَالَ: هِيَ خَيْرٌ مِنْكِ، عَرَضَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَفْسَهَا.

[راجع: ۵۱۲۰]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " يَسِّرُوْا وَلاَ تُعَسِّرُوْا"

آسانی کرو، تنگی مت ڈالو!

نبی ﷺ کو لوگوں کے معاملہ میں آسانی اور سہولت پسند تھی، اور آپؐ نے امت کو بھی یہی حکم دیا ہے کہ آسانی کرو، تنگی

مت ڈالو، سکون پہنچاؤ، اور بدکاؤ مت! (پہلی حدیث) اور آپؐ اپنے گورنروں کو بھی یہی حکم دیتے تھے، حضرات معاذ وابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما کو یمن بھیجا تو فرمایا: ''دونوں آسانی کرنا، سختی نہ کرنا، خوش خبری سنانا، متنفر نہ کرنا اور باہم متفق رہنا'' (دوسری حدیث) پس وارثین انبیاء کا بھی یہی مزاج ہونا چاہئے، کیونکہ سختی اور تنگی دعوت کے موضوع کے خلاف ہے، اور امت کا ہر فرد داعی ہے۔

[۸۰-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: ''يَسِّرُوْا وَلاَ تُعَسِّرُوْا''

وَكَانَ يُحِبُّ التَّخْفِيْفَ وَالْيُسْرَ عَلَى النَّاسِ.

[۶۱۲۴-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: ''يَسِّرُوْا وَلاَ تُعَسِّرُوْا، وَسَكِّنُوْا وَلاَ تُنَفِّرُوْا'' [راجع: ۶۹]

[۶۱۲۵-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا النَّضْرُ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: لَمَّا بَعَثَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَالَ لَهُمَا: ''يَسِّرَا وَلاَ تُعَسِّرَا، وَبَشِّرَا وَلاَ تُنَفِّرَا، وَتَطَاوَعَا'' قَالَ أَبُوْ مُوْسَى: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا بِأَرْضٍ يُصْنَعُ فِيْهَا شَرَابٌ مِنَ الْعَسَلِ، يُقَالُ لَهُ: الْبِتْعُ، وَشَرَابٌ مِنَ الشَّعِيْرِ، يُقَالُ لَهُ: الْمِزْرُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: ''كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ'' [راجع: ۲۲۶۱]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۳۱) آئی ہے۔ اس میں دو باتیں ہیں: (۱) نبی ﷺ کو امت کے حق میں اگر دو باتوں میں اختیار ہوتا تو آپؐ امت کے لئے آسان پہلو اختیار فرماتے، بشرطیکہ اس میں تفریط نہ ہو (۲) نبی ﷺ اپنی ذات کے لئے بدلہ نہیں لیتے تھے، درگذر کرتے تھے، ہاں کوئی حرمتِ شرعی کی پردہ دری کرے تو اس پر حد جاری کرتے تھے، مگر یہ اپنے لئے انتقام لینا نہیں تھا۔

[۶۱۲۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: مَا خُيِّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَيْنَ أَمْرَيْنِ قَطُّ إِلاَّ اخْتَارَ أَيْسَرَهُمَا مَالَمْ يَكُنْ إِثْمًا، فَإِنْ كَانَ إِثْمًا كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ، وَمَا انْتَقَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لِنَفْسِهِ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ، إِلاَّ أَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ اللّٰهِ، فَيَنْتَقِمُ لِلّٰهِ بِهَا. [راجع: ۳۵۶۰]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۳: ۵۲۹) آئی ہے۔ مگر یہاں سیاق مختلف ہے، ازرقؒ کہتے ہیں: ہم اہواز میں نہر کے کنارے پر تھے، اور نہر کا پانی خشک ہو گیا تھا، پس حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ گھوڑے پر آئے، اور نماز شروع کی اور گھوڑے کو چھوڑ دیا، پس گھوڑا چل دیا، آپؓ نے اپنی نماز چھوڑ دی اور گھوڑے کے پیچھے گئے، یہاں تک کہ اس کو پالیا اور

پکڑلیا، پھر آئے اور اپنی نماز پوری کی، اور ہم میں ایک کج فکر آدمی تھا (خارجی تھا) اس نے کہنا شروع کیا: اس بوڑھے کو دیکھو! ایک گھوڑے کے لئے اپنی نماز چھوڑ دی! پس ابو برزہؓ متوجہ ہوئے اور کہا: میری کسی نے سرزنش نہیں کی (مجھے کسی نے سخت سست نہیں کہا) جب سے میں رسول اللہ ﷺ سے جدا ہوا ہوں یعنی وفاتِ نبوی کے بعد (مگر اس شخص نے) اور فرمایا: میرا گھر یہاں سے دور ہے، اگر میں نماز پڑھتا رہتا اور گھوڑے کو چھوڑ دیتا تو میں رات تک گھر نہ پہنچ سکتا، اور راوی نے ذکر کیا کہ انھوں نے نبی ﷺ کی صحبت پائی تھی اور آپؐ کی آسانی دیکھی تھی (یہاں باب ہے، تفصیل پہلے آئی ہے)

[۶۱۲۷-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْأَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: كُنَّا عَلٰى شَاطِئِ نَهْرٍ بِالْأَهْوَازِ، قَدْ نَضَبَ عَنْهُ الْمَاءُ، فَجَاءَ أَبُوْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيُّ عَلٰى فَرَسٍ، فَصَلّٰى وَخَلّٰى فَرَسَهُ، فَانْطَلَقَتِ الْفَرَسُ، فَتَرَكَ صَلاَ تَهُ وَتَبِعَهَا حَتّٰى أَدْرَكَهَا، فَأَخَذَهَا ثُمَّ جَاءَ فَقَضَى صَلاَ تَهُ، وَفِيْنَا رَجُلٌ لَهُ رَأْيٌ، فَأَقْبَلَ يَقُوْلُ: انْظُرُوْا إِلٰى هٰذَا الشَّيْخِ! تَرَكَ صَلاَ تَهُ مِنْ أَجْلِ فَرَسٍ! فَأَقْبَلَ فَقَالَ: مَا عَنَّفَنِيْ أَحَدٌ مُنْذُ فَارَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. قَالَ: وَقَالَ: إِنَّ مَنْزِلِيْ مُتَرَاخٍ، فَلَوْ صَلَّيْتُ وَتَرَكْتُهَا لَمْ آتِ أَهْلِيْ إِلَى اللَّيْلِ، وَذَكَرَ أَنَّهُ صَحِبَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَرَأَى مِنْ تَيْسِيْرِهِ. [راجع: ۱۲۱۱]

پھر آخری حدیث میں اس بدّو کا واقعہ ہے جس نے مسجدِ نبوی میں پیشاب کر دیا تھا...... وَقَعَ بِهِ: سخت حملہ کرنا۔

[۶۱۲۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا بَالَ فِي الْمَسْجِدِ، فَثَارَ إِلَيْهِ النَّاسُ لِيَقَعُوْا بِهِ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " دَعُوْهُ، وَأَهْرِيْقُوْا عَلٰى بَوْلِهِ ذَنُوْبًا مِنْ مَاءٍ أَوْ: سَجْلاً مِنْ مَاءٍ، فَإِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِيْنَ، وَلَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِيْنَ" [راجع: ۲۲۰]

بَابُ الِانْبِسَاطِ إِلَى النَّاسِ وَالدُّعَابَةِ مَعَ الْأَهْلِ

لوگوں کے ساتھ بے تکلفی اور گھر والوں کے ساتھ خوش طبعی

انبَسَط: سنجیدگی کو ختم کرنا، بے تکلف ہوجانا .... **الدُّعَابة:** خوش طبعی، ہنسی تفریح .... اُنس ومحبت ایمانی صفت ہے، نبی ﷺ اُنس ومحبت کا پیکر تھے، پس مؤمن کو بھی اُنس ومحبت کا مرکز ہونا چاہئے، خود دوسروں سے محبت کرے اور دوسرے اس سے محبت کریں اور مانوس ہوں، خشک مزاجی مؤمن کے شایان نہیں، البتہ یہ ضروری ہے کہ بے تکلفی حد سے تجاوز نہ کرے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہو، مگر اپنے دین کو ہرگز زخمی مت کرو'' مثلاً: فحش کلام کرنا، ناروا مذاق کرنا یا دل آزاری کرنا جائز نہیں۔

حدیث: انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کا ہمارے گھرانے کے ساتھ اتنا میل جول تھا کہ آپؐ گھر کے چھوٹے بچوں کے ساتھ دل لگی کرتے تھے، میرا ایک چھوٹا بھائی تھا، اس نے بلبل پال رکھی تھی، وہ ہمیشہ اس کے ساتھ مشغول رہتا تھا، ایک دن نبی ﷺ نے اس کو مغموم دیکھا، پوچھا: یہ بچہ مغموم کیوں ہے؟ گھر والوں نے بتایا کہ اس کی بلبل مرگئی ہے، پس اس کے بعد جب بھی آپؐ ہمارے گھر تشریف لاتے: اس بچہ کو چھیڑتے، اور کہتے: ''اوابو عمیر! تیری بلبل کیا ہوئی!'' وہ بچہ ہشاش بشاش ہوجاتا (ترمذی حدیث ۱۴۲۱ و ۱۹۸۶) (یہ لوگوں کے ساتھ بے تکلفی کی مثال ہے)

[۸۱-] بَابُ الِانْبِسَاطِ إِلَى النَّاسِ

وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: خَالِطِ النَّاسَ، وَدِيْنَكَ لَا تَكْلِمَنَّهُ.

وَالدُّعَابَةُ مَعَ الْأَهْلِ

[۶۱۲۹-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ التَّيَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: إِنْ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لَيُخَالِطُنَا حَتّٰى يَقُوْلُ لِأَخٍ لِيْ صَغِيْرٍ: "يَا أَبَا عُمَيْرٍ! مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ" [طرفه: ۶۲۰۳]

لغت: كَلَمَ يَكْلِمُ (ض) كَلْمًا: زخمی کرنا

آئندہ حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں رخصتی کے بعد گڑیوں سے کھیلتی تھی، اور میری چند سہیلیاں تھیں جو میرے ساتھ کھیلتی تھیں، اور جب نبی ﷺ گھر میں آتے تو وہ آپؐ سے پردے کے اوٹ میں چلی جاتیں، پس آپؐ ان کو ایک ایک کر کے میرے پاس لاتے پس وہ میرے ساتھ کھیلتیں (یہ گھر والوں کے ساتھ دل لگی کی ایک صورت ہے)

تشریح: گڑیا: کپڑے کی بنی ہوئی پُتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں، بڑی بڑی لڑکیاں بھی کھیلتیں تھیں، جیسے بڑے بڑے لڑکے کھیلتے ہیں، اور جیسے بچے کاغذ کی کشتی بنالیتے ہیں، اور دستی رومال کی چوہیاں بنالیتے ہیں، اسی طرح لڑکیاں بھی بناتی تھیں، وہ کوئی باقاعدہ کھلونے نہیں ہوتے تھے، پس اس سے آج کل کے کھلونوں کے جواز پر استدلال درست نہیں، اور اسی سلسلہ کا ایک واقعہ یہ بھی مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ان گڑیوں میں ایک گھوڑا دیکھا جس کے پَر تھے، آپؐ نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ صدیقہؓ نے کہا: گھوڑا ہے، آپؐ نے پوچھا: گھوڑے کے پَر کیسے؟ (گھوڑا تو اڑتا نہیں) صدیقہؓ نے کہا: یارسول اللہ! آپؐ نے نہیں سنا: سلیمان علیہ السلام کے گھوڑوں کے پَر تھے! آپؐ مسکرادیئے۔

[۶۱۳۰-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ لِيْ صَوَاحِبُ يَلْعَبْنَ مَعِيْ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخَلَ يَنْقَمِعْنَ مِنْهُ، فَيُسَرِّبُهُنَّ إِلَيَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِي.

لغت: اَنْقَمَعَ: پردہ کی اوٹ میں ہوجانا، چھپ جانا.......... سَرَّبَ: ایک ایک کر کے لانا، سَرَّبَ الشيئَ: ٹکڑے ٹکڑے کر کے چھوڑنا یا بھیجنا۔

بَابُ الْمُدَارَاةِ مَعَ النَّاسِ

لوگوں کی دلجوئی کرنا (اچھی طرح پیش آنا)

پہلے حافظ شیرازی رحمہ اللہ کا شعر آیا ہے کہ اگر دنیا وآخرت میں آسائش سے رہنا ہے تو دوستوں کے ساتھ مہربانی کا برتاؤ کرو، اور مخالفوں کے ساتھ مدارات سے پیش آؤ، ان کی دل جوئی کرو، ان کے ضرر سے محفوظ رہوگے۔ حکیم الامت حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم لوگوں کے سامنے دانت کاڑھتے ہیں درانحالیکہ ہمارے دل ان پر لعنت بھیجتے ہیں یعنی ہم دل سے ان سے خوش نہیں، مگر بظاہر رواداری برتتے ہیں —— اور نبی ﷺ نے ایک شخص کے بارے میں فرمایا جب اس نے گھر میں آنے کی اجازت چاہی کہ قبیلہ کا برا آدمی ہے! پھر جب وہ اندر آیا تو آپؐ نے نرمی سے اس سے گفتگو کی، یہی مدارات ہے —— اور حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی آپؐ نے دلداری کا معاملہ کیا ہے، اور حاشیہ میں ہے کہ ان کے مزاج میں تندی تھی، مگر آپؐ نے سخت معاملہ نہیں کیا۔

[۸۲-] بَابُ الْمُدَارَاةِ مَعَ النَّاسِ

وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ: إِنَّا لَنَكْشِرُ فِي وُجُوْهِ أَقْوَامٍ، وَإِنَّ قُلُوْبَنَا لَتَلْعَنُهُمْ.

[۶۱۳۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، حَدَّثَهُ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ، فَقَالَ: " ائْذَنُوْا لَهُ، فَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ" أَوْ: " بِئْسَ أَخُو الْعَشِيْرَةِ" فَلَمَّا دَخَلَ أَلَانَ لَهُ فِي الْكَلَامِ. فَقُلْتُ لَهُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قُلْتَ مَا قُلْتَ، ثُمَّ أَلَنْتَ لَهُ فِي الْقَوْلِ؟ فَقَالَ: " أَيْ عَائِشَةُ! إِنَّ شَرَّ النَّاسِ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللّٰهِ مَنْ تَرَكَهُ أَوْ: وَدَعَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ فُحْشِهِ" [راجع: ۶۰۳۲]

[۶۱۳۲-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أُهْدِيَتْ لَهُ أَقْبِيَةٌ مِنْ دِيْبَاجٍ مُزَرَّرَةٌ بِالذَّهَبِ، فَقَسَمَهَا فِيْ نَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، وَعَزَلَ مِنْهَا وَاحِدًا لِمَخْرَمَةَ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَ: " خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ" قَالَ أَيُّوْبُ بِثَوْبِهِ أَنَّهُ يُرِيْهِ إِيَّاهُ، وَكَانَ فِيْ خُلُقِهِ شَيْئٌ.

وَرَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوْبَ، وَقَالَ حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ: قَدِمَتْ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَقْبِيَةٌ. [راجع: ۲۵۹۹]

وضاحت: قال کا صلہ ب آتا ہے تو اشارہ کرنے کے معنی ہوتے ہیں: ایوب سختیانی نے اپنے کپڑے سے اشارہ کیا، کہ آپؐ مخرمہ کو وہ قباء دکھا رہے تھے۔

بَابٌ: لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَرَّتَيْنِ

مؤمن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا

ترمذی اور ابوداؤد وغیرہ میں روایت ہے: الْمؤمن غِرٌّ كريم: مؤمن سادہ لوح (بھولا بھالا) اور شریف (وسیع الظرف) ہوتا ہے اور باب میں روایت ہے کہ مؤمن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا یعنی ایک مرتبہ تو دھوکا کھا سکتا ہے، مگر وہی شخص اس کو بار بار دھوکا نہیں دے سکتا —— ان دونوں روایتوں میں تطبیق یہ ہے کہ مؤمن اپنی طرف سے برتاؤ کرنے میں سادہ لوح وسیع الظرف ہوتا ہے، نہ کسی کو دھوکہ دیتا ہے، نہ کسی کا برا چاہتا ہے، اور دوسرا شخص اس کے ساتھ معاملہ کرے تو چوکنا رہتا ہے، وہ اس کو ایک مرتبہ دھوکا دے سکتا ہے، مگر بار بار دھوکا نہیں دے سکتا، حدیث کے شانِ ورود سے یہ بات عیاں ہے۔

شانِ ورود: ابن عزۃ شاعر بدر میں قید ہوا، اس کو اس عہد پر معاف کر دیا گیا کہ وہ آپؐ کی ہجو نہیں کرے گا، مگر اس نے نقض عہد کیا، پھر فتح مکہ میں پکڑا گیا، اس نے پھر معافی مانگی، آپؐ نے فرمایا: مؤمن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا یعنی اب دوسری مرتبہ تو ہم کو دھوکہ نہیں دے سکتا، چنانچہ اس کو قتل کر دیا گیا۔

حضرت معاویہؓ کا قول: فرمایا: بردباری نہیں ہے مگر تجربہ سے یعنی کسی کی شرافت کا تجربہ ہو جائے تو اس کے ساتھ بردباری کا معاملہ کرو، اور اگر خباثت (دھوکہ دہی) کا تجربہ ہو تو بردباری کی ضرورت نہیں۔

[۸۳-] بَابٌ: لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَرَّتَيْنِ

وَقَالَ مُعَاوِيَةُ: لَاحِلْمَ إِلَّا عَنْ تَجْرِبَةٍ.

[۶۱۳۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: " لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ "

بَابُ حَقِّ الضَّيْفِ

مہمان کا حق

مہمان کی خاطر مدارات ضروری ہے، یہ اس کا اسلامی حق ہے، پس اس میں اگر وقت خرچ ہو یا معمولات میں فرق آئے تو اس کا خیال نہیں کرنا چاہئے۔ نبی ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے فرمایا: إن لِزَوْرِكَ عليك حَقًّا: تمہارے مہمان کا بھی تم پر حق ہے، پس اگر تم ہمیشہ روزہ رکھو گے تو مہمان کے ساتھ کون کھائے گا؟ اسی طرح تمہاری اہلیہ کا بھی تم پر حق ہے،

پس اگر تم رات بھر نفلیں پڑھو گے تو اس کا حق فوت ہوگا ـــــ البتہ مہمانوں میں اور واردین وصادرین میں فرق کرنا ضروری ہے۔ حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ مریدوں کی میزبانی نہیں کرتے تھے، وہ خود اپنے کھانے کا انتظام کرتے تھے، اور کوئی خاص مرید آتا تو اس کو دو آنے دیتے کہ بھٹیار خانے میں کھالینا، کسی نے حضرت سے کہا: مہمان اپنا رزق ساتھ لے کر آتا ہے، آپ دعوت کیوں نہیں کرتے؟ آپ نے جواب دیا: اپنا رزق ساتھ لایا ہے تو وہاں مسجد کے کونے میں بیٹھ کر کھالے، میرا وقت کیوں برباد کرے!

[٨٤-] بَابُ حَقِّ الضَّيْفِ

[٦١٣٤-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ تَقُوْمُ اللَّيْلَ وَتَصُوْمُ النَّهَارَ؟!" قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: "فَلاَ تَفْعَلْ، قُمْ وَنَمْ، وَصُمْ وَأَفْطِرْ، فَإِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِزَوْرِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّكَ عَسَى أَنْ يَطُوْلَ بِكَ عُمُرٌ، وَإِنَّ مِنْ حَسْبِكَ أَنْ تَصُوْمَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلاَ ثَةَ أَيَّامٍ، فَإِنَّ لِكُلِّ حَسَنَةٍ عَشْرَ أَمْثَالِهَا، فَذٰلِكَ الدَّهْرُ كُلُّهُ" قَالَ: فَشَدَّدْتُ فَشُدِّدَ عَلَيَّ، قُلْتُ: أُطِيْقُ غَيْرَ ذٰلِكَ، قَالَ: "فَصُمْ مِنْ كُلِّ جُمُعَةٍ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ" قَالَ: فَشَدَّدْتُ فَشُدِّدَ عَلَيَّ، قُلْتُ: فَإِنِّيْ أُطِيْقُ غَيْرَ ذٰلِكَ، قَالَ: "فَصُمْ صَوْمَ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوُدَ" قُلْتُ: وَمَا صَوْمُ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوُدَ؟ قَالَ: "نِصْفُ الدَّهْرِ"

[راجع: ١١٣١]

زَوْر (واو ساکن) اور زَوَر (واو پر زبر) کی تحقیق

۱- زَوْرٌ: زَارَ يَزُوْرُ (ن) کا مصدر ہے: ملاقات کرنا، اور ضَيْف: ضَافَ يَضِيْفُ (ض) کا مصدر ہے: کسی کی طرف مائل ہونا۔ اور مصدر میں مفرد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث برابر ہوتے ہیں، پس ایک کے لئے زَوْر اور ضَيْف کہیں گے، اور جمع کے لئے بھی هؤلاء زَوْر / ضَيْف کہیں گے، یہ زَوْر بمعنی زُوَّار اور ضَيْف بمعنی أضياف ہے، یہی حال رِضَی (خوش ہونا) مَقْنَع (قناعت کرنا) عَدْل (انصاف کرنا) اور غَوْر (پانی کا زمین میں اتر جانا) مصادر کا ہے، پس کہیں گے: ماء غور (مفرد مذکر) بئر غور (مفرد مؤنث سماعی) ماء ان غور، میاہ غور ـــــ اور الغور بمعنی اسم فاعل بھی آتا ہے یعنی زمین میں اتر جانے والا پانی جس تک ڈول نہ پہنچ سکے ـــــ اور مَغَارَة کے معنی ہیں: کھوہ، جس میں آدمی چھپ جاتا ہے۔

۲- الزَّوَر: بھی مصدر ہے، زَوِرَ (س) زَوَرًا: مائل ہونا، أَزْوَر (اسم تفضیل) زیادہ مائل ہونے والا، اسی سے سورۃ الکہف (آیت ۱۷) میں ہے: ﴿تَزَاوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ﴾: سورج ان کی کھوہ سے مائل ہوجاتا ہے، بچا رہتا ہے، کترا جاتا ہے۔

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: يُقَالُ: زَوْرٌ، وَهٰؤُلَآءِ زَوْرٌ، وَضَيْفٌ، وَمَعْنَاهُ: أَضْيَافُهُ، وَزُوَّارُهُ، لِأَنَّهَا مَصْدَرٌ، مِثْلُ قَوْمٍ رِضًى، وَمَقْنَعٌ، وَعَدْلٌ، يُقَالُ: مَاءٌ غَوْرٌ، وَبِئْرٌ غَوْرٌ، مَاءَ انِ غَوْرٌ، وَمِيَاهٌ غَوْرٌ، وَيُقَالُ: الْغَوْرُ: الْغَائِرُ، لَاتَنَالُهُ الدِّلَاءُ، كُلُّ شَيْئٍ غُرْتَ فِيْهِ فَهُوَ مَغَارَةٌ ﴿تَزَاوَرُ﴾: تَمِيْلُ، مِنَ الزَّوَرِ. وَالْأَزْوَرَ: الْأَمْيَلُ.

بَابُ إِكْرَامِ الضَّيْفِ وَخِدْمَتِهِ إِيَّاهُ بِنَفْسِهِ

مہمان کا اکرام، اور اس کی بذاتِ خود خدمت کرنا

اکرام: تعظیم وتکریم...... بذاتِ خود خدمت کرنا: تعظیم کا ایک پہلو ہے، دوسرا پہلو: اس کے قیام وطعام کے لئے یک شبانہ روز تکلف (اہتمام) کرنا ہے، سورۃ الذاریات کی (آیت ۲۴) ہے: ﴿هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ إِبْرَاهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ﴾: کیا آپ کو ابراہیمؑ کے معزز مہمانوں کی بات پہنچی ہے؟ —— المکرمین: ضیف کی صفت ہے، کیونکہ وہ مصدر ہے، اور آیت سے باب کا پہلا جزء ثابت ہوا کہ مہمانوں کا اکرام کرنا چاہئے، جبھی وہ مُکْرَم ہونگے —— اور باب کی سب حدیثیں پہلے آچکی ہیں، ان میں درج ذیل مضامین ہیں:

۱- جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ اپنے مہمان کا اکرام کرے، اور اکرام سے مراد اس کا انعام ہے، جائزتَه: ضیفَه سے بدل ہے، اس کا انعام: یک شبانہ روز ضیافت کا اہتمام کرنا ہے۔ اور مہمانی تین دن تک ہے، اور اس کے بعد جو کچھ ہے وہ خیرات ہے یعنی ایک رات دن تک تو اہتمام کرے، پھر ماحضر پیش کرے، پھر بھی مہمان نہ ٹلے تو خندہ پیشانی سے کھلائے، کیونکہ آدمی خیرات کرتا ہی ہے، یہ سمجھے کہ یہ بھی ایک خیرات ہے، اور مہمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ میزبان کے پاس پڑا رہے، یہاں تک کہ اس کو تنگ کردے (ثَوىٰ يَثْوِىْ ثَوَاءً: قیام کرنا، ٹھہرنا، أَحْرَجَ فلانا: تنگی اور پریشانی میں ڈالنا)

۲- جو شخص اللہ پر اور یوم آخر پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ بھلی بات کہے یا خاموش رہے (منہ سے نکلی ہوئی بات اثر رکھتی ہے، پس اگر بھلے طریقہ پر مہمان سے کوئی بات کہے جس سے وہ رخصت ہوجائے تو کچھ حرج نہیں، ورنہ رخصت کرنے کے لئے بھونڈا طریقہ اختیار نہ کرے)

۳- جو شخص اللہ پر اور یوم آخر پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کو نہ ستائے (اور مہمان بھی پڑوسی ہے)

۴- جو شخص اللہ پر اور یوم آخر پر ایمان رکھتا ہے وہ خاندان کے ساتھ صلہ رحمی کرے (مہمان عام طور پر خاندان کا ہی ہوتا ہے) اور حدیث (نمبر ۶۱۳۷) دفع دخل مقدر کے طور پر لائے ہیں کہ اگر میزبان کنّی کاٹے اور دعوت نہ کرے تو زبردستی حق ضیافت وصول کرسکتے ہیں، کیونکہ شہروں میں تو انتظام ہوتا ہے، آدمی پیسے سے بھی کھا سکتا ہے، مگر دیہات میں کوئی شکل نہیں ہوتی پس کیا مہمان بھوکا مرے گا؟ (یہ استدلال غور طلب ہے، کیونکہ یہ روایت خاص صورت کے بارے میں ہے، دورِ نبوی میں

بڑے لشکر اپنی رسد ساتھ لے کر چلتے تھے، مگر چھوٹے سریوں کے لئے یہ بات ممکن نہیں تھی، ان کے سلسلہ میں یہ روایت ہے)

[٨٥-] بَابُ إِكْرَامِ الضَّيْفِ وَخِدْمَتِهِ إِيَّاهُ بِنَفْسِهِ

﴿ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ الْمُكْرَمِيْنَ﴾[الذاريات: ٢٤]

[٦١٣٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِى سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىِّ، عَنْ أَبِىْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِىِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، جَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَالضِّيَافَةُ ثَلاَ ثَةُ أَيَّامٍ، فَمَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ، وَلاَ يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَثْوِىَ عِنْدَهُ حَتّٰى يُحَرِّجَهُ"[راجع: ٦٠١٩]

حدثنا إِسْمَاعِيْلُ،حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ مِثْلَهُ، وَزَادَ:"مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ"

[٦١٣٦-] حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِىٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِىْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يُؤْذِ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ"[راجع: ٥١٨٥]

[٦١٣٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِى حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِى الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّـهُ قَالَ: قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّكَ تَبْعَثُنَا فَنَنْزِلُ بِقَوْمٍ فَلاَ يَقْرُوْنَّا فَمَا تَرَى؟ فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَأَمَرُوْا لَكُمْ بِمَا يَنْبَغِىْ لِلضَّيْفِ فَاقْبَلُوْا، فَإِنْ لَمْ يَفْعَلُوْا فَخُذُوْا مِنْهُمْ حَقَّ الضَّيْفِ الَّذِىْ يَنْبَغِىْ لَهُمْ"[راجع: ٢٤٦١]

[٦١٣٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ" [راجع: ٥١٨٥]

بَابُ صُنْعِ الطَّعَامِ وَالتَّكَلُّفِ لِلضَّيْفِ

مہمان کے لئے اہتمام سے کھانا بنانا

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ اپنے دینی بھائی حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے گھر مہمان گئے، انھوں نے مہمان کے لئے کھانا بنایا، باقی حدیث تحفۃ القاری (۵:۷۲) میں آچکی ہے۔

[٨٦-] بَابُ صُنْعِ الطَّعَامِ وَالتَّكَلُّفِ لِلضَّيْفِ

[٦١٣٩-] حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعُمَيْسِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِیْ جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: آخَى النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ سَلْمَانَ وَأَبِی الدَّرْدَاءِ، فَزَارَ سَلْمَانُ أَبَا الدَّرْدَاءِ فَرَأَى أُمَّ الدَّرْدَاءِ مُتَبَذِّلَةً، فَقَالَ لَهَا: مَا شَأْنُكِ؟ قَالَتْ: أَخُوْكَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ لَيْسَ لَهُ حَاجَةٌ فِی الدُّنْيَا، فَجَاءَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ فَصَنَعَ لَهُ طَعَامًا، فَقَالَ: كُلْ فَإِنِّی صَائِمٌ، قَالَ: مَا أَنَا بِآكِلٍ حَتّٰى تَأْكُلَ، فَأَكَلَ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلُ ذَهَبَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ يَقُوْمُ، فَقَالَ: نَمْ، فَنَامَ. ثُمَّ ذَهَبَ يَقُوْمُ، فَقَالَ: نَمْ، فَلَمَّا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ قَالَ سَلْمَانُ: قُمِ الآنَ. فَصَلَّيَا، فَقَالَ لَهُ سَلْمَانُ: إِنَّ لِرَبِّكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِأَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، فَأَعْطِ كُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّهُ، فَأَتَى النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم: "صَدَقَ سَلْمَانُ" [راجع: ١٩٦٨]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْغَضَبِ وَالْجَزَعِ عِنْدَ الضَّيْفِ

مہمان کے سامنے غصہ اور گھبراہٹ ظاہر کرنا مناسب نہیں

باب کی حدیث میں حضرت صدیق اکبرؓ نے مہمانوں کے سامنے صاحبزادے عبدالرحمٰن پر غصہ کیا تھا، پھر آخر میں فرمایا کہ پہلی حالت شیطان کی وجہ سے تھی یعنی پہلے جو غصہ کیا تھا وہ ٹھیک نہیں تھا۔ اور حدیث تحفۃ القاری (۲: ۴۶۳) میں آچکی ہے۔

[٨٧-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْغَضَبِ وَالْجَزَعِ عِنْدَ الضَّيْفِ

[٦١٤٠-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ الْجُرَيْرِیُّ، عَنْ أَبِی عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ بَكْرٍ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ تَضَيَّفَ رَهْطًا، فَقَالَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ: دُوْنَكَ أَضْيَافَكَ فَإِنِّی مُنْطَلِقٌ إِلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَافْرُغْ مِنْ قِرَاهُمْ قَبْلَ أَنْ أَجِیْءَ، فَانْطَلَقَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ فَأَتَاهُمْ بِمَا عِنْدَهُ، فَقَالَ: اطْعَمُوْا. فَقَالُوْا: أَيْنَ رَبُّ مَنْزِلِنَا؟ قَالَ: اطْعَمُوْا، قَالُوْا: مَا نَحْنُ بِآكِلِيْنَ حَتّٰى يَجِیْءَ رَبُّ مَنْزِلِنَا، قَالَ: اقْبَلُوْا عَنَّا قِرَاكُمْ، فَإِنَّهُ جَاءَ وَلَمْ تَطْعَمُوْا لَنَلْقَيَنَّ مِنْهُ، فَأَبَوْا، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ يَجِدُ عَلَیَّ، فَلَمَّا جَاءَ تَنَحَّيْتُ عَنْهُ، قَالَ: مَا صَنَعْتُمْ؟ فَأَخْبَرُوْهُ، فَقَالَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ! فَسَكَتُّ. ثُمَّ قَالَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ! فَسَكَتُّ. فَقَالَ: يَا غُنْثَرُ! أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ إِنْ كُنْتَ تَسْمَعُ صَوْتِی لَمَّا جِئْتَ، فَخَرَجْتُ، فَقُلْتُ: سَلْ أَضْيَافَكَ، فَقَالُوْا: صَدَقَ، أَتَانَا بِهِ، قَالَ: فَإِنَّمَا انْتَظَرْتُمُوْنِیْ، وَاللّٰهِ لَا أَطْعَمُهُ اللَّيْلَةَ، فَقَالَ الآخَرُوْنَ: وَاللّٰهِ لَا نَطْعَمُهُ حَتّٰى تَطْعَمَهُ، قَالَ: لَمْ أَرَ فِی الشَّرِّ كَاللَّيْلَةِ، وَيْلَكُمْ!

مَا أَنْتُمْ؟ أَلَا تَقْبَلُوْنَ عَنَّا قِرَاكُمْ؟! هَاتِ طَعَامَكَ، فَجَاءَ بِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ فَقَالَ: بِاسْمِ اللّٰهِ، الْأُوْلٰى لِلشَّيْطَانِ. فَأَكَلَ وَأَكَلُوْا. [راجع: ٦٠٢]

قوله: تَضَيَّفَ: مہمان بنانا أی اتخذ الرهط ضيفًا (عمدہ)......... دونك أضيافك: اپنے مہمانوں کو لے یعنی سنبھال......... لَنَلْقِيَنَّ: ضرور ڈانٹ پڑے گی......... يَجِدُ علی: مجھ پر غصہ ہونگے......... غُنْثَر: کمینہ......... الآخرون: مہمانوں نے......... لم أر: نہیں دیکھی میں نے برائی میں آج رات جیسی یعنی آج کی رات بہت بری ہے......... تمہارا ناس ہو! تم کون ہو؟ یعنی کیسے مہمان ہو؟ کیا نہیں قبول کرتے ہم سے اپنی مہمانی؟ یعنی ہمارا کھانا نہیں کھاتے؟ لاؤ اپنا کھانا (یہ عبدالرحمٰن سے کہا) پس وہ کھانا لائے، پس ابوبکرؓ نے ہاتھ رکھا یعنی کھانے میں شریک ہوئے، پس فرمایا: بسم اللہ کرو، پہلی حالت شیطان کی وجہ سے تھی۔

بَابُ قَوْلِ الضَّيْفِ لِصَاحِبِهِ: لَا آكُلُ حَتّٰى تَأْكُلَ

مہمان کا اپنے ساتھی سے کہنا: آپ کھائیں گے تو میں کھاؤنگا

حضرت ابوجحیفہؓ کی حدیث ابھی گذری ہے۔ حضرت سلمانؓ نے اپنے بھائی ابوالدرداءؓ سے کہا کہ آپ کھائیں گے تو میں کھاؤنگا، ان کا نفلی روزہ تھا، انھوں نے روزہ توڑ دیا اور کھایا —— حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مہمانوں نے بھی کہا تھا: آپ کھائیں گے تو ہم کھائیں گے، چنانچہ ابوبکرؓ نے اپنی قسم توڑ دی اور کھایا، اور کتابوں میں مسئلہ لکھا ہے کہ اگر مہمان اصرار کرے تو نفل روزہ توڑ سکتے ہیں، پھر اس کی قضاء کرنی ہوگی یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، احناف کے نزدیک قضا واجب ہے۔

[٨٨-] بَابُ قَوْلِ الضَّيْفِ لِصَاحِبِهِ: لَا آكُلُ حَتّٰى تَأْكُلَ

فِيْهِ حَدِيْثُ أَبِيْ جُحَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٦١٤١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ: جَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ بِضَيْفٍ لَهُ أَوْ: أَضْيَافٍ لَهُ، فَأَمْسَى عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا جَاءَ قَالَتْ لَهُ أُمِّيْ: احْتَبَسْتَ عَنْ ضَيْفِكَ، أَوْ: عَنْ أَضْيَافِكَ اللَّيْلَةَ؟ قَالَ: مَا عَشَّيْتِيْهِمْ؟ فَقَالَتْ: عَرَضْنَا عَلَيْهِ أَوْ: عَلَيْهِمْ فَأَبَوْا، أَوْ: فَأَبَى، فَغَضِبَ أَبُوْ بَكْرٍ فَسَبَّ وَجَدَّعَ، وَحَلَفَ لَا يَطْعَمُهُ، فَاخْتَبَأْتُ أَنَا، فَقَالَ: يَا غُنْثَرُ! فَحَلَفَتِ الْمَرْأَةُ: لَا تَطْعَمُهُ حَتّٰى يَطْعَمَهُ، فَحَلَفَ الضَّيْفُ أَوْ: الْأَضْيَافُ أَنْ لَا يَطْعَمَهُ أَوْ: يَطْعَمُوْهُ حَتّٰى يَطْعَمُوْهُ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: كَأَنَّ هٰذِهِ مِنَ الشَّيْطَانِ! فَدَعَا بِالطَّعَامِ، فَأَكَلَ وَأَكَلُوْا، فَجَعَلُوْا لَايَرْفَعُوْنَ لُقْمَةً إِلَّا رَبَتْ مِنْ أَسْفَلِهَا أَكْثَرُ مِنْهَا، فَقَالَ: يَا أُخْتَ بَنِيْ

فِرَاسٍ! مَا هٰذَا؟ فَقَالَتْ: وُقُرَّةِ عَيْنِيْ! إِنَّهَا الآنَ لَأَكْثَرُ قَبْلَ أَنْ نَأْكُلَ، فَأَكَلُوْا، وَبَعَثَ بِهَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ أَنَّهُ أَكَلَ مِنْهَا. [راجع: ۶۰۲]

قوله: فَحَلَفِ المرأةُ: پس عورت نے یعنی عبدالرحمٰن کی والدہ نے قسم کھائی کہ نہ کھائے تو یعنی عبدالرحمٰن یہاں تک کہ وہ (ابوبکرؓ) اس کو کھائیں، پس مہمان نے یا کہا: مہمانوں نے قسم کھائی کہ نہیں کھائے گا وہ اس کو یا کہا: نہیں کھائیں گے وہ اس کو یہاں تک کہ وہ (ابوبکرؓ) اس کو کھائیں یعنی سب نے کھانے کو حضرت ابوبکرؓ کے کھانے پر معلق کر دیا۔ عبدالرحمٰن کی ماں نے کہا: بیٹا تو بھی مت کھا جب تک تیرے ابا نہ کھائیں، پس مہمانوں نے کہا: ہم بھی نہیں کھائیں گے جب تک حضرت نہیں کھائیں گے۔

بَابُ إِكْرَامِ الْكَبِيْرِ، وَيُبْدَأُ الأَكْبَرُ بِالْكَلَامِ وَالسُّؤَالِ

بڑے کی تعظیم کرو، بڑے کو بات کرنے کا موقع دو، اور بڑے سے پوچھو

باب میں تین باتیں ہیں، دوسری دو باتیں پہلی بات کی فرع ہیں، بڑے کو بولنے کا موقع دینا اور بڑے سے مسئلہ پوچھنا: بڑے کی تعظیم کے قبیل سے ہیں، اور بڑے کی تعظیم کرنے کی صریح دلیل وہ حدیث ہے جو میں نے پہلے بیان کی ہے: **من لم یرحم صغیرنا ویَعْرِفْ حق کبیرنا فلیس منا:** جو ہمارے چھوٹوں پر مہربانی نہیں کرتا، اور ہمارے بڑے کا حق نہیں پہچانتا وہ ہمارا اہم مزاج نہیں! اور باب کی حدیث میں جو کَبِّرِ الْكُبْرَ ہے کہ بڑے کو بڑا بناؤ، اس سے بھی بڑے کی تعظیم مستنبط کی جاسکتی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ بڑے کی تعظیم کا حق مطلق ہے، اور باقی دو میں استثناء ہے، بڑا اس وقت بولے اور بڑے سے اس وقت پوچھا جائے جب بڑا أَعْلَمْ (زیادہ جاننے والا) ہو، ورنہ چھوٹا بولے اور اس سے پوچھا جائے، حضرت ابن عمرؓ چھوٹے تھے، مگر سوال کا جواب ان کی سمجھ میں آ گیا تھا، پس حضرت عمرؓ نے ان سے کہا: تمہیں بولنا چاہئے تھا، اور لوگ ابن عباسؓ سے مسائل پوچھتے تھے، درانحالیکہ ان کے بڑے حیات تھے، اور حضرت عمرؓ بھی مجلس میں ان کو اہمیت دیتے تھے۔

سوال: جب حدیث کبر الکبر مطلق ہے، تو پھر علماء نے استثناء کیوں کیا؟

جواب: حدیث عام نہیں، خاص مورد میں واقع ہے۔ باب کی حدیث میں ہے کہ عبداللہ کا خیبر میں قتل ہوا، ان کا ساتھی مُحَيِّصَة واپس آیا، پھر وہ اور اس کا بھائی حُوَيِّصَة اور مقتول کا بھائی عبدالرحمٰن خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، مقتول کا بھائی یہود کی حرکت سے بُھنا ہوا تھا، اس نے بولنا شروع کیا، ایسا شخص بولنے میں توازن قائم نہیں رکھ سکتا، چنانچہ آپؐ نے اس سے کہا: ”بڑے کو بولنے کا موقع دو“ وہ خاموش ہو گیا، اور حویصہ اور محیصہ نے واقعہ بیان کرنا شروع کیا، پھر بھی عبدالرحمٰن بیچ بیچ میں بولتے رہے، مگر پھر آپؐ نے ان کو نہیں ٹوکا۔ پس حدیث خاص ہے، ایک مصلحت سے آپؐ نے یہ بات فرمائی تھی۔

اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۴۵۲) آئی ہے، اور قسامہ کے مسائل آگے کتاب الدیات، باب القسامہ (حدیث ۶۸۹۸) آئیں گے۔

[۸۹-] بَابُ إِكْرَامِ الْكَبِيْرِ، وَيُبْدَأُ الْأَكْبَرُ بِالْكَلَامِ وَالسُّؤَالِ

[۶۱۴۲و۶۱۴۳-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ مَوْلَى الْأَنْصَارِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، وَسَهْلِ ابْنَ أَبِيْ حَثْمَةَ: أَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ أَوْ: حَدَّثَا: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُوْدٍ أَتَيَا خَيْبَرَ، فَتفرَّقَا فِيْ النَّخْلِ، فَقُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ، فَجَاءَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ، وَحُوَيِّصَةُ، وَمُحَيِّصَةُ ابْنَا مَسْعُوْدٍ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَتَكَلَّمُوْا فِيْ أَمْرِ صَاحِبِهِمْ، فَبَدَأَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَكَانَ أَصْغَرَ الْقَوْمِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "كَبِّرِ الْكُبْرَ" قَالَ يَحْيَى: يَعْنِيْ: لِيَلِ الْكَلَامَ الْأَكْبَرُ، فَتَكَلَّمُوْا فِيْ أَمْرِ صَاحِبِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اسْتَحِقُّوْا قَتِيْلَكُمْ أَوْ قَالَ: صَاحِبَكُمْ بِأَيْمَانِ خَمْسِيْنَ مِنْكُمْ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَمْرٌ لَمْ نَرَهُ، قَالَ: "فَتُبْرِئُكُمْ يَهُوْدُ فِي أَيْمَانِ خَمْسِيْنَ مِنْهُمْ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَوْمٌ كُفَّارٌ! فَفَدَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ قِبَلِهِ، قَالَ سَهْلٌ: فَأَدْرَكْتُ نَاقَةً مِنْ تِلْكَ الإِبِلِ، فَدَخَلْتُ مِرْبَدًا لَهُمْ، فَرَكَضَتْنِيْ بِرِجْلِهَا. [راجع: ۲۷۰۲]

وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى، عَنْ بُشَيْرٍ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ يَحْيَى: حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: مَعَ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ.

وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى، عَنْ بُشَيْرٍ، عَنْ سَهْلٍ وَحْدَهُ.

وضاحت: یہ واقعہ دو صحابہ سے مروی ہے: حضرت رافعؓ اور حضرت سہلؓ سے، اس لئے دو نمبر لگائے ہیں...... پہلی سند: یحییٰ انصاری کے شاگرد حماد کی ہے، ان کی سند میں دونوں حضرات کا ذکر ہے...... یحییٰ کے دوسرے شاگرد لیث کی سند میں شک ہے کہ حضرت رافعؓ کا ذکر ہے یا نہیں؟...... اور تیسرے شاگرد ابن عیینہ کی سند میں صرف حضرت سہلؓ کا ذکر ہے...... سہل کہتے ہیں: دیت میں جو سو اونٹ ملے تھے، اس میں سے میں نے ایک اونٹنی کو پایا جب میں ان حضرات کے اونٹوں کے بارے میں گیا، پس ایک اونٹنی نے مجھے پیر مارا (یہ بات اس لئے بیان کی ہے کہ ان کو واقعہ خوب مستحضر ہے، اونٹنی کا پیر مارنا بھی یاد ہے)

[۶۱۴۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَخْبِرُوْنِيْ بِشَجَرَةٍ مَثَلُهَا مَثَلُ الْمُسْلِمِ، تُؤْتِيْ أُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا، وَلَا تَحُتُّ وَرَقَهَا" فَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ النَّخْلَةُ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ وَثَمَّ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَلَمَّا لَمْ يَتَكَلَّمَا، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هِيَ النَّخْلَةُ" فَلَمَّا خَرَجْتُ مَعَ أَبِيْ قُلْتُ: يَا أَبَتَاهْ!

وَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ النَّخْلَةُ، قَالَ: مَا مَنعكَ أَنْ تَقُوْلَهَا، لَوْ كُنْتَ قُلْتَها كَانَ أَحبَّ إِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: مَا مَنَعَنِيْ إِلاَّ أَنِّيْ لَمْ أَرَكَ وَلاَ أَبَا بَكْرٍ تَكَلَّمْتُمَا، فَكَرِهْتُ. [راجع: ٦١]

بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنَ الشِّعْرِ وَالرَّجْزِ وَالْحُدَاءِ، وَمَا يُكْرَهُ مِنْهُ

جائز اور ناجائز اشعار، رجز اور حُدی

شعر: وہ کلام جو بالقصد قافیہ اور وزن پر ڈھالا گیا ہو...........رجز: جنگ وغیرہ میں فخریہ پڑھنے کے اشعار...........
حُدی: اونٹوں کو ہانکنے کا گانا...........شعر، رجز اور حُدی کی قرآن واحادیث میں تعریف بھی آئی ہے اور برائی بھی...........
اور یہ جنرل باب ہے، آگے دو باب ذیلی آئیں گے، پہلے دو بابوں میں جائز اشعار وغیرہ کا بیان ہے اور تیسرے باب میں اشعار کی برائی ہے۔

آیاتِ کریمہ: سورۃ الشعراء کی (آیات ۲۲۴-۲۲۷) ہیں: ﴿وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُوْنَ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ۝ وَأَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَالاَ يَفْعَلُوْنَ ۝ إِلاَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ وَذَكَرُوْا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا﴾: اور شاعروں کے پیچھے تو گمراہ لوگ ہی چلتے ہیں (اور نبی ﷺ کے پیچھے چلنے والے نہایت پاکباز لوگ ہیں، پھر آپؐ شاعر کیسے ہوسکتے ہیں!) کیا تو دیکھتا نہیں کہ وہ ہر میدان میں بھٹکتے ہیں یعنی بے ہودہ اور خیالی مضامین باندھتے ہیں (اور نبی ﷺ جو کلام پیش کرتے ہیں وہ اعلیٰ درجہ کا پُر حکمت کلام ہے، پھر آپؐ کو شاعر کہنا کیسے صحیح ہوسکتا ہے؟) اور وہ زبان سے وہ باتیں کہتے ہیں جو کرتے نہیں (اور نبی ﷺ اپنی تعلیمات پر سب سے پہلے خود عمل کرتے ہیں) ہاں مگر جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کئے، اور انھوں نے (اپنے اشعار میں) بہ کثرت اللہ کا ذکر کیا، اور انھوں نے بدلہ لیا اس کے بعد کے ان پر ظلم کیا گیا (یہ شعراء برے نہیں) —— ان آیات میں شاعروں کی اور ان کے کلام کی برائی بھی ہے اور آخر میں استثناء بھی ہے۔

وہ احادیث جن میں اشعار کی تعریف ہے:

۱- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إن من الشعر حكمة: بعض اشعار پُر حکمت ہوتے ہیں!

۲- ایک موقع پر آپؐ کی انگلی زخمی ہوئی تو زبانِ مبارک سے بے ساختہ موزون کلام نکلا: ''نہیں ہے تو مگر ایک انگلی جو خون آلود ہوئی ہے ÷ اور اللہ کے راستہ میں ہے وہ جس سے تو نے ملاقات کی ہے!'' یہ آپؐ نے شعر نہیں بنایا، کیونکہ آپؐ شاعر نہیں تھے، یہ بے ساختہ کلام زبان پر جاری ہوا ہے، مگر بہر حال ہے موزون کلام، اس لئے اس سے اشعار کی اعتباریت ثابت ہوتی ہے۔

۳- حضرت لبید رضی اللہ عنہ کے ایک مصرعہ کی آپؐ نے تعریف فرمائی ہے کہ انھوں نے نہایت سچی بات کہی ہے۔

۴- حضرت عامر بن اکوعؓ کی حُدی سن کر آپؐ نے فرمایا: ''اللہ اس پر رحم کرے!'' اس میں بھی ان کی حدی کی تحسین ہے۔

۵- حضرت انجشہؓ کی حُدی کو آپؐ نے طرب انگیز قرار دیا ہے، اس میں بھی ان کی حدی کی تحسین ہے۔

ملحوظہ: یہ سب روایات باب میں ہیں، ان میں اشعار کی تعریف ہے، پھر اگلے ذیلی باب کی روایات میں بھی تعریف ہے، پھر اس کے بعد کے ذیلی باب میں اشعار کی برائی ہے، پس تطبیق وہاں آئے گی۔

[۹۰-] بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنَ الشِّعْرِ وَالرَّجْزِ وَالْحُدَاءِ، وَمَا يُكْرَهُ مِنْهُ

وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿يَنْقَلِبُوْنَ﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فِىْ كُلِّ لَغْوٍ يَخُوْضُوْنَ.

[۶۱۴۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْأَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوْثَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً"

[۶۱۴۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، يَقُوْلُ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَمْشِىْ إِذْ أَصَابَهُ حَجَرٌ فَعَثَرَ، فَدَمِيَتْ إِصْبَعُهُ، فَقَالَ:

"هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيْتِ ❁ وَفِى سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ"

[راجع: ۲۸۰۲]

[۶۱۴۷-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ: كَلِمَةُ لَبِيْدٍ: أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ" وَكَادَ أُمَيَّةُ بْنُ أَبِى الصَّلْتِ أَنْ يُسْلِمَ. [راجع: ۳۸۴۱]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۸: ۳۰۰) آئی ہے، اور مشکل کلمات کے معانی بعد میں آئیں گے۔

[۶۱۴۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِىْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى خَيْبَرَ، فَسِرْنَا لَيْلًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ لِعَامِرِ بْنِ الْأَكْوَعِ: أَلَا تُسْمِعُنَا مِنْ هُنَيْهَاتِكَ! وَكَانَ عَامِرٌ رَجُلًا شَاعِرًا، فَنَزَلَ يَحْدُوْ بِالْقَوْمِ وَيَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ❁ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَاغْفِرْ فِدًى لَكَ مَا اقْتَفَيْنَا ❁ وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا
وَأَلْقِيَا سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ❁ إِنَّا إِذَا صِيْحَ بِنَا أَتَيْنَا
وَبِالصِّيَاحِ عَوَّلُوْا عَلَيْنَا

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" مَنْ هٰذَا السَّائِقُ؟" فَقَالُوْا: عَامِرُ بْنُ الْأَكْوَعِ، فَقَالَ: "يَرْحَمُهُ اللّٰهُ" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَجَبَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، لَوْلَا أَمْتَعْتَنَا بِهِ. قَالَ: فَأَتَيْنَا خَيْبَرَ، فَحَاصَرْنَاهُمْ حَتّٰى أَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ شَدِيْدَةٌ، ثُمَّ إِنَّ اللّٰهَ فَتَحَهَا عَلَيْهِمْ، فَلَمَّا أَمْسَى النَّاسُ الْيَوْمَ الَّذِيْ فُتِحَتْ عَلَيْهِمْ أَوْقَدُوْا نِيْرَانًا كَثِيْرَةً. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" مَا هٰذِهِ النِّيْرَانُ؟ عَلٰى أَيِّ شَيْءٍ تُوْقِدُوْنَ؟" قَالُوْا: عَلٰى لَحْمٍ، قَالَ:" عَلٰى أَيِّ لَحْمٍ؟" قَالُوْا: عَلٰى لَحْمِ الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" أَهْرِيْقُوْهَا وَاكْسِرُوْهَا" فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوْ نُهَرِيْقُهَا وَنَغْسِلُهَا؟ قَالَ:" أَوْ ذَاكَ" فَلَمَّا تَصَافَّ الْقَوْمُ كَانَ سَيْفُ عَامِرٍ فِيْهِ قِصَرٌ، فَتَنَاوَلَ بِهِ يَهُوْدِيًّا لِيَضْرِبَهُ، وَيَرْجِعُ ذُبَابُ سَيْفِهِ، فَأَصَابَ رُكْبَةَ عَامِرٍ فَمَاتَ مِنْهُ، فَلَمَّا قَفَلُوْا قَالَ سَلَمَةُ: رَآنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم شَاحِبًا. فَقَالَ لِيْ: "مَالَكَ؟" قُلْتُ: فِدًى لَكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ زَعَمُوْا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ؟ قَالَ:" مَنْ قَالَهُ؟" قُلْتُ: قَالَهُ فُلَانٌ، وَفُلَانٌ، وَأُسَيْدُ بْنُ الْحُضَيْرِ الْأَنْصَارِيُّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم : "كَذَبَ مَنْ قَالَهُ، إِنَّ لَهُ لَأَجْرَيْنِ، وَجَمَعَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ، إِنَّهُ لَجَاهِدٌ مُجَاهِدٌ، قَلَّ عَرَبِيٌّ نَشَأَ بِهَا مِثْلُهُ"[راجع: ۲٤۷۷]

لغات اور وضاحت: هُنَيْهَات: هُنَيْهَةٌ کی جمع: کچھ اشعار .... فِدًى لك: ہم آپ پر (اللہ تعالیٰ پر) قربان جب تک ہم آپ کے احکام کی پیروی کریں (قربان یعنی ہماری بخشش فرمائیں) .... أَلْقِيًا: میں نون تاکید خفیفہ تنوین کی شکل میں لکھی گئی ہے .... أتينا: جب ہمیں جہاد کے لئے پکارا جاتا ہے تو ہم تیار ہوجاتے ہیں .... وبالصياح: چلانے کے ذریعہ ہم پر اعتماد کیا گیا ہے یعنی ہمیں جہاد کے لئے اس لئے پکارا جاتا ہے کہ پکارنے والے کو اعتماد ہوتا ہے کہ ہم ضرور اس کی بات پر لبیک کہیں گے .... لولا أمتعتنا به: آپؐ نے ہمیں ان سے کیوں فائدہ اٹھانے نہیں دیا! یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہی تھی، جہاد میں نبی ﷺ کسی کے لئے دعائے مغفرت یا دعائے رحمت کرتے تو صحابہ سمجھ جاتے کہ وہ شہید ہوجائیں گے .... أو ذلك: یا ایسا کرلو یعنی برتن توڑ و مت، دھوڈالو .... شاحب: جس کا رنگ پھیکا پڑ گیا ہو .... مجاهد نے جاهد کے معنی کی تاکید کی ہے یعنی پکے مجاہد ہیں، شاید کوئی عربی ان کی طرح پروان چڑھا ہو! یعنی وہ عدیم المثال عرب تھے۔

آئندہ حدیث: ایک سفر میں نبی ﷺ بعض ازواج کے اونٹ کے پاس آئے، ان کے ساتھ ام سلیم بھی تھیں، انجشہ نامی ایک کالے غلام حُدی پڑھتے ہوئے اونٹوں کو لے کر چل رہے تھے (کالے عام طور پر خوش آواز ہوتے ہیں) پس آپؐ نے فرمایا: "تیرا ناس ہو انجشہ! آہستہ! (دیکھ) تو شیشوں کو لے کر چل رہا ہے! یعنی اونٹوں پر نازک اندام خواتین ہیں، ان کی رعایت کر، زور کی حدی مت پڑھ!

ابوقلابہ (راوی) کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک ایسی بات کہی کہ اگر تم وہ بات کہو تو تمہاری خردہ گیری کی جائے، یعنی

آپ ﷺ نے خواتین کو آبگینوں سے تشبیہ دی۔

[٦١٤٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَتَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى بَعْضِ نِسَائِهِ، وَمَعَهُنَّ أُمُّ سُلَيْمٍ، فَقَالَ: "وَيْحَكَ يَا أَنْجَشَةُ! رُوَيْدَكَ سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيْرِ"

قَالَ أَبُوْ قَلاَبَةَ: فَتَكَلَّمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِكَلِمَةٍ، لَوْ تَكَلَّمَ بَعْضُكُمْ لَعِبْتُمُوْهَا عَلَيْهِ: قَوْلُهُ: "سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيْرِ" [أطرافه: ٦١٦١، ٦٢٠٢، ٦٢٠٩، ٦٢١٠، ٦٢١١]

بَابُ هِجَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ

مشرکین کی اشعار میں مذمت کرنا

اس باب میں بھی ان اشعار کی تعریف ہے جو مشرکین مکہ کی ہجو کے جواب میں کہے گئے ہیں، حضرت حسان رضی اللہ عنہ اس سلسلہ میں معروف تھے، آپ ﷺ نے ان کو دعاؤں سے نوازا ہے، اور حدیثیں سب آچکی ہیں۔ پہلی حدیث تحفۃ القاری (۱۱۵:۷) میں آئی ہے۔

[٩١-] بَابُ هِجَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ

[٦١٥٠-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ هِجَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَكَيْفَ بِنَسَبِيْ؟" فَقَالَ حَسَّانُ: لَأَسُلَّنَّكَ مِنْهُمْ كَمَا تُسَلُّ الشَّعَرَةُ مِنَ الْعَجِيْنِ.

وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: ذَهَبْتُ أُسَبُّ حَسَّانَ عِنْدَ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: لاَ تَسُبَّهُ! فَإِنَّهُ كَانَ يُنَافِحُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٣٥٣١]

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۴۸۲:۳) آئی ہے، ترجمہ اور شرح وہاں ہے، اور اشعار کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[٦١٥١-] حَدَّثَنِيْ أَصْبَغُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ الْهَيْثَمَ بْنَ أَبِيْ سِنَانٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ فِيْ قَصَصِهِ يَذْكُرُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: "إِنَّ أَخًا لَكُمْ لاَ يَقُوْلُ الرَّفَثَ يَعْنِيْ بِذٰلِكَ ابْنَ رَوَاحَةَ، قَالَ:

وَفِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ يَتْلُوْ كِتَابَهُ ۞ إِذَا انْشَقَّ مَعْرُوْفٌ مِنَ الْفَجْرِ سَاطِعُ
أَرَانَا الْهُدَى بَعْدَ الْعَمَى فَقُلُوْبُنَا ۞ بِهِ مُوْقِنَاتٌ أَنَّ مَا قَالَ وَاقِعُ

يَبِيْتُ يُجَافِيْ جَنْبَهُ عَنْ فِرَاشِهِ ۞ إِذَا اسْتَثْقَلَتْ بِالْكَافِرِيْنَ الْمَضَاجِعُ
تَابَعُهُ عُقَيْلٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَقَالَ الزُّبَيْدِيُّ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ، وَالأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.
[راجع: ١١٥٥]

۱-اور ہم میں اللہ کے رسول ہیں جو اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں÷جس وقت مشہور چیز یعنی بلند ہونے والی صبح کی پو پھٹتی ہے۔

۲-ہمیں اندھے پن کے بعد راہ دکھائی، پس ہمارے دل÷ان کی بات کا پورا یقین کرنے والے ہیں کہ جو کچھ انھوں نے کہا ہے وہ پیش آنے والا ہے۔

۳-وہ اس حالت میں رات گذارتے ہیں کہ اپنے پہلو کو اپنے بستر سے علاحدہ رکھتے ہیں÷جب مشرکین کے ساتھ خواب گاہیں بوجھل ہوتی ہیں۔

آئندہ حدیث: پہلے (تحفۃ القاری ۳۰۱:۲) آئی ہے۔اور آخری حدیث تحفۃ القاری (۴۸۲:۶) میں آچکی ہے۔

[٦١٥٢-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ، أَنَّهُ سَمِعَ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ الأَنْصَارِيَّ يَسْتَشْهِدُ أَبَا هُرَيْرَةَ، فَيَقُوْلُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! نَشَدْتُكَ بِاللّٰهِ هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَا حَسَّانُ أَجِبْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ أَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ؟" فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: نَعَمْ.[راجع: ٤٥٣، ٣٢١٢]

[٦١٥٣-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِحَسَّانٍ: "اهْجُهُمْ أَوْ قَالَ: هَاجِهِمْ وَجِبْرَئِيْلُ مَعَكَ"[راجع: ٣٢١٣]

بَابُ مَا يُكْرَهُ أَنْ يَكُوْنَ الْغَالِبُ عَلَى الإِنْسَانِ الشِّعْرَ حَتّٰى يَصُدَّهُ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَالْعِلْمِ وَالْقُرْآنِ

کراہیت اس وقت ہے جب اشعار آدمی پر اس درجہ غالب آجائیں کہ
وہ اس کو اللہ کے ذکر سے، علمی کاموں سے اور قرآن سے روک دیں

اس باب میں ایک ہی روایت ہے جس میں شعر گوئی/شعر خوانی کی مذمت ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''البتہ یہ بات کہ آدمی کا پیٹ ایسی پیپ سے بھر جائے جو اس کے پیٹ کو خراب کردے، اس سے بہتر ہے کہ وہ اشعار سے بھر جائے (یَرِیَه: اس کے پیٹ کو خراب کردے، وَرِیَ یَرِیْ (ض) وَرْیًا القَیْحُ جَوفَه: اندرون (پیٹ) کو خراب کردینا)

تطبیق: گذشتہ دو بابوں کی حدیثوں میں اشعار کی تعریف تھی، اور اس باب کی حدیث میں برائی ہے، پس تطبیق کیا ہے؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں تطبیق دی کہ اگر اشعار آدمی پر اس درجہ غالب آجائیں کہ وہ دین کے کام کا نہ رہے تو اشعار کی کراہیت ہے، اشعار خواہ کیسے ہی ہوں، ورنہ نہیں۔ یہ اچھی توفیق ہے —— اور گندے اشعار کہنا / پڑھنا / سننا مستقل مکروہ ہے، باب کی حدیث میں اسی کا بیان ہے۔

[٩٢-] بَابُ مَا يُكْرَهُ أَنْ يَكُوْنَ الْغَالِبُ عَلٰى الإِنْسَانِ الشِّعْرَ حَتّٰى يَصُدَّهُ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَالْعِلْمِ وَالْقُرْآنِ

[٦١٥٤-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَنْظَلَةُ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا"

[٦١٥٥-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ الرَّجُلِ قَيْحًا حَتّٰى يَرِيَهُ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا"

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "تَرِبَتْ يَمِيْنُكَ" و"عَقْرٰى حَلْقٰى"

دو محاورے: تَرِبَتْ يَمِيْنُكَ اور عَقْرٰى حَلْقٰى

محاورات کے لغوی معنی نہیں کئے جاتے، ان کا استعمال دیکھا جاتا ہے کہ کس معنی میں مستعمل ہیں، جیسے ہلکی تنبیہ کرنے کے لئے ہم پیار میں کہتے ہیں: باؤلے! تَرِبَتْ يمينك کے لغوی معنی ہیں: تیرا دایاں ہاتھ خاک آلود ہو، تَرِبَ (س) تَرَبًا: مٹی لگ جانا، غبار آلود ہونا، مگر محاورے میں پیار کے موقع پر بولا جاتا ہے، باب کی پہلی حدیث میں صدیقہ رضی اللہ عنہا سے خطاب میں آپؐ نے یہ محاورہ استعمال کیا ہے۔ اور عَقْرٰی: عَقِیْر کا مؤنث ہے، جیسے جَرْحٰی: جَرِیْح کا، اور دونوں کے معنی ہیں: زخمی اور حَلْقٰی کو عَقْرٰی کے وزن پر ڈھالا گیا ہے، اس کے معنی ہیں: مونڈنا، اور محاورہ میں صورت حال پر ناگواری ظاہر کرنے کے لئے قریش عورت کے لئے بولتے تھے، باب کی دوسری حدیث میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے خطاب میں آپؐ نے یہ محاورہ استعمال کیا ہے، میں نے تحفۃ القاری (۳۵۲:۴) میں اس کا ترجمہ: 'موئی پیٹر مٹی!'' کیا ہے۔

[۹۳-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "تَرِبَتْ يَمِيْنُكَ" و"عَقْرَى حَلْقَى"

[٦١٥٦-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنَّ أَفْلَحَ أَخَا لِأَبِيْ الْقُعَيْسِ اسْتَأْذَنَ عَلَيَّ بَعْدَ مَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ! لاَ آذَنُ لَهُ حَتّٰى أَسْتَأْذِنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَإِنَّ أَخَا أَبِيْ الْقُعَيْسِ لَيْسَ هُوَ أَرْضَعَنِيْ، وَلٰكِنْ أَرْضَعَتْنِي امْرَأَةُ أَبِيْ الْقُعَيْسِ، فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الرَّجُلَ لَيْسَ هُوَ أَرْضَعَنِيْ، وَلٰكِنْ أَرْضَعَتْنِي امْرَأَتُهُ، قَالَ: "ائْذَنِيْ لَهُ، فَإِنَّهُ عَمُّكِ، تَرِبَتْ يَمِيْنُكِ" قَالَ عُرْوَةُ: فَبِذٰلِكَ كَانَتْ عَائِشَةُ تَقُوْلُ: حَرِّمُوْا مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يُحَرَّمُ مِنَ النَّسَبِ.[راجع: ٢٦٤٤]

[٦١٥٧-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَكَمُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَرَادَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ يَنْفِرَ فَرَأَى صَفِيَّةَ عَلٰى بَابِ خِبَائِهَا كَئِيْبَةً حَزِيْنَةً، لِأَنَّهَا حَاضَتْ، فَقَالَ: "عَقْرَى حَلْقَى!- لُغَةٌ لِقُرَيْشٍ - إِنَّكِ لَحَابِسَتُنَا" ثُمَّ قَالَ: "أَكُنْتِ أَفَضْتِ يَوْمَ النَّحْرِ؟" يَعْنِيْ الطَّوَافَ قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: "فَانْفِرِيْ إِذَنْ"[راجع: ٢٩٤]

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ زَعَمُوْا

زَعَمُوْا کے بارے میں روایت

زَعَمَ (ن) زَعْمًا: گمان کرنا، خیال کرنا، سمجھنا، بے حقیقت دعوی کرنا۔ اور کہاوت ہے: زعموا مَطِيَّةُ الكَذِبِ: زعموا جھوٹ کی سواری ہے، اور روایت ہے: زعموا: بئس مطية الرجل: زعموا: آدمی کی بری سواری ہے۔ لوگوں کا ایسا گمان ہے/ ایسا خیال ہے کہہ کر جو بات چاہو چلتی کرو، اور کبھی زعموا بمعنی قال آتا ہے، مگر وہ قال سے ہلکا ہے، باب کی روایت میں ہے: زَعَمَ ابْنُ أُمي: میراماں جایا کہتا ہے، اور روایت پہلے آچکی ہے۔

[۹٤-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ زَعَمُوْا

[٦١٥٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أَبَا مُرَّةَ مَوْلَى لِأُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِيْ طَالِبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أُمَّ هَانِئٍ بِنْتَ أَبِيْ طَالِبٍ تَقُوْلُ: ذَهَبْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَامَ الْفَتْحِ فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ، وَفَاطِمَةُ ابْنَتُهُ تَسْتُرُهُ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: "مَنْ هٰذِهِ؟" فَقُلْتُ: أَنَا أُمُّ هَانِئٍ بِنْتُ أَبِيْ طَالِبٍ، فَقَالَ: "مَرْحَبًا بِأُمِّ هَانِئٍ" فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهِ قَامَ فَصَلّٰى ثَمَانِيَ رَكْعَاتٍ، مُلْتَحِفًا فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! زَعَمَ ابْنُ أُمِّيْ أَنَّهُ قَاتِلٌ

رَجُلاً قَدْ أَجَرْتُهُ: فَلَانُ بْنُ هُبَيْرَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" قَدْ أَجَرْنَا مَنْ أَجَرْتِ يَا أُمَّ هَانِئٍ" قَالَتْ أُمُّ هَانِئٍ: وَذَاكَ ضُحًى. [راجع: ٢٨٠]

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَوْلِ الرَّجُلِ: وَيْلَكَ

وَيْلَكَ کے بارے میں روایات

پانچ کلمات بالترتیب ہیں: وَیْ، کاف بڑھا کر وَیْكَ، لام بڑھا کر وَیْلَ، ح اورك بڑھا کر وَیْحَكَ، ل اورك بڑھا کر وَیْلَكَ، یہ سب کلمات تحسّر ہیں، اوران کا وزن اسی ترتیب سے ہے، اس باب میں وہ روایات ہیں جن میں ویلك آیا ہے، اورروایات سب (آخری روایت کے علاوہ) آچکی ہیں۔ پہلی دو روایتوں میں ہے کہ ایک شخص قربانی کا اونٹ لے کر چل رہا تھا، آپؐ نے اس سے سوار ہونے کے لئے کہا: اس نے کہا: یہ قربانی کا اونٹ ہے، آپؐ نے تیسری مرتبہ فرمایا: "تیرا برا ہو! سوار ہوجا" جب ڈانٹ پڑی تو سوار ہوگیا۔

[٩٥-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَوْلِ الرَّجُلِ: وَيْلَكَ

[٦١٥٩-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلاً يَسُوْقُ بَدَنَةً، فَقَالَ:" ارْكَبْهَا" قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ:" ارْكَبْهَا" قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ:" ارْكَبْهَا وَيْلَكَ" [راجع: ١٦٩٠]

[٦١٦٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلاً يَسُوْقُ بَدَنَةً فَقَالَ لَهُ:" ارْكَبْهَا" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ:" ارْكَبْهَا وَيْلَكَ" قَالَ فِي الثَّانِيَةِ أَوْ فِي الثَّالِثَةِ. [راجع: ١٦٨٩]

آئندہ روایت: میں آپؐ نے انجشہ نامی غلام کو ہلکا سا ڈانٹا ہے، اور فرمایا: آبگینوں کو آہستہ لے چل!

[٦١٦١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، ح: وَأَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، وَكَانَ مَعَهُ غُلَامٌ لَهُ أَسْوَدُ، يُقَالُ لَهُ: أَنْجَشَةُ، يَحْدُوْ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَيْحَكَ يَا أَنْجَشَةُ! رُوَيْدَكَ بِالْقَوَارِيْرِ" [راجع: ٦١٤٩]

آئندہ روایت: ایک شخص نے نبی ﷺ کے سامنے دوسرے شخص کی تعریف کی، آپؐ نے اس کو ڈانٹا اور فرمایا: تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹ دی!" پھر تعریف کرنے کا صحیح طریقہ سکھلایا۔

[٦١٦٢-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِىْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَثْنَى رَجُلٌ عَلٰى رَجُلٍ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" وَيْلَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ أَخِيْكَ" ثَلاَ ثًا، مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَادِحًا لاَ مَحَالَةَ فَلْيَقُلْ: أَحْسِبُ فُلاَنًا وَاللّٰهُ حَسِيْبُهُ، وَلاَ أُزَكِّىْ عَلَى اللّٰهِ أَحَدًا إِنْ كَانَ يَعْلَمُ"[راجع: ٢٦٦٢]

آئندہ روایت: ذوالخویصرۃ نے کہا: اے اللہ کے رسول! انصاف سے مال بانٹیے! آپؐ نے فرمایا: ''تیرا ناس ہو! میں انصاف نہیں کرونگا تو کون انصاف کرے گا!''

[٦١٦٣-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، عَنِ الْأَوْزَاعِىِّ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، وَالضَّحَّاكِ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ، قَالَ: بَيْنَا النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم يَقْسِمُ ذَاتَ يَوْمٍ قِسْمًا فَقَالَ ذُو الْخُوَيْصِرَةِ: رَجُلٌ مِنْ بَنِىْ تَمِيْمٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اعْدِلْ. فَقَالَ:" وَيْلَكَ! مَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ أَعْدِلْ؟!" فَقَالَ عُمَرُ: ائْذَنْ لِىْ فَلَأَضْرِبْ عُنُقَهُ! قَالَ:" لاَ، إِنَّ لَهُ أَصْحَابًا يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ صَلاَتَهُ مَعَ صَلاَتِهِمْ، وَصِيَامَهُ مَعَ صِيَامِهِمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمُرُوْقِ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يُنْظَرُ إِلٰى نَصْلِهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ إِلٰى رِصَافِهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ إِلٰى نَضِيِّهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ إِلٰى قُذَذِهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ، يَخْرُجُوْنَ عَلٰى حِيْنِ فُرْقَةٍ مِنَ النَّاسِ، آيَتُهُمْ رَجُلٌ إِحْدَى يَدَيْهِ مِثْلُ ثَدْىِ الْمَرْأَةِ، أَوْ: مِثْلُ الْبَضْعَةِ تَدَرْدَرُ"

قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: أَشْهَدُ لَسَمِعْتُهُ مِنَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَشْهَدُ أَنِّىْ كُنْتُ مَعَ عَلِىٍّ حِيْنَ قَاتَلَهُمْ، فَالْتُمِسَ فِى الْقَتْلَى، فَأُتِىَ بِهِ عَلَى النَّعْتِ الَّذِىْ نَعَتَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٣٣٤٤]

لغات: يَحْقِرُ: معمولی سمجھے گا...... يَمْرُقُوْن: آر پار ہوجائیں گے...... نَصْل: تیر کا اگلا نوک دار لوہا، پیکان...... رِصَاف: وہ تانت جو تیر کے پھل کے داخل کرنے کی جگہ میں باندھی جاتی ہے...... نَضِىّ: پیکان اور پَر کے درمیان کا حصہ...... القُذَّة: تیر میں لگانے کے لئے تیار کیا ہوا گدھ وغیرہ کا پَر...... بَضْعَة: گوشت کا ٹکڑا...... تَدَرْدَرُ: پھڑکنا، تھرکنا۔

آئندہ حدیث: ایک صحابی نے رمضان کے روزے میں معتمداً بیوی سے صحبت کرلی، انھوں نے آکر آپؐ سے کہا: میں تباہ ہوگیا! آپؐ نے فرمایا: ''تیرا برا ہو؟'' یعنی کیا بات پیش آئی؟ (الی آخرہ)

[٦١٦٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِىُّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلَكْتُ، فَقَالَ:" وَيْحَكَ" قَالَ: وَقَعْتُ عَلٰى أَهْلِىْ فِىْ رَمَضَانَ، قَالَ:"أَعْتِقْ رَقَبَةً"

قَالَ: مَا أَجِدُهَا. قَالَ: " فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ" قَالَ: لاَ أَسْتَطِيْعُ، قَالَ: " فَأَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا" قَالَ لاَ أَجِدُ، فَأُتِيَ بِعَرَقٍ فَقَالَ: " خُذْهُ فَتَصَدَّقْ بِهِ" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَعَلٰى غَيْرِ أَهْلِيْ؟ فَوَ الَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ مَا بَيْنَ طُنُبَيِ الْمَدِيْنَةِ أَحْوَجُ مِنِّيْ! فَضَحِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى بَدَتْ أَنْيَابُهُ، قَالَ: " خُذْهُ"

تَابَعَهُ يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: وَيْلَكَ. [راجع: ۱۹۳۶]

لغت: الطُّنُب: (ن ساکن اور مضموم) خیمہ یا شامیانہ وغیرہ باندھنے کی رسّی۔ طُنُبَيْن: تثنیہ کی اضافت کی ہے اس لئے نون گر گیا ہے اور مدینہ کی دو رسیوں سے مراد دولا بے ہیں...... أنیاب: آخری دانت۔

آئندہ حدیث: ایک بدّو نے ہجرت کی اجازت چاہی تو آپ ﷺ نے فرمایا: "باؤلے! ہجرت کا معاملہ سخت ہے!

[۶۱۶۵-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ أَعْرَابِيًا قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَخْبِرْنِيْ عَنِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: " وَيْحَكَ! إِنَّ شَأْنَ الْهِجْرَةِ شَدِيْدٌ، فَهَلْ لَكَ مِنْ أَبِلٍ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: " فَهَلْ تُؤَدِّيْ صَدَقَتَهَا؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: " فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَتِرْكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا" [راجع: ۱۴۵۲]

آئندہ حدیث: آپ ﷺ نے حجۃ الوداع کی تقریر میں فرمایا: "تمہارا برا ہو! میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردن مارنے لگو!"

[۶۱۶۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "وَيْلَكُمْ أَوْ: وَيْحَكُمْ- قَالَ شُعْبَةُ: شَكَّ هُوَ - لاَتَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ"

وَقَالَ النَّضْرُ عَنْ شُعْبَةَ: " وَيْحَكُمْ" وَقَالَ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْهِ: " وَيْلَكُمْ أَوْ: وَيْحَكُمْ"

[راجع: ۱۷۴۲]

وضاحت: شعبہؒ نے کہا: شک واقد کا ہے۔

آئندہ حدیث: نئی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک جنگل کا رہنے والا خدمتِ نبوی میں آیا، اس نے پوچھا: قیامت کب آئے گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "تیرا برا ہو! تو نے قیامت کے لئے کیا تیاری کی ہے؟" اس نے کہا: میں نے اس کے لئے کوئی تیاری نہیں کی، البتہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: "تو اس کے ساتھ ہوگا جس سے تجھے محبت ہے!" صحابہ نے پوچھا: یہ بشارت ہمارے لئے بھی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "ہاں" پس ہم خوش

ہو گئے اس دن بہت زیادہ خوش ہونا۔ پھر حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کا لڑکا گذرا (حضرت انسؓ کہتے ہیں:) وہ میرا ہم عمر تھا، پس آپؐ نے فرمایا: ''اگر یہ مؤخر کیا گیا یعنی زندہ رہا تو اس کو بوڑھا پا نہیں آئے گا یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی'' —— یہ روایت قتادہ کے شاگرد ہمام بن یحییٰ ازدی کی ہے، اور قتادہ کے شاگرد شعبہؒ کی روایت مختصر ہے یعنی **فقلنا: ونحن كذلك** سے آخر تک ان کی روایت میں نہیں ہے۔

تشریح: مسلم شریف (کتاب الفتن، باب قُرب الساعہ، حدیث ۲۹۵۲) میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے: **كان الأعرابُ إذا قدموا على رسول الله صلى الله عليه وسلم سَألوه عن الساعة: متى الساعة؟ فنظر إلى أحدث إنسانٍ منهم فَقَالَ:'' إنْ يَعِشْ هذا، لم يدركه الهَرَمُ، قامت عليكم ساعتكم**: جنگل کے رہنے والے جب رسول اللہ ﷺ کے پاس آتے تو آپؐ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے کہ قیامت کب آئے گی؟ پس آپؐ ان میں سے سب سے کم عمر کو دیکھتے اور فرماتے: ''اگر یہ زندہ رہا تو اس کو بڑھاپا نہیں آئے گا کہ تم پر تمہاری قیامت قائم ہو جائے گی!'' (یہ حدیث آگے (نمبر ۶۵۱۱) آرہی ہے)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ باب کی روایت: روایت بالمعنی ہے، سارے عالم کی قیامت مراد نہیں، بلکہ پوچھنے والوں کی قیامت مراد ہے، اور ہر شخص کی قیامت اس کی موت پر قائم ہو جاتی ہے: **من مات فقد قامت قيامتُه!**

[٦١٦٧-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! مَتَى السَّاعَةُ قَائِمَةٌ؟ قَالَ:'' وَيْلَكَ! وَمَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟'' قَالَ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا إِلَّا أَنِّي أُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ، قَالَ:'' إِنَّكَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ'' فَقُلْنَا: وَنَحْنُ كَذٰلِكَ؟ قَالَ:'' نَعَمْ'' فَفَرِحْنَا يَوْمَئِذٍ فَرَحًا شَدِيْدًا، فَمَرَّ غُلَامٌ لِلْمُغِيْرَةِ، وَكَانَ مِنْ أَقْرَانِي، فَقَالَ: ''إِنْ أُخِّرَ هٰذَا فَلَمْ يُدْرِكْهُ الْهَرَمُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ''

وَاخْتَصَرَهُ شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٣٦٨٨]

بَابُ علامَةِ الْحُبِّ فِي اللهِ

اللہ سے محبت کی نشانی: اتباعِ رسول

باب پہلودار (مُبہم) ہے، اور آیت کے پیش نظر مطلب ہے: اللہ سے محبت کرنا، اور اس کی علامت اتباعِ رسول ہے، ورنہ کھوکھلا دعوی ہے۔ اور حدیث کی باب سے مناسبت یہ ہے کہ جس کو اللہ سے واقعی محبت ہوتی ہے اور اس کی علامت (اتباعِ رسول) متحقق ہے، اس کو اللہ کا وصل نصیب ہوگا، کیونکہ آدمی اس کے ساتھ ہوتا ہے جس سے اس کو محبت ہوتی ہے۔

آیتِ کریمہ: سورہ آلِ عمران کی (آیت ۳۱) ہے: ﴿قُلْ: إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللهَ فَاتَّبِعُوْنِي يُحْبِبْكُمُ اللهُ وَيَغْفِرْ

لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ، وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾: آپؐ کہیں: اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کریں گے، اور تمہارے گناہوں کو معاف کریں گے، اور اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے بڑے مہربانی فرمانے والے ہیں — یعنی اگر کسی کو اللہ کی محبت کا دعوی یا خیال ہے تو اس کو رسول اللہ ﷺ کی اتباع کرنی چاہئے، جو جس قدر حبیبِ خدا کی پیروی کرے گا اسی قدر محبوبِ خدا ہوگا، اور جو اللہ سے سچی محبت کرے گا اس کے سب پچھلے گناہ معاف کردیئے جائیں گے اور اس کی طرف مزید مہربانیاں مبذول ہونگی۔

پہلی حدیث: شعبہ رحمہ اللہ کی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''آدمی اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا!'' — دوسری حدیث: جریر بن عبدالحمید کی ہے، اس میں حدیث کا شانِ ورود ہے: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ کیا فرماتے ہیں: اس شخص کے بارے میں جو کسی قوم سے محبت کرتا ہے، اور اب تک وہ (اعمال میں) ان کے ساتھ نہیں ملا؟ آپؐ نے فرمایا: ''آدمی اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا'' — جریر بن حازم، سلیمان بن قرم اور ابوعوانہ: جریر بن عبدالحمید کے متابع ہیں یعنی ان سب کی سندیں ابن مسعود رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہیں — اور سلیمان اعمشؒ کے شاگرد سفیان ثوریؒ حدیث کی سند ابوموسیٰ اشعریؓ تک لے جاتے ہیں — ان کے متابع ابومعاویہ اور محمد بن عبید ہیں — پس دونوں سندیں صحیح ہیں، یہ حدیث حضرات ابن مسعود اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما: دونوں سے مروی ہے۔

آخری حدیث: ایک شخص نے نبی ﷺ سے پوچھا: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ آپؐ نے پوچھا: تو نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے کہا: میں نے اس کے لئے کچھ زیادہ نماز، روزہ اور خیرات تیار نہیں کی، البتہ مجھے اللہ اور اس کے رسول سے محبت ہے، آپؐ نے فرمایا: ''تو (آخرت میں) اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا!'' — اور معیت کے لئے اتحادِ درجہ ضروری نہیں۔

[۹۶-] بَابُ علاَمَةِ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ

لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ﴾

[٦١٦٨-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: "الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ"[طرفه: ٦١٦٩]

[٦١٦٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ"

تَابَعَهُ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، وَأَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٦١٦٨]

[٦١٧٠-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِى وَائِلٍ، عَنْ أَبِى مُوْسَى: قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ؟ قَالَ: "الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ" تَابَعَهُ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ.

[٦١٧١-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ أَبِىْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِى الْجَعْدِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: مَتَى السَّاعَةُ يَارَسُوْلَ اللهِ؟ فَقَالَ: "مَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟" قَالَ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا مِنْ كَبِيْرِ صَلَاةٍ وَلَا صَوْمٍ وَلَا صَدَقَةٍ، وَلٰكِنِّىْ أُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ! قَالَ: "أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ" [راجع: ٣٦٨٨]

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلرَّجُلِ: اخْسَأْ

کسی کا کسی سے کہنا: میرے پاس سے دور ہو!

اخْسَأْ (فعل امر): یہاں سے دور ہو! دفع ہو! یہ لفظ درحقیقت کتّے کو دھتکارنے کے لئے ہے، اور بہت برے کو ہٹانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، سورۃ المؤمنون کی (آیت ۱۰۸) ہے: ﴿قَالَ: اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ﴾: (جہنمیوں سے) فرمایا: دھتکارے دوزخ میں پڑے رہو اور مجھ سے بات مت کرو! اور حدیث میں نبی ﷺ نے ابن صیاد کے لئے یہ لفظ استعمال کیا ہے، جس کے دجال اکبر ہونے کا احتمال تھا، اور حدیثیں پہلے آچکی ہیں۔

[٩٧-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلرَّجُلِ: اخْسَأْ

[٦١٧٢-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ زَرِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا رَجَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لِابْنِ صَائِدٍ: "قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيْئًا فَمَا هُوَ؟" قَالَ: الدُّخُّ. قَالَ: "اخْسَأْ"

لغت: خَبَأَه (ف) خَبْئًا: چھپانا ...... آپؐ نے سورۃ الدخان کی (آیت ۱۰) چھپائی تھی: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِى السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِيْنٍ﴾: آپؐ ان کے لئے اس دن کا انتظار کیجئے کہ آسمان ایک واضح دھواں لے آئے (یہ قیامت کی ایک بڑی نشانی ہے، آپؐ نے اس سے ابن صیاد کو اس کی حقیقت یاد دلائی تھی، اگر وہ دجال اکبر ہوتا، مگر وہ اس تک پہنچ نہیں سکا، اس کے جنّی نے اس کی طرف ادھورا کلمہ ڈالا، اس نے جواب دیا: آپؐ نے الدُّخ چھپایا ہے، آپؐ نے فرمایا: "دورو!"

[٦١٧٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ انْطَلَقَ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِىْ رَهْطٍ مِنْ

أَصْحَابِهِ قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ، حَتّٰى وَجَدُوْهُ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ فِيْ أُطُمِ بَنِيْ مَغَالَةَ، وَقَدْ قَارَبَ ابْنُ صَيَّادٍ يَوْمَئِذٍ الْحُلُمَ، فَلَمْ يَشْعُرْ حَتّٰى ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ظَهْرَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: "أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟" فَنَظَرَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ الْأُمِّيِّيْنَ. ثُمَّ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَرَضَّهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ:" آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ" ثُمَّ قَالَ لِابْنِ صَيَّادٍ:" مَاذَا تَرَى؟" قَالَ: يَأْتِيْنِيْ صَادِقٌ وَكَاذِبٌ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" خُلِّطَ عَلَيْكَ الْأَمْرُ" قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنِّيْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيْئًا" قَالَ: هُوَ الدُّخُّ، قَالَ:" اخْسَأْ، فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ" قَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتَأْذَنُ لِيْ فِيْهِ أَضْرِبُ عُنُقَهُ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنْ يَكُنْ هُوَ لَا تُسَلَّطْ عَلَيْهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ هُوَ فَلَا خَيْرَ لَكَ فِيْ قَتْلِهِ"[راجع: ١٣٥٤]

لغت: اُطُم: قلعہ...... بنو مغالہ: انصار کا بطن...... الحُلْم: بلوغ...... رَضَّ (ن) رَضًّا: کوٹنا، دلنا، آپؐ نے اس کو دھکا دیا، أی دفعه حتی وقع (عمدة)...... خُلِّط: تیرا معاملہ تجھ پر گڈ مڈ کر دیا گیا...... فلن تعدو قدرك: تو اپنی پوزیشن سے بڑھے گا نہیں یعنی تو کاہن ہی رہے گا۔

[٦١٧٤-] قَالَ سَالِمٌ: فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: انْطَلَقَ بَعْدَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ الْأَنْصَارِيُّ، يَؤُمَّانِ النَّخْلَ الَّتِيْ فِيْهَا ابْنُ صَيَّادٍ، حَتّٰى إِذَادَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَّقِيْ بِجُذُوْعِ النَّخْلِ، وَهُوَ يَخْتِلُ أَنْ يَسْمَعَ مِنَ ابْنِ صَيَّادٍ شَيْئًا قَبْلَ أَنْ يَرَاهُ، وَابْنُ صَيَّادٍ مُضْطَجِعٌ عَلٰى فِرَاشِهِ فِيْ قَطِيْفَةٍ لَهُ، فِيْهَا رَمْرَمَةٌ أَوْ: زَمْزَمَةٌ فَرَأَتْ أُمُّ ابْنِ صَيَّادٍ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَتَّقِيْ بِجُذُوْعِ النَّخْلِ، فَقَالَتْ لِابْنِ صَيَّادٍ: أَيْ صَافِ- وَهُوَ اسْمُهُ - هٰذَا مُحَمَّدٌ! فَتَنَاهَى ابْنُ صَيَّادٍ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ" [راجع: ١٣٥٥]

لغت: خَتَلَهُ (ن) خَتْلًا: بے خبری میں دھر لینا...... القطيفة: جھالردار چادر یا کمبل...... رَمْرَمَة/ زَمْزَمة: گنگناہٹ...... تناهي: رک گیا...... بَيَّن: اس کی باتوں سے اس کی حقیقت کا پتہ چل جاتا۔

[٦١٧٥-] قَالَ سَالِمٌ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي النَّاسِ، فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ:" إِنِّيْ أُنْذِرُكُمُوْهُ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ، لَقَدْ أَنْذَرَهُ نُوْحٌ قَوْمَهُ، وَلٰكِنِّيْ سَأَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ، تَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ أَعْوَرُ، وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: خَسَأْتُ الْكَلْبَ: بَعَّدْتُهُ. ﴿خَاسِئِيْنَ﴾: مُبَعَّدِيْنَ.[راجع: ٣٠٥٧]

وضاحت: سورۃ البقرۃ (آیت ۶۵) میں ہے: ﴿كُوْنُوْا قِرَدَةً خَاسِئِيْنَ﴾: تم ذلیل بندر بن جاؤ! (خَاسِئِيْنَ: خَسْأٌ سے اسم فاعل ہے: ذلیل وخوار) مُبَعَّد: دور کیا ہوا۔

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: مَرْحَبًا

خوش آمدید کہنا

مَرْحَبًا: اخْسَأْ کا مقابل ہے، وہ جتنا برا تھا یہ اتنا ہی اچھا کلمہ ہے۔ الْمَرْحَب: کشادگی، فراخی، مرحبًا بك: آپ کے لئے ہمارے پاس کشادگی ہے، آپ کھلی اور فراخ جگہ میں آئے، خوش آمدید — نبی ﷺ نے ایک مرتبہ صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جب وہ آئیں تو خوش آمدید کہا...... اور اپنی چچازاد بہن ام ہانی کو فتح مکہ کے دن خوش آمدید کہا...... اور ربیعہ کی شاخ عبدالقیس کو جب ان کا وفد آیا: خوش آمدید کہا۔

[۹۸-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: مَرْحَبًا

[۱-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِفَاطِمَةَ: "مَرْحَبًا بِابْنَتِيْ"

[۲-] وَقَالَتْ أُمُّ هَانِئٍ: جِئْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "مَرْحَبًا بِأُمِّ هَانِئٍ"

[۶۱۷۶-] حَدَّثَنِيْ عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ التَّيَّاحِ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَرْحَبًا بِالْوَفْدِ الَّذِيْنَ جَاءُ وْا! غَيْرَ خَزَايَا وَلاَ نَدَامَى" فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا حَيٌّ مِنْ رَبِيْعَةَ وَبَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مُضَرُ، وَإِنَّا لاَنَصِلُ إِلَيْكَ إِلَّا فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ، فَمُرْنَا بِأَمْرٍ فَصْلٍ نَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ، وَنَدْعُوْ بِهِ مَنْ وَرَاءِ نَا، فَقَالَ: "أَرْبَعٌ وَأَرْبَعٌ: أَقِيْمُوْا الصَّلاَ ةَ، وَآتُوْا الزَّكَاةَ، وَصَوْمُ رَمَضَانَ، وَأَعْطُوْا خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ، وَلاَ تَشْرَبُوْا فِي الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالنَّقِيْرِ، وَالْمُزَفَّتِ" [راجع: ۵۳]

فائدہ: یہ حدیث پہلے بار بار آئی ہے، وہاں تمہید میں شہادتین کا بھی ذکر ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو اصل اور اعمال اربعہ کو ان کی تفصیل قرار دیا ہے، جبکہ وہ صرف تمہید تھی، چنانچہ اس روایت میں اس تمہید کا ذکر نہیں، پس یہ روایت فیصلہ کن ہے...... أربع و أربع: چار باتوں کا حکم دیتا ہوں اور چار برتنوں سے روکتا ہوں۔

بَابٌ: يُدْعَى النَّاسُ بِآبَائِهِمْ

باپوں کی طرف نسبت کر کے بلانا

ہمارے معاشرہ میں بلاتے وقت باپ کی طرف نسبت کرنے کا رواج نہیں، البتہ عرب نسبت کر کے بلاتے ہیں، اور

جاہلیت میں غیر باپ کی طرف بھی نسبت کرتے تھے، گود لینے والے کی طرف اور حلف (دوستی کرنے والے) کی طرف نسبت کرتے تھے، اسلام نے اس کی ممانعت کی، اور حکم دیا کہ باپ ہی کی طرف نسبت کی جائے، سورۃ الاحزاب (آیت ۵) میں ہے: ﴿ادْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ﴾: لے پالکوں کو ان کے باپ کی طرف نسبت کرکے بلاؤ، یہی اللہ کے نزدیک انصاف کی بات ہے ـــــ کیونکہ گود لینے سے گود لینے والا باپ نہیں بن جاتا، پس انصاف کی بات یہ ہے کہ ہر شخص کی نسبت اس کی حقیقی باپ کی طرف کی جائے، تاکہ نسبی تعلق واحکام میں اشتباہ پیدا نہ ہو۔

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''قیامت کے دن غدار کے لئے جھنڈا اونچا کیا جائے گا، اور کہا جائے گا: یہ فلاں بیٹے فلاں کی غداری ہے!'' اور جس طرح قیامت کے دن نسبت کی جائے گی اسی طرح آج دنیا میں بھی کرنی چاہئے۔

[۹۹-] بَابٌ: يُدْعَى النَّاسُ بِآبَائِهِمْ

[۶۱۷۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِنَّ الْغَادِرَ يُرْفَعُ لَهُ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُقَالُ: هٰذِهِ غَدْرَةُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ" [راجع: ۳۱۸۸]

[۶۱۷۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ الْغَادِرَ يُنْصَبُ لَهُ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ: هٰذِهِ غَدْرَةُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ" [راجع: ۳۱۸۸]

بَابٌ: لَايَقُلْ: خَبُثَتْ نَفْسِيْ

نہ کہے کہ جی خبیث ہورہا ہے

گفتگو میں مہذب اور شائستہ الفاظ استعمال کرنے چاہئیں، جو الفاظ شرعاً یا عرفاً ناپسندیدہ ہیں ان سے احتراز کرنا چاہئے، مثلاً جی متلا رہا ہے کہنا چاہئے یا کہے: میری طبیعت مالش کررہی ہے، مجھے متلی آرہی ہے۔ میرا جی گندہ ہورہا ہے: نہیں کہنا چاہئے، کیونکہ خُبث کا لفظ کتبِ سماویہ میں اکثر خُبث باطن اور سوئے ضمیر کے لئے استعمال کیا گیا ہے (رحمۃ اللہ ۵:۵۷۵)

[۱۰۰-] بَابٌ: لَايَقُلْ: خَبُثَتْ نَفْسِيْ

[۶۱۷۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَا يَقُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ خَبُثَتْ نَفْسِيْ! وَلٰكِنْ لِيَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِيْ"

[۶۱۸۰-] حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا يَقُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِيْ، وَلٰكِنْ لِيَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِيْ"

لغت: لَقِسَتْ (س) نفسُه من الشيئ: کسی چیز سے جی متلانا۔

بَابٌ: لَاتَسُبُّوْا الدَّهْرَ

زمانے کو برامت کہو

لوگ برے واقعات کو زمانہ کی طرف منسوب کرتے ہیں، حالانکہ زمانہ وقت کا نام ہے، اور وقت: واقعات کا ظرف ہے، واقعات میں اس کی کچھ تاثیر نہیں، درحقیقت لوگ زمانہ کے پردے میں اللہ تعالیٰ سے خفگی کا اظہار کرتے ہیں، مگر عنوان دوسرا ہوتا ہے، اس لئے زمانہ کو برا کہنے کی ممانعت آئی تاکہ لوگ بالواسطہ اللہ تعالیٰ کو برا نہ کہیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آدم زاد زمانہ کو برا کہتا ہے حالانکہ میں ہی زمانہ ہوں، میرے ہاتھ میں شب وروز ہیں (میں ان کو الٹتا پلٹتا رہتا ہوں، اس لئے زمانہ کبھی اچھا اور کبھی برا ہوتا ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم انگور کو کرم مت کہو (بلکہ عنب اور حَبَلہ کہو) اور تم ہائے برا زمانہ! مت کہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی زمانہ ہیں (پس یہ بالواسطہ اللہ کو برا کہنا ہوا)

تشریح: کرم (عمدہ، طیب) کہہ کر لوگ خمر کا معاملہ ہلکا کرتے تھے، حالانکہ جب وہ حرام ہے تو ضروری ہے کہ اس کی شان گھٹائی جائے، اور ایسا لفظ استعمال نہ کیا جائے جس سے اس کی شان بڑھے، اس لئے کرم کہنے کی ممانعت فرمائی۔

[۱۰۱-] بَابٌ: لَاتَسُبُّوْا الدَّهْرَ

[۶۱۸۱-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: يَسُبُّ ابْنُ آدَمَ الدَّهْرَ، وَأَنَا الدَّهْرُ، بِيَدِىَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ'' [راجع: ۴۸۲۶]

[۶۱۸۲-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' لَا تُسَمُّوْا الْعِنَبَ الْكَرْمَ، وَلَا تَقُوْلُوْا: خَيْبَةَ الدَّهْرِ! فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ'' [طرفه: ۶۱۸۳]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّمَا الْكَرْمُ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ''

کَرْم مؤمن کا دل ہے!

یہ باب افادہ کے لئے ہے۔ گذشتہ باب کی آخری حدیث تھی کہ انگور/ انگور کی بیل کو کرم (فیاض) مت کہو، اور اس باب

میں حدیث ہے کہ کرم (فیاض) مؤمن کا دل ہے۔ یہ نہی تنزیہی اور یہ حصر ادّعائی (اہمیت ظاہر کرنے کے لئے) ہے، اختیار اولی کے طور پر ممانعت ہے، جیسے إنما کلمۂ حصر ہے اور نفی اثبات (لا اور إلا) بھی حصر کے لئے ہیں، مگر ان سے بھی کبھی حقیقی حصر مقصود نہیں ہوتا، جیسے:

۱-إنما المفلسُ الذی یُفْلِسُ یومَ الْقیامة: ''تہی دست وہی ہے جو قیامت کے دن تہی دست ہو (نمازیں، روزے اور زکاتیں لے کر آئے، مگر کسی کو گالی دی ہے، کسی پر تہمت لگائی ہے، کسی کا مال کھایا ہے، کسی کا خون بہایا ہے اور کسی کو پیٹا ہے، پس اہلِ حقوق نے اس کی سب نیکیاں لے لیں، اور جب اس کی نیکیاں ختم ہوگئیں تو اہل حقوق کے گناہ اس پر لاد دیئے گئے، یہ ہے حقیقی فقیر) تاہم دنیا میں بے مال ومنال کو ہم مفلس کہتے ہیں، اور حدیث میں جو حصر ہے وہ ادعائی ہے۔

۲-إنما الصُّرَعَة الذی یملك نفسه عند الغضب: کشتی مارنے والا (پہلوان) وہی ہے جو غصہ آنے پر نفس پر کنٹرول رکھے، تاہم اکھاڑے میں کشتی مارنے والے کو لوگ پہلوان کہتے ہیں، کیونکہ حدیث میں حصر ادعائی ہے۔

۳-لامَلِكَ إلا الله: اللہ ہی بادشاہ ہیں، یعنی حکومت ان پر منتہی ہے، تاہم سورۃ النمل (آیت ۳۴) میں دوسروں کو بھی بادشاہ کہا گیا ہے، فرمایا: ''بے شک بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو تہ وبالا کر دیتے ہیں''

[۱۰۲-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: '' إِنَّمَا الْكَرْمُ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ''

[۱-] وَقَدْ قَالَ: '' إِنَّمَا الْمُفْلِسُ الَّذِیْ یُفْلِسُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ.

[۲-] كَقَوْلِهِ: '' إِنَّمَا الصُّرَعَةُ الَّذِیْ یَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ''

[۳-] كَقَوْلِهِ: '' لَامَلِكَ إِلَّا اللّٰهُ'' فَوَصَفَهُ بِانْتِهَاءِ الْمُلْكِ، ثُمَّ ذَكَرَ الْمُلُوْكَ أَیْضًا، فَقَالَ: ''﴿إِنَّ الْمُلُوْكَ إِذَادَخَلُوْا قَرْیَةً أَفْسَدُوْهَا﴾''

[۶۱۸۳-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: '' وَیَقُوْلُوْنَ: الْكَرْمُ، إِنَّمَا الْكَرْمُ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ'' [راجع: ۶۱۸۲]

وضاحت: (۱) حدیث: إنما المفلس ترمذی میں ہے (حدیث ۲۴۱۲) مگر اس میں إنما نہیں ہے (۲) حدیث: إنما الشدید: ابھی گذری ہے (حدیث ۶۱۱۴) (۳) لَا مَلِكَ إِلَّا اللّٰه: عام جملہ اور عقیدہ ہے۔

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: فِدَاكَ أَبِیْ وَأُمِّیْ!

میرے ماں باپ آپ پر قربان: کہنا

تفد یہ: میں آپ پر قربان جاؤں یا صرف قربان کہنا یا اپنے ماں باپ کو کسی پر قربان کرنا جائز ہے، غزوۂ احزاب میں نبی

ﷺ نے اپنے ماں باپ کو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ پر قربان کیا ہے (تحفۃ القاری ۷:۲۴۲) اور غزوۂ احد میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ پر (روایت پہلے آئی ہے)

[۱۰۳-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: فِدَاكَ أَبِىْ وَأُمِّىْ!

فِيْهِ الزُّبَيْرُ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٦١٨٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: مَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُفَدِّىْ أَحَدًا غَيْرَ سَعْدٍ، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: " ارْمِ فِدَاكَ أَبِىْ وَأُمِّىْ!" أَظُنُّهُ يَوْمَ أُحُدٍ. [راجع: ۲۹۰۵]

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: جَعَلَنِى اللّٰهُ فِدَاءَ كَ!

میں آپ پر قربان! کہنا

اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کریں: کہنا جائز ہے اور اس جملہ کا مفہوم ہے جو آفت آپ پر آنی ہے وہ مجھ پر آئے، ہجرت کے موقع پر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کہا تھا: فديناك بآبائنا و أمهاتنا: ہم آپؐ پر قربان کرتے ہیں اپنے باپوں اور ماؤں کو (حدیث ۳۹۰۴)

اور خیبر سے واپسی میں جب نبی ﷺ کا اونٹ پھسلا، اور آپؐ اور اہلیہ محترمہ صفیہ رضی اللہ عنہا گر پڑے تو حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ یکدم اپنے اونٹ سے کود پڑے، اور آپؐ سے کہا: اللہ مجھے آپؐ پر قربان کریں! آپؐ کو چوٹ تو نہیں لگی؟ (حدیث ۳۰۸۴ تحفہ ۶:۳۸۱)

[۱۰٤-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: جَعَلَنِى اللّٰهُ فِدَاءَ كَ!

وَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا.

[٦١٨٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّـهُ أَقْبَلَ هُوَ وَأَبُوْ طَلْحَةَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم صَفِيَّةُ، مُرْدِفُهَا عَلىٰ رَاحِلَتِهِ، فَلَمَّا كَانُوْا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ عَثَرَتِ النَّاقَةُ، فَصُرِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَالْمَرْأَةُ، وَأَنَّ أَبَا طَلْحَةَ – قَالَ: أَحْسِبُ اقْتَحَمَ عَنْ بَعِيْرِهِ– فَأَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ جَعَلَنِى اللّٰهُ فِدَاءَ كَ، هَلْ أَصَابَكَ مِنْ شَيْئٍ؟ قَالَ:" لاَ، وَلٰكِنْ عَلَيْكَ بِالْمَرْأَةِ" فَأَلْقَى أَبُوْ طَلْحَةَ ثَوْبَهُ عَلىٰ وَجْهِهِ، فَقَصَدَ قَصْدَهَا، وَأَلْقَى ثَوْبَهُ عَلَيْهَا، فَقَامَتِ الْمَرْأَةُ، فَشَدَّ لَهُمَا عَلىٰ رَاحِلَتِهِمَا

فَرَكِبَا، فَسَارُوْا حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِظَهْرِ الْمَدِيْنَةِ، أَوْ قَالَ: أَشْرَفُوْا عَلَى الْمَدِيْنَةِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " آيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ" فَلَمْ يَزَلْ يَقُوْلُهَا حَتّٰى دَخَلَ الْمَدِيْنَةِ. [راجع: ۳۷۱]

بَابٌ: أَحَبُّ الْأَسْمَاءِ إِلَى اللّٰهِ، وَقَوْلُ الرَّجُلِ لِصَاحِبِهِ: يَا أَبَا فُلَانٍ

اللہ کے نزدیک پسندیدہ نام، اور ساتھی سے کہنا: اے فلاں کے ابا!

ترمذی (حدیث ۲۸۴۲) اور ابو داؤد (حدیث ۴۹۴۹) میں حدیث ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ناموں میں زیادہ پسند عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں (اور یہ دو نام بطور مثال ہیں، اور مراد وہ تمام نام ہیں جن میں عبد کی اللہ کی کسی صفت کی طرف اضافت کی گئی ہے، اور شاہ ولی اللہ صاحب کے نزدیک یہی دو نام مراد ہیں، تفصیل رحمۃ اللہ ۲:۵۷۱ وتحفۃ الالمعی ۶:۵۸۴ میں ہے)

اور کسی کو کنیت سے پکارنا جائز ہے، اور باب کی حدیث میں ہے کہ ایک انصاری کے لڑکا پیدا ہوا، اس نے اس کا نام قاسم رکھا، پس انصار نے کہا: ہم تیری ابو القاسم کنیت نہیں رکھیں گے اور اس کنیت سے پکار کر تجھے عزت نہیں بخشیں گے، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپؐ نے فرمایا: "اپنے بیٹے کا نام عبدالرحمٰن رکھ" (کیونکہ یہ نام اللہ کو پسند ہے اور اب لوگ اس کو یا أبا عبد الرحمن کہہ کر خطاب کریں گے)

[۱۰۵-] بَابٌ: أَحَبُّ الْأَسْمَاءِ إِلَى اللّٰهِ، وَقَوْلُ الرَّجُلِ لِصَاحِبِهِ: يَا أَبَا فُلَانٍ

[۶۱۸۶-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلَامٌ، فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ، فَقُلْنَا: لَا نُكَنِّيْكَ أَبَا الْقَاسِمِ، وَلَا كَرَامَةَ، فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " سَمِّ ابْنَكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ"[راجع: ۳۱۱۵]

تصحیح: باب میں یَا بُنَیَّ تھا، فتح اور عمدہ کے نسخوں میں باب کا دوسرا جزء نہیں، میں نے تصحیح ابن بطال کی شرح سے کی ہے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " سَمُّوْا بِاسْمِيْ، وَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ"

میرے نام پر نام رکھو اور میری کنیت مت رکھو

محمد نام رکھنا اور ابو القاسم کنیت نہ رکھنا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات کے ساتھ خاص تھا، اس وقت پکارنے میں التباس کا اندیشہ تھا، اب جائز ہے اور حدیثیں سب آچکی ہیں، دار العلوم دیوبند کے مہتمم صاحب کا نام ابو القاسم نعمانی ہے۔

[۱۰۶-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " سَمُّوْا بِاسْمِيْ، وَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ"

قَالَهُ أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۶۱۸۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلاَمٌ، فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ، فَقَالُوْا: لاَ نُكَنِّيْهِ حَتّٰى نَسْأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "سَمُّوْا بِاسْمِي، وَلاَ تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِيْ" [راجع: ۳۱۱٤]

[۶۱۸۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم: " سَمُّوْا بِاسْمِيْ، وَلاَ تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ"[راجع: ۱۱۰]

[۶۱۸۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلاَمٌ فَأَسْمَاهُ الْقَاسِمَ، فَقُلْنَا: لاَ نُكَنِّيْكَ بِأَبِيْ الْقَاسِمِ، وَلاَ نُنْعِمُكَ عَيْنًا. فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: " أَسْمِ ابْنَكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ"[راجع: ۳۱۱٤]

بَابُ اسْمِ الْحَزْنِ

حَزْن (سخت زمین) نام رکھنا

تین قسم کے نام بدل دینے چاہئیں:

۱-جن میں شرک کا مضمون ہو یا بو ہو، جیسے عبد العزی، عبد الشمس، غلام نبی، غلام خواجہ وغیرہ (اشرفیہ راندیر میں ایک طالب علم کا نام غلام نبی تھا، میں نے اس کا نام غلام اللہ کر دیا، وہ اب بڑے عالم ہیں) اس قسم کو بدلنا واجب ہے۔

۲-جن ناموں میں تزکیہ (پاکی، صفائی) کا مضمون ہو، حضرت زینب بنت جحشؓ کا نام برّہ (نیک صالح خاتون) تھا، نبی ﷺ نے ان کا نام بدل کر زینب (ایک حسین مہک دار پودا) رکھا، اس قسم کے ناموں کو بدلنا مستحب ہے۔

۳-جن ناموں کے معنی اچھے نہ ہوں، جیسے حَزن (سخت زمین) اس قسم کے ناموں کا بدلنا جائز ہے، میری ایک بہو آئی اس کا نام شَعْوَانۃ (بکھرے بالوں والی) تھا، میں نے اس کا نام بدل کر ساجدۃ کر دیا۔

حدیث: حضرت سعید بن المسیبؒ جلیل القدر تابعی ہیں، مدینہ کے فقہائے سبعہ کے سردار ہیں، ان کے والد مُسَیَّب اصحابِ حدیبیہ میں سے ہیں، اور ان کے دادا حَزن مہاجری ہیں، حزن کے معنی اچھے نہیں، اس کے معنی ہیں سنگلاخ زمین، جب وہ ہجرت کر کے آئے تو نبی ﷺ نے ان سے نام پوچھا: انھوں نے حَزْن بتایا، آپؐ نے فرمایا: تم سَہْل (نرم زمین) ہو، انھوں نے عرض کیا: مجھے میرے والد کا رکھا ہوا نام پسند ہے، آپؐ نے اصرار نہیں کیا، پوتے حضرت سعیدؒ کہتے ہیں: اب تک (تیسری نسل میں) خاندان میں حُزُوْنۃ (سختی) ہے۔ حدیث میں ہے: نام کا اثر ہوتا ہے۔

[۱۰۷-] بَابُ اسْمِ الْحَزْنِ

[۶۱۹۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ

ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ أَبَاهُ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " مَا اسْمُكَ؟" قَالَ: حَزْنٌ، قَالَ: " أَنْتَ سَهْلٌ" قَالَ: لَا أُغَيِّرُ اسْمًا سَمَّانِيْهِ أَبِيْ، قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ: فَمَا زَالَتِ الْحُزُوْنَةُ فِيْنَا بَعْدُ.

[طرفه: ۶۱۹۳]

حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَمَحْمُوْدٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، بِهٰذَا.

بَابُ تَحْوِيْلِ الِاسْمِ إِلٰى اسْمٍ هُوَ أَحْسَنُ مِنْهُ

نام بدل کراس سے اچھا نام رکھنا

لوگ ناموں میں جدّت (نیاپن) پسند کرتے ہیں، انوکھا نام رکھنا چاہتے ہیں، حالانکہ معنی کی خوبی دیکھنی چاہئے، کیونکہ اچھے برے نام کا اثر ہوتا ہے، ایک صاحب نے لڑکی کا نام: شَرُّ الْبَرِيَّة رکھا، اور دوستوں سے کہا: قرآن سے نیا نام نکالا ہے، لوگوں نے کہا: ارے اگلی آیت میں خیر البریة ہے: وہ کیوں نہیں رکھا؟!

حدیث (۱): حضرت ابواُسیدؓ کا لڑکا منذر جب پیدا ہوا تو خدمتِ نبوی میں لایا گیا، آپؐ نے اس کو اپنی ران پر رکھا اور ابواسیدؓ بیٹھے ہوئے تھے، پس آپؐ اپنے سامنے کسی چیز میں مشغول ہوئے، پس ابواسید نے اپنے بیٹے کے بارے میں حکم دیا کہ وہ آپؐ کی ران پر سے اٹھالیا جائے، پھر جب نبی ﷺ کام سے فارغ ہوئے تو پوچھا: بچہ کہاں ہے؟ ابواسیدؓ نے کہا: ہم نے اس کو گھر بھیج دیا، آپؐ نے پوچھا: اس کا نام کیا ہے؟ ابواسیدؓ نے نام بتایا، آپؐ نے فرمایا: منذر نام رکھو، چنانچہ اس دن نام (بدل کر) منذر رکھا گیا۔

حدیث (۲): حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا نام بَرَّۃ تھا، پس کہا گیا: میاں مٹھو بنتی ہے! پس آپؐ نے ان کا نام زینب رکھ دیا، پھر آخری روایت میں حضرت سعیدؒ کے دادا کے نام کی تبدیلی کا ذکر ہے۔

[۱۰۸-] بَابُ تَحْوِيْلِ الِاسْمِ إِلٰى اسْمٍ هُوَ أَحْسَنُ مِنْهُ

[۶۱۹۱-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: أُتِيَ بِالْمُنْذِرِ بْنِ أَبِيْ أُسَيْدٍ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ وُلِدَ، فَوَضَعَهُ عَلٰى فَخِذِهِ وَأَبُوْ أُسَيْدٍ جَالِسٌ، فَلَهِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِشَيْءٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَمَرَ أَبُوْ أُسَيْدٍ بِابْنِهِ فَاحْتُمِلَ مِنْ فَخِذِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَاسْتَفَاقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَيْنَ الصَّبِيُّ؟" فَقَالَ أَبُوْ أُسَيْدٍ: أَقْلَبْنَاهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: " مَا اسْمُهُ؟" قَالَ: فُلَانٌ. قَالَ: " وَلٰكِنْ أَسْمِهِ

الْمُنْذِرَ'' فَسَمَّاهُ يَوْمَئِذٍ الْمُنْذِرَ.

[٦١٩٢-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُوْنَةَ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ زَيْنَبَ كَانَ اسْمُهَا بَرَّةَ، فَقِيْلَ: تُزَكِّي نَفْسَهَا؟ فَسَمَّاهَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم زَيْنَبَ.

[٦١٩٣-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ فَحَدَّثَنِي: أَنَّ جَدَّهُ حَزْنًا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: '' مَا اسْمُكَ؟'' قَالَ: اسْمِي حَزْنٌ، قَالَ: '' بَلْ أَنْتَ سَهْلٌ'' قَالَ: مَا أَنَا بِمُغَيِّرٍ اسْمًا سَمَّانِيْهِ أَبِي، قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ: فَمَا زَالَتْ فِيْنَا الْحُزُوْنَةُ بَعْدُ. [راجع: ٦١٩٠]

بَابُ مَنْ سَمَّى بِأَسْمَاءِ الأَنْبِيَاءِ

ایک رائے یہ ہے کہ نبیوں کے نام رکھنے چاہئیں

نبی ﷺ نے اپنے ایک صاحبزادے کا نام ابراہیم رکھا ہے، مگر وہ جدامجد تھے، محض نبی نہیں تھے، اور آدمی اپنے اسلاف کا تذکرہ باقی رکھنا چاہتا ہے۔ علاوہ ازیں: آپؐ نے اپنی اولاد کے نام: قاسم، عبداللہ، طیب اور طاہر رکھے ہیں یا لوگ عبداللہ کو طیب وطاہر کہتے تھے، اور اپنے نواسوں کے نام: حسنؓ، حسینؓ اور محسنؓ رکھے ہیں، اور صحابہ نے بھی عام طور پر انبیاء کے نام نہیں رکھے، اس لئے انبیاء کے نام رکھنے کی فضیلت کی کوئی دلیل نہیں، اس لئے حضرت رحمہ اللہ نے دوسرے کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلائی ہے۔

فائدہ: اسی طرح ایک خیال یہ ہے کہ صحابہ/صحابیات کے نام رکھنے چاہئیں، حالانکہ ان کے نام ان کے کافر ماں باپ کے رکھے ہوئے ہیں، انھوں نے خود مسلمان ہونے کے بعد وہ نام نہیں رکھے، اس لئے ان ناموں کے معنی دیکھنے چاہئیں، ہاں صحابہ نے اپنی اولاد کے جو نام رکھے ہیں وہ بے تکلف رکھے جائیں۔

حدیث: اسماعیل نے حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ نے صاحبزادے ابراہیم کو دیکھا ہے؟ فرمایا: ان کا بچپن میں انتقال ہوگیا تھا، یعنی میں نے ان کو نہیں دیکھا، اور اگر نبی ﷺ کے بعد سلسلۂ نبوت جاری ہوتا تو آپؐ کا کوئی بیٹا زندہ رہتا، مگر آپؐ کے بعد کوئی (نیا) نبی نہیں ہے (یہ نرینہ اولاد زندہ نہ رہنے کی ایک حکمت ہے)

[١٠٩-] بَابُ مَنْ سَمَّى بِأَسْمَاءِ الأَنْبِيَاءِ

وَقَالَ أَنَسٌ: قَبَّلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِبْرَاهِيْمَ، يَعْنِي ابْنَهُ.

[٦١٩٤-] حدثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ: قُلْتُ لِابْنِ أَبِيْ أَوْفَى: رَأَيْتَ إِبْرَاهِيْمَ بْنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: قَالَ: مَاتَ صَغِيْرًا، وَلَوْ قُضِيَ أَنْ يَكُوْنَ بَعْدَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم نَبِيٌّ عَاشَ ابْنُهُ، وَلٰكِنْ لاَ نَبِيَّ بَعْدَهُ.

اس کے بعد کی تمام روایات پہلے آچکی ہیں، اکثر میں یہ مضمون ہے کہ آپؐ کے ایک صاحبزادے کا نام ابراہیم تھا، اور ہر حدیث کے آخر میں حوالہ ہے کہ وہ کہاں آئی ہے۔

[٦١٩٥-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ قَالَ: لَمَّا مَاتَ إِبْرَاهِيْمُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ لَهُ مُرْضِعًا فِي الْجَنَّةِ" [راجع: ١٣٨٢]

[٦١٩٦-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "سَمُّوْا بِاسْمِيْ، وَلاَ تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِيْ، فَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ" وَرَوَاهُ أَنَسٌ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٣١١٤]

[٦١٩٧-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلاَ تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِيْ، وَمَنْ رَآنِيْ فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِيْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لاَ يَتَمَثَّلُ صُوْرَتِيْ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ" [راجع: ١١٠]

[٦١٩٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: وُلِدَ لِيْ غُلاَمٌ، فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَسَمَّاهُ إِبْرَاهِيْمَ، فَحَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ، وَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ، وَدَفَعَهُ إِلَيَّ، وَكَانَ أَكْبَرَ وَلَدِ أَبِيْ مُوْسَى. [راجع: ٥٤٦٧]

[٦١٩٩-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عِلاَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ يَوْمَ مَاتَ إِبْرَاهِيْمُ، رَوَاهُ أَبُوْ بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[راجع: ١٠٤٣]

بَابُ تَسْمِيَةِ الْوَلِيْدِ

ولید نام رکھنا

ولید: (نومولود) جمع وِلْدَان: نام رکھنا جائز ہے، طبرانی کی حدیث میں یہ نام رکھنے کی ممانعت آئی ہے، مگر وہ حدیث نہایت ضعیف ہے، اور ایک دوسری روایت میں جو حاشیہ میں ہے کہ ولید فرعون کا نام تھا، اس لئے یہ نام نہیں رکھنا چاہئے، مگر

یہ روایت باطل ہے، ابن حبان نے اس کی پرزور تردید کی ہے، اور باب میں صحیح روایت ہے، اس سے اشارۃً اس کا جواز نکلتا ہے۔ نبی ﷺ نے قنوتِ نازلہ میں خالد بن الولیدؓ کے بھائی ولید بن الولید کے لئے نام لے کر دعا کی، اگر یہ نام برا ہوتا تو آپ ؐ نماز میں یہ نام نہ لیتے۔

[۱۱۰-] بَابُ تَسْمِيَةِ الْوَلِيْدِ

[۶۲۰۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا رَفَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَأْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ قَالَ: " اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، وَعَيَّاشَ بْنَ أَبِيْ رَبِيْعَةَ، وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ بِمَكَّةَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ" [راجع: ۷۹۷]

بَابُ مَنْ دَعَا صَاحِبَهُ فَنَقَصَ مِنِ اسْمِهِ حَرْفًا

کسی کو اس کے نام میں سے کوئی حرف کم کر کے پکارنا

ترجمہ یعنی باب ترخیم سے عام ہے۔ ترخیم: پکارتے وقت نام کے آخری حرف کو تلفظ کی سہولت کے لئے حذف کرنا۔ نبی ﷺ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یا أبا هرٍّ کہہ کر پکارا، ابن بطال نے اس پر اعتراض کیا کہ یہ ترخیم نہیں، یہ تو نیا کلمہ ہے، حالانکہ باب ترخیم سے عام ہے، اسی طرح آپ ؐ نے عائشہؓ کو یاعائش کہہ کر خطاب کیا، آخر سے تاء حذف کر دی، اور انجشہ نامی لڑکے کو یا أنجش کہہ کر خطاب کیا، ایسا کرنا جائز ہے، اور حدیثیں سب پہلے آ گئی ہیں۔

[۱۱۱-] بَابُ مَنْ دَعَا صَاحِبَهُ فَنَقَصَ مِنِ اسْمِهِ حَرْفًا

وَقَالَ أَبُوْ حَازِمٍ: قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ: قَالَ لِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " يَا أَبَا هِرٍّ"

[۶۲۰۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَا عَائِشُ! هٰذَا جَبْرَئِيْلُ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ" قَالَتْ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، قَالَتْ: وَهُوَ يَرَى مَالاَ أَرَى. [راجع: ۳۲۱۷]

[۶۲۰۲-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ: كَانَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ فِي الثَّقَلِ، وَأَنْجَشَةُ غُلَامُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَسُوْقُ بِهِنَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " يَا أَنْجَشُ، رُوَيْدَكَ! سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيْرِ" [راجع: ۶۱۴۹]

بَابُ الْكُنْيَةِ لِلصَّبِيِّ قَبْلَ أَنْ يُوْلَدَ لِلرَّجُلِ

بچہ کی اس سے پہلے کہ اس کا بچہ پیدا ہو کنیت رکھنا

حضرت انس رضی اللہ عنہ کے اخیافی بھائی کی کنیت ابوعمیر تھی، حالانکہ ابھی وہ بچہ تھا (فطیم: دودھ چھڑایا ہوا) یا نبی ﷺ نے نُغیر (چڑیا) کا وزن ملانے کے لئے یہ کنیت رکھی تھی، بہر حال بچہ جس کی ابھی کوئی اولاد نہیں ہوئی لفظ أب سے کنیت رکھنا جائز ہے، بلکہ لوگ بچہ کا نام ابوالحسن اور ابوبکر رکھتے ہیں۔

[۱۱۲-] بَابُ الْكُنْيَةِ لِلصَّبِيِّ قَبْلَ أَنْ يُوْلَدَ لِلرَّجُلِ

[۶۲۰۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَحْسَنَ النَّاسِ خُلُقًا، وَكَانَ لِي أَخٌ يُقَالُ لَهُ: أَبُوْ عُمَيْرٍ، قَالَ: أَحْسِبُهُ فَطِيْمٌ، وَكَانَ إِذَا جَاءَ قَالَ: "يَا أَبَا عُمَيْرٍ! مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟" نُغَرٌ كَانَ يَلْعَبُ بِهِ، فَرُبَّمَا حَضَرَ الصَّلاَةُ وَهُوَ فِي بَيْتِنَا، فَيَأْمُرُ بِالْبِسَاطِ الَّذِيْ تَحْتَهُ فَيُكْنَسُ وَيُنْضَحُ، ثُمَّ يَقُوْمُ وَنَقُوْمُ خَلْفَهُ فَيُصَلِّيْ بِنَا. [راجع: ۶۱۲۹]

وضاحت: باب میں یولد للرجل کی جگہ یولد له کہتے تو شارحین کو باب سمجھنے میں پریشانی نہ ہوتی ...... یہ روایت بالمعنی ہے...... راوی کہتا ہے: میرا گمان ہے کہ وہ بچہ فطیم تھا...... نغر: ایک چڑیا...... نُکْنَس: چٹائی صاف کی جاتی اور دھوئی جاتی...... حضر الصلاة: فرض نماز مراد نہیں، بلکہ نفل نماز پڑھنے کا ارادہ مراد ہے۔

بَابُ التَّكَنِّيْ بِأَبِيْ تُرَابٍ وَإِنْ كَانَتْ لَهُ كُنْيَةٌ أُخْرَى

کنیت ہو پھر بھی ابوتراب کنیت رکھنا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی کنیت ابوالحسن تھی، مگر ایک واقعہ میں آپؐ نے ان کو ابوتراب (مٹی والا) کہہ کر پکارا، یہ واقعہ پہلے (تحفۃ القاری ۲:۲۸۴) آیا ہے۔ بنوامیہ عبداللہ بن الزبیر کی ابنُ ذات النطاقین کہہ کر اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ابو تراب کہہ کر ہجو کرتے تھے، حالانکہ یہ القاب عزت افزا تھے، اس لئے حضرت علیؓ کو یہ کنیت بہت پسند تھی، کوئی اس کنیت سے آپ کو مخاطب بناتا تو آپ خوش ہوتے۔

[۱۱۳-] بَابُ التَّكَنِّيْ بِأَبِيْ تُرَابٍ وَإِنْ كَانَتْ لَهُ كُنْيَةٌ أُخْرَى

[۶۲۰۴-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: إِنْ كَانَتْ أَحَبَّ أَسْمَاءِ عَلِيٍّ إِلَيْهِ لَأَبُو تُرَابٍ، وَإِنْ كَانَ لَيَفْرَحُ أَنْ يُدْعَى بِهَا، وَمَا سَمَّاهُ أَبَا تُرَابٍ إِلَّا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، غَاضَبَ يَوْمًا فَاطِمَةَ فَخَرَجَ، فَاضْطَجَعَ إِلَى الْجِدَارِ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَجَاءَهُ

النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَتَّبِعُهُ، فَقَالَ: هُوَ ذَا مُضْطَجِعٌ فِی الْجِدَارِ، فَجَاءَ هُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم وَامْتَلَأَ ظَهْرُهُ تُرَابًا، فَجَعَلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَمْسَحُ التُّرَابَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَیَقُوْلُ: "اجْلِسْ یَا أَبَا تُرَابٍ"[راجع: ٤٤١]

بَابُ أَبْغَضُ الْأَسْمَاءِ إِلَی اللّٰہِ تبارَكَ وَتَعَالٰی

اللہ تعالیٰ کے نزدیک نہایت ناپسندیدہ نام

حدیث: قیامت کے دن اللہ کے نزدیک نہایت بے ہودہ نام والا وہ شخص ہے جو شہنشاہ کہلاتا ہے (دین کی بنیادی تعلیم: اللہ کی تعظیم اور ان کے برابر کسی کو نہ گردانناہے، اور کسی چیز کی تعظیم اور اس کے نام کی تعظیم میں چولی دامن کا ساتھ ہے، محترم چیز کا نام بھی احترام سے لیا جاتا ہے، اور نام کا احترام ذات کے احترام کا سبب بن جاتا ہے، پس ضروری ہے کہ اللہ کا وصف کسی کو نہ دیا جائے، خاص طور پر وہ وصف جو انتہائی تعظیم پر دلالت کرتا ہے، جیسے بادشاہ کو شہنشاہ کہنا/ کہلوانا، کیونکہ یہ نام بادشاہ کی تقدیس تک پہنچادے گا، پس وہ رفتہ رفتہ خدا بن جائے گا)

[۱۱٤-] بَابُ أَبْغَضُ الْأَسْمَاءِ إِلَی اللّٰہِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی

[٦٢٠٥-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم: "أَخْنَی الْأَسْمَاءِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ عِنْدَ اللّٰہِ رَجُلٌ تَسَمَّی مَلِكَ الْأَمْلَاكِ" [طرفه: ٦٢٠٦]

[٦٢٠٦-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ رِوَایَةً، قَالَ: "أَخْنَعُ اسْمٍ عِنْدَ اللّٰہِ، وَقَالَ سُفْیَانُ غَیْرَ مَرَّةٍ: أَخْنَعُ الْأَسْمَاءِ عِنْدَ اللّٰہِ رَجُلٌ تَسَمَّی مَلِكَ الْأَمْلَاكِ" قَالَ سُفْیَانُ: یَقُوْلُ غَیْرُهُ: تَفْسِیْرُهُ: شَاهَانْ شَاهْ. [راجع: ٦٢٠٥]

لغت: أَخْنَع (اسم تفضیل): نہایت قبیح، بے ہودہ، خَنَعَ (ف) خَنْعًا: برا کام کرکے اس پر شرمانا اور سر نیچا کرنا...... تَسَمّٰی (باب تفعل) بکذا: کسی نام سے موسوم ہونا...... غیرہ: ابوالزناد کے علاوہ استاذ نے شہنشاہ ترجمہ کیا ہے، یہ ترکیب مقلوبی ہے، اصل: شاہِ شاہاں ہے۔

بَابُ کُنْیَةِ الْمُشْرِكِ

غیر مسلم کی کنیت

عرب میں غیر مسلموں کی بھی کنیتیں ہوتی تھیں، پس جس طرح ان کا نام لینا جائز ہے کنیت ذکر کرنا بھی جائز ہے۔ نبی

ﷺ نے اپنے چچا کی کنیت ابوطالب استعمال کی ہے، وہ غیر مسلم مرے ہیں۔ اور رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کا تذکرہ اس کی کنیت ابوحباب سے کیا ہے۔ اور حدیثیں سب پہلے آچکی ہیں، معلق روایت کتاب النکاح کے آخر میں آئی ہے (حدیث ۵۲۳۰) اور رئیس المنافقین والی روایت تحفۃ القاری (۹:۱۶۳) میں آئی ہے، وہاں حل لغات بھی ہے، اور آخری روایت تحفۃ القاری (۷:۳۴۴) میں آئی ہے۔

[۱۱۵-] بَابُ كُنْيَةِ الْمُشْرِكِ

وَقَالَ الْمِسْوَرُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِلَّا أَنْ يُرِيْدَ ابْنُ أَبِيْ طَالِبٍ"

[٦٢٠٧-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّ أُسَامَةَ ابْنَ زَيْدٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَكِبَ عَلٰى حِمَارٍ عَلٰى قَطِيْفَةٍ فَدَكِيَّةٍ وَأُسَامَةُ وَرَاءَ هُ، يَعُوْدُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فِيْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ، فَسَارَا حَتّٰى مَرَّا بِمَجْلِسٍ فِيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيِّ ابْنُ سَلُوْلَ، وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ، فَإِذَا فِي الْمَجْلِسِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الْأَوْثَانِ وَالْيَهُوْدِ، وَفِي الْمُسْلِمِيْنَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ خَمَّرَ ابْنُ أُبَيٍّ أَنْفَهُ بِرِدَائِهِ، وَقَالَ: لَا تُغَبِّرُوْا عَلَيْنَا! فَسَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَيْهِمْ، ثُمَّ وَقَفَ، فَنَزَلَ فَدَعَاهُمْ إِلَى اللّٰهِ وَقَرَأَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ: أَيُّهَا الْمَرْءُ لَا أَحْسَنَ مِمَّا تَقُوْلُ إِنْ كَانَ حَقًّا، فَلَا تُؤْذِنَا بِهِ فِيْ مَجَالِسِنَا، فَمَنْ جَاءَ كَ فَاقْصُصْ عَلَيْهِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَاغْشَنَا فِيْ مَجَالِسِنَا فَإِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ، فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْيَهُوْدُ حَتّٰى كَادُوْا يَتَثَاوَرُوْنَ، فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُخَفِّضُهُمْ، حَتّٰى سَكَتُوْا، ثُمَّ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَابَّتَهُ فَسَارَ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَيْ سَعْدُ! أَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالَ أَبُوْ حُبَابٍ- يُرِيْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ- قَالَ كَذَا وَكَذَا" قَالَ: فَقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! بِأَبِيْ أَنْتَ! اعْفُ عَنْهُ وَاصْفَحْ، فَوَالَّذِيْ أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ لَقَدْ جَاءَ اللّٰهُ بِالْحَقِّ الَّذِيْ أَنْزَلَ عَلَيْكَ، وَلَقَدِ اصْطَلَحَ أَهْلُ هٰذِهِ الْبَحْرَةِ عَلٰى أَنْ يُتَوِّجُوْهُ وَيُعَصِّبُوْهُ بِالْعِصَابَةِ، فَلَمَّا رَدَّ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِيْ أَعْطَاكَ شَرِقَ بِذٰلِكَ، فَذٰلِكَ فَعَلَ بِهِ مَا رَأَيْتَ، فَعَفَا عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ يَعْفُوْنَ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَهْلِ الْكِتَابِ كَمَا أَمَرَهُمُ اللّٰهُ، وَيَصْبِرُوْنَ عَلَى الْأَذٰى، قَالَ اللّٰهُ: ﴿وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ﴾ الْآيَةَ [آلِ عمران: ١٨٦] وَقَالَ:﴿وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ﴾[البقرة: ١٠٩] فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى

الله علیه وسلم يَتَأَوَّلُ فِي الْعَفْوِ عَنْهُمْ مَا أَمَرَهُ اللّٰهُ بِهِ حَتّٰى أُذِنَ لَهُ فِيْهِمْ، فَلَمَّا غَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَدْرًا، فَقَتَلَ اللّٰهُ بِهَا مَنْ قَتَلَ مِنْ صَنَادِيْدِ الْكُفَّارِ وَسَادَةِ قُرَيْشٍ، فَقَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابُهُ مَنْصُوْرِيْنَ غَانِمِيْنَ، مَعَهُمْ أُسَارَى مِنْ صَنَادِيْدِ الْكُفَّارِ وَسَادَةِ قُرَيْشٍ، قَالَ ابْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الْأَوْثَانِ: هٰذَا أَمْرٌ قَدْ تَوَجَّهَ، فَبَايِعُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْإِسْلَامِ. فَأَسْلَمُوْا. [راجع: ۲۹۸۷]

[۶۲۰۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ نَفَعْتَ أَبَا طَالِبٍ بِشَيْءٍ، فَإِنَّهُ كَانَ يَحْفَظُكَ وَيَغْضَبُ لَكَ؟ قَالَ: "نَعَمْ هُوَ فِي ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ، وَلَوْلَا أَنَا لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ" [راجع: ۳۸۸۳]

لغت: ماءٌ ضَحْضَاح: کم گہرا تھوڑا پانی، ٹخنوں تک پانی۔

بَابٌ: الْمَعَارِيْضُ مَنْدُوْحَةٌ عَنِ الْكَذِبِ

توریہ کے ذریعہ جھوٹ سے بچا جاسکتا ہے

حدیث کے اصل الفاظ یہ ہیں: إِنَّ فی الْمَعَارِيْضِ لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الْكَذِبِ۔ مَعَارِيْض: الْمِعْرَاض کی جمع ہے: توریہ، ارادہ کی ہوئی چیز کا اس طرح اظہار کہ حقیقت مخفی رہے، کذب بیانی سے بچ کر مقصد کی پردہ پوشی ...... أَرْضٌ مَنْدُوْحة: کشادہ زمین، نَدَحَ (ف) الشیئَ نَدْحًا: کشادہ کرنا...... الکذِب (ذال مکسور): جھوٹ...... حضرت ام سُلیمؓ کے بچہ کا انتقال ہوگیا، تھوڑی دیر کے بعد شوہر (ابوطلحہؓ) سفر سے آ گئے، انھوں نے بچہ کا حال پوچھا، ام سلیم نے کہا: هَدَأَ نَفْسُهُ، وَأَرْجُوْ أَنْ قَدِ اسْتَرَاحَ: اس کا سانس پرسکون ہوگیا، اور مجھے امید ہے کہ اسے آرام مل گیا۔ ابوطلحہؓ سمجھے بچہ کی طبیعت ٹھیک ہوگئی، حالانکہ ام سلیم کی مراد اور تھی، یہ توریہ ہے، نہ سانپ بچا نہ لاٹھی ٹوٹی! اور یہ حدیث تحفۃ القاری (۵۹:۴) میں گذری ہے۔

[۱۱۶-] بَابٌ: الْمَعَارِيْضُ مَنْدُوْحَةٌ عَنِ الْكَذِبِ

وَقَالَ إِسْحَاقُ: سَمِعْتُ أَنَسًا قَالَ: مَاتَ ابْنٌ لِأَبِيْ طَلْحَةَ فَقَالَ: كَيْفَ الْغُلَامُ؟ قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: هَدَأَ نَفْسُهُ، وَأَرْجُوْ أَنْ قَدِ اسْتَرَاحَ وَظَنَّ أَنَّهَا صَادِقَةٌ.

آگے کی تین روایتوں میں ایک ہی واقعہ ہے، اور وہ ابھی گذرا ہے۔ نبی ﷺ نے نازک اندام خواتین کو آبگینوں سے

تشبیہ دی ہے، یہ استعارہ توریہ کے قبیل سے ہے۔

[٦٢٠٩-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَسِيْرٍ لَهُ، فَحَدَا الْحَادِيْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " ارْفُقْ يَا أَنْجَشَةُ! وَيْحَكَ! بِالْقَوَارِيْرِ"[راجع: ٦١٤٩]

[٦٢١٠-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، وَأَيُّوْبُ عَنْ أَبِي قِلاَبَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ فِيْ سَفَرٍ، وَكَانَ لَهُ غُلاَمٌ يَحْدُوْ بِهِنَّ، يُقَالُ لَهُ: أَنْجَشَةُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " رُوَيْدَكَ يَا أَنْجَشَةُ! سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيْرِ" قَالَ أَبُوْ قِلاَبَةَ: يَعْنِيْ النِّسَاءَ.[راجع: ٦١٤٩]

[٦٢١١-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ ابْنُ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَادٍ يُقَالُ لَهُ: أَنْجَشَةُ، وَكَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " رُوَيْدَكَ يَا أَنْجَشَةُ! لاَ تَكْسِرِ الْقَوَارِيْرَ" قَالَ: قَالَ قَتَادَةُ: يَعْنِي ضَعَفَةَ النِّسَاءِ.[راجع: ٦١٤٩]

آئندہ حدیث بھی گذری ہے، اس میں نبی ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کو سمندر سے تشبیہ دی ہے یہ بھی ازقبیل توریہ ہے، اور واضح مثال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو بادشاہ کے سامنے بہن کہا ہے، آپ کی مراد دینی بہن تھی، بادشاہ نسبی بہن سمجھا، یہ توریہ ہے، اسی طرح حضرت نے قوم سے کہا: ﴿إِنِّيْ سَقِيْمٌ﴾: میری طبیعت ناساز ہے یعنی تمہارے ساتھ میلہ میں آنے کو جی نہیں چاہتا، اور لوگ سمجھے بیمار ہیں: یہ توریہ ہے، اسی طرح حضرت نے ﴿بَلْ فَعَلَهُ﴾ کا فاعل حذف کر دیا یعنی کیا ہے اس کو (کسی کرنے والے نے) لوگ ﴿كَبِيْرُهُمْ هٰذَا﴾ کو فاعل سمجھ بیٹھے، یہ توریہ ہے۔ اور آگے ذیلی باب میں بھی توریہ کی ایک مثال آرہی ہے۔

[٦٢١٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ فَزَعٌ، فَرَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرَسًا لِأَبِيْ طَلْحَةَ، فَقَالَ:" مَا رَأَيْنَا مِنْ شَيْئٍ، وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا"[راجع: ٢٦٢٧]

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلشَّيْئِ: لَيْسَ بَشَيْئٍ! وَهُوَ يَنْوِى أَنَّهُ لَيْسَ بِحَقٍّ

کسی چیز کے بارے میں کہنا کہ وہ کچھ نہیں! اور مراد یہ ہو کہ وہ برحق نہیں

جاننا چاہئے کہ دو اعتباروں سے نفی اثبات جمع ہو سکتے ہیں، نبی ﷺ نے دو قبر والوں کے بارے میں فرمایا: ''وہ کسی

بڑی بات کی وجہ سے سزانہیں دیئے جارہے" پھر فرمایا: "ہاں وہ بڑی بات ہے!" یعنی عمل (نہ بچنے) کے اعتبار سے خفیف (معمولی) بات ہے، اور نتائج کے اعتبار سے سنگین بات ہے، پس نفی اثبات دو اعتباروں سے جمع ہوسکتے ہیں ــــ اسی طرح کاہنوں کے بارے میں لوگوں نے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: "وہ کچھ نہیں!" حالانکہ وہ کچھ ہیں، چنانچہ لوگوں نے سوال کیا کہ ان کی بعض باتیں سچی نکلتی ہیں، مگر آپؐ کی مراد تھی وہ برحق نہیں، بوگس ہیں، اوران کی جو باتیں سچی نکلتی ہیں وہ فرشتوں سے چرائی ہوئی باتیں ہیں، وہ ان کی اپنی باتیں نہیں، پس بات چھپا کر کہنا بھی ایک طرح کا توریہ ہے۔

[۱۱۷-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلشَّيْءِ: لَيْسَ بِشَيْءٍ! وَهُوَ يَنْوِي أَنَّـهُ لَيْسَ بِحَقٍّ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِلْقَبْرَيْنِ:" يُعَذَّبَانِ بِلاَ كَبِيْرٍ، وَإِنَّـهُ لَكَبِيْرٌ"

[۶۲۱۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ عُرْوَةَ، أَنَّـهُ سَمِعَ عُرْوَةَ يَقُوْلُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: سَأَلَ أُنَاسٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْكُهَّانِ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَيْسُوْا بِشَيْءٍ!" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَإِنَّهُمْ يُحَدِّثُوْنَ أَحْيَانًا بِالشَّيْءِ يَكُوْنُ حَقًّا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "تِلْكَ الْكَلِمَةُ مِنَ الْجِنِّ يَخْطَفُهَا الْجِنِّيُّ، فَيَقُرُّهَا فِي أُذُنِ وَلِيِّهِ قَرَّ الدَّجَاجَةِ، فَيَخْلِطُوْنَ فِيْهَا أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ كَذْبَةٍ"[راجع: ۳۲۱۰]

قولہ: تلك الكلمة: وہ بات (جو سچی نکلتی ہے) جنّ سے حاصل شدہ ہے، جنّ اس بات کو (فرشتوں کی گفتگو سے) اچک لیتے ہیں، پھر وہ مسلسل آواز کے ذریعہ اپنے دوست (کاہن) کے کان میں ڈالتا ہے، جیسے مرغی مسلسل آواز نکالتی ہے (جب وہ چوزوں کو بلاتی ہے)

بَابُ رَفْعِ الْبَصَرِ إِلَى السَّمَاءِ

آسمان کی طرف دیکھنا

ابن بطال رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اس باب کے ذریعہ ان خشک صوفیاء پر رد کیا ہے جو کہتے ہیں کہ آسمان کی طرف دیکھنا خشوع کے خلاف ہے، قرآن کریم نے تو سورۃ الغاشیہ میں دعوتِ نظارہ دی ہے کہ کیا وہ آسمان کو نہیں دیکھتے کہ کس طرح بلند کیا ہے؟ اور جان کنی کے وقت نبی ﷺ کی نگاہِ مبارک آسمان کی طرف اٹھ گئی تھی، اسی طرح زمانہ فترت کے بعد جب پہلی وحی آئی تو آپؐ نے غارِ حراء سے واپسی میں آسمان سے ایک آواز سنی، آپؐ نے نظر اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نظر آئے، اور جس رات ابن عباسؓ اپنی خالہ کے گھر میں رہے ہیں، اس رات آپ تقریباً آدھی رات کو اٹھے، آسمان کی طرف دیکھا، اور سورۃ آلِ عمران کی آخری آیتیں پڑھیں۔ یہ سب روایات پہلے آچکی ہیں، ان سے

آسمان کی طرف دیکھنا ثابت ہوا، پس یہ بات خشوع کے خلاف نہیں۔

[١١٨-] بَابُ رَفْعِ الْبَصَرِ إِلَى السَّمَاءِ

وَقَوْلِهِ: ﴿أَفَلَا يَنْظُرُوْنَ إِلَى الإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ﴾[الغاشية: ١٧و١٨]

وَقَالَ أَيُّوْبُ: عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: رَفَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ.

[٦٢١٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، يَقُوْلُ: أَخْبَرَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " ثُمَّ فَتَرَ عَنِّيْ الوَحْيُ، فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِيْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ، فَرَفَعْتُ بَصَرِيْ إِلَى السَّمَاءِ، فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِيْ جَاءَ نِيْ بِحِرَاءٍ قَاعِدٌ عَلَى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ" [راجع: ٤]

[٦٢١٥-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي شَرِيْكٌ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بِتُّ فِيْ بَيْتِ مَيْمُوْنَةَ وَالنَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَهَا، فَلَمَّا كَانَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الآخِرُ أَوْ بَعْضُهُ قَعَدَ فَنَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَرَأَ: ﴿إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿لِأُوْلِي الْأَلْبَابِ﴾[آل عمران: ١٩٠] [راجع: ١١٧]

بَابُ مَنْ نَكَتَ الْعُوْدَ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ

ایک روایت ہے کہ لکڑی: پانی اور مٹی کے درمیان ڈالی

نَكَتَ الشيئَ: کسی چیز کو پھینکنا، ڈالنا...... العود: لکڑی، چھڑی...... ایک روایت پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۲۰۳) آئی ہے، جس میں خلفائے ثلاثہ کو جنت کی خوش خبری دی ہے، نبی ﷺ ایک باغ میں تشریف لے گئے جس میں اریس نامی کنواں ہے، وہاں آپؐ نے قضائے حاجت فرمائی، پھر وضوء کیا اور کنویں کی مینڈ پر بیٹھ گئے، وہاں تو یہ بات نہیں ہے جو باب میں ذکر کی ہے، البتہ یہاں اسی روایت میں ہے: في يد النبي صلى الله عليه وسلم عود يَضْرب به بين الماء والطين: آپؐ کے ہاتھ میں لکڑی تھی، جس سے آپؐ پانی اور مٹی کے درمیان مار رہے تھے، جیسے کوئی گہرے غور وفکر میں ہوتا ہے اور ہاتھ میں کوئی لکڑی ہوتی ہے تو اس سے زمین کریدتا ہے (جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے) اسی طرح پانی اور مٹی کے درمیان لکڑی مارنا ہے، گہرے غور وفکر کے وقت۔

[١١٩-] بَابُ مَنْ نَكَتَ الْعُوْدَ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ

[٦٢١٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُثْمَانُ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيْ

مُوْسَى: أَنَّـهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي حَائِطٍ مِنْ حِيْطَانِ الْمَدِيْنَةِ، وَفِي يَدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عُوْدٌ يَضْرِبُ بِهِ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ، فَجَاءَ رَجُلٌ يَسْتَفْتِحُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَذَهَبْتُ فَإِذَا أَبُوْ بَكْرٍ، فَفَتَحْتُ لَهُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ آخَرُ، فَقَالَ:" افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَإِذَا عُمَرُ، فَفَتَحْتُ لَهُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ آخَرُ، وَكَانَ مُتَّكِئًا فَجَلَسَ، فَقَالَ:" افْتَحْ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، عَلٰى بَلْوَى تُصِيْبُهُ أَوْ: تَكُوْنُ" فَذَهَبْتُ فَإِذَا عُثْمَانُ، فَفَتَحْتُ لَهُ، وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، وَأَخْبَرْتُهُ بِالَّذِىْ قَالَ: قَالَ: اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ. [راجع: ۳۶۷۳]

وضاحت: راوی کو تُصیبہ اور تکون میں شک ہے، مطلب دونوں کا ایک ہے کہ آزمائش پہنچے گی، یعنی پیش آئے گی۔

بَابُ الرَّجُلِ يَنْكُتُ الشَّيئَ بِيَدِهِ فِى الْأَرْضِ

اپنے ہاتھ سے زمین کریدنا

آدمی جب کوئی بات ڈوب کر سوچتا ہے اور ہاتھ میں کوئی لکڑی چھڑی ہوتی ہے تو زمین کریدتا ہے، یہ فعل عبث نہیں، ایک مرتبہ نبی ﷺ جنازہ میں قبرستان تشریف لے گئے، قبر تیار ہورہی تھی، آپؐ بیٹھ گئے، صحابہ بھی اردگرد بیٹھ گئے، آپؐ کے ہاتھ میں چھڑی تھی، آپ زمین کریدنے لگے اور فرمایا: "ہر ایک کا آخری ٹھکانا (علم الٰہی میں) طے ہوچکا ہے" (الی آخرہ)

[۱۲۰-] بَابُ الرَّجُلِ يَنْكُتُ الشَّيئَ بِيَدِهِ فِى الْأَرْضِ

[۶۲۱۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِىْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، وَمَنْصُوْرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ جَنَازَةٍ، فَجَعَلَ يَنْكُتُ فِي الْأَرْضِ بِعُوْدٍ، وَقَالَ:" لَيْسَ مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ فُرِغَ مِنْ مَقْعَدِهِ مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ" قَالُوْا: أَفَلَا نَتَّكِلُ؟ قَالَ:" اعْمَلُوْا، فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى﴾" الْآيَةَ. [الليل: ۵] [راجع: ۱۳۶۲]

بَابُ التَّكْبِيْرِ وَالتَّسْبِيْحِ عِنْدَ التَّعَجُّبِ

بوقتِ تعجب تسبیح وتکبیر کہنا

تعجب: حیرت، اچنبھا، **تکبیر:** بڑائی بیان کرنا۔ **تسبیح:** پاکی بیان کرنا۔ امام صاحب کے نزدیک **تعجب:** تکبیر وتسبیح کا موقع ہے، حالانکہ تکبیر کا محل استعظام (کسی چیز کو بڑا اور بھاری سمجھنا) ہے، اس وقت اللہ کی بڑائی کا تصور کرنا چاہئے اور اللہ أکبر

کہنا چاہئے، اور تسبیح کا محل تنزیہہ ہے، جب کوئی عیب کی یا نامناسب بات سامنے آئے تو سبحان اللہ کہنا چاہئے، اس طرح کی بات سے اللہ کی پاکی اور صفائی بیان کرنی چاہئے۔ حضرت قدس سرہ نے باب میں تین روایتیں ذکر کی ہیں، جو پہلے آچکی ہیں:

۱- مدینہ میں افواہ اڑی کہ نبی ﷺ نے سب ازواج کو طلاق دیدی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ تحقیق کے لئے پہنچے اور پوچھا تو آپؐ نے انکار کیا، انھوں نے کہا: اللہ أکبر! یعنی لوگ کیسی بے پر کی اڑاتے ہیں! یہ استعظام ہے۔

۲- نبی ﷺ نے خواب میں خزانوں کو کھلتے اور فتنوں کو اترتے دیکھا تو بیدار ہوکر سبحان اللہ! کہا، کیونکہ فتنے نامناسب بات ہیں۔

۳- اعتکاف میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ سے ملنے آئیں، آپؐ ان کو واپس لوٹانے کے لئے مسجد کے دروازے تک تشریف لے گئے، ان کا گھر راستہ کی دوسری جانب دار اسامہ میں تھا، جب آپؐ ان کے ساتھ مسجد کے دروازے پر پہنچے تو وہاں سے دو صحابی گذرے، انھوں نے سلام کیا، اور قدم اٹھادیئے، آپؐ نے ان کو روکا، اور فرمایا: دیکھ لو، یہ صفیہ (میری اہلیہ) ہیں! (کوئی اور عورت نہیں) گویا نبی ﷺ نے بدگمانی کی کہ وہ کچھ اور سمجھیں گے، یہ بات ان کو بھاری معلوم ہوئی یعنی نامناسب معلوم ہوئی تو انھوں نے سبحان اللہ! کہا —— اسی طرح امام غلطی کرے اور نامناسب کام کرے تو سبحان اللہ کے ذریعہ تنبیہ کرنے کا حکم ہے۔

لطیفہ: تین شخص امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے، امام صاحب قعدۂ اولیٰ بھولے، ایک مقتدی نے کہا: سبحان اللہ! بیٹھنے کا ہے،، دوسرا مقتدی بولا: سبحان اللہ! آپ نماز میں بولے، آپ کی نماز ٹوٹ گئی، تیسرا بولا: سبحان اللہ! آپ بھی تو بولے! پس امام صاحب نے کہا: الحمد للہ! میں نہیں بولا!

[۱۲۱-] بَابُ التَّكْبِيْرِ وَالتَّسْبِيْحِ عِنْدَ التَّعَجُّبِ

وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ ثَوْرٍ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَطَلَّقْتَ نِسَاءَ كَ؟ قَالَ: "لَا" قُلْتُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ!

[۶۲۱۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ هِنْدُ بِنْتُ الْحَارِثِ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ قَالَتْ: اسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ، وَمَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْفِتْنَةِ، مَنْ يُوْقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجَرِ، يُرِيْدُ بِهِ أَزْوَاجَهُ، حَتّٰى يُصَلِّيْنَ، رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْآخِرَةِ!" [راجع: ۱۱۵]

[۶۲۱۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، أَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا جَاءَ تْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَزُوْرُهُ،

وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فِي الْمَسْجِدِ فِي الْعَشْرِ الْغَوَابِرِ مِنْ رَمَضَانَ، فَتَحَدَّثَتْ عِنْدَهُ سَاعَةً مِنَ الْعِشَاءِ، ثُمَّ قَامَتْ تَنْقَلِبُ، فَقَامَ مَعَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْلِبُهَا، حَتّٰى إِذَا بَلَغَتْ بَابَ الْمَسْجِدِ الَّذِيْ عِنْدَ مَسْكَنِ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، مَرَّ بِهِمَا رَجُلَانِ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَسَلَّمَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ نَفَذَا، فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" عَلٰى رِسْلِكُمَا، إِنَّمَا هِيَ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ" قَالَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَكَبُرَ عَلَيْهِمَا، قَالَ:" إِنَّ الشَّيْطَانَ يَبْلُغُ مِنَ الإِنْسَانِ مَبْلَغَ الدَّمِ، وَإِنِّيْ خَشِيْتُ أَنْ يَقْذِفَ فِي قُلُوْبِكُمَا" [راجع: ۲۰۳۵]

قوله: الغَوَابر: باقی عشرہ یعنی آخری عشرہ، الغابر: اضداد میں سے ہے۔

بَابُ الْخَذْفِ

کنکری یا گٹھلی انگلیوں سے پھینکنا

کتاب الذبائح میں حدیث (نمبر ۵۴۷۹) آچکی ہے، کنکری یا گٹھلی نہیں پھینکنی چاہئے، اس سے کبھی آنکھ پھوٹ جاتی ہے یا دانت ٹوٹ جاتا ہے، ایسا واقعہ پیش آئے تو اللہ اکبر! یا سبحان اللہ! کہنا چاہئے، اسی مناسبت سے یہاں یہ باب لائے ہیں۔ واللہ اعلم

[۱۲۲-] بَابُ الْخَذْفِ

[۶۲۲۰-] حدثنا آدمُ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ صُهْبَانَ الْأَزْدِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ الْمُزَنِيِّ قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْخَذْفِ وَقَالَ: "إِنَّهُ لَا يَقْتُلُ الصَّيْدَ، وَلَا يَنْكِيْ الْعَدُوَّ، وَإِنَّهُ يَفْقَأُ الْعَيْنَ، وَيَكْسِرُ السِّنَّ" [راجع: ۴۸۴۱]

بَابُ الْحَمْدِ لِلْعَاطِسِ

چھینکنے والا اللہ کی تعریف کرے

چھینک آنے پر حمد کرنا، دو وجہ سے مشروع کیا گیا ہے: اول: چھینک سے ایسی رطوبت اور ابخرے دماغ سے نکل جاتے ہیں جو تکلیف یا بیماری کا باعث ہوسکتے ہیں، اس نعمت پر حمد ضروری ہے۔ دوم: یہ آدم علیہ السلام کی سنت ہے (صحیح ابن حبان) اور اسلامی شعار بھی (رحمۃ اللہ ۵:۵۶۲) اور حدیث میں ہے کہ چھینکنے والا حمد کرے تو اس کا بھائی یرحمك الله کہہ کر اس کو خوش کرے، جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے، اور اگر وہ اللہ کی تعریف نہ کرے تو تم اس کو دعا مت دو (مشکات حدیث ۴۷۳۵)

چنانچہ نبی ﷺ نے حمد کرنے والے کو دعا دی اور حمد نہ کرنے والے کو دعا نہیں دی (باب کی حدیث)

[۱۲۳-] بَابُ الْحَمْدِ لِلْعَاطِسِ

[۶۲۲۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَشَمَّتَ أَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الآخَرَ، فَقِيْلَ لَهُ، فَقَالَ: " هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ، وَهٰذَا لَمْ يَحْمَدْ" [طرفه: ۶۲۲۵]

بَابُ تَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ إِذَا حَمِدَ اللّٰهَ

چھینکنے والا اللہ کی تعریف کرے تو اس کو دعا دے کر خوش کرنا

شَمَّتَ العاطسَ: چھینکنے والے کو يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وغیرہ کہہ کر دعا دینا، مجرد: شَمِتَ (س) شَمَاتَةً: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا...... حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث بار بار آئی ہے۔ سات مامور بہ امور میں تشمیت العاطس بھی ہے۔

[۱۲۴-] بَابُ تَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ إِذَا حَمِدَ اللّٰهَ

[۶۲۲۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَشْعَثِ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: أَمَرَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعٍ، وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ، أَمَرَنَا بِعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ، واتِّبَاعِ الْجِنَازَةِ، وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ، وَإِجَابَةِ الدَّاعِيْ، وَرَدِّ السَّلَامِ، وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ، وَإِبْرَارِ الْقَسَمِ، وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ: عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ، أَوْ قَالَ: حَلْقَةِ الذَّهَبِ، وَعَنِ الْحَرِيْرِ، وَالدِّيْبَاجِ، وَالسُّنْدُسِ، وَالْمَيَاثِرِ. [راجع: ۱۲۳۹]

لغت: سندس: باریک ریشم۔

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْعُطَاسِ، وَمَا يُكْرَهُ مِنَ التَّثَاؤُبِ

چھینک اچھی چیز ہے، اور جماہی ناپسندیدہ ہے

چھینک آنا تو ایک قسم کی شفا ہے (جیسا کہ گذرا) اور جماہی طبیعت کے کسل اور غلبۂ ملال سے پیدا ہوتی ہے، اس لئے ناپسندیدہ ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "چھینک لینے کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتے ہیں، اور جماہی کو ناپسند کرتے ہیں، پس جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے اور وہ اللہ کی حمد کرے تو ہر اس مسلمان پر جو اس کی تحمید سنے: لازم ہے کہ وہ اس کو

یرحمك الله کہہ کر دعا دے، اور رہی جماہی تو وہ شیطان ہی کی طرف سے ہے، پس جب تم میں سے کسی کو جماہی آئے تو وہ اس کو حتی الامکان روکے، کیونکہ جب جماہی لینے والا ہا! کہتا ہے تو اس سے شیطان ہنستا ہے!'' (اور اس کو اپنی کارستانی کا موقع ملتا ہے، وہ مکھی مچھر اڑا کر اس کے منہ میں داخل کر دیتا ہے)

[۱۲۵-] بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْعُطَاسِ، وَمَا يُكْرَهُ مِنَ التَّثَاؤُبِ

[۶۲۲۳-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ، فَإِذَا عَطَسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ، فَحَقٌّ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ سَمِعَهُ أَنْ يُشَمِّتَهُ، وَأَمَّا التَّثَاؤُبُ فَإِنَّمَا هُوَ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَلْيَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ، فَإِذَا قَالَ: هَا، ضَحِكَ مِنْهُ الشَّيْطَانُ''[راجع: ۳۲۸۹]

بَابٌ: إِذَا عَطَسَ كَيْفَ يُشَمَّتُ؟

چھینکنے والے کو دعا دینے کا طریقہ

جب چھینکنے والا الحمد للّٰہ یا الحمدللہ علی کل حالٍ کہے تو جو تحمید سنے وہ مذکر کو یرحمكَ الله (کاف پر زبر) اور مؤنث کو یرحمكِ الله (کاف پر زیر) کہے، پھر چھینکنے والا جواب الجواب میں کہے: یھدیکم الله ویصلح بالکم: اللہ آپ کو ہدایت نصیب کرے اور آپ کے احوال کو سنوارے، یہ جواب الجواب اس لئے مشروع کیا ہے کہ نیکی کا بدلہ نیکی ہے۔

[۱۲۶-] بَابٌ: إِذَا عَطَسَ كَيْفَ يُشَمَّتُ؟

[۶۲۲۴-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلْيَقُلْ لَهُ أَخُوْهُ أَوْ: صَاحِبُهُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، فَإِذَا قَالَ لَهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، فَلْيَقُلْ: يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ'' بَالُكُمْ: شَأْنُكُمْ.

بَابٌ: لَا يُشَمَّتُ الْعَاطِسُ إِذَا لَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ

چھینکنے والا اللہ کی تعریف نہ کرے تو اسے دعا نہ دی جائے

ابھی حدیث آئی ہے کہ چھینکنے والا اللہ کی تعریف نہ کرے تو اس کو دعا نہ دی جائے (مشکات) چنانچہ نبی ﷺ نے تحمید نہ کرنے والے کو دعا نہیں دی۔

[۱۲۷-] بَابٌ: لاَ يُشَمَّتُ الْعَاطِسُ إِذَا لَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ

[٦٢٢٥-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: عَطَسَ رَجُلاَنِ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَشَمَّتَ أَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الآخَرَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! شَمَّتَّ هٰذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِيْ، قَالَ: " إِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ وَلَمْ تَحْمَدِ اللّٰهَ"

[راجع: ٦٢٢١]

بَابٌ: إِذَا تَثَاوَبَ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلٰى فِيْهِ

جماہی لیتے وقت منہ بند کر لینا چاہئے

نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کسی کو جماہی آئے تو حتی الامکان اس کو روکے (اگر یہ تصور کر لے کہ کسی نبی کو جماہی نہیں آئی تو جماہی فوراً رک جائے گی) کیونکہ جب تم میں سے کوئی جماہی لیتا ہے تو شیطان اس سے ہنستا ہے'' اور ایک روایت میں ہے کہ چاہئے کہ وہ اپنے ہاتھ سے اپنا منہ بند کر لے، کیونکہ شیطان منہ میں داخل ہوتا ہے (مشکاۃ حدیث ۴۷۳۷) باب میں اس حدیث کا ذکر ہے۔

[۱۲۸-] بَابٌ: إِذَا تَثَاوَبَ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلٰى فِيْهِ

[٦٢٢٦-] حدثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ، فَإِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ وَحَمِدَ اللّٰهَ كَانَ حَقًّا عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ سَمِعَهُ أَنْ يَقُوْلَ لَهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ! وَأَمَا التَّثَاؤُبُ فَإِنَّمَا هُوَ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا تَثَاءَ بَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا تَثَاوَبَ ضَحِكَ مِنْهُ الشَّيْطَانُ" [راجع: ۳۲۸۹]

﴿ کتاب الادب ابھی پوری نہیں ہوئی، استیذان یعنی اجازت طلبی سلیقہ مندی ہی کا ایک باب ہے مگر ابواب کے نمبر بدل دیئے ہیں پھر اس کے آخر میں ادب کے باقی مسائل ذکر کریں گے ﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الاِستیذان

اجازت طلبی کا بیان

یہ کتاب در کتاب ہے۔ استیذ ان: اجازت طلبی: ایک حکیمانہ تعلیم ہے، کسی کے گھر میں بے اجازت نہیں جانا چاہئے، معلوم نہیں وہ کس حال میں ہو، اور اس وقت کسی کا اندر آنا پسند ہو یا نہ ہو، لوگ اس مسئلہ سے عام طور پر غافل ہیں، حکم شرعی یہ ہے کہ اندر جانے سے پہلے آواز دے کر اجازت حاصل کرے، اور سب سے بہتر طریقہ سلام کر کے اجازت طلب کرنا ہے، یہ ہم خرما ہم ثواب ہے! اس لئے استیذ ان کا بیان سلام سے شروع کیا ہے۔

بَابُ بَدْءِ السَّلاَمِ

سلام کی تاریخ

سلام کی تاریخ اُتنی ہی قدیم ہے جتنی انسان کی تاریخ، پہلے انسان نے زندہ ہوتے ہی فرشتوں کو سلام کیا ہے، پھر یہ طریقہ اس کی نسل میں چلا، اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶: ۵۴۱) آئی ہے، وہاں اس کی تفصیل ہے کہ آدم علیہ السلام کا قد ہمارے ساٹھ ہاتھ کا تھا، پھر نوح علیہ السلام کے زمانہ تک قد تیزی سے گھٹا، پھر موجودہ مقدار پر ٹھہر گیا، جیسے بچپن میں قد تیزی سے بڑھتا ہے، پھر بیس بائیس سال میں ٹھہر جاتا ہے یہ قد گھٹنے کی نظیر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۷۹- کتابُ الاستیذان

[۱-] بَابُ بَدْءِ السَّلاَمِ

[۶۲۲۷-] حَدَّثَنِیْ یَحْیَی بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " خلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِهِ، طُوْلُهُ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا، فَلَمَّا خلَقَهُ قَالَ: اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰی أُوْلٰئِكَ نَفَرٍ مِنَ الْمَلاَئِكَةِ جُلُوْسٍ فَاسْتَمِعْ مَا یُحَیُّوْنَكَ، فَإِنَّهَا تَحِیَّتُكَ وَتَحِیَّةُ

ذُرِّيَّتِكَ، فَقَالَ: السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ فَقَالُوْا: السَّلاَمُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، فَزَادُوْهُ: وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَكُلُّ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ آدَمَ، فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ بَعْدُ حَتَّى الآنَ"[راجع: ۳۳۲۶]

قوله: على صورته: ضمیر اللہ کی طرف لوٹتی ہے، اور اضافت تشریف کے لئے ہے یعنی بہترین صورت پر...... **على صورة آدم:** یعنی کالے گورے کا فرق مٹ جائے گا۔

بَابٌ

استیذان کی آیات واحکام

سورۃ النور کی آیات (۲۷-۲۹) ہیں: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَأْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰى أَهْلِهَا، ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَا أَحَدًا فَلاَ تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ، وَإِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ أَزْكٰى لَكُمْ، وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ﴾

ترجمہ: اے ایمان والو! نہ جاؤ تم اپنے گھروں کے علاوہ دوسرے گھروں میں یہاں تک کہ مانوس ہوجاؤ تم اور سلام کرلو ان کے رہنے والوں کو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے، شاید تم نصیحت پذیر ہوؤ ۝ پس اگر نہ پاؤ تم ان گھروں میں کسی کو تو مت جاؤ ان میں یہاں تک کہ اجازت دی جائے تمہیں، اور اگر تم سے کہا جائے کہ واپس جاؤ تو واپس ہوجاؤ، یہ بات تمہارے لئے بہتر ہے، اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے کاموں کی سب خبر ہے ۝ تم پر کچھ گناہ نہیں ایسے مکانوں میں داخل ہونے میں جن میں کوئی رہتا نہیں، ان میں تمہارے لئے کچھ برت ہے، اور تم جو کچھ علانیہ کرتے ہو اور جو کچھ پوشیدہ کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو سب معلوم ہے۔

تفسیر: ان آیات میں تین حکم ہیں:

۱- کسی کے یہاں جانا ہو تو پہلے انسیت حاصل کرلے، رابطہ قائم کرلے، وقت لے لے، پھر جب پہنچے تو سلام کرے، یہ بہتر طریقہ ہے، میں کسی کے یہاں بے اطلاع اور بے اجازت نہیں جاتا، اچانک پہنچ جاتا ہوں تو صاحب خانہ کو تقریب بہر ملاقات کے لئے تکلف کرنا پڑتا ہے، اور کوئی میرے یہاں بے اطلاع اور بے وقت لئے آدھمکتا ہے تو مجھے بہت پریشانی ہوتی ہے، اجازت تو دینی پڑتی ہے، مگر میں لکھنے میں مشغول ہوتا ہوں، ذہن ہٹانا دشوار ہوجاتا ہے، اور ملاقات میں مزہ نہیں آتا، چنانچہ میں گھنٹی بجاتا ہوں اور فوراً چائے منگواتا ہوں، آنے والے کو چائے پی کر جانا ہی ہے۔ اور کوئی پہلے سے اطلاع کرکے اور وقت لے کر آتا ہے تو ذہن اس کے انتظار میں رہتا ہے، اس لئے کوئی پریشانی نہیں ہوتی، جب وہ آکر سلام کرتا ہے تو اٹھ کر خوشی سے استقبال کرتا ہوں، اور دیر تک اس سے باتیں کرتا ہوں، پھر چائے پلاتا ہوں، انسیت حاصل کرنے کا یہ مطلب ہے۔

۲- کسی سے انسیت حاصل کئے بغیر ملنے گیا، صاحب خانہ موجود ہے تو بے اجازت گھر میں داخل نہ ہو، ملکِ غیر میں بدوں مالک کی اجازت کے تصرف کا حق نہیں، اور اگر صاحب خانہ موجود ہے، مگر ملنے کی پوزیشن (حالت) میں نہیں ہے، اور وہ گھر میں سے کہلوا دے یا خود نکل کر کہہ دے کہ اس وقت ملاقات نہیں ہوسکتی تو برا نہ مانے، واپس لوٹ جائے، کیونکہ قصور اس کا ہے، وہ انسیت پیدا کئے بغیر کیوں گیا؟ اور ضروری نہیں کہ صاحب خانہ ہر وقت ملنے کی پوزیشن میں ہو۔

لطیفہ: ایک صاحب کسی سے ملنے گئے، صاحبِ خانہ نے خود نکل کر کہا: میں گھر پر موجود نہیں ہوں، آنے والے نے کہا: واہ جناب! موجود ہیں اور کہہ رہے ہیں: موجود نہیں ہوں۔ صاحب خانہ نے کہا: فلاں وقت آپ نے بچہ کے ذریعہ کہلوایا تھا کہ ابا کہتے ہیں کہ میں گھر میں موجود نہیں ہوں، اور میں نے اس کی بات مان لی تھی، آج آپ میری بات کیوں نہیں مانتے!

۳- جس مکان میں کوئی خاص آدمی نہ رہتا ہو، جیسے مسجد، مدرسہ، خانقاہ، سرائے وغیرہ، وہاں کسی ضرورت سے جانا ہو تو اجازت لینے کی ضرورت نہیں، وہاں بے اجازت جا سکتے ہیں۔

ایک مسئلہ: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ (جلیل القدر تابعی) کے بھائی سعیدؒ نے پوچھا: غیر مسلم عورتیں اپنے سینوں اور سروں کو کھولتی ہیں یعنی وہ سامنے آئیں تو ہم کیا کریں؟ حسنؒ نے فرمایا: ''اپنی نظر پھیر لو'' یعنی وہ پردہ نہ کریں تو تم کرو۔

سوال: یہ مسئلہ یہاں کیوں بیان کیا؟ استیذان سے اس کا کیا تعلق ہے؟

جواب: کبھی آدمی کسی سے ملنے جاتا ہے، بیل بجاتا ہے، غیر مسلم یا بے دین مسلمان عورت کھلے سر اور کھلے چہرے سامنے آجاتی ہے: اس وقت کیا کیا جائے؟ اس وقت مرد اپنی نظر پھیر لے، اور کیا کرے؟ عورت پردہ نہ کرے تو مرد پردہ کرے۔

سوال: پردہ کرنا تو عورتوں کی ذمہ داری ہے، سورۃ الاحزاب (آیت ۵۹) میں ان کو حکم دیا ہے کہ وہ اپنے چہروں پر اپنے اوڑھنے قریب کرلیں یعنی چہرہ چھپا کر باہر نکلیں، مرد نظریں پھیر لیں: اس کی کیا دلیل ہے؟

جواب: اس کی دلیل قرآن میں بھی ہے اور دو حدیثیں بھی اس کی دلیل ہیں:

آیتِ کریمہ: سورۃ النور (آیت ۳۰) میں ہے: ''آپؐ مسلمان مردوں سے کہیں کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں'' —— قتادہؒ کہتے ہیں: جو چیز دیکھنا جائز نہیں اس کو نہ دیکھیں —— پھر اگلی آیت میں یہی حکم عورتوں کو دیا ہے، پس جب عورتیں اپنی ذمہ داری نہ سمجھیں تو مرد اپنی ذمہ داری نباہیں اور نظریں پھیر لیں۔

حدیث (۱): حجۃ الوداع میں جب نبی ﷺ مزدلفہ سے منیٰ کی طرف چلے ہیں تو اونٹ پر پیچھے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما بیٹھے تھے، وہ گورے چٹّے جوان تھے، راستہ میں قبیلۂ خثعم کی ایک نوجوان خوبصورت لڑکی نے مسئلہ پوچھا، وہ احرام میں تھی، اس لئے چہرہ کھلا تھا، پس فضل اس کو دیکھنے لگے اور وہ فضل کو، وہ مسئلہ تو حضور سے پوچھ رہی تھی مگر دیکھ فضل کو رہی تھی۔ اس موقع پر آپؐ نے فضل کا چہرہ پھیر دیا، کیونکہ لڑکی کے لئے مجبوری تھی، پس معلوم ہوا کہ عورت پردہ نہ کرسکے تو مرد چہرہ پھیر لے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے لوگوں کو راستوں پر بیٹھنے سے منع کیا، لوگوں نے عرض کیا: ہمارے پاس بیٹھنے کی اور جگہیں نہیں ہیں، ہم راستوں ہی پر بیٹھ کر باتیں کرتے ہیں (مجلسیں جماتے ہیں) آپؐ نے فرمایا: ''بیٹھنے کی مجبوری ہو تو بیٹھو، مگر راستہ کو اس کا حق دو'' لوگوں نے پوچھا: راستہ کا کیا حق ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''نگاہ نیچی رکھو (کوئی عورت گذرے تو اس کو مت دیکھو) اور تکلیف دہ چیز راستہ میں مت ڈالو، اور کوئی سلام کرے تو جواب دو، اور بھلائی کا حکم دو اور برائی سے روکو'' —— اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کے لئے تو مجبوری ہے، وہ تو گذرے گی، پس مردوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ نظریں نیچی رکھیں۔

سوال: اگر مرد منہ پھیر کر چوری سے دیکھے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ آنکھوں کی چوری کو اور سینوں کے بھیدوں کو جانتے ہیں، جیسا کہ سورۃ المؤمن (آیت ۱۹) میں ہے، اور آنکھوں کی چوری سے مراد ناجائز دیکھنا ہے یعنی اس کو آخرت میں سزا ملے گی۔

سوال: دروازے پر اگر نابالغ لڑکی آئے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہ سیانی (مشتہات) ہو تو اس کو دیکھنا بھی جائز نہیں، امام زہری رحمہ اللہ نے یہ مسئلہ بیان کیا ہے، اور حضرت عطاء بن ابی رباح مکی رحمہ اللہ نے فرمایا: مکہ میں جو باندیاں بکتی ہیں (عام طور پر سیانی لڑکیاں بکتی تھیں) ان کو دیکھنا بھی جائز نہیں، ہاں خریدنا ہو تو دیکھ سکتا ہے۔

ملحوظہ: باب پہلودار (مبہم) ہے اور تقریر میں تقدیم و تاخیر ہے، پس غور سے تقریر عبارت سے ملائیں۔

[۲-] بَابٌ

﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَأْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰى أَهْلِهَا، ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ○ فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَا أَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ، وَإِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ أَزْكٰى لَكُمْ، وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ○ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ﴾

وَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ أَبِي الْحَسَنِ لِلْحَسَنِ: إِنَّ نِسَاءَ الْعَجَمِ يَكْشِفْنَ صُدُوْرَهُنَّ وَرُءُ وْسَهُنَّ، قَالَ: اصْرِفْ بَصَرَكَ.

وَقَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ﴾ قَالَ قَتَادَةُ: عَمَّنْ لَا تَحِلُّ لَهُمْ. ﴿وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ﴾

﴿خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ﴾: النَّظَرَ إِلٰى مَا نُهِيَ عَنْهُ.

وَقَالَ الزُّهْرِيُّ فِي النَّظَرِ إِلَى الَّتِيْ لَمْ تَحِضْ مِنَ النِّسَاءِ: لَايَصْلُحُ النَّظَرُ إِلٰى شَيْئٍ مِنْهُنَّ مِمَّنْ يُشْتَهٰى

النَّظَرُ إِلَيْهِ، وَإِنْ كَانَتْ صَغِيْرَةً، وَكَرِهَ عَطَاءٌ النَّظَرَ إِلَى الْجَوَارِىْ يُبَعْنَ بِمَكَّةَ، إِلَّا أَنْ يُرِيْدَ أَنْ يَشْتَرِىَ.

[٦٢٢٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَرْدَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْفَضْلَ بْنَ عَبَّاسٍ يَوْمَ النَّحْرِ خَلْفَهُ عَلٰى عَجُزِ رَاحِلَتِهِ، وَكَانَ الْفَضْلُ رَجُلاً وَضِيْئًا، فَوَقَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِلنَّاسِ يُفْتِيْهِمْ، فَأَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمَ وَضِيْئَةٌ تَسْتَفْتِىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَطَفِقَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا، وَأَعْجَبَهُ حُسْنُهَا، فَالْتَفَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَالْفَضْلُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا، فَأَخْلَفَ يَدَهُ فَأَخَذَ بِذَقَنِ الْفَضْلِ، فَعَدَلَ وَجْهَهُ عَنِ النَّظَرِ إِلَيْهَا، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ فَرِيْضَةَ اللّٰهِ فِى الْحَجِّ عَلٰى عِبَادِهِ أَدْرَكَتْ أَبِىْ شَيْخًا كَبِيْرًا، لَا يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَسْتَوِىَ عَلَى الرَّاحِلَةِ، فَهَلْ يَقْضِى عَنْهُ أَنْ أَحُجَّ عَنْهُ؟ قَالَ: " نَعَمْ" [راجع: ١٥١٣]

[٦٢٢٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِيَّاكُمْ وَالْجُلُوْسَ بِالطُّرُقَاتِ" فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَالَنَا مِنْ مَجَالِسِنَا بُدٌّ نَتَحَدَّثُ فِيْهَا، قَالَ: " فَإِذَا أَبَيْتُمْ إِلَّا الْمَجْلِسَ فَأَعْطُوْا الطَّرِيْقَ حَقَّهُ" قَالُوْا: وَمَا حَقُّ الطَّرِيْقِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " غَضُّ الْبَصَرِ، وَكَفُّ الْأَذٰى، وَرَدُّ السَّلَامِ، وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْىُ عَنِ الْمُنْكَرِ" [راجع: ٢٤٦٥]

بَابٌ: السَّلَامُ اسْمٌ مِنْ أَسْمَاءِ اللّٰهِ

السَّلَام: اللہ تعالیٰ کی صفت ہے

باب میں حدیث ہی کے الفاظ ہیں (حاشیہ) اور اللہ تعالیٰ کی اس صفت کا ذکر سورۃ الحشر (آیت ۲۳) میں ہے اور اس کے معنی ہیں: سالم، یعنی سب عیوب وآفات سے سالم، کوئی عیب نہ اس کی بارگاہ تک پہنچا نہ پہنچے! —— اور بندوں کے تعلق سے اس کے معنی ہیں: زندہ سلامت رہنا۔

آیتِ کریمہ: سورۃ النساء کی (آیت ۸۶) ہے: ﴿وَإِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوْهَا﴾: اور جب زندہ رہنے کی خاص دعا دیئے جاؤ تم تو اس سے بہتر الفاظ میں جواب دو یا اسی کو الٹ دو —— خاص دعا: یعنی لفظ سلام سے دعا دی جائے، سلام کرنے والا کہے: السلام علیکم: تم زندہ سلامت رہو! تو تم جواب دو: وعلیکم السلام: اور تم بھی زندہ سلامت رہو، یا ورحمۃ اللہ بڑھاؤ یعنی اور تم پر اللہ کی مہربانی بھی ہو، اور اگر سلام کرنے والا ورحمۃ اللہ بھی کہے تو اسی کو لوٹا دو، یا وبرکاتہ بڑھاؤ یعنی تم کو اللہ تعالیٰ برکتوں سے نوازیں، اور اگر سلام کرنے والا وبرکاتہ بھی کہے تو اب تم

اسی کولوٹادو یاو مغفرتہ بڑھاؤ یعنی اللہ تمہارے گناہ معاف کریں، اس سے آگے روایت نہیں آئی۔

اور حدیث پہلے آئی ہے، شروع میں قعدہ میں السلام علی اللہ کہتے تھے، آپؐ نے فرمایا: یہ تو حمل الشئ علی نفسہ ہے، سلام تو اللہ کی صفت ہے، اس کی جگہ اللہ تعالیٰ کو اس طرح سلام کرو التحیات للہ و الصلوات و الطیبات: تمام قولی، فعلی اور مالی عبادتیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو سلام کرنے کا یہ طریقہ ہے، پھر حضور کو اور دوسرے نیک بندوں کو سلام کرنے کا طریقہ سکھلایا ہے، اور آخر میں شہادتین کا اضافہ کیا ہے، کیونکہ وہی دین کے دو بنیادی عقیدے ہیں۔

[۳-] بَابٌ: السَّلَامُ اسْمٌ مِنْ أَسْمَاءِ اللّٰهِ

﴿وَإِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوْهَا﴾

[۶۲۳۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَال: حَدَّثَنِيْ شَقِيْقٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قُلْنَا: السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ قِبَلَ عِبَادِهِ، السَّلَامُ عَلٰى جَبْرَئِيْلَ، السَّلَامُ عَلٰى مِيْكَائِيْلَ، السَّلَامُ عَلٰى فُلَانٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ، فَإِذَا جَلَسَ أَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلْيَقُلِ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، فَإِنَّهُ إِذَا قَالَ ذٰلِكَ أَصَابَ كُلَّ عَبْدٍ صَالِحٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، ثُمَّ يَتَخَيَّرُ بَعْدُ مِنَ الْكَلَامِ مَاشَاءَ"[راجع: ۸۳۱]

بَابُ تَسْلِيْمِ الْقَلِيْلِ عَلَى الْكَثِيْرِ

تھوڑے زیادہ کو سلام کریں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''چھوٹا بڑے کو سلام کرے، اور گذرنے والا بیٹھے ہوؤں کو سلام کرے، اور تھوڑے زیادہ کو سلام کریں'' تھوڑے: تھوڑے ہونے کی وجہ سے ادنی ہیں، پس وہ زیادہ کو سلام کریں — تفصیل آگے تین ابواب کے بعد آرہی ہے۔

[۴-] بَابُ تَسْلِيْمِ الْقَلِيْلِ عَلَى الْكَثِيْرِ

[۶۲۳۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ، وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ"[أطرافه: ۶۲۳۲، ۶۲۳۳، ۶۲۳۴]

بَابٌ: يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلٰى الْمَاشِيْ

سوار پیدل کوسلام کرے

سوارلوگوں کے نزدیک اہمیت والاسمجھا جاتا ہے،اوروہ بھی خودکو بڑاسمجھتا ہے،اس لئے وہ اپنے اندرتواضع پیدا کرے اور پیدل کوسلام کرے۔

[٥-] بَابٌ: يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلٰى الْمَاشِيْ

[٦٢٣٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَخْلَدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زِيَادٌ، أَنَّـهُ سَمِعَ ثَابِتًا مَوْلَى ابْنِ زَيْدٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلٰى الْمَاشِيْ، وَالْمَاشِيْ عَلٰى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيْلُ عَلٰى الْكَثِيْرِ"[راجع: ٦٢٣١]

بَابٌ: يُسَلِّمُ الْمَاشِيْ عَلَى الْقَاعِدِ

پیدل بیٹھے ہوؤں کوسلام کرے

چلنے والا گھر میں داخل ہونے والے کے مشابہ ہے،اور بیٹھے ہوئے گھر والوں کے مشابہ ہیں،اور گھر میں آنے والا سلام کرتا ہے،پس گذرنے والا بیٹھے ہوؤں کوسلام کرے۔

[٦-] بَابٌ: يُسَلِّمُ الْمَاشِيْ عَلَى الْقَاعِدِ

[٦٢٣٣-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زِيَادٌ، أَنَّ ثَابِتًا أَخْبَرَهُ، وَهُوَ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّـهُ قَالَ:" يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلٰى الْمَاشِيْ، وَالْمَاشِيْ عَلٰى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيْلُ عَلٰى الْكَثِيْرِ"[راجع: ٦٢٣١]

بَابٌ: يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلٰى الْكَبِيْرِ

چھوٹا بڑے کوسلام کرے

چھوٹا ادنی ہے پس وہ افضل (بڑے) کوسلام کرے۔

تشریح: سلام کرنے میں پہل کون کرے؟ اس سلسلہ میں بنیادی ضابطہ یہ ہے کہ چھوٹا بڑے کو اور کم تر بہتر کوسلام

کرے، یہی فطری طریقہ ہے، مگر کہیں نبی ﷺ نے بہتر کو حکم دیا کہ وہ سلام کرنے میں پہل کرے، تاکہ اس میں خاکساری پیدا ہو، جیسے سوار کو حکم دیا کہ وہ پیدل کو سلام کرے، اور آپؐ خود بچوں کو سلام کرتے تھے، تفصیل رحمۃ اللہ (۵۴۶:۵) اور تحفۃ الالمعی (۴۸۲:۶) میں ہے۔

[۷-] بَابٌ: يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ

[٦٢٣٤-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ، وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ "[راجع: ٦٢٣١]

بَابُ إِفْشَاءِ السَّلاَمِ

سلام کو پھیلانا

دنیا کی تمام متمدن قوموں میں ملاقات کے وقت جذبہ خیر اندیشی کے اظہار کا رواج ہے، اسلام سے پہلے عرب بھی اس مقصد سے مختلف کلمات استعمال کرتے تھے، جیسے أَنْعَمَ اللّٰه بك عَيْنًا: اللہ آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈک نصیب کریں، اور أَنْعِمْ صَبَاحًا: تمہاری صبح خوشگوار ہو، اسلام نے ان کے بجائے السلام علیکم کہنے کا حکم دیا، اس سے بہتر کلمہ خیر اندیشی کے اظہار کے لئے نہیں ہوسکتا، اس کا مطلب ہے: اللہ تمہیں سلامت (زندہ) رکھیں اور ہر مکروہ (ناپسندیدہ بات) سے محفوظ رکھیں، اس طریقۂ سلام کو خوب پھیلایا جائے، اور اس کی ایسی کثرت ہو کہ فضاء اس کے زمزمہ (نغمہ) سے معمور ہوجائے، ترمذی شریف میں روایت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "لوگو! مہربان اللہ کی عبادت کرو، (غریبوں کو) کھانا کھلاؤ، اور سلام کو خوب پھیلاؤ، سلامتی کے ساتھ جنت میں پہنچ جاؤ گے" —— اور امام صاحب حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث لائے ہیں جو بار بار گذری ہے، اس میں سلام کو پھیلانے کا حکم ہے۔

[۸-] بَابُ إِفْشَاءِ السَّلاَمِ

[٦٢٣٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ ابْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعٍ: بِعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ، وَاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ، وَنَصْرِ الضَّعِيْفِ، وَعَوْنِ الْمَظْلُوْمِ؛ وَإِفْشَاءِ السَّلاَمِ، وَإِبْرَارِ الْمُقْسِمِ، وَنَهَى عَنِ الشُّرْبِ فِي الْفِضَّةِ، وَنَهَى عَنْ تَخَتُّمِ الذَّهَبِ، وَعَنْ رُكُوْبِ الْمَيَاثِرِ، وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ، وَالدِّيْبَاجِ، وَالْقَسِّيِّ، وَالإِسْتَبْرَقِ. [راجع: ١٢٣٩]

بَابُ السَّلَامِ لِلْمَعْرِفَةِ وَغَيْرِ الْمَعْرِفَةِ

مسلمان کوسلام کرو، خواہ جان پہچان ہو یا نہ ہو

سلام تحیۂ اسلام ہے، سلام کرنے کے لئے معرفت (پہچان) ضروری نہیں، جو بھی مسلمان ہو اس کو سلام کرنا چاہئے، اگر پہلے سے کوئی تعارف نہیں ہے تو یہ کلمہ ہی تعلق کا وسیلہ بن جائے گا، تجربہ کرکے دیکھ لو۔ ایک شخص نے پوچھا: کونسا اسلام یعنی اسلامی عمل بہتر ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم (غریبوں کو) کھانا کھلاؤ، اور سلام کرو خواہ پہچان ہو یا نہ ہو'' اور دوسری حدیث میں ہے: کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے (مسلمان) بھائی سے تین دن سے زیادہ بائیکاٹ رکھے، دونوں ملیں: پس یہ روگردانی کرے، اور وہ روگردانی کرے! اور دونوں میں بہتر وہ ہے جو سلام کرنے میں ابتدا کرے'' یہ حدیث سفیانؒ نے زہریؒ سے تین مرتبہ سنی ہے —— جب ترکِ تعلق کی صورت میں بڑھ کر سلام کرنا چاہئے تو عدم تعلق (عدم معرفت) کی صورت میں بھی بڑھ کر سلام کرنا چاہئے، اور وہی بہتر ہوگا۔

[۹-] بَابُ السَّلَامِ لِلْمَعْرِفَةِ وَغَيْرِ الْمَعْرِفَةِ

[۶۲۳۶-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الإِسْلَامِ خَيْرٌ؟ قَالَ: " تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ، وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ" [راجع: ۱۲]

[۶۲۳۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لَايَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ، يَلْتَقِيَانِ: فَيَصُدُّ هٰذَا وَيَصُدُّ هٰذَا، وَخَيْرُهُمَا الَّذِيْ يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ" وَذَكَرَ سُفْيَانُ أَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ [راجع: ۶۰۷۷]

بَابُ آيَةِ الْحِجَابِ

حجاب (پردہ) کی آیت

استیذان کی ایک حکمت حجاب بھی ہے، کوئی کسی کے گھر میں بے اجازت نہ جائے تا کہ بے پردگی نہ ہو، اس لئے یہاں یہ باب لائے ہیں۔ حجاب کی آیت سورۃ الاحزاب کی (آیت ۵۹) ہے، اور سورۃ النور کی (آیت ۳۱) حجاب کی آیت نہیں، اس سلسلہ میں مفصل گفتگو تحفۃ القاری (۹: ۴۴۴) میں آچکی ہے، اور حدیثیں بھی سب گذر چکی ہیں۔

[۱۰-] بَابُ آيَةِ الْحِجَابِ

[۶۲۳۸-] أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى ابْنُ

سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّهُ كَانَ ابْنَ عَشْرِ سِنِيْنَ مَقْدَمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، فَخَدَمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَشْرًا حَيَاتَهُ، وَكُنْتُ أَعْلَمَ النَّاسِ بِشَأْنِ الْحِجَابِ حِيْنَ أُنْزِلَ، وَقَدْ كَانَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يَسْأَلُنِيْ عَنْهُ، وَكَانَ أَوَّلَ مَا نَزَلَ فِيْ مُبْتَنَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، أَصْبَحَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِهَا عَرُوْسًا، فَدَعَا الْقَوْمَ فَأَصَابُوْا مِنَ الطَّعَامِ ثُمَّ خَرَجُوْا، وَبَقِيَ مِنْهُمْ رَهْطٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَطَالُوْا الْمُكْثَ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَخَرَجَ، وَخَرَجْتُ مَعَهُ كَيْ يَخْرُجُوْا، فَمَشَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَشَيْتُ مَعَهُ حَتّٰى جَاءَ عَتَبَةَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، ثُمَّ ظَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُمْ خَرَجُوْا فَرَجَعَ وَرَجَعْتُ مَعَهُ، حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى زَيْنَبَ فَإِذَا هُمْ جُلُوْسٌ لَمْ يَتَفَرَّقُوْا، فَرَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَرَجَعْتُ مَعَهُ، حَتّٰى بَلَغَ عَتَبَةَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، فَظَنَّ أَنْ قَدْ خَرَجُوْا، فَرَجَعَ فَرَجَعْتُ مَعَهُ، فَإِذَا هُمْ قَدْ خَرَجُوْا، فَأُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَضَرَبَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ سِتْرًا.[راجع: ٤٧٩١]

[٦٢٣٩-] حدثنا أَبُوْ نُعْمَانٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ أَبِيْ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مِجْلَزٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا تَزَوَّجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم زَيْنَبَ دَخَلَ الْقَوْمُ فَطَعِمُوا، ثُمَّ جَلَسُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ، فَأَخَذَ كَأَنَّهُ يَتَهَيَّأُ لِلْقِيَامِ فَلَمْ يَقُوْمُوْا، فَلَمَّا رَأَى قَامَ، فَلَمَّا قَامَ قَامَ مَنْ قَامَ مِنَ الْقَوْمِ وَقَعَدَ بَقِيَّةُ الْقَوْمِ، وَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم جَاءَ لِيَدْخُلَ، فَإِذَا الْقَوْمُ جُلُوْسٌ، ثُمَّ إِنَّهُمْ قَامُوْا فَانْطَلَقُوْا، فَأَخْبَرْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَجَاءَ حَتّٰى دَخَلَ، فَذَهَبْتُ أَدْخُلُ فَأَلْقَى الْحِجَابَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ:﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ﴾ الآيَةَ.[الأحزاب: ٥٣] [راجع: ٤٧٩١]

[٦٢٤٠-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ، حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ: أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: احْجُبْ نِسَاءَكَ، قَالَتْ: فَلَمْ يَفْعَلْ، وَكَانَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَخْرُجْنَ لَيْلًا إِلٰى لَيْلٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ، خَرَجَتْ سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ، وَكَانَتِ امْرَأَةً طَوِيْلَةً، فَرَآهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ فِي الْمَجْلِسِ فَقَالَ: عَرَفْتُكِ يَا سَوْدَةُ! حِرْصًا عَلٰى أَنْ يَنْزِلَ الْحِجَابُ.[راجع: ١٤٦]

تنبیہ: پہلی حدیث کے شروع میں امام بخاری رحمہ اللہ کا نام کسی شاگرد نے بڑھایا ہے۔

بَابُ الِاسْتِئْذَانِ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

اجازت طلبی کا حکم اس لئے ہے کہ نظر نہ پڑے

استیذان کا حکم اس لئے ہے کہ کسی کی پوشیدہ بات پر نظر نہ پڑے، اور پہلی حدیث پہلے آئی ہے، ایک شخص نبی ﷺ

کے گھر میں دیکھ بھی رہا تھا اور اجازت بھی مانگ رہا تھا، آپؐ کے ہاتھ میں کنگھا تھا، آپؐ نے فرمایا: ''اگر میں جانتا کہ تو دیکھ رہا ہے تو میں تیری آنکھ میں کنگھا مارتا (اور اس کو پھوڑ دیتا) استیذان کا حکم نظر کی وجہ سے ہے!''

[۱۱-] بَابُ الِاسْتِئْذَانِ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

[۶۲۴۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: حَفِظْتُهُ كَمَا أَنَّكَ هَاهُنَا: عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: اطَّلَعَ رَجُلٌ مِنْ جُحْرٍ فِيْ حُجَرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: '' لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُ لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ'' [راجع: ۵۹۲۴]

لغت: مِدْرًی: کنگھا، خواہ لوہے کا ہو یا لکڑی کا۔

آئندہ حدیث: ایک شخص نے نبی ﷺ کے کسی گھر میں جھانکا، پس آپؐ اس کی طرف چوڑے پھل کا نیزہ لے کر اٹھے، انسؓ کہتے ہیں: میں گویا آپؐ کو دیکھ رہا ہوں (یہ واقعہ کے استحضار کے لئے کہا ہے) آپؐ اس کو غفلت میں بھالا مارنا چاہتے تھے (مگر وہ بچ گیا)

[۶۲۴۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ بَعْضِ حُجَرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَامَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِمِشْقَصٍ أَوْ: بِمَشَاقِصَ، فَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ، يَخْتِلُ الرَّجُلَ لِيَطْعَنَهُ. [طرفاه: ۶۸۸۹، ۶۹۰۰]

بَابُ زِنَا الْجَوَارِحِ دُوْنَ الْفَرْجِ

شرمگاہ سے پہلے اعضاء بھی زنا کرتے ہیں

زنا: شرمگاہ کا فعل ہی نہیں، نظر وغیرہ بھی زنا کرتے ہیں، اس لئے اجازت طلبی ضروری قرار دی گئی تا کہ یہ جھوٹے زنا وجود میں نہ آئیں، سورۃ النجم (آیت ۳۲) میں ہے: ﴿الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ﴾: جو لوگ کبیرہ گناہوں سے بچتے ہیں، مگر ہلکے ہلکے گناہ مستثنیٰ ہیں (اللہ تعالیٰ ان کو بخش دیں گے) ابن عباسؓ نے فرمایا: لَمَم کی بہترین تفسیر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے انسان پر اس کا زنا کا حصہ لکھ دیا ہے، پہنچے گا وہ اس کو لامحالہ، پس آنکھ کا زنا دیکھنا ہے اور زبان کا بات کرنا، اور نفس آرزو اور خواہش کرتا ہے (یہ اس کا زنا ہے) شرمگاہ اس پر صاد کرتی ہے یا اس کو ریجکٹ (ردّ) کرتی ہے (اس حدیث سے ثابت ہوا کہ شرمگاہ کے علاوہ اعضاء بھی زنا کرتے ہیں، ان سے بچنے کے لئے استیذان کا حکم دیا ہے)

[۱۲-] بَابُ زِنَا الْجَوَارِحِ دُوْنَ الْفَرْجِ

[۶۲۴۳-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمْ أَرَ شَيْئًا أَشْبَهَ بِاللَّمَمِ مِنْ قَوْلِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ،عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ،عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،قَالَ:مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَشْبَهَ بِاللَّمَمِ مِمَّا قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ:عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:"إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلٰى ابْنِ آدَمَ حَظَّهُ مِنَ الزِّنَا،أَدْرَكَ ذٰلِكَ لَامَحَالَةَ،فَزِنَا الْعَيْنِ النَّظَرُ،وَزِنَا اللِّسَانِ النُّطْقُ، وَالنَّفْسُ تَمَنَّى وَتَشْتَهِيْ، وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذٰلِكَ وَيُكَذِّبُهُ"[طرفه: ۶۶۱۲]

بَابُ التَّسْلِيْمِ وَالِاسْتِئْذَانِ ثَلاَثًا

تین مرتبہ سلام کرے اور اجازت طلب کرے

استیذان کے آداب میں سے ہے کہ تین مرتبہ مناسب وقفہ سے سلام کرے/ دروازہ ٹھوکے/ بیل بجائے،کوئی جواب نہ ملے تو واپس لوٹ جائے، یہ سمجھے کہ صاحبِ خانہ موجود نہیں یا ملنے کی پوزیشن میں نہیں، دروازہ پر اڑا نہ رہے،لوٹ جائے۔

حدیث (۱): انسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب سلام کرتے تھے تو تین مرتبہ سلام کرتے تھے (یہ سلام استیذان ہے،سلام داخل نہیں، کچھ لوگوں نے حدیث کو غلط سمجھا ہے،ابن القیمؒ نے ان کی تردید کی ہے،امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں حدیث لاکر اس کا مصداق متعین کیا ہے) اور جب بات کرتے تو اس کو تین مرتبہ لوٹاتے (یہ بھی عام نہیں، اہم بات کو تین مرتبہ بیان کرتے تھے)

حدیث (۲): حضرت عمر اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما کے درمیان دوستی تھی،ایک مرتبہ حضرت عمرؓ نے ان کو بلوایا،وہ آئے اور تین مرتبہ سلام کیا،اندر سے کوئی جواب نہیں آیا تو لوٹ گئے،حضرت عمرؓ بیت الخلاء میں ہونگے،جب نکلے تو فرمایا: دیکھو،دروازے پر ابوموسیٰ ہیں ان کو بلاؤ، دیکھا تو دروازے پر کوئی نہیں، پھر آدمی بھیج کر ان کو بلایا،اور پوچھا آپ لوٹ کیوں گئے؟ انھوں نے کہا: میں نے تین مرتبہ اجازت طلب کی، جواب نہ ملا تو میں لوٹ گیا، پھر حدیث سنائی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب تم میں سے کوئی تین مرتبہ اجازت طلب کرے پس اس کو اجازت نہ دی جائے تو لوٹ جائے،حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: گواہ لاؤ،جس نے یہ حدیث تمہارے علاوہ سنی ہو؟ ابوموسیٰ گھبرائے ہوئے انصار کی ایک مجلس میں پہنچے،اوران سے پوچھا: آپ لوگوں میں سے کسی نے یہ حدیث سنی ہے؟ انصار نے کہا: ہم نے سب نے سنی ہے،اور آپ کے ساتھ ہمارا سب سے چھوٹا جائے گا اور گواہی دے گا،اس مجلس میں سب سے چھوٹے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ تھے،انھوں نے جاکر گواہی دی،امام بخاریؒ فرماتے ہیں: حضرت عمرؓ نے بات پختہ کرنے کے لئے گواہ طلب کیا تھا،اس وجہ سے گواہ طلب نہیں کیا تھا کہ خبر واحد (ایک کی روایت) معتبر نہیں (اور حضرت علی رضی اللہ عنہ حدیث بیان کرنے

والے کوقسم کھلاتے تھے، یہ احتیاطی ضوابط اصولِ حدیث میں نہیں لئے گئے، کیونکہ دیانات میں ایک دیندار معتبر آدمی کی خبر معتبر ہے اور دیانات میں قسم نہیں کھلائی جاتی، معاملات میں کھلائی جاتی ہے)

[١٣-] بَابُ التَّسْلِيْمِ وَالِاسْتِئْذَانِ ثَلاَثًا

[٦٢٤٤-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا سَلَّمَ سَلَّمَ ثَلاَثًا، وَإِذَا تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ أَعَادَهَا ثَلاَثًا. [راجع: ٩٤]

[٦٢٤٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كُنْتُ فِي مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ الْأَنْصَارِ إِذْ جَاءَ أَبُوْ مُوْسَى كَأَنَّهُ مَذْعُوْرٌ، فَقَالَ: اسْتَأْذَنْتُ عَلٰى عُمَرَ ثَلاَثًا، فَلَمْ يُؤْذَنْ لِيْ، فَرَجَعْتُ، وَقَالَ: مَا مَنَعَكَ؟ قُلْتُ: اسْتَأْذَنْتُ ثَلاَثًا، فَلَمْ يُؤْذَنْ لِيْ، فَرَجَعْتُ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا اسْتَأْذَنَ أَحَدُكُمْ ثَلاَثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَلْيَرْجِعْ" فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَتُقِيْمَنَّ عَلَيْهِ بَيِّنَةً، أَمِنْكُمْ أَحَدٌ سَمِعَهُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ: وَاللّٰهِ لاَ يَقُوْمُ مَعَكَ إِلَّا أَصْغَرُ الْقَوْمِ، فَكُنْتُ أَصْغَرَ الْقَوْمِ، فَقُمْتُ مَعَهُ فَأَخْبَرْتُ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ ذٰلِكَ.

وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ بِهٰذَا. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَرَادَ عُمَرُ التَّثَبُّتَ، لاَ أَنْ لَّا يُجِيْزَ خَبَرَ الْوَاحِدِ. [راجع: ٢٠٦٢]

بَابٌ: إِذَا دُعِيَ الرَّجُلُ فَجَاءَ هَلْ يَسْتَأْذِنُ؟

کوئی بلایا ہوا آئے تو اجازت لے؟

جس شخص کو کسی کے ذریعہ بلایا گیا، اگر وہ قاصد کے ساتھ آئے تو اس کو اجازت لینے کی ضرورت نہیں، اس کی طرف قاصد بھیجنا ہی اجازت ہے، حدیث میں ہے: '' آدمی کا آدمی کی طرف قاصد بھیجنا اجازت ہے'' (مشکات حدیث ۴۶۷۲) اور ایک روایت میں ہے: ''جو آدمی بلایا جائے، اور وہ قاصد کے ساتھ آئے تو یہی اس کے لئے اندر آنے کی اجازت ہے'' (حوالہ بالا) اور اگر بلایا ہوا آدمی بعد میں آئے تو اجازت لے کر آئے، نبی ﷺ نے اصحابِ صفہ کو بلایا، جب وہ آئے تو انھوں نے اجازت لی (باب کی دوسری حدیث)

[١٤-] بَابٌ: إِذَا دُعِيَ الرَّجُلُ فَجَاءَ هَلْ يَسْتَأْذِنُ؟

وَقَالَ سَعِيْدٌ: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " هُوَ إِذْنُهُ"

[٦٢٤٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ، حَ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُجَاهِدٌ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَوَجَدَ لَبَنًا فِيْ قَدَحٍ، فَقَالَ: "أَبَا هِرٍّ! اِلْحَقْ أَهْلَ الصُّفَّةِ فَادْعُهُمْ إِلَيَّ" فَأَتَيْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ، فَأَقْبَلُوْا، فَاسْتَأْذَنُوْا فَأُذِنَ لَهُمْ، فَدَخَلُوْا. [راجع: ٥٣٧٥]

بَابُ التَّسْلِيْمِ عَلَى الصِّبْيَانِ

بچوں کوسلام کرنا

بڑوں کا چھوٹوں کوسلام کرنا تواضع (خاکساری) کی دلیل ہے، نبی ﷺ بچوں کوسلام کرتے تھے، حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی آپؐ کی پیروی میں بچوں کوسلام کرتے تھے، اوراس میں بچوں کی تربیت بھی ہے، وہ سلام کرنا سیکھیں گے۔

[١٥-] بَابُ التَّسْلِيْمِ عَلَى الصِّبْيَانِ

[٦٢٤٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَيَّارٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّهُ مَرَّ عَلَى صِبْيَانٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، وَقَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُهُ.

بَابُ تَسْلِيْمِ الرِّجَالِ عَلَى النِّسَاءِ، وَالنِّسَاءِ عَلَى الرِّجَالِ

مردوں کا عورتوں کواور عورتوں کومردوں کوسلام کرنا

جس طرح مردوں کے لئے ضروری ہے کہ آپس میں ایک دوسرے کوسلام کریں، اورسلام کوخوب رواج دیں، اسی طرح عورتوں کے لئے بھی یہ بات ضروری ہے، ان کوبھی چاہئے کہ آپس میں ایک دوسرے کوخوب سلام کریں، رہا مردوں کا عورتوں کو، اورعورتوں کا مردوں کوسلام کرنا تو یہ دوصورتوں میں جائز ہے: ایک: مردوزن محرم ہوں یا میاں بیوی ہوں، یا عورت بہت بوڑھی ہو، یا چھوٹی بچی ہوتو ایک دوسرے کوسلام کرنا جائز ہے۔ دوم: عورت اجنبی ہو، مگراس کوسلام کرنے میں، یا اس کے سلام کرنے میں کوئی تہمت کا اندیشہ نہ ہو، مثلاً: عورتوں کا مجمع ہواوران کوکوئی مردسلام کرے، یا محرم کی موجودگی میں اجنبی عورت کوسلام کرے، یا کوئی عورت مردوں کے مجمع کوسلام کرے تو یہ جائز ہے، کیونکہ ان صورتوں میں فساد کا کوئی اندیشہ نہیں۔

باب میں پہلی حدیث ہے: صحابہ اس بڑھیا کوسلام کیا کرتے تھے جو ہر جمعہ کوان کے لئے کھچڑا پکاتی تھی، اور باب کی دوسری حدیث ہے: حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کے ذریعہ حضرت عائشہؓ کوسلام کہلوایا، اس لئے امام نوویؒ لکھتے ہیں: "اگر عورتوں کی جماعت ہوتو مردان کوسلام کرسکتا ہے، اوراگر عورت ایک ہوتو اس کوعورتیں، اس کا شوہر، اس کا آقا اوراس کا

محرم سلام کرسکتا ہے، خواہ عورت خوبصورت ہو یا نہ ہو، رہا اجنبی شخص تو اگر عورت ایسی بڑھیا ہو جو چاہی نہ جاتی ہو تو اس کو سلام کرنا مستحب ہے، اور وہ بھی مرد کو سلام کرسکتی ہے، اور جو بھی ایک دوسرے کو سلام کرے اس کا جواب دینا ضروری ہے، اور اگر عورت جوان ہو، یا ایسی بوڑھی ہو جسے چاہا جاتا ہو تو اس کو اجنبی شخص سلام نہیں کرے گا، اور نہ وہ اجنبی شخص کو سلام کرے گی، اور ان میں سے جو بھی ایک دوسرے کو سلام کرے وہ جواب کا مستحق نہیں، بلکہ اس کو جواب دینا مکروہ ہے" (نووی شرح مسلم شریف)

[۱٦-] بَابُ تَسْلِيْمِ الرِّجَالِ عَلَى النِّسَاءِ، وَالنِّسَاءِ عَلَى الرِّجَالِ

[۶۲۴۸-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: كُنَّا نَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَ: كَانَتْ عَجُوْزٌ لَنَا تُرْسِلُ إِلَى بُضَاعَةَ – قَالَ ابْنُ مَسْلَمَةَ: نَخْلٌ بِالْمَدِيْنَةِ– فَتَأْخُذُ مِنْ أُصُوْلِ السِّلْقِ فَتَطْرَحُهُ فِي قِدْرٍ، وَتُكَرْكِرُ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيْرٍ، فَإِذَا صَلَّيْنَا الْجُمُعَةَ انْصَرَفْنَا نُسَلِّمُ عَلَيْهَا فَتُقَدِّمُهُ إِلَيْنَا، فَنَفْرَحُ مِنْ أَجْلِهِ، وَمَا كُنَّا نَقِيْلُ وَلاَ نَتَغَدَّى إِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ. [راجع: ۹۴۸]

[۶۲۴۹-] حدثنا ابْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " يَاعَائِشَةُ! هٰذَا جِبْرَئِيْلُ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلاَمَ" قَالَتْ: قُلْتُ: وَعَلَيْهِ السَّلاَمُ وَرَحْمَةُ اللهِ، تَرَى مَالاَ نَرَى، تُرِيْدُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم. تَابَعَهُ شُعَيْبٌ، وَقَالَ يُوْنُسُ، وَالنُّعْمَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: وَبَرَكَاتُهُ. [راجع: ۳۲۱۷]

لغت: تُكَرْكِرُ: پیستی تھی۔

بَابٌ: إِذَا قَالَ: مَنْ ذَا؟ فَقَالَ: أَنَا!

کون؟ کا جواب: میں! دینا

کون؟ کا جواب واضح دیا جائے، جس سے صاحبِ خانہ پہچان لے کہ کون ہے؟ میں! مہمل جواب ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ ابا کے قرض کے سلسلہ میں نبی ﷺ کے پاس آئے، دروازہ کھٹکھٹایا، آپؐ نے پوچھا: کون؟ انھوں نے کہا: میں! آپ نے فرمایا: میں میں! گویا آپؐ نے اس جواب کو ناپسند کیا۔

[۱۷-] بَابٌ: إِذَا قَالَ: مَنْ ذَا؟ فَقَالَ: أَنَا!

[۶۲۵۰-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي دَيْنٍ كَانَ عَلَى أَبِي، فَدَفَعْتُ الْبَابَ، فَقَالَ: " مَنْ ذَا؟" فَقُلْتُ: أَنَا! فَقَالَ: " أَنَا أَنَا!" كَأَنَّهُ كَرِهَهَا. [راجع: ۲۱۲۷]

بَابُ مَنْ رَدَّ فَقَالَ: عَلَيْكَ السَّلَامُ

ایک رائے یہ ہے کہ سلام کے جواب میں علیک السلام کہنا جائز ہے

یہ رائے صحیح ہے، علیكَ السلام سے سلام کرنا تو مکروہ ہے، امام احمد اور حاکم رحمہما اللہ کی روایت ہے: جابر بن سُلیم هُجَيْمِیْ نے مدینہ کے کسی راستہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا: علیكَ السلامُ یارسول الله! آپ نے فرمایا: علیك السلام تحیةُ المیت، سلام علیکم، سلام علیکم، سلام علیکم أی ھکذا (درمنثور ۲:۱۶۱) مگر جواب میں السلام علیك اور علیك السلام (واو کے ساتھ اور بغیر واو کے) کہنا جائز ہے، احادیث سے ان لفظوں سے جواب دینا ثابت ہے (اور مخاطب کے اعتبار سے ضمیر بدلیں گے) (۱) صدیقہؓ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے سلام کا جواب دیا تھا: وعلیه السلام ورحمة الله وبركاته (۲) فرشتوں نے آدم علیہ السلام کے سلام کا جواب دیا تھا: السلام علیك ورحمة الله (۳) حضرت خلاد بن رافعؓ نے تعدیلِ ارکان کے بغیر نماز پڑھ کر آکر سلام کیا، تو آپ نے جواب دیا: وعلیك السلام (واو کے ساتھ اور روایات میں واؤ کے بغیر بھی آیا ہے)

فائدہ (۱): حدیث میں ثم اقرأ بما تَيَسَّر معك من القرآن ہے، اس سے معلوم ہوا کہ نماز میں فاتحہ فرض نہیں۔

فائدہ (۲): حدیث کے آخری جملہ میں راویوں میں اختلاف ہے، عبداللہ بن منیر کی روایت میں ثم ارفع حتی تطمئن جالسا ہے یعنی جلسہ استراحت کرکے دوسری رکعت کے لئے کھڑا ہو، اور ابواسامہ حماد بن اسامہ کی روایت میں: حتی تستوی قائما ہے یعنی دوسرے سجدہ سے سیدھا کھڑا ہو (یہ روایت آگے نمبر ۶۶۶۷ پر آرہی ہے) پھر امام صاحب نے یحییٰ قطان کی متابعت پیش کرکے پہلے الفاظ کو ترجیح دی ہے۔

[۱۸-] بَابُ مَنْ رَدَّ فَقَالَ: عَلَيْكَ السَّلَامُ

[۱-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ.

[۲-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "رَدَّ الْمَلَائِكَةُ عَلٰى آدَمَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللهِ"

[۶۲۵۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ، وَرَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ فِي نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَصَلّٰى، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَرَجَعَ فَصَلّٰى، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ، فَقَالَ: "وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، فَارْجِعْ فَصَلِّ، فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَصَلّٰى، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ، فَقَالَ: "وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، فَارْجِعْ فَصَلِّ،

فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَقَالَ فِي الثَّانِيَةِ أَوْ فِي الَّتِي بَعْدَهَا: عَلِّمْنِي يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ:" إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلَاةِ فَأَسْبِغِ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ بِمَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَسْتَوِيَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا، ثُمَّ افْعَلْ ذٰلِكَ فِي صَلَاتِكَ كُلِّهَا" وَقَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ فِي الْأَخِيْرِ:" حَتّٰى تَسْتَوِيَ قَائِمًا"[راجع: ۷۵۷]

[۶۲۵۲-] حَدَّثَنِي ابْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيْدٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا"[راجع: ۷۵۷]

وضاحت: پہلی سند میں سعید مقبریؒ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور دوسری سند میں اپنے ابا کے واسطہ سے، یہ دونوں سندیں صحیح ہیں، سعید بلاواسطہ بھی روایت کرتے ہیں اور اپنے والد کے واسطہ سے بھی۔

بَابٌ: إِذَا قَالَ: فُلَانٌ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ

کوئی سلام کہلوائے تو جواب کس طرح دے؟

سلام لانے والے کو بھی جواب میں شریک کرنا چاہئے، کہے: عليك وعليه السلام، اور شریک نہ کرے تو بھی جائز ہے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کے ذریعہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو سلام کہلوایا، صدیقہؓ نے جواب دیا: وعليه السلام ورحمة الله، سلام لانے والے کو شریک نہیں کیا۔

[۱۹-] بَابٌ: إِذَا قَالَ: فُلَانٌ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ

[۶۲۵۳-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَامِرًا، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِي أَبُوْ سُلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهَا:" إِنَّ جِبْرَئِيْلَ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلَامَ" فَقَالَتْ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.[راجع: ۳۲۱۷]

بَابُ التَّسْلِيْمِ فِي مَجْلِسٍ فِيْهِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ

ایسے مجمع کو سلام کرنا جس میں مسلم اور غیر مسلم ہوں

مخلوط مجمع میں مسلمانوں کی نیت سے سلام کرے، اور اگر کبھی غیر مسلم کو اسلامی سلام کرنا پڑے تو محافظ فرشتوں کی نیت سے سلام کرے (أخلاط: خِلْط کی جمع: ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملی جلی ہو) اور حدیث پہلے کئی مرتبہ آچکی ہے۔

[۲۰-] بَابُ التَّسْلِيْمِ فِي مَجْلِسٍ فِيْهِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ

[٦٢٥٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَكِبَ حِمَارًا عَلَيْهِ إِكَافٌ، تَحْتَهُ قَطِيْفَةٌ فَدَكِيَّةٌ، فَأَرْدَفَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، وَهُوَ يَعُوْدُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فِيْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، وَذٰلِكَ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ، حَتّٰى مَرَّ فِي مَجْلِسٍ فِيْهِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الْأَوْثَانِ وَالْيَهُوْدِ، وَفِيْهِمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ، وَفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ، خَمَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ أَنْفَهُ بِرِدَائِهِ، ثُمَّ قَالَ: لَا تُغَبِّرُوْا عَلَيْنَا! فَسَلَّمَ عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ وَقَفَ فَنَزَلَ، فَدَعَاهُمْ إِلَى اللّٰهِ، وَقَرَأَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلَ: أَيُّهَا الْمَرْءُ! لَا أَحْسَنَ مِنْ هٰذَا إِنْ كَانَ مَا تَقُوْلُ حَقًّا، فَلَا تُؤْذِنَا بِهِ فِيْ مَجْلِسِنَا، وَارْجِعْ إِلٰى رَحْلِكَ، فَمَنْ جَاءَ كَ مِنَّا فَاقْصُصْ عَلَيْهِ، قَالَ ابْنُ رَوَاحَةَ: اغْشَنَا فِي مَجَالِسِنَا، فَإِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ، فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْيَهُوْدُ حَتّٰى هَمُّوْا أَنْ يَتَوَاثَبُوْا، فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُخَفِّضُهُمْ، ثُمَّ رَكِبَ دَابَّتَهُ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، فَقَالَ: "أَيْ سَعْدُ! أَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالَ أَبُوْ حُبَابٍ؟- يُرِيْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ - قَالَ كَذَا وَكَذَا" قَالَ: اعْفُ عَنْهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاصْفَحْ، فَوَ اللّٰهِ لَقَدْ أَعْطَاكَ اللّٰهُ الَّذِيْ أَعْطَاكَ، وَلَقَدِ اصْطَلَحَ أَهْلُ هٰذِهِ الْبَحْرَةِ عَلٰى أَنْ يُتَوِّجُوْهُ، فَيُعَصِّبُوْهُ بِالْعِصَابَةِ، فَلَمَّا رَدَّ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِيْ أَعْطَاكَ شَرِقَ بِذٰلِكَ، فَذٰلِكَ فَعَلَ بِهِ مَا رَأَيْتَ، فَعَفَا عَنْهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۹۸۷]

بَابُ مَنْ لَمْ يُسَلِّمْ عَلٰى مَنِ اقْتَرَفَ ذَنْبًا، وَلَمْ يَرُدَّ سَلَامَهُ حَتّٰى تَتَبَيَّنَ تَوْبَتُهُ، وَإِلٰى مَتَى تَتَبَيَّنُ تَوْبَةُ الْعَاصِيْ؟

ایک رائے یہ ہے کہ علانیہ کبیرہ گناہ کرنے والے کوسلام نہ کرے نہ اس کے سلام کا جواب دے، جب تک وہ توبہ نہ کرے، اور توبہ کے لئے کتنا عرصہ درکار ہے؟

باب میں جو رائے ہے وہ جمہور کی رائے ہے۔ فاسق مُعلن (علانیہ کبیرہ گناہ کرنے والے) کوسلام کرنا مکروہ ہے، اور اس کے سلام کا جواب دینا بھی جائز نہیں، مگر یہ اس زمانہ کی بات ہے جب کوئی کوئی مسلمان ایسا ہوتا تھا، اب تو ۸۰% مسلمانوں کا یہی حال ہے، ڈاڑھی منڈاتے ہیں، نماز کے قریب نہیں جاتے، اور معلوم نہیں کیا کیا کرتے ہیں، اب اگر ان کوسلام نہ کریں تو بے تمیز ٹھہریں، اور ان کے سلام کا جواب نہ دیں تو بدتمیز کہلائیں اس لئے حاشیہ میں جو رائے ہے اس پر عمل کرنا پڑتا ہے کہ اگر کسی

دینی یا دنیوی خرابی کے ترتب کا اندیشہ ہو تو سلام کرے اور جواب دے، ایسا نہیں کریں گے تو وہ دین سے اور دور ہو جائیں گے۔

اور کوئی کبیرہ کا مرتکب توبہ کرلے تو التائب من الذنب کمن لا ذنب له، رہی یہ بات کہ اس کی توبہ پر اطمینان کے لئے کتنا عرصہ چاہئے؟ یہ بات طے کرنا مشکل ہے، حضرت نے باب میں ایک اثر اور ایک حدیث پیش کی ہے، اثر یہ ہے: حضرت عبداللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ شرابیوں کو سلام مت کرو یعنی جب وہ بالفعل شراب پی رہے ہوں۔ اور حدیث میں غزوۂ تبوک میں تین مخلص صحابہ کے تخلف کا واقعہ ہے، ان کا مکمل معاشرتی بائیکاٹ کیا گیا تھا، پچاس دن کے بعد ان کی توبہ کی قبولیت نازل ہوئی، مگر اس کو ہر گنہ گار کی توبہ کی قبولیت کے لئے معیار نہیں بنایا جاسکتا، کیونکہ لوگوں کے احوال مختلف ہوتے ہیں۔

[۲۱-] بَابُ مَنْ لَمْ یُسَلِّمْ عَلٰی مَنِ اقْتَرَفَ ذَنْبًا، وَلَمْ یَرُدَّ سَلَامَهُ حَتّٰی تَتَبَیَّنَ تَوْبَتُهُ، وَإِلٰی مَتَی تَتَبَیَّنُ تَوْبَةُ الْعَاصِیْ؟

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: لَا تُسَلِّمُوْا عَلٰی شَرَبَةِ الْخَمْرِ.

[۶۲۵۵-] حدثنا ابْنُ بُکَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ کَعْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ کَعْبَ بْنَ مَالِكٍ یُحَدِّثُ حِیْنَ تَخَلَّفَ عَنْ تَبُوْكَ: وَنَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ کَلَامِنَا، وَآتِی رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَأُسَلِّمُ عَلَیْهِ، فَأَقُوْلُ فِیْ نَفْسِیْ: هَلْ حَرَّكَ شَفَتَیْهِ بِرَدِّ السَّلَامِ أَمْ لَا؟ حَتّٰی کَمَلَتْ خَمْسُوْنَ لَیْلَةً، وَآذَنَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم بِتَوْبَةِ اللّٰهِ عَلَیْنَا حِیْنَ صَلَّی الْفَجْرَ. [راجع: ۲۷۵۷]

بَابٌ: کَیْفَ یَرُدُّ عَلٰی أَهْلِ الذِّمَّةِ السَّلَامَ؟

اسلامی ملک کے غیر مسلموں کو جواب کیسے دیا جائے؟

جس ملک کی زبان عربی ہے وہاں غیر مسلم بھی السلام علیکم کہتے ہیں، پس جواب بھی یہی دیا جاسکتا ہے، درمختار میں ہے: ویسلِّم المسلم علی أهل الذمة، لوله حاجة إلیه، وإلا کُره، هو الصحیح: مسلمان: اسلامی ملک کے غیر مسلم شہریوں کو سلام کرسکتا ہے اگر ضرورت ہو، ورنہ مکروہ ہے، یہی صحیح قول ہے، پھر آگے ہے: ولو سلّم یهودی أو نصرانی فلا بأس بالرد، ولکن لایزید علی قوله: وعلیك، کما فی الخانیة: اگر کوئی یہودی یا عیسائی سلام کرے تو جواب دینے کی گنجائش ہے، لیکن فتاوی خانیہ میں ہے کہ صرف وعلیك کہے —— اور یورپ اور امریکہ کے غیر مسلم انگریزی سلام کرتے ہیں: گڈ مارننگ (اچھی صبح) گڈ نون (اچھی دوپہر) گڈ ایوننگ (اچھی شام) اور گڈ نائٹ (اچھی رات) کہتے ہیں، اور جواب میں بھی یہی کہا جاتا ہے، پس ان لفظوں سے سلام کرنے میں اور جواب دینے میں کچھ حرج نہیں۔

اور ہمارے ملک میں ہندو 'نمستے' کہتے ہیں اور کم پڑھے ہوئے 'رام رام' کہتے ہیں، اور اسلامی تہذیب سے واقف صرف 'سلام' کہتے ہیں، اور مسائل سے واقف 'آداب' کہتے ہیں، ہم بھی ان کو 'آداب' کہتے ہیں، پس ان میں سے جو مذہبی سلام ہے جیسے 'رام رام' وہ تو کرنا اور جواب دینا جائز نہیں، باقی سلام کرنا جائز ہے اور ان لفظوں سے جواب دینا بھی جائز ہے۔

اور باب میں حضرت رحمہ اللہ نے تین حدیثیں پیش کی ہیں، ان میں سے پہلی دو کا تعلق یہود کی شرارت سے ہے، مسئلہ سے اس کا کچھ تعلق نہیں، البتہ تیسری کا تعلق مسئلہ سے ہے، اور اسی کو فتاوی خانیہ میں لیا ہے۔ البتہ مسلم شریف میں روایت ہے کہ ''یہود ونصاری کو بڑھ کر سلام مت کرو'' یعنی جواب دے سکتے ہیں اور ابھی حدیث گذری ہے کہ مخلوط مجمع کو نبی ﷺ نے سلام کیا ہے، پس سلام کرنے کی بھی گنجائش ہے۔ اور سورۃ الزخرف کی آخری آیت ہے: ﴿فَاصْفَحْ عَنْهُمْ، وَقُلْ: سَلاَمٌ، فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ﴾: پس ان (کفار) سے رخ پھیر لیجئے، اور کہئے: سلام! پس عنقریب (میری بات کی سچائی) تمہیں معلوم ہوجائے گی، اور سورۃ مریم میں ہے: ﴿قَالَ: سَلاَمٌ عَلَيْكَ﴾: (ابراہیم علیہ السلام نے باپ سے) کہا: میرا سلام لو! (یہ اگرچہ سلام متارکت ہیں، مگر ان سے لفظ سلام بولنے کی گنجائش نکلتی ہے)

[۲۲-] بَابٌ: كَيْفَ يَرُدُّ عَلَى أَهْلِ الذِّمَّةِ السَّلاَمَ؟

[۶۲۵۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ رَهْطٌ مِنَ الْيَهُوْدِ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالُوْا: السَّامُ عَلَيْكَ، فَفَهِمْتُهَا، فَقُلْتُ: عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَهْلاً يَا عَائِشَةُ! فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا؟! قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" فَقَدْ قُلْتُ: وَعَلَيْكُمْ"[راجع: ۲۹۳۵]

[۶۲۵۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمُ الْيَهُوْدُ فَإِنَّمَا يَقُوْلُ أَحَدُهُمْ: السَّامُ عَلَيْكَ. فَقُلْ: وَعَلَيْكَ" [طرفه: ۶۹۲۸]

[۶۲۵۸-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا: وَعَلَيْكُمْ"[طرفه: ۶۹۲۶]

ملحوظہ: باب میں الرَّدُّ تھا، میں نے گیلری والا نسخہ لکھا ہے، وہ واضح ہے۔

﴿یہاں تک استیذان (اجازت طلبی) کے مسائل پورے ہوئے، آگے کتاب الادب کے باقی مسائل ہیں﴾

بَابُ مَنْ نَظَرَ فِيْ كِتَابِ مَنْ يُحْذَرُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ، لِيَسْتَبِيْنَ أَمْرُهُ

اگر کوئی خط مسلمانوں کے خلاف ہوتو اس کو دیکھنا چاہئے، تا کہ اس کی حقیقت معلوم ہو

ابوداؤد وغیرہ میں ایک ضعیف حدیث ہے: مَنْ نظر فی کتاب أخیه بغیر إذنه فکأنما ینظر فی النار: جو شخص اپنے (مسلمان) بھائی کا خط اس کی اجازت کے بغیر پڑھے تو وہ گویا دوزخ میں دیکھ رہا ہے۔ اس حدیث کا مصداق بے ضرورت کسی کا خط پڑھنا ہے، لیکن اگر کسی مضرت کا اندیشہ ہوتو اس سے بچنے کے لئے دوسرے کا خط بے اجازت پڑھنا جائز ہے، حضرت حاطب رضی اللہ عنہ نے جو خط اہل مکہ کے نام روانہ کیا تھا اس کو پکڑا گیا، پڑھا گیا، اور اس کی تحقیق کی گئی، اور حضرت حاطبؓ کا عذر نبی ﷺ نے قبول کیا، اور حدیث پہلے تحفۃ القاری (۶: ۳۳۰) میں آگئی ہے، وہاں واقعہ کی پوری تفصیل ہے۔

[۲۳-] بَابُ مَنْ نَظَرَ فِيْ كِتَابِ مَنْ يُحْذَرُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ، لِيَسْتَبِيْنَ أَمْرُهُ

[۶۲۵۹-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ بُهْلُوْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيْسَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ وَأَبَا مَرْثَدٍ الْغَنَوِيَّ، وَكُلُّنَا فَارِسٌ، فَقَالَ: "انْطَلِقُوْا حَتّٰى تَأْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ، فَإِنَّ بِهَا امْرَأَةً مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، مَعَهَا صَحِيْفَةٌ مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِيْ بَلْتَعَةَ إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ" قَالَ: فَأَدْرَكْنَاهَا تَسِيْرُ عَلٰى جَمَلٍ لَهَا حَيْثُ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: قُلْنَا: أَيْنَ الْكِتَابُ الَّذِيْ مَعَكِ؟ قَالَتْ: مَا مَعِيْ كِتَابٌ، فَأَنَخْنَا بِهَا، فَابْتَغَيْنَا فِيْ رَحْلِهَا، فَمَا وَجَدْنَا شَيْئًا، قَالَ صَاحِبَايَ: مَا نَرَى كِتَابًا، قَالَ: قُلْتُ: لَقَدْ عَلِمْتُ مَا كَذَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَالَّذِيْ يُحْلَفُ بِهِ لَتُخْرِجَنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَأُجَرِّدَنَّكِ. قَالَ: فَلَمَّا رَأَتِ الْجِدَّ مِنِّيْ أَهْوَتْ بِيَدِهَا إِلٰى حُجْزَتِهَا، وَهِيَ مُحْتَجِزَةٌ بِكِسَاءٍ، فَأَخْرَجَتِ الْكِتَابَ. قَالَ: فَانْطَلَقْنَا بِهِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: "مَا حَمَلَكَ يَا حَاطِبُ عَلٰى مَا صَنَعْتَ؟" قَالَ: مَا بِيْ أَلَّا أَكُوْنَ مُؤْمِنًا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهِ، وَمَا غَيَّرْتُ وَلَا بَدَّلْتُ، أَرَدْتُ أَنْ تَكُوْنَ لِيْ عِنْدَ الْقَوْمِ يَدٌ يَدْفَعُ اللّٰهُ بِهَا عَنْ أَهْلِيْ وَمَالِيْ، وَلَيْسَ مِنْ أَصْحَابِكَ هُنَاكَ إِلَّا وَلَهُ مَنْ يَدْفَعُ اللّٰهُ بِهِ عَنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ. قَالَ: "صَدَقَ، فَلَا تَقُوْلُوْا لَهُ إِلَّا خَيْرًا" قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: إِنَّهُ قَدْ خَانَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالْمُؤْمِنِيْنَ، فَدَعْنِيْ فَلَأَضْرِبْ عُنُقَهُ، قَالَ: فَقَالَ: "يَا عُمَرُ! وَمَا يُدْرِيْكَ؟ لَعَلَّ اللّٰهَ قَدِ اطَّلَعَ عَلٰى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ وَجَبَتْ لَكُمُ الْجَنَّةُ" قَالَ: فَدَمَعَتْ عَيْنَا عُمَرَ وَقَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. [راجع: ۳۰۰۷]

بَابٌ: كَيْفَ يُكْتُبُ إِلٰى أَهْلِ الْكِتَابِ

یہود ونصاریٰ کو خط کیسے لکھے؟

جیسا عرف ہو اس طرح لکھے، نبی ﷺ کے زمانہ میں خط لکھنے والے کا نام پہلے لکھا جاتا تھا، اور مکتوب الیہ کا بعد میں، اب مکتوب الیہ کا نام اوپر لکھا جاتا ہے اور خط لکھنے والا اپنے دستخط بعد میں کرتا ہے —— دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ خط میں سلام کس طرح لکھا جائے؟ نبی ﷺ **السلام على من اتبع الهدى** لکھتے تھے، یہ بہت شاندار طریقہ ہے، اور دوسرا کوئی جائز سلام لکھے تو اس کی بھی گنجائش ہے —— اور تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ مکتوب الیہ کے آداب والقاب لکھے جائیں یا نہیں؟ لکھنے چاہئیں، نبی ﷺ نے لکھے ہیں، مثلاً عظیم الروم: روم کی بڑی شخصیت، بادشاہ یا شہنشاہ نہیں لکھا —— اور چوتھا مسئلہ یہ ہے کہ ان کے خط میں بسم اللہ لکھی جائے یا نہیں؟ لکھی جائے اور یہ خیال نہ کیا جائے کہ وہ خط کو احتیاط سے نہیں رکھیں گے، خط کا احترام کرنا مکتوب الیہ کی ذمہ داری ہے، مگر اب تو لوگ مسلمانوں کے خط میں بھی ۷۸۶ لکھتے ہیں! اللہ جانیں یہ رواج کب سے چلا ہے؟ اور کیوں چلا ہے؟ نبی ﷺ کے تمام دعوتی خطوط میں جو غیر مسلموں کے نام تھے پوری بسم اللہ لکھی گئی تھی۔

[۲٤-] بَابٌ: كَيْفَ يَكْتُبُ إِلٰى أَهْلِ الْكِتَابِ

[۶۲۶۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ فِيْ نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَكَانُوْا تُجَّارًا بِالشَّامِ، فَأَتَوْهُ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، قَالَ: ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُرِئَ، فَإِذَا فِيْهِ: " بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ إِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ، السَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى، أَمَّا بَعْدُ......"[راجع: ۷]

بَابٌ: بِمَنْ يُبْدَأُ فِي الْكِتَابِ؟

خط میں پہلے کس کا نام لکھا جائے؟

یہ ذیلی باب ہے، پہلے عرف یہ تھا کہ کاتب اپنا نام پہلے لکھتا تھا، پھر مکتوب الیہ کا نام بھی خط میں اوپر ہی لکھتا تھا، بنی اسرائیل کے واقعہ میں مقروض نے رقم اور اس کے ساتھ جو خط بھیجا تھا، اس میں منه إلى صاحبه تھا، یعنی اس نے اپنا نام پہلے پھر قرض خواہ کا نام لکھا تھا، نبی ﷺ کے ناموں میں بھی اسی طرح ہے، علاء بن الحضرمی نے نبی ﷺ کو جو خط لکھا ہے، اس میں بھی اپنا نام پہلے لکھا ہے (حاشیہ) مگر اب طریقہ بدل گیا ہے۔

[۲۵-] بَابٌ: بِمَنْ يُبْدَأُ فِي الْكِتَابِ؟

[٦٢٦١-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ ذَكَرَ رَجُلًا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيْلَ، أَخَذَ خَشَبَةً فَنَقَرَهَا، فَأَدْخَلَ فِيْهَا أَلْفَ دِيْنَارٍ وَصَحِيْفَةً، مِنْهُ إِلٰى صَاحِبِهِ.

وَقَالَ عُمَرُ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "نَجَرَ خَشَبَةً، فَجَعَلَ الْمَالَ فِيْ جَوْفِهَا، وَكَتَبَ إِلَيْهِ صَحِيْفَةً مِنْ فُلَانٍ إِلٰى فُلَانٍ" [راجع: ١٤٩٨]

لغت: نَجر الشيئ: چھینی سے کھودنا.......... نَجَرَ الخشبَ: لکڑی کو چھیلنا اور کوئی کام کرنا۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "قُوْمُوْا إِلٰى سَيِّدِكُمْ"

اپنے سردار کی طرف اٹھو (اور ان کو سواری سے اتارو)

جنگ بنوقریظہ کے موقع پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ بیمار تھے، اور مدینہ میں قیام پذیر تھے، فوج کے ساتھ نہیں آئے تھے، جب بنوقریظہ ان کے فیصلہ پر اتر آئے تو نبی ﷺ نے ان کو بلوایا، وہ گدھے پر سوار ہوکر آئے، جب وہ حضور کی قیام گاہ کے قریب پہنچے تو آپؐ نے ان کے قبیلہ کے لوگوں سے فرمایا: "اپنے سردار کی طرف کھڑے ہوؤ" اور مسند احمد (۱۴۲:۶) میں ہے: "اپنے سردار کی طرف کھڑے ہوؤ، پس ان کو اتارو، چنانچہ انھوں نے ان کو اتارا"

تشریح: قیام تعظیمی کے جواز، بلکہ استحسان پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا جاتا ہے، مگر یہ استدلال درست نہیں۔ کیونکہ حدیث میں قوموا لسید کم نہیں ہے بلکہ إلی سید کم ہے یعنی ان کے تعاون کے لئے اٹھو۔ وہ بیمار تھے، ان کو سواری سے اترنے کے لئے مدد کی ضرورت تھی۔ لفظ سید سے شبہ پیدا ہوتا ہے کہ آپؐ نے لوگوں کو قیام تعظیمی کا حکم دیا تھا۔ اور یہ شبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دل میں بھی پیدا ہوا تھا۔ مسند احمد کی محوّلہ بالا روایت میں ہے: فقال عمر، سیدُنا اللّٰهُ عزوجل! قال: أنزلوه، فأنزلوه: حضرت عمرؓ نے کہا: ہمارے آقا تو اللہ عزوجل ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "ان کو اتارو" چنانچہ لوگوں نے ان کو اتارا۔ اس میں اشارہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے لفظ سید سے قیام تعظیمی سمجھا تھا۔ نبی ﷺ نے اس کی وضاحت کی کہ تعظیم کے لئے نہیں، بلکہ تعاون کے لئے اٹھنا ہے۔

پس جسے اپنی تعظیم کے لئے دوسروں کا کھڑا ہونا اچھا لگے: اس کے لئے جہنم کی وعید ہے۔ کیونکہ یہ تکبر کی نشانی ہے۔ اور متکبرین کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ اور وہ برا ٹھکانہ ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص خود بالکل نہ چاہے، مگر دوسرے اکرام اور عقیدت و محبت میں کھڑے ہوجائیں تو یہ دوسری بات ہے۔ اگرچہ رسول اللہ ﷺ کو یہ بات بھی پسند نہیں تھی۔ اور ہمارے اکابر بھی اس پر

سخت ناگواری ظاہر کرتے تھے۔البتہ کسی مہمان وغیرہ کے آنے پر فرحت وسروراوراعزاز واکرام کے طور پر کھڑا ہونا جائز ہے۔

[۲۶-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " قُوْمُوْا إِلٰى سَيِّدِكُمْ"

[۶۲۶۲-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ: أَنَّ أَهْلَ قُرَيْظَةَ نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِ سَعْدٍ، فَأَرْسَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِ، فَجَاءَ، فَقَالَ: " قُوْمُوْا إِلٰى سَيِّدِكُمْ أَوْ قَالَ: خَيْرِكُمْ" فَقَعَدَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "هٰؤُلَآءِ نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِكَ" قَالَ: فَإِنِّيْ أَحْكُمُ أَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ، وَتُسْبَى ذَرَارِيُّهُمْ، فَقَالَ:" لَقَدْ حَكَمْتَ بِمَا حَكَمَ بِهِ الْمَلِكُ" قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَفْهَمَنِيْ بَعْضُ أَصْحَابِيْ، عَنْ أَبِي الْوَلِيْدِ مِنْ قَوْلِ أَبِيْ سَعِيْدٍ: إِلٰى حُكْمِكَ. [راجع: ۳۰۴۳]

وضاحت: امام بخاریؒ نے ابوالولید سے جو روایت محفوظ کی ہے: اس میں علی ہے أی علی حکمك......اوران کے بعض ساتھیوں نے إلی نقل کیا ہے أی إلی حکمك، بس اتنا فرق ظاہر کیا ہے۔

بَابُ الْمُصَافَحَةِ

مصافحہ کا بیان

مصافحہ: صَفْح الید سے باب مفاعلہ ہے: اپنے ہاتھ کے رخ کو دوسرے کے ہاتھ کے رخ سے ملانا، اور یہ آدھا مصافحہ ہے، پھر جب ہر ایک دوسرا ہاتھ رکھے تو دونوں کے ہاتھ کا دوسرا رخ بھی مل جائے گا، اب مصافحہ کامل ہوا، غیر مقلدین مُصر ہیں کہ مصافحہ ایک ہاتھ سے سنت ہے، یہ ان کی بے جا ضد ہے، مصافحہ سنت ہے اور یہ اظہار محبت کا ذریعہ ہے، قتادہؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: صحابہ میں مصافحہ تھا، انھوں نے کہا: ہاں، اور حضرت کعبؓ کی توبہ نازل ہوئی، اور وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تو حضرت طلحہؓ نے لپک کر ان سے مصافحہ کیا اور مبارک باد دی، باقی دو روایتوں کا مصافحہ سے گہرا تعلق نہیں: (۱) ابن مسعودؓ کو نبی ﷺ نے تشہد سکھلایا تو ان کا ہاتھ اپنے دو ہاتھوں میں لیا، اس کو مصافحہ بھی کہہ سکتے ہیں، اور بیعت والا عمل بھی کہہ سکتے ہیں (۲) نبی ﷺ کسی موقع پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر چل رہے تھے، جیسے بے تکلف دوست چلتے ہیں، یہ بھی مصافحہ نہیں۔

[۲۷-] بَابُ الْمُصَافَحَةِ

[۱-] قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: عَلَّمَنِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم التَّشَهُّدَ، وَكَفِّيْ بَيْنَ كَفَّيْهِ.

[۲-] وَقَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَإِذَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَامَ إِلَيَّ

طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ يُهَرْوِلُ، فَصَافَحَنِیْ وَهَنَّأَنِیْ.

[٦٢٦٣-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قُلْتُ لِأَنَسٍ: أَكَانَتِ الْمُصَافَحَةُ فِی أَصْحَابِ النَّبِیِّ صلی اللّٰہ علیه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ.

[٦٢٦٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِی ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِی حَيْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِی أَبُوْ عَقِيْلٍ زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ، سَمِعَ جَدَّهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ هِشَامٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صلی اللّٰہ علیه وسلم وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ. [راجع: ٣٦٩٤]

بَابُ الْأَخْذِ بِالْيَدَيْنِ

دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا

دونوں ہاتھوں سے لینا: عام ہے، خواہ دونوں طرف سے دونوں ہاتھ ہوں یا ایک طرف سے، باب کی روایات سے یہی ثابت ہوتا ہے: (۱) حضرت حماد بن زیدؒ نے حضرت عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ سے دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کیا (ابن المبارک نے بھی دونوں ہاتھوں سے کیا اس پر روایت کی کوئی دلالت نہیں) (۲) ابن مسعودؓ کو تشہد سکھلایا تو ان کی ہتھیلی نبی ﷺ کی دو ہتھیلیوں کے درمیان تھی، یہ اول تو مصافحہ نہیں، پھر ابن مسعودؓ کی ایک ہتھیلی تھی ـــــ لیکن کامل مصافحہ بہرحال دو ہاتھوں سے ہوتا ہے، یہ بات لفظ مصافحہ کی دلالت لفظیہ وضعیہ سے ثابت ہے، اور ایک ہاتھ سے مصافحہ آدھا مصافحہ ہے، اور اسی کا عام رواج ہے۔

[٢٨-] بَابُ الْأَخْذِ بِالْيَدَيْنِ

وَصَافَحَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ابْنَ الْمُبَارَكِ بِيَدَيْهِ.

[٦٢٦٥-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ سَلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَخْبَرَةَ أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: عَلَّمَنِی النَّبِیُّ صلی اللّٰہ علیه وسلم، وَكَفِّیْ بَيْنَ كَفَّيْهِ: التَّشَهُّدَ، كَمَا يُعَلِّمُنِی السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ: " التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ" وَهُوَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْنَا، فَلَمَّا قُبِضَ قُلْنَا: السَّلَامُ عَلٰی، يَعْنِیْ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللّٰہ علیه وسلم. [راجع: ٨٣١]

وضاحت: حدیث کا آخری مضمون پہلے نہیں آیا، ابن مسعودؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ ہمارے درمیان تھے تو ہم

السلام علیك أیها النبی کہتے تھے، کیونکہ یا سے حاضر کو خطاب کیا جاتا ہے، پھر جب آپؐ کی وفات ہوگئی تو ہم السلام علیٰ کہنے لگے۔ امام بخاریؒ نے جملہ پورا کیا: السلام علی النبی، مگر اس تبدیلی کو امت نے قبول نہیں کیا، کیونکہ السلام علیك أیها النبی صرف مسجد نبوی کے نمازی نہیں کہتے تھے، دوسری نو مسجدوں کے نمازی اور مدینہ سے باہر کے نمازی بھی یہی کہتے تھے، حالانکہ ان کے سامنے آپؐ موجود نہیں تھے، درحقیقت یہ حکایتِ حالِ ماضی ہے، معراج میں اللہ کی طرف سے آپؐ پر اسی طرح سلام آیا تھا، اس لئے اس کو اسی طرح باقی رکھا گیا ہے، جیسے قرآن میں یٰأیها النبی ہے، پس اس پر دوسرے خطابات کو قیاس نہیں کیا جائے گا۔

بَابُ الْمُعَانَقَةِ، وَقَوْلِ الرَّجُلِ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ؟

معانقہ اور مزاج پرسی

معانقہ: عنق (گردن) سے باب مفاعلہ ہے، اگر دو شخصوں کی دائیں طرف کی گردنیں ملیں تو یہ آدھا معانقہ ہے، پھر جب بائیں طرف کی گردنیں ملیں تو پورا معانقہ ہوا، اور تیسری مرتبہ گردنیں ملانا آبِ زمزم کا پانی پینا ہے، اور ایک غلطی لوگ یہ کرتے ہیں کہ پہلے بائیں طرف کی گردنیں ملاتے ہیں، یہ معانقہ کا غلط طریقہ ہے، اور گردنیں نہ ملانا صرف سینہ ملانا مصادرہ ہے، اور صرف گال لگانا مخاددہ ہے، اور دو بڑے پیٹ والوں کا پیٹ لگانا مباطنہ ہے، غرض معانقہ جبھی ہے جب گردن سے گردن ملے۔

ملاقات کے وقت پہلے سلام کرے، یہ تحیۃ الاسلام ہے، اس کے لئے جان پہچان ضروری نہیں، پھر مصافحہ کرے، یہ تحیۃ المعرفہ ہے، اور اگر غایتِ معرفت ہے تو مصافحہ کے بجائے معانقہ کرے، اور مصافحہ اور معانقہ کی دعا: **يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ** ہے، پھر مزاج پرسی کے ساتھ حمد (اللہ کی تعریف) کرے، پس دونوں کے گناہ جھڑ جائیں گے —— نبی ﷺ کی آخری بیماری میں حضرت علی رضی اللہ عنہ گھر میں سے نکلے تو لوگوں نے پوچھا: آج نبی ﷺ کا حال کیسا ہے؟ انھوں نے کہا: چنگا ہے! یہ لوگوں نے مزاج پرسی کی، اسی پر ہر مزاج پرسی کو قیاس کریں گے۔ **سوال:** باب کی حدیث میں معانقہ کا ذکر نہیں؟ **جواب:** اسی لئے باب میں اضافہ کیا ہے، یہ حضرت کا طریقہ ہے۔ حدیث باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے۔

فائدہ: جب کسی سے ملاقات ہو تو پہلے سلام کرے، حضرت جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: صحابہ جب آپس میں ملتے تھے تو جب تک سلام نہیں کر لیتے تھے مصافحہ نہیں کرتے تھے (مجمع الزوائد ۸: ۳۶) پھر اگر معرفت ہو —— خواہ دونوں طرف سے ہو، یا ایک طرف سے —— تو مصافحہ کرے، اور اس کے ساتھ جہراً کہے: **یغفر اللہ لنا ولکم** اور دوسرا بھی یہی دعا دے، پھر مزاج پرسی کے وقت دونوں اللہ کی تعریف کریں تو دونوں کی مغفرت کر دی جاتی ہے (حوالہ بالا) مگر اب لوگوں کے مصافحوں سے دعا غائب ہوگئی ہے، مسنون دعاؤں میں بھی مصافحہ کی دعا نہیں ہے، اور تبلیغ والے تو یہ سمجھنے لگے ہیں کہ مصافحہ

کی دعا السلام علیکم ہے، اور جاہل یہ سمجھتے ہیں کہ حضرت کے بدن سے بدن مل گیا: مغفرت ہوگئی، یہ جہالت ہے، مانگے بغیر ماں بھی نہیں دیتی۔ اور ابوداؤد میں حضرت براء رضی اللہ عنہ کی صریح حدیث ہے، اس میں دعا کا ذکر ہے، پس لوگوں کو اس پر عمل کرنا چاہئے۔

[٢٩-] بَابُ الْمُعَانَقَةِ، وَقَوْلِ الرَّجُلِ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ؟

[٦٢٦٦-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبِىْ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ كَعْبٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِىْ طَالِبٍ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِىْ وَجَعِهِ الَّذِىْ تُوُفِّيَ فِيْهِ، فَقَالَ النَّاسُ: يَا أَبَا حَسَنٍ كَيْفَ أَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: أَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰهِ بَارِئًا، فَأَخَذَ بِيَدِهِ الْعَبَّاسُ، فَقَالَ: أَلَا تَرَاهُ؟ أَنْتَ وَاللّٰهِ بَعْدَ ثَلَاثٍ عَبْدُ الْعَصَا، وَاللّٰهِ إِنِّىْ لَأُرَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سَيُتَوَفَّى فِىْ وَجَعِهِ، فَإِنِّىْ لَأَعْرِفُ فِىْ وُجُوْهِ بَنِىْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ الْمَوْتَ، فَاذْهَبْ بِنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَنَسْأَلُهُ فِيْمَنْ يَكُوْنُ الْأَمْرُ، فَإِنْ كَانَ فِيْنَا عَلِمْنَا ذٰلِكَ، وَإِنْ كَانَ فِي غَيْرِنَا آمَرْنَاهُ فَأَوْصَى بِنَا، قَالَ عَلِيٌّ: وَاللّٰهِ لَئِنْ سَأَلْنَاهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَيَمْنَعُنَا لَا يُعْطِيْنَاهَا النَّاسُ أَبَدًا، لَا أَسْأَلُهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَدًا. [راجع: ٤٤٤٧]

بَابُ مَنْ أَجَابَ بِـ"لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ"

ایک رائے یہ ہے کہ جواب لبیک وسعدیک دے

کوئی بڑا آدمی آواز دے تو جواب میں لبيك وسعديك کہے، یعنی میں بار بار (ہر وقت) حاضر ہوں، اور آپ کی بارگاہ میں حاضری میرے لئے سعادت ہے! اور لبيك سيدى یا لبيك يا سيدى یا صرف لبيك کہے تو یہ بھی مہذب جواب ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث تحفۃ القاری (٦: ٢٤٣) میں آئی ہے، دوسری حدیث تحفۃ القاری (٥: ٤١٧) میں آئی ہے، اور مختصر کئی جگہ آئی ہے، پہلی حدیث میں نبی ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو آواز دی، وہ گدھے پر پیچھے بیٹھے تھے، اور دوسری حدیث میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو آواز دی، وہ آپؐ کے ساتھ چل رہے تھے، دونوں نے جواب میں لبيك وَسَعْدَيْك کہا۔

[۳۰-] بَابُ مَنْ أَجَابَ بِـ''لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ''

[۶۲۶۷-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ مُعَاذٍ، قَالَ: أَنَا رَدِيْفُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:'' يَا مُعَاذُ'' قُلْتُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ!- ثُمَّ قَالَ مِثْلَهُ ثَلاَ ثًا - ''هَلْ تَدْرِىْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلٰى الْعِبَادِ؟: أَنْ يَعْبُدُوْهُ وَلاَ يُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا'' ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، فَقَالَ: ''يَا مُعَاذُ'' قُلْتُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ! قَالَ:'' هَلْ تَدْرِىْ مَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلٰى اللّٰهِ؟ إِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ: أَنْ لاَ يُعَذِّبَهُمْ''

[راجع: ۲۸۵۶]

حدثنا هُدْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ مُعَاذٍ بِهٰذَا.

[۶۲۶۸-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاللّٰهِ أَبُوْ ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِىْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِى حَرَّةِ الْمَدِيْنَةِ عِشَاءً، اسْتَقْبَلَنَا أُحُدٌ، فَقَالَ:'' يَا أَبَا ذَرٍّ! مَا أُحِبُّ أَنَّ أُحُدًا لِىْ ذَهَبًا تَأْتِىْ عَلَيَّ لَيْلَةٌ أَوْ: ثَلاَثٌ عِنْدِىْ مِنْهُ دِيْنَارٌ، إِلاَّ أُرْصِدُهُ لِدَيْنٍ، إِلاَّ أَنْ أَقُوْلَ بِهِ فِىْ عِبَادِ اللّٰهِ: هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا'' وَأَرَانَا بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ:'' يَا أَبَا ذَرٍّ'' قُلْتُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:'' الْأَكْثَرُوْنَ هُمُ الْأَقَلُّوْنَ إِلاَّ مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا'' ثُمَّ قَالَ لِىْ:'' مَكَانَكَ لاَ تَبْرَحْ يَا أَبَا ذَرٍّ حَتّٰى أَرْجِعَ'' فَانْطَلَقَ حَتّٰى غَابَ عَنِّىْ، فَسَمِعْتُ صَوْتًا، فَتَخَوَّفْتُ أَنْ يَكُوْنَ عُرِضَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَرَدْتُ أَنْ أَذْهَبَ، ثُمَّ ذَكَرْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:''لاَ تَبْرَحْ'' فَمَكُثْتُ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! سَمِعْتُ صَوْتًا خَشِيْتُ أَنْ يَكُوْنَ عُرِضَ لَكَ، ثُمَّ ذَكَرْتُ قَوْلَكَ فَقُمْتُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' ذَاكَ جِبْرَئِيْلُ أَتَانِىْ، فَأَخْبَرَنِىْ أَنَّهُ مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِىْ لاَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ'' قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟! قَالَ:'' وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ''

قُلْتُ لِزَيْدٍ: إِنَّهُ بَلَغَنِىْ أَنَّهُ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ، فَقَالَ: أَشْهَدُ لَحَدَّثَنِيْهِ أَبُوْ ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ.

وَقَالَ الْأَعْمَشُ: وَحَدَّثَنِىْ أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِى الدَّرْدَاءِ نَحْوَهُ.

وَقَالَ أَبُوْ شِهَابٍ: عَنِ الْأَعْمَشِ:'' يَمْكُثُ عِنْدِىْ فَوْقَ ثَلاَثٍ''[راجع: ۱۲۳۷]

وضاحت: دوسری حدیث: زید بن وہبؒ نے حضرت ابوذرؓ سے روایت کی تو اعمشؒ نے ان سے کہا کہ یہ حدیث تو حضرت ابوالدرداءؓ سے مروی ہے؟ پس انھوں نے قسم کھا کر کہا مجھ سے ابوذرؓ نے یہ حدیث بیان کی ہے، پھر اعمش نے ابوالدرداءؓ والی سند پیش کی ہے۔

بَابُ: لاَ يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِهِ

کوئی کسی کواس کی جگہ سے نہ اٹھائے

بیٹھنے کے لئے کسی کواس کی جگہ سے اٹھانا تکبر اور خود پسندی کی وجہ سے ہوتا ہے، اور اس سے دوسرے کے دل میں میل آتا ہے، اس لئے اس سے بچنا چاہئے، البتہ اگر پہلے سے بیٹھا ہوا شخص دوسرے کے لئے ایثار کرے تو وہ اجر کا مستحق ہوگا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''کوئی کسی کواس کی جگہ سے نہ اٹھائے، پھر وہ خوداس جگہ میں بیٹھے'' (بلکہ اہل مجلس سے درخواست کرے کہ وہ کھل جائیں اور گنجائش پیدا کریں)

[۳۱-] بَابٌ: لاَ يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِهِ

[۶۲۶۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: '' لاَ يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِهِ، ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ''[راجع: ۹۱۱]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تعالیٰ: ﴿وَإِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ﴾ الآيَةَ

جب کہا جائے کہ مجلس میں گنجائش پیدا کروتو بات مان لو، اللہ تعالیٰ تمہارے لئے گنجائش پیدا کریں گے

اگر لوگ حلقہ بنا کر بیٹھے ہوں تو گنجائش پیدا کرنے کی صورت یہ ہے کہ سب ذرا ذرا پیچھے ہٹ جائیں، آنے والے کے لئے جگہ ہو جائے گی، اور اگر لوگ مل کر بیٹھے ہوں تو سمٹ جائیں پیچھے جگہ نکل آئے گی، سورۃ المجادلہ کی (آیت ۱۱) میں یہ حکم دیا گیا ہے، قیل: کون کہے؟ کوئی بھی کہے: میر مجلس کہے یا آنے والا درخواست کرے، اور حدیث میں نبی ﷺ نے اس سے منع کیا ہے کہ کسی کواس کی جگہ سے اٹھایا جائے، پھر اس جگہ میں بیٹھے، بلکہ لوگ کھل جائیں اور گنجائش پیدا کریں —— اور حضرت ابن عمرؓ اس کو ناپسند کرتے تھے کہ کوئی شخص اس کی جگہ سے اٹھے، پھر آپؓ اس کی جگہ بیٹھیں (وہ احتیاطاً نہیں بیٹھتے ہونگے، یا سدّ باب مقصود ہوگا، کیونکہ اٹھنے والا واقعی خوشی سے اٹھا ہے یا شرما شرمی میں اٹھا ہے: اس کا پتہ نہیں چل سکتا)

[۳۲-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالیٰ: ﴿وَإِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ﴾ الآيَةَ

[۶۲۷۰-] حدثنا خَلاَّدُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ

النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَنَّـهُ نَهى أَنْ يُقَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يَجْلِسَ فِيْهِ آخَرُ، وَلكِنْ تَفَسَّحُوْا وَتَوَسَّعُوْا. وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَكْرَهُ أَنْ يَقُوْمَ الرَّجُلُ مِنْ مَكَانِهِ، ثُمَّ يَجْلِسَ مِكَانَهُ. [راجع: ۹۱۱]

بَابُ مَنْ قَامَ مِنْ مَجْلِسِهِ أَوْ بَيْتِهِ، وَلَمْ يَسْتَأْذِنْ أَصْحَابَهُ أَوْ تَهَيَّأَ لِلْقِيَامِ لِيَقُوْمَ النَّاسُ

ایک رائے یہ ہے کہ لوگوں کو اٹھانے کے لئے کچھ کہے بغیر مجلس سے یا گھر سے خود اٹھے یا اٹھنے کی تیاری کرے تا کہ لوگ اٹھ جائیں

حضرت قدس سرہ نے حدیث سے باب ڈھالا ہے، اس لئے عبارت لمبی اور پیچیدہ ہوگئی ہے، لوگوں نے دعوت کھالی، مگر اٹھنے کا نام نہیں لیتے، بیٹھے ہوئے باتیں کررہے ہیں، اور میزبان شرمسار ہے پس لوگوں کو کیسے اٹھائے؟ ایک رائے یہ ہے کہ مہمانوں سے کہے بغیر خود مجلس سے یا گھر سے اٹھ جائے یا اٹھنے کی تیاری کرے، مہمان سمجھ جائیں گے، اور وہ بھی اٹھ جائیں گے، اُن سے کچھ کہے نہیں۔ پس نہ سانپ بچے گا نہ لاٹھی ٹوٹے گی، نہ مہندی لگے گی نہ پھٹکری اور رنگ آئے گا چوکھا۔

یہ طریقہ نبی ﷺ نے حجاب کی آیات نازل ہونے سے پہلے اختیار کیا تھا، اب تو آہستہ سے پڑھ دے: ﴿فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا، وَلَا مُسْتَأْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ﴾: جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جاؤ، اور باتوں میں جی لگا کر بیٹھے مت رہو! لوگ یہ سنتے ہی سر پر پیر رکھ کر بھاگیں گے!

حدیث: حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا ولیمہ تھا، پہلے گھر جھونپڑا ہوتا تھا، ایک کونے میں دلہن دبکی بیٹھی ہے، مہمان کھانا کھا کر بھی بیٹھے رہے، باتیں کررہے ہیں، جمع ہونے کا موقع کبھی کبھی ملتا ہے، پس نبی ﷺ لوگوں سے کچھ کہے بغیر گھر سے اٹھ کر چل دیئے، لوگ سمجھ گئے اور وہ بھی نکل گئے، آپؐ ازواج سے دعا سلام کر کے لوٹے تو تین آدمی بیٹھے باتیں کررہے تھے، آپؐ دوبارہ لوٹ گئے، اب ان کو احساس ہوا اور وہ اٹھ کر چل دیئے، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے آپؐ کو اطلاع دی تو آپؐ لوٹ آئے، کمرہ میں داخل ہونے پر حضرت انسؓ (خادم) نے بھی ساتھ داخل ہونا چاہا، آپؐ نے پردہ چھوڑ دیا، تا کہ دلہن فری ہوجائے، اس موقع پر حجاب کی آیات نازل ہوئیں، جو آیت ۵۳ سے شروع ہوکر دور تک چلی گئی ہیں، ان میں کہا گیا ہے: ''اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں (بے بلائے) مت جایا کرو، ہاں جس وقت تم کو کھانے کے لئے اجازت دی جائے یعنی بلایا جائے، درانحالیکہ تم کھانے کی تیاری کے منتظر نہ ہوؤ، یعنی بہت پہلے سے مت جا بیٹھو، بلکہ جس وقت تم کو بلایا جائے تب جاؤ، پھر جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جایا کرو، اور باتوں میں جی لگا کر بیٹھے مت رہو، اس سے نبی کو تکلیف پہنچتی ہے مگر وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ صاف بات کہنے میں کسی کا لحاظ نہیں کرتے (الی آخرہ) ــــــ

اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

باب کا ترجمہ: جو کھڑا ہو گیا اپنی مجلس سے یا اپنے گھر سے، اور اس نے اپنے ساتھیوں سے اجازت نہیں چاہی یعنی ان سے کچھ کہے بغیر چل دیا، یا اٹھنے کی تیاری کی تاکہ لوگ اٹھ جائیں۔

[۳۳-] بَابُ مَنْ قَامَ مِنْ مَجْلِسِهِ أَوْ بَيْتِهِ، وَلَمْ يَسْتَأْذِنْ أَصْحَابَهُ أَوْ تَهَيَّأَ لِلْقِيَامِ لِيَقُوْمَ النَّاسُ

[۶۲۷۱-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، يَذْكُرُ عَنْ أَبِيْ مِجْلَزٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ دَعَا النَّاسَ، طَعِمُوْا، ثُمَّ جَلَسُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ، قَالَ: فَأَخَذَ كَأَنَّـهُ يَتَهَيَّأُ لِلْقِيَامِ فَلَمْ يَقُوْمُوْا، فَلَمَّا رَأَى ذٰلِكَ قَامَ، فَلَمَّا قَامَ قَامَ مَنْ قَامَ مَعَهُ مِنَ النَّاسِ، وَبَقِيَ ثَلَاثَةٌ، وَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم جَاءَ لِيَدْخُلَ فَإِذَا الْقَوْمُ جُلُوْسٌ، ثُمَّ إِنَّهُمْ قَامُوْا فَانْطَلَقُوْا، قَالَ: فَجِئْتُ فَأَخْبَرْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُمْ قَدِ انْطَلَقُوْا، فَجَاءَ حَتّٰى دَخَلَ فَذَهَبْتُ أَدْخُلُ، فَأَرْخَى الْحِجَابَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا﴾ [الأحزاب: ۵۳] [راجع: ۴۷۹۱]

بَابُ الِاحْتِبَاءِ بِالْيَدِ، وَهُوَ الْقُرْفُصَاءُ

اکڑوں بیٹھنا

اکڑوں بیٹھنا: تلووں کے بل اس طرح بیٹھنا کہ گھٹنے کھڑے رہیں، حبوۃ: ایک نشست جس میں آدمی سرین کے بل بیٹھ کر اپنی دونوں رانوں سے پنڈلیاں ملا کر گھٹنے کھڑے کر لیتا ہے، اور ہاتھ یا کپڑا پنڈلیوں پر باندھ لیتا ہے (عرب اس طرح بیٹھتے ہیں) قُرفُصاء: اکڑوں بیٹھک: سرین کے بل بیٹھ کر دونوں رانوں کو پیٹ سے ملانا اور دونوں ہاتھوں کا پنڈلیوں کے اوپر حلقہ بنانا (تینوں ایک ہیں) اس طرح بیٹھنا جائز ہے، ابن عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ کو کعبہ کی فناء میں اپنے ہاتھوں سے حبوہ بنا کر بیٹھے ہوئے دیکھا ہے۔

[۳۴-] بَابُ الِاحْتِبَاءِ بِالْيَدِ، وَهُوَ الْقُرْفُصَاءُ

[۶۲۷۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ غَالِبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ مُحْتَبِيًا بِيَدِهِ هٰكَذَا.

بَابُ مَنِ اتَّکَأَ بَیْنَ یَدَیْ أَصْحَابِهِ

ایک رائے یہ ہے کہ ساتھیوں کے سامنے ٹیک لگانا جائز ہے

مجلس میں ٹیک لگا کر بیٹھنا اچھی وضع (حالت) نہیں، تواضع کے خلاف ہے، مگر بے تکلف احباب ہوں تو جائز ہے، اور حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی روایت پہلے (تحفۃ القاری ۷:۱۵۸) آئی ہے، انھوں نے نبی ﷺ کی خدمت میں شکوہ کیا، آپؐ اپنی چادر کا تکیہ بنا کر کعبہ کے سایے میں لیٹے ہوئے تھے، علامہ عینیؒ کہتے ہیں: توسد (تکیہ بنانا) بہ معنی اتکأ (ٹیک لگانا) آتا ہے، خطابی کہتے ہیں: جو بھی کسی چیز پر تکیہ کرتا ہے اور اس سے لگ کر جم کر بیٹھتا ہے وہ متکئ (ٹیک لگانے والا) ہے۔

اور دوسری حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۶:۵۳) آئی ہے: آپؐ ٹیک لگائے ہوئے تھے، پس سیدھے بیٹھ گئے اور فرمایا (الی آخرہ)

[۳۵-] بَابُ مَنِ اتَّکَأَ بَیْنَ یَدَیْ أَصْحَابِهِ

قَالَ خَبَّابٌ: أَتَیْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً، قُلْتُ: أَلاَ تَدْعُوْ اللّٰهَ! فَقَعَدَ.

[۶۲۷۳-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَیْرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ بَکْرَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَلاَ أُخْبِرُکُمْ بِأَکْبَرِ الْکَبَائِرِ؟" قَالُوْا: بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "الإِشْرَاکُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ"

[۶۲۷۴-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرٌ مِثْلَهُ، وَکَانَ مُتَّکِئًا فَجَلَسَ فَقَالَ: "أَلاَ وَقَوْلُ الزُّوْرِ" فَمَا زَالَ یُکَرِّرُهَا حَتّٰی قُلْنَا: لَیْتَهُ سَکَتَ! [راجع: ۲۶۵۴]

بَابُ مَنْ أَسْرَعَ فِیْ مَشْیِهِ لِحَاجَةٍ أَوْ قَصْدٍ

ایک رائے یہ ہے کہ کسی حاجت یا مقصد سے تیز چلنا جائز ہے

تیز چلنا بھی اچھی وضع نہیں، باوقار چلنا چاہئے، لیکن اگر کوئی ضرورت ہو یا ضرورت سے کم درجہ کا کوئی مقصد ہو تو تیز چلنا جائز ہے، نبی ﷺ ایک مرتبہ عصر کا سلام پھیر کر تیزی سے گھر میں تشریف لے گئے، اور کچھ سونا لا کر دیا، تاکہ اس کو تقسیم کیا جائے۔

[۳۶-] بَابُ مَنْ أَسْرَعَ فِیْ مَشْیِهِ لِحَاجَةٍ أَوْ قَصْدٍ

[۶۲۷۵-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِیْدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ مُلَیْکَةَ، أَنَّ عُقْبَةَ بْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَهُ، قَالَ: صَلَّی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم الْعَصْرَ، فَأَسْرَعَ، ثُمَّ دَخَلَ الْبَیْتَ. [راجع: ۸۵۱]

بَابُ السَّرِيْرِ

چارپائی کا استعمال جائز ہے

چارپائی کا استعمال ٹھاٹھ میں شمار نہیں کیا جاتا، اس لئے جائز ہے، نامناسب بھی نہیں۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا چارپائی پر لیٹی ہوتی تھیں (الی آخرہ)

[۳۷-] بَابُ السَّرِيْرِ

[۶۲۷۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِى الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّىْ وَسْطَ السَّرِيْرِ، وَأَنَا مُضْطَجِعَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، تَكُوْنُ لِىَ الْحَاجَةُ، فَأَكْرَهُ أَنْ أَقُوْمَ فَأَسْتَقْبِلَهُ، فَأَنْسَلُّ انْسِلاَلاً. [راجع: ۳۸۲]

بَابُ مَنْ أُلْقِىَ لَهُ وِسَادَةٌ

جس کے بیٹھنے کے لئے گدّا ڈالا جائے

گدّے پر بیٹھنا ٹھاٹھ میں شمار نہیں کیا جاتا، اس لئے جائز ہے، بلکہ گدّا رد نہیں کرنا چاہئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن عمروؓ کو نصیحت کرنے گئے تو انھوں نے بیٹھنے کے لئے گدا ڈالا، مگر آپؐ نیچے بیٹھے، تاکہ وہ تقریب بہرملاقات میں نہ لگ جائیں، بیٹھ جائیں اور بات سنیں ـــــ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ گدّے والے صحابی کہلاتے تھے، وہ بیٹھنے کا گدا لئے رہتے تھے، جہاں آپؐ بیٹھنا چاہتے بچھاتے، معلوم ہوا کہ گدے کا استعمال جائز ہے۔

[۳۸-] بَابُ مَنْ أُلْقِىَ لَهُ وِسَادَةٌ

[۶۲۷۷-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، ح: وَحَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو ابْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِىْ قِلاَبَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ أَبُوْ الْمَلِيْحِ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِيْكَ زَيْدٍ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَحَدَّثَنَا: أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم ذُكِرَ لَهُ صَوْمِىْ، فَدَخَلَ عَلَىَّ، فَأَلْقَيْتُ لَهُ وِسَادَةً مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ، فَجَلَسَ عَلَى الأَرْضِ، وَصَارَتِ الْوِسَادَةُ بَيْنِى وَبَيْنَهُ، فَقَالَ لِىْ: "أَمَا يَكْفِيْكَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "خَمْسًا" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "سَبْعًا" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "تِسْعًا" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "إِحْدَى عَشِرَةَ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "لاَصَوْمَ فَوْقَ صَوْمِ دَاوُدَ، شَطْرَ الدَّهْرِ! صِيَامُ يَوْمٍ وَإِفْطَارُ يَوْمٍ"[راجع: ۱۱۳۱]

[۶۲۷۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ: أَنَّهُ قَدِمَ الشَّامَ، ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: ذَهَبَ عَلْقَمَةُ إِلَى الشَّامِ، فَأَتَى الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ جَلِيْسًا فَقَعَدَ إِلٰى أَبِي الدَّرْدَاءِ، فَقَالَ: مِمَّنْ أَنْتَ؟ فَقَالَ: مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ، قَالَ: أَلَيْسَ فِيْكُمْ صَاحِبُ السِّرِّ الَّذِيْ كَانَ لَا يَعْلَمُهُ غَيْرُهُ، يَعْنِيْ حُذَيْفَةَ؟ أَلَيْسَ فِيْكُمْ أَوْ: كَانَ فِيْكُمُ الَّذِيْ أَجَارَهُ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الشَّيْطَانِ، يَعْنِيْ عَمَّارًا؟ أَوَلَيْسَ فِيْكُمْ صَاحِبُ السِّوَاكِ وَالْوِسَادِ، يَعْنِي ابْنَ مَسْعُوْدٍ؟ كَيْفَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْرَأُ ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى﴾؟ قَالَ: ﴿وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى﴾ فَقَالَ: مَازَالَ هٰؤُلَآءِ حَتّٰى كَادُوْا يُشَكِّكُوْنِّيْ، وَقَدْ سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۳۲۸۷]

بَابُ الْقَائِلَةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے بعد قیلولہ

قیلولہ: دوپہر کا آرام (خواہ نیند کے ساتھ ہو یا بغیر نیند کے) دورِاول میں فُطُور (صبح کے ناشتہ) کا رواج نہیں تھا، لوگ غداء (صبح کا کھانا) گیارہ بجے کھاتے تھے، پھر قیلولہ کرتے تھے، پھر اٹھ کر ظہر پڑھتے تھے، مگر چونکہ جمعہ کی نماز اول وقت پڑھی جاتی تھی، اور صحابہ بہت سویرے نماز کے لئے مسجد پہنچ جاتے تھے، اس لئے کھانا مؤخر کرتے تھے اور قیلولہ بھی، یہ دونوں کام نماز جمعہ کے بعد کرتے تھے، حضرت سہل بن سعدؓ نے یہ بات بیان کی ہے، یہی جمعہ کے دن کا ادب ہے۔

[۳۹-] بَابُ الْقَائِلَةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ

[۶۲۷۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنَّا نَقِيْلُ وَنَتَغَدَّى بَعْدَ الْجُمُعَةِ. [راجع: ۹۳۸]

بَابُ الْقَائِلَةِ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد میں قیلولہ کرنا

یہ ذیلی باب ہے، جمعہ کے دن اگر گھر نہ ہو یا گھر جانے کا موقع نہ ہو تو مسجد میں قیلولہ کر سکتا ہے، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مسجد میں علی الاطلاق سونا جائز ہے، خواہ سونے والا مسافر ہو یا غیر مسافر، اور خواہ دن میں سوئے یا رات میں، امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے معلوم ہوتی ہے، اور دیگر ائمہ کے نزدیک مسجد کو مَبِیْت (رات میں سونے کی جگہ) اور مَقِیْل (قیلولہ کرنے کی جگہ) بنانا جائز نہیں، البتہ معتکف اور مسافر اس حکم سے مستثنیٰ ہیں، اور امام صاحب رحمہ اللہ نے دلیل

میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا جو واقعہ پیش کیا ہے: اس میں غور کریں، استدلال ہوسکتا ہے یا نہیں؟ آپؓ اہلیہ سے ناراض ہوکر مسجد میں جا پڑے تھے اور آنکھ لگ گئی تھی، اور جمہور کی دلیل حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے: لاَ یَتَّخِذُہُ مَبِیْتًا وَلاَ مَقِیْلاً: مسجد کو رات میں سونے کی جگہ اور قیلولہ کرنے کی جگہ بنانا جائز نہیں (ذکرہ الترمذی تحفۃ الألمعی ۲:۱۳۹)

[٤٠-] بَابُ الْقَائِلَةِ فِی الْمَسْجِدِ

[٦٢٨٠-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ، قَالَ: مَاكَانَ لِعَلِیٍّ اسْمٌ أَحَبَّ إِلَیْهِ مِنْ أَبِیْ تُرَابٍ، وَإِنْ كَانَ لَیَفْرَحُ إِذَا دُعِیَ بِهَا، جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَیْتَ فَاطِمَةَ فَلَمْ یَجِدْ عَلِیًّا فِی الْبَیْتِ، فَقَالَ: "أَیْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟" فَقَالَتْ: كَانَ بَیْنِیْ وَبَیْنَهُ شَیْئٌ، فَغَاضَبَنِیْ، فَخَرَجَ فَلَمْ یَقِلْ عِنْدِیْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لِإِنْسَانٍ: "انْظُرْ أَیْنَ هُوَ؟" فَجَاءَ فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هُوَ فِی الْمَسْجِدِ رَاقِدٌ، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ مُضْطَجِعٌ، وَقَدْ سَقَطَ رِدَاؤُهُ عَنْ شِقِّهِ، فَأَصَابَهُ تُرَابٌ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَمْسَحُهُ عَنْهُ، وَهُوَ یَقُوْلُ: "قُمْ أَبَا تُرَابٍ! قُمْ أَبَا تُرَابٍ!" مَرَّتَیْنِ. [راجع: ٤٤١]

بَابُ مَنْ زَارَ قَوْمًا فَقَالَ عِنْدَهُمْ

کسی سے ملنے گیا، وہاں قیلولہ کیا

یہ بھی ذیلی باب ہے، کسی کے یہاں دعوت میں گیا یا ملنے گیا، پس میزبان کے یہاں قیلولہ کیا تو اس میں کچھ حرج نہیں، نبی ﷺ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ ام سلیمؓ کے یہاں اور ان کی بہن ام حرامؓ کے یہاں جاتے تھے، کھانا تناول فرماتے تھے اور وہیں قیلولہ کرتے تھے۔

[٤١-] بَابُ مَنْ زَارَ قَوْمًا فَقَالَ عِنْدَهُمْ

[٦٢٨١-] حدثنا قُتَیْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ ثُمَامَةَ: أَنَّ أُمَّ سُلَیْمٍ كَانَتْ تَبْسُطُ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نِطَعًا، فَیَقِیْلُ عِنْدَهَا عَلٰی ذٰلِكَ النِّطَعِ، فَإِذَا قَامَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَخَذَتْ مِنْ عَرَقِهِ وَشَعَرِهِ، فَجَمَعَتْهُ فِیْ قَارُوْرَةٍ، ثُمَّ جَمَعَتْهُ فِیْ سُكٍّ، قَالَ: فَلَمَّا حَضَرَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ الْوَفَاةُ أَوْصٰی إِلَیَّ أَنْ یُجْعَلَ فِیْ حَنُوْطِهِ مِنْ ذٰلِكَ السُّكِّ، قَالَ: فَجُعِلَ فِیْ حَنُوْطِهِ.

ترجمہ: (حدیث نئی ہے) ثُمامہ (حضرت انسؓ کے پوتے) کہتے ہیں: ام سلیمؓ نبی ﷺ کے لئے چرمی فرش بچھاتی تھیں، آپؐ ان کے یہاں اس چرمی فرش پر قیلولہ کرتے تھے، پس جب آپؐ اٹھتے تو ام سلیم آپؐ کے پسینہ کو، اور (گرے

ہوئے) بالوں کو لیتیں، اوران کو ایک شیشی میں جمع کرتیں، اور ایک قسم کی مشک ملی ہوئی خوشبو میں ڈالتیں۔ ثمامہ کہتے ہیں: جب حضرت انسؓ کی موت کا وقت آیا تو انھوں نے مجھے وصیت کی کہ ان کی میت کو لگانے کی خوشبو میں اس مشک ملی ہوئی خوشبو میں سے ڈالا جائے۔ ثمامہ کہتے ہیں: پس وہ ان کی میت کی خوشبو میں ڈالیگئی۔

[٦٢٨٢و٦٢٨٣-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّـهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا ذَهَبَ إِلٰى قُبَاءٍ يَدْخُلُ عَلٰى أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ فَتُطْعِمُهُ، وَكَانَتْ تَحْتَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، فَدَخَلَ يَوْمًا فَأَطْعَمَتْهُ، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ اسْتَيْقَظَ يَضْحَكُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: مَا يُضْحِكُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: "نَاسٌ مِنْ أُمَّتِيْ عُرِضُوْا عَلَيَّ غُزَاةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، يَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ، مُلُوْكًا عَلَى الْأَسِرَّةِ، أَوْ قَالَ: مِثْلَ الْمُلُوْكِ عَلَى الأَسِرَّةِ" - يَشُكُّ إِسْحَاقُ- قُلْتُ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَدَعَا، ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ يَضْحَكُ، فَقُلْتُ: مَا يُضْحِكُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَاسٌ مِنْ أُمَّتِيْ عُرِضُوْا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، يَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ، مُلُوْكًا عَلَى الْأَسِرَّةِ أَوْ: مِثْلَ الْمُلُوْكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ، فَقُلْتُ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ: "أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ" فَرَكِبَتِ الْبَحْرَ زَمَانَ مُعَاوِيَةَ، فَصُرِعَتْ عَنْ دَابَّتِهَا حِيْنَ خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ، فَهَلَكَتْ. [راجع: ٢٧٨٨و٢٧٨٩]

بَابُ الْجُلُوْسِ كَيْفَ مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ

جس طرح سہولت ہو اس طرح بیٹھ سکتا ہے

منه کی ضمیر جلوس کی طرف عائد ہے، اور اس کی ضرورت نہیں، فتح اور عمدۃ کے نسخوں میں منه نہیں ہے، اور حدیث میں کپڑا پہننے کی دو ہیئتوں سے منع کیا ہے، پس ان کے علاوہ جس طرح کا چاہے کپڑا پہنے اور اس میں بیٹھے (یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے)

[٤٢-] بَابُ الْجُلُوْسِ كَيْفَ مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ

[٦٢٨٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ لِبْسَتَيْنِ وَعَنْ بَيْعَتَيْنِ: اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ، وَالِاحْتِبَاءِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، لَيْسَ عَلٰى فَرْجِ الإِنْسَانِ مِنْهُ شَيْئٌ، وَالْمُلَامَسَةِ، وَالْمُنَابَذَةِ.

تَابَعَهُ مَعْمَرٌ، وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ حَفْصَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُدَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ. [راجع: ٣٦٧]

بَابُ مَنْ نَاجَى بَيْنَ يَدَيِ النَّاسِ، وَمَنْ لَمْ يُخْبِرْ بِسِرِّ صَاحِبِهِ، فَإِذَا مَاتَ أَخْبَرَ بِهِ

ایک رائے یہ ہے کہ لوگوں کی موجودگی میں سرگوشی جائز ہے، اور جس نے سرگوشی کی اس نے اپنے ساتھی کا راز نہیں بتلایا، پھر جب اس کا انتقال ہوگیا تو وہ راز بتلایا

یہ باب بھی حدیث سے ڈھالا گیا ہے، اس لئے لمبا ہوگیا ہے، اور اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: ابھی آگے حدیث آرہی ہے: **إذا كانوا ثلاثةً، فلا يَتَنَاجَ اثنان دون الثالث**: اگر تین شخص ہوں تو دو تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں (کیونکہ وہ تیسرا شبہ میں پڑے گا کہ میرے بارے میں کوئی بات کر رہے ہیں، نیز جب تک وہ سرگوشی کرتے رہیں گے تیسرا بور ہوتا رہے گا) لیکن اگر مجلس میں بہت سے لوگ ہوں تو دو شخص سرگوشی کر سکتے ہیں، مرض وفات میں ایک دن تمام ازواج جمع تھیں اور نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے راز دارانہ بات کی، پس یہ رائے ٹھیک ہے۔

دوسری بات: جب راز کی مدت ختم ہوجائے، اور راز: راز نہ رہے تو اس کا افشاء جائز ہے۔ نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو قربِ وفات کی اطلاع دی تھی، آپؐ یہ بات اپنی ازواج کو نہیں بتلانا چاہتے تھے، کیونکہ وہ ان کی شدید بے کلی کا سبب بنتی، اور حضرت فاطمہؓ کو یہ بات اس لئے بتائی کہ ان کی تسلی کے لئے دوسری بات بتانے کے لئے تھی، پھر جب آپؐ کی وفات ہوگئی، اور واقعہ رونما ہو چکا تو وہ راز: راز نہ رہا، اس لئے اب بتانے میں کچھ حرج نہیں تھا، چنانچہ حضرت فاطمہؓ نے وہ راز کی بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتادی (اور ان کو جو خوش خبری سنائی تھی وہ راز نہیں تھا، وہ راز کا تتمہ تھا)

البتہ کوئی دائمی راز ہو، اور مسئلہ شرعی نہ ہو تو اس کو وفات کے بعد بھی ظاہر نہیں کریں گے، ابھی آگے راز کی نگہداشت کا باب آرہا ہے، اس میں روایت ہے: نبی ﷺ نے انسؓ سے ایک راز دارانہ بات کہی، وہ انھوں نے کسی کو نہیں بتلائی، اپنی والدہ کو بھی نہیں بتلائی ـــــ اور باب کی حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۷: ۱۶۶) آگئی ہے۔

[٤٣-] بَابُ مَنْ نَاجَى بَيْنَ يَدَيِ النَّاسِ، وَمَنْ لَمْ يُخْبِرْ بِسِرِّ صَاحِبِهِ، فَإِذَا مَاتَ أَخْبَرَ بِهِ

[٦٢٨٥و٦٢٨٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا فِرَاسٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ أُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ: إِنَّا كُنَّا أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عِنْدَهُ جَمِيْعًا، لَمْ تُغَادَرْ مِنَّا وَاحِدَةٌ، فَأَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ تَمْشِيْ، لاَ وَاللّٰهِ مَا تَخْفَى مِشْيَتُهَا مِنْ مِشْيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا رَآهَا رَحَّبَ قَالَ: "مَرْحَبًا بِابْنَتِيْ" ثُمَّ أَجْلَسَهَا عَنْ يَمِيْنِهِ أَوْ عَنْ شِمَالِهِ، ثُمَّ سَارَّهَا فَبَكَتْ بُكَاءً شَدِيْدًا، فَلَمَّا رَأَى حُزْنَهَا سَارَّهَا الثَّانِيَةَ، إِذَا هِيَ تَضْحَكُ، فَقُلْتُ لَهَا: أَنَا مِنْ نِسَائِهِ،

خَصَّكِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالسِّرِّ مِنْ بَيْنِنَا، ثُمَّ أَنْتِ تَبْكِيْنَ! فَلَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سَأَلْتُهَا عَمَّا سَارَّكِ؟ قَالَتْ: مَا كُنْتُ لِأُفْشِيَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سِرَّهُ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ صلى الله عليه وسلم قُلْتُ لَهَا: عَزَمْتُ عَلَيْكِ بِمَا لِيْ عَلَيْكِ مِنَ الْحَقِّ لَمَّا أَخْبَرْتِنِي، قَالَتْ: أَمَّا الآنَ فَنعَمْ، فَأَخْبَرَتْنِيْ، قَالَتْ: أَمَّا حِيْنَ سَارَّنِيْ فِي الْأَمْرِ الْأَوَّلِ، فَإِنَّهُ أَخْبَرَنِيْ: أَنَّ جِبْرَئِيْلَ كَانَ يُعَارِضُهُ الْقُرْآنَ كُلَّ سَنَةٍ مَرَّةً، وَإِنَّهُ قَدْ عَارَضَنِيْ بِهِ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ، فَلاَ أَرَى الْأَجَلَ إِلَّا قَدِ اقْتَرَبَ، فَاتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ، فَإِنِّيْ نِعْمَ السَّلَفُ أَنَا لَكِ" قَالَتْ: فَبَكَيْتُ بُكَائِيْ الَّذِيْ رَأَيْتِ، فَلَمَّا رَأَى جَزَعِي سَارَّنِي الثَّانِيَةَ، فَقَالَ:" يَا فَاطِمَةُ أَلاَ تَرْضَيْنَ أَنْ تَكُوْنِيْ سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ أَوْ: سَيِّدَةَ نِسَاءِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ؟"[راجع: ٣٦٢٣و ٣٦٣٤]

قولها: لم تُغادر: نہیں چھوڑی گئی تھی ہم میں سے ایک بھی یعنی سب ازواج موجود تھیں...... **أنا من نسائه:** میں آپؐ کی ازواج میں سے ہوں (پھر بھی مجھے وہ راز کی بات نہیں بتائی) اور آپ کو رسول اللہ ﷺ نے راز کے ساتھ خاص کیا ہمارے درمیان سے یعنی یہ تو خوش ہونے کی بات ہے، پھر آپ رو رہی ہیں؟...... **فلما قام:** جب نبی ﷺ مجلس سے اٹھ گئے۔

بَابُ الِاسْتِلْقَاءِ

چت لیٹنا

چت لیٹنا جائز ہے، پھر پیر لمبے کر کے ایک پیر پر دوسرا پیر رکھنا بھی جائز ہے، بلکہ بہتر ہے، تاکہ لنگی باندھ رکھی ہو تو کشف عورت کا احتمال نہ رہے، البتہ ایک پیر کھڑا کر کے اس پر دوسرا پیر رکھ کر لیٹنا ٹھیک نہیں، جبکہ لنگی باندھ رکھی ہو، کیونکہ اس حالت میں اگر آنکھ لگ گئی تو ستر کھل سکتا ہے، اور باب کی حدیث کا مصداق پہلی صورت ہے۔

[٤٤-] بَابُ الِاسْتِلْقَاءِ

[٦٢٨٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبَّادُ ابْنُ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَسْجِدِ مُسْتَلْقِيًا، وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلٰى الْأُخْرَى.[راجع: ٤٧٥]

بَابٌ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ الثَّالِثِ

تیسرے کو چھوڑ کر دو شخص سرگوشی نہ کریں

باب کی حدیث میں ہے کہ جب مجلس میں تین شخص ہوں تو دو شخص تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں، اور معمر کی نافع

سے روایت میں إلا بإذنه بھی ہے یعنی تیسرے سے اجازت لے کر کانا پھوسی کر سکتے ہیں (عمدۃ) اور دو آدمی چپکے سے باتیں کر رہے ہوں تو تیسرے کو وہاں نہیں ٹھہرنا چاہئے، اور اگر مجلس کے سبھی شرکاء خفیہ میٹنگ کریں اور نیکی اور پرہیزگاری کی باتیں کریں تو جائز ہے، یہ بات سورۃ المجادلۃ کی آیت ۹ میں ہے، اور باب کی حدیث میں جو نہی ہے اس میں ایک استثناء ہے، اگر کوئی تیسرے کو چھوڑ کر نبی ﷺ سے (یا سربراہ سے) سرگوشی کرے تو جائز ہے، کیونکہ وہاں تیسرے کی بدگمانی کا موقع نہیں ہوتا، یہ بات سورۃ المجادلہ کی آیت ۱۲ و ۱۳ میں ہے (یہ باب کا خلاصہ ہے، اور دو آیتوں کو ذکر کرنے کی وجہ ہے)

[٤٥-] بَابٌ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ الثَّالِثِ

[١-] وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾

[٢-] وَقَوْلُهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا تَنَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةٌ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ﴾

[٦٢٨٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا كَانُوْا ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجَ اثْنَانِ دُوْنَ الثَّالِثِ"

بَابُ حِفْظِ السِّرِّ

راز کی نگہداشت

کسی کا راز ظاہر نہیں کرنا چاہئے، حدیث میں ہے: المجالس بالأمانة: محفل کی باتیں امانت ہوتی ہیں، پس امانت کو ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ حضرت انسؓ سے نبی ﷺ نے کوئی راز کی بات کہی، انھوں نے وہ کسی کو نہیں بتلائی، ان کی والدہ نے پوچھا ان کو بھی نہیں بتلایا۔

[٤٦-] بَابُ حِفْظِ السِّرِّ

[٦٢٨٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: أَسَرَّ إِلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سِرًّا، فَمَا أَخْبَرْتُ بِهِ أَحَدًا بَعْدَهُ، وَلَقَدْ سَأَلَتْنِيْ أُمُّ سُلَيْمٍ فَمَا أَخْبَرْتُهَا بِهِ.

بَابٌ: إِذَا كَانُوْا أَكْثَرَ مِنْ ثَلاَثَةٍ فَلاَ بَأْسَ بِالْمُسَارَّةِ وَالْمُنَاجَاةِ

اگر مجلس میں تین سے زیادہ آدمی ہوں تو دوشخص کانا پھوسی اور سرگوشی کرسکتے ہیں

قوله: حتی: یہاں تک کہ تین مل جائیں لوگوں کے ساتھ یعنی لوگ تین سے زیادہ ہوجائیں .... دوعلاحدہ باتیں کریں گے تو دوسرے دو آپس میں باتیں کریں گے، کوئی بور نہیں ہوگا .... أَجْلَ: ای لِأَجْلِ: بایں وجہ کہ وہ سرگوشی تیسرے کو بور کرے گی (اس کو غمگین کرے گی)

[٤٧-] بَابٌ: إِذَا كَانُوْا أَكْثَرَ مِنْ ثَلاَثَةٍ فَلاَ بَأْسَ بِالْمُسَارَّةِ وَالْمُنَاجَاةِ

[٦٢٩٠-] حدثنا عُثْمَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا كُنْتُمْ ثَلاَثَةً فَلاَ يَتَنَاجَ رَجُلاَنِ دُوْنَ الآخَرِ، حَتّٰى تَخْتَلِطُوْا بِالنَّاسِ، أَجْلَ أَنْ يُحْزِنَهُ"

آئندہ حدیث: ایک منافق کی بات ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے چپکے سے نبی ﷺ کے کان میں کہی، کیونکہ مجلس میں تین سے زیادہ لوگ موجود تھے۔

[٦٢٩١-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ: قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا قِسْمَةً، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الأَنْصَارِ: إِنَّ هٰذِهِ لَقِسْمَةٌ مَا أُرِيْدُ بِهَا وَجْهُ اللهِ! قُلْتُ: أَمَا وَاللهِ لَآتِيَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ فِي مَلَإٍ، فَسَارَرْتُهُ، فَغَضِبَ حَتّٰى احْمَرَّ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: "رَحْمَةُ اللهِ عَلٰى مُوْسَى! أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ" [راجع: ٣١٥٠]

بَابُ طُوْلِ النَّجْوَى

لمبی سرگوشی

النجوی: اسم بھی ہے اور مصدر بھی، سرگوشی اور سرگوشی کرنا۔ سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۴۷) ﴿وَإِذْهُمْ نَجْوٰى﴾ میں مصدر ہے، اور مصدر کا حمل مبالغۃً ہے، جیسے زید عَدْل: زید انصاف کرنے والا ہے، نَاجَاہ مناجاۃ کے معنی ہیں: سرگوشی کرنا۔

کوئی لمبی بات ہو تو لمبی سرگوشی کرسکتے ہیں، ایک دن عشاء کی تکبیر ہوگئی، نبی ﷺ گھر میں سے نماز پڑھانے کے لئے نکلے، صف میں سے ایک شخص نے آگے بڑھ کر آپؐ کے ساتھ چپکے سے کوئی بات شروع کی اور وہ اتنی دیر بات کرتا رہا کہ نمازی کھڑے کھڑے سونے لگے، پھر جب اس نے بات ختم کی تو آپؐ نے نماز پڑھائی۔

[٤٨-] بَابُ طُوْلِ النَّجْوَى

وَقَوْلِهِ: ﴿وَإِذْهُمْ نَجْوىٰ﴾ : مَصْدَرٌ مِنْ نَاجَيْتُ، فَوَصَفَهُمْ بِهَا، وَالْمَعْنَى: يَتَنَاجَوْنَ.

[٦٢٩٢-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ وَرَجُلٌ يُنَاجِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، مَازَالَ يُنَاجِيْهِ حَتّٰى نَامَ أَصْحَابُهُ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى. [راجع: ٦٤٢]

بَابٌ: لَاتُتْرَكُ النَّارُ فِی الْبَيْتِ عِنْدَ النَّوْمِ

سوتے وقت گھر میں آگ نہ چھوڑی جائے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''مت چھوڑو تم آگ کو اپنے گھروں میں جب تم سوؤ'' یعنی اس کو بجھا کر سوؤ۔

حدیث (۲): مدینہ میں رات میں ایک گھر اس کے رہنے والوں کے ساتھ جل گیا، ان کا واقعہ نبی ﷺ کو بتلایا گیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''یہ آگ تمہاری دشمن ہے، پس جب تم سوؤ تو اس کو بجھا دو''

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''برتن کو ڈھانک دو، اور دروازوں کو بھیڑ دو، اور چراغوں کو بجھا دو، اس لئے کہ چھوٹا شرارتی (چوہا) کبھی بتّی گھسیٹتا ہے، پس گھر والوں کو جلا دیتا ہے''

تشریح: سوتے وقت گھر میں چولہا / چراغ جلتا نہیں چھوڑنا چاہئے، بجھا دینا چاہئے، کیونکہ کبھی چوہا چراغ کی بتّی گھسیٹ کر لے چلتا ہے اور گھر جلا دیتا ہے، پہلے گھر جھونپڑے ہوتے تھے، اب پختہ ہیں، اور پہلے دیئے جلتے تھے اب قمقمے جلتے ہیں، مگر اب بھی اس حکم کی اہمیت بحالہ ہے۔

[٤٩-] بَابٌ: لَاتُتْرَكُ النَّارُ فِی الْبَيْتِ عِنْدَ النَّوْمِ

[٦٢٩٣-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَاتَتْرُكُوْا النَّارَ فِیْ بُيُوْتِكُمْ حِيْنَ تَنَامُوْنَ"

[٦٢٩٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى، قَالَ: احْتَرَقَ بَيْتٌ بِالْمَدِيْنَةِ عَلٰى أَهْلِهِ مِنَ اللَّيْلِ، فَحُدِّثَ بِشَأْنِهِمُ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " إِنَّ هٰذِهِ النَّارَ إِنَّمَا هِیَ عَدُوٌّ لَكُمْ، فَإِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوْهَا عَنْكُمْ"

[٦٢٩٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ كَثِيْرٍ، هُوَ ابْنُ سِنْظِيْرٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " خَمِّرُوْا الآنِيَةَ، وَأَجِيْفُوْا الأَبْوَابَ، وَأَطْفِئُوْا الْمَصَابِيْحَ، فَإِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ رُبَّمَا جَرَّتِ الْفَتِيْلَةَ فَأَحْرَقَتْ أَهْلَ الْبَيْتِ" [راجع: ٣٢٨٠]

لغات: خَمَّر الشيئَ: ڈھانکنا...... أَجَاف البَابَ: دروازہ بند کرنا......أَطْفَأَ النارَ: آگ بجھانا......الفتيلة: چراغ کی بتّی، موٹی بٹی ہوئی چیز جس کو تیل میں رکھ کر جلاتے ہیں۔

بَابُ إِغْلَاقِ الأَبْوَابِ بِاللَّيْلِ

رات میں دروازے بند کردینا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''رات میں جب تم سوؤ تو چراغ بجھادو، اور دروازے بھیڑ دو، اور پانی کے مشکیزوں کا منہ ڈوری سے باندھ دو، اور کھانے پینے کی چیز کو ڈھانک دو'' —— اور ایک روایت میں ہے: ''چاہے لکڑی سے ڈھانکو'' یعنی بسم اللہ کہہ کر لکڑی چوڑائی میں رکھ دو (اب شیطان کو کارستانی کا موقع نہیں ملے گا)

[٥٠-] بَابُ إِغْلَاقِ الأَبْوَابِ بِاللَّيْلِ

[٦٢٩٦-] حدثنا حَسَّانُ بْنُ أَبِي عَبَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَطْفِئُوْا الْمَصَابِيْحَ بِاللَّيْلِ إِذَا رَقَدْتُمْ، وَغَلِّقُوْا الأَبْوَابَ، وَأَوْكُوْا الأَسْقِيَةَ، وَخَمِّرُوْا الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ" قَالَ هَمَّامٌ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ:- "وَلَوْ بِعُوْدٍ"[راجع: ٣٢٨٠]

بَابُ الْخِتَانِ بَعْدَ مَا كَبِرَ، وَنَتْفِ الإِبْطِ

بڑی عمر میں ختنہ کرانا اور بغل کے بال نوچنا

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: جب لڑکا سیانا ہوجائے تب ختنہ کرانا، عربوں میں یہی رواج تھا، ابن عباسؓ کا ختنہ گیارہ سال کی عمر میں کرایا گیا تھا، میرے بچپن میں بھی سات آٹھ سال کی عمر میں ختنہ کراتے تھے، مگر پہلے بیان کیا ہے کہ اگر بچہ تندرست ہو تو ساتویں دن عقیقہ کے ساتھ ختنہ بھی کرادینا چاہئے، اس وقت بچہ کو زیادہ سنبھالنا نہیں پڑتا۔

مسئلہ: اگر کوئی بڑی عمر میں مسلمان ہوا تو اسے بھی ختنہ کرانا چاہئے، ختنہ کرانا اگرچہ سنت ہے مگر اسلام کا شعار ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا ختنہ ۸۰ یا ۱۲۰ سال کی عمر میں بسولے سے یا قدّوم مقام میں کیا تھا، اسی وقت حکم آیا تھا، اور اب تو ڈاکٹر پتہ بھی نہیں چلنے دیتے کہ ختنہ کردیتے ہیں، اس لئے خوف کھانے کی ضرورت نہیں۔

دوسری بات: بغل کے بال صاف کرنے چاہئیں، خواہ مونڈے یا نوچے، کوئی کہے کہ نوچنے میں تکلیف ہوگی تو ناک اس سے زیادہ نازک ہے، مگر کچھ لوگ ناک کے بال اکھاڑتے ہیں، اور ان کو بڑا مزہ آتا ہے، بغل کا بھی یہی حال ہے، عادت نہ ہونے کی وجہ سے ہوّا ہے!

[٥١-] بَابُ الْخِتَانِ بَعْدَ مَا كَبِرَ، وَنَتْفِ الإِبْطِ

[٦٢٩٧-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ قَزْعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الْفِطْرَةُ خَمْسٌ: الْخِتَانُ، وَالِاسْتِحْدَادُ، وَنَتْفُ الإِبْطِ، وَقَصُّ الشَّارِبِ، وَتَقْلِيْمُ الْأَظْفَارِ" [راجع: ٥٨٨٩]

[٦٢٩٨-] حدثنا أَبُوالْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِىْ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" اخْتَتَنَ إِبْرَاهِيْمُ بَعْدَ ثَمَانِيْنَ سَنَةً، وَاخْتَتَنَ بِالْقَدُوْمِ" مُخَفَّفَةً، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، وَقَالَ:" بِالْقَدُّوْمِ" وَهُوَ مَوْضِعٌ.

[راجع: ٣٣٥٦]

[٦٢٩٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مِثْلُ مَنْ أَنْتَ حِيْنَ قُبِضَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: أَنَا يَوْمَئِذٍ مَخْتُوْنٌ، قَالَ: وَكَانُوْا لَا يَخْتِنُوْنَ الرَّجُلَ حَتّٰى يُدْرِكَ.

[طرفه: ٦٣٠٠]

[٦٣٠٠-] وَقَالَ ابْنُ إِدْرِيْسَ: عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قُبِضَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا خَتِيْنٌ.[طرفه: ٦٢٩٩]

وضاحت: پہلی روایت دسویں جلد میں کتاب اللباس میں آئی ہے......مخففة: دال پر تشدید نہیں، قدوم، بسولہ، بڑھئی کا آلہ، اوردال کی تشدید کے ساتھ قَدُّوم: ملک شام میں ایک جگہ کا نام ہے......ابن عباسؓ سے پوچھا گیا: وفاتِ نبوی کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟ کس کے مانند (ہم عمر) تھے آپ؟ فرمایا: میری ختنہ ہوگئی تھی، اورلوگ جب بچہ قریب البلوغ ہوجاتا تو ختنہ کرتے تھے......ختین (فعیل) مختون کے معنی میں ہے۔

بَابٌ: كُلُّ لَهْوٍ بَاطِلٌ إِذَا شَغَلَهُ عَنْ طَاعَةِ اللّٰهِ

ہر کھیل حرام ہے جب وہ اللہ کی اطاعت سے غافل کرے

لہو: بہلاوا، کھیل، خواہ کوئی ہو، جیسے انٹرنیٹ، ٹی وی، فیس بک وغیرہ، اگر وہ اللہ کی اطاعت (نماز، ذکر، سبق وغیرہ) سے غافل کریں تو حرام ہیں۔ سورۃ لقمان (آیت ٦) میں ہے: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ، وَيَتَّخِذُهَا هُزُوًا، أُولٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ﴾: اور بعضا آدمی وہ ہے جو خریدتا ہے اللہ سے غافل

کرنے والی باتیں، تاکہ وہ اللہ کی راہ سے ہٹادے، محض نادانی سے، تاکہ وہ اس کو ٹھٹھا بنائے، انہی لوگوں کے لئے ذلت کا عذاب ہے —— حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا: جو بھی چیز تجھے اللہ کی عبادت اور ذکر سے غافل کرے (وہ لہو ہے) خواہ وہ رات کی قصہ گوئی ہو، ہنسانے والی بات ہو، بیہودہ باتیں ہوں، گانا بجانا ہو یا ان کے مانند (روح) —— نضر بن الحارث: شاہانِ عجم کے افسانے خرید کر لاتا تھا اور مکہ والوں کو سناتا تھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی —— اور انٹرنیٹ پر جب آدمی بیٹھ جاتا ہے تو اسے کسی چیز کا ہوش نہیں رہتا، یہی حال ٹی وی وغیرہ کا ہے، اور حدیث تحفۃ القاری (۹:۵۲۵) میں گذری ہے، اور تفصیل تحفۃ الالمعی (۴:۴۷۸) میں ہے۔ سٹّہ کھیلنا بھی لہو ہے۔

[۵۲-] بَابٌ: كُلُّ لَهْوٍ بَاطِلٌ إِذَا شَغَلَهُ عَنْ طَاعَةِ اللّٰهِ

[۱-] وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهِ: تَعَالَ لِأُقَامِرْكَ.

[۲-] ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ﴾[لقمان:٦]

[٦٣٠١-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ حُمَيْدُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ حَلَفَ مِنْكُمْ فَقَالَ فِىْ حَلِفِهِ: بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى، فَلْيَقُلْ: لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهِ: تَعَالَ أُقَامِرْكَ، فَلْيَتَصَدَّقْ"

[راجع: ٤٨٦٠]

بَابُ مَاجَاءَ فِى الْبِنَاءِ

تعمیر کے سلسلہ کی روایت

ضروری تعمیر ضروری ہے، نبی ﷺ نے قباء کی مسجد کی تعمیر کی ہے، مسجدِ نبوی کی تعمیر کی ہے، اور اس کے ارد گرد فیملی روم بنائے ہیں، پس مطلق تعمیر کو برا نہیں کہہ سکتے، ہاں بے ضرورت تعمیر وبال ہے، کیونکہ دنیا کی زینت کفر سے ہے اور آخرت کی زینت ایمان اور اعمالِ صالحہ سے۔ اور قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سے ہے کہ سیاہ اونٹوں کے چرانے والے یعنی معمولی کاروبار کرنے والے عمارتیں بنانے میں تفاخر کرنے لگیں گے (حدیث ۵۰) —— اور ابن عمرؓ فرماتے ہیں: دیکھا میں نے مجھ کو نبی ﷺ کے ساتھ یعنی حیاتِ نبوی میں میں نے بدست خود ایک گھر بنایا تھا، جو مجھے بارش سے چھپائے اور مجھے دھوپ سے بچائے، اللہ کی مخلوق میں سے کسی نے میری اس کے بنانے میں مدد نہیں کی تھی —— اور فرمایا: بخدا! نہیں رکھی میں نے اینٹ پر اینٹ، اور نہ میں نے کھجور کا کوئی درخت لگایا، جب سے نبی ﷺ کی وفات ہوئی —— ابن عیینہؒ کہتے ہیں: میں نے یہ بات ابن عمرؓ کے خاندان کے ایک آدمی سے ذکر کی، تو اس نے کہا: بخدا! انھوں نے تعمیر کی ہے

—— ابن عیینہؒ نے تطبیق دی کہ آپ ﷺ نے یہ بات تعمیر کرنے سے پہلے کہی ہوگی، بعد میں تعمیر کی ہوگی —— اورضرورت اور بےضرورت پر بھی محمول کرسکتے ہیں، یعنی بےضرورت میں نے کوئی تعمیر نہیں کی۔ (اور براعت اختتام یہ ہے کہ یہ آخری باب ہے، آگے ابواب کی ضرورت نہیں، پس کتاب الادب بشمول کتاب الاستیذان ختم ہوئی! بتاریخ ۲۰ محرم ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۴ نومبر ۲۰۱۴ء بروز جمعہ)

[۵۳-] بَابُ مَاجَاءَ فِي الْبِنَاءِ

وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ إِذَا تَطَاوَلَ رُعَاةُ الْبُهْمِ فِي الْبُنْيَانِ"

[۶۳۰۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُنِيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَنَيْتُ بِيَدَيَّ بَيْتًا، يُكِنُّنِي مِنَ الْمَطَرِ، وَيُظِلُّنِيْ مِنَ الشَّمْسِ، مَا أَعَانَنِيْ عَلَيْهِ أَحَدٌ مِنْ خَلْقِ اللهِ.

[۶۳۰۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَاللهِ مَا وَضَعْتُ لِبَنَةً عَلَى لَبِنَةٍ، وَلاَ غَرَسْتُ نَخْلَةً، مُنْذُ قُبِضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ سُفْيَانُ: فَذَكَرْتُهُ لِبَعْضِ أَهْلِهِ فَقَالَ: وَاللهِ لَقَدْ بَنَى، قَالَ سُفْيَانُ: قُلْتُ: فَلَعَلَّهُ قَالَ قَبْلَ أَنْ يَبْنِيَ.

﴿الحمدللہ! کتاب الادب بشمول کتاب الاستیذان پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الدعوات

دعاؤں کا بیان

ربط: ادب مع الخلق کے بعد ادب مع الخالق کا تذکرہ شروع کرتے ہیں، بعض الفاظ کے معانی نسبت کی تبدیلی کے ساتھ بدلتے ہیں، جیسے صلاۃ کے معنی اور محبت کے معنی نسبت کی تبدیلی کے ساتھ بدلتے ہیں، اسی طرح ادب مع الخلق کے معنی ہیں: سلیقہ مندی، اور ادب مع الخالق کے معنی ہیں: اخبات، بارگاہِ خداوندی میں عجز وانکساری، اور نیازمندی کا اظہار اور اس کا بہترین ذریعہ دعا کرنا ہے، دعا عبادت کا مغز ہے، بلکہ ایک حدیث میں ہے کہ دعا ہی عبادت ہے، پس اس کی حیثیت عبادت سے بڑھی ہوئی ہے —— اور کتاب کے شروع میں حضرت نے دو آیتیں لکھی ہیں۔

پہلی آیت: سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۸۶) ہے: ﴿وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ: فَإِنِّیْ قَرِیْبٌ، أُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ، فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ، لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ﴾: اور جب آپؐ سے میرے بندے میرے متعلق دریافت کریں (تو بتادیں کہ) میں نزدیک ہوں، قبول کرتا ہوں دعا کرنے والے کی دعا کو جب وہ مجھے پکارتا ہے، پس چاہئے کہ لوگ میری بات پر لبیک کہیں یعنی میں نے ان کو مانگنے کا حکم دیا ہے، پس وہ میرا حکم قبول کریں، اور مجھ سے مانگیں، اور مجھ پر یقین رکھیں (کہ میں ان کی دعا رائگاں نہیں کرونگا) تاکہ وہ فلاح پائیں یعنی کامیابی مجھ سے مانگنے میں منحصر ہے —— اس آیت سے دعا کی اہمیت نہایت واضح ہے۔

فائدہ: اللہ تعالیٰ نہ زمانی ہیں نہ مکانی، لایَجْری علیه زمان ولا یتمکن فی مکان (شرح عقائد) کیونکہ زمان ومکان مخلوق ہیں، اور خالق: مخلوق میں نہیں ہوسکتا، ورنہ احتیاج لازم آئے گی، پھر سوال ہوگا کہ زمان ومکان کی تخلیق سے پہلے اللہ تعالیٰ کہاں تھے؟ اور جو نصوص زمانی یا مکانی ہونے پر دلالت کرتی ہیں وہ استعارہ ہیں، وہاں لفظ کے حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہوتا ہے، اور بغیر حرف تشبیہ کے حقیقی معنی کو مجازی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے، ان کے حقیقی معنی مراد نہیں ہوتے، پس قرب خداوندی بھی علم ومعرفت سے کنایہ ہے، جیسے رحمان کا تختِ شاہی پر براجمان ہونا: کائنات پر کنٹرول سے کنایہ ہے، آیات کا سیاق وسباق اس کی واضح دلیل ہے۔

دوسری آیت: سورۃ المؤمن کی (آیت ۶۰) ہے: ﴿وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ، إِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَكْبِرُوْنَ

عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ﴾: اور تمہارے پروردگار نے فرمایا: مجھے پکارو، میں تمہاری دعا قبول کروں گا، بے شک جو لوگ میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہوکر جہنم میں داخل ہونگے —— اس آیت میں پہلے دعا کا حکم دیا، پھر اس کو عبادت قرار دیا، یہی دعا کی اہمیت ہے۔

فائدہ: اسْتَجابَ له کے معنی ہیں: قبول کرنا، مانگ رد نہ کرنا، مانگی ہوئی چیز دینا اس کے معنی نہیں، مانگی ہوئی چیز دینا بندے کی مصلحت پر موقوف ہے، اس کو ایک مثال سے سمجھیں: کسی کا اکلوتا بیٹا ہے، گرمیوں میں اس کو ملیریا بخار آیا، دوپہر میں سڑک پر برف بیچنے والا آیا، اس نے گھنٹی بجائی، لڑکے نے ابا سے کہا: میں قلفی کھاؤں! پس باپ اس کو ڈانٹ نہیں پلائے گا کہ چپ چاپ پڑا رہ! بخار ہو رہا ہے اور برف کھائے گا! بلکہ نوکر کو آواز دے گا، عثمان آنا، لے پیسے، قلفی لا، نوکر پیسے لے کر جائے گا، وہ اداشناس ہے، واپس نہیں آئے گا، اور لاری والا آگے بڑھ جائے گا، اور بچہ مطالبہ بھول جائے گا، یہ بچہ کی مانگ قبول کرلی، مگر بچہ کو باپ برف اس وقت دے گا جب ڈاکٹر اجازت دے گا، کیونکہ اس کو بچہ کی زندگی سے کھیلنا نہیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ بندے کی ہر دعا قبول فرمالیتے ہیں، پھر مانگی ہوئی چیز دینا بندے کی مصلحت ہو تو دیتے ہیں، ورنہ اس کی دعا کو عبادت بنا کر اس کے نامۂ اعمال میں لکھ دیتے ہیں۔

بَابٌ: وَلِكُلِّ نَبِیٍّ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ

ہر نبی کی ایک دعا قبول کی ہوئی ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’ہر نبی کے لئے ایک (مقبول) دعا ہے (پس ہر نبی نے اپنی وہ مقبول دعا دنیا میں مانگ لی) اور میں چاہتا ہوں کہ اپنی (مقبول) دعا کو ریزرو رکھوں، آخرت میں میری امت کی شفاعت کے لئے (دوسری حدیث میں بھی یہی مضمون ہے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸۰- کتابُ الدَّعْوات

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿اُدْعُوْنِیْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾ وَقَوْلِهِ: ﴿إِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ﴾

[۱-] بَابٌ: وَلِكُلِّ نَبِیٍّ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ

[۶۳۰۴-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُوْبِهَا، وَأُرِيْدُ أَنْ أَخْتَبِئَ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِأُمَّتِيْ فِي الْآخِرَةِ"[طرفه: ٧٤٨٤]

[٦٣٠٥-] وَقَالَ مُعْتَمِرٌ: سَمِعْتُ أَبِيْ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" كُلُّ نَبِيٍّ سَأَلَ سُؤْلاً أَوْ قَالَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ قَدْ دَعَا بِهَا، فَاسْتُجِيْبَ، فَجَعَلْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِأُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

بَابُ أَفْضَلِ الِاسْتِغْفَارِ

اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنے کی بہترین دعا

گنہگار اور پرہیزگار کی دعاؤں میں فرق ہوتا ہے، قبولیت کے درجے متفاوت ہوتے ہیں، اپنے اور پرائے کا فرق ہر کوئی جانتا ہے، اور ہم میں سے ہر شخص گنہگار ہے، اس لئے دعا سے پہلے اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی مانگنی چاہئے، پھر دعا کرنی چاہئے، ان شاء اللہ لطف ومہربانی کی بارش ہونے لگے گی۔

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ نوح کی (آیات ۱۰-۱۲) ہیں: "پس میں نے (نوح علیہ السلام نے قوم سے) کہا: تم اپنے پروردگار سے گناہ بخشواؤ، وہ بڑے بخشنے والے ہیں، کثرت سے تم پر بارش برسائیں گے، اور تمہارے مال واولاد میں ترقی دیں گے، اور تمہارے لئے باغ لگائیں گے، اور تمہارے لئے نہریں بہائیں گے" —— لوگ دنیوی فوائد کے زیادہ حریص ہوتے ہیں اس لئے نوح علیہ السلام نے دنیوی فوائد ذکر کئے۔

آیت (۲): سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۳۵) میں ہے: "اور جو لوگ کوئی بے حیائی کا کام کر گزرتے ہیں یا اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں یعنی کوئی اور گناہ کا کام کرتے ہیں تو وہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں، پھر اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں (یہ لوگ نیکوکار ہیں) اور اللہ تعالیٰ کے سوا کون ہے جو گناہ بخشے؟ اور وہ لوگ اپنے کئے پر اَڑتے نہیں درانحالیکہ وہ جانتے ہوں"

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اعلیٰ درجہ کا استغفار یہ ہے کہ بندہ کہے: **اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ**: اے اللہ آپ میرے پروردگار ہیں: **لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ**: آپ کے سوا کوئی معبود نہیں: **خَلَقْتَنِيْ وَأَنَا عَبْدُكَ**: آپ نے مجھے پیدا کیا، اور میں آپ کا بندہ ہوں: **وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ**: اور میں آپ سے کئے ہوئے عہد وپیمان پر اور آپ سے کئے ہوئے وعدے پر قائم ہوں جہاں تک میرے بس میں ہے: **أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ**: میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں ان کاموں کے شر سے (برے نتیجہ سے) جو میں نے کئے: **أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ**: اور میں آپ کی ان نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں جو آپ نے مجھ پر کیں: **وَأَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ**: اور میں اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں: **فَاغْفِرْلِيْ**: پس آپ مجھے بخش دیں: **فَإِنَّهُ لاَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلاَّ أَنْتَ**: کیونکہ آپ کے سوا گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں —— نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص یقین کے ساتھ دن کے کسی حصہ میں یہ کلمات کہے، اور اسی دن اس کو موت آجائے تو وہ بلاشبہ جنت میں جائے گا، اور

جورات کے کسی حصہ میں یہ کلمات کہے، اور اسی رات وہ چل بسے تو وہ بلاشبہ جنت میں جائے گا"

تشریح: استغفار کے معنی ہیں: توبہ کرنا یعنی اپنے گناہوں اور قصوروں کی معافی مانگنا، اور بخشش طلب کرنا، اور استغفار کی حقیقت اور روح یہ ہے کہ آدمی اپنے ان گناہوں کو سوچے، جنھوں نے اس کے نفس کو میلا اور گندہ کر رکھا ہے، پھر اسباب مغفرت اختیار کر کے نفس کو ان گناہوں سے پاک کرے، اور اسباب مغفرت تین ہیں: نیک عمل، فیضِ ملکوتی اور مدد روحانی، تفصیل درج ذیل ہے:

پہلا سبب: بہترین نیک عمل ہے یعنی آدمی کوئی ایسا نیک کام کرے کہ رحمتِ حق اس کی طرف متوجہ ہو جائے، اور ملائکہ اس کے عمل سے خوش ہو کر اس کے لئے دعا گو بن جائیں تو اس کی خطائیں خود بخود معاف ہو جاتی ہیں، جیسے کفر و نفاق سے توبہ کر کے مخلص مؤمنین کے زُمرہ میں شامل ہونا ایسا نیک عمل ہے کہ سابقہ گناہ سب معاف ہو جاتے ہیں۔

دوسرا سبب: فیض ملکوتی ہے یعنی آدمی فرشتہ صفت بن جائے، اپنے احوال میں ملائکہ کی مشابہت اختیار کرے اور نفس کی تیزی کو توڑے یعنی پاکیزہ زندگی اختیار کرے: تو گناہوں پر قلم عفو پھیر دیا جاتا ہے، جیسے حج مقبول سے سابقہ تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں، کیونکہ حج مقبول سے زندگی کا رخ بدل جاتا ہے۔

تیسرا سبب: مدد روحانی ہے، جب گنہ گار بندہ ندامت کے آنسو بہاتا ہے، اور کوتاہی کے احساس کے ساتھ اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے، اور وہ اس یقین سے معافی طلب کرتا ہے کہ رب کریم ضرور نظر کرم فرمائیں گے تو لطف و مہربانی کی بارش ہونے میں دیر نہیں لگتی، سید الاستغفار ایسی ہی ایک دعا ہے (رحمۃ اللہ ۴:۳۳۶)

سید الاستغفار ایسے کلمات سے شروع ہوتا ہے جن میں عبدیت کی روح بھری ہوئی ہے، پھر بندہ عبادت و اطاعت کے عہد و میثاق کی تجدید کرتا ہے اور اقرار کرتا ہے کہ جہاں تک مجھ سے بن پڑے گا اس عہد و میثاق پر قائم رہنے کی کوشش کرونگا، پھر اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کی معافی کا طلب گار ہوتا ہے، اور ساتھ ہی اللہ کے انعامات و احسانات کا اعتراف کرتا ہے اور آخر میں اس در کا بھکاری بن کر معافی مانگتا ہے، کیونکہ اس کے لئے اس در کے سوا کوئی در نہیں، اور متفق علیہ روایت میں ہے کہ اللہ کے ایک بندے نے گناہ کیا، پھر ملتجی ہوا: اے میرے پروردگار! مجھ سے گناہ ہو گیا، مجھے معاف فرما! تو اللہ تعالیٰ ملائکہ سے فرماتے ہیں: میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی مالک ہے جو گناہوں پر پکڑتا بھی ہے اور معاف بھی کرتا ہے (سنو!) میں نے اپنے بندے کا گناہ بخشش دیا اور اس کو معاف کر دیا (مشکوٰۃ حدیث ۲۳۳۳)

[۲-] بَابُ أَفْضَلِ الاِسْتِغْفَارِ

[۱-] وَقَوْلِهِ: ﴿ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا ۝ وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ أَنْهَارًا﴾

[۲-] ﴿ وَالَّذِيْنَ إِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوْا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ﴾ الآيَة.

[٦٣٠٦-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ بُشَيْرُ بْنُ كَعْبٍ الْعَدَوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ شَدَّادُ بْنُ أَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "سَيِّدُ الِاسْتِغْفَارِ أَنْ يَقُوْلَ الْعَبْدُ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ، لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ، خَلَقْتَنِيْ وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْلِيْ، فَإِنَّهُ لاَيَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلاَّ أَنْتَ" قَالَ:" وَمَنْ قَالَهَا مِنَ النَّهَارِ مُوْقِنًا بِهَا، فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهِ قَبْلَ أَنْ يُمْسِيَ، فَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ قَالَهَا مِنَ اللَّيْلِ وَهُوَ مُوْقِنٌ بِهَا، فَمَاتَ قَبْلَ أَنْ يُصْبِحَ، فَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ"[طرفه: ٦٣٢٣]

بَابُ اسْتِغْفَارِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ

نبی ﷺ رات دن میں کتنی مرتبہ استغفار کرتے تھے؟

غفر کے لغوی معنی ہیں: چھپانا، غَفَرَ الشيبَ بالخضاب: بالوں کی سفیدی کو خضاب سے چھپایا، غَفَرَ المتاعَ فی الوعاءِ: سامان کو برتن میں چھپایا، غَفَرَ اللّٰه ذَنْبَه: اللہ نے اس کے گناہ کو چھپایا یعنی معاف کیا، اور استغفار میں س، ف طلب کے لئے ہیں یعنی اللہ سے درخواست کرنا کہ وہ اپنی رحمت میں چھپالیں —— پھر استغفار کی دوصورتیں ہیں:

پہلی صورت: جب بندے سے کوئی گناہ سرزد ہوجائے تو توبہ کرکے اللہ سے درخواست کرے کہ وہ گناہ معاف کرکے اس کو اپنی رحمت کے سایے میں لے لیں، یہ عام لوگوں کا استغفار ہے۔

دوسری صورت: ہر بندہ ہر وقت اس کا محتاج ہے کہ اللہ کی رحمت اس پر سایہ فگن رہے، کسی لحمہ اللہ کی کنفِ عنایت سے دور نہ ہو، پس نیک بندوں کو ہر وقت دعا کرنی چاہئے کہ الٰہی! مجھے اپنی رحمت میں چھپالے، نبی ﷺ بایں معنی روزانہ ستّر مرتبہ سے زیادہ استغفار وتوبہ کرتے تھے، درانحالیکہ آپؐ ہی سب سے زیادہ رحمتِ خداوندی کے مستحق تھے۔

[٣-] بَابُ اسْتِغْفَارِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ

[٦٣٠٧-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ فِي الْيَوْمِ أَكْثَرَ مِنْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً"

بَابُ التَّوْبَةِ

توبہ کا بیان

توبہ اور استغفار میں چولی دامن کا ساتھ ہے، البتہ توبہ کو تقدم ذاتی یا زمانی حاصل ہے، اور استغفار: توبہ کا لازمی ثمرہ اور

نتیجہ ہے، البتہ توبہ سچی پکی ہو تو ثمرہ مرتب ہوگا محض زبانی جمع خرچ ہو تو اس کا کوئی فائدہ نہیں، اسی لئے سورۃ التحریم (آیت ۸) میں فرمایا: ''اے ایمان والو! تم اللہ کے سامنے سچی توبہ کرو'' یعنی دل میں گناہ پر کامل ندامت ہو، اور اس کے ترک کا پختہ ارادہ ہو تو وہ سچی توبہ ہے۔ اور توبہ سے اللہ تعالیٰ کو بے حد خوشی ہوتی ہے، جیسا کہ باب کی حدیث میں ہے۔

حدیث: حارثؒ کہتے ہیں: ابن مسعودؓ نے ہم سے دو باتیں بیان کیں: ایک بات: نبی ﷺ سے روایت کی، اور دوسری بات اپنی طرف سے کہی (پھر لف ونشر غیر مرتب ہے) انھوں نے اپنی طرف سے کہا: مؤمن اپنے گناہوں کو دیکھتا ہے: گویا وہ پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہے، ڈرتا ہے کہ وہ اس پر گر پڑے، اور بدکار اپنے گناہوں کو دیکھتا ہے جیسے مکھی اس کی ناک پر گزری، پس اس نے یوں اشارہ کیا (تو وہ چلتی بنی!) اور ابوشہاب (راوی) نے اپنے ہاتھ سے اپنی ناک کی طرف اشارہ کیا —— پھر (مرفوع حدیث بیان کی) فرمایا: ''اللہ تعالیٰ یقیناً زیادہ خوش ہوتے ہیں بندے کی توبہ سے اس شخص سے جو کسی منزل پر اترا جو بے آب وگیاہ تھا، اور اس کے ساتھ اس کا اونٹ تھا، جس پر اس کا کھانا پینا تھا، اس نے اپنا سر رکھا، اور ذرا سویا، پھر بیدار ہوا تو اس کا اونٹ جا چکا تھا، یہاں تک کہ جب اس کو سخت گرمی اور پیاس لگی، یا (ابوشہاب نے کہا: پہنچا اس کو) جو اللہ نے چاہا تو اس نے کہا: میں اپنی اُسی جگہ چلتا ہوں، پس وہ لوٹا اور ذرا سا سویا، پھر اپنا سر اٹھایا تو اچانک اس کا اونٹ اس کے پاس تھا۔

تشریح: اس حدیث میں گنہ گار بندوں کے لئے پُرتاثیر پیغام ہے، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر شفیق ماں سے بھی زیادہ مہربان ہیں، اگر کوئی بندہ بغاوت کر کے راہِ فرار اختیار کر چکا ہے تو وہ مایوس نہ ہو، وہ اپنی بے راہ روی پر نادم ہو کر بارگاہِ کریم کی طرف لوٹ آئے، اور سچے دل سے توبہ کرے، ابھی توبہ کا دروازہ بند نہیں ہوا، اللہ تعالیٰ اس کو ضرور گلے لگائیں گے، اور اس کے سارے گناہ دھو دیں گے، إنه هو الغفور الرحيم! إنه هو التواب الكريم!

[٤-] بَابُ التَّوْبَةِ

قَالَ قَتَادَةُ: ﴿تُوْبُوْا إِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا﴾: الصَّادِقَةَ، النَّاصِحَةَ.

[٦٣٠٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثَيْنِ، أَحَدُهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَالآخَرُ عَنْ نَفْسِهِ، قَالَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَرَى ذُنُوْبَهُ كَأَنَّهُ قَاعِدٌ تَحْتَ جَبَلٍ، يَخَافُ أَنْ يَقَعَ عَلَيْهِ، وَإِنَّ الْفُجَّارَ يَرَى ذُنُوْبَهُ كَذُبَابٍ مَرَّ عَلَى أَنْفِهِ، فَقَالَ بِهِ هٰكَذَا، قَالَ أَبُوْ شِهَابٍ بِيَدِهِ فَوْقَ أَنْفِهِ.

ثُمَّ قَالَ: "لَلّٰهُ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ الْعَبْدِ مِنْ رَجُلٍ نَزَلَ مَنْزِلاً، وَبِهِ مَهْلَكَةٌ، وَمَعَهُ رَاحِلَتُهُ، عَلَيْهَا طَعَامُهُ وَشَرَابُهُ، فَوَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ نَوْمَةً، فَاسْتَيْقَظَ وَقَدْ ذَهَبَتْ رَاحِلَتُهُ، حَتّٰى إِذَا اشْتَدَّ عَلَيْهِ الْحَرُّ وَالْعَطَشُ أَوْ: مَاشَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: أَرْجِعُ إِلٰى مَكَانِيْ، فَرَجَعَ فَنَامَ نَوْمَةً، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَإِذَا رَاحِلَتُهُ عِنْدَهُ"

تَابَعُهُ أَبُوْ عَوانَةَ، وَجَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَقَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَارِثَ.

وَقَالَ شُعْبَةُ، وَأَبُوْ مُسْلِمٍ: عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، وَقَالَ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ ابْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ.

[٦٣٠٩-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.[ح] وَحَدَّثَنِيْ هُدْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" اَللّٰهُ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنْ أَحَدِكُمْ سَقَطَ عَلٰى بَعِيْرِهِ، وَقَدْ أَضَلَّهُ فِي أَرْضٍ فَلَاةٍ"

آخری حدیث کا ترجمہ: اللہ تعالیٰ زیادہ خوش ہوتے ہیں اپنے بندے کی توبہ سے، تم میں سے ایک سے جس کو اپنا اونٹ مل گیا ہو، درانحالیکہ اس کو گم کر دیا تھا کسی چٹیل بیاباں میں۔

سند کی بحث: پہلی حدیث کی سند میں اعمشؒ کے تلامذہ میں اختلاف ہے:

۱- ابوشہاب کی سند میں عمارۃ کا واسطہ ہے، ابوعوانہ، جریر اور ابواسامہ ان کے متابع ہیں، اور ابواسامہ کی سند میں تحدیث کی صراحت بھی ہے۔

۲- شعبہ اور ابو مسلم کی سند میں ابراہیم تیمی کا واسطہ ہے۔

۳- ابومعاویہ کی سند میں عمارۃ کے بعد اسود: ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں، نیز ابراہیم تیمی حارث سے اور وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں۔

اور آخری حدیث کی دوسندوں میں سے پہلی نازل ہے، اور اس میں پانچ واسطے ہیں، اور دوسری عالی ہے، اس میں چار واسطے ہیں۔

بَابُ الضَّجْعِ عَلَى الشِّقِّ الْأَيْمَنِ

دائیں کروٹ پر لیٹنا

یہ تمہیدی باب ہے، آگے سونے کی دعائیں آرہی ہیں، جو شخص صحیح طریقہ پر لیٹے گا وہی دعائیں پڑھے گا، دل سینہ میں بائیں طرف ہے، دائیں کروٹ پر لیٹے گا تو دل لٹکتا رہے گا اور چوکنا رہے گا، پس لیٹنے کی دعائیں پڑھے گا، اور بائیں کروٹ لیٹے گا تو دل دب جائے گا، اور غافل ہوجائے گا، پس شاید وہ دعائیں نہ پڑھ سکے —— اور حدیث میں تہجد کے بعد دائیں

کروٹ پر لیٹنے کا تذکرہ ہے، اس پر شروع رات میں لیٹنے کو قیاس کریں گے، کیونکہ آدمی کی جو لیٹنے کی عادت ہوتی ہے وہ اسی طرح لیٹتا ہے، خواہ تھوڑا لیٹے یا زیادہ۔

[٥-] بَابُ الضَّجْعِ عَلَى الشِّقِّ الْأَيْمَنِ

[٦٣١٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّى مِنَ اللَّيْلِ إِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً، فَإِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ، ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ، حَتّٰى يَجِيْءَ الْمُؤَذِّنُ فَيُؤْذِنَهُ.[راجع: ٦٢٦]

بَابٌ: إِذَا بَاتَ طَاهِرًا، وَفَضْلُهِ

پاکی کی حالت میں رات گذارنا، اور اس کی اہمیت

یہ دوسرا تمہیدی باب ہے، پاکی کی حالت میں سونا چاہئے، غسل کی ضرورت ہو تو نہا کر سوئے، ورنہ وضوء کر کے دائیں کروٹ پر لیٹے، اسی صورت میں دعا کا اہتمام کر سکے گا، تجربہ کر کے دیکھ لو، اگر بے وضو لیٹے گا تو شاید دعا رہ جائے —— اور پاکی کی حالت میں سونے کی اہمیت یہ ہے کہ اگر سوتے ہوئے موت آگئی تو فطرت (اسلام) پر مرنے والا قرار دیا جائے گا یعنی کلمہ پر اس کی موت ہوگی۔

سوال: جب سو گیا تو وضوء ٹوٹ گیا، پھر پاکی کی حالت میں کہاں رات گذاری؟ **جواب:** حکماً وہ پاکی کی حالت میں رات گذارنے والا قرار دیا گیا ہے۔ اور حدیث تحفۃ القاری (۱:۵۸۸) میں آئی ہے۔

[٦-] بَابٌ: إِذَا بَاتَ طَاهِرًا، وَفَضْلُهِ

[٦٣١١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ مَنْصُوْرًا، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أَتَيْتَ مَضْجَعَكَ فَتَوَضَّأْ وَضُوْءَ كَ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّكَ الْأَيْمَنِ، وَقُلْ: اَللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ وَجْهِيْ إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ، رَهْبَةً وَرَغْبَةً إِلَيْكَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَى مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ أَنْزَلْتَ، وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ، فَإِنْ مُتَّ مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ، وَاجْعَلْهُنَّ آخِرَ مَا تَقُوْلُ" فَقُلْتُ أَسْتَذْكِرُهُنَّ: وَبِرَسُوْلِكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ، قَالَ: "لَا، وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ" [راجع: ٢٤٧]

قوله: فقلتُ: میں نے سوچا: ان کلمات کو یاد کرلوں (پھر جب انھوں نے دعا یاد کر کے سنائی تو کہا:) وبرسولك الله أرسلت، تو آپؐ نے ٹوکا: نہیں، وبنبیك الذی أرسلت۔

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا نَامَ

سوتے وقت کی دعا

سوتے وقت بالکل آخر میں کہے: بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا: آپ کے نام پر مرتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں (نیند موت کی بہن ہے) اور جب اٹھے تو کہے: الحمدلله الذی أحیانا بعد ما أماتنا، وإليه النشور: اس اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں موت کے بعد زندہ کیا، اور انہی کی طرف قیامت کے دن مُردوں کو زندہ کر کے اٹھایا جانا ہے —— اور سونے کی دوسری دعا وہ ہے جو حضرت براء رضی اللہ عنہ کو سکھائی تھی: ترجمہ: اے اللہ! میں نے اپنی روح آپ کو سپرد کر دی، اور اپنا رخ آپ کی طرف پھیر دیا، اور اپنا معاملہ آپ کے سپرد کر دیا، آپ کی طرف رغبت کرتے ہوئے اور آپ سے ڈرتے ہوئے، اور میں نے اپنی پیٹھ آپ کے سپرد کر دی، کوئی جائے پناہ نہیں اور کوئی بچاؤ کی جگہ نہیں آپ سے ہٹ کر مگر آپ ہی کے پاس، میں آپ کی کتاب پر ایمان لایا جو آپ نے اتاری، اور آپ کے نبی پر ایمان لایا جن کو آپ نے بھیجا۔

[۷-] بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا نَامَ

[٦٣١٢-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ ابْنِ الْيَمَانِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ قَالَ: "بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا" وَإِذَا قَامَ قَالَ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ" [راجع: ٦٣١٤، ٦٣٢٤، ٧٣٩٤]

[٦٣١٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ. وَمُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالاَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، سَمِعَ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ رَجُلاً، ح: وَحَدَّثَنَا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَوْصَى رَجُلاً فَقَالَ: "إِذَا أَرَدْتَ مَضْجَعَكَ فَقُلْ: اللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِىْ إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِىْ إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِىْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِىْ إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ، لاَ مَلْجَأَ وَلاَ مَنْجَى مِنْكَ إِلاَّ إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِىْ أَنْزَلْتَ، وَبِنَبِيِّكَ الَّذِىْ أَرْسَلْتَ، فَإِنْ مُتَّ مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ" [راجع: ٢٤٧]

بَابُ وَضْعِ الْيَدِ تَحْتَ الْخَدِّ الْيُمْنَى

دائیں رخسار کے نیچے ہاتھ رکھ کر سونا

تکیہ ہمیشہ میسر نہیں ہوتا، پس دایاں ہاتھ دائیں رخسار کے نیچے رکھ کر سوئے گا تو وہ تکیہ کا کام کرے گا، کیونکہ انگلیاں سر کو اونچا رکھیں گی —— کچھ لوگ کہنی موڑ کر سر کے نیچے ہاتھ رکھ کر سوتے ہیں، یعنی ہاتھ کو تکیہ بناتے ہیں، یہ طریقہ ٹھیک نہیں،

اس سے کبھی ہاتھ دکھ جاتا ہے، اور اکثر لوگ تکیہ ہوتا ہے پھر بھی گال کے نیچے ہاتھ رکھ کر سوتے ہیں: یہ سنت پر عمل کرنے کے لئے ایسا کرتے ہیں۔

سوال: حدیث میں دائیں رخسار کا ذکر نہیں، رخسار مطلق ہے؟ **جواب:** باب سے حدیث کی شرح کی ہے کہ حدیث میں دایاں رخسار مراد ہے۔

[۸-] بَابُ وَضْعِ الْيَدِ تَحْتَ الْخَدِّ الْيُمْنٰى

[٦٣١٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ رَبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ وَضَعَ يَدَهُ تَحْتَ خَدِّهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا" وَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: " الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ" [راجع: ٦٣١٢]

بَابُ النَّوْمِ عَلَى الشِّقِّ الْأَيْمَنِ

دائیں کروٹ پر سونا

سوال: یہ باب تو آ گیا، پھر کیوں لائے؟ **جواب:** پہلے الضَّجع (لیٹنا) تھا، اب النوم (سونا) ہے، اور اتنا فرق امام صاحبؒ کے نزدیک نیا باب قائم کرنے کے لئے کافی ہے، مقصود نئی حدیث لانا ہے، وہاں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث لائے تھے، یہاں حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث لائیں گے۔

لغت: حدیث میں رهبة آیا ہے، اس کی مناسبت سے سورۃ الاعراف (آیت ۱۱۶) میں جو ﴿اسْتَرْهَبُوْهُمْ﴾ آیا ہے اس کے معنی بیان کئے ہیں: استرهاب: رهبة (ڈر) سے بنانا ہے، اور رَهْبة کے معنی رَهَبُوْت ہیں، کہتے ہیں: رَهَبُوْتٌ خير مِن رَحَمُوْتٍ: تم کو ڈرایا جانا رحم کئے جانے سے بہتر ہے، اسی کے ہم معنی یہ محاورہ ہے: تُرْهَبُ خيرٌ من أن تُرْحَم: اور اس کی نظیر ہے: مُلْك سے ملكوت بنا ہے۔

[۹-] بَابُ النَّوْمِ عَلَى الشِّقِّ الْأَيْمَنِ

[٦٣١٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَوَى إِلٰى فِرَاشِهِ نَامَ عَلٰى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ، ثُمَّ قَالَ: " اللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِيْ إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنكَ إِلَّا إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ

أَنْزَلْتَ، وَنَبِيِّكَ الَّذِىْ أَرْسَلْتَ" وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَالَهُنَّ ثُمَّ مَاتَ تَحْتَ لَيْلَتِهِ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ:﴿ اسْتَرْهَبُوْهُمْ﴾: مِنَ الرَّهْبَةِ، مَلَكُوْتٌ: مُلْكٌ، مَثَلُ: رَهَبُوْتٌ خَيْرٌ مِنْ رَحَمُوْتٍ، وَيُقَالُ: تُرْهَبُ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تُرْحَمَ.[راجع: ۲٤۷]

قوله: تحت ليلته: أى فى ليلته.

بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا انْتَبَهَ مِنَ اللَّيْلِ

جب رات میں بیدار ہوتو کیا ذکر کرے؟

پہلا ذکر: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک رات اپنی خالہ کے یہاں گزاری، اس رات جب نبی ﷺ بیدار ہوئے تو یہ دعا کی: اے اللہ! میرے دل میں نور گردان، اور میری نگاہ میں نور، اور میری سماعت میں نور، اور میری دائیں جانب نور، اور میری بائیں جانب نور، اور میرے اوپر نور، اور میرے نیچے نور، اور میرے آگے نور، اور میرے پیچھے نور، اور میرے لئے نور!

کریب (راوی مولیٰ ابن عباسؓ) نے کہا: اور جسم میں سات اہم اعضاء ہیں (تابوت سے مراد جسم ہے) سلمۃ بن ابی مسلم (راوی مولیٰ ابن عباسؓ) کہتے ہیں: پھر میری ملاقات حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ایک لڑکے (علی بن عبداللہ بن عباسؓ) سے ہوئی، اس نے مجھے جسم کے وہ سات اعضاء بتائے، پس اس نے ذکر کیا: (۱) میرے پٹھے میں (۲) میرے گوشت میں (۳) میرے خون میں (۴) میرے بالوں میں (۵) میری کھال میں، اور اس نے دو اور اعضاء ذکر کئے، جو سلمہ کو یاد نہیں رہے یعنی ان سب اعضاء میں نور کی دعا کرنی چاہئے، اور نبی ﷺ نے تین اعضاء کا ذکر بطور مثال کیا ہے۔

[۱۰-] بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا انْتَبَهَ مِنَ اللَّيْلِ

[٦٣١٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بِتُّ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَى حَاجَتَهُ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ نَامَ، ثُمَّ قَامَ فَأَتَى الْقِرْبَةَ فَأَطْلَقَ شِنَاقَهَا، ثُمَّ تَوَضَّأَ وُضُوْءًا بَيْنَ وُضُوْءَيْنِ، لَمْ يُكْثِرْ وَقَدْ أَبْلَغَ، فَصَلّٰى، فَقُمْتُ فَتَمَطَّيْتُ كَرَاهِيَةَ أَنْ يَرَى أَنِّي كُنْتُ أَرْتَقِبُهُ فَتَوَضَّأْتُ، فَقَامَ يُصَلِّى، فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَأَخَذَ بِأُذُنِي فَأَدَارَنِي عَنْ يَمِيْنِهِ، فَتَتَامَّتْ صَلَاتُهُ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً ثُمَّ اضْطَجَعَ فَنَامَ حَتّٰى نَفَخَ، وَكَانَ إِذَا نَامَ نَفَخَ، فَآذَنَهُ بِلَالٌ بِالصَّلَاةِ، فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ، وَكَانَ فِي دُعَائِهِ:" اللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا، وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا، وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا، وَعَنْ يَمِيْنِيْ نُوْرًا، وَعَنْ يَسَارِيْ نُوْرًا، وَفَوْقِيْ نُوْرًا، وَتَحْتِيْ نُوْرًا،

وَأَمَامِیْ نُوْرًا، وَخَلْفِیْ نُوْرًا، وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا"
قَالَ كُرَيْبٌ: وَسَبْعٌ فِي التَّابُوْتِ، فَلَقِيْتُ رَجُلًا مِنْ وَلَدِ الْعَبَّاسِ فَحَدَّثَنِیْ بِهِنَّ، فَذَكَرَ عَصَبِیْ وَلَحْمِیْ وَدَمِیْ وَشَعَرِیْ وَبَشَرِیْ، وَذَكَرَ خَصْلَتَيْنِ. [راجع: ۱۱۷]

لغات: الشِّناق: تسمہ یاڈوری جس سے کوئی چیز باندھی جائے یالٹکائی جائے...... **لم یکثر**: نہیں زیادہ کیا یعنی پانی زیادہ استعمال نہیں کیا اور تحقیق کامل وضوء کیا...... **تَمطّی الرجلُ**: انگڑائی لینا...... **أَرْتَقِبُه**: میں آپؐ کے اٹھنے کا انتظار کر رہا ہوں، ہمارے نسخہ میں أَبْقِيْهِ ہے، گیلری میں متعدد نسخے ہیں، میں نے جو نسخہ موزوں سمجھا وہ رکھا ہے...... **تَتَامَّ**: پوری ہوئی، **تَتَامَّ القومُ**: قوم کے سب افراد کا آجانا۔

دوسرا ذکر: ابن عباسؓ سے مروی ہے: جب نبی ﷺ رات میں تہجد کے لئے اٹھتے تو کہتے: "اے اللہ! آپ کے لئے تمام تعریفیں ہیں، آپ آسمانوں اور زمین کا اور جو لوگ ان میں ہے ان کا نور ہیں، یعنی سب کو نور ہدایت آپ نے دیا ہے اور آپ کے لئے تمام تعریفیں ہیں، آپ آسمانوں کو اور زمین کو اور جو لوگ ان میں ہے سب کو تھامنے والے ہیں، اور آپ کے لئے تمام تعریفیں ہیں، آپ برحق ہیں یعنی آپ کا وجود یقینی ہے اور آپ کا (قیامت کا) وعدہ برحق ہے، اور آپ کی بات (قرآن) برحق ہے، اور آپ سے ملنا برحق ہے، اور جنت برحق ہے، اور دوزخ برحق ہے، اور قیامت برحق ہے، اور سب انبیاء برحق ہیں، اور محمد (ﷺ) برحق ہیں، اے اللہ! میں آپ کے سامنے سرافگندہ ہوں، اور آپ ہی پر بھروسہ کیا میں نے، اور آپ ہی پر ایمان لایا میں، اور آپ کی طرف رجوع کرتا ہوں میں، اور آپ ہی کی مدد سے دشمن سے لڑتا ہوں، اور آپ ہی کی طرف فیصلہ کے لئے رجوع کرتا ہوں، پس بخش دیں آپ میرے وہ گناہ جو پہلے کئے میں نے اور جو میں بعد میں کرونگا، اور جو چپکے سے کئے میں نے اور جو میں نے برملا کئے، آپ ہی آگے بڑھانے والے ہیں اور آپ ہی پیچھے ہٹانے والے ہیں، کوئی معبود نہیں مگر آپ، یا فرمایا: کوئی معبود نہیں آپ کے سوا۔

[۶۳۱۷-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ أَبِیْ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتَهَجَّدُ قَالَ: "اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيِّمُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ، اللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ، وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَوْ: لَا إِلٰهَ غَيْرُكَ" [راجع: ۱۱۲۰]

بَابُ التَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ عِنْدَ الْمَنَامِ

سوتے وقت تسبیح وتکبیر

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا گھر کے کام سے تھک جاتی تھیں، انھوں نے خادم مانگا، نبی ﷺ نے ان کو تسبیحات فاطمہ بتائیں، فرمایا: ''جب تم دونوں اپنی خواب گاہوں کو پکڑو تو ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ، اور ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ کہہ لیا کرو، یہ ذکر تمہارے لئے اس خادم سے بہتر ہے، جو تم دونوں نے مانگا ہے (تحفۃ القاری ۶: ۴۰۴)

[۱۱-] بَابُ التَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ عِنْدَ الْمَنَامِ

[۶۳۱۸-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ فَاطِمَةَ اشْتَكَتْ مَا تَلْقَى فِيْ يَدِهَا مِنَ الرَّحَى، فَأَتَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تَسْأَلُهُ خَادِمًا، فَلَمْ تَجِدْهُ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِعَائِشَةَ، فَلَمَّا جَاءَ أَخْبَرَتْهُ، قَالَ: فَجَاءَ نَا وَقَدْ أَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا، فَذَهَبْتُ أَقُوْمُ، فَقَالَ: '' مَكَانَكَ'' فَجَلَسَ بَيْنَنَا حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمَيْهِ عَلٰى صَدْرِيْ، فَقَالَ: '' أَلَا أَدُلُّكُمَا عَلٰى مَاهُوَ خَيْرٌ لَكُمَا مِنْ خَادِمٍ؟ إِذَا أَوَيْتُمَا إِلٰى فِرَاشِكُمَا، أَوْ: أَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا، فَكَبِّرَا ثَلَا ثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَسَبِّحَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَاحْمَدَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، فَهٰذَا خَيْرٌ لَكُمَا مِنْ خَادِمٍ''

وَعَنْ شُعْبَةَ، عَنْ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: التَّسْبِيْحُ أَرْبَعٌ وَثَلَاثُوْنَ. [راجع: ۳۱۱۳]

بَابُ التَّعَوُّذِ وَالْقِرَاءَ ةِ عِنْدَ النَّوْمِ

سوتے وقت اللہ کی پناہ چاہنا اور قرآن پڑھنا

صدیقہ بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ سوتے وقت پناہ میں دینے والی آیات وسور پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرتے تھے، اور ان کو اپنے جسم پر پھیرتے تھے، یہ آیات وسور پڑھنا پناہ چاہنا بھی ہے اور قرآن پڑھنا بھی (اور حدیث گذر چکی ہے)

[۱۲-] بَابُ التَّعَوُّذِ وَالْقِرَاءَ ةِ عِنْدَ النَّوْمِ

[۶۳۱۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَخَذَ مَضْجِعَهُ نَفَثَ فِيْ يَدِهِ فَقَرَأَ بِالْمُعَوِّذَاتِ، وَمَسَحَ بِهِمَا جَسَدَهُ. [راجع: ۵۰۱۷]

بَابٌ

ایک ذکر جس میں تعوذ کے معنی ہیں

حدیث نئی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی اپنے بستر پر پہنچے تو اپنے بستر کو جھاڑے اپنی لنگی کی اندر کی جانب سے کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے بعد اس کے بستر پر کیا چیز آئی ہے، پھر کہے: ''آپ کے نام سے اے میرے ربّ! اپنا پہلو رکھتا ہوں، اور آپ کی مدد سے اٹھاؤں گا، اگر روک لیں آپ میری روح کو تو اس پر مہربانی فرمائیں، اور اگر چھوڑ دیں آپ اس کو تو اس کی حفاظت فرمائیں، اس طرح جس طرح آپ نیک بندوں کی حفاظت فرماتے ہیں'' —— لنگی اوپر سے پکڑ کر نیچے کی جانب سے جھاڑے، تاکہ بچھو وغیرہ نہ کاٹے، اور اس ذکر میں پناہ چاہنے کے معنی ہیں، پس یہ باب کالفصل ہے۔

[۱۳-] بَابٌ

[۶۳۲۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''إِذَا أَوَى أَحَدُكُمْ إِلَى فِرَاشِهِ فَلْيَنْفُضْ فِرَاشَهُ بِدَاخِلَةِ إِزَارِهِ، فَإِنَّهُ لاَ يَدْرِيْ مَا خَلَفَهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: بِاسْمِكَ رَبِّ وَضَعْتُ جَنْبِيْ، وَبِكَ أَرْفَعُهُ، إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا، وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ الصَّالِحِيْنَ''

تَابَعَهُ أَبُوْ ضَمْرَةَ وَإِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ.

وَقَالَ يَحْيَى، وَبِشْرٌ: عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَاهُ مَالِكٌ، وَابْنُ عَجْلاَنَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [طرفه: ۷۳۹۳]

سند: عبید اللہ عمری کے تلامذہ میں سند میں اختلاف ہے، تین راوی (زہیر، ابوضمرۃ اور اسماعیل) سعید مقبری اور حضرت ابو ہریرہؓ کے درمیان ان کے ابا کا واسطہ بڑھاتے ہیں (پس یہ ایک دوسرے کے متابع ہیں، اور یہ متابعت تامہ ہے) —— اور دو شاگرد (یحییٰ اور بشیر) واسطہ نہیں بڑھاتے —— اور امام مالکؒ اور ابن عجلان بھی سعید سے روایت کرتے ہیں، اور واسطہ نہیں بڑھاتے (یہ متابعت قاصرہ ہے) پس دونوں سندیں صحیح ہیں، اور واسطہ والی سند مزید فی متصل الاسناد ہے۔

بَابُ الدُّعَاءِ نِصْفَ اللَّيْلِ

آدھی رات کی دعا

ایک تہائی رات گزرنے کے بعد قبولیت دعا کا وقت شروع ہوتا ہے (ترمذی حدیث ۴۵۵) پھر آدھی رات پر توجہ بڑھ

جاتی ہے، دارقطنی میں شَطْر اللیل ہے، اور مسند احمد میں شک کے ساتھ نصف اللیل أو ثلث اللیل الآخر ہے، اور جب رات کا آخری تہائی رہ جاتا ہے تو خاص الخاص وقت شروع ہوتا ہے، اس وقت اٹھ کر نفلیں پڑھنی چاہئیں اور دعا مانگنی چاہئے، اور حدیث پہلے تحفۃ القاری (۳:۴۶۸) میں گذری ہے۔

[۱۴-] بَابُ الدُّعَاءِ نِصْفَ اللَّيْلِ

[۶۳۲۱-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَغَرِّ، وَأَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يَتَنَزَّلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كُلَّ لَيْلَةٍ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْآخِرُ، يَقُوْلُ: مَنْ يَدْعُوْنِیْ فَأَسْتَجِيْبَ لَهُ؟ مَنْ يَسْأَلُنِیْ فَأُعْطِيَهُ؟ وَمَنْ يَسْتَغْفِرُنِیْ فَأَغْفِرَ لَهُ؟" [راجع: ۱۱۴۵]

بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْخَلَاءِ

بیت الخلاء جانے کی دعا

الخُبُث (باء پر ضمہ): خبیث کی جمع، اور مراد مذکر شاطین، اور خبائث: خبیثة کی جمع: مراد مؤنث شیاطین، دعا کا ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں مذکر و مؤنث شریر جنات سے —— اور خُبْث (باء ساکن): مصدر: گندگی، دعا کا ترجمہ: اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں گندگی سے، اور شریر مؤنث و مذکر جنات سے (اب مذکر شیاطین مؤنث شیاطین کے تابع ہونگے)

[۱۵-] بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْخَلَاءِ

[۶۳۲۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ: "اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ" [راجع: ۱۴۲]

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا أَصْبَحَ؟

صبح اٹھے تو کیا ذکر کرے؟

ایک: سید الاستغفار پڑھے، اس کی فضیلت یہ ہے کہ شام میں (سوتے وقت) پڑھے گا، اور رات میں مرجائے گا تو جنت میں جائے گا/ جنتی ہوگا، اور جب صبح اٹھے اس وقت پڑھے، پھر دن میں موت آئے تو بھی یہی فضیلت ہے۔ دوم:

الحمد لله الذی إلخ پڑھے اور دونوں کو جمع کرے تو سبحان اللہ!

[١٦-] بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا أَصْبَحَ؟

[٦٣٢٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" سَيِّدُ الاسْتِغْفَارِ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ! لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، خَلَقْتَنِيْ وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ، فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ! إِذَا قَالَ حِيْنَ يُمْسِيْ فَمَاتَ دَخَلَ الْجَنَّةَ أَوْ: كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِذَا قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهِ" مِثْلَهُ. [راجع: ٦٣٠٦]

[٦٣٢٤-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَرَادَ أَنْ يَنَامَ قَالَ:" بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ أَمُوْتُ وَأَحْيَا" وَإِذَا اسْتَيْقَظَ مِنْ مَنَامِهِ قَالَ:" الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا، وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ"[راجع: ٦٣١٢]

[٦٣٢٥-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ:" اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا" فَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ:" الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ"[طرفه: ٧٣٩٥]

بَابُ الدُّعَاءِ فِي الصَّلاَةِ

نماز کی دعا

دعا کا محل قعدۂ اخیرہ ہے، اس میں پڑھنے کے لئے نبی ﷺ نے ایک دعا سکھائی ہے، جو ہم سب بحمد للہ پڑھتے ہیں، مگر یہ دعا ضروری نہیں، اس کو پڑھے بغیر کوئی سلام پھیر دے تو بھی نماز صحیح ہے، اور یہ دعا آہستہ پڑھنا مستحب ہے، سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۱۱۰) میں ہے: ﴿وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ وَلاَ تُخَافِتْ بِهَا، وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلاً﴾: اور اپنی نماز میں نہ تو پکار کر پڑھئے اور نہ چپکے سے، اور دونوں کے درمیان کا طریقہ اختیار کیجئے۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: یہ آیت دعا کے بارے میں (بھی) نازل کی گئی ہے، پھر آخر میں ابن مسعودؓ کی روایت ہے، اس میں تشہد ہے، تشہد میں بھی دعا ہے، جو نماز میں پڑھی جاتی ہے، یعنی السلام علینا وعلی عباد اللّٰہ الصالحین۔

[١٧-] بَابُ الدُّعَاءِ فِي الصَّلاَةِ

[٦٣٢٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِیْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، أَنَّـهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: عَلِّمْنِیْ دُعَاءً أَدْعُوْ بِهِ فِیْ صَلاَتِی، قَالَ:" قُلْ: اللّٰهُمَّ إِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا،وَلاَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ، وَارْحَمْنِیْ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ"[راجع: ٨٣٤]

وَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ: عَنْ يَزِيْدَ: عَنْ أَبِی الْخَيْرِ، أَنَّـهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[٦٣٢٧-] حدثنا عَلِیٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ وَلاَ تُخَافِتْ بِهَا﴾ أُنْزِلَتْ فِی الدُّعَاءِ.[راجع: ٤٧٢٣]

[٦٣٢٨-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا نَقُوْلُ فِی الصَّلاَةِ: السَّلاَمُ عَلَى اللّٰهِ، السَّلاَمُ عَلٰى فُلاَنٍ، فَقَالَ لَنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم ذَاتَ يَوْمٍ:" إِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلاَمُ، فَإِذَا قَعَدَ أَحَدُكُمْ فِی الصَّلاَةِ فَلْيَقُلْ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ - إِلٰى - الصَّالِحِيْنَ، فَإِذَا قَالَهَا أَصَابَ كُلَّ عَبْدٍ لِلّٰهِ فِی السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ صَالِحٍ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، ثُمَّ يَتَخَيَّرُ مِنَ الثَّنَاءِ مَا شَاءَ"[راجع: ٨٣١]

وضاحت: آخری حدیث میں من الثناء ہے، دوسرے طرق میں من الدعاء ہے، ثنا سے وہی مراد ہے۔

بَابُ الدُّعَاءِ بَعْدَ الصَّلاَةِ

نماز کے بعد دعا

دعا کا اصل محل قعدۂ اخیرہ ہے، درود کے بعد جی بھر کر دعائیں مانگے، پھر سلام پھیرے، سلام کے بعد اذکار ہیں، نبی ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم عام طور پر قعدۂ اخیرہ میں دعا مانگتے تھے، مگر گاہ بہ گاہ سلام کے بعد بھی دعا مانگی ہے، اور جہراً مانگی ہے، جبھی صحابہ نے وہ دعائیں نقل کی ہیں —— اور باب میں دو روایتیں ہیں: پہلی روایت میں تسبیحات فقراء ہیں، اور دوسری روایت میں ایک اور ذکر ہے۔ یہ اذکار نماز کے بعد کرنے چاہئیں، سلام پھیرتے ہی سر پر پیر رکھ کر بھاگنا نہیں چاہئے۔

سلام کے بعد دعا کی ضرورت:

غیر عربوں کے لئے، بلکہ اب تو اکثر عربوں کے لئے بھی نماز میں دعا مانگنا ممکن نہیں، دعا: دل کی مراد ہے جو بندہ مولیٰ سے مانگتا ہے، اور ادعیہ ماثورہ تو ان کے لئے ذکر بن گئی ہیں، کیونکہ وہ ان کو سمجھتے نہیں، اور غیر عربی میں دعا مانگنے سے نماز فاسد ہو جائے گی، اسی طرح دارجہ (بگڑی ہوئی عربی) میں دعا مانگنے سے بھی نماز فاسد ہو جائے گی، اس مجبوری کا حل علماء نے یہ تجویز کیا ہے کہ لوگ سلام کے بعد متصلاً اپنی زبان میں اپنی مرادیں مانگیں، اور خوب جی بھر کر مانگیں، جو دعا نماز کے

بعد بلا فصل مانگی جائے گی وہ گویا نماز میں مانگی گئی، مگر جہرا اجتماعی دعا عام طور پر نہیں مانگنی چاہئے، اور ہیئتِ اجتماعی کا التزام بھی نہیں ہونا چاہئے، ائمہ مساجد وقتاً فوقتاً اس کی اصلاح کریں، لوگوں کو بتائیں کہ امام اور مقتدیوں کا رابطہ سلام پر ختم ہوگیا، اس کے بعد کے اعمال انفرادی ہیں، مگر دعا کو بدعت! بدعت! کہہ کر لوگوں کو دعا سے روکا نہ جائے، اس صورت میں بندوں کا اللہ سے مانگنے کا تعلق ختم ہوجائے گا، اور نماز بے گری کی مونگ پھلی ہوکر رہ جائے گی، کیونکہ نماز کے علاوہ عام لوگوں کو اللہ سے مانگنے کا کہاں موقع ملتا ہے؟ نماز ہی ایک ایسا موقع ہے جس میں نمازی اللہ سے مانگتے ہیں، اس لئے اس موقع سے لوگوں کو فائدہ اٹھانے دیا جائے، اور لوگ جو غلطی کررہے ہیں اس کی اصلاح کی جائے (مزید تفصیل تحفۃ الالمعی ۲:۹۴-۹۶ میں ہے)

[۱۸-] بَابُ الدُّعَاءِ بَعْدَ الصَّلاَ ةِ

[۶۳۲۹-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَزِیْدُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَرْقَاءُ، عَنْ سُمَیٍّ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالدَّرَجَاتِ وَالنَّعِیْمِ الْمُقِیْمِ! قَالَ: " کَیْفَ ذَاكَ؟" قَالُوْا: صَلَّوْا کَمَا صَلَّیْنَا وَجَاهَدُوْا کَمَا جَاهَدْنَا، وَأَنْفَقُوْا مِنْ فُضُوْلِ أَمْوَالِهِمْ، وَلَیْسَتْ لَنَا أَمْوَالٌ! قَالَ: "أَفَلاَ أُخْبِرُکُمْ بِأَمْرٍ تُدْرِکُوْنَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ وَتَسْبِقُوْنَ مَنْ جَاءَ بَعْدَکُمْ، وَلاَ یَأْتِیْ أَحَدٌ بِمِثْلِ مَا جِئْتُمْ، إِلاَّ مَنْ جَاءَ بِمِثْلِهِ؟ تُسَبِّحُوْنَ فِیْ دُبُرِ کُلِّ صَلاَ ةٍ عَشْرًا، وَتَحْمَدُوْنَ عَشْرًا، وَتُکَبِّرُوْنَ عَشْرًا"

تَابَعَهُ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سُمَیٍّ، وَرَوَاهُ ابْنُ عَجْلاَنَ عَنْ سُمَیٍّ، وَرَجَاءِ بْنِ حَیْوَةَ، وَرَوَاهُ جَرِیْرٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِی الدَّرْدَاءِ، وَرَوَاهُ سُهَیْلٌ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم. [راجع: ۸۴۳]

وضاحت: یہ حدیث پہلے تحفۃ القاری (۱۶۹:۳) میں آئی ہے، وہاں سمیّ کے شاگرد عبیداللہ کی روایت تھی، ان کی روایت میں تسبیحات ۳۳، ۳۳ اور ۳۴ مرتبہ ہیں، اور وہی روایت صحیح ہے، یہاں ورقاء کی روایت میں دس دس بار تسبیحات ہیں، یہ تسبیحاتِ فقراء نہیں، اور تابعہ کا مطلب ہے: عبیداللہ نے بھی سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچائی ہے، اسی طرح محمد بن عجلان نے بھی، البتہ وہ سمّی کے علاوہ رجاء بن حیوہ سے بھی روایت کرتے ہیں —— اور جریر اپنی سند حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں، اور سہیل اپنی سند حضرت ابو ہریرہؓ تک لے جاتے ہیں یعنی اکثر رواۃ کے نزدیک حدیث حضرت ابو ہریرہؓ کی مسانید میں سے ہے، صرف جریر کی سند اس کے خلاف ہے۔

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ سلام پھیرنے کے بعد اپنی نماز کے آخر میں کہا کرتے تھے: "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یگانہ ہیں، ان کا کوئی شریک نہیں، حکومت انہی کے لئے ہے، اور تعریف انہی کے لئے ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں، اے اللہ! کوئی اس چیز کو روکنے والا نہیں جو آپ عنایت فرمائیں، اور کوئی اس چیز کو دینے والا نہیں

جس کو آپ روک دیں، اور مالدار کو مالداری نفع نہیں پہنچاتی آپ کے بدل (جَدّ کے معنی ہیں: غِنٰی (مالداری) اور جِدّ کے معنی ہیں: کوشش)

[۶۳۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ وَرَّادٍ مَوْلَى الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: كَتَبَ الْمُغِيْرَةُ إِلَى مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِيْ سُفْيَانَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ صَلاَتِهِ إِذَا سَلَّمَ: "لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ، اللّٰهُمَّ لاَ مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلاَ مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلاَ يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ"

وَقَالَ شُعْبَةُ: عَنْ مَنْصُوْرٍ: سَمِعْتُ الْمُسَيَّبَ. [راجع: ٨٤٤]

وضاحت: تسبیحاتِ فقراء سلام کے بعد ہیں، اور اس آخری حدیث میں جو ذکر ہے وہ بھی نبی ﷺ سلام کے بعد کیا کرتے تھے، اس لئے امام صاحبؒ نے دونوں پر **باب الدعاء بعد الصلاة** لگایا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَصَلِّ عَلَيْهِمْ﴾ وَمَنْ خَصَّ أَخَاهُ بِالدُّعَاءِ دُوْنَ نَفْسِهِ

دوسرے مسلمان کے لئے دعا کرنا، اور خود کو دعا میں شامل نہ کرنا

دوسروں کے لئے دعا کرنا اور خود کو بھول جانا: دیگراں را نصیحت خود را فضیحت والی بات ہے، مگر جائز ہے، سورۃ التوبہ (آیت ۱۰۳) میں آپؐ کو حکم دیا گیا ہے کہ جو لوگ اپنی خطا کے مقر ہوگئے ہیں ان کے لئے خاص دعا کریں، چنانچہ باب میں سات واقعات ہیں جن میں آپؐ نے دوسروں کو دعاؤں سے نوازا ہے، اور خود کو ان میں شامل نہیں کیا، یہ سب حدیثیں پہلے آچکی ہیں:

۱- نبی ﷺ نے ابوموسیٰ اشعریؓ کے چچا عبید ابو عامر کے لئے دعا کی اور ابوموسیؓ نے درخواست کی، تو ان کے لئے بھی دعا کی (معلق حدیث)

۲- حضرت سلمۃ بن الاکوعؓ کے چچا عامر بن الاکوع کو جب وہ حُدی پڑھ رہے تھے دعا دی۔

۳- ابواوفی کے خاندان کے لئے دعا کی جب وہ اپنی قوم کی زکات لے کر آئے۔

۴- حضرت جریر بجلیؓ کے لئے دعا کی جب ان کو ذوالخلصہ مندر کو ڈھانے کے لئے بھیجا، اور جب وہ ڈھا کر آئے تو قبیلہ احمس کو دعا دی۔

۵- حضرت انسؓ کے لئے دعا کی جب ان کی والدہ نے دعا کی درخواست کی۔

۶-ایک صحابی مسجدِ نبوی میں جہراً قرآن پڑھ رہے تھے، ان کا پڑھنا سن کر نبی ﷺ کو ایک آیت یاد آئی جو پڑھنے میں رہ جاتی تھی، پس آپؐ نے ان کے لئے دعا کی۔

۷-ایک واقعہ میں موسیٰ علیہ السلام کے لئے دعا کی۔

ان سب واقعات میں آپؐ نے دوسروں کے لئے دعائیں کی ہیں، اور خود کو ان میں شامل نہیں کیا، معلوم ہوا کہ ایسا کرنا جائز ہے۔

[۱۹-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: ﴿وَصَلِّ عَلَيْهِمْ﴾ وَمَنْ خَصَّ أَخَاهُ بِالدُّعَاءِ دُوْنَ نَفْسِهِ

وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ أَبِيْ عَامِرٍ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهُ" [راجع: ۴۳۲۳]

[۶۳۳۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ مَوْلٰى سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى خَيْبَرَ، قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَيْ عَامِرُ! لَوْ أَسْمَعْتَنَا مِنْ هُنَيَّاتِكَ! فَنَزَلَ يَحْدُوْ بِهِمْ يُذَكِّرُ:

تَاللّٰهِ لَوْلاَ اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا

وَذَكَرَ شِعْرًا غَيْرَ هٰذَا، وَلٰكِنِّيْ لَمْ أَحْفَظْهُ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ هٰذَا السَّائِقُ؟" قَالُوْا: عَامِرُ بْنُ الْأَكْوَعِ، قَالَ:" يَرْحَمُهُ اللّٰهُ" وَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْلاَ مَتَّعْتَنَا بِهِ، فَلَمَّا صَافَّ الْقَوْمَ قَاتَلُوْهُمْ، فَأُصِيْبَ عَامِرٌ بِقَائِمَةِ سَيْفِ نَفْسِهِ فَمَاتَ.

فَلَمَّا أَمْسَوْا أَوْ قَدُوْا نَارًا كَثِيْرَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا هٰذِهِ النَّارُ؟ عَلٰى أَيِّ شَيْءٍ تُوْقِدُوْنَ؟" قَالُوْا: عَلٰى حُمُرٍ إِنْسِيَّةٍ. فَقَالُوْا:" أَهْرِيْقُوْا مَا فِيْهَا، وَكَسِّرُوْهَا" قَالَ رَجُلٌ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَلاَ نُهَرِيْقُ مَا فِيْهَا وَنَغْسِلُهَا؟ قَالَ:" أَوْ ذَاكَ" [راجع: ۲۴۷۷]

[۶۳۳۲-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، هُوَ ابْنُ مُرَّةَ، سَمِعْتُ ابْنَ أَبِيْ أَوْفَى، يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَتَى رَجُلٌ بِصَدَقَةٍ قَالَ:" اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ فُلاَنٍ" فَأَتَاهُ أَبِيْ فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ أَبِيْ أَوْفَى" [راجع: ۱۴۹۷]

[۶۳۳۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، سَمِعْتُ جَرِيْرًا، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَلاَ تُرِيْحُنِيْ مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ؟" وَهُوَ نُصُبٌ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَهُ يُسَمَّى: الْكَعْبَةَ الْيَمَانِيَةَ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ رَجُلٌ لاَ أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، فَصَكَّ فِيْ صَدْرِيْ، فَقَالَ:

"اللّٰھُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا" قَالَ: فَخَرَجْتُ فِيْ خَمْسِيْنَ مِنْ أَحْمَسَ مِنْ قَوْمِيْ - وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: فَانْطَلَقْتُ فِيْ عُصْبَةٍ مِنْ قَوْمِيْ - فَأَتَيْتُهَا فَأَحْرَقْتُهَا، ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ مَا أَتَيْتُكَ حَتّٰى تَرَكْتُهَا مِثْلَ الْجَمَلِ الْأَجْرَبِ، فَدَعَا لِأَحْمَسَ وَخَيْلِهَا[راجع: ۳۰۲۰]

[۶۳۳۳-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَسٌ خَادِمُكَ! قَالَ: "اللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيْمَا أَعْطَيْتَهُ"[راجع: ۱۹۸۲]

[۶۳۳۵-] حَدَّثَنِيْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً يَقْرَأُ فِي الْمَسْجِدِ، قَالَ:" رَحِمَهُ اللّٰهُ! لَقَدْ أَذْكَرَنِيْ كَذَا وَكَذَا آيَةً أَسْقَطْتُهَا مِنْ سُوْرَةِ كَذَا وَكَذَا"[راجع: ۲۶۵۵]

[۶۳۳۶-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَسَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَسْمًا، فَقَالَ رَجُلٌ: إِنَّ هٰذِهِ لَقِسْمَةٌ مَا أُرِيْدُ بِهَا وَجْهُ اللّٰهِ! فَأَخْبَرْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَغَضِبَ حَتّٰى رَأَيْتُ الْغَضَبَ فِي وَجْهِهِ، وَقَالَ:" يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسَى! أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ"[راجع: ۳۱۵۰]

ملحوظہ: حضرت سلمہؓ کا پورا نام سلمة بن عمرو بن الأکوع ہے، پس عامرؓ ان کے چچا ہیں۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ السَّجْعِ مِنَ الدُّعَاءِ

دعا میں قافیہ بازی مکروہ ہے

کچھ لوگ جب جہری دعا کرتے ہیں تو قافیہ بازی کرتے ہیں: یہ مکروہ ہے، ہاں بے تکلف قافیہ آجائے تو پسندیدہ ہے، بناوٹ ٹھیک نہیں۔ سَجْع: قافیہ بند کلام، ہم وزن کلام، فقروں کے آخر میں الفاظ کا ہم وزن ہونا۔

روایت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: "تو لوگوں کے سامنے ہفتہ میں ایک مرتبہ دینی باتیں کر، اور اگر انکار کرے تو تو دومرتبہ کر، اور اگر زیادہ کرے تو تو تین مرتبہ کر، اور لوگوں کو رنجیدہ مت کر اس قرآن کے ذریعہ، اور ہرگز نہ پاؤں میں تجھ کو کہ آئے تو کسی قوم کے پاس، اور وہ اپنی باتوں میں سے کسی بات میں مشغول ہوں، پس تو وعظ کہنے لگے، اور ان کی باتیں کاٹ دے، پس ان کو رنجیدہ کردے، بلکہ خاموش رہ، پس اگر وہ تجھے حکم دیں تو ان سے دینی باتیں کر، درانحالیکہ وہ اس کو چاہ رہے ہوں، اور دیکھ تو دعا کے قافیوں کو، پس اس سے بچ، کیونکہ میں رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے صحابہ رضی اللہ عنہم سے واقف ہوا ہوں وہ یہ کام نہیں کرتے تھے۔

[۲۰-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ السَّجْعِ مِنَ الدُّعَاءِ

[٦٣٣٧-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ أَبُوْ حَبِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ الْمُقْرِئُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ الْخِرِّيْتِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدِّثِ النَّاسَ كُلَّ جُمُعَةٍ مَرَّةً، فَإِنْ أَبَيْتَ فَمَرَّتَيْنِ، فَإِنْ أَكْثَرْتَ فَثَلاَثَ مَرَّاتٍ، وَلاَ تُمِلَّ النَّاسَ هٰذَا الْقُرْآن، وَلاَ أُلْفِيَنَّكَ تَأْتِيْ الْقَوْمَ، وَهُمْ فِيْ حَدِيْثٍ مَنْ حَدِيْثِهِمْ، فَتَقُصُّ، فَتَقْطَعُ عَلَيْهِمْ حَدِيْثَهُمْ فَتُمِلُّهُمْ، وَلٰكِنْ أَنْصِتْ، فَإِنْ أَمَرُوْكَ فَحَدِّثْهُمْ وَهُمْ يَشْتَهُوْنَهُ، وَانْظُرِ السَّجْعَ مِنَ الدُّعَاءِ فَاجْتَنِبْهُ، فَإِنِّيْ عَهِدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابَهُ لاَ يَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ.

وضاحت: آخری جملہ: لايفعلون إلا ذلك تھا، مگر مستخرج اسماعیلی میں إلا نہیں (عمدۃ) اس لئے اس کو حذف کیا ہے۔

بَابٌ: لِيَعْزِمِ الْمَسْأَلَةَ، فَإِنَّهُ لاَ مُكْرِهَ لَهُ

دعا مضبوطی کے ساتھ مانگے، کیونکہ اللہ کو مجبور کرنے والا کوئی نہیں

لوگوں سے تو لپٹ کر نہیں مانگنا چاہئے، سورۃ البقرۃ (آیت ۲۷۳) میں اس کی ممانعت آئی ہے: ﴿لاَيَسْأَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾: (راہِ خدا میں مقید حاجت مند) لوگوں سے لپٹ کر نہیں مانگتے، کیونکہ آدمی کبھی خوشی کے بغیر دباؤ میں یا شرما شرمی میں دینے پر مجبور ہوتا ہے، مگر اللہ تعالیٰ سے مضبوطی کے ساتھ مانگے، ڈھیلی ڈھالی دعا نہ کرے، کیونکہ اللہ پر کسی کا دباؤ نہیں، وہ بندے کی مصلحت ہوگی تو مانگی ہوئی چیز دیں گے، ورنہ دعا کو عبادت قرار دیں گے، علاوہ ازیں پختگی سے مانگنا غایتِ احتیاج کی دلیل ہے، اور بس یونہی مانگنا لاپرواہی کی علامت ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی دعا کرے تو مضبوطی سے مانگے، اور ہرگز نہ کہے: اے اللہ! آپ چاہیں تو مجھے دیں، آپ چاہیں تو میری بخشش کریں، آپ چاہیں تو مجھ پر مہربانی کریں، بلکہ مضبوطی سے مانگے، کیونکہ ان پر زبردستی کرنے والا کوئی نہیں''

[۲۱-] بَابٌ: لِيَعْزِمِ الْمَسْأَلَةَ، فَإِنَّهُ لاَ مُكْرِهَ لَهُ

[٦٣٣٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِذَا دَعَا أَحَدُكُمْ فَلْيَعْزِمِ الْمَسْأَلَةَ، وَلاَ يَقُوْلَنَّ: اللّٰهُمَّ إِنْ شِئْتَ فَأَعْطِنِيْ، فَإِنَّهُ لاَ مُسْتَكْرِهَ لَهُ'' [طرفه: ٧٤٦٤]

[٦٣٣٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَ يَقُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ إِنْ شِئْتَ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ إِنْ شِئْتَ، لِيَعْزِمِ الْمَسْأَلَةَ، فَإِنَّهُ لاَ مُكْرِهَ لَهُ" [طرفه: ٧٤٧٧]

بَابٌ: يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَالَمْ يَعْجَلْ

بندے کی دعا قبول کی جاتی ہے بشرطیکہ وہ جلدی نہ کرے

دعا بندے کی طرف سے اللہ کے حضور میں ایک التجا ہے، اور اللہ تعالیٰ مختار ہیں، وہ بندے کی مانگ جلدی بھی پوری کرسکتے ہیں، اور اس میں کسی مصلحت سے دیر بھی ہوسکتی ہے، کبھی بندے کی مصلحت اس میں ہوتی ہے کہ اس کی مانگ جلدی پوری نہ کی جائے، مگر چونکہ انسان کے خمیر میں جلد بازی ہے، اس لئے وہ کبھی تنگ دل ہوکر مانگنا چھوڑ دیتا ہے، یہ اس کی غلطی ہے، جلد بازی سے قبولیتِ دعا کا استحقاق ختم ہوجاتا ہے، پس بندے کو چاہئے کہ اس در کا فقیر بنا رہے، اور برابر مانگتا رہے، رحمتِ خداوندی دیر سویر ضرور متوجہ ہوگی، اور یقین رکھے کہ قبولیت کی تاخیر میں کوئی حکمت ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم میں سے ہر ایک کی دعا قبول کی جاتی ہے جب تک وہ جلدی نہ مچائے (اور جلدی مچانا یہ ہے کہ) کہے: میں نے دعا کی مگر قبول نہ ہوئی!" یعنی میں نے بار بار دعا کی مگر میری دعا قبول نہ ہوئی، اس لئے میں نے تھک کر مانگنا چھوڑ دیا۔

[٢٢-] بَابٌ: يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَالَمْ يَعْجَلْ

[٦٣٤٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِیْ عُبَيْدٍ مَوْلٰى ابْنِ أَزْهَرَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يُسْتَجَابُ لِأَحَدِكُمْ مَالَمْ يَعْجَلْ، يَقُوْلُ: دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِیْ"

بَابُ رَفْعِ الْأَيْدِیْ فِی الدُّعَاءِ

ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا

دعا میں ہاتھ اٹھانا اور آخر میں منہ پر پھیرنا: رغبت کا ظاہری روپ ہے، اور دل کی کیفیت اور بدنی ہیئت کے درمیان ہم آہنگی ہے، آدمی اس طرح سراپا التجا بن جاتا ہے، جیسے سائل ہاتھ پسار کر مانگتا ہے تو اس کا سارا وجود سوال بن جاتا ہے، نیز اس سے نفس چوکنا ہوتا ہے کہ وہ کوئی چیز مانگ رہا ہے —— اور ہاتھ منہ پر پھیرنا: امید برآری کی تصویر ہے کہ یہ پھیلے ہوئے ہاتھ خالی نہیں رہے، رب کریم ورحیم کی برکت ورحمت کا کوئی حصہ انہیں ضرور ملا ہے، جسے اس نے اپنے اشرف عضو

(چہرے) کا غازہ بنالیا ہے (رحمۃ اللہ ۴:۳۲۶)

امام نوویؒ نے شرح مہذب میں تیس حدیثیں ذکر کی ہیں جن سے دعا میں ہاتھ اٹھانا اور آخر میں منہ پر پھیرنا ثابت ہوتا ہے، حضرت امام بخاریؒ نے باب میں تین حدیثیں مختصراً ذکر کی ہیں۔

فائدہ (۱): فتاوی عالم گیری (کتاب الکراہیہ ۵:۳۱۸) میں دعا میں ہاتھ اٹھانے کا افضل طریقہ یہ لکھا ہے کہ دونوں ہاتھ پھیلائے، اور سینہ کے مقابل تک اٹھائے، اور دونوں ہاتھوں کے درمیان کشادگی رکھے، چاہے تھوڑی سی ہو (ہاتھ بالکل ملانہ دے) اور ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر نہ رکھے۔

فائدہ (۲): احوال کی دو قسمیں ہیں: متواردہ (پے بہ پے پیش آنے والے احوال) اور خاصہ، اول میں جواذ کار وادعیہ مروی ہیں، ان میں ہاتھ اٹھانا مستحب نہیں، جیسے صبح وشام کی دعائیں، اور ثانی میں ہاتھ اٹھانا مسنون ہے، جیسے نماز کے بعد کی دعائیں ہاتھ اٹھا کر مانگنی چاہئیں۔

[۲۳-] بَابُ رَفْعِ الأَيْدِىْ فِى الدُّعَاءِ

[۱-] وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ، وَرَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ. [راجع: ٤٣٢٣]

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: رَفَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ: "اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَبْرَأُ إِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ" [راجع: ٤٣٣٩]

[٦٣٤١-] وَقَالَ الْأُوَيْسِيُّ: حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، وَشَرِيْكٍ، سَمِعَا أَنَسًا، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى رَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ. [راجع: ١٠٣١]

بَابُ الدُّعَاءِ غَيْرَ مُسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةِ

قبلہ کی طرف منہ کئے بغیر دعا کرنا

دعا: نماز نہیں، پس قبلہ کی طرف منہ کئے بغیر بھی دعا کی جاسکتی ہے، ایک جمعہ کے خطبہ میں نبی ﷺ نے بارش کے لئے دعا فرمائی ہے، اور جمعہ کے خطبہ میں کعبہ کی طرف پیٹھ ہوتی ہے۔

[۲٤-] بَابُ الدُّعَاءِ غَيْرَ مُسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةِ

[٦٣٤٢-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: بَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَسْقِيَنَا. فَتَغَيَّمَتِ

السَّمَاءُ وَمُطِرْنَا، حَتّٰى مَاكَانَ الرَّجُلُ يَصِلُ إِلٰى مَنْزِلِهِ، فَلَمْ نَزَلْ نُمْطَرُ إِلٰى الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَةِ، فَقَامَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ أَوْ غَيْرُهُ، فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَصْرِفَهُ عَنَّا، فَقَدْ غَرِقْنَا، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا" فَجَعَلَ السَّحَابُ يَتَقَطَّعُ حَوْلَ الْمَدِيْنَةِ، وَلَا يُمْطَرُ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ. [راجع: ۹۳۲]

بَابُ الدُّعَاءِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ

کعبہ کی طرف منہ کرکے دعا کرنا

صلاۃ: کے لغوی معنی دعا ہیں، اور نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنا ضروری ہے، پس دعا بھی قبلہ کی طرف منہ کرکے مانگی جائے تو بہتر ہے، قحط سالی ہوئی، نبی ﷺ بارش طلبی کے لئے عیدگاہ کے میدان کی طرف نکلے، قبلہ کی طرف منہ کیا، چادر پلٹی اور دو رکعتیں پڑھیں (اور دعا کی)

[۲۵-] بَابُ الدُّعَاءِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ

[۶۳۴۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيٰى، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى هٰذَا الْمُصَلّٰى يَسْتَسْقِيْ، فَدَعَا فَاسْتَسْقٰى ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَحَوَّلَ وَقَلَبَ رِدَاءَهُ. [راجع: ۱۰۰۵]

بَابُ دَعْوَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِخَادِمِهِ بِطُوْلِ الْعُمُرِ وَبِكَثْرَةِ الْمَالِ

نبی ﷺ نے اپنے خادم کے لئے درازیِ عمر اور زیادتی مال کی دعا کی

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی امی نے درخواست کی کہ آپؐ اپنے خادم کے لئے دعا فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: "اے اللہ! اس کا مال اور اس کی اولاد زیادہ کر، اور آپ اس کو جو عطا فرمائیں اس میں برکت فرما!" —— اور بخاریؒ کی الادب المفرد میں: وَأَطِلْ حياته بھی ہے یعنی اس کی حیات دراز فرما، اور بارك له فيما أعطيته میں حیات شامل ہے۔

[۲۶-] بَابُ دَعْوَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِخَادِمِهِ بِطُوْلِ الْعُمُرِ وَبِكَثْرَةِ الْمَالِ

[۶۳۴۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَتْ أُمِّيْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! خَادِمُكَ ادْعُ اللّٰهَ لَهُ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيْمَا أَعْطَيْتَهُ" [راجع: ۱۹۸۲]

بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْكَرْبِ

بے چینی کے وقت دعا

حدیث: نبی ﷺ رنج وملال، بے چینی اور پریشانی کے وقت یہ دعا کرتے تھے: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ عظیم المرتبت، بردبار ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ آسمانوں اور زمین کے پروردگار ہیں، اور عرش عظیم کے پروردگار ہیں'' —— اور مسند ابی عوانہ میں ہے کہ پھر آپؐ دعا فرماتے تھے، پس یہ ذکر دعا کی تمہید ہے۔

[۲۷-] بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْكَرْبِ

[٦٣٤٥-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْ عِنْدَ الْكَرْبِ:'' لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ'' [طرفاه: ٦٣٤٦، ٧٤٣١]

[٦٣٤٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ عِنْدَ الْكَرْبِ:'' لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ'' وَقَالَ وَهْبٌ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ مِثْلَهُ. [راجع: ٦٣٤٥]

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ جُهْدِ الْبَلَاءِ

بلاء کی سختی سے پناہ چاہنا

بلاء کی سختی: جس میں آدمی مرجانا پسند کرتا ہے، جیسے مفلسی کے ساتھ عیالداری، اس سے پناہ چاہنی چاہئے، رسول اللہ ﷺ چار چیزوں سے پناہ مانگا کرتے تھے: (۱) بلا کی سختی سے (۲) بدبختی آجانے سے (۳) فیصلۂ خداوندی کے ضرر سے (۴) دشمنوں کی خوشی سے۔ ابن عیینہؒ کہتے ہیں: تین باتیں تو حدیث میں ہیں، اور ایک میں نے بڑھائی ہے، میں نہیں جانتا وہ کونسی ہے، اور کتاب القدر میں چاروں باتیں مسند ہیں۔ یہ چاروں باتیں خطرناک ہیں، ہمیشہ ان سے اللہ کی پناہ مانگنی چاہئے۔

[۲۸-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ جُهْدِ الْبَلَاءِ

[٦٣٤٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُمَيٌّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَعَوَّذُ مِنْ جُهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرْكِ الشَّقَاءِ، وَسُوْءِ

الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ.
قَالَ سُفْيَانُ: الْحَدِيْثُ ثَلاَثٌ، زِدْتُ أَنَا وَاحِدَةً، لَا أَدْرِيْ أَيَّتُهُنَّ هِيَ. [طرفه: ٦٦١٦]

بَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْأَعْلٰى"

نبی ﷺ نے دعا فرمائی: "اے اللہ! میں عالم بالا کے ساتھیوں کو اختیار کرتا ہوں!"

حدیث: امام زہریؒ کہتے ہیں: مجھے خبر دی سعید بن مسیبؒ اور عروۃ بن الزبیرؒ نے دیگر اہل علموں میں یعنی ان دو کے علاوہ دیگر اہل علم سے بھی میں نے یہ حدیث سنی ہے۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے جب آپؐ تندرست تھے کہ کسی نبی کی کبھی روح قبض نہیں کی جاتی یہاں تک کہ وہ دکھلایا جاتا ہے اس کا جنت کا ٹھکانہ، پھر اس کو اختیار دیا جاتا ہے، پس جب آپؐ کی وفات کا وقت آیا، اور آپؐ کا سر میری ران پر تھا تو آپؐ تھوڑی دیر کے لئے بے ہوش ہوگئے، پھر آپؐ کو ہوش آیا، پس آپؐ نے اپنی نگاہ چھت کی طرف اٹھائی، اور فرمایا: "اے اللہ! میں عالم بالا کے ساتھیوں کو اختیار کرتا ہوں" یعنی مرنا چاہتا ہوں، دنیا میں نہیں رہنا چاہتا، صدیقہؓ نے (دل میں) کہا: تب آپؐ ہم کو اختیار نہیں کریں گے، اور میں سمجھ گئی کہ یہ وہ بات ہے جو آپؐ ہم سے تندرستی میں بیان کیا کرتے تھے، صدیقہؓ کہتی ہیں: یہ آخری بات ہے جو آپؐ نے بولی، یعنی میں عالم بالا کے ساتھیوں کو اختیار کرتا ہوں!

[۲۹-] بَابُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْأَعْلٰى"

[٦٣٤٨-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، فِيْ رِجَالٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ وَهُوَ صَحِيْحٌ: "لَمْ يُقْبَضْ نَبِيٌّ قَطُّ حَتَّى يُرَى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخَيَّرُ" فَلَمَّا نُزِلَ بِهِ، وَرَأْسُهُ عَلٰى فَخِذِيْ، غُشِيَ عَلَيْهِ سَاعَةً، ثُمَّ أَفَاقَ فَأَشْخَصَ بَصَرَهُ إِلَى السَّقْفِ، ثُمَّ قَالَ: "اللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْأَعْلٰى!" قُلْتُ: إِذًا لَا يَخْتَارُنَا، وَعَلِمْتُ أَنَّهُ الْحَدِيْثُ الَّذِيْ كَانَ يُحَدِّثُنَا وَهُوَ صَحِيْحٌ، قَالَتْ: فَكَانَتْ تِلْكَ آخِرَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا: "اللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْأَعْلٰى!" [راجع: ٤٤٣٥]

بَابُ الدُّعَاءِ بِالْمَوْتِ وَالْحَيَاةِ

موت وحیات کی دعا

صرف موت کی دعا کرنا ممنوع ہے، حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہ بات آئی ہے، البتہ شدید پریشانی سے دوچار ہو تو اس طرح دعا کرسکتا ہے: "اے اللہ! مجھے زندہ رکھ جب تک میرے لئے زندہ رہنے میں خیر ہے، اور مجھے موت

دے جب میرے لئے مرنے میں خیر ہے'' یہ موت وحیات کی دعا ہے، جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں آئی ہے۔

[۳۰-] بَابُ الدُّعَاءِ بِالْمَوْتِ وَالْحَيَاةِ

[٦٣٤٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: أَتَيْتُ خَبَّابًا وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعًا، قَالَ: لَوْلاَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَانَا أَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهِ.[راجع: ٥٦٧٢]

[٦٣٥٠-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ قَيْسٌ، قَالَ: أَتَيْتُ خَبَّابًا وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعًا فِيْ بَطْنِهِ، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: لَوْلاَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَانَا أَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهِ.[راجع: ٥٦٧٢]

[٦٣٥١-] حَدَّثَنِيْ ابْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَ يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ، فَإِنْ كَانَ لاَبُدَّ مُتَمَنِّيًا لِلْمَوْتِ فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِيْ، وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِيْ"[راجع: ٥٦٧١]

بَابُ الدُّعَاءِ لِلصِّبْيَانِ بِالْبَرَكَةِ وَمَسْحِ رُؤُوْسِهِمْ

بچوں کو برکت کی دعا دینا، اوران کے سروں پر ہاتھ پھیرنا

بچوں پر مہربانی کرنا مامور بہ ہے، پس بچوں کے سروں پر ہاتھ پھیرنا چاہئے اوران کے لئے برکت کی دعا کرنی چاہئے، باب میں چھ روایتیں ہیں جو سب پہلے آ گئی ہیں:

۱- نبی ﷺ نے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے لڑکے ابراہیم کو برکت کی دعا دی (معلق روایت)

۲- سائب بن یزیدؓ کو برکت کی دعا دی۔

۳- عبداللہ بن ہشام کو برکت کی دعا دی، جس سے ان کے کاروبار میں بہت برکت ہوئی۔

۴- محمود بن الربیع کے منہ پر برکت کے لئے کلی ڈالی۔

۵- ایک بچہ جس نے آپؐ پر پیشاب کردیا: دعا سے نوازا گیا۔

۶- عبداللہ بن ثعلبہؓ کے سر پر آپؐ نے ہاتھ پھیرا۔

[۳۱-] بَابُ الدُّعَاءِ لِلصِّبْيَانِ بِالْبَرَكَةِ وَمَسْحِ رُؤُوْسِهِمْ

وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: وُلِدَ لِيْ غُلاَمٌ، فَدَعَا لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْبَرَكَةِ.[راجع: ٥٤٦٧]

[٦٣٥٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنِ الْجَعْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ - قَالَ أَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ:

وَيُقَالُ: جَعْدٌ وَجُعَيْدٌ - قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ، يَقُوْلُ: ذَهَبَتْ بِيْ خَالَتِيْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ ابْنَ أُخْتِيْ وَجِعٌ، فَمَسَحَ رَأْسِيْ، وَدَعَا لِيْ بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ تَوَضَّأَ فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهِ، ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلٰى خَاتَمِهِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ[راجع: ۱۹۰]

[۶۳۵۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ عَقِيْلٍ: أَنَّـهُ كَانَ يَخْرُجُ بِهِ جَدُّهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ مِنَ السُّوْقِ أَوْ: إِلَى السُّوْقِ، فَيَشْتَرِيْ الطَّعَامَ، فَيَلْقَاهُ ابْنُ الزُّبَيْرِ وَابْنُ عُمَرَ، فَيَقُوْلَانِ: أَشْرِكْنَا، فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَدْ دَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ، فَيُشْرِكُهُمْ، فَرُبَّمَا أَصَابَ الرَّاحِلَةَ كَمَا هِيَ، فَيَبْعَثُ بِهَا إِلَى الْمَنْزِلِ.[راجع: ۲۵۰۲]

[۶۳۵۴-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، وَهُوَ الَّذِيْ مَجَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ وَجْهِهِ وَهُوَ غُلَامٌ مِنْ بِئْرِهِمْ.[راجع: ۷۷]

[۶۳۵۵-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُؤْتَى بِالصِّبْيَانِ فَيَدْعُو لَهُمْ، فَأُتِيَ بِصَبِيٍّ فَبَالَ عَلٰى ثَوْبِهِ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَأَتْبَعَهُ الْمَاءَ، وَلَمْ يَغْسِلْهُ.[راجع: ۲۲۲]

[۶۳۵۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ثَعْلَبَةَ ابْنِ صُعَيْرٍ - وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ مَسَحَ عَنْهُ - أَنَّـهُ رَأَى سَعْدَ بْنَ أَبِيْ وَقَّاصٍ يُوْتِرُ بِرَكْعَةٍ.[راجع: ۴۳۰۰]

بَابُ الصَّلاَةِ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ پر درود بھیجنا

درود: اعلی درجہ کی دعا ہے، جو نبی ﷺ کے لئے کی جاتی ہے، اور نبی ﷺ پر درود بھیجنے کا حکم سورۃ الاحزاب (آیت ۵۶) میں ہے، اس آیت کی وجہ سے تمام فقہاء متفق ہیں کہ زندگی میں ایک بار درود بھیجنا فرض ہے، اور جب بھی آپ ؐ کا تذکرہ آئے درود بھیجنا مستحب ہے، اور باب میں دو روایتیں ہیں، ان میں درود کے الفاظ ہیں، ان کے علاوہ بھی متعدد روایات میں درود وارد ہوئے ہیں۔ (تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی ۸: ۲۰۵ دیکھیں)

[۳۲-] بَابُ الصَّلاَةِ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[۶۳۵۷-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَكَمُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِيْ

لَيْلَى، قَالَ: لَقِيَنِيْ كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ، فَقَالَ: أَلاَ أُهْدِیْ لَكَ هَدِيَّةً؟ إِنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم خَرَجَ عَلَيْنَا، فَقُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ عَلِمْنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ نُصَلِّیْ عَلَيْكَ؟ فَقَالَ:" قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ"[طرفاه: ۳۳۷۰]

[۶۳۵۸-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ حَازِمٍ، وَالدَّرَاوَرْدِیُّ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا السَّلاَمُ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ نُصَلِّیْ عَلَيْكَ؟ قَالَ:" قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَآلِ إِبْرَاهِيْمَ"[راجع: ۴۷۹۸]

بَابٌ: هَلْ يُصَلّٰى عَلٰى غَيْرِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم؟

کیا نبی ﷺ کے علاوہ پر درود بھیجنا جائز ہے؟

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے ہل چلایا ہے، فیصلہ نہیں کیا، البتہ آیت اور دو حدیثیں ذکر کر کے جواز کی طرف اشارہ کیا ہے کہ غیر انبیاء پر بالاستقلال درود وسلام بھیج سکتے ہیں، مگر جمہور کے نزدیک جائز نہیں، ہاں انبیاء کے تابع بنا کر غیر انبیاء پر درود وسلام بھیج سکتے ہیں۔

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ صلاۃ کے معنی: غایتِ انعطاف ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کا آخری درجہ کا میلان، اور یہ بات کسی کو معلوم نہیں کہ غیر انبیاء میں سے کس کی طرف اللہ تعالیٰ کا آخری درجہ کا میلان ہے، اس لئے صیغۂ درود سے غیر انبیاء کے لئے بالاستقلال دعا کرنا جائز نہیں۔

ہاں اللہ تعالیٰ کو سب کچھ معلوم ہے، چنانچہ سورۃ التوبہ کی (آیت ۱۰۳) میں نبی ﷺ کو حکم دیا کہ آپؐ ان لوگوں کے لئے جو اپنی خطا کے معترف ہوئے ہیں ان کے اموال میں سے صدقہ لیں، اور ان کے لئے لفظ صلاۃ سے دعا کریں، آپؐ کی دعا ان کے لئے موجبِ اطمینان ہوگی، بناءً علیہ آپؐ دوسرے زکات لے کر آنے والوں کو بھی لفظ صلاۃ کے ذریعہ دعا دیتے تھے، آپؐ نے اللہ کے حکم کو مورد سے بڑھایا ہے۔

اور آخری حدیث میں تبعاً ازواج وذریات کو لیا ہے، پس بالاستقلال بھی ان پر درود بھیجنا جائز ہوگا، یہ استدلال ہے، حالانکہ وہ قضیہ مہملہ ہے، اور قضیہ مہملہ کا وجود ایک فرد کے ضمن میں ہو جاتا ہے، پس جب نبی کا ذکر ہے تو ان کی طرف تو غایتِ انعطاف ہے ہی، دیگر تابعین کی طرف غایتِ انعطاف ہو یا نہ ہو اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟ اس لئے ضمناً جائز ہے، مستقلاً جائز نہیں، مستقل درود بھیجنے کی صورت میں دعا کرنے والا نہیں جانتا کہ اس کی طرف اللہ تعالیٰ کا آخری درجہ کا میلان ہے یا

نہیں؟ اس لئے جائز نہیں۔

[۳۳-] بَابٌ: هَلْ يُصَلّٰى عَلٰى غَيْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟

وَقَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ﴾

[۶۳۵۹-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفَى: كَانَ إِذَا أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِصَدَقَتِهِ قَالَ: "اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ" وَأَتَاهُ أَبِيْ بِصَدَقَتِهِ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ أَبِيْ أَوْفَى"[راجع: ۱۴۹۷]

[۶۳۶۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَمْرِو ابْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ: أَنَّهُمْ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ نُصَلِّيْ عَلَيْكَ؟ قَالَ: "قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَابَارَكْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ"[راجع: ۳۳۶۹]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صل الله عليه وسلم: "مَنْ آذَيْتُهُ فَاجْعَلْهُ لَهُ زَكَاةً وَرَحْمَةً"

نبی ﷺ نے فرمایا: "جس کو میں نے تکلیف پہنچائی اس کو اس کے لئے پاکی اور مہربانی بنا"

کبھی نبی ﷺ کسی صحابی کی شان میں سخت کلمہ کہہ دیتے تھے پس آپؐ نے دعا فرمائی: "اے اللہ! جس مؤمن کو میں نے برا کہا ہو اس بات کو اس کے لئے قیامت کے دن (اپنی ذات سے) قربت کا ذریعہ بنا" (یہ دعا آپؐ نے اس لئے کی کہ آپؐ رحمتِ عالم ہیں، مگر بشر بھی ہیں، پس بشریت کے تقاضہ سے کبھی ناراضگی میں کوئی سخت کلمہ کہہ دیا ہو تو اس دعا سے اس کی تلافی کردی)

[۳۴-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صل الله عليه وسلم: "مَنْ آذَيْتُهُ فَاجْعَلْهُ لَهُ زَكَاةً وَرَحْمَةً"

[۶۳۶۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ فَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهُ فَاجْعَلْ ذٰلِكَ لَهُ قُرْبَةً إِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنَ الْفِتَنِ

فتنوں سے پناہ چاہنا

فتنہ کے لغوی معنی ہیں: سونے کو آگ میں تپا کر کھرا کھوٹا معلوم کرنا، پھر فتنہ کے معنی آزمائش کے ہوگئے، اور آزمائش

میں چونکہ تکلیف دی جاتی ہے اس لئے ایذاء رسانی اور اس کی مختلف شکلوں کے لئے اور آزمائش میں جو کھوٹا ثابت ہو اس کے ساتھ جو معاملہ کیا جائے، اس کے لئے قرآن وحدیث میں لفظ فتنہ اور اس کے مشتقات استعمال کئے گئے، پس فتنہ کے معنی ہیں: آزمائش، آفت، دنگا فساد، ہنگامہ، دکھ دینا (باب کی حدیث میں یہی معنی ہیں) اور تختۂ مشق بنانا وغیرہ ـــــ اور حدیث پہلے (تحفۃ القاری ۲: ۴۰۱) تفصیل سے آچکی ہے، اس میں جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے: نعوذ باللہ من الفتن: اس سے استدلال کیا ہے یعنی ہم اللہ کے رسول کی ایذاء رسانی سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں، اللہ تعالیٰ ہمارے اس جرم عظیم کو معاف فرمائیں۔

[۳۵-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنَ الْفِتَنِ

[۶۳۶۲-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى أَحْفَوْهُ الْمَسْأَلَةَ، فَغَضِبَ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَقَالَ: " لَا تَسْأَلُوْنِي الْيَوْمَ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا بَيَّنْتُهُ لَكُمْ" فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا، فَإِذَا كُلُّ رَجُلٍ لَافٌّ رَأْسَهُ فِيْ ثَوْبِهِ يَبْكِيْ، فَإِذَا رَجُلٌ كَانَ إِذَا لَاحَى الرِّجَالَ يُدْعَى لِغَيْرِ أَبِيْهِ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ أَبِيْ؟ قَالَ: " حُذَافَةُ" ثُمَّ انْشَأَ عُمَرُ فَقَالَ: رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا، نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَا رَأَيْتُ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ كَالْيَوْمِ قَطُّ، إِنَّهُ صُوِّرَتْ لِيْ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ حَتّٰى رَأَيْتُهُمَا وَرَاءَ الْحَائِطِ" وَكَانَ قَتَادَةُ يَذْكُرُ عِنْدَ هٰذَا الْحَدِيْثِ هٰذِهِ الْآيَةَ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ [المائدة: ۱۰۱] [أطرافه: ۹۳]

لغات: أَحْفَى المسألة: بار بار سوال کرکے پریشان کرنا .... لَافّ: گھسانے والا (اسم فاعل) لَفَّ (ن) الشيئَ بِالشيئِ: جوڑنا، لپیٹنا............ لاحَاهُ ملاحاةً: کسی سے لڑائی جھگڑا کرنا۔

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ غَلَبَةِ الرِّجَالِ

لوگوں کے دباؤ سے پناہ چاہنا

لوگوں سے مراد مخالفین ہیں، اور دباؤ سے مراد غلبہ ہے، جب مخالفین کا زور بڑھ جاتا ہے تو آدمی کی قوتِ کار ختم ہوجاتی ہے، اس کی صلاحیتیں معطل ہوجاتی ہیں، اور وہ سخت اذیت میں مبتلا ہوجاتا ہے، اس لئے مخالفین کے غلبہ سے ہمیشہ پناہ مانگنی چاہئے، غزوۂ خیبر کے سفر میں نبی ﷺ بکثرت یہ دعا کرتے تھے: اَللّٰهُمَّ! إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں فکر وغم سے، درماندگی

اور سستی سے، بخیلی اور بزدلی سے، اور قرضہ کے بار سے، اور مخالفین کے غلبہ سے ـــــ ضَلَع (مصدر): پریشان کن بوجھ ضَلَعَ (ف) علیه: زیادتی اور ظلم کرنا۔ اور حدیث پہلے بار بار گذری ہے۔

[۳٦-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ غَلَبَةِ الرِّجَالِ

[٦٣٦٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَبِيْ طَلْحَةَ:" اِلْتَمِسْ لَنَا غُلَامًا مِنْ غِلْمَانِكُمْ يَخْدُمُنِيْ" فَخَرَجَ بِيْ أَبُوْ طَلْحَةَ يُرْدِفُنِيْ وَرَاءَ هُ، فَكُنْتُ أَخْدُمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كُلَّمَا نَزَلَ، فَكُنْتُ أَسْمَعُهُ يُكْثِرُ أَنْ يَقُوْلَ:" اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ" فَلَمْ أَزَلْ أَخْدُمُهُ حَتّٰى أَقْبَلْنَا مِنْ خَيْبَرَ، فَأَقْبَلَ بِصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ قَدْ حَازَهَا، فَكُنْتُ أَرَاهُ يُحَوِّيْ وَرَاءَ هُ بِعَبَاءَ ةٍ أَوْ: بِكِسَاءٍ ثُمَّ يَرْدِفُهَا وَرَاءَ هُ حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ صَنَعْنَا حَيْسًا فِيْ نِطَعٍ، ثُمَّ أَرْسَلَنِيْ فَدَعَوْتُ رِجَالاً فَأَكَلُوْا، وَكَانَ ذٰلِكَ بِنَاءَ هُ بِهَا، ثُمَّ أَقْبَلَ حَتّٰى إِذَا بَدَا لَهُ أُحُدٌ قَالَ:" هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ" فَلَمَّا أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ، قَالَ:" اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ جَبَلَيْهَا مِثْلَ مَا حَرَّمَ بِهِ إِبْرَاهِيْمُ مَكَّةَ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْ مُدِّهِمْ وَصَاعِهِمْ"[راجع: ۳۷۱]

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

قبر کے عذاب سے پناہ چاہنا

قبر کا عذاب برحق ہے، اس کی تفصیل تحفۃ القاری (۱۳۲:۴) میں آ چکی ہے، اور یہ آدھا مسئلہ ہے، قبر میں عذاب ہی نہیں ہوتا، راحتیں بھی ہیں، جیسے آخرت میں دوزخ ہی نہیں، جنت بھی ہے، پس جیسے دوزخ کے عذاب سے پناہ چاہتے ہیں قبر کے عذاب سے بھی پناہ چاہنی چاہئے، اور جیسے دوزخ کے عذاب سے پناہ چاہنے کا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دوزخ میں پہنچانے والے اعمال سے بچائیں، اسی طرح عذابِ قبر سے پناہ چاہنے کا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان اعمال سے بچائیں جو قبر میں عذاب کا باعث ہونگے۔

پہلی حدیث: موسیٰ نے ام خالد سے سنا ـــــ موسیٰ کہتے ہیں: اور میں نے کسی کو نہیں سنا جس نے نبی ﷺ سے سنا ہو ام خالد کے علاوہ ـــــ کہ آپؐ عذابِ قبر سے پناہ مانگا کرتے تھے (یہ پناہ مانگنا امت کی تعلیم کے لئے تھا، آپؐ کی دعاؤں میں یہ پہلو خاص طور پر ہوتا تھا، اور یہ موسیٰ کا خیال ہے، باب کی آخری حدیث میں صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بھی یہ بات مروی ہے)

[۳۷-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

[٦٣٦٤-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أُمَّ خَالِدٍ بِنْتَ خَالِدٍ، قَالَ: وَلَمْ أَسْمَعْ أَحَدًا سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم غَيْرَهَا، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم يَتَعَوَّذُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. [راجع: ۱۳۷٦]

آئندہ حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ پانچ باتوں (سے پناہ مانگنے) کا حکم دیا کرتے تھے، اور ان کو نبی ﷺ سے روایت کرتے تھے کہ آپؐ ان پانچ باتوں کا حکم دیا کرتے تھے: (۱) بخیلی سے (۲) بزدلی سے (۳) نکمی عمر تک پہنچ جانے سے (۴) دنیا کے یعنی دجال کے فتنے سے (۵) قبر کے عذاب سے۔

[٦٣٦٥-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ مُصْعَبٍ، قَالَ: كَانَ سَعْدٌ يَأْمُرُ بِخَمْسٍ، وَيَذْكُرُهُنَّ عَنِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم، أَنَّهُ كَانَ يَأْمُرُبِهِنَّ: " اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ أُرَدَّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا يَعْنِي فِتْنَةَ الدَّجَّالِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ" [راجع: ۲۸۲۲]

آئندہ حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میرے پاس مدینہ کے یہود کی بوڑھی عورتوں میں سے دو عورتیں آئیں، دونوں نے مجھ سے کہا: قبروں والے یقیناً اپنی قبروں میں سزا دیئے جاتے ہیں، پس میں نے دونوں کو جھٹلایا، اور مجھے اچھا نہیں معلوم ہوا کہ ان کی تصدیق کروں، پس دونوں چلی گئیں، اور نبی ﷺ میرے پاس آئے، میں نے آپؐ سے کہا: یارسول اللہ! دو بوڑھی عورتیں: اور میں نے آپؐ سے (ان کی بات) ذکر کی، آپؐ نے فرمایا: "انھوں نے سچ کہا، وہ لوگ (یہود) یقیناً سزا دیئے جاتے ہیں جس کو تمام چوپایے سنتے ہیں" پس نہیں دیکھا میں نے آپؐ کو اس کے بعد کسی نماز میں مگر آپؐ قبر کے عذاب سے پناہ مانگتے تھے (تاکہ امت بھی پناہ مانگے، نیز معلوم ہوا کہ عذابِ قبر یہود کے ساتھ خاص نہیں)

[٦٣٦٦-] حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَتْ عَلَيَّ عَجُوْزَانِ مِنْ عُجُزِ يَهُوْدِ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَتَا لِيْ: إِنَّ أَهْلَ الْقُبُوْرِ يُعَذَّبُوْنَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ، فَكَذَّبْتُهُمَا، وَلَمْ أُنْعِمْ أَنْ أُصَدِّقَهُمَا، فَخَرَجَتَا وَدَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم، فَقُلْتُ لَهُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ عَجُوْزَيْنِ، وَذَكَرْتُ لَهُ، فَقَالَ: " صَدَقَتَا، إِنَّهُمْ يُعَذَّبُوْنَ عَذَابًا تَسْمَعُهُ الْبَهَائِمُ كُلُّهَا" فَمَا رَأَيْتُهُ بَعْدُ فِي صَلَاةٍ إِلَّا تَعَوَّذَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. [راجع: ۱۰٤۹]

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ

موت وحیات کی آزمائش سے پناہ چاہنا

الحیاۃ اور المحیا ایک ہیں، اور الموت اور الممات ایک ہیں۔ اور زندگی کو تو سب جانتے ہیں اور موت سے مراد نزع کے وقت سے قیامت کے دن کے آخر تک ہے، زندگی میں اور مرنے کے بعد انسان بہت سی آزمائشوں سے دوچار ہوتا ہے، اور بعض آزمائشیں اتنی سخت ہوتی ہیں کہ ایمان بچانا مشکل ہوجاتا ہے، اس لئے موت وحیات کے فتنوں سے پناہ مانگنی چاہئے............ الھرم: سٹھیاجانا، انتہائی بوڑھاپے کو پہنچ جانا کہ قُوی کام کرنا چھوڑ دیں۔

[۳۸-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ

[۶۳۶۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ"[راجع: ۲۸۲۳]

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

گناہ اور قرض سے پناہ چاہنا

إثم اور مأْثم مترادف ہیں، المَغْرم: قرض، بار، بوجھ، تاوان غَرِمَ (س) غُرْمًا وَغَرامة: غیر لازم چیز کا ذمہ دار ہونا، کسی کی طرف سے ادئیگی کا ذمہ لینا، پھر مَغرم کے معنی: جرمانہ اور قرض کے ہوگئے، کیونکہ ان کی ادائیگی بھی لازم ہوتی ہے...... گناہ آخرت میں تباہ کن ہے، اور جرمانہ قرض دنیا میں کمر توڑ ہے، پس دونوں سے پناہ مانگنی چاہئے۔

[۳۹-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

[۶۳۶۸-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ، وَالْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنَى، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، اللّٰهُمَّ اغْسِلْ عَنِّيْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتُ الثَّوْبَ الأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ"[راجع: ۸۲۳]

ترجمہ: اے اللہ! دھودے مجھ سے میری غلطیاں برف اور اولوں کے پانی سے (برف خواہ مصنوعی ہو یا قدرتی صابن کا کام کرتا ہے) اور پاک صاف کردے میرے دل کو جیسا آپ پاک صاف کرتے ہیں سفید کپڑے کو میل سے، اور دوری کردیں میرے اور میری غلطیوں کے درمیان جتنی دوری کی ہے آپ نے مشرق ومغرب کے درمیان۔

بَابُ الِاسْتِعَاذَةِ مِنَ الْجُبُنِ وَالْكَسَلِ

بزدلی اور کاہلی سے پناہ چاہنا

بزدلی: آدمی کو جرأت مندانہ اقدام نہیں کرنے دیتی، بلکہ بزدل آدمی کبھی جان بھی گنوا دیتا ہے، اور **کاہلی:** محنت والے کام انجام دینے سے روکتی ہے، سست آدمی نہ دنیا میں کامرانی حاصل کرسکتا ہے نہ آخرت میں، اس لئے دونوں سے پناہ مانگنی چاہئے۔

لغت: الكَسَل کی مناسبت سے کُسَالی کی قراءتیں بیان کی ہیں، یہ لفظ قرآن میں دو جگہ (سورۃ النساء آیت ۱۴۲ اور سورۃ التوبہ آیت ۵۴) آیا ہے، یہ کَسْلان کی جمع ہے، یہ کاف کے ضمہ اور فتحہ کے ساتھ پڑھا گیا ہے، معنی ہیں: کاہل، سست، جس کام میں سستی نہ کرنی چاہئے اس میں سستی کرنے والا۔

[٤٠-] بَابُ الِاسْتِعَاذَةِ مِنَ الْجُبُنِ وَالْكَسَلِ

كُسَالَى وَكَسَالَى وَاحِدٌ.

[٦٣٦٩-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ: " اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْجُبُنِ وَالْبُخْلِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ"[راجع: ٣٧١]

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنَ الْبُخْلِ

کنجوسی سے پناہ چاہنا

بُخْل (با پر ضمہ اور خ ساکن) اور بَخَل (بفتحتین) ایک ہیں، جیسے حُزْن اور حَزَن۔ بخل کے معنی ہیں: خرچ کی جگہوں میں بھی خرچ نہ کرنا یا تنگی کرنا، یہ ایمان کے منافی خصلت ہے، البتہ اقتصاد (میانہ روی، کفایت شعاری اور اعتدال کے ساتھ خرچ کرنے) سے اس کے ڈانڈے ملے ہوئے ہیں، اور اس میں امتیاز آمدنی کی قلت وکثرت کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے، اور بخل کا اعلی درجہ شُحّ (خودغرضی) ہے، یہ نہایت سنگین بری عادت ہے، اللہ تعالیٰ اس سے ہماری حفاظت فرمائیں۔

[٤١-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنَ الْبُخْلِ

الْبُخْلُ وَالْبَخَلُ وَاحِدٌ، مِثْلُ الْحُزْنِ وَالْحَزَنِ.

[٦٣٧٠-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّی، قَالَ: حَدَّثَنِیْ غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِیْ وَقَّاصٍ: أَنَّهُ كَانَ يَأْمُرُ بِهٰؤُلَآءِ الْخَمْسِ، وَيُحَدِّثُ بِهِنَّ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ أُرَدَّ إِلٰی أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ "[أطرافه: ۲۸۲۲، ٦٣٩٠]

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ أَرْذَلِ الْعُمُرِ

نکمی عمر سے پناہ چاہنا

أرذل: اسم تفضیل): سب سے زیادہ نکمی، اور نکمی عمر سے مراد: ایسی پیرانہ سالی ہے جس میں ہوش وحواس ٹھکانے نہ رہیں، نہ ہاتھ پاؤں میں طاقت رہے، نہ بات سمجھے، نہ سمجھی ہوئی بات یاد رکھ سکے، ایسی عمر سے بھی پناہ چاہی گئی ہے۔

لغت: سورۃ ہود (آیت ۲۷) میں: ﴿أَرَاذِلُنَا﴾ آیا ہے، یہ أرذل کی جمع ہے، قوم کے نیچ لوگ، رذیل وذلیل لوگ ...... **سُقَّاط**: سَاقِط کی جمع: گرے پڑے لوگ۔

سوال: باب کی حدیث میں نکمی عمر کا ذکر نہیں؟ **جواب**: گذشتہ باب کی حدیث میں ہے، وہ کافی ہے۔

[٤٢-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ أَرْذَلِ الْعُمُرِ

﴿أَرَاذِلُنَا﴾: سُقَّاطُنَا.

[٦٣٧١-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَرَمِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ "[راجع: ۲۸۲۳]

بَابُ الدُّعَاءِ بِرَفْعِ الْوَبَاءِ وَالْوَجَعِ

عام بیماری اور تکلیف کے دور ہونے کی دعا

نبی ﷺ کی تشریف آوری سے پہلے یثرب وبائی شہر تھا، جو یہاں وارد ہوتا بیمار پڑ جاتا، بخار چڑھ جاتا، نبی ﷺ کی دعا سے اس کی وباء ٹلی (یہ حدیث باب کے پہلے جزء سے متعلق ہے) اور حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے لئے آپؐ نے دعا کی، وہ شفایاب ہوگئے، ان کی تکلیف دور ہوئی، یہ دعا أَمْضِ لأَصْحابی هجرتهم میں ہے (یہ حدیث باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے) اسی طرح اپنی بستی کے لئے دعا کرنی چاہئے۔

[۴۳-] بَابُ الدُّعَاءِ بِرَفْعِ الْوَبَاءِ وَالْوَجَعِ

[۶۳۷۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْمَدِيْنَةَ كَمَا حَبَّبْتَ إِلَيْنَا مَكَّةَ أَوْ أَشَدَّ، وَانْقُلْ حُمَّاهَا إِلَى الْجُحْفَةِ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا وَصَاعِنَا"[راجع: ۱۸۸۹]

[۶۳۷۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ أَبَاهُ قَالَ: عَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ شَكْوَى، أَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بَلَغَ بِيْ مَا تَرَى مِنَ الْوَجَعِ، وَأَنَا ذُو مَالٍ، وَلَا يَرِثُنِيْ إِلَّا بِنْتٌ لِيْ وَاحِدَةٌ أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِيْ؟ قَالَ: " لَا" قُلْتُ: فَبِشَطْرِهِ؟ قَالَ: " لَا" قَالَ: " الثُّلُثُ كَثِيْرٌ، إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، وَإِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا أُجِرْتَ، حَتّٰى مَا تَجْعَلُ فِيْ فِي امْرَأَتِكَ" قُلْتُ: أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِيْ؟ قَالَ: " إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلاً تَبْتَغِيْ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ، إِلَّا أَزْدَدْتَ بِهِ دَرَجَةً وَرِفْعَةً، وَلَعَلَّكَ تُخَلَّفُ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ، وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُوْنَ، اللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ، وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ، لٰكِنَّ الْبَأْسَ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ" قَالَ سَعْدٌ: رَثَى لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَنْ تُوُفِّيَ بِمَكَّةَ. [راجع: ۵۶]

بَابُ الِاسْتِعَاذَةِ مِنْ أَرْذَلِ الْعُمُرِ [وَمِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَفِتْنَةِ النَّارِ]

نکمی عمر سے اور دنیا اور دوزخ کی آزمائش سے پناہ چاہنا

کھڑی قوسوں کے درمیان کی عبارت گیلری سے بڑھائی ہے، اب تکرار باب کا اعتراض ختم ہوگیا، کیونکہ باب میں اضافہ کردیا تو نیا باب ہوگیا۔

[۴۴-] بَابُ الِاسْتِعَاذَةِ مِنْ أَرْذَلِ الْعُمُرِ [وَمِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَفِتْنَةِ النَّارِ]

[۶۳۷۴-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: تَعَوَّذُوْا بِكَلِمَاتٍ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَعَوَّذُ بِهِنَّ: " اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ أُرَدَّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ"[راجع: ۲۸۲۲]

[۶۳۷۵-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ

عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ، وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ، اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، اللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَایَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّ قَلْبِىْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، وَبَاعِدْ بَيْنِىْ وَبَيْنَ خَطَايَایَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ" [راجع: ۸۳۲]

بَابُ الِاسْتِعَاذَةِ مِنْ فِتْنَةِ الْغِنٰى

مالداری کے فتنہ سے پناہ چاہنا

مال: مایۂ زندگانی ہے، اس کے بغیر کام نہیں چلتا، زندگی کی گاڑی رک جاتی ہے، سورۃ النساء (آیت ۵) میں ہے: ﴿الَّتِىْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيَامًا﴾: (وہ اموال جن کو) اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے مایۂ زندگانی بنایا ہے، اسی کے سہارے دنیا کی زندگی قائم ہے، مگر مال دودھاری تلوار ہے، اگر مال کمانے میں اور خرچ کرنے میں حدود کی پابندی نہ کی جائے تو مال وبال جان ہے، اس لئے اس سے پناہ مانگی گئی ہے، وہی مالداری کا فتنہ ہے۔

[۴۵-] بَابُ الِاسْتِعَاذَةِ مِنْ فِتْنَةِ الْغِنٰى

[۶۳۷۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ أَبِىْ مُطِيْعٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ خَالَتِهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَعَوَّذُ: "اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْغِنَى، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ"[راجع: ۸۳۲]

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ فِتْنَةِ الْفَقْرِ

غریبی کی آزمائش سے پناہ چاہنا

غریبی اگر اختیاری ہو تو وہ سر کا تاج ہے، حدیث میں ہے: الفقر فخری: غریبی میرے لئے باعث فخر ہے، اور اگر اضطراری ہو تو اس کے ڈانڈے کفر سے ملے ہوئے ہیں، حدیث میں ہے: كاد الفقر أن يكون كفرا: غریبی قریب ہے کہ کفر ہو جائے، غریب لوگ ناداری میں اپنا ایمان کھو بیٹھتے ہیں، اس لئے غریبی کی آزمائش سے بھی پناہ مانگی گئی ہے۔

[۴۶-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ فِتْنَةِ الْفَقْرِ

[۶۳۷۷-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنَى وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ اللّٰهُمَّ اغْسِلْ قَلْبِيْ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ، وَالْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ" [راجع: ۸۳۲]

بَابُ الدُّعَاءِ بِكَثْرَةِ الْمَالِ مَعَ الْبَرَكَةِ

مال میں برکت کے ساتھ زیادتی کی دعا

نبی ﷺ نے ام سُلیمؓ کی فرمائش پر حضرت انسؓ کے لئے مال کی زیادتی اور اس میں برکت کی دعا فرمائی ہے۔

[۴۷-] بَابُ الدُّعَاءِ بِكَثْرَةِ الْمَالِ مَعَ الْبَرَكَةِ

[۶۳۷۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أُمِّ سُلَيْمٍ أَنَّهَا قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنَسٌ خَادِمُكَ! ادْعُ اللّٰهَ لَهُ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيْمَا أَعْطَيْتَهُ" [راجع: ۱۹۸۲]

[۶۳۷۹-] وَعَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ بِمِثْلِهِ.

بَابُ الدُّعَاءِ بِكَثْرَةِ الْوَلَدِ مَعَ الْبَرَكَةِ

اولاد میں برکت کے ساتھ زیادتی کی دعا

یہ دعا بھی نبی ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے لئے کی ہے، پہلے تحفۃ القاری (۸۲:۵) میں آیا ہے کہ انسؓ انصار میں سب سے زیادہ مال واولاد والے تھے، اور حجاج کے گورنر بن کر آنے تک آپؓ کی ایک سوبیس سے زیادہ صلبی اولاد انتقال کر چکی تھیں، اور حجاج کی آمد کے بعد آپؓ اٹھارہ سال اور زندہ رہے ہیں۔

بَابُ الدُّعَاءِ بِكَثْرَةِ الْوَلَدِ مَعَ الْبَرَكَةِ

[۶۳۸۰و۶۳۸۱-] حدثنا أَبُوْ زَيْدٍ سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: أَنَسٌ خَادِمُكَ! قَالَ: " اللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيْمَا أَعْطَيْتَهُ" [حديث ۶۳۸۰: راجع: ۱۹۸۲، حديث ۶۳۸۱ طرفه: ۶۳۷۹]

بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الِاسْتِخَارَةِ

اللہ تعالیٰ سے بہتری طلب کرنے کی دعا

استخارہ اور استخارہ کی دعا پہلے تحفۃ القاری (۳۸۹:۳) میں آچکی ہے، اور تمام متعلقہ مسائل کی تفصیل بھی وہاں ہے۔

[٤٨-] بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الِاسْتِخَارَةِ

[٦٣٨٢-] حدثنا مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَبُوْ مُصْعَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الْمَوَالِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُعَلِّمُنَا الِاسْتِخَارَةَ فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا كَالسُّوْرَةِ مِنَ الْقُرْآنِ:" إِذَا هَمَّ أَحَدُكُمْ بِالْأَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ أَوْ قَالَ: فِيْ عَاجِلِ أَمْرِيْ وَآجِلِهِ فَاقْدُرْهُ لِيْ، وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِيْ فِي دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ أَوْ قَالَ: فِيْ عَاجِلِ أَمْرِيْ وَآجِلِهِ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ، وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ، ثُمَّ رَضِّنِيْ بِهِ. وَيُسَمِّيْ حَاجَتَهُ"[راجع: ١١٦٢]

بَابُ الْوُضُوْءِ عِنْدَ الدُّعَاءِ

وضوء کرکے دعا کرنا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے چچا عبید ابو عامرؓ کے لئے جب وہ غزوۂ اوطاس میں شہید ہوئے: وضوء کرکے دعا فرمائی تھی، باوضوء دعا کرنے میں قبولیت کی زیادہ امید ہے، اور حدیث مع ترجمہ تحفۃ القاری (۴۱۱:۸) میں آچکی ہے۔

[٤٩-] بَابُ الْوُضُوْءِ عِنْدَ الدُّعَاءِ

[٦٣٨٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ أَبِيْ عَامِرٍ" وَرَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَوْقَ كَثِيْرٍ مِنْ خَلْقِكَ مِنَ النَّاسِ"

[راجع: ٢٨٨٤]

بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا عَلاَ عَقَبَةً

جب چڑھائی پر چڑھے تو دعا کرے

عَقَبَة: دشوار گزار پہاڑی راستہ، چڑھائی۔ اور سورۃ الکہف (آیت ۴۴) میں عُقْبا آیا ہے، اس کے معنی ہیں: عاقبت، انجام یعنی آخرت، عُقب اور عاقبۃ ہم معنی ہیں، اور حدیث پہلے تحفۃ القاری (۳۱۰:۸) میں آچکی ہے۔

سوال: حدیث میں دعا نہیں! جواب: باب میں دعا سے ذکر مراد لیں یا لاتدعون سے دعا مستنبط کریں۔

[۵۰-] بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا عَلاَ عَقَبَةً

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿خَيْرٌ عُقْبًا﴾: عَاقِبَةً، وَعُقْبًا وَعَاقِبَةٌ وَاحِدٌ، وَهُوَ: الآخِرَةُ.

[۶۳۸۴-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي سَفَرٍ، فَكُنَّا إِذَا عَلَوْنَا كَبَّرْنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَيُّهَا النَّاسُ ارْبَعُوْا عَلَى أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّكُمْ لاَ تَدْعُوْنَ أَصَمَّ وَلاَ غَائِبًا، وَلٰكِنْ تَدْعُوْنَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا" ثُمَّ أَتَى عَلَيَّ وَأَنَا أَقُوْلُ فِيْ نَفْسِيْ: لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَقَالَ: "يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ! قُلْ: لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَإِنَّهَا كَنْزٌ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ" أَوْ قَالَ: "أَلاَ أَدُلُّكَ عَلٰى كَلِمَةٍ هِيَ كَنْزٌ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟ لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ"[راجع: ۲۹۹۲]

بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا هَبَطَ وَادِيًا

جب کسی میدان میں اترے تو ذکر کرے

تحفۃ القاری (۲۲۳:۶) میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب ہم کسی ٹیلے پر چڑھتے تھے تو تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے تھے، اور جب نشیب میں اترتے تھے تو اللہ کی پاکی بیان کرتے تھے (جب اونچائی پر چڑھے تو اللہ کی بڑائی یاد کرے، اور جب پستی میں اترے تو پستی سے اللہ کی پاکی بیان کرے)

بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَوْ رَجَعَ

جب سفر میں نکلے یا لوٹے تو ذکر کرے

حضرت انسؓ کی روایت تحفۃ القاری (۳۸۱:۶) میں آئی ہے، مگر اس میں صرف سفر سے واپسی میں (آئبون والا) ذکر ہے، اور اسی روایت کے شروع میں مسلم شریف میں ہے کہ جب آپ ﷺ سفر میں نکلتے تو تین مرتبہ تکبیر کہتے، پھر ﴿سُبْحَانَ

الَّذِیْ سَخَّرَ﴾ پڑھتے، اُس حدیث کو پیش نظر رکھ کر باب قائم کیا ہے ـــــ اور دوسری حدیث باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے۔

[۵۱-] بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا هَبَطَ وَادِيًا

فِيْهِ حَدِيْثُ جَابِرٍ.

[۵۲-] بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَوْ رَجَعَ

فِيْهِ يَحْيىَ بْنُ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسٍ.

[۶۳۸۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَفَلَ مِنْ غَزْوٍ أَوْ حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ يُكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ مِنَ الْأَرْضِ ثَلاَثَ تَكْبِيْرَاتٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ:" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ، آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ" [راجع: ۱۷۹۷]

بَابُ الدُّعَاءِ لِلْمُتَزَوِّجِ

دلہا دلہن کو دعادے

جب عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا نکاح ہوا تو آپؐ نے دعا دی: بارك الله لك: اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو دعا دی: بارك الله عليك، یہی دعا عورتیں دلہن کو دیں، دوسری روایت میں ابن عیینہؒ وغیرہ کی روایت میں دعا نہیں۔

[۵۳-] بَابُ الدُّعَاءِ لِلْمُتَزَوِّجِ

[۶۳۸۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَأَى النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ أَثَرَ صُفْرَةٍ، فَقَالَ:" مَهْيَمْ أَوْ: مَهْ" قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً عَلٰى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ:" بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ، أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ" [راجع: ۲۰۴۹]

[۶۳۸۷-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: هَلَكَ أَبِیْ وَتَرَكَ سَبْعَ أَوْ: تِسْعَ بَنَاتٍ، فَتَزَوَّجْتُ امْرَأَةً، فَقَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم:" تَزَوَّجْتَ يَا جَابِرُ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ:" أَبِكْرٌ أَمْ ثَيِّبٌ؟" قُلْتُ: ثَيِّبٌ، قَالَ:" فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ، وَتُضَاحِكُهَا

وَتُضَاحِكُكَ؟" قُلْتُ: هَلَكَ أَبِىْ فَتَرَكَ سَبْعَ أَوْ: تِسْعَ بَنَاتٍ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَجِيْئَهُنَّ بِمِثْلِهِنَّ، فَتَزَوَّجْتُ امْرَأَةً تَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ، قَالَ: "فَبَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكَ"

لَمْ يَقُلِ ابْنُ عُيَيْنَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَمْرٍو: "بَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكَ"[راجع: ٤٤٣]

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ

بیوی سے مقاربت کی دعا

شب زفاف کے لئے کوئی خاص دعا مروی نہیں، ہر مقاربت کی دعا ہے: بنام خدا! اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا اور شیطان کو بچا اس اولاد سے جو آپ ہمیں عنایت فرمائیں!"

[٥٤-] بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ

[٦٣٨٨-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَأْتِىَ أَهْلَهُ، قَالَ: بِاسْمِ اللّٰهِ! اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، فَإِنَّهُ إِنْ يُقَدَّرْ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ فِى ذٰلِكَ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ أَبَدًا"[راجع: ١٤١]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿آتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً﴾

نبی ﷺ دنیا و آخرت کی خوبیاں مانگتے تھے

سورۃ البقرۃ (آیات ۲۰۰ و ۲۰۱) میں ہے کہ دعا مانگنے والے دو قسم کے ہیں: ایک صرف دنیا کی خوبی مانگتے ہیں، وہ آخرت کی نعمتوں سے بے بہرہ ہیں، دوم: طالب آخرت ہیں، وہ دنیا کی خوبی (توفیق بندگی وغیرہ) کے ساتھ آخرت کی خوبی (ثواب، رحمت و جنت) مانگتے ہیں، ان کو آخرت میں حسنات سے پورا حصہ ملے گا —— نبی ﷺ بکثرت یہ دعا کرتے تھے، اللہ تعالیٰ ہمیں بھی توفیق دیں۔

[٥٥-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿آتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً﴾

[٦٣٨٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ أَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ آتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِى الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ"

[راجع: ٤٥٢٢]

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا

دنیا کی آزمائش سے پناہ چاہنا

دنیامیں طرح طرح کے فتنوں (آزمائشوں) سے سابقہ پڑتا ہے، اور کبھی قدم ڈگمگا جاتا ہے، اس لئے اس سے بھی پناہ مانگنی چاہئے۔

[٥٦-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا

[٦٣٩٠-] حَدَّثَنِيْ فَرْوَةُ بْنُ أَبِيْ الْمَغْرَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُعَلِّمُنَا هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ كَمَا تُعَلَّمُ الْكِتَابَةُ: " اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ نُرَدَّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ "[راجع: ٢٨٢٢]

بَابُ تَكْرِيْرِ الدُّعَاءِ

دعا مکرر سہ کرر مانگنی چاہئے

اصرار کے ساتھ مانگنا فقر واحتیاج کا پیکر ہے، اور تذلل وخضوع کی علامت ہے، اس لئے بار بار مانگنا چاہئے، ابوداؤد اور نسائی میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ کو تین مرتبہ مانگنا پسند تھا، اور استغفار بھی تین مرتبہ کرتے تھے (حاشیہ) —— آپؐ پر جب سحر ہوا، اور اس کے کچھ آثار ظاہر ہوئے تو آپؐ نے دعا کی اور دعا کی یعنی جم کر دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے راہ نمائی کی ...... مُشْط: کنگھی ...... مُشَاطة: کنگھی کرنے سے ٹوٹے ہوئے بال ...... الجُفّ: کھجور کے خوشوں کی تھیلی ...... الطَّلْعة: کھجور کے شگوفہ کا ٹکڑا۔

[٥٧-] بَابُ تَكْرِيْرِ الدُّعَاءِ

[٦٣٩١-] حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طُبَّ حَتّٰى إِنَّهُ لَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهُ قَدْ صَنَعَ الشَّيْءَ وَمَا صَنَعَهُ، وَإِنَّهُ دَعَا رَبَّهُ ثُمَّ قَالَ: " أَشَعَرْتِ أَنَّ اللّٰهَ أَفْتَانِيْ فِيْمَا اسْتَفْتَيْتُهُ فِيْهِ؟ " فَقَالَتْ عَائِشَةُ: وَمَا ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " جَاءَ نِيْ رَجُلَانِ فَجَلَسَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِيْ، وَالآخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: مَا وَجَعُ الرَّجُلِ؟ قَالَ: مَطْبُوْبٌ، قَالَ: مَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيْدُ بْنُ الْأَعْصَمِ، قَالَ: فِيْمَا ذَا؟ قَالَ:

فِیْ مُشْطٍ وَمُشَاطَةٍ وَجُفِّ طَلْعَةٍ، قَالَ: فَأَیْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِی ذِیْ أَرْوَانَ، وَذُوْ أَرْوَانَ بِئْرٌ فِیْ بَنِیْ زُرَیْقٍ، قَالَتْ: فَأَتَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم ثُمَّ رَجَعَ إِلٰی عَائِشَةَ، فَقَالَ: "وَاللّٰهِ لَكَأَنَّ مَاءَ هَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، وَلَكَأَنَّ نَخْلُهَا رُؤُوْسُ الشَّیَاطِیْنِ" قَالَتْ: فَأَتٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَأَخْبَرَهَا عَنِ الْبِئْرِ، فَقُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَهَلَّا أَخْرَجْتَهُ؟ فَقَالَ: "أَمَّا أَنَا فَقَدْ شَفَانِی اللّٰهُ، وَكَرِهْتُ أَنْ أُثِیْرَ عَلٰی النَّاسِ شَرًّا"

زَادَ عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ، وَاللَّیْثُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُحِرَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم فَدَعَا وَدَعَا، وَسَاقَ الْحَدِیْثَ. [راجع: ۳۱۷۵]

بَابُ الدُّعَاءِ عَلٰی الْمُشْرِكِیْنَ

مشرکین کے لئے بددعا کرنا

مشرکین آخری درجہ تک پریشان کردیں تو ان کے لئے بددعا کرنا جائز ہے، نبی ﷺ نے متعدد مواقع میں مشرکین کے لئے بددعا کی ہے:

۱- نبی ﷺ نے مشرکین مکہ کے لئے سات سالہ قحط سالی کی دعا کی (تحفۃ القاری ۳:۳۳۳)

۲- نبی ﷺ نے دوسرے مشرکین کے ساتھ ابوجہل کے لئے بددعا کی (تحفۃ القاری ۱:۵۷۹)

۳- غزوۂ احد میں جب آپؐ کو زخمی کیا گیا تو آپؐ نے جانی دشمنوں کے لئے بددعا کی، پس آپؐ کو روک دیا گیا۔ (تحفۃ القاری ۸:۱۶۰)

۴- غزوۂ احزاب میں آپؐ نے احزاب کے لئے شکست کی دعا کی (باب کی پہلی حدیث)

۵- آپؐ نے قنوتِ نازلہ پڑھا اور مظلوم مسلمانوں کے لئے نجات کی اور ظالموں کے لئے قحط سالی کی دعا کی (باب کی دوسری حدیث)

۶- بیر معونہ کے واقعہ میں جب سترّ قراء کو شہید کیا گیا تو آپؐ نے فجر کی نماز میں شریر قبائل کے لئے بددعا کی (باب کی تیسری حدیث)

۷- جب یہود نے السام علیکم کہا تو آپؐ نے وعلیکم جواب دے کر ان کی بددعا ان پر لوٹادی (باب کی چوتھی حدیث)

۸- غزوۂ خندق میں جب آپؐ کی عصر کی نماز قضاء ہوگئی تو آپؐ نے مشرکین کے لئے بددعا کی جو اس کا سبب بنے تھے (آخری حدیث)

[٥٨-] بَابُ الدُّعَاءِ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ

[١-] وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ"

[٢-] وَقَالَ:" اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِأَبِيْ جَهْلٍ"

[٣-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: دَعَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الصَّلاَ ةِ:" اللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلاَنًا وَفُلاَنًا" حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ:﴿ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ﴾[آلِ عمران: ١٢٨]

[٦٣٩٢-] حَدَّثَنِيْ ابْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِيْ أَوْفٰى، يَقُوْلُ: دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْأَحْزَابِ:" اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيْعَ الْحِسَابِ اهْزِمِ الْأَحْزَابَ، اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ"[راجع: ٢٩٣٣]

[٦٣٩٣-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَالَ:" سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" فِي الرَّكْعَةِ الآخِرَةِ مِنْ صَلاَةِ الْعِشَاءِ قَنَتَ:" اللّٰهُمَّ أَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ أَبِيْ رَبِيْعَةَ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ" [راجع: ٧٩٧]

[٦٣٩٤-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَنَسٍ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَرِيَّةً يُقَالُ لَهُمْ: الْقُرَّاءُ، فَأُصِيْبُوْا، فَمَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَجَدَ عَلٰى شَيْئٍ مَا وَجَدَ عَلَيْهِمْ، فَقَنَتَ شَهْرًا فِيْ صَلاَ ةِ الْفَجْرِ وَيَقُوْلُ:" إِنَّ عُصَيَّةَ عَصَوُا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ"[راجع: ١٠٠١]

[٦٣٩٥-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ الْيَهُوْدُ يُسَلِّمُوْنَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم تَقُوْلُ: السَّامُ عَلَيْكَ، فَفَطِنَتْ عَائِشَةُ إِلٰى قَوْلِهِمْ فَقَالَتْ: عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَهْلاً يَا عَائِشَةُ! إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ" فَقَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! أَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا يَقُوْلُوْنَ؟ قَالَ: "أَوَلَمْ تَسْمَعِيْ أَرُدُّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَأَقُوْلُ: وَعَلَيْكُمْ"[راجع: ٢٩٣٥]

[٦٣٩٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْخَنْدَقِ، فَقَالَ:" مَلَأَ اللّٰهُ بُيُوْتَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَارًا كَمَا شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلاَةِ الْوُسْطٰى حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ"[راجع: ٢٩٣١]

بَابُ الدُّعَاءِ لِلْمُشْرِكِيْنَ

مشرکین کے لئے ہدایت کی دعا

حضرت طفیل رضی اللہ عنہ نے قبیلہ دوس کے لئے بددعا کرنے کی درخواست کی تو آپؐ نے ان کی ہدایت کی دعا کی، چنانچہ سارا قبیلہ مسلمان ہوگیا۔ اسی طرح دنیوی نفع رسانی کی دعا بھی کرسکتے ہیں، اور بشرط ایمان مغفرت کی دعا بھی، اور جو کفر وشرک پر مرا اس کے لئے مغفرت کی دعا کرنا جائز نہیں۔

[٥٩-] بَابُ الدُّعَاءِ لِلْمُشْرِكِيْنَ

[٦٣٩٧-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: قَدِمَ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ دَوْسًا قَدْ عَصَتْ وَأَبَتْ، فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهَا، فَظَنَّ النَّاسُ أَنَّهُ يَدْعُوْ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَأْتِ بِهِمْ" [راجع: ٢٩٣٧]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ"

اے اللہ! میرے لئے بخش دیں جو گناہ میں نے آگے بھیجے اور جو گناہ میں نے پیچھے چھوڑے!

حدیث: نبی ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے: "اے میرے پروردگار! بخش دیں میرے لئے میری چوک، میری نادانی، میرا حد سے تجاوز کرنا، میرے سارے کاموں میں (اس کا تعلق آخری بات سے بھی ہوسکتا ہے اور تینوں باتوں سے بھی) اور جس کو آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں۔ اے اللہ! بخش دیں میرے لئے میری خطائیں، میرے دانستہ کئے ہوئے گناہ، میرے نادانی سے کئے ہوئے گناہ، اور غیر سنجیدہ گناہ، اور یہ سب میرے نامۂ اعمال میں ہیں۔ اے اللہ! بخش دیں میرے لئے جو گناہ میں نے آگے بھیجے اور جو گناہ میں نے پیچھے چھوڑے، اور جو گناہ میں نے پوشیدہ کئے، اور جو گناہ میں نے برملا کئے، آپ ہی آگے بڑھانے والے ہیں، اور آپ ہی پیچھے کرنے والے ہیں، اور آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں!"

[٦٠-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ"

[٦٣٩٨-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ كَانَ يَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ: "رَبِّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَإِسْرَافِيْ فِيْ أَمْرِيْ كُلِّهِ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ

لِىْ خَطَايَاىَ وَعَمْدِىْ وَجَهْلِىْ وَهَزْلِىْ، وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِىْ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ"[طرفه: ٦٣٩٩]

وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ: حَدَّثَنِىْ أَبِىْ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ بْنِ أَبِىْ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم.

[٦٣٩٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِىْ بَكْرِ بْنِ أَبِىْ مُوْسَى، وَأَبِىْ بُرْدَةَ، وَأَحْسِبُهُ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى الْأَشْعَرِىِّ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ كَانَ يَدْعُوْ:" اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ خَطِيْئَتِىْ وَجَهْلِىْ وَإِسْرَافِىْ فِى أَمْرِىْ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّىْ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ هَزْلِىْ وَجِدِّىْ وَخَطَايَاىَ وَعَمْدِىْ، وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِىْ"

[راجع: ٦٣٩٨]

بَابُ الدُّعَاءِ فِى السَّاعَةِ الَّتِىْ فِى يَوْمِ الْجُمُعَةِ

ساعتِ مرجوّہ میں دعا کرنا

جمعہ کے دن ایک مختصر گھڑی (وقت) ہے، جس میں کوئی (حکماً) نماز پڑھ رہا ہو اور کوئی چیز مانگ لے تو وہ مل جاتی ہے، وہ گھڑی عصر کے بعد مغرب تک آتی ہے، اور دوسرے وقت میں بھی آسکتی ہے، اور آپؐ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا، اس اشارہ کا مطلب تھا کہ وہ بہت مختصر گھڑی ہے۔

[٦١-] بَابُ الدُّعَاءِ فِى السَّاعَةِ الَّتِىْ فِى يَوْمِ الْجُمُعَةِ

[٦٤٠٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم:" فِى يَوْمِ الْجُمُعَةِ سَاعَةٌ لاَ يُوَافِقُهَا مُسْلِمٌ، وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّى، يَسْأَلُ اللّٰهَ خَيْرًا إِلاَّ أَعْطَاهُ" وَقَالَ بِيَدِهِ، قُلْنَا: يُقَلِّلُهَا: يُزَهِّدُهَا.[راجع:٩٣٥]

بَابُ قَوْلِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم:" يُسْتَجَابُ لَنَا فِى الْيَهُوْدِ، وَلاَ يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِيْنَا"

نبی ﷺ نے فرمایا: "ہماری بددعا یہود کے حق میں قبول ہوگی، اور ان کی بددعا ہمارے حق میں قبول نہیں ہوگی"

یہود (سلام کرنے میں) ظالم تھے، اور ظالم کی بددعا قبول نہیں ہوتی، چوری اور سینہ زوری! اور نبی ﷺ مظلوم تھے،

اور مظلوم کی دعا اور اللہ کے درمیان کوئی آڑ نہیں، اس کے لئے فوراً درِ اجابت وَا ہوتا ہے۔

[٦٢-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يُسْتَجَابُ لَنَا فِي الْيَهُوْدِ، وَلاَ يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِيْنَا"

[٦٤٠١-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ الْيَهُوْدَ أَتَوُا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالُوْا: السَّامُ عَلَيْكَ، فَقَالَ: "وَعَلَيْكُمْ" فَقَالَتْ عَائِشَةُ: السَّامُ عَلَيْكُمْ، وَلَعَنَكُمُ اللّٰهُ، وَغَضِبَ عَلَيْكُمْ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَهْلاً يَا عَائِشَةُ، عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ، وَإِيَّاكِ وَالْعُنْفَ أَوْ: الْفُحْشَ" قَالَتْ: أَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا؟ قَالَ: "أَوَلَمْ تَسْمَعِيْ مَا قُلْتُ! رَدَدْتُ عَلَيْهِمْ، فَيُسْتَجَابُ لِيْ فِيْهِمْ، وَلاَ يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِيَّ"[راجع: ٢٩٣٥]

بَابُ التَّأْمِيْنِ

دعا پر آمین کہنا

آمین: کے معنی ہیں: قبول فرما! پس یہ دعا بھی ہے اور دستاویز پر مہر بھی، لہٰذا خود بھی اپنی دعا کے آخر میں آمین کہنا چاہئے اور دوسرے کی دعا پر بھی، اور نماز میں ختم فاتحہ پر بھی، مگر سب جگہ سراً (آہستہ) کہنا افضل ہے۔

[٦٣-] بَابُ التَّأْمِيْنِ

[٦٤٠٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَاهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا أَمَّنَ الْقَارِئُ فَأَمِّنُوْا، فَإِنَّ الْمَلاَئِكَةَ تُؤَمِّنُ، فَمَنْ وَافَقَ تَأْمِيْنُهُ تَأْمِيْنَ الْمَلاَئِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"[راجع: ٧٨٠]

قال: سفیان نے کہا: زہری نے ہم سے اس (حدیث) کو بیان کیا سعید سے روایت کرتے ہوئے۔

بَابُ فَضْلِ التَّهْلِيْلِ

لا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰه کی فضیلت

اذکار وادعیہ میں چولی دامن کا ساتھ ہے، اور باب کی حدیث میں کلمۂ توحید کی فضیلت ہے۔ کلمۂ توحید: مثبت ومنفی دونوں مضامین پر مشتمل ہے، اس کلمہ سے دونوں معرفتیں حاصل ہوتی ہیں، اور صفاتِ سلبیہ کے ذریعہ اللہ کی معرفت گناہوں کی معافی میں زیادہ کارگر ہے، اور صفاتِ ثبوتیہ کے ذریعہ معرفت نیکیوں کو وجود میں لانے میں زیادہ مفید ہے۔

حدیث: جس نے کسی دن میں کلمۂ توحید سو مرتبہ کہا تو وہ اس کے لئے دس غلام کے برابر ہوگا یعنی دس غلام آزاد

کرنے کا ثواب ملے گا، اور اس کے لئے سونیکیاں لکھی جائیں گی، اور اس سے سوگناہ مٹائے جائیں گے، اور ہوگا وہ (ذکر) اس کے لئے حفاظت گاہ شیطان سے، اس کے اس دن میں یہاں تک کہ وہ شام کرے، اور نہیں لائے گا کوئی بہتر اس سے جو وہ لایا ہے یعنی اس کا یہ عمل سب سے بہتر عمل ہوگا، مگر وہ شخص جس نے کیا اس سے زیادہ یعنی سو مرتبہ سے زیادہ یہ کلمہ کہا۔

[٦٤-] بَابُ فَضْلِ التَّهْلِيْلِ

[٦٤٠٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ، فِی يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ، كَانَ لَهُ عَدْلَ عَشْرِ رِقَابٍ، وَكُتِبَ لَهُ مِائَةُ حَسَنَةٍ، وَمُحِيَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَيِّئَةٍ، وَكَانَتْ لَهُ حِرْزًا مِنَ الشَّيْطَانِ، يَوْمَهُ ذٰلِكَ حَتّٰى يُمْسِیَ، وَلَمْ يَأْتِ أَحَدٌ بِأَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهِ إِلَّا رَجُلٌ عَمِلَ أَكْثَرَ مِنْهُ" [راجع: ٣٢٩٣]

آئندہ حدیث: عمر بن ابی زائدۃ کی ہے، انھوں نے دو سندوں سے حدیث روایت کی ہے:

۱-عمر بن ابی زائدہ کے شاگرد عبدالملک بن عمرو: عمر بن ابی زائدہ سے، وہ ابی اسحاق سے، وہ عمرو بن میمون سے مقطوعاً روایت کرتے ہیں (یہ مخضرم تابعی ہیں) عمرو بن میمون کہتے ہیں: جس نے کلمہ توحید دس مرتبہ کہا وہ اس شخص کی طرح ہوگا جس نے اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کوئی غلام آزاد کیا —— اس روایت کو امام مسلم نے عمر بن ابی زائدہ کے شاگرد ابو عامر عقدی کی سند سے روایت کیا ہے، اس میں ہے: "اسماعیلؑ کی اولاد میں سے چار غلام آزاد کرنے والے کی طرح ہوگا" (حدیث ۲۶۹۳) —— امام بخاریؒ نے اسانید کے آخر میں عبدالملک بن عمرو کی اسی روایت کو صحیح کہا ہے یعنی یہ عمرو بن میمون کا قول ہے، اور ذاکر ایک غلام آزاد کرنے والے کی طرح ہوگا۔

۲-عمر بن ابی زائدہ یہ روایت عبداللہ بن ابی السفر سے، وہ عامر شعبی سے، وہ ربیع بن خُثَیم سے، وہ عمرو بن میمون سے، وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (صحابی صغیر) سے، وہ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں، امام مسلم نے بھی یہ سند ذکر کی ہے (حوالہ بالا) مگر امام بخاریؒ نے اس کو صحیح نہیں مانا۔

[٦٤٠٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ أَبِیْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: مَنْ قَالَ: عَشْرًا كَانَ كَمَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيْلَ.

قَالَ عُمَرُ: وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِی السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ مِثْلَهُ، فَقُلْتُ لِلرَّبِيْعِ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: مَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، فَأَتَيْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ فَقُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ فَقَالَ: مِنِ

ابْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، فَأَتَيْتُ ابْنَ أَبِيْ لَيْلٰى فَقُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتُهُ؟ فَقَالَ: مِنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ يُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

قال عمر: وحدثنا: واوعاطفہ ہے، اور عن أبی إسحاق پر عطف ہے۔

آئندہ حدیث: مذکورہ حدیثِ دوم کی چھ مختلف سندیں ذکر کی ہیں، کسی میں حدیث موقوف ہے کسی میں مرفوع، اور کوئی سند ابن مسعودؓ تک پہنچتی ہے، پھر آخر میں سب کو رد کر دیا ہے، اور گذشتہ دو سندوں میں سے پہلی سند کو صحیح کہا ہے۔

[١-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ: عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ قَوْلَهُ.

[٢-] وَقَالَ مُوْسَى: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ دَاوُدَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٣-] وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ: عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الرَّبِيْعِ قَوْلَهُ.

[٤-] وَقَالَ آدَمُ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَيْسَرَةَ، سَمِعْتُ هِلَالَ بْنَ يَسَافٍ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ، وَعَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَوْلَهُ.

[٥-] وَقَالَ الْأَعْمَشُ، وَحُصَيْنٌ: عَنْ هِلَالٍ عَنِ الرَّبِيْعِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَوْلَهُ.

[٦-] وَرَوَاهُ أَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: الصَّحِيْحُ قَوْلُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَمْرٍو.

بَابُ فَضْلِ التَّسْبِيْحِ

اللہ کی پاکی بیان کرنے کا ثواب

حدیث (۱): جو شخص روزانہ سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ کہے: اس کی سب لغزشیں معاف کر دی جاتی ہیں، اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ سو مرتبہ کہنا عام ہے، خواہ ایک مجلس میں کہے یا متفرق مجالس میں۔ اس ذکر میں اللہ تعالیٰ کی سلبی اور ثبوتی دونوں معرفتیں جمع ہیں۔ سبحان اللہ میں سلبی معرفت ہے یعنی اللہ تعالیٰ تمام نقائص سے مبرا ہیں، اور بحمدہ میں ثبوتی معرفت ہے، یعنی وہ تمام خوبیوں کے ساتھ متصف ہیں —— جب یہ ذکر اخلاص کے ساتھ کیا جائے تو قربِ الٰہی نصیب ہوتا ہے اور تمام لغزشیں معاف کر دی جاتی ہیں۔

حدیث (۲): دو جملے زبان پر یعنی بولنے میں ہلکے، ترازو میں یعنی ثواب میں بھاری، اور رحمان (مہربان اللہ) کو

پیارے ہیں: ایک سبحان اللہ و بحمدہ دوسرا: سبحان اللہ العظیم: اللہ تعالیٰ پاک اور عظیم المرتبت ہیں (اس جملہ میں بھی دونوں معرفتیں جمع ہیں)

تشریح: جب کسی جملہ میں تسبیح وتحمید دونوں جمع ہوجاتے ہیں تو وہ انسان کی معرفت ربانی کی بہترین تعبیر ہوتے ہیں، کیونکہ انسان اللہ تعالیٰ کو اسی طرح پہچان سکتا ہے کہ وہ ایک ایسی ذات کا تصور کرے جو تمام عیوب ونقائص سے — جو مخلوقات میں پائے جاتے ہیں — پاک ہو، اور جو ان تمام خوبیوں کے ساتھ — جو مخلوقات میں خوبیاں تصور کی جاتی ہیں — متصف ہو — مگر اتصاف صرف خوبی ہونے کی جہت سے مانا جائے، مثلاً: بینا شنوا ہونا مخلوقات میں خوبی کی بات ہے، پس اللہ تعالیٰ کو ان سے متصف کیا جائے، اور ان کو سمیع وبصیر مانا جائے، مگر مادّی آنکھ کان ان کے لئے ثابت نہ کئے جائیں کہ یہ خوبی کی بات نہیں (رحمۃ اللہ ۴: ۳۰۳)

[٦٥-] بَابُ فَضْلِ التَّسْبِيْحِ

[٦٤٠٥-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ فِي يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ، وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ"

[٦٤٠٦-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " كَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ، حَبِيْبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ، سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ، سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ" [طرفاه: ٦٦٨٢، ٧٥٦٣]

بَابُ فَضْلِ ذِكْرِ اللهِ تَعَالٰى

ذکر اللہ کی فضیلت

ذکر اللہ: اپنے وسیع معنی کے لحاظ سے نماز، تلاوت، دعا، استغفار وغیرہ سب کو شامل ہے، مگر عرف میں تسبیح وتقدیس، توحید وتمجید، عظمت وکبریائی اور صفاتِ کمالیہ کے دھیان کو ذکر اللہ کہا جاتا ہے، ذکر اللہ اللہ تعالیٰ کے قرب ورضا، اور روحانی ترقیات کا خاص ذریعہ ہے، قلوب کو اللہ کی یاد سے چین، سکون اور اطمینان نصیب ہوتا ہے، نیز قلوب کو منور بنانے میں اور اخلاق رذیلہ کو اوصافِ حمیدہ میں تبدیلی کرنے میں ذکر اللہ کا خاص کردار ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس شخص کی حالت جو اپنے پروردگار کو یاد کرتا ہے اور جو یاد نہیں کرتا زندہ اور مردہ کی حالت کی طرح ہے''

تشریح: اللہ کا ذکر اللہ والوں کے قلوب کی غذا اور مادّۂ حیات ہے، اگر وہ ان کو نہ ملے تو اجسام: قلوب کے لئے قبریں

بن جائیں، ذکر ہی سے دلوں کی دنیا آباد ہے، اگر دل یادِ الٰہی سے خالی ہوجائیں تو وہ مردہ ہوکر رہ جائیں، لہٰذا ذکر اللہ سے اپنے دلوں کی دنیا کو آباد کرو، واللہ الموفق!

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے راستوں میں پھرتے ہیں، وہ ذاکرین کو تلاش کرتے ہیں، جب وہ ایسے لوگوں کو پاتے ہیں جو اللہ کی یاد میں مشغول ہوتے ہیں تو وہ ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں: اِدھر آؤ، تمہارا مطلب یہاں ہے! پس وہ ان ذاکرین کو اپنے پَروں سے آسمان دنیا تک گھیر لیتے ہیں، ان سے ان کے پروردگار پوچھتے ہیں: درانحالیکہ وہ ذاکرین کو خوب جانتے ہیں: میرے بندے کیا کہہ رہے ہیں؟ فرشتے جواب دیتے ہیں: وہ آپ کی پاکی بیان کرتے ہیں، آپ کی بڑائی بیان کرتے ہیں، آپ کی تعریف کرتے ہیں، آپ کی بزرگی بیان کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: کیا انھوں نے مجھے دیکھا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں: نہیں، بخدا! انھوں نے آپ کو نہیں دیکھا! اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: اگر وہ مجھ کو دیکھتے تو ان کا کیا حال ہوتا؟ فرشتے کہتے ہیں: اگر وہ آپ کو دیکھتے تو اور زیادہ عبادت کرتے، اور اور زیادہ آپ کی بزرگی بیان کرتے، اور اور زیادہ آپ کی پاکی بیان کرتے۔ اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: وہ کیا مانگتے ہیں؟ فرشتے کہتے ہیں: وہ آپ سے جنت مانگتے ہیں! اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: کیا انھوں نے جنت دیکھی ہے؟ فرشتے کہتے ہیں: نہیں، بخدا! اے ہمارے ربّ! انھوں نے جنت نہیں دیکھی، اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: اگر وہ جنت دیکھتے تو ان کا کیا حال ہوتا؟ فرشتے کہتے ہیں: اگر وہ جنت کو دیکھتے تو وہ اس کے بہت زیادہ حریص ہوتے، اور اس کے بہت زیادہ طلبگار ہوتے، اور اس میں بہت زیادہ رغبت کرتے۔ اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: اور وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟ فرشتے کہتے ہیں: دوزخ سے، اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: کیا انھوں نے دوزخ دیکھی ہے؟ فرشتے کہتے ہیں: نہیں، بخدا! اے پروردگار! انھوں نے دوزخ نہیں دیکھی، اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: اگر وہ دوزخ کو دیکھتے تو ان کا کیا حال ہوتا؟ فرشتے کہتے ہیں: اگر وہ دوزخ کو دیکھتے تو وہ اس سے بہت زیادہ بھاگتے، اور اس سے بہت زیادہ ڈرتے۔ پس اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کو بخش دیا۔ پس فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کہتا ہے: ان میں فلاں شخص: ان میں سے نہیں ہے، وہ کسی ضرورت سے وہاں آیا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کا ہم نشیں بھی محروم نہیں رہتا۔

[٦٦-] بَابُ فَضْلِ ذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى

[٦٤٠٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَثَلُ الَّذِىْ يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِىْ لاَ يَذْكُرُ مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ"

[٦٤٠٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً يَطُوْفُوْنَ فِي الطُّرُقِ، يَلْتَمِسُوْنَ أَهْلَ الذِّكْرِ، فَإِذَا وَجَدُوْا قَوْمًا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ، تَنَادَوْا هَلُمُّوْا إِلٰى حَاجَتِكُمْ، فَيَحُفُّوْنَهُمْ بِأَجْنِحَتِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، قَالَ: فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ مِنْهُمْ: مَا يَقُوْلُ عِبَادِيْ؟ قَالَ: تَقُوْلُ: يُسَبِّحُوْنَكَ، وَيُكَبِّرُوْنَكَ، وَيَحْمَدُوْنَكَ وَيُمَجِّدُوْنَكَ، قَالَ: فَيَقُوْلُ: هَلْ رَأَوْنِيْ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: لَا، وَاللّٰهِ! مَا رَأَوْكَ، قَالَ: فَيَقُوْلُ: كَيْفَ لَوْ رَأَوْنِيْ؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْكَ كَانُوْا أَشَدَّ لَكَ عِبَادَةً، وَأَشَدَّ لَكَ تَمْجِيْدًا، وَأَكْثَرَ لَكَ تَسْبِيْحًا، قَالَ: يَقُوْلُ: فَمَا يَسْأَلُوْنَ؟ قَالُوْا: يَسْأَلُوْنَكَ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ: وَهَلْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَا، وَاللّٰهِ! يَارَبِّ! مَا رَأَوْهَا، قَالَ: يَقُوْلُ: فَكَيْفَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا كَانُوْا أَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا، وَأَشَدَّ لَهَا طَلَبًا، وَأَعْظَمَ فِيْهَا رَغْبَةً، قَالَ: فَمِمَّ يَتَعَوَّذُوْنَ؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: مِنَ النَّارِ، قَالَ: يَقُوْلُ: وَهَلْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَا، وَاللّٰهِ! يَا رَبِّ! مَا رَأَوْهَا، قَالَ: يَقُوْلُ: فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْهَا كَانُوْا أَشَدَّ مِنْهَا فِرَارًا، وَأَشَدَّ لَهَا مَخَافَةً، قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَإِنِّيْ أُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ، قَالَ: يَقُوْلُ مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ: فِيْهِمْ فُلَانٌ لَيْسَ مِنْهُمْ، إِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ، قَالَ: هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقَى جَلِيْسُهُمْ"

رَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَرَوَاهُ سُهَيْلٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

بَابُ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ کی فضیلت

حدیث: ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک گھاٹی کا راستہ لیا، پس جب اس گھاٹی پر ایک شخص چڑھا تو اس نے پکارا اور بلند آواز سے کہا: لا إلٰه إلا الله والله أكبر، ابوموسیٰ نے کہا: درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ اپنے خچر پر تھے، آپؐ نے فرمایا: "تم بہرے کو نہیں پکارتے نہ غیر حاضر کو!" پھر فرمایا: "اے ابوموسیٰ! کیا میں تمہیں جنت کے خزانے کے ایک کلمہ سے آگاہ نہ کروں؟ میں نے کہا: کیوں نہیں! فرمایا: لاحول ولا قوة إلا بالله: نہیں ہے قوت وطاقت مگر اللہ کی مدد سے!

تشریح: جنت کا خزانہ: تعبیر ہے اس کلمہ کی قدر وقیمت کی یعنی یہ بہت قیمتی کلمہ ہے ـــــ اس کلمہ کا مطلب یہ ہے کہ کسی کام کے کرنے کی قوت وطاقت بس اللہ ہی سے مل سکتی ہے، کوئی شخص خود کچھ نہیں کرسکتا ـــــ حول اور قوة مترادف ہیں۔

[٦٧-] بَابُ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

[٦٤٠٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: أَخَذَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ عَقَبَةٍ أَوْ

قَالَ: فِیْ ثَنِیَّةٍ، قَالَ: فَلَمَّا عَلا عَلَیْهَا رَجُلٌ نَادٰی فَرَفَعَ صَوْتَهُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ! قَالَ: وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَلٰی بَغْلَتِهِ، قَالَ:" فَإِنَّكُمْ لَا تَدْعُوْنَ أَصَمَّ وَلَا غَائِبًا" ثُمَّ قَالَ:" یَا أَبَا مُوْسٰی أَوْ: یَا عَبْدَ اللّٰهِ! أَلَا أَدُلُّكَ عَلٰی كَلِمَةٍ مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ؟" قُلْتُ: بَلٰی! قَالَ:" لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ"

[راجع: ۲۹۹۲]

بَابٌ: لِلّٰهِ تَعَالٰی مِائَةُ اسْمٍ غَیْرَ وَاحِدٍ

اللہ تعالیٰ کے ایک کم سو نام ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ کے ننانوے یعنی ایک کم سو نام ہیں، جو کوئی ان کو یاد کرے جنت میں جائے گا، اور اللہ تعالیٰ یگانہ ہیں، طاق عدد کو پسند کرتے ہیں" —— ایک روایت میں یَحْفَظُهَا کی جگہ أَحْصَاهَا بھی آیا ہے: دونوں کے ایک معنی ہیں۔

تشریح: اللہ پاک کا اسم ذات صرف ایک ہے، اور صفاتی نام —— جو کمالات کو ظاہر کرتے ہیں —— بے شمار ہیں، کیونکہ ان کے کمالات بے شمار ہیں، اور کسی زبان میں کوئی ایسا لفظ نہیں جو سب کمالات کو ظاہر کرے، اس لئے مختلف لفظوں سے اللہ کے کمالات کو بیان کیا جاتا ہے —— ان ناموں کی تفصیل ترمذی اور ابن ماجہ میں ہے، اور ان میں تھوڑا اختلاف ہے، مشہور ترمذی کی روایت کے نام ہیں —— جو شخص ان کو حفظ کرے گا، ان کی حقیقت سمجھے گا، اور جو کمال عام ہے اس کو اپنے اندر پیدا کرے گا وہ جنت نشیں ہوگا —— ان ناموں سے اللہ تعالیٰ کو یاد کر کے دعا کرنا قبولیت کے امکان کو بڑھا دیتا ہے۔

اور ننانوے نام نبی ﷺ نے منتخب کر کے امت کو کیوں بتلائے؟ پورے سو کیوں نہیں کر دیئے؟ اس کا جواب: حدیث کے آخر میں ہے کہ یہ آخری طاق عدد ہے اور اللہ تعالیٰ چونکہ یگانہ ہیں، اس لئے طاق عدد کو پسند کرتے ہیں، اس لئے ننانوے نام چھانٹے ہیں۔

نوٹ: اسمائے حسنیٰ کو خوبصورت چھاپ کر گھر میں لٹکانے کی کوئی فضیلت نہیں آئی، رہی برکت تو مسلمانوں کے گھروں میں پورا قرآن ہوتا ہے، بلکہ متعدد قرآن ہوتے ہیں، کیا وہ برکت کے لئے کافی نہیں؟ دراصل فضیلت ان ناموں کو یاد کرنے کی ہے، ایک نام روزانہ یاد کیا جائے تو تین ماہ میں یاد ہو جائیں گے، واللہ الموفق!

[۶۸-] بَابٌ: لِلّٰهِ تَعَالٰی مِائَةُ اسْمٍ غَیْرَ وَاحِدٍ

[۶۴۱۰-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، حَفِظْنَاهُ مِنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ

أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: " لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ اسْمًا، مِائَةٌ إِلَّا وَاحِدًا، لَا یَحْفَظُهَا أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَهُوَ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ" قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: مَنْ أَحْصَاهَا: مَنْ حَفِظَهَا. [راجع: ٢٧٣٦]

بَابُ الْمَوْعِظَةِ سَاعَةً بَعْدَ سَاعَةٍ

وقفہ وقفہ سے نصیحت کرنا

حدیث: ابووائل شقیق بن سلمہ کہتے ہیں: ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا انتظار کر رہے تھے (کہ وہ آئیں اور سبق پڑھائیں) اچانک یزید بن معاویہ (نخعی، کوفی، جلیل القدر تابعی) آگئے، ہم نے ان سے کہا: کیا آپ نہیں بیٹھتے؟ یعنی آپ پڑھائیں، انھوں نے کہا: نہیں، بلکہ میں گھر میں جاتا ہوں اور تمہارے استاذ کو لاتا ہوں، اگر وہ نہ آئے تو میں بیٹھونگا، پس ابن مسعودؓ نکلے درانحالیکہ وہ یزید کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے، پس ہمارے سامنے کھڑے ہوئے اور کہا: سنو، مجھے تمہارے موجود ہونے کی اطلاع کی گئی تھی، مگر مجھے تمہارے پاس آنے سے روکا اس بات نے کہ رسول اللہ ﷺ (ہفتہ کے) دنوں میں گاہ گاہ نصیحت کیا کرتے تھے، ہماری ملولی کے اندیشہ سے! (یہ حدیث پہلے آئی ہے)

براعتِ اختتام: مزید ابواب لکھیں گے تو تم ملول ہوجاؤ گے، پس کتاب الدعوات ختم!

[٦٩-] بَابُ الْمَوْعِظَةِ سَاعَةً بَعْدَ سَاعَةٍ

[٦٤١١-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ: حَدَّثَنِیْ شَقِیْقٌ قَالَ: كُنَّا نَنْتَظِرُ عَبْدَ اللّٰهِ، إِذْ جَاءَ یَزِیْدُ بْنُ مُعَاوِیَةَ، فَقُلْنَا: أَلَا تَجْلِسُ؟ قَالَ: لَا،وَلٰكِنْ أَدْخُلُ فَأُخْرِجُ إِلَیْكُمْ صَاحِبَكُمْ، وَإِلَّا جِئْتُ أَنَا. فَجَلَسْتُ، فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ وَهُوَ آخِذٌ بِیَدِهِ، فَقَامَ عَلَیْنَا فَقَالَ: أَمَا إِنِّیْ أُخْبَرُ بِمَكَانِكُمْ، وَلٰكِنَّهُ یَمْنَعُنِیْ مِنَ الْخُرُوْجِ إِلَیْكُمْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ یَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِی الْأَیَّامِ، كَرَاهِیَةَ السَّآمَةِ عَلَیْنَا. [راجع: ٦٨]

﴿اللہ کے فضل وکرم سے کتاب الدعوات کی شرح مکمل ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الرقاق

دل نرم کرنے والی باتیں

رِقَاق (راء کا زیر) الرِّقَّة کی جمع ہے: اس کے اصل معنی ہیں: کھادر (جہاں پانی بھرا رہتا ہے، پھر جب پانی ہٹ جاتا ہے اور زمین خشک ہوجاتی ہے تو کاشت کی جاتی ہے) اور ثانوی معنی ہیں: وعظ ونصیحت کے ذریعہ دلوں میں نرمی پیدا کرنا۔

ربط: اخبات اسی وقت بدست آسکتا ہے جب دل نرم پڑ جائیں، بندہ اسی وقت اللہ سے کو لگاتا ہے اور دعا کرتا ہے جب اس کے دل کی زمین نمناک ہوجائے، اس لئے کتاب الدعوات کے بعد کتاب الرقاق لائے ہیں، پس یہ کتاب: کتاب الادب کا ضمیمہ ہے، اس کتاب میں نفخ صور، حساب کتاب اور جنت وجہنم کا بھی تذکرہ ہے، کیونکہ یہ مضامین دلوں کو نرم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشَ الآخِرَةِ"

نبی ﷺ نے فرمایا: "زندگی بس آخرت کی زندگی ہے!"

حدیث میں حصر ادّعائی ہے، کیونکہ دنیا کی زندگی بھی زندگی ہے، وہ مُشاہد اور بدیہی ہے، اس لئے اس کے لئے بھی بہت کچھ جتن کرنے پڑتے ہیں، مگر آگے جو زندگی ہے، جس کا نام آخرت ہے۔ وہ حقیقی اور ابدی زندگی ہے، اور اس کی کامیابی کے لئے بھی کوشش یہاں کرنی ہے، کیونکہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے، یہاں بوئے گا تو وہاں کاٹے گا۔ پس جو لوگ آخرت کی زندگی کو نہیں مانتے ان کو تو چھوڑو، ماننے والے بھی دھوکہ خوردہ ہیں، وہ بھی اپنی ساری توانائیاں اس دنیا کے لئے خرچ کرتے ہیں، اور آخرت کے لئے تیاری کرنا بھول جاتے ہیں، اس لئے زور دے کر کہا کہ زندگی تو بس آخرت کی زندگی ہے! پس زیادہ وقت اس کی تیاری میں لگانا چاہئے، ورنہ کل کفِ افسوس ملنا پڑے گا۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "دو نعمتوں میں بہت سے لوگ دھوکہ خوردہ ہیں: تندرستی اور فراغ بالی!"

تشریح: یہ حدیث تمہید ہے، تندرستی ہمیشہ قائم نہیں رہے گی، نہ فرصت کے لمحات ہمیشہ بدست رہیں گے، پس آج جن کو یہ نعمتیں حاصل ہیں وہ ان کی قدر کریں، اور ان سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

حدیث (۲): جب خندق کھودی جارہی تھی تو صحابہ کڑاکے کی سردی میں بھوکے پیٹ مشقت میں لگے ہوئے تھے، اور رجز پڑھ رہے تھے، آپؐ نے ان کے جواب میں فرمایا اور حوصلہ بڑھایا: اللہ جانتے ہیں کہ زندگی تو بس آخرت کی زندگی ہے یعنی آپ لوگ جو محنت کررہے ہو وہ آخرت کے لئے ہے، اے اللہ! انصار اور مہاجرین کے احوال سنوار دے! یعنی دونوں جہاں میں ان کو سرخ رُوئی نصیب فرما!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸۱- کتابُ الرقاق

[۱-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "لاَ عَیْشَ إِلاَّ عَیْشَ الآخِرَةِ"

[۶۴۱۲-] حدثنا الْمَکِّیُّ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیْدٍ، هُوَ ابْنُ أَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِیْهِمَا کَثِیْرٌ مِنَ النَّاسِ: الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ"

قَالَ العَبَّاسُ الْعَنْبَرِیُّ: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنِ عِیْسَی، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِیْدِ بْنِ أَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِثْلَهُ.

[۶۴۱۳-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:

"اللّٰهُمَّ لاَ عَیْشَ إِلاَّ عَیْشُ الآخِرَةِ ۞ فَأَصْلِحِ الأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَهْ"

[راجع: ۲۸۳۴]

[۶۴۱۴-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفُضَیْلُ بْنُ سَلَیْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِیُّ، قَالَ: کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِالْخَنْدَقِ، وَهُوَ یَحْفِرُ، وَنَحْنُ نَنْقُلُ التُّرَابَ، وَبَصُرَ بِنَا فَقَالَ:

"اللّٰهُمَّ لاَ عَیْشَ إِلاَّ عَیْشُ الآخِرَةِ ۞ فَاغْفِرِ الأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَهْ"

[راجع: ۳۷۹۷]

بَابٌ: مَثَلُ الدُّنْیَا فِی الآخِرَةِ

دنیا کا حال آخرت کی بہ نسبت

دنیا: جنت کی بہ نسبت ایک کوڑے کی جگہ کے بقدر بھی نہیں، سورۃ الحدید (آیت ۲۰) میں دنیا کی زندگی کا نقشہ کھینچا ہے:

﴿وَاعْلَمُوْا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ، كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا، وَفِي الآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللهِ وَرِضْوَانٌ، وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾:

ترجمہ: جان لوکہ (آخرت کے مقابلہ میں) دنیا کی زندگی محض کھیل تماشا اور زیبائش اور ایک دوسرے پر فخر کرنا، اور اموال واولاد میں مقابلہ بازی ہے، جیسے مینہ کا حال: اس کا سبزہ کاشتکاروں کو بھلا معلوم ہوتا ہے، پھر وہ خشک ہوجاتا ہے، پس تو اس کو زرد دیکھتا ہے، پھر وہ چوراچورا ہوجاتا ہے، اور آخرت میں سخت عذاب اور اللہ کی مغفرت اور رضامندی ہے، اور دنیوی زندگی تو محض دھوکے کی ٹٹی ہے!

دنیا کی زندگی کا خلاصہ: بچپن میں کھیل تماشا، پھر نام ونمود اور ساکھ بڑھانا، پھر ہواوہوس: ہائے مال، ہائے اولاد، پھر قزّاقِ اجل نے لوٹ لیا قافلہ! جیسے بارش برستی ہے تو سبزہ لہلہا اٹھتا ہے، مگر یہ بہار چندروزہ ہے، بالآخر سبزہ زرد پڑجاتا ہے، پھر ٹوٹ کر چوراچورا ہوجاتا ہے، اس طرح دنیا کی زندگی ختم ہوجاتی ہے، پس دنیا کی عارضی بہار سے دھوکہ نہیں کھانا چاہئے، دنیا تو دھوکے کی ٹٹّی (بیلیں چڑھانے کے لئے بنایا ہوا بانس یا سرکنڈوں کا چھپر) ہے، کب ٹوٹ پڑے کچھ خبر نہیں!

اور آخرت کی زندگی ابدی ہے، اور دوحصوں میں تقسیم ہے: جو دنیا سے ایمان وعمل صالح کما کرلے گیا اس کا بیڑا پار ہے، اس کی پانچوں انگلیاں گھی میں! آخرت میں اس کے لئے جنت کے علاوہ مالک کی خوشنودی اور رضامندی ہوگی، اور جو دولتِ ایمان سے محروم گیا وہ تا ابد سخت عذاب میں مبتلا رہے گا —— پس فانی اور باقی زندگیوں کا مقابلہ کرو اور نسبت دیکھو!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک کوڑے کی جگہ دنیا ومافیہا سے بہتر ہے، اور راہِ خدا میں صبح کی شفٹ یا شام کی شفٹ لڑنا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے۔

تشریح: جب فوج پڑاؤ ڈالتی ہے تو فوجی اپنے لئے جگہ ریزرو کرتے ہیں، اور اس کے لئے کوڑا ڈال دیتے ہیں، جس سے ایک آدمی کی قیام کے بقدر جگہ ریزرو ہوجاتی ہے، جنت میں اتنی جگہ مل جائے تو وہ دنیا ومافیہا سے بہتر ہے —— اور لڑنے کے لئے فوجیوں کی ڈیوٹیاں لگتی ہیں، پس ایک شفٹ لڑنا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ القاری ۶: ۲۰۱)

[۲-] بَابٌ: مَثَلُ الدُّنْيَا فِي الآخِرَةِ

وَقَوْلُهُ: ﴿أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾

[٦٤١٥-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا، وَلَغَدْوَةٌ فِي سَبِيْلِ اللهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا''[راجع: ٢٧٩٤]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ"

دنیا میں پردیسی کی طرح رہو یا راہ رَو کی طرح!

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے میرے دونوں مونڈھے پکڑے، اور فرمایا: "دنیا میں پردیسی کی طرح رہو یا راہ رَو کی طرح!" اور ابن عمرؓ کہا کرتے تھے: جب تو شام کرے تو صبح کا انتظار مت کر، اور جب تو صبح کرے تو شام کا انتظار مت کر، اور اپنی تندرستی سے اپنی بیماری کے لئے لے، اور اپنی حیات سے اپنی موت کے لئے لے یعنی تندرستی کو غنیمت سمجھ، اور جو کچھ کر سکتا ہو کر لے، کیونکہ آگے بیماری سے سابقہ پڑنے والا ہے، پھر کچھ نہ کر سکے گا، اسی طرح زندگی کو غنیمت سمجھ، آگے موت آرہی ہے، پھر عمل کا موقع نہیں ملے گا۔

تشریح: پردیسی کے پاس مال سامان زیادہ نہیں ہوتا، اور راہ گیر کے پاس اس سے بھی کم ہوتا ہے، پس ضروری سامان کے ساتھ زندگی بسر کرنی چاہئے، بے ضرورت جھمیلا جمع نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ سامان سو برس کا اور پل کی خبر نہیں! وگر باشد برائے دوست باشد! اور اگر ہو تو اللہ کے لئے ہو!

[۳-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ"

[۶۴۱۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَبُوْ الْمُنْذِرِ الطُّفَاوِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُجَاهِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَخَذَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِمَنْكِبَيَّ فَقَالَ: "كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ"

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ: إِذَا أَمْسَيْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الصَّبَاحَ، وَإِذَا أَصْبَحْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الْمَسَاءَ، وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ لِمَرَضِكَ، وَمِنْ حَيَاتِكَ لِمَوْتِكَ.

بَابٌ: فِي الْأَمَلِ وَطُوْلِهِ

لمبی امیدیں باندھنا

کبھی انسان حیاتِ دراز کا خواب دیکھنے لگتا ہے، حالانکہ دنیا کی زندگی چند روزہ ہے، دائمی زندگی آخرت کی ہے، پس اس کو کامیاب بنانے میں لگا رہنا چاہئے۔

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۱۸۵) ہے: ﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ، وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ، وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾: ہر جان کو

موت کا مزہ چکھنا ہے، اور تم اپنا بدلہ قیامت کے دن ہی پاؤ گے، پس جو شخص دوزخ سے بچالیا گیا، اور جنت میں داخل کیا گیا: وہ یقیناً کامیاب ہوگیا، اور دنیا کی زندگی تو بس دھوکے کی ٹٹی ہے ـــــ پس اس کے پیچھے کیا مرو، لمبی امیدیں کیوں باندھو، دائمی راحت حاصل کرنے کی سعی کرو!

آیتِ کریمہ (۲): سورۃ الحجر کی تیسری آیت ہے: ﴿ذَرْهُمْ يَأْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ﴾: چھوڑو ان کو، کھالیں، اور فائدہ اٹھالیں، اور امیدیں ان کو غفلت میں ڈالے رہیں، پس ان کو ابھی معلوم ہوجائے گا ـــــ معلوم ہوا کہ امیدیں باندھنا آخرت سے غافل کرتا ہے۔

اثر: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''دنیا پیٹھ پھیر کر روانہ ہوئی یعنی ختم ہونے والی ہے، اور آخرت متوجہ ہوئی یعنی آیا چاہتی ہے، اور دونوں میں سے ہر ایک کے بیٹے (محبین) ہیں، پس تم آخرت کے بیٹے بنو، اور دنیا کے بیٹے مت بنو، اس لئے کہ آج عمل (کا وقت) ہے اور حساب نہیں ہے، اور کل حساب ہوگا اور عمل کا موقع نہیں ہوگا ـــــ اور جو امیدیں کوتاہ رکھے گا وہی آخرت کے لئے عمل کرے گا۔

آیتِ کریمہ (۳): سورۃ البقرۃ کی (آیت ۹۶) ہے: ﴿يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ، وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ مِنَ الْعَذَابِ أَنْ يُّعَمَّرَ﴾: ان کا ایک امید باندھے ہوئے ہے کہ کاش وہ ہزار سال جیتا! اور نہیں ہے وہ خود کو دور کرنے والا عذاب سے کہ بڑی عمر دیدیا جائے! ـــــ یہ یہود کا حال ہے، وہ آخرت کو مانتے ہیں، پھر لمبی عمر کی امید باندھے ہوئے ہیں، کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ آگے ان کے لئے جہنم کا گڑھا ہے!

[٤-] بَابٌ: فِي الْأَمَلِ وَطُوْلِهِ

[١-] وَقَوْلُهُ: ﴿فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ، وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾

[٢-] ﴿ذَرْهُمْ يَأْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ﴾

[٣-] وَقَالَ عَلِيٌّ: ارْتَحَلَتِ الدُّنْيَا مُدْبِرَةً، وَارْتَحَلَتِ الْآخِرَةُ مُقْبِلَةً، وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا بُنُوْنَ، فَكُوْنُوْا مِنْ أَبْنَاءِ الْآخِرَةِ، وَلَا تَكُوْنُوْا مِنْ أَبْنَاءِ الدُّنْيَا، فَإِنَّ الْيَوْمَ عَمَلٌ وَلَا حِسَابَ، وَغَدًا حِسَابٌ وَلَا عَمَلَ.

[٤-] ﴿بِمُزَحْزِحِهِ﴾: بِمُبَاعِدِهِ.

آئندہ حدیث: ابن مسعودؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک مربّع (چوگوشہ) لکیر کھینچی، اور اس کے درمیان میں ایک لکیر کھینچی جو پہلی (چوگوشہ) لکیر سے باہر نکلنے والی تھی، اور چند چھوٹی لکیریں کھینچی اس لکیر سے ملا کر جو درمیان میں ہے، اس کی اس جانب سے جو کہ وہ درمیان میں ہے، پھر (چوکھٹے میں جو لکیر تھی اس کی طرف اشارہ کرکے) فرمایا: ''یہ انسان ہے'' اور (چوکھٹے کی طرف اشارہ کرکے) فرمایا: یہ اس کی موت کا مقررہ وقت ہے جو اس کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے، اور یہ جو

چوکھٹے سے باہر نکلی ہوئی لکیر ہے یہ اس کی امید ہے (جو اس کی موت سے لمبی ہے) اور یہ چھوٹی لکیریں اس کے عوارض (آفات وبلیات) ہیں، پس اگر چوک جاتا ہے اس کو یہ (عارض) تو ڈس لیتا ہے اس کو یہ، اور اگر چوک جاتا ہے اس کو یہ تو ڈس لیتا ہے اس کو یہ! اس طرح:



تشریح: حدیث کا سبق یہ ہے کہ امیدیں کوتاہ رکھنی چاہئیں، کیونکہ دنیا کی زندگی ایک دن ختم ہونے والی ہے، ہمیشہ قائم ودائم رہنے والی آخرت کی زندگی ہے، پس اس کی تیاری میں لگے رہنا چاہئے، اور دنیا کی طرف توجہ بس بقدر ضرورت ہونی چاہئے۔

اس کے بعد کی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث: حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث کے ہم معنی ہے، مگر بہت مختصر ہونے کی وجہ سے مبہم ہوگئی ہے۔ فرمایا: نبی ﷺ نے چند لکیریں کھینچیں، پھر فرمایا: یہ (چوکھٹے سے باہر نکلی ہوئی لکیر) امید ہے، اور یہ (مربع لکیر) اس کی موت ہے، پس دریں اثنا کہ وہ ایسا ہوتا ہے یعنی عوارض سے دوچار ہوتا ہے کہ اچانک اس کے پاس قریب ترین خط آجاتا ہے یعنی موت اس کو دبوچ لیتی ہے، اور ساری امیدیں خاک میں مل جاتی ہیں۔

[٦٤١٧-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ: أَخْبَرَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ مُنْذِرٍ، عَنْ رَبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: خَطَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَطًّا مُرَبَّعًا، وَخَطَّ خَطًّا فِي الْوَسْطِ خَارِجًا مِنْهُ، وَخَطَّ خُطُطًا صِغَارًا إِلٰى هٰذَا الَّذِيْ فِي الْوَسْطِ، مِنْ جَانِبِهِ الَّذِيْ فِي الْوَسْطِ فَقَالَ: "هٰذَا الإِنْسَانُ، وَهٰذَا أَجَلُهُ مُحِيْطٌ بِهِ - أَوْ: قَدْ أَحَاطَ بِهِ - وَهٰذَا الَّذِيْ هُوَ خَارِجٌ: أَمَلُهُ، وَهٰذِهِ الْخُطُطُ الصِّغَارُ: الأَعْرَاضُ، فَإِنْ أَخْطَأَهُ هٰذَا نَهَشَهُ هٰذَا، وَإِنْ أَخْطَأَهُ هٰذَا نَهَشَهُ هٰذَا"

[٦٤١٨-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: خَطَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خُطُوْطًا فَقَالَ: "هٰذَا الأَمَلُ وَهٰذَا أَجَلُهُ، فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ جَاءَهُ الْخَطُّ الأَقْرَبُ"

بَابُ مَنْ بَلَغَ سِتِّيْنَ سَنَةً، فَقَدْ أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلَيْهِ فِي الْعُمُرِ

جو ساٹھ سال کا ہوگیا اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے کوئی عذر نہیں چھوڑا

سورۃ الفاطر (آیت ۳۷) میں ہے: جہنمی جہنم میں چلائیں گے یعنی زور سے پکار کر کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہم کو

(دوزخ سے) نکال، ہم نیک کام کریں گے، ان کاموں کے علاوہ جو ہم کیا کرتے تھے یعنی دنیا میں ایک مرتبہ اور بھیج دے، ہم ایماندار فرمانبردار بن کر حاضر ہونگے، ان کو جواب دیا جائے گا: ﴿أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ، وَجَاءَ كُمُ النَّذِيْرُ﴾: کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہیں دی تھی کہ جس کو سمجھنا ہوتا سمجھ جاتا؟ اور تمہارے پاس وارننگ دینے والا بھی پہنچا تھا!

سوال: اگر دوزخیوں کا مطالبہ مان کر ایک چانس اور دیدیا جائے تو کیا حرج ہے؟

جواب: اگر ان کو دنیا کی طرف لوٹایا جائے گا تو جو کچھ پیش آچکا ہے وہ سب بھلا کر بھیجا جائے گا، جبھی امتحان ہوگا اور اس صورت میں کتّے کی دُم ٹیڑھی رہے گی، پھر بار بار تجربہ کرنے سے کیا فائدہ!

تفسیر: مفسرین نے آیت میں 'بلوغ' مراد لیا ہے، بلوغ پر عقل پختہ ہو جاتی ہے، پس جو سمجھنا چاہے سمجھ سکتا ہے، جبکہ رسول بھی آیا، اور اس نے ہر چند سمجھایا، مگر تو نے نہ مانا، پس اب دوزخ میں پڑا اسڑ تارہ! —— مگر امام بخاری رحمہ اللہ حدیث کی روشنی میں آیت میں ساٹھ سال مراد لے رہے ہیں کہ اس کے بعد کوئی عذر باقی نہیں رہتا، مگر اس صورت میں اشکال ہوگا کہ جو کافر ساٹھ سال کی عمر سے پہلے مر گئے ان کو آیت شامل نہیں ہوگی؟ اور حدیث کے بارے میں کہیں گے کہ وہ مستقل مضمون ہے، آیت سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے کوئی عذر نہیں چھوڑا اس شخص کے لئے جس کی موت کو مؤخر کیا یہاں تک کہ اس کو ساٹھ سال تک پہنچا دیا'' —— اس حدیث کا تعلق کفار سے نہیں ہے، بلکہ بے عمل اور بدعمل مسلمانوں سے ہے، جو عمل صالح کے لئے یوم وفردا کرتا رہتا ہے، یہاں تک کہ واعظِ ربّ (بڑھاپا) آجاتا ہے، پھر بھی نہیں سنبھلتا، وہ کیا عذر پیش کرے گا؟

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بڈھے کا دل برابر جوان رہتا ہے دو چیزوں میں: دنیا کی محبت میں اور لمبی امید میں!'' اور دوسرے طریق میں ہے: انسان بوڑھا ہو جاتا ہے اور اس کے ساتھ دو باتیں بڑھ جاتی ہیں: مال کی اور لمبی زندگی کی محبت''

تشریح: ساٹھ سال پر بھی آدمی کیوں نہیں سنبھلتا؟ مال کی محبت بڑھ جاتی ہے، امیدیں لمبی ہو جاتی ہیں اور بہت دنوں تک جینے کی خواہش بڑھ جاتی ہے جو ہوش کے ناخن نہیں لینے دیتی، پس یہ حدیث باب سے بے جوڑ نہیں بلکہ نہایت گہرا جوڑ ہے۔

[٥-] بَابُ مَنْ بَلَغَ سِتِّيْنَ سَنَةً، فَقَدْ أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلَيْهِ فِي الْعُمُرِ

لِقَوْلِهِ: ﴿أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ، وَجَاءَ كُمُ النَّذِيْرُ﴾

[٦٤١٩-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مَعْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْغِفَارِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: أَعْذَرَ اللّٰهُ

إِلٰى امْرِئٍ أَخَّرَ أَجَلَهُ حَتّٰى بَلَّغَهُ سِتِّيْنَ سَنَةً" تَابَعَهُ ابْنُ عَجْلَانَ، وَأَبُوْ حَازِمٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ.

[٦٤٢٠-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَفْوَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لَايَزَالُ قَلْبُ الْكَبِيْرِ شَابًّا فِي اثْنَتَيْنِ: فِي حُبِّ الدُّنْيَا، وَطُوْلِ الْأَمَلِ"

قَالَ اللَّيْثُ: وَحَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، وَابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدٌ وَأَبُوْ سَلَمَةَ.

[٦٤٢١-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَكْبُرُ ابْنُ آدَمَ وَيَكْبُرُ مَعَهُ اثْنَانِ: حُبُّ الْمَالِ، وَطُوْلُ الْعُمُرِ" رَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ.

لغت: أَعْذَرَ: (باب افعال) کا ہمزہ سلبِ ماخذ کے لئے ہے یعنی عذر باقی نہیں چھوڑا۔

بَابُ الْعَمَلِ الَّذِيْ يُبْتَغٰى بِهِ وَجْهُ اللّٰهِ

وہ کام جو اللہ کی خوشنودی کے لئے کیا جائے

باب میں دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہرگز نہیں آئے گا کوئی بندہ قیامت کے دن جو کہتا ہو: ''کوئی معبود نہیں اللہ کے سوا'' چاہتا ہو اس کہنے سے اللہ کی خوشنودی مگر اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ حرام کردیں گے'' ـــــ اللہ کی خوشنودی چاہتا ہو یعنی اخلاص سے کہتا ہو۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: نہیں ہے مؤمن بندے کے لئے میرے پاس کوئی بدلہ جنت کے علاوہ جب لے لوں میں اس کی دنیا کی دو پیاری چیزیں (آنکھیں) پھر وہ اس پر ثواب کی امید رکھے، ـــــ ثواب کی امید رکھنا ہی اللہ کی خوشنودی چاہنا ہے۔

اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث پہلے آئی ہے کہ تم جو بھی اللہ کی خوشنودی کے لئے خرچ کروگے اس پر ثواب دیئے جاؤگے۔

[٦-] بَابُ الْعَمَلِ الَّذِيْ يُبْتَغٰى بِهِ وَجْهُ اللّٰهِ

فِيْهِ سَعْدٌ.

[٦٤٢٢-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، وَزَعَمَ مَحْمُوْدٌ أَنَّهُ عَقَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعَقَلَ مَجَّةً

مَجَّهَا مِنْ دَلْوٍ كَانَتْ مِنْ دَارِهِمْ. [راجع: ٧٧]

[٦٤٢٣-] قَالَ: سَمِعْتُ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيَّ ثُمَّ أَحَدَ بَنِي سَالِمٍ، قَالَ: غَدَا عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " لَنْ يُوَافِيَ عَبْدٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، يَبْتَغِي بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ، إِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ" [راجع: ٤٢٤]

[٦٤٢٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " يَقُوْلُ اللّٰهُ: مَا لِعَبْدِي الْمُؤْمِنِ عِنْدِيْ جَزَاءٌ إِذَا قَبَضْتُ صَفِيَّهُ مِنَ الدُّنْيَا، ثُمَّ احْتَسَبَهُ إِلَّا الْجَنَّةُ"

وضاحت: پہلی حدیث: دوسری حدیث کی تمہید ہے............وَافَی موافاۃً فلانا: کسی کے پاس اچانک آنا...... الصَّفِي: چیدہ چیز، مراد آنکھیں ہیں یعنی نابینا ہوگیا۔

بَابُ مَا يُحَذَّرُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَالتَّنَافُسِ فِيْهَا

دنیا کی رونق و بہار سے اور اس میں ایک دوسرے سے بڑھ کر حصہ لینے سے ڈرایا گیا

اللہ تعالیٰ نے امتحان کی غرض سے دنیا کو پُر رونق بنایا ہے، یہاں انسان کا دل ایسا لگا رہتا ہے کہ کسی حال میں نہیں اکھڑتا، آنکھیں جواب دے گئیں، کان سماعت سے محروم ہوگئے، ٹانگوں میں طاقت نہیں رہی، اور دل و دماغ نے کام کرنا چھوڑ دیا، مگر دادا دنیا چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ــــ اور آخرت کو نگاہوں سے اوجھل کر دیا ہے، مؤمنین اگرچہ آخرت کو مانتے ہیں، مگر ان کو بھی سر کی آنکھوں سے نظر نہیں آتی، اس لئے ان کی عقلوں پر بھی پردہ پڑ جاتا ہے، چنانچہ قرآن و حدیث میں دنیا کی باغ و بہار زندگی سے ڈرایا گیا، جیسے سانپ کی ملائمت سے غافل کو ڈرایا جاتا ہے تاکہ وہ اس کو ڈس نہ لے ــــ اور یہ جنرل باب ہے، آگے متعدد ذیلی ابواب آرہے ہیں۔

پہلی حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۶: ۴۳۹) میں آچکی ہے، اس میں آپؐ نے انصار سے جو بہ امید مال آئے تھے فرمایا: "بخدا! میں تم پر محتاجگی سے نہیں ڈرتا، بلکہ میں تم پر اس بات سے ڈرتا ہوں کہ تم پر دنیا پھیلائی جائے گی جس طرح ان لوگوں پر پھیلائی گئی جو تم سے پہلے ہوئے، پس اس میں منافست (ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش) کرنے لگو جیسا پہلوں نے منافست کی، اور وہ تم کو تباہ کر دے، جیسا پہلوں کو تباہ کر دیا!"

[٧-] بَابُ مَا يُحَذَّرُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَالتَّنَافُسِ فِيْهَا

[٦٤٢٥-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُوْسَى

ابْنِ عُقْبَةَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ: أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَمْرَو بْنَ عَوْفٍ – وَهُوَ حَلِيْفُ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم– أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ إِلٰى الْبَحْرَيْنِ يَأْتِي بِجِزْيَتِهَا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هُوَ صَالَحَ أَهْلَ الْبَحْرَيْنِ، فَسَمِعَتِ الْأَنْصَارُ بِقُدُوْمِهِ، فَوَافَتْ صَلَاةَ الصُّبْحِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا انْصَرَفَ تَعَرَّضُوْا لَهُ، فَتَبَسَّمَ حِيْنَ رَآهُمْ فَقَالَ: "أَظُنُّكُمْ سَمِعْتُمْ بِقُدُوْمِ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، وَأَنَّهُ جَاءَ بِشَيْئٍ" قَالُوْا: أَجَلْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَأَبْشِرُوْا وَأَمِّلُوْا مَا يَسُرُّكُمْ، فَوَ اللّٰهِ مَا الْفَقْرَ أَخْشَى عَلَيْكُمْ، وَلٰكِنْ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا، كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا وَتُلْهِيَكُمْ كَمَا أَلْهَتْهُمْ"[راجع: ٣١٥٨]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے وفات سے چند دن پہلے شہدائے احد کی زیارت کی، پھر تقریر فرمائی کہ بخدا! تمہارے بارے میں اس بات کا اندیشہ نہیں کہ تم میرے بعد شرک میں مبتلا ہوجاؤ گے، ہاں میں ڈرتا ہوں کہ تم دنیا کی ریس کرنے لگو یعنی دنیا حاصل کرنے میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرو جو تمہارے لئے تباہ کن ثابت ہو (تحفۃ القاری ۴: ۱۰۳)

[٦٤٢٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ يَوْمًا فَصَلّٰى عَلٰى أَهْلِ أُحُدٍ صَلَاتَهُ عَلٰى الْمَيِّتِ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلٰى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: "إِنِّيْ فَرَطٌ لَكُمْ وَأَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لَأَنْظُرُ إِلٰى حَوْضِيْ الْآنَ، وَإِنِّيْ قَدْ أُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، أَوْ: مَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنِّيْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا" [راجع: ١٣٤٤]

آئندہ حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۴: ۲۴۴) میں آئی ہے، اس میں ہے: "مجھے اپنے بعد تم پر جس چیز کا ڈر ہے وہ دنیا کی زیب وزینت ہے جو تم پر کھولی جائے گی" یعنی فتوحات ہونگی، جس کے نتیجہ میں مال کی فروانی ہوگی، اور اس کی زیب وزینت تم کو آخرت سے غافل کرے گی۔

[٦٤٢٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ أَكْبَرَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مَا يُخْرِجُ اللّٰهُ لَكُمْ مِنْ بَرَكَاتِ الْأَرْضِ" قِيْلَ: مَا بَرَكَاتُ الْأَرْضِ؟ قَالَ: "زَهْرَةُ الدُّنْيَا" فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: هَلْ يَأْتِيْ الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَصَمَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ يُنْزَلُ عَلَيْهِ، ثُمَّ جَعَلَ يَمْسَحُ عَنْ جَبِيْنِهِ، قَالَ: "أَيْنَ السَّائِلُ؟" قَالَ: أَنَا، قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: لَقَدْ حَمِدْنَاهُ حِيْنَ طَلَعَ ذٰلِكَ، قَالَ: "لَا يَأْتِيْ الْخَيْرُ إِلَّا

بِالْخَيْرِ، إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَإِنَّ كُلَّ مَا أَنْبَتَ الرَّبِيْعُ يَقْتُلُ حَبَطًا أَوْ يُلِمُّ، إِلَّا آكِلَةَ الْخُضْرَةِ، تَأْكُلُ حَتّٰى إِذَا امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ، فَاجْتَرَّتْ وَثَلَطَتْ وَبَالَتْ، ثُمَّ عَادَتْ فَأَكَلَتْ، وَإِنَّ هٰذَا الْمَالَ حُلْوَةٌ، مَنْ أَخَذَهُ بِحَقِّهِ وَوَضَعَهُ فِيْ حَقِّهِ، فَنِعْمَ الْمَعُوْنَةُ هُوَ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِغَيْرِ حَقِّهِ، كَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ"[راجع: ۹۲۱]

آئندہ دوحدیثیں: پہلے تحفۃ القاری (۶:۵۱) میں آئی ہے، قرون ثلاثہ کے بعد احوال بدلیں گے، ایسے لوگ آئیں گے جو خیانت کریں گے، اور امانت داری سے کام نہیں لیں گے، اور گواہی دیں گے اور وہ گواہ نہیں بنائے گئے ہونگے، اور منتیں مانیں گے اور ان کو پورا نہیں کریں گے، اور ان میں موٹاپا ظاہر ہوگا —— علامہ عینی رحمہ اللہ نے فرمایا: حدیثوں کی باب سے مناسبت مضمون سے لی جائے گی، حدیثوں میں مذکور خرابیاں دنیا اور اس کی تر و تازگی کی طرف میلان کا نتیجہ ہیں، ورنہ مؤمن یہ حرکتیں کیوں کرے گا؟

[۶۴۲۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ زَهْدَمُ بْنُ مُضَرِّبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "خَيْرُكُمْ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ" قَالَ عِمْرَانُ: فَمَا أَدْرِيْ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ قَوْلِهِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا " ثُمَّ يَكُوْنُ بَعْدَهُمْ قَوْمٌ يَشْهَدُوْنَ وَلَا يُسْتَشْهَدُوْنَ وَيَخُوْنُوْنَ وَلَا يُؤْتَمَنُوْنَ، وَيَنْذِرُوْنَ وَلَا يَفُوْنَ، وَيَظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمَنُ"[راجع: ۲۶۵۱]

[۶۴۲۹-] حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَجِيْءُ مِنْ بَعْدِهِمْ قَوْمٌ تَسْبِقُ شَهَادَتُهُمْ أَيْمَانَهُمْ وَأَيْمَانُهُمْ شَهَادَتَهُمْ"[راجع: ۲۶۵۲]

آئندہ حدیث: دسویں جلد میں کتاب المرضیٰ میں آچکی ہے، حضرت خبابؓ نے ان صحابہ کی تعریف کی ہے جو گذر گئے اور دنیا نے ان کا اجر نہیں گھٹایا، وہ فتوحات سے قبل گذر گئے، اور دنیا کی رعنائی انھوں نے نہیں دیکھی، وہی اقتداء کے قابل ہیں —— اور آگے باب ذهاب الصالحين آرہا ہے، وہ اسی سلسلہ کا ذیلی باب ہے۔

[۶۴۳۰-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ قَيْسٍ، سَمِعْتُ خَبَّابًا وَقَدِ اكْتَوَى يَوْمَئِذٍ سَبْعًا فِيْ بَطْنِهِ، وَقَالَ: لَوْلَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَانَا أَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِالْمَوْتِ، إِنَّ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم مَضَوْا وَلَمْ تَنْقُصْهُمُ الدُّنْيَا بِشَيْءٍ، وَإِنَّا أَصَبْنَا مِنَ الدُّنْيَا مَالَا نَجِدُ لَهُ مَوْضِعًا إِلَّا التُّرَابَ.[راجع: ۵۶۷۲]

[٦٤٣١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ قَيْسٌ، قَالَ: أَتَيْتُ خَبَّابًا وَهُوَ يَبْنِيْ حَائِطًا لَهُ، فَقَالَ: إِنَّ أَصْحَابَنَا الَّذِيْنَ مَضَوْا لَمْ تَنْقُصْهُمُ الدُّنْيَا شَيْئًا، وَإِنَّا أَصَبْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ شَيْئًا، لاَ نَجِدُ لَهُ مَوْضِعًا إِلاَّ فِي التُّرَابِ.[راجع: ٥٦٧٢]

[٦٤٣٢-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ١٢٧٦]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ:﴿ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلاَ تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا﴾

آخرت بالیقین آنے والی ہے پس دنیا کسی کو دھوکے میں نہ ڈالے

یہ ذیلی باب ہے۔سورۃ الفاطر کی (آیات ۵و۶) ہیں:﴿يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلاَ تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا،وَلاَ يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ○ إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا، إِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهُ لِيَكُوْنُوْا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيْرِ﴾:

ترجمہ:اے لوگو! اللہ تعالیٰ کا (آخرت کا) وعدہ برحق (بالکل سچا) ہے، پس تم کو دنیوی زندگی دھوکے میں نہ ڈالے، اور نہ بڑا دھوکہ باز (شیطان) اللہ کے معاملہ میں تم کو دھوکے میں ڈالے○ شیطان یقیناً تمہارا دشمن ہے، پس تم اس کو اپنا دشمن سمجھو، وہ اپنے گروہ کو بلاتا ہے تاکہ وہ دوزخیوں میں سے ہوجائیں —— سَعِيْر: بھڑکتی آگ، جمع سُعُر...... الغرور: بڑا دھوکہ باز یعنی شیطان۔

حدیث: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو وضو کر کے دکھایا، پھر حدیث سنائی کہ جو شخص وضوء کے بعد تحیۃ الوضوء پڑھے، اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے، پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''دھوکہ نہ کھانا!'' کہ کہو، چلو کرو گناہ، پھر وضوء کر کے تحیۃ الوضوء پڑھ لیں گے —— کیونکہ ذنوب یعنی کوتاہیاں معاف ہوتی ہیں، ڈھٹائی والے گناہ معاف نہیں ہوتے، اور جب آدمی گناہ میں پیر پسارتا ہے تو گھستا ہی چلا جاتا ہے!

[٨-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ:﴿ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلاَ تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ:﴿ مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيْرِ﴾

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: السَّعِيْرُ: جَمْعُهُ سُعُرٌ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْغَرُوْرُ: الشَّيْطَانُ.

[٦٤٣٣-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ الْقُرَشِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُعَاذُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبْنَ أَبَانَ أَخْبَرَهُ، قَالَ: أَتَيْتُ عُثْمَانَ بِطَهُوْرِهِ وَهُوَ جَالِسٌ عَلٰى

الْمَقَاعِدِ، فَتَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تَوَضَّأَ وَهُوَ فِي هٰذَا الْمَجْلِسِ، فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ قَالَ: "مَنْ تَوَضَّأَ مِثْلَ هٰذَا الْوُضُوْءِ، ثُمَّ أَتَى الْمَسْجِدَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ جَلَسَ، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" قَالَ: وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَا تَغْتَرُّوْا"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هُوَ حُمْرَانُ بْنُ أَبَانَ. [راجع: ١٥٩]

بَابُ ذَهَابِ الصَّالِحِيْنَ

نیک لوگوں کا اٹھ جانا

یہ بھی ذیلی باب ہے، نیک لوگ وہ ہیں جو آخرت کے کام بھی کرتے ہیں، اور ایسے لوگ کم ہی ہوتے ہیں (سورہ سبا آیت ۱۳) زیادہ تر لوگ تو دنیا کے کاموں میں پھنسے رہتے ہیں، پھر یہ نیک لوگ بھی دن بدن گھٹتے رہتے ہیں، ہر ملت کے شروع میں نیک لوگ زیادہ ہوتے ہیں اور آخر میں گھٹ جاتے ہیں (سورۃ الواقعہ آیات ۱۳و۱۴) انہی نیک لوگوں کی وجہ سے اللہ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں اور کامرانی ملتی ہے، جیسے ضعفاء (کمزور لوگوں) کی وجہ سے مدد آتی ۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "نیک لوگ ایک ایک کر کے اٹھ جائیں گے، اور پیچھے کوڑا رہ جائے گا، جیسے جو کا چوکر یا ردی کھجوریں، اللہ تعالیٰ ان کی ذرا بھی پرواہ نہیں کریں گے ـــــ صحابہ اور دورِ اول کے لوگ لاکھوں کی تعداد میں تھے، انھوں نے دنیا میں دین کا ڈنکا بجادیا، اور ایک دنیا ان سے تھراتی تھی، اور آج ڈیڑھ سو کروڑ مسلمان ہیں، مگر وہ پر کاہ ہو کر رہ گئے ہیں، کیونکہ نیک لوگ کم ہو گئے، اور باقی چوکر رہ گیا، جس کو اعداء پھونک مار کر اڑا دیتے ہیں۔

[٩-] بَابُ ذَهَابِ الصَّالِحِيْنَ

[٦٤٣٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ مِرْدَاسٍ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ، وَتَبْقَى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ الشَّعِيْرِ أَوِ التَّمْرِ، لَا يُبَالِيْهِمُ اللّٰهُ بَالَةً" [راجع: ٤١٥٦]

بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ فِتْنَةِ الْمَالِ

مال کے فتنہ سے بچو

آیتِ کریمہ: سورۃ التغابن (آیت ۱۵) میں ہے: "تمہارے اموال اور تمہاری اولاد بس آزمائش ہی ہیں" یعنی اللہ تعالیٰ مال و اولاد دے کر تم کو جانچتے ہیں کہ کون ان فانی چیزوں میں پھنس کر آخرت کی دائمی نعمتوں کو فراموش کرتا ہے، اور کون

ان کے ذریعہ اپنی آخرت کو آباد کرتا ہے۔

حدیث (۱): ناس ہو دینار، درہم، مخملی چادر اور پھول بوٹے والی کالی کملی کے پرستار کا! اگر وہ (یہ چیزیں) دیا گیا تو (اللہ سے) خوش ہوا، اور اگر نہیں دیا گیا تو ناخوش ہوا ـــــ یہی مال کا فتنہ ہے، مال ملا تو اللہ سے خوش، ورنہ ناراض! حالانکہ مال تو آزمائش ہے، کبھی اللہ تعالیٰ مال دے کر آزماتے ہیں کبھی نہ دے کر!

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر انسان کو دو میدان بھر کر مال مل جائے تو وہ تیسرا میدان بھر کر چاہے گا، اور انسان کے پیٹ کو تو (قبر کی) مٹی ہی بھر سکتی ہے (اس سے پہلے اس کا پیٹ نہیں بھرے گا) اور اللہ تعالیٰ توبہ کی توفیق دیتے ہیں اس کو جو اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے'' اس حدیث کے دوسرے طریق میں ہے: ابن عباس (راوی) نے فرمایا: میں نہیں جانتا کہ یہ قرآن کی آیت ہے یا نہیں، اور عطاء (راوی) کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن الزبیر سے خطبہ میں یہ حدیث سنی ہے، یہی بات تیسری روایت میں عباس بن سہل نے کہی ہے، پھر یہ حدیث حضرت انسؓ سے روایت کی ہے، اور آخری حدیث میں حضرت ابی بن کعبؓ کا قول ہے کہ ہم اس کو قرآن کی آیت سمجھتے تھے، پھر جب سورۃ التکاثر نازل ہوئی تو اس کی تلاوت منسوخ کی گئی۔

تشریح: مال کی حرص کبھی ختم ہونے کا نام نہیں لیتی، خواہ کتنا ہی مال مل جائے آدمی دونا کے چکر میں رہتا ہے، اور آخرت سے غافل ہو جاتا ہے، یہی مال کا فتنہ ہے، اس سے بچنا چاہئے ـــــ اور اگر مال کاروبار آخرت سے غافل نہ کرے تو صحابہ میں عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ بھی ہوئے ہیں، اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ بھی، جن کے ترکہ میں سونا کلہاڑوں سے کاٹ کر بانٹا گیا تھا، اور خواجہ عبیداللہ احرار رحمہ اللہ کی خانقاہ کے دروازے پر کسی نے لکھا: نہ مرد است آنکہ دنیا دوست دارد! آپ نے اس کا جواب لکھوایا: وگر دارد برائے دوست دارد! اور پیرانِ پیر جیلانی رحمہ اللہ کا امپورٹ ایکسپورٹ کا بڑا کاروبار تھا، اور امام اعظمؒ کپڑوں کے تھوک کے تاجر تھے، مگر دنیا نے ان کو آخرت سے غافل نہیں کیا۔

[۱۰-] بَابُ مَا يُتَّقٰى مِنْ فِتْنَةِ الْمَالِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ﴾ [التغابن: ۱۵]

[۶۴۳۵-] حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ وَالْقَطِيْفَةِ وَالْخَمِيْصَةِ! إِنْ أُعْطِيَ رَضِيَ، وَإِنْ لَمْ يُعْطَ لَمْ يَرْضَ'' [راجع: ۲۸۸۶]

[۶۴۳۶-] حدثنا أَبُوْعَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' لَوْكَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَا بْتَغٰى ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ، إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ'' [راجع: ۶۴۳۷]

[٦٤٣٧-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَخْلَدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، سَمِعْتُ عَطَاءً، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: "لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ مِثْلَ وَادٍ مَالاً لَأَحَبَّ أَنَّ لَهُ إِلَيْهِ مِثْلَهُ، وَلاَ يَمْلَأُ عَيْنَ ابْنِ آدَمَ، إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ" قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَلاَ أَدْرِيْ مِنَ الْقُرْآنِ هُوَ أَمْ لاَ؟ قَالَ: فَسَمِعْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ ذٰلِكَ عَلَى الْمِنْبَرِ. [راجع: ٦٤٣٦]

[٦٤٣٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْغَسِيْلِ، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ عَلٰى مِنْبَرِ مَكَّةَ فِيْ خُطْبَتِهِ يَقُوْلُ: يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَقُوْلُ: "لَوْ أَنَّ ابْنَ آدَمَ أُعْطِيَ وَادِيًا مُلِيءَ مِنْ ذَهَبٍ أَحَبَّ إِلَيْهِ ثَانِيًا، وَلَوْ أُعْطِيَ ثَانِيًا أَحَبَّ إِلَيْهِ ثَالِثًا، وَلاَ يَسُدُّ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهِ عَلٰى مَنْ تَابَ"

[٦٤٣٩-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ أَحَبَّ أَنْ يَكُوْنَ لَهُ وَادِيَانِ، وَلَنْ يَمْلَأَ فَاهُ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ"

[٦٤٤٠-] وَقَالَ لَنَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أُبَيٍّ: كُنَّا نُرَى هٰذَا مِنَ الْقُرْآنِ حَتّٰى نَزَلَتْ: ﴿أَلْهَاكُمُ﴾

وضاحت: حدیث (۶۴۳۷) میں لفظ مِثْل ہے، اور گیلری میں مَلَا ہے، یہ واضح ہے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "هٰذَا الْمَالُ حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ"

مال شیریں ہرا بھرا ہے

شیریں: انسانوں کے تعلق سے تشبیہ ہے، اور ہرا بھرا: جانوروں کے تعلق سے۔ سورۃ آل عمران کی (آیت ۱۴) ہے: ﴿زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُنْقَطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ، ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا، وَاللّٰهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الْمَآبِ﴾: خوشنما بنائی گئی لوگوں کے لئے مرغوب چیزوں کی محبت: یعنی عورتیں، بیٹے، سونے چاندی کے لگے ہوئے ڈھیر، نشان لگے ہوئے گھوڑے، مویشی اور کھیتی، یہ سب دنیوی زندگی کی استعمالی چیزیں ہیں، اور انجام کی خوبی اللہ ہی کے پاس ہے یعنی لوگ ان چیزوں پر دلدادہ ہوتے ہیں، اس لئے یہ چیزیں موجب فتنہ بن جاتی ہیں، اور ابدی فلاح ان چیزوں سے حاصل نہیں ہوتی۔

اثر: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دعا کی: "اے اللہ! ہم اس کی طاقت نہیں رکھتے کہ خوش نہ ہوں ان چیزوں سے جن کو آپ نے ہمارے لئے خوشنما بنایا ہے، اے اللہ! میری آپ سے درخواست ہے کہ میں اس کو آپ کی خاطر خرچ کروں"

——— یعنی مذکورہ دنیا کی استعمالی چیزیں جب ملتی ہیں تو خوشی ہوتی ہے، یہ فطری امر ہے اور مضر نہیں، مضر ان کو جمع رکھنا ہے، اگر ان کو راہِ خدا میں خرچ کرنے کی توفیق مل جائے تو زہے نصیب!

حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۲۵۲:۴) میں گذری ہے، نبی ﷺ نے حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''اے حکیم! یہ مال (مالِ غنیمت) سرسبز وشریں ہے، جو شخص دریا دلی سے اس کو لیتا ہے اس کے لئے اس میں برکت فرمائی جاتی ہے، اور جو شخص نفس کے جھانکنے کے ساتھ لیتا ہے، اس کے لئے اس میں برکت نہیں فرمائی جاتی، اور وہ اس شخص کی طرح ہوتا ہے جو کھاتا ہے مگر شکم سیر نہیں ہوتا! اور اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے!''

[۱۱-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:'' هٰذَا الْمَالُ حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ''

[۱-] وَقَالَ اللّٰهُ: ﴿زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا﴾

[۲-] وَقَالَ عُمَرُ: اللّٰهُمَّ إِنَّا لَا نَسْتَطِيْعُ إِلَّا أَنْ نَفْرَحَ بِمَا زَيَّنْتَ لَنَا، اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ أَنْ أُنْفِقَهُ فِيْ حَقِّهِ.

[۶۴۴۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يَقُوْلُ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، وَسَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ قَالَ:'' هٰذَا الْمَالُ- وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: قَالَ لِيْ: يَا حَكِيْمُ! إِنَّ هٰذَا الْمَالَ- خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِطِيْبِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ، وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى''[راجع: ۱۴۷۲]

بَابٌ: مَا قَدَّمَ مِنْ مَالِهِ فَهُوَ لَهُ

اپنا مال وہی ہے جو اس نے آگے بھیج دیا

مسلم شریف کی روایت ہے: انسان کہتا ہے: یہ مال میرا! وہ مال میرا! حالانکہ انسان کا مال وہ ہے جس کو کھا کر ختم کر دیا، یا پہن کر پرانا کر دیا، یا خیرات کر کے آگے بڑھا دیا (مشکاۃ حدیث ۵۱۶۹) باقی مال جو آدمی پیچھے چھوڑ جاتا ہے وہ ورثاء کا ہے، اور اپنا مال غیر کے مال سے اچھا ہوتا ہے!

حدیث: نبی ﷺ نے صحابہ سے پوچھا: تم میں سے کس کو اپنے وارث کا مال زیادہ پسند ہے اپنے مال سے؟ صحابہ نے جواب دیا: اے اللہ کے رسول! ہم میں سے ہر ایک کو اپنا مال زیادہ پسند ہے! آپؐ نے فرمایا: پس اس کا مال وہ ہے جو اس نے آگے بھیج دیا، اور اس کے وارث کا مال وہ ہے جو پیچھے چھوڑ گیا''

[۱۲-] بَابٌ: مَا قَدَّمَ مِنْ مَالِهِ فَهُوَ لَهُ

[۶۴۴۲-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ التَّيْمِيُّ،

عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَيُّكُمْ مَالُ وَارِثِهِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِهِ؟" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا مِنَّا أَحَدٌ إِلَّا مَالُهُ أَحَبُّ إِلَيْهِ، قَالَ: " فَإِنَّ مَالَهُ مَا قَدَّمَ،وَمَالُ وَارِثِهِ مَا أَخَّرَ"

بَابٌ: الْمُكْثِرُوْنَ هُمُ الْأَقَلُّوْنَ

بڑے مالدار ہی زیادہ گھاٹے میں ہیں

آدمی دولت مند مال میں بخیلی کئے بغیر نہیں بن سکتا، چھپر پھاڑ کر تو اللہ تعالیٰ کسی کسی کو دیتے ہیں، عام طور پر تو پیسہ پیسہ جوڑنا پڑتا ہے، اور جب بخیلی عادت بن جاتی ہے تو وجوہ خیر میں خرچ کرنے کی توفیق نہیں ملتی، اس لئے بڑے مالدار آخرت میں بڑے گھاٹے میں رہیں گے۔

علاوہ ازیں: بڑا مالدار ڈاکہ ڈالے بغیر نہیں بن سکتا، جھوٹ فریب کرنا ہی پڑتا ہے، اگر اس نے ڈاکہ نہیں ڈالا تو اس کے باپ نے ڈالا ہوگا یا اس کے دادا نے ڈالا ہوگا، پس یہ گناہ بھی اس کے سر منڈھا ہوا ہے، پھر آخرت میں وہ فلاح کیسے پائے گا؟

آیتِ کریمہ: سورۃ ہود کی (آیات ۱۵و۱۶) ہیں: ﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لاَ يُبْخَسُوْنَ ○ أُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ، وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾:

ترجمہ: جو شخص حیاتِ دنیوی اور اس کی رونق کا ارادہ کرتا ہے تو ہم پورے بھگتا دیتے ہیں ان کو ان کے اعمال دنیا میں، اور وہ دنیا میں کمی نہیں کئے جائیں گے، یہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں آگ ہی ہے، اور اکارت گیا وہ کام جو انھوں نے دنیا میں کیا تھا، اور ناکارہ ثابت ہوئے وہ کام جو وہ کیا کرتے تھے۔

تفسیر: آیت عام ہے کافر، مشرک، منافق اور ریاکار دنیا پرست مسلمان کو، وہ جو کچھ خرچ کرتے ہیں نام آوری کے لئے کرتے ہیں، پس اس کا بھگتان دنیا ہی میں کر دیا جاتا ہے، آخرت میں ان کے پلّے گھاٹے کے علاوہ کچھ نہیں ہوگا۔

حدیث: پہلے کئی مرتبہ آچکی ہے، مگر یہاں مفصل ہے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک رات (گھر سے) نکلا، پس اچانک رسول اللہ ﷺ تنہا چل رہے تھے، آپؐ کے ساتھ کوئی انسان نہیں تھا، پس میں نے گمان کیا کہ آپ اس بات کو ناپسند کر رہے ہیں کہ کوئی آپؐ کے ساتھ چلے، پس میں چاند کے سایے میں چلنے لگا یعنی جہاں چاند کی چاندنی نہیں پڑتی تھی وہاں چلنے لگا، پس آپؐ متوجہ ہوئے، اور مجھے دیکھا، پوچھا: کون؟ میں نے کہا: ابوذرؓ، اللہ مجھے آپؐ پر قربان کرے! آپؐ نے فرمایا: ابوذر! آجا! پس میں تھوڑی دیر آپؐ کے ساتھ چلا، آپؐ نے فرمایا: "بڑے مالدار ہی قیامت کے دن سب سے زیادہ گھاٹے میں رہیں گے! مگر جسے اللہ تعالیٰ نے مال دیا، پس پھونک ماری اس نے مال میں یعنی خرچ کیا دائیں، بائیں، آگے اور پیچھے، اور کی اس نے مال میں نیکی" —— ابوذرؓ کہتے ہیں: میں آپؐ کے ساتھ تھوڑی دیر چلا، پس

آپؐ نے مجھ سے فرمایا: ''یہاں بیٹھ جا'' آپؐ نے مجھے ایک سپاٹ جگہ میں بٹھادیا جس کے گرد پتھر تھے، مجھ سے فرمایا: ''یہاں بیٹھارہ یہاں تک کہ میں تیرے پاس لوٹ آؤں'' پس آپ حرّہ (پتھریلی زمین) میں چلے یہاں تک کہ مجھے نظر نہیں آنے لگے، پس آپؐ مجھ سے ٹھہرے رہے، اور ٹھہرنا لمبا کردیا، پھر میں نے آپؐ کو سنا درانحالیکہ آپ آرہے تھے: ''اگرچہ چوری کی ہو، اگرچہ زنا کیا ہو!'' پس جب آپؐ آئے تو مجھ سے رہا نہیں گیا، میں نے پوچھا: اے اللہ کے نبی! اللہ مجھے آپؐ پر قربان کریں! آپ حرہ کی جانب میں کس سے بات کررہے تھے؟ میں نے کسی کو نہیں سنا جس نے آپؐ کو کچھ جواب دیا ہو! آپؐ نے فرمایا: ''وہ جبرئیل تھے، حرہ کی جانب میں میرے سامنے آئے، اور کہا: آپؐ اپنی امت کو خوش خبری دیں کہ جو اس حال میں مرا کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرایا وہ جنت میں جائے گا! میں نے پوچھا: جبرئیل! چاہے اس نے چوری کی ہو، چاہے اس نے زنا کیا ہو؟ انھوں نے کہا: ہاں! میں نے (دوبارہ) پوچھا: ''چاہے اس نے چوری کی ہو، چاہے اس نے زنا کیا ہو؟ انھوں نے کہا: ہاں! میں نے (سہ بارہ) پوچھا: چاہے اس نے چوری کی ہو، چاہے اس نے زنا کیا ہو؟ انھوں نے کہا: ہاں! چاہے شراب (بھی) پی ہو۔

سند: یہ عبدالعزیز بن رُفیع کی زید بن وہب سے روایت ہے، حبیب بن ابی ثابت اور سلیمان اعمش بھی زید بن وہب سے اسی طرح روایت کرتے ہیں —— اور عبدالعزیز بن رفیع ابوصالح کے واسطہ سے حضرت ابوالدرداءؓ سے بھی اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

فیصلہ: ابوصالح کی روایت منقطع ہے، ان کا ابوالدرداءؓ سے لقاء نہیں، اس لئے ان کی روایت صحیح نہیں، ان کی سند امام بخاریؒ نے صرف اس لئے ذکر کی ہے کہ طلبہ کے علم میں آجائے، صحیح روایت ابوذرؓ کی ہے، امام بخاریؒ نے فرمایا: ابوالدرداءؓ والی سند کاٹ ڈالو! بخاری پڑھنے والے طالب علم نے (فربری نے) امام بخاریؒ سے کہا، یہ حدیث ابوالدرداءؓ سے عطاء بن یسار بھی روایت کرتے ہیں؟ اس کے بارے میں کیا رائے ہے؟ امام بخاریؒ نے فرمایا: وہ بھی منقطع ہے، صحیح نہیں، صحیح ابوذرؓ کی حدیث ہے۔ پھر امام بخاریؒ نے وہ بات فرمائی جو پہلے تحفۃ القاری (۱۰:۵۶۸) میں آچکی ہے۔

[۱۳-] بَابٌ: الْمُكْثِرُوْنَ هُمُ الأَقَلُّوْنَ

وَقَوْلُهُ: ﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾

[۶۴۴۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: خَرَجْتُ لَيْلَةً مِنَ اللَّيَالِيْ فَإِذَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَمْشِيْ وَحْدَهُ، لَيْسَ مَعَهُ إِنْسَانٌ، قَالَ: فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يَكْرَهُ أَنْ يَمْشِيَ مَعَهُ أَحَدٌ، فَجَعَلْتُ أَمْشِيْ فِيْ ظِلِّ الْقَمَرِ، فَالْتَفَتَ فَرَآنِيْ، فَقَالَ: "مَنْ هٰذَا؟" قُلْتُ: أَبُوْ ذَرٍّ، جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ! قَالَ: "يَا أَبَا ذَرٍّ تَعَالَهْ" فَمَشَيْتُ مَعَهُ سَاعَةً،

فَقَالَ:" إِنَّ الْمُكْثِرِيْنَ هُمُ الْمُقِلُّوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ خَيْرًا، فَنَفَحَ فِيْهِ يَمِيْنَهُ وَشِمَالَهُ وَبَيْنَ يَدَيْهِ وَوَرَاءَ هُ، وَعَمِلَ فِيْهِ خَيْرًا" قَالَ: فَمَشَيْتُ مَعَهُ سَاعَةً فَقَالَ لِيْ:" اجْلِسْ هَاهُنَا" قَالَ: فَأَجْلَسَنِيْ فِيْ قَاعٍ حَوْلَهُ حِجَارَةٌ، فَقَالَ لِيْ:" اجْلِسْ هَاهُنَا حَتّٰى أَرْجِعَ إِلَيْكَ" قَالَ: فَانْطَلَقَ فِي الْحَرَّةِ حَتّٰى لَا أَرَاهُ، فَلَبِثَ عَنِّيْ فَأَطَالَ اللُّبْثَ، ثُمَّ إِنِّيْ سَمِعْتُهُ وَهُوَ مُقْبِلٌ وَهُوَ يَقُوْلُ:" وَإِنْ سَرَقَ وَإِنْ زَنٰى!" قَالَ: فَلَمَّا جَاءَ لَمْ أَصْبِرْ حَتّٰى قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاءَ كَ! مَنْ تُكَلِّمُ فِيْ جَانِبِ الْحَرَّةِ؟! مَا سَمِعْتُ أَحَدًا يَرْجِعُ إِلَيْكَ شَيْئًا، قَالَ:" ذَاكَ جِبْرَئِيْلُ، عَرَضَ لِيْ فِي جَانِبِ الْحَرَّةِ، قَالَ: بَشِّرْ أُمَّتَكَ، أَنَّهُ مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، قُلْتُ: يَا جِبْرَئِيْلُ! وَإِنْ سَرَقَ وَإِنْ زَنٰى؟! قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: وَإِنْ سَرَقَ وَإِنْ زَنٰى؟! قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: وَإِنْ سَرَقَ وَإِنْ زَنٰى؟! قَالَ: نَعَمْ، وَإِنْ شَرِبَ الْخَمْرَ" [راجع: ۱۲۳۷]

قَالَ النَّضْرُ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ ثَابِتٍ، وَالْأَعْمَشُ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ رُفَيْعٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ بِهٰذَا.

وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، نَحْوَ ذٰلِكَ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَحَدِيْثُ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ مُرْسَلٌ، لَا يَصِحُّ، إِنَّمَا أَوْرَدْنَاهُ لِلْمَعْرِفَةِ، وَالصَّحِيْحُ حَدِيْثُ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: اضْرِبُوْا عَلٰى حَدِيْثِ أَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ: حَدِيْثُ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: مُرْسَلٌ أَيْضًا لَا يَصِحُّ، وَالصَّحِيْحُ حَدِيْثُ أَبِيْ ذَرٍّ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: هٰذَا إِذَا تَابَ وَقَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ.

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" مَا أُحِبُّ أَنَّ لِيْ أُحُدًا ذَهَبًا"

میرے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہوتا تو مجھے خوشی نہ ہوتی

حاتم طائی کی سخاوت میں شہرت ہے، مگر میرے آقا اس سے بڑے سخی تھے، فرمایا:''اگر میرے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہوتا تو مجھے خوشی نہ ہوتی کہ مجھ پر تین دن گذریں اور میرے پاس اس میں سے کچھ بھی ہو، مگر وہ چیز جس کو میں قرضہ کے لئے محفوظ رکھوں!'' اور حدیث گذشتہ باب والی ہے، اس میں یہ مضمون زائد ہے۔ اور یہی بات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے، جو باب کی دوسری اور آخری حدیث ہے۔

[۱۴-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" مَا أُحِبُّ أَنَّ لِيْ أُحُدًا ذَهَبًا"

[۶۴۴۴-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ ذَرٍّ: كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَرَّةِ الْمَدِيْنَةِ، فَاسْتَقْبَلَنَا أُحُدٌ فَقَالَ:" يَا

أَبَا ذَرٍّ" قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" مَا يَسُرُّنِىْ أَنَّ عِنْدِىْ مِثْلَ أُحُدٍ هٰذَا ذَهَبًا، تَمْضِىْ عَلَىَّ ثَالِثَةٌ وَعِنْدِىْ مِنْهُ دِيْنَارٌ، إِلَّا شَيْئٌ أُرْصِدُهُ لِدَيْنٍ، إِلَّا أَنْ أَقُوْلَ بِهِ فِى عِبَادِ اللّٰهِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا" عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ وَمِنْ خَلْفِهِ. ثُمَّ مَشَى، ثُمَّ قَالَ:" أَلَا إِنَّ الْأَكْثَرِيْنَ هُمُ الْأَقَلُّوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا مَنْ قَالَ: هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا: عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ وَمِنْ خَلْفِهِ، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ" ثُمَّ قَالَ لِىْ:" مَكَانَكَ لَا تَبْرَحْ حَتّٰى آتِيَكَ" ثُمَّ انْطَلَقَ فِى سَوَادِ اللَّيْلِ حَتّٰى تَوَارَى، فَسَمِعْتُ صَوْتًا قَدِ ارْتَفَعَ، فَتَخَوَّفْتُ أَنْ يَكُوْنَ أَحَدٌ عَرَضَ لِلنَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَرَدْتُ أَنْ آتِيَهُ فَذَكَرْتُ قَوْلَهُ لِىْ:" لَا تَبْرَحْ حَتّٰى آتِيَكَ" فَلَمْ أَبْرَحْ حَتّٰى أَتَانِىْ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتًا تَخَوَّفْتُ، فَذَكَرْتُ لَهُ فَقَالَ: "وَهَلْ سَمِعْتَهُ؟" قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ:" ذَاكَ جِبْرَئِيْلُ أَتَانِىْ، فَقَالَ: مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِكَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ" قُلْتُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟! قَالَ:" وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ" [راجع: ۱۲۳۷]

[٦٤٤٥-] حَدَّثَنِىْ أَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، عَنْ يُوْنُسَ، وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِىْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ كَانَ لِىْ مِثْلُ أُحُدٍ ذَهَبًا لَسَرَّنِىْ أَنْ لَا يَمُرَّ عَلَىَّ ثَلَاثُ لَيَالٍ وَعِنْدِىْ مِنْهُ شَيْئٌ، إِلَّا شَيْئٌ أُرْصِدُهُ لِدَيْنٍ" [راجع: ۲۳۸۹]

بَابٌ: الغِنَى غِنَى النَّفْسِ

مالداری دل کی بے نیازی ہے

مال سامان والے اس قدر پریشان رہتے ہیں کہ ان کو خواب آور گولیاں کھانی پڑتی ہیں، اور غریب جن کا دل بے نیاز ہوتا ہے آرام سے سوتے ہیں۔ پس مالداری حقیقت میں دل کی بے نیازی ہے، مال سامان کی فروانی خاک مالداری ہے!

آیات: سورۃ المؤمنون کی (آیات ۵۵ تا ۶۳) ہیں: ﴿أَيَحْسَبُوْنَ أَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهِ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرَاتِ، بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ إِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِآيَاتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا آتَوْ وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلٰى رَبِّهِمْ رَاجِعُوْنَ ۝ أُوْلٰئِكَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُوْنَ ۝ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عَامِلُوْنَ﴾

ترجمہ: کیا گمان کرتے ہیں وہ لوگ (بڑے مالدار) کہ جو بڑھا رہے ہیں ہم ان کو اس کے ذریعہ یعنی مال اور بیٹوں کے ذریعہ تو ہم ان کو جلدی جلدی فائدہ پہنچا رہے ہیں؟ یعنی ان کا استحقاق ہے اس لئے ہم ان کو ان کا حق خوب دے رہے

ہیں؟ (نہیں) بلکہ وہ شعور نہیں رکھتے (کہ یہ امتحان کے طور پر دیا جارہا ہے) (پھر نیک مالداروں کا استثناء ہے) بے شک جو لوگ اپنے رب سے ڈرنے والے ہیں، اور جو اپنے رب کے احکام پر یقین رکھتے ہیں، اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے، اور جو لوگ دیتے ہیں جو دیتے ہیں درانحالیکہ ان کے دل سہمے ہوئے ہیں کہ وہ اپنے ربّ کے پاس جانے والے ہیں، یہی لوگ بڑھ کر نیک کام کر رہے ہیں، اور وہ ان کاموں کی طرف دوڑنے والے ہیں، اور ہم کسی کو بھی اس کی وسعت سے زیادہ کام کا حکم نہیں دیتے، اور ہمارے پاس نوشتہ ہے جو ٹھیک ٹھیک بولے گا، اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے (استثناء پورا ہوا، یہ نیک مالداروں کا حال ہے، پھر نانہجاروں کے احوال کا تتمہ ہے) بلکہ ان کے دل ان باتوں سے زبردست گمراہی میں ہیں، اور ان کے لئے اس سے ورے کام ہیں (مثلاً رسم ورواج میں خرچ کرنا) وہ ان کو کرنے والے ہیں (اس میں دل کھول کر خرچ کرتے ہیں، اور نیک کاموں میں خرچ کرتے ہوئے ان کو موت آتی ہے)

تفسیر: یہ آیات مفسرینِ کرام نے الگ الگ لی ہیں، اس لئے وہ ان کا مدعا بخوبی واضح نہیں کر سکے، امام بخاری رحمہ اللہ کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیں! انھوں نے سب آیات کو ایک ساتھ لیا ہے، اس لئے ان کا مقصد خوب واضح ہو گیا ہے۔

لیکن اگر امام بخاریؒ ان آیات کو باب نمبر ۱۳ میں لکھتے تو بہتر ہوتا۔ باب نمبر ۱۳ ہے: **المُکثرون هم الأقلون**: بڑے مالدار ہی قیامت کے دن سب سے زیادہ گھاٹے میں رہیں گے، ان آیات کا اس باب سے جوڑ ہے۔

ان آیات میں بڑے مالداروں کا —— خواہ وہ غیر مسلم ہوں، منافق ہوں، بخیل یا ریاکار مسلمان ہوں —— حال بیان کیا ہے کہ وہ اپنی مالداری اور خوش حالی کو اپنا استحقاق نہ سمجھیں، یہ فراوانی تو امتحان کے لئے ہے، پس چاہئے کہ اپنی دولت نیک کاموں میں خرچ کریں، مگر کیسے خرچ کریں؟ ان کا تو اللہ پر، اس کے احکام پر، آخرت کے دن پر اور جزاؤسزا پر ایمان ہی نہیں، اس لئے وہ دنیا کے کاموں میں اور ناموری کی مدات میں خوب دل کھول کر خرچ کرتے ہیں، اور نیک کاموں میں خرچ کرتے ہوئے ان کو موت آتی ہے۔ حضرت سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے فرمایا: انھوں نے آخرت کے لئے کام نہیں کئے، حالانکہ ان کو کرنے چاہئے تھے، جب ان کو اللہ نے دیا تھا تو وہ بھی اللہ کے لئے دیتے! —— اور درمیان میں نیک مالداروں کا حال بیان کیا ہے تاکہ یہ دنیاداران سے سبق لیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''مال سامان کی زیادتی مالداری نہیں، بلکہ نفس کی بے نیازی مالداری ہے''

تشریح: مال سامان بے حساب ہے مگر دل پریشان ہے تو کیا خاک مالداری ہے! اور پلّے کچھ نہیں مگر دل بے نیاز ہے تو وہ بے تاج کا بادشاہ ہے! اور دونوں باتیں جمع ہوں تو سبحان اللہ! صحابہ اور بعد کے لوگوں میں ایسے حضرات گذرے ہیں جن کو دونوں باتیں حاصل تھیں، وہ بڑے مالدار بھی تھے اور ان کو اطمینان قلبی بھی حاصل تھا۔

ایک واقعہ: پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کا امپورٹ ایکسپورٹ کا کاروبار تھا، مال بھر کر پانی کے جہاز دوسرے ملکوں کو جاتے تھے، اور مال لاتے تھے، ایک مرتبہ حضرت مجلس میں تشریف فرما تھے کہ منیجر نے اطلاع دی کہ فلاں

ملک جو جہاز گیا تھا وہ ڈوب گیا، آپ نے سر جھکایا، پھر سر اٹھا کر فرمایا: الحمدللہ! لوگوں کو تعجب ہوا، کیونکہ یہ إنا للہ کہنے کا موقع تھا، مگر کسی کی پوچھنے کی ہمت نہ ہوئی۔ پھر کسی وقت مجلس چل رہی تھی کہ منیجر نے اطلاع دی کہ فلاں ملک سے جو جہاز آیا تھا، وہ دوگنے نفع سے بک گیا، آپ نے سر جھکایا، اور سر اٹھا کر فرمایا: الحمدللہ! اب لوگوں سے نہ رہا گیا، انھوں نے پوچھا کہ اُس موقع پر بھی آپ نے الحمدللہ کہا، اور اِس موقع پر بھی: اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ نے فرمایا: پہلی مرتبہ سر جھکا کر میں نے دل کو ٹٹولا کہ اس نے نقصان کا کچھ اثر لیا یا نہیں؟ میں نے دیکھا کہ اس نے کچھ اثر قبول نہیں کیا، پس میں نے دل کی سلامتی پر اللہ کا شکر ادا کیا، اور اِس موقع پر بھی میں نے دل کو ٹٹولا کہ وہ اتنے بڑے نفع سے خوش ہوا یا نہیں؟ میں نے دیکھا کہ اس نے کوئی اثر نہیں لیا، پس میں نے دل کی سلامتی پر اللہ کا شکر ادا کیا۔

[۱۵-] بَابٌ: الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ

وَقَوْلُهُ: ﴿أَيَحْسَبُوْنَ أَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهِ مِنْ مَّالٍ وَبَنِيْنَ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿عَامِلُوْنَ﴾

قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: لَمْ يَعْمَلُوْهَا، لاَ بُدَّ مِنْ أَنْ يَعْمَلُوْهَا.

[۶۴۴۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَيْسَ الْغِنَى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ"

بَابُ فَضْلِ الْفَقْرِ

ناداری کی فضیلت

ناداری دو طرح کی ہوتی ہے: اختیاری اور اضطراری، اختیاری کا مطلب ہے: خوشی سے ناداری کو پسند کرنا، اور اضطراری کا مطلب ہے: سر پڑی! نبی ﷺ نے اختیار سے فقر کو پسند کیا تھا، فرمایا: الفقر فخری: ناداری میرے سر کا تاج ہے، اور آپؐ نے ایک دن شکم سیر ہونے کو اور کئی دن فاقہ کو پسند کیا تھا، اور اضطراری ناداری کبھی دین پر آفت ڈھاتی ہے، پس اس سے پناہ مانگنی چاہئے۔

پہلی حدیث: تحفۃ القاری (۱۰: ۱۳۳) میں گذری ہے، مگر اس سے فقر کی فضیلت پر استدلال خفی ہے، کیونکہ دوسرے شخص کی پہلے شخص پر فضیلت اس کی ناداری کی وجہ سے نہیں تھی، بلکہ اس کے تقوی کی وجہ سے تھی، کیونکہ کنگلے: لفنگے بھی ہوتے ہیں۔

[۱۶-] بَابُ فَضْلِ الْفَقْرِ

[۶۴۴۷-] حدثنا إِسمَاعِيلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: مَرَّ رَجُلٌ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لِرَجُلٍ عِنْدَهُ جَالِسٍ: "مَا

رَأْيُكَ فِي هٰذَا؟'' فَقَالَ: رَجُلٌ مِنْ أَشْرَافِ النَّاسِ، هٰذَا وَاللّٰهِ حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ أَنْ يُشَفَّعَ. قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' مَا رَأْيُكَ فِي هٰذَا؟'' فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا رَجُلٌ مِنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ، هٰذَا حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ لاَ يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ أَنْ لاَ يُشَفَّعَ، وَإِنْ قَالَ أَنْ لاَ يُسْمَعَ لِقَوْلِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' هٰذَا خَيْرٌ مِنْ مِلْءِ الْأَرْضِ مِثْلَ هٰذَا'' [راجع: ٥٠٩١]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۳:۵۹۵) میں آئی ہے، حضرت مصعب رضی اللہ عنہ کا فقر اختیاری تھا، اسلام سے پہلے وہ 'مکہ کے جوان' کہلاتے تھے، اپنے کپڑوں پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتے تھے، مگر اسلام کے بعد دین کے کام میں ایسے لگے کہ شہادت کے وقت ان کے پاس ایک مختصر چادر تھی، اسی میں ان کو کفن دیا گیا۔

[٦٤٤٨-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، قَالَ: عُدْنَا خَبَّابًا فَقَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، نُرِيْدُ وَجْهَ اللّٰهِ، فَوَقَعَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ مَضَى لَمْ يَأْخُذْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا، مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَتَرَكَ نَمِرَةً فَإِذَا غَطَّيْنَا رَأْسَهُ بَدَتْ رِجْلاَهُ، وَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ بَدَا رَأْسُهُ، فَأَمَرَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ نُغَطِّيَ رَأْسَهُ، وَنَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الإِذْخِرِ، وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ، فَهُوَ يَهْدِبُهَا. [راجع: ١٢٧٦]

لغت: أَيْنَعَ الثمر: پھل کا پک کر توڑنے کے قابل ہو جانا...... هَدَبَ الشيئَ: کاٹنا...... الثمر: پھل توڑنا۔

آئندہ حدیث: جب نبی ﷺ نے جنت کو دیکھا تو اس میں زیادہ تعداد غریبوں کی پائی، اور جہنم کو دیکھا تو زیادہ تعداد عورتوں کی پائی۔

تشریح: غریبوں کو مال کے حقوق گرانبار کئے ہوئے نہیں ہوتے، اور مالدار اس میں پھنسے ہوئے رہتے ہیں، اور عورتیں لعن طعن بہت کرتی ہیں، شوہروں کے احسانات کی ناشکری کرتی ہے، اور فساد ذات البین کا سبب بنتی ہیں، اس لئے جہنم میں ان کی تعداد زیادہ تھی۔

[٦٤٤٩-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ زَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' اطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ''

تَابَعَهُ أَيُّوْبُ، وَعَوْفٌ. وَقَالَ صَخْرٌ، وَحَمَّادُ بْنُ نَجِيْحٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ. [راجع: ٣٢٤١]

آئندہ دو حدیثیں: پہلے آ چکی ہیں: (۱) نبی ﷺ نے تاحیات نہ خوانچہ پر کھایا نہ آپؐ کے لئے چپاتی پکائی گئی۔

(۲) اور وفاتِ نبوی کے وقت صدیقہ کے گھر میں آدھا صاع جو تھے جو چھجلی میں رکھے ہوئے تھے ـــــ نبی ﷺ کے گھر والوں کا فقر بھی اختیاری تھا، کیونکہ نبی ﷺ ان کو سال بھر کا خرچ دیدیا کرتے تھے، مگر وہ اس کو مسلمانوں کی ضروریات میں خرچ کردیتی تھیں۔

[٦٤٥٠-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِي عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمْ يَأْكُلِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى خُوَانٍ حَتّٰى مَاتَ، وَمَا أَكَلَ خُبْزًا مُرَقَّقًا حَتّٰى مَاتَ. [راجع: ٥٣٨٦]

[٦٤٥١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَقَدْ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَمَا فِي رَفِّيْ مِنْ شَيْئٍ يَأْكُلُهُ ذُوْ كَبِدٍ، إِلَّا شَطْرُ شَعِيْرٍ فِيْ رَفٍّ لِيْ، فَأَكَلْتُ مِنْهُ حَتّٰى طَالَ عَلَيَّ، فَكِلْتُهُ، فَفَنِيَ. [راجع: ٣٠٩٧]

بَابٌ: كَيْفَ كَانَ عَيْشُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابِهِ، وَتَخَلِّيْهِمْ مِنَ الدُّنْيَا

نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہ کا گذارہ اور ان کی دنیا سے دست برداری

نبی ﷺ کی ناداری اختیاری تھی، ایک مرتبہ جبرئیل علیہ السلام کی موجودگی میں ایک فرشتہ اللہ کا پیغام لے کر آیا کہ آپؐ بادشاہ نبی بننا چاہتے ہیں یا بندہ نبی؟ آپؐ نے جبرئیل علیہ السلام کی طرف دیکھا، گویا ان سے مشورہ طلب کررہے ہیں، انھوں نے چھوٹا بننے کا اشارہ کیا، پس آپؐ نے جواب دیا: میں بندہ نبی بننا چاہتا ہوں، ایک دن کھانا ملے تاکہ شکر بجالاؤں، اور ایک دن فاقہ رہے تاکہ صبر کروں۔

اور اصحاب میں اقرب ازواج تھیں، ان کی ناداری بھی اختیاری تھی، جب باغوں اور کھیتوں کی آمدنی ہوتی تو آپؐ ہر بیوی صاحبہ کو اس کا سال بھر کا نفقہ دیدیا کرتے تھے، مگر ازواج اس کو مسلمانوں کی ضروریات میں خرچ کردیا کرتی تھیں، جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی ﷺ کے گھر میں ایک ایک مہینہ تک آگ نہیں جلتی تھی تو طالب علموں نے پوچھا: وہ نفقہ کیا ہوتا تھا جو نبی ﷺ ازواج کو دیا کرتے تھے؟ صدیقہؓ نے جواب دیا: وہ مسلمانوں کی ضروریات میں خرچ ہوجاتا تھا، ہمارے پاس کچھ نہیں بچتا تھا، پس ازواج کی ناداری بھی اختیاری تھی، اور یہ بہت اچھی حالت ہے۔

اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی آپؐ کے نقشِ قدم پر چلتے تھے، وہ بھی دنیا کو اہمیت نہیں دیتے تھے، دنیا سے دست بردار ہوگئے تھے، جو کچھ مل جاتا اس پر گذارہ کرتے تھے ـــــ اس باب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے نو روایتیں ذکر کی ہیں: پہلی روایت پہلے تحفۃ القاری (۳۴۱:۱۰) میں آئی ہے، مگر یہاں مفصل ہے، اس لئے ترجمہ کرتا ہوں۔

حدیث: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث تقریباً آدھی ابو نُعیم فضل بن دکین سے سنی ہے (باقی

یوسف بن عیسیٰ مروزی سے سنی ہے جو پہلے آچکی ہے) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے: قسم ہے اس اللہ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں! میں بھوک کی وجہ سے اپنا جگر زمین سے لگایا کرتا تھا، اور میں بھوک کی وجہ سے اپنے پیٹ پر پتھر باندھا کرتا تھا، اور میں ایک دن صحابہ کے راستہ پر بیٹھا، جس سے وہ نکلا کرتے تھے، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ گذرے، میں نے ان سے قرآن کی ایک آیت پوچھی، میں نے ان سے آیت اسی لئے پوچھی تھی کہ وہ مجھے پیٹ بھر کر کھانا کھلائیں، پس وہ گذر گئے اور انھوں نے وہ کام نہیں کیا، پھر میرے پاس سے عمر رضی اللہ عنہ گذرے، میں نے ان سے بھی کتاب اللہ کی ایک آیت پوچھی، ان سے بھی میں نے اسی لئے پوچھی تھی کہ وہ مجھے پیٹ بھر کھلائیں، پس وہ گذر گئے اور انھوں نے بھی وہ کام نہیں کیا، پھر میرے پاس سے نبی ﷺ گذرے، آپؐ نے جب مجھے دیکھا تو مسکرائے، اور جو بات میرے دل میں تھی اور میرے چہرے سے ہویدا تھی اس کو آپؐ سمجھ گئے، آپؐ نے فرمایا: ''اے ابو ہر!'' میں نے کہا: لبیک یا رسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: میرے ساتھ آؤ'' آپؐ چلے، اور میں آپؐ کے پیچھے چلا، پس آپؐ گھر میں اجازت لے کر داخل ہوئے، پھر مجھے اجازت دی، جب آپؐ گھر میں گئے تو لکڑی کے پیالے میں دودھ پایا، آپؐ نے پوچھا: یہ دودھ کہاں سے آیا؟ گھر والوں نے کہا: فلاں نے آپؐ کے لئے ہدیہ بھیجا ہے، آپؐ نے آواز دی: ابوہرّ! میں نے جواب دیا: لبیک یا رسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: چبوترے والوں کے پاس جاؤ، اور ان کو بلالاؤ، ابوہریرہؓ کہتے ہیں: چبوترے والے اسلام کے مہمان تھے، ان کا گھر بار نہیں تھا نہ ان کا کوئی ٹھکانہ تھا، جب آپؐ کے پاس کوئی خیرات آتی تو آپ وہ ان کے پاس بھیج دیتے، خود اس میں سے تناول نہیں فرماتے تھے، اور جب آپؐ کے پاس کوئی ہدیہ آتا تو آپؐ ان کو بلاتے، اور خود بھی اس میں سے لیتے اور ان کو بھی شریک کرتے، پس مجھے وہ بات بری لگی، میں نے (دل میں) کہا: یہ دودھ چبوترہ والوں میں کیا ہے؟ میں زیادہ حقدار تھا کہ اس دودھ سے حاصل کروں اتنے گھونٹ کہ طاقت حاصل کروں ان سے، پس جب صفّہ والے آئیں گے تو آپؐ مجھے حکم دیں گے، پس میں ہی ان کو دوں گا یعنی پلاؤں گا، اور شاید ہی مجھے اس دودھ میں سے پہنچے! اور اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت بھی ضروری تھی، پس میں ان کے پاس پہنچا اور ان کو بلالایا، وہ آئے اور انھوں نے اجازت طلب کی، ان کو اجازت دی گئی، اور انھوں نے گھر میں اپنی جگہ پکڑ لی، آپؐ نے آواز دی: ''اے ابوہرّ!'' میں نے کہا: حاضر ہوں یا رسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: لے پس ان کو دے، میں نے پیالہ لیا، پس اس کو دینا شروع کیا آدمی کو، وہ پیتا تھا یہاں تک کہ سیراب ہو جاتا تھا، پھر مجھے پیالہ واپس کرتا تھا، پس میں اس کے بازو والے کو پیالہ دیتا تھا، وہ پیتا تھا، یہاں تک کہ سیراب ہو جاتا تھا، پھر وہ مجھے پیالہ واپس کرتا تھا، یہاں تک کہ میں نبی ﷺ تک پہنچا درانحالیکہ سب لوگ سیراب ہو چکے تھے، پس آپؐ نے پیالہ لیا، اور اس کو اپنے ہاتھ پر رکھا، پھر میری طرف دیکھا اور مسکرائے، پس فرمایا: ''اے ابوہرّ! بیٹھ جا اور پی'' میں بیٹھ گیا اور پیا، پس فرمایا: (اور) پی! میں نے (پھر) پیا، پس برابر آپؐ کہتے رہے: پی! یہاں تک کہ میں نے کہا: نہیں، قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! نہیں پاتا میں دودھ کے لئے کوئی راہ! فرمایا: تو مجھے دکھلاؤ، پس میں نے آپ کو پیالہ دیا،

آپؐ نے اللہ کی تعریف کی اور بسم اللہ پڑھی، اور بچا ہوا نوش فرمایا۔

[۱۷-] بَابٌ: كَيْفَ كَانَ عَيْشُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابِهِ، وَتَخَلِّيْهِمْ مِنَ الدُّنْيَا

[٦٤٥٢-] حَدَّثَنِي أَبُوْ نُعَيْمٍ بِنَحْوٍ مِنْ نِصْفِ هٰذَا الْحَدِيْثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُجَاهِدٌ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يَقُوْلُ: اللّٰهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ! إِنْ كُنْتُ لَأَعْتَمِدُ بِكَبِدِيْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْجُوْعِ، وَإِنْ كُنْتُ لَأَشُدُّ الْحَجَرَ عَلٰى بَطْنِيْ مِنَ الْجُوْعِ، وَلَقَدْ قَعَدْتُ يَوْمًا عَلٰى طَرِيْقِهِمُ الَّذِيْ يَخْرُجُوْنَ مِنْهُ، فَمَرَّ أَبُوْ بَكْرٍ فَسَأَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا سَأَلْتُهُ إِلَّا لِيُشْبِعَنِيْ، فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ، ثُمَّ مَرَّ بِيْ عُمَرُ فَسَأَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا سَأَلْتُهُ إِلَّا لِيُشْبِعَنِيْ، فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ، ثُمَّ مَرَّ بِيْ أَبُو الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم فَتَبَسَّمَ حِيْنَ رَآنِيْ وَعَرَفَ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَمَا فِي وَجْهِيْ، ثُمَّ قَالَ: "أَبَا هِرٍّ!" قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "الْحَقْ" وَمَضَى، فَأَتْبَعْتُهُ، فَدَخَلَ فَاسْتَأْذَنَ، فَأَذِنَ لِيْ، فَدَخَلَ فَوَجَدَ لَبَنًا فِيْ قَدَحٍ، فَقَالَ: "مِنْ أَيْنَ هٰذَا اللَّبَنُ؟" قَالُوْا: أَهْدَاهُ لَكَ فُلَانٌ أَوْ: فُلَانَةُ. قَالَ: "أَبَا هِرٍّ!" قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "الْحَقْ إِلَى أَهْلِ الصُّفَّةِ فَادْعُهُمْ لِيْ" قَالَ: وَأَهْلُ الصُّفَّةِ أَضْيَافُ الْإِسْلَامِ، لَا يَأْوُوْنَ عَلٰى أَهْلٍ وَلَا مَالٍ، وَلَا عَلٰى أَحَدٍ، إِذَا أَتَتْهُ صَدَقَةٌ بَعَثَ بِهَا إِلَيْهِمْ، وَلَمْ يَتَنَاوَلْ مِنْهَا شَيْئًا، وَإِذَا أَتَتْهُ هَدِيَّةٌ أَرْسَلَ إِلَيْهِمْ، وَأَصَابَ مِنْهَا وَأَشْرَكَهُمْ فِيْهَا، فَسَاءَ نِيْ ذٰلِكَ فَقُلْتُ: وَمَا هٰذَا اللَّبَنُ فِيْ أَهْلِ الصُّفَّةِ؟ كُنْتُ أَحَقَّ أَنْ أُصِيْبَ مِنْ هٰذَا اللَّبَنِ شَرْبَةً أَتَقَوّٰى بِهَا، فَإِذَا جَاءَ أَمَرَنِيْ فَكُنْتُ أَنَا أُعْطِيْهِمْ، وَمَا عَسَى أَنْ يَبْلُغَنِيْ مِنْ هٰذَا اللَّبَنِ، وَلَمْ يَكُنْ مِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ وَطَاعَةِ رَسُوْلِهِ بُدٌّ، فَأَتَيْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَأَقْبَلُوْا، فَاسْتَأْذَنُوْا فَأَذِنَ لَهُمْ، وَأَخَذُوْا مَجَالِسَهُمْ مِنَ الْبَيْتِ، قَالَ: "يَا أَبَا هِرٍّ" قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "خُذْ فَأَعْطِهِمْ" فَأَخَذْتُ الْقَدَحَ، فَجَعَلْتُ أُعْطِيْهِ الرَّجُلَ فَيَشْرَبُ حَتّٰى يَرْوَى، ثُمَّ يَرُدُّ عَلَيَّ الْقَدَحَ، فَأُعْطِيْهِ الْقَدَحَ فَيَشْرَبُ حَتّٰى يَرْوَى، ثُمَّ يَرُدُّ عَلَيَّ الْقَدَحَ، حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَقَدْ رَوِيَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ، فَأَخَذَ الْقَدَحَ فَوَضَعَهُ عَلٰى يَدِهِ فَنَظَرَ إِلَيَّ فَتَبَسَّمَ، فَقَالَ: "يَا أَبَا هِرٍّ" قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "اقْعُدْ فَاشْرَبْ" فَقَعَدْتُ فَشَرِبْتُ، فَقَالَ: "اشْرَبْ" فَشَرِبْتُ، فَمَا زَالَ يَقُوْلُ: "اشْرَبْ" حَتّٰى قُلْتُ: لَا وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا أَجِدُ لَهُ مَسْلَكًا، قَالَ: "فَأَرِنِيْ" فَأَعْطَيْتُهُ الْقَدَحَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَسَمَّى، وَشَرِبَ الْفَضْلَةَ.

[راجع: ٥٣٧٥]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۷: ۲۴۴) میں ہے: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ جہاد کیا کرتے تھے، اور نہیں تھا ہمارے لئے کوئی کھانا مگر درخت کے پتے (الی آخرہ)

[٦٤٥٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسٌ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا يَقُوْلُ: إِنِّىْ لَأَوَّلُ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَرَأَيْتُنَا نَغْزُوْ وَمَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا وَرَقُ الْحُبْلَةِ وَهٰذَا السَّمُرُ، وَإِنَّ أَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ، مَا لَهُ خِلْطٌ، ثُمَّ أَصْبَحَتْ بَنُوْ أَسَدٍ تُعَزِّرُنِىْ عَلَى الإِسْلَامِ، خِبْتُ إِذَنْ وَضَلَّ سَعْيِىْ. [راجع: ٣٧٢٨]

آگے کی حدیثیں پہلے آچکی ہیں، اور آسان ہیں، پڑھ لیں۔

[٦٤٥٤-] حَدَّثَنِىْ عُثْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم مُنْذُ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ مِنْ طَعَامِ بُرٍّ ثَلَاثَ لَيَالٍ تِبَاعًا، حَتّٰى قُبِضَ. [راجع: ٥٤١٦]

[٦٤٥٥-] حَدَّثَنِىْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ هُوَ الأَزْرَقُ، عَنْ مِسْعَرِ ابْنِ كِدَامٍ، عَنْ هِلَالٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا أَكَلَ آلُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم أَكْلَتَيْنِ فِىْ يَوْمٍ، إِلَّا إِحْدَاهُمَا تَمْرٌ.

[٦٤٥٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِىْ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا النَّضْرُ، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِىْ أَبِىْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَدَمٍ، وَحَشْوُهُ مِنْ لِيْفٍ.

[٦٤٥٧-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: كُنَّا نَأْتِىْ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، وَخَبَّازُهُ قَائِمٌ، فَقَالَ: كُلُوْا، فَمَا أَعْلَمُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَغِيفًا مُرَقَّقًا، حَتَّى لَحِقَ بِاللّٰهِ، وَلَا رَأَى شَاةً سَمِيْطًا بِعَيْنِهِ قَطُّ. [راجع: ٥٣٨٥]

[٦٤٥٨-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، أَخْبَرَنِىْ أَبِىْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ يَأْتِىْ عَلَيْنَا الشَّهْرُ مَا نُوْقِدُ فِيْهِ نَارًا، إِنَّمَا هُوَ التَّمْرُ وَالْمَاءُ، إِلَّا أَنْ نُؤْتَى بِاللُّحَيْمِ. [راجع: ٢٥٦٧]

[٦٤٥٩-] حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الأُوَيْسِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ رُوْمَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ لِعُرْوَةَ: ابْنَ أُخْتِىْ! إِنْ كُنَّا لَنَنْظُرُ إِلَى الْهِلَالِ ثَلَاثَةَ أَهِلَّةٍ فِىْ شَهْرَيْنِ، وَمَا أُوْقِدَتْ فِى أَبْيَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَارٌ، فَقُلْتُ: مَا كَانَ يُعَيِّشُكُمْ؟ قَالَتْ: الأَسْوَدَانِ: التَّمْرُ وَالْمَاءُ، إِلَّا أَنَّهُ قَدْ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جِيْرَانٌ مِنَ الأَنْصَارِ كَانَ لَهُمْ مَنَائِحُ، وَكَانُوْا يَمْنَحُوْنَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَيَسْقِيْنَاهُ. [راجع: ٢٥٦٧]

[٦٤٦٠-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِیْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "اللّٰهُمَّ ارْزُقْ آلَ مُحَمَّدٍ قُوْتًا"

لغات: تِبَاعًا: مسلسل، لگاتار...... لُحَیْم: تھوڑا گوشت...... عَیْشه: زندگی بسر کرانا...... القُوْت: بدن کی بقاء کے بقدر، ضرورت کے بقدر۔

بَابُ الْقَصْدِ وَالْمُدَاوَمَةِ عَلَى الْعَمَلِ

عمل میں میانہ روی اور پابندی

نوافل اعمال (وظائف واوراد) میانہ روی سے کئے جائیں اور پابندی سے کئے جائیں تو تھوڑا عمل بھی زیادہ ہوجائے گا، قطرہ قطرہ دریا شود! اور اگر جوش میں ہوش نہ رہا اور بہت زیادہ اعمال سر لے لئے تو ایک دن تھک ہار کر بیٹھ رہے گا۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مسروقؒ نے پوچھا: نبی ﷺ کو کونسا عمل پسند تھا؟ جواب دیا: جو عمل مسلسل کیا جائے، پوچھا: آپؐ کس وقت تہجد کے لئے اٹھتے تھے؟ جواب دیا: جب مرغ کی بانگ سنتے تھے تو اٹھ جاتے تھے یعنی رات کے آخر میں عبادت کرتے تھے، رات بھر نماز میں مشغول نہیں رہتے تھے —— اور حضرت عروہؒ صدیقہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ پسند وہ عمل تھا جس پر عمل کرنے والا پابندی کرے۔ اور مداومت: میانہ روی کے ساتھ ہی ہوسکتی ہے۔

[١٨-] بَابُ الْقَصْدِ وَالْمُدَاوَمَةِ عَلَى الْعَمَلِ

[٦٤٦١-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَشْعَثَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ، قَالَ: سَمِعْتُ مَسْرُوْقًا، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: أَیُّ الْعَمَلِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم؟ قَالَتْ: الدَّائِمُ، قُلْتُ: فَأَیَّ حِیْنٍ كَانَ یَقُوْمُ؟ قَالَتْ: یَقُوْمُ إِذَا سَمِعَ الصَّارِخَ. [راجع: ١١٣٢]

[٦٤٦٢-] حدثنا قُتَیْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ أَحَبُّ الْعَمَلِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم الَّذِیْ یَدُوْمُ عَلَیْهِ صَاحِبُهُ. [راجع: ١١٣٢]

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ہرگز کسی کو تم میں سے اس کا عمل نجات نہیں دلائے گا!" صحابہ نے پوچھا: اور آپؐ کو بھی نہیں اے اللہ کے رسول! فرمایا: "اور میں بھی نہیں، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت میں ڈھانک لیں" (اس کی شرح تحفۃ القاری (۱:۲۳۸) میں ہے) (لہٰذا) میانہ روی اختیار کرو، اور قریب قریب چلو، اور صبح میں عمل کرو اور شام میں کرو، اور رات میں کرو اور میانہ روی اختیار کرو! میانہ روی اختیار کرو، منزل پر پہنچ جاؤ گے (اس کی تفصیل تحفۃ القاری (۱:۲۶۰) میں ہے) اس کے بعد کی حدیث میں بھی یہی بات ہے، البتہ اس میں یہ اضافہ ہے: "اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند پابندی سے کیا

جانے والا عمل ہے، خواہ تھوڑا ہو!'' ـــــ اور اس کے بعد کی حدیث میں ہے: ''اُتنے اعمال ذمہ پر لو جو تمہارے بس میں ہوں''

[٦٤٦٣-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنِی ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: '' لَنْ یُنَجِّیَ أَحَدًا مِنْکُمْ عَمَلُهُ'' قَالُوْا: وَلَا أَنْتَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ''وَلَا أَنَا، إِلَّا أَنْ یتغمَّدَنِیَ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ، سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا، وَاغْدُوْا وَرُوْحُوْا، وَشَیْئٌ مِنَ الدُّلْجَةِ، وَالْقَصْدَ، الْقَصْدَ! تَبْلُغُوْا''[راجع: ٣٩]

[٦٤٦٤-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ، عَنْ مُوْسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: '' سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا، وَاعْلَمُوْا أَنْ لَنْ یُدْخِلَ أَحَدَکُمْ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ، وَأَنَّ أَحَبَّ الْأَعْمَالِ أَدْوَمُهَا إِلَی اللّٰهِ، وَإِنْ قَلَّ''[طرفه: ٦٤٦٧]

[٦٤٦٥-] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: سُئِلَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: أَیُّ الْأَعْمَالِ أَحَبُّ إِلَی اللّٰهِ؟ قَالَ: '' أَدْوَمُهُ وَإِنْ قَلَّ'' وَقَالَ: '' اکْلَفُوْا مِنَ الْأَعْمَالِ مَا تُطِیْقُوْنَ''[راجع: ١٩٦٩]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ کسی دن کو کسی عمل کے لئے خاص نہیں کرتے تھے، بلکہ پابندی سے عمل کرتے تھے، مراد اوراد و وظائف ہیں، اور آپؐ خاص دنوں کے روزے رکھتے تھے، وہ اوراد میں شامل نہیں، اور صدیقہؓ نے فرمایا: تم میں سے کون طاقت رکھتا ہے اس کی جس کی نبی ﷺ طاقت رکھتے تھے یعنی مداومت آسان کام نہیں، اولوالعزم لوگ ہی پابندی سے عمل کر سکتے ہیں۔

اس کے بعد کی حدیث گذشتہ حدیث کے ہم معنی ہے۔ البتہ اس کے آخر میں مجاہدؒ سے سَدِیْدا کے معنی نقل کئے ہیں، سورۃ الاحزاب (آیت ۷۰) میں ہے: ﴿وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا﴾: اور کہو راستی کی بات۔ مجاہدؒ نے فرمایا: سَدِیْد اور سَدَاد کے معنی ہیں: سچی بات۔

[٦٤٦٦-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ عَائِشَةَ، قُلْتُ: یَا أُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ! کَیْفَ کَانَ عَمَلُ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم؟ هَلْ کَانَ یَخُصُّ شَیْئًا مِنَ الْأَیَّامِ؟ قَالَتْ: لَا، کَانَ عَمَلُهُ دِیْمَةً، وَأَیُّکُمْ یَسْتَطِیْعُ مَاکَانَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم یَسْتَطِیْعُ؟[راجع: ١٩٨٧]

[٦٤٦٧-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: '' سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا،

وَأَبْشِرُوْا، فَإِنَّهُ لاَ يُدْخِلُ أَحَدًا الْجَنَّةَ عَمَلُهُ" قَالُوْا: وَلاَ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" وَلاَ أَنَا إِلاَّ أَنْ يَتَغَمَّدَنِى اللّٰهُ بِمَغْفِرَةٍ وَرَحْمَةٍ، قَالَ: أَظُنُّهُ عَنْ أَبِى النَّضْرِ، عَنْ أَبِى سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ.[راجع: ٦٤٦٤]

وَقَالَ عُثْمَانُ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" سَدِّدُوْا وَأَبْشِرُوْا"

قَالَ مُجَاهِدٌ: سَدِيْدًا وَسَدَادًا: صِدْقًا.

اورآخری حدیث بھی پہلے آئی ہے،اس کی باب سے مطابقت یہ ہے کہ عمل کرنے والے کے سامنے جنت وجہنم (رجاؤ خوف) رہیں تو عمل پر مداومت آسان ہوگی (حاشیہ)

[٦٤٦٨-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى لَنَا يَوْمًا الصَّلاَةَ، ثُمَّ رَقِىَ الْمِنْبَرَ فَأَشَارَ بِيَدِهِ قِبَلَ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، قَالَ:" قَدْ أُرِيْتُ الآنَ- مُنْذُ صَلَّيْتُ لَكُمُ الصَّلاَ ةَ - الْجَنَّةَ وَالنَّارَ مُمَثَّلَتَيْنِ فِىْ قُبُلِ هٰذَا الْجِدَارِ، فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ فِى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ" مَرَّتَيْنِ[راجع: ٩٣]

بَابُ الرَّجَاءِ مَعَ الْخَوْفِ

امیداورخوف ساتھ ساتھ

مؤمن کو ہمیشہ امیداورخوف کے درمیان رہنا چاہئے،امید کا مطلب ہے:اللہ تعالیٰ کے وعدے یادکرے تاکہ دل میں سکون پیدا ہو،اورخوف کا مطلب ہے:اپنے گناہوں کو پیش نظر رکھے،اللہ تعالیٰ سے ڈرے اورتوبہ واستغفار کرتا رہے، کیونکہ صرف امید بے باکی پیدا کرتی ہے،آج کے مسلمانوں کا حال دیکھ لو، کہتے ہیں:اللہ غفور الرحیم ہیں! کروجوکرنا ہے،اللہ بخش دیں گے،اورصرف خوف مایوسی پیدا کرتا ہے،اللہ تعالیٰ کی رحمت وسیع ہے،وہ بندوں کی خردہ گیری نہیں کریں گے۔سورۃ الحجر (آیات ۴۹و۵۰) ہیں:﴿نَبِّئْ عِبَادِىْ أَنِّىْ أَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ وَأَنَّ عَذَابِىْ هُوَ الْعَذَابُ الأَلِيْمُ﴾:میرے بندوں کواطلاع کردیں کہ میں بڑا بخشنے والامہربانی کرنے والا ہوں○اوریہ بھی بتادیں کہ میری سزادردناک سزا ہے۔اورسورۃ المائدۃ (آیت ۹۸) میں ہے:﴿ اعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾: جان لو،اللہ تعالیٰ سزا بھی سخت دینے والے ہیں اوریہ کہ اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں —— ان آیات میں دونوں باتیں ساتھ ساتھ ہیں،اوراسی لئے قرآنِ کریم کا طریقہ یہ ہے کہ جب رحمت کا موقع آتا ہے اورجنت کی نعمتوں کا تذکرہ کیا جاتا ہے تو ساتھ ہی جہنم کے عذاب کا تذکرہ بھی کیا جاتا ہے،اورجب دوزخ کا ذکر آتا ہے تو ساتھ ہی جنت کا ذکرضرور کیا جاتا ہے،تاکہ اعتدال پیدا ہو،بندے ایک طرف نہ ڈھل جائیں۔

آیتِ کریمہ: سورۃ المائدہ کی (آیت ۶۸) ہے: ﴿قُلْ يٰأَهْلَ الْكِتَابِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوْا التَّوْرَاةَ وَالإِنْجِيْلَ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ﴾: آپ کہئے: اے اہل کتاب! تم کسی راہ پر نہیں، جب تک تورات، انجیل اور قرآن کی پوری پابندی نہ کرو، قرآن بھی تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف اتارا گیا ہے، جب تک اس کی پوری پابندی نہ کروگے تورات وانجیل پر بھی کما حقہ عمل نہیں ہوگا —— سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے فرمایا: میرے لئے قرآن میں اس سے زیادہ بھاری کوئی آیت نہیں! یہی خوف ہے جو امید کے ساتھ ہونا چاہئے، قرآنِ کریم کے احکام کی پوری پابندی ہوگی تب دین پر ہوؤگے، ورنہ محض دعوی ہوگا۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے مہربانی پیدا کی جب اس کو پیدا کیا تو اس کے سو حصے کئے، پھر ننانوے رحمتیں اپنے پاس رکھیں، اور ساری مخلوقات کے پاس مہربانی کا دسواں حصہ بھیجا، پس اگر کافر جان لے اس ساری مہربانی کو جو اللہ کے پاس ہے تو وہ جنت سے مایوس نہ ہو، اور اگر مؤمن جان لے اس سارے عذاب کو جو اللہ کے یہاں ہے تو وہ دوزخ سے مطمئن نہ ہو! —— پس کافر بھی رحمت کا امیدوار رہے اور اس کو حاصل کرنے کی راہ ڈھونڈھے، اور مؤمن بھی اللہ کی گرفت سے ڈرے اور توبہ استغفار کرتا رہے، شاعر کہتا ہے:

بہ تہدید گر برکشد تیغ حکم ❁ بمانند کرّوبیاں صم وبکم
وگر در دہد یک صدائے کرم ❁ عزازیل گوید نصیبے برم

[۱۹-] بَابُ الرَّجَاءِ مَعَ الْخَوْفِ

وَقَالَ سُفْيَانُ: مَا فِي الْقُرْآنِ آيَةٌ أَشَدُّ عَلَيَّ مِنْ: ﴿لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوْا التَّوْرَاةَ وَالإِنْجِيْلَ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ﴾

[۶۴۶۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الرَّحْمَةَ يَوْمَ خَلَقَهَا مِائَةَ رَحْمَةٍ، فَأَمْسَكَ عِنْدَهُ تِسْعًا وَتِسْعِيْنَ رَحْمَةً، وَأَرْسَلَ فِيْ خَلْقِهِ كُلِّهِمْ رَحْمَةً وَاحِدَةً، فَلَوْ يَعْلَمُ الْكَافِرُ بِكُلِّ الَّذِيْ عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ لَمْ يَيْأَسْ مِنَ الْجَنَّةِ، وَلَوْ يَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ بِكُلِّ الَّذِيْ عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الْعَذَابِ لَمْ يَأْمَنْ مِنَ النَّارِ "[راجع: ۶۰۰۰]

بَابُ الصَّبْرِ عَنْ مَحَارِمِ اللّٰهِ

حرام کاموں سے باز رہنا

گناہ دل کو سخت کرتے ہیں، اور گناہوں سے باز رہنا دل کو نرم کرتا ہے۔ صبر کے لغوی معنی ہیں: رکنا، روکنا۔ اللہ سے

ڈرنے کا تقاضا ہے کہ مؤمن ان کاموں سے باز رہے جن کو اللہ نے حرام کیا ہے، ورنہ ایمان کا دعوی کھوکھلہ ہے، اور ایسے بندوں کو اللہ تعالیٰ دل کھول کر ثواب دیں گے، سورۃ الزمر (آیت ۱۰) میں ہے: ﴿إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾: صبر شعار لوگوں کو ان کا صلہ بے شمار ملے گا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پائی ہم نے ہماری زندگی کی بہتری صبر کے ذریعہ یعنی ہم گناہوں سے باز رہے تو زندگی خوش گوار بن گئی، گناہ کرتے تو وہ دل میں چبھتے رہتے!

حدیث: تحفۃ القاری (۲۵۱:۴) میں آئی ہے، آپؐ نے انصار سے فرمایا: ''جو شخص مانگنے سے بچنے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بچا دیتے ہیں، اور جو بہ تکلف صبر کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو صبر شعار بنا دیتے ہیں، اور جو بے نیاز بننے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بے نیاز کر دیتے ہیں، اور کسی کو کوئی نعمت نہیں دی گئی صبر سے بہتر اور کشادہ!'' یعنی صبر سے بڑی کوئی نعمت نہیں۔

[۲۰-] بَابُ الصَّبْرِ عَنْ مَحَارِمِ اللّٰهِ

[۱-] و﴿إِنَّمَا تُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾[الزمر: ۱۰]

[۲-] وَقَالَ عُمَرُ: وَجَدْنَا خَيْرَ عَيْشِنَا بِالصَّبْرِ.

[۶۴۷۰-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ حَدَّثَهُ: أَنَّ أُنَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَلَمْ يَسْأَلْهُ أَحَدٌ مِنْهُمْ إِلَّا أَعْطَاهُ، حَتّٰى نَفِدَ مَا عِنْدَهُ، فَقَالَ لَهُمْ حِيْنَ أَنْفَقَ كُلَّ شَيْءٍ بِيَدَيْهِ: '' مَايَكُنْ عِنْدِيْ مِنْ خَيْرٍ لَا أَدَّخِرْهُ عَنْكُمْ، وَإِنَّهُ مَنْ يَسْتَعِفَّ يُعِفُّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَلَنْ تُعْطَوْا عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ''[راجع: ۱۴۶۹]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۴۵۵:۳) میں آئی ہے، آپؐ نے فرمایا: ''پس کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں!'' —— مثبت پہلو سے ریاضت کرنے سے اور منفی پہلو سے حرام کاموں سے باز رہنے سے انسان شکر گذار بندہ بنتا ہے، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[۶۴۷۱-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّيْ حَتّٰى تَرِمَ أَوْ: تَنْتَفِخَ قَدَمَاهُ، فَيُقَالُ لَهُ، فَيَقُوْلُ: '' أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا'' [راجع: ۱۱۳۰]

بَابٌ: ﴿وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ﴾

جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہو جاتے ہیں

یہ ذیلی باب ہے، دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، صبر کیسے آئے؟ بیڑی پینے کی عادت پڑگئی ہے! کم بخت چھوٹتی

نہیں! صبر اللہ دیں گے، ان سے مانگو! سورۃ الطلاق کی آیت سوم میں ہے: ﴿وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ﴾: جو شخص اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے گا: اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہوجائیں گے، اور ربیع بن خُثیم (جلیل القدر تابعی) نے فرمایا: آیت عام ہے، جو بھی چیز لوگوں کے لئے تنگی کا باعث ہو اس میں اللہ پر بھروسہ کرے، ان شاء اللہ کام بن جائے گا، بیڑی کی بری عادت چھوٹ جائے گی، ہمت کر! —— اور حدیث وہی ہے کہ قیامت کے دن ستر ہزار جو بے حساب جنت میں جائیں گے ان کا ایک وصف یہ ہے کہ وہ اللہ پر بھروسہ کرتے ہونگے، اللہ تعالیٰ ان کے لئے آخرت میں بھی کافی ہوجائیں گے، ان کو بے خطر جنت میں داخل فرمائیں گے۔

[۲۱-] بَابٌ: ﴿وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ﴾

وَقَالَ الرَّبِيْعُ بْنُ خُثَيْمٍ: مِنْ كُلِّ مَاضَاقَ عَلَى النَّاسِ.

[۶۴۷۲-] حَدَّثَنِىْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ حُصَيْنَ ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، فَقَالَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِىْ سَبْعُوْنَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ، هُمُ الَّذِيْنَ لاَ يَسْتَرْقُوْنَ، وَلاَ يَتَطَيَّرُوْنَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ" [راجع: ۳۴۱۰]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ قِيْلَ وَقَالَ

قیل وقال کی کراہیت

یہ بھی ذیلی باب ہے، محارم اللہ (ناجائز کاموں) کی مثال کے طور پر لایا گیا ہے، فضول بحث وتکرار کا تضییع وقت کے سوا کوئی فائدہ نہیں، اور ہوسکتا ہے کوئی نازیبا بات منہ سے نکل جائے جو ہلاکت کا سبب بن جائے —— اور حدیث پہلے آئی ہے، اس میں قیل وقال کی ممانعت ہے۔

[۲۲-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ قِيْلَ وَقَالَ

[۶۴۷۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا غَيْرُ وَاحِدٍ، مِنْهُمْ: مُغِيْرَةُ، وَفُلاَنٌ وَرَجُلٌ ثَالِثٌ أَيْضًا عَنِ الشَّعْبِىِّ، عَنْ وَرَّادٍ كَاتِبِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، أَنَّ مُعَاوِيَةَ كَتَبَ إِلَى مُغِيْرَةَ: أَنِ اكْتُبْ إِلَىَّ بِحَدِيْثٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَكَتَبَ إِلَيْهِ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ: إِنِّىْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ عِنْدَ انْصِرَافِهِ مِنَ الصَّلاَةِ: "لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ" وَكَانَ يَنْهَى عَنْ قِيْلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةِ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةِ الْمَالِ، وَمَنْعٍ وَهَاتِ،

وَعُقُوْقِ الْأُمَّهَاتِ، وَوَأْدِ الْبَنَاتِ.

وَعَنْ هُشَيْمٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ وَرَّادًا يُحَدِّثُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم. [راجع: ٨٤٤]

بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ

زبان کی نگہداشت

یہ بھی ذیلی باب ہے، اور محارم اللہ کی دوسری مثال کے طور پر لایا گیا ہے، زبان کی بے احتیاطی بڑی خطرناک ہے، آدمی جو کچھ بولتا ہے ریکارڈ کرلیا جاتا ہے، سورۃ قٓ کی (آیت ۱۸) ہے: ﴿مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ﴾: آدمی جو کچھ زبان سے نکالتا ہے تو اس کے پاس ایک تاک میں لگا ہوا تیار ہے، اس لئے حدیث میں ہے کہ خیر کی بات بولو یا خاموش رہو!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو مجھے گارنٹی دے اُس عضو کی جو اس کے دونوں جبڑوں کے بیچ میں ہے یعنی زبان کی اور اُس عضو کی جو اس کے دونوں پیروں کے درمیان ہے یعنی شرمگاہ کی، ان دونوں اعضاء سے کوئی گناہ نہ کرے تو میں اس کو جنت کی گارنٹی دیتا ہوں''

تشریح: زبان اور شرمگاہ کے گناہ خطرناک ہیں، یہی گناہ جہنم میں لے جاتے ہیں، پس اگر کوئی شخص ان دونوں اعضاء کی حفاظت کرے، اور زبان وشرم گاہ کے گناہوں سے بچا رہے تو وہ یقیناً جنت میں جائے گا۔

[٢٣-] بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ

[١-] "وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ"

[٢-] وَقَوْلِهِ: ﴿مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ﴾ [ق:١٨]

[٦٤٧٤-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، سَمِعَ أَبَا حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " مَنْ يَضْمَنْ لِيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ أَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ" [طرفه: ٦٨٠٧]

آگے وہی حدیث سند کے ساتھ لائے جو باب میں معلق ذکر کی ہیں۔

[٦٤٧٥-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يُؤْذِ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ"[راجع: ٥١٨٥]

[٦٤٧٦-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ، قَالَ: سَمِعَ أُذُنَایَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُ:" الضِّيَافَةُ ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ، جَائِزَتُهُ" قِيْلَ: وَمَا جَائِزَتُهُ؟ قَالَ:" يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَسْكُتْ"[راجع: ٦٠١٩]

وضاحت: دوسری حدیث میں النبیَّ: سمع اور وعاہ کا مفعول ہے...... اور جائزتَہ: أعطوا فعل مقدر کا مفعول ہے: مہمان کو اس کا انعام دو!

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:" آدمی بولتا ہے ایسی بات جو اس کے خیال میں بری نہیں ہوتی: گر پڑتا ہے اس کی وجہ سے دوزخ میں مشرق ومغرب کے فاصلہ سے زیادہ گہرائی میں!" —— مشرق کا معادل مغرب محذوف ہے۔

تشریح: اللہ تعالیٰ کے یہاں بے ہودہ گوئی پر بھی پکڑ ہوتی ہے، پس سلامتی اس میں ہے کہ آدمی ضروری بات ہی کرے، ہر وقت بک بک نہ کرے، معلوم نہیں زبان سے کیا نکل جائے، اور وہ اس کی وجہ سے جہنم میں گر جائے۔

[٦٤٧٧-] حدثنا ابْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ الْعَبْدَ يَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مَا يَتَبَيَّنُ فِيْهَا، يَزِلُّ بِهَا فِي النَّارِ أَبْعَدَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ"[طرفه: ٦٤٧٨]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:" آدمی اللہ کی خوشنودی کی بات بولتا ہے، جو اس کے نزدیک کچھ زیادہ اہمیت نہیں رکھتی، اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے کئی درجے بلند کرتے ہیں، اور آدمی بولتا ہے اللہ کی ناراضگی کی بات، جو اس کے نزدیک کچھ زیادہ بری نہیں ہوتی، وہ اس کی وجہ سے دوزخ میں گر جاتا ہے"

تشریح: بعض معمولی اچھی باتوں سے اللہ تعالیٰ بہت زیادہ خوش ہو جاتے ہیں، اور بعض معمولی بری باتوں سے اللہ تعالیٰ بہت زیادہ ناراض ہو جاتے ہیں، پس ہر اچھی بات آدمی کو بولنی چاہئے، اگرچہ معمولی ہو، اللہ کو وہ بات پسند آ گئی تو وارے نیارے! اور ہر بری بات سے کفِّ لسان کرنا چاہئے، معلوم نہیں کونسی بات سے اللہ تعالیٰ ناراض ہو جائیں، اور وہ بات اس کو جہنم میں پہنچا دے، اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے جب آدمی کم بولے، حسب ضرورت گفتگو کرے، تاکہ کلام کی لغزشوں سے محفوظ رہے۔

[٦٤٧٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ، سَمِعَ أَبَا النَّضْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" إِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ

مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لاَ يُلْقِي لَهَا بَالاً يَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَاتٍ، وَإِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ، لاَ يُلْقِي لَهَا بَالاً، يَهْوِي بِهَا فِيْ جَهَنَّمَ"[راجع: ٦٤٧٧]

بَابُ الْبُكَاءِ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کے ڈر سے رونا

اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ڈر سے رونا بھی دل کو نرم کرتا ہے، حدیث میں ان سات قسم کے لوگوں کا تذکرہ ہے، جن کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اپنا سایہ عنایت فرمائیں گے، ان میں ایک شخص وہ ہے جس نے تنہائی میں اللہ تعالیٰ کو یاد کیا، اور محبت/ ڈر سے اس کی آنکھیں بہہ پڑیں، نیز دعاء میں رونے والی آنکھوں کی بھی دعا کی گئی ہے۔

[٢٤-] بَابُ الْبُكَاءِ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ

[٦٤٧٩-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىٰ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ: رَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ"[راجع: ٦٦٠]

بَابُ الْخَوْفِ مِنَ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ سے ڈرنا

اللہ تعالیٰ کا ڈر دل کو نرم کرتا ہے، اور معاصی سے بچاتا ہے، جیسے اللہ تعالیٰ کی محبت اعمالِ صالحہ پر ابھارتی ہے، باب کی حدیث میں پہلے زمانہ کے ایک گنہگار کا واقعہ ہے، جس نے خوفِ خدا سے ایک جاہلانہ وصیت کی تھی، جس پر عمل کیا گیا، یہ واقعہ تفصیل سے تحفۃ القاری (۷:۶۷) میں آچکا ہے، چونکہ اس کی وصیت کا منشأ خوفِ خدا تھا، اس نے اللہ کے عذاب کے ڈر سے ایسا کیا تھا، اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کو بخش دیا۔

[٢٥-] بَابُ الْخَوْفِ مِنَ اللّٰهِ

[٦٤٨٠-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" كَانَ رَجُلٌ مِمَّنْ قَبْلَكُمْ يُسِيْءُ الظَّنَّ بِعَمَلِهِ، فَقَالَ لِأَهْلِهِ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَخُذُوْنِيْ فَذَرُّوْنِيْ فِي الْبَحْرِ فِي يَوْمٍ صَائِفٍ، فَفَعَلُوْا بِهِ، فَجَمَعَهُ اللّٰهُ، وَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلىٰ الَّذِيْ صَنَعْتَ؟ قَالَ: مَا حَمَلَنِيْ إِلاَّ مَخَافَتُكَ. فَغَفَرَ لَهُ"[راجع: ٣٤٥٢]

وضاحت: يُسِيْءُ الظنَّ بعمله: وہ (کفن چور تھا) اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے برا گمان کرتا تھا پس جب اس کی موت کا وقت آیا تو وہ آخرت کے برے انجام سے بہت ڈرا...... ذَرَّ (ن) الشيئَ: بکھیرنا...... الصَّائف: گرم (گرمیوں میں آندھی چلتی ہے)

[٦٤٨١-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ ذَكَرَ رَجُلًا فِيْمَنْ كَانَ سَلَفَ أَوْ: قَبْلَكُمْ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً وَوَلَدًا، يَعْنِيْ أَعْطَاهُ، فَلَمَّا حُضِرَ قَالَ لِبَنِيْهِ: أَيَّ أَبٍ كُنْتُ؟ قَالُوْا: خَيْرًا! قَالَ: فَإِنَّهُ لَمْ يَبْتَئِرْ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرًا- فَسَّرَهَا قَتَادَةُ لَمْ يَدَّخِرْ- وَإِنْ يَقْدَمْ عَلَى اللّٰهِ يُعَذِّبْهُ، فَانْظُرُوْا، فَإِذَا مُتُّ فَأَحْرِقُوْنِيْ، حَتّٰى إِذَا صِرْتُ فَحْمًا فَاسْحَقُوْنِيْ أَوْ قَالَ: فَاسْهَكُوْنِيْ، ثُمَّ إِذَا كَانَ رِيْحٌ عَاصِفٌ فَأَذْرُوْنِيْ فِيْهَا، فَأَخَذَ مَوَاثِيْقَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ، وَرَبِّيْ! فَفَعَلُوْا ذٰلِكَ، فَقَالَ اللّٰهُ: كُنْ، فَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ، فَقَالَ: أَيْ عَبْدِيْ مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا فَعَلْتَ؟ قَالَ: مَخَافَتُكَ أَوْ: فَرَقٌ مِنْكَ، فَمَا تَلَافَاهُ أَنْ رَحِمَهُ"

فَحَدَّثْتُ أَبَا عُثْمَانَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ سَلْمَانَ، غَيْرَ أَنَّهُ زَادَ: " فَأَذْرُوْنِيْ فِي الْبَحْرِ" أَوْ كَمَا حَدَّثَ.

[راجع: ٣٤٧٨]

وَقَالَ مُعَاذٌ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعْتُ عُقْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحتیں: آتَاهُ بمعنی أَعْطاه ہے یعنی اللہ نے اس کو مال اور اولاد دی تھی...... حُضِرَ: موت کا وقت آیا...... أَيَّ أَبٍ كنتُ؟ میں تمہارا کیسا باپ تھا؟...... خیرا: بہترین...... بَأَرَ الشيئَ يَبْأَرُهُ بَأْرًا اور ابْتَأَرَهُ: خبَأَهُ وادَّخرَه (لسان العرب مادہ بأر) اس نے اللہ کے پاس کوئی نیکی نہیں چھپائی/ ذخیرہ نہیں کی...... سَحَقَه (ف) سَحْقًا: باریک پیسنا، سفوف بنانا، کوٹ کر باریک کرنا...... سَهَكَ الشيئَ: باریک کوٹنا (بابہ ف)...... أَذْرَتِ الريحُ التراب: ہوا کا مٹی کو اڑانا...... وربی! کا تعلق مابعد سے ہے: میرے رب کی قسم! انھوں نے وصیت پر عمل کیا...... تلَافَى الشيئَ: تدارک کرنا، سابقہ خامی کو دور کرنا، ما موصولہ ہے: پس جو تدارک کیا اس کا کہ اس پر مہربانی کی یعنی بخش دیا...... فحدثتُ: قتادہؒ نے/سلیمانؒ نے ابوعثمان نہدیؒ سے یہ حدیث ذکر کی تو انھوں نے سلمان فارسیؓ سے روایت کی، اور حدیث میں ایک لفظ فی البحر بڑھایا...... اور آخری سند سماعت کی صراحت کے لئے لائے ہیں، قتادہؒ پر تدلیس کا داغ ہے، اس لئے صراحت کی کہ انھوں نے حدیث سنی ہے۔

بَابُ الِانْتِهَاءِ عَنِ الْمَعَاصِيْ

نافرمانی سے رکنا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم بشیر ونذیر ہیں، اللہ کے فرمان بردار بندوں کو جنت کی خوش خبری سناتے ہیں، اور نافرمانوں کو اللہ کے عذاب

سے ڈراتے ہیں، اور سب سے بڑے نافرمان کفار ہیں، پھر گناہوں میں پیر پسارنے والے مسلمان ہیں، دونوں کو ڈرایا ہے، اور وعیدیں سنائی ہیں، پس اگر لوگ نافرمانی چھوڑیں اور فرمان برداری اختیار کریں تو زہے نصیب! —— اور آپؐ نے اپنی یہ حیثیت دو مثالوں سے سمجھائی ہے:

پہلی مثال: دشمن حملہ کرنے کے لئے چل دیا، قوم کے ایک فرد نے ان کو دیکھا، وہ آکر قوم کو وارننگ دیتا ہے، پس جو لوگ اس کی بات مانیں گے، اور سویرے چل دیں گے وہ بچ جائیں گے، اور جو لوگ سنی اَن سنی کر دیں گے، اور اپنی جگہ ٹھہرے رہیں گے ان پر رات میں دشمن شب خون مارے گا، اور ان کو جڑ موڑ سے اکھاڑ دے گا۔

دوسری مثال: کسی نے رات میں آگ جلائی، پتنگے اس میں گرنے لگے، ایک شخص ان کو روک رہا ہے، مگر وہ آگ میں گھسے جا رہے ہیں۔ یہ آگ دوزخ کی آگ ہے، لوگ اس کی طرف بگ ٹٹ دوڑ رہے ہیں، نبی ﷺ ان کو پکڑ کر روک رہے ہیں، پس جو رک جائے گا جہنم سے بچ جائے گا، اور جو نافرمانی نہیں چھوڑے گا وہ جہنم کا ایندھن بنے گا۔

[۲۶-] بَابُ الْاِنْتِهَاءِ عَنِ الْمَعَاصِيْ

[٦٤٨٢-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَثَلِيْ وَمَثَلُ مَا بَعَثَنِي اللّٰهُ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَتَى قَوْمًا، فَقَالَ: رَأَيْتُ الْجَيْشَ بِعَيْنَيَّ، وَإِنِّيْ أَنَا النَّذِيْرُ الْعُرْيَانُ، فَالنَّجَاءَ، فَأَطَاعَهُ طَائِفَةٌ فَادَّلَجُوْا عَلٰى مَهَلِهِمْ، فَنَجَوْا، وَكَذَّبَتْهُ طَائِفَةٌ فَصَبَّحَهُمُ الْجَيْشُ فَاجْتَاحَهُمْ" [طرفه: ٧٢٨٣]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میری اور اس دین کی مثال جس کے ساتھ اللہ نے مجھے بھیجا ہے اس آدمی جیسی ہے جو کسی قوم کے پاس آیا، اور کہا: میں نے دشمن کا لشکر اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے، اور میں ننگا (دوٹوک) ڈرانے والا ہوں، پس ایک جماعت نے اس کا کہنا مانا، اور وہ رات کی تاریکی میں آہستہ آہستہ چلتے رہے اور بچ گئے، اور ایک جماعت نے جھٹلایا، پس دشمن نے ان پر شب خون مارا اور ان کو جڑ سے اکھاڑ دیا۔

[٦٤٨٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: " إِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُ النَّاسِ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا، فَلَمَّا أَضَاءَ تْ مَا حَوْلَهُ جَعَلَ الْفَرَاشُ وَهٰذِهِ الدَّوَابُّ الَّتِيْ تَقَعُ فِي النَّارِ يَقَعْنَ فِيْهَا، وَجَعَلَ يَنْزِعُهُنَّ وَيَغْلِبْنَهُ فَيَقْتَحِمْنَ فِيْهَا، فَأَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ، وَهُمْ يَقْتَحِمُوْنَ فِيْهَا"

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اور لوگوں کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے آگ جلائی، پس جب اس کا اردگرد روشن ہو گیا تو پتنگے اور یہ آگ میں گھسنے والے پروانے اس میں گرنے لگے، اور وہ شخص ان کو روکنے لگا، مگر وہ اس پر غالب

آ گئے، اور آگ میں گھس گئے، پس میں تمہاری کمریں پکڑ کر دوزخ سے روک رہا ہوں، اور تم ہو کہ اس میں گھسے جا رہے ہو!

آخری حدیث: کسی مسلمان کو اذیت نہ پہنچانا، اور ہجرت کے بعد گناہوں کو چھوڑنا: نافرمانی چھوڑنا ہے۔

[٦٤٨٤-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ"[راجع: ١٠]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمَ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً"

اگر تم جانتے وہ جو میں جانتا ہوں تو تم بہت کم ہنستے!

ہنسی دل لگی آخرت فراموشی کی علامت ہے، اگر انسان آخرت کے احوال سے واقف ہو جائے تو اس کی ہنسی ہرن ہو جائے، تبوک کے سفر میں چند منافقین ایک جگہ بیٹھ کر نبی ﷺ کا ٹھٹھا کر رہے تھے، وحی سے آپؐ کو اطلاع ملی، آپؐ نے ان کو بلا کر جتلایا، انھوں نے کہا: ہم ہنسی دل لگی کر رہے تھے، پس آپؐ نے عام خطاب فرمایا: "اگر تم جانتے وہ جو میں جانتا ہوں تو تم بہت کم ہنستے اور بہت زیادہ روتے!" (تحفۃ القاری ۹: ۲۲۲)

[٢٧-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمَ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً"

[٦٤٨٥-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا"[طرفه: ٦٦٣٧]

[٦٤٨٦-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمَ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا"[راجع: ٩٣]

بَابٌ: حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ

دوزخ خواہشات سے ڈھانکی گئی ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "دوزخ خواہشات سے ڈھانکی گئی ہے، اور جنت ناگواریوں سے"

تشریح: حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جہنم میں لے جانے والے اعمال نفس کی چاہت ہوتے ہیں، اور نفسانی خواہشات بڑی لذیذ اور مرغوب ہوتی ہیں، مگر ان کا انجام دوزخ کا دردناک عذاب ہے، جس کی ایک لپٹ زندگی بھر کے مزوں کو ختم

کردے گی، پس جو شخص جہنم سے بچنا چاہے وہ نفس کی خواہشوں سے مغلوب ہوکر معاصی کا ارتکاب نہ کرے —— اور جنت میں لے جانے والے اعمال عام طور پر نفس پر گراں ہوتے ہیں، مگر ان کا انجام جنت ہے، جس میں دائمی عیش اور راحت کا سامان ہے، پس جو جنت کا خواہش مند ہے وہ اطاعت والی زندگی گذارے تاکہ جنت میں تا ابد مزے لوٹے!

[۲۸-] بَابٌ: حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ

[۶۴۸۷-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ، وَحُجِبَتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ"

بَابٌ: "اَلْجَنَّةُ أَقْرَبُ إِلٰى أَحَدِكُمْ مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ، وَالنَّارُ مِثْلُ ذٰلِكَ"

جنت اور جہنم انسان سے اس کے چپل کے تسمہ سے بھی زیادہ قریب ہیں

باب میں پہلی حدیث کے بعینہ الفاظ ہیں، اور چپل کا تسمہ استعارہ ہے، مراد غایتِ قرب ہے، جیسے النذیر العریان اور حبل الورید استعارے ہیں، ان کے لفظی معنی مراد نہیں، اور زبان میں لطافت (فصاحت) استعاروں کنایوں کے استعمال سے پیدا ہوتی ہے، سادہ زبان سب بولتے ہیں، مگر وہ فصیح نہیں کہلاتے —— اس کے بعد جاننا چاہئے کہ دو عالم ساتھ چل رہے ہیں، الدار الدنیا: ورے کا عالم اور الدار الآخرۃ: پرے کا عالم، اور دونوں عالموں کے درمیان برزخ (آڑ) ہے، وہ آڑ لطافت وکثافت کی ہے، اور لطیف کو کثیف نظر آتا ہے، اور کثیف کو لطیف نظر نہیں آتا، جیسے اس زمین پر تین مخلوقات ساتھ بسی ہوئی ہیں: زمینی فرشتے، جنات اور انسان، تینوں بالترتیب لطیف وکثیف ہیں، چنانچہ فرشتوں کو جنات اور انسان نظر آتے ہیں، اور جنات کو فرشتے نظر نہیں آتے انسان نظر آتے ہیں، اور انسان کو جنات اور فرشتے دونوں نظر نہیں آتے، اور جب یہ آڑ ختم ہوجاتی ہے، فرشتے جسمانی پیکر اختیار کرتے ہیں یا جنات انسانی پیکر اختیار کرتے ہیں تو انسانوں کو نظر آتے ہیں۔

اب جاننا چاہئے کہ دنیا اور آخرت ساتھ ساتھ ہیں، دونوں میں صرف لطافت وکثافت کا پردہ ہے، اس لئے آخرت کی مخلوقات کو یہ دنیا نظر آتی ہے، حدیث میں ہے کہ اگر کوئی عورت شوہر کو ستاتی ہے تو جنت کی اس کی بیوی (حور) کوستی ہے کہ بے وقوف کیوں ستا رہی ہے، یہ تو چند روز کے لئے تیرے پاس ہے، پھر وہ ہمارے پاس آنے والا ہے۔ اب یہ مضمون آسانی سے سمجھ میں آجائے گا کہ جنت اور جہنم انسان سے اس کے چپل کے تسمہ سے بھی زیادہ قریب ہیں، بس پردہ ہٹنے کی دیر ہے!

اور سبق باب کی دوسری حدیث میں ہے کہ دنیا اپنی دونوں جانبوں سے حادث اور فانی ہے، اور آخرت ابتدا کی طرف

سے حادث ہے مگر بقاء کی جانب سے دائمی اور ابدی ہے، ہر چیز اللہ کے سوا نیست ہے کا یہی مطلب ہے، پس فانی کے پیچھے اپنی توانائیاں خرچ کرنا، اور باقی کو نظر انداز کرنا کہاں کی عقلمندی ہے!

[۲۹-] بَابٌ: " الْجَنَّةُ أَقْرَبُ إِلٰى أَحَدِكُمْ مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ، وَالنَّارُ مِثْلُ ذٰلِكَ"

[٦٤٨٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الْجَنَّةُ أَقْرَبُ إِلٰى أَحَدِكُمْ مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ، وَالنَّارُ مِثْلُ ذٰلِكَ"

[٦٤٨٩-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " أَصْدَقُ بَيْتٍ قَالَهُ الشَّاعِرُ:

أَلَا كُلُّ شَيْئٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ"

[راجع: ٣٨٤١]

بَابٌ: لِيَنْظُرْ إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ، وَلَا يَنْظُرْ إِلٰى مَنْ فَوْقَهُ

نیچے والے کو دیکھو، اوپر والے کو مت دیکھو

باقی رہنے والی دنیا یعنی آخرت کے کاموں میں کیسے مشغول ہوں؟ اس باب سے اس کا جواب ہے کہ دنیا کے مال وسامان میں اپنے سے کم تر کو دیکھو، اپنے سے بہتر کو مت دیکھو، میرا ایک مرتبہ بنگلور شہر میں ایک ماہ تک ایک نیک مالدار کی کوٹھی میں قیام رہا، جب دیوبند آیا تو ایک ماہ تک پریشان رہا، اپنی خستہ حالی پر نفریں بھیجتا تھا، پھر اللہ تعالیٰ نے دست گیری کی اور اپنے فضل سے اس کیفیت کو دور کیا، میں نے کم تر لوگوں پر نظر ڈالی تو مجھے اپنی حالت ان سے بہتر نظر آئی، میں نے اللہ کا شکر ادا کیا، ورنہ میں معلوم نہیں دنیا کی کس وادی میں جا گرتا۔

[٣٠-] بَابٌ: لِيَنْظُرْ إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ، وَلَا يَنْظُرْ إِلٰى مَنْ فَوْقَهُ

[٦٤٩٠-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِذَا نَظَرَ أَحَدُكُمْ إِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ، فَلْيَنْظُرْ إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلُ مِنْهُ"

ترجمہ: جب دیکھے تم میں سے کوئی اس کو جو برتری دیا گیا ہے اس پر مال اور حلیہ (جسمانی بناوٹ) میں تو چاہئے کہ دیکھے اس کو جو اس سے کم تر ہے۔

بَابُ مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ أَوْ سَيِّئَةٍ

نیکی اور برائی کا ارادہ کرنا بھی نیکی اور برائی کرنے کی طرح ہے

یہ ذیلی باب ہے، آخرت کے لئے تیاری کرو، اگرچہ ارادے کی حد تک ہو، باب میں حدیثِ قدسی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نیکیاں اور برائیاں تجویز فرمادی ہیں (یہی تقدیر الٰہی ہے) پھر ان کو (انبیاء کے ذریعہ) واضح کردیا ہے، پس جو شخص کسی نیکی کا ارادہ کرے، پھر اس کو نہ کرسکے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے اپنے پاس ایک کامل نیکی ثبت فرمائیں گے، اور اگر وہ کسی نیکی کا ارادہ کرے، اور اس کو کرے تو اس کو اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس نیکی کے بدل اپنے پاس سے دس تا سات سو تا بہت زیادہ نیکیاں ثبت فرمائیں گے —— اور جو کوئی برائی کا ارادہ کرے، اور (اللہ کے خوف سے) اس کو نہ کرے تو اس برائی کو اللہ تعالیٰ اس کے لئے اپنے پاس ایک کامل نیکی ثبت فرمائیں گے، اور اگر اس نے برائی کا ارادہ کیا، اور اس کو کرلیا تو اس کو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک (ہی) برائی ثبت فرمائیں گے (یہ عدل ہے اور اول فضل ہے)

[۳۱-] بَابُ مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ أَوْ سَيِّئَةٍ

[٦٤٩١-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْدٌ أَبُوْ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فِيْمَا يَرْوِيْ عَنْ رَبِّهِ، قَالَ: قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ الْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ، ثُمَّ بَيَّنَ ذٰلِكَ، فَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ لَهُ عِنْدَهُ حَسَنَةً كَامِلَةً، فَإِنْ هُوَ هَمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ لَهُ بِهَا عِنْدَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ إِلٰى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ إِلٰى أَضْعَافٍ كَثِيْرَةٍ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ لَهُ عِنْدَهُ حَسَنَةً كَامِلَةً، فَإِنْ هُوَ هَمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ لَهُ سَيِّئَةً وَاحِدَةً"

بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ مُحَقَّرَاتِ الذُّنُوْبِ

معمولی گناہوں سے بچنا

یہ بھی ذیلی باب ہے، معمولی گناہ سے بھی بچو، بیڑی بھی مت پیئو، چھوٹی چنگاری بھی آگ ہے، وہ لاوا پھونک سکتی ہے، پھر چھوٹے چھوٹے گناہ مل کر بڑا گناہ بن جاتے ہیں، اور بیڑا غرق کردیتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم لوگ کچھ کام ایسے کرتے ہو جو تمہاری نظروں میں بال سے زیادہ باریک ہیں یعنی معمولی ہیں، ہم ان کو عہد نبوی میں تباہ کن گناہ سمجھتے تھے۔

[۳۲-] بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ مُحَقَّرَاتِ الذُّنُوْبِ

[٦٤٩٢-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيٌّ، عَنْ غَيْلَانَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: إِنَّكُمْ لَتَعْمَلُوْنَ أَعْمَالاً هِيَ أَدَقُّ فِيْ أَعْيُنِكُمْ مِنَ الشَّعَرِ، إِنْ كُنَّا نَعُدُّ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْمُوْبِقَاتِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: يَعْنِيْ الْمُهْلِكَاتِ.

بَابٌ: الأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيْمِ وَمَا يُخَافُ مِنْهَا

اعتبار آخری اعمال کا ہے، پس اس سے ہوشیار رہو!

یہ بھی ذیلی باب ہے، اعتبار زندگی کے آخری عمل کا ہے، اسی پر آخرت میں نتیجہ مرتب ہوگا، اور یہ کسی کو معلوم نہیں کہ اس کی زندگی کب ختم ہونے والی ہے، پس ہوشیار رہے، اور ہر عمل کو زندگی کا آخری عمل سمجھے، اور وہ نیک عمل ہوتا کہ بیڑا پار ہو! —— اور حدیث تحفۃ القاری (۲۶۹:۸) میں آئی ہے، یہاں مقصود اس کا آخری جزء ہے۔

[۳۳-] بَابٌ: الأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيْمِ وَمَا يُخَافُ مِنْهَا

[٦٤٩٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى رَجُلٍ يُقَاتِلُ الْمُشْرِكِيْنَ، وَكَانَ مِنْ أَعْظَمِ النَّاسِ غَنَاءً عَنْهُمْ، فَقَالَ: " مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ إِلٰى هٰذَا" فَتَبِعَهُ رَجُلٌ، فَلَمْ يَزَلْ عَلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى جُرِحَ، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَقَالَ بِذُبَابَةِ سَيْفِهِ، فَوَضَعَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، فَتَحَامَلَ عَلَيْهِ، حَتّٰى خَرَجَ مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ فِيْمَا يَرَى النَّاسُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَيَعْمَلُ فِيْمَا يَرَى النَّاسُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّمَا الأَعْمَالُ بِخَوَاتِيْمِهَا"[راجع: ٢٨٩٨]

بَابٌ: الْعُزْلَةُ رَاحَةٌ مِنْ خُلَّاطِ السَّوْءِ

گوشہ نشینی بُرے ملنے جلنے والوں سے بہتر ہے

یہ آخری ذیلی باب ہے۔ گناہوں سے بچنے کا فارمولہ گوشہ نشینی ہے، کیونکہ کون اچھا ساتھی ہے کون برا؟ اس کا اندازہ جلدی نہیں ہوسکتا، پس آرام (سلامتی) اس میں ہے کہ لوگوں سے کم میل جول رکھے، وضوء کی دعا میں یہ مضمون ہے کہ میرے لئے میرے گھر میں گنجائش پیدا کر، یہی عزلت گزینی ہے، جس کو لوگوں سے مناسبت ہوجاتی ہے وہ سونا بھی ہوتو

ٹھیکرا بن جاتا ہے، اور جس کو لوگوں سے وحشت ہو جاتی ہے وہ مٹی بھی ہو تو سونا بن جاتا ہے۔

حدیث (۱): ایک بدو نے نبی ﷺ سے پوچھا: کون شخص بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ شخص جس نے جان و مال کے ساتھ جہاد کیا، اور وہ شخص جو کسی گھاٹی میں رہتا ہے، اپنے رب کی عبادت کرتا ہے اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھتا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''لوگوں پر ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ مسلمان کا بہترین مال بکریاں ہونگی، جن کو پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور بارش کی جگہوں میں لئے لئے پھرے گا، وہ اپنے دین کے ساتھ فتنوں (خانہ جنگیوں) سے بھاگے گا۔

[۳۴-] بَابٌ: اَلْعُزْلَةُ رَاحَةٌ مِنْ خُلَّاطِ السَّوْءِ

[۶۴۹۴-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ حَدَّثَهُ، قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ح: وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: '' رَجُلٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ، وَرَجُلٌ فِيْ شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ يَعْبُدُ رَبَّهُ، وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ'' تَابَعَهُ الزُّبَيْدِيُّ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ، وَالنُّعْمَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ.

وَقَالَ مَعْمَرٌ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ أَوْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَالَ يُوْنُسُ، وَابْنُ مُسَافِرٍ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يَعْنِيْ: مِثْلَ حَدِيْثِ أَبِي الْيَمَانِ: '' أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟''

[راجع: ۲۷۸۶]

[۶۴۹۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَاجِشُوْنُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ خَيْرُ مَالِ الْمُسْلِمِ الْغَنَمُ، يَتَّبِعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِيْنِهِ مِنَ الْفِتَنِ'' [راجع: ۱۹]

بَابُ رَفْعِ الْأَمَانَةِ

امانت داری کا فقدان

امانت: مصدر ہے، باب سمع سے، بغیر صلہ کے معنی ہیں: مطمئن ہونا، بےخوف ہونا، اس سے آمَنَ إيماناً (باب افعال) کے معنی ہیں: امن میں ہونا اور ب صلہ کے ساتھ آمن بہ کے معنی ہیں: تصدیق کرنا، ایمان لانا، یقین کرنا، اور علی صلہ کے ساتھ أَمِنَ فلانا علی کذا کے معنی ہیں: کسی پر اعتماد کرنا، ذمہ داری میں دینا۔ سورۃ یوسف (آیت ۶۴) میں ہے: ﴿هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ﴾: کیا میں اس (بنیامین) کے بارے میں تم پر اعتماد کروں؟ اور سورۃ الاحزاب (آیت ۷۲) میں امانت

کے معنی تکلیف شرعی کے ہیں، کیونکہ انسان کو اس کی ذمہ داری اوڑھائی گئی ہے۔

اور حدیث **لا إيمان لمن لا أمانة له** میں بھی ذمہ داری کے معنی ہیں یعنی جس میں ذمہ داری کا احساس نہیں وہ بے ایمان ہے، کسی کو کوئی چیز حفاظت کے لئے سونپی جائے تو حفاظت کرنا اس کی ذمہ داری ہے، کسی کو کوئی عہدہ تفویض کیا جائے تو اس کے تقاضے پورے کرنا اس کی ذمہ داری ہے، بلکہ عہدہ سپرد کرنا سپرد کرنے والی کی ذمہ داری ہے کہ اہل ہی کو عہدہ سونپے، ورنہ امانت کو ضائع کرنا ہے (تفصیل تحفۃ الالمعی (۵۴۸:۵) میں ہے)

باب کی پہلی حدیث تحفۃ القاری (۳۱۰:۱) میں آئی ہے: ایک بدّو نے پوچھا: قیامت کب آئے گی؟ آپؐ نے فرمایا: ''جب امانتیں ضائع کی جائیں تو قیامت کا انتظار کر'' وہ امانتیں ضائع کرنے کا مطلب نہیں سمجھا، اس نے پوچھا: امانتیں کیسے ضائع ہوتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''جب معاملہ نا اہل کو سونپا جائے تو قیامت کا انتظار کر'' کیونکہ جب عہدہ نا اہل کے پاس جائے گا تو جھگڑے شروع ہونگے۔

[۳۵-] بَابُ رَفْعِ الْأَمَانَةِ

[٦٤٩٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ ابْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا ضُيِّعَتِ الْأَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ" قَالَ: كَيْفَ إِضَاعَتُهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "إِذَا أُسْنِدَ الْأَمْرُ إِلَى غَيْرِ أَهْلِهِ، فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ" [راجع: ٥٩]

آئندہ حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم سے نبی ﷺ نے دو باتیں بیان کیں، ان میں سے ایک میں نے دیکھ لی یعنی وہ بات پوری ہوگئی، میرے سامنے آگئی، اور دوسری کا میں منتظر ہوں یعنی وہ پوری طرح میرے سامنے نہیں آئی، البتہ اس کے کچھ کچھ آثار شروع ہو گئے ہیں۔

پہلی بات: نبی ﷺ نے ہم سے بیان کیا کہ امانت لوگوں کے دلوں کی جڑ (تھاہ) میں اتری، پھر لوگوں نے قرآن سیکھا، پھر انھوں نے سنت سیکھی (یہ صحابہ کا دور تھا)

دوسری بات: اور نبی ﷺ نے ہم سے بیان کیا کہ امانت کس طرح اٹھالی جائے گی؟ فرمایا: ''آدمی ایک نیند سوئے گا یعنی ذرا غافل ہوگا پس امانت اس کے دل سے نکال لی جائے گی، پس امانت کا اثر ایک چھالے کے اثر کی طرح رہ جائے گا، پھر ایک نیند سوئے گا تو باقی ماندہ امانت بھی اس کے دل سے نکال لی جائے گی، پس اس کا اثر آبلے کی طرح باقی رہ جائے گا، جیسے آپ اپنے پیر پر چنگاری لڑھکائیں، پس آبلہ پڑ جائے، اور وہ آپ کو پھولا ہوا نظر آئے، درانحالیکہ اس میں کوئی کارآمد چیز نہ ہو۔

پس لوگ ایک دوسرے سے لین دین کریں گے، مگر شاید ہی کوئی ایسا انسان پائیں گے جو امانت ادا کرے، پس کہا

جائے گا: فلاں قبیلہ میں ایک امانت دار آدمی ہے، اور کہا جائے گا آدمی کے بارے میں کہ کس قدر عقلمند ہے! کس قدر زیرک ہے! کس قدر مضبوط آدمی ہے! مگر اس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر ایمان نہیں ہوگا۔

اور بخدا! مجھ پر ایک زمانہ گذر چکا ہے اور میں پرواہ نہیں کرتا تھا کہ میں تم میں سے کس کے ساتھ سودا کرتا ہوں، اس لئے کہ وہ شخص اگر مسلمان ہے تو ضرور اس کا دین اس چیز کو مجھ پر پھیرے گا، اور اگر عیسائی ہے تو اس کا عامل اس چیز کو پھیرے گا، مگر میں اب آپ لوگوں سے معاملات نہیں کرتا مگر فلاں اور فلاں سے۔

لغات: قوله: نَزَلَتْ فی جَذر قلوب الرِّجال: الجَذْرُ: ہر چیز کی جڑ، اصل، جمع جُذُوْر، یعنی امانت لوگوں کے دلوں کی تھاہ میں اتری، جیسے بوائی سے پہلے کھیت تیار کرتے ہیں، اسی طرح نبوت کے آغاز میں اللہ تعالیٰ نے قلوب میں صلاحیت پیدا کی، تاکہ وہ دین کو قبول کریں...... قوله: یَنَامُ الرجلُ النَّومة: آدمی ایک سونا سوئے گا، اس سے سونا مراد نہیں، بلکہ دفعۃً مزاجوں کی تبدیلی مراد ہے یعنی سویا تو کامل الایمان تھا، بیدار ہوا تو امانت داری ماند پڑ چکی تھی، اس کے دل کی دنیا بدل چکی تھی............ الوَکْت: کسی چیز کا ہلکا سا نشان، دھبہ، چتّی جو دیکھنے میں جلدی محسوس نہیں ہوتی مگر وہ عمل کا واقعی اثر ہوتی ہے، یعنی ابھی امانت کا دل میں کچھ اثر باقی ہے...... مثل أَثَرِ الْمَجْلِ: آبلے کے نشان کی طرح چھالا جس میں گندہ پانی بھرا ہوا ہوتا ہے، اور وہ پھولا ہوا نظر آتا ہے، مگر اس میں سوائے گندگی کے کچھ نہیں ہوتا، یعنی اب امانت داری بالکل ختم ہوگئی، مگر آدمی بناوٹی امانت دار نظر آتا ہے جو فتنہ کے سوا کچھ نہیں، مَجَلَتْ یدُہ (ن) مَجْلاً: ہاتھ میں آبلہ پڑنا، چھالہ پڑنا...... نَفِطَتْ یدُہ نَفْطًا: ہاتھ میں آبلہ پڑنا...... ما أَجْلَدَہُ (فعل تعجب) کس قدر مضبوط اور طاقت ور ہے، کس قدر باہمت اور با استقلال ہے...... ما أَظْرَفَہ (فعل تعجب) کس قدر ذہین، زیرک اور تیز طبع ہے...... ما أَعْقَلَہ: (فعل تعجب) کتنا بڑا عقلمند ہے۔

تشریح:

۱- امانت جب ابتداءً قلوب سے نکالی جاتی ہے تو اس کا اثر ظاہر نہیں ہوتا، ہر شخص اس کو سمجھ نہیں سکتا، اس کا نشان دل میں رہتا ہے مگر اس کی تاثیر واضح نہیں ہوتی، اس لئے اس کو دھبہ کے ساتھ تشبیہ دی، کام کرتے کرتے ہاتھ میں نشان پڑ جاتا ہے، جس سے کھال میں معمولی تغیر آ جاتا ہے اور وہ محسوس کیا جا سکتا ہے، پھر جب دوسری مرتبہ امانت داری نکالی جاتی ہے تو اس کا اثر ہر شخص محسوس کر سکتا ہے، اس لئے اس کو آبلہ کے ساتھ تشبیہ دی، اور پیر پر کنکری لڑھکا کر بات واضح کی کہ جس طرح چنگاری پیر پر گذر جائے تو جگہ جگہ آبلے پڑ جاتے ہیں جس کو ہر شخص دیکھ سکتا ہے، وہ انگور کے دانہ کی طرح نظر آتا ہے، مگر اس میں گندے پانی کے علاوہ کچھ نہیں ہوتا۔

۲- حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ماحول میں صحابہ غالب تھے تو ان کے دل نور ایمان سے منور تھے، اور اس زمانہ کے کفار بھی ان کے آثار سے متأثر تھے، پس شاذ و نادر ہی کوئی خیانت کرتا تھا، اس لئے میں بے تکلف ہر ایک سے

معاملہ کرتا تھا، میں سوچتا تھا کہ جس سے میں معاملہ کر رہا ہوں اگر وہ مؤمن ہے تو وہ ایمان کے تقاضہ سے میری امانت ادا کرے گا اور اگر وہ غیر مسلم ہے تو اس پر جو مسلمان حاکم ہے وہ میری امانت ادا کرائے گا، مگر اب لوگوں کا حال برا ہو گیا ہے اور حکام بھی لاپرواہ ہو گئے ہیں، اس لئے میں آنکھ بند کر کے ہر کسی کے ساتھ معاملہ نہیں کرتا، بلکہ ٹھوک بجا کر قابل اعتماد آدمی کے ساتھ ہی معاملہ کرتا ہوں۔

سوال: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا کہ میں نے دوسری بات نہیں دیکھی، اور اب فرما رہے ہیں کہ وہ بدلا ہوا زمانہ بھی میں نے دیکھ لیا، پس یہ دو باتیں متعارض ہیں؟

جواب: یہ ہے کہ زمانہ میں تبدیلی ابھی پوری طرح نہیں آئی، کچھ کچھ آثار شروع ہوئے ہیں، مگر چونکہ حدیث میں ہے: الحَزْمُ سُوءُ الظنِّ: چوکنا پن بدظنی میں ہے، اس لئے حضرت حذیفہؓ نے پھونک پھونک کر قدم رکھنا شروع کر دیا ہے، مگر جیسا پہلی بات کا مشاہدہ کر لیا ہے، ایسا کامل مشاہدہ ابھی اس دوسری بات کا نہیں ہوا۔

[٦٤٩٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُذَيْفَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثَيْنِ، رَأَيْتُ أَحَدَهُمَا وَأَنَا أَنْتَظِرُ الآخَرَ.

[١-] حدثنا" أَنَّ الْأَمَانَةَ نَزَلَتْ فِيْ جِذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ، ثُمَّ عَلِمُوْا مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ عَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ"

[٢-] وَحَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِهَا، قَالَ:" يَنَامُ الرَّجُلُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْأَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهِ، فَيَظَلُّ أَثَرُهَا مِثْلَ أَثَرِ الْوَكْتِ، ثُمَّ يَنَامُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ فَيَبْقَى أَثَرُهَا مِثْلَ الْمَجْلِ، كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهُ عَلٰى رِجْلِكَ فَنَفِطَ، فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا، وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْئٌ.

فَيُصْبِحُ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ، وَلَا يَكَادُ أَحَدٌ يُؤَدِّيْ الْأَمَانَةَ، فَيُقَالُ: إِنَّ فِي بَنِيْ فُلَانٍ رَجُلًا أَمِينًا، وَيُقَالُ لِلرَّجُلِ: مَا أَعْقَلَهُ وَمَا أَظْرَفَهُ وَمَا أَجْلَدَهُ، وَمَا فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ.

وَلَقَدْ أَتَى عَلَيَّ زَمَانٌ وَلَا أُبَالِيْ أَيَّكُمْ بَايَعْتُ؟ لَئِنْ كَانَ مُسْلِمًا رَدَّهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامُ، وَإِنْ كَانَ نَصْرَانِيًّا رَدَّهُ عَلَيَّ سَاعِيْهِ، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَمَا كُنْتُ أُبَايِعُ إِلَّا فُلَانًا وَفُلَانًا"[طرفاه: ٧٠٨٦، ٧٢٧٦]

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "انسانوں کا حال ان سو اونٹوں جیسا ہے جن میں سواری کے قابل ایک بھی نہیں!" اسی طرح سو آدمیوں میں سے ایک بھی ایسا نہیں کہ اس سے بے دھڑک معاملہ کیا جائے، امانت کے فقدان کی وجہ سے!

[٦٤٩٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّمَا النَّاسُ كَالْإِبِلِ الْمِائَةِ لَا تَكَادُ تَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً"

بَابُ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ

دکھلانا اور سنانا

اعمال کو خادشات (زخمی کرنے والی چیزوں) سے بچانا ضروری ہے، اگر عمل میں دکھلانے سنانے کا جذبہ شامل ہوتو وہ عمل منہ پر مارا جائے گا، مسند احمد (۳۲۲:۲) اور نسائی میں ان تین شخصوں کا حال بیان کیا گیا ہے جن کا سب سے پہلے حساب ہوگا: مالدار، مجاہد اور مولوی (قاری) انھوں نے سخاوت، جہاد، اور تعلیم کا کام دکھانے سنانے کے لئے کیا تھا، چنانچہ ان کا عمل ان کے منہ پر مار دیا گیا، اور ان کو جہنم میں جھونک دیا گیا، اللّٰهُمَّ احْفَظْنَا! اور باب کی حدیث میں ہے کہ جو تشہیر کے لئے عمل کرے گا اللہ تعالیٰ اس کا بھانڈا چوراہے پر پھوڑیں گے اور جو دکھاوے کے لئے عمل کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو رسوا کریں گے۔

[۳٦-] بَابُ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ

[٦٤٩٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ أَسْمَعْ أَحَدًا يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم غَيْرَهُ، فَدَنَوْتُ مِنْهُ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ يُرَاءِ يُرَاءِ اللّٰهُ بِهِ" [طرفه: ۷۱۵۲]

قوله: ولم أسمع: سلمۃ بن کہیل کا قول ہے، حضرت جندب رضی اللہ عنہ وفات کے اعتبار سے آخری صحابی ہیں۔

بَابُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ

اللہ کی اطاعت میں پوری طاقت خرچ کرنا

حدیث پہلے آچکی ہے۔ اللہ کا بندوں پر یہ حق ہے کہ وہ اس کی عبادت کریں اور کسی کو اللہ کے ساتھ شریک نہ ٹھہرائیں، اور جب وہ یہ کریں تو ان کا اللہ پر حق ہے کہ وہ ان کو سزا نہ دیں، پس بندوں کو چاہئے کہ وہ اللہ کی اطاعت میں پوری طاقت خرچ کریں اور اس کی جزاء کے امیدوار رہیں۔

[۳۷-] بَابُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ

[٦٥٠٠-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: بَيْنَا أَنَا رَدِيْفُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، لَيْسَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ إِلَّا آخِرَةُ الرَّحْلِ،

فَقَالَ: "يَا مُعَاذُ!" قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ! ثُمَّ سَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ: "يَا مُعَاذُ!" قلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ! ثُمَّ سَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ: "يَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ!" قُلْتُ: "لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ! قَالَ: "هَلْ تَدْرِيْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهِ؟" قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "حَقُّ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهِ: أَنْ يَعْبُدُوْهُ، وَلَا يُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا" ثُمَّ سَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ: "يَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ!" قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ! قَالَ: "هَلْ تَدْرِيْ مَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ إِذَا فَعَلُوْهُ؟" قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ أَنْ لَا يُعَذِّبَهُمْ" [راجع: ۲۸۵۶]

بَابُ التَّوَاضُعِ

خاکساری کا بیان

وَضَعَ الشيئَ کے معنی ہیں: رکھنا، ہاتھ سے چھوڑنا، ڈالنا، اور وَضَعَ من فلانٍ وعنه کے معنی ہیں: کسی کی حیثیت گرانا، درجہ گھٹانا، اور تَوَاضَعَ فلان (باب تفاعل) کے معنی ہیں: انکساری کرنا، نرمی اور عاجزی ظاہر کرنا، منکسر المزاج ہونا، اور شرعاً اس کی ضد تکبر ہے یعنی خود کو بڑا سمجھنا، اور حدیث میں تکبر کی تعریف ہے: غَمْطُ الناس وَبَطَرُ الحق: لوگوں کو نگاہوں سے گرادینا، اور حق بات کو قبول نہ کرنا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ بعض الفاظ کے معانی نسبتوں کے بدلنے سے بدلتے ہیں، جیسے صلاۃ اور حبّ کے معانی نسبتوں کی تبدیلی سے بدلتے ہیں، اسی طرح تواضع بالنسبۃ الی الخلق کے معنی ہیں: اپنی نوع کے افراد سے خود کو چھوٹا سمجھنا، ایک ریس میں بدو کی اونٹنی نبی ﷺ کی اونٹنی سے آگے نکل گئی تو صحابہ پر یہ بات شاق گذری، پس آپؐ نے فرمایا: حق على الله أن لا يرفع شيئ إلا وَضَعَه: جو بھی چیز سر ابھارتی ہے اللہ تعالیٰ اس کو ضرور نیچا دکھاتے ہیں، اس حدیث سے ابنائے نوع کے لئے قاعدہ بنا، پس جو شخص لوگوں کو نگاہوں سے گرائے گا اور خود کو لمبا کھینچے گا، جس کا لازمی تقاضہ ہے کہ وہ ان کی صحیح بات بھی قبول نہیں کرے گا: وہ متکبر ہے، اور اس کی ضد تواضع ہے، اور تواضع کے بارے میں فرمایا: من تواضع لله رفعه الله: جو اللہ کی خوشنودی کے لئے انکساری کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کو بلند کرتے ہیں یعنی انکساری سے اس کی حیثیت گھٹتی نہیں، بڑھتی ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کی نسبت سے تواضع بندگی ہے، انسان بندہ ہے، پس اس کا کمال بندگی اور نیازمندی کا اظہار ہے، اور اس کا مظہر عبادت ہے، اور اسی مناسبت سے کتاب الرقاق میں یہ باب لایا گیا ہے، اور اعلیٰ درجہ کی عبادت فرائض کی ادائیگی ہے، پھر نوافل کی کثرت، تا آنکہ اللہ تعالیٰ انسان کے اعضاء بن جائیں: شاعر کہتا ہے:

من تو شدم، تو من شدی، من جاں شدم تو تن شدی ❁ تا کس نگوید بعد ازیں کہ من دیگرم تو دیگری!

[۳۸-] بَابُ التَّوَاضُعِ

[۶۵۰۱-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَاقَةٌ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْفَزَارِيُّ، وَأَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَتْ نَاقَةٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تُسَمَّى الْعَضْبَاءَ، وَكَانَتْ لاَ تُسْبَقُ، فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ عَلٰى قَعُوْدٍ لَهُ فَسَبَقَهَا، فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَقَالُوْا: سُبِقَتِ الْعَضْبَاءُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ لاَ يُرْفَعَ شَيْئٌ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا وَضَعَهُ"

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کی ایک اونٹنی تھی جو عضباء (کان کٹی) کہلاتی تھی، وہ کبھی پیچھے نہیں رہتی تھی، پس ایک بدو اپنی اونٹنی پر آیا، اور وہ اونٹنی نبی ﷺ کی اونٹنی سے آگے نکل گئی، یہ بات مسلمانوں پر شاق گذری، اور انھوں نے کہا: عضباء ہار گئی! (افسوس کی بات ہے!) پس آپؐ نے فرمایا: "اللہ پر لازم ہے کہ جب دنیا کی کوئی چیز سر ابھارے تو اللہ تعالیٰ اس کو نیچا دکھائیں!"

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: "جو شخص میرے کسی دوست سے جھگڑا کرتا ہے میں اس کو جنگ کا الٹی میٹم دیتا ہوں۔ اور نہیں نزدیکی ڈھونڈھتا میرا بندہ میری کسی چیز کے ذریعہ جو مجھے زیادہ محبوب ہو، اس چیز سے جو میں نے اس پر فرض کی ہے یعنی تقرب کا بہترین ذریعہ فرائض ہیں، اور میرا بندہ برابر میری نزدیکی ڈھونڈھتا ہے نوافل اعمال کے ذریعہ یہاں تک کہ میں اس کو دوست بنالیتا ہوں، پس میں اس کی شنوائی بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے، اور میں اس کی بینائی بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے، اور میں اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے، اور میں اس کا پیر بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے، اور اگر وہ مجھ سے کوئی چیز مانگتا ہے تو میں اس کو ضرور دیتا ہوں، اور اگر وہ مجھ سے پناہ طلب کرتا ہے تو میں اس کو ضرور پناہ دیتا ہوں، اور میں نہیں ہچکچاتا کسی کام کے کرنے سے جتنا ہچکچاتا ہوں مؤمن کی روح قبض کرنے سے، درانحالیکہ وہ موت کو ناپسند کرتا ہے، اور میں اس کی ناخوشی کو ناپسند کرتا ہوں (مگر اس کے لئے موت کے سوا چارہ نہیں!)

ملحوظہ: اس حدیث کی شرح رحمۃ اللہ الواسعہ (۲۹۶:۴) میں ہے، یہاں استدلال یہ کرنا ہے کہ بندگی بندے کی تواضع ہے، اللہ کی نسبت سے۔

[۶۵۰۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ قَالَ: مَنْ عَادٰى لِيْ وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِيْ بِشَيْئٍ

أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَيْهِ، وَلاَ يَزَالُ عَبْدِيْ يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰى أُحِبَّهُ، فَكُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِيْ يَسْمَعُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِيْ يُبْصِرُ بِهِ، وَيَدَهُ الَّتِيْ يَبْطُشُ بِهَا، وَرِجْلَهُ الَّتِيْ يَمْشِيْ بِهَا، وَإِنْ سَأَلَنِيْ لَأُعْطِيَنَّهُ، وَلَئِنْ اسْتَعَاذَنِيْ لَأُعِيْذَنَّهُ، وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِيْ عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ، يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَ تَهُ"

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ"

میں قیامت کے ساتھ ان دوانگلیوں کی طرح بھیجا گیا ہوں

واو بمعنی مع ہے یا عاطفہ ہے۔ قیامت کے آنے میں دیر نہیں، پلک جھپکنے کی دیر ہے، سورۃ النحل (آیت ۷۷) میں ہے: "اور قیامت کا معاملہ تو بس ایسا سمجھو جیسے آنکھ کا جھپکنا، بلکہ اس سے بھی کم تر، بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں" پس قیامت کے آنے کو دور مت سمجھو، اس کی تیاری میں لگ جاؤ، وہ چشم زدن میں آجائے گی، پھر ہاتھوں کے طوطے اڑ جائیں گے!

اور باب میں حدیث ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "میں قیامت کے ساتھ ان دوانگلیوں کی طرح بھیجا گیا ہوں!" اور آپؐ نے شہادت کی اور درمیان کی لمبی انگلیاں لمبی کر کے اشارہ کیا یعنی درمیان میں کسی نئے نبی کا فاصلہ نہیں یا قرب قیامت کی طرف اشارہ ہے ـــــ اور آنکھ جھپکنے کی تعبیر لوگوں کے محسوسات کے اعتبار سے ہے، ورنہ ارادۂ خداوندی پر مراد کا ترتب آنی ہے!

[٣٩-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ"

﴿وَمَا أَمْرُ السَّاعَةِ إِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ أَوْ هُوَ أَقْرَبُ، إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

[٦٥٠٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ هٰكَذَا" وَيُشِيْرُ بِإِصْبَعَيْهِ فَيُمُدُّهُمَا.

[راجع: ٤٩٣٦]

[٦٥٠٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، وَأَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ"

[٦٥٠٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ" يَعْنِيْ إِصْبَعَيْنِ. تَابَعَهُ إِسْرَائِيْلُ عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ.

بَابُ [طُلُوْعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا]

سورج کا مغرب سے نکلنا

گیلری میں ابوذر کے نسخہ میں باب ہے جو کھڑی دو قوسوں کے درمیان لکھا ہے، قیامت کی قریب ترین علامت سورج کا مغرب سے نکلنا ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تک سورج اس کے غروب ہونے کی جگہ سے نہیں نکلے گا قیامت قائم نہیں ہوگی، پس جب وہ نکلے گا، اور اس کو لوگ دیکھیں گے تو سب ایمان لے آئیں گے، پس یہ وہ وقت ہوگا کہ کسی ایسے شخص کا ایمان اس کے کام نہیں آئے گا جو اس سے پہلے ایمان نہیں لایا، یا اس نے اپنے ایمان میں کوئی نیک کام نہیں کیا۔ اور ضرور قیامت برپا ہوگی درانحالیکہ دو شخصوں نے اپنا کپڑا پھیلا رکھا ہوگا، پس وہ دونوں اس کا سودا نہیں کرنے پائیں گے، نہ وہ اس کو لپیٹ سکیں گے، اور ضرور قیامت برپا ہوگی درانحالیکہ ایک شخص اپنی اونٹنی کا دودھ لے کر لوٹا ہوگا، پس وہ اس کو پی نہیں سکے گا، اور ضرور قیامت برپا ہوگی درانحالیکہ وہ اپنے حوض کو گارے سے لیپ رہا ہوگا، پس وہ اس میں پانی نہیں پلا سکے گا، اور ضرور قیامت برپا ہوگی درانحالیکہ اس نے منہ کی طرف لقمہ اٹھایا ہوگا، پس وہ اس کو کھا نہیں سکے گا۔

سوال (۱): سورج تو کہیں ڈوبتا نہیں، گول گھومتا ہے، پھر مغرب سے نکلنے کا کیا مطلب؟ اور کس ملک میں مغرب سے نکلے گا؟

جواب: سورج کسی بھی نقطہ پر رک جائے گا، اور الٹا چلنے لگے گا، پس کسی بھی ملک میں مغرب سے نکلے گا۔

سوال (۲): کہتے ہیں: سورج نہیں چلتا، زمین گھومتی ہے، پھر سورج کے مغرب سے نکلنے کا کیا مطلب؟

جواب: گفتگو عصری زبان میں اور عصری مسلمات میں کی جاتی ہے، اس کے خلاف کیا جائے تو مخاطبین بات نہیں سمجھ سکیں گے، پس اگر زمین چلتی ہے تو وہ کسی نقطہ پر رک کر الٹی چلنے لگے گی، اور شرق کے معنی چمکنے کے ہیں اور غرب کے معنی چھپنے کے، پس اگر زمین گھومتی ہے تو بھی مشرق و مغرب کا تحقق ہوگا۔

سوال (۳): سورج یا زمین کی الٹی چال ایک ہی دن ہوگی یا پھر وہ ایسے ہی الٹے چلتے رہیں گے؟

جواب: معلوم نہیں! سمجھنے کی بات یہ ہے کہ جب پہیے کے رکنے کا وقت آتا ہے تو وہ الٹا گھومنے لگتا ہے، شاید سورج یا زمین کا بھی یہی معاملہ ہوگا، پھر جب چکر رک جائے گا قیامت برپا ہو جائے گی۔

[٤٠-] بَابُ [طُلُوْعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا]

[٦٥٠٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَإِذَا

طَلَعَتْ وَرَآهَا النَّاسُ آمَنُوْا أَجْمَعُوْنَ، فَذٰلِكَ ﴿لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا﴾ [الأنعام: ١٥٨] وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدْ نَشَرَ الرَّجُلَانِ ثَوْبَهُمَا بَيْنَهُمَا، فَلَا يَتَبَايَعَانِهِ، وَلَا يَطْوِيَانِهِ، وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدِ انْصَرَفَ الرَّجُلُ بِلَبَنِ لِقْحَتِهِ، فَلَا يَطْعَمُهُ، وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَهُوَ يَلِيْطُ حَوْضَهُ، فَلَا يَسْقِيْ فِيْهِ، وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدْ رَفَعَ أُكْلَتَهُ إِلٰى فِيْهِ، فَلَا يَطْعَمُهَا" [راجع: ٨٥]

بَابٌ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ

جواللہ سے ملنا پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے ملنا پسند کرتے ہیں

حدیث: حضرت عبادة بن الصامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملنا پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا پسند کرتے ہیں، اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملنا ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا ناپسند کرتے ہیں" —— حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یا کسی اور بیوی صاحبہ نے عرض کیا: بے شک ہم بالیقین موت کو ناپسند کرتے ہیں! پس گویا کوئی بھی اللہ سے ملنا پسند نہیں کرتا، کیونکہ موت کے پل سے گذرے بغیر کسی کی اللہ سے ملاقات نہیں ہوسکتی، نبی ﷺ نے فرمایا: "ایسا نہیں ہے، بلکہ مؤمن کی جب موت کا وقت آتا ہے تو اس کو اللہ کی خوشنودی اور اللہ کے یہاں اعزاز واکرام کی خوش خبری دی جاتی ہے: اس وقت مؤمن کے لئے آئندہ زندگی سے پیاری کوئی چیز نہیں ہوتی، پس وہ اللہ تعالیٰ سے ملنے کو پسند کرتا ہے (اور مرنے کے لئے بے تاب ہوجاتا ہے) اور اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنے کو پسند کرتے ہیں، اور کافر کی موت کا جب وقت آتا ہے تو اس کو اللہ کے عذاب کی اور آخرت میں سزا کی خوش خبری دی جاتی ہے، اس وقت کافر کے لئے آئندہ زندگی سے زیادہ ناپسند کوئی چیز نہیں ہوتی، پس وہ اللہ سے ملنے کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنے کو ناپسند کرتے ہیں" —— یہی روایت مختصراً حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے —— پھر آخری حدیث میں بوقت وفات اللہ تعالیٰ سے ملنے کی محبت کی مثال ہے، نبی ﷺ کی زبان سے آخری بات یہ نکلی تھی: اللّٰھُمَّ الرفیق الأعلی! اے اللہ! میں عالم بالا کے ساتھیوں کو اختیار کرتا ہوں، یہی شوقِ لقاء ہے، اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

ملحوظہ: حدیث کی شرح، خاص طور پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سوال کے جواب کی تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۶۵۶:۳) میں ہے۔

[٤١-] بَابٌ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ

[٦٥٠٧-] حدثنا حَجَّاجٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهُ" قَالَتْ عَائِشَةُ أَوْ بَعْضُ أَزْوَاجِهِ: إِنَّا لَنَكْرَهُ الْمَوْتَ! قَالَ: "لَيْسَ ذَاكِ، وَلٰكِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا

حَضَرَهُ الْمَوْتُ بُشِّرَ بِرِضْوَانِ اللّٰهِ وَكَرَامَتِهِ، فَلَيْسَ شَيْئٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا أَمَامَهُ، فَأَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ وَأَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ. وَإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا حُضِرَ بُشِّرَ بِعَذَابِ اللّٰهِ وَعُقُوْبَتِهِ، فَلَيْسَ شَيْئٌ أَكْرَهَ إِلَيْهِ مِمَّا أَمَامَهُ، كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ وَكَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهُ"

اخْتَصَرَهُ أَبُوْ دَاوُدَ، وَعَمْرٌو، عَنْ شُعْبَةَ. وَقَالَ سَعِيْدٌ: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفٰى، عَنْ سَعْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۶۵۰۸-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهُ"

[۶۵۰۹-] حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، فِيْ رِجَالٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ وَهُوَ صَحِيْحٌ:" إِنَّهُ لَمْ يُقْبَضْ نَبِيٌّ قَطُّ حَتّٰى يُرَى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ، ثُمَّ يُخَيَّرُ" فَلَمَّا نُزِلَ بِهِ، وَرَأْسُهُ عَلٰى فَخِذِيْ، غُشِيَ عَلَيْهِ سَاعَةً، ثُمَّ أَفَاقَ، فَأَشْخَصَ بَصَرَهُ إِلَى السَّقْفِ ثُمَّ قَالَ:" اللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْأَعْلٰى" قُلْتُ: إِذَنْ لَا يَخْتَارُنَا، وَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَدِيْثُ الَّذِيْ كَانَ يُحَدِّثُنَا بِهِ، قَالَتْ: وَكَانَتْ تِلْكَ آخِرَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، قَوْلُهُ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْأَعْلٰى"[راجع: ۴۴۳۵]

قوله: اختصره: ابوداؤدطیالسی وغیرہ کی روایت میں حضرت عائشہؓ کا سوال اور اس کا جواب نہیں ہے......**فی رجال:** زہریؒ صرف سعیدؒ وغیرہ سے یہ روایت نہیں کرتے، دوسرے اہل علم سے بھی روایت کرتے ہیں، ان کے نام نہیں لئے۔

بَابُ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ

موت کی سختیاں

موت کی سختی سے مراد جان کَنی کی تکلیف ہے، مرض موت اور موت کی سختی دو علاحدہ علاحدہ چیزیں ہیں، مرض موت تو طویل بھی ہوسکتا ہے، سکرات اتنی طویل نہیں ہوتی، اور موت کی سختی اور آسانی کے لئے مثبت پہلو سے کوئی معیار نہیں، ہاں منفی پہلو سے معیار ہے کہ نیک و بد ہونا معیار نہیں، جیسے مالداری اور غریبی کا مثبت پہلو سے معیار معلوم نہیں، ہاں منفی پہلو سے معیار معلوم ہے کہ عقل وفہم، ہنرمندی اور ڈگری معیار نہیں، ڈگری والے ملازم ہوتے ہیں، اور انگوٹھا چھاپ بوس ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کے لئے چاہتے ہیں روزی وسیع کرتے ہیں، اور جس کے لئے چاہتے ہیں تنگ کرتے ہیں، اسی طرح موت

کی سختی کا معاملہ ہے، جس کے لئے چاہتے ہیں موت کے وقت آسانی کرتے ہیں، اور جس کے لئے چاہتے ہیں سختی کرتے ہیں، البتہ مؤمن کی سختی باعث اجر ہوتی ہے، اس سے بھی گناہ معاف ہوتے ہیں یا درجات بڑھتے ہیں، پس چت بھی اس کی اور پٹ بھی اس کی!

حدیث: وفات کے وقت نبی ﷺ کے پاس پانی کا ڈونگا/ ڈبہ تھا، آپؐ پانی میں ہاتھ ڈبوتے تھے اور اپنے چہرے پر پھیرتے تھے، اور فرماتے تھے: لا إلٰہ إلا الله: بے شک موت کے لئے سختیاں ہیں! پھر آپؐ نے ہاتھ کھڑا کیا، اور فرمانے لگے: اللّٰهم الرفيق الأعلى! یہاں تک کہ جان وصول کرلی گئی، اور آپؐ کا ہاتھ جھک گیا!

[٤٢-] بَابُ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ

[٦٥١٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، أَنَّ أَبَا عَمْرٍو ذَكْوَانَ مَوْلٰى عَائِشَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَقُوْلُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ بَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ أَوْ: عُلْبَةٌ فِيْهَا مَاءٌ- يَشُكُّ عُمَرُ - فَجَعَلَ يُدْخِلُ يَدَيْهِ فِي الْمَاءِ، فَيَمْسَحُ بِهِمَا وَجْهَهُ، وَيَقُوْلُ: " لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، إِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ" ثُمَّ نَصَبَ يَدَيْهِ، فَجَعَلَ يَقُوْلُ: " فِي الرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى" حَتّٰى قُبِضَ وَمَالَتْ يَدُهُ. [راجع: ٨٩٠]

آئندہ حدیث: اجڈ بدو نبی ﷺ کے پاس آتے تھے اور قیامت کے بارے میں پوچھتے تھے، پس آپؐ ان کے چھوٹے کو دیکھتے اور فرماتے: "اگر یہ زندہ رہا تو اس کو انتہائی بڑھاپا نہیں آئے گا کہ تم پر تمہاری قیامت قائم ہوجائے گی، یعنی تمہاری موت آجائے گی (یہ ان کی قیامت صغری ہے: من مات فقد قامت قیامته، اور قیامت کبری کا وقت کسی کو معلوم نہیں، مگر ان کندۂ ناتراشوں کو لا أدری کہنا مناسب نہیں تھا، پس علی اسلوب الحکیم جواب دیا، تاکہ نہ سانپ بچے نہ لاٹھی ٹوٹے! —— اور موت کے ساتھ سختی ہوتی ہی ہے، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے (عینی)

[٦٥١١-] حدثنا صَدَقَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رِجَالٌ مِنَ الْأَعْرَابِ جُفَاةً يَأْتُوْنَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَيَسْأَلُوْنَهُ: مَتَى السَّاعَةُ؟ فَكَانَ يَنْظُرُ إِلٰى أَصْغَرِهِمْ فَيَقُوْلُ: " إِنْ يَعِشْ هٰذَا لَا يُدْرِكْهُ الْهَرَمُ حَتّٰى تَقُوْمَ عَلَيْكُمْ سَاعَتُكُمْ" قَالَ هِشَامٌ: يَعْنِيْ مَوْتَهُمْ.

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ کے پاس سے ایک جنازہ گذارا گیا، آپؐ نے فرمایا: "آرام پانے والا یا اس سے آرام پایا ہوا!" لوگوں نے پوچھا: کیا مطلب؟ آپؐ نے فرمایا: "مؤمن بندہ دنیا کی مشقت اور اس کی تکلیف سے آرام پاتا ہے، اور اللہ کی رحمت کی طرف جاتا ہے، اور بدکار بندہ: اس سے آرام پاتے ہیں بندے، شہر، درخت اور چوپایے!"

تشریح: موت سے مؤمن (صالح) بندہ دنیا کی تکلیفوں اور پریشانیوں سے نجات پاتا ہے، اور اس کو راحت وآرام

حاصل ہوتا ہے، اور وہ اللہ کی رحمت سے ہم کنار ہوتا ہے۔ اور بدکار کے مرجانے سے لوگوں کو راحت حاصل ہوتی ہے، اور کبھی اس کی نحوست سے بارش رک جاتی ہے، پس جب اس کا جنازہ نکل جاتا ہے تو بارش ہونے لگتی ہے، اور شہر (علاقے) خوش حال ہوجاتے ہیں، درخت لہلہانے لگتے ہیں، اور جانور سکون کا سانس لیتے ہیں —— اور ہر موت کے ساتھ سکرات (موت کی سختیاں) ہوتی ہیں، یہ حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[٦٥١٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ الْأَنْصَارِيِّ: أَنَّـهُ كَانَ يُحَدِّثُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُرَّ عَلَيْهِ بِجَنَازَةٍ، قَالَ: " مُسْتَرِيْحٌ وَمُسْتَرَاحٌ مِنْهُ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا الْمُسْتَرِيْحُ وَالْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ؟ قَالَ: "الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ يَسْتَرِيْحُ مِنْ نَصَبِ الدُّنْيَا وَأَذَاهَا إِلَى رَحْمَةِ اللّٰهِ، وَالْعَبْدُ الْفَاجِرُ تَسْتَرِيْحُ مِنْهُ الْعِبَادُ وَالْبِلَادُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ"[طرفه: ٦٥١٣]

[٦٥١٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مُسْتَرِيْحٌ، وَمُسْتَرَاحٌ مِنْهُ، الْمُؤْمِنُ يَسْتَرِيْحُ"[راجع: ٦٥١٢]

آئندہ حدیث: میت کے پیچھے تین چیزیں جاتی ہیں، دو لوٹ آتی ہیں، اور ایک اس کے ساتھ رہ جاتی ہے، گھر والے، مال اور عمل ساتھ جاتے ہیں، پھر گھر والے اور مال لوٹ آتے ہیں اور عمل ساتھ رہ جاتا ہے۔

تشریح: ساتھ جانے سے حسّی ساتھ جانا مراد نہیں، پیچھے رہ جانا مراد ہے، کیونکہ گھر والے بھی سب جنازہ کے ساتھ نہیں جاتے، وہ پسماندگان ہیں، اسی طرح ترکہ بھی ساتھ نہیں جاتا: وہ پسماندہ ہے، اور عمل تو آگے جاچکا ہے —— اور مناسبت باب سے وہی ہے کہ موت کے ساتھ سختیاں ہوتی ہیں۔

[٦٥١٤-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلَاثَةٌ، فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقَى مَعَهُ وَاحِدٌ، يَتْبَعُهُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَعَمَلُهُ، فَيَرْجِعُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ، وَيَبْقَى عَمَلُهُ"

آئندہ حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تم میں سے کوئی مرتا ہے تو وہ صبح وشام اس کے ٹھکانے پر پیش کیا جاتا ہے: آگ پر یا باغ پر! پس کہا جاتا ہے: یہ تیرا ٹھکانا ہے جب تو دوبارہ زندہ کیا جائے گا"

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: "مردوں کو برامت کہو، اس لئے کہ وہ ان اعمال تک پہنچ چکے جو انھوں نے آگے بھیجے ہیں"

سوال: اگر حدیثوں کی باب سے مناسبت اتنی ہی ہے کہ موت کا ذکر آیا، اور موت کے ساتھ سختی ہوتی ہے: تو پھر ہر وہ حدیث جس میں موت کا ذکر ہے باب میں لکھی جاسکتی ہے؟

جواب: جی ہاں لکھی جاسکتی ہے، لکھو، کون منع کر رہا ہے، بس فرق اتنا پڑے گا کہ کتاب ختم ہونے میں ایک ہفتہ اور لگ جائے گا!

[٦٥١٥-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا مَاتَ أَحَدُكُمْ عُرِضَ عَلٰى مَقْعَدِهِ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً، إِمَّا النَّارُ وَإِمَّا الْجَنَّةُ، فَيُقَالُ: هٰذَا مَقْعَدُكَ حَتّٰى تُبْعَثَ" [راجع: ١٣٧٩]

[٦٥١٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَا تَسُبُّوْا الْأَمْوَاتَ، فَإِنَّهُمْ قَدْ أَفْضَوْا إِلٰى مَا قَدَّمُوْا" [راجع: ١٣٩٣]

بَابُ نَفْخِ الصُّوْرِ

صور میں پھونکنا

مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: صور: بگل (ہارن) جیسی کوئی چیز ہے، نرسنگا بھی اس کا ترجمہ کرتے ہیں یعنی بڑا سینگ، صور کا لفظ قرآنِ کریم میں سات جگہ آیا ہے، مگر اس کی شکل وصورت بیان نہیں کی گئی، امام بخاری رحمہ اللہ نے نفخ صور کے تعلق سے چار آیتیں ذکر کی ہیں:

۱- سورۃ الصافات (آیت ۱۹) اور سورۃ النازعات (آیت ۱۳) میں ہے: ﴿فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ﴾: قیامت تو بس ایک للکار ہوگی: مراد نفخۂ ثانیہ ہے۔

۲- سورۃ المدثر کی (آیت ۸) ہے: ﴿فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ﴾: پس جس وقت صور پھونکا جائے گا۔

۳و۴- سورۃ النازعات کی (آیات ۶و۷) ہیں: ﴿يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ﴾: جس دن ہلا دینے والی چیز ہلا ڈالے گی (مراد نفخۂ اولیٰ ہے) اس کے بعد ایک پیچھے آنے والی چیز آئے گی (مراد نفخۂ ثانیہ ہے)

فائدہ (۱): صور کتنی مرتبہ پھونکا جائے گا؟ مشہور یہ ہے کہ دو مرتبہ پھونکا جائے گا، اور حاشیہ میں تین مرتبہ کا ذکر ہے، اور حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی قدس سرہ نے چار پانچ مرتبہ کا ذکر کیا ہے۔ پہلی مرتبہ میں تمام مخلوقات ختم ہوجائیں گی، دوسری مرتبہ میں جی اٹھیں گی اور میدانِ محشر میں جمع ہوجائیں گی، تیسری مرتبہ میں سب مخلوقات بے ہوش جائیں گی، باب کی حدیث میں اسی کا ذکر ہے، موسیٰ علیہ السلام یا تو بے ہوش نہیں ہونگے یا نبی ﷺ سے پہلے ہوش میں آجائیں گے، اور چوتھی مرتبہ میں سب ہوش میں آجائیں گے ﴿فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُوْنَ﴾

فائدہ(۲): صور پھونکنے کی نوعیت کیا ہوگی؟ کیا صرف سینگ نُما آلہ میں پھونک ماری جائے گی جس سے خوفناک آواز پیدا ہوگی، جس سے سب مخلوقات فنا ہوجائیں گی، یا کوئی اعلان کیا جائے گا جس کی تعمیل مخلوقات کرے گی یا صور کے سوراخوں سے روحیں ابدان کی طرف لوٹائی جائیں گی؟ جواب: معلوم نہیں، اس بارے میں قطعیت سے کچھ نہیں کہا جاسکتا، نفخ صور کی مختلف نوعیتیں ہوسکتی ہیں۔

اور باب کی حدیث تحفۃ القاری (۵: ۴۳۷) میں آئی ہے، اس میں ہے: **فإن الناس يصعقون يوم القيامة:** لوگ قیامت کے دن بے ہوش ہوجائیں گے، یہ نفخۂ ثانیہ کے وقت ہوگا، یہی حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔

[٤٣-] بَابُ نَفْخِ الصُّوْرِ

قَالَ مُجَاهِدٌ: الصُّوْرُ: كَهَيْئَةِ الْبُوْقِ، ﴿زَجْرَةٌ﴾: صَيْحَةٌ. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿النَّاقُوْرِ﴾: الصُّوْرُ. ﴿الرَّاجِفَةُ﴾: النَّفْخَةُ الْأُوْلٰى. و﴿الرَّادِفَةُ﴾: النَّفْخَةُ الثَّانِيَةُ.

[٦٥١٧-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، أَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلَانِ، رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَرَجُلٌ مِنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ الْمُسْلِمُ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم عَلَى الْعَالَمِيْنَ، فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُوْسَى عَلَى الْعَالَمِيْنَ، قَالَ: فَغَضِبَ الْمُسْلِمُ عِنْدَ ذٰلِكَ، فَلَطَمَ وَجْهَ الْيَهُوْدِيِّ، فَذَهَبَ الْيَهُوْدِيُّ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ بِمَا كَانَ مِنْ أَمْرِهِ وَأَمْرِ الْمُسْلِمِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَا تُخَيِّرُوْنِيْ عَلٰى مُوْسَى، فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَأَكُوْنُ فِيْ أَوَّلِ مَنْ يُفِيْقُ، فَإِذَا مُوْسَى بَاطِشٌ بِجَانِبِ الْعَرْشِ، فَلَا أَدْرِيْ أَكَانَ فِيْمَنْ صَعِقَ فَأَفَاقَ قَبْلِيْ، أَوْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللّٰهُ" [راجع: ٢٤١١]

[٦٥١٨-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَصْعَقُ النَّاسُ حِيْنَ يَصْعَقُوْنَ، فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ قَامَ، فَإِذَا مُوْسَى آخِذٌ بِالْعَرْشِ، فَمَا أَدْرِيْ أَكَانَ فِيْمَنْ صَعِقَ" رَوَاهُ أَبُوْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٢٤١١]

بَابٌ: يَقْبِضُ اللّٰهُ الْأَرْضَ

اللہ تعالیٰ زمین کو ہاتھ میں لیں گے

سورۃ الزمر (آیت ٦٧) میں اللہ کی عظمت وقدرت کا بیان ہے: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ، وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهِ، سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ﴾: اور عظمت نہیں پہچانی

انھوں نے (مشرکوں نے) جیسا ان کی عظمت کا حق تھا، حالانکہ قیامت کے دن ساری زمین ان کی مٹھی میں ہوگی، اور تمام آسمان ان کے داہنے ہاتھ میں لپیٹے ہوئے ہونگے، وہ ان کے شرک سے پاک وبرتر ہیں۔

معلق روایت: آگے (حدیث ۷۴۱۲) آرہی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ قیامت کے دن زمین کو ہاتھ میں لیں گے، اور تمام آسمان ان کے دائیں ہاتھ میں ہونگے (اور اللہ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں، کسی میں نقص نہیں) پھر فرمائیں گے: میں ہی بادشاہ ہوں!''

باب کی پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ زمین کو ہاتھ میں لیں گے، اور آسمان ان کے دائیں ہاتھ میں لپیٹے ہوئے ہونگے، پھر فرمائیں گے: ''میں ہی بادشاہ ہوں، زمین کے بادشاہ کہاں ہیں؟''

تشریح: آیت کریمہ میں مقصود عظمت وقدرت کاملہ کا بیان ہے، اور حدیث میں مقصود قیامت کے دن تفرد بالملک کا بیان ہے، مگر مبدأ کا ثبوت ماننا ضروری ہے، جیسے ہم زمین اور آسمانوں کا وجود مانتے ہیں، اور ان کی کیفیت کو بھی کسی درجہ میں سمجھتے ہیں، اسی طرح اللہ کے لئے مٹھی اور ہاتھ ماننا ضروری ہے، مگر ان کی کیفیت نہیں جان سکتے، اس کو اللہ کے حوالے کرنا چاہئے، جیسے ہاتھوں کے طوطے اڑ جانا ایک محاورہ ہے، جس سے مقصود کفِ افسوس ملنا ہے، مگر طوطے اور ہاتھ تو ماننے ہونگے، یہی مبدأ کو ماننا ہے، استعارات وکنایات اور محاورات ہوائی نہیں ہوتے، حقیقت پر مبنی ہوتے ہیں۔

سوال: اگر مبدأ کا ثبوت مانیں گے تو جاہل گمراہ ہونگے، وہ مخلوق جیسا ہاتھ اور مٹھی ماننے لگیں گے، اس لئے تاویل ضروری ہے؟

جواب: یہ فکر آپ ہی کو کیوں ہے؟ اللہ ورسول کو خیال نہیں تھا کہ ان نصوص سے گمراہی پھیلے گی؟ اور یہ جو میں نے کہا کہ آیت میں مقصود عظمت وقدرت کا بیان ہے اور حدیث میں قیامت کے دن تفرد بالملک کا بیان ہے، یہی تو وہ تاویل ہے جو ضروری ہے۔

[٤٤-] بَابٌ: يَقْبِضُ اللّٰهُ الْأَرْضَ

رَوَاهُ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٦٥١٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' يَقْبِضُ اللّٰهُ الْأَرْضَ، وَيَطْوِي السَّمَاءَ بِيَمِيْنِهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ أَيْنَ مُلُوْكُ الْأَرْضِ؟''[راجع: ٤٨١٢]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن زمین ایک روٹی ہوگی، الٹیں گے اس کو زبردست اللہ اپنے ہاتھ سے، جس طرح تم میں سے ایک سفر میں اپنی روٹی الٹتا ہے، یعنی تختے پر نہیں بیلتا، ہاتھوں میں پھیلاتا ہے (زمین روٹی

بنادی جائے گی) میزبانی کے طور پر جنتیوں کے لئے (وہ قیامت کے دن اس کو کھائیں گے) —— پس ایک یہودی (عالم) آیا، اس نے کہا: اے ابوالقاسم! مہربان اللہ آپؐ کو برکتوں سے نوازیں! کیا میں آپؐ کو قیامت کے دن جنتیوں کی مہمانی نہ بتلاؤں؟ آپؐ نے فرمایا: ''کیوں نہیں'' اس نے کہا: زمین ایک روٹی ہوجائے گی —— جیسا نبی ﷺ نے فرمایا تھا —— پس نبی ﷺ نے ہماری طرف دیکھا، پھر آپؐ ہنسے، یہاں تک کہ آپؐ کی ڈاڑھیں نظر آئیں، پھر اس (یہودی عالم) نے کہا: کیا میں آپؐ کو جنتیوں کا لاون نہ بتلاؤں؟ اس نے کہا: ان کا لاون بالام اور مچھلی ہوگی، لوگوں نے پوچھا: وہ کیا ہے؟ اس نے کہا: بیل اور مچھلی، کھائیں گے ستّر ہزار لوگ دونوں کے جگر کے بڑھے ہوئے حصہ سے۔

[٦٥٢٠-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِلاَلٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " تَكُوْنُ الْأَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُبْزَةً وَاحِدَةً، يَتَكَفَّؤُهَا الْجَبَّارُ بِيَدِهِ كَمَا يَتَكَفَّأُ أَحَدُكُمْ خُبْزَتَهُ فِي السَّفَرِ، نُزُلاً لِأَهْلِ الْجَنَّةِ"

فَأَتىٰ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ: بَارَكَ الرَّحْمٰنُ عَلَيْكَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ! أَلاَ أُخْبِرُكَ بِنُزُلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: " بَلىٰ" قَالَ: تَكُوْنُ الْأَرْضُ خُبْزَةً وَاحِدَةً— كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم— فَنَظَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَيْنَا، ثُمَّ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، ثُمَّ قَالَ: أَلاَ أُخْبِرُكَ بِإِدَامِهِمْ؟ قَالَ: إِدَامُهُمْ بَالاَمٌ وَنُوْنٌ، قَالُوْا: وَمَا هٰذَا؟ قَالَ: ثَوْرٌ وَنُوْنٌ، يَأْكُلُ مِنْ زَائِدَةِ كَبِدِهِمَا سَبْعُوْنَ أَلْفًا.

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''لوگ قیامت کے دن نہایت سفید زمین پر جمع کئے جائیں گے، جیسے میدے کی ٹکیا، اور زمین میں کسی کا کوئی نشان نہ ہوگا۔

[٦٥٢١-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى أَرْضٍ بَيْضَاءَ عَفْرَاءَ كَقُرْصَةِ النَّقِيِّ" قَالَ سَهْلٌ أَوْ غَيْرُهُ: لَيْسَ فِيْهَا مَعْلَمٌ لِأَحَدٍ.

لغت: بیضاء اور عفراء کے ایک معنی ہیں، اس لئے نہایت سفید ترجمہ کیا ہے۔

بَابٌ: كَيْفَ الْحَشْرُ؟

میدانِ محشر میں لوگوں کو کس طرح جمع کیا جائے گا؟

حشر کی تفصیلی کیفیت معلوم نہیں، جتنا حدیثوں میں آیا ہے اتنا ہی ہم جانتے ہیں:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''لوگ قیامت کے دن تین طریقوں پر (میدانِ محشر میں) جمع کئے جائیں گے

(کیونکہ قیامت کے دن لوگوں کی تین قسمیں ہونگی: سابقین، اصحاب الیمین اور اصحاب الشمال، پس تینوں کا حشر مختلف ہوگا) درانحالیکہ لوگ رغبت کرنے والے اور ڈرنے والے ہونگے (یہ سب کا حال ہوگا) (کوئی اکیلا ایک اونٹ پر یا کسی اور چیز پر سوار ہوگا، یہ سابقین کا حال ہوگا) اور دو ایک اونٹ پر، اور تین ایک اونٹ پر، اور چار ایک اونٹ پر، اور دس ایک اونٹ پر ہونگے (یہ اصحاب یمین کا حال ہوگا) اور باقی لوگوں (کفار) کو آگ جمع کرے گی، قیلولہ کرے گی آگ جہاں لوگ قیلولہ کریں گے، اور رات گزارے گی جہاں لوگ رات گزاریں گے، اور صبح کرے گی جہاں لوگ صبح کریں گے، اور شام کرے گی جہاں لوگ شام کریں گے یعنی سہج سہج ہانک کرلے چلے گی۔

[٤٥-] بَابٌ: كَيْفَ الْحَشْرُ؟

[٦٥٢٢-] حدثنا مَعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى ثَلَاثِ طَرَائِقَ: رَاغِبِيْنَ وَرَاهِبِيْنَ، وَاثْنَانِ عَلٰى بَعِيْرٍ، وَثَلَاثَةٌ عَلٰى بَعِيْرٍ، وَأَرْبَعَةٌ عَلٰى بَعِيْرٍ، وَعَشَرَةٌ عَلٰى بَعِيْرٍ، وَيَحْشُرُ بَقِيَّتَهُمُ النَّارُ، تَقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوْا، وَتَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوْا، وَتُصْبِحُ مَعَهُمْ حَيْثُ أَصْبَحُوْا، وَتُمْسِيْ مَعَهُمْ حَيْثُ أَمْسَوْا"

آئندہ حدیث: سورۃ الملک کی (آیت ۲۲) ہے: ﴿أَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهِ أَهْدٰى أَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ﴾: بتا، جو (قیامت کے دن) اپنے منہ کے بل گرتا ہوا چل رہا ہوگا وہ زیادہ راہ یاب ہے یا جو سیدھا سیدھی سڑک پر چل رہا ہوگا؟ —— اس آیت کے بارے میں ایک شخص نے پوچھا: اے اللہ کے نبی! کافر اپنے چہرے کے بل کس طرح جمع کیا جائے گا؟ آپؐ نے فرمایا: ''جس اللہ نے دنیا میں اس کو دو پیروں پر چلایا ہے، قادر ہے کہ قیامت کے دن اس کو چہرے کے بل چلائے'' —— قتادہ رحمہ اللہ نے کہا: کیوں نہیں! قسم ہے ہمارے رب کی عزت کی! (ضرور قادر ہے)

[٦٥٢٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! كَيْفَ يُحْشَرُ الْكَافِرُ عَلٰى وَجْهِهِ؟ قَالَ: "أَلَيْسَ الَّذِيْ أَمْشَاهُ عَلَى الرِّجْلَيْنِ فِي الدُّنْيَا قَادِرٌ عَلٰى أَنْ يُّمْشِيَهُ عَلٰى وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟" قَالَ قَتَادَةُ: بَلٰى وَعِزَّةِ رَبِّنَا! [راجع: ٤٧٦٠]

آئندہ تین حدیثیں: نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگ ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بغیر ختنہ کئے ہوئے ہونگے جیسے وہ پہلی مرتبہ پیدا کئے گئے جمع کئے جائیں گے، پھر آپؐ نے سورۃ الانبیاء کی آیت ۱۰۴ پڑھی: ''جس طرح ہم نے پہلی بار آفرینش کی ابتداء کی اسی طرح ہم اس کو دوبارہ لوٹائیں گے، یہ ہمارے ذمے وعدہ ہے، ہم ضرور اس کو کرنے والے ہیں'' پھر سب سے پہلے مخلوقات میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو لباس پہنایا جائے گا (پھر آپ ﷺ کو لباس پہنایا

جائے گا، جیسا کہ ابن المبارک نے کتاب الزہد میں بیان کیا ہے) اور میرے ساتھیوں میں سے کچھ کو دائیں اور بائیں ہٹایا جائے گا، پس میں کہونگا: اے میرے پروردگار! یہ میرے صحابہ ہیں (ان کو آنے دیا جائے) پس جواب دیا جائے گا: آپؐ یقیناً نہیں جانتے وہ نئی بات جو انھوں نے آپؐ کے بعد پیدا کی، یہ لوگ برابر اپنی ایڑیوں پر پلٹتے رہے، جب سے آپؐ ان سے جدا ہوئے، پس میں وہی بات کہوں گا جو نیک بندے (عیسیٰ علیہ السلام) نے کہی ہے: ''اگر آپ ان کو سزا دیں تو یہ آپ کے بندے ہیں، اور اگر آپ ان کو معاف کردیں تو آپ زبردست حکمت والے ہیں'' (المائدۃ آیت ۱۱۸)

تشریح: **حُفاۃٌ**: **حافٍ**: اسم فاعل کی جمع ہے، **حَفِیَ یَحْفَی** (س) **حَفًا**: برہنہ پا ہونا ...... **عُرَاۃٌ**: **عارٍ**: اسم فاعل کی جمع ہے، **عَرِیَ** (س) **مِنْ ثِیابہ، یَعْرَی عُرْیًا**: برہنہ ہونا، ننگا ہونا ...... **غُرْلاً**: **أَغْرَل** کی جمع ہے: غیر مختون، اور اس کے لئے دوسرا لفظ **أَقْلَف** ہے، ختنہ میں جو چمڑی کاٹی جاتی ہے اس کو **غُرْلۃ** کہتے ہیں ...... قیامت کے دن جو نشأتِ ثانیہ ہوگی اس میں تمام اعضاء کا اعادہ ہوگا، اور جس طرح پہلی بار پیدا کیا گیا تھا اسی طرح دوبارہ پیدا کیا جائے گا، پس ختنہ کی جو کھال کاٹ دی جاتی ہے وہ بھی تخلیق میں شامل ہوگی، پھر کیا ہوگا؟ یہ معلوم نہیں، یعنی جنت میں لوگ غیر مختون رہیں گے یا ختنہ کی کھال ہٹادی جائے گی؟ اس سلسلہ میں روایات میں کچھ نہیں ...... اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جو سب سے پہلے لباس پہنایا جائے گا تو یہ ایک جزوی فضیلت ہے، جیسے خُلّت (انتہائی دوستی) ان کی جزوی فضیلت ہے، پس اس سے نبی ﷺ کی کلی فضیلت پر حرف نہیں آتا۔

اور جن لوگوں کو حوضِ کوثر پر آنے سے روکا جائے گا، اور ان کو دائیں بائیں دھکیل دیا جائے گا: وہ لوگ وہ ہونگے جو حضور ﷺ کے زمانہ میں ایمان لائے، پھر وفاتِ نبوی کے بعد مرتد ہوگئے، مسیلمہ کذاب وغیرہ کے فتنہ کا شکار ہوگئے، اور اسی حال میں مرگئے اس لئے ان کی صحابیت باطل ہوگئی، مگر آپ کو اس کی اطلاع نہیں، اس لئے آپؐ نے ان کو 'اصحاب' فرمایا اور اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ نبی ﷺ عالم الغیب نہیں تھے، نہ آپؐ حاضر ناظر ہیں، یہ دونوں صفتیں اللہ تعالیٰ کی ہیں۔

فائدہ: حوضِ کوثر: صراطِ مستقیم کا پیکر محسوس ہے، پس جو لوگ اہل السنہ والجماعہ کے عقائد کے حامل ہیں: وہی حوض پر پہنچیں گے اور سیراب ہونگے، اور جو گمراہ فرقوں میں شامل ہیں: ان کو فرشتے دھکے دے کر لائن سے ہٹادیں گے ...... اور حوضِ کوثر: ہر نبی کے لئے ہوگا، مگر ہمارے نبی ﷺ کا حوض سب سے بڑا ہوگا، اور اس پر آبخورے آسمان کے تاروں کے بقدر ہونگے، اور حوض کوثر میدانِ حشر میں ہوگا۔

[٦٥٢٤-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنِ جُبَيْرٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّكُمْ مُلاَقُوْ اللهِ حُفَاةً عُرَاةً مُشَاةً غُرْلاً"

قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا مِمَّا يُعَدُّ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ سَمِعَهُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٣٣٤٩]

[٦٥٢٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ: " إِنَّكُمْ مُلَاقُو اللّٰهِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا" [راجع: ۳۳۴۹]

[۶۵۲۶-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَامَ فِيْنَا النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَخْطُبُ، فَقَالَ: " إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا ﴿كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهُ﴾ الآيَةَ. وَإِنَّ أَوَّلَ الْخَلَائِقِ يُكْسَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِبْرَاهِيْمُ، وَإِنَّهُ سَيُجَاءُ بِرِجَالٍ مِنْ أُمَّتِيْ، فَيُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ أَصْحَابِيْ، فَيَقُوْلُ: إِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ، فَأَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ: ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿الْحَكِيْمُ﴾ فَيُقَالُ: إِنَّهُمْ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلَى أَعْقَابِهِمْ" [راجع: ۳۳۴۹]

آئندہ حدیث: جب نبی ﷺ نے فرمایا: "لوگ میدانِ حشر میں جمع کئے جائیں گے ننگے پاؤں، ننگے بدن اور غیر مختون" تو صدیقہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! (پھر تو) مرد اور عورتیں ایک دوسرے کو دیکھیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: "معاملہ اس سے زیادہ سنگین ہوگا کہ ان کا اس طرف دھیان جائے" ــــ ہولناکی میں ہوش گم ہوجاتا ہے، اس وقت کسی چیز کا خیال نہیں آتا، پھر کوئی کسی کو کیا دیکھے گا!

[۶۵۲۷-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ أَبِيْ صَغِيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " يُحْشَرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا" قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ؟! فَقَالَ: " الْأَمْرُ أَشَدُّ مِنْ أَنْ يُهِمَّهُمْ ذَاكِ"

آئندہ حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک چھوٹے خیمہ میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، یعنی یہ سفر کا واقعہ ہے، پس آپؐ نے فرمایا: "کیا تم خوش ہو کہ ہوؤ تم چوتھائی جنتی؟" ہم نے کہا: ہاں! (پھر وقفہ کے بعد) آپؐ نے فرمایا: "کیا تم خوش ہو کہ ہوؤ تم تہائی جنتی؟" ہم نے کہا: ہاں! آپؐ نے فرمایا: "قسم ہے اس اللہ کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! مجھے پکی امید ہے کہ تم نصف جنتی ہوؤ گے!" (اور حاشیہ میں طبرانی کی روایت دوتہائی کی بھی ہے) اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ جنت میں صرف مسلمان شخص جائے گا، یعنی وہی مؤمن جائے گا جو احکام شرع کا پورا پابند ہے، اور مشرکین کے ساتھ تمہاری نسبت ایسی ہے جیسی کالے بیل کی کھال میں ایک سفید بال یا جیسی سرخ بیل کی کھال میں ایک کالا بال!"

[۶۵۲۸-] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ قُبَّةٍ، فَقَالَ: " أَتَرْضَوْنَ أَنْ

تَكُونُوا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟" قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: " أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَكُونُوا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟" قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: "وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ تَكُونُوا نِصْفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَذٰلِكَ: أَنَّ الْجَنَّةَ لاَ يَدْخُلُهَا إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَمَا أَنْتُمْ فِي أَهْلِ الشِّرْكِ إِلَّا كَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ، أَوْ كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَحْمَرِ" [راجع: ٦٦٤٢]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "قیامت کے دن سب سے پہلے آدم علیہ السلام کو آواز دی جائے گی —— پس وہ اوران کی اولاد ایک دوسرے کو دیکھیں گے، پس کہا جائے گا: یہ تمہارے ابا آدم ہیں —— پس آدم علیہ السلام جواب دیں گے: میں حاضر ہوں، اور حاضری میری سعادت ہے! پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: "اپنی اولاد میں سے جہنم کی کھیپ نکالو یعنی جہنم میں جانے والوں کو الگ کرو، وہ پوچھیں گے: "اے میرے ربّ! کتنے نکالوں؟" اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: "ہر سو میں سے ننانوے نکالو!" (اور ہزار میں سے نوسوننانوے کی روایت اگلے باب میں آرہی ہے) پس لوگوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! جب ہم میں سے سو میں سے ننانوے (جہنم کے لئے) لے لئے گئے تو ہم میں سے کیا باقی بچے گا؟ آپؐ نے فرمایا: میری امت دوسری امتوں میں جیسے ایک سفید بال کالے بیل میں"

[٦٥٢٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " أَوَّلُ مَنْ يُدْعَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ آدَمُ عَلَيْهِ السلام – فَتَرَا أَى ذُرِّيَّتُهُ، فَيُقَالُ: هٰذَا أَبُوْكُمْ آدَمُ– فَيَقُوْلُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ! فَيَقُوْلُ: أَخْرِجْ بَعْثَ جَهَنَّمَ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ! كَمْ أُخْرِجُ؟ فَيَقُوْلُ: أَخْرِجْ مِنْ كُلِّ مِائَةٍ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ" فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِذَا أُخِذَ مِنَّا مِنْ كُلِّ مِائَةٍ تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ، فَمَاذَا يَبْقَى مِنَّا؟ قَالَ: " إِنَّ أُمَّتِي فِي الْأُمَمِ كَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِي الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ"

بَابٌ: ﴿إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ﴾

قیامت کا زلزلہ بڑا ہولناک ہے

سورۃ الحج کی پہلی آیت باب میں لی ہے: "اے لوگو! اپنے ربّ سے ڈرو (اس کے احکام کی خلاف ورزی مت کرو) قیامت کا زلزلہ یقیناً بڑی بھاری چیز ہے (زلزلہ: جو کہ قیامت کا ایک واقعہ ہے بڑا بھاری ہوگا تو قیامت کے واقعات کے مجموعہ کا کیا حال ہوگا؟ پس ان شدائد میں امن وچین کا سامان کرو، اور وہ سامان تقوی ہے) —— اور سورۃ النجم کی (آیت ۵۷) ہے: "وہ جلدی آنے والی چیز قریب آپہنچی ہے (مراد قیامت ہے) —— اور سورۃ القمر کی پہلی آیت ہے: "قیامت نزدیک آپہنچی!" (کیونکہ ہر آنے والے چیز قریب ہے) —— اور حدیث وہی ہے جو ابھی گذشتہ باب کے آخر میں گذری

اس حدیث میں جہنم کی کھیپ: ''ہر ہزار میں سے نوسوننانوے'' ہے، پس یہ وہ وقت ہوگا کہ بچہ بوڑھا ہوجائے گا، اور ہر حمل والی اپنا حمل ڈال دے گی یعنی خوف سے حاملہ عورتوں کے حمل گر جائیں گے، اور دیکھے گا تو لوگوں کو مدہوش (پیا ہوا) حالانکہ وہ نشہ میں نہیں ہونگے، لیکن اللہ کا عذاب سخت ہوگا (اس کی ہولنا کی سے لوگوں کا یہ حال ہوجائے گا) پس یہ بات صحابہ پر بھاری ہوئی، انھوں نے عرض کیا: ''ہم میں سے کونساوہ آدمی ہوگا'' یعنی جنت کے لئے ہزار میں سے ایک علاحدہ کیا جائے گا، تو ہمارا نمبر کہاں آئے گا؟ آپؐ نے فرمایا: خوش خبری سن لو، یاجوج ماجوج (کفار) میں سے ہزار ہونگے اور تم میں سے ایک یا جیسے گدھے کے اگلے پیر میں سیاہ داغ!

[٤٦-] بَابٌ: ﴿إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْئٌ عَظِيْمٌ﴾

﴿أَزِفَتِ الآزِفَةُ﴾[النجم: ٥٧] :﴿اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ﴾[القمر: ١]

[٦٥٣٠-] حَدَّثَنِيْ يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، أَنْبَأَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ:" يَقُوْلُ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: يَا آدَمُ! فَيَقُوْلُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ! قَالَ: يَقُوْلُ: أَخْرِجْ بَعْثَ النَّارِ، قَالَ: وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ، فَذَلِكَ حِيْنَ يَشِيْبُ الصَّغِيْرُ، ﴿وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَى وَمَاهُمْ بِسُكَارَى وَلَكِنَّ عَذَابَ اللهِ شَدِيْدٌ﴾ فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَيُّنَا ذَلِكَ الرَّجُلُ؟ قَالَ:" أَبْشِرُوْا، فَإِنَّ مِنْ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ أَلْفًا وَمِنْكُمْ رَجُلٌ، ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ فِيْ يَدِهِ إِنِّيْ لَأَطْمَعُ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ" قَالَ: فَحَمِدْنَا اللهَ وَكَبَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ:" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ فِيْ يَدِهِ إِنِّيْ لَأَطْمَعُ أَنْ تَكُوْنُوْا شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، إِنَّ مَثَلَكُمْ فِي الْأُمَمِ كَمَثَلِ الشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِيْ جِلْدِ الثَّوْرِ الأَسْوَدِ، أَوْ كَالرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الْحِمَارِ" [راجع: ٣٣٤٨]

بَابٌ: ﴿أَلاَ يَظُنُّ أُوْلَئِكَ أَنَّهُمْ مَبْعُوْثُوْنَ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ﴾

لوگ ایک بڑے سخت دن میں زندہ کرکے اٹھائے جائیں گے

سورۃ التطفیف کی (آیات ۴و۵) ہیں: ''کیا وہ (کم تولنے والے) گمان نہیں کرتے کہ وہ ایک بڑے سخت دن میں زندہ کرکے اٹھائے جائیں گے، جس روز تمام لوگ رب العالمین کے سامنے (حساب کے لئے) کھڑے ہونگے (وہ کیسا ہولناک دن ہوگا؟) ـــــ اورسورۃ البقرۃ (آیت ۱۶۶) میں ہے: ''اور باہم ان میں جو تعلقات تھے اس وقت سب منقطع ہوجائیں گے'' ـــــ :الوُصلات فی الدنیا: دنیوی تعلقات (دینی تعلقات کام آئیں گے)

حدیث (۱): سورۃ التطفیف (آیت ۶) کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''ان میں سے ایک اپنے پسینہ میں کھڑا ہوگا اپنے آدھے کانوں تک'' یعنی لوگ پسینہ میں آدھے کانوں تک شرابور ہونگے، کیونکہ جب سورج ایک میل کے فاصلہ پر

آجائے گا تو تپش کا کون اندازہ کرسکتا ہے؟

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لوگ قیامت کے دن پسینہ میں شرابور ہونگے، یہاں تک کہ ان کا پسینہ بہے گا زمین میں ستّر ہاتھ تک، اور ان کے منہ میں لگام ڈالے گا، یہاں تک کہ ان کے کانوں تک پہنچے گا۔

[۴۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَلاَ يَظُنُّ أُولٰئِكَ أَنَّهُمْ مَبْعُوْثُوْنَ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الأَسْبَابُ﴾: الْوُصَلاَتُ فِي الدُّنْيَا.

[۶۵۳۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ قَالَ: ''يَقُوْمُ أَحَدُهُمْ فِيْ رَشْحِهِ إِلٰى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ'' [راجع: ۴۹۳۸]

[۶۵۳۲-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' يَعْرَقُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يَذْهَبَ عَرَقُهُمْ فِي الأَرْضِ سَبْعِيْنَ ذِرَاعًا، وَيُلْجِمُهُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ آذَانَهُمْ''

بَابُ الْقِصَاصِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

قیامت کے دن مجرم سے بدلہ لیا جائے گا

۱- قیامت کا ایک نام الحَاقَّة (اسم فاعل، واحد مؤنث) ہے، یہ حَقّ سے ہے، جس کے معنی ہیں: برحق ہونا، ثابت ہونا، چونکہ قیامت کے دن اعمال کا ثواب ملے گا، اور برحق امور پائے جائیں گے، اس لئے قیامت کا یہ نام ہے، حَوَاقّ: حَاقّ کی جمع ہے: ہر چیز کا درمیان، حَوَاقُّ الأمور: معتدل اور میانہ امور، برحق باتیں، اور الحقَّة کے بھی یہی معنی ہیں۔

۲- قیامت کا دوسرا نام: القارعة ہے، جمع قَوَارِع، قوارِعُ الدهر: مصائب زمانہ، مراد قیامت۔

۳- قیامت کا تیسرا نام: الغاشية ہے: ڈھانکنے والی مصیبت یعنی قیامت، کیونکہ اس کی مصیبت ہر چیز پر چھا جائے گی۔

۴- قیامت کا چوتھا نام: الصَّاخَّة ہے: کانوں کو بہرا کردینے والی خوفناک آواز، مراد قیامت، اس دن صور کی خوفناک آواز ہوگی۔

۵- قیامت کا پانچواں نام: التغابن ہے: ہار جیت کا دن: قیامت کے دن جنتی خفیہ طور پر جہنمیوں کو نقصان پہنچائیں گے، ان کے جنت کے ٹھکانوں پر قبضہ کرلیں گے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن سب سے پہلے بندوں کے درمیان ناحق خونوں کا فیصلہ ہوگا'' (حساب تو سب سے پہلے نماز کا لیا جائے گا، مگر نتیجہ سب سے پہلے خونوں کا آوٹ کیا جائے گا)

[٤٨-] بَابُ الْقِصَاصِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

وَهِيَ: الْحَاقَّةُ، لِأَنَّ فِيهَا الثَّوَابَ وَحَوَاقَّ الْأُمُوْرِ، الْحَقَّةُ وَالْحَاقَّةُ وَاحِدٌ، وَالْقَارِعَةُ، وَالْغَاشِيَةُ، وَالصَّاخَّةُ، وَالتَّغَابُنِ: غَبَنَ أَهْلُ الْجَنَّةِ أَهْلَ النَّارِ.

[٦٥٣٣-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ شَقِيْقٌ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' أَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ بِالدِّمَاءِ''[طرفه: ٦٨٦٤]

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس کے بھائی کے لئے اس کے پاس کوئی ظلم (حق تلفی) ہو تو چاہئے کہ اس سے وہ ظلم معاف کرالے، اس لئے کہ آخرت میں نہ دینار ہوگا نہ درہم، قبل ازیں کہ اس کے بھائی کے لئے لیا جائے اس کی نیکیوں میں سے، پس اگر اس کے پاس نیکیاں نہیں ہونگی تو اس کے بھائی کے گناہوں میں سے لیا جائے گا، پس ان کو اس پر ڈالا جائے گا (یہی مظلوم کا حساب چکانا ہے)

[٦٥٣٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' مَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ مَظْلِمَةٌ لِأَخِيْهِ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهَا، فَإِنَّهُ لَيْسَ ثَمَّ دِيْنَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ، مِنْ قَبْلِ أَنْ يُؤْخَذَ لِأَخِيْهِ مِنْ حَسَنَاتِهِ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ أَخِيْهِ، فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ''[راجع: ٢٤٤٩]

آئندہ حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۴۶۲:۵) میں آئی ہے، وہاں ترجمہ اور حل لغات ہے، اور یہ بھی بیان کیا ہے کہ جس پل پر یہ لوگ روکے جائیں گے وہ پل صراط کے علاوہ پل ہے۔

[٦٥٣٥-] حدثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ﴿وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ﴾[الأعراف: ٤٣] قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيِّ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' يَخْلُصُ الْمُؤْمِنُوْنَ مِنَ النَّارِ، فَيُحْبَسُوْنَ عَلٰى قَنْطَرَةٍ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، فَيُقْتَصُّ لِبَعْضِهِمْ مِنْ بَعْضٍ، مَظَالِمُ كَانَتْ بَيْنَهُمْ فِي الدُّنْيَا، حَتّٰى إِذَا هُذِّبُوْا وَنُقُّوْا أُذِنَ لَهُمْ فِيْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ، فَوَ الَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَأَحَدُهُمْ أَهْدٰى بِمَنْزِلِهِ فِي الْجَنَّةِ مِنْهُ بِمَنْزِلِهِ كَانَ فِي الدُّنْيَا'' [راجع: ٢٤٤٠]

وضاحت: یزید نے آیت پڑھی، پھر سند سے حدیث بیان کر کے تفسیر کی کہ جب ظلم کا بدلہ چکا دیا جائے گا تو دل میل سے صاف ہوجائیں گے۔

بَابٌ: مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ

جس سے کڑا حساب لیا جائے گا وہ سزا دیا جائے گا

حساب لینے کی دو صورتیں ہیں: **ایک:** سرسری حساب لینا، **دوم:** حساب میں مناقشہ کرنا، اگر گناہ پیش کر دیئے جائیں اور یہ نہ پوچھا جائے کہ یہ گناہ تو نے کیوں کیا؟ تو وہ نجات پائے گا، اور جس سے پوچھا جائے کہ بیڑی تو نے کیوں پی؟ وہ سزا دیا جائے گا، اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

[٤٩-] بَابٌ: مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ

[٦٥٣٦-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ" قَالَتْ: قُلْتُ: أَلَيْسَ اللّٰهُ يَقُوْلُ: ﴿فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيْرًا﴾؟ [الإنشقاق:٨] قال:" ذٰلِكِ الْعَرْضُ"[راجع: ١٠٣]

حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، سَمِعْتُ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

وَتَابَعَهُ ابْنُ جُرَيْجٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمٍ، وَأَيُّوْبُ، وَصَالِحُ بْنُ رُسْتَمٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٦٥٣٧-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ أَبِيْ صَغِيْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَيْسَ أَحَدٌ يُحَاسَبُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا هَلَكَ" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَيْسَ قَدْ قَالَ اللّٰهُ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهِ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيْرًا﴾؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّمَا ذٰلِكِ الْعَرْضُ، وَلَيْسَ أَحَدٌ مِنَّا يُنَاقَشُ الْحِسَابَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا عُذِّبَ" [راجع: ١٠٣]

آئندہ حدیثوں میں مناقشہ کی دو مثالیں ہیں:

۱- اللہ تعالیٰ ایک بندے سے کہیں گے: اگر تمام وہ چیزیں جو زمین میں ہیں: تیرے پاس ہوتیں تو تو عذاب سے بچنے کے لئے ان کو فدیہ میں دیتا؟ وہ کہے گا: ہاں! اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں نے تجھ سے معمولی بات کا مطالبہ کیا تھا کہ میرے

ساتھ شریک مت ٹھہرانا مگر تو نے نہیں مانا، اب جا جہنم میں! (یہ ہے حساب میں ردّ و کد)

۲- اللہ تعالیٰ ایک بندے سے کہیں گے: میں نے تجھے مال نہیں دیا تھا؟ وہ عرض کرے گا: کیوں نہیں! اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: میں نے تیرے پاس رسول نہیں بھیجا تھا؟ وہ عرض کرے گا: کیوں نہیں! (یہ حساب میں مناقشہ ہے اور حدیث میں جو مضمون پہلے آیا ہے، وہ یہاں مراد ہے، اور حدیث تحفۃ القاری (۱۸۷:۴) میں آچکی ہے)

[٦٥٣٨-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ: "يُجَاءُ بِالْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ لَهُ: أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا أَكُنْتَ تَفْتَدِيْ بِهِ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيُقَالُ لَهُ: قَدْ كُنْتَ سُئِلْتَ مَا هُوَ أَيْسَرُ مِنْ ذٰلِكَ"[راجع: ٣٣٣٤]

[٦٥٣٩-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خَيْثَمَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا سَيُكَلِّمُهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تُرْجُمَانٌ، ثُمَّ يَنْظُرُ فَلَا يَرَى شَيْئًا قُدَّامَهُ، ثُمَّ يَنْظُرُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَتَسْتَقْبِلُهُ النَّارُ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَتَّقِيَ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ"[راجع: ١٤١٣]

[٦٥٤٠-] قَالَ الْأَعْمَشُ: حَدَّثَنِيْ عَمْرٌو، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" اتَّقُوْا النَّارَ" ثُمَّ أَعْرَضَ وَأَشَاحَ، ثُمَّ قَالَ:" اتَّقُوْا النَّارَ" ثُمَّ أَعْرَضَ وَأَشَاحَ ثَلَاثًا، حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا، ثُمَّ قَالَ:" اتَّقُوْا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ"[راجع: ١٤١٣]

بَابٌ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ

ستّر ہزار بے حساب جنت میں جائیں گے

گذشتہ باب ان لوگوں کے بیان کے لئے تھا جن سے حساب میں ردّ و کد ہوگی اور ان کا بیڑا غرق ہوگا، اور حدیث میں ضمناً ان لوگوں کا ذکر آ گیا تھا جن سے آسان حساب لیا جائے گا، اور وہ نجات پائیں گے، اب اُن بندوں کا ذکر ہے جو بے حساب جنت میں جائیں گے، وہ بہت بڑی تعداد میں ہونگے، ان کے خاص اعمال یہ ہیں: وہ گرم لوہے کا داغ نہیں لگوائیں گے، وہ جھڑوائیں گے نہیں، اور وہ بدفالی نہیں لیں گے، اور وہ اللہ پر اعتماد کریں گے، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْهُمْ! اور حدیث پہلے آچکی ہے، اور حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کے بعد جو کھڑا ہوا اس کے لئے دعا کیوں نہیں کی؟ معلوم نہیں!

[٥٠-] بَابٌ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ

[٦٥٤١-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ، ح: وَحَدَّثَنِي أَسِيْدُ ابْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأُمَمُ، فَأَخَذَ النَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْأُمَّةُ، وَالنَّبِيُّ مَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ مَعَهُ الْعَشَرَةُ، وَالنَّبِيُّ مَعَهُ الْخَمْسَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ وَحْدَهُ، وَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَبِيْرٌ! قُلْتُ: يَا جِبْرَئِيْلُ! هٰؤُلَاءِ أُمَّتِيْ؟ قَالَ: لَا،وَلٰكِنِ انْظُرْ إِلَى الْأُفُقِ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَبِيْرٌ: هٰؤُلَاءِ أُمَّتُكَ، وَهٰؤُلَاءِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا قُدَّامَهُمْ، لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَ: كَانُوْا لَا يَكْتَوُوْنَ، وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ، وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ" فَقَامَ إِلَيْهِ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ، فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ. قَالَ: " اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ" ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ قَالَ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَقَالَ: " سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ"[راجع: ٣٤١٠]

قوله:سبقك بها: ضمیر کا مرجع دعوة (دعا) ہے: تجھ سے آگے بڑھے عکاشہ دعا کے ساتھ یعنی انھوں نے پہلے دعا کرالی۔

[٦٥٤٢-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِيْ زُمْرَةٌ وَهُمْ سَبْعُوْنَ أَلْفًا، تُضِيْءُ وُجُوْهُهُمْ إِضَاءَ ةَ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ" قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ: فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ الْأَسَدِيُّ، يَرْفَعُ نَمِرَةً عَلَيْهِ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَقَالَ: " اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ" ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَقَالَ: " سَبَقَكَ عُكَّاشَةُ"[راجع: ٥٨١١]

[٦٥٤٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِيْ سَبْعُوْنَ أَلْفًا، أَوْ: سَبْعُ مِائَةِ أَلْفٍ - شَكَّ فِي أَحَدِهِمَا - مُتَمَاسِكِيْنَ، آخِذٌ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ، حَتّٰى يَدْخُلَ أَوَّلُهُمْ وَآخِرُهُمُ الْجَنَّةَ، وَوُجُوْهُهُمْ عَلٰى ضَوْءِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ"[راجع: ٣٢٤٧]

آخری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جنتی جنت میں پہنچ گئے، اور دوزخی دوزخ میں، پھر ایک بانگ دینے والا ان کے درمیان کھڑا ہوگا (اور اعلان کرے گا:) اے دوزخیو! اب موت نہیں، اور اے جنتیو! اب موت نہیں، ہمیشہ رہنا ہے، موت نہیں آنی (پس جو بے حساب داخل ہوئے ہیں ان کے دخول پر بھی ابدیت کی مہر لگ گئی)

[٦٥٤٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثنَا أَبِىْ، عَنْ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يَدْخُلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ، ثُمَّ يَقُوْمُ مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ: يَا أَهْلَ النَّارِ لاَ مَوْتَ، وَيَا أَهْلَ الْجَنَّةِ لاَمَوْتَ، خُلُوْدٌ"[طرفه: ٦٥٤٨]

[٦٥٤٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" يُقَالُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ خُلُوْدٌ لاَ مَوْتَ، وَلِأَهْلِ النَّارِ: يَا أَهْلَ النَّارِ خُلُوْدٌ لاَ مَوْتَ"

بَابُ صَفَةِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ

جنت اور جہنم کے احوال

اس باب میں امام صاحب رحمہ اللہ نے ستائیس حدیثیں ذکر کی ہیں، ان میں سے بہت سی پہلے آچکی ہیں، اور کتاب بدء الخلق میں جنت وجہنم کے احوال پر ابواب آچکے ہیں (تحفۃ القاری ۶: ۴۹۳ و ۵۰۲)

۱- جنتیوں کی پہلی خوراک

ابھی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث (نمبر ۶۵۲۰) گذری ہے کہ جنتی سب سے پہلے مچھلی کے جگر کا بڑھا ہوا حصہ کھائیں گے (وہ بہت لذیذ ہوتا ہے)

۲- عَدْن کے معنی

عَدْن: باب نصر وضرب کا مصدر ہے، اور جنات کی صفت کے طور پر قرآن میں گیارہ جگہ آیا ہے، اس کے معنی میں ہیشگی کا مفہوم ہے، اور عَدَنْتُ بأرض کے معنی ہیں: کسی جگہ اقامت اختیار کرنا۔ اسی سے مَعْدِنٌ (کھان) ہے کیونکہ اس میں سونا چاندی ہمیشہ کے لئے ہوتا ہے، اور محاورات میں معدنُ صدق: شریف خاندان کو کہتے ہیں مَنْبِت: اگنے کی جگہ یعنی خاندان (اور ایک رائے یہ ہے کہ عَدْن: علم ہے، جنت میں ایک خاص مقام کا نام ہے، اور ایک حدیث سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے، مگر قرآنِ کریم میں یہ لفظ جنت کی صفت کے طور پر آیا ہے، پس عدن سے دائمی طور پر رہنا بسنا مراد ہے)

[٥١-] بَابُ صَفَةِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ

[١-] وَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَوَّلُ طَعَامٍ يَأْكُلُهُ أَهْلُ الْجَنَّةِ زِيَادَةُ كَبِدِ حُوْتٍ"

[٢-] عَدْنٌ: خُلْدٌ، عَدَنْتُ بِأَرْضٍ: أَقَمْتُ، وَمِنْهُ الْمَعْدِنُ، فِى مَعْدِنِ صِدْقٍ: فِىْ مَنْبِتِ صِدْقٍ.

۳- جنت میں زیادہ تعداد غریبوں کی اور جہنم میں زیادہ تعداد عورتوں کی ہوگی

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ”میں نے جنت میں جھانکا تو اس میں زیادہ تعداد غریبوں کی پائی، اور میں نے جہنم کو جھانک کر دیکھا تو اس میں زیادہ تعداد عورتوں کی پائی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ”میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا (اور اندر جھانک کر دیکھا) تو اس میں داخل ہونے والے اکثر مساکین تھے، اور مالدار (حساب کے لئے) روکے ہوئے تھے، البتہ دوزخیوں کو جہنم میں بھیج دیا گیا تھا، اور میں دوزخ کے دروازے پر کھڑا ہوا تو اس میں اکثر داخل ہونے والی عورتیں تھیں۔

تشریح: دونوں حدیثیں گذر چکی ہیں، جنت میں زیادہ تعداد کس کی ہے، اور جہنم میں کس کی؟ یہ جنت ودوزخ کے احوال ہیں، غریبوں کے ذمہ مالی حقوق نہیں ہوتے، اس لئے حساب کا جھمیلا بھی نہیں ہوتا، ما ہیچ نہ داریم غمے ہیچ نداریم! اور عورتوں میں چار بری عادتیں ہوتی ہیں، جن کی تفصیل پہلے آئی ہے، اس لئے جہنم میں ان کی تعداد زیادہ ہوگی۔

[٦٥٤٦-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ أَبِىْ رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:” اطَّلَعْتُ فِى الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِى النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ“[راجع: ٣٢٤١]

[٦٥٤٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:” قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَكَانَ عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ، وَأَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ، غَيْرَ أَنَّ أَصْحَابَ النَّارِ قَدْ أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ، وَقُمْتُ عَلٰى بَابِ النَّارِ فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ“[راجع: ٥١٩٨]

۴- موت کو جنت اور جہنم کے بیچ میں ذبح کردیا جائے گا

عالم مثال میں معنویات کی بھی صورتیں ہیں (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۱:۱۸۶ میں ہے) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب جنتی جنت میں پہنچ جائیں گے اور جہنمی جہنم میں تو موت کو لایا جائے گا، یہاں تک کہ اس کو جنت اور جہنم کے درمیان میں کھڑا کیا جائے گا، پھر وہ ذبح کی جائے گی، پھر ایک پکارنے والا پکارے گا: ”اے جنتیو! موت نہیں رہی، اور اے جہنمیو! موت نہیں رہی، پس جنتیوں کی خوشی دوبالا ہوجائے گی، اور جہنمیوں کا غم بالائے غم ہوجائے گا۔

[٦٥٤٨-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:” إِذَا صَارَ أَهْلُ الْجَنَّةِ إِلٰى

الْجَنَّةِ وَأَهْلُ النَّارِ إِلَى النَّارِ، جِيْءَ بِالْمَوْتِ حَتّٰى يُجْعَلَ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، ثُمَّ يُذْبَحُ، ثُمَّ يُنَادِيْ مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ لاَ مَوْتَ، وَيَا أَهْلَ النَّارِ لاَمَوْتَ، فَيَزْدَادُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فَرَحًا إِلٰى فَرَحِهِمْ، وَيَزْدَادُ أَهْلُ النَّارِ حُزْنًا إِلٰى حُزْنِهِمْ" [راجع: ٦٥٤٤]

۵- اللہ کی رضامندی سب سے بڑی نعمت ہے

حدیث: عطاء بن یسار حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ جنتیوں سے فرمائیں گے: او جنتیو! پس وہ کہیں گے: بار بار حاضر ہیں ہم اے ہمارے پروردگار! اور یہ حاضری ہمارے لئے سعادت ہے، پس اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: کیا تم خوش ہوگئے؟ یعنی جنت میں جو نعمتیں تم کو دی گئی ہیں ان پر تم راضی ہو؟ جنتی عرض کریں گے: ہمارے لئے کیا چیز مانع ہے کہ ہم خوش نہ ہوں، جبکہ آپ نے ہمیں وہ چیزیں عطا فرمائی ہیں جو اپنی مخلوق میں سے کسی کو عطا نہیں فرمائی! پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اب میں تمہیں ان سب سے بہتر چیز دیتا ہوں، جنتی پوچھیں گے: ان سب سے بہتر چیز کیا ہوسکتی ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اب میں تم پر اپنی خوشنودی اتارتا ہوں، اب میں کبھی تم سے ناراض نہیں ہوؤں گا۔

تشریح: جنت اور جنت کی تمام نعمتوں سے بڑھ کر نعمت: دیدارِ الٰہی اور دائمی رضا کا تحفہ ہے، سورۃ التوبہ (آیت ۷۲) میں ہے: ﴿وَرِضْوَانٌ مِنَ اللّٰهِ أَكْبَرُ، ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ﴾ اور (ان سب نعمتوں کے ساتھ) اللہ تعالیٰ کی رضامندی سب (نعمتوں) سے بڑی نعمت ہے، یہی بڑی کامیابی ہے، اس حدیث میں بھی اسی نعمت عظمی کا تذکرہ ہے۔

[٦٥٤٩-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ! يَقُوْلُوْنَ: لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ! فَيَقُوْلُ: هَلْ رَضِيْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: وَمَا لَنَا لاَ نَرْضَى وَقَدْ أَعْطَيْتَنَا مَالَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ! فَيَقُوْلُ: فَأَنَا أُعْطِيْكُمْ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالُوْا: يَارَبِّ! وَأَيُّ شَيْءٍ أَفْضَلُ مِنْ ذٰلِكَ؟ فَيَقُوْلُ: أُحِلُّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِيْ، فَلاَ أَسْخَطُ عَلَيْكُمْ بَعْدَهُ أَبَدًا" [طرفه: ٧٥١٨]

٦- جنت بہت سے باغات کا مجموعہ ہے

حارثہ بن سراقہ رضی اللہ عنہ بدر کی جنگ میں مارے گئے تھے، درانحالیکہ وہ لڑکے تھے، پس ان کی ماں ربیع بنت النضرؓ نبی ﷺ کی خدمت میں آئی، اور انھوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! آپ کو معلوم ہے حارثہ سے میرا کیسا تعلق تھا! اگر وہ جنت میں ہے تو میں صبر کروں گی اور ثواب کی امید رکھوں گی، اور اگر دوسری صورت ہے تو آپؐ دیکھیں گے: میں کیا کرتی ہوں! پس آپؐ نے فرمایا: "تجھے کیا ہوگیا، کیا تیری عقل جاتی رہی! کیا اور جنت ایک باغ ہے! جنت تو بہت سے باغات کا

مجموعہ ہے، اور تیرا لڑکا فردوس اعلیٰ (بہشتِ بریں) میں ہے۔

[٦٥٥٠-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُوْلُ: أُصِيبَ حَارِثَةُ يَوْمَ بَدْرٍ وَهُوَ غُلَامٌ، فَجَاءَ تْ أُمُّهُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ عَرَفْتَ مَنْزِلَةَ حَارِثَةَ مِنِّیْ، فَإِنْ يَكُ فِی الْجَنَّةِ أَصْبِرْ وَأَحْتَسِبْ، وَإِنْ تَكُ الْأُخْرَى تَرَى مَا أَصْنَعُ، فَقَالَ: "وَيْحَكِ أَوْ هُبِلْتِ؟ أَوْ جَنَّةٌ وَاحِدَةٌ هِیَ؟ إِنَّهَا جِنَانٌ كَثِيْرَةٌ، وَإِنَّهُ فِی جَنَّةِ الْفِرْدَوْسِ" [راجع: ۲۸۰۹]

۷- جہنمی عظیم الجثّہ ہونگے

نبی ﷺ نے فرمایا: کافر کے دومونڈھوں کے درمیان کا فاصلہ تیز رفتار اونٹ سوار کی تین دن کی مسافت ہوگی (اوراس کی ڈاڑھ احد پہاڑ کے برابر ہوگی، اوراس کی ران بیضاء پہاڑ کے برابر ہوگی، اور جہنم میں اس کے بیٹھنے کی جگہ تین دن کی مسافت گھیرے گی، جیسے مدینہ سے ربذہ کی مسافت، اوراس کی کھال کی موٹائی بیالیس ہاتھ ہوگی، یہ ترمذی کی روایات میں ہے، تحفۃ الالمعی ۶: ۳۴۹) اور ترمذی (حدیث ۲۴۸۹) میں جو ہے کہ گھمنڈی لوگوں کا چیونٹیوں کی شکل میں حشر ہوگا یعنی نہایت ذلیل ہونگے، یہ متکبروں کا حال ہے، اور یہاں حدیث میں دوزخ میں کافر کا حال بیان کیا ہے۔

[٦٥٦١-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْفُضَيْلُ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَا بَيْنَ مَنْكِبَیِ الْكَافِرِ مَسِيْرَةُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ لِلرَّاكِبِ الْمُسْرِعِ"

۸- جنت کا ایک بہت بڑا درخت

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جنت میں ایک درخت ہے، جس کے سایے میں اونٹ سوار سو سال چلے گا پھر بھی اس کو طے نہیں کرسکے گا" (یہ حضرت سہلؓ کی حدیث ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: "جنت میں ایک درخت ہے، تیز رفتار چھریرے بدن والے عمدہ گھوڑے پر سوار سو سال تک چلے گا اوراس کو طے نہیں کرسکے گا (یہ ابوسعید خدریؓ کی حدیث ہے)

تشریح: ان حدیثوں میں کسی معین درخت کا ذکر ہے یا ہر درخت کا یہ حال ہے؟ اور معین درخت سے مراد شجر طوبیٰ ہے، جو جنت کا ایک بہت بڑا درخت ہے، جس کی شاخیں جنت کے ہر درجہ میں پہنچی ہوئی ہونگی؟ شارحین کرام کا خیال ہے کہ یہ شجر طوبیٰ کا بیان ہے، ہر درخت کا یہ حال نہیں، اور شجرۃ کی تنکیر سے اس کی تائید ہوتی ہے، اور سایہ کا اطلاق مجازاً ہے۔ کیونکہ جنت میں سورج اور دھوپ نہیں، اس لئے معروف سایہ بھی وہاں نہیں، اوراس کا دراز ہونا ظاہر ہے۔

[۶۵۵۲-] وَقَالَ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: أَخْبَرَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَبِی حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:'' إِنَّ فِی الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِیْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ، لَا يَقْطَعُهَا''

[۶۵۵۳-] قَالَ أَبُوْ حَازِمٍ: فَحَدَّثْتُ بِهِ النُّعْمَانَ بْنَ أَبِیْ عَيَّاشٍ، فَقَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:'' إِنَّ فِی الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ الْجَوَادُ الْمُضَمَّرُ السَّرِيْعُ مِائَةَ عَامٍ، مَا يَقْطَعُهَا''

۹- جنت کے دروازوں کی چوڑائی

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:'' ضرور داخل ہونگے جنت میں میری امت کے ستّر ہزار یا سات لاکھ —— ابوحازم کو یاد نہیں کہ حضرت سہلؓ نے کونسا عدد بیان کیا تھا —— ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے ہوئے، نہیں داخل ہوگا ان کا اگلا یہاں تک کہ داخل ہوگا ان کا پچھلا یعنی سب ایک صف ہوکر داخل ہونگے، دروازہ اتنا چوڑا ہوگا (یہاں باب ہے) ان کے چہرے چودھویں کے چاند کی طرح چمکتے ہونگے۔

[۶۵۵۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:'' لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِیْ سَبْعُوْنَ أَوْ: سَبْعُ مِائَةِ أَلْفٍ - لَا يَدْرِیْ أَبُوْ حَازِمٍ أَيُّهُمَا قَالَ - مُتَمَاسِكُوْنَ آخِذٌ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، لَا يَدْخُلُ أَوَّلُهُمْ حَتّٰى يَدْخُلَ آخِرُهُمْ، وُجُوْهُهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ''[راجع: ۳۲۴۷]

۱۰- جنت کے درجات کا تفاوت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:'' جنتی جنت میں بالاخانوں کو نظریں لمبی کرکے دیکھیں گے جس طرح تم آسمان میں ستارے کو نظر لمبی کرکے دیکھتے ہو'' اور دوسری روایت میں ہے:'' جس طرح تم نظر لمبی کرکے مشرقی یا مغربی افق میں ڈوبنے والے ستارے کو دیکھتے ہو'' یعنی جنتی اوپر کے درجات والوں کو اس طرح دیکھنے کی کوشش کریں گے، کیونکہ جنت کے درجات میں بے حد تفاوت ہوگا۔

[۶۵۵۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:'' إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَ وْنَ الْغُرَفَ فِی الْجَنَّةِ كَمَا تَرَاءَ وْنَ الْكَوْكَبَ فِی السَّمَاءِ''

[۶۵۵۶-] قَالَ أَبِیْ: فَحَدَّثْتُ النُّعْمَانَ بْنَ أَبِیْ عَيَّاشٍ، فَقَالَ: أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ يُحَدِّثُ، وَيَزِيْدُ فِيْهِ:'' كَمَا تَرَاءَ وْنَ الْكَوْكَبَ الْغَارِبَ فِی الْأُفُقِ الشَّرْقِیِّ وَالْغَرْبِیِّ''[راجع: ۳۲۵۶]

۱۱- دوزخ کا معمولی عذاب بھی بڑا سخت ہوگا

حدیث: اللہ تعالیٰ دوزخیوں میں جو عذاب کے اعتبار سے سب سے ہلکا ہوگا: پوچھیں گے: بتا، اگر ہوتیں تیرے لئے تمام وہ چیزیں جو زمین میں ہیں: تو کیا تو عذاب سے بچنے کے لئے ان کو فدیہ میں دیتا؟ وہ کہے گا: ہاں، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں نے تجھ سے ایک ایسی بات چاہی تھی جو اس سے زیادہ آسان تھی درانحالیکہ تو آدم کی پیٹھ میں تھا کہ میرے ساتھ کسی کو شریک مت کر، مگر تو نے نہیں مانا، اور شرک میں مبتلا رہا!

[٦٥٥٧-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" يَقُوْلُ اللّٰهُ لِأَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ: لَوْ أَنَّ لَكَ مَا فِی الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ أَكُنْتَ تَفْتَدِیْ بِهِ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيَقُوْلُ: أَرَدْتُ مِنْكَ أَهْوَنَ مِنْ هٰذَا وَأَنْتَ فِیْ صُلْبِ آدَمَ: أَنْ لاَ تُشْرِكَ بِیْ شَيْئًا فَأَبَيْتَهُ إِلاَّ أَنْ تُشْرِكَ بِیْ"[راجع: ٣٣٣٤]

۱۲- جہنم کا عذاب چھوٹا کھیرا بنادے گا

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:" نکالا جائے گا (گنہگار مؤمن) دوزخ سے سفارش کی وجہ سے گویا وہ چھوٹے کھیرے ہیں"—— حماد (راوی) نے عمرو بن دینار (مروی عنہ) سے پوچھا: ثَعَارِیْر کیا ہے؟ انھوں نے کہا: الضَّغَابِیْس: دونوں کے معنی ہیں: چھوٹا کھیرا، اور عمرو بن دینار کے دانت نہیں رہے تھے، اس لئے ثعاریر صحیح سمجھ میں نہیں آیا، اور اس کی تفسیر پوچھنی پڑی، پھر حماد نے سماع کی تحقیق کی، عمرو سے پوچھا کہ آپؐ نے یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ انھوں نے اقرار کیا۔

تشریح: اس حدیث سے اور دیگر متواتر احادیث سے ثابت ہے کہ آخرت میں شفاعتیں ہونگی، معتزلہ اور خوارج شفاعت کا انکار کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہیں، وہ جو چاہیں کریں، کسی کا کیا زور چلتا ہے! حالانکہ شفاعت کا مقصد سفارش کرنے والوں کا اعزاز ہے، دنیا میں بھی جب کوئی سفارش کرتا ہے تو حاکم مجبور نہیں ہوجاتا، مگر جب حاکم سفارش قبول کرلیتا ہے تو سفارش کرنے والے کی عزت بڑھ جاتی ہے، اور جس کے لئے سفارش کی ہے وہ زندگی بھر گن گاتا ہے کہ فلاں کی سفارش سے میرا کام بن گیا، اخروی شفاعتوں میں بھی یہی حکمت ہے، اور شفاعتِ کبری اور دوسری شفاعتوں کی تفصیل تحفۃ الالمعی (٦:٢٠٤) میں ہے۔

[٦٥٥٨-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " يُخْرَجُ مِنَ النَّارِ بِالشَّفَاعَةِ كَأَنَّهُمُ الثَّعَارِيْرُ" قُلْتُ: مَا الثَّعَارِيْرُ؟ قَالَ: الضَّغَابِيْسُ، وَكَانَ قَدْ سَقَطَ فَمُهُ، فَقُلْتُ لِعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ: أَبَا مُحَمَّدٍ! سَمِعْتَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ:" يُخْرَجُ بِالشَّفَاعَةِ مِنَ النَّارِ؟" قَالَ: نَعَمْ.

۱۳- کچھ لوگوں کے چہرے جہنم کی لپٹ سے متغیر ہوجائیں گے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''کچھ لوگ (گنہگار مؤمنین) دوزخ سے نکلیں گے اس کے بعد کہ ان کو دوزخ کی لپٹ نے چھویا ہوگا، پس وہ جنت میں داخل کئے جائیں گے، پس جنتی ان کو جہنمی کہیں گے یعنی جہنم کی آگ چہرہ کو متغیر کردے گی۔ اور مسلم شریف کی روایت میں اضافہ ہے: ''وہ دعا کریں گے، پس اللہ تعالیٰ ان کا یہ لقب ہٹادیں گے'' (یہ وہ لوگ ہیں جن کو معمولی آگ نے چھویا ہوگا...... السَّفَعُ: سرخی مائل سیاہی، آگ نے چہرے کو جھلس کر رنگ بدل دیا ہوگا)

[٦٥٥٩-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' يَخْرُجُ قَوْمٌ مِنَ النَّارِ بَعْدَ مَا مَسَّهُمْ مِنْهَا سَفَعٌ، فَيُدْخَلُوْنَ الْجَنَّةَ، فَيُسَمِّيْهِمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَهَنَّمِيِّيْنَ''[طرفه: ٧٤٥٠]

۱۴- کچھ لوگوں کو جہنم کی آگ جھلس دے گی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب جنتی جنت میں پہنچ جائیں گے اور جہنمی جہنم میں تو اللہ تعالیٰ (سفارش کرنے والوں سے) فرمائیں گے: تم ہر اس شخص کو جس کے دل میں رائے کے دانے کے برابر ایمان ہے جہنم سے نکال لو، پس وہ جہنم سے نکالے جائیں گے درانحالیکہ وہ جھلس گئے ہونگے، اور کوئلہ ہوگئے ہونگے (یہ لوگ پہلے لوگوں سے زیادہ گنہگار ہونگے، آگ ان کو جھلس کر کوئلہ کردے گی)

[٦٥٦٠-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ يَقُوْلُ اللّٰهُ: مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُ، فَيُخْرَجُوْنَ وَقَدِ امْتَحَشُوْا وَعَادُوْا حُمَمًا، فَيُلْقَوْنَ فِيْ نَهْرِ الْحَيَاةِ، فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ، أَوْ قَالَ: حَمِئَةِ السَّيْلِ'' وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' أَلَمْ تَرَوْا أَنَّهَا تَنْبُتُ صَفْرَاءَ مُلْتَوِيَةً''[راجع: ٢٢]

لغت: حَمِيْل: اٹھایا ہوا یعنی کوڑا...... حَمِئَة: بدبودار کیچڑ...... کتاب میں حَمِيَّة تھا، تصحیح عمدۃ القاری سے کی ہے۔

۱۵- جہنم کی چنگاری سے دماغ کھول جائے گا

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن دوزخیوں میں عذاب کے اعتبار سے سب سے ہلکا وہ شخص ہوگا جس کے دونوں پیروں کے تلووں میں ایک چنگاری رکھی جائے گی جس سے اس کا دماغ کھولے گا'' (أَخْمَص: پاؤں کا نچلا بیچ کا حصہ جو زمین سے نہیں لگتا)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''دوزخیوں میں قیامت کے دن سب سے ہلکے عذاب والا وہ شخص ہوگا جس کے پیروں کی تلی میں دو چنگاریاں ہونگی، ان سے اس کا دماغ کھولے گا، جس طرح چولھے پر دیگچی اور کیتلی کھولتی ہے''

[٦٥٦١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنَّ أَهْوَنَ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَرَجُلٌ تُوْضَعُ فِيْ أَخْمَصِ قَدَمَيْهِ جَمْرَةٌ يَغْلِيْ مِنْهَا دِمَاغُهُ"[طرفه: ٦٥٦٢]

[٦٥٦٢-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: " إِنَّ أَهْوَنَ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجُلٌ عَلٰى أَخْمَصِ قَدَمَيْهِ جَمْرَتَانِ يَغْلِيْ مِنْهُمَا دِمَاغُهُ، كَمَا يَغْلِي الْمِرْجَلُ وَالْقُمْقُمُ"[راجع: ٦٥٦١]

وضاحت: مِرْجل: ہانڈی، دیگچی...... قُمْقُمْ: فارسی لفظ ہے، تنگ منہ والا برتن، کیتلی...... کتاب میں باء کے ساتھ بالقمقم تھا، تصحیح عمدۃ القاری سے کی ہے۔

۱۶- جہنم سے روگردانی کرنا اور پناہ چاہنا

ایک لمبی حدیث میں نبی ﷺ نے دوزخ کا ذکر کیا، تو اس سے اپنا چہرہ پھیرا اور اس سے پناہ چاہی، پھر اس کا ذکر کیا تو بھی اپنا چہرہ پھیرا اور اس سے پناہ چاہی، پھر فرمایا: ''دوزخ سے بچو، چاہے کھجور کے ٹکڑے سے ہو'' یعنی چاہے معمولی خیرات کرو، ''پس جو شخص نہ پائے وہ اچھی بات کے ذریعہ'' (جہنم سے بچے) —— اس بیان کے وقت جہنم سامنے نہیں تھی، پھر بھی آپؐ نے چہرہ پھیرا اور پناہ چاہی، اس سے جہنم کے عذاب کی سنگینی کا اندازہ ہوتا ہے۔

[٦٥٦٣-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم ذَكَرَ النَّارَ فَأَشَاحَ بِوَجْهِهِ وَتَعَوَّذَ مِنْهَا، ثُمَّ ذَكَرَ النَّارَ فَأَشَاحَ بِوَجْهِهِ وَتَعَوَّذَ مِنْهَا، ثُمَّ قَالَ: " اتَّقُوْا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ"[راجع: ١٤١٣]

۱۷- جہنم کے پایاب عذاب سے دماغ کھولے گا!

حدیث: ابوطالب کے بارے میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''شاید ان کو قیامت کے دن میری سفارش نفع پہنچائے، پس وہ تھوڑی آگ میں رکھے جائیں جوان کے ٹخنوں تک پہنچے گی، اس سے ان کا دماغ کھولے گا! (تفصیل تحفۃ القاری (۷: ۳۴۴) میں گذری ہے)

[٦٥٦٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، وَالدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ

عَبْدِاللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، أَنَّـهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَذُكِرَ عِنْدَهُ عَمُّهُ أَبُوْ طَالِبٍ، فَقَالَ:" لَعَلَّهُ تَنْفَعُهُ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فَیُجْعَلُ فِیْ ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ، یَبْلُغُ كَعْبَیْهِ، تَغْلِیْ مِنْهُ أُمُّ دِمَاغِهِ"[راجع: ۳۸۸۵]

۱۸- شفاعتوں سے گنہگار مؤمنین جہنم سے نکالے جائیں گے

اب شفاعتِ کبری کی طویل حدیث بسند انسؓ ہے، جو پہلے تحفۃ القاری (۹:۵۷) میں آچکی ہے، اس کے آخر میں دوسری چھوٹی شفاعتوں کا ذکر ہے وہ یہاں مقصود ہے کہ شفاعت کبری کے علاوہ چھوٹی شفاعتوں سے گنہگار مؤمنین جہنم سے نکالے جائیں گے اور جنت میں داخل کئے جائیں گے، پس یہ بھی جنت وجہنم کے احوال ہیں۔

[۶۵۶۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" یَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، فَیَقُوْلُوْنَ: لَوِ اسْتَشْفَعْنَا عَلٰی رَبِّنَا حَتّٰی یُرِیْحَنَا مِنْ مَكَانِنَا، فَیَأْتُوْنَ آدَمَ فَیَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ الَّذِیْ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِیَدِهِ، وَنَفَخَ فِیْكَ مِنْ رُوْحِهِ، وَأَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ، فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّنَا، فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ! وَیَذْكُرُ خَطِیْئَتَهُ، ائْتُوْا نُوْحًا أَوَّلَ رَسُوْلٍ بَعَثَهُ اللّٰهُ، فَیَأْتُوْنَهُ، فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ! وَیَذْكُرُ خَطِیْئَتَهُ، ائْتُوْا إِبْرَاهِیْمَ الَّذِیْ اتَّخَذَهُ اللّٰهُ خَلِیْلًا، فَیَأْتُوْنَهُ، فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ! وَیَذْكُرُ خَطِیْئَتَهُ، ائْتُوْا مُوْسَی الَّذِیْ كَلَّمَهُ اللّٰهُ، فَیَأْتُوْنَهُ، فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ! فَیَذْكُرُ خَطِیْئَتَهُ، ائْتُوْا عِیْسٰی، فَیَأْتُوْنَهُ، فَیَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ! ائْتُوْا مُحَمَّدًا صلی اللہ علیه وسلم، فَقَدْ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، فَیَأْتُوْنِیْ، فَأَسْتَأْذِنُ عَلٰی رَبِّیْ، فَإِذَا رَأَیْتُهُ وَقَعْتُ سَاجِدًا، فَیَدَعُنِیْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ یُقَالُ لِیْ: ارْفَعْ رَأْسَكَ، فَسَلْ تُعْطَهُ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَرْفَعُ رَأْسِیْ، فَأَحْمَدُ رَبِّیْ بِتَحْمِیْدٍ یُعَلِّمُنِیْ.

ثُمَّ أَشْفَعُ، فَیَحُدُّ لِیْ حَدًّا، ثُمَّ أُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ، فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ أَعُوْدُ فَأَقَعُ سَاجِدًا، مِثْلَهُ فِی الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ، حَتّٰی مَا بَقِیَ فِی النَّارِ إِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْآنُ" وَكَانَ قَتَادَةُ یَقُوْلُ عِنْدَ هٰذَا: أَیْ: وَجَبَ عَلَیْهِمُ الْخُلُوْدُ.[راجع: ٤٤]

[۶۵۶۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ذَكْوَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" یُخْرَجُ قَوْمٌ مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ فَیَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، وَیُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِیِّیْنَ"

۱۹- جنت میں کمان کے بقدر جگہ، حوروں کی خوبصورتی، خوشبو اور اوڑھنی ساری دنیا سے قیمتی ہے

دونوں حدیثیں تحفۃ القاری (۶:۲۰۲) میں آچکی ہیں، اور یہ ایک ہی حدیث ہے، حوالہ دینے کے لئے نمبر الگ الگ

ڈالے ہیں، اور خلاصہ عنوان میں آ گیا ہے، اس لئے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔

[٦٥٦٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أُمَّ حَارِثَةَ أَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ هَلَكَ حَارِثَةُ يَوْمَ بَدْرٍ، أَصَابَهُ سَهْمٌ غَرْبٌ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ عَلِمْتَ مَوْقِعَ حَارِثَةَ مِنْ قَلْبِيْ، فَإِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ لَمْ أَبْكِ عَلَيْهِ، وَإِلَّا سَوْفَ تَرَى مَا أَصْنَعُ! فَقَالَ لَهَا:" هَبِلْتِ! أَجَنَّةٌ وَاحِدَةٌ هِيَ أَمْ جِنَانٌ كَثِيْرَةٌ، وَإِنَّهُ لَفِي الْفِرْدَوْسِ الْأَعْلٰى"[راجع: ٢٨٠٩]

[٦٥٦٨-] وَقَالَ:" غُدْوَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا، وَلَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ أَوْ مَوْضِعُ قِدِّهِ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا، وَلَوْ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ نَسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَتْ إِلَى الْأَرْضِ لَأَضَاءَ تْ مَا بَيْنَهُمَا، وَلَمَلَأَتْ مَا بَيْنَهُمَا رِيْحًا، وَلَنَصِيْفُهَا يَعْنِي الْخِمَارَ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا"
[راجع: ٢٧٩٢]

لغت: اَلْقِدّ: کوڑا، جمع أَقُدّ۔

۲۰- ہر شخص کا ٹھکانہ جنت میں بھی ہے اور جہنم میں بھی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "کوئی جنت میں نہیں جائے گا مگر وہ اس کا دوزخ کا ٹھکانہ دکھایا جائے گا، اگر وہ برائی کرتا تاکہ وہ شکر بجالائے، اور کوئی دوزخ میں نہیں جائے گا مگر وہ اس کا جنت کا ٹھکانہ دکھا جائے گا، اگر وہ اچھے کام کرتا، تاکہ وہ اس کے لئے پچھتاوا ہو۔

[٦٥٦٩-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَا يَدْخُلُ أَحَدٌ الْجَنَّةَ إِلَّا أُرِيَ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ، لَوْ أَسَاءَ، لِيَزْدَادَ شُكْرًا، وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ أَحَدٌ إِلَّا أُرِيَ مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ، لَوْ أَحْسَنَ، لِيَكُوْنَ عَلَيْهِ حَسْرَةً"

۲۱- آخر میں جہنم میں کوئی کلمہ گو نہیں رہے گا، سب شفاعتِ نبوی سے نکال لئے جائیں گے

حدیث مع تفصیل تحفۃ القاری (۱:۳۸۸) میں آچکی ہے، اور اس کا خلاصہ عنوان میں ہے۔

[٦٥٧٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّهُ قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ أَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ:" لَقَدْ ظَنَنْتُ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ أَنْ لَا يَسْأَلَنِيْ أَحَدٌ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ أَوَّلُ مِنْكَ، لِمَا رَأَيْتُ مِنْ حِرْصِكَ عَلَى الْحَدِيْثِ، أَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مِنْ قِبَلِ نَفْسِهِ"[راجع: ٩٩]

۲۲-ادنی جنتی کو دس دنیا کے بقدر جگہ ملے گی

حدیث: نبی ﷺ نے بیان کیا کہ میں دوزخ میں سے سب سے آخر میں نکلنے والے کو، اور جنت میں سب سے آخر میں داخل ہونے والے کو جانتا ہوں۔ ایک شخص دوزخ سے سرین کے بل سرکتا ہوا نکلے گا، اس سے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جنت میں جا اور اپنا ٹھکانہ پکڑ، وہ جنت میں جائے گا، پس اس کے خیال میں ایسا آئے گا کہ جنت بھری ہوئی ہے (کوئی جگہ خالی نہیں) وہ لوٹ آئے گا، اور کہے گا: اے میرے ربّ! میں نے جنت کو بھرا ہوا پایا، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جا، جنت میں داخل ہو، وہ جنت میں آئے گا، پس اس کے خیال میں ایسا آئے گا کہ وہ بھری ہوئی ہے، وہ لوٹ آئے گا، اور عرض کرے گا: اے میرے ربّ! میں نے جنت کو بھرا ہوا پایا (میرے لئے کوئی جگہ نہیں) پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جا، اور جنت میں داخل ہو تیرے لئے دنیا کے مانند اور اس کا دس گنا ہے، یعنی گیارہ دنیا کے بقدر یا فرمایا: تیرے لئے دنیا کے مانند کا دس گنا ہے یعنی دس دنیا کے بقدر، پس وہ کہے گا؟ آپ میرا ٹھٹھا کرتے ہیں یا کہے گا: آپ میری ہنسی اڑاتے ہیں، حالانکہ آپ بادشاہ ہیں! (راوی کہتے ہیں:) پس بخدا! میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپؐ ہنسے یہاں تک کہ آپؐ کی ڈاڑھیں کھل گئیں (راوی کہتا ہے:) اور کہا جاتا تھا کہ یہ جنتیوں میں سب سے کم مرتبہ والا ہے۔

[٦٥٧١-] حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَبِیْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم:" إِنِّیْ لَأَعْلَمُ آخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِنْهَا، وَآخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُوْلاً: رَجُلٌ یَخْرُجُ مِنَ النَّارِ حَبْوًا، فَیَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: اذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَیَأْتِیْهَا، فَیُخَیَّلُ إِلَیْهِ أَنَّهَا مَلْأَی، فَیَرْجِعُ فَیَقُوْلُ: یَا رَبِّ وَجَدْتُهَا مَلْأَی! فَیَقُوْلُ: اذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَیَأْتِیْهَا، فَیُخَیَّلُ إِلَیْهِ أَنَّهَا مَلْأَی، فَیَرْجِعُ فَیَقُوْلُ: یَا رَبِّ وَجَدْتُهَا مَلْأَی! فَیَقُوْلُ: اذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَإِنَّ لَكَ مِثْلَ الدُّنْیَا وَعَشَرَةَ أَمْثَالِهَا، أَوْ: إِنَّ لَكَ مِثْلَ عَشَرَةِ أَمْثَالِ الدُّنْیَا. فَیَقُوْلُ: تَسْخَرُ مِنِّیْ، أَوْ: تَضْحَكُ مِنِّیْ وَأَنْتَ الْمَلِكُ؟!" فَلَقَدْ رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم ضَحِكَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، وَكَانَ یُقَالُ: ذَاكَ أَدْنَی أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً.[طرفه: ۷۵۱۱]

۲۳-جو جہنم میں رہ گئے ان کو کوئی کچھ نفع پہنچائے گا؟

حضرت عباسؓ نے نبی ﷺ سے پوچھا: کیا آپؐ نے ابوطالب کو کچھ نفع پہنچایا؟ جواب نہیں لائے، جواب پہلے تحفۃ القاری (۷: ۳۴۵ حدیث ۳۸۸۵) میں گذرا ہے کہ شاید نفع پہنچائے ان کو میری سفارش قیامت کے دن، پس وہ تھوڑی آگ میں ہوں، جو ان کے ٹخنوں کو پہنچے، کھولے گا اس سے ان کا دماغ! —— یہ بات آپؐ نے لَعَلَّه کہہ کر فرمائی ہے، پس قطعی فیصلہ ممکن نہیں۔

[٦٥٧٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ: أَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: هَلْ نَفَعْتَ أَبَا طَالِبٍ بِشَیْئٍ؟[راجع: ۳۸۸۳]

بَابٌ: الصِّرَاطُ جِسْرُ جَهَنَّمَ

پلِ صراط: جہنم کی پیٹھ پر بچھایا جائے گا

قیامت کا دن اس دنیا کا آخری دن ہے، اور جنت وجہنم دوسری دنیا میں ہیں، قیامت کے دن جب جنت وجہنم کے فیصلے ہوجائیں گے تو لوگ اس دنیا سے دوسری دنیا میں منتقل کئے جائیں گے، وہ ایک پل کے ذریعہ منتقل کئے جائیں گے، اس پل کا ایک سرا اس دنیا میں ہوگا، دوسرا جنت میں، اور وہ پل جہنم کی پیٹھ سے گذرے گا، جنتی اس سے پار ہوجائیں گے، اور جہنمیوں کو آنکڑے جہنم میں کھینچ لیں گے —— اور حدیث پہلے تحفۃ القاری (۳: ۱۳۰) میں مع شرح وحل لغات آچکی ہے، اس لئے یہاں ترجمہ نہیں کررہا، پڑھ لیں۔

[٥٢-] بَابٌ: الصِّرَاطُ جِسْرُ جَهَنَّمَ

[٦٥٧٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيْدٌ، وَعَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُمَا. ح: وَحَدَّثَنِي مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ نَاسٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: "هَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الشَّمْسِ لَيْسَ دُوْنَهَا سَحَابٌ؟" قَالُوْا: لَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "هَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ دُوْنَهُ سَحَابٌ؟" قَالُوْا: لَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَإِنَّكُمْ تَرَوْنَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَذٰلِكَ.

لغت: پہلے تُمَارُوْن آیا ہے یعنی شک کرتے ہو تم، اور یہاں تُضَارُّوْنَ ہے، ضَارَّهُ مُضَارَّةً: نقصان پہنچانا یعنی دیکھنے میں بھیڑ کرتے ہو۔

يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ، فَيَقُوْلُ: مَنْ كَانَ يَعْبُدُ شَيْئًا فَلْيَتَّبِعْهُ، فَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الشَّمْسَ، وَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الْقَمَرَ، وَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الطَّوَاغِيْتَ، وَتَبْقَى هٰذِهِ الْأُمَّةُ فِيْهَا مُنَافِقُوْهَا، فَيَأْتِيْهِمُ اللّٰهُ فِيْ غَيْرِ الصُّوْرَةِ الَّتِيْ يَعْرِفُوْنَ، فَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ. فَيَقُوْلُوْنَ: نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ! هٰذَا مَكَانُنَا حَتّٰى يَأْتِيَنَا رَبُّنَا، فَإِذَا أَتَانَا رَبُّنَا عَرَفْنَاهُ، فَيَأْتِيْهِمُ اللّٰهُ فِي الصُّوْرَةِ الَّتِيْ يَعْرِفُوْنَ، فَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ. فَيَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ رَبُّنَا! فَيَتَّبِعُوْنَهُ.

وضاحت: پہلے فی غیر الصورۃ التی یعرفون نہیں آیا، اسی طرح یأتیهم الله فی الصورۃ التی یعرفون بھی نہیں آیا، یہاں ہے، اس کو یاد رکھیں، ان جملوں کے بغیر مضمون واضح نہیں ہوتا۔

وَيُضْرَبُ جِسْرُ جَهَنَّمَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يُجِيْزُ، وَدُعَاءُ الرُّسُلِ يَوْمَئِذٍ: اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ! وَبِهِ كَلَالِيْبُ مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ، أَمَا رَأَيْتُمْ شَوْكَ السَّعْدَانِ؟" قَالُوْا: نَعَمْ

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: ''فَإِنَّهَا مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ، غَيْرَ أَنَّهَا لاَ يَعْلَمُ قَدْرَ عِظَمِهَا إِلَّا اللّٰهُ، فَتَخْطَفُ النَّاسَ بِأَعْمَالِهِمْ، مِنْهُمُ الْمُوْبَقُ بِعَمَلِهِ، وَمِنْهُمُ الْمُخَرْدَلُ، ثُمَّ يَنْجُوْ.

ترجمہ: اور جہنم کا پل بچھایا جائے گا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''پس میں سب سے پہلے (اپنی امت کے ساتھ) گذروں گا، اور اس دن رسولوں کی زبان پر ہوگا: الٰہی! بچا! الٰہی! بچا! اور اس پل میں سعدان کے کانٹوں کی طرح آنکڑے ہونگے، کیا تم نے سعدان کے کانٹے نہیں دیکھے؟'' صحابہ نے کہا: ہاں! اے اللہ کے رسول! (دیکھے ہیں) آپؐ نے فرمایا: ''وہ آنکڑے سعدان کے کانٹوں کی شکل کے ہونگے، مگر اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی ان کی بڑائی کی مقدار نہیں جانتا، وہ آنکڑے لوگوں کو ان کے اعمال کے اعتبار سے جھپٹ لیں گے، پس ان میں سے بعض اپنے (برے) اعمال کی وجہ سے ہلاک ہوجائیں گے، اور بعض چکنا چور ہوجائیں گے پھر بچ جائیں گے۔

حَتّٰى إِذَا فَرَغَ اللّٰهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ عِبَادِهِ، وَأَرَادَ أَنْ يُخْرِجَ مِنَ النَّارِ مَنْ أَرَادَ أَنْ يُخْرِجَهُ، مِمَّنْ كَانَ يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَمَرَ الْمَلاَئِكَةَ أَنْ يُخْرِجُوْهُمْ، فَيَعْرِفُوْنَهُمْ بِعَلاَمَةِ آثَارِ السُّجُوْدِ، وَحَرَّمَ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ أَنْ تَأْكُلَ مِنِ ابْنِ آدَمَ أَثَرَ السُّجُوْدِ، فَيُخْرِجُوْنَهُمْ قَدِ امْتُحِشُوْا، فَيُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءٌ، يُقَالُ لَهُ: مَاءُ الْحَيَاةِ، فَيَنْبُتُوْنَ نَبَاتَ الْحِبَّةِ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ.

وَيَبْقَى رَجُلٌ مُقْبِلٌ بِوَجْهِهِ عَلَى النَّارِ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ! قَدْ قَشَبَنِيْ رِيْحُهَا وَأَحْرَقَنِيْ ذَكَاؤُهَا، فَاصْرِفْ وَجْهِيْ عَنِ النَّارِ، فَلاَ يَزَالُ يَدْعُو اللّٰهَ، فَيَقُوْلُ: لَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَ أَنْ تَسْأَلَنِيْ غَيْرَهُ؟! فَيَقُوْلُ: لاَ وَعِزَّتِكَ! لاَ أَسْأَلُكَ غَيْرَهُ، فَيُصْرَفُ وَجْهُهُ عَنِ النَّارِ، ثُمَّ يَقُوْلُ بَعْدَ ذٰلِكَ: يَا رَبِّ! قَرِّبْنِيْ إِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَيَقُوْلُ: أَلَيْسَ قَدْ زَعَمْتَ أَنْ لاَ تَسْأَلَنِي غَيْرَهُ؟ وَيْلَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مَا أَغْدَرَكَ! فَلاَ يَزَالُ يَدْعُوْ، فَيَقُوْلُ: لَعَلِّيْ إِنْ أَعْطَيْتُكَ ذٰلِكَ تَسْأَلُنِيْ غَيْرَهُ؟! فَيَقُوْلُ: لاَ وَعِزَّتِكَ! لاَ أَسْأَلُكَ غَيْرَهُ، فَيُعْطِيْ اللّٰهَ مِنْ عُهُوْدٍ وَمَوَاثِيْقَ أَنْ لاَ يَسْأَلَهُ غَيْرَهُ، فَيُقَرِّبُهُ إِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَإِذَا رَأَى مَا فِيْهَا سَكَتَ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَسْكُتَ، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَا رَبِّ! أَدْخِلْنِيْ الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ: أَوَ لَيْسَ قَدْ زَعَمْتَ أَنْ لاَ تَسْأَلَنِيْ غَيْرَهُ؟! وَيْلَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مَا أَغْدَرَكَ! فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ لاَ تَجْعَلْنِيْ أَشْقَى خَلْقِكَ، فَلاَ يَزَالُ يَدْعُو حَتّٰى يَضْحَكَ، فَإِذَا ضَحِكَ مِنْهُ أَذِنَ لَهُ بِالدُّخُوْلِ فِيْهَا، فَإِذَا دَخَلَ فِيْهَا قِيْلَ لَهُ: تَمَنَّ مِنْ كَذَا، فَيَتَمَنَّى، ثُمَّ يُقَالُ لَهُ: تَمَنَّ مِنْ كَذَا، فَيَتَمَنَّى حَتّٰى تَنْقَطِعَ بِهِ الْأَمَانِيُّ، فَيَقُوْلُ لَهُ: هٰذَا لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ'' قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَذٰلِكَ الرَّجُلُ آخِرُ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُوْلاً. [راجع: ٨٠٦]

[٦٥٧٤-] قَالَ: وَأَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ جَالِسٌ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ، لاَ يُغَيِّرُ عَلَيْهِ شَيْئًا مِنْ حَدِيْثِهِ حَتّٰى انْتَهَى إِلٰى قَوْلِهِ: ''هٰذَا لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ'' قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''هٰذَا لَكَ وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهِ'' قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: حَفِظْتُ: ''مِثْلُهُ مَعَهُ'' [راجع: ٢٢]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الحوض

حوضِ کوثر کا بیان

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾

حوضِ کوثر کا ثبوت

یہ کتاب: کتاب الرقاق کا ضمیمہ ہے، اس کتاب میں اٹھارہ حدیثیں ہیں، کوثر کے لئے بعض احادیث میں لفظ' حوض' استعمال کیا گیا ہے، اور بعض میں نہر، پھر بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نہر جنت کے اندر ہے، اور اکثر احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا محل وقوع جنت کے باہر میدانِ حشر ہے۔ اہل ایمان جنت میں جانے سے پہلے اس حوض سے جس کا پانی نہایت سفید وشفاف اور بے انتہا لذیذ وشیریں ہوگا نوش جاں کریں گے، اور تحقیق یہ ہے کہ کوثر کا اصل مرکز جنت کے اندر ہے، اور میدانِ محشر تک اس کی شاخیں نہروں کی شکل میں آئیں گی اور اس کو حوض اس لئے کہا گیا ہے کہ میدانِ محشر میں سیکڑوں میل کے طول وعرض میں ایک نہایت حسین وجمیل تالاب ہوگا جس میں جنت کے اس چشمہ سے پانی آ کر جمع ہوگا، جیسے واٹرورکس سے پورے شہر میں پانی سپلائی ہوتا ہے۔

اور حوض کوثر کا رقبہ اتنا بڑا ہوگا کہ ایک راہ رَو اس کے ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک کی مسافت ایک مہینہ میں طے کر سکے گا، اور ایک حدیث میں ہے کہ اس کے ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک کا فاصلہ عَدَن اور عمان کے درمیان کے فاصلہ کے بقدر ہوگا، بہر حال آخرت کی چیزوں کا صحیح تصور اس دنیا میں نہیں کیا جا سکتا، اس کی واقعی نوعیت اسی وقت سامنے آئے گی جب ہم اس حوض پر پہنچیں گے۔

فائدہ: حوضِ کوثر: صراطِ مستقیم کا پیکر محسوس ہے، پس جو لوگ اہل السنہ والجماعہ کے عقائد کے حامل ہیں: وہی حوض پر پہنچیں گے اور سیراب ہونگے، اور جو گمراہ فرقوں میں شامل ہیں: ان کو فرشتے دھکے دے کر لائن سے ہٹا دیں گے...... اور حوضِ کوثر: ہر نبی کے لئے ہوگا، مگر ہمارے نبی ﷺ کا حوض سب سے بڑا ہوگا، اور اس پر آبخورے آسمان کے تاروں کے بقدر ہونگے، اور حوض کوثر میدانِ حشر میں ہوگا۔

باب کی آیت: سورۃ الکوثر کی پہلی آیت ہے: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾: بے شک ہم نے آپؐ کو خیر کثیر (جس کا ایک فرد حوضِ کوثر ہے) عطا فرمائی ہے ـــــ جب صاحب زادے قاسم کا انتقال ہوا تو عاص بن وائل نے کہا: محمد کی نسل منقطع ہوگئی، وہ ابتر (بے نام ونشان) ہے، کیونکہ اس کی نسل منقطع ہوگئی، پس اس کے دین کا چرچا چندروزہ ہے، اس سورت سے آپؐ کی تسلی کی گئی کہ ہم نے آپؐ کو خیر کثیر (دنیا وآخرت کی بھلائیاں) عطا فرمائی ہیں، اس میں بقائے دین اور ترقی اسلام بھی ہے، پھر اگر ایک بیٹا فوت ہوگیا تو اس پر شماتت (دشمنوں کے خوش ہونے) کا کیا موقع ہے؟ ـــــ اور آگے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر آرہی ہے کہ کوثر کے معنی خیر کثیر کے ہیں، اور بے شمار روایات سے ثابت ہے کہ جنت/میدانِ حشر کے ایک حوض کا نام بھی کوثر ہے ـــــ یہ کثرۃ سے بنا ہے، جیسے نوفل: نفلۃ سے، جو چیزیں تعداد میں کثیر اور مرتبے میں باعظمت ہوں: عرب اس کو کوثر کہتے ہیں (لغات القرآن)

معلق روایت: عبداللہ بن زید بن عاصمؓ کی روایت تحفۃ القاری (۸: ۴۲۰) میں آئی ہے، نبی ﷺ نے ایک خطاب میں انصار سے فرمایا: ''تم میرے بعد ترجیح سے ملاقات کروگے، پس صبر کرنا، یہاں تک کہ مل جاؤ مجھ سے حوضِ کوثر پر''

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں تم سے پہلے حوضِ کوثر پر پہنچنے والا ہوں!'' ـــــ اور دوسرے طریق سے ہے: ''میں تم سے پہلے حوضِ کوثر پر پہنچنے والا ہوں، اور ضرور اٹھائے جائیں گے یعنی ہٹائے جائیں گے تم میں سے کچھ مرد، پھر کھینچ لئے جائیں گے مجھ سے ورے، پس میں کہونگا: اے اللہ! میرے صحابہ ہیں! پس کہا جائے گا: ''آپؐ نہیں جانتے جو نئی بات پیدا کی انھوں نے آپؐ کے بعد!'' ـــــ ابووائل کے بعض تلامذہ نے اس کی سند ابن مسعودؓ تک پہنچائی ہے اور حصین نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ تک۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵۳- كتابُ الْحوض

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' اصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِىْ عَلَى الْحَوْضِ''

[راجع: ٤٣٣٠]

[٦٥٧٥-] حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ'' [طرفاه: ٦٥٧٦، ٧٠٤٩]

[٦٥٧٦-] ح: وَحَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى

الْحَوْضِ، وَلَيُرْفَعَنَّ رِجَالٌ مِنْكُمْ ثُمَّ لَيُخْتَلَجُنَّ دُوْنِیْ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ أَصْحَابِیْ! فَيُقَالُ: إِنَّكَ لاَ تَدْرِیْ مَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ"

تَابَعَهُ عَاصِمٌ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، وَقَالَ حُصَيْنٌ: عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم.[راجع: ٦٥٧٥]

۱-حوضِ کوثر کی پہنائی اورلمبائی

حوضِ کوثر کی چوڑائی اور لمبائی یکساں ہوگی:زَوَایاہ سواء (حاشیہ) اورایک کنارے سے دوسرے کنارے تک کا فاصلہ سیکڑوں میل ہوگا،ابن عمرؓ کی حدیث میں نبی ﷺ نے فرمایا:تمہارے آگے میرا حوض ہے،جیسا جرباءاوراذرح کے درمیان فاصلہ ہے،حاشیہ میں ہے کہ یہ دونوں جگہیں قریب قریب ہیں،اور جیسے ماہ وجورساتھ ساتھ بولے جاتے ہیں،اسی طرح جرباءاوراذرح ساتھ ساتھ بولے جاتے ہیں،اوراصل روایت دارقطنی میں ہے کہ جتنا فاصلہ مدینہ اور جرباءواذرح کے درمیان ہے،اور مسلم کی روایت میں: تین روزہ مسافت کا بھی ذکر ہے۔

[٦٥٧٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" أَمَا مَكُمْ حَوْضِی كَمَا بَيْنَ جَرْبَاءَ وَأَذْرُحَ"

۲-کوثر کے معنی خیر کثیر کے ہیں

روایت: تحفۃ القاری(۹:۶۲۹) میں آئی ہے:ابن عباسؓ نے فرمایا:"کوثر: خیر کثیر ہے، جواللہ نے نبی ﷺ کو دی ہے،ابوبشر نے سعید بن جبیر سے کہا:لوگ کہتے ہیں کہ وہ جنت کی ایک نہر ہے:سعید نے کہا:جنت میں جونہر ہے وہ بھی اس خیر کاایک فرد ہے جواللہ نے نبی ﷺ کوعنایت فرمائی ہے۔

[٦٥٧٨-] حدثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، وَعَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:﴿الْكَوْثَرَ﴾: الْخَيْرُ الْكَثِيْرُ الَّذِی أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ، قَالَ أَبُوْ بِشْرٍ: قُلْتُ لِسَعِيْدٍ: إِنَّ أُنَاسًا يَزْعُمُوْنَ أَنَّهُ نَهَرٌ فِی الْجَنَّةِ، فَقَالَ سَعِيْدٌ: النَّهَرُ الَّذِی فِی الْجَنَّةِ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِیْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ.[راجع: ٤٩٦٦]

۳-حوضِ کوثر کے احوال

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا:"میرا حوض ایک ماہ کی مسافت ہے،اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید ہے،اس کی بو مشک سے زیادہ خوشبودار ہے،اس کے ڈنڈی دار پیالے آسمان کے ستاروں کے بقدر ہیں، جواس سے پیئے گا کبھی پیاسا نہیں

ہوگا (کیزان: کوز کی جمع ہے)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’میرے حوض کی مقدار جیسے ایلہ (شام کے شہر) اور یمن کے صنعاء شہر کے درمیان کا فاصلہ ہے اور اس پر آب ریز (لوٹے) آسمان کے ستاروں کی تعداد میں ہیں‘‘

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ’’دریں اثناء کہ میں جنت میں چل رہا تھا اچانک میں ایک نہر پر پہنچا، اس کی دونوں جانبوں میں کھوکھلا کئے ہوئے موتی کے گنبد تھے، میں نے پوچھا: جبرئیل! یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا: یہ وہ کوثر ہے جو اللہ نے آپؐ کو عنایت فرمائی ہے (کوثر درحقیقت جنت کی نہر ہے) پس اچانک اس کی خوشبو/ اس کی مٹی تیز مشک جیسی تھی۔

[۶۵۷۹-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ’’ حَوْضِيْ مَسِيْرَةُ شَهْرٍ، مَاؤُهُ أَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ، وَرِيْحُهُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، وَكِيْزَانُهُ كَنُجُوْمِ السَّمَاءِ، مَنْ يَشْرَبْ مِنْهَا فَلاَ يَظْمَأُ أَبَدًا‘‘

[۶۵۸۰-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ، حَدَّثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ’’ إِنَّ قَدْرَ حَوْضِيْ كَمَا بَيْنَ أَيْلَةَ وَصَنْعَاءَ مِنَ الْيَمَنِ، وَإِنَّ فِيْهِ مِنَ الأَبَارِيْقِ كَعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ‘‘

[۶۵۸۱-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، ح: وَحَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ’’ بَيْنَمَا أَنَا أَسِيْرُ فِي الْجَنَّةِ إِذَا أَنَا بِنَهَرٍ، حَافَتَاهُ قِبَابُ الدُّرِّ الْمُجَوَّفِ، قُلْتُ: مَا هٰذَا يَا جِبْرَئِيْلُ؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ أَعْطَاكَ رَبُّكَ، فَإِذَا طِيْبُهُ أَوْ: طِيْنُهُ مِسْكٌ أَذْفَرُ‘‘ شَكَّ هُدْبَةُ. [راجع: ۳۵۷۰]

۴- حوضِ کوثر پر کون پہنچے گا اور کون دھکا دیا جائے گا؟

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ’’ضرور وارد ہونگے کچھ لوگ میرے ساتھیوں میں سے حوض پر، یہاں تک کہ (جب) میں ان کو پہچان لونگا تو وہ میرے پاس سے نکال لئے جائیں گے (ہٹادیئے جائیں گے) پس میں کہونگا: میرے ساتھی ہیں! پس نکالنے والا کہے گا: آپؐ کو معلوم نہیں جو نئی بات پیدا کی انھوں نے آپؐ کے بعد!‘‘

حدیث (۲): حضرت سہل نے بیان کیا: نبی ﷺ نے فرمایا: ’’میں حوض پر تم سے پہلے پہنچنے والا ہوں (اور تمہارے لئے انتظام کرنے والا ہوں) جو میرے پاس سے گذرے گا پیئے گا، اور جو پیئے گا کبھی پیاسا نہیں ہوگا، ضرور وارد ہونگے مجھ پر کچھ لوگ، میں ان کو پہچانونگا اور وہ مجھے پہچانیں گے، پھر آڑ بنایا جائے گا میرے اور ان کے درمیان‘‘ —— اور حضرت ابو سعیدؓ نے حدیث میں یہ اضافہ کیا: ’’پس میں کہونگا: وہ لوگ میرے آدمی ہیں! پس کہا جائے گا: آپ نہیں جانتے جو نئی بات

پیدا کی انھوں نے آپؐ کے بعد! پس میں کہوں گا: دور ہو! دور ہو! جس نے میرے بعد دین بدل دیا!'' —— بعد کی حدیثیں بھی ان کے ہم معنی ہیں۔

لغات: اِخْتَلَجَ الشیئُ: کسی چیز کا کسی چیز سے نکلنا (حدیث میں فعل مجہول ہے)...... سَحِقَ (س) سُحْقًا: بہت زیادہ دور ہونا، سحیق: دور سَحَقَهُ (ن) اور أَسْحَقَه: دور کرنا...... حَلَّأَهُ عن الشیئ: روکنا...... القهقری: الٹے پاؤں۔

تشریح: علماء نے کہا ہے: جو بھی دین سے پھر گیا، یا دین میں کوئی ایسی نئی بات نکالی جس سے اللہ تعالیٰ خوش نہیں، نہ اللہ تعالیٰ نے اس کی اجازت دی ہے: وہ حوضِ کوثر سے دھکا دیا ہوا دور کیا ہوا ہوگا، اور ان میں سے دھتکارا ہوا وہ شخص ہوگا جو مسلمانوں کی جماعت کے خلاف چلتا ہے، جیسے خوارج اور ان کے سب فرقے، روافض، اپنی ساری گمراہیوں کے ساتھ، اور معتزلہ، ان کی خواہشات کی اقسام کے ساتھ، یہ سب دین کو بدل ڈالنے والے ہیں، اور اسی طرح ظالم لوگ، ظلم وجور میں حد سے نکلنے والے اور حق کو مٹانے والے، اور اہل حق کو قتل اور ذلیل کرنے والے، اور علی الاعلان کبیرہ گناہ کرنے والے، اور گناہوں کو ہلکا سمجھنے والے (آخر باب کا حاشیہ)

[٦٥٨٢-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِي الْحَوْضَ، حَتّٰى عَرَفْتُهُمُ اخْتُلِجُوْا دُوْنِيْ، فَأَقُوْلُ: أَصْحَابِيْ، فَيَقُوْلُ: لاَ تَدْرِيْ مَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ''

[٦٥٨٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، مَنْ مَرَّ عَلَيَّ شَرِبَ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ وَيَعْرِفُوْنِيْ، ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ''[طرفه: ٧٠٥٠]

[٦٥٨٤-] قَالَ أَبُوْ حَازِمٍ: فَسَمِعَنِي النُّعْمَانُ بْنُ أَبِيْ عَيَّاشٍ، فَقَالَ هٰكَذَا سَمِعْتَ مِنْ سَهْلٍ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: أَشْهَدُ عَلٰى أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ لَسَمِعْتُهُ وَهُوَ يَزِيْدُ فِيْهَا:''فَأَقُوْلُ: إِنَّهُمْ مِنِّيْ، فَيُقَالُ: إِنَّكَ لاَ تَدْرِيْ مَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ، فَأَقُوْلُ: سُحْقًا سُحْقًا لِمَنْ غَيَّرَ بَعْدِيْ''

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: سُحْقًا: بُعْدًا، سَحِيْقٌ: بَعِيْدٌ، سَحَقَهُ وَأَسْحَقَهُ: أَبْعَدَهُ.[طرفه: ٧٠٥١]

[٦٥٨٥-] وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبِ بْنِ سَعِيْدٍ الْحَبَطِيُّ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّهُ كَانَ يُحَدِّثُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''يَرِدُ عَلَيَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَهْطٌ مِنْ أَصْحَابِيْ فَيُحَلَّئُوْنَ عَنِ الْحَوْضِ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ، أَصْحَابِيْ! فَيَقُوْلُ: إِنَّكَ لاَ عِلْمَ لَكَ بِمَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ، إِنَّهُمُ ارْتَدُّوْا عَلٰى أَدْبَارِهِمُ الْقَهْقَرٰى'' ح: وَقَالَ شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ: كَانَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: فَيُجْلَوْنَ، وَقَالَ عُقَيْلٌ: فَيُحَلَّئُوْنَ. وَقَالَ

الزُّبَيْدِيُّ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[طرفه: ٦٥٨٦]

[٦٥٨٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ: أَنَّهُ كَانَ يُحَدِّثُ عَنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:"يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ رِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِيْ فَيُحَلَّئُوْنَ عَنْهُ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ أَصْحَابِيْ، فَيَقُوْلُ: إِنَّكَ لاَ عِلْمَ لَكَ بِمَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ، إِنَّهُمُ ارْتَدُّوْا عَلٰى أَدْبَارِهِمُ الْقَهْقَرِى"[راجع: ٦٥٨٥]

[٦٥٨٧-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ هِلاَلٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:"بَيْنَا أَنَا قَائِمٌ إِذَا زُمْرَةٌ، حَتّٰى إِذَا عَرَفْتُهُمْ خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ بَيْنِيْ وَبَيْنِهِمْ، فَقَالَ:" هَلُمَّ! فَقُلْتُ: أَيْنَ؟ قَالَ: إِلٰى النَّارِ، وَاللّٰهِ! قُلْتُ: وَمَا شَأْنُهُمْ؟ قَالَ: إِنَّهُمُ ارْتَدُّوْا بَعْدَكَ عَلٰى أَدْبَارِهِمُ الْقَهْقَرَى، ثُمَّ إِذَا زُمْرَةٌ حَتّٰى إِذَا عَرَفْتُهُمْ خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ بَيْنِيْ وَبَيْنِهِمْ، فَقَالَ: هَلُمَّ. قُلْتُ: أَيْنَ؟ قَالَ: إِلٰى النَّارِ، وَاللّٰهِ! قُلْتُ: وَمَا شَأْنُهُمْ؟ قَالَ: إِنَّهُمُ ارْتَدُّوْا عَلٰى أَدْبَارِهِمُ الْقَهْقَرَى! فَلاَ أُرَاهُ يَخْلُصُ فِيْهِمْ إِلاَّ مِثْلُ هُمَّلِ النَّعَمِ"

آخری حدیث کا ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا:"دریں اثناء کہ میں (حوضِ کوثر پر) کھڑا ہونگا کہ اچانک ایک جماعت آئے گی، یہاں تک کہ جب میں ان کو پہچان لونگا: ایک آدمی میرے اوران کے درمیان سے نمودار ہوگا، وہ کہے گا: اِدھر آؤ، میں پوچھوں گا: کدھر لے جارہا ہے؟ وہ کہے گا: دوزخ میں، بخدا! میں پوچھونگا: ان کا کیا معاملہ ہے؟ وہ کہے گا: یہ لوگ آپؐ کے بعد الٹے پاؤں لوٹ گئے تھا۔ پھر اچانک دوسری جماعت آئے گی، یہاں تک کہ جب میں ان کو پہچان لونگا تو ایک آدمی میرے اوران کے درمیان سے نمودار ہوگا، وہ کہے گا: اِدھر آؤ، میں پوچھوں گا: کدھر لے جارہا ہے؟ وہ کہے گا: دوزخ میں بخدا! میں پوچھوں گا: ان کا کیا معاملہ ہے؟ وہ کہے گا: یہ لوگ الٹے پاؤں لوٹ گئے تھے، پس نہیں گمان کرتا میں اس کو کہ چھوڑے گا وہ ان میں سے مگر چرواہے کے بغیر چرنے والے چوپایوں کے بقدر! (چرواہے کے بغیر چرنے والے جانور بہت تھوڑے کم ہوتے ہیں یعنی وہ شخص اکثر کو جہنم کی طرف ہانک لے جائے گا، بس تھوڑے ہی بچیں گے جو حوضِ کوثر سے استفادہ کریں گے۔

۵- حوضِ کوثر پر نبی ﷺ منبر پر تشریف فرما ہونگے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:"جو جگہ میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان ہے وہ جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے، اور میرا منبر میرے حوض پر ہے" —— اور دوسری حدیث میں ہے:"میں حوضِ کوثر پر تم سے پہلے پہنچنے والا ہوں" (وہاں تمہارے لئے پینے کا انتظام کروں گا) —— یہ تمثیل ہے یا بیانِ حقیقت؟ دونوں احتمال ہیں، تفصیل تحفۃ القاری

(۳: ۵۱۵) میں گذر چکی ہے۔

[٦٥٨٨-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِيْ عَلٰى حَوْضِيْ" [راجع: ١١٩٦]

[٦٥٨٩-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ"

۶- نبی ﷺ نے حوضِ کوثر کو دیکھا

وفاتِ سے پہلے آپؐ نے شہدائے احد کی زیارت کی، پھر لوٹ کر منبر سے خطاب کیا: "میں تمہارے فائدہ کے لئے آگے جانے والا ہوں، اور میں تم پر گواہ ہوں (کہ تم نے میری دعوت قبول کی) اور میں بخدا! اس وقت اپنے حوض کو دیکھ رہا ہوں (الی آخرہ)

[٦٥٩٠-] حدثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ يَوْمًا فَصَلَّى عَلٰى أَهْلِ أُحُدٍ صَلَاتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ، ثُمَّ انْصَرَفَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: "إِنِّيْ فَرَطٌ لَكُمْ، وَأَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لَأَنْظُرُ إِلٰى حَوْضِيْ الْآنَ، وَإِنِّيْ أُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، أَوْ: مَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا" [راجع: ١٣٤٤]

۷- حوضِ کوثر کے سلسلہ کی روایات

پہلی دو روایتوں میں ہے کہ حوضِ کوثر کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک کا فاصلہ جتنا مدینہ منورہ اور صنعاء یمن کے درمیان ہے، یہ تقریبی بیان ہے، گزوں سے ناپ کر مسافت بیان نہیں کی، حاصل یہ ہے کہ سینکڑوں میل کا فاصلہ ہے۔

اور مستورد بن شدادؓ کی روایت میں ہے کہ حوض پر برتن ستاروں کے بقدر ہونگے، ترجمہ: کیا نہیں سنا تم نے آپؐ کو کہ برتنوں کا تذکرہ کیا؟

اور آخری روایت میں نبی ﷺ نے فرمایا: "میں یقیناً حوض پر ہونگا، انتظار کروں گا ان لوگوں کا جو میرے پاس تم میں سے آئیں گے، اور عنقریب کچھ لوگ میرے ورے لئے جائیں گے، پس میں کہوں گا: اے رب! میرے ہیں اور میرے امتی ہیں، پس کہا جائے گا: کیا آپؐ کو معلوم ہے جو کیا انھوں نے آپؐ کے بعد؟ بخدا! برابر پلٹے رہے وہ اپنی ایڑیوں پر ——

ابن ابی ملیکہ یہ حدیث بیان کر کے کہا کرتے تھے: اے اللہ! ہم آپ کی پناہ چاہتے ہیں اس سے کہ لوٹیں ہم اپنی ایڑیوں پر، یا فتنہ میں مبتلا کئے جائیں ہمارے دین میں!

امام بخاری رحمہ اللہ نے أعقاب کی مناسبت سے سورۃ المؤمنون کی (آیت ٦٦) لکھی ہے: ﴿فَكُنْتُمْ عَلٰی أَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ﴾: اورتم الٹے پاؤں لوٹتے تھے، نکص (ن،ض) نکْصًا: پیچھے ہٹنا، العَقِب: ایڑی۔

[٦٥٩١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، سَمِعَ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَذَكَرَ الْحَوْضَ، فَقَالَ: "كَمَا بَيْنَ الْمَدِيْنَةِ وَصَنْعَاءَ"

[٦٥٩٢-] وَزَادَ ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ حَارِثَةَ، سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: حَوْضُهُ مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَالْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ لَهُ الْمُسْتَوْرِدُ: أَلَمْ تَسْمَعْهُ قَالَ الْأَوَانِيْ؟ قَالَ: لَا. قَالَ الْمُسْتَوْرِدُ: تُرَى فِيْهِ الآنِيَةُ مِثْلَ الْكَوَاكِبِ.

[٦٥٩٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنِّيْ عَلَى الْحَوْضِ حَتّٰى أَنْظُرَ مَنْ يَرِدُ عَلَيَّ مِنْكُمْ، وَسَيُؤْخَذُ نَاسٌ دُوْنِيْ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ! مِنِّيْ وَمِنْ أُمَّتِيْ، فَيُقَالُ: هَلْ شَعَرْتَ مَا عَمِلُوْا بَعْدَكَ؟! وَاللّٰهِ مَا بَرِحُوْا يَرْجِعُوْنَ عَلٰى أَعْقَابِهِمْ"

فَكَانَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُ بِكَ أَنْ نَرْجِعَ عَلٰى أَعْقَابِنَا أَوْ نُفْتَنَ عَنْ دِيْنِنَا

[طرفه: ٧٠٤٨]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿عَلٰى أَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ﴾: تَرْجِعُوْنَ عَلَى الْعَقِبِ.

(الحمد للہ! جمعہ ۴ صفر ۱۴۳٦ھ مطابق ۲۸ نومبر ۲۰۱۴ء کو یہاں تک شرح پہنچی)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب القدر

ازلی پلاننگ

ارتباط: کتاب القدر: کتاب الرقاق کا حصہ ہے، گیلری میں کتاب القدر کی جگہ باب القدر ہے یعنی یہ رقاق کا ایک باب ہے، اور جس طرح حوضِ کوثر کا بیان کتاب الحوض اور بسم اللہ سے شروع کیا ہے یہاں بھی لفظ کتاب اور بسم اللہ لکھی ہے، زندگیاں دو ہیں: اچھی اور بری، آخرت میں مفید اور مضر، اور دونوں ازلی پلاننگ کے مطابق ہیں، پس لوگ اللہ والی زندگی اپنائیں اور شیطان والی زندگی سے بچیں، اور اس کے لئے کتاب الرقاق کی حدیثیں پیش نظر رکھیں۔

قدر اور تقدیر:

قدر (دال کا زبر اور سکون) اور تقدیر ایک ہیں، عربی میں قدر استعمال کرتے ہیں اور اردو میں تقدیر۔ اور تقدیر کے معنی ہیں: ازلی پلاننگ یعنی وہ اندازہ جو ازل میں اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کے لئے مقرر کیا ہے، تقدیر کو ماننا بنیادی عقائد میں شامل ہے، حدیث جبرئیل میں ہے: وتؤمن بالقدر خیرہ وشرہ: اور ایمان لائے تو بھلی بری تقدیر پر، خیرہ اور شرہ کی ضمیریں القدر کی طرف راجع ہیں، خیر القدر: مفید اندازہ، اور شر القدر: مضر اندازہ یعنی کس مخلوق کے لئے کیا چیز مفید ہے اور کیا چیز مضر ہے؟ اس پر ایمان لانا اور اس کے مطابق زندگی گذارنا ضروری ہے۔

تقدیر کا مسئلہ آسان ہے

تقدیر کا مسئلہ نہایت آسان ہے، یہ بنیادی عقائد میں شامل ہے، اور بنیادی عقیدہ کوئی پیچیدہ مسئلہ نہیں ہوسکتا، بنیادی عقیدہ ایسا ہونا ضروری ہے جس کو ہر عام وخاص سمجھ سکے، مگر چونکہ تقدیر کا مسئلہ شمولِ علم کے مسئلہ سے پچ ہے، اس لئے دونوں میں فرق نہ کرنے سے بات الجھ جاتی ہے، جیسے فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟ اور فاتحہ کا کس نمازی سے تعلق ہے؟ اگر دونوں میں فرق نہیں کیا جائے گا تو دلائل میں الجھاؤ پیدا ہوجائے گا۔ اسی طرح یہاں معاملہ ہے، تقدیر اور ہے اور اللہ تعالیٰ کے علم کا ہر چیز کو محیط ہونا اور ہے، دونوں میں فرق کرلیا جائے تو تقدیر کا مسئلہ نہایت آسان ہے۔

تقدیر کیا ہے؟

جب کوئی شخص بڑا محل بناتا ہے تو پہلے ذہن میں یا آرکیٹیکٹ سے نقشہ بناتا / بنواتا ہے، پھر اس خاکہ میں رنگ بھرتا

ہے، اسی طرح بلاتشبیہ اللہ تعالیٰ نے ازل میں اپنی مخلوقات کے لئے مفید اور مضر چیزوں کا اندازہ ٹھہرایا ہے، مثلاً: حیوانات برائے نام (نہ جیسا) اختیار رکھنے والی مخلوقات ہونگی، اور ان کے لئے مفید و مضر چیزیں ہونگی، درندوں کے لئے گوشت مفید ہوگا، گھاس مضر ہوگی، اور چرندوں کے لئے گھاس مفید ہوگی، گوشت مضر ہوگا، اگر وہ اس کی خلاف ورزی کریں تو دنیا میں ان کو ضرر پہنچے گا، مگر آخرت میں کوئی سزا نہیں ملے گی، اس لئے کہ ان میں اختیار معمولی ہے، جو مدار تکلیف نہیں بن سکتا۔ اور انسان (مکلّف مخلوقات) کے لئے پلاننگ یہ ہے کہ وہ غیر معمولی اختیار رکھنے والی مخلوق ہوگی، کامل اختیار صرف اللہ تعالیٰ کا ہے، اور یہ جزوی اختیار تکلیف شرعی کے لئے کافی ہوگا، اور ان کے لئے مادیات کا اندازہ مقرر کیا کہ گھی مفید ہے، اور زہر جان ستاں! اسی طرح معنویات (عقائد واعمال) کے لئے بھی اندازہ مقرر کیا کہ توحید کا عقیدہ مفید ہے، اور شرک مضر اور نکاح مفید ہے اور زنا مضر، اول عقائد واعمال جنت نشیں بنائیں گے اور ثانی جہنم رسید کریں گے، اس تقدیر پر ایمان لانا ضروری ہے، پھر جس طرح انسان مادیات کی حد تک تقدیر الٰہی کا پابند ہے، مفید چیزوں کو اختیار کرتا ہے اور مضر چیزوں سے بچتا ہے اسی طرح معنویات میں بھی تقدیر پر ایمان لانا ضروری ہے، مفید عقائد واعمال کو اختیار کرے تاکہ آخرت میں اس کا بھلا ہو، اور برے عقائد واعمال سے بچے تاکہ آخرت میں بیڑا غرق نہ ہو، بس یہ ہے تقدیر! اس میں کیا پیچیدگی ہے!

شمولِ علم کا مسئلہ:

شمول: عموم، اللہ تعالیٰ **عالم الغیب والشهادة** ہیں، اور یہ غیب وشہادت ہمارے اعتبار سے ہیں، اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی چیز غیب نہیں، اور اللہ تعالیٰ ازل سے ہر چیز جانتے ہیں، واقعہ رونما ہونے کے بعد ان کو علم نہیں ہوتا جس طرح ہم کو ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ پیدا ہونے والی مخلوقات اور ان کے جملہ احوال کو ازل میں جانتے ہیں۔ اور علم: معلومات سے منتزع ہوتا ہے، معلومات: علم کے تابع نہیں ہوتے، تاج محل کا علم تاج محل دیکھ کر حاصل ہوتا ہے، لوگ جیسا تصور کریں ایسا تاج محل موجود نہیں ہوجاتا، مگر اللہ تعالیٰ کا علم: وجود معلومات کا محتاج نہیں، کیونکہ ان کا علم حضوری ہے، حصولی نہیں، اس لئے وہ ازل میں جانتے ہیں کہ فلاں غیر مکلّف مخلوق وجود میں آکر اپنے معمولی اختیار سے یہ اور یہ کرے گی، اور انسان وجود میں آکر اپنے غیر معمولی اختیار سے یہ اور یہ کرے گا، اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا؟ مگر اس جاننے سے ضروری نہیں ہوجاتا کہ انسان وہ کام ضرور کرے، ایسا ہونا اس وقت ضروری ہوگا جب معلومات علم کے تابع ہوں، حالانکہ معلومات: علم کے تابع نہیں ہوتے، بلکہ علم خود معلومات سے منتزع ہوتا ہے، بس فرق اتنا ہے کہ ہم علم حاصل کرنے کے لئے معلومات کے وجود کے محتاج ہیں، اور اللہ تعالیٰ اس کے محتاج نہیں۔

بہ الفاظ دیگر: اللہ تعالیٰ صرف یہی نہیں جانتے کہ فلاں بندہ جنت میں جائے گا اور فلاں جہنم میں، بلکہ اللہ تعالیٰ پوری سیریز (سلسلہ) جانتے ہیں کہ فلاں بندہ اپنے جزوی اختیار سے فلاں عقیدے اور اعمال پر مرے گا اس لئے جنت میں جائے گا، اور فلاں بندہ اپنے جزوی اختیار سے اس کے خلاف عقائد واعمال پر مرے گا اس لئے جہنم میں جائے گا، پس اللہ

تعالیٰ کا علم صرف اجمالی نہیں، تفصیلی ہے، پس جو جنت میں جائے گا اپنے عقائد واعمال کی وجہ سے جائے گا، اور جو جہنم میں جائے گا وہ بھی اپنے عقائد واعمال کی وجہ سے جائے گا، اور اللہ تعالیٰ کو اس کا ازل سے علم ہے۔

لطیفہ: ایک جاہل دیہاتی آنریری (اعزازی) مجسٹر (جج) بنادیا گیا، انگریزوں کے دور میں ایسا کیا جاتا تھا، وہ ہر اتوار کو فیصلہ کرتا، پیشکار درخواستیں سامنے رکھ دیتا، وہ ایک درخواست دائیں طرف رکھتے، اور کہتے: منجور (منظور) دوسری درخواست بائیں طرف رکھتے اور کہتے: نامنجور، اس طرح سب درخواستیں نمٹادیتے، اللہ تعالیٰ کے جنت وجہنم کے فیصلے ایسے نہیں ہوتے۔

تقدیر کی دو جانبیں:

دو جانبیں، دو قسمیں نہیں، ایک جانب اللہ کی طرف ہے، وہ چونکہ شمولِ علم کے ساتھ چَچ ہے، اس لئے مُبرم (قطعی) ہے، اس میں تبدیلی کا کوئی امکان نہیں، ورنہ اللہ کا علم غلط ہوجائے گا، یہ تقدیر الٰہی لوح محفوظ (عرش کی قوتِ خیالیہ) میں مرتسم بھی کی جاچکی ہے، دوسری: بندوں کی جانب ہے، یہ معلق ہے، کیونکہ یہ عدم علم کے ساتھ چَچ ہے، اللہ تعالیٰ کو تو پورا سلسلہ (آخر تک) معلوم ہے، مگر بندوں کو معلوم نہیں کہ موجودہ حالت کے بعد کیا حالات پیش آئیں گے، اس لئے ان کے اعتبار سے تقدیر بدلتی نظر آتی ہے، اسی اعتبار سے کہا گیا ہے کہ صلہ رحمی سے عمر بڑھتی ہے، اور دعا: فیصلہ خداوندی کو ٹلاتی ہے، اور سورۃ الرعد (آیت ۳۹) میں ہے: ﴿يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ، وَعِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ﴾: اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں مٹاتے ہیں، اور جو چاہتے ہیں برقرار رکھتے ہیں (ایسا بندوں کی جانب میں ہوتا ہے) اور اصل کتاب ان کے پاس ہے (یہ اللہ کی جانب ہے، جس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی)

فائدہ: صحابہ کو جو **ففیم العمل؟** کا اشکال پیش آیا تھا، وہ تقدیر کے مسئلہ میں پیش نہیں آیا تھا، شمولِ علم کے مسئلہ پر اشکال پیش آیا تھا کہ جب سب جنتی جہنمی اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں تو اب عمل سے کیا فائدہ؟ اللہ کے علم کے مطابق ہونا ضروری ہے، اور یہ اشکال تفصیلی تقدیر پیش نظر نہ رکھنے کی وجہ سے پیش آیا تھا، نبی ﷺ نے ان کو تفصیلی تقدیر کے حوالے سے جواب دیا: **اعملو فكلٌّ ميسر لما خلق له**: عمل کرو، ہر شخص کے لئے وہ اعمال آسان کئے جاتے ہیں، جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے:

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی ❁ یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری

تخلیق انسانی اور تقدیر الٰہی

انسان کی تخلیق مٹی سے مقدر ہے، چنانچہ دادا دادی اسی زمین پر پیدا کئے گئے، پھر جنت میں بسائے گئے، تاکہ وہ اپنے وطن کو پہچان لیں، وہ جب تک جنت میں رہے ان کی کوئی اولاد نہیں ہوئی، کیونکہ اولاد کی تخلیق بھی مٹی سے مقدر تھی، پھر جب انھوں نے شجر ممنوع کھایا تو زمین پر اترنا ضروری ہوگیا، زمین پر اتر کر انھوں نے مٹی سے پیدا ہونے والی غذائیں کھائیں تو

جسم میں خون بنا (مٹی اور خون دو مرحلے ہوئے) پھر خون سے مادّہ بنا، یہ تیسرا مرحلہ ہوا، پھر مادہ رحم مادر میں پہنچا، اور وہاں چالیس دن میں علقہ (خون بستہ جیسے کلیجی) بنا، یہ چوتھا مرحلہ ہے، پھر علقہ مضغہ (گوشت کی بوٹی) بنا، یہ پانچواں مرحلہ ہے، پھر گوشت میں سفید تاگے پیدا ہوئے، جو بڑھ کر ہڈیاں بن گئے، یہ چھٹا مرحلہ ہے، پھر ہڈیوں پر گوشت چڑھایا، یہ ساتواں مرحلہ ہے، پھر اشرف المخلوقات انسان بن گیا: ﴿فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ﴾ (سورۃ المؤمنون آیات ۱۲-۱۴)

حدیث: تحفۃ القاری (۶: ۴۸۰) میں آئی ہے، اس میں تخلیق کے پانچویں مرحلہ کے بعد تقدیر الٰہی کا چوتھی مرتبہ ظہور ہے۔ فرشتہ چار باتیں لکھتا ہے، پھر انسان زندگی بھر جو کچھ کرتا ہے انجام وہی ہوتا ہے جو فرشتہ لکھ چکا ہے، کیونکہ انسان اپنے جزوی اختیار سے جو کچھ کرے گا وہی لکھا گیا ہے (اور تقدیر الٰہی پانچ مرحلوں میں ظاہر ہوتی ہے، اس کی تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۱: ۶۶۸) میں ہے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸۲- كتابُ القدر

[۶۵۹۴-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَنْبَأَنِيْ سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ: " إِنَّ أَحَدَكُمْ يُجْمَعُ فِيْ بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، ثُمَّ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ مَلَكًا فَيُؤْمَرُ بِأَرْبَعٍ: بِرِزْقِهِ، وَأَجَلِهِ، وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيْدٌ، فَوَ اللّٰهِ إِنَّ أَحَدَكُمْ أَو: الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا غَيْرُ ذِرَاعٍ، أَوْ: ذِرَاعٌ، فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ، فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيَدْخُلُهَا، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا غَيْرُ ذِرَاعٍ أَوْ: ذِرَاعٌ، فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ، فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، فَيَدْخُلُهَا"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ آدَمُ: إِلَّا ذِرَاعٌ. [راجع: ۳۲۰۸]

وضاحت: آدم بن ابی ایاس (استاذ امام بخاری) کی روایت میں غیر ذراع کی جگہ إلا ذراع ہے، غیر بھی حرفِ استثناء ہے۔

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۲: ۱۱۲) میں آچکی ہے، اس میں یہ مضمون ہے کہ تخلیق انسانی کے ہر مرحلہ کی فرشتہ نگرانی کرتا ہے، اور حسب حکم خداوندی حمل کو آگے بڑھاتا ہے (یہ فرشتہ کی نگرانی میں حمل کو آگے بڑھانا تقدیر الٰہی ہے)

[۶۵۹۵-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " وَكَّلَ اللّٰهُ بِالرَّحِمِ مَلَكًا، فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ نُطْفَةٌ؟

أَیْ رَبِّ عَلَقَةٌ؟ أَیْ رَبِّ مُضْغَةٌ؟ فَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَقْضِيَ خَلْقَهَا، قَالَ: يَا رَبِّ أَذْكَرٌ أَمْ أُنْثٰى؟ أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيْدٌ؟ فَمَا الرِّزْقُ؟ فَمَا الأَجَلُ؟ فَيُكْتَبُ كَذٰلِكَ فِيْ بَطْنِ أُمِّهِ" [راجع: ۳۱۸]

بَابٌ: جَفَّ الْقَلَمُ عَلٰى عِلْمِ اللّٰهِ

قلم تقدیر علم ازلی کولکھ کرخشک ہوگیا ہے

جب تک قلم کی سیاہی خشک نہیں ہوتی تحریر میں تبدیلی ممکن ہوتی ہے، پس قلم کا خشک ہوجانا تقدیر کے مُبرم (قطعی) ہونے کی تعبیر ہے۔اس باب میں تقدیر کی اُس جانب کا بیان ہے جواللہ کی طرف ہے۔جس میں کوئی تبدیلی ممکن نہیں۔

آیتِ کریمہ: سورۃ الجاثیہ کی (آیت ۲۳) ہے: ﴿أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلٰهَهُ هَوَاهُ، وَأَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهِ غِشَاوَةً، فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْ بَعْدِ اللّٰهِ، أَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ﴾: بتا، جس نے اپنی خواہش کواپنا معبود بنالیا، اوراللہ تعالیٰ نے اس کو گمراہ کیا جانتے ہوئے یعنی اللہ تعالیٰ جانتے تھے کہ اس کی استعداد خراب ہے، اوروہ اسی قابل ہے کہ سیدھی راہ سے اِدھر اُدھر بھٹکتا پھرے اور اللہ نے اس کے کان اور دل پر مہر لگادی، اوراس کے دل پر پردہ ڈال دیا، پس کون اس کوراہ پر لائے گا اللہ کے علاوہ؟ تو کیا تم غور نہیں کرتے! یعنی علم الٰہی میں اس کے لئے گمراہی مقدر تھی جو پیش آ کر رہی۔

معلق حدیث: تحفۃ القاری (۱۲۱:۱۰) میں گذری ہے: ”قلم وہ بات لکھ کر خشک ہو چکا ہے جو تمہیں پیش آنی ہے“ یعنی تقدیر مبرم میں تبدیلی ممکن نہیں۔

آیتِ کریمہ: سورۃ المؤمنون کی (آیت ۶۱) ہے: ﴿أُولٰئِكَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ، وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ﴾: یہ لوگ نیکی کے کام جلدی جلدی کرر ہے ہیں، اوروہ ان کی طرف دوڑ رہے ہیں یعنی پہلے سے ان کے لئے سعادت مقدر ہوچکی ہے۔

حدیث: ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا جنتی جہنمیوں سے پہچانے جائیں گے یعنی علم الٰہی میں وہ ایک دوسرے سے ممتاز اور متعین ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! اس نے عرض کیا: پھر عمل کرنے والے کیوں عمل کرتے ہیں؟ یعنی عمل سے فائدہ کیا؟ آپؐ نے فرمایا: ”ہر شخص وہ عمل کرتا ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے“ یا فرمایا: ”جو اس کے لئے آسان کیا گیا ہے“

تشریح: سوال شمولِ علم کے سلسلہ میں ہے، پھراس پر اشکال ہے، اور جواب کا حاصل یہ ہے کہ جنتی جہنمی ہونا مبنی بر عمل ہے۔

[۲-] بَابٌ: جَفَّ الْقَلَمُ عَلٰى عِلْمِ اللّٰهِ

[۱-] وَقَوْلُهُ: ﴿وَأَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ﴾ [الجاثية: ۲۳]

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا أَنْتَ لَاقٍ"

[۳-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَهَا سَابِقُوْنَ﴾: سَبَقَتْ لَهُمُ السَّعَادَةُ.

[٦٥٩٦-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ الرِّشْكُ، قَالَ: سَمِعْتُ مُطَرِّفَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، يُحَدِّثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُعْرَفُ أَهْلُ الْجَنَّةِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ؟ قَالَ: "نَعَمْ" قَالَ: فَلِمَ يَعْمَلُ الْعَامِلُوْنَ؟ قَالَ: "كُلٌّ يَعْمَلُ لِمَا خُلِقَ لَهُ أَوْ: لِمَا يُسِّرَ لَهُ"

[طرفه: ۷۵۵۱]

بَابٌ: اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ

اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں جو وہ عمل کرتے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ تقدیر تو ہر چیز کے بارے میں ہے، مگر اس کا علم ضروری نہیں، مشرکین کے جو نابالغ بچے مرگئے ان کا انجام کیا ہوگا؟ معلوم نہیں! اور یہ تو آخرت کا معاملہ ہے، دنیا کی بے شمار چیزوں کے بارے میں تقدیرِ الٰہی معلوم نہیں، جنگل کی جڑی بوٹیوں پر ریسرچ ہوتا رہتا ہے کہ وہ کس مرض میں مفید ہیں، اور خود انسان کی مدتِ عمر طے ہے، مگر کسی کو معلوم نہیں —— اور ذراری مشرکین کا مسئلہ تحفۃ القاری (۱۴۶:۴) میں آگیا ہے، اور حدیثیں بھی وہاں آگئی ہیں۔

[۳-] بَابٌ: اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ

[٦٥٩٧-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَوْلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ: "اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ!" [طرفه: ۱۳۸۳]

[٦٥٩٨-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذَرَارِيِّ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ: "اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِيْنَ!" [راجع: ۱۳۸٤]

[٦٥٩٩-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ إِلَّا وَيُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ، كَمَا تُنْتِجُوْنَ الْبَهِيْمَةَ، هَلْ تَجِدُوْنَ فِيْهَا مِنْ جَدْعَاءَ؟ حَتّٰى تَكُوْنُوْا أَنْتُمْ تَجْدَعُوْنَهَا"

[أطرافه: ۱۳۵۸]

[٦٦٠٠-] قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَرَأَيْتَ مَنْ يَمُوْتُ وَهُوَ صَغِيْرٌ؟ قَالَ: "اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ"
[راجع: ١٣٨٤]

وضاحت: تیسری حدیث سے استدلال اس طرح کریں گے کہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو معلوم نہیں ہوتا کہ کن ہاتھوں میں پلے گا؟ پس بچہ بڑا ہوکر کیا ہوگا یہ بھی معلوم نہیں، حالانکہ تقدیر میں یہ بات طے ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا﴾

اللہ کا معاملہ پہلے سے طے شدہ ہے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ تقدیر اٹل ہے، معاملات ازل سے طے شدہ ہیں، جو پورے ہوکر رہیں گے، پھر کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ کیوں کرے؟ اس پر نکاح کرے جو اس کے لئے مقدر ہوگا وہ اس کو مل جائے گا، اسی طرح بچہ مرنے لگا تو بے تاب کیوں ہو، مرنا مقدر ہے تو مر کر رہے گا، اسی طرح عزل سے کیا فائدہ؟ حمل ٹھہرنا مقدر ہے تو ٹھہر کر رہے گا، اور ہر صحبت سے حمل کہاں ٹھہرتا ہے، پھر اپنا لطف کیوں کھوتا ہے! —— اور یہ تینوں حدیثیں پہلے آچکی ہیں۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا﴾[الأحزاب:٣٨]

[٦٦٠١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَا تَسْأَلِ الْمَرْأَةُ طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَسْتَفْرِغَ صَحْفَتَهَا، وَلْتَنْكِحْ فَإِنَّ لَهَا مَا قُدِّرَ لَهَا"[راجع: ٢١٤٠]

[٦٦٠٢-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ جَاءَهُ رَسُوْلُ إِحْدَى بَنَاتِهِ – وَعِنْدَهُ سَعْدٌ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَمُعَاذٌ– أَنَّ ابْنَهَا يَجُوْدُ بِنَفْسِهِ، فَبَعَثَ إِلَيْهَا: "لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلِلّٰهِ مَا أَعْطَى، كُلٌّ بِأَجَلٍ، فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ"[راجع: ١٢٨٤]

[٦٦٠٣-] حدثنا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَيْرِيْزٍ الْجُمَحِيُّ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا نُصِيْبُ سَبْيًا وَنُحِبُّ الْمَالَ، كَيْفَ تَرَى فِي الْعَزْلِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَوَ إِنَّكُمْ لَتَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ؟ لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوْا! فَإِنَّهُ لَيْسَتْ نَسَمَةٌ كَتَبَ اللّٰهُ أَنْ تَخْرُجَ إِلَّا هِيَ كَائِنَةٌ"[راجع: ٢٢٢٩]

آئندہ حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ہمارے سامنے ایک تقریر فرمائی، اس میں قیامت تک پیش آنے والے تمام واقعات بیان کئے، کوئی بات چھوڑی نہیں، ہر بات بیان کی، اس کو جانا جس نے جانا یعنی یاد رکھا، اور بھول گیا اس کو جو بھول گیا، میں ایک چیز دیکھتا ہوں جسے بھول چکا ہوں، پس (اس کو) پہچان لیتا ہوں، جیسے آدمی پہچانتا ہے جب اس سے (کوئی چیز) غائب ہوجائے، پھر وہ اس کو دیکھے تو اس کو پہچان لیتا ہے —— حدیث سے یہ استدلال کرنا ہے کہ تقدیر اٹل ہے، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی، جبھی واقعات کو بیان کرنے کا فائدہ ہے۔

[٦٦٠٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: لَقَدْ خَطَبَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خُطْبَةً، مَا تَرَكَ فِيْهَا شَيْئًا إِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ إِلَّا ذَكَرَهُ، عَلِمَهُ مَنْ عَلِمَهُ وَجَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ، إِنْ كُنْتُ لَأَرَى الشَّيْءَ قَدْ نَسِيْتُ، فَأَعْرِفُ مَا يَعْرِفُ الرَّجُلُ إِذَا غَابَ عَنْهُ فَرَآهُ فَعَرَفَهُ.

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۱۲۶:۴) میں آئی ہے، آپؐ نے فرمایا: ''ہر متنفس کا ٹھکانہ لکھ دیا گیا ہے'' اس پر اشکال کیا گیا، اشکال کرنا اسی وقت معقول ہے جب لکھا ہوا اٹل ہو۔

[٦٦٠٥-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَهُ عُوْدٌ يَنْكُتُ فِي الْأَرْضِ، فَقَالَ: ''مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا قَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ أَوْ مِنَ الْجَنَّةِ'' فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَلَا نَتَّكِلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: '' لَا، اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ'' ثُمَّ قَرَأَ: ﴿ فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى﴾ الآية [الليل: ٥] [راجع: ١٣٦٢]

بَابٌ: الْعَمَلُ بِالْخَوَاتِيْمِ

آخری عمل کا اعتبار ہے

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ تقدیر بندوں کی جانب میں بدلتی ہے، ایک شخص کافر ہوتا ہے، پھر موت سے پہلے ایسے حالات پیدا ہوتے ہیں کہ وہ ایمان لے آتا ہے، اور اس کا برعکس بھی ہوتا ہے، پس آخرت میں اعتبار آخری حالت کا ہے، اسی پر جنت وجہنم کا فیصلہ ہوگا۔

[٥-] بَابٌ: الْعَمَلُ بِالْخَوَاتِيْمِ

[٦٦٠٦-] حدثنا حِبَّانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: شَهِدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَيْبَرَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صلی اللہ علیه وسلم لِرَجُلٍ مِمَّنْ مَعَهُ يَدَّعِيْ الإِسْلاَمَ:" هٰذَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ" فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالُ قَاتَلَ الرَّجُلُ مِنْ أَشَدِّ الْقِتَالِ، فَكَثُرَتْ بِهِ الْجِرَاحُ فَأَثْبَتَتْهُ، فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ الَّذِىْ تُحَدِّثُ أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، قَدْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مِنْ أَشَدِّ الْقِتَالِ، فَكَثُرَتْ بِهِ الْجِرَاحُ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم:" أَمَا إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ" فَكَادَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ يَرْتَابُ، فَبَيْنَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ إِذْ وَجَدَ الرَّجُلُ أَلَمَ الْجِرَاحِ، فَأَهْوٰى بِيَدِهِ إِلٰى كِنَانَتِهِ، فَانْتَزَعَ مِنْهَا سَهْمًا فَانْتَحَرَ بِهِ، فَاشْتَدَّ رِجَالٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! صَدَّقَ اللّٰهُ حَدِيْثَكَ، قَدِ انْتَحَرَ فُلاَنٌ فَقَتَلَ نَفْسَهُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "يَابِلاَلُ قُمْ فَأَذِّنْ: لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلاَّ مُؤْمِنٌ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ"[راجع: ٣٠٦٢]

[٦٦٠٧-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَعْظَمِ الْمُسْلِمِيْنَ غَنَاءً عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَنَظَرَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم فَقَالَ:" مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ إِلٰى هٰذَا" فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، وَهُوَ عَلٰى تِلْكَ الْحَالِ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ، حَتّٰى جُرِحَ فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَجَعَلَ ذُبَابَةَ سَيْفِهِ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ حَتّٰى خَرَجَ مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِ، فَأَقْبَلَ الرَّجُلُ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم مُسْرِعًا، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ! فَقَالَ:" وَمَا ذَاكَ؟" قَالَ: قُلْتَ لِفُلاَنٍ:" مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ إِلَيْهِ" فَكَانَ مِنْ أَعْظَمِنَا غَنَاءً عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ لاَ يَمُوْتُ عَلٰى ذٰلِكَ، فَلَمَّا جُرِحَ اسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ فَقَتَلَ نَفْسَهُ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ:" إِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيْمِ"[راجع: ٢٨٩٨]

بَابُ إِلْقَاءِ النَّذْرِ الْعَبْدَ إِلَى الْقَدْرِ

منت بندے کو تقدیر کی طرف ڈالتی ہے

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ بندوں کی جانب میں تقدیر میں تبدیلی اللہ تعالیٰ کرتے ہیں، بندے نہیں کر سکتے، کوئی بیمار ہوا تو چاہے امریکہ تک علاج کرالو، چاہے ہزار منتیں مان لو، ہوگا وہی جو مقدر ہے، ہاں پیسہ اٹھ جائے گا، اور دعا سے جو فیصلہ خداوندی ٹلتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ ٹلاتے ہیں، اور صلہ رحمی کرنے سے جو عمر بڑھتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ بڑھاتے ہیں، بندے تھوک سے ستّو گھولیں تو اس کا کچھ فائدہ نہیں۔

اور باب کی دونوں حدیثیں نئی ہیں:

۱- نبی ﷺ نے منت کی ممانعت فرمائی، اور فرمایا: ''منت کسی چیز کو نہیں ٹلا سکتی، اس کے ذریعہ بس بخیل سے (مال) نکال لیا جاتا ہے'' (منت غریبوں پر خرچ کی جاتی ہے، یوں تو باپ خرچ نہیں کرتا مگر بیٹا بیمار پڑا تو منت مانی، بیٹا اچھا ہوگیا، کیونکہ اس کے لئے صحت مقدر تھی، اب منت پوری کرنا لازم ہوگیا، یوں غریبوں کا بھلا ہوگیا)

۲- نہیں لاتی منت انسان کے پاس کوئی ایسی چیز جو میں نے مقدر نہیں کی، البتہ ڈالتی ہے اس کو تقدیر منت کی طرف، اور یہ بات میں نے اس کے لئے مقدر کی ہوئی ہوتی ہے، یعنی بچہ کا صحت یاب ہونا مقدر ہوتا ہے، میں اُس منت کے ذریعہ بخیل سے مال نکال لیتا ہوں!

تشریح: معلق منت ماننا اگرچہ صحیح ہے، مگر پسندیدہ نہیں، منت تقدیر کے سامنے کچھ کام نہیں آتی، البتہ نذر منجز یعنی کسی چیز پر معلق کئے بغیر کوئی مالی یا بدنی منت ماننا بلا کراہت جائز ہے۔ معلق منت: بیٹا اچھا ہو تو دس غریبوں کو کھلاؤں گا۔ منجز منت: اللہ کے لئے وہ دس نفلیں پڑھے گا، اتنا صدقہ کرے گا/ اتنے روزے رکھے گا، تو منت مانتے ہی یہ کام کرنے ضروری ہوجاتے ہیں۔

[٦-] بَابُ إِلْقَاءِ النَّذْرِ الْعَبْدَ إِلَى الْقَدْرِ

[٦٦٠٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ النَّذْرِ، وَقَالَ: "إِنَّهُ لاَ يَرُدُّ شَيْئًا، وَإِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهِ مِنَ الْبَخِيْلِ" [طرفاه: ٦٦٩٢]

[٦٦٠٩-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لاَ يَأْتِي ابْنَ آدَمَ النَّذْرُ بِشَيْئٍ لَمْ يَكُنْ قَدْ قَدَّرْتُهُ، وَلَكِنْ يُلْقِيْهِ الْقَدَرُ وَقَدْ قَدَّرْتُهُ لَهُ، أَسْتَخْرِجُ بِهِ مِنَ الْبَخِيْلِ" [طرفه: ٦٦٩٤]

وضاحت: دوسری حدیث میں قَدَّرْتُه: آگے حدیث ۶۶۹۴ میں قُدِّر له ہے، وہی صحیح ہے یہ حدیث قدسی نہیں۔

بَابٌ: لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللّٰهِ

طاقت وقوت اللہ کی مدد سے ہے

یہ باب سوال مقدر کے طور پر لایا گیا ہے۔ معلق منت نہ مانیں تو کیا کریں؟ جواب: اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو، کام اللہ ہی کی مدد سے بنتے ہیں، اور جو مقدر بات پیش آئے اس پر صبر کرو، دعا کرو، اور بغیر منت مانے صدقہ خیرات کرو، اور حدیث پہلے

آچکی ہے، لاحول ولا قوة إلا بالله: جنت کے خزانے سے ملا ہے، پس اس کی قدر پہچانو، اس کا خوب ورد کرو۔

[۷-] بَابٌ: لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

[۶۶۱۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِیْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزَاةٍ، فَجَعَلْنَا لاَ نَصْعَدُ شَرَفًا وَلاَ نَعْلُوْ شَرَفًا، وَلاَ نَهْبِطُ فِي وَادٍ، إِلَّا رَفَعْنَا أَصْوَاتَنَا بِالتَّكْبِيْرِ، قَالَ: فَدَنَا مِنَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "يٰأَيُّهَا النَّاسُ ارْبَعُوْا عَلٰى أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّكُمْ لاَ تَدْعُوْنَ أَصَمَّ وَلاَ غَائِبًا، إِنَّمَا تَدْعُوْنَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا" ثُمَّ قَالَ: "يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ! أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَةً هِيَ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟: لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ"[راجع: ۲۹۹۲]

بَابٌ: الْمَعْصُوْمُ مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ

گناہوں سے وہی بچتا ہے جسے اللہ بچائیں

اب ابواب آگے بڑھاتے ہیں، یہ بات برحق ہے کہ تقدیر ہے، نیز اللہ کا علم ہر چیز کو شامل ہے، مگر یہ دنیا دار الاسباب ہے، پس تقدیر پر یا علم الٰہی پر تکیہ کرنا درست نہیں، مثبت ومنفی پہلوؤں سے اسباب اختیار کرنے ضروری ہیں، لوگ رزق کے مسئلہ میں تو تقدیر پر اور علم الٰہی پر تکیہ نہیں کرتے، خوب دوڑ دھوپ کرتے ہیں، مگر اعمال کے سلسلہ میں کوتاہی کرتے ہیں، حالانکہ خیر کے اسباب اختیار کرنے ضروری ہیں، اور شر کے اسباب سے بچنا بھی ضروری ہے، مگر یاد رہے کہ اسباب: اسباب ہیں، وہ خدا نہیں، مسبب الاسباب (سبب کو سبب بنانے والا) اوپر ہے، اسباب کا آخری سرا ان کے ہاتھ میں ہے، اس لئے اسباب پر تکیہ بھی جائز نہیں، بھروسہ مسبب الاسباب پر رہے، فرمایا: معصوم (گناہوں سے بچا ہوا) وہی ہے جسے اللہ بچائیں، حفاظتِ خداوندی کے بغیر گناہوں سے بچنے کی ہر کوشش ناکام ہے۔

آیتِ کریمہ (۱): سورۂ ہود (آیت ۴۳) میں ہے: ﴿قَالَ: لاَ عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ إِلَّا مَنْ رَّحِمَ﴾: نوحؑ نے (بیٹے سے) کہا: آج اللہ کے قہر سے کوئی بچانے والا نہیں، مگر جس پر وہ رحم کریں! —— اور رحمت کا استحقاق اسی وقت ہوگا جب تو ایمان لا کر کشتی میں آجائے، سبب اختیار کر، ورنہ ضرور غرقاب ہوگا، نہ پہاڑ بچائے گا نہ کوئی اور چیز!

آیتِ کریمہ (۲): سورۃ القیامہ کی (آیت ۳۶) ہے: ﴿أَيَحْسَبُ الإِنْسَانُ أَنْ يُّتْرَكَ سُدًى﴾: کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ وہ یونہی نظر انداز کیا ہوا رہے گا؟ —— دینِ حق کو چھوڑے رہے گا، گمراہی میں بھٹکتا رہے گا (مجاہدؒ) اس کا کوئی حساب کتاب نہیں ہوگا؟ ہوگا اور ضرور ہوگا، اللہ تعالیٰ اس کو دوبارہ پیدا کریں گے، وہ مردوں کو زندہ کرنے کی پوری قدرت رکھتے ہیں، پھر کیوں کامیابی کے اسباب اختیار نہیں کرتا؟ فسق وفجور میں کیوں مبتلا ہے؟

آیتِ کریمہ (۳): سورۃ الشّمس کی (آیات ۹و۱۰) ہیں: ﴿قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا﴾: یقیناً وہ کامیاب ہوگا جو نفس کو پاک کرے () اور وہ ناکام ہوگا جو اس کو بدکاریوں میں دبادے —— یعنی آخرت کی کامیابی ناکامی کا مدار اسی دنیا کے اعمال پر ہے، پھر اچھے اعمال کیوں اختیار نہیں کرتا، اور برے اعمال سے کیوں نہیں بچتا، اللہ غفور الرحیم ہیں اس پر کیوں تکیہ کئے ہوئے ہے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہیں جانشیں بنایا جاتا کوئی بادشاہ مگر اس کے لئے دو بنیان (مصاحب خاص) ہوتے ہیں: ایک بنیان: اس کو خیر کا حکم دیتا ہے، اور اس کو اچھے کاموں پر ابھارتا ہے، اور دوسرا بنیان: اس کو برائی کا حکم دیتا ہے، اور اس کو گناہ پر ابھارتا ہے، اور گناہوں سے بچا ہوا وہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ بچائیں! —— یہ مصاحبِ خاص: خیر وشر کے اسباب ہیں، پس بادشاہ کو چاہئے کہ خیر کا سبب اپنائے اور شر کے سبب سے بچے!

[۸-] بَابٌ: الْمَعْصُوْمُ مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ

[۱-] ﴿عَاصِمَ﴾: مَانِعَ. [۲-] قَالَ مُجَاهِدٌ: سُدًى عَنِ الْحَقِّ، يَتَرَدَّدُوْنَ فِي الضَّلاَلَةِ. [۳-] ﴿دَسّٰهَا﴾: أَغْوَاهَا.

[۶۶۱۱-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَا اسْتُخْلِفَ خَلِيْفَةٌ إِلَّا لَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْخَيْرِ وَتَحُضُّهُ عَلَيْهِ، وَبِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالشَّرِّ وَتَحُضُّهُ عَلَيْهِ، وَالْمَعْصُوْمُ مَنْ عَصَمَ اللّٰهُ" [طرفه: ۷۱۹۸]

وضاحت: باب میں عصم تھا، گیلری میں عصمہ ہے، اس کو لکھا ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَحَرَامٌ عَلٰى قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَنَّهُمْ لاَ يَرْجِعُوْنَ﴾ وَقَوْلِهِ: ﴿لَنْ يُؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ إِلَّا مَنْ قَدْ آمَنَ﴾ ﴿وَلاَ يَلِدُوْا إِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا﴾

(۱) موت کے بعد عمل کا موقع نہیں (۲) دل پر مہر لگ جائے اس سے پہلے عمل کرلو

(۳) بری زندگی میں اولاد کی تباہی ہے (۴) چھوٹے گناہوں سے بھی بچو!

یہ تکمیلی باب ہے، اور اس باب میں چار باتیں ہیں:

پہلی بات: موت کے بعد عمل کا موقع نہیں رہے گا، کیونکہ جو مر گیا وہ واپس نہیں لوٹتا، سورۃ الانبیاء کی (آیت ۹۵) ہے: ''اور مقرر ہو چکا اس بستی پر جس کو ہم نے ہلاک کیا کہ وہ لوٹ کر نہیں آئیں گے'' —— ابن عباسؓ نے حرام کے معنی وجب

کئے ہیں، اور شاہ عبدالقادر صاحب نے مقرر ہو چکا، ترجمہ کیا ہے، یعنی جو لوگ ہلاک کئے جا چکے وہ دنیا میں برائے عمل نہیں آسکتے، عمل کے لئے یہی زندگی ہے، پس لوگ موقع سے فائدہ اٹھالیں۔

دوسری بات: اس دنیا میں بھی ایمان وعمل کا موقع اس وقت تک رہتا ہے: جب تک دل پر مہر نہ لگ جائے، پھر مایوسی ہے، سورۃ ہود کی (آیت ۳۶) ہے: ''نوحؑ کی طرف وحی بھیجی گئی کہ ہرگز ایمان نہیں لائیں گے آپ کی قوم کے لوگ علاوہ ان کے جو ایمان لا چکے'' یعنی باقی لوگوں کے دلوں پر مہر لگ چکی ہے، اب ان کے ایمان کی امید نہ رکھیں پس یہ وقت آئے اس سے پہلے ایمان لے آؤ اور عمل کرلو، ورنہ پھر محرومی حصہ میں آئے گی۔

تیسری بات: بے ایمانی اور بدکاری کی زندگی میں صرف اپنا ہی نقصان نہیں، نسل کا بھی نقصان ہے، بری پیٹھ سے برا ہی جنم لیتا ہے، اور برے گھر میں برے ہی پل بڑھ کر بڑے ہوتے ہیں، سورۃ نوح (آیت ۲۷) میں نوح علیہ السلام کی دعا ہے: ''اور یہ گمراہ لوگ فاجر وکافر ہی جنیں گے'' ان کی اولاد نالائق ونا ہنجار ہی ہوگی ـــــ پس لوگو! اچھی زندگی اپناؤ، تاکہ نسل کا بھلا ہو، اور وہ خوبیوں سے مالا مال ہو۔

چوتھی بات: حدیث میں ہے کہ چھوٹے گناہ بھی گناہ ہیں، کسی گناہ کو معمولی مت سمجھو، چھوٹی چنگاری بھی لاوا پھونک سکتی ہے! پس ہر گناہ سے بچو، اور حدیث اسی جلد میں (نمبر ۶۲۴۳) آئی ہے کہ دواعی زنا بھی زنا ہیں۔

[۹-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَحَرَامٌ عَلٰى قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَنَّهُمْ لاَ يَرْجِعُوْنَ﴾ وَقَوْلِهِ:

﴿لَنْ يُؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ إِلَّا مَنْ قَدْ آمَنَ﴾ ﴿وَلاَ يَلِدُوْا إِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا﴾

وَقَالَ مَنْصُوْرُ بْنُ النُّعْمَانِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: و﴿وَحَرَامٌ﴾ بِالْحَبَشِيَّةِ: وَجَبَ.

[۶۶۱۲-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَشْبَهَ بِاللَّمَمِ مِمَّا قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلٰى ابْنِ آدَمَ حَظَّهُ مِنَ الزِّنَا، أَدْرَكَ ذٰلِكَ لاَ مَحَالَةَ، فَزِنَا الْعَيْنِ النَّظَرُ، وَزِنَا اللِّسَانِ الْمَنْطِقُ، وَالنَّفْسُ تَمَنَّى وَتَشْتَهِيْ، وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذٰلِكَ وَيُكَذِّبُهُ'' [راجع: ۶۲۴۳]

وَقَالَ شَبَابَةُ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابٌ: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾

سوئے استعداد رنگ لاتی ہے، ہدایت کا واقعہ گمراہی کا سبب بن جاتا ہے

سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۶۰) میں اسراء ومعراج کے واقعہ کے تعلق سے فرمایا: ''اور ہم نے جو مشاہدہ آپؐ کو کرایا، اس کو

ہم نے لوگوں کے لئے آزمائش (گمراہی کا سبب) ہی بنایا، اور قرآن میں مذکور ملعون درخت کو بھی'' ـــــ الرؤیا: رأی یری کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: آنکھ سے دیکھنا، چونکہ اس کے معنی خواب دیکھنے کے بھی آتے ہیں، اس لئے ایک رائے یہ بنی کہ معراج کا واقعہ خواب کا واقعہ ہے، ابن عباسؓ نے فرمایا: ''وہ رؤیا آنکھ کا دیکھنا تھا'' روایت تحفۃ القاری (۷:۳۵۱) میں گذری ہے، یہاں استدلال یہ کرنا ہے کہ کفار مکہ کا ایک مطالبہ تھا: ﴿أَوْ تَرْقٰى فِى السَّمَاءِ﴾: یا آپؐ آسمان میں چڑھیں (بنی اسرائیل آیت ۹۳) یہ معجزہ ان کو دکھایا گیا مگر حاصل؟ ان کا مطلوبہ معجزہ ہی ان کے لئے گمراہی کا سبب بن گیا، یہی سوئے استعداد کا نتیجہ تھا، جو مقدر تھا۔

[۱۰-] بَابٌ: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِىْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾

[۶۶۱۳-] حدثنا الْحُمَيْدِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِىْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾ قَالَ: هِىَ رُؤْيَا عَيْنٍ أُرِيَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ أُسْرِىَ بِهِ إِلٰى بَيْتِ الْمُقَدَّسِ، قَالَ: ﴿وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِى الْقُرْآنِ﴾ قَالَ: هِىَ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ. [راجع: ۳۸۸۸]

بَابٌ: تَحَاجَّ آدَمُ وَمُوْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى

آدم وموسیٰ علیہما السلام میں مکالمہ ہوا: آدمؑ جیت گئے

تَحَاجَّا: ایک دوسرے پر دلیل لانا .... عند الله: اللہ کے پاس یعنی دونوں کے دنیا سے گذرنے کے بعد عالم برزخ میں۔

اس باب میں یہ بیان ہے کہ واقعہ رونما ہونے سے پہلے تقدیر پر اعتماد کرنا صحیح نہیں، اور واقعہ رونما ہونے کے بعد صحیح ہے، جیسے لڑکا بیمار ہوا، پس اس کو تقدیر کے حوالے کر دینا، اور علاج نہ کرانا درست نہیں، اور ہر ممکن علاج کے بعد بھی مر گیا تو اب تقدیر کا سہارا لے کر صبر کرنا درست ہے یا کورٹ میں مقدمہ ہے، پس تقدیر پر اعتماد کرنا اور اپنے دلائل پیش نہ کرنا درست نہیں، لیکن سب دلائل پیش کرنے کے بعد بھی فیصلہ خلاف ہوا تو یہ کہنا کہ جو مقدر تھا وہ ہوا: درست ہے۔ آدم علیہ السلام نے جب شجر ممنوعہ کھایا اور عتاب نازل ہوا تو انھوں نے تقدیر کا سہارا نہیں لیا، سخت منفعل ہوئے اور توبہ کی، مگر جب موسیٰ علیہ السلام نے الزام دیا تو انھوں نے جواب دیا، اور تقدیر کا سہارا لیا کہ یہ بات مقدر تھی، اور میرے پیدا ہونے سے پہلے تورات میں لکھی جا چکی تھی، پھر اگر واقعہ رونما ہوا تو آپ مجھے کیوں مورد الزام ٹھہراتے ہیں؟ موسیٰ علیہ السلام اس کا کوئی جواب نہ دے سکے، اور نبی ﷺ نے تین بار فرمایا: ''موسیٰ علیہ السلام جیت گئے!'' یعنی اب ان کا تقدیر کا سہارا لینا درست تھا، اور حدیث

پہلے تین جگہ آچکی ہے۔

[۱۱-] بَابٌ: تَحَاجَّ آدَمُ وَمُوْسَى عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى

[۶۶۱٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْنَاهُ مِنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاوُسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" احْتَجَّ آدَمُ وَمُوْسَى، فَقَالَ مُوْسَى: يَا آدَمُ! أَنْتَ أَبُوْنَا خَيَّبْتَنَا وَأَخْرَجْتَنَا مِنَ الْجَنَّةِ! قَالَ لَهُ آدَمُ: يَا مُوْسَى! اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِكَلاَمِهِ، وَخَطَّ لَكَ بِيَدِهِ، أَتَلُوْمُنِيْ عَلٰى أَمْرٍ قَدَّرَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِيْ بِأَرْبَعِيْنَ سَنَةً؟ فَحَجَّ آدَمُ مُوْسَى" ثَلاَثًا.[راجع: ۳٤۰۹]

قَالَ سُفْيَانُ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

قوله: خَطَّ لك: آپ کے لئے تورات اپنے ہاتھ سے لکھی۔

بَابٌ: لاَمَانِعَ لِمَا أَعْطَى اللّٰهُ

جواللہ دیں اس کوکوئی روک نہیں سکتا

اس باب میں یہ بیان ہے کہ اسباب خودکار نہیں، بہ حکم الٰہی کام کرتے ہیں، پس منع وعطاء کا اختیار بھی کسی کے پاس نہیں، اللہ تعالیٰ ہی دینے والے اور نہ دینے والے ہیں، اللہ تعالیٰ جو دیں یعنی جو مقدر ہے وہ مل کر رہتا ہے، اس کو کوئی روک نہیں سکتا، اور جو نہ دیں یعنی جو مقدر نہیں وہ کوئی دے نہیں سکتا، اسی طرح مال سامان بہ حکم الٰہی نفع پہنچاتے ہیں، بذاتہ نفع بخش نہیں، اور حدیث تحفۃ القاری (۱۷۲:۳) میں گذری ہے۔

[۱۲-] بَابٌ: لاَمَانِعَ لِمَا أَعْطَى اللّٰهُ

[۶۶۱۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ أَبِيْ لُبَابَةَ، عَنْ وَرَّادٍ مَوْلَى الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ إِلَى الْمُغِيْرَةِ: اكْتُبْ إِلَيَّ مَا سَمِعْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ خَلْفَ الصَّلاَةِ، فَأَمْلَى عَلَيَّ الْمُغِيْرَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ خَلْفَ الصَّلاَةِ:" لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ، اللّٰهُمَّ لاَمَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلاَ مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلاَ يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ"

وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدَةُ: أَنَّ وَرَّادًا أَخْبَرَهُ بِهٰذَا، ثُمَّ وَفَدْتُ بَعْدُ إِلٰى مُعَاوِيَةَ فَسَمِعْتُهُ يَأْمُرُ النَّاسَ بِذٰلِكَ الْقَوْلِ.[راجع: ۸٤٤]

بَابُ مَنْ تَعَوَّذَ بِاللّٰهِ مِنْ دَرَكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ

ایک رائے یہ ہے کہ بدنصیبی کے پانے سے اور فیصلۂ خداوندی کے ضرر سے اللہ کی پناہ چاہے

اس باب کے ذریعہ معتزلہ پر رد کیا ہے، اور 'ایک رائے' کہہ کر رد کیا ہے، معتزلہ کہتے ہیں: بندہ اپنے اختیاری افعال کا خود خالق ہے، کیونکہ انسان برے کام بھی کرتا ہے، پس کیا ان کو بھی اللہ تعالیٰ پیدا کرتے ہیں؟ توبہ! اس باب کے ذریعہ ان پر رد کیا ہے کہ قرآن وحدیث میں برائیوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہی گئی ہے، پس اگر وہ برائیاں اللہ کی مخلوق (پیدا کردہ) نہیں تو ان سے پناہ مانگنا بے فائدہ ہے۔ پناہ اسی کی چاہی جاتی ہے جو مستعاذ منہ کے ازالہ پر قادر ہو، اور قادر خالق ہی ہوتا ہے۔

اور معتزلہ کی لیل کا جواب یہ ہے کہ برائی کا کسب برا ہے، خلق برا نہیں، جیسے زہر کا پینا جان ستاں ہے، اس کا پیدا کرنا جان لینے والا نہیں، بلکہ زہر سے تو بہت سے مفید کام لئے جاتے ہیں۔

آیتِ کریمہ: سورۃ الفلق کے شروع کی دو آیتیں ہیں: ''کہو: میں صبح کے مالک کی پناہ لیتا ہوں تمام مخلوقات کے شر سے!'' —— معلوم ہوا مخلوق شر کا ارتکاب کرتی ہے، اس لئے اس سے اللہ کی پناہ چاہی گئی، معلوم ہوا کہ اس شر کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں، وہی اس کو زائل کر سکتے ہیں، اس لئے ان کی پناہ چاہی گئی۔

حدیث: اسی جلد میں کتاب الدعوات میں گذری ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کی پناہ چاہو بلاء کی مشقت سے، بدنصیبی کے پانے سے، فیصلۂ خداوندی کے ضرر سے اور دشمنوں کی خوشی سے!'' —— ان سب برائیوں کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں، اس لئے ان کی پناہ طلب کی گئی۔

[۱۳-] بَابُ مَنْ تَعَوَّذَ بِاللّٰهِ مِنْ دَرَكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ

وَقَوْلِهِ: ﴿قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ﴾

[٦٦١٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوْءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ''[راجع: ٦٣٤٧]

بَابٌ: يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ

اللہ تعالیٰ آڑ بن جاتے ہیں آدمی اور اس کے دل کے درمیان

اب کتاب القدر کے ختم تک گذشتہ باب کے سلسلہ کے ذیلی ابواب ہیں، اور سب میں معتزلہ کا رد ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی

بندوں کے اختیاری افعال کے خالق ہیں، خواہ اچھے ہوں یا برے: سب کا خلق اللہ تعالیٰ کرتے ہیں، اور باب میں سورۃ الانفال کی (آیت ۲۴) کی طرف اشارہ ہے:﴿وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ﴾:اور جان لو! اللہ تعالیٰ آدمی اور اس کے دل کے درمیان آڑ بن جاتے ہیں یعنی دل پر آدمی کا قبضہ نہیں، دل اللہ کے ہاتھ میں ہے، جدھر چاہے پھیر دے، اور آیت کا سیاق یہ ہے کہ شاید دل میں اطاعت کا جذبہ نہ رہے، پس اللہ ورسول کے حکم کی فوراً تعمیل کرو، اور عدم اطاعت بری چیز ہے، اس کو بھی اللہ تعالیٰ پیدا کرتے ہیں۔

پہلی حدیث: نبی ﷺ اکثر اس طرح قسم کھاتے تھے: ''نہیں، دلوں کو پلٹنے والے کی قسم!'' اور دل کو خیر کی طرف پلٹنا خیر ہے، اور شر کی طرف پلٹنا برا ہے، اور اللہ تعالیٰ دونوں طرف دل کو پلٹتے ہیں، معلوم ہوا کہ شر کے خالق بھی وہی ہیں۔

دوسری حدیث: ابن صیاد والے واقعہ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دل کو قتل ابن صیاد کی طرف پلٹا، پھر ارشاد نبوی سے معلوم ہوا کہ اس کا قتل ٹھیک نہیں تو وہ رک گئے، پس یہ حدیث دل کو شر کی طرف پلٹنے کی مثال ہے۔

[١٤-] بَابٌ: يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ

[٦٦١٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَثِيْرًا مِمَّا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَحْلِفُ:'' لاَ وَمُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ''
[طرفاه: ٦٦٢٨، ٧٣٩١]

[٦٦١٨-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ، وَبِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالاَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِابْنِ صَيَّادٍ: ''خَبَأْتُ لَكَ خَبِيْئًا'' قَالَ: الدُّخُّ. قَالَ:'' اخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ'' قَالَ عُمَرُ: ائْذَنْ لِيْ فَأَضْرِبْ عُنُقَهُ، قَالَ:''دَعْهُ، إِنْ يَكُنْ هُوَ فَلاَ تُطِيْقُهُ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ هُوَ فَلاَ خَيْرَ لَكَ فِي قَتْلِهِ''[راجع: ١٣٥٤]

بَابٌ: ﴿قُلْ لَّنْ يُصِيْبَنَا إِلاَّ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا﴾: قَضَى

ہم پر جو بھی حادثہ پڑتا ہے وہ اللہ نے ہمارے لئے مقدر کیا ہے

یہ بھی تکمیلی باب ہے، اور اس میں تین آیتیں اور ایک حدیث ہے:

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ التوبہ (آیت ۵۱) میں ہے: ''کہیں: ہرگز نہیں پہنچتا ہمیں مگر وہی جس کا اللہ نے ہمارے لئے فیصلہ کیا ہے'' یعنی کسی مہم میں ناکامی ہوتی ہے، اور مسلمانوں کا جانی مالی نقصان ہوتا ہے تو وہ خدا کا فیصلہ ہوتا ہے، ہم اس پر راضی ہیں، منافقین کو بغلیں بجانے کی ضرورت نہیں، ثابت ہوا کہ حادثہ بھی جو بری چیز ہے اللہ تعالیٰ ہی واقع کرتے ہیں۔

آیتِ کریمہ (۲): سورۃ الصافات کی (آیت ۱۶۲) ہے: ﴿فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ۝ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِيْنَ ۝ إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ﴾: پس تم اور تمہارے معبود اللہ تعالیٰ سے کسی کو نہیں پھیر سکتے، مگر اسی کو جو جہنم رسید ہونے والا ہے۔

مجاہد رحمہ اللہ نے فاتنین: پھیرنے والے کی تفسیر کی ہے: گمراہ کرنے والے، اور إلا من هو صال الجحيم کی تفسیر کی ہے: مگر جس کے حق میں اللہ تعالیٰ نے لکھ دیا (مقدر کیا) کہ وہ دوزخ میں داخل ہونے والا ہے، دوزخ میں داخل ہونا برا کام ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ مقدر کرتے ہیں۔

آیتِ کریمہ (۳): سورۃ الاعلیٰ کی (آیت ۳) ہے: ﴿وَالَّذِىْ قَدَّرَ فَهَدىٰ﴾: اللہ تعالیٰ وہ ہیں جنھوں نے (بدبختی اور نیک بختی) تجویز کی، پھر راہ دکھائی، ثابت ہوا کہ شقاوت بھی اللہ ہی نے مقدر کی ہے —— اور هدى الأنعام لمراتعها: اور پالتو چوپایوں کو ان کی چراگاہوں کی راہ دکھائی: اس کے بارے میں حاشیہ میں اعتراض ہے کہ یہ سورۃ الاعلی میں جو هدى ہے اس کی تفسیر نہیں، بلکہ سورۃ طٰہٰ (آیت ۵۰) میں جو ھدیٰ ہے اس کی تفسیر ہے۔ اور حدیث: پہلے آئی ہے، طاعون اللہ تعالیٰ بھیجتے ہیں، جو بری چیز ہے، اس کے خالق بھی اللہ تعالیٰ ہیں۔

[۱۵-] بَابٌ: ﴿قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا﴾: قَضَى

[۱-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿بِفَاتِنِيْنَ﴾: بِمُضِلِّيْنَ، إِلَّا مَنْ كَتَبَ اللّٰهُ أَنَّهُ يَصْلَى الْجَحِيْمَ.

[۲-] ﴿قَدَّرَ فَهَدىٰ﴾: قَدَّرَ الشَّقَاءَ وَالسَّعَادَةَ، وَهَدَى الأَنْعَامَ لِمَرَاتِعِهَا.

[۶۶۱۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا النَّضْرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا سَأَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الطَّاعُوْنِ، فَقَالَ: "كَانَ عَذَابًا يَبْعَثُهُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَشَاءُ، فَجَعَلَهُ اللّٰهُ رَحْمَةً لِلْمُؤْمِنِيْنَ، مَا مِنْ عَبْدٍ يَكُوْنُ فِيْ بَلْدَةٍ يَكُوْنُ فِيْهِ، وَيَمْكُثُ فِيْهِ، لَايَخْرُجُ مِنَ الْبَلْدَةِ، صَابِرًا مُحْتَسِبًا، يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يُصِيْبُهُ إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ، إِلَّا كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ شَهِيْدٍ" [راجع: ۳۴۸۴]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللّٰهُ﴾ ﴿لَوْ أَنَّ اللّٰهَ هَدَانِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ﴾

(مؤمنین کہیں گے:) ہماری جنت تک رسائی کبھی نہ ہوتی اگر اللہ تعالیٰ ہم کو راہ نہ دکھلاتے!

(دوزخی کہیں گے:) اگر اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت سے ہمکنار کرتے تو میں دوزخ سے بچنے والوں میں سے ہوتا!

پہلی آیت سورۃ الاعراف کی (آیت ۴۳) ہے، اور دوسری سورۃ الزمر کی (آیت ۵۷) —— اور جنت خیر محض ہے اور جہنم شر محض، اور دونوں کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں، اسی طرح جنت میں بھی وہی بھیجیں گے اور جہنم میں بھی وہی ڈالیں گے۔

اورحدیث میں بھی یہی مضمون ہے کہ ہدایت اللہ دیتے ہیں، اوراعمالِ صالحہ کی توفیق بھی وہی دیتے ہیں، اورمشرکین کا شرک اوران کی شرارتیں بھی اللہ پیدا کرتے ہیں، مگرہم ان کواپنانے کے لئے تیارنہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے لئے کفر کوپسندنہیں کرتے، وہ شکرگذاری اوراحسان مندی کوپسندکرتے ہیں: اللّٰهُمَّ وفقنا لما تحب وترضی!

[١٦-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلاَ أَنْ هَدَانَا اللّٰهُ﴾

﴿لَوْ أَنَّ اللّٰهَ هَدَانِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ﴾

[٦٦٢٠-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْخَنْدَقِ يَنْقُلُ مَعَنَا التُّرَابَ وَهُوَ يَقُوْلُ:

واللّٰهِ لَوْلاَ اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا ❁ وَلاَ صُمْنَا وَلاَ صَلَّيْنَا

فَأَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ❁ وَثَبِّتِ الأَقْدَامَ إِنْ لاَقَيْنَا

وَالْمُشْرِكُوْنَ قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا ❁ إِذَا أَرَادُوْا فِتْنَةً أَبَيْنَا

[راجع: ٢٨٣٦]

﴿الحمدللہ! کتاب القدر کی شرح پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الأیمان والنذور

قسموں اور منتوں کا بیان

ارتباط: کتاب القدر میں حدیث آئی ہے (باب ۶) کہ منت مت مانا کرو، اس کا کچھ فائدہ نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ حدیث کے آخری مضمون پر اگلا باب باندھتے ہیں، اس لئے کتاب القدر کے بعد کتاب الایمان والنذور لائے ہیں، بس اتنی ہی مناسبت ہے، کوئی گہری مناسبت نہیں۔

یمین ونذر کے درمیان ربط:

اللہ تعالیٰ کے نزدیک نہ نذر معلق پسند ہے نہ قسم کی کثرت، مگر چونکہ دونوں معاشرتی ضرورتیں ہیں، لوگ بات چیت، قول وقرار اور معاملات میں قسمیں کھاتے ہیں، اس لئے فی الجملہ اس کو مشروع کیا، اسی طرح نذر معلق بھی ناپسندیدہ ہے، مگر لوگ جب پریشانیوں میں، خاص طور پر بیماریوں میں پھنستے ہیں، اور علاج معالجہ کر کے مایوس ہوجاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں، اور آخری علاج کے طور پر راہِ خدا میں خرچ کرنے کا عہدہ کرتے ہیں، اس لئے اس کو بھی فی الجملہ مشروع کیا۔

اور یہ بات یعنی دونوں کا دراصل ناپسندیدہ ہونا، اور معاشرتی ضرورت سے فی الجملہ مشروع ہونا: دونوں کے درمیان امر مشترک ہے: اس لئے کتبِ فقہ وحدیث میں دونوں کے احکام ساتھ ساتھ بیان کئے جاتے ہیں —— اور چونکہ دونوں کے درمیان تعلق ہے: اس لئے جہاں ابہام کی وجہ سے نذر کی تعیین ممکن نہ ہو: وہاں اس کے قرین (ساتھی) سے تمسک کیا جاتا ہے، اور قسم کا کفارہ دے کر منت کے عہدہ سے برآ ہوا جاتا ہے، اسی طرح نذرِ معصیت چونکہ منعقد ہوجاتی ہے، اور اس کا وفا جائز نہیں ہوتا: اس لئے قسم کا کفارہ واجب ہوتا ہے۔

یمین ونذر کی تعریفات اور اقسام:

یمین کے شرعی معنی: **عَقْدٌ قَوِی به عزمُ الحالف علی الفعل أو الترك:** ایسا عہد جس سے قسم کھانے والے کا کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا پختہ ارادہ ہوجائے —— پھر یمین کی چار قسمیں ہیں: لغو، منعقدہ، غموس اور محال، تفصیل آگے آئے گی۔

اور نذر کی دو قسمیں ہیں: ایک: وہ جس کا پورا کرنا واجب ہے، دوسری: وہ جس کا وفا جائز نہیں، وہ منت جس کا پورا کرنا واجب ہے: اس کی تعریف ہے: إیجابُ الإنسان علی نَفْسِه والتزامُه من طاعة یکون الواجبُ من جنسها: کسی ایسی عبادت کو اپنے ذمہ لازم کرنا اور اس کو سر لینا جس کے قبیل سے کوئی واجب عبادت ہو، جیسے روزہ، نماز اور صدقہ وغیرہ کی منت مانی اور شرط پائی گئی تو اس کو پورا کرنا ضروری ہے، اور طاعة کی قید سے مباح چیزیں نکل گئیں، جیسے منت مانی کہ اگر اس کا فلاں کام ہو گیا تو وہ ایک کلو ٹماٹر کھائے گا: اس منت کا وفا واجب نہیں، اور نذر منعقد ہی نہیں ہوگی، کیونکہ ٹماٹر کھانا مباح امر ہے، اور کسی گناہ کی نذر مانی تو اس کا وفا جائز نہیں، مگر نذر منعقد ہو جائے گی اور قسم کا کفارہ واجب ہوگا۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿لَايُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ، وَلٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُمُ الْأَيْمَانَ﴾

یمین کی قسمیں اور احکام، اور قسم توڑنے میں مصلحت ہو تو قسم توڑ کر کفارہ ادا کیا جائے

سورۃ المائدۃ کی (آیت ۸۹) ہے: ﴿لَايُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ، وَلٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْأَيْمَانَ، فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِيْنَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ أَهْلِيْكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ، فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، ذٰلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ، وَاحْفَظُوْا أَيْمَانَكُمْ، كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ﴾:

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تمہارا مؤاخذہ نہیں فرماتے تمہاری لغو قسموں میں، لیکن تمہارا مؤاخذہ فرماتے ہیں ان قسموں میں جن کو تم پختہ کرو، پس اس کا کفارہ دس محتاجوں کو کھانا کھلانا ہے، درمیانی درجہ کے کھانے سے جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو، یا ان کو کپڑا دینا یا ایک بردہ آزاد کرنا ہے پس جو شخص (یہ چیزیں) نہ پائے وہ تین روزے رکھے، یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسم کھاؤ، اور تم اپنی قسموں کی حفاظت کرو، یوں اللہ تعالیٰ تمہارے لئے احکام بیان کرتے ہیں تاکہ تم شکر گذار بنو!

تفسیر: یمین کی چار قسمیں ہیں:

۱- **یمین منعقدہ**: آئندہ کسی ممکن کام کے کرنے کا پختہ ارادہ کرنا، جیسے میں کل روزہ رکھوں گا، یا نہیں رکھوں گا، اس قسم کے بارے میں ارشاد پاک ہے: ''لیکن اللہ تعالیٰ اس قسم پر پکڑتے ہیں جس کو تم نے مضبوط کیا ہے (المائدہ آیت ۸۹) یعنی اس کو توڑنے کی صورت میں کفارہ واجب ہے۔

۲- **یمین لغو**: (بیہودہ قسم) اس کی دو صورتیں ہیں: ایک: لوگ بول چال میں جو قسم کے ارادہ کے بغیر: ہاں بخدا اور نہیں بخدا کہتے ہیں: یہ یمین لغو ہے۔ دوسری: کسی گذشتہ بات پر اپنی دانست کے مطابق قسم کھانا جبکہ واقعہ ایسا نہ ہو جیسے کسی ذریعہ سے معلوم ہوا کہ زید آیا ہے، اس پر اعتماد کر کے قسم کھائی کہ وہ آ گیا، پھر ظاہر ہوا کہ نہیں آیا تو یہ یمین لغو ہے، اس میں نہ کفارہ

ہے نہ گناہ، اس قسم کے بارے میں ارشاد پاک ہے: ''اللہ تم کو تمہاری بیہودہ قسموں پر نہیں پکڑتے'' (مائدہ آیت ۸۹) یعنی اس میں کفارہ واجب نہیں۔

۳- **یمین غموس:** قاضی کے سامنے جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا تاکہ اپنے حق میں فیصلہ کرا کے کسی مسلمان کا مال ہتھیا لے، یہ سخت کبیرہ گناہ ہے (مشکوٰۃ حدیث ۵۰ باب الکبائر) اسی طرح اگر کسی گذشتہ بات پر جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھائی تو وہ بھی یمین غموس ہے اور گناہ کبیرہ ہے، احناف کے نزدیک اس میں کفارہ نہیں، یہ سخت گناہ ہے، توبہ لازم ہے۔

۴- **یمین محال:** کسی محال عقلی یا عادی کی قسم کھانا، محال عقلی: جیسے رات دن کو یکجا کر دینے کی قسم کھانا، اور محال عادی: جیسے آسمان پر چڑھنے کی قسم کھانا —— آخری دونوں قسموں میں قرآن وحدیث میں کوئی نص نہیں ہے، اس لئے ان میں اختلاف ہوا ہے کہ کفارہ واجب ہے یا نہیں؟ یمین غموس میں صرف امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک کفارہ واجب ہے، دیگر ائمہ کے نزدیک واجب نہیں، وہ اتنا بھاری گناہ ہے کہ کفارہ سے نہیں دُھل سکتا، توبہ ہی سے معاف ہوسکتا ہے، سورۃ البقرہ آیت ۲۲۵ میں ارشاد پاک ہے: ﴿لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ فِیْ أَیْمَانِکُمْ وَلٰکِنْ یُؤَاخِذُکُمْ بِمَا کَسَبَتْ قُلُوْبُکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾ ترجمہ: اللہ تعالیٰ (آخرت میں) تمہاری داروگیر نہ فرمائیں گے تمہاری بیہودہ قسموں پر، البتہ اس پر داروگیر فرمائیں گے جس میں تمہارے دلوں نے (جھوٹ بولنے کا) ارادہ کیا ہے (مراد یمین غموس ہے) اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے بردبار ہیں —— اور محال کی قسم میں امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک کفارہ واجب ہے۔ امام اعظم اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک چونکہ انعقادِ یمین کے لئے امکانِ بر شرط ہے: اس لئے ان کے نزدیک ایسی قسم منعقد نہیں ہوتی پس کفارہ واجب نہیں۔

قسم کھائی پھر اس کے علاوہ میں بھلائی دیکھی تو کیا کرے؟

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آدمی کسی بات کی قسم کھالیتا ہے مثلاً: ماں باپ سے یا بھائی بہن سے نہیں بولے گا، پھر جب غصہ ٹھنڈا پڑتا ہے تو پچھتاتا ہے۔ اور قسم ایمان میں سے ہے، جب کھالی: کھالی۔ اب وہ ختم نہیں ہوسکتی، اس لئے شریعت نے حکم دیا کہ اس قسم پر برقرار مت رہو، قسم توڑ دو اور کفارہ دیدو۔

مذاہبِ فقہاء: اگر قسم توڑ کر کفارہ ادا کرے تو بالاجماع درست ہے اور اگر کفارہ دے کر قسم توڑے تو اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایسا کرنا بھی درست ہے (مگر امام شافعی رحمہ اللہ نے روزوں کا استثناء کیا ہے، ان کی تقدیم جائز نہیں) اور حنفیہ کے نزدیک قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کرنا درست نہیں۔

اور اس اختلاف کی بنیاد نص نہیں ہے، اس لئے کہ بعض روایات میں حنث (قسم توڑنے) کو مقدم کیا گیا ہے اور کفارہ کو مؤخر، اور بعض روایات میں برعکس ہے، راوی کسی ایک بات پر ٹھہرتا ہی نہیں، پھر کسی روایت میں واؤ ہے جو مطلق جمع کے لئے ہے اور کسی میں فاء اور ثم ہیں جو ترتیب کے لئے ہیں، پس جب حدیثوں کی صورتِ حال یہ ہے تو وہ اختلاف کی

بنیاد نہیں بن سکتیں، بلکہ اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ کفارہ کی علت کیا ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک علت: یمین ہے اس لئے کہ کفارۃ الیمین محاورہ ہے، پس یمین علت ہوئی، جیسے: صلوۃُ الظهر میں ظہر (دوپہر) علت ہے صدقۃُ الفطر میں (روزہ کھولنا) علت ہے، اسی طرح یہاں بھی یمین علت ہے، پس قسم توڑنے سے پہلے کفارہ دیا جائے تو درست ہے کیونکہ سبب (یمین) پایا گیا ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک: حنث (قسم توڑنا) علت ہے، وہ فرماتے ہیں: کفارۃُ الیمین میں مضاف پوشیدہ ہے، تقدیر عبارت ہے: کفارۃُ نقضِ الیمین یعنی قسم توڑنے کا کفارہ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ لفظ کفارہ میں اشارہ ہے کہ کوئی نامناسب کام ہوا ہے، جس کی یہ سزا ہے اور ظاہر ہے کہ نامناسب کام قسم نہیں، کیونکہ قسم بذاتِ خود بری چیز نہیں، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جگہ جگہ قسمیں کھائی ہیں اور حضور اقدس ﷺ نے بھی قسمیں کھائی ہیں، بلکہ نامناسب بات قسم توڑنا ہے کیونکہ قسم کھانے والے نے اللہ کا نام لے کر ایک عہد کیا ہے، پس اس کی خلاف ورزی میں اللہ تعالیٰ کے نام کی بے حرمتی ہے اور کفارہ اس کی ایک طرح کی سزا ہے، اس لئے کفارۃُ الیمین کی تقدیر عبارت: کفارۃُ نقضِ الیمین ہے یعنی یہ قسم توڑنے کی سزا ہے پس قسم توڑ کر کفارہ دینا ضروری ہے، اگر قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کیا تو اس کا اعتبار نہیں، کیونکہ سبب ابھی نہیں پایا گیا، اور سبب سے پہلے مسبب کا تحقق نہیں ہوتا، واللہ اعلم۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کبھی بھی اپنی کوئی قسم نہیں توڑتے تھے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے قسم کا کفارہ نازل کیا، پس فرمایا: ''میں کوئی قسم کھاؤں گا، پھر اس کے علاوہ کو اس سے بہتر دیکھوں گا تو وہ کام کروں گا جو بہتر ہے، اور اپنی قسم کا کفارہ دوں گا!'' —— معلوم ہوا کہ ایسی صورت میں قسم توڑ دینی چاہئے، قسم پر جمے رہنا اور بہتر کام نہ کرنا بہتر نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸۳- کتابُ الأیمان والنذور

[۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ، وَلٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْأَيْمَانَ﴾ إلى قَوْلِهِ: ﴿تَشْكُرُوْنَ﴾

[٦٦٢١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ لَمْ يَكُنْ يَحْنَثُ فِيْ يَمِيْنٍ قَطُّ، حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ كَفَّارَةَ الْيَمِيْنِ، وَقَالَ: لَا أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَأَيْتُ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، إِلَّا أَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ، وَكَفَّرْتُ عَنْ يَمِيْنِيْ.
[راجع: ٤٦١٤]

آئندہ حدیث: حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہؓ سے نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے عبدالرحمٰن! امارت (سرداری) طلب مت کر

اگر تمہارے پاس امارت طلب کرنے سے آئے گی تو تمہیں اس کے حوالے کردیا جائے گا یعنی امارت کے کاموں میں اللہ کی طرف سے/لوگوں کی طرف سے مدد نہیں کی جائے گی، اور اگر درخواست (چاہنے) کے بغیر امارت آئے گی تو اس کے کاموں میں تمہاری مدد کی جائے گی، اور جب تم کوئی قسم کھاؤ، پھر اس کے علاوہ میں خیر دیکھو تو قسم کا کفارہ دیدو، اور وہ کام کرو جو بہتر ہے۔

[٦٦٢٢-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ! لَا تَسْأَلِ الإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُوْتِيْتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنْ أُوْتِيْتَهَا مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ، وَأْتِ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ"

[أطرافه: ٦٧٢٢، ٧١٤٦، ٧١٤٧]

آئندہ حدیث: کئی مرتبہ آچکی ہے، پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (۶:۴۲۰) میں آئی ہے، وہاں حدیث کا ترجمہ ہے۔

[٦٦٢٣-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَهْطٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ أَسْتَحْمِلُهُ، فَقَالَ:" وَاللّٰهِ لَا أَحْمِلُكُمْ، وَمَا عِنْدِيْ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ" قَالَ: ثُمَّ لَبِثْنَا مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ نَلْبَثَ، ثُمَّ أُتِيَ بِثَلَاثِ ذَوْدٍ غُرِّ الذُّرَى فَحَمَلَنَا عَلَيْهَا، فَلَمَّا انْطَلَقْنَا قُلْنَا أَوْ قَالَ بَعْضُنَا: وَاللّٰهِ لَا يُبَارَكُ لَنَا، أَتَيْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَسْتَحْمِلُهُ، فَحَلَفَ أَنْ لَا يَحْمِلَنَا ثُمَّ حَمَلَنَا، فَارْجِعُوْا بِنَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَنُذَكِّرُهُ، فَأَتَيْنَاهُ، فَقَالَ:" مَا أَنَا حَمَلْتُكُمْ بَلِ اللّٰهُ حَمَلَكُمْ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، إِلَّا كَفَّرْتُ عَنْ يَمِيْنِيْ، وَأَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ" أَوْ:" أَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ وَكَفَّرْتُ عَنْ يَمِيْنِيْ"[راجع: ٣١٣٣]

آئندہ دو حدثوں میں: یہ مضمون ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی فیملی (ماں، باپ، بیوی، بچوں) کے بارے میں کوئی قسم کھالے کہ وہ ان سے بولے گا نہیں یا حسن سلوک نہیں کرے گا یا اس کو رکھے گا نہیں تو ایسی قسم توڑ دینی چاہئے، اور کفارہ دیدے، اس پر اڑنا نہیں چاہئے، اور قسم توڑنا بھی اگرچہ گناہ ہے، مگر اس کا کفارہ (تلافی) ہے، کفارہ ادا کرنے سے گناہ معاف ہوجائے گا، اور اگر وہ اپنی قسم پر اڑارہا تو طرح طرح کے گناہوں میں مبتلا ہوگا، جن کا کوئی کفارہ نہیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بخدا! یقیناً یہ بات ہے کہ تم میں سے ایک ضد کرے اپنی قسم پر اپنی فیملی کے بارے میں زیادہ گنہگار بنانے والا ہے اس کو اللہ کے نزدیک اس بات سے کہ وہ قسم کا وہ کفارہ دے جو اللہ نے اس (قسم توڑنے) پر مقرر کیا ہے — لَجَّ (ض): ضد کرنا، چھوڑنے پر تیار نہ ہونا...... آثَمُ (اسم تفضیل) أن یلج کی خبر۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اڑا رہے اپنی فیملی کے بارے میں کھائی ہوئی قسم پر تو وہ بڑا ہے گناہ کے اعتبار سے، جس کے لئے کفارہ کافی نہیں ـــــ اسْتَلَجَّ بیمینه: اپنی قسم پر اڑنا، چھوڑنے کے لئے تیار نہ ہونا۔

[٦٦٢٤-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ ابْنِ مُنَبِّهٍ، قَالَ: هٰذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:'' نَحْنُ الآخِرُوْنَ، السَّابِقُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ''[راجع: ۲۳۸]

[٦٦٢٥-] فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:'' وَاللّٰهِ لَأَنْ یَلِجَّ أَحَدُکُمْ بِیَمِیْنِهِ فِیْ أَهْلِهِ آثَمُ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ أَنْ یُعْطِیَ کَفَّارَتَهُ الَّتِیْ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَیْهِ''[طرفه: ٦٦٢٦]

[٦٦٢٦-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِیَةُ، عَنْ یَحْیَی، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:'' مَنِ اسْتَلَجَّ فِیْ أَهْلِهِ بِیَمِیْنٍ فَهُوَ أَعْظَمُ إِثْمًا، لَیَسَ تُغْنِی الْکَفَّارَةُ''[راجع: ح: ٦٦٢٥]

وضاحت: حدیث ۶۶۲۴ صحیفۂ ہمام بن منبہ کا سرنامہ ہے، کوئی مستقل حدیث نہیں، حوالہ دینے کے لئے الگ نمبر ڈالا ہے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:'' وَایْمُ اللّٰهِ''

نبی ﷺ نے ایم اللہ سے قسم کھائی

حاشیہ میں بڑی بحث ہے کہ ایم اللہ میں ہمزہ قطعی ہے یا وصلی، پھر یہ اسم ہے یا حرف، اکثر کی رائے یہ ہے کہ یہ اسم ہے اور ہمزہ وصلی ہے، اور کوفی نحویوں کے نزدیک ہمزہ قطعی ہے، اور ایم اللہ کے معنی ہیں: اللہ کی قسم! نبی ﷺ نے اس لفظ سے قسم کھائی ہے، اور حدیث پہلے کئی جگہ آچکی ہے، پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (۲۴۷:۷) میں آئی ہے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:'' وَایْمُ اللّٰهِ''

[٦٦٢٧-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَعْثًا وَأَمَّرَ عَلَیْهِمْ أُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ، فَطَعَنَ بَعْضُ النَّاسِ فِیْ إِمْرَتِهِ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ:'' إِنْ کُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِیْ إِمْرَتِهِ، فَقَدْ کُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِیْ إِمْرَةِ أَبِیْهِ مِنْ قَبْلُ، وَایْمُ اللّٰهِ إِنْ کَانَ لَخَلِیْقًا لِلْإِمَارَةِ، وَإِنْ کَانَ لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَیَّ، وَإِنَّ هٰذَا لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَیَّ بَعْدَهُ''[راجع: ۳۷۳۰]

بَابٌ: كَيْفَ كَانَ يَمِيْنُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟

نبی ﷺ کس طرح قسم کھاتے تھے؟

حروفِ قسم تین ہیں: ب، ت اور و، باء اور واؤ کے بعد کوئی بھی مقسم بہ آسکتا ہے، اور تا کے بعد صرف لفظ اللہ آتا ہے، اور تینوں کا فعل أَقْسِمُ محذوف ہوتا ہے، علاوہ ازیں: ھا اور ایم بھی حرف قسم کی جگہ لائے جاتے ہیں —— اسلام نے غیر اللہ کی قسم کھانے کی سخت ممانعت کی ہے، پس حرفِ قسم کے بعد لفظ اللہ یا اللہ تعالیٰ کی کوئی صفت ہی مقسم بہ کے طور پر لائی جاسکتی ہے، نبی ﷺ عام طور پر: الذی نفسی بیدہ یامقلِّبُ القلوب یاالذی نفس محمد بیدہ: سے قسم کھاتے تھے، اور لفظ ایم سے بھی قسم کھانا مروی ہے، جیسا کہ گذشتہ باب میں گذرا، اور باب کی تمام حدیثیں پہلے آچکی ہیں، سب روایتوں میں یہی دیکھنا ہے کہ آپؐ نے کس لفظ سے قسم کھائی ہے؟

[۳-] بَابٌ: كَيْفَ كَانَ يَمِيْنُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟

[۱-] وَقَالَ سَعْدٌ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ"[راجع: ۳۶۸۳]

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: لاَ، هَا اللهِ إِذًا.[راجع: ۳۱۴۲]

[۳-] يُقَالُ: وَاللهِ وَبِاللهِ وَتَاللهِ.

وضاحت: والذی نفسی بیدہ: میں واو قسمیہ ہے، اور الذی نفسی بیدہ: اللہ کی صفت ہے..... صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے قسم کھائی: لا، ھا اللہ: نہیں (تجھے مقتول کا سامان نہیں ملے گا) قسم خدا کی! إذًا (إِذَنْ) قسم میں داخل نہیں، اس کا آگے سے تعلق ہے (دیکھیں تحفۃ القاری ۶: ۴۲۸) اور یہ ھَا: واحد مؤنث غائب کی ضمیر ہے۔

[۶۶۲۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَتْ يَمِيْنُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لاَ وَمُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ!"[راجع: ۶۶۱۷]

[۶۶۲۹-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلاَ كِسْرَى بَعْدَهُ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَتُنْفَقَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ"[راجع: ۳۱۲۱]

[۶۶۳۰-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلاَ كِسْرَى بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَتُنْفَقَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِي سَبِيْلِ اللهِ"[راجع: ۳۰۲۷]

وضاحت: و مقلب القلوب: میں واو قسمیہ ہے، اور مقلب القلوب: اللہ کی صفت ہے۔

[٦٦٣١-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، أَنَّـهُ قَالَ:" يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ! وَاللّٰهِ! لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا، وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا"[راجع: ١٠٤٤]

[٦٦٣٢-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ حَيْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْعَقِيْلٍ: زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ جَدَّهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ هِشَامٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! لَأَنْتَ أَحَبُّ إِلَیَّ مِنْ كُلِّ شَيْئٍ إِلَّا نَفْسِیْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم:" لَا، وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ! حَتّٰی أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْكَ مِنْ نَفْسِكَ" فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: فَإِنَّـهُ الآنَ وَاللّٰهِ! لَأَنْتَ أَحَبُّ إِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم:" الآنَ يَا عُمَرُ"
[راجع: ٣٦٩٤]

[٦٦٣٣و٦٦٣٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ: أَنَّهُمَا أَخْبَرَاهُ: أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَقَالَ الآخَرُ وَهُوَ أَفْقَهُهُمَا: أَجَلْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَائْذَنْ لِیْ أَتَكَلَّمُ. قَالَ:" تَكَلَّمْ" قَالَ: إِنَّ ابْنِیْ كَانَ عَسِيْفًا عَلٰی هٰذَا – قَالَ مَالِكٌ: وَالْعَسِيْفُ الأَجِيْرُ– زَنَی بِامْرَأَتِهِ، فَأَخْبَرُوْنِیْ أَنَّ عَلٰی ابْنِیْ الرَّجْمَ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَجَارِيَةٍ لِیْ، ثُمَّ إِنِّیْ سَأَلْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ فَأَخْبَرُوْنِیْ أَنَّ عَلٰی ابْنِیْ جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبَ عَامٍ، وَإِنَّمَا الرَّجْمُ عَلٰی امْرَأَتِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" أَمَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ! لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، أَمَّا غَنَمُكَ وَجَارِيَتُكَ فَرَدٌّ عَلَيْكَ" وَجُلِدَ ابْنُهُ مِائَةً، وَغَرَّبَهُ عَامًا، وَأَمَرَ أُنَيْسًا الأَسْلَمِیَّ أَنْ يَأْتِیَ امْرَأَةَ الآخَرِ، فَإِنِ اعْتَرَفَتْ رَجَمَهَا، فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا.[راجع: ٢٣١٤، ٢٣١٥]

وضاحت: یہ حدیث حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت زید بن خالد جُہنیؓ کی بیان کردہ ہے، اس لئے دو نمبر لگائے ہیں۔

[٦٦٣٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِیْ يَعْقُوْبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" أَرَأَيْتُمْ إِنْ كَانَ أَسْلَمُ، وَغِفَارُ وَمُزَيْنَةُ، وَجُهَيْنَةُ خَيْرًا مِنْ تَمِيْمٍ، وَعَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ، وَغَطَفَانَ، وَأَسَدٍ خَابُوْا وَخَسِرُوْا؟" قَالُوْا: نَعَمْ، فَقَالَ:" وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ إِنَّهُمْ خَيْرٌ مِنْهُمْ"[راجع: ٣٥١٥]

[٦٦٣٦-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ، عَنْ أَبِیْ حُمَيْدٍ

السَّاعِدِيِّ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اسْتَعْمَلَ عَامِلاً، فَجَاءَ هُ الْعَامِلُ حِيْنَ فَرَغَ مِنْ عَمَلِهِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا لَكُمْ، وَهٰذَا أُهْدِىَ لِىْ، فَقَالَ لَهُ: "أَفَلاَ قَعَدْتَ فِىْ بَيْتِ أَبِيْكَ وَأُمِّكَ فَنَظَرْتَ أَيُهْدَى لَكَ أَمْ لاَ؟" ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَشِيَّةً بَعْدَ الصَّلاَةِ، فَتَشَهَّدَ وَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ! فَمَا بَالُ الْعَامِلِ نَسْتَعْمِلُهُ فَيَأْتِيْنَا فَيَقُوْلُ: هٰذَا مِنْ عَمَلِكُمْ وَهٰذَا أُهْدِىَ لِىْ، أَفَلاَ قَعَدَ فِىْ بَيْتِ أَبِيْهِ وَأُمِّهِ فَنَظَرَ هَلْ يُهْدَى لَهُ أَمْ لاَ؟ فَوَ الَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لاَ يَغُلُّ أَحَدُكُمْ مِنْهَا شَيْئًا، إِلَّا جَاءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهُ عَلٰى عُنُقِهِ، إِنْ كَانَ بَعِيْرًا جَاءَ بِهِ لَهُ رُغَاءٌ، وَإِنْ كَانَتْ بَقَرَةً جَاءَ بِهَا لَهَا خُوَارٌ، وَإِنْ كَانَتْ شَاةً جَاءَ بِهَا تَيْعَرُ، فَقَدْ بَلَّغْتُ" فَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ: ثُمَّ رَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ حَتّٰى إِنَّا لَنَنْظُرُ إِلٰى عُفْرَةِ إِبْطَيْهِ. قَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ: وَقَدْ سَمِعَ ذٰلِكَ مَعِىْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ مِنَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم فَسَلُوْهُ. [راجع: ٩٢٥]

حوالہ: آخری حدیث تحفۃ القاری (٥:٥٨٣) میں ہے۔

[٦٦٣٧-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم: " وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا، وَلَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً" [راجع: ٦٤٨٥]

[٦٦٣٨-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ، عَنْ أَبِىْ ذَرٍّ، قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ يَقُوْلُ فِىْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ: " هُمُ الْأَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ! هُمُ الْأَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ!" قُلْتُ: مَا شَأْنِىْ؟ أَيُرَى فِىَّ شَيْئٌ؟ مَا شَأْنِىْ؟ فَجَلَسْتُ وَهُوَ يَقُوْلُ: فَمَا اسْتَطَعْتُ أَنْ أَسْكُتَ، وَتَغَشَّانِىْ مَاشَاءَ اللّٰهُ، فَقُلْتُ: مَنْ هُمْ بِأَبِىْ أَنْتَ وَأُمِّىْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " الْأَكْثَرُوْنَ أَمْوَالاً، إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا" [راجع: ١٤٦٠]

[٦٦٣٩-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " قَالَ سُلَيْمَانُ: لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى تِسْعِيْنَ امْرَأَةً، كُلُّهُنَّ تَأْتِىْ بِفَارِسٍ يُجَاهِدُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ: قُلْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَلَمْ يَقُلْ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَطَافَ عَلَيْهِنَّ جَمِيْعًا، فَلَمْ تَحْمِلْ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ، جَاءَ تْ بِشِقِّ رَجُلٍ، وَايْمُ الَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَوْ قَالَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، لَجَاهَدُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُرْسَانًا أَجْمَعُوْنَ" [راجع: ٢٨١٩]

وضاحت: ایم: میں ہمزہ قطعی بھی ہوسکتا ہے اور وصلی بھی۔

[٦٦٤٠-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ:

أُهْدِیَ إِلٰی النَّبِیِّ صلی اللّٰہ علیه وسلم سَرَقَةٌ مِنْ حَرِیْرٍ، فَجَعَلَ النَّاسُ یَتَدَاوَلُوْنَهَا بَیْنَهُمْ، وَیَعْجَبُوْنَ مِنْ حُسْنِهَا وَلِیْنِهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیه وسلم: " أَتَعْجَبُوْنَ مِنْهَا؟" قَالُوْا: نَعَمْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! قَالَ: " وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہِ! لَمَنَادِیْلُ سَعْدٍ فِی الْجَنَّةِ خَیْرٌ مِنْ هٰذَا" قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ: لَمْ یَقُلْ شُعْبَةُ، وَإِسْرَائِیْلُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ: " وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہِ"[راجع: ٣٢٣٩]

[٦٦٤١-] حدثنا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ یُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: إِنَّ هِنْدَ بِنْتَ عُتْبَةَ بِنِ رَبِیْعَةَ قَالَتْ: یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! مَا کَانَ مِمَّا عَلٰی ظَهْرِ الْأَرْضِ أَهْلُ أَخْبَاءٍ أَوْ: خِبَاءٍ أَحَبَّ إِلَیَّ أَنْ یَذِلُّوْا مِنْ أَهْلِ أَخْبَائِكَ أَوْ: خِبَائِكَ- شَكَّ یَحْیَی- ثُمَّ مَا أَصْبَحَ الْیَوْمَ أَهْلُ أَخْبَاءٍ أَوْ: خِبَاءٍ أَحَبَّ إِلَیَّ أَنْ یَعِزُّوْا مِنْ أَهْلِ أَخْبَائِكَ أَوْ: خِبَائِكَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیه وسلم: " وَأَیْضًا، وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہِ!" قَالَتْ: یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! إِنَّ أَبَا سُفْیَانَ رَجُلٌ مِسِّیْكٌ، فَهَلْ عَلَیَّ حَرَجٌ أَنْ أُطْعِمَ مِنَ الَّذِیْ لَهُ؟ قَالَ: " لاَ، إِلَّا بِالْمَعْرُوْفِ"[راجع: ٢٢١١]

[٦٦٤٢-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُرَیْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِیْمُ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَیْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیه وسلم مُضِیْفٌ ظَهْرَہُ إِلٰی قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ یَمَانٍ إِذْ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: "أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَکُوْنُوْا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟" قَالُوْا: بَلٰی، قَالَ: " أَفَلَمْ تَرْضَوْا أَنْ تَکُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟" قَالُوْا: بَلٰی! قَالَ: "فَوَ الَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہِ! إِنِّیْ لَأَرْجُوْ أَنْ تَکُوْنُوْا نِصْفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ"[راجع: ٦٥٢٨]

[٦٦٤٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ: أَنَّ رَجُلاً سَمِعَ رَجُلاً یَقْرَأُ: ﴿قُلْ هُوَ اللّٰہُ أَحَدٌ﴾ یُرَدِّدُهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ جَاءَ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیه وسلم فَذَکَرَ ذٰلِكَ لَهُ، وَکَأَنَّ الرَّجُلَ یَتَقَالُّهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیه وسلم: " وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہِ! إِنَّهَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ"[راجع: ٥٠١٣]

[٦٦٤٤-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا أَنَسُ ابْنُ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صلی اللّٰہ علیه وسلم یَقُوْلُ: " أَتِمُّوْا الرُّکُوْعَ وَالسُّجُوْدَ، فَوَ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہِ! إِنِّیْ لَأَرَاکُمْ مِنْ بَعْدِ ظَهْرِیْ إِذَا مَا رَکَعْتُمْ وَإِذَا مَا سَجَدْتُمْ"[راجع: ٤١٩]

[٦٦٤٥-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ أَتَتِ النَّبِیَّ صلی اللّٰہ علیه وسلم مَعَهَا أَوْلاَدٌ لَهَا، فَقَالَ: "وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہِ! إِنَّکُمْ لَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَیَّ" قَالَهَا ثَلاَثَ مَرَّاتٍ.[راجع: ٣٧٨٦]

بَابٌ: لَا تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ

باپ کی قسم مت کھاؤ

زمانۂ جاہلیت میں بتوں کی بھی قسمیں کھاتے تھے، اور باپ کی بھی، جیسے اب بھی جاہل مسلمان باپ کی، پیر کی، پیرانِ پیر کی اور سروغیرہ کی قسمیں کھاتے ہیں، نبی ﷺ نے اس سے سختی سے منع کیا، کیونکہ غیر اللہ کی قسم کھانا شرک ہے، اور غیر اللہ کی قسم کھانا یہ ہے کہ دو باتوں کا اعتقاد ہو: ایک: جس کی قسم کھاتا ہے اس کی عظمت کا اللہ کی عظمت کی طرح اعتقاد ہو، دوم: اللہ کے نام کی بے حرمتی کی طرح غیر اللہ کی بے حرمتی پر گناہ، اور وبال کا اعتقاد ہو، اور اگر تکیہ کلام کے طور پر کھائے تو وہ یمین لغو ہے۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں: ایک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی، دوسری: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی:

پہلی حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دورانِ گفتگو بار بار قسم کھاتے ہوئے سنا کہ میرے باپ کی قسم! میرے باپ کی قسم! پس آپؐ نے فرمایا: ''سنو! اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے آباؤ واجداد کی قسمیں کھانے سے منع کرتے ہیں، جس کو قسم کھانی ہو وہ اللہ کی قسم کھائے یا خاموش رہے'' —— اور دوسرے طریق میں: حضرت عمرؓ فرماتے ہیں: قسم بخدا! اس کے بعد میں نے کبھی ایسی قسم نہیں کھائی، نہ یاد ہوتے ہوئے (نہ بھول کر) اور (نہ اپنی طرف سے ابتداءً) نہ دوسرے کی طرف سے نقل کرتے ہوئے۔

لغت: آثِرٌ (اسم فاعل) أَثَرَ الحدیثَ: بات نقل کرنا، روایت کرنا، اسی سے سورۃ الاحقاف (آیت ۴) میں أَثَارَة (اسم) ہے یعنی منقول مضمون: ﴿إِيْتُوْنِيْ بِكِتَابٍ مِنْ قَبْلِ هٰذَا أَوْ أَثَارَةٍ مِنْ عِلْمٍ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ﴾: میرے پاس کوئی کتاب لاؤ، جو قرآن سے پہلے کی ہو، یا کوئی اور مضمون منقول لاؤ، اگر تم سچے ہو! مجاہدؒ نے یہی ترجمہ کیا ہے: علمی مضمون۔

تشریح: ذَاكِرًا کا معادل ناسیاء، اور آثرا کا مقابل تأسیسا محذوف ہیں، تفصیل تحفۃ الالمعی (۴۶۷:۴) میں ہے۔

[٤-] بَابٌ: لَا تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ

[٦٦٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَدْرَكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَهُوَ يَسِيْرُ فِيْ رَكْبٍ يَحْلِفُ بِأَبِيْهِ، فَقَالَ: " أَلَا إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ، مَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ، أَوْ لِيَصْمُتْ" [راجع: ٢٦٧٩]

[٦٦٤٧-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ سَالِمٌ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ" قَالَ عُمَرُ: فَوَ اللّٰهِ مَا حَلَفْتُ بِهَا مُنْذُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاكِرًا وَلَا آثِرًا. وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿أَوْ أَثَارَةٍ مِنْ عِلْمٍ﴾: يَأْثُرُ عِلْمًا.

تَابَعَهُ عُقَيْلٌ، وَالزُّبَيْدِيُّ، وَإِسْحَاقُ الْكَلْبِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ، وَمَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، سَمِعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عُمَرَ.

[٦٦٤٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَا تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ" [راجع: ٢٦٧٩]

دوسری حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ہے، جوتحفۃ القاری (۴۲۱:۶) میں آچکی ہے، اس کوسوالِ مقدر کے طور پر لائے ہیں کہ آباء کی قسمیں نہ کھائیں تو کس کی کھائیں؟ مورتیوں کی قسمیں کھائیں؟ قسم کھانا تو ایک معاشرتی ضرورت ہے (اور اللہ کی قسم کھانے کا اسلام سے پہلے رواج نہیں تھا) حدیث کے ذریعہ جواب دیا کہ اللہ کی قسم کھاؤ، حدیث میں مذکور واقعہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ اللہ کی قسم کھائی ہے۔

[٦٦٤٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، وَالْقَاسِمِ التَّيْمِيِّ، عَنْ زَهْدَمٍ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ هٰذَا الْحَيِّ مِنْ جَرْمٍ وَبَيْنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ وُدٌّ وَإِخَاءٌ، فَكُنَّا عِنْدَ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، فَقُرِّبَ إِلَيْهِ طَعَامٌ فِيْهِ لَحْمُ دَجَاجٍ، وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ تَيْمِ اللّٰهِ أَحْمَرُ كَأَنَّهُ مِنَ الْمَوَالِيْ، فَدَعَاهُ إِلَى الطَّعَامِ، فَقَالَ: إِنِّيْ رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ شَيْئًا فَقَذِرْتُهُ، فَحَلَفْتُ أَنْ لَا آكُلَهُ، فَقَالَ: قُمْ فَلَأُحَدِّثْكَ عَنْ ذَاكَ، إِنِّيْ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ نَفَرٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ نَسْتَحْمِلُهُ، فَقَالَ:" وَاللّٰهِ! لَا أَحْمِلُكُمْ، وَمَا عِنْدِيْ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ" فَأُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِنَهْبِ إِبِلٍ فَسَأَلَ عَنَّا، فَقَالَ: "أَيْنَ النَّفَرُ الْأَشْعَرِيُّوْنَ؟" فَأَمَرَ لَنَا بِخَمْسِ ذَوْدٍ غُرِّ الذُّرَى، فَلَمَّا انْطَلَقْنَا قُلْنَا: مَا صَنَعْنَا؟ حَلَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَا يَحْمِلُنَا، وَمَا عِنْدَهُ مَا يَحْمِلُنَا، ثُمَّ حَمَلَنَا تَغَفَّلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمِيْنَهُ، وَاللّٰهِ لَا نُفْلِحُ أَبَدًا. فَرَجَعْنَا إِلَيْهِ فَقُلْنَا لَهُ: إِنَّا أَتَيْنَاكَ لِتَحْمِلَنَا فَحَلَفْتَ لَا تَحْمِلُنَا، وَمَا عِنْدَكَ مَا تَحْمِلُنَا، قَالَ:" إِنِّيْ لَسْتُ أَنَا حَمَلْتُكُمْ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَمَلَكُمْ، وَاللّٰهِ! لَا أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، إِلَّا أَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ وَتَحَلَّلْتُهَا" [أطرافه: ٣١٣٣]

بَابٌ: لَا يَحْلِفُ بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى وَلَا بِالطَّوَاغِيْتِ

لات وعزّیٰ اور دیگر مورتیوں کی قسم نہ کھائے

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے قسم کھائی، پس اس نے اپنی قسم میں کہا: لات کی قسم! عزّیٰ کی قسم! پس چاہئے کہ کہے: لا إلٰه إلا الله: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور جس نے اپنے ساتھی سے کہا: آ، میں تیرے ساتھ جُوا کھیلوں تو

چاہئے کہ صدقہ کرے'' (طواغیت: دیگر مورتیاں: لات وعزی کے حکم میں ہیں)

تشریح: جو شخص نیا مسلمان ہوا ہے اور وہ زمانہ کفر میں لات وعزی کی اور دیگر معبودانِ باطلہ کی قسمیں کھاتا رہا ہے اور اس کی عادت پڑ گئی ہے: پس مسلمان ہونے کے بعد اس کے منہ سے بے اختیار لات وعزی کی قسم نکل جائے تو اس کا علاج کیا ہے؟ یہ بری عادت کیسے چھڑائی جائے؟ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ''اگر ایسا ہو جائے تو لا إله إلا الله کہہ کر اس کا تدراک کرے، ایک بار ''رام'' کا نام زبان پر آئے تو سو بار اللہ کا نام لے، عادت چھوٹ جائے گی۔ اسی طرح زمانہ جاہلیت میں جوا کھیلتا تھا۔ اس کی لت پڑی ہوئی ہے اور اسلام میں اس کی کوئی گنجائش نہیں، مگر ایک شخص کو ہوکا (شدید خواہش) اٹھا، اس نے جوا کھیلنے کا ارادہ ظاہر کیا اور اس کی دوسرے کو دعوت دی تو نبی ﷺ نے فرمایا: کچھ صدقہ کرے، اور جب بھی جوا کھیلنے کو جی چاہے صدقہ کرے، یہ علاج بالضد ہے، آدمی مال کی لالچ میں جوا کھیلتا ہے، پس جب دو چار مرتبہ صدقہ کرے گا تو بھول کر بھی جوا کا نام نہیں لے گا۔

لطیفہ: اور بری عادت کا بھوت کس طرح چڑھتا ہے ایک لطیفہ سنیں: ایک لالہ جی ستر سال کی عمر میں مسلمان ہوئے، سچے پکے مسلمان ہوئے، مگر جب صبح آنکھ کھلتی تو بڑبڑاتے: رام، رام، رام، رام لوگوں نے مسجد کے امام صاحب سے شکایت کی کہ عبدالکریم اب بھی رام رام کرتا ہے، مولانا صاحب نے اس کو بلا کر سمجھایا تو کہنے لگا: حضرت جی! ستر برس کا رام دل میں بیٹھا ہوا: نکلتے نکلتے تو نکلے گا! ایک دم تھوڑے نکل جائے گا!

[٥-] بَابٌ: لَا يَحْلِفُ بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى وَلَا بِالطَّوَاغِيْتِ

[٦٦٥٠-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ حَلَفَ فَقَالَ فِي حَلِفِهِ: بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى، فَلْيَقُلْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهِ: تَعَالَ أُقَامِرْكَ، فَلْيَتَصَدَّقْ"

[راجع: ٤٨٦٠]

بَابُ مَنْ حَلَفَ عَلَى الشَّيْئِ وَإِنْ لَمْ يُحَلَّفْ

کسی بات پر قسم کھانا، اگرچہ وہ قسم نہ کھلایا گیا ہو

بے ضرورت اور بکثرت قسم کھانا تو برا ہے، اس سے اللہ کے نام کی عظمت دل میں باقی نہیں رہتی، مگر بوقتِ ضرورت تاکید کلام کے لئے قسم کھانا جائز ہے، اگرچہ کسی نے قسم کا مطالبہ نہ کیا ہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں قسمیں کھائی ہیں، اور نبی ﷺ نے بھی، باب میں حدیث ہے، نبی ﷺ نے جب سونے کی انگوٹھی اتار پھینکی تو فرمایا: ''بخدا! میں اس کو کبھی نہیں پہنوں گا'' چنانچہ صحابہ نے بھی فوراً اپنی انگوٹھیاں نکال دیں، وہ سمجھ گئے کہ حرمت قطعی اور دائمی ہے ـــــ اور نگینہ ہتھیلی کی

طرف رکھنا بالقصد تھا۔

[٦-] بَابُ مَنْ حَلَفَ عَلٰى الشَّيْئِ وَإِنْ لَمْ يُحَلَّفْ

[٦٦٥١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اصْطَنَعَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ وَكَانَ يَلْبَسُهُ، فَيَجْعَلُ فَصَّهُ فِي بَاطِنِ كَفِّهِ، فَصَنَعَ النَّاسُ، ثُمَّ إِنَّهُ جَلَسَ عَلٰى الْمِنْبَرِ فَنَزَعَهُ، فَقَالَ: "إِنِّيْ كُنْتُ أَلْبَسُ هٰذَا الْخَاتَمَ وَأَجْعَلُ فَصَّهُ مِنْ دَاخِلٍ" فَرَمٰى بِهِ ثُمَّ قَالَ: "وَاللّٰهِ لَا أَلْبَسُهُ أَبَدًا" فَنَبَذَ النَّاسُ خَوَاتِيْمَهُمْ. [راجع: ٥٨٦٥]

بَابُ مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ سِوَى الْإِسْلَامِ

جس نے اسلام کے علاوہ کسی مذہب کی قسم کھائی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جس نے مذہبِ اسلام کے علاوہ (کسی دھرم) کی قسم کھائی تو وہ ویسا ہی ہے جیسا اس نے کہا، اور جس نے خود کو مار ڈالا کسی چیز سے تو وہ اس کے ذریعہ دوزخ میں سزا دیا جائے گا، اور مسلمان پر لعنت بھیجنا اس کو جان سے مار ڈالنے کی طرح ہے، اور جس نے کسی مسلمان پر کفر کا الزام لگایا تو وہ (بھی) اس کو جان سے مار ڈالنے کی طرح ہے"

تشریح: اگر کوئی شخص قسم کھائے کہ اگر اس نے فلاں کام کیا ہو تو وہ یہودی یا ہندو ہے، اور وہ جھوٹا ہو تو وہ یہودی یا ہندو ہوگیا، یہ ارشاد از قبیل وعید ہے یعنی ایسی قسم کھانا سخت کبیرہ گناہ ہے، مگر وہ شخص مرتد نہیں ہوگا، کیونکہ گذشتہ باب میں جو حدیث گذری ہے اس میں تجدید ایمان وتجدید نکاح کا حکم نہیں دیا، امام بخاری رحمہ اللہ نے باب کے شروع میں یہی بات بیان کی ہے ــــــ اور اگر کوئی آئندہ کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی ایسی قسم کھائے، پھر اس کی خلاف ورزی کرے تو جن حضرات (مالک وشافعی) کے نزدیک معصیت کی نذر منعقد نہیں ہوتی، ان کے نزدیک کوئی کفارہ نہیں، اور احناف وحنابلہ کے نزدیک ایسی قسم کھانے میں کفارہ واجب ہوگا، کیونکہ یہ حرام کو حلال کرنا ہے، جو بہ حکم یمین ہے۔

[٧-] بَابُ مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ سِوَى الْإِسْلَامِ

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ حَلَفَ بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰى فَلْيَقُلْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ" وَلَمْ يَنْسُبْهُ إِلٰى الْكُفْرِ.

[٦٦٥٢-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ مِلَّةِ الْإِسْلَامِ فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْئٍ عُذِّبَ بِهِ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ رَمٰى مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ" [راجع: ١٣٦٣]

بَابٌ: لَايَقُوْلُ: مَاشَاءَ اللّٰهُ وَشِئْتَ وَهَلْ يَقُوْلُ: أَنَا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ؟

اور نہ کہے: جواللہ اور میں/آپ چاہیں، اور کیا کہہ سکتا ہے: میرے لئے اللہ کا پھر آپ کا سہارا ہے؟

واو: دو چیزوں کو اکٹھا کرنے کے لئے ہے اور ثم الگ الگ کرنے کے لئے، چنانچہ حدیث میں ہے: ''ہرگز نہ کہے تم میں سے کوئی: ''جو اللہ چاہیں اور فلاں چاہے'' لیکن چاہئے کہ کہے: ''جو اللہ چاہیں پھر فلاں چاہے'' —— اور حدیث میں کوڑھی، گنجے اور اندھے کے واقعہ میں ہے: فرشتہ نے کوڑھی سے کہا: میری رسیاں ٹوٹ گئیں (اسباب سفر نہیں رہے) پس میں گھر نہیں پہنچ سکتا، مگر اللہ کے سہارے پھر آپ کے سہارے یعنی آپ میری مدد کریں۔ معلوم ہوا کہ ثم لاکر کہہ سکتے ہیں، واو کے ذریعہ نہیں۔ یہ ادب کے خلاف ہے۔

[۸-] بَابٌ: لَايَقُوْلُ: مَاشَاءَ اللّٰهُ وَشِئْتَ وَهَلْ يَقُوْلُ: أَنَا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ؟

[٦٦٥٣-] وَقَالَ عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ عَمْرَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّـهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:'' إِنَّ ثَلاَثَةً فِيْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَبْتَلِيَهُمْ، فَبَعَثَ مَلَكًا، فَأَتَى الْأَبْرَصَ، فَقَالَ: تَقَطَّعَتْ بِيَ الْحِبَالُ، فَلاَ بَلاَغَ لِيْ إِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ'' فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. [راجع: ٣٤٦٤]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَأَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ﴾

زور لگا کر اللہ کی قسم کھانا

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص دوسرے کے فعل پر قسم کھائے تو قسم نہیں ہوتی، چاہے زور لگا کر کھائے، کیونکہ دوسرے پر آدمی کا اختیار نہیں ہوتا، پس دوسرے شخص پر قسم کھانے والے کی مقصد برآری بھی واجب نہیں، ہاں مستحب ہے کہ قسم دینے والے کی مراد پوری کرے، اگر کوئی مانع نہ ہو، ورنہ مستحب بھی نہیں، آگے حدیث (۷۰۴۶) آرہی ہے، ایک شخص نے خواب بیان کیا، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اس کی تعبیر دینے دیجئے! آپؐ نے موقع دیا، انھوں نے تعبیر دی، پھر پوچھا: میں نے تعبیر صحیح دی؟ آپؐ نے فرمایا: ''کچھ صحیح دی، کچھ چوک گئے'' صدیقؓ نے کہا: بخدا! آپؐ مجھے ضرور بتائیں کہ مجھ سے کیا چوک ہوگئی؟ آپؐ نے فرمایا: ''قسم مت دو!'' —— یہ صدیق رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے فعل پر قسم کھائی، اور نبی ﷺ نے کسی مصلحت سے ان کی قسم کو نیک نہیں بنایا —— ورنہ حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث میں قسم دینے والے کو نیک بنانے کا حکم ہے یعنی قسم دینے والے کی بات مان لینی چاہئے، جیسے نبی ﷺ کے ایک نواسے کا انتقال ہونے لگا، صاحبزادی نے قسم دے کر آپؐ کو بلایا تو آپ تشریف لے گئے، پس ان روایات کے مجموعہ سے

استحباب اور عدم وجوب ثابت ہوا۔

[۹-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَأَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ﴾ [الأنعام: ۱۰۹]

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَوَ اللّٰهِ! يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! لَتُحَدِّثَنِّى بِالَّذِىْ أَخْطَأْتُ فِى الرُّؤْيَا، قَالَ: "لاَ تُقْسِمْ"

[٦٦٥٤-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، ح: قَالَ: وَحَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: أَمَرَنَا النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم بِإِبْرَارِ الْمُقْسِمِ. [راجع: ۱۲۳۹]

[٦٦٥٥-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُثْمَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ أُسَامَةَ: أَنَّ ابْنَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَرْسَلَتْ إِلَيْهِ وَمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أُسَامَةُ وَسَعْدٌ وَأُبَىٌّ أَوْ: أُبَىٌّ، أَنَّ ابْنِىْ قَدِ احْتُضِرَ فَاشْهَدْنَا، فَأَرْسَلَ يَقْرَأُ السَّلاَمَ وَيَقُوْلُ: "إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَمَا أَعْطَى، وَكُلُّ شَيْئٍ عِنْدَهُ مُسَمًّى، فَلْتَصْبِرْ وَتَحْتَسِبْ" فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ تُقْسِمُ عَلَيْهِ، فَقَامَ وَقُمْنَا مَعَهُ، فَلَمَّا قَعَدَ رُفِعَ إِلَيْهِ، فَأَقْعَدَهُ فِى حَجْرِهِ وَنَفْسُ الصَّبِىِّ تَقَعْقَعُ، فَفَاضَتْ عَيْنَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ سَعْدٌ: مَا هٰذَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: "هٰذِهِ رَحْمَةٌ يَضَعُهَا اللّٰهُ فِىْ قُلُوْبِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ، وَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ" [راجع: ۱۲۸۴]

وضاحت: باب کی آیت دو جگہ (الانعام آیت ۱۰۹ سورۃ النور آیت ۵۳) آئی ہے، پہلی جگہ بعد میں کفار کا قول ہے، اور دوسری جگہ منافقین کا، مگر باب میں دونوں مقامات کے مضامین مقصود نہیں، بلکہ امام بخاری رحمہ اللہ نے آیت کی لاگ رکھ کر اپنی بات کہی ہے، ان کی بات سمجھنے کے لئے باب کی حدیثوں کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے، میں نے باب کی حدیثوں کے پیش نظر امام صاحب کا مقصد متعین کیا ہے۔

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۳: ۱۵۷) میں آچکی ہے: "جس کسی مسلمان کے تین بچے فوت ہوجائیں وہ جہنم میں نہیں جائے گا، مگر قسم کھولنے کے طور پر" —— سورۃ مریم کی (آیات ۷۱ و ۷۲) ہیں: ﴿وَإِنْ مِّنْكُمْ إِلاَّ وَارِدُهَا، كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ۝ ثُمَّ نُنَجِّى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا، وَنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا﴾: اور تم میں سے کوئی نہیں مگر وہ جہنم میں اترنے والا ہے، ہے یہ بات تیرے پروردگار پر لازم طے شدہ! پھر ہم ان کو نجات دیں گے جو تقوی شعار رہے، اور ہم اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنے والوں کو دوزخ میں گھٹنوں کے بل پڑا ہوا چھوڑ دیں گے —— یہ **كان على ربك حتما مقضيا**: گویا اللہ تعالیٰ نے قسم کھائی، کیونکہ قسم کا حاصل یہی ہے کہ یہ کام ضرور کرنا ہے، اور یہ قسم غیر (بندوں) کے فعل (ورود)

پر کھائی ہے، پس بندوں کا اس میں اتر نا قسم کو نیک بنانا ہے، جو مستحب ہے، اور اس کی صورت یہ تجویز کی ہے کہ جہنم پر اوور برج (Over Bridge) بنایا جائے گا، جس سے جنتی گذر کر جنت میں پہنچ جائیں گے، اور عصاتِ مؤمنین چند روز حوالات میں رہ جائیں گے، اور کفار اس کا ایندھن بن جائیں گے۔

[٦٦٥٦-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَ يَمُوْتُ لِأَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ثَلاَ ثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ تَمَسُّهُ النَّارُ، إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ"[راجع: ١٢٥١]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۹:۵۷۷) میں آچکی ہے، وہاں حل لغات ہے۔ نبی ﷺ نے پوچھا: ''کیا میں تم کو جنتی نہ بتلاؤں؟ (وہ) ہر کمزور، کمزور گردانا ہوا ہے، اگر اللہ پر قسم کھالے تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کی قسم پوری کریں (اور اللہ کی صفات بندوں کو اپنانی چاہئیں، اسی لئے إبرارُ المُقسم مستحب ہے) اور کیا میں تمہیں دوزخی نہ بتلاؤں؟ وہ ہر اکھڑ مزاج، اکڑ کر چلنے والا، گھمنڈی ہے!''

[٦٦٥٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلٰى أَهْلِ الْجَنَّةِ؟ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ، لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ، وَأَهْلِ النَّارِ كُلُّ جَوَّاظٍ عُتُلٍّ مُسْتَكْبِرٍ"
[راجع: ٤٩١٨]

بَابٌ: إِذَا قَالَ: أَشْهَدُ بِاللّٰهِ، أَوْ شَهِدْتُ بِاللّٰهِ

اگر کوئی أشهد باللّٰہ یا شهدت باللّٰہ کہے

امام صاحب نے إذا کا جواب ذکر نہیں کیا کہ قسم ہوگی یا نہیں؟ کیونکہ باب کی حدیث سے کوئی بات سمجھ میں نہیں آتی، اور حاشیہ میں علماء کے پانچ اقوال لکھے ہیں، درحقیقت یہ عربی معاشرہ کا مسئلہ ہے، اردو ترجمہ سے مسئلہ طے نہیں ہوسکتا، ابراہیم نخعی، ابوحنیفہ اور ثوری رحمہم اللہ کے نزدیک باب میں مذکور لفظوں سے ماضی کی کوئی جھوٹی بات بیان کی تو وہ یمین غموس ہوگی، اور مستقبل میں کسی کے کام کرنے/ نہ کرنے کی بات کہی تو قسم ہوگی، پھر خلاف ورزی کرے گا تو کفارہ واجب ہوگا۔

حدیث: تحفۃ القاری (۶:۵۱) میں گذری ہے۔ قرون ثلاثہ کے بعد ایسے لوگ ہونگے جن کی گواہی ان کی قسم سے آگے بڑھے گی، اور ان کی قسم ان کی گواہی سے آگے بڑھے گی یعنی قسمیں بھی جھوٹی کھائیں گے، اور گواہیاں بھی جھوٹی دیں گے، نہ ان کو قسمیں کھانے میں باک ہوگا نہ جھوٹی گواہی دینے میں، اس حدیث سے باب میں مذکور مسئلہ کا کوئی صریح حکم نہیں نکلتا

—— البتہ ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں: اگر ہم بچپن میں نشهد بالله یا عهدُ الله کذا کہہ کر قسمیں کھاتے تھے تو ہمارے بڑے ہماری پٹائی کرتے تھے، اس سے معلوم ہوا کہ ان لفظوں سے قسم ہوجاتی ہے۔

[۱۰-] بَابٌ: إِذَا قَالَ: أَشْهَدُ بِاللّٰهِ، أَوْ شَهِدْتُ بِاللّٰهِ

[۶۶۵۸-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: " قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَجِيْءُ قَوْمٌ تَسْبِقُ شَهَادَةُ أَحَدِهِمْ يَمِيْنَهُ، وَيَمِيْنُهُ شَهَادَتَهُ" قَالَ إِبْرَاهِيْمُ: وَكَانَ أَصْحَابُنَا يَنْهَوْنَا، وَنَحْنُ غِلْمَانٌ، أَنْ نَحْلِفَ بِالشَّهَادَةِ وَالْعَهْدِ. [راجع: ۲۶۵۲]

بَابُ عَهْدِ اللّٰهِ

عهد الله کا بیان

اگر کوئی کہے: عَلَيَّ عهدُ اللّٰه لَأَفْعَلَنَّ كذا: میرے ذمہ اللہ کا پیمان ہے کہ میں ایسا ضرور کروں گا: تو بے نیت بھی تین اماموں کے نزدیک قسم ہوجائے گی، اور امام شافعیؒ کے نزدیک: نیت ہوگی تو قسم ہوگی، اور حدیث پہلے گذری ہے اور استدلال آیت سے ہے، آیت میں عطف تفسیری ہے، عهد الله اور أیمان ایک ہیں۔

[۱۱-] بَابُ عَهْدِ اللّٰهِ

[۶۶۵۹-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، وَمَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم: " مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ كَاذِبَةٍ، لِيَقْطَعَ بِهَا مَالَ رَجُلٍ مُسْلِمٍ أَوْ قَالَ: أَخِيْهِ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقَهُ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ [آلِ عمران: ۷۷] [راجع: ۲۳۵۶]

[۶۶۶۰-] قَالَ سُلَيْمَانُ فِيْ حَدِيْثِهِ: فَمَرَّ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ فَقَالَ: مَا يُحَدِّثُكُمْ عَبْدُ اللّٰهِ؟ قَالُوْا: لَهُ، فَقَالَ الْأَشْعَثُ: نَزَلَتْ فِيَّ، وَفِيْ صَاحِبٍ لِيْ، فِيْ بِئْرٍ كَانَتْ بَيْنَنَا. [راجع: ۲۳۵۷]

بَابُ الْحَلْفِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَصِفَاتِهِ وَكَلَامِهِ

اللہ کی عزت، صفات اور کلام کی قسم کھانا

عزت: طاقت وغلبہ اور بڑائی، صفت: اللہ کی خوبی (جس کی قسم کھائی جاتی ہو) اور اللہ کی صفتِ کلام کی قسم درست ہے۔

۱- آگے ابن عباسؓ سے نبی ﷺ کا یہ تعوذ مروی ہے (حدیث ۷۳۸۳): أعوذ بعزتك: میں آپ کی عزت کی پناہ چاہتا ہوں (حاشیہ میں ہے کہ جب صفتِ عزت کی پناہ طلب کرنا جائز ہے تو اس کی قسم کھانا بھی جائز ہے)

۲- ابھی (حدیث ۶۵۷۳) گذری ہے: جہنم سے رستگاری چاہنے والا بندہ کہے گا: ''آپ کی عزت کی قسم! میں اُس کے علاوہ نہیں مانگوں گا!'' قال أبو سعید: اسی حدیث ابی ہریرہ کا تتمہ ہے۔

۳- پہلے (حدیث ۲۷۹) آئی ہے: حضرت ایوب علیہ السلام نے قسم کھائی: ''آپ کی عزت کی قسم! میں آپ کی برکت سے بے نیاز نہیں ہوسکتا!''

حدیث: جب جہنم بھرنے کا نام نہیں لے گی تو اللہ تعالیٰ اس میں اپنا قدم رکھیں گے، پس وہ کہے گی: بس! بس! آپ کی عزت کی قسم۔

ملحوظہ: دیگر صفات اور صفتِ کلام کا حکم صفتِ عزت سے اخذ کریں گے۔

[۱۲-] بَابُ الْحَلْفِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَصِفَاتِهِ وَكَلاَمِهِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "أَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ"

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "يَبْقَى رَجُلٌ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ اصْرِفْ وَجْهِيْ عَنِ النَّارِ، لاَ وَعِزَّتِكَ لاَ أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا" قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "قَالَ اللّٰهُ: لَكَ ذٰلِكَ وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهِ"

[۳-] وَقَالَ أَيُّوْبُ: وَعِزَّتِكَ لاَغِنَى بِيْ عَنْ بَرَكَتِكَ.

[۶۶۶۱-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لاَتَزَالُ جَهَنَّمُ تَقُوْلُ: هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ؟ حَتَّى يَضَعَ رَبُّ الْعِزَّةِ فِيْهَا قَدَمَهُ، فَتَقُوْلُ قَطْ قَطْ وَعَزَّتِكَ! وَيُزْوَى بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ" رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ [راجع: ۴۸۴۸]

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: لَعَمْرُ اللّٰهِ

اللہ کی بقاؤ دوام کی قسم!

یہ ذیلی باب ہے، اللہ کی بقاؤ دوام: حیات کی طرح اللہ کی صفت ہے، پس اس کی قسم کھانا درست ہے، حدیثِ افک میں حضرت اُسیدؓ نے یہ قسم کھائی ہے، اور سورۃ الحجر (آیت ۷۲) میں نبی ﷺ کی زندگی کی قسم کھائی گئی ہے، یہ صورتِ قسم ہے، حقیقت میں قسم نہیں، پوری آیت یہ ہے: ﴿لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ﴾: آپؐ کی زندگی کی قسم! وہ لوگ اپنی مدہوشی میں بالکل بہکے ہوئے ہیں! —— قرآن میں جو غیر اللہ کی قسمیں ہیں وہ شواہد و دلائل ہیں، ان کو قسم کی صورت میں

پیش کیا گیا ہے، یعنی آپ کی زندگی کے تجربات شاہد ہیں کہ جب کوئی قوم مستی میں مبتلا ہوجاتی ہے تو کسی کی نہیں سنتی، مکہ والے بھی آپ کی نہیں سن رہے ہے، اسی طرح سدوم والوں نے بھی لوط علیہ السلام کی نہیں سنی ـــــ امام صاحب ابن عباسؓ کا قول اس لئے لائے ہیں کہ جب نبی ﷺ کی حیات کی قسم کھائی جاسکتی ہے تو اللہ کی حیات کی قسم بھی بدرجہ اَولیٰ کھائی جاسکتی ہے۔

[۱۳-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: لَعَمْرُ اللّٰهِ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿لَعَمْرُكَ﴾: لَعَيْشُكَ.

[۶۶۶۲-] حدثنا الْأُوَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ح: وَحَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَا قَالُوْا، فَبَرَّأَهَا اللّٰهُ، وَكُلٌّ حَدَّثَنِيْ طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيْثِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ، فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ: لَعَمْرُ اللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهُ. [راجع: ۲۵۹۳]

بَابٌ: ﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ﴾ الآية

لغو قسم میں مؤاخذہ نہیں

سورۃ البقرۃ کی (آیت ۲۲۵) ہے: ''نہیں پکڑیں گے تم کو اللہ تعالیٰ تمہاری لغو قسموں میں، ہاں پکڑیں گے تم کو ان قسموں میں جو تمہارے دلوں نے کمائی ہیں، اور اللہ بخشنے والے برد بار ہیں'' ـــــ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: آدمی نہیں بخدا! اور کیوں نہیں! بخدا کہتا ہے اس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی یعنی لغو قسم وہ ہے جو بے ساختہ اور ناخواستہ منہ سے نکل جائے، قسم کا قصد نہ ہو، ایسی قسم کا نہ کفارہ ہے، نہ اس میں گناہ ہے، البتہ بالقصد واللہ اور باللہ کہہ کر جھوٹی قسم کھائی تو وہ غموس ہے، آخرت میں اس پر پکڑ ہوگی، یا آئندہ کسی بات کے کرنے یا نہ کرنے کی بات کہی تو وہ منعقدہ ہے، پس اگر اس کی خلاف ورزی کی تو کفارہ لازم ہوگا۔

[۱۴-] بَابٌ: ﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ﴾

[۶۶۶۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ: ﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ﴾ قَالَتْ: أُنْزِلَتْ فِيْ قَوْلِهِ: لَا وَاللّٰهِ، وَبَلٰى وَاللّٰهِ. [راجع: ۴۶۱۳]

بَابٌ: إِذَا حَنِثَ نَاسِيًا فِي الْأَيْمَانِ

اگر بھول سے قسم ٹوٹ جائے

حنفیہ، مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک: خواہ بھول سے قسم ٹوٹے یا زبردستی تڑائی جائے: کفارہ واجب ہوگا، کیونکہ اَیمان میں جدّ وہزل برابر ہیں، پس عمد ونسیان اور رضا وَاکراہ بھی برابر ہونگے۔ اور حضرت امام شافعیؒ اور حضرت امام بخاریؒ کے نزدیک بھول سے قسم ٹوٹ جائے تو کوئی کفارہ نہیں —— مگر حضرت نے باب میں إذا کا جواب ذکر نہیں کیا، کیونکہ کوئی صریح دلیل نہیں —— اور حضرت نے باب میں دو آیتیں اور گیارہ حدیثیں لکھی ہیں، پس دیکھنا ہے کہ ان سے مدعیٰ ثابت ہوتا ہے یا نہیں؟

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ الاحزاب (آیت ۵) میں ہے کہ لے پالکوں کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کیا کرو، یہ اللہ کے نزدیک راستی کی بات ہے، اور اگر تم کو ان کے باپوں کا پتہ نہ ہو تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور تمہارے آزاد کردہ ہیں (پس أخو فلان یا مولیٰ فلان کہہ کر پکارو) اور تم سے چوک ہوجائے تو اس کی وجہ سے تم پر کچھ گناہ نہ ہوگا، ہاں جو تمہارے دل بالقصد (غلط نسبت) کریں (ان میں گناہ ہوگا) —— حضرت امام رحمہ اللہ نے بھول چوک کو ایک حکم میں رکھا ہے، پس جب قسم بھول سے ٹوٹ گئی تو کوئی گناہ نہیں، پھر کفارہ کس بات کا؟

آیتِ کریمہ (۲): سورۃ الکہف (آیت ۷۳) میں ہے: موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضر سے کہا: آپ میری بھول پر میری گرفت نہ کریں، چنانچہ حضرت خضر نے درگذر کیا، معلوم ہوا کہ بھول قابلِ معافی ہے۔

ملحوظہ: یہ دونوں غیر باب کی دلیلیں ہیں، اور کسی جگہ بھول چوک کا ایک حکم ہو تو ضروری نہیں کہ ہر جگہ ایک حکم ہو، اور کسی جگہ بھول قابل درگذر ہو تو ضروری نہیں کہ ہر جگہ وہ قابل درگذر ہو، بھول کر کھانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، اور چوک کر کھانے پینے سے ٹوٹ جاتا ہے، اور روزے میں نسیان قابل درگذر ہے، کیونکہ ہیئتِ مذکرہ نہیں، اور نماز میں قابل درگذر نہیں کہ ہیئتِ مذکرہ ہے۔

حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۵: ۵۳۵) میں آئی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے درگذر فرمایا میرے فائدے کے لئے میری امت کی اُن باتوں سے جس کے دل میں وسوسے آتے ہیں (کھچڑا پکتا ہے) جب تک وہ ان پر عمل نہ کرے یا منہ سے ان کا تلفظ نہ کرے'' —— وسوسہ اور ہے اور بھول اور، ایک کو دوسرے کے حکم میں کیسے رکھ سکتے ہیں، وسوسہ میں قول وفعل کا وجود نہیں ہوتا، اور بھول میں وجود ہوتا ہے۔

[۱۵-] بَابٌ: إِذَا حَنِثَ نَاسِيًا فِي الْأَيْمَانِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَا أَخْطَأْتُمْ بِهِ﴾ [الأحزاب: ۵]

[۲-] وَقَالَ: ﴿لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ﴾ [الکهف: ۷۳]

[٦٦٦٤-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُرَارَةُ بْنُ أَوْفَى، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، يَرْفَعُهُ قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِأُمَّتِيْ عَمَّا وَسْوَسَتْ أَوْ: حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسُهَا، مَالَمْ تَعْمَلْ بِهِ أَوْ تَكَلَّمَ" [راجع: ٢٥٢٨]

آئندہ دوحدیثیں: حجۃ الوداع میں منیٰ کے افعال میں بعض حضرات سے ترتیب غلط ہوگئی تو ان سے درگذر کیا گیا، ایسا بھول کی وجہ سے ہوا تھا، پس نسیان سے ہر جگہ درگذر کیا جائے گا ـــــ حالانکہ وہ تشریع کے وقت کی ترخیص تھی، اوراس کی دلیل یہ ہے کہ یہاں دوسری حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما کی درگذر کرنے کی ہے، اور ابن ابی شیبہ میں سند صحیح سے ابن عباسؓ سے وجوب دم کا فتویٰ مروی ہے۔

[٦٦٦٥-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ- أَوْ مُحَمَّدٌ عَنْهُ - عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ شِهَابٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ عِيْسَى بْنُ طَلْحَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ حَدَّثَهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَمَا هُوَ يَخْطُبُ يَوْمَ النَّحْرِ إِذْ قَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: كُنْتُ أَحْسِبُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَذَا وَكَذَا قَبْلَ كَذَا وَكَذَا، ثُمَّ قَامَ آخَرُ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كُنْتُ أَحْسِبُ كَذَا وَكَذَا قَبْلَ كَذَا وَكَذَا لِهٰؤُلَآءِ الثَّلَاثِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " افْعَلْ وَلَا حَرَجَ" لَهُنَّ كُلِّهِنَّ يَوْمَئِذٍ، فَمَا سُئِلَ يَوْمَئِذٍ عَنْ شَيْئٍ إِلَّا قَالَ: "افْعَلْ وَلَا حَرَجَ" [راجع: ٨٣]

[٦٦٦٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: زُرْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ، قَالَ: " لَا حَرَجَ" قَالَ آخَرُ: حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ، قَالَ: " لَا حَرَجَ" قَالَ آخَرُ: ذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ، قَالَ: " لَا حَرَجَ" [راجع: ٨٤]

آئندہ حدیث: اس بندے کی ہے جس نے تعدیل ارکان کے بغیر نماز پڑھی تھی، اس سے بار بار نماز لوٹوائی گئی کہ شاید اسے تنبہ ہوجائے، جب نہیں ہوا تو اسے تعدیل کی تعلیم دی ـــــ حاشیہ میں ہے کہ اس میں یمین کا کوئی ذکر نہیں (نہ کسی چیز سے درگذر کرنے کا ذکر ہے) پھر استدلال کیسا؟

[٦٦٦٧-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يُصَلِّيْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَجَاءَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ: " ارْجِعْ فَصَلِّ، فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَرَجَعَ فَصَلَّى، ثُمَّ سَلَّمَ، فَقَالَ: " وَعَلَيْكَ، ارْجِعْ فَصَلِّ، فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" قَالَ فِي الثَّالِثَةِ: فَأَعْلِمْنِيْ، قَالَ: " إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلَاةِ، فَأَسْبِغِ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ، وَاقْرَأْ بِمَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ

رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ رَأْسَكَ حَتّٰى تَعْتَدِلَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَسْتَوِىَ وَتَطْمَئِنَّ جَالِسًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَسْتَوِىَ قَائِمًا، ثُمَّ افْعَلْ ذٰلِكَ فِى صَلاَتِكَ كُلِّهَا" [راجع: ۷۵۷ و ٦٢٥٢]

آئندہ حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے والد حضرت یمانؓ کا غزوۂ احد میں مسلمانوں کے ہاتھوں قتل ہوا، قتل کرنے والوں پر نبی ﷺ نے کوئی نکیر نہیں کی، پس جہل کو نسیان کی طرح قرار دیا —— حالانکہ اس واقعہ میں نبی ﷺ نے دیت پیش کی تھی، مگر حضرت حذیفہؓ نے معاف کردی تھی، پس یہ گویا نکیر ہے۔

[٦٦٦٨-] حَدَّثَنِىْ فَرْوَةُ بْنُ أَبِى الْمَغْرَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: هُزِمَ الْمُشْرِكُوْنَ يَوْمَ أُحُدٍ هَزِيْمَةً تُعْرَفُ فِيْهِمْ، فَصَاحَ إِبْلِيْسُ: أَىْ عِبَادَ اللّٰهِ أُخْرَاكُمْ، فَرَجَعَتْ أُوْلاَهُمْ فَاجْتَلَدَتْ هِىَ وَأُخْرَاهُمْ، فَنَظَرَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ فَإِذَا هُوَ بِأَبِيْهِ، فَقَالَ: أَبِىْ! أَبِىْ! فَوَ اللّٰهِ مَا انْحَجَزُوْا حَتّٰى قَتَلُوْهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ، قَالَ عُرْوَةُ: فَوَ اللّٰهِ مَا زَالَتْ فِىْ حُذَيْفَةَ مِنْهَا بَقِيَّةٌ حَتّٰى لَقِىَ اللّٰهَ. [راجع: ۳۲۹۰]

اس کے بعد یہ روایت ہے کہ بھول کر کھانے پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، پس بھول ہر جگہ معاف ہونی چاہئے —— حالانکہ حالت مذکرہ اور غیر مذکرہ میں بھول کے احکام مختلف ہیں، اور ایمان وبیوع کے احکام بھی مختلف ہیں۔

[٦٦٦٩-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَوْفٌ، عَنْ خِلاَسٍ، وَمُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه سولم: " مَنْ أَكَلَ نَاسِيًا وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، فَإِنَّمَا أَطْعَمَهُ اللّٰهُ وَسَقَاهُ"[راجع: ۱۹۳۳]

اس کے بعد دو روایتیں ہیں کہ رباعی نماز میں پہلا قعدہ نبی ﷺ نے بھول کر چھوڑ دیا یا دو رکعت پر سلام پھیر دیا تو نماز باطل نہیں ہوئی، آخر میں سجدہ سہو سے اس کی تلافی کردی گئی —— پس بھول معاف کہاں ہوئی؟ سجدۂ سہو سے اس کی تلافی کی، اسی طرح بھول سے قسم ٹوٹ جائے تو کفارہ سے اس کی تلافی کی جائے۔

[٦٦٧٠-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِىْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِىْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُحَيْنَةَ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَامَ فِى الرَّكْعَتَيْنِ الْأُوْلَيَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَجْلِسَ، فَمَضَى فِى صَلاَتِهِ، فَلَمَّا قَضَى صَلاَتَهُ انْتَظَرَ النَّاسُ تَسْلِيْمَهُ، فَكَبَّرَ فَسَجَدَ قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَسَلَّمَ. [راجع: ۸۲۹]

[٦٦٧١-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، سَمِعَ عَبْدَ الْعَزِيْزِ بْنَ عَبْدِ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى بِهِمْ صَلاَةَ الظُّهْرِ، فَزَادَ أَوْ نَقَصَ مِنْهَا- قَالَ مَنْصُوْرٌ: لاَ أَدْرِيْ إِبْرَاهِيْمُ وَهِمَ أَمْ عَلْقَمَةُ - قَالَ: قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَقَصُرَتِ الصَّلاَةُ أَمْ نَسِيْتَ؟ قَالَ:" وَمَا ذَاكَ؟" قَالُوْا: صَلَّيْتَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَسَجَدَ بِهِمْ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: "هَاتَانِ السَّجْدَتَانِ لِمَنْ لاَ يَدْرِيْ: زَادَ فِي صَلاَ تِهِ أَوْ نَقَصَ، فَتَحَرَّى الصَّوَابَ، فَيُتِمُّ مَا بَقِيَ، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ"[راجع: ٤٠١]

اس کے بعد روایت ہے کہ حضرت خضر نے موسیٰ علیہ السلام نے جو بھول کر اعتراض کیا تھا: اس سے درگذر کیا، پس ہر بھول معاف ہونی چاہئے ـــــ واہ! جتنے گھنے اُتنے بھلے! (تعداد کی زیادتی اچھی ہوتی ہے)

[٦٦٧٢-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ ابْنُ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ:﴿ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلاَ تُرْهِقْنِيْ مِنْ أَمْرِيْ عُسْرًا﴾[الكهف: ٧٣] قَالَ: " كَانَتِ الْأُوْلٰى مِنْ مُوْسَى نِسْيَانًا"[راجع: ٧٤]

قلتُ لابن عباس: سعید نے حضرت ابن عباسؓ سے نوف بِکالی کا قول ذکر کیا تھا۔

اس کے بعد کی دو روایتوں میں نماز عید سے پہلے قربانی کرنے کا واقعہ ہے، اور وہ بھی امت کے سامنے مسئلہ آنے سے پہلے کا واقعہ ہے، اور اس سے بھی درگذر نہیں کیا گیا، بلکہ دوسری قربانی کرنے کا حکم دیا۔

[٦٦٧٣-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: كَتَبَ إِلَيَّ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: قَالَ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ: وَكَانَ عِنْدَهُمْ ضَيْفٌ لَهُمْ، فَأَمَرَ أَهْلَهُ أَنْ يَذْبَحُوْا قَبْلَ أَنْ يَرْجِعَ، لِيَأْكُلَ ضَيْفُهُمْ، فَذَبَحُوْا قَبْلَ الصَّلاَ ةِ، فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَهُ أَنْ يُعِيْدَ الذَّبْحَ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! عِنْدِيْ عَنَاقُ جَذَعٍ، عَنَاقُ لَبَنٍ، هِيَ خَيْرٌ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ، وَكَانَ ابْنُ عَوْنٍ يَقِفُ فِي هٰذَا الْمَكَانِ عَنْ حَدِيْثِ الشَّعْبِيِّ، وَيُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ بِمِثْلِ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَيَقِفُ فِيْ هٰذَا الْمَكَانِ وَيَقُوْلُ: لاَ أَدْرِيْ أَبَلَغَتِ الرُّخْصَةُ غَيْرَهُ أَمْ لاَ؟ رَوَاهُ أَيُّوْبُ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٩٥١]

[٦٦٧٤-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا،

قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم صَلّٰى يَوْمَ عِيدٍ ثُمَّ خَطَبَ ثُمَّ قَالَ: ”مَنْ ذَبَحَ فَلْيُبْدِلْ مَكَانَهَا، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ ذَبَحَ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ“[راجع: ۹۸۵]

وضاحت: یہ واقعہ حضرت براء رضی اللہ عنہ کے ماموں ابو بردۃ کا ہے، شاید فیملی ایک ہونے کی وجہ سے حضرت براءؓ نے اس کو اپنی طرف منسوب کیا ہے۔ **قولہ: وکان عندھم ضیف:** ان کے یہاں مہمان تھے، اس لئے انھوں نے گھر والوں سے کہا کہ میں نماز سے لوٹوں اس سے پہلے قربانی کردینا، تاکہ مہمان کھا کر جائیں .... اور ابن عون سے مراد عبداللہ بن عون (مشہور فقیہ) ہیں (فتح) محمد بن عون نہیں، یہ تو متروک راوی ہے............ ابن عون: ایک جگہ عامر شعبیؒ سے مروی روایت سے رک جاتے تھے، پھر یہی حدیث محمد بن سیرین، عن انس بن مالک کی سند سے بیان کرتے تھے، اس میں بھی اس جگہ رک جاتے تھے، البتہ آخر میں حضرت انس رضی اللہ عنہا کا قول لا أدری إلخ ذکر کرتے تھے۔

بَابُ الْيَمِيْنِ الْغَمُوْسِ

جھوٹی قسم کا بیان

یمین لغو: اگر کسی گذشتہ بات پر قسم کھائی، درانحالیکہ اس کے خیال میں ایسا ہی تھا، پھر گمان کے خلاف نکلا، تو وہ یمین لغو ہے، جیسے اس کے خیال میں تھا کہ مہتمم صاحب سفر سے آگئے، چنانچہ اس نے قسم کھا کر کہا کہ مہتمم صاحب آگئے، پھر معلوم ہوا کہ نہیں آئے: تو یہ یمین لغو ہے، اس میں کوئی گناہ ہے نہ کفارہ۔

یمینِ غموس: اور اگر گذشتہ بات پر جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھائی تو وہ یمین غموس ہے، جو اعظم کبائر میں سے ہے، جیسا کہ باب کی حدیث میں ہے، اور دوسری حدیث ہے: **اليمينُ الغموسُ تَذَرُ الديارَ بَلاَقِعَ:** جھوٹی قسم آبادیوں کو ویرانہ بنادیتی ہے ـــــ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اس میں کفارہ واجب ہے، اور دیگر ائمہ کے نزدیک بشمول امام بخاریؒ کفارہ واجب نہیں، وہ کبیرہ گناہ ہے، توبہ لازم ہے۔ غموس کے معنی ہیں: وہ قسم جو گناہ میں ڈبودے، غرق کردے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے خیال میں قرآنِ کریم میں یمین غموس کا ذکر نہیں، اس لئے لمبا راؤنڈ لیا ہے، اور نقضِ عہد کی آیت لکھی ہے، حالانکہ قرآنِ کریم میں اس کا ذکر ہے۔ سورۃ البقرۃ کی (آیت ۲۲۵) ہے: ﴿لاَ يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ﴾: اللہ تعالیٰ تمہاری لغو قسموں پر دارو گیر نہیں کرتے، ہاں جن قسموں کو تمہارے دلوں نے کمایا ہے: ان پر دارو گیر کرتے ہیں ـــــ یمین منعقدہ اور غموس دونوں بالقصد کھائی جاتی ہیں: ایک آئندہ بات پر اور دوسری گذشتہ بات پر، پس آیت دونوں قسموں کو شامل ہے، پھر مؤاخذہ دنیوی بھی ہوتا ہے اور اخروی بھی، دنیوی مواخذہ کفارہ ہے اور اخروی: آخرت کی سزا، یہاں بس اتنی بات ہے ـــــ پھر سورۃ المائدۃ کی (آیت ۸۹) ہے: ﴿لاَيُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ، وَلٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَاعَقَّدْتُّمُ الأَيْمَانَ، فَكَفَّارَتُهُ﴾

الآیة: اللہ تعالیٰ تمہاری لغوقسموں پر داروگیر نہیں کرتے، ہاں ان قسموں پر داروگیر کرتے ہیں جن کو تم نے مستحکم کردیا ہے، پس اس کا کفارہ (الی آخرہ) اس میں صراحت ہے کہ یمینِ منعقدہ میں دنیوی داروگیر ہے، اور وہ کفارہ ہے، پس سورۃ البقرۃ کی آیت میں یمین غموس باقی رہ گئی، اس میں اخروی داروگیر ہے، کیونکہ کفارہ سے اس کا گناہ دُھل نہیں سکتا۔

امام بخاریؒ کی ذکر کردہ آیت: سورۃ النحل کی (آیت ۹۴) ہے: ''اور تم اپنی قسموں کو باہمی فساد کا ذریعہ مت بناؤ یعنی معاہدوں کو مت توڑو، پس پھسل جائے کوئی پاؤں جمنے کے بعد یعنی دشمن بھی نقض عہد کرے، پس تم کو تکلیف بھگتنی پڑے گی راہِ خدا سے مانع بننے کی وجہ سے، اور تم کو بڑا عذاب پہنچے گا یعنی دشمن اسلام سے قریب آنے کے بجائے دور ہوجائے گا، جس کا سبب تم بنوگے، اور سزا پاؤگے ـــــ دَخَل کے معنی ہیں: دَغَل فَصَل اور مکروخیانت کرنا، اسی کا ترجمہ: ''فساد کا ذریعہ'' کیا ہے ـــــ اور نقضِ عہد کا مطلب ہے: تم نے جھوٹی قسمیں کھائی تھیں، پس وہ یمین غموس کے مشابہ ہوئیں، اور ان کا کوئی کفارہ ذکر نہیں کیا: معلوم ہوا کہ یمین غموس میں کفارہ نہیں۔

[۱۶-] بَابُ الْيَمِيْنِ الْغَمُوْسِ

﴿وَلَا تَتَّخِذُوْا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا﴾ إِلَى ﴿عَذَابٌ عَظِيْمٌ﴾ دَخَلًا: مَكْرًا وَخِيَانَةً.

[٦٦٧٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا النَّضْرُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا فِرَاسٌ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْكَبَائِرُ: الإِشْرَاكُ بِاللهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، وَالْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ"[طرفاه: ٦٨٧٠، ٦٩٢٠]

بَابُ قَوْلِ اللهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللهِ وَأَيْمَانِهِمْ﴾ الآية

کورٹ میں جو جھوٹی قسم کھائی جائے وہ یمینِ غموس ہے اور اس میں کفارہ نہیں

یہ تکمیلی باب ہے، ابن بطّال رحمہ اللہ نے باب کا مقصد بیان کیا ہے کہ جمہور کے نزدیک: یمینِ غموس میں کفارہ نہیں، باب میں ذکر کردہ آیات وحدیث میں گناہ اور سزا بیان ہے، کوئی کفارہ ذکر نہیں کیا، اگر کفارہ واجب ہوتا تو ضرور ذکر کیا جاتا۔

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ آل عمران کی (آیت ۷۷) ہے: ''جو لوگ حقیر معاوضہ لیتے ہیں اللہ سے کئے ہوئے پیمان کے بدل اور اپنی قسموں کے بدل یعنی دنیوی مفاد کے لئے جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں: ان کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، اور ان سے اللہ تعالیٰ بات نہیں کریں گے، اور قیامت کے دن ان کی طرف دیکھیں گے نہیں، اور نہ ان کو گناہوں سے پاک کریں گے یعنی ان کے گناہ معاف نہیں کریں گے، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا۔

آیتِ کریمہ (۲): سورۃ البقرۃ کی (آیت ۲۲۴) ہے: ''اور تم اللہ تعالیٰ کو اپنی قسموں کے لئے بہانہ مت بناؤ کہ نیکی

کروگے اور پرہیز گار بنوگے، اور لوگوں کے درمیان اصلاح کروگے'' یعنی جھوٹی قسمیں مت کھاؤ کہ تم یہ اور یہ کام کروگے، جب کسی ماتحت کی پکڑ کی جاتی ہے تو قسم کھاتا ہے کہ بیڑی نہیں پیئے گا، اور اس طرح اللہ کے نام کو آڑ بنا کر سزا سے بچ جاتا ہے، پھر چپکے سے بیڑی پیتا ہے۔

آیتِ کریمہ (۳): سورۃ النحل کی (آیت ۹۵) ہے: ''اور تم لوگ عہد خداوندی کے عوض دنیا کا تھوڑا سا فائدہ حاصل مت کرو'' یعنی جھوٹا عہد مت کرو۔

آیتِ کریمہ (۴): سورۃ النحل کی (آیت ۹۱) ہے: ''اور تم اللہ کے عہد کو پورا کرو جب تم عہد باندھو، اور قسموں کو مت توڑو ان کو مستحکم کرنے کے بعد، درانحالیکہ تم نے اللہ کو اپنا ذمہ دار بھی بنایا ہے، اللہ تعالیٰ کو یقیناً معلوم ہیں جو کام تم کرتے ہو!'' (اس آیت کا تعلق یمین منعقدہ سے ہے)

اور حدیث: میں یمین صبر کا ذکر ہے، صبر کے معنی ہیں: روکنا، کورٹ میں جب مدعیٰ علیہ پر قسم متوجہ ہوتی ہے تو اس کو لامحالہ قسم کھانی پڑتی ہے، یہ قسم اگر جھوٹی کھائی تو وہ آبادیوں کو ویرانہ بنادے گی، اور حدیث میں اس کا کوئی کفارہ مذکور نہیں، معلوم ہوا کہ یمین غموس میں کفارہ نہیں۔

[۱۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾

[۲-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَلاَ تَجْعَلُوْا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّأَيْمَانِكُمْ﴾ الآيَةَ [البقرة: ۲۲٤]

[۳-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَلاَ تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ الآيَة [النحل: ۹۵]

[٤-] وَقَوْلِهِ: ﴿ وَأَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ إِذَا عَاهَدْتُمْ وَلاَ تَنْقُضُوْا الأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا﴾ الآيَةَ [النحل: ۹۱]

[٦٦٧٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ، لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ. [راجع: ۲۳۵٦]

[٦٦٧٧-] فَدَخلَ الأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ، فَقَالَ: مَا حَدَّثَكُمْ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ فَقَالُوْا: كَذَاوَكَذَا، فَقَالَ: فِيَّ أُنْزِلَتْ كَانَتْ لِيْ بِئْرٌ فِيْ أَرْضِ ابْنِ عَمٍّ لِيْ، فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "بَيِّنَتُكَ أَوْ يَمِيْنُهُ" قُلْتُ: إِذًا يَحْلِفُ عَلَيْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ، وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" [راجع: ۲۳۵۷]

وضاحت: کنواں مع زمین کا جھگڑا تھا..........اور چچازاد بھائی یہودی ہوگیا تھا۔

بَابُ الْيَمِيْنِ فِيْمَا لاَ يَمْلِكُ، وَفِي الْمَعْصِيَةِ، وَالْيَمِيْنِ فِي الْغَضَبِ

غیر مملوکہ چیز کی، گناہ کی،اور غصہ میں قسم کھانا

اس باب میں تین باتیں ہیں:

پہلی بات: یمین کو تعلیق اور حلف بھی کہتے ہیں، اگر کوئی غیر مملوک غلام باندی کی آزادی، یا غیر منکوحہ کی طلاق یا غیر مملوکہ چیز کی منت مانے تو بالاتفاق یہ حلف وتعلیق صحیح نہیں، لیکن اگر ملک ونکاح پر معلق کرے تو اختلاف ہے۔امام شافعی اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک تعلیق لغو ہے، ان کے نزدیک تنجیز وتعلیق کا ایک حکم ہے،اور حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک صحیح ہے، ان کے نزدیک تنجیز وتعلیق کا حکم مختلف ہے، یہ مسئلہ پہلے تحفۃ القاری (۲۶۶:۱۰) میں آیا ہے،امام بخاری رحمہ اللہ نہ وہاں اپنے قول کی کوئی دلیل لائے تھے نہ یہاں!

دوسری بات: اگر کوئی گناہ کی قسم کھائے،مثلاً: اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ اگر وہ فلاں کام کرے یا نہ کرے تو زنا کرے/ شراب پیئے/ اپنے بیٹے کی قربانی کرے تو احناف وحنابلہ کے نزدیک ایسی قسم کھاتے ہی کفارہ واجب ہوتا ہے، کیونکہ یہ حرام کو حلال کرنا ہے،اور مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک یہ قسم لغو ہے، پس کوئی کفارہ نہیں،اور امام بخاریؒ کا کیا مسلک ہے یہ بات واضح نہیں، کیونکہ اس کی بھی کوئی دلیل نہیں لائے۔

تیسری بات: غصہ میں کھائی ہوئی قسم معتبر ہے، خلاف ورزی کرے گا تو کفارہ واجب ہوگا،اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اور باب کی تینوں حدیثیں اس کی دلیل ہیں۔

[۱۸-] بَابُ الْيَمِيْنِ فِيْمَا لاَ يَمْلِكُ، وَفِي الْمَعْصِيَةِ، وَالْيَمِيْنِ فِي الْغَضَبِ

[۶۶۷۸-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: أَرْسَلَنِيْ أَصْحَابِيْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَسْأَلُهُ الْحُمْلاَنَ، فَقَالَ:"وَاللهِ لاَ أَحْمِلُكُمْ عَلَى شَيْئٍ" وَافَقْتُهُ وَهُوَ غَضْبَانُ، فَلَمَّا أَتَيْتُهُ قَالَ:" انْطَلِقْ إِلَى أَصْحَابِكَ، فَقُلْ: إِنَّ اللهَ أَوْ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ يَحْمِلُكُمْ"[راجع: ۳۱۳۳]

[۶۶۷۹-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ح: وَحَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، قَالَ: حَدَّثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ الْأَيْلِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدَ اللهِ بْنَ عَبْدِ اللهِ، عَنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَا قَالُوْا،

فبرَّأَهَا اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا– كُلٌّ حَدَّثَنِیْ طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيْثِ – فَأَنْزَلَ اللّٰهُ:﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُ وْا بِالإِفْكِ﴾ الْعَشْرَ الآيَاتِ كُلَّهَا فِیْ بَرَاءَ تِیْ، قَالَ أَبُوْ بَكْرِ الصَّدِّيْقُ – وَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحٍ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ–: وَاللّٰهِ لاَ أُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحٍ شَيْئًا أَبَدًا، بَعْدَ الَّذِیْ قَالَ لِعَائِشَةَ. فَأَنْزَلَ اللّٰهُ:﴿وَلاَ يَأْتَلِ أُوْلُوْا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوْا أُوْلِی الْقُرْبٰى﴾ الآيَة [النور:۲۲] قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: بَلٰى وَاللّٰهِ! إِنِّیْ لأُحِبُّ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِیْ، فَرَجَعَ إِلٰى مِسْطَحٍ النَّفَقَةَ الَّتِیْ كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ، وَقَالَ: وَاللّٰهِ! لاَ أَنْزِعُهَا عَنْهُ أَبَدًا.[راجع: ۲۵۹۳]

[۶۶۸۰–] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَهْدَمٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِیْ مُوْسَى الأَشْعَرِیِّ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِیْ نَفَرٍ مِنَ الأَشْعَرِيِّيْنَ، فَوَافَقْتُهُ وَهُوَ غَضْبَانُ، فَاسْتَحْمَلْنَاهُ، فَحَلَفَ أَنْ لاَ يَحْمِلَنَا، ثُمَّ قَالَ:" وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لاَ أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، إِلَّا أَتَيْتُ الَّذِیْ هُوَ خَيْرٌ وَتَحَلَّلْتُهَا" [راجع: ۳۱۳۳]

بَابٌ: إِذَا قَالَ: وَاللّٰهِ لاَ أَتَكَلَّمُ الْيَوْمَ، فَصَلّٰى، أَوْ قَرَأَ، أَوْ سَبَّحَ، أَوْ كَبَّرَ، أَوْ حَمِدَ، أَوْ هَلَّلَ، فَهُوَ عَلٰى نِيَّتِهِ

قسم کھائی کہ آج بات نہیں کرے گا، پھر نماز پڑھی، قرآن پڑھا، تسبیح پڑھی، تکبیر کہی الحمدللہ کہا یا لا إلٰہ إلا اللہ کہا: تو اس کی نیت کا اعتبار ہے

ایمان میں امام شافعی رحمہ اللہ لفظ کے حقیقی لغوی معنی کا، امام مالک رحمہ اللہ استعمال قرآنی کا، امام احمد رحمہ اللہ حالف کی نیت کا اور احناف عرف کا اعتبار کرتے ہیں، البتہ اگر حالف لفظ کے محتمل معنی کی نیت کرے تو اس کا اعتبار کرتے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ امام احمد رحمہ اللہ کے ساتھ ہیں، اس لئے باب میں فرمایا کہ حالف کی نیت کا اعتبار ہے، اگر اس نے کلام خاص (لوگوں کے کلام) کی نیت کی تو باب میں مذکورہ صورتوں میں حانث نہیں ہوگا، اور اگر مطلق کلام کی نیت کی تو حانث ہوگا، کیونکہ باب کی احادیث میں اذکار پر بھی کلام کا اطلاق کیا گیا ہے۔

۱– مسلم اور نسائی کی روایتوں میں چار اذکار کو افضل الکلام قرار دیا ہے۔

۲– شروع کتاب میں روایت آئی ہے۔ ہرقل کو جو خط لکھا تھا، اس میں ہے: تعالوا إلى كلمة إلخ

۳– سورۃ الفتح (آیت ۲۶) میں جو كلمة التقوى ہے، اس کی تفسیر مجاہدؒ نے لا إلٰه إلا الله سے کی ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے اپنے چچا ابو طالب سے کہا: آپ لا إلٰه إلا الله کہہ لیں، میں اللہ کے پاس اس کلمہ کو حجت بناؤں گا۔

حدیث(۲): سبحان الله وبحمده اور سبحان الله العظیم کو دو کلمے فرمایا ہے۔

حدیث(۳): ابن مسعودؓ نے فرمایا: ایک کلمہ (بات) حضور نے فرمایا، اور دوسرا کلمہ (بات) میں کہتا ہوں۔

[١٩-] بَابٌ: إِذَا قَالَ: وَاللّٰهِ لاَ أَتَكَلَّمُ الْيَوْمَ، فَصَلَّى، أَوْ قَرَأَ، أَوْ سَبَّحَ، أَوْ كَبَّرَ، أَوْ حَمِدَ، أَوْ هَلَّلَ، فَهُوَ عَلٰى نِيَّتِهِ

[١-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَفْضَلُ الْكَلاَمِ أَرْبَعٌ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ"

[٢-] وَقَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: كَتَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى هِرَقْلَ: "تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ"

[٣-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: كَلِمَةُ التَّقْوٰى: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ.

[٦٦٨١-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبٍ الْوَفَاةُ جَاءَ هُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "قُلْ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، كَلِمَةٌ أُحَاجُّ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ"[راجع: ١٣٦٠]

[٦٦٨٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ، حَبِيْبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ"[راجع: ٦٤٠٦]

[٦٦٨٣-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَلِمَةً، وَقُلْتُ أُخْرٰى، "مَنْ مَاتَ يَجْعَلُ لِلّٰهِ نِدًّا أُدْخِلَ النَّارَ" وَقُلْتُ أُخْرٰى: مَنْ مَاتَ لاَ يَجْعَلُ لِلّٰهِ نِدًّا أُدْخِلَ الْجَنَّةَ.[راجع: ١٢٣٨]

بَابُ مَنْ حَلَفَ أَنْ لاَ يَدْخُلَ عَلٰى أَهْلِهِ شَهْرًا، وَكَانَ الشَّهْرُ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ

قسم کھائی کہ بیوی کے پاس ایک ماہ تک نہیں جائے گا، پھر مہینہ انتیس کا تھا

اگر اتفاقاً ایسا ہوا کہ قسم کھائی، اور اسی وقت نئے مہینہ کا چاند نظر آیا تو چاند سے چاند کا اعتبار ہوگا، اگر اگلا چاند ۲۹ کو نظر آجائے تو مہینہ پورا ہوگیا، اور مہینہ کے درمیان میں قسم کھائی تو مہینہ تیس دن کا شمار ہوگا، یہی مسئلہ عدت کا ہے، اگر شوہر کی روح قبض ہوئی اور فوراً نیا چاند نظر آیا، تو چاند سے چاند کا اعتبار ہوگا، اور اوپر دس دن عدت گذارے گی، مگر ایسا اتفاقاً ہی ہوتا

ہے، اور اگر درمیان مہینہ میں انتقال ہوا تو ۱۳۰ دن عدت گذارے گی، ہر ماہ ۳۰ دن کا شمار ہوگا ــــ نبی ﷺ نے ایک ماہ کا ایلاء کیا تھا، اتفاقاً اسی رات نیا چاند نظر آیا تھا، پھر اگلا چاند ۲۹ کا نظر آیا تو مہینہ پورا ہوگیا۔

[۲۰-] بَابُ مَنْ حَلَفَ أَنْ لاَ يَدْخُلَ عَلٰى أَهْلِهِ شَهْرًا، وَكَانَ الشَّهْرُ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ

[۶۶۸۴-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: آلَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ نِسَائِهِ، وَكَانَتِ انْفَكَّتْ رِجْلُهُ، فَأَقَامَ فِيْ مَشْرُبَةٍ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً، ثُمَّ نَزَلَ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! آلَيْتَ شَهْرًا؟ قَالَ: "إِنَّ الشَّهْرَ يَكُوْنُ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ" [راجع:۳۷۸]

بَابٌ: إِنْ حَلَفَ أَنْ لاَ يَشْرَبَ نَبِيْذًا، فَشَرِبَ طِلاَءً أَوْ سَكَرًا أَوْ عَصِيْرًا، لَمْ يَحْنَثْ فِيْ قَوْلِ بَعْضِ النَّاسِ، وَلَيْسَتْ هٰذِهِ بِأَنْبِذَةٍ عِنْدَهُ

کسی نے قسم کھائی کہ نبیذ نہیں پیئے گا، پھر طلاء، سکر یا عصیر پیا تو احناف کے نزدیک حانث نہیں ہوگا، یہ چیزیں ان کے نزدیک نبیذ نہیں

نَبَذَ الشیئَ: ڈالنا، نبیذ: فعیل کا وزن ہے اور بمعنی منبوذ (ڈالا ہوا) ہے۔ پانی میں کھجوریں/کشمش بھگا دی جائے جب وہ گل جائیں اور پانی میٹھا (شربت) ہو جائے، اور اس میں نشہ نہ پیدا ہوا ہو تو وہ نبیذ ہے اور اس کا پینا جائز ہے............ اور طِلاء کو مثلَّث بھی کہتے ہیں، انگور کا شیرہ جب اس کو پکا کر دو تہائی جلا دیا جائے، اور ایک تہائی رہ جائے تو وہ شہد جیسا گاڑھا ہو جاتا ہے، پھر وہ بگڑتا نہیں، یعنی اس میں نشہ نہیں پیدا ہوتا، اس کو طلاء اور مثلث کہتے ہیں، اس کا پینا جائز ہے، شہد کی طرح اس کو پانی میں ڈال کر شربت بناتے ہیں اور پیتے ہیں .... سَکَر: کھجور کی شراب، یہ حرام ہے، معلوم نہیں امام صاحب نے اس کا تذکرہ کیوں کر دیا؟ اور اگر سکر کے معنی سرکہ کے ہیں تو لسان العرب میں ہے کہ یہ معنی اہل لغت نہیں جانتے...... عصیر: رس، جوس...... یہ چیزیں عرف میں نبیذ نہیں کہلاتیں، اور احناف کے نزدیک ایمان کا مدار عرف پر ہے، اس لئے احناف کے نزدیک ان کے پینے سے حانث نہیں ہوگا، دیگر فقہاء کی کیا رائیں ہیں؟ معلوم نہیں! امام صاحب رحمہ اللہ نے اس باب میں احناف کی تردید نہیں کی، بلکہ تائید کی ہے، پس امام صاحب نے احناف کی موافقت کی ہے، مگر بندوق احناف کے کندھے پر رکھ کر چلائی ہے اور بات اپنے ذمہ اس لئے نہیں لی کہ امام صاحب ایمان میں نیت کا اعتبار کرتے ہیں، جو امام احمد کا مسلک ہے، الفاظ کا یا عرف کا اعتبار نہیں کرتے ــــ پھر دو حدیثیں ذکر کی ہیں، اور نبیذ کا مصداق متعین کیا ہے، حضرت ابو اُسید رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے رات میں چھوہارے پانی میں بھگوئے، پھر دوسرے دن دوپہر میں ولیمہ کا کھانا کھانے کے بعد نبی ﷺ کو وہ شربت پلایا، یہ نبیذ ہے، اسی طرح ایک بکری مرگئی، اس کی کھال رنگ دی گئی، تو پاک

ہوگئی، پھر اس میں برابر نبیذ بنائی جاتی تھی، یہاں تک کہ وہ پرانی ہوگئی، یہ ہے نبیذ اور طلاء، سکر اور عصیر نبیذ نہیں، پس ان کو پینے سے حانث نہیں ہوگا۔

[۲۱-] بَابٌ: إِنْ حَلَفَ أَنْ لَا يَشْرَبَ نَبِيْذًا، فَشَرِبَ طِلَاءً أَوْ سَكَرًا أَوْ عَصِيْرًا، لَمْ يَحْنَثْ فِيْ قَوْلِ بَعْضِ النَّاسِ، وَلَيْسَتْ هٰذِهِ بِأَنْبِذَةٍ عِنْدَهُ

[۶۶۸۵-] حَدَّثَنِيْ عَلِيٌّ، سَمِعَ عَبْدَ الْعَزِيْزِ بْنَ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ أَبَا أُسَيْدٍ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْرَسَ، فَدَعَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لِعُرْسِهِ، فَكَانَتِ الْعَرُوْسُ خَادِمَهُمْ، فَقَالَ سَهْلٌ لِلْقَوْمِ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَا سَقَتْهُ؟ قَالَ: أَنْقَعَتْ لَهُ تَمْرًا فِيْ تَوْرٍ مِنَ اللَّيْلِ، حَتّٰى أَصْبَحَ عَلَيْهِ، فَسَقَتْهُ إِيَّاهُ. [راجع: ۵۱۷۶]

[۶۶۸۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ سَوْدَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: مَاتَتْ لَنَا شَاةٌ، فَدَبَغْنَا مَسْكَهَا، ثُمَّ مَا زِلْنَا نَنْبُذُ فِيْهِ حَتّٰى صَارَ شَنًّا.

بَابٌ: إِذَا حَلَفَ أَنْ لَا يَأْتَدِمَ، فَأَكَلَ تَمْرًا بِخُبْزٍ، وَمَا يَكُوْنُ مِنْهُ الْأُدْمُ

کسی نے قسم کھائی کہ 'لاون' نہیں کھائے گا، پھر چھوہارے سے روٹی کھائی یا اس چیز سے کھائی جس کو لاون بنایا جاتا ہے

امام صاحب نے حکم ذکر نہیں کیا، إدام: ہر وہ چیز جس کے ساتھ روٹی کھائی جائے، اور حاشیہ میں امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کا قول ہے: ادام: وہ چیز ہے جس سے روٹی رنگی جائے، جیسے زیتون، شہد، سرکہ اور نمک، اور جس چیز سے روٹی پر رنگ نہ چڑھے، جیسے تلا ہوا گوشت، پنیر، انڈا: یہ ادام نہیں، اور امام محمد اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک یہ ادام ہیں، اور حاشیہ میں ایک حدیث ہے: نبی ﷺ نے جو کی روٹی کا ٹکڑا لیا، اور اس پر چھوہارا رکھا، اور فرمایا: یہ اس کا لاون ہے، پس چھوہارے سے روٹی کھانے سے حانث ہوگا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہوگا، اور پہلی حدیث میں خُبْزُ بُرٍّ مَأْدُوْمٍ ہے: گیہوں کی روٹی سالن/ لاون کے ساتھ نہیں کھائی، مگر اس سے ادام کا مصداق متعین نہیں ہوتا، اور دوسری حدیث میں روٹی چور کر اس پر گھی کی کپّی نچوڑی گئی، اس سے لاون کا مصداق متعین ہوتا ہے، زیتون، سرکہ، شہد کی طرح گھی بھی لاون ہے، اس سے روٹی رنگین ہوتی ہے۔

[۲۲-] بَابٌ: إِذَا حَلَفَ أَنْ لَا يَأْتَدِمَ، فَأَكَلَ تَمْرًا بِخُبْزٍ، وَمَا يَكُوْنُ مِنَهُ الْأُدْمُ

[٦٦٨٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم مِنْ خُبْزِ بُرٍّ مَأْدُوْمٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ. فَقَالَ ابْنُ كَثِيْرٍ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ قَالَ لِعَائِشَةَ بِهٰذَا.

[٦٦٨٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ ابْنَ مَالِكٍ، قَالَ:قَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ لِأُمِّ سُلَيْمٍ: لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَعِيْفًا أَعْرِفُ فِيْهِ الْجُوْعَ، فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْئٍ؟ فَقَالَتْ: نَعَمْ، فَأَخْرَجَتْ أَقْرَاصًا مِنْ شَعِيْرٍ، ثُمَّ أَخَذَتْ خِمَارًا لَهَا، فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ أَرْسَلَتْنِيْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَهَبْتُ فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ، فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَرْسَلَكَ أَبُوْ طَلْحَةَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِمَنْ مَعَهُ: "قُوْمُوْا" فَانْطَلَقُوْا، وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ حَتّٰى جِئْتُ أَبَا طَلْحَةَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ! قَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَلَيْسَ عِنْدَنَا مِنَ الطَّعَامِ مَا نُطْعِمُهُمْ! فَقَالَتْ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! فَانْطَلَقَ أَبُوْ طَلْحَةَ حَتّٰى لَقِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ طَلْحَةَ حَتّٰى دَخَلَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" هَلُمِّيْ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ مَا عِنْدَكِ" فَأَتَتْ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ، قَالَ: فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِذٰلِكَ الْخُبْزِ فَفُتَّ، وَعَصَرَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ عُكَّةً لَهَا فَأَدَمَتْهُ، ثُمَّ قَالَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ قَالَ: "ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ فَأَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا، ثُمَّ خَرَجُوْا، ثُمَّ قَالَ: "ائْذَن لِعِشْرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ، فَأَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ، فَأَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ حَتّٰى شَبِعُوْا، وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ أَوْ ثَمَانُوْنَ رَجُلًا.[راجع:٤٢٢]

بَابُ النِّيَّةِ فِي الْأَيْمَانِ

قسموں میں نیت کا اعتبار ہے

امام احمد رحمہ اللہ کی یہی رائے ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کی موافقت کی ہے، جیسا کہ ابھی گذرا، پھر امام صاحبؒ نے حدیثِ عام سے استدلال کیا ہے، مگر دعویٰ خاص کے لئے دلیل عام کافی نہیں ہوتی، اور دوسرے فقہاء کی دوسری رائیں ہیں، جیسا کہ ابھی بیان کیا۔

[٢٣-] بَابُ النِّيَّةِ فِي الأَيْمَانِ

[٦٦٨٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ، يَقُوْلُ: أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَّـهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُوْلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيْبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ"[راجع:١]

بَابٌ: إِذَا أَهْدَى مَالَهُ عَلَى وَجْهِ النَّذْرِ وَالتَّوْبَةِ

جس نے منت اور توبہ کے طور پر اپنا مال مسلمانوں کو ہدیہ کیا

إذا کا جواب ذکر نہیں کیا کہ وہ منت صحیح ہے یا نہیں؟ اور وہ مال قبول کیا جائے گا یا نہیں؟ پھر باب میں جھول ہے، منت اور چیز ہے اور ہدیہ اور، منت لازم ہے اور ہدیہ قبول کرنا لازم نہیں، اور باب کی حدیث میں تو صدقہ ہے، اور وہ بھی کیا نہیں تھا، بلکہ مشورہ طلب کیا تھا کہ میں اپنا سارا مال صدقہ کردوں؟ آپؐ نے مشورہ دیا کہ کچھ رکھ لو، اور کچھ صدقہ کرو، سارا صدقہ مت کرو، یہ بہتر ہے، پس باب کا حکم حدیث سے نہیں نکلتا۔

[٢٤-] بَابٌ: إِذَا أَهْدَى مَالَهُ عَلَى وَجْهِ النَّذْرِ وَالتَّوْبَةِ

[٦٦٩٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيْهِ حِيْنَ عَمِيَ، قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ فِي حَدِيْثِهِ: ﴿وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا﴾[التوبة: ١١٨] فَقَالَ فِيْ آخِرِ حَدِيْثِهِ: إِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَمْسِكْ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ"[راجع: ٢٧٥٧]

بَابٌ: إِذَا حَرَّمَ طَعَامًا

جب کسی کھانے کو حرام کرے

اگر کوئی کسی حلال چیز کو اپنے اوپر حرام کرے تو وہ حلال چیز حرام نہیں ہوگی، اور ایسا کرنا ممنوع ہے، مگر یہ تحریم یمین ہو جائے گی، پس اگر اس چیز کو استعمال کرے گا تو کفارہ واجب ہوگا، نبی ﷺ نے ایک واقعہ میں اپنے اوپر شہد کو حرام کیا تھا

توسورۃ التحریم کی ابتدائی آیات میں اس کو یمین قرار دیا۔

[۲۵-] بَابٌ: إِذَا حَرَّمَ طَعَامًا

[۱-] وَقَوْلُهُ: ﴿ يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ﴾

[۲-] وَقَوْلُهُ: ﴿ لَاتُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ﴾[المائدة: ۸۷]

[۶۶۹۱-] حَدَّثَنِيْ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: زَعَمَ عَطَاءٌ: أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَزْعُمُ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَمْكُثُ عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، وَيَشْرَبُ عِنْدَهَا عَسَلاً، فَتَوَاصَيْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ أَنَّ أَيَّتُنَا دَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَلْتَقُلْ: إِنِّيْ أَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ مَغَافِيْرَ، أَكَلْتَ مَغَافِيْرَ؟ فَدَخَلَ عَلٰى إِحْدَاهُمَا، فَقَالَتْ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ:" لَا، بَلْ شَرِبْتُ عَسَلاً عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، وَلَنْ أَعُوْدَ لَهُ" فَنَزَلَتْ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ﴾ لِعَائِشَةَ وَحَفْصَةَ﴿وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلٰى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيْثًا﴾ لِقَوْلِهِ:"بَلْ شَرِبْتُ عَسَلاً"[راجع: ۴۹۱۲]

وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ هِشَامٍ:" وَلَنْ أَعُوْدَ لَهُ، وَقَدْ حَلَفْتُ، فَلَا تُخْبِرِيْ بِذٰلِكَ أَحَدًا"

وضاحت: تتوبا کی ضمیر تثنیہ حضرات عائشہ وحفصہ رضی اللہ عنہما کی طرف راجع ہے...... اور حدیثا سے مراد: نبی ﷺ کا ارشاد: بل شربتُ عسلاً ہے، بلکہ لن أعود مراد ہے۔

بَابُ الْوَفَاءِ بِالنَّذْرِ

منت پوری کرنا

ایمان کے بیان سے فارغ ہو کر نذر کا بیان شروع کرتے ہیں۔ نذر اگر منجز ہے تو مانتے ہی اس کا وفا (پورا کرنا) واجب ہے، جبکہ نذر طاعت کی ہو، اور معلق ہے تو جس کام کے لئے منت مانی ہے وہ کام ہو جائے تو اس کو پورا کرنا واجب ہے، اگرچہ ابتداءً نذر معلق پسندیدہ نہیں، جیسا کہ باب کی احادیث سے واضح ہے، مگر جب عہد کیا اور پیمان باندھا تو سورۃ المائدہ کی پہلی آیت میں حکم ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! أَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ﴾: اے ایمان والو! عہدوں کو پورا کرو، اور سورۃ الدہر کی آیت ۷ میں منت پوری کرنے والوں کی تعریف کی ہے، پس منت پوری کرنا واجب ہے اور حدیثیں تینوں ابھی گذری ہیں۔

[۲۶-] بَابُ الْوَفَاءِ بِالنَّذْرِ

وَقَوْلِهِ: ﴿يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ﴾[الدهر: ۷]

[٦٦٩٢-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّـهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: أَوَلَمْ تُنْهَوْا عَنِ النَّذْرِ؟ إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ النَّذْرَ لاَ يُقَدِّمُ شَيْئًا وَلاَ يُؤَخِّرُهُ، وَإِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِالنَّذْرِ مِنَ الْبَخِيْلِ"[راجع: ٦٦٠٨]

[٦٦٩٣-] حَدَّثَنِىْ خَلاَّدُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ النَّذْرِ، وَقَالَ:" إِنَّـهُ لاَ يَرُدُّ شَيْئًا، وَلٰكِنَّهُ يُسْتَخْرَجُ بِهِ مِنَ الْبَخِيْلِ"[راجع: ٦٦٠٨]

[٦٦٩٤-] حدثنا أَبُوْالْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لاَ يَأْتِىْ ابْنَ آدَمَ النَّذْرُ بِشَيْئٍ لَمْ أَكُنْ قَدَّرْتُهُ، وَلٰكِنَّهُ يُلْقِيْهِ النَّذْرُ إِلٰى الْقَدَرِ قَدْ قُدِّرَ لَهُ، فَيَسْتَخْرِجُ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْبَخِيْلِ، فَيُؤْتِيْنِىْ عَلَيْهِ مَالَمْ يَكُنْ يُؤْتِيْنِىْ عَلَيْهِ مِنْ قَبْلُ" [راجع: ٦٦٠٩]

آخری حدیث کا ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:) نہیں لاتی انسان کے پاس منت کوئی ایسی چیز جس کو میں نے مقدر نہیں کیا یعنی تقدیر کے خلاف کچھ نہیں ہوسکتا۔ لیکن شان یہ ہے کہ ڈالتی ہے انسان کو منت اس تقدیر کی طرف جو اس کے لئے طے کی گئی ہے، پس نکالتے ہیں اللہ تعالیٰ منت کے ذریعہ بخیل سے، پس وہ مجھے دیتا ہے منت کی وجہ سے جو نہیں دیا اس نے مجھے منت پر اس سے پہلے۔

بَابُ إِثْمِ مَنْ لاَ يَفِىْ بِالنَّذْرِ

نذر پوری نہ کرنے کا گناہ

جب قرونِ ثلاثہ کے بعد لوگوں میں بگاڑ آئے گا تو ایک بری بات یہ شروع ہوجائے گی کہ لوگ منتیں مانیں گے اور اس کو پورا نہیں کریں گے، یہی منت پوری نہ کرنے کا گناہ ہے۔

[٢٧-] بَابُ إِثْمِ مَنْ لاَ يَفِىْ بِالنَّذْرِ

[٦٦٩٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبُوْ جَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَهْدَمُ بْنُ مُضَرِّبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ، يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "خَيْرُكُمْ قَرْنِىْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ– قَالَ عِمْرَانُ: لاَ أَدْرِىْ ذَكَرَ ثِنْتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا بَعْدَ قَرْنِهِ – ثُمَّ يَجِيْءُ قَوْمٌ يَنْذُرُوْنَ وَلاَ يَفُوْنَ، وَيَخُوْنُوْنَ وَلاَ يُؤْتَمَنُوْنَ، وَيَشْهَدُوْنَ وَلاَ يُسْتَشْهَدُوْنَ، وَيَظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمَنُ"[راجع: ٢٦٥١]

بَابُ النَّذْرِ فِی الطَّاعَةِ

عبادت کی منت ماننا

منت: عبادت ہی کی ہوتی ہے یا ایسی چیز کی ہوتی ہے جس کی جنس (قبیل) سے عبادت ہو، اور اسی کا پورا کرنا واجب ہے، سورۃ البقرۃ کی (آیت ۲۷۰) میں اسی کا ذکر ہے، اور گناہ کی منت ماننا جائز ہی نہیں، اگر کوئی مانے تو وہ بہ حکم یمین ہے، مانتے ہی قسم کا کفارہ ادا کرنا ہوگا۔

[۲۸-] بَابُ النَّذْرِ فِی الطَّاعَةِ

﴿وَمَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ نَّفَقَةٍ أَوْ نَذَرْتُمْ مِنْ نَذْرٍ﴾ الآية [البقرة: ۲۷۰]

[۶۶۹۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ نَذَرَ أَنْ يُطِيْعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ أَنْ يَعْصِيَهُ فَلَا يَعْصِهِ" [طرفه: ۶۷۰۰]

بَابٌ: إِذَا نَذَرَ أَوْ حَلَفَ أَنْ لَا يُكَلِّمَ إِنْسَانًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، ثُمَّ أَسْلَمَ

زمانۂ جاہلیت میں منت مانی یا قسم کھائی کہ وہ کسی شخص سے نہیں بولے گا، پھر وہ مسلمان ہوا

باب کی حدیث میں صرف منت کا ذکر ہے، شاید امام صاحب نے یمین کو نذر پر قیاس کیا ہے، اگر کسی نے اسلام سے پہلے اعتکاف یا صدقہ وغیرہ کی منت مانی، پھر مسلمان ہوا تو شافعی واحمد رحمہما اللہ کے نزدیک باب کی حدیث کی وجہ سے وفا واجب ہے، بخاری رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، اور ابوحنیفہ ومالک رحمہما اللہ کے نزدیک وفا مستحب ہے، واجب نہیں، اور باب کی حدیث میں امر استحباب کے لئے ہے، اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ کفار فروع کے مکلّف ہیں یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک مکلّف نہیں، چنانچہ نو مسلم پر کفر کے زمانہ کی نمازوں کی قضا واجب نہیں، پس اس کی منت کا وفا بھی واجب نہیں، اور یہی حکم قسم کا بھی ہے۔

[۲۹-] بَابٌ: إِذَا نَذَرَ أَوْ حَلَفَ أَنْ لَا يُكَلِّمَ إِنْسَانًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، ثُمَّ أَسْلَمَ

[۶۶۹۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّي نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ أَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، قَالَ: "أَوْفِ بِنَذْرِكَ" [راجع: ۲۰۳۲]

بَابٌ: مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ نَذْرٌ

جس کا انتقال ہوجائے درانحالیکہ اس پر منت ہو

اگر میت نے صدقہ وغیرہ مالی عبادت کی منت مانی ہو، اور اس کو ادا کرنے کی وصیت کی ہو تو تہائی ترکہ سے وفا واجب ہے، اور اگر وصیت نہیں کی یا تہائی ترکہ سے ادا نہیں ہوسکتی تو ورثاء پر وفا واجب نہیں، البتہ اگر ورثاء منت پوری کریں تو جائز ہے، اور اگر میت نے نماز یا روزوں کی منت مانی ہو تو وارث اس کی طرف سے نماز نہیں پڑھ سکتا نہ روزہ رکھ سکتا ہے، البتہ ایصالِ ثواب کے مسئلہ سے تمسک کرسکتا ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک وارث میت کی طرف سے نیابۃً نذر کے روزے رکھ سکتا ہے، دوسرے روزے نہیں رکھ سکتا، نہ نماز پڑھ سکتا ہے۔

اثر: ایک عورت نے مسجد قباء میں نماز پڑھنے کی منت مانی تھی، اس کا انتقال ہوگیا، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس کی بیٹی کو حکم دیا کہ وہ اپنی ماں کی طرف سے نماز پڑھے، ابن عباسؓ سے بھی ایسا ہی مروی ہے —— مگر دونوں حضرات سے اس کے خلاف بھی مروی ہے، موطا مالک میں بلاغاً ابن عمرؓ سے مروی ہے: لایصلی أحد عن أحد (حاشیہ)

حدیث (۱): حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے اپنی ماں کی منت پوری کی تھی —— مگر وہ صدقہ کی منت تھی، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

حدیث (۲): ایک شخص کو اس کی بہن کی طرف سے حج بدل کرنے کی اجازت دی —— اس میں بھی کوئی اختلاف نہیں، اختلاف اس میں ہے کہ عبادت بدنیہ میں نیابت ہوسکتی ہے یا نہیں؟

[۳۰-] بَابٌ: مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ نَذْرٌ

وَأَمَرَ ابْنُ عُمَرَ امْرَأَةً جَعَلَتْ أُمُّهَا عَلٰى نَفْسِهَا صَلاَةً بِقُبَاءٍ، فَقَالَ: صَلِّيْ عَنْهَا، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَحْوَهُ.

[۶۶۹۸-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ الْأَنْصَارِيَّ اسْتَفْتَى النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم فِيْ نَذْرٍ كَانَ عَلٰى أُمِّهِ، فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَهُ، فَأَفْتَاهُ أَنْ يَقْضِيَهُ عَنْهَا، فَكَانَتْ سُنَّةً بَعْدُ. [راجع: ۲۷۶۱]

[۶۶۹۹-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ لَهُ: إِنَّ أُخْتِيْ نَذَرَتْ أَنْ تَحُجَّ وَإِنَّهَا مَاتَتْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم: " لَوْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ أَكُنْتَ قَاضِيَهُ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: " فَاقْضِ اللّٰهَ، فَهُوَ أَحَقُّ بِالْقَضَاءِ" [راجع: ۱۸۵۲]

قولہ: فكانت سنةً بعدُ: نبی ﷺ کا فتوی شرعی طریقہ بنا یعنی صدقہ میں نیابت ہوسکتی ہے۔

بَابُ النَّذْرِ فِيْمَا لاَ يَمْلِكُ، وَفِى مَعْصِيَةٍ

غیر مملوکہ چیز کی اور گناہ کی منت ماننا

اس چیز کی منت درست نہیں جو ملکیت میں نہیں، حلوائی کی دکان پر نانی کا فاتحہ نہیں دے سکتے، اسی طرح معصیت کی منت بھی درست نہیں، منت: طاعت ہی کی درست ہے، پہلی حدیث میں یہی مسئلہ ہے، اور دوسری حدیث میں ہے کہ ایک بوڑھے نے پیدل حج کرنے کی منت مانی تھی، پھر وہ اپنے دو بیٹوں کے سہارے چل رہا تھا، اس کو دیکھ کر آپؐ نے فرمایا: ''اللہ کو اس کی کیا ضرورت تھی کہ یہ خود کو سزا دیتا!'' —— مگر یہ منت صحیح ہے، پھر پیدل چلنا مشکل ہو تو سوار ہو کر حج کرے، اور ایک ہدی ذبح کرے، اور اس کی استطاعت نہ ہو تو تین روزے رکھے، غرض یہ حدیث اس باب کی نہیں، کیونکہ یہ طاعت کی نذر ہے۔

[٣١-] بَابُ النَّذْرِ فِيْمَا لاَ يَمْلِكُ، وَفِى مَعْصِيَةٍ

[٦٧٠٠-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' مَنْ نَذَرَ أَنْ يُطِيْعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ أَنْ يَعْصِيَهُ فَلاَ يَعْصِهِ'' [راجع: ٦٦٩٦]

[٦٧٠١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' إِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنْ تَعْذِيْبِ هٰذَا نَفْسَهُ'' وَرَآهُ يَمْشِيْ بَيْنَ ابْنَيْهِ. [راجع: ١٨٦٥]

وَقَالَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنِيْ ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ.

اگلی دو حدیثوں: میں یہ واقعہ ہے کہ طواف میں ایک شخص دوسرے کو لگام دے کر لے کر چل رہا تھا، آپؐ نے لگام کاٹ دی، اور فرمایا: ''ہاتھ پکڑ کر لے چل!'' اس میں بھی کوئی نذر نہیں، حضرت رحمہ اللہ نے ایک نامناسب بات پر معصیت کی نذر کو قیاس کیا ہے۔

[٦٧٠٢-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلاً يَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ بِزِمَامٍ أَوْ غَيْرِهِ، فَقَطَعَهُ. [راجع: ١٦٢٠]

[٦٧٠٣-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سُلَيْمَانُ الْأَحْوَلُ، أَنَّ طَاوُسًا أَخْبَرَهُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مَرَّ وَهُوَ يَطُوْفُ

بِالْكَعْبَةِ بِإِنْسَانٍ يَقُوْدُ إِنْسَانًا بِخِزَامَةٍ فِي أَنْفِهِ، فَقَطَعَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ، ثُمَّ أَمَرَهُ أَنْ يَقُوْدَ بِيَدِهِ.[راجع: ١٦٢٠]

لغت: الخزامة: بالوں کا حلقہ جو اونٹ کی ناک کے سوراخ میں ڈالا جاتا ہے، اور اس سے لگام کو باندھا جاتا ہے۔

آخری حدیث: نبی ﷺ خطاب فرما رہے تھے، ایک شخص کو دیکھا کہ کھڑا ہے، آپؐ نے کھڑے ہونے کی وجہ پوچھی لوگوں نے بتایا: اس کا نام ابواسرائیل ہے، اس نے منت مانی ہے کہ کھڑا رہے گا، بیٹھے گا نہیں، اور سایہ میں نہیں رہے گا، اور بولے گا نہیں، اور روزہ رکھے گا، آپؐ نے فرمایا: ''اس کو حکم دو کہ بولے اور سایہ لے اور بیٹھے اور روزہ پورا کرے'' —— یہ سب امور طاعت نہیں اس لئے منت صحیح نہیں، روزے کی صحیح ہے، پس اس کو پورا کرے۔

[٦٧٠٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ إِذَا هُوَ بِرَجُلٍ قَائِمٍ، فَسَأَلَ عَنْهُ، فَقَالُوْا: أَبُوْإِسْرَائِيْلَ نَذَرَ أَنْ يَقُوْمَ وَلاَ يَقْعُدَ وَلاَ يَسْتَظِلَّ وَلاَ يَتَكَلَّمَ وَيَصُوْمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''مُرْهُ فَلْيَتَكَلَّمْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَقْعُدْ وَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ''

قَالَ عَبْدُ الْوَهَّابِ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابٌ: مَنْ نَذَرَ أَنْ يَصُوْمَ أَيَّامًا، فَوَافَقَ النَّحْرَ أَوِ الْفِطْرَ

چند دنوں کے روزوں کی منت مانی، ان میں یوم النحر یا یوم الفطر آیا

پہلی روایت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا: ایک شخص نے منت مانی کہ وہ ہر دن کا روزہ رکھے گا، پس کیا وہ یوم الاضحیٰ اور یوم الفطر کا بھی روزہ رکھے؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے ان دو دنوں کے روزے نہیں رکھے، اور آپؐ ان کے روزوں کو جائز نہیں سمجھتے تھے، اور تمہارے لئے اللہ کے رسول میں اچھا نمونہ ہے، یعنی وہ شخص ان دنوں کے روزے نہیں رکھے گا یہ معصیت کی نذر ہے۔

دوسری حدیث: ایک شخص نے ابن عمرؓ سے پوچھا: میں نے زندگی بھر ہر منگل یا بدھ کے روزے کی منت مانی ہے، پس اتفاقاً اس دن یوم النحر آ گیا؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: اللہ نے منت پوری کرنے کا حکم دیا ہے، اور یوم النحر کا روزہ رکھنے کی ممانعت کی ہے: اس نے بار بار پوچھا: آپؓ ہر بار یہی کہتے رہے، اس سے زیادہ کچھ نہیں کہا۔

تشریح: یوم النحر اور یوم الاضحیٰ کا روزہ بالاجماع حرام ہے، پس اگر کوئی ان کے روزوں کی منت مانے تو یہ معصیت کی نذر ہے، پس امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک نذر صحیح نہیں، اور حنفیہ کے نزدیک نذر صحیح ہے، مگر ان دنوں میں روزے نہیں رکھے گا، دوسرے دنوں میں قضاء کرے گا۔

[٣٢-] بَابٌ: مَنْ نَذَرَ أَنْ يَصُوْمَ أَيَّامًا، فَوَافَقَ النَّحْرَ أَوِ الْفِطْرَ

[٦٧٠٥-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَكِيْمُ بْنُ أَبِىْ حُرَّةَ الْأَسْلَمِىُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ: سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ نَذَرَ أَنْ لاَ يَأْتِىَ عَلَيْهِ يَوْمٌ إِلَّا صَامَ، فَوَافَقَ يَوْمَ أَضْحَى أَوْ فِطْرٍ، فَقَالَ: لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ! لَمْ يَكُنْ يَصُوْمُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالْأَضْحَى، وَلاَ يَرَى صِيَامَهُمَا.[راجع: ١٩٩٤]

[٦٧٠٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ، فَسَأَلَهُ رَجُلٌ، قَالَ: نَذَرْتُ أَنْ أَصُوْمَ كُلَّ يَوْمٍ ثَلاَثَاءَ أَوْ أَرْبِعَاءَ مَا عِشْتُ، فَوَافَقْتُ هٰذَا الْيَوْمَ يَوْمَ النَّحْرِ، فَقَالَ: أَمَرَ اللّٰهُ بِوَفَاءِ النَّذْرِ، وَنُهِيْنَا أَنْ نَصُوْمَ يَوْمَ النَّحْرِ، فَأَعَادَ عَلَيْهِ فَقَالَ مِثْلَهُ، لاَ يَزِيْدُ عَلَيْهِ.[راجع: ١٩٩٤]

بَابٌ: هَلْ يَدْخُلُ فِى الْأَيْمَانِ وَالنُّذُوْرِ الْأَرْضُ وَالْغَنَمُ وَالزَّرْعُ وَالْأَمْتِعَةُ؟

کیا زمین، بکری، کھیتی اور سامان کی قسم کھا سکتے ہیں اور منت مان سکتے ہیں؟

مذکورہ چیزوں کی قسم بھی کھا سکتے ہیں اور منت بھی مان سکتے ہیں، مثلاً: قسم کھائی کہ فلاں زمین بیچے گا نہیں یا کوئی زمین خریدے گا نہیں، اسی طرح باقی چیزوں کی بھی قسم کھا سکتا ہے، اوران کی منت بھی مان سکتا ہے، کیونکہ یمین اور نذر میں جوڑی ہے، اور نذر کا خاص حکم صدقہ ہے، اوران چیزوں کا صدقہ ہو سکتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خیبر کی زمین وقف کی تھی، اوراس کی آمدنی صدقہ کی تھی، اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بیرحاء باغ صدقہ کیا تھا، اور خیبر میں غنیمت میں اموال (زمینیں) کپڑے اور گھریلو سامان ملا تھا، اور جب ان کو غنیمت میں لے سکتے ہیں تو غریبوں کو دے بھی سکتے ہیں، منت میں غریبوں کو دیا جاتا ہے —— اور آخری حدیث کا ترجمہ تحفۃ القاری (۳۲۹:۸) میں ہے۔

[٣٣-] بَابٌ: هَلْ يَدْخُلُ فِى الْأَيْمَانِ وَالنُّذُوْرِ الْأَرْضُ وَالْغَنَمُ وَالزَّرْعُ وَالْأَمْتِعَةُ؟

[١-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَالَ عُمَرُ لِلنَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم: أَصَبْتُ أَرْضًا لَمْ أُصِبْ مَالاً قَطُّ أَنْفَسَ مِنْهُ، قَالَ: "إِنْ شِئْتَ حَبَّسْتَ أَصْلَهَا، وَصَدَّقْتَ بِهَا"[راجع: ٢٧٦٤]

[٢-] وَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ لِلنَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم: أَحَبُّ أَمْوَالِىْ إِلَىَّ بَيْرُحَى، لِحَائِطٍ لَهُ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ.[راجع: ١٤٦١]

[٦٧٠٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدِّيْلِىِّ، عَنْ أَبِى الْغَيْثِ مَوْلَى ابْنِ مُطِيْعٍ،

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَوْمَ خَیْبَرَ فَلَمْ نَغْنَمْ ذَهَبًا وَلَا فِضَّةً إِلَّا الْأَمْوَالَ وَالثِّیَابَ وَالْمَتَاعَ، فَأَهْدَی رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ الضُّبَیْبِ - یُقَالُ لَهُ: رِفَاعَةُ بْنُ زَیْدٍ - لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم غُلَامًا یُقَالُ لَهُ: مِدْعَمٌ، فَوُجِّهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم إِلٰی وَادِی الْقُرَی، حَتّٰی إِذَا کَانَ بِوَادِیْ الْقُرٰی بَیْنَمَا مِدْعَمٌ یَحُطُّ رَحْلًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم إِذَا سَهْمٌ عَائِرٌ فَقَتَلَهُ، فَقَالَ النَّاسُ: هَنِیْئًا لَهُ الْجَنَّةُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: ''کَلَّا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهِ إِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِیْ أَخَذَهَا یَوْمَ خَیْبَرَ مِنَ الْمَغَانِمِ، لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ، لَتَشْتَعِلُ عَلَیْهِ نَارًا'' فَلَمَّا سَمِعَ بِذٰلِكَ النَّاسُ جَاءَ رَجُلٌ بِشِرَاكٍ أَوْ شِرَاکَیْنِ إِلَی النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: ''شِرَاكٌ مِنْ نَارٍ أَوْ: شِرَاکَانِ مِنْ نَارٍ''[راجع: ٤٢٣٤]

بَابُ کَفَّارَاتِ الْأَیْمَانِ

قسم کے کفاروں کا بیان

ك،ف،ر کے مادّہ میں 'چھپانے' کا مفہوم ہے۔ کفارہ: وہ نیک کام (صدقہ، روزہ وغیرہ) جو خطا کار اپنی کوتاہی کی تلافی کے لئے کرتا ہے۔ شریعت نے متعدد کوتاہیوں کی تلافی کے لئے کفارات مشروع کئے ہیں، مثلاً: قتل خطا، ظہار، احرام میں ضرورت سے جنایت کا ارتکاب، رمضان کے روزے میں متعمداً مفطرات کا استعمال، اور قسم توڑنا: ان سب میں کفارے مقرر کئے ہیں، ان میں سے تین کوتاہیوں کے کفاروں کا بیان شروع کرتے ہیں —— اور قسم کھانا تو کوئی گناہ نہیں، اللہ ورسول نے بھی قسمیں کھائی ہیں، البتہ قسم توڑنا گناہ ہے، اس میں اللہ کے نام کی بے حرمتی ہے، اس لئے اس کے لئے بھی کفارہ ہے، اور اس کے ساتھ امام بخاری رحمہ اللہ نے روزہ توڑنے کو اور احرام میں جنایت کو لاحق کیا ہے، کیونکہ ان میں بھی کوتاہی پائی جاتی ہے، اس لئے ایمان اور کفارات جمع لائے ہیں، مگر قتل خطا اور ظہار کے کفاروں کو بیان نہیں کیا۔

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ المائدۃ کی (آیت ۸۹) ہے: ''اللہ تعالیٰ تمہاری لغو قسموں پر داروگیر نہیں کرتے، لیکن تمہاری داروگیر کرتے ہیں ان قسموں کی وجہ سے جن کو تم نے مستحکم کردیا ہے یعنی یمین منعقدہ پر داروگیر کرتے ہیں، پس اس کا کفارہ دس غریبوں کو کھانا کھلانا ہے، اوسط درجہ کا کھانا جو تم اپنے گھر والوں کو کھلایا کرتے ہو، یا ان کو کپڑا دینا ہے، یا ایک گردن آزاد کرنا ہے (تینوں میں اختیار ہے) پس جو نہ پائے (ان تین میں سے کوئی) تو تین دن کے روزے رکھے، یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسمیں کھاؤ، اور تم اپنی قسموں کی حفاظت کرو (ان کو توڑو مت)

آیتِ کریمہ (۲): سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۹۶) ہے: ''پس جو شخص تم میں سے بیمار ہو یا اس کے سر میں تکلیف ہو (اور احرام میں ممنوع چیز کا ارتکاب کرے) تو اس کا بدلہ ہے روزوں سے یا خیرات سے یا قربانی سے'' (یہ احرام میں ضرورۃً

جنایت کا کفارہ ہے) —— جب یہ آیت نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے حضرت کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ کو سر منڈانے اور کفارہ ادا کرنے کا حکم دیا۔

قاعدہ: ابن عباس، عطاء اور عکرمہ رحمہم اللہ نے فرمایا: قرآن میں بیان کفارات میں جہاں أو، آیا ہے: وہاں اختیار ہے چنانچہ نبی ﷺ نے حضرت کعبؓ کو فدیہ دینے میں اختیار دیا کہ چاہیں تو ایک بکری کی قربانی کریں یا تین روزے رکھیں یا چھ غریبوں کو کھانا کھلائیں، اور حدیث پہلے آئی ہے۔

[٨٤- كَفَّارَاتُ الْأَيْمَانِ]

[١-] بَابُ كَفَّارَاتِ الْأَيْمَانِ

[١-] وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِيْنَ﴾ [المائدة: ٨٩]

[٢-] وَمَا أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ نَزَلَتْ ﴿فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ﴾

[٣-] وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَعَطَاءٍ، وَعِكْرِمَةَ، مَاكَانَ فِي الْقُرْآنِ: أَوْ، أَوْ، فَصَاحِبُهُ بِالْخِيَارِ، وَقَدْ خَيَّرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم كَعْبًا فِي الْفِدْيَةِ.

[٦٧٠٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: أَتَيْتُهُ يَعْنِي النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "ادْنُ" فَدَنَوْتُ، فَقَالَ: "أَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّكَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "فِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ"

وَأَخْبَرَنِيْ ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، قَالَ: صِيَامُ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ، وَالنُّسُكُ شَاةٌ، وَالْمَسَاكِيْنُ سِتَّةٌ.

[راجع: ١٨١٤]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ وَاللّٰهُ مَوْلاَكُمْ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ﴾ وَمَتَى تَجِبُ الْكَفَّارَةُ عَلَى الْغَنِيِّ وَالْفَقِيْرِ؟

اللہ تعالیٰ نے قسمیں کھولنے کا طریقہ مقرر کیا ہے، اور مالدار اور غریب پر کفارہ کب واجب ہوتا ہے؟

سورۃ التحریم کی آیت دوم میں ہے: "اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تمہاری قسموں کو کھولنا مقرر کیا ہے، اور اللہ تعالیٰ تمہارے کارساز ہیں، اور وہ خوب جاننے والے بڑی حکمت والے ہیں یعنی قسم کھا بیٹھا، پھر نادم ہوا تو قسم کھول لے، کام کرلے اور کفارہ دیدے —— اور کفارہ علی الفور واجب نہیں، جب گنجائش ہو دے اور کوئی غریب ہے، اور اس کو مال ملا تو اس کی اپنی

ضرورت مقدم ہے، جس شخص نے رمضان کا روزہ صحبت کر کے توڑا تھا، وہ غریب تھا، کفارہ ادا کرنے کی استطاعت نہیں تھی، نبی ﷺ نے اس کو ایک بورا چھوہارے دیئے، اور غریبوں میں تقسیم کرنے کے لئے فرمایا، انھوں نے اپنی ناداری بیان کی تو آپؐ نے گھر میں استعمال کرنے کی اجازت دی، امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا: گھر کی ضرورت مقدم ہے اور کفارہ ان کے ذمہ دَین رہے گا، جب گنجائش ہوگی ادا کریں گے۔

[۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ وَاللّٰهُ مَوْلَاكُمْ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ﴾ وَمَتَى تَجِبُ الْكَفَّارَةُ عَلَى الْغَنِيِّ وَالْفَقِيْرِ؟

[۶۷۰۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُهُ مِنْ فِيْهِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: هَلَكْتُ! قَالَ: "وَمَا شَأْنُكَ؟" قَالَ: وَقَعْتُ عَلٰى أَهْلِيْ فِيْ رَمَضَانَ، قَالَ: "أَتَسْتَطِيْعُ أَنْ تُعْتِقَ رَقَبَةً؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تُطْعِمَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "اجْلِسْ" فَجَلَسَ، فَأُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَقٍ فِيْهِ تَمْرٌ، وَالْعَرَقُ: الْمِكْتَلُ الضَّخْمُ، قَالَ: "خُذْ هٰذَا، فَتَصَدَّقْ بِهِ" قَالَ: أَعَلٰى أَفْقَرَ مِنَّا؟ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، قَالَ: "أَطْعِمْهُ عِيَالَكَ" [راجع: ۱۹۳۶]

قال: سمعته: ابن عیینہؒ کا قول ہے، اور ضمیر کا مرجع زہریؒ ہیں۔

بَابُ مَنْ أَعَانَ الْمُعْسِرَ فِي الْكَفَّارَةِ

ایک رائے یہ ہے کہ کفارہ ادا کرنے میں تنگدست کی مدد کرنی چاہئے

یہ رائے صحیح ہے، نبی ﷺ نے رمضان کا روزہ توڑنے والے کی کفارہ ادا کرنے میں مدد کی تھی، اور سورۃ النور (آیت ۳۳) میں ہے: ﴿وَآتُوْهُمْ مِنْ مَالِ اللّٰهِ الَّذِيْ آتَاكُمْ﴾: اور دو تم مکاتبوں کو اس مال میں سے جو تم کو اللہ تعالیٰ نے دیا ہے، یعنی ان کو زکات دو تاکہ وہ جلدی آزاد ہو جائیں، اسی طرح جس پر کفارہ آیا ہے اور وہ تنگ دست ہے تو اس کو زکات بھی دی جاسکتی ہے تاکہ وہ کفارہ ادا کرے۔

[۳-] بَابُ مَنْ أَعَانَ الْمُعْسِرَ فِي الْكَفَّارَةِ

[۶۷۱۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: هَلَكْتُ! فَقَالَ: " وَمَا ذَاكَ؟" فَقَالَ: وَقَعْتُ بِأَهْلِىْ فِىْ رَمَضَانَ، قَالَ: " تَجِدُ رَقَبَةً؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟" قَالَ: لَا، قَالَ: " فَتَسْتَطِيْعُ أَنْ تُطْعِمَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا؟" قَالَ: لَا، قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ بِعَرَقٍ، وَالْعَرَقُ: الْمِكْتَلُ فِيْهِ تَمْرٌ، فَقَالَ: " اذْهَبْ بِهَا، فَتَصَدَّقْ بِهِ" قَالَ: أَعَلٰى أَحْوَجَ مِنَّا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَالَّذِىْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجُ مِنَّا! ثُمَّ قَالَ: " اذْهَبْ، فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ" [راجع: ١٩٣٦]

بَابٌ: يُعْطِىْ فِى الْكَفَّارَةِ عَشَرَةَ مَسَاكِيْنَ، قَرِيْبًا كَانَ أَوْ بَعِيْدًا

قسم کے کفارے میں دس غریبوں کو دے، چاہے نزدیک کے ہوں یا دور کے

نزدیک کا: یعنی جس کو زکات دینا جائز نہیں، دور کا: یعنی جس کو زکات دینا جائز ہے، امام بخاریؒ کی رائے یہ ہے کہ کفارہ ہر مسکین کو دے سکتے ہیں، اور قسم کے کفارے میں تو نص نہیں، مگر رمضان کا روزہ توڑنے کے کفارے میں نص ہے، نبی ﷺ نے اس کا کفارہ گھر میں کھانے کی اجازت دی تھی، گھر میں بیوی بچے ہوتے ہیں، ان کو زکات دینا جائز نہیں، مگر کفارہ کا کھانا ان کو کھلایا جاسکتا ہے، امام صاحب نے یمین کو کفارہ صوم پر قیاس کیا ہے، مگر یہ استدلال اس وقت تام ہوگا جب صراحت ملے کہ گھر میں کھانے سے کفارہ ادا ہوگیا، اور وہ تشریع کے وقت کی ترخیص نہیں تھی، امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وہ گھر کی ضروریات کی تقدیم تھی، اور کفارہ دَین (ذمہ پر واجب) رہا، اور میرے نزدیک: وہ تشریع کے وقت کی ترخیص تھی، پس اس پر قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

مسئلہ: کفارہ کا کھانا کپڑا اسی غریب کو دیا جاسکتا ہے جس کو زکات دینا جائز ہے۔

[٤-] بَابٌ: يُعْطِىْ فِى الْكَفَّارَةِ عَشَرَةَ مَسَاكِيْنَ، قَرِيْبًا كَانَ أَوْ بَعِيْدًا

[٦٧١١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: هَلَكْتُ! قَالَ: " وَمَا شَأْنُكَ؟" قَالَ: وَقَعْتُ عَلٰى امْرَأَتِىْ فِىْ رَمَضَانَ، فَقَالَ: " هَلْ تَجِدُ مَا تُعْتِقُ رَقَبَةً؟" قَالَ: لَا، قَالَ: " فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟" قَالَ: لَا. قَالَ: " فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تُطْعِمَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا؟" قَالَ: لَا أَجِدُ. فَأُتِىَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَقٍ فِيْهِ تَمْرٌ، فَقَالَ: " خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ" فَقَالَ: أَعَلٰى أَفْقَرَ مِنَّا؟ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا أَفْقَرُ مِنَّا، ثُمَّ قَالَ: " خُذْهُ فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ" [راجع: ١٩٣٦]

بَابُ صَاعِ الْمَدِیْنَةِ، وَمُدِّ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَبَرَكَتِهِ، وَمَا تَوَارَثَ أَهْلُ الْمَدِیْنَةِ مِنْ ذٰلِكَ قَرْنًا بَعْدَ قَرْنٍ

مدینہ کا صاع، اور نبی ﷺ کا مدّ، اور نبی ﷺ کی برکت اور وہ صاع میں سے جو مدینہ والوں کونسلاً بعد نسل میراث میں ملتا رہا

پہلے تحفۃ القاری (۱۹۸:۵) میں یہ بات بیان کی ہے کہ مدینہ کا صاع (دورِ نبوی میں) چھوٹا تھا، اور نبی ﷺ کا مدّ بڑا تھا، مدّ دو رطل کا تھا، اور صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا، صحابہ نے صاع بڑا کرنے کی درخواست کی، کیونکہ جزیرۃ العرب میں صاع آٹھ رطل کا رائج تھا، مگر آپؐ نے صاع بڑا نہیں کیا، دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ مدینہ والوں کے صاع اور مدّ میں برکت فرمائیں، یہ برکت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ظاہر ہوئی، حضرت عمرؓ نے صاع آٹھ رطل کا کر دیا، پس قدیم صاع گھروں میں چلا گیا، اور وہ نسل در نسل میراث میں چلتا رہا، یہاں تک کہ امام مالکؒ نے امام ابو یوسفؒ کو دکھانے کے لئے تلامذہ سے کہا: تمہارے گھروں میں نبی ﷺ کا جو صاع ہے وہ لے آؤ، پچاس صاع آ گئے، اور ہر ایک نے سند بیان کی کہ یہ صاع میرے والد کو میراث میں ملا ہے، اور میرے دادا صحابی تھے، یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ نے گھروں سے صاع کیوں منگوائے؟ معلوم ہوا بازار میں کوئی اور صاع رائج تھا، وہ آٹھ رطل اور چار مد کا تھا، احناف نے مقادیر شرعیہ میں اسی کو لیا ہے، اور ائمہ ثلاثہ نے صاعِ نبوی کو لیا ہے جو پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا۔

روایت: سائب بن یزید کہتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ کا صاع تمہارے آج کے مدّ سے ایک مدّ اور تہائی مد کا تھا، پھر حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے عہد میں اس (صاع) میں اضافہ کیا گیا (یہ اضافہ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں کیا گیا تھا)

> **[٥-] بَابُ صَاعِ الْمَدِیْنَةِ، وَمُدِّ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَبَرَكَتِهِ، وَمَا تَوَارَثَ أَهْلُ الْمَدِیْنَةِ مِنْ ذٰلِكَ قَرْنًا بَعْدَ قَرْنٍ**
>
> [٦٧١٢-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُعَیْدُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ، قَالَ: كَانَ الصَّاعُ عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم مُدًّا وَثُلُثًا بِمُدِّكُمُ الْیَوْمَ، فَزِیْدَ فِیْهِ فِیْ زَمَنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ.

آئندہ روایت: غریب ہے، امام مالک رحمہ اللہ سے اس کو صرف ابو قتیبہ سلم بن قتیبہ شعیری روایت کرتے ہیں (یہ راوی ابو قتیبہ سلم بن قتیبہ باہلی کے علاوہ ہے) پھر ان سے منذر بن الولید جارودی روایت کرتا ہے، اور کوئی روایت کرنے والا

نہیں —— نافعؒ کہتے ہیں: ابن عمرؓ رمضان کی زکات یعنی صدقۃ الفطر پرانے مدّ (صاع) یعنی نبی ﷺ کے مدّ (صاع) سے ادا کیا کرتے تھے، اور کفارۂ یمین بھی نبی ﷺ کے مدّ (صاع) سے (یہ صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا)

اور امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا: ہمارا مدّ تمہارے مدّ سے بڑا ہے، اور ہمارے نزدیک افضل نبی ﷺ کے مدّ کو لینا ہے، اور امام مالکؒ نے ابوقتیبہ سے پوچھا: اگر تمہارا کوئی امیر آئے، اور وہ نبی ﷺ کے مدّ سے چھوٹا مدّ بنائے تو تم کونسے مدّ سے صدقہ دوگے؟ ابوقتیبہ نے کہا: نبی ﷺ کے مد سے، امام مالکؒ نے فرمایا: پس کیا تو دیکھتا نہیں کہ معاملہ نبی ﷺ کے مدّ ہی طرف لوٹتا ہے! —— اس میں بھی مدّ سے صاع مراد ہے، اور صاع نبوی سے چھوٹا صاع تو نہیں لیں گے، مگر بڑا لینے میں کیا حرج ہے! (تفصیل تحفۃ الالمعی (۵۳۶:۲) میں ہے)

اور آخری حدیث پہلے آگئی ہے، اس میں برکت کی دعا ہے۔

[٦٧١٣-] حدثنا مُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْجَارُوْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ وَهُوَ سَلْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِيْ زَكَاةَ رَمَضَانَ بِمُدِّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْمُدِّ الْأَوَّلِ، وَفِي كَفَّارَةِ الْيَمِيْنِ بِمُدِّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ أَبُوْ قُتَيْبَةَ: قَالَ لَنَا مَالِكٌ: مُدُّنَا أَعْظَمُ مِنْ مُدِّكُمْ، وَلاَ نَرَى الْفَضْلَ إِلاَّ فِيْ مُدِّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. وَقَالَ لِيْ مَالِكٌ: لَوْ جَاءَ كُمْ أَمِيْرٌ فَضَرَبَ مُدًّا أَصْغَرَ مِنْ مُدِّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِأَيِّ شَيْئٍ كُنْتُمْ تُعْطُوْنَ؟ قُلْتُ: كُنَّا نُعْطِيْ بِمُدِّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: أَفَلاَ تَرَى أَنَّ الْأَمْرَ إِنَّمَا يَعُوْدُ إِلَى مُدِّ النَّبِيِّ؟!

[٦٧١٤-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْ مِكْيَالِهِمْ وَصَاعِهِمْ وَمُدِّهِمْ" [راجع: ٢١٣٠]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ﴾ وَأَيُّ الرِّقَابِ أَزْكَى؟

کفارہ میں غلام آزاد کرنا، اور کونسا غلام زیادہ اچھا ہے؟

کفارہ یمین، کفارۂ ظہار اور کفارۂ قتل میں غلام آزاد کرنے کا ذکر ہے، کفارۂ قتل میں مسلمان غلام آزاد کرنا ضروری ہے اور کفارۂ یمین اور کفارۂ ظہار میں کافر غلام کو آزاد کرنا بھی حنفیہ کے نزدیک درست ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مسلمان غلام کو آزاد کرنا ضروری ہے، وہ کافر سے زیادہ اچھا ہے، اور اس میں ائمہ ثلاثہ کے اختلاف کی بھی رعایت ہے، یہ باب کے دوسرے جزء کا جواب ہے، اور حدیث گذرچکی ہے، اس میں رقبۃ مسلمۃ ہے، مگر یہ آزاد کرنا کفارہ میں نہیں ہے، لوجہ اللہ آزاد کرنے کا ثواب ہے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ﴾ وَأَىُّ الرِّقَابِ أَزْكَى؟

[٦٧١٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِىْ غَسَّانَ مُحَمَّدِ بْنِ مُطَرِّفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَرْجَانَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً مُسْلِمَةً أَعْتَقَ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنَ النَّارِ، حَتّٰى فَرْجَهُ بِفَرْجِهِ"[راجع: ٢٥١٧]

بَابُ عِتْقِ الْمُدَبَّرِ، وَأُمِّ الْوَلَدِ، وَالْمُكَاتَبِ، فِى الْكَفَّارَةِ وَعِتْقِ وَلَدِ الزِّنَا

کفاروں میں مدبر، ام ولد، مکاتب اور حرامی کو آزاد کرنا

حضرت رحمہ اللہ کے نزدیک کفاروں میں ان سب کو آزاد کرنا درست ہے، باب کی حدیث میں مدبر کو بیچا گیا ہے، پس اس کو کفارہ میں آزاد کرنا بھی درست ہے، اور باقی کو مدبر پر قیاس کیا ہے، اور فقہاء کی رائیں حاشیہ میں ہیں، اب چونکہ غلام نہیں رہے، اس لئے تفصیل ضروری ہے۔

[٧-] بَابُ عِتْقِ الْمُدَبَّرِ، وَأُمِّ الْوَلَدِ، وَالْمُكَاتَبِ، فِى الْكَفَّارَةِ وَعِتْقِ وَلَدِ الزِّنَا

وَقَالَ طَاوُسٌ: يُجْزِئُ أُمُّ الْوَلَدِ وَالْمُدَبَّرُ.

[٦٧١٦-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ دَبَّرَ مَمْلُوْكًا لَهُ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَنْ يَشْتَرِيْهِ مِنِّىْ؟" فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ النَّحَّامِ بِثَمَانِى مِائَةِ دِرْهَمٍ، فَسَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: عَبْدًا قِبْطِيًّا مَاتَ عَامَ أَوَّلَ.[راجع: ٢١٤١]

بَابٌ: إِذَا أَعْتَقَ عَبْدًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ آخَرَ، أَوْ أَعْتَقَ فِى الْكَفَّارَةِ: لِمَنْ وَلَاؤُهُ؟

مشترک غلام آزاد کیا، یا کفارہ میں آزاد کیا تو اس کی میراث کس کو ملے گی؟

۱- غلام دو شخصوں میں مشترک تھا، ایک نے اپنا حصہ آزاد کیا تو دوسرے کے حصہ کا کیا ہوگا؟ اور ولاء کس کو ملے گی؟ یہ مسئلہ تحفۃ القاری (۵۳۰:۵) میں آچکا ہے، اس کی مراجعت کرلی جائے۔

۲- جو غلام کفارہ میں آزاد کیا جائے: اس کی ولاء کس کو ملے گی؟ آزاد کرنے والے کو ملے گی، حدیث میں ضابطہ ہے: **الولاء لمن أعتق**: میراث اس کو ملتی ہے جس نے آزاد کیا ہے۔

[٨-] بَابٌ: إِذَا أَعْتَقَ عَبْدًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ آخَرَ، أَوْ أَعْتَقَ فِي الْكَفَّارَةِ: لِمَنْ وَلَاؤُهُ؟

[٦٧١٧-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيْرَةَ، فَاشْتَرَطُوْا عَلَيْهَا الْوَلَاءَ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "اشْتَرِيْهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" [راجع: ٤٥٦]

بَابُ الِاسْتِثْنَاءِ فِي الْأَيْمَانِ

قسم کے ساتھ إن شاء الله کہنا

استثناء کے معنی ہیں: اِن شاء اللہ کہنا، اگر قسم کے ساتھ متصلاً اِن شاء اللہ کہہ لیا جائے تو قسم منعقد نہیں ہوگی، پس حانث ہونے کا بھی سوال نہیں، مگر قطع کلام کے بعد ان شاء اللہ کہنا مفید نہیں۔ پہلی حدیث میں نبی ﷺ نے اونٹ نہ دینے کی قسم کھائی تھی، کیونکہ اس وقت اونٹ میسر نہیں تھے، پھر غنیمت میں اونٹ آئے تو ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو بلا کر تین اونٹ دیئے، پھر جب اشعریوں نے آپؐ کو قسم یاد دلائی تو آپؐ نے ان شاء اللہ کہہ کر قسم ختم نہیں کردی، بلکہ فرمایا: "میں اپنی قسم کا کفارہ دیدونگا" معلوم ہوا کہ فصل کے ساتھ ان شاء اللہ کہنا مفید نہیں، اور ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ فصل کے ساتھ ان شاء اللہ کہنے سے بھی قسم ختم ہوجاتی ہے مگر اس کو کسی فقیہ نے نہیں لیا۔

واقعہ: منصور عباسی کے حاجب (باڈی گارڈ) نے بادشاہ کے کان بھرے کہ ابوحنیفہ آپ کے دادا کی مخالفت کرتے ہیں، وہ فصل کے ساتھ استثناء کو مفید نہیں کہتے، منصور نے ابوحنیفہؒ کو طلب کیا، اور قہر آلود لہجہ میں کہا: آپ ابن عباس کی مخالفت کرتے ہیں! امام صاحب نے جواب دیا: جو فصل کے ساتھ استثناء کو جائز کہتا ہے وہ آپ کی حکومت کا مخالف ہے، منصور نے پوچھا: کیسے؟ امام صاحب نے فرمایا: جن لوگوں نے آپ سے بیعت کی ہے وہ جب چاہیں گے ان شاء اللہ کہہ کر بیعت ختم کرلیں گے۔ منصور نے حاجب کو دیکھا، جو سر پے کھڑا تھا، اور کہا: ابوحنیفہ کے منہ نہ لگ، وہ تیری گردن اڑوائیں گے!

[٩-] بَابُ الِاسْتِثْنَاءِ فِي الْأَيْمَانِ

[٦٧١٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ أَبِيْ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَهْطٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ أَسْتَحْمِلُهُ، فَقَالَ: "وَاللّٰهِ لَا أَحْمِلُكُمْ، وَمَا عِنْدِيْ مَا أَحْمِلُكُمْ" ثُمَّ لَبِثْنَا مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَأُتِيَ بِشَائِلٍ فَأَمَرَ لَنَا بِثَلَاثِ ذَوْدٍ، فَلَمَّا انْطَلَقْنَا قَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: لَا يُبَارِكُ اللّٰهُ لَنَا، أَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَسْتَحْمِلُهُ فَحَلَفَ لَا يَحْمِلُنَا فَحَمَلَنَا، فَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: فَأَتَيْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ

فَقَالَ: "مَا أَنَا حَمَلْتُكُمْ بَلِ اللّٰهُ حَمَلَكُمْ، إِنِّيْ وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، إِلَّا كَفَّرْتُ عَنْ يَمِيْنِيْ، وَأَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ"[راجع: ۳۱۳۳]

[۶۷۱۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، وَقَالَ: "إِلَّا كَفَّرْتُ يَمِيْنِيْ، وَأَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ" أَوْ: "أَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ، وَكَفَّرْتُ"[راجع: ۳۱۳۳]

لغت: الشائل: اونٹ، الشائلة: وہ اونٹنی جس کے تھن حمل یا وضع حمل کی وجہ سے ہلکے ہوگئے ہوں، اور اوپر کو اٹھ گئے ہوں۔

آئندہ حدیث: میں سلیمان علیہ السلام کا واقعہ ہے، مگر وہ حدیث اس باب کی نہیں، کیونکہ سلیمانؑ نے قسم پوری کی تھی، سب ازواج سے صحبت کی تھی، مگر کسی کے حمل نہ رہا، اگر وہ فرشتہ کے یاد دلانے پر ان شاء اللہ کہہ لیتے تو مقصد پورا ہوتا، سب سے لڑکا ہوتا، اور آپؑ ان کے ساتھ جہاد کرتے۔

[۶۷۲۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ، عَنْ طَاوُسٍ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ سُلَيْمَانُ: لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ بِتِسْعِيْنَ امْرَأَةً، كُلٌّ تَلِدُ غُلَامًا يُقَاتِلُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ- قَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِي الْمَلَكَ -: قُلْ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ! فَنَسِيَ، فَأَطَافَ بِهِنَّ، فَلَمْ تَأْتِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ بِوَلَدٍ، إِلَّا وَاحِدَةٌ بِشِقِّ غُلَامٍ. فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يَرْوِيْهِ: "لَوْ قَالَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ يَحْنَثْ وَكَانَ دَرَكًا لَهُ فِي حَاجَتِهِ" وَقَالَ مَرَّةً: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوِ اسْتَثْنَى"

قَالَ: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ مِثْلَ حَدِيْثِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.[راجع: ۲۸۱۹]

بَابُ الْكَفَّارَةِ قَبْلَ الْحِنْثِ وَبَعْدَهُ

کفارہ قسم توڑنے سے پہلے اور بعد میں دینا

مذاہبِ فقہاء: اگر قسم توڑ کر کفارہ ادا کرے تو بالاجماع درست ہے اور اگر کفارہ دے کر قسم توڑے تو اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایسا کرنا بھی درست ہے (مگر امام شافعی رحمہ اللہ نے روزوں کا استثناء کیا ہے، ان کی تقدیم جائز نہیں) اور حنفیہ کے نزدیک قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کرنا درست نہیں۔

اور اس اختلاف کی بنیاد نص نہیں ہے، اس لئے کہ بعض روایات میں حنث (قسم توڑنے) کو مقدم کیا گیا ہے اور کفارہ کو مؤخر، اور بعض روایات میں برعکس ہے، راوی کسی ایک بات پر ٹھہرتا نہیں، پھر کسی روایت میں واو ہے جو مطلق جمع کے لئے ہے اور کسی میں فاء اور ثم ہیں جو ترتیب کے لئے ہیں، پس جب حدیثوں کی صورتِ حال یہ ہے تو وہ اختلاف کی بنیاد نہیں بن سکتیں، بلکہ اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ کفارہ کی علت کیا ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک علت: یمین ہے اس لئے

کہ کفارۃ الیمین محاورہ ہے، پس یمین علت ہوئی، جیسے: صلوۃُ الظھر میں ظہر (دوپہر) علت ہے صدقۃُ الفطر میں (روزہ کھولنا) علت ہے، اسی طرح یہاں بھی یمین علت ہے، پس قسم توڑنے سے پہلے کفارہ دیا جائے تو درست ہے کیونکہ سبب (یمین) پایا گیا۔ اور حنفیہ کے نزدیک: حنث (قسم توڑنا) علت ہے، وہ فرماتے ہیں: کفارۃُ الیمین میں مضاف پوشیدہ ہے، تقدیرِ عبارت ہے: کفارۃُ نقضِ الیمین یعنی قسم توڑنے کا کفارہ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ لفظ کفارہ میں اشارہ ہے کہ کوئی نامناسب کام ہوا ہے، جس کی یہ سزا ہے اور ظاہر ہے کہ نامناسب کام قسم نہیں، کیونکہ قسم بذاتِ خود بری چیز نہیں، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جگہ جگہ قسمیں کھائی ہیں اور حضور اقدس ﷺ نے بھی قسمیں کھائی ہیں، بلکہ نامناسب بات قسم توڑنا ہے کیونکہ قسم کھانے والے نے اللہ کا نام لے کر ایک عہد کیا ہے، پس اس کی خلاف ورزی میں اللہ تعالیٰ کے نام کی بے حرمتی ہے اور کفارہ اس کی ایک طرح کی سزا ہے، اس لئے کفارۃُ الیمین کی تقدیرِ عبارت: کفارۃُ نقضِ الیمین ہے یعنی یہ قسم توڑنے کی سزا ہے پس قسم توڑ کر کفارہ دینا ضروری ہے، اگر قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کیا تو اس کا اعتبار نہیں، کیونکہ سبب ابھی نہیں پایا گیا، اور سبب سے پہلے مسبب کا تحقق نہیں ہوتا، واللہ اعلم۔

امام بخاری رحمہ اللہ باب میں دونوں حدیثیں قسم توڑنے کے بعد کفارہ ادا کرنے کی لائے ہیں، اور دونوں حدیثوں کو متابعت کے ساتھ مؤکد کیا ہے، یہ شاید اس صورت کی ترجیح کی طرف اشارہ ہے۔ واللہ اعلم

[۱۰-] بَابُ الْكَفَّارَةِ قَبْلَ الْحِنْثِ وَبَعْدَهُ

[۶۷۲۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ الْقَاسِمِ التَّمِيْمِيِّ، عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِيْ مُوْسَى وَبَيْنَنَا وَبَيْنَ هٰذَا الْحَيِّ مِنْ جَرْمٍ إِخَاءٌ وَمَعْرُوْفٌ قَالَ: فَقُدِّمَ طَعَامُهُ، قَالَ: وَقُدِّمَ فِي طَعَامِهِ لَحْمُ دَجَاجٍ، قَالَ: وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ تَيْمِ اللّٰهِ أَحْمَرُ كَأَنَّهُ مَوْلًى، قَالَ: فَلَمْ يَدْنُ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ مُوْسَى: ادْنُ، فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ مِنْهُ. قَالَ: إِنِّي رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ شَيْئًا فَقَذِرْتُهُ، فَحَلَفْتُ أَنْ لَا أَطْعَمَهُ أَبَدًا، قَالَ: ادْنُ أُخْبِرْكَ عَنْ ذٰلِكَ، أَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَهْطٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ أَسْتَحْمِلُهُ، وَهُوَ يَقْسِمُ نَعَمًا مِنْ نَعَمِ الصَّدَقَةِ- قَالَ أَيُّوْبُ: أَحْسِبُهُ قَالَ: وَهُوَ غَضْبَانُ- قَالَ: "وَاللّٰهِ لَا أَحْمِلُكُمْ، وَمَا عِنْدِيْ مَا أَحْمِلُكُمْ" قَالَ: فَانْطَلَقْنَا، فَأُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِنَهْبِ إِبِلٍ، فَقَالَ: "أَيْنَ هٰؤُلَاءِ الْأَشْعَرِيُّوْنَ؟ أَيْنَ هٰؤُلَاءِ الْأَشْعَرِيُّوْنَ؟" فَأَتَيْنَا، فَأَمَرَ لَنَا بِخَمْسِ ذَوْدٍ غُرِّ الذُّرَى، قَالَ: فَانْدَفَعْنَا، فَقُلْتُ لِأَصْحَابِيْ: أَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَسْتَحْمِلُهُ، فَحَلَفَ أَنْ لَا يَحْمِلَنَا، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَيْنَا فَحَمَلَنَا، نَسِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمِيْنَهُ، وَاللّٰهِ لَئِنْ تَغَفَّلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمِيْنَهُ لَا

نُفْلِحُ أَبَدًا، ارْجِعُوْا بِنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَلْنُذَكِّرْهُ يَمِيْنَهُ. فَرَجَعْنَا فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتَيْنَاكَ نَسْتَحْمِلُكَ، فَحَلَفْتَ أَنْ لاَ تَحْمِلَنَا، ثُمَّ حَمَلْتَنَا فَظَنَنَّا أَوْ: فَعَرَفْنَا أَنَّكَ نَسِيْتَ يَمِيْنَكَ، قَالَ:" انْطَلِقُوْا، فَإِنَّمَا حَمَلَكُمُ اللّٰهُ، إِنِّيْ وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لاَ أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ، فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، إِلَّا أَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ وَتَحَلَّلْتُهَا"[راجع: ٣١٣٣]

تَابَعَهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ وَالْقَاسِمِ بْنِ عَاصِمٍ الْكُلَيْبِيِّ.

حدثنا قُتَيْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، وَالْقَاسِمِ التَّمِيْمِيِّ، عَنْ زَهْدَمٍ بِهٰذَا.

[٦٧٢٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ فَارِسٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَ تَسْأَلِ الإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيْتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِنْ أُعْطِيْتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَأْتِ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ"

تَابَعَهُ أَشْهَلُ بْنُ حَاتِمٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ. وَتَابَعَهُ يُوْنُسُ، وَسِمَاكُ بْنُ عَطِيَّةَ، وَسِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، وَحُمَيْدٌ، وَقَتَادَةُ، وَمَنْصُوْرٌ، وَهِشَامٌ، وَالرَّبِيْعُ.[راجع: ٦٦٢٢]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الفرائض

میراث کا بیان

ربط: جو سلسلۂ بیان کتاب الادب سے شروع ہوا تھا وہ پورا ہوا، اب ایک نیا سلسلہ شروع کرتے ہیں، کچھ احکام قرآن میں لفظ فریضۃ اور فرض سے بیان کئے گئے ہیں، یہ وہ احکام ہیں جو کمپلسری (لازمی) ہیں، ان میں نہ اجتہاد چلتا ہے نہ قاضی کو اختیار ہوتا ہے، ان میں پہلا نمبر فرائض (مواریث) کا ہے، سورۃ النساء کی (آیت ۱۱) میں ہے: ﴿فَرِیْضَةً مِنَ اللّٰهِ﴾: یہ حکم منجانب اللہ مقرر کر دیا گیا ہے، پھر حدود (سزاؤں) کا نمبر ہے، سورۃ النور کی پہلی آیت میں ہے: ﴿سُوْرَةٌ أَنْزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا﴾: اس سورت کو ہم نے اتارا، اور اس کے احکام ہم نے مقرر کئے، پھر سورت کے شروع میں حدود کا بیان ہے، چنانچہ اسی ترتیب سے کتابیں لائے ہیں۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِي أَوْلَادِكُمْ﴾ الآيَتَيْنِ

احکامِ میراث کی دو آیتیں

پہلی آیت: يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فى أولادِكُمْ للذَّكَرِ مِثلُ حَظِّ الأُنثيَيْنِ، فإنْ كُنَّ نساءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثا ماتَرَك، وَإنْ كَانَتْ واحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ، ولِأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنهُمَا السُدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كانَ له وَلَدٌ، فإن لم يكن له ولَدٌ ووَرِثَه أبَواهُ فلِأُمِّه الثُلُثُ فإنْ كانَ له اِخْوَةٌ فلِأمِّه السُدُسُ، مِنْ بَعْدِ وصيَّةٍ يُوصِيْ بها أوْدَيْنٍ، آبائُكُمْ وَأبنائكُمْ لاتَدْرُوْنَ أيُّهُمْ أقْرَبُ لكُمْ نَفعاً، فريضَةً مِنَ اللّٰه، اِنَّ اللّٰه كانَ عَلِيماً حَكِيْماً (سورہ نساء آیت ۱۱)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تم کو تمہاری اولاد کے حق میں حکم دیتے ہیں کہ ایک مرد (لڑکے) کا حصہ دو عورتوں (لڑکیوں) کے برابر ہے، پھر اگر دو سے زیادہ صرف عورتیں (بیٹیاں) ہوں تو ان کے لیے ترکہ کا دو تہائی حصہ ہے، اور اگر ایک (بیٹی) ہو تو اس کے لئے آدھا ہے۔ اور میت کے والدین میں سے ہر ایک کے لیے ترکہ کا چھٹا حصہ ہے اگر میت کی اولاد ہے، اور اگر اس کی کوئی اولاد نہیں ہے اور والدین اس کے وارث ہیں تو اس کی ماں کے لیے ایک تہائی ہے (اور باقی دو تہائی باپ کو ملے گا)

پھر اگر میت کے کئی بھائی ہیں تو اس کی ماں کے لئے چھٹا حصہ ہے، اس وصیت کے بعد جو وہ کر مرا یا ادائے قرض کے بعد، تمہیں معلوم نہیں کہ تمہارے باپ اور بیٹوں میں سے تمہیں کون زیادہ نفع پہونچائے گا، یہ حصہ اللہ کا متعین کردہ ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ خبر دار اور حکمت والے ہیں۔

دوسری آیت: ولکُمْ نِصْفُ ماتَرَكَ أزْوَاجُكُمْ اِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُنَّ وَلَدٌ، فَاِنْ كانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوْصِيْنَ بِهَا أوْدَيْنٍ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّاتَرَكْتُمْ إنْ لَمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ فَإنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بها أوْدَيْنٍ، وإنْ كان رَجُلٌ يُوْرَثُ كَلاَلَةً أوِامْرَأةٌ، وَلَه أخٌ أوْأُخْتٌ، فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُما السُّدُسُ فَإنْ كانوا أكْثَرَ مِنْ ذلك فَهُمْ شُرَكاءُ فی الثُلثِ، مِنْ بَعْدِ وصيَّةٍ يُوصىٰ بها أودَينٍ غَيْرَ مُضَارٍّ، وَصِيَّةً مِنَ اللّٰهِ واللّٰهُ عليمٌ حَلِيْمٌ (سورہ نساء آیت ۱۲)

ترجمہ: اور تمہارے لیے تمہاری بیویوں کے ترکہ کا آدھا ہے اگر ان کی کوئی اولاد نہ ہو، اور اگر ان کی کوئی اولاد ہو تو تمہارے لیے چوتھائی ہے اس مال میں سے جو وہ چھوڑ گئیں، اس وصیت کے بعد جو وہ کر گئیں یا ادائے قرض کے بعد۔ اور ان (بیویوں) کے لیے تمہارے ترکہ کا چوتھائی حصہ ہے اگر تمہاری کوئی اولاد نہ ہو، اور اگر تمہاری کوئی اولاد ہے تو ان کے لیے تمہارے ترکہ کا آٹھواں حصہ ہے، اس وصیت کے بعد جو تم کر مرو یا ادائے قرض کے بعد۔ اور اگر وہ مرد جس کی میراث ہے باپ اور بیٹا کچھ نہیں رکھتا یا ایسی کوئی عورت ہے، اور اس کا بھائی یا بہن ہے تو ان میں سے ہر ایک کے لئے چھٹا حصہ ہے، اور اگر (ماں شریک بھائی بہن) زیادہ ہوں تو سب ایک تہائی میں شریک ہیں، اس وصیت کے بعد جو ہو چکی ہے، یا قرض کے بعد (۱) جب کہ اوروں کا نقصان کرنے والا نہ ہو۔ یہ اللہ کا حکم ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والے اور تحمل والے ہیں۔

حدیث: پہلے پانچ جگہ گذری ہے، تحفۃ القاری (۹:۱۷۹) میں ابن جریج کی روایت ہے کہ اس موقع پر سورۃ النساء کی یہی آیات نازل ہوئیں، اسی کو پیش نظر رکھ کر حدیث اس باب میں لائے ہیں، مگر یہ صحیح نہیں، اس واقعہ میں سورۃ النساء کی آخری آیت نازل ہوئی تھی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸۵- کتابُ الفرائض

[۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِیْ أَوْلَادِكُمْ﴾ الآيَتَيْنِ

[۶۷۲۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ،

(۱) وارثوں سے چوں کہ اندیشہ تھا کہ ترکۂ میت میں سے میت کا قرض اور وصیت ادا نہ کریں بلکہ تمام مال آپ ہی رکھ لیں اس لیے میراث کے ساتھ دونوں کی بار بار تاکید کی گئی ہے۔

يَقُوْلُ: مَرِضْتُ فَعَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ وَهُمَا مَا شِيَانِ، فَأَتَانِيْ وَقَدْ أُغْمِيَ عَلَيَّ، فَتَوَضَّأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَبَّ عَلَيَّ وَضُوْءَ هُ، فَأَفَقْتُ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ أَصْنَعُ فِيْ مَالِيْ؟ كَيْفَ أَقْضِي فِيْ مَالِيْ؟ فَلَمْ يُجِبْنِيْ بِشَيْءٍ حَتّٰى نَزَلَتْ آيَةُ الْمِيْرَاثِ[راجع: ١٩٤]

بَابُ تَعْلِيْمِ الْفَرَائِضِ

علم المواریث سکھلانا

مختلف کتابوں میں حدیث ہے: تعلَّموا الفرائض، وعلموها الناس، فإنها نصف العلم: علم المیراث سیکھو، اورلوگوں کوسکھلاؤ، اس لئے کہ یہ آدھاعلم ہے —— یہ حدیث صحیح میں لانے کے قابل نہیں تھی (تخریج کے لئے دیکھیں طرازی شرح سراجی ص:۳۶) اس لئے والئ مصر حضرت عقبۃ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ کا قول لائے کہ سیکھ لوگمان کرنے والوں سے پہلے یعنی لوگ اٹکل سے دین میں گفتگوشروع کردیں اس سے پہلے دین سیکھ لو، یہ حدیث عام ہے، علم المیراث کو بھی شامل ہے، پھرحدیث بھی عام لائے ہیں، جوتحفۃ القاری (۱۰:۱۷۵) میں آچکی ہے، اس میں ہے کہ گمان سے بچو، گمان سب سے بڑا جھوٹ ہے، فرائض کے مسائل میں گمان سے گفتگو جائزنہیں، اس لئے یہ علم بھی سیکھنا چاہئے۔

[٢-] بَابُ تَعْلِيْمِ الْفَرَائِضِ

وَقَالَ عَقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ: تَعَلَّمُوْا قَبْلَ الظَّانِّيْنَ، يَعْنِي الَّذِيْنَ يَتَكَلَّمُوْنَ بِالظَّنِّ.

[٦٧٢٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ، فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيْثِ، وَلَا تَحَسَّسُوْا، وَلَا تَجَسَّسُوْا، وَلَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَدَابَرُوْا، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا"[راجع: ٥١٤٣]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَانُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ"

نبی ﷺ کا کوئی وارث نہیں ہوتا، آپؐ کا ترکہ خیرات ہوتا ہے

یہ مسئلہ اجماعی ہے، شیعوں کے علاوہ کسی کا اس میں اختلاف نہیں، انبیاء کا کوئی وارث نہیں ہوتا، ان کا ترکہ خیرات ہوتا ہے، اور ﴿يَرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوْبَ﴾ [مریم۶] میں اور ﴿وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُدَ﴾ [النمل ۱۶] میں وراثت علمی مراد ہے، جیسے العلماء ورثة الأنبياء میں، اور حکمت حاشیہ میں ہے کہ انبیاء پر اپنے اور اپنے اقرباء کے حق میں دنیا طلبی کا الزام نہ لگے، اسی حکمت سے انبیاء پر زکات حرام ہے، اور حدیثیں سب آچکی ہیں۔

[۳-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم: " لَانُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ"

[٦٧٢٥-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ فَاطِمَةَ وَالْعَبَّاسَ أَتَيَا أَبَا بَكْرٍ يَلْتَمِسَانِ مِيْرَاثَهُمَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَهُمَا يَوْمَئِذٍ يَطْلُبَانِ أَرْضَيْهِمَا مِنْ فَدَكَ وَسَهْمَهُ مِنْ خَيْبَرَ. [راجع: ٣٠٩٢]

[٦٧٢٦-] فَقَالَ لَهُمَا أَبُوْ بَكْرٍ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ: " لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ، إِنَّمَا يَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ مِنْ هٰذَا الْمَالِ" قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَاللّٰهِ لَا أَدَعُ أَمْرًا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَصْنَعُهُ فِيْهِ إِلَّا صَنَعْتُهُ، قَالَ: فَهَجَرَتْهُ فَاطِمَةُ، فَلَمْ تُكَلِّمْهُ حَتّٰى مَاتَتْ. [راجع: ٣٠٩٣]

وضاحت: دونوں حدیثیں ایک ہیں، حوالہ دینے کے لئے نمبر بدلے ہیں...... **فهجرته:** پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا، پس ان سے اس مسئلہ میں موت تک بات نہیں کی، کیونکہ وہ مطمئن ہوگئی تھیں۔

[٦٧٢٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبَانَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " إِنَّا لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" [راجع: ٣٠٣٤]

وضاحت: لانورث: باب افعال سے معروف و مجہول دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، مطلب دونوں قراءتوں کا ایک ہے...... ماترکنا: مبتدا اور صدقة خبر ہے: جو ہم نے چھوڑا: خیرات ہے۔

[٦٧٢٨-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ ذَكَرَ لِيْ مِنْ حَدِيْثِهِ ذٰلِكَ، فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى دَخَلْتُ عَلَيْهِ فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: انْطَلَقْتُ حَتّٰى أَدْخُلَ عَلٰى عُمَرَ فَأَتَاهُ حَاجِبُهُ يَرْفَا، فَقَالَ: هَلْ لَكَ فِيْ عُثْمَانَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَذِنَ لَهُمْ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ لَكَ فِيْ عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ عَبَّاسُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْضِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ هٰذَا، قَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ، هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " إِنَّا لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" يُرِيْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم نَفْسَهُ؟ فَقَالَ الرَّهْطُ: قَدْ قَالَ ذٰلِكَ، فَأَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ فَقَالَ: هَلْ تَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ ذٰلِكَ؟ قَالَا: قَدْ قَالَ ذٰلِكَ.

قَالَ عُمَرُ: فَإِنِّيْ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ هٰذَا الْأَمْرِ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ قَدْ خَصَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فِيْ هٰذَا الْفَيْءِ بِشَيْءٍ لَمْ يُعْطِهِ أَحَدًا غَيْرَهُ، فَقَالَ: ﴿مَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ﴾ إِلٰى ﴿قَدِيْرٌ﴾ [الحشر: ٦]

فَكَانَتْ خَالِصَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَاللّٰهِ مَا احْتَازَهَا دُوْنَكُمْ، وَلاَ اسْتَأْثَرَ بِهَا عَلَيْكُمْ، لَقَدْ أَعْطَاكُمُوْهَا وَبَثَّهَا فِيْكُمْ، حَتّٰى بَقِيَ مِنْهَا هٰذَا الْمَالُ، فَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُنْفِقُ عَلٰى أَهْلِهِ مِنْ هٰذَا الْمَالِ نَفَقَةَ سَنَةٍ، ثُمَّ يَأْخُذُ مَا بَقِيَ فَيَجْعَلُهُ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ، فَعَمِلَ بِذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَيَاتَهُ، أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ ذٰلِكَ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، ثُمَّ قَالَ لِعَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمَانِ ذٰلِكَ؟ قَالاَ: نَعَمْ، فَتَوَفَّى اللّٰهُ نَبِيَّهُ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَنَا وَلِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَبَضَهَا، فَعَمِلَ بِمَا عَمِلَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ، فَقُلْتُ: أَنَا وَلِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَبَضْتُهَا سَنَتَيْنِ، أَعْمَلُ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ جِئْتُمَانِيْ وَكَلِمَتُكُمَا وَاحِدَةٌ، وَأَمْرُكُمَا جَمِيْعٌ، جِئْتَنِيْ تَسْأَلُنِيْ نَصِيْبَكَ مِنِ ابْنِ أَخِيْكَ، وَأَتَانِيْ هٰذَا يَسْأَلُنِيْ نَصِيْبَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيْهَا، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتُمَا دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا بِذٰلِكَ، فَتَلْتَمِسَانِ مِنِّيْ قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ، فَوَ اللّٰهِ الَّذِيْ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ، لاَ أَقْضِيْ فِيْهَا قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ، فَإِنْ عَجَزْتُمَا فَادْفَعَاهَا إِلَيَّ، فَإِنِّيْ أَكْفِيْكُمَاهَا. [راجع: ۲۹۰٤]

حوالہ: یہ حدیث پہلے مع شرح تحفۃ القاری (۳۸۹:۶) میں گذری ہے۔

[٦٧٢٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَ يَقْتَسِمُ وَرَثَتِيْ دِيْنَارًا، مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِيْ وَمُؤْنَةِ عَامِلِيْ فَهُوَ صَدَقَةٌ" [راجع: ۲۷۷٦]

[٦٧٣٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَرَدْنَ أَنْ يَبْعَثْنَ عُثْمَانَ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ يَسْأَلْنَهُ مِيْرَاثَهُنَّ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: أَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَ نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" [راجع: ٤٠٣٤]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِأَهْلِهِ"

نبی ﷺ کسی کے وارث نہیں ہوتے

یہ گذشتہ باب کا قرین باب ہے، جیسے نبی ﷺ کا کوئی وارث نہیں ہوتا: آپ بھی کسی کے وارث نہیں ہوتے، دلیل: نبی ﷺ مؤمنین سے ان کی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہیں، نفع رسانی میں، اور یہی وراثت کی بنیاد ہے، سورۃ النساء

(آیت ۱۱) میں ہے: ﴿آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا﴾: تمہارے آباء (اصول) اور تمہارے ابناء (فروع) تم نہیں جانتے کہ ان میں سے کون نفع رسانی میں اقرب ہے، پس نبی ﷺ کو ہر مؤمن کی میراث ملنی چاہئے، مگر باب کی حدیث میں آپؐ نے اعلان فرمایا کہ جو قرضہ چھوڑے گا، اور بھرپائی نہیں چھوڑے گا، اس کا قرضہ میں ادا کرونگا (اور ترکہ چھوڑے گا تو میں وارث نہیں ہونگا، بلکہ وہ) اس کے ورثاء کو ملے گا، کیونکہ نبی ﷺ کسی کے وارث بھی نہیں ہوتے۔

فائدہ (۱): انبیاء وارث ہوتے ہیں، وارث نہ بنانے کی جو حکمت ہے وہ اس صورت میں متحقق نہیں، ام یمن رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کو والدہ سے میراث میں ملی تھیں، آپؐ نے ان کو آزاد کیا تھا (قالہ ابن سعد ونقلہ ابن حجر فی الاصابہ) اور حدیث: نحن معاشر الأنبیاء لانورث (فتح ۱۲: ۸) میں کسی نے لانَرِث بڑھایا ہے، وہ بے اصل ہے۔ اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی میراث آپؐ کو ملی تھی یا نہیں؟ اس کا تذکرہ نہیں آیا، اور اپنے مولیٰ مدعم کا ترکہ آپؐ نے نہیں لیا وہ اختیار اولیٰ کے طور پر تھا، میں نے بھی اپنی والدہ کا ترکہ اپنے اخیافی بھائی کو دیدیا تھا، اور اپنی اہلیہ کا ترکہ نہیں لیا تھا اپنی اولاد کو دیدیا تھا۔

فائدہ (۲): مقروض کا قرضہ نبی ﷺ بیت المال سے بھرتے تھے، کیونکہ اسلامی حکومت فلاحی (ویلفیر) حکومت ہے۔ مگر حکومت وارث نہیں ہوتی، جیسے یورپ اور امریکہ میں 'موت ٹیکس' ہے، یہ حکومت وارث بنتی ہے، اسلام میں ترکہ میت کے ورثاء کو ملے گا، آخری جملہ یہ شبہ دفع کرنے کے لئے بڑھایا ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِأَهْلِهِ"

[٦٧٣١-] حدثنا عَبْدَانُ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْسَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَنَا أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، وَلَمْ يَتْرُكْ وَفَاءً، فَعَلَيْنَا قَضَاؤُهُ، وَمَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِوَرَثَتِهِ"[راجع: ٢٢٩٨]

بَابُ مِيْرَاثِ الْوَلَدِ مِنْ أَبِيْهِ وَأُمِّهِ

اولاد کی ماں باپ سے میراث

اگر کسی مرد یا عورت نے ایک لڑکی چھوڑی تو اس کو آدھا ترکہ ملے گا، اور دو یا زیادہ ہوں تو دوتہائی ترکہ پائیں گی، اور اگر ساتھ میں ان کا بھائی ہو تو سب عصبہ ہونگے، پہلے ذوی الفروض کو ان کے حصے دیں گے، پھر بچا ہوا سب اولاد کو مل جائے گا، اور مذکر کو مؤنث سے دوگنا ملے گا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "ملاؤ تم مقررہ حصے ذوی الفروض کے ساتھ یعنی پہلے ذوی الفروض کو ان کے حصے دیدو، پھر جو بچے وہ میت سے قریب تر مذکر شخص کے لئے ہے۔

تشریح: رَجُلٍ کے بعد ذَکَرٍ کی قید وضاحت کے لئے ہے، یعنی یہ صفت کاشفہ ہے، اور أَوْلَی کے معنی اقرب کے ہیں، اور میت سے اقرب اس کا جزء ہوتا ہے، یعنی بیٹا، پوتا، پھر اصل: اقرب ہوتی ہے یعنی باپ، دادا، پھر باپ کا جزء اقرب ہوتا ہے، یعنی بھائی، بھتیجے، پھر دادا کا جز ہے، یعنی چچا، چچازاد، عصبات میں یہی ترتیب ہے، وہ اسی ترتیب سے وارث ہونگے، اور اقرب کی موجودگی میں ابعد محروم ہوگا۔

سوال: بیٹا صرف عصبہ ہے، اور باپ دادا ذوی الفروض بھی ہیں اور عصبہ بھی، ایسا کیوں ہے؟

جواب: بیٹے صرف عصبہ اس لئے ہیں کہ ان کو زیادہ سے زیادہ میراث ملے، ذوی الفروض کے بعد جو بھی بچ جائے گا وہ سب بیٹے لے لیں گے، اور باپ دادا چونکہ دوسرے نمبر کے عصبہ ہیں اس لئے ان کا کچھ نہ کچھ حصہ مقرر کرنا ضروری ہے، ورنہ وہ محروم رہ جائیں گے، اس لئے وہ ذوی الفروض بھی ہیں اور دوسرے نمبر پر عصبہ بھی ہیں، پس جب میت کے بیٹے پوتے نہیں ہونگے تو باقی ماندہ ترکہ یہ اصول لیں گے۔

[٥-] بَابُ مِيْرَاثِ الْوَلَدِ مِنْ أَبِيْهِ وَأُمِّهِ

وَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: إِذَا تَرَكَ رَجُلٌ أَوِ امْرَأَةٌ ابْنَةً فَلَهَا النِّصْفُ، فَإِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ أَوْ أَكْثَرَ فَلَهُنَّ الثُّلُثَانِ، فَإِنْ كَانَ مَعَهُنَّ ذَكَرٌ بُدِئَ بِمَنْ شَرِكَهُمْ، فَيُعْطَى فَرِيْضَتَهُ، فَمَا بَقِيَ فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ.

[٦٧٣٢-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " أَلْحِقُوْا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا، فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ. [أطرافه: ٦٧٣٥، ٦٧٣٧، ٦٧٤٦]

بَابُ مِيْرَاثِ الْبَنَاتِ

بیٹیوں کی میراث

اگر میت کی صرف بیٹیاں ہوں: ایک یا زیادہ، اور دوسرا کوئی وارث نہ ہو، نہ ذوی الفروض نہ عصبہ تو سارا ترکہ بیٹی / بیٹیوں کو ملے گا، نصف / ثلثان ذوی الفروض ہونے کی وجہ سے، اور باقی ان پر رد کر دیا جائے گا، اور ان کا بھائی بھی ہو تو وہ اس کے ساتھ عصبہ بغیرہ ہونگی اور بیٹی / بیٹیوں کے ساتھ بہنیں عصبہ مع غیرہ ہونگی، پس باقی ترکہ بہنوں کو ملے گا —— پہلی حدیث میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، اس میں ہے: ليس يرثني إلا ابنتي: میری وارث صرف میری بیٹی ہے، اسی کو سارا ترکہ ملے گا —— اور دوسری روایت میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے بیٹی کے ساتھ بہن کو وارث بنایا ہے، آدھا بیٹی کو دیا ذوی الفروض ہونے کی وجہ سے اور آدھا بہن کو دیا، عصبہ مع غیرہ ہونے کی وجہ سے۔

[٦-] بَابُ مِيْرَاثِ الْبَنَاتِ

[٦٧٣٣-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: مَرِضْتُ بِمَكَّةَ مَرَضًا، أَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ، فَأَتَانِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ لِيْ مَالاً كَثِيْرًا، وَلَيْسَ يَرِثُنِيْ إِلَّا ابْنَتِيْ، أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِيْ؟ فَقَالَ:" لَا" قَالَ: قُلْتُ: فَالشَّطْرُ؟ قَالَ:" لَا" قُلْتُ: فَالثُّلُثُ؟ قَالَ:" الثُّلُثُ كَثِيْرٌ، إِنَّكَ إِنْ تَرَكْتَ وَلَدَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَتْرُكَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، وَإِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً إِلَّا أُجِرْتَ عَلَيْهَا، حَتّٰى اللُّقْمَةِ تَرْفَعُهَا إِلٰى فِي امْرَأَتِكَ" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أُخَلَّفُ عَنْ هِجْرَتِيْ؟ فَقَالَ: "لَنْ تُخَلَّفَ بَعْدِيْ فَتَعْمَلَ عَمَلاً تُرِيْدُ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ، إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ رِفْعَةً وَدَرَجَةً، وَلَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ بَعْدِيْ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُوْنَ، وَلٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ" يَرْثِيْ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ. قَالَ سُفْيَانُ: وَسَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ.[راجع: ٥٦]

[٦٧٣٤-] حَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ النَّضْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ شَيْبَانُ، عَنِ الْأَشْعَثِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: أَتَانَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ بِالْيَمَنِ مُعَلِّمًا أَوْ أَمِيْرًا، فَسَأَلْنَاهُ عَنْ رَجُلٍ تُوُفِّيَ وَتَرَكَ ابْنَتَهُ وَأُخْتَهُ، فَأَعْطَى الِابْنَةَ النِّصْفَ وَالْأُخْتَ النِّصْفَ.[طرفه: ٦٧٤١]

لغات: **عالة:** تنگ دست......**يتكففون:** ہاتھ پساریں، لمبا کریں، مانگیں......**لن تخلف:** نفی ہے اثبات إلا آگے ہے، دونوں سے حصر پیدا ہوا ہے......**لعلك:** بمعنی عسی ہے......**البائس:** بے چارہ!

بَابُ مِيْرَاثِ ابْنِ الِابْنِ إِذَا لَمْ يَكُنِ ابْنٌ

جب بیٹا نہ ہو تو پوتے کی میراث

بیٹا بہ نسبت پوتا اقرب ہے، اور بابِ میراث کا قاعدہ ہے: **الأقرب فالأقرب**، پس بیٹا وارث ہوگا اور پوتا محروم ہوگا، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پوتے صلبی بیٹوں کی جگہ وارث ہوتے ہیں، جب ان سے اقرب بیٹے نہ ہوں، پوتے: بیٹوں کی طرح اور پوتیاں بیٹیوں کی طرح ہیں، وارث ہونگے وہ (پوتے) جس طرح وہ (بیٹے) وارث ہوتے ہیں، اور محروم ہونگے وہ جس طرح وہ محروم ہوتے ہیں اور پوتا بیٹے کی موجودگی میں وارث نہیں ہوگا (یہ محروم ہونے کی صورت ہے) ــــــ اور حدیث میں لفظ أَولٰی ہے یعنی أقرب وارث ہوگا، أبعد محروم ہوگا، بیٹا اقرب ہے اور پوتا ابعد!

اعتراض: بیٹا وارث پوتا محروم: اس مسئلہ سے اغیار اسلام کے قانون میراث پر انگشت نمائی کرتے ہیں کہ یہ کیسا

انصاف ہے؟ پوتا عام طور پر ضعیف ہوتا ہے اور بیٹا مالدار، اول محروم اور ثانی ترکہ پائے: یہ ناانصافی ہے!

جواب: یہ اعتراض صحیح ہے، مگر یہ اعتراض ضابطۂ میراث میں جھول کی وجہ سے نہیں، بلکہ دادا کی کوتاہی کی وجہ سے ہے، شریعت نے دوراہیں رکھی ہیں: ہدیہ دے یا وصیت کرے، اگر زندگی میں بخشے تو پوتوں پوتیوں کو بیٹوں کے برابر یا زیادہ دے یا وصیت کرے، شریعت نے تہائی ترکہ میں وصیت کا حق رکھا ہے، مگر دادا یوم و فردا کرتا رہتا ہے اور اچانک چل دیتا ہے یا زندگی میں دیتا ہے اور ناانصافی کرتا ہے پس شریعت کیا کرے؟ وہ آخرت میں سزا بھگتے گا! میرے بڑے بیٹے کا ایک حادثہ میں انتقال ہوگیا، ان کے دولڑکے ہیں، میں نے فوراً وصیت کی کہ جب تک میں زندہ ہوں بچوں کا کفیل ہوں، میرے بعد یہ دو پوتے دولڑکوں کی میراث پائیں گے، ان کا باپ ہوتا تو ایک لڑکے کی میراث پاتا، اب کوئی کیا اعتراض کرے گا؟

[۷-] بَابُ مِيْرَاثِ ابْنِ الاِبْنِ إِذَا لَمْ يَكُنِ ابْنٌ

قَالَ زَيْدٌ: وَلَدُ الْأَبْنَاءِ بِمَنْزِلَةِ الْوَلَدِ، إِذَا لَمْ يَكُنْ دُوْنَهُمْ وَلَدٌ، ذَكَرُهُمْ كَذَكَرِهِمْ وَأُنْثَاهُمْ كَأُنْثَاهُمْ، يَرِثُوْنَ كَمَا يَرِثُوْنَ وَيَحْجُبُوْنَ كَمَا يَحْجُبُوْنَ، وَلاَ يَرِثُ وَلَدُ الاِبْنِ مَعَ الاِبْنِ.

[۶۷۳۵-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَلْحِقُوْا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِأَوْلٰى رَجُلٍ ذَكَرٍ"[راجع: ۶۷۳۲]

بَابُ مِيْرَاثِ ابْنَةِ ابْنٍ مَعَ ابْنَةٍ

ایک بیٹی کے ساتھ پوتی کی میراث

اگر بیٹیاں نہ ہوں تو پوتیاں بیٹیوں کے قائم مقام ہوتی ہیں، اور ایک پوتی کو نصف اور ایک سے زائد کو ثلثان ملتا ہے، اور اگر ایک صلبی بیٹی ہو تو پوتیوں کو سدس ملتا ہے، تاکہ لڑکیوں کا دو تہائی پورا ہو جائے، کیونکہ نصف اور ثلث کا مجموعہ ثلثان ہے، اور اگر لڑکیاں دو یا زیادہ ہوں تو پوتیاں محروم رہتی ہیں، ہاں اگر ان کے ساتھ یا ان سے نیچے کوئی پوتا یا پڑپوتا ہو تو پھر پوتیاں ان کے ساتھ عصبہ بالغیر ہوتی ہیں اور ذوی الفروض کو دینے کے بعد جو بچتا ہے وہ ان کو ملتا ہے، البتہ اگر میت کا کوئی بیٹا ہو تو پھر پوتے پوتیاں محروم رہتے ہیں، اس لئے کہ بیٹا میت سے قریب ہے، پس اس کا حق مقدم ہے۔

حدیث: ہزیل کہتے ہیں: ابوموسیٰ اشعریؓ سے پوچھا گیا: ایک میت کی بیٹی، پوتی اور بہن ہیں: میراث کس طرح تقسیم ہوگی؟ فرمایا: بیٹی کو آدھا اور آدھا بہن کو ملے گا (اور پوتی محروم رہے گی) اور ابن مسعودؓ کے پاس جاؤ، وہ میری موافقت کریں گے، سائل ابن مسعودؓ کے پاس گیا، اور ان کو ابوموسیٰ کا جواب بتایا، ابن مسعودؓ نے فرمایا: اگر میں یہ فتوی دوں تو میں گمراہ

ہوجاؤں گا، اور میں راہ یاب نہیں رہوں گا، میں اس صورت میں وہی فیصلہ کرتا ہوں جو نبی ﷺ نے کیا ہے کہ بیٹی کے لئے آدھا ہے، اور پوتی کے لئے چھٹا، تاکہ بیٹیوں کا دوتہائی مکمل ہوجائے، اور جو کچھ بچے گا وہ بہن کا ہے، پس ہم ابوموسیٰؓ کے پاس آئے اور ان کو یہ فتوی بتایا، انھوں نے فرمایا: ''جب تک یہ بڑا عالم تمہارے درمیان ہے مجھ سے مسائل مت پوچھو'' یعنی ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی موافقت کی۔

[۸-] بَابُ مِيْرَاثِ ابْنَةِ ابْنٍ مَعَ ابْنَةٍ

[۶۷۳۶-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ هُزَيْلَ بْنَ شُرَحْبِيْلَ، يَقُوْلُ: سُئِلَ أَبُوْ مُوْسَى عَنِ ابْنَةٍ وَابْنَةِ ابْنٍ وَأُخْتٍ، فَقَالَ: لِلِابْنَةِ النِّصْفُ وَلِلْأُخْتِ النِّصْفُ، وَأْتِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ فَسَيُتَابِعُنِيْ، فَسُئِلَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَأُخْبِرَ بِقَوْلِ أَبِيْ مُوْسَى فَقَالَ: ﴿لَقَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ﴾ أَقْضِي فِيْهَا بِمَا قَضَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' لِلِابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ، وَمَا بَقِيَ فَلِلأُخْتِ'' فَأَتَيْنَا أَبَا مُوْسَى فَأَخْبَرْنَاهُ بِقَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، فَقَالَ: لَا تَسْأَلُوْنِيْ مَا دَامَ هٰذَا الْحِبْرُ فِيْكُمْ. [طرفه: ۶۷۴۲]

بَابُ مِيْرَاثِ الْجَدِّ مَعَ الْأَبِ وَالْإِخْوَةِ

دادا کی باپ اور بھائیوں کے ساتھ میراث

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: اجماعی ہے، اگر میت کے دادا کے ساتھ اس کا باپ بھی موجود ہو تو دادا محروم ہوتا ہے، کیونکہ باپ کا رشتہ میت سے قریب ہے اور میراث کا قاعدہ ہے: الأقرب فالأقرب، اور اسی قاعدہ سے دادا کی موجودگی میں پردادا محروم ہوتا ہے، باب کی حدیث میں ہے: أولی رجل ذکر: اقرب مرد شخص: اور باپ اقرب ہے، پس وہی وارث ہوگا، اور اگر باپ نہیں ہے تو دادا، اور وہ نہیں ہے تو پردادا بمنزلہ باپ کے ہے، صدیق اکبر، ابن عباس اور ابن الزبیر رضی اللہ عنہم نے فرمایا: دادا باپ ہے، اور ابن عباس نے دلیل میں دو آیتیں پڑھیں۔ سورۃ اعراف (آیت ۲۶) میں ہے: ﴿يَا بَنِيْ آدَمَ﴾: اوآدم کے بیٹو! معلوم ہوا دادا آدم بھی باپ ہیں، اور سورۃ یوسف (آیت ۳۸) میں ہے: ﴿وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِيْ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ﴾ (یوسف علیہ السلام نے قیدیوں سے کہا:) اور میں نے پیروی کی اپنے باپوں: ابراہیم واسحاق ویعقوب کی ملت کی، جبکہ اسحاق دادا اور ابراہیم پردادا ہیں، اور اس مسئلہ میں دور صدیقی میں کسی نے مخالفت نہیں کی، حالانکہ اس وقت صحابہ بڑی تعداد میں موجود تھے، پس اجماع سکوتی ہوگیا، اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: میرا وارث میرا پوتا ہوگا، میرے بھائی

وارث نہیں ہونگے، کیونکہ پوتا اولاد ہے، پس وہ بھائی سے اقرب ہے اور فرمایا: میں اپنے پوتے کا وارث نہیں ہونگا، بلکہ اس کا باپ وارث ہوگا، وہ مجھ سے اقرب ہے۔

پھر حضرت صدیق کی فضیلت میں حدیث لائے ہیں، جو پہلے آچکی ہے۔

دوسرا مسئلہ: حقیقی اور علاتی بھائی بہن: باپ کی موجودگی میں بالاتفاق محروم ہوجاتے ہیں، اور دادا کی موجودگی میں صاحبین اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک محروم نہیں ہوتے (باہم بٹوارہ کرتے ہیں) یہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا قول ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک دادا کی موجودگی میں بھی محروم ہوتے ہیں، اور یہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا قول ہے، اور اسی پر فتوی ہے (سراجی) اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرات علی، عمر، ابن مسعود، اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم سے مختلف ضعیف اقوال مروی ہیں۔

[۹-] بَابُ مِيْرَاثِ الْجَدِّ مَعَ الْأَبِ وَالإِخْوَةِ

[۱-] وَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَابْنُ عَبَّاسٍ، وَابْنُ الزُّبَيْرِ: الْجَدُّ أَبٌ، وَقَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿يَابَنِيْ آدَمَ﴾ ﴿وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِيْ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ﴾ وَلَمْ يُذْكَرْ أَنَّ أَحَدًا خَالَفَ أَبَا بَكْرٍ فِيْ زَمَانِهِ، وَأَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مُتَوَافِرُوْنَ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يَرِثُنِيْ ابْنُ ابْنِيْ دُوْنَ إِخْوَتِيْ، وَلاَ أَرِثُ أَنَا ابْنَ ابْنِيْ.

[۲-] وَيُذْكَرُ عَنْ عَلِيٍّ وَعُمَرَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَزَيْدٍ أَقَاوِيْلُ مُخْتَلِفَةٌ.

[۶۷۳۷-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَلْحِقُوْا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا فَمَا بَقِيَ فَلِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ"

[راجع: ۶۷۳۲]

[۶۷۳۸-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَمَّا الَّذِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَلِيْلاً لَاتَّخَذْتُهُ، وَلٰكِنْ خُلَّةُ الإِسْلاَمِ أَفْضَلُ" أَوْ قَالَ: "خَيْرٌ" فَإِنَّهُ أَنْزَلَهُ أَبًا، أَوْ قَالَ: قَضَاهُ أَبًا [راجع: ۴۶۷]

بَابُ مِيْرَاثِ الزَّوْجِ مَعَ الْوَلَدِ وَغَيْرِهِ

میت کی اولاد یا مذکر اولاد کی اولاد کے ساتھ شوہر اور بیوی کی میراث

اگر میت کی اولاد (لڑکے لڑکی) یا مذکر اولاد کی اولاد پوتے پوتیاں ہوں تو شوہر کو ربع (چوتھائی) اور نہ ہوں تو نصف (آدھا) ملے گا، اسی طرح میت کی اولاد یا مذکر اولاد کی اولاد ہو تو بیویوں کو آٹھواں حصہ، اور نہ ہوں تو چوتھا حصہ ملے گا، یہاں بھی مذکر کو مؤنث سے دوگنا ملتا ہے۔

روایت: ابن عباسؓ نے فرمایا: (شروع اسلام میں) ترکہ سارا اولاد لیتی تھی، اور والدین کے لئے وصیت کی جاتی تھی، پس اللہ تعالیٰ نے اس میں سے جو چاہا منسوخ کردیا، اور (اولاد کے لئے) مذکر کے لئے مؤنث کا دونا مقرر کیا، اور والدین میں سے ہر ایک کے لئے چھٹا حصہ مقرر کیا، اور بیوی کے لئے آٹھواں اور چوتھائی، اور شوہر کے لئے آدھا اور چوتھائی مقرر کیا۔

[١٠-] بَابُ مِيْرَاثِ الزَّوْجِ مَعَ الْوَلَدِ وَغَيْرِهِ

[٦٧٣٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ وَرْقَاءَ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ الْمَالُ لِلْوَلَدِ، وَكَانَتِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ، فَنَسَخَ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ مَا أَحَبَّ، فَجَعَلَ لِلذَّكَرِ مِثْلَ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ، وَجَعَلَ لِلأَبَوَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ، وَجَعَلَ لِلْمَرْأَةِ الثُّمُنَ وَالرُّبُعَ، وَلِلزَّوْجِ الشَّطْرَ وَالرُّبُعَ. [راجع: ٢٧٤٧]

بَابُ مِيْرَاثِ الْمَرْأَةِ وَالزَّوْجِ مَعَ الْوَلَدِ وَغَيْرِهِ

زوجین کسی بھی صورت میں حَجبِ حرمان سے دوچار نہیں ہوتے

باب کا مقصد وہ ہے جو اردو عنوان میں ظاہر کیا ہے، زوجین بہر حال وارث ہونگے، اولاد کے ساتھ بھی اور دیگر ورثاء کے ساتھ بھی، وہ بالکلیہ میراث سے محروم نہیں ہونگے۔ حَجب: کے معنی ہیں: کسی وارث کا دوسرے وارث کی وجہ سے کل یا بعض سہام سے محروم ہونا، پھر حجب کی دو قسمیں ہیں: حجبِ نقصان اور حجب حرمان۔ حجب نقصان میں کسی وارث کا حصہ دوسرے وارث کی وجہ سے کم ہوجاتا ہے، زوجین پر یہ حجب طاری ہوتا ہے۔ اور حجب حرمان: کے معنی ہیں کسی وارث کا دوسرے وارث کی وجہ سے بالکلیہ میراث سے محروم ہوجانا، یہ حجب زوجین پر طاری نہیں ہوتا۔

حدیث: بنولحیان کی ایک عورت نے دوسری حاملہ عورت کے پیٹ پر ڈنڈا/ پتھر مارا، جس سے پیٹ کا بچہ مردہ گر گیا، نبی ﷺ نے اس میں بَردہ کا فیصلہ کیا، جو ڈنڈا مارنے والی عورت کا عاقلہ (خاندان) دے گا، پھر جب ڈنڈا مارنے والی عورت کا انتقال ہوا تو نبی ﷺ نے فیصلہ کیا کہ اس کی میراث اس کے بیٹوں اور شوہر کو ملے گی، اور جنین کی دیت اس عورت کے خاندان پر لازم کی۔

استدلال: قاعدہ ہے: الغُنْمُ بِالْغُرْمِ: جو تاوان بھرے وہی فائدہ اٹھائے، اس ضابطہ سے میراث عاقلہ کو ملنی چاہئے، مگر زوج اور اولاد کو میراث دلوائی گئی، کیونکہ عاقلہ کو دلواتے تو زوج اور اولاد میراث سے محروم رہ جاتے، حالانکہ ان پر حجب حرمان طاری نہیں ہوتا۔ اور دیت عاقلہ پر کیوں اور میراث ورثاء کے لئے کیوں؟ اس کی وجہ تحفۃ الالمعی (۵: ۴۴۸) میں بیان کی گئی ہے۔

[١١-] بَابُ مِيْرَاثِ الْمَرْأَةِ وَالزَّوْجِ مَعَ الْوَلَدِ وَغَيْرِهِ

[٦٧٤٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ جَنِيْنِ امْرَأَةٍ مِنْ بَنِيْ لَحْيَانَ سَقَطَ مَيِّتًا بِغُرَّةٍ: عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ، ثُمَّ إِنَّ الْمَرْأَةَ الَّتِيْ قَضَى عَلَيْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّيَتْ، فَقَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنَّ مِيْرَاثَهَا لِبَنِيْهَا وَزَوْجِهَا، وَأَنَّ الْعَقْلَ عَلٰى عَصَبَتِهَا"[راجع: ٥٧٥٨]

بَابُ مِيْرَاثِ الْأَخَوَاتِ مَعَ الْبَنَاتِ عَصَبَةً

بہنیں لڑکی پوتی کے ساتھ عصبہ مع الغیر ہوتی ہیں

حقیقی بہنیں اوران کی عدم موجودگی میں علاتی بہنیں لڑکی (پوتی) کے ساتھ ہوں تو لڑکی پوتی کا حصہ دینے کے بعد باقی ترکہ بہنوں کو ملے گا، اس حالت میں وہ عصبہ مع الغیر ہونگی، یہی فیصلہ حضرت معاذ وابن مسعود رضی اللہ عنہما کا ہے۔

[١٢-] بَابُ مِيْرَاثِ الْأَخَوَاتِ مَعَ الْبَنَاتِ عَصَبَةً

[٦٧٤١-] حَدَّثَنِيْ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: قَضَى فِيْنَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: النِّصْفُ لِلِابْنَةِ وَالنِّصْفُ لِلْأُخْتِ. ثُمَّ قَالَ سُلَيْمَانُ: قَضَى فِيْنَا، وَلَمْ يَذْكُرْ: عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٦٧٣٤]

[٦٧٤٢-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلٍ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَأَقْضِيَنَّ فِيْهَا بِقَضَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَوْ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: لِلِابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ. [راجع: ٦٧٣٦]

بَابُ مِيْرَاثِ الْإِخْوَةِ وَالْأَخَوَاتِ

بھائیوں اور بہنوں کی میراث

اگر میت کلالہ ہو یعنی اس کے لڑکے پوتے اور باپ دادا نہ ہوں تو بھائی بہن وارث ہوتے ہیں، اس کا ذکر سورۃ النساء کی آخری آیت میں ہے جو حضرت جابرؓ کی بے ہوشی کے موقع پر نازل ہوئی تھی، اس وقت حضرت جابرؓ کلالہ تھے، اوران کی بہنیں تھیں۔

[۱۳-] بَابُ مِيْرَاثِ الإِخْوَةِ وَالأَخَوَاتِ

[٦٧٤٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا مَرِيْضٌ، فَدَعَا بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّأَ، وَنَضَحَ عَلَيَّ مِنْ وَضُوْئِهِ، فَأَفَقْتُ فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّمَا لِيْ أَخَوَاتٌ، فَنَزَلَتْ آيَةُ الْفَرَائِضِ. [راجع: ١٩٤]

بَابٌ: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ﴾ الآيَة

کلالہ کی میراث بھائیوں اور بہنوں کو ملے گی

سورۃ النساء کی آخری آیت ہے: ''لوگ آپؐ سے مسئلہ پوچھتے ہیں؟ آپ کہیں: اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے باب میں فتوی دیتے ہیں: اگر کوئی شخص مرجائے جس کی اولاد نہ ہو (نہ ماں باپ ہوں) اور اس کی ایک عینی یا علاتی بہن ہو تو اس کو ترکہ کا نصف ملے گا، اور وہ شخص اس بہن کا وارث ہوگا اگر اس کے اولاد نہ ہو (اور والدین بھی نہ ہوں) اور اگر بہنیں دو یا زیادہ ہوں تو ان کو ترکہ کا دو تہائی ملے گا، اور اگر وہ بھائی بہن ہوں تو مرد کو دو عورتوں کے برابر ملے گا، اللہ تعالیٰ تم سے دین کی باتیں بیان کرتے ہیں تا کہ تم گمراہ نہ ہوؤ، اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں —— حضرت براء رضی اللہ عنہ کے خیال میں یہ آیت نزول کے اعتبار سے آخری ہے، اور پہلے ابن عباسؓ کا خیال آیا ہے کہ آخری آیت سود کی حرمت کی آیت ہے، واللہ اعلم

[١٤-] بَابٌ: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ﴾ الآيَة

[٦٧٤٤-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: آخِرُ آيَةٍ نَزَلَتْ خَاتِمَةُ سُوْرَةِ النِّسَاءِ: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ﴾[راجع: ٤٣٦٤]

بَابُ ابْنَيْ عَمٍّ أَحَدُهُمَا أَخٌ لِأُمٍّ وَالآخَرُ زَوْجٌ

دو چچا کے بیٹے: ایک اخیافی بھائی، دوسرا شوہر

زید اور عمر بھائی ہیں۔ زید نے فاطمہ سے نکاح کیا، اس سے خالد پیدا ہوا، پھر اس نے سلطانہ سے نکاح کیا، اس سے علی پیدا ہوا، پھر وہ مرگیا یا سلطانہ کو طلاق دیدی، اس سے عمر نے نکاح کیا، اس سے نجمہ پیدا ہوئی، اس کا نکاح خالد سے ہوا، پھر نجمہ لاولد فوت ہوئی، اور ورثاء میں ایک چچازاد بھائی علی ہے جو نجمہ کا ماں شریک بھائی بھی ہے، اور دوسرا خالد ہے جو شوہر ہے اور چچازاد بھائی بھی ہے، پس شوہر خالد کو نصف اور ماں شریک بھائی علی کو سدس ملے گا، اور باقی ثلث دونوں میں عصوبت کی وجہ سے مشترک ہوگا، پس شوہر کو ثلثان مل جائے گا، اور چچازاد اخیافی بھائی کو ایک ثلث ملے گا، یہی حضرت علی رضی اللہ عنہ کا

فیصلہ ہے اور اسی کو ائمہ اربعہ نے لیا ہے، اور باب کی دونوں حدیثوں کا مفاد بھی یہی ہے کہ باقی ثلث عصبہ ہونے کی وجہ سے دونوں کو برابر برابر ملے گا۔

[١٥-] بَابُ ابْنَیْ عَمٍّ أَحَدُهُمَا أَخٌ لِأُمٍّ وَالآخَرُ زَوْجٌ

وَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لِلزَّوْجِ النِّصْفُ، وِلِلأَخِ مِنَ الأُمِّ السُّدُسُ، وَمَا بَقِيَ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ.

[٦٧٤٥-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" أَنَا أَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ مَاتَ وَتَرَكَ مَالاً فَمَالُهُ لِمَوَالِي الْعَصَبَةِ، وَمَنْ تَرَكَ كَلاًّ أَوْ ضَيَاعًا، فَأَنَا وَلِيُّهُ فَلأُدْعَ لَهُ"[راجع: ٢٢٩٨]

[٦٧٤٦-] حَدَّثَنِيْ أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" أَلْحِقُوْا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا، فَمَا تَرَكَتِ الْفَرَائِضُ فَلأَوْلٰى رَجُلٍ ذَكَرٍ"[راجع: ٦٧٣٢]

پہلی حدیث کا ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں مؤمنین سے ان کی جانوں سے زیادہ قریب ہوں (نفع رسانی میں) پس جو شخص مرا اور اس نے مال چھوڑا تو اس کا مال عصبہ رشتہ داروں کے لئے ہے (یہاں باب ہے) اور جس نے بوجھ (قرض) یا بے سہارا اولاد چھوڑی تو میں ان کا سرپرست ہوں، پس چاہئے کہ میں اس کے لئے بلایا جاؤں یعنی درخواست دے کر حکومت سے ان کا وظیفہ کرالو۔

بَابُ ذَوِي الأَرْحَامِ

ذوی الارحام کی توریث

ذوی الارحام: میت کے وہ رشتہ دار جن کا حصہ قرآن وحدیث میں مقرر نہیں، نہ اجماع سے طے پایا ہے، اور نہ وہ عصبات ہیں، جیسے پھوپی، خالہ، ماں، بھانجا نواسا وغیرہ ــــــ اکثر صحابہ وتابعین کی رائے یہ ہے کہ ذوی الفروض اور عصبات کی عدم موجودگی میں ذوی الارحام کو میراث ملے گی، احناف اور حنابلہ کا یہی مسلک ہے، لیکن حضرت زید بن ثابتؓ کا مسلک یہ ہے کہ ذوی الفروض اور عصبات نہ ہوں تو ترکہ بیت المال میں داخل کردیا جائے گا، ذوی الارحام کو نہیں دیا جائے گا، مالک وشافعی رحمہما اللہ کا یہی مسلک ہے، مگر جب بیت المال منظم نہ رہا تو متأخرین مالکیہ اور شافعیہ نے بھی ذوی الاحام کی توریث کا قول اختیار کیا ہے، پس اب کوئی اختلاف نہیں رہا۔

روایت: ابن عباسؓ نے سورۃ النساء کی (آیت ۳۳) میں موالی کا ترجمہ ورثاء کیا ہے (یہ ترجمہ تحفۃ القاری (۵:۳۴۷) میں ہے) اور ورثاء عام ہے ذوی الارحام کو بھی شامل ہے، باقی روایت پہلے آچکی ہے۔ اور ذوی الارحام کی توریث کی

تفصیلات طرازی شرح سراجی میں ہیں۔

[١٦-] بَابُ ذَوِی الْأَرْحَامِ

[٦٧٤٧-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِیْ أُسَامَةَ: حَدَّثَكُمْ إِدْرِيْسُ، قَالَ: حَدَّثَنَا طَلْحَةُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ:﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ﴾ ﴿وَالَّذِیْ عَاقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ قَالَ: كَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ حِيْنَ قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ يَرِثُ الْمُهَاجِرِیُّ الْأَنْصَارِیَّ دُوْنَ ذَوِی رَحِمِهِ، لِلْأُخُوَّةِ الَّتِیْ آخَی النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم بَيْنَهُمْ، فَلَمَّا نَزَلَتْ: ﴿جَعَلْنَا مَوَالِيَ﴾ قَالَ: نَسَخَتْهَا:﴿وَالَّذِيْنَ عَاقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ [راجع: ٢٢٩٢]

بَابُ مِيْرَاثِ الْمُلَاعَنَةِ

لعان کرنے والی/کی ہوئی عورت کی میراث

کسی نے بیوی پر زنا کی تہمت لگائی یا اس کے بچہ کے نسب کی نفی کی (انکار کیا) پس زوجین میں لعان کرایا گیا، اور قاضی نے زوجین میں تفریق کردی اور بچہ کو ماں کے ساتھ ملا دیا تو اب اس عورت کا وارث بچہ اور اس کے دیگر ورثاء ہونگے، لعان کرنے والا شوہر وارث نہیں ہوگا، حاشیہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ ملاعنہ کے لڑکے کی وارث اس کی ماں ہوگی، اور ماں شریک بھائی ہونگے، لعان کرنے والا وارث نہیں ہوگا، کیونکہ وہ باپ نہیں رہا۔ اور حدیث آچکی ہے، اس کا آخری جملہ باب کی دلیل ہے۔

[١٧-] بَابُ مِيْرَاثِ الْمُلَاعَنَةِ

[٦٧٤٨-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلًا لَاعَنَ امْرَأَتَهُ فِیْ زَمَانِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَانْتَقَلَ مِنْ وَلَدِهَا، فَفَرَّقَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم بَيْنَهُمَا، وَأَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْمَرْأَةِ. [راجع: ٤٧٤٨]

قولہ: انتقل: منتقل ہوا یعنی بچہ کے نسب کا انکار کیا۔

بَابٌ: الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ: حُرَّةً كَانَتْ أَوْ أَمَةً

بچہ بستر والے کا ہے: خواہ عورت آزاد ہو یا باندی

ثبوتِ نسب کے باب میں یہ ضابطہ ہے کہ عورت منکوحہ ہو یا کسی کی باندی ہو، اور وہ بچہ جنے اور شوہر اور آقا نسب کی نفی نہ

کریں تو نسب شوہر اور آقا سے ثابت ہوگا، وہ ایک دوسرے کے وارث ہونگے، اور یہ اگرچہ اندھا ضابطہ ہے، مگر فیصلہ کی اس کے علاوہ کوئی صورت نہیں، اور شوہر اور آقا کا کوئی ضرر نہیں، ان کے لئے نفی کا راستہ کھلا ہے، پس شوہر مشرق میں اور عورت مغرب میں ہو، اور شوہر کا بیوی کے پاس آنا ثابت نہ ہو، اور عورت بچہ جنے تو وہاں بھی یہی قاعدہ جاری ہوگا، اور کوئی اشکال کرے تو اس سے کہا جائے گا کہ جب شوہر نسب کا انکار نہیں کرتا تو تیرے پیٹ میں کیا درد ہو رہا ہے؟ ثبوت نسب کے باب میں حتی الامکان نسب ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، تا کہ کوئی بے نسب نہ رہے، مجبوری کی بات اور ہے۔

[١٨-] بَابٌ: الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ: حُرَّةً كَانَتْ أَوْ أَمَةً

[٦٧٤٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: كَانَ عُتْبَةُ عَهِدَ إِلٰى أَخِيْهِ سَعْدٍ: أَنَّ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ مِنِّىْ، فَاقْبِضْهُ إِلَيْكَ، فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ أَخَذَهُ سَعْدٌ، قَالَ: ابْنُ أَخِىْ عَهِدَ إِلَيَّ فِيْهِ، فَقَامَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ: أَخِىْ وَابْنُ وَلِيْدَةِ أَبِىْ، وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَتَسَاوَقَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ، الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ" ثُمَّ قَالَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ: "احْتَجِبِىْ مِنْهُ" لِمَا رَأَى مِنْ شَبَهِهِ بِعُتْبَةَ، فَمَا رَآهَا حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ. [راجع: ٢٠٥٣]

[٦٧٥٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْوَلَدُ لِصَاحِبِ الْفِرَاشِ" [طرفه: ٦٨١٨]

بَابٌ: الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ، وَمِيْرَاثُ اللَّقِيْطِ

آزاد کردہ کی میراث آزاد کرنے والے کے لئے ہے اور لقیط (پڑا ملا ہوا بچہ) کی میراث

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: آزاد کردہ کی میراث آزاد کرنے والے کو ملتی ہے، وہ عصبہ سببی ہے، یہ مسئلہ باب کی حدیث میں مصرح ہے۔

دوسرا مسئلہ: جو بچہ پڑا ملا وہ آزاد ہے، یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے، کیونکہ انسان میں اصل حریت ہے، پھر ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اگر اس کا کوئی وارث نہیں تو ترکہ بیت المال کے حوالے کیا جائے گا، اور احناف کے نزدیک اگر اس نے اٹھانے والے کے ساتھ یا کسی اور کے ساتھ عقد موالات (دوستی کا معاہدہ) کیا ہے تو وہ وارث ہوگا، ورنہ بیت المال کے حوالے کیا جائے گا۔ اٹھانے والا من حیث ہو ہو وارث نہیں ہوگا، اور ائمہ ثلاثہ عقد موالات کا اعتبار نہیں کرتے۔

[١٩-] بَابٌ: الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ، وَمِيْرَاثُ اللَّقِيْطِ

وَقَالَ عُمَرُ: اللَّقِيْطُ حُرٌّ.

[٦٧٥١-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اشْتَرَيْتُ بَرِيْرَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اشْتَرِيْهَا، فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ" وَأُهْدِىَ لَهَا، فَقَالَ: "هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ، وَلَنَا هَدِيَّةٌ" قَالَ الْحَكَمُ: وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَوْلُ الْحَكَمِ مُرْسَلٌ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: رَأَيْتُهُ عَبْدًا. [راجع: ٤٥٦]

[٦٧٥٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِنَّمَا الوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" [راجع: ٢١٥٦]

بَابُ مِيْرَاثِ السَّائِبَةِ

سائبہ آزاد کردہ کی میراث

سائبہ: وہ غلام جس پر آزاد کرنے والے کا کوئی حق باقی نہ رہے، اس طرح غلام کو آزاد کرنا مکروہ ہے، اور کوئی کرے تو شرط باطل ہے، آزاد شدہ کی میراث آزاد کرنے والے کو ملے گی، ایک شخص نے اس طرح غلام آزاد کیا، پھر وہ مرگیا تو آزاد کرنے والے نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مسئلہ پوچھا، آپؓ نے فرمایا: ''مسلمان سائبہ نہیں بناتے، جاہلیت کے لوگ اس طرح (جانوروں کو) چھوڑتے تھے'' أنت ولی نعمته، فلك میراثه: تو نے آزاد کیا ہے پس تجھے ہی اس کی میراث ملے گی (حاشیہ) اور حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ میں قاعدہ کلیہ ہے کہ ولاء آزاد کرنے والے کے لئے ہے، خواہ کسی طرح آزاد کرے —— رہا یہ مسئلہ کہ آزاد ہونے والی باندی کو خیارِ عتق کس صورت میں ملے گا؟ یہ مسئلہ اب نہیں رہا، اور حنفیہ نے دونوں روایتوں کو لیا ہے، ان کے نزدیک شوہر خواہ، غلام ہو یا آزاد: آزاد ہونے والی بیوی کو خیارِ عتق ملے گا، اور ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک غلام ہو تبھی خیار ملتا ہے۔

[٢٠-] بَابُ مِيْرَاثِ السَّائِبَةِ

[٦٧٥٣-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِىْ قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ أَهْلَ الإِسْلَامِ لَا يُسَيِّبُوْنَ، وَإِنَّ أَهْلَ الْجَاهِلِيَّةِ كَانُوْا يُسَيِّبُوْنَ.

[٦٧٥٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ: أَنَّ عَائِشَةَ اشْتَرَتْ بَرِيْرَةَ لِتُعْتِقَهَا، فَاشْتَرَطَ أَهْلُهَا وَلَاءَ هَا، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّىْ اشْتَرَيْتُ بَرِيْرَةَ لِأُعْتِقَهَا، وَإِنَّ أَهْلَهَا يَشْتَرِطُوْنَ وَلَاءَ هَا، فَقَالَ: "أَعْتِقِيْهَا فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ، أَوْ قَالَ: أَعْطَى الثَّمَنَ" قَالَ: فَاشْتَرَتْهَا فَأَعْتَقَتْهَا، قَالَ: وَخُيِّرَتْ نَفْسَهَا فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا، وَقَالَتْ: لَوْ أُعْطِيْتُ كَذَا وَكَذَا مَا كُنْتُ

مَعَهُ! قَالَ الْأَسْوَدُ: وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَوْلُ الْأَسْوَدِ مُنْقَطِعٌ، وَقَوْلُ ابْنِ عَبَّاسٍ: رَأَيْتُهُ عَبْدًا، أَصَحُّ. [أطرافه: ٤٥٦]

بَابُ إِثْمِ مَنْ تَبَرَّأَ مِنْ مَوَالِيْهِ

وہ شخص گنہگار ہے جو اپنے آقاؤں سے علاحدگی اختیار کرے

یہ تکمیلی باب ہے، جس طرح یہ جائز نہیں کہ آقا آزاد کردہ کو سائبہ کردے اسی طرح آزاد شدہ کے لئے بھی جائز نہیں کہ آزاد کرنے والے سے بے تعلق ہوجائے، کسی اور سے رشتہ جوڑ لے، کیونکہ ولاء نسبی تعلق کی طرح ایک تعلق ہے، وہ ٹرانسفر نہیں ہوسکتا، نہ منقطع ہوسکتا ہے، اور باب کی دونوں حدیثیں پہلے آچکی ہیں، اور پہلی حدیث کا یہ جملہ باب سے متعلق ہے: ''اور جو شخص دوستی کرے کسی قوم کے ساتھ اس کے آقاؤں کی اجازت کے بغیر اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے!'' (اور ''اس کے آقاؤں کی اجازت کے بغیر'' یہ قید علی الغالب ہے، کیونکہ اجازت سے بھی کسی کے ساتھ ولاء کا تعلق قائم نہیں کیا جاسکتا)

[٢١-] بَابُ إِثْمِ مَنْ تَبَرَّأَ مِنْ مَوَالِيْهِ

[٦٧٥٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: مَا عِنْدَنَا كِتَابٌ نَقْرَأُهُ إِلَّا كِتَابُ اللّٰهِ، غَيْرَ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ، قَالَ: فَأَخْرَجَهَا، فَإِذَا فِيْهَا أَشْيَاءُ مِنَ الْجِرَاحَاتِ وَأَسْنَانِ الإِبِلِ، قَالَ: وَفِيْهَا: الْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ مَا بَيْنَ عَيْرٍ إِلٰى كَذَا، فَمَنْ أَحْدَثَ فِيْهَا حَدَثًا أَوْ آوَى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلاَئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لاَ يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفًا وَلاَ عَدْلاً، وَمَنْ وَالَى قَوْمًا بِغَيْرِ إِذْنِ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلاَئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لاَ يُقْبَلُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفٌ وَلاَ عَدْلٌ، وَذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدَةٌ، يَسْعَى بِهَا أَدْنَاهُمْ، فَمَنْ أَخْفَرَ مُسْلِمًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلاَئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لاَ يُقْبَلُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفٌ وَلاَ عَدْلٌ [راجع: ١١١]

[٦٧٥٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ الْوَلاَءِ وَعَنْ هِبَتِهِ. [راجع: ٢٥٣٥]

بَابٌ: إِذَا أَسْلَمَ عَلٰى يَدَيْهِ

جو کسی کے ہاتھ پر مسلمان ہو اس کی میراث

کسی نے زید کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا، پھر وہ نو مسلم مر گیا، اور اس کا کوئی وارث نہیں تو اس کا ترکہ بیت المال کے

حوالے کیا جائے گا، زید وارث نہیں ہوگا، البتہ احناف کے نزدیک اگر اس نومسلم نے زید کے ساتھ باقاعدہ عقد موالات کیا ہے تو میراث اس کو ملے گی (ائمہ ثلاثہ عقد موالات کے قائل نہیں)

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ زید کے لئے میراث کے قائل نہیں تھے، اور الو لاء لمن أعتق کا ضابطہ یہاں جاری نہیں ہوتا، کیونکہ اس ضابطہ میں دنیا میں غلامی سے گردن چھوڑنا مراد ہے، جہنم سے بچانا مراد نہیں، اور حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کی حدیث اول تو مختلف فیہ ہے، پھر وہ صریح بھی نہیں، حضرت تمیمؓ نے پوچھا: ایک شخص دوسرے کے ہاتھ پر اسلام قبول کرتا ہے: اس کے بارے میں کیا مسئلہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: هو أولى الناس بمحياه ومماته: وہ نومسلم کی زندگی اور موت کے ساتھ سب سے زیادہ قریب ہے، یعنی زندگی میں اس کی بھرپور مدد کرے، اور مرجائے تو اس کی تجہیز وتکفین کرے، میراث پائے: یہ مراد نہیں، اور احناف کے نزدیک عقد موالات قرآن سے ثابت ہے۔

[۲۲-] بَابٌ: إِذَا أَسْلَمَ عَلٰى يَدَيْهِ

[۱-] وَكَانَ الْحَسَنُ لاَ يَرَى لَهُ وِلاَيَةً.

[۲-] وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْتَقَ"

[۳-] وَيُذْكَرُ عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ، رَفَعُهُ، قَالَ: " هُوَ أَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَمَمَاتِهِ" وَاخْتَلَفُوْا فِيْ صِحَّةِ هٰذَا الْخَبَرِ.

[۶۷۵۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ جَارِيَةً فَتُعْتِقَهَا فَقَالَ أَهْلُهَا: نَبِيْعُكِهَا عَلٰى أَنَّ وَلاَءَ هَا لَنَا. فَذَكَرَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " لاَ يَمْنَعُكِ ذٰلِكِ، فَإِنَّمَا الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْتَقَ"[راجع: ۲۱۵۶]

[۶۷۵۸-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اشْتَرَيْتُ بَرِيْرَةَ فَاشْتَرَطَ أَهْلُهَا وَلاَءَ هَا، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "أَعْتِقِيْهَا فَإِنَّ الْوَلاَءَ لِمَنْ أَعْطَى الْوَرِقَ" قَالَتْ: فَأَعْتَقْتُهَا، قَالَتْ: فَدَعَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَخَيَّرَهَا مِنْ زَوْجِهَا، فَقَالَتْ: لَوْ أَعْطَانِيْ كَذَا وَكَذَا مَا بِتُّ عِنْدَهُ، فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا. قَالَ: وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا.[راجع: ۴۵۶]

بَابُ مَا يَرِثُ النِّسَاءُ مِنَ الْوَلاَءِ

عورتیں بھی عصبہ سببی ہوتی ہیں

اگر کسی عورت نے غلام یا باندی کو آزاد کیا تو وہ آزاد کرنے والی عصبہ سببی ہے، آزاد شدہ کا کوئی وارث نہ ہوگا تو یہ آزاد

کرنے والی مستحق میراث ہوگی، حضرت بریرۃ رضی اللہ عنہا کی حدیث اس کی دلیل ہے۔

[۲۳-] بَابُ مَا يَرِثُ النِّسَاءُ مِنَ الْوَلَاءِ

[٦٧٥٩-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: أَرَادَتْ عَائِشَةُ أَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيْرَةَ فَقَالَتْ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّهُمْ يَشْتَرِطُوْنَ الْوَلَاءَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " اشْتَرِيْهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ "[راجع: ٢١٥٦]

[٦٧٦٠-] حدثنا ابْنُ سَلَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْطَى الْوَرِقَ، وَوَلِيَ النِّعْمَةَ "[راجع: ٤٥٦]

بَابٌ: مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، وَابْنُ الْأُخْتِ مِنْهُمْ

دو حدیثیں بابِ میراث کی نہیں

(۱) قوم کا آزاد کردہ قوم میں شامل ہے (۲) قوم کا بھانجا قوم میں شامل ہے

۱- قوم کے آزاد کردہ کا شمار قوم میں ہے، مثلاً: نبی ﷺ کے لئے زکات حرام ہے، پس آپؐ کے آزاد کئے ہوؤں کے لئے بھی زکات حرام ہے، نیز آزاد شدہ آزاد ہوکر کہیں چلا نہیں جائے گا، بلکہ قوم ہی میں رہے گا، اور قوم ہی اس کی کفالت کرے گی، اور وہی اس کے حسن وقبح کی ذمہ دار ہوگی، میراث سے اس حدیث کا کچھ تعلق نہیں، آزاد شدہ کی میراث آزاد کرنے والے کو ملتی ہے، پوری قوم کو نہیں ملتی، اور قوم کی میراث بھی آزاد شدہ کو نہیں ملتی۔

۲- نبی ﷺ نے ایک خاص خطاب کے لئے انصار کو ایک خیمہ میں جمع کرنے کا حکم دیا، جب سب جمع ہوگئے تو آپؐ تشریف لے گئے، اور دریافت کیا کہ انصار کے علاوہ تو کوئی نہیں؟ بتایا گیا: کوئی نہیں، بس ہمارا ایک بھانجا ہے، جو انصاری نہیں، آپؐ نے فرمایا: ''قوم کے بھانجے کا قوم میں شمار ہے!'' اور اس کو بیٹھا رہنے دیا، اس حدیث کا ذوی الارحام کی توریث سے کچھ تعلق نہیں۔

ملحوظہ: باب کے آخر میں منھم گیلری سے بڑھایا ہے۔

[۲٤-] بَابٌ: مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، وَابْنُ الْأُخْتِ مِنْهُمْ

[٦٧٦١-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ، وَقَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ " أَوْ كَمَا قَالَ.

[٦٧٦٢-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ" أَوْ: " مِنْ أَنْفُسِهِمْ"[راجع: ٣١٤٦]

بَابُ مِيْرَاثِ الْأَسِيْرِ

قیدی کی میراث

اگر کسی مسلمان کو کافر جنگ میں قید کریں یا اس کو عمر قید ہو جائے یا دہشت گردی کے الزام میں حکومت اس کو سلاخوں کے پیچھے کر دے، اور وہ اسلام کی حالت پر برقرار رہے تو اس پر مسلمانوں ہی کے احکام جاری ہونگے، یعنی اس کی وفات کے بعد مسلمان ورثاء اس کے وارث ہونگے، اور وہ اپنے رشتہ دار کا وارث ہوگا، اور اگر کفار اس کو ایسی جگہ قید کر دیں کہ اس کی موت وحیات کا کچھ پتہ نہ چلے، نہ یہ معلوم ہو کہ وہ اسلام پر برقرار ہے یا مرتد ہو چکا ہے تو اس پر مفقود کے احکام جاری ہونگے۔

۱- قاضی شریحؒ نے فرمایا: دشمن کے ہاتھوں میں قیدی وارث بنایا جائے، وہ فرماتے تھے: قیدی وراثت کا زیادہ محتاج ہے۔

۲- حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا: قیدی کی وصیت کو، اس کے آزاد کرنے کو، اور اس تصرف کو جو وہ اپنے مال میں کرے نافذ کرو، جب تک وہ اپنے دین سے نہ پھر گیا ہو، کیونکہ وہ اس کا مال ہے، اس میں جو چاہے تصرف کر سکتا ہے۔

حدیث: میں من ترك مالاً: مطلق ہے، خواہ قیدی چھوڑے یا آزاد، وہ مال اس کے ورثاء کو ملے گا۔

[٢٥-] بَابُ مِيْرَاثِ الْأَسِيْرِ

[١-] وَكَانَ شُرَيْحٌ يُوَرِّثُ الْأَسِيْرَ فِي أَيْدِي الْعَدُوِّ، وَيَقُوْلُ: هُوَ أَحْوَجُ إِلَيْهِ.

[٢-] وَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ: أَجِزْ وَصِيَّةَ الْأَسِيْرِ، وَعَتَاقَتَهُ، وَمَا صَنَعَ فِي مَالِهِ، مَالَمْ يَتَغَيَّرْ عَنْ دِيْنِهِ، فَإِنَّمَا هُوَ مَالُهُ، يَصْنَعُ فِيْهِ مَاشَاءَ.

[٦٧٦٣-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيٍّ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِوَرَثَتِهِ، وَمَنْ تَرَكَ كَلًّا فَإِلَيْنَا"[راجع: ٢٢٩٨]

بَابٌ: لَايَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ، وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ

نہ مسلمان کافر کا وارث ہوتا ہے، نہ کافر مسلمان کا

اختلافِ دین موانع ارث میں سے ہے، اور پہلا مسئلہ استحسانی ہے اور وہی اکثر صحابہ کی رائے ہے کہ مسلمان: کافر کا وارث نہیں ہوتا، اور دوسرا مسئلہ اجماعی ہے کہ کافر: مسلمان کا وارث نہیں ہوتا اور دونوں مسئلوں کی دلیل باب کی حدیث ہے۔

مسئلہ: کسی مسلمان کا انتقال ہوا، اس کا وارث کافر تھا، وہ تقسیم میراث سے پہلے مسلمان ہوگیا تو بھی وارث نہیں ہوگا، اعتبار موت کے وقت کا ہے۔

[۲۶-] بَابٌ: لَايَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ، وَلاَ الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ

فَإِذَا أَسْلَمَ قَبْلَ أَنْ يُقْسَمَ الْمِيْرَاثُ فَلاَ مِيْرَاثَ لَهُ.

[٦٧٦٤-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لاَ يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ، وَلاَ الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ"[راجع: ١٥٨٨]

بَابُ مِيْرَاثِ الْعَبْدِ النَّصْرَانِيِّ، وَالْمُكَاتَبِ النَّصْرَانِيِّ

[بَابُ] إِثْمِ مَنِ انْتَفَى مِنْ وَلَدِهِ

(۱) عیسائی غلام اور عیسائی مکاتب کی میراث

(۲) وہ شخص گنہگار ہے جو اپنی اولاد کے نسب کا انکار کرے

یہ دو باب بلا حدیث ہیں، پہلے باب میں تو کوئی حدیث نہیں، کہاں سے لاتے، وہ تو گذشتہ باب پر متفرع ہے۔ اور دوسرے باب میں تین حدیثیں ہیں، مگر وہ بخاری شریف میں لانے کے قابل نہیں —— اور دونوں بابوں میں تین باتیں ہیں:

پہلی بات: کسی مسلمان کا عیسائی غلام مر گیا تو اس کا مافی الید مولیٰ کا ہے، میراث کے طور پر نہیں، کیونکہ مسلمان: کافر کا وارث نہیں ہوتا، بلکہ غلام کے پاس جو کچھ ہوتا ہے وہ مولیٰ کی ملک ہوتا ہے۔

دوسری بات: کسی مسلمان نے عیسائی غلام کو مکاتب بنایا، پھر وہ مر گیا تو مولیٰ باقی بدلِ کتابت کے بقدر لے گا، اور زائد بیت المال میں جائے گا۔

تیسری بات: حدیث میں ہے: من انتفى من ولده ليفضحه في الدنيا فضحه الله يوم القيامة: جو اپنے بچہ سے ہٹ گیا یعنی اس کے نسب کا انکار کیا کہ اس کو دنیا میں رسوا کرے، پس اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن رسوا کریں گے۔ دوسری حدیث: من انتفى من ولده فليتبوأ مقعده من النار: جو شخص اپنے بچہ سے دور ہو گیا وہ اپنی سیٹ دوزخ میں ریزرو کرالے۔ تیسری حدیث: أيما رجل جحد ولده، وهو ينظر إليه، احتجب الله منه: جس آدمی نے اپنے بچے کا انکار کیا، درانحالیکہ وہ اس کی طرف دیکھ رہا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے پردہ کرلیں گے —— ان تینوں حدیثوں میں کلام فتح الباری میں ہے —— اور یہ باب اس کتاب میں اس لئے لائے ہیں کہ نسب کا انکار میراث سے محروم کرتا ہے۔

ملحوظہ: دوسرے باب میں [باب] گیلری سے بڑھایا ہے۔

[۲۷-] بَابُ مِيْرَاثِ الْعَبْدِ النَّصْرَانِيِّ، وَالْمُكَاتَبِ النَّصْرَانِيِّ

[بَابُ] إِثْمِ مَنِ انْتَفَى مِنْ وَلَدِهِ

بَابُ مَنِ ادَّعَى أَخًا أَوِ ابْنَ أَخٍ

جس نے بھائی یا بھتیجے کے نسب کا دعوی کیا (المُقَرُّ له بالنسب على الغير کی میراث)

میت کا ترکہ: کفن دفن، ادائے دیون اور تنفیذ وصیت کے بعد دس ورثاء کو بالترتیب ملتا ہے، آٹھویں نمبر پر اس شخص کو ملتا ہے جس کے لئے میت نے اپنے غیر سے نسب کا اقرار کیا ہے، مثلاً: بھائی ہونے کا دعوی کیا ہے تو وہ اپنے باپ پر اقرار ہے کہ یہ میرے باپ کا بیٹا ہے، اور بھتیجا ہونے کا دعوی کیا ہے تو وہ بھائی پر اقرار ہے کہ یہ میرے بھائی کا بیٹا ہے، اور اس اقرار سے غیر سے نسب ثابت نہ ہوا ہو، اور اقرار کرنے والے نے موت تک اقرار سے رجوع بھی نہ کیا ہو، تو آٹھویں نمبر پر اس کو بھائی یا بھتیجا ہونے کی حیثیت سے میراث ملے گی، جیسے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے زمعہ کی باندی کے لڑکے کے بھتیجا ہونے کا دعوی کیا، مگر نسب ثابت نہیں ہوا، پس اگر حضرت سعدؓ اپنے اقرار پر موت تک برقرار رہیں تو آٹھویں نمبر پر وہ بھتیجا حضرت سعد کی میراث پائے گا۔

[۲۸-] بَابُ مَنِ ادَّعَى أَخًا أَوِ ابْنَ أَخٍ

[۶۷۶۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: اخْتَصَمَ سَعْدُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ وَعَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فِيْ غُلَامٍ، فَقَالَ سَعْدٌ: هٰذَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنُ أَخِيْ عُتْبَةَ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَهِدَ إِلَيَّ أَنَّهُ ابْنُهُ، انْظُرْ إِلٰى شَبَهِهِ. وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ: هٰذَا أَخِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ أَبِيْ مِنْ وَلِيْدَتِهِ. فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى شَبَهِهِ فَرَأَى شَبَهًا بَيِّنًا بِعُتْبَةَ، فَقَالَ: "هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ! الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ، وَاحْتَجِبِيْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ بِنْتَ زَمْعَةَ" قَالَتْ: فَلَمْ يَرَ سَوْدَةَ قَطُّ. [راجع: ۲۰۵۳]

بَابُ مَنِ ادَّعَى إِلٰى غَيْرِ أَبِيْهِ

جس نے غیر باپ کی طرف خود کو منسوب کیا

غیر باپ کی طرف خود کو منسوب کرنا کبیرہ گناہ ہے، پہلی حدیث: میں ہے: "جس نے خود کو غیر باپ کی طرف منسوب

کیا، درانحالیکہ وہ جانتا ہے کہ وہ باپ نہیں تو جنت اس پر حرام ہے!'' اور دوسری حدیث میں ہے: ''اپنے باپ دادا سے اعراض مت کرو، باپ سے اعراض کرنا کفر ہے'' لوگ ایسا عزت بڑھانے کے لئے یا میراث پانے کے لئے کرتے تھے، اس لئے یہ باب یہاں لائے ہیں ــــــ اور یہ وعید کی حدیثیں ہیں، جس میں ناقص کو کامل فرض کر کے گفتگو کی گئی ہے۔

[۲۹-] بَابُ مَنِ ادَّعَى إِلٰى غَيْرِ أَبِيْهِ

[٦٧٦٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:'' مَنِ ادَّعَى إِلٰى غَيْرِ أَبِيْهِ، وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ غَيْرُ أَبِيْهِ، فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ'' [راجع: ٤٣٢٦]

[٦٧٦٧-] فَذَكَرْتُهُ لِأَبِيْ بَكْرَةَ، فَقَالَ: وَأَنَا سَمِعَتْهُ أُذُنَاىَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٤٣٢٧]

[٦٧٦٨-] حدثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ عِرَاكٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' لَا تَرْغَبُوْا عَنْ آبَائِكُمْ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ أَبِيْهِ فَهُوَ كُفْرٌ''

قوله: ذكرته: ابوعثمان نے حدیث حضرت ابوبکرہؓ کو سنائی۔

بَابٌ: إِذَا ادَّعَتِ الْمَرْأَةُ ابْنًا

عورت کسی کے بیٹا ہونے کا دعوی کرے

اگر کوئی عورت دعوی کرے کہ فلاں میرا بیٹا ہے تو دیکھا جائے: اس کا شوہر ہے یا نہیں؟

(الف) اگر شوہر نہیں ہے، اور اس شخص کا کوئی باپ بھی معروف نہیں، اور کوئی اور بھی دعوے دار نہیں تو عورت کی بات مان لی جائے گی، اور وہ دونوں ایک دوسرے کے وارث ہونگے، اور اس کے اخیافی بھائی بھی وارث ہونگے۔

(ب) اور اگر اس کا شوہر ہے، اور وہ نسب کا انکار کرتا ہے تو عورت کی بات نہیں مانی جائے گی، مگر یہ کہ وہ گواہوں سے ثابت کرے۔

[۳۰-] بَابٌ: إِذَا ادَّعَتِ الْمَرْأَةُ ابْنًا

[٦٧٦٩-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' كَانَتِ امْرَأَتَانِ مَعَهُمَا ابْنَاهُمَا، جَاءَ الذِّئْبُ

فَذَهَبَ بِابْنِ إِحْدَاهُمَا، فَقَالَتْ لَصَاحِبَتِهَا: إِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ، وَقَالَتِ الْأُخْرَى: إِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ. فَتَحَاكَمَتَا إِلَى دَاوُدَ، فَقَضَى بِهِ لِلْكُبْرَى، فَخَرَجَتَا عَلَى سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ فَأَخْبَرَتَاهُ فَقَالَ: ائْتُوْنِي بِالسِّكِّيْنِ أَشُقُّهُ بَيْنَهُمَا. فَقَالَتِ الصُّغْرَى: لَا تَفْعَلْ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، هُوَ ابْنُهَا. فَقَضَى بِهِ لِلصُّغْرَى" قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَاللّٰهِ إِنْ سَمِعْتُ بِالسِّكِّيْنِ قَطُّ إِلَّا يَوْمَئِذٍ، وَمَا كُنَّا نَقُوْلُ إِلَّا الْمُدْيَةَ. [راجع: ۳۴۲۷]

وضاحت: سلیمان علیہ السلام نے چھوٹی کے لئے فیصلہ اس بنیاد پر کیا ہوگا کہ جب حقیقتِ حال کھل گئی تو بڑی نے اقرار کرلیا ہوگا۔

بَابُ الْقَائِفِ

قائف کے قول سے نسب ثابت کرنا

قیافہ: ایک علم ہے، جس کے ذریعہ خدوخال اور علامات دیکھ کر پہچانا جاتا ہے کہ یہ فلاں کا بیٹا یا بھائی ہے، ائمہ ثلاثہ نسب میں قیافہ کا اعتبار کرتے ہیں، اور احناف اعتبار نہیں کرتے، مثلاً ایک مشترک باندی ہے، اس کے بچہ ہوا اس کے دونوں آقا دعوی کرتے ہیں کہ بچہ میرا ہے کیونکہ دونوں نے اس باندی سے صحبت کی ہے (مشترک باندی سے کسی کے لئے بھی صحبت کرنا جائز نہیں) اسی طرح کسی عورت سے شوہر کے علاوہ نے شبہ کی وجہ سے یعنی بیوی سمجھ کر صحبت کی، پھر اولاد میں شوہر میں اور اس شخص میں اختلاف ہوا تو ائمہ ثلاثہ قیافہ کی مدد سے نسب کا فیصلہ کرتے ہیں۔

اور احناف کہتے ہیں: شریعت نے نسب کے لئے قطعی ضابطہ مقرر کردیا ہے: **الولد للفراش وللعاهر الحَجَرُ:** یعنی نسب شوہر ہی سے ثابت ہوگا اور زانی کے لئے سنگ ہے یعنی نامرادی ہے، پس جس نے بیوی سمجھ کر صحبت کی ہے اس سے نسب ثابت نہیں ہوگا، اور جہاں دو شخص صاحب فراش ہوں جیسے کسی باندی سے دو آقاؤں نے صحبت کی تو بچہ دونوں کا ہوگا، بچہ دونوں کی میراث پائے گا، اور وہ دونوں ایک باپ کی میراث پائیں گے۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ ان کے پاس خوش خوش آئے، آپؐ کے چہرے کی لکریں چمک رہی تھیں، پس آپؐ نے فرمایا: "کیا تم نے دیکھا نہیں کہ مُجَزِّز نے ابھی زید اور اسامہ کو دیکھا، پس کہا: یہ پیر باپ بیٹے کے ہیں" —— اور دوسری روایت میں ہے کہ دونوں نے چادر اوڑھ رکھی تھی، اپنے سر چھپا رکھے تھے، اور دونوں کے پیر کھلے تھے، پس اس نے کہا: یہ پیر بعض بعض کے ہیں یعنی باپ بیٹے کے پیر ہیں۔

تشریح: ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کا خوش ہونا دلیل ہے کہ مجزز کی بات صحیح ہے اور قیافہ معتبر ہے، پس اس سے نسب ثابت ہوسکتا ہے، اور احناف کہتے ہیں: آپؐ کا خوش ہونا اس وجہ سے تھا کہ اب لوگوں کی چہ میگوئیاں بند ہوجائیں گی، ورنہ نسب تو پہلے سے ثابت تھا، غرض اس حدیث سے قیافہ شناسی کی اعتباریت ثابت ہوتی ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف

ہے، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے، اور اتنی بات تو ہر کوئی جانتا ہے کہ یہ علم قطعی نہیں، پس اس علم کی بنیاد پر چور کو مشخص کر کے ہاتھ کاٹنا جائز نہیں، اسی طرح اس علم کی بنیاد پر کسی کے اچھے برے اخلاق کا فیصلہ کرنا بھی درست نہیں، پھر نسب جیسی اہم بات کا اس ظنی علم کی بنیاد پر کیسے فیصلہ کیا جاسکتا ہے؟

[٣١-] بَابُ الْقَائِفِ

[٦٧٧٠-] حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيَّ مَسْرُوْرًا، تَبْرُقُ أَسَارِيْرُ وَجْهِهِ، فَقَالَ:" أَلَمْ تَرَىْ أَنَّ مُجَزِّزًا نَظَرَ آنِفًا إِلٰى زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، فَقَالَ: إِنَّ هٰذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ" [راجع: ٣٥٥٥]

[٦٧٧١-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ يَوْمٍ وَهُوَ مَسْرُوْرٌ، فَقَالَ:" أَيْ عَائِشَةُ! أَلَمْ تَرَىْ أَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ دَخَلَ فَرَأَى أُسَامَةَ وَزَيْدًا وَعَلَيْهِمَا قَطِيْفَةٌ، قَدْ غَطَّيَا رُءُ وْسَهُمَا وَبَدَتْ أَقْدَامُهُمَا، فَقَالَ: إِنَّ هٰذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ"[راجع: ٣٥٥٥]

الحمدللہ! کتاب الفرائض کی شرح مکمل ہوئی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الحدود

شرعی سزاؤں کا بیان

حدّ: وہ شرعی سزا ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہے، جس میں رو رعایت یا تبدیلی کا کسی کو کوئی حق نہیں۔ ایسی سزائیں صرف چار ہیں: زنا کی سزا، چوری کی سزا، تہمت لگانے کی سزا اور شراب پینے کی سزا، اول تین کا ذکر قرآنِ کریم میں ہے اور چوتھی کا حدیثوں میں، ان چار جرائم کے علاوہ دیگر جرائم کی سزائیں قاضی کی صوابدید پر موقوف ہیں، یہی وہ چار سزائیں ہیں جن کے بارے میں اغیار اور دانشور شور مچاتے ہیں کہ اسلام میں سخت سزائیں ہیں، بے شک یہ سخت سزائیں ہیں، مگر ان کو جاری کرنے کی نوبت بہت کم آتی ہے، کیونکہ ان سزاؤں کا ہوّا ایسا ہے کہ شیطان صفت لوگ سہمے رہتے ہیں، اور سزا سے بہتر سزا کا ہوّا ہے، پھر جو سزا جتنی مشکل ہے اس کا ثبوت بھی اتنا ہی مشکل ہے، زنا کے ثبوت کے لئے چار عینی گواہ ضروری ہیں، جبکہ زنا برسرِ عام نہیں کیا جاتا، پس اس کا ثبوت بھی مشکل ہے، اس لئے سزا جاری کرنے کی نوبت بہت کم آتی ہے، آپ سعودیہ اور یورپ وامریکہ کے جرائم کا تناسب دیکھیں، آپ حیرت میں رہ جائیں گے، یہ ہلکی سزاؤں اور سخت سزاؤں کے خوف کا اثر ہے، تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی (۴:۳۵۴) دیکھیں۔

بَابُ مَا يُحَذَّرُ مِنَ الْحُدُوْدِ

جرائم سے ڈرانے والی روایت

اس باب میں الحدود سے مراد جرائم ہیں، کیونکہ وہ حد کا سبب ہیں۔ اور یہ تمہیدی باب ہے۔

بَابُ الزِّنَا وَشُرْبِ الْخَمْرِ

زنا اور شراب نوشی کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''زانی زنا نہیں کرتا جب وہ زنا کرتا ہے درانحالیکہ وہ مؤمن ہو، اور شراب نہیں پیتا جب وہ پیتا ہے درانحالیکہ وہ مؤمن ہو، اور چوری نہیں کرتا جب وہ چوری کرتا ہے درانحالیکہ وہ مؤمن ہو، اور لوٹتا نہیں کوئی ایسی

لوٹ کہ لوگ اس کی طرف نظریں اٹھائیں درانحالیکہ وہ مؤمن ہو —— حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: یہ گناہ کرتے وقت ایمان نہیں نکلتا، ایمان کا نور نکل جاتا ہے یعنی ایمان ناقص بے نور رہ جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٨٦- کتابُ الحدود

[١-] بَابُ مَا يُحَذَّرُ مِنَ الْحُدُوْدِ، بَابُ الزِّنَا وَشُرْبِ الْخَمْرِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يُنْزَعُ عَنْهُ نُوْرُ الإِيْمَانِ فِي الزِّنَا.

[٦٧٧٢-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا يَزْنِيْ الزَّانِيْ حِيْنَ يَزْنِيْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِيْنَ يَشْرَبُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَسْرِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً يَرْفَعُ النَّاسُ إِلَيْهِ فِيْهَا أَبْصَارَهُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ" [راجع: ٢٤٧٥]

وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِمِثْلِهِ، إِلَّا النُّهْبَةَ.

بَابُ مَاجَاءَ فِي ضَرْبِ شَارِبِ الْخَمْرِ

شرابی کو مارنے کی روایت

آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک میں شرابی کو سزا دینے کا طریقہ یہ تھا کہ کوئی شخص دونوں ہاتھوں میں دو چھڑیاں یا دو چپل لے کر ایک ساتھ چالیس مرتبہ مارتا تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی یہی معمول رہا، پھر جب خرابی بڑھ گئی یعنی نئے ایمان لانے والوں میں شراب نوشی کا رجحان بڑھتا نظر آیا تو دورِ فاروقی میں اس سلسلہ میں مشورہ ہوا، اور دو باتیں سامنے آئیں: ایک: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قرآن کریم میں جو سب سے ہلکی سزا ہے وہ دی جائے یعنی اسّی کوڑے مارے جائیں، کیونکہ شراب نوشی کی سزا قرآن کریم میں منصوص نہیں، پس اس کو منصوص سے نہیں بڑھانا چاہئے۔ دوسری بات: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمائی کہ شرابی جب مخمور ہوتا ہے تو اول فول بکتا ہے اور کبھی تہمت لگانے کی بھی نوبت آتی ہے اس لئے اس کو اسّی کوڑے مارے جائیں، یہ دونوں مشورے ایک بات پر متفق تھے اس لئے شرابی کو اسّی کوڑے مارنے کی تجویز عمل میں آئی۔ اور دورِ فاروقی سے یہی سزا باجماع امت جاری ہے، اب اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں، صرف امام شافعی رحمہ اللہ کا ذرا سا اختلاف ہے وہ فرماتے ہیں: شراب نوشی کی اصل

سزا تو چالیس کوڑے ہے، باقی چالیس کوڑے تعزیر ہیں اور قاضی کی صوابدید پر موقوف ہیں اور دیگر ائمہ کے نزدیک اسّی کے اسّی حد ہیں ان میں کمی کرنا جائز نہیں۔

[۲-] بَابُ مَاجَاءَ فِي ضَرْبِ شَارِبِ الْخَمْرِ

[٦٧٧٣-] حدثنا آدمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم. ح: وَحَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم ضَرَبَ فِي الْخَمْرِ بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ، وَجَلَدَ أَبُوْ بَكْرٍ أَرْبَعِيْنَ. [طرفه: ٦٧٧٦]

بَابُ مَنْ أَمَرَ بِضَرْبِ الْحَدِّ فِي الْبَيْتِ

ایک رائے یہ ہے کہ شرابی کو سزا تنہائی میں دی جائے

زنا کی سزا کا تو مظاہرہ (اظہار) ضروری ہے، سورۃ النور (آیت۲) میں ہے: ﴿وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾: اور دونوں (زانی زانیہ) کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت کو حاضر رہنا چاہئے، دیگر سزاؤں کے لئے ایسی کوئی قید نہیں، تنہائی میں بھی سزا دی جاسکتی ہے اور برملا بھی، اور نعیمان کو جو گھر میں پیٹا گیا تھا تو وہاں پیٹنے والے موجود تھے، پس تنہائی کہاں رہی؟ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کو جو دوبارہ برملا حد ماری تھی وہ تادیب وسیاست تھی۔

[۳-] بَابُ مَنْ أَمَرَ بِضَرْبِ الْحَدِّ فِي الْبَيْتِ

[٦٧٧٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: جِيْءَ بِالنُّعَيْمَانِ أَوْ: بِابْنِ النُّعَيْمَانِ شَارِبًا. فَأَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مَنْ كَانَ فِي الْبَيْتِ أَنْ يَضْرِبُوْهُ، قَالَ: فَضَرَبُوْهُ، وَكُنْتُ أَنَا فِيْمَنْ ضَرَبَهُ بِالنِّعَالِ. [راجع: ٢٣١٦]

بَابُ الضَّرْبِ بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ

کھجور کی چھڑی اور چپلوں سے مارنا

دورِ نبوی اور دورِ صدیقی میں شرابی کو کھجور کی چھڑی، چپلوں، مکّوں اور چادر کا کوڑا بنا کر پیٹا جاتا تھا، نعیمان پیئے ہوئے لائے گئے، نبی ﷺ پر ان کی یہ حرکت شاق گذری، آپ نے گھر میں موجود لوگوں کو حکم دیا کہ اس کو بجاؤ! لوگوں نے ان کو کھجور کی چھڑی اور چپلوں سے مارا، راوی (عقبہ) بھی مارنے والوں میں تھے (پہلی حدیث) اور اس طرح چالیس مرتبہ مارا جاتا تھا (دوسری حدیث) اور تیسری حدیث میں ہے کہ جب لوگ پٹائی کر چکے، اور شرابی جانے لگا تو کسی نے کہا: ''اللہ تجھے

رسوا کرے!'' آپؐ نے فرمایا: ''ایسا مت کہو، شیطان کی اُس کے خلاف مدد مت کرو!'' یعنی ایسا کہنے سے ضد پیدا ہو جائے گی اور وہ اور پیئے گا۔ وہ سوچے گا: مارا بھی اور گالی بھی دی! مار تو آدمی برداشت کر لیتا ہے، گالی برداشت نہیں کر پاتا۔

[٤-] بَابُ الضَّرْبِ بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ

[٦٧٧٥-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أُتِىَ بِنُعَيْمَانَ أَوْ: بِابْنِ نُعَيْمَانَ وَهُوَ سَكْرَانُ فَشَقَّ عَلَيْهِ، وَأَمَرَ مَنْ فِى الْبَيْتِ أَنْ يَضْرِبُوْهُ، فَضَرَبُوْهُ بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ، فَكُنْتُ فِيْمَنْ ضَرَبَهُ.

[راجع: ٢٣١٦]

[٦٧٧٦-] حدثنا مُسْلِمٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: جَلَدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِى الْخَمْرِ بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ، وَجَلَدَ أَبُوْ بَكْرٍ أَرْبَعِيْنَ. [راجع: ٦٧٧٣]

[٦٧٧٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ أَنَسٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أُتِىَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ، قَالَ: ''اضْرِبُوْهُ'' قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَمِنَّا الضَّارِبُ بِيَدِهِ، وَالضَّارِبُ بِنَعْلِهِ، وَالضَّارِبُ بِثَوْبِهِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: أَخْزَاكَ اللّٰهُ! قَالَ: '' لَاتَقُوْلُوْا هٰكَذَا، لَا تُعِيْنُوْا عَلَيْهِ الشَّيْطَانَ'' [طرفه: ٦٧٨١]

آئندہ روایت: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں کسی پر بھی حد جاری کروں اور وہ مر جائے تو مجھے کوئی افسوس نہیں ہوگا، مگر شرابی مر جائے تو میں اس کی دیت دونگا، اور یہ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے کوڑے مارنا متعین نہیں کیا۔

تشریح: شرابی کو کوڑے مارنا خلفائے راشدین کے زمانہ میں طے پایا ہے، اور اس میں حضرت علیؓ کا مشورہ بھی شامل تھا، اور خود حضرت بھی کوڑے مارتے تھے، مگر تعیینِ نبوی اور تعیینِ خلفاء میں فرق مراتب کرنا ضروری ہے، جس کی طرف حضرت علیؓ نے اشارہ کیا، باقی حد مارنے سے کوئی مرتا نہیں۔

[٦٧٧٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا أَبُوْ حَصِيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَيْرَ بْنَ سَعِيْدٍ النَّخَعِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِىْ طَالِبٍ، قَالَ: مَا كُنْتُ لِأُقِيْمَ حَدًّا عَلٰى أَحَدٍ فَيَمُوْتُ فَأَجِدُ فِىْ نَفْسِىْ، إِلَّا صَاحِبَ الْخَمْرِ، فَإِنَّهُ لَوْ مَاتَ وَدَيْتُهُ، وَذٰلِكَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَسُنَّهُ.

آئندہ حدیث: سائب بن یزید کہتے ہیں: عہدِ نبوی میں، عہدِ صدیقی میں اور عہدِ فاروقی کی ابتداء میں شرابی لایا جاتا تھا، پس ہم ہاتھوں (مکّوں) سے، چپلوں سے، اور چادروں (کے کوڑے) سے مارتے تھے، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ

عنہ کا آخری دور آیا تو انھوں نے چالیس کوڑے مارنے شروع کئے، یہاں تک کہ لوگ حد سے بڑھنے لگے اور دائرۂ اطاعت سے باہر نکلنے لگے تو حضرت عمرؓ نے اسّی کوڑے مارنے شروع کئے۔

تشریح: اس کی تفصیل باب کے شروع میں آ گئی ہے، اور خلفائے راشدین کے رائج کئے ہوئے اُن طریقوں کو اپنانا ضروری ہے جن کا تعلق ملک وملت کی تنظیم سے ہے، حدیث میں ہے: ''میرے طریقہ کو لازم پکڑو، اور میرے جانشینوں کے طریقہ کو لازم پکڑو، جو راہ یاب اور ہدایت مآب ہیں، ان کے طریقہ کو ہاتھوں سے مضبوط پکڑو اور دانتوں سے کاٹو!''

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ تک قومی حکومت قائم ہوئی تھی، اور ملت بھی محدود تھی، بین الاقوامی حکومت خلفائے راشدین کے زمانہ میں قائم ہوئی، اور ملت بھی پھیل گئی، اور دیگر اقوام نے بھی اسلامی حکومت کی ماتحتی قبول کی، اس لئے ملک وملت کی تنظیم ضروری ہوئی، خلفائے راشدین نے اس سلسلہ میں بہت سے کام کئے ہیں، شرابی کے لئے اسّی کوڑوں کی تجویز بھی اسی قبیل سے ہے۔

[۶۷۷۹-] حدثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْجُعَيْدِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: كُنَّا نُؤْتَى بِالشَّارِبِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَإِمْرَةِ أَبِيْ بَكْرٍ وَصَدْرًا مِنْ خِلاَفَةِ عُمَرَ، فَنَقُوْمُ إِلَيْهِ بِأَيْدِيْنَا وَنِعَالِنَا وَأَرْدِيَتِنَا، حَتّٰى كَانَ آخِرُ إِمْرَةِ عُمَرَ فَجَلَدَ أَرْبَعِيْنَ، حَتّٰى إِذَا عَتَوْا وَفَسَقُوْا جَلَدَ ثَمَانِيْنَ.

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ لَعْنِ شَارِبِ الْخَمْرِ، وَإِنَّهُ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنَ الْمِلَّةِ

شرابی پر لعنت بھیجنا مکروہ ہے، کیونکہ وہ ملت سے خارج نہیں

پہلی روایت: ایک صحابی جن کا نام عبداللہ تھا، جو حمار کہلاتے تھے، جو نبی ﷺ کو ہنساتے تھے، رسول اللہ ﷺ نے ان کو شراب پینے کی وجہ سے پیٹا تھا، وہ ایک دن لائے گئے، آپؐ نے ان کے بارے میں حکم دیا اور ان کو بجایا گیا، پھر ایک شخص نے کہا: ''اے اللہ! اس کو اپنی رحمت سے محروم کر! یہ کتنا زیادہ لایا جاتا ہے!'' پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس پر لعنت مت بھیجو، پس بخدا! میں جو جانتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس کو اللہ اور اس کے رسول سے محبت ہے!'' (ایسا شخص رحمت سے کیسے محروم ہو جائے گا!)

[۵-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ لَعْنِ شَارِبِ الْخَمْرِ، وَإِنَّهُ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنَ الْمِلَّةِ

[۶۷۸۰-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِلاَلٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: أَنَّ رَجُلاً عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه

وسلم كَانَ اسْمُهُ عَبْدَ اللّٰهِ، وَكَانَ يُلَقَّبُ حِمَارًا، وَكَانَ يُضْحِكُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ جَلَدَهُ فِي الشَّرَابِ، فَأُتِيَ بِهِ يَوْمًا فَأَمَرَ بِهِ فَجُلِدَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ! مَا أَكْثَرَ مَا يُؤْتَى بِهِ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَا تَلْعَنُوْهُ، فَوَ اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ أَنَّهُ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ"

[٦٧٨١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِسَكْرَانَ، فَقَامَ يَضْرِبُهُ، فَمِنَّا مَنْ يَضْرِبُهُ بِيَدِهِ، وَمِنَّا مَنْ يَضْرِبُهُ بِنَعْلِهِ، وَمِنَّا مَنْ يَضْرِبُهُ بِثَوْبِهِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ رَجُلٌ: مَالَهُ؟ أَخْزَاهُ اللّٰهُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟" لَاتَكُوْنُوْا عَوْنَ الشَّيْطَانِ عَلٰى أَخِيْكُمْ"[راجع: ٦٧٧٧]

بَابُ السَّارِقِ حِينَ يَسْرِقُ

چور جب چوری کرتا ہے

باب میں وہی حدیث ہے جو ابھی گذری، خبر کی صورت میں نہی ہے یعنی یہ گناہ مت کرو، یہ گناہ مؤمن کو زیب نہیں دیتا۔

[٦-] بَابُ السَّارِقِ حِينَ يَسْرِقُ

[٦٧٨٢-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَا يَزْنِيْ الزَّانِيْ حِيْنَ يَزْنِيْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَسْرِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ" [طرفه: ٦٨٠٩]

بَابُ لَعْنِ السَّارِقِ إِذَا لَمْ يُسَمَّ

غیر معین چور پر لعنت بھیجنا جائز ہے

کسی معین گنہگار/ کافر پر لعنت بھیجنا جائز نہیں، کیونکہ لعنت کا مفہوم ہے: اللہ کی رحمت سے دور کرنا، پس اگر وہ مسلمان ہے تو اس کو اللہ کی رحمت سے کیسے محروم کریں گے؟ ممکن ہے وہ موت سے پہلے توبہ کرلے، ورنہ آخرت میں تو وہ بخشا ہی جائے گا، اور اگر غیر مسلم ہے تو اس کا انجام معلوم نہیں، ممکن ہے وہ مسلمان ہوجائے، ہاں جس کا کفر پر مرنا یقینی ہے اس پر لعنت بھیج سکتے ہیں، جیسے فرعون اور ابولہب۔ البتہ تعیین کئے بغیر مرتکب کبیرہ پر لعنت بھیجنا جائز ہے، یہ گناہ کی قباحت دل میں

بٹھانے کے لئے ہوتا ہے، نبی ﷺ نے چور کی تعیین کئے بغیر لعنت بھیجی ہے، اور مقصد چوری کی شناعت سمجھانا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''چور پر اللہ کی پھٹکار! انڈا چراتا ہے، پس اس کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے، اور رسّی چراتا ہے، پس اس کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے''

تشریح: اعمش رحمہ اللہ نے حدیث کی شرح کی کہ بیضہ سے مراد خود ہے، جو لڑائی میں پہنا جاتا ہے، وہ قیمتی ہوتا ہے، اس کے چرانے پر ہاتھ کاٹا جائے گا، اور رسّی سے مراد قیمتی رسّی ہے، بعض رسیاں کئی درہم کی ہوتی ہیں، اس کے چرانے پر بھی ہاتھ کاٹا جائے گا: یہ تفسیر صحیح نہیں، ابن قتیبہؒ نے اس پر اعتراض کیا ہے (حاشیہ) صحیح تفسیر خطابیؒ کی ہے کہ حدیث باب تدریج سے ہے، آدمی پہلے معمولی چیز چراتا ہے، پھر بڑھتا رہتا ہے، تا آنکہ وہ ایسی چیز چراتا ہے جس میں ہاتھ کاٹا جاتا ہے۔

[٧-] بَابُ لَعْنِ السَّارِقِ إِذَا لَمْ يُسَمَّ

[٦٧٨٣-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ! يَسْرِقُ الْبَيْضَةَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ، وَيَسْرِقُ الْحَبْلَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ" قَالَ الأَعْمَشُ: كَانُوْا يَرَوْنَ أَنَّـهُ بَيْضُ الْحَدِيْدِ، وَالْحَبْلُ: كَانُوْا يَرَوْنَ أَنَّـهُ مِنْهَا مَا يَسْوىٰ دَرَاهِمَ. [طرفه: ٦٧٩٩]

بَابٌ: اَلْحُدُوْدُ كَفَّارَةٌ

حد سے گناہ معاف ہوجاتا ہے

حضرت امام شافعی اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک: حدود کفارۂ سیئات ہیں، ان کی دلیل باب کی حدیث ہے، اور احناف کے نزدیک توبہ ضروری ہے اور توبہ ہی پر مدار ہے، خواہ حد کے ساتھ پائی جائے یا تنہا اور حدود حقیقت میں زواجر ہیں، تفصیل اور حدیث تحفۃ القاری (۱:۲۲۴) میں گذر چکی ہے۔

[٨-] بَابٌ: اَلْحُدُوْدُ كَفَّارَةٌ

[٦٧٨٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَجْلِسٍ، فَقَالَ: "بَايِعُوْنِيْ عَلٰى أَنْ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَا تَسْرِقُوْا، وَلَا تَزْنُوْا" وَقَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ كُلَّهَا، "فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَتُهُ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ إِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ وَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ" [راجع: ١٨]

بَابٌ: ظَهْرُ الْمُؤْمِنِ حِمًى إِلَّا فِي حَدٍّ أَوْ حَقٍّ

مسلمان کی پیٹھ محفوظ ہے، علاوہ حد یا حق کے یعنی حد کے کوڑے پیٹھ پر مارے جائیں

اس باب میں یہ بیان ہے کہ حد کے کوڑے کہاں مارے جائیں؟ سر پر، منہ پر، سینہ پر، پیٹ پر، شرمگاہ پر، رانوں پر، اس سے نیچے یا پیچھے یا کمر پر؟ نہیں، یہ سب نازک اعضاء ہیں، کوڑے پیٹھ پر مارے جائیں، اور کوئی اور سزا دینی ہو تو وہ بھی پیٹھ پر ماری جائے، دیگر اعضاء پر نہ ماری جائے۔ تخلیقی پختگی اللہ تعالیٰ نے پیٹھ میں رکھی ہے، سورۃ الدہر (آیت ۲۸) میں ہے: ﴿نَحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ﴾: ہم نے انسان کو پیدا کیا، اور ہم نے اس میں تخلیقی پختگی رکھی!

دلیل: وہی حدیث ہے جو باب میں رکھی ہے، مگر چونکہ وہ حدیث ضعیف ہے، اس لئے اس کو باب میں رکھا ہے، یہ حدیث ابوالشیخ نے کتاب السرقہ میں اور طبرانی نے روایت کی ہے (عمدۃ) امام صاحب نے اس میں أو حق بڑھایا ہے، اور باب میں جو حدیث ذکر کی ہے وہ 'برائے بیت' ہے، اس میں إلا بحقها ہے، اس سے استدلال کرنے کے لئے باب میں أو حق کا اضافہ کیا ہے۔

[۹-] بَابٌ: ظَهْرُ الْمُؤْمِنِ حِمًى إِلَّا فِي حَدٍّ أَوْ حَقٍّ

[۶۷۸۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: "أَلَا أَيُّ شَهْرٍ تَعْلَمُوْنَهُ أَعْظَمَ حُرْمَةً؟" قَالُوْا: أَلَا شَهْرُنَا هٰذَا. قَالَ: "أَلَا أَيُّ بَلَدٍ تَعْلَمُوْنَهُ أَعْظَمَ حُرْمَةً؟" قَالُوْا: أَلَا بَلَدُنَا هٰذَا. قَالَ: "أَلَا أَيُّ يَوْمٍ تَعْلَمُوْنَهُ أَعْظَمَ حُرْمَةً؟" قَالُوْا: أَلَا يَوْمُنَا هٰذَا. قَالَ: "فَإِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ، إِلَّا بِحَقِّهَا، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟" - ثَلَاثًا، كُلَّ ذٰلِكَ يُجِيْبُوْنَهُ: أَلَا نَعَمْ، قَالَ: "وَيْحَكُمْ أَوْ: وَيْلَكُمْ لَا تَرْجِعُنَّ بَعْدِيْ كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ"[راجع: ۱۷۴۲]

بَابُ إِقَامَةِ الْحُدُوْدِ، وَالِانْتِقَامِ لِحُرُمَاتِ اللّٰهِ

شرعی سزائیں نافذ کرنا، اور اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں کو پامال کرنے کا بدلہ لینا

الحُرْمة: واجب الرعایہ چیز، جس کو پامال کرنا درست نہ ہو، مراد: وہ گناہ ہیں جن کی سزائیں اللہ نے مقرر کی ہیں، اور عطف تفسیری ہے، دونوں جملوں کا ایک مطلب ہے، یعنی شرعی سزائیں ضرور نافذ کی جائیں، ان میں قطعاً رورعایت نہ کی

جائے، جوشخص حرمات اللہ کو پامال کرے اس سے بدلہ لیا جائے، اس کو قرار واقعی سزادی جائے اور باب کی حدیث پہلے آئی ہے۔ جب اللہ کی حرام کی ہوئی باتوں کی پردہ دری کی جاتی تو نبی ﷺ اللہ کے لئے اس کا بدلہ لیتے، یعنی اس پر سزا جاری کرتے، حالانکہ آپ سراپا رحمت تھے، اپنی ذات کے لئے کبھی بدلہ نہیں لیتے تھے۔

[۱۰-] بَابُ إِقَامَةِ الْحُدُوْدِ، وَالإِنْتِقَامِ لِحُرُمَاتِ اللّٰهِ

[۶۷۸۶-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا خُيِّرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَمْرَيْنِ إِلَّا اخْتَارَ أَيْسَرَهُمَا، مَالَمْ يَأْثَمْ، فَإِذَا كَانَ الإِثْمُ كَانَ أَبْعَدَهُمَا مِنْهُ، وَاللّٰهِ مَا انْتَقَمَ لِنَفْسِهِ فِيْ شَيْءٍ يُؤْتَى إِلَيْهِ قَطُّ، حَتّٰى تُنْتَهَكَ حُرُمَاتُ اللّٰهِ، فَيَنْتَقِمُ لِلّٰهِ.[راجع: ۳۵۶۰]

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نہیں اختیار دیئے گئے نبی ﷺ دو باتوں میں مگر آپؐ اختیار فرماتے تھے ان میں سے آسان کو، جب تک وہ کوئی گناہ کا کام نہ ہوتا، پس جب وہ کوئی گناہ کی بات ہوتی تو آپؐ ان دونوں باتوں میں گناہ کی بات سے زیادہ دور رہنے والے ہوتے تھے۔ بخدا! نہیں بدلہ لیا آپؐ نے کبھی بھی اپنی ذات کے لئے کسی ایسے معاملہ میں جو آپؐ کی طرف لایا جاتا یعنی آپؐ کے ساتھ برتاؤ کیا جاتا، یہاں تک کہ اللہ کی حرام کی ہوئی باتوں کی پردہ دری کی جاتی تو آپؐ اللہ کے لئے بدلہ لیتے۔

بَابُ إِقَامَةِ الْحُدُوْدِ عَلَى الشَّرِيْفِ وَالْوَضِيْعِ

باحیثیت اور بے حیثیت: سب پر سزائیں جاری کی جائیں

چار سزائیں اللہ کی مقرر کردہ ہیں، ان میں کسی طرح کی تبدیلی یا تخفیف کا کسی کو کوئی حق نہیں، ان میں کوئی سفارش بھی نہیں چل سکتی، نہ ان میں شریف غیر شریف اور مالدار غریب کا فرق کیا جائے گا، یہ سزائیں سب پر یکساں جاری ہونگی۔

[۱۱-] بَابُ إِقَامَةِ الْحُدُوْدِ عَلَى الشَّرِيْفِ وَالْوَضِيْعِ

[۶۷۸۷-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أُسَامَةَ كَلَّمَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي امْرَأَةٍ، فَقَالَ: " إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا يُقِيْمُوْنَ الْحَدَّ عَلَى الْوَضِيْعِ، وَيَتْرُكُوْنَ عَلَى الشَّرِيْفِ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْ فَاطِمَةُ فَعَلَتْ ذٰلِكَ لَقَطَعْتُ يَدَهَا"

[راجع: ۲۶۴۸]

بَابُ كَرَاهِيَةِ الشَّفَاعَةِ فِي الْحَدِّ، إِذَا رُفِعَ إِلَى السُّلْطَانِ

مقدمہ جب کورٹ میں پہنچ جائے تو اب سفارش کرنا جائز نہیں

حد کا معاملہ قاضی کے سامنے پہنچے اس سے پہلے مسلمان کا عیب چھپانے کی فضیلت آئی ہے، مجرم کو بھی مشورہ دیا جا سکتا ہے کہ قاضی کے پاس جا کر جرم کا اقرار نہ کرے، مگر جب مقدمہ کورٹ میں پہنچ گیا تو اب سفارش کرنا جائز نہیں، یہ حدود کا معاملہ ہے، معمولی سزاؤں کا معاملہ نہیں، اور حدیث گذشتہ باب والی ہے۔

[۱۲-] بَابُ كَرَاهِيَةِ الشَّفَاعَةِ فِي الْحَدِّ، إِذَا رُفِعَ إِلَى السُّلْطَانِ

[۶۷۸۸-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّتْهُمُ الْمَرْأَةُ الْمُخْزُوْمِيَّةُ الَّتِي سَرَقَتْ، قَالُوْا: مَنْ يُكَلِّمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ وَمَنْ يَجْتَرِئُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم! فَكَلَّمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ: "أَتَشْفَعُ فِي حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ؟!" ثُمَّ قَامَ فَخَطَبَ فَقَالَ: "يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا ضَلَّ مَنْ قَبْلَكُمْ، أَنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا سَرَقَ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ، وَإِذَا سَرَقَ الضَّعِيْفُ فِيْهِمْ أَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحُدُوْدَ، وَايْمُ اللّٰهِ لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعَ مُحَمَّدٌ يَدَهَا" [راجع: ۲٦٤٨]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا أَيْدِيَهُمَا﴾ وَفِي كَمْ تُقْطَعُ؟

چوری کی سزا ہاتھ کاٹنا ہے، اور کتنی چوری میں ہاتھ کاٹا جائے؟

سورۃ المائدۃ کی (آیت ۳۸) ہے: "اور جو مرد چوری کرے اور جو عورت چوری کرے: ان دونوں کے (داہنے ہاتھ گٹے سے) کاٹ ڈالو، ان کے کرتوت کے عوض میں، بطور سزا کے اللہ کی طرف سے، اور اللہ تعالیٰ بڑی قوت والے بڑی حکمت والے ہیں"

پس چوری کی سزا میں ہاتھ کاٹنا تو قطعی حکم ہے، رہی یہ بات کہ کتنی چوری میں ہاتھ کاٹا جائے؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: نصاب سرقہ چوتھائی دینار یا تین درہم ہیں، اور حنفیہ کے نزدیک: ایک دینار یا دس درہم ہیں، اور اختلاف کی وجہ روایات کا اختلاف ہے، اور باب میں تین روایتیں ہیں:

۱-حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے قولی روایت ہے کہ چوتھائی دینار یا زیادہ میں ہاتھ کاٹا جائے، یہ صرف عمرۃ کی روایت ہے، اور عروۃ اور عمرۃ دونوں کی روایت میں ہے کہ چور کا ہاتھ کاٹا جائے چوتھائی دینار میں، پھر صرف عمرۃ کی روایت ہے اس میں بھی یہی ہے۔

۲-حضرت عائشہؓ سے فعلی روایت ہے کہ عہد نبوی میں چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا تھا مگر ڈھال کی قیمت میں، یہ عروۃ کی

روایت ہے، ان کی دوسری روایت میں ہے: چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا تھا ڈھال کی قیمت سے کم میں، خواہ حجفہ ہو یا ترس، ہر ایک ان میں سے قیمتی ہو۔

۳- ابن عمرؓ کی فعلی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ڈھال چرانے میں ہاتھ کاٹا جس کی قیمت تین درہم تھی۔

یہ روایتیں تو باب میں ہیں، اور دوسری کتابوں میں ابن عباسؓ اور ابن عمرو بن العاصؓ نے ڈھال کی قیمت کا اندازہ دس درہم لگایا ہے، اور ایک ضعیف قولی روایت ہے: لاقطع إلا فی عشرة دراهم: دس درہم ہی میں ہاتھ کاٹا جائے، حنفیہ نے اس روایت کو لیا ہے، اس میں احتیاط ہے، اور حدود میں احتیاط مطلوب ہے۔ تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی (۳۸۱:۴) دیکھیں۔

اور باب کے شروع میں دو مسئلے بھی ذکر کئے ہیں:

۱- چور کا دایاں ہاتھ گٹے سے کاٹا جائے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وہیں سے کاٹا ہے، کف بمعنی مفصل ہے، اس میں اور اقوال بھی ہیں، ان کو نہیں لیا۔

۲- اگر غلطی سے بایاں ہاتھ کاٹ دیا تو قتادہ رحمہ اللہ نے فرمایا: بس ہو گیا، اس میں بھی ائمہ کا اختلاف ہے۔

[۱۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا أَيْدِيَهُمَا﴾ وَفِي كَمْ تُقْطَعُ؟

[۱-] وَقَطَعَ عَلِيٌّ مِنَ الْكَفِّ.

[۲-] وَقَالَ قَتَادَةُ فِي امْرَأَةٍ سَرَقَتْ فَقُطِعَتْ شِمَالُهَا: لَيْسَ إِلَّا ذٰلِكَ.

[۶۷۸۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تُقْطَعُ الْيَدُ فِي رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا"

تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، وَابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ، وَمَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ. [طرفاه: ۶۷۹۰، ۶۷۹۱]

[۶۷۹۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ، وَعَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "تُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ"

[راجع: ۶۷۸۹]

[۶۷۹۱-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، عَنْ يَحْيَى يَعْنِي: ابْنَ أَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَتْهُ أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُمْ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "يُقْطَعُ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ" [راجع: ۶۷۸۹]

[۶۷۹۲-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَائِشَةُ: أَنَّ يَدَ السَّارِقِ لَمْ تُقْطَعْ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا فِيْ ثَمَنِ مِجَنٍّ: حَجَفَةٍ أَوْ تُرْسٍ. [طرفاه: ۶۷۹۳، ۶۷۹۴]

حدثنا عُثْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ.

[٦٧٩٣-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمْ تَكُنْ تُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ فِی أَدْنٰی مِنْ حَجَفَةٍ أَوْ تُرْسٍ، كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا ذُوْ ثَمَنٍ.

[راجع: ٦٧٩٢]

[٦٧٩٤-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَی، حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ أَخْبَرَنَا عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمْ تُقْطَعْ يَدُ سَارِقٍ فِیْ عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِی أَدْنٰی مِنْ ثَمَنِ الْمِجَنِّ: تُرْسٍ أَوْ حَجَفَةٍ، وَكَانَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا ذَا ثَمَنٍ، رَوَاهُ وَكِيْعٌ، وَابْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، مُرْسَلاً.

[راجع: ٦٧٩٢]

[٦٧٩٥-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَطَعَ فِیْ مِجَنٍّ ثَمَنُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ.[أطرافه: ٦٧٩٦، ٦٧٩٧، ٦٧٩٨]

[٦٧٩٦-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَطَعَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ مِجَنٍّ ثَمَنُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ. تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ: قِيْمَتُهُ.[راجع: ٦٧٩٥]

[٦٧٩٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيیَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَطَعَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ مِجَنٍّ قِيْمَتُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ.[راجع: ٦٧٩٥]

[٦٧٩٨-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَطَعَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم يَدَ السَّارِقِ فِیْ مِجَنٍّ ثَمَنُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ.

[راجع: ٦٧٩٥]

[٦٧٩٩-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ! يَسْرِقُ الْبَيْضَةَ فَتُقْطَعَ يَدُهُ، وَيَسْرِقُ الْحَبْلَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ"[راجع: ٦٧٨٣]

بَابُ تَوْبَةِ السَّارِقِ

چور توبہ کرلے تو اس کی گواہی قبول کی جائے

امام بخاری رحمہ اللہ کا قول باب کے آخر میں ہے کہ جب چور ہاتھ کاٹنے کے بعد توبہ کرلے تو اس کی گواہی قبول کی جائے،

اوراسی طرح ہر حد لگایا ہوا جب توبہ کرلے تو اس کی گواہی قبول کی جائے، البتہ حنفیہ محدود در قذف میں اختلاف کرتے ہیں، اس کی گواہی توبہ کے بعد بھی قبول نہیں کی جائے گی، کیونکہ اس کی گواہی قبول نہ کرنا اس کی سزا کا جزء ہے۔

پہلی حدیث میں ہے: مخزومیہ نے قطع ید کے بعد توبہ کرلی تھی، وَحَسُنَتْ توبتُها: اس کی توبہ اچھی رہی، اور حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ جس پر حد جاری کی گئی: وہ اس کے گناہ کا کفارہ بن گئی اور وہ پاک ہوگیا، پس اس کی گواہی قبول کی جائے گی۔

[١٤-] بَابُ تَوْبَةِ السَّارِقِ

[٦٨٠٠-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَطَعَ يَدَ امْرَأَةٍ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَكَانَتْ تَأْتِي بَعْدَ ذٰلِكَ، فَأَرْفَعُ حَاجَتَهَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَتَابَتْ وَحَسُنَتْ تَوْبَتُهَا. [راجع: ٢٦٤٨]

[٦٨٠١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَهْطٍ، فَقَالَ: " أُبَايِعُكُمْ عَلٰى أَنْ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا تَسْرِقُوْا، وَلَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ، وَلَا تَأْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهُ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ وَأَرْجُلِكُمْ، وَلَا تَعْصُوْنِيْ فِيْ مَعْرُوْفٍ، فَمَنْ وَفٰى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَأُخِذَ بِهِ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ وَطُهُوْرٌ، وَمَنْ سَتَرَهُ اللّٰهُ فَذٰلِكَ إِلَى اللّٰهِ، إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ" [راجع: ١٨]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: إِذَا تَابَ السَّارِقُ بَعْدَ مَا قُطِعَ يَدُهُ قُبِلَتْ شَهَادَتُهُ، وَكَذٰلِكَ كُلُّ مَحْدُوْدٍ إِذَا تَابَ قُبِلَتْ شَهَادَتُهُ.

بَابُ الْمُحَارِبِيْنَ مِنْ أَهْلِ الْكُفْرِ وَالرِّدَّةِ

برسرِ پیکار کفار ومرتدین کی سزا

یہ کتاب الحدود کا پندرھواں باب ہے، چوری کی سزا کے تتمہ میں قبیلہ عرینہ کے لوگوں کی سزا کے ابواب لائے ہیں، یہ چار ابواب ہیں، عرینہ والوں نے صرف اونٹ نہیں چرائے تھے، بلکہ چرواہے کو قتل بھی کیا تھا، اور اسلام سے بھی پھر گئے تھے، اس لئے قرآنِ کریم میں ڈاکوؤں کی جو سزا ہے وہ ان کو دی گئی، کیونکہ وہ بڑے ڈکیت تھے، اور یہ حدّ نہیں، کیونکہ چار سزاؤں میں اختیار دیا ہے، جیسے قصاص حدّ نہیں، کیونکہ معاف کرنے کا اختیار ہے۔

آیتِ کریمہ: سورۃ المائدۃ کی (آیت ۳۳) ہے: ''جو لوگ اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں، اور ملک

میں فساد پھیلاتے ہیں، ان کی سزا یہ ہے کہ قتل کیے جائیں، یا سولی دیئے جائیں، یا ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے کاٹ دیئے جائیں (عرینہ والوں کو یہ سزا دی گئی تھی) یا وہ زمین سے دور کر دیئے جائیں، یعنی قید کر دیئے جائیں۔

اور حدیث: تحفۃ القاری (۱:۵۶۸) میں آچکی ہے، ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے کاٹے گئے، اور ان کو حرّہ نامی میدان میں ڈال دیا گیا، وہاں وہ سسک سسک کر مر گئے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

[۱۵-] بَابُ الْمُحَارِبِيْنَ مِنْ أَهْلِ الْكُفْرِ وَالرِّدَّةِ

وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿إِنَّمَا جَزَاؤُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ﴾ الآيَةَ.

[۶۸۰۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ قِلَابَةَ الجَرْمِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَفَرٌ مِنْ عُكْلٍ، فَأَسْلَمُوْا فَاجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَأْتُوْا إِبِلَ الصَّدَقَةِ، فَيَشْرَبُوْا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا، فَفَعَلُوْا فَصَحُّوْا، فَارْتَدُّوْا وَقَتَلُوْا رُعَاتَهَا وَاسْتَاقُوْا، فَبَعَثَ فِي آثَارِهِمْ فَأُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَسَمَلَ أَعْيُنَهُمْ، ثُمَّ لَمْ يَحْسِمْهُمْ حَتّٰى مَاتُوْا. [راجع: ۲۳۳]

بَابٌ: لَمْ يَحْسِمِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمُحَارِبِيْنَ مِنْ أَهْلِ الرِّدَّةِ حَتّٰى هَلَكُوْا

نبی ﷺ نے برسرِ پیکار مرتدین کے ہاتھ پاؤں کاٹ کر داغے نہیں، یہاں تک کہ وہ مر گئے

چور کا ہاتھ کاٹنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ہاتھ سُن کر دیا جائے گا، پھر دورانِ خون روک دیا جائے گا، پھر گٹّے سے ہاتھ کاٹ کر گرم لوہے سے داغ دیا جائے گا، تاکہ خون بند ہو جائے، اور زخم چند دن میں مندمل ہو جائے، مگر عرینہ والوں کے ہاتھ پاؤں مخالف جانب سے کاٹنے کے بعد داغے نہیں، کیونکہ ان کو ختم کرنا مقصود تھا، چنانچہ وہ خون نکل کر کیفر کردار کو پہنچے۔

[۱۶-] بَابٌ: لَمْ يَحْسِمِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمُحَارِبِيْنَ مِنْ أَهْلِ الرِّدَّةِ حَتّٰى هَلَكُوْا

[۶۸۰۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ أَبُوْ يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، حَدَّثَنِي الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَطَعَ الْعُرَنِيِّيْنَ، وَلَمْ يَحْسِمْهُمْ حَتّٰى مَاتُوْا.

[راجع: ۲۳۳]

بَابٌ: لَمْ يُسْقَ الْمُرْتَدُّوْنَ الْمُحَارِبُوْنَ حَتّٰى مَاتُوْا

برسرِ پیکار مرتدین کو ہاتھ پاؤں کاٹنے کے بعد پانی نہیں پلایا گیا یہاں تک کہ وہ مر گئے

حرّہ کے میدان میں جب ان مرتدین کو ہاتھ پاؤں کاٹ کر ڈالا گیا تو وہ پانی مانگتے تھے، مگر ان کو پانی نہیں دیا گیا، وہ پیاسے ہی مر گئے۔

[١٧-] بَابٌ: لَمْ يُسْقَ الْمُرْتَدُّوْنَ الْمُحَارِبُوْنَ حَتّٰى مَاتُوْا

[٦٨٠٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْل، عَنْ وُهَيْبٍ، عَنْ أَيُّوْب، عَنْ أَبِيْ قَلاَبَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ رَهْطٌ مِنْ عُكْلٍ عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، كَانُوْا فِي الصُّفَّةِ، فَاجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَبْغِنَا رِسْلاً، فَقَالَ: "مَا أَجِدُ لَكُمْ إِلاَّ أَنْ تَلْحَقُوْا بِإِبِلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم" فَأَتَوْهَا فَشَرِبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا حَتّٰى صَحُّوْا وَسَمِنُوْا، فَقَتَلُوْا الرَّاعِيَ، وَاسْتَاقُوْا الذَّوْدَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم الصَّرِيْخُ، فَبَعَثَ الطَّلَبَ فِيْ آثَارِهِمْ، فَمَا تَرَجَّلَ النَّهَارُ إِلاَّ أُتِيَ بِهِمْ، فَأَمَرَ بِمَسَامِيْرَ فَأُحْمِيَتْ، فَكَحَلَهُمْ وَقَطَّعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلُهُمْ، وَمَا حَسَمَهُمْ، ثُمَّ أُلْقُوْا فِي الْحَرَّةِ يَسْتَسْقُوْنَ فَمَا سُقُوْا حَتّٰى مَاتُوْا، قَالَ أَبُوْ قِلاَبَةَ: سَرَقُوْا وَقَتَلُوْا وَحَارَبُوْا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ. [راجع: ٢٣٣]

لغت: الرِّسْل: دودھ، ہمارے لئے دودھ مہیا کریں۔

بَابٌ: سَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَعْيُنَ الْمُحَارِبِيْنَ

نبی ﷺ نے برسرِ پیکار لوگوں کی گرم سلائی سے آنکھیں پھوڑیں

ان لوگوں نے چرواہے کی آنکھیں قتل کرنے سے پہلے ببول کے کانٹوں سے پھوڑی تھیں، اس کی ان کو سزا دی گئی۔

[١٨-] بَابٌ: سَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَعْيُنَ الْمُحَارِبِيْنَ

[٦٨٠٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْب، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَهْطًا مِنْ عُكْلٍ أَوْ قَالَ: مِنْ عُرَيْنَةَ، وَلاَ أَعْلَمُهُ إِلاَّ قَالَ: عُكْلٌ، قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ، فَأَمَرَ لَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِلِقَاحٍ، وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَخْرُجُوْا فَيَشْرَبُوْا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا، فَشَرِبُوْا حَتّٰى إِذَا بَرِئُوْا قَتَلُوْا الرَّاعِيَ وَاسْتَاقُوْا النَّعَمَ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم غُدْوَةً فَبَعَثَ الطَّلَبَ فِيْ آثَارِهِمْ، فَمَا ارْتَفَعَ النَّهَارُ حَتّٰى جِيْءَ بِهِمْ، فَأَمَرَ بِهِمْ، فَقَطَّعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ، وَأُلْقُوْا بِالْحَرَّةِ يَسْتَسْقُوْنَ فَلاَ يُسْقَوْنَ،

قَالَ أَبُوْ قِلاَبَةَ: هٰؤُلآءِ قَوْمٌ سَرَقُوْا، وَقَتَلُوْا وَكَفَرُوْا بَعْدَ إِيْمَانِهِمْ، وَحَارَبُوْا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ.[راجع: ۲۳۳]

بَابُ فَضْلِ مَنْ تَرَكَ الْفَوَاحِشَ

بے حیائی کے گناہوں سے بچنے کی اہمیت

اب زنا کا بیان شروع کرتے ہیں، اور یہ تمہیدی باب ہے، سورۃ النور کی (آیت ۱۹) ہے:﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ أَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ آمَنُوْا، لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ﴾: جولوگ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں بے حیائی کی بات کا چرچا ہو: ان کے لئے دنیا و آخرت میں دردناک سزا ہے! جب بے حیائی کی بات (زنا) کا چرچا پسند نہیں کرتے تو ارتکاب کیسے گوارہ کیا جاسکتا ہے؟ پس اس سے ترک فاحشہ کی اہمیت نکلتی ہے، اور باب کی حدیثیں پہلے آچکی ہیں، پہلی حدیث میں سات آدمیوں میں وہ شخص بھی ہے جس کو بڑے مرتبہ والی خوبصورت عورت نے دعوت عیش دی تو اس نے کہہ دیا: مجھے اللہ کا ڈر ہے! اور وہ فاحشہ سے بچ گیا تو اللہ اس کو قیامت کے دن اپنے سایہ میں رکھیں گے (تحفۃ القاری ۲:۵۱۹) اور دوسری حدیث اسی جلد میں آئی ہے، دو پیروں کے درمیان کے عضو یعنی شرمگاہ کے گناہ سے بچا رہے۔

[۱۹-] بَابُ فَضْلِ مَنْ تَرَكَ الْفَوَاحِشَ

[۶۸۰۶-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَّمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ ظِلِّهِ، يَوْمَ لاَظِلَّ إِلاَّ ظِلُّهُ: إِمَامٌ عَادِلٌ، وَشَابٌّ نَشَأَ فِي عِبَادَةِ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ فِيْ خَلاَءٍ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ، وَرَجُلٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ فِي الْمَسْجِدِ، وَرَجُلاَنِ تَحَابَّا فِي اللّٰهِ، وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَأَةٌ ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ إِلٰى نَفْسِهَا قَالَ: إِنِّيْ أَخَافُ اللّٰهَ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ فَأَخْفٰى حَتّٰى لاَ تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا صَنَعَتْ يَمِيْنُهُ"[راجع: ٦٦٠]

[۶۸۰۷-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، ح: وَحَدَّثَنِيْ خَلِيْفَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ تَوَكَّلَ لِيْ مَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ وَمَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ، تَوَكَّلْتُ لَهُ بِالْجَنَّةِ"[راجع: ٦٤٧٤]

بَابُ إِثْمِ الزُّنَاةِ

زنا کاروں کا گناہ

۱- سورۃ الفرقان کی (آیت ۶۸) میں رحمان کے خاص بندوں کے اوصاف میں ہے کہ وہ زنا نہیں کرتے، پس زنا کار

رحمٰن کے برے بندے ہیں۔

۲-سورۃ بنی اسرائیل کی (آیت ۳۲) ہے: ''اور زنا کے پاس بھی مت پھٹکو، بے شک وہ بڑی بے حیائی کی بات ہے، اور بری راہ ہے''

اور پہلی حدیث پہلے آئی ہے، زنا کا عام ہوجانا علاماتِ قیامت میں سے ہے، اور دوسری حدیث بھی پہلے آئی ہے، جب کوئی شخص زنا کرتا ہے تو وہ بے ایمان ہوجاتا ہے، ابن عباسؓ کا قول پہلے آیا ہے کہ اس کا ایمان نکال لیا جاتا ہے، عکرمہؒ نے پوچھا: اس سے ایمان کیسے نکالا جاتا ہے؟ ابن عباسؓ نے تشبیک کی، ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پیوست کیں، پھر جدا کیں اور فرمایا: اس طرح! پھر اگر وہ توبہ کرتا ہے تو ایمان اس کی طرف اس طرح لوٹ آتا ہے، اور انگلیاں داخل کیں، اور تیسری حدیث میں ہے کہ زنا کرنے کے بعد توبہ پیش کی جاتی ہے یعنی اب بھی سنبھلنے کا موقع ہے۔

[۲۰-] بَابُ إِثْمِ الزُّنَاةِ

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَا يَزْنُوْنَ﴾ [۲-] ﴿وَلَا تَقْرَبُوْا الزِّنٰى إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَسَاءَ سَبِيْلاً﴾

[۶۸۰۸-] حدثنا دَاوُدُ بْنُ شَبِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَنَسٌ، قَالَ: لَأُحَدِّثَنَّكُمْ حَدِيْثًا لَا يُحَدِّثُكُمُوْهُ أَحَدٌ بَعْدِيْ، سَمِعْتُهُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ، وَإِمَّا قَالَ: مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ، أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَيَظْهَرَ الزِّنَا، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ، حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَأَةً الْقَيِّمُ الْوَاحِدُ''[راجع: ۸۰]

[۶۸۰۹-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''لَا يَزْنِيْ الْعَبْدُ حِيْنَ يَزْنِيْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ حِيْنَ يَشْرَبُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَقْتُلُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ'' قَالَ عِكْرِمَةُ، قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: كَيْفَ يُنْزَعُ الإِيْمَانُ مِنْهُ؟ قَالَ: هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ ثُمَّ أَخْرَجَهَا، فَإِنْ تَابَ عَادَ إِلَيْهِ هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ.[راجع: ۶۷۸۲]

[۶۸۱۰-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' لَا يَزْنِيْ الزَّانِيْ حِيْنَ يَزْنِيْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَسْرِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ حِيْنَ يَشْرَبُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَالتَّوْبَةُ مَعْرُوْضَةٌ بَعْدُ''[راجع: ۲۴۷۵]

آئندہ حدیث: بھی پہلے آچکی ہے، اس کی دو سندیں ہیں: (۱) ابووائل اور ابن مسعودؓ کے درمیان ابومیسرۃ عمرو بن شرحبیل کا واسطہ ہے، یہ سند ٹھیک ہے، یہ منصور اور سلیمان اعمش کی سند ہے (۲) واصل بن حیان کی سند میں یہ واسطہ نہیں

—— عمرو بن علی (امام بخاریؒ کے استاذ) نے یہ سند عبدالرحمٰن بن مہدی کے سامنے ذکر کی تو انھوں نے فرمایا: ''اسے چھوڑو! اسے چھوڑو!'' یعنی واسطہ والی سند بیان کرو۔

[٦٨١١-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْصُوْرٌ، وَسُلَيْمَانُ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ؟ قَالَ: '' أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ'' قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: '' أَنْ تُقْتَلَ وَلَدَكَ أَجْلَ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ'' قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: '' أَنْ تُزَانِيَ بِحَلِيْلَةِ جَارِكَ''[راجع: ٤٤٧٧]

قَالَ يَحْيىَ: وَحَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ وَاصِلٌ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، مِثْلَهُ.

قَالَ عَمْرٌو: فَذَكَرْتُهُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، وَكَانَ حَدَّثَنَا عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَمَنْصُوْرٍ، وَوَاصِلٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مَيْسَرَةَ قَالَ: دَعْهُ دَعْهُ.

بَابُ رَجْمِ الْمُحْصَنِ

شادی شدہ زانی کو سنگسار کرنا

اگر زانی اور زانیہ آزاد، عاقل، بالغ ہوں، اور نکاح کئے ہوئے نہ ہوں یا نکاح کے بعد ہم بستری نہ کر چکے ہوں تو ان کی سزا سو کوڑے ہے، سورۃ النور کی دوسری آیت میں یہ سزا بیان ہوئی ہے، اور جو آزاد نہ ہو اس کی سزا پچاس کوڑے ہے، اس کا تذکرہ سورۃ النساء کی (آیت ۲۵) میں ہے، اور جو عاقل یا بالغ نہ ہو وہ مکلّف نہیں، اس کا ذکر حدیث میں ہے، اور جس مسلمان میں تمام صفتیں ہوں، حریّت، بلوغ، عقل، نکاح اور ہم بستری سے فراغت: اس کی سزا سنگساری ہے، اس کو مُحْصَنْ (صاد کا زبر اور زیر) کہتے ہیں، اور جو بیماری کی وجہ سے کوڑوں کا متحمل نہ ہو، اس کی صحت کا انتظار کیا جائے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ شادی شدہ زانی کو رجم کرنے کا حکم قرآنِ کریم میں نازل کیا گیا تھا، سورۃ الاحزاب میں یہ آیت تھی: الشیخُ والشیخةُ إذا زَنَیَا فارجموهُمَا الْبَتَّةَ، نکالاً من الله، والله عزیز حکیم: شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت: اگر زنا کریں تو ان کو قطعی طور پر سنگسار کردو، اللہ تعالیٰ کی طرف سے عبرتناک سزا کے طور پر، اور اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والے ہیں، پھر اس آیت کی تلاوت منسوخ کی اور حکم باقی رکھا، کیونکہ قرآن صرف کتابِ قانون نہیں، کتابِ دعوت بھی ہے، اور سبھی انسانوں کے لئے اتارا گیا ہے، پس غیر مسلم بھی اس کو پڑھیں گے اور وہ جب اس آیت سے گذریں گے تو ان کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں گے، کیونکہ وہ زنا میں مبتلا ہوتے ہیں، حالانکہ اسلام قبول کرنے کے بعد دل کا حال بدل جاتا ہے، اور سابقہ گناہ ختم ہو جاتے ہیں، اس لئے تلاوت منسوخ کی اور حکم باقی رکھا، تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی

(۴:۳۶۴) دیکھیں۔

مسئلہ: اگر کوئی اپنی محرم کے ساتھ زنا کرے، مثلاً بہن کے ساتھ تو اس کو بھی حد لگے گی (قالہ الحسن) اختلاف محرم کے ساتھ نکاح کر کے صحبت کرنے میں ہے۔

رجم کے ساتھ کوڑے مارنا:

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے شراحہ نامی عورت کو پہلے کوڑے مارے، پھر رجم کیا، اور فرمایا: میں نے اس کو کتاب اللہ (سورۃ النور آیت ۲) سے کوڑے مارے، اور رسول اللہ ﷺ کے طریقہ کے مطابق رجم کیا۔

تشریح: امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ محصن کو پہلے درّے مارے جائیں، پھر رجم کیا جائے، دوسرے ائمہ کے نزدیک صرف رجم کیا جائے، کیونکہ بڑی سزا میں چھوٹی سزا آجاتی ہے، اور حضرت علیؓ کے عمل سے جمع کرنے کا جواز نکلا۔ تفصیل کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ الواسعہ (۵:۳۰۳)

اعتراض: مگر یہاں ایک اعتراض ہے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا: ''میں نے اس کو کتاب اللہ سے کوڑے مارے'' یعنی سورۃ النور کی (آیت ۲) جس میں سو کوڑے مارنے کا ذکر ہے وہ شادی شدہ زانی کو بھی شامل ہے، پھر رجم کا حکم کہاں سے آیا؟ نیز فرمایا: ''میں نے سنتِ رسول اللہ کے مطابق رجم کیا'' اور سنت قرآن کے خلاف نہیں ہوسکتی، یہ دوہرا اشکال ہے۔

جواب: یہ روایت صحیح نہیں، حازمی کہتے ہیں: عامر شعبی کا حضرت علیؓ سے سماع نہیں، اور دار قطنی سے اس روایت کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: صرف یہی روایت سنی ہے اور کچھ نہیں سنا (حاشیہ) مگر یہ روایت سنی ہے اس کا بھی کوئی ثبوت نہیں، روایت میں عنعنہ ہے یہ روایت حاشیہ میں ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے روایت کا پہلا جزء چھوڑ دیا ہے، صرف دوسرا جزء لیا ہے، اور اس پر کوئی اشکال نہیں۔

[۲۱-] بَابُ رَجْمِ الْمُحْصَنِ

وَقَالَ الْحَسَنُ: مَنْ زَنَى بِأُخْتِهِ حَدُّهُ حَدُّ الزَّانِيْ.

[۶۸۱۲-] حَدَّثَنَا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ عَلِيٍّ حِيْنَ رَجَمَ الْمَرْأَةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، قَالَ: رَجَمْتُهَا بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: نبی ﷺ نے حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو رجم کیا ہے، کوڑے نہیں مارے، اس کو باقی ائمہ نے لیا ہے۔

[۶۸۱۳-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِيْ أَوْفَى: هَلْ رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: قَبْلَ سُوْرَةِ النُّوْرِ أَوْ بَعْدُ؟ قَالَ: لاَ أَدْرِيْ.

[طرفه: ۶۸۴۰]

وضاحت: ایک رائے یہ ہے کہ سورۃ النور کی (آیت۲) کے نزول سے پہلے سنگسار کیا جاتا تھا، پھر وہ حکم سورۂ نور کی (آیت۲) سے منسوخ ہوگیا، اب کوڑے مارے جائیں گے، شادی شدہ کو بھی رجم نہیں کیا جائے گا، مگر یہ رائے صحیح نہیں، سورۃ النور کی آیت کے بعد بھی آپؐ نے اور خلفائے راشدین نے رجم کیا ہے، اس لئے رجم کا حکم باقی ہے، منسوخ نہیں ہوا۔

[٦٨١٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيِّ: أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَسْلَمَ أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَحَدَّثَهُ: أَنَّـهُ قَدْ زَنَى، فَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ، فَأَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرُجِمَ، وَكَانَ قَدْ أُحْصِنَ. [راجع: ٥٢٧٠]

بَابٌ: لَا يُرْجَمُ الْمُجْنُوْنُ وَالْمَجْنُوْنَةُ

پاگل مرد وزن کو سنگسار نہیں کیا جائے گا

پاگل: غیر مکلّف ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک واقعہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا: کیا آپ کو پتہ نہیں کہ مجنون سے قلم اٹھادیا گیا ہے جب تک وہ اصلی حالت پر نہ آجائے، اور بچہ سے جب تک وہ بالغ نہ ہوجائے، اور سونے والے سے جب تک وہ بیدار نہ ہوجائے؟ اور حضرت ماعز رضی اللہ عنہ نے جب زنا کا اقرار کیا تو نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: تو پاگل تو نہیں؟ معلوم ہوا کہ پاگل زنا کرے تو سزا نہیں دی جائے گی، نہ کوڑے مارے جائیں گے نہ سنگسار کیا جائے گا، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

[٢٢-] بَابٌ: لَا يُرْجَمُ الْمُجْنُوْنُ وَالْمَجْنُوْنَةُ

وَقَالَ عَلِيٌّ لِعُمَرَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الْقَلَمَ رُفِعَ عَنِ الْمَجْنُوْنِ حَتّٰى يُفِيْقَ، وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يُدْرِكَ، وَعَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ؟

[٦٨١٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ، فَنَادَاهُ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ زَنَيْتُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، حَتّٰى رَدَّدَ عَلَيْهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ، فَلَمَّا شَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ، دَعَاهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَبِكَ جُنُوْنٌ؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: "فَهَلْ أَحْصَنْتَ؟" قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "اذْهَبُوْا بِهِ فَارْجُمُوْهُ" [راجع: ٥٢٧١]

[٦٨١٦-] قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: فَكُنْتُ فِيْمَنْ رَجَمَهُ فَرَجَمْنَاهُ بِالْمُصَلّٰى، فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ هَرَبَ، فَأَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ فَرَجَمْنَاهُ. [راجع: ٥٢٧٠]

بَابٌ: لِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

زانی سے نسب ثابت نہیں ہوگا

اگر زنا سے بچہ ہو تو زانی سے نسب ثابت نہیں ہوگا، حضرت سعد کے واقعہ میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''زانی کے لئے سنگ ہے!''، یعنی حرماں نصیبی ہے، اس سے نسب ثابت نہیں ہوگا۔

[٢٣-] بَابٌ: لِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

[٦٨١٧-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اخْتَصَمَ سَعْدٌ وَابْنُ زَمْعَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ، الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَاحْتَجِبِيْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ" وَزَادَ لَنَا قُتَيْبَةُ عَنِ اللَّيْثِ: " وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ"[راجع: ٢٠٥٣]

[٦٨١٨-] حدثنا آدَمُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ"[راجع: ٦٧٥٠]

بَابُ الرَّجْمِ بِالْبَلَاطِ

پتھروں کے فرش پر رجم کرنا یعنی مسجد میں رجم نہ کرنا

دورِ اول میں قاضی مسجد میں کورٹ کرتا تھا، پس رجم کا فیصلہ تو مسجد میں کیا جائے گا، مگر رجم مسجد سے باہر کسی جگہ کیا جائے گا، خیبر کے یہودیوں کا جو مقدمہ آیا تھا، جس کا فیصلہ تورات کے مطابق رجم کا کیا گیا تھا، اس کو مسجد کے سامنے جو پتھر کا فرش تھا وہاں رجم کیا گیا تھا، کیونکہ مسجد میں رجم کرنا مسجد کے موضوع کے خلاف ہے۔

[٢٤-] بَابُ الرَّجْمِ بِالْبَلَاطِ

[٦٨١٩-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَهُوْدِيٍّ وَيَهُوْدِيَّةٍ قَدْ أَحْدَثَا جَمِيْعًا، فَقَالَ لَهُمْ: "مَا تَجِدُوْنَ فِيْ كِتَابِكُمْ؟" قَالُوْا: إِنَّ أَحْبَارَنَا أَحْدَثُوْا تَحْمِيْمَ الْوَجْهِ وَالتَّجْبِيَةَ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: ادْعُهُمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بِالتَّوْرَاةِ، فَأُتِيَ بِهَا، فَوَضَعَ أَحَدُهُمْ يَدَهُ عَلٰى آيَةِ الرَّجْمِ، وَجَعَلَ يَقْرَأُ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا، فَقَالَ لَهُ ابْنُ سَلَامٍ: ارْفَعْ يَدَكَ، فَإِذَا آيَةُ الرَّجْمِ تَحْتَ يَدِهِ، وَأَمَرَ بِهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَرُجِمَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَرُجِمَا عِنْدَ الْبَلَاطِ، فَرَأَيْتُ الْيَهُوْدِيَّ أَجْنَأَ عَلَيْهَا. [راجع: ١٣٢٩]

قولہ: قد أحدثا: دونوں نے زنا کیا تھا......**تحمیم الوجہ:** منہ کالا کرنا......**تجبیۃ:** منہ ایک دوسرے کے خلاف کرکے گدھے پر بٹھانا اور بستی میں گھمانا......**أَجْنَأَ علیہ:** کسی پر اوندھا ہونا۔

بَابُ الرَّجْمِ بِالْمُصَلّٰی

عید کے میدان میں رجم کرنا

دورِاول میں عیدین میدان میں پڑھی جاتی تھیں، اور وہیں بازار لگتا تھا، پس وہاں رجم کرنے میں کچھ حرج نہیں، اب باقاعدہ عیدگاہیں بن گئی ہیں، وہ بعض احکام میں مسجد کے حکم میں ہیں، پس ان میں رجم نہ کیا جائے، حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو عید کے میدان میں رجم کیا گیا تھا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا جنازہ پڑھایا نہیں؟ اس سلسلہ میں روایات مختلف ہیں، اور تطبیق حاشیہ میں ہے۔

[۲۵-] بَابُ الرَّجْمِ بِالْمُصَلّٰی

[۶۸۲۰-] حَدَّثَنِیْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَسْلَمَ جَاءَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَاعْتَرَفَ بِالزِّنَا، وَأَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم، حَتّٰی شَهِدَ عَلٰی نَفْسِهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ، قَالَ لَهُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَبِكَ جُنُوْنٌ؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: "آحْصَنْتَ؟" قَالَ: نَعَمْ، فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ بِالْمُصَلّٰی، فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ فَرَّ، فَأُدْرِكَ فَرُجِمَ حَتّٰی مَاتَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم خَیْرًا وَصَلّٰی عَلَیْهِ.

لَمْ یَقُلْ یُوْنُسُ، وَابْنُ جُرَیْجٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ: فَصَلّٰی عَلَیْهِ، سُئِلَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: "صَلّٰی عَلَیْهِ" یَصِحُّ؟ قَالَ: رَوَاهُ مَعْمَرٌ، فَقِیْلَ لَهُ: رَوَاهُ غَیْرُ مَعْمَرٍ؟ قَالَ: لاَ. [راجع: ۵۲۷۰]

قولہ: أَذْلَقَتْهُ: پتھروں نے اس کو کمزور کردیا، قوتِ برداشت نہ رہی۔

بَابُ مَنْ أَصَابَ ذَنْبًا دُوْنَ الْحَدِّ، وَأَخْبَرَ الإِمَامَ، فَلاَ عُقُوْبَةَ عَلَیْهِ بَعْدَ التَّوْبَةِ، إِذَا جَاءَ مُسْتَفْتِیًا

جس نے کوئی ایسا گناہ کیا جس میں حد نہیں، اور وہ مسئلہ پوچھنے آیا، اور اس نے امیر المؤمنین کو اطلاع دی تو توبہ کے بعد اس پر کوئی سزا نہیں

(۱) تحفۃ القاری (۳۸۸:۲) میں یہ روایت آئی ہے، ایک صحابی نے ایک عورت کا بوسہ لے لیا، وہ بے قرار ہوکر خدمتِ

نبوی میں آئے، ان کو آپ ﷺ نے کوئی سزا نہیں دی (۲) اور جن صحابی نے رمضان کا روزہ صحبت کر کے توڑ دیا تھا، ان کو بھی کوئی سزا نہیں دی، بلکہ کفارہ کا حکم دیا (۳) اور ایک شخص نے احرام میں ہرن کا شکار کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو کوئی سزا نہیں دی، بلکہ جزاء کا حکم دیا (۴) اس مسئلہ میں ابن مسعودؓ کی روایت ہے، جو پہلے آئی ہے (حدیث ۵۲۶) اور یہاں باب میں رمضان کا روزہ توڑنے والے کی روایتیں ہیں۔ جس کا سب سے پہلے ذکر کیا ہے۔

[۲۶-] بَابُ مَنْ أَصَابَ ذَنْبًا دُوْنَ الْحَدِّ، وَأَخْبَرَ الإِمَامَ، فَلاَ عُقُوْبَةَ عَلَيْهِ بَعْدَ التَّوْبَةِ، إِذَا جَاءَ مُسْتَفْتِيًا

[۱-] قَالَ عَطَاءٌ: لَمْ يُعَاقِبْهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [۲-] وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: وَلَمْ يُعَاقِبِ الَّذِيْ جَامَعَ فِيْ رَمَضَانَ. [۳-] وَلَمْ يُعَاقِبْ عُمَرُ صَاحِبَ الظَّبْيِ [٤-] وَفِيْهِ: عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٦٨٢١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلاً وَقَعَ بِامْرَأَتِهِ فِيْ رَمَضَانَ، فَاسْتَفْتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "هَلْ تَجِدُ رَقَبَةً؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: "هَلْ تَسْتَطِيْعُ صِيَامَ شَهْرَيْنِ؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: "فَأَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا" [راجع: ١٩٣٦]

[٦٨٢٢-] وَقَالَ اللَّيْثُ: عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: احْتَرَقْتُ! قَالَ: "مِمَّنْ ذَاكَ؟" قَالَ: وَقَعْتُ بِامْرَأَتِيْ فِيْ رَمَضَانَ! فَقَالَ لَهُ: "تَصَدَّقْ" قَالَ: مَا عِنْدِيْ شَيْئٌ. فَجَلَسَ، وَأَتَاهُ إِنْسَانٌ يَسُوْقُ حِمَارًا وَمَعَهُ طَعَامٌ- قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: لاَ أَدْرِيْ مَا هُوَ- إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "أَيْنَ الْمُحْتَرِقُ؟" فَقَالَ: هَا أَنَا ذَا. قَالَ: "خُذْهَا فَتَصَدَّقْ بِهِ" قَالَ: عَلٰى أَحْوَجَ مِنِّيْ! مَا لِأَهْلِيْ طَعَامٌ، قَالَ: "فَكُلُوْهُ" [راجع: ١٩٣٥]

قوله: لا أدری ماهو؟ گدھے پر کیا تھا مجھے معلوم نہیں (چھوہارے تھے)

بَابٌ: إِذَا أَقَرَّ بِالْحَدِّ وَلَمْ يُبَيِّنْ: هَلْ لِلإِمَامِ أَنْ يَسْتُرَ عَلَيْهِ؟

کسی نے گناہ کا اقرار کیا، مگر وضاحت نہیں کی تو کیا امام پردہ پوشی کرے؟

جی ہاں! کھوج نہ لگائے، وہ صحابی جنھوں نے ایک عورت کا بوسہ لیا تھا، جب انھوں نے نبی ﷺ کو اطلاع دی تو آپ ﷺ نے نہیں پوچھا کہ کیا گناہ کیا ہے؟ بلکہ اگلا باب آ رہا ہے کہ مجرم گناہ کا اقرار کرے تو بھی قاضی ٹلائے۔

[۲۷-] بَابٌ: إِذَا أَقَرَّ بِالْحَدِّ وَلَمْ يُبَيِّنْ: هَلْ لِلإِمَامِ أَنْ يَسْتُرَ عَلَيْهِ؟

[۶۸۲۳-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّیْ أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَیَّ. وَلَمْ يَسْأَلْهُ عَنْهُ، قَالَ: وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى مَعَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا قَضَى النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم الصَّلَاةَ قَامَ إِلَيْهِ الرَّجُلُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّیْ أَصَبْتُ حَدًّا، فَأَقِمْ فِیَّ كِتَابَ اللّٰهِ، قَالَ: "أَلَيْسَ قَدْ صَلَّيْتَ مَعَنَا؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ غَفَرَ لَكَ ذَنْبَكَ" أَوْ قَالَ: "حَدَّكَ"

بَابٌ: هَلْ يَقُوْلُ الإِمَامُ لِلْمُقِرِّ: لَعَلَّكَ لَمَسْتَ أَوْ غَمَزْتَ؟

کیاامام زنا کااقرار کرنے والے سے کہے: تونے ہاتھ لگایا ہوگا، تونے آنکھ ماری ہوگی؟

امام زنا کا اقرار کرنے والے کو رجوع کی تلقین کرے یا نہیں؟ ایک رائے یہ ہے کہ خطایا جہل کا گمان ہو تو کرے ورنہ نہیں، اس لئے امام صاحب نے فیصلہ نہیں کیا، اور روایت کی روشنی میں فیصلہ یہ ہے کہ بہرصورت رجوع کی تلقین کرے، حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے رجوع کی تلقین کی تھی۔

[۲۸-] بَابٌ: هَلْ يَقُوْلُ الإِمَامُ لِلْمُقِرِّ: لَعَلَّكَ لَمَسْتَ أَوْ غَمَزْتَ؟

[۶۸۲۴-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: سَمِعْتُ يَعْلَى بْنَ حَكِيْمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا أَتَى مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهُ: "لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ أَوْ غَمَزْتَ أَوْ نَظَرْتَ!" قَالَ: لَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "أَنِكْتَهَا؟" لَا يَكْنِیْ، قَالَ فَعِنْدَ ذٰلِكَ أَمَرَ بِرَجْمِهِ.

لغت: أَنِكْتَهَا: کیا تونے اس کو چودڈالا؟............ لایَکْنی: کنایہ نہیں کیا، صاف پوچھا۔

بَابُ سُؤَالِ الإِمَامِ الْمُقِرَّ: هَلْ أَحْصَنْتَ؟

امام زنا کا اقرار کرنے والے سے پوچھے کہ کیا تیری شادی ہوگئی ہے؟

جی ہاں! تحقیق کرے، جبھی فیصلہ کرے کہ کوڑے مارے جائیں یا رجم کیا جائے؟ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ سے نبی

ﷺ نے یہ بات دریافت کی تھی۔

[۲۹-] بَابُ سُؤَالِ الإِمَامِ الْمُقِرَّ: هَلْ أَحْصَنْتَ؟

[۶۸۲۵-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ مِنَ النَّاسِ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ، فَنَادَاهُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ زَنَيْتُ، يُرِيْدُ نَفْسَهُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَتَنَحَّى لِشِقِّ وَجْهِهِ الَّذِيْ أَعْرَضَ عَنْهُ قِبَلَهُ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ زَنَيْتُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، فَجَاءَ لِشِقِّ وَجْهِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الَّذِيْ أَعْرَضَ عَنْهُ، فَلَمَّا شَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ دَعَاهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: ''أَبِكَ جُنُوْنٌ؟'' قَالَ: لاَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ: ''أَحْصَنْتَ؟'' قَالَ: نَعَمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: ''اذْهَبُوْا بِهِ فَارْجُمُوْهُ''[راجع: ۵۲۷۱]

[۶۸۲۶-] قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: فَكُنْتُ فِيْمَنْ رَجَمَهُ، فَرَجَمْنَاهُ بِالْمُصَلّٰى، فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ جَمَزَ حَتّٰى أَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ فَرَجَمْنَاهُ.[راجع: ۵۲۷۰]

لغت: جَمَزَ: تیز چلا۔

بَابُ الاِعْتِرَافِ بِالزِّنٰی

زنا کا اقرار

زنا: جیسے گواہوں سے ثابت ہوتا ہے: زانی کے اقرار سے بھی ثابت ہوتا ہے، پھر حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک ضروری ہے کہ زانی چار الگ الگ مجلسوں میں زنا کا اقرار کرے تب حد لگے گی، اور شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک ایک مرتبہ اقرار کافی ہے، ان کا استدلال باب کی حدیث سے ہے، نبی ﷺ نے انیسؓ کو بھیجا تھا، اور فرمایا تھا: اگر وہ عورت اقرار کرے تو اس کو رجم کردینا، آپؐ نے چار مرتبہ اقرار لینے کی قید نہیں لگائی تھی، اور فریق اول کا استدلال حضرت ماعزؓ کے واقعہ سے ہے، انھوں نے جب تک چار مرتبہ اقرار نہیں کرلیا آپؐ نے ان کی طرف التفات نہیں کیا، یہ واقعہ ابھی آچکا ہے۔

اور باب والے واقعہ میں تو یہ بھی اشکال ہے کہ زانی (جوان لڑکے) سے تو ایک مرتبہ بھی اقرار نہیں لیا گیا تھا، اس کا یہی جواب ہوسکتا ہے کہ روایت مختصر ہے، اس نے ضرور اقرار کیا ہوگا، یہی جواب فریق ثانی کے استدلال کا ہوسکتا ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ زنا کا ثبوت تو چار عینی گواہوں سے ہوتا ہے، یا چار الگ الگ مجلسوں میں اقرار کرنے سے، البتہ اگر زنا کا قرینہ موجود ہو تو ایک مرتبہ اقرار کرنا بھی حد جاری کرنے کے لئے کافی ہے، جیسے کوئی کنواری لڑکی حاملہ ہو تو یہ زنا کا واضح

ثبوت ہے، پس جب وہ ایک مرتبہ اقرار کرے تو حد جاری کی جائے گی، اب بار بار اقرار کی ضرورت نہیں، اسی طرح جب زانی (جوان لڑکے) پر حد لگ گئی تو اب مزنیہ کا ایک مرتبہ اقرار بھی کافی ہے۔ اور اسی بات کو بیان کرنے کے لئے باب میں دوسری حدیث لائے ہیں۔

[۳۰-] بَابُ الِاعْتِرَافِ بِالزِّنَى

[۶۸۲۷و۶۸۲۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْنَاهُ مِنْ فِي الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، وَزَيْدَ بْنَ خَالِدٍ، قَالاَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: أَنْشُدُكَ إِلَّا قَضَيْتَ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَالَ خَصْمُهُ، وَكَانَ أَفْقَهَ مِنْهُ، فَقَالَ: اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَأْذَنْ لِيْ، قَالَ: "قُلْ" قَالَ: إِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا عَلٰى هٰذَا، فَزَنَى بِامْرَأَتِهِ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَخَادِمٍ، ثُمَّ سَأَلْتُ رِجَالاً مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ، فَأَخْبَرُوْنِيْ أَنَّ عَلٰى ابْنِيْ جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبَ عَامٍ، وَعَلٰى امْرَأَتِهِ الرَّجْمُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، الْمِائَةُ الشَّاةُ وَالْخَادِمُ رَدٌّ عَلَيْكَ، وَعَلٰى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، وَاغْدُ يَا أُنَيْسُ عَلٰى امْرَأَةِ هٰذَا، فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا" فَغَدَا عَلَيْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا، قُلْتُ لِسُفْيَانَ: لَمْ يَقُلْ: فَأَخْبَرُوْنِيْ أَنَّ عَلٰى ابْنِي الرَّجْمَ، فَقَالَ: أَشُكُّ فِيْهَا مِنَ الزُّهْرِيِّ، فَرُبَّمَا قُلْتُهَا وَرُبَّمَا سَكَتُّ. [راجع: ۲۳۱۴]

[۶۸۲۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: لَقَدْ خَشِيْتُ أَنْ يَطُوْلَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ، حَتّٰى يَقُوْلُ قَائِلٌ: لَانَجِدُ الرَّجْمَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَيَضِلُّوْا بِتَرْكِ فَرِيْضَةٍ أَنْزَلَهَا اللّٰهُ، أَلَا! وَإِنَّ الرَّجْمَ حَقٌّ عَلٰى مَنْ زَنٰى، وَقَدْ أَحْصَنَ، إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ، أَوْ كَانَ الْحَبْلُ، أَوِ الِاعْتِرَافُ - قَالَ سُفْيَانُ: كَذَا حَفِظْتُ - أَلَا، وَقَدْ رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ [راجع: ۲۴۶۲]

حوالہ: پہلی حدیث تحفۃ القاری (۹۲:۶) میں آئی ہے۔

دوسری حدیث کا ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے ڈر ہے کہ زمانہ لوگوں کے ساتھ طویل ہوجائے، یہاں تک کہ کوئی کہنے والا کہے: ہم رجم کا حکم قرآنِ کریم میں نہیں پاتے! پس وہ اس فریضہ کے ترک کرنے کی وجہ سے گمراہ ہوجائے جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے، سنو! رجم اللہ کی کتاب (شریعت) میں برحق ہے، اس پر جس نے زنا کیا، اور وہ شادی شدہ ہے، جب گواہ قائم ہوجائیں، یا حمل ہو یا اقرار ہو —— ابن عیینہؒ کہتے ہیں: ایسا ہی میں نے یاد کیا ہے —— سنو، رسول اللہ ﷺ نے رجم کیا، اور ہم نے آپؐ کے بعد رجم کیا۔

بَابُ رَجْمِ الْحُبْلٰى مِنَ الزِّنَا إِذَا أَحْصَنَتْ

زنا سے حاملہ کو رجم کرنا، جب کہ اس کی شادی ہوگئی ہو

حَصُنَتِ المرأة (ک) حِصْنًا وَحَصَانَةً کے دو معنی ہیں: (۱) پاک دامن ہونا (۲) شادی شدہ ہونا، اور أَحْصَنَ الرجلُ: (افعال) کے بھی یہی دو معنی ہیں، فھو مُحْصَنٌ، وھی مُحْصَنة۔ جب اول معنی ہوتے ہیں تو مُحْصِن اور مُحْصِنة (صاد کے کسرہ کے ساتھ) ہوتا ہے، اور ثانی معنی ہوتے ہیں تو مُحْصَن اور مُحْصَنة (صاد کے زبر کے ساتھ) ہوتا ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں چند مہاجرین کو قرآن پڑھا رہا تھا، ان میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ بھی تھے، پس دریں اثناء کہ میں منیٰ میں ان کی قیام گاہ میں تھا یعنی حضرت عبدالرحمٰن کی قیام گاہ میں پڑھا رہا تھا، اور وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھے یعنی وہ خیمہ میں موجود نہیں تھے، ان کے (عمرؓ کے) آخری حج میں جو انھوں نے کیا (یہ ۲۳ ہجری کا واقعہ ہے) اچانک میری طرف حضرت عبدالرحمٰنؓ لوٹے، پس انھوں نے کہا: کاش تم دیکھتے اس شخص کو جو آج امیر المؤمنین کے پاس آیا، اور اس نے کہا: اے امیر المؤمنین! کیا آپ فلاں سے سروکار رکھتے ہیں جو کہتا ہے: اگر عمرؓ کا انتقال ہوگیا تو میں فلاں (طلحہ بن عبید اللہؓ) سے بیعت کروں گا، کیونکہ بخدا! ابوبکرؓ کی بیعت نہیں تھی مگر اچانک، پس وہ پوری ہوگئی یعنی میں بھی اچانک حضرت طلحہ سے بیعت کرلوں گا، پھر وہ پوری ہوجائے گی (باقی ترجمہ آگے ہے)

[۳۱-] بَابُ رَجْمِ الْحُبْلٰى مِنَ الزِّنَا إِذَا أُحْصِنَتْ

[۶۸۳۰-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتُ أُقْرِئُ رِجَالًا مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ، مِنْهُمْ: عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، فَبَيْنَمَا أَنَا فِي مَنْزِلِهِ بِمِنًى، وَهُوَ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِيْ آخِرِ حَجَّةٍ حَجَّهَا، إِذْ رَجَعَ إِلَيَّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ: لَوْ رَأَيْتَ رَجُلًا أَتَى أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الْيَوْمَ، فَقَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! هَلْ لَكَ فِيْ فُلَانٍ يَقُوْلُ: لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ لَقَدْ بَايَعْتُ فُلَانًا، فَوَ اللّٰهِ مَا كَانَتْ بَيْعَةُ أَبِيْ بَكْرٍ إِلَّا فَلْتَةً فَتَمَّتْ.

لغت: الفَلْتَة: بے سوچے سمجھے عجلت میں ہونے والی بات۔

آگے کا ترجمہ: پس عمر رضی اللہ عنہ غصہ ہوئے، اور فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو میں آج شام لوگوں کے سامنے تقریر کروں گا، اور لوگوں کو ڈراؤں گا اس سے جو وہ چاہتے ہیں کہ لوگوں سے ان کے معاملات چھین لیں۔ حضرت عبدالرحمٰن نے کہا: پس میں نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ ایسا نہ کریں، کیونکہ حج کا اجتماع جمع کرتا ہے معمولی درجہ کے لوگوں کو اور بازاری قسم کے

لوگوں کو، اور وہی وہ ہونگے جو آپ سے نزدیک ہونے پر غالب آ جائیں گے جب آپ خطاب کے لئے کھڑے ہونگے یعنی وہ سمجھ داروں کے لئے آپ کے قریب جگہ نہیں چھوڑیں گے، اور مجھے اندیشہ ہے کہ آپ تقریر کریں گے اور ایسی بات کہیں گے جس کو آپ سے اڑائے گا ہر اڑانے والا، اور یہ کہ نہیں محفوظ کریں گے وہ اس کو، اور یہ کہ نہیں رکھیں گے وہ اس کو اس کی جگہ میں، پس آپ ڈھیل کریں یہاں تک کہ آپ مدینہ پہنچیں، مدینہ ہجرت اور سنت کی جگہ ہے، پس آپ پہنچیں گے دین جاننے والوں کے پاس اور معزز لوگوں کے پاس پس کہیں جو کہیں پورے اطمینان سے، اہل علم آپ کی بات محفوظ کریں گے، اور وہ اس کو اس کی جگہ میں رکھیں گے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: سنو، بخدا! اگر اللہ نے چاہا تو ضرور کھڑا ہونگا میں اس بات کے ساتھ پہلی جگہ میں جہاں میں مدینہ میں کھڑا ہوؤنگا یعنی مدینہ میں جو پہلا تقریر کا موقع آئے گا وہاں وہ باتیں کہوں گا جو اس وقت کہنا چاہتا ہوں۔

فَغَضِبَ عُمَرُ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّی إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَقَائِمٌ الْعَشِيَّةَ فِی النَّاسِ، فَمُحَذِّرُهُمْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ أَنْ يَغْصِبُوْهُمْ أُمُوْرَهُمْ. قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! لاتَفْعَلْ فَإِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ وَغَوْغَاءَ هُمْ، وَإِنَّهُمْ هُمُ الَّذِيْنَ يَغْلِبُوْنَ عَلٰى قُرْبِكَ حِيْنَ تَقُوْمُ فِی النَّاسِ، وَأَنَا أَخْشَى أَنْ تَقُوْمَ فَتَقُوْلَ مَقَالَةً يُطَيِّرُهَا عَنْكَ كُلُّ مُطِيْرٍ، وَأَنْ لَا يَعُوْهَا، وَأَنْ لَا يَضَعُوْهَا مَوَاضِعَهَا، فَأَمْهِلْ حَتّٰى تَقْدَمَ الْمَدِيْنَةَ، فَإِنَّهَا دَارُ الْهِجْرَةِ وَالسُّنَّةِ، فَتَخْلُصُ بِأَهْلِ الْفِقْهِ وَأَشْرَافِ النَّاسِ، فَتَقُوْلُ مَا قُلْتَ مُتَمَكِّنًا، فَيَعِیَ أَهْلُ الْعِلْمِ مَقَالَتَكَ، فَيَضَعُوْهَا مَوَاضِعَهَا، فَقَالَ عُمَرُ: أَمَا وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، لَأَقُوْمَنَّ بِذٰلِكَ أَوَّلَ مَقَامٍ أَقُوْمُهُ بِالْمَدِيْنَةِ.

آگے کا ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس ہم مدینہ پہنچے ذوالحجہ کے آخر میں، پس جب جمعہ کا دن آیا تو میں جلدی گیا جب سورج ڈھل گیا، یہاں تک کہ میں نے سعید بن زید رضی اللہ عنہ کو منبر کے پایے کے پاس بیٹھا ہوا پایا، میں ان کے پاس بیٹھ گیا، میرا گھٹنا ان کے گھٹنے کو چھوتا تھا، پس میں نہیں ٹھہرا کہ عمرؓ نکلے، جب میں نے ان کو آتا ہوا دیکھا تو میں نے حضرت سعیدؓ سے کہا: آج ضرور کہیں گے ایسی بات جو انھوں نے نہیں کہی ہے جب سے وہ خلیفہ بنائے گئے ہیں، پس حضرت سعیدؓ نے میری بات اوپری سمجھی، اور کہا: مجھے امید نہیں ہے کہ وہ کہیں ایسی بات جو انھوں نے اس سے پہلے نہیں کہی!

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فِیْ عَقِبِ ذِی الْحِجَّةِ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ عَجَّلْتُ الرَّوَاحَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ، حَتّٰى أَجِدُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ جَالِسًا إِلٰى رُكْنِ الْمِنْبَرِ، فَجَلَسْتُ حَوْلَهُ تَمَسُّ رُكْبَتِی رُكْبَتَهُ، فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ خَرَجَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُ مُقْبِلًا قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ: لَيَقُوْلَنَّ الْعَشِيَّةَ مَقَالَةً لَمْ يَقُلْهَا مُنْذُ اسْتُخْلِفَ، فَأَنْكَرَ عَلَیَّ، وَقَالَ: وَمَا عَسَيْتُ أَنْ يَقُوْلَ مَالَمْ يَقُلْ قَبْلَهُ!

آگے کا ترجمہ: پس عمرؓ منبر پر بیٹھے، پس جب مؤذن خاموش ہوا تو وہ کھڑے ہوئے، اور اللہ کی تعریف کی جس کے وہ مستحق ہیں، پس کہا: حمد کے بعد! میں آپ لوگوں سے ایک بات کہنے والا ہوں جو میرے لئے مقدر کی گئی ہے کہ میں اس کو کہوں، نہیں جانتا میں شاید وہ بات میری موت سے پہلے ہو یعنی میری زندگی کی آخری بات ہو، پس جو اس کو سمجھے اور محفوظ کرے وہ اس کو بیان کرے جہاں تک اس کی سواری پہنچے، اور جس کو اندیشہ ہو کہ وہ اس کو نہیں سمجھے گا تو میں کسی کو اجازت نہیں دیتا کہ وہ مجھ پر غلط بیانی کرے۔

فَجَلَسَ عُمَرُ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَلَمَّا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُوْنَ قَامَ، فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ! فَإِنِّيْ قَائِلٌ لَكُمْ مَقَالَةً قَدْ قُدِّرَ لِيْ أَنْ أَقُوْلَهَا، لَا أَدْرِيْ لَعَلَّهَا بَيْنَ يَدَيْ أَجَلِيْ، فَمَنْ عَقَلَهَا وَوَعَاهَا فَلْيُحَدِّثْ بِهَا حَيْثُ انْتَهَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ، وَمَنْ خَشِيَ أَنْ لَا يَعْقِلَهَا فَلَا أُحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَكْذِبَ عَلَيَّ.

پہلی بات: رجم کا حکم برحق ہے: بے شک اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو دین حق کے ساتھ بھیجا، اور آپؐ پر کتاب اتاری، پس اللہ کی اتاری ہوئی آیات میں رجم کی آیت تھی، ہم نے اس کو پڑھا، اور ہم نے اس کو سمجھا، اور ہم نے اس کو محفوظ کیا، رسول اللہ ﷺ نے رجم کیا، اور آپؐ کے بعد ہم نے رجم کیا، اور مجھے اندیشہ ہے کہ لوگوں کا زمانہ دراز ہو جائے اور کوئی کہنے والا کہے: بخدا! ہم قرآن میں رجم کی آیت نہیں پاتے، پس وہ گمراہ ہو جائے، اللہ کے ایک فریضہ کو چھوڑنے کی وجہ سے جس کو اللہ نے اتارا ہے، اور رجم کتاب اللہ (شریعت) میں برحق ہے اس پر جو زنا کرے، جب وہ شادی شدہ ہو، خواہ مرد ہو یا عورت، جب گواہ قائم ہو جائیں یا حمل ہو (یہاں باب ہے) یا اقرار ہو۔

إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم بِالْحَقِّ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ، فَكَانَ مِمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةُ الرَّجْمِ، فَقَرَأْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا، رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ، فَأَخْشَى إِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ أَنْ يَقُوْلَ قَائِلٌ: وَاللّٰهِ مَا نَجِدُ آيَةَ الرَّجْمِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَيَضِلُّوْا بِتَرْكِ فَرِيْضَةٍ أَنْزَلَهَا اللّٰهُ، وَالرَّجْمُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلَى مَنْ زَنَى، إِذَا أُحْصِنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ أَوْ كَانَ الْحَبَلُ أَوِ الِاعْتِرَافُ.

دوسری بات: نسب مت بدلو: پھر بے شک ہم پڑھتے تھے اس میں جس کو ہم قرآن میں پڑھتے تھے کہ اپنے آباء سے اعراض مت کرو یعنی یہ بھی قرآن کی آیت تھی جس کی تلاوت منسوخ کی گئی اور حکم باقی ہے۔ یہ تمہاری ناشکری ہے کہ تم اپنے آباء سے اعراض کرو، یا کہا: تمہاری ناشکری یہ ہے کہ تم اپنے آباء سے اعراض کرو۔

تیسری بات: نبی ﷺ کی تعریف میں مبالغہ مت کرو: سنو، بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''میری تعریف میں مبالغہ مت کرو جیسا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی تعریف میں مبالغہ کیا گیا، اور کہو: اللہ کے بندے اور اس کے رسول!''

چوتھی بات: خلیفہ مسلمانوں کے مشورہ سے منتخب کیا جائے: پھر مجھے پہنچی ہے یہ بات کہ تم میں سے ایک کہنے والا کہتا ہے: بخدا! اگر عمرؓ کی وفات ہوگئی تو میں فلاں سے بیعت کروں گا! پس ہرگز دھوکہ نہ کھائے کوئی شخص کہ کہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہوئی تھی اور وہ پوری ہوگئی! سنو! بے شک وہ ایسی ہی تھی، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے شر سے بچالیا، اور نہیں ہے تم میں ابوبکرؓ جیسا کوئی شخص جس تک گردنیں کاٹ دی جائیں یعنی کسی اور کی طرف نظر نہ اٹھے، اس لئے ان پر کسی کو قیاس مت کرو، پس جو شخص کسی سے بیعت کرے مسلمانوں سے مشورہ کئے بغیر تو بیعت نہ کیا جائے وہ یعنی بیعت کے لئے تیار نہ ہو، اور بیعت قبول نہ کرے، اور نہ وہ جو اس پہلے کی پیروی کرے یعنی نمبر دو بھی کوئی بیعت نہ کرے خطرہ کا نشانہ بنتے ہوئے کہ قتل کردیئے جائیں دونوں۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ کیسے بنے؟

اور بے شک ابوبکرؓ ہم میں سب سے بہتر تھے جب نبی ﷺ کا انتقال ہوا، انصار نے ہماری مخالفت کی اور تمام سقیفہ بنی ساعدہ میں اکٹھا ہوئے، اور پیچھے رہے ہم سے علی اور زبیر اور جو ان کے ساتھ تھے، اور اکٹھا ہوئے مہاجرین ابوبکرؓ کے پاس، پس میں نے ابوبکرؓ سے کہا: اے ابوبکر! چلئے ہمارے ساتھ ہمارے ان انصاری بھائیوں کے پاس۔ پس ہم چلے، ارادہ کررہے تھے ہم ان کا، پس جب ہم ان کے قریب پہنچے تو ہم سے دو نیک آدمیوں نے ملاقات کی (یہ عویم بن ساعدۃ اور معن بن عدی بلوی تھے) انھوں نے ذکر کی وہ بات جس پر لوگوں نے اتفاق کرلیا تھا، پس انھوں نے کہا: اے مہاجرین کی جماعت! آپ لوگ کہاں جارہے ہو؟ ہم نے کہا: ہم اپنے ان انصاری بھائیوں کا ارادہ کرتے ہیں، انھوں نے کہا: تم پر کچھ حرج نہیں کہ ان کے پاس نہ جاؤ، تم اپنا معاملہ طے کرلو، پس میں نے کہا: بخدا! ہم ضرور جائیں گے ان کے پاس، پس ہم چلے یہاں تک کہ ہم ان کے پاس سقیفہ بنی ساعدہ میں پہنچے، وہاں اچانک ایک شخص ان کے درمیان کپڑا اوڑھے ہوئے تھا، میں نے پوچھا: یہ کون شخص ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ سعد بن عبادہؓ ہیں، میں نے ان سے پوچھا: ان کو کیا ہوا ہے؟ لوگوں نے کہا: ان کو بخار آیا ہے، ہم تھوڑی دیر بیٹھے، کہ ان کے مقرر نے خطبہ پڑھا، اس نے اللہ کی تعریف کی جس کے وہ حقدار ہیں، پھر اس نے کہا: حمد کے بعد! ہم اللہ کے دین کے مددگار ہیں، اور اسلام کا لشکر ہیں، اور آپ لوگ اے مہاجرین چھوٹی جماعت ہو، جو کود آئی ہو کود آنا اپنی قوم میں سے، پس اچانک وہ چاہتے ہیں کہ ہم کو الگ کردیں ہماری جڑ سے، اور (خلافت کے) معاملہ میں ہمارا حق مارلیں، پس جب وہ خاموش ہوا تو میں نے گفتگو کرنی چاہی، اور میں نے دل میں ایک بات تیار کرلی تھی جو مجھے بہت پسند تھی، میں چاہتا تھا کہ اس کو ابوبکرؓ کے سامنے پیش کروں، اور میں ان کی ایک حد تک دلجوئی کرتا تھا، پس جب میں نے بولنا چاہا تو ابوبکرؓ نے کہا: رکو! پس میں نے ان کو ناراض کرنا ناپسند کیا، پس ابوبکرؓ نے گفتگو کی، پس وہی مجھ سے زیادہ بردبار اور زیادہ باوقار تھے، بخدا! نہیں چھوڑی انھوں نے کوئی بات جو مجھے دل میں تیار کی ہوئی باتوں میں سے زیادہ پسند تھی، مگر وہ انھوں نے اپنی بدیہہ گوئی میں اس کے مانند کہہ دی یا اس سے بہتر کہہ دی، یہاں تک کہ وہ خاموش ہوئے، انھوں نے کہا: جو

فضیلت آپ لوگوں نے اپنی بیان کی ہے، اس کے آپ لوگ اہل ہیں، اورنہیں پہچانا گیا ہے یہ امر (حکومت) مگرقریش کے اس قبیلہ کے لئے، وہ عربوں میں نسب کے اعتبار سے اور جگہ (مقام سکونت) کے اعتبار سے افضل ہیں، اور میں آپ لوگوں کے لئے پسند کرتا ہوں ان دو میں سے ایک کو، پس ان میں سے جس سے چاہو بیعت کرلو، پس میرا اور ابوعبیدۃ کا ہاتھ پکڑا، اور وہ ہمارے درمیان بیٹھے ہوئے تھے، پس نہیں ناپسند کیا میں نے اس میں سے جو انھوں نے کہا سوائے اس بات کے، بخدا! میں آگے بڑھایا جاؤں پس میری گردن ماردی جائے اور نہ نزدیک کرے وہ مجھ کو کسی گناہ سے زیادہ محبوب تھا، مجھے اس سے کہ میں ایسی قوم کا حاکم بنایا جاؤں جس میں ابوبکرؓ ہوں، اے اللہ! مگر یہ کہ مزین کرے میرے لئے میرا نفس موت کے وقت کسی چیز کو جونہیں پاتا میں اس وقت یعنی خدا نہ کرے آئندہ میرے دل میں ایسا خیال پیدا ہو، پس کہا ایک کہنے والے نے انصار میں سے یعنی حُباب بن المنذرؓ نے کہ میں خارشتی اونٹوں کی کھجلانے کی لکڑی ہوں، اور میں کھجوروں کا بہترین گچھا ہوں یعنی میں صائب الرائے ہوں، میری رائے سے لوگ مطمئن ہوتے ہیں، اے جماعت قریش! ہم میں سے ایک امیر ہو اور تم میں سے ایک، پس شور زیادہ ہوا، اور آوازیں بلند ہوئیں، یہاں تک کہ میں اختلاف سے ڈرا، پس میں نے کہا: اے ابوبکر! آپ اپنا ہاتھ پھیلائیں، پس انھوں نے ہاتھ پھیلایا تو میں نے ان سے بیعت کی، اور ان سے مہاجرین نے بیعت کی، پھر ان سے انصار نے بیعت کی، اور کود ے ہم یعنی غالب آ گئے ہم سعد بن عبادۃ پر، پس ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا: تم نے سعد کو مار ڈالا! میں نے کہا: اللہ سعد کو ماریں! عمرؓ نے کہا: نہیں پایا ہم نے اس معاملہ میں جو ہمارے سامنے تھا ابوبکرؓ کی بیعت سے زیادہ مضبوط! ڈرے ہم کہ اگر جدا ہوئے ہم قوم (انصار) سے، اور نہیں ہوئی بیعت کہ کرلیں وہ بیعت ان میں سے کسی شخص سے ہمارے بعد، پس ہم یا تو ان کی پیروی کریں اس بات میں جو ہمیں پسند نہیں یا ہم ان کی مخالفت کریں تو فتنہ ہو، پس جو کسی سے بیعت کرے مسلمانوں سے مشورہ کئے بغیر تو اس کی پیروی نہ کی جائے، اور نہ دوسرا اس کی پیروی کرے خطرہ کا نشانہ بنتے ہوئے کہ دونوں قتل کردیئے جائیں۔

ثُمَّ إِنَّا كُنَّا نَقْرَأُ فِيمَا نَقْرَأُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ أَنْ لاَ تَرْغَبُوْا عَنْ آبَائِكُمْ، فَإِنَّهُ كُفْرٌ بِكُمْ أَنْ تَرْغَبُوْا عَنْ آبَائِكُمْ— أَوْ: إِنَّ كُفْرًا بِكُمْ أَنْ تَرْغَبُوْا عَنْ آبَائِكُمْ— أَلاَ ثُمَّ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَتُطْرُوْنِى كَمَا أُطْرِىَ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ وَقُوْلُوْا: عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ" ثُمَّ إِنَّهُ بَلَغَنِىْ أَنَّ قَائِلاً مِنْكُمْ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَوْ مَاتَ عُمَرُ بَايَعْتُ فُلاَنًا، فَلاَ يَغْتَرَّنَّ امْرُؤٌ أَنْ يَقُوْلَ: إِنَّمَا كَانَتْ بَيْعَةُ أَبِىْ بَكْرٍ فَلْتَةً وَتَمَّتْ، أَلاَ وَإِنَّهَا قَدْ كَانَتْ كَذٰلِكَ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ وَقَى شَرَّهَا، وَلَيْسَ مِنْكُمْ مَنْ تُقْطَعُ الأَعْنَاقُ إِلَيْهِ مِثْلُ أَبِىْ بَكْرٍ، مَنْ بَايَعَ رَجُلاً عَنْ غَيْرِ مَشُوْرَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَلاَ يُبَايَعُ هُوَ وَلاَ الَّذِىْ تَابَعَهُ تَغِرَّةً أَنْ يُقْتَلاَ، وَإِنَّهُ قَدْ كَانَ مِنْ خَيْرِنَا حِيْنَ تَوَفَّى اللّٰهُ نَبِيَّهُ صلى الله عليه وسلم، إِنَّ الأَنْصَارَ خَالَفُوْنَا وَاجْتَمَعُوْا بِأَسْرِهِمْ فِىْ سَقِيْفَةِ بَنِىْ سَاعِدَةَ، وَخَالَفَ عَنَّا عَلِىٌّ وَالزُّبَيْرُ وَمَنْ مَعَهُمَا، وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُوْنَ إِلَى أَبِىْ بَكْرٍ، فَقُلْتُ لِأَبِىْ بَكْرٍ:

يَا أَبَا بَكْرٍ انْطَلِقْ بِنَا إِلٰى إِخْوَانِنَا هٰؤُلَآءِ مِنَ الأَنْصَارِ، فَانْطَلَقْنَا نُرِيْدُهُم، فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنْهُم لَقِيَنَا مِنْهُمْ رَجُلَانِ صَالِحَانِ، فَذَكَرَا مَا تَمَالَأَ عَلَيْهِ الْقَوْمُ، فَقَالَا: أَيْنَ تُرِيْدُوْنَ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ؟ فَقُلْنَا: نُرِيْدُ إِخْوَانَنَا هٰؤُلَآءِ مِنَ الأَنْصَارِ، فَقَالَا: لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَقْرَبُوْهُمْ، اقْضُوْا أَمْرَكُمْ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَنَأْتِيَنَّهُمْ، فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى أَتَيْنَاهُمْ فِيْ سَقِيْفَةِ بَنِيْ سَاعِدَةَ، فَإِذَا رَجُلٌ مُزَمَّلٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالُوْا: هٰذَا سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، فَقُلْتُ لَهُمْ: مَالَهُ؟ قَالُوْا: يُوْعَكُ. فَلَمَّا جَلَسْنَا قَلِيْلًا تَشَهَّدَ خَطِيْبُهُمْ، فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ فَنَحْنُ أَنْصَارُ اللّٰهِ وَكَتِيْبَةُ الإِسْلَامِ، وَأَنْتُمْ مَعَاشِرَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَهْطٌ، وَقَدْ دَفَّتْ دَافَّةٌ مِنْ قَوْمِكُمْ، فَإِذَا هُمْ يُرِيْدُوْنَ أَنْ يَخْتَزِلُوْنَا مِنْ أَصْلِنَا، وَأَنْ يَحْضِنُوْنَا مِنَ الأَمْرِ، فَلَمَّا سَكَتَ أَرَدْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ وَكُنْتُ زَوَّرْتُ مَقَالَةً أَعْجَبَتْنِيْ أُرِيْدُ أَنْ أُقَدِّمَهَا بَيْنَ يَدَيْ أَبِيْ بَكْرٍ، وَكُنْتُ أُدَارِيْ مِنْهُ بَعْضَ الْحَدِّ، فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: عَلٰى رِسْلِكَ، فَكَرِهْتُ أَنْ أُغْضِبَهُ، فَتَكَلَّمَ أَبُوْ بَكْرٍ فَكَانَ هُوَ أَحْلَمَ مِنِّيْ وَأَوْقَرَ، وَاللّٰهِ مَا تَرَكَ مِنْ كَلِمَةٍ أَعْجَبَتْنِيْ فِيْ تَزْوِيْرِيْ إِلَّا قَالَ فِيْ بَدِيْهَتِهِ مِثْلَهَا أَوْ أَفْضَلَ مِنْهَا، حَتّٰى سَكَتَ، فَقَالَ: مَا ذَكَرْتُمْ فِيْكُمْ مِنْ خَيْرٍ فَأَنْتُمْ لَهُ أَهْلٌ، وَلَنْ يُعْرَفَ هٰذَا الأَمْرُ، إِلَّا لِهٰذَا الْحَيِّ مِنْ قُرَيْشٍ، هُمْ أَوْسَطُ الْعَرَبِ نَسَبًا وَدَارًا، وَقَدْ رَضِيْتُ لَكُمْ أَحَدَ هٰذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ، فَبَايِعُوْا أَيَّهُمَا شِئْتُمْ، فَأَخَذَ بِيَدِيْ وَبِيَدِ أَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَهُوَ جَالِسٌ بَيْنَنَا، فَلَمْ أَكْرَهْ مِمَّا قَالَ غَيْرَهَا، كَانَ وَاللّٰهِ أَنْ أُقَدَّمَ فَتُضْرَبَ عُنُقِيْ لَا يُقَرِّبُنِيْ ذٰلِكَ مِنْ إِثْمٍ، أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَتَأَمَّرَ عَلٰى قَوْمٍ فِيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ، اللّٰهُمَّ إِلَّا أَنْ تُسَوِّلَ لِيْ نَفْسِيْ عِنْدَ الْمَوْتِ شَيْئًا لَا أَجِدُهُ الآنَ. فَقَالَ قَائِلٌ مِنَ الأَنْصَارِ: أَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ، وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ! مِنَّا أَمِيْرٌ وَمِنْكُمْ أَمِيْرٌ، يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ! فَكَثُرَ اللَّغَطُ، وَارْتَفَعَتِ الأَصْوَاتُ حَتّٰى فَرِقْتُ مِنَ الاِخْتِلَافِ. فَقُلْتُ: ابْسُطْ يَدَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ، فَبَسَطَ يَدَهُ فَبَايَعْتُهُ، وَبَايَعَهُ الْمُهَاجِرُوْنَ، ثُمَّ بَايَعَتْهُ الأَنْصَارُ، وَنَزَوْنَا عَلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، فَقَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ: قَتَلْتُمْ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ! فَقُلْتُ: قَتَلَ اللّٰهُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ! قَالَ عُمَرُ: وَإِنَّا وَاللّٰهِ مَا وَجَدْنَا فِيْمَا حَضَرْنَا مِنْ أَمْرٍ أَقْوٰى مِنْ مُبَايَعَةِ أَبِيْ بَكْرٍ، خَشِيْنَا إِنْ فَارَقْنَا الْقَوْمَ وَلَمْ تَكُنْ بَيْعَةٌ أَنْ يُبَايِعُوْا رَجُلًا مِنْهُمْ بَعْدَنَا، فَإِمَّا تَابَعْنَاهُمْ عَلٰى مَالَا نَرْضٰى، وَإِمَّا نُخَالِفُهُمْ فَيَكُوْنُ فَسَادًا، فَمَنْ بَايَعَ رَجُلًا عَلٰى غَيْرِ مَشُوْرَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَلَا يُتَابَعُ هُوَ، وَلَا الَّذِيْ تَابَعَهُ تَغِرَّةً أَنْ يُقْتَلَا. [راجع: ٢٤٦٢]

لغات: جُذَيْل: تصغیر الجِذْل: وہ لکڑی جو خارش زدہ اونٹوں کو اپنا بدن رگڑنے کے لئے باڑے میں گاڑی جاتی ہے (کھجلانے کی لکڑی)...... مُحَكَّك: اسم مفعول، حَكَّكَه: گھسنا، رگڑنا (مراد: وہ صائب الرائے ہے، وہ شخص ہے جس کی رائے سے لوگ مطمئن ہوتے ہیں) عُذَيق: تصغیر: العَذْق: کھجور کا گچھا...... المرجَّب: المعظَّم جیسے رجب المرجب۔

بَابٌ: الْبِكْرَانِ يُجْلَدَانِ وَيُنْفَيَانِ

کنوارے کوڑے مارے جائیں اور جلاوطن کئے جائیں

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سال بھر کے لئے جلاوطن کرنا کنوارے کی سزا کا جزء ہے، پھر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک عورت کو جلاوطن نہیں کیا جائے گا، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عورت کو بھی جلاوطن کیا جائے گا اور چونکہ مجلود کو مسافت سفر سے دور بھیجا جاتا ہے اور عورت کے لئے اتنا سفر تنہا کرنا جائز نہیں، پھر اس کی نگرانی کی بھی ضرورت ہوگی، اس لئے ولی بھی ساتھ جائے گا، اور احناف کے نزدیک جلاوطن کرنا تعزیر ہے، کنوارے کی سزا کا جز نہیں اور اس میں مصلحت یہ ہے کہ اسلامی معاشرہ میں جہاں ہر شخص سزا سے خائف ہوتا ہے، اگر کوئی زنا کرتا ہے تو وہ معاشقہ کے نتیجہ میں کرتا ہے، جب عشق ہوجاتا ہے تو آدمی اندھا ہوجاتا ہے، اس لئے اگر زانی اور زانیہ کو کوڑے مار کر وہیں چھوڑ دیا جائے گا تو پھر زنا ہوگا، اس لئے مرد کو جلاوطن کرنا ضروری ہے، جب سال بھر تک عاشق ومعشوق جدا رہیں گے تو عشق کا بھوت اتر جائے گا، یہ جلاوطن کرنے کی حکمت ہے۔ اور یہ احناف کے نزدیک سیاست (حسن انتظام) ہے اگر قاضی مصلحت سمجھے تو جلاوطن کرے، ورنہ نہیں۔ غرض یہ کنوارے کی سزا کا جزء نہیں اور دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں ایک شخص کو جلاوطن کیا، وہ عیسائی بن گیا اور روم چلا گیا، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ نے فرمایا: ''آئندہ میں کسی کو جلاوطن نہیں کروں گا'' اگر یہ کنوارے کی سزا کا جز تھا تو حضرت عمرؓ یہ بات کیسے فرمائی؟ معلوم ہوا کہ یہ حد میں شامل نہیں، بلکہ سیاست وتعزیر ہے۔ واللہ اعلم

کنواروں کی سزا:

سورۃ النور کی (آیت ۲) ہے: ''زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والا مرد: پس ان میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو، اور تم لوگوں کو ان دونوں پر اللہ کے معاملہ میں ذرا رحم نہ آنا چاہئے، اگر تم اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو، اور چاہئے کہ حاضر رہے دونوں کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت (تاکہ ان کے ذریعہ سے تشہیر ہو، اور لوگوں کو عبرت حاصل ہو) زانی نکاح نہیں کرتا مگر زانیہ یا مشرکہ سے، اور زانیہ سے نکاح نہیں کرتا مگر زانی یا مشرک، اور حرام کیا گیا وہ (زنا) مسلمانوں پر............ابن عیینہؒ نے فرمایا: ذرا رحم سے مراد: حد قائم کرنا ہے ـــــ اور پہلی حدیث میں حضرت زید جہنیؓ نے نبی ﷺ کو حکم دیتے ہوئے سنا ہے: اس کے بارے میں جس نے زنا کیا اور وہ شادی شدہ نہیں تھا کہ اس کو سو کوڑے مارے جائیں اور ایک سال کے لئے جلاوطن کیا جائے ـــــ اور دوسری روایت میں حضرت عروہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جلاوطن کیا، پھر برابر یہی طریقہ رہا ـــــ اور آخری حدیث میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی یہی بات مروی ہے۔

[٣٢-] بَابٌ: الْبِكْرَانِ يُجْلَدَانِ وَيُنْفَيَانِ

﴿الزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: ﴿رَأْفَةٌ﴾: إِقَامَةُ الْحَدِّ.

[٦٨٣١-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَأْمُرُ فِيْمَنْ زَنَى وَلَمْ يُحْصَنْ جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبَ عَامٍ. [راجع: ٢٣١٤]

[٦٨٣٢-] قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَأَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ غَرَّبَ، ثُمَّ لَمْ تَزَلْ تِلْكَ السُّنَّةُ.

[٦٨٣٣-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَضَى فِيْمَنْ زَنَى وَلَمْ يُحْصَنْ بِنَفْيِ عَامٍ بِإِقَامَةِ الْحَدِّ عَلَيْهِ. [راجع: ٢٣١٥]

قوله: بإقامة الحد عليه: جلاوطن کرنا زانی پر حد جاری کرنے کے طور پر تھا (یہی ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کی رائے ہے)

بَابُ نَفْيِ أَهْلِ الْمَعَاصِيْ وَالْمُخَنَّثِيْنَ

گنہگاروں اور ہجڑوں کو جلاوطن کرنا

گنہگار: یعنی مرتکب کبیرہ، معلوم نہیں عام مراد ہے یا خاص، اور دلیل نہیں تھی اس لئے باب میں ہجڑوں کا اضافہ کیا، مگر ان کے جلاوطن کرنے کی بھی صریح دلیل نہیں، گھروں سے نکالنے کا مطلب پردہ کرنا بھی ہوسکتا ہے، رہی تعزیر تو اس کا اختیار ہے، ماتع اور ہیت ہجڑوں کو نکالا ہے۔

[٣٣-] بَابُ نَفْيِ أَهْلِ الْمَعَاصِيْ وَالْمُخَنَّثِيْنَ

[٦٨٣٤-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: لَعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ، وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَاءِ، وَقَالَ: "أَخْرِجُوْهُمْ مِنْ بُيُوْتِكُمْ" وَأَخْرَجَ فُلَانًا، وَأَخْرَجَ فُلَانًا. [راجع: ٥٨٨٥]

بَابُ مَنْ أَمَرَ غَيْرَ الإِمَامِ بِإِقَامَةِ الْحَدِّ غَائِبًا عَنْهُ

ایک رائے یہ ہے کہ جب حد جاری کی جائے تو امام (قاضی) کی موجودگی ضروری نہیں

مسئلہ: یہ ہے کہ جب حد جاری کی جائے تو قاضی اور گواہوں کی موجودگی ضروری ہے، بلکہ یہی لوگ سب سے پہلے پتھر ماریں گے، مگر ایک رائے یہ ہے کہ گواہوں کی موجودگی تو ضروری ہے، مگر قاضی کی موجودگی ضروری نہیں، اور حدیث سے استدلال خفی ہے، حدیث میں نائب قاضی کا مسئلہ ہوسکتا ہے، اس لئے دوسرے کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلائی ہے۔

باب کا ترجمہ: جس نے حکم دیا امام کے علاوہ کو حد قائم کرنے کا درانحالیکہ وہ (امام) غیر حاضر ہے اس (حد قائم کرنے والے) سے —— اور حدیث میں اس مزدور کا واقعہ ہے جس نے بوس (مستاجر) کی بیوی سے زنا کیا تھا، لڑکے پر تو نبی ﷺ نے حد جاری کی تھی، اور مستأجر کی بیوی مدینہ سے باہر تھی، چنانچہ اس کے قبیلہ کے آدمی اُنیس نامی کو بھیجا کہ صبح اس کے پاس جانا، اگر وہ زنا کا اعتراف کرے تو اس کو سنگسار کردینا، وہ گئے، اس نے اعتراف کیا، اور وہ سنگسار کی گئی، اس سے استدلال کیا گیا کہ امام کی عدم موجودگی میں حد جاری کی گئی، معلوم ہوا کہ امام کی موجودگی ضروری نہیں —— حالانکہ یہ نائب قاضی کا مسئلہ ہے اُنیس نے باقاعدہ اقرار لے کر فیصلہ کیا ہے، پھر رجم کیا ہے۔

[٣٤-] بَابُ مَنْ أَمَرَ غَيْرَ الإِمَامِ بِإِقَامَةِ الْحَدِّ غَائِبًا عَنْهُ

[٦٨٣٥و٦٨٣٦-] حدثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الأَعْرَابِ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ جَالِسٌ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَامَ خَصْمُهُ فَقَالَ: صَدَقَ، اقْضِ لَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بِكِتَابِ اللّٰهِ، إِنَّ ابْنِي كَانَ عَسِيْفًا عَلٰى هٰذَا فَزَنَى بِامْرَأَتِهِ، فَأَخْبَرُوْنِي: أَنَّ عَلٰى ابْنِي الرَّجْمَ، فَافْتَدَيْتُ بِمِائَةٍ مِنَ الْغَنَمِ وَوَلِيْدَةٍ، ثُمَّ سَأَلْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ، فَزَعَمُوْا أَنَّ عَلٰى ابْنِي جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبَ عَامٍ، فَقَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، أَمَّا الْغَنَمُ وَالْوَلِيْدَةُ فَرَدٌّ عَلَيْكَ، وَعَلٰى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، وَأَمَّا أَنْتَ يَا أُنَيْسُ فَاغْدُ عَلٰى امْرَأَةِ هٰذَا فَارْجُمْهَا" فَغَدَا أُنَيْسٌ فَرَجَمَهَا. [راجع: ٦٨٣٥]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنكُمْ طَوْلاً﴾ الآية

زنا کا سبب نکاح نہ کرنا بھی ہے، پس ہر شخص نکاح کرے، آزاد عورت کی استطاعت نہ ہو تو باندی سے کرے

سورۃ النساء کی (آیت ۲۵) ہے: "جو شخص تم میں سے پوری وسعت نہ رکھتا ہو آزاد پاک دامن مسلمان عورتوں سے نکاح

کی تو وہ آپس کی مسلمان لونڈیوں سے نکاح کرے جو تم لوگوں کی مملوکہ ہیں، اور اللہ تعالیٰ ہی تمہارے ایمان کو خوب جانتے ہیں، تمہارا ایک: دوسرے سے ہے یعنی ایمان کے معاملہ میں ظاہر پر فیصلہ کرو، تم سب کا حال یکساں ہے، پس نکاح کرو باندیوں سے ان کے مالکوں کی اجازت سے، اور ان کو ان کے مہر دستور کے موافق دو، درانحالیکہ وہ منکوحہ بنائی جائیں، نہ علانیہ بدکاری کرنے والی ہوں، نہ خفیہ آشنائی کرنے والی ہوں، پھر جب ان لونڈیوں کی شادی ہوجائے، پھر وہ بے حیائی کا کام (زنا) کریں تو ان پر اس سزا کا نصف ہے جو آزاد عورتوں پر ہے یعنی ان کو پچاس کوڑے مارے جائیں، یہ حکم اس شخص کے لئے ہے جو تم میں سے زنا کا اندیشہ رکھتا ہو (اور جس کو یہ اندیشہ نہ ہو اس کے لئے باندی سے نکاح مناسب نہیں، کیونکہ اولاد آزادی اور غلامی میں ماں کے تابع ہوتی ہے) اور ضبط کرنا زیادہ بہتر ہے تمہارے لئے (باندیوں سے نکاح کرنے کی بہ نسبت) اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے رحمت والے ہیں''

لغات: مُسَافِحَات: اسم فاعل، جمع مؤنث، واحد مُسَافِحَة: زنا کرنے والی...... أَخْدَان: خِدْن کی جمع: چھپے یار إِخِلَّاء: خلیل کی جمع: دوست۔

[۳۵-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا أَنْ يَنْكِحَ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ﴾ الآية ﴿غَيْرَ مُسَافِحَاتٍ﴾: زَوَانِي، ﴿وَلَا مُتَّخِذَاتِ أَخْدَانٍ﴾: أَخِلَّاءَ.

بَابٌ: إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ

غلام باندیوں کی سزا پچاس کوڑے ہے

غلام باندی اگر زنا کریں تو خواہ وہ شادی شدہ ہوں یا کنوارے: ان کی سزا پچاس کوڑے ہے، جیسا کہ گذشتہ باب کی آیت میں آیا، البتہ حد جاری کرنے کا حق صرف حاکم کو ہے یا آقا کو بھی؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک آقا کو بھی یہ حق حاصل ہے، اور احناف کے نزدیک آقا کو یہ حق حاصل نہیں، وہ معاملہ حاکم کے پاس لے جائے گا، اور یہ سزا دو وجہ سے ہے: **ایک**: اس لئے کہ وہ غلام ہیں۔ دوم: سنگسار کرنے میں مولیٰ کا نقصان ہے۔ اور حدیث میں یہ حکم ہے کہ باندی زنا کرے تو تین بار کوڑے مارے، پھر اگر چوتھی بار زنا کرے تو اس کو فروخت کردے، چاہے بالوں کی رسّی (نہایت معمولی قیمت) پر بکے، کیونکہ یہ آقا اس پر کنٹرول نہیں کرسکتا، دوسرے کے پاس جائے گی تو وہ بالکل سیدھا کردے گا۔ اور حدیث میں لم تُحْصَن: شادی شدہ نہ ہو: یہ قید اتفاقی ہے، زنا کی نوبت اسی صورت میں آتی ہے۔

بَابٌ: إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ

[۶۸۳۷و۶۸۳۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ

ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَزَیْدِ بْنِ خَالِدٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم سُئِلَ عَنِ الْأَمَةِ إِذَا زَنَتْ وَلَمْ تُحْصَنْ، قَالَ: " إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا، ثُمَّ بِیْعُوْهَا وَلَوْ بِضَفِیْرٍ" قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: لَا أَدْرِیْ بَعْدَ الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ.[راجع: ۲۱۵۲، ۲۱۵۴]

بَابٌ: لَا یُثَرَّبُ عَلَى الْأَمَةِ إِذَا زَنَتْ وَلَا تُنْفٰى

باندی زنا کرے تو سرزنش نہ کی جائے، اور وہ جلاوطن نہ کی جائے

حدیث مع شرح اسی سند سے تحفۃ القاری (۵:۲۱۹) میں آچکی ہے۔

[۳۶-] بَابٌ: لَا یُثَرَّبُ عَلَى الْأَمَةِ إِذَا زَنَتْ وَلَا تُنْفٰى

[۶۸۳۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَهُ یَقُوْلُ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ فَتَبَیَّنَ فَلْیَجْلِدْهَا وَلَا یُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْیَجْلِدْهَا وَلَا یُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتِ الثَّالِثَةَ فَلْیَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِنْ شَعَرٍ" تابَعَهُ إِسْمَاعِیْلُ بْنُ أُمَیَّةَ، عَنْ سَعِیْدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.[راجع: ۲۱۵۲]

بَابُ أَحْكَامِ أَهْلِ الذِّمَّةِ وَإِحْصَانِهِمْ إِذَا زَنَوْا وَرُفِعُوْا إِلَى الإِمَامِ

ذمی زنا کریں اور معاملہ اسلامی کورٹ میں آئے تو کیا فیصلہ کیا جائے؟ اور ان کے احصان میں اختلاف

احصان: میں مسلمان ہونا شرط ہے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک شرط نہیں، اور حنفیہ کے نزدیک شرط ہے، پس ذمیوں میں زنا کا واقعہ پیش آئے تو ان کی کورٹ ان کے قانون کے مطابق سزا دے گی، لیکن اگر ان کا مقدمہ اسلامی عدالت میں آئے تو اسلامی قوانین کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا، یہاں تک اتفاق ہے، پھر اگر وہ شادی شدہ ہوں تو ان کو رجم کیا جائے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک رجم کیا جائے، یہی اسلامی حکم ہے، اور حنفیہ کے نزدیک رجم نہیں کیا جائے گا، کیونکہ احصان کے لئے اسلام شرط ہے، پس ان کو رجم نہ کرنا بھی اسلامی حکم ہے۔

ائمہ ثلاثہ کا استدلال باب کی حدیث سے ہے، نبی ﷺ نے یہودی مرد اور یہودی عورت کو رجم کیا، حنفیہ کہتے ہیں: وہ تورات کے حکم کے مطابق رجم کیا تھا، اسلامی شریعت کے مطابق رجم نہیں کیا تھا۔

[۳۷-] بَابُ أَحْكَامِ أَهْلِ الذِّمَّةِ وَإِحْصَانِهِمْ إِذَا زَنَوْا وَرُفِعُوْا إِلَى الإِمَامِ

[۶۸۴۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّیْبَانِیُّ، قَالَ: سَأَلْتُ

عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِیْ أَوْفٰی عَنِ الرَّجْمِ فَقَالَ: رَجَمَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقُلْتُ: أَقَبْلَ النُّوْرِ أَمْ بَعْدُ؟ قَالَ: لَا أَدْرِیْ.

تَابَعَهُ عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ، وَخَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْمَحَارِبِیُّ، وَعَبِیْدَةُ بْنُ حُمَیْدٍ، عَنِ الشَّیْبَانِیِّ. وَقَالَ بَعْضُهُمْ: الْمَائِدَةُ، وَالْأَوَّلُ أَصَحُّ. [راجع: ۶۸۱۳]

وضاحت: شیبانی کے شاگرد عبدالواحد حدیث میں النور کہتے ہیں، مراد سورۃ النور کی دوسری آیت ہے، چار حضرات ان کے متابع ہیں۔ اور شیبانی کے کسی شاگرد نے المائدۃ کہا ہے، اور مراد سورۃ المائدۃ کی آیت ۴۳ ہے، امام صاحب نے اول کو اصح کہا ہے۔

[۶۸۴۱-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ الْیَهُوْدَ جَاءُ وْا إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَذَکَرُوْا لَهُ أَنَّ رَجُلاً مِنْهُمْ وَامْرَأَةً زَنَیَا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " مَا تَجِدُوْنَ فِی التَّوْرَاةِ فِیْ شَأْنِ الرَّجْمِ؟" فَقَالُوْا: نَفْضَحُهُمْ وَیُجْلَدُوْنَ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: کَذَبْتُمْ إِنَّ فِیْهَا الرَّجْمَ، فَأَتَوْا بِالتَّوْرَاةِ فَنَشَرُوْهَا، فَوَضَعَ أَحَدُهُمْ یَدَهُ عَلٰی آیَةِ الرَّجْمِ، فَقَرَأَ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: ارْفَعْ یَدَكَ، فَرَفَعَ یَدَهُ فَإِذَا فِیْهَا آیَةُ الرَّجْمِ، قَالُوْا: صَدَقَ یَا مُحَمَّدُ فِیْهَا آیَةُ الرَّجْمِ، فَأَمَرَ بِهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَرُجِمَا، فَرَأَیْتُ الرَّجُلَ یَجْنَأُ عَلَی الْمَرْأَةِ یَقِیْهَا الْحِجَارَةَ. [راجع: ۱۳۲۹]

لغت: یَجْنَأُ: جھکا ہوا تھا۔

بَابٌ: إِذَا رَمَی امْرَأَتَهُ أَوِ امْرَأَةَ غَیْرِهِ بِالزِّنَا عِنْدَ الْحَاکِمِ وَالنَّاسِ: هَلْ عَلَی الْحَاکِمِ أَنْ یَبْعَثَ إِلَیْهَا فَیَسْأَلَهَا عَمَّا رُمِیَتْ بِهِ؟

کسی نے قاضی اور لوگوں کے سامنے اپنی بیوی پر یا دوسرے کی بیوی پر زنا کی تہمت لگائی: تو کیا قاضی پر لازم ہے کہ آدمی بھیج کر عورت سے الزام کی تحقیق کرے؟

جواب: لازم ہے، باب کی حدیث میں اجیر کی بیوی پر تہمت لگائی گئی، آپؐ نے اُنیس اسلمیؓ کو تحقیقِ حال کے لئے بھیجا، عورت نے زنا کا اقرار کیا، پس اس کو رجم کیا گیا۔

[۳۸-] بَابٌ: إِذَا رَمَى امْرَأَتَهُ أَوِ امْرَأَةَ غَيْرِهِ بِالزِّنَا عِنْدَ الْحَاكِمِ وَالنَّاسِ:

هَلْ عَلَى الْحَاكِمِ أَنْ يَبْعَثَ إِلَيْهَا فَيَسْأَلَهَا عَمَّا رُمِيَتْ بِهِ؟

[٦٨٤٢و٦٨٤٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، أَنَّهُمَا أَخْبَرَاهُ: أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ. وَقَالَ الآخَرُ، وَهُوَ أَفْقَهُهُمَا: أَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَأْذَنْ لِيْ أَنْ أَتَكَلَّمَ، قَالَ: "تَكَلَّمْ" قَالَ: إِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا عَلَى هٰذَا، قَالَ مَالِكٌ: وَالْعَسِيْفُ: الأَجِيْرُ، فَزَنَى بِامْرَأَتِهِ، فَأَخْبَرُوْنِيْ أَنَّ عَلَى ابْنِيْ الرَّجْمَ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَبِجَارِيَةٍ لِيْ، ثُمَّ إِنِّيْ سَأَلْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ فَأَخْبَرُوْنِيْ أَنَّ عَلَى ابْنِيْ جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبَ عَامٍ، وَإِنَّمَا الرَّجْمُ عَلَى امْرَأَتِهِ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، أَمَّا غَنَمُكَ وَجَارِيَتُكَ فَرَدٌّ عَلَيْكَ" وَجَلَدَ ابْنَهُ مِائَةً وَغَرَّبَهُ عَامًا، وَأَمَرَ أُنَيْسًا الأَسْلَمِيَّ أَنْ يَأْتِيَ امْرَأَةَ الآخَرِ، فَإِنِ اعْتَرَفَتْ رَجَمَهَا، فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا. [راجع: ٢٣١٥]

بَابُ مَنْ أَدَّبَ أَهْلَهُ أَوْ غَيْرَهُ دُوْنَ السُّلْطَانِ

ایک رائے یہ ہے کہ اپنی بیوی کو یا اس کے علاوہ کو حاکم کی اجازت کے بغیر سزا دے سکتا ہے

یہ رائے صحیح ہے، مادون الحد سزا دے سکتا ہے، مگر اس کی بھی حد ہے، نازک اعضاء پر نہ مارے، لکڑی سے نہ مارے، اور تین مرتبہ سے زیادہ نہ مارے، جیسا کہ سورۃ النساء کی (آیت ۳۴) میں جو ﴿وَاضْرِبُوْهُنَّ﴾ آیا ہے اس کی تفسیر میں جو حدیث آئی ہے اس کی شرح میں یہ بات ہے، اور باب میں دو حدیثیں ہیں: ایک: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو زور سے دھکا دیا تھا جو نماز میں ان کے سامنے سے گذرنا چاہتا تھا (تحفۃ القاری ۲:۳۶۶) دوم: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے صدیقہ رضی اللہ عنہا کو پہلو میں چوکا یا بازو پر مکا مارا تھا، جب ان کا ہار گم ہوا تھا، اور اساتذہ بچوں کو مارتے ہیں، مگر بعض قصائی بن جاتے ہیں وہ جائز نہیں۔ اس کی کچھ تفصیل آگے باب ۴۲ میں آرہی ہے۔

[۳۹-] بَابُ مَنْ أَدَّبَ أَهْلَهُ أَوْ غَيْرَهُ دُوْنَ السُّلْطَانِ

وَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا صَلَّى فَأَرَادَ أَحَدٌ أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلْيَدْفَعْهُ فَإِنْ أَبَى فَلْيُقَاتِلْهُ" وَفَعَلَهُ أَبُوْ سَعِيْدٍ.

[٦٨٤٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَاضِعٌ رَأْسَهُ عَلٰى فَخِذِيْ، فَقَالَ: حَبَسْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَيْسُوْا عَلٰى مَاءٍ، فَعَاتَبَنِيْ، وَجَعَلَ يَطْعُنُ بِيَدِهِ فِي خَاصِرَتِيْ، وَلاَ يَمْنَعُنِيْ مِنَ التَّحَرُّكِ إِلاَّ مَكَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ التَّيَمُّمِ.[راجع: ٣٣٤]

[٦٨٤٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَقْبَلَ أَبُوْ بَكْرٍ فَلَكَزَنِيْ لَكْزَةً شَدِيْدَةً، وَقَالَ: حَبَسْتِ النَّاسَ فِيْ قِلاَدَةٍ، فَبِيَ الْمَوْتُ لِمَكَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ أَوْجَعَنِيْ، نَحْوَهُ، لَكَزَ: وَكَزَ.[راجع: ٣٣٤]

بَابُ مَنْ رَأَى مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً فَقَتَلَهُ

کسی نے اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو پایا پس اس کو قتل کردیا

مسئلہ اختلافی تھا اور حدیث فیصلہ کن نہیں تھی، اس لئے حکم بیان نہیں کیا۔ جمہور (بشمول حنفیہ) قصاص واجب ہوگا، احمد واسحاق: اگر بینہ قائم کردے تو خون رائگاں، شافعی: دیانۃً قتل جائز، قضاءً جائز نہیں۔ حدیث آچکی ہے، حضرت سعد بن عبادہؓ نے فرمایا: اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی کو (زنا کرتا ہوا) پاؤں تو دھار کی طرف سے تلوار ماروں گا! یعنی قتل کردوں گا۔ نبی ﷺ کو یہ بات پہنچی تو آپؐ نے فرمایا: ''کیا تمہیں سعد کی غیرت پر حیرت ہوتی ہے، بخدا! میں ان سے زیادہ غیرت مند ہوں، اور اللہ تعالیٰ مجھ سے بھی زیادہ غیرت مند ہیں (پھر بھی زنا کے ثبوت کے لئے چار گواہ لانے کا حکم دیا ہے)

[٤٠-] بَابُ مَنْ رَأَى مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً فَقَتَلَهُ

[٦٨٤٦-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ وَرَّادٍ كَاتِبِ الْمُغِيْرَةِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: لَوْ رَأَيْتُ رَجُلاً مَعَ امْرَأَتِيْ لَضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ غَيْرَ مُصْفِحٍ! فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: '' أَتَعْجَبُوْنَ مِنْ غَيْرَةِ سَعْدٍ، لَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّيْ''

[طرفه: ٧٤١٦]

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّعْرِيْضِ

اشارۃً الزام لگانے کی روایت

اشارۃً الزام لگانا، اور صراحت نہ کرنا قذف (تہمت لگانا) نہیں ہے، ایک بدّو نے کہا: میری بیوی نے کالا لڑکا جنا ہے

یعنی میں گورا ہوں پھر یہ کالا لڑکا کہاں سے آیا؟ بیوی نے زنا کیا ہے! آپؐ نے اس کو قذف قرار نہیں دیا۔

[٤١-] بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّعْرِيْضِ

[٦٨٤٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ:أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَاءَ هُ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ امْرَأَتِيْ وَلَدَتْ غُلاَمًا أَسْوَدَ، فَقَالَ:"هَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ:"مَا أَلْوَانُهَا؟" قَالَ:حُمْرٌ. قَالَ:" هَلْ فِيْهَا مِنْ أَوْرَقَ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ:" فَأَنَّى كَانَ ذٰلِكَ؟" قَالَ: أُرَاهُ عِرْقٌ نَزَعَهُ، قَالَ:" فَلَعَلَّ ابْنَكَ هٰذَا نَزَعَهُ عِرْقٌ"[راجع: ٥٣٠٥]

لغت: أَوْرَق: خاکی، راکھ جیسا...... نَزَعَه: اوپر سے نسل میں آیا ہے۔

بَابٌ: كَمِ التَّعْزِيْرُ وَالأَدَبُ؟

سلیقہ سکھانے کے لئے کتنی گوشمالی کی جائے؟

تعزیر: حدود کے علاوہ دوسری سزاؤں کو کہتے ہیں، اور ادب کے معنی ہیں: مہذب بنانا، سلیقہ سکھانا، حدود میں کسی مصلحت کا لحاظ نہیں کیا جاتا، نہ اس میں کمی بیشی ہوسکتی ہے، اور تعزیر میں مصلحت کا لحاظ کیا جاتا ہے، اور اس کی کوئی حد بھی متعین نہیں، قاضی کی صوابدید پر معاملہ چھوڑ دیا گیا ہے، وہ حالات کے مطابق جو سزا مناسب سمجھے دے سکتا ہے، مگر اس کو حد تک نہ پہنچائے۔

باب کی آخری حدیث میں یُؤتی إليه ہے یعنی کوئی بات نبی ﷺ کے پاس لائی جاتی تو آپ اس کو کوئی سزا نہیں دیتے تھے، کیونکہ بات کا آپؐ کے علم میں آجانا ہی بہت بڑی سزا تھی، آئندہ وہ کبھی ایسی حرکت نہیں کرے گا، میرے بچے کوئی حرکت کرتے ہوئے ڈرتے ہیں کہ ابا کو پتہ نہ چل جائے، اور مجھے پتہ چل جاتا ہے تو میں درگذر کرتا ہوں، میرے علم میں آنے ہی میں ان کے لئے عبرت ہوتی ہے۔

اور سزا دینے کا ایک عجیب طریقہ باب کی حدیث میں آیا ہے۔ آپؐ نے صوم وصال رکھا، لوگوں نے بھی رکھا، آپؐ نے ان کو منع کیا، مگر بعض نہیں مانے، آپؐ نے دو دن مسلسل روزہ رکھا، انھوں نے بھی رکھا، پھر عید کا چاند نظر آ گیا، اب روزہ ختم کرنا ضروری ہوگیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''اگر چاند نہ ہوتا تو میں اور بھی روزے ملاتا!'' پھر دیکھتا کہ لوگ کہاں تک میرا ساتھ دیتے ہیں! اس طرح آپؐ نے ان کو سزا دینا چاہا۔

اور سزا دینے کا ایک طریقہ پٹائی کرنا ہے، ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو لوگ غلہ بے تعیین (اٹکل سے) خریدتے، وہ اگر اسی جگہ بیچتے تو عہد نبوی میں ان کو مارا جاتا، حکم تھا کہ گھر لے جا کر بیچو، کس طرح اور کتنا مارا جاتا تھا؟ اس کی تفصیل

روایت میں نہیں ہے۔

حدیث: باب کے شروع میں تین سندوں سے حدیث ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''حدود کے علاوہ کسی بھی جرم میں دس کوڑوں سے زیادہ نہ مارے جائیں''

تشریح: بعض ظاہر یہ اس حدیث کی وجہ سے کہتے ہیں: تعزیر میں دس کوڑوں سے زیادہ مارنا جائز نہیں، مگر یہ قول صحیح نہیں، ترمذی میں حدیث (نمبر ۱۴۶۷) ہے اگر کوئی کسی کو'او ہجڑا' کہے تو اس کو بیس کوڑے مارو، علاوہ ازیں: خلفائے راشدین نے تعزیر میں دس، بیس سے زیادہ کوڑے بھی مارے ہیں، اس لئے تعزیر میں دس سے زیادہ کوڑے مارنا جائز ہے۔ البتہ جمہور فرماتے ہیں کہ اخف حدود سے کم کوڑے مارے جائیں اور حد کے کم سے کم اسّی کوڑے ہیں جو حد قذف میں مارے جاتے ہیں اور غلام کو چالیس کوڑے مارے جاتے ہیں کیونکہ اس کی سزا آزاد سے آدھی ہے، اس لئے اخف حدود چالیس کوڑے ہوئے، پس تعزیر میں زیادہ سے زیادہ انتالیس کوڑے مارے جائیں، اس سے زیادہ نہ مارے جائیں، یہ احناف کا مشہور قول ہے، اور امام ابو یوسف اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک حاکم تعزیر میں جتنے کوڑے چاہے مار سکتا ہے، اور اس حدیث کی علماء نے دو توجیہیں کی ہیں: **ایک:** یہ کہ یہ حدیث صحابہ کے ساتھ خاص ہے اور خصوصیت کی وجہ یہ ہے کہ نبی ﷺ کی صحبت کی برکت سے معمولی تنبیہ بھی ان کے لئے کافی تھی، بلکہ ان کو ادنیٰ تنبیہ کی بھی ضرورت نہیں تھی، وہ خود ہی اپنی غلطیوں اور خطاؤں پر پشیمان ہوتے تھے، اور جرم سے باز آجاتے تھے، پھر بھی اگر تنبیہ کی ضرورت پڑے تو معمولی تنبیہ کافی ہے۔

دوسری توجیہ یہ کی گئی ہے کہ یہ سزا اس جرم کے ساتھ خاص ہے جو فی نفسہ گناہ نہیں، صرف حکم حاکم کی خلاف ورزی کی بناء پر گناہ ہے، مثلاً: فساد میں کرفیو لگایا گیا اور گھر سے نکلنے پر پابندی لگائی گئی، پس اگر کوئی شخص گھر سے نکلے تو یہ فی نفسہ گناہ نہیں، یہ صرف حکم حاکم کی خلاف ورزی کی بنا پر گناہ ہے، اس قسم کے جرائم میں دس کوڑے ہی مارے جائیں زیادہ نہ مارے جائیں۔ واللہ اعلم

[٤٢-] بَابٌ: كَمِ التَّعْزِيْرُ وَالْأَدَبُ؟

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:'' لَا يُجْلَدُ فَوْقَ عَشْرِ جَلَدَاتٍ إِلَّا فِيْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللهِ''

[طرفاه: ٦٨٤٩، ٦٨٥٠]

[٦٨٤٩-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جَابِرٍ، عَمَّنْ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم:'' لَا عُقُوْبَةَ فَوْقَ عَشْرِ

ضَرَبَاتٍ إِلَّا فِی حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ"[راجع: ٦٨٤٨]

[٦٨٥٠-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ سُلَيْمَانَ، أَخْبَرَنِی ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَمْرٌو، أَنَّ بُكَيْرًا حَدَّثَهُ بَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ عِنْدَ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، إِذْ جَاءَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جَابِرٍ، فَحَدَّثَ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ، فَقَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جَابِرٍ: أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ: أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا بُرْدَةَ الْأَنْصَارِیَّ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُ:" لَا يُجْلَدُ فَوْقَ عَشْرَةِ أَسْوَاطٍ إِلَّا فِی حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ"[راجع: ٦٨٤٨]

وضاحت: *ابو بردۃ بن دینار: حضرت براءؓ کے ماموں ہیں، حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کے لڑکے ابو بردۃ نہیں۔*

[٦٨٥١-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَنِ الْوِصَالِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ: فَإِنَّكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ تُوَاصِلُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" أَيُّكُمْ مِثْلِیْ؟! إِنِّیْ أَبِيْتُ يُطْعِمُنِیْ رَبِّیْ وَيَسْقِيْنِیْ" فَلَمَّا أَبَوْا أَنْ يَنْتَهُوْا عَنِ الْوِصَالِ وَاصَلَ بِهِمْ يَوْمًا ثُمَّ يَوْمًا، ثُمَّ رَأَوُا الْهِلَالَ، فَقَالَ:" لَوْ تَأَخَّرَ لَزِدْتُكُمْ" كَالْمُنَكِّلِ لَهُمْ حِيْنَ أَبَوْا.

تَابَعَهُ شُعَيْبٌ، وَيَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، وَيُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ: عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم.[راجع: ١٩٦٥]

[٦٨٥٢-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّهُمْ كَانُوْا يُضْرَبُوْنَ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم إِذَا اشْتَرَوْا طَعَامًا جِزَافًا أَنْ يَبِيْعُوْهُ فِیْ مَكَانِهِمْ، حَتّٰی يُؤْوُوْهُ إِلٰی رِحَالِهِمْ.[راجع: ٢١٢٣]

[٦٨٥٣-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا انْتَقَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم لِنَفْسِهِ فِیْ شَيْئٍ يُؤْتٰی إِلَيْهِ، حَتّٰی يُنْتَهَكَ مِنْ حُرُمَاتِ اللّٰهِ، فَيَنْتَقِمَ لِلّٰهِ.[راجع: ٣٥٦٠]

بَابُ مَنْ أَظْهَرَ الْفَاحِشَةَ وَالتَّلَطُّخَ وَالتُّهَمَةَ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ

زنا میں بدنام پر بغیر بینہ کے حد جاری نہ کی جائے

یہ زنا کے سلسلہ کا آخری بات ہے، کوئی مرد یا عورت فاحشہ (زنا) کے معاملہ میں بدنام ہو، مگر گواہوں سے زنا کا ثبوت نہ

ہوتو اس پر حد جاری نہیں کی جاسکتی، تلطخ کے معنی ہیں: آلودہ ہونا، ملوث ہونا، اور تینوں لفظوں کی ایک مراد ہے: جو شخص ظاہر کرے بے حیائی کا کام، اور (زنا میں) ملوث ہونا، اور زنا میں متہم ہونا یعنی رسوا ہے، ہر کسی کی زبان پر اس کی برائی کا ذکر ہے، مگر ثبوت (گواہ) نہیں تو حد زنا جاری نہیں ہوتی، اور حدیثیں سب آچکی ہیں، ان میں ایک چالو عورت کا ذکر ہے، جو زنا کے معاملہ میں بدنام تھی، مگر ثبوت نہیں تھا، اس کے بارے میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں اگر کسی کو گواہوں کے بغیر سنگسار کرتا تو اس عورت کو کرتا''

[۴۳-] بَابُ مَنْ أَظْهَرَ الْفَاحِشَةَ وَالتَّلَطُّخَ وَالتُّهَمَةَ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ

[٦٨٥٤-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: شَهِدْتُ الْمُتَلَاعِنَيْنِ وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ، فَرَّقَ بَيْنَهُمَا، فَقَالَ زَوْجُهَا: كَذَبْتُ عَلَيْهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا، قَالَ: فَحَفِظْتُ ذٰلِكَ مِنَ الزُّهْرِيِّ:" إِنْ جَاءَ تْ بِهِ كَذَا وَكَذَا فَهُوَ، وَإِنْ جَاءَ تْ بِهِ كَذَا وَكَذَا كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ فَهُوَ" وَسَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَقُوْلُ: جَاءَ تْ بِهِ لِلَّذِيْ يُكْرَهُ.[راجع: ۴۲۳]

[٦٨٥٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: ذَكَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ: هِيَ الَّتِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ كُنْتُ رَاجِمًا امْرَأَةً عَنْ غَيْرِ بَيِّنَةٍ؟" قَالَ: لَا، تِلْكَ امْرَأَةٌ أَعْلَنَتْ.[راجع: ۵۳۱۰]

[٦٨٥٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ذُكِرَ الْمُتَلَاعِنُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ عَدِيٍّ فِيْ ذٰلِكَ قَوْلًا، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ يَشْكُوْ أَنَّهُ وَجَدَ مَعَ أَهْلِهِ رَجُلًا، قَالَ عَاصِمٌ: مَا ابْتُلِيْتُ بِهٰذَا إِلَّا لِقَوْلِيْ، فَذَهَبَ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِيْ وَجَدَ عَلَيْهِ امْرَأَتَهُ، وَكَانَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ مُصْفَرًّا، قَلِيْلَ اللَّحْمِ، سَبْطَ الشَّعَرِ، وَكَانَ الَّذِيْ ادَّعَى عَلَيْهِ أَنَّهُ وَجَدَهُ عِنْدَ أَهْلِهِ آدَمَ، خَدِلًا، كَثِيْرَ اللَّحْمِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُمَّ بَيِّنْ" فَوَضَعَتْ شَبِيْهًا بِالرَّجُلِ الَّذِيْ ذَكَرَ زَوْجُهَا أَنَّهُ وَجَدَهُ عِنْدَهَا، فَلَاعَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُمَا، فَقَالَ الرَّجُلُ لِابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمَجْلِسِ: هِيَ الَّتِيْ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ رَجَمْتُ أَحَدًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ رَجَمْتُ هٰذِهِ؟" فَقَالَ: لَا، تِلْكَ امْرَأَةٌ كَانَتْ تُظْهِرُ فِي الإِسْلَامِ السُّوْءَ.[راجع: ۵۳۱۰]

وضاحت: پہلی حدیث میں **فحفظتُ ذلك من الزهری** کا مشار الیہ اگلی عبارت: **إن جاء ت به إلخ** ہے...... آخری حدیث کا سیاق پہلے آئی ہوئی حدیثوں سے قدرے مختلف ہے، یہ واقعہ کے متعلقات کا اختلاف ہے۔

بَابُ رَمْيِ الْمُحْصَنَاتِ

پاک دامن عورتوں پر زنا کی تہمت لگانا تباہ کن کبیرہ گناہ ہے

سورۃ النور کی (آیت ۴) ہے: ''جو لوگ پاک دامن عورتوں پر زنا کی تہمت لگائیں، پھر چار گواہ نہ لائیں تو ان کو اسّی کوڑے مارو، اوران کی گواہی کبھی بھی قبول مت کرو، اور وہی لوگ دینداری کے دائرہ سے نکلنے والے ہیں () مگر جو توبہ کرلیں تہمت لگانے کے بعد اور اپنی اصلاح کرلیں تو اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے رحمت فرمانے والے ہیں'' — اس آیت میں حد قذف کا بیان ہے۔

اور سورۃ النور ہی کی (آیت ۲۳) ہے: ''جو لوگ پاک دامن، گناہ سے بے خبر، ایماندار عورتوں پر زنا کی تہمت لگائیں ان پر دنیا وآخرت میں پھٹکار ہے، اوران کے لئے بڑا عذاب ہے'' —— اس میں قذف کی سنگینی کا بیان ہے۔

اور حدیث میں اس گناہ کو سات تباہ کن گناہوں میں شامل کیا گیا ہے، اور جو حکم عورتوں پر تہمت لگانے کا ہے وہی حکم مردوں پر تہمت لگانے کا ہے۔

[٤٤-] بَابُ رَمْيِ الْمُحْصَنَاتِ

[١-] ﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوْا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً﴾ إِلٰى: ﴿غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾

[٢-] ﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ﴾ الآية [النور:٢٣]

[٦٨٥٧-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' اجْتَنِبُوْا السَّبْعَ الْمُوْبِقَاتِ'' قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَمَا هُنَّ؟ قَالَ:'' الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَالسِّحْرُ، وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَأَكْلُ الرِّبَا، وَأَكْلُ مَالِ الْيَتِيْمِ، وَالتَّوَلِّيْ يَوْمَ الزَّحْفِ، وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ الْغَافِلَاتِ''[راجع: ٢٧٦٦]

بَابُ قَذْفِ الْعَبِيْدِ

غلام باندیوں پر زنا کی تہمت لگانا

احصان القذف: یہ ہے کہ جس پر زنا کا الزام لگایا گیا ہے وہ عاقل، بالغ، آزاد، مسلمان اور پاک دامن ہو، یعنی پہلے کبھی اس پر زنا کا الزام نہ لگا ہو، پس اگر کوئی شخص (مرد یا عورت، آزاد یا غلام) کسی غلام باندی پر زنا کی تہمت لگائے اور گواہوں سے ثابت نہ کرسکے تو اس کو حد قذف نہیں ماری جائے گی۔ باب میں حدیث ہے: ''جس نے اپنے مملوک پر زنا کی تہمت لگائی، درانحالیکہ وہ اس الزام سے پاک ہے تو وہ مولیٰ قیامت کے دن کوڑے مارا جائے گا (معلوم ہوا دنیا میں حد

قذف نہیں لگے گی)

[٤٥-] بَابُ قَذْفِ الْعَبِيْدِ

[٦٨٥٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نُعْمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ قَذَفَ مَمْلُوْكَهُ وَهُوَ بَرِيْءٌ مِمَّا قَالَ، جُلِدَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ كَمَا قَالَ"

بَابٌ: هَلْ يَأْمُرُ الإِمَامُ رَجُلاً فَيَضْرِبُ الْحَدَّ غَائِبًا عَنْهُ؟

کیا امام کسی کو حکم دے کہ وہ امام کی عدم موجودگی میں حد جاری کرے؟

یہ باب: باب ۳۴ کے ہم معنی ہے، وہاں مَنْ تھا یہاں هَلْ ہے، اتنا فرق نیا باب قائم کرنے کے لئے کافی ہے، وہاں دوسرے کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلائی تھی، یہاں ہل چلایا ہے، اور جو حدیث وہاں تھی وہی یہاں ہے، مگر وہ مسئلہ باب میں صریح نہیں، اس لئے باب استفہامی انداز میں قائم کیا ہے، البتہ یہاں ایک اثر ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی ایسا کیا، مگر وہ بھی نائب قاضی کا مسئلہ ہے۔

[٤٦-] بَابٌ: هَلْ يَأْمُرُ الإِمَامُ رَجُلاً فَيَضْرِبُ الْحَدَّ غَائِبًا عَنْهُ؟

وَقَدْ فَعَلَهُ عُمَرُ.

[٦٨٥٩و٦٨٦٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالاَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: أَنْشُدُكَ اللّٰهَ إِلَّا قَضَيْتَ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَامَ خَصْمُهُ وَكَانَ أَفْقَهَ مِنْهُ فَقَالَ: صَدَقَ، اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَأْذَنْ لِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" قُلْ" فَقَالَ: إِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا فِيْ أَهْلِ هٰذَا، فَزَنَى بِامْرَأَتِهِ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَخَادِمٍ، وَإِنِّيْ سَأَلْتُ رِجَالاً مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ فَأَخْبَرُوْنِيْ أَنَّ عَلَى ابْنِيْ جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبَ عَامٍ، وَأَنَّ عَلَى امْرَأَةِ هٰذَا الرَّجْمَ، فَقَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، الْمِائَةُ وَالْخَادِمُ رَدٌّ عَلَيْكَ، وَعَلَى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، وَيَا أُنَيْسُ اغْدُ عَلَى امْرَأَةِ هٰذَا فَسَلْهَا، فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا" فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا. [راجع: ٢٣١٥]

﴿الحمدللہ! کتاب الحدود کی شرح مکمل ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الدِّیَاتِ

خوں بہا کا بیان

ربط: چوری کی سزا کے تتمہ میں برسرِ پیکار مرتدین کے احکام بیان کئے تھے، اگرچہ وہ حد نہیں تھے، کیونکہ ان کی چار سزاؤں میں تخییر تھی، مگر وہ حد سے ملتے جلتے احکام تھے، اسی طرح اب حدود کے بیان کے بعد قتل کے احکام بیان کرتے ہیں، یہ بھی حدود نہیں، کیونکہ قصاص معاف کیا جاسکتا ہے، اور قتل خطا میں دیت ہے، وہ بھی معاف کی جاسکتی ہے، مگر حدود سے ان احکام کو مناسبت ہے۔

قتل عمد کا بیان

سورۃ النساء کی (آیت ۹۳) ہے: ''اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کی سزا جہنم ہے، جس میں وہ ہمیشہ رہے گا، اور اس پر اللہ تعالیٰ غضبناک ہونگے، اور اس کو اپنی رحمت سے دور کردیں گے، اور اس کے لئے بڑا عذاب تیار کیا ہے''

تفسیر: قتل عمد بڑا خطرناک جرم ہے، اس کی سزا وہ ہے جو اس آیت میں مذکور ہے، مگر اس میں أَبَدًا کی قید نہیں، اور خلود میں مکثِ طویل کے معنی کی گنجائش ہے، اور اہل حق کا مذہب یہ ہے کہ کفر وشرک کے علاوہ ہر گناہ بخشا جاسکتا ہے، سورۃ النساء کی (آیت ۴۸و۱۱۶) میں اس کی صراحت ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ، وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾: بیشک اللہ تعالیٰ اس بات کو تو نہیں بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا جائے، اور اس کے سوا اور جتنے گناہ ہیں ان کو جس کے لئے منظور ہوگا بخش دیں گے، پس اللہ کے فضل سے امید ہے کہ معتمداً قتل کرنے والا بھی ایمان کی برکت سے آخر کو ضرور بخشا جائے گا۔

پہلی حدیث: پہلے آئی ہے، اس میں دوسرے نمبر کا گناہ ہے: اپنی اولاد کو مار ڈالنا اس اندیشہ سے کہ وہ رزق میں حصہ دار بنے گی، یہی قتلِ عمد ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸۷- کتابُ الدیات

[۱-] وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ﴾

[۶۸۶۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ،

قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَىُّ الذَّنْبِ أَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "أَنْ تَدْعُوَ لِلّٰهِ نِدًّا، وَهُوَ خَلَقَكَ" قَالَ: ثُمَّ أَىٌّ؟ قَالَ: "ثُمَّ أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ، أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ" قَالَ: ثُمَّ أَىٌّ؟ قَالَ: "ثُمَّ أَنْ تُزَانِىَ حَلِيْلَةَ جَارِكَ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقَهَا: ﴿وَالَّذِيْنَ لاَ يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ وَلاَ يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلاَ يَزْنُوْنَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا﴾ [الفرقان: ٦٨] [راجع: ٤٤٧٧]

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مؤمن برابر اپنے دین میں نچنت رہتا ہے جب تک وہ کوئی حرام خون نہ بہائے" اس کی شرح حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کی ہے، فرمایا: "ناحق حرام خون بہانا گناہوں کا ایسا کھڈ ہے جس میں سے وہ آدمی نکل ہی نہیں سکتا جو خود کو اس میں گرائے"

تشریح: نیک صالح مؤمن اپنے دین میں مطمئن ہوتا ہے کہ اس کی ضرور پذیرائی ہوگی، لیکن خدانخواستہ اگر وہ کسی مؤمن کو قتل کردے تو پھر وہ کانٹا برابر دل میں چبھتا رہتا ہے کہ معلوم نہیں میرا انجام کیا ہوگا؟! اس سے قتل مؤمن کی سنگینی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

[٦٨٦٢-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَنْ يَزَالَ الْمُؤْمِنُ فِىْ فُسْحَةٍ مِنْ دِيْنِهِ: مَالَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا" [طرفه: ٦٨٦٣]

[٦٨٦٣-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِىْ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: إِنَّ مِنْ وَرَطَاتِ الْأُمُوْرِ الَّتِىْ لاَ مَخْرَجَ لِمَنْ أَوْقَعَ نَفْسَهُ فِيْهَا: سَفْكَ الدَّمِ الْحَرَامِ بِغَيْرِ حِلِّهِ. [راجع: ٦٨٦٢]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "لوگوں کے درمیان (قیامت کے دن) سب سے پہلے خونوں کا فیصلہ کیا جائے گا!" حساب (جانچ) تو سب سے پہلے نماز کا ہوگا، مگر ریزلٹ آوٹ سب سے پہلے ناحق خونوں کا ہوگا، اس سے بھی ناحق خون کی سنگینی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے، اہم معاملہ ہی سب سے پہلے نمٹایا جاتا ہے۔

[٦٨٦٤-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "أَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ فِى الدِّمَاءِ" [راجع: ٦٥٣٣]

آئندہ حدیث: میں حضرت مقداد بن عمرو کندی رضی اللہ عنہ کا سوال ہے کہ اگر میری کسی کافر سے مڈبھیڑ ہوجائے، وہ میرا ایک ہاتھ کاٹ دے پھر وہ مسلمان ہوجائے تو میں اس کو قتل کروں یا نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: اس کو قتل مت کرو! اگر تم اس کو قتل کروگے تو وہ تمہاری جگہ ہوگا اس کو قتل کرنے سے پہلے، اور تم اس کی جگہ ہوؤگے کلمۂ اسلام پڑھنے سے پہلے یعنی پہلے وہ

کافر تھا، مارا جاتا تو جہنم میں جاتا، اب تم اس کو مارو گے تو جہنم میں جاؤ گے۔

[٦٨٦٥-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَدِيٍّ حَدَّثَهُ، أَنَّ الْمِقْدَادَ بْنَ عَمْرٍو الْكِنْدِيَّ حَلِيْفَ بَنِيْ زُهْرَةَ حَدَّثَهُ، وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ لَقِيْتُ كَافِرًا فَاقْتَتَلْنَا، فَضَرَبَ يَدِيْ بِالسَّيْفِ فَقَطَعَهَا، ثُمَّ لَاذَ بِشَجَرَةٍ فَقَالَ: أَسْلَمْتُ لِلّٰهِ، أَأَقْتُلُهُ بَعْدَ أَنْ قَالَهَا؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَا تَقْتُلْهُ" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَإِنَّهُ طَرَحَ إِحْدَى يَدَيَّ، ثُمَّ قَالَ بَعْدَ مَا قَطَعَهَا: أَأَقْتُلُهُ؟ قَالَ: "لَا تَقْتُلْهُ، فَإِنْ قَتَلْتَهُ فَإِنَّهُ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ أَنْ تَقْتُلَهُ، وَأَنْتَ بِمَنْزِلَتِهِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِيْ قَالَ" [راجع: ٤٠١٩]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے ایک سریہ روانہ کیا، اس میں حضرت مقداد بن عمرو کندی رضی اللہ عنہ تھے، انھوں نے دیکھا کہ دشمن سامنے سے بکھر گیا، بس ایک آدمی رہ گیا، جس کے پاس بہت مال تھا، وہ نہیں بھاگا، اس نے کہا: أشهد أن لا إلٰه إلا الله! حضرت مقداد نے اس کو قتل کردیا، جب اس واقعہ کی نبی ﷺ کو اطلاع ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: ''ایک شخص جو اپنا ایمان مخفی رکھے ہوئے کفار کے ساتھ تھا، پس اس نے اپنا ایمان ظاہر کیا، تو بھی تم نے اس کو قتل کردیا! تم بھی تو مکہ میں اسی طرح اپنا ایمان چھپائے ہوئے تھے!''

[٦٨٦٦-] حدثنا حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ عَمْرَةَ: عَنْ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِلْمِقْدَادِ: "إِذَا كَانَ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ يُخْفِيْ إِيْمَانَهُ مَعَ قَوْمٍ كُفَّارٍ، فَأَظْهَرَ إِيْمَانَهُ فَقَتَلَهُ، فَكَذٰلِكَ كُنْتَ أَنْتَ تُخْفِيْ إِيْمَانَكَ بِمَكَّةَ قَبْلُ"

بَابٌ: ﴿وَمَنْ أَحْيَاهَا﴾

جو شخص کسی کو بچالے تو گویا اس نے تمام لوگوں کو بچالیا

یہ دوسرے پہلو سے ناحق قتل کی سنگینی کا بیان ہے، کسی بے گناہ کو ظالم قاتل کے ہاتھ سے بچانا گویا سارے انسانوں کو بچانا ہے، اور اس کی ضد: کسی ایک کو بے گناہ قتل کرنا سارے انسانوں کے قتل کے مترادف ہے، یہ مضمون سورۃ المائدۃ کی (آیت ۳۲) میں ہے اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ ایک ناحق خون سے دوسرے دلیر ہوجاتے ہیں، اور بدامنی کی جڑ قائم ہوجاتی ہے، اور جو کسی بے گناہ کو بچاتا ہے وہ تمام انسانوں کو دعوت دیتا ہے کہ اسی طرح سب کو بچاؤ، حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: ''جس نے ناحق قتل کو (اپنے اوپر) حرام کرلیا اس سے سب لوگ مأمون ہوجاتے ہیں'' اب اس سے کوئی

خطرہ محسوس نہیں کرتا، یہ سب لوگوں کو زندہ کرنا ہے۔

حدیث: قابیل نے — جو نا قابل تھا — اپنے بھائی ہابیل کو ناحق قتل کیا تو ایک غلط طریقہ چل پڑا، چنانچہ انسانوں میں جو بھی ناحق قتل ہوتا ہے، اس کے گناہ کا ایک حصہ قابیل کو پہنچتا ہے، کیونکہ جو بری راہ ڈالتا گیا، پھر اس پر جو چلتا ہے، تو اس کا سبب بری راہ ڈالنے والا ہوتا ہے۔

[۲-] بَابٌ: ﴿وَمَنْ أَحْيَاهَا﴾ [المائدة: ۳۲]

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَنْ حَرَّمَ قَتْلَهَا إِلَّا بِحَقٍّ حَيَّ النَّاسُ مِنْهُ جَمِيْعًا.

[۶۸۶۷-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ إِلَّا كَانَ عَلٰى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْهَا" [راجع: ۳۳۳۵]

اگلی دو حدیثیں: خانہ جنگی سے متعلق ہیں، خانہ جنگی میں ناحق خون بہایا جاتا ہے، پس خانہ جنگی سے بچنا لوگوں کو زندہ کرنا ہے، اور حدیثیں دونوں پہلے آچکی ہیں۔

[۶۸۶۸-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: وَاقِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَنِيْ عَنْ أَبِيْهِ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ" [راجع: ۱۷۴۲]

[۶۸۶۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا زُرْعَةَ بْنَ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ جَرِيْرٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: "اسْتَنْصِتِ النَّاسَ: لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ" رَوَاهُ أَبُوْ بَكْرَةَ، وَابْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۱۲۱]

اگلی دو روایتوں: میں قتل ناحق کو بڑے کبائر میں لیا ہے، کیونکہ وہ احیاء الناس کی ضد ہے۔

[۶۸۷۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْكَبَائِرُ: الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ أَوْ قَالَ: الْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ" شَكَّ شُعْبَةُ.

وَقَالَ مُعَاذٌ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: "الْكَبَائِرُ الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَالْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ أَوْ قَالَ:

وَقَتْلُ النَّفْسِ"[راجع: ٦٦٧٥]

[٦٨٧١-] حَدَّثَنِی إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِی بَكْرٍ، سَمِعَ أَنَسًا، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الْكَبَائِرُ" ح: وَحَدَّثَنَا عَمْرٌو، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ ابْنِ أَبِی بَكْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" أَكْبَرُ الْكَبَائِرِ: الإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ، وَقَوْلُ الزُّوْرِ، أَوْ قَالَ: وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ"
[راجع: ٢٦٥٣]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۳۵۹:۸) میں آئی ہے، حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو کلمہ پڑھنے کے بعد قتل کیا تو نبی ﷺ نے شدید افسوس ظاہر کیا، کیونکہ ایک کا ناحق قتل سب کا قتل ہے۔

[٦٨٧٢-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ظَبْيَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ يُحَدِّثُ، قَالَ: بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْحُرَقَةِ مِنْ جُهَيْنَةَ، فَصَبَّحْنَا الْقَوْمَ فَهَزَمْنَاهُمْ، قَالَ: وَلَحِقْتُ أَنَا وَرَجُلٌ مِنَ الأَنْصَارِ رَجُلاً مِنْهُمْ، قَالَ: فَلَمَّا غَشِيْنَاهُ قَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ. قَالَ: فَكَفَّ عَنْهُ الأَنْصَارِیُّ، وَطَعَنْتُهُ بِرُمْحِی حَتّٰى قَتَلْتُهُ، قَالَ: فَلَمَّا قَدِمْنَا بَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَقَالَ لِی:"يَا أُسَامَةُ، اَقَتَلْتَهُ بَعْدَ مَاقَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ؟!" قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّمَا كَانَ مُتَعَوِّذًا! قَالَ:" أَقَتَلْتَهُ بَعْدَ مَا قَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ؟!" قَالَ: فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا عَلَیَّ حَتّٰى تَمَنَّيْتُ أَنِّی لَمْ أَكُنْ أَسْلَمْتُ قَبْلَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ.[راجع: ٤٢٦٩]

لغت: متعوذا: بچاؤ کرنے والا، کلمہ کو ڈھال بنانے والا۔

آئندہ حدیث: پہلے آئی ہے، انصار نے منیٰ کی گھاٹی میں جو بیعت کی تھی اس کی ایک دفعہ تھی: "اور ہم قتل نہ کریں ایسے شخص کو جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے" اور بیعت میں اہم امور لئے جاتے ہیں۔

[٦٨٧٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنِی اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِی يَزِيْدُ، عَنْ أَبِی الْخَيْرِ، عَنِ الصُّنَابِحِیِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: إِنِّی مِنَ النُّقَبَاءِ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، بَايَعْنَاهُ عَلٰى أَنْ لاَ نُشْرِكَ بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلاَ نَزْنِیَ وَلاَ نَسْرِقَ، وَلاَ نَقْتُلَ النَّفْسَ الَّتِی حَرَّمَ اللّٰهُ، وَلاَ نَنْتَهِبَ، وَلاَ نَعْصِیَ: بِالْجَنَّةِ إِنْ فَعَلْنَا ذٰلِكَ، فَإِنْ غَشِيْنَا مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا كَانَ قَضَاءُ ذٰلِكَ إِلَى اللّٰهِ.[راجع: ١٨]

آئندہ حدیث: خروج (حکومت سے بغاوت) کی ہے، جب بغاوت ہوتی ہے تو لاشوں کے ڈھیر لگ جاتے ہیں، اور اس سے بچنا لوگوں کو بچانا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "جس نے ہم پر ہتھیار اٹھائے یعنی بغاوت کی وہ ہم میں سے نہیں!"

[۶۸۷۴-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا" رَوَاهُ أَبُوْ مُوْسَی، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.[طرفه: ۷۰۷۰]

آئندہ حدیث: بھی پہلے آئی ہے، اگر دو مسلمان ایک دوسرے کو قتل کرنے کے ارادے سے بھڑیں، پھر ایک دوسرے کو قتل کردے تو دونوں جہنم رسید ہونگے!

[۶۸۷۵-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، وَيُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: ذَهَبْتُ لِأَنْصُرَ هٰذَا الرَّجُلَ، فَلَقِيَنِيْ أَبُوْ بَكْرَةَ، فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيْدُ؟ فَقُلْتُ: أَنْصُرُ هٰذَا الرَّجُلَ، قَالَ: ارْجِعْ فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: "إِذَا الْتَقَی الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفِهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِي النَّارِ" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا الْقَاتِلُ، فَمَا بَالُ الْمَقْتُوْلِ؟ قَالَ: "إِنَّهُ كَانَ حَرِيْصًا عَلٰی قَتْلِ صَاحِبِهِ"[راجع: ۳۱]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰی﴾ الآية

قانونِ قصاص ودیت

سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۷۸) ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰی، الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْأُنْثٰی بِالْأُنْثٰی، فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَأَدَآءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ، ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ، فَمَنِ اعْتَدٰی بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾: ترجمہ: اے ایمان والو! فرض کیا جاتا ہے تم پر برابری کرنا مقتولین میں: آزاد آزاد کے بدل، غلام غلام کے بدل، اور عورت عورت کے بدل (یہ قانون قصاص ہے) پھر جس کو اس کے بھائی کی طرف سے کچھ معافی مل گئی یعنی مقتول کے ورثاء نے قصاص معاف کردیا، وہ دیت لینے پر راضی ہوگئے تو معقول طریقہ پر پیروی کرنا ہے یعنی دیت کا مطالبہ کرنا ہے، اور خوبی کے ساتھ اس تک دیت پہنچانا ہے، یہ (دیت کا حکم) تمہارے پروردگار کی طرف سے سہولت اور مہربانی ہے، پس جو شخص بعد ازیں حد سے بڑھے اس کے لئے دردناک عذاب ہے"

تفسیر: قصاص کے لغوی معنی: برابری اور مساوات کے ہیں، جاہلیت کا دستور کہ شریف اور رذیل میں امتیاز کرتے تھے لغو ہے، سب جانیں برابر ہیں، آزاد کے بدل وہی آزاد قتل کیا جائے جو قاتل ہے، اور غلام کے بدل وہی غلام قتل کیا جائے جو قاتل ہے، اور عورت کے بدل وہی عورت قتل کی جائے جو قاتل ہے —— پھر اگر مقتول کے وارثوں میں سے کوئی خون معاف کردے تو اب قاتل کو قصاص میں قتل نہیں کرسکتے، پھر اگر بلا معاوضہ معاف کیا ہے تو کچھ مطالبہ نہیں رہا، اور دیت یا

بطور مصالحت کسی مقدار مال پر معاف کیا ہے تو مقتول کے ورثاء کو چاہئے کہ قاتل سے دیت کا معقول طریقہ پر مطالبہ کریں، اور قاتل کو چاہئے کہ ممنونیت اور خوش دلی کے ساتھ ادا کرے ـــــ یہ قتلِ عمد میں قصاص معاف کرنا اور دیت لینا اللہ کی طرف سے سہولت اور مہربانی ہے، پہلے یہ سہولت نہیں تھی، یہود پر قصاص لینا اور نصاری پر عفو و دیت لینا لازم تھا ـــــ پھر عفو یا دیت لینے کے بعد کوئی قاتل کو قتل کرے تو اس کے لئے دنیا و آخرت میں سخت سزا ہے، دنیا میں قصاصاً قتل کیا جائے گا یا آخرت میں دوزخ میں جائے گا۔

ملحوظہ: اس باب میں کوئی حدیث نہیں، اگلے ابواب اسی آیت کی تفسیر ہیں۔

[۳-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى﴾ الآية [البقرة:۱۷۸]

بَابُ سُؤَالِ الْقَاتِلِ حَتّٰى يُقِرَّ، وَالإِقْرَارِ فِي الْحُدُوْدِ

قاتل سے قتل کا اقرار کرانا، اور حدود میں جرم کا اقرار کرنا

قتل میں اگر لوث (غیر واضح ثبوت وشبہ) ہو تو قاتل سے تفتیش کی جائے گی، اگر وہ اقرار کرے اور کوئی واضح قرینہ بھی ہو تو وہ قصاصاً قتل کیا جائے گا، ایک باندی کو ایک یہودی نے زیور کے لالچ میں پتھر سے سر کچل کر مار دیا تھا، اتفاق سے وہ مری نہیں تھی، اس سے نزعی بیان لیا گیا، اس نے جس قاتل کے لئے اشارہ کیا اس کو ریمانڈ پر لیا گیا، اس نے قتل کا اقرار کیا، اور زیور بھی برآمد ہو گیا تو اس کو قصاصاً قتل کیا گیا، اور باب کا دوسرا جزء پہلے جزء کی دلیل کے طور پر لایا گیا ہے کہ حدود کا معاملہ نازک ہے، تاہم کوئی جرم کا اقرار کرے اور اس پر مصر رہے تو اس پر حد جاری کی جاتی ہے، پس جو قتل کا اقرار کرے وہ بدرجہ اولیٰ مجرم قرار پائے گا۔

[٤-] بَابُ سُؤَالِ الْقَاتِلِ حَتّٰى يُقِرَّ، وَالإِقْرَارِ فِي الْحُدُوْدِ

[٦٨٧٦-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ يَهُوْدِيًّا رَضَّ رَأْسَ جَارِيَةٍ بَيْنَ حَجَرَيْنِ، فَقِيْلَ لَهَا: مَنْ فَعَلَ بِكِ هٰذَا؟ فُلَانٌ أَوْ فُلَانٌ؟ حَتّٰى سُمِّيَ الْيَهُوْدِيُّ، فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يَزَلْ بِهِ حَتّٰى أَقَرَّ بِهِ، فَرُضَّ رَأْسُهُ بِالْحِجَارَةِ. [راجع: ۲٤۱۳]

بَابٌ: إِذَا قَتَلَ بِحَجَرٍ أَوْ بِعَصًا

جب پتھر یا لاٹھی سے قتل کیا (تو قصاص لیا جائے گا)

قتل بالمُثَقَّل (کسی ایسی بھاری چیز سے مارنا جو ہتھیار نہ ہو) قتل عمد ہے یا شبہ عمد؟ قصاص صرف قتل عمد میں ہے، شبہ عمد

میں نہیں، امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہ شبہ عمد ہے، اور ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک قتل عمد ہے، پس امام اعظم کے نزدیک قصاص نہیں اور قاتل کا قتل سیاسۃً ہے، اور جمہور کے نزدیک قصاص ہے۔

یہاں دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ قصاص بالسیف ہے یا بالمثل؟ یعنی قاتل کی صرف گردن اڑائی جائے گی یا اس نے قتل جس طرح کیا ہے اسی طریقہ سے اس کو قتل کیا جائے گا؟ احناف کے نزدیک صرف سر قلم کیا جائے گا، ان کی دلیل ابن ماجہ کی روایت ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: لاقَوَدَ إلا بالسَّيْفِ: قصاص صرف تلوار سے لیا جائے۔ اور امام شافعی وغیرہ کے نزدیک قصاص بالمثل ہے مثلاً ایک شخص نے کسی کو کنویں میں پھینک دیا اور وہ مر گیا تو قاتل کو بھی کنویں میں ڈالا جائے گا، مگر جب ان سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی شخص کسی چھوٹے بچے سے اغلام کرے اور وہ مر جائے تو کیا وہاں بھی مماثلت ہوگی؟ تو انھوں نے کہا: توبہ! توبہ!!

پس اصل سمجھنے کی بات یہ ہے کہ مذکورہ حدیث قصاص میں دوٹوک نہیں ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے جو اس یہودی کو قتل کرایا ہے وہ قصاص بھی ہوسکتا ہے اور سیاست بھی، اگر امیر ملک کے مفاد میں کسی کو شریعت کی مقرر کردہ سزاؤں کے علاوہ کوئی سزا دینا چاہے تو اس کا نام سیاست ہے اور امیر کو اس کا اختیار ہے، وہ سزائیں ہلکی بھاری کرسکتا ہے، پس نبی ﷺ نے جو اس یہودی کا سر دو پتھروں کے بیچ میں رکھ کر کچلوایا تھا وہ قصاص تھا یا سیاست؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ کے نزدیک قصاص تھا، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: قتل بالمثقل قتل عمد ہے اور قصاص میں مماثلت ضروری ہے، اور امام اعظمؒ فرماتے ہیں: احتمال ہے کہ آپؐ نے اس یہودی کو سیاستاً قتل کرایا ہو، اور شبہ عمد میں بلکہ قتل خطا میں بھی امیر سیاستاً قتل کرسکتا ہے، پس اس حدیث کی وجہ سے قتل بالمثقل کو قتل عمد قرار دینا اور مماثلت کا قول کرنا محل نظر ہے، غرض اس حدیث کو امام اعظم رحمہ اللہ کے مقابلہ میں پیش نہیں کیا جاسکتا۔ واللہ اعلم

[٥-] بَابٌ: إِذَا قَتَلَ بِحَجَرٍ أَوْ بِعَصًا

[٦٨٧٧-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ جَدِّهِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَرَجَتْ جَارِيَةٌ عَلَيْهَا أَوْضَاحٌ بِالْمَدِيْنَةِ، قَالَ: فَرَمَاهَا يَهُوْدِيٌّ بِحَجَرٍ، قَالَ: فَجِيْءَ بِهَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَبِهَا رَمَقٌ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فُلاَنٌ قَتَلَكِ؟" فَرَفَعَتْ رَأْسَهَا، فَأَعَادَ عَلَيْهَا، قَالَ: "فُلاَنٌ قَتَلَكِ؟" فَرَفَعَتْ رَأْسَهَا، فَقَالَ لَهَا فِي الثَّالِثَةِ: "فُلاَنٌ قَتَلَكِ؟" فَخَفَضَتْ رَأْسَهَا، فَدَعَا بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَتَلَهُ بَيْنَ الْحَجَرَيْنِ. [راجع: ٢٤١٣]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ﴾ الآيَةَ

قصاص میں تمام جانیں برابر ہیں

سورۃ المائدۃ (آیت ۴۵) میں ہے: "ہم نے یہود پر تورات میں فرض کیا تھا کہ جان کے بدلے جان لی جائے" (اس

میں آزاد، غلام، مسلمان، ذمی، مرد، عورت، چھوٹا، بڑا، شریف، رذیل، بادشاہ اور رعیت سب آ گئے، البتہ اپنے مملوکہ غلام اور اپنی اولاد کے قصاص میں نہ مارا جانا اجماع امت اور حدیث سے ثابت ہے، اور حدیث میں بھی النفس بالنفس ہے۔

[٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ﴾ الآيَةَ

[٦٨٧٨-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَايَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ: النَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالثَّيِّبُ الزَّانِیْ، وَالْمُفَارِقُ لِدِيْنِهِ التَّارِكُ الْجَمَاعَةَ"

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کسی ایسے مسلمان کو قتل کرنا جائز نہیں جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں، مگر تین باتوں میں سے کسی ایک بات کی وجہ سے: جان کے بدلہ میں جان، اور شادی شدہ زنا کار، اور اپنے دین سے جدا ہونے والا، جماعت مسلمین کو چھوڑنے والا"

تشریح: مرتد کا قتل اسلام پر مجبور کرنے کے لئے نہیں، کیونکہ ارشاد پاک ہے: ﴿لَا إِكْرَاهَ فِی الدِّيْنِ﴾: دین میں زبردستی نہیں چنانچہ مرتد عورت کو قتل نہیں کیا جاتا، گھر میں نظر بند کیا جاتا ہے، اگر ارتداد کی وجہ سے قتل ہوتا تو مرتدہ کو بھی قتل کیا جاتا، بلکہ مرتد کا قتل: فتنہ روکنے کے لئے ہے، چونکہ اسلام میں جیل کی سزا نہیں اور مرد کو نظر بند رکھنا اس کے موضوع کے خلاف ہے پس اس کو چلنے پھرنے کی آزادی ہوگی، اس لئے وہ لوگوں کے ذہن بگاڑے گا اور فتنہ میں مبتلا کرے گا اس لئے اس کو قتل کرنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ﴾ یعنی فتنہ: قتل سے سنگین بات ہے، اس لئے فتنہ روکنے کے لئے مرتد کو قتل کیا جاتا ہے۔

بَابُ مَنْ أَقَادَ بِحَجَرٍ

ایک رائے یہ ہے کہ قصاص پتھر سے لیا جائے

امام شافعیؒ کے نزدیک: قصاص بالمثل ہے، قاتل نے جس طرح قتل کیا ہے اسی طرح اس کو قتل کیا جائے گا، اور احناف کے نزدیک: تلوار سے سر قلم کیا جائے گا، یہ مسئلہ ابھی باب ۵ میں تفصیل سے آ گیا ہے۔ امام صاحب نے اپنی رائے محفوظ رکھی ہے۔

[٧-] بَابُ مَنْ أَقَادَ بِحَجَرٍ

[٦٨٧٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ يَهُوْدِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلٰى أَوْضَاحٍ لَهَا، فَقَتَلَهَا بِحَجَرٍ، فَجِیْءَ بِهَا إِلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

وَبِهَا رَمَقٌ فَقَالَ: " أَقَتَلَكِ فُلاَنٌ؟ " فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا أَنْ لاَ، ثُمَّ قَالَ الثَّانِيَةَ، فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا أَنْ لاَ، ثُمَّ سَأَلَهَا الثَّالِثَةَ فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا أَنْ نَعَمْ، فَقَتَلَهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِحَجَرَيْنِ. [راجع: ۲۴۱۳]

بَابٌ: مَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ

قتل عمد میں مقتول کے ورثاء کو دو مفید باتوں میں اختیار ہے: قصاص لیں یا دیت

امام شافعی، امام احمد اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک: مقتول کے ورثاء کامل اختیار رکھتے ہیں کہ چاہیں تو قصاص لیں اور چاہیں تو دیت لیں، قاتل کسی بات سے انکار نہیں کرسکتا۔ اور امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک: ناقص اختیار ہے، قصاص لینے کا تو ان کو حق ہے، مگر دیت قاتل کی رضامندی سے لے سکتے ہیں، پہلی حدیث میں جو بخیر النظرین ہے: اس میں اختلاف ہوا ہے کہ یہ خیار ناقص ہے یا تام، پس حدیث نہ کسی کے موافق ہے نہ مخالف!

[۸-] بَابٌ: مَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ

[۶۸۸۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ خُزَاعَةَ قَتَلُوْا رَجُلاً، وَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ رَجَاءٍ: حَدَّثَنَا حَرْبٌ، عَنْ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أَنَّهُ عَامَ فَتْحِ مَكَّةَ قَتَلَتْ خُزَاعَةُ رَجُلاً مِنْ بَنِيْ لَيْثٍ بِقَتِيْلٍ لَهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: " إِنَّ اللهَ حَبَسَ عَنْ مَكَّةَ الْفِيْلَ وَسَلَّطَ عَلَيْهِمْ رَسُوْلَهُ وَالْمُؤْمِنِيْنَ، أَلاَ وَإِنَّهَا لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِيْ، وَلاَ تَحِلُّ لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِيْ، أَلاَ وَإِنَّهَا أُحِلَّتْ لِيْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، أَلاَ وَإِنَّهَا سَاعَتِيْ هٰذِهِ حَرَامٌ، لاَ يُخْتَلٰى شَوْكُهَا، وَلاَ يُعْضَدُ شَجَرُهَا، وَلاَ تُلْتَقَطُ سَاقِطَتُهَا إِلاَّ لِمُنْشِدٍ، وَمَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيْلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ: إِمَّا يُوْدَى وَإِمَّا يُقَادُ " فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ، يُقَالُ لَهُ أَبُوْ شَاهٍ، فَقَالَ: اكْتُبْ لِيْ يَارَسُوْلَ اللهِ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " اكْتُبُوْا لِأَبِيْ شَاهٍ " ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِلاَّ الإِذْخِرَ، فَإِنَّا نَجْعَلُهُ فِيْ بُيُوْتِنَا وَقُبُوْرِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِلاَّ الإِذْخِرَ "

وَتَابَعَهُ عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ شَيْبَانَ: فِي الْفِيْلِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَنْ أَبِيْ نُعَيْمٍ: الْقَتْلَ. وَقَالَ عُبَيْدُ اللهِ: إِمَّا أَنْ يُقَادَ أَهْلُ الْقَتِيْلِ. [راجع: ۱۱۲]

آئندہ روایت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بنی اسرائیل (یہود) میں قصاص تھا، دیت نہیں تھی، پس اللہ تعالیٰ نے اس امت کے لئے آسانی کی، اور سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۷۸) نازل کی کہ قصاص معاف کرکے دیت بھی لے سکتے ہیں، پس مقتول کے ورثاء کو چاہئے کہ معقول طریقہ پر دیت کا مطالبہ کریں، اور قاتل کو چاہئے کہ ممنونیت کے ساتھ

دیت ادا کرے (مگر دیت دس لاکھ ہے قاتل دے سکتا ہو تو جان بچائے گا، ورنہ کہاں سے لاکر دے گا؟)

[۶۸۸۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ فِيْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ قِصَاصٌ، وَلَمْ تَكُنْ فِيْهِمُ الدِّيَةُ، فَقَالَ اللّٰهُ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ: ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى﴾ إِلٰى هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيْهِ شَيْئٌ﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَالْعَفْوُ: أَنْ يَقْبَلَ الدِّيَةَ فِي الْعَمْدِ، قَالَ: ﴿وَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ﴾: أَنْ يُطْلَبَ بِمَعْرُوْفٍ وَيُؤَدِّى بِإِحْسَانٍ. [راجع: ۴۴۹۸]

بَابُ مَنْ طَلَبَ دَمَ امْرِئٍ بِغَيْرِ حَقٍّ

ناحق کسی کے خون کے درپے ہونا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تین شخص اللہ تعالیٰ کو بہت مبغوض ہیں: (۱) حق سے منحرف ہوکر حرم شریف میں بے بنیاد باتیں کرنے والا (۲) اسلام میں جاہلی ریت چاہنے والا (۳) ناحق کسی کے خون کے پیچھے پڑا ہوا، تاکہ اس کو بہائے''

[۹-] بَابُ مَنْ طَلَبَ دَمَ امْرِئٍ بِغَيْرِ حَقٍّ

[۶۸۸۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ ابْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' أَبْغَضُ النَّاسِ إِلَى اللّٰهِ ثَلَاثَةٌ: مُلْحِدٌ فِي الْحَرَمِ، وَمُبْتَغٍ فِي الإِسْلَامِ سُنَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ، وَمُطَّلِبُ دَمِ امْرِئٍ بِغَيْرِ حَقٍّ لِيُهْرِيْقَ دَمَهُ''

بَابُ الْعَفْوِ فِي الْخَطَأِ بَعْدَ الْمَوْتِ

قتل خطا میں مقتول کے مرنے کے بعد دیت معاف کرنا

قتل خطا میں جب تک زخمی زندہ ہے دیت معاف کرنے کے کوئی معنی نہیں، کیونکہ ابھی دیت واجب نہیں ہوئی، پھر جب زخمی مر گیا تو دیت ثابت ہوگئی، اب اگر ورثاء دیت معاف کردیں تو معافی درست ہے۔ غزوۂ احد میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے والد حضرت یمان رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے ہاتھوں غلطی سے قتل ہوگئے تھے، نبی ﷺ نے ان کی دیت دینی چاہی تھی، مگر انھوں نے نہیں لی، معاف کردی۔

[۱۰-] بَابُ الْعَفْوِ فِي الْخَطَأِ بَعْدَ الْمَوْتِ

[۶۸۸۳-] حدثنا فَرْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مَرْوَانَ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ زَكَرِيَّاءَ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

صَرَخَ إِبْلِيْسُ يَوْمَ أُحُدٍ فِي النَّاسِ: يَا عِبَادَ اللّٰهِ! أُخْرَاكُمْ، فَرَجَعَتْ أَوْلَاهُمْ عَلٰى أُخْرَاهُمْ حَتّٰى قَتَلُوْا الْيَمَانَ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: أَبِيْ أَبِيْ!! فَقَتَلُوْهُ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ! قَالَ: وَقَدْ كَانَ انْهَزَمَ مِنْهُمْ قَوْمٌ حَتّٰى لَحِقُوْا بِالطَّائِفِ. [راجع: ۳۲۹۰]

وضاحت: أخراکم: اے اللہ کے بندو! تمہارے پیچھے! مسلمان سمجھے پیچھے دشمن آ گئے، حالانکہ پیچھے بھی مسلمان ہی تھے چنانچہ انھوں نے پیچھے والوں سے لڑنا شروع کردیا...... **قولہ:** وقد کان انھزم إلخ کا مطلب سمجھ میں نہیں آیا، یہ جملہ اسی جگہ ہے یہ حدیث چار جگہ پہلے آچکی ہے اور ایک جگہ آگے آئے گی، کہیں یہ جملہ نہیں ہے۔ فیض الباری میں بھی یہی ہے (۴۶۰:۴)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً﴾ الآية

قتل خطا اور اس کے احکام

سورۃ النساء کی (آیت ۹۲) ہے: ﴿وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً، وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلٰى أَهْلِهِ إِلَّا أَنْ يَصَّدَّقُوْا، فَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ، وَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ إِلٰى أَهْلِهِ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ، فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِنَ اللّٰهِ، وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا﴾:

ترجمہ: اور کسی مسلمان کا کام نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو قتل کرے، لیکن غلطی سے (ہوسکتا ہے) اور جو شخص کسی مسلمان کو غلطی سے قتل کرے تو ایک مسلمان بردہ آزاد کرے، اور مقتول کے خاندان والوں کو خوں بہا پہنچائے، مگر یہ کہ وہ لوگ معاف کردیں، پس اگر مقتول ایسی قوم سے ہو جو تمہارے مخالف ہیں اور وہ خود مسلمان ہو تو ایک مسلمان بردہ آزاد کرے، اور اگر وہ ایسی قوم سے ہو کہ تم میں اور ان میں ناجنگ معاہدہ ہے تو خون بہا مقتول کے خاندان والوں کو پہنچائے، اور ایک مسلمان بردہ آزاد کرے، پس جو شخص بردہ نہ پائے تو دو ماہ کے مسلسل روزے رکھے، گناہ بخشوانے کے طور پر اللہ تعالیٰ سے، اور اللہ تعالیٰ جاننے والے حکمت والے ہیں۔

تفسیر: غلطی سے قتل کرنے کی مختلف صورتیں ہوسکتی ہیں: (۱) شکار سمجھ کر گولی چلائی اور وہ کوئی مسلمان تھا (۲) شکار پر گولی چلائی اور وہ کسی مسلمان کے جالگی، (۳) کوئی مسلمان کافروں کے لشکر میں تھا، اس کو کافر سمجھ کر قتل کیا —— قتل خطا کے دو حکم ہیں: (۱) مسلمان غلام یا باندی کو آزاد کرنا، اور اس کو نہ پائے تو مسلسل دو ماہ کے روزے رکھنا، (۲) مقتول کے وارثوں کو خون کی قیمت ادا کرنا، یہ معاف کرنے سے معاف ہوسکتا ہے، اور کفارہ کسی صورت میں معاف نہیں ہوسکتا —— پھر تین صورتیں ہیں: مقتول مسلمان کے وارث مسلمان ہیں یا کافر؟ (۱) اگر مسلمان ہیں تو دیت دینی ہوگی (۲) کافر ہیں اور معاہد ہیں تو بھی دیت دینی ہوگی (۳) کافر حربی ہیں تو دیت لازم نہیں۔

ملحوظہ: اس باب میں کوئی حدیث نہیں، یہ جنرل باب ہے، آگے آنے والے ابواب اس باب کی شرح ہیں۔

[۱۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تعَالٰی: ﴿وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً﴾ الآية

بَابٌ: إِذَا أَقَرَّ بِالْقَتْلِ مَرَّةً قُتِلَ بِهِ

ایک مرتبہ قتل کا اقرار کافی ہے

زنا کی طرح قتل کا چار مرتبہ اقرار ضروری نہیں، ایک مرتبہ اقرار بھی سزا دینے کے لئے کافی ہے، جس باندی کو یہودی نے قتل کیا تھا، اس کے اقرار پر اس کو قتل کیا گیا، اس روایت میں محض اقرار کا ذکر ہے، پس ایک مرتبہ اقرار بھی کافی ہے۔

ملحوظہ: پولیس کے سامنے مجرم جو اقرار کرتا ہے وہ کافی نہیں، کیونکہ پولیس کے سامنے تو آدمی کبھی سختی سے بچنے کے لئے بھی اقرار کرتا ہے، جج کے سامنے اقرار کرے تو سزا دی جائے گی۔

[۱۲-] بَابٌ: إِذَا أَقَرَّ بِالْقَتْلِ مَرَّةً قُتِلَ بِهِ

[۶۸۸۴-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حَبَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ يَهُوْدِيًّا رَضَّ رَأْسَ جَارِيَةٍ بَيْنَ حَجَرَيْنِ، فَقِيْلَ لَهَا: مَنْ فَعَلَ بِكِ هٰذَا؟ أَفُلَانٌ؟ أَفُلَانٌ؟ حَتّٰى سُمِّيَ الْيَهُوْدِيُّ، فَأَوْمَتْ بِرَأْسِهَا، فَجِيْءَ بِالْيَهُوْدِيِّ فَاعْتَرَفَ، فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَرُضَّ رَأْسُهُ بِالْحِجَارَةِ، وَقَدْ قَالَ هَمَّامٌ بِحَجَرَيْنِ. [راجع: ۲۴۱۳]

بَابُ قَتْلِ الرَّجُلِ بِالْمَرْأَةِ

عورت کے بدلہ میں مرد کو قتل کرنا

یہ اجماعی مسئلہ ہے، عورت کے قصاص میں مرد کو قتل کریں گے، اگرچہ عورت ناقص ہے، باب کی حدیث میں باندی کے قصاص میں یہودی مرد کو قتل کیا گیا، مگر یہاں اشکال ہے، امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک: غلام کے قصاص میں آزاد کو قتل نہیں کیا جاتا، جلالین میں ہے: ﴿الْحُرُّ﴾ یقتل ﴿بِالْحُرِّ﴾ ولا یقتل بالعبد: پس حدیث کو سیاست پر محمول کرنے کے علاوہ چارہ کیا ہے؟

[۱۳-] بَابُ قَتْلِ الرَّجُلِ بِالْمَرْأَةِ

[۶۸۸۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَتَلَ يَهُوْدِيًّا بِجَارِيَةٍ قَتَلَهَا عَلٰى أَوْضَاحٍ لَهَا. [راجع: ۲۴۱۳]

بَابُ الْقِصَاصِ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ فِي الْجِرَاحَاتِ

زخموں میں مردوں اور عورتوں کے درمیان قصاص

ائمہ مالک وشافعی و بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک: قطع اعضاء اور جراحات میں مردوں اور عورتوں کے درمیان قصاص ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک باہم مرد وزن میں قصاص نہیں، البتہ درمختار میں ہے کہ ناقص سے کامل کا قصاص لیا جائے گا (بیان القرآن)

دلائل:

۱-سورۃ المائدۃ (آیت ۴۵) میں ہے: ''اور ہم نے یہود پر تورات میں فرض کیا تھا کہ جان کے بدلے جان لی جائے، اور آنکھ کے بدلے آنکھ، اور ناک کے بدلے ناک، اور کان کے بدلے کان، اور دانت کے بدلے دانت، اور خاص زخموں میں بھی قصاص (بدلہ) ہے'' —— یہ آیت مطلق ہے پس مرد وزن کے درمیان میں بھی قصاص ہوگا، قصاص کے معنی ہیں: برابری، پس جن زخموں میں برابری ممکن ہے ان میں قصاص ہوگا، مرد وزن کا فرق نہیں کیا جائے گا۔

اور حنفیہ کہتے ہیں: آیت میں صرف ظاہری برابری مراد نہیں، معنوی برابری بھی مراد ہے، اور مرد وزن کی دیت برابر نہیں، عورت کی دیت مرد کی دیت سے آدھی ہے، اسی طرح جراحات کی دیت بھی آدھی ہے، پس معنوی برابری نہیں، اس لئے قصاص نہیں لیا جائے گا، حکومتِ عدل ہوگی، جیسے غلام اور آزاد کے درمیان جراحات میں قصاص نہیں، کیونکہ اعضاء کی دیت یکساں نہیں، اختلاف کی بنیاد یہ نقطہ ہے، اور کوئی دلیل اس کے خلاف نہیں۔

۲-اہل علم نے کہا: مرد عورت کے بدل قتل کیا جائے گا، یعنی نفس کے قصاص میں مرد کو عورت کے بدل قتل کیا جاتا ہے، حالانکہ عورت ناقص ہے، پس اعضاء میں بھی قصاص ہوگا، اگرچہ عورت کے اعضاء کی دیت کم ہے —— احناف کہتے ہیں: اعضاء کے ساتھ مال کا معاملہ کیا گیا ہے، پس جروح کو نفس پر قیاس کرنا درست نہیں۔

۳-حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ عورت کا مرد سے قصاص لیا جائے ہر عمد میں، پہنچے وہ نفس کو، اور جو اس سے نیچے ہے زخموں میں سے یعنی نفس اور مادون النفس: دونوں میں اگر قصداً قتل وقطع ہوا ہو تو قصاص لیا جائے —— مگر حاشیہ میں ہے کہ یہ روایت صحیح نہیں، یہ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ قاضی شریح سے نقل کرتے ہیں، اور نخعی کا شریح سے سماع نہیں، امام بخاریؒ نے بھی اس کو بصیغۂ تمریض بیان کیا ہے۔

۴-یہی رائے حضرات عمر بن عبدالعزیزؒ، ابراہیم نخعیؒ اور ابوالزنادؒ کے اساتذہ کی ہے —— یہ سب حضرات تابعین ہیں، اور تابعین کی رائیں مجتہدین پر حجت نہیں۔

۵-رُبَیِّع کی بہن نے ایک انسان (مرد) کو زخمی کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قصاص کا فیصلہ کیا —— یہ تو بے پَر کی اڑائی ہے، صحیح

روایت آگے (حدیث ۶۸۹۴) آرہی ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی پھوپی ربیعؓ نے ایک لڑکی کو تھپڑ مارا تھا، جس سے اس کا دانت ٹوٹ گیا تھا، اس واقعہ میں نبی ﷺ نے قصاص کا فیصلہ کیا تھا۔

حدیث: پہلے گذری ہے۔ مرض موت میں گھر والوں نے منع کرنے کے باوجود لدود کیا تو آپؐ نے سب کا لدود کروایا (تحفۃ القاری ۸:۵۵۹) یہ جروح میں قصاص کا واقعہ نہیں، پس اس سے استدلال کے کیا معنی؟

[۱۴-] بَابُ الْقِصَاصِ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ فِي الْجِرَاحَاتِ

[۱-] وَقَالَ أَهْلُ الْعِلْمِ: يُقْتَلُ الرَّجُلُ بِالْمَرْأَةِ.

[۲-] وَيُذْكَرُ عَنْ عُمَرَ: تُقَادُ الْمَرْأَةُ مِنَ الرَّجُلِ فِي كُلِّ عَمْدٍ يَبْلُغُ نَفْسَهُ فَمَا دُوْنَهَا مِنَ الْجِرَاحِ.

[۳-] وَبِهِ قَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَإِبْرَاهِيْمُ وَأَبُوْ الزِّنَادِ عَنْ أَصْحَابِهِ.

[۴-] وَجَرَحَتْ أُخْتُ الرُّبَيِّعِ إِنْسَانًا فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْقِصَاصُ"

[۶۸۸۶-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ أَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَدَدْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَرَضِهِ، فَقَالَ: "لَا تَلُدُّوْنِيْ" فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةُ الْمَرِيْضِ الدَّوَاءَ، فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ: "لَا يَبْقَى أَحَدٌ مِنْكُمْ إِلَّا لُدَّ غَيْرُ الْعَبَّاسِ فَإِنَّهُ لَمْ يَشْهَدْكُمْ" [راجع: ۴۴۵۸]

بَابُ مَنْ أَخَذَ حَقَّهُ أَوِ اقْتَصَّ دُوْنَ السُّلْطَانِ

ایک رائے یہ ہے کہ آدمی اپنا حق یا قصاص خود لے سکتا ہے، حکومت میں معاملہ لے جانا ضروری نہیں

ابن بطال رحمہ اللہ کہتے ہیں: اربابِ فتوی اس پر متفق ہیں کہ قصاص خود نہیں لے سکتا، معاملہ کورٹ میں لے جانا ضروری ہے، البتہ آقا غلام کو حد مار سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، اور مالی حق لے سکتا ہے، جبکہ مَن علیہ الحق منکر ہو، اور گواہ نہ ہوں، اور باب کی حدیث سے استدلال درست نہیں، اس میں لوگوں کی پردہ کی باتوں سے واقف ہونے پر وعید ہے (حاشیہ)

حدیث: نحن الآخرون: صحیفہ ہمام بن منبہ کا سرنامہ ہے، اس صحیفہ میں یہ حدیث ہے: "اگر تیرے گھر میں کوئی جھانکے، اور تو نے اس کو اجازت نہ دی ہو، پس تو نے اس کو کنکری ماری اور اس کی آنکھ پھوڑ دی تو تجھ پر کوئی گناہ نہیں" ——— اور دوسری حدیث فعلی ہے: ایک شخص نے نبی ﷺ کے گھر میں جھانکا، پس نبی ﷺ نے چوڑے پھل کے نیزے سے اس پر سختی کی یعنی مارنا چاہا۔

[۱۵-] بَابُ مَنْ أَخَذَ حَقَّهُ أَوِ اقْتَصَّ دُوْنَ السُّلْطَانِ

[۶۸۸۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، أَنَّ الْأَعْرَجَ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ”نَحْنُ الآخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ“
[راجع: ۲۳۸]

[۶۸۸۸-] وَبِإِسْنَادِهِ: ”لَوِ اطَّلَعَ فِي بَيْتِكَ أَحَدٌ وَلَمْ تَأْذَنْ لَهُ، خَذَفْتَهُ بِحَصَاةٍ، فَفَقَأْتَ عَيْنَهُ، مَا كَانَ عَلَيْكَ مِنْ جُنَاحٍ“[طرفه: ۶۹۰۲]

[۶۸۸۹-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ حُمَيْدٍ: أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ فِي بَيْتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَسَدَّدَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِشْقَصًا. فَقُلْتُ: مَنْ حَدَّثَكَ؟ قَالَ: أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ.
[راجع: ۶۲۴۲]

قوله: فشدَّدَ: گیلری میں فَسَدَّد (چھوٹی سین کے ساتھ) ہے، یعنی سیدھا کیا، اب مشقصا: مفعول ہوگا، یہ نسخہ زیادہ بہتر ہے۔

بَابٌ: إِذَا مَاتَ فِي الزِّحَامِ أَوْ قُتِلَ

جب بھیڑ میں مرجائے یا مارا جائے

إذا: کی جزاء ذکر نہیں کی، اور قُتل کا باب میں اضافہ حدیث سے استدلال کرنے کے لئے ہے، مگر استدلال صحیح نہیں، سعودیہ میں حج کے موقعہ پر جمرات کی رمی کرتے ہوئے اور دوسرے بھیڑ کے مواقع میں بھگدڑ مچتی ہے، اور لوگ پیروں میں کچل جاتے ہیں، ان کو کوئی مارتا نہیں: ان کا خون رائگاں ہے —— اور مارا جائے تو اس کی دو صورتیں ہیں: بالقصد مارا گیا یا غلطی سے، پہلی صورت میں قصاص اور دوسری صورت میں دیت واجب ہوگی، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے والد یمانؓ غزوۂ احد میں غلطی سے مارے گئے تھے، نبی ﷺ نے ان کی دیت دینی چاہی تھی، مگر حضرت حذیفہؓ نے نہیں لی تھی، اسد الغابہ، تذکرہ حسیل بن جابر (والد حذیفہؓ) میں اس کی صراحت ہے۔

[۱۶-] بَابٌ: إِذَا مَاتَ فِي الزِّحَامِ أَوْ قُتِلَ

[۶۸۹۰-] حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: هِشَامٌ أَخْبَرَنَا عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ هُزِمَ الْمُشْرِكُوْنَ فَصَاحَ إِبْلِيْسُ: أَيْ عِبَادَ اللّٰهِ أُخْرَاكُمْ، فَرَجَعَتْ أُوْلَاهُمْ، فَاجْتَلَدَتْ هِيَ وَأُخْرَاهُمْ، فَنَظَرَ حُذَيْفَةُ فَإِذَا هُوَ بِأَبِيْهِ الْيَمَانِ فَقَالَ: أَيْ عِبَادَ اللّٰهِ أَبِيْ أَبِيْ!! قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ

مَا احْتَجَزُوْا حَتّٰى قَتَلُوْهُ قَالَ حُذَيْفَةُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ! قَالَ عُرْوَةُ: فَمَا زَالَتْ فِيْ حُذَيْفَةَ مِنْهُ بَقِيَّةٌ حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ.[راجع: ۳۲۹۰]

بَابٌ: إِذَا قَتَلَ نَفْسَهُ خَطَأً فَلَا دِيَةَ لَهُ

اگر کوئی خود کو غلطی سے قتل کردے تو اس کے لئے کوئی دیت نہیں

امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک: عاقلہ پر دیت واجب ہوگی، پھر وہ زندہ رہا تو خود دیت لے گا، اور مر گیا تو ورثاء لیں گے، کیونکہ اسلامی حکومت میں کوئی خون رائگاں نہیں جاتا، اور جمہور کے نزدیک: کوئی دیت نہیں، حضرت سلمۃ بن عمرو بن الاکوعؓ کے چچا عامر بن الاکوعؓ کو جنگِ خیبر میں اپنی ہی تلوار گھٹنے میں لگی تھی، جس سے وہ شہید ہوگئے تھے، ان کی کوئی دیت ان کے عاقلہ وغیرہ پر نہیں ڈالی گئی۔

[۱۷-] بَابٌ: إِذَا قَتَلَ نَفْسَهُ خَطَأً فَلَا دِيَةَ لَهُ

[۶۸۹۱-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى خَيْبَرَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: أَسْمِعْنَا يَا عَامِرُ مِنْ هُنَيَّاتِكَ، فَحَدَابِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنِ السَّائِقُ؟" قَالُوْا: عَامِرٌ، فَقَالَ:" رَحِمَهُ اللّٰهُ" فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلَّاهُ أَمْتَعْتَنَا بِهِ! فَأُصِيْبَ صَبِيْحَةَ لَيْلَتِهِ فَقَالَ الْقَوْمُ: حَبِطَ عَمَلُهُ، قَتَلَ نَفْسَهُ! فَلَمَّا رَجَعْتُ وَهُمْ يَتَحَدَّثُوْنَ أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ، فَجِئْتُ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فَدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّي، زَعَمُوْا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ! فَقَالَ:" كَذَبَ مَنْ قَالَهَا، إِنَّ لَهُ لَأَجْرَيْنِ اثْنَيْنِ، إِنَّهُ لَجَاهِدٌ مُجَاهِدٌ، وَأَيُّ قَتْلٍ يَزِيْدُهُ عَلَيْهِ؟" [راجع: ۲۴۷۷]

وضاحت: هُنَيَّات: کچھ کلام (حضرت عامرؓ شاعر تھے)...... صَبِيْحَةَ لَيلته: جس رات حُدی پڑھی اسی کی صبح میں ...... فلما رجعت: خیبر سے واپسی میں حضرت سلمہؓ نے کہا...... وَأَی قتل: کونسا قتل ان کے قتل سے بڑھ کر ہے؟

بَابٌ: إِذَا عَضَّ رَجُلًا فَوَقَعَتْ ثَنَايَاهُ

ایک نے دوسرے کو کاٹا، پس کاٹنے والے کے دانت گر گئے

ایک غزوہ میں دونوکروں میں جھگڑا ہوا، ایک نے دوسرے کے ہاتھ پر کاٹا، اس نے جھٹکے سے اپنا ہاتھ چھڑایا، پس کاٹنے والے کا سامنے کا اوپر کا دانت ٹوٹ گیا، اس نے قصاص کا مطالبہ کیا، آپؐ نے اس کو رائگاں کیا، کیونکہ آدمی بچاؤ کے لئے اپنا

ہاتھ کھینچے گا!

[۱۸-] بَابٌ: إِذَا عَضَّ رَجُلاً فَوَقَعَتْ ثَنَايَاهُ

[۶۸۹۲-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ أَوْفَى، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: أَنَّ رَجُلاً عَضَّ يَدَ رَجُلٍ، فَنَزَعَ يَدَهُ مِنْ فِيْهِ، فَوَقَعَتْ ثِنِيَّتَاهُ، فَاخْتَصَمُوْا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: ”يَعَضُّ أَحَدُهُمْ أَخَاهُ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ! لاَدِيَةَ لَكَ“

[۶۸۹۳-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: خَرَجْتُ فِيْ غَزْوَةٍ، فَعَضَّ رَجُلٌ فَانْتَزَعَ ثَنِيَّتَهُ، فَأَبْطَلَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۱۸۴۸]

بَابٌ: السِّنُّ بِالسِّنِّ

دانت کے بدلے دانت

اگر عمداً دانت توڑا تو قصاص واجب ہوگا، باب کی حدیث اس کی دلیل ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اور قرآن میں مصرح ہے، جسم کی دیگر ہڈیوں میں اختلاف ہے، جو حاشیہ میں ہے، احناف کے نزدیک: دوسری ہڈیوں میں قصاص نہیں، کیونکہ برابری ممکن نہیں۔

[۱۹-] بَابٌ: السِّنُّ بِالسِّنِّ

[۶۸۹۴-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ ابْنَةَ النَّضْرِ لَطَمَتْ جَارِيَةً، فَكَسَرَتْ ثَنِيَّتَهَا، فَأَتَوُا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَمَرَ بِالْقِصَاصِ. [راجع: ۲۷۰۳]

بَابُ دِيَةِ الأَصَابِعِ

انگلیوں کی دیت

اگر کوئی شخص بالقصد کسی کی انگلی کاٹ دے تو اس میں قصاص ہے اور اگر دیت پر مصالحت ہوجائے یا خطاءً کاٹی ہو تو ایک انگلی کی دیت دس اونٹ ہیں، اور چھوٹی بڑی سب انگلیاں برابر ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ”ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں کی دیت یکساں ہے اور ایک انگلی کی دیت دس اونٹ ہیں“ دوسری حدیث میں ہے: ”یہ اور یہ یعنی انگوٹھا اور خنصر یکساں ہیں“ جو دیت انگوٹھے کی ہے وہی خنصر کی بھی ہے۔ پس اگر کوئی شخص کسی کے دونوں ہاتھوں اور دونوں پیروں کی سب انگلیاں کاٹ دے تو دوسو اونٹ واجب ہونگے، یہاں مور کی دُم: مور سے بڑھ جاتی ہے۔

[۲۰-] بَابُ دِيَةِ الْأَصَابِعِ

[۶۸۹۵-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "هٰذِهِ وَهٰذِهِ سَوَاءٌ" يَعْنِيْ الْخِنْصَرَ وَالإِبْهَامَ.

حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

بَابٌ: إِذَا أَصَابَ قَوْمٌ مِنْ رَجُلٍ: هَلْ يُعَاقَبُ أَوْ يُقْتَصُّ مِنْهُمْ كُلِّهِمْ؟

ایک قوم نے ایک شخص سے پالیا: تو کیا وہ سزا دیا جائے یا سارے قصاص میں قتل کئے جائیں

أصاب: پالیا، یہ عام ہے: قتل وقطع کو اور اس سے کم کو یعنی سخت تکلیف میں ڈالنا، مارنا، پیٹنا، گالی دینا وغیرہ یا قتل کیا، اور یہ کام چند لوگوں نے مل کر کیا تو کیا سب کو قصاص میں قتل کیا جائے گا؟ حضرتؒ نے حل چلایا ہے، کیونکہ مسئلہ میں اختلاف ہے، حاشیہ دیکھیں، مگر صحابہ کا اجماع ہے اور جمہور علماء متفق ہیں کہ سب کو سزا دی جائے گی اور سب کو قتل کیا جائے گا۔

۱- امام عامر شعبی رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں: دو شخصوں نے ایک شخص کے خلاف گواہی دی کہ اس نے چوری کی ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کا ہاتھ کاٹا، پھر وہ دونوں ایک دوسرے شخص کو لے کر آئے، اور کہا: ہم سے غلطی ہوئی، چور یہ ہے، حضرت علیؓ نے ان کی گواہی باطل کردی یعنی دونوں کو ناقابل شہادت ٹھہرایا، اب کسی معاملہ میں ان کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی (اور دوسرے شخص کا ہاتھ نہیں کاٹا) اور پہلے کے ہاتھ کی ان دونوں سے دیت لی، اور فرمایا: "اگر میں جانتا کہ تم دونوں نے بالقصد جھوٹی گواہی دی ہے تو میں قصاص میں تم دونوں کے ہاتھ کاٹتا" (یہ قطع ید میں شرکت ہے)

۲- ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں: ایک لڑکا دھوکہ سے مارا گیا، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر شہر صنعاء کے سارے لوگ مل کر اس کو قتل کرتے تو میں ان سب کو قصاص میں قتل کرتا، یہ واقعہ وہی ہے جو مغیرۃ بن الحکم نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ چار شخصوں نے مل کر ایک بچہ کو قتل کیا تو حضرت عمرؓ نے مذکورہ بات فرمائی اور سب کے قتل کا حکم صادر فرمایا (یہ قتل میں شرکت کا واقعہ ہے)

قتل وقطع سے کم جنایات میں بدلہ:

۱- حضرات ابوبکر صدیق، عبداللہ بن الزبیر، علی مرتضی اور سوید بن مقرن رضی اللہ عنہم نے تھپڑ مارنے کا بدلہ دیا، یعنی ان حضرات نے کسی کو تھپڑ مارا تو اس سے کہا: بدلہ لیلے (پھر اس نے بدلہ لیا یا نہیں؟ یہ معلوم نہیں)

۲- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کسی کو کوڑا مارا تو بدلہ دیا یعنی اس سے کہا کہ بدلہ میں مجھے کوڑا مارلے۔

۳- ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس کسی جرم کا اقرار کیا، آپؓ نے قَنبَر سے کہا، اسے لے جا اور کوڑے مار، اس نے مارے، پھر جس کو کوڑے مارے گئے تھے وہ آیا اور کہا: مجھے تین کوڑے زائد مارے گئے، حضرت علیؓ نے قَنبَر سے پوچھا، اس نے اقرار کیا کہ تین کوڑے زائد مارے گئے، حضرت علیؓ نے مجلود سے کہا: کوڑا لے اور قنبر کو تین کوڑے مار!

۴- قاضی شریح نے کوڑا مارنے اور نوچنے کا قصاص لیا۔

حدیث: لدود کرنے کروانے کی ہے، منع کرنے کے باوجود گھر والوں نے لدود کیا تو آپؐ نے سب سے بدلہ لیا، تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو سزا نہ دیں، اللہ کی سزا سخت ہوتی ہے۔

[٢١-] بَابٌ: إِذَا أَصَابَ قَوْمٌ مِنْ رَجُلٍ: هَلْ يُعَاقَبُ أَوْ يُقْتَصُّ مِنْهُمْ كُلِّهِمْ؟

[١-] وَقَالَ مُطَرِّفٌ: عَنِ الشَّعْبِيِّ: فِيْ رَجُلَيْنِ شَهِدَا عَلٰى رَجُلٍ أَنَّهُ سَرَقَ فَقَطَعَهُ عَلِيٌّ، ثُمَّ جَاءَا بِآخَرَ، قَالاَ: أَخْطَأْنَا. فَأَبْطَلَ شَهَادَتَهُمَا وَأَخَذَ بِدِيَةِ الْأَوَّلِ، وَقَالَ: لَوْ عَلِمْتُ أَنَّكُمَا تَعَمَّدْتُمَا لَقَطَعْتُكُمَا.

[٦٨٩٦-] قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَقَالَ لِيْ ابْنُ بَشَّارٍ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ غُلاَمًا قُتِلَ غِيْلَةً، فَقَالَ عُمَرُ: لَوِ اشْتَرَكَ فِيْهَا أَهْلُ صَنْعَاءَ لَقَتَلْتُهُمْ، وَقَالَ مُغِيْرَةُ بْنُ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ: إِنَّ أَرْبَعَةً قَتَلُوْا صَبِيًّا، فَقَالَ عُمَرُ مِثْلَهُ.

[١-] وَأَقَادَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَابْنُ الزُّبَيْرِ، وَعَلِيٌّ، وَسُوَيْدُ بْنُ مُقَرِّنٍ مِنْ لَطْمَةٍ.

[٢-] وَأَقَادَ عُمَرُ مِنْ ضَرْبَةٍ بِالدِّرَّةِ.

[٣-] وَأَقَادَ عَلِيٌّ مِنْ ثَلاَثَةِ أَسْوَاطٍ.

[٤-] وَاقْتَصَّ شُرَيْحٌ، مِنْ سَوْطٍ وَخَمْشٍ.

[٦٨٩٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى ابْنُ أَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: لَدَدْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَرَضِهِ، وَجَعَلَ يُشِيْرُ إِلَيْنَا: "لاَ تَلُدُّوْنِيْ" فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةُ الْمَرِيْضِ لِلدَّوَاءِ، فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ: "أَلَمْ أَنْهَكُمْ أَنْ تَلُدُّوْنِيْ؟!" قَالَ: قُلْنَا: كَرَاهِيَةُ الْمَرِيْضِ لِلدَّوَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَ يَبْقَى مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلاَّ لُدَّ، وَأَنَا أَنْظُرُ إِلاَّ الْعَبَّاسَ، فَإِنَّهُ لَمْ يَشْهَدْكُمْ" [راجع: ٤٤٨٥]

بَابُ الْقَسَامَةِ

قتل مجہول میں قسمیں کھلانا

پہلے تحفۃ القاری (۷: ۳۱۷) میں باب آیا ہے: باب القسامة فی الجاهلية، یہاں فی الجاهلية حذف کردیا تو نیا

باب ہوگیا، پھر وہاں ابو طالب کے قسمیں کھلانے کا واقعہ لائے تھے، وہ زمانۂ جاہلیت کا واقعہ تھا، اور یہاں خیبر میں عبداللہ بن سہل کے قتل کا واقعہ لائے ہیں، کیونکہ یہ زمانۂ اسلام کا واقعہ ہے، مسائل اسی سے لئے جائیں گے۔

جاننا چاہئے کہ اسلامی حکومت میں کوئی خون رائگاں نہیں جاتا، اگر کسی بھی صورت سے قاتل کا پتہ نہ چلے تو آخری صورت قسامہ کی ہے، جہاں لاش ملی ہے، اور اس پر قتل کے آثار ہیں تو مقتول کے ورثاء اس جگہ کے پچاس آدمیوں کا انتخاب کریں گے، وہ سب قاضی کے سامنے اللہ کی قسم کھا کر کہیں گے کہ نہ ہم نے قتل کیا نہ ہم قاتل کو جانتے ہیں، کیونکہ اتنی بڑی تعداد میں کوئی نہ کوئی قتل سے واقف ہوگا، پس وہ قاتل کی نشاندہی کرے گا، جھوٹی قسم نہیں کھائے گا، پھر اگر سب قسمیں کھالیں تو بستی والوں پر دیت لازم کی جائے گی۔

اور قسامہ کے ذریعہ فیصلہ کرنے میں مصلحت یہ ہے کہ قتل کبھی مخفی جگہ میں یا تاریک رات میں ہوتا ہے، اور وہاں کوئی دیکھنے والا نہیں ہوتا جو گواہی دے، پس اگر مخفی قتل کو یہ کہہ کر چھوڑ دیا جائے گا کہ گواہ نہیں، تو لوگ قتل پر جری ہوجائیں گے، اور اگر بے دلیل مقتول کے ورثاء کا دعوی مان لیا جائے گا تو ہر کوئی اپنے دشمن پر دعوی ٹھوک دے گا، اس لئے ضروری ہے کہ قسامہ سے فیصلہ کیا جائے۔

اور قسامہ کی علت میں اختلاف ہے، احناف کے نزدیک: اگر کوئی ایسی لاش ملی ہے جس پر زخم کا نشان ہے یا اس کو پیٹا گیا ہے، یا گلا گھونٹا گیا ہے، اور وہ لاش ایسی جگہ ملی ہے، جو کسی قوم کی حفاظت میں ہے، جیسے محلّہ میں یا مسجد میں یا کسی گھر میں یا بستی سے اتنی قریب کہ فریاد کرنے والا چلائے تو آواز لوگوں تک پہنچ سکے، اور اگر لاش پر کوئی نشان نہیں، اور پوسٹ مارٹم کی رپورٹ بھی طبعی موت کی ہے، یا گاؤں سے بہت دور ویرانہ میں لاش ملی ہے تو قسامہ نہیں۔ احناف نے یہ علت باب کی حدیث سے سمجھی ہے، عبداللہ بن سہل کا واقعہ زمانۂ اسلام کا ہے، پس اس سے علت اخذ کرنا اولیٰ ہے۔

اور شوافع کے نزدیک: اگر کوئی شخص مقتول پایا گیا، اور کسی پر شبہ ہے کہ اس نے قتل کیا ہے، اور یہ شبہ یا تو مقتول کے نزعی بیان سے پیدا ہوا ہے یا ناتمام شہادت (ایک کی گواہی) سے یا اس قسم کے کسی اور بات سے پیدا ہوا ہے، مثلاً: قتل کی جگہ سے ایک شخص خون آلود خنجر لے کر نکلا تو قسامہ ہوگا، اور اگر لوث نہیں تو قسامہ نہیں، ان حضرات نے علت ابو طالب کے فیصلہ سے اخذ کی ہے، یہ حدیث تحفۃ القاری (۷: ۳۱۷) میں آئی ہے۔

اور باب قسامہ میں تین مسئلوں میں اختلاف ہے:

پہلا مسئلہ: قسامہ کے لئے لوث (غیر واضح ثبوت، شبہ) ضروری ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک ضروری نہیں، صرف اتنی بات کافی ہے کہ موت حادثاتی ہو، طبعی نہ ہو، اور معین شخص یا معین لوگوں پر شبہ ہونا بھی ضروری نہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: لوث ضروری ہے، یعنی کسی معین شخص یا معین لوگوں پر شبہ ہو کہ انھوں نے قتل کیا ہے تب ان سے قسمیں لی جائیں گی۔

دوسرا مسئلہ: قسامہ میں پہلے مقتول کے ورثاء پچاس قسمیں کھائیں گے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک: مقتول کے ورثاء پر

قسمیں نہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک: پہلے مقتول کے ورثاء پچاس قسمیں کھائیں گے، اگر وہ کسی معین آدمی کے بارے میں عمداً قتل کرنے کی پچاس قسمیں کھالیں تو دیت مغلظہ واجب ہوگی، اور قتل خطا کی قسمیں کھائیں تو دیت مخففہ واجب ہوگی، اور اگر مقتول کے ورثاء قسمیں کھانے سے انکار کریں تو مدعی علیہ یا جہاں لاش ملی ہے وہاں کے لوگ پچاس قسمیں کھائیں گے، اور ان پر دیت مخففہ واجب ہوگی۔

تیسرا مسئلہ: قسامہ سے قصاص ثابت ہوتا ہے یا نہیں؟ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک قصاص ثابت ہوتا ہے، جب مقتول کے ورثاء کسی معین آدمی کے بارے میں پچاس قسمیں کھائیں کہ اس نے عمداً قتل کیا ہے تو قصاص واجب ہوگا، اور دیگر تمام ائمہ کے نزدیک قسامہ سے قصاص ثابت نہیں ہوسکتا، اس سے دیت ہی ثابت ہوتی ہے۔

ملحوظہ: امام بخاریؒ اس مسئلہ میں احناف کے ساتھ ہیں، قسامہ کے قائل ہیں، مگر قسامہ میں قصاص کے قائل نہیں۔

[۲۲-] بَابُ الْقَسَامَةِ

[۱-] وَقَالَ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ: قَالَ لِي النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " شَاهِدَاكَ أَوْ يَمِيْنُهُ"

[۲-] وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: لَمْ يُقِدْ بِهَا مُعَاوِيَةُ.

[۳-] وَكَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ إِلٰى عَدِيِّ بْنِ أَرْطَاةَ، وَكَانَ أَمَّرَهُ عَلَى الْبَصْرَةِ، فِيْ قَتِيْلٍ وُجِدَ عِنْدَ بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِ السَّمَّانِيْنَ: إِنْ وَجَدَ أَصْحَابُهُ بَيِّنَةً، وَإِلَّا فَلَا تَظْلِمِ النَّاسَ، فَإِنَّ هٰذَا لَا يُقْضَى فِيْهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

۱- نبی ﷺ نے حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "تیرے دو گواہ یا اس کی قسم" یعنی مدعی گواہ پیش کرے، ورنہ مدعی علیہ قسم کھائے، اس ضابطہ سے قسامہ میں استدلال کیا ہے کہ جہاں لاش ملی ہے اور قاتل معلوم نہیں وہاں کے لوگوں کو پچاس قسمیں کھلائی جائیں گی، کیونکہ قتل مجہول کی صورت میں مقتول کے ورثاء گواہ پیش نہیں کر سکتے، مگر ان کا شبہ ان لوگوں پر ہوگا جن کے علاقہ میں لاش ملی ہے، پس گویا وہ مدعی علیہم ہیں، اس لئے وہ پچاس قسمیں کھا کر قتل سے بری ہونگے (رہی یہ بات کہ مدعی علیہ تو ایک قسم کھاتا ہے تو یہ دوسری بات ہے)

۲- عبداللہ بن ابی ملیکہؒ کہتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے قسامہ میں قصاص نہیں لیا، أقاد القاتل: مقتول کے بدلہ میں قاتل کو مار ڈالنا۔

۳- حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے اپنے بصرہ کے گورنر عدی بن ارطاۃ کو لکھا اس لاش کے بارے میں جو گھی بیچنے والوں کے ایک گھر کے پاس ملی تھی کہ اگر مقتول کے ورثاء کے پاس گواہ ہوں (تو قصاص لیا جائے) ورنہ آپ لوگوں پر ظلم نہ کریں، کیونکہ یہ ایسا معاملہ ہے جس کا قیامت تک فیصلہ نہیں ہوسکتا (اس سے یہ سمجھ لیا گیا کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ قسامہ

کے قائل نہیں تھے، حالانکہ وہ قسامہ میں قصاص کے قائل نہیں تھے)

آئندہ حدیث: اسی جلد (کتاب الادب، باب ۸۹) میں آئی ہے، اس میں عبداللہ بن سہلؓ کے قتل کا واقعہ ہے: نبی ﷺ نے عبداللہ کے ورثاء سے پوچھا: تم کوئی گواہ پیش کر سکتے ہو کہ یہود نے عبداللہ کو قتل کیا ہے؟ (یہ ورثاء کی پچاس قسموں سے ابتدا کرنا نہیں، یہ تو ورثاء سے ثبوت مانگا ہے) انھوں نے انکار کیا (کہ ہمارے پاس گواہ نہیں) آپؐ نے فرمایا: ''پس یہود (پچاس) قسمیں کھائیں گے (یہی قسامہ ہے) ورثاء نے کہا: ہم ان کی قسموں پر راضی نہیں (وہ تو پاخانہ بھی کھالیں گے!) پس آپؐ نے خون کو رائگاں کرنا مناسب نہیں سمجھا، چنانچہ زکات کے اونٹوں میں سے سو اونٹ دیت کے طور پر دیئے۔

[٦٨٩٨-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، زَعَمَ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ: سَهْلُ بْنُ أَبِيْ حَثْمَةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ نَفَرًا مِنْ قَوْمِهِ انطَلَقُوْا إِلٰى خَيْبَرَ، فَتَفَرَّقُوْا فِيْهَا، وَوَجَدُوْا أَحَدَهُمْ قَتِيْلاً، وَقَالُوْا لِلَّذِيْنَ وُجِدَ فِيْهِمْ، قَتَلْتُمْ صَاحِبَنَا، قَالُوْا: مَا قَتَلْنَا وَلاَ عَلِمْنَا قَاتِلاً، فَانْطَلَقُوْا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! انْطَلَقْنَا إِلٰى خَيْبَرَ فَوَجَدْنَا أَحَدَنَا قَتِيْلاً. فَقَالَ: "الْكُبْرَ الْكُبْرَ" فَقَالَ لَهُمْ: "تَأْتُوْنَ بِالْبَيِّنَةِ عَلٰى مَنْ قَتَلَهُ" قَالُوْا: مَالَنَا بَيِّنَةٌ، قَالَ: "فَيَحْلِفُوْنَ" قَالُوْا: لاَ نَرْضَى بِأَيْمَانِ الْيَهُوْدِ فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُطَلَّ دَمُهُ، فَوَدَاهُ مِائَةً مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ.

[راجع: ٢٧٠٢]

آگے لمبی روایت ہے، اس کا شروع کا حصہ پہلے آگیا ہے، تاہم اس کا ترجمہ کرتا ہوں، اور چند حصوں میں لکھتا ہوں۔

روایت: سلمان ابو رجاء جو ابوقلابہ عبداللہ بن زید جرمی بصری کے آزاد کردہ ہیں: اپنے مولیٰ ابوقلابہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے ایک دن لوگوں کے لئے اپنی چارپائی ظاہر کی یعنی دربار عام کیا، پھر لوگوں کو اجازت دی، لوگ آئے، پس عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا: آپ حضرات کی قسامہ کے بارے میں کیا رائے ہے؟ لوگوں نے کہا: ہم کہتے ہیں کہ قسامہ سے قصاص لینا برحق ہے، قسامہ کے ذریعہ خلفاء نے قصاص لیا ہے، پس مجھ سے فرمایا: اے ابوقلابہ! آپ کی کیا رائے ہے؟ اور مجھے لوگوں کے لئے کھڑا کیا یعنی نشانہ بنایا، میں نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ کے پاس لشکروں کے سردار اور عرب کے شرفاء موجود ہیں! یعنی ان کی موجودگی میں میرا بولنا چھوٹا منہ بڑی بات ہے، آپ بتلائیں! اگر پچاس آدمی گواہی دیں کہ ایک شادی شدہ شخص نے دمشق میں زنا کیا، جس کو انھوں نے دیکھا نہیں، تو کیا آپ اس کو سنگسار کریں گے؟ فرمایا: نہیں! میں نے کہا: آپ بتلائیں! اگر پچاس آدمی گواہی دیں کہ فلاں شخص نے حمص میں چوری کی تو کیا آپ اس کا ہاتھ کاٹیں گے، درانحالیکہ انھوں نے اس کو دیکھا نہیں؟ فرمایا: نہیں! میں نے کہا: پس بخدا! نہیں قتل کیا رسول اللہ ﷺ نے کسی کو کبھی مگر تین باتوں میں: (۱) وہ شخص جس نے اپنی ذات کو گنہگار بناتے ہوئے کسی کو قتل کیا، پس وہ قصاصاً مارا گیا (۲) یا وہ

شخص جس نے شادی کرنے کے بعد زنا کیا (تو وہ سنگسار کیا گیا) (۳) یا وہ شخص جو اللہ ورسول کے ساتھ برسر پیکار ہو گیا، اور اسلام سے پھر گیا (تو اس مرتد کو قتل کیا) یعنی قسامہ سے کسی کو قصاصاً قتل نہیں کر سکتے، وہ ان تین سے خارج ہے۔

[۶۸۹۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بِشْرٍ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْأَسَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ أَبِيْ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ رَجَاءٍ مِنْ آلِ أَبِيْ قِلَابَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ قِلَابَةَ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ أَبْرَزَ سَرِيْرَهُ يَوْمًا لِلنَّاسِ، ثُمَّ أَذِنَ لَهُمْ، فَدَخَلُوْا، فَقَالَ: مَا تَقُوْلُوْنَ فِي الْقَسَامَةِ؟ قَالُوْا: نَقُوْلُ: الْقَسَامَةُ: الْقَوَدُ بِهَا حَقٌّ، وَقَدْ أَقَادَتْ بِهَا الْخُلَفَاءُ، قَالَ لِيْ: مَا تَقُوْلُ يَا أَبَا قِلَابَةَ؟ وَنَصَبَنِيْ لِلنَّاسِ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! عِنْدَكَ رُءُوْسُ الْأَجْنَادِ وَأَشْرَافُ الْعَرَبِ! أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ خَمْسِيْنَ مِنْهُمْ شَهِدُوْا عَلٰى رَجُلٍ مُحْصَنٍ بِدِمَشْقَ أَنَّهُ قَدْ زَنٰى، لَمْ يَرَوْهُ، أَكُنْتَ تَرْجُمُهُ؟ قَالَ: لَا. قُلْتُ: أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ خَمْسِيْنَ مِنْهُمْ شَهِدُوْا عَلٰى رَجُلٍ بِحِمْصَ أَنَّهُ سَرَقَ أَكُنْتَ تَقْطَعُهُ وَلَمْ يَرَوْهُ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: فَوَ اللّٰهِ مَا قَتَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَحَدًا قَطُّ إِلَّا فِيْ ثَلَاثِ خِصَالٍ: رَجُلٌ قَتَلَ بِجَرِيْرَةِ نَفْسِهِ فَقُتِلَ، أَوْ رَجُلٌ زَنٰى بَعْدَ إِحْصَانٍ، أَوْ رَجُلٌ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَارْتَدَّ عَنِ الْإِسْلَامِ.

آگے کا ترجمہ: پس لوگوں نے کہا: کیا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان نہیں کی کہ رسول اللہ ﷺ نے چوری میں ہاتھ کاٹا، اور آنکھوں میں گرم سلائی پھیری، پھر ان کو دھوپ میں ڈال دیا؟ پس میں نے کہا: میں آپ لوگوں سے حضرت انسؓ کی حدیث بیان کرتا ہوں، مجھ سے انسؓ نے بیان کیا کہ قبیلہ عُکل کے آٹھ آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، انھوں نے بیعتِ اسلام کی، پس انھوں نے مدینہ کی زمین کو وباوالا سمجھا، اور ان کے بدن بیمار پڑ گئے، انھوں نے نبی ﷺ سے اس کی شکایت کی، آپؐ نے ان سے فرمایا: کیا تم ہمارے چرواہے کے ساتھ اس کے اونٹوں میں نہیں نکلتے، پس حاصل کرو تم ان کے دودھ اور پیشاب کو؟ انھوں نے کہا: ضرور ہم نکلتے ہیں، پس وہ نکلے، اور انھوں نے اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پیا، پس وہ تندرست ہو گئے، پھر انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے چرواہے کو قتل کر دیا، اور اونٹوں کو ہانک لے چلے، جب یہ بات رسول اللہ ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے ان کے پیچھے آدمی بھیجے جو ان کو پکڑ لائے، پس ان کے بارے میں حکم دیا، ان کے ہاتھ اور پیر کاٹے گئے، اور ان کی آنکھوں میں سلائی پھیری گئی، اور ان کو دھوپ میں ڈال دیا، یہاں تک کہ وہ مر گئے، میں نے کہا: اور کونسا گناہ بھاری ہے اس سے جو کیا انھوں نے؟ وہ اسلام سے پھر گئے، چرواہے کو قتل کیا اور چوری کی! (لوگوں نے عرینہ والوں کی حدیث یہ ثابت کرنے کے لئے پیش کی تھی کہ تین قسموں کے علاوہ چوتھی قسم کا بھی قتل ہے، حضرت ابوقلابہ نے ان کو سمجھایا کہ وہ چوتھی قسم کا قتل نہیں تھا، وہ تیسری قسم ہی تھی، ان کو ڈاکہ زنی اور ارتداد کی سزا دی گئی تھی) پس عنبسہ بن سعید اموی نے کہا: بخدا! میں نے آج جیسی گفتگو کبھی نہیں سنی! میں نے کہا: کیا آپ میری حدیث کا انکار کرتے ہیں، اے

عنبسہ؟ اس نے کہا: نہیں، بلکہ لائے آپ حدیث کو ٹھیک ٹھیک! بخدا! برابر رہے گا یہ لشکر خیر کے ساتھ جب تک تمہارے درمیان یہ حضرت زندہ رہیں گے!

فَقَالَ الْقَوْمُ: أَوَلَيْسَ قَدْ حَدَّثَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَطَعَ فِي السَّرَقِ وَسَمَّرَ الْأَعْيُنَ، ثُمَّ نَبَذَهُمْ فِي الشَّمْسِ؟ فَقُلْتُ: أَنَا أُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثَ أَنَسٍ، حَدَّثَنِيْ أَنَسٌ: أَنَّ نَفَرًا مِنْ عُكْلٍ ثَمَانِيَةً قَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَبَايَعُوْهُ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَاسْتَوْخَمُوْا الْأَرْضَ فَسَقِمَتْ أَجْسَامُهُمْ، فَشَكَوْا ذٰلِكَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهُمْ: "أَفَلَا تَخْرُجُوْنَ مَعَ رَاعِيْنَا فِيْ إِبِلِهِ، فَتُصِيْبُوْنَ مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا؟" قَالُوْا: بَلٰى، فَخَرَجُوْا فَشَرِبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا فَصَحُّوْا، فَقَتَلُوْا رَاعِيَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَطَرَدُوْا النَّعَمَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَرْسَلَ فِيْ آثَارِهِمْ، فَأُدْرِكُوْا فَجِيْءَ بِهِمْ، فَأَمَرَ بِهِمْ فَقُطِّعَتْ أَيْدِيْهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ، وَسُمِرَتْ أَعْيُنُهُمْ، ثُمَّ نَبَذَهُمْ فِي الشَّمْسِ حَتّٰى مَاتُوْا.

قُلْتُ: وَأَيُّ شَيْئٍ أَشَدُّ مِمَّا صَنَعَ هٰؤُلَاءِ ارْتَدُّوْا عَنِ الْإِسْلَامِ وَقَتَلُوْا وَسَرَقُوْا؟ فَقَالَ عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيْدٍ: وَاللّٰهِ! إِنْ سَمِعْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ! فَقُلْتُ: أَتَرُدُّ عَلَيَّ حَدِيْثِيْ يَا عَنْبَسَةُ؟ فَقَالَ: لَا، وَلٰكِنْ جِئْتَ بِالْحَدِيْثِ عَلٰى وَجْهِهِ، وَاللّٰهِ لَا يَزَالُ هٰذَا الْجُنْدُ بِخَيْرٍ مَا عَاشَ هٰذَا الشَّيْخُ بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ.

آگے کا ترجمہ: میں نے کہا اس مسئلہ میں (قسامہ کے مسئلہ میں) نبی ﷺ کی سنت بھی ہے، آپؐ کے پاس چند انصار آئے، انھوں نے آپؐ سے باتیں کیں، پھر ان میں سے ایک ان کے سامنے نکلا، پس وہ قتل کیا گیا، پس وہ لوگ اس کے بعد نکلے، انھوں نے اپنے ساتھی کو دیکھا: وہ خون میں لتھڑا ہوا تھا، وہ نبی ﷺ کے پاس آئے، اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہمارا ساتھی جو ہمارے ساتھ باتیں کر رہا تھا، وہ ہمارے سامنے نکلا، اچانک ہم نے اس کو پایا کہ وہ خون میں لتھڑا ہوا ہے، پس رسول اللہ ﷺ (گھر میں سے) نکلے، اور پوچھا: کس کے بارے میں گمان کرتے ہو تم کہ اس نے اس کو قتل کیا ہے؟ انھوں نے کہا: ہمارا خیال ہے کہ یہود نے اس کو قتل کیا ہے، پس آپؐ نے آدمی بھیج کر یہود کو بلایا، اور پوچھا: کیا تم نے اس کو قتل کیا ہے؟ انھوں نے کہا: نہیں! آپؐ نے فرمایا: کیا تم راضی ہو کہ یہود سے پچاس قسمیں لو کہ انھوں نے اس کو قتل نہیں کیا؟ ان لوگوں نے کہا: وہ پرواہ نہیں کریں گے کہ ہم سب کو ماردیں پھر قسمیں کھالیں! آپؐ نے فرمایا: پس کیا تم دیت کے حقدار بنو گے اپنے میں سے پچاس قسمیں کھا کر؟ انھوں نے کہا: ہم قسمیں نہیں کھا سکتے، پس آپؐ نے اپنے پاس سے اس کی دیت دی (یہ وہی عبداللہ بن سہل کا واقعہ ہے، جو اوپر آیا اور روایت بالمعنی ہے، پہلے جو روایت آئی ہے اس میں مقتول کے ورثاء کی پچاس قسموں کا ذکر نہیں)

قُلْتُ: وَقَدْ كَانَ فِيْ هٰذَا سُنَّةٌ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، دَخَلَ عَلَيْهِ نَفَرٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَتَحَدَّثُوْا عِنْدَهُ، فَخَرَجَ رَجُلٌ مِنْهُمْ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ فَقُتِلَ، فَخَرَجُوْا بَعْدَهُ، فَإِذَا هُمْ بِصَاحِبِهِمْ يَتَشَحَّطُ فِي الدَّمِ، فَرَجَعُوْا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! صَاحِبُنَا الَّذِىْ كَانَ يُحَدِّثُ مَعَنَا، فَخَرَجَ بَيْنَ أَيْدِيْنَا، فَإِذَا نَحْنُ بِهِ يَتَشَحَّطُ فِي الدَّمِ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: " بِمَنْ تَظُنُّوْنَ أَوْ: بِمَنْ تُرَوْنَ قَتَلَهُ؟" فَقَالُوْا: نُرَى أَنَّ الْيَهُوْدَ قَتَلَتْهُ. فَأَرْسَلَ إِلٰى الْيَهُوْدِ فَدَعَاهُمْ، فَقَالَ: " أَأَنْتُمْ قَتَلْتُمْ هٰذَا؟" قَالُوْا: لَا. قَالَ: " أَتَرْضَوْنَ نَفْلَ خَمْسِيْنَ مِنَ الْيَهُوْدِ مَا قَتَلُوْهُ؟" فَقَالُوْا: مَا يُبَالُوْنَ أَنْ يَقْتُلُوْنَا أَجْمَعِيْنَ ثُمَّ يُنَفِّلُوْنَ! قَالَ: " أَفَتَسْتَحِقُّوْنَ الدِّيَةَ بِأَيْمَانِ خَمْسِيْنَ مِنْكُمْ" قَالُوْا: مَا كُنَّا لِنَحْلِفَ، فَوَدَاهُ مِنْ عِنْدِهِ.

لغت: نَفَلَ الرجلُ (ن) نَفْلاً: قسم کھانا۔

آگے یہ بیان کیا ہے کہ قسامہ میں لوگ جھوٹی قسمیں کھائیں تو اس کا انجام بہت برا ہوگا، پس آئندہ واقعہ کا قسامہ سے تعلق نہیں، اس میں قسامہ کا فائدہ بیان کیا ہے، اور اس کی ایک مثال تحفۃ القاری (۷:۳۱۷) میں آئی ہے، ابوطالب نے جو قسمیں کھلائی تھیں اس کا انجام ابن عباسؓ نے بیان کیا ہے کہ سال پورا نہیں ہوا تھا کہ سب کے سب مر گئے! اور یاد رہے کہ آئندہ روایت منقطع ہے، ابوقلابہ نے حضرت عمرؓ کا زمانہ نہیں پایا، نیز وہ کثیر الارسال بھی تھے۔

اور عرب میں قاعدہ تھا کہ کسی شخص سے عہد کر کے اس کی حفاظت کے ذمہ دار بن جاتے تھے، اگر وہ کوئی قصور کرتا تو تاوان بھرتے، اس شخص کو 'حلیف' کہتے تھے، پھر جب اس سے الگ ہو جاتے تو جو عہد کیا تھا، اس کو توڑ دیتے، اس کو 'خلیع' کہتے تھے، امام اور خلیفہ بھی جب معزول ہو جائے تو اس کو خلیع کہتے ہیں، گویا خلافت کا جامہ اس پر سے اتار لیا گیا۔

آگے کا ترجمہ: میں نے کہا: قبیلہ ہذیل نے زمانۂ جاہلیت میں ایک شخص سے تعلقات بالکل توڑ لئے، پس یمن کی ایک فیملی جو مکہ کے بطحاء نامی میدان میں قیام پذیر تھی: اس کے گھر میں وہ خلیع گھسا، پس ایک آدمی ان میں سے چوکنا ہوا، اور اس کو تلوار ماری، پس اس کو قتل کر دیا، پس ہذیل آئے، اور یمنی کو پکڑا، اور اس کو حج کے سیزن میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا، اور انھوں نے کہا: اس نے ہمارے آدمی کو قتل کیا ہے، پس قاتل نے کہا: ان لوگوں نے اس کو قبیلہ سے نکال دیا تھا، پس حضرت عمرؓ نے فرمایا: ہذیل کے پچاس آدمی قسم کھائیں کہ انھوں نے اس کو قبیلہ سے نہیں نکالا، راوی کہتا ہے: پس ان میں سے انچاس نے قسم کھائی، پھر ان کا ایک آدمی شام سے آیا، انھوں نے اس سے قسم کھانے کے لئے کہا، اس نے اپنی قسم کا عوض ہزار درہم دیدیئے، پس قبیلہ والوں نے اس کی جگہ ایک دوسرے شخص کو داخل کیا (پچاس کی تعداد پوری ہوگئی) تو حضرت عمرؓ نے اس قاتل کو مقتول کے بھائی کے حوالے کیا، اس کا ہاتھ اس کے ہاتھ کے ساتھ ملا دیا (کہ جہاں چاہے لے جا کر قتل کر) اس نے کہا: پس ہم اور وہ پچاس آدمی چلے جنھوں نے قسمیں کھائی تھیں، یہاں تک کہ جب وہ نخلہ مقام میں

پہنچتے تو زور کی بارش شروع ہوگئی، وہ لوگ پہاڑ کی ایک غار میں داخل ہوئے، پس غار ان پچاس پر ڈھ پڑی جنھوں نے قسمیں کھائی تھیں اور وہ سب مرگئے، اور دو کی جوڑی بچ گئی، ان کا ایک پتھر نے پیچھا کیا، اور مقتول کے بھائی کا پیر توڑ دیا، وہ ایک سال زندہ رہا، پھر مرگیا (یہ جھوٹی قسمیں کھانے کا انجام ہوا)

قُلْتُ: وَقَدْ كَانَتْ هُذَيْلٌ خَلَعُوْا خَلِيْعًا لَهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَطُرِقَ أَهْلُ بَيْتٍ مِنَ الْيَمَنِ بِالْبَطْحَاءِ، فَانْتَبَهُ لَهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ، فَحَذَفَهُ بِالسَّيْفِ، فَقَتَلَهُ، فَجَاءَ تْ هُذَيْلٌ فَأَخَذُوْا الْيَمَانِيَ فَرَفَعُوْهُ إِلَى عُمَرَ بِالْمَوْسِمِ، وَقَالُوْا: قَتَلَ صَاحِبَنَا، فَقَالَ: إِنَّهُمْ قَدْ خَلَعُوْهُ، فَقَالَ: يُقْسِمُ خَمْسُوْنَ مِنْ هُذَيْلٍ مَا خَلَعُوْهُ، قَالَ: فَأَقْسَمَ مِنْهُمْ تِسْعَةٌ وَأَرْبَعُوْنَ رَجُلاً، فَقَدِمَ رَجُلٌ مِنْهُمْ مِنَ الشَّامِ فَسَأَلُوْهُ أَنْ يُقْسِمَ فَافْتَدَى يَمِيْنَهُ مِنْهُمْ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ، فَأَدْخَلُوْا مَكَانَهُ رَجُلاً آخَرَ، فَدَفَعَهُ إِلَى أَخِيْ الْمَقْتُوْلِ، فَقُرِنَتْ يَدُهُ بِيَدِهِ، قَالَ: فَانْطَلَقْنَا وَالْخَمْسُوْنَ الَّذِيْنَ أَقْسَمُوْا حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِنَخْلَةَ، أَخَذَتْهُمُ السَّمَاءُ، فَدَخَلُوْا فِيْ غَارٍ فِي الْجَبَلِ، فَانْهَجَمَ الْغَارُ عَلَى الْخَمْسِيْنَ الَّذِيْنَ أَقْسَمُوْا فَمَاتُوْا جَمِيْعًا، وَأُفْلِتَ الْقَرِيْنَانِ، فَاتَّبَعَهُمَا حَجَرٌ فَكَسَرَ رِجْلَ أَخِيْ الْمَقْتُوْلِ، فَعَاشَ حَوْلاً ثُمَّ مَاتَ.

تصحیح: کتاب میں فَانْتَهَبَهُ ہے یعنی اس (گھر) کو لوٹ لیا، اور گیلری میں فَانْتَبَهُ له ہے، یہ بہتر ہے، اس لئے کتاب میں تبدیلی کی ہے۔

آگے یہ بیان ہے کہ قسامہ میں قصاص نہیں، عبدالملک نے قصاص لیا تھا تو بعد میں پچھتایا۔ ابوقلابہ نے کہا: اور عبدالملک بن مروان نے قسامہ کے ذریعہ ایک شخص کو قصاصاً قتل کیا، پھر وہ اپنے فعل پر نادم ہوا، تو اس نے ان پچاس کے بارے میں حکم دیا جنھوں نے قسمیں کھائی تھیں کہ سرکاری رجسٹر سے ان کے نام مٹا دیئے جائیں، اور ان کو ملک شام سے نکال دیا جائے۔

قُلْتُ: وَقَدْ كَانَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ أَقَادَ رَجُلاً بِالْقَسَامَةِ، ثُمَّ نَدِمَ بَعْدَ مَا صَنَعَ، فَأَمَرَ بِالْخَمْسِيْنَ الَّذِيْنَ أَقْسَمُوْا فَمُحُوْا مِنَ الدِّيْوَانِ، وَسَيَّرَهُمْ إِلَى الشَّامِ. [راجع: ۲۳۳]

ملحوظہ: إلى الشام: مستخرج ابی نعیم میں من الشام ہے، ترجمہ اس کا کیا ہے، اور کتاب میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔

بَابُ مَنِ اطَّلَعَ فِي بَيْتِ قَوْمٍ فَفَقَئُوْا عَيْنَهُ فَلاَ دِيَةَ لَهُ

جس نے کسی کے گھر میں جھانکا، پس انھوں نے اس کی آنکھ پھوڑ دی تو اس کے لئے کوئی دیت نہیں

حدیث: مروان کے والد حکم بن ابی العاص نے نبی ﷺ کے گھر میں جھانکا، آپؐ چوڑے پھل کا نیزہ لے کر اس کی طرف اٹھے، آپؐ نے اس کو بے خبری میں دھر لینا چاہا، تا کہ اس کو نیزہ ماریں (یہ حدیث اسی جلد میں آئی ہے، اور باقی

حدیثیں اسی کے ہم معنی ہیں، وہ بھی آچکی ہیں)

[۲۳-] بَابُ مَنِ اطَّلَعَ فِي بَيْتِ قَوْمٍ فَفَقَئُوْا عَيْنَهُ فَلاَ دِيَةَ لَهُ

[۶۹۰۰-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَجُلاً اطَّلَعَ فِيْ جُحْرٍ فِيْ بَعْضِ حُجَرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَامَ إِلَيْهِ بِمِشْقَصٍ أَوْ: مَشَاقِصَ، وَجَعَلَ يَخْتِلُهُ لِيَطْعَنَهُ. [راجع: ۶۲۴۲]

[۶۹۰۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَجُلاً اطَّلَعَ فِيْ جُحْرٍ فِيْ بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِيْ لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ" قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّمَا جُعِلَ الإِذْنُ مِنْ قِبَلِ الْبَصَرِ"[راجع: ۵۹۲۴]

[۶۹۰۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ أَنَّ امْرَأً اطَّلَعَ عَلَيْكَ بِغَيْرِ إِذْنٍ، فَخَذَفْتَهُ بِحَصَاةٍ، فَفَقَأْتَ عَيْنَهُ، لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ جُنَاحٌ. [راجع: ۶۸۸۸]

بَابُ الْعَاقِلَةِ

دیت دینے والے

عاقلہ: کی تفسیر حدیثوں میں عصبہ (قوم، خاندان) سے آئی ہے، مگر جب خاندانی نظام بکھر گیا یا تھا ہی نہیں تو احناف نے اہل تناصر (وہ لوگ جو باہم ایک دوسرے کی معاونت ومدد کرتے ہیں) سے تفسیر کی۔ 'عقل' کے معنی روکنے کے ہیں، بدّھی کو بھی عقل اس کے لئے کہتے ہیں کہ وہ انسان کو بری باتوں سے روکتی ہے، خوں بہا (خون کی قیمت) بھی یہی کام کرتا ہے، آدمی صرف اپنی ذات پر بھروسہ کرکے جرم نہیں کرتا، بلکہ خاندانی پشت پناہی کے سہارے حرکت کرتا ہے، پس جب ان پر تاوان ڈالا جائے گا تو وہ سماج کے بدقماش لوگوں کو جرم کے ارتکاب سے روکیں گے، اور عاقلہ (اہل تناصر) کون ہیں؟ اور ان سے سالانہ کتنی رقم وصول کی جائے گی؟ یہ باتیں کتب فقہ میں ہیں۔

[۲۴-] بَابُ الْعَاقِلَةِ

[۶۹۰۳-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ، قَالَ: سَمِعْتُ

الشَّعْبِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَلِيًّا: هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْئٌ مَا لَيْسَ فِي الْقُرْآنِ؟ وَقَالَ مَرَّةً: مَا لَيْسَ عِنْدَ النَّاسِ؟ فَقَالَ: وَالَّذِيْ فَلَقَ الْحَبَّ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ! مَا عِنْدَنَا إِلَّا مَا فِي الْقُرْآنِ، إِلَّا فَهْمًا يُعْطَى رَجُلٌ فِيْ كِتَابِهِ، وَمَا فِي الصَّحِيْفَةِ. قُلْتُ: وَمَا فِي الصَّحِيْفَةِ؟ قَالَ: الْعَقْلُ، وَفِكَاكُ الْأَسِيْرِ، وَأَنْ لاَ يُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ. [راجع: ١١١]

بَابُ جَنِيْنِ الْمَرْأَةِ

پیٹ کے بچہ کی دیت

حاملہ عورت پر کسی نے تعدی کی (پیٹ پر مارا، بھگایا، دوڑایا) اوراس سے حمل گر پڑا تو اگر حمل میں اعضاء نہیں بنے تو حکومتِ عدل ہے یعنی معتبر اشخاص جو نقصان تجویز کریں وہ ادا کیا جائے، اوراعضاء بننے لگے ہیں یا مکمل بن گئے ہیں اور بچہ مراہوا گر پڑا تو بَردہ یا دیت کا بیسواں حصہ واجب ہوگا، اور زندہ گرا پھر مر گیا تو کامل دیت واجب ہوگی، اور یہ دیت عاقلہ دیں گے، باب کی حدیث میں یہی حکم ہے۔

[٢٥-] بَابُ جَنِيْنِ الْمَرْأَةِ

[٦٩٠٤-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ امْرَأَتَيْنِ مِنْ هُذَيْلٍ رَمَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى، فَطَرَحَتْ جَنِيْنَهَا، فَقَضَى رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْهَا بِغُرَّةٍ: عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ.

[راجع: ٥٧٥٨]

[٦٩٠٥-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ عُمَرَ: أَنَّهُ اسْتَشَارَهُمْ فِيْ إِمْلاَصِ الْمَرْأَةِ، فَقَالَ الْمُغِيْرَةُ: قَضَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْغُرَّةِ: عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ. [أطرافه: ٦٩٠٧، ٦٩٠٨، ٧٣١٧]

[٦٩٠٦-] فَشَهِدَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ: أَنَّهُ شَهِدَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَضَى بِهِ.

[طرفاه: ٦٩٠٨، ٧٣١٨]

[٦٩٠٧-] حدثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنْ عُمَرَ نَشَدَ النَّاسَ: مَنْ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَضَى فِي السِّقْطِ؟ فَقَالَ الْمُغِيْرَةُ: أَنَا سَمِعْتُهُ قَضَى فِيْهِ بِغُرَّةٍ: عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ.

[راجع: ٦٩٠٥]

[٦٩٠٨-] قَالَ: ائْتِ مَنْ يَشْهَدُ مَعَكَ عَلٰى هٰذَا، فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ: أَنَا أَشْهَدُ عَلٰى النَّبِيِّ

صلی اللہ علیہ وسلم بِمِثْلِ هٰذَا. [راجع: ٦٩٠٦]
حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّهُ سَمِعَ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عُمَرَ: أَنَّهُ اسْتَشَارَهُمْ فِيْ إِمْلَاصِ الْمَرْأَةِ مِثْلَهُ.

لغت: جَنِيْن: پیٹ کا بچہ...... إملاص: حمل ساقط ہوجانا...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ حدیثوں میں احتیاط کے لئے گواہ طلب کرتے تھے۔

بَابُ جَنِيْنِ الْمَرْأَةِ وَأَنَّ الْعَقْلَ عَلَى الْوَالِدِ وَعَصَبَةِ الْوَالِدِ لَا عَلَى الْوَلَدِ

عورت کا پیٹ کا بچہ گرایا تو دیت جنانت کرنے والی عورت کے باپ پر اور باب کے خاندان پر ہوگی

جنایت کرنے والی عورت کے لڑکوں پر نہیں ہوگی، جبکہ وہ اس کے خاندان سے نہ ہوں

اس باب میں عصبہ کے معنی: قوم اور خاندان کے ہیں۔

صورتِ مسئلہ: ایک عورت نے غیر قوم میں نکاح کیا، اس سے اولاد ہوئی، پھر اس عورت نے کسی عورت کے پیٹ کا بچہ غلطی سے گرایا، تو دیت عورت کا خاندان دے گا، عورت کا خاندان اس کا باپ اور باپ کا خاندان ہے، شوہر اور شوہر سے ہونے والے لڑکے عورت کا خاندان نہیں، وہ شوہر کے خاندان میں ہیں، پس ان پر دیت کا کوئی حصہ نہیں آئے گا، البتہ عورت مرے گی تو وارث شوہر اور اولاد ہوگی ـــــ اور اگر عورت نے خاندان (قوم) میں نکاح کیا تو شوہر اور اس سے ہونے والے لڑکے عورت کا خاندان ہیں، اب وہ دیت میں حصہ لیں گے۔

حدیث: پہلے گذری ہے۔ بنولحیان کی دو سوکنیں لڑیں، ایک نے دوسری کے پیٹ پر ڈنڈا/ پتھر مارا، وہ حاملہ تھیں، اس کا بچہ مردہ گر گیا، نبی ﷺ نے بردہ کا فیصلہ کیا، خواہ غلام دے یا باندی، پھر جب وہ عورت مری، جس نے ڈنڈا مارا تھا تو نبی ﷺ نے فیصلہ کیا کہ اس کی میراث اس کے بیٹوں کو اور اس کے شوہر کو ملے گی، اور دیت عورت کا خاندان دے گا۔

[٢٦-] بَابُ جَنِيْنِ الْمَرْأَةِ وَأَنَّ الْعَقْلَ عَلَى الْوَالِدِ وَعَصَبَةِ الْوَالِدِ لَا عَلَى الْوَلَدِ

[٦٩٠٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَضَى فِيْ جَنِيْنِ امْرَأَةٍ مِنْ بَنِي لَحْيَانَ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ، ثُمَّ إِنَّ الْمَرْأَةَ الَّتِيْ قَضَى عَلَيْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّيَتْ، فَقَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّ مِيْرَاثَهَا لِبَنِيْهَا وَزَوْجِهَا، وَأَنَّ الْعَقْلَ عَلَى عَصَبَتِهَا. [راجع: ٥٧٥٨]

[٦٩١٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ،

عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: اقْتَتَلَتِ امْرَأَتَانِ مِنْ هُذَيْلٍ، فَرَمَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى بِحَجَرٍ قَتَلَتْهَا وَمَا فِيْ بَطْنِهَا، فَاخْتَصَمُوْا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَضَى أَنَّ دِيَةَ جَنِيْنِهَا غُرَّةٌ: عَبْدٌ أَوْ وَلِيْدَةٌ، وَقَضَى دِيَةَ الْمَرْأَةِ عَلَى عَاقِلَتِهَا. [راجع: ۵۷۵۸]

وضاحت: جنین کی دیت بھی ڈنڈا مارنے والی عورت کا عاقلہ دے گا، اور جنین کی ماں کی دیت بھی جو اسی صدمہ سے مرگئی تھی۔

بَابُ مَنِ اسْتَعَارَ عَبْدًا أَوْ صَبِيًّا

کام کے لئے غلام یا بچہ لیا

جیسے کام کے لئے عاضی طور پر چیزیں مانگ سکتے ہیں، غلام یا بچہ کو بھی مانگ سکتے ہیں، حضرت ام سلمہؓ نے مکتب کے میاں جی کے پاس آدمی بھیجا کہ چند لڑکوں کو بھیج دو، جو روئی دُھن دیں، اور کسی آزاد (بالغ) کو نہ بھیجنا (تاکہ پردہ نہ کرنا پڑے) اسی طرح ابوطلحہؓ نے حضرت انسؓ کو خدمت کے لئے پیش کیا، چنانچہ انھوں نے دس سال تک نبی ﷺ کی خدمت کی۔

سوال: یہ باب کتاب الدیات میں کیوں لائے ہیں؟ جواب: کام لیتے ہوئے غلام ہلاک ہوجائے تو اس کی قیمت دینی پڑے گی۔

[۲۷-] بَابُ مَنِ اسْتَعَارَ عَبْدًا أَوْ صَبِيًّا

وَيُذْكَرُ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ بَعَثَتْ إِلَى مُعَلِّمِ الْكُتَّابِ: ابْعَثْ إِلَيَّ غِلْمَانًا يَنْفُشُوْنَ صُوْفًا، وَلَا تَبْعَثْ إِلَيَّ حُرًّا.

[۶۹۱۱-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ أَخَذَ أَبُوْ طَلْحَةَ بِيَدِيْ فَانْطَلَقَ بِيْ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنَّ أَنَسًا غُلَامٌ كَيِّسٌ فَلْيَخْدُمْكَ. قَالَ: فَخَدَمْتُهُ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ، فَوَاللهِ مَا قَالَ لِيْ لِشَيْئٍ صَنَعْتُهُ: لِمَ صَنَعْتَ هٰذَا هٰكَذَا؟ وَلَا لِشَيْئٍ لَمْ أَصْنَعْهُ: لِمَ لَمْ تَصْنَعْ هٰذَا هٰكَذَا؟ [راجع: ۲۷۶۸]

بَابٌ: الْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ

کھان رائگاں ہے، اور کنواں رائگاں ہے

اگر کھان میں کوئی حادثہ پیش آئے، اور جانی یا مالی نقصان ہوجائے تو کھان کے مالک پر کوئی تاوان نہیں، اسی طرح

کنواں کھودتے ہوئے کوئی مزدور ہلاک ہوجائے تو مالک پر اس کی دیت نہیں، وہ خون رائگاں ہے (مزید تفصیل تحفۃ القاری ۲۸۶:۴ میں ہے)

[۲۸-] بَابٌ: الْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ

[۶۹۱۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ" [راجع: ۱۴۹۹]

بَابٌ: الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ

چوپائے کا زخم رائگاں ہے

اگر جانور مالک کے ہاتھ سے چھوٹ جائے یا کھونٹے سے کھل جائے، اور کسی کو زخمی کردے یا ہلاک کردے یا کوئی مالی نقصان کردے تو خون رائگاں ہے، اس کی دیت مالک پر واجب نہیں، اسی طرح نقصان بھی رائگاں ہے، مالک پر کوئی تاوان نہیں، اور اکابر کی آراء درج ذیل ہیں:

۱- حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ نے فرمایا: اسلاف لات مارنے سے ضامن نہیں بنایا کرتے تھے، اور لگام دینے سے ضامن بناتے تھے یعنی مالک لگام دے کر گھوڑے پر بیٹھا ہے، اور گھوڑے نے کسی کو لات ماری تو سوار ضامن ہوگا۔

۲- حضرت حماد بن ابی سلیمان (استاذ امام اعظمؒ) نے فرمایا: لات مارنے سے ضامن نہیں ہوگا، مگر یہ کہ کوئی شخص سونٹے میں لگی ہوئی کیل سرین میں یا پہلو میں چبھوئے (اور جانور لات مارے تو ضامن ہوگا)

۳- قاضی شریح نے فرمایا: نہیں ضامن بنایا جائے گا جب تک سزا دے رہا ہے، بایں طور کہ آدمی اس کو مار رہا ہے اور وہ اپنی لات چلا رہا ہے۔

۴- حکم بن عتیبہ اور حماد بن ابی سلیمان نے فرمایا: جب مُکاری (جانور کو کرایہ پر دینے والے) نے گدھے کو ہانکا، اس پر عورت بیٹھی تھی، وہ گر پڑی تو گدھے والے پر کوئی ضمان نہیں۔

۵- امام عامر شعبیؒ نے فرمایا: چوپائے کو ہانکا، پس تیز دوڑایا تو ضامن ہوگا اس نقصان کا جو جانور کرے، ورا گر وہ اس کو آہستہ لے چل رہا تھا تو ضامن نہیں ہوگا۔

[۲۹-] بَابٌ: الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ: كَانُوْا لَا يُضَمِّنُوْنَ مِنَ النَّفْحَةِ، وَيُضَمِّنُوْنَ مِنْ رَدِّ الْعِنَانِ.

[٢-] وَقَالَ حَمَّادٌ: لاَيُضَمَّنُ مِنَ النَّفْحَةِ إِلَّا أَنْ يَنْخَسَ إِنْسَانٌ الدَّابَّةَ.

[٣-] وَقَالَ شُرَيْحٌ: لاَ يُضَمَّنُ مَا عَاقَبَتْ: أَنْ يَضْرِبَهَا فَتَضْرِبَ بِرِجْلِهَا.

[٤-] وَقَالَ الْحَكَمُ، وَحَمَّادٌ: إِذَا سَاقَ الْمُكَارِيْ حِمَارًا عَلَيْهِ امْرَأَةٌ فَتَخِرُّ، لاَ شَيْئَ عَلَيْهِ.

[٥-] وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: إِذَا سَاقَ دَابَّةً فَأَتْعَبَهَا فَهُوَ ضَامِنٌ لِمَا أَصَابَتْ، وَإِنْ كَانَ خَلْفَهَا مُتَرَسِّلاً لَمْ يَضْمَنْ.

[٦٩١٣-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الْعَجْمَاءُ عَقْلُهَا جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ"

[راجع: ١٤٩٩]

بَابُ إِثْمِ مَنْ قَتَلَ ذِمِّيًّا بِغَيْرِ جُرْمٍ

بے گناہ ذمی کو قتل کرنے کا گناہ

یہ تمہیدی باب ہے، مقصود اگلا باب ہے، ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک: اگر کوئی مسلمان کسی ذمی کو یعنی اس غیر مسلم کو جس کو اسلامی ملک کی شہریت حاصل ہے، قتل کردے تو اس مسلمان کو قصاص میں قتل نہیں کیا جائے گا، بلکہ دیت دی جائے گی، اور حنفیہ کے نزدیک قصاصاً قتل کیا جائے گا، تفصیل اگلے باب میں آئے گی۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جس نے کسی معاہدہ کرنے والے شخص (ذمی) کو قتل کیا، تو وہ جنت کی خوشبو نہیں سونگھے گا، درانحالیکہ اس کی خوشبو چالیس سال کی مسافت سے محسوس کی جاتی ہے"

استدلال: ذمی کو بغیر جرم کے قتل کرنے کی اخروی سزا بیان کی، اگر دنیاوی سزا ہوتی تو ضرور بیان کی جاتی ——
جواب: ذکرِ شیئ نفی ماعدا کو مستلزم نہیں —— اور عدد کا ذکر تقریب کے لئے ہے، پس اس کا اختلاف مضر نہیں۔

[٣٠-] بَابُ إِثْمِ مَنْ قَتَلَ ذِمِّيًّا بِغَيْرِ جُرْمٍ

[٦٩١٤-] حدثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، حَدَّثَنَا مُجَاهِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهِدَةً، لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ رِيْحَهَا تُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ أَرْبَعِيْنَ عَامًا"[راجع: ٣١٦٦]

بَابٌ: لاَ يُقْتَلُ الْمُسْلِمُ بِالْكَافِرِ

کافر کے بدلہ میں مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا

کافر (غیر مسلم) چار قسم کے ہیں: ذمی، مستأمن، مُعاہد اور حربی، ذمی: جس کو اسلامی ملک کی شہریت حاصل ہے،

مستأمن: امن طلب کرنے والا یعنی وہ غیر مسلم جو ویزا لے کر اسلامی ملک میں آیا ہے۔ مُعاہد: عہد و پیمان باندھنے والا یعنی دارالحرب کا وہ غیر مسلم جس کے ساتھ اسلامی ملک نے ناجنگ معاہدہ کر رکھا ہے، حربی: اس دارالحرب کا باشندہ جس کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں۔ تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر کوئی مسلمان: مستأمن، معاہد یا حربی کو قتل کرے تو قصاص میں مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا، دیت دی جائے گی، اور ذمی میں اختلاف ہے، احناف کے نزدیک: اس کے بدلہ میں مسلمان کو قتل کیا جائے گا، اور ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک قتل نہیں کیا جائے گا، دلیل باب کی حدیث ہے، اس میں ہے کہ کسی کافر کے بدلے میں کسی مسلمان کو قتل نہ کیا جائے، کافر: عام ہے چاروں قسموں کو شامل ہے، اور حنفیہ کے نزدیک: یہ حدیث دمائے جاہلیہ کے بارے میں ہے، کفر کے زمانہ میں کسی کافر نے کافر کو قتل کیا، پھر دونوں قبیلے مسلمان ہوگئے، اب اگر وہ قصاص کا مطالبہ کریں تو مسلمان کو قصاصاً قتل نہیں کیا جائے گا، مضٰی ما مضٰی!

اور حنفیہ کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ایک ذمی کے بدلے میں مسلمان کو قتل کیا ہے۔ یہ روایت سنن بیہقی کے حاشیہ میں ابن الترکمانی نے ذکر کی ہے، اور حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت میں ذمی کے بدلے میں مسلمان کو قتل کرنے کا حکم دیا، پھر دیت پر مصالحت ہوگئی، یہ روایت نصب الرایہ میں ہے، پس ان روایات سے باب کی روایت کی تخصیص ضروری ہے۔

علاوہ ازیں: ذمی کا مسلمان سے قصاص نہ لینا ملکی انتظام کے خلاف ہے، ایسی صورت میں غیر مسلم اسلامی ملک میں رہنا پسند نہیں کریں گے، وہ خود کو دوسرے درجہ کا شہری سمجھیں گے، اور ہر وقت ان کو دھڑکا لگا رہے گا کہ مسلمان اس کو قتل کردے گا، پس ملکی مصلحت کا تقاضا وہی ہے جو احناف کا مسلک ہے۔

[۳۱-] بَابٌ: لَا يُقْتَلُ الْمُسْلِمُ بِالْكَافِرِ

[۶۹۱۵-] حدثنا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَلِيًّا: هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْئٌ مِمَّا لَيْسَ فِي الْقُرْآنِ؟ قَالَ: الْعَقْلُ، وَفِكَاكُ الْأَسِيرِ، وَأَنْ لَا يُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ. [راجع: ۱۱۱]

بَابٌ: إِذَا لَطَمَ الْمُسْلِمُ يَهُوْدِيًّا عِنْدَ الْغَضَبِ

اگر مسلمان غصہ میں یہودی کو تھپڑ مارے

یہ تکمیلی باب ہے، کافر کے قصاص میں مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا، کیونکہ ایک واقعہ میں ایک انصاری نے ایک یہودی کو تھپڑ مارا تھا، نبی ﷺ نے اس کا قصاص نہیں دلوایا، پس جب ما دون النفس میں قصاص نہیں تو نفس میں بھی قصاص نہیں۔

مگر یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جب قصاص نہیں تھا تو انصاری کو کیوں بلوایا؟ اور مقدمہ کیوں چلایا؟ یہودی کو دفع

کردیتے! انصاری کو کورٹ میں حاضر کرنا معنی دارد! پہلے تحفۃ القاری (۴۳۸:۵) میں بیان کیا گیا ہے کہ قصاص اس لئے نہیں دلوایا تھا کہ غلطی یہودی کی تھی، اس نے پہلے قسم کھا کر نبی ﷺ کی توہین کی تھی پس انصاری نے تھپڑ مار کر اس کی توہین کردی حساب برابر ہوگیا۔

[۳۲-] بَابٌ: إِذَا لَطَمَ الْمُسْلِمُ يَهُوْدِيًّا عِنْدَ الْغَضَبِ

رَوَاهُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۶۹۱۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لاَ تُخَيِّرُوْا بَيْنَ الْأَنْبِيَاءِ"[راجع: ۲۴۱۲]

[۶۹۱۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيىَ الْمَازِنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُوْدِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَدْ لُطِمَ وَجْهُهُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ إِنَّ رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِكَ مِنَ الْأَنْصَارِ لَطَمَ فِيْ وَجْهِيْ، قَالَ: " ادْعُوْهُ" فَدَعَوْهُ، قَالَ: "لِمَ لَطَمْتَ وَجْهَهُ؟" قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ مَرَرْتُ بِالْيَهُوْدِ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُوْسَى عَلَى الْبَشَرِ، قَالَ: فَقُلْتُ: أَعَلَى مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم؟! فَأَخَذَتْنِيْ غَضْبَةٌ فَلَطَمْتُهُ. قَالَ: " لاَ تُخَيِّرُوْنِيْ مِنْ بَيْنِ الْأَنْبِيَاءِ، فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يُفِيْقُ، فَإِذَا أَنَا بِمُوْسَى آخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ، فَلاَ أَدْرِيْ أَفَاقَ قَبْلِيْ أَمْ جُزِيَ بِصَعْقَةِ الطُّوْرِ؟"[راجع: ۲۴۱۲]

﴿الحمد للہ! کتاب الدیات کی شرح مکمل ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كتابُ استتابَةِ المُعانِدِيْنَ وَالْمُرْتَدِّيْنَ وقِتالِهم

مرتدین ومعاندین کی سزا کا بیان

اسْتِتَابَة: توبہ کرانا......المعاندین: جان بوجھ کرحق کوٹھکرانے والے......المرتدین: اسلام کوچھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرنے والے، معاندین ومرتدین ایک ہیں، عطف تفسیری ہے......حکومت سے بغاوت کرنے والے (خوارج) کا بیان بھی اس کتاب میں ہے، یہ بھی حدود و دیات کا باب ہے، ڈاکوؤں کا ذکر کتاب الحدود میں آچکا ہے، اب کتاب الدیات کے بعد مرتدین وخوارج کی سزا کا بیان ہے۔

بَابُ إِثْمِ مَنْ أَشْرَكَ بِاللهِ، وَعُقُوْبَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ

اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے کا گناہ، اور دنیا وآخرت میں اس کی سزا

یہ جنرل اور تمہیدی باب ہے، اسلام کے علاوہ ہر مذہب شرک میں مبتلا ہے، پس جو مرتد ہوتا ہے وہ شرک کو اپناتا ہے، اس کی سزا اگلے باب میں ہے۔

۱-سورۃ لقمان (آیت ۱۳) میں ہے: ''بے شک اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا بڑی بھاری ناانصافی ہے!'' (اس سے بڑی ناانصافی کیا ہوسکتی ہے کہ عاجز مخلوق کو خالقِ قادر کا درجہ دیدیا جائے، پھر اس کے سامنے سرِ عبودیت خم کیا جائے)

۲-سورۃ الزمر (آیت ۶۵) میں ہے: ''اگر تو نے شریک ٹھہرایا تو تیرے اعمال اکارت جائیں گے، اور تو گھاٹا پانے والوں میں سے ہوگا'' یعنی آخرت میں مشرک کے سب اعمال بے فائدہ ہونگے، اور شرک کا انجام حرمان وخسران کے علاوہ کچھ نہیں ہوگا۔

حدیث (۱): پہلے آچکی ہے۔ آخرت میں کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ توحید میں شرک کا کوئی شائبہ نہ ہو، ورنہ کامیابی مشکل ہے۔

حدیث (۲و۳): بھی پہلے آچکی ہیں۔ نبی ﷺ نے بڑے گناہوں میں اول نمبر پر اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے کو بیان کیا ہے۔

آخری حدیث: ایک شخص نے پوچھا: کیا جاہلیت کے اعمال پر ہمارا مؤاخذہ ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر مسلمان ہوکر اچھے اعمال کئے تو جاہلیت کے اعمال پر مؤاخذہ نہیں ہوگا، اور مسلمان ہوکر بھی بدکاریاں کرتا رہا تو پہلے والے اور بعد والے سب اعمال پر مؤاخذہ ہوگا'' (پہلے والے اعمال میں شرک بھی ہے، اس پر بھی مؤاخذہ ہوگا، اس مناسبت سے حدیث باب میں لائے ہیں)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸۸- كتابُ استتابة المُعانِدِيْنَ وَالْمُرْتَدِّيْنَ وقِتَالِهم

[۱-] بَابُ إِثْمِ مَنْ أَشْرَكَ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْبَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ

[۱-] وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾ [لقمان: ۱۳]

[۲-] وَ﴿لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ﴾ [الزمر: ٦٥]

[٦٩١٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ [الأنعام: ۸۲] شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: أَيُّنَا لَمْ يَلْبِسْ إِيْمَانَهُ بِظُلْمٍ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّـهُ لَيْسَ بِذٰلِكَ، أَلَا تَسْمَعُوْنَ إِلٰى قَوْلِ لُقْمَانَ: ﴿إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾؟" [راجع: ۳۲]

[٦٩١٩-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، ح: وَحَدَّثَنَا قَيْسُ ابْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سَعِيْدُ الْجُرَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَكْبَرُ الْكَبَائِرِ: الإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ، وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ، وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ- ثَلَاثًا - أَوْ: قَوْلُ الزُّوْرِ" فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا حَتّٰى قُلْنَا: لَيْتَهُ سَكَتَ. [راجع: ٢٦٥٤]

[٦٩٢٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شَيْبَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا الْكَبَائِرُ؟ قَالَ: " الإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ" قَالَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: " ثُمَّ عُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ" قَالَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: " ثُمَّ الْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ" قُلْتُ: وَمَا الْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ؟ قَالَ: " الَّذِيْ يَقْتَطِعُ مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ هُوَ فِيْهَا كَاذِبٌ" [راجع: ٦٦٧٥]

[٦٩٢١-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنِ

ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنُوَاخَذُ بِمَا عَمِلْنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ؟ قَالَ: " مَنْ أَحْسَنَ فِي الإِسْلَامِ لَمْ يُؤَاخَذْ بِمَا عَمِلَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَمَنْ أَسَاءَ فِي الإِسْلَامِ أُخِذَ بِالأَوَّلِ وَالآخِرِ"

وضاحت: گناہ میں ڈوبا دینے والی قسم وہ ہے جو کورٹ میں کھائی جائے، تاکہ اپنے حق میں ڈگری (فیصلہ) کرالے اور مسلمان کا مال پڑالے۔

بَابُ حُكْمِ الْمُرْتَدِّ وَالْمُرْتَدَّةِ، واسْتِتَابَتُهُمْ

مرتد مرد وزن کا حکم، اوران سے توبہ کرانا

امام شافعی اورامام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک مرتد مرد اورعورت دونوں کو اسلامی حکومت قتل کرے گی، حدیث میں ہے: من بَدَّل دينَه فاقتلوه: جو اسلام کو چھوڑ کر دوسرا دھرم اختیار کرے اس کو قتل کردو، یہ حدیث عام ہے مرد وزن کو، اور دونوں کا گناہ یکساں ہے، پس دونوں کو قتل کیا جائے گا، اوراحناف کے نزدیک مرد کو تو قتل کیا جائے گا، عورت کو قتل نہیں کیا جائے گا، کیونکہ نبی ﷺ نے عورتوں کو قتل کرنے سے منع کیا ہے، یہ حدیث بھی احوال کو عام ہے، پس عورت کو ارتداد کی وجہ سے بھی قتل نہیں کیا جائے گا اصل یہ ہے کہ غلط عقائد واعمال کی سزا آخرت میں ملے گی، اور مرتد مرد کا قتل فتنے کے سد باب کے لئے ہے، اسلام پر مجبور کرنے کے لئے نہیں ہے اور مرتد عورت کو گھر میں نظر بند کردیا جائے گا، اور دوسری عورتوں کو اس سے ملنے سے روک دیا جائے گا، مرد کو نظر بند نہیں کرسکتے، یہ مرد کے موضوع کے خلاف ہے، اوراسلام میں جیل کی سزا نہیں، پس وہ آزاد پھرے گا، اورلوگوں کے ذہن بگاڑے گا، اورفتنہ پھیلائے گا، اورفتنہ قتل سے بھاری ہے، اس لئے اس کو قتل کردیا جائے گا۔

باب کا دوسرا جزء ہے: مرتد مرد وزن سے توبہ کرانا، اگران کے شبہات ہوں تو ایسا عالم مہیا کیا جائے گا جوان کے شبہات کو دور کرے، اوراس حدتک ان کو جواب دے کہ وہ لاجواب ہوجائیں، پھران کو تین دن کی مہلت دی جائے، اگر اسلام کی طرف لوٹ آئیں تو فبہا! ورنہ مرد کو قتل کردیا جائے اورعورت کو گھر میں نظر بند کردیا جائے۔

۱- حضرت ابن عمرؓ، امام زہریؒ، حضرت ابراہیم نخعیؒ نے فرمایا: مرتد عورت قتل کی جائے —— اور حاشیہ میں امام اعظمؒ کی ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ عورتوں کو قتل نہ کیا جائے جب وہ دین اسلام سے پھر جائیں۔

۲- سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۸۶) ہے: "اللہ تعالیٰ کیسے ہدایت دیں گے، ایسے لوگوں کو جو ایمان لانے کے بعد کافر ہوگئے، اور یہ گواہی دینے کے بعد کہ رسول برحق ہیں، درانحالیکہ ان کو واضح دلائل پہنچ چکے ہیں؟ اوراللہ تعالیٰ ایسے برخود غلط قسم کے لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتے" یعنی ان کا یہ دعوی کہ ہم نے اسلام کو چھوڑ کر جو دوسرا دھرم اختیار کیا ہے وہ ہدایت کا راستہ ہے، اور یہ ہدایت ہم کو اللہ نے دی ہے: ان کا یہ دعوی غلط ہے، انھوں نے گمراہی کا راستہ اختیار کیا ہے، یہی لوگ مرتد ہیں۔

۳- سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۱۰۰) ہے: "اے ایمان والو! اگر تم کہنا مانوگے اہل کتاب کے کسی فرقہ کا: تو وہ تم کو

تمہارے ایمان لانے کے بعد کافر بنادیں گے'' ـــــ یہی ارتداد ہے۔

۴-سورۃ النساء کی (آیت ۱۳۷) ہے: ''بے شک جو لوگ ایمان لائے، پھر کافر ہوگئے، پھر ایمان لائے پھر کافر ہوگئے، پھر کفر میں بڑھتے چلے گئے یعنی موت تک کفر پر رہے تو اللہ تعالیٰ ایسوں کو ہرگز نہ بخشیں گے، اور نہ ان کو (جنت کا) راستہ دکھائیں گے (کیونکہ مغفرت کے لئے ایمان پر مرنا شرط ہے)

۵-سورۃ المائدۃ (آیت ۵۴) میں ہے: ''اے ایمان والو! جو شخص تم میں سے اپنے دین (اسلام) سے پھر جاوے تو اللہ تعالیٰ جلدی ایسی قوم کو لے آئیں گے جن سے اللہ کو محبت ہوگی، اور جن کو اللہ سے محبت ہوگی'' (اس آیت میں دین سے پھر جانے کا ذکر ہے)

۶-سورۃ النحل کی (آیات ۱۰۶-۱۱۰) ہیں: ''جس نے ایمان لانے کے بعد اللہ کا انکار کردیا، مگر جس شخص پر زبردستی کی جائے درانحالیکہ اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو (وہ مستثنیٰ ہے) لیکن جو شرح صدر کے ساتھ انکار کرے تو اس پر اللہ کا غضب ہوگا، اور ان کے لئے بڑی سزا ہوگی، یہ بات بایں وجہ ہوگی کہ انھوں نے دنیوی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں عزیز رکھا، اور بایں وجہ ہوگی کہ اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو (جنت کا) راستہ نہیں دکھاتے، یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر، کانوں پر اور آنکھوں پر اللہ نے مہر لگادی ہے، پکی بات ہے کہ یہ لوگ آخرت میں بالکل گھاٹے میں ہونگے، پھر بے شک تیرا پروردگار ان لوگوں کے لئے جنھوں نے مبتلائے کفر ہونے کے بعد (ایمان لاکر) ہجرت کی، پھر انھوں نے جہاد کیا، پھر وہ ایمان پر جمے رہے تو آپ کا پروردگار ان اعمال کے بعد بڑی مغفرت والا بڑی رحمت والا ہے''

۷-سورۃ البقرۃ (آیت ۲۱۷) میں ہے: ''اور کفار برابر تمہارے ساتھ برسرِ پیکار رہیں گے، یہاں تک کہ تم کو پھیر دیں تمہارے دین سے اگر ان کا بس چلے، اور جو شخص تم میں سے پھر جائے اپنے دین سے، پھر اس کی کافر ہونے کی حالت میں موت آئے تو ایسے لوگوں کے نیک اعمال دنیا وآخرت میں اکارت جائیں گے، اور وہ دوزخی ہونگے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے''

ملحوظہ: ان آیات میں ارتداد اور اس کی اخروی سزا کا ذکر ہے، دنیوی کسی سزا کا ذکر نہیں، اس کا تذکرہ حدیثوں میں ہے۔

[۲-] بَابُ حُكْمِ الْمُرْتَدِّ وَالْمُرْتَدَّةِ

[۱-] وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ، وَالزُّهْرِيُّ، وَإِبْرَاهِيْمُ: تُقْتَلُ الْمُرْتَدَّةُ.

وَاسْتِتَابَتُهُمْ

[۲-] وَقَالَ اللّٰهُ: ﴿كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ إِيْمَانِهِمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَأُوْلٰئِكَ هُمُ الضَّالُّوْنَ﴾

[۳-] وَقَوْلُهُ: ﴿إِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ إِيْمَانِكُمْ كَافِرِيْنَ﴾

[۴-] وَقَالَ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ آمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ

وَلاَ لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلاً﴾

[۵-] وَقَالَ: ﴿مَنْ يَرْتَدَّ مِنكُمْ عَنْ دِيْنِهِ، فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهُ﴾

[۶-] وَقَالَ: ﴿وَلٰكِنْ مَنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ، ذٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوْا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الآخِرَةِ﴾ ﴿لاَجَرَمَ﴾ يَقُوْلُ: حَقًّا ﴿أَنَّهُمْ فِي الآخِرَةِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جَاهَدُوْا وَصَبَرُوْا إِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾

[۷-] وَقَالَ: ﴿وَلاَ يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوْا وَمَنْ يَرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهِ، فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُوْلٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَأُوْلٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ﴾

آئندہ حدیث: عکرمہ بیان کرتے ہیں: چند زندیق حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس لائے گئے، آپؓ نے ان کو جلادیا، ابن عباسؓ کو یہ بات پہنچی تو فرمایا: اگر میں ہوتا تو ان کو نہ جلاتا، نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''اللہ کی سزا مت دو'' اور میں ان کو قتل کرتا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''جو شخص اپنا دین بدل دے اس کو قتل کردو''

[۶۹۲۲-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ أُتِيَ عَلِيٌّ بِزَنَادِقَةٍ فَأَحْرَقَهُمْ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: لَوْ كُنْتُ أَنَا لَمْ أُحْرِقْهُمْ لِنَهْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ تُعَذِّبُوْا بِعَذَابِ اللّٰهِ" وَلَقَتَلْتُهُمْ، لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوْهُ"[راجع: ۳۰۱۷]

آئندہ حدیث: ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ پہلے یمن میں گورنر ہوکر پہنچے، پیچھے سے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ گورنر ہوکر پہنچے (دونوں کے پرگنے الگ الگ تھے) ابوموسیٰ کے پاس ایک شخص بندھا ہوا تھا، وہ پہلے یہودی تھا، پھر مسلمان ہوا، پھر یہودی ہوگیا، حضرت معاذؓ نے بہ اصرار اس کو قتل کرایا۔

[۶۹۲۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ هِلاَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: أَقْبَلْتُ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَمَعِيْ رَجُلاَنِ مِنَ الأَشْعَرِيِّيْنَ، أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِيْنِيْ وَالآخَرُ عَنْ يَسَارِيْ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْتَاكُ، فَكِلاَهُمَا سَأَلَ، فَقَالَ: " يَا أَبَا مُوْسَى أَوْ قَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ!" قَالَ: قُلْتُ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا أَطْلَعَانِيْ عَلٰى مَا فِي أَنْفُسِهِمَا، وَمَا شَعَرْتُ أَنَّهُمَا يَطْلُبَانِ الْعَمَلَ، فَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى سِوَاكِهِ تَحْتَ شَفَتِهِ قَلَصَتْ، فَقَالَ: " لَنْ أَوْ: لاَ نَسْتَعْمِلُ عَلٰى عَمَلِنَا مَنْ أَرَادَهُ، وَلٰكِنِ اذْهَبْ أَنْتَ يَا أَبَا مُوْسَى أَوْ: يَا

عَبْدِ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ إِلَى الْيَمَنِ" ثُمَّ أَتْبَعَهُ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ أَلْقَى لَهُ وِسَادَةً، قَالَ: انْزِلْ، وَإِذَا رَجُلٌ عِنْدَهُ مُوْثَقٌ، قَالَ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: كَانَ يَهُوْدِيًّا فَأَسْلَمَ ثُمَّ تَهَوَّدَ، قَالَ: اجْلِسْ، قَالَ: لاَ أَجْلِسُ حَتّٰي يُقْتَلَ، قَضَاءُ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، فَأَمَرَ بِهِ فَقُتِلَ، ثُمَّ تَذَاكَرَا قِيَامَ اللَّيْلِ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: أَمَّا أَنَا فَأَقُوْمُ وَأَنَامُ، وَأَرْجُوْ فِيْ نَوْمَتِيْ مَا أَرْجُوْ فِيْ قَوْمَتِيْ. [راجع: ۲۲۶۱]

بَابُ قَتْلِ مَنْ أَبَى قَبُوْلَ الْفَرَائِضِ، وَمَا نُسِبُوْا إِلَى الرِّدَّةِ

اس شخص کو قتل کرنا جو فرائض کا انکار کرے اور جو ارتداد کی طرف منسوب کیا جاتا ہے

باب میں عطف تفسیری ہے، جو شخص کلمہ اسلام کا اقرار کرتا ہے اور فرائضِ اسلام کا انکار کرتا ہے تو وہ مسلمان نہیں، مسلمان ہونے کے لئے سارے دین کو ماننا ضروری ہے، بعض احکام قطعیہ کا انکار بھی کفر ہے، جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی، اور ابوبکرؓ خلیفہ چنے گئے تو جزیرۃ العرب میں ارتداد پھیلا، ایک تعداد تو اسلام سے نکل گئی، وہ مسیلمہ کذاب کی جھوٹی نبوت پر ایمان لے آئی، ان سے خلیفہ اول نے لوہا لیا، مسیلمہ مارا گیا، اور اس کی فوج تہ تیغ ہوئی یا تتر بتر ہوگئی، اور بعض قبائل نے زکات کا انکار کیا، اور کچھ لوگوں نے مرکز کو زکات بھیجنے سے انکار کیا، چنانچہ جب مسیلمہ کذاب کا قصہ نمٹ گیا تو صدیق اکبرؓ نے ان دو جماعتوں کی طرف لشکر بھیجنے کا ارادہ کیا، پس فاروقِ اعظمؓ نے عرض کیا: آپ ان سے کیسے لڑیں گے، جبکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: میں حکم دیا گیا ہوں کہ لوگوں سے جنگ کروں یہاں تک کہ وہ لا إلٰہ إلا اللّٰہ کہیں، پس جب انھوں نے لا إلٰہ إلا اللّٰہ کہا تو اس نے مجھ سے اپنی جان اور مال محفوظ کرلیا، مگر اللہ کے حق کی وجہ سے یعنی حدود وغیرہ میں اس کو قتل کیا جاسکتا ہے، اور اس کا حساب اللہ تعالیٰ لیں گے یعنی ہم ظاہر پر احکام دائر کریں گے، اس نے سچے دل سے کلمہ پڑھا ہے یا بناوٹ کی ہے: اس کو اللہ تعالیٰ جانتے ہیں، وہی اس سے حساب کریں گے، صدیق اکبرؓ نے جواب دیا: جو شخص نماز اور زکات کے درمیان جدائی کرے گا: میں اس سے جنگ کروں گا، کیونکہ نماز بدن کا حق ہے اور زکات مال کا، بخدا! اگر وہ زکات میں رسّی بھی دیتے تھے اور وہ مجھے نہیں دیں گے تو میں ان سے لڑوں گا، اس میں دونوں جماعتیں آگئیں، جو نماز کو فرض مانتے ہیں اور زکات کو فرض نہیں مانتے، ان سے بھی، اور جو نماز میں اجتماعیت کے قائل ہیں، مل کر نمازیں پڑھتے ہیں، اور زکات میں اجتماعیت کے قائل نہیں، وہ سینٹرل گورنمنٹ کو زکات نہیں دینا چاہتے ان سے بھی لڑوں گا۔ پہلی قسم کے لوگ باب کا مصداق ہیں، وہ ایک فریضہ کے منکر ہیں، پس وہ مسلمان نہیں رہے، پس ان سے قتال بربنائے ارتداد ہوگا، اور دوسری قسم کے لوگ سنت (اسلامی طریقہ) کے منکر ہیں، اور ہر وہ سنت جو اسلام کا شعار ہے اس کے اجتماعی ترک پر قتال ہوگا، اگر کسی جگہ کے لوگ اذان نہ دیں یا ختنہ نہ کرائیں تو ان سے حکومتِ اسلامیہ جنگ کرے گی، اور اسلامی شعار قائم کرنے پر مجبور کرے گی، اگرچہ یہ دونوں باتیں سنت ہیں، اسی طرح دورِ نبوی میں زکات اجتماعی طور پر وصول کی جاتی تھی، اور اجتماعی طور پر خرچ کی جاتی تھی، اگرچہ

بعد میں یہ نظام بکھر گیا، مگر دورِ صدیقی تک یہی نظام تھا، اس لئے جو اس نظام کی خلاف ورزی کرے گا صدیق اکبرؓ نے اس سے بھی جنگ کرنے کا ارادہ کیا، جس پر حضرت فاروق اعظمؓ کو شرح صدر ہو گیا، مگر پھر دونوں جماعتوں سے قتال کی نوبت نہیں آئی، وہ مسیلمۂ کذاب کا بھیانک انجام دیکھ کر اور جیش اسامہؓ کی کامیاب واپسی سے سہم گئے اور راہِ راست پر آ گئے۔

فائدہ: جو مشہور فقہی جزئیہ ہے کہ اگر کسی کے قول میں ننانوے وجوہ کفر کی ہوں اور ایک وجہ اسلام کی ہو تو اس کو کافر نہیں قرار دیا جائے گا، اس جزئیہ کا تعلق اقوال سے ہے، یعنی ہفوات سے ہے، کوئی شخص کفریہ بات بکے، اور اس کی تاویل ممکن ہو تو اس کو کافر نہیں کہیں گے، اس قاعدہ کا تعلق عقائد، افعال اور فرائض سے نہیں ہے، کوئی شخص مندر میں جا کر بت کے سامنے ڈنڈوت کرے (فعل) یا ختم نبوت کا انکار کرے اور اس کی نامعقول تاویل کرے اور آپؐ کے بعد کسی بھی قسم کی نبوت کا قائل ہو (عقیدہ) یا کسی قطعی فرض کا انکار کرے، جیسے زکات کو فرض نہ مانے وہ مسلمان نہیں، حکومتِ اسلامیہ اس مرتد/ زندیق کو قتل کر دے گی۔

[۳-] بَابُ قَتْلِ مَنْ أَبَى قَبُوْلَ الْفَرَائِضِ، وَمَا نُسِبُوْا إِلَى الرِّدَّةِ

[۶۹۲۴-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّىَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم وَاسْتُخْلِفَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ، قَالَ عُمَرُ: يَا أَبَا بَكْرٍ! كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، فَمَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، عَصَمَ مِنِّىْ مَالَهُ وَنَفْسَهُ، إِلَّا بِحَقِّهِ، وَحِسَابُهُ عَلَى اللهِ؟" [راجع: ۱۳۹۹]

[۶۹۲۵-] قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَاللهِ لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ، فَإِنَّ الزَّكَاةَ حَقُّ الْمَالِ، وَاللهِ لَوْ مَنَعُوْنِىْ عَنَاقًا كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهَا إِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهَا، قَالَ عُمَرُ: فَوَاللهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُ أَنْ قَدْ شَرَحَ اللهُ صَدْرَ أَبِىْ بَكْرٍ لِلْقِتَالِ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ. [راجع: ۱۴۰۰]

بَابٌ: إِذَا عَرَّضَ الذِّمِّىُّ وَغَيْرُهُ بِسَبِّ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم وَلَمْ يُصَرِّحْ، نَحْوَ قَوْلِهِ: السَّامُ عَلَيْكَ

اگر ذمی وغیرہ چھپا کر نبی ﷺ کو برا کہیں، صاف نہ کہیں، جیسے السام علیك!

تعریض: چھپا کر کوئی بات کہنا، **لم یصرح:** تعریض کی وضاحت ہے، اور إذا کا جواب ذکر نہیں کیا، اور غیرہ سے مراد معاہد اور نام نہاد مسلمان ہیں، اور نحو سے مراد: مثلاً یہ کہنا کہ انھوں نے بہت شادیاں کیں، احناف کے نزدیک ایسے دریدہ

دہن کو سزا دی جائے گی، مگر قتل نہیں کیا جائے گا، یہود زبان موڑ کر سلام کرتے تھے، اور السام عليك! کہتے تھے یعنی تم مرو، حالانکہ السلام عليك کے معنی ہیں: تم جیو! نبی ﷺ ترکی بہ ترکی جواب دیتے تھے: عليك! ہم کیوں مریں تم مرو! مگر آپؐ نے ان کو قتل نہیں کیا، ایک تو اس وجہ سے کہ حالات سازگار نہیں تھے، دوم: اس وجہ سے کہ آپؐ اپنی ذات کے لئے بدلہ نہیں لیتے تھے، سوم: اس وجہ سے کہ جرم قابل قتل نہیں تھا، واللہ اعلم

[٤-] بَابٌ: إِذَا عَرَّضَ الذِّمِّيُّ وَغَيْرُهُ بِسَبِّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَلَمْ يُصَرِّحْ، نَحْوَ قَوْلِهِ: السَّامُ عَلَيْكَ

[٦٩٢٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: مَرَّ يَهُوْدِيٌّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: السَّامُ عَلَيْكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَعَلَيْكَ" فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَتَدْرُوْنَ مَا يَقُوْلُ؟ قَالَ: السَّامُ عَلَيْكَ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَلَا نَقْتُلُهُ؟ قَالَ: "لَا، إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا وَعَلَيْكُمْ"[راجع: ٦٢٥٨]

[٦٩٢٧-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ رَهْطٌ مِنَ الْيَهُوْدِ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: السَّامُ عَلَيْكُمْ، فَقُلْتُ: بَلْ عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ! فَقَالَ: "يَا عَائِشَةُ! إِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ" قُلْتُ: أَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا؟! قَالَ: "قُلْتُ: وَعَلَيْكُمْ"[راجع: ٢٩٣٥]

[٦٩٢٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَمَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الْيَهُوْدَ إِذَا سَلَّمُوْا عَلَى أَحَدِكُمْ إِنَّمَا يَقُوْلُوْنَ: سَامٌ عَلَيْكُمْ، فَقُلْ: عَلَيْكَ"[راجع: ٦٢٥٧]

بَابٌ

نبی ﷺ ایذا رسانی پر صبر کرتے تھے

یہ باب کالفصل من الباب السابق ہے، نبی ﷺ نے گفتہ آید در حدیث دیگراں کے طور پر بیان فرمایا کہ ایک نبی کو اس کی قوم نے مارا، اور اس کو خون آلود کر دیا، وہ اپنے چہرے سے خون پونچھ رہے تھے اور کہہ رہے تھے: اے اللہ! میری قوم کو معاف فرما، وہ مجھے جانتی نہیں! یہ آپؐ کا اپنا واقعہ ہے، آپؐ ایذا رسانی پر صبر کرتے تھے، اپنی ذات کے لئے بدلہ نہیں

لیتے تھے، اور آپ کو جو دشمن نے مارا تھا وہ دورانِ جنگ مارا تھا، اور جنگ میں ایسا ہوتا ہی ہے، اسی طرح کوئی اور چوٹ کرے تو اس کو بھی قتل نہیں کرنا چاہئے۔

[٥-] بَابٌ

[٦٩٢٩-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ شَقِیْقٌ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كَأَنِّیْ أَنْظُرُ إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم یَحْكِیْ نَبِیًّا مِنَ الْأَنْبِیَاءِ ضَرَبَهُ قَوْمُهُ فَأَدْمَوْهُ، فَهُوَ یَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَهُوَ یَقُوْلُ: رَبِّ اغْفِرْ لِقَوْمِیْ فَإِنَّهُمْ لاَ یَعْلَمُوْنَ.[راجع: ٣٤٧٧]

بَابُ قِتَالِ الْخَوَارِجِ وَالْمُلْحِدِیْنَ بَعْدَ إِقَامَةِ الْحُجَّةِ عَلَیْهِمْ

خوارج اور حق سے پھرنے والوں سے حجت قائم کرنے کے بعد جنگ کرنا

باب میں عطف تفسیری ہے، ملحدین: خوارج کا بیان ہے۔ جنگ صفین کے بعد تحکیم کا واقعہ پیش آیا، اس میں ایک حکم نے ہیرا پھیری کی تو اسلامی حکومت دو حصوں میں تقسیم ہوگئی، اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لشکر سے آٹھ، دس ہزار آدمی جدا ہوئے، انھوں نے کہا: لاحکم إلا للہ: حکم کسی کا نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے، پس علیؓ ثالث مقرر کر کے کافر ہوگئے، اب ان کا ساتھ دینا جائز نہیں، پھر انھوں نے اپنا ہیڈ کواٹر حروراء نامی بستی کو بنایا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کو سمجھانے کے لئے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو بھیجا، انھوں نے سمجھایا کہ آیت کریمہ: ﴿إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ﴾: کا مطلب تم غلط سمجھ رہے ہو، نبی ﷺ نے غزوۂ بنوقریظہ میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو حکم بنایا ہے، پس تم قرآن کو زیادہ سمجھتے ہو یا نبی ﷺ جن پر قرآن اترا ہے؟ مگر انھوں نے ایک نہ سنی، بلکہ وہ شرارتوں پر اتر آئے، جوا کا دکا مسلمان ان کے ہاتھ آجاتا اس کو قتل کر دیتے، حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے لڑکے عبداللہ کو قتل کر دیا، اور ان کی باندی کا پیٹ پھاڑ دیا تو ان سے جنگ ناگزیر ہوگئی، چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف پیش قدمی کی، اور ان کو کیفر کردار تک پہنچایا، اور جو بچ گئے انھوں نے مذہبی رخ اختیار کر لیا۔

آیت کریمہ: سورۃ التوبہ کی (آیت ۱۱۵) ہے: ''اور اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرتے کہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد گمراہ کر دیں، جب تک اللہ تعالیٰ صاف صاف نہ بتلا دیں وہ باتیں جن سے وہ بچتے رہیں!'' —— پس جو لوگ اپنے باطل گمان سے حکومت کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے ہیں: ان کو پہلے سمجھایا جائے، ان پر حجت تام کرنے کے بعد ان سے جنگ کی جائے، سنت الٰہی یہی ہے۔

اثر: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما خوارج کو بدترین خلائق سمجھتے تھے، اور فرمایا: ''انھوں نے اُن آیات کو جو کفار کے حق میں نازل ہوئی ہیں مسلمانوں پر چسپاں کر دیا!'' —— یہی کام اس زمانہ میں بدلگام غیر مقلدین (سلفی) کر رہے ہیں،

جو آیات کفار کے حق میں ہیں ان کو مقلدین پر چسپاں کرتے ہیں، فھداھم اللہ! غیر مقلد عالم مولانا وحید الزماں نے فرمایا: ''ان سے بدتر وہ لوگ ہیں جو اُن آیتوں کو جو یہود کے باب میں نازل ہوئی ہیں (ان کو) علمائے امتِ محمودیہ پر چیپتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی نجاست سے زمین کو پاک کریں (لغات الحدیث، کتاب ح،ص ۳۲)

اور باب کی حدیثیں: پہلے تحفۃ القاری (۱۵۶:۷) میں آگئی ہیں۔

[۶-] بَابُ قِتَالِ الْخَوارِجِ وَالْمُلْحِدِيْنَ بَعْدَ إِقَامَةِ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ إِذْ هَدَاهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَا يَتَّقُوْنَ﴾

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَرَاهُمْ شِرَارَ خَلْقِ اللّٰهِ، وَقَالَ: إِنَّهُمُ انْطَلَقُوْا إِلٰى آيَاتٍ نَزَلَتْ فِي الْكُفَّارِ فَجَعَلُوْهَا عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ.

[۶۹۳۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَيْثَمَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ غَفَلَةَ، قَالَ عَلِيٌّ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثًا فَوَاللّٰهِ لَأَنْ أَخِرَّ مِنَ السَّمَاءِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَكْذِبَ عَلَيْهِ، وَإِذَا حَدَّثْتُكُمْ فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ فَإِنَّ الْحَرْبَ خَدْعَةٌ، وَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "سَيَخْرُجُ قَوْمٌ فِي آخِرِ الزَّمَانِ، حُدَّاثُ الْأَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ، يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ، لَا يُجَاوِزُ إِيْمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، فَأَيْنَمَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ، فَإِنَّ فِيْ قَتْلِهِمْ أَجْرًا لِمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"[راجع: ۳۶۱۱]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب میں تم سے رسول اللہ ﷺ کی کوئی حدیث بیان کروں تو بخدا! میں آسمان سے گر پڑوں زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں آپؐ پر جھوٹ باندھوں! اور جب میں تم سے اپنے اور تمہارے درمیان کوئی بات بیان کروں تو جنگ ایک چال ہے! میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آخر زمانہ میں ایسے لوگ ہونگے جو نوعمر اور عقل کے اوچھے ہونگے، مخلوق کی بہترین بات کے قائل ہونگے، یعنی کلمہ پڑھتے ہونگے، ان کا ایمان ان کے گلوں سے نیچے نہیں اترے گا، دین سے نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، پس جہاں بھی تم ان کو پاؤ ان کو قتل کرو، کیونکہ ان کے قتل میں قیامت کے دن ثواب ہے اس شخص کے لئے جو ان کو قتل کرے۔

[۶۹۳۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَعَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ: أَنَّهُمَا أَتَيَا أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، فَسَأَلَاهُ عَنِ الْحَرُوْرِيَّةِ: أَسَمِعْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: لَا أَدْرِيْ مَا الْحَرُوْرِيَّةُ؟ سَمِعْتُ

النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَخْرُجُ فِي هٰذِهِ الْأُمَّةِ، وَلَمْ يَقُلْ: مِنْهَا، قَوْمٌ تَحْقِرُوْنَ صَلاَتَكُمْ مَعَ صَلاَتِهِمْ، يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لاَ يُجَاوِزُ حُلُوْقَهُمْ أَوْ: حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمُرُوْقِ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، فَيَنْظُرُ الرَّامِيْ إِلٰى سَهْمِهِ، إِلٰى نَصْلِهِ، إِلٰى رِصَافِهِ، فَيَتَمَارَى فِي الْفُوْقَةِ، هَلْ عَلِقَ بِهَا مِنَ الدَّمِ شَيْئٌ؟"[راجع: ٣٣٤٤]

ترجمہ: ابوسلمہ اور عطاء بن یسار رحمہما اللہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، اور ان سے حروریہ کے بارے میں پوچھا کہ آپ نے نبی ﷺ سے کچھ سنا ہے؟ حضرت ابوسعیدؓ نے فرمایا: میں حروریہ کو نہیں جانتا یعنی یہ نام میں نے نہیں سنا، میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے کہ اس امت میں نکلیں گے —— اور آپؐ نے اس امت سے نہیں کہا —— ایسے لوگ کہ معمولی سمجھو گے تم اپنی نمازوں کو ان کی نمازوں کے سامنے، پڑھیں گے وہ قرآن کو نہیں بڑھے گا وہ ان کی ہنسلیوں سے، وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، پس دیکھے گا تیر چلانے والا اپنے تیر کو: اس کی انّی کو، اس کی تانت کو (ان میں کوئی نشان نہیں پائے گا) پھر شک کرے گا وہ تانت باندھنے کی جگہ میں کہ کیا اس کے ساتھ کچھ خون لگا ہے؟ (لغات کے معانی محولہ بالا جگہ میں ہیں اور فی ظرفیت کے لئے اور من تبعیض کے لئے یعنی خوارج امت اجابہ میں شامل نہیں ہونگے)

[٦٩٣٢-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَرُ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، عَنْ عَبْدِاللهِ ابْنِ عُمَرَ، وَذَكَرَ الْحَرُوْرِيَّةَ، فَقَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَمْرُقُوْنَ مِنَ الإِسْلاَمِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ"

بَابُ مَنْ تَرَكَ قِتَالَ الْخَوَارِجِ لِلتَّأَلُّفِ، وَأَنْ لاَ يَنْفِرَ النَّاسُ عَنْهُ

ایک رائے یہ ہے کہ آپؐ نے خوارج سے جنگ نہیں کی ان کو اپنے سے جوڑنے کے لئے اور اس لئے کہ وہ آپؐ سے بدک نہ جائیں

جعرانہ میں حنین کی غنیمت تقسیم ہو رہی تھی، اچانک ذوالخویصرۃ تمیمی آیا، اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! انصاف سے تقسیم کیجئے! آپؐ نے فرمایا: "تیرا ناس ہو! کون انصاف کرے گا اگر میں انصاف نہیں کرونگا؟" حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی گردن مارنے کی اجازت طلب کی تو آپؐ نے فرمایا: "اسے چھوڑو، اس کے لئے کچھ ساتھی ہونگے، معمولی سمجھے گا تم میں سے ایک اپنی نماز کو ان کی نماز کے سامنے" (الی آخرہ) —— یہاں سوال ہے کہ آپؐ نے خوارج کی جڑ کیوں نہ کاٹ

دی؟ تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری! امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں اس سوال کا جواب دیا ہے، اور دوسرے کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلائی ہے، اور شاید یہ جواب صحیح نہیں، ابھی تو خوارج کا وجود ہی نہیں ہوا تھا، إن له أصحابا اس کی دلیل ہے، رہا ذو الخویصرۃ جس نے شانِ نبوت میں گستاخی کی تھی وہ آپؐ کا اپنا معاملہ تھا، اور آپؐ اپنی ذات کے لئے کسی سے بدلہ نہیں لیتے تھے، اور حدیث تحفۃ القاری (۷:۱۵۵) میں آچکی ہے۔

[۷-] بَابُ مَنْ تَرَكَ قِتَالَ الْخَوَارِجِ لِلتَّأَلُّفِ، وَأَنْ لاَ يَنْفِرَ النَّاسُ عَنْهُ

[۶۹۳۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْسِمُ، جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ ذُو الْخُوَيْصِرَةِ التَّمِيْمِيُّ، فَقَالَ: اعْدِلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:" وَيْلَكَ! وَمَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ أَعْدِلْ؟!" قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: ائْذَنْ لِيْ فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ. قَالَ:" دَعْهُ، فَإِنَّ لَهُ أَصْحَابًا يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ صَلاَتَهُ مَعَ صَلاَتِهِ، وَصِيَامَهُ مَعَ صِيَامِهِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يُنْظَرُ فِيْ قُذَذِهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ فِي نَصْلِهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ فِيْ رِصَافِهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ فِيْ نَضِيِّهِ فَلاَ يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْئٌ، قَدْ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ، آيَتُهُمْ رَجُلٌ إِحْدَى يَدَيْهِ أَوْ قَالَ: ثَدْيَيْهِ مِثْلُ ثَدْيِ الْمَرْأَةِ، أَوْ قَالَ: مِثْلُ الْبَضْعَةِ، تَدَرْدَرُ، يَخْرُجُوْنَ عَلٰى حِيْنِ فُرْقَةٍ مِنَ النَّاسِ" قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَشْهَدُ أَنَّ عَلِيًّا قَتَلَهُمْ وَأَنَا مَعَهُ، جِيْءَ بِالرَّجُلِ عَلٰى النَّعْتِ الَّذِيْ نَعَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم. قَالَ: فَنَزَلَتْ فِيْهِ:﴿وَمِنْهُمْ مَنْ يَلْمِزُكَ فِي الصَّدَقَاتِ﴾[التوبة: ۵۸]

[راجع: ۳۳٤٤]

[٦٩٣٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُسَيْرُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: قُلْتُ لِسَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ: هَلْ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِي الْخَوَارِجِ شَيْئًا؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ – وَأَهْوَى بِيَدِهِ قِبَلَ الْعِرَاقِ-:" يَخْرُجُ مِنْهُ قَوْمٌ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لاَ يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الإِسْلاَمِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ"

لغات: قُذَذ: جمع القُذَّة: تیر میں لگانے کے لئے تیار کیا ہوا گدھ وغیرہ کا پَر...... النَّصْل: تیر کی انی، پیکان، پھل ...... الرِّصَاف: وہ تانت جو تیر کے پھل کے داخل کرنے کی جگہ میں باندھی جاتی ہے...... نَضِیُّ السهم: تیر کے پیکان اور پَر کے درمیان کا حصہ...... قد سَبَقَ: أی السهم...... تَدَرْدَرُ: تتحرَّك...... حين فرقة: جب مسلمانوں میں اختلاف رونما ہوگا...... النعث: الصفة۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ"

پیشین گوئی کہ قیامت سے پہلے دو جماعتیں ضرور لڑیں گی جن کا دعوی ایک ہوگا

یہ خوارج ہی کے سلسلہ کا باب ہے، خوارج کے ساتھ جنگ سے پہلے جنگِ صفین پیش آئی ہے، اس کے بعد تحکیم کا واقعہ پیش آیا ہے، اور اس کے نتیجہ میں خوارج کا خروج عمل میں آیا ہے، جنگِ صفین حضرات علی ومعاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان ہوئی ہے، جس میں کشتوں کے پشتے لگ گئے تھے، یہ جنگ ایک سوبیس دن تک چلی ہے، جب حضرت معاویہؓ کی جماعت ہارنے کو ہوگئی تو اس نے ایک چال چلی، نیزوں پر قرآن اونچے کئے کہ قرآن کو حکم مان لو، اور جنگ روک دو، حضرت علیؓ اس چال کو سمجھ گئے تھے مگر آپ کی طرف کے لوگوں نے آپ کو ہتھیار رکھنے پر مجبور کر دیا، پس جنگ بند ہوگئی، اور دو آدمیوں کی پنچایت قائم کی گئی، اس میں ایک پنچ نے ہیرا پھیری کی تو تحکیم بے نتیجہ رہی، اور اسلامی حکومت دو حصوں میں تقسیم ہوگئی، اس جنگ کا سبب یہ بنا کہ اس سے پہلے بلوائیوں نے حضرت عثمانؓ کو شہید کیا تھا، پھر حضرت علیؓ خلیفہ چنے گئے، سب نے ان سے بیعت کی مگر حضرت معاویہؓ نے جو شام کے گورنر تھے بیعت نہیں کی، ان کا مطالبہ تھا کہ پہلے قاتلینِ عثمان کو قصاص میں قتل کرو تو میں بیعت کروں، ان کے لاشعور میں یہ ہوگا کہ قتل عثمان میں حضرت علیؓ کا ہاتھ ہے، جبھی وہ قاتلین عثمان کو قتل کرنے میں پس وپیش کررہے ہیں، اور حضرت علیؓ کا جواب تھا کہ پہلے میرے ہاتھ مضبوط کرو، سب مجھ سے بیعت کرو تو میں متفقہ خلیفہ بن کر قصاص لوں، اس کش مکش میں بات بڑھ گئی، اور جنگ صفین پیش آئی، پھر تحکیم کا واقعہ، پھر خوارج کا خروج۔

[۸-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ"

[۶۹۳۵-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ"

[راجع: ۸۵و ۱۰۳۶]

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُتَأَوِّلِيْنَ

غلط فہمی سے درگذر کرنے کی روایات

یہ آخری باب ہے، گذشتہ باب میں بیان کیا ہے کہ حضرات علی ومعاویہ رضی اللہ عنہما کو ایک دوسرے کی بات سمجھنے میں

غلط فہمی ہوئی تھی، اب اس باب میں ایسی متعدد روایات لائے ہیں جن میں غلط فہمی سے درگذر کیا گیا ہے، پس وہ اختلاف بھی اجتہادی غلط فہمی کا نتیجہ تھا، اس لئے قابل عفو ہے۔ اور بروقت پردہ نہیں اٹھا تھا اس لئے دونوں برحق تھے، پھر بعد کے حالات نے پردہ اٹھایا تو معلوم ہوا کہ برحق حضرت علیؓ تھے، اور خطا اجتہادی حضرت معاویہؓ کی تھی۔

پہلی حدیث: حاشیہ میں ہے کہ تاویل کرنے والا معذور ہے، اس پر کوئی ملامت نہیں، جب تاویل کی لغت میں گنجائش ہو، چنانچہ حضرت عمرؓ نے ہشام بن حکیمؓ کو چادر کا پھندا بنا کر کھینچا تھا اس پر ان کو کوئی سرزنش نہیں کی گئی، کیونکہ حضرت عمرؓ کے خیال میں وہ سورۃ الفرقان غلط پڑھ رہے تھے، اس لئے انھوں نے یہ حرکت کی تھی، بعد میں معلوم ہوا کہ قرآن کو مختلف طرح سے پڑھنے کی گنجائش رکھی گئی تھی۔

[۹-] بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُتَأَوِّلِيْنَ

[۶۹۳۶-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ الْمِسْوَرَ ابْنَ مَخْرَمَةَ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدٍ الْقَارِيَّ أَخْبَرَاهُ، أَنَّهُمَا سَمِعَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمٍ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فِي حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَاسْتَمَعْتُ لِقِرَاءَ تِهِ، فَإِذَا هُوَ يَقْرَأُ عَلٰى حُرُوْفٍ كَثِيْرَةٍ لَمْ يُقْرِئْنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَذٰلِكَ، فَكِدْتُ أُسَاوِرُهُ فِي الصَّلاَ ةِ، فَانْتَظَرْتُهُ حَتّٰى سَلَّمَ، فَلَمَّا سَلَّمَ لَبَّبْتُهُ بِرِدَائِهِ أَوْ: بِرِدَائِيْ فَقُلْتُ: مَنْ أَقْرَأَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ؟ قَالَ: أَقْرَأَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَقُلْتُ لَهُ: كَذَبْتَ! فَوَ اللّٰهِ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَقْرَأَنِيْ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِيْ سَمِعْتُكَ تَقْرَؤُهَا، فَانْطَلَقْتُ أَقُوْدُهُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى حُرُوْفٍ لَمْ تُقْرِئْنِيْهَا، وَأَنْتَ أَقْرَأْتَنِيْ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَرْسِلْهُ يَا عُمَرُ، اقْرَأْ يَا هِشَامُ" فَقَرَأَ عَلَيْهِ الْقِرَاءَ ةَ الَّتِيْ سَمِعْتُهُ يَقْرَؤُهَا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هٰكَذَا أُنْزِلَتْ" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اقْرَأْ يَا عُمَرُ" فَقَرَأْتُ، فَقَالَ: "هٰكَذَا أُنْزِلَتْ" ثُمَّ قَالَ: "إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، فَاقْرَءُ وْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ" [راجع: ۲۴۱۹]

آئندہ روایت: سورۃ الانعام کی (آیت ۸۲) میں صحابہ نے ظلم کے معنی غلط سمجھے تھے اس لئے ان کو اشکال پیش آیا تھا، نبی ﷺ نے ان کو باحوالہ صحیح معنی سمجھائے، اور ان پر کوئی سرزنش نہیں کی کہ تم نے غلط معنی کیوں سمجھے؟

[۶۹۳۷-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ، ح: وَحَدَّثَنِيْ يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: ﴿الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ

يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾[الأنعام: ٨٢] شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَالُوْا: أَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ؟! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَيْسَ كَمَا تَظُنُّوْنَ، إِنَّمَا هُوَ كَمَا قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ: ﴿يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾"[راجع: ٣٢]

آئندہ حدیث: میں مالک بن الدخشن کے بارے میں کسی نے کہا تھا کہ وہ منافق ہے، نبی ﷺ نے اس کی تردید کی، مگر قائل کو سرزنش نہیں کی، کیونکہ اس نے اس بنیاد پر کہا تھا کہ مالک کا اٹھنا بیٹھنا منافقین کے ساتھ تھا، اس سے قائل کو غلط فہمی ہوئی تھی۔

[٦٩٣٨-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: سَمِعْتُ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: غَدَا عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رَجُلٌ: أَيْنَ مَالِكُ بْنُ الدُّخْشُنِ؟ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَّا: ذَاكَ مُنَافِقٌ لَا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا تَقُوْلُوْهُ يَقُوْلُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، يَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ؟" قَالَ: بَلٰى، قَالَ: "فَإِنَّهُ لَا يُوَافِيْ عَبْدٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ"[راجع: ٤٢٥]

آخری حدیث: نبی ﷺ نے حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کو ان کے گمان میں معذور قرار دیا، اور ان پر کوئی داروگیر نہیں فرمائی، کیونکہ انھوں نے خط غلط فہمی کی بنیاد پر لکھا تھا کہ مکہ والے ان کی آل واولاد کی حفاظت کریں گے۔

[٦٩٣٩-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ فُلَانٍ، قَالَ: تَنَازَعَ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَحِبَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، فَقَالَ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لِحِبَّانَ: لَقَدْ عَلِمْتُ الَّذِيْ جَرَّأَ صَاحِبَكَ عَلَى الدِّمَاءِ، يَعْنِيْ: عَلِيًّا قَالَ: مَا هُوَ لَا أَبَا لَكَ؟ قَالَ: شَيْءٌ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ. قَالَ: مَا هُوَ؟ قَالَ: بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالزُّبَيْرَ وَأَبَا مَرْثَدٍ وَكُلُّنَا فَارِسٌ فَقَالَ: "انْطَلِقُوْا حَتّٰى تَأْتُوْا رَوْضَةَ حَاجٍ — قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: هٰكَذَا قَالَ أَبُوْ عَوَانَةَ— فَإِنَّ فِيْهَا امْرَأَةً مَعَهَا صَحِيْفَةٌ مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِيْ بَلْتَعَةَ إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ فَأْتُوْنِيْ بِهَا"

فَانْطَلَقْنَا عَلٰى أَفْرَاسِنَا حَتّٰى أَدْرَكْنَاهَا حَيْثُ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، تَسِيْرُ عَلٰى بَعِيْرٍ لَهَا، وَقَدْ كَانَ كَتَبَ إِلٰى أَهْلِ مَكَّةَ بِمَسِيْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِمْ، فَقُلْنَا: أَيْنَ الْكِتَابُ الَّذِيْ مَعَكِ؟ قَالَتْ: مَا مَعِيْ كِتَابٌ! فَأَنَخْنَا بِهَا بَعِيْرَهَا، فَابْتَغَيْنَا فِيْ رَحْلِهَا فَمَا وَجَدْنَا شَيْئًا، فَقَالَ صَاحِبَايَ: مَا نَرٰى مَعَهَا كِتَابًا. قَالَ: فَقُلْتُ: لَقَدْ عَلِمْنَا مَا كَذَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم،

ثُمَّ حَلَفَ عَلِيٌّ: وَالَّذِیْ يُحْلَفُ بِهِ! لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَأُجَرِّدَنَّكِ، فَأَهْوَتْ إِلٰى حُجْزَتِهَا وَهِیَ مُحْتَجِزَةٌ بِكِسَاءٍ فَأَخْرَجَتِ الصَّحِيْفَةَ، فَأَتَوْا بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ خَانَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالْمُؤْمِنِيْنَ، دَعْنِیْ فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" يَا حَاطِبُ مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا صَنَعْتَ؟" فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَالِیْ أَلَّا أَكُوْنَ مُؤْمِنًا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهِ، وَلٰكِنِّیْ أَرَدْتُ أَنْ تَكُوْنَ لِیْ عِنْدَ الْقَوْمِ يَدٌ، يُدْفَعُ بِهَا عَنْ أَهْلِیْ وَمَالِیْ، وَلَيْسَ مِنْ أَصْحَابِكَ أَحَدٌ إِلَّا لَهُ هُنَالِكَ مِنْ قَوْمِهِ مَنْ يَدْفَعُ اللّٰهُ بِهِ عَنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ، قَالَ:" صَدَقَ، فَلَا تَقُوْلُوْا لَهُ إِلَّا خَيْرًا" قَالَ: فَعَادَ عُمَرُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ خَانَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالْمُؤْمِنِيْنَ، دَعْنِیْ فَلَأَضْرِبْ عُنُقَهُ. قَالَ: "أَوَلَيْسَ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ؟ وَمَا يُدْرِكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ، فَقَدْ أَوْجَبْتُ لَكُمُ الْجَنَّةَ" فَاغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ، فَقَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: خَاخٍ أَصَحُّ، وَلٰكِنْ كَذَا قَالَ أَبُوْ عَوَانَةَ: حَاجٍ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَحَاجٍ تَصْحِيْفٌ، وَهُوَ مَوْضِعٌ، وَهُشَيْمٌ يَقُوْلُ: خَاخٍ. [راجع: ۳۰۰۷]

﴿الحمدللہ! کتاب استتابة المعاندین والمرتدین وقتالهم کی شرح پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الإکراہ

کسی کام کے کرنے پر یا کسی بات کے بولنے پر مجبور کرنا

ربط: عناد وارتداد کے بیان سے فارغ ہوکر اب اکراہ کا بیان شروع کرتے ہیں، ارتداد کبھی رضا ورغبت سے نہیں ہوتا، اس پر مجبور کیا جاتا ہے، اس لئے اس کا حکم مختلف ہے، سورۃ النحل (آیت ۱۰۶) میں ارتداد کی سزا بیان کرنے سے پہلے کفر پر مجبور کئے جانے کو مستثنیٰ کیا ہے، پھر ارتداد کا وبال بیان کیا ہے، اس سے ارتداد واکراہ کے درمیان تعلق واضح ہوتا ہے۔

ملحوظہ: کتاب میں کتاب الإکراہ کے بعد بَابٌ ہے، گیلری کے نسخہ میں باب نہیں ہے، اور یہی حضرت امام کا طریقہ ہے، اس لئے میں نے باب حذف کیا ہے۔

آیتِ کریمہ (۱): سورۃ النحل کی (آیت ۱۰۶) ہے: ''جو شخص مان لینے کے بعد اللہ تعالیٰ کا انکار کرے ـــــ مگر جس شخص پر زبردستی کی جائے، بشرطے کہ اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو (وہ مستثنیٰ ہے) لیکن جو شرح صدر کے ساتھ انکار کرے ـــــ تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہوگا، اور ان کو سخت سزا ملے گی''

تفسیر: اس آیت میں اس شخص کا استثناء کیا ہے جس سے زبردستی کلمۂ کفر کہلوایا جائے، اور وہ اس حال میں کلمۂ کفر ادا کرے کہ دل میں ایمان پہاڑ کی طرح جما ہوا ہو تو وہ مرتد نہیں ہوگا، پس اللہ تعالیٰ نے اکراہ کا اعتبار کیا، اور قرآنِ کریم کی یہ بلاغت ہے کہ ارتداد کا وبال بیان کرنے سے پہلے مجبور کئے ہوئے کو مستثنیٰ کر دیا، تاکہ ارتداد کا وبال سن کر اس کی جان نہ نکل جائے، اسی طرح سورۃ الانفال (آیت ۱۶) میں میدانِ کارزار میں پیٹھ پھیرنے کا وبال بیان کرنے سے پہلے پینترا بدلنے والوں کو اور مرکز کی طرف سمٹنے والوں کو مستثنیٰ کیا ہے۔

آیتِ کریمہ (۲): سورۃ آلِ عمران (آیت ۲۸) میں ہے: ''مسلمانوں کو چاہئے کہ کفار کو دوست نہ بنائیں، مسلمانوں سے تجاوز کرکے (تجاوز کی دو صورتیں ہیں اور دونوں مراد ہیں: ایک: یہ کہ مسلمانوں کے ساتھ بالکل دوستی نہ رکھیں، دوم: یہ کہ مسلمانوں کے ساتھ کفار سے بھی دوستی رکھیں) اور جو شخص یہ کام کرے گا اس کا اللہ تعالیٰ سے کچھ تعلق نہیں! مگر یہ کہ بچاؤ کرو تم ان سے کچھ بچاؤ کرنا، یعنی کفار کے ضرر سے بچنے کے لئے ان کے ساتھ رکھ رکھاؤ اور مدارات کا تعلق رکھنے کی اجازت ہے، تُقَاۃ بمعنی تقیۃ ہے یعنی بچنا، اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بچاؤ کرنے کا جواز تا قیامت ہے۔

آیتِ کریمہ (۳): سورۃ النساء کی (آیات ۹۷-۹۹) ہیں: ''وہ لوگ جن کی فرشتے جانیں نکالتے ہیں، جو (ہجرت نہ کرکے) اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنے والے ہیں: ان سے فرشتے کہتے ہیں: تم کس حال میں تھے؟ وہ جواب دیتے ہیں: ہم سرزمین (مکہ) میں بے بس تھے، فرشتے کہتے ہیں: کیا اللہ کی زمین وسیع نہیں تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے؟ پس انہی لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ بری لوٹنے کی جگہ ہے، البتہ جو مرد اور عورتیں اور بچے کوئی تدبیر نہیں کرسکتے، اور نہ وہ کوئی راہ پاتے ہیں (وہ مستثنیٰ ہیں) سو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو معاف کردیں، اور اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے بڑی مغفرت کرنے والے ہیں'' (اس آیت سے استدلال امام صاحب واضح کریں گے)

آیتِ کریمہ (۴): سورۃ النساء کی (آیت ۷۵) ہے: ''اور تمہارے پاس کیا عذر ہے کہ تم راہِ خدا میں جہاد نہیں کرتے، اور ان لوگوں کے لئے (جہاد نہیں کرتے) جو مغلوب ہیں مردوں، عورتوں اور بچوں میں سے، جو دعائیں کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اس بستی سے نکال جس کے باشندے ظالم ہیں، اور بنا ہمارے لئے اپنے پاس سے کوئی حمایتی، اور بنا ہمارے لئے اپنے پاس سے کوئی مددگار!''

تفسیر: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مکہ میں پھنسے ہوئے جو مرد، عورتیں اور بچے ہجرت کرنے پر قادر نہیں تھے، ان بے چاروں کو اللہ تعالیٰ نے معذور قرار دیا، اسی طرح مجبور کیا ہوا بھی بے چارہ ہے، وہ اس کام کے کرنے سے رک نہیں سکتا جس کے کرنے کا اس کو حکم دیا گیا ہے (پس وہ بھی معذور قرار دیا جائے گا)

اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: جس کو لُٹیروں نے طلاق دینے پر مجبور کیا تو وہ کچھ نہیں یعنی طلاق واقع نہیں ہوگی، یہ رائے حضرات ابن عمر، ابن الزبیر، عامر شعبی اور حسن بصری رحمہم اللہ کی ہے، کیونکہ حدیث میں ہے کہ اعمال کا مدار نیت پر ہے، اور مکرہ کی طلاق دینے کی نیت نہیں ہوتی، اور حدیث میں ایسے لاچار مؤمنین کے لئے جو مکہ میں پھنسے ہوئے تھے، نبی ﷺ نے رستگاری کی دعا فرمائی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸۹- کتابُ الإکراہ

[۱-] قَوْلُ اللّٰهِ: ﴿إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالإِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِنَ اللّٰهِ﴾ الآيَةَ.

[۲-] وَقَالَ: ﴿إِلَّا أَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقَاةً﴾ وَهِيَ: تَقِيَّةٌ.

[۳-] وَقَالَ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلاَئِكَةُ ظَالِمِيْ أَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ، قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْأَرْضِ قَالُوْا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَفُوًّا غَفُوْرًا﴾

[٤-] وَقَالَ ﴿وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿نَصِيْرًا﴾
قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: فَعَذَرَ اللّٰهُ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ الَّذِيْنَ لاَ يَمْتَنِعُوْنَ مِنْ تَرْكِ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ، وَالْمُكْرَهُ لاَيَكُوْنُ إِلاَّ مُسْتَضْعَفًا غَيْرَ مُمْتَنِعٍ مِنْ فِعْلِ مَا أُمِرَ بِهِ.

ترجمہ: امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ نے معذور قرار دیا اُن بے چاروں کو جو باز نہیں رہتے اس چیز کو چھوڑنے سے جس کا اللہ نے حکم دیا ہے، اور مُکْرَہ (مجبور کیا ہوا) نہیں ہوتا ہے مگر بے چارہ، نہ باز رہنے والا اس کام کے کرنے سے جس کا اس کو حکم دیا گیا ہے (عبارت پیچیدہ ہے، صاف مطلب پہلے آیا ہے)

وَقَالَ الْحَسَنُ: التَّقِيَّةُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.
وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِيْمَنْ يُكْرِهُهُ اللُّصُوْصُ فَيُطَلِّقُ: لَيْسَ بِشَيْئٍ، وَبِهِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ الزُّبَيْرِ وَالشَّعْبِيُّ وَالْحَسَنُ. وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیه وسلم: "الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ"
[٦٩٤٠-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِلاَلٍ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ أُسَامَةَ، أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَهُمْ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ يَدْعُو فِي الصَّلاَةِ: "اللّٰهُمَّ أَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ أَبِيْ رَبِيْعَةَ، وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، وَالْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ، وَابْعَثْ عَلَيْهِمْ سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ"[راجع: ٧٩٧]

بَابُ مَنِ اخْتَارَ الضَّرْبَ وَالْقَتْلَ وَالْهَوَانَ: عَلَى الْكُفْرِ

جو شخص مار پٹائی، قتل اور رسوائی کو قتل پر ترجیح دے

اگر کوئی شخص کلماتِ کفر کہنے پر مجبور کیا جائے اور وہ مار پٹائی اور رسوائی کو برداشت کرے اور اپنی جان دیدے تو ماجور ہوگا، یہ عزیمت ہے، اور رخصت یہ ہے کہ صرف زبان سے کلمۂ کفر بول کر جان بچالے، باب کی پہلی آیت میں اس کی صراحت ہے۔
اور باب کی پہلی حدیث میں یہ مضمون ہے کہ ایمان کی چاشنی اسے نصیب ہوتی ہے جس کو تین باتیں حاصل ہوں، ایسا شخص کفر کو کبھی ترجیح نہیں دے سکتا، چاہے صرف زبانی ہی کیوں نہ ہو، اور دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کو ان کے سالے عمرؓ باندھ کر مارتے تھے، وہ اس کو برداشت کرتے تھے، مگر ایمان سے نہیں پھرتے تھے، اور آخری حدیث میں گذشتہ امتوں کے مؤمنین کا حال بیان کیا ہے کہ ایک کو آرہ سے چیر دیا جاتا تھا، دوسرے کا لوہے کی کنگھیوں سے گوشت اتار لیا جاتا تھا، مگر وہ ایمان سے نہیں ہٹتا تھا، یہی عزیمت ہے۔

[١-] بَابُ مَنِ اخْتَارَ الضَّرْبَ وَالْقَتْلَ وَالْهَوَانَ: عَلَى الْكُفْرِ

[٦٩٤١-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبِ الطَّائِفِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَیُّوْبُ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِیْهِ وَجَدَ حَلاَوَةَ الإِیْمَانِ: أَنْ یَكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَبَّ إِلَیْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَأَنْ یُحِبَّ الْمَرْءَ لَا یُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ، وَأَنْ یَكْرَهَ أَنْ یَعُوْدَ فِی الْكُفْرِ كَمَا یَكْرَهُ أَنْ یُقْذَفَ فِی النَّارِ"[راجع: ١٦]

[٦٩٤٢-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبَّادٌ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ، سَمِعْتُ قَیْسًا، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِیْدَ بْنَ زَیْدٍ، یَقُوْلُ: لَقَدْ رَأَیْتُنِیْ وَإِنَّ عُمَرَ مُوْثِقِیْ عَلَی الإِسْلَامِ، وَلَوِ انْفَضَّ أُحُدٌ مِمَّا فَعَلْتُمْ بِعُثْمَانَ كَانَ مَحْقُوْقًا أَنْ یَنْفَضَّ. [راجع: ٣٨٦٢]

[٦٩٤٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَیْسٌ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ، قَالَ: شَكَوْنَا إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً لَهُ فِی ظِلِّ الْكَعْبَةِ فَقُلْنَا: أَلَا تَسْتَنْصِرُ؟ أَلَا تَدْعُوْ لَنَا؟! فَقَالَ:" قَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ یُؤْخَذُ الرَّجُلُ فَیُحْفَرُ لَهُ فِی الْأَرْضِ فَیُجْعَلُ فِیْهَا، فَیُجَاءُ بِالْمِنْشَارِ فَیُوْضَعُ عَلٰی رَأْسِهِ فَیُجْعَلُ نِصْفَیْنِ، وَیُمْشَطُ بِأَمْشَاطِ الْحَدِیْدِ مَا دُوْنَ لَحْمِهِ وَعَظْمِهِ، فَمَا یَصُدُّهُ ذٰلِكَ عَنْ دِیْنِهِ، وَاللّٰهِ لَیَتِمَّنَّ هٰذَا الْأَمْرُ، حَتّٰی یَسِیْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ إِلٰی حَضْرَ مَوْتَ لَا یَخَافُ إِلَّا اللّٰهَ وَالذِّئْبَ عَلٰی غَنَمِهِ، وَلٰكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُوْنَ"[راجع: ٣٦١٢]

بَابٌ: فِی بَیْعِ الْمُكْرَهِ وَنَحْوِهِ فِی الْحَقِّ وَغَیْرِهِ

مجبور اور اس جیسے کا حق یا ناحق میں بیچنا

مکرہ: مجبور: ڈرادھمکا کر کسی عمل پر مجبور کیا ہوا...... **نحوہ**: اس جیسا: خواہی نخواہی کام کرنے والا، جیسے باب کی حدیث میں ہے کہ یہود کو الٹی میٹم دیا گیا کہ وہ اپنی چیزوں کو بیچ کر پیسے بنالیں (زمین کے علاوہ) کیونکہ ان کو جلاوطن کیا جاتا ہے، پس وہ خواہی نخواہی اپنی چیزیں بیچیں گے، نحوہ سے ان جیسوں کو مراد لیا ہے...... اور حق سے مراد ہے: وہ کام جو کرنا چاہئے، جیسے مدیوں کو اپنا سامان بیچ کر قرضہ ادا کرنا چاہئے، پس وہ مجبوراً حق میں بیچے گا...... اور غیر حق سے مراد: وہ کام ہے جس کا کرنا ضروری نہیں، جیسے ڈرادھمکا کر کوئی چیز فروخت کرانا...... ان سب کی بیوع صحیح ہیں، البتہ مجبور کئے ہوئے کی بیع موقوف رہے گی، اکراہ ہٹنے کے بعد اس کو بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار رہوگا۔

[٢-] بَابٌ: فِی بَیْعِ الْمُكْرَهِ وَنَحْوِهِ فِی الْحَقِّ وَغَیْرِهِ

[٦٩٤٤-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ سَعِیْدِ الْمُقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ

أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: بَیْنَمَا نَحْنُ فِی الْمَسْجِدِ إِذْ خَرَجَ إِلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: "اِنْطَلِقُوْا إِلٰی یَهُوْدَ" فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتّٰی جِئْنَا بَیْتَ الْمِدْرَاسِ، فَقَامَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم فَنَادَاهُمْ: "یَا مَعْشَرَ یَهُوْدَ! أَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا" فَقَالُوْا: قَدْ بَلَّغْتَ یَا أَبَا الْقَاسِمِ، فَقَالَ: "ذَاكَ أُرِیْدُ" ثُمَّ قَالَهَا الثَّانِیَةَ، فَقَالُوْا: قَدْ بَلَّغْتَ یَا أَبَا الْقَاسِمِ، ثُمَّ قَالَ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: "اِعْلَمُوْا أَنَّمَا الْأَرْضُ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَإِنِّیْ أُرِیْدُ أَنْ أُجْلِیَکُمْ، فَمَنْ وَجَدَ مِنْکُمْ بِمَالِهِ شَیْئًا فَلْیَبِعْهُ، وَإِلَّا فَاعْلَمُوْا أَنَّمَا الْأَرْضُ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ"[راجع: ۳۱٦۷]

بَابٌ: لَایَجُوْزُ نِکَاحُ الْمُکْرَهِ

مجبور کئے ہوئے کا نکاح درست نہیں

امام بخاری اور جمہور کے نزدیک مکرہ کا نکاح باطل ہے، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک: صحیح ہے، ان کے نزدیک اگر کسی کا جبراً نکاح کردیا گیا، اور اس سے قبولیتِ نکاح کے الفاظ کہلوالئے تو نکاح منعقد ہوجائے گا، حدیث میں ہے کہ تین چیزیں ایسی ہیں جن میں سنجیدگی سنجیدگی ہے اور دل لگی بھی سنجیدگی ہے یعنی نکاح، طلاق اور رجعت، پس جب ہزل (دل لگی) میں نکاح ہوجاتا ہے تو اکراہ میں بھی ہوجائے گا۔ اور حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں جو دو حدیثیں ذکر کی ہیں ان کا مسئلہ باب سے کچھ تعلق نہیں، پہلی حدیث ولایت اجبار سے متعلق ہے کہ شوہر دیدہ کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر کیا جائے تو اس کی اجازت لاحقہ پر موقوف رہے گا، وہ بعد میں بھی اجازت نہ دے تو وہ نکاح کالعدم ہے، حضرت خنساءؓ بیوہ تھیں، ان کا نکاح ان کے والد نے اجازت لئے بغیر کردیا، انھوں نے اس کو منظور نہیں کیا تو نبی ﷺ نے اس کو رد کردیا، اور دوسری حدیث میں کنواری سے اجازت لینے کی صورت بیان کی ہے کہ اس کا منہ سے بولنا ضروری نہیں، اس کی خاموشی بھی اجازت ہے، کیونکہ معرض بیان میں سکوت دلیل رضا ہوتا ہے۔

اور آیت کریمہ کا بھی مسئلہ باب سے تعلق نہیں، سورۃ النور کی (آیت ۳۳) میں ہے: "اپنی باندیوں کو زنا کرانے پر مجبور مت کرو" —— یہ حرام کام پر مجبور کرنا ہے اور باب میں نکاح کرنے پر مجبور کرنا ہے، جو حلال کام ہے، پس ایک کو دوسرے پر قیاس کیسے کریں گے؟ علاوہ ازیں: زنا کرنا فعل ہے اور نکاح کرنا قول ہے، اور باب اکراہ میں قول وفعل کے احکام مختلف ہیں۔

[۳-] بَابٌ: لَایَجُوْزُ نِکَاحُ الْمُکْرَهِ

قَالَ اللّٰهُ: ﴿وَلَا تُکْرِهُوْا فَتَیَاتِکُمْ عَلَی الْبِغَآءِ﴾ الآیة [النور:۳۳]

[٦۹٤٥-] حدثنا یَحْیَی بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَمُجَمِّعٍ ابْنَیْ یَزِیْدَ بْنِ جَارِیَةَ الْأَنْصَارِیِّ، عَنْ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامٍ الْأَنْصَارِیَّةِ: أَنَّ أَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِیَ ثَیِّبٌ، فَکَرِهَتْ ذٰلِكَ، فَأَتَتِ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم فَرَدَّ نِکَاحَهَا.[راجع: ۵۱۳۸]

[٦٩٤٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! يُسْتَأْمَرُ النِّسَاءُ فِيْ أَبْضَاعِهِنَّ؟ قَالَ: "نَعَمْ" قُلْتُ: فَإِنَّ الْبِكْرَ تُسْتَأْمَرُ فَتَسْتَحْيِيْ فَتَسْكُتُ، قَالَ: "سُكَاتُهَا إِذْنُهَا"[راجع: ٥١٣٧]

بَابٌ: إِذَا أُكْرِهَ حَتّٰى وَهَبَ عَبْدًا أَوْ بَاعَهُ لَمْ يَجُزْ

کسی سے زبردستی غلام ہبہ یا فروخت کرایا تو جائز نہیں

امام صاحب قدس سرہ نے دلیل میں ایسی حدیث پیش کی جس کا مسئلہ باب سے دور کا بھی تعلق نہیں، ابو مذکور انصاریؓ نے اپنا غلام مدبر بنایا، اوران کے پاس اس غلام کے علاوہ کوئی مال نہیں تھا، اور وہ مقروض تھے، قرض خواہوں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی کہ ایک غلام تھا اس کو بھی مدبر بنادیا اب ہم قرضہ کس چیز سے وصول کریں گے؟! نبی ﷺ نے غلام کو بلایا، اور قاضی ہونے کی حیثیت سے تدبیر فسخ کر کے نیلامی کی، نُعیم نے اس کو آٹھ سو درہم میں خریدا، اس میں مجبور کر کے نہ ہبہ کرایا گیا ہے نہ بیچا گیا ہے، قاضی نے بیچا ہے، جس کا اس کو حق ہے۔

حنفیہ پر اعتراض:

فرماتے ہیں: حنفیہ کے نزدیک بھی یہی مسئلہ ہے جو باب میں مذکور ہے، پھر وہ کہتے ہیں: اگر موہوب لہ یا مشتری اس غلام کی منت مان لے تو جائز ہے، اسی طرح مدبر بنادے تو بھی جائز ہے، ابھی تو کہتے تھے کہ بیع جائز نہیں، اب نذر اور تدبیر کو جائز کہتے ہیں، جب مشتری اور موہوب لہ اس کے مالک ہی نہیں ہوئے تو ان کے تصرفات کیسے جائز ہوں گے؟

جواب:

حنفیہ کا یہ مسلک ہی نہیں جو آپ نے بیان کیا ہے، امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک قولی تصرفات حالت اکراہ میں بھی منعقد ہوجاتے ہیں، البتہ جو چیزیں قابل فسخ ہیں ان کو بعد میں فسخ کیا جاسکتا ہے، اور ایمان کو فسخ نہیں کیا جاسکتا، وہ لازم ہوجاتی ہیں، پس اگر اکراہ ختم ہونے کے بعد غلام کا مالک ہبہ اور بیع کو جائز رکھے تو موہوب لہ اور مشتری کے تصرفات نافذ ہونگے۔

[٤-] بَابٌ: إِذَا أُكْرِهَ حَتّٰى وَهَبَ عَبْدًا أَوْ بَاعَهُ لَمْ يَجُزْ

وَبِهِ قَالَ بَعْضُ النَّاسِ، فَإِنْ نَذَرَ الْمُشْتَرِيْ فِيْهِ نَذْرًا فَهُوَ جَائِزٌ بِزَعْمِهِ، وَكَذٰلِكَ إِنْ دَبَّرَهُ.

[٦٩٤٧-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ دَبَّرَ مَمْلُوْكًا لَهُ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَنْ يَشْتَرِيْهِ مِنِّيْ؟" فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ النَّحَّامِ بِثَمَانِيْ مِائَةِ دِرْهَمٍ، قَالَ: فَسَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ: عَبْدًا قِبْطِيًّا مَاتَ عَامًا أَوَّلَ.[راجع: ٢١٤١]

بَابٌ: مِنَ الإِكْرَاهِ

اکراہ (زبردستی کرنے) کی ایک روایت

سورۃ النساء کی (آیت ۱۸) ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا! لَايَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوْا النِّسَاءَ كَرْهًا﴾: اے ایمان والو! تم کو یہ بات حلال نہیں کہ عورتوں کے جبراً مالک بن جاؤ — اور سورۃ الاحقاف (آیت ۱۵) میں ہے: ﴿حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا﴾: اس کی ماں نے اس کو بڑی مشقت کے ساتھ پیٹ میں رکھا، اور بڑی مشقت کے ساتھ اس کو جنا۔ امام صاحب فرماتے ہیں کہ: كَرها (بالفتح) اور كُرها (بالضم) کے ایک معنی ہیں، لیکن مفسرین نے دونوں کے معنی میں فرق کیا ہے، جو کام محض دباؤ کی وجہ سے کیا جائے اس کے لئے بالفتح استعمال کریں گے اور جو کام طبیعت کے تقاضہ سے کیا جائے اس کے لئے بالضم استعمال کریں گے۔

اور حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۹:۱۸۱) میں آچکی ہے، زمانۂ جاہلیت میں شوہر کی موت کے بعد اس کی بیوی پر معاشرتی دباؤ ڈالا جاتا تھا، جو ایک طرح کا جبر وظلم تھا، سورۃ النساء کی (آیت ۱۹) نے نازل ہوکر اس ظلم کا انسداد کیا۔

[٥-] بَابٌ: مِنَ الإِكْرَاهِ

كَرْهًا وَكُرْهًا وَاحِدٌ.

[٦٩٤٨-] حدثنا حُسَيْنُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ سُلَيْمَانُ ابْنُ فَيْرُوْزَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ الشَّيْبَانِيُّ: وَحَدَّثَنِيْ عَطَاءٌ أَبُوْ الْحَسَنِ السُّوَائِيُّ، وَلَا أَظُنُّهُ إِلَّا ذَكَرَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوْا النِّسَاءَ كَرْهًا﴾ الآيَةَ، قَالَ: كَانُوْا إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ كَانَ أَوْلِيَاؤُهُ أَحَقَّ بِامْرَأَتِهِ، إِنْ شَاءَ بَعْضُهُمْ تَزَوَّجَهَا، وَإِنْ شَاءُ وْا زَوَّجُوْهَا، وَإِنْ شَاءُ وْا لَمْ يُزَوِّجُوْهَا، فَهُمْ أَحَقُّ بِهَا مِنْ أَهْلِهَا، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِيْ ذٰلِكَ. [راجع: ٤٥٧٩]

بَابٌ: إِذَا اسْتُكْرِهَتِ الْمَرْأَةُ عَلَى الزِّنَا فَلَا حَدَّ عَلَيْهَا

کسی عورت سے زور جبر سے زنا کیا جائے تو عورت پر حد نہیں

تین چیزیں ہیں: عقیدہ، قول اور فعل، عقیدہ پر اکراہ اثر انداز نہیں ہوتا، کسی حال میں عقیدہ متزلزل نہیں ہونا چاہئے، ورنہ خیر نہیں — اور اقوال میں اکراہ ایمان میں اثر انداز نہیں ہوتا، بیوع میں اثر انداز ہوتا ہے، زبردستی طلاق دلوائی جائے تو طلاق واقع ہوجائے گی، کیونکہ طلاق یمین ہے، اور زبردستی کوئی چیز بکوائی جائے تو بیع موقوف رہے گی — اور افعال میں اکراہ زیادہ اثر انداز ہوتا ہے، اگر حرام کھانے پینے پر مجبور کیا جائے، اور وہ مسئلہ جانتے ہوئے نہ کھائے پیئے اور جان دیدے تو گنہگار ہوگا،

اسی طرح زنا ایک فعل ہے، اس میں اکراہ مؤثر ہوگا، پس اگر کسی عورت سے زبردستی زنا کیا جائے تو اس کو حد نہیں لگے گی۔

آیت کریمہ: سورۃ النور کی (آیت ۳۳) ہے: ''اپنی باندیوں کو زنا کرانے پر مجبور مت کرو، اگر وہ پاک دامن رہنا چاہیں، تاکہ حاصل کرو تم دنیوی زندگی کا کچھ فائدہ، اور جو شخص ان کو مجبور کرے گا تو اللہ تعالیٰ ان کو مجبور کئے جانے کے بعد بڑے بخشنے والے بڑے مہربان ہیں''

استدلال: اکراہ کی صورت میں جب اللہ نے معاف کردیا تو اب حد کیسی؟

ایک واقعہ: حکومت کے غلاموں میں سے ایک غلام نے خمس کی باندی سے زبردستی زنا کیا، اور اس کی دوشیزگی (کنوارا پن، بکارت) زائل کردی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے غلام کو کوڑے مار کر جلاوطن کیا، اور باندی کو کوڑے نہیں مارے، اس وجہ سے کہ اس سے زبردستی زنا کیا گیا تھا۔

ایک مسئلہ: امام زہری رحمہ اللہ نے فرمایا: دوشیزہ باندی کی آزاد آدمی بکارت زائل کردے، تو فیصلہ کرنے والا باکرہ اور غیر باکرہ کی قیمت کا تفاوت زانی پر لازم کرے گا، اور اس کو حد ماری جائے گی، اور اگر باندی غیر باکرہ ہو تو علماء کے نزدیک زانی پر کوئی تاوان نہیں، اور اس کو حد ماری جائے گی۔

[٦-] بَابٌ: إِذَا اسْتُكْرِهَتِ الْمَرْأَةُ عَلَى الزِّنَا فَلاَ حَدَّ عَلَيْهَا

لِقَوْلِهِ: ﴿وَمَنْ يُكْرِهْهُنَّ فَإِنَّ اللّٰهَ مِنْ بَعْدِ إِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾

[٦٩٤٩-] وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ: أَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ أَبِيْ عُبَيْدٍ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ عَبْدًا مِنْ رَقِيْقِ الإِمَارَةِ وَقَعَ عَلٰى وَلِيْدَةٍ مِنَ الْخُمْسِ، فَاسْتَكْرَهَهَا حَتّٰى اقْتَضَّهَا، فَجَلَدَهُ عُمَرُ الْحَدَّ وَنَفَاهُ، وَلَمْ يَجْلِدِ الْوَلِيْدَةَ مِنْ أَجْلِ أَنَّــهُ اسْتَكْرَهَهَا.

وَقَالَ الزُّهْرِيُّ فِي الأَمَةِ الْبِكْرِ يَفْتَرِعُهَا الْحُرُّ: يُقِيْمُ ذٰلِكَ الْحَكَمُ مِنَ الأَمَةِ الْعَذْرَاءِ بِقَدْرِ ثَمَنِهَا، وَيُجْلَدُ، وَلَيْسَ فِي الأَمَةِ الثَّيِّبِ فِي قَضَاءِ الأَئِمَةِ غُرْمٌ، وَلٰكِنْ عَلَيْهِ حَدٌّ.

لغت: افْتَضَّ اور اقْتَضَّ: بکارت زائل کرنا، یہی معنی افْتَرَعَ البکرَ کے ہیں: کنواری لڑکی کی بکارت زائل کرنا......

الحَكَم: فیصلہ کرنے والا...... **يُقيم**: قیمت لگائے...... **قضاء الأئمة**: علماء کا فیصلہ...... **غُرم**: تاوان۔

آئندہ حدیث: تفصیل سے تحفۃ القاری (۵: ۲۶۷) میں آچکی ہے، اور حاشیہ میں وجہ مناسبت یہ بیان کی ہے کہ سارۃ رضی اللہ عنہا کی ظالم بادشاہ کے ساتھ تنہائی قابل عفو ہے، کیونکہ ان کو زبردستی لے جایا گیا تھا، اسی طرح جس سے زبردستی زنا کیا جائے وہ بھی قابل عفو ہے، اس کو بھی کوئی حد نہیں لگے گی۔

[٦٩٥٠-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "هَاجَرَ إِبْرَاهِيْمُ بِسَارَةَ، وَدَخَلَ بِهَا قَرْيَةً فِيْهَا مَلِكٌ مِنَ الْمُلُوْكِ أَوْ: جَبَّارٌ مِنَ الْجَبَابِرَةِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ أَنْ أَرْسِلْ إِلَيَّ بِهَا، فَأَرْسَلَ بِهَا، فَقَامَ إِلَيْهَا، فَقَامَتْ تَوَضَّأُ وَتُصَلِّيْ، فَقَالَتْ: اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتُ آمَنْتُ بِكَ وَبِرَسُوْلِكَ فَلاَ تُسَلِّطْ عَلَيَّ الْكَافِرَ! فَغُطَّ حَتّٰى رَكَضَ بِرِجْلِهِ"[راجع: ۲۲۱۷]

آئندہ باب کی تمہید

آئندہ باب میں حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے تین باتیں ذکر کی ہیں، ان کی تمہید میں چند باتیں عرض ہیں:

اکراہ کی تعریف:

اصطلاحِ شرع میں اکراہ کے معنی ہیں: مُکْرِہ (زبردستی کرنے والے) کی طرف سے کوئی ایسا فعل پایا جائے جو محل (مُکرَہ: مجبور کئے ہوئے) میں ایسی بات پیدا کرے کہ مجبور کئے ہوئے کو وہ کام خواہی نخواہی کرنا پڑے —— پھر اکراہ کی دو قسمیں ہیں: باحق اور ناحق۔ اول میں اختیار ختم نہیں ہوتا، جیسے قاضی عنین (نامرد) کو مجبور کرے کہ وہ مدتِ علاج کے بعد بیوی کو علاحدہ کرے، یا قاضی مدیون کو مجبور کرے کہ وہ اپنی کوئی چیز بیچ کر قرضہ ادا کرے، یہ باحق اکراہ ہے، اس میں رضا ہی نہیں اختیار بھی باقی رہتا ہے، اس لئے باب اکراہ میں اس کا اعتبار نہیں —— اور ناحق اکراہ کی دو قسمیں ہیں:

اکراہ ملجی اور غیر ملجی:

۱- اکراہ ملجی: قتل، قطع عضو یا ناقابل برداشت مار کے ذریعہ ہوتا ہے، اس میں رضا اور اختیار دونوں ختم ہوجاتے ہیں، اور یہ اکراہ تام ہے۔

۲- اکراہ غیر ملجی: مذکورہ دباؤ سے کم دباؤ کے ذریعہ ہوتا ہے، جیسے قید کرنا، اور مار پٹائی کرنا، اس میں اختیار باقی رہتا ہے، رضامندی باقی نہیں رہتی، اور یہ اکراہ ناقص ہے۔

بیوع اور اَیمان:

۱- بیوع: جن چیزوں کا اقالہ ہوسکتا ہے یعنی اس کو ریوس لاسکتے ہیں: وہ سب بیوع ہیں جیسے بیچنا، خریدنا، کرایہ پر دینا، بٹائی پر دینا، ہبہ کرنا وغیرہ، ان میں رضامندی ضروری ہے، تراضی طرفین ہی سے معاملہ صحیح ہوتا ہے۔

۱- اَیمان: جن چیزوں کا اقالہ نہیں ہوسکتا یعنی ان کو واپس نہیں لایا جاسکتا، تیر نکل گیا: نکل گیا، وہ سب اَیمان (قسمیں) کہلاتی ہیں، اور اَیمان بیس بائیس چیزیں ہیں، ان میں سے چند یہ ہیں: (۱) نکاح (۲) طلاق (۳) رجعت (۴) ایلاء (۵) ظہار (۶) اعتاق (۷) رضاعت (۸) نذر (۹) تدبیر (۱۰) قصاص معاف کرنا (۱۱) قسم کھانا (۱۲) اسلام قبول کرنا وغیرہ، ایمان میں رضامندی ضروری نہیں، کیونکہ وہ ہزل (دل لگی) کی صورت میں بھی صحیح ہوجاتے ہیں، جبکہ ہزل میں رضامندی نہیں ہوتی۔

قیاس اور استحسان:

ا- قیاس کو سب جانتے ہیں، علت کے اشتراک کی وجہ سے نص کا حکم غیر منصوص میں ثابت کرنا۔

۲- استحسان کے لغوی معنی ہیں: کسی چیز کو اچھا سمجھنا اور اصطلاحی معنی ہیں: کسی مسئلہ کے دو پہلوؤں میں سے ایک کو کسی معقول دلیل کی بنا پر ترجیح دینا، منہاج الاصول میں ہے: **العُدُوْلُ فی مسئلة عن مثل ماحکم به فی نظائرها إلی خلافه بو جهٍ هو أقوی** (کسی مسئلہ کی نظائر میں جو حکم لگایا گیا ہے اس کو چھوڑ کر زیر بحث مسئلہ میں کسی قوی دلیل کی بنا پر اس کے خلاف حکم لگانا) اور جصاص رازیؒ نے استحسان کی تعریف کی ہے **ترکُ القیاس إلی ماهو أولی منه** اور سرخسیؒ فرماتے ہیں: ''قیاس واستحسان درحقیقت دونوں قیاس ہیں۔ اول قیاس جلی (یعنی سمجھنے کے اعتبار سے واضح) اور اثر (نتیجہ) کے اعتبار سے ضعیف ہوتا ہے۔ اور ثانی قیاس خفی (یعنی فہم کے اعتبار سے دقیق) اور اثر ونتیجہ کے اعتبار سے قوی ہوتا ہے۔ اور اسی وجہ سے اس کو استحسان کہتے ہیں، جس کے معنی ہیں: پسندیدہ قیاس'' (مبسوط ۱۰: ۱۴۵) غرض قیاس جلی وہ ہے جس کی طرف ذہن جلد منتقل ہو جائے، زیادہ غور وفکر کی ضرورت نہ پڑے۔ اور قیاس خفی وہ ہے جس کی طرف غور وفکر کے بعد ذہن منتقل ہو (شرح مسلم الثبوت ص ۵۸۱) اور ایک پہلو (قیاس خفی) کو ترجیح دینے کی بنیادیں تین ہیں: نص، اجماع اور ضرورت جیسے بیع سَلَم کا جواز استحسانی ہے اور اس کی بنیاد نص ہے اور استصناع کا جواز بھی استحسانی ہے اور اس کی بنیاد اجماع اور تعاملِ امت ہے۔

بَابُ يَمِيْنِ الرَّجُلِ لِصَاحِبِهِ إِنَّـهُ أَخُوْهُ، إِذَا خَافَ عَلَيْهِ الْقَتْلَ أَوْ نَحْوَهُ

کسی کا اپنے ساتھی کے بارے میں قسم کھانا کہ وہ اس کا بھائی ہے جب کہ اس پر قتل یا اتلافِ عضو کا خطرہ محسوس کرے

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں تین باتیں بیان کی ہیں ان میں سے پہلی بات یہ ہے:

صورتِ مسئلہ: کسی نے زید کو پکڑا، وہ اس کو قتل کرنا چاہتے ہیں یا ناک کان کاٹنا چاہتے ہیں، ایک شخص اس کو بچانے آیا، اس نے کہا: اس کو چھوڑ دو، یہ میرا بھائی ہے، ظالموں نے کہا: قسم کھاؤ کہ یہ تمہارا بھائی ہے: پس امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وہ قسم کھائے، اور وہ قسم نہیں ہوگی، نہ کوئی کفارہ آئے گا، اور حنفیہ کے نزدیک قسم ہو جائے گی، کیونکہ ایمان میں رضامندی ضروری نہیں۔ امام صاحب کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اہلیہ کو 'بہن' کہا تھا (حالانکہ انھوں نے کوئی قسم نہیں کھائی تھی، جبکہ مفروضہ مسئلہ قسم کھانے کا ہے، پھر ابراہیم علیہ السلام نے توریہ کیا تھا، اسلامی بہن مراد لی تھی، پس یہ دوسرا باب ہو گیا اکراہ کا مسئلہ نہ رہا، نیز اکراہ غیر محل میں نہیں تھا، ابراہیم علیہ السلام کو اپنے حق میں خطرہ تھا، وہ ظالم اگر عورت کا شوہر ہوتا تو قتل کر دیتا تھا)

اسی طرح ہر مجبور کیا ہوا جب خطرہ محسوس کرے تو وہ (تو قسم کھا کر) اپنے ساتھی سے مظالم کو ہٹائے، اور اس کی خاطر

جنگ کرے، اوراس کورسوانہ کرے، پھر اگر مظلوم کو بچانے کے لئے ظالم کوقتل کردے تو اس پر کوئی قصاص نہیں، اس سے احناف بھی متفق ہیں۔

[۷-] بَابُ يَمِيْنِ الرَّجُلِ لِصَاحِبِهِ إِنَّهُ أَخُوْهُ، إِذَا خَافَ عَلَيْهِ الْقَتْلَ أَوْ نَحْوَهُ

وَكَذٰلِكَ كُلُّ مُكْرَهٍ يَخَافُ، فَإِنَّهُ يَذُبُّ عَنْهُ الْمَظَالِمَ وَيُقَاتِلُ دُوْنَهُ وَلاَ يَخْذُلُهُ، فَإِنْ قَاتَلَ دُوْنَ الْمَظْلُوْمِ فَلاَ قَوَدَ عَلَيْهِ وَلاَ قِصَاصَ.

وضاحت: نحوہ سے قطع عضومراد ہے......دونہ: أی عنہ ...... قود اور قصاص: مترادف ہیں۔

دوسری بات: اوراگر کسی سے کہا تو ضرور شراب پی، یا مردار کھا، یا اپنے غلام کوفروخت کر، یا قرض کا اقرار کر، یا ہبہ کر، اور اسی طرح ہر معاملہ: ورنہ ہم تیرے باپ کو یا تیرے مسلمان بھائی کوقتل کردیں گے تو اس کے لئے کام کے کرنے کی گنجائش ہے (کیونکہ یہ اکراہ ہے) اور نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ مسلمان: مسلمان کا بھائی ہے، نہ وہ خود اس پر ظلم کرے، اور نہ وہ اس کو (دشمن کو) سپرد کرے، اور جو اپنے بھائی کے کام میں ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی حاجت روائی فرماتے ہیں'' اور نبی ﷺ نے فرمایا ہے: اپنے بھائی کی مدد کر، خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم! ایک شخص نے عرض کیا: مظلوم کی مدد کرنا تو سمجھ میں آیا: ظالم کی کیسے مدد کریں؟ آپؐ نے فرمایا: ''اس کا ہاتھ پکڑ، اس کوظلم کرنے سے روک''

اوراحناف کے نزدیک یہ اکراہ نہیں، اکراہ محل میں ہوتا ہے، اور مذکورہ مسائل میں غیر مکرہ پر خطرہ ہے ـــــ البتہ مظلوم بھائی کی ہرطرح مدد کرنی چاہئے، مگر یہ دوسرا باب ہے، اکراہ کا مسئلہ نہیں۔

وَإِنْ قِيْلَ لَهُ: لَتَشْرَبَنَّ الْخَمْرَ، أَوْ لَتَأْكُلَنَّ الْمَيْتَةَ، أَوْ لَتَبِيْعَنَّ عَبْدَكَ، أَوْ تُقِرُّ بِدَيْنٍ، أَوْ تَهَبُ هِبَةً وَكُلُّ عُقْدَةٍ، أَوْ لَنَقْتُلَنَّ أَبَاكَ أَوْ أَخَاكَ فِي الإِسْلاَمِ، وَسِعَهُ ذٰلِكَ، لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " الْمُسْلِمُ أَخُوْ الْمُسْلِمِ"

وضاحت: عقدہ: معاملہ یعنی بیوع......أو لنقتلن میں أو بمعنی إلا ہے، جیسے لأعاقبنه أو يُطيع أمرى: میں اس کو ضرور سزا دونگا، مگر یہ کہ وہ میری اطاعت کرے۔

تیسری بات: احناف کے نزدیک: اکراہ محل ہی میں ہوتا ہے، مُکرَہ کوقتل وغیرہ کا خوف ہو تو اکراہ ہے، اور غیر کے حق میں خوف ہو تو اکراہ نہیں، البتہ ذی رحم محرم کو استحسانا احناف نے نفس کے حکم میں رکھا ہے، ان پر خوف ہو تو وہ بھی اکراہ ہے، کیونکہ آدمی اپنی ذات کی طرح محارم کو بھی بچانا چاہتا ہے، امام بخاری رحمہ اللہ اس کو دو باتوں میں تعارض سمجھ رہے ہیں، کیونکہ وہ احناف کے استحسان کو نہیں جانتے، جیسے وہ احناف کے 'وجوب' کو نہیں جانتے، امام شافعیؒ نے بھی استحسان پر اعتراض کیا

ہے، جبکہ وہ قیاس کو مانتے ہیں، اور استحسان بھی قیاس ہے، البتہ خفی ہے، پس اس کو ماننے میں کیا پریشانی ہے؟

فرماتے ہیں: اور بعض لوگوں نے (احناف نے) کہا: اگر اس سے کہا گیا: تو ضرور شراب پی، یا ضرور مردار کھا، ورنہ ہم ضرور تیرے بیٹے کو یا تیرے باپ کو یا ذی رحم محرم کو قتل کر دیں گے تو اس کے لئے (قیاس جلی میں) اس کام کے کرنے کی گنجائش نہیں، اس لئے کہ یہ شخص مجبور نہیں (کیونکہ اکراہ غیر محل میں ہے) پھر اس نے (احناف نے) اپنے قول کو توڑ دیا یعنی اس کے خلاف کیا: اس نے کہا: اگر اس سے کہا جائے: ضرور ہم تیرے باپ کو یا تیرے بیٹے کو قتل کریں گے، یا ضرور فروخت کر اس غلام کو، یا قرض کا اقرار کر، یا کوئی چیز ہبہ کر تو وہ کام کرنا اس پر قیاس میں لازم نہیں ہوگا (کیونکہ اکراہ غیر محل میں ہے) مگر ہم اچھا سمجھتے ہیں یعنی استحساناً کہتے ہیں کہ بیع اور ہبہ اور معاملہ اس سلسلہ میں باطل ہے (یہ صحیح نہیں، تمام عقود موقوف رہیں گے، اکراہ ختم ہونے کے بعد معاملہ باقی رکھنے نہ رکھنے کا اختیار ہوگا) اور جدائی کی احناف نے ذی رحم محرم اور غیر محرم کے درمیان کتاب وسنت سے کسی دلیل کے بغیر۔

ملحوظہ: کتاب وسنت سے دلیل کہاں سے لائیں گے، یہ تو قیاس خفی ہے، اور ہر قیاس کتاب وسنت سے مستنبط ہوتا ہے، وہ مسئلہ کتاب وسنت میں صراحۃً مذکور نہیں ہوتا، جیسے چاول چنے میں بھی سود ہوتا ہے، یہ منصوص سے نکالا ہوا مسئلہ ہے، کتاب وسنت میں مصرح نہیں، اسی طرح محل پر اکراہ منصوص ہے ﴿إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ﴾ اور باپ، بیٹے اور ذی رحم محرم کو نفس کے ساتھ ملایا گیا ہے، قیاس کیا گیا ہے، اس سے زیادہ دلیل کی حاجت نہیں۔

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: لَوْ قِيلَ لَهُ: لَتَشْرَبَنَّ الْخَمْرَ، أَوْ لَتَأْكُلَنَّ الْمَيْتَةَ، أَوْ لَنَقْتُلَنَّ ابْنَكَ أَوْ أَبَاكَ أَوْ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ لَمْ يَسَعْهُ، لِأَنَّ هٰذَا لَيْسَ بِمُضْطَرٍّ، ثُمَّ نَاقَضَ فَقَالَ: إِنْ قِيلَ لَهُ: لَنَقْتُلَنَّ أَبَاكَ أَوِ ابْنَكَ، أَوْ لَتَبِيْعَنَّ هٰذَا الْعَبْدَ، أَوْ تُقِرُّ بِدَيْنٍ أَوْ بِهِبَةٍ، يَلْزَمُهُ فِي الْقِيَاسِ، وَلٰكِنَّا نَسْتَحْسِنُ وَنَقُوْلُ: الْبَيْعُ وَالْهِبَةُ وَكُلُّ عُقْدَةٍ فِي ذٰلِكَ بَاطِلٌ، فَرَّقُوْا بَيْنَ كُلِّ ذِيْ مَحْرَمٍ وَغَيْرِهِ بِغَيْرِ كِتَابٍ وَلَا سُنَّةٍ.

وضاحت: یلزمہ فی القیاس: لایلزمہ فی القیاس ہونا چاہئے، مگر سب نسخوں میں اسی طرح ہے، اس لئے کتاب میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔

آگے معلق روایت: ہے، اس میں وذٰلک فی اللہ امام بخاری رحمہ اللہ نے بڑھایا ہے، یہ روایت پہلے آئی ہے، وہاں یہ جملہ نہیں، اس جملہ کا مطلب ہے: اور وہ بہن کہنا اللہ کے لئے تھا، حالانکہ وہ اپنی حفاظت کے لئے تھا۔

ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا قول: فرمایا: اگر قسم کھلانے والا ظالم ہو تو قسم کھانے والے کی نیت کا اعتبار ہے، اور مظلوم ہو تو قسم کھلانے والے کی نیت کا اعتبار ہے —— یہ پہلی بات سے متعلق ہے، اس میں قسم کھالے، کیونکہ قسم کھلانے والا ظالم ہے، مگر یہ قول توریہ سے متعلق ہے، صریح یمین سے متعلق نہیں —— اس کے بعد دو حدیثیں ہیں، وہ دوسری بات سے متعلق ہیں،

اوران کا ذکران کی جگہ میں آیا ہے۔

وَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" قَالَ إِبْرَاهِیْمُ لِامْرَأَتِهِ: هٰذِهِ أُخْتِیْ" وَذٰلِكَ فِی اللّٰهِ.

وَقَالَ النَّخعِیُّ: إِذَا كَانَ الْمُسْتَحْلِفُ ظَالِمًا، فَنِیَّةُ الْحَالِفِ، وَإِنْ كَانَ مَظْلُوْمًا فَنِیَّةُ الْمُسْتَحْلِفِ.

[۶۹۵۱-] حدثنا یَحْیَى بْنُ بُكَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَنَّ سَالِمًا أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ، لاَ یَظْلِمُهُ، وَلاَ یُسْلِمُهُ، وَمَنْ كَانَ فِیْ حَاجَةِ أَخِیْهِ، كَانَ اللّٰهُ فِی حَاجَتِهِ"[راجع: ۲۴۴۲]

[۶۹۵۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِیْمِ قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِی بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُوْمًا" فَقَالَ رَجُلٌ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَنْصُرُهُ إِذَا كَانَ مَظْلُوْمًا، أَفَرَأَیْتَ إِذَا كَانَ ظَالِمًا كَیْفَ أَنْصُرُهُ؟ قَالَ:" تَحْجُزُهُ أَوْ: تَمْنَعُهُ مِنَ الظُّلْمِ، فَإِنَّ ذٰلِكَ نَصْرُهُ"[راجع: ۲۴۴۳]

﴾الحمدللہ کتاب الاکراہ کی شرح پوری ہوئی﴿



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الحِیَل

بچنے کی تدبیریں

ربط: اکراہ اور حیل میں قریبی تعلق ہے، جب ناجائز دباؤ پڑتا ہے تو آدمی بچنے کی تدبیر کرتا ہے، حکم ہے کہ دشمن کفر پر مجبور کرے تو زبانی جمع خرچ کرلیا جائے، یہ ایک حیلہ ہے، اس لئے اب حیلوں (بچنے کی تدبیروں) کا بیان شروع کرتے ہیں۔

حیلوں کی شرعی حیثیت:

حیلوں کا جواز قرآن وحدیث سے ثابت ہے، سورۃ صٓ کی (آیت ۴۴) ہے: ﴿وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهِ وَلَا تَحْنَثْ﴾: اور تم اپنے ہاتھ میں سینکوں کا ایک مٹھا لو، اور اس سے مارو، اور اپنی قسم مت توڑو' —— ایوب علیہ السلام نے حالتِ مرض میں کسی بات پر خفا ہوکر قسم کھائی کہ تندرست ہوگئے تو اپنی عورت کو سو لکڑیاں ماریں گے، وہ بی بی اس حالت کی رفیق تھی، اور چنداں قصوروار بھی نہ تھی، اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے قسم سچا کرنے کا ایک حیلہ ان کو بتادیا جو اُن ہی کے لئے مخصوص تھا، آج اگر کوئی اس طرح کی قسم کھا بیٹھے تو اس کو پورا کرنے کے لئے اتنی بات کافی نہ ہوگی (فوائد شبیری)

دوسری آیت: سورۃ البقرۃ کی (آیت ۲۳۰) ہے: ﴿فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾: پھر اگر اس عورت کو طلاق دی یعنی تیسری بار تو وہ عورت بعد ازیں اس کے لئے حلال نہیں رہی، یہاں تک کہ اس کے سوا کسی اور خاوند سے نکاح کرے —— تین طلاقیں دینے سے بیوی مغلظہ ہوجاتی ہے، اس کو حلال کرنے کی تدبیر یہ ہے کہ کسی اور شخص سے نکاح کرے، وہ صحبت کرکے طلاق دے تو عدت کے بعد پہلا شوہر اس سے نکاح کرسکتا ہے، اس کو حلالہ کہتے ہیں، یہی حیلہ ہے، جو اللہ تعالیٰ نے بیان کیا ہے۔

حدیث: ابن ماجہ (حدیث ۲۵۷۴) اور مسند احمد (۵: ۲۲۲) میں ایک شخص کا واقعہ ہے، جو ناقص الخلقت اور ناتواں تھا، اس نے ایک باندی سے زنا کیا، حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ نے اس کا معاملہ خدمتِ نبوی میں پیش کیا، آپؐ نے فرمایا: اس کو سو کوڑے مارو، عرض کیا گیا: وہ اس کو برداشت نہیں کرسکتا، وہ مرجائے گا، آپؐ نے فرمایا: ''پس اس کے لئے کھجور کا ایک ٹہنا لو جس میں سو ٹہنیاں ہوں، اور اس کو ایک دفعہ مارو' —— یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حیلہ بتایا۔

اور جو متفق علیہ روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو خیبر میں کارندہ بنا کر بھیجا، وہ وہاں سے عمدہ کھجوریں لایا، آپؐ

نے پوچھا: کیا خیبر میں سب ایسی ہی عمدہ کھجوریں ہوتی ہیں؟ اس نے کہا: نہیں! ہم عمدہ کھجوروں کا ایک صاع معمولی کھجوریں کے دوصاع سے بدل لیتے ہیں، اور دوصاع: تین صاع سے بدل لیتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ایسا مت کرو، رلی ملی کھجوروں کو دراہم کے بدل بیچ دو، پھر ان دراہم سے عمدہ کھجوریں خرید لو (مشکات حدیث ۲۸۱۳) اس روایت کو بھی حیلہ کے جواز کے لئے پیش کیا جاتا ہے، حالانکہ یہ حیلہ اس وقت ہوگا: جب معمولی کھجوریں جس کو بیچی ہیں اسی سے عمدہ کھجوریں خریدنا ضروری ہو، جبکہ ایسا ضروری نہیں، معمولی کھجوریں مارکیٹ میں کسی کے بھی ہاتھ فروخت کی جاسکتی ہیں، پھر عمدہ کھجوریں کسی سے بھی خرید سکتے ہیں۔

حیلہ قانون کی لچک کا نام ہے:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حیلہ قانون کی لچک کا نام ہے، خود قانون نہیں، پس اس کا استعمال ایمر جنسی ہی میں درست ہے، اس کو اسکیم بنانا درست نہیں، اس کی تفصیل یہ ہے کہ قانون میں لچک (گنجائش) ہونی چاہئے، اگر قانون لوہے کا ڈنڈا ہوگا تو مجبور آدمی اس کو توڑنے پر مجبور ہوگا، اور لچک ہوگی تو وہ قانون کو بینڈ کر کے نکل جائے گا، پس حیلہ کو قانون بنانا اور اس کو اسکیم کے طور پر چلانا قطعاً غلط ہے، مثلاً:

۱- حیلۂ حلالہ: بیوی کو حماقت سے تین طلاقیں ساتھ دیدیں، پھر عاریت پر بکرا تلاش کیا، وہ ایک رات میں بیوی کو حلال کردے گا! قرآن نے حیلہ ضرور ذکر کیا ہے، مگر وہ برتنے کے لئے نہیں ہے، حدیث میں اس پر لعنت آئی ہے۔

۲- حیلۂ تملیک: ہیرا پھیری کر کے زکات کو امدادی رقم بنالی، پھر اس سے مدرسہ کی بلڈنگ کھڑی کرلی۔

۳- فارموں کا حیلہ: مسلم فنڈ قرضوں کی مقدار کے اعتبار سے رنگ بہ رنگ کے فارم بیچتے ہیں، اور سود کو لقمۂ تر بنالیتے ہیں۔

۴- حیلۂ اسقاط: زندگی بھر نماز روزے نہیں کئے، پسماندگان نے من بھر گیہوں لے کر ہیرا پھیری کر کے سب کچھ بخشوادیا۔

کچھ سونا کھوٹا کچھ سنار کھوٹا!

غیر مقلدین حیلوں پر اعتراض کرتے ہیں، گویا حیلے کوئی چیز نہیں، حالانکہ قرآن وحدیث سے حیلوں کا پکا ثبوت ہے، دوسری طرف احناف بے دردی سے حیلے اپناتے ہیں، گویا وہ قانون شرعی ہیں، احناف کا یہ عمل غیر مقلدین کو اعتراض کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

بَابٌ: فِيْ تَرْكِ الْحِيَلِ

حیلے مت کرو

حیلوں سے بچنا چاہئے، حیلوں سے معاملات خراب ہوتے ہیں، جیسے ایک شخص تجارت کرنے کے لئے ہجرت کر کے

مدینہ آیا، دوسرا ام قیس سے نکاح کرنے کے لئے آیا تو دونوں کی ہجرتیں باطل ہوگئیں، ان کا کچھ ثواب نہیں رہا، کیونکہ اعتبار نیت کا ہے، خواہ قسمیں ہوں یا کچھ اور، ایک پرانا واقعہ ہے، جدہ گودی پر ایک حاجی کی قلی سے لڑائی ہوگئی، حاجی نے قلی کی ڈاڑھی پکڑ کر جھٹکا دیا تو وہ نکل آئی، قلی نے قصاص کا مقدمہ دائر کردیا، کسی عربی جاننے والے نے حاجی کو پٹی پڑھائی کہ قاضی قلی سے گواہ طلب کرے گا، وہ گواہ پیش نہیں کرسکے گا، کیونکہ گودی میں ہزاروں آدمی ہوتے ہیں، وہ کس کو گواہ لائے گا، پس قاضی تجھے قسم کھلائے گا تو تو اس طرح قسم کھانا، چنانچہ ایسا ہی ہوا، جب مدعی علیہ پر قسم عائد ہوئی تو اس نے قسم کھائی: ''بلّی آئی، میں نے نہیں نکالی'' قاضی نے اس عربی جاننے والے سے پوچھا: اس نے کیا کہا؟ اس نے کہا: یہ عجمی ہے، کہتا ہے: باللہ! ما أخرجتہ، چنانچہ قاضی نے مقدمہ خارج کردیا، یہ حیلہ تھا، جس نے سارا معاملہ خراب کردیا!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۰- کتابُ الحِیَل

[۱-] بَابٌ: فِیْ تَرْكِ الْحِیَلِ

وَأَنَّ لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فِي الْأَيْمَانِ وَغَيْرِهِ.

[۶۹۵۳-] حدثنا أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَخْطُبُ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُولُ: ''يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَمَنْ هَاجَرَ إِلَى دُنْيَا يُصِيْبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ''[راجع: ۱]

بَابٌ: فِي الصَّلاَةِ

نماز کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ تم میں سے کسی کی نماز قبول نہیں کرتے جب اس کو حدث لاحق ہو، یہاں تک کہ وضوء کرے'' (یہاں احناف پر اعتراض کرنے کے لئے کچھ ہاتھ نہیں آیا، اس لئے باب خالی چھوڑ دیا)

[۲-] بَابٌ: فِي الصَّلاَةِ

[۶۹۵۴-] حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: '' لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلاَةَ أَحَدِكُمْ إِذَا أَحْدَثَ حَتّٰى يَتَوَضَّأَ''[راجع: ۱۳۵]

بَابٌ: فِی الزَّكَاةِ

زکات کا بیان

پہلی حدیث میں ارباب اموال کی حیلہ سازیوں کا سد باب کیا ہے، فرمایا: ''زکات کے اندیشہ سے اکٹھا مواشی کو جدا نہ کیا جائے، اور جدا کو اکٹھا نہ کیا جائے'' یعنی جو جانور جمع ہیں ان کو وجوب زکات کے اندیشہ سے جدا نہ کیا جائے، جیسے ایک شخص کی چالیس بکریاں ہیں اور دوسرے کی بیس، پس اول پر ایک بکری واجب ہے، اور دوسرے پر کچھ نہیں۔ اب اگر پہلا شخص اپنی چند بکریاں دوسرے کے ریوڑ میں شامل کردے تو دونوں پر زکات واجب نہ ہوگی، ایسا فریب نہ کیا جائے —— اور جو جانور جدا ہیں ان کو زیادہ زکات واجب ہونے کے اندیشہ سے جمع نہ کیا جائے، جیسے دو شخصوں کی چالیس چالیس بکریاں ہیں، ان میں دو بکریاں واجب ہونگی، لیکن اگر وہ جمع کرکے ایک شخص کی بکریاں بتلائیں تو ایک بکری واجب ہوگی، ایسی حیلہ بازی نہ کی جائے۔

[۳-] بَابٌ: فِی الزَّكَاةِ

وَأَنْ لاَ يُفَرَّقَ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ، وَلاَ يُجْمَعَ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ.

[٦٩٥٥-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَنَسٍ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ فَرِيْضَةَ الصَّدَقَةِ الَّتِیْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' وَلاَ يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ، وَلاَ يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ''[راجع: ١٤٤٨]

آئندہ حدیث: میں بدّو کا یہ جملہ ہے: لا أنقص مما فرض الله علی شیئا: اللہ نے جو احکام مجھ پر فرض کئے ہیں، ان میں کوئی کمی نہیں کروں گا۔ اور زکات بھی فرض ہے، پس اس کو ساقط کرنے کے لئے یا کم کرنے کے لئے کوئی حیلہ کرنا جائز نہیں، حدیث ذکر کرنے کا اتنا ہی مقصد ہے، اور حدیث تحفۃ القاری (۱:۲۷۸) میں آئی ہے۔

[٦٩٥٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِیْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا جَاءَ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَائِرَ الرَّأْسِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَخْبِرْنِیْ مَاذَا فَرَضَ اللّٰهُ عَلَیَّ مِنَ الصَّلاَةِ؟ فَقَالَ:'' الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ شَيْئًا'' قَالَ: أَخْبِرْنِیْ مَاذَا فَرَضَ اللّٰهُ عَلَیَّ مِنَ الصِّيَامِ؟ قَالَ:'' شَهْرُ رَمَضَانَ، إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ شَيْئًا'' قَالَ: أَخْبِرْنِیْ مَا فَرَضَ اللّٰهُ عَلَیَّ مِنَ الزَّكَاةِ؟ قَالَ: فَأَخْبَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِشَرَائِعِ الإِسْلاَمِ. قَالَ: وَالَّذِیْ أَكْرَمَكَ لاَ أَتَطَوَّعُ شَيْئًا وَلاَ أَنْقُصُ مِمَّا فَرَضَ اللّٰهُ عَلَیَّ شَيْئًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' أَفْلَحَ إِنْ صَدَقَ، أُدْخِلَ الْجَنَّةَ إِنْ صَدَقَ''[راجع: ٤٦]

حولانِ حول سے ایک دن پہلے نصابِ زکات گھٹا دیا

کسی کے پاس دوسو درہم تھے، جو چاندی کی زکات کا نصاب ہے، اس نے سال پورا ہونے سے ایک دن پہلے ایک درہم ضائع کر دیا یا کسی کو ہبہ کر دیا، یا کوئی استعمالی چیز خرید لی، تاکہ سال پورا ہونے پر زکات واجب نہ ہو، پس امام شافعی اور امام ابوحنیفہ رحمہما اللہ کے نزدیک: جب ۱۹۹ درہم پر سال پورا ہوگا تو زکات واجب نہیں ہوگی، کیونکہ کامل نصاب پر سال نہیں گذرا، اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک: زکات واجب ہوگی، کیونکہ اس نے خود گھٹایا ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ ان کے ساتھ ہیں۔

رہی یہ بات کہ ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟ تو جس حیلہ سے کسی حکم شرعی یا مقصود دینی کا ابطال ہوتا ہو وہ جائز نہیں (گناہ ہوگا) جیسے اسقاطِ زکات وغیرہ کے حیلے لوگوں نے نکالے ہیں، ہاں جو حیلہ حکم شرعی کو باطل نہ کرے، بلکہ کسی معروف کا ذریعہ بنتا ہو، اس کی اجازت ہے (فوائد شبیری، سورۃ ص آیت ۴۴ کی تفسیر)

> وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: فِي عِشْرِيْنَ وَمِائَةِ بَعِيْرٍ: حِقَّتَانِ، فَإِنْ أَهْلَكَهَا مُتَعَمِّدًا، أَوْ وَهَبَهَا، أَوِ احْتَالَ فِيْهَا، فِرَارًا مِنَ الزَّكَاةِ: فَلاَ شَيْئَ عَلَيْهِ.

ترجمہ مع وضاحت: بعض لوگوں نے یعنی حنفیہ اور شافعیہ نے کہا: ایک سو بیس اونٹوں میں (حولانِ حول کے بعد) دو حقّے واجب ہیں، پس اگر مالک ایک اونٹ کو بالقصد ہلاک کر دے (ذبح کر کے کھالے) یا ہبہ کر دے، یا اس میں کوئی اور حیلہ کرے (مثلاً بکریوں کے عوض فروخت کر دے) زکات سے بھاگنے کے لئے یعنی اس لئے کہ حولانِ حول پر دو حقّے واجب نہ ہوں، تو اس پر کچھ نہیں (یہ بات صحیح نہیں، اکیانوے میں دو حقّے واجب ہوتے ہیں، اور وہ ہیں، اس لئے میں نے دوسو درہم کی مثال بیان کی ہے)

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے ایک کا خزانہ قیامت کے دن گنجا سانپ بنے گا (خزانہ وہ ہے جس کی زکات ادا نہیں کی گئی) مالدار اس سانپ سے بھاگے گا، اور سانپ اس کو تلاش کرے گا، اور کہے گا: میں تیرا خزانہ ہوں!'' پس تو مجھ سے کیوں بھاگتا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''بخدا! وہ سانپ برابر اس کو تلاش کرتا رہے گا، یہاں تک کہ وہ اپنا ہاتھ پھیلائے گا (بچاؤ کرنے کے لئے) پس سانپ کا منہ اس ہاتھ کو لقمہ بنالے گا'' اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب مویشی کا مالک مویشی کا حق (زکات) نہ دے تو وہ مویشی قیامت کے دن اس پر مسلط کئے جائیں گے، روندیں گے وہ اس کے چہرے کو اپنے پیروں سے!''

> [٦٩٥٧-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "يَكُوْنُ كَنْزُ أَحَدِكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ، يَفِرُّ مِنْهُ صَاحِبُهُ،

وَيَطْلُبُهُ، وَيَقُوْلُ: أَنَا كَنْزُكَ! قَالَ: وَاللّٰهِ لَنْ يَزَالَ يَطْلُبُهُ حَتّٰى يَبْسُطَ يَدَهُ فَيُلْقِمَهَا فَاهُ"[راجع: ۱۴۰۳]

[۶۹۵۸-] وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا مَا رَبُّ النَّعَمِ لَمْ يُعْطِ حَقَّهَا، تُسَلَّطُ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، تَخْبِطُ وَجْهَهُ بِأَخْفَافِهَا"

بات لمبی کی زیبِ داستاں کے لئے!

پھر پہلی ہی بات دوبارہ بیان کرتے ہیں، صرف دو فرق ہیں: ایک: ہبہ وغیرہ کی جگہ بیع کی مثال دی ہے دوم: امام اعظم رحمہ اللہ کے دو قولوں کو ٹکرایا ہے، فرماتے ہیں: اور بعض لوگوں نے اس شخص کے بارے میں کہا جس کے پاس اونٹ ہیں، پس وہ اس سے ڈرا کہ اس پر زکات واجب ہوگی، چنانچہ اس نے حولانِ حول سے ایک دن پہلے زکات سے بھاگتے ہوئے اور حیلہ کرتے ہوئے اُن اونٹوں کو دوسرے اونٹوں کے یا بکریوں یا گایوں یا دراہم کے عوض بیچ دیا: تو اس پر کچھ نہیں یعنی زکات واجب نہیں، یہ پہلی ہی بات ہے —— حالانکہ وہ کہتا ہے: اگر وہ اپنے اونٹوں کی زکات حولانِ حول سے ایک دن یا ایک سال پہلے ادا کردے تو جائز ہے (یہ تعارض پیدا کیا، مگر آپ یہ فرق نہیں جانتے کہ وجوبِ زکات کا تعلق نصاب کے مالک ہونے سے ہے، پس حولانِ حول سے پہلے زکات ادا کرنا جائز ہے، اور وجوبِ ادا کا تعلق حولانِ حول سے ہے، اور جب سال پورا ہوا تو نصاب اس کے پاس نہیں تھا، پھر زکات ادا کرنا اس پر کیسے لازم ہوگا؟)

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ فِي رَجُلٍ لَهُ إِبِلٌ، فَخَافَ أَنْ تَجِبَ عَلَيْهِ الصَّدَقَةُ، فَبَاعَهَا بِإِبِلٍ مِثْلِهَا، أَوْ بِغَنَمٍ، أَوْ بِبَقَرٍ، أَوْ بِدَرَاهِمَ، فِرَارًا مِنَ الصَّدَقَةِ بِيَوْمٍ وَاحْتِيَالاً: فَلاَ شَيْئَ عَلَيْهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: إِنْ زَكّٰى إِبِلَهُ قَبْلَ أَنْ يَحُوْلَ الْحَوْلُ بِيَوْمٍ أَوْ بِسَنَةٍ، جَازَتْ عَنْهُ.

آئندہ حدیث: حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے مسئلہ پوچھا کہ میری ماں نے ایک منت مانی تھی، وہ اس کو پورا نہیں کرنے پائی تھیں کہ ان کی وفات ہوگئی، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اس کو ماں کی طرف سے تم ادا کردو" (معلوم ہوا کہ منت موت کے بعد بھی باقی رہتی ہے پس زکات بھی وجوب کے بعد باقی رہے گی)

[۶۹۵۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ قَالَ: اسْتَفْتَى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ الْأَنْصَارِيُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلٰى أُمِّهِ، تُوُفِّيَتْ قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اقْضِهِ عَنْهَا"[راجع: ۲۷۶۱]

مثال بدلی اور پہلی ہی بات بڑھائی موت تک!

اور بعض لوگوں نے کہا: کسی کے پاس بیس اونٹ ہوں تو چار بکریاں واجب ہونگی، پس اگر حولانِ حول سے پہلے زکات

سے بھاگتے ہوئے یا اسقاطِ زکات کا حیلہ کرتے ہوئے اُن اونٹوں کو بیچ دے یا ہبہ کردے تو اس پر کچھ نہیں یعنی زکات واجب نہیں (یہ پہلی ہی بات ہے، صرف مثال بدلی ہے) اور اسی طرح اگر وہ ان اونٹوں کو ہلاک کردے پھر مرجائے تو اس کے مال میں (ترکہ میں) کچھ نہیں (کیونکہ میت پر زکات واجب ہی نہیں ہوئی، اور منت واجب ہونے کے بعد حضرت سعدؓ کی والدہ کا انتقال ہوا تھا)

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: إِذَا بَلَغَتِ الإِبِلُ عِشْرِيْنَ فَفِيْهَا أَرْبَعُ شِيَاهٍ، فَإِنْ وَهَبَهَا قَبْلَ الْحَوْلِ أَوْ بَاعَهَا، فِرَارًا أَوِ احْتِيَالاً لِإِسْقَاطِ الزَّكَاةِ: فَلاَ شَيْئَ عَلَيْهِ، وَكَذٰلِكَ إِنْ أَتْلَفَهَا فَمَاتَ: فَلاَ شَيْئَ فِي مَالِهِ.

بَابٌ

نکاحِ شغار اور نکاحِ متعہ میں فرق

پہلے نکاح شغار اور نکاح متعہ کی حقیقت سمجھ لیں:

نکاحِ شغار: یہ ہے کہ دو شخص ایک دوسرے سے اپنی بیٹی یا بہن یا زیر تحویل عورت کا نکاح کریں، اور ان کی شرمگاہوں کو ایک دوسرے کا مہر مقرر کریں، دوسرا کچھ مہر نہ ہو، اور اس طرح ایجاب وقبول کریں کہ میں نے اپنی بیٹی یا بہن کو تمہارے نکاح میں دیا: اس شرط پر کہ تم اپنی فلاں بیٹی یا بہن کو میرے نکاح میں دو، اور دوسرا قبول کرے تو یہ نکاح شغار ہے، باب کی حدیث میں اس کی ممانعت ہے۔

نکاحِ متعہ: کچھ مدت کے لئے نکاح کرنا، اسی کو نکاح موقّت بھی کہتے ہیں، یہ بالاجماع حرام ہے، جنگ خیبر کے موقعہ پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ذریعہ اس کی حرمت کا اعلان کیا گیا، اور ابن عباسؓ پہلے جواز متعہ کے قائل تھے، پھر جب حضرت علیؓ نے ان سے بیان کیا کہ غزوۂ خیبر میں نبی ﷺ نے میرے ذریعہ حرمت متعہ کا اعلان کرایا ہے تو ابن عباسؓ نے اپنے قول سے رجوع کرلیا۔

اب ائمہ ثلاثہ اور امام بخاری رحمہم اللہ دونوں نکاحوں کو باطل کہتے ہیں، کیونکہ حدیثوں میں دونوں کی ممانعت آئی ہے، اور حنفیہ کے نزدیک نکاح شغار جائز ہے، اور شرمگاہوں کو مہر بنانا جائز نہیں، پس دونوں عورتوں کا مہر مثل واجب ہوگا، اور نکاح متعہ باطل ہے، کیونکہ اسلامی نکاح سے اس کی حقیقت مختلف ہے (باقی تفصیل تحفۃ الالمعی ۳: ۵۵۰ میں ہے)

[-٤] بَابٌ

[-٦٩٦٠] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الشِّغَارِ قُلْتُ لِنَافِعٍ: مَا الشِّغَارُ؟ قَالَ: يَنْكِحُ بِنْتَ الرَّجُلِ وَيُنْكِحُهُ ابْنَتَهُ بِغَيْرِ صِدَاقٍ، وَيَنْكِحُ أُخْتَ الرَّجُلِ وَيُنْكِحُهُ أُخْتَهُ بِغَيْرِ صِدَاقٍ. [راجع: ٥١١٢]

پھر وہی بات بیان کی ہے کہ احناف نے نکاحِ شغار اور نکاحِ متعہ کا حکم مختلف تجویز کیا ہے، نکاح شغار صحیح ہے اور شرمگاہوں کو مہر بنانے کی شرائط باطل ہیں، کیونکہ نکاح ایمان میں سے ہے، اور ایمان میں شرط فاسد: باطل ہوجاتی ہے، اور معاملہ صحیح ہوجاتا ہے، اور نکاحِ متعہ باطل ہے، کیونکہ اس کی حقیقت اسلامی نکاح سے مختلف ہے، پس مدتِ نکاح کی تعیین عقد میں شرط فاسد کا معاملہ نہیں، بلکہ یہ انقلابِ ماہیت ہے، دائمی نکاح اور ہے، اور وہی اسلامی نکاح ہے، اور وقتی نکاح اور ہے، وہ جاہلیت کے نکاحوں میں سے ایک نکاح ہے، جو اسلام میں حرام ہے —— اور نہی لذاتہ بھی ہوتی ہے اور لغیرہ بھی، متعہ کی ممانعت لذاتہ ہے اور شغار کی ممانعت لغیرہ ہے، اور وہ غیر شرمگاہوں کو مہر بنانا ہے، پس جب اس کو باطل کردیا اور مہر مثل واجب کردیا تو نفس نکاح صحیح ہوگیا —— اور امام زفر رحمہ اللہ دونوں نکاحوں کو جائز کہتے ہیں، مگر ان کے قول پر فتوی نہیں —— اور جاننا چاہئے کہ یہ کوئی حیلہ نہیں، یہ تو محض مسئلہ ہے، امام صاحب نے اس کو خواہ مخواہ کتاب الحیل میں ذکر کیا ہے۔

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: إِنِ احْتَالَ حَتّٰى تَزَوَّجَ عَلَى الشِّغَارِ، فَهُوَ جَائِزٌ، وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ، وَقَالَ فِي الْمُتْعَةِ: النِّكَاحُ فَاسِدٌ، وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ. وَقَالَ بَعْضُهُمْ: الْمُتْعَةُ وَالشِّغَارُ جَائِزٌ، وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ.

[٦٩٦١-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيْهِمَا: أَنَّ عَلِيًّا قِيْلَ لَهُ: إِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ لاَ يَرَى بِمُتْعَةِ النِّسَاءِ بَأْسًا. فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْهَا يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ.[راجع: ٤٢١٦]

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: إِنِ احْتَالَ حَتّٰى تَمَتَّعَ، فَالنِّكَاحُ فَاسِدٌ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: النِّكَاحُ جَائِزٌ وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ.

نوٹ: آخری قال بعض الناس: تکرار ہے۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الاِحْتِيَالِ فِي الْبُيُوْعِ، وَلاَ يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ فَضْلُ الْكَلَإِ

بیع میں حیلوں کی کراہیت، اور گھاس روکنے کے لئے زائد پانی کے روکنے کو بہانہ نہ بنایا جائے

باب کے دو اجزاء ہیں، پہلے جزء کا بیان اگلے دو بابوں میں آئے گا، اس باب میں دوسرے جزء کا بیان ہے، ایک شخص نے سرکاری چراگاہ میں اپنے جانوروں کو پانی پلانے کے لئے کنواں کھود رکھا ہے، کنویں میں اس کی ضرورت سے زائد پانی ہے، دوسرا کوئی شخص درخواست کرتا ہے کہ میرے جانوروں کو بھی آپ اپنے کنویں سے پانی پینے دیں، وہ منع کرتا ہے، کیونکہ اس کے جانور آئیں گے تو کنویں کے گرد جو گھاس ہے وہ چریں گے، وہ گھاس بچانے کے لئے پانی روکنے کو بہانہ بناتا ہے، یہ بھی ایک طرح کا حیلہ ہے، حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے۔

[٥-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الاِحْتِيَالِ فِي الْبُيُوْعِ، وَلاَ يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ فَضْلُ الْكَلاِ

[٦٩٦٢-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَا يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ فَضْلُ الْكَلاِ"[راجع: ٢٣٥٣]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّنَاجُشِ

چیزوں کی قیمت بڑھانے کے لئے فریب کرنا مکروہ ہے

خریدنا نہیں اور بھاؤ تاؤ کرنا تاکہ گاہک پھنسے: نجش ہے، حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے، اور حدیث تحفۃ القاری (۲۱۰:۵) میں آئی ہے۔

بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الْخِدَاعِ فِي الْبَيْعِ

بیع میں دھوکہ کرنے کی ممانعت

سورۃ البقرۃ کی (آیت۹) ہے: ﴿يُخَادِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا، وَمَا يَخْدَعُوْنَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ﴾: منافقین اللہ اور مؤمنین کو دھوکہ دیتے ہیں، اور وہ خود کو ہی دھوکہ دے رہے ہیں، مگر ان کو شعور نہیں! —— سوال: اللہ کو کوئی دھوکہ نہیں دے سکتا! ناواقف کو دھوکہ دیا جاسکتا ہے، اللہ تعالیٰ ہر چیز سے واقف ہیں! جواب: ایوب سختیانی رحمہ اللہ نے فرمایا: گویا وہ انسان کو دھوکہ دیتے ہیں یعنی منافقین اللہ تعالیٰ کو دھوکہ دینے کی کوشش کرتے ہیں جس طرح انسان کو دھوکہ دیا جاتا ہے، اور بیع میں انسان کو دھوکہ نہ دیا جائے، بلکہ بات کھول کر بتادی جائے تو معاملہ میرے لئے آسان ہوگا، مجھے کوئی افسوس نہ ہوگا، اور بائع کا بھی وقار بڑھے گا، لوگ اس پر اعتماد کریں گے کہ یہ دکاندار دھوکہ نہیں کرتا، اور حدیث: لَاخِلَابَةَ پہلے آچکی ہے، حضرت حبان بن منقذ رضی اللہ عنہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت دی تھی کہ وہ ہر خریدار سے کہیں: دھوکہ کچھ نہیں! (مگر مجھے تین دن بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار رہے)

[٦-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّنَاجُشِ

[٦٩٦٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ النَّجْشِ. [راجع: ٢١٤٢]

[٧-] بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الْخِدَاعِ فِي الْبَيْعِ

وَقَالَ أَيُّوْبُ: ﴿يُخَادِعُوْنَ اللّٰهَ﴾: كَأَنَّمَا يُخَادِعُوْنَ آدَمِيًّا، لَوْ أَتَوُا الْأَمْرَ عِيَانًا كَانَ أَهْوَنَ عَلَيَّ.

[٦٩٦٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلاً ذَكَرَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ يُخْدَعُ فِي الْبُيُوْعِ فَقَالَ:" إِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ: لاَ خِلاَبَةَ"[راجع: ٢١١٧]

بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الاِحْتِيَالِ لِلْوَلِيِّ فِي الْيَتِيْمَةِ الْمَرْغُوْبَةِ، وَأَنْ لاَ يُكَمِّلَ صَدَاقَهَا

ولی کے لئے چال چل کر پسندیدہ یتیم لڑکی سے پورا مہر دیئے بغیر نکاح کرنے کی ممانعت

ایک یتیم لڑکی کا چچازاد بھائی ولی ہے، وہ لڑکی کے مال اور نفس میں رغبت رکھتا ہے، وہ خود اس سے نکاح کرتا ہے، مگر مہر میں انصاف نہیں کرتا، کم مہر دیتا ہے، پس سورۃ النساء کی (آیت ۳) نازل ہوئی، اور ولی کو ایسا کرنے سے منع کیا، تاکہ یتیموں پر ظلم کا دروازہ بند ہو، اس میں چالبازی یا حیلہ کی کوئی بات نہیں۔ اور حدیث تحفۃ القاری (۵:۵۱۱) میں آچکی ہے۔

[٨-] بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الاِحْتِيَالِ لِلْوَلِيِّ فِي الْيَتِيْمَةِ الْمَرْغُوْبَةِ، وَأَنْ لاَ يُكَمِّلَ صَدَاقَهَا

[٦٩٦٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، كَانَ عُرْوَةُ يُحَدِّثُ، أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ: ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ﴾ قَالَتْ: هِيَ الْيَتِيْمَةُ فِيْ حَجْرِ وَلِيِّهَا، فَيَرْغَبُ فِيْ مَالِهَا وَجَمَالِهَا، يُرِيْدُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا بِأَدْنَى مِنْ سُنَّةِ نِسَائِهَا، فَنُهُوْا عَنْ نِكَاحِهِنَّ، إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوْا لَهُنَّ فِيْ إِكْمَالِ الصَّدَاقِ، ثُمَّ اسْتَفْتَى النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ﴾[النساء: ١٢٧] فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ.

[راجع: ٢٤٩٤]

بَابٌ

باندی غصب کر کے غائب کردی، پھر ضمان دیدیا تو بھی مالک نہیں ہوگا

ایک شخص نے دوسرے کی باندی غصب کی، پھر اس نے کہا: باندی مرگئی، چنانچہ مردہ باندی کی قیمت کا فیصلہ کیا گیا، پھر باندی کو اس کے مالک نے پایا، تو وہ باندی مالک کی ہے، اور قیمت واپس کرے، اور قیمت باندی کا ثمن نہیں بنے گی (کیونکہ کوئی بیع نہیں ہوئی)

اور بعض لوگوں نے (احناف نے) کہا: باندی غاصب کے لئے ہے، اس لئے کہ مالک نے قیمت لے لی —— اور اس میں چالبازی کا موقع ہے اس شخص کے لئے جو کسی ایسے آدمی کی باندی چاہتا ہے جو اس کو بیچنے کے لئے تیار نہیں، پس وہ اس کو غصب کر لیتا ہے، اور بہانہ بناتا ہے کہ وہ مرگئی، تاکہ اس کا مالک اس کی قیمت لیلے، پس غاصب کے لئے غیر کی باندی

حلال ہوجائے، جبکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''تمہارے اموال تم پر حرام ہیں'' یعنی ایک کا مال دوسرے کے لئے حلال نہیں، اور فرمایا: ''ہر عہد شکن کے لئے قیامت کے دن ایک جھنڈا ہوگا'' (اس حدیث کا مسئلہ باب سے کچھ تعلق نہیں)

جواب: حاشیہ میں الخیر الجاری (تصنیف ابو یوسف یعقوب بنانی، لاہوری، متوفی در دہلی ۱۰۹۸ھ) کے حوالہ سے ہے: **اعلم أنه قال أكثر علماء الحنفية: الواجب على الغاصب ردُّ العين مادام قائما، وهو الموجب الأصلی، ورد القيمة مخلص خلفًا:** اور جان لیں کہ اکثر علمائے حنفیہ نے کہا کہ غاصب کے ذمہ چیز کو لوٹانا ہے، جب تک وہ موجود ہے، اور وہی اصلی واجب ہے، اور قیمت دینا چھٹکارا ہے نیابت کے طور پر اھ پس امام بخاری رحمہ اللہ کا اعتراض وارد نہیں ہوتا —— اور فقہ میں باب الغصب میں جو مسئلہ ہے وہ اس صورت میں ہے جب مالک خوشی سے ضمان لیلے تو مالک قیمت کا مالک ہوجائے گا، اور غاصب مغصوبہ چیز کا۔

[۹-] بَابٌ

إِذَا غَصَبَ جَارِيَةً، فَزَعَمَ أَنَّهَا مَاتَتْ، فَقُضِىَ بِقِيْمَةِ الْجَارِيَةِ الْمِيِّتَةِ، ثُمَّ وَجَدَهَا صَاحِبُهَا، فَهِىَ لَهُ، وَيَرُدُّ الْقِيْمَةَ، وَلاَ تَكُوْنُ الْقِيْمَةُ ثَمَنًا.

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: الْجَارِيَةُ لِلْغَاصِبِ، لِأَخْذِهِ الْقِيْمَةَ.

وَفِى هٰذَا احْتِيَالٌ لِمَنِ اشْتَهَى جَارِيَةَ رَجُلٍ لاَ يَبِيْعُهَا، فَغَصَبَهَا وَاعْتَلَّ بِأَنَّهَا مَاتَتْ، حَتّٰى يَأْخُذَ رَبُّهَا قِيْمَتَهَا فَتَطِيْبُ لِلْغَاصِبِ جَارِيَةُ غَيْرِهِ، قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "أَمْوَالُكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ" "وَلِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

[۶۹۶۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُعْرَفُ بِهِ"[راجع: ۳۱۸۸]

بَابٌ

کوئی چرب زبانی سے اپنے حق میں فیصلہ کرالے تو وہ چیز اس کی نہیں ہوجائے گی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں انسان ہی ہوں یعنی مقدمہ میں کون حق پر ہے اور کون باطل پر: یہ میں نہیں جانتا، اور تم لوگ جھگڑتے ہو (پھر مقدمہ لے کر میرے پاس آتے ہو) اور شاید تمہارا بعض بعض سے اپنی دلیل پیش کرنے میں چرب زبان ہو، پس میں اس کے لئے اس کی بات سن کر فیصلہ کرتا ہوں، پس جس کے لئے میں فیصلہ کروں اس کے بھائی کی چیز کا تو وہ اس کو نہ لے، میں اس کو جہنم کے انگارے ہی کاٹ کر دے رہا ہوں۔

ملحوظہ: اس حدیث کے تحت قضاء القاضی بشہادۃ الزور کا مسئلہ زیر بحث آتا ہے، جبکہ اس مسئلہ کا اس حدیث سے کچھ تعلق نہیں، کیونکہ اس حدیث میں اخروی سزا کا ذکر ہے، دنیوی حکم بیان نہیں کیا، امام صاحب یہ مسئلہ اگلے باب میں چھیڑیں گے، اور بار بار اعتراض کریں گے۔

[۱۰-] بَابٌ

[۶۹۶۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، وَإِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ، وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَنْ يَكُوْنَ أَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَأَقْضِيَ لَهُ عَلَى نَحْوِ مَا أَسْمَعُ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ مِنْ أَخِيْهِ شَيْئًا، فَلَا يَأْخُذْ، فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ" [راجع: ۲٤٥٨]

بَابٌ: فِي النِّكَاحِ

نکاح کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "کنواری کا نکاح نہ کیا جائے یہاں تک کہ اس سے اجازت لی جائے، اور بیوہ کا نکاح نہ کیا جائے یہاں تک کہ اس سے حکم لیا جائے، لوگوں نے پوچھا: کنواری سے اجازت کیسے لیں گے؟ (وہ تو شرمائے گی!) آپؐ نے فرمایا: "جب وہ چپ رہے" (تو اجازت سمجھی جائے)

قضاء القاضی بشہادۃ الزور

اور بعض لوگوں نے (احناف نے) کہا: اگر کنواری لڑکی سے اجازت نہیں لی گئی، اور وہ نکاح کے لئے تیار نہیں، پس ایک شخص نے چال چلی اور دو جھوٹے گواہ کھڑے کئے کہ اس نے اس لڑکی سے اس کی رضامندی سے نکاح کیا ہے (اور لڑکی انکار کرتی ہے کہ اس نے اجازت نہیں دی، اور کوئی نکاح نہیں ہوا) پس قاضی نے اس کے نکاح کو ثابت کر دیا (کیونکہ قاضی کی تحقیق میں وہ گواہ اچھے تھے) درانحالیکہ شوہر جانتا ہے کہ گواہی جھوٹی ہے تو اس کے لئے اس عورت سے صحبت کرنا جائز ہے، اور وہ نکاح کرنا صحیح ہے۔

مسئلہ کی تفصیل مع اختلاف ائمہ:

اگر کسی نکاح کے دعوے دار نے شرعی قاضی کے سامنے جھوٹے گواہ پیش کئے، اور قاضی کی تحقیق میں وہ گواہ سچے ثابت ہوئے، کسی طرح بھی قاضی کو ان کے جھوٹے ہونے کا علم نہ ہو سکا، اس لئے قاضی نے مدعی کے حق میں مقدمہ کی ڈگری

کردی، تو کیا قاضی کا یہ فیصلہ صرف ظاہراً[1] نافذ ہوگا یا باطناً بھی نافذ ہوگا؟ ـــــ عقود وفسوخ کے علاوہ دیگر تمام معاملات میں قاضی کا فیصلہ بالاتفاق صرف ظاہراً نافذ ہوتا ہے، اور عقود[2] وفسوخ میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک صرف ظاہراً نافذ ہوتا ہے، اور امام اعظمؒ کے نزدیک تین شرطوں کے ساتھ ظاہراً بھی نافذ ہوتا ہے اور باطناً بھی ـــــ اور وہ تین شرطیں یہ ہیں:

(۱) جس چیز کے بارے میں قاضی فیصلہ کرے اس میں عقد وفسخ قبول کرنے کی صلاحیت ہو، پس وہ عورت جو کسی کے نکاح میں ہو یا عدت میں ہو، اس کے بارے میں اگر قاضی جھوٹے گواہوں کی وجہ سے مدعیٔ کاذب کے حق میں فیصلہ کرے تو قاضی کا یہ فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا، باطناً نافذ نہ ہوگا، یعنی قاضی وہ عورت مدعیٔ کاذب کے سپرد تو کردے گا، مگر مدعی کے لئے اس عورت سے فائدہ اٹھانا جائز نہ ہوگا۔

(۲) قاضی کو فیصلہ کرتے وقت حقیقتِ حال کا پتہ نہ ہو، نہ گواہوں کے جھوٹے ہونے کا علم ہو۔

(۳) قاضی کا فیصلہ شہادت کی بنیاد پر ہو، جھوٹی قسم کی بنیاد پر نہ ہو۔

جمہور کی دلیل:

وہ حدیث ہے جو بخاری شریف میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

إنكم تَخْتَصِمُوْنَ إِلَيَّ، وَلَعَلَّ بَعْضَكم أَلْحَنُ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحَقٍّ أَخِيْهِ، شَيْئًا بقوله فإنما أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ، فَلاَ يَأْخُذْهَا. (بخاری شریف، **كتاب الشهادات، بابُ من أقام البينةَ بعد اليمين ص:۳٦٨، وكتاب المظالم، باب إثم من خاصم في باطل وهو يعلمه**)

ترجمہ: آپ لوگ اپنے جھگڑوں کا تصفیہ کرانے کے لئے میرے پاس آتے ہو، اور ایسا ہوسکتا ہے کہ ایک فریق اپنی دلیل پیش کرنے میں دوسرے فریق سے زیادہ چرب زبان ہو، پس اگر میں اس کے لئے اس کے بھائی کے حق میں سے کسی چیز کا فیصلہ کردوں، اس کی بات صحیح گمان کرتے ہوئے (تو وہ سمجھ لے) میں اسے جاگیر میں جہنم کا ایک ٹکڑا ہی دے رہا ہوں،

---

(۱) ظاہراً فیصلہ نافذ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جس چیز کے بارے میں نزاع ہے، قاضی اس کو مدعا علیہ کے قبضہ سے نکال کر مدعی کے قبضہ میں دے دے، اور اس کے متعلقہ احکام بھی نافذ کردے، مثلاً نکاح کا دعوی ہے تو قاضی عورت مرد کو سپرد کردے، اور شوہر کے ذمہ نان ونفقہ اور سکنی وغیرہ حقوق لازم کردے ـــــ اور باطناً فیصلہ نافذ ہونے کا مطلب دیانۃً نافذ ہونا ہے، مثلاً مثالِ مذکور میں مرد کے لئے اس عورت سے صحبت جائز ہوجائے اور اولاد ثابت النسب ہو، اور اگر کسی جائداد کا دعوی ہے تو مدعی اس جائداد کا مالک ہوجائے، اور اس کا بیچنا، کرایہ پر دینا، ہبہ کرنا وغیرہ تصرفات درست ہوں ۱۲

(۲) فقہا کی اصطلاح میں ایجاب وقبول کے ذریعہ معاملہ کرنے کو ''عقد'' کہتے ہیں، جیسے بیچنا، خریدنا، کرایہ پر دینا، نکاح کرنا وغیرہ ـــــ اور بعینہٖ سابقہ عقد کے ختم کرنے کو ''فسخ'' کہتے ہیں، جیسے بیع کا اقالہ کرنا، بیوی کو طلاق دینا وغیرہ ۱۲

پس وہ اسے نہ لے۔

جمہور اس حدیث سے اس طرح استدلال کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ (یعنی قاضی) کے فیصلہ کے بعد بھی وہ مال جس کا دعوی کیا گیا ہے جہنم کا ایک ٹکڑا ہی رہتا ہے، اس لئے اس کا لینا مدعی کے لئے حلال نہیں، پس معلوم ہوا کہ قاضی کا فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوتا ہے، باطناً نافذ نہیں ہوتا، ورنہ وہ مال حلال وطیب ہو جاتا۔

امام اعظمؒ کی نقلی دلیل:

(۱) ایک شخص نے اپنے ہی قبیلہ کی ایک عورت کے پاس نکاح کا پیغام بھیجا، وہ مرد اس عورت سے خاندانی شرافت میں کم تر تھا، چنانچہ عورت نے اس شخص سے نکاح کرنے سے انکار کر دیا، اس شخص نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی کورٹ میں نکاح کا دعوی کیا، اور دو جھوٹے گواہ پیش کئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نکاح کا فیصلہ کر دیا، عورت نے عرض کیا میرا اس شخص سے نکاح نہیں ہوا، اگر آپ مجھے اس کے یہاں بھیجنا ہی چاہتے ہیں تو آپ ہمارا نکاح پڑھ دیں، تا کہ ہم حرام سے بچیں، حضرت علیؓ نے اس کا نکاح نہیں پڑھا، بلکہ یہ ارشاد فرمایا کہ: شَاهِدَاكِ زَوَّجَاكِ[1] تیرے دو گواہوں نے تیرا نکاح پڑھ دیا۔

یہ روایت امام اعظم حضرت ابوحنیفہؒ کے قول کی صریح دلیل ہے کہ قاضی کا فیصلہ ہی موجِد نکاح ہے، اگر نفس الامر میں نکاح نہ بھی ہوا ہو، تو قاضی کے فیصلہ سے نکاح ہو جائے گا، اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے نکاح کے تحقق کا سبب اپنے فیصلہ کے بجائے شہادت کو اس لئے قرار دیا کہ شہادت، قضائے قاضی کے لئے واسطہ فی الثبوت بالمعنی الاول ہے، یعنی شہادت، فیصلہ کا ذریعہ بنی ہے، پس گویا وہی موجِد نکاح ہے۔

(۲) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس شرط کے ساتھ ایک غلام بیچا کہ میں ہر عیب سے بری ہوں، خریدار نے یہ معاملہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا، حضرت عثمانؓ نے ابن عمرؓ سے فرمایا کہ کیا آپ قسم کھا سکتے ہیں کہ آپ نے عیب چھپا کر نہیں بیچا؟ ابن عمرؓ نے قسم کھانے سے انکار کر دیا، چنانچہ حضرت عثمانؓ نے غلام ابن عمرؓ کو لوٹا دیا، ابن عمرؓ نے اس کو لے لیا، اور بڑے نفع سے اس کو بیچ دیا (احکام ج:۱، ص:۳۱۴)

حضرت ابن عمرؓ جانتے تھے کہ انھوں نے غلام براءت کی شرط کے ساتھ بیچا ہے، اس لئے حضرت عثمانؓ کا خیارِ عیب کی وجہ سے غلام کو لوٹانے کا فیصلہ درست نہ تھا، اگر حضرت عثمانؓ کو حقیقتِ حال کا پتہ ہوتا تو وہ ہرگز غلام واپس لینے کا فیصلہ نہ کرتے، مگر اس کے باوجود حضرت ابن عمرؓ نے واپس لے لیا، اور دوسری جگہ بڑے نفع سے بیچ دیا۔

(فَعُلِمَ) أَنَّ فَسْخَ حَاكِمٍ الْعَقْدَ يُوْجِبُ عَوْدَهُ إِلَى ملكه، وإن كان في الباطن خلافه (احکام القرآن ج:۱، ص:۳۱۵]

(۱) المغنی ج:۱۱ص:۴۰۸، اعلاء السنن ج:۱۱، ص:۶۰، احکام القرآن للجصّاص ج:۱، ص:۳۱۴۔

پس معلوم ہوا کہ قاضی عقد کو توڑ دے تو مبیع بائع کی طرف لوٹ جاتی ہے، اگرچہ حقیقت حال اس کے خلاف ہو۔

(۳) حضرت ہلال بن امیہؓ نے اپنی بیوی پر شریک بن سَحماء کے ساتھ ملوث ہونے کا الزام لگایا چنانچہ لعان کی آیتیں نازل ہوئیں، اور میاں بیوی میں لعان کرایا گیا، اور ان کا نکاح ختم کر دیا گیا، اس کے بعد حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہلال کی بیوی جو حاملہ ہے اگر ایسی ایسی علامتوں والا بچہ جنے تو وہ ہلال کا بچہ ہے، اور اس کا الزام غلط ہے، اور اگر فلاں فلاں دوسری علامتوں والا بچہ جنے تو شریک کا ہے، یعنی ہلال کا الزام صحیح ہے، پھر جب عورت نے بچہ جنا تو اس میں وہ علامتیں تھیں، جن کی رو سے وہ شریک کا بچہ قرار پاتا تھا، اس موقع پر حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: لَوْ لَا مَا مَضٰی مِنَ الْأَیْمَانِ لَکَانَ لِیْ وَلَهَا شَانٌ (احکام القرآن ج:۱ ص:۳۱۵) اگر پہلے لعان نہ ہو چکا ہوتا تو میرا اور اس عورت کا معاملہ کچھ اور ہی ہوتا (یعنی میں اس عورت کو سخت سزا دیتا)

عورت کا جھوٹ ظاہر ہونے کے بعد بھی حضور اکرم ﷺ نے لعان کی وجہ سے جو تفریق کی تھی اس کو باقی رکھا، اور اپنا فیصلہ نہیں بدلا۔

فَصَارَ ذٰلِکَ أَصْلاً فِی أَنَّ الْعُقُوْدَ وَفَسْخَهَا مَتٰی حَکَمَ بِهَا الحاکمُ مِمَّا لو ابتدأ أیضًا بحکم الحاکم وقَعَ (احکام القرآن ج:۱ ص:۳۱۵)

ترجمہ: پس اس سے ضابطۂ کلیہ نکل آیا کہ جب کوئی حاکم کسی عقد و فسخ کے بارے میں فیصلہ کر دے تو وہ فیصلہ نافذ ہو جائے گا بشرطیکہ حاکم کے حکم سے اس کا انشاء ہو سکتا ہو۔

(۴) دو شخصوں نے ایک آدمی کے خلاف یہ جھوٹی گواہی دی کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہے، چنانچہ قاضی نے میاں بیوی میں تفریق کر دی، پھر ان دو گواہوں میں سے ایک نے اس عورت سے نکاح کر لیا، تو امام عامر شعبیؒ نے (جو جلیل القدر تابعی ہیں) فتوی دیا کہ یہ نکاح درست ہے (احکام القرآن ج:۱ ص:۳۱۴)

[۱۱-] بَابٌ: فِی النِّکَاحِ

[۶۹۶۸-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ أَبِی کَثِیْرٍ، عَنْ أَبِی سَلَمَةَ، عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" لَا تُنْکَحُ الْبِکْرُ حَتّٰی تُسْتَأْذَنَ، وَلَا الثَّیِّبُ حَتّٰی تُسْتَأْمَرَ" فَقِیْلَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! کَیْفَ إِذْنُهَا؟ قَالَ:" إِذَا سَکَتَتْ"[راجع: ۵۱۳۶]

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: إِنْ لَمْ تُسْتَأْذَنِ الْبِکْرُ وَلَمْ تُزَوَّجْ، فَاحْتَالَ رَجُلٌ فَأَقَامَ شَاهِدَیْ زُوْرٍ أَنَّهُ تَزَوَّجَهَا بِرِضَاهَا، فَأَثْبَتَ الْقَاضِیْ نِکَاحَهَا، وَالزَّوْجُ یَعْلَمُ أَنَّ الشَّهَادَةَ بَاطِلَةٌ، فَلَا بَأْسَ أَنْ یَطَأَهَا، وَهُوَ تَزْوِیْجٌ صَحِیْحٌ.

قندمکرر!

آئندہ روایت: قاسم (جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں) روایت کرتے ہیں کہ جعفر کے خاندان کی ایک عورت ڈری کہ اس کا ولی اس کا نکاح کردے گا، درانحالیکہ وہ اس کو ناپسند کرتی ہے، پس اس نے انصار کے دو بڑے آدمیوں: جاریہ کے دولڑکوں: عبدالرحمٰن اور مُجَمِّع کو اس کی اطلاع دی، انھوں نے کہا ڈرمت، خنساء بنت خذام کا نکاح اس کے باپ نے کردیا تھا، درانحالیکہ وہ ناپسند کرنے والی تھی، پس نبی ﷺ نے اس نکاح کو کینسل کردیا (عبدالرحمٰن کی روایت میں قاسم کے بعد عن أبيه بھی ہے)

اورحدیث: وہی ہے جو ابھی گذری، پھر قندمکرر کے طور پر وہی اعتراض ہے جو ابھی گذرا۔

[۶۹۶۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ: أَنَّ امْرَأَةً مِنْ وَلَدِ جَعْفَرٍ تَخَوَّفَتْ أَنْ يُزَوِّجَها وَلِيُّها وَهِيَ كَارِهَةٌ، فَأَرْسَلَتْ إِلٰى شَيْخَيْنِ مِنَ الْأَنْصَارِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُجَمِّعٍ ابْنَيْ جَارِيَةَ قَالاَ: فَلاَ تَخْشَيْنَ، فَإِنَّ خَنْسَاءَ بِنْتَ خِذَامٍ، أَنْكَحَهَا أَبُوْهَا وَهِيَ كَارِهَةٌ، فَرَدَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ذٰلِكَ، قَالَ سُفْيَانُ: وَأَمَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ عَنْ أَبِيْهِ: إِنَّ خَنْسَاءَ. [راجع: ۵۱۳۸]

[۶۹۷۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَ تُنْكَحُ الْأَيِّمُ حَتّٰى تُسْتَأْمَرَ، وَلاَ تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتّٰى تُسْتَأْذَنَ" قَالُوْا: كَيْفَ إِذْنُهَا؟ قَالَ:" أَنْ تَسْكُتَ"[راجع: ۵۱۳۵]

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: إِنِ احْتَالَ إِنْسَانٌ بِشَاهِدَيْ زُوْرٍ عَلٰى تَزْوِيْجِ امْرَأَةٍ ثَيِّبٍ بِأَمْرِهَا، فَأَثْبَتَ الْقَاضِيْ نِكَاحَهَا إِيَّاهُ، وَالزَّوْجُ يَعْلَمُ أَنَّهُ لَمْ يَتَزَوَّجْهَا قَطُّ، فَإِنَّهُ يَسَعُهُ هٰذَا النِّكَاحُ، وَلاَ بَأْسَ بِالْمُقَامِ لَهُ مَعَهَا.

جی نہیں بھرا!

حدیث: تیسری مرتبہ لائے، پھروہی اعتراض کیا، فرماتے ہیں: اور بعض لوگوں نے کہا: اگر کوئی شخص کسی یتیم یا کنواری لڑکی کو چاہتا ہے، اور اس نے نکاح سے انکار کیا، پس وہ دو جھوٹے گواہ لایا کہ اس نے اس سے نکاح کیا ہے، بالغ ہونے کی حالت میں اور رضامندی سے، پس قاضی نے جھوٹی گواہی قبول کرلی، درانحالیکہ شوہر نکاح کا نہ ہونا جانتا ہے تو بھی شوہر کے لئے اس سے صحبت کرنا جائز ہے۔

[۶۹۷۱-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الْبِكْرُ تُسْتَأْذَنُ" قُلْتُ: إِنَّ الْبِكْرَ تَسْتَحْيِيْ،قَالَ:"إِذْنُهَا

صُمَاتُهَا"[راجع: ۵۱۳۷]

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: إِنْ هَوِىَ رَجُلٌ جَارِيَةً يَتِيْمَةً أَوْ بِكْرًا، فَأَبَتْ فَاحْتَالَ فَجَاءَ بِشَاهِدَىْ زُوْرٍ عَلٰى أَنَّـهُ تَزَوَّجَهَا، فَأَدْرَكَتْ فَرَضِيَتِ الْيَتِيْمَةُ، فَقَبِلَ الْقَاضِىْ شَهَادَةَ الزُّوْرِ، وَالزَّوْجُ يَعْلَمُ بِبُطْلَانِ ذٰلِكَ: حَلَّ لَهُ الْوَطْءُ.

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنِ احْتِيَالِ الْمَرْأَةِ مَعَ الزَّوْجِ وَالضَّرَائِرِ، وَمَا نَزَلَ عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِىْ ذٰلِكَ

شوہراور سوکنوں کے ساتھ چالبازی کی کراہیت، اوراس سلسلہ میں نازل شدہ آیات

باب کی روایت پہلے بار بار آئی ہے، اور صحیح واقعہ تحفۃ القاری (۲۶۴:۱۰) میں ہے، نبی ﷺ شہد حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے یہاں نوش فرماتے تھے، پس حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے چال چلی، اور حضرت سودہ اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہما کو ساتھ ملایا، اور شہد حرام کرایا، پھر سورۃ التحریم کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں، اور چال چلنے والیوں کو فہمائش کی گئی۔

[۱۲-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنِ احْتِيَالِ الْمَرْأَةِ مَعَ الزَّوْجِ وَالضَّرَائِرِ، وَمَا نَزَلَ عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِىْ ذٰلِكَ

[۶۹۷۲-] حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ، وَيُحِبُّ الْعَسَلَ، وَكَانَ إِذَا صَلَّى الْعَصْرَ أَجَازَ عَلٰى نِسَائِهِ، فَيَدْنُوْ مِنْهُنَّ، فَدَخَلَ عَلٰى حَفْصَةَ، فَاحْتَبَسَ عِنْدَهَا أَكْثَرَ مِمَّا كَانَ يَحْتَبِسُ، فَسَأَلْتُ عَنْ ذٰلِكَ فَقِيْلَ لِىْ: أَهْدَتِ امْرَأَةٌ مِنْ قَوْمِهَا عُكَّةَ عَسَلٍ، فَسَقَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْهُ شَرْبَةً. فَقُلْتُ: أَمَا وَاللّٰهِ لَنَحْتَالَنَّ لَهُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِسَوْدَةَ، وَقُلْتُ: إِذَا دَخَلَ عَلَيْكِ فَإِنَّـهُ سَيَدْنُوْ مِنْكِ فَقُوْلِىْ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَكَلْتَ مَغَافِيْرَ؟ فَإِنَّـهُ سَيَقُوْلُ: لَا، فَقُوْلِىْ لَهُ: مَا هٰذِهِ الرِّيْحُ؟ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَشْتَدُّ عَلَيْهِ أَنْ تُوْجَدُ مِنْهُ الرِّيْحُ، فَإِنَّـهُ سَيَقُوْلُ: سَقَتْنِىْ حَفْصَةُ شَرْبَةَ عَسَلٍ، فَقُوْلِىْ لَهُ: جَرَسَتْ نَحْلُهُ الْعُرْفُطَ، وَسَأَقُوْلُ ذٰلِكَ، وَقُوْلِيْهِ لَهُ أَنْتِ يَا صَفِيَّةُ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلٰى سَوْدَةَ، قَالَتْ: تَقُوْلُ سَوْدَةُ: وَالَّذِىْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ! لَقَدْ كِدْتُ أَنْ أُنَادِيَهُ بِالَّذِىْ قُلْتِ لِىْ، وَإِنَّـهُ لَعَلٰى

الْبَابَ، فَرَقًا مِنْكِ، فَلَمَّا دَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَكَلْتَ مَغَافِيْرَ؟ قَالَ: "لَا" قَالَتْ: فَمَا هٰذِهِ الرِّيْحُ؟ قَالَ: "سَقَتْنِيْ حَفْصَةُ شَرْبَةَ عَسَلٍ" قَالَتْ: جَرَسَتْ نَحْلُهُ الْعُرْفُطَ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيَّ قُلْتُ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَدَخَلَ عَلٰى صَفِيَّةَ فَقَالَتْ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ. فَلَمَّا دَخَلَ عَلٰى حَفْصَةَ قَالَتْ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا أُسْقِيْكَ مِنْهُ؟ قَالَ: "لَا حَاجَةَ لِيْ بِهِ" قَالَتْ: تَقُوْلُ سَوْدَةُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! لَقَدْ حَرَمْنَاهُ، قَالَتْ: قُلْتُ لَهَا: اسْكُتِيْ. [راجع: ٤٩١٢]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الِاحْتِيَالِ فِي الْفِرَارِ مِنَ الطَّاعُوْنِ

طاعون سے بھاگنا: طاعون سے بچنے کا حیلہ ہے اس لئے مکروہ ہے

فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ شام جارہے تھے، جابیہ پہنچے تو معلوم ہوا: شام میں وباء پھیلی ہوئی ہے (سرغ: جابیہ میں ہے) آپؓ نے مشورہ کے بعد واپسی کا ارادہ کرلیا، پھر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے حدیث سنائی تو خوشی ہوئی، روایتیں سب آ گئی ہیں۔

[١٣-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الِاحْتِيَالِ فِي الْفِرَارِ مِنَ الطَّاعُوْنِ

[٦٩٧٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ: أَنَّ عُمَرَ خَرَجَ إِلَى الشَّامِ، فَلَمَّا جَاءَ سَرْغَ بَلَغَهُ أَنَّ الْوَبَاءَ وَقَعَ بِالشَّامِ، فَأَخْبَرَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا سَمِعْتُمْ بِأَرْضٍ فَلَا تُقْدِمُوْا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوْا فِرَارًا مِنْهُ" فَرَجَعَ عُمَرُ مِنْ سَرْغَ.

وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ عُمَرَ إِنَّمَا انْصَرَفَ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

[راجع: ٥٧٢٩]

[٦٩٧٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ يُحَدِّثُ سَعْدًا: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَكَرَ الْوَجَعَ، فَقَالَ: "رِجْزٌ أَوْ: عَذَابٌ عُذِّبَ بِهِ بَعْضُ الْأُمَمِ، ثُمَّ بَقِيَ مِنْهُ بَقِيَّةٌ، فَتَذْهَبُ الْمَرَّةَ وَتَأْتِي الْأُخْرَى، فَمَنْ سَمِعَ بِأَرْضٍ فَلَا يَقْدِمَنَّ عَلَيْهِ، وَمَنْ كَانَ بِأَرْضٍ وَقَعَ بِهَا فَلَا يَخْرُجْ فِرَارًا مِنْهُ" [راجع: ٣٤٧٣]

وضاحت: سالم رحمہ اللہ کو معلوم نہیں ہوگا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حدیث سننے سے پہلے ہی مشورہ کرکے واپسی طے کرلی تھی...... **الوجع:** درد: مراد طاعون ہے...... **فتذهب:** کبھی طاعون چھپ جاتا ہے، کبھی ظاہر ہوتا ہے۔

بَابٌ: فِي الْهِبَةِ وَالشُّفْعَةِ

ہبہ اور شفعہ میں حیلہ

ا- ہبہ میں حیلہ:

بعض لوگوں نے (احناف نے) کہا: اگر ہزار درہم یا زیادہ ہبہ کئے، اور وہ موہوب لہٗ کے پاس سالوں تک رہے، پھر ہبہ کرنے والا ان دراہم میں چال چلا، اس نے وہ دراہم واپس لیلئے تو دونوں میں سے کسی پر بھی زکات واجب نہیں (سُبْحَانَكَ! هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ!)

امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اس قائل نے ہبہ میں رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کی، اور زکات ختم کردی، نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہبہ واپس لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو اپنی قئ چاٹ لیتا ہے، ہمیں اس بری مثال کا مصداق نہیں بننا چاہئے!

جواب: زکات ساقط کرنے کی بات تو گپ ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ کی فقہ حنفی سے عدم واقفیت کی دلیل ہے، اور ہبہ کرکے واپس لینا مکروہ ہے۔ اگر کوئی شخص کسی کو کوئی چیز ہبہ کرے اور قبضہ بھی دیدے تو وہ چیز واہب کی ملک سے نکل کر موہوب لہٗ کی ملک ہوجاتی ہے، اب واہب اس ہبہ کردہ چیز کو واپس لے سکتا ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک سات موانع ہیں، اگر ان میں سے کوئی مانع موجود ہو تو رجوع نہیں کرسکتا (موانع سبعہ کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۲۲۲:۴) میں ہے) اور اگر ساتوں موانع موجود نہ ہوں تو تراضی طرفین سے یا قضائے قاضی سے رجوع ہوسکتا ہے، مگر مکروہ ہے، پھر کراہت تنزیہی کا بھی قول ہے اور کراہت تحریمی کا بھی، اور تحریمی والا قول راجح ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے ہبہ کرکے واپس لینے والے کو اس کتے کے مانند قرار دیا ہے جو اپنی قئ چاٹ لیتا ہے۔

اور حنفیہ کی دلیل: ابن ماجہ کی حدیث ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: الواهبُ أَحَقُّ بهبته مالم يُثَبْ: ہبہ کرنے والا اپنی ہبہ کی ہوئی چیز کا زیادہ حقدار ہے، جب تک وہ عوض نہ دیا جائے، معلوم ہوا کہ اگر موہوبہ چیز کا عوض دیدیا جائے تو اب رجوع نہیں ہوسکتا، اور دیگر موانع کے بارے میں احادیث اعلاء السنن میں ہیں۔ پس رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کہاں ہوئی، پھر یہ حیلہ نہیں، مسئلہ ہے، اور مختلف فیہ مسئلہ ہے، اس کو اعتراض کے طور پر پیش کرنا کیسے مناسب ہوگا!

[١٤-] بَابٌ: فِي الْهِبَةِ وَالشُّفْعَةِ

وَقَالَ بَعْضُ النَاسِ: إِنْ وَهَبَ هِبَةً أَلْفَ دِرْهَمٍ أَوْ أَكْثَرَ، حَتّٰى مَكُثَ عِنْدَهُ سِنِيْنَ، وَاحْتَالَ فِيْ ذٰلِكَ، ثُمَّ رَجَعَ الْوَاهِبُ فِيْهَا: فَلَا زَكَاةَ عَلٰى وَاحِدٍ مِنْهُمَا، قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: فَخَالَفَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْهِبَةِ وَأَسْقَطَ الزَّكَاةَ.

[۶۹۷۵-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْعَائِدُ فِيْ هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهِ، لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السَّوْءِ"[راجع: ۲۵۸۹]

۲-شفعہ میں حیلہ:

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے شفعہ (کا فیصلہ) کیا ہر اس جائداد میں جو بانٹی نہیں گئی، پس جب سرحدیں قائم ہو جائیں اور راہیں الگ الگ کر لی جائیں تو شفعہ نہیں —— حجازی فقہاء (ائمہ ثلاثہ) نے یہ حدیث لی ہے، ان کے نزدیک شفیع صرف ایک ہے، بکی ہوئی جائداد میں جو شریک ہے، اور وہ جائداد قابل تقسیم ہے تو شریک کو شفعہ ملے گا۔ اور فقہاء عراق کے نزدیک: شفیع ترتیب وار تین ہیں: نفس مبیع میں شریک، حقوقِ مبیع میں شریک، اور محض پڑوسی (تفصیل تحفۃ القاری (۵:۲۹۸) میں ہے)

شفعہ باطل کرنے کا پہلا حیلہ

اور بعض لوگوں نے (احناف نے) کہا: شفعہ پڑوس کے لئے بھی ہے، پھر اس نے قصد کیا اس چیز کا جس کو مضبوط کیا تھا (کہ محض پڑوسی کے لئے بھی شفعہ ہے) پس اس کو باطل کر دیا، اور کہا: اگر کسی نے کوئی گھر خریدنے کا ارادہ کیا، پس وہ ڈرا کہ پڑوسی اس کو شفعہ میں لیلے گا، پس اس نے گھر کے سو حصوں میں ایک حصہ (بھاری قیمت پر) خریدا (مثلاً: گھر دس لاکھ کا تھا، اس نے سوواں حصہ نو لاکھ میں خریدا، ظاہر ہے پڑوسی اتنی بھاری قیمت میں شفعہ نہیں لے گا، اس طرح وہ گھر میں شریک ہو گیا) پھر باقی گھر (ایک لاکھ میں) خرید لیا (تو نفس مبیع میں شریک شفیع ہوگا، محض پڑوسی شفیع نہیں ہوگا، کیونکہ) محض پڑوسی کے لئے پہلے حصہ میں شفعہ تھا، پس اس کے لئے باقی گھر میں کوئی شفعہ نہیں ہوگا، اور اس کے لئے جائز ہے کہ اس سلسلہ میں حیلہ کرے۔

ملحوظہ: اعتراض سے پہلے حدیث ذکر کر کے احناف پر چھینٹا مارا ہے کہ اس حدیث کی رو سے پڑوسی کے لئے شفعہ نہیں، مگر احناف نے ثابت کیا ہے، پھر اس کو مضبوط کرنے کے بعد حیلہ کر کے باطل کر دیا۔

[۶۹۷۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّمَا جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الشُّفْعَةَ فِيْ كُلِّ مَالَمْ يُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِّفَتِ الطُّرُقُ فَلاَ شُفْعَةَ.[راجع: ۲۲۱۳]

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: الشُّفْعَةُ لِلْجُوَارِ، ثُمَّ عَمَدَ إِلٰى مَا شَدَّدَهُ فَأَبْطَلَهُ، وَقَالَ: إِنِ اشْتَرٰى دَارًا فَخَافَ أَنْ يَأْخُذَ الْجَارُ بِالشُّفْعَةِ، فَاشْتَرَى سَهْمًا مِنْ مِائَةِ سَهْمٍ، ثُمَّ اشْتَرٰى الْبَاقِيَ، وَكَانَ لِلْجَارِ الشُّفْعَةُ فِي السَّهْمِ الْأَوَّلِ، فَلاَ شُفْعَةَ لَهُ فِيْ بَاقِي الدَّارِ، وَلَهُ أَنْ يَحْتَالَ فِي ذٰلِكَ.

حدیث: عمرو بن الشریدؒ کہتے ہیں: مسور آئے اور میرے کندھے پر ہاتھ رکھا، پس میں ان کے ساتھ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، پس ابورافع رضی اللہ عنہ نے حضرت مسورؓ سے کہا: کیا آپ ان (حضرت سعد) کو حکم نہیں دیتے کہ وہ مجھ سے میرا وہ کمرہ خرید لیں جو ان کے گھیر میں ہے، پس حضرت سعد نے کہا: میں ان کو چار سو دینار سے زیادہ نہیں دونگا، اور وہ بھی قسط وار دوں گا۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے کہا: میں کیش پانچ سو دینار دیا جارہا تھا، مگر میں نے انکار کردیا، اگر میں نے نبی صَلَّاللّٰهُعَلَيْهِوَسَلَّمَ سے نہ سنا ہوتا کہ پڑوسی اپنی قریب کی جائداد کا زیادہ حقدار ہے تو اس کو (چار سو دینار میں) آپ کو نہ بیچتا / آپ کو نہ دیتا۔

شفعہ باطل کرنے کا دوسرا حیلہ

اور بعض لوگوں نے کہا: جب کوئی شخص چاہے کہ شفیع کو شفعہ نہ لینے دے تو اس کے لئے جائز ہے کہ حیلہ کرے، یہاں تک کہ شفعہ کو باطل کردے، بایں طور کہ بائع مشتری کو گھر ہبہ کردے، اور گھر کو متعین کرکے مشتری کو قبضہ دیدے (پس ہبہ مکمل ہوجائے گا) اور مشتری بائع کو ایک ہزار درہم (جو گھر کی قیمت ہے) ہبہ کا عوض دیدے، تو شفیع کے لئے گھر میں کوئی شفعہ نہیں ہوگا (کیونکہ ہبہ میں شفعہ نہیں ہوتا) دیکھئے! صحابہ تو شفیع کی کتنی رعایت کرتے تھے، اور یہ بندہ ابطال شفعہ کے حیلے بتارہا ہے، ببیں تفاوتِ راہ!

[۶۹۷۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَوبْنَ الشَّرِيْدِ، يَقُوْلُ: جَاءَ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى مَنْكِبِيْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ إِلٰى سَعْدٍ، فَقَالَ أَبُوْ رَافِعٍ لِلْمِسْوَرِ: أَلَا تَأْمُرُ هٰذَا أَنْ يَشْتَرِيَ مِنِّيْ بَيْتِيَ الَّذِيْ فِيْ دَارِهِ؟ فَقَالَ: لَا أَزِيْدُهُ عَلٰى أَرْبَعِ مِائَةٍ، إِمَّا: مُقَطَّعَةً وَإِمَّا: مُنَجَّمَةً. قَالَ: أُعْطِيْتُ خَمْسَ مِائَةٍ نَقْدًا، فَمَنَعْتُهُ، وَلَوْلَا أَنِّيْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقَبِهِ" مَا بِعْتُكَهُ أَوْ قَالَ: مَا أَعْطَيْتُكَهُ، قُلْتُ لِسُفْيَانَ: إِنَّ مَعْمَرًا لَمْ يَقُلْ هٰكَذَا، قَالَ: لٰكِنَّهُ قَالَهُ لِيْ هٰكَذَا. [راجع: ۲۲۵۸]

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: إِذَا أَرَادَ أَنْ يَبِيْعَ الشُّفْعَةَ فَلَهُ أَنْ يَحْتَالَ حَتّٰى يُبْطِلَ الشُّفْعَةَ، فَيَهَبُ الْبَائِعُ لِلْمُشْتَرِيْ الدَّارَ، وَيَحُدُّهَا، وَيَدْفَعُهَا إِلَيْهِ، وَيُعَوِّضُهُ الْمُشْتَرِيْ أَلْفَ دِرْهَمٍ، فَلَا يَكُوْنُ لِلشَّفِيْعِ فِيْهَا شُفْعَةٌ.

وضاحت: عمرو بن الشریدؒ: تابعی ہیں، ان کے والد شرید بن سویدؓ صحابی ہیں، سفیان بن عیینہؒ نے ابراہیم بن میسرہؒ سے روایت کی ہے، انہی سے معمر بھی روایت کرتے ہیں، ان کی سند کے آخر میں عن أبیہ ہے (یہ روایت نسائی میں ہے) پھر دونوں سے علی مدینی روایت کرتے ہیں، انھوں نے ابن عیینہ سے کہا کہ معمر تو روایت کو مرسل نہیں کرتے، عن أبیہ کہہ کر موصول کرتے ہیں، تو ابن عیینہؒ نے فرمایا کہ ابراہیم بن میسرہؒ نے مجھ سے اسی طرح مرسل بیان کی ہے۔

حیلہ در حیلہ

آئندہ حدیث: گذشتہ حدیث ہے، البتہ عمرو: حضرت ابورافعؓ سے روایت کرتے ہیں، پھر فرمایا: اور بعض لوگوں نے کہا: اگر گھر کا ایک حصہ خریدا (مثلاً سوواں حصہ نو لاکھ میں خریدا) پس شفعہ کو باطل کرنا چاہا تو خریدا ہوا حصہ اپنے نابالغ بیٹے کو ہبہ کردے، اور اس پر قسم نہیں ہوگی۔

وضاحت: پہلے حیلہ میں ایک کمزور پوئنٹ ہے، پڑوسی سوواں حصہ خریدنے والے کو کورٹ میں قسم کھلا سکتا ہے کہ خریدنا حقیقی تھا یا ہاتھی کے دکھانے کے دانت تھے؟ پس مشتری پھنس جائے گا، وہ جھوٹی قسم نہیں کھا سکتا، پس حیلہ در حیلہ یہ ہے کہ وہ سوواں حصہ اپنے نابالغ بیٹے کو ہبہ کردے، پس پڑوسی اس کو قسم نہیں کھلا سکتا، کیونکہ وہ نابالغ ہے۔

حیلے برتنے کے لئے نہیں ہوتے

مذکورہ حیلے صحیح ہیں، مگر ہر حیلہ برتنے کے لئے نہیں ہوتا، حیلہ قانون کی لچک (گنجائش) کا نام ہے، فتاوی عالمگیری میں ہر باب کے حیلے ہیں، مگر احناف ان کو کہاں برتتے ہیں؟ دو چار حیلے چلتے ہیں، مگر ہم احناف ہی ان پر سخت رد کرتے ہیں، مجھ سے حضرت مفتی محمود الحسن صاحب گنگوہی قدس سرہ نے بیان کیا کہ میں نے زندگی میں صرف کانپور کے ایک مہتمم کو حیلۂ تملیک کی اجازت دی ہے، اس کا مدرسہ قرض میں پھنس گیا تھا، اور اس کی عزت پر بن آئی تھی، اور کتاب الحیل کے شروع میں ایک حاشیہ میں محیط سے نقل کیا ہے: **وأما الاحتيال لإبطال حق المسلم فإثم وعدوان**: کسی مسلمان کے حق کو باطل کرنے کے لئے حیلہ کرنا گناہ اور جارحیت ہے، اور کافی سے امام محمد رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے: **ليس من أخلاق المؤمنين الفرار من أحكام الله تعالىٰ بالحيل الموصلة إلى إبطال الحق**: مسلمانوں کے اخلاق سے نہیں ہے اللہ کے احکام سے بھاگنا، ایسے حیلے کرکے جو حق کو باطل کرنے تک پہنچانے والے ہیں۔ پس امام بخاری رحمہ اللہ کے اعتراضات میں قابل گرفت ان کا یہ جملہ ہے: **له أن يحتال في ذلك**: اس کے لئے جائز ہے کہ اس سلسلہ میں حیلہ کرے، یہ بات قطعاً صحیح نہیں!

[٦٩٧٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ: أَنَّ سَعْدًا سَاوَمَهُ بَيْتًا بِأَرْبَعِ مِائَةِ مِثْقَالٍ، فَقَالَ: لَوْلاَ أَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقْبِهِ" مَا أَعْطَيْتُكَ. [راجع: ٢٢٥٨]

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: إِنِ اشْتَرَى نَصِيْبَ دَارٍ، فَأَرَادَ أَنْ يُبْطِلَ الشُّفْعَةَ، وَهَبَ لِابْنِهِ الصَّغِيْرِ وَلاَ يَكُوْنُ عَلَيْهِ يَمِيْنٌ.

بَابُ احْتِيَالِ الْعَامِلِ لِيُهْدَى لَهُ

سرکاری کارندے کا فریب کرنا تا کہ اس کو ہدیہ ملے

باب کی حدیث میں ابْنُ اللُّتْبِيَّة کا واقعہ ہے، جو تحفۃ القاری (۵:۵۸۳) میں آچکا ہے، سرکاری کارندہ کوئی فریب کرے گا تو ہی اس کو ہدیہ ملے گا، پس یہ بھی ناجائز ہے۔

[۱۵-] بَابُ احْتِيَالِ الْعَامِلِ لِيُهْدَى لَهُ

[۶۹۷۹-] حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: اسْتَعْمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً عَلٰى صَدَقَاتِ بَنِىْ سُلَيْمٍ يُدْعَى ابْنَ اللُّتْبِيَّةِ، فَلَمَّا جَاءَ حَاسَبَهُ، قَالَ: هٰذَا مَالُكُمْ وَهٰذَا هَدِيَّةٌ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَهَلَّا جَلَسْتَ فِىْ بَيْتِ أَبِيْكَ وَأُمِّكَ، حَتّٰى تَأْتِيَكَ هَدِيَّتُكَ إِنْ كُنْتَ صَادِقًا" ثُمَّ خَطَبَنَا فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّىْ أَسْتَعْمِلُ الرَّجُلَ مِنْكُمْ عَلَى الْعَمَلِ مِمَّا وَلَّانِى اللّٰهُ، فَيَأْتِىْ فَيَقُوْلُ: هٰذَا مَالُكُمْ وَهٰذَا هَدِيَّةٌ أُهْدِيَتْ لِىْ، أَفَلَا جَلَسَ فِىْ بَيْتِ أَبِيْهِ وَأُمِّهِ حَتّٰى تَأْتِيَهُ هَدِيَّتُهُ، وَوَاللّٰهِ! لَا يَأْخُذُ أَحَدٌ مِنْكُمْ شَيْئًا بِغَيْرِ حَقِّهِ، إِلَّا لَقِىَ اللّٰهَ يَحْمِلُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَلَا أَعْرِفَنَّ أَحَدًا مِنْكُمْ لَقِىَ اللّٰهَ يَحْمِلُ بَعِيْرًا لَهُ رُغَاءٌ، أَوْ بَقَرَةً لَهَا خُوَارٌ، أَوْ شَاةً تَيْعَرُ" ثُمَّ رَفَعَ يَدَهُ حَتّٰى رُئِىَ بَيَاضُ إِبْطَيْهِ يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟" بَصُرَ عَيْنَىَّ وَسَمِعَ أُذُنَىَّ. [راجع: ۹۲۵]

قولہ: بَصُر عيني: راوی حضرت ابوحمیدؓ کا قول ہے کہ جب آپؐ نے تقریر فرمائی تو میری آنکھیں آپؐ کو دیکھ رہی تھیں، اور میرے کان آپؐ کی بات سن رہے تھے۔

[بَابٌ]

ابطالِ شفعہ کا ایک اور حیلہ (ترکش کا آخری تیر!)

سوال: اس اعتراض کا تعلق باب الهبة و الشفعة کے ساتھ ہے، باب احتيال العامل کے تحت کیوں لائے ہیں؟

جواب: حاشیہ میں ٹھیکرا کاتبوں کے سر پھوڑا ہے، اس سے بہتر یہ ہے کہ یہاں باب بلا ترجمہ مان لیا جائے، جو کاتبوں سے رہ گیا ہے۔

پہلے پڑوسی کے لئے شفعہ والی حدیث ذکر کی، تا کہ اس کا شفعہ پختہ ہوجائے، پھر فرمایا: بعض لوگ کہتے ہیں: جب کوئی

شخص ایسا گھر خریدنا چاہے جس کی واقعی قیمت دس ہزار درہم ہے، اور اندیشہ ہے کہ پڑوسی شفعہ کا دعوی کرے گا تو وہ اس کو بیس ہزار میں خرید لے، پھر حیلہ کرنے کی گنجائش ہے، مشتری نو ہزار نو سو ننانوے درہم چکائے، اور باقی دس ہزار ایک درہم کے بدل ایک دینار بیچ دے، یہ بیع صرف ہوگی، پس مجلس عقد میں یہ دینار بائع کو دیدے ــــ اب اگر شفیع دعوی کرے تو بیس ہزار درہم میں لے گا، کیونکہ بیع اسی پر واقع ہوئی ہے اور بیع صرف علاحدہ معاملہ ہے، اس صورت میں اس کی مِیّا مرے گی! اور اس کے لئے گھر پر کوئی راہ نہ ہوگی۔

پھر اگر گھر کا کوئی حقدار نکل آیا، اور اس نے گھر لے لیا تو مشتری بائع سے وہ لے گا جو اس نے دیا ہے یعنی نو ہزار نو سو ننانوے درہم اور ایک دینار لے گا، اس لئے کہ حقدار نکل آیا تو دینار کی بیع صرف ٹوٹ گئی۔

اور اگر مشتری نے گھر میں کوئی عیب پایا، اور وہ حق میں نہیں لیا گیا تو وہ گھر بائع کو بیس ہزار درہم میں واپس کرے (اس صورت میں بائع کا نقصان ہوگا، یہ اس حیلہ کا ضرر ہے)

غرض: اس طرح اس قائل نے مسلمانوں کے ساتھ دھوکہ کرنے کو جائز ٹھہرایا، جبکہ نبی ﷺ نے حضرت عدّاءؓ کو غلام بیچا تھا تو یہ تحریر لکھ کر دی تھی کہ مسلمان کی مسلمان کے ساتھ کھری بیع ہے، مبیع میں نہ کوئی بیماری ہے نہ حرام مال ہے اور نہ چوری کا مال ہے (تحفۃ القاری ۵:۱۵۲) پھر وہ حدیث لائے ہیں جس میں حضرت ابورافعؓ نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ (مالک) کے ہاتھ سو دینار گھاٹے میں گھر بیچا تھا محض اس وجہ سے کہ وہ پڑوسی (شفیع) تھے، ببیں تفاوت راہ!

جواب: یہ محض ممکنہ حیلہ (تدبیر) ہے، مگر امام محمد رحمہ اللہ نے ایسے حیلوں کی قطعاً اجازت نہیں دی، پس آخری ردّہ کسی امر پنہانی کی غمازی کرتا ہے، فالله يغفر لنا وله أجمعين۔

[بَابٌ]

[۶۹۸۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقْبِهِ"

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: إِذَا اشْتَرَى دَارًا بِعِشْرِيْنَ أَلْفَ دِرْهَمٍ، فَلَا بَأْسَ أَنْ يَحْتَالَ حِيْنَ يَشْتَرِي الدَّارَ بِعِشْرِيْنَ أَلْفَ دِرْهَمٍ، وَيَنْقُدَهُ تِسْعَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ وَتِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ، وَيَنْقُدَهُ دِيْنَارًا بِمَا بَقِيَ مِنَ الْعِشْرِيْنَ أَلْفًا، فَإِنْ طَلَبَ الشَّفِيْعُ أَخَذَهَا بِعِشْرِيْنَ أَلْفَ دِرْهَمٍ، وَإِلَّا فَلَا سَبِيْلَ لَهُ عَلَى الدَّارِ.

فَإِنِ اسْتُحِقَّتِ الدَّارُ رَجَعَ الْمُشْتَرِيْ عَلَى الْبَائِعِ بِمَا دَفَعَ إِلَيْهِ، وَهُوَ تِسْعَةُ آلَافِ دِرْهَمٍ وَتِسْعُ مِائَةٍ وَتِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ دِرْهَمًا وَدِيْنَارٌ، لِأَنَّ الْبَيْعَ حِيْنَ اسْتُحِقَّ انْتَقَضَ الصَّرْفُ فِي الدِّيْنَارِ.

فَإِنْ وَجَدَ بِهٰذِهِ الدَّارِ عَيْبًا وَلَمْ تُسْتَحَقَّ، فَإِنَّهُ يَرُدُّهَا عَلَيْهِ بِعِشْرِيْنَ أَلْفَ دِرْهَمٍ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: فَأَجَازَ هٰذَا الْخِدَاعَ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" بَيْعُ الْمُسْلِمِ لَادَاءَ وَلَا خُبْثَةَ وَلَا غَائِلَةَ"

[۶۹۸۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ: أَنَّ أَبَا رَافِعٍ سَاوَمَ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ بَيْتًا بِأَرْبَعِ مِائَةِ مِثْقَالٍ، وَقَالَ: لَوْلَا أَنِّيْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقْبِهِ" مَا أَعْطَيْتُكَ. [راجع: ۲۲۵۸]

وضاحت: إذا اشترى: جب خریدنا چاہے...... يَنْقُدَه: چکائے مشتری بائع کو...... لأن البيع: أى المبيع۔

الحمدللہ! کتاب الحیل کی شرح مکمل ہوئی، اور تحفۃ القاری کی گیارہویں جلد بھی مکمل ہوئی، ان شاءاللہ

بارہویں جلد **کتاب التعبیر** سے شروع ہوگی

۴/ربیع الاول ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۷/دسمبر ۲۰۱۴ء



بسم اللہ مجرٖیھا ومرساھا ۞ إن ربی لغفور رحیم

وقفہ: تحفۃ القاری کی گیارہویں جلد ۴ رربیع الاول ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۷ ردسمبر ۲۰۱۴ء میں پوری ہوئی تھی، پھر اس کی تصحیح کی، پروف ریڈنگ خود کرتا ہوں، کسی پر اعتماد نہیں کرتا، اور تصحیح کے ساتھ حک وفک بھی کرتا ہوں، چھ سو صفحات کی تصحیح میں دس دن لگتے ہیں۔ پھر طویل سفر پر نکل گیا، پہلے دبئی ہوکر مدینہ منورہ گیا، وہاں سے عمرہ کے لئے مکہ مکرمہ جانا ہوا، پھر دبئی لوٹ کر قطر گیا، وہاں تین دن رک کر دبئی واپس لوٹا، پھر زمبابوے (ہرارے) گیا، وہاں سے زامبیا آیا، پھر چپاٹا ہوکر ملاوی گیا، وہاں سے ساؤتھ افریقہ جانا ہوا، پھر دبئی ہوتا ہوا دیوبند لوٹ آیا، اس سفر میں برخوردار جناب مولانا مفتی حسین احمد سلمہ اور دوسرے کرم فرما جناب ابراہیم بھائی مینر ازید مجدہٗ ہم رکاب رہے۔ اب میں اکیلا سفر نہیں کرتا، یہاں آکر گیارہویں جلد دوبارہ پڑھی، میں کمپیوٹر کتابت کی دو مرتبہ تصحیح کرتا ہوں، پھر پریس میں بھیج کر چند کتابوں پر تقریظات/مقدمات لکھے، اب فارغ ہوکر جمعرات ۲۹ ر ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۹ رفروری ۲۰۱۵ء کو بارہویں جلد شروع کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ جلد اس کی تکمیل کی توفیق عطا فرمائیں۔

کتاب التعبیر

خواب کا مطلب بتانا

ربط: علامہ بُلقینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حیلوں میں امر مخفی کا ارتکاب کیا جاتا ہے، اس لئے کتاب الحیل کے بعد خوابوں کی تعبیر کا بیان شروع کرتے ہیں، کیونکہ تعبیر بھی مخفی امر ہوتی ہے، اگرچہ معبّر جانتا ہے (مقدمہ فتح الباری ص:۴۷۳)

عَبَّرَ الرؤیا کے معنی ہیں: خواب کی تعبیر بیان کرنا، اور **عَبَّرَ عن ما فی نفسہ** کے معنی ہیں: اظہار مافی الضمیر کرنا، دل کی بات کہنا، خوابوں کا معاملہ خیالات جیسا ہے یعنی جو خیالات کے اسباب ہیں وہی خوابوں کے بھی ہیں، اچھے اسباب پیدا ہوتے ہیں تو اچھے خواب نظر آتے ہیں اور برے اسباب جمع ہوتے ہیں تو برے خواب نظر آتے ہیں۔ البتہ خیالات اور خوابوں میں فرق یہ ہے کہ خیالات میں چیزیں متشکل نہیں ہوتیں اور خواب میں جو خیالات دل میں گزرتے ہیں وہ دل کی آنکھوں کے سامنے متشکل ہوتے ہیں۔

اور یہ فرق اس وجہ سے ہے کہ بحالت بیداری جب آدمی کچھ خیال کرتا ہے تو دماغ اس میں مستغرق ہوکر نہیں سوچتا۔ کیونکہ بیداری کی حالت میں آنکھ کچھ دیکھ رہی ہے، کان کچھ سن رہا ہے، منہ میں کوئی چیز ہے جس کا مزہ زبان لے رہی ہے، ناک کوئی خوشبو یا بدبو سونگھ رہا ہے اور جسم سے جو چیز مس کر رہی ہے اس کا بھی ادراک ہو رہا ہے اور یہ تمام ادراکات دماغ

کررہا ہے۔اس وجہ سے دماغ پوری طرح خیال کی طرف متوجہ نہیں ہوتا۔مگر جب آدمی سوجاتا ہے تو اس وقت بھی خیالات کا سلسلہ برابر چلتا رہتا ہے، البتہ جب تک نیند گہری ہوتی ہے، خواب یاد نہیں رہتے، پھر جب نیند ہلکی پڑتی ہے تو دل میں جو خیالات گزرتے ہیں، دماغ ان میں پوری طرح مستغرق ہوکر سوچتا ہے، اس لئے وہ خیالات دل کی نگاہوں کے سامنے متشکل ہوکر نظر آتے ہیں۔

اور یہ تمام خوابوں کی حقیقت کا بیان نہیں، صرف ان خوابوں کا بیان ہے جو خیالات ہوتے ہیں، رہے ڈراؤنے خواب اور مبشرات تو ان کی حقیقت جدا ہے، ڈراؤنے خواب شیطان کا تماشا ہوتے ہیں۔ حدیث میں ہے کہ ایک صحابی نے اپنا خواب سنایا کہ گویا ان کا سر قلم کردیا گیا ہے، آنحضرت ﷺ نے تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ: ''جب شیطان تم میں سے کسی کے ساتھ نیند میں کھیل کرے تو اس کو لوگوں میں بیان نہ کیا کرو'' (رواہ مسلم مشکوۃ کتاب الرؤیا حدیث نمبر ۴۶۱۶)

اور مبشرات اللہ تعالیٰ کی طرف سے دکھائے جاتے ہیں۔خواب کی یہ تین قسمیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت میں آئی ہیں۔ دیکھئے سنن دارمی ۲:۱۲۵ ترمذی شریف ابواب الرؤیا اور ابن سیرین رحمہ اللہ جو بڑے تابعی ہیں، ان سے بھی مروی ہیں (خوابوں کی تفصیل کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ ۵:۵۳۵-۵۳۸)

بَابٌ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ

وحی شروع ہونے سے پہلے رسول اللہ ﷺ کو اچھے خواب نظر آنے لگے

نبوت سے چھ ماہ پہلے آنحضور ﷺ کو رویائے صالحہ نظر آنے لگے، بار بار آپؐ کو ناسوت سے عالم مثال میں لے جایا جاتا تاکہ عالم ملکوت سے مناسبت پیدا ہوجائے اور یہ بات آنحضور ﷺ کے ساتھ خاص نہیں، سبھی انبیاء کے ساتھ یہی معاملہ رہا ہے، علقمہ بن قیسؒ جو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے خاص تلمیذ ہیں ایک مرسل روایت میں فرماتے ہیں: انبیاء کو سب سے پہلے خواب دکھلائے جاتے ہیں، یہاں تک کہ جب سچے خوابوں سے ان کے قلوب مطمئن ہوجاتے ہیں تو بحالت بیداری ان پر اللہ کی طرف سے وحی نازل ہوتی ہے (فتح الباری ۱:۱۷) اور حدیث کتاب کے شروع میں ترجمہ وتفصیل کے ساتھ آچکی ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

۹۱- كتابُ التعبير

[۱-] بَابٌ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ

[۶۹۸۲-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَأَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا قَالَتْ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنَ الْوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ فِي النَّوْمِ، وَكَانَ لَا يَرَى رُؤْيَا إِلَّا جَاءَ تْ بِهِ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ، فَكَانَ يَأْتِيْ حِرَاءً فَيَتَحَنَّثُ فِيْهِ- وَهُوَ: التَّعَبُّدُ- اللَّيَالِيَ ذَوَاتِ الْعَدَدِ، وَيَتَزَوَّدُ لِذٰلِكَ ثُمَّ يَرْجِعُ إِلٰى خَدِيْجَةَ فَيَتَزَوَّدُ لِمِثْلِهَا، حَتّٰى فَجِئَهُ الْحَقُّ وَهُوَ فِيْ غَارِ حِرَاءٍ، فَجَاءَ هُ الْمَلَكُ فِيْهِ، فَقَالَ: اقْرَأْ، " فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِقَارِئٍ، فَأَخَذَنِيْ فَغَطَّنِيْ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّي الْجَهْدَ ثُمَّ أَرْسَلَنِيْ، فَقَالَ: اقْرَأْ، فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِقَارِئٍ، فَغَطَّنِي الثَّانِيَةَ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّي الْجَهْدَ، ثُمَّ أَرْسَلَنِيْ فَقَالَ: اقْرَأْ، فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِقَارِئٍ، فَغَطَّنِي الثَّالِثَةَ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّي الْجَهْدَ، ثُمَّ أَرْسَلَنِيْ فَقَالَ: ﴿اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ﴾ حَتّٰى بَلَغَ: ﴿مَالَمْ يَعْلَمْ﴾[العلق: ۱-۵] فَرَجَعَ بِهَا تَرْجُفُ بَوَادِرُهُ، حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى خَدِيْجَةَ، فَقَالَ: " زَمِّلُوْنِيْ زَمِّلُوْنِيْ" فَزَمَّلُوْهُ حَتّٰى ذَهَبَ عَنْهُ الرَّوْعُ فَقَالَ: " يَا خَدِيْجَةُ مَا لِيْ؟" وَأَخْبَرَهَا الْخَبَرَ، وَقَالَ: " قَدْ خَشِيْتُ عَلَيَّ" فَقَالَتْ لَهُ: كَلَّا، أَبْشِرْ! فَوَ اللّٰهِ لَا يُخْزِيْكَ اللّٰهُ أَبَدًا، إِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ، وَتَصْدُقُ الْحَدِيْثَ، وَتَحْمِلُ الْكَلَّ، وَتُقْرِي الضَّيْفَ، وَتُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ. ثُمَّ انْطَلَقَتْ بِهِ خَدِيْجَةُ حَتّٰى أَتَتْ بِهِ وَرَقَةَ بْنَ نَوْفَلِ بْنِ أَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قُصَيٍّ، وَهُوَ ابْنُ عَمِّ خَدِيْجَةَ أَخُوْ أَبِيْهَا، وَكَانَ امْرَأً تَنَصَّرَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ يَكْتُبُ الْكِتَابَ الْعَرَبِيَّ، فَيَكْتُبُ بِالْعَرَبِيَّةِ مِنَ الإِنْجِيْلِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَكْتُبَ، وَكَانَ شَيْخًا كَبِيْرًا قَدْ عَمِيَ، فَقَالَتْ لَهُ خَدِيْجَةُ: أَيِ ابْنَ عَمِّ، اسْمَعْ مِنِ ابْنِ أَخِيْكَ. فَقَالَ وَرَقَةُ: ابْنَ أَخِيْ! مَا تَرَى؟ فَأَخْبَرَهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَا رَأَى، فَقَالَ وَرَقَةُ: هٰذَا النَّامُوْسُ الَّذِيْ أُنْزِلَ عَلٰى مُوْسَى، يَا لَيْتَنِيْ فِيْهَا جَذَعًا أَكُوْنُ حَيًّا حِيْنَ يُخْرِجُكَ قَوْمُكَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " أَوَ مُخْرِجِيَّ هُمْ؟" فَقَالَ وَرَقَةُ: نَعَمْ، لَمْ يَأْتِ رَجُلٌ قَطُّ بِمَا جِئْتَ بِهِ إِلَّا عُوْدِيَ، وَإِنْ يُدْرِكْنِيْ يَوْمُكَ أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا. ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ أَنْ تُوُفِّيَ. [راجع: ۳]

وضاحت: یہاں تک روایت پہلے آچکی ہے، ترجمہ اور تفصیل بھی گذر چکی ہے، آگے روایت منقطع ہے، امام زہری رحمہ اللہ کی مرسل روایت ہے، انھوں نے فیما بلغنا کہہ کر اس کو بیان کیا ہے، اور امام زہری رحمہ اللہ کی مرسل روایتیں صرف پرچھائیں ہوتی ہیں، حقیقت سے ان کا کچھ تعلق نہیں ہوتا، آگے کی روایت کا ترجمہ درج ذیل ہے:

"اور وحی سست پڑگئی یعنی رک گئی، یہاں تک سست پڑنا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم غم گیں ہوئے —— یہ ان باتوں میں سے ہے جو ہمیں پہنچی ہیں —— ایسا غم گیں ہونا کہ آپؐ دوڑ کر جاتے تھے/صبح کو جاتے تھے اس (وحی رکنے) کی وجہ سے بار بار تا کہ اونچے پہاڑوں کی چوٹیوں سے گرجائیں یعنی خودکشی کرلیں، پس جب بھی آپؐ کسی پہاڑ کی چوٹی پر چڑھتے تھے تا کہ خود کو اس

سے نیچے ڈال دیں تو آپؐ کے سامنے جبرئیل علیہ السلام ظاہر ہوتے تھے، اور کہتے تھے: اے محمد! آپؐ یقیناً اللہ کے برحق رسول ہیں، پس تھم جاتا تھا اس کی وجہ سے آپؐ کا اضطراب اور آپؐ کو قرار آجاتا تھا، پس آپؐ لوٹ آتے تھے، پس جب لمبا ہوجاتا تھا آپؐ پر وحی کا انقطاع تو صبح جاتے تھے اسی طرح کے ارادے سے، پس جب آپؐ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھتے تھے تو جبرئیل آپؐ کے سامنے ظاہر ہوتے تھے، پس وہ آپؐ سے اسی طرح کی بات کہتے تھے"

تبصرہ: علماء نے لکھا ہے کہ پہلی وحی کے موقعہ پر آپؐ کو حقیقتِ حال سے واقف نہیں کیا گیا تھا، اسی لئے آپؐ کو گھبراہٹ ہوئی تھی، اور حرم محترم آپؐ کو ورقہ کے پاس لے گئی تھیں، موسیٰ علیہ السلام کو طور پر جب نبوت سے سرفراز کیا گیا، اور حقیقتِ حال واضح کردی گئی تو آپ کو کوئی پریشانی نہیں ہوئی، اور نبی ﷺ کو گھبراہٹ اسی لئے تو ہوئی تھی کہ پہلی وحی کے موقعہ پر معاملہ کھولا نہیں گیا تھا، پھر خودکشی کا ارادہ کیوں کیا؟ پھر جب جبرئیل علیہ السلام نے ظاہر ہوکر اطمینان دلایا تو بھی بار بار یہ ارادہ سمجھ میں نہیں آتا۔ اس لئے امام زہری رحمہ اللہ کو جو بات بے سند پہنچی ہے وہ صحیح نہیں۔

لغت: حدیث میں مثلَ فَلَقِ الصبح (سپیدۂ صبح کی طرح) آیا ہے، اس مناسبت سے سورۃ الانعام کی (آیت ۹۶) میں جو ﴿فَالِقُ الإِصْبَاحِ﴾ آیا ہے، اس کے معنی بیان کئے ہیں، فَلَق کے معنی ہیں: پھاڑنا، نمودار کرنا، فالق: اسم فاعل ہے، اللہ تعالیٰ دن میں سورج کی روشنی نمودار کرتے ہیں، وہ رات کی تاریکی پھاڑ کر ظاہر ہوتی ہے، اور رات میں چاند کی روشنی رات کی تاریکی چیر کر ضوفشاں ہوتی ہے۔

وَفَتَرَ الْوَحْيُ فَتْرَةً حَتّٰى حَزِنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم- فِيمَا بَلَغَنَا - حُزْنًا عَدَا مِنْهُ مِرَارًا كَيْ يَتَرَدّٰى مِنْ رُءُوْسِ شَوَاهِقِ الْجِبَالِ، فَكُلَّمَا أَوْفٰى بِذِرْوَةِ جَبَلٍ لِكَيْ يُلْقِيَ نَفْسَهُ مِنْهُ، تَبَدّٰى لَهُ جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ إِنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا، فَيَسْكُنُ لِذٰلِكَ جَأْشُهُ وَتَقِرُّ نَفْسُهُ فَيَرْجِعُ، فَإِذَا طَالَتْ عَلَيْهِ فَتْرَةُ الْوَحْيِ غَدَا لِمِثْلِ ذٰلِكَ، فَإِذَا أَوْفٰى بِذِرْوَةِ الْجَبَلِ تَبَدّٰى لَهُ جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿فَالِقُ الإِصْبَاحِ﴾: ضَوْءُ الشَّمْسِ بِالنَّهَارِ، وَضَوْءُ الْقَمَرِ بِاللَّيْلِ.

بَابُ رُؤْيَا الصَّالِحِيْنَ

نیک لوگوں کا خواب

نبی کا خواب ہمیشہ سچا ہوتا ہے، کیونکہ وہ وحی ہوتا ہے، اور نیک آدمی کا خواب عام طور پر سچا ہوتا ہے، اس کے خواب میں چھیچھڑے کم ہوتے ہیں، اور عام آدمی کا خواب عام طور پر خیالات کا مجموعہ ہوتا ہے، اس بھوس میں دانے کم ہوتے ہیں۔

اور سچا خواب کمالاتِ نبوت کا ایک حصہ ہے، نبوت تو ختم ہوگئی، مگر اس کے کمالات باقی ہیں، اور وہ کمالات کیا ہیں؟ اس

کی تفصیل نہیں آئی، صرف اچھے خوابوں کو نبوت کا ایک کمال قرار دیا ہے، جیسے دارالعلوم دیوبند کے شیخ الحدیث میں چند کمالات ضروری ہیں، جس میں وہ کمالات ہوتے ہیں: مجلس شوری اس کو شیخ الحدیث بناتی ہے، مثلاً: علومِ آلیہ پر اس کی نظر ہو، علوم عالیہ میں اختصاص ہو، صلاح وتقوی کا پیکر ہو، تصنیف وتالیف سے مزاولت رکھتا ہو، اور طلباء پر اس کا اثر ہو تو مجلس شوری اس کو شیخ الحدیث بناتی ہے، مجلس شوری کی طرف سے تعیین ضروری ہے، رہے اس کے کمالات تو بعض اوصاف بعض مدرسین میں ہوسکتے ہیں، اور وہ اس کا امتیاز ہونگے، مگر وہ شیخ الحدیث نہیں ہوگا، اسی طرح نبوت وہبی عہدہ ہے جو خاتم النّبیین ﷺ پر پورا ہوگیا، اب کسی طرح کا کوئی نیا نبی نہیں آئے گا، مگر نبوت پتھر کو نہیں ملتی، اس کے لئے بھی کچھ اوصاف وکمالات ضروری ہیں، وہ اوصاف وکمالات اللہ تعالیٰ پیدا کرتے تھے، پھر نبوت سے سرفراز کرتے تھے، موسیٰ علیہ السلام کی شان میں فرمایا ہے: ﴿وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ﴾: میں نے تم کو اہتمام سے اپنے لئے بنایا ہے (طٰہٰ آیت ۴۱)

اور نبوت کے یہ کمالات واوصاف مختلف اعتبارات سے کم وبیش ہوتے ہیں، روایات میں دس سے زیادہ اعداد آئے ہیں، باب کی روایت میں ہے: ''نیک آدمی کا اچھا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے'' یہ عدد خاص اعتبار سے ہے، دوسرے اعداد دوسرے اعتبارات سے ہیں، اور بعض اعداد بیانِ تکثیر کے لئے بھی ہیں، جیسے جماعت کی نماز کے فوائد پچیس بھی آئے ہیں اور ستائیس بھی۔ شاہ صاحبؒ نے حجۃ اللہ میں ایک اعتبار سے باجماعت نماز کے ۲۵ اور دوسرے اعتبار سے ۲۷ فوائد بیان کئے ہیں (رحمۃ اللہ ۲: ۲۰۵) تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی (۶: ۵۴) دیکھیں۔

آیتِ کریمہ: سورۃ الفتح کی (آیت ۲۷) ہے: ﴿لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ، لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ آمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُ وْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ، لَا تَخَافُوْنَ، فَعَلِمَ مَالَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا﴾:

ترجمہ: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو بامقصد سچا خواب دکھلایا کہ تم ضرور مسجدِ حرام میں داخل ہوؤگے، اگر اللہ نے چاہا اطمینان سے، اپنے سر منڈاتے ہوئے اور کترواتے ہوئے (زلفیں بنواتے ہوئے) تم کو کسی طرح کا اندیشہ نہیں ہوگا، سو اللہ نے وہ باتیں جانیں جو تم کو معلوم نہیں، پس اس سے ورے ایک جلد ملنے والی فتح گردانی۔

استدلال: آیت کریمہ سے استدلال ذرا دقیق ہے، پہلے ایک قاعدہ سمجھیں: جن دو چیزوں میں عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہوتی ہے، وہاں خاص کے ضمن میں عام پایا جاتا ہے، جیسے انسان اور حیوان میں یہ نسبت ہے، پس جب انسان پایا جائے گا تو اس کے ضمن میں حیوان کا تحقق ہوگا۔ اب سمجھیں کہ نبوت وولایت (صلاح وتقوی) میں یہی نسبت ہے، نبوت خاص ہے اور صلاح عام، اور نبی کا خواب سچا ہوتا ہے، آیت کی اس پر دلالت قطعی ہے، پس نیک آدمی کا خواب بھی سچا ہوگا، کیونکہ نبوت اس کو شامل ہے، البتہ اصل اور مشمول میں فرق کرنا ضروری ہے، چنانچہ نبی کا خواب ہمیشہ سچا ہوتا ہے اور نیک بندے کا اکثر۔

[۲-] بَابُ رُؤْيَا الصَّالِحِيْنَ

وَقَوْلُهُ: ﴿لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْ يَا بِالْحَقِّ﴾ إِلٰى: ﴿فَتْحًا قَرِيْبًا﴾

[۶۹۸۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الرُّؤْيَا الْحَسَنَةُ مِنَ الرَّجُلِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءً ا مِنَ النُّبُوَّةِ"

بَابٌ: الرُّؤْيَا مِنَ اللّٰهِ

اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے

حدیث میں لفظ رؤیا اچھے خواب کے لئے اور لفظ حُلم برے خواب کے لئے استعمال کیا ہے، اگرچہ لغت کے اعتبار سے رؤیا دونوں کو عام ہے۔ اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہوتا ہے، اور برا خواب شیطان کی طرف سے (باب کی پہلی حدیث) پس جب اچھا خواب نظر آئے تو اللہ کا شکر بجالائے، اور اس کو بیان کرے، اور جب ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اس کی برائی سے اللہ کی پناہ چاہے، اور اس کو کسی سے بیان نہ کرے، وہ خواب اس کو ضرر نہیں پہنچائے گا (دوسری حدیث)

تشریح: رویا صالحہ کی دو قسمیں ہیں: بُشری من اللہ اور رویا ملکی یعنی نیک آدمی کا خواب۔ اول: وہ خواب ہے جو اللہ کی طرف سے دکھلایا جاتا ہے، اور وہ مؤمن کے لئے خوش خبری ہوتا ہے۔ دوم: نیک آدمی کے خواب میں اس کی خوبیاں اور خرابیاں پیکر محسوس اختیار کرتی ہیں، اول بشارت ہوتی ہے اور دوم تنبیہ، اور وہ بھی نتیجۃً بشارت ہوتی ہے۔

[۳-] بَابٌ: الرُّؤْيَا مِنَ اللّٰهِ

[۶۹۸۴-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، وَهُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ، سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا قَتَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الرُّؤْيَا مِنَ اللّٰهِ، وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ" [راجع: ۳۲۹۲]

[۶۹۸۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنِى اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِى ابْنُ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ، أَنَّـهُ سَمِعَ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ الرُّؤْيَا يُحِبُّهَا فَإِنَّمَا هِىَ مِنَ اللّٰهِ، فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ عَلَيْهَا، وَلْيُحَدِّثْ بِهَا، وَإِذَا رَأَى غَيْرَ ذٰلِكَ مِمَّا يَكْرَهُ، فَإِنَّمَا هِىَ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا، وَلاَ يَذْكُرْهَا لِأَحَدٍ فَإِنَّهَا لاَ تَضُرُّهُ.

بَابُ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءً ا مِنَ النُّبُوَّةِ

اچھا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے

یہ ردیف باب ہے، نبی کو نبوت سپرد کرنے سے پہلے جن کمالات سے بہرہ ور کیا جاتا ہے، ان میں آخری کمال رؤیا صالحہ ہے، خواب عالم مثال میں لے جا کر دکھایا جاتا ہے، اس طرح انبیاء کو عالم ملکوت سے قریب کیا جاتا ہے، پھر عالم لاہوت سے عالم ناسوت میں وحی آتی ہے، علاوہ ازیں: پینتالیس خوبیاں اور بھی انبیاء میں ہوتی ہیں، جن کی تفصیل نہیں آئی۔ اور باب میں تین حدیثیں ہیں: پہلی حدیث: حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کی ہے جو گذشتہ باب میں مختصر آئی ہے، اور حضرات عبادۃ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیثیں باب کے ہم معنی ہیں۔

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے، اور برا خواب شیطان کی طرف سے، پس جب کوئی برا خواب دیکھے تو اس سے پناہ چاہے اور بائیں طرف تھوک دے، پس وہ اس کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

[٤-] بَابُ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءً ا مِنَ النُّبُوَّةِ

[٦٩٨٦-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِىْ كَثِيْرٍ - وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، لَقِيْتُهُ بِالْيَمَامَةِ - عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللهِ، وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا حَلَمَ فَلْيَتَعَوَّذْ مِنْهُ، وَلْيَبْصُقْ عَنْ شِمَالِهِ، فَإِنَّهَا لَاتَضُرُّهُ'' وَعَنْ أَبِيْهِ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِىْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

[راجع: ٣٢٩٢]

[٦٩٨٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءً ا مِنَ النُّبُوَّةِ''

وَرَوَاهُ ثَابِتٌ، وَحُمَيْدٌ، وَإِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، وَشُعَيْبٌ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم.

[٦٩٨٨-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءً ا مِنَ النُّبُوَّةِ''[طرفه: ٧٠١٧]

[٦٩٨٩-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ ابْنُ أَبِىْ حَازِمٍ، وَالدَّرَاوَرْدِىُّ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ: أَنَّـهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: ''الرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِیْنَ جُزْءً ا مِنَ النُّبُوَّةِ''

وضاحت: پہلی حدیث کی سند میں ہے کہ مسدد نے عبداللہ بن یحییٰ کی تعریف کی، مسدد کی ان سے یمامہ میں ملاقات ہوئی ہے۔

بَابُ مُبَشِّرَاتٍ

خوش خبریاں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''نبوت میں سے نہیں باقی رہی مگر خوش خبریاں'' لوگوں نے پوچھا: خوش خبریاں کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''اچھے خواب''

تشریح: نبوت چھیالیس کمالات کے مجموعہ پر ملتی ہے، اور وہ وہبی ہے، کسبی نہیں، مگر نبوت کے یہ کمالات مشخص نہیں صرف اچھے خوابوں کے بارے میں فرمایا کہ وہ نبوت کے ۴۶ کمالات میں سے ایک ہے، نیک بندوں کو اچھے خواب دکھائے جاتے ہیں، جس سے وہ خوش ہوتے ہیں —— اور الہام: مبشرات کے ساتھ ملحق ہے، وہ بھی باقی ہے، اللہ کے نیک بندوں کو الہام بھی ہوتا ہے، مگر غیر نبی کا خواب اور الہام حجت نہیں، اور جزء کے تحقق سے کل کا تحقق نہیں ہوتا، جیسے انسان کی تمام حقیقت ہے: حیوان ناطق، پس اگر کسی جگہ حیوانیت کا تحقق ہو تو وہ انسان نہیں ہوگا، گدھا ہوسکتا ہے، پس جو نبوت کا دعوی کرے وہ جھوٹا ہے۔

[٥-] بَابُ مُبَشِّرَاتٍ

[٦٩٩٠-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ إِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ'' قَالُوْا: وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ؟ قَالَ: '' الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ''

بَابُ رُؤْيَا يُوْسُفَ عَلَيْهِ السلام

حضرت یوسف علیہ السلام کا خواب

حضرت یوسف علیہ السلام نے بچپن میں ایک خواب دیکھا تھا، وہ بڑا ہی عجیب خواب تھا، انھوں نے اپنے والد سے کہا: ''ابا! سچ سچ میں نے گیارہ تارے اور سورج اور چاند دیکھے، جو مجھے سجدہ کرر ہے ہیں!'' ابا نے فرمایا: '' منے! اپنا خواب اپنے

بھائیوں سے مت بیان کردینا، ورنہ وہ تیرے ساتھ کوئی چال چلیں گے (کیونکہ) شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے، اور اسی طرح تیرے پروردگار تجھے منتخب فرمائیں گے، اور تجھے سخن فہمی کا حصہ عطا فرمائیں گے، اور تجھ پر اور خاندانِ یعقوب پر اپنی نعمت پوری فرمائیں گے، جس طرح ماضی میں تیرے بزرگوں: ابراہیم واسحاق علیہما السلام پر اپنی نعمت پوری فرمائی، تیرے پروردگار سب کچھ جاننے والے بڑی حکمت والے ہیں'' —— یہ تین خوش خبریاں ہیں، خواب کی تعبیر نہیں، تعبیر آگے آئے گی، وہ سپیدۂ صبح کی طرح واضح ہوگی، اگرچہ وہ کچھ وقت کے بعد سامنے آئے گی۔

خواب کی تعبیر: ''اور انھوں نے اپنے والدین کو تختِ شاہی پر بٹھایا، اور وہ سب ان کے سامنے سجدہ ریز ہوگئے، اور فرمایا: اباجان! یہ میرے سابق خواب کی تعبیر ہے، جسے میرے پروردگار نے بالکل سچا کر دکھایا، اور میرے ساتھ نیک سلوک کیا جب مجھے قید خانہ سے نکالا، اور وہ آپ حضرات کو صحراء سے لے آیا، شیطان کے فساد ڈالنے کے بعد میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان، بے شک میرے پروردگار مخفی تدبیر کرنے والے ہیں اس کام کی جو وہ کرنا چاہتے ہیں، بے شک وہ سب کچھ جاننے والے بڑی حکمت والے ہیں، اے میرے پروردگار! آپؐ نے مجھے حکومت عطا فرمائی، اور سخن فہمی کی تعلیم دی! اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! دنیا وآخرت میں آپ میرے سرپرست ہیں، مجھے فرماں برداری کی حالت میں موت دیں، اور مجھے نیک بندوں میں شامل فرمائیں! (آیات ۱۰۰ و ۱۰۱)

[٦-] بَابُ رُؤْيَا يُوْسُفَ عَلَيْهِ السلام

[١-] وَقَوْلِهِ: ﴿إِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِأَبِيْهِ يٰأَبَتِ إِنِّيْ رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَأَيْتُهُمْ لِيْ سَاجِدِيْنَ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿إِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ﴾

[٢-] وَقَوْلِهِ: ﴿يٰأَبَتِ هٰذَا تَأْوِيْلُ رُؤْيَايَ مِنْ قَبْلُ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿وَأَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ﴾

بَابُ رُؤْيَا إِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خواب

سورۃ الصافات میں ہے: ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی: ''اے میرے رب! مجھے نیک فرزند عطا فرما، پس ہم نے ان کو ایک بردبار فرزند کی خوش خبری دی، سو وہ لڑکا جب ان کے ساتھ چلنے پھرنے لگا تو انھوں نے کہا: منّے! میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں پس تو غور کرلے تیری کیا رائے ہے؟ بیٹے نے کہا: اباجی! آپ وہ کام کریں جس کا آپ حکم دیئے گئے ہیں، آپ مجھے اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو سہارنے والوں میں سے پائیں گے! پھر جب دونوں نے سرِ تسلیم خم کرلیا، اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل ڈال دیا تو ہم نے اس کو پکارا کہ ابراہیم! تم نے خواب سچ کر دکھایا، ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا

کرتے ہیں'' (آیات۱۰۲-۱۰۵)

لغات: أَسْلَمَا (تثنیہ) إسلام (مصدر): منقاد ہونا، مجاہد رحمہ اللہ نے ترجمہ کیا: دونوں نے وہ بات مان لی جس کا ان دونوں کو حکم دیا گیا تھا...... تَلَّ فلانًا: بچھاڑنا، گرانا، الجَبِیْن: پیشانی، ماتھا، مجاہد رحمہ اللہ نے ترجمہ کیا: ان کا چہرہ زمین پر رکھا۔ حضرت تھانویؒ نے ترجمہ کیا: کروٹ پر لٹایا، شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ نے ترجمہ کیا: اس کو ماتھے کے بل پچھاڑا۔

[۷-] بَابُ رُؤْيَا إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

وَقَوْلُهُ: ﴿فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْىَ قَالَ يٰبُنَىَّ إِنِّىْ أَرىٰ فِى الْمَنَامِ أَنِّىْ أَذْبَحُكَ﴾ إِلىٰ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِىْ الْمُحْسِنِيْنَ﴾

قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿أَسْلَمَا﴾: سَلَّمَا مَا أُمِرَا بِهِ. ﴿وَتَلَّهُ﴾: وَضَعَ وَجْهَهُ بِالْأَرْضِ.

بَابُ التَّوَاطُؤِ عَلىٰ الرُّؤْيَا

خواب پر متفق ہونا

کبھی چند آدمی ایک ہی طرح کا خواب دیکھتے ہیں، اگرچہ خواب کی نوعیت مختلف ہوتی ہے مگر قدر مشترک ایک ہوتا ہے، ایسی صورت میں خواب پر اعتماد بڑھ جاتا ہے، جیسے ایک رمضان میں متعدد صحابہ آخری سات راتوں میں شب قدر دکھلائے گئے، اور دوسرے متعدد حضرات آخری دس راتوں میں دکھلائے گئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''آخری سات راتوں میں شب قدر کو تلاش کرو'' یعنی ان راتوں میں عبادت کا اہتمام کرو (یہ حدیث تحفۃ القاری ۳: ۴۸۴ میں گذری ہے، وہاں سیاق قدرے مختلف ہے)

[۸-] بَابُ التَّوَاطُؤِ عَلىٰ الرُّؤْيَا

[۶۹۹۱-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ أُنَاسًا أُرُوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِى السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ، وَإِنَّ أُنَاسًا أُرُوْا أَنَّهَا فِى الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، فَقَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: ''اِلْتَمِسُوْهَا فِى السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ'' [راجع: ۱۱۵۸]

بَابُ رُؤْيَا أَهْلِ السُّجُوْنِ وَالْفَسَادِ وَالشِّرْكِ

قیدیوں، فسادیوں اور مشرکوں کا خواب

کبھی غیر مسلم کو بھی سچے خواب دکھائے جاتے ہیں، اور ان میں ان کی مصلحت ہوتی ہے، آج بھی بعض ہندو خواب میں

نبی ﷺ کو دیکھتے ہیں، اور وہ خواب ان کی ہدایت کا ذریعہ بنتے ہیں، یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں بھی دو قیدیوں نے ــــ جن پر بادشاہ کو زہر دے کر مارنے کا الزام تھا ــــ خواب دیکھے، اور کافر بادشاہ نے بھی خواب دیکھا، جس کی یوسف علیہ السلام نے تعبیر دی۔

قیدیوں کے خواب: بادشاہ کے ساقی نے خواب دیکھا کہ وہ شراب کشید کر رہا ہے، اور نان بائی نے دیکھا کہ سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہے، جس میں سے پرندے کھا رہے ہیں، حضرت یوسف علیہ السلام نے تعبیر دی: پہلا اپنے آقا کو شراب پلائے گا، اور دوسرا سولی دیا جائے گا، جس کے سر میں سے پرندے کھائیں گے ــــ چنانچہ ایسا ہی ہوا، پہلا بے گناہ ثابت ہوا اور اپنی پوسٹ پر بحال ہوا، اور دوسرا ملزم ٹھہرا اور سولی دیا گیا۔

بادشاہ کا خواب: سات نہایت لاغر گائیں سات فربہ گایوں کو کھا رہی ہیں، اور سات ہری بالیاں اور سات سوکھی بالیاں ہیں۔ یوسف علیہ السلام نے تعبیر دی کہ سات سال لگاتار کاشت کرو گے، پس جو فصلیں کاٹو ان کو ان کی بالیوں میں چھوڑ دو، پھر سات سال سخت آئیں گے اس وقت ذخیرہ کیا ہوا غلہ استعمال کرنا۔

قولہ: ﴿وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ﴾: مدت کے بعد اس کو خیال آیا......ادَّکر: باب افتعال سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، اصل ذکر ہے......اور أمة کے معنی ہیں قرن: زمانہ......اور ایک قراءت أَمَة ہے، جس کے معنی ہیں: بھولنا۔

قولہ ﴿يَعْصِرُوْنَ﴾ نچوڑو گے یعنی انگوروں اور تیل کو......قولہ: ﴿تُحْصِنُوْنَ﴾: رکھ چھوڑو گے، بچائے رکھو گے۔

اور حدیث میں یوسف علیہ السلام کی پامردی کی تعریف ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ”اگر ٹھہرتا میں قید خانہ میں جتنی مدت یوسف علیہ السلام ٹھہرے، پھر میرے پاس بلانے والا آتا تو میں اس کے ساتھ ہو لیتا“ امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: یعنی اگر میں ہوتا تو بلاتے ہی ساتھ چل دیتا، بادشاہ کے پاس جانے کو مؤخر نہ کرتا۔ اور حدیث تحفۃ القاری ۶:۵۸۱ میں گذری ہے۔

[۹-] بَابُ رُؤْيَا أَهْلِ السُّجُوْنِ وَالْفَسَادِ وَالشِّرْكِ

لِقَوْلِهِ: ﴿وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿فَلَمَّا جَاءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ﴾ ﴿وَادَّكَرَ﴾: افتَعَلَ مِنْ ذَكَرَ. ﴿أُمَّةٍ﴾: قَرْنٍ، وَيُقْرَأُ أَمَةٍ: نِسْيَانٍ. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿يَعْصِرُوْنَ﴾: الأَعْنَابَ وَالدُّهْنَ. ﴿تُحْصِنُوْنَ﴾: تَحْرُسُوْنَ.

[۶۹۹۲-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، وَأَبَا عُبَيْدٍ أَخْبَرَاهُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ مَا لَبِثَ يُوْسُفُ، ثُمَّ أَتَانِي الدَّاعِي لَأَجَبْتُهُ" قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ: يَعْنِي لَوْ كُنْتُ لَأَجَبْتُهُ فِي أَوَّلِ مَا دُعِيْتُ، لَمْ أُؤَخِّرْهُ. [أطرافه: ۳۳۷۲، ۳۳۷۵، ۳۳۸۷، ۴۵۳۷، ۴۶۹۴]

بَابُ مَنْ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَنَامِ

نبی ﷺ کوخواب میں دیکھنا

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ عنقریب مجھے بیداری میں دیکھے گا، اور شیطان میرا پیکر اختیار نہیں کرسکتا''

تشریح: آخر حدیث کا اول حدیث سے تعلق ہے کہ جس نے نبی ﷺ کوخواب میں دیکھا اس نے واقعی آپ ہی کو دیکھا، کیونکہ شیطان آپ کی صورت بنا کر خواب میں نہیں آسکتا، اور آپ کوخواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ بیداری میں اس کو آپ کی زیارت نصیب ہوگی، پس یہ حدیث حیاتِ دنیا کے ساتھ خاص ہے۔ باب کی باقی حدیثیں حیاتِ دنیا کے ساتھ خاص نہیں، اور خواب میں آپ کی زیارت کی تفصیل تحفۃ القاری (۱:۴۰۲) میں آچکی ہے۔

قولہ: لَايَتَخَيَّلُ بِي: میری صورت بنا کر خواب میں نہیں آسکتا...... **قولہ: لايتراءَ ى بي:** میری صورت میں نظر نہیں آسکتا...... **قولہ: فقد رأى الحقَّ:** بالیقین اس نے واقعی چیز دیکھی، وہ محض تخیل وتصور نہیں...... **قولہ: لا يَتَكَوَّنُنِيْ:** وہ میری شکل وصورت اختیار نہیں کرسکتا، تَكَوَّنَ الشيئُ: کسی کی شکل وصورت اختیار کرنا۔

[١٠-] بَابُ مَنْ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَنَامِ

[٦٩٩٣-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:'' مَنْ رَآنِيْ فِي الْمَنَامِ فَسَيَرَانِيْ فِي الْيَقَظَةِ، وَلَا يَتَمَثَّلُ الشَّيْطَانُ بِيْ''[راجع: ١١٠]

[٦٩٩٤-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُخْتَارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' مَنْ رَآنِيْ فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِيْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَايَتَخَيَّلُ بِيْ، وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ''[راجع: ٦٩٨٣]

[٦٩٩٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ، وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَمَنْ رَأَى شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَنْفُثْ عَنْ شِمَالِهِ ثَلَاثًا، وَلْيَتَعَوَّذْ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِنَّهَا لَا تَضُرُّهُ، وَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَرَاءَ ى بِيْ''[راجع ٣٢٩٢]

[٦٩٩٦-] حدثنا خَالِدُ بْنُ خَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ

الزُّهْرِيِّ، قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: قَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ رَآنِيْ فَقَدْ رَأَى الْحَقَّ" تَابَعَهُ يُوْنُسُ، وَابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ. [أطرافه: ۳۲۹۲]

[۶۹۹۷-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ رَآنِيْ فَقَدْ رَأَى الْحَقَّ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لاَ يَتَكَوَّنُنِيْ"

بَابُ رُؤْيَا اللَّيْلِ

رات کا خواب

رات کے آخر میں جو خواب نظر آتا ہے وہ زیادہ سچا ہوتا ہے، حاشیہ میں مسند احمد کے حوالہ سے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: أصدقُ الرؤيا بالأسحار: حاشیہ میں دیگر اقوال بھی ہیں، اور باب میں تین حدیثیں ہیں، پہلی حدیث تحفۃ القاری (۳۱۶:۶) میں آچکی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں کلمات کی چابیاں دیا گیا ہوں (پہلے مفاتیح کی جگہ جوامع آیا ہے) اور میں دبدبہ کے ساتھ مدد کیا گیا ہوں، اور دریں اثناء کہ میں گذشتہ رات سویا ہوا تھا، اچانک میرے پاس زمین کے خزانوں کی چابیاں لائی گئیں، یہاں تک کہ وہ میرے ہاتھ میں رکھی گئیں'' —— حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ تو تشریف لے گئے، اور تم ان خزانوں کو دست بدست لے رہے ہو (پہلے تَنْتَثِلُوْنها آیا ہے یعنی تم ان کو کھود کر نکال رہے ہو)

[۱۱-] بَابُ رُؤْيَا اللَّيْلِ

رَوَاهُ سَمُرَةُ.

[۶۹۹۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَبَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ الْبَارِحَةَ إِذْ أُتِيْتُ بِمَفَاتِيْحِ خَزَائِنِ الأَرْضِ حَتّٰى وُضِعَتْ فِيْ يَدِيْ" قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَذَهَبَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنْتُمْ تَنْتَقِلُوْنَهَا. [راجع: ۲۹۷۷]

حوالہ: حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث آگے (حدیث ۷۰۴۷) آرہی ہے۔

آئندہ حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۵۸:۷) میں آئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مجھے آج رات کعبہ کے پاس خواب میں دکھلایا گیا، پس میں نے ایک آدمی کو دیکھا گندمی رنگ کا، گندمی رنگ والوں کو جو آپ دیکھتے ہیں ان میں سب سے

اچھا، ان کی زلفیں تھیں، نہایت شاندار زلفیں جو آپ نے کبھی دیکھی ہوں، انھوں نے ان میں کنگھی کر رکھی تھی، ان زلفوں سے پانی ٹپک رہا تھا، دو آدمیوں پر ٹیک لگائے ہوئے تھے —— یا فرمایا: دو آدمیوں کے مونڈھوں پر —— بیت اللہ کا طواف کر رہے تھے، میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ مسیح بن مریم ہیں —— پھر اچانک میں نے ایک آدمی دیکھا، انتہائی گھونگھریالے بال والا، دائیں آنکھ کا کانا، گویا وہ آنکھ انگور کے خوشے میں نکلا ہوا دانہ ہے، پس میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ پس بتانے والے نے کہا: یہ مسیح دجال ہے۔

[۶۹۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " أُرَانِيْ اللَّيْلَةَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ، فَرَأَيْتُ رَجُلاً آدَمَ، كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنْ أُدْمِ الرِّجَالِ، لَهُ لِمَّةٌ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنَ اللِّمَمِ، قَدْ رَجَّلَهَا يَقْطُرُ مَاءً، مُتَّكِئًا عَلٰى رَجُلَيْنِ– أَوْ: عَلٰى عَوَاتِقِ رَجُلَيْنِ– يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ، فَسَأَلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ. ثُمَّ إِذَا أَنَا بِرَجُلٍ جَعْدٍ قَطَطٍ، أَعْوَرِ الْعَيْنِ الْيُمْنٰى، كَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ، فَسَأَلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: الْمَسِيْحُ الدَّجَّالُ"[راجع: ۳۴۴۰]

آئندہ روایت: امام زہریؒ کے شاگرد یونس ایلی کی ہے، انھوں نے سند حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما تک پہنچائی ہے، یہ روایت یہاں مختصر ہے، آگے (حدیث ۷۰۴۶ پر) مفصل آرہی ہے، اور امام زہریؒ کے دوسرے تین شاگرد (سلیمان، زہری کے بھتیجے اور سفیان) یونس کے متابع ہیں، وہ بھی سند ابن عباسؓ تک لے جاتے ہیں، اور زبیدی (تلمیذ زہری) کی سند میں شک ہے کہ سند کا منتہی ابن عباسؓ ہیں یا ابو ہریرہؓ؟ اور دوسرے شاگرد (شعیب اور اسحاق) یقین سے سند حضرت ابو ہریرہؓ پر لے جاتے ہیں، اور زہری کے شاگرد معمر پہلے سند میں عبید اللہ کا ذکر نہیں کرتے تھے، بعد میں ان کا نام لینے لگے۔

[۷۰۰۰-] حدثنا يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يُحَدِّثُ: أَنَّ رَجُلاً أَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: إِنِّيْ أُرِيْتُ اللَّيْلَةَ فِي الْمَنَامِ، وَسَاقَ الْحَدِيْثَ.

وَتَابَعَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ، وَابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ، وَسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

وَقَالَ الزُّبَيْدِيُّ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَوْ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم. وَقَالَ شُعَيْبٌ، وَإِسْحَاقُ بْنُ يَحْيٰى، عَنِ الزُّهْرِيِّ: كَانَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم. وَكَانَ مَعْمَرٌ، لاَ يُسْنِدُهُ حَتّٰى كَانَ بَعْدُ.[طرفه: ۷۰۴۶]

قولہ: لا یُسند: موصول نہیں کرتے تھے، عبید اللہ کا ذکر نہیں کرتے تھے۔

بَابُ الرُّؤْيَا بِالنَّهَارِ

دن کا خواب

تعبیر خواب کے امام حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دن کا خواب رات کے خواب کی طرح ہے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول حاشیہ میں ہے کہ تعبیر کے تعلق سے رات دن کے خوابوں میں کچھ فرق نہیں، اور گذشتہ باب کے حاشیہ میں جعفر صادق رحمہ اللہ کا قول ہے کہ قیلولہ میں دیکھے ہوئے خواب کی تعبیر بہت جلدی سامنے آتی ہے، اور باب میں وہ حدیث ہے جو تحفۃ القاری (۱۹۶:۶) میں گذری ہے۔ نبی ﷺ نے ام حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا کے گھر میں قیلولہ میں دوخواب دیکھے ہیں۔

[۱۲-] بَابُ الرُّؤْيَا بِالنَّهَارِ

وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ: رُؤْيَا النَّهَارِ مِثْلُ رُؤْيَا اللَّيْلِ.

[۷۰۰۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْخُلُ عَلٰى أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ، وَكَانَتْ تَحْتَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمًا فَأَطْعَمَتْهُ، وَجَعَلَتْ تَفْلِيْ رَأْسَهُ، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ. [راجع: ۲۷۸۸]

[۷۰۰۲-] قَالَتْ: فَقُلْتُ: مَا يُضْحِكُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "نَاسٌ مِنْ أُمَّتِيْ عُرِضُوْا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، يَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ، مُلُوْكًا عَلَى الْأَسِرَّةِ أَوْ: مِثْلَ الْمُلُوْكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ" شَكَّ إِسْحَاقُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَدَعَا لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "نَاسٌ مِنْ أُمَّتِيْ عُرِضُوْا عَلَيَّ غُزَاةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" كَمَا قَالَ فِي الْأُوْلٰى. قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ. قَالَ: "أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ" فَرَكِبَتِ الْبَحْرَ فِي زَمَانِ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِيْ سُفْيَانَ فَصُرِعَتْ عَنْ دَابَّتِهَا حِيْنَ خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ، فَهَلَكَتْ. [راجع: ۲۷۸۹]

بَابُ رُؤْيَا النِّسَاءِ

عورتوں کا خواب

نیک عورت کا خواب نیک مرد کے خواب کی طرح ہے، وہ بھی نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے، اور باب میں ام العلاء

انصاریہ رضی اللہ عنہا کا خواب ہے، جوانھوں نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے بارے میں ان کی وفات کے بعد دیکھا تھا، یہ حدیث تحفۃ القاری (۳:۵۶۴) میں گذر چکی ہے، اور بی اور به میں راجح به ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلے اس کے متابعات پیش کئے ہیں۔

[۱۳-] بَابُ رُؤْيَا النِّسَاءِ

[۷۰۰۳-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِى اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِى عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِى خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ أُمَّ الْعَلَاءِ امْرَأَةً مِنَ الأَنْصَارِ بَايَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهُمُ اقْتَسَمُوْا الْمُهَاجِرِيْنَ قُرْعَةً. قَالَتْ: فَطَارَ لَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ، وَأَنْزَلْنَاهُ فِى أَبْيَاتِنَا، فَوَجِعَ وَجَعَهُ الَّذِىْ تُوُفِّىَ فِيْهِ، فَلَمَّا تُوُفِّىَ غُسِّلَ وَكُفِّنَ فِى أَثْوَابِهِ، دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. قَالَتْ: فَقُلْتُ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ أَبَا السَّائِبِ. فَشَهَادَتِىْ عَلَيْكَ، لَقَدْ أَكْرَمَكَ اللّٰهُ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَمَا يُدْرِيْكِ أَنَّ اللّٰهَ أَكْرَمَهُ؟" فَقُلْتُ: بِأَبِىْ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَمَنْ يُكْرِمُهُ اللّٰهُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَمَّا هُوَ فَوَاللّٰهِ لَقَدْ جَاءَ هُ الْيَقِيْنُ، وَاللّٰهِ إِنِّىْ لَأَرْجُوْ لَهُ الْخَيْرَ، وَوَاللّٰهِ مَا أَدْرِىْ وَأَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَاذَا يُفْعَلُ بِىْ!" فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا أُزَكِّىْ بَعْدَهُ أَحَدًا أَبَدًا. [راجع: ۱۲۴۳]

[۷۰۰۴-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ بِهٰذَا، وَقَالَ: "مَا أَدْرِىْ مَا يُفْعَلُ بِهِ!" قَالَتْ: وَأَحْزَنَنِىْ، فَنِمْتُ، فَرَأَيْتُ لِعُثْمَانَ عَيْنًا تَجْرِىْ، فَأَخْبَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "ذٰلِكِ عَمَلُهُ" [راجع: ۱۲۴۳]

بَابٌ: الْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا حَلَمَ فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ وَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ

براخواب دیکھے تو بائیں طرف تھتکار دے، اور اللہ کی پناہ چاہے

کبھی خواب میں شیطان پریشان کرتا ہے، کسی ملعون جانور کی شکل میں انسان کو نظر آتا ہے، جس سے آدمی ڈرجاتا ہے، اور دل میں وحشت اور خوف پیدا ہوتا ہے، ایسے خواب کا علاج یہ ہے کہ جب آنکھ کھلے تو بائیں طرف تین بار تھتکار دے، اور کہے: أعوذ بالله من شر هذه الرؤيا: میں اس خواب کی برائی سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، ان شاء اللہ وہ خواب اس کو ضرر نہیں پہنچائے گا یعنی اس کو وساوس سے نجات مل جائے گی۔

[۱۴-] بَابٌ: الْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا حَلَمَ فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ وَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ

[۷۰۰۵-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ

ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيَّ- وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَفُرْسَانِهِ - قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "الرُّؤْيَا مِنَ اللّٰهِ، وَالْحُلُمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا حَلَمَ أَحَدُكُمُ الْحُلُمَ يَكْرَهُهُ فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ وَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْهُ، فَلَنْ يَضُرَّهُ"[راجع: ۳۲۹۲]

بَابُ اللَّبَنِ

خواب میں دودھ

جاننا چاہئے کہ مفردات کی تعبیر نہیں ہوتی، بلکہ خواب کے تناظر میں تعبیر دی جاتی ہے، مثلاً: خواب میں دودھ دیکھا، گائے دیکھی، گھوڑا دیکھا، بلّی دیکھی، اس کی جو تعبیریں کتابوں میں لکھی ہیں وہ کلّی نہیں، پورا خواب بیان کیا جائے، معبّر خواب کے تناظر میں تعبیر دے گا، جیسے نبی ﷺ نے خواب دیکھا کہ آپؐ کے پاس دودھ کا پیالہ لایا گیا، آپؐ نے چھک کر پیا، پھر بچا ہوا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عنایت فرمایا۔ لوگوں نے تعبیر دریافت کی، آپؐ نے علم سے تعبیر دی یعنی حضرت عمرؓ کو علومِ نبوت سے حظِ وافر حاصل ہوگا، یہ محض دودھ کی تعبیر نہیں، بلکہ آپؐ نے اپنا بچا ہوا دودھ دیا اس کی تعبیر ہے، دودھ اور پانی خواب میں علم کا پیکر اختیار کرتے ہیں۔

[۱۵-] بَابُ اللَّبَنِ

[۷۰۰۶-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ ثُمَّ أُتِيْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ مِنْهُ، حَتّٰى إِنِّيْ لَأَرَى الرِّيَّ يَخْرُجُ فِيْ أَظَافِيْرِيْ، ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِيْ عُمَرَ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "الْعِلْمُ"[راجع: ۸۲]

بَابٌ: إِذَا جَرَى اللَّبَنُ فِيْ أَطْرَافِهِ أَوْ أَظَافِيْرِهِ

جب دودھ آدمی کے اعضاء میں یا ناخنوں میں بہے

الرِّیّ کے معنی ہیں: سیرابی، اور جری/ خرج الری من أطرافه/ أظافيره: محاورہ ہے، جس کے محاورہ میں معنی ہیں: رُواں رُواں سیراب ہونا یعنی چھک کر پینا، اور محاورہ کے لغوی معنی نہیں ہوتے، مگر حضرت رحمہ اللہ نے لغوی معنی پیشِ نظر رکھ کر باب قائم کیا ہے۔

[۱۶-] بَابٌ: إِذَا جَرَى اللَّبَنُ فِيْ أَطْرَافِهِ أَوْ أَظَافِيْرِهِ

[۷۰۰۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ،

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّـهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ مِنْهُ، حَتّٰى إِنِّیْ لَأَرَى الرِّیَّ يَخْرُجُ مِنْ أَطْرَافِیْ، فَأَعْطَيْتُ فَضْلِیْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ" فَقَالَ مَنْ حَوْلَهُ: فَمَا أَوَّلْتَ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "الْعِلْمَ"[راجع: ۸۲]

بَابُ الْقَمِيْصِ فِی الْمَنَامِ

خواب میں کرتا

ایک خواب میں لوگ نبی ﷺ کے سامنے پیش کئے گئے، جیسے کمانڈر کے سامنے فوجی پیش کئے جاتے ہیں، لوگوں نے چھوٹے بڑے کُرتے پہن رکھے تھے، کسی کا کُرتا پستانوں تک تھا، کسی کا اس سے نیچے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا کُرتا پہن رکھا تھا جو زمین پر گھسٹ رہا تھا، آپؐ سے اس خواب کی تعبیر پوچھی گئی، آپؐ نے دین داری تعبیر دی۔

صرف کُرتے کی تعبیر دین داری نہیں، بلکہ خواب میں لوگوں نے جس طرح چھوٹے بڑے کُرتے پہن رکھے تھے اس تناظر میں اس کی تعبیر دین داری ہے۔

سوال: اس حدیث سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ پر فضیلت لازم آتی ہے۔

جواب: اس منظر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے اس کی کوئی دلیل نہیں، پس سوال ختم! اور حدیث تحفۃ القاری (۱:۲۳۲) میں گذر چکی ہے۔

[۱۷-] بَابُ الْقَمِيْصِ فِی الْمَنَامِ

[۷۰۰۸-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا أَبِیْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ أُمَامَةَ بْنَ سَهْلٍ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِیَّ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُوْنَ عَلَیَّ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ، مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِیَّ، وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ دُوْنَ ذٰلِكَ، وَمَرَّ عَلَیَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ يَجُرُّهُ" قَالُوْا: مَا أَوَّلْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "الدِّيْنَ"[راجع: ۲۳]

بَابُ جَرِّ الْقَمِيْصِ فِی الْمَنَامِ

خواب میں کرتا گھسیٹنا

بعض کام خواب میں اچھے ہوتے ہیں اور بیداری میں برے، خواب میں کپڑا گھسیٹنے کی تعبیر اچھی ہے اور بیداری میں ناجائز ہے

......دُون (ظرف مکان) اضداد میں سے ہے، اس کے معنی ہیں: (۱) نیچے، جیسے دون قدمِك بِساط: تیرے پیروں کے نیچے فرش ہے (۲) اوپر، جیسے السماء دونك: آسمان تیرے اوپر ہے، حدیث میں پہلے معنی ہیں...... اجْتَرَّ الشیئَ: کھینچنا۔

[۱۸-] بَابُ جَرِّ الْقَمِيْصِ فِي الْمَنَامِ

[۷۰۰۹-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ أُمَامَةَ بْنُ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّـهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ عُرِضُوْا عَلَيَّ، وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ، فَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثَّدْيَ، وَمِنْهَا مَايَبْلُغُ دُوْنَ ذٰلِكَ، وَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ يَجْتَرُّهُ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " الدِّيْنُ"[راجع: ۲۳]

بَابُ الْخُضْرِ فِي الْمَنَامِ وَالرَّوْضَةِ الْخَضْرَاءِ

خواب میں سبزہ زار اور ہری کیاری

حدیث مفصل تحفۃ القاری (۷:۲۹۶) میں آچکی ہے۔ قیس کہتے ہیں: میں ایک مجلس میں تھا جس میں حضرات سعد اور ابن عمر رضی اللہ عنہما تھے، پس عبداللہ بن سلام گذرے، اہل مجلس نے کہا: یہ جنتی آدمی ہے! پس قیس نے ابن سلام کو بتایا کہ لوگوں نے یہ کہا، آپؓ نے فرمایا: سبحان اللہ! لوگوں کے لئے مناسب نہیں کہ ایسی بات کہیں جس کا ان کو بخوبی علم نہیں، میں نے بس خواب دیکھا تھا، گویا ایک کھمبا ہری کیاری میں رکھا گیا، پس وہ اس میں گاڑا گیا، اور اس کھمبے کے سر میں کنڈا تھا اور اس کے نیچے چھوٹا خادم تھا، پس مجھ سے کہا گیا: اس پر چڑھ، چنانچہ میں اس پر چڑھ گیا، یہاں تک کہ میں نے کنڈا پکڑ لیا، میں نے یہ خواب رسول اللہ ﷺ سے بیان کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''عبداللہ مرے گا درانحالیکہ وہ مضبوط کنڈا پکڑے ہوئے ہوگا'' —— اس سے لوگوں نے استنباط کیا کہ میں جنتی ہوں۔

پہلے خواب کی تعبیر یہ آئی ہے: سبزہ زار اسلام ہے، اور وہ ستون اسلام کا ستون ہے، اور وہ کنڈا وہ مضبوط کنڈا ہے، جس کا ذکر سورۃ البقرۃ آیت ۲۵۶ میں ہے، پس آپؓ موت تک اسلام پر رہیں گے، اور ایسا آدمی جنتی ہوتا ہے۔

[۱۹-] بَابُ الْخُضْرِ فِي الْمَنَامِ وَالرَّوْضَةِ الْخَضْرَاءِ

[۷۰۱۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: قَالَ قَيْسُ بْنُ عُبَادٍ: كُنْتُ فِي حَلْقَةٍ فِيْهَا سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ، وَابْنُ عُمَرَ، فَمَرَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، فَقَالُوْا: هٰذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ! فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّهُمْ قَالُوْا كَذَا وَكَذَا،

قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَا كَانَ يَنْبَغِيْ لَهُمْ أَنْ يَقُوْلُوْا مَا لَيْسَ لَهُمْ بِهِ عِلْمٌ، إِنَّمَا رَأَيْتُ كَأَنَّمَا عَمُوْدٌ وُضِعَ فِيْ رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ، فَنُصِبَ فِيْهَا، وَفِيْ رَأْسِهَا عُرْوَةٌ، وَفِيْ أَسْفَلِهَا مِنْصَفٌ، وَالْمِنْصَفُ: الْوَصِيْفُ، فَقِيْلَ: ارْقَهْ، فَرَقِيْتُهُ حَتّٰى أَخَذْتُ بِالْعُرْوَةِ. فَقَصَصْتُهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَمُوْتُ عَبْدُ اللّٰهِ وَهُوَ آخِذٌ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى"[راجع: ۳۸۱۳]

بَابُ كَشْفِ الْمَرْأَةِ فِي الْمَنَامِ

خواب میں عورت کو کھولنا

خواب میں دیکھنے اور بیداری میں دیکھنے کے احکام مختلف ہیں، پھر بالغ عورت کو دیکھنے اور بچی کو دیکھنے کے احکام بھی مختلف ہیں، نبی ﷺ کے سامنے خواب میں فرشتہ نے ایک ریشم کا ٹکڑا رکھا، اور کہا: یہ آپؐ کی اہلیہ ہیں، آپؐ نے کپڑا کھولا تو صدیقہ رضی اللہ عنہا نظر آئیں، چنانچہ بعد میں آپؐ کا ان سے نکاح ہوا۔ اور حدیث اور نکاح کی تقریب کا بیان تحفۃ القاری (۷:۳۵۴) میں آچکا ہے۔

[۲۰-] بَابُ كَشْفِ الْمَرْأَةِ فِي الْمَنَامِ

[۷۰۱۱-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أُرِيْتُكِ فِي الْمَنَامِ مَرَّتَيْنِ، إِذَا رَجُلٌ يَحْمِلُكِ فِيْ سَرَقَةِ حَرِيْرٍ فَيَقُوْلُ: هٰذِهِ امْرَأَتُكَ، فَأَكْشِفُهَا فَإِذَا هِيَ أَنْتِ، فَأَقُوْلُ: إِنْ يَكُنْ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ يُمْضِهِ"[راجع: ۳۸۹۵]

بَابُ الْحَرِيْرِ فِي الْمَنَامِ

خواب میں ریشم

خواب میں ریشم دیکھنا بلکہ پہننا بھی جائز ہے، اور بیداری میں دیکھنا تو جائز ہے اور مرد کے لئے پہننا ناجائز ہے۔ فرشتہ خواب میں ریشم کے ٹکڑے میں صدیقہ رضی اللہ عنہا کو لایا تھا، اور آپؐ نے اس کو کھول کر دیکھا۔

[۲۱-] بَابُ الْحَرِيْرِ فِي الْمَنَامِ

[۷۰۱۲-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أُرِيْتُكِ قَبْلَ أَنْ أَتَزَوَّجَكِ مَرَّتَيْنِ، رَأَيْتُ الْمَلَكَ يَحْمِلُكِ فِيْ سَرَقَةٍ مِنْ حَرِيْرٍ، فَقُلْتُ لَهُ: اكْشِفْ، فَإِذَا كَشَفَ فَإِذَا هُوَ أَنْتِ، فَقُلْتُ: إِنْ يَكُنْ هٰذَا مِنْ

عِنْدِ اللّٰهِ يُمْضِهِ، ثُمَّ أُرِيْتُكِ يَحْمِلُكِ فِيْ سَرَقَةٍ مِنْ حَرِيْرٍ، فَقُلْتُ: اكْشِفْ، فَكَشَفَ فَإِذَا هِيَ أَنْتِ، فَقُلْتُ: إِنْ يَكُ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ يُمْضِهِ"[راجع: ٣٨٩٥]

بَابُ الْمَفَاتِيْحِ فِي الْيَدِ

ہاتھ میں چابیاں

حدیث ابھی گذری ہے، خواب میں آپؐ کو زمین کے خزانوں کی چابیاں پیش کی گئیں، یہ خواب واقعہ بنا، آپؐ کی امت دنیا کے ذخائر کی مالک بنی ــــ نیز اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ آپؐ جوامع الکلم کے ساتھ مبعوث کئے گئے ہیں، یہ ترکیب مقلوبی ہے، اصل ہے: كلمات جامعة: ہمہ گیر جملے یعنی عبارت مختصر اور مفہوم وسیع، پھر عبارت کو سبک کرنے کے لئے مرکب اضافی بنایا، مگر معنی مرکب توصیفی کے ہیں ــــ اور ہروی رحمہ اللہ نے کہا: جوامع الکلم سے مراد قرآنِ کریم ہے، کیونکہ اس کے الفاظ نہایت مختصر اور معنی وسیع ہیں (حاشیہ) ــــ اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جوامع الکلم یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ بہت سی ان باتوں کو جمع کرتے ہیں جو کتبِ سابقہ میں تھیں ایک دو جملوں میں یعنی آپؐ کتبِ سابقہ کے طویل مضامین کو سمیٹ کر ایک دو جملوں میں ادا کرتے ہیں۔

[٢٢-] بَابُ الْمَفَاتِيْحِ فِي الْيَدِ

[٧٠١٣-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَبَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيْتُ بِمَفَاتِيْحِ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، فَوُضِعَتْ فِيْ يَدِيْ"

قَالَ مُحَمَّدٌ: وَبَلَغَنِيْ أَنَّ جَوَامِعَ الْكَلِمِ: أَنَّ اللّٰهَ يَجْمَعُ الْأُمُوْرَ الْكَثِيْرَةَ الَّتِيْ كَانَتْ تُكْتَبُ فِي الْكُتُبِ قَبْلَهُ فِي الْأَمْرِ الْوَاحِدِ وَالْأَمْرَيْنِ، أَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ.[راجع: ٢٩٧٧]

بَابُ التَّعْلِيْقِ بِالْعُرْوَةِ وَالْحَلْقَةِ

کڑے اور حلقہ سے لٹکنا

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے خواب میں مضبوط کڑے کو پکڑا تھا، اور اسی حال میں بیدار ہوئے تھے، آپؐ نے تعبیر دی کہ تم موت تک اسلام کو مضبوط پکڑے رہوگے۔ کڑا تھامنے کی یہ تعبیر مطلقاً نہیں بلکہ پورے خواب کے تناظر میں ہے۔

[٢٣-] بَابُ التَّعْلِيقِ بِالْعُرْوَةِ وَالْحَلْقَةِ

[٧٠١٤-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَزْهَرُ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، ح: وَحَدَّثَنِي خَلِيفَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ عُبَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: رَأَيْتُ كَأَنِّي فِي رَوْضَةٍ، وَسَطَ الرَّوْضَةِ عَمُودٌ، فِي أَعْلَى الْعَمُودِ عُرْوَةٌ، فَقِيلَ لِي: ارْقَهْ! قُلْتُ: لَا أَسْتَطِيعُ فَأَتَانِي وَصِيفٌ فَرَفَعَ ثِيَابِي فَرَقِيتُ، فَاسْتَمْسَكْتُ بِالْعُرْوَةِ، فَانْتَبَهْتُ وَأَنَا مُسْتَمْسِكٌ بِهَا، فَقَصَصْتُهَا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "تِلْكَ الرَّوْضَةُ رَوْضَةُ الإِسْلَامِ، وَذٰلِكَ الْعَمُودُ عَمُودُ الإِسْلَامِ، وَتِلْكَ الْعُرْوَةُ الْعُرْوَةُ الْوُثْقَى، لَا تَزَالُ مُسْتَمْسِكًا بِالإِسْلَامِ حَتّٰى تَمُوتَ"[راجع: ٣٨١٣]

بَابُ عَمُوْدِ الْفُسْطَاطِ تَحْتَ وِسَادَتِهِ

خیمہ کی لکڑی آپؐ کے گدّے کے نیچے

اس باب میں کوئی حدیث نہیں، حافظ رحمہ اللہ نے مختلف طرق سے ایک حدیث لکھی ہے، اور لکھا ہے: **وھذہ طُرُقٌ یقوی بعضھا بعضا**: یہ حدیثیں ملک شام کے فضائل میں ہیں، اور کنز العمال (۳۵۰۴۳-۳۵۰۵۰) میں بھی ہیں، ان کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ایک خواب دیکھا، فرشتوں نے خیمہ کی (نورانی) لکڑی نبی ﷺ کے گدّے کے نیچے سے نکالی، اور اس کو لے چلے، آپؐ اس کو دیکھتے رہے، آپؐ نے پوچھا: کیا لے جا رہے ہو؟ (**ما تحملون**) فرشتوں نے جواب دیا: اسلام کا ستون لے جا رہے ہیں (**عمود الإسلام**) ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ اس کو لے جا کر شام میں رکھیں۔ اس حدیث کی سندیں اگرچہ حسن لغیرہ ہیں، مگر مضمون میں نکارت ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ اس کو باب میں نہیں لائے۔

[٢٤-] بَابُ عَمُوْدِ الْفُسْطَاطِ تَحْتَ وِسَادَتِهِ

بَابُ الإِسْتَبْرَقِ وَدُخُوْلِ الْجَنَّةِ فِي الْمَنَامِ

خواب میں موٹا ریشمی کپڑا اور جنت میں جانا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے خواب دیکھا تھا کہ ان کے ہاتھ میں ریشم کا ٹکڑا ہے، وہ جنت میں جہاں جانا چاہتے ہیں، وہ کپڑا اڑا کر ان کو وہاں لے جاتا ہے، حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ خواب نبی ﷺ سے بیان کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''تمہارا بھائی نیک بندہ ہے!'' یا فرمایا: ''عبداللہ نیک بندہ ہے!'' — جبھی وہ جنت میں اڑتا پھر رہا ہے!

[۲۵-] بَابُ الإِسْتَبْرَقِ وَدُخُوْلِ الْجَنَّةِ فِی الْمَنَامِ

[۷۰۱۵-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ فِيْ يَدِيْ سَرَقَةً مِنْ حَرِيْرٍ، لاَ أُهْوِيَ بِهَا إِلٰى مَكَانٍ فِي الْجَنَّةِ إِلَّا طَارَتْ بِيْ إِلَيْهِ، فَقَصَصْتُهَا عَلٰى حَفْصَةَ.[راجع: ٤٤٠]

[۷۰۱۶-] فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: ''إِنَّ أَخَاكَ رَجُلٌ صَالِحٌ'' أَوْ قَالَ: ''إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ''[راجع: ١١٢٢]

بَابُ الْقَيْدِ فِي الْمَنَامِ

خواب میں بیڑی

بیڑی: پیروں میں ڈالی جانے والی رکاوٹ، بندھن، اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پیر بندھے ہوئے ہیں تو اہل تعبیر کے نزدیک: یہ اچھا خواب ہے، پابندی ثبات فی الدین کا پیکر ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

۱-إِذَا اقْتَرَبَ الزمانُ لم تَكَدْ تَكْذِبُ رُؤْيا المؤمنِ: جب قیامت کا زمانہ نزدیک آئے گا تو مؤمن کا خواب قریب نہیں کہ جھوٹا ہو، یعنی آخر زمانہ کے خواب اکثر سچے ہوں گے۔

۲-ورؤيا المؤمن جزء من ستة وأربعين جزءً من النبوة: مؤمن کا خواب (کمالاتِ) نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

تشریح: اس کا شانِ ورود ترمذی (حدیث ۲۲۷۰) میں ہے۔ جب نبی ﷺ نے فرمایا کہ رسالت ونبوت منقطع ہوگئی تو صحابہ کو تشویش ہوئی کہ خیر کا دروازہ بند ہوگیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''مگر خوش کن باتیں ابھی باقی ہیں'' صحابہ نے پوچھا: خوش کن باتیں کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''مسلمان کا خواب جو کمالاتِ نبوت میں سے ایک کمال ہے'' پس صحابہ کو اطمینان ہوگیا کہ ابھی خیر کا دروازہ پوری طرح بند نہیں ہوا، ابھی ایک صورت باقی ہے۔

پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وما كان من النبوة فإنه لا يَكْذِب: (جب مؤمن کا خواب نبوت کا ایک حصہ ہے تو وہ جھوٹا کیسے ہوسکتا ہے؟) جو چیز نبوت کا حصہ ہو وہ جھوٹی نہیں ہوتی —— پھر محمد بن سیرین (راوی) نے کہا: اور میں بھی یہی بات کہتا ہوں (کہ نبوت کی بات جھوٹی نہیں ہوتی)

ابن سیرین نے کہا: اور کہا جاتا تھا کہ خواب تین طرح کے ہیں: (۱) خیالات (تصورات) (۲) شیطان کا ڈراوا (۳) اللہ

کی طرف سے خوش خبری ـــــ پس جو کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو وہ اس کو کسی سے بیان نہ کرے، اور اٹھے اور نماز پڑھے۔

ابن سیرین نے فرمایا: اہل تعبیر خواب میں گلے میں پڑا ہوا لوہے کا طوق ناپسند کرتے ہیں، اور ان کو پیروں کی بیڑی پسند تھی، اور تعبیر دی جاتی تھی کہ پاؤں کی بیڑی دین میں ثابت قدمی ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عوف اعرابی، قتادہ، یونس، ہشام اور ابو ہلال نے ابن سیرین سے، انھوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے، انھوں نے نبی ﷺ سے اسی طرح روایت کیا ہے یعنی حدیث من النبوة تک مرفوع ہے اور وما کان سے موقوف ہے، اور بعض نے (قتادہ کے شاگرد ہشام نے) سب کو حدیث میں داخل کر دیا ہے، اور عوف کی حدیث زیادہ واضح ہے (انھوں نے مرفوع وموقوف کو الگ الگ کیا ہے) اور یونس بن عبید نے پاؤں کی بیڑی والے مضمون کے بارے میں شک ظاہر کیا ہے کہ یہ شاید مرفوع ہے ـــــ نیز امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ غُلّ: گردن میں پڑے ہوئے طوق کو کہتے ہیں۔

[۲۶-] بَابُ الْقَيْدِ فِي الْمَنَامِ

[۷۰۱۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عَوْفًا، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ سِيْرِيْنَ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ تَكَدْ تَكْذِبُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ، وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ.[راجع: ۶۹۸۸]

وَمَاكَانَ مِنَ النُّبُوَّةِ فَإِنَّـهُ لاَ يَكْذِبُ، قَالَ مُحَمَّدٌ: وَأَنَا أَقُوْلُ هٰذِهِ.

قَالَ: وَكَانَ يُقَالُ: الرُّؤْيَا ثَلاَثٌ: حَدِيْثُ النَّفْسِ، وَتَخْوِيْفُ الشَّيْطَانِ، وَبُشْرَى مِنَ اللّٰهِ، فَمَنْ رَأَى شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلاَ يَقُصَّهُ عَلٰى أَحَدٍ، وَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ، قَالَ: وَكَانَ يُكْرَهُ الْغُلُّ فِي النَّوْمِ، وَكَانَ يُعْجِبُهُمُ الْقَيْدُ، وَيُقَالُ: الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِي الدِّيْنِ.

وَرَوَاهُ قَتَادَةُ، وَيُوْنُسُ، وَهِشَامٌ، وَأَبُوْ هِلاَلٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَدْرَجَهُ بَعْضُهُمْ كُلَّهُ فِي الْحَدِيْثِ، وَحَدِيْثُ عَوْفٍ أَبْيَنُ، وَقَالَ يُوْنُسُ: لاَ أَحْسِبُهُ إِلاَّ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْقَيْدِ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: لاَتَكُوْنُ الْأَغْلاَلُ إِلاَّ فِي الْأَعْنَاقِ.

بَابُ الْعَيْنِ الْجَارِيَةِ فِي الْمَنَامِ

خواب میں بہتا چشمہ

حدیث تحفۃ القاری (۵۶۴:۳) میں گذری ہے، حضرت ام العلاء انصاریہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عثمان بن مظعون

رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد خواب دیکھا کہ ان کے لئے چشمہ بہہ رہا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ ان کا عمل ہے جو ان کے لئے بہہ رہا ہے!'' یہ تو وفات کے بعد چشمہ بہنے کی تعبیر ہے، اور اگر کوئی زندہ خواب میں بہتا چشمہ دیکھے تو خواب کے تناظر میں اس کی مختلف تعبیریں ہونگی۔

[۲۷-] بَابُ الْعَيْنِ الْجَارِيَةِ فِي الْمَنَامِ

[۷۰۱۸-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أُمِّ الْعَلاَءِ- وَهِيَ امْرَأَةٌ مِنْ نِسَائِهِمْ، بَايَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم - قَالَتْ: طَارَلَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ فِيْ السُّكْنَى حَيْثُ أَقْرَعَتِ الْأَنْصَارُ عَلَى سُكْنَى الْمُهَاجِرِيْنَ، فَاشْتَكَى فَمَرَّضْنَاهُ حَتّٰى تُوُفِّيَ، ثُمَّ جَعَلْنَاهُ فِي أَثْوَابِهِ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ أَبَا السَّائِبِ، فَشَهَادَتِيْ عَلَيْكَ لَقَدْ أَكْرَمَكَ اللّٰهُ. قَالَ: '' وَمَا يُدْرِيْكِ؟'' قُلْتُ: لاَ أَدْرِيْ. قَالَ: '' أَمَّا هُوَ فَقَدْ جَاءَ هُ الْيَقِيْنُ، إِنِّيْ لَأَرْجُوْ لَهُ الْخَيْرَ مِنَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا أَدْرِيْ وَأَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلاَ بِكُمْ'' قَالَتْ أُمُّ الْعَلاَءِ: فَوَ اللّٰهِ لاَ أُزَكِّيْ أَحَدًا بَعْدَهُ. قَالَتْ: وَرَأَيْتُ لِعُثْمَانَ فِي النَّوْمِ عَيْنًا تَجْرِيْ، فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: ''ذٰلِكَ عَمَلُهُ يَجْرِيْ لَهُ''[راجع: ۱۲۴۳]

بَابُ نَزْعِ الْمَاءِ مِنَ الْبِئْرِ حَتّٰى يَرْوَى النَّاسُ

کنویں سے پانی نکالنا یہاں تک کہ لوگ سیراب ہوگئے

ایک خواب میں نبی ﷺ کنویں سے پانی نکال رہے تھے کہ ڈول حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لے لیا، انھوں نے ایک یا دو ڈول مشکل سے نکالے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ڈول لے لیا تو وہ کوس بن گیا، نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس نہیں دیکھا میں نے لوگوں میں کسی ہیرو کو جس نے ان جیسا کارنامہ انجام دیا ہو، یہاں تک کہ لوگ اونٹوں کو سیراب کرکے سایہ میں بٹھانے کے لئے لے گئے —— یہ خواب شیخین کی مدتِ خلافت اور ان کے کارناموں کا پیکر تھا۔

[۲۸-] بَابُ نَزْعِ الْمَاءِ مِنَ الْبِئْرِ حَتّٰى يَرْوَى النَّاسُ

رَوَاهُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۷۰۱۹-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَخْرُ

ابْنُ جُوَيْرِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بَيْنَا أَنَا عَلٰى بِئْرٍ أَنْزِعُ مِنْهَا، إِذْ جَاءَ نِيْ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَأَخَذَ أَبُوْ بَكْرٍ الدَّلْوَ، فَنَزَعَ ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ، وَفِي نَزْعِهِ ضُعْفٌ، فَغَفَرَ اللّٰهُ لَهُ، ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ الْخَطَّابِ مِنْ يَدِ أَبِيْ بَكْرٍ فَاسْتَحَالَتْ فِيْ يَدِهِ غَرْبًا، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَفْرِيْ فَرِيَّهُ، حَتّٰى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ"[راجع: ۳٦۳۳]

وضاحت: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت اگلے باب میں ہے۔

بَابُ نَزْعِ الذَّنُوْبِ وَالذَّنُوْبَيْنِ مِنَ الْبِئْرِ بِضُعْفٍ

مشکل سے کنویں سے ایک دوڈول نکالنا

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت دوسال چند دن ہے، ایک دوڈول کھینچنے میں اس طرف اشارہ ہے، اور مشکل سے نکالنے میں ملک کے داخلی اضطراب کی طرف اشارہ ہے، جس میں ان کا کوئی دخل نہیں، اس لئے فرمایا: والله يغفر له!

[۲۹-] بَابُ نَزْعِ الذَّنُوْبِ وَالذَّنُوْبَيْنِ مِنَ الْبِئْرِ بِضُعْفٍ

[۷۰۲۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ رُؤْيَا النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، قَالَ: "رَأَيْتُ النَّاسَ اجْتَمَعُوْا، فَقَامَ أَبُوْ بَكْرٍ فَنَزَعَ ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ، وَفِيْ نَزْعِهِ ضُعْفٌ، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ! ثُمَّ قَامَ ابْنُ الْخَطَّابِ، فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَمَا رَأَيْتُ مِنَ النَّاسِ يَفْرِيْ فَرِيَّهُ، حَتّٰى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ"[راجع: ۳٦۳۳]

[۷۰۲۱-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدٌ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِيْ عَلٰى قَلِيْبٍ وَعَلَيْهَا دَلْوٌ، فَنَزَعْتُ مِنْهَا مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ أَبِيْ قُحَافَةَ فَنَزَعَ مِنْهَا ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ، وَفِيْ نَزْعِهِ ضُعْفٌ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ! ثُمَّ اسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَأَخَذَهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَنْزِعُ نَزْعَ ابْنِ الْخَطَّابِ، حَتّٰى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ"[راجع: ۳٦٦٤]

بَابُ الِاسْتِرَاحَةِ فِي الْمَنَامِ

خواب میں آرام کرنا

صدیق اکبرؓ نے ڈول نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں سے اس لئے لے لیا تھا کہ آپؐ آرام فرمائیں۔

[۳۰-] بَابُ الإِسْتِرَاحَةِ فِی الْمَنَامِ

[۷۰۲۲-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "بَیْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَیْتُ أَنِّیْ عَلٰی حَوْضٍ أَسْقِی النَّاسَ، فَأَتَانِیْ أَبُوْ بَکْرٍ فَأَخَذَ الدَّلْوَ مِنْ یَدِیْ لِیُرِیْحَنِیْ، فَنَزَعَ ذَنُوْبَیْنِ وَفِی نَزْعِهِ ضُعْفٌ، وَاللّٰهُ یَغْفِرُ لَهُ! فَأَتَی ابْنُ الْخَطَّابِ فَأَخَذَ مِنْهُ، فَلَمْ یَزَلْ یَنْزِعُ، حَتّٰی تَوَلَّی النَّاسُ وَالْحَوْضُ یَتَفَجَّرُ" [راجع: ۳۶۶۴]

بَابُ الْقَصْرِ فِی الْمَنَامِ

خواب میں محل

ایک منامی معراج میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا محل دیکھا ہے، اس محل کے پاس ایک عورت (حور) وضو کر رہی تھی، چنانچہ آپؐ محل میں داخل نہیں ہوئے، دور ہی سے محل دیکھ لیا۔

[۳۱-] بَابُ الْقَصْرِ فِی الْمَنَامِ

[۷۰۲۳-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ عُفَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی اللَّیْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عُقَیْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ ابْنُ الْمُسَیَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ: بَیْنَا نَحْنُ جُلُوْسٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "بَیْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَیْتُنِیْ فِی الْجَنَّةِ، فَإِذَا امْرَأَةٌ تَتَوَضَّأُ إِلٰی جَنْبِ قَصْرٍ، قُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِعُمَرَ. فَذَکَرْتُ غَیْرَتَهُ فَوَلَّیْتُ مُدْبِرًا" قَالَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: فَبَکٰی عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثُمَّ قَالَ: أَعَلَیْكَ بِأَبِیْ أَنْتَ وَأُمِّیْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَغَارُ؟ [راجع: ۳۲۴۲]

[۷۰۲۴-] حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا أَنَا بِقَصْرٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا؟ فَقَالُوْا: لِرَجُلٍ مِنْ قُرَیْشٍ. فَمَا مَنَعَنِیْ أَنْ أَدْخُلَهُ یَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِلَّا مَا أَعْلَمُ مِنْ غَیْرَتِكَ" قَالَ: وَعَلَیْكَ أَغَارُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ [راجع: ۳۶۷۹]

بَابُ الْوُضُوْءِ فِی الْمَنَامِ

خواب میں وضوء

خواب کبھی مؤمن کو دکھایا جاتا ہے جو اس کے لئے بشارت ہوتا ہے، اور کبھی مؤمن کے لئے دوسرے شخص کو دکھایا جاتا

ہے:یَرَاھا المسلمُ أو تُری له: نبی ﷺ نے خواب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جنت میں محل دیکھا، اس کے پاس (صحن میں) حور وضوء کررہی تھی، یہ خواب حضرت عمرؓ کے لئے بڑی بشارت ہے، اور جنت دار تکلیف نہیں، مگر دار عبادت تو ہے، جنت میں بھی اللہ کی عبادت کا سلسلہ جاری رہے گا، جیسے فرشتے مکلّف نہیں، مگر ہر وقت عبادت میں لگے رہتے ہیں۔

[۳۲-] بَابُ الْوُضُوْءِ فِی الْمَنَامِ

[۷۰۲۵-] حدثنا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ: بَیْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: ''بَیْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَیْتُنِیْ فِی الْجَنَّةِ، فَإِذَا امْرَأَةٌ تَتَوَضَّأُ إِلٰی جَانِبِ قَصْرٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ فَقَالُوْا: لِعُمَرَ، فَذَکَرْتُ غَیْرَتَهُ فَوَلَّیْتُ مُدْبِرًا'' فَبَکٰی عُمَرُ وَقَالَ: عَلَیْكَ بِأَبِیْ وَأُمِّیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَغَارُ؟

[راجع: ۳۲٤۲]

بَابُ الطَّوَافِ بِالْکَعْبَةِ فِی الْمَنَامِ

خواب میں کعبہ شریف کا طواف

امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ ابواب حدیثوں سے ڈھالے ہیں، تعبیر بیان کرنا مقصود نہیں، اور حدیث تحفۃ القاری (۵۸:۷) میں گذر چکی ہے، نبی ﷺ بھی خواب میں طواف کر رہے تھے کہ یہ دو منظر دیکھے۔ اور خواب عالم مثال میں لے جا کر دکھایا جاتا ہے، اور عالم مثال میں ماضی اور مستقبل کی سب چیزیں موجود ہے، اور دجال کا مکہ میں داخل نہ ہوسکنا عالم خارجی سے تعلق رکھتا ہے۔

[۳۳-] بَابُ الطَّوَافِ بِالْکَعْبَةِ فِی الْمَنَامِ

[۷۰۲٦-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:'' بَیْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَیْتُنِیْ أَطُوْفُ بِالْکَعْبَةِ فَإِذَا رَجُلٌ آدَمُ سَبِطُ الشَّعَرِ، بَیْنَ رَجُلَیْنِ، یَنْطُفُ رَأْسُهُ مَاءً، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: ابْنُ مَرْیَمَ. فَذَهَبْتُ أَلْتَفِتُ فَإِذَا رَجُلٌ أَحْمَرُ جَسِیْمٌ جَعْدُ الرَّأْسِ أَعْوَرُ الْعَیْنِ الْیُمْنٰی، کَأَنَّ عَیْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِیَةٌ، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: هٰذَا الدَّجَّالُ. أَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا ابْنُ قَطَنٍ'' وَابْنُ قَطَنٍ رَجُلٌ مِنْ بَنِی الْمُصْطَلِقِ مِنْ خُزَاعَةَ.[راجع: ۳٤٤۰]

بَابٌ: إِذَا أَعْطَى فَضْلَهُ غَيْرَهُ فِي النَّوْمِ

خواب میں اپنا بچا ہوا دوسرے کو دینا

نبی ﷺ نے خواب میں اپنا بچا ہوا دودھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا، اس کی تعبیر علم ہے یعنی علوم نبوت سے حضرت عمرؓ کو حظ وافر حاصل ہوگا۔

[٣٤-] بَابٌ: إِذَا أَعْطَى فَضْلَهُ غَيْرَهُ فِي النَّوْمِ

[٧٠٢٧-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ، حَتّٰى إِنِّيْ لَأَرَى الرِّيَّ يَجْرِيْ، ثُمَّ أَعْطَيْتُ عُمَرَ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " الْعِلْمَ" [راجع: ٨٢]

بَابُ الْأَمْنِ وَذَهَابِ الرَّوْعِ فِي الْمَنَامِ

خواب میں اطمینان اور گھبراہٹ کا ختم ہونا

حدیث تحفۃ القاری (۳:۷۴۴) میں آچکی ہے، مگر یہاں سیاق قدرے مختلف ہے، اس لئے ترجمہ کرتا ہوں۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: عہد نبوی میں کچھ صحابہ خواب دیکھا کرتے تھے، وہ اس کو نبی ﷺ سے بیان کرتے تھے، آپؐ ان کے بارے میں جو چاہتے فرماتے، یعنی تعبیر دیتے، اور میں جوان لڑکا تھا، شادی سے پہلے مسجد نبوی میرا گھر تھا، پس میں نے سوچا: اگر تیرے اندر خیر ہوتی تو تو بھی ان لوگوں کی طرح خواب دیکھتا، پس جب میں ایک رات لیٹا تو میں نے دعا کی: "اے اللہ! اگر آپ میرے اندر خیر جانتے ہیں تو مجھے کوئی خواب دکھلایئے!" پس دریں اثنا کہ میں اسی طرح تھا، اچانک میرے پاس دو فرشتے آئے، ہر ایک کے ہاتھ میں لوہے کا گرز تھا، وہ دونوں مجھے لے چلے، اور میں ان کے درمیان دعا کر رہا تھا: "اے اللہ! میں دوزخ سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں!" پھر دکھلایا گیا میں، مجھ سے ایک اور فرشتہ نے ملاقات کی، اس کے ہاتھ میں بھی لوہے کا گرز تھا، اس نے مجھ سے کہا: گھبرا مت! تو اچھا آدمی ہے! کاش تو رات میں نماز پڑھتا! پس وہ مجھے لے چلے یہاں تک کہ مجھے دوزخ پر کھڑا کیا (دوزخ کنویں کی شکل میں تھی، اس پر) مینڈ بنی ہوئی تھی کنویں کی مینڈ کی طرح، اس پر (پانی کھینچنے کی) دو لکڑیاں تھیں کنویں کی لکڑیوں کی طرح، ہر دو لکڑیوں کے درمیان ایک فرشتہ تھا، جس کے ہاتھ میں لوہے کا گرز تھا، اور میں دوزخ میں کچھ مردوں کو زنجیروں میں لٹکا ہوا دیکھ رہا تھا، ان کے سر ان کے نیچے تھے یعنی وہ الٹے لٹکے ہوئے تھے، ان میں میں نے قریش کے کچھ آدمیوں کو پہچانا، پھر وہ فرشتے مجھے دائیں طرف لے چلے، میں نے یہ خواب اپنی بہن حفصہ

رضی اللہ عنہا سے بیان کیا، انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے بیان کیا، آپؐ نے فرمایا: ''عبداللہ نیک آدمی ہے!'' نافع رحمہ اللہ (مولیٰ ابن عمرؓ) کہتے ہیں: پھر اس کے بعد ابن عمرؓ (رات میں) بکثرت نماز پڑھا کرتے تھے۔

[۳۵-] بَابُ الْأَمْنِ وَذَهَابِ الرَّوْعِ فِي الْمَنَامِ

[۷۰۲۸-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: إِنَّ رِجَالاً مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانُوْا يَرَوْنَ الرُّؤْيَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَيَقُصُّوْنَهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَيَقُوْلُ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَا شَاءَ اللّٰهُ، وَأَنَا غُلَامٌ حَدِيْثُ السِّنِّ، وَبَيْتِي الْمَسْجِدُ قَبْلَ أَنْ أَنْكِحَ، فَقُلْتُ فِيْ نَفْسِيْ: لَوْ كَانَ فِيْكَ خَيْرٌ لَرَأَيْتَ مِثْلَ مَا يَرَى هٰؤُلَآءِ، فَلَمَّا اضْطَجَعْتُ لَيْلَةً قُلْتُ: اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ فِيَّ خَيْرًا فَأَرِنِيْ رُؤْيَا، فَبَيْنَمَا أَنَا كَذٰلِكَ إِذْ جَاءَ نِيْ مَلَكَانِ فِيْ يَدِ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِقْمَعَةٌ مِنْ حَدِيْدٍ، يُقْبِلَانِ بِيْ، وَأَنَا بَيْنَهُمَا أَدْعُو اللّٰهَ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَهَنَّمَ. ثُمَّ أُرَانِيْ لَقِيَنِيْ مَلَكٌ فِيْ يَدِهِ مِقْمَعَةٌ مِنْ حَدِيْدٍ فَقَالَ لِيْ: لَمْ تُرَعْ، نِعْمَ الرَّجُلُ أَنْتَ لَوْ تُكْثِرُ الصَّلَاةَ. فَانْطَلَقُوْا بِيْ حَتّٰى وَقَفُوْنِيْ بِجَهَنَّمَ مَطْوِيَّةٌ كَطَيِّ الْبِئْرِ، لَهُ قُرُوْنٌ كَقَرْنِ الْبِئْرِ، بَيْنَ كُلِّ قَرْنَيْنِ مَلَكٌ بِيَدِهِ مِقْمَعَةٌ مِنْ حَدِيْدٍ، وَأُرَى فِيْهَا رِجَالاً مُعَلَّقِيْنَ بِالسَّلَاسِلِ، رُءُ وْسُهُمْ أَسْفَلُهُمْ، عَرَفْتُ فِيْهَا رِجَالاً مِنْ قُرَيْشٍ، فَانْصَرَفُوْا بِيْ عَنْ ذَاتِ الْيَمِيْنِ.

[۷۰۲۹-] فَقَصَصْتُهَا عَلٰى حَفْصَةَ، فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ" فَقَالَ نَافِعٌ: فَلَمْ يَزَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ يُكْثِرُ الصَّلَاةَ. [راجع: ۱۱۲۲]

بَابُ الْأَخْذِ عَلٰى الْيَمِيْنِ فِي النَّوْمِ

خواب میں دایاں ہاتھ پکڑنا

حدیث گذشتہ باب والی ہے، اس میں ہے: فأخذا بي ذات اليمين: پس دونوں فرشتے مجھے دائیں طرف لے چلے، ہاتھ پکڑنے کا ذکر نہیں، مگر عام طور پر ہاتھ پکڑ کر لے چلتے ہیں۔

[۳۶-] بَابُ الْأَخْذِ عَلٰى الْيَمِيْنِ فِي النَّوْمِ

[۷۰۳۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ

الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: كُنْتُ غُلَامًا شَابًّا عَزَبًا فِی عَهْدِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَكُنْتُ أَبِيْتُ فِی الْمَسْجِدِ، وَكَانَ مَنْ رَأَى مَنَامًا قَصَّهُ عَلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ لِیْ عِنْدَكَ خَيْرٌ فَأَرِنِیْ مَنَامًا يُعَبِّرُهُ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَنِمْتُ، فَرَأَيْتُ مَلَكَيْنِ أَتَيَانِیْ فَانْطَلَقَا بِیْ، فَلَقِيَهُمَا مَلَكٌ آخَرُ فَقَالَ لِیْ: لَمْ تُرَعْ، إِنَّكَ رَجُلٌ صَالِحٌ، فَانْطَلَقَا بِیْ إِلَى النَّارِ، فَإِذَا هِیَ مَطْوِيَّةٌ كَطَیِّ الْبِئْرِ، وَإِذَا فِيْهَا نَاسٌ قَدْ عَرَفْتُ بَعْضَهُمْ، فَأَخَذَا بِیْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِحَفْصَةَ. [راجع: ٤٤٠]

[٧٠٣١-] فَزَعَمَتْ حَفْصَةُ أَنَّهَا قَصَّتْهَا عَلَى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ، لَوْ كَانَ يُكْثِرُ الصَّلَاةَ مِنَ اللَّيْلِ"

قَالَ الزُّهْرِیُّ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بَعْدَ ذٰلِكَ يُكْثِرُ الصَّلَاةَ مِنَ اللَّيْلِ. [راجع: ١١٢٢]

بَابُ الْقَدَحِ فِی النَّوْمِ

خواب میں لکڑی کا پیالہ

نبی ﷺ کے زمانہ میں لکڑی کے پیالے استعمال ہوتے تھے، پس اس کی کوئی تخصیص نہیں اور باب حدیث سے ڈھالا ہے۔

[٣٧-] بَابُ الْقَدَحِ فِی النَّوْمِ

[٧٠٣٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ مِنْهُ، ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِیْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " الْعِلْمَ" [راجع: ٨٢]

بَابٌ: إِذَا طَارَ الشَّیْءُ فِی الْمَنَامِ

خواب میں کسی چیز کا اڑ جانا

کنگن (کلائی کا ایک زیور) جو اڑا نہیں کرتا: اس کا خواب میں اڑ جانا: فتنہ کا ختم ہونا ہے، دو جھوٹے نبیوں کا فتنہ نبی ﷺ کو سونے کے دو کنگنوں کی شکل میں دکھایا گیا، مرد کے ہاتھ میں چوڑی اچھی نہیں، وہ عورت کو زیب دیتی ہے، چنانچہ آپ ؐ کو

خواب میں کنگن ناگوار گذرے، پس کہا گیا: پھونک دیں، چنانچہ دونوں اڑ گئے، اور حدیث تفصیل کے ساتھ پہلے آئی ہے۔

[۳۸-] بَابٌ: إِذَا طَارَ الشَّيْئُ فِي الْمَنَامِ

[۷۰۳۳-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عُبَيْدَةَ بْنِ نَشِيْطٍ، قَالَ: قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ عَنْ رُؤْيَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الَّتِيْ ذَكَرَ. [راجع: ۳۶۲۰]

[۷۰۳۴-] فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ذُكِرَ لِيْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُرِيْتُ أَنَّهُ وُضِعَ فِيْ يَدَيَّ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَطَعْتُهُمَا وَكَرِهْتُهُمَا، فَأُذِنَ لِيْ، فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا، فَأَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ" فَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: أَحَدُهُمَا الْعَنْسِيُّ الَّذِيْ قَتَلَهُ فَيْرُوْزُ بِالْيَمِيْنِ، وَالآخَرُ مُسَيْلِمَةُ. [راجع: ۳۶۲۱]

وضاحت: پہلی حدیث میں ذکر کا فاعل نبی ﷺ ہیں...... **ذُکر لی:** یہ حدیث ابن عباسؓ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے سنی ہے...... **فقطعْتهما** إلخ میں تقدیم تاخیر ہے۔

بَابٌ: إِذَا رَأَى بَقَرًا تُنْحَرُ

خواب میں گائے ذبح ہوتے ہوئے دیکھی

حدیث میں مختلف زمانوں کے دو خواب ہیں، اور حدیث تحفۃ القاری (۱۶۵:۷) میں آچکی ہے۔

پہلا خواب: ہجرت سے پہلے دیکھا کہ آپؐ مع صحابہ ایسی جگہ کی طرف ہجرت کر رہے جہاں کھجور کے درخت ہیں، بیدار ہوئے تو خیال اس طرف گیا کہ وہ جگہ یمامہ یا ہجر ہے بعد میں وحی نے تعیین کی کہ وہ جگہ مدینہ ہے، وہاں بھی کھجور کے درخت ہیں۔

دوسرا خواب: غزوۂ احد سے پہلے آپؐ نے خواب میں گائے کو ذبح ہوتے ہوئے دیکھا (بعض روایات میں رأیتُ بَقَرًا تُنْحَرُ ہے) یہ جنگ احد میں صحابہ کی شہادت تھی، وہ مسلمانوں کے حق میں بہتر تھی، جنگِ بدر میں صرف چودہ صحابہ شہید ہوئے تھے، جبکہ بہت سے صحابہ شہادت کی تمنا لے کر گئے تھے، یہ تمنا اللہ نے جنگِ احد میں پوری فرمائی، اور ایمان میں کھرے پن کا ثواب اللہ نے ان کو جنگِ بدر کے بعد جنگِ احد میں عنایت فرمایا۔

[۳۹-] بَابٌ: إِذَا رَأَى بَقَرًا تُنْحَرُ

[۷۰۳۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ جَدِّهِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى أُرَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ أَنِّيْ أُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ إِلٰى أَرْضٍ بِهَا

نَخْلٌ، فَذَهَبَ وَهَلِیْ إِلٰی أَنَّهَا الْیَمَامَةُ أَوْ هَجَرٌ، فَإِذَا هِیَ الْمَدِیْنَةُ یَثْرِبُ.
وَرَأَیْتُ فِیْهَا بَقَرًا، وَاللّٰهِ خَیْرٌ، فَإِذَا هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ یَوْمَ أُحُدٍ، وَإِذَا الْخَیْرُ مَا جَاءَ اللّٰهُ مِنَ الْخَیْرِ، وَثَوَابُ الصِّدْقِ الَّذِیْ آتَانَا اللّٰهُ بَعْدَ یَوْمِ بَدْرٍ"[راجع: ۳۶۲۲]

وضاحت: أُراہ: مسلم کی روایت میں نہیں ہے، پس یہ ابو بردہ یا امام بخاری کا قول ہے ...... وَهَل: خیال، گمان، وہم ...... واللہ خیر: اللہ نے جو کیا وہ بہتر ہے ...... فإذا: گائے ذبح کیا جانا احد میں صحابہ کی شہادت تھی ...... وإذا الخیر: احد میں شکست کے بعد فتح ملی وہ مراد ہے ...... وثواب الصدق: ایمان میں کھرے پن کا بدلہ۔

بَابُ النَّفْخِ فِی الْمَنَامِ

خواب میں پھونکنا

خواب میں نبی ﷺ نے اپنے ہاتھوں میں دو کنگن دیکھے، آپؐ پر وہ دونوں بھاری ہوئے اور دونوں نے آپؐ کو فکرمند بنایا تو وحی آئی کہ ان کو پھونک دیجئے، آپؐ نے ان کو پھونک دیا۔

[۴۰-] بَابُ النَّفْخِ فِی الْمَنَامِ

[۷۰۳۶-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ الْحَنْظَلِیُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، قَالَ: هٰذَا مَا حَدَّثَنَا بِهِ أَبُوْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "نَحْنُ الآخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ"[راجع: ۲۳۸]

[۷۰۳۷-] وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " بَیْنَا أَنَا نَائِمٌ إِذْ أُوْتِیْتُ خَزَائِنَ الْأَرْضِ، فَوُضِعَ فِیْ یَدَیَّ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ، فَكَبُرَا عَلَیَّ وَأَهَمَّانِیْ، فَأُوْحِیَ إِلَیَّ أَنِ انْفُخْهُمَا، فَنَفَخْتُهُمَا، فَأَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَیْنِ اللَّذَیْنِ أَنَا بَیْنَهُمَا: صَاحِبَ صَنْعَاءَ، وَصَاحِبَ الْیَمَامَةِ"[راجع: ۳۶۲۱]

بَابٌ: إِذَا رَأَی أَنَّهُ أَخْرَجَ الشَّیْءَ مِنْ كُوْرَةٍ فَأَسْكَنَهُ مَوْضِعًا آخَرَ

خواب دیکھا کہ ایک چیز کو ایک علاقہ سے نکالا اور دوسری جگہ بسایا

مدینہ منورہ ہجرت سے پہلے وبائی شہر تھا، جب مہاجرین وہاں پہنچے تو ہر شخص بیمار پڑ گیا، پس نبی ﷺ نے دعا فرمائی: اللّٰهُمَّ حبب إلینا المدینة، وانقل حماها إلی الجحفة: پھر نبی ﷺ نے خواب دیکھا کہ ایک کالی عورت جس کا سر پراگندہ تھا، مدینہ منورہ سے نکلی، اور مَهْیَعَة یعنی جُحْفَة میں جا پہنچی، نبی ﷺ نے اس کی تعبیر نکالی کہ مدینہ منورہ کی وباء

جحفہ میں منتقل ہوگئی۔ آپؐ کی دعا سے یہ ہوا اس لئے باب میں اخرج لائے۔

[٤١-] بَابٌ: إِذَا رَأَى أَنَّهُ أَخْرَجَ الشَّيئَ مِنْ كُوْرَةٍ فَأَسْكَنَهُ مَوْضِعًا آخَرَ

[٧٠٣٨-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ عَبْدُ الْحَمِيْدِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "رَأَيْتُ كَأَنَّ امْرَأَةً سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الرَّأْسِ خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، حَتّٰى قَامَتْ بِمَهْيَعَةَ وَهِيَ الْجُحْفَةُ فَتَأَوَّلْتُهَا: أَنَّ وَبَاءَ الْمَدِيْنَةِ نُقِلَ إِلَيْهَا" [طرفاه: ٧٠٣٩، ٧٠٤٠]

بَابُ الْمَرْأَةِ السَّوْدَاءِ، بَابُ الْمَرْأَةِ الثَّائِرَةِ الرَّأْسِ

کالی پراگندہ سر والی عورت

یہ دو باب ہیں، دونوں میں گذشتہ باب والی حدیث ہے۔

[٤٢-] بَابُ الْمَرْأَةِ السَّوْدَاءِ

[٧٠٣٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِيْ رُؤْيَا النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْمَدِيْنَةِ: "رَأَيْتُ امْرَأَةً سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الرَّأْسِ، خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، حَتّٰى نَزَلَتْ بِمَهْيَعَةَ، فَأَوَّلْتُهَا أَنَّ وَبَاءَ الْمَدِيْنَةِ نُقِلَ إِلٰى مَهْيَعَةَ، وَهِيَ الْجُحْفَةُ" [راجع: ٧٠٣٨]

[٤٣-] بَابُ الْمَرْأَةِ الثَّائِرَةِ الرَّأْسِ

[٧٠٤٠-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ بْنِ أَبِيْ أُوَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "رَأَيْتُ امْرَأَةً سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الرَّأْسِ، خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، حَتّٰى نَزَلَتْ بِمَهْيَعَةَ وَهِيَ الْجُحْفَةُ، فَأَوَّلْتُ: أَنَّ وَبَاءَ الْمَدِيْنَةِ نُقِلَ إِلَيْهَا" [راجع: ٧٠٣٨]

بَابٌ: إِذَا رَأَى أَنَّهُ هَزَّ سَيْفًا فِي الْمَنَامِ

خواب میں دیکھا کہ اس نے تلوار ہلائی

باب حدیث سے ڈھالا ہے۔ غزوۂ احد سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب دیکھا، خواب میں آپؐ نے تلوار ہلائی، اس کا

اوپر کا حصہ ٹوٹ گیا (یہ اچھی بات نہیں تھی، چنانچہ) آپؐ سے کہا گیا: دوبارہ ہلائیں تو وہ اسی طرح اچھی ہوگئی، اس کی تعبیر یوں ظاہر ہوئی کہ غزوۂ احد میں شکست کا سامنا ہوا، پھر وہ فتح سے بدل گئی، کفار پسپا ہوکر میدان چھوڑ کر چل دیئے، اور سرخ روئی مسلمانوں کو نصیب ہوئی۔

[٤٤-] بَابٌ: إِذَا رَأَى أَنَّـهُ هَزَّ سَيْفًا فِي الْمَنَامِ

[٧٠٤٠-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ جَدِّهِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، أُرَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" رَأَيْتُ فِي رُؤْيَايَ أَنِّيْ هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ، فَإِذَا هُوَ مَا أُصِيْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ أُحُدٍ، ثُمَّ هَزَزْتُهُ أُخْرَى، فَعَادَ أَحْسَنَ مَا كَانَ، فَإِذَا هُوَ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْفَتْحِ، وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ"[راجع: ٣٦٢٢]

بَابُ مَنْ كَذَبَ فِي حُلُمِهِ

جھوٹا خواب بنانے پر وعید

لوگ مختلف مقاصد سے خواب گڑھتے ہیں، جیسے اپنی جماعت یا شخصیات کی تائید وتعظیم کے لئے حدیثیں گھڑتے ہیں، حدیثیں گھڑنا نبی ﷺ پر افتراء ہے، اور خواب گھڑنا اللہ تعالیٰ پر افتراء ہے، اس لئے اس پر سخت وعید آئی ہے، پس لوگوں کو اس حرکت سے باز آجانا چاہئے۔

حدیث: میں تین مضمون ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- جس نے کوئی ایسا خواب گھڑا جو اس نے نہیں دیکھا تو وہ (قیامت کے دن) حکم دیا جائے گا کہ جَو کے دو دانوں میں گرہ لگائے، اور وہ ہرگز یہ کام نہیں کر سکے گا (یہ تعلیق بالمحال ہے، جھوٹا خواب بنانے والے کی سزا کو اس امر محال پر موقوف کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کی سزا ہمیشہ جاری رہے گی، پھر یہ غایت بیان کئے بغیر سزا کا بیان ہے، پس جب اللہ کا فضل اس کے شامل حال ہوگا اس کا عذاب موقوف ہوگا)

۲- اور جس نے کان لگا کر سنی ایسے لوگوں کی بات جو اس کو ناپسند کرتے ہیں یا فرمایا: جو اس سے بھاگتے ہیں، تو اس کے کانوں میں قیامت کے دن پگھلا ہوا سیسہ ڈالا جائے گا۔

۳- اور جس نے کوئی (جاندار کی) تصویر بنائی وہ (قیامت کے دن) سزا دیا جائے گا، اور وہ مکلّف کیا جائے گا کہ اپنی بنائی ہوئی تصویر میں جان ڈالے، اور وہ کبھی بھی اس میں روح نہیں پھونک سکتا (یہ بھی تعلیق بالمحال ہے)

سند: عکرمہؒ کے تلامذہ میں اختلاف ہے: (۱) ایوب سختیانی سند ابن عباسؓ تک پہنچاتے ہیں اور حدیث کو مرفوع کرتے ہیں (۲) اور خالد حذّاء اور ہشام بن حسان بھی سند ابن عباسؓ تک لے جاتے ہیں، مگر حدیث کو ابن عباسؓ کا قول قرار دیتے

ہیں (۳) قتادہ اور ابو ہاشم رمانی سند حضرت ابو ہریرہؓ تک لے جاتے ہیں اور حدیث کو موقوف کرتے ہیں۔

فائدہ: امام ترمذیؒ نے پہلا مضمون حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دو سندوں سے ذکر کیا ہے، پہلی سند میں رفع میں شک ہے، اور دوسری بالجزم مرفوع ہے، اور امام ترمذیؒ نے اسی کو اصح قرار دیا ہے۔

[۴۵-] بَابُ مَنْ كَذَبَ فِي حُلُمِهِ

[۷۰۴۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ تَحَلَّمَ بِحُلْمٍ لَمْ يَرَهُ كُلِّفَ أَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ، وَلَنْ يَفْعَلَ. وَمَنِ اسْتَمَعَ إِلٰى حَدِيْثِ قَوْمٍ وَهُمْ لَهُ كَارِهُوْنَ أَوْ: يَفِرُّوْنَ مِنْهُ، صُبَّ فِي أُذُنَيْهِ الآنُكُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عُذِّبَ، وَكُلِّفَ أَنْ يَنْفُخَ فِيْهَا، وَلَيْسَ بِنَافِخٍ"

قَالَ سُفْيَانُ: وَصَلَهُ لَنَا أَيُّوْبُ. [راجع: ۲۲۲۵]

وَقَالَ قُتَيْبَةُ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَوْلَهُ: مَنْ كَذَبَ فِي رُؤْيَاهُ.

وَقَالَ شُعْبَةُ: عَنْ أَبِيْ هَاشِمٍ الرُّمَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ،: قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَوْلُهُ: مَنْ صَوَّرَ، وَمَنْ تَحَلَّمَ، وَمَنِ اسْتَمَعَ.

حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: مَنِ اسْتَمَعَ، وَمَنْ تَحَلَّمَ، وَمَنْ صَوَّرَ...... نَحْوَهُ.

تَابَعَهُ هِشَامٌ عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَوْلُهُ.

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إن أَفْرَى الْفِرىٰ أن يُرِيَ عينيه مالم تَرَيَا: مہا جھوٹ یہ ہے کہ دکھلائے اپنی آنکھوں کو وہ جو نہیں دیکھا انھوں نے (مہا جھوٹ: اس لئے کہ یہ اللہ تعالیٰ پر افتراء ہے)

لغت: فَرَى يَفْرِي (ض) فَرْيًا الشيئَ: پھاڑنا، چیرنا...... فَرَى الكذب: جھوٹ گھڑنا...... الفِرىٰ: (بالکسر) جمع الْفِرْيَة: جھوٹ، جھوٹا الزام...... أَفْرَى (اسم تفضیل) الْفِرىٰ: أكذب الكذبات: مہا جھوٹ۔

ترکیب: أفرى الفرىٰ: إن کا اسم، أن يرى إلخ خبر...... يُرِي (فعل معروف) إِرَاءَ ة: دکھلانا...... أن مصدریہ، يُرِيَ: فعل بافاعل، عينيه: مفعول اول، مالم تَرَيَا: مفعول ثانی۔

[۷۰۴۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ دِيْنَارٍ مَوْلٰى ابْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ أَفْرَى الْفِرَى أَنْ يُرِيَ عَيْنَيْهِ مَالَمْ تَرَيَا"

بَابٌ: إِذَا رَأَى مَا يَكْرَهُ فَلاَ يُخْبِرْ بِهَا وَلاَ يَذْكُرْهَا

جب ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اس کو نہ بتلائے نہ اس کا تذکرہ کرے

حدیث: ابوسلمۃ بن عبدالرحمٰن بن عوف رحمہ اللہ (تابعی) کہتے ہیں: میں خواب دیکھا کرتا تھا، وہ مجھے بیمار کر دیتا تھا یعنی میں پریشان ہوجاتا تھا، یہاں تک کہ میں نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں (پریشان کن) خواب دیکھا کرتا تھا، پس وہ مجھے بیمار کر دیتا تھا، یہاں تک کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے، پس جب تم میں سے کوئی وہ چیز دیکھے جو اسے پسند ہے تو نہ بیان کرے اس کو مگر اس سے جو اس سے محبت رکھتا ہے، اور جب وہ چیز دیکھے جس کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ کی پناہ چاہے اس خواب کی برائی سے اور شیطان کے شر سے، اور چاہئے کہ تھتکار دے تین مرتبہ، اور اس کو کسی سے بیان نہ کرے، پس وہ اس کو ضرر نہیں پہنچائے گا (اور وساوس ختم ہوجائیں گے)

[٤٦-] بَابٌ: إِذَا رَأَى مَا يَكْرَهُ فَلاَ يُخْبِرْ بِهَا وَلاَ يَذْكُرْهَا

[٧٠٤٤-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ، يَقُوْلُ: لَقَدْ كُنْتُ أَرَى الرُّؤْيَا فَتُمْرِضُنِىْ، حَتّٰى سَمِعْتُ أَبَا قَتَادَةَ يَقُوْلُ: وَأَنَا كُنْتُ أَرَى الرُّؤْيَا فَتُمْرِضُنِىْ، حَتّٰى سَمِعْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " الرُّؤْيَا الْحَسَنَةُ مِنَ اللهِ، فَإِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ مَا يُحِبُّ فَلاَ يُحَدِّثْ بِهِ إِلاَّ مَنْ يُحِبُّ، وَإِذَا رَأَى مَا يَكْرَهُ فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ، وَلْيَتْفِلْ ثَلاَثًا وَلاَ يُحَدِّثْ بِهَا أَحَدًا، فَإِنَّهَا لاَ تَضُرُّهُ"[راجع: ٣٢٩٢]

پھر حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو مذکورہ حدیث کے ہم معنی ہے، اس لئے اس کا ترجمہ نہیں کیا۔

[٧٠٤٥-] حَدَّثَنِىْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ ابْنُ أَبِىْ حَازِمٍ، وَالدَّرَاوَرْدِىُّ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِذَا رَأَى أَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يُحِبُّهَا، فَإِنَّهَا مِنَ اللّٰهِ، فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ عَلَيْهَا، وَلْيُحَدِّثْ بِهَا، وَإِذَا رَأَى غَيْرَ ذٰلِكَ مِمَّا يَكْرَهُ، فَإِنَّمَا هِىَ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَلْيَسْتَعِذْ مِنْ شَرِّهَا، وَلاَ يَذْكُرْهَا لِأَحَدٍ، فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ"

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ الرُّؤْيَا لِأَوَّلِ عَابِرٍ إِذَا لَمْ يُصِبْ

ایک رائے یہ ہے کہ اگر تعبیر صحیح نہ ہو تو خواب پہلی تعبیر کے تابع نہیں ہوتا

خواب کی فی نفسہ کوئی حیثیت ہوتی ہے یا وہ تعبیر کے تابع ہوتا ہے؟ یعنی جو تعبیر دیدی جائے وہی اس کی حقیقت ہوتی

ہے؟ ایک رائے یہ ہے کہ خواب تعبیر کے تابع ہوتا ہے، ان حضرات کی دلیل دو روایتیں ہیں:

۱- حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ضعیف روایت ہے: **الرؤیا لأول عابر**: جو پہلے تعبیر دیدے وہی خواب کی حقیقت ہوجاتی ہے، اسی لئے ترمذی کی روایت میں ہے: **لَا تُحَدِّثْ بها إلا لبیبا أو حبیبا**: خواب یا تو عقلمند سے بیان کرو یا دوست سے، ایرے غیرے سے بیان کروگے اور وہ جو اوندھی سیدھی تعبیر دیدے گا وہی خواب کی حقیقت بن جائے گی۔

۲- ترمذی وغیرہ میں حدیث حسن ہے: **الرؤیا علی رجل طائرٍ مَا لم یُتَحَدَّثْ به**: خواب پرندے کے پیروں میں ہوتا ہے جب تک اس کو بیان نہ کیا جائے: **فإذا تُحَدِّثْ بها سَقَطَتْ**: پس جب اس کو بیان کیا جاتا ہے تو وہ گر پڑتا ہے یعنی اب اس کی تعبیر واقع ہوجاتی ہے —— پرندے کے پیر میں: ایک محاورہ ہے، پرندہ جب پیروں میں کوئی چیز لے کر اڑتا ہے تو وہ گر بھی سکتی ہے اور وہ منزل تک اس کو لے بھی جا سکتا ہے، یہی حال خواب کا ہے، جب تک اس کو کسی سے بیان نہ کیا جائے اس کی تعبیر واقع نہیں ہوتی، وہ خواب کے ساتھ رہتی ہے، پھر جب اس کو کسی سے بیان کیا اور اس نے تعبیر دیدی تو وہی خواب کی حقیقت بن جاتی ہے۔

دوسری رائے: یہ ہے کہ خواب کی فی نفسہ حقیقت ہوتی ہے، اگر تعبیر دینے والا صحیح تعبیر دے تو سبحان اللہ، حقیقت اور تعبیر موافق ہوجائیں گے، اور چوک جائے اور غلط تعبیر دیدے تو خواب کی حقیقت نہیں بدلے گی —— کہتے ہیں: یہ رائے امام بخاری رحمہ اللہ کی ہے، مگر آپ نے دوسرے کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلائی ہے۔

اس قول کی دلیل: باب کی روایت ہے۔ ایک صحابی نے نبی ﷺ سے اپنا خواب بیان کیا، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اس کی تعبیر مجھے دینے دیں، آپؐ نے فرمایا: دو، ابوبکرؓ نے تعبیر دی، پھر پوچھا: میں نے تعبیر صحیح دی یا غلطی کی؟ آپؐ نے فرمایا: ''کچھ صحیح دی کچھ چوک گئے'' ابوبکرؓ نے عرض کیا: میں آپؐ کو قسم دیتا ہوں! بتائیں مجھ سے کیا چوک ہوئی؟ آپؐ نے فرمایا: ''قسم مت دو'' (اور آپؐ نے ان کو چوک نہیں بتلائی) اس روایت سے واضح ہوا کہ خواب کی اپنی جگہ ایک حقیقت ہے، جس کو تعبیر دینے والا پا بھی سکتا ہے اور چوک بھی سکتا ہے۔

ناقص رائے: دونوں باتیں اپنی اپنی جگہ صحیح ہیں، خواب کی دو جہتیں ہیں: ایک: نفس الامری، دوسری: خواب دیکھنے والے کے تعلق سے۔ نفس الامر میں خواب کی مستقل حقیقت ہوتی ہے، مگر خواب دیکھنے والے کو اس کا علم نہیں ہوتا، اس لئے تعبیر دینے والا جو بھی تعبیر دیتا ہے اس کے حق میں وہی حقیقت بن جاتی ہے، اور اس کے اثرات مرتب ہوتے ہیں، اچھی تعبیر دیتا ہے تو خواب دیکھنے والا خوش ہوتا ہے، اور بری تعبیر دیتا ہے تو مغموم ہوجاتا ہے —— جیسے مسائل اجتہادیہ میں نفس الامر میں حق واحد ہے، مجتہد اس کو پاتا بھی ہے اور چوکتا بھی ہے، مگر مجتہد و مقلد کے تعلق سے یعنی عمل کے اعتبار سے حق متعدد ہیں، کیونکہ نفس الامری حق کا مجتہد کو پتہ نہیں چل سکتا، پس جو بھی اس کا اجتہاد ہوتا ہے عمل کے اعتبار سے وہی حق ہوتا ہے —— یا جیسے شمولِ علم کے تعلق سے تقدیر مبرم ہے، مگر بندے کو اس کا پتہ نہیں ہوتا، اس لئے اس کے حق میں عدم علم کی وجہ سے تقدیر معلق ہے۔

اور یہ مضمون اِس حدیث سے سمجھ میں آتا ہے۔ نبی ﷺ نے ہجرت سے پہلے خواب دیکھا کہ آپؐ نے صحابہ کے ساتھ ایک ایسے مقام کی طرف ہجرت فرمائی جہاں کھجور کے درخت تھے، آپؐ کے ذہن میں مَهْجَر: ہجرت کی جگہ یمامہ یا ہجر آئی، مگر وحی سے مَهْجَر مدینہ متعین ہوا، معلوم ہوا کہ خواب کی فی نفسہ حقیقت ہے، اور تعبیر غلط ہوجائے تو وہ حقیقت نہیں بدلتی، مگر خواب دیکھنے والے کو یا تعبیر دینے والے کو اس نفس الامری حقیقت کا پتہ نہیں چلتا، اس لئے اس کے حق میں خواب کی جو تعبیر اس کے ذہن میں آئی ہے یا تعبیر دینے والے نے جو تعبیر دی ہے (پردہ کھلنے تک) وہی اس خواب کی حقیقت ہوتی ہے۔

اور فیض الباری میں ہے کہ خواب دونوں طرح کے ہوتے ہیں، بعض کی حقیقتِ مستقرہ ہوتی ہے اور بعض تعبیر کے تابع ہوتے ہیں، اور حدیث: الرؤیا علی رِجل طائر: قضیہ مہملہ ہے، جو موجبہ جزئیہ کے حکم میں ہے یعنی بعض خواب پرندے کے پیر میں ہوتے ہیں، ہر خواب کی یہ صورتِ حال نہیں۔ واللہ اعلم

حدیث: ایک صحابی نے عرض کیا: میں نے آج رات خواب میں ایک سائبان دیکھا، جو گھی اور شہد کو ٹپکا رہا تھا، اور میں لوگوں کو دیکھ رہا ہوں کہ اس میں سے ہاتھوں میں لے رہے ہیں، کوئی زیادہ لے رہا ہے کوئی کم —— اور اچانک ایک رسّی زمین سے آسمان تک ہے، پس میں نے آپؐ کو دیکھا آپؐ نے اس کو پکڑا پس آپؐ چڑھ گئے، پھر اس کو ایک اور شخص نے پکڑا، پس وہ اس کے ذریعہ چڑھ گیا، پھر اس کو ایک اور شخص نے پکڑا، پس وہ اس کے ذریعہ چڑھ گیا، پس اس کو ایک اور شخص نے پکڑا پس وہ ٹوٹ گئی، پھر جوڑی گئی۔ پس حضرت ابوبکرؓ نے کہا: یارسول اللہ! میرے ابا آپؐ پر قربان! بخدا! مجھے موقع دیجئے میں اس کی تعبیر دوں، آپؐ نے فرمایا: ''اس کی تعبیر بیان کرو'' ابوبکرؓ نے کہا: رہا سائبان تو وہ اسلام ہے اور رہا وہ شہد اور گھی جو ٹپک رہا ہے وہ قرآن ہے، اس کی شیرینی ٹپک رہی ہے، پس کوئی قرآن سے زیادہ لے رہا ہے کوئی کم، اور رہی زمین سے آسمان تک لمبی رسّی تو وہ دینِ حق ہے جس پر آپؐ ہیں، آپ اس کو پکڑے ہوئے ہیں، پس اللہ آپؐ کو بلند کریں گے، پھر آپؐ کے بعد اس کو ایک اور آدمی لے گا پس وہ اس کے ذریعہ بلند ہوگا، پھر لے گا اس کو ایک اور آدمی وہ بھی اس کے ذریعہ بلند ہوگا، پس لے گا اس کو ایک اور آدمی، پس وہ اس کے ساتھ ٹوٹ جائے گی، پھر وہ اس کے لئے جوڑی جائے گی، پس وہ اس کے ذریعہ بلند ہوگا، اب مجھے بتلایئے اے اللہ کے رسول! میرے ابا آپؐ پر قربان! میں نے صحیح تعبیر دی یا میں چوک گیا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''کچھ صحیح تعبیر دی اور کچھ چوک گئے!'' ابوبکرؓ نے کہا: پس بخدا! اے اللہ کے رسول! ضرور مجھ سے بیان کریں وہ جو میں چوک گیا، آپؐ نے فرمایا: قسم مت دو —— اس حدیث میں یہ بات زیرِ بحث آتی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے تعبیر میں کیا چوک ہوئی؟ حاشیہ بھرا پڑا ہے، اس کا خلاصہ تحفۃ الالمعی (٦: ٥٧) میں ہے اور فیض الباری میں ہے کہ جب نبی ﷺ نے وہ بات نہیں بتلائی تو اب کون یہ بات بتلا سکتا ہے؟ اس لئے اس کے درپے ہونا لاحاصل ہے۔

[٤٧-] بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ الرُّؤْيَا لِأَوَّلِ عَابِرٍ إِذَا لَمْ يُصِبْ

[٧٠٤٦-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ

ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يُحَدِّثُ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: إِنِّىْ رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ فِى الْمَنَامِ ظُلَّةً تَنْطِفُ السَّمْنَ وَالْعَسَلَ، فَأَرَى النَّاسَ يَتَكَفَّفُوْنَ مِنْهَا، فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ، وَإِذَا سَبَبٌ وَاصِلٌ مِنَ الْأَرْضِ إِلَى السَّمَاءِ، فَأَرَاكَ أَخَذْتَ بِهِ فَعَلَوْتَ، ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَعَلاَ بِهِ، ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَعَلاَ بِهِ، ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَانْقَطَعَ ثُمَّ وُصِلَ. فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بِأَبِىْ أَنْتَ! وَاللّٰهِ لَتَدَعَنِّىْ فَأَعْبُرَ بِهَا. فَقَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "اعْبُرْ" قَالَ: أَمَّا الظُّلَّةُ فَالإِسْلاَمُ، وَأَمَّا الَّذِىْ يَنْطِفُ مِنَ الْعَسَلِ وَالسَّمْنِ فَالْقُرْآنُ، حَلاَوَتُهُ تَنْطِفُ، فَالْمُسْتَكْثِرُ مِنَ الْقُرْآنِ وَالْمُسْتَقِلُّ، وَأَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ فَالْحَقُّ الَّذِىْ أَنْتَ عَلَيْهِ تَأْخُذُ بِهِ فَيُعْلِيْكَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَأْخُذُ بِهِ رَجُلٌ مِنْ بَعْدِكَ فَيَعْلُوْ بِهِ، ثُمَّ يَأْخُذُ رَجُلٌ آخَرُ فَيَعْلُوْ بِهِ، ثُمَّ يَأْخُذُهُ رَجُلٌ آخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهِ، ثُمَّ يُوَصَلُ لَهُ فَيَعْلُوْ بِهِ، فَأَخْبِرْنِىْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بِأَبِىْ أَنْتَ! أَصَبْتُ أَمْ أَخْطَأْتُ؟ قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "أَصَبْتَ بَعْضًا وَأَخْطَأْتَ بَعْضًا" قَالَ: فَوَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! لَتُحَدِّثَنِّىْ بِالَّذِىْ أَخْطَأْتُ. قَالَ: "لاَ تُقْسِمْ" [راجع: ٧٠٠٠]

بَابُ تَعْبِيْرِ الرُّؤْيَا بَعْدَ صَلاَةِ الصُّبْحِ

نمازِ فجر کی بعد خواب کی تعبیر بتانا

تعبیر بتانے کے تعلق سے سب اوقات برابر ہیں، اور نبی ﷺ نماز فجر کے بعد صحابہ سے پوچھتے تھے: کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ کوئی خواب بیان کرتا تو آپؐ اس کی تعبیر دیتے، ایک دن حسب معمول دریافت کیا، کسی نے کوئی خواب بیان نہیں کیا، پس آپؐ نے اپنی ایک منامی معراج کا تذکرہ کیا، یہ حدیث تحفۃ القاری (۱۴۸:۴) میں آچکی ہے، اس خواب میں آپؐ کو آٹھ مناظر دکھائے گئے:

۱- ایک شخص لیٹا ہوا ہے، دوسرا شخص اس کے پاس بڑا پتھر لئے کھڑا ہے، وہ پتھر لیٹے ہوئے کے سر پر مارتا ہے تو اس کا بھیجا نکل جاتا ہے اور پتھر لڑھک جاتا ہے، وہ شخص اس کے پیچھے جاتا ہے، اور پتھر کو لے آتا ہے، اس کے واپس آنے سے پہلے اس شخص کا سر ٹھیک ہوجاتا ہے، وہ پھر مارتا ہے، یہی ہوتا رہتا ہے —— یہ وہ شخص ہے جس کو اللہ نے قرآن کا علم دیا، مگر وہ فرض نماز بھی نہیں پڑھتا۔

۲- ایک شخص گدی کے بل پڑا ہے، دوسرا شخص لوہے کا آنکڑا لئے کھڑا ہے، وہ اس آنکڑے کو اس کے جبڑے میں گھساتا ہے اور گدی تک چیر دیتا ہے، پھر دوسرا جبڑا چیرتا ہے، اتنی دیر میں پہلا جبڑا ٹھیک ہوجاتا ہے، پھر وہ پہلا جبڑا چیرتا ہے، اسی طرح یہ عمل جاری رہتا ہے —— یہ مہا جھوٹا ہے، گھڑ کر ایک بات چلا دیتا ہے جو دنیا کے کناروں تک پہنچ جاتی ہے۔

۳-تندور جیسی ایک چیز ہے، اس میں چیخ وپکار مچی ہوئی ہے، اس میں کچھ مرد اور عورتیں ننگی ہیں، جب آگ تندور کے کنارے تک پہنچتی ہے تو وہ لوگ اوپر اٹھتے ہیں، یہاں تک کہ نکلنے کے قریب ہوجاتے ہیں، پھر جب آگ دھیمی پڑتی ہے تو وہ لوگ اس میں لوٹ جاتے ہیں —— یہ زناکار مرد وزن ہیں۔

۴-ایک خون جیسی نہر ہے، ایک شخص اس میں تیر رہا ہے، وہ کنارے پر آنا چاہتا ہے، کنارے پر ایک شخص کھڑا ہے، اس کے پاس پتھروں کا ڈھیر ہے، جب وہ شخص تیرتا ہوا قریب آتا ہے تو وہ اس کے منہ پر ایک پتھر دے مارتا ہے، اور وہ جہاں تھا وہیں پہنچ جاتا ہے —— یہ سودخور ہے۔

۵-ایک شخص کریہ المنظر ہے، وہ آگ دہکا رہا ہے اور اس کے گرد چکر لگا رہا ہے —— یہ جہنم کے ذمہ دار فرشتے مالک ہیں۔

٦-ایک ہرا بھرا باغ ہے، اس میں موسم بہار کا ہر پھول ہے، اس باغ میں ایک بہت ہی لمبا آدمی ہے، اس کا سر آسمان سے باتیں کررہا ہے، اور اس کے گرد بے حساب بچے ہیں —— یہ ابراہیم علیہ السلام ہیں، اور بچے وہ ہیں جو نابالغ مرے ہیں۔

۷-ایک بڑا باغ ہے، نبی ﷺ نے اس سے بڑا باغ کبھی نہیں دیکھا، آپؐ اس میں چڑھے اور ایک ایسے شہر میں پہنچے جس کی ایک اینٹ سونے کی اور ایک اینٹ چاندی کی ہے، اس باغ میں آپؐ داخل ہوئے تو ایسے مرد نظر آئے جن کا آدھا بدن نہایت خوبصورت اور آدھا نہایت بدصورت تھا، ان سے کہا گیا کہ جاؤ فلاں نہر میں گرو۔ وہاں ایک نہر بہہ رہی تھی، اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید تھا، جب وہ لوگ اس میں نہا کر نکلے تو ان کی بدصورتی ختم ہوگئی اور نہایت خوبصورت بن گئے —— یہ جنت عدن تھی، اور آدھے خوبصورت اور آدھے بدصورت وہ لوگ ہیں جنھوں نے نیک وبد عمل رلائے ہیں۔

۸- پھر نبی ﷺ کو دور سے آپؐ کا جنت کا ٹھکانہ دکھایا گیا، آپؐ نے نظر اٹھا کر دیکھا تو سفید بادل جیسا محل نظر آیا، ساتھیوں نے کہا: یہ آپؐ کی منزل ہے (آپؐ نے فرمایا: مجھے موقعہ دو، میں اندر جا کر دیکھ آؤں! فرشتوں نے کہا: ابھی آپؐ کی حیات دنیا باقی ہے، جب وہ پوری ہوجائے گی تو آپؐ اپنے گھر میں جائیں گے)

[٤٨-] بَابُ تَعْبِيْرِ الرُّؤْيَا بَعْدَ صَلاَةِ الصُّبْحِ

[٧٠٤٧-] حدثنا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ أَبُوْ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدَبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِمَّا يُكْثِرُ أَنْ يَقُوْلَ لأَصْحَابِهِ: " هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ؟" قَالَ: فَيَقُصُّ عَلَيْهِ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُصَّ، وَإِنَّهُ قَالَ لَنَا ذَاتَ غَدَاةٍ: "إِنَّهُ أَتَانِي اللَّيْلَةَ آتِيَانِ، وَإِنَّهُمَا ابْتَعَثَانِيْ، وَإِنَّهُمَا قَالاَ لِيْ: انْطَلِقْ وَإِنِّيْ انْطَلَقْتُ مَعَهُمَا:

[١-] وَإِنَّا أَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ، وَإِذَا آخَرُ قَائِمٌ عَلَيْهِ بِصَخْرَةٍ، وَإِذَا هُوَ يُهْوِىْ بِالصَّخْرَةِ لِرَأْسِهِ، فَيَثْلَغُ رَأْسَهُ فَيَتَدَهْدَهُ الْحَجَرُ هَاهُنَا، فَيَتَّبِعُ الْحَجَرَ فَيَأْخُذُهُ، فَلاَ يَرْجِعُ إِلَيْهِ حَتّٰى يَصِحَّ رَأْسُهُ كَمَا كَانَ، ثُمَّ يَعُوْدُ عَلَيْهِ، فَيَفْعَلُ بِهِ مِثْلَ مَا فَعَلَ بِهِ الْمَرَّةَ الأُوْلٰى.

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَا هٰذَانِ؟ قَالَ: قَالَ لِیْ: انْطَلِقْ انْطَلِقْ، قَالَ: فَانْطَلَقْنَا.

[٢-] فَأَتَیْنَا عَلٰی رَجُلٍ مُسْتَلْقٍ لِقَفَاهُ، وَإِذَا آخَرُ قَائِمٌ عَلَیْهِ بِکَلُّوْبٍ مِنْ حَدِیْدٍ، وَإِذَا هُوَ یَأْتِیْ أَحَدَ شِقَّیْ وَجْهِهِ، فَیُشَرْشِرُ شِدْقَهُ إِلٰی قَفَاهُ، وَمَنْخِرَهُ إِلٰی قَفَاهُ، وَعَیْنَهُ إِلٰی قَفَاهُ- قَالَ: وَرُبَّمَا قَالَ أَبُوْ رَجَاءٍ: فَیَشُقُّ- ثُمَّ یَتَحَوَّلُ إِلَی الْجَانِبِ الآخَرِ، فَیَفْعَلُ بِهِ مِثْلَ مَا فَعَلَ بِالْجَانِبِ الْأَوَّلِ، فَمَا یَفْرُغُ مِنْ ذٰلِكَ الْجَانِبِ حَتّٰی یَصِحَّ ذٰلِكَ الْجَانِبُ کَمَا کَانَ، ثُمَّ یَعُوْدُ عَلَیْهِ فَیَفْعَلُ بِهِ مِثْلَ مَا فَعَلَ الْمَرَّةَ الْأُوْلٰی.

قَالَ: قُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَا هٰذَانِ؟ قَالَ: قَالاَ لِیْ: انْطَلِقْ انْطَلِقْ.

قوله: آتیان: دوفرشتے (جبرئیل ومیکائیل علیہما السلام) آئے تھے...... ابْتَعَثَانی: دونوں نے مجھے جگایا (پہلے یہ لفظ نہیں آیا)...... لَثَغَ یَلْثَغُ:یَشْدَخُ: کچلنا، ریزہ ریزہ کرنا، کھوکھلی چیز توڑنا...... تَدَهْدَهَ: الٹ دینا...... کَلُّوْب: لوہے کا آنکڑا ...... شَرْشَرَ الشیئَ: کاٹ کرڈال دینا۔

[٣-] فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَیْنَا عَلٰی مِثْلِ التَّنُّوْرِ – قَالَ: وَأَحْسِبُ أَنَّـهُ کَانَ یَقُوْلُ: فَإِذَا فِیْهِ لَغَطٌ وَأَصْوَاتٌ – قَالَ: فَاطَّلَعْنَا فِیْهِ، فَإِذَا فِیْهِ رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ، فَإِذَا هُمْ یَأْتِیْهِمْ لَهَبٌ مِنْ أَسْفَلَ مِنْهُمْ، فَإِذَا أَتَاهُمْ ذٰلِكَ اللَّهَبُ ضَوْضَوْا، قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: مَا هٰؤُلآءِ؟ قَالَ: قَالاَ لِیْ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ.

[٤-] قَالَ: فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَیْنَا عَلٰی نَهَرٍ- حَسِبْتُ أَنَّهُ کَانَ یَقُوْلُ: أَحْمَرُ مِثْلَ الدَّمِ – وَإِذَا فِی النَّهَرِ رَجُلٌ سَابِحٌ یَسْبَحُ، وَإِذَا عَلٰی شَطِّ النَّهَرِ رَجُلٌ قَدْ جَمَعَ عِنْدَهُ حِجَارَةً کَثِیْرَةً، وَإِذَا ذٰلِكَ السَّابِحُ یَسْبَحُ مَا یَسْبَحُ، ثُمَّ یَأْتِیْ ذٰلِكَ الَّذِیْ قَدْ جَمَعَ عِنْدَهُ الْحِجَارَةَ، فَیَفْغَرُ لَهُ فَاهُ فَیُلْقِمُهُ حَجَرًا، فَیَنْطَلِقُ فَیَسْبَحُ، ثُمَّ یَرْجِعُ إِلَیْهِ، کُلَّمَا رَجَعَ إِلَیْهِ، فَغَرَ لَهُ فَاهُ فَأَلْقَمَهُ حَجَرًا.

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: مَا هٰذَانِ؟ قَالَ: قَالاَ لِیْ: انْطَلِقْ انْطَلِقْ.

[٥-] قَالَ: فَانْطَلَقْنَا فَأَتَیْنَا عَلٰی رَجُلٍ کَرِیْهِ الْمَرْآةِ کَأَکْرَهِ مَا أَنْتَ رَاءٍ رَجُلاً مَرْآةً، وَإِذَا عِنْدَهُ نَارٌ لَهُ یَحُشُّهَا وَیَسْعٰی حَوْلَهَا.

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: مَا هٰذَا؟ قَالَ: قَالاَ لِیْ: انْطَلِقْ انْطَلِقْ.

[٦-] فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَیْنَا عَلٰی رَوْضَةٍ مُعْتَمَّةٍ فِیْهَا مِنْ کُلِّ نَوْرِ الرَّبِیْعِ، وَإِذَا بَیْنَ ظَهْرَیِ الرَّوْضَةِ رَجُلٌ طَوِیْلٌ لاَ أَکَادُ أَرٰی رَأْسَهُ طُوْلاً فِی السَّمَاءِ، وَإِذَا حَوْلَ الرَّجُلِ مِنْ أَکْثَرِ وِلْدَانٍ رَأَیْتُهُمْ قَطُّ.

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: مَا هٰذَا؟ مَا هٰؤُلآءِ؟ قَالَ: قَالاَ لِیْ: انْطَلِقْ انْطَلِقْ.

لغات: ضَوْضأً: شور مچانا، غل کرنا...... فَغَرَ فمه (ف) فَغْرًا: منہ کھولنا...... الْمَرْآة: المنظر، اس کی اصل المَرْاَیَۃ ہے، اور المِرْآة (بکسر المیم) آئینہ...... حَشَّ النارَ: آگ کو سلگانے کے لئے کریدنا، سلگانا...... اِعْتَمَّ النبتُ: پودے کا مکمل ہو کر کلی لانا۔

[٧-] قَالَ: فَانْطَلَقْنَا فَانْتَهَيْنَا إِلٰى رَوْضَةٍ عَظِيْمَةٍ، لَمْ أَرَ رَوْضَةً قَطُّ أَعْظَمَ مِنْهَا وَلاَ أَحْسَنَ، قَالَ: قَالاَ لِىْ: ارْقَ فِيْهَا، قَالَ: فَارْتَقَيْنَا فِيْهَا، فَانْتَهَيْنَا إِلٰى مَدِيْنَةٍ مَبْنِيَّةٍ بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَلَبِنِ فِضَّةٍ، فَأَتَيْنَا بَابَ الْمَدِيْنَةِ فَاسْتَفْتَحْنَا فَفُتِحَ لَنَا، فَدَخَلْنَاهَا، فَتَلَقَّانَا فِيْهَا رِجَالٌ شَطْرٌ مِنْ خَلْقِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، وَشَطْرٌ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، قَالَ: قَالاَ لَهُمْ: اذْهَبُوْا فَقَعُوْا فِىْ ذٰلِكَ النَّهَرِ. قَالَ: وَإِذَا نَهَرٌ مُعْتَرِضٌ يَجْرِىْ، كَأَنَّ مَاءَ هُ الْمَحْضُ فِى الْبَيَاضِ، فَذَهَبُوْا فَوَقَعُوْا فِيْهِ، ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَيْنَا قَدْ ذَهَبَ ذٰلِكَ السُّوْءُ عَنْهُمْ، فَصَارُوْا فِىْ أَحْسَنِ صُوْرَةٍ، قَالَ: قَالاَ لِىْ: هٰذِهِ جَنَّةُ عَدْنٍ، وَهٰذَاكَ مَنْزِلُكَ.

[٨-] قَالَ: فَسَمَا بَصَرِىْ صُعُدًا، فَإِذَا قَصْرٌ مِثْلُ الرَّبَابَةِ الْبَيْضَاءِ، قَالَ: قَالاَ لِىْ: هٰذَاكَ مَنْزِلُكَ. قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمَا، ذَرَانِىْ فَأَدْخُلَهُ. قَالاَ: أَمَّا الآنَ فَلاَ، وَأَنْتَ دَاخِلُهُ.

لغت: الْمَحْض: بیور، کوئی اور رنگ نہیں تھا...... عَدْن: ہمیشہ رہنے کا...... سَمَا يَسْمو بلند ہونا۔

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: فَإِنِّىْ قَدْ رَأَيْتُ مُنْذُ اللَّيْلَةِ عَجَبًا، فَمَا هٰذَا الَّذِىْ رَأَيْتُ؟ قَالَ: قَالاَ لِىْ: أَمَا إِنَّا سَنُخْبِرُكَ.

[١-] أَمَّا الرَّجُلُ الأَوَّلُ الَّذِىْ أَتَيْتَ عَلَيْهِ يُثْلَغُ رَأْسُهُ بِالْحَجَرِ، فَإِنَّهُ الرَّجُلُ يَأْخُذُ الْقُرْآنَ فَيَرْفُضُهُ وَيَنَامُ عَنِ الصَّلاَ ةِ الْمَكْتُوْبَةِ.

[٢-] وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِىْ أَتَيْتَ عَلَيْهِ يُشَرْشَرُ شِدْقُهُ إِلٰى قَفَاهُ، وَمَنْخِرُهُ إِلٰى قَفَاهُ، وَعَيْنُهُ إِلٰى قَفَاهُ، فَإِنَّـهُ الرَّجُلُ يَغْدُوْ مِنْ بَيْتِهِ فَيَكْذِبُ الْكَذْبَةَ تَبْلُغُ الآفَاقَ.

[٣-] وَأَمَّا الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ الْعُرَاةُ الَّذِيْنَ هُمْ فِى مِثْلِ بِنَاءِ التَّنُّوْرِ، فَإِنَّهُمُ الزُّنَاةُ وَالزَّوَانِىْ.

[٤-] وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِىْ أَتَيْتَ عَلَيْهِ يَسْبَحُ فِى النَّهَرِ وَيُلْقَمُ الْحِجَارَةَ، فَإِنَّـهُ آكِلُ الرِّبَا.

[٥-] وَأَمَّا الرَّجُلُ الْكَرِيْهُ الْمَرْآةِ الَّذِىْ عِنْدَ النَّارِ يَحُشُّهَا وَيَسْعَى حَوْلَهَا، فَإِنَّـهُ مَالِكٌ خَازِنُ جَهَنَّمَ.

[٦-] وَأَمَّا الرَّجُلُ الطَّوِيْلُ الَّذِىْ فِى الرَّوْضَةِ فَإِنَّـهُ إِبْرَاهِيْمُ وَأَمَّا الْوِلْدَانُ الَّذِيْنَ حَوْلَهُ فَكُلُّ مَوْلُوْدٍ مَاتَ عَلٰى الْفِطْرَةِ"

قَالَ: فَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَأَوْلاَدُ الْمُشْرِكِيْنَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " وَأَوْلاَدُ الْمُشْرِكِيْنَ"

[٧-] وَأَمَّا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَانُوْا شَطْرٌ مِنْهُمْ حَسَنٌ وَشَطْرٌ مِنْهُمْ قَبِيْحٌ، فَإِنَّهُمْ قَوْمٌ خَلَطُوْا عَمَلاً صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا، تَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُمْ"[راجع: ٨٤٥]

﴿الحمدللہ! کتاب التعبیر کی شرح پوری ہوئی﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الفِتَنِ

آزمائشیں

ربط: خواب کبھی فتنہ (آزمائش) بن جاتا ہے، سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۶۰) میں ارشادِ پاک ہے: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾: ہم نے جو آپؐ کو (شب معراج میں) مشاہدہ کرایا اس کو ہم نے لوگوں کے لئے آزمائش ہی بنایا، اس لئے کتاب الرؤیا کے بعد کتاب الفتن لائے۔

فِتَن: فِتنة کی جمع ہے، مادہ فَتْن ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: سونے کو آگ میں تپا کر کھرا کھوٹا معلوم کرنا: أصلُ الفَتْن: إدخال الذهبِ النارَ، لِتَظْهَرَ جودتُه من رَدَاءَته (راغب) پھر فتنہ کے معنی آزمائش کے ہوگئے، کیونکہ آزمانے سے بھی کھرا کھوٹا معلوم ہوجاتا ہے، اور آزمائش میں چونکہ تکلیف دی جاتی ہے، اس لئے ایذا رسانی اور اس کی مختلف شکلوں کے لئے لفظ فتنہ استعمال ہونے لگا، اور آزمائش میں جو کھوٹا ثابت ہوا اور اس کے ساتھ جو معاملہ کیا جائے، اس کے لئے بھی لفظ فتنہ اور اس کے مشتقات استعمال ہونے لگے، اب فتنہ کے معنی ہیں: آزمائش، آفت، دنگا فساد، ہنگامہ، دکھ دینا، اور تختۂ مشق بنانا وغیرہ۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ دنیا امتحان گاہ ہے، یہاں انسان ہر گھڑی میدانِ امتحان میں کھڑا ہے، ایمان وکفر تو بڑے امتحان ہیں، ان کے علاوہ بھی مؤمن کا مختلف شکلوں میں امتحان ہوتا ہے، پس اگر مؤمن آزمائش میں کامیاب ہوجائے تو زہے قسمت! ورنہ دنیا وآخرت میں اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ نے حجۃ اللہ البالغہ کے آخر میں فتنوں کی چھ قسمیں کی ہیں:

۱- آدمی کے اندر کا فتنہ، اور وہ یہ ہے کہ آدمی کے احوال بگڑ جائیں، اس کا دل سخت ہوجائے، اور اس کو عبادت میں حلاوت اور مناجات میں لذت محسوس نہ ہو۔

۲- گھر کا فتنہ یعنی نظام خانہ داری کا بگاڑ۔

۳- وہ فتنہ جو سمندر کی طرح موجیں مارتا ہے یعنی نظام مملکت کا بگاڑ، اور لوگوں کا ناحق حکومت کی آز کرنا۔

۴-ملی فتنہ یعنی دین کے بڑے اٹھ جائیں، اور دین کا معاملہ نا اہلوں کے ہاتھ میں پہنچ جائے، پس اولیاء اور علماء دین میں غلو کریں، اور بادشاہ، اور عوام دین میں سستی کریں، نہ اچھے کاموں کا حکم دیں، نہ برے کاموں سے روکیں، اور زمانہ: زمانۂ جاہلیت ہو کر رہ جائے۔

۵-عالم گیر فتنہ یعنی بد دینی کا فتنہ، جب یہ فتنہ رونما ہوتا ہے تو لوگ انسانیت اور اس کے تقاضوں سے نکل جاتے ہیں۔

۶-فضائی حادثات کا فتنہ، بڑے بڑے طوفان اٹھتے ہیں، وبائیں پھیلتی ہیں، زمین دھنستی ہے، بڑے علاقہ میں آگ لگتی ہے، اور عام تباہی مچتی ہے۔

ملحوظہ: تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵:۶۵۵-۶۵۸) میں ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاصَّةً﴾ وَمَا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُحَذِّرُ مِنَ الْفِتَنِ

جب فتنہ رونما ہوتا ہے تو ہر کسی کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے اس لئے نبی ﷺ نے فتنوں سے ڈرایا ہے

آیتِ کریمہ: سورۃ الانفال کی (آیت ۲۵) ہے: ''اور تم ایسے وبال سے ڈرو جو خاص ظالموں ہی پر واقع نہیں ہوگا (بلکہ ہر کسی کو اپنی لپیٹ میں لیلے گا، جب اچھے لوگ مداہنت برتیں، نہ نصیحت کریں نہ اظہار نفرت تو عذاب میں سب شامل ہونگے)

اور باب میں چار حدیثیں ہیں، اور سب میں ایک مضمون ہے۔ نبی ﷺ حوض کوثر پر پانی پینے کے لئے آنے والوں کا انتظار کر رہے ہونگے، فرشتے کچھ لوگوں کو ہٹا دیں گے، آپ فرمائیں گے: یہ میرے امتی ہیں (ان کو آنے دو) فرشتے کہیں گے: آپؐ کو معلوم نہیں، یہ لوگ الٹے پاؤں لوٹ گئے تھے (یہ وہ مؤمنین ہیں جو وفاتِ نبوی کے بعد مسیلمہ اور عنسی کے فتنہ کا شکار ہو گئے، نبی ﷺ نے ان کو ڈرایا، مگر جو ہونا تھا وہ ہو کر رہا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۲- كتابُ الفِتَن

[۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاصَّةً﴾ وَمَا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُحَذِّرُ مِنَ الْفِتَنِ

[۷۰۴۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ

ابْنِ أَبِی مُلَیْکَةَ، قَالَتْ أَسْمَاءُ: عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "أَنَا عَلٰی حَوْضِی، أَنْتَظِرُ مَنْ یَرِدُ عَلَیَّ، فَیُؤْخَذُ بِنَاسٍ مِنْ دُوْنِی فَأَقُوْلُ: أُمَّتِی! فَیُقَالَ: لاَ تَدْرِیْ، مَشَوْا عَلَی الْقَهْقَرٰی"

قَالَ ابْنُ أَبِی مُلَیْکَةَ: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُ بِكَ أَنْ نَرْجِعَ عَلٰی أَعْقَابِنَا أَوْ نُفْتَنَ. [راجع: ٦٥٩٣]

[٧٠٤٩-] حدثنا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مُغِیْرَةَ، عَنْ أَبِی وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَی الْحَوْضِ، لَیُرْفَعَنَّ إِلَیَّ رِجَالٌ مِنْكُمْ، حَتّٰی إِذَا أَهْوَیْتُ لِأُنَاوِلَهُمُ اخْتَلِجُوْا دُوْنِی، فَأَقُوْلُ: أَیْ رَبِّ أَصْحَابِی. یَقُوْلُ: لاَ تَدْرِیْ مَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ"

[راجع: ٦٥٧٥]

قوله: من دونی: أی من عندی ...... **لَیُرْفَعن:** البتہ اٹھائے جائیں گے میری طرف تم میں سے کچھ لوگ یعنی آئیں گے، یہاں تک کہ جب میں ان کو دینا چاہوں گا یعنی جام کوثر تو وہ کھینچ لئے جائیں گے میرے پاس سے (**اخْتَلَجَ الشیئَ:** کھینچ کر نکالنا)

[٧٠٥٠-] حدثنا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِی حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: "أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَی الْحَوْضِ، مَنْ وَرَدَهُ شَرِبَ مِنْهُ، وَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ یَظْمَأْ أَبَدًا، لَیَرِدَنَّ عَلَیَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ وَیَعْرِفُوْنِّی، ثُمَّ یُحَالُ بَیْنِی وَبَیْنَهُمْ"[راجع: ٦٥٨٣]

[٧٠٥١-] قَالَ أَبُوْ حَازِمٍ: فَسَمِعَنِی النُّعْمَانُ بْنُ أَبِی عَیَّاشٍ، وَأَنَا أُحَدِّثُهُمْ هٰذَا، فَقَالَ: هٰكَذَا سَمِعْتَ سَهْلاً؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: وَأَنَا أَشْهَدُ عَلٰی أَبِی سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ لَسَمِعْتُهُ یَزِیْدُ فِیْهِ: قَالَ: "إِنَّهُمْ مِنِّی. فَیُقَالُ: إِنَّكَ لاَ تَدْرِیْ مَا بَدَّلُوْا بَعْدَكَ. فَأَقُوْلُ: سُحْقًا سُحْقًا لِمَنْ بَدَّلَ بَعْدِی"[راجع: ٦٥٨٤]

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: "سَتَرَوْنَ بَعْدِی أُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا"

دورِ نبوی کے بعد ایسی باتیں پیش آئیں گی جن کو لوگ اوپرا سمجھیں گے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بے شک تم عنقریب میرے بعد ترجیح اور ایسی باتیں دیکھو گے جن کو تم انجانا سمجھو گے!"، یعنی حکومت اپنے لوگوں کو اور نا اہلوں کو آگے بڑھائے گی، صحابہ نے پوچھا: (اس زمانہ میں) ہمارے لئے کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "امراء کو ان کا حق دو یعنی ان کی اطاعت کرو، اور اپنا حق اللہ سے مانگو یعنی محرومی پر صبر کرو۔

عبداللہ بن یزیدؓ کی حدیث تحفۃ القاری (۸: ۴۲۰) میں گذری ہے، آپؐ نے انصار سے فرمایا: "عنقریب ملاقات

کروگےتم میرے بعدترجیح سے، پس صبر کرنا، یہاں تک کہ مل جاؤ مجھ سے حوض کوثر پر''

[۲-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:'' سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ أُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا''

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:'' اصْبِرُوْا حَتَّى تَلْقَوْنِيْ عَلَى الْحَوْضِ''

[۷۰۵۲-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ أَثَرَةً وَأُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا'' قَالُوْا: فَمَا تَأْمُرُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:'' أَدُّوْا إِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ وَسَلُوْا اللّٰهَ حَقَّكُمْ''

[راجع: ۳۶۰۳]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:''جس کو اپنے امیر کی کوئی بات ناپسند آئے وہ صبر کرے (بغاوت نہ کرے) کیونکہ جوشخص بالشت بھر حکومت (اتھارٹی) سے نکل جاتا ہے وہ جاہلیت کی موت مرتا ہے!''

تشریح: جاہلیت کا دورانارکی (Anarchy) کا دور تھا، حکومت کا فقدان تھا، قانون معطل تھا، بدنظمی کا راج تھا، اور کُشت وخون کا بازار گرم تھا، پس اگر لوگ امیر کی معمولی/شخصی باتوں سے ناراض ہوکر بغاوت کریں گے تو خون خرابہ ہوگا، اور جاہلیت کا دور لوٹ آئے گا۔

[۷۰۵۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنِ الْجَعْدِ، عَنْ أَبِيْ رَجَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' مَنْ كَرِهَ مِنْ أَمِيْرِهِ شَيْئًا فَلْيَصْبِرْ، فَإِنَّهُ مَنْ خَرَجَ مِنَ السُّلْطَانِ شِبْرًا مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً''[طرفاه: ۷۰۵۴، ۷۱۴۳]

[۷۰۵۴-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْجَعْدِ أَبِيْ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِيْ أَبُوْ رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' مَنْ رَأَى مِنْ أَمِيْرِهِ شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَصْبِرْ عَلَيْهِ، فَإِنَّهُ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَمَاتَ، إِلَّا مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً''[راجع: ۷۰۵۳]

آئندہ حدیث: حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ بیمار تھے، طلباء پڑھنے گئے، انھوں نے پہلے دعا دی: **أَصْلَحَكَ اللّٰهُ**: اللہ آپ کو ٹھیک کردیں، پھر عرض کیا: آپ ہم سے کوئی ایسی حدیث بیان کریں جس سے اللہ تعالیٰ آپ کو نفع پہنچائیں، جو آپ نے نبی ﷺ سے سنی ہو (معلوم ہوا کہ پڑھانے کا نفع سب سے پہلے استاذ کو پہنچتا ہے) حضرت عبادۃؓ نے فرمایا: ہم نے نبی ﷺ سے بیعت کی (اس کی تفصیل تحفۃ القاری (۱:۲۲۰) میں ہے) پس آپؐ نے من جملہ ان باتوں کے جن کا ہم سے عہد لیا (یہ بات بھی تھی) کہ ہم نے بیعت کی امیر کی بات سننے اور ماننے پر، خوشی اور ناخوشی میں، تنگی اور آسانی میں، اور ہم پر

ترجیح دینے میں، اور یہ کہ ہم حکومت کے لوگوں سے منازعت نہ کریں، مگر یہ کہ تم کھلا کفر دیکھو، جس کے کفر ہونے کی تمہارے پاس صریح دلیل ہو''

لغت: مَنْشط اور مَکْرہ: مصدر میمی ہیں: خوشی اور ناخوشی۔

[۷۰۵۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِى ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ جُنَادَةَ بْنِ أَبِىْ أُمَيَّةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلٰى عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، وَهُوَ مَرِيْضٌ، قُلْنَا: أَصْلَحَكَ اللّٰهُ! حَدِّثْنَا بِحَدِيْثٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهِ سَمِعْتَهُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. قَالَ: دَعَانَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَبَايَعْنَا. [راجع: ۱۸]

[۷۰۵۶-] فَقَالَ: فِيْمَا أَخَذَ عَلَيْنَا: أَنْ بَايَعَنَا عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، فِى مَنْشَطِنَا وَمَكْرَهِنَا، وَعُسْرِنَا وَيُسْرِنَا، وَأَثَرَةٍ عَلَيْنَا، وَأَنْ لاَ نُنَازِعَ الأَمْرَ أَهْلَهُ، إِلاَّ أَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَاحًا، عِنْدَكُمْ مِنَ اللّٰهِ فِيْهِ بُرْهَانٌ. [طرفه: ۷۲۰۰]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے ایک مہاجری قریشی (حضرت عمرو بن العاصؓ) کو حکومت کا کوئی کام سونپا، یعنی نوکری دی، پس ایک انصاری (اُسید بن حُضیرؓ) نے عرض کیا: آپؐ نے فلاں کو نوکری دی اور مجھے نہیں دی یعنی آپؐ نے ان کو مجھ پر ترجیح دی، اور مجھے نظر انداز کیا، آپؐ نے فرمایا: (میں نے ان کو تم (انصار) پر ترجیح نہیں دی، بلکہ مسلمانوں کی مصلحت پیش نظر رکھ کر ان کو کام سونپا ہے، ترجیح کا عمل تو میرے بعد شروع ہوگا) عنقریب تم میرے بعد ترجیح کو دیکھو گے، پس صبر کرنا، یہاں تک کہ مجھ سے ملاقات کرو۔

[۷۰۵۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اسْتَعْمَلْتَ فُلاَنًا وَلَمْ تَسْتَعْمِلْنِىْ! قَالَ: "وَإِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِىْ أُثْرَةً، فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِىْ" [راجع: ۳۷۹۲]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "هَلاَكُ أُمَّتِىْ عَلٰى يَدَىْ أُغَيْلِمَةٍ سُفَهَاءَ"

پیش خبری: ناسمجھ نوجوانوں کے ہاتھوں میری امت تباہ ہوگی

یہ باب أُثْرَة: ترجیح کی مثال کے طور پر لائے ہیں، باصلاحیت پختہ کار غیر کو چھوڑ کر بے صلاحیت ناپختہ کار خویش کو عہدہ/کام سونپا۔ یہ عمل بنو امیہ کے دور میں شروع ہوا، ناتجربہ کار نوجوانوں کو شہروں کا گورنر بنایا جاتا تھا اور باصلاحیت پختہ کار لوگوں کو، خاص طور پر انصار کو نظر انداز کیا جاتا تھا، نبی ﷺ نے اس کی پیشگی خبر دی، اور انصار کو صبر کی تلقین کی۔

حدیث: عاص بن وائل کا پرپوتا سعید کہتا ہے: میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مسجدِ نبوی میں بیٹھا تھا، اور ہمارے ساتھ (حضرت معاویہؓ کا مقرر کیا ہوا مدینہ کا گورنر) مروان بن الحکم تھا۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: میں نے (فی نفسہ سچے (اور لوگوں کے) سچے قرار دیئے ہوئے یعنی رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت کی تباہی قریش کے نوجوانوں کے ہاتھوں ہوگی، پس مروان نے کہا: ان نوجوانوں پر اللہ کی لعنت! (غلمۃً: منصوب علی الاختصاص ہے یعنی میں ان نوجوانوں میں نہیں ہوں، ورنہ لعنت کیوں بھیجتا) پس حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: اگر میں چاہوں تو فلاں کی اولاد، فلاں کی اولاد کہہ کر تعیین بھی کرسکتا ہوں یعنی تو یا تیری اولاد بھی حدیث کا مصداق ہوسکتی ہے، مگر میں بات مبہم رکھنا چاہتا ہوں (پس مروان چپکا ہوگیا)

(پھر جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا خاندان ختم ہوا تو مروان الحمار کے بعد مروان بن الحکم شام کا بادشاہ بنا) عمرو بن یحییٰ (راوی) کہتا ہے: میں اپنے دادا سعید کے ساتھ مروان کی اولاد کے پاس جایا کرتا تھا، جب وہ ملک شام کے بادشاہ بنے، پس جب وہ (اس کی اولاد کو) نوجوان نوعمر دیکھتے تو ہم سے کہتے: شاید یہ لوگ اس حدیث کا مصداق ہیں، ہم کہتے: آپ بہتر جانتے ہیں۔

استدلال: بنو معاویہ اور بنو مروان (بنوامیہ) کے زمانہ میں ترجیح کا عمل شروع ہوا، وہ اپنی نوجوان ناتجربہ کار اولاد کو حکومت کے عہدے دینے لگے، اور باصلاحیت، تجربہ کار اور عمر رسیدہ حضرات کو نظر انداز کرنے لگے، یہی اقرباء پروری اور خویش نوازی ہے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "هَلَاكُ أُمَّتِيْ عَلٰى يَدَىْ أُغَيْلِمَةٍ سُفَهَاءَ"

[۷۰۵۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جَدِّيْ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ أَبِيْ هُرَيْرَةَ فِي مَسْجِدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِيْنَةِ، وَمَعَنَا مَرْوَانُ، قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: سَمِعْتُ الصَّادِقَ الْمَصْدُوْقَ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "هَلَكَةُ أُمَّتِيْ عَلٰى أَيْدِيْ غِلْمَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ" فَقَالَ مَرْوَانُ: لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ غِلْمَةً! فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: لَوْ شِئْتُ أَنْ أَقُوْلَ بَنِيْ فُلَانٍ وَبَنِيْ فُلَانٍ لَفَعَلْتُ. فَكُنْتُ أَخْرُجُ مَعَ جَدِّيْ إِلٰى بَنِيْ مَرْوَانَ حِيْنَ مَلَكُوْا بِالشَّامِ، فَإِذَا رَآهُمْ غِلْمَانًا أَحْدَاثًا قَالَ لَنَا: عَسَى هٰؤُلَآءِ أَنْ يَكُوْنُوْا مِنْهُمْ. قُلْنَا: أَنْتَ أَعْلَمُ. [راجع: ۳۶۰۴]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ"

عربوں کے لئے خرابی ہے اس شر سے جو قریب آچکا ہے!

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے آخر زمانہ میں مدینہ میں بلوہ ہوا، اور حضرت عثمانؓ شہید کئے گئے، پھر یزید کے زمانہ میں

واقعہ حرّہ پیش آیا، جس میں کُشتوں کے پُشتے لگ گئے، باب کی حدیثوں میں غالبًا اسی کی پیش خبری ہے۔

حدیث (۱): حضرت زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ نیند سے بیدار ہوئے، آپؐ کا چہرہ سرخ تھا، فرمارہے تھے: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، عربوں کے لئے خرابی ہے اس شر سے جو قریب آچکا ہے، آج یاجوج ماجوج کی دیوار اتنی کھول دی گئی —— اور ابن عیینہ رحمہ اللہ نے نوے کا یا سو کا عدد بنایا۔ پوچھا گیا: کیا ہم ہلاک ہونگے درانحالیکہ ہم میں نیک لوگ ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! جب (گناہ کی) گندگی بڑھ جائے گی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ مدینہ کے قلعوں میں سے کسی قلعے پر چڑھے (وہاں سے سارا مدینہ نظر آرہا تھا) آپؐ نے فرمایا: ''میں جو کچھ دیکھ رہا ہوں آپ لوگ اس کو دیکھ رہے ہو؟ (سوال متوجہ کرنے کے لئے تھا) میں تمہارے گھروں میں فتنے برستے ہوئے دیکھ رہا ہوں، جیسے بارش برستی ہے''

[٤-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: '' وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ''

[٧٠٥٩-] حدثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَيَيْنَةَ، أَنَّـهُ سَمِعَ الزُّهْرِيَّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، أَنَّهَا قَالَتِ: اسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مِنَ النَّوْمِ مُحْمَرًّا وَجْهُهُ، يَقُوْلُ: '' لاَ إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَاجُوْجَ وَمَاجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهِ'' وَعَقَدَ سُفْيَانُ تِسْعِيْنَ أَوْ مِائَةً، قِيْلَ: أَنَهْلَكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ؟ قَالَ: ''نَعَمْ، إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ''[راجع: ٣٣٤٦]

[٧٠٦٠-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: أَشْرَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى أُطُمٍ مِنْ آطَامِ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ: '' هَلْ تَرَوْنَ مَا أَرَى؟'' قَالُوْا: لاَ، قَالَ: '' فَإِنِّيْ لَأَرَى الْفِتَنَ تَقَعُ خِلاَلَ بُيُوْتِكُمْ كَوَقْعِ الْمَطَرِ''[راجع: ١٨٧٨]

بَابُ ظُهُوْرِ الْفِتَنِ

فتنوں کا دور دورہ

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''زمانہ کے (اجزاء) قریب قریب آجائیں گے (یعنی وقت کی برکت ختم ہوجائے گی یا زمانہ قیامت کے قریب پہنچ جائے گا) اور عمل گھٹ جائے گا، اور خود غرضی ڈالی جائے گی، اور فتنوں کا ظہور ہوگا، اور ہرج زیادہ ہوگا۔ لوگوں نے پوچھا: ہرج کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: قتل وقتال (اس حدیث کی پہلی سند امام زہری کے شاگرد معمر کی ہے، انھوں نے زہری اور ابوہریرہؓ کے درمیان سعید بن المسیبؒ کا واسطہ ذکر کیا ہے، اور دوسری سند میں زہری کے چار شاگردوں

نے حُمید کا واسطہ ذکر کیا ہے، پس دونوں سندیں صحیح ہیں)

[٥-] بَابُ ظُهُوْرِ الْفِتَنِ

[٧٠٦١-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يَتَقَارَبُ الزَّمَانُ، وَيَنْقُصُ الْعَمَلُ، وَيُلْقَى الشُّحُّ، وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ، وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ" قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، أَيُّمَ هُوَ؟ قَالَ:" الْقَتْلُ الْقَتْلُ"[راجع: ٨٥]

[٧٠٦٢-] وَقَالَ شُعَيْبٌ، وَيُوْنُسُ، وَاللَّيْثُ، وَابْنُ أَخِي الزُّهْرِيَّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[طرفه: ٧٠٦٦]

آگے چار روایتوں میں ایک ہی مضمون ہے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کوفہ کے گورنر تھے، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ معلّم، قاضی اور بیت المال کے ذمہ دار تھے، دونوں بڑے آدمی تھے، انھوں نے طلباء کے سامنے یہ حدیث بیان کی کہ قیامت سے پہلے ایسا زمانہ آئے گا جس میں جہالت عام ہو جائے گی، اور علم اٹھالیا جائے گا، اور ماردھاڑ بہت ہوگی (یہی فتنہ کا دور دورہ ہے) اور آخری دو روایتوں میں ہے: ابوموسیٰ اشعریؓ نے فرمایا کہ هَرْج: حبشی زبان کا لفظ ہے، اور اس کے معنی ہیں: قتل۔

[٧٠٦٣-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَأَبِيْ مُوْسَى، فَقَالاَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ لَأَيَّامًا يَنْزِلُ فِيْهَا الْجَهْلُ، وَيُرْفَعُ فِيْهَا الْعِلْمُ، وَيَكْثُرُ فِيْهَا الْهَرْجُ، وَالْهَرْجُ: الْقَتْلُ"[طرفاه: ٧٠٦٤، ٧٠٦٥]

[٧٠٦٤-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، حَدَّثَنَا شَقِيْقٌ، قَالَ: جَلَسَ عَبْدُ اللّٰهِ، وَأَبُوْ مُوْسَى، فَتَحَدَّثَا فَقَالَ أَبُوْ مُوْسٰى: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ أَيَّامًا يُرْفَعُ فِيْهَا الْعِلْمُ، وَيَنْزِلُ فِيْهَا الْجَهْلُ، وَيَكْثُرُ فِيْهَا الْهَرْجُ، وَالْهَرْجُ: الْقَتْلُ"[راجع: ٧٠٦٣]

[٧٠٦٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: إِنِّيْ لَجَالِسٌ مَعَ عَبْدِاللّٰهِ، وَأَبِيْ مُوْسٰى، فَقَالَ أَبُوْ مُوْسٰى: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ مِثْلَهُ، وَالْهَرْجُ بِلِسَانِ الْحَبَشِ الْقَتْلُ.[راجع: ٧٠٦٣]

[٧٠٦٦-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ - وَأَحْسِبُهُ رَفَعَهُ - قَالَ:" بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ أَيَّامُ الْهَرْجِ، يَزُوْلُ فِيْهَا الْعِلْمُ، وَيَظْهَرُ فِيْهَا الْجَهْلُ" قَالَ أَبُوْ مُوْسٰى: وَالْهَرْجُ: الْقَتْلُ بِلِسَانِ الْحَبَشَةِ.[راجع: ٧٠٦٢]

آئندہ روایت: میں یہ اضافہ ہے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: من شرار الناس مَن تُدرکھم الساعة وھو أحیاء: برے لوگوں میں سے ہیں وہ جن کو قیامت پائے درانحالیکہ وہ زندہ ہوں۔

کرمانی رحمہ اللہ نے فرمایا: لاتقوم الساعة إلا علی الشرار: جب قیامت برپا ہوگی تو برے لوگ ہی ہونگے ـــــ اور جو حدیث میں ہے: لاتزال طائفة من أمتی علی الحق حتی تقوم الساعة: قیامت تک میری امت کی ایک جماعت حق پر قائم رہے گی ـــــ اس سے قرب قیامت مراد ہے، ٹھیک جس وقت قیامت کا بگل بجایا جائے گا روئے زمین پر کوئی اللہ کا نام لینے والا نہ ہوگا (ترمذی حدیث ۲۲۰۵) یعنی فتنہ عام ہوجائے گا۔

[۷۰۶۷-] وَقَالَ أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنِ الْأَشْعَرِیِّ: أَنَّـهُ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ: تَعْلَمُ الْأَیَّامَ الَّتِیْ ذَکَرَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَیَّامَ الْھَرْجِ؟ نَحْوَهُ. قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: "مِنْ شِرَارِ النَّاسِ مَنْ تُدْرِکُھُمُ السَّاعَةُ وَھُمْ أَحْیَاءٌ"

بَابٌ: لاَ یَأْتِیْ زَمَانٌ إِلَّا الَّذِیْ بَعْدَهُ شَرٌّ مِنْهُ

آنے والا زمانہ گذشتہ زمانہ سے بدتر ہوگا

حدیث: زبیر بن عدیؒ کہتے ہیں: ہم انسؓ کے پاس گئے، ہم نے ان سے ان مظالم کا شکوہ کیا جو ہمیں حجاج سے پہنچ رہے تھے، آپؓ نے فرمایا: "صبر کرو، اس لئے کہ آنے والا زمانہ گذشتہ زمانہ سے بدتر ہوگا، یہاں تک کہ تم اپنے پروردگار سے ملاقات کرو یعنی صورتِ حال دن بدن خراب ہوتی جائے گی، نت نئے فتنے جاگیں گے، میں نے یہ بات تمہارے نبی ﷺ سے سنی ہے (اب حدیث مرفوع ہوگئی)

سوال: حجاج کے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کا زمانہ ہے، وہ تو خیر القرون تھا، اور دجال کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ آئے گا، وہ بھی بہترین زمانہ ہوگا؟

جواب: زمانہ کروٹ لیتا ہے، اس وقت کچھ دن کے لئے احوال ٹھیک ہوجاتے ہیں، پھر وہی کتّے کی دُم ٹیڑھی!

اس کے بعد کی حدیث بار بار گذری ہے۔ ماذا أنزل من الفتن سے استدلال کیا ہے۔

[۶-] بَابٌ: لَا یَأْتِیْ زَمَانٌ إِلَّا الَّذِیْ بَعْدَهُ شَرٌّ مِنْهُ

[۷۰۶۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّبَیْرِ بْنِ عَدِیٍّ، قَالَ: أَتَیْنَا أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَشَکَوْنَا إِلَیْهِ مَا یَلْقَوْنَ مِنَ الْحَجَّاجِ، فَقَالَ: اصْبِرُوْا، فَإِنَّـهُ لَا یَأْتِیْ عَلَیْکُمْ زَمَانٌ إِلَّا الَّذِیْ بَعْدَهُ

شَرٌّ مِنْهُ، حَتّٰی تَلْقَوْا رَبَّكُمْ، سَمِعْتُهُ مِنْ نَبِيِّكُمْ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۷۰۶۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ هِنْدَ بِنْتِ الْحَارِثِ الْفِرَاسِيَّةِ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَتْ: اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَيْلَةً فَزِعًا يَقُوْلُ: " سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَاذَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْخَزَائِنِ، وَمَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْفِتَنِ؟ مَنْ يُوْقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ؟ يُرِيْدُ أَزْوَاجَهُ، لِكَيْ يُصَلِّيْنَ؟ رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٍ فِي الآخِرَةِ"[راجع: ۱۱۵]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا"

جوہم پرہتھیاراٹھائے وہ ہم میں سےنہیں!

حکومت اسلامیہ کے خلاف بغاوت کرنا فتنوں کا دروازہ کھولنا ہے، اس عمل سے بے شمار جانیں ضائع ہوتی ہیں —— اور ہم میں سےنہیں: یعنی ہمارے طریقے پرنہیں، ہمارا طریقہ امن قائم رکھنا ہے —— مگر خوارج سے قتال جائز ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے لوہا لیا ہے۔

[۷-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا"

[۷۰۷۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا"[راجع: ۶۸۷۴]

[۷۰۷۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا"

آگے کی روایتوں میں یہ مضمون ہے کہ اگر کوئی شخص مسجد، مجمع، مارکیٹ یا بازار وغیرہ میں تیر لے کر گذرے تو تیر کو پَر کی طرف سے نہ پکڑے، بلکہ پیکان (پھل) کی طرف سے پکڑے تاکہ وہ کسی کو لگ نہ جائے —— جب بے خبری میں زخمی کرنے کی اجازت نہیں تو ہتھیار اٹھانے کی یعنی بالقصد زخمی کرنے کی اجازت کیسے ہوسکتی ہے؟ وہ تو بدرجۂ اَولیٰ ناجائز ہے۔

[۷۰۷۲-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " لَا يُشِرْ أَحَدُكُمْ عَلٰی أَخِيْهِ بِالسِّلَاحِ، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِيْ لَعَلَّ الشَّيْطَانَ يَنْزِعُ مِنْ يَدِهِ، فَيَقَعُ فِيْ حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ"

[۷۰۷۳-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قُلْتُ لِعَمْرٍو: یَا أَبَا مُحَمَّدٍ! سَمِعْتَ جَابِرَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ یَقُوْلُ: مَرَّ رَجُلٌ بِسِهَامٍ فِی الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَمْسِكْ بِنِصَالِهَا" قَالَ: نَعَمْ. [راجع: ۴۵۱]

[۷۰۷۴-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رَجُلًا مَرَّ فِی الْمَسْجِدِ بِأَسْهُمٍ قَدْ أَبْدَی نُصُوْلَهَا، فَأُمِرَ أَنْ یَأْخُذَ بِنُصُوْلِهَا، لَا یَخْدِشُ مُسْلِمًا. [راجع: ۴۵۱]

[۷۰۷۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَیْدٍ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " إِذَا مَرَّ أَحَدُکُمْ فِیْ مَسْجِدِنَا أَوْ: فِیْ سُوْقِنَا وَمَعَهُ نَبْلٌ فَلْیُمْسِكْ عَلٰی نِصَالِهَا أَوْ قَالَ: لِیَقْبِضْ بِکَفِّهِ، أَلَّا یُصِیْبَ أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ مِنْهَا بِشَیْئٍ" [راجع: ۴۵۲]

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ کُفَّارًا، یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ"

قتلِ مؤمن کفر ہے، اس لئے خانہ جنگی سے بچو

خانہ جنگی فتنوں کا دروازہ کھولتی ہے، مسلمان جب باہم بھڑتے ہیں تو ہوش کھو بیٹھتے ہیں، اور کردنی ناکردنی کر گذرتے ہیں، اور باب کی حدیثوں میں ایک ہی مضمون ہے، مسلمان کو گالی دینا خدا طاعت سے نکل جانا ہے، فاسق ایسے ہی شخص کو کہتے ہیں، اور مسلمان کو قتل کرنا احکام شریعت کا عملی انکار ہے، پس ان دونوں گناہوں سے بچنا چاہئے، واللہ الموفق!

[۸-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ کُفَّارًا، یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ"

[۷۰۷۶-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَقِیْقٌ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ، وَقِتَالُهُ کُفْرٌ" [راجع: ۴۸]

[۷۰۷۷-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ وَاقِدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: " لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ کُفَّارًا، یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ" [راجع: ۱۷۴۲]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۴۶۸:۴) میں گذری ہے، اس کا آخری حصہ نیا ہے، اس لئے اس کا ترجمہ بعد میں ہے۔

[۷۰۷۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، وَعَنْ رَجُلٍ آخَرَ، هُوَ أَفْضَلُ فِيْ نَفْسِيْ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: "أَلَا تَدْرُوْنَ أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، فَقَالَ: "أَلَيْسَ يَوْمُ النَّحْرِ؟" قُلْنَا: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ: "أَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟ أَلَيْسَتْ بِالْبَلْدَةِ الْحَرَامِ؟" قُلْنَا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ، وَأَمْوَالَكُمْ، وَأَعْرَاضَكُمْ، وَأَبْشَارَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟" قُلْنَا: نَعَمْ. قَالَ: "اللّٰهُمَّ اشْهَدْ، فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَإِنَّهُ رُبَّ مُبَلِّغٍ يُبَلِّغُهُ مَنْ هُوَ أَوْعٰى لَهُ" وَكَانَ كَذٰلِكَ، فَقَالَ: "لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ"

فَلَمَّا كَانَ يَوْمَ حُرِّقَ ابْنُ الْحَضْرَمِيِّ، حِيْنَ حَرَّقَهُ جَارِيَةُ بْنُ قُدَامَةَ، قَالَ: أَشْرِفُوْا عَلٰى أَبِيْ بَكْرَةَ، فَقَالُوْا: هٰذَا أَبُوْ بَكْرَةَ يَرَاكَ. قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: فَحَدَّثَتْنِيْ أُمِّيْ عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: لَوْ دَخَلُوْا عَلَيَّ مَا بَهَشْتُ بِقَصَبَةٍ. قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: بَهَشْتُ، يَعْنِيْ: رَمَيْتُ. [راجع: ٦٧]

قوله: أَبْشَارَكم: اَلْبَشَر کی جمع: وهو ظاهر الجِلد: تمہاری کھالیں، تمہارے اجسام کے ظاہری حصے (عمدہ)

قوله: فلما حُرِّق: إلخ۔

وضاحت: حضرت علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ کے بھائی عمرو بن الحضرمی کے لڑکے عبداللہ کو حضرت معاویہؓ نے بصرہ بھیجا تھا تاکہ وہ بصرہ والوں کو حضرت علیؓ سے جنگ پر آمادہ کریں۔ حضرت علیؓ نے جاریہ بن قدامہ کو بھیجا، انھوں نے عبداللہ کو ایک گھر میں گھیر لیا، اور گھر جلا دیا، اندر سب لوگ جل گئے۔

ترجمہ: پس جب تھا وہ دن جس میں ابن الحضرمی جلایا گیا، جب اس کو جاریۃ بن قدمۃ نے جلایا تو کہا: ابوبکرہؓ کو جھانک کر دیکھو (وہ اپنے گھر میں تھے، ان کو دیکھو: وہ منقاد ہیں یا بغاوت پر آمادہ ہیں؟) پس لوگوں نے کہا: یہ ابوبکرۃ ہیں، آپ کو دیکھ رہے ہیں یعنی وہ منقاد ہیں، آپ کے فعل کو دیکھ کر ایک حرف نہیں بولے —— عبدالرحمٰن کہتے ہیں: میری والدہ نے ابوبکرہؓ سے روایت کرتے ہوئے بتایا کہ انھوں نے فرمایا: اگر وہ لوگ میرے گھر میں گھستے تو میں ان کو لاٹھی سے (بھی) نہ مارتا —— امام بخاریؒ نے بَهِشَ کے معنی بیان کئے: تیر مارنا (تَبَاهَشَ کے معنی ہیں: لاٹھی وغیرہ سے لڑنے کو تیار ہونا) (کیونکہ نبی ﷺ نے خانہ جنگی سے منع کیا ہے، اس لئے میں ڈنڈا بھی نہ اٹھاتا)

[۷۰۷۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِشْكَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ

عَبَّاسٍ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَا تَرْتَدُّوْا بَعْدِیْ كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ" [راجع: ۱۷۳۹]

[۷۰۸۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ، سَمِعْتُ أَبَا زُرْعَةَ بْنَ عَمْرِو ابْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ جَدِّهِ جَرِيْرٍ، قَالَ: قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: "اسْتَنْصِتِ النَّاسَ" ثُمَّ قَالَ: "لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ"[راجع: ۱۲۱]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "تَكُوْنُ فِتْنَةٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ"

فتنوں میں جو جتنا کم حصہ لے وہ بہتر ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "عنقریب فتنے ہونگے، بیٹھنے والا ان میں بہتر ہوگا کھڑے ہوئے سے، اور کھڑا ہوا ان میں بہتر ہوگا چلنے والے سے، اور چلنے والا ان میں بہتر ہوگا دوڑنے والے سے یعنی جو ان میں جتنا کم حصہ لے گا وہ بہتر ہوگا۔ اور جو فتنوں کو جھانکے گا فتنہ اس کو اپنی زد میں لے لیگا، پس جو شخص کوئی جائے پناہ پائے یا بچنے کی جگہ پائے وہ اس سے چپک جائے۔

لغت: تَشَرَّفَ للشيئ: جھانکنا، نظر اٹھا کر دیکھنا...... اسْتَشْرَفَ للشيئ: کسی چیز کا نشانہ بننا، زد میں آنا۔

[۹-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "تَكُوْنُ فِتْنَةٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ"

[۷۰۸۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ.

قَالَ إِبْرَاهِيْمُ: وَحَدَّثَنِیْ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سَتَكُوْنُ فِتَنٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِیْ، وَالْمَاشِیْ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِیْ، مَنْ تَشَرَّفَ لَهَا تَسْتَشْرِفْهُ، فَمَنْ وَجَدَ فِيْهَا مَلْجَأً أَوْ مُعَاذًا فَلْيَعُذْ بِهِ"[راجع: ۳۶۰۱]

[۷۰۸۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سَتَكُوْنُ فِتَنٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِیْ، وَالْمَاشِیْ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِیْ، مَنْ تَشَرَّفَ لَهَا تَسْتَشْرِفْهُ، فَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً أَوْ مُعَاذًا فَلْيَعُذْ بِهِ"[راجع: ۳۶۰۱]

وضاحت: پہلی روایت میں قال إبراهيم: امام بخاریؒ کے استاذ محمد کا مقولہ ہے اور سند میں تحویل ہے۔

بَابٌ: إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا

جب دو شخص تلواریں لے کر بھڑیں

دنیوی ذاتی جھگڑوں کی وجہ سے اگر دو شخص ایک دوسرے کے قتل کے درپے ہوں اور میدان میں نکل آئیں اور ایک دوسرے کو ڈھیر کردے تو دونوں جہنم میں جائیں گے، اور اجتہادی خطا کی بنا پر ہونے والے جھگڑے حدیث کا مصداق نہیں۔

[۱۰-] بَابٌ: إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا

[۷۰۸۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ رَجُلٍ لَمْ يُسَمِّهِ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: خَرَجْتُ بِسِلَاحِيْ لَيَالِيَ الْفِتْنَةِ، فَاسْتَقْبَلَنِيْ أَبُوْ بَكْرَةَ، فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيْدُ؟ قُلْتُ: أُرِيْدُ نُصْرَةَ ابْنِ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا تَوَاجَهَ الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا فَكِلَاهُمَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ" قِيْلَ: هٰذَا الْقَاتِلُ، فَمَا بَالُ الْمَقْتُوْلِ؟ قَالَ: "إِنَّهُ قَدْ أَرَادَ قَتْلَ صَاحِبِهِ"

قَالَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ: فَذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ لِأَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ يُحَدِّثَانِيْ بِهِ فَقَالَا: إِنَّمَا رَوَى هٰذَا الْحَسَنُ عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ بِهٰذَا.

وَقَالَ مُؤَمَّلٌ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، وَيُوْنُسُ، وَهِشَامٌ، وَمُعَلَّى بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْأَحْنَفِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَاهُ مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوْبَ.

وَرَوَاهُ بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ.

وَقَالَ غُنْدَرٌ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. وَلَمْ يَرْفَعْهُ سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ. [راجع: ۳۱]

وضاحت: اس حدیث میں یہ گفتگو ہے کہ یہ واقعہ حسن بصریؒ کا ہے یا احنف بن قیس کا؟ یہ حدیث پہلے دو مرتبہ حماد بن زید کی سند سے گذری ہے، اس میں احنف کا واقعہ ہے (اور وہی صحیح ہے) اور یہاں حماد ہی کی روایت ہے کہ واقعہ حسنؒ کا ہے (یہ صحیح نہیں، کیونکہ سند میں مجہول واسطہ ہے) خود حماد نے ایوب اور یونس کے سامنے حدیث ذکر کی، تا کہ وہ اپنی سند سے یہ روایت بیان کریں، تا کہ واسطہ کی جہالت ختم ہوجائے، پس دونوں نے کہا: حسن نے یہ حدیث احنف سے روایت کی ہے یعنی واقعہ احنف کا ہے، امام بخاری رحمہ اللہ کو حماد کی یہ بات سلیمان بن حرب کے ذریعہ پہنچی ہے۔

پھر مؤمل کی سند ذکر کی ہے، وہ حماد سے، اور وہ چار اساتذہ سے روایت کرتے ہیں، اس میں بھی احنف کا واسطہ ہے، پھر

معمر کی سند ذکر کی ہے، وہ صرف ایوب سے روایت کرتے ہیں، اس میں بھی احنف کا واسطہ ہے ـــــ پھر اصل حدیث کی دو سندیں ذکر کی ہیں: (۱) بکار کی (۲) منصور کے شاگرد شعبہ کی (اس سند سے حدیث مرفوع ہے) اور منصور کے شاگرد سفیان اس کو مرفوع نہیں کرتے۔

بَابٌ: كَيْفَ الْأَمْرُ إِذَا لَمْ تَكُنْ جَمَاعَةٌ؟

جب لوگ ایک امام پر متفق نہ ہوں تو کیا کرے؟

کبھی قومی یا ملکی معاملہ میں دو یا چند فریق ہوجاتے ہیں، اور نزاع سخت ہوجاتا ہے، ایک امام یا ایک بات پر اتفاق نہیں ہوتا: تو کیا کرنا چاہئے؟ جواب: جس فریق کو دیانۃً حق پر سمجھتا ہے اس کا ساتھ دے، اور قلب کا رجحان کسی طرف نہ ہو تو غیر جانبدار رہے، اگرچہ غیر جانبداری عملی ہو۔ اور حدیث تحفۃ القاری (۷: ۱۵۴) میں گذری ہے، اس کے آخر میں ہے کہ اگر مسلمانوں کی کوئی جماعت اور کوئی امام نہ ہو تو تمام فرقوں سے جدا رہے، خواہ اس کے لئے کتنی ہی مشقتیں برداشت کرنی پڑیں۔

[۱۱-] بَابٌ: كَيْفَ الْأَمْرُ إِذَا لَمْ تَكُنْ جَمَاعَةٌ؟

[۷۰۸٤-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيَّ، أَنَّهُ سَمِعَ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، يَقُوْلُ كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ، مَخَافَةَ أَنْ يُدْرِكَنِيْ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا كُنَّا فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ، فَجَاءَ نَا اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: "نَعَمْ" قُلْتُ: وَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: "نَعَمْ، وَفِيْهِ دَخَنٌ" قُلْتُ: وَمَا دَخَنُهُ؟ قَالَ: "قَوْمٌ يَهْدُوْنَ بِغَيْرِ هَدْيِيْ، تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ" قَالَ: قُلْتُ: فَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: "نَعَمْ، دُعَاةٌ عَلٰى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ، مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوْهُ فِيْهَا" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! صِفْهُمْ لَنَا، قَالَ: "هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا، وَيَتَكَلَّمُوْنَ بِأَلْسِنَتِنَا" قُلْتُ: فَمَا تَأْمُرُنِيْ إِنْ أَدْرَكَنِيْ ذٰلِكَ؟ قَالَ: "تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَإِمَامَهُمْ" قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا إِمَامٌ؟ قَالَ: "فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا، وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ بِأَصْلِ شَجَرَةٍ، حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ، وَأَنْتَ عَلٰى ذٰلِكَ" [راجع: ۳٦۰٦]

بَابُ مَنْ كَرِهَ أَنْ يُكَثِّرَ سَوَادَ الْفِتَنِ وَالظُّلْمِ

ایک رائے یہ ہے کہ ظالموں اور فتنہ پروروں کا ساتھ دینا مکروہ ہے

یہ رائے صحیح ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى، وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾: نیکی اور

تقوی میں ایک دوسرے کی اعانت کرو، اور گناہ اور زیادتی میں ایک دوسرے کی اعانت مت کرو (المائدۃ آیت ۲) اور فتح الباری (۱۳: ۳۷) میں حدیث ہے: من کَثَّرَ سواد الفتن فھو منھم: جو فتنہ پروروں کی نفری بڑھاتا ہے اس کا شمار انہی میں ہوتا ہے، یہی حدیث عام الفاظ سے بھی مروی ہے: من کثر سواد قوم فھو منھم: (نصب الرایہ ۴: ۳۴۶) پس ظالموں اور فتنہ پروروں سے کنارہ کش رہنا چاہئے، ان کا ساتھ دے کر ان کی نفری نہیں بڑھانی چاہئے۔ اور حدیث تحفۃ القاری (۹: ۱۹۸) میں گذری ہے۔ کچھ مسلمان (مکہ میں) مشرکین کے ساتھ تھے، وہ مشرکین کی تعداد بڑھا رہے تھے، جنگِ بدر میں وہ مشرکین کے ساتھ نکلے، اور لقمۂ اجل بنے تو ان کے حق میں سورۃ النساء کی (آیت ۹۷) نازل ہوئی، اور ان لوگوں کے انجام سے امت مسلمہ کو آگاہ کیا۔

[۱۲-] بَابُ مَنْ كَرِهَ أَنْ يُكَثِّرَ سَوَادَ الْفِتَنِ وَالظُّلْمِ

[۷۰۸۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، وَغَيْرُهُ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَسْوَدِ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ، عَنْ أَبِيْ الْأَسْوَدِ، قَالَ: قُطِعَ عَلٰى أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ بَعْثٌ، فَاكْتُتِبْتُ فِيْهِ، فَلَقِيْتُ عِكْرِمَةَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَنَهَانِيْ أَشَدَّ النَّهْيِ، ثُمَّ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ أُنَاسًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ كَانُوْا مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ، يُكَثِّرُوْنَ سَوَادَ الْمُشْرِكِيْنَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَيَأْتِي السَّهْمُ فَيُرْمٰى فَيُصِيْبُ أَحَدَهُمْ فَيَقْتُلُهُ، أَوْ يَضْرِبُهُ فَيَقْتُلُهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِيْ أَنْفُسِهِمْ﴾

[راجع: ٤٥٩٦]

بَابٌ: إِذَا بَقِيَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ

جب آدمی نکمّے لوگوں میں رہ جائے

باب میں ترمذی شریف کی حدیث کے الفاظ ہیں، اس میں جواب ہے: ''جو باتیں تو جانتا ہے ان کو لازم پکڑ، اور جو باتیں انجانی ہیں ان کو چھوڑ، اور تو خاص اپنی ہی فکر کر، اور عام لوگوں کو ان کے حال پر چھوڑ دے'' —— اور ایک روایت میں ہے: اپنے گھر سے چپک جا، اور اپنی زبان کو اپنے کنٹرول میں رکھ'' (مشکات کتاب الفتن حدیث ۵۳۹۸)

اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی باب کی روایت جو گیارہویں جلد میں، کتاب الرقاق (حدیث ۶۴۹۷) میں گذری ہے: اس میں ہے کہ جب لوگوں کا حال چوکر (بھوسی) جیسا ہو جائے، اور امانت داری کا فقدان ہو جائے تو بہت محتاط رہنا چاہئے، ہر کسی پر آنکھ بند کر کے اعتماد نہیں کرنا چاہئے۔ حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں: اب میں ہر شخص سے معاملہ نہیں کرتا، فلاں اور فلاں ہی سے معاملہ کرتا ہوں۔

[۱۳-] بَابٌ: إِذَا بَقِيَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ

[۷۰۸۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُذَيْفَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثَيْنِ، رَأَيْتُ أَحَدَهُمَا وَأَنَا أَنْتَظِرُ الآخَرَ، حَدَّثَنَا:" أَنَّ الْأَمَانَةَ نَزَلَتْ فِي جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ، ثُمَّ عَلِمُوْا مِنَ الْقُرآنِ، ثُمَّ عَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ" وَحَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِهَا، قَالَ:" يَنَامُ الرَّجُلُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْأَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهِ، فَيَظَلُّ أَثَرُهَا مِثْلَ أَثَرِ الْوَكْتِ، ثُمَّ يَنَامُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ فَيَبْقَى أَثَرُهَا مِثْلَ أَثَرِ الْمَجْلِ، كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهُ عَلٰى رَجْلِكَ فَنَفِطَ، فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْئٌ. وَيُصْبِحُ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ وَلَا يَكَادُ أَحَدٌ يُؤَدِّيْ الْأَمَانَةَ، فَيُقَالُ: إِنَّ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ رَجُلًا أَمِيْنًا، وَيُقَالَ لِلرَّجُلِ: مَا أَعْقَلَهُ! وَمَا أَظْرَفَهُ! وَمَا أَجْلَدَهُ! وَمَا فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ، وَلَقَدْ أَتَى عَلَيَّ زَمَانٌ وَلَا أُبَالِيْ أَيُّكُمْ بَايَعْتُ، لَئِنْ كَانَ مُسْلِمًا رَدَّهُ عَلَيَّ الإِسْلَامُ، وَإِنْ كَانَ نَصْرَانِيًّا رَدَّهُ عَلَيَّ سَاعِيْهِ، وَأَمَّا الْيَوْمَ فَمَا كُنْتُ أُبَايِعُ إِلَّا فُلَانًا وَفُلَانًا"[راجع: ۶۴۹۷]

لغات: الوكت: دھبا، چتّی، ہلکا سا نشان...... المَجْل: آبلہ، چھالا...... نَفِطَ: آبلہ پڑنا...... انْتَبَرَ الشيئُ: بلند ہونا، بڑھنا، پھولنا۔

بَابُ التَّعَرُّبِ فِي الْفِتْنَةِ

فتنہ کے زمانہ میں جنگل میں جابسنا

تَعَرَّب: جنگل میں مقیم ہونا، الأعراب: بدّو، بارشوں اور سبزہ کی جگہوں میں سکونت پذیر۔ بداوت کی زندگی اچھی زندگی نہیں، جنگلی لوگ تہذیب وتمدن اور علم وحکمت سے نا آشنا رہ جاتے ہیں، مگر فتنہ (خانہ جنگی) کے زمانہ میں اچھی ہے، تاکہ فتنوں سے بچا رہے، حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد (عارضی طور پر) ربذہ مقام میں جا بسے تھے، جو مدینہ کے قریب میں ایک چھوٹا سا دیہات تھا، وہاں آپؓ نے شادی کی، اولاد ہوئی، پھر وفات سے چند دن پہلے مدینہ آ گئے، حجاج (ظالم) حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کے بعد مدینہ آیا، اور حضرت سلمہؓ کے پاس گیا، اور اس نے (زجراً) کہا: او اکوع کے لڑکے! تو اپنی ایڑیوں پر پلٹ گیا؟ تو نے بادیہ نشینی اختیار کر لی؟ حضرت سلمہؓ نے جواب دیا: نہیں! بلکہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے بادیہ نشینی کی اجازت دی ہے!

تشریح: حضرت سلمہؓ کو نبی ﷺ نے خصوصی اجازت دی تھی یا عمومی؟ خاص طور پر اجازت دی تھی تو اس کا پس منظر کیا تھا؟ یہ بات معلوم نہیں۔ خیال ہے کہ عام اجازت دی تھی، جیسا کہ اگلی حدیث میں ہے کہ وہ زمانہ جلدی آ رہا ہے کہ

مسلمان کا بہترین مال وہ بکریاں ہونگی جن کو وہ لئے لئے پھرے گا پہاڑوں کی چوٹیوں پر، اور بارش کی جگہوں میں، وہ اپنا دین لے کر فتنوں سے بھاگے گا۔ اور حدیث تحفۃ القاری (۱:۲۲۶) میں گذری ہے۔

[۱۴-] بَابُ التَّعَرُّبِ فِي الْفِتْنَةِ

[۷۰۸۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ: أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى الْحَجَّاجِ، فَقَالَ: يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ! ارْتَدَدْتَ عَلَى عَقِبَيْكَ؟ تَعَرَّبْتَ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَذِنَ لِيْ فِي الْبَدْوِ.

وَعَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ خَرَجَ سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ إِلَى الرَّبَذَةِ، وَتَزَوَّجَ هُنَاكَ امْرَأَةً وَوَلَدَتْ لَهُ أَوْلَادًا، فَلَمْ يَزَلْ بِهَا حَتّٰى قَبْلَ أَنْ يَمُوْتَ بِلَيَالِي، فَنَزَلَ الْمَدِيْنَةَ.

[۷۰۸۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يُوْشِكُ أَنْ يَكُوْنَ خَيْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ، يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِيْنِهِ مِنَ الْفِتَنِ" [راجع: ۱۹]

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنَ الْفِتَنِ

فتنوں سے پناہ چاہنا

جو چیز اللہ کی طرف سے آتی ہے اس سے اللہ ہی بچا سکتے ہیں، اور فتنہ کسی بھی وقت رونما ہو سکتا ہے، پس ہر وقت فتنوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرنی چاہئے، اور حدیث پہلے چھ مرتبہ گذر چکی ہے، اس کے آخر میں فتنوں کے شر (ضرر) سے اللہ کی پناہ طلب کی گئی ہے۔

[۱۵-] بَابُ التَّعَوُّذِ مِنَ الْفِتَنِ

[۷۰۸۹-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سَأَلُوا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى أَحْفَوْهُ بِالْمَسْأَلَةِ، فَصَعِدَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ يَوْمٍ الْمِنْبَرَ، فَقَالَ: "لَا تَسْأَلُوْنِيْ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا بَيَّنْتُ لَكُمْ" فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا، فَإِذَا كُلُّ رَجُلٍ رَأْسُهُ فِي ثَوْبِهِ يَبْكِيْ، فَأَنْشَأَ رَجُلٌ كَانَ إِذَا لَاحَى يُدْعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيْهِ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! مَنْ أَبِيْ؟ قَالَ: "أَبُوْكَ حُذَافَةُ" ثُمَّ أَنْشَأَ عُمَرُ فَقَالَ: رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا، نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ سُوْءِ الْفِتَنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا رَأَيْتُ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ كَالْيَوْمِ قَطُّ، إِنَّهُ صُوِّرَتْ لِيَ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ

حَتّٰی رَأَيْتُهُمَا دُوْنَ الْحَائِطِ"

قَالَ قَتَادَةُ: يُذْكَرُ هٰذَا الْحَدِيْثُ عِنْدَ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَ تَسْئَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ [المائدة: ۱۰۱] [راجع: ۹۳]

[۷۰۹۰-] وَقَالَ عَبَّاسٌ النَّرْسِيُّ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، بِهٰذَا. وَقَالَ: كُلُّ رَجُلٍ لاَفٌّ رَأْسَهُ فِيْ ثَوْبِهِ يَبْكِيْ، وَقَالَ: عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنْ سُوْءِ الْفِتَنِ، أَوْ قَالَ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ سُوْءِ الْفِتَنِ. [راجع: ۹۳]

[۷۰۹۱-] وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، وَمُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ قَتَادَةَ: أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ: عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، بِهٰذَا، وَقَالَ: عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْفِتَنِ. [راجع: ۹۳]

لغات: أَحْفٰی فلانا: بار بار سوال کر کے پریشان کرنا...... **لَاحَاه مُلاحاة:** کسی سے لڑائی جھگڑا کرنا...... **عند هذه الآية:** یعنی یہ حدیث اس آیت کی تفسیر ہے...... **لَافٌّ:** لپیٹنے والا۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " الْفِتْنَةُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ"

فتنہ مشرق کی طرف سے ابھرے گا

نبی ﷺ کے بعد سب سے پہلے نجد (یمامہ) سے مسیلمہ کذاب کے فتنہ نے سر ابھارا، پھر عراق سے فتنے رونما ہوتے رہے، عراق بھی مدینہ سے شمال مشرق کی طرف ہے، باب کی حدیثوں میں نبی ﷺ نے اس کی خبر دی ہے، اور حدیثیں سب آچکی ہیں۔ اور قرن الشیطان سے مراد قرن الشّمس (سورج کا اوپر کا کنارہ) ہے، کفار سورج کے سامنے ڈنڈوت کرتے ہیں، یہ درحقیقت شیطان کی پوجا ہے، اس لئے اس کو قرن الشیطان کہا ہے۔

[۱۶-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " الْفِتْنَةُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ"

[۷۰۹۲-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنَّهُ قَامَ إِلٰی جَنْبِ الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: " الْفِتْنَةُ هَاهُنَا، الْفِتْنَةُ هَاهُنَا، مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ، أَوْ قَالَ: قَرْنُ الشَّمْسِ" [راجع: ۳۱۰۴]

[۷۰۹۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ مُسْتَقْبِلُ الْمَشْرِقِ يَقُوْلُ: " أَلاَ إِنَّ الْفِتْنَةَ هَاهُنَا مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ" [راجع: ۳۱۰۴]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۳۶۱:۳) میں آچکی ہے، نبی ﷺ نے قبلہ رخ ہو کر فرمایا۔ پس یمن سے مراد اپنا اور کعبہ کا دایاں اور شام سے مراد اپنا اور کعبہ شریف کا بایاں ہے، اور آپؐ کے پیچھے سمندر ہے، اس لئے اس کے لئے دعا نہیں کی، اور سامنے مشرق تھا، اس کے لئے دعا کرنے کے لئے عرض کیا گیا تو فرمایا: ''وہاں زلزلے اور فتنے ہیں، اور وہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا!'' پس یہ حدیث پہلی حدیث ہی ہے۔

[۷۰۹۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: ذَكَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ شَأْمِنَا، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ يَمَنِنَا'' قَالُوْا: وَفِيْ نَجْدِنَا؟ قَالَ: '' اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ شَأْمِنَا، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي يَمَنِنَا'' قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَفِي نَجْدِنَا؟ فَأَظُنُّهُ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ: '' هُنَاكَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ، وَبِهَا يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ''[راجع: ۱۰۳۷]

آئندہ روایت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حلقۂ درس میں آئے، سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں: ہم نے امید باندھی کہ وہ ہم سے کوئی اچھی سی حدیث بیان کریں گے، پس ان کی طرف ایک آدمی نے ہم سے سبقت کی (اور اس نے جھک شروع کردی) اس نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! فتنہ میں قتال کی بات ہم سے بیان کیجئے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''ان سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے'' یعنی آپ کو ابن الزبیر کی حمایت میں حجاج سے لڑنے کے لئے نکلنا چاہئے تھا! ابن عمرؓ نے پوچھا: جانتا ہے (آیت میں) فتنہ کیا ہے؟ تیری ماں تجھے گم کرے! نبی ﷺ مشرکین ہی سے لڑتے تھے، اور ان کے دین میں داخل ہونا فتنہ تھا (یہی فتنہ مشرق سے ابھرا تھا) اور تمہارا ملک کے لئے لڑنا (فتنہ کا مصداق) نہیں۔

ملحوظہ: اس روایت کا پس منظر تحفۃ القاری (۱۰۵:۹) میں ہے۔

[۷۰۹۵-] حدثنا إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ وَبَرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، فَرَجَوْنَا أَنْ يُحَدِّثَنَا حَدِيْثًا حَسَنًا، قَالَ: فَبَادَرَنَا إِلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! حَدِّثْنَا عَنِ الْقِتَالِ فِي الْفِتْنَةِ، وَاللّٰهُ يَقُوْلُ: ﴿وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ﴾[البقرة: ۱۹۳] فَقَالَ: هَلْ تَدْرِيْ مَا الْفِتْنَةُ؟ ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ! إِنَّمَا كَانَ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم يُقَاتِلُ الْمُشْرِكِيْنَ، وَكَانَ الدُّخُوْلُ فِيْ دِيْنِهِمْ فِتْنَةً، وَلَيْسَ بِقِتَالِكُمْ عَلَى الْمُلْكِ.[راجع: ۳۱۳۰]

بَابُ الْفِتْنَةِ الَّتِي تَمُوْجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ

وہ فتنہ جو سمندر کی طرح ٹھاٹھیں مارے گا

یہ نظام مملکت کا بگاڑ ہے، اور لوگوں کا ناحق حکومت کی آز کرنا ہے، حدیث میں ہے: ''شیطان اس سے تو مایوس ہو گیا ہے

کہ جزیرۃ العرب میں نمازی بندے اس کی پرستش کریں، البتہ وہ ان کو آپس میں لڑانے میں لگا ہوا ہے (مسلم شریف ۱۷:۱۵۶)

جنگ خطرناک دلہن ہے!

خلف بن حوشبؒ کہتے ہیں: اسلاف پسند کرتے تھے کہ وہ درج ذیل اشعار کو فتنوں (خانہ جنگیوں) کے زمانہ میں تصور میں لائیں:

جنگ اول اول تو ایک جوان عورت نظر آتی ہے ❁ جو میک اپ کر کے ہر ناداں کو اپنی طرف بلاتی ہے
یہاں تک کہ جب بھڑکتی ہے اور اس کی لپٹیں جوان ہو جاتی ہیں ❁ تو پیٹھ پھیرتی ہے بڑھیا بے شوہر ہو کر
ادھیڑ عمر، اوپرا ہوتا ہے اس کا رنگ اور جوانی ڈھل گئی ❁ نہ سونگھنے کے قابل رہی نہ چومنے کے!

[۱۷-] بَابُ الْفِتْنَةِ الَّتِیْ تَمُوْجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ

وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ خَلَفِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: كَانُوْا يَسْتَحِبُّوْنَ أَنْ يَتَمَثَّلُوْا بِهٰذِهِ الْأَبْيَاتِ عِنْدَ الْفِتَنِ:

الْحَرْبُ أَوَّلُ مَا تَكُوْنُ فَتِيَّةً ❁ تَسْعَى بِزِيْنَتِهَا لِكُلِّ جَهُوْلِ
حَتّٰى إِذَا اشْتَعَلَتْ وَشَبَّ ضِرَامُهَا ❁ وَلَّتْ عَجُوْزًا غَيْرَ ذَاتِ حَلِيْلِ
شَمْطَاءَ، يُنْكَرُ لَوْنُهَا، وَتَغَيَّرَتْ ❁ مَكْرُوْهَةً لِلشَّمِّ وَالتَّقْبِيْلِ

لغات: تَمَثَّلَ الشيئَ: تصور کرنا، ذہن میں کسی چیز کا نقشہ لانا ...... **الضِّرام:** آگ کی دہک، بھڑک ...... **شَمطَاء:** أَشْمَط کا مؤنث: سیاہ وسفید بالوں والا۔

آئندہ حدیث: مع شرح تحفۃ القاری (۲:۳۸۴) میں آچکی ہے۔

[۷۰۹۶-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، حَدَّثَنَا شَقِيْقٌ، قَالَ: سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ، يَقُوْلُ: بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ عِنْدَ عُمَرَ، إِذْ قَالَ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ قَوْلَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم فِی الْفِتْنَةِ؟ قَالَ: "فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِیْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ وَجَارِهِ، يُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْیُ عَنِ الْمُنْكَرِ" قَالَ: لَيْسَ عَنْ هٰذَا أَسْأَلُكَ، وَلٰكِنِ الَّتِیْ تَمُوْجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ، قَالَ: لَيْسَ عَلَيْكَ مِنْهَا بَأْسٌ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! إِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا، قَالَ عُمَرُ: أَيُكْسَرُ الْبَابُ أَمْ يُفْتَحُ؟ قَالَ: بَلْ يُكْسَرُ، قَالَ عُمَرُ: إِذَنْ لَا يُغْلَقَ أَبَدًا. قُلْتُ: أَجَلْ، قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ: أَكَانَ عُمَرُ يَعْلَمُ الْبَابَ؟ قَالَ: نَعَمْ كَمَا أَعْلَمُ أَنَّ دُوْنَ غَدٍ اللَّيْلَةَ، وَذٰلِكَ أَنِّیْ حَدَّثْتُهُ حَدِيْثًا لَيْسَ بِالْأَغَالِيْطِ، فَهِبْنَا أَنْ نَسْأَلَهُ مَنِ الْبَابُ؟ فَأَمَرْنَا مَسْرُوْقًا فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: مَنِ الْبَابُ؟ قَالَ عُمَرُ. [راجع: ۵۲۵]

آئندہ روایت: بھی تحفۃ القاری (۷:۲۰۲) میں تفصیل سے گذر چکی ہے، علی بلوی تصیبہ سے استدلال ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد جو حالات بگڑے تو پھر انھوں نے سنور نے کا نام نہیں لیا، دن بدن بگڑتے ہی چلے گئے۔

[۷۰۹۷-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِیْ مَرْيَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى الْأَشْعَرِیِّ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا إِلٰى حَائِطٍ مِنْ حَوَائِطِ الْمَدِيْنَةِ لِحَاجَةٍ، وَخَرَجْتُ فِیْ أَثَرِهِ، فَلَمَّا دَخَلَ الْحَائِطَ جَلَسْتُ عَلٰى بَابِهِ وَقُلْتُ: لَأَكُوْنَنَّ الْيَوْمَ بَوَّابَ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم وَلَمْ يَأْمُرْنِیْ، فَذَهَبَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم وَقَضٰى حَاجَتَهُ، وَجَلَسَ عَلٰى قُفِّ الْبِئْرِ، وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ فَدَلَّاهُمَا فِی الْبِئْرِ، فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْهِ لِيَدْخُلَ فَقُلْتُ: كَمَا أَنْتَ حَتّٰى أَسْتَأْذِنَ لَكَ، فَوَقَفَ، فَجِئْتُ إِلٰى النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: يَا نَبِیَّ اللّٰهِ أَبُوْ بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: "ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَدَخَلَ فَجَاءَ عَنْ يَمِيْنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، فَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ وَدَلَّاهُمَا فِی الْبِئْرِ، فَجَاءَ عُمَرُ فَقُلْتُ: كَمَا أَنْتَ حَتّٰى أَسْتَأْذِنَ لَكَ. فَقَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم: "ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَجَاءَ عَنْ يَسَارِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم فَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ وَدَلَّاهُمَا فِی الْبِئْرِ، فَامْتَلَأَ الْقُفُّ فَلَمْ يَكُنْ فِيْهِ مَجْلِسٌ، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ فَقُلْتُ: كَمَا أَنْتَ حَتّٰى أَسْتَأْذِنَ لَكَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم: "ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، مَعَهَا بَلَاءٌ يُصِيْبُهُ" فَدَخَلَ فَلَمْ يَجِدْ مَعَهُمْ مَجْلِسًا، فَتَحَوَّلَ حَتّٰى جَاءَ مُقَابِلَهُمْ عَلٰى شَفَةِ الْبِئْرِ، فَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ ثُمَّ دَلَّاهُمَا فِی الْبِئْرِ، فَجَعَلْتُ أَتَمَنّٰى أَخًا لِیْ وَأَدْعُوْ اللّٰهَ أَنْ يَأْتِیَ.

قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ: فَتَأَوَّلْتُ ذٰلِكَ: قُبُوْرَهُمْ، اجْتَمَعَتْ هَاهُنَا وَانْفَرَدَ عُثْمَانُ. [راجع: ۳۶۷٤]

آئندہ روایت: تحفۃ القاری (۶:۵۰۵) میں آچکی ہے، اس کا حاصل یہ ہے کہ امیر المؤمنین پر برملا تنقید کرنا فتنوں کو بھڑکاتا تھا، ہاں تنہائی میں نصیحت کرنی چاہئے، اس سے فائدہ ہوگا، اور یہ خیال کر کے نہیں رکنا چاہئے کہ وہ ہمارے امیر ہیں، امیر ہیں تو کیا ہوگیا، نصیحت تو امیر کو بھی کرنی چاہئے۔

[۷۰۹۸-] حدثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، قَالَ: قِيْلَ لِأُسَامَةَ: أَلَا تُكَلِّمُ هٰذَا؟ قَالَ: قَدْ كَلَّمْتُهُ مَا دُوْنَ أَنْ أَفْتَحَ لَكَ بَابًا أَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يَفْتَحُهُ، وَمَا أَنَا بِالَّذِیْ أَقُوْلُ لِرَجُلٍ بَعْدَ أَنْ يَكُوْنَ أَمِيْرًا عَلٰى رَجُلَيْنِ: أَنْتَ خَيْرٌ بَعْدَ مَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يُجَاءُ بِرَجُلٍ فَيُطْرَحُ فِی النَّارِ، فَيُطْحَنُ فِيْهَا كَطَحْنِ الْحِمَارِ

بِرَحَاهُ، فَيُطِيفُ بِهِ أَهْلُ النَّارِ فَيَقُوْلُوْنَ: أَىْ فُلَانُ، أَلَسْتَ كُنْتُ تَأْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ، وَتَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ؟ فَيَقُوْلُ: إِنِّىْ كُنْتُ آمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَلاَ أَفْعَلُهُ، وَأَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ وَأَفْعَلُهُ"[راجع: ۳۲۶۷]

بَابٌ

عورت کی سربراہی کامیابی کا راستہ نہیں

یہ باب بلاعنوان ہے، اور ابن بطال کے یہاں یہ باب نہیں، پس یہ باب کالفصل ہے، اور حدیث تحفۃ القاری (۵۲۹:۸) میں گذری ہے، اس کا حاصل یہ ہے کہ عورتوں کی سربراہی کامیابی کا راستہ نہیں، اس سے فتنے جنم لیتے ہیں۔

[۱۸-] بَابٌ

[۷۰۹۹-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِىْ بَكْرَةَ قَالَ: لَقَدْ نَفَعَنِى اللّٰهُ بِكَلِمَةٍ أَيَّامَ الْجَمَلِ: لَمَّا بَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَنَّ فَارِسَ مَلَّكُوْا ابْنَةَ كِسْرَى قَالَ: "لَنْ يُفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا أَمْرَهُمُ امْرَأَةً"[راجع: ۴۴۲۵]

آئندہ روایت کی وضاحت: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے وقت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مکہ میں تھیں، عمرہ کے لئے گئی تھیں، واپسی میں راستہ میں ان کو شہادتِ عثمانؓ کی اطلاع ملی، وہ مکہ واپس لوٹ گئیں، حضرات زبیر وطلحہ رضی اللہ عنہما مدینہ میں تھے، وہ بھی مکہ پہنچ گئے، اور مشورہ ہوا کہ حضرت عثمانؓ کے قاتلوں سے قصاص لیا جائے، چنانچہ ایک بڑا لشکر تیار ہوکر بصرہ کی طرف روانہ ہوا، کیونکہ قاتلین عراق اور مصر کے تھے۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع ملی تو آپؓ نے عراق منتقل ہونے کا فیصلہ کیا، تاکہ شورش پر قابو پایا جاسکے، اور حضرات عمار وحسن رضی اللہ عنہما کو کوفہ روانہ کیا، تاکہ وہ لوگوں کو جنگ کے لئے آمادہ کریں۔

ترجمہ: ابومریم (راوی) کہتا ہے: جب حضرات طلحہ وزبیر وعائشہ رضی اللہ عنہم نے بصرہ کی طرف کوچ کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرات عمار وحسن رضی اللہ عنہما کو بھیجا، وہ دونوں ہمارے پاس کوفہ پہنچے، اور دونوں منبر پر چڑھے، حضرت حسنؓ منبر پر اوپر تھے، اور عمار: حسن سے نیچے تھے (یہ صاحبزادے کا احترام تھا) ہم ان کے پاس اکٹھا ہوئے، پس میں نے عمارؓ کو کہتے سنا کہ عائشہؓ بصرہ کی طرف روانہ ہوچکی ہیں، بخدا! وہ تمہارے نبی ﷺ کی بیوی ہیں دنیا وآخرت میں، مگر اللہ تعالیٰ تمہیں آزمارہے ہیں تاکہ کھل کر یہ بات سامنے آجائے کہ تم حضرت علیؓ کی اطاعت کرتے ہو یا حضرت عائشہؓ کی؟

[۷۱۰۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حَصِيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مَرْيَمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ الْأَسَدِيُّ، قَالَ: لَمَّا سَارَ طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ

وَعَائِشَةُ إِلَى الْبَصْرَةِ، بَعَثَ عَلِيٌّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ وَحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، فَقَدِمَا عَلَيْنَا الْكُوفَةَ، فَصَعِدَا الْمِنْبَرَ، وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ فَوْقَ الْمِنْبَرِ فِي أَعْلَاهُ، وَقَامَ عَمَّارٌ أَسْفَلَ مِنَ الْحَسَنِ، فَاجْتَمَعْنَا إِلَيْهِ، فَسَمِعْتُ عَمَّارًا يَقُوْلُ: إِنَّ عَائِشَةَ قَدْ سَارَتْ إِلَى الْبَصْرَةِ، وَاللّٰهِ إِنَّهَا لَزَوْجَةُ نَبِيِّكُمْ صلى الله عليه وسلم فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ابْتَلَاكُمْ، لِيُعْلَمَ إِيَّاهُ تُطِيْعُوْنَ أَمْ هِيَ؟[راجع: ۳۷۷۲]

[۷۱۰۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ غَنِيَّةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ: قَامَ عَمَّارٌ عَلَى مِنْبَرِ الْكُوْفَةِ، فَذَكَرَ عَائِشَةَ وَذَكَرَ مَسِيْرَهَا وَقَالَ: إِنَّهَا زَوْجَةُ نَبِيِّكُمْ صلى الله عليه وسلم فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَلٰكِنَّهَا مِمَّا ابْتُلِيْتُمْ.[راجع: ۳۷۷۲]

آئندہ روایت: ابووائل شقیق بن سلمہ کہتے ہیں: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ (کوفہ کے گورنر) اور حضرت ابو مسعود عقبہ بن عمرو بدری رضی اللہ عنہ (کوفہ کے مالدار اور فیاض آدمی) حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، جب ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کوفہ والوں کی طرف بھیجا، تاکہ وہ ان کو جنگ پر آمادہ کریں، پس دونوں نے کہا: نہیں دیکھا ہم نے آپ کو جب سے آپ مسلمان ہوئے ہیں کہ کیا ہو آپ نے کوئی کام زیادہ ناپسندیدہ ہمارے نزدیک آپ کے جلدی کرنے سے اس معاملہ میں! پس حضرت عمارؓ نے (ترکی بہ ترکی) جواب دیا: نہیں دیکھا میں نے آپ دونوں سے جب سے آپ دونوں مسلمان ہوئے ہو کوئی ایسا کام جو میرے نزدیک زیادہ ناپسندیدہ ہو آپ دونوں کے دیر کرنے سے اس معاملہ میں! پھر ابومسعودؓ نے دونوں (ابوموسیٰ اور عمار) کو ایک ایک جوڑا دیا، پھر وہ سب مسجد گئے۔

[۷۱۰۲و۷۱۰۳-و۷۱۰۴-] حدثنا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، يَقُوْلُ: دَخَلَ أَبُوْ مُوْسَى، وَأَبُوْ مَسْعُوْدٍ عَلَى عَمَّارٍ حَيْثُ بَعَثَهُ عَلِيٌّ إِلَى أَهْلِ الْكُوْفَةِ، يَسْتَنْفِرُهُمْ، فَقَالَا: مَا رَأَيْنَاكَ أَتَيْتَ أَمْرًا أَكْرَهَ عِنْدَنَا مِنْ إِسْرَاعِكَ فِي هٰذَا الْأَمْرِ مُنْذُ أَسْلَمْتَ! فَقَالَ عَمَّارٌ: مَا رَأَيْتُ مِنْكُمَا مُنْذُ أَسْلَمْتُمَا أَمْرًا أَكْرَهَ عِنْدِيْ مِنْ إِبْطَائِكُمَا عَنْ هٰذَا الْأَمْرِ! وَكَسَاهُمَا حُلَّةً حُلَّةً، ثُمَّ رَاحُوْا إِلَى الْمَسْجِدِ.[طرفه: ۷۱۰۶]

نوٹ: روایت میں تین صحابہ ہیں اس لئے تین نمبر لگائے ہیں۔

آئندہ حدیث: گذشتہ حدیث کے ہم معنی ہے۔ شقیق بن سلمہ کہتے ہیں: میں ابومسعود، ابوموسیٰ اور عمار رضی اللہ عنہم کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا، پس ابومسعودؓ نے کہا: آپ کے ساتھیوں میں سے کوئی نہیں، لیکن اگر میں چاہوں تو اس میں عیب نکالوں علاحدہ آپ کے۔ اور نہیں دیکھی میں نے آپ سے کوئی چیز جب سے آپ نے نبی ﷺ کی صحبت اختیار کی ہے زیادہ عیب کی بات میرے نزدیک آپ کے جلد بازی کرنے سے اس معاملہ میں۔ پس عمارؓ نے جواب دیا: اے ابومسعودؓ! اور نہیں دیکھی

میں نے آپ سے اور آپ کے ان ساتھی (ابوموسیٰ) سے کوئی چیز جب سے آپ دونوں نے نبی ﷺ کی صحبت اختیار کی ہے زیادہ عیب کی بات آپ دونوں کے درنگ کرنے سے اس معاملہ میں! پھر ابومسعودؓ نے کہا: اور وہ مالدار تھے: اے غلام! دو جوڑے لا، پس ایک ابوموسیٰ کو دیا اور ایک عمار کو (وہ سفر کے کپڑوں میں تھے، اور ابوموسیٰ کو موافقت کے لئے دیا تھا) اور کہا: دونوں ان کو پہن کر جمعہ کے لئے جاؤ۔

نوٹ: سب روایات سے یہ استدلال کرنا ہے کہ عورت کی سربراہی فتنہ کا دروازہ کھولتی ہے۔

[۷۱۰۵-و۷۱۰۶-و۷۱۰۷-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِيْ مُوْسَى، وَعَمَّارٍ، فَقَالَ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ: مَا مِنْ أَصْحَابِكَ أَحَدٌ إِلَّا لَوْ شِئْتُ لَقُلْتُ فِيْهِ غَيْرَكَ، وَمَا رَأَيْتُ مِنْكَ شَيْئًا مُنْذُ صَحِبْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَعْيَبَ عِنْدِيْ مِنِ اسْتِسْرَاعِكَ فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ. فَقَالَ عَمَّارٌ: يَا أَبَا مَسْعُوْدٍ وَمَا رَأَيْتُ مِنْكَ وَلاَ مِنْ صَاحِبِكَ هٰذَا شَيْئًا مُنْذُ صَحِبْتُمَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَعْيَبَ عِنْدِيْ مِنْ إِبْطَائِكُمَا فِي هٰذَا الْأَمْرِ، فَقَالَ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ، وَكَانَ مُوْسِرًا: يَاغُلَامُ هَاتِ حُلَّتَيْنِ. فَأَعْطَى إِحْدَاهُمَا أَبَا مُوْسَى وَالْأُخْرَى عَمَّارًا وَقَالَ: رُوْحَا فِيْهِ إِلَى الْجُمُعَةِ. [راجع: ۷۱۰۳]

بَابٌ: إِذَا أَنْزَلَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا

جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب نازل کرتے ہیں

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قتل ایسا سنگین واقعہ تھا کہ خانہ جنگی کی صورت میں اللہ کا عذاب آیا، جنگِ جمل پیش آئی، پھر جنگِ صفین، جس میں ہزاروں آدمی لقمۂ اجل بنے، اچھے بھی اور برے بھی یعنی قاتلین عثمان وخوارج بھی، البتہ آخرت میں حسب اعمال حشر ہوگا، برے برے ہونگے اور اچھے اچھے! امام بخاری رحمہ اللہ یہ باب اسی مناسبت سے لائے ہیں، امام صاحب کی دقّتِ نظر کو آفریں ہے!

[۱۹-] بَابٌ: إِذَا أَنْزَلَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا

[۷۱۰۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أَنْزَلَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا أَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ كَانَ فِيْهِمْ، ثُمَّ بُعِثُوْا عَلٰى أَعْمَالِهِمْ"

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: " إِنَّ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ! وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ "

پیشین گوئی کے مطابق: حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی صلح پسندی سے خانہ جنگی موقوف ہوئی

جب حضرت علی رضی اللہ عنہ خارجیوں سے نمٹ لئے، جو مارے جانے تھے مارے گئے، باقی تتر بتر ہوگئے تو انھوں نے تین بڑوں کے قتل کا پلان بنایا، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کردیا، پس حضرت حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ نامزد کئے گئے، وہ بڑا لشکر لے کر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف بڑھے، تا کہ ان کو بیعت پر مجبور کریں، حضرت معاویہؓ بھی اپنا لشکر لے کر نکلے، پھر ان کی طرف سے صلح کی پیش کش ہوئی جس کو حضرت حسنؓ نے قبول کرلیا، اور وہ حضرت معاویہؓ کے حق میں خلافت سے دست بردار ہوگئے، کیونکہ صفین میں مسلمانوں کا خون بہت بہہ چکا تھا، حضرت حسنؓ مزید خون خرابہ نہیں چاہتے تھے، اس لئے مسلمانوں کے خون کی حفاظت کے لئے آپ نے صلح منظور کرلی، جس کی نبی ﷺ نے پیشین گوئی فرمائی تھی۔

حدیث: سفیان بن یزید کہتے ہیں: مجھ سے ابوموسیٰ اسرائیل نے حدیث بیان کی، میری ان سے کوفہ میں ملاقات ہوئی ہے، وہ قاضی عبداللہ بن شبرمہ کے پاس آئے، اور کہا: مجھے منصور عباسی کے بھتیجے عیسیٰ (گورنر کوفہ) کے پاس لے جائیے، میں ان کو نصیحت کرونگا، ابن شبرمہ ان پر ڈرے، پس انھوں نے یہ کام نہیں کیا (گورنر کے پاس نہیں لے گئے، انھوں نے سوچا: گورنر نوجوان ہے، کہیں بپھر نہ جائے)

پس ابوموسیٰ اسرائیل نے کہا: ہم سے حسن بصری رحمہ اللہ نے حدیث بیان کی کہ جب حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف لشکروں کے ساتھ کوچ کیا تو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے معاویہؓ سے کہا: میں ایسا زبردست لشکر دیکھ رہا ہوں جو پیٹھ نہیں پھیرے گا یہاں تک کہ مقابل لشکر کو پیٹھ نہ دکھادے یعنی آپ بھی ایسا ہی لشکر جرار تیار کریں، حضرت معاویہؓ نے کہا: مسلمانوں کے بچوں کو کون سنبھالے گا؟ عمروؓ نے کہا: میں (سنبھالوں گا)

یعنی اب بھی ان کی رائے یہی رہی کہ زبردست لشکر تیار کر کے سخت مقابلہ کیا جائے، اور بچے یتیم ہوجائیں تو ان کو میں یعنی ہماری حکومت سنبھال لے گی، مگر حضرت معاویہؓ کا موڈ لڑنے کا نہیں تھا، چنانچہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے ایک دوسری روایت میں فرمایا: واللہ إنه كان خير الرجلين: بخدا! معاویہؓ دونوں میں بہتر تھے۔

پس عبداللہ بن عامر اور عبدالرحمٰن بن سمرۃ نے کہا: ہم ان سے ملاقات کرتے ہیں، اور صلح کی پیش کش کرتے ہیں، حسن بصری رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے ابوبکرۃؓ سے یہ حدیث سنی ہے کہ دریں اثنا کہ نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے کہ حضرت حسنؓ آئے، پس آپؐ نے فرمایا: "میرا یہ بیٹا سردار ہے!" (صدر ہر جا کہ بنشیند صدر است! خلافت سے دست بردار ہونے کے بعد بھی میرا یہ بیٹا سردار (بڑا آدمی) رہے گا، اس کی شان کچھ گھٹ نہیں جائے گی۔" اور شاید اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں

کی دو جماعتوں میں مصالحت کرائیں‘‘ (فکان کما قال!)

[۲۰-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ:'' إِنَّ ابْنِی هٰذَا سَیِّدٌ! وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ یُصْلِحَ بِهِ بَیْنَ فِئَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ''

[۷۱۰۹-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِیْلُ أَبُوْ مُوْسٰی، وَلَقِیْتُهُ بِالْکُوْفَةِ، جَاءَ إِلٰی ابْنِ شُبْرُمَةَ، فَقَالَ: أَدْخِلْنِی عَلٰی عِیْسٰی فَأَعِظَهُ، فَکَأَنَّ ابْنَ شُبْرُمَةَ خَافَ عَلَیْهِ فَلَمْ یَفْعَلْ.

فَقَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ قَالَ: لَمَّا سَارَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ إِلٰی مُعَاوِیَةَ بِالْکَتَائِبِ، قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ لِمُعَاوِیَةَ: أَرٰی کَتِیْبَةً لَا تُوَلِّیْ حَتّٰی تُدْبِرَ أُخْرَاهَا. قَالَ مُعَاوِیَةُ: مَنْ لِذَرَارِیِّ الْمُسْلِمِیْنَ؟ فَقَالَ: أَنَا! فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ: نَلْقَاهُ فَنَقُوْلُ لَهُ: الصُّلْحَ.

قَالَ الْحَسَنُ: وَلَقَدْ سَمِعْتُ أَبَا بَکْرَةَ، قَالَ: بَیْنَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَخْطُبُ جَاءَ الْحَسَنُ، فَقَالَ:'' ابْنِی هٰذَا سَیِّدٌ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ یُصْلِحَ بِهِ بَیْنَ فِئَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ''[راجع: ۲۷۰۴]

آئندہ روایت: حضرت حسن رضی اللہ عنہ پر ایک الزام کے جواب میں لائی گئی ہے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت حسنؓ سے سالانہ مال کی ایک مقدار پر مصالحت کی تھی، پس انہی کے لوگوں نے کہنا شروع کیا: مال کی لالچ میں صلح کی! حالانکہ حضرت حسنؓ خلیفہ بننے سے پہلے مالدار اور فیاض تھے، جیسا کہ روایت کے آخر میں ہے، ایسے شخص کو مال کا کیا لالچ ہوسکتا ہے؟ البتہ یہ بات ضرور ہے کہ مصالحت کے بعد بھی آپ سردار (لوگوں کا مرجع) تھے، لوگ اپنی حاجتیں لے کر آپ کے پاس آتے تھے، ان کی اشک شوئی کے لئے اندوختہ ہونا چاہئے، چنانچہ آپ نے مال کی وہ مقدار قبول کی، ورنہ عہدے کے سامنے مال کی کیا وقعت ہے!

ایک واقعہ: ہمارے سابق مہتمم: **دارالعلوم دیوبند** سے تنخواہ نہیں لیتے تھے، اس وقت مہتمم کی تنخواہ کوئی پندرہ بیس ہزار روپے رہی ہوگی، ایک مجلس میں ان کی اس خوبی کا ذکر چھڑا تو ایک پھکڑ بولا: مجھے مہتمم بنادو، میں تنخواہ نہیں لونگا اور بیس ہزار روپے ماہانہ دارالعلوم کو چندہ دونگا، عہدہ کی یہ شان ہے! (حالانکہ عہدہ حاصل کرنے کے لئے قربانی (رشوت) دینا اور عہدہ مسلّم ہوجانے کے بعد قربانی دینے میں بڑا فرق ہے)

ترجمہ: عمرو بن دینارؒ (تابعی) کہتے ہیں: مجھے ابوجعفر محمد باقر رحمہ اللہ (تابعی) نے خبر دی کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ حرملہ (تابعی) نے ان کو (باقر کو) خبر دی —— عمرو بن دینار کہتے ہیں: میں نے حرملہ کو دیکھا ہے (مگر یہ روایت ان سے نہیں سنی) —— حرملہ کہتے ہیں: مجھے حضرت اسامہؓ نے حضرت علیؓ کے پاس بھیجا (تعاون کی امید سے) اور کہا: وہ اب عنقریب تم سے پوچھیں گے کہ تمہارے آقا کو کس چیز نے (میری مدد سے) روکا؟ تو ان سے کہنا: وہ (میرے

آقا) آپ سے کہہ رہے ہیں کہ اگر آپ شیر کے منہ میں ہوں تو میں پسند کرتا ہوں کہ میں اس میں آپ کے ساتھ ہوں، مگر یہ معاملہ (خانہ جنگی کا معاملہ) میری سمجھ میں نہیں آیا —— پس انھوں نے مجھے کچھ نہیں دیا (ان کے پاس اپنا کچھ تھا ہی نہیں! انھوں نے دنیا کو تین طلاقیں دیدی تھیں اور حکومت کے مال میں گنجائش نہیں ہوگی یا احتیاط کی ہوگی) پس میں حضرات حسن، حسین اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم کے پاس گیا تو انھوں نے میرے لئے میرے اونٹ پر بوجھ لاد دیا!

[۷۱۱۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قَالَ عَمْرٌو: أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ: أَنَّ حَرْمَلَةَ مَوْلٰى أُسَامَةَ أَخْبَرَهُ – قَالَ عَمْرٌو: وَقَدْ رَأَيْتُ حَرْمَلَةَ– قَالَ: أَرْسَلَنِيْ أُسَامَةُ إِلٰى عَلِيٍّ، وَقَالَ: إِنَّهُ سَيَسْأَلُكَ الآنَ فَيَقُوْلُ: مَا خَلَّفَ صَاحِبَكَ؟ فَقُلْ لَهُ: يَقُوْلُ لَكَ: لَوْ كُنْتَ فِيْ شِدْقِ الْأَسَدِ لَأَحْبَبْتُ أَنْ أَكُوْنَ مَعَكَ فِيْهِ، وَلٰكِنَّ هٰذَا أَمْرٌ لَمْ أَرَهُ. فَلَمْ يُعْطِنِيْ شَيْئًا، فَذَهَبْتُ إِلٰى حَسَنٍ، وَحُسَيْنٍ، وَابْنِ جَعْفَرٍ، فَأَوْقَرُوْا لِيْ رَاحِلَتِيْ.

بَابٌ: إِذَا قَالَ عِنْدَ قَوْمٍ شَيْئًا، ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ بِخِلَافِهِ

ایک قوم کے پاس ایک بات کہنا، پھر نکل کر اس کے خلاف کہنا (فتنہ کا سبب ہے)

فتنہ (دنگا فساد) اس سے بھی پیدا ہوتا ہے کہ ایک قوم سے ایک بات کہے، پھر وہاں سے نکل کر اس کے خلاف کہے، اور اس کی بہت سی صورتیں ہوسکتی ہیں، امام صاحب رحمہ اللہ نے روایات کی روشنی میں تین صورتیں بیان کی ہیں:

۱- کسی سے سچے دل سے بیعتِ خلافت کی، پھر اس کو توڑ دیا اور اس کے مخالفوں کے ساتھ مل گیا —— حضرت معاویہؓ نے یزید کے لئے بیعت اپنی حیات میں لی تھی، اس وقت حضرت ابن عمرؓ نے بیعت نہیں کی تھی، فرمایا تھا کہ بیک وقت دو شخصوں سے بیعت نہیں ہوسکتی، پھر جب حضرت معاویہؓ کا انتقال ہوگیا تو ابن عمرؓ نے خط کے ذریعہ اپنی اور اپنی اولاد ومتعلقین کی بیعت لکھ بھیجی، پھر مدینہ میں یزید کے خلاف شورش ہوئی، مدینہ والوں نے یزید کی بیعت توڑ دی اور جنگ کے لئے تیاری شروع کی تو یزید نے مدینہ والوں کی سرکوبی کے لئے لشکر بھیجا اور سنہ ۶۳ھ میں حرّہ کا واقعہ پیش آیا، جب مدینہ میں جنگی تیاری ہورہی تھی تو ابن عمرؓ نے اپنی اولاد اور متعلقین کو جمع کیا، پہلے حدیث سنائی کہ غدار (بے وفا) کے لئے قیامت کے دن جھنڈا گاڑا جائے گا، پھر فرمایا کہ ہم نے اخلاص سے یزید کے ہاتھ پر بیعت کی ہے، پس کوئی اس کو توڑ کر مدینہ کے لیڈروں کا ساتھ نہ دے، ورنہ میری اس سے کٹ آف! (Cutoff)

۲- مقصد پنہاں کچھ ہو، اور زبان پر کچھ ہو، دل میں اپنا مفاد ہو، اور زبان سے قوم وملت اور ادارے کے مفاد کا اظہار ہو —— جب یزید کے لئے بیعت لی گئی تو حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ نے اپنے لئے بیعت لی، اور مکہ مکرمہ کو اپنا پایۂ تخت بنایا، اسلامی دنیا کا ایک تہائی بنو امیہ کے ہاتھ میں تھا، اور دو تہائی پر ابن الزبیر کی حکومت تھی، پھر جب حضرت معاویہؓ کی اولاد

نالائق ہوگئی تو شام میں مروان اور ابن زیاد نے خلافت کا دعوی کیا، حضرت ابو برزہ اسلمیؓ نے اس پر تبصرہ کیا کہ یہ دنیا کے مفاد کے لئے ہے، اگرچہ ملت کے مفاد کا گانا گایا جاتا ہے۔

۳- منافقین نبی ﷺ اور مسلمانوں کے سامنے ایمان اور اس میں اخلاص کا دعوی کرتے تھے، اور باہر نکل کر کچھ اور کہتے تھے:﴿وَإِذَا لَقُوْا الَّذِيْنَ آمَنُوْا قَالُوْ آمَنَّا، وَإِذَا خَلَوْا إِلٰى شَيَاطِيْنِهِمْ قَالُوْا إِنَّا مَعَكُمْ، إِنَّمَا نَحْنُ مَسْتَهْزِءُ وْنَ﴾: اور جب وہ مسلمانوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم ایمان لائے، اور جب وہ اپنے گروگھنٹالوں کے پاس تنہائی میں ہوتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم تمہارے ساتھ ہیں، ہم نے تو ان مسلمانوں کا بے وقوف بنایا تھا —— یہ نفاق بھی باب کی ایک مثال ہے، ایک کے پاس ایک بات کہنا، پھر نکل کر اس کے خلاف کہنا باعث فتنہ ہے۔

[۲۱-] بَابٌ: إِذَا قَالَ عِنْدَ قَوْمٍ شَيْئًا، ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ بِخِلَافِهِ

[۷۱۱۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: لَمَّا خَلَعَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَزِيْدَ بْنَ مُعَاوِيَةَ جَمَعَ ابْنُ عُمَرَ حَشَمَهُ وَوَلَدَهُ، فَقَالَ: إِنِّيْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " يُنْصَبُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" وَإِنَّا قَدْ بَايَعْنَا هٰذَا الرَّجُلَ عَلٰى بَيْعِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَإِنِّيْ لَا أَعْلَمُ غَدْرًا أَعْظَمَ مِنْ أَنْ يُبَايَعَ رَجُلٌ عَلٰى بَيْعِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، ثُمَّ يُنْصَبَ لَهُ الْقِتَالَ، وَإِنِّيْ لَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْكُمْ خَلَعَهُ، وَلَا تَابَعَ فِي هٰذَا الْأَمْرِ، إِلَّا كَانَتِ الْفَيْصَلَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ. [راجع: ۳۱۸۸]

ترجمہ: نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: جب مدینہ والوں نے یزید بن معاویہ کی بیعت اتاردی (اور جنگ کی تیاری شروع کی) تو ابن عمرؓ نے اپنے متعلقین اور اپنی اولاد کو جمع کیا، اور کہا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن ہر غدار (بے وفا، عہد شکن) کے لئے ایک جھنڈا کھڑا کیا جائے گا، اور ہم نے اس شخص (یزید) سے بیعت کی ہے، ویسی جیسا اللہ و رسول نے ہمیں حکم دیا ہے۔ اور میں نہیں جانتا کوئی بے وفائی اس سے بڑی کہ ایک شخص بیعت کرے ویسی جیسا اللہ ورسول نے حکم دیا ہے، پھر وہ اس شخص سے برسر پیکار ہوجائے، اور میں نہیں جانتا تم میں سے کسی کو جو یزید کی بیعت کو اتار دے اور اس معاملہ میں (بغاوت کرنے والوں کی) پیروی کرے مگر ہوگا وہ فیصلہ کن میرے اور اس کے درمیان یعنی جو یزید کی بیعت توڑ کر اس کے مخالفوں کے لشکر میں شامل ہوا میرا اس سے کچھ تعلق نہیں، یہ فیصلہ کن بات ہے۔

[۷۱۱۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ ابْنُ زِيَادٍ وَمَرْوَانُ بِالشَّامِ، وَوَثَبَ ابْنُ الزُّبَيْرِ بِمَكَّةَ، وَوَثَبَ الْقُرَّاءُ بِالْبَصْرَةِ، فَانْطَلَقْتُ مَعَ أَبِيْ إِلٰى أَبِيْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلَيْهِ فِيْ دَارِهِ، جَالِسٌ فِيْ ظِلِّ عُلِّيَّةٍ لَهُ مِنْ قَصَبٍ، فَجَلَسْنَا إِلَيْهِ فَأَنْشَأَ أَبِيْ يَسْتَطْعِمُهُ بِالْحَدِيْثِ فَقَالَ: يَا أَبَا بَرْزَةَ أَلَا تَرٰى مَا وَقَعَ فِيْهِ النَّاسُ؟ فَأَوَّلُ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ تَكَلَّمَ بِهِ: إِنِّيْ

احْتَسَبْتُ عِنْدَ اللّٰهِ أَنِّیْ أَصْبَحْتُ سَاخِطًا عَلٰی أَحْيَاءِ قُرَيْشٍ، إِنَّكُمْ يَا مَعْشَرَ الْعَرَبِ كُنْتُمْ عَلٰی الْحَالِ الَّتِیْ عَلِمْتُمْ مِنَ الذِّلَّةِ وَالْقِلَّةِ وَالضَّلَالَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ أَنْقَذَكُمْ بِالإِسْلَامِ وَبِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیه وسلم حَتّٰی بَلَغَ بِكُمْ مَا تَرَوْنَ، وَهٰذِهِ الدُّنْيَا الَّتِیْ أَفْسَدَتْ بَيْنَكُمْ، إِنَّ ذَاكَ الَّذِیْ بِالشَّامِ وَاللّٰهِ إِنْ يُقَاتِلُ إِلَّا عَلٰی الدُّنْيَا. [طرفه: ۷۲۷۱]

ترجمہ: ابوالمنہال کہتے ہیں: جب ابن زیاد اور مروان شام میں حکومت کے دعویدار ہوئے، اور ابن الزبیر مکہ میں کودے (مکہ ان کا پایۂ تخت تھا) اور قراء بصرہ میں کودے (وہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قصاص کے لئے کھڑے ہوئے تھے) تو میں اپنے ابا کے ساتھ حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، یہاں تک کہ ہم ان کے پاس ان کے گھر میں داخل ہوئے، وہ بانس کے ایک بالا خانہ کے سایہ میں بیٹھے ہوئے تھے، ہم ان کے پاس بیٹھ گئے، پس میرے ابا نے باتیں شروع کرانی چاہیں تو کہا: اے ابو برزہ! کیا آپ دیکھتے نہیں وہ جس میں لوگ واقع ہوئے ہیں؟ پس پہلی وہ بات جو میں نے ان سے سنی جو انھوں نے فرمائی (یہ تھی) کہ میں اللہ سے ثواب کی امید رکھتا ہوں کہ میں آج قبائل قریش سے سخت ناراض ہوں (چونکہ یہ بغض فی اللہ تھا، اس لئے ثواب کی امید باندھی) اے جماعت عرب! تم رسوائی، تعداد کی قلت اور گمراہی کی اس حالت میں تھے جس کو تم جانتے ہو، پھر اللہ تعالیٰ نے تم کو اسلام اور نبی ﷺ کے ذریعہ نجات بخشی، یہاں تک کہ تمہارا حال وہاں پہنچا جس کو تم دیکھ رہے ہو، اور یہ دنیا ہے جس نے تمہارے درمیان بگاڑ پیدا کیا ہے، بے شک وہ جو شام میں ہے یعنی مروان بخدا! نہیں لڑ رہا مگر دنیا کے لئے (مگر منہ سے کہتا ہے کہ ملت کی فلاح و بہبود کے لئے کھڑا ہوا ہوں)

[۷۱۱۳-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِیْ إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، قَالَ: إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ الْيَوْمَ شَرٌّ مِنْهُمْ عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم كَانُوْا يَوْمَئِذٍ يُسِرُّوْنَ وَالْيَوْمَ يَجْهَرُوْنَ.

[۷۱۱٤-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰی، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِیْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِی الشَّعْثَاءِ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: إِنَّمَا كَانَ النِّفَاقُ عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَإِنَّمَا هُوَ الْكُفْرُ بَعْدَ الإِيْمَانِ.

وضاحت: نفاق اعتقادی یہ ہے کہ دل میں کفر لئے ہوئے ہو، اور زبان سے اسلام ظاہر کرے، اور اگر خواص کے سامنے اسلام کا اظہار کرے اور عوام کے سامنے کفر بکے تو کفر بواح ہے۔

حدیث (۱): حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آج کے منافقین زمانۂ نبوی کے منافقین سے بدتر ہیں، وہ چپکے سے (اپنے سرداروں کے سامنے) نفاق ظاہر کرتے تھے، اور آج کے منافقین برملا اس کا اظہار کرتے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: عہد نبوی میں نفاق (اعتقادی) تھا، اور آج تو ایمان کے بعد کفر ہے۔

بَابٌ: لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُغْبَطَ أَهْلُ الْقُبُوْرِ

قیامت سے پہلے لوگ تمنا کریں گے کہ کاش وہ مرگئے ہوتے!

فتنوں کے تعلق سے ایسا زمانہ آسکتا ہے کہ دین پر عمل کرنا ایسا دشوار ہوجائے جیسا ہاتھ میں چنگاری پکڑنا، مگر مؤمن کو ہمت نہیں ہارنی چاہئے، ایسے پرآشوب زمانہ میں دین پر ثابت قدم رہنے کا بڑا ثواب ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ گذرے گا ایک آدمی دوسرے آدمی کی قبر پر، پس کہے گا: اے کاش میں اس کی جگہ ہوتا!'' یعنی میں آج سے پہلے مرگیا ہوتا، تاکہ فتنوں کا شکار نہ ہوتا۔

[۲۲-] بَابٌ: لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُغْبَطَ أَهْلُ الْقُبُوْرِ

[۷۱۱۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِيْ مَكَانَهُ''

[راجع: ۸۵]

بَابُ تَغَيُّرِ الزَّمَانِ حَتّٰى تُعْبَدَ الْأَوْثَانُ

زمانہ پلٹا کھائے گا، تاآنکہ مورتیاں پوجی جائیں گی

باب کے دو جزء ہیں: (۱) زمانہ پلٹا کھائے گا (۲) مورتیوں کی پوجا شروع ہوجائے گی۔ پہلی حدیث دونوں اجزاء سے متعلق ہے، اور دوسری حدیث صرف پہلے جزء سے متعلق ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''قیامت نہیں قائم ہوگی یہاں تک کہ قبیلہ دوس کی عورتوں کے سرینیں ذوالخلصہ مورتی پر مٹکیں گی!'' (مٹکنا: ناز دکھانا، یعنی عورتیں بن سنور کر اس کی پوجا شروع کردیں گی) —— اور فرمایا: ''قیامت نہیں قائم ہوگی یہاں تک کہ ایک قحطانی نکلے گا جو لوگوں کو اپنے ڈنڈے سے ہانکے گا —— خلافت عدنانیوں کے پاس ہے، ان پر ایک قحطانی غالب آجائے گا، یہ زمانہ کا پلٹا کھانا ہے۔

[۲۳-] بَابُ تَغَيُّرِ الزَّمَانِ حَتّٰى تُعْبَدَ الْأَوْثَانُ

[۷۱۱۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَضْطَرِبَ أَلَيَاتُ نِسَاءِ دَوْسٍ عَلٰى ذِي الْخَلَصَةِ'' وَذُو الْخَلَصَةِ: طَاغِيَةُ دَوْسٍ الَّتِيْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ.

[۷۱۱۷-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ أَبِي الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ

هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ رَجُلٌ مِنْ قَحْطَانَ يَسُوْقُ النَّاسَ بِعَصًا"[راجع: ٣٥١٧]

بَابُ خُرُوْجِ النَّارِ

آگ کا نکلنا

اب قیامت کی بڑی نشانیوں کا تذکرہ شروع کرتے ہیں، یہ بڑے فتنے ہیں، ان کے تعلق سے جاننا چاہئے کہ آدمی اپنے زمانہ کی اصطلاحات میں آئندہ کی باتیں بیان کرتا ہے، ورنہ لوگ سمجھیں گے نہیں، آئندہ جو فتنے رونما ہونگے ان کی نوعیت کیا ہوگی؟ یہ وقت بتائے گا، جیسے یاجوج وماجوج کا آسمان کی طرف تیر پھینکنا، ان کے تیروں کی نوعیت کیا ہوگی؟ وہ وقت پر معلوم ہوگی، جیسے جنت وجہنم کی نعمتوں اور سزاؤں کا پورا ادراک ابھی نہیں کیا جاسکتا، اسی طرح فتن وملاحم کی روایات کو بھی تقریبی طور پر ہی سمجھا جاسکتا ہے۔

معلق روایت: تحفۃ القاری (۶: ۵۴۳) میں آئی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ’’قیامت کی چھوٹی نشانیوں میں سے پہلی نشانی وہ آگ ہے جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی طرف جمع کرے گی‘‘

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’قیامت برپا نہیں ہوگی یہاں تک کہ حجاز کی سرزمین سے ایک آگ نکلے گی جو بُصری کے اونٹوں کی گردنوں کو روشن کرے گی‘‘ (یہ حدیث صرف بخاری شریف میں ہے اور اسی جگہ ہے)

تشریح: بُصری: ملک شام کا ایک شہر ہے، دمشق سے ۱۴۱ کلومیٹر ہے، زمانۂ جاہلیت میں قریش کے قافلے (گرمی کے سفر میں) بُصری سے گذرتے تھے، نبی ﷺ نے دومرتبہ اس کو دیکھا ہے، اسی شہر میں بَحیرا راہب سے آپؐ کی ملاقات ہوئی ہے، اور حاشیہ میں سرزمین حجاز سے چند مرتبہ آگ نکلنے کا تذکرہ ہے وہ اس حدیث کا مصداق نہیں۔

[٢٤-] بَابُ خُرُوْجِ النَّارِ

وَقَالَ أَنَسٌ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ نَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ الْمَشْرِقِ إِلَى الْمَغْرِبِ"

[٧١١٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَخْرُجَ نَارٌ مِنْ أَرْضِ الْحِجَازِ، تُضِيْءُ أَعْنَاقَ الإِبِلِ بِبُصْرَى"

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’عنقریب دریائے فُرات (عراق کا ایک دریا) سونے کے خزانے سے

ہٹ جائے گا، پس جو شخص اس موقع پر موجود ہو، وہ اس میں سے کچھ نہ لے" —— اور اس حدیث کے دوسرے طریق میں ہے کہ دریائے فرات سونے کے پہاڑ سے ہٹ جائے گا یعنی بہت بڑا خزانہ ظاہر ہوگا —— اور مسلم شریف میں ہے کہ اس خزانہ کو حاصل کرنے کے لئے بڑی جنگ ہوگی، اور سو میں سے ننانوے مارے جائیں گے، ہر شخص چاہے گا کہ وہ خزانہ اس کے ہاتھ آئے، اس لئے فرمایا: "اس خزانے میں سے کوئی نہ لے" یعنی اس کو حاصل کرنے کے لئے اپنی جان نہ گنوائے۔

(مسلم کتاب الفتن حدیث ۲۸۹۴)

[۷۱۱۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَدِّهِ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يُوْشِكُ الْفُرَاتُ أَنْ يَحْسِرَ عَنْ كَنْزٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَمَنْ حَضَرَهُ فَلَا يَأْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا" قَالَ: عُقْبَةُ: وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: " يَحْسِرُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ"

بَابٌ

مال کی فراوانی

مال کی ریل پیل بھی ایک طرح کا فتنہ ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "خیرات کرو، پس عنقریب ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اپنی زکات لئے لئے پھرے گا، پس وہ ایسا شخص نہیں پائے گا جو اس کو قبول کرے"

راوی: اس حدیث کے راوی حارثہ بن وہب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عبید اللہ کے اخیافی (ماں شریک) بھائی ہیں، حضرت عمرؓ نے اپنی بیوی ام کلثوم بنت جرول کو کافر ہونے کی وجہ سے الگ کردیا تھا، بعد میں وہ مسلمان ہوئیں، اور وہب سے ان کا نکاح ہوا، حارثہ ان کے لڑکے ہیں۔

[۲۵-] بَابٌ

[۷۱۲۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْبَدٌ، يَعْنِيْ ابْنَ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " تَصَدَّقُوْا، فَسَيَأْتِيْ زَمَانٌ يَمْشِيْ بِصَدَقَتِهِ، فَلَا يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا" قَالَ مُسَدَّدٌ: حَارِثَةُ أَخُو عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ لِأُمِّهِ. [راجع: ۱۴۱۱]

آئندہ حدیث: پہلے کئی جگہ آئی ہے، مگر متفرق آئی ہے، یہاں ایک ساتھ آئی ہے، اس لئے ترجمہ کرتا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

۱- قیامت برپا نہیں ہوگی یہاں تک کہ دو بڑی جماعتیں لڑیں گے، جن کے درمیان کُشتوں کے پشتے لگ جائیں گے، دونوں کا دعوی (نعرہ) ایک ہوگا (دیکھیں حدیث ۶۹۳۵)

۲- اور یہاں تک کہ بھیجے جائیں مہا مکار، مہا جھوٹے، تقریباً تیس، ہر ایک گمان کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

۳- اور یہاں تک کہ علم سکیڑ لیا جائے، اور بھونچال بہت آئیں، اور زمانہ کے اجزاء قریب ہوجائیں اور فتنوں کا دور دورہ ہو، اور مار دھاڑ بڑھ جائے۔

۴- اور یہاں تک کہ تم میں مال کی بہتات ہو، پس وہ بہے، یہاں تک کہ مال والا اس شخص کو ڈھونڈھے جو اس کی زکات قبول کرے، اور یہاں تک کہ وہ اس کو پیش کرے، پس وہ شخص جس کے سامنے پیش کیا ہے کہے: مجھے اس کی حاجت نہیں۔

۵- اور یہاں تک کہ لوگ تعمیر میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کریں۔

۶- اور یہاں تک کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کی قبر سے گزرے تو کہے: کاش میں اس کی جگہ ہوتا!

۷- اور یہاں تک کہ سورج اس کے چھپنے کی جگہ سے نکلے، پس جب وہ نکلے گا، اور اس کو سب لوگ دیکھیں گے: تو وہ وہ وقت ہوگا جب اس شخص کو جو قبل ازیں ایمان نہیں لایا: ایمان لانا مفید نہیں ہوگا، یا اس نے ایمان کی حالت میں کوئی خیر نہیں کمائی (دیکھیں حدیث ۶۵۰۶)

۸- اور ضرور برپا ہوگی قیامت درانحالیکہ دو شخصوں نے اپنے کپڑے پھیلا رکھے ہونگے، پس وہ ان کا سودا نہیں کرنے پائیں گے اور نہ وہ دونوں اس کو لپیٹنے پائیں گے۔

۹- اور البتہ ضرور قیامت برپا ہوگی درانحالیکہ آدمی اپنی اونٹنی کا دودھ لے کر لوٹا ہوگا، پس وہ اس کو پی نہیں سکے گا۔

۱۰- اور البتہ ضرور قیامت قائم ہوگی، درانحالیکہ وہ اپنے حوض کو لیپ رہا ہوگا، پس وہ اس میں پانی نہیں پلا سکے گا۔

۱۱- اور البتہ ضرور قیامت قائم ہوگی درانحالیکہ اس نے اپنے منہ کی طرف لقمہ اٹھایا ہوگا، پس وہ اس کو کھا نہیں سکے گا۔

[۷۱۲۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: أَخبرَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:

[۱-] لاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيْمَتَانِ، تَكُوْنُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ، دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ.

[۲-] وَحَتّٰى يُبْعَثَ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ، قَرِيْبٌ مِنْ ثَلاَثِيْنَ، كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ.

[۳-] وَحَتّٰى يُقْبَضَ الْعِلْمُ، وَتَكْثُرَ الزَّلاَزِلُ، وَيَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، وَتَظْهَرَ الْفِتَنُ، وَيَكْثُرَ الْهَرْجُ وَهُوَ الْقَتْلُ الْقَتْلُ.

[۴-] وَحَتّٰى يَكْثُرَ فِيْكُمُ الْمَالُ فَيَفِيْضَ، حَتّٰى يَهُمَّ رَبُّ الْمَالِ مَنْ يَقْبَلُ صَدَقَتَهُ، وَحَتّٰى يَعْرِضَهُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْ يَعْرِضُهُ عَلَيْهِ: لاَ أَرَبَ لِيْ بِهِ.

[٥-] وَحَتّٰى يَتَطَاوَلَ النَّاسُ فِي الْبُنْيَانِ.

[٦-] وَحَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِيْ مَكَانَهُ.

[٧-] وَحَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَإِذَا طَلَعَتْ وَرَآهَا النَّاسُ أَجْمَعُوْنَ، فَذَاكَ حِيْنَ ﴿لاَ يَنفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا﴾[الأنعام: ١٥٨]

[٨-] وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدْ نَشَرَ الرَّجُلاَنِ ثَوْبَهُمَا بَيْنَهُمَا، فَلاَ يَتَبَايَعَانِهِ وَلاَ يَطْوِيَانِهِ.

[٩-] وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدِ انْصَرَفَ الرَّجُلُ بِلَبَنِ لِقْحَتِهِ فَلاَ يَطْعَمُهُ.

[١٠-] وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَهُوَ يَلُوْطُ حَوْضَهُ فَلاَ يَسْقِيْ فِيْهِ.

[١١-] وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدْ رَفَعَ أُكْلَتَهُ إِلَى فِيْهِ فَلاَ يَطْعَمُهَا"[راجع: ٨٥]

بَابُ ذِكْرِ الدَّجَّالِ

دجال کا تذکرہ

دَجَّالَ: دَجْل (مکروفریب) سے مبالغہ کا صیغہ ہے: انتہائی جھوٹا اور فریب کار، یہ اس کا وصفی نام ہے، اس کا دوسرا لقب مَسِيْح بھی ہے، یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب بھی ہے، دجال: مسیح ضلالت ہے اور عیسیٰ علیہ السلام مسیح ہدایت، جب عیسیٰ علیہ السلام مبعوث ہوئے تو یہود نے ان کو مسیح ضلالت سمجھا، اور ان کے قتل کے درپے ہوئے، بلکہ اپنے خیال میں انھوں نے ان کو سولی دیدی، اب وہ بڑی بے تابی سے دجال کا انتظار کر رہے ہیں، اور کتابیں لکھ رہے ہیں، اور جب وہ ظاہر ہوگا تو وہی دوڑ کر اس کی پیروی کریں گے، ہم مسلمانوں کو تو دجال سے اور اس کے فتنہ سے پناہ مانگنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

دجال: ایک معین شخص ہے، وہ خدائی کا دعویدار ہوگا، اور اللہ تعالیٰ شروع میں اس کو خارق عادت امور پر قدرت دیں گے، وہ مردوں کو زندہ کرے گا، زمین کے خزانے اس کی پیروی کریں گے، اس کے حکم سے بارش برسے گی اور زمین سبزہ اگائے گی، پھر آخر میں اللہ تعالیٰ اس کو عاجز کردیں گے، اور وہ ان امور میں سے کچھ بھی نہیں کرسکے گا۔

۱- دجال کے ساتھ روٹی کا پہاڑ اور پانی کی نہر ہوگی

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے قیس بن خالد سے کہا: نبی ﷺ سے کسی نے دجال کے بارے میں مجھ سے زیادہ سوالات نہیں کئے، اور آپؐ نے مجھ سے فرمایا: ''تجھے کیا چیز نقصان پہنچائے گی اس سے؟!'' یعنی تم دجال سے اتنے کیوں ڈرتے ہو؟ وہ تمہارا کیا بگاڑے گا! حضرت مغیرہؓ نے عرض کیا: لوگ کہتے ہیں کہ اس کے ساتھ روٹیوں کا پہاڑ ہوگا اور پانی کی نہر ہوگی۔ آپؐ نے فرمایا: ''وہ زیادہ بے قدر ہے اللہ کے نزدیک ان چیزوں سے!'' یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا کی حیثیت مچھر کے پَر کے برابر بھی نہیں، پس اگر یہ چیزیں اس کے ساتھ ہونگی تو ان سے اس کو کیا شرف حاصل ہوگا؟! بہرحال

آپ ﷺ نے نفی نہیں کی۔ پس معلوم ہوا کہ یہ چیزیں اس کے ساتھ ہونگی، یہی بات بیان کرنا مقصود ہے۔

[٢٦-] بَابُ ذِكْرِ الدَّجَّالِ

[٧١٢٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ قَيْسٌ، قَالَ: قَالَ لِيْ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ: مَا سَأَلَ أَحَدٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الدَّجَّالِ أَكْثَرَ مَا سَأَلْتُهُ، وَإِنَّهُ قَالَ لِيْ: "مَا يَضُرُّكَ مِنْهُ؟" قُلْتُ: إِنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ: إِنَّ مَعَهُ جَبَلَ خُبْزٍ وَنَهَرَ مَاءٍ. قَالَ: "إِنَّهُ أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ"

٢- دجال کانا ہوگا

دجال کی دائیں آنکھ کانی ہوگی، انگور کے خوشے میں کوئی دانہ باہر نکل آتا ہے، اس طرح اس کی آنکھ باہر نکلی ہوئی ہوگی، دھنسی ہوئی نہیں ہوگی، پھر بھی خدا ہونے کا دعوی کرے گا، ایسا عیب دار کہیں خدا ہوسکتا ہے؟ مگر اس کو بھی خدا ماننے والے مل جائیں گے، دنیا میں بے وقوفوں کی کمی نہیں، ایک ڈھونڈھو ستّر مل جاتے ہیں۔

[٧١٢٣-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ - قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: أُرَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم - قَالَ: "أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُمْنَى، كَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ"[راجع: ٣٠٥٧]

لغت: طَفَا الشيئُ: ابھرنا، اندر نہ جانا، الطافية من العنب: خوشۂ انگور میں نمایاں اور ابھرا ہوا دانہ۔

٣- مدینہ منورہ میں تین مرتبہ بھونچال آئے گا

دجال: مدینہ منورہ پہنچے گا، اور باہر پڑاؤ ڈالے گا، اس وقت وقفہ وقفہ سے مدینہ منورہ میں تین مرتبہ زلزلہ آئے گا، پس ڈر کر ہر کافر اور منافق مدینہ سے نکل جائے گا، اور دجال کے لشکر میں شامل ہوجائے گا، حاشیہ میں ہے کہ کافر سے مراد غالی روافض (فرقہ امامیہ، اثنا عشریہ وغیرہ) ہیں، وہ کافر ہیں، اور مدینہ میں ان کی تعداد بہت ہے، مدینہ خروج دجال کے وقت اس کوڑے کو باہر پھینک دے گا۔

[٧١٢٤-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَجِيْءُ الدَّجَّالُ حَتّٰى يَنْزِلَ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَدِيْنَةِ، تَرْجُفُ ثَلاَثَ رَجَفَاتٍ، فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ كُلُّ كَافِرٍ وَمُنَافِقٍ"[راجع: ١٨٨١]

٤- مدینہ منورہ میں دجال کا رعب داخل نہیں ہوگا

جب دجال نکلے گا تو ہر بستی کو رونڈ ڈالے گا، مگر مکہ اور مدینہ میں داخل نہیں ہوسکے گا، اس وقت مدینہ کے سات دروازے

ہونگے، اور ہر دروازے پر فرشتوں کا پہرہ ہوگا، وہ دجال کو مدینہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے، بلکہ اس کا رعب (ڈر) بھی مدینہ میں داخل نہیں ہوگا، مدینہ والے بالکل مطمئن ہونگے۔

[۷۱۲۵-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ رُعْبُ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَلَهَا يَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ أَبْوَابٍ، عَلٰى كُلِّ بَابٍ مَلَكَانِ" [راجع:۱۸۷۹]

وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: عَنْ صَالِحِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَدِمْتُ الْبَصْرَةَ، فَقَالَ لِىْ أَبُوْ بَكْرَةَ: سَمِعْتُ هٰذَا مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۷۱۲۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ رُعْبُ الْمَسِيْحِ، وَلَهَا يَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ أَبْوَابٍ، لِكُلِّ بَابٍ مَلَكَانِ"[راجع: ۱۸۷۹]

۵- ہر نبی نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا ہے

دجال کا فتنہ بڑا سنگین فتنہ ہے، ہر نبی نے اپنی قوم کو اس کے فتنہ سے ڈرایا ہے، مگر اب تو متعین ہوگیا کہ یہ فتنہ خاتم النّبیین ﷺ کے زمانہ میں رونما ہوگا، پس اس سے بہت پناہ مانگنی چاہئے، یا تو وہ ہمارے زمانہ میں ظاہر نہ ہو یا اللہ تعالیٰ ہمیں اس کے فتنہ سے محفوظ رکھیں، اور نبی ﷺ نے اس کو پہچاننے کی ایک واضح علامت بتادی ہے جو کسی نبی نے نہیں بتائی، وہ کانا ہوگا، جبکہ خدا کانا نہیں ہوسکتا، پس اس کو پہچاننے میں کیا دشواری ہوگی!

[۷۱۲۷-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِى النَّاسِ فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ:" إِنِّىْ لَأُنْذِرُكُمُوْهُ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَهُ قَوْمَهُ، وَلٰكِنِّىْ سَأَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ: إِنَّـهُ أَعْوَرُ وَإِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ"[راجع: ۳۰۵۷]

۶- نبی ﷺ نے دجال کو خواب میں دیکھا ہے

نبی ﷺ خواب میں طواف کررہے تھے، آپؐ نے پہلے عیسیٰ علیہ السلام کو طواف کرتے ہوئے دیکھا، اور ان کا حلیہ بیان کیا، پھر اس کے پیچھے دجال کو دیکھا وہ بھاری بدن، سرخ رنگ کا تھا، اس کے بال انتہائی گھونگریالے تھے، اور وہ دائیں آنکھ کا کانا تھا، وہ عبدالعزی بن قطن کے بالکل مشابہ تھا (تحفۃ القاری ۷: ۵۸)

[۷۱۲۸-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ، فَإِذَارَجُلٌ آدَمُ سَبْطُ الشَّعَرِ يَنْطُفُ أَوْ: يُهْرَاقُ رَأْسُهُ مَاءً، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: ابْنُ مَرْيَمَ. ثُمَّ ذَهَبْتُ أَلْتَفِتُ، فَإِذَا رَجُلٌ جَسِيْمٌ أَحْمَرُ جَعْدُ الرَّأْسِ أَعْوَرُ الْعَيْنِ، كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ، قَالُوْا: هٰذَا الدَّجَّالُ. أَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا ابْنُ قَطَنٍ" رَجُلٌ مِنْ خُزَاعَةَ.[راجع: ۳٤٤۰]

۷- نبی ﷺ نماز میں دجال کے فتنہ سے پناہ مانگتے تھے

نماز میں ہر دعانہیں مانگ سکتے، اہم دعاہی مانگی جاتی ہے، جبکہ نبی ﷺ تعلیم امت کے لئے نماز میں دجال کے فتنہ سے پناہ مانگتے تھے، اس سے اس کے فتنہ کی سنگینی کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

[۷۱۲۹-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْتَعِيْذُ فِي صَلَاتِهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ.[راجع: ۸۳۲]

۸- دجال کی دوزخ جنت اور جنت دوزخ ہوگی

دجال کے ساتھ دوزخ اور جنت بھی ہوگی، وہ اس کی خدائی کا انکار کرنے والوں کو دوزخ میں جھونکے گا اور ایمان لانے والوں کو جنت میں بھیجے گا، نبی ﷺ نے فرمایا: اس کی آگ ٹھنڈا پانی ہوگی، اور اس کا پانی آگ ہوگی، پس مؤمن اس کی دوزخ سے نہ ڈرے، بے خوف اس میں کودے، وہ جنت ہوگی۔

[۷۱۳۰-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ فِي الدَّجَّالِ:" إِنَّ مَعَهُ مَاءً وَنَارًا، فَنَارُهُ مَاءٌ بَارِدٌ، وَمَاؤُهُ نَارٌ"
قَالَ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ: أَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۳٤٥۰]

۹- دجال کی دونوں آنکھوں کے درمیان 'کافر' لکھا ہوا ہوگا

کانے ہونے کے علاوہ دجال کی ایک واضح علامت یہ ہوگی کہ اس کے ماتھے پر کافر یا ک، ف، ر لکھا ہوا ہوگا، جس کو ہر پڑھا لکھا مؤمن پڑھ لے گا، اور اس کے فتنہ سے بچ جائے گا۔

[۷۱۳۱-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " مَا بُعِثَ نَبِيٌّ إِلَّا أَنْذَرَ أُمَّتَهُ الأَعْوَرَ الْكَذَّابَ، أَلَا إِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، وَإِنَّ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوبًا كَافِرٌ" فِيْهِ أَبُوْ هُرَيْرَةَ وَابْنُ عَبَّاسٍ. [طرفه: ۷۴۰۸]

بَابُ: لَا يَدْخُلُ الدَّجَّالُ الْمَدِيْنَةَ

دجال مدینہ منورہ میں داخل نہیں ہوگا

جب دجال مدینہ پہنچے گا تو احد پہاڑ کے پیچھے ایک شورزمین میں اترے گا، اس پر مدینہ کے راستوں میں داخل ہونا حرام کر دیا گیا ہوگا، مدینہ سے ایک نیک بندہ نکل کر دجال کے پاس جائے گا، اور اس کے دعویٔ خدائی کی تکذیب کرے گا، دجال اس کو قتل کر دے گا، پھر زندہ کرے گا، وہ اب بھی تکذیب کرے گا، دجال دوبارہ اس کو قتل کرنا چاہے گا مگر وہ اس پر قادر نہیں ہوگا —— یہ بندہ کون ہوگا؟ معلوم نہیں، وقت بتائے گا، حاشیہ میں ہے کہ وہ خضر ہونگے، یہ بے دلیل بات ہے۔ اور حدیث کا ترجمہ تحفۃ القاری (۵۶۱:۴) میں ہے۔

[۲۷-] بَابٌ: لَا يَدْخُلُ الدَّجَّالُ الْمَدِيْنَةَ

[۷۱۳۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا حَدِيْثًا طَوِيْلًا عَنِ الدَّجَّالِ، فَكَانَ فِيْمَا يُحَدِّثُنَا بِهِ أَنَّهُ قَالَ: " يَأْتِيْ الدَّجَّالُ، وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْهِ أَنْ يَدْخُلَ نِقَابَ الْمَدِيْنَةِ، فَيَنْزِلُ بَعْضَ السِّبَاخِ الَّتِيْ تَلِيْ الْمَدِيْنَةَ، فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ يَوْمَئِذٍ رَجُلٌ وَهُوَ خَيْرُ النَّاسِ أَوْ: مِنْ خِيَارِ النَّاسِ، فَيَقُوْلُ: أَشْهَدُ أَنَّكَ الدَّجَّالُ الَّذِيْ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثَهُ، فَيَقُوْلُ الدَّجَّالُ: أَرَأَيْتُمْ إِنْ قَتَلْتُ هٰذَا ثُمَّ أَحْيَيْتُهُ، هَلْ تَشُكُّوْنَ فِي الأَمْرِ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَا، فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يُحْيِيْهِ فَيَقُوْلُ: وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ فِيْكَ أَشَدَّ بَصِيْرَةً مِنِّيْ الْيَوْمَ، فَيُرِيْدُ الدَّجَّالُ أَنْ يَقْتُلَهُ فَلَا يُسَلَّطُ عَلَيْهِ" [راجع: ۱۸۸۲]

مدینہ منورہ میں دجال کی طرح طاعون (پلیگ) بھی داخل نہیں ہوگا

جیسے دجال بڑا فتنہ (گمراہی کا ذریعہ) ہے، طاعون بھی بڑا فتنہ (وباء) ہے، اللہ تعالیٰ مدینہ منورہ کی دونوں سے حفاظت فرمائیں گے، ان شاء اللہ! اور حدیث آچکی ہیں۔

[۷۱۳۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُجْمِرِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" عَلٰى أَنْقَابِ الْمَدِيْنَةِ مَلاَئِكَةٌ، لاَ يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنُ وَلاَ الدَّجَّالُ.[راجع: ۱۸۸۰]

[۷۱۳٤-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الْمَدِيْنَةُ يَأْتِيْهَا الدَّجَّالُ، فَيَجِدُ الْمَلاَئِكَةَ يَحْرُسُوْنَهَا، فَلاَ يَقْرَبُهَا الدَّجَّالُ وَلاَ الطَّاعُوْنُ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ"[راجع: ۱۸۸۱]

بَابُ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ

یاجوج ماجوج کا فتنہ

یاجوج ماجوج کا فتنہ بھی بڑا فتنہ ہے، یاجوج وماجوج کون ہیں؟ **جواب**: یہ بات طے ہے کہ وہ انسان ہیں، اورآدم ونوح علیہما السلام کی اولاد ہیں، نوح علیہ السلام کے بیٹے یافث کی اولاد ہیں، نوح علیہ السلام کے تین بیٹے تھے، سام، حام اور یافث۔ پہلے دنیا میں تینوں کی اولاد الگ الگ بسی ہوئی تھی، اب سب انسان گڈمڈ ہوگئے ہیں، پہچان باقی نہیں رہی، خیال ہے کہ منگولیا ان کا اصل وطن تھا، وہاں سے جو قوم دنیا میں پھیلی ہے وہ یاجوج وماجوج ہیں، ان کا خروج وعروج انسانوں کے لئے بڑی آزمائش بن جائے گا، اللہ تعالیٰ ان کے شر سے ہماری حفاظت فرمائیں (آمین)

[۲۸-] بَابُ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ

[۷۱۳۵-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَخِىْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِىْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّ زَيْنَبَ بْنَتَ أَبِىْ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ، عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ بِنْتِ أَبِىْ سُفْيَانَ، عَنْ زَيْنَبَ بْنَتِ جَحْشٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمًا فَزِعًا يَقُوْلُ:" لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهِ" وَحَلَّقَ بِإِصْبَعَيْهِ الإِبْهَامِ وَالَّتِىْ تَلِيْهَا، قَالَتْ زَيْنَبُ بْنَتُ جَحْشٍ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ؟ قَالَ:" نَعَمْ، إِذَا كَثُرَ الْخُبْثُ"[راجع: ۳۳٤٦]

[۷۱۳٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يُفْتَحُ الرَّدْمُ: رَدْمُ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلَ هٰذِهِ" وَعَقَدَ وُهَيْبٌ تِسْعِيْنَ.[راجع: ۳۳٤۷]

الحمد للہ! ۱۱-۵-۳٦ھ = ۳-۳-۲۰۱۵ء کو کتاب الفتن کی شرح پوری ہوئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الأحکام

حکومت کے احکام

کتابوں میں باہمی ربط: اب پانچ کتابیں آئیں گی: (۱) کتاب الاحکام (۲) کتاب التمنی (۳) کتاب اخبار الآحاد (۴) کتاب الاعتصام (۵) کتاب التوحید، ان میں سے پہلی چار کتابیں کتاب الفتن سے متعلق ہیں۔ جب کوئی فتنہ سر ابھارتا ہے تو حکام کے پاس جانا پڑتا ہے، اکثر وہی فتنہ کی آگ بجھاتے ہیں، اس لئے کتاب الاحکام لائے، اور لوگ سرکاری عہدوں کی تمنا کرتے ہیں، اس لئے کتاب التمنی لائیں گے، اور حکام کو قرآن کریم کے علاوہ اخبار آحاد سے بھی تمسک کرنا پڑتا ہے، کیونکہ اکثر حدیثیں اخبار آحاد ہیں، اس لئے کتاب اخبار الآحاد لائیں گے، پھر چونکہ اخبار آحاد میں سنت کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے، باقی احادیث یا تو منسوخ ہیں یا مؤول ہیں یا کسی وجہ سے ہیں، البتہ قرآنِ کریم پورا متمسک بہ ہے، اس لئے کتاب الاعتصام بالکتاب والسنہ لائیں گے، اور اس پر یہ سلسلہ ختم ہوجائے گا۔ پھر آخر میں کتاب التوحید لائیں گے، یہ بھی کتاب الایمان ہی ہے، اس میں اشارہ ہے کہ ایمان میں استمرار اور موت کے ساتھ اقتران ضروری ہے۔

کتاب الاحکام کا موضوع: حکم کے معنی ہیں: قضائے شرعی، کورٹ کا فیصلہ، مرسوم ملکی، شاہی فرمان (Decree) اس کتاب میں قضات وامراء کے احوال، ان کے فیصلے اور فیصلوں کی نوعیت کا بیان ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ وَأُوْلِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ﴾

اللہ ورسول کی اطاعت کے ساتھ اولی الامر کی اطاعت ضروری ہے

آیتِ کریمہ: سورۃ النساء (آیت ۵۹) میں حکم ہے: ''اے ایمان والو! تم اللہ کا کہنا مانو، اور اللہ کے رسول کا اور تم میں سے اہل حکومت کا کہنا مانو'' —— اور باب کی پہلی حدیث میں ہے: ''جس نے میری اطاعت کی اس نے بالیقین اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے میرے امیر کی اطاعت کی اس نے یقیناً میری اطاعت کی، اور جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اس نے یقیناً میری نافرمانی کی (معلوم ہوا کہ رسول کی طرح رسول کے امیر کی اطاعت بھی ضروری ہے)

اور دوسری حدیث بار بار آئی ہے: ''امیر المؤمنین چرواہا ہے'' اور چرواہے کی بات ریوڑ مانتا ہے، ورنہ ڈنڈا کھاتا ہے، پس لوگوں کو بھی اس کی بات ماننی چاہئے۔

فائدہ: پہلے اربابِ حکومت اہلِ علم ہوتے تھے، بعد میں صورت بدل گئی، اہلِ علم الگ ہوگئے اور ارباب حکومت الگ۔ پس سوال پیدا ہوا کہ اب اول نمبر کس کا ہے؟ اہل علم کا یا ارباب حکومت کا؟ یہ سوال ایسا ہی ہے جیسے دورِ اول میں أقرأ لکتاب اللہ ہی اعلم بالدین ہوتا تھا، بعد میں یہ الگ الگ ہوگئے، دین کے زیادہ جاننے والے جدا ہوگئے اور قرآن کو تجوید سے عمدہ پڑھنے والے جدا ہوگئے۔ پس باب امامت میں سوال پیدا ہوا کہ پہلا نمبر کس کا ہے؟ امام ابوحنیفہ اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک پہلا نمبر اعلم کا ہے (تحفۃ القاری ۲:۵۳۹) اسی طرح یہاں بھی پہلا نمبر اعلم کا ہوگا، اور اس کی دلیل آیت کا اگلا حکم ہے: ﴿فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْئٍ فَرُدُّوْهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ﴾: پھر اگر کسی امر میں باہم اختلاف کرنے لگو تو اس امر کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف لوٹاؤ، یعنی اربابِ حکومت اور اہل علم کے درمیان اختلاف کی صورت میں قرآن وسنت کو حکم بناؤ، اور اس کا فیصلہ اہلِ علم ہی کریں گے، پس وہی مرجع ہوئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۳- كتابُ الأحكام

[۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ وَأُوْلِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ﴾

[۷۱۳۷-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ أَطَاعَنِيْ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ، وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ، وَمَنْ أَطَاعَ أَمِيْرِيْ فَقَدْ أَطَاعَنِيْ، وَمَنْ عَصَى أَمِيْرِيْ فَقَدْ عَصَانِيْ"[راجع: ۲۹۵۷]

[۷۱۳۷-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " أَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالإِمَامُ الَّذِيْ عَلَى النَّاسِ رَاعٍ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى أَهْلِ بَيْتِهِ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى أَهْلِ بَيْتِ زَوْجِهَا وَوَلَدِهِ وَهِيَ مَسْئُوْلَةٌ عَنْهُمْ، وَعَبْدُ الرَّجُلِ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهِ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُ، أَلَا فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ"[راجع: ۸۹۳]

بَابٌ: الْأُمَرَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ

امیر المؤمنین قریشی ہو

باب میں حدیث کے الفاظ ہیں، مگر حدیث امام صاحب کی شرط کے مطابق نہیں، اس لئے اس کو باب میں رکھا ہے

(فتح) یہ حدیث مسند احمد، سنن بیہقی اور مستدرک وغیرہ میں: الأئمة من قریش کے الفاظ سے مروی ہے یعنی خلفاء (سربراہ اعظم) قریشی ہوں۔

پہلے اسلامی ملک ایک تھا، خلافت قائم تھی، اور خلفاء عباسی ہوتے تھے، پھر عثمانی (ترکی) خلافت قائم ہوئی، پھر اعدائے اسلام نے خلافت کو پارہ پارہ کردیا پس ہر زمانہ میں یہ حدیث زیر بحث آئی کہ یہ عام ہے یا خاص؟ جمہور کہتے ہیں: خاص وعام ہے یعنی خلیفہ قریشی ہونا چاہئے، خواہ کسی خاندان سے ہو، اور شیعہ کہتے ہیں: خاص در خاص ہے، خلیفہ آلِ رسول ہی سے ہوسکتا ہے، یہ دونوں نظریے اسلام کی عالم گیریت کے منافی ہیں، اسلام عالم گیر اور آفاقی مذہب ہے، پس ہر جگہ خلافت کے لئے قریشی کو یا آلِ رسول کو کہاں سے درآمد کریں گے؟ حقیقت میں یہ حدیث مسئلہ نہیں، بلکہ پیشین گوئی ہے، وفاتِ نبوی کے بعد جو اختلاف رونما ہوگا، انصار کہیں گے: منا أمیر ومنکم أمیر، اس سلسلہ میں یہ حدیث ہے کہ امیر دو نہیں، ایک ہوگا، اور وہ قریش سے ہوگا، کیونکہ لوگ قریشی خلیفہ پر ہی متفق ہوسکتے ہیں، اس کی نظیر حدیث: اللحد لنا والشق لغیرنا ہے، قبریں دونوں طرح کی جائز ہیں، مگر آپؐ نے اپنی قبر کے بارے میں فرمایا کہ بغلی بنائی جائے، صندوقی نہ بنائی جائے، یہ ایک پیشین گوئی ہے، پس خلیفہ ہر اہل ہوسکتا ہے، قریشی یا آلِ رسول سے ہونا ضروری نہیں۔ پھر باب میں دو حدیثیں ہیں، دونوں تحفۃ القاری (۷:۹۷) میں آچکی ہیں، اور ان سے استدلال کے بارے میں بھی تفصیل آچکی ہے۔

[۲-] بَابٌ: الْأُمَرَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ

[۷۱۳۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ يُحَدِّثُ: أَنَّـهُ بَلَغَ مُعَاوِيَةَ وَهُمْ عِنْدَهُ فِي وَفْدٍ مِنْ قُرَيْشٍ: أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو يُحَدِّثُ: أَنَّـهُ سَيَكُوْنُ مَلِكٌ مِنْ قَحْطَانَ: فَغَضِبَ، فَقَامَ فَأَثْنَى عَلَى اللهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّـهُ بَلَغَنِيْ أَنَّ رِجَالاً مِنْكُمْ يُحَدِّثُوْنَ أَحَادِيْثَ لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللهِ، وَلاَ تُؤْثَرُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَأُوْلٰئِكَ جُهَّالُكُمْ، فَإِيَّاكُمْ وَالْأَمَانِيَّ الَّتِيْ تُضِلُّ أَهْلَهَا، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ فِي قُرَيْشٍ، لاَ يُعَادِيْهِمْ أَحَدٌ إِلَّا كَبَّهُ اللهُ عَلَى وَجْهِهِ مَا أَقَامُوْا الدِّيْنَ" تَابَعَهُ نُعَيْمٌ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ. [راجع: ۳۵۰۰]

[۷۱۴۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، يَقُوْلُ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ يَزَالُ هٰذَا الْأَمْرُ فِيْ قُرَيْشٍ مَا بَقِيَ مِنْهُمُ اثْنَانِ"

[راجع: ۳۵۰۱]

بَابُ أَجْرِ مَنْ قَضٰى بِالْحِكْمَةِ

اس قاضی کا ثواب جو حکمت سے فیصلہ کرے

حکمت: علم کا آخری درجہ ہے، پہلا درجہ عالمیت کا ہے، دوسرا فقاہت کا اور تیسرا (آخری درجہ) حکمت کا (تحفۃ القاری ۱:۳۴۲) پس قاضی کے لئے آخری درجہ کا علم ضروری ہے، اور حدیث پہلے آئی ہے جو قاضی اللہ کی دی ہوئی حکمت سے لوگوں کے درمیان فیصلہ کرتا ہے وہ قابلِ رشک ہے، اس کو اتنا بڑا اجر ملے گا کہ دوسروں کی اس پر رال ٹپک جائے گی۔ اور آیتِ کریمہ میں یہ بیان ہے کہ قاضی کے لئے ضروری ہے کہ شریعتِ اسلامیہ کے مطابق فیصلہ کرے، جو جج قوانین وضعیہ کے مطابق فیصلے کرتے ہیں وہ فاسق (حد اطاعت سے نکلنے والے) ہیں۔ اللّٰهم احفظنا منه!

[٣-] بَابُ أَجْرِ مَنْ قَضٰى بِالْحِكْمَةِ

لِقَوْلِهِ: ﴿وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ﴾[المائدة: ٤٧]

[٧١٤١-] حَدَّثَنِيْ شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَاحَسَدَ إِلَّا فِيْ اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَسَلَّطَهُ عَلٰى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ، أَوْ آخَرُ آتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً فَهُوَ يَقْضِيْ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا"[راجع: ٧٣]

تنبیہ: حدیث میں أو: بمعنی واو ہے۔

بَابُ السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ لِلْإِمَامِ مَالَمْ تَكُنْ مَعْصِيَةً

اگر امیر کا حکم شریعت کے خلاف نہ ہو تو اس کا سننا اور ماننا ضروری ہے

باب کی سب حدیثیں پہلے آچکی ہیں، پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "سنو اور مانو، چاہے تم پر حبشی غلام امیر مقرر کر دیا جائے، جس کا سر گویا منقّی کا دانہ ہے" دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص تم میں سے اپنے امیر سے کوئی چیز دیکھے پس اس کو ناپسند کرے تو صبر کرے (اس کی بات سنے اور فرماں برداری کرے، نافرمانی، خروج اور بغاوت نہ کرے) کیونکہ جو بھی شخص جماعت سے ایک بالشت جدا ہوگا، پھر وہ مرے گا تو وہ جاہلیت (انارکی) کی موت مرے گا" تیسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "امیر کی بات سننا اور ماننا لازم ہے مسلمان آدمی پر، خواہ اس کی بات پسند ہو یا ناپسند، جب تک وہ گناہ کا حکم نہ دیا جائے، پس جب وہ گناہ کا حکم دیا گیا تو نہ سننا ہے نہ ماننا"

[٤-] بَابُ السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ لِلإِمَامِ مَالَمْ تَكُنْ مَعْصِيَةً

[٧١٤٢-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اسْمَعُوْا وَأَطِيْعُوْا، وَإِنِ اسْتُعْمِلَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ، كَأَنَّ رَأْسَهُ زَبِيْبَةٌ"[راجع: ٦٩٣]

[٧١٤٣-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنِ الْجَعْدِ، عَنْ أَبِيْ رَجَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَرْوِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ رَأَى مِنْ أَمِيْرِهِ شَيْئًا فَكَرِهَهُ فَلْيَصْبِرْ، فَإِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ يُفَارِقُ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَيَمُوْتُ إِلَّا مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً"[راجع: ٧٠٥٣]

[٧١٤٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِيْمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ، مَالَمْ يُؤْمَرْ بِمَعْصِيَةٍ، فَإِذَا أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلاَ سَمْعَ وَلاَ طَاعَةَ"[راجع: ٢٩٥٥]

قوله: یرویه: ابن عباسؓ اس حدیث کو روایت کرتے ہیں یعنی خود انھوں نے نبی ﷺ سے نہیں سنی۔

آئندہ حدیث: میں ایک واقعہ ہے، جو پہلے تحفۃ القاری (۴۲۹:۸) میں آیا ہے، امیر صاحب نے سریہ کو آگ میں کودنے کا حکم دیا، اس واقعہ کے آخر میں ہے کہ اگر وہ آگ میں گھس جاتے تو قیامت تک اس سے نہ نکلتے، کیونکہ امیر کی اطاعت معروف کاموں میں ہے، ناجائز کاموں میں نہیں۔

[٧١٤٥-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَرِيَّةً، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَأَمَرَهُمْ أَنْ يُطِيْعُوْهُ، فَغَضِبَ عَلَيْهِمْ، وَقَالَ: أَلَيْسَ قَدْ أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ تُطِيْعُوْنِيْ؟ قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ لَمَّا جَمَعْتُمْ حَطَبًا وَأَوْقَدْتُمْ نَارًا، ثُمَّ دَخَلْتُمْ فِيْهَا. فَجَمَعُوْا حَطَبًا فَأَوْقَدُوْا، فَلَمَّا هَمُّوْا بِالدُّخُوْلِ فَقَامَ يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّمَا تَبِعْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِرَارًا مِنَ النَّارِ، أَفَنَدْخُلُهَا؟ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ خَمِدَتِ النَّارُ، وَسَكَنَ غَضَبُهُ، فَذُكِرَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" لَوْ دَخَلُوْهَا مَا خَرَجُوْا مِنْهَا أَبَدًا، إِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ"[راجع: ٤٣٤٠]

قوله: لَمَّا جمعتم: لَمَّا بمعنی إلا ہے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ الإِمَارَةَ أَعَانَهُ اللّٰهُ

بَابٌ: مَنْ سَأَلَ الإِمَارَةَ وُكِلَ إِلَيْهَا

عہدہ مانگے بغیر ملے گا تو اللہ تعالیٰ مدد کریں گے، اور مانگنے سے ملے گا تو خود نبیڑے گا!

یہ دو باب ہیں، اور دونوں بابوں میں ایک حدیث ہے، جو پہلے کتاب الایمان والنذ ور میں دو مرتبہ آچکی ہیں، اور ترجمہ واضح ہے۔ البتہ یہ جاننا چاہئے کہ دل کی شدید خواہش بھی مانگنا ہے، جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے۔

[٥-] بَابُ مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ الإِمَارَةَ أَعَانَهُ اللّٰهُ

[٧١٤٦-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ! لَا تَسْأَلِ الإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيْتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنْ أُعْطِيْتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ، وَأْتِ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ" [راجع: ٦٦٢٢]

[٦-] بَابٌ: مَنْ سَأَلَ الإِمَارَةَ وُكِلَ إِلَيْهَا

[٧١٤٧-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ! لَا تَسْأَلِ الإِمَارَةَ، فَإِنْ أُعْطِيْتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنْ أُعْطِيْتَهَا مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَأْتِ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ"

[راجع: ٦٦٢٢]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْحِرْصِ عَلٰى الإِمَارَةِ

عہدے کی لالچ بری چیز ہے

لوگوں میں عام طور پر کرسی (عہدہ) کی شدید خواہش (لالچ) پائی جاتی ہے، پھر جب کرسی مل جاتی ہے تو چپک کر رہ جاتی ہے، آدمی کسی قیمت پر عہدہ چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہوتا، إلا من رحم الله! عہدوں کی یہ لالچ بہت بری چیز ہے، خواہ عہدہ چھوٹا ہو یا بڑا، باب کی پہلی حدیث ہے کہ عنقریب تم امارت کی لالچ کروگے، اور وہ عنقریب قیامت کے دن پشیمانی ہوگی، پس امارت اچھی دودھ پلانے والی، بری دودھ چھڑانے والی ہے!"

تشریح: عورت جب بچہ کو دودھ پلاتی ہے تو چھاتی سے چمٹاتی ہے، چمکارتی ہے اور پیار سے دودھ پلاتی ہے، مگر جب دودھ چھڑاتی ہے تو چھاتی باندھ دیتی ہے، پستان کے سرے پر کڑوا مادّہ لگا دیتی ہے، اور بچہ ضد کرے تو تھپڑ مار کر جدا کر دیتی ہے، یہی حال عہدوں کے آغاز وانجام کا ہے۔ فَھل من مُدَّکِر!

سند: اس حدیث کی پہلی سند ابن ابی ذئب کی ہے، وہ سعید مقبری اور ابو ہریرہؓ کے درمیان واسطہ نہیں بڑھاتے اور حدیث کو مرفوع کرتے ہیں، دوسری سند عبدالحمید اوسی مدنی کی ہے، وہ عمر بن الحکم کا واسطہ بڑھاتے ہیں اور حدیث کو موقوف کرتے ہیں، پس یہ مزید فی متصل الاسناد ہے، اور مرفوع اور موقوف دونوں طرح حدیث صحیح ہے۔

اور آخری حدیث پہلے آئی ہے، دو اشعریوں نے سرکاری عہدہ مانگا، آپؐ نے فرمایا: ''ہم یہ عہدہ نہیں دیتے اس کو جو اس کو مانگتا ہے اور اس کو جو اس کی شدید خواہش رکھتا ہے''

[۷-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْحِرْصِ عَلَى الإِمَارَةِ

[۷۱۴۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّكُمْ سَتَحْرِصُوْنَ عَلَى الإِمَارَةِ، وَسَتَكُوْنُ نَدَامَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَنِعْمَ الْمُرْضِعَةُ وَبِئْسَتِ الْفَاطِمَةُ"

وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّهِ بْنُ حُمْرَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَوْلَهُ.

[۷۱۴۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَا وَرَجُلَيْنِ مِنْ قَوْمِيْ، فَقَالَ أَحَدُ الرَّجُلَيْنِ: أَمِّرْنَا يَارَسُوْلَ اللّهِ! وَقَالَ الآخَرُ مِثْلَهُ، فَقَالَ: " إِنَّا لاَ نُوَلِّيْ هٰذَا مَنْ سَأَلَهُ، وَلاَ مَنْ حَرَصَ عَلَيْهِ"[راجع: ۲۲۶۱]

بَابُ مَنِ اسْتُرْعِيَ رَعِيَّةً فَلَمْ يَنْصَحْ

اس شخص کی سزا جسے کسی رعیت کی دیکھ بھال سونپی گئی، پس اس نے خیر خواہی نہیں کی

حضرت معقل رضی اللہ عنہ آخری بیماری میں تھے، بصرہ کا گورنر عبید اللہ بن زیاد بیمار پرسی کے لئے آیا، آپؓ نے اس کو حدیث سنائی کہ جس بندے کو اللہ تعالیٰ کسی رعیت کی حفاظت سونپیں، پھر وہ اس کی پوری خیر خواہی نہ کرے تو وہ جنت کی بو نہیں پائے گا! یہ ابوالاشہب کے الفاظ ہیں، اور ہشام بن حسان کے الفاظ ہیں: جو بھی مسلمانوں کی کسی جماعت کا ذمہ دار بنایا جائے پھر وہ اس حال میں مرے کہ وہ ان کے حق میں ملاوٹ کرنے والا تھا تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دیں گے۔

ان حدیثوں میں غایت بیان کئے بغیر سزا بیان کی گئی ہے، اور وعید کی حدیثوں میں تغلیظ کے لئے ایسا کیا جاتا ہے، پس

وہ والی کسی دن جنت میں ضرور جائے گا۔

[۸-] بَابُ مَنِ اسْتُرْعِیَ رَعِیَّةً فَلَمْ یَنْصَحْ

[۷۱۵۰-] حدثنا أَبُوْ نُعَیْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَشْهَبِ، عَنِ الْحَسَنِ: أَنَّ عُبَیْدَ اللّٰهِ بْنَ زِیَادٍ عَادَ مَعْقِلَ ابْنَ یَسَارٍ فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ، فَقَالَ لَهُ مَعْقِلٌ: إِنِّیْ مُحَدِّثُكَ حَدِیْثًا سَمِعْتُهُ مِنَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم:" مَا مِنْ عَبْدٍ یَسْتَرْعِیْهِ اللّٰهُ رَعِیَّةً، فَلَمْ یَحُطْهَا بِنَصِیْحَةٍ، لَمْ یَجِدْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ"

[۷۱۵۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُسَیْنٌ الْجُعْفِیُّ، قَالَ زَائِدَةُ: ذَکَرَهُ عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ: أَتَیْنَا مَعْقِلَ بْنَ یَسَارٍ نَعُوْدُهُ، فَدَخَلَ عُبَیْدُ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُ مَعْقِلٌ: أَحَدِّثُكَ حَدِیْثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ:" مَا مِنْ وَالٍ یَلِیْ رَعِیَّةً مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ، فَیَمُوْتُ وَهُوَ غَاشٌّ لَهُمْ، إِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ الْجَنَّةَ"

لغات: اسْتُرْعِیَ: فعل مجہول: اسْتَرْعَاهُ الشیئَ: حفاظت کرانا، نگرانی اور دیکھ بھال کرانا...... لم یَحُطْهَا: حَاطَ (ن) حَوْطًا الشیئَ: حفاظت کرنا، دیکھ بھال کرنا...... غَشَّ صَاحِبَه: غیر مفید چیز کو مفید بنا کر پیش کرنا، ملاوٹ کرنا۔

بَابٌ: مَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰهُ عَلَیْهِ

جو مشکل میں ڈالے گا اللہ تعالیٰ اس کو مشکل میں ڈالیں گے

حکام کا مزاج نرمی کرنے کا ہونا چاہئے، قانون میں جہاں تک گنجائش ہو درگذر کرنا چاہئے، اس سے حاکم کا وقار بڑھتا ہے، سخت گیر حاکم بدنام ہوتا ہے، اور باب کی حدیث میں ہے: ''جو شخص دشواری کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے لئے دشواری کریں گے'' ـــــ اور جو شخص ماتحتوں پر نرمی کرے گا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ نرمی کا معاملہ کریں گے۔

[۹-] بَابٌ: مَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰهُ عَلَیْهِ

[۷۱۵۲-] حَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ الْوَاسِطِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَیْرِیِّ، عَنْ طَرِیْفٍ أَبِیْ تَمِیْمَةَ، قَالَ: شَهِدْتُ صَفْوَانَ وَجُنْدُبًا وَأَصْحَابَهُ وَهُوَ یُوْصِیْهِمْ، فَقَالُوْا: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم شَیْئًا؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ یَقُوْلُ:" مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، قَالَ: وَمَنْ یُشَاقِقْ یُشَقِّقِ اللّٰهُ عَلَیْهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ" فَقَالُوْا: أَوْصِنَا، فَقَالَ: إِنَّ أَوَّلَ مَا یُنْتِنُ مِنَ الإِنْسَانِ بَطْنُهُ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ لَا یَأْکُلَ إِلَّا طَیِّبًا فَلْیَفْعَلْ، وَمَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ لَا یُحَالَ بَیْنَهُ وَبَیْنَ الْجَنَّةِ بِمِلْءِ کَفٍّ مِنْ دَمٍ أَهْرَاقَهُ فَلْیَفْعَلْ"

قَالَ: قُلْتُ لِأَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ: مَنْ یَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، جُنْدُبٌ؟ قَالَ: نَعَمْ جُنْدُبٌ. [راجع: ٦٤٩٩]

ترجمہ: ابوتمیمہ طریف کہتے ہیں: میں صفوان بن محرز (تابعی) اور جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ اوران کے شاگردوں کی مجلس میں شریک تھا، درانحالیکہ وہ ان کو وصیت کررہے تھے، پس لوگوں نے پوچھا: آپؓ نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ سنا ہے؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شہرت کا طالب ہوگا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا بھانڈا چوراہے پر پھوڑیں گے، یعنی اس کو رسوا کریں گے، اور جو شخص دشواری ڈالے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس پر دشواری ڈالیں گے —— لوگوں نے عرض کیا: ہمیں وصیت کیجئے! آپؓ نے فرمایا: موت کے بعد سب سے پہلے انسان کا پیٹ بدبودار ہوجائے گا، پس جو شخص طاقت رکھتا ہے کہ نہ کھائے وہ مگر حلال تو وہ ایسا کرے، اور جو شخص طاقت رکھتا ہے کہ حائل نہ ہو اس کے اور جنت کے درمیان ایسا مٹھی بھر خون جو اس نے بہایا ہو تو چاہئے کہ وہ ایسا کرے —— فربریؒ نے امام بخاری رحمہ اللہ سے پوچھا: سمعتُ رسولَ الله جندبؓ نے کہا ہے؟ فرمایا: ہاں! جندبؓ نے کہا ہے (کیونکہ صفوان تو تابعی ہیں)

بَابُ الْقَضَاءِ وَالْفُتْيَا فِی الطَّرِیْقِ

راستہ میں فیصلہ کرنا اور فتوی دینا

قضاء کے سلسلہ میں کوئی نص نہیں تھی اس لئے باب میں اضافہ کیا۔ اور باب میں دو آثار ہیں ان سے پہلا جزء ثابت کیا ہے، اور حدیث سے دوسرا جزء —— پہلے سادگی تھی، قُضات راستہ ہی میں فیصلے کرتے تھے اور مفتی فتوی بھی دیتے تھے، اور مفتی تو اب بھی راستہ میں مسئلہ بتادیتے ہیں، مگر فیصلہ کرانے کے لئے کورٹ میں جانا پڑتا ہے، یہ بدلے ہوئے احوال کا تقاضا ہے۔

[١٠-] بَابُ الْقَضَاءِ وَالْفُتْيَا فِی الطَّرِیْقِ

[١-] وَقَضَی یَحْیَی بْنُ یَعْمَرَ فِی الطَّرِیْقِ. [٢-] وَقَضَی الشَّعْبِیُّ عَلٰی بَابِ دَارِهِ.

[٧١٥٣-] حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِی الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: بَیْنَمَا أَنَا وَالنَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم خَارِجَانِ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَلَقِیَنَا رَجُلٌ عِنْدَ سُدَّةِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! مَتَی السَّاعَةُ؟ قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "مَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟" فَكَأَنَّ الرَّجُلَ اسْتَكَانَ، ثُمَّ قَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا أَعْدَدْتُ لَهَا كَبِیْرَ صِیَامٍ وَلَا صَلَاةٍ

وَلاَ صَدَقَةٍ، وَلٰكِنِّىْ أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ. قَالَ: "أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ"[راجع: ۳٦٨٨]

لغت:السُّدَّةَ: دروازہ، برآمدہ، دروازہ کے سامنے کا سائبان ...... اسْتَكَان: بے بس وکم ہمت ہوا، نروس (Nervous) ہوا۔ شکتی ہین ہوا('Dfrghu)

بَابُ مَا ذُكِرَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ لَهُ بَوَّابٌ

مروی ہے کہ نبی ﷺ کے لئے کوئی دربان نہیں تھا

ما ذُکر: روایت ہے: یہ باب میں اس لئے بڑھایا ہے کہ دربان اور باڈی گارڈ (محافظ) رکھ سکتے ہیں، اور نبی ﷺ کے لئے دربان اس لئے نہیں تھا کہ اللہ نے آپؐ کی حفاظت کا ذمہ لیا تھا﴿وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ﴾ بعد میں خلفائے راشدین کے لئے دربان تھے۔

[۱۱-] بَابُ مَا ذُكِرَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ لَهُ بَوَّابٌ

[۷۱۵٤-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ لِامْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِهِ: تَعْرِفِيْنَ فُلاَنَةَ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مَرَّ بِهَا وَهِيَ تَبْكِيْ عِنْدَ قَبْرٍ، فَقَالَ:" اتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ" فَقَالَتْ: إِلَيْكَ عَنِّيْ، فَإِنَّكَ خِلْوٌ مِنْ مُصِيْبَتِيْ! قَالَ: فَجَاوَزَهَا وَمَضٰى، فَمَرَّ بِهَا رَجُلٌ فَقَالَ: مَا قَالَ لَكِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: مَا عَرَفْتُهُ! قَالَ: إِنَّـهُ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: قَالَ: فَجَاءَ تْ إِلٰى بَابِهِ فَلَمْ تَجِدْ عَلَيْهِ بَوَّابًا، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ مَا عَرَفْتُكَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الصَّبْرَ عِنْدَ أَوَّلِ صَدْمَةٍ"[راجع: ۱۲۵۲]

قوله: إليك عنی: پرے ہٹ...... الْخِلْو: خالی، بے غم۔

بَابٌ: الْحَاكِمُ يَحْكُمُ بِالْقَتْلِ عَلٰى مَنْ وَجَبَ عَلَيْهِ دُوْنَ الإِمَامِ الَّذِىْ فَوْقَهُ

حاکم بالا کے بغیر ماتحت حاکم قصاص کا فیصلہ کرسکتا ہے

قُضات کو حکومت کی طرف سے جو تقرر نامے دیئے جاتے ہیں ان میں ان کے اختیارات کی صراحت ہوتی ہے، یا دستور میں صراحت ہوتی ہے، پس اگر نیچے کی کورٹ کو قصاص کا فیصلہ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے تو وہ قصاص کا فیصلہ کرسکتا ہے، ورنہ نہیں، اور تقرر نامہ میں یا دستور میں صراحت نہ ہو تو عرف کا اعتبار ہوگا، اور اس مسئلہ میں کوئی صریح نص نہیں ہے۔

اور پہلی حدیث میں ہے کہ حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت قیس رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے سُپرنٹنڈنٹ (محافظ، سربراہِ کار) تھے (مگران کے کیا اختیارات تھے؟ معلوم نہیں (ترمذی (حدیث ۳۸۸۱) میں حدیث کے راوی محمد بن عبداللہ انصاری کا قول ہے کہ حضرت قیسؓ نبی ﷺ کے (سرکاری) کاموں کے ذمہ دار تھے) اور دوسری حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے پہلے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجا، پھر پیچھے سے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو بھیجا (اور دونوں کے لئے یمن کے دو پر گنے بنائے گئے) اور آخری حدیث میں ہے کہ ایک مرتد کو حضرت معاذؓ نے قتل کیا، اور فرمایا: یہ اللہ اور اس کے رسول کا فیصلہ ہے (کہ مرتد قتل کیا جائے)

[۱۲-] بَابٌ: الْحَاكِمُ يَحْكُمُ بِالْقَتْلِ عَلٰى مَنْ وَجَبَ عَلَيْهِ دُوْنَ الإِمَامِ الَّذِىْ فَوْقَهُ

[۷۱۵۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَنْصَارِيُّ مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبِىْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ قَيْسَ بْنَ سَعْدٍ كَانَ يَكُوْنُ بَيْنَ يَدَىِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم بِمَنْزِلَةِ صَاحِبِ الشُّرَطِ مِنَ الأَمِيْرِ.

[۷۱۵۶-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ قُرَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ حُمَيْدُ بْنُ هِلاَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى: أَنَّ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَهُ وَأَتْبَعَهُ بِمُعَاذٍ.[راجع: ۲۲۶۱]

[۷۱۵۷-]ح: وَحَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللهِ بْنُ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْبُوْبُ بْنُ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هَلاَلٍ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى: أَنَّ رَجُلاً أَسْلَمَ ثُمَّ تَهَوَّدَ، فَأَتَاهُ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَهُوَ عِنْدَ أَبِىْ مُوْسَى فَقَالَ: مَا لِهٰذَا؟ قَالَ: أَسْلَمَ ثُمَّ تَهَوَّدَ، قَالَ: لاَ أَجْلِسُ حَتّٰى أَقْتُلَهُ، قَضَاءُ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ.[راجع: ۲۲۶۱]

بَابٌ: هَلْ يَقْضِىْ الْحَاكِمُ أَوْ يُفْتِىْ وَهُوَ غَضْبَانُ؟

کیا سخت غصہ کی حالت میں حاکم فیصلہ کرے یا مفتی فتوی دے؟

حضرت رحمہ اللہ نے ہل چلایا ہے، مسئلہ کا فیصلہ نہیں کیا، پھر باب میں حاکم (قاضی) کے ساتھ مفتی کو بھی ملایا ہے، پہلے حکام فیصلے بھی کرتے تھے یعنی وہ قاضی بھی ہوتے تھے، اور حدیث میں شدید غصہ کی حالت میں فیصلہ کرنے کی سخت ممانعت آئی ہے، کیونکہ سخت غصہ کی حالت میں دماغ کا ٹمپریچر ٹھیک نہیں رہتا، کبھی مقدمہ کے فریقین میں سے کوئی بدتمیزی کرتا ہے تو قاضی کا پارہ چڑھ جاتا ہے، ایسی صورت میں اس کے حق میں ناانصافی کا امکان ہے، پس قاضی کو فیصلہ مؤخر کرنا چاہئے، جب حالت نارمل ہوجائے تب فیصلہ کرے۔

اور اگر غصہ کسی غیر متعلق پر آ رہا ہے، مگر قاضی غصہ میں لال پیلا ہو رہا ہے تو بھی فیصلہ کو مؤخر کرے، اور غصہ معمولی ہو تو اس حالت میں فیصلہ کر سکتا ہے، اور فتوی کا بھی یہی حکم ہے۔

باب کی پہلی حدیث میں ہے کہ حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے عبید اللہ کو جو کرمان کے قاضی تھے: لکھا کہ آپ غصہ کی حالت میں دو شخصوں کے درمیان یعنی معمولی مقدمہ میں بھی فیصلہ نہ کریں، پھر اسی مضمون کی حدیث لکھی۔

پھر فتوی کی دو روایتیں لائے ہیں، جو پہلے آ چکی ہیں، پہلا واقعہ: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا لمبی نماز پڑھانے کا ہے اور دوسرا واقعہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا حالتِ حیض میں طلاق دینے کا ہے، پہلے واقعہ میں غصہ کی حالت میں آپ ﷺ نے وعظ کہا ہے اور حضرت معاذؓ کو ڈانٹا ہے اور دوسرے واقعہ میں فتوی دیا ہے کہ ابن عمرؓ رجوع کر لیں، مگر یہ شدید غصہ کے واقعات نہیں، اگرچہ راوی نے أشد غضبا کہا ہے، کیونکہ نبی غصہ میں بھی آپے سے باہر نہیں ہوتا۔

[۱۳-] بَابٌ: هَلْ يَقْضِي الْحَاكِمُ أَوْ يُفْتِي وَهُوَ غَضْبَانُ؟

[۷۱۵۸-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبدَالرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: كَتَبَ أَبُوْ بَكْرَةَ إِلٰى ابْنِهِ، وَكَانَ بِسِجِسْتَانَ: أَنْ لاَ تَقْضِ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَأَنْتَ غَضْبَانُ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لاَ يَقْضِيَنَّ حَكَمٌ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ"

[۷۱۵۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ وَاللّٰهِ لَأَتَأَخَّرُ عَنْ صَلاَةِ الْغَدَاةِ مِنْ أَجْلِ فُلاَنٍ، مِمَّا يُطِيْلُ بِنَا فِيْهَا، قَالَ: فَمَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَطُّ أَشَدَّ غَضَبًا فِيْ مَوْعِظَةٍ مِنْهُ يَوْمَئِذٍ، ثُمَّ قَالَ: "أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِيْنَ، فَأَيُّكُمْ مَا صَلَّى بِالنَّاسِ فَلْيُوْجِزْ، فَإِنَّ فِيْهِمُ الْكَبِيْرَ وَالضَّعِيْفَ وَذَا الْحَاجَةِ"
[راجع: ۹۰]

[۷۱۶۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ يَعْقُوْبَ الْكِرْمَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، قَالَ مُحَمَّدٌ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَذَكَرَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَتَغَيَّظَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَالَ: "لِيُرَاجِعْهَا، ثُمَّ لِيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ، ثُمَّ تَحِيْضَ فَتَطْهُرَ، فَإِنْ بَدَا لَهُ أَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا" قَالَ أَبُوْعَبْدِاللّٰهِ: مُحَمَّدٌ: هُوَ الزُّهْرِيُّ. [راجع: ٤٩٠٨]

بَابُ مَنْ رَأَى الْقَاضِيَ أَنْ يَحْكُمَ بِعِلْمِهِ فِيْ أَمْرِ النَّاسِ إِذَا لَمْ يَخَفِ الظُّنُوْنَ وَالتُّهَمَةَ، وَذٰلِكَ إِذَا كَانَ أَمْرًا مَشْهُوْرًا

ایک رائے یہ ہے کہ قاضی اپنی جانکاری سے معاملات میں فیصلہ کرسکتا ہے جبکہ بدگمانی کا موقعہ نہ ہو، اور معاملہ سب کا جانا پہچانا ہو

یہ امام اعظم رحمہ اللہ کی رائے ہے، قاضی (جج) اپنی واقفیت کے مطابق معاملات (حقوق العباد) میں فیصلہ کرسکتا ہے، حدود (حقوق اللہ) میں نہیں کرسکتا، ان میں شہادت ضروری ہے۔ مگر یہ بات دو شرطوں کے ساتھ جائز ہے: اول: تہمت اور بدگمانی کا موقع نہ ہو، لوگ یہ نہ کہیں کہ قاضی نے معاملہ کی معرفت کے بغیر فیصلہ کیا ہے۔ دوم: معاملہ معروف ہو، ہر کوئی اس کو جانتا ہو، ڈھکا چھپا نہ ہو —— اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قاضی اپنی واقفیت سے فیصلہ نہیں کرسکتا، نہ معاملات میں نہ حدود میں، مقدمہ کی کارروائی ضروری ہے، شہود یا نکول ہی کے ذریعہ فیصلہ ہوگا۔

ایک واقعہ: فتح مکہ کے موقعہ پر صفا پہاڑی پر نبی ﷺ مکہ کے نو مسلم مردوں اور عورتوں سے بیعتِ اسلام لے رہے تھے، جب مرد فارغ ہوگئے تو عورتوں کا نمبر آیا، وہ فاصلہ سے بیٹھی تھیں، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیعت کے الفاظ زور سے کہہ رہے تھے، بیعت کرنے والیوں میں ابوسفیان (کفار کے کمانڈر انچیف) کی اہلیہ ہند بھی تھیں، انھوں نے بیعت کے بعد مسئلہ پوچھا کہ میرے شوہر ابوسفیان کنجوس آدمی ہیں، میری اور بچوں کی ضرورت کے بقدر خرچہ نہیں دیتے، اور ان کا مال میرے پاس ہوتا ہے، پس کیا میں ان کی نظر بچا کر زیادہ لے سکتی ہوں؟ (ابوسفیان بھی وہیں تھے، وہ بولے لے سکتی ہو) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''عرف کے مطابق لے سکتی ہو'' یعنی عام طور پر جتنا خرچ ہوتا ہے اتنا لے سکتی ہو (چاٹ کھانے کے لئے نہیں لے سکتی) —— یہ آپؐ نے مقدمہ کا فیصلہ کیا یا مسئلہ بتایا؟ امام اعظمؒ کے نزدیک فیصلہ کیا، دوسرے اماموں کے نزدیک مسئلہ بتایا، اس لئے اختلاف ہوا —— اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

[۱٤-] بَابُ مَنْ رَأَى الْقَاضِيَ أَنْ يَحْكُمَ بِعِلْمِهِ فِيْ أَمْرِ النَّاسِ إِذَا لَمْ يَخَفِ الظُّنُوْنَ وَالتُّهَمَةَ

كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِهِنْدٍ: '' خُذِيْ مَا يَكْفِيْكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوْفِ''

وَذٰلِكَ إِذَا كَانَ أَمْرًا مَشْهُوْرًا

[۷۱٦۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ:

جَاءَ تْ هِنْدٌ بِنْتُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ مَاكَانَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَهْلُ خِبَاءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ يَذِلُّوْا مِنْ أَهْلِ خِبَائِكَ، وَمَا أَصْبَحَ الْيَوْمَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَهْلُ خِبَاءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ يَعِزُّوْا مِنْ أَهْلِ خِبَائِكَ، ثُمَّ قَالَتْ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مِسِّيْكٌ، فَهَلْ عَلَيَّ حَرَجٌ مِنْ أَنْ أُطْعِمَ الَّذِيْ لَهُ عِيَالَنَا؟ قَالَ لَهَا: "لاَ حَرَجَ عَلَيْكِ أَنْ تُطْعِمِيْهِمْ مِنْ مَعْرُوْفٍ"[راجع: ۲۲۱۱]

بَابُ الشَّهَادَةِ عَلَى الْخَطِّ الْمَخْتُوْمِ، وَمَا يَجُوْزُ مِنْ ذٰلِكَ، وَمَا يَضِيْقُ عَلَيْهِ وَكِتَابِ الْحَاكِمِ إِلٰى عَامِلِهِ، وَالْقَاضِيْ إِلَى الْقَاضِيْ

(۱)مُہری خط پر گواہی: کونسا مہری خط قبول کیا جائے، اور کس کے قبول کرنے میں درنگ کی جائے

(۲)اور حاکم کا اپنے کارندے کے نام خط (۳)اور مقدمہ کی کاروائی کی ترسیل

بخاری شریف کے اکثر نسخوں میں **المختوم** (مہر لگا ہوا) ہے، اور بعض نسخوں میں **المحکوم** (فیصلہ کیا ہوا) ہے، مطلب دونوں کا ایک ہے، اور اس باب میں تین باتیں ہیں:

پہلی بات: حاکم کسی کو مہر لگا کر خط بھیجے یا چھپے ہوئے پیڈ پر خط لکھے، دستخط کرے اور مہر بھی لگائے، اور لے جانے والا شہادت دے یعنی قسم کھا کر کہے کہ یہ فلاں کا خط ہے تو وہ خط قبول کیا جانا چاہئے، باب کے آخر میں روایت ہے، نبی ﷺ نے جب شاہ روم کو دعوتِ اسلام کا خط لکھنا چاہا تو لوگوں نے بتایا کہ وہ گورنمنٹ مہری خط ہی قبول کرتی ہے، چنانچہ آپؐ نے چاندی کی مہر بنوائی، اور اس پر **محمد رسول اللہ** کندہ کرایا، پھر مہر لگا کر خط بھیجا، جس کو ہرقل نے قبول کیا۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ بھی اس رائے سے متفق ہیں، مگر وہ حدود کے خطوط میں درنگ (مزید تحقیق) کرنے کی بات کہتے ہیں، کیونکہ تزویر (فریب) کا احتمال ہے، پس مزید تحقیق کے بعد حد جاری کی جائے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف بلوی (ہنگامہ) میں شدت ایک بناوٹی خط سے آئی تھی، اس خط پر حضرت عثمانؓ کی سرکاری مہر تھی، مگر حضرت عثمانؓ نے اس کا انکار کیا، پھر شک کی سوئی مروان پر ٹھہری، جو پرائیویٹ سکریٹری تھا، اس لئے حدود کے خطوط میں احتیاط ضروری ہے، البتہ قتل خطا میں دیت کا معاملہ ہو تو خط قبول کرلیا جائے، اور اس پر مزید تحقیق کے بغیر عمل کیا جائے، کیونکہ مال کی تلافی ممکن ہے۔

صورتِ مسئلہ: کوئی قتل ہوا، مقدمہ چلا، قتل عمد ثابت ہوا، اور قصاص کا فیصلہ ہوا، پھر قاتل دوسری جگہ کھسک گیا، حاکم (قاضی) نے دوسری جگہ کے عامل (گورنر) کو خط بھیجا کہ اس کو قصاصاً قتل کیا جائے، تو اس خط پر عمل کرنے میں درنگ کرنی چاہئے۔ اور اگر قتل خطا کا فیصلہ ہوا ہے، اور قاتل کا عاقلہ دوسری جگہ ہے، اس لئے حاکم نے اپنے عامل کو خط لکھا کہ قاتل کے عاقلہ سے دیت وصول کی جائے تو اس پر فوری عمل کیا جائے —— مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے امام اعظم رحمہ اللہ کی بات سمجھے

بغیر اعتراض جڑ دیا ہے!

دوسری بات: مقدمہ کی کاروائی فیصلہ کئے بغیر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا، ایک کورٹ سے مقدمہ دوسری کورٹ میں ٹرانسفر کرنا، یا فیصلہ بھیجنا تاکہ دوسری جگہ کا قاضی اس کو نافذ کرے: اس سلسلہ میں عصر حاضر کے دیدہ ور عالم حضرت مولانا خالد سیف اللہ صاحب رحمانی زید مجدہم نے قاموس الفقہ (۴:۵۲۱ لفظ قضاء) میں اچھا نوٹ لکھا ہے، اس کو پڑھ لیں:

''عدالتی طریقہ کار سے متعلق ایک اہم مسئلہ ایک جگہ سے دوسری جگہ مقدمات کی کاروائی کی ترسیل کا ہے، اکثر اوقات ایک حلقہ کے قاضی کو دوسرے حلقہ کے قاضی کے پاس کاروائی بھیجنی ہوتی ہے، یہ ایک ضرورت ہے، دوسری طرف قضاء کا کام نہایت احتیاط کا متقاضی ہے، ایک جگہ سے دوسری جگہ تحریر بھیجنے میں دھوکہ اور تزویر کا کافی اندیشہ ہے، اس لئے فقہاء نے ایک جگہ سے دوسری جگہ مقدمات سے متعلق فائل اور تحریریں بھیجنے کی اجازت دی ہے، ابتداءً تو فقہاء بعض نازک مقدمات ایک جگہ سے دوسری جگہ بذریعہ تحریر بھیجنے کی اجازت نہیں دیتے تھے، لیکن فقہاء متاخرین نے حدود وقصاص کے سوا تمام ہی مقدمات میں اس کی اجازت دی ہے [۱] —— لیکن ازراہِ احتیاط یہ شرط بھی لگائی ہے کہ قاضی کم سے کم دو شخص کو گواہ بنا کر اور مضمون سنا کر تحریر حوالہ کرے، اور ان ہی کے سامنے تحریر کو لفافہ میں ڈال کر مہر بند کرے، نیز مکتوب الیہ کا پتہ لکھے، پھر مکتوب الیہ قاضی اولاً مہر کو ملاحظہ کرے، اور فریق مخالف کو طلب کر کے فریق اور گواہان کے سامنے اسے پڑھے، اگر گواہان اس مضمون کی تصدیق کریں کہ یہی تحریر قاضی نے حوالہ کی تھی، اب جا کر اس تحریر کا اعتبار کیا جائے گا [۲]

آج کی دنیا میں تعلقات اور معاملات کے دائرے بہت وسیع ہوگئے ہیں، بعض اوقات فریقین کا تعلق دو الگ الگ ملکوں سے ہوتا ہے، یا ایک ہی ملک کے دو ایسے شہروں سے ہوتا ہے جو طویل مسافت پر واقع ہوتے ہیں، ایسی صورت میں اگر مقدمہ کی کاروائی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے لئے دو آدمیوں کو بھیجنا پڑے تو اتنا کثیر صرفہ آئے گا کہ انصاف کا حصول محض آرزو بن کر رہ جائے گا، دوسری طرف یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ موجودہ دور میں ڈاک کا ایسا نظم قائم ہوگیا ہے، جو بہ مقابلہ قدیم زمانہ کے کافی ترقی یافتہ بھی ہے، اور محفوظ وقابل اطمینان بھی، فقہاء کا مقصود اصل میں صرف اتنا ہے کہ مکتوب الیہ کو اس بات کا اطمینان حاصل ہو جائے کہ جس شخص کی طرف تحریر کی نسبت کی گئی ہے فی الواقع یہ اسی کی تحریر ہے، آج کل رجسٹری اور انشورنس کے ذریعہ محفوظ طریقہ پر ڈاک کا جو نظام قائم کیا گیا ہے، وہ مناسب حد تک قابل اطمینان ہے، اور اس پر تجربات اور آئے دن کے واقعات شاہد ہیں، اگر کوئی معاملہ مشکوک نظر آئے تو دوبارہ مراسلت یا فون کے ذریعہ اس کی تحقیق بھی ممکن ہے، اس لئے موجودہ

(۱) ردالمحتار ۴:۳۵۱، البحر الرائق ۷:۲و۳

(۲) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: اسلامی عدالت ۱:۴۲۳-۴۲۵

حالات میں ان ذرائع سے مقدمات کی کاروائی بھیجنے میں کوئی مضائقہ نہیں"(۱)

[۱۵-] بَابُ الشَّهَادَةِ عَلٰى الْخَطِّ الْمَخْتُوْمِ، وَمَا يَجُوْزُ مِنْ ذٰلِكَ، وَمَا يَضِيْقُ عَلَيْهِ وَكِتَابِ الْحَاكِمِ إِلٰى عَامِلِهِ، وَالْقَاضِيْ إِلٰى الْقَاضِيْ

[۱-] وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: كِتَابُ الْحَاكِمِ جَائِزٌ إِلَّا فِي الْحُدُوْدِ، ثُمَّ قَالَ: إِنْ كَانَ الْقَتْلُ خَطَأً فَهُوَ جَائِزٌ، لِأَنَّ هٰذَا مَالٌ بِزَعْمِهِ، وَإِنَّمَا صَارَ مَالًا بَعْدَ أَنْ ثَبَتَ الْقَتْلُ، وَالْخَطَأُ وَالْعَمَدُ وَاحِدٌ.

[۲-] وَقَدْ كَتَبَ عُمَرُ إِلٰى عَامِلِهِ فِي الْجَارُوْدِ.

[۳-] وَكَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فِي سِنٍّ كُسِرَتْ.

قوله: من ذٰلك: أی من ذلك الخط: کونسا خط قبول کیا جائے...... **يَضِيْق عليه: أی علی الشاهد أو الخط:** کس گواہ پر یا خط پر مرسل الیہ تنگی کرے یعنی فوراً اس پر عملدرآمد نہ کرے...... **ترجمہ:** اور بعض لوگوں نے کہا: حاکم کا خط جائز ہے (واجب العمل ہے) مگر حدود میں —— پھر اس نے کہا: اگر قتل خطاءً ہو تو خط جائز ہے (اس پر عمل کیا جائے) اس لئے کہ قتل خطاء اس کے گمان میں مال ہے —— حالانکہ قتل خطاء مال بنتا ہے ثبوتِ قتل کے بعد، اور (ابتداء میں) خطا اور عمد یکساں ہیں (حالانکہ صورتِ مسئلہ فیصلہ کے بعد خط لکھنے کی ہے)

(۲) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بحرین کا عامل قدامہ بن مظعون کو بنایا تھا، جارود نے ان کے شراب پینے کی شکایت کی، آپؓ نے اپنے کارندے کو لکھا کہ ان کی بیوی سے تحقیق کی جائے، پھر قدامہ کو مدینہ بلایا، اور جارود اور ابو ہریرۃ نے ان کے شراب پینے کی شہادت دی تو حضرت عمرؓ نے ان کو حد ماری (حد جاری کرنے کے لئے خط نہیں لکھا تھا)

(۳) یہ غیر واضح ہے، خط کیا لکھا گیا تھا اس کی تفصیل حاشیہ میں بھی نہیں۔

[۴-] وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: كِتَابُ الْقَاضِيْ إِلٰى الْقَاضِيْ جَائِزٌ، إِذَا عَرَفَ الْكِتَابَ وَالْخَاتَمَ.

[۵-] وَكَانَ الشَّعْبِيُّ يُجِيْزُ الْكِتَابَ الْمَخْتُوْمَ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْقَاضِيْ.

[۶-] وَيُرْوٰى عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوُهُ.

[۷-] وَقَالَ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الثَّقَفِيُّ: شَهِدْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ يَعْلٰى قَاضِيَ الْبَصْرَةِ، وَإِيَاسَ ابْنَ مُعَاوِيَةَ، وَالْحَسَنَ، وَثُمَامَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسٍ، وَبِلَالَ بْنَ أَبِيْ بُرْدَةَ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيَّ، وَعَامِرَ بْنَ عَبِيْدَةَ، وَعَبَّادَ بْنَ مَنْصُوْرٍ، يُجِيْزُوْنَ كُتُبَ الْقُضَاةِ بِغَيْرِ مَحْضَرٍ مِنَ الشُّهُوْدِ، فَإِنْ

(۱) البحر الرائق ۴:۳۵۱، رد المحتار ۴:۳۵۱

قَالَ الَّذِیْ جِیْءَ عَلَیْهِ بِالْکِتَابِ: إِنَّهُ زُوْرٌ. قِیْلَ لَهُ: اذْهَبْ فَالْتَمِسِ الْمَخْرَجَ مِنْ ذٰلِكَ.
[۸-] وَأَوَّلُ مَنْ سَأَلَ عَلٰی کِتَابِ الْقَاضِیْ الْبَیِّنَةَ ابْنُ أَبِیْ لَیْلٰی وَسَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ.

(۵) اور شعبیؒ مہر لگی ہوئی تحریر کے اس مضمون کو نافذ کرتے تھے جو اس میں قاضی کی طرف سے ہوتا تھا۔

(۶) ابن عمرؓ کا اثر حافظ ابن حجرؒ کو بھی کہیں نہیں ملا۔

(۷) بصرہ کے یہ تمام قضات گواہوں کی موجودگی کے بغیر قضات کی تحریروں کو نافذ کرتے تھے، پس اگر کہا اس نے جس کے خلاف تحریر لائی گئی ہے کہ وہ جھوٹ ہے تو اس سے کہا جاتا: جا، پس نکلنے کی جگہ ڈھونڈھ یعنی خط کا جھوٹ ہونا ثابت کر (اس کو اس کا موقع دیا جاتا تھا)

[۹-] وَقَالَ لَنَا أَبُوْ نُعَیْمٍ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحْرِزٍ: جِئْتُ بِکِتَابٍ مِنْ مُوْسَی بْنِ أَنَسٍ قَاضِیَ الْبَصْرَةِ، وَأَقَمْتُ عِنْدَهُ الْبَیِّنَةَ أَنَّ لِیْ عِنْدَ فُلَانٍ کَذَا وَکَذَا، وَهُوَ بِالْکُوْفَةِ، فَجِئْتُ بِهِ الْقَاسِمَ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ فَأَجَازَهُ.
[۱۰-] وَکَرِهَ الْحَسَنُ وَأَبُوْقِلَابَةَ أَنْ یُشْهَدَ عَلٰی وَصِیَّةٍ حَتّٰی یُعْلَمَ مَا فِیْهَا، لِأَنَّهُ لَا یَدْرِیْ لَعَلَّ فِیْهَا جَوْرًا.
[۱۱-] وَقَدْ کَتَبَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلٰی أَهْلِ خَیْبَرَ: " إِمَّا أَنْ تَدُوْا صَاحِبَکُمْ، وَإِمَّا أَنْ تُؤْذِنُوْا بِحَرْبٍ"
[۱۲-] وَقَالَ الزُّهْرِیُّ فِیْ شَهَادَةٍ عَلَی الْمَرْأَةِ مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِ: إِنْ عَرَفْتَهَا فَاشْهَدْ، وَإِلَّا فَلَا تَشْهَدْ.

(۹) اور عبیداللہ بن محرز کہتے ہیں، میں بصرہ کے قاضی موسیٰ کے پاس سے تحریر لایا، میں نے ان کے پاس گواہ قائم کئے تھے کہ میرا فلاں کے ذمے اتنا اور اتنا مال ہے، اور وہ (مقضی علیہ) کوفہ میں تھا، پس لایا میں اس کو (کوفہ کے قاضی) قاسم بن عبدالرحمٰن کے پاس، پس انھوں نے اس کو نافذ کیا۔

(۱۰) اور حسن بصری اور ابوقلابہ نے ناپسند کیا کہ گواہی دی جائے کسی وصیت پر تا آنکہ جانے اس کو جو اس (وصیت نامہ) میں ہے، اس لئے کہ وہ نہیں جانتا کہ شاید وصیت نامہ میں ظلم ہو (مگر اس پر اعتراض کیا گیا ہے کہ گواہ کا کام صرف اس کی گواہی دینا ہے کہ یہ فلاں کی وصیت ہے، پھر وصیت نامہ میں اگر ظلم ہے تو قاضی اس کو باطل کرے گا)

(۱۱) اور نبی ﷺ نے خیبر والوں کو خط لکھا کہ یا تو اپنے مقتول کی دیت دو یا جنگ کا الٹی میٹم سن لو!

(۱۲) اور امام زہریؒ نے کہا: پردے کے پیچھے سے عورت پر گواہی دینے میں کہ اگر عورت کو پہچانتا ہے تو گواہی دے، ورنہ گواہی نہ دے (اسی طرح خط کے مضمون کو جانتا ہو تو گواہی دے، ورنہ نہ دے، یہاں بھی وہی اعتراض ہے کہ گواہ صرف اس بات کی گواہی دے گا کہ یہ فلاں حاکم کا خط ہے، مضمونِ خط سے اس کو کیا مطلب؟)

[٧١٦٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا أَرَادَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَكْتُبَ إِلَى الرُّوْمِ قَالُوْا: إِنَّهُمْ لاَ يَقْرَءُ وْنَ كِتَابًا إِلَّا مَخْتُوْمًا، فَاتَّخَذَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَى وَبِيْصِهِ، وَنَقْشُهُ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ.[راجع: ٦٥]

بَابٌ: مَتَى يَسْتَوْجِبُ الرَّجُلُ الْقَضَاءَ؟

آدمی قضاء کے لائق کب ہوتا ہے؟

قضاء کا کورس مکمل کرنے کے علاوہ قاضی میں چند صفات (خوبیاں) ہونی ضروری ہیں، حضرت نے باب میں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے اور حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے اقوال لکھے ہیں:

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حُکام (فیصلہ کرنے والوں) کو پابند کیا ہے کہ وہ خواہش کی پیروی نہ کریں، اور لوگوں سے نہ ڈریں، اور اللہ کے احکام کے عوض میں تھوڑی سی قیمت نہ لیں یعنی رشوت لے کر فیصلہ نہ کریں، پھر آپؒ نے تین آیتیں پڑھیں:

پہلی آیت: سورۃ ص کی (آیت ٢٦) ہے: ''اے داؤد! ہم نے تم کو زمین میں حاکم بنایا ہے پس آپ لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کریں، اور نفسانی خواہش کی پیروی نہ کریں (ایسا کروگے) تو وہ آپ کو اللہ کے راستے سے بھٹکا دے گی، بے شک جو لوگ اللہ کے راستے سے بھٹک جاتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے، بایں وجہ کہ روزِ حسات کو بھولے رہے!'' یعنی عموماً خواہشاتِ نفسانی کی پیروی اسی لئے ہوتی ہے کہ آدمی کو حساب کا دن یاد نہیں رہتا۔

دوسری آیت: سورۃ المائدۃ کی (آیت ٤٤) ہے: ''بے شک ہم نے تورات نازل فرمائی، جس میں ہدایت اور روشنی تھی، اس کے ذریعہ یہود کے لئے وہ انبیاء فیصلہ کرتے تھے جو اللہ تعالیٰ کے مطیع تھے، اور اہل اللہ اور علماء بھی، بایں وجہ کہ ان کو اس کتاب کی نگہداشت کا حکم دیا تھا، اور وہ اس (کتاب) پر گواہ تھے، پس تم (اے مسلمانو) لوگوں سے مت ڈرو، اور مجھ سے ڈرو، اور میرے احکام کے بدلے میں متاع قلیل مت لو، اور جو لوگ اللہ کے نازل کئے ہوئے احکام کے موافق فیصلہ نہیں کرتے سو ایسے لوگ (حکم الٰہی کے عملی) منکر ہیں!'' یعنی جو قاضی قوانین وضعیہ پر فیصلہ کرتا ہے اس کی عملی حالت کافروں جیسی ہے۔

پھر حسن بصری رحمہ اللہ نے سورۃ الانبیاء کی (آیات ٧٨و٧٩) پڑھیں: ''اور آپؐ داؤد وسلیمان کا تذکرہ کیجئے! جب وہ کھیت کے بارے میں فیصلہ کر رہے تھے، جب رات کے وقت اس میں ایک قوم کی بکریاں جا پڑی تھیں، اور ہم ان کے فیصلہ کو دیکھنے والے تھے، پس ہم نے سلیمان کو فیصلہ کی سمجھ دی، اور ہر ایک کو ہم نے دانش مندی اور علم عطا فرمایا''

واقعہ اور فیصلہ: کچھ لوگوں کی بکریاں رات کے وقت ایک شخص کے کھیت میں جا گھسیں، اور کھیت کا صفایا کر دیا، اتفاق سے کھیت کا نقصان بکریوں کی لاگت کے برابر تھا، مقدمہ داؤد علیہ السلام کے پاس پہنچا، آپ نے کھیت کے ضمان میں سب بکریاں کھیت والے کو دلا دیں، یہ فیصلہ اصول کے مطابق تھا، عدالت سے نکلنے کے بعد فریقین کی سلیمان علیہ السلام سے ملاقات ہوئی، آپ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو میں اس سے بہتر فیصلہ کروں؟ دونوں رضامند ہو گئے، آپ نے فیصلہ کیا کہ بکریاں کھیت والے کے حوالے کی جائیں، وہ ان کے دودھ اور اون سے فائدہ اٹھائے، اور کھیت بکریوں والے کے حوالہ کیا جائے، وہ اس کی پرداخت کرے، پھر جب کھیت سابقہ حالت پر آ جائے تو کھیت والے کو لوٹا دیا جائے، اور وہ بکریاں لوٹا دے، یہ مصالحت کی صورت تھی اور فریقین کے حق میں مفید تھی، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس فیصلہ کی تعریف کی، اور داؤد علیہ السلام کے فیصلہ کو بھی صحیح قرار دیا۔

حضرت حسنؒ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام کی تعریف کی اور داؤد علیہ السلام کو بھی سرزنش نہیں کی، اور اگر نہ ہوتی وہ بات جو اللہ تعالیٰ نے ذکر کی ان دو حضرات کے معاملہ سے تو دیکھا جاتا (سمجھا جاتا) کہ قضات تباہ ہو گئے، پس بے شک اللہ تعالیٰ نے ان (سلیمانؑ) کی تعریف کی ان کے علم کی وجہ سے، اور ان (داؤدؑ) کو معذور قرار دیا ان کے اجتہاد کی وجہ سے یعنی ان کی اجتہادی چوک کو معاف کیا (مگر میں نے اوپر کہا ہے کہ داؤد علیہ السلام کا فیصلہ اصول کے مطابق تھا اور سلیمان علیہ السلام کا فیصلہ مصالحت کی صورت تھی، پس خطا اجتہادی ماننے کی ضرورت نہیں)

اور حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ نے فرمایا: پانچ باتیں: اگر ان میں سے ایک بات بھی قاضی چوک جائے یعنی اس میں نہ ہو تو اس میں عیب ہوگا یعنی اس کو کمی تصور کی جائے گی: (۱) قاضی سمجھدار ہو (۲) بردبار ہو (۳) پاک دامن ہو (کیونکہ مقدمات میں عورتیں بھی آتی ہیں) (۴) سخت (مضبوط) ہو (فیصلہ کرتے وقت کسی سے ڈرے نہیں) (۵) عالم (جاننے والا) ہو اور بہت زیادہ علماء سے دریافت کرنے والا ہو (اگر خود نہ جانتا ہو تو علماء سے پوچھنے میں شرم نہ کرتا ہو)

[۱۶-] بَابٌ: مَتَى يَسْتَوْجِبُ الرَّجُلُ الْقَضَاءَ؟

وَقَالَ الْحَسَنُ: أَخَذَ اللّٰهُ عَلَى الْحُكَّامِ أَنْ لاَ يَتَّبِعُوْا الْهَوَى، وَلاَ يَخْشَوُا النَّاسَ وَلاَ يَشْتَرُوْا بِآيَاتِهِ ثَمَنًا قَلِيْلاً.

ثُمَّ قَرَأَ: ﴿يَا دَاوُدُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيْفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلاَ تَتَّبِعِ الْهَوَىٰ فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، إِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ﴾ [ص: ۲۶]

وَقَرَأَ: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيْهَا هُدًى وَنُوْرٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ أَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبَّانِيُّوْنَ وَالْأَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ

الْكَافِرُوْنَ﴾[المائدة: ٤٤]

وَقَرَأَ: ﴿وَدَاوُدَ وَسُلَيْمَانَ إِذْ يَحْكُمَانِ فِي الْحَرْثِ إِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شَاهِدِيْنَ، فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمَانَ وَكُلًّا آتَيْنَا حُكْمًا وَعِلْمًا﴾[الأنبياء: ٧٨، ٧٩]

فَحَمِدَ سُلَيْمَانَ وَلَمْ يَلُمْ دَاوُدَ، وَلَوْلَا مَا ذَكَرَ اللّٰهُ مِنْ أَمْرِ هٰذَيْنِ لَرُئِيَتْ أَنَّ الْقُضَاةَ هَلَكُوْا، فَإِنَّهُ أَثْنَى عَلٰى هٰذَا بِعِلْمِهِ وَعَذَرَ هٰذَا بِاجْتِهَادِهِ.

وَقَالَ مُزَاحِمُ بْنُ زُفَرَ: قَالَ لَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ: خَمْسٌ إِذَا أَخْطَأَ الْقَاضِيْ مِنْهُنَّ خَصْلَةً كَانَتْ فِيْهِ وَصْمَةٌ: أَنْ يَكُوْنَ فَهِمًا، حَلِيْمًا، عَفِيْفًا، صَلِيْبًا، عَالِمًا سَؤُلًا عَنِ الْعِلْمِ.

بَابُ رِزْقِ الْحَاكِمِ وَالْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا

حاکم اور حکومت کے عملہ کی تنخواہ

ھا: کا مرجع الحکومة ہے، جو الحاکم سے منتزع ہے، اور تن خواہ کے معنی ہیں: بدن کی مانگ یعنی ضروریاتِ زندگی، یہی معنی رزق (روزی) کے ہیں۔ جو لوگ مصالح مسلمین کے لئے کام کرتے ہیں ان کا گذارہ بیت المال سے دیا جائے گا، شیخین رضی اللہ عنہما بیت المال سے گذارہ لیتے تھے، قاضی شریح بھی تن خواہ لیتے تھے، اور صدیقہؓ نے فرمایا: وصی اپنی محنت کے بقدر کھا سکتا ہے، اور سائب بن یزید (صحابی صغیر) کو حویطبؓ (صحابی) نے خبر دی کہ عبداللہ بن السعدی (صحابی) حضرت عمر رضی اللہ عنہم (صحابی) کے پاس آئے، حضرت عمرؓ نے ان سے کہا: مجھے خبر ملی ہے کہ آپ حکومت کے کام کرتے ہیں، اور جب تنخواہ دی جاتی ہے تو نہیں لیتے، انھوں نے کہا: یہ خبر صحیح ہے، حضرت عمرؓ نے پوچھا: کیوں؟ انھوں نے کہا: میں خود کفیل ہوں، میرے پاس گھوڑے اور غلام ہیں، اور میرے پاس اور بھی مال ہے، اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اپنی خدمت کو مسلمانوں پر خرچ کروں، حضرت عمرؓ نے فرمایا: ایسا نہ کرو، میں نے بھی ایسا کرنے کا ارادہ کیا تھا تو نبی ﷺ نے مجھے منع کیا تھا، اور حدیث تحفۃ القاری (۴: ۲۵۴) میں آچکی ہے، اور حاشیہ میں بحوالہ صحیح ابن حبان ہے کہ حضرت عمرؓ نے ان کو چالیس ہزار دینار دیئے۔

فائدہ: کوئی خود کفیل ہو تو اولیٰ کیا ہے: تنخواہ لینا یا نہ لینا؟ اس میں اختلاف ہے، جو حاشیہ میں مذکور ہے، اور ہدایہ میں ہے کہ تنخواہ نہ لینا افضل ہے، یہ بات بھی حاشیہ میں منقول ہے۔

[١٧-] بَابُ رِزْقِ الْحَاكِمِ وَالْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا

[١-] وَكَانَ شُرَيْحٌ يَأْخُذُ عَلَى الْقَضَاءِ أَجْرًا. [٢-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَأْكُلُ الْوَصِيُّ بِقَدْرِ عُمَالَتِهِ.

[۳-] وَأَکَلَ أَبُوْ بَکْرٍ وَعُمَرُ.

[۷۱۶۳-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِی السَّائِبُ بْنُ یَزِیْدَ ابْنُ أُخْتِ نَمِرٍ أَنَّ حُوَیْطِبَ بْنَ عَبْدِ الْعُزَّی أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ السَّعْدِیِّ أَخْبَرَهُ: أَنَّـهُ قَدِمَ عَلٰی عُمَرَ فِی خِلَافَتِهِ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: أَلَمْ أُحَدَّثْ أَنَّكَ تَلِیْ مِنْ أَعْمَالِ النَّاسِ أَعْمَالاً، فَإِذَا أُعْطِیْتَ الْعُمَالَةَ کَرِهْتَهَا؟ فَقُلْتُ: بَلٰی. قَالَ عُمَرُ: فَمَا تُرِیْدُ إِلٰی ذٰلِكَ؟ قُلْتُ: إِنَّ لِیْ أَفْرَاسًا وَأَعْبُدًا، وَأَنَا بِخَیْرٍ، وَأُرِیْدُ أَنْ تَکُوْنَ عُمَالَتِیْ صَدَقَةً عَلٰی الْمُسْلِمِیْنَ. قَالَ عُمَرُ: لَا تَفْعَلْ فَإِنِّی کُنْتُ أَرَدْتُ الَّذِیْ أَرَدْتَ وَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یُعْطِیْنِیْ الْعَطَاءَ، فَأَقُوْلُ: أَعْطِهِ أَفْقَرَ إِلَیْهِ مِنِّیْ، حَتّٰی أَعْطَانِیْ مَرَّةً مَالاً، فَقُلْتُ: أَعْطِهِ أَفْقَرَ إِلَیْهِ مِنِّیْ. فَقَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "خُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ وَتَصَدَّقْ بِهِ، فَمَا جَاءَكَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَأَنْتَ غَیْرُ مُشْرِفٍ وَلَا سَائِلٍ فَخُذْهُ، وَإِلَّا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ"[راجع: ۱٤۷۳]

[۷۱٦٤-] وَعَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ یَقُوْلُ: کَانَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم یُعْطِیْنِیْ الْعَطَاءَ، فَأَقُوْلُ: أَعْطِهِ أَفْقَرَ إِلَیْهِ مِنِّیْ، حَتّٰی أَعْطَانِیْ مَرَّةً مَالاً، فَقُلْتُ: أَعْطِهِ مَنْ هُوَ أَفْقَرُ إِلَیْهِ مِنِّیْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "خُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ وَتَصَدَّقْ بِهِ، فَمَا جَاءَكَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَأَنْتَ غَیْرُ مُشْرِفٍ وَلَا سَائِلٍ فَخُذْهُ، وَمَالَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ"[راجع: ۱٤۷۳]

بَابُ مَنْ قَضَی وَلَاعَنَ فِی الْمَسْجِدِ

مسجد میں فیصلہ کرنا اور لعان کرنا

پہلے سادگی تھی، انتظام کم تھا، مقدمات کا ریکارڈ بھی نہیں رکھا جاتا تھا، ہاتھ کے ہاتھ سب کام نمٹا دیئے جاتے تھے، اس وقت قُضات مسجد میں بیٹھتے تھے، وہیں مقدمہ کی سماعت کرتے تھے، وہیں فیصلے کرتے تھے، اب جبکہ گنجائش ہوگئی، کورٹ کے لئے مستقل عمارتیں بن گئیں تو اب کہاں بیٹھنا افضل ہے؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اب مسجد میں قاضی کا بیٹھنا مکروہ ہے، اور حنفیہ کے نزدیک مسجد میں کورٹ کرنا اولیٰ ہے، دونوں قولوں کے دلائل حاشیہ میں ہیں، مگر اب طریقہ بدل گیا ہے، اب قاضی کورٹ میں عدالت کرتا ہے۔

[۱۸-] بَابُ مَنْ قَضَی وَلَاعَنَ فِی الْمَسْجِدِ

[۱-] وَلَاعَنَ عُمَرُ عِنْدَ مِنْبَرِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم. [۲-] وَقَضَی مَرْوَانُ عَلٰی زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ بِالْیَمِیْنِ عِنْدَ مِنْبَرِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم. [۳-] وَقَضَی شُرَیْحٌ، وَالشَّعْبِیُّ، وَیَحْیَی بْنُ یَعْمَرَ فِی الْمَسْجِدِ. [٤-] وَکَانَ الْحَسَنُ، وَزُرَارَةُ بْنُ أَوْفَی یَقْضِیَانِ فِی الرَّحْبَةِ خَارِجًا مِنَ الْمَسْجِدِ.

[٧١٦٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: شَهِدْتُ الْمُتَلَاعِنَيْنِ وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ فُرِّقَ بَيْنَهُمَا.[راجع: ٤٢٣]

[٧١٦٦-] حَدَّثَنِيْ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَخِيْ بَنِيْ سَاعِدَةَ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ إِلىٰ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلاً وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً، أَيَقْتُلُهُ؟ فَتَلاَعَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَأَنَا شَاهِدٌ.[راجع: ٤٢٣]

لغت: لاَعَنَ الحاكمُ: حاکم نے دوفریقوں کے درمیان ملاعنت کا فیصلہ کیا...... ایک مقدمہ میں مدینہ کے گورنر مروان نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ پر فیصلہ کیا کہ وہ منبرِ نبوی پر قسم کھائیں، حضرت زیدؓ تیار نہیں ہوئے، فرمایا: میں یہیں قسم کھاتا ہوں (تحفۃ القاری ۶:۴۷۳)...... الرحبة: کشادہ زمین، گھر کا صحن...... دونوں حدیثیں ایک ہیں۔

بَابُ مَنْ حَكَمَ فِي الْمَسْجِدِ، حَتّٰى إِذَا أَتَى عَلٰى حَدٍّ أَمَرَ أَنْ يُخْرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَيُقَامَ

ایک رائے یہ ہے کہ قاضی فیصلہ تو مسجد میں کرے، مگر سزا مسجد سے باہر جاری کرے

یہ رائے بھی ٹھیک ہے، فیصلہ تو عبادت ہے، پس مسجد میں کرنے میں کوئی حرج نہیں، مگر مسجد میں سزا دینا مسجد کے موضوع کے خلاف ہے، خلفائے راشدین سے ایسا کرنا مروی ہے، اور حضرت ماعز رضی اللہ عنہ نے زنا کا اقرار مسجد میں کیا تھا، اور آپؐ نے ان کے رجم کا فیصلہ بھی مسجد میں کیا تھا، مگر ان کو رجم عیدگاہ کے میدان میں کیا گیا۔

[١٩-] بَابُ مَنْ حَكَمَ فِي الْمَسْجِدِ، حَتّٰى إِذَا أَتَى عَلٰى حَدٍّ أَمَرَ أَنْ يُخْرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَيُقَامَ
وَقَالَ عُمَرُ أَخْرِجَاهُ مِنَ الْمَسْجِدِ، وَيُذْكَرُ عَنْ عَلِيٍّ نَحْوُهُ.

[٧١٦٧-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَتَى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَنَادَاهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ زَنَيْتُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ. فَلَمَّا شَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ أَرْبَعًا، قَالَ: "أَبِكَ جُنُوْنٌ؟" قَالَ: لاَ، قَالَ: "اذْهَبُوْا بِهِ فَارْجُمُوْهُ"[راجع: ٥٢٧١]

[٧١٦٨-] قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنْتُ فِيْمَنْ رَجَمَهُ بِالْمُصَلّٰى، رَوَاهُ يُوْنُسُ، وَمَعْمَرٌ، وَابْنُ جُرَيْجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فِي الرَّجْمِ.[راجع: ٥٢٧٠]

وضاحت: پہلی حدیث عُقیل کی ہے، انھوں نے سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچائی ہے، دوسری حدیث:

زہریؒ کے دیگر تلامذہ کی ہے، انھوں نے سند حضرت جابر رضی اللہ عنہ تک پہنچائی ہے، مگر ان کی حدیث میں صرف سنگسار کرنے کا ذکر ہے، اقرارِ زنا کا ذکر نہیں، دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔

بَابُ مَوْعِظَةِ الإِمَامِ لِلْخُصُوْمِ

امیر المؤمنین کا فریقین کو نصیحت کرنا

امام اور قاضی فریقین کو کوئی نصیحت کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں، کیونکہ دین نصیحت کا نام ہے، ایک نزاع میں فیصلہ کرنے کے بعد آپؐ نے فرمایا: ''میں انسان ہی ہوں (مقدمہ میں کون حق پر ہے اور کون ناحق؟ یہ میں نہیں جانتا) اور آپ لوگ میرے پاس مقدمات لے کر آتے ہو، میں فریقین کی باتیں سن کر فیصلہ کرتا ہوں، پس ایسا ہو سکتا ہے کہ ایک دوسرے سے زیادہ چرب زبان ہو، میں اس کی بات سے متأثر ہو کر اس کے حق میں فیصلہ کر دوں اور وہ چیز نفس الامر میں اس کی نہ ہو تو وہ نہ لے، کیونکہ میں اس کو جہنم کا انگارہ ہی کاٹ کر دے رہا ہوں (میرے فیصلہ سے وہ چیز اس کے لئے حلال نہیں ہو جائے گی، یہ آپؐ نے فریقین کو نصیحت فرمائی، اسی طرح فریقین کو یہ نصیحت کرے کہ آپس میں مصالحت کر لو تو ایسی نصیحت کرنا بھی درست ہے)

[۲۰-] بَابُ مَوْعِظَةِ الإِمَامِ لِلْخُصُوْمِ

[۷۱۶۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، وَإِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ إِلَيَّ، وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَنْ يَكُوْنَ أَلْحَنَ بُحَجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَأَقْضِيْ عَلٰى نَحْوِ مَا أَسْمَعُ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحَقِّ أَخِيْهِ شَيْئًا فَلاَ يَأْخُذْهُ، فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ'' [راجع: ۲٤٥٨]

بَابُ الشَّهَادَةِ تَكُوْنُ عِنْدَ الْحَاكِمِ فِيْ وِلاَيَتِهِ الْقَضَاءَ أَوْ قَبْلَ ذٰلِكَ لِلْخَصْمِ

حاکم (قاضی) ایک فریق کا گواہ ہو، خواہ قضاء سے پہلے گواہ بنا ہو یا بعد میں (پس کیا وہ اپنے علم سے فیصلہ کر سکتا ہے؟)

صورتِ مسئلہ: زید اور عمرو میں ایک مکان کا سودا ہوا، خالد اس وقت موجود تھا، پھر خالد قاضی بن گیا، یا قاضی بننے کے بعد سودے کے وقت وہ موجود تھا، پھر بائع یا مشتری میں سے ایک سودے سے مکر گیا، پس مقدمہ خالد کی کورٹ میں آیا تو کیا خالد (قاضی) اپنے علم سے فیصلہ کر سکتا ہے یا گواہ ضروری ہیں؟ یا خالد (قاضی) نے کسی کو چوری کرتے دیکھا یا زنا کرتے دیکھا تو کیا وہ اپنے علم کے مطابق فیصلہ کر کے سزا دے سکتا ہے یا گواہ ضروری ہیں؟

امام بخاری رحمہ اللہ نے مسئلہ کا کوئی فیصلہ نہیں کیا، مختلف اقوال نقل کردیئے ہیں، مگر رجحان ان کا اس طرف معلوم ہوتا ہے کہ قاضی اپنے علم سے فیصلہ نہ کرے، گواہی کی بنیاد پر فیصلہ کرے، تاکہ کسی کے لئے بدگمانی کا موقع نہ رہے۔

۱- قاضی شریح رحمہ اللہ کسی معاملہ میں گواہ تھے، من لہ الشہادہ نے ان سے درخواست کی آپ میرے لئے شہادت دیں، پس انھوں نے فرمایا: ''حاکم کے پاس مقدمہ لے جا تاکہ میں تیرے لئے گواہی دوں'' (مگر خود انھوں نے اپنے علم سے فیصلہ نہیں کیا)

۲- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اگر آپ کسی کو زنا کرتا ہوا یا چوری کرتا ہوا دیکھیں، درانحالیکہ آپ امیر ہوں (تو کیا آپ اپنے علم سے سزا دے سکتے ہیں؟) حضرت عبدالرحمٰن نے کہا: (آپ بھی امیر ہیں، اگر آپ دیکھیں تو) آپ کی گواہی ایک مسلمان کی گواہی ہے (پس آپ دوسرے قاضی کے یہاں گواہی دے سکتے ہیں، مگر اپنے علم سے فیصلہ نہیں کرسکتے) حضرت عمرؓ نے فرمایا: آپ نے صحیح کہا۔

۳- (بدگمانی سے بچنا ضروری ہے) حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ کہیں گے کہ عمر نے کتاب اللہ میں زیادتی کردی تو میں اپنے ہاتھ سے (قرآن کے آخر میں) رجم کی آیت لکھ دیتا (یہ بات اس لئے لائے ہیں کہ بدگمانی سے بچنا ضروری ہے)

۴- (البتہ اقرار اس سے مستثنیٰ ہے، اس میں گواہ ضروری نہیں، چار مرتبہ زنا کا اقرار ہی چار گواہوں کے قائم مقام ہے) حضرت ماعزؓ نے نبی ﷺ کے پاس چار مرتبہ زنا کا اقرار کیا، پس آپؐ نے ان کو رجم کرنے کا حکم دیا، اور نہیں ذکر کیا گیا کہ نبی ﷺ نے گواہ بنایا اس کو جوان کے پاس حاضر تھا (اور زنا دیکھا تھا)

۵- اور حضرت حمادؒ نے فرمایا: جب ایک مرتبہ حاکم کے سامنے (زنا کا) اقرار کرے (اور شادی شدہ ہو) تو سنگسار کیا جائے، اور حضرت حکم بن عتیبہؒ نے کہا: چار مرتبہ (الگ الگ مجلسوں میں اقرار ضروری ہے، احناف نے اسی کو لیا ہے، کیونکہ یہ حدیث سے مؤید ہے)

[۲۱-] بَابُ الشَّهَادَةِ تَكُوْنُ عِنْدَ الْحَاكِمِ فِي وِلاَيَتِهِ الْقَضَاءَ أَوْ قَبْلَ ذٰلِكَ لِلْخَصْمِ

[۱-] وَقَالَ شُرَيْحُ الْقَاضِيْ، وَسَأَلَهُ إِنْسَانٌ الشَّهَادَةَ، فَقَالَ: ائْتِ الْأَمِيْرَ حَتّٰى أَشْهَدَ لَكَ.

[۲-] وَقَالَ عِكْرِمَةُ: قَالَ عُمَرُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ: لَوْ رَأَيْتَ رَجُلاً عَلٰى حَدٍّ زِنًا أَوْ سَرِقَةٍ وَأَنْتَ أَمِيْرٌ؟ فَقَالَ: شَهَادَتُكَ شَهَادَةُ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، قَالَ صَدَقْتَ.

[۳-] قَالَ عُمَرُ: لَوْلاَ أَنْ يَقُوْلَ النَّاسُ: زَادَ عُمَرُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، لَكَتَبْتُ آيَةَ الرَّجْمِ بِيَدِيْ.

[٤-] وَأَقَرَّ مَاعِزٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَرْبَعًا بِالزِّنَا، فَأَمَرَ بِرَجْمِهِ، وَلَمْ يُذْكَرْ أَنَّ النَّبِيَّ

صلی اللہ علیہ وسلم أَشْهَدَ مَنْ حَضَرَهُ.

[ه-] وَقَالَ حَمَّادٌ: إِذَا أَقَرَّ مَرَّةً عِنْدَ الْحَاكِمِ رُجِمَ، وَقَالَ الْحَكَمُ: أَرْبَعًا.

آئندہ حدیث: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے جنگِ حنین کے موقعہ پر فرمایا: ''جس کے لئے گواہ ہو کسی مقتول پر جس کو اس نے مارا ہو، پس اس کے لئے اس کا سامان ہے'' پس میں کھڑا ہوا تا کہ میرے مارے ہوئے پر گواہ ڈھونڈھوں، پس نہیں دیکھا میں نے کسی کو جو میرے لئے گواہی دے، پس میں بیٹھ گیا، پھر میرے لئے ظاہر ہوا، پس ذکر کیا میں نے قتیل کا معاملہ رسول اللہ ﷺ سے، پس ساتھ بیٹھے ہوؤں میں سے ایک نے کہا: اس مقتول کا سامان جس کا وہ ذکر کر رہے ہیں: میرے پاس ہے۔ پس آپؐ اس کو کچھ دے کر، میری طرف سے خوش کر دیں۔ پس ابوبکرؓ نے کہا: ہرگز نہیں! آپؐ اس کو نہ دیں! قریش کی پدّی کو دیں گے، اور اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر کو چھوڑ دیں گے، جو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لڑتا ہے! پس رسول اللہ ﷺ نے جان لیا اور وہ سامان مجھ کو دیا، میں نے اس سے ایک باغ خریدا، جو میرا پہلا مال تھا جو میں نے ذخیرہ کیا —— اور امام لیثؒ کی روایت میں ہے کہ نبی ﷺ اٹھے، اور وہ سامان مجھ کو دیا۔

استدلال: رسول اللہ ﷺ نے جان لیا اور وہ سامان مجھ کو دیا، اس سے استدلال کیا ہے کہ آپؐ نے علم کے مطابق فیصلہ کیا۔ حالانکہ جس کے پاس سامان تھا اس نے اقرار کیا تھا کہ قاتل ابوقتادہ ہیں، اسی اقرار کی بنیاد پر سامان دیا تھا۔

[۷۱۷۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ مَوْلَى أَبِي قَتَادَةَ، أَنَّ أَبَا قَتَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَوْمَ حُنَيْنٍ: " مَنْ لَهُ بَيِّنَةٌ عَلَى قَتِيْلٍ قَتَلَهُ، فَلَهُ سَلَبُهُ" فَقُمْتُ لِأَلْتَمِسَ بَيِّنَةً عَلَى قَتِيْلِيْ، فَلَمْ أَرَ أَحَدًا يَشْهَدُ لِيْ، فَجَلَسْتُ، ثُمَّ بَدَا لِيْ، فَذَكَرْتُ أَمْرَهُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: سَلَاحُ هٰذَا الْقَتِيْلِ الَّذِيْ يَذْكُرُ عِنْدِيْ، فَأَرْضِهِ مِنِّيْ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ كَلَّا، لَا تُعْطِهِ! أُصَيْبِغَ مِنْ قُرَيْشٍ وَتَدَعُ أَسَدًا مِنْ أُسْدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ! قَالَ: فَعَلِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَدَّاهُ إِلَيَّ فَاشْتَرَيْتُ مِنْهُ خِرَافًا فَكَانَ أَوَّلَ مَالٍ تَأَثَّلْتُهُ. قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنِ اللَّيْثِ: فَقَامَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَدَّاهُ إِلَيَّ.

پدّی: ایک چھوٹی سی چڑیا...... أصيبغ: أی تعطی۔

فقہاء کی رائیں:

۶- اور اہلِ حجاز (امام مالکؒ) نے کہا: حاکم اپنے علم سے فیصلہ نہ کرے، خواہ گواہ بنا ہو وہ اس کا اپنی ولایت میں یا اس سے پہلے۔ اور اگر اقرار کیا قاضی کے پاس دوسرے فریق نے کسی حق کا قضاء کی مجلس میں یعنی کورٹ کے اجلاس میں تو قاضی

اس کے خلاف فیصلہ نہیں کرے گا بعض حجازیوں کے نزدیک، یہاں تک کہ دو گواہوں کو بلائے، پس دونوں کو حاضر کرے اس اقرار میں یعنی اس اقرار پر ان کو گواہ بنائے، پھر ان کی گواہی سے اس کے خلاف فیصلہ کرے (یہ رائے امام مالک کے تلامذہ ابن القاسم اور اشہب کی ہے)

۷- اور بعض اہلِ عراق (احناف) نے کہا: جو سنا ہو یا دیکھا ہو قضاء کی مجلس میں تو اس کے ذریعہ فیصلہ کرے (گواہ بنانے کی ضرورت نہیں) اور جو غیر مجلس قضاء میں سنا ہو تو فیصلہ نہ کرے مگر دو گواہوں کے ذریعہ —— اور ان میں سے دوسروں (امام ابو یوسف) نے کہا: بلکہ اس کے ذریعہ فیصلہ کرے، کیونکہ وہ (قاضی) بھروسہ کیا ہوا ہے، اور شہادت سے مقصود حق کو پہچاننا ہے، پس قاضی کا جاننا شہادت سے بڑھ کر ہے —— اور ان میں سے بعض (ابو حنیفہ وابو یوسف) نے کہا: اپنے علم سے اموال میں فیصلہ کرے، اور اموال کے علاوہ میں فیصلہ نہ کرے۔

۸- اور قاسم نے کہا (معلوم نہیں یہ کون قاسم ہیں، مگر بات ان کی باون تولہ پاؤ رتی ہے) حاکم کے لئے مناسب نہیں کہ وہ کوئی بھی فیصلہ کرے اپنے علم سے، اس کے علاوہ کے علم کے بغیر یعنی کوئی دوسرا بھی اس بات کو جاننے والا ہونا چاہئے، حالانکہ قاضی کا علم زیادہ ہے اس کے علاوہ کی شہادت سے، مگر اس میں (اپنے علم سے فیصلہ کرنے میں) خود کو تہمت کے درپے کرنا ہے مسلمانوں کے نزدیک، اور مسلمانوں کو گمانوں میں واقع کرنا ہے یعنی معلوم نہیں لوگ کیا گمان کریں گے، جبکہ نبی ﷺ نے بدگمانی کو ناپسند کیا ہے، چنانچہ فرمایا کہ یہ صفیہؓ ہیں (پھر یہی صفیہؓ والی حدیث ذکر کی ہے، جو پہلے آچکی ہے)

[٦-] وَقَالَ أَهْلُ الْحِجَازِ: الْحَاكِمُ لاَ يَقْضِيْ بِعِلْمِهِ، شَهِدَ بِذٰلِكَ فِيْ وِلاَيَتِهِ أَوْ قَبْلَهَا، وَلَوْ أَقَرَّ عِنْدَهُ خَصْمٌ آخَرُ بِحَقٍّ فِي مَجْلِسِ الْقَضَاءِ، فَإِنَّهُ لاَ يَقْضِيْ عَلَيْهِ فِيْ قَوْلِ بَعْضِهِمْ، حَتّٰى يَدْعُوَ بِشَاهِدَيْنِ فَيُحْضِرَهُمَا إِقْرَارَهُ.

[٧-] وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِرَاقِ: مَا سَمِعَ أَوْ رَآهُ فِيْ مَجْلِسِ الْقَضَاءِ قَضَى بِهِ، وَمَا كَانَ فِي غَيْرِهِ لَمْ يَقْضِ إِلَّا بِشَاهِدَيْنِ، وَقَالَ آخَرُوْنَ مِنْهُمْ: بَلْ يَقْضِي بِهِ، لِأَنَّهُ مُؤْتَمَنٌ، وَإِنَّمَا يُرَادُ مِنَ الشَّهَادَةِ مَعْرِفَةُ الْحَقِّ، فَعِلْمُهُ أَكْثَرُ مِنَ الشَّهَادَةِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: يَقْضِيْ بِعِلْمِهِ فِي الْأَمْوَالِ، وَلاَ يَقْضِي فِيْ غَيْرِهَا.

[٨-] وَقَالَ الْقَاسِمُ: لاَ يَنْبَغِيْ لِلْحَاكِمِ أَنْ يَقْضِيَ قَضَاءً بِعِلْمِهِ دُوْنَ عِلْمِ غَيْرِهِ، مَعَ أَنَّ عِلْمَهُ أَكْثَرُ مِنْ شَهَادَةِ غَيْرِهِ، وَلٰكِنْ فِيْهِ تَعَرُّضٌ لِتُهَمَةِ نَفْسِهِ عِنْدَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَإِيْقَاعًا لَهُمْ فِي الظُّنُوْنِ، وَقَدْ كَرِهَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الظَّنَّ فَقَالَ: " إِنَّمَا هٰذِهِ صَفِيَّةُ"

[٧١٧١-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ ابْنِ حُسَيْنٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَتَتْهُ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ، فَلَمَّا رَجَعَتِ انْطَلَقَ مَعَهَا، فَمَرَّ بِهِ رَجُلاَنِ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَدَعَاهُمَا فَقَالَ: " إِنَّمَا هِيَ صَفِيَّةُ" فَقَالاَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! قَالَ: " إِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنِ ابْنِ

آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ" رَوَاهُ شُعَيْبٌ، وَابْنُ مُسَافِرٍ، وَابْنُ أَبِي عَتِيقٍ، وَإِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنْ صَفِيَّةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۰۳۵]

بَابُ أَمْرِ الْوَالِي إِذَا وَجَّهَ أَمِيْرَيْنِ إِلَى مَوْضِعٍ أَنْ يَتَطَاوَعَا وَلاَ يَتَعَاصَيَا

خلیفہ جب کسی جگہ دو آدمیوں کو امیر بنا کر بھیجے تو ان کو حکم دے کہ ایک دوسرے کی موافقت کریں، مخالفت نہ کریں

تحفۃ القاری (۴۳۲:۸) میں حدیث آ چکی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرات ابوموسیٰ ومعاذ رضی اللہ عنہما کو یمن کی طرف بھیجا، تو دونوں کو حکم دیا: "آسانی کرنا، دشواری مت ڈالنا، اور دونوں خوش خبری سنانا اور بدکانا نہیں" اور یہاں یہ اضافہ ہے کہ دونوں ایک دوسرے کی موافقت کرنا (اگر دو امیر ایک ہی جگہ میں ہوں تو یہ بات نہایت ضروری ہے، اور دو جگہوں میں ہوں تو بھی یہ بات مفید ہے)

[۲۲-] بَابُ أَمْرِ الْوَالِي إِذَا وَجَّهَ أَمِيْرَيْنِ إِلَى مَوْضِعٍ أَنْ يَتَطَاوَعَا وَلاَ يَتَعَاصَيَا

[۷۱۷۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَبِي وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ إِلَى الْيَمِيْنِ، فَقَالَ: "يَسِّرَا وَلاَ تُعَسِّرَا، وَبَشِّرَا وَلاَ تُنَفِّرَا، وَتَطَاوَعَا" فَقَالَ لَهُ أَبُوْ مُوْسَى: إِنَّهُ يُصْنَعُ بِأَرْضِنَا الْبِتْعُ، فَقَالَ: "كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ"

وَقَالَ النَّضْرُ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، وَوَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۲۶۱]

بَابُ إِجَابَةِ الْحَاكِمِ الدَّعْوَةَ

خلیفہ (قاضی) کا دعوت قبول کرنا

دعوتِ عام قبول کرے، دعوتِ خاص قبول نہ کرے، دعوتِ عام وہ ہے جس میں خلیفہ کی حاضری ضروری نہ ہو، وہ آئے سبحان اللہ! نہ آئے تو بھی مقررہ وقت پر دوسروں کی دعوت ہوگی، اور دعوتِ خاص: وہ ہے کہ خلیفہ سے وقت لے کر دعوت طے کی جائے، ایسی دعوت کبھی رشوت بن جاتی ہے، اس لئے قاضی کو ایسی دعوت قبول نہیں کرنی چاہئے، اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے غلام کی جو دعوت قبول کی تھی وہ عام دعوت ہوگی، یا پٹا کر کام نکالنے کا اندیشہ نہیں ہوگا،

اور حدیث عام مسلمانوں سے متعلق ہے، ان کو دعوت قبول کرنی چاہئے، اور سرکاری لوگوں کے لئے اگلے باب کی حدیث ہے۔

[۲۳-] بَابُ إِجَابَةِ الْحَاكِمِ الدَّعْوَةَ

وَقَدْ أَجَابَ عُثْمَانُ عَبْدًا لِلْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ.

[۷۱۷۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " فُكُّوْا الْعَانِيَ وَأَجِيْبُوْا الدَّاعِيَ"

[راجع: ۳۰۴۶]

بَابُ هَدَايَا الْعُمَّالِ

سرکاری آدمیوں کے ہدیے

سرکاری لوگوں کو جو ہدیے ملتے ہیں وہ ہدیے کم اور رشوت زیادہ ہوتے ہیں، پس اول تو ان کو ہدیہ لینا ہی نہیں چاہئے، اور لیلے تو اس کو سرکاری فنڈ میں جمع کرادے، ابن اللتبیہ کی روایت پہلے آچکی ہے، ان کو زکاتیں وصول کرنے کے لئے بھیجا گیا، ان کو جو ہدیے ملے ان کو رشوت قرار دیا گیا اور ان کو سرکاری فنڈ میں جمع کرادیا گیا۔

[۲۴-] بَابُ هَدَايَا الْعُمَّالِ

[۷۱۷۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْحُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ، قَالَ: اسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلًا مِنْ بَنِيْ أَسَدٍ، يُقَالُ لَهُ ابْنُ اللُّتْبِيَّةِ، عَلٰى صَدَقَةٍ، فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ: هٰذَا لَكُمْ وَهٰذَا أُهْدِيَ لِيْ، فَقَامَ النَّبِيّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى الْمِنْبَرِ، قَالَ سُفْيَانُ أَيْضًا: فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " مَا بَالُ الْعَامِلِ نَبْعَثُهُ، فَيَأْتِيْ فَيَقُوْلُ: هٰذَا لَكَ وَهٰذَا لِيْ. فَهَلَّا جَلَسَ فِيْ بَيْتِ أَبِيْهِ أَوْ أُمِّهِ فَيَنْظُرُ أَيُهْدَى لَهُ أَمْ لَا؟ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَا يَأْتِيْ بِشَيْئٍ إِلَّا جَاءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهُ عَلٰى رَقَبَتِهِ، إِنْ كَانَ بَعِيْرًا لَهُ رُغَاءٌ، أَوْ بَقَرَةً لَهَا خُوَارٌ، أَوْ شَاةً تَيْعَرُ" ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى رَأَيْنَا عُفْرَتَيْ إِبْطَيْهِ: " أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ" ثَلَاثًا [راجع: ۹۲۵]

وَقَالَ سُفْيَانُ: قَصَّهُ عَلَيْنَا الزُّهْرِيُّ، وَزَادَ هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعَ أُذُنَايَ وَأَبْصَرَتْهُ عَيْنِيْ، وَسَلُوْا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَإِنَّهُ سَمِعَهُ مَعِيْ. وَلَمْ يَقُلِ الزُّهْرِيُّ: سَمِعَ أُذُنِيْ.

خُوَارٌ: صَوْتٌ، وَالْجُؤَارُ: مِنْ ﴿يَجْئَرُوْنَ﴾ كَصَوْتِ الْبَقَرَةِ.

لغت: خُوار: خاص ہے: جانور کا رینکنا، چلانا...... اور جُؤَار: عام ہے، انسان یا گائے کا چلانا۔

بَابُ اسْتِقْضَاءِ الْمَوَالِیْ وَاسْتِعْمَالِهِمْ

آزادشدہ کو قاضی اور کارندہ بنانا

آزادکردہ غلام کو قاضی بناسکتے ہیں، اگر وہ اس کا اہل ہو، حضرت حسن بصری رحمہ اللہ چندروز کے لئے بصرہ کے قاضی رہے ہیں۔ اوراس کو حکومت کا کارندہ (کوئی بھی عہدہ دار) بناسکتے ہیں، ہجرت کے وقت قباء کی مسجد میں حضرت سالم رضی اللہ عنہ نماز پڑھاتے تھے، وہ آزادکردہ تھے، اور مقتدیوں میں اکابر صحابہ تھے، اور امامت صغری پر امامتِ کبری کو قیاس کرسکتے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ قیاس کیا تھا، مگر امام بخاری رحمہ اللہ شاید اس قیاس کے لئے تیار نہ ہوں، ان کے پیش نظر حدیث: الأئمة من قریش ہوگی، حالانکہ وہ حدیث ایک پیشین گوئی ہے، کما سبق۔

[۲۵-] بَابُ اسْتِقْضَاءِ الْمَوَالِیْ وَاسْتِعْمَالِهِمْ

[۷۱۷۵-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِیْ ابْنُ جُرَیْجٍ، أَنَّ نَافِعًا أَخْبَرَهُ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ، قَالَ: كَانَ سَالِمٌ مَوْلٰی أَبِیْ حُذَیْفَةَ یَؤُمُّ الْمُهَاجِرِیْنَ الْأَوَّلِیْنَ، وَأَصْحَابَ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم فِیْ مَسْجِدِ قُبَاءٍ، فِیْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَأَبُوْ سَلَمَةَ، وَزَیْدٌ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِیْعَةَ. [راجع: ٦٩٢]

بَابُ الْعُرَفَاءِ لِلنَّاسِ

لوگوں کے احوال جاننے کے لئے ذمہ دار مقرر کرنا

عریف: کے معنی ہیں: کسی چیز سے باخبر، منتظم، قوم کا سردار، خلیفہ کے لئے ضروری ہے کہ قوم کے احوال جاننے کے لئے عرفاء مقرر کرے، وہ قوم کا انتظام بھی کریں گے، اور خلیفہ کو لوگوں کے احوال سے واقف بھی رکھیں گے۔ نبی ﷺ نے ایسے ذمہ دار حضرات مقرر کئے تھے، پہلے وہ نقیب (جمع نقباء) کہلاتے تھے، اور باب کی حدیث میں ان کو عرفاء کہا گیا ہے، اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

[۲٦-] بَابُ الْعُرَفَاءِ لِلنَّاسِ

[۷۱۷٦و۷۱۷۷-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ أَبِیْ أُوَیْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ إِسْمَاعِیْلُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَمِّهِ مُوْسَی بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: حَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ: أَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ، وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَاهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ حِیْنَ أَذِنَ لَهُمُ الْمُسْلِمُوْنَ فِیْ عِتْقِ سَبْیِ

هُوَازِنَ: "إِنِّیْ لاَ أَدْرِیْ مَنْ أَذِنَ مِنْکُمْ مِمَّنْ لَمْ یَأْذَنْ، فَارْجِعُوْا حَتّٰی یَرْفَعَ إِلَیْنَا عُرَفَاؤُکُمْ أَمْرَکُمْ" فَرَجَعَ النَّاسُ فَکَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ، فَرَجَعُوْا إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَأَخْبَرُوْهُ أَنَّ النَّاسَ قَدْ طَیَّبُوْا وَأَذِنُوْا. [راجع: ۲۳۰۷، ۲۳۰۸]

بَابُ مَا یُکْرَهُ مِنْ ثَنَاءِ السُّلْطَانِ وَإِذَا خَرَجَ قَالَ غَیْرَ ذٰلِکَ

بادشاہ کی منہ پر تعریف کرنا اور پیچھے برائی کرنا مکروہ ہے

کتاب الفتن میں (باب ۲۱) اسی طرح کا آیا ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا: ہم اپنے بادشاہ کے پاس جاتے ہیں، پس ہم اس سے اس کے خلاف کہتے ہیں جو ہم اس کے پاس سے نکل کر کہتے ہیں؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: ''ہم اس کو نفاق سمجھتے ہیں! (اور نفاق مؤمن کے شایانِ شان نہیں) اور حدیث میں دو رخے کو بدترین آدمی کہا گیا ہے، اور یہ دو رخا پن ہے۔

[۲۷-] بَابُ مَا یُکْرَهُ مِنْ ثَنَاءِ السُّلْطَانِ وَإِذَا خَرَجَ قَالَ غَیْرَ ذٰلِکَ

[۷۱۷۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَیْمٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَیْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِیْهِ: قَالَ أُنَاسٌ لِابْنِ عُمَرَ: إِنَّا نَدْخُلُ عَلٰی سُلْطَانِنَا فَنَقُوْلُ لَهُمْ بِخِلاَفِ مَا نَتَکَلَّمُ إِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهِمْ؟ قَالَ: کُنَّا نَعُدُّ هٰذَا نِفَاقًا.

[۷۱۷۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ حَبِیْبٍ، عَنْ عِرَاكٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: "إِنَّ شَرَّ النَّاسِ ذُو الْوَجْهَیْنِ، الَّذِیْ یَأْتِیْ هٰؤُلاَءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلاَءِ بِوَجْهٍ" [راجع: ۳۴۹۴]

بَابُ الْقَضَاءِ عَلَی الْغَائِبِ

غیر حاضر مدعیٰ علیہ کے خلاف فیصلہ کرنا

امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک غائب (غیر حاضر) کے خلاف مقدمہ سننا اور فیصلہ کرنا جائز ہے، مالکیہ اور حنابلہ کا بھی تقریباً یہی نظریہ ہے، امام بخاری رحمہ اللہ بھی اسی کے مؤید ہیں ــــ اور حنفیہ کے نزدیک قضاء علی الغائب درست نہیں، پھر امام ابو حنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک تو مقدمہ کی سماعت اور فیصلہ دونوں مرحلوں میں مدعیٰ علیہ کی موجودگی ضروری ہے، اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک اگر سماعتِ مقدمہ کے بعد مدعیٰ علیہ غائب ہوجائے تو اس کے خلاف فیصلہ کرنا درست ہے ــــ اور اگر مدعیٰ علیہ ابتداء میں حاضر ہو، پھر حاضری سے گریز کرے یا قاضی کا نوٹس ملنے کے باوجود حاضری سے گریز کرے اور انکار کا راستہ اختیار کرے تو قاضی اس کی طرف سے ایسے شخص کو وکیل مقرر کرے جس سے توقع ہو کہ وہ مدعیٰ علیہ

کے حقوق ومفادات کا تحفظ کرے گا، ایسے شخص کو وکیل مسخّر کہتے ہیں، اس کے واسطے سے قضاء علی الغائب جائز ہے (درمختار)

حدیث: گذری ہے، نبی ﷺ نے ابوسفیان کی عدم موجودگی میں فیصلہ کیا کہ ان کی اہلیہ ان کے مال میں سے بقدر ضرورت لے سکتی ہیں، مگر ابوسفیان تو مکہ میں موجود تھے، ان کو کیوں بلایا نہیں گیا؟ بلکہ ایک روایت میں ہے کہ وہ مجلس میں موجود تھے، اور انھوں نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ لے سکتی ہو، پس نبی ﷺ نے فیصلہ نہیں کیا تھا، بلکہ مسئلہ بتایا تھا کہ معروف طریقہ پر لے سکتی ہو، اس سے زیادہ نہیں لے سکتیں۔

اور احناف کی دلیل: وہ حدیث ہے جو حاشیہ میں ابوداؤد اور ترمذی سے منقول ہے، اور وہ حدیث حسن ہے۔ جب نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجا تو ہدایت دی کہ فریقین میں سے کسی کے لئے فیصلہ نہ کرنا جب تک دوسرے کی بات سن نہ لو ــــــ اور عقل بھی یہی کہتی ہے کہ مدعی علیہ کو اپنی بات کہنے کا موقع ملنا چاہئے، اور اگر وہ بالقصد پہلوتہی کرے تو وکیل مسخر مقرر کرنے کا راستہ ہے۔

[۲۸-] بَابُ الْقَضَاءِ عَلَى الْغَائِبِ

[۷۱۸۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ هِنْدًا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ، فَأَحْتَاجُ أَنْ آخُذَ مِنْ مَالِهِ، قَالَ: "خُذِىْ مَا يَكْفِيْكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوْفِ"[راجع: ۲۲۱۱]

بَابُ مَنْ قُضِيَ لَهُ بِحَقِّ أَخِيْهِ فَلاَ يَأْخُذْهُ، فَإِنَّ قَضَاءَ الْحَاكِمِ لاَ يُحِلُّ حَرَامًا وَلاَ يُحَرِّمُ حَلاَلاً

اگر کسی کے لئے قاضی نے ناحق فیصلہ کردیا تو وہ اس کو نہ لے، قاضی کے فیصلہ سے وہ چیز اس کے لئے حلال نہیں ہوجاتی

پہلی حدیث: تین جگہ گذری ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "اگر میں کسی کی چرب زبان سے متأثر ہوکر اس کے حق میں فیصلہ کردوں، اور نفس الامر میں وہ چیز اس کی نہ ہو تو وہ اس کو نہ لے، کیونکہ میں اس کو جہنم کے انگارے ہی کاٹ کر دے رہا ہوں"

ائمہ ثلاثہ اور بخاری رحمہم اللہ کے نزدیک ہر چیز اس حدیث کے دائرے میں آتی ہے، پس یہ حدیث ہر چیز کو عام ہے اور احناف کے نزدیک اس حدیث کا املاکِ مرسلہ سے تعلق ہے، کوئی کسی چیز کی ملکیت کا دعوی کرے اور اس کا سبب بیان نہ کرے، اور قاضی اس کی چرب زبانی سے متأثر ہوکر اس کے حق میں فیصلہ کردے تو وہ چیز اس کے لئے حلال نہیں ہوگی، پس

وہ قاضی کے فیصلہ کو بہانہ بنا کر وہ چیز نہ لے۔

رہا عقود وفسوخ کا معاملہ: تو اگر قاضی نے گواہوں کی بنیاد پر فیصلہ کیا ہے تو وہ ظاہراً وباطناً نافذ ہوگا، اگرچہ گواہ نفس الامر میں جھوٹے ہوں، مگر قاضی کو اس کا علم نہ ہو، اور انکوائری میں وہ دودھ کے دھلے ہوئے ثابت ہوئے ہوں، اور دلیل وہ حدیث ہے جو حاشیہ میں ہے۔ ایک شخص نے ایک عورت سے نکاح کا دعوی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کورٹ میں کیا، اور نکاح کے جھوٹے گواہ پیش کئے، اس زمانہ میں گواہوں میں عدالت عام تھی، آپؓ نے نکاح کا فیصلہ کیا، عورت نے عرض کیا: اگر مجھے اس کے یہاں بھیجنا ہی ہے تو آپؓ ہمارا نکاح پڑھ دیں، اب میں تیار ہوں، حضرت علیؓ نے فرمایا: شَاهِدَاكِ زَوَّجَاكِ: تیرے دو گواہوں نے تیرا نکاح کر دیا، اور آپؓ نے نکاح نہیں پڑھا، فیصلہ ہی سے نکاح ہو گیا۔

[۲۹-] بَابُ مَنْ قُضِیَ لَهُ بِحَقِّ أَخِيْهِ فَلَا يَأْخُذْهُ، فَإِنَّ قَضَاءَ الْحَاكِمِ لَا يُحِلُّ حَرَامًا وَلَا يُحَرِّمُ حَلَالًا

[۷۱۸۱-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأُوَيْسِیُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِیْ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَخْبَرَتْهَا، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنَّهُ سَمِعَ خُصُوْمَةً بِبَابِ حُجْرَتِهِ فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ، فَقَالَ: " إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، وَإِنَّهُ يَأْتِيْنِی الْخَصْمُ، وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَنْ يَكُوْنَ أَبْلَغَ مِنْ بَعْضٍ، فَأَحْسِبُ أَنَّهُ صَادِقٌ، فَأَقْضِیْ لَهُ بِذٰلِكَ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحَقِّ مُسْلِمٍ، فَإِنَّمَا هِیَ قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ، فَلْيَأْخُذْهَا أَوْ لِيَتْرُكْهَا" [راجع: ۲۴۵۸]

آئندہ حدیث: پہلے آٹھ جگہ آچکی ہے، اور یہاں آخری مرتبہ آئی ہے۔ زمعہ کی باندی کے لڑکے کے مقدمہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا: الولد للفراش: بچہ زمعہ کا لڑکا ہے، کیونکہ اس کی باندی سے پیدا ہوا ہے، زانی سے نسب ثابت نہیں کیا، مگر وہ لڑکا زانی کا بالکل ہم شکل تھا، پس اگر کوئی قاضی مشابہت کی وجہ سے زانی سے نسب ثابت کرے تو وہ غلط ہوگا، وہ زانی کا لڑکا نہیں ہوگا، نفس الامر کا اعتبار ہے، قاضی کے فیصلہ کرنے سے کچھ نہیں ہوتا —— مگر یہ املاک مرسلہ کا قصہ ہے، عقود وفسوخ اور قضائے قاضی بشہادۃ الزور کا مسئلہ نہیں، اور اختلاف اسی مسئلہ میں ہے۔

[۷۱۸۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ عُتْبَةُ بْنُ أَبِیْ وَقَّاصٍ عَهِدَ إِلٰی أَخِيْهِ سَعْدِ بْنِ أَبِیْ وَقَّاصٍ أَنَّ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ مِنِّیْ فَاقْبِضْهُ إِلَيْكَ، فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ أَخَذَهُ سَعْدٌ فَقَالَ: إِنَّ أَخِیْ قَدْ كَانَ عَهِدَ

إِلَيَّ فِيْهِ. فَقَامَ إِلَيْهِ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ: أَخِيْ وَابْنُ وَلِيْدَةِ أَبِيْ، وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَتَسَاوَقَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! ابْنُ أَخِيْ، كَانَ عَهِدَ إِلَيَّ فِيْهِ. وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ: أَخِيْ وَابْنُ وَلِيْدَةِ أَبِيْ، وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:"هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ" قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ" ثُمَّ قَالَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ:" احْتَجِبِيْ مِنْهُ" لِمَا رَأَى مِنْ شَبَهِهِ بِعُتْبَةَ، فَمَا رَآهَا حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ.[راجع: ٢٠٥٣]

بَابُ الْحُكْمِ فِي الْبِئْرِ وَنَحْوِهَا

کنویں اوراس کے مانند میں فیصلہ

یہ ذیلی باب ہے، اور حدیث نو مرتبہ آچکی ہے، کنویں اور زمین کا دعوی تھا، اور گواہ کوئی نہیں تھا، پس مدعیٰ علیہ کی قسم پر فیصلہ ہونا تھا، اس موقعہ پر نبی ﷺ نے فرمایا کہ اگر مدعیٰ علیہ جھوٹی قسم کھائے گا اور اپنے حق میں فیصلہ کرالے گا تو وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اس پر سخت ناراض ہونگے —— معلوم ہوا کہ قاضی کے فیصلہ سے بھی وہ چیز اس کے لئے حلال نہیں ہوگی —— مگر یہ بھی املاک مرسلہ کا قصہ ہے، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

[٣٠-] بَابُ الْحُكْمِ فِي الْبِئْرِ وَنَحْوِهَا

[٧١٨٣-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَا يَحْلِفُ أَحَدٌ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ، يَقْتَطِعُ مَالًا وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، إِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ:﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ﴾ الآيَةَ[آلِ عمران:٧٧] [راجع: ٢٣٥٦]

[٧١٨٤-] فَجَاءَ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ يُحَدِّثُهُمْ، فَقَالَ: فِيَّ نَزَلَتْ، وَفِيْ رَجُلٍ خَاصَمْتُهُ فِيْ بِئْرٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" أَلَكَ بَيِّنَةٌ؟" قُلْتُ: لَا، قَالَ:" فَلْيَحْلِفْ" قُلْتُ: إِذَنْ يَحْلِفَ. فَنَزَلَتْ:﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ﴾الآيَةَ [راجع: ٢٣٥٧]

بَابُ الْقَضَاءِ فِيْ قَلِيْلِ الْمَالِ وَكَثِيْرِهِ سَوَاءٌ

فیصلہ خواہ تھوڑے مال کا ہو یا زیادہ کا یکساں ہے

نزاع: خواہ مرغی کا ہو یا انڈے کا، جو بھی نزاع قاضی کے سامنے آئے، اور قاضی فیصلہ صادر کرے، وہ ناطق ہوگا، کوفہ

کے قاضی عبداللہ بن شبرمہؒ نے یہی فرمایا ہے، اور حدیث گذری ہے، استدلال یأتینی الخصم سے ہے، یہ مطلق اور عام ہے، ہر چھوٹے بڑے جھگڑے کو شامل ہے، اور فمن قضیتُ سے معلوم ہوا کہ قاضی ہر معاملہ میں فیصلہ کرے گا، اور اس کے سب فیصلے یکساں واجب التعمیل ہونگے۔

[۳۱-] بَابُ الْقَضَاءِ فِی قَلِیْلِ الْمَالِ وَکَثِیْرِہِ سَوَاءٌ

وَقَالَ ابْنُ عُیَیْنَةَ عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ: الْقَضَاءُ فِیْ قَلِیْلِ الْمَالِ وَکَثِیْرِہِ سَوَاءٌ.

[۷۱۸۵-] حدثنا أَبُوْ الْیَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ، أَنَّ زَیْنَبَ بِنْتَ أَبِیْ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: سَمِعَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم جَلَبَةَ خِصَامٍ عِنْدَ بَابِهِ، فَخَرَجَ عَلَیْهِمْ، فَقَالَ:" إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، وَإِنَّهُ یَأْتِیْنِی الْخَصْمُ، فَلَعَلَّ بَعْضًا أَنْ یَکُوْنَ أَبْلَغَ مِنْ بَعْضٍ، أَقْضِیْ لَهُ بِذٰلِكَ وَأَحْسِبُ أَنَّهُ صَادِقٌ، فَمَنْ قَضَیْتُ لَهُ بِحَقِّ مُسْلِمٍ فَإِنَّمَا هِیَ قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ، فَلْیَأْخُذْهَا أَوْ لِیَدَعْهَا"[راجع: ۲۴۵۸]

قولہ: جلبة: شور۔

بَابُ بَیْعِ الإِمَامِ عَلٰی النَّاسِ أَمْوَالَهُمْ وَضِیَاعَهُمْ

امیر المؤمنین کا لوگوں کے اموال اور جائدادوں کو بیچنا

امام (قاضی) لوگوں کا وکیل ہوتا ہے، وہ بوقت ضرورت لوگوں کے اموال میں تصرف کرسکتا ہے، کسی عورت کا ولی نہ ہو تو قاضی اس کا ولی ہے، کوئی سفیہ (بے وقوف) ہو تو قاضی اس کے معاملات دیکھے گا، کوئی مقروض ہو اور دیوالیہ ہوجائے تو قاضی اس کی جائداد بیچ کر قرضہ ادا کرسکتا ہے۔ ابو مذکور (صحابی) مقروض تھے، ان کے پاس یعقوب نامی غلام تھا، اس کو انھوں نے مدبر بنادیا، قرض خواہوں نے دادخواہی کی، نبی ﷺ نے اس کو بیچ دیا، نُعیم نحّام نے اس کو آٹھ سو درہم میں خریدا، وہ رقم ابو مذکور کو دی، تاکہ وہ اس سے قرضہ ادا کریں (قاضی تدبیر مطلق کو فسخ کر کے بیچ سکتا ہے)

نوٹ: مدبر کی بیع کا مسئلہ تحفۃ الالمعی (۱۲۱:۴) میں ہے۔

[۳۲-] بَابُ بَیْعِ الإِمَامِ عَلٰی النَّاسِ أَمْوَالَهُمْ وَضِیَاعَهُمْ

وَقَدْ بَاعَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ نُعَیْمِ بْنِ النَّحَّامِ.

[۷۱۸۶-] حدثنا ابْنُ نُمَیْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِیْلُ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ کُهَیْلٍ، عَنْ

عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: بَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِهِ أَعْتَقَ غُلاَمًا عَنْ دُبُرٍ، لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ، فَبَاعَهُ بِثَمَانِي مِائَةِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ أَرْسَلَ بِثَمَنِهِ إِلَيْهِ.[راجع: ۲۱۴۱]

وضاحت: نَحَم کے معنی ہیں: کھنکارنا۔ نُعیم: قدیم الاسلام ہیں، نبی ﷺ نے جنت میں ان کے کھنکارنے کی آواز سنی ہے، اس لئے ان کا لقب نَحَّام ہوگیا، اور بن تصحیف ہے (حاشیہ)

بَابُ مَنْ لَمْ يَكْتَرِثْ لِطَعْنِ مَنْ لاَ يَعْلَمُ: فِي الأُمَرَاءِ

امراء پراس شخص کی تنقید کی پرواہ نہ کی جائے جو جانتا نہیں

ہر منتظم تنقید کا نشانہ بنتا ہے، کوئی مہتمم اس سے بچا ہوا نہیں، پس کیا ہر مہتمم برا ہے! اس لئے اگر ہر تنقید کو قابل لحاظ گردانا جائے گا تو کام کیسے چلے گا؟ تنقید اسی کی معتبر ہونی چاہئے جو حقیقت حال سے واقف ہے، باقی لوگوں کی تنقید ہوا کھونا ہے، اس کی بالکل پرواہ نہیں کرنی چاہئے، نبی ﷺ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو ایک لشکر کا امیر بنایا، اس پر کمانڈر کی کم عمری کو لے کر اعتراض کیا گیا، آپؐ نے اس کی بالکل پرواہ نہیں کی، بلکہ آپؐ نے قسم کھا کر فرمایا کہ وہ امارت کے لائق ہیں، اور حدیث آچکی ہے۔

[۳۳-] بَابُ مَنْ لَمْ يَكْتَرِثْ لِطَعْنِ مَنْ لاَ يَعْلَمُ: فِي الأُمَرَاءِ

[۷۱۸۷-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَعْثًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أُسَامَةَ ابْنَ زَيْدٍ، فَطُعِنَ فِي إِمَارَتِهِ، وَقَالَ: "إِنْ تَطْعَنُوْا فِي إِمَارَتِهِ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِي إِمَارَةِ أَبِيْهِ مِنْ قَبْلِهِ، وَايْمُ اللهِ إِنْ كَانَ خَلِيْقًا لِلإِمْرَةِ، وَإِنْ كَانَ لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ، وَإِنَّ هٰذَا لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ بَعْدَهُ"

[راجع: ۳۷۳۰]

لغت: لم يكترث له: پرواہ نہ کرنا۔ مَا أَكْتَرِثُ له: مجھے اس کی پرواہ نہیں (نفی کے ساتھ ہی استعمال ہوتا ہے)

بَابٌ: الأَلَدُّ الْخَصِمُ

سخت جھگڑالو آدمی

یہ باب سوال مقدر کے جواب میں لایا گیا ہے۔ امراء اور منتظمین پر لوگ خواہ مخواہ تنقیدیں کیوں کرتے ہیں؟ جواب: یہ سخت جھگڑالو لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہیں، ان کا کام ہی لوگوں کی چولیں ہلانا ہے، ان کو کسی کا اقتدار ایک نظر نہیں

بھاتا، اس لئے وہ اپنی بکواس کرتے پھرتے ہیں۔

[٣٤-] بَابٌ: الْأَلَدُّ الْخَصِمُ

وَهُوَ الدَّائِمُ فِي الْخُصُوْمَةِ. ﴿لُدًّا﴾: عُوْجًا.

[٧١٨٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي مُلَيْكَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" أَبْغَضُ الرِّجَالِ إِلَى اللهِ الْأَلَدُّ الْخَصِمُ"[راجع: ٢٤٥٧]

لغات: أَلَدّ (اسم تفضیل) لُدّ سے جس کے معنی سخت جھگڑا کرنے کے ہیں، جو ہر وقت کسی نہ کسی سے الجھتا رہے اور لُدّ کے معنی ہیں: کج رو، ایسا ہی شخص الجھتا ہے...... اور الخَصِم کے معنی بھی ہیں: جھگڑالو۔ یہ تابع ہے اور عرب میں تابع مہمل نہیں ہوتا، معنی دار ہوتا ہے، اور وہ متبوع کے معنی میں زیادتی کرتا ہے، اس لئے ترجمہ میں الدائم بڑھایا ہے۔

بَابٌ: إِذَا قَضَى الْحَاكِمُ بِجَوْرٍ أَوْ خِلاَفِ أَهْلِ الْعِلْمِ فَهُوَ رَدٌّ

حاکم (قاضی) کوئی ظالمانہ یا اجماع کے خلاف فیصلہ کرے تو وہ مردود ہے

اگر حاکم یا قاضی نے اجتہادی غلطی سے کوئی ظالمانہ یا خلافِ اجماع فیصلہ کیا تو وہ گنہ گار نہیں ہوگا، باب کی حدیث میں حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے اجتہادی غلطی سے قتل کیا تھا، پس وہ گنہ گار نہیں ہوئے، مگر ضمان بہر حال واجب ہوگا، پھر کوئی کہتا ہے کہ ضمان بیت المال سے ادا کیا جائے گا، اور کوئی کہتا ہے کہ قاضی کا عاقلہ ضمان دے گا، اگر معاملہ قتل کا ہے۔

[٣٥-] بَابٌ: إِذَا قَضَى الْحَاكِمُ بِجَوْرٍ أَوْ خِلاَفِ أَهْلِ الْعِلْمِ فَهُوَ رَدٌّ

[٧١٨٩-] حَدَّثَنِي مَحْمُوْدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَالِدًا. ح: وَحَدَّثَنِي نُعَيْمٌ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ إِلَى بَنِي جَذِيْمَةَ فَلَمْ يُحْسِنُوْا أَنْ يَقُوْلُوْا: أَسْلَمْنَا، فَقَالُوْا: صَبَأْنَا صَبَأْنَا. فَجَعَلَ خَالِدٌ يَقْتُلُ وَيَأْسِرُ، وَدَفَعَ إِلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَّا أَسِيْرَهُ، وَأَمَرَ كُلَّ رَجُلٍ مِنَّا أَنْ يَقْتُلَ أَسِيْرَهُ، فَقُلْتُ: وَاللهِ لاَ أَقْتُلُ أَسِيْرِي وَلاَ يَقْتُلُ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِي أَسِيْرَهُ. فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ إِنِّي أَبْرَأُ إِلَيْكَ، مِمَّا صَنَعَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ" مَرَّتَيْنِ. [راجع: ٤٣٣٩]

بَابُ الإِمَامِ يَأْتِي قَوْمًا فَيُصْلِحُ بَيْنَهُمْ

امیر المؤمنین خود جا کر لوگوں کا جھگڑا نمٹائے

امیر المؤمنین خود جائے تو بڑے سے بڑا جھگڑا نمٹ جائے گا، دوسرے کوشش کریں گے مگر شاید کامیابی نہ ہو، قباء والوں میں مارا ماری ہوئی، نبی ﷺ نے خود جا کر ٹنٹا نمٹایا، اور حدیث آچکی ہے۔

[٣٦-] بَابُ الإِمَامِ يَأْتِي قَوْمًا فَيُصْلِحُ بَيْنَهُمْ

[٧١٩٠-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: كَانَ قِتَالٌ بَيْنَ بَنِي عَمْرٍو، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَصَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ أَتَاهُمْ يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ، فَقَالَ: يَا بِلَالُ إِنْ حَضَرَتِ الصَّلَاةُ وَلَمْ آتِكَ فَمُرْ أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَلَمَّا حَضَرَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ فَأَذَّنَ بِلَالٌ وَأَقَامَ وَأَمَرَ أَبَا بَكْرٍ فَتَقَدَّمَ، وَجَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ فِي الصَّلَاةِ، فَشَقَّ النَّاسَ حَتّٰى قَامَ خَلْفَ أَبِيْ بَكْرٍ، فَتَقَدَّمَ فِي الصَّفِّ الَّذِيْ يَلِيْهِ. قَالَ: وَصَفَّحَ الْقَوْمُ، قَالَ: وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ إِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ لَمْ يَلْتَفِتْ حَتّٰى يَفْرُغَ، فَلَمَّا رَأَى التَّصْفِيْحَ لَا يُمْسَكُ عَلَيْهِ الْتَفَتَ فَرَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَلْفَهُ، فَأَوْمَى إِلَيْهِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ أَنِ امْضِهْ، وَأَوْمَى بِيَدِهِ هٰكَذَا، وَلَبِثَ أَبُوْ بَكْرٍ هُنَيَّةً يَحْمَدُ اللّٰهَ عَلٰى قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ مَشَى الْقَهْقَرَى، فَلَمَّا رَأَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ذٰلِكَ تَقَدَّمَ فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ: "يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ إِذْ أَوْمَأْتُ إِلَيْكَ أَنْ لَا تَكُوْنَ مَضَيْتَ؟" قَالَ: لَمْ يَكُنْ لِابْنِ أَبِيْ قُحَافَةَ أَنْ يَؤُمَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم. وَقَالَ لِلْقَوْمِ: "إِذَا رَابَكُمْ أَمْرٌ فَلْيُسَبِّحِ الرِّجَالُ وَلْيُصَفِّحِ النِّسَاءُ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: لَمْ يَقُلْ هٰذَا الْحَرْفَ غَيْرُ حَمَّادٍ: يَا بِلَالُ مُرْ أَبَا بَكْرٍ. [راجع: ٦٨٤]

قولہ: لايمسك: تالیاں رکتی ہی نہیں...... اور یہ مضمون کہ ابوبکر سے کہنا کہ نماز پڑھادیں: صرف حماد بن زید کی روایت میں ہے۔

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْكَاتِبِ أَنْ يَكُوْنَ أَمِيْنًا عَاقِلًا

سکریٹری کو امانت دار عقلمند ہونا چاہئے

سکریٹری امانت دار ہوگا تو گھپلا نہیں کرے گا، اور عقلمند ہوگا تو لوگوں سے دھوکہ نہیں کھائے گا، اور حدیث گذری ہے، خلافتِ صدیقی میں قرآنِ کریم سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے یہ کام حضرت زید بن ثابت رضی اللہ

عنہ کو سونپا، کیونکہ وہ عقلمند قابل اعتماد تھے: إنك رجل شاب عاقل لانتهمك سے استدلال کیا ہے۔

[۳۷-] بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْكَاتِبِ أَنْ يَكُوْنَ أَمِيْنًا عَاقِلًا

[۷۱۹۱-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَبُوْ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ ابْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: بَعَثَ إِلَيَّ أَبُوْ بَكْرٍ لِمَقْتَلِ أَهْلِ الْيَمَامَةِ وَعِنْدَهُ عُمَرُ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ عُمَرَ أَتَانِيْ، فَقَالَ: إِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ، وَإِنِّيْ أَخْشَى أَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ فِي الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا، فَيَذْهَبَ قُرْآنٌ كَثِيْرٌ، وَإِنِّيْ أَرَى أَنْ تَأْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ. قُلْتُ: كَيْفَ أَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ! فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ يُرَاجِعُنِيْ فِيْ ذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَهُ صَدْرَ عُمَرَ، وَرَأَيْتُ فِيْ ذٰلِكَ الَّذِيْ رَأَى عُمَرُ، قَالَ زَيْدٌ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَإِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لَا نَتَّهِمُكَ، قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ وَاجْمَعْهُ، قَالَ زَيْدٌ، فَوَ اللّٰهِ لَوْ كَلَّفَنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَاكَانَ بِأَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا كَلَّفَنِيْ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلَانِ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ! فَلَمْ يَزَلْ يُحِبُّ مُرَاجَعَتِيْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَهُ صَدْرَ أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، وَرَأَيْتُ فِيْ ذٰلِكَ الَّذِيْ رَأَيَا، فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ أَجْمَعُهُ مِنَ الْعُسُبِ وَالرِّقَاعِ وَاللِّخَافِ وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ، فَوَجَدْتُ آخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ ﴿لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ﴾ إِلٰى آخِرِهَا مَعَ خُزَيْمَةَ أَوْ: أَبِيْ خُزَيْمَةَ فَأَلْحَقْتُهَا فِيْ سُوْرَتِهَا، وَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ أَبِيْ بَكْرٍ حَيَاتَهُ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَيَاتَهُ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ. [راجع: ۲۸۰۷]

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ: اللِّخَافُ يَعْنِيْ الْخَزَفَ.

حوالہ: حدیث کا ترجمہ تحفۃ القاری (۹:۲۸۹) میں ہے...... لمقتل: وقتَ مقتل (لام وقتیہ ہے)...... اسْتَحَرَّ: سخت خوں ریزی ہوئی ہے...... الْعُسُب: الْعَسِيْب کی جمع: پتے توڑی ہوئی کھجور کی شاخ...... الرِّقَاع: الرقعة کی جمع: پرچہ، چٹ...... اللِّخَاف: اللَّخْفَة کی جمع: سفید باریک چوڑا پتھر اور امام بخاریؒ کے استاذ محمدؒ نے ٹھیکری ترجمہ کیا ہے۔

بَابُ كِتَابِ الْحَاكِمِ إِلٰى عُمَّالِهِ، وَالْقَاضِيْ إِلٰى أُمَنَائِهِ

حاکم کا اپنے کارندوں کے نام اور قاضی کا اپنے سکریٹریوں کے نام خط

عبداللہ بن سہل کے قتل کے معاملہ میں شاید نبی ﷺ نے خیبر میں اپنے عامل (کارندے) کی معرفت خط بھیجا کہ یا تو مقتول کی دیت دو یا جنگ کا الٹی میٹم سن لو! اور حدیث کا ترجمہ تحفۃ القاری (۶:۴۵۲) میں ہے...... فقیر: کھڈا، گھڑا......

وهو الذی کان بخیبر: اورعبدالرحمٰن (مقتول کے بھائی) خیبر میں تھے: یہ صحیح نہیں مُحَیِّصَة تھے، پس ضمیر خلاف قاعدہ ابعد کی طرف لوٹائیں گے...... فقال لمحیصة: محیصہ کے حق میں کہا کہ وہ بڑے ہیں ان کو بولنے دو، باقی باتیں پہلے آچکی ہیں۔

اور ابن المنیرؒ نے حدیث کی باب سے مناسبت یہ بیان کی ہے کہ جب حاکم خصماء (دشمنوں) کو لکھ سکتا ہے تو عمال اور امناء کو بدرجہ اولیٰ لکھ سکتا ہے۔

[۳۸-] بَابُ كِتَابِ الْحَاكِمِ إِلٰى عُمَّالِهِ، وَالْقَاضِىْ إِلٰى أُمَنَائِهِ

[۷۱۹۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِىْ لَيْلٰى، ح: وَحَدَّثَنِىْ إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِىْ لَيْلَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِىْ حَثْمَةَ: أَنَّـهُ أَخْبَرَهُ هُوَ وَرِجَالٌ مِنْ كُبَرَاءِ قَوْمِهِ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةَ خَرَجَا إِلٰى خَيْبَرَ مِنْ جُهْدٍ أَصَابَهُمْ، فَأُخْبِرَ مُحَيِّصَةُ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ قُتِلَ وَطُرِحَ فِى فَقِيْرٍ أَوْ عَيْنٍ، فَأَتَى يَهُوْدَ، فَقَالَ: أَنْتُمْ وَاللّٰهِ قَتَلْتُمُوْهُ. قَالُوْا: مَا قَتَلْنَاهُ وَاللّٰهِ، ثُمَّ أَقْبَلَ حَتّٰى قَدِمَ عَلٰى قَوْمِهِ فَذَكَرَ لَهُمْ، فَأَقْبَلَ هُوَ وَأَخُوْهُ حُوَيِّصَةُ، وَهُوَ أَكْبَرُ مِنْهُ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ، فَذَهَبَ لِيَتَكَلَّمَ وَهُوَ الَّذِىْ كَانَ بِخَيْبَرَ، فَقَالَ لِمُحَيِّصَةَ: "كَبِّرْ كَبِّرْ" يُرِيْدُ السِّنَّ، فَتَكَلَّمَ حُوَيِّصَةُ ثُمَّ تَكَلَّمَ مُحَيِّصَةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِمَّا أَنْ يَدُوْا صَاحِبَكُمْ، وَإِمَّا أَنْ يُؤْذِنُوْا بِحَرْبٍ" فَكَتَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِمْ بِهِ، فَكُتِبَ: مَا قَتَلْنَاهُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِحُوَيِّصَةَ وَمُحَيِّصَةَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ: "أَتَحْلِفُوْنَ وَتَسْتَحِقُّوْنَ دَمَ صَاحِبِكُمْ؟" قَالُوْا: لَا. قَالَ: "أَفَتَحْلِفُ لَكُمْ يَهُوْدُ؟" قَالُوْا: لَيْسَ بِمُسْلِمِيْنَ، فَوَدَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ عِنْدِهِ مِائَةَ نَاقَةٍ حَتّٰى أُدْخِلَتِ الدَّارَ، قَالَ سَهْلٌ: فَرَكَضَتْنِىْ مِنْهَا نَاقَةٌ. [راجع: ۲۷۰۲]

بَابٌ: هَلْ يَجُوْزُ لِلْحَاكِمِ أَنْ يَبْعَثَ رَجُلًا وَحْدَهُ لِلنَّظَرِ فِى الْأُمُوْرِ؟

کیا حاکم ایک آدمی کو معاملات کی انکوائری کے لئے بھیج سکتا ہے؟

جواب: بھیج سکتا ہے، اُنیس رضی اللہ عنہ کو اکیلے بھیجا تھا کہ عورت کو اطلاع دو کہ ایک شخص نے تجھ پر زنا کی تہمت لگائی ہے، پس چاہے تو حد قذف کا مطالبہ کر یا معاف کر یا زنا کا اقرار کر پس تجھے سنگسار کیا جائے گا، اس نے زنا کا اقرار کیا، پس وہ سنگسار کی گئی، اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

[۳۹-] بَابٌ: هَلْ يَجُوْزُ لِلْحَاكِمِ أَنْ يَبْعَثَ رَجُلًا وَحْدَهُ لِلنَّظَرِ فِى الْأُمُوْرِ؟

[۷۱۹۳و۷۱۹۴-] حدثنا آدَمُ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِىْ ذِئْبٍ، حَدَّثَنَا الزُّهْرِىُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

عُتْبَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالاَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ. فَقَامَ خَصْمُهُ فَقَالَ: صَدَقَ، فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: إِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا عَلٰى هٰذَا فَزَنٰى بِامْرَأَتِهِ، فَقَالَ لِيْ: عَلٰى ابْنِكَ الرَّجْمُ. فَافْتَدَيْتُ ابْنِيْ مِنْهُ بِمِائَةٍ مِنَ الْغَنَمِ وَوَلِيْدَةٍ، ثُمَّ سَأَلْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ فَقَالُوْا: إِنَّمَا عَلٰى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، أَمَّا الْوَلِيْدَةُ وَالْغَنَمُ فَرَدٌّ عَلَيْكَ، وَعَلٰى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، وَأَمَّا أَنْتَ يَا أُنَيْسُ – لِرَجُلٍ – فَاغْدُ عَلٰى امْرَأَةِ هٰذَا فَارْجُمْهَا" فَغَدَا عَلَيْهَا أُنَيْسٌ فَرَجَمَهَا. [راجع: ۲۳۱۴ و ۲۳۱۵]

بَابُ تَرْجَمَةِ الْحُكَّامِ، وَهَلْ يَجُوْزُ تَرْجُمَانٌ وَاحِدٌ؟

حکام کے لئے ترجمہ کرنا، اور کیا ایک ترجمان کافی ہے؟

دادخواہ اور حاکم کی زبانیں مختلف ہوں تو ترجمان کی ضرورت پڑتی ہے۔ پھر جمہور کے نزدیک ایک ترجمان کافی ہے، کیونکہ ترجمہ تعبیر ہے شہادت نہیں، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک شہادت کی طرح دو دین دار ترجمان ہونے ضروری ہیں، اور مالکیہ کے نزدیک دو ترجمان مستحب ہیں، اور وہ دین دار ہونے چاہئیں۔

اور میری ناقص رائے یہ ہے کہ ترجمانی شہادت نہیں محض تعبیر ہے، مگر کبھی ترجمان سے بات سمجھنے میں غلطی ہوتی ہے، پس حدود وقصاص جیسے نازک معاملات میں دو ترجمان ہوں تو بہتر ہے۔

ایک واقعہ: مولانا ابوالکلام آزاد رحمہ اللہ انگریزی جانتے تھے، مگر بولتے نہیں تھے، ایک مرتبہ جنگ آزادی کے زمانہ میں وائسرائے سے کسی مسئلہ پر گفتگو کرنے کے لئے گئے، آپ اردو میں بولتے تھے، ترجمہ کرنے والا ترجمہ کر رہا تھا، اس نے ایک جگہ غلطی کی مولانا نے اس کو ٹوکا۔ وائسرائے نے کہا: مولانا جب آپ انگریزی جانتے ہیں تو مجھ سے براہِ راست کیوں بات نہیں کرتے؟ مولانا رحمہ اللہ نے کیا ایمان افروز جواب دیا! فرمایا: اگر میں آپ سے انگریزی میں بات کروں تو میری انگریزوں سے لڑائی کیا رہی!

دوسرا واقعہ: مکہ مکرمہ میں میرا ایک مقدمہ قاضی کے پاس پہنچا، ایک بددیانت ہمارے کمرہ میں گھس آیا تھا، میں نے قاضی صاحب کے سامنے اردو میں مقدمہ رکھا، مترجم نے ترجمہ شروع کیا، ایک جگہ اس نے غلطی کی، میں نے ٹوکا کہ میں نے یہ کہا ہے، وہ جملہ میں نے عربی میں بولا، قاضی صاحب نے کہا: لِيَتَكَلَّمْ هو بنفسه، پھر میں نے اپنی بات عربی میں عرض کی۔

[٤٠-] بَابُ تَرْجَمَةِ الْحُكَّامِ، وَهَلْ يَجُوْزُ تَرْجُمَانٌ وَاحِدٌ؟

[٧١٩٥-] وَقَالَ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَهُ أَنْ يَتَعَلَّمَ كِتَابَ الْيَهُوْدِ، حَتّٰى كَتَبْتُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم كُتُبَهُ، وَأَقْرَأْتُهُ كُتُبَهُمْ إِذَا كَتَبُوْا إِلَيْهِ.

وَقَالَ عُمَرُ وَعِنْدَهُ عَلِيٌّ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَعُثْمَانُ: مَاذَا تَقُوْلُ هٰذِهِ؟ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَاطِبٍ: فَقُلْتُ: تُخْبِرُكَ بِصَاحِبِهَا الَّذِىْ صَنَعَ بِهَا.

وَقَالَ أَبُوْ جَمْرَةَ: كُنْتُ أُتَرْجِمُ بَيْنَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَبَيْنَ النَّاسِ.

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: لاَبُدَّ لِلْحَاكِمِ مِنْ مُتَرْجِمَيْنِ.

[۷۱۹۶-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ فِىْ رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ قَالَ لِتُرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُمْ: إِنِّىْ سَائِلٌ هٰذَا، فَإِنْ كَذَبَنِىْ فَكَذِّبُوْهُ. فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، فَقَالَ لِتَرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُ: إِنْ كَانَ مَا تَقُوْلُ حَقًّا فَسَيَمْلِكُ مَوْضِعَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ. [راجع: ۷]

قولہ: ترجمة الحکام: میں مصدر کی مفعول کی طرف اضافت ہے۔

حدیث: ہجرت کے بعد نبی ﷺ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ یہود کی زبان سیکھیں (انھوں نے پندرہ دن میں سیکھ لی) پھر جب آپ ان کو کوئی خط لکھنا چاہتے تو اس کو حضرت زیدؓ لکھتے، اور جب ان کا کوئی خط آتا تو آپؐ اس کو پڑھ کر سناتے (معلوم ہوا کہ ایک ترجمان کافی ہے، اور یہ معلق روایت بخاری شریف میں نہیں ہے، اپنی تاریخ میں امام صاحب نے اس کو موصول کیا ہے)

ایک عورت زنا سے حاملہ ہوگئی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں حضرات علی، عبدالرحمٰن بن عوف اور عثمان رضی اللہ عنہم تھے، وہ عورت نوبیہ تھی، عربی نہیں جانتی تھی، اس نے کچھ کہا، حضرت عمرؓ نے پوچھا: یہ کیا کہتی ہے؟ حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ کے صاحبزادے عبدالرحمٰن نے کہا: وہ آپ کو بتارہی ہے کہ اس کے ساتھ کس نے زنا کیا، مرغوس نام کے ایک غلام نے دو درہم دے کر اس سے زنا کیا ہے، اس سے وہ حاملہ ہوگئی ہے (پھر کیا ہوا؟ معلوم نہیں، بہر حال ایک شخص نے ترجمانی کی)

اور ابوجمرۃؒ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس دو ماہ ٹھہرے ہیں، وہ فارسی جانتے تھے، بصرہ فارسی علاقہ تھا، جب ابن عباسؓ وہاں کے قاضی تھے تو ابوجمرۃ ترجمہ کرتے تھے (پس ثابت ہوا کہ ایک ترجمان کافی ہے)

اور بعض لوگ (امام شافعی رحمہ اللہ) کہتے ہیں کہ حاکم کے لئے دو مترجمین ہونے ضروری ہیں۔ پھر ہرقل کی حدیث ہے، اس میں بھی ایک ہی ترجمان تھا۔

بَابُ مُحَاسَبَةِ الإِمَامِ عُمَّالَهُ

امیر المؤمنین کا اپنے کارندوں سے حساب لینا

نبی ﷺ نے ابنُ اللُّتْبية کو زکات وصول کرنے کے لئے بھیجا، جب وہ واپس آئے تو آپؐ نے ان سے حساب لیا

کہ کیالائے؟ پس امیر المؤمنین کے لئے ضروری ہے کہ اپنے کارندوں سے حساب لے، تاکہ وہ ٹھیک ٹھیک کام کریں، اور حدیث بار بار گذری ہے۔

[٤١-] بَابُ مُحَاسَبَةِ الإِمَامِ عُمَّالَهُ

[٧١٩٧-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم اسْتَعْمَلَ ابْنَ اللُّتْبِيَّةِ عَلٰى صَدَقَاتِ بَنِیْ سُلَيْمٍ، فَلَمَّا جَاءَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَحَاسَبَهُ قَالَ: هٰذَا الَّذِیْ لَكُمْ، وَهٰذِهِ هَدِيَّةٌ أُهْدِيَتْ لِیْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " فَهَلَّا جَلَسْتَ فِیْ بَيْتِ أَبِيْكَ وَبَيْتِ أُمِّكَ حَتّٰى تَأْتِيَكَ هَدِيَّتُكَ، إِنْ كُنْتَ صَادِقًا؟" ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: "أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّیْ أَسْتَعْمِلُ رِجَالًا مِنْكُمْ عَلٰى أُمُوْرٍ مِمَّا وَلَّانِیْ اللّٰهُ، فَيَأْتِیْ أَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ: هٰذَا الَّذِیْ لَكُمْ وَهٰذِهِ هَدِيَّةٌ أُهْدِيَتْ لِیْ، فَهَلَّا جَلَسَ فِیْ بَيْتِ أَبِيْهِ وَبَيْتِ أُمِّهِ حَتّٰى تَأْتِيَهُ هَدِيَّتُهُ إِنْ كَانَ صَادِقًا، فَوَ اللّٰهِ لَا يَأْخُذُ أَحَدُكُمْ مِنْهَا شَيْئًا، قَالَ هِشَامٌ: بِغَيْرِ حَقِّهِ، إِلَّا جَاءَ اللّٰهَ يَحْمِلُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، أَلَا فَلَا أَعْرِفَنَّ مَا جَاءَ اللّٰهَ رَجُلٌ بِبَعِيْرٍ لَهُ رُغَاءٌ، أَوْ بِبَقَرَةٍ لَهَا خُوَارٌ، أَوْ شَاةٍ تَيْعَرُ" ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى رَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ: "أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟" [راجع: ٩٢٥]

بَابُ بِطَانَةِ الإِمَامِ وَأَهْلِ مَشُوْرَتِهِ

امیر المؤمنین کے ہم راز اور مشیر خاص

بڑوں کے ساتھ لگنے والے اچھے بھی ہوتے ہیں اور برے بھی، پس بڑوں کو ہوشیار رہنا چاہئے، کہیں برے ان کے ساتھ لگ کر ان کی لوٹیا ڈبو نہ دیں، حدیث میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے نہ کوئی نبی مبعوث کیا نہ خلیفہ نامزد کیا مگر اس کے لئے دو راز دار ہوتے ہیں: ایک: اس کو بھلائی کا حکم دیتا ہے، اور اس پر اس کو آمادہ کرتا ہے اور دوسرا: اس کو برائی کا حکم دیتا ہے، اور اس پر اس کو ابھارتا ہے (پس ہر شخص اچھے راز دار کو اپنائے اور برے راز دار سے بچے) اور بچا ہوا وہی ہے جس کو اللہ بچائیں یعنی برے مشیر سے بچنا بہت مشکل ہے، پس بڑے کو پوری کوشش کرنی چاہئے کہ اچھے راز دار قریب آئیں، اور مطلبی مشیر دور ہوں۔

[٤٢-] بَابُ بِطَانَةِ الإِمَامِ وَأَهْلِ مَشُوْرَتِهِ

الْبِطَانَةُ: الدُّخَلَاءُ.

[۷۱۹۸-] حدثنا أَصْبَغُ، أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِیٍّ وَلاَ اسْتَخْلَفَ مِنْ خَلِیْفَةٍ، إِلَّا كَانَتْ لَهُ بِطَانَتَانِ، بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَحُضُّهُ عَلَیْهِ، وَبِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالشَّرِّ وَتَحُضُّهُ عَلَیْهِ، فَالْمَعْصُوْمُ مَنْ عَصَمَ اللّٰهُ"

وَقَالَ سُلَیْمَانُ عَنْ یَحْیَی: أَخْبَرَنِیْ ابْنُ شِهَابٍ بِهٰذَا، وَعَنِ ابْنِ أَبِیْ عَتِیْقٍ، وَمُوْسَی، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ مِثْلُهُ، وَقَالَ شُعَیْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ قَوْلَهُ.

وَقَالَ الْأَوْزَاعِیُّ وَمُعَاوِیَةُ بْنُ سَلَّامٍ: حَدَّثَنِیْ الزُّهْرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

وَقَالَ ابْنُ أَبِیْ حُسَیْنٍ، وَسَعِیْدُ بْنُ زِیَادٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ قَوْلَهُ.

وَقَالَ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ جَعْفَرٍ: حَدَّثَنِیْ صَفْوَانُ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ أَیُّوْبَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم. [راجع: ٦٦١١]

سند کی بحث

مذکورہ حدیث: کس صحابی کا مسند ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا یا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا یا حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا؟ پھر حدیث مرفوع ہے یا موقوف؟ امام زہری رحمہ اللہ کے بعض تلامذہ سند ابوسعید خدریؓ تک لے جاتے ہیں، اور حدیث کو مرفوع کرتے ہیں (یونس، یحییٰ انصاری، ابن ابی عتیق اور موسیٰ بن عقبہ) اور بعض موقوف کرتے ہیں (شعیب بن ابی حمزۃ) اور امام اوزاعی اور معاویہ بن سلام سند ابو ہریرہؓ تک لے جاتے ہیں اور حدیث کو مرفوع کرتے ہیں اور ابوسلمہ کے دوشاگرد (ابن ابی حسین اور سعید بن زیاد) بھی سند ابوسعید تک لے جاتے ہیں، اور حدیث کو موقوف کرتے ہیں، اور حفص بن سلیم سند ابوایوبؓ تک لے جاتے ہیں اور مرفوع کرتے ہیں۔

اور امام بخاریؒ نے کسی سند کو ترجیح نہیں دی، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک سب سندیں صحیح ہیں، رہا مرفوع اور موقوف کا اختلاف تو وہ چنداں اہمیت نہیں رکھتا، حدیث درحقیقت مرفوع ہے، مگر راوی کبھی اس کو موقوف بیان کرتا ہے۔

بَابٌ: كَیْفَ یُبَایِعُ الإِمَامَ النَّاسُ؟

لوگ خلیفہ سے کس طرح بیعت کریں؟

پہلی دوحدیثوں: میں حضرت عبادۃ اوران کے ساتھیوں نے تین باتوں پر رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی ہے: (۱) خوشی

اور ناخوشی میں یعنی جی چاہے یا نہ چاہے ہم آپ کی بات سنیں گے اور مانیں گے (۲) اور حکومت کے ذمہ داروں سے ہم الجھیں گے نہیں (۳) اور حق بات کہیں گے جہاں بھی رہیں گے اور دین کی بات کہنے میں کسی ملامت گر کی ملامت سے ڈریں گے نہیں —— اور دوسری حدیث کے رجز میں ہے کہ صحابہ نے زندگی بھر جہاد کرنے پر نبی ﷺ سے بیعت کی —— اور ابن عمرؓ نے عبدالملک بن مروان کو اپنی اور اپنی اولاد کی طرف سے جو بیعت لکھ کر بھیجی تھی وہ حتی الامکان سمع وطاعت پر بیعت تھی —— اور حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے سمع وطاعت پر بیعت کی تو آپؐ نے حتی الامکان کی قید بڑھائی، نیز انھوں نے ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے کا بھی عہد کیا —— اور حدیبیہ میں صحابہ نے موت پر یعنی میدان میں ڈٹے رہنے پر بیعت کی اگر جنگ ہوئی، اس کے بعد طویل حدیث ہے وہ آگے آئے گی۔

[٤٣-] بَابٌ: كَيْفَ يُبَايِعُ الإِمَامُ النَّاسُ؟

[٧١٩٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَادَةُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلىٰ السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي الْمَنْشَطِ وَالْمَكْرَهِ. [راجع: ١٨]

[٧٢٠٠-] وَأَنْ لاَ نُنَازِعَ الأَمْرَ أَهْلَهُ، وَأَنْ نَقُوْمَ أَوْ: نَقُوْلَ بِالْحَقِّ حَيْثُمَا كُنَّا، لاَ نَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لاَئِمٍ. [راجع: ٧٠٥٦]

[٧٢٠١-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي غَدَاةٍ بَارِدَةٍ وَالْمُهَاجِرُوْنَ وَالأَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ، فَقَالَ:

اللّٰهُمَّ إِنَّ الْخَيرَ خَيْرُ الآخِرَهْ ❁ فَاغْفِرْ لِلأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ

فَأَجَابُوْهُ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا ❁ عَلىٰ الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا اَبَدًا

[راجع: ٢٨٣٤]

[٧٢٠٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا إِذَا بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلىٰ السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ يَقُوْلُ لَنَا: "فِيْمَا اسْتَطَعْتَ"

[٧٢٠٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: شَهِدْتُ ابْنَ عُمَرَ حَيْثُ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلىٰ عَبْدِ الْمَلِكِ كَتَبَ: أَنِّيْ أُقِرُّ بِالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ لِعَبْدِ اللّٰهِ عَبْدِ الْمَلِكِ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلىٰ سُنَّةِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَا اسْتَطَعْتُ، وَأَنَّ بَنِيَّ قَدْ أَقَرُّوْا بِمِثْلِ ذٰلِكَ.

[طرفاه: ٧٢٠٥، ٧٢٧٢]

[٧٢٠٤-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا سَيَّارٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، فَلَقَّنَنِيْ:" فِيْمَا اسْتَطَعْتُ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ"[راجع: ٥٧]

[٧٢٠٥-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: لَمَّا بَايَعَ النَّاسُ عَبْدَ الْمَلِكِ كَتَبَ إِلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ عَبْدِ الْمَلِكِ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ، إِنِّيْ أُقِرُّ بِالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ لِعَبْدِ اللّٰهِ عَبْدِ الْمَلِكِ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ، عَلٰى سُنَّةِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهِ، فِيْمَا اسْتَطَعْتُ، وَإِنَّ بَنِيَّ قَدْ أَقَرُّوْا بِذٰلِكَ.[راجع: ٧٢٠٣]

[٧٢٠٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ: قُلْتُ لِسَلَمَةَ: عَلٰى أَيِّ شَيْئٍ بَايَعْتُمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ؟ قَالَ: عَلٰى الْمَوْتِ.[راجع: ٢٩٦٠]

ترجمہ اور وضاحت: جب حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما شہید کردیئے گئے تو سارا ملک عبدالملک بن مروان کے لئے خالص ہوگیا، اور حضرت ابن عمرؓ اختلاف کی صورت میں کسی سے بیعت نہیں کرتے تھے، اور کسی کا ساتھ بھی نہیں دیتے تھے الگ تھلگ رہتے تھے، اب جبکہ اختلاف ختم ہوگیا تو آپؓ نے عبدالملک کو اپنی اور اپنے کنبہ کی بیعت لکھ بھیجی......

علی سنة الله ورسوله: اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے طریقہ پر یعنی بیعت کا جو شرعی طریقہ ہے: اس طریقہ پر۔

آئندہ حدیث: مسورؓ کہتے ہیں: وہ چھ حضرات جن کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خلافت کا ذمہ دار بنایا تھا: اکٹھا ہوئے، اور انھوں نے باہم مشورہ کیا، عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے ان سے کہا: میں وہ شخص نہیں ہوں جو تمہارے ساتھ ریس کروں اس معاملہ میں یعنی مجھے خلافت سے کوئی دلچسپی نہیں، مگر آپ حضرات اگر چاہیں تو میں تمہارے لئے تم میں سے انتخاب کروں، پس ان لوگوں نے اپنا معاملہ عبدالرحمٰن کو سونپا، پس لوگ عبدالرحمٰن کی طرف مائل ہوگئے، یہاں تک کہ نہیں دیکھتا تھا میں کسی کو جو اس جماعت کے پیچھے چل رہا ہو، اور نہ کوئی ان کی ایڑی روندتا تھا (دونوں جملوں کا ایک مطلب ہے) اور لوگ عبدالرحمٰن کی طرف مائل ہوگئے، وہ ان سے تین راتوں تک مشورہ کرتے رہے، یہاں تک کہ جب وہ رات آئی جس کی صبح ہم نے عثمانؓ سے بیعت کی تو عبدالرحمٰن نے میرا دروازہ کھٹکھٹایا، رات کا ایک حصہ گذر جانے کے بعد، اور انھوں نے دروازہ اتنی زور سے ٹھوکا کہ میری نیند ٹوٹ گئی، انھوں نے کہا: ارے! تم سوئے ہوئے ہو، بخدا! ان تین راتوں میں میری آنکھوں نے نیند کا سرمہ زیادہ نہیں لگایا! یعنی میں بہت کم سویا ہوں، جاؤ زبیر اور سعد بن ابی وقاص کو بلالا، میں نے ان دونوں کو بلایا، پس ان دونوں سے مشورہ کیا، پھر مجھے بلایا، اور کہا: میرے لئے علیؓ کو بلالا، میں ان کو بلالایا، پس ان سے سرگوشی کی یہاں تک کہ رات آدھی ہوگئی، پھر علیؓ ان کے پاس سے اٹھے درانحالیکہ وہ امید باندھے ہوئے تھے، اور عبدالرحمٰنؓ علیؓ سے کچھ ڈرتے تھے (کہ کہیں وہ مخالفت نہ کریں) پھر کہا: میرے لئے عثمانؓ کو بلالا، پس ان سے سرگوشی کی، یہاں

تک کہ صبح کے وقت مؤذن نے دونوں کے درمیان جدائی کی، پس جب لوگوں نے فجر کی نماز پڑھی اور وہ جماعت منبر کے پاس اکٹھا ہوئی تو عبدالرحمٰن نے مدینہ میں موجود مہاجرین وانصار کو اور لشکروں کے سپہ سالاروں کو بلایا، اور وہ سپہ سالار اس سال کے حج میں عمرؓ کے پاس آئے تھے (پھر مکہ سے مدینہ آئے ہوئے تھے) پس جب لوگ اکٹھا ہوگئے تو عبدالرحمٰن نے توحید ورسالت کی گواہی دی، پھر کہا: بعد ازیں! اے علی! میں نے لوگوں کے معاملہ میں غور کیا، پس وہ عثمان کے برابر کسی کو نہیں قرار دیتے، پس ہرگز آپ اپنی ذات پر کوئی راہ نہ بننے دیں یعنی آپ کوئی خلفشار نہ کریں، پھر عبدالرحمٰن نے کہا: میں آپ سے (عثمانؓ سے) بیعت کرتا ہوں، اللہ اور اس کے رسول اور ان کے بعد کے دو خلفاء کے طریقہ پر (یہاں باب ہے) پس عبدالرحمٰنؓ نے عثمانؓ سے بیعت کی، اور ان سے لوگوں نے بیعت کی، مہاجرین وانصار اور لشکروں کے سپہ سالاروں نے اور تمام مسلمانوں نے۔

[۷۲۰۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ الرَّهْطَ الَّذِيْنَ وَلَّاهُمْ عُمَرُ اجْتَمَعُوْا فَتَشَاوَرُوْا، قَالَ لَهُمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: لَسْتُ بِالَّذِىْ أُنَافِسُكُمْ عَلٰى هٰذَا الْأَمْرِ، وَلٰكِنَّكُمْ إِنْ شِئْتُمْ اخْتَرْتُ لَكُمْ مِنْكُمْ، فَجَعَلُوْا ذٰلِكَ إِلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، فَلَمَّا وَلَّوْا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ أَمْرَهُمْ فَمَالَ النَّاسُ عَلٰى عَبْدِالرَّحْمٰنِ، حَتّٰى مَا أَرٰى أَحَدًا مِنَ النَّاسِ يَتْبَعُ أُوْلٰئِكَ الرَّهْطَ وَلَا يَطَأُ عَقِبَهُ، وَمَالَ النَّاسُ عَلٰى عَبْدِالرَّحْمٰنِ يُشَاوِرُوْنَهُ تِلْكَ اللَّيَالِىَ، حَتّٰى إِذَا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الَّتِىْ أَصْبَحْنَا مِنْهَا فَبَايَعْنَا عُثْمَانَ، قَالَ الْمِسْوَرُ: طَرَقَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بَعْدَ هَجْعٍ مِنَ اللَّيْلِ، فَضَرَبَ الْبَابَ حَتّٰى اسْتَيْقَظْتُ، فَقَالَ: أُرَاكَ نَائِمًا، فَوَ اللّٰهِ مَا اكْتَحَلْتُ هٰذِهِ الثَّلَاثَ بِكَثِيْرِ نَوْمٍ، انْطَلِقْ فَادْعُ الزُّبَيْرَ وَسَعْدًا. فَدَعَوْتُهُمَا لَهُ فَشَاوَرَهُمَا، ثُمَّ دَعَانِىْ، فَقَالَ: ادْعُ لِىْ عَلِيًّا، فَدَعَوْتُهُ فَنَاجَاهُ حَتّٰى ابْهَارَّ اللَّيْلُ، ثُمَّ قَامَ عَلِيٌّ مِنْ عِنْدِهِ، وَهُوَ عَلٰى طَمَعٍ، وَقَدْ كَانَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يَخْشَى مِنْ عَلِيٍّ شَيْئًا، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ لِىْ عُثْمَانَ. فَنَاجَاهُ حَتّٰى فَرَّقَ بَيْنَهُمَا الْمُؤَذِّنُ بِالصُّبْحِ، فَلَمَّا صَلَّى النَّاسُ الصُّبْحَ وَاجْتَمَعَ أُوْلٰئِكَ الرَّهْطُ عِنْدَ الْمِنْبَرِ، فَأَرْسَلَ إِلٰى مَنْ كَانَ حَاضِرًا مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ، وَأَرْسَلَ إِلٰى أُمَرَاءِ الْأَجْنَادِ وَكَانُوْا وَافَوْا تِلْكَ الْحَجَّةَ مَعَ عُمَرَ، فَلَمَّا اجْتَمَعُوْا تَشَهَّدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ! يَا عَلِيُّ، إِنِّىْ قَدْ نَظَرْتُ فِىْ أَمْرِ النَّاسِ فَلَمْ أَرَهُمْ يَعْدِلُوْنَ بِعُثْمَانَ، فَلَا تَجْعَلَنَّ عَلٰى نَفْسِكَ سَبِيْلًا. فَقَالَ: أُبَايِعُكَ عَلٰى سُنَّةِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَالْخَلِيْفَتَيْنِ مِنْ بَعْدِهِ، فَبَايَعَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَبَايَعَهُ النَّاسُ: الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ وَأُمَرَاءُ الْأَجْنَادِ وَالْمُسْلِمُوْنَ. [راجع: ۱۳۹۲]

بَابُ مَنْ بَايَعَ مَرَّتَيْنِ

ایک رائے یہ ہے کہ دو مرتبہ بیعت کرے

دو مرتبہ بیعت کرنا ضروری نہیں، ایک ہی مرتبہ کی بیعت کافی ہے، لیکن کوئی بات پختہ کرنے کے لئے دو مرتبہ بیعت کرے خواہ وہ بیعتِ خلافت ہو یا بیعتِ جہاد یا بیعتِ سلوک تو جائز ہے۔ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہا نے حدیبیہ میں دو مرتبہ بیعتِ جہاد کی تھی۔

[٤٤-] بَابُ مَنْ بَايَعَ مَرَّتَيْنِ

[٧٢٠٨-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: بَايَعْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم تَحْتَ الشَّجَرَةِ، فَقَالَ لِيْ: " يَا سَلَمَةُ أَلاَ تُبَايِعُ؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ بَايَعْتُ فِي الْأَوَّلِ. قَالَ: "وَفِي الثَّانِيْ"[راجع: ٢٩٦٠]

بَابُ بَيْعَةِ الأَعْرَابِ

بادیہ نشینوں کی بیعت

پہلے بیعتِ خلافت کا طریقہ یہ تھا کہ ملک کے اربابِ حل وعقد (بڑے لوگ) بیعت کرتے تھے، اور دار السلطنت کے عوام بھی، اور باہر سے گورنر اپنے علاقوں کی بیعت بھیجتے تھے، اور خلیفہ تاحیات منتخب ہوتا تھا، چنانچہ طالع آزما خلفاء کو قتل کرتے تھے، اور بادشاہ کے خلاف بغاوتیں بھی ہوتی تھیں، اب ووٹ ڈالنے کا طریقہ چلا ہے، ملک کے ہر عاقل بالغ شہری کو ووٹ دینے کا حق ہوتا ہے، یہ اچھا طریقہ ہے، پھر خلیفہ مقررہ مدت کے لئے منتخب ہوتا ہے، یہ اور بھی اچھا طریقہ ہے، یہ دونوں باتیں اسلامی قوانین کے خلاف نہیں —— اور باب کی حدیث میں ایک بدّو کی بیعت اسلام کا ذکر ہے، یہ حدیث پہلے آگئی ہے۔

[٤٥-] بَابُ بَيْعَةِ الأَعْرَابِ

[٧٢٠٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الإِسْلاَمِ، فَأَصَابَهُ وَعْكٌ فَقَالَ: أَقِلْنِيْ بَيْعَتِيْ، فَأَبَى، ثُمَّ جَاءَهُ فَأَبَى، ثُمَّ جَاءَهُ، فَقَالَ: أَقِلْنِيْ بَيْعَتِيْ، فَأَبَىْ، فَخَرَجَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الْمَدِيْنَةُ كَالْكِيْرِ، تَنْفِيْ خَبَثَهَا، وَيُنَصَّعُ طَيِّبُهَا"[راجع: ١٨٨٣]

لغت: نَصَعَ الشيئ نصوعًا: صاف اورنکھرا ہوا ہونا، اور طیبها نائب فاعل: عمدہ دھات نکھر جاتی ہے۔

بَابُ بَيْعَةِ الصَّغِيْرِ

نابالغ کی بیعت

نابالغ کی بیعت معتبر نہیں، وہ مکلّف نہیں، عبداللہ بن ہشام رضی اللہ عنہ کو ان کی والدہ رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گئیں، اور عرض کیا: یارسول اللہ! اس کو بیعت کر لیجئے، آپؐ نے فرمایا: یہ چھوٹا ہے۔ اور حدیث آچکی ہے۔

قربانی ہر صاحبِ نصاب بالغ پر واجب ہے:

یہ حدیث پہلے آئی ہے، مگر اس کا آخری مضمون پہلے نہیں آیا۔ حضرت عبداللہ بن ہشامؓ اپنی پوری فیملی کی طرف سے ایک بکری کی قربانی کرتے تھے، امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک یہ درست ہے، کیونکہ ان کے نزدیک قربانی سنت علی الکفایہ ہے۔ اور احناف کے نزدیک ہر صاحب نصاب بالغ پر قربانی واجب ہے، پس اگر بیوی بچے صاحب نصاب ہیں تو ان کی قربانی الگ کرنی ہوگی، فریقین کے دلائل مطولات اور حاشیہ میں ہیں، اب ان کو بیان کرنے کا وقت نہیں رہا، سوری!

[٤٦-] بَابُ بَيْعَةِ الصَّغِيْرِ

[٧٢١٠-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، هُوَ ابْنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ عَقِيْلٍ زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِشَامٍ، وَكَانَ قَدْ أَدْرَكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَذَهَبَتْ بِهِ أُمُّهُ زَيْنَبُ بِنْتُ حُمَيْدٍ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! بَايِعْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هُوَ صَغِيْرٌ" فَمَسَحَ رَأْسَهُ وَدَعَا لَهُ، وَكَانَ يُضَحِّيْ بِالشَّاةِ الْوَاحِدَةِ عَنْ جَمِيْعِ أَهْلِهِ. [راجع: ٢٥٠١]

بَابُ مَنْ بَايَعَ ثُمَّ اسْتَقَالَ الْبَيْعَةَ

جس نے بیعت کی پھر بیعت واپس مانگی

بیعت واپس نہیں ہوسکتی، ایک بدّو نے بیعتِ اسلام کی، پھر واپس مانگی تو نبی ﷺ نے واپس نہیں کی، بالآخر وہ مدینہ سے چل دیا، اور حدیث ابھی گذری ہے۔

[٤٧-] بَابُ مَنْ بَايَعَ ثُمَّ اسْتَقَالَ الْبَيْعَةَ

[٧٢١١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ

اللّٰهِ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَى الإِسْلَامِ فَأَصَابَ الأَعْرَابِيَّ وَعْكٌ بِالْمَدِيْنَةِ، فَأَتَى الأَعْرَابِيُّ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَقِلْنِي بَيْعَتِيْ، فَأَبَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، ثُمَّ جَاءَهُ فَقَالَ: أَقِلْنِي بَيْعَتِيْ، فَأَبَى. ثُمَّ جَاءَهُ فَقَالَ: أَقِلْنِي بَيْعَتِيْ، فَأَبَى. فَخَرَجَ الأَعْرَابِيُّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِنَّمَا الْمَدِيْنَةُ كَالْكِيْرِ تَنْفِيْ خَبَثَهَا وَيَنْصَعُ طَيِّبُهَا"[راجع: ۱۸۸۳]

بَابُ مَنْ بَايَعَ رَجُلاً لاَ يُبَايِعُهُ إِلَّا لِلدُّنْيَا

جوکسی سے دنیوی مفاد کے لئے بیعت کرے

حدیث پہلے آئی ہے، تین شخصوں کو آخرت میں سخت عذاب ہوگا، ان میں ایک وہ شخص ہے جس نے اپنے امام سے بیعت کی، نہیں بیعت کرتا وہ مگر دنیا کے لئے، پس اگر امام نے اس کو دنیا میں سے دیا تو خوش ہوا (بیعت پر جما رہا) اور اگر اس کو نہیں دیا تو ناراض ہوگیا (اور بغاوت کردی) ـــــ پس جس سے بھی بیعت کرے، خلیفہ سے کرے یا پیر سے، اخلاص سے کرے، کوئی دنیوی مفاد یا خلافت کی لالچ لے کر بیعت نہ کرے، ورنہ انجام برا ہوگا۔

[۴۸-] بَابُ مَنْ بَايَعَ رَجُلاً لاَ يُبَايِعُهُ إِلَّا لِلدُّنْيَا

[۷۲۱۲-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " ثَلاَثَةٌ لاَ يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلاَ يُزَكِّيْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ: رَجُلٌ عَلَى فَضْلِ مَاءٍ بِالطَّرِيْقِ يَمْنَعُ مِنْهُ ابْنَ السَّبِيْلِ. وَرَجُلٌ بَايَعَ إِمَامًا لاَ يُبَايِعُهُ إِلَّا لِدُنْيَا، فَإِنْ أَعْطَاهُ مَا يُرِيْدُ وَفَى لَهُ، وَإِلَّا لَمْ يَفِ لَهُ. وَرَجُلٌ يُبَايِعُ رَجُلاً بِسِلْعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَحَلَفَ بِاللّٰهِ لَقَدْ أُعْطِيَ بِهَا كَذَا وَكَذَا فَصَدَّقَهُ، فَأَخَذَهَا، وَلَمْ يُعْطَ بِهَا"[راجع: ۲۳۵۸]

بَابُ بَيْعَةِ النِّسَاءِ

عورتوں کی بیعت

عورتوں کی بیعتِ سلوک کا قرآن وسنت سے ثبوت ہے، باب کی پہلی حدیث میں مردوں کی بیعتِ سلوک کا ذکر ہے۔ اور جو احکام مردوں کے لئے ہیں وہی احکام عورتوں کے لئے بھی ہیں، اور دوسری حدیث میں عورتوں کی بیعتِ سلوک کا ذکر ہے، اور دونوں حدیثیں آچکی ہیں ـــــ اور عورتوں سے بیعتِ جہاد نہیں لی جاتی، کیونکہ ان کے ذمے جہاد نہیں ـــــ اور بیعتِ خلافت بھی نہیں لی جاتی، اس معاملہ میں وہ مردوں کے تابع ہیں ـــــ لیکن اب اگر خلیفہ کے انتخاب میں عورتیں بھی باپردہ ووٹ ڈالیں تو اس میں کچھ حرج نہیں۔

[٤٩-] بَابُ بَيْعَةِ النِّسَاءِ

رَوَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ.

[٧٢١٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يَقُوْلُ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَنَحْنُ فِي مَجْلِسٍ: "تُبَايِعُوْنِّيْ عَلٰى أَنْ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا تَسْرِقُوْا، وَلَا تَزْنُوْا، وَلَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ، وَلَا تَأْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهُ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ وَأَرْجُلِكُمْ، وَلَا تَعْصُوْنِيْ فِيْ مَعْرُوْفٍ، فَمَنْ وَفٰى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ بِهِ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ فَأَمْرُهُ إِلَى اللّٰهِ، إِنْ شَاءَ عَاقَبَهُ وَإِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ. [راجع: ١٨]

[٧٢١٤-] حدثنا مَحْمُوْدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يُبَايِعُ النِّسَاءَ بِالْكَلَامِ بِهٰذِهِ الْآيَةِ: ﴿لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا﴾ قَالَتْ: مَا مَسَّتْ يَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَدَ امْرَأَةٍ، إِلَّا امْرَأَةً يَمْلِكُهَا. [راجع: ٢٧١٣]

[٧٢١٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حَفْصَةَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: بَايَعْنَا النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَرَأَ عَلَيَّ ﴿أَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا﴾ [الممتحنة: ١٢] وَنَهَانَا عَنِ النِّيَاحَةِ، فَقَبَضَتِ امْرَأَةٌ مِنَّا يَدَهَا، فَقَالَتْ: فُلَانَةُ أَسْعَدَتْنِيْ وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ أَجْزِيَهَا، فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، فَذَهَبَتْ ثُمَّ رَجَعَتْ، فَمَا وَفَتِ امْرَأَةٌ إِلَّا أُمُّ سُلَيْمٍ وَأُمُّ الْعَلَاءِ وَابْنَةُ أَبِيْ سَبْرَةَ امْرَأَةُ مُعَاذٍ، أَوِ ابْنَةُ أَبِيْ سَبْرَةَ وَامْرَأَةُ مُعَاذٍ. [راجع: ١٣٠٦]

بَابُ مَنْ نَكَثَ بَيْعَةً

جس نے کوئی بیعت توڑ دی

بیعت توڑتی نہیں، سودا ہو گیا ہو گیا، خواہ کوئی بیعت ہو، سورۃ الفتح میں ہے: "بے شک جو لوگ آپؐ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ ہی سے بیعت کرتے ہیں، اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے" ــــ اور اللہ تعالیٰ سے کیا ہوا عہد و پیمان کیسے ٹوٹ سکتا ہے؟ ــــ "پس جو شخص عہد توڑے اس کا وبال اسی پر پڑے گا، اور جو اللہ سے کئے ہوئے عہد کو پورا کرے تو عنقریب اسے بڑا اجر ملے گا" ــــ اور حدیث میں ہے کہ ایک بدّو نے بیعتِ اسلام کی، پھر اس کو واپس مانگا تو آپؐ نے وہ بیعت واپس نہیں کی ــــ پس جو کسی خلیفہ سے بیعت کرنے کے بعد، اس کے خلاف کھڑا ہو تو اس کو بغاوت تصور کیا جائے گا۔

[۵۰-] بَابُ مَنْ نَكَثَ بَيْعَةً

وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ﴾ الآيَة[الفتح: ۱۰]

[۷۲۱۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: بَايِعْنِيْ عَلَى الإِسْلَامِ، فَبَايَعَهُ عَلَى الإِسْلَامِ، ثُمَّ جَاءَ الْغَدَ مَحْمُوْمًا، فَقَالَ: أَقِلْنِيْ، فَأَبَىٰ، فَلَمَّا وَلَّى قَالَ: "الْمَدِيْنَةُ كَالْكِيْرِ، تَنْفِي خَبَثَهَا، وَيُنَصَّعُ طِيْبُهَا" [راجع:۱۸۸۳]

بَابُ الِاسْتِخْلَافِ

جانشین بنانا

جانشین مقرر کرنے کے لئے اسلام نے کوئی طریقہ مقرر نہیں کیا، اس کو لوگوں کی صوابدید پر چھوڑ دیا ہے، نبی ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حق میں صراحت جیسے اشارے فرمائے، مگر ان کو خلافت کے لئے نامزد نہیں کیا، نبی ﷺ کی وفات کے بعد مسلمانوں کے مشورے سے اور آپؐ کے اشارے سامنے رکھ کر آپؓ کو خلیفہ مقرر کیا گیا —— پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنی وفات سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خلافت کے لئے نامزد کیا —— پھر حضرت عمرؓ نے اپنے بعد خلافت کے لئے چھ آدمیوں کی کمیٹی بنائی، ان میں سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو چنا گیا، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نمبر آیا، غرض خلافت کے لئے کوئی اصول مقرر نہیں کیا گیا، لوگ اپنی صوابدید سے کوئی بھی طریقہ اپنا سکتے ہیں۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہا: آہ میرا سر پھٹا جا رہا ہے! نبی ﷺ نے فرمایا: "وہ (موت) اگر ہوئی درانحالیکہ میں زندہ ہوں تو میں تمہارے لئے استغفار کرونگا، اور تمہارے لئے دعا کروں گا، یعنی دردسر سے زیادہ سے زیادہ کیا ہوگا: آدمی مرجائے گا، پس اگر تم مرگئیں تو تمہارا کیا نقصان ہے؟ تمہارا فائدہ ہی فائدہ ہے، نبی ﷺ ان کے لئے دعائے مغفرت کریں گے۔ عائشہؓ نے کہا: ہائے میں موئی! بخدا! میں گمان کرتی ہوں کہ آپؐ میری موت کو پسند کرتے ہیں، اور اگر ہوگئی وہ (میری موت) تو آپؐ اپنے دن کے آخر میں اپنی کسی بیوی کے ساتھ عروسی کریں گے —— پھر نبی ﷺ نے فرمایا: "بلکہ میرا سر درد سے پھٹا جا رہا ہے (یہ مرض موت کی ابتداء تھی) بخدا! میں نے ارادہ کیا کہ میں آدمی بھیج کر ابوبکر اور ان کے لڑکے کو بلاؤں، اور ان سے (خلافت کا) عہد باندھوں، کہیں کہنے والے کہیں یا تمنا کرنے والے تمنا کریں! پھر میں نے سوچا: اللہ تعالیٰ انکار کریں گے اور مسلمان (دوسرے کو) ہٹائیں گے، یا فرمایا: اللہ تعالیٰ ہٹائیں گے اور مسلمان انکار کریں گے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر نبی ﷺ اپنا جانشین نامزد کرتے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کرتے، مگر آپؐ نے معاملہ اللہ کے حوالے کیا۔

[٥١-] بَابُ الِاسْتِخْلَافِ

[٧٢١٧-] حدثنا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: وَارَأْسَاهْ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ذَاكِ لَوْ كَانَ وَأَنَا حَيٌّ فَأَسْتَغْفِرُ لَكِ وَأَدْعُوْ لَكِ" فَقَالَتْ عَائِشَةُ: وَاثُكْلِيَاهْ! وَاللّٰهِ! إِنِّيْ لَأَظُنُّكَ تُحِبُّ مَوْتِيْ! وَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ لَظَلِلْتَ آخِرَ يَوْمِكَ مُعَرِّسًا بِبَعْضِ أَزْوَاجِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "بَلْ أَنَا وَارَأْسَاهْ! لَقَدْ هَمَمْتُ أَوْ: أَرَدْتُ أَنْ أُرْسِلَ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ وَابْنِهِ فَأَعْهَدَ، أَنْ يَقُوْلَ الْقَائِلُوْنَ أَوْ يتمنى الْمُتَمَنُّوْنَ! ثُمَّ قُلْتُ: يَأْبَى اللّٰهُ وَيَدْفَعُ الْمُؤْمِنُوْنَ، أَوْ: يَدْفَعُ اللّٰهُ وَيَأْبَى الْمُؤْمِنُوْنَ"[راجع: ٥٦٦٦]

آئندہ روایت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: کیا آپؓ اپنا جانشیں مقرر نہیں کرتے؟ آپؓ نے فرمایا: اگر میں جانشیں مقرر کروں تو اس ہستی نے جانشیں مقرر کیا ہے جو مجھ سے بہتر تھی یعنی ابوبکرؓ نے، اور اگر میں چھوڑ دوں یعنی جانشیں مقرر نہ کروں تو اس ہستی نے چھوڑ دیا ہے جو کہ وہ مجھ سے بہتر تھی یعنی رسول اللہ ﷺ نے جانشیں مقرر نہیں کیا تھا۔

پھر لوگوں نے حضرت عمرؓ کی تعریف کی، مثلاً: یہ کہا کہ آپؓ نے عدل وانصاف کے ساتھ خلافت کا کام انجام دیا ہے تو آپؓ نے فرمایا: "رغبت کرنے والا اور ڈرنے والا!" یعنی مجھے اپنی خدمات کے ثواب کی امید بھی ہے اور ڈر بھی لگتا ہے کہ جو کوتاہیاں ہوگئی ہیں ان کا کیا ہوگا: "میری آرزو ہے کہ نجات پاجاؤں میں خلافت سے برابر سرابر: نہ میرے لئے اور نہ مجھ پر" یعنی نہ ملے نہ دینا پڑے! نہیں اٹھاؤں گا میں خلافت (کی ذمہ داری) کو زندگی میں اور موت کے بعد یعنی تا حیات خلیفہ رہا یہی ڈرنے کی بات ہے، اپنا جانشیں مقرر کرکے اس کے اعمال کا ذمہ دار کیوں بنوں! یعنی میں اپنا کوئی جانشیں مقرر نہیں کرونگا۔

[٧٢١٨-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قِيْلَ لِعُمَرَ: أَلَا تَسْتَخْلِفُ؟ قَالَ: إِنْ أَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّيْ: أَبُوْ بَكْرٍ، وَإِنْ أَتْرُكْ فَقَدْ تَرَكَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّيْ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَأَثْنَوْا عَلَيْهِ، فَقَالَ: رَاغِبٌ وَرَاهِبٌ! وَدِدْتُ أَنِّيْ نَجَوْتُ مِنْهَا كَفَافًا: لَا لِيْ وَلَا عَلَيَّ، لَا أَتَحَمَّلُهَا حَيًّا وَلَا مَيِّتًا.

آئندہ روایت: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی پچھلی تقریر سنی ہے (انھوں نے پہلی تقریر وفاتِ نبوی کے دن کی تھی کہ جو کہے گا کہ نبی ﷺ کی وفات ہوگئی ہے: اس کا سر قلم کردوں گا!) جب وہ منبر پر بیٹھے، اور یہ تقریر وفاتِ نبوی سے اگلے دن کی تھی (اور ابھی نبی ﷺ کی تدفین نہیں ہوئی تھی) اور ابوبکر رضی اللہ عنہ خاموش تھے، کچھ بول نہیں رہے تھے، فرمایا: "میں امید کرتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ زندہ رہیں گے ہمارے بعد تک (مگر سنو!

آپؐ کی وفات ہوچکی ہے) پس اگر محمد ﷺ کی وفات ہوگئی ہے تو اللہ تعالیٰ نے تمہارے درمیان نور گردانا ہے، جس سے تم راہ پاتے رہوگے، اللہ تعالیٰ نے (اس کے ذریعہ) محمد ﷺ کو راہ دکھائی ہے یعنی قرآنِ کریم تمہارے پاس موجود ہے، اللہ تعالیٰ نے اس سے رسول اللہ ﷺ کو بھی راہ دکھائی ہے، وہ تمہاری راہ نمائی کے لئے بھی کافی ہے، اور ابوبکرؓ رسول اللہ ﷺ کے ساتھی (صحابی) ہیں اور غارِ ثور میں دو میں کے دوسرے تھے یعنی اور کوئی نہیں تھا، اور بے شک وہ تمہارے معاملات (خلافت) کے زیادہ حقدار ہیں، پس اٹھو اور ان سے بیعت کرو، اور حاضرین میں سے کچھ لوگ اس سے پہلے سقیفہ بنی ساعدۃ میں بیعت کر چکے تھے، اور عام لوگوں نے منبر پر بیعت کی۔ اور حضرت انسؓ یہ بھی بیان کرتے ہیں کہ میں نے عمرؓ کو اس دن ابوبکرؓ سے کہتے سنا کہ منبر پر تشریف لایئے (اور ابوبکرؓ ہمت نہیں کررہے تھے) پس عمرؓ برابر اصرار کرتے رہے یہاں تک کہ وہ منبر پر چڑھے، پس ان سے عام لوگوں نے بیعت کی۔

[۷۲۱۹-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ ابْنُ مَالِكٍ: أَنَّـهُ سَمِعَ خُطْبَةَ عُمَرَ الآخِرَةَ، حِيْنَ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَذٰلِكَ الْغَدَ مَنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَتَشَهَّدَ، وَأَبُوْ بَكْرٍ صَامِتٌ لاَ يَتَكَلَّمُ، قَالَ: كُنْتُ أَرْجُوْ أَنْ يَعِيْشَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى يَدْبُرَنَا يُرِيْدَ بِذٰلِكَ أَنْ يَكُوْنَ آخِرَهُمْ، فَإِنْ يَكُ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم قَدْ مَاتَ، فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ جَعَلَ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ نُوْرًا تَهْتَدُوْنَ بِهِ، هَدَى اللّٰهُ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم. وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَثَانِيَ اثْنَيْنِ، وَإِنَّـهُ أَوْلَى الْمُسْلِمِيْنَ بِأُمُوْرِكُمْ، فَقُوْمُوْا فَبَايِعُوْهُ. وَكَانَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ قَدْ بَايَعُوْهُ قَبْلَ ذٰلِكَ فِي سَقِيْفَةِ بَنِيْ سَاعِدَةَ، وَكَانَتْ بَيْعَةُ الْعَامَّةِ عَلَى الْمِنْبَرِ.

قَالَ الزُّهْرِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ لِأَبِيْ بَكْرٍ يَوْمَئِذٍ: اصْعَدِ الْمِنْبَرَ، فَلَمْ يَزَلْ بِهِ حَتّٰى صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَبَايَعَهُ النَّاسُ عَامَّةً. [طرفه: ۷۲۶۹]

اگلی روایت: پہلے آئی ہے۔ ایک عورت نبی ﷺ کے پاس آئی، اس نے آپؐ سے کسی چیز کے بارے میں گفتگو کی یعنی مدد طلب کی، آپؐ نے اس کے لئے کسی چیز کا حکم دیا، اور دوسرے وقت آنے کے لئے کہا اور تعاون کا وعدہ کیا، اس نے عرض کیا: اگر میں آؤں اور آپؐ کو نہ پاؤں؟ یعنی حسب وعدہ آؤں اور آپؐ کی وفات ہوگئی ہو؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر تم مجھے نہ پاؤ تو ابوبکر کے پاس آنا'' (اس میں اشارہ ہے کہ آپؐ کے بعد خلیفہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہونگے)

[۷۲۲۰-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ ابْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَتَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم امْرَأَةٌ فَكَلَّمَتْهُ فِيْ شَيْءٍ، فَأَمَرَهَا أَنْ تَرْجِعَ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ إِنْ جِئْتُ وَلَمْ أَجِدْكَ؟ كَأَنَّهَا تُرِيْدُ الْمَوْتَ. قَالَ: "إِنْ لَمْ تَجِدِيْنِيْ فَأْتِيْ أَبَا بَكْرٍ" [راجع: ۳۶۵۹]

آئندہ روایت: وفاتِ نبوی کے بعد بُزاخہ قبیلہ مرتد ہوا، ان کے ساتھ جنگ ہوئی، وہ ہارے تو انھوں نے ابوبکرؓ کے پاس معذرت خواہی کے لئے وفد بھیجا، حضرت ابوبکرؓ نے اس وفد سے فرمایا: اونٹوں کی دُموں کے پیچھے چلتے رہو یعنی اپنے مشاغل میں مشغول رہو، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ دکھلائیں اپنے نبی کے خلیفہ کو (یہاں باب ہے) اور مہاجرین کو وہ بات جس کے ذریعہ وہ تم کو معذور سمجھیں۔

[۷۲۲۱-] حدثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ قَالَ لِوَفْدِ بُزَاخَةَ: تَتَّبِعُوْنَ أَذْنَابَ الإِبِلِ حَتّٰى يُرِىَ اللّٰهُ خَلِيْفَةَ نَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم وَالْمُهَاجِرِيْنَ أَمْرًا يَعْذِرُوْنَكُمْ بِهِ.

بَابٌ

بارہ امیر ہونگے

یہ باب کالفصل ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''بارہ امیر ہونگے'' حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: اس کے بعد آپؐ نے ایک جملہ فرمایا جس کو میں نہیں سن سکا، پس میرے ابا (حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ) نے فرمایا: نبی ﷺ نے فرمایا: وہ سب قریش سے ہونگے (مگران کا طریق انتخاب کیا ہوگا؟ یہ نہیں بتلایا، معلوم ہوا کہ یہ لوگوں کی صوابدید پر موقوف ہے۔ اور بارہ امیر کون ہیں؟ اس کی تعیین مشکل ہے، یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ بارہ میں حصر نہیں، پس زیادہ ہوسکتے ہیں)

بَابٌ

[۷۲۲۲و۷۲۲۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''يَكُوْنُ اثْنَا عَشَرَ أَمِيْرًا'' فَقَالَ كَلِمَةً لَمْ أَسْمَعْهَا، فَقَالَ أَبِيْ: إِنَّهُ قَالَ: ''كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ''

بَابُ إِخْرَاجِ الْخُصُوْمِ وَأَهْلِ الرِّيَبِ مِنَ الْبُيُوْتِ بَعْدَ الْمَعْرِفَةِ

تحقیق کے بعد جھگڑنے والوں کو اور مشکوک لوگوں کو گھروں سے نکالنا

ایسا ہی باب تحفۃ القاری (۵: ۴۴۳) میں آیا ہے۔ حکام کی یہ ذمہ داری ہے کہ فساد پر قابو پائیں، بلکہ ایسی تدبیر کریں کہ فساد ہونے ہی نہ پائے، کسی گھر میں لوگ جھگڑ رہے ہوں تو ان کو گیٹ آوٹ کیا جائے: جھگڑا ختم ہوجائے گا، اسی طرح کسی گھر میں یا سڑک پر مشکوک لوگ جمع ہوں تو ان کو منتشر کردیا جائے تاکہ کوئی برائی وجود میں نہ آئے، اور باب کی سب روایات مع شرح محولہ بالا مقام میں آگئی ہیں۔

[٥٢-] بَابُ إِخْرَاجِ الْخُصُوْمِ وَأَهْلِ الرِّيَبِ مِنَ الْبُيُوْتِ بَعْدَ الْمَعْرِفَةِ

وَقَدْ أَخْرَجَ عُمَرُ أُخْتَ أَبِيْ بَكْرٍ حِيْنَ نَاحَتْ.

[٧٢٢٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِحَطَبٍ يُتَحَطَّبُ، ثُمَّ آمُرَ بِالصَّلَاةِ فَيُؤَذَّنَ لَهَا، ثُمَّ آمُرَ رَجُلًا فَيَؤُمَّ النَّاسَ، ثُمَّ أُخَالِفَ إِلٰى رِجَالٍ فَأُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ بُيُوْتَهُمْ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْ يَعْلَمُ أَحَدُهُمْ أَنَّهُ يَجِدُ عَرْقًا سَمِيْنًا أَوْ مِرْمَاتَيْنِ حَسَنَتَيْنِ لَشَهِدَ الْعِشَاءَ"[راجع: ٦٤٤]

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ: قَالَ يُوْنُسُ: قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ: قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: مِرْمَاةٌ: مَا بَيْنَ ظِلْفِ الشَّاةِ مِنَ اللَّحْمِ، مِثْلُ مِنْسَاةٍ وَمِيْضَاةٍ. الْمِيْمُ مَخْفُوْضَةٌ.

آخر میں محمد بن یوسف فربری (راوی بخاری) نے نیچے اتر کر دوواسطوں سے امام بخاریؒ کا قول نقل کیا ہے کہ مِرْمَاة کے معنی ہیں: بکری کے کھر کے درمیان کا گوشت، یہ لفظ بروزن مِنْسَاة اور مِيْضَاة ہے، میم پر زیر ہے۔

بَابُ هَلْ لِلْإِمَامِ أَنْ يَمْنَعَ الْمُجْرِمِيْنَ وَأَهْلَ الْمَعْصِيَةِ مِنَ الْكَلَامِ مَعَهُ وَالزِّيَارَةِ وَنَحْوِهِ؟

کیاامام مجرموں اور گنہ گاروں کو اپنے ساتھ ملاقات اور زیارت وغیرہ سے روک سکتا ہے؟

اگر امام کسی مجرم یا مبتلائے معصیت کو اپنی ملاقات یا زیارت وغیرہ سے روک دے تو یہ جائز ہے، اور یہ ممانعت اصلاحِ حال تک ہونی چاہئے، اور اس سے آگے معاشرتی بائکاٹ کا بھی حکم دے سکتا ہے، غزوۂ تبوک میں جو تین مخلص صحابہ پیچھے رہ گئے تھے ان کے ساتھ سلام وکلام تک بند کر دیا گیا تھا، پچاس دنوں کے بعد جب ان کی توبہ نازل ہوئی تب بائکاٹ ختم کیا گیا، اور یہ سلام وکلام سے روکنا چونکہ دین کے لئے ہوگا، اس لئے تین دن سے زیادہ بھی جائز ہے۔

[٥٣-] بَابُ هَلْ لِلْإِمَامِ أَنْ يَمْنَعَ الْمُجْرِمِيْنَ وَأَهْلَ الْمَعْصِيَةِ مِنَ الْكَلَامِ مَعَهُ وَالزِّيَارَةِ وَنَحْوِهِ؟

[٧٢٢٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيْهِ حِيْنَ عَمِيَ، قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا تَخَلَّفَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، فَذَكَرَ حَدِيْثَهُ: وَنَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ كَلَامِنَا، فَلَبِثْنَا عَلٰى ذٰلِكَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً، وَآذَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِتَوْبَةِ اللّٰهِ عَلَيْنَا.[راجع: ٢٧٥٧]

الحمد للہ! کتاب الاحکام کی شرح پوری ہوئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب التَّمَنِّیٰ

آرزو کرنا

ربط: کتاب الاحکام کے شروع میں بیان کیا ہے کہ لوگ جائز ناجائز عہدوں وغیرہ کی آرزو کرتے ہیں، اس لئے کتاب الاحکام کے بعد کتاب التمنی لائے، تمنا ہر کوئی کرتا ہے، امیدوں پر دنیا قائم ہے، مگر خیر کی آرزو کرنی چاہئے، اور وہ بھی حسد تک نہیں پہنچنی چاہئے، جب میں تحفۃ الالمعی لکھ رہا تھا تو میری آرزو تھی کہ بخاری شریف پڑھانے کو ملے تو اس کی بھی شرح لکھوں، الحمدللہ! وقت پر وہ مل گئی، اور اب یہ اس کی شرح تکمیل پذیر ہونے والی ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّمَنِّيْ، وَمَنْ تَمَنَّى الشَّهَادَةَ

آرزو کرنے کی روایات، اور ایک رائے یہ ہے کہ شہادت کی آرزو کرنی چاہئے

آرزو کرنے کی روایات: جنرل عنوان ہے، پوری کتاب التمنی کی روایات کو شامل ہے، پھر خاص باب ہے، ایک رائے یہ ہے کہ شہادت کی آرزو کرنی چاہئے، نبی ﷺ نے بار بار راہِ خدا میں مارے جانے کی آرزو کی ہے، اور اس کو ایک رائے کہہ کر اس لئے ذکر کیا کہ آگے باب ۸ میں دشمن سے مڈبھیڑ کی آرزو کرنے کی ممانعت آئی ہے، مگر وہ (مڈبھیڑ) مقصد نہیں، مقصد کا سبب ہے، اور مقاصد اور ان کے اسباب کا ایک حکم نہیں ہوتا، پس شہادت کی تو آرزو کرنی چاہئے، اور اس کے اسباب دشمن سے ٹکر اور طاعون وغیرہ کی آرزو نہیں کرنی چاہئے، کیونکہ کبھی آدمی جم کر نہیں لڑ سکتا اور طاعون میں صبر نہیں کرسکتا۔ اور حدیثیں آچکی ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٩٤- كتابُ التَّمَنِّيٰ

[١-] بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّمَنِّيْ، وَمَنْ تَمَنَّى الشَّهَادَةَ

[٧٢٢٦-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:

''وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ! لَوْلَا أَنَّ رِجَالاً یَکْرَھُوْنَ أَنْ یَتَخَلَّفُوْا بَعْدِیْ، وَلاَ أَجِدُ مَا أَحْمِلُھُمْ مَا تَخَلَّفْتُ، وَلَوَدِدْتُ أَنِّیْ أُقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ، ثُمَّ أُحْیَا ثُمَّ أُقْتَلُ، ثُمَّ أُحْیَا ثُمَّ أُقْتَلُ، ثُمَّ أُحْیَا ثُمَّ أُقْتَلُ''[راجع: ۳۶]

[۷۲۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:'' وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ! وَدِدْتُ أَنِّیْ لَأُقَاتِلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَأُقْتَلُ، ثُمَّ أُحْیَا ثُمَّ أُقْتَلُ، ثُمَّ أُحْیَا ثُمَّ أُقْتَلُ'' فَکَانَ أَبُوْ ھُرَیْرَۃَ یَقُوْلُھُنَّ ثَلاَثًا: أَشْھَدُ لِلّٰہِ![راجع: ۳۶]

قولہ: أشھد للّٰہ:یقولھن کی ضمیر مفعول سے بدل ہے یعنی حضرت ابو ہریرہؓ حدیث کے آخر میں تین مرتبہ أشھد للّٰہ کہتے تھے یعنی میں اللہ کے لئے گواہی دیتا ہوں یعنی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مذکورہ بات نبی ﷺ نے فرمائی ہے۔

بَابُ تَمَنِّی الْخَیْرِ، وَقَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:''لَوْ کَانَ لِیْ أُحُدٌ ذَھَبًا''

اچھے کام کی آرزو کرنا جیسے نبی ﷺ نے راہِ خدا میں خرچ کرنے کے لئے آرزو کی کہ کاش آپؐ کے لئے احد پہاڑ سونے کا ہوتا!

مال فتنہ ہے، وہ آرزو کرنے کی چیز نہیں، مگر راہِ خدا میں خرچ کرنے کے لئے اس کی آرزو کرنا اچھی چیز ہے، پس اس کی آرزو کرنی چاہئے، اور حدیث پہلے دوجگہ آئی ہے، مگر اس کا آخری جزء نیا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر میرے لئے احد پہاڑ سونا ہوتا تو مجھے خوشی نہ ہوتی کہ مجھ پر تین دن گذریں اور میرے پاس اس میں سے ایک دینار بھی ہو، علاوہ اس چیز کے جس کو میں اپنے اوپر قرضہ کے لئے محفوظ رکھوں (بشرطیکہ) پاؤں میں اس کو جو اس کو قبول کرے (اور کوئی لینے والا نہ ہو تو مجبوراً محفوظ رکھنا پڑے گا)

[۲-] بَابُ تَمَنِّی الْخَیْرِ، وَقَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:''لَوْ کَانَ لِیْ أُحُدٌ ذَھَبًا''

[۷۲۲۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ھَمَّامٍ، سَمِعَ أَبَا ھُرَیْرَۃَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:'' لَوْ کَانَ عِنْدِیْ أُحُدٌ ذَھَبًا لَأَحْبَبْتُ أَنْ لاَ یَأْتِیَ ثَلاَثٌ وَعِنْدِیْ مِنْہُ دِیْنَارٌ، لَیْسَ شَیْئٌ أُرْصِدُہُ فِیْ دَیْنٍ عَلَیَّ، أَجِدُ مَنْ یَقْبَلُہُ''[راجع: ۲۳۸۹]

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:'' لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِیْ مَا اسْتَدْبَرْتُ''

اگر پہلے میری سمجھ میں وہ بات آجاتی جو بعد میں آئی!

زمانۂ جاہلیت میں حج کے سفر میں عمرہ کرنا گناہ سمجھا جاتا تھا، عمرہ کے لئے الگ سفر کرنا پڑتا تھا، حجۃ الوداع میں اسی تصور

کے پیشِ نظرسب نے ذوالحلیفہ سے حج کا احرام باندھا تھا، پھر مکہ پہنچ کر آپؐ کے ذہن میں یہ بات آئی کہ زمانۂ جاہلیت میں تو صرف جزیرۃ العرب کے لوگ حج اور عمرہ کے لئے آتے تھے، اوران کے لئے دوسفر کرنا آسان تھا۔ اوراسلام تو عالم گیر مذہب ہے، اورساری دنیا کے لئے دوسفر کرنا مشکل ہے، پس حج ہی کے سفر میں عمرہ کی بھی گنجائش ہونی چاہئے، چنانچہ آپؐ نے صحابہ کوحکم دیا کہ نیت بدل دو، عمرہ کی نیت کرلو، اورافعالِ عمرہ کرکے احرام کھول دو، پھرحج کا احرام مکہ سے باندھنا۔

مگر نبی ﷺ کے لئے مجبوری تھی، آپؐ قربانیاں ساتھ لائے تھے، جب تک دس ذی الحجہ کو وہ قربانیاں ذبح نہ ہوجائیں آپؐ کا احرام نہیں کھل سکتا تھا، پس آپؐ نے حج کے احرام کے ساتھ عمرہ کی بھی نیت کرلی، اب آپؐ قارن ہوگئے، پھرآپؐ نے عمرہ کے افعال کئے مگر احرام نہیں کھولا، جاہلیت کے تصور کے پیشِ نظر یہ بات صحابہ پر شاق ہوئی، تو آپؐ نے فرمایا: ''اگر پہلے سے وہ بات میری سمجھ میں آجاتی جو بعد میں آئی تو میں قربانیاں ساتھ نہ لاتا، اور میں بھی افعالِ عمرہ کرکے احرام کھول دیتا'' —— اور یہ حکم آپؐ نے اجتہاد سے دیا تھا، جس پر اللہ نے برقرار رکھا تو مآلاً وہ وحی ہوگیا۔

[٣-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:'' لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِىْ مَا اسْتَدْبَرْتُ''

[٧٢٢٩-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِىْ مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْىَ، وَلَحَلَلْتُ مَعَ النَّاسِ حِيْنَ حَلُّوْا''[راجع: ٢٩٤]

[٧٢٣٠-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، عَنْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَبَّيْنَا بِالْحَجِّ وَقَدِمْنَا مَكَّةَ لِأَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِىْ الْحِجَّةِ، فَأَمَرَنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ نَطُوْفَ بِالْبَيْتِ وَالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَأَنْ نَجْعَلَهَا عُمَرَةً وَنَحِلَّ، إِلَّا مَنْ مَعَهُ هَدْىٌ، قَالَ: وَلَمْ يَكُنْ مَعَ أَحَدٍ مِنَّا هَدْىٌ غَيْرَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَطَلْحَةَ، وَجَاءَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمِيْنِ مَعَهُ الْهَدْىُ، فَقَالَ: أَهْلَلْتُ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: نَنْطَلِقُ إِلٰى مِنًى وَذَكَرُ أَحَدِنَا يَقْطُرُ؟! قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' إِنِّىْ لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِىْ مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ! وَلَوْلاَ أَنَّ مَعِىَ الْهَدْىَ لَحَلَلْتُ''

قَالَ: وَلَقِيَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ وَهُوَ يَرْمِىْ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَنَا هٰذِهِ خَاصَّةً؟ قَالَ: ''لاَ، بَلْ لِلْأَبَدِ''

قَالَ: وَكَانَتْ عَائِشَةُ قَدِمَتْ مَكَّةَ وَهِىَ حَائِضٌ، فَأَمَرَهَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ تَنْسُكَ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا، غَيْرَأَنَّهَا لاَ تَطُوْفُ بِالْبَيْتِ وَلاَ تُصَلِّىْ حَتّٰى تَطْهُرَ، فَلَمَّا نَزَلُوْا الْبَطْحَاءَ قَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ!

أَتَنْطَلِقُوْنَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ وَأَنْطَلِقُ بِحَجَّةٍ؟ قَالَ: ثُمَّ أَمَرَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِىْ بَكْرٍ الصَّدِّيْقِ أَنْ يَنْطَلِقَ مَعَهَا إِلَى التَّنْعِيْمِ، فَاعْتَمَرَتْ عُمْرَةً فِىْ ذِى الْحِجَّةِ بَعْدَ أَيَّامِ الْحَجِّ. [راجع: ۱۵۵۷]

قولہ: ھذہ: یعنی حج کے سفر میں عمرہ کرنا...... قولہ: وَذَكَر: اور ہم میں سے ایک کی شرمگاہ (منی سے) ٹپک رہی ہوگی!

بَابُ قَوْلِهِ: "لَيْتَ كَذَا وَكَذَا"

کاش ایسا ایسا ہوتا!

ایک رات نبی ﷺ کی نیند اچاٹ ہوگئی، آپؐ نے فرمایا: "کاش میرے صحابہ میں سے کوئی بھلا آدمی رات میں میرا پہرہ دیتا!" (معلوم ہوتا ہے آپؐ دشمن کے علاقہ سے قریب تھے) اچانک آپؐ نے ہتھیار کی آواز سنی، پوچھا: کون؟ جواب دیا: یارسول اللہ! سعد بن ابی وقاصؓ ہوں، آپؐ کا پہرہ دینے آیا ہوں!" پس آپؐ بہ اطمینان سوگئے، یہاں تک کہ صدیقہؓ نے آپؐ کے خراٹے سنے —— (دوسری حدیث) حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بخار میں جو شعر پڑھا ہے اس میں ہے: لیت شِعری: کاش میں جانتا! یہ آرزو ہے —— معلوم ہوا ایسی تمنا کرنا جائز ہے۔

[٤-] بَابُ قَوْلِهِ: "لَيْتَ كَذَا وَكَذَا"

[۷۲۳۱-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: أَرِقَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ لَيْلَةٍ، ثُمَّ قَالَ: "لَيْتَ رَجُلًا صَالِحًا مِنْ أَصْحَابِىْ يَحْرُسُنِىْ اللَّيْلَةَ" إِذْ سَمِعْنَا صَوْتَ السِّلَاحِ قَالَ: "مَنْ هٰذَا؟" قِيْلَ: سَعْدٌ يَا رَسُوْلَ اللهِ! جِئْتُ أَحْرُسُكَ. فَنَامَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى سَمِعْنَا غَطِيْطَهُ.

وَقَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ بِلَالٌ:

أَلَا لَيْتَ شِعْرِىْ هَلْ أَبِيْتَنَّ لَيْلَةً ❁ بِوَادٍ وَحَوْلِىْ إِذْخِرٌ وَجَلِيْلُ

فَأَخْبَرْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۲۸۸۵]

بَابُ تَمَنِّى الْقُرْآنِ وَالْعِلْمِ

قرآن اور علم کی آرزو کرنا

یہ بہترین آرزو ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: "باہم جلنا (رال ٹپکانا) نہیں ہے، مگر دو باتوں میں: ایک شخص کو اللہ نے قرآن کی دولت دی، پس وہ رات اور دن کی گھڑیوں میں اس کی تلاوت کرتا ہے، پس (سامع) کہتا ہے: اگر مجھے یہ دولت ملتی

تو میں بھی یہی کرتا! دوسرا شخص: جس کو اللہ نے مال دیا، وہ اس کو اللہ کے حق میں خرچ کرتا ہے، پس (دیکھنے والا) کہتا ہے: اگر مجھے یہ مال ملتا تو میں بھی ایسا ہی کرتا! (اور ان دو باتوں میں حصر نہیں، ہر اچھی صفت اور اچھے کام میں رشک کرنا چاہئے)

[٥-] بَابُ تَمَنِّى الْقُرْآنِ وَالْعِلْمِ

[٧٢٣٢-] حدثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ تَحَاسُدَ إِلَّا فِىْ اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ، فَهُوَ يَتْلُوْهُ مِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ يَقُوْلُ: لَوْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِىَ هٰذَا لَفَعَلْتُ كَمَا يَفْعَلُ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً يُنْفِقُهُ فِىْ حَقِّهِ فَيَقُوْلُ: لَوْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِىَ لَفَعَلْتُ كَمَا يَفْعَلُ"[راجع: ٥٠٢٦]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّمَنِّىْ

وہ آرزو جو ناپسندیدہ ہے

چار صورتوں میں آرزو کرنا مکروہ ہے:

١- آرزو حسد کی حد تک پہنچ جائے تو جائز نہیں، حدیث میں ہے: لاتحاسدوا: ایک دوسرے پر جلومت۔

٢- گناہ کی آرزو کرنا بھی جائز نہیں، بھلا کون پاگل ہے جو گناہ کی آرزو کرے گا، جیسے ایک شخص سودی قرض دیتا ہے، دوسرا آرزو کرتا ہے کہ اگر اس کے پاس مال ہوتا تو وہ بھی سودی قرض دیتا۔

٣- خصوصیات کی تمنا کرنا بھی درست نہیں، سورۃ النساء میں ہے: "اور تم ایسے کسی امر کی تمنا مت کرو جس میں اللہ تعالیٰ نے بعضوں کو بعضوں پر فوقیت بخشی ہے، جیسے امتی نبوت کی تمنا کرے، یا باپ: ماں ہونے کی تمنا کرے، کیونکہ خدمت میں ماں کا حق تین گنا ہے، یا کوئی عورت تمنا کرے کہ وہ مرد ہوتی تو اسے دونی میراث ملتی یا اس کی شہادت کامل ہوتی: یہ درست نہیں۔

٤- نامناسب بات کی آرزو کرنا، جیسے زندگی سے تنگ آکر موت کی آرزو کرنا، کیونکہ نیک ہے تو جب تک زندہ ہے نیکی کرے گا اور بد ہے تو شاید توبہ کی توفیق مل جائے۔

[٦-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّمَنِّىْ

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ﴾ الآيَةَ[النساء: ٣٢]

[٧٢٣٣-] حدثنا حَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: لَوْلَا أَنِّىْ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لَا تَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ"

لَتَمَنَّيْتُ. [راجع: ٥٦٧١]

[٧٢٣٤-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنِ ابْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: أَتَيْنَا خَبَّابَ بْنَ الْأَرَتِّ نَعُوْدُهُ وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعًا، فَقَالَ: لَوْلَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَانَا أَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهِ. [راجع: ٥٦٧٢]

[٧٢٣٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَايَتَمَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ إِمَّا مُحْسِنًا فَلَعَلَّهُ يَزْدَادُ، وَإِمَّا مُسِيْئًا فَلَعَلَّهُ يَسْتَعْتِبُ "

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَبُوْ عُبَيْدٍ اسْمُهُ سَعْدُ بْنُ عُبَيْدٍ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَزْهَرَ. [راجع: ٣٩]

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا

یہ کہنا کہ اللہ کی توفیق نہ ہوتی تو ہم راہ نہ پاتے!

سب کچھ اللہ کی توفیق سے ہوتا ہے، پس کسی بھی اچھے کام کے لئے یہ کہنا کہ اللہ کی توفیق سے ہوا: جائز ہے، خندق کی کھدائی کے وقت نبی ﷺ نے جو رجز پڑھا ہے، اس میں یہ بات ہے۔

[٧-] بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا

[٧٢٣٦-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَنْقُلُ مَعَنَا التُّرَابَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ وَارَى التُّرَابُ بَيَاضَ بَطْنِهِ، يَقُوْلُ: " لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا نَحْنُ، وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا، فَأَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا، إِنَّ الْأُلٰى - وَرُبَّمَا قَالَ: الْمَلَا - قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا، إِذَا أَرَادُوْا فِتْنَةً أَبَيْنَا أَبَيْنَا " يَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ. [راجع: ٢٨٣٦]

بَابُ كَرَاهِيَةِ تَمَنِّي لِقَاءِ الْعَدُوِّ

دشمن سے مڈبھیڑ کی تمنا کرنا مکروہ ہے

پہلے یہ بات آئی ہے کہ شہادت کی تمنا کرنا تو جائز ہے، مگر دشمن سے مڈبھیڑ کی تمنا کرنا مکروہ ہے، کیونکہ اول مقصد ہے اور یہ اس کا ایک سبب ہے، شہادت اور طرح بھی حاصل ہوسکتی ہے، اور مقاصد واسباب کے احکام الگ ہوسکتے ہیں، اور دشمن سے مقابلہ ہو: اس کی تمنا کرنا مکروہ اس لئے ہے کہ بوقتِ مقابلہ ڈٹ کرلڑے گا اس کی کیا گارنٹی ہے! اگر بھاگ کھڑا ہوا تو

دوسروں کوبھی بزدل بنادے گا،پس یہ آرزو کرنا مکروہ ہے۔

[۸-] بَابُ كَرَاهِيَةِ تَمَنِّيْ لِقَاءِ الْعَدُوِّ

رَوَاهُ الأَعْرَجُ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۷۲۳۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ أَبِيْ النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَكَانَ كَاتِبًا لَهُ، قَالَ: كَتَبَ إِلَيْهِ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ أَبِيْ أَوْفَى، فَقَرَأْتُهُ، فَإِذَا فِيْهِ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَ تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ، وَاسْئَلُوْا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ"[راجع: ۲۸۱۸]

بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنَ اللَّوِّ

لَو: کا استعمال جائز ہے

حاشیہ میں نسائی،ابن ماجہ اور طحاوی سے حدیث نقل کی ہے: إياك و اللَّو، فإن لو تفتح عملَ الشيطان: لَو (اگر مگر) سے بچو! کیونکہ اگر مگر سے شیطان کا چرخا شروع ہوجاتا ہے،اور امام بخاری رحمہ اللہ آٹھ روایتیں لاکر لَو کے استعمال کا جواز ثابت کررہے ہیں، پس تطبیق یہ ہے کہ جو لَو از قبیلِ 'جھک' ہے وہ شیطان کا چرخا ہے،اور جو لَو تمنی، ترجی یا شرط کے لئے ہے اس کا استعمال جائز ہے۔

ایک واقعہ: ہم مظاہر علوم سہارن پور میں امام النحو حضرت مولانا صدیق احمد صاحب جموی قدس سرہٗ سے کنز الدقائق پڑھتے تھے، حضرت فقیہ/ مفتی نہیں تھے،مگر تفہیم شاندار تھی، مسئلہ واضح کردیتے تھے، پھر اگر کوئی طالب علم جھک کرتا کہ حضرت! اگر ایسا ہو؟ حضرت فرماتے: اگر مگر دار الافتاء میں،چل آگے!

امام بخاریؒ کے دلائل:

۱-سورۂ ہود میں لوط علیہ السلام کا قول ہے:"کاش میرا تم پر کچھ زور چلتا!" (یہ لَو تمنی کے لئے ہے)

۲-مدینہ میں ایک عورت تھی، نبی ﷺ نے اس کے بارے میں فرمایا:"اگر میں کسی عورت کو گواہوں کے بغیر سنگسار کرتا تو اس عورت کو کرتا" (یہ لَو شرط کے لئے ہے)

[۹-] بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنَ اللَّوِّ

وَقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿لَوْ أَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً﴾[هود: ۸۰]

[۷۲۳۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ

مُحَمَّدٍ، قَالَ: ذَكَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْمُتَلاعِنَيْنِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ: أَهِيَ الَّتِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' لَوْ كُنْتُ رَاجِمًا امْرَأَةً عَنْ غَيْرِ بَيِّنَةٍ؟'' قَالَ: لاَ، تِلْكَ امْرَأَةٌ أَعْلَنَتْ. [راجع: ٥٣١٠]

٣-عشاء تاخیر سے پڑھنے کے سلسلہ میں فرمایا: ''اگر میری امت کے لئے دشواری نہ ہوتی تو میں اس وقت عشاء کی نماز پڑھنے کا حکم دیتا'' (یہ لَو شرط کے لئے ہے)

٤-مسواک کے سلسلہ میں فرمایا: ''اگر میری امت کے لئے دشواری نہ ہوتی تو میں ان کو (ہر نماز سے پہلے) مسواک کرنے کا حکم دیتا'' (یہ لَو بھی شرط کے لئے ہے)

[٧٢٣٩-] حدثنا عَلِيٌّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ عَمْرٌو: حَدَّثَنَا عَطَاءٌ، قَالَ: أَعْتَمَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْعِشَاءِ، فَخَرَجَ عُمَرُ، فَقَالَ: الصَّلاَ ةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! رَقَدَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ. فَخَرَجَ وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ يَقُوْلُ: '' لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ أَوْ: عَلَى النَّاسِ، وَقَالَ سُفْيَانُ أَيْضًا: عَلٰى أُمَّتِيْ، لَأَمَرْتُهُمْ بِالصَّلاَةِ هٰذِهِ السَّاعَةَ''

قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَخَّرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم هٰذِهِ الصَّلاَ ةَ فَجَاءَ عُمَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! رَقَدَ النِّسَاءُ وَالْوِلْدَانُ. فَخَرَجَ وَهُوَ يَمْسَحُ الْمَاءَ عَنْ شِقِّهِ، يَقُوْلُ: ''إِنَّهُ لَلْوَقْتُ، لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ''

وَقَالَ عَمْرٌو: حَدَّثَنَا عَطَاءٌ لَيْسَ فِيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ، أَمَّا عَمْرٌو فَقَالَ: رَأْسُهُ يَقْطُرُ، وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: يَمْسَحُ الْمَاءَ عَنْ شِقِّهِ. قَالَ عَمْرٌو: '' لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ'' وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: '' إِنَّهُ لَلْوَقْتُ، لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ''[راجع: ٥٧١]

وَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ: حَدَّثَنَا مَعْنٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٧٢٤٠-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ''[راجع: ٨٨٧]

سند کی بحث: حضرت عطاءؒ سے یہ روایت سفیان بن عیینہؒ، عبدالملک بن جریج اور محمد بن مسلم کرتے ہیں، آخری راوی کی سند آخر میں لائے ہیں، اور وہ موصول ہے، اور پہلے دو راویوں کی روایتوں میں تین فرق ہیں: (١) سفیان کی روایت میں عطاء کے بعد ابن عباسؓ کا ذکر نہیں، اور ابن جریج کی روایت میں ہے (٢) سفیان کی روایت میں: رأسہ یقطر ہے اور ابن

جریج کی روایت میں: يَمْسَحُ الماءَ عن شقه ہے (۳) ابن جریج کی روایت میں: إنه لَلْوَقت ہے، سفیان کی روایت میں یہ جملہ نہیں یعنی عشاء کی نماز پڑھنے کا یہی وقت ہے۔

۵-صوم وصال کے سلسلہ میں فرمایا: ''اگر میرا مہینہ لمبا ہوتا تو میں اور بھی روزے ملاتا'' یہ بات آپؐ نے صوم وصال میں پیروی کرنے والوں کو عبرتناک سزا دینے کے طور پر فرمائی تھی۔

[۷۲۴۱-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: وَاصَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم آخِرَ الشَّهْرِ، وَوَاصَلَ أُنَاسٌ مِنَ النَّاسِ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: '' لَوْ مُدَّ بِيَ الشَّهْرُ لَوَاصَلْتُ وِصَالاً يَدَعُ الْمُتَعَمِّقُوْنَ تَعَمُّقَهُمْ، إِنِّيْ لَسْتُ مِثْلَكُمْ، إِنِّيْ أَظَلُّ يُطْعِمُنِيْ رَبِّيْ وَيَسْقِيْنِيْ''

تَابَعَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ مُغِيْرَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۱۹۶۱]

[۷۲۴۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: أَنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْوِصَالِ، قَالُوْا: فَإِنَّكَ تُوَاصِلُ. قَالَ: '' أَيُّكُمْ مِثْلِيْ؟ إِنِّيْ أَبِيْتُ يُطْعِمُنِيْ رَبِّيْ وَيَسْقِيْنِيْ'' فَلَمَّا أَبَوْا أَنْ يَنْتَهُوْا وَاصَلَ بِهِمْ يَوْمًا ثُمَّ يَوْمًا ثُمَّ رَأَوُا الْهِلَالَ، فَقَالَ: ''لَوْ تَأَخَّرَ لَزِدْتُكُمْ'' كَالْمُنَكِّلِ لَهُمْ. [راجع: ۱۹۶۵]

۶-حطیم کعبہ کا حصہ ہے، قریش نے جب کعبہ کی نئی تعمیر کی تو خرچ کی تنگی کی وجہ سے حطیم کو باہر کردیا، اور کعبہ کا ایک دروازہ کردیا، اور اونچا کردیا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کی وجہ پوچھی تو آپؐ نے فرمایا: ''یہ کعبہ کا حصہ ہے، اگر مکہ کے لوگ نومسلم نہ ہوتے تو میں کعبہ کو توڑ کر نیا بناتا، اور حطیم کو اس میں لے لیتا!'' (یہ لَو شرط کے لئے ہے، اور جَدْر: دیوار: سے مراد حطیم ہے)

[۷۲۴۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَشْعَثُ، عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْجَدْرِ أَمِنَ الْبَيْتِ هُوَ؟ قَالَ: ''نَعَمْ'' قُلْتُ: فَمَا لَهُمْ لَمْ يُدْخِلُوْهُ فِي الْبَيْتِ؟ قَالَ: '' إِنَّ قَوْمَكِ قَصُرَتْ بِهِمُ النَّفَقَةُ'' قُلْتُ: فَمَا شَأْنُ بَابِهِ مُرْتَفِعًا؟ قَالَ: ''فَعَلَ ذَاكِ قَوْمُكِ لِيُدْخِلُوْا مَنْ شَاءُ وْا، وَيَمْنَعُوْا مَنْ شَاءُ وْا، لَوْلاَ أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِالْجَاهِلِيَّةِ، فَأَخَافُ أَنْ تُنْكِرَ قُلُوْبُهُمْ أَنْ أُدْخِلَ الْجَدْرَ فِي الْبَيْتِ، وَأَنْ أُلْصِقَ بَابَهُ فِي الأَرْضِ'' [راجع: ۱۲۶]

۷و۸- نبی ﷺ نے انصار کی دلداری کے لئے فرمایا: ''اگر ہجرت کی سعادت میرے لئے مقدر نہ ہوتی تو میں انصار میں سے ہوتا!'' —— اور اگر لوگ کسی میدان میں چلیں (اور انصار دوسرے میدان میں چلیں) تو میں انصار کے میدان میں (ان کے ساتھ) چلوں گا!''

[٧٢٤٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَلَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَسَلَكَتِ الْأَنْصَارُ وَادِيًا، أَوْ: شِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْأَنْصَارِ أَوْ: شِعْبَ الْأَنْصَارِ"

[راجع: ٣٧٧٩]

[٧٢٤٥-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَلَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا أَوْ: شِعْبًا، لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْأَنْصَارِ أَوْ: شِعْبَهَا"

تَابَعَهُ أَبُوْ التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الشِّعْبِ. [راجع: ٤٣٣٠]

﴿الحمدللہ! کتاب التمنی کی شرح پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب أخبار الآحاد

غیر متواتر حدیثوں سے استدلال کرنا

ربط: کتاب الاحکام کے شروع میں بیان کیا ہے کہ حکام اور قُضات کو قرآنِ کریم کے علاوہ غیر متواتر روایات سے بھی تمسک کرنا پڑتا ہے، اس لئے اب اخبار آحاد کی حجیت کو بیان کرتے ہیں۔

جاننا چاہئے کہ احادیث (خبروں، باتوں) کی سندوں کی تعداد کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: متواتر اور آحاد، اور دونوں حجت (قابل قبول) ہیں، اول حجتِ قطعیہ ہے، ثانی ظنیہ، **متواتر**: وہ خبر ہے جس کے راویوں کی تعداد اتنی زیادہ ہو کہ ان سب کا جھوٹ پر اتفاق کرلینا، یا اتفاقاً ان سے جھوٹ کا صادر ہونا عادۃً محال ہو، اور اس خبر سے علم یقینی حاصل ہو، اور جو خبر ایسی نہ ہو وہ خبر واحد ہے، پھر اگر اس کے راوی قابل اعتماد ہیں تو اس سے علم ظنی حاصل ہوگا، اور وہ بھی حجت شرعیہ ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ إِجَازَةِ خَبَرِ الْوَاحِدِ الصَّدُوْقِ فِي الْأَذَانِ، وَالصَّلاَةِ، وَالصَّوْمِ، وَالْفَرَائِضِ وَالْأَحْكَامِ

وہ روایات جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اذان، نماز، روزوں اور فرائض واحکام میں ایک قابل اطمینان آدمی کی خبر معتبر ہے

اخبار آحاد: عام ہے، خواہ احادیث ہوں یا عام باتیں، اور فرائض واحکام تقریباً مترادف ہیں، اہل حق کے نزدیک وہ حدیثیں جو خبر واحد ہیں یعنی متواتر نہیں، اگرچہ اس کی سندیں متعدد نہ ہوں: وہ بھی حجت ہیں، اگرچہ ان سے علم ظنی حاصل ہوتا ہو، اور عام باتوں کا بھی یہی حکم ہے، خواہ وہ اذان سے متعلق ہوں، مؤذن کا اذان دینا خبر ہے کہ نماز کا وقت ہوگیا، اور رمضان کے چاند میں اور دیگر احکام میں بھی اخبار آحاد معتبر ہیں۔

ایک عجیب بات: غیر مقلدین کے نزدیک اجماع امت حجت نہیں، حتی کہ ان کے نزدیک اجماع صحابہ بھی حجت نہیں، اور منکرینِ اجماع کے لئے سورۃ النساء (آیت ۱۱۵) میں سخت وعید آئی ہے، اس لئے وہ اجماع کی حجیت کا صاف انکار نہیں

کرتے، بلکہ کہتے ہیں: ہم ظنی اجماع کو نہیں مانتے، قطعی اجماع کو مانتے ہیں (مقدمہ عرف الجادی) پس کیا اجماع کا ذکر قرآنِ کریم میں ہوگا؟ قطعی ہونے کی اور کیا صورت ہے؟ متواتر تو صرف قرآن ہے، متواتر حدیثوں کے وجود میں اختلاف ہے، پس اجماع امت بھی اخبار آحاد کی طرح مروی ہوگا، اور جب اخبار آحاد حجت ہیں، جبکہ وہ مفید ظن ہیں، پس اسی طریقہ سے مروی اجماع کیوں حجت نہیں؟ اندر کی بات یہ ہے کہ ناچنا نہیں آنگن ٹیڑھا! نہ بارہ من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی!

پہلی دلیل: سورۃ التوبہ کی (آیت ۱۲۲) ہے: ''اور مسلمان ایسے نہیں کہ سارے ہی اٹھ کھڑے ہوں، پھر ایسا کیوں نہ ہو کہ ان کی ہر بڑی جماعت میں سے کچھ لوگ اٹھ کھڑے ہوں، تاکہ وہ دین کی سمجھ حاصل کریں، اور اپنی قوم کو ڈرائیں جب وہ ان کی طرف لوٹیں تاکہ وہ برائیوں سے بچیں'' —— طائفة (کچھ لوگ) کا اطلاق ایک پر بھی ہوتا ہے، سورۃ الحجرات (آیت ۹) میں ہے: ''اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں (تو ان میں مصالحت کراؤ) پس اگر دو شخص لڑیں تو ان میں بھی مصالحت کرانی چاہئے، آیت اس صورت کو بھی شامل ہے، پس ثابت ہوا کہ طائفة ایک پر بھی صادق آتا ہے، پھر وہ (ایک) جو کچھ دین سیکھ کر آئے گا وہ قوم کو بتائے گا، اور قوم اس پر عمل کرے گی، معلوم ہوا کہ ایک کی خبر معتبر ہے۔

البتہ اس ایک کا عادل (قابل اعتماد) ہونا ضروری ہے، اگر فاسق (ناقابل اعتماد) خبر دے تو اس کی بات معتبر نہیں، سورۃ الحجرات (آیت ۶) میں ہے: ''اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق آدمی تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو (فوراً اس کو مان کر کاروائی شروع مت کردو، پہلے) اس کی خوب تحقیق کرلو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم کسی قوم کو نادانی سے کوئی ضرر پہنچادو، پھر اپنے کئے پر پچھتانا پڑے!''

دوسری دلیل: نبی ﷺ نے مختلف اوقات میں گورنروں کو اکیلے اکیلے بھیجا ہے، وہ قوم کو احکام پہنچائیں گے، اور ان کی خبر معتبر ہوگی، معلوم ہوا کہ ایک کی خبر معتبر ہے —— پھر سوال مقدر کا جواب ہے کہ ایک شخص سے حکم میں بھول بھی تو ہوسکتی ہے؟ جواب: اگر ان سے بھول ہوجائے گی تو قرآن وسنت کی طرف لوٹا کر اس کو صحیح کرلیا جائے گا۔

بسم الله الرحمن الرحيم

٩٥- كتابُ أخبار الآحاد

[١-] بَابُ مَاجَاءَ فِيْ إِجَازَةِ خَبَرِ الْوَاحِدِ الصَّدُوْقِ فِي الْأَذَانِ، وَالصَّلاَةِ، وَالصَّوْمِ، وَالْفَرَائِضِ وَالْأَحْكَامِ

[١-] وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿ فَلَوْلاَ نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوْا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴾ وَيُسَمَّى الرَّجُلُ طَائِفَةً لِقَوْلِهِ: ﴿وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا﴾

فَلَوِ اقْتَتَلَ رَجُلَانِ دَخَلَ فِي مَعْنَى الآيَةِ، وَقَوْلِهِ: ﴿إِنْ جَاءَ كُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوْا أَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ﴾

[٢-] وَكَيْفَ بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أُمَرَاءَهُ وَاحِدًا بَعْدَ وَاحِدٍ، فَإِنْ سَهَا أَحَدٌ مِنْهُمْ رُدَّ إِلَى السُّنَّةِ.

تیسری دلیل: مالک بن الحویرث اوران کے چچازاد بھائی جب علم حاصل کرکے گھر لوٹے تو نبی ﷺ نے ان کو ہدایت دی کہ جب نماز کا وقت ہوجائے تو تم میں سے ایک اذان دے الی آخرہ —— مؤذن اذان کے ذریعہ نماز کا وقت ہونے کی اطلاع دے گا اور سب اس پر عمل کریں گے، معلوم ہوا کہ ایک کی خبر معتبر ہے۔

[٧٢٤٦-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ: أَتَيْنَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ شَبَبَةٌ مُتَقَارِبُوْنَ، فَأَقَمْنَا عِنْدَهُ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً، وَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم رَقِيْقًا، فَلَمَّا ظَنَّ أَنَّا قَدِ اشْتَهَيْنَا أَهْلَنَا أَوْ: قَدِ اشْتَقْنَا سَأَلَنَا عَمَّنْ تَرَكْنَا بَعْدَنَا، فَأَخْبَرْنَاهُ، قَالَ: " ارْجِعُوْا إِلَى أَهْلِيْكُمْ، فَأَقِيْمُوْا فِيْهِمْ، وَعَلِّمُوْهُمْ، وَمُرُوْهُمْ- وَذَكَرَ أَشْيَاءَ أَحْفَظُهَا، أَوْ: لاَ أَحْفَظُهَا - وَصَلُّوْا كَمَا رَأَيْتُمُوْنِيْ أُصَلِّيْ، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلاَةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ أَحَدُكُمْ، وَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْبَرُكُمْ"[راجع: ٦٢٨]

چوتھی دلیل: رمضان میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ سحری کے وقت اذان دیتے تھے، اور حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ صبح صادق پر۔ اور لوگ ان کی آوازوں کو پہچانتے تھے، اوراس خبر واحد پر عمل کرتے تھے، معلوم ہوا کہ ایک کی اطلاع کافی ہے۔

[٧٢٤٧-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ مِنْ سُحُوْرِهِ، فَإِنَّهُ يُؤَذِّنُ أَوْ قَالَ: يُنَادِيْ، لِيَرْجِعَ قَائِمُكُمْ، وَيُنَبِّهَ نَائِمَكُمْ، وَلَيْسَ الْفَجْرُ أَنْ يَقُوْلَ هٰكَذَا- وَجَمَعَ يَحْيَى كَفَّيْهِ- حَتَّى يَقُوْلَ هٰكَذَا- وَمَدَّ يَحْيَى إِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَتَيْنِ"[راجع: ٦٢١]

[٧٢٤٨-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ بِلاَلًا يُنَادِيْ بِلَيْلٍ، فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتَّى يُنَادِيَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ"[راجع: ٦١٧]

پانچویں دلیل: ایک مرتبہ نبی ﷺ نے ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھادیں، سلام کے بعد ایک بندے نے کہا: آپؐ نے پانچ رکعتیں پڑھائیں! اس کی بات مان کر آپؐ نے سجدۂ سہو کیا —— معلوم ہوا کہ ایک کی خبر معتبر ہے۔

سوال: حدیث میں قالوا ہے یعنی کئی نے کہا؟ جواب: یہی حدیث تحفۃ القاری (۳:۵۴۴) میں آئی ہے، وہاں قال ہے۔ اورامام بخاری رحمہ اللہ حدیث کے دوسرے طریق کوپیش نظر رکھ کر باب باندھتے ہیں۔

اورایک مرتبہ رباعی نماز میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دورکعت پرسلام پھیردیا، ذوالیدین نے آپؐ کو یہ بات بتائی، آپؐ نے باقی دورکعتیں پڑھائیں، اوربعد میں سجدۂ سہو کیا۔ یہ بھی ایک کی خبر پرعمل کیا، اورلوگوں سے اس لئے پوچھا تھا کہ ایک کی خبر میں بھول کا احتمال تھا۔

[۷۲۴۹-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقِيْلَ لَهُ: أَزِيْدَ فِي الصَّلاَ ةِ؟ قَالَ: "وَمَا ذَاكَ؟" قَالُوْا: صَلَّيْتَ خَمْسًا! فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا سَلَّمَ.[راجع: ٤٠١]

[۷۲۵۰-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم انْصَرَفَ مِنِ اثْنَتَيْنِ، فَقَالَ لَهُ ذُو الْيَدَيْنِ: أَقَصُرَتِ الصَّلاَ ةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَمْ نَسِيْتَ؟ فَقَالَ: "أَصَدَقَ ذُوْ الْيَدَيْنِ؟" فَقَالَ النَّاسُ: نَعَمْ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ أُخْرَيَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ كَبَّرَ، ثُمَّ سَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ، ثُمَّ رَفَعَ، ثُمَّ كَبَّرَ، فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ، ثُمَّ رَفَعَ.[راجع: ٤٨٢]

چھٹی دلیل: تحویل قبلہ کی قباء کی مسجد میں ایک آدمی نے فجر کی نماز میں اطلاع دی، اوربنوحارثہ کی مسجد میں عصر کی نماز میں ایک آدمی نے اطلاع دی، لوگوں نے ان کو مان لیا، اورنماز میں قبلہ رخ ہوگئے، یہ بھی ایک کی خبرمعتبر ہونے کی دلیل ہے۔

[۷۲۵۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَيْنَا النَّاسُ بِقُبَاءٍ فِي صَلاَ ةِ الصُّبْحِ إِذْ جَاءَ هُمْ آتٍ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ قُرْآنٌ، وَقَدْ أُمِرَ أَنْ يَسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوْهَا. وَكَانَتْ وُجُوْهُهُمْ إِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا إِلَى الْكَعْبَةِ.[راجع: ٤٠٣]

[۷۲۵۲-] حدثنا يَحْيَى، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ صَلَّى نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا أَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا، وَكَانَ يُحِبُّ أَنْ يُوَجَّهَ إِلَى الْكَعْبَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿قَدْ نَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا﴾[البقرة: ١٤٤] فَوُجِّهَ نَحْوَ الْكَعْبَةِ، وَصَلَّى مَعَهُ رَجُلٌ الْعَصْرَ، ثُمَّ خَرَجَ فَمَرَّ عَلَى قَوْمٍ

مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ: هُوَ يَشْهَدُ أَنَّهُ صَلَّى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَّهُ قَدْ وُجِّهَ إِلَى الْكَعْبَةِ. فَانْحَرَفُوْا وَهُمْ رُكُوْعٌ فِي صَلَاةِ الْعَصْرِ.[راجع: ٤٠]

ساتویں دلیل: شراب جب حرام ہوئی تو ایک آدمی نے مدینہ میں ڈھنڈورا پیٹا، اس کی خبر پر سب نے شراب کے مٹکے توڑ دیئے، معلوم ہوا ایک کی خبر معتبر ہے۔

[٧٢٥٣-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ أَسْقِيْ أَبَا طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيَّ، وَأَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ، وَأُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ شَرَابًا مِنْ فَضِيْخٍ وَهُوَ تَمْرٌ، فَجَاءَهُمْ آتٍ فَقَالَ: إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ، فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: يَا أَنَسُ! قُمْ إِلَى هٰذِهِ الْجِرَارِ فَاكْسِرْهَا، قَالَ أَنَسٌ: فَقُمْتُ إِلَى مِهْرَاسٍ لَنَا فَضَرَبْتُهَا بِأَسْفَلِهِ حَتّٰى انْكَسَرَتْ.[راجع: ٢٤٦٤]

لغت: المِهْرَاس: پتھر میں کھودا ہوا گھڑا۔

آٹھویں دلیل: حضرت ابوعبیدۃ رضی اللہ عنہ کو نجران والوں کی طرف اکیلے جزیہ وصول کرنے کے لئے بھیجا، اور ان کو اس امت کا امانت دار قرار دیا۔ پس ایسے عادل کی بات معتبر نہیں ہوگی تو کس کی ہوگی!

[٧٢٥٤-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِأَهْلِ نَجْرَانَ: "لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكُمْ رَجُلًا أَمِيْنًا حَقَّ أَمِيْنٍ" فَاسْتَشْرَفَ لَهَا أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ.[راجع: ٣٧٤٥]

[٧٢٥٥-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِيْنٌ، وَأَمِيْنُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ"[راجع: ٣٧٤٤]

نویں دلیل: حضرت عمر رضی اللہ عنہ میں اور ایک انصاری میں باری تھی، ایک خدمتِ نبوی میں حاضر رہتا اور ایک اونٹ چرانے جاتا، جو حاضر رہتا وہ دن بھر کی خبریں دوسرے کو پہنچاتا، معلوم ہوا کہ ایک کی خبر معتبر ہے۔

[٧٢٥٦-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: وَكَانَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِذَا غَابَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَشَهِدْتُهُ أَتَيْتُهُ بِمَا يَكُوْنُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَإِذَا غِبْتُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَشَهِدَهُ أَتَانِيْ بِمَا يَكُوْنُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٨٩]

دسویں دلیل: وہ حدیث ہے جو تحفۃ القاری (۴۳۰:۸) میں ذرا تفصیل سے گذری ہے، حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کو ایک سریہ کا امیر مقرر کیا، اور لوگوں کو حکم دیا کہ امیر کی اطاعت کریں، پھر امیر صاحب کو کسی بات پر غصہ آیا (الی آخرہ) یہی روایت تحفۃ القاری (۱۸۸:۹) میں ابن عباسؓ سے اس طرح مروی ہے کہ نبی ﷺ کو کسی مہم پر سریہ بھیجنا تھا، مگر امیر بنانے کے لئے کوئی موزون نام سمجھ میں نہیں آرہا تھا، پس آپؐ نے افراد منتخب کرکے سریہ روانہ کردیا، اور ان کو ہدایت دی کہ فلاں راستہ پر روانہ ہو جاؤ، میں پیچھے سے کسی کو امیر بنا کر بھیجتا ہوں، آپؐ نے پیچھے سے عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کو امیر بنا کر بھیجا (الی آخرہ) پس اگر یہ دونوں روایتیں ایک واقعہ سے متعلق ہیں تو استدلال واضح ہے، حضرت عبداللہ نے اکیلے جا کر سریہ سے کہا کہ میں تمہارا امیر ہوں، اور لوگوں نے ان کی بات مان لی (مگر وہ نبی ﷺ کی تحریر بھی لے گئے تھے)

[۷۲۵۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ جَيْشًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا، فَأَوْقَدَ نَارًا فَقَالَ: ادْخُلُوْهَا، فَأَرَادُوْا أَنْ يَدْخُلُوْهَا، فَقَالَ آخَرُوْنَ: إِنَّمَا فَرَرْنَا مِنْهَا، فَذَكَرُوْا لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لِلَّذِيْنَ أَرَادُوْا أَنْ يَدْخُلُوْهَا:" لَوْ دَخَلُوْهَا لَمْ يَزَالُوْا فِيْهَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"، وَقَالَ لِلآخَرِيْنَ:" لَاطَاعَةَ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ، إِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ"[راجع: ۴۳۴۰]

گیارہویں دلیل: اس نوجوان کا واقعہ ہے جس نے مستأجر (بوس) کی بیوی سے زنا کیا تھا، نبی ﷺ نے اس کے باپ کی بات مان کر بکریاں اور باندی واپس کرائی، یہ اکیلے کی بات مان لی، کیونکہ وہ قرینہ کے ساتھ مقترن تھی، عورت کا شوہر وہاں موجود تھا، اور وہ خاموش تھا۔

[۷۲۵۸و۷۲۵۹-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، وَزَيْدَ بْنَ خَالِدٍ أَخْبَرَاهُ: أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۲۳۱۴، ۲۳۱۵]

[۷۲۶۰-]ح: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذْ قَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَعْرَابِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اقْضِ لِيْ بِكِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ، فَقَامَ خَصْمُهُ فَقَالَ: صَدَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اقْضِ لَهُ بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَأْذَنْ لِيْ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" قُلْ" فَقَالَ: إِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا عَلٰى هٰذَا- وَالْعَسِيْفُ الْأَجِيْرُ- فَزَنٰى بِامْرَأَتِهِ، فَأَخْبَرُوْنِيْ أَنَّ عَلٰى ابْنِيَ الرَّجْمَ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةٍ مِنَ الْغَنَمِ وَوَلِيْدَةٍ، ثُمَّ سَأَلْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ فَأَخْبَرُوْنِيْ أَنَّ عَلٰى امْرَأَتِهِ الرَّجْمَ، وَأَنَّمَا

عَلٰى ابْنِيْ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، فَقَالَ:" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ، أَمَّا الْوَلِيْدَةُ وَالْغَنَمُ فَرُدُّوْهَا، وَأَمَّا ابْنُكَ فَعَلَيْهِ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، وَأَمَا أَنْتَ يَا أُنَيْسُ — لِرَجُلٍ مِنْ أَسْلَمَ — فَاغْدُ عَلٰى امْرَأَةِ هٰذَا، فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا" فَغَدَا عَلَيْهَا أُنَيْسٌ فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا. [راجع: ۲۳۱۵]

بَابُ بَعْثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الزُّبَيْرَ طَلِيْعَةً وَحْدَهُ

نبی ﷺ نے حضرت زبیرؓ کو تنہا دشمن کے حالات کا اندازہ لگانے کے لئے بھیجا

یہ ذیلی باب ہے، اور حدیث پانچ جگہ آچکی ہے، اور یہاں آخری مرتبہ آئی ہے، البتہ اس کا آخری حصہ نہیں آیا، نبی ﷺ نے غزوۂ خندق میں بنوقریظہ کے احوال معلوم کرنے کے لئے تنہا حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بھیجا، پس وہ آکر جو خبر دیں گے وہ مانی جائے گی، ورنہ بھیجنے سے کیا فائدہ؟ معلوم ہوا کہ خبر واحد معتبر ہے۔

[۲-] بَابُ بَعْثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الزُّبَيْرَ طَلِيْعَةً وَحْدَهُ

[۷۲۶۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: نَدَبَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم النَّاسَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، ثُمَّ نَدَبَهُمْ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، ثُمَّ نَدَبَهُمْ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ — ثَلَاثًا — فَقَالَ:" لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيٌّ، وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ"

وَقَالَ سُفْيَانُ: حَفِظْتُهُ مِنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، وَقَالَ لَهُ أَيُّوْبُ: يَا أَبَا بَكْرٍ حَدِّثْهُمْ عَنْ جَابِرٍ، فَإِنَّ الْقَوْمَ يُعْجِبُهُمْ أَنْ تُحَدِّثَهُمْ عَنْ جَابِرٍ، فَقَالَ فِي ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ: سَمِعْتُ جَابِرًا، فَتَتَابَعَ بَيْنَ أَحَادِيْثَ: سَمِعْتُ جَابِرًا.

قُلْتُ لِسُفْيَانَ: فَإِنَّ الثَّوْرِيَّ يَقُوْلُ: يَوْمَ قُرَيْظَةَ، فَقَالَ: كَذَا حَفِظْتُهُ مِنْهُ، كَمَا أَنَّكَ جَالِسٌ: يَوْمَ الْخَنْدَقِ. قَالَ سُفْيَانُ: هُوَ يَوْمٌ وَاحِدٌ. وَتَبَسَّمَ سُفْيَانُ. [راجع: ۲۸۴۶]

وضاحت اور ترجمہ: (یہ حدیث علی مدینیؒ: سفیان بن عیینہؒ سے، اور وہ محمد بن المنکدرؒ سے، اور وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں) اور سفیان نے کہا: میں نے محمد بن المنکدرؒ سے اس کو محفوظ کیا ہے یعنی مجھے یہ حدیث اچھی طرح یاد ہے، اور (سبق میں) ان سے ایوب سختیانی نے کہا: اے ابوبکر (محمد بن المنکدر کی کنیت) آپ طلبہ سے حضرت جابرؓ کی حدیثیں بیان کریں، کیونکہ طلبہ اس کو پسند کرتے ہیں کہ آپ ان کو حضرت جابرؓ کی حدیثیں سنائیں، پس انھوں نے اس مجلس

میں کہا: میں نے جابرؓ سے سنا، پس مسلسل کئی حدیثیں سنائیں (ان میں مذکورہ حدیث بھی تھی) وہ ہر حدیث پر کہتے تھے: میں نے جابرؓ سے سنا۔

علی مدینی نے ابن عیینہؒ سے کہا کہ سفیان ثوریؒ غزوۂ بنوقریظہ کہتے ہیں، پس ابن عیینہؒ نے کہا: میں نے اسی طرح محمد بن المنکدرؒ سے یاد کیا ہے جیسا آپ یہاں بیٹھے ہیں یعنی مجھے ذرا شک نہیں کہ غزوۂ خندق کے موقعہ پر بھیجا تھا (پھر) سفیان بن عیینہؒ نے کہا: وہ ایک ہی دن ہے اور سفیان مسکرائے (جس رات ٹھنڈی ہوا چلی تھی، اور کفار سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے تھے: اس رات بنوقریظہ کے احوال معلوم کرنے کے لئے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بھیجا تھا، اور غزوۂ بنوقریظہ اس کے بعد متصلاً ہوا ہے)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ﴾ فَإِذَا أَذِنَ لَهُ وَاحِدٌ جَازَ

حکم ہے: نبی ﷺ کے گھر میں اجازت لے کر جاؤ،

پس اگر گھر میں سے ایک کہہ دے: آجاؤ، تو کافی ہے

یہ بھی خبر واحد کی اعتباریت کا ذیلی باب ہے، سورۃ الاحزاب (آیت ۵۳) میں حکم ہے کہ نبی ﷺ کے گھروں میں اجازت لے کر جایا کرو، پس اگر اندر سے ایک بھی اجازت دیدے تو کافی ہے، معلوم ہوا کہ ایک کی خبر معتبر ہے۔ پھر ایک کی اجازت کے معتبر ہونے کے سلسلہ میں دو روایتیں لائے ہیں:

۱- نبی ﷺ ایک باغ میں تشریف فرما تھے، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ دربان بنے ہوئے تھے، خلفائے ثلاثہ یکے بعد دیگرے ترتیب وار آئے، ابوموسیٰؓ نے نبی ﷺ سے پوچھ کر اجازت دی، یہ ایک نے اجازت دی۔

۲- جب افواہ اڑی کہ نبی ﷺ نے سب ازواج کو طلاق دیدی، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ تحقیقِ حال کے لئے آئے، نبی ﷺ بالاخانہ میں تشریف رکھتے تھے۔ دروازے پر کالا غلام بیٹھا تھا، اس کے ذریعہ اجازت طلب کی، آپؐ نے تیسری مرتبہ میں اجازت دی، غلام نے آکر بتایا، یہ ایک نے اجازت دی، پس عمرؓ بالاخانہ میں داخل ہوئے۔

[۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ﴾ فَإِذَا أَذِنَ لَهُ وَاحِدٌ جَازَ

[۷۲۶۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ حَائِطًا فَأَمَرَنِيْ بِحِفْظِ الْبَابِ، فَجَاءَ رَجُلٌ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: "ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" فَإِذَا أَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَقَالَ: "ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ فَقَالَ: "ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" [راجع: ۳۶۷۴]

[٧٢٦٣-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ قَالَ: جِئْتُ فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ مَشْرُبَةٍ لَهُ، وَغُلَامٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَسْوَدُ عَلٰى رَأْسِ الدَّرَجَةِ، فَقُلْتُ: قُلْ: هٰذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَأَذِنَ لِيْ. [راجع: ٨٩]

بَابُ مَا كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَبْعَثُ مِنَ الْأُمَرَاءِ وَالرُّسُلِ وَاحِدًا بَعْدَ وَاحِدٍ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گورنروں کو اور قاصدوں کو ایک ایک کر کے بھیجا

حاشیہ میں ان گورنروں، قاصدوں اور نامہ بروں کا ذکر ہے جن کو ایک ایک کر کے بھیجا گیا ہے، اور باب میں دو روایتیں ہیں:

۱- حضرت دحیہ کلبیؓ کو کسری کے نام خط دیکر بھیجا، اور حکم دیا کہ بُصری کے حاکم کو دیں، وہ کسری کو پہنچائے گا، کسری نے خط پھاڑ دیا تو آپؐ نے بددعادی کہ وہ بالکل ہی پارہ پارہ کر دیا جائے! چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

۲- عاشوراء (دس محرم) کو ایک آدمی کے ذریعہ اعلان کرایا کہ آج عاشوراء ہے، جس نے اب تک کھایا نہیں وہ روزہ کی نیت کرے اور جس نے کھالیا ہے وہ امساک کرے (یہ ایک قاصد کی خبر کی اعتباریت کی دلیل ہے)

[٤-] بَابُ مَا كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَبْعَثُ مِنَ الْأُمَرَاءِ وَالرُّسُلِ وَاحِدًا بَعْدَ وَاحِدٍ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم دِحْيَةَ الْكَلْبِيَّ بِكِتَابِهِ إِلٰى عَظِيْمِ بُصْرَى، أَنْ يَدْفَعَهُ إِلٰى قَيْصَرَ.

[٧٢٦٤-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّهُ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَعَثَ بِكِتَابِهِ إِلٰى كِسْرَى، فَأَمَرَهُ أَنْ يَدْفَعَهُ إِلٰى عَظِيْمِ الْبَحْرَيْنِ، يَدْفَعُهُ عَظِيْمُ الْبَحْرَيْنِ إِلٰى كِسْرَى، فَلَمَّا قَرَأَهُ كِسْرَى مَزَّقَهُ، فَحَسِبْتُ أَنَّ ابْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ: فَدَعَا عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ يُمَزَّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ. [راجع: ٦٤]

[٧٢٦٥-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لِرَجُلٍ مِنْ أَسْلَمَ: "أَذِّنْ فِيْ قَوْمِكَ أَوْ: فِيْ النَّاسِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ: أَنَّ مَنْ أَكَلَ فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ أَكَلَ فَلْيَصُمْ" [راجع: ١٩٢٤]

بَابُ وِصَاةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وُفُوْدَ الْعَرَبِ أَنْ يُبَلِّغُوْا مَنْ وَرَاءَ هُمْ

نبی ﷺ عربوں کے نمائندوں کو تاکید کیا کرتے تھے کہ وہ آپؐ کی باتیں پیچھے والوں کو پہنچائیں

وصاة (واو پر زبر اور زیر): وصیة: تاکیدی حکم...... وفود: وفد کی جمع: نمائندہ، اور وفد ایک آدمی بھی ہوسکتا ہے، پس ایک آدمی کی خبر معتبر ہوگی، مالک بن الحویرث کو جب وہ گھر لوٹے تو تاکید کی تھی کہ جو باتیں تم نے سیکھی ہیں وہ پیچھے والوں کو بتانا، اور وفد عبدالقیس کو آپؐ نے چار باتوں کا حکم دیا تھا اور شراب کے چار برتنوں کی ممانعت کی تھی، اور فرمایا تھا: ’’ان باتوں کو یاد رکھو اور یہ باتیں ان لوگوں کو پہنچاؤ جو تمہارے پیچھے ہیں‘‘

[٥-] بَابُ وِصَاةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وُفُوْدَ الْعَرَبِ أَنْ يُبَلِّغُوْا مَنْ وَرَاءَ هُمْ

قَالَهُ مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ.

[٧٢٦٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، ح: وَحَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا النَّضْرُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُقْعِدُنِيْ عَلٰى سَرِيْرِهِ، فَقَالَ لِيْ: إِنَّ وَفْدَ عَبْدِالْقَيْسِ لَمَّا أَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنِ الْوَفْدُ؟" قَالُوْا: رَبِيْعَةُ، قَالَ:" مَرْحَبًا بِالْوَفْدِ وَالْقَوْمِ، غَيْرَ خَزَايَا وَلاَ نَدَامَى" قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارَ مُضَرَ، فَأْمُرْنَا بِأَمْرٍ نَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ، وَنُخْبِرُ بِهِ مَنْ وَرَاءَ نَا، فَسَأَلُوْا عَنِ الْأَشْرِبَةِ، فَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ، وَأَمَرَهُمْ بِأَرْبَعٍ: أَمَرَهُمْ بِالإِيْمَانِ بِاللّٰهِ، قَالَ:" هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الإِيْمَانُ بِاللّٰهِ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "شَهَادَةُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَإِقَامُ الصَّلاَ ةِ، وَإِيْتَاءُ الزَّكَاةِ وَأَظُنُّ فِيْهِ: صِيَامُ رَمَضَانَ، وَتُؤْتُوْا مِنَ الْمَغَانِمِ الْخُمُسَ" وَنَهَاهُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالْمُزَفَّتِ، وَالنَّقِيْرِ، وَرُبَّمَا قَالَ: الْمُقَيَّرِ، قَالَ:" احْفَظُوْهُنَّ، وَأَبْلِغُوْهُنَّ مَنْ وَرَاءَ كُمْ"[راجع: ٥٣]

بَابُ خَبَرِ الْمَرْأَةِ الْوَاحِدَةِ

ایک عورت کی خبر بھی معتبر ہے

عورت کی شہادت آدھی ہے، مگر دیانات میں اس کی خبر پوری ہے، نبی ﷺ کے دسترخوان پر کھانا چنا گیا، پردہ کے پیچھے سے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ گوہ کا گوشت ہے، پس نبی ﷺ نے ہاتھ کھینچ لیا، اس کو نہیں کھایا، دوسروں نے کھایا۔

[٦-] بَابُ خَبَرِ الْمَرْأَةِ الْوَاحِدَةِ

[٧٢٦٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ تَوْبَةَ الْعَنْبَرِيِّ، قَالَ: قَالَ لِيْ الشَّعْبِيُّ: أَرَأَيْتَ حَدِيْثَ الْحَسَنِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم! وَقَاعَدْتُ ابْنَ عُمَرَ قَرِيْبًا مِنْ سَنَتَيْنِ أَوْ سَنَةٍ وَنِصْفٍ، فَلَمْ أَسْمَعْهُ رَوَى عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرَ هٰذَا، قَالَ: كَانَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْهِمْ سَعْدٌ فَذَهَبُوْا يَأْكُلُوْنَ مِنْ لَحْمٍ، فَنَادَتْهُمْ امْرَأَةٌ مِنْ بَعْضِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِنَّهُ لَحْمُ ضَبٍّ، فَأَمْسَكُوْا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُوْا وَأَطْعِمُوْا فَإِنَّهُ حَلَالٌ أَوْ قَالَ: لَا بَأْسَ بِهِ – شَكَّ فِيْهِ – وَلٰكِنَّهُ لَيْسَ مِنْ طَعَامِيْ"

ترجمہ: امام عامر شعبی رحمہ اللہ (تابعی) نے توبۃ بن کیسان عنبری رحمہ اللہ (تابعی) سے کہا: کیا دیکھا تو نے حسن بصری رحمہ اللہ (تابعی) کی حدیث کو نبی ﷺ سے؟ یعنی تابعی ہیں اور بکثرت مرفوع حدیثیں بیان کرتے ہیں، تجھے اس پر حیرت نہیں ہوتی، میں نے دوسال یا ڈیڑھ سال حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی شاگردی اختیار کی ہے، میں نے ان کو نبی ﷺ سے روایت کرتے نہیں سنا سوائے اس حدیث کے: ابن عمرؓ نے فرمایا: چند صحابہ نبی ﷺ کے دسترخوان پر تھے، ان میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی تھے (الی آخرہ)

الحمد للہ! کتاب اخبار الآحاد کی شرح پوری ہوئی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الاعتصام

دین کومضبوط پکڑنا

عَصَمَ الشیئَ: روکنا، حفاظت کرنا، **اعتصم بحبل الله:** اللہ کے دین پر مضبوطی سے جمنا۔

ربط: پیچھے سے جو سلسلۂ ابواب چلا آرہا ہے، جس کی تفصیل کتاب الاحکام کے شروع میں ہے، اُس سلسلہ کی یہ آخری کتاب ہے، حکام اور قضات کے لئے بلکہ سبھی مسلمانوں کے لئے پورے دین کو مضبوط پکڑنا ضروری ہے، وہ اسی کے ذریعہ فیصلے کریں اور اسی کے مطابق زندگی گذاریں۔

ابواب کا خلاصہ: پہلے باب میں قرآن وسنت کی حجیت کا بیان ہے، پھر دور تک متعلقہ ابواب ہیں۔ یہ البیلے (بانکے ترچھے) ابواب ہیں، بڑے بڑوں نے ان سے دھوکہ کھایا ہے، پس ان کو غور سے پڑھیں، پھر باب ۱۹ میں اجماع کی حجیت کا بیان ہے، پھر باب ۲۱ میں قیاس کی حجیت کا ذکر ہے، اور باب ۲۲ میں منکرین قیاس (اصحابِ ظواہر) پر رد ہے، پھر آخر تک متعلقہ امور پر ابواب ہیں۔ اور پہلے باب میں کتاب وسنت کو ساتھ اس لئے لیا ہے کہ وہ دونوں وحی جلی ہیں، اس لئے اصل الاصول ہیں، اور اجماع اور قیاس وحی خفی ہیں اس لئے تابع ہیں۔

بَابُ الِاعْتِصَامِ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

قرآن اور طریقۂ نبوی کو مضبوط پکڑنا

دین اسلام کی بنیاد قرآنِ کریم ہے، یہ دین قرآن کی صورت میں نازل کیا گیا ہے، جب قرآن کا نزول مکمل ہوا تو سورۃ المائدۃ کی (آیت ۳) نازل ہوئی: ﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِيْنًا﴾: آج میں نے تمہارے لئے تمہارے دین کو کامل کردیا (احکام وقواعد مکمل نازل کردیئے) اور میں نے تم پر اپنا انعام تام کردیا (دین اسلام اللہ کا سب سے بڑا انعام ہے وہ تام ہوگیا) اور میں نے اسلام کو تمہارا دین بننے کے لئے پسند کرلیا یعنی اب قیامت تک تمہارا یہی دین رہے گا، اس کو منسوخ کرکے دوسرا دین نازل نہیں کیا جائے گا۔

مگر قرآنِ کریم متنِ متین ہے، اس کی تبیین وتشریح کی ضرورت ہوگی، یہ کام اللہ تعالیٰ نبی ﷺ سے لیں گے، اور اسی

لئے قرآنِ کریم آپؐ کے واسطہ سے لوگوں کو دیا گیا ہے، سورۃ النحل کی (آیت ۴۴) ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ﴾: اور ہم نے آپؐ کی طرف یہ قرآن اتارا تا کہ آپؐ کھول کر بیان کریں اُس قرآن کو جو لوگوں کی طرف اتارا گیا ہے۔ اور یہ کھول کر بیان کرنا بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوگا، سورۃ القیامہ کی (آیات ۱۶-۱۹) ہیں: ﴿لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ۝ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ ۝ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ۝ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾: اور آپؐ اپنی زبان نہ ہلائیں یعنی جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ نہ پڑھیں تا کہ آپؐ اس کو جلدی لے لیں یعنی آپؐ کو یاد ہو جائے، بے شک ہمارے ذمہ اس کو (آپؐ کے دل و دماغ میں) جمع کرنا ہے یعنی آپؐ کو نازل کردہ قرآن خود بخود یاد ہو جائے گا، اور (لوگوں کے سامنے) اس کو پڑھوا دینا ہے یعنی پکا یاد ہو جائے گا، آپؐ بے تکلف اس کو لوگوں کے سامنے پڑھ سکیں گے، پس جب ہم اس کو پڑھیں تو آپؐ اس پڑھنے کی پیروی کریں یعنی بغور سنیں، پھر ہمارے ذمہ ہے اس کا بیان —— یہی بیان احادیث شریفہ ہیں، اور یہی دین کی دوسری بنیاد ہیں، بس فرق اتنا ہے کہ یہ وحی غیر متلو ہیں، اور قرآن وحی متلو ہے۔

دین کی ان دونوں بنیادوں کو مضبوط پکڑنا ضروری ہے، دین کی استواری اسی پر موقوف ہے۔ حدیث میں ہے: **تركتُ فيكم أمرين، لن تضلوا ما تمسكتم بهما، كتاب الله وسنةُ رسوله**: میں نے تم میں دو چیزیں چھوڑی ہیں، تم ہرگز گمراہ نہیں ہوؤ گے جب تک تم ان دونوں کو مضبوط پکڑے رہو گے: اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت (مشکات حدیث ۱۸۶)

سنت کیا ہے؟

سنت کا لفظ قرآنِ کریم میں بھی آیا ہے، احادیث میں بھی، فقہ میں بھی اور اسلامیات میں بھی۔ اور ہر جگہ اس کا مفہوم الگ ہے، اس لئے سنت کی تعریف میں بہت اقوال ہیں، قرآنِ کریم میں اس کے معنی ہیں: قانونِ خداوندی اور دستورِ الٰہی جو ہمیشہ یکساں چلتا ہے۔ سورۃ الفتح کی (آیت ۲۳) ہے: ﴿سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ، وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلاً﴾: اللہ تعالیٰ نے (کفار کے لئے) یہی دستور کر رکھا ہے جو پہلے سے چلا آتا ہے، اور آپ خدا کے دستور میں ردوبدل نہ پاویں گے (تھانویؒ)

اور اُن احادیث میں جن میں سنت کو مضبوط پکڑنے کا حکم ہے: سنت بمعنی طریقۂ نبوی ہے، مسلمانوں کو جس راہ پر چلنا ہے وہ سنت ہے، عام اس سے کہ حکم کا درجہ کیا ہے، بلکہ اس میں توسعاً خلفائے راشدین کا طریقہ بھی داخل ہے، پس حدیث وسنت میں عموم وخصوص من وجہٍ کی نسبت ہے، معمول بہا حدیثیں مادۂ اجتماع ہیں، اور منسوخ حدیثیں اور خلفاء کی سنتیں مادۂ افتراق ہیں۔ تفصیل تحفۃ القاری اور تحفۃ الالمعی کے مقدموں میں اور علمی خطبات میں ہے، اور مولانا محمد امین اکاڑویؒ کا رسالہ: ''حدیث اور سنت میں فرق'' قابل دید ہے، اور اسی فرق کو پیش نظر رکھ کر یہاں باب میں لفظ السنۃ استعمال کیا ہے، مشکات میں بھی یہی ہے، اور اسی سے اہل السنہ والجماعہ کا نام رکھا گیا ہے، اور ایک فرقہ اپنا نام 'اہل حدیث' رکھے ہوئے ہے، وہ سنت اور حدیث میں فرق نہیں کرتا، دونوں میں تساوی کی نسبت مانتا ہے، اور جو بھی حدیث مل جائے اس کو سنت قرار دیتا ہے، اس کے

نزدیک کھڑے ہوکر پیشاب کرنا بھی سنت ہے، اور چار سے زیادہ نکاح کرنا بھی جائز ہے، تفو بریں عقل ودانش!

اور فقہ میں سنت: ایک خاص درجہ کے حکم کا نام ہے، جو واجب اور مستحب کے درمیان ہے، اور اسلامیات میں سنت: بدعت کا مقابل ہے۔ اور اس باب میں پانچ حدیثیں ہیں، پہلی تین کتاب اللہ سے متعلق ہیں اور آخری دو سنتِ رسول اللہ ﷺ سے متعلق ہیں۔

پہلی حدیث: تحفۃ القاری (۱:۲۷۴) میں تفصیل سے آچکی ہے، یہودی نے جس آیت کو مہتم بالشان قرار دیا ہے اس میں دین کی تکمیل کا اعلان ہے، اور پورا دین کتاب اللہ میں ہے، پس پورے قرآن کا مہتم بالشان ہونا ثابت ہوا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٩٦- كتابُ الاعتصام

[١-] بَابُ الِاعْتِصَامِ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

[٧٢٦٨-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مِسْعَرٍ، وَغَيْرِهِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُوْدِ لِعُمَرَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! لَوْ أَنَّ عَلَيْنَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلاَمَ دِيْنًا﴾ لاَتَّخَذْنَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ عِيْدًا. فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّيْ لَأَعْلَمُ أَيَّ يَوْمٍ نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: نَزَلَتْ يَوْمَ عَرَفَةَ فِيْ يَوْمِ جُمُعَةٍ.

سَمِعَ سُفْيَانُ مِسْعَرًا، وَمِسْعَرٌ قَيْسًا، وَقَيْسٌ طَارِقًا. [راجع: ٤٥]

آئندہ حدیث: ابھی آئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سقیفۂ بنی ساعدۃ کی بیعت کے اگلے دن عام بیعت سے پہلے تقریر میں فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے لئے اس کو پسند کیا جو ان کے پاس ہے اس پر جو تمہارے پاس ہے یعنی آپؐ کی بالیقین وفات ہو چکی ہے، اور یہ کتاب ہے جس کے ذریعہ اللہ نے تمہارے رسول کی راہ نمائی کی ہے، اس کو لو، راہ پاؤ گے، کیونکہ اس کے ذریعہ اللہ نے اپنے رسول کی راہ نمائی کی ہے۔

[٧٢٦٩-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ الْغَدَ حِيْنَ بَايَعَ الْمُسْلِمُوْنَ أَبَا بَكْرٍ، وَاسْتَوَى عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، تَشَهَّدَ قَبْلَ أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ: أَمَّا بَعْدُ! فَاخْتَارَ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهِ الَّذِيْ عِنْدَهُ عَلَى الَّذِيْ عِنْدَكُمْ، وَهٰذَا الْكِتَابُ الَّذِيْ هَدَى اللّٰهُ بِهِ رَسُوْلَكُمْ، فَخُذُوْا بِهِ تَهْتَدُوْا، لِمَا هَدَى اللّٰهُ بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٧٢١٩]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۱:۳۵۳) میں گذری ہے۔ایک مرتبہ نبی ﷺ ابن عباسؓ سے خوش ہوئے، جبکہ وہ بچے تھے، آپؐ نے ان کو سینہ سے لگا کر دعا دی: ''اے اللہ! اس کو قرآن کا فہم عطا فرما!'' —— اور دعا اہم چیز کی دی جاتی ہے، پس قرآن کی اہمیت واضح ہوئی۔

[۷۲۷۰-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ضَمَّنِيْ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَيْهِ وَقَالَ: '' اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ''[راجع: ۷۵]

آئندہ روایت: حضرت ابو برزہ نَضلۃ بن عبید اسلمی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے تم کو بے نیاز کیا ہے —— یا فرمایا: تمہیں سیدھا کیا ہے —— اسلام کے ذریعہ اور محمد ﷺ کے ذریعہ یعنی سنت کے ذریعہ —— **نَعَشَ الشیئَ:** سیدھا کرنا، **نَعَشَ الشجرۃ المائلۃ:** جھکے ہوئے درخت کو اوپر اٹھا کر سیدھا کرنا، یعنی جاہلیت کی کجی دور کی۔

[۷۲۷۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عَوْفًا، أَنَّ أَبَا الْمِنْهَالِ حَدَّثَهُ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا بَرْزَةَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُغْنِيْكُمْ أَوْ: نَعَشَكُمْ بِالإِسْلاَمِ وَبِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۷۱۱۲]

آئندہ حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے عبد الملک بن مروان کو اپنی اور اپنے کنبہ کی بیعت بایں الفاظ لکھ بھیجی: ''اقرار کرتا ہوں میں آپ کی بات سننے کا اور ماننے کا اللہ اور اس کے رسول کے طریقہ پر، ان کاموں میں جو میرے بس میں ہیں'' اس میں سنت اللہ کے ساتھ سنت الرسول کا بھی ذکر ہے، اس سے سنت کی اہمیت ظاہر ہوئی۔

[۷۲۷۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَتَبَ إِلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ يُبَايِعُهُ: وَأُقِرُّ لَكَ بِالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ عَلٰى سُنَّةِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وسلم، فِيْمَا اسْتَطَعْتُ.[راجع: ۷۲۰۳]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: '' بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ''

حدیثوں کے الفاظ تھوڑے اور معنی وسیع ہوتے ہیں

جوامع الکلم: ترکیب مقلوبی ہے، اصل **کلمات جامعۃ** تھا، یعنی الفاظ تھوڑے اور معنی وسیع —— قرآنِ کریم تو کلام الٰہی ہے، اس کی ہمہ گیریت کی شان ہی نرالی ہے، اور احادیث بھی وحی غیر متلو ہیں، ان کے الفاظ اگرچہ نبی ﷺ کے ہیں، مگر ان میں بھی جامعیت ہے، الفاظ کم مگر معنی وسیع ہوتے ہیں، پس حدیثوں میں بھی قرآن کی طرح غور کرنا چاہئے، اور

حدیثوں کی یہ خصوصیت خود نبی ﷺ نے بیان فرمائی ہے، اور حدیث تحفۃ القاری (۶: ۳۱۵) میں آئی ہے، اور وہاں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے: وأنتم تَنْتَثِلُوْنَهَا: اور تم ان خزانوں کو کھود کھود کر نکال رہے ہو، اور یہاں جو دو لفظ ہیں ان کے بارے میں حاشیہ میں ابن التین کا قول ہے کہ یہ تصحیف ہیں، محفوظ وہی الفاظ ہیں جو پہلے آئے ہیں۔

[۱/م-] بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم: " بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ"

[۷۲۷۳-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَبَیْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَیْتُنِیْ أُتِیْتُ بِمَفَاتِیْحِ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، فَوُضِعَتْ فِیْ یَدَیَّ" قَالَ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: فَقَدْ ذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَأَنْتُمْ تَلْغَثُوْنَهَا أَوْ: تَرْغَثُوْنَهَا، أَوْ: كَلِمَةً تُشْبِهُهَا.

[راجع: ۲۹۷۷]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۱۰: ۵۴) میں آچکی ہے، وہاں ترکیب بھی ہے، اس کا ترجمہ یہ ہے: "کوئی نبی ایسے نہیں ہوئے مگر وہ ایسا معجزہ دیئے گئے جس سے مغلوب ہو کر لوگ ایمان لائے، اور میرا خاص معجزہ جو میں دیا گیا ہوں وہ وحی ہے جو اللہ نے میری طرف بھیجی ہے، اور مجھے امید ہے کہ قیامت کے دن انبیاء میں سب سے زیادہ پیروی کیا جانے والا میں ہونگا"

استدلال: وحیا أوحاه اللہ إلیّ سے ہے، یہ عام ہے وحی متلو اور غیر متلو دونوں کو شامل ہے، اور قرآنِ کریم تو جوامع الکلم ہے ہی، حدیثوں میں بھی اس کا پَرتو موجود ہے۔

[۷۲۷۴-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ سَعِیْدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " مَا مِنَ الْأَنْبِیَاءِ نَبِیٌّ إِلَّا أُعْطِیَ مِنَ الآیَاتِ مَا مِثْلُهُ أُوْمِنَ أَوْ: آمَنَ عَلَیْهِ الْبَشَرُ، وَإِنَّمَا كَانَ الَّذِیْ أُوْتِیْتُ وَحْیًا أَوْحَاهُ اللّٰهُ إِلَیَّ، فَأَرْجُوْا أَنِّیْ أَكْثَرُهُمْ تَابِعًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ"

[راجع: ۴۹۸۱]

بَابُ الِاقْتِدَاءِ بِسُنَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ إِمَامًا﴾

سنت (دین) کی پیروی اور لوگوں کی پیشوائی

السنة کے معنی ہیں: الطریقة المسلوكة فی الدین: دینی راہ، پورا دین وشریعت۔ اب آپ چند دنوں میں 'مولوی'

بن جائیں گے، اور مقامِ امامت پر کھڑے ہونگے، پس سنت کی پیروی سے لوگوں میں مقبولیت ہوگی، میں جب دار العلوم اشرفیہ راندیر میں مدرسی کے لئے روانہ ہوا تو حضرت الاستاذ علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہٗ (سابق صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند) نے تین نصیحتیں کیں:

۱-فن دیکھ کر پڑھانا: علم آئے گا —— کتاب کے متعلقات دیکھ کر پڑھانے سے علم نہیں آتا، اساتذہ پڑھاتے ہیں مگر رجال کار کا فقدان ہے، کیونکہ وہ فن نہیں دیکھتے۔

۲-طلباء کو اپنی اولاد سمجھنا: طلباء تم سے محبت کریں گے —— چنانچہ میں نے کوئی انتظامی عہدہ قبول نہیں کیا، کیونکہ منتظم سے ضرور کچھ لوگ ناراض ہوتے ہیں، میں طلبہ پر سختی کرتا ہوں، مگر وہ اس کو باپ کی سختی سمجھتے ہیں۔

۳-سنت (دین) کی پیروی کرنا: لوگ عقیدت مند ہونگے (لوگ عالم باعمل کے گرویدہ ہوتے ہیں، مولوی اگر بیڑی پیئے گا تو لوگوں کی نظروں سے گر جائے گا، اگرچہ وہ شراب پیتے ہوں، عوام علماء کو دودھ کا دھلا ہوا دیکھنا چاہتے ہیں) —— سورۃ الفرقان (آیت ۷۴) میں عباد الرحمٰن کی دعا ہے: ''الٰہی! ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا!'' آپ بھی اللہ کے خاص بندے ہیں، یہ دعا مانگتے ہونگے، پس مقبولیت کے لئے سنت کی پیروی ضروری ہے۔ اور کسی نے آیت کی تفسیر کی ہے: ''ہم پیشوا ہیں، ان لوگوں کی پیروی کرتے ہیں جو ہم سے پہلے ہوئے ہیں، اور جو ہمارے بعد آئیں گے وہ ہماری پیروی کریں گے:''

من اتَّبَعَ اتُّبِعَ: جو پیروی کرتا ہے پیروی کیا جاتا ہے۔

عبداللہ بن عون (تابعی فقیہ) نے فرمایا: ''تین باتیں مجھے اپنے لئے بھی اور اپنے بھائیوں کے لئے بھی پسند ہیں:

۱-یہ سنت (طریقۂ نبوی) ہے اس کو سیکھیں، اور اس کے بارے میں پوچھیں (پہلے پوچھ کر علم حاصل کیا جاتا تھا، پھر اس پر عمل کریں)

۲-اور یہ قرآن ہے اس کو سمجھیں، اور اس کے بارے میں پوچھیں۔

۳-اور لوگوں کو چھوڑیں (ان سے کوئی سروکار نہ رکھیں) مگر خیر کے لئے (دینی نفع پہنچانے کے لئے)

[۲-] بَابُ الِاقْتِدَاءِ بِسُنَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا﴾

[۱-] قَالَ: أَئِمَّةٌ نَقْتَدِيْ بِمَنْ قَبْلَنَا، وَيَقْتَدِيْ بِنَا مَنْ بَعْدَنَا.

[۲-] وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ، ثَلَاثٌ أُحِبُّهُنَّ لِنَفْسِيْ وَلِإِخْوَانِيْ: هٰذِهِ السُّنَّةُ: أَنْ يَتَعَلَّمُوْهَا وَيَسْأَلُوْا عَنْهَا، وَالْقُرْآنُ: أَنْ يَتَفَهَّمُوْهُ وَيَسْأَلُوْا عَنْهُ، وَيَدَعُوْا النَّاسَ إِلَّا مِنْ خَيْرٍ.

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۴: ۳۷۶) میں آچکی ہے۔ کعبہ کے تہہ خانہ میں خزانہ ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارادہ کیا کہ اس کو نکال کر غریب مسلمانوں میں تقسیم کردیں، کعبہ کے چابی بردار شیبہ نے منع کیا، حضرت عمرؓ نے وجہ پوچھی، انھوں نے کہا: آپؐ سے پہلے دو حضرات (نبی ﷺ اور ابوبکرؓ) گذرے ہیں، ان کو معلوم تھا کہ کعبہ کے تہہ خانہ میں سونے چاندی کا خزانہ ہے، اور ان کے زمانہ میں غریبی آج سے زیادہ تھی، مگر انھوں نے وہ خزانہ تقسیم نہیں کیا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''وہ دو حضرات ایسے ہیں جن کی پیروی کی جاتی ہے'' (پس طریقۂ نبوی کی پیروی کا ثبوت نکلا)

[۷۲۷۵-] حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلٰى شَيْبَةَ فِی هٰذَا الْمَسْجِدِ، قَالَ: جَلَسَ إِلَیَّ عُمَرُ فِی مَجْلِسِكَ هٰذَا، فَقَالَ: هَمَمْتُ أَنْ لَا أَدَعَ فِيْهَا صَفْرَاءَ وَلَا بَيْضَاءَ إِلَّا قَسَمْتُهَا بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ. قُلْتُ: مَا أَنْتَ بِفَاعِلٍ! قَالَ: لِمَ؟ قُلْتُ: لَمْ يَفْعَلْهُ صَاحِبَاكَ. قَالَ: هُمَا الْمَرْآنِ يُقْتَدٰى بِهِمَا. [راجع: ۱۵۹۴]

آئندہ حدیث: رقاق وفتن میں گذری ہے، اس کے آخر میں ہے: وعلموا من السنة: صحابہ نے سنت کو سیکھا، یہ سیکھنا عمل کرنے کے لئے تھا۔ آج کی طرح نہیں تھا، آج طلبہ حدیثیں پڑھتے ہیں مگر عمل کا تہیہ نہیں کرتے، بس گذر جاتے ہیں، یہ صحابہ کا طریقہ نہیں تھا۔

[۷۲۷۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَأَلْتُ الْأَعْمَشَ، فَقَالَ: عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنَّ الْأَمَانَةَ نَزَلَتْ مِنَ السَّمَاءِ فِیْ جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ، وَنَزَلَ الْقُرْآنُ فَقَرَءُ وْا الْقُرْآنَ، وَعَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ" [راجع: ۶۴۹۷]

آئندہ حدیث: گیارہویں جلد میں کتاب الادب میں آئی ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''بے شک بہترین بات اللہ کی کتاب ہے (کلام الملوك ملوك الكلام) اور بہترین طریقۂ زندگی محمد ﷺ کا طریقۂ زندگی ہے (یہاں باب ہے، پس اس طریق زندگی کو اپنانا چاہئے) اور بدترین باتیں (دین میں) نئی پیدا کردہ ہیں، اور یقیناً جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ البتہ آنے والی ہے، اور تم عاجز کرنے والے نہیں ہو یعنی بدعات (گمراہیاں) پیدا ہوکر رہیں گی، کوئی ان کو روک نہیں سکتا۔

جاننا چاہئے کہ یہ حدیث حضرت جابر بن عبداللہؓ سے مرفوعاً بھی مروی ہے (مسلم شریف حدیث ۸۶۷) مگر امام بخاری رحمہ اللہ اس کو نہیں لائے، حضرت ابن مسعودؓ کی موقوف حدیث لائے ہیں، اور آخر میں سورۃ الانعام کی (آیت ۱۳۴) ہے، مگر اس کو اقتباس کے طور پر پڑھا ہے، کیونکہ آیت میں قیامت کا ذکر ہے۔

[۷۲۷۷-] حدثنا آدَمُ بْنُ أَبِیْ إِیَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُرَّةَ الْهَمْدَانِیَّ، یَقُوْلُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ أَحْسَنَ الْحَدِیْثِ كِتَابُ اللّٰهِ، وَأَحْسَنَ الْهَدْیِ هَدْیُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیه وسلم، وَشَرَّ الْأُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا، و﴿إِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَآتٍ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ﴾
[راجع: ٦٠٩٨]

آئندہ حدیث: میں اس مزدور کا واقعہ ہے جس نے مستأجر (بوس) کی بیوی سے زنا کیا تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں ضرور فیصلہ کرونگا تم دونوں میں اللہ کی کتاب سے'' یعنی شریعت کے مطابق، اور حاشیہ میں ہے کہ کتاب اللہ سے مراد سنت رسول اللہ ہے، کیونکہ سنت بھی وحی ہے، پس سنت کی پیروی کی بات ثابت ہوئی۔

اس کے بعد کی حدیث نئی ہے، اور اسی جگہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میری ساری امت جنت میں جائے گی مگر جس نے انکار کیا'' لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! کس نے انکار کیا؟ آپؐ نے فرمایا: ''جس نے میرا کہنا مانا وہ جنت میں گیا، اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے بالیقین انکار کیا'' —— امتثالِ امر ہی سنت کی پیروی ہے۔

[۷۲۷۸و۷۲۷۸-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَزَیْدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالاَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فَقَالَ: ''لَأَقْضِیَنَّ بَیْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ'' [راجع: ٢٣١٤ و٢٣١٥]

[۷۲۸۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَیْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلاَلُ بْنُ عَلِیٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: '' كُلُّ أُمَّتِیْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، إِلَّا مَنْ أَبَی'' قَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَمَنْ یَأْبَی؟ قَالَ: '' مَنْ أَطَاعَنِیْ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ أَبَی''

آئندہ حدیث: میں فرشتوں نے نبی ﷺ کی حالت (پوزیشن) ایک مثال کے ذریعہ واضح کی ہے۔ آپؐ سوئے ہوئے تھے کہ فرشتے آئے، کچھ سر کے پاس اور کچھ پیروں کے پاس بیٹھ گئے، بعض نے بعض سے کہا: حضرت جی کی مثال بیان کرو، دوسروں نے کہا: وہ سوئے ہوئے ہیں (مثال بیان کرنے سے کیا فائدہ؟) پہلوں نے کہا: ان کی آنکھیں سوئی ہوئی ہیں، مگر دل بیدار ہے (وہ محفوظ کریں گے) پس فرشتوں نے مثال بیان کی کہ ایک شخص نے حویلی بنائی، اور اس میں دعوت کا انتظام کیا، پھر داعی کو بھیجا کہ وہ لوگوں کو بلا لائے، پس جو داعی کی بات مان کر آئے گا کھائے گا، اور جو اس کی نافرمانی کرے گا محروم رہے گا، فرشتوں نے مثال بیان کرنے والوں سے کہا: مثال کی وضاحت کرو، انھوں نے کہا: حویلی جنت ہے (بانی اللہ تعالیٰ ہیں) اور داعی محمد ﷺ ہیں، جس نے آپؐ کی بات مانی اس نے اللہ کی بات مانی (اور جنت میں گیا) اور جس نے آپؐ کی نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی (اور وہ جنت سے محروم رہا) پس محمد ﷺ نے لوگوں کو دو حصوں میں بانٹ دیا

(جنتی اور جہنمی) ـــــ معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کی سنت کی پیروی ضروری ہے، یہ پیروی ہی جنت میں لے جائے گی۔

[۷۲۸۱-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنا سَلِيْمُ بْنُ حَيَّانَ- وَأَثْنَى عَلَيْهِ- قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَوْ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: جَاءَ تْ مَلاَئِكَةٌ إِلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ نَائِمٌ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّـهُ نَائِمٌ. وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ وَالْقَلْبُ يَقْظَانُ. فَقَالُوْا: إِنَّ لِصَاحِبِكُمْ هٰذَا مَثَلاً فَاضْرِبُوْا لَهُ مَثَلاً. فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّـهُ نَائِمٌ. وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ وَالْقَلْبُ يَقْظَانُ. فَقَالُوْا: مَثَلُهُ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنىٰ دَارًا، وَجَعَلَ فِيْهَا مَأْدُبَةً وَبَعَثَ دَاعِيًا، فَمَنْ أَجَابَ الدَّاعِيَ دَخَلَ الدَّارَ وَأَكَلَ مِنَ الْمَأْدُبَةِ، وَمَنْ لَمْ يُجِبِ الدَّاعِيَ لَمْ يَدْخُلِ الدَّارَ وَلَمْ يَأْكُلْ مِنَ الْمَأْدُبَةِ. فَقَالُوْا: أَوِّلُوْهَا لَهُ يَفْقَهْهَا. فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّـهُ نَائِمٌ. وَقَالَ: بَعْضُهُمْ: إِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ وَالْقَلْبُ يَقْظَانُ. فَقَالُوْا: الدَّارُ الْجَنَّةُ، وَالدَّاعِيْ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم، فَمَنْ أَطَاعَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ، وَمَنْ عَصَى مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ، وَمُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم فَرْقٌ بَيْنَ النَّاسِ.

تَابَعَهُ قُتَيْبَةُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِلاَلٍ، عَنْ جَابِرٍ: خَرَجَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.

قوله: وأثنى عليه: محمد بن عبادة کہتے ہیں: یزید نے سلیم کی تعریف کی کہ وہ ثقہ راوی ہیں...... پہلی سند سے حدیث موقوف ہے، اس لئے دوسری سند لاکر اس کا رفع ثابت کیا......

آئندہ روایت: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اے قاریو! (مولویو!) سیدھے رہو! اس لئے کہ تم اگلوں سے بہت پیچھے رہ گئے ہو، اور اگر تم (صراطِ مستقیم سے) دائیں بائیں چلو گے تو تم راستہ چھوڑ کر کہیں سے کہیں نکل جاؤ گے ـــــ سیدھا چلنا ہی سنت کی پیروی ہے ـــــ سُبِقَ: (مجہول): پیچھے رہ گیا، سبقا بعیدا: بہت پیچھے۔

[۷۲۸۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: يَامَعْشَرَ الْقُرَّاءِ! اسْتَقِيْمُوْا، فَقَدْ سُبِقْتُمْ سَبْقًا بَعِيْدًا، وَإِنْ أَخَذْتُمْ يَمِيْنًا وَشِمَالاً، لَقَدْ ضَلَلْتُمْ ضَلاَلاً بَعِيْدًا.

آئندہ حدیث: کتاب الرقاق (باب ۲۶) میں گذری ہے۔ نبی ﷺ نے اپنی ایک مثال بیان فرمائی۔ ایک شخص دشمن کا لشکر آتا ہوا دیکھ کر قوم میں آیا، اور دوٹوک وارننگ دی، پس جو اس کی بات مان کر شروع رات میں چل دے گا وہ آہستہ آہستہ چلتا رہے گا اور دشمن سے بچ جائے گا، اور جو وارننگ دینے والے کی بات نہیں مانے گا اور وہیں ٹھہرا رہے گا، اس پر دشمن

شب خون مارے گا، اور اس کو جڑ سے اکھاڑ دے گا ـــــ یہ مثال ہے سنت (دین) کی پیروی کرنے والے کی اور اس کی تکذیب کرنے والے کی!

[٧٢٨٣-] حَدَّثَنِي أَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُ مَا بَعَثَنِيَ اللّٰهُ بِهِ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَتَى قَوْمًا، فَقَالَ: يَا قَوْمِ! إِنِّيْ رَأَيْتُ الْجَيْشَ بِعَيْنَيَّ، وَإِنِّيْ أَنَا النَّذِيْرُ الْعُرْيَانُ، فَالنَّجَاءَ! فَأَطَاعَهُ طَائِفَةٌ مِنْ قَوْمِهِ فَأَدْلَجُوْا، فَانْطَلَقُوْا عَلٰى مَهَلِهِمْ فَنَجَوْا، وَكَذَّبَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ فَأَصْبَحُوْا مَكَانَهُمْ، فَصَبَّحَهُمُ الْجَيْشُ، فَأَهْلَكَهُمْ وَاجْتَاحَهُمْ، فَذٰلِكَ مَثَلُ مَنْ أَطَاعَنِيْ، فَاتَّبَعَ مَا جِئْتُ بِهِ، وَمَثَلُ مَنْ عَصَانِيْ وَكَذَّبَ بِمَا جِئْتُ بِهِ مِنَ الْحَقِّ"[أخرجه: ٦٤٨٢]

آئندہ دو حدیثیں: تحفۃ القاری (۱۶۹:۴) میں تفصیل سے آئی ہے، اس میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا یہ قول ہے کہ ''اگر لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بکری کا چار ماہہ بچہ دیا کرتے تھے اور وہ مجھے نہیں دیں گے تو میں ان سے جنگ کروں گا''، یعنی لوگوں کو پورے دین پر عمل کرنے پر مجبور کروں گا، یہی سنت (دینی راہ) کی پیروی ہے۔

[٧٢٨٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَاسْتُخْلِفَ أَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَهُ، وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ، قَالَ عُمَرُ لِأَبِيْ بَكْرٍ: كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَمَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَصَمَ مِنِّيْ مَالَهُ وَنَفْسَهُ إِلَّا بِحَقِّهِ، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ؟" [راجع: ١٣٩٩]

[٧٢٨٥-] قَالَ: وَاللّٰهِ! لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ، فَإِنَّ الزَّكَاةَ حَقُّ الْمَالِ، وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِيْ كَذَا كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهِ، فَقَالَ عُمَرُ: فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُ اللّٰهَ قَدْ شَرَحَ صَدْرَ أَبِيْ بَكْرٍ لِلْقِتَالِ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ.

قَالَ لِيْ ابْنُ بُكَيْرٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنْ عُقَيْلٍ: عَنَاقًا، وَهُوَ أَصَحُّ، وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنَاقًا، وَعِقَالاً هَاهُنَا لَايَجُوْزُ، وَعقالاً فِي حَدِيْثِ الشَّعْبِيِّ مُرْسل، وكذا قال قتيبة عقالاً. [راجع: ١٤٠٠]

وضاحت: قتیبہ کی لیث سے روایت میں: لو منعونی کذا (اسم کنایہ) ہے، اور ابن بکیر اور عبداللہ کی روایات میں: لو منعونی عناقًا (بکری کا چار ماہہ بچہ) ہے، اور یہی اصح ہے، یہی عام رواۃ کی روایت ہے اور جس روایت میں عِقالاً (اونٹ کا پیر باندھنے کی رسّی) آیا ہے وہ یہاں درست نہیں، وہ شعبیؒ کی مرسل روایت میں آیا ہے جس کے راوی قتیبہ ہیں (امام

بخاریؒ نے اسی حدیث سے کتاب الزکوٰۃ میں یہ مسئلہ ثابت کیا ہے کہ زکات میں چار ماہہ بچہ بھی لیا جاسکتا ہے)

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۹:۲۵۴) میں آئی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کتاب اللہ کے پاس بہت زیادہ ٹھہرنے والے تھے، یعنی صدفی صددین پرعمل پیرا تھے، یہی سنت (دین) کی پیروی ہے جو باب ہے۔

[۷۲۸۶-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنِ بْنِ حُذَيْفَةَ بْنِ بَدْرٍ، فَنَزَلَ عَلٰى ابْنِ أَخِيْهِ الْحُرِّ بْنِ قَيْسِ بْنِ حِصْنٍ، وَكَانَ مِنَ النَّفَرِ الَّذِيْنَ يُدْنِيْهِمْ عُمَرُ، وَكَانَ الْقُرَّاءُ أَصْحَابَ مَجْلِسِ عُمَرَ وَمُشَاوَرَتِهِ كُهُوْلاً كَانُوْا أَوْ شَبَابًا، فَقَالَ عُيَيْنَةُ لِابْنِ أَخِيْهِ: يَا ابْنَ أَخِيْ هَلْ لَكَ وَجْهٌ عِنْدَ هٰذَا الْأَمِيْرِ فَتَسْتَأْذِنَ لِيْ عَلَيْهِ؟ قَالَ: سَأَسْتَأْذِنُ لَكَ عَلَيْهِ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَاسْتَأْذَنَ لِعُيَيْنَةَ، فَلَمَّا دَخَلَ، قَالَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! وَاللّٰهِ! مَا تُعْطِيْنَا الْجَزْلَ، وَمَا تَحْكُمُ بَيْنَنَا بِالْعَدْلِ. فَغَضِبَ عُمَرُ حَتّٰى هَمَّ بِأَنْ يَقَعَ بِهِ، فَقَالَ الْحُرُّ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ: لَنَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ﴾[الأعراف: ۱۹۹] وَإِنَّ هٰذَا مِنَ الْجَاهِلِيْنَ. فَوَ اللّٰهِ مَا جَاوَزَهَا عُمَرُ حِيْنَ تَلاَهَا عَلَيْهِ، وَكَانَ وَقَّافًا عِنْدَ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ.[راجع: ٤٦٤٢]

آئندہ حدیث: نمازِ کسوف کی ہے جو تحفۃ القاری (۱:۳۶۶) میں تفصیل سے آئی ہے، اس میں مؤمن کا فرشتوں کو یہ جواب ہے: ''یہ محمد ﷺ ہیں، جو اللہ کے رسول ہیں، ہمارے پاس واضح نشانیاں اور ہدایت لے کر آئے، پس ہم نے ان کی دعوت قبول کی، اور ہم نے ان کی پیروی کی، یہاں باب ہے۔

[۷۲۸۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، أَنَّهَا قَالَتْ: أَتَيْتُ عَائِشَةَ حِيْنَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ، وَالنَّاسُ قِيَامٌ، وَهِيَ قَائِمَةٌ تُصَلِّيْ فَقُلْتُ: مَا لِلنَّاسِ؟ فَأَشَارَتْ بِيَدِهَا نَحْوَ السَّمَاءِ، فَقَالَتْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! فَقُلْتُ: آيَةٌ؟ قَالَتْ بِرَأْسِهَا: أَيْ نَعَمْ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: ''مَامِنْ شَيْئٍ لَمْ أَرَهُ إِلَّا وَقَدْ رَأَيْتُهُ فِيْ مَقَامِيْ، حَتّٰى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، وَأُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُوْنَ فِي الْقُبُوْرِ قَرِيْبًا مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ أَوْ: الْمُسْلِمُ - لاَ أَدْرِيْ أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ- فَيَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ، جَاءَ نَا بِالْبَيِّنَاتِ فَأَجَبْنَا وَآمَنَّا، فَيُقَالُ: نَمْ صَالِحًا عَلِمْنَا أَنَّكَ مُوْقِنٌ. وَأَمَّا الْمُنَافِقُ أَوْ: الْمُرْتَابُ - لاَأَدْرِيْ أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ- فَيَقُوْلُ: لاَ أَدْرِيْ، سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ شَيْئًا فَقُلْتُهُ''[راجع: ۸٦]

آئندہ حدیث: نئی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''مجھے چھوڑو جب تک میں تم کو چھوڑوں'' یعنی کسی چیز کا حکم مت پوچھو،

کیونکہ تم سے پہلے والوں کو اسی بات نے ہلاک کیا کہ وہ (نبیوں سے) پوچھتے تھے، پھر ان کی بات نہیں مانتے تھے، پس جب میں تم کو کسی چیز سے روکوں تو اس سے باز آجاؤ، اور جب میں تم کو کسی چیز کا حکم دوں تو اس کو بجالاؤ، جہاں تک تمہارے بس میں ہو (یہی سنت (دین) کی پیروی ہے)

[۷۲۸۸-] حدثنا إِسْمَاعِيلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " دَعُوْنِيْ مَا تَرَكْتُكُمْ، إِنَّمَا أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ سُؤَالُهُمْ وَاخْتِلَافُهُمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ، فَإِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْئٍ فَاجْتَنِبُوْهُ، وَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِأَمْرٍ فَأْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ"

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ كَثْرَةِ السُّؤَالِ وَتَكَلُّفِ مَالاَ يَعْنِيْهِ

بکثرت سوال کرنا اور بہ تکلف لا یعنی کام کرنا مکروہ ہے

باب میں دو باتیں ہیں۔ اور دونوں میں گہرا ربط ہے، بعضا طالب علم سبق میں 'جھک' کرتا ہے، وہ بہ تکلف لا یعنی سوال کرتا ہے: یہ مکروہ (ناپسندیدہ) ہے، اس سے استاذ کی طبیعت کبیدہ ہوتی ہے، ضروری باتیں بھی بکثرت نہیں پوچھنی چاہئیں، یہ حدیث پہلے آئی ہے۔ ابن مسعودؓ تین سوال کرکے رک گئے تھے، اور فرمایا: لو استزدته لزادني: اگر میں اور پوچھتا تو آپؐ جواب دیتے (مگر میں ملول طبع کا خیال کرکے رک گیا) اور ضرورت باقی رہے تو دوسرے وقت پوچھے۔ غرض: دین پر عمل کرو، قرآن وحدیث پڑھو، مگر بال کی کھال مت نکالو، اور سوچ سوچ کر خواہ مخواہ فضول سوال کرنا اور بھی برا ہے، اس کا جواب ناپسندیدہ ہوگا۔

ایک واقعہ: ہم مظاہر علوم سہارن پور میں حضرت العلامہ مولانا محمد صدیق صاحب رحمہ اللہ کے پاس میبذی پڑھتے تھے، اثباتِ ہیولی کی فصل آئی، آپ نے تقریر کی، ایک طالب علم کہنے لگا: حضرت! ہیولی سمجھ میں نہیں آیا۔ حضرت نے پھر تقریر کی، اس نے پھر یہی کہا، استاذ نے تیسری مرتبہ سمجھایا: مگر اس کی سمجھ میں نہیں آیا، اس نے پھر کہا: حضرت! ہیولی میری سمجھ میں نہیں آیا۔ حضرت نے ایک طالب علم سے کہا: اس کو غسل خانہ میں لے جا اور ہیولی دکھا! وہ خاموش ہوگیا اور ہیولی سمجھ میں آگیا۔

اور سورۃ المائدۃ کی (آیت ۱۰۱) کا شانِ نزول تحفۃ القاری (۲۲۲:۹) میں آچکا ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مسلمانوں میں بڑا مجرم وہ ہے جس نے کسی ایسی چیز کے بارے میں پوچھا جو حرام نہیں کی گئی تھی، پس وہ اس کے پوچھنے کی وجہ سے حرام کردی گئی" —— اس کی کوئی مثال نہیں، نظیر ہے۔ جب حج کی فرضیت کی آیت نازل ہوئی تو بار بار پوچھا گیا کہ حج زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہے یا ہر سال؟ آپؐ نے اس سوال کو ناپسند کیا،

اور فرمایا: اللہ کے بندو! جب میں خاموش ہوں تو بار بار کیوں پوچھتے ہو؟ اگر میں 'ہاں' کہہ دوں تو حج ہر سال فرض ہوجائے گا، پھر تم اس کو کر نہ سکو گے!

اور میں نے پہلے قاعدہ بتایا ہے کہ بعض احکام اس وقت آتے ہیں جب امت کی طرف سے اشتیاق اور نبی کی طرف سے صاد کرنا پایا جائے۔ اور سوال اشتیاق پر دلالت کرتا ہے، نبی ﷺ نے اس کو منظور کرلیا تو وہ چیز حرام یا واجب ہوجائے گی، یہ سائل نے امت کو نقصان پہنچایا، پس وہ امت کا مجرم ٹھہرا۔

[۳-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ كَثْرَةِ السُّؤَالِ وَتَكَلُّفِ مَالاَ يَعْنِيهِ

وَقَوْلُهُ: ﴿لاَ تَسْئَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ [المائدة: ۱۰۱]

[۷۲۸۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ أَعْظَمَ الْمُسْلِمِيْنَ جُرْمًا: مَنْ سَأَلَ عَنْ شَيْئٍ لَمْ يُحَرَّمْ، فَحُرِّمَ مِنْ أَجْلِ مَسْأَلَتِهِ"

آئندہ روایت: تراویح کی ہے۔ لوگوں کے بڑھتے ہوئے شوق سے نبی ﷺ کو اندیشہ لاحق ہوا کہ کہیں یہ نماز ضروری نہ قرار دیدی جائے، چنانچہ آپؐ پیچھے ہٹ گئے، صحابہ کا یہ فعل: ان کے قول کی نظیر ہے۔

[۷۲۹۰-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا النَّضْرِ، يُحَدِّثُ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم اتَّخَذَ حُجْرَةً فِي الْمَسْجِدِ مِنْ حَصِيْرٍ، فَصَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْهَا لَيَالِيَ، حَتّٰى اجْتَمَعَ إِلَيْهِ نَاسٌ، ثُمَّ فَقَدُوْا صَوْتَهُ لَيْلَةً وَظَنُّوْا أَنَّهُ قَدْ نَامَ، فَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَتَنَحْنَحُ لِيَخْرُجَ إِلَيْهِمْ، فَقَالَ: "مَا زَالَ بِكُمُ الَّذِيْ رَأَيْتُ مِنْ صُنْعِكُمْ، حَتّٰى خَشِيْتُ أَنْ يُكْتَبَ عَلَيْكُمْ، فَلَوْ كُتِبَ عَلَيْكُمْ مَا قُمْتُمْ بِهِ، فَصَلُّوْا أَيُّهَا النَّاسُ فِيْ بُيُوْتِكُمْ، فَإِنَّ أَفْضَلَ صَلاَةِ الْمَرْءِ فِي بَيْتِهِ، إِلَّا الصَّلاَةَ الْمَكْتُوْبَةَ"

[راجع: ۷۳۱]

اگلی روایت: نامناسب سوالات کی مثال ہے، اور سوال نامناسب ہونے کی دلیل یہ ہے کہ سائل کی ماں نے بیٹے کو ڈانٹا تھا کہ تو نے میری رسوائی کا سامان کیا، تو نے کیوں پوچھا کہ میرا باپ کون ہے؟ أم عبد الله بن حُذافة قالت له: ما سمعتُ بابن قط أَعَقَّ منك، أأمنتَ أن تكون أمك قدقارفت بعض ما يقارب نساء الجاهلية، فتفضحها على أعين الناس! (مسلم شریف)

[٧٢٩١-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَشْيَاءَ كَرِهَهَا، فَلَمَّا أَكْثَرُوْا عَلَيْهِ الْمَسْأَلَةَ غَضِبَ، وَقَالَ: "سَلُوْنِيْ" فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ أَبِيْ؟ قَالَ: "أَبُوْكَ حُذَافَةُ" ثُمَّ قَامَ آخَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ أَبِيْ؟ فَقَالَ: "أَبُوْكَ سَالِمٌ مَوْلٰى شَيْبَةَ" فَلَمَّا رَأَى عُمَرُ مَا بِوَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْغَضَبِ، قَالَ: إِنَّا نَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ. [راجع: ٩٢]

اگلی روایت: میں بکثرت سوال کرنے کی ممانعت ہے، اورلڑکیوں کوزندہ درگور کرنے کی ممانعت اس لئے ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں اس کارواج تھا۔

[٧٢٩٢-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ وَرَّادٍ كَاتِبِ الْمُغِيْرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ إِلَى الْمُغِيْرَةِ: اكْتُبْ إِلَيَّ مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَقَالَ: فَكَتَبَ إِلَيْهِ: إِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ: "لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اللّٰهُمَّ لَامَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ" وَكَتَبَ إِلَيْهِ: إِنَّهُ كَانَ يَنْهٰى عَنْ قِيْلٍ وَقَالٍ، وَكَثْرَةِ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةِ الْمَالِ، وَكَانَ يَنْهٰى عَنْ عُقُوْقِ الْأُمَّهَاتِ، وَوَأْدِ الْبَنَاتِ، وَمَنْعٍ وَهَاتِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: كَانُوْا يَقْتُلُوْنَ بَنَاتِهِمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَحَرَّمَ اللّٰهُ ذٰلِكَ. [راجع: ٨٤٤]

آئندہ حدیث: حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "ہم بناوٹ کرنے سے روکے گئے ہیں" (یہ حدیث باب پرصراحۃً دلالت کرتی ہے، اورصحابی جب أُمِرْنا یانُهِينَا کہیں تو حدیث مرفوع ہوجاتی ہے، اورحدیث کا شانِ ورودابونعیم کے حوالے سے حاشیہ میں ہے)

[٧٢٩٣-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عُمَرَ فَقَالَ: نُهِيْنَا عَنِ التَّكَلُّفِ.

آئندہ حدیث: بخاری شریف میں بارہ مرتبہ آئی ہے، کہیں مختصر کہیں مفصل، آخری مرتبہ یہاں دومرتبہ آئی ہے، پہلی حدیث میں فضول سوال کی ایک مثال ہے۔ ایک شخص نے کھڑے ہوکر پوچھا: میرا آخرت میں ٹھکانہ کہاں ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "دوزخ میں" (وہ منافق سمجھا ہوگا کہ میری دلداری کی جائے گی اورمیری رسوائی ڈھل جائے گی، مگراس کو کھرا جواب دیا اوررسوائی تہہ بہ تہہ ہوگئی!) ـــــ اور پہلی حدیث میں لفظ أولی یاأولا آیا ہے، یہ لفظ مصری نسخہ میں اور عمدۃ کے نسخہ میں نہیں

ہے، مگر فتح کے نسخہ میں اور مسلم شریف میں ہے، میں اس کا مطلب نہیں سمجھ سکا، حاشیہ میں کرمانی سے معنی منقول ہیں۔

[۷۲۹۴-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ فَصَلَّى الظُّهْرَ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ السَّاعَةَ، وَذَكَرَ أَنَّ بَيْنَ يَدَيْهَا أُمُوْرًا عِظَامًا، ثُمَّ قَالَ: " مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَسْأَلَ عَنْ شَيْئٍ فَلْيَسْأَلْ عَنْهُ، فَوَ اللهِ! لاَ تَسْأَلُوْنِّيْ عَنْ شَيْئٍ إِلَّا أَخْبَرْتُكُمْ بِهِ مَا دُمْتُ فِي مَقَامِيْ هٰذَا" قَالَ أَنَسٌ: فَأَكْثَرَ النَّاسُ الْبُكَاءَ، وَأَكْثَرَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَقُوْلَ: "سَلُوْنِيْ" قَالَ أَنَسٌ: فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: أَيْنَ مَدْخَلِيْ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: " النَّارُ" فَقَامَ عَبْدُ اللهِ بْنَ حُذَافَةَ، فَقَالَ: مَنْ أَبِيْ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: " أَبُوْكَ حُذَافَةُ" قَالَ: ثُمَّ أَكْثَرَ أَنْ يَقُوْلَ: " سَلُوْنِيْ سَلُوْنِيْ" قَالَ: فَبَرَكَ عُمَرُ عَلَى رُكْبَتَيْهِ فَقَالَ: رَضِيْنَا بِاللهِ رَبًّا، وَبِالإِسْلاَمِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلاً، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَالَ عُمَرُ ذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَوْلَى، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ آنِفًا فِيْ عُرْضِ هٰذَا الْحَائِطِ وَأَنَا أُصَلِّيْ، فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ" [راجع: ۹۳]

[۷۲۹۵-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ أَنَسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: قَالَ رَجُلٌ: يَا نَبِيَّ اللهِ! مَنْ أَبِيْ؟ قَالَ: "أَبُوْكَ فُلاَنٌ" وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَسْئَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ الآيَةَ. [المائدة: ۱۰۱] [راجع: ۹۳]

آئندہ حدیث: میں فضول سوال کی ایک مثال ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "لوگ برابر ایک دوسرے سے پوچھیں گے: یہ اللہ ہیں: انھوں نے ہر چیز کو پیدا کیا، پس اللہ کو کس نے پیدا کیا؟ یہ وسوسہ اس شخص کو آ سکتا ہے جو وجوب اور امکان کی حقیقت نہیں جانتا، واجب کا وجود خانہ زاد اور ذاتی ہوتا ہے، وہ وجود میں کسی کا محتاج نہیں ہوتا، اور ممکن کا وجود عرضی ہوتا ہے، وہ موجود ہونے میں غیر کا محتاج ہوتا ہے —— اور جس کو ایسا وسوسہ آئے وہ کہے: آمنتُ بالله ورُسُله: میں اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا، اور سوچنا چھوڑ دے اور کسی اور کام میں مشغول ہو جائے۔

[۷۲۹۶-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ صَبَّاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " لَنْ يَبْرَحَ النَّاسُ يَتَسَاءَلُوْنَ: هٰذَا اللهُ، خَلَقَ كُلَّ شَيْئٍ، فَمَنْ خَلَقَ اللهَ؟"

آئندہ حدیث: میں دِق کرنے کے لئے سوال کرنے کی ایک مثال ہے۔ یہود کے مشورہ سے، ہجرت سے پہلے، مکہ والوں نے روح کے بارے میں پوچھا تھا، جواب آیا کہ روح کی پوری حقیقت نہیں جانی جاسکتی، پھر بھی ہجرت کے بعد یہود نے یہی سوال کیا، تو وحی آئی کہ ان کو وہی جواب دے دیا جائے۔

[۷۲۹۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَرْثٍ بِالْمَدِيْنَةِ، وَهُوَ يَتَوَكَّأُ عَلَى عَسِيْبٍ، فَمَرَّ بِنَفَرٍ مِنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: سَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَا تَسْأَلُوْهُ، لَا يُسْمِعُكُمْ مَا تَكْرَهُوْنَ، فَقَامُوْا إِلَيْهِ فَقَالُوْا: يَا أَبَا الْقَاسِمِ! أَخْبِرْنَا عَنِ الرُّوْحِ. فَقَامَ سَاعَةً يَنْظُرُ: فَعَرَفْتُ أَنَّهُ يُوْحَى إِلَيْهِ، فَتَأَخَّرْتُ عَنْهُ حَتّٰى صَعِدَ الْوَحْيُ، ثُمَّ قَالَ: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ، قُلِ الرُّوْحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّيْ﴾ [راجع: ۱۲۵]

قوله: صعد الوحی: یعنی وحی لانے والا فرشتہ چڑھ گیا۔

بَابُ الْاِقْتِدَاءِ بِأَفْعَالِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

افعال میں نبی ﷺ کی پیروی کرنا

یہ ذیلی باب ہے۔ اقوال کی طرح افعال میں بھی نبی ﷺ کی پیروی ضروری ہے، کیونکہ نبی ﷺ صرف قول سے تشریع (قانون سازی) نہیں کرتے فعل سے بھی کرتے ہیں، ابھی باب میں حدیث آئی ہے۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی ﷺ نے ایک کام کیا، اور اپنے عمل سے اس کا جواز بیان کیا، پھر بھی اس سے بعض لوگ بچے تو نبی ﷺ نے خطاب فرمایا: ''کیا بات ہے کچھ لوگ اس کام سے بچتے ہیں جو میں کرتا ہوں؟ پس بخدا! میں اُن سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو جانتا ہوں اور ان سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں''

پھر اختلاف ہے کہ فعل سے حکم کا کونسا درجہ ثابت ہوتا ہے: وجوب، ندب یا اباحت؟ حاشیہ میں یہ بحث ہے، دیکھ لیں، یہاں تو بالاجمال یہ بیان کرنا ہے کہ افعال میں بھی اتباع ضروری ہے، جیسے نبی ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنائی تو صحابہ نے بھی بنائی، پھر جب مردوں کے لئے سونا حرام ہوا تو آپؐ نے انگوٹھی اتاردی تو صحابہ نے بھی اتاردی۔

[٤-] بَابُ الْاِقْتِدَاءِ بِأَفْعَالِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

[۷۲۹۸-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: اتَّخَذَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَاتِمًا مِنْ ذَهَبٍ، فَاتَّخَذَ النَّاسُ خَوَاتِيْمَ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله

علیہ وسلم: " إِنِّيْ اتَّخَذْتُ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ" فَنَبَذَهُ، وَقَالَ: " إِنِّي لَنْ أَلْبَسَهُ أَبَدًا" فَنَبَذَ النَّاسُ خَوَاتِيْمَهُمْ.
[راجع: ٥٨٦٥]

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التعمُّقِ، وَالتَّنَازُعِ، وَالْغُلُوِّ فِي الدِّيْنِ، وَالْبِدَعِ

(۱)احکام کی گہرائی میں اترنا (۲) دینی امور میں جھگڑنا (۳) احکام کوان کی حد سے بڑھانا (۴) اور دین میں نئی بات پیدا کرنا ناپسندیدہ ہے

یہ جنرل باب ہے، آگے کئی ذیلی ابواب آرہے ہیں، یہاں سے چار باتیں زیر بحث ہیں:

۱-تعمق: تَعَمَّقَ في الأمر کے معنی ہیں: کسی معاملہ کی گہرائی میں جانا۔ العُمق: گہرائی، نیچے کی طرف کا لمبا فاصلہ، اور اصطلاحی معنی ہیں: حکم شرعی میں ہم جنس کو ملانا، جیسے روزہ حکم شرعی ہے، اور کئی روزے ساتھ رکھنا مطلوب نہیں، پس اگر کوئی صوم وصال رکھتا ہے تو وہ تعمق ہے، اور نبی ﷺ کا صوم وصال آپ کی خصوصیت تھی، جیسے گھر میں تدفین ممنوع ہے، اور آپ کی حجرۂ عائشہؓ میں تدفین آپ کی خصوصیت ہے اور شیخین کی وہاں تدفین ضمناً ہے۔

تعمق کی دوسری مثال: حدیث ہے: لن يُشَادَّ الدينَ أحد إلا غلَبَه: جو دین میں تشدد اختیار کرے گا وہ کامیاب نہیں ہوگا (بخاری حدیث ۳۹) یعنی جو شخص ریاضاتِ شاقّہ کرے گا وہ ان کو زیادہ دنوں تک نباہ نہیں سکے گا، ریاضاتِ شاقہ میں ہم جنس عبادت کو ملایا جاتا ہے، ہر روز قرآن ختم کرنا، اور رات بھر نفلیں پڑھنا تعمق ہے، اور عوام کے لئے جائز نہیں۔

۲-تنازع: دین کے معاملہ میں ضد اضدی جائز نہیں، ﴿بَغْيًا بَيْنَهُمْ﴾ فساد دین کا سبب ہے جیسے نبی ﷺ نے مرضِ وفات میں حکم دیا کہ ابوبکرؓ نماز پڑھائیں، عائشہؓ نے مشورہ دیا کہ عمر پڑھائیں، آپؐ نے مشورہ قبول نہیں کیا، پس انھوں نے حفصہؓ کو بیچ میں ڈالا، پس ڈانٹ پڑی۔ یا جیسے شیخین میں نبی ﷺ کے سامنے اختلاف ہوا کہ امیر کس کو بنایا جائے؟

۳-غلو (مصدر): حد سے زیادہ ہوجانا، غَلاَ السهمُ: تیر کا نشانہ سے دور چلا جانا، اور اصطلاحی معنی ہیں: حکم شرعی میں ناجنس کو ملانا، جیسے عیسائیوں نے دین میں غلو کیا، اور عیسیٰ علیہ السلام کو خدائی میں شریک کیا، یہ غلو ہے، جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

۴-بدعت: (گمراہی) دین میں ایسی بات شامل کرنا جس کی کچھ اصل نہ ہو، حدیث گذری ہے (نمبر ۲۶۹۷) من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهورد: جس نے ہمارے اس دین میں کوئی ایسی نئی بات نکالی جو اس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے۔

اور یہ چاروں چیزیں ممنوع اس لئے ہیں کہ امام الانبیاء ﷺ کی بعثت عام ہے، اور اسلام اللہ کا آخری دین ہے، اس لئے آپ کی شریعت کو قیامت تک باقی رہنا ہے، پس ضروری ہے کہ دین کو ایسا مستحکم کردیا جائے کہ باطل کسی طرف سے اس میں گھس نہ سکے (تحریف سے دین کی حفاظت پر حجۃ اللہ البالغہ میں ایک قابل دید باب ہے۔ رحمۃ اللہ ۲:۳۶۷)

آیت سے غلو کی مثال: سورۃ النساء کی (آیت ۱۷۱) ہے: ”اے اہل کتاب! (انجیل والو!) تم اپنے دین میں حد سے مت نکلو، اور اللہ تعالیٰ کی شان میں غلط بات مت کہو“ (کہ عیسیٰ علیہ السلام خدائی میں شریک ہیں، یہ ناجنس کو ملانا ہے جو غلو ہے) (اور یہ مثال بعد میں آنی چاہئے تھی، مگر چونکہ آیت میں تھی اس لئے اس کو پہلے لائے ہیں)

تعمق کی مثال: صوم وصال کا معاملہ ہے، نبی ﷺ نے افطار کئے بغیر دوسرا روزہ ملایا، لوگوں نے آپؐ کی پیروی کی، پھر شوال کا چاند نظر آ گیا، پس آپؐ نے فرمایا: اگر مہینہ دراز ہوتا تو میں اور بھی روزے ملاتا اور دیکھتا کہ لوگ کہاں تک میرا ساتھ دیتے ہیں! پھر آپؐ نے اپنی خصوصیت بیان کی کہ مجھے اللہ تعالیٰ قوت دیتے ہیں، رات میں کھلاتے پلاتے ہیں، معلوم ہوا مخصوص احکام میں پیروی جائز نہیں، یہ دین میں غلو ہے، جیسے چار سے زیادہ نکاح کا جواز آپؐ کے لئے مخصوص تھا، پس اس میں اتباع جائز نہیں۔

[۵-] بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَعَمُّقِ، وَالتَّنَازُعِ، وَالْغُلُوِّ فِي الدِّيْنِ، وَالْبِدَعِ

لِقَوْلِهِ: ﴿ يٰأَهْلَ الْكِتَابِ لاَ تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلاَ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ إِلَّا الْحَقَّ﴾ [النساء: ۱۷۱]

[۷۲۹۹-] حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ” لَاتُوَاصِلُوْا“ قَالُوْا: إِنَّكَ تُوَاصِلُ! قَالَ: ” إِنِّيْ لَسْتُ مِثْلَكُمْ، إِنِّيْ أَبِيْتُ يُطْعِمُنِيْ رَبِّيْ وَيَسْقِيْنِيْ“ فَلَمْ يَنْتَهُوْا عَنِ الْوِصَالِ، قَالَ: فَوَاصَلَ بِهِمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَيْنِ أَوْ: لَيْلَتَيْنِ، ثُمَّ رَأَوُا الْهِلَالَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ”لَوْ تَأَخَّرَ الْهِلَالُ لِزِدْتُكُمْ“ كَالْمُنْكِرِ لَهُمْ. [راجع: ۱۹۶۵]

وضاحت: صوم وصال کی روایت میں ابھی (حدیث ۷۲۴۱) یہ جملہ آیا ہے: لَوَاصَلْتُ وِصَالاً يَدَعُ الْمُتَعَمِّقُوْنَ تَعَمُّقَهُمْ: یہ جملہ پیش نظر ہے، اس لئے یہ تعمق کی مثال ہے۔

حدیث سے غلو کی مثال: شیعہ کہتے تھے اور آج بھی کہتے ہیں کہ موجودہ قرآن پورا قرآن نہیں، اس کا ایک حصہ نبی ﷺ نے اپنے خاندان کو مخصوص طور پر دیا ہے۔ یہ ناجنس (غیر قرآن) کو قرآن کے ساتھ ملانا ہے، اس لئے یہ غلو ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کوفہ کے منبر سے اس کی پُر زور تردید کی۔ فرمایا: ”ہمارے پاس یہی قرآن ہے، اس کے علاوہ کچھ نہیں، ہاں یہ صحیفہ ہے“ (الی آخرہ) اور حدیث آٹھ مرتبہ آچکی ہے، اور یہاں آخری مرتبہ آئی ہے۔

[۷۳۰۰-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ التَّيْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: خَطَبَنَا عَلِيٌّ عَلٰى مِنْبَرٍ مِنْ آجُرٍّ، وَعَلَيْهِ سَيْفٌ فِيْهِ صَحِيْفَةٌ مُعَلَّقَةٌ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا عِنْدَنَا مِنْ كِتَابٍ يُقْرَأُ إِلَّا كِتَابُ اللّٰهِ وَمَا فِي هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ. فَنَشَرَهَا فَإِذَا فِيْهَا

أَسْنَانُ الإِبِلِ، وَإِذَا فِيْهَا:" الْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ مِنْ عَيْرٍ إِلَى كَذَا، فَمَنْ أَحْدَثَ فِيْهَا حَدَثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا" وَإِذَا فِيْهِ:" ذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدَةٌ يَسْعَى بِهَا أَدْنَاهُمْ، فَمَنْ أَخْفَرَ مُسْلِمًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا" وَإِذَا فِيْهَا:"مَنْ وَالَى قَوْمًا بِغَيْرِ إِذْنِ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا"[راجع: ۱۱۱]

افراط وتفریط: افراط کے معنی ہیں: حکم شرعی میں زیادتی کرنا، اور تفریط کے معنی ہیں: کمی کرنا یعنی حکم شرعی میں سے کچھ نکال دینا۔ جیسے نبی ﷺ نے فرمایا:" کیا بات ہے: میں ایک کام کرتا ہوں یعنی اپنے عمل سے اس کا جواز بیان کرتا ہوں، پھر بھی کچھ لوگ اس سے بچتے ہیں!" یعنی اس کو جائز نہیں سمجھتے، یہ افراط وتفریط ہے۔

[۷۳۰۱-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: صَنَعَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا تَرَخَّصَ فِيْهِ وَتَنَزَّهَ عَنْهُ قَوْمٌ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَنَزَّهُوْنَ عَنِ الشَّيْئِ أَصْنَعُهُ، فَوَ اللّٰهِ إِنِّي لَأَعْلَمُهُمْ بِاللّٰهِ، وَأَشَدُّهُمْ لَهُ خَشْيَةً"[راجع: ۶۱۰۱]

تنازع کی پہلی مثال: ابن ابی ملیکہؒ کہتے ہیں: قریب تھے دو بہترین آدمی (ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما) کہ ہلاک ہوجائیں، بنوتمیم کا وفد نبی ﷺ کے پاس آیا، اور انھوں نے درخواست کی کہ ان پر امیر مقرر کیا جائے، پس حضرت ابوبکرؓ نے مشورہ دیا کہ قعقاع کو امیر مقرر کریں، اور حضرت عمرؓ نے مشورہ دیا کہ اقرع کو امیر بنائیں۔ پس ابوبکرؓ نے عمرؓ سے کہا: آپ کا مقصد صرف میری مخالفت ہے، حضرت عمرؓ نے کہا: میرا مقصد آپ کی مخالفت نہیں، پھر دونوں جھگڑے، اور دونوں کی آوازیں نبی ﷺ کے سامنے بلند ہوگئیں، پس سورۃ الحجرات کی (آیت ۲) نازل ہوئی۔

اور ابن ابی ملیکہؒ کہتے ہیں: حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ نے کہا: پس اس کے بعد عمرؓ تھے — اور انھوں نے یہ بات اپنے نانا ابوبکرؓ کے بارے میں نہیں کہی (کیونکہ وہ پہلے سے آہستہ بولتے تھے) — جب وہ نبی ﷺ سے کوئی بات کرتے تو رازدارانہ طور پر گفتگو کرتے، ان کی بات نبی ﷺ کو اچھی طرح سمجھ میں نہیں آتی تھی، پوچھنا پڑتا تھا کہ کیا کہا؟

لغت: السِّرَار: مصدر، سَارَّه مُسَارَّة وسِرَارًا: کسی سے رازدارانہ بات کرنا، سرگوشی کرنا...... اِسْتَفْهَمَه: کسی سے سمجھانے کی درخواست کرنا...... أخو السِّرار: رازداری کے ساتھ بات کرنے والا۔

[۷۳۰۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، قَالَ: كَادَ الْخَيِّرَانِ أَنْ يَهْلِكَا: أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، لَمَّا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَفْدُ بَنِي تَمِيْمٍ،

أَشَارَ أَحَدُهُمَا بِالْأَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ الْحَنْظَلِيِّ أَخِيْ بَنِيْ مُجَاشِعٍ، وَأَشَارَ الآخَرُ بِغَيْرِهِ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ لِعُمَرَ: إِنَّمَا أَرَدْتَ خِلَافِيْ! فَقَالَ عُمَرُ: مَا أَرَدْتُ خِلَافَكَ. فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَنَزَلَتْ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا أَصْوَاتَكُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿عَظِيْمٌ﴾

وَقَالَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ: فَكَانَ عُمَرُ بَعْدُ — وَلَمْ يَذْكُرْ ذٰلِكَ عَنْ أَبِيْهِ، يَعْنِيْ أَبَا بَكْرٍ — إِذَا حَدَّثَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بِحَدِيْثٍ حَدَّثَهُ كَأَخِي السِّرَارِ، لَمْ يُسْمِعْهُ حَتّٰى يَسْتَفْهِمَهُ.

[راجع: ٤٣٦٧]

تنازع کی دوسری مثال: نبی ﷺ نے حکم دیا کہ ابوبکرؓ سے کہو نماز پڑھائیں، پس عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما نے جو کچھ عرض کیا وہ ایک طرح کا تنازع تھا، پس ڈانٹ پڑی اور حفصہؓ نے کہا: تم مجھے اسی طرح پھنساتی ہو!

[٧٣٠٣-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ فِيْ مَرَضِهِ: "مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ" قَالَتْ عَائِشَةُ: قُلْتُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ إِذَا قَامَ فِيْ مَقَامِكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ، فَقَالَ: "مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ" فَقَالَتْ عَائِشَةُ: قُلْتُ لِحَفْصَةَ: قُوْلِيْ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ إِذَا قَامَ فِيْ مَقَامِكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ، فَفَعَلَتْ حَفْصَةُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّكُنَّ لَأَنْتُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ، مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ" فَقَالَتْ حَفْصَةُ لِعَائِشَةَ: مَا كُنْتُ لِأُصِيْبَ مِنْكِ خَيْرًا. [راجع: ١٩٨]

ناپسندیدہ سوالات: عویمرؓ نے عاصمؓ سے کہا: نبی ﷺ سے پوچھنا: اگر کوئی اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے تو کیا کرے؟ اگر قتل کرے تو شوہر قصاصاً مارا جائے گا (اور خاموش رہے تو کیسے خاموش رہے) عاصمؓ نے پوچھا نبی ﷺ نے سوال کو سخت ناپسند کیا، پھر آیاتِ لعان نازل ہوئیں۔ زمانۂ تشریع میں ایسے سوالات سے بھی سخت حکم آجاتا تھا، پس اس کو تعمق کہو یا غلو۔

[٧٣٠٣-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: جَاءَ عُوَيْمِرٌ إِلٰى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ أَهْلِهِ رَجُلًا فَيَقْتُلُهُ، أَتَقْتُلُوْنَهُ بِهِ؟ سَلْ لِيْ يَا عَاصِمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. فَسَأَلَهُ فَكَرِهَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَرَجَعَ عَاصِمٌ فَأَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَرِهَ الْمَسَائِلَ، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَآتِيَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ وَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ الْقُرْآنَ خَلْفَ

عَاصِمٍ فَقَالَ لَهُ:" قَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْكُمْ قُرْآنًا" فَدَعَاهُمَا فَتَقَدَّمَا فَتَلاعَنَا، ثُمَّ قَالَ عُوَيْمِرٌ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَفَارَقَهَا، وَلَمْ يَأْمُرُهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِفِرَاقِهَا، فَجَرَتِ السُّنَّةُ فِي الْمُتَلاعِنَيْنِ، وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" انْظُرُوْهَا، فَإِنْ جَاءَ تْ بِهِ أَحْمَرَ قَصِيْرًا مِثْلَ وَحَرَةٍ فَلا أُرَاهُ إِلَّا قَدْ كَذَبَ، وَإِنْ جَاءَ تْ بِهِ أَسْحَمَ أَعْيَنَ ذَا أَلْيَتَيْنِ فَلا أَحْسِبُ إِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا" فَجَاءَ تْ بِهِ عَلَى الْأَمْرِ الْمَكْرُوْهِ. [راجع: ۴۲۳]

قوله: خلف عاصم: عاصم کے سوال کے بعد...... روایت کا ترجمہ تحفۃ القاری (۳۹۳:۹) میں ہے...... **الوَحَرَة**: چھپکلی جیسا ایک جنگلی جانور...... **أَسحم**: کالا، سیاہ...... **أعين**: بڑی آنکھوں والا...... **ذا إليتين**: بڑی سرینوں والا۔

چچا بھتیجے کا جھگڑا: آگے لمبی روایت ہے، اس کا ترجمہ تحفۃ القاری (۳۹۲:۶) میں ہے، اس میں یہ جزء مقصود ہے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے اور اس ظالم (علیؓ) کے درمیان فیصلہ کیجئے، اور دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی، پس جماعت — (عثمانؓ اور ان کے ساتھیوں) نے کہا: اے امیر المؤمنین! دونوں میں فیصلہ کیجئے، اور ایک کا دوسرے سے پیچھا چھڑائیے! یہ جھگڑا وقف جائداد کا تھا، پس گویا یہ دینی نزاع تھا۔

ملحوظہ: بدعت کا بیان لمبا ہے، اس کے سلسلہ میں آگے کئی ابواب ہیں، اور بدعت سے مراد ہر طرح کی گمراہیاں ہیں۔

[۷۳۰۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ،، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ أَوْسٍ النَّصْرِيُّ، وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ ذَكَرَ لِي ذِكْرًا مِنْ ذٰلِكَ، فَدَخَلْتُ عَلَى مَالِكٍ فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: انْطَلَقْتُ حَتَّى أَدْخُلَ عَلَى عُمَرَ، أَتَاهُ حَاجِبُهُ يَرْفَا، فَقَالَ: هَلْ لَكَ فِي عُثْمَانَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ يَسْتَأْذِنُوْنَ؟ قَالَ: نَعَمْ. فَدَخَلُوْا فَسَلَّمُوْا وَجَلَسُوْا، قَالَ: هَلْ لَكَ فِي عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ؟ فَأَذِنَ لَهُمَا، قَالَ الْعَبَّاسُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! اقْضِ بَيْنِي وَبَيْنَ الظَّالِمِ، اسْتَبَّا، فَقَالَ الرَّهْطُ- عُثْمَانُ وَأَصْحَابُهُ - يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! اقْضِ بَيْنَهُمَا وَأَرِحْ أَحَدَهُمَا مِنَ الآخَرِ، فَقَالَ: اتَّئِدُوْا أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ! هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ" يُرِيْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم نَفْسَهُ؟ قَالَ الرَّهْطُ: قَدْ قَالَ ذٰلِكَ. فَأَقْبَلَ عُمَرُ عَلَى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ، فَقَالَ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ ذٰلِكَ؟ قَالَا: نَعَمْ. قَالَ عُمَرُ: فَإِنِّي مُحَدِّثُكُمْ عَنْ هٰذَا الْأَمْرِ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ خَصَّ رَسُوْلَهُ صلی اللہ علیہ وسلم فِي هٰذَا الْمَالِ بِشَيْئٍ لَمْ يُعْطِهِ أَحَدًا غَيْرَهُ، قَالَ اللّٰهُ: ﴿مَا أَفَآءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُوْلِهِ مِنْهُمْ فَمَآ أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ﴾ الآيَةَ[الحشر: ٦] فَكَانَتْ هٰذِهِ خَالِصَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، ثُمَّ وَاللّٰهِ

مَا احْتَازَهَا دُوْنَكُمْ وَلاَ اسْتَأْثَرَهَا عَلَيْكُمْ، وَقَدْ أَعْطَاكُمُوْهَا وَبَثَّهَا فِيْكُمْ، حَتّٰى بَقِيَ مِنْهَا هٰذَا الْمَالُ، وَكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُنْفِقُ عَلٰى أَهْلِهِ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ، ثُمَّ يَأْخُذُ مَا بَقِيَ فَيَجْعَلُهُ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ، فَعَمِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِذٰلِكَ حَيَاتَهُ، أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ ذٰلِكَ؟ قَالُوْا: نَعَمْ. ثُمَّ قَالَ لِعَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمَانِ ذٰلِكَ؟ قَالاَ: نَعَمْ. ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ نَبِيَّهُ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَنَا وَلِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَبَضَهَا أَبُوْ بَكْرٍ فَعَمِلَ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنْتُمَا حِيْنَئِذٍ– فَأَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ – تَزْعُمَانِ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ فِيْهَا كَذَا، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ فِيْهَا صَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ فَقُلْتُ: أَنَا وَلِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبِيْ بَكْرٍ، فَقَبَضْتُهَا سَنَتَيْنِ أَعْمَلُ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ جِئْتُمَانِيْ وَكَلِمَتُكُمَا عَلٰى كَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ وَأَمْرُكُمَا جَمِيْعٌ، جِئْتَنِيْ تَسْأَلُنِيْ نَصِيْبَكَ مِنِ ابْنِ أَخِيْكَ، وَأَتَانِيْ هٰذَا يَسْأَلُنِيْ نَصِيْبَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيْهَا، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتُمَا دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا، حَتّٰى أَنَّ عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيْثَاقَهُ تَعْمَلاَنِ فِيْهِ بِمَا عَمِلَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبِمَا عَمِلَ فِيْهِ أَبُوْ بَكْرٍ وَبِمَا عَمِلْتُ فِيْهِ مُنْذُ وُلِّيْتُهَا، وَإِلَّا فَلاَ تُكَلِّمَانِيْ فِيْهَا، فَقُلْتُمَا: ادْفَعْهَا إِلَيْنَا بِذٰلِكَ، فَدَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا بِذٰلِكَ، أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ دَفَعْتُهَا إِلَيْهِمَا بِذٰلِكَ؟ قَالَ الرَّهْطُ: نَعَمْ فَأَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ فَقَالَ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا بِذٰلِكَ؟ قَالاَ: نَعَمْ، قَالَ: أَفَتَلْتَمِسَانِ مِنِّيْ قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ؟! فَوَ الَّذِيْ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ! لاَ أَقْضِيْ فِيْهَا قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ، فَإِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهَا فَادْفَعَاهَا إِلَيَّ، فَأَنَا أَكْفِيْكُمَاهَا. [راجع: ۲۹۰٤]

بَابُ إِثْمِ مَنْ آوَى مُحْدِثًا

دین میں نئی بات (گمراہی) پیدا کرنے والے کو اپنے پاس ٹھہرانے کا گناہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: کیا رسول اللہ ﷺ نے مدینہ منورہ کا حرم مقرر کیا ہے؟ فرمایا: ہاں! یہاں سے یہاں تک (جبلِ عیر سے جبلِ ثور تک) اس کے درخت نہ کاٹے جائیں، اور جو اس میں کوئی بدعت (گمراہی) پیدا کرے اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت! —— عاصم احول نے یہ روایت: من أحدث فيها حدثا: کے الفاظ سے حضرت انسؓ سے براہِ راست سنی ہے، اور ان کے صاحبزادے موسیٰ بن انس کے واسطہ سے اس حدیث میں أو آوى محدثا بھی سنا ہے یعنی دین میں نئی بات پیدا کرنے والے کو جو اپنے پاس ٹھہرائے اس پر بھی اللہ کی، فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت! اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت پہلے (نمبر ۳۱۷۹) آئی ہے اس میں بھی یہ الفاظ ہیں اور یہ أو تنویع کے

لئے ہے یعنی دونوں شخصوں پر لعنت ہے۔

[٦-] بَابُ إِثْمِ مَنْ آوَى مُحْدِثًا

رَوَاهُ عَلِيٌّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٧٣٠٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: أَحَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ مَا بَيْنَ كَذَا إِلَى كَذَا، لَا يُقْطَعُ شَجَرُهَا، مَنْ أَحْدَثَ فِيهَا حَدَثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ. قَالَ عَاصِمٌ: فَأَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ أَنَسٍ أَنَّهُ قَالَ: أَوْ: آوَى مُحْدِثًا. [راجع: ١٨٦٧]

بَابُ مَا يُذْكَرُ مِنْ ذَمِّ الرَّأْيِ وَتَكَلُّفِ الْقِيَاسِ

خودرائی اور بوگس قیاس کی برائی

رائے سے مراد خودرائی ہے، من قال فی القرآن برأیه میں بھی یہی معنی ہیں، اسی کو پھر 'بناوٹی قیاس' کہا ہے، امام صاحبؒ نے باب کے آخر میں فرمایا ہے: قال أبو عبد الله: اتَّهموا رأيكم: يقول: مالم يكن فيه كتاب ولاسنة، ولا ينبغي له أن يُفْتِي: رائے سے مراد وہ رائے ہے جس میں نہ کتاب اللہ سامنے رکھی گئی ہو، نہ سنتِ رسول اللہ، اتهموا رأيكم میں یہی رائے مراد ہے، ایسی رائے پر فتوی دینا مناسب نہیں۔

اس باب میں یہ بیان ہے کہ دین میں بدعات (گمراہیاں) کیسے پیدا ہوتی ہیں؟ متقدمین کے نزدیک ہر فکری اور عملی گمراہی پر بدعت کا اطلاق ہوتا ہے، تمام گمراہ فرقے من أحدث فی أمرنا هذا کا مصداق ہیں، اسلام میں تمام گمراہ فرقے خودرائی سے پیدا ہوئے ہیں، خودساختہ بڑے لوگ اپنی چلاتے ہیں، اور قرآن وحدیث کی من مانی تفسیریں کرتے ہیں، اس طرح گمراہ فرقے وجود میں آتے ہیں۔

ملحوظہ: اس باب میں مجتہدین کے قیاس کی تردید نہیں ہے، مجتہدین کی رائے تو اصولِ ثلاثہ سے مستنبط ہوتی ہے، وہ خود ساختہ نہیں ہوتی، اصولِ شرع تین ہیں: قرآن، سنت اور اجماع اور ان اصولوں سے احکام نکالنے کے آلہ کا نام قیاس ہے، قیاس مُظہر ہے مُثبت نہیں، جیسے دعوت کی، پلاؤ، زردہ اور قورمہ کی تین ڈیگیں اتاریں، ان سے کھانا نکالنے کے لئے ڈوئی (بڑا چمچہ) چاہئے، وہ قیاس ہے، اس کے ذریعہ اصولِ ثلاثہ سے احکام نکالے جاتے ہیں۔ پس اگر قیاس معتبر نہیں تو اصولِ ثلاثہ بھی معتبر نہیں، اور اصولِ ثلاثہ معتبر ہیں تو ان میں سے قیاس کے ذریعہ نکالے گئے احکام کیوں معتبر نہیں؟

اور اس کی دلیل نور الانوار کے متن منار الانوار کی عبارت ہے، اس میں خطبہ کے بعد ہے: اعلم أن أصول الشرع ثلاثة: كتاب الله، وسنة رسوله، وإجماع الأمة۔ پھر ہے: والأصل الرابع القياس المستنبط (باء کا زیر)

من هذه الأصول الثلاثة: قیاس کوالگ کردیا، اور کہا: ''چوتھی اصل وہ قیاس ہے جو اصولِ ثلاثہ سے احکام نکالنے والا ہے۔
ہاں اگر ڈوئی ڈیگوں میں نہ جائے، آنکھ بند کرکے یا اندھیرے میں ڈوئی ڈالی اور مٹی بھر کر لائی تو وہ یقیناً ابلیس کا اور نہایت نادانوں کا قیاس ہے، جس کا شریعت میں کچھ اعتبار نہیں۔

آیتِ کریمہ: سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۳۶) میں ہے: ''اور پیچھے مت چل اُس کے جس کا تجھ کو علم نہیں'' یعنی بے تحقیق کسی بات پر عمل مت کر، جو رائے اور قیاس بے اصل ہو اس کا بھی یہی حکم ہے، اس پر عمل جائز نہیں۔

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ علم دے کر چھین نہیں لیتے، بلکہ وہ علماء کو علم کے ساتھ اٹھالیتے ہیں، پھر نہایت جاہل لوگ باقی رہ جاتے ہیں، ان سے مسائل پوچھے جاتے ہیں، وہ اپنی رائے سے فتوے دیتے ہیں، خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں'' (یہی جاہل علماء گمراہیوں کو جنم دیتے ہیں)

دوسری حدیث: میں جو لوگ جنگِ صفین میں کود پڑے تھے: ان سے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''تم اپنی دینی رائے پر بدگمانی کرو!'' یعنی تم جو خانہ جنگی کو خیر سمجھ رہے ہو: وہ خیر ہے یا شر؟ سوچ کر کسی دلیل سے رائے قائم کرو، بے بنیاد رائے قائم مت کرو، ایسی رائے پر عمل جائز نہیں۔

[۷-] بَابُ مَا يُذْكَرُ مِنْ ذَمِّ الرَّأْيِ وَتَكَلُّفِ الْقِيَاسِ

وَقَوْلِ اللهِ: ﴿وَلاَ تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ﴾ [الإسراء: ۳۶]

[۷۳۰۷-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ تَلِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِى ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شُرَيْحٍ، وَغَيْرُهُ، عَنْ أَبِى الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ قَالَ: حَجَّ عَلَيْنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' إِنَّ اللّٰهَ لاَ يَنْزِعُ الْعِلْمَ بَعْدَ أَنْ أَعْطَاكُمُوْهُ انْتِزَاعًا، وَلٰكِنْ يَنْتَزِعُهُ عَنْهُمْ مَعَ قَبْضِ الْعُلَمَاءِ بِعِلْمِهِمْ، فَيَبْقَى نَاسٌ جُهَّالٌ يُسْتَفْتَوْنَ فَيُفْتُوْنَ بِرَأْيِهِمْ، فَيَضِلُّوْنَ وَيُضِلُّوْنَ''

فَحَدَّثْتُ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ إِنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو حَجَّ بَعْدُ فَقَالَتْ: يَا ابْنَ أُخْتِىْ! انْطَلِقْ إِلٰى عَبْدِ اللهِ فَاسْتَثْبِتْ لِىْ مِنْهُ الَّذِىْ حَدَّثْتَنِىْ عَنْهُ، فَجِئْتُهُ فَسَأَلْتُهُ، فَحَدَّثَنِىْ بِهِ كَنَحْوِ مَا حَدَّثَنِىْ، فَأَتَيْتُ عَائِشَةَ فَأَخْبَرْتُهَا، فَعَجِبَتْ فَقَالَتْ: وَاللهِ لَقَدْ حَفِظَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو. [راجع: ۱۰۰]

[۷۳۰۸-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ حَمْزَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْأَعْمَشَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا وَائِلٍ: هَلْ شَهِدْتَ صِفِّيْنَ؟ قَالَ: نَعَمْ. فَسَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَقُوْلُ: ح: وَحَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّهِمُوْا رَأْيَكُمْ عَلٰى دِيْنِكُمْ، لَقَدْ رَأَيْتُنِىْ يَوْمَ أَبِىْ جَنْدَلٍ، وَلَوْ أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَرُدَّ أَمْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه

وسلم لَرَدَدْتُهُ، وَمَا وَضَعْنَا سُيُوْفَنَا عَلٰى عَوَاتِقِنَا إِلٰى أَمْرٍ يُفْظِعُنَا إِلَّا أَسْهَلْنَ بِنَا إِلٰى أَمْرٍ نَعْرِفُهُ غَيْرَ هٰذَا الْأَمْرِ، قَالَ: وَقَالَ أَبُوْ وَائِلٍ: شَهِدْتُ صِفِّيْنَ وَبِئْسَتْ صِفُّوْنَ!

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: اتَّهِمُوْا رَأْيَكُمْ، يَقُوْلُ: مَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ كِتَابٌ وَلَا سُنَّةٌ وَلَا يَنْبَغِيْ لَهُ أَنْ يُفْتِيَ.

[راجع: ۳۱۸۱]

بَابُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُسْأَلُ مِمَّا لَمْ يُنْزَلْ عَلَيْهِ الْوَحْيُ فَيَقُوْلُ: "لَا أَدْرِيْ" أَوْ لَمْ يُجِبْ حَتّٰى يُنْزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ، وَلَمْ يَقُلْ بِرَأْيٍ وَلَا بِقِيَاسٍ

جب نبی ﷺ سے کوئی بات پوچھی جاتی تھی جس کے بارے میں ابھی وحی نہیں آئی تو آپؐ لاعلمی کا اظہار کرتے یا وحی کا انتظار کرتے، رائے اور قیاس سے جواب نہیں دیتے تھے

علم وتحقیق کے بغیر نہ مسئلہ بتانا چاہئے نہ فتوی دینا چاہئے، بے باک لوگ مسئلہ نہ جانتے ہوئے بھی رائے دیدیتے ہیں، اور قیاس چلادیتے ہیں: یہ غلط طریقہ ہے۔ لاعلمی کا اظہار اسوۂ نبی ہے، اس میں کوئی کسر شان نہیں، حاشیہ میں ابن حبان اور حاکم وغیرہ کے حوالے سے حدیث ہے۔ ایک شخص نے پوچھا: زمین کا کونسا خطّہ بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''مجھے معلوم نہیں'' پھر جبرئیل علیہ السلام آئے، آپؐ نے ان سے یہ بات پوچھی، انھوں نے بھی کہا: مجھے معلوم نہیں!'' آپؐ نے فرمایا: ''اپنے پروردگار سے پوچھنا'' پوچھ کر وہ جواب لائے: ''بدترین جگہ مارکیٹ ہے، اور بہترین جگہ مسجد ہے'' (یہ حدیث مشکات (حدیث ۷۴۱) میں بھی ہے، مگر اس میں لا أدری نہیں، کیونکہ نبی ﷺ کا لا أدری کہنا وحی کے انتظار میں ہوتا تھا)

ایک واقعہ: میں جب دارالعلوم دیوبند کے دارالافتاء کا طالب علم تھا، میں نے کتب خانہ میں جا کر خطیب بغدادی رحمہ اللہ کی 'تاریخ بغداد' کے اس حصہ کا مطالعہ شروع کیا جس میں امام اعظم رحمہ اللہ پر اعتراضات ہیں، میں روایات پڑھتا تھا، اعتراضات سمجھتا تھا اور ساتھ ہی جواب بھی ذہن میں آجاتا تھا، تا آنکہ میں ایک ایسی روایت پر پہنچا کہ اعتراض میری سمجھ میں نہیں آیا۔ ایک شخص ملک شام سے امام اعظمؒ کے پاس آیا، اور کہا: جِئْتُكَ لِأَلْفِ مسئلةٍ: میں آپ سے ایک ہزار مسئلے پوچھنے آیا ہوں، امام صاحبؒ نے فرمایا: هَاتِهَا: لاؤ ان کو یعنی پوچھو۔ روایت ختم ہوگئی، میری سمجھ میں نہیں آیا کہ اس میں اعتراض کیا؟ میں کتاب لے کر حضرت الاستاذ مفتی مہدی حسن صاحب شاہ جہاں پوری قدس سرہ (صدر مفتی دارالعلوم دیوبند) کے پاس گیا، میں نے پوچھا: حضرت! اس روایت سے خطیب کیا اعتراض کررہے ہیں؟ مفتی صاحب مسکرائے، اور کہا: اعتراض یہ کررہا ہے کہ امام ابوحنیفہ کو ہزار مسئلوں کا جواب دینے کے لئے کسی دلیل کی ضرورت نہیں، نہ سوچنے کی ضرورت ہے جو منہ میں آئے گا بتادیں گے۔ میں نے کہا: حضرت! یہ تو بہت بھاری اعتراض ہوگیا، اس کا

جواب کیا ہے؟ فرمایا: ہر بات کا جواب دینا ضروری نہیں۔ جواب معلوم ہوگا دے دیں گے ورنہ **لا أدری** کہہ دیں گے، امام مالکؒ سے ایک مجلس میں چالیس مسئلے پوچھے گئے، آپ نے سب کا جواب **لا أدری** دیا، پس یہ تو اسوۂ نبی ہے، اس میں کیا کسرِ شان ہے؟

پھر مفتی صاحب نے مجھ سے پوچھا: کیا شامی میں ہر مسئلہ ہے؟ میں نے کہا: کسی بھی کتاب میں ہر مسئلہ نہیں ہوسکتا، ورنہ فتوی دینے کے لئے متعدد کتابوں کی کیا ضرورت تھی؟ مفتی صاحب نے فرمایا: دارالعلوم دیوبند کے اولین مفتی حضرت مفتی عزیز الرحمٰن دیوبندی قدس سرہٗ کے پاس صرف شامی تھی، وہ ہر سوال کا جواب اسی سے لکھتے تھے، میں نے پوچھا: کیسے لکھتے تھے؟ فرمایا: شامی میں اصول بھی ہیں اور جزئیات بھی، مفتی صاحب کو سب محفوظ تھے، اگر سوال کا جزئیہ ہوتا تو اس سے جواب لکھتے، ورنہ اصول سے لکھتے، اسی طرح مجتہدین کے پاس اصول ہوتے ہیں، وہ ہر سوال کا جواب ان سے نکال لیتے ہیں۔

اور ایسی تو بہت حدیثیں ہیں کہ آپؐ سے ایک بات پوچھی گئی، آپؐ نے جواب نہیں دیا، وحی کا انتظار کیا، کیونکہ آپؐ کو اسی کا حکم دیا گیا تھا۔ سورۃ النساء (آیت ۱۰۵) میں ہے: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللّٰهُ﴾: بے شک ہم نے آپؐ کی طرف قرآن نازل کیا ہے جو برحق تعلیمات پر مشتمل ہے، تاکہ آپؐ لوگوں کے درمیان فیصلہ کریں اس کے موافق جو اللہ نے آپؐ کو دکھلایا ہے، پس جب نبی ﷺ کے لئے قرآن کی پیروی ضروری تھی تو علماء کے لئے علم و تحقیق کی پیروی کیوں ضروری نہیں ہوگی؟ اور یہ حدیث ابھی گذری ہے کہ یہود نے روح کے بارے میں پوچھا تو آپؐ خاموش ہوگئے، تا آنکہ وحی آئی، اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کلالہ تھے اور سخت بیمار پڑ گئے تھے، انھوں نے اپنی میراث کا مسئلہ پوچھا تو آپؐ نے کوئی جواب نہیں دیا، وحی کا انتظار کیا، جب وحی آئی تو جواب دیا ــــــ پس علماء بھی اگر مسئلہ معلوم نہ ہو تو **لا أدری** کہہ دیں، پھر مسئلہ ضروری ہو تو کتابوں سے یا رجال سے رجوع کر کے جواب دیں اور اگر سوال 'جھک' ہو تو بھائی صاحب مجھے معلوم نہیں! کہہ کر ٹرخا دیں!

فائدہ: نبی ﷺ عام طور پر اجتہاد نہیں کرتے تھے، کیونکہ وحی کا سلسلہ قائم تھا، مگر تشریع کے لئے (امت کی تعلیم کے لئے) اجتہاد کیا ہے، جیسے ہجرت کے بعد بیت المقدس کی طرف نماز پڑھنے کا حکم دینا، اور حج کے احرام کو عمرہ کے احرام سے بدلنے کا حکم دینا، تاکہ ایک سفر میں دو عبادتوں کی سہولت پیدا ہو ــــــ پھر نبی کا اجتہاد مآلاً وحی ہوتا ہے، اگر نبی کو اجتہاد پر برقرار رکھا جائے تو وہ حکماً وحی بن جاتا ہے ــــــ اور ایک مرتبہ آپؐ سے اجتہاد میں چوک بھی ہوئی ہے، اور فوراً تنبیہ آئی ہے یعنی بدر کے قیدیوں کو فدیہ لے کر رہا کرنے کا فیصلہ صحیح نہیں تھا، مگر یہ چوک بھی تشریع کے لئے تھی، جیسے نماز میں کبھی بھول ہونا، یا ایک مرتبہ فجر کی نماز کا قضاء ہونا۔ یہ سب امور تشریع کے لئے تھے۔

پھر آپؐ کے بعد وحی کا سلسلہ بند ہوگیا، اور زمانہ تغیر پذیر ہے، پس نئے زمانہ کی ضرورتیں اجتہاد اور قیاس کے ذریعہ قرآن و سنت سے نہیں نکالیں گے تو راستہ کیا ہے؟ اور منکرینِ قیاس بھی باب القیاس پڑھے بغیر استنباطات کرتے ہیں، جو

مضحکہ خیز ہوتے ہیں۔

[٨-] بَابُ مَاكَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُسْأَلُ مِمَّا لَمْ يُنزَلْ عَلَيْهِ الْوَحْيُ فَيَقُوْلُ:
"لاَ أَدْرِیْ" أَوْ لَمْ يُجِبْ حَتّٰى يُنْزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ، وَلَمْ يَقُلْ بِرَأْيٍ وَلاَ بِقِيَاسٍ

[١-] لِقَوْلِهِ: ﴿بِمَا أَرَاكَ اللّٰهُ﴾ [النساء: ١٠٥]

[٢-] وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الرُّوْحِ فَسَكَتَ حَتّٰى نَزَلَتْ.

[٧٣٠٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: مَرِضْتُ، فَجَاءَ نِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِیْ وَأَبُوْبَكْرٍ وَهُمَا مَاشِيَانِ، فَأَتَانِیْ وَقَدْ أُغْمِيَ عَلَيَّ، فَتَوَضَّأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ صَبَّ وَضُوْءَ هُ عَلَيَّ فَأَفَقْتُ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: فَقُلْتُ: أَیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ أَقْضِیْ فِیْ مَالِیْ؟ كَيْفَ أَصْنَعُ فِیْ مَالِیْ؟ قَالَ: فَمَا أَجَابَنِیْ بِشَيْئٍ حَتّٰى نَزَلَتْ آيَةُ الْمِيْرَاثِ. [راجع: ١٩٤]

بَابُ تَعْلِيْمِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أُمَّتَهُ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ، لَيْسَ بِرَأْيٍ وَلاَ تَمْثِيْلٍ

نبی ﷺ نے امت کے مردوں اور عورتوں کو وہ باتیں بتلائیں جو آپؐ کو اللہ تعالیٰ نے سکھلائیں، وہ رائے اور قیاس نہیں تھیں

قیاس کو منطقی اور متکلمین 'تمثیل' کہتے ہیں (کشاف اصطلاحاتِ الفنون لفظ قیاس) اور یہ ذیلی باب ہے۔ علماء کو چاہئے کہ عوام کو دین کی پختہ باتیں بتائیں، قیاسی گھوڑے نہ دوڑائیں، باب کی حدیث میں صحابیات نے عرض کیا: آپؐ ہمیں وہ باتیں سکھلائیں جو آپؐ کو اللہ نے سکھلائی ہیں، چنانچہ آپؐ خواتین کے مجمع میں تشریف لے گئے، اور ان کو ان باتوں میں سے سکھلایا جو آپؐ کو اللہ نے سکھلایا تھا۔ کچی باتیں اور بے سروپا حکایات بگاڑ بیدا کرتی ہیں، ان سے علماء کو بچنا چاہئے۔

[٩-] بَابُ تَعْلِيْمِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أُمَّتَهُ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ، لَيْسَ بِرَأْيٍ وَلاَ تَمْثِيْلٍ

[٧٣١٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ

ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ذَهَبَ الرِّجَالُ بِحَدِيْثِكَ، فَاجْعَلْ لَنَا مِنْ نَفْسِكَ يَوْمًا نَأْتِيْكَ فِيْهِ تُعَلِّمُنَا مِمَّا عَلَّمَكَ اللّٰهُ، فَقَالَ: "اجْتَمِعْنَ فِيْ يَوْمِ كَذَا وَكَذَا فِيْ مَكَانِ كَذَا وَكَذَا" فَاجْتَمَعْنَ فَأَتَاهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَعَلَّمَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ: "مَا مِنْكُنَّ امْرَأَةٌ تُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَيْهَا مِنْ وَلَدِهَا ثَلَاثَةً، إِلَّا كَانَ لَهَا حِجَابًا مِنَ النَّارِ" فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اثْنَيْنِ؟ قَالَ: فَأَعَادَتْهَا مَرَّتَيْنِ ثُمَّ قَالَ: "وَاثْنَيْنِ وَاثْنَيْنِ وَاثْنَيْنِ"[راجع: ۱۰۱]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَاتَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِيْ ظَاهِرِيْنَ عَلَى الْحَقِّ"

امت کے کچھ لوگ برابر دین حق پر غالب رہیں گے

یہ باب سوال مقدر کے جواب کے طور پر لایا گیا ہے۔ گذشتہ باب پڑھ کر سوال پیدا ہوگا کہ ایسے علماء کہاں ہیں جو لوگوں کو صحیح اور پختہ باتیں بتائیں؟ جواب: ایسے علماء ہر زمانہ میں موجود ہوتے ہیں، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: میری امت کے کچھ لوگ برابر غالب رہیں گے، یہاں تک کہ ان کو اللہ کا معاملہ یعنی قیامت پہنچے، درانحالیکہ وہ غالب ہوں —— امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کچھ لوگوں سے مراد اہل حق کے علماء ہیں۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس کے ساتھ اللہ کو خیر منظور ہوتی ہے اس کو اللہ تعالیٰ دین کا فہم عطا فرماتے ہیں۔ اور میں صرف بانٹنے والا ہوں، اور دیتے اللہ تعالیٰ ہیں، اور برابر رہے گا اس امت کا معاملہ سیدھا یہاں تک کہ قیامت آجائے'' یا فرمایا: ''یہاں تک کہ اللہ کا حکم آجائے'' (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفۃ القاری ۱:۳۴۲)

[۱۰-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "لَاتَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِيْ ظَاهِرِيْنَ عَلَى الْحَقِّ" وَهُمْ أَهْلُ الْعِلْمِ.

[۷۳۱۱-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَاتَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِيْ ظَاهِرِيْنَ حَتّٰى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ" [راجع: ۳۶۴۰]

[۷۳۱۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدٌ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِيْ سُفْيَانَ يَخْطُبُ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ، وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَيُعْطِي اللّٰهُ، وَلَنْ يَزَالَ أَمْرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ مُسْتَقِيْمًا حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ، أَوْ: حَتّٰى يَأْتِيَ أَمْرُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ"[راجع: ۷۱]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا﴾

امت گروہ بندی کی شکار ہوگی

یہ باب بھی سوالِ مقدر کے جواب میں ہے۔ سوال: اہل حق علماء تو ہمیشہ رہیں گے، مگر امت تو گروہ بندی کا شکار ہوگئی ہے، غیر مقلد، مودودی اور بریلوی کہتے ہیں: ہم اہل حق ہیں، ہم ہی دین کی کھری اور سچی باتیں بتاتے ہیں، پس ہماری سنو، دیوبندی بھی یہی کہتے ہیں، پھر ہم کس کی سنیں؟ جواب: امت میں گروہ بندی تو ہونی ہے۔ سورۃ الانعام کی (آیت ۶۵) ہے: ﴿قُلْ: هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ، أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ، أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ﴾: آپ کہئے: اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہیں کہ تم پر کوئی عذاب تمہارے اوپر سے بھیج دیں، یا تمہارے پاؤں تلے سے، یا تم کو گروہ گروہ کر کے بھڑا دیں، اور بعض کو بعض کی سختی چکھائیں'' —— جب یہ آیت نازل ہوئی، اور فرمایا کہ ان کو قدرت ہے کہ تمہارے اوپر سے عذاب بھیج دیں تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں اللہ کے چہرے کے طفیل پناہ چاہتا ہوں! یعنی یہ عذاب نہ آئے، پھر فرمایا: یا تمہارے نیچے سے: تو بھی آپؐ نے یہی فرمایا، پھر فرمایا: تمہیں مختلف فرقے بنا کر بھڑا دے اور بعض کو بعض کی سختی چکھائے تو آپؐ نے فرمایا: یہ اہون ہے یا فرمایا: یہ آسان ہے، پس یہ عذاب تو آنا ہے اس سے مفر نہیں، پس اہل حق کی جستجو خود کرو، یہ بھی ایک امتحان ہے، جیسے دنیا میں بہت سے مذاہب ہیں، اور ہر مذہب اپنی حقانیت کا دعوی کرتا ہے، پس برحق مذہب کی جستجو کرنا انسانوں کی ذمہ داری ہے، نشانِ راہ متعین کر دیئے گئے ہیں۔

[۱۱-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا﴾

[۷۳۱۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: لَمَّا نَزَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿قُلْ: هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ﴾ قَالَ: ''أَعُوْذُ بِوَجْهِكَ'' ﴿أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ﴾ قَالَ: '' أَعُوْذُ بِوَجْهِكَ'' فَلَمَّا نَزَلَتْ: ﴿أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ﴾ قَالَ: '' هَاتَانِ أَهْوَنُ أَوْ: أَيْسَرُ'' [راجع: ٤٦٢٨]

بَابُ مَنْ شَبَّهَ أَصْلاً مَعْلُوْمًا بِأَصْلٍ مُبَيَّنٍ قَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ حُكْمَهَا، لِيُفْهِمَ السَّائِلَ

ایک رائے یہ ہے کہ واضح بات کا منصوص بات کے ساتھ موازنہ کیا ہے تا کہ سائل بات سمجھ جائے

یہ پہلودار (مبہم) باب ہے۔ جو لوگ قیاس کو حجت مانتے ہیں انھوں نے باب کی دو حدیثوں سے استدلال کیا ہے۔

۱- ایک بدوّ نے عرض کیا: میری بیوی نے کالا لڑکا جنا ہے، اور میں اس کو اوپرا سمجھتا ہوں! یعنی میں کالا نہیں ہوں، پھر بچہ

کالا کہاں سے آیا؟ لامحالہ بیوی کے ساتھ کسی حبشی غلام نے زنا کیا ہے، وہ بچے کے نسب کی نفی کرنے جارہا تھا، آپؐ نے پوچھا: تیرے اونٹ ہیں؟ اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا ان کے رنگ کیا ہیں؟ اس نے کہا: سرخ، آپؐ نے پوچھا: ان میں کوئی خاکستری بھی ہے؟ اس نے کہا: ہاں، ان میں خاکستری بھی ہیں، آپؐ نے پوچھا: یہ خاکستری کہاں سے آئے؟ یعنی جب نر و مادہ دونوں سرخ ہیں تو بچہ مٹیالے رنگ کا کیسے پیدا ہوا؟ اس نے کہا: شاید کسی رگ نے اس کو کھینچا ہے! یعنی اوپر سے نسل میں یہ رنگ آیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: شاید یہاں بھی یہ صورت ہوئی ہو، تیرے آباؤ اجداد میں یہ رنگ رہا ہو، جو نسل میں آیا ہو، غرض آپؐ نے ان کو نسب کی نفی نہیں کرنے دی — **استدلال**: آپؐ نے انسان کی نسل کو اونٹ کی نسل پر قیاس کیا۔

۲- ایک عورت نے مسئلہ پوچھا: میری ماں نے حج کی منت مانی تھی، وہ منت پوری کرنے سے پہلے وفات پاگئی، پس کیا میں اس کی طرف سے حج کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں! تو اس کی طرف سے حج کر، بتا اگر تیری ماں پر کسی کا قرض ہوتا تو تو اس کو ادا کرتی؟ اس نے کہا: ہاں! آپؐ نے فرمایا: ''پس اللہ کا قرض چکاؤ، وہ وفاء کا زیادہ حقدار ہے!'' — **استدلال**: آپؐ نے اللہ کے قرض کو بندوں کے قرض پر قیاس کیا۔

منکرین قیاس (اصحابِ ظواہر) نے اس استدلال کو توڑا، انھوں نے کہا: یہ قیاس نہیں، بلکہ آپؐ نے ایک واضح بات کا ایک منصوص بات کے ساتھ موازنہ کیا ہے، تاکہ سائل بات سمجھے۔

منکرین قیاس کی یہ بات صحیح ہے۔ قیاس میں منصوص حکم کی علت نکالی جاتی ہے، پھر مقیس مقیس علیہ میں اشتراکِ علت کی وجہ سے مقیس علیہ کا حکم مقیس میں لایا جاتا ہے، اور ان دو مسئلوں میں ایسا کچھ نہیں کیا، پس یہ قیاس نہیں تمثیل ہے۔

قیاس کی اعتباریت قرآن سے ثابت ہے اور طریقِ کار سنت سے:

قیاس کی اعتباریت (معتبر ہونا) قرآنِ کریم سے ثابت ہے، اور اس کا طریقِ کار سنت سے، سورۃ النحل کی (آیت ۴۴) ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾: اور ہم نے آپ کی طرف قرآن نازل کیا، تاکہ آپ لوگوں کو کھول کر سمجھا دیں وہ قرآن جو ان کی طرف نازل کیا گیا ہے، اور تاکہ وہ غور و فکر کریں۔

یہ غور و فکر کرنا قیاس کے لئے ہے، نبی ﷺ نے اپنے زمانہ کی ضروریات بیان کی ہیں، مگر زمانہ تغیر پذیر ہے، پس قیامت تک کی ضروریات مجتہدین امت قرآن میں غور کر کے نکالتے رہیں گے، ورنہ قرآن میں غور کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ اس کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا کافی تھا۔

اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو جب یمن کا گورنر بنا کر بھیجا تو دریافت کیا: ''تمہارے پاس قضایا (معاملات) آئیں گے: ان کا فیصلہ کس طرح کرو گے'' عرض کیا: کتاب اللہ سے فیصلہ کرونگا، آپؐ نے پوچھا: ''اگر کتاب اللہ میں حکم نہ ملے تو کیا کرو گے؟ عرض کیا: سنتِ رسول اللہ سے فیصلہ کروں گا۔ پوچھا: ''اگر سنت میں بھی حکم نہ ملے تو کیا کرو گے؟'' عرض کیا: أَجْتَهِدُ رَأْيِى، وَلَا آلو: اپنی سوچ کو تھکاؤں گا، اور کوتاہی نہیں کروں گا۔ آپؐ نے فرمایا: ''اللہ کا شکر ہے کہ اس نے

اپنے رسول کے نمائندے کو وہ بات سُجھا دی جو اس کو پسند ہے!'' یعنی قیاس کا یہی طریق کار ہے، قرآن وسنت میں انتہائی غور وفکر کیا جائے، اور منصوص حکم کی علت نکالی جائے، پھر وہ حکم غیر منصوص میں ثابت کیا جائے، یہی مجتہدینِ کرام کا قیاس ہے اور یہی حجت شرعیہ ہے اور اسی کا نام اجتہاد ہے (اس کو کوئی توڑ کر دکھائے!)

[۱۲-] بَابُ مَنْ شَبَّهَ أَصْلاً مَعْلُوْمًا بِأَصْلٍ مُبَيَّنٍ قَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ حُكْمَهَا، لِيُفْهِمَ السَّائِلَ

[۷۳۱٤-] حدثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ، عُنْ یُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ: أَنَّ أَعْرَابِیًّا أَتَی رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: إِنَّ امْرَأَتِیْ وَلَدَتْ غُلَامًا أَسْوَدَ، وَإِنِّیْ أَنْكَرْتُهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " هَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ؟" قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: " فَمَا أَلْوَانُهَا؟" قَالَ: حُمْرٌ، قَالَ: " فَهَلْ فِیْهَا مِنْ أَوْرَقَ؟" قَالَ: إِنَّ فِیْهَا لَوُرْقًا. قَالَ: " فَأَنّٰی تُرَی ذٰلِكَ جَاءَ هَا؟" قَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! عِرْقٌ نَزَعَهَا، قَالَ: " وَلَعَلَّ هٰذَا عِرْقٌ نَزَعَهُ" وَلَمْ یُرَخِّصْ لَهُ فِی الإِنْتِفَاءِ مِنْهُ. [راجع: ۵۳۰۵]

[۷۳۱۵-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ امْرَأَةً جَاءَ تْ إِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم فَقَالَتْ: إِنَّ أُمِّیْ نَذَرَتْ أَنْ تَحُجَّ، فَمَاتَتْ قَبْلَ أَنْ تَحُجَّ، أَفَأَحُجُّ عَنْهَا؟ قَالَ: " نَعَمْ حُجِّیْ عَنْهَا، أَرَأَیْتِ لَوْ كَانَ عَلٰی أُمِّكِ دَیْنٌ أَكُنْتِ قَاضِیَةً؟" قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: " اقْضُوْا الَّذِیْ لَهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ أَحَقُّ بِالْوَفَاءِ" [راجع: ۱۸۵۲]

بَابُ مَاجَاءَ فِی اجْتِهَادِ الْقَضَاءِ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ

وَلاَ یَتَكَلَّفُ مِنْ قِبَلِهِ، وَمُشَاوَرَةِ الْخُلَفَاءِ وَسُؤَالِهِمْ أَهْلَ الْعِلْمِ

قاضی قرآن وسنت کے موافق فیصلہ کرنے کی انتہائی کوشش کرے، اور اپنی طرف سے تکلیف نہ اٹھائے اور خلفاء سے مشورہ کرے، اور اہل علم سے دریافت کرے

باب کے دو جزء ہیں، دونوں کو علاحدہ کر دیا ہے، اور درمیان میں پہلے جزء کی دلیل بیان کی ہے۔

۱- قاضیوں کو آخری درجہ کی کوشش کرنی چاہئے کہ ان کے فیصلے قرآن وسنت کے مطابق ہوں، اپنی رائے سے فیصلے نہ کریں، سورۃ المائدۃ کی (آیت ۴۵) میں ہے کہ جو شخص اللہ کے نازل کئے ہوئے احکام کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے وہی اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنے والے ہیں، اور باب کی پہلی حدیث میں نبی ﷺ نے اس صاحبِ حکمت کی تعریف کی ہے

جوحکمت سے فیصلے کرتا ہے، اور اس کو سکھلاتا ہے (اور جو فیصلہ قرآن وسنت سے مستنبط ہے وہ بما أنزل اللہ ہے) اور قضات خودرائی سے من مانا فیصلہ نہ کریں، ورنہ اپنا ہی نقصان کریں گے۔

۲- اور اگر قضات کو علم نہ ہوتو امیر المؤمنین سے دریافت کریں، امیر المؤمنین کے پاس اہل علم جمع ہوتے ہیں، وہ ان سے پوچھ کر بتائے گا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے املاص کا حکم صحابہ سے دریافت کیا ہے، اور حضرت عمرؓ کے زمانہ میں گورنر برابر آپؓ کی طرف رجوع کرتے تھے، اور بعد میں تو حکام اور قضات اپنے ساتھ علماء کو رکھتے تھے، اور ان سے پوچھ کر فیصلے کرتے تھے (اب کتابیں علماء کے قائم مقام ہوگئی ہیں، تاہم قاضی کا مشیر عالم ہونا چاہئے)

[۱۳-] بَابُ مَاجَاءَ فِي اجْتِهَادِ الْقَضَاءِ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ

لِقَوْلِهِ:﴿وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُوْلٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُوْنَ﴾[المائدة: ٤٥]

وَمَدَحَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَاحِبَ الْحِكْمَةِ حِيْنَ يَقْضِيْ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا.

لاَ يَتَكَلَّفُ مِنْ قِبَلِهِ، وَمُشَاوَرَةِ الْخُلَفَاءِ وَسُؤَالِهِمْ أَهْلَ الْعِلْمِ

[۷۳۱٦-] حَدَّثَنِيْ شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَ حَسَدَ إِلَّا فِيْ اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَسَلَّطَهُ عَلٰى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ، وَآخَرُ آتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً فَهُوَ يَقْضِيْ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا"[راجع: ۷۳]

[۷۳۱۷-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: سَأَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَنْ إِمْلاَصِ الْمَرْأَةِ- وَهِيَ الَّتِيْ يُضْرَبُ بَطْنُهَا فَتُلْقِيْ جَنِيْنًا- فَقَالَ: أَيُّكُمْ سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْهِ شَيْئًا؟ فَقُلْتُ: أَنَا، فَقَالَ: مَا هُوَ؟ قُلْتُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" فِيْهِ غُرَّةٌ عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ" فَقَالَ: لاَ تَبْرَحْ حَتّٰى تَجِيْئَنِيْ بِالْمَخْرَجِ فِيْمَا قُلْتَ.[راجع: ٦٩٠٥]

[۷۳۱۸-] فَخَرَجْتُ فَوَجَدْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ فَجِئْتُ بِهِ، فَشَهِدَ مَعِيْ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" فِيْهِ غُرَّةٌ عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ"

تَابَعَهُ ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ.[راجع: ٦٩٠٦]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ"

ایسے حکام وقضات ضرور ہونگے جو اگلوں کی روش پر ہو بہو چلیں گے

قرآنِ کریم نے اہل کتاب (یہود ونصاری) کا یہ وتیرہ بیان کیا ہے کہ وہ اللہ کی آیتوں کے عوض دنیا کا معمولی بدلہ لیتے

ہیں، اس مقصد سے وہ اللہ کی کتاب میں تحریف (ردوبدل) بھی کرتے تھے اور رشوت لے کر غلط فیصلے بھی کرتے تھے، اور نبی ﷺ نے پیشین گوئی فرمائی ہے کہ یہ خرابی اس امت میں بھی آئے گی، فرمایا: ''ضرور پیروی کروگے تم اپنوں سے پہلوں کی روش کی، جیسے بالشت بالشت برابر ہوتی ہیں، اور ہاتھ ہاتھ برابر برابر ہوتے ہیں یعنی ہو بہو، یہاں تک کہ وہ گوہ کے سوراخ میں گھسے ہونگے تو تم ضرور اس میں گھسوگے، صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! پہلوں سے مراد یہود ونصاری ہیں؟ فرمایا: ''اور کون ہیں!''یعنی وہی مراد ہیں (باب کی دوسری حدیث)

اور باب کی پہلی حدیث میں ہے: ''قیامت برپا نہیں ہوگی یہاں تک کہ چلے گی میری امت ان سے پہلے گذری ہوئی صدیوں کی روش پر، جیسے بالشت بالشت برابر ہوتی ہیں اور ہاتھ ہاتھ برابر ہوتے ہیں۔ عرض کیا گیا: اے اللہ کے رسول! فارس اور روم کی طرح؟ آپؐ نے فرمایا: لوگوں میں سے نہیں مگر یہی لوگ؟''یعنی یہود ونصاری اور روم وفارس کی تخصیص نہیں، اگلے جو راہ ڈال گئے اس پر چلنے والے کچھ لوگ ضرور پیدا ہونگے، چاہے وہ راہ خطرناک ہو!

اس حدیث کا مقصد امت کو اگلے ناہنجاروں کی روش اپنانے سے روکنا ہے، پس حکام وقضات بھی غلط فیصلے کرکے یہود ونصاری کی راہ نہ اپنائیں۔

[۱۴-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:'' لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ''

[۷۳۱۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' لاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَأْخُذَ أُمَّتِيْ بِأَخْذِ الْقُرُوْنِ قَبْلَهَا، شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ'' فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَفَارِسَ وَالرُّوْمِ؟ قَالَ:'' وَمَنِ النَّاسُ إِلاَّ أُوْلٰئِكَ؟!''

[۷۳۲۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عُمَرَ الصَّنْعَانِيُّ- مِنَ الْيَمَنِ- عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' لَتَتَّبِعُنَّ سُنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ شِبْرًا شِبْرًا وَذِرَاعًا ذِرَاعًا، حَتّٰى لَوْ دَخَلُوْا جُحْرَ ضَبٍّ تَبِعْتُمُوْهُمْ'' قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارَى؟ قَالَ:'' فَمَنْ؟!'' [راجع: ۳۴۵۶]

بَابُ إِثْمِ مَنْ دَعَا إِلٰى ضَلاَلَةٍ، أَوْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً

گمراہی کی طرف بلانے کا اور برا طریقہ ڈالنے کا گناہ

یہ قرین باب ہے، ایسے علمائے سوء ضرور پیدا ہونگے جو دین میں غلط طریقہ چلائیں گے، اور لوگوں کو اس گمراہی کی طرف بلائیں گے، جیسے یہود ونصاری نے یہی حرکت کی، دین کو بگاڑ لیا اور لوگوں کو غلط راہ پر ڈال دیا۔

اور باب میں مسلم شریف کی دو حدیثوں کو جمع کیا ہے:

۱- نبی ﷺ نے فرمایا: **من دعا إلى هُدًى، كان له من الأجر مثلُ أجور من تَبِعَهُ، لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ أُجُوْرِهِمْ شيئًا، ومن دعا إلى ضلالة، كان عليه من الإثم مثلُ آثام من تبعه، لاينقص ذلك من آثاهم شيئا**: جس نے ہدایت کی طرف بلایا تو اس کو اس کی پیروی کرنے والوں کے بقدر ثواب ملے گا، یہ چیز ان متبعین کے ثواب میں سے کچھ کم نہیں کرے گی، اور جس نے کسی گمراہی کی طرف بلایا، تو اس پر اس کی پیروی کرنے والوں کے گناہ کے بقدر گناہ ہوگا، یہ چیز ان متبعین کے گناہ میں سے کچھ کم نہیں کرے گی (مسلم شریف حدیث ۲۶۷۴ کتاب العلم کی آخری حدیث)

۲- مسلم شریف (حدیث ۱۰۱۷ کتاب الزکاۃ باب ۲۰) میں دوسری حدیث اسی کے ہم معنی ہیں: **من سَنَّ فی الإسلام سنة حسنة، فله أجرها وأجر من عمل بها بعده، من غير أن يَنْقُصَ من أجورهم شيئ، ومن سن فی الإسلام سنة سيئة، كان عليه وزرها ووزر من عمل بها من بعده، من غير أن ينقص من أوزارهم شيئ**:

یہ دونوں حدیثیں امام بخاری رحمہ اللہ نہیں لائے، یہ ان کی شرط کے مطابق نہیں، مگر باب میں ان کی طرف اشارہ کیا ہے، اور اپنا مدعی ایک آیت اور ایک حدیث سے ثابت کیا ہے۔

آیتِ کریمہ: سورۃ النحل کی (آیات ۲۴ و ۲۵) ہیں: ﴿وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ: مَا ذَا أَنْزَلَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا: أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ ۝ لِيَحْمِلُوْا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ، أَلَا سَاءَ مَايَزِرُوْنَ﴾: اور جب ان سے پوچھا جاتا ہے: تمہارے رب نے کیا چیز نازل فرمائی؟ تو کہتے ہیں: اگلوں کی بے سند باتیں! اس کہنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ قیامت کے دن اپنا پورا بوجھ اٹھائیں گے، اور کچھ بوجھ ان لوگوں کا بھی جن کو انھوں نے جہالت سے گمراہ کیا ہے (یہاں باب ہے) سنو! برا ہے وہ بوجھ جس کو وہ لادیں گے!

اور حدیث میں ہے: جو بھی شخص کوئی ناحق قتل کرتا ہے: اس کے گناہ میں سے ایک حصہ آدم علیہ السلام کے پہلے بیٹے کو پہنچتا ہے، کیونکہ اس نے سب سے پہلے ناحق قتل کی راہ ڈالی! —— پس علماء کو دین میں نئی باتیں پیدا کرنے اور ان کی طرف لوگوں کو بلانے سے رکنا چاہئے، ورنہ اپنے متبعین کا گناہ سر لینا ہوگا۔

[۱۵-] بَابُ إِثْمِ مَنْ دَعَا إِلٰى ضَلَالَةٍ، أَوْ سَنَّ سُنَّةً سُيِّئَةً

لِقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ﴾ [النحل: ۲۵]

[۷۳۲۱-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَيْسَ مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا إِلَّا كَانَ عَلٰى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْهَا - وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: مِنْ دَمِهَا - لِأَنَّهُ سَنَّ الْقَتْلَ أَوَّلًا" [راجع: ۳۳۳۵]

بَابُ مَا ذَكَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَحَضَّ عَلٰى اتِّفَاقِ أَهْلِ الْعِلْمِ وَمَا أَجْمَعَ عَلَيْهِ الْحَرَمَانِ مَكَّةُ وَالْمَدِيْنَةُ وَمَا كَانَ بِهَا مِنْ مَشَاهِدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ وَمُصَلَّى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْمِنْبَرِ وَالْقَبْرِ

اہل علم کو مسائل میں متفق ہونا چاہئے، نبی ﷺ نے اس کی ترغیب دی ہے اور اختلاف ہو تو حرمین (مکہ ومدینہ) کے علماء کے قول کو لیا جائے کیونکہ انھوں نے مدینہ منورہ کے آثار کا مشاہدہ کیا ہے

امام بخاری رحمہ اللہ کے زمانہ تک دو مکتبِ فکر وجود میں آئے تھے: حجازی اور عراقی، پھر حجازی مکتبِ فکر دو حصوں میں تقسیم ہوا: مالکی اور شافعی، حنبلی مکتبِ فکر ابھی تک پوری طرح سامنے نہیں آیا تھا (امام احمد رحمہ اللہ: امام بخاریؒ کے معاصر اور استاذ ہیں) پس دونوں مکاتب فکر کو مسائل میں متحد ہونا چاہئے، نبی ﷺ نے اس کی ترغیب دی ہے۔ حضرات معاذ وابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کو جب یمن روانہ کیا تو ہدایت دی کہ دونوں ایک دوسرے سے متفق رہنا، باہم اختلاف نہ کرنا، اور قرآن کہتا ہے: ''اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو، اور نزاع مت کرو (نہ اپنے امام سے نہ آپس میں) ورنہ کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی'' —— پس اگر حجازی اور عراقی علماء متفق ہوں تو حکام وقضات اسی پر فیصلہ کریں۔ اور اختلاف ہو جائے تو حجازی مکتبِ فکر کے قول کو لیا جائے۔ کیونکہ مدینہ منورہ میں سرخاب کا پَر لگ رہا ہے، وہاں آثارِ اسلام ہیں، مسجد نبوی ہے، منبر ومحراب ہیں اور نبی ﷺ اور مہاجرین وانصار کے آثار ہیں، باب کی ساری روایات مشاہد (آثار) سے متعلق ہیں۔

ملحوظہ: دین فہمی میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی برتری تو مسلّم ہے، انھوں نے نزولِ وحی کا زمانہ دیکھا ہے، اور زبانِ نبوت سے کتاب وسنت کو اخذ کیا ہے یہ صحابہ عراق میں بھی تھے، رہے آثار تو ان کی برکات کا انکار نہیں کیا جا سکتا، مگر دین فہمی میں ان کا کچھ دخل نہیں۔

پہلی حدیث: کا یہ جملہ معتنی بہ ہے: ''مدینہ کی مثال بھٹی کی سی ہے، جو دھات کے میل کو دور کرتی ہے، اور خالص دھات کو چھانٹ لیتی ہے (نَصَعَ الشيئُ: صاف اور نکھرا ہوا ہونا، طیبھا: فاعل ہے: عمدہ دھات نکھر جاتی ہے)

[۱۶-] بَابُ مَا ذَكَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم وَحَضَّ عَلٰى اتِّفَاقِ أَهْلِ الْعِلْمِ وَمَا أَجْمَعَ عَلَيْهِ الْحَرَمَانِ مَكَّةُ وَالْمَدِيْنَةُ وَمَا كَانَ بِهَا مِنْ مَشَاهِدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ وَمُصَلَّى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالْمِنْبَرِ وَالْقَبْرِ

[۷۳۲۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ السَّلَمِيِّ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الإِسْلَامِ، فَأَصَابَ الْأَعْرَابِيَّ وَعْكٌ بِالْمَدِيْنَةِ، فَجَاءَ الاَعْرَابِيُّ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَقِلْنِيْ بَيْعَتِيْ، فَأَبَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ جَاءَ هُ، فَقَالَ: أَقِلْنِيْ بَيْعَتِيْ، فَأَبَى، ثُمَّ جَاءَ هُ فَقَالَ: أَقِلْنِيْ بَيْعَتِيْ، فَأَبَى. فَخَرَجَ الْأَعْرَابِيُّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّمَا الْمَدِيْنَةُ كَالْكِيْرِ، تَنْفِيْ خَبَثَهَا، وَيُنْصَعُ طِيْبُهَا" [راجع: ۱۸۸۳]

آئندہ حدیث: میں ہے کہ مدینہ منورہ دارالہجرۃ اور دارالسنہ ہے، اسی سے استدلال کیا ہے......أُقْرِئُ عبد الرحمن أی أُقْرِأُ فی خیمة عبد الرحمن...... یغصبوهم: وہ مسلمانوں کا انتخاب خلیفہ کا حق چھیننا چاہتے ہیں......اور حدیث لمبی ہے، جو تحفۃ القاری (۴۹۲:۱۱) میں آچکی ہے۔

[۷۳۲۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتُ أُقْرِئُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، فَلَمَّا كَانَ آخِرُ حَجَّةٍ حَجَّهَا عُمَرُ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بِمِنًى: لَوْ شَهِدْتَ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنَّ فُلَانًا يَقُوْلُ: لَوْ مَاتَ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ لَبَايَعْنَا فُلَانًا، قَالَ عُمَرُ: لَأَقُوْمَنَّ الْعَشِيَّةَ فَأُحَذِّرُ هٰؤُلَآءِ الرَّهْطَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ أَنْ يَغْصِبُوْهُمْ، قُلْتُ: لَا تَفْعَلْ فَإِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ، يَغْلِبُوْنَ عَلٰى مَجْلِسِكَ، فَأَخَافُ أَنْ لَا يُنْزِلُوْهَا عَلٰى وَجْهِهَا فَيُطَيِّرُ بِهَا كُلُّ مُطِيْرٍ، فَأَمْهِلْ حَتّٰى تَقْدَمَ الْمَدِيْنَةَ دَارَ الْهِجْرَةِ وَدَارَ السُّنَّةِ، فَتَخْلُصَ بِأَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ وَيَحْفَظُوْا مَقَالَتَكَ، وَيُنَزِّلُوْهَا عَلٰى وَجْهِهَا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَأَقُوْمَنَّ بِهِ فِيْ أَوَّلِ مَقَامٍ أَقُوْمُهُ بِالْمَدِيْنَةِ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم بِالْحَقِّ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ، فَكَانَ فِيْمَا أُنْزِلَ آيَةُ الرَّجْمِ. [راجع: ۲٤٦۲]

آئندہ حدیث: میں منبر نبوی اور حجرۂ عائشہؓ کا ذکر ہے۔ یہ حدیث نئی ہے، اور اسی جگہ ہے۔ محمد بن سیرین رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں: ہم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، آپؓ نے سَنی کے گیرو سے رنگے ہوئے دو کپڑے پہن رکھے تھے، آپؓ نے ان میں سے ایک سے ناک صاف کیا، پھر فرمایا: واہ واہ! ابو ہریرۃ سَنی کے کپڑے سے ناک صاف کرتا ہے، بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں نے خود کو دیکھا درانحالیکہ میں بھوک کی وجہ سے منبر نبوی اور حجرۂ عائشہؓ کے درمیان بے ہوش ہوکر گر پڑتا تھا، پس ایک آنے والا آتا، اور میری گردن پر اپنا پیر رکھتا، وہ سمجھتا کہ مجھے دیوانگی (مرگی) ہے، حالانکہ وہ دیوانگی نہیں تھی، وہ چیز بھوک تھی۔

لغات: مِشْق: سرخ مٹی (گیرو) مَشَّقَ الثوبَ و أَمْشَقَه: کپڑے کو گیرو سے رنگنا...... **الکتان:** سَنی کا کپڑا...... **تَمَخَّطَ:** ناک صاف کرنا...... مرگی کا جب دورہ پڑتا ہے تو گردن پر پیر رکھ کر دباتے ہیں، جس سے دورہ ختم ہوجاتا ہے۔

[۷۳۲۴-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ مُمَشَّقَانِ مِنْ كَتَّانٍ، فَتَمَخَّطَ فَقَالَ: بَخْ بَخْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يَتَمَخَّطُ فِي الْكَتَّانِ، لَقَدْ رَأَيْتُنِيْ وَإِنِّيْ لَأَخِرُّ فِيْمَا بَيْنَ مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى حُجْرَةِ عَائِشَةَ مَغْشِيًّا عَلَيْهِ، فَيَجِيْءُ الْجَائِيْ فَيَضَعُ رِجْلَهُ عَلٰى عُنُقِيْ، وَيَرٰى أَنِّيْ مَجْنُوْنٌ، وَمَا بِيْ مِنْ جُنُوْنٍ، مَا بِيْ إِلَّا الْجُوْعُ.

آئندہ حدیث: میں عیدگاہ اور کثیر کے گھر کے پاس نشان کا تذکرہ ہے، اور اس کے بعد کی حدیث میں قباء کا تذکرہ ہے۔ اور اس کے بعد کی حدیث میں حجرۂ عائشہؓ اور اس میں قبر اطہر کا ذکر ہے...... اس کے بعد کی حدیث میں ہے کہ صحابہ: صدیقہؓ سے روضۂ نبوی میں تدفین کی اجازت چاہتے تھے، وہ کسی کو اجازت نہیں دیتی تھیں، فرماتی تھیں: یہ جگہ میرے لئے ہے، میں کسی کو اپنے اوپر ترجیح نہیں دونگی، مگر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے، اور انھوں نے اجازت مانگی تو فوراً اجازت دیدی، وہ وہاں دفن ہوئے۔

[۷۳۲۵-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ، قَالَ: سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَشَهِدْتَ الْعِيْدَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَوْلَا مَنْزِلَتِيْ مِنْهُ مَا شَهِدْتُهُ مِنَ الصِّغَرِ، فَأَتَى الْعَلَمَ الَّذِيْ عِنْدَ دَارِ كَثِيْرِ بْنِ الصَّلْتِ فَصَلّٰى ثُمَّ خَطَبَ، وَلَمْ يَذْكُرْ أَذَانًا وَلَا إِقَامَةً، ثُمَّ أَمَرَ بِالصَّدَقَةِ فَجَعَلَ النِّسَاءُ يُشِرْنَ إِلٰى آذَانِهِنَّ وَحُلُوْقِهِنَّ، فَأَمَرَ بِلَالًا فَأَتَاهُنَّ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۹۸]

[۷۳۲۶-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَأْتِيْ قُبَاءَ مَاشِيًا وَرَاكِبًا. [راجع: ۱۱۹۱]

[۷۳۲۷-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ: ادْفِنِّيْ مَعَ صَوَاحِبِيْ، وَلَا تَدْفِنِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِي الْبَيْتِ، فَإِنِّيْ أَكْرَهُ أَنْ أُزَكَّى. [راجع: ۱۳۹۱]

[۷۳۲۸-] وَعَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ عُمَرَ أَرْسَلَ إِلٰى عَائِشَةَ: ائْذَنِيْ لِيْ أَنْ أُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيَّ، فَقَالَتْ: إِيْ وَاللّٰهِ! قَالَ: وَكَانَ الرَّجُلُ إِذَا أَرْسَلَ إِلَيْهَا مِنَ الصَّحَابَةِ، قَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ! لَا أُوْثِرُهُمْ بِأَحَدٍ أَبَدًا.

آئندہ روایت: میں عوالی (بالائی بستیوں) کا ذکر ہے، جو مسجد نبوی سے تین چار میل کے فاصلہ پر تھیں، اب وہ مدینہ کا حصہ بن گئی ہیں...... اس کے بعد کی دو حدیثوں میں مدینہ کے پیمانوں (مدّ اور صاع) کا ذکر ہے۔

[۷۳۲۹-] حدثنا أَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ، فَنَأْتِي الْعَوَالِيَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ.

زَادَ اللَّيْثُ عَنْ يُوْنُسَ: وَبُعْدُ الْعَوَالِيْ أَرْبَعَةُ أَمْيَالٍ أَوْ ثَلَاثَةٌ. [راجع: ۵۵۱]

[۷۳۳۰-] حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ الْجُعَيْدِ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ، يَقُوْلُ: كَانَ الصَّاعُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُدًّا وَثُلُثًا بِمُدِّكُمُ الْيَوْمَ، وَقَدْ زِيْدَ فِيْهِ. سَمِعَ الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْجُعَيْدَ. [راجع: ۱۸۵۹]

[۷۳۳۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْ مِكْيَالِهِمْ، وَبَارِكْ لَهُمْ فِيْ صَاعِهِمْ وَمُدِّهِمْ" يَعْنِيْ: أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ. [راجع: ۲۱۳۰]

ترجمہ: سائب بن یزیدؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ کا صاع: تمہارے آج کے مدّ سے ایک مدّ اور تہائی مدّ کا تھا، پھر اس میں اضافہ کیا گیا (حضرت عمرؓ نے صاع: چار مدّ: آٹھ رطل کا کیا) (تحفۃ القاری ۱۱: ۴۳۲)

آئندہ حدیث: میں مُصَلَّی الجنائز کا ذکر ہے، مسجد نبوی کے سامنے پتھر کے فرش پر جنازے پڑھنے کی جگہ بنی ہوئی تھی، جہاں یہودی زانی اور زانیہ کو سنگسار کیا گیا تھا...... اس کے بعد کی روایت میں احد پہاڑ کا ذکر ہے...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں دو مضمون ہیں، اور حضرت سہل کی روایت میں صرف پہلا مضمون ہے...... اس کے بعد کی روایت میں ہے کہ نبی ﷺ قبلہ کی دیوار کے پاس کھڑے ہو کر نماز پڑھاتے تھے، اور منبر اور جدار قبلی کے درمیان بکری گذر سکے اتنی جگہ تھی...... اس کے بعد کی روایت میں جنت کی کیاری کا ذکر ہے۔

[٧٣٣٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ ضَمْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ الْيَهُوْدَ جَاءُوْا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بِرَجُلٍ وَامْرَأَةٍ زَنَيَا، فَأَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا قَرِيْبًا مِنْ حَيْثُ تُوْضَعُ الْجَنَائِزُ عِنْدَ الْمَسْجِدِ.[راجع: ١٣٢٩]

[٧٣٣٣-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَلَعَ لَهُ أُحُدٌ، فَقَالَ:" هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ،وَإِنِّيْ أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا" تَابَعَهُ سَهْلٌ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ أُحُدٍ.[راجع: ٣٧١]

[٧٣٣٤-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ: أَنَّهُ كَانَ بَيْنَ جِدَارِ الْمَسْجِدِ مِمَّا يَلِيْ الْقِبْلَةَ وَبَيْنَ الْمِنْبَرِ مَمَرُّ الشَّاةِ.[راجع: ٤٩٦]

[٧٣٣٥-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِيْ عَلٰى حَوْضِيْ"[راجع: ١١٩٦]

آئندہ روایت: میں حفیاء، ثنیۃ الوداع اور مسجد بنی زُرَیق کا ذکر ہے...... پھر دو روایتوں میں منبر نبوی سے حضرات عمرو عثمان رضی اللہ عنہما کے خطاب فرمانے کا ذکر ہے...... اس کے بعد کی روایت میں مرکن (لگن) کا ذکر ہے...... پھر حضرت انسؓ کے اس گھر کا ذکر ہے جس میں مہاجرین وانصار میں بھائی چارہ کرایا گیا تھا۔

[٧٣٣٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَابَقَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ الْخَيْلِ، فَأُرْسِلَتِ الَّتِيْ أُضْمِرَتْ مِنْهَا وَأَمَدُهَا الْحَفْيَاءُ إِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ، وَالَّتِيْ لَمْ تُضَمَّرْ أَمَدُهَا ثَنِيَّةُ الْوَدَاعِ إِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ، وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ فِيْمَنْ سَابَقَ.

[راجع: ٤٢٠]

[٧٣٣٧-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عِيْسَى، وَابْنُ إِدْرِيْسَ، وَابْنُ أَبِيْ غَنِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ عَلٰى مِنْبَرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٤٦١٩]

[٧٣٣٨-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ خَطِيْبًا عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[٧٣٣٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، أَنَّ

هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَدْ كَانَ يُوْضَعُ لِيْ وَلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم هٰذَا الْمِرْكَنُ، فَنَشْرَعُ فِيْهِ جَمِيْعًا. [راجع: ۲۵۰]

[۷۳۴۰-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَنَسٍ: حَالَفَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم بَيْنَ الْأَنْصَارِ وَقُرَيْشٍ فِيْ دَارِيْ الَّتِيْ بِالْمَدِيْنَةِ. [راجع: ۲۲۹۴]

[۷۳۴۱-] وَقَنَتَ شَهْرًا يَدْعُوْ عَلٰى أَحْيَاءٍ مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ. [راجع: ۱۰۰۱]

آئندہ روایت: میں عبداللہ بن سلامؓ کے اس پیالہ کا ذکر ہے جس میں نبی ﷺ نے پیا ہے، اور ان کے گھر میں اس جگہ کا تذکرہ ہے جہاں آپؐ نے نماز پڑھی ہے...... اس کے بعد کی روایت میں وادی عقیق کا ذکر ہے جہاں خواب میں نبی ﷺ سے کہا گیا تھا کہ اس میں نماز پڑھیں...... اس کے بعد کی روایت میں ذوالحلیفہ وغیرہ مواقیت کا تذکرہ ہے...... اور آخری روایت میں ذوالحلیفہ میں آپؐ کے مُعَرَّس (رات گذارنے کی جگہ) کا تذکرہ ہے۔

[۷۳۴۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَلَقِيَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، فَقَالَ لِيْ: انْطَلِقْ إِلَى الْمَنْزِلِ، فَأَسْقِيَكَ فِيْ قَدَحٍ شَرِبَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَتُصَلِّيَ فِيْ مَسْجِدٍ صَلَّى فِيْهِ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، فَأَسْقَانِيْ سَوِيْقًا، وَأَطْعَمَنِيْ تَمْرًا، وَصَلَّيْتُ فِيْ مَسْجِدِهِ. [راجع: ۳۸۱۴]

[۷۳۴۳-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عِكْرِمَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ عُمَرَ حَدَّثَهُ قَالَ: حَدَّثَنِيْ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "أَتَانِي اللَّيْلَةَ آتٍ مِنْ رَبِّيْ، وَهُوَ بِالْعَقِيْقِ، أَنْ صَلِّ فِيْ هٰذَا الْوَادِيْ الْمُبَارَكِ وَقُلْ: عُمْرَةٌ وَحَجَّةٌ" وَقَالَ هَارُوْنُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ: حَدَّثَنَا عَلِيٌّ: "عُمْرَةٌ فِيْ حَجَّةٍ" [راجع: ۱۵۳۴]

[۷۳۴۴-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: وَقَّتَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم قَرْنًا لِأَهْلِ نَجْدٍ، وَالْجُحْفَةَ لِأَهْلِ الشَّأْمِ، وَذَا الْحُلَيْفَةِ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ. قَالَ: سَمِعْتُ هٰذَا مِنَ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم، وَبَلَغَنِيْ أَنَّ النَّبِيَّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "إِنَّ لِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ" وَذُكِرَ الْعِرَاقُ فَقَالَ: لَمْ تَكُنْ عِرَاقٌ يَوْمَئِذٍ. [راجع: ۱۳۳]

[۷۳۴۵-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلی الله علیه وسلم: أَنَّهُ أُرِيَ وَهُوَ فِيْ مُعَرَّسِهِ بِذِي الْحُلَيْفَةِ فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّكَ بِبَطْحَاءَ مُبَارَكَةٍ. [راجع: ۴۸۳]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾[آل عمران:۱۲۸]

آپؐ کا معاملہ میں کچھ دخل نہیں!

یہ باب ایک خام خیالی کی اصلاح کے لئے لایا گیا ہے، حکام اور قضات خیال کر سکتے ہیں کہ ہمارا معاملہ میں کچھ اختیار ہونا چاہئے، ہمیں ہر بات میں کتاب وسنت کا پابند کیا جائے گا تو ہمیں سخت دشواری پیش آئے گی، اس باب کے ذریعہ ان سے کہا گیا کہ سب سے بڑے قاضی، حاکم اور امیر المؤمنین نبی ﷺ تھے، ان کا معاملہ میں کچھ دخل نہیں تھا، سارا اختیار اللہ کا تھا، آپؐ پر بھی اللہ کے حکم کی پابندی اور پیروی ضروری تھی، اور ان کو نظام حکومت چلانے میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی تھی، پھر تم یہ خیال کیوں کرتے ہو؟ —— اور حدیث میں آیت کا شانِ نزول ہے۔

[۱۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ﴾[آل عمران:۱۲۸]

[۷۳۴۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِيْ صَلَاةِ الْفَجْرِ رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ قَالَ: "اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" فِي الآخِرَةِ. ثُمَّ قَالَ: "اللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلَانًا وَفُلَانًا" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾[راجع: ۴۰۶۹]

وضاحت: فی الآخرۃ کا تعلق رفع رأسہ من الرکوع سے ہے یعنی دوسری رکعت کے قومہ میں یہ قنوتِ نازلہ پڑھتے تھے۔

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ الإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا﴾

وَقَوْلِهِ: ﴿وَلَا تُجَادِلُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ﴾ الآيَةَ

انسان بڑا ہی جھگڑالو واقع ہوا ہے، اس سے اچھی طرح نمٹو!

یہ باب گذشتہ باب کا تتمہ ہے، اور اس باب پر اعتصام بالکتاب والسنّۃ کی بحث پوری ہوجائے گی، ہوسکتا ہے حکام اب بھی مرغ کی ایک ٹانگ گائے جائیں اور کہیں کہ نہیں نہیں! ہمارا معاملہ میں کچھ نہ کچھ اختیار ہونا چاہئے، پس جاننا چاہئے کہ یہ تو انسان کی فطرت ہے، کٹ حجتی اس کی گھٹی میں پڑی ہوئی ہے، پس ان سے اچھی طرح نمٹو، خوبصورت جواب دو، ان کو سمجھاؤ کہ آپ اللہ کے خلیفہ (نائب) ہیں، اور اللہ نے آپ کے لئے ایک دستور نازل کیا ہے، اس کی پابندی آپ پر لازم

ہے، ورنہ آپ خلیفہ کیسے کہلائیں گے؟ خودسر کہلائیں گے!

اور پہلی آیت سورۃ الکہف کی (آیت ۵۴) ہے، اور اس کی مثال باب کی پہلی حدیث ہے، یہ حدیث تحفۃ القاری (۴۵۰:۳) میں تفصیل سے آچکی ہے، اور دوسری آیت سورۃ العنکبوت کی (آیت ۴۶) ہے اور پوری آیت یہ ہے: ﴿وَلاَ تُجَادِلُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلاَّ بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ﴾: اور مباحثہ مت کرو اہل کتاب سے مگر مہذب طریقہ پر۔ اور باب کی دوسری حدیث میں مہذب طریقہ پر گفتگو کرنے کا طریقہ ہے، یہ حدیث تحفۃ القاری (۴۴۶:۶) میں آچکی ہے نبی ﷺ دشمنانِ اسلام (یہود) سے کس طرح نمٹتے تھے وہ سیکھنے کی بات ہے۔

[۱۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ الإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْئٍ جَدَلاً﴾

وَقَوْلِهِ: ﴿وَلاَ تُجَادِلُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ﴾ الآيَةَ

[۷۳۴۷-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ: أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَرَقَهُ وَفَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُمْ: "أَلاَ تُصَلُّوْنَ؟" قَالَ عَلِيٌّ: فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَنْفُسَنَا بِيَدِ اللّٰهِ، فَإِذَا شَاءَ أَنْ يَبْعَثَنَا بَعَثَنَا، فَانْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَالَ لَهُ ذٰلِكَ وَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيْهِ شَيْئًا، ثُمَّ سَمِعْتُهُ وَهُوَ مُدْبِرٌ يَضْرِبُ فَخِذَهُ وَهُوَ يَقُوْلُ: ﴿وَكَانَ الإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْئٍ جَدَلاً﴾ [راجع: ۱۱۲۷]

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: مَا أَتَاكَ لَيْلاً فَهُوَ طَارِقٌ. وَيُقَالُ: الطَّارِقُ: النَّجْمُ، وَالثَّاقِبُ: الْمُضِيْءُ، يُقَالُ: أَثْقِبْ نَارَكَ: لِلْمُوْقِدِ.

لغت: حدیث میں طَرَقَه ہے: رات میں دروازہ کھٹکھٹایا...... الطّارق: رات میں آنے والا، دروازہ کھٹکھٹانے والا اور سورۃ الطارق میں ہے: ﴿وَ السَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ○ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الطَّارِقُ؟ ○ النَّجْمُ الثَّاقِبُ﴾: قسم ہے آسمان کی اور رات میں نمودار ہونے والے کی () اور آپ کو کچھ معلوم ہے رات میں نمودار ہونے والی چیز کیا ہے؟ وہ روشن ستارہ ہے —— اس آیت میں الطارق کے معنی ستارہ ہیں، اور الثاقب کے معنی ہیں: روشن...... آگ جلانے والے سے کہا جاتا ہے: أَثْقِبْ نارك: اپنی آگ روشن کر۔

[۷۳۴۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ خَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "انْطَلِقُوْا إِلٰى يَهُوْدَ" فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتّٰى جِئْنَا بَيْتَ الْمِدْرَاسِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَنَادَاهُمْ، فَقَالَ: "يَا مَعْشَرَ الْيَهُوْدِ أَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا"

فَقَالُوْا: قَدْ بَلَّغْتَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ، فَقَالَ:" أُرِيْدُ أَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا" فَقَالُوْا: قَدْ بَلَّغْتَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ. فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" ذٰلِكَ أُرِيْدُ" ثُمَّ قَالَهَا الثَّالِثَةَ، فَقَالَ:" اعْلَمُوْا أَنَّمَا الْأَرْضُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَإِنِّىْ أُرِيْدُ أَنْ أُجْلِيَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْأَرْضِ، فَمَنْ وَجَدَ مِنْكُمْ بِمَالِهِ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ، وَإِلَّا فَاعْلَمُوْا أَنَّمَا الْأَرْضُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ"[راجع: ٣١٦٧]

بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ﴾

وَمَا أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِلُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ، وَهُمْ أَهْلُ الْعِلْمِ

یہ امت معتدل امت ہے، اور جماعتِ علماء کے ساتھ لگا رہنا مامور بہ ہے

(اجماع امت حجت شرعیہ ہے)

اس باب میں اجماع کی حجیت کا بیان ہے، اجماع امت اہل حق کے نزدیک حجت شرعیہ ہے، اصحابِ ظواہر (غیر مقلدین) اجماع کو حجت تسلیم نہیں کرتے، ورنہ بیس رکعت تراویح اور جمعہ کی پہلی اذان کو تسلیم کرتے، مگر کہتے یہ ہیں کہ ہم قطعی اجماع کو مانتے ہیں، ظنی اجماع کو نہیں مانتے، پس کیا اجماع کا ذکر قرآنِ کریم میں ہوگا؟ اس کے علاوہ قطعی ہونے کی اور کیا صورت ہے؟ وہ تو حدیثوں کے شاکلہ (طرز) پر ہی منقول ہوگا، اور جب اخبار آحاد حجت ہیں جو مفید ظن ہیں پھر اجماع ظنی کیوں حجت نہیں؟ اصل یہ ہے کہ ناچنا نہیں آنگن ٹیڑھا!

حجیتِ اجماع کی قرآن سے صریح دلیل:

امام بخاری رحمہ اللہ نے حجیتِ اجماع کی جو دلیل پیش کی ہے وہ استنباطی ہے، آپ نے تانے بانے جوڑے ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ نے قرآن سے صریح دلیل پیش کی ہے۔ سورۃ النساء کی (آیت ۱۱۵) ہے: ﴿وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ: نُوَلِّهِ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ، وَسَآءَتْ مَصِيْرًا﴾: اور جو شخص رسول کی مخالفت کرتا ہے اس کے بعد کہ اس کے لئے امر حق ظاہر ہو چکا ہے یعنی حدیث کی حجیت کا انکار کرتا ہے اور مسلمانوں کا راستہ چھوڑ کر کسی اور راستہ پر ہو لیا ہے یعنی اجماع امت کو حجت نہیں مانتا اور علاحدہ راہ اختیار کی ہے تو ہم اس کو جو کچھ وہ کرتا ہے کرنے دیں گے اور اس کو جہنم میں داخل کریں گے، اور وہ جانے کی بری چیز ہے۔

تفسیر: اس آیت سے ثابت ہوا کہ حجیتِ حدیث کا منکر اور اجماع امت کا مخالف اور منکر جہنمی ہے۔ قرآنِ کریم کی طرح سنت اور اجماع امت کو ماننا بھی فرض ہے، اللہ کا ہاتھ مسلمانوں کی جماعت پر ہے، جس نے جدا راہ اختیار کی وہ دوزخ میں جا پڑا۔

امام بخاری رحمہ اللہ کی دلیل:

امام بخاری رحمہ اللہ کی دلیل تین باتوں سے مرکب ہے:

۱- یہ امت معتدل امت ہے، گذشتہ نبیوں کے حق میں ان کی امتوں کے خلاف گواہی دے گی، سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۴۳) میں ہے: ''اور اس طرح ہم نے تم کو ایک معتدل امت بنادیا، تاکہ تم لوگوں کے خلاف گواہ بنو، اور رسول (ﷺ) تمہارے لئے گواہ بنیں'' —— یعنی تم سرکاری گواہ ہو، پس تمہاری حیثیت مسلّم ہے۔

۲- نبی ﷺ نے جماعت کے ساتھ چپکے رہنے کا حکم دیا ہے، اس سلسلہ میں دو حدیثیں ہیں:

(۱) مسند احمد (۴: ۱۳۰) وغیرہ میں روایت ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں تم کو ان پانچ باتوں کا حکم دیتا ہوں جن کا اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے: **بالجماعة، والسمع، والطاعة، والهجرة، والجهاد فی سبيل الله**: جماعت کے ساتھ لگے رہو، امیر کی بات سنو، اس کی فرمان برداری کرو، ہجرت کرو اور راہِ خدا میں لڑو، پس جو جماعت سے بالشت بھر جدا ہوا اس نے اسلام کا پھندا اپنی گردن سے نکال پھینکا (یہ حدیث ترمذی میں بھی ہے)

(۲) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جابیہ کی تقریر میں فرمایا: جماعت کو لازم پکڑو، اور افتراق سے بچو، کیونکہ شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ دو سے زیادہ دور ہوتا ہے، اور فرمایا: جو شخص جنت کے وسط میں جگہ چاہتا ہے وہ جماعت کو لازم پکڑے (ترمذی حدیث ۲۱۶۲ تحفۃ الالمعی ۵: ۵۳۳)

۳- جماعت سے مراد اہل علم (مجتہدین) ہیں۔

دلیل کا خلاصہ: پس اگر ائمہ اربعہ کسی امر پر متفق ہو جائیں تو سمجھ لو کہ ساری امت متفق ہوگئی، کیونکہ اہل حق وہی ہیں جو ائمہ اربعہ کی پیروی کرتے ہیں، اور یہی سوادِ اعظم اور جماعتِ مسلمین ہیں، ان کی راہ اپنانی ضروری ہے، اور ان کی مخالفت گمراہی ہے۔

[۱۹-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ﴾ وَمَا أَمَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِلُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ، وَهُمْ أَهْلُ الْعِلْمِ

[۷۳۴۹-] حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، قَالَ الأَعْمَشُ: قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يُجَاءُ بِنُوْحٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ لَهُ: هَلْ بَلَّغْتَ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ يَا رَبِّ! فَتُسْأَلُ أُمَّتُهُ هَلْ بَلَّغَكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: مَا جَاءَ نَا مِنْ نَذِيْرٍ. فَيُقَالُ: مَنْ شُهُوْدُكَ؟ فَيَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: فَيُجَاءُ بِكُمْ فَتَشْهَدُوْنَ" ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا﴾ قَالَ: عَدْلاً، ﴿لِتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا﴾ [راجع: ۳۳۳۹]

وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَوْنٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِھٰذَا.

بَابٌ: إِذَا اجْتَهَدَ الْعَامِلُ أَوِ الْحَاكِمُ فَأَخْطَأَ خِلَافَ الرَّسُوْلِ صلی اللہ علیہ وسلم، مِنْ غَيْرِ عِلْمٍ، فَحُكْمُهُ مَرْدُوْدٌ

جب حکومت کے کارندے نے یا حاکم نے لاعلمی کی وجہ سے رسول اللہ ﷺ کے خلاف اجتہاد سے کام کیا یا فیصلہ کیا، پس غلطی کی تو اس کا عمل اور حکم رد کیا ہوا ہے

(خلافِ اجماع کیا ہوا قاضی یا حاکم کا فیصلہ نافذ نہیں ہوگا)

یہ باب پیچیدہ ہے، کرمانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: فی الترجمة نوعٌ من الْعَجْرَفَةِ: باب میں کچھ بے ربطی ہے، اور حافظ رحمہ اللہ نے بات بنائی ہے (حاشیہ) اب میری سنیں: خلافَ الرسول کا تعلق اجتهد کے ساتھ ہے، اور من غیر علم کا بھی اسی سے تعلق ہے یعنی اجتہاد اس لئے کیا کہ مسئلہ معلوم نہیں تھا۔ اور فحکمه کا تعلق فَأَخْطَأَ سے ہے، اور خلاف الرسول کا مطلب ہے حدیث یعنی اجماعی مسئلہ کے خلاف فیصلہ کرنا، اور باب میں عامل (حکومت کے کارندے) کا ذکر اس لئے کیا ہے کہ باب کی حدیث میں اس کا ذکر ہے، اور اسی حدیث سے استدلال کرنا ہے، ورنہ قاضی کا ذکر کرنا چاہئے تھا۔

مجتہد فیہ (اختلافی) مسئلہ میں قاضی یا حاکم کوئی فیصلہ کرے تو وہ نافذ ہوگا، کیونکہ وہ فیصلہ رسول اللہ کے خلاف نہیں، اس قول کا بھی حدیث سے مستدل ہوگا جس پر فیصلہ کیا گیا ہے، اور اگر مسئلہ اجماعی ہے، اور اس کے خلاف فیصلہ کرے تو وہ نافذ نہیں ہوگا، کیونکہ وہ حدیث کے خلاف ہوگا۔ مگر ایسا فیصلہ لاعلمی ہی میں کیا جا سکتا ہے، جان کر قاضی یا حاکم ایسا فیصلہ کیوں کرے گا!

مثالیں:

۱- جارِ محض کے لئے شفعہ ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ حنفیہ کے نزدیک ہے، اور ان کا مستدل حدیث: جارُ الدار أحق بالدار ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نہیں ہے، اور ان کا مستدل بھی صحیح حدیث ہے۔ اب اگر کوئی حنفی قاضی جار محض کے لئے شفعہ کا فیصلہ کرے تو وہ نافذ ہوگا۔

۲- ربا الفضل بالاجماع حرام ہے، پس اگر کوئی حکومت کا کارندہ یا قاضی یا حاکم لاعلمی میں یہ معاملہ کرے یا اس کے جواز کا فیصلہ کرے تو وہ فیصلہ رد کیا ہوا ہے، نافذ نہیں ہوگا۔

معلق حدیث: مسلم شریف (حدیث ۱۷۱۸ باب الاقضیہ باب ۸) میں حدیث ہے۔ ایک شخص نے قاسم بن محمدؒ سے مسئلہ پوچھا کہ ایک شخص کے تین گھر ہیں، اس نے ہر گھر کے تہائی کی وصیت کی؟ قاسم نے کہا: تینوں تہائیاں ایک گھر میں جمع

کی جائیں، پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سنائی: من عمل عملاً ليس عليه أمرنا فهو رد: کسی نے کوئی ایسا عمل کیا جو ہماری شریعت میں نہیں تو وہ رد کیا ہوا ہے (ہماری شریعت میں نہیں یعنی حدیث سے اس کا کوئی مستدل نہیں)

نوٹ: یہ حدیث دوسرے لفظوں سے پہلے (حدیث ۲۶۹۷) آئی ہے۔

اور حدیث: پہلے آئی ہے۔ نبی ﷺ نے ایک عامل (کارندہ) کو خیبر بھیجا۔ وہ جنیب (عمدہ) کھجوریں لایا، آپؐ نے پوچھا: کیا خیبر میں سب ایسی ہی عمدہ کھجوریں ہوتی ہیں؟ اس نے کہا: نہیں! اے اللہ کے رسول! بلکہ ہم رلی ملی کھجوروں کے دو صاع دے کر عمدہ کھجوروں کا ایک صاع لیتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: ایسا مت کرو، برابر سرابر ہونا ضروری ہے، بلکہ ایسا کرو کہ ردی کھجوریں روپیوں میں بیچ دو، اوران روپیوں سے عمدہ کھجوریں خریدلو اور جو حکم مکیلات کا ہے وہی موزونات کا ہے (اور اس عامل کے معاملہ کو رد نہیں کیا: یہ تشریع کے وقت کی ترخیص تھی)

[۲۰-] بَابٌ: إِذَا اجْتَهَدَ الْعَامِلُ أَوِ الْحَاكِمُ فَأَخْطَأَ خِلَافَ الرَّسُوْلِ صلی اللہ علیہ وسلم، مِنْ غَيْرِ عِلْمٍ، فَحُكْمُهُ مَرْدُوْدٌ

لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ عَمِلَ عَمَلاً لَيْسَ عَلَيْهِ أَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ"

[۷۳۵۰و۷۳۵۱-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَخِيْهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِيْدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، وَأَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَاهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بَعَثَ أَخَا بَنِيْ عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيَّ، وَاسْتَعْمَلَهُ عَلٰى خَيْبَرَ، فَقَدِمَ بِتَمْرٍ جَنِيْبٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا؟" قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّا لَنَشْتَرِيْ الصَّاعَ بِالصَّاعَيْنِ مِنَ الْجَمْعِ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَا تَفْعَلُوْا، وَلٰكِنْ مِثْلاً بِمِثْلٍ، أَوْ بِيْعُوْا هٰذَا وَاشْتَرُوْا بِثَمَنِهِ مِنْ هٰذَا، وَكَذٰلِكَ الْمِيْزَانُ" [راجع: ۲۲۰۱، ۲۲۰۲]

بَابُ أَجْرِ الْحَاكِمِ إِذَا اجْتَهَدَ فَأَصَابَ أَوْ أَخْطَأَ

فیصلہ کرنے والا جب اجتہاد سے فیصلہ کرے پس وہ خواہ حق کو پائے یا چوک جائے ثواب کا مستحق ہوگا

(قیاس کی اعتباریت کا بیان)

اس باب میں قیاس کی حجیت کا بیان ہے، قیاس کی اعتباریت تو قرآنِ کریم سے ثابت ہے اور اس کا طریق کار سنت سے، جیسا کہ پہلے گذرا، مگر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث جس میں اجتہاد کے طریقہ کا بیان ہے، بخاری شریف کی شرط کے مطابق نہیں، وہ ترمذی، ابوداؤد اور دارمی کی روایت ہے (مشکات حدیث ۳۷۳۷) اس لئے دوسری روایت لائے

ہیں، اور اس سے قیاس کی حجیت ثابت کی ہے:

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب فیصلہ کرنے والا کوئی فیصلہ کرے (چاہے بادشاہ کرے، قاضی کرے یا امت کا مجتہد کرے) پس وہ (حق کو پانے کی) انتہائی کوشش کرے یعنی معاملہ اور اس کا حکم سمجھنے میں پوری طاقت صرف کردے، پس وہ نفس الامری حق کو پالے تو اس کے لئے دو ثواب ہیں، اور جب وہ کوئی فیصلہ کرے، اور وہ حق کو پانے کی کوشش کرے، پھر وہ چوک جائے یعنی نفس الامری حق کو نہ پاسکے تو اس کے لئے ایک ثواب ہے۔

تشریح: اسی حدیث سے اصولِ فقہ والوں نے یہ ضابطہ بنایا ہے: **المجتهد یصیب ویخطئ**: مجتہد حق کو پاتا بھی ہے اور چوکتا بھی ہے۔ اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ حاکم/ قاضی کو معاملہ فہمی میں اور اس کا حکم جاننے میں اور مجتہد کو مسائل شرعیہ کے فہم واستنباط میں حتی المقدر پوری کوشش کرنی چاہئے، پھر اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے، وہ اس کی محنت ضائع نہیں کریں گے۔ اور مجتہد کو بہر صورت ثواب ملنا دلیل ہے کہ اجتہاد (قیاس) برحق ہے، چت بھی مجتہد کی اور پٹ بھی اس کی!

فائدہ: جو مجتہد نفس الامری حق کو چوک جاتا ہے وہ بھی ثواب کا مستحق ہے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مسائل اجتہادیہ میں سب مجتہدین حق پر ہیں، البتہ آخرت میں ثواب پانے کے اعتبار سے تفاوت ہوگا۔ حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہٗ نے اس کی ایک مثال دی تھی کہ ایک شخص نے ریت میں سوئی رَلادی اور لوگوں سے کہا: سوئی ڈھونڈھو، جس کو ملے گی اسے دو روپے دوں گا، اور باقیوں کو بھی ایک ایک روپیہ دوں گا، اب ظاہر ہے کہ سوئی کسی ایک ہی کو ملے گی، کیونکہ سوئی ایک ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی کو نہ ملے، اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے مسائل اجتہادیہ میں حق کو پوشیدہ کیا ہے اور مجتہدین کو تلاش کرنے کا حکم دیا ہے، پس جب مجتہدین حکم الٰہی کی تعمیل میں مصروف ہونگے تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ کسی کی نماز صحیح ہو اور کسی کی باطل؟ کسی کا عمل قبول ہو اور کسی کا رد؟ چنانچہ چاروں مکاتب فکر کے علماء متفق ہیں کہ اہل السنہ والجماعۃ کے تمام مجتہدین عمل کے اعتبار سے برحق ہیں۔

سوال: یہاں اگر کوئی سوال کرے کہ امام نسفی کی مصفّٰی سے اشباہ میں، پھر وہاں سے درمختار کے مقدمہ میں جو نقل کیا گیا ہے کہ **إذا سُئِلَنا عن مذهبنا ومذهب مخالِفنا: قلنا وجوبا: مذهبُنا صَوابٌ يَحتملُ الخطأ ومذهبُ مخالِفِنَا خَطَأٌ يَحتملُ الصَّوَابَ، وَإِذَا سُئِلَنا عَنْ مُعْتَقَدِنَا وَمُعْتقدِ خصومنا: قلنا وجوبا: الحقُّ ما نحن عليه، والباطلُ ما عليه خُصومُنا** یعنی جب ہم سے پوچھا جائے ہمارے فقہی مذہب کے بارے میں اور ہمارے مخالف کے فقہی مذہب کے بارے میں تو ہم قطعی طور پر جواب دیں گے کہ ہمارا مذہب برحق ہے، مگر اس میں چوک کا احتمال ہے، اور ہمارے مخالف کا مذہب غلط ہے اور اس میں درستگی کا احتمال ہے، اور جب ہم سے پوچھا جائے ہمارے یعنی اہل السنہ والجماعہ کے عقیدوں کے بارے میں اور ہمارے مخالف یعنی گمراہ فرقوں کے عقیدوں کے بارے میں تو ہم قطعی طور پر کہیں گے کہ برحق وہ عقیدے ہیں جن پر ہم ہیں اور غلط وہ عقیدے ہیں جن پر ہمارے مخالف ہیں: اس عبارت کا کیا مطلب

ہے؟ آپ تو فرمارہے ہیں کہ فقہی اختلافات میں عمل کے اعتبار سے سب برحق ہیں؟

جواب: شامی میں ابن حجر مکیؒ کے فقہی فتاوی سے نقل کیا ہے کہ إن ذلك مَبنِیٌّ علی الضَّعیف یعنی یہ قول جس بنیاد پر متفرع ہے وہ ضعیف ہے، پس یہ بات جو اس پر متفرع ہے کیسے درست ہوسکتی ہے؟ تفصیل شامی (۱:۳۶) میں ہے۔ اور حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ نے ایک موقع پر جبکہ حضرت حکیم الاسلام مولانا محمد طیب صاحب قدس سرہ کی کتاب ''مسلک اعتدال'' اساتذۂ دارالعلوم دیوبند کی ایک دس نفری مجلس میں پڑھی جارہی تھی اور اس میں درمختار سے یہ بات نقل کی گئی تھی تو فرمایا تھا کہ یہ بات کلامی مسائل کے بارے میں صحیح ہے، فروعی مسائل کے بارے میں صحیح نہیں، ورنہ حنفی کی شافعی کے پیچھے یا اس کے برعکس نماز کیسے درست ہوگی؟ جب مقتدی اپنے امام کو غلطی پر سمجھ رہا ہے تو اس کے پیچھے نماز درست نہیں۔

[۲۱-] بَابُ أَجْرِ الْحَاكِمِ إِذَا اجْتَهَدَ فَأَصَابَ أَوْ أَخْطَأَ

[۷۳۵۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ الْمَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ قَيْسٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: أَنَّـهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: ''إِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ فَأَصَابَ فَلَهُ أَجْرَانِ، وَإِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ أَخْطَأَ فَلَهُ أَجْرٌ''

قَالَ: فَحَدَّثْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ أَبَا بَكْرِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فَقَالَ: هٰكَذَا حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

وَقَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُطَّلِبِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِثْلَهُ.

قولہ: قال: فحدثتُ: قال کا فاعل یزید (راوی) ہیں اور ابو بکر کی حدیث مرفوع نہیں، البتہ عبدالعزیز کی سند مرفوع ہے۔

بَابُ الْحُجَّةِ عَلٰى مَنْ قَالَ: إِنَّ أَحْكَامَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَتْ ظَاهِرَةً وَمَا كَانَ يَغِيْبُ بَعْضُهُمْ عَنْ مَشَاهِدِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَأُمُوْرِ الإِسْلَامِ

ان لوگوں کے قول کی تردید جو کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کے احکام ظاہر پر (محمول) ہیں اور یہ کہ بعض صحابہ نبی ﷺ کی بارگاہ سے اور دینی امور سے غیر حاضر رہتے تھے (منکرین قیاس (غیر مقلدین) کے قول کی تردید)

أحکام النبی صلی اللہ علیہ وسلم: سے مراد نصوص ہیں...... اور ما: موصولہ ہے...... المشاهد: المشهد کی

جمع: موجودگی، دربار، بارگاہ...... أمور کا مشاهد پر عطف، أمور الإسلام: دین کی چیزیں، دینی امور۔

اصحابِ ظواہر اجتہاد وقیاس کا انکار کرتے ہیں، ان کے نزدیک قرآن وحدیث کی نصوص معلل نہیں (معلل: علت نکالی ہوئی) نص میں جو کچھ ہے وہی مراد ہے۔ اشیاءستہ کی حدیث میں سود مذکور چیزوں میں منحصر ہے، کسی ساتویں چیز میں سود نہیں —— اور ائمہ اربعہ قائسین (قیاس کرنے والے) ہیں، ان کے نزدیک نصوص معلل ہیں وہ نص سے حکم کی علت نکالتے ہیں، پھر علت جہاں جہاں پائی جاتی ہے نص کے حکم کو متعدی کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں عرب میں خوراک گیہوں، جَو، چھوہارے اور نمک تھی، اور کرنسی سونا اور چاندی تھی، چنانچہ آپؐ نے انہی کا حکم بیان فرمایا کہ ان میں ربا الفضل اور ربا النسیئة کا تحقق ہوتا ہے، مگر دنیا میں کھانے کی اور چیزیں بھی ہیں اور اب تو کرنسی بینک نوٹ بن گئی ہے، ان سب کا حکم اسی حدیث سے لیا جائے گا، اس طرح کہ اشیاءستہ کی علت نکالی جائے گی، اور وہ قدر مع الجنس ہے، پس جہاں بھی یہ علت متحقق ہوگی ربا ہوگا۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں غیر مقلدین کی تردید کی ہے، پہلے جزء میں دعوی ہے کہ اصحابِ ظواہر کا یہ قول مردود ہے کہ نصوص ان کے ظاہر پر محمول ہیں۔ اور دوسرے جزء میں دلیل ہے کہ سب صحابہ ہر وقت خدمتِ نبوی میں حاضر رہ کر دین حاصل نہیں کرتے تھے، باب کی دونوں حدیثیں اس کی دلیل ہیں، پس قیامت تک کے حوادث (نئی باتیں) اگرچہ نبی ﷺ کے زمانہ میں موجود نہیں تھے، مگر ان کے احکام قرآن وسنت سے اخذ کئے جائیں گے، اور اس کے لئے نصوص کی علت نکال کر حکم کا تعدیہ کرنا ہوگا، جبھی نصوص زمانہ کا ساتھ دے سکتی ہیں، اور اسی کا نام اجتہاد وقیاس ہے۔

پہلی حدیث: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قول: **ألهانی الصفق بالأسواق** سے استدلال کیا ہے یعنی غافل کیا مجھے بازار میں کاروبار کرنے نے یعنی میں یہ حدیث نبی ﷺ سے خود نہ سن سکا۔

دوسری حدیث: میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے: **كان المهاجرون يشغلهم الصفق بالأسواق، وكانت الأنصار يشغلهم القيام على أموالهم:** مہاجرین مارکیٹ میں کاروبار میں رہتے تھے اور انصار کھیتوں میں مشغول رہتے تھے، اور بندہ ہر وقت خدمت میں حاضر رہتا تھا، اس لئے مجھے حدیثیں زیادہ یاد ہیں۔

[۲۲-] بَابُ الْحُجَّةِ عَلٰى مَنْ قَالَ: إِنَّ أَحْكَامَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم كَانَتْ ظَاهِرَةً وَمَا كَانَ يَغِيْبُ بَعْضُهُمْ عَنْ مَشَاهِدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأُمُوْرِ الإِسْلَامِ

[۷۳۵۳-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيىَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَطَاءٌ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ أَبُوْ مُوْسَى عَلٰى عُمَرَ، فَكَأَنَّهُ وَجَدَهُ مَشْغُوْلاً فَرَجَعَ، فَقَالَ عُمَرُ: أَلَمْ أَسْمَعْ صَوْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، ائْذَنُوْا لَهُ، فَدُعِيَ لَهُ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا صَنَعْتَ؟ فَقَالَ: إِنَّا كُنَّا نُؤْمَرُ

بِهٰذَا. قَالَ: فَأْتِنِىْ عَلٰى هٰذَا بِبَيِّنَةٍ أَوْ لَأَفْعَلَنَّ بِكَ! فَانْطَلَقَ إِلٰى مَجْلِسٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالُوْا: لَا يَشْهَدُ إِلَّا أَصْغَرُنَا. فَقَامَ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ، فَقَالَ: قَدْ كُنَّا نُؤْمَرُ بِهٰذَا. فَقَالَ عُمَرُ: خَفِيَ عَلَيَّ هٰذَا مِنْ أَمْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم! أَلْهَانِيْ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ. [راجع: ۲۰۶۲]

[۷۳۵۴-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، أَنَّـهُ سَمِعَهُ مِنَ الْأَعْرَجِ، يَقُوْلُ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: إِنَّكُمْ تَزْعُمُوْنَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يُكْثِرُ الْحَدِيْثَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَاللّٰهُ الْمَوْعِدُ، إِنِّيْ كُنْتُ امْرَأً مِسْكِيْنًا أَلْزَمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلٰى مِلْءِ بَطْنِيْ، وَكَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ، وَكَانَتِ الْأَنْصَارُ يَشْغَلُهُمُ الْقِيَامُ عَلٰى أَمْوَالِهِمْ، فَشَهِدْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ: "مَنْ يَبْسُطْ رِدَاءَهُ حَتّٰى أَقْضِيَ مَقَالَتِيْ ثُمَّ يَقْبِضَهُ فَلَمْ يَنْسَ شَيْئًا سَمِعَهُ مِنِّيْ" فَبَسَطْتُ بُرْدَةً كَانَتْ عَلَيَّ، فَوَ الَّذِيْ بَعَثَهُ بِالْحَقِّ مَا نَسِيْتُ شَيْئًا سَمِعْتُهُ مِنْهُ. [راجع: ۱۱۸]

بَابُ مَنْ رَأَى تَرْكَ النَّكِيْرِ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حُجَّةً لَا مِنْ غَيْرِ الرَّسُوْلِ صلى الله عليه وسلم

ایک رائے یہ ہے کہ نبی ﷺ کا نکیر نہ کرنا حجت ہے، غیر نبی کا نکیر نہ کرنا حجت نہیں

(تقریر نبوی بھی حدیث ہے)

تقریر کے معنی ہیں: برقرار رکھنا، کسی مسلمان نے کوئی کام کیا، نبی ﷺ کے علم میں وہ آیا، اور آپؐ نے اس پر نکیر نہیں کی تو یہ اس کے جواز کی دلیل ہے، جیسے مدینہ کے لوگ بیع سلم کرتے تھے، آپؐ نے ان کو نہیں روکا، بلکہ شرائط بیان کیں، پس بیع سلم جائز ہے، بلکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے تو عزل کے جواز پر بھی تقریر سے استدلال کیا ہے۔ فرمایا: کنا نعزل والقرآن ینزل: پس یہ رائے صحیح ہے۔ اور غیر نبی کا نکیر نہ کرنا حجت نہیں، مفتی صاحب کے سامنے کسی نے کوئی کام کیا اور انھوں نے نہیں ٹوکا تو یہ دلیل جواز نہیں، کیونکہ ان کی خاموشی مختلف وجوہ سے ہوسکتی ہے، مگر اس ضابطہ کا تعلق حکم شرعی (جواز) سے ہے، اخبار سے نہیں جیسا کہ باب کی حدیث میں ہے:

حدیث: محمد بن المنکدر کہتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو اللہ کی قسم کھا کر کہتے سنا کہ ابن صیاد دجال ہے! میں نے کہا: آپ اللہ کی قسم کھاتے ہیں؟ انھوں نے فرمایا: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ کے سامنے قسم کھاتے دیکھا ہے پس آپؐ نے نکیر نہیں کی —— مگر یہ اخبار کا باب ہے، اور ابن صیاد کا معاملہ مبہم تھا، اس لئے آپؐ

نے نہیں ٹوکا، پس اس روایت سے مذکورہ ضابطہ پر استدلال نہیں ہوسکتا، چنانچہ امام صاحب نے بندوق دوسرے کے کندھے پر رکھ کر چلائی۔

[۲۳-] بَابُ مَنْ رَأَى تَرْكَ النَّكِيْرِ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حُجَّةً لَا مِنْ غَيْرِ الرَّسُوْلِ صلى الله عليه وسلم

[۷۳۵۵-] حدثنا حَمَّادُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِىْ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: رَأَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَحْلِفُ بِاللهِ: أَنَّ ابْنَ الصَّائِدِ: الدَّجَّالُ. قُلْتُ: تَحْلِفُ بِاللهِ؟ قَالَ: إِنِّىْ سَمِعْتُ عُمَرَ يَحْلِفُ عَلٰى ذٰلِكَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يُنْكِرْهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ الْأَحْكَامِ الَّتِىْ تُعْرَفُ بِالدَّلَائِلِ، وَكَيْفَ مَعْنَى الدَّلَالَةِ وَتَفْسِيْرُهَا

وہ احکام جو نص سے دلالۃً سمجھے جاتے ہیں، اور دلالت کے معنی اور اس کی تفسیر

(فحوی الکلام سے استدلال)

دلالت: کسی چیز کا خود بخود یا کسی کے مقرر کرنے سے ایسا ہونا کہ اس کے جاننے سے دوسری نامعلوم چیز کا علم حاصل ہوجائے، پھر دلالت کی دو قسمیں ہیں: لفظیہ اور غیر لفظیہ، اس باب میں دلالت لفظیہ مراد ہے، اس کا دوسرا نام **فَحوی الکلام** ہے، فحوی کے لغوی معنی ہیں: مضمونِ کلام، **فَحا بکلامه**: اپنے کلام سے اشارہ کیا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: کلام میں جو امر باعثِ حکم ہو اس کے ذریعہ مسکوت عنہ کا حکم سمجھنا: (رحمۃ اللہ ۲:۵۱۹) جیسے:

۱- نبی ﷺ نے فرمایا: گھوڑے تین مقاصد سے پالے جاتے ہیں: ایک میں اجر ہے، دوسرے میں ستر (پردہ پوشی) ہے اور تیسرے میں گناہ ہے، پھر تینوں کی تفصیل کی، پس گدھوں کے بارے میں پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: ''ان کے بارے میں مجھ پر کوئی حکم نازل نہیں ہوا، ہاں یہ یگانہ ہم گیر آیت نازل ہوئی ہے کہ جو شخص (دنیا میں) ذرہ بھر نیکی کرے گا وہ اس کو (قیامت کے دن) دیکھے گا، اور جو ذرہ بھر برائی کرے گا وہ اس کو دیکھے گا'' —— اس ضابطہ کے تحت اگر گدھوں میں سے کوئی کچھ راہِ خدا میں خرچ کرے تو ضرور اس کا ثواب ملے گا۔ یہ فحوی الکلام سے استدلال ہے، اور یہ بھی قیاس کی ایک صورت ہے۔

۲- نبی ﷺ سے گوہ کے بارے میں پوچھا گیا، پس فرمایا: ''میں نہ اس کو کھاتا ہوں نہ حرام ٹھہراتا ہوں'' پھر آپؐ کے

دسترخوان پر گوہ کھائی گئی، اس سے ابن عباسؓ نے استدلال کیا کہ گوہ حرام نہیں، یہ جواز فحوی الکلام سے سمجھا گیا ہے۔

فائدہ: امام بخاری رحمہ اللہ کی دلالت اصولِ فقہ کی دلالت النص سے مختلف ہے، امام صاحب کی دلالت کی وضاحت اوپر آگئی، اسی کے لئے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے فحوی الکلام کی اصطلاح استعمال کی ہے، اور اصولِ فقہ کی دلالت النص کے معنی ہیں: نص کے لغوی معنی سے جو حکم ثابت ہوا اس کو دوسری جگہ بطریقِ اولیٰ ثابت کرنا۔ جیسے قرآنِ کریم میں ماں باپ کو اُف (اوں) کہنے کی ممانعت ہے، اس سے ضرب وشتم کی حرمت بطریقِ اولیٰ ثابت ہوتی ہے، یہ دلالت النص سے ثابت حکم کہلاتا ہے۔

[۲۴-] بَابُ الْأَحْكَامِ الَّتِیْ تُعْرَفُ بِالدَّلاَئِلِ، وَكَیْفَ مَعْنَی الدَّلاَلَةِ وَتَفْسِیْرُهَا

[۱-] وَقَدْ أَخْبَرَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم أَمْرَ الْخَیْلِ وَغَیْرِهَا، ثُمَّ سُئِلَ عَنِ الْحُمُرِ فَدَلَّهُمْ عَلٰی قَوْلِهِ: ﴿فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهُ﴾ [الزلزلة:۷]

[۲-] وَسُئِلَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم عَنِ الضَّبِّ، فَقَالَ: "لاَ آكُلُهُ وَلاَ أُحَرِّمُهُ" وَأُكِلَ عَلٰی مَائِدَةِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم الضَّبُّ، فَاسْتَدَلَّ ابْنُ عَبَّاسٍ بِأَنَّهُ لَیْسَ بِحَرَامٍ.

[۷۳۵۶-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ زَیْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "الْخَیْلُ لِثَلاَثَةٍ: لِرَجُلٍ أَجْرٌ، وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ، وَعَلٰی رَجُلٍ وِزْرٌ، فَأَمَّا الَّذِیْ لَهُ أَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، فَأَطَالَ فِیْ مَرْجٍ أَوْ رَوْضَةٍ، فَمَا أَصَابَتْ فِیْ طِیَلِهَا ذٰلِكَ فِی الْمَرْجِ وَالرَّوْضَةِ كَانَ لَهُ حَسَنَاتٍ، وَلَوْ أَنَّهَا قَطَعَتْ طِیَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَیْنِ كَانَتْ آثَارُهَا وَأَرْوَاثُهَا حَسَنَاتٍ لَهُ، وَلَوْ أَنَّهَا مَرَّتْ بِنَهَرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ وَلَمْ یُرِدْ أَنْ یَسْقِیَ بِهِ كَانَ ذٰلِكَ حَسَنَاتٍ لَهُ، وَهِیَ لِذٰلِكَ الرَّجُلِ أَجْرٌ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَغَنِّیًا وَتَعَفُّفًا وَلَمْ یَنْسَ حَقَّ اللّٰهِ فِیْ رِقَابِهَا وَلاَ ظُهُوْرِهَا، فَهِیَ لَهُ سِتْرٌ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا فَخْرًا وَرِیَاءً، فَهِیَ عَلٰی ذٰلِكَ وِزْرٌ"

وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَنِ الْحُمُرِ؟ فَقَالَ: "مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَیَّ فِیْهَا إِلَّا هٰذِهِ الآیَةَ الْفَاذَّةَ الْجَامِعَةَ: ﴿فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهُ ۝ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهُ﴾ [راجع: ۲۳۷۱]

آئندہ حدیث: اسماء بنت شَکَلؓ نے غسلِ حیض کا طریقہ پوچھا (آپؐ نے طریقہ بتلایا، پھر فرمایا:) روئی میں بسایا ہوا پھاہا لے اور اس سے پاکی حاصل کر، وہ نہیں سمجھیں، انھوں نے بار بار پوچھا: روئی کے پھاہے سے کیسے پاکی حاصل کروں؟ چونکہ شرم کی بات تھی اس لئے آپؐ نے کھولی نہیں، آپؐ بھی بار بار وہی جواب دیتے رہے، صدیقہؓ تَوَضَّئِیْن کا مطلب سمجھ گئیں، اسماء کو اندر لے گئیں اور مرادِ نبوی سمجھائی، یہ فحوی الکلام سمجھ کر سمجھایا۔

[۷۳۵۷-] حدثنا يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ صَفِيَّةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم. ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِيُّ الْبَصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنُ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ أُمِّيْ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْحَيْضِ كَيْفَ تَغْتَسِلُ مِنْهُ؟ قَالَ: "تَأْخُذِيْنَ فِرْصَةً مُمَسَّكَةً فَتَوَضَّئِيْنَ بِهَا" قَالَتْ: كَيْفَ أَتَوَضَّأُ بِهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تَوَضَّئِيْنَ" قَالَتْ: كَيْفَ أَتَوَضَّأُ بِهَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "تَوَضَّئِيْنَ بِهَا" قَالَتْ عَائِشَةُ: فَعَرَفْتُ الَّذِيْ يُرِيْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَجَذَبْتُهَا إِلَيَّ فَعَلَّمْتُهَا. [راجع: ۳۱۴]

آئندہ حدیث: گوہ کے جواز کی ہے، نبی ﷺ کی سالی ام حُفید نے نجد سے ہدایا بھیجے، ان میں تلی ہوئی گوہ بھی تھی، جب آپؐ کو بتایا گیا کہ یہ گوہ ہے تو آپؐ نے ہاتھ کھینچ لیا، پوچھا گیا: یارسول اللہ! گوہ حرام ہے؟ فرمایا: "میں نہ اس کو کھاتا ہوں نہ حرام ٹھہراتا ہوں" اس کلام کے فحوی سے جواز سمجھا گیا، چنانچہ آپؐ کے دسترخوان پر وہ کھائی گئی۔

[۷۳۵۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ أُمَّ حُفَيْدٍ بِنْتَ الْحَارِثِ بْنِ حَزْنٍ أَهْدَتْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم سَمْنًا وَأَقِطًا وَأَضُبًّا، فَدَعَا بِهِنَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأُكِلْنَ عَلٰى مَائِدَتِهِ، فَتَرَكَهُنَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم كَالْمُتَقَذِّرِ لَهُ، وَلَوْ كُنَّ حَرَامًا مَا أُكِلْنَ عَلٰى مَائِدَتِهِ، وَلاَ أَمَرَ بِأَكْلِهِنَّ. [راجع: ۲۵۷۵]

آئندہ حدیث: لہسن پیاز کی ہے، اس میں ارشاد نبوی ہے: كُلْ فإني أنا جي من لاتناجي: کھا، میں سرگوشی کرتا ہوں اس سے جس سے تو سرگوشی نہیں کرتا۔ اس ارشاد سے پکے لہسن پیاز کے کھانے کا جواز نکالا، یہ فحوی الکلام سے سمجھا گیا۔

[۷۳۵۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ اَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ أَكَلَ ثُوْمًا أَوْ بَصَلاً فَلْيَعْتَزِلْنَا أَوْ: لِيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا، وَلْيَقْعُدْ فِيْ بَيْتِهِ" وَإِنَّهُ أُتِيَ بِبَدْرٍ، قَالَ ابْنُ وَهْبٍ: يَعْنِيْ طَبَقًا فِيْهِ خُضَرَاتٌ مِنْ بُقُوْلٍ، فَوَجَدَ لَهَا رِيْحًا فَسَأَلَ عَنْهَا فَأُخْبِرَ بِمَا فِيْهَا مِنَ الْبُقُوْلِ، فَقَالَ: "قَرِّبُوْهَا" إِلٰى بَعْضِ أَصْحَابِهِ كَانَ مَعَهُ، فَلَمَّا رَآهُ كَرِهَ أَكْلَهَا. قَالَ: "كُلْ، فَإِنِّيْ أُنَاجِيْ مَنْ لاَ تُنَاجِيْ" قَالَ ابْنُ عُفَيْرٍ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ: بِقِدْرٍ فِيْهِ خُضَرَاتٌ. وَلَمْ يَذْكُرِ اللَّيْثُ وَأَبُوْ صَفْوَانَ عَنْ يُوْنُسَ قِصَّةَ الْقِدْرِ، فَلاَ أَدْرِيْ هُوَ مِنْ قَوْلِ الزُّهْرِيِّ أَوْ فِي الْحَدِيْثِ. [راجع: ۸۵۴]

آئندہ حدیث: میں ایک عورت سے نبی ﷺ نے تعاون کا وعدہ کیا اور دوسرے وقت آنے کے لئے کہا، اس نے کہا: میں آؤں اور آپؐ نہ ملیں؟ یعنی آپؐ کی وفات ہوگئی ہو؟ یہ بات لم أجدك کے فحوی سے سمجھی گئی۔

[۷۳۶۰-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، وَعَمِّیْ، قَالاَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرٍ: أَنَّ أَبَاهُ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ امْرَأَةً أَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَكَلَّمَتْهُ فِیْ شَيْءٍ، فَأَمَرَهَا بِأَمْرٍ، فَقَالَتْ: أَرَأَيْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنْ لَمْ أَجِدْكَ؟ قَالَ: "إِنْ لَمْ تَجِدِيْنِیْ فَأْتِی أَبَا بَكْرٍ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: زَادَ لَنَا الْحُمَيْدِیُّ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ: كَأَنَّهَا تَعْنِی الْمَوْتَ. [راجع: ۳۶۵۹]

بَابُ قَوْلِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم: "لاَ تَسْأَلُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ عَنْ شَيْءٍ"

یہود ونصاری سے کوئی بات مت پوچھو

باب میں حدیث کے الفاظ ہیں۔ یہ حدیث مسند احمد (۱:۱۳۱) اور مصنف ابن ابی شیبہ (حدیث ۲۶۹۵۲) وغیرہ میں ہے۔ گذشتہ شریعتوں کی کوئی بات یا کوئی حکم قرآن وحدیث میں مذکور ہو، اور اس پر نکیر وارد نہ ہوئی ہو تو وہ ہماری بھی شریعت ہے، اور جو بات قرآن وحدیث میں مذکور نہیں: وہ دو طرح کی ہیں: اول: کوئی حکم شرعی ہو، اس کے پوچھنے کا سوال ہی نہیں، ہماری شریعت عام وتام ہے۔ دوم: گذشتہ نبیوں کے اخبار واحوال: یہ بھی ان سے نہیں پوچھنے چاہئیں، اور اگر بغیر پوچھے وہ بیان کریں اور وہ قرآن وحدیث کے بیان کے خلاف نہ ہوں تو نہ ان کی تصدیق کرے نہ تکذیب۔ کیونکہ انھوں نے اپنی کتابوں میں تحریف کردی ہے، اور ان کا بڑے سے بڑا معتمد آدمی بھی صد فی صد قابل اعتبار نہیں۔

اس کی نظیر: جگہ جگہ موئے مبارک ہیں، ان کی نہ تصدیق کرنی چاہئے نہ تکذیب، کیونکہ حجۃ الوداع میں موئے مبارک تقسیم کئے گئے تھے، پس ممکن ہے ان میں سے کوئی بال مبارک موجود ہو، اور نبی ﷺ کی طرف کسی بھی چیز کی نسبت بے سند جائز نہیں، اور کسی بھی موئے مبارک کی سند نہیں، صرف شہرت ہے اس لئے تصدیق بھی نہیں کرنی چاہئے۔

روایت: کعب احبار تابعی ہیں، پہلے یہودی تھے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں یا اس کے بعد مسلمان ہوئے، وہ اپنی کتابوں کے بڑے عالم تھے، اسلام کے بعد مسلمانوں کے سامنے اسرائیلیات بیان کرتے تھے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں قریش کے کچھ لوگوں سے بیان کیا اور ان کا تذکرہ کیا، پس فرمایا: "آسمانی کتابوں کے حوالے سے جو لوگ باتیں بیان کرتے ہیں ان میں سب سے سچے وہ (کعب احبار) ہیں، اور بے شک ہم ان پر جھوٹ کو آزماتے ہیں! یعنی ان کی باتوں میں بھی ہم کچھ جھوٹ محسوس کرتے ہیں، پس تا بہ دیگراں چہ رسد! اس لئے ان سے کوئی بات نہیں پوچھنی

چاہئے، اور وہ از خود بیان کریں تو اس کی نہ تصدیق کرنی چاہئے نہ تکذیب۔

سوال: یہ باب کتاب الاعتصام میں کیوں لائے ہیں؟ **جواب:** یہ شرائع مَنْ قبلنا کا مسئلہ ہے، اس میں کچھ لوگ غلو کرتے ہیں، اور اپنی تفسیروں میں اہل کتاب کی باتیں نقل کرتے ہیں، جبکہ تورات وانجیل کا کوئی شارح اسلام کے حوالے سے کوئی بات نقل نہیں کرتا، پس کیا مسلمانوں کی غیرت کا جنازہ نکل گیا ہے کہ وہ یہ حرکت کرتے ہیں؟!

[۲۵-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَا تَسْأَلُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ عَنْ شَيْءٍ "

[۷۳۶۱-] وَقَالَ أَبُوْ الْيَمَانِ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، سَمِعَ مُعَاوِيَةَ يُحَدِّثُ رَهْطًا مِنْ قُرَيْشٍ بِالْمَدِيْنَةِ، وَذَكَرَ كَعْبَ الْأَحْبَارِ، فَقَالَ: إِنْ كَانَ مِنْ أَصْدَقِ هٰؤُلَاءِ الْمُحَدِّثِيْنَ الَّذِيْنَ يُحَدِّثُوْنَ عَنِ الْكِتَابِ، وَإِنْ كُنَّا مَعَ ذٰلِكَ لَنَبْلُوْ عَلَيْهِ الْكَذِبَ.

آئندہ روایت: پہلے تحفۃ القاری (۸:۹۷) میں شان ورود کے ساتھ آئی ہے کہ اہل کتاب کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب، اور کہو: ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس وحی (قرآن) پر جو ہماری طرف اتاری گئی ہے۔

[۷۳۶۲-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَقْرَءُوْنَ التَّوْرَاةَ بِالْعِبْرَانِيَّةِ وَيُفَسِّرُوْنَهَا بِالْعَرَبِيَّةِ لِأَهْلِ الإِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " لَا تُصَدِّقُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ وَلَا تُكَذِّبُوْهُمْ، وَقُوْلُوْا: ﴿آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا﴾ " الآيَةَ. [البقرة: ۱۳۶] [راجع: ٤٤٨٥]

آئندہ حدیث: پہلے تحفۃ القاری (۸۲:۶) میں آئی ہے۔ ابن عباسؓ نے فرمایا: کیسے پوچھتے ہو تم اہل کتاب سے کوئی بات درانحالیکہ تمہاری کتاب جو اللہ نے اپنے رسول پر اتاری ہے جدید ترین کتاب ہے، پڑھتے ہو تم اس کو خالص (بے میل) بے شائبہ، اور اللہ تعالیٰ نے تم سے یہ بھی بیان کر دیا ہے کہ اہل کتاب نے اپنی کتابوں میں تحریف کر دی ہے اور ان کو بدل دیا ہے، اور انھوں نے ان کتابوں کو اپنے ہاتھوں سے لکھا ہے اور کہا ہے: وہ اللہ کے یہاں سے ہے، تاکہ وہ اس کے ذریعہ تھوڑی پونجی خریدیں —— کیا تمہارے پاس جو علم آیا ہے وہ تم کو نہیں روکتا ان سے پوچھنے سے؟ نہیں، بخدا! نہیں دیکھا ہم نے ان میں سے کسی شخص کو جو تم سے ان باتوں کے بارے میں پوچھتا ہو جو تم پر اُتاری گئی ہیں!

[۷۳۶۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيْمُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: كَيْفَ تَسْأَلُوْنَ أَهْلَ الْكِتَابِ عَنْ شَيْءٍ، وَكِتَابُكُمُ الَّذِيْ أُنْزِلَ عَلٰى رَسُوْلِهِ أَحْدَثُ، تَقْرَءُوْنَهُ مَحْضًا لَمْ يُشَبْ، وَقَدْ حَدَّثَكُمْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ بَدَّلُوْا كِتَابَ اللّٰهِ وَغَيَّرُوْهُ،

وَكَتَبُوْا بِأَيْدِيْهِمُ الْكِتَابَ، وَقَالُوْا: هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، لِيَشْتَرُوْا بِهِ ثَمَنًا قَلِيْلاً، أَلاَ يَنْهَاكُمْ مَاجَاءَ كُمْ مِنَ الْعِلْمِ عَنْ مَسْأَلَتِهِمْ؟ لاَ، وَاللّٰهِ، مَا رَأَيْنَا مِنْهُمْ رَجُلاً يَسْأَلُكُمْ عَنِ الَّذِیْ أُنْزِلَ عَلَيْكُمْ. [راجع: ٢٦٨٥]

بَابُ نَهْيِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلَى التَّحْرِيْمِ إِلاَّ مَا يُعْرَفُ إِبَاحَتُهُ وَكَذٰلِكَ أَمْرُهُ

نہی میں اصل تحریم ہے، اورامر میں وجوب، مگر جب کوئی قرینہ اس کے خلاف ہو

اگرکوئی قرینہ صارفہ نہ ہوتو نہی میں اصل تحریم ہے، جیسے: ﴿لاَ تَقْرَبُوْا الزِّنٰى﴾: اورزنا کے پاس بھی مت پھٹکو! اور قرینہ صارفہ کی مثال: حضرت ام عطیہؓ کی روایت ہے جو کتاب الجنائز میں گذری ہے (حدیث ۱۲۷۸) عورتوں کو جنازہ کے ساتھ جانے سے منع کیا، ام عطیہؓ کہتی ہیں: ولم یُعزم علینا: اورہمیں تاکید کے ساتھ ممانعت نہیں کی۔ معلوم ہوا: عورتوں کا جنازہ کے ساتھ جانا مکروہ ہے، حرام نہیں۔

اسی طرح اگرکوئی قرینہ صارفہ نہ ہوتو امر میں اصل وجوب ہے، جیسے: ﴿أَقِيْمُوْا الصَّلاَةَ، وَآتُوْا الزَّكَاةَ﴾: اورقرینہ صارفہ کی مثال: باب کی حدیث ہے۔ حجۃ الوداع میں حج کا احرام عمرہ کے احرام سے بدلنے کا حکم دیا، اورفرمایا: أَصیبوا من النساء: عورتوں سے صحبت کرو، راوی حضرت جابرؓ کہتے ہیں: ولم یُعزم علیهم، ولکن أحلهن لهم: ان کو تاکیدی حکم نہیں دیا، بلکہ عورتوں کو ان کے لئے مباح کیا، معلوم ہوا کہ امر اباحت کے لئے تھا۔

دوسری مثال: حکم دیا: صلوا قبل صلاۃ المغرب: مغرب سے پہلے نفلیں پڑھو، پھر تیسری مرتبہ لمن شاء بڑھایا تاکہ لوگ مغرب سے پہلے نفلوں کو سنت (اسلامی طریقہ) نہ بنالیں۔ معلوم ہوا کہ امر اباحت کے لئے تھا۔

[٢٦-] بَابُ نَهْيِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلَى التَّحْرِيْمِ إِلاَّ مَا يُعْرَفُ إِبَاحَتُهُ وَكَذٰلِكَ أَمْرُهُ

[١-] نَحْوُ قَوْلِهِ حِيْنَ أَحَلُّوْا: "أَصِيْبُوْا مِنَ النِّسَاءِ" قَالَ جَابِرٌ: وَلَمْ يَعْزِمْ عَلَيْهِمْ، وَلٰكِنْ أَحَلَّهُنَّ لَهُمْ.

[٢-] وَقَالَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ: نُهِيْنَا عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَلَمْ يُعْزِمْ عَلَيْنَا.

[٧٣٦٤-] حدثنا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ. ح: وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِیْ عَطَاءٌ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فِی أُنَاسٍ مَعَهُ، قَالَ: أَهْلَلْنَا أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِی الْحَجِّ خَالِصًا لَيْسَ مَعَهُ عُمْرَةٌ، قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ: فَقَدِمَ النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم صُبْحَ رَابِعَةٍ مَضَتْ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَنَا النَّبِیُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ نُحِلَّ، وَقَالَ: "أَحِلُّوْا وَأَصِيْبُوْا مِنَ النِّسَاءِ" قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ: وَلَمْ يَعْزِمْ عَلَيْهِمْ وَلٰكِنْ أَحَلَّهُنَّ لَهُمْ، فَبَلَغَهُ أَنَّا نَقُوْلُ- لَمَّا لَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ إِلاَّ خَمْسٌ-: أَمَرَنَا أَنْ نَحِلَّ إِلٰى

نِسَائِنَا فَنَأْتِی عَرَفَةَ تَقْطُرُ مَذَاكِيْرُنَا الْمَذْیَ. قَالَ: وَيَقُوْلُ جَابِرٌ بِيَدِهِ هٰكَذَا وَحَرَّكَهَا، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "قَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّیْ أَتْقَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَصْدَقُكُمْ وَأَبَرُّكُمْ وَلَوْلاَ هَدْيِیْ لَحَلَلْتُ كَمَا تَحِلُّوْنَ، فَحِلُّوْا، فَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِیْ مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ" فَحَلَلْنَا وَسَمِعْنَا وَأَطَعْنَا.

[۷۳۶۵-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ الْمُزَنِیُّ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "صَلُّوْا قَبْلَ صَلاَةِ الْمَغْرِبِ، قَالَ فِی الثَّالِثَةِ: لِمَنْ شَاءَ" كَرَاهِيَةَ أَنْ يَتَّخِذَهَا النَّاسُ سُنَّةً. [راجع: ۱۱۸۳]

بَابُ كَرَاهِيَةِ الاِخْتِلاَفِ

اختلاف بُری چیز ہے

یہ ذیلی باب ہے، اس باب میں گذشتہ باب کے دوسرے جزء کی مثالیں ہیں۔ اختلاف بری چیز ہے، خواہ باہم اختلاف ہو یا امیر سے اختلاف ہو، پہلی حدیث میں باہمی اختلاف کی مثال ہے اور دوسری حدیث میں امیر المؤمنین سے اختلاف کی، اور دونوں میں امر اباحت کے لئے ہیں۔

پہلی حدیث: تحفۃ القاری (۱۰:۱۰۷) میں آچکی ہے۔ فرمایا: "قرآن پڑھو جب تک تمہارے دل متفق رہیں، اور جب تم میں اختلاف پڑ جائے تو قرآن رکھ کر اٹھ جاؤ (دونوں امر اباحت کے لئے ہیں)

تشریح: حافظ رحمہ اللہ کے نزدیک حدیث کا راجح مطلب یہ ہے کہ جب تک درس قرآن میں کسی بات میں اختلاف نہ ہو: درس جاری رہے، اور جب کسی بات میں باہم اختلاف ہوجائے تو پڑھنا موقوف کردیا جائے تاکہ اختلاف آگے نہ بڑھے (اس مطلب کی صورت میں یہ باہمی اختلاف کی مثال ہے)

دوسری حدیث: تحفۃ القاری (۱:۴۰۸) میں تفصیل سے آئی ہے، مرض وفات میں جب نبی ﷺ کی بیماری بڑھی تو آپؐ نے فرمایا: "میرے پاس کاغذ قلم لاؤ، میں تمہیں وہ بات لکھوادوں جس کے بعد تم گمراہ نہ ہوؤ" (یہ امر استحباب کے لئے تھا، کیونکہ اس واقعہ کے بعد آپؐ پانچ روز بقید حیات رہے، اگر لکھوانا ضروری تھا تو اس عرصہ میں دوبارہ قلم کاغذ منگوا کر لکھواتے)

[۲۷-] بَابُ كَرَاهِيَةِ الاِخْتِلاَفِ

[۷۳۶۶-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، عَنْ سَلاَّمِ بْنِ أَبِیْ مُطِيْعٍ، عَنْ أَبِیْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیِّ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اقْرَءُوْا الْقُرْآنَ

مَا ائْتَلَفَتْ قُلُوْبُكُمْ فَإِذَا اخْتَلَفْتُمْ فَقُوْمُوْا عَنْهُ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: سَمِعَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ سَلاَّمًا. [راجع: ٥٠٦٠]

[٧٣٦٧-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ جُنْدُبٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "اقْرَءُ وْا الْقُرْآنَ مَا ائْتَلَفَتْ قُلُوْبُكُمْ، فَإِذَا اخْتَلَفْتُمْ فَقُوْمُوْا عَنْهُ" [راجع: ٥٠٦٠]

وَقَالَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ هَارُوْنَ الأَعْوَرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عِمْرَانَ، عَنْ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٧٣٦٨-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا حُضِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم- قَالَ: وَفِي الْبَيْتِ رِجَالٌ فِيْهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ- قَالَ: "هَلُمَّ أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ" قَالَ عُمَرُ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم غَلَبَهُ الْوَجَعُ وَعِنْدَكُمُ الْقُرْآنُ، فَحَسْبُنَا كِتَابُ اللّٰهِ، وَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْبَيْتِ وَاخْتَصَمُوْا، فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ: قَرِّبُوْا يَكْتُبْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كِتَابًا لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ: مَا قَالَ عُمَرُ، فَلَمَّا أَكْثَرُوْا اللَّغَطَ وَالإِخْتِلاَفَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "قُوْمُوْا عَنِّيْ" قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: إِنَّ الرَّزِيْئَةَ كُلَّ الرَّزِيْئَةِ مَا حَالَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبَيْنَ أَنْ يَكْتُبَ لَهُمْ ذٰلِكَ الْكِتَابَ مِنِ اخْتِلاَفِهِمْ وَلَغَطِهِمْ. [راجع: ١١٤]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَأَمْرُهُمْ شُوْرىٰ بَيْنَهُمْ﴾ ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الأَمْرِ﴾

وَأَنَّ الْمُشَاوَرَةَ قَبْلَ الْعَزْمِ وَالتَّبْيِيْنِ لِقَوْلِهِ: ﴿فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ﴾

مسلمانوں کو اور نبی ﷺ کو جو مشورہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہ استحبابی ہے

اور مشورہ امیر کے پختہ ارادہ کرنے اور بات واضح ہونے سے پہلے ہے

یہ بھی ذیلی باب ہے، اور کتاب الاعتصام کا آخری باب ہے، اور اس باب میں دو باتیں ہیں، دوسری بات پہلی بات کی دلیل ہے۔

پہلی بات: سورۃ الشوریٰ (آیت ۳۸) میں فرمایا: "اور مسلمانوں کا ہر (مہتم بالشان) کام (جس میں بالیقین نص نہ ہو) آپس کے مشورہ سے ہوتا ہے" (یہ جملہ خبریہ ہے اور اخبار انشاء کو متضمن ہوتی ہیں یعنی مسلمانوں کو اس آیت میں حکم دیا ہے کہ

وہ مباح امور باہمی مشورہ سے طے کیا کریں) اور سورۃ آلِ عمران (آیت ۱۶۸) میں نبی ﷺ کو حکم دیا ہے: ''آپؐ خاص امور میں صحابہ سے مشورہ لیتے رہیں، پھر جب آپؐ رائے پختہ کرلیں تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں'' —— یہ دونوں حکم استحبابی ہیں، وجوبی نہیں۔

دوسری بات: جو پہلی بات کی دلیل ہے کہ امیر ارادہ پختہ کرنے اور بات واضح ہونے سے پہلے مشورہ کرے، جب امیر نے کسی بات کا پختہ ارادہ کرلیا اور اس کے لئے معاملہ واضح ہوگیا تو اب مشورہ کرنے کی ضرورت نہیں، اب وہ اپنے ارادے کو روبعمل لائے، معلوم ہوا کہ مشورہ کرنے کا حکم استحبابی تھا۔

دلائل:

۱- جب رسول اللہ ﷺ نے کسی کام کا پختہ ارادہ کرلیا تو اب کسی انسان کے لئے اللہ ورسول سے سبقت کرنا یعنی مشورہ دینا جائز نہیں۔

۲- نبی ﷺ نے صحابہ سے جنگِ احد کے موقعہ پر مشورہ کیا کہ مدینہ میں رہ کر مقابلہ کیا جائے یا باہر نکل کر؟ صحابہ نے باہر نکل کر مقابلہ کرنے کی رائے دی، پس جب آپؐ نے ہتھیار پہن لئے اور ارادہ پختہ کرلیا تو صحابہ نے عرض کیا: مدینہ میں رہ کر مقابلہ کریں، مگر آپؐ نے ان کا مشورہ قبول نہیں کیا، کیونکہ آپ باہر نکل کر مقابلہ کرنے کا پختہ ارادہ کرچکے تھے، پس فرمایا: ''نبی جب ہتھیار پہن لیتا ہے تو اس وقت تک نہیں اتارتا جب تک اللہ تعالیٰ اس کے درمیان اور اس کے دشمن کے درمیان فیصلہ نہیں کردیتے'' (تحفۃ القاری ۸: ۱۴۰ میں تفصیل ہے) غرض: عزم کے بعد دیا ہوا مشورہ قبول نہیں کیا، معلوم ہوا امیر کو مشورہ قبول کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے۔

۳- نبی ﷺ نے واقعۂ افک میں حضرات علی واسامہ رضی اللہ عنہما سے مشورہ کیا، دونوں کی بات سنی، مگر تہمت لگانے والوں کو سزا نہیں دی، جب تک قرآن میں ان کی بے گناہی نازل نہیں ہوئی، پھر جب وحی آگئی تو تہمت لگانے والوں کو حد قذف لگائی، اور لوگوں کے جھگڑے کی کچھ پرواہ نہیں کی، بلکہ جو اللہ کا حکم آیا اس پر عمل کیا (تفصیل باب کی حدیث میں ہے) —— معلوم ہوا کہ امیر کے لئے مشورہ پر عمل کرنا ضروری نہیں۔

۴- نبی ﷺ کے بعد خلفاء راشدین ذی علم قابل اعتماد لوگوں سے مباح امور میں (جن میں نص نہیں ہوتی تھی) مشورہ کیا کرتے تھے، تاکہ وہ آسان صورت اختیار کریں، پھر جب قرآن وسنت کا حکم سامنے آجاتا تو وہ اسی کو اختیار کرتے تھے، اس سے آگے نہیں بڑھتے تھے، وہ نبی ﷺ کی پیروی میں ایسا کرتے تھے یعنی نص سامنے آجاتی تو مشورہ کو بالائے طاق رکھ دیتے تھے۔

۵- حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رائے تھی کہ مانعین زکات سے جنگ کی جائے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ لوگوں سے کیسے جنگ کریں گے، جبکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''مجھے لوگوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے یہاں تک کہ وہ کہیں: لا إلٰه إلا الله، پس جب انھوں نے لا إلٰه إلا الله کہا تو انھوں نے مجھ سے اپنے خون اور اپنے اموال

محفوظ کر لئے، مگر کلمہ کے حق کی وجہ سے، اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ پر ہے" یعنی لا إلٰہ إلا اللہ کہنے والے سے جنگ کرنا جائز نہیں؟ پس حضرت ابوبکرؓ نے کہا: بخدا! میں ضرور جنگ کرونگا ان لوگوں سے جو تفریق کریں گے اس میں جس کو رسول اللہ ﷺ نے جمع کیا ہے، پھر بعد میں حضرت عمرؓ نے حضرت ابوبکرؓ کی پیروی کی یعنی ان کو بھی جنگ کرنے پر شرح صدر ہو گیا، غرض ابوبکرؓ نے عمرؓ کا مشورہ نہیں لیا، کیونکہ ان کے پاس رسول اللہ ﷺ کا حکم تھا، ان لوگوں کے بارے میں جو نماز اور زکات میں تفریق کرتے تھے، اور وہ اللہ کے دین اور اس کے احکام کو بدلنا چاہتے تھے، نبی ﷺ نے فرمایا ہے: "جو اپنا دین بدل دے اس کو قتل کردو"

۶- حضرت عمر رضی اللہ عنہ قراء (علماء) سے مشورہ کیا کرتے تھے، خواہ وہ ادھیڑ عمر ہوں یا جوان یعنی کوئی مجلس شوریٰ نہیں تھی، اور حضرت عمرؓ کتاب اللہ کے حکم کے پاس بہت زیادہ ٹھہرنے والے تھے یعنی جب اللہ کا حکم سامنے آجاتا تو پھر کسی کا مشورہ نہیں لیتے تھے، اور اپنی بھی نہیں چلاتے تھے، حکم شرعی پر عمل کرتے تھے۔

حدیثیں: باب میں دو حدیثیں ہیں، دونوں میں واقعۂ افک ہے، اور دونوں پہلے آچکی ہیں، اور واقعۂ افک کی تفصیل تحفۃ القاری ۶:۶۰ میں ہے۔

[۲۸-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَأَمْرُهُمْ شُوْرىٰ بَيْنَهُمْ﴾ ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ وَأَنَّ الْمُشَاوَرَةَ قَبْلَ الْعَزْمِ وَالتَّبْيِيْنِ لِقَوْلِهِ: ﴿فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ﴾

[۱-] فَإِذَا عَزَمَ الرَّسُوْلُ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ لِبَشَرٍ التَّقَدُّمُ عَلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ.

[۲-] وَشَاوَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَصْحَابَهُ يَوْمَ أُحُدٍ فِي الْمُقَامِ وَالْخُرُوْجِ، فَرَأَوْا لَهُ الْخُرُوْجَ، فَلَمَّا لَبِسَ لَأْمَتَهُ وَعَزَمَ قَالُوْا: أَقِمْ، فَلَمْ يَمِلْ إِلَيْهِمْ بَعْدَ الْعَزْمِ وَقَالَ: "لَا يَنْبَغِيْ لِنَبِيٍّ يَلْبَسُ لَأْمَتَهُ فَيَضَعُهَا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ"

[۳-] وَشَاوَرَ عَلِيًّا وَأُسَامَةَ فِيْمَا رَمَى بِهِ أَهْلُ الإِفْكِ عَائِشَةَ فَسَمِعَ مِنْهُمَا، حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْآنُ، فَجَلَدَ الرَّامِيْنَ، وَلَمْ يَلْتَفِتْ إِلٰى تَنَازُعِهِمْ، وَلٰكِنْ حَكَمَ بِمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ.

[۴-] وَكَانَتِ الأَئِمَّةُ بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَسْتَشِيْرُوْنَ الْأُمَنَاءَ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ فِي الْأُمُوْرِ الْمُبَاحَةِ، لِيَأْخُذُوْا بِأَسْهَلِهَا، فَإِذَا وَضَحَ الْكِتَابُ أَوِ السُّنَّةُ لَمْ يَتَعَدَّوْهُ إِلٰى غَيْرِهِ، اقْتِدَاءً بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۵-] وَرَأَىٰ أَبُوْ بَكْرٍ قِتَالَ مَنْ مَنَعَ الزَّكَاةَ فَقَالَ عُمَرُ: كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا قَالُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ،

عَصَمُوْا مِنِّیْ دِمَاءَ هُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ"؟! فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَاللّٰهِ لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ مَا جَمَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. ثُمَّ تَابَعَهُ بَعْدُ عُمَرُ، فَلَمْ يَلْتَفِتْ أَبُوْ بَكْرٍ إِلَى مَشْوَرَةٍ، إِذْ كَانَ عِنْدَهُ حُكْمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَأَرَادُوْا تَبْدِيْلَ الدِّيْنِ وَأَحْكَامِهِ. وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوْهُ"

[٦-] وَكَانَ الْقُرَّاءُ أَصْحَابَ مَشْوَرَةِ عُمَرَ كُهُوْلًا كَانُوْا أَوْ شَبَابًا، وَكَانَ وَقَّافًا عِنْدَ كِتَابِ اللّٰهِ.

[٧٣٦٩-] حدثنا الْأُوَيْسِيُّ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَابْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَا قَالُوْا، قَالَتْ: وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حِيْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ يَسْأَلُهُمَا، وَهُوَ يَسْتَشِيْرُهُمَا فِيْ فِرَاقِ أَهْلِهِ، فَأَمَّا أُسَامَةُ فَأَشَارَ بِالَّذِيْ يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَةِ أَهْلِهِ، وَأَمَّا عَلِيٌّ فَقَالَ: لَنْ يُضَيِّقَ اللّٰهُ عَلَيْكَ، وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيْرٌ، وَسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ. فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَرِيْرَةَ، فَقَالَ: "هَلْ رَأَيْتِ مِنْ شَيْءٍ يَرِيْبُكِ؟" قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ أَمْرًا أَكْثَرَ مِنْ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ فَتَنَامُ عَنْ عَجِيْنِ أَهْلِهَا فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ، فَقَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: "يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ! مَنْ يَعْذِرُنِيْ مِنْ رَجُلٍ بَلَغَنِيْ أَذَاهُ فِيْ أَهْلِيْ، فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِيْ إِلَّا خَيْرًا" وَذَكَرَ بَرَاءَةَ عَائِشَةَ. [راجع: ٢٥٩٣]

[٧٣٧٠-] وَقَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ، ح: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِيْ زَكَرِيَّاءَ الْغَسَّانِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَقَالَ: "مَا تُشِيْرُوْنَ عَلَيَّ فِيْ قَوْمٍ يَسُبُّوْنَ أَهْلِيْ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِمْ مِنْ سُوْءٍ قَطُّ؟" وَعَنْ عُرْوَةَ قَالَ: لَمَّا أُخْبِرَتْ عَائِشَةُ بِالْأَمْرِ قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتَأْذَنُ لِيْ أَنْ أَنْطَلِقَ إِلَى أَهْلِيْ؟ فَأَذِنَ لَهَا، فَأَرْسَلَ مَعَهَا الْغُلَامَ، وَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: سُبْحَانَكَ ﴿مَا يَكُوْنُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهٰذَا سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ﴾ [النور: ١٦] [راجع: ٢٥٩٣]

شوریٰ کی شرعی حیثیت

مدارس میں جو مجلسِ شوریٰ ہوتی ہے اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اور نبی ﷺ کو جو مشورہ کرنے کا حکم دیا گیا تھا، اور بعد میں خلفائے راشدین جو مشورہ کرتے تھے اس کی صورت کیا تھی؟ ماضی قریب میں اس مسئلہ میں اختلاف ہوا۔ ایک رائے یہ تھی کہ مجلس شوریٰ ہیئتِ حاکمہ ہے، مہتمم اس کے ماتحت ہے، **دارالعلوم دیوبند** کی مجلسِ شوریٰ ایسی ہی ہے، اس کے

دستورِ اساسی میں اس کی صراحت ہے، اور حدیث میں ہے: **المسلمون عند شروطهم، إلا شرطا أحل حراما أو حرم حلالاً**: مسلمان کسی ادارے کے لئے، انجمن کے لئے یا ملک کے لئے جو دستورِ اساسی بنائیں اور اس میں جو دفعات رکھیں وہ شرعاً معتبر ہیں، بشرطیکہ وہ دفعہ شریعت کے خلاف نہ ہو۔

دوسری رائے یہ تھی کہ مہتمم امیر ہوتا ہے، وہ مختار کل ہوتا ہے، مجلسِ شوری وقتی ہوتی ہے اور وہ مشاورتی بورڈ ہوتا ہے۔ مہتمم کو اس سے مشورہ کرنا چاہئے، مگر فیصلہ کرنے میں وہ مجلسِ شوری کا پابند نہیں، کیونکہ دورِ اول میں کوئی باقاعدہ مجلس شوری نہیں تھی، امیر المؤمنین ہی سب کچھ تھا، البتہ اس کو حکم دیا گیا تھا کہ وہ غیر منصوص معاملات میں اہل رائے سے مشورہ کرے، اور یہ حکم استحبابی تھا، جیسا کہ اس باب میں آپ نے ملاحظہ فرمایا۔

دارالعلوم دیوبند میں بھی شروع میں یہی نظام تھا، حضرت گنگوہی قدس سرہ سرپرست (امیر جامعہ) تھے، اور مجلس شوری کے فیصلے ان کے پاس جاتے تھے، اور ان کے دستخط کے بعد نافذ ہوتے تھے، پھر حضرت تھانوی قدس سرہ سرپرست بنائے گئے، پھر کسی وجہ سے حضرت نے سرپرستی سے استعفیٰ دیدیا، ان کے بعد کسی کو سرپرست نہیں بنایا گیا مجلس شوری ہی سب کچھ ہوگئی، اسی کو ہیئتِ حاکمہ بنادیا گیا، مگر مہتمم دارالعلوم ہمیشہ سرپرست اور شوری کے ماتحت رہا، بعد میں نزاع ہوا، جو اب تک چل رہا ہے۔

قومی اداروں کو کیسا ہونا چاہئے؟

جو ادارے قوم کے سرمایہ سے بنائے اور چلائے جاتے ہیں ان کی باگ دوڑ ایک آدمی کے ہاتھ میں نہیں ہونی چاہئے، قوم کے نمائندے کے ہاتھ میں ہونی چاہئے، اس نمائندہ کی تشکیل جس طرح بھی ہو، اور اس کی بہتر صورت یہ ہے کہ قوم کی بنائی ہوئی ایک نمائندہ باڈی (مجلس شوری) ہو جو مہتمم کو چنے اور وہ اس باڈی کے سامنے مسئول ہو، یہی صورت قومی اداروں کے لئے مناسب ہے۔

سوسائٹی اور وقف کا مسئلہ:

تمام قومی ادارے وقف اور اللہ کی ملک ہیں، مہتمم یا مجلس شوری کی ملک نہیں، مگر کس کی حفاظت میں ہیں؟ متولی کی یا سوسائٹی (قوم) کی؟ اگر وہ شخصی وقف ہے تو متولی کی تولیت میں ہوتا ہے اور اس میں نسل در نسل میراث چلتی ہے، اور وہ وقف بورڈ میں رجسٹرڈ کرایا جاتا ہے، اور اگر اس کو قوم نے بنایا ہے اور وہ قوم کے سرمایہ سے چل رہا ہے تو وہ قوم (سوسائٹی) کے کنٹرول میں ہوتا ہے، اس میں میراث نہیں چلتی، قوم کا صالح فرد یا جماعت اس کو چلاتی ہے، مگر وہ اس کی مالک نہیں ہوتی، صرف محافظ ہوتی ہے، مالک اللہ تعالیٰ ہیں، اور اس کو سوسائٹی ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ کرایا جاتا ہے۔

الحمد للہ! کتاب الاعتصام کی شرح مکمل ہوئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كتاب الرد على الجهمية وغيرهم: التوحيدِ

جہمیہ وغیرہ (معتزلہ) کی تردید

اللہ تعالیٰ کے لئے صفات کا ثبوت توحید کے منافی نہیں

ترکیب: التوحید (مجرور) کا الرَّدِ پر عطف ہے، اور حرفِ عطف کے بغیر عطفِ بیان ہے، جیسے أبو حفصٍ عُمَرُ، عطف بیان میں معطوف معطوف علیہ میں یگانگت ہوتی ہے، پس کتاب کے دو نام ہیں، اور دونوں کا ایک مطلب ہے، اور غیرھم سے معتزلہ مراد ہیں، جہمیہ: معتزلہ کی سڑی ہوئی شاخ ہے، دونوں صفاتِ باری کا انکار کرتے ہیں، ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے لئے صفات ماننا توحید کے منافی ہے، ان پر اس کتاب میں رد کیا ہے کہ صفات کا ثبوت توحید کے منافی نہیں، بلکہ ذات مع الصفات ہی کا نام توحید (یکتائی) ہے۔

ربط: جہاں سے چلے تھے وہیں لوٹ رہے ہیں: ﴿وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ﴾: کتاب الایمان میں مرجئہ پر رد تھا، مرجئہ: ایمان کے ساتھ اعمالِ صالحہ کو مفید مانتے ہیں، مگر اعمالِ طالحہ کو مضر نہیں مانتے، کتاب الایمان میں ان پر رد کیا تھا کہ اعمال مثبت و منفی پہلوؤں سے ایمان کا جزء ہیں۔ اب کتاب کے ختم میں معتزلہ اور اس کی شاخ جہمیہ پر رد کرتے ہیں کہ قرآن وحدیث سے اللہ تعالیٰ کے لئے صفات ثابت ہیں، اور ذات کے لئے صفات کا ثبوت توحید کے منافی نہیں۔

جہمیہ کا تعارف:

جہمیہ فرقہ معتزلہ کی ایک شاخ ہے، اس کا بانی جہم بن صفوان سمرقندی (ترمذی) ہے، یہ شخص ضال مضل تھا، علوم شرعیہ سے بے خبر اور فلسفہ یونان سے باخبر تھا، اس لئے عقلی گھوڑے دوڑاتا تھا اور طرح طرح کی گمراہیاں پھیلاتا تھا، ایک بغاوت کے نتیجہ میں سن ۱۲۸ھ میں قتل کیا گیا۔ جہمیہ اور معتزلہ صفاتِ باری کے منکر ہیں، مگر صاف انکار نہیں کرتے، کہتے ہیں: اللہ کی صفات عینِ ذات ہیں، ذات سے علاحدہ ان کا کوئی مفہوم نہیں، اور ان کی دلیل یہ ہے کہ اگر اللہ کی صفات ہونگی تو تعدد آلہہ لازم آئے گا، کیونکہ جس طرح اللہ کی ذات خدا ہے ان کی صفات بھی خدا ہونگی، پس خدا ایک کہاں رہا؟ علاوہ ازیں: اللہ کا مخلوق کے مشابہ ہونا لازم آئے گا، کیونکہ ان کا سننا دیکھنا ہمارے سننے دیکھنے ہی کی طرح ہوگا، جبکہ اللہ تعالیٰ مخلوق کی مشابہت سے پاک ہیں۔

صفات کی حقیقت:

صفت: کے معنی ہیں: ذات کی حالت، اور صفات خواہ کہیں ہوں، خالق میں ہوں یا مخلوق میں، وہ نہ عینِ ذات ہوتی ہیں نہ غیر ذات۔ عین ذات کا مطلب ہے: ذات اور صفت کے مفہوم میں مغائرت نہ ہو، جیسے نام اور کنیت میں مغائرت نہیں ہوتی۔ اور غیر ذات کا مطلب ہے: ذات اور صفت وجود میں مغائر ہوں، دونوں کا وجود الگ الگ ہو، جیسے زید اور عمرو ایک دوسرے کے مغائر ہیں، کیونکہ دونوں کا وجود علاحدہ ہے، اور صفت اور موصوف کا ایک مفہوم نہیں ہوتا اس لئے وہ عین ذات نہیں ہوتی، اور دونوں کا وجود الگ الگ بھی نہیں ہوتا اس لئے وہ غیر ذات بھی نہیں ہوتی، جیسے زید: حافظ، قاری، مولوی، مفتی، قاضی، کسی کا باپ اور کسی کا بیٹا ہے۔ اس کی ان صفات کے مفاہیم الگ الگ ہیں، مگر وجود سب کا ایک ہے، اس لئے یہ صفات: ذاتِ زید کا نہ عین ہیں نہ غیر، اسی طرح اللہ تعالیٰ کی صفات وکمالات اور اسمائے حسنیٰ کو سمجھنا چاہئے، ان کے مفاہیم جدا جدا ہیں، مگر ذاتِ باری اور صفات کا وجود ایک ہے، اس لئے خداؤں کا متعدد ہونا لازم نہیں آئے گا، توحید بدست رہے گی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ دُعَاءِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم أُمَّتَهُ إِلٰی تَوْحِیْدِ اللّٰهِ تَبَارَکَتْ أَسْمَاؤُهُ وَتَعَالٰی جَدُّهُ

نبی ﷺ نے اپنی امت کو توحید (اللہ کی یکتائی) کی دعوت دی

اسلام کی بنیادی دعوت توحید (اللہ تعالیٰ کی یکتائی کو ماننا) ہے، یہی بات پڑھا کر اور فطرت میں بٹھا کر انسان کو دنیا میں پیدا (ظاہر) کیا گیا ہے۔ سورۃ اعراف (آیت ۱۷۲) میں ہے: ''اور جب آپ کے رب نے اولادِ آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا، اور ان سے انہیں کے بارے میں اقرار لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے جواب دیا: کیوں نہیں! ہم سب گواہ بنتے ہیں، تاکہ تم قیامت کے دن یہ نہ کہنے لگو کہ ہم تو اس (توحید) سے محض بے خبر تھے''

پھر نہ صرف پڑھا کر بھیجا، بلکہ پڑھا ہوا سبق یاد دلانے کے لئے انبیاء ورسل بھیجے، اس لئے دوسرا بنیادی عقیدہ رسولوں پر ایمان لانا ہے، اور ہر قوم کا رسول جو پیغام اللہ کے پاس سے لایا ہے اس پر عمل کرنا ہے، جبھی وصل خداوندی نصیب ہوگا، ورنہ جہنم رسید ہوگا۔

حدیث: جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کا گورنر بنا کر روانہ کیا تو ہدایت دی کہ وہاں اہل کتاب (عیسائی) ہیں، ان کو سب سے پہلے یہ دعوت دینا کہ وہ ایک اللہ کو معبود مانیں (عیسیٰ علیہ السلام) کو الوہیت میں شریک نہ کریں، اور نبی ﷺ کی نبوت پر ایمان لائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۷- کتابُ الردِّ علی الجَهْمِیَّة وغیرهم: التوحیدِ

[۱-] بَابُ مَاجَاءَ فِیْ دُعَاءِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم أُمَّتَهُ إِلٰی تَوْحِیْدِ اللّٰهِ تبارَكَتْ أَسْمَاؤُهُ وَتَعَالٰی جَدُّهُ

[۷۳۷۱-] حدثنا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ زَكَرِیَّاءَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَیْفِیٍّ، عَنْ أَبِیْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم بَعَثَ مُعَاذًا إِلٰی الْیَمَنِ.[راجع: ۱۳۹۵]

[۷۳۷۲-]حَ: وَحَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِی الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ أُمَیَّةَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَیْفِیٍّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا مَعْبَدٍ مَوْلٰی ابْنِ عَبَّاسٍ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، یَقُوْلُ: لَمَّا بَعَثَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ نَحْوَ أَهْلِ الْیَمَنِ، قَالَ لَهُ:" إِنَّكَ تَقْدَمُ عَلٰی قَوْمٍ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَلْیَكُنْ أَوَّلُ مَا تَدْعُوْهُمْ إِلٰی أَنْ یُوَحِّدُوْا اللّٰهَ، فَإِذَا عَرَفُوْا ذٰلِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ فَرَضَ عَلَیْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِی یَوْمِهِمْ وَلَیْلَتِهِمْ، فَإِذَا صَلُّوْا فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَیْهِمْ زَكَاةً فِیْ أَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ غَنِیِّهِمْ فَتُرَدُّ عَلٰی فَقِیْرِهِمْ، فَإِذَا أَقَرُّوْا بِذٰلِكَ فَخُذْ مِنْهُمْ وَتَوَقَّ كَرَائِمَ أَمْوَالِ النَّاسِ"[راجع: ۱۳۹۵]

آئندہ حدیث: ایک موقع پر نبی ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: معاذ! جانتے ہو اللہ کا بندوں پر کیا حق ہے؟ عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول زیادہ جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: "یہ حق ہے کہ بندے اسی کی عبادت کریں، اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں (یہی توحید ہے)

[۷۳۷۳-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ حَصِیْنٍ، وَالْأَشْعَثِ ابْنِ سُلَیْمٍ، سَمِعَا الْأَسْوَدَ بْنَ هِلَالٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "یَا مُعَاذُ! أَتَدْرِیْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلٰی الْعِبَادِ؟" قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" أَنْ یَعْبُدُوْهُ وَلَا یُشْرِكُوْا بِهِ شَیْئًا، أَتَدْرِیْ مَا حَقُّهُمْ عَلَیْهِ؟" قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" أَنْ لَا یُعَذِّبَهُمْ"[راجع: ۲۸۵۶]

آئندہ حدیث: میں ایک واقعہ ہے، ایک صحابی تہجد کی نماز میں ہر رکعت میں صرف سورۃ الاخلاص پڑھتے تھے، بار بار اسی کو دہراتے تھے، دوسرے صحابی نے سنا اور اس کو کم پڑھنا سمجھا، چنانچہ انھوں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، آپؐ نے

فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! سورۃ الاخلاص بالیقین تہائی قرآن کے برابر ہے (اس کی پہلی آیت میں توحید کا بیان ہے، اور حدیث کی شرح تحفۃ القاری (۱۰:۷۸) میں آچکی ہے)

[۷۳۷۴-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ رَجُلاً سَمِعَ رَجُلاً يَقْرَأُ: ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾ يُرَدِّدُهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، وَكَأَنَّ الرَّجُلَ يَتَقَالُّهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! إِنَّهَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ'' [راجع: ۵۰۱۳]

زَادَ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَخِيْ قَتَادَةُ بْنُ النُّعْمَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

آئندہ حدیث: میں دوسرا واقعہ ہے۔ صدیقہؓ بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ نے ایک شخص کو سریہ (چھوٹے لشکر) کا امیر بنا کر بھیجا، وہ اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھاتے تھے وہ ہر رکعت میں قراءت سورۃ الاخلاص پر ختم کرتے تھے، جب سریہ واپس آیا تو لوگوں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، آپؐ نے فرمایا: ''ان سے پوچھو: وہ ایسا کیوں کرتے ہیں؟'' لوگوں نے ان سے پوچھا: انھوں نے کہا: اس لئے (پڑھتا ہوں) کہ اس سورت میں (توحید کے علاوہ دیگر) صفات کا (بھی) بیان ہے۔ اور میں اس کو پڑھنا پسند کرتا ہوں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''ان کو خبر دو کہ اللہ تعالیٰ ان سے محبت کرتے ہیں''

[۷۳۷۵-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنِ ابْنِ أَبِيْ هِلَالٍ، أَنَّ أَبَا الرِّجَالِ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهُ، عَنْ أُمِّهِ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَكَانَتْ فِيْ حَجْرِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ رَجُلاً عَلٰى سَرِيَّةٍ، وَكَانَ يَقْرَأُ لِأَصْحَابِهِ فِيْ صَلَاتِهِمْ فَيَخْتِمُ بِـ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْا ذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: '' سَلُوْهُ لِأَيِّ شَيْئٍ يَصْنَعُ ذٰلِكَ؟'' فَسَأَلُوْهُ فَقَالَ: لِأَنَّهَا صِفَةُ الرَّحْمٰنِ، وَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَقْرَأَ بِهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''أَخْبِرُوْهُ أَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّهُ''

بَابٌ: ﴿قُلِ ادْعُوْا اللّٰهَ أَوِ ادْعُوْا الرَّحْمٰنَ، أَيًّامَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى﴾

رحمان بھی اللہ کی طرح ذاتِ باری کا علم ہے

رحمان: قرآنِ مجید میں ترپن جگہ آیا ہے، اور بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس کا استعمال بطور صفت نہیں، بطور علم ہوا ہے

(لغات القرآن) سورۂ بنی اسرائیل (آیت۱۱۰) میں ہے: ''آپؐ فرمادیں کہ خواہ اللہ کہہ کر پکارو، یا رحمان کہہ کر پکارو، جس نام سے بھی پکاروگے اس کے بہت اچھے اچھے نام ہیں''یعنی رحمان میں کچھ شرک نہیں، مسمّٰی ایک ہی ہے، شرک جب ہوتا کہ مسمّٰی دوسرا ہوتا۔

رحمان: کے معنی ہیں: نہایت مہربان، جس کی رحمت سب کے لئے عام ہو، بروزن فعلان: مبالغہ ہے، اور رحیم: صفت مشبّہ کا صیغہ ہے، اس میں مبالغہ نہیں، پس باعتبار تعلق دونوں میں فرق ہے، رحمان: دنیا کے تعلق سے ہے، دنیا میں اللہ کی رحمت مؤمن وکافر سب کے لئے عام ہے، اور رحیم: آخرت کے تعلق سے ہے، آخرت میں رحمت مؤمن کے ساتھ خاص ہوگی۔ اور دونوں کا مشتق منہ رحمۃ ہے، جس کے معنی ہیں: مصیبت زدہ کو دیکھ کر دل کا پسیجنا، پتلا ہونا، جس کا نتیجہ انعام ہے، پس یہ دونوں صفتیں غایت کے اعتبار سے استعمال کی گئی ہیں۔

اور باب میں دو حدیثیں ہیں، اور دونوں پہلے آچکی ہیں:

پہلی حدیث: میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بندے پر مہربانی نہیں کرتے جو لوگوں پر مہربانی نہیں کرتا۔

اور دوسری حدیث: کے آخر میں ہے کہ یہ (آنسو) ایک مہربانی ہیں، اللہ نے وہ رحمت بندوں کے دلوں میں رکھی ہے، اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے مہربانی کرنے والوں ہی پر مہربانی کرتے ہیں۔

رحمان کے تعلق سے کوئی حدیث نہیں تھی، اس لئے اس کے مشتق منہ کے تعلق سے حدیثیں لائے ہیں۔

[۲-] بَابٌ: ﴿قُلِ ادْعُوْا اللّٰهَ أَوِ ادْعُوْا الرَّحْمٰنَ، أَيًّامَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى﴾

[۷۳۷۶-] حدثنا مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، وَأَبِىْ ظَبْيَانَ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' لاَ يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لاَ يَرْحَمُ النَّاسَ''

[راجع:۶۰۱۳]

[۷۳۷۷-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِىِّ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ جَاءَهُ رَسُوْلُ إِحْدَى بَنَاتِهِ يَدْعُوْهُ إِلَى ابْنِهَا فِى الْمَوْتِ، فَقَالَ:'' ارْجِعْ فَأَخْبِرْهَا أَنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ، وَلَهُ مَا أَعْطَى، وَكُلُّ شَيْئٍ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى، فَمُرْهَا فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ'' فَأَعَادَتِ الرَّسُوْلَ: أَنَّهَا أَقْسَمَتْ لَتَأْتِيَنَّهَا، فَقَامَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم وَقَامَ مَعَهُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، فَدُفِعَ الصَّبِىُّ إِلَيْهِ وَنَفْسُهُ تَقَعْقَعُ كَأَنَّهَا فِىْ شَنٍّ، فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ:'' هٰذِهِ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ فِىْ قُلُوْبِ عِبَادِهِ، وَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ''[راجع: ۱۲۸۴]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنِّیْ أَنَا الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ﴾

اللہ کی صفتِ رزاقیت کا بیان

اللہ تعالیٰ بندوں کو رحمت کے تقاضے سے رزق عطا فرماتے ہیں۔ سورۃ الذاریات کی (آیت ۵۸) ہے: ''بے شک اللہ تعالیٰ ہی سب کو رزق پہنچانے والے نہایت قوت والے ہیں'' رَزَّاق: مبالغہ کا صیغہ ہے، بہ کثرت رزق دینے والا، رزاق کا اطلاق بجز ذاتِ باری کے غیر پر جائز نہیں، اس لئے رحمان کے بعد اس صفت کا تذکرہ کیا، اور یہ صفتِ قدیمہ ہے، ازل سے اللہ تعالیٰ رزاق ہیں، مگر اس کا تعلق حادث ہے، جب مخلوقات وجود میں آئیں تو رزق رسانی کا سلسلہ شروع ہوا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''کوئی نہیں! ایذاء رسانی پر اللہ تعالیٰ سے زیادہ صبر کرنے والا، لوگ ان کے لئے اولاد مانتے ہیں (یہ ایذاء رسانی ہے) اور وہ ان کو معاف کرتے ہیں اور ان کو روزی دیتے ہیں (یہاں باب ہے)

[۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنِّیْ أَنَا الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ﴾

[۷۳۷۸-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی الأَشْعَرِیُّ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَا أَحَدٌ أَصْبَرُ عَلٰی أَذًی سَمِعَهُ مِنَ اللّٰهِ، یَدَّعُوْنَ لَهُ الْوَلَدَ، ثُمَّ یُعَافِیْهِمْ وَیَرْزُقُهُمْ" [راجع: ۶۰۹۹]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿عَالِمُ الْغَیْبِ فَلاَ یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهِ أَحَدًا﴾

اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ علم کا اثبات

رزق رسانی کے لئے مخلوقات کا اور ان کے احوال کا علم ضروری ہے، اس لئے اب صفتِ علم کو ثابت کرتے ہیں۔ صفتِ علم کے اثبات کے لئے چھ آیتیں لائے ہیں:

پہلی آیت: سورۃ الجنّ کی (آیت ۲۶) ہے: ''(اللہ تعالیٰ) غیب کے جاننے والے ہیں، وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتے'' یہ غیب بندوں کے تعلق سے ہے، اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی چیز غیب (پوشیدہ) نہیں۔ غیب: وہ ہے جو انسان کے حواس خمسہ کے دائرہ سے باہر ہو، آیت سے اللہ تعالیٰ کے لئے غیب کا علم ثابت ہوا، پس صفتِ علم ثابت ہوئی۔

دوسری آیت: سورۃ لقمان کی (آیت ۳۴) ہے: ''بے شک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے''

تیسری آیت: سورۃ النساء کی (آیت ۱۶۶) ہے: ﴿لٰکِنِ اللّٰهُ یَشْهَدُ بِمَا أَنْزَلَ إِلَیْكَ، أَنْزَلَهُ بِعِلْمِهِ﴾: لیکن اللہ تعالیٰ شہادت دے رہے ہیں اس کتاب کے ذریعہ جس کو آپؐ کے پاس بھیجا ہے، اور بھیجا بھی ہے اپنے علمی کمال کے ساتھ۔

چوتھی آیت: سورۃ الفاطر کی (آیت ۱۱) ہے: ''اور کسی عورت کو نہ حمل ٹھہرتا ہے اور نہ وہ بچہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے ہوتا

ہے یعنی اس کو پہلے سے سب کی خبر ہوتی ہے''

پانچویں آیت: سورۃ حٰم السجدۃ کی (آیت ۴۷) ہے: ''اللہ ہی کی طرف قیامت کا علم پھیرا جاتا ہے'' یعنی وہی جانتے ہیں کہ قیامت کب آئے گی۔

چھٹی آیت: سورۃ الحدید کی (آیت ۳) ہے: ﴿هُوَ الْأَوَّلُ وَالآخِرُ، وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ، وَهُوَ بِكُلِّ شَيْئٍ عَلِيْمٌ﴾: وہی پہلے ہیں، اور وہی پیچھے ہیں، اور وہی کھلے ہیں اور وہی مخفی ہیں، اور وہ ہر چیز کو خوب جاننے والے ہیں —— یحییٰ بن زیاد فرّاء نحوی نے کہا: کھلے ہیں ہر چیز پر جاننے کے اعتبار سے اور چھپے ہیں ہر چیز پر جاننے کے اعتبار سے۔

حدیث: غیب (کے خزانوں) کی چابیاں پانچ ہیں، ان خزانوں کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا (اللہ کے لئے صفتِ علم ثابت ہوئی، اور حدیث کی شرح تحفۃ القاری ۳: ۳۶۴ میں ہے)

[٤-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿عَالِمُ الْغَيْبِ فَلاَ يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهِ أَحَدًا﴾

وَ﴿إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾ وَ﴿أَنْزَلَهُ بِعِلْمِهِ﴾ وَ﴿وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثٰى وَلاَ تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ﴾ ﴿إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ يَحْيىَ: الظَّاهِرُ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ عِلْمًا، وَالْبَاطِنُ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ عِلْمًا.

[٧٣٧٩-] حدثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَفَاتِيْحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لاَ يَعْلَمُهَا إِلَّا اللّٰهُ، لاَ يَعْلَمُ مَا تَغِيْضُ الْأَرْحَامُ إِلَّا اللّٰهُ، وَمَا يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ إِلَّا اللّٰهُ، وَلاَ يَعْلَمُ مَتَى يَأْتِي الْمَطَرُ أَحَدٌ إِلَّا اللّٰهُ، وَلاَ تَدْرِيْ نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ إِلَّا اللّٰهُ، وَلاَ يَعْلَمُ مَتَى تَقُوْمُ السَّاعَةُ إِلَّا اللّٰهُ" [راجع: ١٠٣٩]

لغت: غَاضَ الْماءُ: پانی کا زمین میں اترنا، گھٹنا...... بچہ دانیاں جو گھٹاتی ہیں (اور جو بڑھاتی ہیں) یعنی رحم کے تحولات کا علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔

آئندہ حدیث: میں ہے: جو تجھ سے بیان کرے کہ نبی ﷺ آئندہ کل کی باتیں جانتے تھے اس نے بالیقین غلط کہا، آئندہ کی باتیں اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں (تحفۃ القاری ۹: ۵۲۳)

[٧٣٨٠-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَنْ حَدَّثَكَ أَنَّ مُحَمَّدًا رَأَى رَبَّهُ فَقَدْ كَذَبَ، وَهُوَ يَقُوْلُ: ﴿لاَ تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ﴾ [الأنعام: ١٠٣] وَمَنْ حَدَّثَكَ أَنَّهُ يَعْلَمُ الْغَيْبَ فَقَدْ كَذَبَ، وَهُوَ يَقُوْلُ: " لاَ يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ"

[راجع: ٣٢٣٤]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ﴾

اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ سلام کا اثبات

سورۃ الحشر (آیت ۲۳) میں اللہ کی صفت سلام آئی ہے، سلام: مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: سالم رکھنا، محفوظ رکھنا، مبالغۃً حمل ہے، جیسے زید عدل، اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کو اختلال سے محفوظ رکھتے ہیں یعنی ہر چیز نظام حکمت پر چل رہی ہے اور سلام کے معنی کی تعیین کے لئے ساتھ ہی صفت المؤمن بھی لائے ہیں، المؤمن: امان دینے والا، پناہ میں لینے والا۔

حدیث: صحابہ پہلے قعدہ میں السلام علی اللہ کہتے تھے، نبی ﷺ نے فرمایا: یہ تو حمل الشئ علیٰ نفسہ ہے! اللہ ہی تو محفوظ رکھنے والے ہیں، پس ان پر سلام کے کیا معنی؟ پھر آپؐ نے قعدہ میں پڑھنے کا ذکر سکھلایا۔

[٥-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ﴾

[٧٣٨١-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَقِيْقُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كُنَّا نُصَلِّيْ خَلْفَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَنَقُوْلُ: السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ! فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ، وَلٰكِنْ قُوْلُوْا: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ" [راجع: ٨٣١]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿مَلِكِ النَّاسِ﴾

اللہ تعالیٰ ہی حاکم اعلیٰ ہیں

اللہ تعالیٰ کائنات کے بادشاہ ہیں، سورۃ الناس (آیت۲) میں اس کا ذکر ہے، قرآنِ کریم میں اور بھی متعدد جگہ اللہ کے حاکم اعلیٰ ہونے کا ذکر ہے، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث آگے (نمبر۷۴۱۲) آئے گی، اور باب کی حدیث میں ہے: "اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) زمین کو مٹھی میں لیں گے، اور آسمانوں کو لپیٹ کر دائیں ہاتھ میں لیں گے، پھر فرمائیں گے: میں بادشاہ ہوں! زمین کے بادشاہ کہاں ہیں؟!"

[٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿مَلِكِ النَّاسِ﴾

فِيْهِ ابْنُ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٧٣٨٢-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ،

عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" يَقْبِضُ اللّٰهُ الْأَرْضَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَيَطْوِی السَّمَاءَ بِيَمِيْنِهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ! أَيْنَ مُلُوْكُ الْأَرْضِ؟"
وَقَالَ شُعَيْبٌ، وَالزُّبَيْدِيُّ وَابْنُ مُسَافِرٍ وَإِسْحَاقُ بْنُ يَحْيٰى، عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ.
[راجع: ٤٨١٢]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾ وَمَنْ حلَفَ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَصِفَاتِهِ

اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ عزت (غلبہ) کا اثبات، اور
ایک رائے میں صفت عزت اور دیگر صفات کی قسم کھانا

عِزَّة: عَزَّ يَعِزُّ کا مصدر ہے، اور بطور اسم بھی مستعمل ہے: غلبہ، اقبال، وہ حالت جو انسان کو مغلوب ہونے سے بچائے، اردو کا لفظ عزت بھی اسی معنی میں ہے، پھر عزت حقیقی بھی ہوتی ہے اور مزعومہ بھی، جیسے: ﴿بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ﴾: بلکہ جو لوگ کافر ہیں وہ عزت (کے گھمنڈ) میں ہیں، اور حقیقی اور دائمی عزت اللہ کے لئے ہے، سورۃ المنافقین (آیت ۸) میں ہے: اور عزت اللہ کی اور اس کے رسول کی ہے، اسی سے سورۃ ابراہیم (آیت ۴) میں اللہ کی صفت العزیز (زبردست) آئی ہے۔ اور سورۃ صافات (آیت ۱۸۰) میں ہے: "پاک ہے آپ کا رب جو بڑی عظمت والا ہے ان باتوں سے جو وہ (کافر) بیان کرتے ہیں۔

مسئلہ: اللہ کی یا اللہ کے کسی نام کی جیسے رحمان، رحیم اور حق یا اللہ کی صفات میں سے کسی صفت کی، جیسے اللہ کی عزت، جلال، بڑائی، عظمت اور قدرت کی قسم کھانا جائز ہے (درمختار) اور یہ مسئلہ باب میں اس لئے بڑھایا ہے کہ حدیث لاسکیں، پھر مسئلہ کے توسط سے اللہ تعالیٰ کے لئے صفت عزت ثابت کریں گے فللّٰہ درُّہ! اور ایک رائے اس لئے کہا کہ صفاتِ ذات اور صفاتِ فعل میں بعض لوگوں نے فرق کیا ہے (شامی)

اور باب میں العزیز کے بعد الحکیم بڑھا کر اشارہ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اگرچہ ہر چیز پر غالب ہیں، وہ زبردست ہیں، جو چاہیں کر سکتے ہیں، مگر کرتے وہی ہیں جو حکمت کا تقاضا ہوتا ہے، جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے کہ اللہ نے کائنات بامقصد پیدا کی ہے، کوئی کھیل نہیں کیا، کیونکہ وہ غالب ہونے کے ساتھ حکیم بھی ہیں۔

اور باب میں چار حدیثیں ہیں، چاروں میں اللہ کی عزت کی قسم ہے، معلوم ہوا کہ عزت اللہ کی صفت ہے۔

پہلی معلق حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہے، وہ باب کے آخر میں موصولاً ہے، جہنم کہے گی: "بس بس! آپ کی عزت کی قسم! (بھر گئی!)

دوسری حدیث: پہلے آچکی ہے، ایک شخص جنت اور جہنم کے درمیان باقی رہ جائے گا، یہ شخص جنت میں داخل ہونے والا آخری شخص ہے، وہ درخواست کرے گا: پروردگار! میرا چہرہ دوزخ کی طرف سے پھیر دیں! (اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: اور تو کچھ درخواست نہیں کرے گا؟ وہ کہے گا:) نہیں، آپ کی عزت کی قسم! اس کے علاوہ اور کوئی درخواست نہیں کرونگا، اس کو دس دنیا کے بقدر جنت ملے گی۔

تیسری حدیث: حضرت ایوب علیہ السلام کپڑے نکال کر بارش میں نہا رہے تھے، اچانک سونے کی ٹڈیاں گرنے لگیں، ایوب علیہ السلام ان کو کپڑے میں جمع کرنے لگے، ندا آئی: ایوب! کیا میں نے تم کو بے نیاز نہیں کیا؟ عرض کیا: کیوں نہیں! آپ کی عزت کی قسم! لیکن میں آپ کی برکت سے بے نیاز نہیں ہوسکتا!

چوتھی حدیث: نبی ﷺ کا ایک ذکر: میں آپ کی عزت کی پناہ چاہتا ہوں! آپ کے سوا کوئی معبود نہیں! آپ کبھی مریں گے نہیں، اور جن وانس مریں گے! (فرشتوں کے بارے میں خاموشی ہے، وہ بھی مریں گے، اور مفہوم لقب (مفہوم مخالف) سے استدلال درست نہیں)

آخری حدیث: جو باب کے شروع میں معلق ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''برابر جہنم میں ڈالا جاتا رہے گا اور وہ کہتی رہے گی: اور لاؤ، یہاں تک کہ اس پر رب العالمین اپنا قدم رکھیں گے، پس اس کا بعض بعض کی طرف سکڑ جائے گا، پھر وہ کہے گی: بس بس! آپ کی عزت اور کرم (احسان) کی قسم! ــــ اور جنت میں برابر جگہ بچی رہے گی، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ جنت کے لئے ایک مخلوق پیدا کریں گے، پس ان کو بچی ہوئی جنت میں بسائیں گے (یہ آخری مضمون حدیث ۴۸۵۰ میں بھی آیا ہے)

[۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾

﴿سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ﴾ ﴿وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهِ﴾

وَمَنْ حلَفَ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَصِفَاتِهِ

[۱-] وَقَالَ أَنَسٌ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' تَقُوْلُ جَهَنَّمُ: قَطْ قَطْ وَعِزَّتِكَ''

[۲-] وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: '' يَبْقَى رَجُلٌ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ آخِرُ أَهْلِ النَّارِ دُخُوْلاً الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ اصْرِفْ وَجْهِيْ عَنِ النَّارِ، لاَ، وَعِزَّتِكَ لاَ أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا'' قَالَ أَبُوْسَعِيْدٍ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' قَالَ اللّٰهُ: لَكَ ذٰلِكَ وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهِ''

[۳-] وَقَالَ أَيُّوْبُ: ''وَعِزَّتِكَ لاَ غِنَى بِيْ عَنْ بَرَكَتِكَ''

[۷۳۸۳-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ:

"أَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ الَّذِىْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ، وَالْجِنُّ وَالإِنْسُ يَمُوْتُوْنَ"

[۷۳۸۴-] حدثنا ابْنُ أَبِى الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرَمِیٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يُلْقَى فِى النَّارِ" وَقَالَ لِىْ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، ح: وَعَنْ مُعْتَمِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَا يَزَالُ يُلْقَى فِيْهَا وَهِىَ تَقُوْلُ: هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ، حَتّٰى يَضَعَ فِيْهَا رَبُّ الْعَالَمِيْنَ قَدَمَهُ فَيَنْزَوِى بَعْضُهَا إِلٰى بَعْضٍ، ثُمَّ تَقُوْلُ: قَدْ قَدْ بِعِزَّتِكَ وَكَرَمِكَ! وَلَا تَزَالُ الْجَنَّةُ تَفْضُلُ حَتّٰى يُنْشِئَ اللّٰهُ لَهَا خَلْقًا، فَيُسْكِنَهُمْ فَضْلَ الْجَنَّةِ"[راجع: ۴۸۴۸]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ﴾

اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو با مقصد پیدا کیا ہے

یہ ذیلی باب ہے۔ گذشتہ باب میں صفتِ عزت (غلبہ) کا اثبات تھا، پھر باب میں الحکیم کا اضافہ کرکے اشارہ کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ زبردست اور غالب ضرور ہیں، مگران کا کوئی کام بے مقصد (بے فائدہ) نہیں ہوتا، جیسے انھوں نے آسمانوں اور زمین کو با مقصد پیدا کیا ہے، سورۃ الانعام (آیت ۷۳) میں ہے: "اور وہی ہیں جنھوں نے آسمانوں اور زمین کو با مقصد پیدا کیا۔ حق: وہ چیز ہے جو حکمت کے مقتضی کے مطابق ایجاد کی گئی ہو، پیش نظر مخلوق کی معاونت ہے، کائنات انسانوں اور جنات کی آسائش کے لئے بنائی ہے، اور خود انسانوں اور جنات کو اپنی بندگی کے لئے پیدا کیا ہے۔

اور خلق کے معنی ہیں: بغیر نمونہ کے ایجاد کرنا، نیست کو ہست کرنا، پھر اس کے بقاء کا سامان کرنا، پھر مخلوق کو بتدریج منتہائے کمال تک پہنچانا، یہی معنی ربوبیت کے ہیں، اور تھامنے کا بھی یہی مطلب ہے، یہ سب چیزیں خلق کے لئے ضروری ہیں اور حدیث میں بار بار الحق آیا ہے، اس سے استدلال کیا ہے کہ کوئی چیز بے مقصد نہیں، ہر چیز برحق ہے۔ سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۱۹۱) ہے: ﴿الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ، وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِىْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، رَبَّنَا! مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا، سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾: عقل مند وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں کھڑے بھی، بیٹھے بھی اور لیٹے بھی، اور آسمانوں اور زمین کے پیدا ہونے میں غور کرتے ہیں (کہتے ہیں:) اے ہمارے پروردگار! آپ نے اس کو لایعنی پیدا نہیں کیا، آپ کی ذات (لایعنی کام سے) پاک ہے سو ہم کو عذاب دوزخ سے بچالیجئے یعنی تخلیقِ کائنات میں حکمتیں ہیں۔

[۸-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ﴾

[۷۳۸۵-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْ مِنَ اللَّيْلِ: " اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ رَبَّ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ، لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، قَوْلُكَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اَللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَأَخَّرْتُ، وَأَسْرَرْتُ وَأَعْلَنْتُ، اَنْتَ إِلٰهِيْ لاَ إِلٰهَ لِيْ غَيْرُكَ" حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِهٰذَا، وَقَالَ: أَنْتَ الْحَقُّ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ. [راجع: ۱۱۲۰]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا﴾

اللہ تعالیٰ کے لئے صفاتِ سمع وبصر کا اثبات

سمع وبصر: صفاتِ حقیقیہ یعنی صفاتِ ذاتیہ میں سے ہیں۔ صفاتِ حقیقیہ سات ہیں: حیات، علم، سمع، بصر، ارادہ، قدرت اور کلام۔ مبصرات و مسموعات کے ظہورِ تام کا نام دیکھنا اور سننا ہے یعنی جو چیزیں قابل رویت اور قابل سماعت ہیں وہ خوب ظاہر ہو جائیں، اور یہ بات اللہ تعالیٰ کو علی وجہ الاتم حاصل ہے، پس وہ سمیع (سننے والے) اور بصیر (دیکھنے والے) ہیں۔

باب کی آیت: سورۃ النساء کی (آیت ۱۳۴) میں یہ دونوں صفتیں ساتھ آئی ہیں۔

حدیث معلق: ایک صحابی نے بیوی سے ظہار کیا، زمانۂ جاہلیت میں ظہار سے بیوی ہمیشہ کے لئے حرام ہو جاتی تھی، وہ عورت خدمتِ نبوی میں پہنچی، اور سب ماجرا کہہ سنایا، اس نے گھر کے ایک کونے میں تنہائی میں بات کی تھی، جس کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی سن نہیں پائی تھیں، مگر اللہ تعالیٰ نے اس کی بات سن لی، صدیقہؓ کہتی ہیں: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جن کی سماعت تمام اصوات کو وسیع ہے یعنی وہ ہر آواز سنتے ہیں، پس سورۃ المجادلہ کی پہلی آیت نبی ﷺ پر نازل فرمائی: "واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس عورت کی بات سن لی جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں جھگڑتی ہے، اور اپنے رنج وغم کی اللہ سے شکایت کرتی ہے، اور اللہ تعالیٰ تم دونوں کی گفتگو سن رہے تھے، بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والے، سب کچھ دیکھنے والے ہیں" (یہ حدیث مسند احمد (۶: ۴۶) نسائی اور ابن ماجہ میں ہے، آیت کریمہ سے سمع وبصر دونوں صفتیں ثابت ہوئیں)

اس کے بعد کی حدیث میں ہے کہ تم بہرے اور غیر موجود کو نہیں پکار رہے، بلکہ سننے والے، دیکھنے والے نزدیک کو پکارتے ہو، لہٰذا ذکر آہستہ کرو (اس سے بھی دونوں صفتیں ثابت ہوئیں)

[۹-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا﴾

وَقَالَ الْأَعْمَشُ، عَنْ تَمِيْمٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَسِعَ سَمْعُهُ الْأَصْوَاتَ،

فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:﴿ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا﴾

[۷۳۸۶-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ فَكُنَّا إِذَا عَلَوْنَا كَبَّرْنَا فَقَالَ:" ارْبَعُوْا عَلَى أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْعُوْنَ أَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، تَدْعُوْنَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا قَرِيْبًا" ثُمَّ أَتَى عَلَيَّ وَأَنَا أَقُوْلُ فِيْ نَفْسِيْ: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَقَالَ لِيْ:" يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ! قُلْ: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَإِنَّهَا كَنْزٌ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ" أَوْ قَالَ:" أَلَا أَدُلُّكَ بِهِ"[راجع: ۲۹۹۲]

آئندہ حدیث: میں وہ دعا ہے جو نماز میں پڑھنے کے لئے نبی ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سکھلائی ہے، اس کی باب سے مناسبت یہ ہے کہ بعض گناہ اللہ تعالیٰ دیکھتے ہیں اور بعض سنتے ہیں، جبھی ان کو بخشتے ہیں، پس اللہ کا دیکھنا اور سننا ثابت ہوا (حاشیہ)

[۷۳۸۷و۷۳۸۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! عَلِّمْنِيْ دُعَاءً أَدْعُوْ بِهِ فِيْ صَلَاتِيْ. قَالَ:" قُلْ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا، وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، فَاغْفِرْ لِيْ مِنْ عِنْدِكَ مَغْفِرَةً، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ"[راجع: ۸۳۴]

آئندہ حدیث: تفصیل سے تحفۃ القاری (۶: ۴۸۷) میں گذری ہے۔ نبی ﷺ کو طائف والوں نے جب ٹکا سا جواب دیدیا تو آپؐ مغموم لوٹے، شہر سے نکلتے ہی اچانک جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ کو پکارا اور کہا: "اللہ تعالیٰ نے بالیقین آپ کی قوم کی بات جو انھوں نے آپؐ سے کہی سن لی، اور سن لیا وہ جواب جو انھوں نے آپؐ کو دیا (اللہ کے لئے صفتِ سماع ثابت ہوئی)

[۷۳۸۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ جِبْرَئِيْلَ نَادَانِيْ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ وَمَا رَدُّوْا عَلَيْكَ"[راجع: ۳۲۳۱]

بَابُ قَوْلِهِ:﴿قُلْ هُوَ الْقَادِرُ﴾

اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ قدرت کا اثبات

قدرت: بھی حقیقی، ذاتی اور ازلی صفت ہے، اور قدرت کے معنی ہیں: طاقت رکھنا، اپنی حکمت کے مطابق چاہے تو کرے اور چاہے تو نہ کرے، سورۃ الانعام کی (آیت ۶۵) میں ہے:" آپ کہیں: اللہ اس پر قادر ہیں کہ تم پر کوئی عذاب

تمہارے اوپر سے بھیج دیں یا تمہارے پاؤں تلے سے یا تم کو گروہ گروہ کرکے باہم بھڑادیں، اور بعض کو بعض کی سختی چکھائیں''
—— اور استخارہ کی دعا میں ہے: أستقدرك بقدرتك: میں آپ سے قدرت طلب کرتا ہوں آپ کی صفتِ قدرت کے ذریعہ! (تحفۃ القاری ۳:۴۸۹)

[۱۰-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿قُلْ هُوَ الْقَادِرُ﴾ [الأنعام: ٦٥]

[٧٣٩٠-] حدثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الْمَوَالِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ، يُحَدِّثُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَسَنِ، يَقُوْلُ: أَخْبَرَنِيْ جَابِرُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّلَمِيُّ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُعَلِّمُ أَصْحَابَهُ الإِسْتِخَارَةَ فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا كَمَا يُعَلِّمُهُمُ السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ، يَقُوْلُ: " إِذَا هَمَّ أَحَدُكُمْ بِالْأَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيْضَةِ، ثُمَّ لْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، اللّٰهُمَّ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ هٰذَا الْأَمْرَ— ثُمَّ تُسَمِّيْهِ بِعَيْنِهِ — خَيْرًا لِيْ فِيْ عَاجِلِ أَمْرِيْ وَآجِلِهِ قَالَ: أَوْ فِي دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ، فَاقْدُرْهُ لِيْ، وَيَسِّرْهُ لِيْ، ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ، اللّٰهُمَّ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّهُ شَرٌّ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ، أَوْ قَالَ: فِيْ عَاجِلِ أَمْرِيْ وَآجِلِهِ، فَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ، وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ، ثُمَّ رَضِّنِيْ بِهِ" [راجع: ١١٦٢]

بَابُ مُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَنُقَلِّبُ أَفْئِدَتَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ﴾

اللہ تعالیٰ دلوں کو اور آنکھوں کو پلٹنے پر قادر ہیں

یہ صفتِ قدرت کا ذیلی باب ہے، اللہ تعالیٰ قادر مطلق (کامل) ہیں، ہمارے دلوں کے ارادوں کو بھی پلٹ سکتے ہیں، سورت الانعام (آیت ۱۱۰) میں ہے: ''اور ہم ان کے دلوں کو اور ان کی نگاہوں کو پھیر دیں گے'' (اور اُس تقلّب کا سبب ان کا اعراض ہوگا، اور جو لوگ اللہ کی طرف متوجہ ہونگے ان کو ہدایت دیں گے)

حدیث: نبی ﷺ اکثر اس طرح قسم کھاتے تھے: نہیں! قسم ہے دلوں کو پلٹنے والے کی!'' یعنی میں یہ کام نہیں کرنا چاہتا، اللہ تعالیٰ دوسروں کے دل بھی پلٹ دیں!

[۱۱-] بَابُ مُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَنُقَلِّبُ أَفْئِدَتَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ﴾

[٧٣٩١-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ، قَالَ: أَكْثَرُ مَا كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَحْلِفُ: " لَا، وَمُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ" [راجع: ٦٦١٧]

بَابٌ: إِنَّ لِلّٰهِ مِائَةَ اسْمٍ إِلَّا وَاحِدًا

اللہ تعالیٰ کے ایک کم سو نام ہیں

(اسمائے حسنیٰ کمالاتِ خداوندی کی ترجمانی کرتے ہیں)

جاننا چاہئے کہ صفات کی دو قسمیں ہیں: ایک وہ صفات ہیں جن سے ذات کا قیام، ٹھہراؤ ہوتا ہے۔ یہ صفاتِ ذاتیہ اور حقیقیہ کہلاتی ہیں۔ دوسری: وہ صفات ہیں جو کسی موجود شخص کے کمالات یا عدم کمال کی ترجمانی کرتی ہیں، یہ اچھے برے القاب، عارضی صفات اور صفات فعلیہ کہلاتی ہیں، جیسے انسان کا قوام حیوان و ناطق سے ہوتا ہے، پس حیوانیت اور ناطقیت کے بغیر انسان وجود پذیر نہیں ہوسکتا، اس لئے یہ دونوں صفتیں ذاتِ انسان سے منفک نہیں ہوسکتیں، یہی انسان کی ذاتی اور حقیقی صفتیں ہیں، پھر انسان کا حاجی، پاجی، قاضی، قاری، کھاری، مفتی، مولوی اور موالی (یار دوست) ہونا کمالات یا عدم کمالات کی ترجمانی کرتا ہے، یہ انسان کی صفاتِ عرضیہ اور صفاتِ فعلیہ کہلاتی ہیں، یہ ذات سے جدا ہوسکتی ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ذات بحت (محض) کا وجود نہیں ہوسکتا، ہیولیٰ کبھی بھی صورتِ جسمیہ کے بغیر جلوہ گر نہیں ہوسکتا۔ ذات کے وجود پذیر ہونے کے لئے صفاتِ ذاتیہ ضروری ہیں، کیونکہ وجود بھی تو ایک صفت ہے۔ پس اللہ تعالیٰ بھی ذاتِ بحت نہیں، ان کی سات صفاتِ ذاتیہ ہیں، جو ازلی اور قدیم ہیں، وہ ذات سے منفک نہیں ہوسکتیں، اور وہ ہیں: حیات، علم، سمع، بصر، ارادہ، قدرت اور کلام، ان کے علاوہ اچھے اچھے نام (اسمائے حسنیٰ) کمالاتِ خداوندی کی ترجمانی کرتے ہیں، اور چونکہ اللہ تعالیٰ میں کوئی عیب (بے کمالی) نہیں، اس لئے اسمائے حسنیٰ کی دو قسمیں ہیں: صفاتِ ثبوتیہ اور صفاتِ سلبیہ، اول: کمالات کی ترجمانی کرتی ہیں، اور دوم: عیوب کی نفی کرتی ہیں، جیسے: اللہ: لا إلٰه إلا هو، لاشريك له: میں اللہ تو اسم علم (اسم ذات) ہے، اور معبودیت ثبوتی صفت ہے اور ساجھی نہ ہونا سلبی صفت ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات پر ایمان لانا اور اللہ تعالیٰ کو صفاتِ کمالیہ کے ساتھ متصف ماننا سب سے بڑی نیکی ہے یہ ایمان ہی معرفتِ خداوندی کا ذریعہ ہے، اسی سے بندے اور خدا کے درمیان فیضان کا دروازہ کھلتا ہے، اور بندے پر اللہ کی عظمت و بزرگی منکشف ہوتی ہے، جیسے زید کو محض ایک وجود مانا جائے تو کیا حاصل؟ اس سے لوگوں کو کیا فیض پہنچے گا؟ لیکن جب اس کو خوش نویس، ادیب، عالم، فقیہ اور بزرگ مانا جائے تو لوگ اس سے فن کتابت سیکھیں گے، ادب وزبان اخذ کریں گے، مسائل دریافت کریں گے اور کسبِ فیض کریں گے، خوبیوں کے ادراک کے بعد ہی استفادہ ہوسکتا ہے، اسی طرح جب بندہ اللہ تعالیٰ کو خوبیوں کے ساتھ متصف مانے گا جبھی فیضان کا دروازہ کھلے گا، وہ اللہ تعالیٰ کو رزاق تسلیم کرے گا تو ہی اس سے روزی طلب کرے گا، اور اس کو رحیم و کریم مانے گا تو ہی اس سے رحم و کرم کی بھیک مانگے گا، اللہ کی صفات جلالیہ پر ایمان ہوگا تو اس سے ڈر کر اپنی زندگی سنوارے گا، اور کوئی کوتاہی ہوگی تو اس سے مغفرت کا طلب گار ہوگا،

غرض: انسان کی تربیت کا تمام تر تعلق صفاتِ باری تعالیٰ کے ساتھ ہے، اسی لئے باب کی حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ایک کم سونام ہیں جوان کو محفوظ کرے گا اوران کی نگہداشت کرے گا وہ جنت میں جائے گا۔ نگہداشت کرنا یہ ہے کہ ان ناموں کو ہروقت پیشِ نظر رکھے، اوران صفات کی خوبو اپنے اندر پیدا کرے، چنانچہ فرمایا: ''مہربانی کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ مہربانی کرتے ہیں، تم زمین والوں پر مہربانی کرو، آسمان والا تم پر مہربانی کرے گا''

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے کمالات تو بے حساب و بے اندازہ ہیں، مگر وہ خاص کمالات جن کا بندوں کی تربیت سے تعلق ہے: وہ نبی ﷺ نے جمع کرکے صحابہ کو یاد کرائے ہیں، یہ نام ترمذی شریف میں ہیں، اور شرح تحفۃ الالمعی (۸:۱۶۱) میں ہے، اوران کی فضیلت (دخولِ جنت) کے تین اسباب رحمۃ اللہ الواسعہ (۴:۳۴۰) میں ہیں۔

[۱۲-] بَابٌ: إِنَّ لِلّٰهِ مِائَةَ اسْمٍ إِلَّا وَاحِدًا

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ذُو الْجَلَالِ: الْعَظَمَةِ، الْبَرُّ: اللَّطِيْفُ.

[۷۳۹۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اسْمًا مِائَةً إِلَّا وَاحِدًا، مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ''﴿أَحْصَيْنَاهُ﴾[يٰس: ۱۲]: حَفِظْنَاهُ.[راجع: ۲۷۳۶]

وضاحت: اسمائے حسنیٰ میں ۸۵ نمبر پر: ذو الجلال و الإکرام ہے، ابن عباسؓ نے جلال کے معنی عظمت و بزرگی کئے ہیں ...... اور نمبر ۹۷ پر الْبَرّ: (صفتِ مشبہ) ہے، اس کے معنی کئے ہیں: اللطیف: مہربان۔ اور حدیث میں ہے: أحصاھا: جوان کو یاد کرے، سورۂ یٰس (آیت ۱۲) میں بھی یہی معنی ہیں۔

بَابُ السُّؤَالِ بِأَسْمَاءِ اللّٰهِ، وَالِاسْتِعَاذَةِ بِهَا

اللہ تعالیٰ کے ناموں سے مانگنا، اوران کے ذریعہ پناہ چاہنا

یہ اسمائے حسنیٰ کا ذیلی باب ہے، سورۃ الاعراف (آیت ۱۸۰) میں ہے: ﴿وَلِلّٰهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا﴾: اور اللہ تعالیٰ کے لئے اچھے اچھے نام ہیں، پس اس کو ان ناموں سے پکارو یعنی ان کے ذریعہ دعا کرو، خیر بھی مانگو اور شر سے بھی پناہ چاہو، اور سارے اسمائے حسنیٰ پڑھ کر دعا کرنا تو بہت ہی بہتر ہے، اور دعا سے مناسبت رکھنے والے بعض ناموں سے پکارنا بھی صحیح ہے جیسے یا غفور یا کریم تُبْ عليَّ إنك أنت التواب الرحيم اور صرف اللّٰھم یا یا اللہ یا بِاسْمِك کہنا بھی نام سے پکارتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی اپنے بستر پر پہنچے تو اپنے بستر کو جھاڑے اپنی لنگی کی اندر کی جانب

سے، کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے بعد اس کے بستر پر کیا چیز آئی ہے؟ پھر کہے: ”آپ کے نام سے اے میرے ربّ! اپنا پہلو رکھتا ہوں، اور آپ کی مدد سے اٹھاؤنگا، اگر روک لیں آپ میری روح کو تو اس پر مہربانی فرمائیں، اور اگر چھوڑ دیں آپ اس کو تو اس کی حفاظت فرمائیں جس طرح آپ نیک بندوں کی حفاظت فرماتے ہیں“ (اس دعا میں پناہ چاہنے کے معنی ہیں، اور سندوں کی تفصیل تحفۃ القاری ۱۱:۲۳۳ میں ہے)

[۱۳-] بَابُ السُّؤَالِ بِأَسْمَاءِ اللّٰهِ، وَالِاسْتِعَاذَةِ بِهَا

[۷۳۹۳-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ” إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ فِرَاشَهُ فَلْيَنْفُضْهُ بِصَنِفَةِ ثَوْبِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَلْيَقُلْ: بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ أَرْفَعُهُ، إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لَهَا، وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ“

تَابَعَهُ يَحْيَى، وَبِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَزَادَ زُهَيْرٌ، وَأَبُوْ ضَمْرَةَ، وَإِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَاهُ ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۶۳۲۰]

لغت: الصِّنْفَة و الصَّنِفَةُ: کپڑے کا حاشیہ، کنارہ۔

سونے جاگنے کی دعا: اے اللہ! آپ کے نام سے مرتا ہوں یعنی سوتا ہوں، کیونکہ نیند موت کی بہن ہے، اور زندہ ہوؤنگا یعنی بیدار ہونگا —— اور جب صبح کرے تو کہے: ”اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے ہمیں مارنے کے بعد زندہ کیا، اور قیامت کو زندہ ہوکر انہی کے پاس جانا ہے“

[۷۳۹۴-] حدثنا مُسْلِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ، قَالَ: ” اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا“ وَإِذَا أَصْبَحَ قَالَ: ”الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ“ [راجع: ۶۳۱۲]

[۷۳۹۵-] حدثنا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ خَرَشَةَ ابْنِ الْحُرِّ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ، قَالَ: ”بِاسْمِكَ نَمُوْتُ وَنَحْيَا“ فَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: ” الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ“ [راجع: ۶۳۲۵]

بیوی کے ساتھ مقاربت کی دعا: ''اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا، اور شیطان کو اس اولاد سے بچا جو آپ ہمیں عنایت فرمائیں!'' (تفصیل تحفۃ القاری ۱: ۴۵۴ میں ہے)

[۷۳۹۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَأْتِيَ أَهْلَهُ، فَقَالَ: بِاسْمِ اللّٰهِ! اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، فَإِنَّهُ إِنْ يُقَدَّرْ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ فِيْ ذٰلِكَ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ أَبَدًا''[راجع: ۱۴۱]

آئندہ حدیث: میں ہے کہ اگر شکاری کتے کو اللہ کا نام لے کر شکار پر للکارا، اور کتے نے شکار میں سے کھایا نہیں تو وہ حلال ہے...... اور خَزَقَ کے معنی ہیں: معراض نوک سے شکار میں گھسے۔

[۷۳۹۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قُلْتُ: أُرْسِلَ كِلَابِيَ الْمُعَلَّمَةَ؟ قَالَ: ''إِذَا أَرْسَلْتَ كِلَابَكَ الْمُعَلَّمَةَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَأَمْسَكْنَ فَكُلْ، وَإِذَا رَمَيْتَ بِالْمِعْرَاضِ فَخَزَقَ فَكُلْ'' [راجع: ۱۷۵]

وسوسہ کا اعتبار نہیں: مدینہ منورہ کے اطراف میں جو بدّو رہتے تھے وہ جانور ذبح کر کے اس کا گوشت مدینہ منورہ میں لاکر بیچتے تھے، بعض لوگوں کو شبہ ہوا کہ یہ نئے مسلمان ہیں، دین وشریعت سے واقف نہیں، اللہ جانیں: ذبح کرتے وقت بسم اللہ پڑھتے ہیں یا نہیں؟ پس آپؐ نے فرمایا: ''تم بسم اللہ پڑھ کر کھالو'' یعنی آپؐ نے اس شبہ کا اعتبار نہیں کیا، کیونکہ وہ محض وسوسہ تھا۔

[۷۳۹۸-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، قَالَ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ هُنَا أَقْوَامًا حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِشِرْكٍ، يَأْتُوْنَّا بِلُحْمَانٍ لَانَدْرِيْ يَذْكُرُوْنَ عَلَيْهَا اسْمَ اللّٰهِ أَمْ لَا؟ قَالَ:'' اذْكُرُوْا أَنْتُمُ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا''
تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَالدَّرَاوَرْدِيُّ، وَأُسَامَةُ بْنُ حَفْصٍ. [راجع: ۲۰۵۷]

آئندہ دو حدیثوں میں ہے کہ قربانی اللہ کا نام لے کر ذبح کرے، اور قسم اللہ کے نام ہی کی کھائے، آباء کی قسم نہ کھائے۔

[۷۳۹۹-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: ضَحَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِكَبْشَيْنِ، يُسَمِّيْ وَيُكَبِّرُ. [راجع: ۵۵۵۳]

[۷۴۰۰-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ: أَنَّهُ شَهِدَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ النَّحْرِ صَلَّى ثُمَّ خَطَبَ، فَقَالَ: "مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا أُخْرَى، وَمَنْ لَمْ يَذْبَحْ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ"[راجع: ۹۸۵]

[۷۴۰۱-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "لاَ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ، فَمَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ"

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الذَّاتِ، وَالنُّعُوْتِ، وَأَسَامِيْ اللّٰهِ

وہ روایات جو اللہ کی ذات، صفات اور ناموں کے بارے میں آئی ہیں

یہ باب اور اس کے بعد کے تین ابواب: اسمائے حسنٰی والے باب کا تتمہ ہیں، اسمائے حسنٰی ننانوے میں منحصر نہیں، قرآن وحدیث میں اللہ کے اور بھی نام اور صفتیں آئی ہیں، علامہ ابن العربی مالکی (شارح سنن ترمذی) نے ایک رسالہ میں قرآن وحدیث سے اللہ کے نام جمع کئے ہیں، جو ایک ہزار چوالیس ہیں، پس نصوص میں جو نام اور صفات وارد ہوئی ہیں ان کا تو اللہ تعالیٰ پر اطلاق درست ہے۔ اور جو نام کسی نص میں نہیں آیا، جیسے 'خدا' اس کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟ ایک رائے یہ ہے کہ اللہ کے نام توقیفی ہیں، پس دوسرا کوئی نام جائز نہیں۔ مگر صحیح رائے یہ ہے کہ اگر وہ نام کوئی غیر قوم استعمال نہیں کرتی، اور وہ نام واردفی الشرع نام کے ہم معنی ہے تو اس کا اطلاق جائز ہے۔ خدا کی اصل ہے 'خود آ' یعنی بذاتِ خود موجود، پس یہ قدیم کے ہم معنی ہے اس لئے اس کا اطلاق جائز ہے، اور جواز کی دلیل یہ ہے کہ دوسری آسمانوں کتابوں میں اللہ تعالیٰ کے اور نام بھی آئے ہیں، معلوم ہوا کہ عربی ناموں کے علاوہ اور ناموں کا اطلاق بھی جائز ہے، اور بھگوان (معبود) ایشور (خالق) اور پرمیشور (ودود) وغیرہ نام استعمال نہیں کرنے چاہئیں کہ یہ غیر قوم میں رائج ہیں۔

اور ان ابواب میں امام بخاری رحمہ اللہ نے نو صفات ذکر کی ہیں، وہ یہ ہیں: ذات (اللہ کے کسی نام کی طرف اضافت کر کے، جیسے ذات الإلٰہ: اللہ کی ذات) نفس، غیرت، رحمت، غضب، ذراع (ہاتھ) باع (باہ) وجہ (چہرہ) عین (آنکھ) اور لیس بأعور (عین کی ضد، سلبی صفت)

حدیث: حضرت خُبیب انصاری رضی اللہ عنہ نے جب ان کو قتل کیا گیا یہ اشعار پڑھے تھے:

اور مجھے پرواہ نہیں جب میں مسلمان ہونے کی حالت میں شہید کیا جا رہا ہوں ÷ کہ کونسی کروٹ پر ہے اللہ کے لئے میرا پچھڑنا۔

اور وہ شہید ہونا اللہ کی ذات کے لئے ہے، اور اگر وہ چاہیں ÷ تو برکت فرمائیں جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کئے ہوئے اعضاء میں۔

دوسرے شعر میں حضرت خبیبؓ نے لفظ ذات کو إلٰہ کی طرف مضاف کر کے استعمال کیا ہے، اور نبی ﷺ کو جب یہ اشعار پہنچے تو آپؐ نے نکیر نہیں کی، پس اس طرح استعمال کا جواز ثابت ہوا (باقی واقعہ کی تفصیل تحفۃ القاری ۶: ۳۵۵ میں ہے)

[۱۴-] بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الذَّاتِ، وَالنُّعُوْتِ، وَأَسَامِيْ اللّٰهِ

وَقَالَ خُبَيْبٌ: وَذٰلِكَ فِي ذَاتِ الإِلٰـهِ. فَذَكَرَ الذَّاتَ بِاسْمِهِ.

[۷۴۰۲-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ بْنِ أَسِيْدِ بْنِ جَارِيَةَ الثَّقَفِيُّ، حَلِيْفٌ لَبَنِيْ زُهْرَةَ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَشْرَةً، مِنْهُمْ خُبَيْبٌ الْأَنْصَارِيُّ، فَأَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيَاضٍ: أَنَّ ابْنَةَ الْحَارِثِ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهُمْ حِيْنَ اجْتَمَعُوْا اسْتَعَارَ مِنْهَا مُوْسَى يَسْتَحِدُّ بِهَا، فَلَمَّا خَرَجُوْا بِهِ مِنَ الْحَرَمِ لِيَقْتُلُوْهُ قَالَ خُبَيْبٌ:

مَا أُبَالِيْ حِيْنَ أُقْتَلُ مُسْلِمًا ۞ عَلٰى أَيِّ شِقٍّ كَانَ لِلّٰهِ مَصْرَعِيْ
وَذٰلِكَ فِي ذَاتِ الإِلٰـهِ وَإِنْ يَشَأْ ۞ يُبَارِكْ عَلٰى أَوْصَالِ شِلْوٍ مَمَزَّعِ

فَقَتَلَهُ ابْنُ الْحَارِثِ، فَأَخْبَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَصْحَابَهُ خَبَرَهُمْ يَوْمَ أُصِيْبُوْا. [راجع: ۳۰۴۵]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهُ﴾ وَقَوْلِهِ:

﴿تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلاَ أَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ﴾

اللہ تعالیٰ کے لئے نفس بمعنی ذات کا استعمال

آیت (۱): سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۲۸) ہے: ''اور اللہ تعالیٰ تم کو اپنی ذات سے ڈراتے ہیں''

آیت (۲): عیسیٰ علیہ السلام عرض کریں گے: '' آپ میرے دل کی بات جانتے ہیں، اور میں آپ کے علم میں جو کچھ ہے اس کو نہیں جانتا'' ان دونوں آیتوں میں اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ نفس استعمال کیا گیا ہے، پس اس کا اطلاق درست ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں، اسی لئے اللہ نے بے حیائی والے کام حرام کئے ہیں، اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کسی کو اپنی تعریف پسند نہیں، اسی لئے اللہ نے خود اپنی تعریف کی ہے''

سوال: اس میں تو نفس کا ذکر نہیں! **جواب:** نفس کا ذکر نہیں تو غیرت کا تو ذکر ہے اور حاشیہ میں ہے کہ دو مرتبہ أحد (کوئی) آیا ہے: یہ بمعنی نفس (ذات) ہے۔

[۱۵-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهُ﴾ وَقَوْلِهِ:

﴿تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلاَ أَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ﴾

[۷۴۰۳-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ

عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَا مِنْ أَحَدٍ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ، مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ، وَمَا أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ"[راجع: ٤٦٣٤]

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:"جب اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کو پیدا کیا تو اپنی کتاب (لوح محفوظ) میں لکھا، درانحالیکہ وہ اپنے نفس (ذات) پر لازم کررہے تھے، اور وہ (نوشتہ) ان کے پاس تختِ شاہی پر ہے (لوح محفوظ عرش کے اوپر ہے) کہ میری مہربانی میری ناراضگی پر غالب رہے گی (اس سے نفس کے علاوہ صفاتِ رحمت وغضب بھی ثابت ہوئیں)

[٧٤٠٤-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ فِي كِتَابِهِ، وَهُوَ يَكْتُبُ عَلٰى نَفْسِهِ، وَهُوَ وَضْعٌ عِنْدَهُ عَلَى الْعَرْشِ: إِنَّ رَحْمَتِي تَغْلِبُ غَضَبِي"[راجع: ٣١٩٤]

آئندہ حدیث: قدسی ہے: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:"میں میرے بندوں کے میرے ساتھ گمان کے پاس ہوں یعنی اگر وہ گمان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ خوردہ گیری کریں گے تو ایسا ہوگا اور وہ گمان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ درگذر کریں گے تو ایسا ہوگا۔ اور میں بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے، پس اگر وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں اس کو اپنے دل میں یاد کرتا ہوں، اور اگر وہ مجھے کسی مجمع میں یاد کرتا ہے تو میں اس مجمع سے بہتر مجمع میں اس کا ذکر کرتا ہوں، اور اگر وہ مجھ سے بالشت بھر نزدیک ہوتا ہے تو میں اس سے ایک ہاتھ نزدیک ہوتا ہوں، اور اگر وہ مجھ سے ایک ہاتھ قریب آتا ہے تو میں اس سے ایک باہ نزدیک جاتا ہوں، اور اگر وہ میری طرف چل کر آتا ہے تو میں اس کی طرف لپک کر جاتا ہوں۔

[٧٤٠٥-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَقُوْلُ اللّٰهُ: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي، وَأَنَا مَعَهُ إِذَا ذَكَرَنِي، فَإِنْ ذَكَرَنِي فِي نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِي نَفْسِي، وَإِنْ ذَكَرَنِي فِي مَلَأٍ ذَكَرْتُهُ فِي مَلَأٍ خَيْرٍ مِنْهُمْ، وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ بِشِبْرٍ تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ بَاعًا، وَمَنْ أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً"[طرفه: ٧٥٠٥، ٧٥٣٧]

بَابُ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ﴾

اللہ تعالیٰ کے لئے چہرہ بمعنی ذات کا استعمال

سورۃ القصص (آیت ۸۸) میں ہے:"سب چیزیں فنا ہونے والی ہیں بجز اس کے چہرے (ذات) کے، اور حدیث میں دو مرتبہ ہے: أعوذ بوجهك: میں آپ کے چہرے کے طفیل پناہ چاہتا ہوں (پس صفتِ وجہ اللہ کے لئے ثابت ہوئی)

[۱۶-] بَابُ قَوْلِهِ تَعَالیٰ: ﴿كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ﴾

[۷۴۰۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ﴾ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَعُوْذُ بِوَجْهِكَ" فَقَالَ: ﴿أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ﴾ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَعُوْذُ بِوَجْهِكَ!" قَالَ: ﴿أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا﴾ [الأنعام: ٦٥] فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هٰذَا أَيْسَرُ"

[راجع: ٤٦٢٨]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ﴾ تُغَذّٰى وَقَوْلِهِ: ﴿تَجْرِيْ بِأَعْيُنِنَا﴾

اللہ تعالیٰ کے لئے عین (آنکھ) کا استعمال

۱-سورۃ طٰہ کی (آیت ۳۹) میں موسیٰ علیہ السلام کے تعلق سے ہے: "اور تا کہ تم میری آنکھ کے سامنے (نگرانی میں) پرورش پاؤ" تُغَذّٰی: پرورش کئے جاؤ۔

۲-سورۃ القمر کی (آیت ۱۴) میں کشتیٔ نوح کے تعلق سے ہے: "اور وہ ہماری آنکھوں کے سامنے (نگرانی میں) چلتی رہی۔

حدیث: دجال کی دائیں آنکھ کانی ہوگی، اور اللہ تعالیٰ کانے نہیں، یہ کہتے ہوئے نبی ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اپنی آنکھ کی طرف اشارہ فرمایا۔ اس سے بھی صفتِ عین ثابت ہوئی۔

سبھی صفات از قبیل متشابہات ہیں

صفاتِ متشابہات: وہ ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کا مخلوق کے مشابہ ہونا مفہوم ہوتا ہے اور جن سے اللہ تعالیٰ کا جسم دار ہونا سمجھا جاتا ہے، جیسے ہاتھ، قدم، انگلیاں، پورے، چہرہ، آنکھ، آسمانِ دنیا پر ہر رات اترنا، میدانِ قیامت میں اترنا، عرش پر قائم ہونا وغیرہ، مگر صفاتِ حقیقیہ: سمع وبصر وکلام وغیرہ کے تعلق سے یہ بات نہیں کہی جاتی، مگر یہ تفریق صحیح نہیں، تمام صفات از قبیل متشابہات ہیں، کیونکہ سبھی الفاظ سے جو بات سمجھی جاتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے شایانِ شان نہیں، جیسے 'ہنسنا' اس لئے اللہ کے شایانِ شان نہیں کہ اس کے لئے 'منہ' ضروری ہے تو کلام کے لئے بھی یہ چیز ضروری ہے، اسی طرح پکڑنے اور اترنے کے لئے ہاتھ اور پیر ضروری ہیں تو سننے اور دیکھنے کے لئے کان اور آنکھ ضروری ہیں پس صفاتِ باری پر دلالت کرنے والے سبھی الفاظ از قبیل متشابہات ہیں، اور سب کا ایک حکم ہے (حجۃ اللہ البالغہ، رحمۃ اللہ الواسعہ ۱:۶۴۳)

صفاتِ باری تعالیٰ کو کیسے سمجھا جائے؟

اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا کماحقہ ادراک ممکن نہیں، کیونکہ ان کا نہ کسی محسوس چیز سے اندازہ کیا جاسکتا ہے، نہ کسی

معقول چیز سے تخمینہ لگایا جاسکتا ہے، اور ہماری لغت کے الفاظ ذات وصفات کو شامل نہیں، کیونکہ ہمارے الفاظ کا موضوع لہ محسوسات ومعقولات ہیں جو ہمارے مشاہدہ میں آتے ہیں، یا ہماری عقل میں سماتے ہیں، اور اللہ کی ذات وصفات نہ تو ہمارے لئے محسوس ہیں، نہ ان کی ہماری عقل میں سمائی ہے، پھر ہم ان کو موضوع لہ بنا کر الفاظ کیسے وضع کر سکتے ہیں؟ ہماری بول چال میں مستعمل الفاظ ہمارے ہی لئے ہیں، اس لئے صفاتِ باری تعالیٰ کے لئے جو الفاظ استعمال کئے جائیں وہ غایات پائے جانے کے معنی میں استعمال کئے جائیں، مبادی پائے جانے کے معنی میں استعمال نہ کئے جائیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ قرآن وحدیث میں جو الفاظ حق تعالیٰ کی صفات کو بیان کرنے کے لئے اختیار کئے گئے ہیں، ان میں اکثر وہ ہیں جن کا مخلوق کی صفات پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ مثلاً خدا کو حَیّ (زندہ) سمیع (سننے والا) بصیر (دیکھنے والا) اور متکلم (کلام فرمانے والا) کہا گیا ہے۔ انسان کے لئے بھی یہی الفاظ استعمال کئے گئے ہیں، مگر دونوں جگہ استعمال کی حیثیت بالکل جداگانہ ہے۔ کسی مخلوق کو سمیع وبصیر کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے پاس دیکھنے والی آنکھ اور سننے والا کان موجود ہے۔ اب اس میں دو چیزیں ہوئیں: ایک وہ آلہ جسے ''آنکھ'' کہتے ہیں، اور جو دیکھنے کا مبدأ اور ذریعہ بنتا ہے۔ دوسرا اس کا نتیجہ اور غرض وغایت (دیکھنا) یعنی وہ خاص علم جو رویت بصری سے حاصل ہوتا ہے۔ مخلوق کو جب ''بصیر'' کہا جاتا ہے تو یہ مبدأ اور غایت دونوں چیزیں مراد ہوتی ہیں۔ لیکن یہی لفظ جب خدا کی نسبت استعمال کیا جائے تو وہ مبادی اور کیفیات جسمانیہ مراد نہیں لی جائیں گی جو مخلوق کے خواص میں سے ہیں اور جن سے خداوند قدوس قطعاً منزہ ہے۔ البتہ یہ اعتقاد ضروری ہے کہ بصارت (دیکھنے) کا مبدأ اس کی ذات میں موجود ہے اور اس کا نتیجہ یعنی وہ علم جو رویت بصری سے حاصل ہوتا ہے، اس کو بدرجہ کمال حاصل ہے۔ آگے یہ کہ وہ مبدأ کیسا ہے؟ اور دیکھنے کی کیا کیفیت ہے؟ تو بجز اس بات کے کہ اس کا دیکھنا مخلوق کی طرح نہیں، ہم اور کیا کہہ سکتے ہیں؟! ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ﴾ اس کی شان اقدس ہے۔ اور نہ صرف سمع وبصر بلکہ اس کی تمام صفات کو اسی طرح سمجھنا چاہئے (ماخوذ از فوائد عثمانی در تفسیر سورۃ الاعراف آیت ۵۴) اب دو مثالیں ملاحظہ فرمائیں تاکہ یہ مضمون واضح ہو کر ذہن نشین ہو جائے:

پہلی مثال: لفظ رحمت جو صفات رحمان ورحیم کا مأخذ ہے، لغت میں اس کے معنی ہیں: ''کسی پریشان حال اور مصیبت زدہ کو دیکھ کر دل کا پتلا ہونا (پسیجنا) اور اس کی طرف مڑنا اور مائل ہونا اور دل میں مہربانی کا جذبہ ابھرنا اور اس پر تفضّل واحسان اور مہر وانعام کرنا'' اب یہاں دو چیزیں ہیں ایک ''دل'' اور اس کی کیفیات: پتلا ہونا، مڑنا، جذبہ مہر ابھرنا یہ مبدأ اور سبب ہیں دوسری انعام واحسان یہ غایت ونتیجہ ہے۔ جب انسان کو رحیم ومہربان کہا جاتا ہے تو یہ مبدأ اور غایت دونوں مراد ہوتے ہیں۔ مگر جب اللہ تعالیٰ کو رحمان ورحیم کہا جاتا ہے تو صرف غایت یعنی انعام واحسان مراد لیا جاتا ہے۔ اور مبدأ کے وجود کا اعتقاد تو رکھا جاتا ہے مگر اس کی کیفیت کو اللہ کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔

دوسری مثال: استواء علی العرش میں عرش کے معنی تخت شاہی اور بلند مقام کے ہیں اور استواء کے معنی معتدل وبرابر اور

سیدھا ہونے کے ہیں۔ اور جب کوئی تخت حکومت پر بیٹھتا ہے تو ملک کا سب کام اور نظم وانتظام کرتا ہے اور اقتدار ونفوذ وتصرف کا مالک ہوتا ہے۔ اب یہاں دو چیزیں ہیں ایک تخت شاہی پر بیٹھنا یہ مبدأ اور سبب ہے دوسری نفوذ واقتدار وتصرف کا مالک ہونا یہ نتیجہ اور غایت ہے۔ اب اگر یہ صفت کسی انسان کے لئے ثابت کی جائے تو وہاں مبدأ اور غایت دونوں مراد ہوں گے اور مبدأ کی کیفیت کا ادراک بھی ہم کر سکیں گے۔ مگر جب یہ صفت اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت کی جائے گی تو غایت پائے جانے کے معنی میں ہوگی یعنی آسمانوں پر اور زمین پر اقتدار اللہ تعالیٰ کو حاصل ہے، وہی کائنات میں متصرف ہیں۔ رہا مبدأ تو اس کے وجود کا اعتقاد تو ضروری ہے مگر اس کی کیفیت کو نہ سمجھ سکتے ہیں، نہ سمجھا سکتے ہیں پس اس کو اللہ تعالیٰ کے علم کے حوالے کر دیا جائے گا۔

[۱۷-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ﴾ تُغَذّٰى وَقَوْلِهِ: ﴿تَجْرِىْ بِأَعْيُنِنَا﴾

[۷۴۰۷-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ذُكِرَ الدَّجَّالُ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ لاَ يَخْفَى عَلَيْكُمْ، إِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلٰى عَيْنِهِ، وَإِنَّ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ أَعْوَرُ عَيْنِ الْيُمْنٰى، كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ"[راجع: ۳۰۵۷]

[۷۴۰۸-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ، سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا أَنْذَرَ قَوْمَهُ الْأَعْوَرَ الْكَذَّابَ: إِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ"[راجع: ۷۱۳۱]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ﴾

صفتِ خالقیت کا اثبات اور تین صفات میں ترتیب

پہلے تین لفظوں کے معنی عرض کرتا ہوں:

۱- خلق کے اصل معنی ہیں: اندازہ ٹھہرانا، پیدا کرنا اور خلق: ابداع کے معنی میں بھی آتا ہے، اس وقت معنی ہوتے ہیں: بے نمونہ بنانا، قرآن میں: ﴿خَلَقَ السَّمَاوَاتِ﴾[النحل:۳] بھی آیا ہے، اور ﴿بَدِيْعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾[البقرة: ۱۱۷] بھی، باب میں چونکہ باقی دو لفظوں کے ساتھ ہے اس لئے ثانی معنی ہیں۔

۲- ابن فارس نے مقاییس اللغة میں لکھا ہے کہ بَرَأَ کے بنیادی معنی دو ہیں: (۱) پیدا کرنا، جیسے بَرَأَ اللّٰهُ الخلقَ۔

(۲) ایک چیز کا دوسری چیز سے دور ہونا، زائل ہونا، جیسے بَرَأْتُ من المرض: میں بیماری سے اچھا ہو گیا یعنی دور ہو گیا: التباعد من الشیئ و مزایلته: ایک چیز کا دوسری چیز سے دور ہونا اور ہٹنا، اللہ کی صفت البارئ میں یہ دوسرے معنی ہیں۔

(۳)صَوَّرَہ: شکل دینا، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿هُوَ الَّذِىْ يُصَوِّرُكُمْ فِى الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ﴾: وہی تمہاری صورت بناتے ہیں ارحام میں جس طرح چاہتے ہیں [آل عمران ۶]

اب جاننا چاہئے کہ کائنات کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں، اور ہر چیز کی تخلیق تین مراحل سے گذر کر تکمیل پذیر ہوتی ہے، پہلے مرحلہ میں اللہ تعالیٰ کسی مخلوق کو وجود میں لانے کا فیصلہ کرتے ہیں، یہ خلق ہے، پھر مادے میں مختلف تبدیلیاں ہوتی ہیں، مادہ ناقص سے کامل کی طرف بڑھتا ہے، یہ بَرَأَ ہے، پھر اس مخلوق کی صورت جلوہ گر ہوتی ہے یہ تصویر ہے۔

جیسے ہر انسان مٹی سے پیدا کیا گیا ہے، پہلے اللہ تعالیٰ اس کا فیصلہ کرتے ہیں، یہ خلق ہے۔ پھر مادّہ سات مراحل سے گذرتا ہے، جس کا تذکرہ سورۃ المؤمنون (آیات ۱۲-۱۴) میں ہے، پھر ایک دوسری مخلوق (انسان) وجود پذیر ہوتی ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے باب میں تینوں صفات کو ایک ساتھ لیا ہے، سورۃ الحشر (آیت ۲۴) میں یہ تینوں صفتیں ایک ساتھ آئی ہیں، اور حدیث وہی ہے جو پہلے آئی ہے۔ نبی ﷺ سے باندیوں سے عزل کرنے کے بارے میں پوچھا گیا، آپؐ نے فرمایا: ليس نفس مخلوقة إلا الله خالقها: جس کسی کا پیدا کیا جانا مقدر ہے اس کو اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والے ہیں، پس اللہ کا خالق ہونا ثابت ہوا۔

[۱۸-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ﴾

[۷۴۰۹-] حَدَّثَنِىْ إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَيَّانَ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ، فِىْ غَزْوَةِ بَنِى الْمُصْطَلِقِ: أَنَّهُمْ أَصَابُوْا سَبَايَا، فَأَرَادُوْا أَنْ يَسْتَمْتِعُوْا بِهِنَّ وَلاَ يَحْمِلْنَ، فَسَأَلُوْا النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْعَزْلِ، فَقَالَ: " مَا عَلَيْكُمْ أَنْ لاَ تَفْعَلُوْا، فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَتَبَ مَنْ هُوَ خَالِقٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ" وَقَالَ مُجَاهِدٌ عَنْ قَزَعَةَ: سَأَلْتُ أَبَا سَعِيْدٍ، فَقَالَ: قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: " لَيْسَ نَفْسٌ مَخْلُوْقَةٌ إِلَّا اللّٰهُ خَالِقُهَا"

[راجع: ۲۲۲۹]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَىَّ﴾

اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں کا ذکر

قرآنِ کریم میں گیارہ جگہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں کا ذکر آیا ہے، پس یہ صفت اللہ کے لئے ثابت ہے، ان آیات میں سے ایک آیت سورۃ صٓ کی (آیت ۷۵) ہے: ﴿قَالَ: يَا إِبْلِيْسُ! مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَىَّ﴾: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اے ابلیس! تجھ کو کس چیز نے روکا کہ سجدہ کرے تو اس کو جس کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا؟ (اضافت

تشریف کے لئے ہے)

حدیث: شفاعت کبریٰ کی ہے، جو تحفۃ القاری (۹:۵۷) میں آئی ہے، اس کے آخر میں چھوٹی شفاعتوں کا ذکر ہے، لوگ حضرت آدم علیہ السلام سے کہیں گے: ''آپ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے بنایا'' (صفتِ ید ثابت ہوئی)

[۱۹-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ﴾[ص:۷۵]

[۷٤۱۰-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' يُجْمَعُ الْمُؤْمِنُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَذٰلِكَ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَوِ اسْتَشْفَعْنَا إِلٰى رَبِّنَا حَتّٰى يُرِيْحَنَا مِنْ مَكَانِنَا هٰذَا. فَيَأْتُوْنَ آدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ: يَا آدَمُ أَمَا تَرَى النَّاسَ! خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ، وَعَلَّمَكَ أَسْمَاءَ كُلِّ شَيْئٍ، اشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّنَا حَتّٰى يُرِيْحَنَا مِنْ مَكَانِنَا هٰذَا، فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكَ، وَيَذْكُرُ لَهُمْ خَطِيْئَتَهُ الَّتِيْ أَصَابَ، وَلٰكِنِ ائْتُوْا نُوْحًا، فَإِنَّهُ أَوَّلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ بَعَثَهُ اللّٰهُ إِلٰى أَهْلِ الْأَرْضِ. فَيَأْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ خَطِيْئَتَهُ الَّتِيْ أَصَابَ، وَلٰكِنِ ائْتُوْا إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلَ الرَّحْمٰنِ. فَيَأْتُوْنَ إِبْرَاهِيْمَ فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ لَهُمْ خَطَايَاهُ الَّتِيْ أَصَابَهَا، وَلٰكِنِ ائْتُوْا مُوْسَى عَبْدًا أَتَاهُ اللّٰهُ التَّوْرَاةَ وَكَلَّمَهُ تَكْلِيْمًا، فَيَأْتُوْنَ مُوْسٰى فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ لَهُمْ خَطِيْئَتَهُ الَّتِيْ أَصَابَهُ، وَلٰكِنِ ائْتُوْا عِيْسَى عَبْدَ اللّٰهِ وَرَسُوْلَهُ وَكَلِمَتَهُ وَرُوْحَهُ، فَيَأْتُوْنَ عِيْسَى فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَلٰكِنِ ائْتُوْا مُحَمَّدًا عَبْدًا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، فَيَأْتُوْنِّيْ، فَأَنْطَلِقُ، فَأَسْتَأْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ، وَيُؤْذَنُ لِيْ عَلَيْهِ، فَإِذَا رَأَيْتُ رَبِّي وَقَعْتُ لَهُ سَاجِدًا، فَيَدَعُنِيْ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَدَعَنِيْ، ثُمَّ يُقَالُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ! وَقُلْ يُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ. فَأَحْمَدُ رَبِّي بِمَحَامِدَ عَلَّمَنِيْهَا رَبِّيْ.

ثُمَّ أَشْفَعُ، فَيَحُدُّ لِيْ حَدًّا فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ. ثُمَّ أَرْجِعُ، فَإِذَا رَأَيْتُ رَبِّيْ وَقَعْتُ لَهُ سَاجِدًا، فَيَدَعُنِيْ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَدَعَنِيْ، ثُمَّ يُقَالُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، وَقُلْ يُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ. فَأَحْمَدُ رَبِّيْ بِمَحَامِدَ عَلَّمَنِيْهَا رَبِّيْ، ثُمَّ أَشْفَعُ، فَيَحُدُّ لِيْ حَدًّا فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ. ثُمَّ أَرْجِعُ، فَإِذَا رَأَيْتُ رَبِّي وَقَعْتُ لَهُ سَاجِدًا، فَيَدَعُنِيْ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَدَعَنِيْ ثُمَّ يُقَالُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، وَقُلْ يُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ. فَأَحْمَدُ رَبِّي بِمَحَامِدَ عَلَّمَنِيْهَا رَبِّيْ، ثُمَّ أَشْفَعُ، فَيَحُدُّ لِيْ حَدًّا فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ أَرْجِعُ فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ، مَا بَقِيَ فِي النَّارِ إِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْآنُ وَوَجَبَ عَلَيْهِ الْخُلُوْدُ''

قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: '' يُخْرَجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ شَعِيْرَةً، ثُمَّ يُخْرَجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَكَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ بُرَّةً، ثُمَّ يُخْرَجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَكَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ ذَرَّةً''[راجع: ٤٤]

قولہ: کذلك: جس طرح دنیا میں لوگ جمع ہوتے ہیں۔

آئندہ حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کا ہاتھ بھرا ہوا ہے یعنی اللہ کے خزانے خرچ کرنے سے ختم نہیں ہوتے، نہیں کم کرتا خزانے کو کوئی خرچ کرنا، شب وروز خوب بہانے والے ہیں!'' اور فرمایا: ''بتاؤ کتنا خرچ کیا ہے اللہ نے جب سے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے، پس اس نے کم نہیں کیا اس کو جوان کے ہاتھ میں ہے، اور (تخلیقِ ارض وسماء کے وقت) ان کا تخت پانی پر تھا، اور ان کے ہاتھ میں ترازو ہے، وہ پلڑا جھکاتے ہیں اور اٹھاتے ہیں!'' (لغات کے لئے تحفۃ القاری ۹:۲۹۷ دیکھیں)

[۷٤۱۱-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" يَدُ اللّٰهِ مَلْأَى لاَ يَغِيْضُهَا نَفَقَةٌ، سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ" وَقَالَ:" أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ، فَإِنَّـهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِى يَدِهِ" وَقَالَ: عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ، وَبِيَدِهِ الْأُخْرَى الْمِيْزَانُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ"[راجع: ٤٦٨٤]

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ قیامت کے دن زمین کو مٹھی میں لیں گے، اور آسمانوں کو اپنے دائیں ہاتھ میں لپیٹیں گے، پھر کہیں گے: میں بادشاہ ہوں!

[۷٤۱۲-] حَدَّثَنِى مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِى عَمِّى الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيىَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّـهُ قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ يَقْبِضُ الْأَرْضَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَيَطْوِى السَّمٰوَاتِ بِيَمِيْنِهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ"

وَقَالَ عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ: سَمِعْتُ سَالِمًا: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ: عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، بِهٰذَا. وَرَوَاهُ سَعِيْدٌ عَنْ مَالِكٍ.

[۷٤۱۳-] وَقَالَ أَبُوْ الْيَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِى أَبُوْ سَلَمَةَ: أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَقْبِضُ اللّٰهُ الْأَرْضَ"[راجع: ٤٨١٢]

آئندہ روایت: میں اللہ تعالیٰ کی 'انگلی' کا ذکر ہے، اور انگلی ہاتھ میں ہوتی ہے، پس صفتِ ید ثابت ہوئی۔

[۷٤۱٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، سَمِعَ يَحْيىَ بْنَ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِى مَنْصُوْرٌ، وَسُلَيْمَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ يَهُوْدِيًّا جَاءَ إِلَى النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوَاتِ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْأَرَضِيْنَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْجِبَالَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالشَّجَرَ عَلَى

إِصْبَعٍ، وَالْخَلاَئِقَ عَلٰى إِصْبَعٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ. فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ﴾[الأنعام: ۹۱]

قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: وَزَادَ فِيْهِ فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ: عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ: فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَعَجُّبًا وَتَصْدِيْقًا لَهُ.[راجع: ٤٨١١]

[٧٤١٥-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلْقَمَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ! إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمَوَاتِ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْأَرَضِيْنَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالشَّجَرَ وَالثَّرَى عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْخَلاَئِقَ عَلٰى إِصْبَعٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ أَنَا الْمَلِكُ. فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ﴾[راجع: ٤٨١١]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لَا شَخْصَ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ"

اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ غیرت کا ثبوت

غیرت: اپنی محبوب یا محترم چیز پر کسی کی دست درازی کے خلاف ناگواری۔ یہ بھی اللہ کی صفت ہے، باب کی حدیثوں میں اس کا ذکر ہے۔ پہلی حدیث میں ہے: "اور اللہ تعالیٰ مجھ سے زیادہ غیرت مند ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے غیرت ہی کی وجہ سے بے حیائی والے گناہ حرام کئے ہیں، خواہ ان کو کھلے عام کیا جائے یا چھپ کر کیا جائے" اور حدیث پہلے آچکی ہے۔

[٢٠-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " لَا شَخْصَ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ"

[٧٤١٦-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ وَرَّادٍ كَاتِبِ الْمُغِيْرَةِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: لَوْ رَأَيْتُ رَجُلاً مَعَ امْرَأَتِيْ لَضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ غَيْرَ مُصَفَّحٍ! فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" أَتَعْجَبُوْنَ مِنْ غَيْرَةِ سَعْدٍ، وَاللّٰهِ لَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّيْ، وَمِنْ أَجْلِ غَيْرَةِ اللّٰهِ حَرَّمَ اللّٰهُ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَلاَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْعُذْرُ مِنَ اللّٰهِ، وَمِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ بَعَثَ الْمُنْذِرِيْنَ وَالْمُبَشِّرِيْنَ وَلاَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمِدْحَةُ مِنَ اللّٰهِ، وَمِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ وَعَدَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ"

وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ:" لَا شَخْصَ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ"[راجع: ٦٨٤٦]

قوله: العُذْر: توبہ، معافی۔

بَابٌ: ﴿قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً قُلِ اللّٰهُ﴾

اللہ تعالیٰ پرشئ (چیز) کا اطلاق

اطلاق: بولا جانا، استعمال ہونا۔ شئ: اللہ تعالیٰ کی صفت نہیں، نہ یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے، البتہ اللہ تعالیٰ پر اس کا اطلاق درست ہے، کیونکہ لفظ شئ اپنے مفہوم لغوی کے اعتبار سے ہر اس چیز کے لئے ہے جس کو معلوم کیا جاسکے اور اس کے متعلق خبر دی جاسکے، خواہ وہ کچھ ہی ہو، یہ اصل میں شَاء کا مصدر ہے، جو بمعنی مفہوم بولا جاتا ہے جس سے مشیئت کا تعلق ہوسکے، خواہ علم کی حیثیت سے خواہ خبر دینے کی حیثیت سے (ارشاد العقل السلیم، بحوالہ لغات القرآن لفظ شئ) اور علامہ حسن بن محمد نظام نیشاپوری اپنی تفسیر غرائب القرآن میں لکھتے ہیں: ''لفظ شئ اعم العام ہے جس طرح کہ اللہ اخص الخاص ہے، یہ جوہر وعرض، قدیم وحادث بلکہ محال ومعدوم تک کے لئے آتا ہے (لغات القرآن)

سورۃ الانعام (آیت ۱۹) میں اللہ پاک کا ارشاد ہے: ''آپ پوچھیں: سب سے بڑی چیز گواہی دینے کے اعتبار سے کیا ہے؟ آپ کہیں: اللہ تعالیٰ میرے اور تمہارے درمیان گواہ ہیں (کہ میں اللہ کا رسول ہوں) اس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے لفظ شئ استعمال کیا ہے۔ **دوسری دلیل**: باب کی حدیث میں نبی ﷺ نے قرآن پر شئ کا اطلاق کیا ہے، اور قرآن (کلام) اللہ کی صفات میں سے ایک صفت ہے، اور محمول کا محمول محمول ہوتا ہے، پس شئ کا اطلاق ثابت ہوا۔ **تیسری دلیل**: سورۃ القصص (آیت ۸۸) میں ہے: ''سب چیزیں فنا ہونے والی ہیں اللہ کے چہرے (ذات) کے علاوہ، اور مستثنیٰ: مستثنیٰ منہ کی جنس سے ہوتا ہے، پس اللہ بھی شئ ہوئے —— مگر یہ سب اطلاقات ہیں، صفات نہیں۔

فائدہ: اطلاق کے سلسلہ میں یہ قاعدہ یاد رکھنا چاہئے کہ جس چیز کی نسبت کرنے میں بہیمی آلودگی کی طرف ذہن نہ جائے اس کا اطلاق درست ہے، جیسے: ﴿ءَ أَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهُ أَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ﴾: کیا تم (بیج کو) اگاتے ہو یا ہم اگانے والے ہیں؟ اس میں اللہ تعالیٰ پر زارع کا اطلاق کیا گیا ہے، مگر یذوق اور یلمس کہنا جائز نہیں۔

[۲۱-] بَابٌ: ﴿قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً قُلِ اللّٰهُ﴾

فَسَمَّى اللّٰهُ نَفْسَهُ شَيْئًا، وَسَمَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الْقُرْآنَ شَيْئًا، وَهُوَ صِفَةٌ مِنْ صِفَاتِ اللّٰهِ. وَقَالَ: ﴿كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ﴾

[۷٤۱۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِرَجُلٍ: "أَمَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ؟" قَالَ: نَعَمْ، سُوْرَةُ كَذَا، وَسُوْرَةُ كَذَا، لِسُوَرٍ سَمَّاهَا. [راجع: ۲۳۱۰]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ﴾ ﴿وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾

اللہ تعالیٰ کا عرش پانی پر تھا، اور وہ عرش عظیم کے پروردگار ہیں

(اللہ تعالیٰ کا عرش سے تعلق)

تخلیقِ ارض وسماء سے پہلے اللہ تعالیٰ نے پانی کو پیدا کیا، پھر اس پانی سے کائنات بنائی: ﴿وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ﴾: اور ہم نے پانی سے ہر جاندار چیز کو بنایا، اور پانی سے پہلے عرش کو پیدا کیا ہے، اور اللہ کا عرش پانی پر تھا: اس کا یہی مطلب ہے، باب کی پہلی حدیث میں ہے: ''اللہ تعالیٰ تھے، اور ان سے پہلے کوئی چیز نہیں تھی، اور اللہ کا تخت پانی تھا، پھر اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اور لوح محفوظ میں ہر چیز لکھ دی'' دوسری حدیث میں بھی یہی ہے کہ اللہ کا عرش پانی پر تھا، اور اب عرش ساتوں آسمانوں کے اوپر ہے، حضرت زینب رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں: ''اللہ نے میرا نکاح سات آسمانوں کے اوپر سے کیا'' اور باب کی ایک حدیث میں ہے کہ فردوس جنت کا اعلیٰ درجہ ہے، اور اس سے اوپر رحمان کا تخت ہے، اور سورج عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے یعنی نظام شمسی عرش سے نیچے ہے، اور عرش کے پایے ہیں، موسیٰ علیہ السلام عرش کا ایک پایہ پکڑے ہوئے ہونگے (یہ باب کی احادیث کا خلاصہ ہے)

قرآنِ کریم میں عرش الٰہی کا ذکر انیس مرتبہ آیا ہے، ان میں سے دو آیتیں باب میں ہیں:

آیت (۱): سورۃ ہودؑ (آیت ۷) میں ہے: ''اور وہ (اللہ) ایسے ہیں کہ انھوں نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، اور اس وقت ان کا تخت پانی پر تھا، تاکہ تمہیں آزمائیں کہ تم میں سے کون اچھا عمل کرنے والا ہے'' —— اس آیت سے عرش ثابت ہوا۔

آیت (۲): سورۃ التوبہ کی آخری آیت ہے: ''پھر اگر لوگ روگردانی کریں تو آپ کہہ دیں: میرے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہیں، ان کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے ان پر بھروسہ کیا، وہ بڑے عرش کے مالک ہیں —— اس سے بھی عرش ثابت ہوا۔

استوی کے معنی: سَوَاء (برابر، اسم مصدر) سے اسْتِوَاء (افتعال) کے دو فاعل ہوں تو معنی ہوتے ہیں: برابر ہونا، جیسے: ﴿لَا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ﴾: ناپاک اور پاک برابر نہیں [المائدۃ:۱۰۰] اور جب اس کا صلہ إلى آئے تو معنی ہوتے ہیں: قصد کرنا، متوجہ ہونا، پہنچنا، جیسے: ﴿هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ لَكُمْ مَا فِى الْأَرْضِ جَمِيْعًا، ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ﴾: وہی ہیں جنھوں نے تمہارے لئے وہ سب کچھ پیدا کیا جو زمین میں ہے، پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا، پس سات آسمان درست بنائے —— ابوالعالیہؒ نے استوی کا ترجمہ ارتفع: بلند ہوا: کیا ہے، اور سوّٰی کا خلق کیا ہے —— اور جب اس کا صلہ علیٰ آتا ہے تو اس کے معنی ہوتے ہیں: چڑھنا، قرار پکڑنا اور قائم ہونا، جیسے سورۃ اعراف

(آیت۵۴) میں ہے: ﴿إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ فِیْ سِتَّةِ أَیَّامٍ، ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ﴾: بے شک تمہارا ربّ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر وہ عرش پر قائم ہوا —— مجاہد رحمہ اللہ نے ترجمہ کیا ہے: عرش پر چڑھا۔

اور سورت البروج (آیات ۱۴و۱۵) میں اللہ کی صفت الودود (محبت کرنے والا) آئی ہے، اور عرش کی صفت المجید (بزرگ، عظمت والا) آئی ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے مجید کا ترجمہ کریم (بزرگ) کیا ہے اور ودود کا ترجمہ حبیب (محبوب) کیا ہے۔

اور سورۃ ہود (آیت ۷۳) میں اللہ کی صفتیں حمید مجید آئی ہیں، حمید (ستودہ، تعریف کیا ہوا) حَمِد سے فعیل کا وزن بمعنی محمود (اسم مفعول) ہے اور مجید: بھی فعیل کا وزن بمعنی ماجد (اسم فاعل: بڑی شان والا) ہے۔

فائدہ: قرآنِ کریم میں سات جگہ (الاعراف ۵۴، یونس ۳، الرعد ۲، طٰہٰ ۵، الفرقان ۵۹، السجدۃ ۴، الحدید ۴) میں ایک ہی سیاق وسباق میں ایک مضمون آیا ہے کہ کائنات کو پیدا کر کے اللہ تعالیٰ تخت شاہی پر جلوہ افروز ہوئے، یہ تعلق کا بیان ہے، مکانیت کا بیان نہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی اس باب میں استواء کا ذکر نہیں کیا، صرف عرش کے احوال ذکر کئے ہیں۔

اس مضمون کو جو لوگ سیاق وسباق سے علاحدہ کر کے لیتے ہیں وہ غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں، وہ عرش کو اللہ تعالیٰ کا مکان ماننے لگتے ہیں، اور استوی کو اللہ کی صفت قرار دیتے ہیں، یہ صحیح نہیں، ساتوں جگہ یہ مضمون ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات پیدا کر کے دوسروں کے حوالے نہیں کر دی، بلکہ وہ بذاتِ خود سلطنیت پر جلوہ افروز ہیں، سارے جہاں کا انتظام وہ خود کر رہے ہیں، دوسرا کوئی نظام میں دخیل نہیں، پس معبود بھی وہی ہیں۔

تعلق کی وضاحت: سورۃ الاعراف (آیت ۱۴۳) میں ہے: ﴿فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ﴾: جب موسیٰ کے ربّ نے پہاڑ پر تجلی فرمائی (تجلی کا پہاڑ کے ساتھ تعلق قائم ہوا) یا جیسے: ﴿وَاسْتَوَی عَلَی الْجُوْدِیِّ﴾: کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری (ہود ۴۴) (یہ بھی تعلق ہے) یا جیسے: اللہ تعالیٰ کا سماءِ دنیا پر نزول: یہ بھی تعلق ہے۔ نزول اللہ کی صفت نہیں۔

اور عرش پر قرار پکڑنے سے صرف عالم پر قابض ومتصرف ہونا ہی مراد نہیں، بلکہ اس کی حقیقت بھی مراد ہے، عرش کے معنی تختِ شاہی اور بلند مقام کے ہیں، اور نصوص سے یہ بات ثابت ہے کہ عرشِ الٰہی کے پایے ہیں، اور مقرب فرشتے اس کو اٹھائے ہوئے ہیں، اور وہ آسمانوں کے اوپر قبّہ کی طرح ہے، اور استواء کے معنی ہیں: برابر اور سیدھا ہوا، جمنا اور قرار پکڑنا، اور جب کوئی تختِ حکومت پر بیٹھتا ہے تو ملک کا نظم وانتظام کرتا ہے، اور اقتدار ونفوذ وتصرف کا مالک ہوتا ہے۔ اب یہاں دو چیزیں ہیں: ایک: تختِ شاہی پر بیٹھنا، یہ مبدأ اور سبب ہے۔ دوم: نفوذ واقتدار وتصرف کا مالک ہونا، یہ نتیجہ اور غایت ہے، اب اگر یہ صفت کسی انسان کے لئے ثابت کی جائے تو مبدأ اور غایت دونوں مراد ہونگے، اور ہم مبدأ (بیٹھنے) کی کیفیت کا ادراک بھی کر سکیں گے، مگر جب یہ بات اللہ تعالیٰ کے تعلق سے کہی جائے تو غایت مراد ہوگی یعنی آسمانوں پر اور زمین پر اللہ

تعالیٰ کو اقتدار حاصل ہے، اور وہی کائنات میں متصرف ہیں، مشرکین کا یہ خیال کہ اللہ نے بعض بندوں کو جزوی اختیار دیا ہے: قطعاً غلط ہے، رہا مبدأ تو اس کے وجود کا اعتقاد رکھنا ضروری ہے، مگر اس کی کیفیت کو نہ ہم سمجھ سکتے ہیں نہ سمجھا سکتے ہیں۔

ایک مثال: اگر کہا جائے کہ فلاں بادشاہ مرا اور اس کا بیٹا تخت نشیں ہوا تو تخت بھی ماننا پڑے گا (اب چیر مینی کا دور آ گیا ہے) اور بیٹے کی اس پر نشینی کو بھی ماننا پڑے گا، اور ہم اس نشینی کی کیفیت کو بھی سمجھ سکیں گے، مگر تخت اس کا مکان نہیں ہوگا کہ وہ ہر وقت وہاں بیٹھا رہے، بلکہ گاہ بہ گاہ اس کے ساتھ تعلق قائم ہوگا اور اس قول کا مطلب ہوگا: ملک کا کنٹرول سنبھالنا۔ اسی طرح بغیر تشبیہ: اللہ کا عرش ہے اور اس کے ساتھ نشینی کا تعلق بھی ہے، مگر ہم اس کی کیفیت نہیں جان سکتے کیونکہ ان کی شان ہے: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْئٌ﴾: پس کیفیت کو اللہ کے حوالے کرنا ضروری ہے، اور سات جگہ جو استواء علی العرش آیا ہے: اس کا مطلب ہے استیلاء، نفوذ اور تصرف، ہاں یہ کہیں گے کہ وہ نشینی بادشاہ کی نشینی کی طرح نہیں، یہی تنزیہ مع التفویض ہے، اور یہی سلف کا مسلک ہے۔

اللہ تعالیٰ نہ مکانی ہیں نہ زمانی، ورنہ سوال ہوگا کہ تخلیقِ عرش سے پہلے اللہ کا مکان کیا تھا؟ ہاں عرش کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا تعلق ہے

[۲۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ﴾ ﴿وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾

[۱-] وَقَالَ أَبُوْ الْعَالِيَةِ: ﴿اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ﴾: ارْتَفَعَ، ﴿فَسَوَّاهُنَّ﴾: خَلَقَهُنَّ.

[۲-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ﴾: عَلَا عَلَى الْعَرْشِ.

[۳-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿الْمَجِيْدُ﴾: الْكَرِيْمُ، و﴿الْوَدُوْدُ﴾: الْحَبِيْبُ.

[٤-] يُقَالُ: حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ: كَأَنَّهُ فَعِيْلٌ مِنْ مَاجِدٍ، وَمَحْمُوْدٌ مِنْ حَمِدَ.

آئندہ حدیث: مع شرح تحفۃ القاری (۶:۴۶۵) میں آئی ہے، اس میں یہ جملہ ہے: وكان عرشه على الماء: اس کی وجہ سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

[۷٤۱۸-] حدثنا عَبْدَانُ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: إِنِّيْ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، إِذْ جَاءَهُ قَوْمٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ، فَقَالَ: "اقْبَلُوْا الْبُشْرَى يَا بَنِيْ تَمِيْمٍ" قَالُوْا: بَشَّرْتَنَا فَأَعْطِنَا. فَدَخَلَ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ، فَقَالَ: "اقْبَلُوْا الْبُشْرَى يَا أَهْلَ الْيَمَنِ! إِذْ لَمْ يَقْبَلْهَا بَنُو تَمِيْمٍ" قَالُوْا: قَدْ قَبِلْنَا، جِئْنَاكَ لِنَتَفَقَّهَ فِي الدِّيْنِ وَلِنَسْأَلَكَ عَنْ

أَوَّلِ هٰذَا الأَمْرِ مَاكَانَ؟ قَالَ:" كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ شَيْئٌ قَبْلَهُ، وَكَانَ عَرْشُهُ عَلٰى الْمَاءِ، ثُمَّ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضَ، وَكَتَبَ فِي الذِّكْرِ كُلَّ شَيْئٍ"

ثُمَّ أَتَانِي رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا عِمْرَانُ! أَدْرِكْ نَاقَتَكَ فَقَدْ ذَهَبَتْ، فَانْطَلَقْتُ أَطْلُبُهَا، فَإِذَا السَّرَابُ يَنْقَطِعُ دُوْنَهَا، وَايْمُ اللّٰهِ لَوَدِدْتُ أَنَّهَا قَدْ ذَهَبَتْ وَلَمْ أَقُمْ.[راجع: ۳۱۹۰]

آئندہ حدیث: میں بھی یہی جملہ ہے، اور حدیث ابھی (نمبر ۷۴۱۱) گذری ہے اور پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (۹:۲۹۷) میں آئی ہے۔ پہلے المیزان آیا ہے، اور یہاں فیض (احسان) یا قبض (موت) شک کے ساتھ ہے۔

[۷۴۱۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ يَمِيْنَ اللّٰهِ مَلْأَى، لاَ يَغِيْضُهَا نَفَقَةٌ، سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ، أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضَ؟ فَإِنَّهُ لَمْ يَنْقُصْ مَا فِي يَمِيْنِهِ، وَعَرْشُهُ عَلٰى الْمَاءِ، وَبِيَدِهِ الأُخْرَى الْفَيْضُ أَوْ: الْقَبْضُ، يَرْفَعُ وَيَخْفِضُ"[راجع: ٤٦٨٤]

آئندہ دو حدیثوں: کی تفصیل تحفۃ القاری (۹:۴۴۰) میں گذری ہے، اس میں ہے کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا فخر کیا کرتی تھیں کہ اللہ تعالیٰ نے میرا نکاح سات آسمانوں کے اوپر سے کیا، سات آسمانوں کے اوپر عرش ہے۔

[۷۴۲۰-] حدثنا أَحْمَدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: جَاءَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ يَشْكُو، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "اتَّقِ اللّٰهَ، وَأَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ" قَالَتْ عَائِشَةُ: لَوْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَاتِمًا شَيْئًا لَكَتَمَ هٰذِهِ الآيَةَ. قَالَ: وَكَانَتْ تَفْخَرُ عَلٰى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم تَقُوْلُ: زَوَّجَكُنَّ أَهَالِيْكُنَّ، وَزَوَّجَنِي اللّٰهُ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمٰوَاتٍ.

وَعَنْ ثَابِتٍ: ﴿وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ﴾[الأحزاب: ۳۷]: نَزَلَتْ فِي شَأْنِ زَيْنَبَ وَزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ.[راجع: ٤٧٨٧]

[۷۴۲۱-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ طَهْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: نَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ فِي زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، فَأَطْعَمَ عَلَيْهَا يَوْمَئِذٍ خُبْزًا وَلَحْمًا، وَكَانَتْ تَفْخَرُ عَلٰى نِسَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَكَانَتْ تَقُوْلُ: إِنَّ اللّٰهَ أَنْكَحَنِي فِي السَّمَاءِ.[راجع: ٤٧٩١]

آئندہ حدیث: میں فوق عرشه ہے، اور اس کے بعد کی حدیث میں: وفوقه عرش الرحمان ہے، یہی مناسبت ہے۔

[٧٤٢٢-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ لَمَّا قَضَى الْخَلْقَ كَتَبَ عِنْدَهُ فَوْقَ عَرْشِهِ: إِنَّ رَحْمَتِىْ سَبَقَتْ غَضَبِىْ"

[٧٤٢٣-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبِىْ، عَنْ هِلَالٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَأَقَامَ الصَّلَاةَ، وَصَامَ رَمَضَانَ، فَإِنَّ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، هَاجَرَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ جَلَسَ فِى أَرْضِهِ الَّتِىْ وُلِدَ فِيْهَا" قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَلَا نُنَبِّئُ النَّاسَ بِذٰلِكَ؟ قَالَ:" إِنَّ فِى الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ أَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِيْنَ فِى سَبِيْلِهِ، كُلُّ دَرَجَتَيْنِ مَا بَيْنَهُمَا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَإِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَسَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ، فَإِنَّهُ أَوْسَطُ الْجَنَّةِ وَأَعْلَى الْجَنَّةِ، وَفَوْقَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ، وَمِنْهُ تَفَجَّرُ أَنْهَارُ الْجَنَّةِ"[راجع: ٢٧٩٠]

آئندہ حدیث: مع شرح تحفۃ القاری (۶:۴۷۷) میں گذری ہے، اس میں عرش کے نیچے سورج کے سجدہ کرنے کا ذکر ہے۔

[٧٤٢٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، هُوَ التَّيْمِىُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ ذَرٍّ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ، فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ قَالَ:" يَا أَبَا ذَرٍّ! هَلْ تَدْرِىْ أَيْنَ تَذْهَبُ هٰذِهِ؟" قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "فَإِنَّهَا تَذْهَبُ فَتَسْتَأْذِنُ فِى السُّجُوْدِ، فَيُؤْذَنُ لَهَا فِى السُّجُوْدِ، وَكَأَنَّهَا قَدْ قِيْلَ لَهَا: ارْجِعِىْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ، فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿ذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا﴾ فِىْ قِرَاءَةِ عَبْدِ اللّٰهِ.[راجع: ٣١٩٩]

آئندہ حدیث: میں ہے کہ سورۃ التوبہ کی آخری دو آیتیں حضرت ابوخُذیمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملیں، ان کے آخر میں ہے: ﴿وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾: اس مناسبت سے حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

[٧٤٢٥-] حدثنا مُوْسَى، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ. ح: وَقَالَ اللَّيْثُ، حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ السَّبَّاقِ: أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ، قَالَ: أَرْسَلَ إِلَىَّ أَبُوْ بَكْرٍ، فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ حَتّٰى وَجَدْتُ آخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ أَبِى خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِىِّ، لَمْ أَجِدْهَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ: ﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ﴾ حَتّٰى خَاتِمَةِ ﴿بَرَآءَةٌ﴾[راجع: ٢٨٠٧]

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، بِهٰذَا، وَقَالَ: مَعَ أَبِىْ خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِىِّ.

آئندہ حدیث: میں رب العرش العظیم اور رب العرش الکریم ہے۔ نبی ﷺ بے چینی کے وقت یہ ذکر کرتے تھے۔

[۷۴۲۶-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ عِنْدَ الْكَرْبِ: "لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيْمُ الْحَلِيْمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ"

آئندہ حدیث: میں ہے کہ قیامت کے میدان میں جب صور پھونکا جائے گا تو سب بے ہوش ہوجائیں گے، پھر پھونکا جائے گا تو سب ہوش میں آجائیں گے (سورۃ الزمر آیت ۶۸) سب سے پہلے نبی ﷺ کو ہوش آئے گا، پس آپؐ دیکھیں گے کہ موسیٰ علیہ السلام عرش کا پایہ پکڑے ہوئے ہیں۔

[۷۴۲۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "النَّاسُ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَإِذَا أَنَا بِمُوْسَى آخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ"[راجع: ۲۴۱۲]

[۷۴۲۸-] وَقَالَ الْمَاجِشُوْنُ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ بُعِثَ، فَإِذَا مُوْسَى آخِذٌ بِالْعَرْشِ"[راجع: ۲۴۱۱]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوْحُ إِلَيْهِ﴾ وَقَوْلِهِ: ﴿إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ﴾

فرشتے اور روح اللہ تعالیٰ کی طرف چڑھتے ہیں، اور اچھی باتیں اللہ تعالیٰ تک پہنچتی ہیں

(اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ علو (بلندی) کا اثبات)

قرآنِ کریم میں دس جگہ اللہ تعالیٰ کی صفت عَلِیٌّ آئی ہے، اس کے معنی ہیں: بلند مرتبہ، سب سے اونچے، عالی شان، برتر وبالا (جہت سے اللہ تعالیٰ منزہ ہیں، جہت مخلوق ہے اور خالق: مخلوق میں نہیں ہوتا) اور عَلِیّ: عَلاء (بزرگی) سے بروزن فعیل صفت مشبّہ کا صیغہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اس سے کہیں برتر وبالا ہے کہ وصف بیان کرنے والوں کا خیال ان تک پہنچ سکے اور ان کا احاطہ کرسکے۔ اسمائے حسنیٰ میں المتعالی کے بھی یہی معنی ہیں۔

آیت (۱): سورۃ المعارج کے شروع میں ہے: "ایک مانگنے والا اس عذاب کو مانگتا ہے جو کافروں پر واقع ہونے والا ہے، جس کو کوئی ہٹانے والا نہیں، جو سیڑھیوں والے (آسمان والے) اللہ کی طرف سے ہوگا؟ یعنی وہ دوزخ میں کب جائے

گا؟ **جواب**: فرشتے اور روح (جبرئیل یا ذی حیات کی روحیں) اس کی طرف چڑھیں گی ایک ایسے دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال کے برابر ہے یعنی اس کائنات کے آغاز سے جب پچاس ہزار سال پورے ہونگے تو قیامت قائم ہوگی، پھر کفار دوزخ میں جائیں گے، پس آپ خوبصورت صبر کریں (جس میں تنگ دلی نہ ہو) وہ (کفار) اس دن کو دور سمجھ رہے ہیں اور ہم اس کو قریب دیکھ رہے ہیں۔ ان آیات میں عروج (چڑھنے) کا ذکر ہے، اس سے صفتِ علو (بلندی) ثابت ہوئی —— آیت کی دوسری تفسیر یہ ہے کہ قیامت کا دن اتنا لمبا ہوگا، کچھ اشتداد سے اور کچھ امتداد سے اتنا لمبا دن محسوس ہوگا۔

آیت (۲): سورۃ الفاطر کی دسویں آیت میں ہے: ''اللہ کے پاس اچھا کلام (کلمۂ توحید) پہنچتا ہے اور نیک عمل کو اللہ تعالیٰ اٹھاتے ہیں'' —— صعود و رفع سے صفتِ علو ثابت ہوئی۔

معلق حدیث: تحفۃ القاری (۷: ۳۳۰) میں آئی ہے اور اس کا ترجمہ تحفۃ القاری (۷: ۱۰۷) میں ہے۔ اس میں ہے: ''جو کہتے ہیں کہ ان کے پاس آسمان سے خبریں آتی ہیں'' اس سے صفتِ علو ثابت ہوئی۔

مجاہد رحمہ اللہ کا قول: عمل صالح اٹھاتا ہے اچھی باتوں کو یعنی اعمال کے ساتھ ایمان ہو تو ہی وہ اللہ تک پہنچتا ہے...... اور سیڑھیوں والے کا مطلب ہے: فرشتے اللہ کی طرف چڑھتے ہیں، اس لئے آسمانوں کو سیڑھیاں کہا گیا ہے۔

فائدہ: دعا کرنے والے آسمان کی طرف ہاتھ اٹھاتے ہیں، یہ صفتِ علو کی رعایت ہے، جہت مراد نہیں، کیونکہ ہندوستان والے بھی اسی طرح ہاتھ اٹھاتے ہیں اور امریکہ والے بھی، جبکہ امریکہ ہمارے نیچے ہے، پس اگر جہت مراد ہوتی تو وہ زمین کی طرف ہاتھ لٹکاتے، حالانکہ وہ بھی بلندی کی طرف ہاتھ اٹھاتے ہیں، معلوم ہوا کہ بلندی کی طرف ہاتھ اٹھانے میں صفتِ علو کی رعایت ہے، جہت مراد نہیں۔

[۲۳-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿تَعْرُجُ الْمَلاَئِكَةُ وَالرُّوْحُ إِلَيْهِ﴾ وَقَوْلِهِ: ﴿إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ﴾

[۱-] وَقَالَ أَبُوْ جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: بَلَغَ أَبَا ذَرٍّ مَبْعَثُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ لِأَخِيْهِ: اعْلَمْ لِيْ عِلْمَ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِيْ يَزْعُمُ أَنَّهُ يَأْتِيْهِ الْخَبَرُ مِنَ السَّمَاءِ.

[۲-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُ الْكَلِمَ الطَّيِّبَ، يُقَالُ: ذِي الْمَعَارِجِ: الْمَلاَئِكَةُ تَعْرُجُ إِلَى اللّٰهِ.

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۲: ۴۱۵) میں گذری ہے، اس میں ہے: ''پھر وہ فرشتے جنھوں نے تمہارے اندر رات گذاری ہے آسمانوں میں چڑھتے ہیں'' (اور اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچتے ہیں، اس سے صفتِ علو ثابت ہوئی)

[۷۴۲۹-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " يَتَعَاقَبُوْنَ فِيْكُمْ مَلاَئِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلاَئِكَةٌ بِالنَّهَارِ، وَيَجْتَمِعُوْنَ

فِیْ صَلاَةِ الْعَصْرِ وَصَلاَةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِيْنَ بَاتُوْا فِيْكُمْ فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِیْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ وَأَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ"[راجع: ٥٥٥]

اگلی حدیث: تحفۃ القاری (۱۸۳:۴) میں آئی ہے، اس میں ہے: "اللہ تعالیٰ کی طرف پاکیزہ چیز ہی چڑھتی ہے" اس سے بھی صفتِ علو ثابت ہوئی۔

[٧٤٣٠-] وَقَالَ خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ، وَلاَ يَصْعُدُ إِلَى اللّٰهِ إِلاَّ الطَّيِّبُ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَتَقَبَّلُهَا بِيَمِيْنِهِ، ثُمَّ يُرَبِّيْهَا لِصَاحِبِهِ كَمَا يُرَبِّیْ أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ، حَتّٰى تَكُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ"

وَرَوَاهُ وَرْقَاءُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم: " وَلاَ يَصْعُدُ إِلَى اللّٰهِ إِلاَّ الطَّيِّبُ"[راجع: ١٤١٠]

اگلی حدیث: میں اللہ کی صفت العظیم ہے، یہ العلی کے ہم معنی ہے۔

[٧٤٣١-] حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الْأَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم كَانَ يَدْعُوْبِهِنَّ، عِنْدَ الْكَرْبِ: "لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ، لاَ إِلٰهَ اللّٰهُ إِلاَّ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ"[راجع: ٦٣٤٥]

آئندہ حدیث: کا ترجمہ تحفۃ القاری (۵۵۷:۶) میں ہے، اس میں ہے: "اللہ تعالیٰ زمین والوں کے معاملہ میں مجھ پر اعتماد کریں اور تم مجھ پر اعتماد نہ کرو!" اس سے بطور تقابل اللہ تعالیٰ کا بلندی میں ہونا ثابت ہوا۔

[٧٤٣٢-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ نُعْمٍ، أَوْ أَبِیْ نُعْمٍ - شَكَّ قَبِيْصَةُ - عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ: بُعِثَ إِلَى النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم بِذُهَيْبَةٍ فَقَسَمَهَا بَيْنَ أَرْبَعَةٍ.

وَحَدَّثَنِیْ إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ أَبِیْ نُعْمٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: بَعَثَ عَلِیٌّ وَهُوَ بِالْيَمَنِ إِلَى النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم بِذُهَيْبَةٍ فِیْ تُرْبَتِهَا، فَقَسَمَهَا بَيْنَ الْأَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ الْحَنْظَلِیِّ، ثُمَّ أَحَدِ بَنِیْ مُجَاشِعٍ، وَبَيْنَ عُيَيْنَةَ بْنِ حِصْنٍ

ابْنِ بَدْرٍ الْفَزَارِيِّ، وَبَيْنَ عَلْقَمَةَ بْنِ عُلَاثَةَ الْعَامِرِيِّ ثُمَّ أَحَدِ بَنِي كِلَابٍ، وَبَيْنَ زَيْدِ الْخَيْلِ الطَّائِيِّ، ثُمَّ أَحَدِ بَنِي نَبْهَانَ، فَتَغَضَّبَتْ قُرَيْشٌ وَالْأَنْصَارُ، فَقَالُوْا: يُعْطِيْهِ صَنَادِيْدَ أَهْلِ نَجْدٍ وَيَدَعُنَا؟! قَالَ: "إِنَّمَا أَتَأَلَّفُهُمْ" فَأَقْبَلَ رَجُلٌ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ، نَاتِئُ الْجَبِيْنِ، كَثُّ اللِّحْيَةِ، مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ، مَحْلُوْقُ الرَّأْسِ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! اتَّقِ اللّٰهَ. فَقَالَ: " فَمَنْ يُطِيْعُ اللّٰهَ إِذَا عَصَيْتُهُ فَيَأْمَنُنِي عَلٰى أَهْلِ الْأَرْضِ، وَلَا تَأْمَنُوْنِيْ" فَسَأَلَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ قَتْلَهُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم- أُرَاهُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ - فَمَنَعَهُ، فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ: "إِنَّ مِنْ ضِئْضِئِ هٰذَا قَوْمًا يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْإِسْلَامِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يَقْتُلُوْنَ أَهْلَ الْإِسْلَامِ وَيَدَعُوْنَ أَهْلَ الْأَوْثَانِ، لَئِنْ أَدْرَكْتُهُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ"[راجع: ٣٣٤٤]

قوله: فى تربتها: مٹی میں ملا ہوا، صاف نہ کیا ہوا، علاحدہ نہ کیا ہوا۔

آئندہ حدیث: میں ہے کہ سورج کا مستقر عرش کے نیچے ہے اور عرش سے اللہ کا تعلق ہے، پس اللہ کے لئے بلندی ثابت ہوئی۔

[٧٤٣٣-] حدثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، أُرَاهُ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ قَوْلِهِ: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا﴾[يٰس:٣٨] قَالَ: "مُسْتَقَرُّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ"[راجع: ٣١٩٩]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وُجُوْهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ إِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾

کچھ چہرے اس دن تروتازہ ہونگے، اپنے رب کی طرف دیکھنے والے ہوں گے

(جنت میں مؤمنین کو دیدارِ الٰہی نصیب ہوگا)

قرآنِ کریم اور احادیثِ متواترہ سے ثابت ہے کہ آخرت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوگا، گمراہ لوگ (معتزلہ وغیرہ) اس کے منکر ہیں، کیونکہ یہ دولت ان کے نصیب میں نہیں، اور ان کی دلیل عقلی (جو حاشیہ میں ہے) یہ ہے کہ رویت کے لئے یہ شرط ہے وہ شرط ہے: وہ ڈھکوسلہ ہے۔ غیر محسوس کو محسوس پر قیاس کرنا ہے۔ اور اس باب میں لمبی لمبی چودہ حدیثیں ہیں، اور وہ بھی اقل قلیل ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ اپنی شرائط کا لحاظ کر کے اتنی ہی لائے ہیں، ورنہ اس مسئلہ میں احادیث متواتر ہیں۔

آیت (۱): سورۃ القیامۃ کی (آیات ۲۲و۲۳) جو باب میں ہیں: "کچھ چہرے (جنتیوں کے چہرے) اس دن تروتازہ ہونگے اپنے پروردگار کی طرف دیکھنے والے ہونگے" —— آخرت میں رویت باری میں یہ آیت صریح ہے، پس اس کا

انکار کفر ہے۔

آیت (۲): سورۃ التطفیف کی (آیت ۱۵) ہے: ﴿كَلَّا إِنَّهُمْ عَنْ رَبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَمَحْجُوْبُوْنَ﴾: ہرگز نہیں! وہ (کفار) اس دن اپنے ربّ سے اوجھل میں ہونگے ـــــ مقابلۃً معلوم ہوا کہ مؤمنین دیدار کی دولت سے مشرف ہونگے۔ (یہ اضافہ ہے)

شروع کی تین حدیثیں: پہلے آچکی ہیں، ان میں ہے: ''تم اپنے ربّ کو اسی طرح دیکھوگے جس طرح تم اس چاند کو دیکھتے ہو، ان کے دیکھنے میں دھکا مکی نہیں کروگے'' (یہ حدیث بھی صریح ہے)

[۲۴-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وُجُوْهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ إِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾

[۷۴۳۴-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، وَهُشَيْمٌ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِذْ نَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ: ''إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ، لَا تُضَامُّوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوْا عَلٰى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَصَلَاةٍ قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ، فَافْعَلُوْا'' [راجع: ۵۵۴]

[۷۴۳۵-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوْسُفَ الْيَرْبُوْعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: ''إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ عِيَانًا'' [راجع: ۵۵۴]

[۷۴۳۶-] حَدَّثَنِيْ عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَيَانُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ: ''إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا، لَا تُضَامُّوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهِ''

[راجع: ۵۵۴]

آگے لمبی حدیث ہے، جو تحفۃ القاری (۱۱: ۳۵۸) میں آچکی ہے اور اس سے پہلے بھی مختلف جگہ اس کے متفرق حصے آئے ہیں اور شرح مع حل لغات تحفۃ القاری (۳: ۱۳۰) میں آئی ہے۔ اس میں ہے: صحابہ نے پوچھا: کیا ہم قیامت کے دن اپنے ربّ کو دیکھیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: ''کیا تم ایک دوسرے کو نقصان پہنچاتے ہو یعنی بھیڑ کرتے ہو چودھویں کے چاند کے دیکھنے میں؟ صحابہ نے کہا: نہیں! یارسول اللہ! آپؐ نے پوچھا: کیا تم ایک دوسرے کو ضرر پہنچاتے ہو سورج کے دیکھنے میں جس کے ورے بادل نہ ہو؟ صحابہ نے کہا: نہیں! یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: ''پس تم اللہ کو اسی طرح دیکھوگے'' یعنی واضح طور پر، بے شک وشبہ، بے مشقت اور بغیر دھکا مکی کے!

[۷۴۳۷-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ ابْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّاسَ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلْ نَرى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ؟" قَالُوْا: لاَ، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَهَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الشَّمْسِ لَيْسَ دُوْنَهَا سَحَابٌ؟" قَالُوْا: لاَ، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: "فَإِنَّكُمْ تَرَوْنَهُ كَذٰلِكَ.

يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ: مَنْ كَانَ يَعْبُدُ شَيْئًا فَلْيَتَّبِعْهُ، فَيَتَّبِعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الشَّمْسَ الشَّمْسَ، وَيَتَّبِعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الْقَمَرَ الْقَمَرَ، وَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الطَّوَاغِيْتَ الطَّوَاغِيْتَ، وَتَبْقَى هٰذِهِ الْأُمَّةُ فِيْهَا شَافِعُوْهَا أَوْ: مُنَافِقُوْهَا - شَكَّ إِبْرَاهِيْمُ- فَيَأْتِيْهِمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ. فَيَقُوْلُوْنَ: هٰذَا مَكَانُنَا حَتّٰى يَأْتِيَنَا رَبُّنَا فَإِذَا جَاءَ نَا رَبُّنَا عَرَفْنَاهُ. فَيَأْتِيْهِمُ اللّٰهُ فِيْ صُوْرَتِهِ الَّتِيْ يَعْرِفُوْنَ فَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ. فَيَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ رَبُّنَا. فَيَتْبَعُوْنَهُ.

ملحوظہ: پہلے شعیب کی روایت میں بغیر شک کے منافقوھا ہے، پس وہی صحیح ہے۔

وَيُضْرَبُ الصِّرَاطُ بَيْنَ ظَهْرَيْ جَهَنَّمَ، فَأَكُوْنُ أَنَا وَأُمَّتِيْ أَوَّلَ مَنْ يُجِيْزُ، وَلاَ يَتَكَلَّمُ يَوْمَئِذٍ إِلَّا الرُّسُلُ، وَدَعْوَى الرُّسُلِ يَوْمَئِذٍ: اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ! وَفِيْ جَهَنَّمَ كَلاَلِيْبُ مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ، هَلْ رَأَيْتُمُ السَّعْدَانَ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ!" فَإِنَّهَا مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ، غَيْرَ أَنَّهُ لاَ يَعْلَمُ مَا قَدْرُ عِظَمِهَا إِلَّا اللّٰهُ، تَخْطَفُ النَّاسَ بِأَعْمَالِهِمْ، فَمِنْهُمُ الْمُؤْمِنُ بَقِيَ بِعَمَلِهِ، أَوِ الْمُوْبَقُ بِعَمَلِهِ، وَمِنْهُمُ الْمُخَرْدَلُ أَوْ: الْمُجَازَى أَوْ: نَحْوُهُ، ثُمَّ يَتَجَلّٰى، حَتّٰى إِذَا فَرَغَ اللّٰهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ الْعِبَادِ وَأَرَادَ أَنْ يُخْرِجَ بِرَحْمَتِهِ مَنْ أَرَادَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ أَمَرَ الْمَلاَئِكَةَ أَنْ يُخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ لاَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا، مِمَّنْ أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَرْحَمَهُ مِمَّنْ شَهِدَ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَيَعْرِفُوْنَهُمْ فِي النَّارِ بِآثَارِ السُّجُوْدِ، تَأْكُلُ النَّارُ ابْنَ آدَمَ إِلَّا أَثَرَ السُّجُوْدِ، حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ أَنْ تَأْكُلَ أَثَرَ السُّجُوْدِ، فَيَخْرُجُوْنَ مِنَ النَّارِ قَدِ امْتُحِشُوْا، فَيُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءُ الْحَيَاةِ فَيَنْبُتُوْنَ تَحْتَهُ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ.

لغات: کلالیب: درخت کا کانٹا...... خَطَفَ الشیئَ: اچک لینا، کھینچ لینا...... السَّعْدان: ایک خاردار پودا جو گھنی چراگاہ میں ہوتا ہے...... الموبق: ہلاک ہونے والا...... المُخَرْدل: بوٹی بوٹی کیا ہوا، خَرْدَلَ اللحمَ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا...... امْتَحَشَ: گرمی یا آگ کی وجہ سے جھلس جانا...... الحبة: دانہ، بیج...... حمیل: سیلاب کا کنارہ پر ڈالا ہوا کوڑا۔

ثُمَّ يَفْرُغُ اللّٰهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ الْعِبَادِ، وَيَبْقَى رَجُلٌ مِنْهُمْ مُقْبِلٌ بِوَجْهِهِ عَلَى النَّارِ هُوَ آخِرُ أَهْلِ النَّارِ دُخُوْلاً الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ اصْرِفْ وَجْهِيْ عَنِ النَّارِ، فَإِنَّهُ قَدْ قَشَبَنِيْ رِيْحُهَا، وَأَحْرَقَنِيْ ذَكَاؤُهَا، فَيَدْعُوْ اللّٰهَ بِمَا شَاءَ أَنْ يَدْعُوْهُ، ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ: هَلْ عَسَيْتَ إِنْ أُعْطِيْتَ ذٰلِكَ أَنْ تَسْأَلَنِيْ غَيْرَهُ؟ فَيَقُوْلُ: لاَ، وَعِزَّتِكَ! لاَ أَسْأَلُكَ غَيْرَهُ. وَيُعْطِيْ رَبَّهُ مِنْ عُهُوْدٍ وَمَوَاثِيْقَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَيَصْرِفُ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ، فَإِذَا أَقْبَلَ عَلَى الْجَنَّةِ وَرَآهَا سَكَتَ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَسْكُتَ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ قَدِّمْنِيْ إِلَى بَابِ الْجَنَّةِ. فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: أَلَسْتَ قَدْ أَعْطَيْتَ عُهُوْدَكَ وَمَوَاثِيْقَكَ أَنْ لاَ تَسْأَلَنِيْ غَيْرَ الَّذِيْ أُعْطِيْتَ أَبَدًا؟! وَيْلَكَ! يَا ابْنَ آدَمَ مَا أَغْدَرَكَ! فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ! يَدْعُو اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، حَتّٰى يَقُوْلَ: هَلْ عَسَيْتَ إِنْ أُعْطِيْتَ ذٰلِكَ أَنْ تَسْأَلَ غَيْرَهُ؟ فَيَقُوْلُ: لاَ وَعِزَّتِكَ لاَ أَسْأَلُكَ غَيْرَهُ، وَيُعْطِيْ مَا شَاءَ مِنْ عُهُوْدٍ وَمَوَاثِيْقَ، فَيُقَدِّمُهُ إِلَى بَابِ الْجَنَّةِ، فَإِذَا قَامَ إِلَى بَابِ الْجَنَّةِ انْفَهَقَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَرَأَى مَا فِيْهَا مِنَ الْحَبْرَةِ وَالسُّرُوْرِ، فَيَسْكُتُ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَسْكُتَ ثُمَّ يَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ أَدْخِلْنِيْ الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: أَلَسْتَ قَدْ أَعْطَيْتَ عُهُوْدَكَ وَمَوَاثِيْقَكَ أَنْ لاَ تَسْأَلَ غَيْرَ مَا أُعْطِيْتَكَ؟! وَيْلَكَ! يَا ابْنَ آدَمَ مَا أَغْدَرَكَ! فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ! لاَ أَكُوْنَنَّ أَشْقَى خَلْقِكَ، فَلاَ يَزَالُ يَدْعُو اللّٰهَ حَتّٰى يَضْحَكَ اللّٰهُ مِنْهُ، فَإِذَا ضَحِكَ اللّٰهُ مِنْهُ قَالَ لَهُ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَإِذَا دَخَلَهَا قَالَ اللّٰهُ لَهُ: تَمَنَّهْ، فَسَأَلَ رَبَّهُ وَتَمَنَّى لَهُ، حَتّٰى إِنَّ اللّٰهَ لَيُذَكِّرُهُ وَيَقُوْلُ: وَكَذَا وَكَذَا، حَتّٰى انْقَطَعَتْ بِهِ الْأَمَانِيُّ، قَالَ اللّٰهُ: ذٰلِكَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ" [راجع: ۸۰۶]

[۷۴۳۸-] قَالَ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ: وَأَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ مَعَ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، لاَ يَرُدُّ عَلَيْهِ مِنْ حَدِيْثِهِ شَيْئًا حَتّٰى إِذَا حَدَّثَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ اللّٰهَ قَالَ: "ذٰلِكَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ" قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ: "وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهِ مَعَهُ" يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: مَا حَفِظْتُ إِلاَّ قَوْلَهُ:" ذٰلِكَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ" قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ: أَشْهَدُ أَنِّيْ حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَوْلَهُ:" ذٰلِكَ لَكَ وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهِ" قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَذٰلِكَ الرَّجُلُ آخِرُ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُوْلاً الْجَنَّةَ. [راجع: ۲۲]

لغات: قَشَبَ فلانا ريحُ كذا: کسی چیز کی بدبو کا کسی چیز کو تکلیف پہنچانا...... يدعو الله عز وجل: دعا کرے گا کرے گا، کرتا رہے گا...... انْفَهَقَ الشيئُ: کشادہ ہونا...... الْحَبْرَة: خوشی، نعمت...... كذا و كذا: اس کی اور آرزو کر، اس کی اور آرزو کر۔

آگے گذشتہ حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، جو تحفۃ القاری (۹:۱۸۴) میں آئی ہے، اس میں بھی وہی سوال وجواب ہے کہ لوگ قیامت کے دن اللہ کو دیکھیں گے۔

[۷۴۳۹-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ:" هَلْ تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ الشَّمْسِ إِذَا كَانَتْ صَحْوًا؟" قُلْنَا: لَا، قَالَ:" فَإِنَّكُمْ لَا تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ يَوْمَئِذٍ إِلَّا كَمَا تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهَا.

ثُمَّ قَالَ: يُنَادِيْ مُنَادٍ لِيَذْهَبْ كُلُّ قَوْمٍ إِلَى مَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ، فَيَذْهَبُ أَصْحَابُ الصَّلِيْبِ مَعَ صَلِيْبِهِمْ، وَأَصْحَابُ الْأَوْثَانِ مَعَ أَوْثَانِهِمْ، وَأَصْحَابُ كُلِّ آلِهَةٍ مَعَ آلِهَتِهِمْ، حَتّٰى يَبْقَى مَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ مِنْ بَرٍّ أَوْ فَاجِرٍ، وَغُبَّرَاتٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ، ثُمَّ يُؤْتَى بِجَهَنَّمَ تُعْرَضُ كَأَنَّهَا سَرَابٌ، فَيُقَالُ لِلْيَهُوْدِ: مَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ؟ قَالُوْا: كُنَّا نَعْبُدُ عُزَيْرًا ابْنَ اللّٰهِ، فَيُقَالُ: كَذَبْتُمْ، لَمْ يَكُنْ لِلّٰهِ صَاحِبَةٌ وَلَا وَلَدٌ، فَمَا تُرِيْدُوْنَ؟ قَالُوْا: نُرِيْدُ أَنْ تَسْقِيَنَا. فَيُقَالُ: اشْرَبُوْا، فَيَتَسَاقَطُوْنَ فِيْ جَهَنَّمَ. ثُمَّ يُقَالُ لِلنَّصَارَى: مَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: كُنَّا نَعْبُدُ الْمَسِيْحَ ابْنَ اللّٰهِ. فَيُقَالُ: كَذَبْتُمْ، لَمْ يَكُنْ لِلّٰهِ صَاحِبَةٌ وَلَا وَلَدٌ، فَمَا تُرِيْدُوْنَ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نُرِيْدُ أَنْ تَسْقِيَنَا. فَيُقَالُ: اشْرَبُوْا فَيَتَسَاقَطُوْنَ.

حَتّٰى يَبْقَى مَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ مِنْ بَرٍّ أَوْ فَاجِرٍ، فَيُقَالُ لَهُمْ: مَا يُجْلِسُكُمْ وَقَدْ ذَهَبَ النَّاسُ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: فَارَقْنَاهُمْ وَنَحْنُ أَحْوَجُ مِنَّا إِلَيْهِ الْيَوْمَ، وَإِنَّا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِيْ: لِيَلْحَقْ كُلُّ قَوْمٍ بِمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ. وَإِنَّمَا نَنْتَظِرُ رَبَّنَا، قَالَ: فَيَأْتِيْهِمُ الْجَبَّارُ فِيْ صُوْرَةٍ غَيْرِ صُوْرَتِهِ الَّتِيْ رَأَوْهُ فِيْهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ، فَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ. فَيَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ رَبُّنَا! وَلَا يُكَلِّمُهُ إِلَّا الْأَنْبِيَاءُ، فَيَقُوْلُ: هَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ آيَةٌ تَعْرِفُوْنَهَا؟ فَيَقُوْلُوْنَ: السَّاقُ. فَيَكْشِفُ عَنْ سَاقِهِ فَيَسْجُدُ لَهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ، وَيَبْقَى مَنْ كَانَ يَسْجُدُ لِلّٰهِ رِيَاءً وَسُمْعَةً، فَيَذْهَبُ كَيْمَا يَسْجُدَ فَيَعُوْدُ ظَهْرُهُ طَبَقًا وَاحِدًا.

لغت: الصَّحْو: صاف (بے بادل)...... الغُبَّر: ہر چیز کا آخر، بقیہ، جمع غُبَّرَات...... غبرات: اہل کتاب (عیسائیوں) کے باقی ماندہ لوگ جو صحیح دین عیسوی پر تھے...... قال: فيأتيهم الجبار: یہاں روایت میں اختصار ہے، یہ دوسری مرتبہ اللہ کا آنا ہے معروف صورت میں...... السَّاق: (پنڈلی) کی تجلی کا ذکر سورۃ القلم (آیت ۴۲) میں ہے۔

"ثُمَّ يُؤْتَى بِالْجَسْرِ، فَيُجْعَلُ بَيْنَ ظَهْرَيْ جَهَنَّمَ" قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَمَا الْجَسْرُ؟ قَالَ: "مَدْحَضَةٌ مَزِلَّةٌ، عَلَيْهِ خَطَاطِيْفُ وَكَلَالِيْبُ، وَحَسَكَةٌ مُفَلْطَحَةٌ، لَهَا شَوْكَةٌ عُقَيْفَةٌ تَكُوْنُ بِنَجْدٍ، يُقَالُ لَهَا: السَّعْدَانُ، يَمُرُّ الْمُؤْمِنُ عَلَيْهَا كَالطَّرْفِ، وَكَالْبَرْقِ، وَكَالرِّيْحِ، وَكَأَجَاوِيْدِ الْخَيْلِ، وَالرِّكَابِ، فَنَاجٍ مُسَلَّمٌ، وَنَاجٍ مَخْدُوْشٌ، وَمَكْدُوْشٌ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ، حَتّٰى يَمُرَّ آخِرُهُمْ يُسْحَبُ سَحْبًا، فَمَا أَنْتُمْ بِأَشَدَّ

لِيْ مُنَاشَدَةً فِي الْحَقِّ قَدْ تَبَيَّنَ لَكُمْ، مِنَ الْمُؤْمِنِ يَوْمَئِذٍ لِلْجَبَّارِ، وَإِذَا رَأَوْا أَنَّهُمْ قَدْ نَجَوْا فِيْ إِخْوَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا إِخْوَانُنَا كَانُوْا يُصَلُّوْنَ مَعَنَا وَيَصُوْمُوْنَ مَعَنَا وَيَعْمَلُوْنَ مَعَنَا، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: اذْهَبُوْا، فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالَ دِيْنَارٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُ، وَيُحَرِّمُ اللّٰهُ صُوَرَهُمْ عَلَى النَّارِ، وَبَعْضُهُمْ قَدْ غَابَ فِي النَّارِ إِلٰى قَدَمَيْهِ وَإِلٰى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ، فَيُخْرِجُوْنَ مَنْ عَرَفُوْا، ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ، فَيَقُوْلُ: اذْهَبُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالَ نِصْفِ دِيْنَارٍ فَأَخْرِجُوْهُ. فَيُخْرِجُوْنَ مَنْ عَرَفُوْا، ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ، فَيَقُوْلُ: اذْهَبُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُ. فَيُخْرِجُوْنَ مَنْ عَرَفُوْا" وَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: فَإِنْ لَمْ تُصَدِّقُوْنِيْ فَاقْرَءُوْا:﴿ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا﴾[النساء: ٤٠] "فَيَشْفَعُ النَّبِيُّوْنَ وَالْمَلَائِكَةُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ، فَيَقُوْلُ الْجَبَّارُ: بَقِيَتْ شَفَاعَتِيْ. فَيَقْبِضُ قَبْضَةً مِنَ النَّارِ فَيُخْرِجُ أَقْوَامًا قَدِ امْتُحِشُوْا، فَيُلْقَوْنَ فِيْ نَهَرٍ بِأَفْوَاهِ الْجَنَّةِ، يُقَالُ لَهُ: الْحَيَاةُ، فَيَنْبُتُوْنَ فِيْ حَافَتَيْهِ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ، قَدْ رَأَيْتُمُوْهَا إِلٰى جَانِبِ الصَّخْرَةِ وَإِلٰى جَانِبِ الشَّجَرَةِ، فَمَا كَانَ إِلَى الشَّمْسِ مِنْهَا كَانَ أَخْضَرَ، وَمَا كَانَ مِنْهَا إِلَى الظِّلِّ كَانَ أَبْيَضَ، فَيَخْرُجُوْنَ كَأَنَّهُمُ اللُّؤْلُؤُ، فَيُجْعَلُ فِيْ رِقَابِهِمُ الْخَوَاتِيْمُ، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ: هٰؤُلَاءِ عُتَقَاءُ الرَّحْمٰنِ، أَدْخَلَهُمُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ عَمَلٍ عَمِلُوْهُ وَلَا خَيْرٍ قَدَّمُوْهُ، فَيُقَالُ لَهُمْ: لَكُمْ مَا رَأَيْتُمْ وَمِثْلُهُ مَعَهُ"[راجع: ٢٢]

لغات: مَدْحَضَة: پھلسن والی جگہ، جمع مَدَاحِض ...... مَزِلَّة کے بھی یہی معنی ہیں، پھلسن کی جگہ ...... **الخُطَّاف:** ہرٹیڑھالوہا، آنکڑا جمع خَطَاطِيْف ...... **كَلَالِيب:** كُلَّاب کی جمع: کنویں سے ڈول نکالنے کا کانٹا ...... **حَسَكَة:** کانٹا ...... **مُفَلْطَحَة:** پھیلا ہوا، فَلْطَحَ الشيئَ: پھیلانا، فهو مُفَلْطَح ...... **عَقِيفة:** مڑا ہوا، عَقَفَ الشيئَ: موڑنا ...... **الطَرْف:** پل جھپکنا ...... **أَجَاوِيد:** أَجْوَاد کی جمع: جَوَاد کی جمع الجمع: عمدہ نسل کا گھوڑا ...... **الركاب:** اونٹ ...... **فَنَاج:** پس کوئی سالم نجات پانے والا ہے اور کوئی زخمی ہوکر نجات پائے گا، اور کوئی نوچا ہوا جہنم میں گرے گا ...... **يُسْحَب:** گھسیٹا جائے گا ......

مناشدة: مطالبة ...... **قوله: فما أنتم بأشد لى مناشدة فى الحق قد تبين لكم، من المؤمن يومئذ للجبار، وإذا رأوا أنهم قد نَجَوْا فى إخوانهم: أى ليس طلبكم منى فى الدنيا فى شأن حق يكون ظاهرًا لكم، أشد من طلب المؤمنين من الله فى الآخرة فى شأن نجاة إخوانهم من النار** (عینی) **قد تبين:** جملہ حالیہ ہے ...... **من المؤمن** کا تعلق **أشد** سے ہے ...... **للجبار** اور **فى إخوانهم** کا تعلق **مناشدة مقدرة** سے ہے (عینی) **ترجمہ:** پس نہیں ہو تم مجھ سے زیادہ مطالبہ کرنے والے اس حق میں جو تمہارے لئے واضح ہوگیا، مؤمن (کے مطالبہ) سے اس دن جبار سے، اور (شرح ابن بطال میں ف ہے: پس) جب دیکھیں گے وہ کہ انھوں نے نجات پالی (مطالبہ کریں گے) اپنے بھائیوں کے بارے میں، یعنی نہیں ہے تمہاری طلب مجھ سے دنیا میں ایسے حق کے معاملہ میں جو واضح ہو تمہارے لئے، زیادہ

مؤمنین کی طلب سے اللہ سے آخرت میں ان کے بھائیوں کی نجات کے معاملہ میں دوزخ سے (عبارت الجھی ہوئی ہے، بغور پڑھیں) خلاصہ: جتنی تم مسائل کی تحقیق کرتے ہو اس سے زیادہ فکر ہوگی نجات پانے والے مؤمنین کو اپنے بھائیوں کو دوزخ سے چھڑانے کی۔

آگے شفاعت کی حدیث: ہے، اس میں ہے: فإذا رأيتُه وقعتُ له ساجدًا: اس مناسبت سے حدیث لائے ہیں۔

[۷۴۴۰-] وَقَالَ الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيىَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يُحْبَسُ الْمُؤْمِنُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُهِمُّوْا بِذٰلِكَ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَوِ اسْتَشْفَعْنَا إِلٰى رَبِّنَا فَيُرِيْحُنَا مِنْ مَكَانِنَا، فَيَأْتُوْنَ آدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ آدَمُ أَبُوْ النَّاسِ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَأَسْكَنَكَ جَنَّتَهُ، وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ، وَعَلَّمَكَ أَسْمَاءَ كُلِّ شَيْئٍ، اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّكَ حَتّٰى يُرِيْحَنَا مِنْ مَكَانِنَا هٰذَا، فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، قَالَ: فَيَذْكُرُ خَطِيْئَتَهُ الَّتِيْ أَصَابَ أَكْلَهُ مِنَ الشَّجَرَةِ وَقَدْ نُهِيَ عَنْهَا، وَلٰكِنْ ائْتُوْا نُوْحًا أَوَّلَ نَبِيٍّ بَعَثَهُ اللّٰهُ إِلَى الْأَرْضِ، فَيَأْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ خَطِيْئَتَهُ الَّتِيْ أَصَابَ سُؤَالَهُ رَبَّهُ بِغَيْرِ عِلْمٍ، وَلٰكِنِ ائْتُوْا إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلَ الرَّحْمٰنِ. قَالَ: فَيَأْتُوْنَ إِبْرَاهِيْمَ فَيَقُوْلُ: إِنِّيْ لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ ثَلَاثَ كَلِمَاتٍ كَذَبَهُنَّ. وَلٰكِنْ ائْتُوْا مُوْسٰى عَبْدًا آتَاهُ اللّٰهُ التَّوْرَاةَ وَكَلَّمَهُ وَقَرَّبَهُ نَجِيًّا. قَالَ: فَيَأْتُوْنَ مُوْسٰى فَيَقُوْلُ: إِنِّيْ لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ خَطِيْئَتَهُ الَّتِيْ أَصَابَ قَتْلَهُ النَّفْسَ، وَلٰكِنِ ائْتُوْا عِيْسٰى عَبْدَ اللّٰهِ وَرَسُوْلَهُ وَرُوْحَ اللّٰهِ وَكَلِمَتَهُ. قَالَ: فَيَأْتُوْنَ عِيْسٰى فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَلٰكِنْ ائْتُوْا مُحَمَّدًا عَبْدًا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ.

قَالَ: فَيَأْتُوْنِّيْ فَأَسْتَأْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ فِيْ دَارِهِ، فَيُؤْذَنُ لِيْ عَلَيْهِ، فَإِذَا رَأَيْتُهُ وَقَعْتُ لَهُ سَاجِدًا فَيَدَعُنِيْ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَدَعَنِيْ، فَيَقُوْلُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَ، قَالَ: فَأَرْفَعُ رَأْسِيْ فَأُثْنِيْ عَلٰى رَبِّيْ بِثَنَاءٍ وَتَحْمِيْدٍ يُعَلِّمُنِيْهِ، ثُمَّ أَشْفَعُ، فَيَحُدُّ لِيْ حَدًّا، فَأَخْرُجُ فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ" قَالَ قَتَادَةُ: وَسَمِعْتُهُ أَيْضًا يَقُوْلُ: "فَأَخْرُجُ فَأُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ وَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ أَعُوْدُ فَأَسْتَأْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ فِيْ دَارِهِ فَيُؤْذَنُ لِيْ عَلَيْهِ. فَإِذَا رَأَيْتُهُ وَقَعْتُ سَاجِدًا، فَيَدَعُنِيْ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَدَعَنِيْ، ثُمَّ يَقُوْلُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَ، قَالَ: فَأَرْفَعُ رَأْسِيْ فَأُثْنِيْ عَلٰى رَبِّيْ بِثَنَاءٍ وَتَحْمِيْدٍ يُعَلِّمُنِيْهِ، قَالَ: ثُمَّ أَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِيْ حَدًّا فَأَخْرُجُ فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ" قَالَ قَتَادَةُ: وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "فَأَخْرُجُ فَأُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ وَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ أَعُوْدُ الثَّالِثَةَ فَأَسْتَأْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ فِيْ دَارِهِ فَيُؤْذَنُ لِيْ عَلَيْهِ، فَإِذَا رَأَيْتُهُ وَقَعْتُ سَاجِدًا، فَيَدَعُنِيْ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَدَعَنِيْ ثُمَّ يَقُوْلُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهُ. قَالَ: فَأَرْفَعُ رَأْسِيْ، فَأُثْنِيْ عَلٰى رَبِّيْ بِثَنَاءٍ وَتَحْمِيْدٍ يُعَلِّمُنِيْهِ، قَالَ: ثُمَّ

أَشْفَعُ، فَيَحُدُّ لِيْ حَدًّا فَأَخْرُجُ فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ" قَالَ قَتَادَةُ: وَقَدْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ" وَأَخْرُجُ فَأُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ وَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، حَتّٰى مَا يَبْقَى فِي النَّارِ إِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْآنُ أَيْ وَجَبَ عَلَيْهِ الْخُلُوْدُ، قَالَ: ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ: ﴿عَسٰى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا﴾[الإسرار: ٨٩] قَالَ: وَهٰذَا الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الَّذِيْ وُعِدَهُ نَبِيُّكُمْ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٤٤]

آئندہ حدیث: میں ہے: ''صبر کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے ملاقات کرو'' (یہی دیدار ہے)

[٧٤٤١-] حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمِّيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَرْسَلَ إِلٰى الْأَنْصَارِ، فَجَمَعَهُمْ فِيْ قُبَّةٍ، وَقَالَ لَهُمْ:" اصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوُا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، فَإِنِّيْ عَلٰى الْحَوْضِ"

[راجع: ٣١٤٦]

آئندہ حدیث: میں ولقاؤك حق ہے، اس مناسبت سے حدیث لائے ہیں۔

[٧٤٤١-] حدثنا ثَابِتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا تَهَجَّدَ مِنَ اللَّيْلِ، قَالَ:" اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، أَنْتَ الْحَقُّ، وَقَوْلُكَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ الْحَقُّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ خَاصَمْتُ، وَبِكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ"

قَالَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، وَأَبُوْ الزُّبَيْرِ عَنْ طَاوُسٍ: قَيَّامٌ، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿الْقَيُّوْمُ﴾: الْقَائِمُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ. وَقَرَأَ عُمَرُ: الْقَيَّامُ. وَكِلَاهُمَا مَدْحٌ.[راجع: ١١٢٠]

وضاحت: سلیمان احول کی روایت میں ذکر میں قَیِّم ہے، اور قیس اور ابوالزبیر کی روایت میں قَیَّام ہے...... اور آیت الکرسی میں جو القیوم ہے اس کے معنی مجاہدؒ نے ہر چیز کا نگہبان کئے ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قراءت میں آیت الکرسی میں القَیَّام تھا، اور القیوم اور القیام: دونوں مبالغہ کے صیغے ہیں اور تعریف ہیں

آئندہ روایت: میں ہے: و لا حجاب یحجبه: کوئی پردہ حائل نہ ہوگا: اس سے استدلال کیا ہے۔

[٧٤٤٣-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، حَدَّثَنِي الْأَعْمَشُ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم "مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا سَيُكَلِّمُهُ رَبُّهُ، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تُرْجُمَانٌ وَلَا حِجَابٌ يَحْجُبُهُ"[راجع: ١٤١٣]

آئندہ حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "دو جنتیں: ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے چاندی کا ہے۔ اور دو جنتیں: ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے سونے کا ہے۔ اور نہیں ہے جنت عدن میں لوگوں کے درمیان اور اس بات کے درمیان کہ وہ اپنے پروردگار کی زیارت کریں (یہاں باب ہے) مگر اللہ کے چہرے کی عظمت کی چادر (شرح تحفۃ القاری ۵۳۸:۹ میں ہے)

[٧٤٤٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "جَنَّتَانِ: مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا، وَجَنَّتَانِ: مِنْ ذَهَبٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا، وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوْا إِلَى رَبِّهِمْ إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِ عَلَى وَجْهِهِ فِيْ جَنَّةِ عَدْنٍ"[راجع: ٤٨٧٨]

آئندہ حدیث: میں لَقِيَ اللّٰهَ سے استدلال کیا ہے۔

[٧٤٤٥-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَعْيَنَ، وَجَامِعُ بْنُ أَبِي رَاشِدٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ بِيَمِيْنٍ كَاذِبَةٍ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ"

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِصْدَاقَهُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا أُولٰئِكَ لَاخَلَاقَ لَهُمْ فِي الآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ﴾ الآيَةَ.[آلِ عمران: ٧٧] [راجع: ٢٣٥٦]

آئندہ حدیث: سے استدلال اس طرح کریں گے کہ جب اللہ کی شدید ناراضگی عدم رویت کا سبب ہے تو خوشنودی حصول رویت کا سبب ہے (حاشیہ)

[٧٤٤٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يَنْظُرُ

إِلَيْهِمْ: رَجُلٌ حلفَ عَلٰى سِلْعَتِهِ: لَقَدْ أُعْطِىَ بِهَا أَكْثَرَ مِمَّا أُعْطِىَ، وَهُوَ كَاذِبٌ، وَرَجُلٌ حلفَ عَلٰى يَمِيْنٍ كَاذِبَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، وَرَجُلٌ مَنَعَ فَضْلَ مَاءٍ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: الْيَوْمَ أَمْنَعُكَ فَضْلِىْ، كَمَا مَنَعْتَ فَضْلَ مَالَمْ تَعْمَلْ يَدَاكَ"[راجع: ۲۳۵۸]

آئندہ حدیث: میں ہے: ستلقون ربکم: عنقریب اپنے ربّ سے ملاقات کروگے پس وہ تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں پوچھیں گے (یہاں باب ہے)

[۷۴۴۷-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِىْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِىْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الزَّمَانُ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ، السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ: ثَلَاثٌ مُتَوَالِيَاتٌ: ذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِىْ بَيْنَ جُمَادَى وَشَعْبَانَ، أَىُّ شَهْرٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ:" أَلَيْسَ ذَا الْحِجَّةِ؟" قُلْنَا: بَلٰى. قَالَ: "أَىُّ بَلَدٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ. قَالَ: "أَلَيْسَ الْبَلْدَةَ؟" قُلْنَا: بَلٰى. قَالَ:" فَأَىُّ يَوْمٍ هٰذَا؟" قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ يُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ:" أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ؟" قُلْنَا: بَلٰى. قَالَ:" فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ- قَالَ مُحَمَّدٌ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَأَعْرَاضَكُمْ- عَلَيْكُمْ حَرَامٌ، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِىْ بَلَدِكُمْ هٰذَا فِىْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْأَلُكُمْ عَنْ أَعْمَالِكُمْ، أَلَا فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِىْ ضُلَّالًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، أَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يَبْلُغُهُ أَنْ يَكُوْنَ أَوْعَى مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهُ" فَكَانَ مُحَمَّدٌ إِذَا ذَكَرَهُ قَالَ: صَدَقَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ:" أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟"[راجع: ۶۷]

وضاحت: ابن سرین رحمہ اللہ حدیث بیان کر کے کہتے تھے: نبی ﷺ نے صحیح فرمایا، بعض تلامذہ اپنے استاذ سے احفظ ہوتے ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِى قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾

اللہ کی صفتِ رحمت اور اس کا صفتِ غضب پر غلبہ

بہت سی آیات میں اللہ کی صفتِ رحمت (مہربانی) کا ذکر آیا ہے، اور غضب (شدید ناراضگی) بھی اللہ کی صفت ہے، مگر حدیث میں صراحت ہے کہ رحمت غضب پر غالب ہے یعنی مہربانی تو ہر کسی پر کرتے ہیں، چاہے وہ مہربانی کا مستحق ہو یا نہ ہو،

اورغضب ناگزیرصورت ہی میں نازل ہوتا ہےاورآخرت میں کفارہی اس کےموردہونگے۔
آیتِ کریمہ: سورۃ الاعراف (آیت ۵۶) میں ہے: ''بےشک اللہ کی رحمت نیک کام کرنے والوں سے نزدیک ہے'' (لہٰذا ان کوڈراورامید سے پکاریں، اس سے صفتِ رحمت بھی ثابت ہوئی، اوراس کاقرب بھی، یہی رحمت کاغلبہ ہے)
حدیث: میں إنما یرحم اللہ ہےیعنی اللہ تعالیٰ مہربانی کرتے ہیں، اس سے صفتِ رحمت ثابت ہوئی۔

[۲۵-] بَابُ مَاجَاءَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾

[۷۴۴۸-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: كَانَ ابْنٌ لِبَعْضِ بَنَاتِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَقْضِي، فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ أَنْ يَأْتِيَهَا، فَأَرْسَلَ: " إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ، وَلَهُ مَا أَعْطَى، وَكُلٌّ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى، فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ" فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ، فَأَقْسَمَتْ عَلَيْهِ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَقُمْتُ مَعَهُ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَعُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ، فَلَمَّا دَخَلْنَا نَاوَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الصَّبِيَّ وَنَفْسُهُ تُقَلْقَلُ فِي صَدْرِهِ- حَسِبْتُهُ قَالَ: كَأَنَّهَا شَنَّةٌ- فَبَكَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: أَتَبْكِيْ؟ فَقَالَ: " إِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ"[راجع: ۱۲۸٤]

لغت: قَلْقَلَ الشيئَ: حرکت دینا...... شَنَّة: پرانا مشکیزہ۔
آئندہ حدیث: میں ہے: اللہ نے جنت سے فرمایا: أنتِ رحمتي: تو میری مہربانی ہے، یہاں باب ہے۔ اورحدیث مع شرح تحفۃ القاری (۹: ۵۱۳) میں گذرچکی ہے۔

[۷۴۴۹-] حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحِ ابْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " اخْتَصَمَتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ إِلَى رَبِّهِمَا، فَقَالَتِ الْجَنَّةُ: يَا رَبِّ! مَالَهَا لَا يَدْخُلُهَا إِلَّا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسَقَطُهُمْ، وَقَالَتِ النَّارُ: فَقَالَ لِلْجَنَّةِ: أَنْتِ رَحْمَتِيْ! وَقَالَ لِلنَّارِ: أَنْتِ عَذَابِيْ أُصِيْبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ، وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا. قَالَ: فَأَمَّا الْجَنَّةُ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِنْ خَلْقِهِ أَحَدًا، وَإِنَّهُ يُنْشِئُ لِلنَّارِ مَنْ يَشَاءُ فَيُلْقَوْنَ فِيْهَا، فَتَقُوْلُ: هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ؟ ثَلَاثًا، حَتّٰى يَضَعَ قَدَمَهُ فِيْهَا فَتَمْتَلِئُ، وَيُرَدُّ بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ وَتَقُوْلُ: قَطْ قَطْ قَطْ"[راجع: ٤٨٤٩]

قوله: مالها: أی مالی لایدخلنی...... قالت النار: کے بعد تمام نسخوں میں مقولہ رہ گیا ہے: أی أُوْثِرْتُ

بِالْمُتَكَبِّرِيْنَ وَالْمُتَجَبِّرِيْنَ...... أُصِيْبُ بِكِ من أشاء سے رحمت کا غلبہ مفہوم ہوتا ہے۔

قوله: إنه يُنْشِئُ للنار من يشاء: یہ راوی کا وہم ہے، جنت کے لئے نئی مخلوق پیدا کریں گے اور جہنم کو قدم رکھ کر سکیڑ دیں گے، کما سبق فی تحفۃ القاری (۹:۵۱۳)

آئندہ حدیث: میں ہے: ثم يدخلهم الله الجنة بفضل رحمته: اس سے اللہ کی صفت رحمت ثابت ہوئی...... سَفْع: جھلسنا۔

[۷۴۵۰-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَيُصِيْبَنَّ أَقْوَامًا سَفْعٌ مِنَ النَّارِ بِذُنُوْبٍ أَصَابُوْهَا عُقُوْبَةً، ثُمَّ يُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ فَيُقَالُ لَهُمْ: الْجَهَنَّمِيُّوْنَ" قَالَ هَمَّامٌ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ۶۵۵۹]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُوْلَا﴾

اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کو تھامے ہوئے ہیں کہ وہ موجودہ حالت کو چھوڑ نہ دیں

(اللہ تعالیٰ کی صفتِ قیومیّت کا بیان)

القیوم: وہ ذات جو اپنے بل پر ہمیشہ قائم رہے اور اپنے ماسوا ہر چیز کی نگراں ومحافظ ہو، اللہ تعالیٰ کی یہ صفت آیت الکرسی میں آئی ہے: ﴿اللّٰهُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾: اللہ تعالیٰ: کوئی معبود نہیں ان کے سوا، (ہمیشہ) زندہ (تمام عالم کا) سنبھالنے والا (البقرۃ: ۲۵۵) اور باب کی آیت میں بھی اللہ کی قیومیت کا بیان ہے، یہ سورۃ الفاطر کی آیت ۴۱ ہے۔ اور حدیث تحفۃ القاری (۹:۴۷۰) میں گذری ہے، اس میں اللہ کی عظمت وقدرت کا بیان ہے، قیامت کے دن سارے آسمان اللہ کی ایک انگلی پر ہونگے، پس ان کے لئے آسمانوں کا سنبھالنا کیا مشکل ہے؟ مگر مشرکوں نے اللہ کی ایسی عظمت نہیں پہچانی جیسا اس کی عظمت کا حق ہے، اور بے جان مورتیوں کو اور ناتواں بندوں کو خدائی میں ساجھی بنا دیا۔

[۲۶-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُوْلَا﴾

[۷۴۵۱-] حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ حَبْرٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! إِنَّ اللّٰهَ يَضَعُ السَّمَاءَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْأَرْضَ عَلٰى أَصْبَعٍ، وَالْجِبَالَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالشَّجَرَ وَالْأَنْهَارَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَسَائِرَ الْخَلْقِ عَلٰى

إِصْبَعٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ بِيَدِهِ: أَنَا الْمَلِكُ! فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَقَالَ: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ﴾[الأنعام: ٩١] [راجع: ٤٨١١]

بَابُ مَاجَاءَ فِي تَخْلِيْقِ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَغَيْرِهَا مِنَ الْخَلَائِقِ

آسمانوں اور زمین کو اور ان کے علاوہ دیگر مخلوقات کو پیدا کرنے کا بیان

(تکوین صفتِ ذات ہے یا صفتِ فعل؟ پھر قدیم ہے یا حادث؟)

کَوَّنَ تکوینا: وجود میں لانا۔ خَلَّقَ تخلیقا: پیدا کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی سات صفات ذاتیہ قدیمہ ہیں، وہ ذات سے منفک نہیں ہوسکتیں، کیونکہ وہ لازم ذات ہیں: (۱) حیات (حیات نہیں ہوگی تو وہ معدوم ہونگے) (۲) علم (علم نہیں ہوگا تو وہ جاہل ہونگے) (۳) سمع (سمع نہیں ہوگا تو وہ بہرے ہوں گے) (۴) بصر (وہ بینا نہیں ہونگے تو اندھے ہونگے) (۵) ارادہ (وہ مرید نہیں ہونگے تو بت ہونگے) (۶) قدرت (وہ قادر نہیں ہونگے تو عاجز ہونگے) (۷) کلام (وہ متکلم نہیں ہونگے تو گونگے ہوں گے) —— اور یہ اضداد شانِ الوہیت کے خلاف ہیں، اس لئے یہ سات صفات تو ذات آلٰہ کے لئے لازم ہیں، ذاتی ہیں اور قدیم (ہمیشہ سے) ہیں —— جیسے حیوانیت اور ناطقیت انسان کے لئے لازم ذات ہیں، اس لئے دونوں انسان کی کلی ذاتی ہیں۔

صفتِ تکوین:

علاوہ ازیں ایک آٹھویں صفت تکوین بمعنی تخلیق ہے، یہ صفتِ ذات ہے یا صفتِ فعل؟ **جواب**: یہ ذوجہتین ہے، اس کی جو جانب اللہ تعالیٰ کی طرف ہے وہ قدیم ہے، اور جو جانب مخلوقات کی طرف ہے وہ حادث ہے، بہ الفاظ دیگر: یہ فعلی صفت ہے اور قدیم ہے، اور مخلوقات کے ساتھ اس کا تعلق حادث ہے، اس لئے مکون (اسم مفعول) بھی حادث ہے، یہی حال دیگر صفاتِ فعلیہ کا ہے، جیسے رازق ہونا: صفتِ فعل ہے، اس کی جو جانب اللہ کی طرف ہے وہ قدیم ہے، اللہ تعالیٰ مرزوق کے وجود سے پہلے بھی رازق تھے، اور مرزوق کے ساتھ اس کا تعلق حادث ہے، اس لئے رزق رسانی حادث ہے۔

اس کی نظیر: تقدیر کا مسئلہ ہے، تقدیر کی جو جانب اللہ تعالیٰ کی طرف ہے وہ مبرم (قطعی) ہے، کیونکہ وہ اللہ کے شمول علم کے ساتھ ہے، اور اس کی جو جانب بندوں کی طرف ہے وہ معلق (قابل تبدیلی) ہے، کیونکہ وہ بندوں کے عدم علم کے ساتھ ہے، اور خود تقدیر ازلی ہے، اسی طرح صفت تکوین بھی ازلی ہے، کیونکہ مکون (اسم فاعل) ازلی ہے، البتہ مکون (اسم مفعول) حادث ہے۔

یہ بات امام بخاری رحمہ اللہ نے اس طرح بیان کی ہے:

''اور وہ (پیدا کرنا) پروردگار کا فعل ہے، اور ان کا حکم ہے یعنی مخلوقات ان کے حکم سے وجود پذیر ہوئی ہیں، پس پروردگار اپنی صفات (ذاتیہ) کے ساتھ اور اپنے فعل اور اپنے حکم اور اپنے کلام (کلمہ کن مراد ہے، پس حکم اور کلام ایک ہیں) کے ساتھ ہی خالق ومکون (اسم فاعل) ہیں، اور جو کچھ ان کے فعل سے، ان کے حکم سے اور ان کے پیدا کرنے اور ان کے بنانے سے ہے: وہ بنایا ہوا، پیدا کیا ہوا اور وجود میں لایا ہوا ہے (اس لئے حادث ہے)

اور یہی بات امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب **خلق أفعال العباد** میں اس طرح بیان کی ہے:

فاعل، فعل اور مفعول میں لوگوں کا اختلاف ہے۔ قدریہ (معتزلہ) کہتے ہیں: انسان کے سارے افعال انسان کے پیدا کردہ ہیں۔ اور جبریہ کہتے ہیں: انسان کے سارے افعال اللہ کے پیدا کردہ ہیں۔ اور جہمیہ کہتے ہیں: فعل اور مفعول ایک ہیں چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ کلمہ کن مخلوق ہے۔ اور سلف کہتے ہیں کہ پیدا کرنا اللہ کا فعل ہے، اور ہمارے افعال مخلوق ہیں، پس اللہ کا فعل اللہ کی صفت ہے، اور مفعول اللہ کے علاوہ دیگر مخلوقات ہیں'' (یہ بات حاشیہ میں منقول ہے)

اور حدیث: میں سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۱۹۰) ہے: ''بے شک آسمانوں اور زمین کے بنانے میں، اور رات دن کے یکے بعد دیگرے آنے جانے میں اہل عقل کے لئے دلائل ہیں'' ـــــ اس سے ثابت ہوا کہ تخلیق اور تقلیب اللہ کے افعال ہیں، اور یہی تکوین ہے، اور کائنات اور رات دن کا الٹ پھیر مخلوق اور حادث ہیں، جو خالق وقدیم پر دال ہیں۔

فائدہ: اللہ کی صفات کی دو قسمیں ہیں: صفاتِ ذات (ان کو صفاتِ حقیقیہ بھی کہتے ہیں) اور صفاتِ فعل (ان کو اسمائے حسنیٰ بھی کہتے ہیں)

۱- **صفاتِ ذات:** وہ صفات ہیں جو لازم ذات ہوتی ہیں، جن کے بغیر ذات بے معنی ہوتی ہے، اور ان کے اضداد کے ساتھ ذات کو متصف کرنا جائز نہیں ہوتا، جیسے حیات: ذاتی صفت ہے۔

۲- **صفاتِ فعل:** وہ صفات ہیں جو لازم ذات نہیں ہوتیں، بلکہ وہ ذات کے کمالات پر دلالت کرتی ہیں، اور ان کی اضداد کے ساتھ ذات کو متصف کرنا جائز ہوتا ہے، جیسے زندہ کرنا اور مارنا۔

ملحوظہ: یہ فائدہ رحمۃ اللہ الواسعہ (۶۵۴:۱) میں حوالہ کے ساتھ ہے۔

[۲۷-] بَابُ مَاجَاءَ فِی تَخْلِیْقِ السَّمٰوٰاتِ وَالْأَرْضِ وَغَیْرِهَا مِنَ الْخَلاَئِقِ

وَهُوَ فِعْلُ الرَّبِّ وَأَمْرُهُ، فَالرَّبُّ بِصِفَاتِهِ وَفِعْلِهِ وَأَمْرِهِ وَكَلاَمِهِ هُوَ الْخَالِقُ الْمُكَوِّنُ غَیْرُ مَخْلُوْقٍ، وَمَاكَانَ بِفِعْلِهِ وَأَمْرِهِ وَتَخْلِیْقِهِ وَتَكْوِیْنِهِ فَهُوَ مَفْعُوْلٌ مَخْلُوْقٌ مُكَوَّنٌ.

[۷۴۵۲-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ أَبِیْ مَرْیَمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ شَرِیْكُ بْنُ

عَبْدِاللّٰهِ بْنِ أَبِیْ نَمِرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بِتُّ فِیْ بَيْتِ مَيْمُوْنَةَ لَيْلَةً، وَالنَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم عِنْدَهَا، لِأَنْظُرَ كَيْفَ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِاللَّيْلِ، فَتَحَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مَعَ أَهْلِهِ سَاعَةً ثُمَّ رَقَدَ، فَلَمَّا كَانَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الآخِرُ أَوْ بَعْضُهُ قَعَدَ فَنَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ فَقَرَأَ: ﴿ إِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ لِأُوْلِی الْأَلْبَابِ﴾ ثُمَّ قَامَ فَتَوَضَّأَ وَاسْتَنَّ، ثُمَّ صَلّٰى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، ثُمَّ أَذَّنَ بِلَالٌ بِالصَّلَاةِ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى لِلنَّاسِ الصُّبْحَ. [راجع: ۱۱۷]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ﴾

ہماری بات ہمارے پیغمبروں کے لئے پہلے سے مقرر ہو چکی ہے

(اللہ کا کلمہ جس سے کائنات وجود پذیر ہوئی ہے قدیم ہے)

یہ ذیلی باب ہے، گذشتہ باب میں جو تکوین کی بحث میں تھا: اللہ کے کلام کا ذکر آیا تھا، یہ کلام: کلمہ کی جمع ہے، اللہ کی صفتِ کلام نہیں، اس کا ذکر تفصیل سے آگے آئے گا، یہ کلمہ جس سے کائنات وجود پذیر ہوتی ہے: قدیم ہے، سورۃ الصافات (آیت ۱۷۱) میں ہے: ''اللہ کا کلمہ انبیاء کی نصرت وغلبہ کا پہلے سے (ازل سے) مقرر ہو چکا ہے، اسی قدیم فیصلہ کے مطابق معاملات وجود میں آتے ہیں، جو حادث ہوتے ہیں، اور وہ تقدیر الٰہی کا ظہور ہوتے ہیں۔

حدیث: جب اللہ تعالیٰ نے (ازل میں) مخلوقات کو پیدا کرنے کا فیصلہ کیا تو ایک نوشتہ میں لکھا، اور وہ نوشتہ عرش پر اللہ کے پاس ہے کہ میری مہربانی میری ناراضگی پر چھائی رہے گی (یہی وہ کلمہ ہے جو ازلی قدیم ہے)

[۲۸-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ﴾

[۷۴۵۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: '' لَمَّا قَضَى اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ عِنْدَهُ فَوْقَ عَرْشِهِ: إِنَّ رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ غَضَبِیْ'' [راجع: ۳۱۹۴]

آئندہ حدیث: تین جگہ آئی ہے، پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (۶: ۴۸۰) میں آئی ہے، اور آخری مرتبہ یہاں آئی ہے، اس میں ہے: ''پھر اللہ تعالیٰ جنین کی طرف فرشتہ بھیجتے ہیں، پس اس کو چار باتوں کی اطلاع کی جاتی ہے'' (یہی وہ بات ہے جو پہلے سے طے ہے، جو فرشتہ کو بتائی جاتی ہے، اور وہ اس کو لکھتا ہے، یہ تقدیر کا ظہورِ اولی ہے)

[٧٤٥٤-] حدثنا آدمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ:" إِنَّ خَلْقَ أَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِيْ بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا أَوْ: أَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَهُ، ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَهُ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ إِلَيْهِ الْمَلَكَ فَيُؤْذَنُ بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ، فَيَكْتُبُ رِزْقَهُ وَعَمَلَهُ وَأَجَلَهُ وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيْدٌ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، لاَ يَكُوْنُ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ إِلَّا ذِرَاعٌ، فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ، فَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُ النَّارَ، وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ، فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ، فَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا"

[راجع: ٣٢٠٨]

آئندہ حدیث: دوجگہ آئی ہے (تحفۃ القاری ٦: ٤٨٣ و ٩: ٣٧٠) اور یہاں آخری مرتبہ آئی ہے، آیت میں ﴿بِأَمْرِ رَبِّكَ﴾ سے مراد کلام ہے، یا ﴿نَتَنَزَّلُ﴾ سے مراد وحی ہے، (حاشیہ) یہی وہ کلمہ ہے جو ازل سے طے ہے۔

[٧٤٥٥-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" يَا جِبْرَئِيْلُ! مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَزُوْرَنَا أَكْثَرَ مِمَّا تَزُوْرُنَا" فَنَزَلَتْ: ﴿وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ، لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا﴾ [مريم: ٦٤] قال: هٰذَا كَانَ الْجَوَابُ لِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٣٢١٨]

آئندہ حدیث: تین جگہ آئی ہے، پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (١: ٤٣١) میں آئی ہے، اور ایک جگہ آگے آئے گی۔ اس میں روح کے بارے میں ہے: ﴿مِنْ أَمْرِ رَبِّيْ﴾ یعنی کلمہ کن سے یا وحی سے جنین پر غیب سے ایک چیز نازل ہوتی ہے جو اس کی حیات کا موجب بنتی ہے، یہی وہ کلمہ ہے جو ازل سے طے ہے۔

[٧٤٥٦-] حدثنا يَحْيىٰ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَرْثٍ بِالْمَدِيْنَةِ، وَهُوَ مُتَوَكِّئٌ عَلٰى عَسِيْبٍ، فَمَرَّ بِقَوْمٍ مِنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: سَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لاَ تَسْأَلُوْهُ، فَسَأَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ، فَقَامَ مُتَوَكِّئًا عَلٰى الْعَسِيْبِ وَأَنَا خَلْفَهُ، فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يُوْحَى إِلَيْهِ، فَقَالَ: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّيْ وَمَا أُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيْلاً﴾ [الإسراء: ٨٥] فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: قَدْ قُلْنَا لَكُمْ لاَ تَسْأَلُوْهُ. [راجع: ١٢٥]

آئندہ حدیث: سات مرتبہ آچکی ہے، پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (۱:۲۵۷) میں آئی ہے، اور ایک مرتبہ ابھی آگے آئے گی، اس میں: تصديق كلماته ہے، یہ جزء باب سے متعلق ہے۔

[۷۴۵۷-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِمَنْ جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِهِ، لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِهِ، وَتَصْدِيْقُ كَلِمَاتِهِ، بِأَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، أَوْ يَرْجِعَهُ إِلٰى مَسْكَنِهِ الَّذِيْ خَرَجَ مِنْهُ، مَعَ مَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيْمَةٍ"[راجع: ۳۶]

آئندہ حدیث: تین جگہ آئی ہے، پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (۱:۴۲۸) میں آئی ہے، اور یہاں آخری مرتبہ آئی ہے، اس میں ہے: لتكون كلمة الله هي العليا: یہاں باب ہے۔

[۷۴۵۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: الرَّجُلُ يُقَاتِلُ حَمِيَّةً وَيُقَاتِلُ شَجَاعَةً وَيُقَاتِلُ رِيَاءً، فَأَيُّ ذٰلِكَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ؟ قَالَ: "مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا، فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"[راجع: ۱۲۳]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّمَا أَمْرُنَا لِشَيْئٍ﴾

اللہ تعالیٰ کے امر (حکم) کا بیان

یہ بھی ذیلی باب ہے، گذشتہ سے پیوستہ باب میں اللہ کے امر کا ذکر آیا ہے، اس باب میں اس کا بیان ہے اور باب میں آیت غلط لکھی گئی ہے، اصل آیت سورۃ النحل کی (آیت ۴۰) اس طرح ہے: ﴿إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْئٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَنْ نَّقُوْلَ لَهُ: كُنْ، فَيَكُوْنَ﴾: بس ہمارا کہنا کسی چیز کو جب ہم اس کو پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ ہم اس سے کہتے ہیں: ہوجا تو وہ موجود ہوجاتی ہے، اس آیت میں لفظ امر نہیں ہے —— اور حاشیہ میں ہے کہ امام صاحب سورۃ القمر کی (آیت ۵۰) لکھنا چاہتے تھے، وہ یہ ہے: ﴿وَمَا أَمْرُنَا إِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ﴾: اور نہیں ہے ہمارا حکم مگر یکبارگی، جیسے آنکھوں کا جھپکانا۔ اس میں لفظ امر ہے —— مگر میں نے کتاب میں تصحیح نہیں کی، کیونکہ لفظ امر ختم ہوجاتا۔ پہلی حدیث میں ہے: حتى يأتي أمر الله: یہاں تک کہ آجائے ان کے پاس اللہ کا حکم (تحفۃ القاری ۷:۱۷۶) اور دوسری حدیث میں بھی: حتى يأتي أمر الله ہے۔

[۲۹-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿إِنَّمَا أَمْرُنَا لِشَيْئٍ﴾

[۷۴۵۹-] حدثنا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَا يَزَالُ مِنْ أُمَّتِيْ قَوْمٌ ظَاهِرِيْنَ

عَلَى النَّاسِ، حَتّٰى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللّٰهِ"[راجع: ٣٦٤٠]

[٧٤٦٠-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: " لَا تَزَالُ مِنْ أُمَّتِيْ أُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِأَمْرِ اللّٰهِ، مَا يَضُرُّهُمْ مَنْ كَذَّبَهُمْ، وَلَا مَنْ خَالَفَهُمْ، حَتّٰى يَأْتِيَ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ" فَقَالَ مَالِكُ بْنُ يُخَامِرَ: سَمِعْتُ مُعَاذًا يَقُوْلُ: وَهُمْ بِالشَّامِ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: هٰذَا مَالِكُ بْنُ يُخَامِرَ يَزْعُمُ أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاذًا يَقُوْلُ: وَهُمْ بِالشَّامِ.[راجع: ٧١]

آئندہ حدیث: چار جگہ آئی ہے، پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (۷:۱۶۴) میں آئی ہے، اور یہاں آخری مرتبہ آئی ہے، اس میں ہے: ''اور تو ہرگز نہیں بڑھے گا اللہ کے حکم سے جو تیرے حق میں ہے'' (یہاں باب ہے)

[٧٤٦١-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: وَقَفَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى مُسَيْلِمَةَ فِيْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: "لَوْسَأَلْتَنِيْ هٰذِهِ الْقِطْعَةَ مَا أَعْطَيْتُكَهَا، وَلَنْ تَعْدُوَ أَمْرَ اللّٰهِ فِيْكَ، وَلَئِنْ أَدْبَرْتَ لَيَعْقِرَنَّكَ اللّٰهُ"[راجع: ٣٦٢٠]

آئندہ حدیث: ابھی گذری ہے، آیت کریمہ میں روح کے بارے میں ہے: ﴿مِنْ أَمْرِ رَبِّيْ﴾: یہاں باب ہے، اور اعمش کی قراءت میں وما أوتوا ہے یعنی یہود نہیں دیئے گئے۔

[٧٤٦٢-] حدثنا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا أَمْشِيْ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ حَرْثٍ أَوْ: خِرَبِ الْمَدِيْنَةِ وَهُوَ يَتَوَكَّأُ عَلٰى عَسِيْبٍ مَعَهُ، فَمَرَرْنَا عَلٰى نَفَرٍ مِنَ الْيَهُوْدِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: سَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَا تَسْأَلُوْهُ أَنْ يَجِيْءَ فِيْهِ بِشَيْئٍ تَكْرَهُوْنَهُ. فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَنَسْأَلَنَّهُ. فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ مَا الرُّوْحُ؟ فَسَكَتَ عَنْهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَعَلِمْتُ أَنَّهُ يُوْحٰى إِلَيْهِ فَقَالَ: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ، قُلِ الرُّوْحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّيْ وَمَا أُوْتُوْا مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيْلًا﴾ قَالَ الْأَعْمَشُ: هٰكَذَا فِيْ قِرَاءَ تِنَا.[راجع: ١٢٥]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّيْ﴾ إِلٰى آخِرِ الْآيَةِ

اللہ تعالیٰ کی باتیں لکھنے کے لئے سمندروں کی سیاہی ناکافی ہے

یہ پیوستہ در پیوستہ باب ہے، باب ۲۸ میں 'اللہ کے کلمات' کا ذکر آیا ہے، یہ اس کا ذیلی باب ہے۔ اللہ تعالیٰ کی باتیں

بے نہایت ہیں، اس لئے کہ ان کا علم غیر محدود ہے، سورۃ الکہف کی (آیت ۱۰۹) ہے: ''کہیں: اگر ہو سمندر میرے رب کی باتوں کے لئے سیاہی تو سمندر نمٹ جائیں میرے رب کی باتوں کے ختم ہونے سے پہلے، اگر چہ لائیں ہم اس کا مانند مدد کے لئے''

اور سورۃ لقمان (آیت ۲۷) میں ہے: ''اور اگر جو درخت زمین میں ہیں: قلمیں ہوں، اور سمندر: اس کی مدد کو آئیں اس کے بعد سات سمندر تو بھی اللہ کی باتیں ختم نہیں ہونگی، بے شک اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والے ہیں!''

اور سورۃ الاعراف کی (آیت ۵۴) ہے: ''بے شک تمہارا رب اللہ ہی ہے! جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں (ادوار) میں پیدا کیا، پھر وہ تختِ شاہی پر متمکن ہوا، ڈھانکتا ہے رات کو دن، ڈھونڈھتا ہے رات کو تیزی سے، اور (پیدا کیا) سورج، چاند اور ستاروں کو، درانحالیکہ وہ اللہ کے حکم کے تابع ہیں، سنو! اللہ کے لئے ہے پیدا کرنا اور حکم دینا، بڑی برکت والے ہیں وہ اللہ جو سارے جہانوں کے پالنہار ہیں!'' —— سَخَّر: ذَلَّلَ: تابع کیا۔

اور حدیث: ابھی گذری ہے، اس میں ہے: و تصدیقُ کلماته: اللہ کے فرمودات کی تصدیق ہی نے نکالا، یہاں باب ہے۔

[۳۰-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّيْ﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ

وَقَوْلِهِ: ﴿ وَلَوْ أَنَّ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ، إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ﴾

وَقَوْلِهِ: ﴿ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿ تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ﴾ سَخَّرَ: ذَلَّلَ.

[۷٤٦٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِمَنْ جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِهِ، لَا يُخْرِجُهُ مِنْ بَيْتِهِ إِلَّا الْجِهَادُ فِي سَبِيْلِهِ، وَتَصْدِيْقُ كَلِمَاتِهِ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، أَوْ يَرُدُّهُ إِلٰى مَسْكَنِهِ بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيْمَةٍ"[راجع: ٣٦]

بَابٌ: فِي الْمَشِيْئَةِ وَالإِرَادَةِ

اللہ تعالیٰ کی صفتِ مشیت وارادہ کا بیان

مشیت اور ارادہ ایک ہیں، ارادہ ذاتی صفت ہے، اور اس کے معنی ہیں: مقدور کی دو جانبوں میں سے ایک جانب کو واقع

کرنا، معتزلہ صفتِ ارادہ کو مخلوق (حادث) مانتے ہیں، یہ باب ان پر رد ہے، اور قرآنِ کریم میں چالیس سے زیادہ مقامات میں مشیت کا ذکر ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے ان میں سے پانچ آیتیں ذکر کی ہیں:

پہلی آیت: سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۲۶) ہے: ''کہیں: اے اللہ! اے ملک کے مالک! آپ ملک جس کو چاہتے ہیں دیتے ہیں، اور جس سے چاہتے ہیں لے لیتے ہیں، اور جس کو چاہتے ہیں غالب کرتے ہیں، اور جس کو چاہتے ہیں پست کرتے ہیں، آپ کے ہاتھ میں (اختیار میں) بھلائی ہے (اور برائی بھی) بے شک آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں''

دوسری آیت: سورۃ الدہر کی (آیت ۳۰) ہے: ''اور نہیں چاہتے تم مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ چاہیں'' —— بندوں کا چاہنا ان کا ایک فعل ہے، اور بندوں کے افعالِ اختیاریہ کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں، پس ان کا چاہنا بھی اللہ کے چاہنے کے تابع ہے، بندوں کا کوئی فعل اللہ کی قدرت سے باہر نہیں ہوسکتا، رہا یہ خیال کہ پھر تو بندے مجبور و عاجز ہوئے، پھر جزاؤ سزا کیسی؟

جواب: بندوں کا کسب کے درجہ تک اختیار ہے، اور جزاؤ سزا کے لئے کامل اختیار ضروری نہیں، جزوی اختیار بھی کافی ہے۔

تیسری آیت: سورۃ الکہف کی (آیت ۲۳) ہے: ''اور آپ کسی کام کی نسبت یہ نہ کہا کیجئے کہ میں اس کو کل کروں گا، مگر اللہ کے چاہنے کو ملا دیا کیجئے''

چوتھی آیت: نبی ﷺ کے چچا ابو طالب کے ایمان نہ لانے کے سلسلہ میں سورۃ القصص کی (آیت ۵۶) نازل ہوئی: ''بے شک آپ جس کو چاہیں راہِ راست پر نہیں لا سکتے، ہاں اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں راہِ راست پر لاتے ہیں!''

پانچویں آیت: سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۸۵) ہے: ''اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ آسانی کرنا چاہتے ہیں، اور تم کو دشواری میں ڈالنا نہیں چاہتے'' اس میں صفتِ ارادہ کا ذکر ہے، اور ارادہ اور مشیت ایک ہیں، ایک حقیقت کو مختلف الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں۔

[۳۱-] بَابٌ: فِی الْمَشِیْئَةِ وَالإِرَادَةِ

[۱-] وَقَوْلُ اللّٰهِ: ﴿تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ﴾ [۲-] ﴿وَمَا تَشَآءُ وْنَ إِلَّآ أَنْ يَشَآءَ اللّٰهُ﴾ [۳-] ﴿وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَایْءٍ إِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ إِلَّآ أَنْ يَشَآءَ اللّٰهُ﴾ [۴-] ﴿إِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ أَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِیْ مَنْ يَشَآءُ﴾ قَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ: نَزَلَتْ فِیْ أَبِیْ طَالِبٍ. [۵-] ﴿يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ﴾

اس باب میں سترہ حدیثیں ہیں، اور سب پہلے آچکی ہیں، سب میں مشیت کا ذکر ہے۔ اور مشیت اور ارادہ ایک ہیں۔

پہلی حدیث: جب تم میں سے کوئی دعا کرے تو مضبوطی سے مانگے، اور ہرگز نہ کہے: ''اے اللہ! آپ چاہیں تو مجھے دیں (اللہ کی صفتِ مشیت ثابت ہوئی) بلکہ مضبوطی سے مانگے، کیونکہ ان پر زبردستی کرنے والا کوئی نہیں'' (تحفۃ القاری ۱۱: ۲۴۱)

[٧٤٦٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا دَعَوْتُمُ اللّٰهَ فَاعْزِمُوْا فِي الدُّعَاءِ، وَلاَ يَقُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ: إِنْ شِئْتَ فَأَعْطِنِيْ، فَإِنَّ اللّٰهَ لاَ مُسْتَكْرِهَ لَهُ "[راجع: ٦٣٣٨]

آئندہ حدیث: تین جگہ گذری ہے اور یہاں آخری مرتبہ آئی ہے، اس میں ہے: "ہماری جانیں اللہ کے قبضہ میں ہیں، جب اللہ ہمیں اٹھانا چاہتے ہیں ہم اٹھتے ہیں" (تحفۃ القاری ۳: ۴۵۲)

[٧٤٦٥-] حدثنا أَبُو الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ عَبْدُ الْحَمِيْدِ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَرَقَهُ وَفَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةً فَقَالَ لَهُمْ: " أَلاَ تُصَلُّوْنَ؟" قَالَ عَلِيٌّ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّمَا أَنْفُسُنَا بِيَدِ اللّٰهِ، فَإِذَا شَاءَ أَنْ يَبْعَثَنَا بَعَثَنَا، فَانْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قُلْتُ لَهُ ذٰلِكَ، وَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ شَيْئًا، ثُمَّ سَمِعْتُهُ وَهُوَ مُدْبِرٌ يَضْرِبُ فَخِذَهُ، وَيَقُوْلُ: ﴿وَكَانَ الإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلاً﴾[الكهف: ٥٤] [راجع: ١١٢٧]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۱۰: ۴۷۸) میں گذری ہے۔ اس میں ہے: "اللہ تعالیٰ اس (درخت صنوبر) کو توڑ کر علاحدہ کردیتے ہیں جب چاہتے ہیں"

[٧٤٦٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلاَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ خَامَةِ الزَّرْعِ، يَفِيْءُ وَرَقُهُ مِنْ حَيْثُ أَتَتْهَا الرِّيْحُ تُكَفِّئُهَا، فَإِذَا سَكَنَتِ اعْتَدَلَتْ، وَكَذٰلِكَ الْمُؤْمِنُ يُكَفَّأُ بِالْبَلاَءِ، وَمَثَلُ الْكَافِرِ كَمَثَلِ الْأَرْزَةِ صَمَّاءَ مُعْتَدِلَةً حَتّٰى يَقْصِمَهَا اللّٰهُ إِذَا شَاءَ "[راجع: ٥٦٤٤]

آئندہ حدیث: پانچ جگہ آئی ہے، پہلی مرتبہ تحفۃ القاری (۲: ۴۱۸) میں آئی ہے اور ایک مرتبہ آگے آئے گی، اس کے آخر میں ہے: "اللہ نے فرمایا: پس یہ میرا فضل ہے جس کو چاہوں عطا کروں!" (یہاں باب ہے)

[٧٤٦٧-] حدثنا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ: " إِنَّمَا بَقَاؤُكُمْ فِيْمَا سَلَفَ قَبْلَكُمْ مِنَ الأُمَمِ، كَمَا بَيْنَ صَلاَةِ الْعَصْرِ إِلٰى غُرُوْبِ الشَّمْسِ، أُعْطِيَ أَهْلُ

التَّوْرَاةِ التَّوْرَاةَ، فَعَمِلُوْا بِهَا حَتّٰى انْتَصَفَ النَّهَارُ، ثُمَّ عَجَزُوْا، فَأُعْطُوْا قِيْرَاطًا قِيْرَاطًا، ثُمَّ أُعْطِىَ أَهْلُ الإِنْجِيْلِ الإِنْجِيْلَ، فَعَمِلُوْا بِهَا حَتّٰى صَلاَةِ الْعَصْرِ، ثُمَّ عَجَزُوْا، فَأُعْطُوْا قِيْرَاطًا قِيْرَاطًا، ثُمَّ أُعْطِيْتُمُ الْقُرْآنَ فَعَمِلْتُمْ بِهِ حَتّٰى غُرُوْبِ الشَّمْسِ، فَأُعْطِيْتُمْ قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ، قَالَ أَهْلُ التَّوْرَاةِ: رَبَّنَا هٰؤُلآءِ أَقَلُّ عَمَلاً وَأَكْثَرُ أَجْرًا؟! قَالَ: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ أَجْرِكُمْ مِنْ شَيْئٍ؟ قَالُوْا: لاَ، فَقَالَ: فَذٰلِكَ فَضْلِىْ أُوْتِيْهِ مَنْ أَشَاءُ" [راجع: ۵۵۷]

اگلی حدیث: کا یہ جملہ باب سے متعلق ہے: فذلك إلى الله، إن شاء عذبه، وإن شاء غفرله۔

[۷۴۶۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُسْنَدِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ أَبِىْ إِدْرِيْسَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِىْ رَهْطٍ، قَالَ: "أُبَايِعُكُمْ عَلٰى أَنْ لاَ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلاَ تَسْرِقُوْا، وَلاَ تَقْتُلُوْا أَوْلاَدَكُمْ، وَلاَ تَأْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهُ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ وَأَرْجُلِكُمْ، وَلاَ تَعْصُوْنِىْ فِىْ مَعْرُوْفٍ، فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَأُخِذَ بِهِ فِى الدُّنْيَا فَهُوَ لَهُ كَفَّارَةٌ وَطَهُوْرٌ، وَمَنْ سَتَرَهُ اللّٰهُ فَذٰلِكَ إِلَى اللّٰهِ إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ" [راجع: ۱۸]

اگلی حدیث: میں ہے: استثنى: أى: قال: إن شاء الله (یہاں باب ہے)

[۷۴۶۹-] حدثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ سُلَيْمَانَ كَانَ لَهُ سِتُّوْنَ امْرَأَةً فَقَالَ: لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى نِسَائِىْ، فَلَتَحْمِلَنَّ كُلُّ امْرَأَةٍ وَلَتَلِدَنَّ فَارِسًا يُقَاتِلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَطَافَ عَلٰى نِسَائِهِ، فَمَا وَلَدَتْ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ وَلَدَتْ شِقَّ غُلاَمٍ، قَالَ نَبِىُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ كَانَ سُلَيْمَانُ اسْتَثْنَى لَحَمَلَتْ كُلُّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ، فَوَلَدَتْ فَارِسًا يُقَاتِلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" [راجع: ۲۸۱۹]

اگلی حدیث: میں ہے: طهور إن شاء الله (یہ باب ہے)

[۷۴۷۰-] حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الثَّقَفِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلٰى أَعْرَابِىٍّ يَعُوْدُهُ فَقَالَ: "لاَ بَأْسَ عَلَيْكَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" قَالَ: قَالَ الأَعْرَابِىُّ: طَهُوْرٌ؟! بَلْ هِىَ حُمَّى تَفُوْرُ عَلٰى شَيْخٍ كَبِيْرٍ، تُزِيْرُهُ الْقُبُوْرَ، قَالَ النَّبِىُّ صلى الله عليه وسلم: "فَنَعَمْ إِذَنْ" [راجع: ۳۶۱۶]

اگلی روایت: میں ہے: إن الله قبض أرواحكم حين شاء، وردَّها حين شاء (اس سے مشیت ثابت ہوئی)

[٧٤٧١-] حدثنا ابْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، حِيْنَ نَامُوْا عَنِ الصَّلاَةِ، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ قَبَضَ أَرْوَاحَكُمْ حِيْنَ شَاءَ، وَرَدَّهَا حِيْنَ شَاءَ" فَقَضَوْا حَوَائِجَهُمْ وَتَوَضَّئُوْا إِلٰى أَنْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَابْيَضَّتْ فَقَامَ فَصَلّٰى. [راجع: ٥٩٥]

اگلی حدیث: میں ہے: أو كان ممن استثنى الله: یہ اشارہ ہے سورۃ الزمر کی (آیت ٦٨) کی طرف: ﴿وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلاَّ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ﴾: اور صور میں پھونکا جائے گا، پس ہوش اڑ جائیں گے ان لوگوں کے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، مگر جس کو اللہ تعالیٰ چاہیں (وہ بے ہوش نہیں ہوگا)

[٧٤٧٢-] حدثنا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ وَالْأَعْرَجِ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَرَجُلٌ مِنَ الْيَهُوْدِ فَقَالَ الْمُسْلِمُ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُحَمَّدًا عَلَى الْعَالَمِيْنَ! فِيْ قَسَمٍ يُقْسِمُ بِهِ، فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُوْسَى عَلَى الْعَالَمِيْنَ! فَرَفَعَ الْمُسْلِمُ يَدَهُ عِنْدَ ذٰلِكَ فَلَطَمَ الْيَهُوْدِيَّ، فَذَهَبَ الْيَهُوْدِيُّ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِيْ كَانَ مِنْ أَمْرِهِ وَأَمْرِ الْمُسْلِمِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَتُخَيِّرُوْنِيْ عَلٰى مُوْسَى، فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يُفِيْقُ، فَإِذَا مُوْسَى بَاطِشٌ بِجَانِبِ الْعَرْشِ! فَلاَ أَدْرِيْ، أَكَانَ فِيْمَنْ صَعِقَ فَأَفَاقَ قَبْلِيْ أَوْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللّٰهُ" [راجع: ٢٤١١]

اگلی حدیث: میں ہے: فلا يقر بها الدجال ولا الطاعون إن شاء الله (یہاں باب ہے)

[٧٤٧٣-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِيْ عِيْسٰى، قَالَ: أَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الْمَدِيْنَةُ يَأْتِيْهَا الدَّجَّالُ فَيَجِدُ الْمَلاَئِكَةَ يَحْرُسُوْنَهَا فَلاَ يَقْرَبُهَا الدَّجَّالُ وَلاَ الطَّاعُوْنُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" [راجع: ١٨٨١]

اگلی حدیث: میں ہے: فأريد إن شاء الله (یہاں باب ہے)

[٧٤٧٤-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ، فَأُرِيْدُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَخْتَبِئَ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِأُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" [راجع: ٦٣٠٤]

اگلی حدیث: میں ہے: فنزعتُ ماشاء الله (یہ باب ہے)

[۷٤۷٥-] حدثنا يَسَرَةُ بْنُ صَفْوَانَ بْنِ جَمِيْلٍ اللَّخْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِيْ عَلٰى قَلِيْبٍ فَنَزَعْتُ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَنْزِعَ، ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ أَبِيْ قُحَافَةَ فَنَزَعَ ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ وَفِيْ نَزْعِهِ ضَعْفٌ، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ، ثُمَّ أَخَذَهَا عُمَرُ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَفْرِيْ فَرِيَّهُ، حَتّٰى ضَرَبَ النَّاسُ حَوْلَهُ بِعَطَنٍ "[راجع: ٣٦٦٤]

اگلی حدیث: میں ہے: يقضي الله على لسان رسوله بما شاء (مشیت ثابت ہوئی)

[۷٤۷٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَتَاهُ السَّائِلُ، وَرَبَّمَا قَالَ: جَاءَهُ السَّائِلُ، أَوْ صَاحِبُ الْحَاجَةِ قَالَ: " اشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا، وَيَقْضِي اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهِ بِمَا شَاءَ "[راجع: ١٤٣٢]

اگلی حدیث: اس باب کی پہلی حدیث کے ہم معنی ہے اور إنه يفعل مايشاء سے استدلال کیا ہے۔

[۷٤۷۷-] حدثنا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَا يَقُلْ أَحَدُكُمْ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ إِنْ شِئْتَ، ارْحَمْنِيْ إِنْ شِئْتَ، ارْزُقْنِيْ إِنْ شِئْتَ، وَلْيَعْزِمْ مَسْأَلَتَهُ، إِنَّهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ، لَا مُكْرِهَ لَهُ "[راجع: ٦٣٣٩]

اگلی حدیث: میں جو واقعہ ہے، اس واقعہ میں جو آیات نازل ہوئی ہیں، ان میں یہ آیت ہے: ﴿سَتَجِدُنِيْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ صَابِرًا﴾ [الکہف:٦٩] اس آیت تک امام صاحب نے کمند پھینکی ہے (حاشیہ)

[۷٤۷۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرٌو، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ تَمَارٰى هُوَ وَالْحُرُّ بْنُ قَيْسِ بْنِ حِصْنٍ الْفَزَارِيُّ فِيْ صَاحِبِ مُوْسَى: أَهُوَ خَضِرٌ؟ فَمَرَّ بِهِمَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ الْأَنْصَارِيُّ، فَدَعَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ: إِنِّيْ تَمَارَيْتُ أَنَا وَصَاحِبِيْ هٰذَا فِيْ صَاحِبِ مُوْسَى الَّذِيْ سَأَلَ السَّبِيْلَ إِلٰى لُقِيِّهِ، هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ شَأْنَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ إِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ شَأْنَهُ: يَقُوْلُ: " بَيْنَا مُوْسَى فِيْ مَلَإٍ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ إِذْ جَاءَهُ

رَجُلٌ، فَقَالَ: هَلْ تَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْكَ؟ قَالَ مُوْسَى: لاَ، فَأُوْحِيَ إِلَى مُوْسَى: بَلٰى عَبْدُنَا خَضِرٌ. فَسَأَلَ مُوْسَى السَّبِيْلَ إِلَى لُقِيِّهِ، فَجَعَلَ اللّٰهُ لَهُ الْحُوْتَ آيَةً، وَقِيْلَ لَهُ: إِذَا فَقَدْتَ الْحُوْتَ فَارْجِعْ فَإِنَّكَ سَتَلْقَاهُ، فَكَانَ مُوْسَى يَتَّبِعُ أَثَرَ الْحُوْتِ فِي الْبَحْرِ، فَقَالَ فَتَى مُوْسَى، لِمُوْسَى:﴿أَرَءَ يْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَا أَنْسَانِيْهُ إِلاَّ الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ﴾ قَالَ مُوْسٰى:﴿ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا قَصَصًا﴾ فَوَجَدَا﴿ خَضِرًا، فَكَانَ مِنْ شَأْنِهِمَا مَا قَصَّ اللّٰهُ"[راجع: ۷۴]

اگلی روایت: میں ہے کہ ہم کل اگر اللہ نے چاہا خیف بنی کنانہ میں پڑاوڈالیں گے۔

[۷۴۷۹-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" نَنْزِلُ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِخَيْفِ بَنِيْ كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمُوْا عَلَى الْكُفْرِ" يُرِيْدُ الْمُحَصَّبَ.[راجع: ۱۵۸۹]

آئندہ حدیث: میں ہے: إنّا قافلو ن غدًا إن شاء الله: اس سے بھی مشیت وارادہ ثابت ہوا۔

[۷۴۸۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَاصَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَهْلَ الطَّائِفِ فَلَمْ يَفْتَحْهَا، فَقَالَ:" إِنَّا قَافِلُوْنَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: نَقْفُلُ وَلَمْ تُفْتَحْ، قَالَ:" فَاغْدُوْا عَلَى الْقِتَالِ" فَغَدَوْا فَأَصَابَتْهُمْ جِرَاحَاتٌ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّا قَافِلُوْنَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ" فَكَأَنَّ ذٰلِكَ أَعْجَبَهُمْ، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ۴۳۲۵]

بَابُ قَوْلِهِ:﴿وَلاَ تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهُ إِلاَّ لِمَنْ أَذِنَ لَهُ، حَتّٰى إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوْا الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ﴾

قیامت کے دن شفاعت اس کے لئے کارآمد ہوگی جس کے لئے اللہ تعالیٰ اجازت دیں گے جب فرشتوں کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوگی تو وہ پوچھیں گے: تمہارے رب نے کیا فرمایا؟

(اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ کلام مع صوت کا اثبات)

دھوکہ نہ ہو! اس باب میں شفاعت کا بیان نہیں، شفاعت: اللہ کی صفت نہیں، وہ شفاعت کرنے والے کا فعل ہے، اور

کتاب التوحید بیانِ صفات کے لئے موضوع ہے، بلکہ اس باب میں اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ کلام کا اثبات ہے، اور آگے اس سلسلہ کے ذیلی ابواب ہیں بلکہ اب آخر کتاب تک یہی سلسلۂ کلام ہے۔ باب میں دو آیتیں ذکر کی ہیں، دونوں میں یہ مضمون ہے کہ شفاعت کے لئے اجازت ضروری ہے، قیامت کو اللہ تعالیٰ جو اجازت دیں گے وہی 'کلام' ہے، اور تمہارے ربّ نے کیا فرمایا؟ اس میں معتزلہ کے نظریہ کی تردید ہے۔

صفتِ کلام کا بیان:

جب ہم کہتے ہیں کہ "فلاں نے فلاں سے بات کی" تو ہم اس سے یہ مراد لیتے ہیں کہ اس نے اپنے دل کی مراد الفاظ کے ذریعہ دوسرے کو بتائی، اور مہربان اللہ بھی کبھی اپنے بندوں پر علوم کا فیضان کرتے ہیں، اور صرف معانی کا فیضان نہیں کرتے، بلکہ معانی کے ساتھ الفاظ کا بھی فیضان کرتے ہیں، جو بندے کی قوتِ خیالیہ میں بیٹھ جاتے ہیں، اور وہ علوم ومعانی پر دلالت کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ معانی کے ساتھ الفاظ کا فیضان اس لئے کرتے ہیں کہ تعلیم زیادہ سے زیادہ واضح ہو، پس جب شانِ عالی بھی یہ ہے تو ضروری ہے کہ ان کے لئے صفتِ کلام ثابت کی جائے، چنانچہ وہ متکلِّم (بات کرنے والے) ہیں، اور یہ صفت بھی ان کی ذاتی صفت ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۱:۶۵۴)

معتزلہ وغیرہ کا خیال:

معتزلہ وغیرہ چونکہ صفات کی نفی کرتے ہیں یا عینِ ذات مانتے ہیں، اس لئے ان کے نزدیک اللہ کے کلام کی کوئی حیثیت نہیں، قرآنِ کریم کو بھی وہ اللہ کا قدیم کلام نہیں مانتے، وہ قرآن کو مخلوق (حادث) مانتے ہیں، ان کے نزدیک صفتِ کلام کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ محل (قاری) میں اپنا کلام پیدا کرتے ہیں، ان کی یہ بات غلط ہے، اہل السنہ والجماعہ کے نزدیک قرآن اللہ کا کلام ہے، وہ غیر مخلوق (قدیم) ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے باب کی آیت کی جو تفسیر کی ہے اس میں معتزلہ پر رد کیا ہے، فرشتوں نے پوچھا: تمہارے ربّ نے کیا فرمایا، یہ نہیں فرمایا کہ تمہارے رب نے کیا پیدا کیا؟ یعنی اللہ تعالیٰ نے کلام فرمایا، محل میں کلام پیدا نہیں کیا۔

باب کی آیت: سورۃ سبا کی (آیت ۲۳) ہے: "اور کام نہیں آتی سفارش اللہ کے پاس مگر اس کے لئے جس کے لئے وہ اجازت دیں، یہاں تک کہ جب ان (فرشتوں) کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے تو پوچھتے ہیں: تمہارے ربّ نے کیا فرمایا؟ وہ جواب دیتے ہیں: برحق فرمایا! اور وہی برتر اور بڑے ہیں" (فُزِّع: ماضی مجہول، مصدر تَفزیع: ڈرانا، خوف دور کرنا (اضداد میں سے ہے) یہاں معنی ہیں: جب وہ خوف دور کئے جاتے ہیں، ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے)

تفسیر: مشرکین مکہ فرشتوں کو سفارشی مان کر پوجتے تھے، وہ کہتے تھے: ہم ان کی پرستش اس لئے کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ کا مقرب بنادیں (الزمر آیت ۳) اس آیت میں ان پر رد کیا گیا ہے کہ فرشتے کیا سفارش کرسکتے ہیں وہ تو اجازت کے بغیر زبان بھی نہیں کھول سکتے (اس سے معلوم ہوا کہ جس کو شفاعت کی اجازت ملے گی وہ شفاعت کرسکے گا) —— پھر فرشتوں

کا حال بیان کیا ہے کہ جب ان پر اللہ کا کوئی حکم نازل ہوتا ہے تو وہ تھرّ اجاتے ہیں، بے ہوش سے ہوجاتے ہیں، پھر جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے تو نیچے والے فرشتے اوپر والے فرشتوں سے پوچھتے ہیں: تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ (یہاں اللہ کی صفتِ کلام بمعنی بولنا ثابت ہوا، کلام کے معنی: محل میں کلام پیدا کرنا نہیں، ایسا ہوتا تو فرماتے: تمہارے ربّ نے کیا پیدا کیا؟) پس اوپر والے فرشتے نیچے والے فرشتوں کو وہ حکم بتاتے ہیں، اور ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہیں کہ پروردگار کا ارشاد برحق ہے، اور وہ برتر اور بڑے ہیں! جو چاہیں حکم دیں! (فرشتے جن کا یہ حال ہے وہ بے اجازت کیسے سفارش کرسکتے ہیں؟ اور اجازت مؤمن کے لئے ہی ملے گی، مشرک کے لئے ہرگز اجازت نہیں ملے گی)

آیت (۲): یہی مضمون آیت الکرسی میں بھی ہے: ''ایسا کون ہے جو اس کے پاس سفارش کرسکے اس کی اجازت کے بغیر؟'' (اور قیامت کے دن انبیاء اور اولیاء جو گنہگاروں کے لئے شفاعت کریں گے وہ اول اللہ کی مرضی پالیں گے تب شفاعت کریں گے)

اثر: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: جب اللہ تعالیٰ وحی بولتے ہیں تو آسمانوں والے ایک چیز سنتے ہیں، پھر جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے، اور آواز تھم جاتی ہے تو فرشتے جان لیتے ہیں کہ برحق وحی ہے، اور ایک دوسرے کو پکارتے ہیں کہ تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ دوسرے جواب دیتے ہیں: برحق فرمایا! (یہ باب کی آیت کا مضمون ہے)

معلق روایت: ایک ضعیف روایت میں عبداللہ بن انیسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ بندوں کو میدانِ حشر میں جمع کریں گے، پھر ان کو پکاریں گے ایسی آواز سے جس کو دور کے لوگ اسی طرح سنیں گے جس طرح قریب کے لوگ سنیں گے کہ میں بادشاہ ہوں، بلکہ دینے والا ہوں! (کلام مع الفاظ ثابت ہوا)

[۳۲-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ، حَتّٰى إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ﴾

وَلَمْ يَقُلْ: مَاذَا خَلَقَ رَبُّكُمْ.

وَقَالَ: ﴿مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ﴾ [البقرة: ۲۵۵]

وَقَالَ مَسْرُوْقٌ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: إِذَا تَكَلَّمَ اللّٰهُ بِالْوَحْيِ سَمِعَ أَهْلُ السَّمٰوَاتِ شَيْئًا، فَإِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ، وَسَكَنَ الصَّوْتُ، عَرَفُوْا أَنَّهُ الْحَقُّ، وَنَادَوْا: ﴿مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا الْحَقَّ﴾

وَيُذْكَرُ عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَحْشُرُ اللّٰهُ الْعِبَادَ فَيُنَادِيْهِمْ بِصَوْتٍ يَسْمَعُهُ مَنْ بَعُدَ كَمَا يَسْمَعُهُ مَنْ قَرُبَ: أَنَا الْمَلِكُ! أَنَا الدَّيَّانُ!"

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۹:۳۲۵) میں آچکی ہے: جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کسی امر کا فیصلہ کرتے ہیں (اور فرشتوں کو اس امر کی وحی کرتے ہیں) تو فرشتے اپنے پر مارتے ہیں، وحی کے سامنے عاجزی اور فروتنی ظاہر کرنے کے لئے، گویا وہ چکنے پتھر پر لوہے کی زنجیر ہے یہ فرشتوں کے پر پھڑ پھڑانے کی آواز ہوتی ہے (عینی) علی مدینی (راوی) کہتے ہیں: اور سفیان کے علاوہ استاذ نے صفوان کے بعد ینفذهم ذلك بڑھایا ہے یعنی اللہ تعالیٰ فرشتوں کو وہ فیصلہ پہنچاتے ہیں ــــ پھر جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے تو نیچے والے فرشتے اوپر والے فرشتوں سے پوچھتے ہیں: تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ مقرب فرشتے اس حکم کے بارے میں جو دیا گیا: کہتے ہیں: برحق فرمایا، اور وہ برتر بڑے ہیں۔

[۷۴۸۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا قَضَى اللّٰهُ الْأَمْرَ فِي السَّمَاءِ، ضَرَبَتِ الْمَلَائِكَةُ، بِأَجْنِحَتِهَا، خُضْعَانًا لِقَوْلِهِ، كَأَنَّهُ سِلْسَلَةٌ عَلٰى صَفْوَانٍ- قَالَ عَلِيٌّ: وَقَالَ غَيْرُهُ: صَفْوَانٌ يَنْفُذُهُمْ ذٰلِكَ- فـ﴿ إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوْا﴾ لِلَّذِیْ قَالَ ﴿الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ﴾[راجع: ٤٧٠١]

قَالَ عَلِيٌّ: وَحَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، بِهٰذَا.

قَالَ عَلِيٌّ: قَالَ سُفْيَانُ: قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ.

قَالَ عَلِيٌّ: قُلْتُ لِسُفْيَانَ: قَالَ: سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قُلْتُ لِسُفْيَانَ: إِنَّ إِنْسَانًا رَوَى عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، يَرْفَعُهُ أَنَّهُ قَرَأَ فُزِّعَ. قَالَ سُفْيَانُ: هٰكَذَا قَرَأَ عَمْرٌو فَلَا أَدْرِیْ سَمِعَهُ هٰكَذَا أَمْ لَا، قَالَ سُفْيَانُ: وَهِيَ قِرَاءَ تُنَا.

وضاحت: حدیث کے بعد دو سندیں سماع کی صراحت کے لئے لائے ہیں...... قوله: قال على: قلت لسفيان کی شرح تحفۃ القاری (۹:۳۲۷) میں گذر چکی ہے۔

آئندہ حدیث: اللہ تعالیٰ نے کسی چیز کی اجازت نہیں دی جیسی اجازت دی ہے نبی کو ترنم سے قرآن پڑھنے کی (یہ اجازت دینا کلام ہے) ــــ يتغنى کے کیا معنی ہیں؟ ابوسلمہؒ کے ایک شاگرد جہراً پڑھنا مراد لیتے ہیں یعنی ترنم سے پڑھنا، دوسرے معنی پہلے گذرے ہیں: بے نیاز بننا (تحفۃ القاری ۱۰:۸۶)

[۷۴۸۲-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا أَذِنَ اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَا أَذِنَ لِنَبِيٍّ يَتَغَنَّى بِالْقُرْآنِ" وَقَالَ صَاحِبٌ لَهُ: يُرِيْدُ: يَجْهَرُ بِهِ.[راجع: ٥٠٢٣]

آئندہ حدیث: میں يقول الله: يا آدم سے استدلال کیا ہے، یہی اللہ کا کلام ہے، اور یُنَادِی کا فاعل فرشتہ ہے۔

[۷۴۸۳-] حدثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: " يَقُوْلُ اللّٰهُ: يَا آدَمُ! فَيَقُوْلُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ! فَيُنَادِیْ بِصَوْتٍ: إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تُخْرِجَ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ بَعْثًا إِلَى النَّارِ"[راجع: ۳۳۴۸]

اگلی حدیث: میں أمره ربه سے استدلال کیا ہے، اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو حکم دیا (یہاں باب ہے) کہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت میں ایک گھر کی بشارت دیں۔

[۷۴۸۴-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى امْرَأَةٍ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ، وَلَقَدْ أَمَرَهُ رَبُّهُ أَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ مِنَ الْجَنَّةِ.
[راجع: ۳۸۱۶]

بَابُ كَلَامِ الرَّبِّ مَعَ جِبْرَئِيْلَ، وَنِدَاءِ اللّٰهِ الْمَلَائِكَةَ

پروردگار کا جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ بات کرنا، اور اللہ تعالیٰ کا فرشتوں کو آواز دینا

یہ صفتِ کلام کے سلسلہ کا ذیلی باب ہے، سب سے پہلے سورۃ النمل کی (آیت ۶) لکھی ہے: ﴿وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ مِنْ لَدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ﴾: اور بے شک آپؐ قرآن دیئے جارہے ہیں بڑے حکمت والے علم والے کی جانب سے۔ تُلَقّٰی: تَلَقِّیْ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مذکر حاضر ہے، ابوعبیدۃ معمر بن المثنی نے اس کا ترجمہ کیا ہے: يُلْقٰى إليك: آپؐ کی طرف ڈالا جاتا ہے، تَلَقَّاه أنت: آپؐ اس کو کیچ کر رہے ہیں أی تأخذه عنهم: آپ اس کو فرشتوں سے لے رہے ہیں اور فرشتوں نے اللہ سے لیا ہے۔ اور سورۃ البقرۃ (آیت ۳۷) میں ہے: ﴿فَتَلَقّٰى آدَمُ مِنْ رَبِّهِ كَلِمَاتٍ﴾: پس حاصل کئے آدمؑ نے اپنے رب سے چند الفاظ، یہ تَلَقِّیْ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ہے یہ اس کے مانند ہے۔

تشریح: جس طرح ایک شخص گیند پھینکتا ہے تو دوسرا اس کو پکڑ لیتا ہے، پھر وہ پھینکتا ہے تو تیسرا اس کو لے لیتا ہے، اسی طرح بلاتشبیہ قرآن کا نزول ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے قرآن جبرئیل علیہ السلام نے روحانی طور پر لیا، پھر انھوں نے نبی ﷺ کو جسمانی طور پر پہنچایا، یعنی انسانی صورت میں ظاہر ہو کر پہنچایا (یہ بات حاشیہ میں عینی سے منقول ہے) یہ جو جبرئیل علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے قرآن حاصل کیا یہی اللہ کا کلام فرمانا ہے، پس باب کا پہلا جزء ثابت ہوا، اور پہلی حدیث میں نادی جبرئیل ہے، اس سے باب کا دوسرا جزء ثابت ہوگا۔

[۳۳-] بَابُ كَلَامِ الرَّبِّ مَعَ جِبْرَئِيْلَ، وَنِدَاءِ اللّٰهِ الْمَلَائِكَةَ

وَقَالَ مَعْمَرٌ: ﴿إِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ﴾ أَيْ: يُلْقَى عَلَيْكَ، وَتَلَقَّاهُ أَنْتَ، أَيْ: تَأْخُذُهُ عَنْهُمْ. وَمِثْلُهُ: ﴿فَتَلَقّٰى آدَمُ مِنْ رَبِّهِ، كَلِمَاتٍ﴾

[۷۴۸۵-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَحَبَّ عَبْدًا نَادَى جِبْرَئِيْلَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَبَّ فُلَانًا فَأَحِبَّهُ. فَيُحِبُّهُ جِبْرَئِيْلُ، ثُمَّ يُنَادِيْ جِبْرَئِيْلُ فِي السَّمَاءِ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَبَّ فُلَانًا فَأَحِبُّوْهُ. فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ وَيُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِيْ أَهْلِ الْأَرْضِ"

[راجع: ۳۲۰۹]

آئندہ پہلی حدیث: میں ہے فیسألھم: یعنی اللہ تعالیٰ فرشتوں سے پوچھتے ہیں، یہ اللہ کا کلام فرمانا ہے، اور دوسری حدیث میں جبرئیل علیہ السلام نے جوخوش خبری سنائی ہے وہ اللہ کی طرف سے لائے ہیں، پس اللہ کا کلام کرنا ثابت ہوا۔

[۷۴۸۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "يَتَعَاقَبُوْنَ فِيْكُمْ مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ، وَيَجْتَمِعُوْنَ فِيْ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَصَلَاةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِيْنَ بَاتُوْا فِيْكُمْ فَيَسْأَلُهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ: كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِيْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ، وَأَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ"[راجع: ۵۵۵]

[۷۴۸۷-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "أَتَانِيْ جِبْرَئِيْلُ فَبَشَّرَنِيْ: أَنَّهُ مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ" قُلْتُ: وَإِنْ سَرَقَ وَزَنَى؟ قَالَ: "وَإِنْ سَرَقَ وَزَنَى"[راجع: ۱۲۳۷]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَنْزَلَهُ بِعِلْمِهِ وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُوْنَ﴾

اللہ تعالیٰ نے قرآن اپنے کمالِ علمی سے اتارا ہے، اور فرشتے گواہی دیتے ہیں

یہ بھی صفتِ کلام کے سلسلہ کا ذیلی باب ہے، اور باب میں سورۃ النساء کی (آیت ۱۶۶) ہے، حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سلف سے اس بات پر اتفاق منقول ہے کہ قرآن اللہ کا کلام ہے، غیر مخلوق ہے، اس کو جبرئیل علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے لیا، اور محمد ﷺ کو پہنچایا، اور محمد ﷺ نے اپنی امت کو پہنچایا (حاشیہ) پس جس طرح یہ رسول اللہ ﷺ کا کلام نہیں،

جبرئیل علیہ السلام کا بھی نہیں، اللہ کا کلام ہے، جو وسائط کے ذریعہ امت (لوگوں) تک پہنچا ہے، اور سورۃ الطلاق (آیت ۱۲) میں ہے: ''اللہ وہ ہیں جنھوں نے سات آسمانوں کو پیدا کیا، اور ان ہی کی طرح زمین کو بھی، نازل ہوتے ہیں احکام ان سب کے درمیان (یہی اللہ کا کلام ہے) اور پہلی حدیث میں ہے: آمنت بکتابك الذی أنزلت اور دوسری حدیث میں ہے: مُنزل الکتاب، اس انزال سے کلام باری تعالیٰ پر استدلال کیا ہے۔

[٣٤-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿أَنْزَلَهُ بِعِلْمِهِ وَالْمَلاَئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ﴾

قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ﴾: بَيْنَ السَّمَاءِ السَّابِعَةِ وَالْأَرْضِ السَّابِعَةِ.

[٧٤٨٨-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ الْبَرَاءِ ابْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَا فُلاَنُ إِذَا أَوَيْتَ إِلٰى فِرَاشِكَ فَقُلْ: اللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِيْ إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ، لاَ مَلْجَأَ وَلاَ مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ أَنْزَلْتَ، وَبِنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ. فَإِنَّكَ إِنْ مُتَّ فِيْ لَيْلَتِكَ مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ، وَإِنْ أَصْبَحْتَ أَصَبْتَ أَجْرًا"[راجع: ٢٤٧]

[٧٤٨٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفَى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْأَحْزَابِ: " اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، سَرِيْعَ الْحِسَابِ، اهْزِمِ الْأَحْزَابَ وَزَلْزِلْهُمْ"[راجع: ٢٩٣٣]

زَادَ الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

اگلی حدیث: میں ہے، مشرکین قرآن سن کر قرآن کو برا کہتے تھے، کیوں کہتے تھے؟ اس لئے کہ قرآن اللہ کا کلام ہے، وہ ان کو ہضم نہیں ہوتا تھا، پس اللہ کا کلام کرنا ثابت ہوا۔

[٧٤٩٠-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: ﴿وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ وَلاَ تُخَافِتْ بِهَا﴾ قَالَ: أُنْزِلَتْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُتَوَارٍ بِمَكَّةَ، فَكَانَ إِذَا رَفَعَ صَوْتَهُ سَمِعَ الْمُشْرِكُوْنَ فَسَبُّوْا الْقُرْآنَ وَمَنْ أَنْزَلَهُ وَمَنْ جَاءَ بِهِ. فَقَالَ اللّٰهُ: ﴿وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ﴾ حَتّٰى يَسْمَعَ الْمُشْرِكُوْنَ، وَلاَ تُخَافِتْ بِهَا عَنْ أَصْحَابِكَ فَلاَ تُسْمِعُهُمْ، ﴿وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلاً﴾ أَسْمِعْهُمْ وَلاَ تَجْهَرْ، حَتّٰى يَأْخُذُوْا عَنْكَ الْقُرْآنَ.[راجع: ٤٧٢٢]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُبَدِّلُوْا كَلاَمَ اللّٰهِ﴾

منافقین چاہتے ہیں کہ اللہ کے کلام کو بدل دیں

یہ بھی صفتِ کلام کے سلسلہ کا ذیلی باب ہے، اللہ کا حکم آیا کہ غزوۂ خیبر میں وہی لوگ چلیں جو حدیبیہ میں تھے، اب منافقین بھی ساتھ چلنے کے لئے اصرار کر رہے ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کا فرمودہ بدل دیں، ایسا نہیں ہوسکتا، ان کو ساتھ چلنے کی اجازت نہیں، اللہ کا فرمودہ اٹل ہے (سورۃ الفتح آیت ۱۵) اور سورۃ الطارق (آیات ۱۳و۱۴) میں ہے: ''بے شک قرآن فیصلہ کن کلام ہے، وہ کوئی کھیل اور لغو چیز نہیں'' قول اور کلام ایک ہیں۔

پہلی حدیث میں ہے قال الله: اللہ نے فرمایا، دوسری حدیث میں ہے: یقول الله: اللہ فرماتے ہیں، تیسری حدیث میں ہے: فنادی ربه: ایوب علیہ السلام کو ان کے رب نے پکارا، چوتھی حدیث میں ہے: فیقول: جب تہائی رات رہ جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا پر اترتے ہیں، پس فرماتے ہیں، ان سب سے اللہ کا کلام کرنا ثابت ہوتا ہے، یہی استدلال ہے اور حدیثیں سب گذر چکی ہیں۔

[۳۵-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُبَدِّلُوْا كَلاَمَ اللّٰهِ﴾

﴿لَقُوْلٌ فَصْلٌ﴾: حَقٌّ ﴿وَمَاهُوَ بِالْهَزْلِ﴾: بِاللَّعِبِ.

[۷٤۹۱-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" قَالَ اللّٰهُ: يُؤْذِيْنِي ابْنُ آدَمَ، يَسُبُّ الدَّهْرَ وَأَنَا الدَّهْرُ، بِيَدِيْ الأَمْرُ، أُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ"[راجع: ٤٨٢٦]

[۷٤۹۲-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يَقُوْلُ اللّٰهُ: الصَّوْمُ لِيْ وَأَنَا أَجْزِيْ بِهِ، يَدَعُ شَهْوَتَهُ وَأَكْلَهُ وَشُرْبَهُ مِنْ أَجْلِيْ، وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَلِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ: فَرْحَةٌ حِيْنَ يُفْطِرُ وَفَرْحَةٌ حِيْنَ يَلْقَى رَبَّهُ، وَلَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ"[راجع: ١٨٩٤]

[۷٤۹۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" بَيْنَمَا أَيُّوْبُ يَغْتَسِلُ عُرْيَانًا، خَرَّ عَلَيْهِ رِجْلٌ جَرَادٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَجَعَلَ يَحْثِيْ فِيْ ثَوْبِهِ، فَنَادَى رَبُّهُ: يَا أَيُّوْبُ! أَلَمْ أَكُنْ أَغْنَيْتُكَ عَمَّا تَرَى؟ قَالَ: بَلٰى يَا رَبِّ وَلٰكِنْ لاَ غِنَى بِيْ عَنْ بَرَكَتِكَ"[راجع: ٢٧٨]

[٧٤٩٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الأَغَرِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" يَتَنَزَّلُ رَبُّنَا كُلَّ لَيْلَةٍ إِلٰى السَّمَاءِ الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الآخِرُ، فَيَقُوْلُ: مَنْ يَدْعُوْنِيْ فَأَسْتَجِيْبَ لَهُ، مَنْ يَسْأَلُنِيْ فَأُعْطِيَهُ، مَنْ يَسْتَغْفِرُنِيْ فَأَغْفِرَ لَهُ" [راجع: ١١٤٥]

آگے دونمبروں پر ایک ہی حدیث ہے، اس میں قال اللہ ہے، اس کے بعد کی حدیث میں ہے فَأَقْرِئْهَا من ربها السلام: ان کو ان کے پروردگار کا سلام کہنا، اس کے بعد کی روایت میں قال اللہ ہے، ان سب سے اللہ کے لئے کلام کرنا ثابت ہوتا ہے۔

[٧٤٩٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، أَنَّ الأَعْرَجَ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:" نَحْنُ الآخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"[راجع: ٢٣٨]

[٧٤٩٦-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ:" قَالَ اللّٰهُ: أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ"[راجع: ٤٦٨٤]

[٧٤٩٧-] حدثنا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، فَقَالَ:" هٰذِهِ خَدِيْجَةُ أَتَتْكَ بِإِنَاءٍ فِيْهِ طَعَامٌ أَوْ: إِنَاءٍ أَوْ شَرَابٍ فَأَقْرِئْهَا مِنْ رَبِّهَا السَّلاَمَ وَبَشِّرْهَا بِبَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ لاَصَخَبَ فِيْهِ وَلاَ نَصَبَ"[راجع: ٣٨٢٠]

[٧٤٩٨-] حدثنا مُعَاذُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" قَالَ اللّٰهُ: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَالاَ عَيْنٌ رَأَتْ، وَلاَ أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلاَ خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ"[راجع: ٣٢٤٤]

اگلی پہلی روایت: میں ہے: وقولك الحق: آپ کی بات برحق ہے، اس کے بعد کی روایت میں صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ولشأني في نفسي كان أحقر من أن يتكلم الله فِيَّ بأمر يتلى: اور میری شان میرے دل سے اس سے بہت ہی کم تھی کہ اللہ تعالیٰ میرے معاملہ میں ایسا کلام فرمائیں جس کی تلاوت کی جاتی رہے: اس سے بھی اللہ کا کلام کرنا ثابت ہوتا ہے۔

[٧٤٩٩-] حَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سُلَيْمَانُ الأَحْوَلُ، أَنَّ طَاوُسًا أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا تَهَجَّدَ مِنَ اللَّيْلِ، قَالَ:" اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيِّمُ

السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَقَوْلُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ الْحَقُّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ إِلٰهِيْ، لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ"[راجع: ۱۱۲۰]

[۷۵۰۰-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ الْأَيْلِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَا قَالُوْا، فَبَرَّأَهَا اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا، وَكُلٌّ حَدَّثَنِيْ طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيْثِ الَّذِيْ حَدَّثَنِيْ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ اللّٰهَ يُنْزِلُ فِيْ بَرَاءَتِيْ وَحْيًا يُتْلَى، وَلَشَأْنِيْ فِيْ نَفْسِيْ كَانَ أَحْقَرَ مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللّٰهُ فِيَّ بِأَمْرٍ يُتْلٰى، وَلٰكِنِّيْ كُنْتُ أَرْجُوْ أَنْ يَرَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِي النَّوْمِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِيْ اللّٰهُ بِهَا، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُوْا بِالإِفْكِ﴾ الْعَشْرَ الآيَاتِ. [النور: ۱۱-۲۰] [راجع: ۲۵۹۳]

اگلی پہلی حدیث میں: یقول اللہ ہے، اس سے اللہ کی صفتِ کلام ثابت ہوئی، یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے اسی جگہ ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے تحفۃ القاری (۳۱۸:۱۱) میں آچکی ہے۔

[۷۵۰۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" يَقُوْلُ اللّٰهُ: إِذَا أَرَادَ عَبْدِيْ أَنْ يَعْمَلَ سَيِّئَةً فَلاَ تَكْتُبُوْهَا عَلَيْهِ حَتّٰى يَعْمَلَهَا، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا بِمِثْلِهَا، وَإِنْ تَرَكَهَا مِنْ أَجْلِيْ فَاكْتُبُوْهَا لَهُ حَسَنَةً، وَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَعْمَلَ حَسَنَةً فَلَمْ يَعْمَلْهَا فَاكْتُبُوْهَا لَهُ حَسَنَةً، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا لَهُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلٰى سَبْعِ مِائَةٍ"

اگلی حدیث: میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ناتے سے فرمایا: کیا تو خوش نہیں (الی آخرہ) —— اس کے بعد کی حدیث میں ہے کہ بارش ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا (الی آخرہ) —— اس کے بعد کی حدیث قدسی ہے: اللہ تعالیٰ نے فرمایا (الی آخرہ) —— اس کے بعد کی حدیث بھی قدسی ہے: اللہ تعالیٰ نے فرمایا (الی آخرہ)

[۷۵۰۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِيْ مُزَرِّدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ فَلَمَّا

فَرَغَ مِنْهُ قَامَتِ الرَّحِمُ، فَقَالَ: مَهْ، قَالَتْ: هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ الْقَطِيْعَةِ، فَقَالَ: أَلَا تَرْضَيْنَ أَنْ أَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ، وَأَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ؟ قَالَتْ: بَلٰى يَا رَبِّ! قَالَ: فَذٰلِكِ لَكِ" ثُمَّ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: ﴿فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوْا أَرْحَامَكُمْ﴾[محمد: ۲۲] [راجع: ٤٨٣٠]

[٧٥٠٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ صَالِحٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: مُطِرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" قَالَ اللّٰهُ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ كَافِرٌ بِيْ وَمُؤْمِنٌ بِيْ"[راجع: ٨٤٦]

[٧٥٠٤-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" قَالَ اللّٰهُ: إِذَا أَحَبَّ عَبْدِيْ لِقَائِيْ أَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ، وَإِذَا كَرِهَ لِقَائِيْ كَرِهْتُ لِقَاءَهُ"

[٧٥٠٥-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" قَالَ اللّٰهُ: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ"[راجع: ٧٤٠٥]

اگلی حدیث: اللہ کے معاملات سے جاہل ایک شخص نے وصیت کی تھی کہ اس کے مرنے کے بعد اس کو جلا کر را کھ اڑا دی جائے، اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی راکھ جمع کی گئی اور اس کو زندہ کیا، پھر اللہ نے اس سے پوچھا: تو نے یہ حرکت کیوں کی؟ (یہاں باب ہے)

[٧٥٠٦-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" قَالَ رَجُلٌ لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ: إِذَا مَاتَ فَأَحْرِقُوْهُ وَاذْرُوْا نِصْفَهُ فِي الْبَرِّ وَنِصْفَهُ فِي الْبَحْرِ، فَوَ اللّٰهِ لَئِنْ قَدَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ لَيُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا لَا يُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِيْنَ. فَأَمَرَ اللّٰهُ الْبَحْرَ فَجَمَعَ مَا فِيْهِ، وَأَمَرَ الْبَرَّ فَجَمَعَ مَا فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ: لِمَ فَعَلْتَ؟ قَالَ: مِنْ خَشْيَتِكَ، وَأَنْتَ أَعْلَمُ! فَغَفَرَ لَهُ"[راجع: ٣٤٨١]

آئندہ حدیث: نئی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: کسی بندے نے کوئی گناہ کیا، پس اس نے کہا: اے میرے ربّ! میں نے گناہ کیا، پس اس کو بخش دیں، پس اس کے ربّ نے کہا (یہاں باب ہے) کیا میرے بندے نے جانا کہ اس کا کوئی ربّ ہے جو گناہ کو بخشتا بھی ہے اور اس پر پکڑتا بھی ہے؟ میں نے اپنے بندے کو بخشش دیا —— پھر ٹھہرا وہ جتنا اللہ نے چاہا، پھر اس نے کوئی گناہ کیا، اور کہا: اے رب! میں نے دوسری بار گناہ کیا، آپ اس کو بخش دیں! پس اللہ نے فرمایا: کیا میرے بندے نے جانا کہ اس کا کوئی ربّ ہے جو گناہ بخشتا بھی ہے اور اس پر پکڑتا بھی ہے؟ میں نے اپنے بندے کو بخش دیا —— پھر ٹھہرا وہ جتنا اللہ نے چاہا، پھر اس نے کوئی اور گناہ کیا، پس کہا: اے ربّ! میں نے اور گناہ کیا، آپ اس کو میرے لئے بخش

دیں، پس اللہ نے فرمایا: کیا میرے بندے نے جانا کہ اس کا کوئی ربّ ہے جو گناہ کو بخشتا بھی ہے اور گناہ پر پکڑتا بھی ہے؟ میں نے اپنے بندے کو بخش دیا (تین مرتبہ فرمایا)

[۷۵۰۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِىْ عَمْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم" إِنَّ عَبْدًا أَصَابَ ذَنْبًا، وَرُبَّمَا قَالَ: أَذْنَبَ ذَنْبًا، فَقَالَ: رَبِّ أَذْنَبْتُ، وَرُبَّمَا قَالَ: أَصَبْتُ، فَاغْفِرْهُ. فَقَالَ رَبُّهُ: أَعَلِمَ عَبْدِىْ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَأْخُذُ بِهِ؟ غَفَرْتُ لِعَبْدِىْ. ثُمَّ مَكُثَ مَاشَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ أَصَابَ ذَنْبًا، أَوْ: أَذْنَبَ ذَنْبًا، قَالَ: رَبِّ أَذْنَبْتُ، أَوْ: أَصَبْتُ آخَرَ فَاغْفِرْهُ. فَقَالَ: أَعَلِمَ عَبْدِىْ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَأْخُذُ بِهِ؟ غَفَرْتُ لِعَبْدِىْ. ثُمَّ مَكُثَ مَاشَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ أَذْنَبَ ذَنْبًا، وَرُبَّمَا قَالَ: أَصَابَ ذَنْبًا، قَالَ: رَبِّ أَصَبْتُ، أَوْ قَالَ: أَذْنَبْتُ آخَرَ فَاغْفِرْهُ لِىْ، فَقَالَ: أَعَلِمَ عَبْدِىْ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَأْخُذُ بِهِ؟ غَفَرْتُ لِعَبْدِىْ — ثلاثًا —"

آئندہ حدیث: میں اسی بندے کا قصہ ہے جس نے وصیت کی تھی کہ اس کو جلا کر اس کی راکھ بکھیر دی جائے۔ یہ واقعہ پہلے دو جگہ آ گیا ہے (تحفۃ القاری ۷: ۸۶ و ۱۱: ۳۱۳)

[۷۵۰۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِى الْأَسْوَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِىْ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ ذَكَرَ رَجُلًا فِيْمَنْ سَلَفَ، أَوْ: فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، قَالَ كَلِمَةً، يَعْنِىْ: أَعْطَاهُ اللّٰهُ مَالًا وَوَلَدًا، فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ قَالَ لِبَنِيْهِ: أَىَّ أَبٍ كُنْتُ لَكُمْ؟ قَالُوْا: خَيْرَ أَبٍ، قَالَ: فَإِنَّهُ لَمْ يَبْتَئِرْ أَوْ: لَمْ يَبْتَئِزْ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرًا، وَإِنْ يَقْدِرِ اللّٰهُ يُعَذِّبْهُ، فَانْظُرُوْا إِذَا مُتُّ فَأَحْرِقُوْنِىْ حَتّٰى إِذَا صِرْتُ فَحْمًا فَاسْحَقُوْنِىْ أَوْ قَالَ: فَاسْحَكُوْنِىْ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ رِيْحٍ عَاصِفٍ فَأَذْرُوْنِىْ فِيْهَا، قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" فَأَخَذَ مَوَاثِيْقَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ وَرَبِّىْ، فَفَعَلُوْا ثُمَّ أَذْرَوْهُ فِىْ يَوْمٍ عَاصِفٍ، فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: كُنْ، فَإِذَا هُوَ رَجُلٌ قَائِمٌ، قَالَ اللّٰهُ: أَىْ عَبْدِىْ مَا حَمَلَكَ عَلٰى أَنْ فَعَلْتَ مَا فَعَلْتَ؟ قَالَ: مَخَافَتُكَ أَوْ: فَرَقٌ مِنْكَ، قَالَ: فَمَا تَلَافَاهُ أَنْ رَحِمَهُ، وَقَالَ مَرَّةً أُخْرَى: فَمَا تَلَافَاهُ غَيْرُهَا" فَحَدَّثْتُ بِهِ أَبَا عُثْمَانَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ سَلْمَانَ، غَيْرَ أَنَّهُ زَادَ فِيْهِ:" أَذْرُوْنِىْ فِى الْبَحْرِ" أَوْ كَمَا حَدَّثَ. [راجع: ۳۴۷۸]

حدثنا مُوْسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، وَقَالَ: لَمْ يَبْتَئِرْ. وَقَالَ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ وَقَالَ: لَمْ يَبْتَئِزْ. فَسَّرَهُ قَتَادَةُ: لَمْ يَدَّخِرْ.

بَابُ كَلَامِ الرَّبِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ الْأَنْبِيَاءِ وَغَيْرِهِمْ

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کا انبیاء وغیرہ کے ساتھ بات کرنا

یہ بھی اللہ کی صفتِ کلام کے سلسلہ کا باب ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب قیامت کا دن ہوگا تو میری شفاعت مانی جائے گی، میں عرض کرونگا: اے میرے ربّ! جنت میں داخل کریں اس کو جس کے دل میں رائے کا دانہ ہے، پس وہ داخل کئے جائیں گے، پھر میں عرض کرونگا جنت میں داخل کریں اس کو جس کے دل میں معمولی چیز ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ (راوی) کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں کو دیکھ رہا تھا (آپؐ نے انگلی سے اشارہ کر کے 'معمولی چیز' کو سمجھایا، یہ اشارہ کس طرح کیا تھا؟ معلوم نہیں)

حاشیہ میں ہے کہ اس حدیث سے امام بخاری رحمہ اللہ کا اشارہ ایک دوسری حدیث کی طرف ہے، وہ یہ ہے: میں قیامت کے دن سفارش کرونگا تو مجھ سے کہا جائے گا: آپؐ کے لئے وہ ہے جس کے دل میں جو ہے، اور آپؐ کے لئے وہ ہے جس کے دل میں رائے کا دانہ ہے اور آپؐ کے لئے وہ ہے جس کے دل میں کچھ بھی (ایمان) ہے (یہ اللہ کا نبی ﷺ کے ساتھ بات کرنا ہے)

[٣٦-] بَابُ كَلَامِ الرَّبِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ الْأَنْبِيَاءِ وَغَيْرِهِمْ

[٧٥٠٩-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ رَاشِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ شُفِّعْتُ، فَقُلْتُ: يَا رَبِّ! أَدْخِلِ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ خَرْدَلَةٌ، فَيُدْخَلُوْنَ، ثُمَّ أَقُوْلُ: أَدْخِلِ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ أَدْنَى شَيْئٍ'' فَقَالَ أَنَسٌ: كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَى أَصَابِعِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم. [راجع: ٤٤]

لغت: شَفَّعَ فلانا فی کذا: کسی معاملہ میں کسی کی سفارش قبول کرنا۔ مُشفِّع (اسم فاعل): سفارش قبول کرنے والا، مشفَّع (اسم مفعول) سفارش قبول کیا ہوا، جس کی سفارش مانی جاتی ہے۔

آئندہ حدیث: شفاعتِ کبریٰ کی حدیث ہے اور اس کے آخر میں چھوٹی شفاعتوں کا ذکر ہے، یہ حدیث پہلے آئی ہے، مگر اس کا شروع کا اور آخر کا حصہ نیا ہے، اس کا ترجمہ کرتا ہوں۔

''معبد کہتے ہیں: ہم (طلبہ) اکٹھا ہوئے، (ہم) بصرہ کے کچھ لوگ تھے، ہم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور ہم اپنے ساتھ ثابت بُنانی کو لے گئے تاکہ وہ ہمارے لئے شفاعت کی حدیث ان سے پوچھیں، پس اچانک وہ اپنے محل میں تھے (یہ محل زاویہ میں تھا جو بصرہ سے چھ میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں تھا) پس اچانک ہم نے ان کو چاشت کی نماز پڑھتے

ہوئے پایا، پس ہم نے اجازت طلب کی، ہمیں اجازت دی گئی درانحالیکہ وہ اپنے بستر پر تشریف فرما تھے، پس ہم نے ثابت سے کہا: آپ ان سے کوئی چیز نہ پوچھیں شفاعت کی حدیث سے پہلے (کیونکہ دوسری باتیں شروع ہونگی تو یہ حدیث رہ جائے گی) پس ثابت نے کہا: اے ابوحمزۃ! یہ آپ کے بصرہ کے بھائی ہیں، یہ شفاعت کی حدیث پوچھنے کے لئے آئے ہیں، پس انھوں نے کہا:

حدیث کا آخر: پس ہم انسؓ کے پاس سے نکلے، میں نے اپنے بعض ساتھیوں سے کہا: کاش ہم حسن بصریؒ کے پاس جاتے، اور وہ ابوخلیفہ کے گھر میں روپوش تھے، پس ہم ان کو یہ حدیث سناتے جو ہم سے انسؓ نے بیان کی ہے، چنانچہ ہم ان کے پاس پہنچے، ہم نے ان کو سلام کیا، پس ہمیں اجازت دی گئی، ہم نے ان سے کہا: اے ابوسعید! (حسن بصریؒ کی کنیت) ہم آپ کے پاس آپ کے بھائی انسؓ کے پاس سے آئے ہیں، پس نہیں دیکھا ہم نے اس حدیث کے مانند جو انھوں نے شفاعت کے سلسلہ میں بیان کی، حضرت حسنؒ نے کہا: لاؤ (سناؤ) پس ہم نے ان سے حدیث بیان کی، پس ہم اس جگہ تک رک گئے، پس انھوں نے کہا: آگے سناؤ! ہم نے کہا: ہم سے اتنی ہی حدیث بیان کی ہے، پس فرمایا: مجھ سے حدیث بیان کی جبکہ وہ پورے تھے بیس سال پہلے، پس میں نہیں جانتا کہ وہ بھول گئے یا انھوں نے ناپسند کیا کہ تم تکیہ کرو، پس ہم نے کہا: اے ابوسعید! ہم سے بیان کریں، پس وہ ہنسے اور کہا: انسان جلد باز پیدا کیا گیا ہے، میں نے نہیں بیان کی وہ بات مگر میرا ارادہ تھا کہ میں تم سے بیان کرونگا، مجھ سے حدیث بیان کی جس طرح تم سے بیان کی، پھر کہا: ''پھر میں چوتھی مرتبہ لوٹونگا، پس اللہ کی تعریف کروں گا اس تعریفوں کے ساتھ پھر میں اللہ کے سامنے سجدہ میں گر پڑونگا، پس کہا جائے گا: اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ، اور کہو بات سنی جائے گی، اور مانگو دیئے جاؤ گے اور سفارش کرو سفارش قبول کئے جاؤ گے، پس میں عرض کروں گا: اے میرے ربّ! مجھے اجازت دیجئے اس شخص کے بارے میں جس نے لا إلـٰه إلا الله کہا ہے، پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میری عزت (غلبہ) اور جلال اور بڑائی اور عظمت کی قسم! میں ضرور نکالوں گا جہنم سے اس کو جس نے لا إلـٰه إلا الله کہا ہے۔

[۷۵۱۰-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْبَدُ بْنُ هِلَالٍ الْعَنَزِيُّ، قَالَ: اجْتَمَعْنَا نَاسٌ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ، فَذَهَبْنَا إِلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَذَهَبْنَا مَعَنَا بِثَابِتٍ إِلَيْهِ يَسْأَلُهُ لَنَا عَنْ حَدِيْثِ الشَّفَاعَةِ، فَإِذَا هُوَ فِيْ قَصْرِهِ، فَوَافَقْنَاهُ يُصَلِّيْ الضُّحَى، فَاسْتَأْذَنَّا، فَأَذِنَ لَنَا وَهُوَ قَاعِدٌ عَلَى فِرَاشِهِ، فَقُلْنَا لِثَابِتٍ: لَا تَسْأَلْهُ عَنْ شَيْئٍ أَوَّلَ مِنْ حَدِيْثِ الشَّفَاعَةِ. فَقَالَ: يَا أَبَا حَمْزَةَ! هٰؤُلَآءِ إِخْوَانُكَ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ جَاءُوْا يَسْأَلُوْنَكَ عَنْ حَدِيْثِ السَّفَاعَةِ.

فَقَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ مَاجَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ فِيْ بَعْضٍ، فَيَأْتُوْنَ آدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ: اشْفَعْ إِلَى رَبِّكَ، فَيَقُوْلُ: لَسْتُ لَهَا، وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِإِبْرَاهِيْمَ فَإِنَّهُ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ. فَيَأْتُوْنَ إِبْرَاهِيْمَ فَيَقُوْلُ: لَسْتُ لَهَا، وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِمُوْسَى فَإِنَّهُ كَلَّمَ اللهُ. فَيَأْتُوْنَ مُوْسَى فَيَقُوْلُ:

لَسْتُ لَهَا، وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِعِيْسَى فَإِنَّهُ رُوْحُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهُ. فَيَأْتُوْنَ عِيْسَى فَيَقُوْلُ: لَسْتُ لَهَا، وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِمُحَمَّدٍ. فَيَأْتُوْنِّيْ، فَأَقُوْلُ: أَنَا لَهَا، فَأَسْتَأْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ فَيُؤْذَنُ لِيْ وَيُلْهِمُنِيْ مَحَامِدَ أَحْمَدُهُ بِهَا لَا تَحْضُرُنِي الْآنَ، فَأَحْمَدُهُ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ وَأَخِرُّ لَهُ سَاجِدًا، فَيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، وَقُلْ يُسْمَعْ لَكَ، وَسَلْ تُعْطَهْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ! أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ! فَيُقَالُ: انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ مِنْهَا مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ شَعِيْرَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ. فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ ثُمَّ أَعُوْدُ فَأَحْمَدُهُ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ، ثُمَّ أَخِرُّ لَهُ سَاجِدًا، فَيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، وَقُلْ يُسْمَعْ لَكَ، وَسَلْ تُعْطَ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ. فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ! أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ، فَيُقَالُ: انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ مِنْهَا مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ أَوْ: خَرْدَلَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ. فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ ثُمَّ أَعُوْدُ فَأَحْمَدُهُ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ، ثُمَّ أَخِرُّ لَهُ سَاجِدًا، فَيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، وَقُلْ يُسْمَعْ لَكَ، وَسَلْ تُعْطَ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ. فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ! أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ. فَيَقُوْلُ: انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ مِنْهَا مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ أَدْنٰى أَدْنٰى أَدْنٰى مِثْقَالِ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ، فَأَخْرِجْهُ مِنَ النَّارِ، فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ"

فَلَمَّا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِ أَنَسٍ قُلْتُ لِبَعْضِ أَصْحَابِنَا: لَوْ مَرَرْنَا بِالْحَسَنِ، وَهُوَ مُتَوَارٍ فِيْ مَنْزِلِ أَبِيْ خَلِيْفَةَ، فَحَدَّثْنَاهُ بِمَا حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، فَأَتَيْنَاهُ فَسَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَأَذِنَ لَنَا، فَقُلْنَا لَهُ: يَا أَبَا سَعِيْدٍ جِئْنَاكَ مِنْ عِنْدِ أَخِيْكَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَلَمْ نَرَ مِثْلَ مَا حَدَّثَنَا فِي الشَّفَاعَةِ! قَالَ هِيْهِ؟ فَحَدَّثْنَاهُ بِالْحَدِيْثِ، فَانْتَهَيْنَا إِلٰى هٰذَا الْمَوْضِعِ، فَقَالَ: هِيْهِ؟ فَقُلْنَا: لَمْ يَزِدْ لَنَا عَلٰى هٰذَا، فَقَالَ: لَقَدْ حَدَّثَنِيْ وَهُوَ جَمِيْعٌ مُنْذُ عِشْرِيْنَ سَنَةً، فَلَا أَدْرِيْ أَنَسِيَ أَمْ كَرِهَ أَنْ تَتَّكِلُوْا. فَقُلْنَا: يَا أَبَا سَعِيْدٍ فَحَدِّثْنَا، فَضَحِكَ وَقَالَ: خُلِقَ الْإِنْسَانُ عَجُوْلًا، مَا ذَكَرْتُهُ إِلَّا وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ أُحَدِّثَكُمْ، حَدَّثَنِيْ كَمَا حَدَّثَكُمْ ثُمَّ قَالَ:" ثُمَّ أَعُوْدُ الرَّابِعَةَ، فَأَحْمَدُهُ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ، ثُمَّ أَخِرُّ لَهُ سَاجِدًا فَيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ يُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ. فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ، ائْذَنْ لِيْ فِيْمَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. فَيَقُوْلُ: وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ وَكِبْرِيَائِيْ وَعَظَمَتِيْ، لَأُخْرِجَنَّ مِنْهَا مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ"[راجع: ٤٤]

اگلی حدیث: میں ہے: فيقول له ربه، یہ غیر انبیاء کے ساتھ اللہ کا کلام ہے، اور حَبْوًا کے معنی ہیں: گھسٹتا ہوا۔ اور ثلاث مرات کے معنی ہیں: اللہ تعالیٰ تین مرتبہ اس کو جنت دیکھنے کے لئے بھیجیں گے، وہ ہر مرتبہ آ کر کہے گا: جنت فل ہے!

[٧٥١١-] حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ آخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُوْلًا الْجَنَّةَ، وَآخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِنَ النَّارِ رَجُلٌ يَخْرُجُ حَبْوًا فَيَقُوْلُ لَهُ رَبُّهُ: ادْخُلِ

الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ: رَبِّ الْجَنَّةُ مَلْأَى ، فَيَقُوْلُ لَهُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلَّ ذٰلِكَ يُعِيْدُ عَلَيْهِ: الْجَنَّةُ مَلْأَى! فَيَقُوْلُ: إِنَّ لَكَ مِثْلَ الدُّنْيَا عَشْرَ مِرَارٍ"[راجع: ٦٥٧١]

آئندہ حدیث: میں ہے: ما منكم أحد إلا سيكلمه ربه: اس سے اللہ کا کلام فرمانا ثابت ہوا۔

[٧٥١٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عِيْسٰى بْنُ يُوْنُسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا سَيُكَلِّمُهُ رَبُّهُ، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تُرْجَمَانٌ، فَيَنْظُرُ أَيْمَنَ مِنْهُ فَلَا يَرَى إِلَّا مَا قَدَّمَ مِنْ عَمَلِهِ، وَيَنْظُرُ أَشْأَمَ مِنْهُ فَلَا يَرَى إِلَّا مَا قَدَّمَ، وَيَنْظُرُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلَا يَرَى إِلَّا النَّارَ تِلْقَاءَ وَجْهِهِ، فَاتَّقُوْا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ" قَالَ الْأَعْمَشُ: وَحَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ خَيْثَمَةَ مِثْلَهُ وَزَادَ فِيْهِ:" وَلَوْ بِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ"[راجع: ١٤١٣]

آئندہ حدیث: میں ہے: اللہ کہیں گے: میں بادشاہ ہوں! میں بادشاہ ہوں! یہ اللہ کا کلام فرمانا ہے۔

[٧٥١٣-] حَدَّثَنِيْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ حَبْرٌ مِنَ الْيَهُوْدِ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: إِنَّهُ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ جَعَلَ اللّٰهُ السَّمٰوَاتِ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْأَرَضِيْنَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْمَاءَ وَالثَّرَى عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْخَلَائِقَ عَلٰى إِصْبَعٍ، ثُمَّ يَهُزُّهُنَّ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ! أَنَا الْمَلِكُ! فَلَقَدْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَضْحَكُ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ تَعَجُّبًا وَتَصْدِيْقًا لِقَوْلِهِ، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهِ، سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ﴾[الزمر: ٦٧] [راجع: ٤٨١١]

آئندہ حدیث: نجوی (سرگوشی) کی ہے، اللہ تعالیٰ ایک بندے کے ساتھ سرگوشی (چپکے چپکے باتیں) کریں گے، یہی اللہ کا کلام فرمانا ہے۔

[٧٥١٤-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ: كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِي النَّجْوَى؟ قَالَ:" يَدْنُوْ أَحَدُكُمْ مِنْ رَبِّهِ حَتّٰى يَضَعَ كَنَفَهُ عَلَيْهِ فَيَقُوْلُ: أَعَمِلْتَ كَذَا وَكَذَا؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ. وَيَقُوْلُ: أَعَمِلْتَ كَذَا وَكَذَا؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ. فَيُقَرِّرُهُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: إِنِّيْ سَتَرْتُ عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا، وَأَنَا أَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ"[راجع: ٢٤٤١]

وَقَالَ آدَمُ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسَى تَكْلِيْمًا﴾

اور موسیٰ سے اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر کلام فرمایا

یہ بھی گذشتہ سلسلہ کا باب ہے، اور تکلیما: مفعول مطلق ہے پس مجاز کا احتمال ختم، کلام کو حقیقت پر محمول کرنا ضروری ہے (حاشیہ) پس اللہ تعالیٰ کے لئے صفتِ کلام ثابت ہوئی۔ اور حدیث گذری ہے، اس میں ہے: أنت موسیٰ الذی اصطفاك الله برسالاته وبكلامه: آپ وہی موسیٰ ہیں جن کو برگزیدہ کیا اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت اور اپنے کلام سے یعنی آپ کو رسول بنایا اور آپ کو ہم کلامی کا شرف بخشا، پس اللہ کا انبیاء کے ساتھ کلام فرمانا ثابت ہوا۔

[۳۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسَى تَكْلِيْمًا﴾ [النساء: ۱٦٤]

[۷۵۱۵-] حدثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "احْتَجَّ آدَمُ وَمُوْسٰى، فَقَالَ مُوْسٰى: أَنْتَ آدَمُ الَّذِيْ أَخْرَجْتَ ذُرِّيَّتَكَ مِنَ الْجَنَّةِ! قَالَ آدَمُ: أَنْتَ مُوْسَى الَّذِيْ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِرِسَالَاتِهِ وَبِكَلَامِهِ، بِمَ تَلُوْمُنِيْ عَلٰى أَمْرٍ قُدِّرَ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ أُخْلَقَ؟! فَحَجَّ آدَمُ مُوْسٰى" [راجع: ۳٤۰۹]

آئندہ حدیث: شفاعت کی ہے، اس میں ہے: عَلَّمَكَ أَسْمَاءَ كُلِّ شَيْءٍ: اور تعلیم مشافہۃً ہوتی ہے، اس سے باب ثابت کریں یا پھر اسی حدیث میں دوسری جگہ ہے: علیکم بموسیٰ فإنه کلیم الله: موسیٰ کے پاس جاؤ، وہ کلیم اللہ ہیں، ان سے اللہ تعالیٰ نے بلا واسطہ باتیں کی ہیں: اس سے باب ثابت کریں (حاشیہ)

[۷۵۱٦-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "يُجْمَعُ الْمُؤْمِنُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَوِ اسْتَشْفَعْنَا إِلٰى رَبِّنَا، فَيُرِيْحَنَا مِنْ مَكَانِنَا هٰذَا، فَيَأْتُوْنَ آدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ لَهُ: أَنْتَ آدَمُ أَبُوْ الْبَشَرِ، خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ، وَعَلَّمَكَ أَسْمَاءَ كُلِّ شَيْءٍ، فَاشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّنَا حَتّٰى يُرِيْحَنَا، فَيَقُوْلُ لَهُمْ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ لَهُمْ خَطِيْئَتَهُ الَّتِيْ أَصَابَ" [راجع: ٤٤]

آئندہ حدیث: معراج کی مفصل حدیث ہے، پہلے اس کے بعض اجزاء چار جگہ آئے ہیں (۷: ۱۳۵ و ۹: ٦۲۹ و ۱۰: ٤٦۲ و ۱۱: ۳٦۳) اور پہلے میں نے ایک جگہ لکھا ہے کہ یہ منامی معراج ہے: شاید یہ صحیح نہیں، یہ بڑی معراج ہے، کیونکہ اس میں

نمازوں کی فرضیت کا ذکر ہے، اور اس روایت میں اور بڑی معراج کی دوسری روایتوں میں بعض اختلافات ہیں، ان کو واقعہ کے متعلقات کا اختلاف قرار دینا چاہئے۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جس رات رسول اللہ ﷺ کو مسجد کعبہ سے رات میں لے جایا گیا، آپؐ کے پاس تین شخص آئے، یہ واقعہ نبوت سے پہلے کا ہے، اس وقت آپؐ مسجد حرام میں سوئے ہوئے تھے، پس ان میں سے پہلے نے کہا: وہ کون ہیں؟ درمیانی نے کہا: وہ ان میں بہتر ہیں! آخری نے کہا: ان کے بہترین کو لے چلو، اس رات بس اتنا ہی خواب دیکھا، پھر آپؐ نے ان کو نہیں دیکھا، یہاں تک کہ وہ آپؐ کے پاس ایک اور رات خواب میں آئے، جس میں آپؐ کا دل دیکھتا تھا، اور آپؐ کی آنکھیں سوئی تھیں، اور آپؐ کا دل نہیں سویا تھا، اور اسی طرح انبیاء کی آنکھیں سوتی ہیں اور ان کا دل نہیں سوتا، انھوں نے آپؐ سے کوئی بات نہیں کی، یہاں تک کہ آپؐ کو اٹھایا، پس آپؐ کو زمزم کے کنویں کے پاس رکھا، ان میں سے آپؐ کے ذمہ دار بنے جبرئیل علیہ السلام، پس جبرئیل نے پھاڑا آپؐ کے گلے سے ہنسلی تک، پھر آپؐ کے سینہ اور پیٹ میں ریڑھا، اور اس کو اپنے ہاتھ سے زمزم کے پانی سے دھویا، یہاں تک کہ صاف کر دیا آپؐ کے باطن کو۔

[۷۵۱۷-] حدثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَلَيْمَانُ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ مَسْجِدِ الْكَعْبَةِ، أَنَّهُ جَاءَ هُ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ قَبْلَ أَنْ يُوْحَى إِلَيْهِ، وَهُوَ نَائِمٌ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، فَقَالَ: أَوَّلُهُمْ أَيُّهُمْ هُوَ؟ فَقَالَ أَوْسَطُهُمْ: هُوَ خَيْرُهُمْ، فَقَالَ آخِرُهُمْ: خُذُوْا خَيْرَهُمْ، فَكَانَتْ تِلْكَ اللَّيْلَةَ، فَلَمْ يَرَهُمْ حَتّٰى أَتَوْهُ لَيْلَةً أُخْرَى فِيْمَا يَرَى قَلْبُهُ، وَتَنَامُ عَيْنُهُ وَلاَ يَنَامُ قَلْبُهُ، وَكَذٰلِكَ الْأَنْبِيَاءُ تَنَامُ أَعْيُنُهُمْ وَلاَ تَنَامُ قُلُوْبُهُمْ، فَلَمْ يُكَلِّمُوْهُ حَتّٰى احْتَمَلُوْهُ فَوَضَعُوْهُ عِنْدَ بِئْرِ زَمْزَمَ، فَتَوَلاَّهُ مِنْهُمْ جِبْرَئِيْلُ، فَشَقَّ جِبْرَئِيْلُ مَا بَيْنَ نَحْرِهِ إِلٰى لَبَّتِهِ حَتّٰى فَرَغَ مِنْ صَدْرِهِ وَجَوْفِهِ، فَغَسَلَهُ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ بِيَدِهِ، حَتّٰى أَنْقَى جَوْفَهُ.

آگے کا ترجمہ: پھر سونے کا تھال لایا گیا، اس میں سونے کا برتن تھا، جو ایمان وحکمت سے بھرا ہوا تھا، پس اس سے آپؐ کے سینہ کو اور گلے کی رگوں کو بھر دیا، پھر اس کو بند کر دیا، پھر وہ آپؐ کو لے کر چڑھے آسمانِ دنیا کی طرف، اور اس کے دروازوں میں سے ایک دروازہ کھٹکھٹایا، آسمان والوں نے پکارا: کون؟ جواب دیا: جبرئیل، انھوں نے پوچھا: اور آپ کے ساتھ کون ہے؟ کہا: میرے ساتھ محمد ﷺ ہیں، پوچھا: کیا ان کو بلایا گیا ہے؟ جواب دیا: ہاں، انھوں نے کہا: خوش آمدید! (کشادہ جگہ میں آئے اور اپنے گھر آئے) خوش ہو رہے تھے آپؐ کی وجہ سے آسمان والے، اور آسمان والوں کو معلوم نہیں تھی وہ بات جو اللہ تعالیٰ ان سے زمین میں چاہتے تھے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان کو بتائیں یعنی فرشتے غیب نہیں جانتے، آپؐ نے آسمانِ دنیا میں آدم علیہ السلام کو پایا، جبرئیلؑ نے آپؐ سے کہا: یہ آپؐ کے ابا ہیں، آپؐ ان کو سلام کریں، آپؐ نے ان کو

سلام کیا، آدمؑ نے آپؐ کو جواب دیا، اور کہا: اے میرے بیٹے! کشادہ جگہ میں آئے آپؐ اور اپنے گھر آئے یعنی خوش آمدید کہا، اور کہا: آپؐ بہت اچھے بیٹے ہیں! پس اچانک وہ آسمانِ دنیا میں دو بہتی نہروں کے پاس تھے۔ آپؐ نے پوچھا: یہ دو نہریں کیا ہیں؟ اے جبرئیلؑ؟ انھوں نے کہا: یہ نیل اور فرات ہیں، ان دونوں کا سرچشمہ (کہیں اور ہے) پھر وہ آپؐ کو لے کر چلے آسمان میں، پس اچانک آپؐ ایک دوسری نہر پر تھے، اس پر موتی اور زبرجد کا محل تھا، آپؐ نے اپنا ہاتھ مارا، اچانک وہ (مٹی) نہایت خوشبودار مشک تھی، آپؐ نے پوچھا: اے جبرئیل! یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا: یہ وہ کوثر ہے جو آپؐ کے ربّ نے آپؐ کے لئے چھپا رکھی ہے۔

ثُمَّ أُتِيَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ، فِيْهِ تَوْرٌ مِنْ ذَهَبٍ، مَحْشُوًّا إِيْمَانًا وَحِكْمَةً، فَحَشَا بِهِ صَدْرَهُ وَلَغَادِيْدَهُ يَعْنِيْ عُرُوْقَ حَلْقِهِ، ثُمَّ أَطْبَقَهُ، ثُمَّ عَرَجَ بِهِ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَضَرَبَ بَابًا مِنْ أَبْوَابِهَا، فَنَادَاهُ أَهْلُ السَّمَاءِ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: جِبْرَئِيْلُ. قَالُوْا: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مَعِيَ مُحَمَّدٌ. قَالَ: وَقَدْ بُعِثَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالُوْا: فَمَرْحَبًا بِهِ وَأَهْلاً يَسْتَبْشِرُ بِهِ أَهْلُ السَّمَاءِ، لاَ يَعْلَمُ أَهْلُ السَّمَاءِ بِمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ بِهِ فِي الْأَرْضِ حَتّٰى يُعْلِمَهُمْ، فَوَجَدَ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا آدَمَ، فَقَالَ لَهُ جِبْرَئِيْلُ: هٰذَا أَبُوْكَ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، وَرَدَّ عَلَيْهِ آدَمُ، وَقَالَ: مَرْحَبًا وَأَهْلاً بِابْنِيْ! فَنِعْمَ الِابْنُ أَنْتَ! فَإِذَا هُوَ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا بِنَهَرَيْنِ يَطَّرِدَانِ فَقَالَ: "مَا هٰذَانِ النَّهَرَانِ يَا جِبْرَئِيْلُ؟" قَالَ: هٰذَا النِّيْلُ وَالْفُرَاتُ عُنْصُرُهُمَا، ثُمَّ مَضَى بِهِ فِي السَّمَاءِ فَإِذَا هُوَ بِنَهَرٍ آخَرَ عَلَيْهِ قَصْرٌ مِنْ لُؤْلُؤٍ وَزَبَرْجَدٍ، فَضَرَبَ يَدَهُ فَإِذَا هُوَ مِسْكٌ أَذْفَرُ فَقَالَ: "مَا هٰذَا يَا جِبْرَئِيْلُ؟" قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ قَدْ خَبَأَ لَكَ رَبُّكَ.

آگے کا ترجمہ: پھر جبرئیل علیہ السلام آپ کو لے کر دوسرے آسمان کی طرف چڑھے، پس فرشتوں نے ان سے ویسی ہی بات کہی جو ان سے پہلی جماعت نے کہی تھی۔ پوچھا: کون؟ جواب دیا: جبرئیل، پوچھا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ جواب دیا: محمد ﷺ ہیں، پوچھا: ان کی طرف آدمی بھیجا گیا ہے؟ جواب دیا: ہاں! انھوں نے بھی خوش آمدید کہا، پھر جبرئیلؑ آپ کو لے کر تیسرے آسمان کی طرف چڑھے، اور انھوں نے بھی جبرئیل سے ویسی ہی بات کہی جیسی پہلوں نے اور دوسروں نے کہی، پھر وہ آپؐ کو لے کر چوتھے آسمان کی طرف چڑھے۔ پس انھوں نے ان سے ویسی ہی بات کہی، پھر وہ آپؐ کو لے کر پانچویں آسمان کی طرف چڑھے، پس انھوں نے ان سے ویسی ہی بات کہی، پھر وہ ان کو لے کر چھٹے آسمان کی طرف چڑھے، پس انھوں نے ان سے ویسی ہی بات کہی، پھر وہ ان کو لے کر ساتویں آسمان کی طرف چڑھے، پس انھوں نے ان سے ویسی ہی بات کہی، ہر آسمان میں انبیاء تھے، تحقیق نام لیا انھوں نے ان کا، پس محفوظ کیا میں نے ان میں سے ادریس علیہ السلام کو دوسرے آسمان میں اور ہارون علیہ السلام کو چوتھے آسمان میں، اور ایک اور پانچویں آسمان میں، مجھے ان کا نام یاد نہیں رہا، اور

ابراہیم علیہ السلام چھٹے آسمان میں تھے اور موسیٰ علیہ السلام ساتویں آسمان میں، اللہ کے کلام کے برتری دینے کی وجہ سے (یہاں باب ہے)

ثُمَّ عَرَجَ بِهِ إِلَى السَّمَاءِ الثَّانِيَةِ، فَقَالَتِ الْمَلَائِكَةُ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَتْ لَهُ الْأُولَى: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرَئِيْلُ. قَالُوْا: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم. قَالَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالُوْا: مَرْحَبًا بِهِ وَأَهْلًا! ثُمَّ عَرَجَ بِهِ إِلَى السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ، وَقَالُوْا لَهُ مِثْلَ مَا قَالَتِ الْأُوْلَى وَالثَّانِيَةُ، ثُمَّ عَرَجَ بِهِ إِلَى الرَّابِعَةِ فَقَالُوْا لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ عَرَجَ بِهِ إِلَى السَّمَاءِ الْخَامِسَةِ فَقَالُوْا لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ عَرَجَ بِهِ إِلَى السَّمَاءِ السَّادِسَةِ فَقَالُوْا لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ عَرَجَ بِهِ إِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ فَقَالُوْا لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، كُلُّ سَمَاءٍ فِيْهَا أَنْبِيَاءُ قَدْ سَمَّاهُمْ فَأَوْعَيْتُ مِنْهُمْ: إِدْرِيْسُ فِي الثَّانِيَةِ، وَهَارُوْنُ فِي الرَّابِعَةِ، وَآخَرُ فِي الْخَامِسَةِ لَمْ أَحْفَظِ اسْمَهُ، وَإِبْرَاهِيْمُ فِي السَّادِسَةِ، وَمُوْسَى فِي السَّابِعَةِ بِتَفْضِيْلِ كَلَامِ اللّٰهِ.

آگے کا ترجمہ: پس موسیٰ نے کہا: اے پروردگار! میں نہیں گمان کرتا تھا کہ مجھ سے بھی کوئی اوپر کیا جائے گا! پھر جبرئیلؑ آپؐ کو لے کر چڑھے اس سے اوپر (ساتویں آسمان سے اوپر) اس جگہ تک جس کو اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، یہاں تک کہ باڈر کی بیری آئی، اور اللہ رب العزت نزدیک ہوئے وہ اترے یہاں تک کہ آپؐ سے کمان کی تانت کے برابر رہ گئے یا اس سے بھی نزدیک آئے، پس اللہ نے آپؐ کی طرف وحی کی ان باتوں کی جو اللہ نے وحی کیں، روزانہ پچاس نمازیں آپؐ کی امت پر فرض کیں، پھر آپؐ اترے یہاں تک کہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچے، پس آپؐ کو موسیٰؑ نے روک لیا، اور پوچھا: اے محمدؐ! آپؐ کے ساتھ آپؐ کے رب نے کیا پیمان باندھا؟ جواب دیا: مجھ سے روزانہ پچاس نمازوں کا پیمان باندھا۔ موسیٰؑ نے کہا: آپؐ کی امت اس کی طاقت نہیں رکھے گی، آپؐ واپس جائیں تا کہ آپؐ سے اور آپؐ کی امت سے ہلکا کریں، پس نبی ﷺ نے جبرئیلؑ کی طرف دیکھا، گویا آپؐ ان سے اس سلسلہ میں مشورہ طلب کر رہے ہیں، جبرئیلؑ نے مشورہ دیا: ہاں، اگر آپؐ چاہیں، پس جبرئیلؑ آپؐ کو لے کر اللہ تعالیٰ کی طرف بلند ہوئے، پس آپؐ نے کہا درانحالیکہ آپؐ اپنی جگہ میں تھے: اے ربّ! ہم سے ہلکا کریں، اس لئے کہ میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی، پس آپؐ سے دس نمازیں اتار دیں، پھر آپؐ موسیٰؑ کی طرف لوٹے، انھوں نے آپؐ کو روک لیا، پس موسیٰؑ برابر آپؐ کو آپؐ کے رب کی طرف واپس کرتے رہے یہاں تک کہ نمازیں پانچ ہو گئیں، پھر پانچ پر بھی موسیٰؑ نے آپؐ کو روکا، اور کہا: اے محمدؐ! بخدا! میں نے اپنی قوم بنی اسرائیل کو ترغیب دی اس سے کم نمازوں کی، مگر وہ کمزور پڑ گئے اور انھوں نے ان کو چھوڑ دیا، اور آپؐ کی امت تو جسم، دل، بدن، آنکھ اور کان کے اعتبار سے زیادہ کمزور ہے، پس آپ لوٹیں، تا کہ آپؐ سے آپؐ کے رب ہلکا کریں، ہر مرتبہ نبی ﷺ جبرئیلؑ کی طرف دیکھتے تھے تا کہ وہ آپؐ کو مشورہ دیں، اور جبرئیلؑ بھی اس کو ناپسند نہیں کرتے تھے، پس جبرئیلؑ نے آپؐ کو پانچویں مرتبہ

بلند کیا، پس آپؐ نے عرض کیا: اے میرے ربّ! میری امت جسم، دل، کان، آنکھ اور بدن کے اعتبار سے کمزور ہے پس ہم سے ہلکا کریں، اللہ نے فرمایا: اے محمدؐ! آپؐ نے جواب دیا: حاضر ہوں اور حاضری میری سعادت ہے! اللہ نے فرمایا: میرے یہاں بات بدلی نہیں جاتی، جیسا فرض کیا ہے میں نے آپؐ پر لوح محفوظ میں، پس ہر نیکی اس کی دس گنا ہے، وہ لوح محفوظ میں پچاس ہیں، اور وہ آپؐ پر پانچ ہیں، پس آپ موسیٰ کی طرف لوٹے، انھوں نے پوچھا: کیا کیا آپؐ نے؟ جواب دیا: ہم سے ہلکا کر دیا، ہمیں ہر نیکی کے بدل دس گنا دیا۔ موسیٰ نے کہا: بخدا! میں نے بنی اسرائیل کو ترغیب دی اس سے کم کی، مگر انھوں نے اس کو چھوڑ دیا، آپؐ واپس جائیں آپؐ کے رب کے پاس، پس مزید ہلکا کریں وہ آپؐ سے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے موسیٰ! بخدا! مجھے میرے رب سے شرم آتی ہے اس بات سے کہ میں بار بار آیا گیا! موسیٰ نے کہا: پس اللہ کا نام لے کر اتریں، پس آپؐ بیدار ہوئے درانحالیکہ آپؐ مسجدِ حرام میں تھے (معراج کا یہ واقعہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اپنے الفاظ میں بیان کیا ہے، یہ حدیث مرفوع نہیں، اور صحابہ میں اختلاف تھا کہ بڑی معراج بیداری میں ہوئی یا خواب میں؟)

فَقَالَ مُوْسٰی: رَبِّ لَمْ أَظُنَّ أَنْ يُرْفَعَ عَلَيَّ أَحَدٌ، ثُمَّ عَلاَ بِهِ فَوْقَ ذٰلِكَ بِمَا لاَيَعْلَمُهُ إِلَّا اللّٰهُ، حَتّٰى جَاءَ سِدْرَةَ الْمُنْتَهٰى وَدَنَا الْجَبَّارُ، رَبُّ الْعِزَّةِ، فَتَدَلّٰى حَتّٰى كَانَ مِنْهُ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ فِيْمَا يُوْحِيْ اللّٰهُ خَمْسِيْنَ صَلاَةً عَلٰى أُمَّتِكَ كُلَّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ. ثُمَّ هَبَطَ حَتّٰى بَلَغَ مُوْسٰى فَاحْتَبَسَهُ مُوْسٰى، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! مَاذَا عَهِدَ إِلَيْكَ رَبُّكَ؟ قَالَ: "عَهِدَ إِلَيَّ خَمْسِيْنَ صَلاَةً كُلَّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ" قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ لاَ تَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ، فَارْجِعْ فَلْيُخَفِّفْ عَنْكَ رَبُّكَ وَعَنْهُمْ، فَالْتَفَتَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى جِبْرَئِيْلَ كَأَنَّهُ يَسْتَشِيْرُهُ فِيْ ذٰلِكَ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ جِبْرَئِيْلُ أَنْ نَعَمْ إِنْ شِئْتَ. فَعَلاَ بِهِ إِلَى الْجَبَّارِ، فَقَالَ، وَهُوَ مَكَانَهُ: "يَا رَبِّ خَفِّفْ عَنَّا، فَإِنَّ أُمَّتِيْ لاَ تَسْتَطِيْعُ هٰذَا" فَوَضَعَ عَنْهُ عَشْرَ صَلَوَاتٍ، ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى مُوْسٰى فَاحْتَبَسَهُ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَدِّدُهُ مُوْسٰى إِلٰى رَبِّهِ حَتّٰى صَارَتْ إِلٰى خَمْسِ صَلَوَاتٍ، ثُمَّ احْتَبَسَهُ مُوْسٰى عِنْدَ الْخَمْسِ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ وَاللّٰهِ لَقَدْ رَاوَدْتُ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ قَوْمِيْ عَلٰى أَدْنٰى مِنْ هٰذَا فَضَعُفُوْا وَتَرَكُوْهُ، فَأُمَّتُكَ أَضْعَفُ أَجْسَادًا وَقُلُوْبًا وَأَبْدَانًا وَأَبْصَارًا وَأَسْمَاعًا، فَارْجِعْ فَلْيُخَفِّفْ عَنْكَ رَبُّكَ. كُلَّ ذٰلِكَ يَلْتَفِتُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِلٰى جِبْرَئِيْلَ لِيُشِيْرَ عَلَيْهِ، وَلاَ يَكْرَهُ ذٰلِكَ جِبْرَئِيْلُ، فَرَفَعَهُ عِنْدَ الْخَامِسَةِ، فَقَالَ: "يَا رَبِّ إِنَّ أُمَّتِيْ ضُعَفَاءُ أَجْسَادُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ وَأَسْمَاعُهُمْ وَأَبْدَانُهُمْ فَخَفِّفْ عَنَّا" فَقَالَ الْجَبَّارُ: يَا مُحَمَّدُ! قَالَ: "لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ" قَالَ: إِنَّهُ لاَ يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ، كَمَا فَرَضْتُ عَلَيْكَ فِيْ أُمِّ الْكِتَابِ، فَكُلُّ حَسَنَةٍ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، فَهِيَ خَمْسُوْنَ فِيْ أُمِّ الْكِتَابِ، وَهِيَ خَمْسٌ عَلَيْكَ، فَرَجَعَ إِلٰى مُوْسٰى، فَقَالَ: كَيْفَ فَعَلْتَ؟ فَقَالَ: "خَفَّفَ عَنَّا أَعْطَانَا بِكُلِّ حَسَنَةٍ عَشْرَ أَمْثَالِهَا" قَالَ مُوْسٰى: قَدْ

وَاللّٰهِ رَاوَدْتُ بَنِی إِسْرَائِيلَ عَلٰی أَدْنٰی مِنْ ذٰلِكَ فَتَرَكُوْهُ، ارْجِعْ إِلٰی رَبِّكَ فَلْيُخَفِّفْ عَنْكَ أَيْضًا. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" يَا مُوْسٰی! قَدْ وَاللّٰهِ اسْتَحْيَيْتُ مِنْ رَبِّیْ مِمَّا أَخْتَلِفُ إِلَيْهِ" قَالَ: فَاهْبِطْ بِاسْمِ اللّٰهِ. فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ.[راجع: ۳۵۷۰]

بَابُ كَلَامِ الرَّبِّ مَعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ

اللہ تعالیٰ کا جنتیوں سے کلام فرمانا

یہ بھی صفتِ کلام کے سلسلہ کا باب ہے، اور پہلی حدیث: تحفۃ القاری (۱۱:۳۴۹) میں آئی ہے۔

[۳۸-] بَابُ كَلَامِ الرَّبِّ مَعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ

[۷۵۱۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ! فَيَقُوْلُوْنَ: لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِیْ يَدَيْكَ! فَيَقُوْلُ: هَلْ رَضِيْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: وَمَا لَنَا لَا نَرْضٰی يَا رَبِّ! وَقَدْ أَعْطَيْتَنَا مَالَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ، فَيَقُوْلُ: أَلَا أُعْطِيْكُمْ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: يَا رَبِّ، وَأَیُّ شَیْءٍ أَفْضَلُ مِنْ ذٰلِكَ؟ فَيَقُوْلُ: أُحِلُّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِیْ فَلَا أَسْخُطُ عَلَيْكُمْ بَعْدَهُ أَبَدًا"[راجع: ٦٥٤٩]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۵:۳۹۰) میں آئی ہے، اس میں اللہ تعالیٰ کھیتی کی خواہش کرنے والے جنتی سے بات فرمائیں گے۔

[۷۵۱۹-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلَالٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَوْمًا يُحَدِّثُ، وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ: "أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ اسْتَأْذَنَ رَبَّهُ فِی الزَّرْعِ، فَقَالَ لَهُ: أَوَلَسْتَ فِيْمَا شِئْتَ؟ قَالَ: بَلٰی، وَلٰكِنِّیْ أُحِبُّ أَنْ أَزْرَعَ. فَأَسْرَعَ وَبَذَرَ، فَتَبَادَرَ الطَّرْفَ، نَبَاتُهُ، وَاسْتِوَاؤُهُ وَاسْتِحْصَادُهُ وَتَكْوِيْرُهُ أَمْثَالَ الْجِبَالِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: دُوْنَكَ يَا ابْنَ آدَمَ فَإِنَّهُ لَا يُشْبِعُكَ شَیْءٌ" فَقَالَ الْأَعْرَابِیُّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! لَاتَجِدُ هٰذَا إِلَّا قُرَشِيًّا أَوْ أَنْصَارِيًّا فَإِنَّهُمْ أَصْحَابُ زَرْعٍ، فَأَمَّا نَحْنُ فَلَسْنَا بِأَصْحَابِ زَرْعٍ، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم.[راجع: ۲۳٤۸]

بَابُ ذِكْرِ اللّٰهِ بِالْأَمْرِ، وَذِكْرِ الْعِبَادِ بِالدُّعَاءِ وَالتَّضَرُّعِ وَالرِّسَالَةِ وَالإِبْلَاغِ

اللہ تعالیٰ کا حکم کے ذریعہ اور بندوں کا دعاء، تضرع، دعوت اور تبلیغ کے ذریعہ یاد کرنا

(اللہ تعالیٰ اپنے کلام (وحی) کے ذریعہ بندوں کی راہ نمائی کرتے ہیں، اور بندے اللہ کی ہدایات پر عمل کرتے ہیں)

یہ بھی صفتِ کلام کے سلسلہ کا باب ہے اور پہلودار (مبہم) ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ کی ذہانت کا آئینہ دار ہے، صفتِ کلام کے سلسلہ کا پہلا باب بھی دقیق تھا، اس میں بإذنه سے استدلال کیا تھا، اللہ تعالیٰ کا قیامت کے دن شفاعت کی اجازت دینا کلام کے ذریعہ ہوگا، پس صفتِ کلام ثابت ہوئی۔ اب فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ بندوں کو یاد کرتے ہیں احکام (وحی) کے ذریعہ یعنی احکام بھیجتے ہیں، یہی وحی اللہ کا کلام ہے، اور بندے اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں دعا، تضرع (گڑگڑانے) اور دعوت وتبلیغ کے ذریعہ یعنی وحی میں بندوں کا فائدہ ہے، وہ نازل کردہ وحی کے مطابق عمل کرتے ہیں، اور آخری وحی قرآنِ کریم ہے، وہ اللہ کا کلام ہے اور قدیم ہے۔

آیت (۱): سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۵۲) ہے: ﴿فَاذْكُرُوْنِيْ أَذْكُرْكُمْ، وَاشْكُرُوْلِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ﴾: پس مجھ کو یاد کرو، میں تم کو یاد رکھونگا، اور میرے شکر گذار بندے بنو، اور میری ناشکری مت کرو یعنی تم کسی کی مت سنو، بیت اللہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو، میں تمہیں یاد رکھوں گا، نئی نئی رحمتیں اور نعمتیں تم پر نازل کروں گا، اور میرا احسان مانو کہ تمہارے لئے افضل قبلہ تجویز کیا، اس قبلہ کا انکار کر کے میری ناشکری مت کرو (تحفۃ القاری ۹: ۹۰)

تفسیر: اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کے پالنہار ہیں، اور پرورش میں زندگی گذارنے کی راہیں سجھانا بھی داخل ہے، اور دیگر مخلوقات میں صرف روح حیوانی ہے، ان کی ضروریات کا علم ان کی فطرت میں بھر دیا ہے، سورۃ طٰہٰ کی (آیات ۴۹ و ۵۰) ہیں: ﴿قَالَ: فَمَنْ رَبُّكُمَا يَا مُوْسٰى؟ قَالَ:: رَبُّنَا الَّذِيْ أَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدٰى﴾: فرعون نے پوچھا: تم دونوں کا ربّ کون ہے اے موسیٰ؟ جواب دیا: ہمارا ربّ وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی بناوٹ دی، پھر اس کی راہ نمائی کی کہ ان کو زندگی کیسے گذارنی ہے۔ اور انسان میں روح حیوانی کے علاوہ روح ربانی بھی ہے، روح حیوانی کی ضروریات کا علم تو اس کی فطرت میں رکھ دیا ہے، وہ اپنی خداداد عقل سے اپنی دنیوی ضروریات پوری کر لیتا ہے، مگر وہ اپنی روحانی ضروریات اپنی عقل کے بل بوتے پر پوری نہیں کر سکتا، کیونکہ انسانی عقول میں بے حد تفاوت ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کی دینی راہ نمائی کے لئے نبوت کا سلسلہ قائم کیا، اور آدم علیہ السلام سے خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وسلم تک بے شمار انبیاء اور ہادی بھیجے، اور وحی کے ذریعہ ان کی پھر ان کے ذریعہ عام لوگوں کی راہ نمائی کی، یہی وحی جو ہمیشہ آتی رہی ہے اللہ کا کلام ہے، پس اللہ کے لئے صفتِ کلام ثابت

ہوئی، اب بندے اس وحی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو یاد رکھیں گے، اور اللہ تعالیٰ ان پر نوازشات فرمائیں گے۔

وحی کا سلسلہ قدیم زمانہ سے جاری ہے:

حضرت نوح علیہ السلام پہلے رسول ہیں، ان سے پہلے نبی ہوتے تھے، پس کامل وحی نوح علیہ السلام سے نازل ہونی شروع ہوئی، سورۃ یونس (آیت ۷۱) میں ہے: ''اور آپؐ ان کو نوحؑ کا قصہ پڑھ کر سنایئے! جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! اگر تمہیں بھاری (ناگوار) معلوم ہو (تم میں) میرا رہنا اور میرا اللہ کی آیتوں سے نصیحت کرنا (یہی وحی ہے) تو میں نے اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کیا، پس تم اپنے معاملہ کو اور اپنے ساجھی داروں کو جمع کرو، پس نہ ہو تمہارا معاملہ تم پر گھٹن، پھر کر گذرو میرے ساتھ (جو چاہو) اور مجھے مہلت مت دو، پس اگر تم اعراض کرو تو میں تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا، میرا معاوضہ تو اللہ تعالیٰ ہی کے ذمہ ہے، اور میں حکم دیا گیا ہوں کہ اطاعت شعاروں میں سے ہوؤں!

لغات: غمة: غم اور تنگی (اور گیلری میں هَمّ ہے یعنی باعث فکر) اور اصل معنی ہیں: گرمی کی وجہ سے دَم گھٹنا...... کر گذرو میرے ساتھ یعنی جو تمہارے دلوں میں ہے...... دوسرے معنی کئے گئے ہیں: افْرُق: جدائی کرو، یہ بھی اقْضِ کے معنی میں ہے: فیصلہ کرو۔

قرآنِ کریم اللہ کی آخری وحی ہے:

سورۃ التوبہ (آیت ۶) میں ہے: ''اگر مشرکوں میں سے کوئی آپؐ سے پناہ کا طالب ہو تو آپؐ اس کو پناہ دے دیں، تاکہ وہ اللہ کا کلام سنے (یہاں باب ہے) پھر اس کو اس کی امن کی جگہ میں پہنچا دیں، یہ حکم اس وجہ سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (اللہ کا دین) جانتے نہیں ـــــ مجاہد رحمہ اللہ نے کہا: ایک انسان نبی ﷺ کے پاس آتا، پس وہ سنتا جو آپؐ کہتے اور جو آپؐ پر اتارا گیا یعنی قرآن، پس وہ امن والا ہے تاکہ آئے وہ آپؐ کے پاس، پس اللہ کا کلام سنے، پھر وہ پہنچ جائے اپنی اطمینان کی جگہ میں جہاں سے آیا ہے (اس کے بعد اس سے جنگ روا ہے)

دوسری آیت: سورۃ صٓ کی آیات (۶۷ و ۶۸) ہیں: ﴿قُلْ: هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ۝ أَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ﴾: کہو: وہ ایک عظیم خبر (قرآن) ہے، جس سے تم روگردانی کرنے والے ہو۔

تنبیہ: امام بخاریؒ کے ذہن نے خطا کی ہے، آپ نے سورۃ النبا کی (آیت ۲) لکھی ہے: ﴿عَمَّ يَتَسَاءَ لُوْنَ؟ عَنِ النَّبَأَ الْعَظِيْمِ﴾: لوگ کس چیز کے بارے میں ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں؟ ایک بڑے واقعہ کے بارے میں یعنی قیامت کے بارے میں، یہاں قرآن مراد نہیں ـــــ پھر اسی سورت کی (آیت ۳۸) میں ﴿صَوَابًا﴾ آیا ہے، اس کے معنی بیان کئے ہیں: دنیا میں برحق کام اور اس پر جس نے عمل کیا ہے وہی بول سکے گا۔

فائدہ: باب کی شرح تو پوری ہوئی، اب کچھ تفصیل عرض کرتا ہوں کیونکہ آگے قرآنِ کریم کے سلسلہ میں متعدد ابواب

آرہے ہیں۔

تورات وانجیل اللہ کی کتابیں تھیں، اللہ کا کلام نہیں تھیں، اللہ کا کلام صرف قرآن ہے:

تحفۃ القاری جلد نہم کے بالکل شروع میں حضرت نانوتوی رحمہ اللہ کے حوالے سے یہ بات بیان کی ہے کہ قرآن سے پہلے کی کتابیں: اللہ کی کتابیں تھیں، اللہ کا کلام نہیں تھیں، تورات وانجیل کو قرآنِ کریم میں اللہ کی کتابیں ہی کہا ہے، کلام اللہ نہیں کہا، اسی وجہ سے وہ معجز نہیں، اللہ کا کلام صرف قرآنِ کریم ہے، اسی وجہ سے وہ معجز ہے (امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ فرق نہیں کیا، اللہ کی سبھی کتابوں کو اللہ کا کلام کہا ہے)

تدلّی اور تمثّل:

تدلی کے معنی ہیں: بہت نزدیک آنا، اور تمثل کے معنی ہیں: پیکر محسوس اختیار کرنا۔ اگر دوسری دنیا کی کوئی چیز اپنی حالت پر رہتے ہوئے اس دنیا کی مخلوق سے قریب آئے تو وہ تدلّی ہے، جیسے سورۃ النجم (آیت ۸) میں ہے: ﴿ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی﴾: پھر جبرئیلؑ نزدیک آئے، پھر اور نزدیک آئے، اس موقع پر جبرئیل علیہ السلام اپنی اصلی صورت میں نبی ﷺ کے قریب آئے تھے۔ کمان کی تانت کے بقدر یا اس سے بھی نزدیک آگئے تھے، یہی تدلّی ہے، اسی طرح ابھی حدیث (نمبر ۷۵۱۷) گذری ہے: **ودنا الجبار رب العزة فتدلّٰى حتى كان منه قاب قوسين أو أدنى**: معراج میں اللہ رب العزت قریب ہوئے، پھر اور قریب ہوئے یہاں تک کہ وہ نبی ﷺ سے کمان کی تانت کے بقدر یا اس سے بھی قریب ہوگئے، یہ تدلّی ہے۔

اور تمثّل: حالت بدل کر سامنے آنے کا نام ہے، عام طور پر جبرئیل علیہ السلام انسانی صورت اختیار کر کے نبی ﷺ کے سامنے ظاہر ہوتے تھے، کتاب کے شروع میں حدیث (نمبر ۲) گذری ہے: **أحيانا يتمثل لى الملك رجلاً**: کبھی فرشتہ میرے لئے پیکر (نظر آنے والی صورت) اختیار کرتا ہے، یہ تمثّل ہے۔

پانچ صفات اور دو صفات میں فرق:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ پانچ صفاتِ حقیقیہ کا مرجع اللہ کی ذات ہے، حیات: اللہ کا وجود ہے، سمع: مسموعات کے ظہور تام کا نام ہے، بصر: مبصرات کے انکشاف تام کا نام ہے، اور قدرت ان کی ذاتی صفت ہے اور علم: معلومات کے انکشاف تام کا نام ہے، باقی دو صفات کا تعلق مخلوقات کے ساتھ ہوتا ہے، ارادہ کا محض تعلق ہوتا ہے اور کلام کا تنزل ہوتا ہے، پس اللہ کی مراد مخلوق ہے یعنی اللہ تعالیٰ جس چیز کو وجود میں لانے کا ارادہ کرتے ہیں وہ مراد مخلوق (حادث) ہوتی ہے، کیونکہ وہ صرف صفتِ ارادہ کا اثر ہوتی ہے، اور صفتِ کلام میں — جس کو متکلمین کلام نفسی کہتے ہیں — تنزل ہوتا ہے، وہ کلام مخلوق کے قریب آتا ہے، یہاں تک کہ مخلوق کے افعال اس سے متعلق ہوجاتے ہیں، جو حادث ہوتے ہیں، امام اعظم اور امام

بخاری رحمہما اللہ سے مروی ہے: لفظی بالقرآن مخلوق: میرا قرآن پڑھنا حادث ہے، کیونکہ وہ مخلوق کا فعل ہے، البتہ وہ کلام غیر مخلوق پر دال ہے، اسی طرح قرآن کے نقوش اور قاری کی قراءت حادث ہیں، مگر وہ کلام قدیم پر دال ہیں۔

البتہ قدیم حنابلہ نے اپنی جہالت سے کلام کی تدلی کے ساتھ جو افعال عباد متعلق ہوتے ہیں ان کو بھی قدیم مانا، انھوں نے قرآن کی لکھائی، روشنائی اور کاغذ کو بھی قدیم کہہ دیا، جیسے ابن الحال صوفیوں نے وجود باری میں تدلی مانی اور مخلوقات کو بھی اس وجود میں شامل کرلیا، اور وحدت الوجود کا باطل نظریہ چلا دیا۔

اور معتزلہ وغیرہ گمراہ فرقے تدلی کی حقیقت نہیں سمجھ سکے، انھوں نے کہا: صفتِ ارادہ میں جیسے مراد حادث ہوتی ہے، صفتِ کلام میں بھی اللہ تعالیٰ محل میں کلام پیدا کرتے ہیں، پس وہ بھی حادث ہے، اس طرح قرآن کے مخلوق ہونے کا نظریہ چلا دیا، جس سے بادشاہ وقت تک متأثر ہوگئے، اور ہزاروں معصوم جانیں اس فتنہ کی نذر ہوگئیں، امام احمدؒ نے ڈٹ کر اس کا مقابلہ کیا، اور وہ فتنہ اپنی موت مرگیا، اب اہل السنہ والجماعہ متفق ہیں کہ قرآنِ کریم اللہ کا کلام اور صفتِ قدیمہ ہے۔

[۳۹-] بَابُ ذِكْرِ اللّٰهِ بِالْأَمْرِ، وَذِكْرِ الْعِبَادِ بِالدُّعَاءِ وَالتَّضَرُّعِ وَالرِّسَالَةِ وَالْإِبْلَاغِ

[۱-] لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿فَاذْكُرُوْنِيْ أَذْكُرْكُمْ﴾ [البقرة: ۱۵۲]

[۲-] ﴿وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ نُوْحٍ، إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ يَاقَوْمِ إِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِآيَاتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَأَجْمِعُوْا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَ كُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً﴾ إِلٰى قَوْلِهِ: ﴿مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ﴾ ﴿غُمَّةً﴾: غَمٌّ وَضِيْقٌ. قَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿اقْضُوْا إِلَيَّ﴾: مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ، يُقَالُ: افْرُقْ: اقْضِ.

[۳-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿وَإِنْ أَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ﴾: إِنْسَانٌ يَأْتِيْهِ فَيَسْتَمِعُ مَا يَقُوْلُ وَمَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ، فَهُوَ آمِنٌ حَتّٰى يَأْتِيَهُ فَيَسْمَعَ كَلَامَ اللّٰهِ، وَحَتّٰى يَبْلُغَ مَأْمَنَهُ حَيْثُ جَاءَ.

﴿النَّبَإِ الْعَظِيْمِ﴾: الْقُرْآنُ، ﴿صَوَابًا﴾: حَقًّا فِي الدُّنْيَا وَعَمِلَ بِهِ.

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ أَنْدَادًا﴾ وَمَا ذُكِرَ فِيْ خَلْقِ أَفْعَالِ الْعِبَادِ وَاكْتِسَابِهِمْ

اللہ تعالیٰ کا کوئی ہم سر نہیں، اور افعالِ عباد کے خلق وکسب کا مسئلہ

(خالق صرف اللہ تعالیٰ ہیں)

اس باب میں دو باتیں ہیں: اور دونوں میں گہرا ربط ہے، اس باب میں انسان کے اختیاری افعال کے خلق وکسب کا مسئلہ بھی ہے اور اللہ کی خالقیت کا اثبات بھی اور باب کا پہلا جزء دلیل کے طور پر لایا گیا ہے۔ معتزلہ کا خیال ہے کہ انسان اپنے اختیاری افعال کا خود خالق ہے، اس سے جزاؤسزا کا مسئلہ حل ہوگا، اگر اللہ تعالیٰ انسان کے اچھے برے افعال کے خالق

ہیں تو انسان مجبور ہے، اور مجبور جزاؤ سزا کا مستحق نہیں ہوتا۔

معتزلہ عجیب لوگ ہیں، اللہ تعالیٰ کے لئے صفات مانتے ہوئے تو ان کو موت آتی ہے، اس سے تعددآلہہ لازم آتا ہے، چنانچہ وہ صفات کو عین ذات مانتے ہیں یعنی نفی کرتے ہیں، اور بندوں کو اختیاری افعال کا خالق ماننے میں ان کو توحید کا گاؤ خورد ہونا نظر نہیں آتا!

اور اہل حق کے نزدیک: خالق اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی نہیں، اگر کوئی اور خالق ہوگا تو وہ اللہ تعالیٰ کا ہم سر ہوگا، وہ بھی قدرتِ کاملہ کا مالک ہوگا، جبکہ قرآن بھرا پڑا ہے کہ اللہ کے برابر کوئی نہیں، اور جو اللہ کا مقابل مانے وہ مشرک ہے۔ آخرت میں اس کے تمام اعمال اکارت جائیں گے، اور وہ گھاٹا پانے والوں میں سے ہوگا۔

رہا جزاؤ سزا کا مسئلہ تو وہ کسب سے حل ہوجاتا ہے، انسان کو اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی جزوی اختیار دیا ہے، جب وہ اپنے اختیار سے کوئی اچھا برا کام کرنا چاہتا ہے اور اس کے اسباب مہیا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس فعل کو پیدا کرتے ہیں، اور جزاؤ سزا کے لئے کامل اختیار ضروری نہیں، جزوی اختیار بھی کافی ہے۔ یہ بات حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں لکھی ہے۔

ایک واقعہ: ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ اس نے پوچھا: انسان مختار ہے یا مجبور؟ آپؓ نے فرمایا: مختار بھی ہے اور مجبور بھی! اس نے کہا: یہ کیسے؟ آپؓ نے فرمایا: کھڑے ہوجاؤ، وہ کھڑا ہوگیا، آپؓ نے فرمایا: ایک پیر اٹھالو، اس نے اٹھالیا، آپ نے فرمایا: دوسرا بھی اٹھالو، اس نے کہا: دوسرا کیسے اٹھاؤں؟ گر پڑوں گا! آپؓ نے فرمایا: دیکھو، تم کھڑے ہونے پر اور ایک پیر اٹھانے پر قادر تھے، اور اس کے بعد مجبور ہوگئے ——— اسی طرح انسان کسب (کمانے) کی حد تک مختار ہے، پھر خلق پر قادر نہیں، خالق اللہ تعالیٰ ہی ہیں۔

وہ آیات جن میں اللہ تعالیٰ کے ہم سر ہونے کی نفی ہے:

پہلی آیت: سورۃ البقرۃ کی (آیت ۲۲) ہے: ''وہ ذاتِ پاک ایسی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت بنایا، اور آسمان سے پانی برسایا، پھر اس کے ذریعہ پھلوں کو بطور روزی نکالا، پس تم جانتے بوجھتے اللہ تعالیٰ کا مقابل مت ٹھہراؤ'' (یہ آیت باب میں ہے)

دوسری آیت: سورۃ حمٓ السجدۃ کی (آیت ۹) ہے: ''پوچھیں: کیا تم اس ذات کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا، اور تم ان کا مقابل ٹھہراتے ہو! وہی سارے جہانوں کے ربّ ہیں! (اور ربّ: سب سے پہلے خالق ہوتا ہے)

تیسری آیت: سورۃ الفرقان کی (آیت ۶۸) میں عباد الرحمٰن کے اوصاف میں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہیں پکارتے (کیونکہ کوئی اور معبود ہے ہی نہیں! جس کو پکاریں)

چوتھی آیت: سورۃ الزمر کی (آیات ۶۵و۶۶) ہیں: ''اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ آپؐ کی طرف اور ان پیغمبروں کی طرف جو

آپؐ سے پہلے ہوئے ہیں یہ وحی بھیجی گئی ہے کہ اگر تو شرک کرے گا تو تیرا کیا کرایا غارت ہوجائے گا، اور تو گھاٹا پانے والوں میں سے ہوگا() بلکہ تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کر اور اللہ تعالیٰ کا شکرگذار بن!''

پانچویں آیت: سورۃ یوسف کی (آیت ۱۰۶) ہے: ''اور اکثر لوگ جو خدا کو مانتے بھی ہیں تو اس طرح کہ شرک بھی کرتے جاتے ہیں'' —— عکرمہؒ نے کہا: اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتے ہیں کہ تم کو کس نے پیدا کیا؟ اور آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ وہ جواب دیں گے: اللہ نے، پس یہ تو ان کا عقیدہ ہے، درانحالیکہ وہ غیر اللہ کی پرستش کرتے ہیں (اللہ پر ان کا ایمان بھی ہے اور قبروں کا طواف بھی کرتے ہیں، اور اولیاء سے مرادیں بھی مانگتے ہیں: یہ شرک کے ساتھ ایمان ہے)

وہ آیات جو افعالِ عباد کے خلق اور ان کے کسب کے سلسلہ میں وارد ہوئی ہیں:

پہلی آیت: سورۃ الفرقان کی (آیت ۲) میں ہے: ''اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو پیدا کیا، پس ہر چیز کا خوب اندازہ رکھا'' (ہر چیز میں بندوں کے اختیاری افعال بھی آگئے)

دوسری آیت: سورۃ الحجر کی (آیت ۸) ہے: ''نہیں اتارتے ہم فرشتوں کو مگر فیصلہ ہی کے لئے'' —— مجاہد رحمہ اللہ نے کہا: پیغام رسانی اور عذاب کے لئے ہی ہم فرشتوں کو اتارتے ہیں، ان کو نبی بنا کر نہیں بھیجتے —— یعنی فرشتوں کا نزول بھی اللہ کے خلق سے ہوتا ہے، فرشتے مکلّف نہیں، اس لئے ان کے لئے جزاؤسزا نہیں، اور انسان مکلّف ہیں ان کے افعال کا خلق بھی اللہ تعالیٰ کرتے ہیں، مگر ان میں ان کا کسب کا دخل ہوتا ہے اس لئے ان کے لئے جزاؤسزا ہے)

تیسری آیت: سورۃ الاحزاب کی (آیت ۸) میں ہے: ''تاکہ ان سچوں سے ان کے سچ کی تحقیقات کرے!'' یعنی ان رسولوں نے اللہ کا دین لوگوں تک پہنچایا یا نہیں؟ اس کی تحقیق ہوگی، معلوم ہوا کہ ان کا کسب کا اختیار تھا اسی لئے ان سے پوچھا گیا)

چوتھی آیت: سورۃ الحجر کی (آیت ۹) ہے: ''ہم ہی نے قرآن کو نازل کیا ہے، اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں'' حفاظت: عالم اسباب میں حافظوں کے ذریعہ ہوتی ہے، مگر اس حفاظت کو اللہ تعالیٰ پیدا کرتے ہیں۔

پانچویں آیت: سورۃ الزمر کی (آیت ۳۳) ہے: ''اور جو شخص سچی بات (قرآن) لے کر آیا، اور اس کو سچ جانا: یہی لوگ پرہیزگار ہیں'' —— یہ سچ جاننا مؤمن کا کسب ہے، اس کا تقوی میں دخل ہے، مؤمن قیامت کے دن عرض کرے گا: یہ قرآن آپؐ نے مجھے دیا تھا، میں نے اس کے احکام پر عمل کیا (یہی کسب ہے)

اور حدیث: باب کے پہلے جزء سے متعلق ہے، اس میں اللہ کے ساتھ ہم سر بنانے کو سب سے بڑا گناہ قرار دیا ہے، اور بندوں کو ان کے افعال اختیاریہ کا خالق ماننا ان کو اللہ کا ہم سر بنانا ہے۔

ملحوظہ: یہ باب صفتِ کلام کے ابواب کے درمیان میں کیوں لایا گیا ہے؟ **جواب**: بندوں کا قرآن پڑھنا بندوں کا فعل ہے، اس میں ان کے کسب کا دخل ہے، اس لئے وہ پڑھنا حادث ہے، اگرچہ اس پڑھنے کو بھی بندوں کے دیگر افعال کی طرح

اللہ تعالیٰ پیدا کرتے ہیں، مگراس سے وہ پڑھنا غیرمخلوق نہیں ہوجاتا، جیسا کہ قدیم حنابلہ کا خیال تھا۔

[٤٠-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿فَلاَ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ أَنْدَادًا﴾

[٢-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَتَجْعَلُوْنَ لَهُ أَنْدَادًا، ذٰلِكَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ﴾ [٣-] وَقَوْلِهِ: ﴿وَالَّذِيْنَ لاَ يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ﴾ [٤-] ﴿ وَلَقَدْ أُوْحِىَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ،لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ ۝ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشَّاكِرِيْنَ﴾ [٥-] وَقَالَ عِكْرِمَةُ: ﴿وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ إِلاَّ وَهُمْ مُشْرِكُوْنَ﴾ قَالَ: يَسْأَلُهُمْ مَنْ خَلَقَهُمْ؟ وَمَنْ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ؟ فَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ! فَذٰلِكَ إِيْمَانُهُمْ، وَهُمْ يَعْبُدُوْنَ غَيْرَهُ.

وَمَا ذُكِرَ فِيْ خَلْقِ أَفْعَالِ الْعِبَادِ وَاكْتِسَابِهِمْ

[١-] لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيْرًا﴾ [٢-] وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ﴿مَا نُنَزِّلُ الْمَلاَئِكَةَ إِلاَّ بِالْحَقِّ﴾: بِالرِّسَالَةِ وَالْعَذَابِ. [٣-] ﴿لِيَسْئَلَ الصَّادِقِيْنَ﴾: الْمُبَلِّغِيْنَ الْمُؤَدِّيْنَ مِنَ الرُّسِلِ. [٤-] ﴿ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُوْنَ﴾ عِنْدَنَا. [٥-] ﴿ وَالَّذِىْ جَاءَ بِالصِّدْقِ﴾: بِالْقُرْآنِ ﴿وَصَدَّقَ بِهِ﴾: الْمُؤْمِنُ، يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: هٰذَا الَّذِىْ أَعْطَيْتَنِىْ عَمِلْتُ بِمَا فِيْهِ.

[٧٥٢٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم: أَىُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ" قُلْتُ: إِنَّ ذٰلِكَ لَعَظِيْمٌ! قُلْتُ: ثُمَّ أَىٌّ؟ قَالَ:" ثُمَّ أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ تَخَافُ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ" قُلْتُ: ثُمَّ أَىٌّ؟ قَالَ:" ثُمَّ أَنْ تُزَانِىَ حَلِيْلَةَ جَارِكَ"[راجع: ٤٤٧٧]

بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ وَلاَ جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ أَنَّ اللّٰهَ لاَ يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِمَّا تَعْمَلُوْنَ﴾

اللہ تعالیٰ کے علم محیط کا بیان

انسان کے طرزِ عمل سے ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ گویا اللہ تعالیٰ کا علم محیط نہیں، وہ اس غلط فہمی میں ہے کہ جو چاہو کرو کون دیکھتا ہے؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ کو ذرہ ذرہ کا علم ہے، سورۃ حم السجدۃ کی (آیت ۲۲) میں ہے کہ چلو، اللہ نہیں دیکھتا، تو کیا تمہارے کان، آنکھیں اور کھالیں بھی نہیں دیکھتیں؟ کیا تم ان سے چھپ کر کوئی برا عمل کرسکتے ہو؟ یہ سب کل تمہارے خلاف گواہ

ہونگے! اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو سب کچھ معلوم ہے۔

آیت کریمہ: اور تم نہیں چھپا سکتے تھے (اپنا برا عمل) اس بات سے کہ تمہارے خلاف گواہی دیں تمہارے کان، آنکھیں اور کھالیں، بلکہ (گناہ پر دلیر اس لئے تھے کہ) تم گمان کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے بہت سے کاموں کی خبر نہیں! اور حدیث تحفۃ القاری (۴۸۱:۹) میں گذری ہے، تین شخص اکٹھا ہوئے، بعض نے بعض سے پوچھا: تمہارا کیا خیال ہے اللہ تعالیٰ ہماری باتیں سنتے ہیں؟ ایک نے کہا: اگر ہم زور سے بولیں تو سنتے ہیں، اور آہستہ بولیں تو نہیں سنتے، دوسرے نے کہا: اگر وہ ہماری زور سے کہی ہوئی باتیں سنتے ہیں تو وہ آہستہ کہی ہوئی باتیں بھی سنتے ہیں۔

[٤١-] بَابُ قَوْلِهِ: ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ وَلاَ جُلُوْدُكُمْ وَلكِنْ ظَنَنْتُمْ أَنَّ اللّٰهَ لاَ يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِمَّا تَعْمَلُوْنَ﴾

[٧٥٢١-] حدثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اجْتَمَعَ عِنْدَ الْبَيْتِ ثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِيٌّ، أَوْ قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِيٌّ، كَثِيْرٌ شَحْمُ بُطُوْنِهِمْ، قَلِيْلٌ فِقْهُ قُلُوْبِهِمْ، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: أَتَرَوْنَ أَنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ مَا نَقُوْلُ؟ وَقَالَ الآخَرُ: يَسْمَعُ إِنْ جَهَرْنَا وَلاَ يَسْمَعُ إِنْ أَخْفَيْنَا. وَقَالَ الآخَرُ: إِنْ كَانَ يَسْمَعُ إِذَا جَهَرْنَا فَإِنَّهُ يَسْمَعُ إِذَا أَخْفَيْنَا. فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ﴾ الآيَةَ. [راجع: ٤٨١٦]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَأْنٍ﴾ و ﴿مَا يَأْتِيْهِمْ مِنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ﴾

تعلقات کا حدوث صفات کے حدوث کو مستلزم نہیں

اللہ تعالیٰ کی صفاتِ قدیمہ کا مخلوقات کے ساتھ تعلق قائم ہوتا ہے، پس تعلق: حادث (نیا) ہوتا ہے، اور صفات قدیمہ ہوتی ہیں، جیسے اللہ تعالیٰ نے زید کو پیدا کیا تو صفتِ خلق کا زید کے ساتھ تعلق قائم ہوا، یہ تعلق اور زید حادث ہیں، مگر صفتِ خلق قدیم ہے، یا جیسے صفتِ کلام کا لوح محفوظ کے ساتھ، پھر بیتِ معمور کے ساتھ تعلق قائم ہوا، پھر دنیا میں اس کا نزول ہوا، لکھا گیا اور پڑھا گیا: یہ سب تعلقات حادث ہیں، اور صفتِ کلام (قرآنِ کریم) قدیم ہے، پس اللہ کے معاملات کے نیا ہونے سے صفات کا نیا ہونا لازم نہیں آتا، کیونکہ وہ حادث کا حادث کے ساتھ تعلق نہیں ہوتا، بلکہ قدیم کا حادث کے ساتھ تعلق ہوتا ہے۔

آیت (۱): سورۃ الرحمٰن کی (آیت ۲۹) ہے: ''اللہ تعالیٰ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں ہوتے ہیں'' — یعنی صفات کا مخلوقات کے ساتھ تعلق قائم ہوتا رہتا ہے اور نئے نئے معاملات وجود میں آتے رہتے ہیں۔

آیت (۲): سورۃ الانبیاء کی (آیت ۲) ہے: ''نہیں پہنچتی ان (کفار) کو کوئی تازہ نصیحت ان کے رب کی طرف سے مگر

وہ اس کو ہنسی کرتے ہوئے سنتے ہیں'' —— یہ نصیحت (قرآن) کا نیا ہونا بندوں کے ساتھ تعلق (نزول) کے اعتبار سے ہے۔

آیت (۳): سورۃ الطلاق کی پہلی آیت ہے: ''شاید اللہ تعالیٰ کوئی نئی بات پیدا کریں اس (طلاق) کے بعد'' —— یہ بات نئی ہوگی، اور اس کے ساتھ صفتِ خلق کا تعلق نیا ہوگا، مگر خود صفت خلق قدیم ہوگی، اور اللہ کا نیا کرنا مخلوق کے نیا کرنے کی طرح نہیں، سورۃ الشوری کی (آیت ۱۱) میں ہے: ''کوئی چیز اس کے مثل نہیں، اور وہ سننے والے دیکھنے والے ہیں'' کیونکہ مخلوق کا نیا کام کرنا حادث کا حادث کے ساتھ تعلق ہے، اور اللہ کا نیا کام کرنا قدیم کا حادث کے ساتھ تعلق ہے۔

موقوف روایت: ابن مسعودؓ فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ اپنے معاملات سے جو چاہیں نیا معاملہ پیدا کرتے ہیں، اور انھوں نے جو نئے احکام بھیجے ہیں: ان میں سے یہ ہے کہ نماز میں بات چیت مت کرو''

اور باب کی دونوں روایتوں میں ایک مضمون ہے۔ یہ روایت تحفۃ القاری (۸۲:۶) میں آچکی ہے۔ پہلی روایت میں أقرب الکتب ہے اور دوسری میں أحدث الأخبار ہے، یہ الفاظ باب سے متعلق ہیں، اور قرآن کا نیا ہونا مخلوق کے ساتھ تعلق کے اعتبار سے ہے، ورنہ قرآن (کلام نفسی) قدیم ہے۔

[٤٢-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَأْنٍ﴾ و﴿مَا يَأْتِيْهِمْ مِنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ﴾

وَقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا﴾ وَأَنَّ حَدَثَهُ لاَ يُشْبِهُ حَدَثَ الْمَخْلُوْقِيْنَ، لِقَوْلِهِ: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْئٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ﴾

وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ مِنْ أَمْرِهِ مَا يَشَاءُ، وَإِنَّ مِمَّا أَحْدَثَ: أَنْ لاَ تَكَلَّمُوْا فِي الصَّلاَةِ"

[٧٥٢٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَيْفَ تَسْأَلُوْنَ أَهْلَ الْكِتَابِ عَنْ كُتُبِهِمْ وَعِنْدَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ أَقْرَبُ الْكُتُبِ عَهْدًا بِاللّٰهِ، تَقْرَءُ وْنَهُ مَحْضًا لَمْ يُشَبْ. [راجع: ٢٦٨٥]

[٧٥٢٣-] حدثنا أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ! كَيْفَ تَسْأَلُوْنَ أَهْلَ الْكِتَابِ عَنْ شَيْئٍ وَكِتَابُكُمُ الَّذِيْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّكُمْ أَحْدَثُ الأَخْبَارِ بِاللّٰهِ، مَحْضًا لَمْ يُشَبْ، وَقَدْ حَدَّثَكُمُ اللّٰهُ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ بَدَّلُوْا مِنْ كُتُبِ اللّٰهِ وَغَيَّرُوْا فَكَتَبُوْا بِأَيْدِيْهِمُ الْكُتُبَ، قَالُوْا: هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهِ ثَمَنًا قَلِيْلاً، أَوَلاَ يَنْهَاكُمْ مَا جَاءَ كُمْ مِنَ الْعِلْمِ عَنْ مَسْأَلَتِهِمْ؟! وَلاَ وَاللّٰهِ مَا رَأَيْنَا رَجُلاً مِنْهُمْ يَسْأَلُكُمْ عَنِ الَّذِيْ أُنْزِلَ عَلَيْكُمْ. [راجع: ٢٦٨٥]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ﴾ وَفِعْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَيْثُ يُنْزَلُ عَلَيْهِ الْوَحْيُ

نزولِ وحی پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ پڑھتے تھے: وہ پڑھنا حادث تھا

پہلے یہ بات آئی ہے کہ اللہ کی صفتِ کلام کی تدلّی (تنزل) ہوا، یعنی وہ صفت مخلوق سے قریب آئی، پھر جب اس کا مخلوق کے ساتھ تعلق قائم ہوا تو تعلق سے پہلے تک صفتِ قدیمہ ہے اور تعلق کے بعد صفتِ حادثہ ہے، جو صفتِ قدیمہ پر دلالت کرتی ہے، پس قرآن اللہ کا کلام ہے، جب اس کا مخلوق کے ساتھ تعلق قائم ہوا یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پڑھا تو وہ پڑھنا حادث ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے نیشاپور میں یہی فرمایا تھا: لفظی بالقرآن مخلوق: میرا قرآن پڑھنا حادث ہے، کیونکہ وہ بندے کا فعل ہے، اور بندے کا فعل قدیم نہیں ہوسکتا۔

باب کی آیت: شروع میں جب جبرئیل علیہ السلام وحی پڑھتے تھے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی ساتھ ساتھ پڑھتے تھے، تاکہ وحی یاد ہوجائے، اس سے دوہرا بوجھ پڑتا تھا، چنانچہ سورۃ القیامہ میں آپؐ کو ساتھ پڑھنے سے روک دیا گیا، یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پڑھنا حادث تھا، اللہ کی صفت نہیں تھی، مگر وہ اللہ کی صفت پر دلالت کرتا تھا۔

معلق حدیث قدسی: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''میں میرے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب تک وہ میرا ذکر کرتا ہے اور میرے ذکر میں اس کے دونوں ہونٹ ہلتے ہیں'' —— یہ ذکر حادث ہے، کیونکہ بندے کا فعل ہے۔

حدیث: باب کی حدیث میں باب کی آیت کا شانِ نزول ہے، یہ حدیث پہلے آچکی ہے۔

[٤٣-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ﴾ وَفِعْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَيْثُ يُنْزَلُ عَلَيْهِ الْوَحْيُ

وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " قَالَ اللّٰهُ: أَنَا مَعَ عَبْدِيْ مَا ذَكَرَنِيْ، وَتَحَرَّكَتْ بِيْ شَفَتَاهُ"

[٧٥٢٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ: ﴿لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ﴾ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يُعَالِجُ مِنَ التَّنْزِيْلِ شِدَّةً، كَانَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ، فَقَالَ لِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَا أُحَرِّكُهُمَا لَكَ كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحَرِّكُهُمَا، فَقَالَ سَعِيْدٌ: أَنَا أُحَرِّكُهُمَا كَمَا كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُحَرِّكُهُمَا فَحَرَّكَ شَفَتَيْهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ۝ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ﴾ قَالَ: جَمْعُهُ لَكَ فِيْ صَدْرِكَ ثُمَّ تَقْرَؤُهُ.

﴿فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ﴾ قَالَ: فَاسْتَمِعْ لَهُ وَأَنْصِتْ، ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا أَنْ تَقْرَأَهُ، قَالَ: فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَتَاهُ جِبْرَئِيْلُ اسْتَمَعَ، فَإِذَا انْطَلَقَ جِبْرَئِيْلُ قَرَأَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم كَمَا أَقْرَأَهُ. [راجع: ۵]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَأَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوْا بِهِ، إِنَّهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ، أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ﴾

چھپا کر بات کہو یا پکار کر سب کی اللہ کو خبر ہے، کیا وہ نہیں جانے گا جس نے پیدا کیا اور وہ باریک بیں باخبر ہے!

یہ بھی صفتِ کلام (قرآن) کے سلسلہ کا باب ہے، اور اب آخر کتاب تک اسی سلسلہ کے ابواب ہیں۔ بندوں کا قرآن پڑھنا بندوں کی صفت ہے، اللہ کی صفت نہیں، اس لئے حادث ہے، البتہ اس پڑھنے کو اللہ تعالیٰ جانتے ہیں، خواہ آہستہ پڑھا جائے یا جہراً پڑھا جائے، پس اس کا صفتِ علم سے تعلق ہوا، صفتِ کلام سے تعلق نہیں ہوا۔

باب کی آیت: سورۃ الملک کی (آیات ۱۳و۱۴) ہیں: ''اور تم خواہ چھپا کر بات کہو یا پکار کر (اس کو سب کی خبر ہے کیونکہ) وہ دلوں تک کی باتوں سے واقف ہیں، کیا وہ نہیں جانے گا جس نے پیدا کیا، اور وہ باریک بیں باخبر ہے؟! (آیت کے عموم میں قرآن کا پڑھنا بھی آتا ہے)

ایک لفظ کے معنی: أَسِرُّوْا کی مناسبت سے یتخافتون کے معنی بیان کئے ہیں، یہ کلمہ سورۃ القلم کی (آیت ۲۳) میں آیا ہے، اس کے معنی ہیں: چپکے چپکے باتیں کرنا۔

اور پہلی حدیث: تحفۃ القاری (۳۵۲:۹) میں آچکی ہے، اس کے ذریعہ قرآن پڑھنے کو باب کی آیت کے عموم میں داخل کیا ہے، اسی طرح دوسری حدیث کے ذریعہ دعا کو بھی باب کی آیت کے عموم میں داخل کیا ہے، اور آخری حدیث میں جہراً قرآن پڑھنے کی فضیلت بیان کی ہے۔

[۴۴-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَأَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوْا بِهِ، إِنَّهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ، أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ﴾

﴿يَتَخَافَتُوْنَ﴾: يَتَسَارُّوْنَ.

[۷۵۲۵-] حدثنا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، عَنْ هُشَيْمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ

عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ قَالَ: نَزَلَتْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُخْتَفٍ بِمَكَّةَ، فَكَانَ إِذَا صَلَّى بِأَصْحَابِهِ رَفَعَ صَوْتَهُ بِالْقُرْآنِ، فَإِذَا سَمِعَ الْمُشْرِكُوْنَ سَبُّوْا الْقُرْآنَ وَمَنْ أَنْزَلَهُ وَمَنْ جَاءَ بِهِ، فَقَالَ اللّٰهُ لِنَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ﴾ أَيْ بِقِرَاءَ تِكَ، فَيَسْمَعُ الْمُشْرِكُوْنَ فَيَسُبُّوْا الْقُرْآنَ ﴿وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ عَنْ أَصْحَابِكَ فَلَا تُسْمِعُهُمْ، ﴿وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا﴾ [راجع: ٤٧٢٢]

[٧٥٢٦-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ فِي الدُّعَاءِ. [راجع: ٤٧٢٣]

[٧٥٢٧-] حدثنا إِسْحَاقُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ" وَزَادَ غَيْرُهُ: "يَجْهَرُ بِهِ"

حوالہ: آخری حدیث کے ہم معنی حدیث تحفۃ القاری (۸۶:۱۰) میں گذری ہے

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُوْمُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَرَجُلٌ يَقُوْلُ: لَوْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِيَ هٰذَا فَعَلْتُ كَمَا يَفْعَلُ"

قاری کا قرآن پڑھنا اس کا فعل ہے، اس لئے حادث ہے، مگر وہ اللہ کے کلام پر دال ہے اس لئے قابل رشک ہے

باب کی حدیثوں میں ہے کہ دو شخص قابل رشک ہیں: ایک: جس کو قرآن کی دولت ملی ہے، وہ شب وروز اس کو پڑھتا ہے۔ دوسرا: مالدار، جو مال راہِ خدا میں لٹاتا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے قرآن سے نماز پڑھنے والے کو اس کا فعل قرار دیا ہے، اور انسان کا فعل حادث ہوتا ہے، پس قاری کا پڑھنا حادث ہے، تاہم قاری قابل رشک ہے، کیونکہ اس کا پڑھنا اللہ کی صفت پر دلالت کرتا ہے۔

آیت (۱): سورۃ الروم کی (آیت ۲۲) ہے: ''اور اللہ کی نشانیوں میں سے ہے آسمانوں اور زمین کا بنانا، اور تمہارے لب ولہجہ اور رنگتوں کا الگ الگ ہونا'' —— پس خواہ قرآن کو کسی انداز سے پڑھے قابل رشک ہے، اور اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ قاری کا پڑھنا اللہ کی صفت نہیں، کیونکہ قراء مختلف طرح پڑھتے ہیں اور اللہ کی صفت میں اختلاف نہیں ہوسکتا۔

آیت (۲): سورۃ الحج کی (آیت ۷۷) ہے: ''اے ایمان والو! تم رکوع کیا کرو، اور سجدہ کیا کرو، اور اپنے رب کی

عبادت کیا کرو، اور نیک کام کیا کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ!" —— قرآن پڑھنا بھی نیک کام ہے، پس قاری قابل رشک ہے۔

[٤٥-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُوْمُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَرَجُلٌ يَقُوْلُ: لَوْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِىَ هٰذَا فَعَلْتُ كَمَا يَفْعَلُ"

فَبَيَّنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَنَّ قِيَامَهُ بِالْكِتَابِ هُوَ فِعْلُهُ.

وَقَالَ: ﴿وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِهِمْ وَأَلْوَانِكُمْ﴾

وَقَالَ: ﴿ وَافْعَلُوْا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾

[٧٥٢٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَا تَحَاسُدَ إِلَّا فِيْ اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَتْلُوْهُ، مِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ وَآنَاءِ النَّهَارِ، فَهُوَ يَقُوْلُ: لَوْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِىَ هٰذَا فَعَلْتُ كَمَا يَفْعَلُ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَهُوَ يُنْفِقُهُ فِيْ حَقِّهِ فَيَقُوْلُ: لَوْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِىَ هٰذَا عَمِلْتُ فِيْهِ مِثْلَ مَا عَمِلَ"[راجع: ٥٠٢٦]

[٧٥٢٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَاحَسَدَ إِلَّا فِى اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُوْمُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَهُوَ يُنْفِقُهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ" قَالَ: سَمِعْتُ مِنْ سُفْيَانَ مِرَارًا، لَمْ أَسْمَعْهُ يَذْكُرُ الْخَبَرَ، وَهُوَ مِنْ صَحِيْحِ حَدِيْثِهِ.[راجع: ٥٠٢٥]

وضاحت: آخری حدیث کی سند میں زہری رحمہ اللہ نے حدثنا یا أخبرنا نہیں کہا، مگر حدیث صحیح ہے (یہ علی مدینی کا قول ہے)

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ وَإِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ﴾

رسول اللہ ﷺ کی اور ان کے ورثاء کی ذمہ داری ہے کہ وہ قرآنِ کریم کو پہنچائیں

اب تک ابواب کلام اللہ (صفتِ کلام) سے متعلق تھے، اب کلام اللہ (قرآن) کی تبلیغ سے متعلق ابواب شروع کررہے ہیں، پھر قرآنِ کریم پر عمل کے سلسلہ کے ابواب آئیں گے، اور ان پر بخاری شریف پوری ہوگی۔

باب کی آیت: سورۃ المائدۃ کی (آیت ٦٧) میں ہے: "اے رسول! جو کچھ آپؐ کے رب کی طرف سے آپؐ پر اتارا

گیا ہے اس کو پہنچایئے، اور اگر آپ نے یہ کام نہیں کیا تو آپؐ نے اللہ کا پیغام نہیں پہنچایا!

قول زہری رحمہ اللہ: امام زہری رحمہ اللہ نے فرمایا: ''اللہ کی طرف سے پیغام ہے، اور اللہ کے رسول کے ذمہ اس کا پہنچانا ہے، اور ہمارے ذمہ ماننا ہے (اس قول میں ابواب کی ترتیب کی طرف اشارہ ہے، اب تک ابواب قرآن سے متعلق تھے، قرآن: اللہ کی طرف سے پیغام ہے، اب ابواب اس کی تبلیغ سے متعلق ہیں، پھر اس پر عمل کے تعلق سے ابواب آئیں گے)

پیغام رسانی کی ذمہ داری فرشتوں کی، نبیوں کی اور ان کے ورثاء کی ہے:

فرشتوں کی ذمہ داری کا بیان: سورہ الجن (آیت ۲۸) میں ہے: ''تاکہ اللہ تعالیٰ جان لیں کہ ان فرشتوں نے بالتحقیق ان کے ربّ کے پیغامات پہنچائے، اور اللہ تعالیٰ ان (فرشتوں) کے تمام احوال کا احاطہ کئے ہوئے ہیں، اور ہر چیز کو اللہ نے گن کر محفوظ کر رکھا ہے''

نبیوں کی ذمہ داری کا بیان: سورۃ اعراف (آیت ۶۲) میں ہے: ''(نوح علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا:) میں تم کو اپنے پروردگار کے پیغامات پہنچاتا ہوں'' (یہی بات آیت ۶۸ میں ہود علیہ السلام نے کہی ہے، پھر یہی بات آیت ۷۹ میں صالح علیہ السلام نے کہی ہے، پھر یہی بات آیت ۹۳ میں شعیب علیہ السلام نے کہی ہے، پس پیغام رسانی کی ذمہ داری سبھی انبیاء کی ہے)

علماء کی ذمہ داری کا بیان: غزوۂ تبوک میں بعض مؤمنین شریک جہاد نہیں ہوئے تھے، انھوں نے نبی ﷺ کی واپسی کی اطلاع پا کر خود کو مسجدِ نبوی کے ستونوں سے باندھ دیا تھا، آیات ۱۰۲-۱۰۵ میں ان کی توبہ نازل ہوئی، ان کو ستونوں سے کھول دیا گیا، اور انھوں نے توبہ کی تکمیل کے طور پر جو صدقہ پیش کیا وہ قبول کر لیا گیا، پھر (آیت ۱۰۵) میں ان سے کہا: ''عمل کرو، پس عنقریب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور مؤمنین تمہارے عمل کو دیکھیں گے'' یعنی توبہ وغیرہ سے گذشتہ تقصیرات تو معاف ہو گئیں، لیکن آگے دیکھا جائے گا کہ تم کہاں تک صدق واستقامت کا عملی ثبوت پیش کرتے ہو —— یہ آیت لاکر امام بخاری رحمہ اللہ نے اشارہ کیا ہے کہ علماء کی تبلیغ بھی اللہ تعالیٰ، اس کے رسول اور مسلمان دیکھیں گے کہ انھوں نے کہاں تک اس سلسلہ میں جد وجہد کی ہے۔

کسی کو داعی کا کام پسند آئے تو ستائش کس طرح کرے؟ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جب تجھے کسی شخص کا (دینی) عمل پسند آئے تو تو کہہ: ''عمل کرو، پس عنقریب اللہ تعالیٰ، اس کے رسول اور مؤمنین تمہارا عمل دیکھ لیں گے'' (ستائش کا یہ شاندار طریقہ ہے، اس سے داعی کا نفس پھولتا نہیں)

داعی کو بے برداشت نہیں ہونا چاہئے: کبھی حالات ناسازگار ہوتے ہیں، داعی کو مخالفتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، صدیقہ عائشہؓ نے فرمایا: ''اور تجھے کوئی شخص بے برداشت نہ کرے'' کیونکہ ہمتِ مرداں مدد خدا! قدم قدم بڑھے چلو، منزل دور نہیں!

قرآن وہ راہ نمائی ہے جس میں انگلی رکھنے کی جگہ نہیں، پس لوگوں کو اس کی دعوت دو!

سورۃ البقرۃ کی دوسری آیت ہے:﴿ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَارَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِلْمُتَّقِيْنَ﴾: یہ کتاب ایسی ہے جس (کے من جانب اللہ ہونے) میں کوئی شبہ نہیں، خدا سے ڈرنے والوں کو راہ بتلانے والی ہے —— ابوعبیدۃ معمر بن المثنی (امام لغت) نے فرمایا: ذلك (اسم اشارہ بعید) بمعنی هٰذَا (اسم اشارہ قریب) ہے، اور ھدی کے معنی ہیں: وضاحت اور راہ نمائی، جیسے سورۃ الممتحنہ (آیت ۱۰) میں بھی ذلك بمعنی هذا ہے (ذلکم حکم الله: یہ اللہ کا حکم ہے) اور ریب کے معنی ہیں: شک، اسی طرح تلك آیات الله میں بھی تلك بمعنی هذه ہے، اور آیت کے معنی ہیں: یہ قرآن کے اعلام (اہم مضامین) ہیں، اسی طرح سورۃ یونس میں بکم کی جگہ بھم آیا ہے، غرض ایسے تصرفات (التفات) قرآن میں ہیں (یہاں تک ابوعبیدہ کا قول ہے)

معلق روایت: تحفۃ القاری (۱۸۸:۸) میں گذری ہے۔ نبی ﷺ نے حضرت انسؓ کے ماموں حضرت حرام رضی اللہ عنہ کو ایک قوم کی طرف بھیجا، انھوں نے کہا: کیا تم مجھے امن دیتے ہو کہ میں رسول اللہ ﷺ کا پیغام پہنچاؤں؟ پس انھوں نے ان سے باتیں شروع کیں (معلوم ہوا کہ دین پہنچانا امت کی بھی ذمہ داری ہے)

پہلی حدیث: تحفۃ القاری (۴۴۱:۶) میں آچکی ہے۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے کسری کے عامل سے کہا: ہمارے نبی ﷺ نے ہمارے پروردگار کی طرف سے آنے والے پیغام سے ہمیں بتلایا کہ ہم میں سے جو مارا جائے گا وہ جنت میں جائے گا (دین غیروں کو بھی پہنچانا ہے، وہ بھی نبی ﷺ کی امت دعوت ہیں)

دوسری حدیث: تحفۃ القاری (۲۱۵:۹) میں گذر چکی ہے۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''جو شخص تم سے بیان کرے کہ نبی ﷺ نے وحی میں سے کچھ چھپایا ہے: اس کی بات مت ماننا، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''اے رسول! پہنچائیں جو آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے اتارا گیا ہے'' (اس حکم الٰہی کی نبی ﷺ کیسے خلاف ورزی کر سکتے ہیں؟)

تیسری حدیث: میں نبی ﷺ نے جو تین بڑے گناہ ترتیب وار بتائے ہیں وہ اسی ترتیب سے سورۃ الفرقان کی (آیت ۶۸) میں ہے، یہ نبی ﷺ نے اللہ کا حکم ابن مسعودؓ کو پہنچایا۔

[٤٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿يٰأَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ وَإِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ﴾

[١-] قَالَ الزُّهْرِيُّ: مِنَ اللّٰهِ الرِّسَالَةُ، وَعَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْبَلَاغُ، وَعَلَيْنَا التَّسْلِيْمُ.

[٢-] وَقَالَ: ﴿لِيَعْلَمَ أَنْ قَدْ أَبْلَغُوْا رِسَالَاتِ رَبِّهِمْ﴾ وَقَالَ: ﴿أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّيْ﴾

[٣-] وَقَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ

وَرَسُوْلُهُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ﴾

[٤-] وَقَالَتْ عَائِشَةُ: إِذَا أَعْجَبَكَ حُسْنُ عَمَلِ امْرِئٍ فَقُلِ:﴿ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ﴾ وَلاَ يَسْتَخِفَّنَّكَ أَحَدٌ.

قوله: وقال: أى قال الله...... وقال كعب: یہ امام بخاری رحمہ اللہ کے ذہن نے خطا کی، حضرت کعبؓ سے متعلق دوسری آیتیں ہیں۔

[٥-] وَقَالَ مَعْمَرٌ:﴿ذٰلِكَ الْكِتَابُ﴾: هٰذَا الْقُرْآنُ، ﴿هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ﴾: بَيَانٌ وَدَلاَلَةٌ، كَقَوْلِهِ: ﴿ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ﴾: هٰذَا حُكْمُ اللّٰهِ، ﴿لاَ رَيْبَ فِيْهِ﴾: لاَ شَكَّ. ﴿تِلْكَ آيَاتُ اللّٰهِ﴾: يَعْنِيْ: هٰذِهِ أَعْلاَمُ الْقُرْآنِ، وَمِثْلُهُ: ﴿ حَتّٰى إِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِمْ﴾: يَعْنِيْ: بِكُمْ.

[٦-] وَقَالَ أَنَسٌ: بَعَثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم خَالَهُ حَرَامًا إِلٰى قَوْمِهِ وَقَالَ: أَتُؤْمِنُوْنِّى أُبَلِّغُ رِسَالَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَجَعَلَ يُحَدِّثُهُمْ.

نوٹ: معمرؒ کتاب المجاز میں ایسی ہی ٹیڑھی میڑھی اور مختصر عبارت لکھتے ہیں اور امام صاحب بعینہ نقل کرتے ہیں۔

[٧٥٣٠-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ ابْنُ سَلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، وَزِيَادُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، قَالَ الْمُغِيْرَةُ: أَخْبَرَنَا نَبِيُّنَا صلى الله عليه وسلم عَنْ رِسَالَةِ رَبِّنَا: "أَنَّهُ مَنْ قُتِلَ مِنَّا صَارَ إِلٰى الْجَنَّةِ"[راجع: ٣١٥٩]

[٧٥٣١-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَنْ حَدَّثَكَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَتَمَ شَيْئًا، ح: وَقَالَ مُحَمَّدٌ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَنْ حَدَّثَكَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَتَمَ شَيْئًا مِنَ الْوَحْيِ، فَلاَ تُصَدِّقْهُ، إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: ﴿يٰأَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ﴾ الآية.[راجع: ٣٢٣٤]

[٧٥٣٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ الذَّنْبِ أَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" أَنْ تَدْعُوَ لِلّٰهِ نِدًّا، وَهُوَ خَلَقَكَ" قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ:" ثُمَّ أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ" قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟

قَالَ: ''ثُمَّ أَنْ تُزَانِیَ حَلِیْلَةَ جَارِكَ'' فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِیْقَهَا: ﴿وَالَّذِیْنَ لاَ یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ وَلاَ یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلاَ یَزْنُوْنَ، وَمَنْ یَفْعَلْ ذٰلِكَ یَلْقَ أَثَامًا﴾[راجع: ٤٤٧٧]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿قُلْ فَأْتُوْا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوْهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِیْنَ﴾

قرآن اللہ کی آخری کتاب ہے، اس کو پڑھو، سمجھو اور اس پر عمل کرو

قرآنِ کریم اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے، قرآن میں تورات وانجیل کے حوالے آئے ہیں، اور حوالہ بعد والی کتاب میں ہوتا ہے اور حدیث میں اس کی صراحت ہے۔

تورات کا حوالہ: سورۃ آلِ عمران (آیت ۹۳) میں ہے: ''کہیں: پس تورات لاؤ، اور اس کو پڑھو اگر تم سچے ہو (یہ آیت بطور مثال ذکر کی ہے، ورنہ متعدد آیات میں تورات وانجیل کا تذکرہ ہے)

اور حدیث: ابھی اسی جلد میں آئی ہے (نمبر ۷۴۶۷) نبی ﷺ نے فرمایا: ''تورات والے تورات دیئے گئے، پس انھوں نے اس پر عمل کیا، اور انجیل والے انجیل دیئے گئے، پس انھوں نے اس پر عمل کیا، اور تم قرآن دیئے گئے، پس تم نے اس پر عمل کیا''

آیتِ کریمہ: سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۲۱) ہے: ﴿الَّذِیْنَ آتَیْنَاهُمُ الْكِتَابَ یَتْلُوْنَهُ حَقَّ تِلَاوَتِهِ، أُوْلٰئِكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهِ، وَمَنْ یَّكْفُرْ بِهِ فَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ﴾: جن لوگوں کو ہم نے کتاب (تورات وانجیل) دی، وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں، جیسا تلاوت کرنے کا حق ہے: وہ قرآن پر ایمان لاتے ہیں، اور جو شخص قرآن کا انکار کرے گا پس وہی لوگ خسارہ میں رہیں گے ـــــ حضرت ابورزین مسعود بن مالک اسدی کوفی (تابعی) نے ﴿یَتْلُوْنَهُ﴾ کی تفسیر کی: ''وہ اس کی پیروی کرتے ہیں اور اس پر عمل کرتے ہیں جیسا اس پر عمل کا حق ہے (اس سے بھی ثابت ہوا کہ تورات وانجیل سابقہ کتابیں ہیں اور قرآن آخری کتاب ہے)

قرآن کو عمدہ طریقہ پر پڑھو:

سورۃ النساء کی (آیت ۱۲۷) ہے: ﴿وَیَسْتَفْتُوْنَكَ فِی النِّسَاءِ، قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْكُمْ فِیْهِنَّ وَمَا یُتْلٰی عَلَیْكُمْ فِی الْكِتَابِ فِیْ یَتَامٰی النِّسَاءِ﴾ الآیة: اور لوگ آپؐ سے عورتوں کے احکام دریافت کرتے ہیں، آپ کہیں: اللہ تعالیٰ تم کو ان کے بارے میں حکم دیتے ہیں، اور ان آیات کا حوالہ بھی دیتے ہیں جو قرآن میں تم کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں، یتیم عورتوں کے بارے میں (الی آخرہ) ـــــ امام بخاری رحمہ اللہ نے ﴿یُتْلٰی﴾ کی تفسیر کی ہے: پڑھتا ہے قرآن کو عمدہ تلاوت کرنے والا، قرآن کو اچھا پڑھنے والا ـــــ یعنی قرآن کو عمدہ طریقہ پر پڑھو۔

قرآن کو سمجھو اور اس پر عمل کرو:

سورۃ الواقعہ کی (آیت ۷۹) ہے: ﴿لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾: پاک لوگوں کے علاوہ اس کو کوئی ہاتھ نہیں لگاتا —— امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نہیں چھوتا اس کو یعنی اس کا مزہ اور اس کا نفع نہیں پاتا مگر جو قرآن پر یقین رکھتا ہے، اور نہیں اٹھاتا اس کو اس کے حق کے ساتھ یعنی نہیں عمل کرتا اس پر مگر یقین کرنے والا، اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی وجہ سے: ''حال ان لوگوں کا جو تورات دیئے گئے، پھر انھوں نے اس پر عمل نہیں کیا اس گدھے کے حال جیسا ہے جو کتابیں لادے ہوئے ہے، بری حالت ہے ان لوگوں کی جنھوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا، اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو ہدایت نہیں دیا کرتے (سورۃ الجمعہ آیت ۵)

نوٹ: سورۃ الواقعہ کی آیت کی جو تفسیر کی ہے، وہ غور طلب ہے، اس میں پاک لوگوں سے فرشتے مراد ہیں، اور ضمیر کتاب مکنون یعنی لوح محفوظ کی طرف لوٹتی ہے یعنی لوح محفوظ تک فرشتوں کے علاوہ کسی کی پہنچ نہیں، شیاطین قرآن میں کیا گڑبڑ کر سکتے ہیں؟

قرآن پر عمل کی اہمیت:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام، ایمان اور نماز کا نام عمل رکھا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: مجھ سے اپنا وہ عمل بیان کرو جو اسلام میں تم نے کیا ہے، اور جس پر تم کو ثواب کی سب سے زیادہ امید ہے، انھوں نے کہا: مجھے سب سے زیادہ ثواب کی امید اپنے اس عمل پر ہے کہ رات دن میں جب بھی میں نے وضوء کیا تو حسب توفیق نماز پڑھی ہے۔

(تحفۃ القاری ۳: ۴۷۷)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا: اللہ و رسول پر ایمان لانا، پوچھا گیا: پھر کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا: راہِ خدا میں لڑنا، پوچھا گیا: پھر کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا: مقبول حج (تحفۃ القاری ۱: ۲۴۰)

اور باب کی حدیث تحفۃ القاری (۳: ۴۱۸) میں آچکی ہے، اس میں باب کی پہلی بات ہے کہ یہود و نصاری: تورات و انجیل پہلے دیئے گئے ہیں اور ہم قرآنِ کریم بعد میں دیئے گئے ہیں۔

[۴۷-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿قُلْ فَأْتُوْا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوْهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ﴾

وَقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: " أُعْطِيَ أَهْلُ التَّوْرَاةِ التَّوْرَاةَ فَعَمِلُوْا بِهَا، وَأُعْطِيَ أَهْلُ الإِنْجِيْلِ الإِنْجِيْلَ فَعَمِلُوْا بِهِ، وَأُعْطِيْتُمُ الْقُرْآنَ فَعَمِلْتُمْ بِهِ"

وَقَالَ أَبُوْ رَزِيْنٍ: ﴿يَتْلُوْنَهُ﴾: يَتَّبِعُوْنَهُ وَيَعْمَلُوْنَ بِهِ حَقَّ عَمَلِهِ.

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿يُتْلٰى﴾: يَقْرَأُ حَسَنُ التِّلَاوَةِ، حَسَنُ الْقِرَاءَةِ لِلْقُرْآنِ.

﴿لَایَمَسُّهُ﴾: لَایَجِدُ طَعْمَهُ وَنَفْعَهُ إِلَّا مَنْ آمَنَ بِالْقُرْآنِ، وَلَا يَحْمِلُهُ بِحَقِّهِ إِلَّا الْمُوْقِنُ، لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿مَثَلَ الَّذِيْنَ حُمِّلُوْا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا، بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِآيَاتِ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ لَا يَهْدِیْ الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ﴾

وَسَمَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الإِسْلَامَ، وَالإِيْمَانَ، وَالصَّلَاةَ عَمَلًا، قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم لِبِلَالٍ: "أَخْبِرْنِیْ بِأَرْجَى عَمَلٍ عَمِلْتَهُ فِی الإِسْلَامِ؟" قَالَ: مَا عَمِلْتُ عَمَلًا أَرْجَى عِنْدِیْ أَنِّیْ لَمْ أَتَطَهَّرْ إِلَّا صَلَّيْتُ.

وَسُئِلَ: أَیُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "إِيْمَانٌ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، ثُمَّ الْجِهَادُ، ثُمَّ حَجٌّ مَبْرُوْرٌ"

[۷۵۳۳-] حدثنا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ سَالِمٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّمَا بَقَاؤُكُمْ فِيْمَنْ سَلَفَ مِنَ الْأُمَمِ كَمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلٰى غُرُوْبِ الشَّمْسِ، أُوْتِیَ أَهْلُ التَّوْرَاةِ التَّوْرَاةَ فَعَمِلُوْا بِهَا حَتّٰى انْتَصَفَ النَّهَارُ، ثُمَّ عَجَزُوْا، فَأُعْطُوْا قِيْرَاطًا قِيْرَاطًا. ثُمَّ أُوْتِیَ أَهْلُ الإِنْجِيْلِ الإِنْجِيْلَ فَعَمِلُوْا بِهِ حَتّٰى صُلِّيَتِ الْعَصْرُ، ثُمَّ عَجَزُوْا، فَأُعْطُوْا قِيْرَاطًا قِيْرَاطًا، ثُمَّ أُوْتِيْتُمُ الْقُرْآنَ فَعَمِلْتُمْ بِهِ حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، فَأُعْطِيْتُمْ قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ، فَقَالَ أَهْلُ الْكِتَابِ: هٰؤُلَاءِ أَقَلُّ عَمَلًا مِنَّا وَأَكْثَرُ أَجْرًا، قَالَ اللّٰهُ: هَلْ ظَلَمْتُمْ مِنْ حَقِّكُمْ مِنْ شَيْئٍ؟ قَالُوْا: لَا، قَالَ: فَهُوَ فَضْلِیْ أُوْتِيْهِ مَنْ أَشَاءُ" [راجع: ۵۵۷]

بَابٌ

قرآن پڑھنا ہی عمل ہے

یہ ردیف باب ہے، اس لئے بے سرا ہے، اس میں قرآن پڑھنے کی اہمیت کا بیان ہے، اور یہ بات قیاس کی شکل ثالث سے ثابت کی ہے، شکل ثالث میں حد اوسط: صغری اور کبری: دونوں میں موضوع ہوتی ہے، پس شکل ثالث اس طرح بنے گی: الصلاة عمل (صغری) والصلاة هی القراء ة (کبری) فالعمل هو القراء ة (نتیجہ) اور صغری کی دلیل باب کی حدیث ہے، پوچھا گیا: کونسا عمل افضل ہے؟ جواب دیا: بروقت نماز پڑھنا، اور کبری قضية قياساتها معها ہے، وہ خود حدیث ہے، اور قراءتِ فاتحہ خاص ہے، اور خاص کے ضمن میں عام پایا جاتا ہے، جیسے انسان ثابت ہو تو حیوان بھی ثابت ہوگا۔ اور قرآن پڑھنا ہی عمل ہے: یہ حصر ادعائی ہے۔

[۴۸-] بَابٌ

وَسَمَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الصَّلَاةَ عَمَلًا، وَقَالَ: "لَاصَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ"

[٧٥٣٤-] حَدَّثَنِیْ سُلَیْمَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْوَلِیْدِ، ح: وَحَدَّثَنِیْ عَبَّادُ بْنُ یَعْقُوْبَ الْأَسَدِیُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنِ الشَّیْبَانِیِّ، عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ الْعَیْزَارِ، عَنْ أَبِیْ عَمْرٍو الشَّیْبَانِیِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَیُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ:" الصَّلاَ ةُ لِوَقْتِهَا، وَبِرُّ الْوَالِدَیْنِ، ثُمَّ الْجِهَادُ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ"[راجع: ٥٢٧]

بَابُ قَوْلِهِ:﴿ إِنَّ الإِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا﴾: ضَجُوْرًا

انسان کم ہمت پیدا کیا گیا ہے (سب کچھ پڑھتا ہے، قرآن نہیں پڑھتا)

یہ بھی ذیلی باب ہے۔ سورۃ المعارج کی (آیات ۱۹-۲۱) ہیں: ''بے شک انسان کم ہمت پیدا کیا گیا ہے! جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو ہاہو کرنے لگتا ہے، اور جب اس کو راحت ملتی ہے تو ہاتھ روک لیتا ہے!'' چنانچہ خوش حالی میں پھولا نہیں سماتا اور بدحالی میں بدحال ہوجاتا ہے اور دونوں حالتوں میں اعمال کی طرف مائل نہیں ہوتا، سب کچھ پڑھتا ہے مگر قرآن کو ہاتھ نہیں لگاتا۔

اور باب کی حدیث تحفۃ القاری (۳:۲۴۳) میں آئی ہے، اس سے صرف یہ ثابت کرنا ہے کہ بعض لوگوں کے دلوں میں گھبراہٹ اور بے قراری ہوتی ہے، یہی ہلوع ہے، اور اس کی تفسیر بعد کی دو آیتوں میں ہے...... الضَّجُور: بہت اکتایا ہوا، بہت اچاٹ، بہت پریشان، بہت تنگ دل۔

[٤٩-] بَابُ قَوْلِهِ:﴿ إِنَّ الإِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا﴾: ضَجُوْرًا

﴿إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۝ وَإِذَا مَسَّهُ الْخَیْرُ مَنُوْعًا﴾

[٧٥٣٥-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ، قَالَ: أَتَی النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم مَالٌ فَأَعْطَی قَوْمًا وَمَنَعَ آخَرِیْنَ فَبَلَغَهُ أَنَّهُمْ عَتَبُوْا فَقَالَ: "إِنِّیْ أُعْطِیَ الرَّجُلَ وَأَدَعُ الرَّجُلَ، وَالَّذِیْ أَدَعُ أَحَبُّ إِلَیَّ مِنَ الَّذِیْ أُعْطِیْ، أُعْطِیْ أَقْوَامًا لِمَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ مِنَ الْجَزَعِ وَالْهَلَعِ، وَأَکِلُ أَقْوَامًا إِلٰی مَا جَعَلَ اللّٰهُ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مِنَ الْغِنَی وَالْخَیْرِ، مِنْهُمْ عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ" فَقَالَ عَمْرٌو: مَا أُحِبُّ أَنَّ لِیْ بِکَلِمَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حُمْرَ النَّعَمِ.[راجع: ٩٢٣]

بَابُ ذِکْرِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَرِوَایَتِهِ عَنْ رَبِّهِ

نبی ﷺ کا قرآن کی تلاوت کرنا، اور ان کا اللہ تعالیٰ سے روایت کرنا

عبارت میں تعقید ہے، عن ربہ کے قرینہ سے معطوف علیہ جملہ میں رَبَّہ مقدر ہے، پھر چونکہ جزء اول کے سلسلہ کی

روایات بخاری شریف میں لانے کے قابل نہیں تھیں اس لئے باب بڑھایا، اور جزء ثانی کی روایتیں لائے، اوران سے پہلا جزء ثابت کیا، کیونکہ قرآن کی تلاوت بھی اللہ تعالیٰ سے روایت ہے۔

احادیث میں بکثرت نبی ﷺ کا قرآن پڑھنا مروی ہے، تہجد کی چار رکعتوں میں شروع کی بڑی چار سورتیں پڑھتے تھے، اوراتنی طویل قراءت کرتے تھے کہ پیر سوجھ جاتے تھے، اور اللہ پاک کا سورۃ الاحزاب (آیت ۲۱) میں ارشادِ پاک ہے: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوْا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الآخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا﴾: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ تمہارے لئے عمدہ نمونہ ہے رسول اللہ میں، اس شخص کے لئے جو اللہ سے اور آخرت سے ڈرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو بکثرت یاد کرتا ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں زیادہ سے زیادہ قرآن پڑھنے کی توفیق دیں (آمین)

پہلی دوحدیثیں: ایک ہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایتیں ہیں، پہلی روایت میں: یرویه عن ربه ہے اور دوسری میں صرف عن ربه ہے، اس سے استدلال کیا ہے۔ اور حدیث قدسی کا بیان تحفۃ القاری (۱:۹۲) میں ہے۔

[۵۰-] بَابُ ذِكْرِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرِوَايَتِهِ عَنْ رَبِّهِ

[۷۵۳۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ زَيْدٍ سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْهَرَوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يَرْوِيْهِ عَنْ رَبِّهِ، قَالَ:" إِذَا تَقَرَّبَ الْعَبْدُ إِلَيَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَإِذَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ بَاعًا، وَإِذَا أَتَانِيْ مَشْيًا أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً"

[۷۵۳۷-] حدثنا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:- رُبَّمَا ذَكَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم- قَالَ:" إِذَا تَقَرَّبَ الْعَبْدُ مِنِّيْ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا، وَإِذَا تَقَرَّبَ مِنِّيْ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ بَاعًا أَوْ: بُوْعًا"[راجع: ۷۴۰۵]

وَقَالَ مُعْتَمِرٌ: سَمِعْتُ أَبِيْ، سَمِعْتُ أَنَسًا، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، عَنْ رَبِّهِ.

اگلی حدیث میں: یرویه عن ربکم سے استدلال کیا ہے، اس کے بعد والی حدیث میں فیما یروی عن ربه سے استدلال کیا ہے۔

[۷۵۳۸-] حدثنا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، يَرْوِيْهِ عَنْ رَبِّكُمْ، قَالَ:" لِكُلِّ عَمَلٍ كَفَّارَةٌ، وَالصَّوْمُ لِيْ وَأَنَا أَجْزِيْ بِهِ، وَلَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ. أَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ"[راجع: ۱۸۹۴]

[۷۵۳۹-] حدثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ. ح: وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ ابْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم،

فِيمَا يَرْوِىْ عَنْ رَبِّهِ، قَالَ: ”لَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَقُوْلَ: إِنَّهُ خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى“ وَنَسَبَهُ إِلَى أَبِيْهِ.
[راجع: ۳۳۹۵]

آئندہ حدیث: فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ اونٹنی پر سوار تھے، اور خوش الحانی سے سورۃ الفتح پڑھ رہے تھے، اور پڑھتے وقت آواز حلق میں گھوم رہی تھی، حدیث کے راوی معاویہ کہتے ہیں: اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ میرے پاس بھیڑ لگالیں گے تو میں گلے میں آواز گھما کر دکھاتا جس طرح حضرت عبداللہؓ نے آواز گھمائی تھی (تحفۃ القاری ۸:۶ ۳۷)

سوال: حدیث کی باب سے مناسبت کیا ہے؟

جواب: (۱) ابن بطال رحمہ اللہ کہتے ہیں: نبی ﷺ قرآن بھی اپنے ربّ سے روایت کرتے ہیں (حاشیہ) (۲) اور کرمانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: پروردگار سے روایت کرنا عام ہے، خواہ قرآن روایت کرے یا اس کے علاوہ، اور خواہ بالواسطہ روایت کرے یا بلاواسطہ، اگرچہ ذہن اس طرف جاتا ہے کہ بلاواسطہ روایت ہونی چاہئے (حاشیہ) دونوں باتوں کا حاصل ایک ہے۔

[۷۵۴۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي سُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ الْمُزَنِيِّ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْفَتْحِ عَلَى نَاقَةٍ لَهُ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفَتْحِ، أَوْ: مِنْ سُوْرَةِ الْفَتْحِ، قَالَ: فَرَجَّعَ فِيْهَا، قَالَ: ثُمَّ قَرَأَ مُعَاوِيَةُ يَحْكِي قِرَاءَةَ ابْنِ مُغَفَّلٍ، وَقَالَ: لَوْلَا أَنْ يَجْتَمِعَ النَّاسُ عَلَيْكُمْ لَرَجَّعْتُ كَمَا رَجَّعَ ابْنُ مُغَفَّلٍ“ يَحْكِي عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم. فَقُلْتُ لِمُعَاوِيَةَ: كَيْفَ كَانَ تَرْجِيْعُهُ؟ قَالَ: آ آ آ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. [راجع: ۴۲۸۱]

بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنْ تَفْسِيْرِ التَّوْرَاةِ وَكُتُبِ اللّٰهِ بِالْعَرَبِيَّةِ وَغَيْرِهَا

تورات وغیرہ آسمانی کتابوں کی عربی وغیرہ زبانوں میں تفسیر جائز ہے

کسی بھی زبان کی کتاب کو دوسری زبان میں منتقل کرنا ایک مشکل امر ہے، ہر زبان میں بعض الفاظ اور بعض محاورات ایسے ہوتے ہیں جن کا متبادل دوسری زبان میں نہیں ہوتا، اور زورِ کلام تو ناقابل تبدیلی ہے، پھر جب معاملہ اللہ کی کتابوں کی منتقلی کا ہو تو مشکل سوا ہو جاتی ہے، تاہم امام بخاری رحمہ اللہ جواز ثابت کر رہے ہیں کہ تورات وغیرہ آسمانی کتابوں کی عربی وغیرہ زبانوں میں تفسیر جائز ہے، کیونکہ سورۃ آلِ عمران کی (آیت ۹۳) ہے: ”کہو: تورات لاؤ اور اس کو پڑھو، اگر تم سچے ہو“ کہ اونٹ کا گوشت اور دودھ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے حرام ہیں۔ تورات عبرانی (حبرو) زبان میں تھی، یہ زبان نبی ﷺ اور عام صحابہ نہیں جانتے تھے، پس وہ عربی میں سمجھائیں گے، ثابت ہوا کہ ایسا کرنا جائز ہے، اور پہلی حدیث ہے

کہ نبی ﷺ نے جو دعوتی والا نامہ ہرقل (شاہِ روم) کو لکھا تھا وہ عربی میں تھا، ہرقل نے اس کا ترجمہ سنا، پس اس کا برعکس بھی جائز ہے، اور دوسری حدیث میں ہے کہ اہل کتاب عبرانی میں تورات پڑھتے تھے اور عربی میں مسلمانوں کو سمجھاتے تھے، پس نبی ﷺ نے فرمایا ان کی باتوں کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب، مگر ان کے فعل پر نکیر نہیں کی، معلوم ہوا کہ تورات کی عربی میں تفسیر کرنا جائز ہے۔ اور آخری حدیث میں یہودی مرد وزن کے زنا کا قصہ ہے، اس میں تورات لاکر پڑھی گئی تھی، اس کی تفسیر عربی میں کی گئی ہوگی، پس ثابت ہوا کہ ایسا کرنا جائز ہے۔

قرآنِ کریم کا غیر عربی میں ترجمہ وتفسیر کرنا:

امام بخاری رحمہ اللہ نے قرآنِ کریم کے ابواب کے دوران یہ باب لاکر اشارہ کیا ہے کہ قرآنِ کریم کا بھی غیر عربی میں ترجمہ وتفسیر کرسکتے ہیں، اور صراحت اس لئے نہیں کی کہ اللہ کی کتابوں میں اور اللہ کے کلام میں فرق ہے، اللہ کی سابقہ کتابیں یا تو جبرئیل علیہ السلام کا کلام تھیں یا انبیاء کا، جیسے احادیث قدسیہ نبی ﷺ کا کلام ہیں، اور بندوں کے کلام کی معنویت بندے سمجھ سکتے ہیں، پس اس کو دوسری زبان میں منتقل کیا جاسکتا ہے۔ اور قرآن پاک اللہ تعالیٰ کا کلام ہے، اور خالق کے کلام کی معنویت مخلوق پوری طرح نہیں سمجھ سکتی، پس قرآنِ کریم کو دوسری زبان میں منتقل کرنا سخت دشوار ہے، چنانچہ ایک ہزار سال تک قرآن کا غیر عربی میں ترجمہ نہیں کیا گیا، مگر چونکہ اسلام آفاقی مذہب ہے، اور دنیا کی تمام اقوام عربی سے واقف نہیں، اس لئے ضرورت تھی کہ قرآن کا ترجمہ کیا جائے، چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی اور ان کے صاحبزادگان رحمہم اللہ نے ترجمہ کی طرح ڈالی، پس علماء جواز پر متفق ہوتے چلے گئے، مگر متن کے بغیر صرف ترجمہ چھاپنے کی علماء اب بھی اجازت نہیں دیتے۔ متن ساتھ میں ہوگا تو قاری کے ذہن میں یہ بات رہے گی کہ یہ اصل ہے اور یہ ترجمہ، پس اگر مترجم سے کوئی چوک ہوئی یا اس نے مفہوم صحیح ادا نہیں کیا تو اس کا سمجھانا آسان ہوگا۔

[٥١-] بَابُ مَايَجُوْزُ مِنْ تَفْسِيْرِ التَّوْرَاةِ وَكُتُبِ اللّٰهِ بِالْعَرَبِيَّةِ وَغَيْرِهَا

لِقَوْلِ اللّٰهِ: ﴿قُلْ فَأْتُوْا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوْهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ﴾

[٧٥٤١-] وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ: أَنَّ هِرَقْلَ دَعَا تَرْجُمَانَهُ، ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَرَأَهُ: " بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ إِلٰى هِرَقْلَ، و﴿يٰأَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ﴾" [آلِ عمران: ٦٤] [راجع: ٧]

[٧٥٤٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَقْرَءُ وْنَ التَّوْرَاةَ بِالْعِبْرَانِيَّةِ، وَيُفَسِّرُوْنَهَا بِالْعَرَبِيَّةِ لِأَهْلِ الإِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَا تُصَدِّقُوْا أَهْلَ

الْكِتَابِ، وَلاَ تُكَذِّبُوْهُمْ و ﴿قُوْلُوْا آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ﴾ الآيَةَ"[راجع: ٤٤٨٥]

[٧٥٤٣-] حدثنا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِرَجُلٍ وَامْرَأَةٍ مِنَ الْيَهُوْدِ قَدْ زَنَيَا، فَقَالَ لِلْيَهُوْدِ: "مَا تَصْنَعُوْنَ بِهِمَا؟" قَالُوْا: نُسَخِّمُ وُجُوْهَهُمَا وَنُخْزِيْهِمَا. قَالَ: "﴿فَأْتُوْا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوْهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ﴾ فَجَاءُ وْا فَقَالُوْا لِرَجُلٍ مِمَّنْ يَرْضَوْنَ: يَا أَعْوَرُ اقْرَأْ. فَقَرَأَ حَتّٰى انْتَهَى إِلٰى مَوْضِعٍ مِنْهَا فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِ. قَالَ: "ارْفَعْ يَدَكَ" فَرَفَعَ فَإِذَا آيَةُ الرَّجْمِ تَلُوْحُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ عَلَيْهِمَا الرَّجْمَ، وَلٰكِنَّا نَتَكَاتَمُهُ بَيْنَنَا، فَأَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا، فَرَأَيْتُهُ يُجَانِئُ عَلَيْهَا الْحِجَارَةَ.[راجع: ١٣٢٩]

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "الْمَاهِرُ بِالْقُرْآنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ" وَزَيِّنُوْا الْقُرْآنَ بِأَصْوَاتِكُمْ

قرآن کا ماہر نیک، مکرم، نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتوں کے ساتھ ہوگا اور قرآن کو خوبصورت آواز میں پڑھو

باب میں دو حدیثیں جمع کی ہیں۔ پہلی حدیث مسلم شریف کی ہے (نمبر ۹۸) اور دوسری حدیث احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ اور دارمی کی ہے (مشکات حدیث ۲۱۹۹) السَّفَرة: السَّافِر کی جمع ہے، جیسے الکتبة: الکاتب کی جمع ہے، اور السافر کے معنی ہیں: کاتب، لکھنے والا، اور مراد ہے: نامۂ اعمال لکھنے والا فرشتہ...... اور الکِرام: الکریم کی جمع ہے: معزز و مکرم...... اور البررة: البار کی جمع ہے: نیک، صالح، فرمانبردار...... یہ تین صفتیں نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتوں کی ہیں، جو سورۂ عبس (آیات ۱۵ و ۱۶) میں آئی ہیں۔

تجربہ کی بات ہے اگر کوئی شخص میری کتاب کا مطالعہ کرتا ہے تو مجھے اس سے محبت ہو جاتی ہے، اور قرآنِ کریم اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے، پس جو شخص اس کی تلاوت کرے گا، اور مہارت کے ساتھ پڑھے گا، خواہ حافظ ہو یا ناظرہ خواں: اس سے اللہ تعالیٰ کو محبت ہو جائے گی، اور اللہ تعالیٰ اس کو اپنے مقرب فرشتوں کے ساتھ لاحق کریں گے۔

دوسرا مضمون باب میں یہ ہے کہ قرآن کو خوبصورت آواز میں پڑھنا چاہئے، اور یہ بھی تجربہ کی بات ہے کہ کوئی کسی کا کلام عمدہ ترنم سے پڑھتا ہے تو شاعر اس کو گلے لگاتا ہے، اللہ تعالیٰ بھی قرآن عمدہ پڑھنے والے کا پڑھنا سنتے ہیں، اور قاری سے خوش ہوتے ہیں۔ باب کی پہلی حدیث میں ہے: "اللہ تعالیٰ نے کسی چیز کو نہیں سنا جیسا سنا اس نبی کو جو خوبصورت آواز سے قرآن پڑھتا ہے، جو اس کو جہراً پڑھتا ہے" یعنی جب نبی ﷺ ترنم سے جہراً قرآن پڑھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کو سنتے ہیں

اورخوش ہوتے ہیں......أَذِن (س)أَذَنًا:سننااور إِذْنا:اجازت دینا(تحفۃ القاری ۱۰:۸۶)

[۵۲-] بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:" الْمَاهِرُ بِالْقُرْآنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ"

وَزَيِّنُوا الْقُرْآنَ بِأَصْوَاتِكُمْ

[۷۵۴٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَا أَذِنَ اللّٰهُ لِشَيْئٍ مَا أَذِنَ لِنَبِيٍّ حَسَنِ الصَّوْتِ بِالْقُرْآنِ يَجْهَرُ بِهِ"[راجع: ۵۰۲۳]

آئندہ حدیث: میں صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت تراشی کا واقعہ ہے، اس میں صدیقہؓ فرماتی ہیں: میں گمان نہیں کرتی تھی کہ اللہ تعالیٰ میرے معاملہ میں ایسی وحی اتاریں گے جس کی تلاوت کی جائے گی" ـــــ معلوم ہوا قرآن تلاوت کرنے کی کتاب ہے۔

[۷۵۴۵-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الإِفْكِ مَا قَالُوْا، وَكُلٌّ حَدَّثَنِيْ طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيْثِ، قَالَتْ: فَاضْطَجَعْتُ عَلٰى فِرَاشِيْ، وَأَنَا حِيْنَئِذٍ أَعْلَمُ أَنِّيْ بَرِيْئَةٌ، وَأَنَّ اللّٰهَ يُبَرِّئُنِيْ، وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ اللّٰهَ مُنْزِلٌ فِيْ شَأْنِيْ وَحْيًا يُتْلٰى، وَلَشَأْنِيْ فِيْ نَفْسِيْ كَانَ أَحْقَرَ مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللّٰهُ فِيَّ بِأَمْرٍ يُتْلٰى، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُ وْ بِالإِفْكِ﴾ الْعَشْرَ الآيَاتِ كُلَّهَا.[راجع: ۲۵۹۳]

آئندہ حدیث: میں ہے۔ایک سفر میں نبی ﷺ نے عشاء کی نماز میں سورۃ التین پڑھی، راوی حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کسی کو اتنی اچھی آواز میں پڑھتے نہیں سنا ـــــ یہ حدیث باب کے دوسرے جزء سے متعلق ہے، اور اس کے بعد کی حدیث میں ہے کہ اگر جہراً پڑھنے میں کچھ ضرر ہو تو پھر بہت زور سے نہیں پڑھنا چاہئے۔

[۷۵۴٦-] حدثنا أَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فِي الْعِشَاءِ: ﴿وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ﴾ فَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا أَحْسَنَ صَوْتًا أَوْ: قِرَاءَ ةً مِنْهُ.[راجع: ۷٦۷]

[۷۵٤۷-] حدثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم مُتَوَارِيًا بِمَكَّةَ، وَكَانَ يَرْفَعُ صَوْتَهُ، فَإِذَا سَمِعَهُ الْمُشْرِكُوْنَ

سَبُّوْا الْقُرْآنَ وَمَنْ جاءَ بِهِ، فَقَالَ اللّٰهُ لِنَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ وَلاَ تُخَافِتْ بِهَا﴾[الإسراء: ١١٠] [راجع: ٤٧٢٢]

آئندہ حدیث: میں ہے کہ مؤذن کی آواز جہاں تک پہنچتی ہے قیامت کے دن مخلوقات گواہی دیں گی، اور حاشیہ میں ہے کہ قرآن کا مقام ومرتبہ اذان سے بڑھا ہوا ہے، پس جو بھی اس کو سنے گا گواہی دے گا، اس لئے قرآن جہراً پڑھنا چاہئے۔

[٧٥٤٨-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِيْ صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّـهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ لَهُ: " إِنِّيْ أَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَالْبَادِيَةَ، فَإِذَا كُنْتَ فِي غَنَمِكَ أَوْ: بَادِيَتِكَ فَأَذَّنْتَ بِالصَّلاَ ةِ فَارْفَعْ صَوْتَكَ بِالنِّدَاءِ، فَإِنَّـهُ لاَ يَسْمَعُ مَدَى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَلاَ إِنْسٌ وَلاَ شَيْئٌ إِلَّا شَهِدَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.[راجع: ٦٠٩]

آئندہ حدیث: میں ہے کہ جس زمانہ میں صدیقہ رضی اللہ عنہا نماز نہیں پڑھتی تھیں: نبی ﷺ ان کے گود میں سر رکھ کر قرآن پڑھتے تھے، کیونکہ حیض کی جنابت حکمی ہے، حقیقی نجاست کے قریب قرآن پڑھنا مکروہ ہے، حکمی کے پاس مکروہ نہیں۔

[٧٥٤٩-] حدثنا قَبِيْصَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَرَأْسُهُ فِيْ حَجْرِيْ وَأَنَا حَائِضٌ.[راجع: ٢٩٧]

بَابٌ: ﴿ فَاقْرَءُ وْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ﴾

جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جاسکے پڑھ لیا کرو

جو حافظ نہیں اور ناظرہ بھی رواں نہیں یا قلیل الفرصت ہے تو جتنا آسانی سے قرآن پڑھ سکے پڑھے، ضروری نہیں کہ روز ایک منزل پڑھے، اور ضروری نہیں کہ تجوید ہی سے پڑھے، جیسا پڑھنا جانتا ہے پڑھے، مگر پڑھے ضرور! ابوداؤد میں حضرت جابر بن عبداللہؓ کی روایت ہے (نمبر ۸۲۹) نبی ﷺ صحابہ کی طرف نکلے، صحابہ قرآن پڑھ رہے تھے، کوئی بدّو تھا کوئی عجمی، آپؐ نے ان کا پڑھنا سنا اور فرمایا: "پڑھو، سب ٹھیک ہے، آئندہ ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن کو تیر کی لکڑی کی طرح سیدھا کریں گے، وہ اس سے دنیا کمائیں گے، آخرت کے اجر کے طلب گار نہیں ہونگے" اور باب کی حدیث میں ہے۔ حضرت ہشام سورۃ الفرقان پڑھ رہے تھے، وہ معنی کی حفاظت کے ساتھ الفاظ بدل کر پڑھ رہے تھے، اس وقت اس کی اجازت تھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کو نبی ﷺ کے پاس لے گئے، آپؐ نے ان کا پڑھنا سنا اور فرمایا: هكذا أنزلت: اسی طرح

قرآن اتارا گیا، اور فرمایا: قرآن متعدد طرح پڑھنے کی اجازت ہے، پس جس کے لئے جس طرح پڑھنا آسان ہو پڑھے۔

ایک واقعہ: میرے نانا نے بڑی عمر میں ناظرہ پڑھنا سیکھا تھا، مسجد سے اشراق پڑھ کر آتے تھے اور قرآن کھول کر بیٹھتے تھے، اور قرآن پڑھنا شروع کرتے تھے، ایک بے معنی سی آواز سنائی دیتی تھی، ایک حرف ہماری سمجھ میں نہیں آتا تھا، مگر وہ روتے رہتے تھے اور گیارہ بجے تک پڑھتے رہتے تھے۔

[۵۳-] بَابٌ: ﴿فَاقْرَءُ وْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ﴾[المزمل: ۲۰]

[۷۵۵۰-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدِ الْقَارِيِّ حَدَّثَاهُ: أَنَّهُمَا سَمِعَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمٍ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاسْتَمَعْتُ لِقِرَاءَ تِهِ، فَإِذَا هُوَ يَقْرَأُ عَلٰى حُرُوْفٍ كَثِيْرَةٍ لَمْ يُقْرِئْنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكِدْتُ أُسَاوِرُهُ فِي الصَّلاَ ةِ، فَتَصَبَّرْتُ حَتّٰى سَلَّمَ، فَلَبَّبْتُهُ بِرِدَائِهِ فَقُلْتُ: مَنْ أَقْرَأَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِيْ سَمِعْتُكَ تَقْرَأُ؟ فَقَالَ: أَقْرَأَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: كَذَبْتَ! أَقْرَأَنِيْهَا عَلٰى غَيْرِ مَا قَرَأْتَ! فَانْطَلَقْتُ بِهِ أَقُوْدُهُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: إِنِّيْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى حُرُوْفٍ لَمْ تُقْرِئْنِيْهَا، فَقَالَ:" أَرْسِلْهُ، اقْرَأْ يَا هِشَامُ" فَقَرَأَ الْقِرَاءَ ةَ الَّتِيْ سَمِعْتُهُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" كَذٰلِكَ أُنْزِلَتْ" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اقْرَأْ يَا عُمَرُ" فَقَرَأْتُ الَّتِيْ أَقْرَأَنِيْ، فَقَالَ:" كَذٰلِكَ أُنْزِلَتْ، إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ﴿فَاقْرَءُ وْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ﴾[راجع: ۲٤۱۹]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ:﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾

ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کردیا ہے، پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

قرآن کی صرف تلاوت پر قناعت نہیں کرنی چاہئے، اس کو سمجھنا بھی ضروری ہے، اور اس میں جو نصیحتیں ہیں ان کو پلّے باندھنا بھی ضروری ہے، اور اس اعتبار سے قرآن بہت آسان ہے، اس کی ظاہری سطح عام فہم ہے، اور تہہ میں حقائق ودقائق ہیں جو مجتہدین کا نصیب ہیں، مگر قرآن سے نصیحت قبول کرنے کی توفیق اسی کو ملتی ہے جس کی قسمت میں سعادت لکھی ہے۔

باب کی حدیثوں میں ہے: "ہر ایک آسان کیا ہوا ہے اس کے لئے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے" یعنی جنت کے لئے پیدا کیا گیا ہے تو جنت والے کام اس کے لئے آسان کئے جاتے ہیں، اور جہنم کے لئے پیدا کیا گیا ہے تو جہنم والے کام اس کے

لئے آسان کئے جاتے ہیں، مُیَسَّر کے معنی ہیں مُهَيَّأ: تیار کیا ہوا۔ اور یَسَّرْنا کے معنی مجاہد رحمہ اللہ نے کئے ہیں: آسان کیا ہے ہم نے آپ پر اس کا پڑھنا۔

[٥٤-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ:﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾

وَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" كُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ". مُيَسَّرٌ: مُهَيَّأٌ.

وَقَالَ مُجَاهِدٌ:﴿ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ﴾ بِلِسَانِكَ: هَوَّنَّا قِرَاءَ تَهُ عَلَيْكَ.

[٧٥٥١-] حدثنا أَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، حَدَّثَنِيْ مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ، عَنْ عِمْرَانَ، قَالَ:قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فِيْمَ يَعْمَلُ الْعَامِلُوْنَ؟ قَالَ:" كُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ"[راجع: ٦٥٩٦]

[٧٥٥٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَالْأَعْمَشِ، سَمِعَا سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّـهُ كَانَ فِيْ جَنَازَةٍ فَأَخَذَ عُوْدًا فَجَعَلَ يَنْكُتُ فِي الْأَرْضِ، فَقَالَ:" مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ أَوْ مِنَ الْجَنَّةِ" قَالُوْا: أَلَا نَتَّكِلُ؟ قَالَ:" اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ"﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى﴾ الآيَة.[راجع: ١٣٦٢]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ:﴿بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ۝ فِيْ لَوْحٍ مَحْفُوْظٍ﴾

کلام اللہ باعظمت پڑھنے کی کتاب ہے، حفاظت سے رکھی ہوئی تختی میں ہے

اس باب میں قرآن کی عظمت ومرتبت کا بیان ہے، اور ساتھ ہی اس کی تلاوت کی ترغیب بھی، کیونکہ کلام اللہ کو قرآن کہنے کی وجہ قراءت وتلاوت ہے، یہ مصدر ہے اس کے معنی ہیں: پڑھنا، چونکہ اللہ کی کتاب عموماً جہر کے ساتھ نماز میں، دینی محافل میں، مدارس میں اور دوسری تقریبات میں پڑھی جاتی ہے اس لئے اس کا نام 'قرآن' رکھا گیا ہے (لغات القرآن)

پھر اللہ تعالیٰ کے علم ازلی میں جو کلام نفسی تھا اس کا پہلا ظہور لوح محفوظ میں ہوا، یعنی اس کلام کو عرش کی قوتِ خیالیہ میں منتقل کردیا، شریعت کی اصطلاح میں اسی کا نام لوح محفوظ الذکر، کتاب مبین، امام مبین اور ام الکتاب ہے (رحمۃ اللہ ۱:۶۷)

روایات میں اس ظہور کو لکھنے سے تعبیر کیا ہے، سورۃ الطّور (آیت ۲) میں کتاب مسطور کی قسم کھائی گئی ہے یعنی لکھی ہوئی کتاب کی قسم! قتادہ رحمہ اللہ نے مسطور کے معنی مکتوب کئے ہیں، اور سورۃ القلم کی پہلی آیت میں ﴿يَسْطُرُوْنَ﴾ ہے یعنی جو فرشتے/ لوگ لکھتے ہیں، اور سورۃ الزخرف کی (آیت ۴) ہے:﴿وَإِنَّـهُ فِيْ أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ﴾: اور بے شک وہ (کلام اللہ) ہمارے پاس لوح محفوظ میں ہے، وہ بڑے رتبہ کی اور حکمت بھری کتاب ہے، اس آیت میں لوح محفوظ کو ام الکتاب کہا گیا ہے: کتاب کی ماں: یعنی کتاب کا خلاصہ اور اس کی اصل یعنی جس میں سب کچھ لکھا ہوا ہے، جس طرح

فرشتے نامۂ اعمال میں سب کچھ ریکارڈ کر لیتے ہیں، سورہ قٓ کی (آیت ۱۸) ہے: ﴿مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ﴾: انسان کوئی لفظ منہ سے نکالنے نہیں پاتا مگر اس کے پاس ایک تاک میں لگا ہوا فرشتہ تیار ہے، جو اس کے خلاف اس بولی ہوئی بات کو ریکارڈ کر لیتا ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ خیر و شر دونوں کو لکھ لیتا ہے۔

اہل کتاب نے اللہ کی کتابوں میں تحریف معنوی کی ہے یا لفظی بھی؟

تحریف کی دو قسمیں ہیں: لفظی اور معنوی۔ تحریفِ لفظی: الفاظ میں ردوبدل کرنا، اور تحریف معنوی: تاویل باطل کا نام ہے۔ اس میں اتفاق ہے کہ تورات میں تحریف معنوی ہوئی ہے، اور تحریف لفظی میں اختلاف ہے، جمہور کے نزدیک تحریف لفظی بھی بہت ہوئی ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک صرف تحریف معنوی ہوئی ہے، اور آپ نے حضرت ابن عباسؓ کے قول سے استدلال کیا ہے، اور اسی رائے کو شاہ ولی اللہ صاحب نے الفوز الکبیر میں اختیار کیا ہے۔

سورۃ النساء (آیت ۴۶) میں ہے: ﴿مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهِ﴾: اور یہودیوں میں سے بعض کلام کو اس کے مواقع سے دوسری طرف پھیر دیتے ہیں، ابن عباسؓ نے ﴿يُحَرِّفُوْنَ﴾ کی تفسیر یُزیلون سے کی ہے یعنی ہٹا دیتے ہیں (امام بخاریؒ فرماتے ہیں:) اور کوئی زائل نہیں کر سکتا اللہ کی کتابوں میں سے کسی کتاب کے کسی لفظ کو، بلکہ وہ اس کو بدل دیتے ہیں مطلب بیان کرنے میں اس کا ایسا مطلب جو نہیں ہے، یعنی مراد خداوندی بدل دیتے ہیں، یہی تحریف معنوی ہے (یہ بحث تفصیل سے مولانا مفتی محمد امین صاحب پالن پوری زید مجدہ (استاذ حدیث وفقہ دارالعلوم دیوبند) کی کتاب الخیر الکثیر شرح الفوز الکبیر (اردو ص:۱۳۵ میں پڑھیں)

تنبیہ: امام بخاری رحمہ اللہ کو دھوکا اس سے لگا ہے کہ انھوں نے اللہ کی تمام کتابوں کو کلامِ الٰہی سمجھا ہے، اور اللہ کے کلام کو کوئی بدل نہیں سکتا، جبکہ واقعہ یہ ہے کہ اللہ کی سابقہ کتابیں صرف اللہ کی کتابیں تھیں، اللہ کا کلام نہیں تھیں، اللہ کا کلام صرف قرآنِ کریم ہے، یہ فرق ملحوظ رکھتے تو یہ بات اختیار نہ کرتے۔

قرآن پڑھنے پڑھانے کے لئے ہے:

سورۃ الانعام کی (آیت ۱۵۶) ہے: ﴿أَنْ تَقُوْلُوْا: إِنَّمَا أُنْزِلَ الْكِتَابُ عَلٰى طَائِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا، وَإِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغَافِلِيْنَ﴾: کہیں تم کہنے لگو: اللہ کی کتاب تو ہم سے پہلے جو دو فرقے (یہود ونصاریٰ) تھے انہی پر نازل کی گئی تھی اور ہم ان کے پڑھنے پڑھانے سے محض بے خبر تھے! —— اس لئے تمہیں بھی نہ صرف اللہ کی کتاب بلکہ اللہ کا کلام دیا جا رہا ہے اس کو پڑھو پڑھاؤ!

قرآن حفظ بھی کرو:

سورۃ حاقہ کی (آیت ۱۲) ہے: ﴿لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَا أُذُنٌ وَّاعِيَةٌ﴾: تاکہ ہم اس معاملہ کو تمہارے لئے

یادگار بنائیں، اور یادرکھنے والے کان اس کو یاد رکھیں (جن کو اللہ نے یادداشت دی ہے وہ قرآن کو حفظ کریں)

تنبیہ: اگر حضرت امام بخاری رحمہ اللہ سورۃ الحجر کی (آیت ۸) لکھتے تو بہتر ہوتا: ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُوْنَ﴾: بے شک ہم نے قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں —— حافظون: حافظ کی جمع ہے، اس میں اشارہ ہے کہ عالم اسباب میں اللہ تعالیٰ قرآن کی حفاظت حافظوں کے ذریعہ کرتے ہیں، پس حافظہ والوں کو قرآن حفظ کرنا چاہئے۔

قرآن کی دعوت عام ہے:

سورۃ الانعام کی (آیت ۱۹) ہے: ﴿وَأُوْحِيَ إِلَيَّ هٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ وَمَنْ بَلَغَ﴾: اور میرے پاس یہ قرآن بطور وحی کے بھیجا گیا ہے، تاکہ میں اس قرآن کے ذریعہ تم کو (مکہ والوں کو) اور جس جس کو یہ قرآن پہنچے سب کو ڈراؤں (مگر اب اپنوں میں اور غیروں میں یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ قرآن صرف مسلمانوں کی کتاب ہے، اس لئے ہم قرآن دوسروں تک نہیں پہنچاتے! اور غیر اس کو ہاتھ نہیں لگاتے، فیا للأسف!)

اور حدیثیں: پہلے آچکی ہیں، جب تخلیق عالم کا فیصلہ ہوا تو اللہ تعالیٰ نے پہلے لوح محفوظ میں لکھا کہ میری رحمت میرے غضب پر چھائی رہے گی اور یہ لوح محفوظ عرش کے اوپر ہے، اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی تعبیر میں لوح محفوظ عرش کی قوتِ خیالیہ کا نام ہے، اسی طرح لوحِ محفوظ میں قرآنِ کریم کا پہلا ظہور ہوا ہے، اس مناسبت سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

[٥٥-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ ◌ فِيْ لَوْحٍ مَحْفُوْظٍ﴾

[١-] ﴿وَالطُّوْرِ ◌ وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ﴾ قَالَ قَتَادَةُ: مَكْتُوْبٍ، ﴿يَسْطُرُوْنَ﴾: يَخُطُّوْنَ.

[٢-] ﴿فِيْ أُمِّ الْكِتَابِ﴾: جُمْلَةِ الْكِتَابِ وَأَصْلِهِ. ﴿مَّا يَلْفِظُ﴾: مَا يَتَكَلَّمُ مِنْ شَيْئٍ إِلَّا كُتِبَ عَلَيْهِ، وقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يَكْتُبُ الْخَيْرَ وَالشَّرَّ.

[٣-] ﴿يُحَرِّفُوْنَ﴾: يُزِيْلُوْنَ، وَلَيْسَ أَحَدٌ يُزِيْلُ لَفْظَ كِتَابٍ مِنْ كُتُبِ اللّٰهِ، وَلٰكِنَّهُمْ يُحَرِّفُوْنَهُ يَتَأَوَّلُوْنَهُ عَلٰى غَيْرِ تَأْوِيْلِهِ.

[٤-] ﴿دِرَاسَتِهِمْ﴾: تِلَاوَتِهِمْ، ﴿وَاعِيَةٌ﴾: حَافِظَةٌ. ﴿وَتَعِيَهَا﴾: وَتَحْفَظُهَا.

[٥-] ﴿وَأُوْحِيَ إِلَيَّ هٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ﴾ يَعْنِيْ أَهْلَ مَكَّةَ ﴿وَمَنْ بَلَغَ﴾ هٰذَا الْقُرْآنُ، فَهُوَ لَهُ نَذِيْرٌ.

[٧٥٥٣-] وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَمَّا قَضَى اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ كِتَابًا عِنْدَهُ غَلَبَتْ أَوْ: قَالَ: سَبَقَتْ رَحْمَتِيْ غَضَبِيْ، وَهُوَ عِنْدَهُ فَوْقَ الْعَرْشِ" [راجع: ٣١٩٤]

[۷۵۵۴-] حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِیْ غَالِبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ، یَقُوْلُ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، أَنَّ أَبَا رَافِعٍ حَدَّثَهُ، أَنَّـهُ سَمِعَ أَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: "إِنَّ اللّٰهَ کَتَبَ کِتَابًا قَبْلَ أَنْ یَخْلُقَ الْخَلْقَ: أَنَّ رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ غَضَبِیْ، فَهُوَ مَکْتُوْبٌ عِنْدَهُ فَوْقَ الْعَرْشِ"[راجع: ۳۱۹۳]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاللّٰهُ خَلَقَکُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ﴾ ﴿إِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ﴾

انسان اوراس کے تمام اعمال مخلوق ہیں،اور ہر چیز ازلی اندازے کے مطابق پیدا کی گئی ہے

تلاوتِ قرآن کے ابواب چل رہے ہیں، درمیان میں ایک مرتبہ پھر یہ مسئلہ صاف کرتے ہیں کہ ہمارا قرآن کو پڑھنا مخلوق (حادث) ہے، کیونکہ یہ ہمارا فعل ہے،اور سورت الصافات (آیت ۹۶) میں ہے: "اللہ نے تم کو پیدا کیا اوراس کو جو تم کرتے ہو" اور سورۃ القمر (آیت ۴۹) میں ہے: "ہم نے ہر چیز کو اندازے سے پیدا کیا ہے" یعنی جس چیز کے لئے جو وقت موزون ہوتا ہے اس وقت وہ چیز پیدا کی جاتی ہے، اسی طرح قاری جب اس کا نمبر آتا ہے تلاوت کرتا ہے، پس اس کی تلاوت امر متجدد، مخلوق اور حادث ہے۔

سوال: باب میں حدیث ہے۔ قیامت کے دن جاندار کی صورتیں بنانے والوں سے کہا جائے گا کہ تم نے جو صورتیں بنائی ہیں ان میں روح ڈالو۔ اس میں صورتوں کو صورت گر کی طرف منسوب کیا ہے، اور آیت میں ہے کہ تمہارے تمام اعمال اللہ کے پیدا کردہ ہیں: یہ تعارض ہے!

جواب: یہ کھلّی کی ہے، تمسخر کیا ہے، اور دلیل باب کی آخری حدیث قدسی ہے: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اس سے بڑا ظالم کون جو میرے پیدا کرنے کی طرح پیدا کرنا چاہتا ہے؟ پس چاہئے کہ وہ کوئی ذرہ پیدا کریں یا فرمایا: دانہ یا جو پیدا کر کے دکھائیں! معلوم ہوا کہ صورتیں بھی اللہ نے پیدا کی ہیں، مگران کا کسب صورت گروں نے کیا ہے، جس کی ان کو سزا دی جائے گی۔

بات آگے بڑھاتے ہیں: سورۃ الاعراف کی (آیت ۵۴) ہے: "بے شک تمہارا رب اللہ ہی ہے، جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر وہ تختِ شاہی پر قائم ہوا، ڈھانکتا ہے رات کو دن پر، ڈھونڈھتی ہے رات دن کو لپک کر، اور سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا، درانحالیکہ سب اللہ کے حکم کے تابع ہیں، سنو! اللہ کے لئے پیدا کرنا اور حکم ہے، بڑی برکت والے ہیں وہ اللہ جو تمام عالموں کے پروردگار ہیں!

ابن عیینہؒ نے فرمایا: اللہ نے خلق اور امر کو جدا کیا ہے (ابن عیینہؒ سے پوچھا گیا تھا کہ کیا قرآن مخلوق ہے؟ انھوں نے سورۃ الاعراف کی مذکورہ آیت پڑھی کہ پیدا کرنا اور حکم اللہ کے لئے ہے، پھر فرمایا: دیکھو، اللہ نے خلق وامر کو جدا کیا ہے (درمیان میں واو عاطفہ لائے ہیں) پس امر اللہ کا کلام ہے جو قدیم ہے (اور خلق اللہ کا فعل ہے پس مخلوق (قاری کا پڑھنا)

حادث ہے)

بلکہ مؤمن کا ایمان بھی حادث ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے ایمان کو عمل کہا ہے ابوذر اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیثوں میں یہ مضمون ہے۔ اور سورۃ السجدۃ کی (آیت ۱۷) میں ہے: ''بدلہ ان کاموں کا جو وہ کیا کرتے تھے'' اس میں ایمان بھی داخل ہے۔ اور وفد عبدالقیس نے درخواست کی تھی کہ ہمیں دین کا خلاصہ بتائیں جس پر عمل کر کے ہم جنت حاصل کریں، پس آپؐ نے جو امور بتائے ان میں ایمان بھی تھا، معلوم ہوا کہ ایمان بھی ایک عمل ہے، جس کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں۔

[٥٦-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ﴾ ﴿إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ﴾

[١-] وَيُقَالُ لِلْمُصَوِّرِيْنَ: أَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ.

[٢-] ﴿ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِى اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيْثًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهٖ، أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ﴾ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: بَيَّنَ اللّٰهُ الْخَلْقَ مِنَ الْأَمْرِ، لِقَوْلِهٖ: ﴿أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ﴾

[٣-] وَسَمَّى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم الإِيْمَانَ عَمَلاً، قَالَ أَبُوْ ذَرٍّ، وَأَبُوْ هُرَيْرَةَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: '' إِيْمَانٌ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِيْ سَبِيْلِهٖ. وَقَالَ: ﴿جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾

وَقَالَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: مُرْنَا بِجُمَلٍ مِنَ الْأَمْرِ إِنْ عَمِلْنَا بِهَا دَخَلْنَا الْجَنَّةَ، فَأَمَرَهُمْ بِالإِيْمَانِ بِاللّٰهِ وَالشَّهَادَةِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ. فَجَعَلَ ذٰلِكَ كُلَّهُ عَمَلاً.

آئندہ حدیث: میں نبی ﷺ نے اشعریوں کو اونٹ دیئے اور فرمایا: میں نے نہیں دیئے، اللہ نے دیئے، کیونکہ بندوں کے سب افعال اللہ کے پیدا کردہ ہیں۔

[٧٥٥٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، وَالْقَاسِمِ التَّمِيْمِيِّ، عَنْ زَهْدَمٍ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ هٰذَا الْحَيِّ مِنْ جَرْمٍ وَبَيْنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ وُدٌّ وَإِخَاءٌ، فَكُنَّا عِنْدَ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ فَقُرِّبَ إِلَيْهِ طَعَامٌ فِيْهِ لَحْمُ دَجَاجٍ، وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ تَيْمِ اللّٰهِ كَأَنَّهُ مِنَ الْمَوَالِيْ، فَدَعَاهُ إِلَيْهِ فَقَالَ: إِنِّيْ رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ شَيْئًا فَقَذِرْتُهُ، فَحَلَفْتُ لَا آكُلُهُ، فَقَالَ: هَلُمَّ فَلْأُحَدِّثْكَ عَنْ ذٰلِكَ، إِنِّيْ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ نَفَرٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ نَسْتَحْمِلُهُ، فَقَالَ: '' وَاللّٰهِ لَا أَحْمِلُكُمْ وَمَا عِنْدِيْ مَا أَحْمِلُكُمْ'' فَأُتِيَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِنَهْبِ إِبِلٍ فَسَأَلَ عَنَّا، فَقَالَ: ''أَيْنَ النَّفَرُ الْأَشْعَرِيُّوْنَ؟'' فَأَمَرَ لَهُ بِخَمْسِ ذَوْدٍ غُرِّ الذُّرَى، ثُمَّ انْطَلَقْنَا قُلْنَا: مَا صَنَعْنَا! حَلَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله

علیه وسلم لاَ یَحْمِلُنَا وَمَا عِنْدَهُ مَا یَحْمِلُنَا ثُمَّ حَمَلَنَا، تَغَفَّلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَمِیْنَهُ، وَاللّٰهِ لاَ نُفْلِحُ أَبَدًا، فَرَجَعْنَا إِلَیْهِ فَقُلْنَا لَهُ، فَقَالَ:" لَسْتُ أَنَا أَحْمِلُکُمْ، وَلٰکِنَّ اللّٰهَ حَمَلَکُمْ إِنِّیْ وَاللّٰهِ لاَ أَحْلِفُ عَلٰی یَمِیْنٍ فَأَرَی غَیْرَهَا خَیْرًا مِنْهَا، إِلاَّ أَتَیْتُ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ مِنْهُ، وَتَحَلَّلْتُهَا"[راجع: ٣١٣٣]

لغت: تَحَلَّلَ یمینه: قسم پوری کرنا، قسم سے بری ہونا۔

آگے: عبدالقیس کے وفد کی روایت ہے، اس سے استدلال باب کے شروع میں آ گیا ہے کہ آپؐ نے اعمال میں ایمان کو بھی لیا ہے، معلوم ہوا کہ مؤمن کا ایمان بھی مخلوق (حادث) ہے۔

[٧٥٥٦-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ جَمْرَةَ الضُّبَعِیُّ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَیْسِ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَقَالُوْا: إِنَّ بَیْنَنَا وَبَیْنَكَ الْمُشْرِکِیْنَ مِنْ مُضَرَ، وَإِنَّا لاَ نَصِلُ إِلَیْكَ إِلاَّ فِیْ أَشْهُرٍ حُرُمٍ، فَمُرْنَا بِجُمَلٍ مِنَ الأَمْرِ، إِنْ عَمِلْنَا بِهِ دَخَلْنَا الْجَنَّةَ، وَنَدْعُوْ إِلَیْهَا مَنْ وَرَاءَ نَا. قَالَ:" آمُرُکُمْ بِأَرْبَعٍ وَأَنْهَاکُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: آمُرُکُمْ بِالإِیْمَانِ بِاللّٰهِ، وَهَلْ تَدْرُوْنَ مَا الإِیْمَانُ بِاللّٰهِ؟ شَهَادَةُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَإِقَامُ الصَّلاَةِ، وَإِیْتَاءُ الزَّکَاةِ، وَتُعْطُوْا مِنَ الْمَغْنَمِ الْخُمُسَ، وَأَنْهَاکُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: لاَ تَشْرَبُوْا فِی الدُّبَّاءِ، وَالنَّقِیْرِ، وَالظُّرُوْفِ الْمُزَفَّتَةِ، وَالْحَنْتَمَةِ"[راجع: ٥٣]

آگے: صورت گروں کی سزا کی روایت ہے، اس سے اعتراض ہوسکتا تھا، اس لئے باب میں آخری حدیث لائے کہ یہ ٹھٹھا کیا ہے۔

[٧٥٥٧-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" إِنَّ أَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ یُعَذَّبُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَیُقَالُ لَهُمْ: أَحْیُوْا مَا خَلَقْتُمْ"[راجع: ٢١٠٥]

[٧٥٥٨-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم:" إِنَّ أَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ یُعَذَّبُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَیُقَالُ لَهُمْ: أَحْیُوْا مَا خَلَقْتُمْ"[راجع: ٥٩٥١]

[٧٥٥٩-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَیْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِیْ زُرْعَةَ: سَمِعَ أَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ:" قَالَ اللّٰهُ: وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ یَخْلُقُ کَخَلْقِیْ، فَلْیَخْلُقُوْا ذَرَّةً، أَوْ لِیَخْلُقُوْا حَبَّةً أَوْ شَعِیْرَةً"[راجع: ٥٩٥٣]

بَابُ قَرَاءَةِ الْفَاجِرِ، وَالْمُنَافِقِ، وَأَصْوَاتُهُمْ وَتِلَاوَتُهُمْ لاَ تُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ

بدکار (منافق عملی) کا پڑھنا اور ان کی آوازیں اور ان کی تلاوتیں ان کے نرخروں سے آگے نہیں بڑھتیں!

تلاوتِ قرآن کے ابواب چل رہے ہیں۔ اس باب میں یہ بیان ہے کہ تلاوت کا پورا فائدہ متقی مؤمن ہی کو پہنچتا ہے۔ بدکار (منافق عملی) کو اس کا کچھ فائدہ نہیں پہنچتا، ان کی تلاوت اور ان کا پڑھنا سانس کی نالی سے آگے نہیں بڑھتا، دل پر اس کا کچھ اثر نہیں ہوتا، پس ایمان مضبوط کرو، عملی زندگی سنوارو، اور تلاوت کرو، تاکہ کلامِ الٰہی کی برکتوں حظ وافر حاصل ہو۔

پہلی حدیث: میں تلاوت قرآن کے تعلق سے لوگوں کے درجات بیان کئے ہیں۔

۱- جو (نیک) مؤمن قرآن پڑھتا ہے یعنی تلاوت سے اس کو دلچسپی ہے وہ ترنج لیموں کی طرح ہے، جس کی بو اور مزہ دونوں عمدہ ہوتے ہیں۔

۲- جو (نیک) مؤمن قرآن نہیں پڑھتا وہ کھجور کی طرح ہے، جس میں بو نہیں، مگر مزہ عمدہ ہوتا ہے۔

۳- جو بدکار (منافق عملی) قرآن پڑھتا ہے وہ خوشبودار پھول کی طرح ہے، جس کی بو اچھی ہوتی ہے مگر مزہ تلخ ہوتا ہے۔

۴- جو بدکار قرآن نہیں پڑھتا وہ اندرائن کی طرح ہے، اس میں خوشبو نہیں، اور مزہ تلخ ہوتا ہے۔

نوٹ: تحفۃ القاری (۱۰: ۸۳) میں حل لغات ہے۔

[۵۷-] بَابُ قَرَاءَةِ الْفَاجِرِ، وَالْمُنَافِقِ، وَأَصْوَاتُهُمْ وَتِلَاوَتُهُمْ لاَ تُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ

[۷۵۶۰-] حدثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَالْأُتْرُجَّةِ طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَرِيْحُهَا طَيِّبٌ، وَالَّذِيْ لاَ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَالتَّمْرَةِ، طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَلاَ رِيْحَ لَهَا، وَمَثَلُ الْفَاجِرِ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الرَّيْحَانَةِ، رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ، وَمَثَلُ الْفَاجِرِ الَّذِيْ لاَ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ، طَعْمُهَا مُرٌّ وَلاَ رِيْحَ لَهَا" [راجع: ۵۰۲۰]

آئندہ حدیث: تحفۃ القاری (۱۰: ۵۳۳) میں گذری ہے، اس میں یہ مضمون ہے کہ کاہنوں کی بعض باتیں سچی کیوں نکلتی ہیں؟ رسول اللہ ﷺ سے کاہنوں کے بارے میں پوچھا گیا، آپؐ نے فرمایا: "وہ کچھ نہیں! (بوگس ہیں!) لوگوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! وہ ہم سے بعض مرتبہ ایسی باتیں بیان کرتے ہیں جو سچی نکلتی ہیں، آپؐ نے فرمایا: "وہ سچی بات جنّ اچک لیتا ہے (فرشتوں کی گفتگو سے) پس ڈالتا ہے وہ اس کو اپنے دوست (کاہن) کے کان میں مرغی کے کُڑکُڑ کرنے کی طرح، پس ملاتے ہیں وہ (کاہن) اس میں سو سے زیادہ جھوٹ!

حدیث کی باب سے مناسبت: باب ہے: بدکار کا قرآن پڑھنا ہنسلی سے نیچے نہیں اترتا۔ یہ حدیث اس کی نظیر ہے۔ قاعدہ ہے: کبھی ناقص کو کالعدم فرض کر کے کلام کیا جاتا ہے، جیسے بے نمازی کا ایمان ناقص ہے، اس کو کالعدم فرض کر کے فرمایا: من ترك الصلاة متعمدا فقد كفر: جو بالقصد نماز چھوڑتا ہے وہ کافر ہو گیا، حالانکہ وہ مؤمن ہے، اسی طرح بدکار کی تلاوت ناقص ہے، وہ تلاوت ہے، اس پر بھی اس کو ثواب ملتا ہے، مگر چونکہ وہ بے فائدہ ہے، اس لئے اس کو کالعدم فرض کر کے فرمایا کہ وہ گلے سے نیچے نہیں اترتی، جیسے کاہن کی کوئی بات سچ نکلتی ہے، وہ جنّی کی فرشتوں سے سنی ہوئی بات ہوتی ہے، مگر اس کو کالعدم فرض کر کے فرمایا کہ وہ کچھ نہیں، بوگس ہیں!

ملحوظہ: ابن بطال رحمہ اللہ نے بھی ایک مناسبت بیان کی ہے، اور کرمانی رحمہ اللہ نے اس کی تلخیص کی ہے، اور حافظ رحمہ اللہ نے اس کو نقل کیا ہے، پھر حافظ صاحب نے بھی ایک مناسبت بیان کی ہے، یہ دونوں مناسبتیں حاشیہ میں ہیں، ان کو دیکھ لیں۔

[٧٥٦١-] حدثنا عَلِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَحَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ ابْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّـهُ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: سَأَلَ أُنَاسٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْكُهَّانِ فَقَالَ:" إِنَّهُمْ لَيْسُوْا بِشَيْءٍ" فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ! فَإِنَّهُمْ يُحَدِّثُوْنَ بِالشَّيْءِ يَكُوْنُ حَقًّا، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" تِلْكَ الْكَلِمَةُ مِنَ الْحَقِّ يَخْطَفُهَا الْجِنِّيُّ فَيُقَرْقِرُهَا فِيْ أُذُنِ وَلِيِّهِ كَقَرْقَرَةِ الدُّجَاجَةِ، فَيَخْلِطُوْنَ فِيْهِ أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ كَذْبَةٍ"[راجع: ٣٢١٠]

آئندہ حدیث: تفصیل سے تحفۃ القاری (٧:١٥٦ و ١١:٥٥٦) میں آچکی ہے۔ اس میں خوارج کے بارے میں پیشین گوئی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: مشرق کی جانب سے کچھ لوگ حکومت سے بغاوت کریں گے (خروج کا یہ مطلب ہے) وہ قرآن پڑھیں گے جو ان کی ہنسلیوں سے آگے نہیں بڑھے گا (یہاں باب ہے) دین سے وہ نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، پھر وہ دین میں نہیں لوٹیں گے تا آنکہ تیر کا سوفار (شکار کی طرف) لوٹے (یہ تعلیق بالمحال ہے) لوگوں نے پوچھا: ان کی خاص علامت کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''ان کی خاص علامت بالوں کو اچھی طرح مونڈنا ہے'' یا فرمایا: ''اتنا مونڈنا کہ کھال ظاہر ہو جائے، گھس کر مونڈنا''

[٧٥٦٢-] حدثنا أَبُوْ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيْرِيْنَ، يُحَدِّثُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يَخْرُجُ نَاسٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ وَيَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ

الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لاَ يَعُوْدُوْنَ فِيْهِ حَتّٰى يَعُوْدَ السَّهْمُ إِلٰى فُوْقِهِ" قِيْلَ: مَا سِيْمَاهُمْ؟ قَالَ: "سِيْمَاهُمُ التَّحْلِيْقُ" أَوْ قَالَ: "التَّسْبِيْدُ"[راجع: ٣٣٤٤]

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ﴾ وَأَنَّ أَعْمَالَ بَنِيْ آدَمَ وَقَوْلَهُمْ يُوْزَنُ

قیامت کے دن انصاف کی ترازو قائم کی جائے گی، اور انسانوں کے اعمال واقوال تولے جائیں گے

(اللہ کا کلام ہر ذکر سے بھاری ہوگا)

یہ تلاوتِ قرآن کے سلسلہ کا آخری باب ہے۔ اور تلاوت کرنے والوں کے لئے ایک مژدہ ہے، اسی پر بخاری شریف ختم ہورہی ہے۔ قیامت کے میدان میں جگہ جگہ انصاف کی ترازوئیں قائم کی جائیں گی، سورۃ الانبیاء (آیت ۴۷) میں ہے: ''اور قیامت کے دن ہم انصاف کی ترازوئیں قائم کریں گے، پس کسی پر مطلق ظلم نہ ہوگا'' پھر تمام انسانوں کے اعمال واقوال تولے جائیں گے، اچھے بھی اور برے بھی، اور جس عمل کا جتنا وزن ہوگا اس کے اعتبار سے جزاؤسزا ملے گی، اور اقوال میں سب سے اہم کلام پاک کی تلاوت ہے، اس کا وزن ہر ذکر سے زیادہ ہوگا، کیونکہ وہ مہربان اللہ کو سب سے زیادہ پسند ہے۔

لغت: القِسْط کی مناسبت سے سورۃ الشعراء (آیت ۱۸۲) میں لفظ قسطاس کے معنی بیان کرتے ہیں: مجاہدؒ کے نزدیک یہ رومی لفظ ہے، اس کے معنی ہیں: انصاف...... اور القِسْط: اسم مصدر ہے: انصاف...... اور سورۃ المائدۃ (آیت ۴۲) میں المُقْسِط: اسم فاعل از إقساط (باب افعال) ہے: انصاف کرنے والا...... اور سورۃ الجن (آیت ۱۵) میں القاسط ہے، اس کے معنی ہیں: نا انصافی کرنے والا، دوسرے کا حق لے لینے والا۔ قَسَطَ قَسْطًا وَقُسُوْطًا: نا انصافی کرنا، حق سے انحراف کرنا فھو قاسط جمع: قُسَّاطٌ وَقَاسِطُوْنَ، اور قَسَطَ (ض) قِسْطًا کے معنی ہیں: انصاف کرنا (مصدر بدلنے سے معنی بدل جاتے ہیں)

حدیث: تحفۃ القاری (۱۱:۲۷۱) میں آئی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''دو بول (جملے) رحمان (مہربان اللہ) کو پیارے ہیں، زبان پر یعنی بولنے میں ہلکے ہیں، ترازو میں یعنی ثواب میں بھاری ہیں: **ایک**: **سبحان الله وبحمده** ہے **دوسرا**: **سبحان الله العظيم**۔

تشریح: یہ دونوں جملے رحمان کو اس لئے پسند ہیں کہ ان میں اللہ تعالیٰ کی سلبی اور ثبوتی معرفتیں جمع ہیں...... **سبحان الله** میں سلبی معرفت ہے یعنی اللہ تعالیٰ تمام نقائص سے مبرا ہیں، اور **بحمده** اور **العظيم** میں ثبوتی معرفت ہے یعنی اللہ تعالیٰ تمام خوبیوں کے ساتھ متصف ہیں، وہ بہت بڑے ہیں اور قرآنِ کریم ان دونوں معرفتوں سے بھرا پڑا ہے، علاوہ ازیں:

وہ اللہ کا کلام ہے، اس لئے وہ بدرجۂ اولیٰ پیارا ہے۔

اور یہ دونوں جملے زبان پر ہلکے ہیں یعنی بے تکلف ادا ہوتے ہیں، اور یہ بات بدیہی ہے، ہاتھ کنگن کو آرسی کیا؟ بول کر دیکھو، زبان ذرا نہیں لڑکھڑائے گی، یہی حال قرآنِ کریم کا ہے، اس کی عبارت اتنی رواں ہے کہ ہکلا بھی آسانی سے پڑھتا چلا جاتا ہے، پس یہ وصف بھی قرآنِ کریم میں بدرجہ اتم موجود ہے۔

اور ثواب میں بھاری اس لئے ہیں کہ ذاتِ باری سے ان کا تعلق ہے، اور یہ بات بھی قرآنِ عظیم میں بدرجۂ اتم موجود ہے، اس لئے میزانِ عمل میں تلاوت کا وزن ان جملوں سے بھی زیادہ ہوگا، مگر لوگ ان جملوں کی فضیلت سے تو واقف ہیں، ختم بخاری پر ان کی فضیلت سنتے ہیں، مگر قرآنِ کریم کی فضیلت سے جیسا واقف ہونا چاہئے واقف نہیں، اس لئے تلاوت میں سستی کرتے ہیں۔ **اللّٰهُم وفقنا لما تحب وترضی، واجعل آخرتنا خیرا من الأولیٰ، وصلی الله علی حبیبه وآله وصحبه أجمعین، برحمتك یا أرحم الراحمین۔**

[٥٨-] بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیَامَةِ﴾ وَأَنَّ أَعْمَالَ بَنِیْ آدَمَ وَقَوْلَهُمْ یُوْزَنُ

وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْقِسْطَاسُ: الْعَدْلُ بِالرُّوْمِیَّةِ، وَیُقَالُ: الْقِسْطُ مَصْدَرُ، الْمُقْسِط، وَهُوَ الْعَادِلُ، وَأَمَّا الْقَاسِطُ فَهُوَ الْجَائِرُ.

[٧٥٦٣-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِشْكَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِیْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "کَلِمَتَانِ حَبِیْبَتَانِ إِلَی الرَّحْمٰنِ، خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ، ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ" [راجع: ٦٤٠٦]

﴿اللہ تعالیٰ کی بے پایاں عنایتوں سے آج بروز جمعہ ٢٠/ جمادی الاخری ١٤٣٦ھ مطابق ١٠/ اپریل ٢٠١٥ء کو تحفۃ القاری کی بارہویں جلد مکمل ہوئی، اور اسی پر بخاری شریف کی یہ خدمت بھی تکمیل پذیر ہوئی﴾



تقریبِ اختتام

الحمد للہ! بخاری شریف کی شرح تحفۃ القاری بارہ جلدوں میں مکمل ہوئی، میں چونکہ جلد اول پڑھاتا ہوں اس لئے جلد اول کے ختم پر طلبہ سے جو باتیں کی ہیں وہ جلد ہفتم کے آخر میں آگئی ہیں، یہاں چند متفرق باتیں عرض کرتا ہوں۔

تحفۃ الالمعی اور تحفۃ القاری کی ابتدائی جلدیں تقریریں ہیں

درسی تقریر برجستہ ہوتی ہے، اس میں ہر بات حوالہ کے ساتھ نہیں کہی جاسکتی، پھر مرتب جب تقریر مرتب کرکے لاتا ہے تو اس پر نظر ثانی کی جاتی ہے، مگر نظر ثانی بھی کما حقہ نہیں ہوسکتی، اس لئے اس میں زبان کی کمزوری بھی رہ جاتی ہے اور حوالہ کی بھی، رحمۃ اللہ الواسعہ کی جلد اول بھی درس کی تقریر ہے، چنانچہ جب وہ شائع ہوئی —— نظر ثانی کے بعد شائع ہوئی تھی —— تو اس میں زبان کی کمزوری بھی سامنے آئی اور اہل علم کے ملاحظات بھی موصول ہوئے، چنانچہ میں نے اس کی از سرنو کتابت کرائی، آگے کی جلدیں تصنیف ہیں، ان میں یہ صورت پیش نہیں آئی، اسی طرح تحفۃ الالمعی کی شروع کی تین چار جلدیں درس کی تقریر ہیں اور تحفۃ القاری کی بھی شروع کی پانچ جلدیں تقریریں ہیں، اس لئے ان میں بعض مسامحات ہیں، پس میں ضروری خیال کرتا ہوں کہ ان کو یہاں درج کروں تاکہ ان کی تصحیح ہوجائے۔

اس سلسلہ میں میری بڑی مدد کی ہے دو دوستوں نے، اللہ تعالیٰ دونوں کو دارین میں جزائے خیر عطا فرمائیں، ان کے علم میں برکت فرمائیں اور ان کے فیوض کو عام و تام فرمائیں (آمین)

اول: حضرت مولانا مفتی احمد صاحب خانپوری زید مجدہم ہیں، آپ جامعہ تعلیم الدین ڈابھیل کے شیخ الحدیث ہیں، اور دارالافتاء کے رئیس بھی، اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی معرفت کا بھی بڑا حصہ عطا فرمایا ہے اور علم وعمل کا بھی، وہ میرے پانچ سال بعد چلے ہیں اور پچاس سال آگے نکل گئے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کے مراتب بلند فرمائیں، انھوں نے ملاحظات بھیجے ہیں، جن کو میں آگے ذکر کروں گا۔

دوم: حضرت مولانا مفتی عمر فاروق صاحب لوہاروی زید مجدہم ہیں، آپ دارالعلوم لندن کے شیخ الحدیث ہیں، علم میں پختگی اور مسلک میں تصلّب ان کا خاص امتیاز ہے، جواں سال ہیں مگر بالغ نظر ہیں، انھوں نے بھی ملاحظات بھیجے ہیں ان کو بھی ذکر کروں گا۔

فِقْہُ البخاری فی تَرَاجُمِہ کا مطلب

فقہ الإمام البخاری فی تراجمہ: کا مطلب عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ چونکہ خود کو مجتہد مطلق خیال کرتے ہیں، اس لئے انھوں نے اپنی فقہ اپنی کتاب کے ابواب میں سمودی ہے، یہ بات کسی درجہ میں صحیح ہے، مگر صد فی صد صحیح نہیں، کیونکہ امام صاحب نے سخت شرائط کا التزام کر کے نطاق تنگ کر لیا ہے، اور فقہ پیش کرنے کے لئے توسع ضروری ہے، اگرچہ امام صاحب آثار کا سہارا لیتے ہیں، اور تراجم میں ہلکی ضعیف روایتیں بھی لاتے ہیں، مگر اس سے کام نہیں چل سکتا، حسن لغیرہ تک حدیثوں کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔

بلکہ اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ امام بخاریؒ کی ذہانت اور دقّت نظر کا اندازہ صحیح بخاری کے ابواب سے ہوتا ہے، کبھی تو شارحین کرام مقصدِ باب پاتے ہوئے ہمت ہار جاتے ہیں، پھر حدیثیں بار بار لاتے ہیں، اور نئے نئے استدلالات کرتے ہیں، اور کہیں تو مناسبت اتنی دقیق ہوتی ہے کہ امام صاحب کو داد دینی پڑتی ہے، پس جو لوگ خیال کرتے ہیں کہ بخاری شریف حدیثوں کا نام ہے وہ خام خیالی میں مبتلا ہیں، بخاری درحقیقت ابواب کا اور حدیثوں کی باب سے مناسبت کا نام ہے، اور یہ خوبی آخر کتاب تک یکساں ہے، بلکہ کتاب الاعتصام اور کتاب التوحید میں تو آپ کا یہ کمال نقطۂ عروج کو پہنچ گیا ہے، پس بخاری شریف بامقصد پڑھنی پڑھانی چاہئے، شروع میں وقت ضائع کرنا اور آخر میں ورق گردانی کرنا کسی بھی طرح مناسب نہیں۔

چکنے پتھر پر زنجیر کھینچنے کی طرح جو جھنکار سنائی دیتی تھی وہ کس کی آواز ہوتی تھی؟

اور نبی ﷺ پر قرآنِ کریم کی وحی کس طرح آتی تھی؟

تحفۃ القاری جلد اول صفحہ ۱۳۱ میں لکھا گیا ہے کہ اس سلسلہ میں مختلف اقوال ہیں ...... لیکن حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی آواز ہوتی تھی، یہ مسئلہ حضرتؒ نے کتاب التوحید میں چھیڑا ہے ...... پھر امام بخاری رحمہ اللہ کے قول کی دو دلیلیں بیان کی ہیں ...... اس سلسلہ میں جاننا چاہئے کہ کتاب التوحید میں صفتِ کلام کی بحث میں امام بخاری رحمہ اللہ نے باری تعالیٰ کے لئے صوت (آواز) ثابت کی ہے، مگر یہ بات بیان نہیں کی کہ چکنے پتھر پر زنجیر کھینچنے کی طرح جو جھنکار سنائی دیتی تھی وہ اللہ تعالیٰ کی آواز ہوتی تھی، اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی موقوف روایت لائے ہیں: **إذا تكلّم الله بالوحی سمع أهلُ السماوات شيئًا:** جب اللہ تعالیٰ وحی بولتے ہیں تو آسمانوں والے 'ایک چیز' سنتے ہیں، پھر باب کی پہلی حدیث میں ہے: **إذا قَضَى اللّٰه الأمر فی السماء ضربت الملائكة بأَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لقوله، كأنه سِلْسِلَة على صفوان:** جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کوئی معاملہ طے کرتے ہیں تو فرشتے اپنے پَر پھڑ پھڑاتے ہیں، ارشادِ باری کے سامنے تابعداری ظاہر کرنے کے لئے، گویا وہ چکنے پتھر پر زنجیر ہے، یہ فرشتوں کے پَر پھڑ پھڑانے کی آواز ہوتی ہے، علامہ عینی رحمہ اللہ

لکھتے ہیں:قوله: كأنه: أى كان الصوتُ الحاصلُ من ضرب أجنحتهم صوتَ السلسلةِ على صفوان: گویا وہ یعنی فرشتوں کے پَر پھڑ پھڑانے سے جو آواز پیدا ہوتی ہے وہ چکنے پتھر پر زنجیر کی آواز ہوتی ہے،غرض یہ آواز باری تعالیٰ کی آواز ہوتی ہے اس کی صراحت نہیں،اسی لئے (۱:۱۳۱) میں میں نے لکھا ہے کہ ”کوئی کہتا ہے: وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کی اصلی آواز ہوتی تھی،اور کوئی کہتا ہے: حضرت جبرئیل علیہ السلام کے پروں کی آواز ہوتی تھی“ اور ﴿عَلٰی قَلْبِكَ﴾ کی رازی رحمہ اللہ نے دو تاویلیں کی ہیں (تفسیر کبیر ۲۴:۱۶۶ سورۃ الشعراء آیت ۱۹۴)

پھر تحفۃ القاری (۱:۱۳۳) میں ایک فائدہ ہے کہ علماء کرام نے فرمایا ہے کہ قرآنِ کریم کی وحی ہمیشہ حضرت جبرئیل علیہ السلام لے کر آتے تھے...... پھر اس کو مدلل کیا ہے...... حضرت مولانا مفتی احمد خانپوری صاحب زید فضلہ نے اس پر استدراک کیا ہے، جو بعینہٖ درج ذیل ہے۔

ص:۱۳۳۔فائدہ: (۱) علمائے کرام نے فرمایا ہے کہ: قرآنِ کریم کی وحی ہمیشہ حضرت جبرئیل علیہ السلام لے کر آتے تھے، وحی کی جو پہلی صورت ہے اس طریقے پر قرآن کی وحی نہیں آتی تھی،إلخ (اس کا ماخذ کیا ہے؟) اس حدیث میں نزول وحی کی صورت عام بتلائی گئی ہے، کہ صلصلة الجرس کی طرح یہ بھی حضرت جبرئیل علیہ السلام ہی کی وساطت سے ہوتی تھی، كما فى كتاب بدأ الخلق قال: كل ذٰلك يأتى الملك أحيانا فى مثل صلصلة الجرس، فيفصم عنى وقد وعيت ما قال، وهو أشده على، ويتمثل لى الملك أحيانا رجلا فيكلمنى، فأعى ما يقول (بخاری ۱:۴۵۷) علامہ عثمانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اول صورت میں فرشتہ ظاہراً نہیں آتا تھا، بلکہ قلب پر اترتا تھا، اور قلب ہی میں وحی کا نزول ہوتا تھا، اور قلب ہی کی آنکھ سے آپ فرشتے کو دیکھتے تھے، اور قلب ہی کے کان سے وحی کو سنتے تھے جیسا کہ قرآنِ مجید میں ہے: ﴿نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْأَمِيْن، عَلٰى قَلْبِكَ﴾ إلخ (فضل الباری ۱:۵۵۵) قرآن کی وحی کے بہت سے واقعات احادیث میں ایسے موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کی وحی بھی پہلی صورت میں آتی تھی۔ واقعۂ افک میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی براءت میں نازل شدہ آیات کے موقع پر نزول وحی کی جو کیفیت حدیث عائشہ میں ہے وہ یہی ہے، ملاحظہ ہو: فوالله ما رام رسول الله صلى الله عليه وسلم مجلسه ولا خرج أحد من أهل البيت حتى أنزل عليه، فأخذه ما كان يأخذه من البرحاء، حتى أنه ليتحدر منه من العرق مثل الجمان وهو فى يوم شات من ثقل القول الذى أنزل عليه إلخ [باب حديث الإفك] احقر کا اپنا وجدان تو یہ ہے کہ: قرآن کی وحی پہلی صورت میں زیادہ آتی تھی، اسی کے نتیجے میں آپ ﷺ باوجود انتہائی طاقت ور ہونے کے کمزوری محسوس فرماتے ہیں۔

اسلام میں پہلی رصد گاہ طوسی نے کس بادشاہ کے زمانہ میں قائم کی؟

تحفۃ القاری شرح صحیح البخاری (۱:۴۷) میں ہے:

''سب سے پہلے تیمورلنگ کے زمانہ میں نصیر الدین طوسی نے رصدگاہ قائم کی ہے، نصیر الدین نے تیمورلنگ سے کہا: ہمیں رصدگاہ قائم کرنی چاہئے، تیمورلنگ نے پوچھا: اس پر کتنا خرچ آئے گا؟ نصیر الدین نے پچاس ہزار کا تخمینہ بتایا......

اس پر حضرت مفتی فاروق صاحب نے درج ذیل استدراک کیا ہے جو صحیح ہے:

بندہ کے ناقص تتبع کے اعتبار سے نصیر الدین طوسی اور تیمورلنگ دونوں ہم عصر نہیں ہیں، بلکہ دونوں کے زمانے الگ الگ ہیں۔ نصیر الدین کی وفات اور تیمورلنگ کی پیدائش کے درمیان ساٹھ سے زیادہ سال کا فاصلہ ہے۔ نصیر الدین طوسی کی پیدائش ۱۸ر فروری ۱۲۰۱ء میں اور وفات ۲۶ر جون ۱۲۷۴ء میں ہے (انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا، ص: ۷۰، ج: ۱۲، طباعت پانزدہم: ۱۹۹۲ء) جبکہ تیمورلنگ کی پیدائش ۱۳۳۶ء میں اور وفات ۱۹ر فروری ۱۴۰۵ء میں ہے (انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا، ص: ۸۴۷، ج: ۱۱، طباعت پانزدہم: ۱۹۹۲ء) اس لحاظ سے ان دونوں میں گفتگو اور پھر تیمورلنگ کے زمانے میں نصیر الدین طوسی کا رصدگاہ قائم کرنا ناممکن ہے۔

درحقیقت نصیر الدین طوسی اگر کسی کا وزیر یا مشیر رہا ہے، تو وہ ہولاکو خان (جسے ہلاکو خان لکھتے اور بولتے ہیں) ہے، جس کی پیدائش ۱۲۱۷ء میں اور وفات ۸ر فروری ۱۲۶۵ء میں ہے (انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا، ص: ۱۳۱، ج: ۶) ہجری سن کے لحاظ سے ہولاکو خان ۶۶۴ یا ۶۶۳ھ میں ہلاک ہوا ہے۔ (العبر فی خبر من غبر للذهبی، ص: ۳۱۱ و۳۱۲، ج: ۳، العلمیة: بیروت — البدایة والنهایة لابن کثیر، ص: ۲۸۸، ج: ۱۳، دار إحیاء التراث العربی: بیروت) اور نصیر الدین طوسی کی وفات ۵۹۷ھ میں (فوات الوفیات، ص: ۲۵۲، ج: ۳، دار الثقافة: بیروت) اور وفات ۱۲ یا ۱۸ ذی الحجہ ۶۷۲ھ میں ہوئی ہے (العبر فی خبر من غبر، ص: ۳۲۶، ج: ۳۔ البدایة والنهایة، ص: ۳۱۳، ج: ۱۳) اس لئے نصیر الدین طوسی نے جو رصدگاہ قائم کی تھی، وہ ہولاکو خان کی ذہن سازی کر کے قائم کی تھی، تیمورلنگ کی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

گذارش: یہ واقعہ درس میں ارتجالاً بیان کیا ہے، اور واقعات میں مقصود مضمون ہوتا ہے، 'کردار' کی چنداں اہمیت نہیں ہوتی۔

ہرقل کی حدیث بخاری شریف میں کتنی مرتبہ آئی ہے؟

تحفۃ القاری شرح صحیح البخاری (۱:۱۷۲) میں ہے:

''یہ روایت بخاری شریف میں بارہ جگہ آئی ہے، کہیں مفصل کہیں مختصر''

حضرت مفتی فاروق صاحب نے تتبع کر کے سترہ جگہ اس حدیث کا ہونا بیان کیا ہے، فرماتے ہیں:

بندہ کے ناقص تتبع میں حدیث ہرقل صحیح البخاری میں بارہ سے زائد جگہ آئی ہے، جس کا جدول حسب ذیل ہے:

نوٹ: جدول میں صفحہ نمبر اور جلد نمبر کا حوالہ صحیح بخاری مطبوعہ قدیمی: کراچی کا دیا گیا ہے۔

نمبرشمار	کتاب	باب	کتنی دفع تخریج ہوئی	متصلاً یا معلقاً	صفحہ نمبر	جلدنمبر
۱		كيف كان بدء الوحى إلى رسول الله ﷺ	۱	متصلاً	۴و۵	۱
۲	الإيمان	باب بلاترجمة، بعد باب سؤال جبرئيل النبى ﷺ	۱	متصلاً	۱۳	۱
۳	الصلاة	كيف فرضت الصلاة فى الإسراء	۱	معلقاً	۵۰	۱
۴	الزكاة	وجوب الزكاة	۱	معلقاً	۱۸۷	۱
۵	الشهادات	من أمر بإنجاز الوعد	۱	متصلاً	۳۶۸	۱
۶	الجهاد	قول الله عزوجل: قل هل تربصون بنا إلا أحدى الحسنيين	۱	متصلاً	۳۹۳	۱
۷	الجهاد	من استعان بالضعفاء والصالحين فى الحرب	۱	معلقاً	۴۰۵	۱
۸	الجهاد	هل يرشد المسلم أهل الكتاب أو يعلمهم الكتاب	۱	متصلاً	۴۱۱	۱
۹	الجهاد	دعاء النبى ﷺ إلى الإسلام والنبوة إلخ	۲ حافظ کی تحقیق کے مطابق (فتح الباری ۸:۶۳)	متصلاً	۴۱۲ ۴۱۳	۱
۱۰	الجهاد	قول النبى ﷺ: نصرت بالرعب مسيرة شهر إلخ	۱	متصلاً	۴۱۸	۱
۱۱	الجزية والموادعة	فضل الوفاء بالعهد	۱	متصلاً	۴۵۰	۱
۱۲	التفسير	قُل يأَهل الكتاب تعالوا إلى كلمة سواء بيننا وبينكم إلخ	۲ (عینی کے شمار کے مطابق)	متصلاً	۶۵۳ ۶۵۴	۲
۱۳	الأدب	صلة المرأة أمها ولها زوج	۱	متصلاً	۸۸۴	۲
۱۴	الاستئذان	كيف يكتب إلى أهل الكتاب	۱	متصلاً	۹۲۶	۲
۱۵	الأحكام	ترجمة الحكام وهل يجوز ترجمان واحد	۱	متصلاً	۱۰۶۸	۲
۱۶	أخبار الآحاد	ماكان النبى ﷺ يبعث من الأمراء والرسل واحد بعد واحد	۱	معلقاً	۱۰۸۷	۲
۱۷	التوحيد	ما يجوز من تفسير التوراة وكتب الله بالعربية وغيرها	۱	معلقاً	۱۱۲۵	۲

تحویل قبلہ کے وقت نبی ﷺ قبیلہ بنوسلمہ میں کس صحابی کے جنازہ میں تشریف لے گئے تھے؟

تحفۃ القاری شرح صحیح البخاری (۱:۲۶۳) میں ہے:

''غرض تحویل قبلہ کا یہ مقصد پورا نہ ہوا، تو سولہ یا سترہ مہینے کے بعد دوبارہ تحویل ہوئی، اس وقت آنحضور ﷺ بنوسلمۃ کے ایک نوجوان صحابی بشیر بن براء کے جنازے میں شرکت کے لئے ان کے محلّہ میں تشریف لے گئے تھے......

تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی (۲:۱۶۵) میں ہے:

''غرض تحویل قبلہ کا یہ مقصد پورا نہ ہوا، تو سولہ یا سترہ مہینے کے بعد دوبارہ تحویل ہوئی، اس وقت آنحضور ﷺ بنوسلمۃ کے ایک نوجوان صحابی بشیر بن براء کے جنازہ میں شرکت کے لئے ان کے محلّہ میں تشریف لے گئے تھے......''

اس پر مفتی فاروق صاحب کی انیق تحقیق ملاحظہ فرمائیں:

حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے تراجم سے متعلقہ بندہ کو دستیاب کتابوں میں بشیر بن براء نام کے کسی صحابی کا ذکر مل نہ سکا۔ 'فتح الباری' میں بشر بن براء بن معرور واقع ہوا ہے، چنانچہ 'فتح الباری' میں ہے:

والتحقيقُ أنَّ أولَ صلاةٍ صلاَّها في بني سلمةَ لمّا مات بِشْرُ بْنُ البراء بن مَعْرورٍ الظّهرُ. (فتح الباری، كتاب الإيمان، باب الصلاة من الإيمان ص:۱۲۰، ج۱)

لیکن بندہ کے ناقص خیال میں یہ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کا وہم ہے، کیونکہ تحویل قبلہ سے قبل وفات پانے والے حضرت بِشر بن براء بن معرور رضی اللہ عنہما کے والد حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ ہیں، حضرت بشر بن براء رضی اللہ عنہما نہیں۔ فتح الباری میں ہے:

والذين ماتوا بعد فرض الصلاة وقبل تحويل القبلة من المسلمين عشرة أنفس...... ومن الأنصار بالمدينة البراء بن معرور بمهملات وأسعد بن زرارة. (فتح الباری، كتاب الإيمان، باب الصلاة من الإيمان ، ص:۱۲۱، ج:۱)

العجاب في بيان الأسباب (أسباب نزول القرآن) للحافظ ابن حجر العسقلاني میں ہے:

قال الواحدي: قال ابن عباس في رواية الكلبي – يعني عن أبي صالح عنه–: كان رجال من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم من المسلمين قد ماتوا على القبلة الأولى، منهم أبو أمامة أسعد بن زرارة أحد بني النجار والبراء بن معرور أحد بني سلمة في أناس آخرين، جاء ت عشائرهم، فقالوا: يارسول الله، توفي أخواننا وهم يصلون إلى القبلة الأولىٰ، وقد صرفك الله إلى قبلة إبراهيم، فكيف بإخواننا؟ فأنزل الله عزوجل ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ﴾ (العجاب في بيان الأسباب، ص: ۹٤، العلمية: بروت)

حضرت بشر بن براء رضی اللہ عنہما تو تحویلِ قبلہ کے وقت بقیدِ حیات تھے، ان کا وصال فتحِ خیبر کے موقع پر سلّام بن مِشْکَمْ

کی بیوی زینب بنت الحارث کی پیش کردہ بھونی ہوئی زہر آلود بکری کا گوشت کھانے سے ہوا تھا، چنانچہ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فتح الباری میں فرماتے ہیں:

قال ابن إسحاق: لما اطمأن النبی صلی اللہ علیه وسلم بعد فتح خیبر، أهدت له زینب بنت الحارث امرأة سلام بن مشکم شاة مشویة، وکانت سألت: أی عضو من الشاة أحب إلیه؟ قیل لها: الذراع، فأکثرت فیها من السم، فلما تناول الذراع لاك منها مضغة ولم یسغها، وأکل معه بشر بن البراء فأساغ لقمته، فذکر القصة، وأنه صفح عنها، وأن بشر بن البراء مات منها. (فتح الباری، کتاب المغازی، باب الشاة التی سمّت للنبی صلی اللہ علیه وسلم بخیبر، ص: ۵٦۸، ۵٦۹، ج:۷)

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ 'الإصابة فی تمییز الصحابة' میں فرماتے ہیں:

٦٥٤-(بشر) بن البراء بن معرور...... وأما بشر فشهد العقبة مع أبیه، وشهد بدرا وما بعدها، ومات بعد خیبر من أکلة أکلها مع النبی صلی اللہ علیه آله وسلم من الشاة التی سمّ فیها، قاله ابن إسحاق.

(الإصابة، ص: ۱۵۰، ج:۱)

الغرض 'فتح الباری' ص:۱۲۰، ج:۱ میں بشر بن براء بن معرور رضی اللہ عنہما کا ذکر بندہ کے ناقص خیال میں وہم ہے۔ یہ وہم دیگر شروح وامالی میں بھی درآیا ہے، بعض میں حافظ ابن حجرؒ کے حوالے سے اور بعض میں ان کے حوالے کے بغیر۔

ایک حدیث سے امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال اور اس کا جواب: صحیح نہیں

تحفۃ القاری شرح صحیح البخاری (۱:۵۸۱-۵۸۰) میں ہے:

''اس حدیث سے امام بخاریؒ کا استدلال اس طرح ہے کہ نبی ﷺ پر سجدہ کی حالت میں نجاست رکھ دی گئی، پھر بھی آپ ﷺ سجدہ میں رہے، نماز جاری رکھی، معلوم ہوا کہ دورانِ نماز اگر نمازی پر کوئی ناپاکی گر جائے، تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔

جواب: یہ استدلال بایں وجہ صحیح نہیں کہ نماز جاری تھی، اس کی کوئی دلیل نہیں، نماز تو ٹوٹ گئی تھی اور آپ ﷺ سجدہ میں اس لئے پڑے رہے تھے کہ اس روح فرسا واقعہ سے آپ ﷺ کا دل ٹوٹ گیا تھا، آپ ﷺ نے حزن وملال کی وجہ سے سر نہیں اٹھایا، پھر جب صاحب زادی نے پیٹھ سے گندگی ہٹائی، تو آپؐ نے سر اٹھایا اور فوراً بددعا شروع کی، یہ دلیل ہے کہ آپ کی نماز باقی نہیں تھی، ورنہ نماز پوری کر کے بددعا فرماتے''

مفتی فاروق صاحب کا استدراک:

بندہ کہتا ہے کہ یہی روایت امام بخاری رحمہ اللہ نے آئندہ دوسرے طریق سے تخریج فرمائی ہے، اس میں رسول اللہ ﷺ کا نماز پوری کر کے بددعا فرمانا مذکور ہے۔ روایت کے الفاظ یہ ہیں:

فَلَمَّا قَضَی رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم الصَّلَاةَ (صحیح بخاری، کتاب الصلاة، باب المرأة تطرح عن

المصلی شیأا من الأذی، ص: ٧٤، ج: ١)

امام مسلم رحمہ اللہ نے دوسرے طریق سے اس روایت کی تخریج فرمائی ہے، اس میں بھی رسول اللہ ﷺ کا نماز پوری کر کے دعا فرمانا مذکور ہے۔ اس روایت کے الفاظ یہ ہیں:

فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَلاَتَهُ رَفَعَ صَوْتَهُ ثُمَّ دَعَا عَلَيْهِمْ (صحيح مسلم، كتاب الجهاد والسير، باب مالقي النبي صلى الله عليه وسلم من أذى المشركين والمنافقين، ص: ١٠٨، ج:٢)

گذارش: تحفۃ القاری کا جواب اس بنیاد پر ہے کہ موقع پر جو روایت ذکر کی ہے اس میں نماز پوری کرنے کا ذکر نہیں، اور جب امام صاحب رحمہ اللہ کے پاس روایت تھی اور دوسری جگہ اس کو لائے بھی ہیں تو موقع پر جہاں استدلال کرنا ہے: کیوں نہیں لائے، اور آپ بالغ نظر ہیں، روایات بالمعنی بھی ہوتی ہیں اور ان میں رواۃ کے تصرفات بھی ہوتے ہیں، تاہم میں جواب کا ضعف تسلیم کرتا ہوں، اب امام نووی رحمہ اللہ کا پسندیدہ جواب رہ جاتا ہے: وقال النووی: الجواب المرضی: أنه صلى الله عليه وسلم لم يعلم ما وضع على ظهره، فاستمر في سجوده استصحابا لأصل الطهارة: پسندیدہ جواب یہ ہے کہ نبی ﷺ کو پتہ نہیں چلا اس (ناپاکی) کا جو آپؐ کی پیٹھ پر رکھی گئی تھی، پس آپؐ سجدہ میں رہے، اس طہارت کی وجہ سے جو پہلے سے حاصل تھی، مگر اس جواب کا بھی پیچھا کیا گیا ہے (فتح الباری وعینی)

دو حدیثوں میں دو واقعے ہیں، ایک نہیں

تحفۃ القاری شرح صحیح البخاری (۳۱۹:۶) میں ہے:

''...... اور باب کی دونوں روایتوں میں فتحِ مکہ کا واقعہ ہے، نبی ﷺ اپنے پڑاؤ کی جگہ سے گدھے پر سوار ہوئے، اس پر پالان تھا اور اس پر کمبل پڑا ہوا تھا اور پیچھے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو بٹھایا، دوسرے حضرات ساتھ چل رہے تھے، نبی ﷺ نے کعبہ پر پہنچ کر چابی منگوائی اور کھول کر کعبہ کو غسل دیا''

بندہ کے ناقص خیال میں باب کی دوسری روایت میں بلاشبہ فتح مکہ کا واقعہ ہے، لیکن باب کی پہلی روایت میں فتح مکہ کا واقعہ نہیں ہے، بلکہ غزوۂ بدر سے قبل رئیس المنافقین: عبداللہ بن ابی کے اظہار اسلام سے پہلے مدینہ منورہ میں پیش آنے والا واقعہ ہے، جب رسول اللہ ﷺ قبیلۂ خزرج کے سردار حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے تشریف لے جا رہے تھے۔

حضرت مولانا احمد علی صاحب محدث سہارن پوری نور اللہ مرقدہ (وفات: ۱۲۹۷ھ/۱۸۷۹ء) نے باب کی پہلی حدیث کے متعلق الخیر الجاری کے حوالے سے حاشیہ 'صحیح بخاری' میں بلا تعقب لکھا ہے کہ عنقریب یہ بات آئے گی کہ یہ واقعہ فتح مکہ کے موقع پر پیش آیا تھا۔

بندہ کے ناقص خیال میں حاشیۂ صحیح بخاری میں منقول یہ بات وہم ہے۔ واللہ اعلم

گذارش: یہ استدراک صحیح ہے، اور حدیثوں کے بعد جو حوالے ہیں ان سے بھی یہ بات واضح ہے۔

مسلم شریف میں باب میں علی الناصیۃ ہے اس سے دھوکہ لگا

تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی (۱:۳۷۱) میں ہے:

''......پہلی روایت کے الفاظ مسلم شریف میں یہ ہیں: مَسَحَ عَلٰی نَاصِیَتِہٖ وَعِمَامَتِہٖ: یعنی نبی ﷺ نے پیشانی پر اور پگڑی پر مسح کیا''

صحیح مسلم میں مَسَحَ بِنَاصِیَتِہٖ حرف با کے ساتھ، تو روایت موجود ہے (صحیح مسلم، کتاب الطھارۃ، باب المسح علی الخفین، ص:۱۳۴، ج:۱) لیکن عَلٰی نَاصِیَتِہٖ حرف عَلٰی کے ساتھ روایت بندہ کو نہ مل سکی۔

وضوء کے بعد بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پینے کی دو حکمتیں ہیں یا ایک؟

تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی (۱:۲۷۷) میں ہے:

''وضوء کے بعد بچا ہوا پانی پینے میں دو حکمتیں ہیں: ایک: وہ بابرکت پانی ہے، کیونکہ برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی لے کر وضوء کیا گیا ہے۔ دوم: کھڑے ہو کر پینے سے اس برکت والے پانی کا اثر پورے جسم میں پہنچے گا، جیسے زم زم تھوڑا ہو تو کھڑے ہو کر پیتے ہیں تاکہ اس کا اثر پورے بدن میں پہنچے، اب لوگ لوٹے سے یا نل سے وضوء کرتے ہیں اس لئے پہلی حکمت باقی نہیں رہی، مگر دوسری حکمت اب بھی باقی ہے اس لئے وضوء کے بعد کچھ پانی کھڑے ہو کر پینا چاہئے''

بندہ کے ناقص خیال میں اس میں دو اعتبار سے کلام ہے:

اولاً: وضوء کے بعد بچا ہوا پانی پینے کی حکمتوں کے دو ہونے میں کلام ہے، کیونکہ پہلی حکمت تو وضوء کے بعد بچے ہوئے پانی پینے کی ہے، لیکن دوسری حکمت وضوء کے بعد بچے ہوئے پانی پینے کی نہیں، بلکہ اس کے کھڑے ہو کر پینے کی ہے، اس لئے وضوء کے بعد بچے ہوئے پانی پینے کی ایک ہی حکمت ہوئی دو نہیں۔

ثانیاً: اگر مذکور حکمتوں کو دو تسلیم کر لیا جائے، تو لوٹے یا نل سے وضوء کرنے کی صورت میں دوسری حکمت کے باقی ہونے میں کلام ہے، کیونکہ دوسری حکمت میں وہ برکت والا پانی مراد لیا گیا ہے، جس کا ذکر پہلی حکمت میں آیا ہے، یعنی وہ پانی جو برتن میں ہاتھ ڈالنے کی وجہ سے بابرکت بنا ہے، جبکہ لوٹے یا نل سے وضوء کرنے کی صورت میں اس پانی میں ہاتھ نہیں ڈالا جاتا، اس لئے وہ پانی بابرکت نہیں ہوا، پھر کچھ پانی کھڑے ہو کر پینے میں کوئی تُک نہیں بنتی۔

مختصر یہ کہ دوسری حکمت کی بنیاد پہلی حکمت پر تھی، اس لئے جب لوٹے یا نل سے وضوء کرنے میں پہلی حکمت جو مبنی تھی، باقی نہ رہی، تو دوسری حکمت جو مَبنی تھی، وہ بھی باقی نہ رہی، لہٰذا اس حکمت کی بنیاد پر لوٹے یا نل سے وضوء کرنے کے بعد کچھ پانی کھڑے ہو کر پینے کو ثابت کرنا محلِ نظر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

دعا شروع کرتے وقت اور ختم کرتے وقت امام ایک آدھ جملہ جہراً نہ کہے تا کہ ہیئتِ اجتماعیہ اور التزام ختم ہو

تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی (۹۶:۲) میں ہے:

خلاصہ: یہ ہے کہ دو باتیں بے شک قابلِ اصلاح ہیں: ایک: ہیئتِ اجتماعی۔ دوسری دعا کا التزام یعنی اس کو ضروری سمجھنا۔ ان دونوں کی اصلاح کا جو طریقہ تجویز کیا جاتا ہے کہ دعا بدعت ہے، اس کو بند کر دیا جائے، یہ طریقہ صحیح نہیں۔ یہ تو مزید غلطی ہوگئی کہ جس چیز کی اصل ثابت تھی اس کو بدعت قرار دے دیا اور بندوں کا اپنے خالق و مالک سے دعا کا رابطہ منقطع کر دیا۔

اصلاح کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ عام احوال میں جہری دعا نہ کی جائے، بلکہ ہر شخص اپنی زبان میں اپنی حاجتیں مانگے تو ہیئتِ اجتماعی خود بخود ختم ہو جائے گی۔ تین نمازوں میں تو لوگ نوافل کے بعد دعا کریں گے اور ظاہر ہے نوافل سے سب ایک ساتھ فارغ نہیں ہوتے اس لئے ہیئتِ اجتماعی خود بخود ختم ہو جائے گی اور دو نمازوں میں جب جس کی تسبیحات پوری ہوں دعا شروع کر دے اور جب اس کی دعا پوری ہو دعا ختم کر دے خواہ امام سے پہلے یا امام کے بعد، پس اجتماعی ہیئت باقی نہ رہے گی۔

اور التزام کو ختم کرنے کی یہ صورت ہے کہ امام صاحب لوگوں کو مختلف اوقات میں یہ بات سمجھاتے رہیں کہ امام اور مقتدیوں کا رابطہ سلام پر ختم ہو جاتا ہے، نماز سلام پر پوری ہو جاتی ہے۔ پس جس کو کوئی حاجت ہو وہ جا سکتا ہے۔ بلکہ خود امام کو کوئی ضرورت ہو تو وہ بھی جا سکتا ہے، دوسرے لوگ اپنی تسبیحات پوری کریں اور اپنی دعا مانگیں۔ امام کا ان کے ساتھ ہونا ضروری نہیں۔

نوٹ: بعض امام اس طرح دعا شروع کرتے ہیں کہ لوگوں کو نہ دعا شروع کرنے کا احساس ہوتا ہے نہ ختم کرنے کا۔ وہ دعا کے شروع اور آخر میں ایک جملہ بھی جہراً نہیں کہتے یہ طریقہ بھی ٹھیک نہیں۔ اگر دعا شروع کرتے وقت اور ختم کرتے وقت ایک آدھ جملہ جہراً کہہ دیا جائے تو یہ جہری دعا نہیں ہے۔

بندہ کے ناقص خیال میں نوٹ اور ماقبل تقریر میں تعارض ہے، کیونکہ بقول حضرت والا جب امام اور مقتدیوں کا رابطہ سلام پر ختم ہو جاتا ہے اور عام احوال میں جہری دعا نہیں مانگنا ہے، بلکہ ہر شخص کو اپنی زبان میں اپنی حاجتیں مانگنا ہے اور تین نمازوں میں لوگ نوافل کے بعد دعا کریں گے اور ظاہر ہے، نوافل سے سب ایک ساتھ فارغ نہیں ہوتے اور دو نمازوں میں جب جس کی تسبیحات پوری ہوں، دعا شروع کر دے اور جب اس کی دعا پوری ہو، ختم کر دے خواہ امام سے پہلے یا امام کے بعد، تو پھر امام کو دعا شروع کرتے وقت اور ختم کرتے وقت ایک آدھ جملہ جہراً کیوں کہنا ہے؟

میری آنکھوں کی ٹھنڈک کی قسم ام رومان نے کھائی تھی، حضرت ابو بکرؓ نے نہیں

تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی (۴۶۶:۴) میں ہے:

اسی طرح بطور تکیہ کلام غیر اللہ کی قسم کھانا بھی جائز ہے اور وہ بمنزلۂ یمین لغو کے ہے، مثلاً: عربی میں تکیہ کلام کے طور پر یہ

قسم کھاتے ہیں: لَعَمْرُكَ! تیری زندگی کی قسم، لَعَمْرِیْ: میری زندگی کی قسم، إِیْ وَا یعنی إِیْ و اللّٰہِ: ہاں بخدا! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی ایک واقعہ میں قسم کھائی ہے: وَقُرَّةِ عَيْنِیْ: میری آنکھوں کی ٹھنڈک کی قسم! یہ قسمیں بمنزلہ یمین لغو ہیں، ان پر کوئی مواخذہ نہیں۔

بندہ کے ناقص تتبع کے اعتبار سے: وَقُرَّةِ عَيْنِیْ: کے الفاظ سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قسم نہیں کھائی تھی، بلکہ ان کی زوجہ رضی اللہ عنہا نے کھائی تھی، چنانچہ صحیح بخاری میں ہے:

...... وكُنّا نأخذ من لقمة إلا ربا مِن أسفلها أكثر منها، قال: شبعوا وصارت أكثر ممّا كانت قبل ذٰلك، فنظر إليها أبوبكر، فإذا هى كما هى أو أكثر، فقال لامرأته: يا أخت بنى فراس، ما هٰذا؟ قالت: لا وقُرَّة عينى، لهى الأن أكثر منها قبل ذٰلك بثلث مرار...... (صحيح بخارى، كتاب مواقيت الصلاة، باب السمر مع الأهل والضيف، ص: ۸۵، ج: ۱، كتاب المنافب، باب علامات النبوة فى الإسلام، ص: ۵۰۶، ج: ۱، كتاب الأدب، باب قول الضيف لصاحبه: لا أكل حتى تأكل)

جس عورت کے چند نکاح ہوئے ہوں وہ کس کو ملے گی؟

علمی خطبات میں ''جس عورت کے چند نکاح ہوئے: وہ کس کو ملے گی؟ کے زیر عنوان ہے:

یہاں لوگ ایک مسئلہ پوچھا کرتے ہیں: ایک شخص کی بیوی تھی، پھر اس کا انتقال ہوگیا، اور بیوی کا دوسری جگہ نکاح ہوگیا، پھر اتفاقاً دوسرے شوہر کا بھی انتقال ہوگیا، پھر بیوی نے تیسرا نکاح کرلیا: پس یہ بیوی کس کو ملے گی؟ دنیا میں اس کے تین شوہر ہوئے ہیں۔

اس کا صحیح جواب یہ ہے کہ یہ بات معلوم نہیں، دنیا میں آئندہ جو معاملات پیش آنے والے ہیں یا مرنے کے بعد آخرت میں جو معاملات پیش آئیں گے ان میں سے ہم انہی سوالوں کے جواب جانتے ہیں، جن کا تذکرہ قرآن وحدیث میں آیا ہے، اور جن کا تذکرہ قرآن وحدیث میں نہیں آیا اس کا جواب ہم نہیں جانتے، آخرت کے معاملات میں عقل کا گھوڑا نہیں دوڑایا جاسکتا، قیاس نہیں چلتا، قیاس اسی دنیا کے معاملات میں چلتا ہے۔ نصوص میں یعنی قرآن وحدیث میں اگر کوئی بات آئی ہے تو ہم بتاسکتے ہیں، اس کے بغیر نہیں بتاسکتے۔

اور یہ مسئلہ قرآن وحدیث میں نہ واضح طور پر آیا ہے، نہ اشارۃً آیا ہے، اس لئے صحیح جواب یہ ہے کہ یہ بات معلوم نہیں! البتہ کتابوں میں چند قول لکھے ہیں، مگر وہ علماء کی باتیں ہیں، قرآن وحدیث کی باتیں نہیں ہیں، اس لئے قطعی نہیں ہیں:

ایک قول: یہ ہے کہ جو آخری شوہر ہے اسے وہ بیوی ملے گی، کیوں کہ جب پہلا شوہر مرگیا تو نکاح ختم ہوگیا، پھر جب دوسرا شوہر بھی مرگیا تو اس کا نکاح بھی ختم ہوگیا، جبھی اگلے سے نکاح جائز ہوا، پھر تیسرے سے نکاح ہوا، پس وہ آخری شوہر ہے، اس کے نکاح میں وہ بیوی آخر تک رہی ہے، اس لئے اسی کو ملے گی۔

مگر تیسرا ابھی تو کبھی نہ کبھی مرے گا یا بیوی مرے گی، کوئی بھی مرے گا نکاح ختم ہوجائے گا۔ پھر تیسرے کے لئے وجہ ترجیح کیا ہے؟ بیوی مرے تو بھی نکاح ختم ہوجاتا ہے، شوہر مرے تو بھی نکاح ختم ہوجاتا ہے، بس اتنا فرق ہے کہ شوہر مرے تو نکاح عدت تک باقی رہتا ہے اور بیوی مرے تو نکاح فوراً ختم ہوجاتا ہے۔

دوسرا قول: کتابوں میں یہ لکھا ہے کہ قیامت کے دن عورت کو اختیار دیا جائے گا وہ جس کو پسند کرے گی، اس کو وہ عورت دی جائے گی۔

تیسرا قول: کتابوں میں یہ لکھا ہے کہ ان تینوں شوہروں میں سے جس کا اخلاقی برتاؤ اس عورت کے ساتھ اچھا ہوگا اس کو وہ عورت ملے گی۔

لیکن یہ سب علماء کے اقوال ہیں، قرآن وحدیث میں یہ مسئلہ نہ صراحتاً آیا ہے نہ اشارۃً، اس لئے صحیح جواب یہ ہے کہ یہ بات معلوم نہیں، آخرت میں پتہ چلے گا کہ کس کو ملی؟ (علمی خطبات ۱: ۲۶۳ تا ۲۶۵)

بندہ کی ناقص رائے یہ ہے کہ جہاں جہاں قرآن وحدیث میں اس مسئلہ کے نہ آنے کا ذکر ہے، وہاں ''حدیث'' کے ساتھ آئندہ طباعت میں ''صحیح'' کی قید لگادی جائے، تو بہتر ہوگا، کیونکہ ضعیف حدیث میں یہ مسئلہ آیا ہے۔ ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے دریافت کرنے پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اسے اختیار دیا جائے گا اور وہ ان میں اچھے اخلاق والے شوہر کو اختیار کرے گی۔ یہ روایت امام طبرانی رحمہ اللہ کے حوالے سے شیخ ابن القیم رحمہ اللہ (۶۹۱-۷۵۱ھ) نے حادی الأوراح میں اور علامہ نور الدین الھیشمی رحمہ اللہ (وفات ۸۰۷ھ) نے مجمع الزوائد میں نقل فرمائی ہے۔ اس میں سلیمان بن ابی کریمہ راوی متفرد ہے اور ابو حاتم اور ابن عدی رحمہما اللہ نے اس کی تضعیف کی ہے۔

واقعہ حضرت شیخ الہندؒ اور مثنوی کی تصنیف کا ہے

علمی خطبات حصۂ دوم میں ہے: ''حضرت تھانوی قدس سرہ کا واقعہ ہے:

ایک مرتبہ ان کے استاذ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب تھانہ بھون آئے، حضرت تھانوی رحمہ اللہ بہت خوش ہوئے، اور زور کی دعوت کی۔ کھانے کے بعد مجلس میں بیٹھے، حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے عرض کیا: حضرت! اس وقت میرا بیان القرآن لکھنے کا معمول ہے، اگر اجازت ہو، تو میں لکھنے کے لئے چلا جاؤں؟ حضرت نے فرمایا: بالکل جاؤ اور لکھو! حضرت تھانوی چلے گئے اور دس منٹ کے بعد آگئے۔ حضرت نے پوچھا: کیوں آگئے؟ کہنے لگے: حضرت! میں نے اپنا معمول پورا کرلیا۔ اس طرح آدمی نظام الاوقات بنائے، تو کامیابی حاصل ہوتی ہے''

بندہ کے ناقص خیال میں اس میں دو اعتبار سے کلام ہے:

اول: حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارن پوری قدس سرہ (۱۲۶۹-۱۳۴۶ھ) کو حضرت تھانوی قدس سرہ کا استاذ قرار دیا گیا ہے، تاویل سے قطع نظر کہ اس کا باب بہت وسیع ہے، متبادر وظاہر یہی ہے کہ استاذ سے معروف معنی میں استاذ مراد

ہے، حالانکہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب حضرت تھانوی قدس اللہ اسرارھما کے معروف معنی میں استاذ نہیں ہیں: حضرت مولانا خلیل احمد صاحب کے سامنے حضرت تھانوی رحمہما اللہ نے معروف معنی میں زانوئے تلمذ تہ نہیں کیا ہے، کیونکہ حضرت تھانویؒ آخر ذی قعدہ ۱۲۹۵ھ میں دارالعلوم دیوبند میں داخل ہوئے اور شروع ۱۳۰۱ھ میں فارغ التحصیل ہوگئے۔ ملاحظہ ہو: اشرف السوانح، باب ششم، ۱: ۲۷، ادارۂ تالیفات اشرفیہ: ملتان۔ جبکہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ کا دارالعلوم دیوبند میں تقرر ۱۳۰۸ھ میں ہوا۔ ملاحظہ ہو: مقدمہ فتاوی مظاہر علوم المعروف بہ فتاوی خلیلیہ ۱: ۴۱، مکتبہ الشیخ کراچی۔ یعنی حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نور اللہ مرقدہ کی تقرری سے قبل حضرت تھانوی رحمہ اللہ درسِ نظامی کی تکمیل فرما چکے تھے۔

تذکرۃ الخلیل میں حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ کے ''نامور تلامذہ'' کے زیر عنوان چھتیس (۳۶) تلامذہ کے نام ذکر کئے ہیں، ان میں بھی حضرت تھانوی قدس سرہ کا نام نہیں۔ ملاحظہ ہو: تذکرۃ الخلیل ص: ۲۳۴۔

حضرت خواجہ عزیز الحسن مجذوب رحمہ اللہ کی ترتیب دادہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ کی سوانح بنام 'اشرف السوانح' کی جلد اول، جو ان تین جلدوں میں سے ہے، جن کا ایک ایک لفظ حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی نظر سے گزرا ہے، کے باب ششم ص: ۲۷ میں حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ کے ابتدائی کتب کے اور باب ہفتم ص: ۳۶ میں بقیہ اساتذۂ کرام کے اسماءِ گرامی مذکور ہیں، ان میں حضرت مولانا خلیل احمد صاحب قدس سرہ کا نام نہیں ہے۔

درحقیقت تشریف لانے والے استاذ وہ شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی قدس اللہ سرہ (۱۲۶۸-۱۳۳۹ھ) ہیں: چنانچہ 'اشرف السوانح' میں ہے:

''حضرت والا کا انضباطِ اوقات نہایت حیرت انگیز ہے، بس یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک مشین ہے، جو ہر وقت چل رہی ہے، کسی وقت بے کار نہیں۔ ظاہر ہے، جو ایسا کثیر المشاغل ہو، اُس کو بلا انضباطِ اوقات چارہ نہیں اور انضباطِ اوقات جب ہی ہوسکتا ہے جب اخلاق و مروّت سے مغلوب نہ ہو اور ہر کام کو اپنے وقت اور موقع پر کرے اور تو اور، حضرت مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی رحمہ اللہ جو حضرت والا کے استاذ تھے، ایک بار مہمان ہوئے۔ حضرت والا نے راحت کے سبب ضروری انتظامات کر کے جب تصنیف کا وقت آیا، تو بہ ادب عرض کر دیا کہ حضرت! میں اس وقت کچھ لکھا کرتا ہوں، اگر حضرت اجازت دیں، تو کچھ دیر لکھ کر بعد کو حاضر ہو جاؤں، فرمایا: ضرور لکھو، میری وجہ سے اپنا حرج ہرگز نہ کرو، گو اُس روز حضرت والا کا دل لکھنے میں لگا نہیں، لیکن ناغہ نہ ہونے دیا، تا کہ بے برکتی نہ ہو، تھوڑا سا لکھ کر پھر حاضر خدمت ہو گئے''

(اشرف السوانح باب ششم ۱: ۳۰ و ۳۱)

دوم: ''علمی خطبات'' میں حضرت تھانوی قدس سرہ کے استاذ گرامی کی تشریف آوری کے زمانے میں بیان القرآن کی تالیف کا ذکر کیا گیا ہے، حالانکہ اس وقت مثنوی کی شرح: کلید مثنوی کی تالیف ہو رہی تھی، چنانچہ حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں:

''ایک مرتبہ حضرت مولانا رحمہ اللہ تشریف لائے، میں اس وقت مثنوی کی شرح لکھ رہا تھا۔ وقت معمول پر میں نے مولانا کی آسائش اور راحت کا انتظام کرکے اجازت چاہی کہ میں تھوڑا سا لکھ کر آؤں۔ فرمایا: جی ضرور! آپ اپنا حرج نہ کریں۔ میں نے یہ کیا کہ تھوڑا سا کام کرکے فوراً حاضر ہوگیا۔ اگر تھوڑا تھوڑا کام بھی روزانہ ہوتا رہے، تو ایک برکت ہوتی ہے مداومت کی۔ اگر سلسلہ ٹوٹ جاتا ہے تو اس میں ایک قسم کی بے برکتی ہوجاتی ہے'' (ملفوظات حکیم الامت، ملفوظ ۱۸۶، ۱:۶:۱۷)

مفتی عمر فاروق صاحب زید فضلہٗ کے ملاحظات تمام ہوئے

اب تک تمام ملاحظات حضرت مفتی عمر فاروق صاحب کے تھے، مفتی صاحب نے مفصل و مدلل تحریر بھیجی ہے، میں نے ان پر صرف عنوان لگایا ہے، باقی تحریر انہی کی ہے، البتہ بعض ملاحظات میں عربی عبارتیں حذف کی ہیں، اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائیں۔ علمی خطبات اور تحفۃ الالمعی اور تحفۃ القاری کی شروع کی جلدیں سبق کی تقریریں ہیں، اور تقریر میں مسامحات ہوجاتے ہیں، پھر تحفۃ الالمعی کی آٹھ جلدیں اور تحفۃ القاری کی بارہ جلدیں تقریباً تین تین سال میں لکھی گئی ہیں ایسی صورت میں تسامحات لابد ہیں، اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرمائیں، اور بھی تسامحات ہونگے، جہاں شبہ ہو تحقیق کریں اور حق کی پیروی کریں، میرے لکھے پر بھروسہ نہ کریں۔

اب آگے وہ تصویبات درج کرتا ہوں جو حضرت مفتی خانپوری صاحب نے بھیجی ہیں، قارئین تصحیح کرلیں:

تحفۃ القاری جلد اول

(۱) ص:۱۰۰۔ ازہر نامی ایک صحابی تھے الخ (ان کا نام زاہر تھا، شمائل ترمذی، **باب ماجاء فی صفة مزاح رسول الله صلی الله علیه وسلم**)

(۲) ص:۱۰۱۔ اس کے بعد آپ نے اُن کی لنگی پر نظر ڈالی الخ (لنگی والا واقعہ حضرت زاہر کا نہیں، بلکہ عبید بن خالد محاربیؓ کا ہے، شمائل **باب ماجاء فی إزار رسول الله صلی الله علیه وسلم**)

(۳) ص:۱۳۱۔ یہ ابوجہل کے بھائی تھے، ان کے ایک دوسرے بھائی عمرو بن ہشام بھی ہیں، وہ بھی مسلمان ہوگئے تھے، الخ (عمرو تو ابوجہل ہی کا نام تھا)

(۴) ص:۱۵۴۔ جیسے یہاں دونوں سندیں عبداللہ بن المبارک پر اکٹھا ہوئیں، اس لئے ابن المبارک مدار الاسناد ہیں (ابن المبارک کی جگہ ''زہری'' ہونا چاہئے)

(۵) ص:۲۹۸۔ نزار بن معد بن عدنان کے دولڑکے تھے: ربیعہ اور مضر الخ (چار بیٹے بتلائے جاتے ہیں: مضر، ربیعہ، انمار، زید)

(۶) ص:۳۲۹۔ (آخری سطر) اور حضرت سعید کے دادا کا نام حزن (غم) تھا، وہ صحابی ہیں، آنحضور ﷺ نے ان کا نام سہل رکھا تھا، مگر الخ (حُزْن: رنج وغم، جمع: أحزان اور حَزْن: سخت جگہ، اکھڑ مزاج آدمی، جمع: حزون۔ حضرت سعید کے

دادا کا نام حَزْن (بفتح الحاء) بہ معنی سخت مزاج تھا، جس کو بدل کر آنحضور ﷺ نے ''سہل'' بہ معنی نرم مزاج تجویز فرمانا چاہا، جس پر وہ آمادہ نہ ہوئے (دیکھئے بخاری ۲:۹۱۴ باب اسم الحَزن) روایت کے آخر میں ہے: قال ابن المسیب: فما زالت الحزونة فینا بعد یعنی ہمارے خاندان میں اس کے بعد مزاج کی سختی برابر رہی)

(۷) ص: ۳۹۷۔ اگر کسی کو عمداً قتل کیا جائے تو اختلاف ہے: ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک اس سے حرم میں قصاص لیا جائے گا، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک حرم میں قصاص نہیں لیا جائے گا الخ (اِس مسئلے میں امام احمدؒ کا مسلک بھی امام ابوحنیفہ جیسا ہے، الابواب والتراجم میں ہے: ولا یقتص عند أبی حنیفة وأحمد بل یضطر إلی الخروج (۲-۱/۴۷۸ دار البشائر بیروت)

(۸) ص: ۳۴۸۔ اختلاف کیا ہے؟ سند میں اختلاف ہے یا متن میں؟ معلوم نہیں، حاشیے میں لکھا ہے کہ: سفیان کی روایت جو ابن شہاب زہری سے مروی ہے، وہ کسی کتاب میں موجود نہیں الخ (یہ روایت کتاب التوحید باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم: رجل آتاہ اللہ القرآن إلخ (بخاری ہندی نسخہ ۲:۱۱۲۳) پر زھری عن سالم عن أبیہ موجود ہے)

(۹) ص: ۴۱۸۔ پس اغلب یہ ہے کہ آپ ۹ ہجری میں مسلمان ہوئے الخ (اِسی باب میں حافظ نے ''فتح الباری'' میں علامہ بغوی اور ابن حبان کا حضرت جریرؓ کے رمضان ۱۰ ہجری میں اسلام لانے کا قول نقل فرما کر اس کو بخاری کی حجۃ الوداع کی روایت سے مؤید کیا ہے۔ دیکھئے باب الإنصات للعلماء، فتح الباری إحیاء التراث بیروت ۱:۱۷۵)

(۱۰) ص: ۴۳۳۔ قدم آدم (قد آدم)

(۱۱) ص: ۴۳۷۔ سطر ۱۶: جب وہ پانی دیکھے (جب وہ خواب دیکھے)

(۱۲) ص: ۴۵۵۔ اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا اور شیطان کو ہم سے بچا، اور اس اولاد سے بچا الخ (اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا اور شیطان کو اس اولاد سے بچا الخ)

(۱۳) ص: ۴۷۷۔ مگر اس حدیث سے یہ استدلال کمزور ہے، کیونکہ یہ روایت مسند احمد میں بھی ہے، اس میں ہے: ائتنی بحجر کوئی پتھر لاؤ (مسند احمد ۱:۴۵۰) الخ (اِس کا جواب حضرت شاہ صاحبؒ نے یہ دیا ہے کہ: یہاں پر صیغۂ امر اِبقائے حال کے لئے ہے، کما قول سعد لابنہ قیس (الخ) غزوۂ سیف البحر کا واقعہ)

(۱۴) ص: ۴۵۸۔ اور غندر کے الفاظ ہیں: إذا دخل الخلاء (دخل کے بہ جائے أتیٰ ہونا چاہئے)

(۱۵) ص: ۵۱۸۔ تشریح: (۱) اس حدیث کے راویوں میں تھوڑا الجھاؤ ہے، حاشیے میں بھی الجھاؤ ہے......اور سائل ہیں: عمرو بن عمارہ، جو یحییٰ کے بھائی الخ (سائل عمرو بن ابی حسن ہیں، اس کے بعد والے باب یعنی باب غسل الرجلین إلی الکعبین (حدیث ۱۸۶) حدثنا موسیٰ قال ناوھیب عن عمرو عن أبیہ شھدت عمرو بن أبی حسن سأل

عبد الله بن زید میں تصریح ہے، اسی طرح باب مسح الرأس مرة (حدیث۱۹۲) اور باب باب الوضوء من التور (حدیث۱۹۹) (ابوحسن کے دولڑکے: (۱) عمارہ (۲) عمرو، پھر عمارہ کے لڑکے یحییٰ، اور ان کے بیٹے عمرو ہیں، عمرو بن یحییٰ اپنے ابا: یحییٰ سے نقل کرتے ہیں کہ: میرے چچا یعنی عمرو بن ابی حسن وضوء کے دل دادہ تھے، تو انھوں نے عبداللہ بن زید سے پوچھا، کما فی حدیث۱۹۹)

(۱۶) ص: ۵۲۰۔ تشریح: صحیح عمرو بن عمارہ بن ابی حسن الخ (اوپر (۱۵) والے قرائن کی بنا پر اب اس کی ضرورت نہیں)

(۱۷) ص: ۵۸۱۔ جواب: یہ استدلال بہ ایں وجہ صحیح نہیں کہ نماز جاری تھی، اس کی کوئی دلیل نہیں، نماز تو ٹوٹ گئی تھی الخ (یہ جواب درست نہیں، اس لئے کہ یہ روایت باب المرأة تطرح عن المصلی شیئا من الأذی (حدیث: ۵۲۰) میں ہے، اس کے الفاظ ہیں: فلما قضیٰ رسول الله صلی الله علیه وسلم الصلاة قال، معلوم ہوا نماز جاری تھی)

(۱۸) ص: ۵۸۲۔ ایک بڑے محدث گذرے ہیں، حماد بن سلمہ انھوں نے اس حدیث پر اعتراض کیا ہے، الخ (اعتراض کرنے والے یحییٰ بن سعید القطان ہیں۔ فتح الباری)

(۱۹) ص: ۵۸۳۔ حضرت الاستاذؒ نے مقصد ترجمہ یہ بیان فرمایا تھا الخ (وضوء میں بہ وقتِ ضرورت استعانت جائز ہونے کا مسئلہ پہلے آچکا ہے، یہاں استعانت فی ازالۃ النجاسات ہونا چاہئے)

اب چند امور مسامحات / اغلاط ذکر کرتا ہوں

تحفۃ القاری میں کچھ اور اغلاط ہیں، جو میرے علم میں آئیں، یا دوسروں نے بتلائیں، ان کو ذکر کرتا ہوں:

۱- تحفۃ القاری (۲: ۱۱۰ کتاب الحیض باب ۱۶) کی یہ عبارت: ''اور دم نہ ہو تو دس روزے رکھے، تین ایام حج میں اور سات وطن لوٹ کر'' —— یہ عبارت کاٹ دیں، یہاں یہ بات صحیح نہیں۔

۲- تحفۃ القاری (۱: ۵۰۳) میں تبسم کی تعریف ہے: ''یعنی چہرہ پر ہنسی کے آثار ظاہر ہوں، دانت نظر آئیں، مگر آواز پیدا نہ ہو'' اس عبارت کو اس طرح کر دیں: ''یعنی چہرہ پر ہنسی کے آثار ظاہر ہوں، ہونٹ نہ کھلیں، دانت نظر نہ آئیں نہ آواز پیدا ہو''

۳- تحفۃ القاری (۲: ۹۲) کی عبارت: ''تین مسئلوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے'' اس عبارت کو اس طرح کر دیں: ''تین مسئلے گڈمڈ ہو گئے ہیں''

۴- تحفۃ القاری (۴: ۵۱۸) میں آیت کریمہ کے ترجمہ میں: ﴿مِثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ﴾ کا ترجمہ رہ گیا ہے، وہ یہ ہے: ''جو کہ مساوی ہوگی اس جانور کے جس کو اس نے قتل کیا ہے، جس کا فیصلہ تم میں سے دو معتبر آدمی کریں''

۵- تحفۃ القاری (۴: ۵۰۵) میں حضرت ضُباعہؓ کے بارے میں ہے کہ یہ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی ہیں، یہ غلطی ہے، وہ زبیر بن عبدالمطلب کی صاحبزادی اور نبی ﷺ کی چچازاد بہن ہیں، اس کو ٹھیک کرلیں۔

۶- (۱: ۳۸۵) ''مزاج میں دعابہ یعنی دل لگی تھی۔

۷-(۵:۲۷۸) سطر ۱۸ میں جو ملحوظہ ہے وہ صحیح نہیں، اس کو حذف کر دیں۔

۸-(۵:۱۷۵) آخری سطر: ''قیمت بولنے کا زیادہ حق مشتری کا ہے'' مشتری کی جگہ بائع کریں۔

۹-(۵:۱۹۴) سطر ۱۲ میں سورۃ الفتح کی جگہ سورۃ النصر کر دیں۔

۱۰-(۵:۲۸۵) پر متن میں عبارت رہ گئی ہے، بخاری شریف سے ملا کر صحیح کر لیں۔

۱۱-تحفۃ القاری (۱:۱۸۵) کے آخری حاشیہ میں الفقہ الاکبر کی عبارت صحیح نہیں، اصل عبارت اس طرح ہے: (إیمان أهل السماء والأرض لایزید ولا ینقص) أی: من جهة المؤمن به نفسه...... (والمؤمنون مستوون فی الإیمان والتوحید، متفاضلون فی الأعمال)

۱۲-(۲:۴۳۰) آخری سطر: عطاء کہتے ہیں کی جگہ ابن جریج کہتے ہیں۔

کلومیٹر سے مسافتِ سفر کتنی ہے؟

دارالعلوم دیوبند اور مظاہر علوم سہارن پور کا فتوی قدیم زمانہ سے سواستتر کلومیٹر کا ہے، یہ تقدیر انگریزی میل کے حساب سے ہے، اور شرعی میل انگریزی میل سے دوسو چالیس گز بڑا ہوتا ہے (اوزانِ شرعیہ) اور شاہی مراد آباد کا فتوی بیاسی کلومیٹر کا ہے (کتاب النوازل جلد خامس) اور مجمع لغۃ الفقهاء میں تقریباً ۸۹ کلومیٹر کا حساب کیا ہے، میں نے اس کو احتیاطاً لیا ہے۔ رحمۃ اللہ الواسعہ (۳:۵۵۷) میں ہے:

اور میل کے لغوی معنی ہیں: مدّ البصر یعنی جہاں تک نگاہ جاتی ہے وہ ایک میل ہے۔ اور اصطلاح میں میل چار ہزار ہاتھ کا اور ہاتھ چوبیس انگشت کا، اور انگشت چھ جو کی ہوتی ہے۔ یہی میل ہاشمی اور میل شرعی ہے۔ کسی زمانہ میں میل اموی اس سے بڑا رائج ہوا تھا۔ اور قریب زمانہ میں میل انگریزی اس سے چھوٹا رائج ہوا ان کا اعتبار نہیں۔ پس کلومیٹر میں اندازہ کرتے وقت اس کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ پس ایک عام حساب جو ۷۷ کلومیٹر کا چل رہا ہے، غالباً وہ صحیح حساب نہیں۔ مجمع لغۃ الفقهاء میں تقریباً ۸۹ کلومیٹر حساب کیا گیا ہے۔ اب کسی بھی قول/فتوی پر عمل کرنا درست ہے، اور احتیاط اولیٰ ہے۔

آخر میں امام محمد رحمہ اللہ کی ایک قیمتی نصیحت درج کی جاتی ہے کہ جہاں شک ہو کہ آدمی مسافر ہوا یا نہیں وہاں پوری نماز پڑھنا بہتر ہے۔ حدیث میں ہے: دَعْ مایُرِیْبُكَ إلی مالا یُرِیْبُكَ: کھٹک والی بات چھوڑو، اور بے کھٹک بات اختیار کرو واللہ الموفق۔

الحمدللہ! تحفۃ القاری کی جلد دوازدہم پوری ہوئی اور اسی پر شرح تکمیل پذیر ہوئی وصلی اللہ علی خیر خلقه محمد وعلی آله وصحبه أجمعین، والحمدللہ رب العالمین۔